اُردو

حسن اللغات (جامع)

جدید ایڈیشن

اردو زبان کے قدیم وجدید الفاظ محاورات، اصطلاحات اور مرکبات کا ذخیرہ اُدباء، شعراء، علماء، فضلاء، اساتذہ اور طلبہ کیلئے یکساں مفید، جدید ترین مستند اور جامع لغت،

اردو
حسن اللغات
(جامع)
اعتقاد پبلشنگ ہاؤس
۱۵۶۱- کوتانہ اسٹریٹ، سوئیوالان، نئی دہلی ۱۱۰۰۰۲

نام کتاب : حسنُ اللغات (جامع)

سن طباعت : ۲۰۰۴ء

تعداد : ۱۱۰۰ (گیارہ سو)

باہتمام : اطہر حسین صدیقی

قیمت : ۲۹۵/روپے

طباعت : نفیس آفسٹ

---: ناشر :---

اعتقاد پبلشنگ ہاؤس

۱۵۶۱- کوتانہ اسٹریٹ، سوئیوالان، نئی دہلی ۱۱۰۰۰۲

پیش لفظ

اللہ کی تمام مخلوقات میں سے انسان اشرف و افضل ہے۔ یہ شرافت و افضلیت اُسے نُطق کی وجہ سے حاصل ہے۔ نُطق کا مطلب ہے بولنا۔ دُوسرے الفاظ میں انسانی فضیلت کا سبب زبان ہے۔ پس اس سے زبان کا مقام و مرتبہ معلوم ہوگیا اور زبان کو دُرست طور پر سیکھنے کی ضرورت و اہمیت بھی واضح ہوگئی۔ مملکت خداداد پاکستان میں اُردو زبان کو قومی زبان کا درجہ دیا گیا ہے جس سے اُردو زبان کی اہمیت میں بے حد اضافہ ہوگیا ہے۔ اس زبان کی اہمیت کے چند ایک اور پہلو بھی ہیں جو ہدیہ قارئین ہیں۔

اُردو زبان کی اہمیت

اُردو زبان پاکستان کی قومی زبان ہے۔ یہ زبان پاکستانی عوام کی ثقافت اور روایات کی مظہر ہے۔ یوں تو پاکستان میں بہت سی زبانیں رائج ہیں جن کو ہم مادری یا مقامی یا علاقائی زبانیں کہتے ہیں۔ مادری زبانوں میں پنجابی۔ سندھی۔ بلوچی۔ پشتو۔ سرائیکی۔ ہندکو اور دیگر کئی زبانیں شامل ہیں۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ مقامی اور مادری زبانیں ایک خاص اثر رکھتی ہیں اور اپنے اپنے علاقے میں بڑی مقبول ہوتی ہیں لیکن وہ کسی طرح بھی قومی زبان کا بدل نہیں ہو سکتیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ مقامی بولیوں کا اثر و رسوخ ایک محدود علاقے تک ہوتا ہے کیونکہ وہ ایک مخصوص علاقے میں بولی جاتی ہیں جب کہ قومی زبان پوری قوم کی زبان ہوتی ہے۔ اس لیے اس کا اثر صرف ایک علاقے تک محدود نہیں ہوتا۔

اسی طرح قومی زبان ایک قوم کو متحد رکھنے کا کردار ادا کرتی ہے۔ زبان لوگوں میں افہام و تفہیم اور ایک دُوسرے کو سمجھنے میں مدد دیتی ہے۔ اگر زبان ایک نہ ہو تو اس قوم کا زیادہ دیر اکٹھے رہنا مشکل ہو جاتا ہے۔ گویا ہماری قومی زبان اُردو ہماری شیرازہ بندی کی ضامن ہے۔ جس کی ہمیں اس وقت سخت ضرورت ہے۔

مقامی زبانوں پر اُردو کو یہ فوقیت بھی حاصل ہے کہ اس میں دیا ہوا پیغام پوری قوم سمجھ رہی ہوتی ہے۔ اس طرح ریڈیو یا ٹیلی ویژن پر صدر یا وزیر اعظم کا اُردو میں دیا ہوا خطبہ براہِ راست تمام لوگوں کے ذہن میں اتر رہا ہوتا ہے۔ پیغام رسانی کی یہ آسانی صرف قومی زبان ہی دے سکتی ہے۔

اُردو زبان کو قومی حیثیت حاصل ہونے کے علاوہ اسے ایک نمایاں حیثیت یہ بھی حاصل ہے کہ ہم اسے برِّ صغیر پاک و ہند کے مسلمانوں کی زبان بھی کہہ سکتے ہیں اس کی دلیل یہ ہے کہ اس میں عربی اور فارسی کے اسّی فیصد الفاظ شامل ہیں۔ عربی اور فارسی مسلمانوں کی زبانیں ہیں اور اُردو زبان نے ان دونوں زبانوں سے خوب استفادہ کیا ہے۔ اس طرح بالخصوص پاکستان کے لوگوں پر لازم ہے کہ وہ اسے اپنی زبان سمجھیں اور اس سے محبت کریں۔ ہم نے اُردو زبان کو مسلمانوں کی زبان کہا ہے۔ یہ بات تاریخی طور پر بھی دُرست ہے۔

اُردو زبان کی تاریخ

قطب الدین ایبک نے ۱۱۹۳ء میں دہلی کو فتح کیا۔ اس بادشاہ کا مزار انار کلی لاہور واقع ہے۔ اس کے بعد مسلمان کثیر تعداد میں اس علاقے میں آباد ہوگئے۔ آنے والے مسلمانوں کی زبان فارسی تھی لیکن مقامی لوگ اپنی مقامی زبانیں بولتے تھے۔ جب لوگ ایک جگہ پر رہتے ہیں تو ان کو آپس میں بات چیت کرنا پڑتی ہے۔ مسلمان فاتحین اور عام مسلمانوں کو بھی ضرورت پڑی کہ وہ مقامی لوگوں سے بات کریں۔ اسی طرح مقامی لوگوں کو بھی ضرورت و احتیاج ہوئی کہ اپنے حاکموں اور دیگر مسلمانوں سے بات چیت کریں اور اس لیے بھی کہ فارسی کو سرکاری زبان کی حیثیت دے دی گئی تھی۔ بس یہی بات اُردو زبان کا آغاز ثابت ہوئی اور اس وقت خدا کے فضل سے یہ زبان ایک ترقی یافتہ زبان ہے۔ اور جس طرح ہر ترقی یافتہ زبان میں لغات تیار کی جاتی ہیں، اُردو زبان میں جامع لغات مرتب کی گئیں۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس مقام پر اُردو لغات کا مختصر جائزہ پیش کر دیا جائے۔

اُردو لغات کی تاریخ

لغت کسی زبان کے الفاظ کی حروفِ تہجی کی ترتیب سے تیار کی جاتی ہے۔ اس میں اس زبان کے الفاظ کا ذخیرہ موجود ہوتا ہے۔ جن کا معنی و مفہوم اسی زبان میں یا دیگر کسی زبان میں بتایا جاتا ہے۔ لغات کی کئی قسمیں ہیں مثلاً ادبی، صنعتی اور فنی لغات۔

اگر اُردو زبان کی لغات کو دیکھیں تو اُردو میں پہلی لغت کا درجہ "خالق باری" نامی لغت کو دیا جا سکتا ہے۔ لیکن صحیح معنوں میں انگریزی دَور میں اُردو کے لغت انگریزی میں تیار ہوئے کیونکہ اُردو زبان کو سیکھنا انگریزوں کی مجبوری تھی وہ اس طرح ہندو اور مسلمانوں پر اچھی طرح حکومت کر سکتے تھے۔ چنانچہ گلکرسٹ نے لغت کی تدوین کا آغاز کیا۔ لیکن اس لغت کی حیثیت بہت ہی معمولی تھی۔ اس کے بعد شیکسپئر اور کالن نے لغت تصنیف کی۔ اس تدوین کے کام میں سید احمد دہلوی اور فقیر چند نے ان کی معاونت کی۔ یہ لغت ۱۸۸۱ء میں شائع ہوئی۔ جان ٹی پلیٹس نے ۱۸۸۴ء میں سب سے بڑی لغت شائع کی۔ اس کے بعد مولوی سید احمد دہلوی نے اپنی لغت "ارمغانِ دہلی" کے نام سے شائع کی۔ اس کے بعد ۱۹۰۸ء میں فرہنگ آصفیہ اور ۱۹۲۴ء میں نوراللغات جیسی شہرہ آفاق لغات شائع ہوگئیں۔

حسن اللغات کی وجہِ تدوین

اورینٹل بک سوسائٹی نے حسن اللغات کو مدوّن کیا۔ ہر کتاب کی تدوین کا ایک مقصد ہوتا ہے ہمارے نزدیک بھی چند ایک مقاصد تھے جو اس کتاب کی تدوین کا باعث بنے۔

۱۔ اُردو زبان ایک قومی زبان ہے اور اس کی خدمت ایک قومی خدمت ہے۔ ہم نے یہ کام قومی خدمت سرانجام دینے کے طور پر کیا ہے تاکہ اس زبان کی خدمت کر کے ہم پاکستان کے لوگوں کو متحد رکھ سکیں۔ چنانچہ ہم نے اس زبان کے مفردات اور مرکبات اور محاورات و امثال کو یکجا کیا ہے۔

۲۔ ہمارے سامنے ہمارے بزرگوں کی تاریخ بھی تھی کہ یہ مسلمانوں کی زبان ہے اس لیے اسے زندہ جاوید رہنا چاہیے۔ ہم نے کوشش کی ہے کہ اس زبان کو تابنا کی اور فروغ حاصل ہو۔

۳۔ بازار میں ضخیم اُردو لغت موجود ہیں جن میں بلا ضرورت رطب و یابس ٹھونس دیا گیا ہے اور اب وہ مختلف قسم کے حشو و زوائد سے بھرپور ہیں اور ان کی قیمت بھی بہت زیادہ ہے جو اُردو کے شائقین کے بس کی بات نہیں۔ یا پھر نہایت مختصر لغات ہیں جن میں اسم الفاظ و تراکیب کو ترک کر دیا گیا ہے۔ ہم نے ارادہ کیا کہ ایک ایسی لغت کو متعارف کروایا جائے جس میں متداول الفاظ و محاورات، ضرب الامثال، علمی اور سائنسی اصطلاحات اکٹھی کر دی جائیں۔

حسن اللغات کی خوبیاں

۱۔ حسن اللغات قدیم اور جدید الفاظ کا ذخیرہ ہے۔ قدیم الفاظ میں ان الفاظ کو ترک کر دیا گیا ہے جو اس وقت بولے نہیں جاتے ہیں اور ان کی جگہ ایسے جدید الفاظ کو دی ہے جو اس وقت جاری و ساری ہیں گویا یہ لغت جدید و قدیم کا ایک حسین مرقع ہے۔

۲۔ مختلف موضوعات ادب، تاریخ، شاعری، عمرانیات، علم التعلیم، سیاسیات، ریاضی، جغرافیہ، سائنس، فنون لطیفہ کی اصطلاحات کا احاطہ کیا گیا ہے۔

۳۔ اخبارات و رسائل میں استعمال ہونے والے روزمرہ کے الفاظ بھی درج کر دیے گئے ہیں۔

۴۔ الفاظ کی اصل کا بھی ذکر کیا گیا ہے تاکہ لغت دیکھنے والے کو لفظ کی اصل معلوم ہو جائے اور وہ لفظ کا صحیح طور پر ادراک حاصل کر سکے۔

۵۔ سنسکرت اور ہندی کی کہاوتیں اور امثال بھی درج کر دی گئی ہیں جن کا سمجھنا اُردو پڑھنے والوں کے لیے مشکل ہو جاتا ہے۔

۶۔ جہاں ضرورت محسوس کی گئی وہاں نہ صرف لفظ کا متبادل دیا گیا ہے بلکہ وضاحتی بیان بھی شامل کر دیا گیا ہے۔ جو استشہاد اور مثالوں پر مبنی ہے۔

۷۔ مرکب الفاظ کی ساخت و ترکیب کی وضاحت بیان کر دی گئی ہے اس سے لفظ کا معنی سمجھنے میں بڑی آسانی ہوگی۔

۸۔ انگریزی کے وہ الفاظ جو ہمارے معاشرے میں بول چال میں آ رہے ہیں اور خوب مستعمل ہیں۔ ان کا بھی احاطہ کر لیا گیا ہے۔

۹۔ عربی فارسی کے الفاظ پر اعراب لگا دیے گئے ہیں تاکہ پڑھنے والا ان کے صحیح تلفظ سے آگاہ ہو جائے۔

۱۰۔ زبان میں تذکیر و تانیث کی بڑی اہمیت ہے۔ حسن اللغات میں الفاظ کے ساتھ ان کا مذکر یا مؤنث ہونا بھی واضح کر دیا گیا ہے۔

۱۱۔ بعض محاورات صرف عورتیں بولتی ہیں۔ ایسے محاورات کے ساتھ اشارہ دے دیا گیا ہے کہ یہ محاورات عورتوں کے لیے مخصوص ہیں۔

۱۲۔ شہروں، ملکوں، دریاؤں، سمندروں، مقامات اور شخصیات کے ناموں کے ساتھ ان کے کوائف بڑی تفصیل سے جا دیے گئے ہیں۔ اس طرح حسن اللغات کو ایک انسائیکلوپیڈیا کی حیثیت حاصل ہوگئی ہے۔

معذرت ہمیں اُمید ہے کہ ہماری یہ کاوش اہل علم کو پسند آئے گی۔ اگرچہ ہم نے اپنی طرف سے پوری کوشش کی ہے تاہم اَلْاِنْسَانُ مُرَکَّبٌ مِّنَ الْخَطَاءِ وَالنِّسْیَانِ کے تحت کوئی نہ کوئی کمی ضرور رہ جاتی ہے۔ اس سلسلے میں اگر ہماری کسی خامی کی طرف نشان دہی فرمائی گئی تو ہم شکرگزار ہوں گے اور لغت کے آئندہ ایڈیشن میں درستی کے ذمہ دار ہوں گے۔

اظہارِ تشکر ادارہ حافظ محمد اقبال ایم۔ اے۔ ایل ایل بی اور برخوردار علی اکبر کا از حد شکرگزار ہے جن کی علمی اور فنی معاونت سے یہ کام پایۂ تکمیل تک پہنچا۔

منیجر
اورینٹل بک سوسائٹی
لاہور

الف

(۱) (ع / مذ) عربی - فارسی اور اُردو تینوں زبانوں کے حروف تہجی کا پہلا حرف۔ اگر ساکن اور کلمے کے بیچ میں یا آخر میں زبان کو جھٹکا دیے بغیر پڑھا جائے تو الف ہے ورنہ ہمزہ کہلائے گا۔ جیسے راضی بالا میں۔ اگر متحرک ہو اور شروع یا وسط کلمہ میں ذرا جھٹکے سے پڑھا جائے تو ہمزہ کہلائے گا۔ جیسے اِقبال جرأت میں۔

آ = دراصل ہمزہ مفتوح ماقبل اور الف ساکن مابعد (ءَ ا) ہے۔ کثرتِ اِستعمال سے اس کا رسم الخط اس طرح پڑ گیا (آ) اس کو الفِ ممدودہ کہتے ہیں اور (ا) کو الفِ مقصورہ۔

الِف ممدودہ

آ (ہ) آنا مصدر سے امرِ واحد کا صیغہ - جا کی ضد - گوتوں کا سُر - کبوتروں کو بلانے کی آواز۔

آ آ کرنا (ہ) سُر ملانا - راگ شروع کرتے وقت پہلی آواز نکالنا۔

آب (ف / ار / مذ) نیر - پانی - جل - دریا - پسینہ - پھلوں کا رس مینہ۔

(۲) (ف / مث) صفائی - خوبی - چمک دمک - تلوار - چاقو وغیرہ - تیز چیز کی باڑھ - بھاؤ - تیزی - کاٹ - طراوت - تازگی - پتلی رقیق شے۔

آباء (ع / مذ) اَب کی جمع - باوا - پتا - باپ - والد۔

آبائے علوی (عف / مذ) بلند مرتبہ - بزرگ - مجازاً ساتِ سیّارے یا نو آسمان۔

آبِ آتش رنگ (ف) شراب، سُرخ شراب۔

/ آبِ تلخ (ف) کڑوا پانی - شراب۔

آب آجانا (ل) کاٹنے والی چیز کی دھار تیز ہو جانا - باڑھ چڑھنا - رونق آجانا۔

آب آمد تیمم برخاست (ف) پانی آیا اور تیمم جاتا رہا - اعلیٰ کے ملنے پر ادنیٰ چیز ردی ہو گئی۔

آبِ انگور (ف / مذ) انگور کا پانی - عرقِ انگور - شراب۔

آبِ آہن (فع / مث) لوہے کا پانی - لوہے کی صفائی اور جِلا۔

آبِ آہن تاب (ف / مذ) لوہا لال کر کے بجھایا ہوا پانی - لوہے کے بجھاؤ کا پانی۔

آبِ آئینہ (ف / مث) آئینے کی جلا - آئینے کا پانی - آئینے کی قلعی۔

آباد (ف) سلامت - بسا ہوا - سرسبز - ہرا بھرا - شہر - پورہ - جوتی بوئی ہوئی زمین۔

آبان (ف / مذ) آٹھواں شمسی مہینہ جس میں آفتاب برجِ عقرب میں رہتا ہے - ماہ اگھن۔

آبار (ع / مذ) جمع بئر کی - کنویں۔

آبار - (ف / مذ) جلا ہوا سیسہ۔

آبادان (ف) آباد کا مزید علیہ - سرسبز - ہرا بھرا۔

آبِ باراں (ف / مذ) مینہ کا پانی۔

آبادی } (ف / مث) سرسبزی - رونق - بستی - آباد
آبادانی } جگہ۔

آباد کرنا - مکانات بنانا - کسی جگہ کو بسانا۔

آبِ آتشیں (ف / مذ) تیز و تند شراب۔

آباؤ اجداد (ع / مذ) باپ دادا (اب و جد کی جمع)

آبِ بقا } (ف / ع / مذ) امرت - زندگی کا پانی -
آبِ حیوان } وہ پانی جس کے ایک دفعہ پی لینے سے آدمی قیامت تک
آبِ خضر } نہیں مرتا - آبِ حیات ایک کتاب کا نام بھی ہے۔
آبِ حیات }

آب بگڑنا (ل) جِلا نہ رہنا - چمک ماند ہو جانا - دھار کند ہونا - عزت نہ رہنا۔

آبِ بستہ (ف / مذ) جما ہوا پانی - برف - یخ اولا -
آب پاشی (ف / مث) چھڑکاؤ کرنا - سینچنا - پانی دینا - محکمۂ آبپاشی
آب پاشی کرنا (ل) سینچنا - چھینٹا دینا - دم دینا - دھوکا دینا -
آبِ پیکاں (ف / مث) برچھی یا تیر کی انی کی تیزی -
آب تاب } (ف / مث) چمک - بھڑک - سجاوٹ - رُوپ -
آب و تاب } رونق -
آبِ تیغ (ف / مث) تلوار کی کاٹ - تلوار کی تیزی - تلوار کی دھار کی صفائی - تلوار کی چمک -
آب جانا } (ل) رونق کا جاتا رہنا - ماند پڑنا - مدھم ہو جانا - ذلیل و
آب اترنا } خوار ہو جانا -
آبِ جُو (ف / مذ) ندی کا پانی - بحری رَو -
آبِ جوش (ف / مذ) یخنی - شوربا - گوشت کا پانی - اُبلی ہوئی چیز -
آبِ چشم (ف / مذ) آنکھ کا پانی - آنسو - ٹسوا -
آبِ حرام (ف) شراب - نشہ آور عرق -
آبِ چک (ف) مکان کے پچھواڑے ، چھت کا پانی ٹپکنے کی جگہ -
آب خانہ (ع / مذ) پاخانہ - ٹٹی پھرنے کی جگہ - بیت الخلاء -
آبِ خشک (ف / مذ) بلور کا پیالہ -
آبِ خضرؑ (ف / مذ) آبِ حیات - امرت -
آب خور (ف / مذ) نصیب - قسمت - آن جل - پانی پینے کا تالاب یا چشمہ - تنگ منہ والے پانی کا برتن -
آب خورہ - آبخورہ (ف / مذ) پانی پینے کا مٹی کا گلاس - کوزہ -
آبخورے بھرنا (ل) کسی منت کے پورا ہونے پر دودھ یا شربت سے آبخورے بھر کر نیاز دینا -
آب خیز (ف / مذ) موج - لہر -
آب دار (ف / مذ) (۱) پانی رکھنے والا - بادشاہوں کو پانی پلانے والا خاص معتبر نوکر - چمک دار -
(۲) چمکیلا - مجلا - تیز - دھار والا - خوبصورت - نفیس اور عمدہ - قابلِ تعریف -
آب دار خانہ (ف / مذ) پانی کے باہتمام رکھنے کا مکان - پانی کے برتنوں کی جگہ -
آب داری (ف / مث) پانی رکھنے کی خدمت - چمک دمک - رونق - خوبی - عزت - باڑھ - دھار کی چمک -
آبدست (ف / مث) پانی سے طہارت کرنا - پاکیزگی - استنجا - وضو
آبدست کرنا } (ل) پانی سے بدن کو دھونا -
آبدست لینا }
آبدستاں (ف / مذ) وضو کرنے کا لوٹا -
آبدیدہ (ف / مذ) آنسو رونے پر آمادہ - وہ شخص جس کی آنکھوں میں آنسو ڈبڈبائے ہوں - غمگین -
آبدیدہ ہونا (ل) آنکھوں میں آنسو بھر لانا - رونے کے قریب ہونا - دلگیر ہونا - غمناک ہونا -

آب دینا (ل) جلا دینا - دھار تیز کرنا - باڑھ تیز کرنا - اُجالنا - بجھاؤ دینا -
آب راکد (ف) ٹھہرا ہوا پانی - وہ پانی جو سوت سے نہ اُبلتا ہو -
آبرو (ف / مث) عزت - ناموری - حیثیت - اُردو کے ایک شاعر کا تخلص - لاج - شرم - ساکھ - اعتبار - شان و شوکت -
آب رکھوانا - باڑھ رکھوانا - سان پر چڑھانا -
آبرو اُتارنا } (ل) بے عزتی کرنا - ذلیل کر دینا - رسوا کرنا - خوار کرنا -
آبرو بگاڑنا }
آبرو بنانا (ل) ناموری حاصل کرنا - حیثیت پیدا کرنا -
آبرو پر پانی پھرنا (ل) بے آبرو ہونا یا کرنا - بے عزت ہونا -
آبرو پر حرف آنا (ل) عزت کو نقصان پہنچنا -
آبرو جا کے نہیں آتی (ل) عزت گئی ہوئی پھر نہیں بنا کرتی -
آبرو سے ہاتھ دھو بیٹھنا - آبرو سے مایوس ہونا -
آبرو پیدا کرنا (ل) ناموری حاصل کرنا - نام پیدا کرنا - عزت بنانا -
آبرو خاک میں ملانا } (ل) بے عزت و رسوا ہونا - ناموس برباد کرنا -
آبرو میں بٹہ لگانا } عصمت گنوا دینا -
آبرو کھونا }
آبرو رکھنا (ل) معزز ہونا - عزت بنائے رکھنا - عزت قائم رکھنا -
آبرو ریز (ف) بے عزت کر دینے والا - ذلیل کرنے والا -
آبرو ریزی (ف / مث) بے وقار ہونا - بے عزتی - بے حُرمتی -
آبرو کا لاگو ہونا } (ل) کسی کی پت اُتارنے کی فکر میں ہونا -
آبرو کے پیچھے پڑنا } کسی کی ذلت کے درپے ہونا -
آبرو کے درپے ہونا }
آبرو گھٹانا - ذلیل کرنا - رسوا کرنا -
آب ریز (ف / مذ) پرنالے کا پانی گرنے کی جگہ -
آبِ زر (ف / مذ) سونے کا پانی جو ملمع اور نقاشی وغیرہ کے کام آتا ہے -
آبِ زر سے لکھنے کے قابل ہے (ل) قابلِ قدر بات کے لیے بولتے ہیں
آبِ زلال (ف / ع / مذ) صاف شفاف میٹھا پانی - ٹھنڈا پانی - نتھرا ہوا پانی - دوا کا عرق جو صرف بھگو کر نتھار لیا جائے -
آبِ زمزم (ف / ع / مذ) چاہِ زمزم کا پانی - زمزم مکہ معظمہ کے قریب ایک متبرک کنواں ہے -
آبِ زن (ف / مذ) ٹب - وہ برتن جس میں دوا کا پانی بھر کر بیمار کو اس میں بٹھاتے ہیں -
آبِ زن کرنا (ل) دوا کے پانی سے ٹب بھر کر اس میں بیمار کو بٹھانا - اور چھینٹے مارنا -
آبستن (ف) حاملہ ہونا - پیٹ سے ہونا -
آبستنی (ف) حاملہ عورت - خوشامدی - بے ربط -
آبستگی (ف / مذ) حمل -
آبشار (ف / مذ / مث) آب - پانی کے چادر کی شکل میں گرنے کی جگہ - جھرنا - چشمہ (آب - پانی + شار - باریک اور رنگین چادر -)

آبِ شور (ف/مذ) کھاری پانی - سمندر کا پانی - نمک دار پانی -
آبِ شورہ (ف/مذ) شورے سے ٹھنڈا کیا ہوا پانی - لیموں کی سکنجبین -
آبِ شیریں (ف/مذ) میٹھا پانی - کشمیر کی ایک نہر -
آبکار (ف/مذ) شراب بیچنے اور بنانے والا - کلال -
آبکاری (ف/مث) شراب کھینچنے کا کام - شراب فروشی کی دُکان - شراب کا محکمہ - شراب کا کارخانہ
آبِ کوثر (ف/ع/مذ) کوثر کا پانی - بہشت کی ایک نہر -
آبِ کوثر سے زبان دھونا (ر) کمال طہارت کے لیے بولتے ہیں -
آبِ گریہ (ف/مذ) آنسو -
آبِ گوشت (ف/مذ) یخنی - گوشت کا پانی - شوربا -
آبگیر (ف) تالاب - حوض -
آبگینہ (ف/مذ) شیشہ - کانچ - بلور -
آبلہ (ف/مذ) چھالا - پھپھولا -
آبلہ پا (ف/مذ) وہ آدمی جس کے پاؤں میں چھالے پڑ گئے ہوں -
آبلہ پائی (ف/مث) آبلہ پا کی صفت -
آبلہ دل (ف) وہ جلن اور سوزش جو کسی کے رشک و حسد کی وجہ سے دل میں پیدا ہو -
آبلہ گلے لگ (ر) مثل - مفت میں جھگڑا خریدنا -
آبِ مروارید (ف/مذ) موتیا بند کا مرض جس سے آدمی اندھا ہو جاتا ہے
آبِ ماہ (ف/مث) چاندنی - چاند کی روشنی
آبنائے (ف/مث) پانی کا ناکہ - پانی کا وہ تنگ قطعہ جو دو بڑے پانیوں کو ملائے اور خشکیوں کو جدا کرے - جیسے آبنائے سویز -
آبِ ندامت (ف/مذ) شرم کا پانی - غیرت کا پسینہ -
آبِ ندیدہ موزہ کشیدہ (ف) مثل - پانی دیکھا بھی نہیں، موزہ پہلے ہی اتار لیا - کسی خطرے میں پڑنے سے پہلے ہی واویلا کرنا -
آب نہ رہنا } ذلیل ہو جانا - عزت نہ رہنا - آبرو کا برباد ہو جانا -
آب مٹ جانا } قلعی اتر جانا - ہتھیار کند ہو جانا -
آبِ نقرہ (ف/مذ) چاندی کا پانی - گلٹ - ملمع کرنے کا پانی -
آبنوس (ف/مذ) ایک سیاہ درخت جس کی لکڑی رگڑنے سے عود کی طرح خوشبو دیتی ہے -
آبنوسی (ف) کالا - بھجنگا - نہایت سیاہ - آبنوس کا بنا ہوا -
آبنوس کا کندہ (ر/مذ) بہت موٹا اور کالا آدمی -
آبِ نیساں (ف/مذ) موسم بہار کی بارش - نیسان ساتویں رُومی مہینے کا نام ہے - اس مہینے کی بارش کے قطرے سے سیپ میں موتی اور بانس میں بنسلوچن بنتا ہے -
آبننا (ر) مصیبت پڑنا - جان کا مصیبت میں پھنسنا -
آبنی سر پر اپنے چھوڑ پرائی آس (ر) مثل ہے مصیبت کے مقابلے کو خود تیار ہو جا - کسی دوسرے پر بھروسہ نہ رکھ - اپنے بازوؤں کے بل پر رہ -
آب و خور } (ف/مث) اَن جل - دانہ پانی - خوراک - رزق -
آب و خورش } روزی -

آب و دانہ (ف/مذ) دانہ پانی - قسمت - تقدیر - بھاگ - کرموں کا لکھا ہوا - حکمِ خدا -
آب و دانہ کے ہاتھ بات ہے - مثل ہے - یہ تقدیری بات ہے -
آب و دانہ اٹھنا (ر) رزق اٹھنا - موت کا قریب آنا - سفر کو تیار ہو جانا - ملازمت یا روزگار سے علیحدہ ہونا - کھانا پینا چھوٹ جانا -
آب و رنگ (ف/مذ) رونق - صفائی - مزہ - تر و تازگی -
آب و گل (ف/مث) بنیاد - خمیر - سرشت - پانی اور مٹی -
آب و نمک (ف/مذ) نمک - مرچ - مزہ - سواد - ذائقہ -
آب و ہوا (ف/مث) پانی - ہوا - موسم - حالت -
آب و ہوا راس آنا (ر) کسی جگہ کا پانی اور موسم مزاج کے موافق ہو جانا - تندرست رہنا -
آبی (ف) پانی کا - نیلا - نمدار - نیلگوں - آسمانی - تیز - مرطوب -
آبیانہ (ف/مذ) پانی کا محصول - وہ روپیہ جو نہر والے بطور معاوضہ زمینداروں سے لیتے ہیں -
آبی برج (ف ع/مذ) نجومیوں کی اصطلاح میں آسمان کے بارہ برج اربعہ عناصر سے تعلق رکھتے ہیں - اور ہر عنصر تین برجوں کا مالک ہے - چنانچہ سرطان - عقرب - حوت - یہ تین برج آبی ہیں یعنی کرک برچھک
آبی حرف (ف ع/مذ) قاعدہ جفر کی رُو سے سات حرف ج ز ک س ق ث ظ آبی کہلاتے ہیں -
آ بیل مجھے مار (ر) مثل ہے خواہ مخواہ لڑائی مول لینا - خود مصیبت میں پھنسنا - اپنے آپ بلا میں گرفتار ہونا -
آپے لونڈے جا بے لونڈے کرنا (ہ) محاورہ - نوکر لڑکے کو بے مقصد پھرانا - بار بار کام کے لیے دوڑانا - ذرا ذرا سی بات کے لیے بھیجنا - وقت گزارنا - ٹالنا - حیلے بہانے بنانا -

آپ

آپ (ہ) غائب اور حاضر کی ضمیر جو تعظیم کے موقع پر بولی جاتی ہے - خود اپنی ذات - خدا - روح - جان - آتما - قدرت - ہوش - خود بخود - آپ ہی آپ -
آپا (ہ/مث) بڑی بہن - (مذ) اپنی ذات - نفس - اپنا دل -
آپ آپ کرنا (ر) تعظیم کرنا - خوشامد کرنا - نہایت عزت سے مخاطب کرنا -
آپ اپنے حق میں کانٹے بونا (ہ) اپنے لیے خود باعث خرابی ہونا - اپنے پاؤں پر آپ کلہاڑا مارنا -
آپ اپنی ہی گانا (ہ) اپنی ہی بات کہے جانا -
آپا دھاپی (ہ/مث) نفسا نفسی - خود غرضی -
آپا دھاپی پڑنا (ہ) اپنی اپنی جان کی فکر ہونا - اپنا اپنا مطلب نکالنا -
آپا رکھا جائے جاپا نہ رکھا جائے (ہ) مثل ہے - اپنی ذات کو برائیوں سے بچا سکتے ہیں - مگر اوروں کو نہیں بچا سکتے - بدیوں سے اولاد کی حفاظت مشکل ہے -

آپا سنبھالنا (ہ) ہوشیار اور خبردار رہنا - اپنے بدن کی خبر گیری۔
آپ اپنے حق میں کانٹے بونا (مثل) اپنے ہاتھوں مصیبت میں گرفتار ہونا
آپ روپ - جسے کسی نے پیدا نہ کیا ہو۔
آپ زندم جہاں زندم - آپ زندہ جہاں زندہ -
آپ آپ کو (ل) الگ الگ - علیحدہ علیحدہ - جُدا جُدا -
آپ آپ میں (ہ) جُدا جُدا - آپس میں -
آپ بیتی (ہ / مث) اپنی سرگذشت - اپنی رام کہانی - اپنے اُوپر سے گزری ہوئی -
آپ بھلے جگ بھلا (ہ) مثل ہے - آپ اچھے تو سب اچھے۔
آپ بیتی کہوں کہ جگ بیتی (ہ) مثل ہے - اپنے اُوپر گزری ہوئی سُناؤں یا اِدھر اُدھر کی -
آپ جائیں اور آپ کا کام (ہ) آپ اپنا کام سنبھالیں ہم ذمہ دار نہیں -
آپ خور ادے آپ مرادے (ہ) مثل ہے - تنہا خور آدمی - وہ شخص جو اپنے گُنّے میں بانٹ کر نہ کھائے - بے فکرا - بے پروا
آپ ڈوبے تو جگ ڈوبا (ہ) مثل ہے - اپنی جان گئی تو گویا جہان ہی مرگیا -
آپ ڈوبے تو ڈوبے اوروں کو بھی لے ڈوبے } (ہ) مثل ہے
آپ ڈوبے باہمناں ججمان ڈبوئے } اُس موقع
پر بولتے ہیں جب کوئی اپنے ساتھ اوروں کو بھی برباد کرے -
آپڑوسن مجھ سی ہو (ہ) مثل ہے - اپنی طرح اوروں کے لیے مصیبت چاہنا - کسی امیر پر حسد کرنا اور اُسے بددُعا دینا -
آپ رُوپ مہا رُوپ (ہ) مثل ہے - خُدا اور اُس کی تجلی -
آپ زندہ جہان زندہ آپ مُردہ جہان مُردہ (ل) مثل ہے جان ہے تو جہان ہے -
آپس (ہ / مث) رشتہ داری - برادری - باہم میل جول -
آپس داری (ل / مث) باہمی میل جول - رشتہ داری -
آپس کا معاملہ (ل / مذ) گھر کی بات - یگانگی -
آپ سے اچھا خُدا - پہلے خدا کی یاد پھر اپنی فکر کی جاتی ہے -
آپ سے آنا - از خود آنا - بن طلب آنا -
آپ سے (ہ) آپ ہی آپ - خود بخود - بے بلائے - بلا سبب -
آپ سے آپ (ہ) بے بلائے - خود بخود - آپ ہی آپ -
آپ سے آئے تو آنے دو (ہ) مثل - مفت راچہ گفت - بغیر کوشش کے مال ملے تو لے خواہ برا ہی ہو -
آپ سے باہر ہو جانا (ہ) حالت غضب میں ہونا - ہوش و حواس نہ رہنا -
آپ سے چار برسات میں نے زیادہ دیکھی ہیں (ل) مثل - میں آپ سے زیادہ تجربہ کار ہوں -
آپ سے جانا (ہ) بے ہوش ہونا - جان سے جانا - بے بُلائے جانا -
آپ سے دُور - آپ کی جان سے دُور - مخاطب کی بُری بات کا ذکر کرتے وقت کہتے ہیں -
آپ سے ایسے ہونا (ہ) عزت دار ہوکر ذلیل ہو جانا -
آپ سے گیا جگ سے گیا } (ہ) مثل - جو شے اپنے قبضے سے نکل گئی
آپ سے گیا جہان سے گیا } وہ گویا دُنیا ہی میں نہیں رہی -
آپ فضیحت اور کو نصیحت (ل) مثل - آپ بُرائیاں کرنا اوروں کو منع کرنا -
آپ کا (ہ) حضور کا - جناب کا - غائب و حاضر کی تعظیمی ضمیر -
آپ کاج مہا کاج (ہ) مثل - اپنے ہاتھ سے کیا ہوا کام سب سے عمدہ اور تسلی بخش ہوتا ہے -
آپ کی خفت میرے سر آنکھوں پر (ل) مثل - زیادہ شرمندہ کرنے کے لیے کہا کرتے ہیں -
آپ کو دُور کھینچنا } (ل) مثل - اِترانا - گھمنڈ کرنا - دُوسروں سے
آپ کو آسمان پر کھینچنا } نفرت کرنا - دُوسروں کی نسبت اپنے آپ کو
آپ کو کھینچنا } بہت بڑا جاننا -
آپ کو بھُولنا (ہ) اپنی اصل کو فراموش کرنا - اپنی اوقات بھُول جانا - مغرور ہونا -
آپ کھائے بلی کو بتائے (ہ) اپنا قصور دُوسرے کے سر تھوپنا -
آپ کا بایاں قدم لیجیے (ل) مثل ہے کسی فسادی آدمی کو فتنہ اور چالاکی کا اُستاد ماننا - آپ بڑے چالاک ہیں - شریر اور بدمعاش ہیں -
آپ کا سر قرآن کی جگہ ہے (ل) مثل ہے - اس قسم میں شُبہ کی گنجائش نہیں -
آپ کا قطع کلام ہوتا ہے (ل) دُوسرے کی بات میں بات کرتے وقت عُذر کے طور پر بولا جاتا ہے -
آپ کا کیا بگڑتا ہے }
آپ کا کیا جاتا ہے } (ہ) آپ کا کیا حرج ہے -
آپ کا کیا لیتا ہوں }
آپ کو آسمان پر کھینچنا - غرور کرنا -
آپ کا منہ ہے } (ہ) محاورہ - آپ ہی کا لحاظ ہے -
آپ کا پاس ہے } یہ سب کچھ آپ ہی کی خاطر ہے -
آپ میرے جگ بیرلو } (ہ) محاورہ - اپنی جان ہے تو دُنیا بھی
آپ موئے جہان مُوا } ہے -
آپ موئے تو جگ مُوا }
آپ میاں صوبیدار گھر میں بیوی جھونکے بھاڑ (ل) مثل ہے - طنزاً ایسے شخص کی بابت بولتے ہیں جو غریبی میں امیرانہ ٹیپ ٹاپ رکھے -
آپ نے مجھے مول لے کر چھوڑ دیا (ہ) مثل ہے - شکریے کی حد ہے -
آپ کو بھُولنا - بے خود ہونا - اپنی گزشتہ حیثیت بھُول جانا -
آپ میں آنا (ہ) ہوش سنبھالنا - تکبر چھوڑنا - غرور کو دُور کرنا -
آپ میں نہ رہنا (ہ) بے ہوش ہو جانا - بے خبر ہونا -
آپ ہارے بہو کو مارے (ہ) مثل ہے - اپنی ذلت دُوسرے کے

سر دھرنا - قصور اپنا سزا دُوسرے کو -

آپ گیلے میں سوئی مجھے سُوکھے میں سُلایا - خود تکلیف اُٹھائی مگر مجھے آرام دیا -

آپ ہی آپ باتیں کرنا (ہ) سودائی ہونا - بڑبڑانا دیوانہ ہونا -

آپ ہی کی جُوتیوں کا صدقہ ہے (ل) مثل ہے - آپ ہی کی طفیل ہے - آپ ہی کی بدولت ہے -

آپس داری - اپنائیت - قربت - رشتہ داری -

آپ ہی ناک چوٹی میں گرفتار ہیں (ل) مثل ہے - بناؤ سنگار میں مصروف ہیں - مغرور ہیں -

آپھنسنا (ل) فریب کھانا - دھوکے میں آجانا - گرفتار ہو جانا -

آپہنچنا (ہ) منزلِ مقصود پر پہنچ جانا -

آپے سے باہر ہو جانا (ہ) حدِ اعتدال سے گزر جانا - غصّے میں بے خود ہو جانا - خوشی کے وقت اپنے آپ کو قابو میں نہ رکھنا -

آ - ت

آتا (ہ/مذ) قرضہ - دینا لینا - آنا مصدر سے ماضی تمنائی - آنے والا - جاننا جیسے - ؏

نہ تیمم مجھے آتا نہ وضو آتا ہے

آت (ت) گھوڑا (ہ) یہ کلمہ دُوسرے کلمات میں اضافہ کرنے سے مصدری معنی کا فائدہ دیتا ہے جیسے بھتات - برسات وغیرہ -

آتا جاتا (ہ) صفت - راہی - مسافر - سالک - راہ رو - ناپائدار -

آتا بھلا نہ جاتا (ہ) مثل ہے - اُس شخص کی نسبت بولتے ہیں جس کے آنے جانے میں نقصان ہی نقصان ہو -

آتا ہو تو ہاتھ سے نہ دیجئے (ہ) مثل ہے - ملتی چیز نہ چھوڑیئے -

آتش (ف/مث) آگ - آنچ - نُور - تجلّی - شراب (مذ) خواجہ حیدر علی ولد خواجہ علی بخش لکھنوی شاگرد مصحفی کا تخلص جو ۱۲۶۲ھ میں فوت ہوئے

آتشبار - آگ برسانے والا - آگ بگولا -

آتشباز (ف/مذ) آگ سے کھیلنے والا - یعنی بارود کی چیزیں بنانے والا -

آتشبازی (ف/مث) بارود کے کھلونے بنانا - آگ کا کھیل -

آتش پرست (ف/مذ) آفتاب کی پرستش کرنے والا - آگ پوجنے والا - پارسی - زرتشت کا پیروکار -

آتش پنہاں (ف) پتھر کی چنگاری - کینہ -

آتش خانہ (ف/مذ) آتش پرستوں کا مندر - آگ رکھنے کی جگہ -

آتش خو (ف/مذ) بڑا غصّے والا - تیز مزاج -

آتش دان (ف/مذ) انگیٹھی - چُولہا -

آتش رُخ (ف/مذ) چمکیلے چہرے والا - معشوق - دلبر - سجن -

آتش زبان }
آتش بیان } (ف/مذ) طرّار - تیز بولنے والا - ایسا مقرر جو اپنی تقریر سے دلوں میں آگ لگا دے - جادو بیان شاعر -

آتش زدگی (ف/مث) آگ لگ جانا - کسی چیز کا آگ سے جل جانا -

آتش زنی (ف/مث) آگ لگا دینا - جلا دینا - پھُونک دینا -

آتش سیال - شراب -

آتش فشاں (ف/مذ) آگ برسانے والا - وہ پہاڑ جس سے آگ - دھواں لاوا نکلتا ہو -

آتشک (ف) گرمی کی بیماری - باد فرنگ -

آتش کا پرکالہ (ل/مذ) آگ کا شعلہ - بھبھوکا - مجازاً معشوق - شریر - فسادی - مغرور - چالاک - خوب صورت - گورا چٹا - چھبیلا - بانکا - دانا - عقل کا پتلا -

آتشکیا - آتشک کا مریض -

آتشک کا مارا ہوا (ہ/مذ) وہ شخص جسے آتشک کی بیماری نے جلا دیا ہو -

آتشکدہ (ف/مذ) وہ مکان جہاں آتش پرست لوگ آگ کی پُوجا کرتے ہیں اس کی آگ کبھی بُجھنے نہیں دیتے - آگ کا گھر -

آتش گیر (ف/مذ) چمٹا - دست پناہ -

آتش مزاج (ف) غصیلا - تُند مزاج - تیز خُو والا -

آتش مزاجی (ف/مث) گرم مزاجی - تُند خُوئی -

آتش موسیٰؑ (ف/مث) آگ کا وہ شعلہ جو حضرت موسیٰؑ نے کوہِ طور پر دیکھا تھا اور جس کی تجلّی سے وہ بے ہوش ہو گئے تھے -

آتشناک (ف/مذ) تُند خُو - تیز مزاج - غصّہ دار -

آتش نمرود (ف/مث) وہ آگ جو نمرود نے حضرت ابراہیمؑ کو بھسم کرنے کے لیے جلائی تھی اور جو حضرت ابراہیمؑ پر گلزار ہو گئی تھی -

آتشی (ف) آگ کا - گرم - حرارت والا - جن پری -

آتشی آئینہ }
آتشی شیشہ } (ف) وہ شیشہ جسے سُورج کے سامنے رکھنے سے کاغذ یا کپڑے کو آگ لگ جاتی ہے -

آتشی شیشی (ف/مث) اکثر دواؤں کا تیل نکالنے کے کام آتی ہے اور تیز آگ میں بھی نہیں ٹوٹتی -

آتشی بُرج (ف/مذ) نجومیوں کی تقسیم کے مطابق تین بُرج حمل - اسد - قوس یعنی میکھ - سنگھ - دھن - عنصر آتش سے تعلق رکھتے ہیں -

آتشی شیشہ (ف/مذ) آتشی آئینہ -

آتشی شیشی - روغن نکالنے اور جوہر اُڑانے کی شیشی -

آتشین (ف) جلا دینے والا - چمکیلا - آگ کا - آتش فشاں -

آتما (ہ/مث) رُوح - جان - دل - من - جسم - کایا -

آتما ٹھنڈی ہونا (ہ) بھُوک کی آگ بُجھنا - تسلّی ہونا - جی خوش ہونا - رُوح تازہ ہونا -

آتما ستانا }
آتما کلپانا } (ہ) دل دکھانا - جان کو تکلیف دینا -

آتما مسوسنا (ہ) بھُوک مارنا - نفس کُشی کرنا - دل کڑا کر کے رہ جانا -

آتما میں پڑے تو پرماتما کی سُوجھے (ہ) مثل ہے - پیٹ بھرے تو عبادت الٰہی کا خیال ہو - بھُوکے سے عبادت نہیں ہو سکتی -

آتم گھات (ہ) خود کُشی - فنائے رُوح -

آتو }
آتون } (ت/مث) لڑکیوں کو لکھنا پڑھنا، سینا پرونا سکھانے والی عورت - اُستانی -

آتے آؤ جاتے جاؤ (ہ) خواہ آؤ خواہ جاؤ ہمیں کچھ غرض نہیں۔
آتی پاتی (ہ/مث) آتا پتا - دیہاتی لڑکوں کا ایک کھیل۔
آتے بھلے نہ جاتے (ہ) مثل ہے اُس آدمی کی نسبت بولتے ہیں جس کے آنے جانے میں نقصان ہو۔
آتے جاتے (ہ/مذ) آتے ہوئے۔ آنے جانے والے۔
آتے کا نام سبھا جاتے کا نام مُکتا (ہ) مثل ہے۔ نہ آنے کی خوشی نہ جانے کی فکر۔

آ - ٹ

آٹ - آٹنا مصدر سے فعل امر - پُر کر دے - بھر دے۔
آٹا (ہ/مذ) پسا ہوا اناج - چکی میں پسا ہوا غلہ۔
آٹا کرنا (ہ) باریک پیسنا - دُکھ دینا - پیس ڈالنا۔
آٹا گوندھنا (ہ) آٹا روٹی پکانے کے لیے تیار کرنا۔
آٹا نہیں تو دلیا جب بھی ہو جائے گا (مثل) اس چیز میں نقصان کسی طرح نہیں۔
آٹے دال کا بھاؤ کھلنا (ہ) محاورہ - مصیبت کا پتا لگنا - دُکھ درد میں پھنسنا۔
آٹے دال کی فکر (ہ/مث) روزی کی فکر۔
آٹھ (ہ) عدد ۸، 8 - فارسی ہشت۔
آٹھ اٹھارہ اٹھائیس (ہ) پریشان - تتر بتر - یہ تاریخیں منحوس سمجھی جاتی ہیں۔
آٹھ اٹھارہ کرنا (ہ) پریشان کرنا - تتر بتر کرنا۔
آٹھ آٹھ آنسو بہانا (ہ) زار زار رونا - بہت ہی رونا۔
آٹھ بار نو تیوہار (ہ) مثل ہے - عیش و عشرت کرنے کے موقع پر بولتے ہیں - یعنی آٹھ دن اور نو میلے۔
آٹھ پہرہ (ہ/مذ) ہر وقت - ہر آن - ہر گھڑی - چوبیس گھنٹے - دن رات۔
آٹھ پہر سوگی (ہ) مثل ہے - ہر وقت ماتم اور سوگ میں۔
آٹھ پہر سُولی ہے (ہ) ہر دم موت موجود ہے - ہر وقت مرنے کا کھٹکا ہے۔
آٹھ جولاہے نو حُقّے، اس پر بھی دھکم دھکّے (مثل) ضرورت سے زیادہ سامان ہونے کے بعد بھی جھگڑا۔
آٹھواں (ہ) ⅛، 1/8 - ہشتم - کسی شے کا آٹھواں حصّہ۔
آٹھوں پہر (ہ) ہر وقت - ہر گھڑی۔
آٹھوں کا میلا (ہ/مذ) ہولی کے آٹھ دن بعد ہندوؤں کا ایک میلہ۔
آٹھوں گانٹھ کمیت (ہ) محاورہ - وہ گھوڑا جس کے آٹھوں جوڑ یعنی چاروں ٹخنے اور چاروں گھٹنے مضبوط اور سیاہ ہوں، چالاک عیّار - پکّا بدمعاش - نہایت شریر - پانچوں عیب شرعی والا۔
آٹھویں ساتویں (ہ) کبھی کبھار - گاہے گاہے۔
آٹے کی آپا (ہ/مث) بے وقوف عورت - بھولی - سست۔
آٹے دال کا بھاؤ کھلنا یا معلوم ہونا (مثل) مصیبت میں پھنسنا۔
آٹے کے ساتھ گھن بھی پس گیا - (ہ) مثل ہے - بڑوں کے ساتھ چھوٹے مُفت مصیبت میں پھنس گئے۔
آٹے میں نمک (ہ) ذرا سا - تھوڑا سا - نہایت واجبی۔

آ - ث

آثار (ع/مذ) اثر کی جمع - پاؤں کا نشان - علامت - اُردو میں دیوار کی چوڑائی کو بھی کہتے ہیں - بنیاد - ڈھنگ - طرز۔
آثارِ خیر (ع/مذ) اچھی نشانیاں - اچھی علامتیں۔
آثارِ شریف (ع/مذ) بزرگوں کے مزار - ولیوں کے مقبرے - نبیوں کے تبرکات۔
آثارِ صنادید (ف/مذ) بزرگوں اور بادشاہوں کی نشانیاں عمارتیں وغیرہ
آثارِ قدیمہ - پُرانے زمانہ کی نشانیاں یا عمارتیں - وہ محکمہ جو پُرانے زمانہ کی چیزوں کی تحقیقات کرتا ہے۔
آثم (ع/مذ) گنہگار - خطا وار - قصوروار - مجرم۔

آ - ج

آج (ہ) موجودہ دن - امروز - زمانۂ حال۔
آج برس کے پھر نہ برسوں گا (ہ) مثل ہے - بارش کی کثرت کے وقت تنگ آ کر بولتے ہیں - یعنی بادل کہتا ہے کہ آج ہی کسر نکال لوں گا - سارے بدلے آج ہی لے لوں گا۔
آج زبان کھلی ہے کل بند (ہ) مثل ہے - اپنی سچائی اور صفائی جتانے کے وقت بولتے ہیں - زندگی کا کیا اعتبار - آج مرے کل دُوسرا دن۔
آج کا کام کل پر ٹالنا (ہ) کام میں سستی کرنا۔
آج کدھر چاند نکلا / آج کدھر سے چاند نکل آیا / آج کدھر کا چاند نکلا (ہ) محاورہ - کسی نہایت عزیز دوست کے دفعۃً مل جانے کے موقع پر بولا جاتا ہے - یعنی آپ آج کدھر آ گئے - یا کدھر سے آ نکلے - آج کیونکر ادھر آنے کا اتفاق ہو گیا۔
آج کرے گا کل پائے گا (ہ) جو نیکی بدی دُنیا میں کرے گا اس کا بدلہ پائے گا - جیسا کرے گا - ویسا بھرے گا۔
آج کِس کا منہ دیکھا ہے (ہ) مثل ہے - کام بگڑنے یا تکلیف پیش آنے یا دن بھر حیران رہنے پر بولتے ہیں - خبر نہیں آج کس منحوس کا منہ دیکھا ہے، کام ہی نہیں بنتا۔
آج کل (ہ) حال کا زمانہ - قریب کا زمانہ - ماضی اور مستقبل دونوں کے

لیے بولا جاتا ہے - عنقریب - جلد - لیت ولعل - ٹال مٹول -

آج کل اُن کا زمانہ ہے (ا) کسی کے عروج کے متعلق بولتے ہیں -

آج کل بتانا (ہ) ٹال حیلہ - بہانہ کرنا - ہاں ہوں کرتے رہنا -

آج کل کرنا (ہ) جھوٹے وعدے کرنا -

آج سے کل نزدیک - کام میں غفلت نہ برتو کر ابھی کیا ہے - کل ہو گی تو دیکھا جائے گا -

آج کرے گا کل پائے گا - بُرائی کا بدلہ ضرور پائے گا -

آج مرے کل دُوسرا دن (ہ) مثل ہے - دُنیا کی ناپائداری اور بے ثباتی کے موقع پر کہتے ہیں - زندگی ناپائدار ہے -

آ - چ

آچارت (ت/مث) لغوی معنی تو باپ دادا نانا کے ہیں مگر محاورے میں تعظیماً پُرانی بڑھی نوکرانی کو کہتے ہیں - قدیم خادمہ -

آچار یا اچار (ف/مذ) پھل وغیرہ جس کو سرکہ پانی یا تیل میں مسالوں کے ذریعے سے کھٹا کر لیا جائے -

آچار ڈالنا (ہ) اچار بنانا - بند کرنا - قید کرنا - روک رکھنا -

آچار کرنا
آچار نکالنا } (ہ) سخت مارنا - بہت پیٹنا -

آچاری (ہ/مث) اچار کی ہانڈی - اچار رکھنے کا برتن -

آچمن (ہ/مذ) کلی کرنا - کھانا کھانے کے بعد منہ صاف کرنا -

آ - خ

آخ (ا) حقارت کا کلمہ ہے - نفرین کے لیے بولتے ہیں - کھنکارنے کی آواز -

آخ تھُو (ا) حقارت کا کلمہ ہے - لعنت - پھٹکار - نفرت کے اظہار کے واسطے آتا ہے - کھنکارنے کے ساتھ تھوکنے کی آواز -

آخ تھُو کھٹے ہیں (ہ) مثل ہے - جب کوئی چیز آدمی کے ہاتھ نہیں لگتی تو اس میں عیب نکال کر اپنے دل کو تسلی دے لیتا ہے ایسے موقع پر طنزاً یہ مثل بولی جاتی ہے -

آختہ (ف/مذ) خصّی - بدھیا - کھینچے نکالا ہوا -

آخر (ع/مذ) انتہا - انجام - انت - حد - تمام - پچھلا -

آخَر (ع) بفتح دوم - دُوسرا - جیسے یہ امر آخر ہے -

آخر آدمی نے کیا دُودھ پیا ہے (ا) مثل ہے - بھُول اور غلطی انسان کی طبیعت اور سرشت میں ہے -

آخر الامر
آخر ش } (ع - ف) آخرکار - انجام کار - آخر کو -

آخر بین (ف) دُور اندیش - انجام سوچنے والا - وہ شخص جسے دُور کی سُوجھے -

آخرت (ع/مث) دُوسری دُنیا جہاں موت کے بعد اعمال کی جزا و سزا ملے گی - عقبیٰ -

آخرت سنوارنا (ا) اپنی عاقبت دُرست کرنا - نیکی کرنا - انجام بخیر ہونے کی تدبیر کرنا -

آخر زمان (ف) وقت پیری - آخر وقت - قرب قیامت - کلجگ -

آخر کار - آخر کو - انجام کار - القصہ - الغرض -

آخری بہار (ف/مث) بہار کا آخری حصّہ - عمرِ انسانی کا اخیر حصّہ -

آخری چہار شنبہ (ف/مذ) ماہِ صفر کا آخری بُدھ - اس دن حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلّم نے بیماری سے افاقہ پایا تھا - اور نواحِ مدینہ میں سیر فرمائی تھی - لہٰذا مسلمان اس دن سیر و تفریح کرنا مبارک سمجھتے ہیں

آخری دیدار (ف/مذ) مرنے کے وقت بیمار کو دیکھنا جس کے بعد پھر ملاقات نہ ہو -

آخری سواری - جنازہ -

آخور (ف/مث) جانوروں کے چارہ - گھاس کھانے کی جگہ - طویلہ - ردّی - سڑی بُسی - نکمّی - خراب - ناکارہ چیز - کھُرلی (پنجابی)

آخور کی بھرتی (ا/مث) ردّی اور ناکارہ چیزیں جمع کر لینا -

آخون یا اخوند (ف/مذ) معلّم - اُستاد - پڑھانے والا ماسٹر -

آخون زادہ (ف/مذ) اُستاد زادہ - اُستاد کا بیٹا -

آ - د

آد (ہ) آغاز - ابتدا - شروع - ازل - ہمیشہ - سدا -

آداب (ع/مذ) ادب کی جمع - تربیت - قاعدے - طریقے - دستور - رسوم - ہر چیز کی حد - سلیقہ - سلام - کورنش - بندگی -

آداب بجالانا (ا) سلام کرنا - بندگی کرنا - ادب ظاہر کرنا - احسان ماننا -

آداب تسلیمات (مذ) نہایت ادب سے تعظیم و تکریم کرنا - سلام بجالانا -

آداب سکھانا (ا) طریقہ بتانا - قاعدہ سکھانا - اخلاق دُرست کرنا -

آدابِ محفل (ع/مذ) مجلس میں بات چیت کرنے کے قاعدے -

آداب و القاب (ع/مذ) خط کا سرنامہ - خط کے شروع میں مکتوب الیہ کے درجے کے مطابق تعریف و دُعا -

آدر (ہ/مذ) عزت - خاطر تواضع - آؤ بھگت -

آدرش - کیرکٹر - سیرت - کسی گھرانے کے روایتی اخلاق -

آدم (ع/مذ) انسان - سب سے پہلا آدمی - بابا آدمؑ جن سے دُنیا میں انسانی نسل پھیلی -

آدم بے سایہ (ف/مذ) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلّم سے مُراد ہے -

بے یار و مددگار - لاثانی -
آدم ثانی (ع / مذ) حضرت نوحؑ - چونکہ آپ کے عہد میں عام دنیا طوفان سے تباہ ہو گئی تھی - اور آپ ہی کی نسل سے دنیا پھر آباد ہوئی - لہٰذا انھیں آدم ثانی کہتے ہیں -
آدم خاکی (ف / مذ) خاک کا بنا ہوا آدمی - خاک کا پتلا -
آدم خور (ف / مذ) آدمی کو کھا جانے والا - جنگلی لوگ -
آدم زاد (ف / مذ) آدمؑ کی اولاد - آدمؑ کی نسل - انسان -
آدم نہ آدم زاد (ف) سنسان مقام - ویران جگہ - جہاں آدمی کا نام و نشان نہ ہو -
آدمی (ف / مذ) آدم سے تعلق اور نسبت رکھنے والا - بشر - شخص - مانس - منش - لائق - دانا - نوکر - آشنا - خاوند - باشندے - بدتمیز (طنزاً)
آدمی آدمی انتر کوئی ہیرا کوئی کنکر (ہ) مثل ہے - ہر آدمی میں فرق ہے - کوئی اچھا، کوئی برا - سب یکساں نہیں -
آدمی اناج کا کیڑا ہے (ا / مثل) آدمی اناج کھا کر ہی زندہ رہ سکتا ہے -
آدمی بننا (ا) تمیزدار ہونا - مہذب ہونا - لائق بننا -
آدمی بنانا (ا) درست کرنا - سنوار دینا - لائق کر دینا - مہذب بنا دینا ہے
آدمی کی کسوٹی معاملہ ہے - معاملات میں سابقہ پڑنے سے آدمی کی اچھائی برائی معلوم ہوتی
آدمی ہو یا جانور - بالکل تمیز نہیں -
آدمی پیٹ کا کتا ہے (ا) آدمی کھانے کے لیے دربدر پھرتا ہے - کتے کی طرح مارا مارا پھرتا ہے -
آدمی سا کوئی پکھیرو نہیں (ہ) آدمی تھوڑی دیر میں کہیں کا کہیں جا سکتا ہے - آدمی کا ذہن دور دور پہنچ جاتا ہے جہاں کوئی پرندہ بھی نہیں جا سکتا
آدمی کا جنگل } (ہ / مذ) وہ جگہ جہاں آدمی بکثرت ہوں - گنجان آبادی
آدمی کا بن } کا نام -
آدمی کا شیطان آدمی ہے (ا) برے کی صحبت بھلے آدمی کو برا بنا دیتی ہے - آدمی بری صحبت سے خراب ہوتا ہے -
آدمی ہو یا جانور } (ا) بدتمیزی کے موقع پر کہتے ہیں -
آدمی ہو یا گھن چکر }
آدمیت (ع / مث) انسانیت - آدمی پن - تہذیب - شائستگی تعلیم - ملنساری
آدمیت آنا (ا) تہذیب آنا - عقل آنا -
آدمیت اٹھ جانا (ا) شائستگی جاتے رہنا - نیکی اور تمیز اور خوش خلقی کا اٹھ جانا -
آدمیت سکھانا - شائستہ بنانا -
آدمیت میں لانا - تہذیب سکھانا -
آدمی کی قدر مرنے پر ہوتی ہے (ا) مثل ہے - جب کسی کی کوئی اچھی بات یاد آتی ہے تو کہتے ہیں -
آدمی کو آدمی سے سو دفعہ کام پڑتا ہے (ا) مثل ہے جب کوئی کسی بات پر انکار کرتا ہے تو کہہ دیتے ہیں -
آدمیت سے گزر جانا (ا) عقل اور انسانیت کی باتیں چھوڑ جانا -
آدھا (ہ) نصف حصہ - نیم ½ ، ½
آدھا آپ گھر آدھا سب گھر (ہ) مثل ہے - لالچی آدمی کی نسبت بولتے ہیں - آدھا لالچی کے پاس ہو اور آدھا ساری دنیا میں -
آدھ پاؤ آٹا چوبارے رسوئی - بامہنی کام سے بھی کھوئی (ہ) مثل ہے - کنگال شیخی خورے کی نسبت بولتے ہیں - بے حیثیت کام - بے موقع کام کرنا -
آدھا تیتر آدھا بٹیر (ہ) مثل ہے - جب بے تمیزی سے کوئی خلط ملط ہو جائے - اس موقع پر بولتے ہیں بے ڈھنگا کام - بدتمیزی کا کام -
آدھار (ہ / مذ) سہارا - وسیلہ - ذریعہ - خوراک - کھانا -
آدھارہ جانا (ہ) لاغر ہو جانا - کمزور ہو جانا - گھٹ جانا -
آدھا ساجھا (ہ / مذ) آدھے حصے کی شرکت - آدھم آدھ کی حصہ داری -
آدھا آدھا - دو حصوں میں نصف نصف کی برابر تقسیم -
آدھا تیتر آدھا بٹیر - منتشر - رکابی مذہب - دوغلا -
آدھوڑی (ہ / مث) کھال - چمڑا - چام - چرم -
آدھی بات نہ پوچھنا (ہ) قدر نہ کرنا - توجہ نہ کرنا - حقیر سمجھنا -
آدھی رات جمائی آئے شام سے منہ پھیلائے (ہ) مثل ہے - وقت سے پہلے ہی کسی کام کی تیاری کرنا -
آدھے کا ساجھی برابر کی چوٹ (ہ) مثل ہے - آدھ کا شریک برابر کی حکومت کرتا ہے - برابر حیثیت رکھنے والے کے لیے بولتے ہیں
آدھی کو چھوڑ ساری کو جائے } (ہ) مثل ہے میرے صبر سے اور
آدھی رہے نہ ساری پائے } لالچی آدمی کی نسبت بولتے ہیں یعنی قابو کی تھوڑی چیز چھوڑ کر ساری کا لالچ کرنے والا آدھی بھی کھو بیٹھتا ہے
آدھمکنا (ہ) بے دھڑک چلے آنا - بے روک ٹوک آ جانا -
آدیس یا آدیش (ہ / مذ) ارشاد - حکم - اجازت - ہندو جوگیوں اور فقیروں کے سلام کرنے کا ڈھنگ - معتقدانہ کلام -
آدینہ (ف / مذ) جمعہ کا دن -

آ - ڈ

آڈٹ (انگریزی / مذ) حساب کی پڑتال کرنا - پورا پورا حساب جانچنا -
آڈیٹر (انگریزی / مذ) محاسب - حساب کی پڑتال کرنے والا -

آ - ذ

آذر (ف / مذ) آگ - شمسی مہینوں میں سے نویں مہینے کا فارسی نام -
آذوقہ (ع / مذ) روزی - کھانا - روٹی کپڑا -

آ - ر

آر (ہ / مث) لوہے کی نوکدار کیل جو سلنٹے کی لکڑی یعنی پینی میں لگاتے ہیں - مرغے کے پنجے کا کانٹا - چمڑا چھیدنے کا آلہ -

آرا (ا/مذ) (ف) ارّہ - لکڑی چیرنے کا اوزار جو لوہے کا دندانہ دار تمدار سا بنا ہوتا ہے۔
آرا (ف) آراستن کا امر - سجانے والا - آراستہ کرنے والا - جیسے انجمن آرا - محفل کو سجانے والا۔
آراء (ع/مذ/مث) رائے کی جمع - عقل - سمجھ - فکر۔
آرادھن (ہ/مث) پوجا پاٹ - عبادت۔
آراستگی (ف/مث) سجاوٹ - سنگار - زیب و زینت۔
آراستہ ہونا - سنورنا - کام کے لیے تیار ہونا۔
آراستہ پیراستہ - پُر تکلف - بنا سنورا۔
آراکش (ا/مذ) آرے سے لکڑی چیرنے والا - بڑھئی۔
آرا سر پر چل گیا تو بھی مدار ہی مدار (ل) مثل ہے - سخت سے سخت تکلیف میں بھی بات پر جما رہا۔
آرام (ف/مذ) چین - سکھ - ٹھہراؤ - نیند - نفع - کثرت - چھٹی - صحت - شفا۔
آرام پسند (ف/مذ) آرام پسند کرنے والا سست - کاہل آدمی۔
آرامِ جاں (ف/مذ) دل آرام - معشوق - پیارا۔
آرام چاہنا (ل) سکھ ڈھونڈھنا - چین کا طالب ہونا۔
آرام دان (ل) پان رکھنے کی چھوٹی سی پٹاری - بُرجی دار پاندان۔
آرامِ دل (ف/مذ) معشوق۔
آرام دینا (ل) راحت پہنچانا - سکھ دینا - تندرست کرنا - صحت بخشنا۔
آرام سے پاؤں پھیلانا (ل) بے فکر سونا - چین سے لمبی تاننا - آزادی سے بسر کرنا۔
آرام طلب (ف/مذ) آرام ڈھونڈنے والا سست - کاہل
آرام کرنا (ل) ٹھہرنا - چپ رہنا - دم لینا - چین سے بیٹھنا۔
آرام کرسی (ل/مث) تکیہ دار کرسی جس پر آدمی بیٹھ اور سو سکتا ہے۔
آرام گاہ (ف/مث) سونے کی جگہ - آرام کی جگہ۔
آرائش (ف/مث) سجاوٹ - تکلف - وہ کاغذوں کی باغ باڑی جو اُمرا و بارات کے ساتھ لے جاتے ہیں۔
آربل (ہ/مث) عمر - زندگی - حیات۔
آر پار (ہ) ایک سرے سے دوسرے سرے تک سوراخ - آر پار چھید۔
آر پار کرنا (ہ) کسی معاملے کو طے کرنا - نمٹانا۔
آرپن (ہ) وقف - صدقے کرنا - نثار کرنا - خدا کی راہ میں دے دینا۔
آرتی (ہ/مث) پیتل کے چراغ میں بتیاں روشن کر کے صبح و شام دیوتاؤں کی مورتیوں کے سامنے پھرانا اور اُن کی تعریف کرنا (مجازاً) صفت - گن۔
آرتی لینا (ہ) جلتی بتیوں کی لوؤں پر ہاتھ پھیر کر مُنہ پر ملنا جس سے ہندوؤں کے اعتقاد کے مطابق گناہ جھڑ جاتے ہیں۔
آرتھوگرافی - عبارت کا استنادہ نقشہ۔
آرٹسٹ (انگریزی/مذ) صناع - مصور - تصویر ساز۔

آرٹیکل (انگریزی/مذ) اخبار وغیرہ کا مضمون - قانونی دفعہ - معاہدے کی شرط۔
آرد (ف/مذ) پسا ہوا آٹا۔
آرڈر (انگریزی/مذ) حکم - فرمان۔
آرڈنری (انگریزی) معمولی - سرسری۔
آرڈینز (انگریزی) فرانس کے شمال مشرقی جنگلات کی ڈھپی ہوئی سطح مرتفع۔
آرزو (ف/مث) خواہش - تمنا - مراد - مطلب - چاہت - اُمید - نواب سراج الدین احمد خاں اکبر آبادی کا تخلص۔
آرزو بر آنا } **آرزو پوری ہونا** } **آرزو نکلنا** } (ل) خواہش کا پورا ہونا - اُمید بر آنا - آس پوری ہونا۔
آرزو خاک میں ملنا (ل) نا اُمید ہو جانا - ارمان نہ نکلنا - جی کی جی میں رہ جانا۔
آرزو کا خون ہونا (ل) تمنا پوری نہ ہونا - مطلب بر آری نہ ہونا - ناامید ہو جانا۔
آرزو نکلنا - مراد پوری ہونا - تمنا بر آنا۔
آرزو مند (ف/مذ) مُلتجی - التجا کرنے والا - خواہاں - تمنا کرنے والا۔
آرچ بشپ (انگریزی) لاٹ پادری - سب پادریوں کا اعلیٰ افسر۔
آرسی (ہ/مث) انگوٹھے میں پہننے کا ایک زیور جس میں شیشہ جڑا ہوتا ہے۔
آرسی مصحف (ل/ع/مذ) قرآن شریف اور آئینہ جو دولہا دُلہن کو نکاح کے بعد دکھاتے ہیں - مسلمانوں کی ایک رسم۔
آرکیالوجی (انگریزی) قدیم چیزوں کا علم۔
آرمینیا (انگریزی/مذ) کوہ ارارات یعنی کوہ جودی اسی ملک میں ہے جہاں حضرت نوحؑ کی کشتی ٹھہری تھی۔
آروغ (ف/مذ) ڈکار۔
آری (ہ/مث) چھوٹا سا آرہ جس کے دستے کو صرف ایک ہاتھ سے کھینچ کر لکڑی چیرتے ہیں - عاجز - تنگ - عورت کے لیے حرفِ ندا۔
آریہ (س/مذ) بزرگ - عزت دار - بہت بڑا - وہ قوم جو وسط ایشیا سے اُٹھ کر ہندوستان پر قابض ہو گئی - اس کی زبان سنسکرت تھی - کاشتکار۔
آریہ سماج (س/مذ) آریہ مذہب کی جماعت - پنڈت دیانند سرستی جی نے اسے قائم کیا تھا۔
آرے سر پر چل گئے پھر بھی مدار ہی مدار (مثل) مصیبت کے وقت بھی ضد نہ چھوڑنا۔
آرے بلے کرنا (ل) ہاں ہوں کر چھوڑنا - ٹال مٹول کرتے رہنا - بہانے بنانا۔
آرے چلنا (ل) مصیبت جھیلنا - تکلیف سہنا - دُکھ اُٹھانا۔

آ ۔ ڑ

آڑ (ہ) پردہ ۔ روک ۔ اوٹ ۔ سہارا ۔ پناہ ۔ ٹیک ۔ باڑ ۔
آڑا اتارنا ۔ پتنگ کو ہوا کے رُخ سے ترچھا کرکے اُتارنا ۔
آڑبند (ہ/مذ) لنگوٹ ۔ لنگر ۔
آڑ پکڑنا (ہ) پناہ لینا ۔ سہارا لینا ۔ اوٹ میں آجانا ۔
آڑا ترچھا ہونا (ہ) ناراض ہونا ۔ غصے ہونا ۔ بگڑنا ۔ خفا ہونا ۔
آڑا چوتالا (ہ/مذ) راگ کی ایک تال ۔
آڑا گوڑا (ہ) کوڑا کرکٹ ۔ ناچیز اور بے حقیقت چیز ۔ کفایت ۔ کم خرچی ۔
آڑ گوڑ (ہ/مث) لین دین ۔ حساب کتاب ۔ معاملہ ۔
آڑو (ہ/مذ) ایک مشہور پھل ۔ شفتالو ۔
آڑھت (ہ/مث) ٹھہرنے کی جگہ ۔ وہ مقام یا دکان جہاں بیوپاری لوگ مال لاکر بیچتے ہیں ۔ بکوانے کی اُجرت ۔ کمیشن ۔ دلوائی ۔ معتنانہ ۔ مال کی آمدورفت کی جگہ ۔
آڑھتی یا آڑھتیا (ہ/مذ) دستوری اور کمیشن لے کر لوگوں کا مال بکوانے والا ۔ گماشتہ ۔ ایجنٹ ۔
آڑی (ہ/مذ) یار ۔ مددگار ۔ کھیل کے دو فریقوں میں ایک تو اپنے فریق کا افسر یا کپتان باقی اس کے آڑی کہلاتے ہیں ۔
(صفت مؤنث) ٹیڑھی ۔ ترچھی ۔
آڑے ۔ ٹیڑھے ۔ ترچھے ۔
آڑے آنا (ہ) مدد کرنا ۔ سہارا دینا ۔ کام آنا ۔ مدد دینا ۔ بلا سے کسی کو چھڑانا ۔
آڑے ہاتھوں لینا (ہ) خوب خبر لینا ۔ سزا دینا ۔ گھسیٹنا ۔ شرمندہ کرنا ۔ لعنت ملامت کرنا ۔ درست کرنا ۔ ٹھیک بنانا ۔ دھمکانا ۔

آ ۔ ز

آز (ف/مث) حرص ۔ طمع ۔ ہوس ۔
آزاد (ف) بے تعلق ۔ نڈر ۔ مجرد ۔ غلام کی ضد ۔ مولوی محمد حسین مصنف آبِ حیات کا تخلص ۔ مردِ فقیر ۔ بے قید ۔ بے عیب ۔ درختِ بے میوہ ۔
آزادانہ (ف) کھلے طور پر ۔ بے روک ٹوک ۔ بے لاگ لگاؤ ۔ بے تکلف ۔
آزاد رہنا ۔ بے تعلق رہنا ۔
آزاد طبع (ف ۔ ع) طبیعت کا نڈر آدمی ۔ صاف ۔ بے دھڑک کہہ دینے والا ۔
آزاد کا سونٹا (ہ/مذ) فقیر کا ڈنڈا ۔ بے روک ٹوک ۔ بیباک ۔ منہ پھٹ جیسے گنوار کا لٹھ ویسے ہی آزاد کا سونٹا ۔ نہنگ آدمی ۔
آزادی کا قشقہ }
آزاد کا ٹیکا } (مذ) فقیر ہونے کی نشانی ۔ ماتھے کا ٹیکا ۔
آزاد منش (ف) صاف صاف کہہ دینے والا ۔ وہ شخص جو کسی سے لاگ لپیٹ نہ رکھے ۔
آزادگی ۔ رہائی ۔ آزادی ۔
آزادی کا پروانہ ۔ رہائی کا حکم نامہ ۔
آزادی بیچنا یا بیع کرنا (ف) غلامی اختیار کرنا ۔ محکوم بننا ۔ نوکری قبولنا ۔
آزار (ف/مذ) روگ ۔ مرض ۔ دُکھ ۔ تکلیف ۔ رنج ۔
آزاری (ف) روگی ۔ دکھیارا ۔ بیمار ۔
آزر (ع) حضرت ابراہیمؑ کے باپ کا نام تھا جو بُت تراش تھے ۔ اب ہر بُت تراش کو کہہ دیتے ہیں ۔
آزردہ خاطر (ف) رنجیدہ دل ۔ اُداس ۔ خفا ۔
آزمانا (ف) تجربہ کرنا ۔ امتحان کرنا ۔ جانچنا ۔ پرکھنا ۔
آزمائش (ف/مث) آزمودن کا حاصل مصدر ۔ تجربہ ۔ امتحان ۔
آزمودہ را آزمودن جہل است (ف) مثل ۔ آزمائے ہوئے کو آزمانا نادانی ہے ۔
آزمودہ کار (ف) تجربہ کار ۔ ہوشیار ۔ واقف کار ۔ وہ شخص جو زمانے کے نیک و بد سے واقف ہو ۔
آزوقہ (ف) بضم زائے معجمہ و بفتح قاف در اصل میں آب زقہ ہے زقہ کے معنی ہیں چوگا ۔ (مذ) تھوڑی غذا ۔ قوتِ قلیل ۔

آ ۔ س

آس (ہ/مث) اُمید ۔ آسرا ۔ بھروسا ۔ حمل ۔ ساتھی ۔ مدد ۔
آسا (ہ/مذ) آس والا ۔ اُمیدوار ۔ ایک راگنی جو صبح کے وقت گائی جاتی ہے ۔
آس اولاد (ہ/مث) بیٹا ۔ بیٹی ۔
آس باندھنا (ہ) اُمیدوار ہونا ۔ بھروسا کرنا ۔ انتظار کرنا ۔
آس بیگانی جو تکے وہ جیوت ہی مر جائے (ہ) مثل ہے ۔ غیر کے بھروسے پر زندہ رہنے سے مر جانا بہتر ہے ۔
آس پاس ہونا (ہ) قریب تر ہونا ۔
آس تجنا (ہ) مایوس ہونا ۔ اُمید قطع کرنا ۔

آس تکنا (ہ) انتظار کرنا۔ کسی کی اُمید میں رہنا۔ متوقع ہونا۔ راہ دیکھنا۔
آس توڑنا (ہ) نا اُمید کرنا۔ اُمید منقطع کر دینا۔
آس ٹوٹنا (ہ) مایوس ہونا۔ اُمید منقطع ہو جانا۔
آس چھوٹنا۔ نا اُمید ہو جانا۔ آس باقی نہ رہنا۔
آس چھوڑنا۔ مایوس ہو جانا۔ اُمید سے ہاتھ دھو بیٹھنا۔
آس دینا (ہ) گویئے کو سُر میں ساز یا آواز سے مدد دینا۔ سہارا دینا۔
آس لگانا۔ اُمید باندھنا۔
آس مراد (ا) آل اولاد۔ دھن دولت۔
آس ہونا (ہ) اُمید ہونا۔ پیٹ ہونا۔ حمل ہونا۔
آسا (ہ/مث) اُمید۔ بھروسا۔ سہارا۔
آسرا۔ توقع۔ وسیلہ۔
آسا (ف) مثل۔ مانند۔
آسام (ہ/مذ) بنگال کے مشرق کی طرف ہندوستان کا ایک صوبہ۔ یہاں کے چائے کے باغات مشہور ہیں۔ دریائے برہم پتر کی تجارتی شاہراہ ہے۔
آسان (ف) دشوار کی ضد۔ سہل۔ سہج۔
آسان کرنا۔ مشکل حل کرنا۔
آسانی (ف/مث) سہولت۔ سہج پن۔
آسائش (ف/مث) (آسودن کا حاصل مصدر) آرام۔ سُکھ۔ چین۔
آستان } (ف/مذ) ولیوں اور بادشاہوں اور دیگر قابلِ احترام
آستانہ } لوگوں کی دہلیز۔ عام دہلیز اور چوکھٹ۔ دروازہ۔
آستان بوس } (ف) چوکھٹ چومنے والا۔ غلام۔ نوکر۔ معتقد۔
آستانہ بوس } مُرید۔
آستین (ف/مث) (آس "چھونا" اور تین "کلمۂ نسبت) کلائی سے چھونے والا کپڑا۔ کوٹ اور کرتے وغیرہ کا بازو۔
آستین چڑھانا (ا) تیار ہونا۔ مستعد ہو جانا۔ لڑائی کی تیاری کرنا۔ لڑنا۔
آستین کا سانپ (ا/مذ) محاورہ۔ بغلی دشمن۔ دوست ہو کر دشمنی کرنے والا۔ خفیہ دشمن۔
آستین کا سانپ پالنا (ا) محاورہ۔ دشمن کی پرورش کرنا۔ دشمن کو مدد پہنچا کر قوی تر کر لینا۔
آستین پکڑنا (ا) کسی سے جھگڑنا۔ لڑائی کرنا۔ ٹھہرانا۔
آسٹریلیشیا (انگریزی/مذ) آسٹریلیا۔ نیوزی لینڈ۔ نجی اور بحرالکاہل کے جزیرے سب مل کر آسٹریلیشیا کہلاتے ہیں۔
آسٹریلیا (انگریزی) سب سے چھوٹا بر اعظم جس میں سات ریاستیں ہیں وکٹوریہ۔ کوئنز لینڈ۔ نیو ساؤتھ ویلز۔ جنوب مغربی اور شمالی آسٹریلیا یہاں حکومت خود اختیاری ہے۔ سونا اور اُون بہت ہوتا ہے۔
آسٹریا ہنگری (انگریزی/مذ) اس سلطنت میں تین ریاستیں خود مختار ہیں۔ زیکو سلاویہ۔ ہنگری۔ آسٹریا۔

آسٹریلین مشرقی رَو (انگریزی) (ف/مث) جنوبی استوائی رَو کی ایک شاخ بحرالکاہل میں امریکہ سے آسٹریلیا کی طرف آتی ہے۔ اس کی دُوسری شاخ مشرقی آسٹریلین رَو ہے۔ مگر دونوں کا رُخ مشرق ہی کی طرف ہے۔
آسر (ہ/مذ) بگاڑ۔ قصائیوں کی زبان میں دس روپے۔
آسرا (ہ/مذ) سہارا۔ بھروسا۔ وسیلہ۔ توقع۔ پناہ کی جگہ۔ مدد۔
آسرا پکڑنا } (ہ) اُمیدوار ہونا۔ سہارا لینا۔
آسرا لینا }
آسیر باد یا آشیر باد (ہ/مث) دُعا۔ دُعائے خیر دینا۔
آسکت (ہ/مث) سُستی۔ کاہلی۔ اُونگھ۔ انگڑائی۔ جمائی (دراصل اشکت ہے)
آسمان (ف/مذ) (آس۔ چکی۔ مان کلمۂ تشبیہ) اکاس۔ بلند۔ اُونچا۔ فلک۔
آسمان پر اُڑنا (ا) تکبر کرنا۔ بڑھ کر چلنا۔ اترانا۔ اپنے آپ کو دُور کھینچنا۔
آسمان پھاڑے تھگل لگائے۔ چالاکی کرنا۔
آسمان پر چڑھانا } (ا) ممتاز کرنا۔ عزت دینا۔ کسی کی تعریف میں
آسمان پر پہنچانا } بے حد مبالغہ کرنا۔ بہت ہی خوشامد کرنا۔
آسمان پر دماغ ہونا یا دماغ کھینچنا (ا) غرور کرنا۔ نہایت تکبر کرنا۔
آسمان ٹوٹنا یا ٹوٹ پڑنا (ا) سخت مصیبت کا نازل ہونا۔ تباہ ہو جانا۔
آسمان سر پر اُٹھانا۔ شور و غل کرنا۔
آسمان زمین ایک کرنا (ا) بڑی جد و جہد کرنا۔ سخت کوشش کرنا۔ ہلچل ڈالنا۔ ہڑ مچانا۔ بڑا تغیر برپا کرنا۔
آسمان زمین ایک ہونا۔ (ا) نہایت انقلاب آنا۔ دُنیا بدل جانا۔ سخت مصیبت ٹوٹنا۔
آسمان زمین کا فرق (ا/مذ) بڑا بھاری فرق۔ بہت ہی تفاوت۔ بڑی دُوری۔
آسمان زمین پھٹ کیوں نہیں جاتے (ا) محاورہ۔ نہایت بے شرمی۔ سخت صدمے یا گناہ کبیرہ کے وقوع پر نفرت سے بولا جاتا ہے۔
آسمان زمین میں دھوم پڑنا (ا) بڑی شہرت حاصل کر لینا۔ دُنیا میں نام پا جانا۔
آسمان زمین میں سناٹا ہو گیا یا چھا گیا (ا) نہایت خاموشی چھا گئی۔ سب چُپ ہو گئے۔
آسمان زمین کھا گئے (ا) گم شدہ چیز نہ ملنے پر بولتے ہیں۔ جب کہیں پتہ نہ چلے۔
آسمان زمین کے قلابے ملانا (ا) شور مچانا۔ اُودھم ڈھالنا۔ شور و شر مچانا۔
آسمان سے باتیں کرنا (ا) آسمان چھونا۔ بہت بلند ہونا۔ آسمان سے مل جانا۔

آسمان سے ٹکر کھانا (ل) آسمان کی برابری کا دعویٰ کرنا۔

آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا (ل) مثل۔ ایک جگہ سے بچا دوسری جگہ پھنس گیا۔ سرکار سے چھوٹ گیا۔ اہلکار کے پاس پھنس رہا۔

آسمان کا تھوکا اپنے منہ پر آتا ہے (ل) مثل ہے بھلے کی بُرائی میں اپنی ہی بدنامی۔ شیخی خورا ذلیل ہوتا ہے۔

آسمان کو دیکھنا (ل) آسمان کے ظلم کا گلہ کرنا۔ خشک سالی میں بارش کا سخت انتظار کرنا۔

آسمان کو ہلا دینا (ل) آسمان کو لرزا دینا۔ پُر اثر آہ کرنا۔

آسمان کے تارے توڑنا (ل) نہایت چالاکی کرنا۔ محال اور دشوار کام کرنا۔

آسمان کی سیر کرنا (ل) خیال سے بلند پروازی کرنا۔ خیالات کو دُور دوڑانا۔

آسمان میں تھگلی لگانا } (ل) محاورہ۔ نہایت عیاری دکھانا۔
آسمان میں چھید کرنا } ناممکن کام کرنا۔ کشتی پیا کرنا۔

آسمان میں چھید ہو جانا (ل) سخت برسنا۔ بکثرت بارش ہونا۔

آسمانی (ف) آسمان کا۔ سماوی۔ نیلا رنگ۔ آسمان سے آیا ہوا۔ آسمان پر رہنے والا۔ اچانک۔ ناگہاں۔ دفعتہً۔ اُوپری چیز۔

آسمانی پلانا (ل) بھنگ یا تاڑی پلانا۔ نشہ دار چیز پلانا۔

آسمانی تیر (ل/مذ) غیبی صدمہ۔ بے ہودہ کام۔ ہوائی تیر۔

آسمانی گولہ (ل/مذ) قہر خداوندی۔ بے وقت ژالہ باری۔ پکی فصل پر اولے پڑ جانا۔ ناگہانی آفت۔ قحط۔ خشک سالی۔

آسن (ہ/مذ) بیٹھنا۔ بیٹھک کا قاعدہ۔ ہندو فقیروں کی عبادت کا اُونی کمبل یا گھاس کی بنی ہوئی جائے نماز۔ جوگیوں کے رہنے کی جگہ۔ ران سلان کے بیچے کا حصہ۔ گھوڑے پر جم کر بیٹھنے کا ڈھنگ۔ ہاتھی کی گردن پر مہاوت کی جگہ۔ لکڑی کی ٹیک۔

آسن اُکھڑنا (ہ) سوار کی ران ہل جانا۔ گھوڑے پر سے اُکھڑنا۔ فقیر کا سادھ چھوڑ جانا۔

آسن پاٹی (ہ/مث) اٹواٹی۔ کھٹواٹی۔ کھاٹ کھٹولا۔ عورتوں کا مکر بنانا۔ ٹدھ کر پڑ رہنا۔

آسن جمانا (ہ) ران جما کر گھوڑے کی سواری کرنا۔ کسی جگہ سکونت کرنا۔ قبضے میں کرنا۔

آسن سے آسن جوڑنا (ہ) جوگیوں کی مانند آلتی پالتی مار کر بیٹھنا۔
آسن مار کر بیٹھنا } چارزانو بیٹھنا۔ ایک ہی بیٹھک سے عبادت کرنا۔

آسن کے نیچے آنا (ہ) قابو میں آنا۔ ران کے نیچے آنا۔ سواری دینا۔

آسنی (ہ/مث) گھاس کی چٹائی یا اُونی کپڑا جس پر سادھو بیٹھ کر عبادت کرتے ہیں۔

آسودہ (ف) آرام سے رہنے والا۔ بے غم۔ امیر۔ دولت مند۔ خوش حال۔

آسودگی (ف/مث) فارغ البالی۔ خوشحالی۔ آرام۔ بے فکری۔

آسودگانِ خاک (ف) مرے ہوئے نیک بندے۔ مُردہ لوگ۔

آسودہ خاطر (ف) مطمئن۔ بے فکرا۔ فراغت والا۔ دولت مند۔

آسودہ ہونا (ل) امیر ہونا۔ باآرام ہونا۔ فارغ البال ہونا۔

آسیا (ف/مث) چکی۔

آسیب (ف/مذ) صدمہ۔ دھکا۔ تکلیف۔ بھوت پریت کا اثر۔ دیو پری کا سایہ۔ مصیبت۔ آفت۔

آسیب کا خلل ہونا ۔ جن بھوت کا سایہ ہونا۔

آسیب اُتارنا (ل) جن بھوت کا سایہ دُور کرنا۔ بھوت بھگانا۔ عملیات کے ذریعے سے آسیب دُور کرنا۔

آسیب آنا } صدمہ پہنچنا۔ نقصان ہونا۔ آفت آنا۔
آسیب پہنچنا }

آسیب زدہ (ف) وہ شخص جس کو بھوت پریت نے دُکھ دیا ہو۔

آسیب کا خلل }
آسیب کا اثر } (ل/مذ) بھوت کا اثر۔ پری کا سایہ۔ جنون
آسیب کا دخل }

آسیب کا سر پر کھیلنا (ل) آسیب زدہ کا کسی راگ یا خوشبو پہ سر ہلا کر مست ہونا اور کھیلنا۔

آسیبی (ف) آسیب والا۔ وہ شخص جس کو آسیب کی بیماری ہو۔

آسیہ (ع/مث) فرعون کی بی بی کا نام ہے جو حضرت موسیٰؑ کی معاون اور حمایتی تھیں۔ یہ حضرت موسیٰ کا دین قبول کر لینے کے باعث فرعون کے حکم سے مروا دی گئیں۔

آ - ش

آش (ف/مث) پتلی اور رقیق غذا جو پی جا سکے۔ مثلاً حریرہ۔ پیچ۔ شوربا۔ یخنی وغیرہ۔

آش پلاؤ (ف/مذ) بیماروں کو کھلانے کے لیے جَو کا پلاؤ۔

آشِ جَو (ف/مث) جَو کا اُبلا ہوا پانی۔ بیماروں کی غذا۔

آشا ۔ اُمید۔ آرزو۔

آشام (ف/مث) ایک قسم کا حریرہ۔ پینے کی چیز۔ آشامیدن کا امر۔

آشرم ۔ سادھوؤں کے رہنے کا مکان۔ بورڈنگ ہاؤس۔

آشتی (ف/مث) صلح۔ میل ملاپ۔ دوستی۔

آشفتگی (ف/مث) پریشانی۔ حیرانی۔ دیوانہ پن۔ عاشقی۔

آشفتہ (ف) پریشان۔ حیران۔ دیوانہ۔ عاشق۔

آشفتہ سری ۔ دیوانہ پن۔

آشفتہ حال }
آشفتہ خاطر } (ف) پریشان حال والا۔ خراب حال والا۔ خراب طبیعت والا۔ سڑیل۔
آشفتہ دل }
آشفتہ طبع }

آشفتہ سر (ف) دیوانہ۔ پاگل۔ مجنون۔

آشکار - آشکارا - (ف) ظاہر - علانیہ - کھلا ہوا - عیاں - کھلم کھلا -
آشنا (ف/مذ) واقف - جان پہچان والا - دوست - یار - ملاقاتی - بازاری عورت کا یار -
آشنائی (ف/مث) دوستی - یاری - ملاقات - واقفیت - عشق - دل لگی -
آشنائی کا جھوٹا (ا/مذ) بے وفا دوست - یاری کا کچا -
آشنائی کا سچا (ا/مذ) وفادار - دوستی نباہنے والا -
آشنائی کرنا (ا) محبت کرنا - واقفیت بہم پہنچانا - ملاقات کرنا -
آشوب (ف/مذ) شور - غل - فتنہ وفساد - پریشانی - آنکھ کا دُکھنا - (آشفتن آشوبیدن سے حاصل مصدر) طوفان - غدر - جوش
آشوب چشم (ف/مذ) آنکھ دکھنا - آنکھ کی سرخی - آنکھ کا آنا -
آشوب زمانہ (ف/مذ) زمانے کا فتنہ - مجازاً معشوق -
آشیان } (ف/مذ) پرندے کا گھونسلا - رہنے کا مکان - گھر
آشیانہ } چھوٹا سا گھر - جھونپڑی -
آشیرباد - آداب - دُعائے خیر -

آ - ص

آصف (عبرانی/مذ) برخیا کے بیٹے کا نام جو حضرت سلیمانؑ کے وزیر تھے - آج کل ہر لائق وزیر کی صفت کے لیے آتا ہے لغوی معنی جمع کرنا - ضبط کرنا - شامل کرنا - عہدِ حضرت داؤدؑ کے ایک قوال کا نام -
آصف الدولہ (ع/مذ) دہلی کے ایک وزیر اعظم کا خطاب جو بعد میں اودھ کا خود مختار نواب بن گیا تھا -
آصف جاہ (ف/مذ) شاہانِ مغلیہ کے زمانے میں بعض وزیروں کا لقب تھا - دکن کے فرمانرواؤں کا بھی لقب ہے -
آصفیہ (ع) آصف سے نسبت رکھنے والا -

آ - غ

آغا (ت/مذ) مالک - آقا - بڑا بھائی - تعظیماً بڑے آدمی کو بھی کہتے ہیں -
آغا مینا - وہ لڑکی جو پیاری پیاری باتیں کرے - خوش آواز -
آغاز (ف/مذ) ابتدا - شروع - پہل -
آغاز کار - کام کی ابتدا -
آغا میر کی دائی سب کچھ سیکھی سکھائی (ا) مثل ہے - نہایت چالاک اور ہوشیار عورت - آغا میر دہلی کے ایک نہایت باسلیقہ رئیس تھے - ہوشیار کو سمجھانے کی ضرورت نہیں -
آغشتہ (ف) آغشتن سے لتھڑا ہوا - آلودہ -
آغوش (ف/مث) گود - بغل - کنار - کولی - (پنجابی - جپھڑ)
آغوش میں لینا (نہایت محبت اور گرمجوشی سے بغلگیر ہونا - گلے لگانا - معانقہ کرنا -
آغوش گرم کرنا - غیر مرد کے ساتھ سونا -
آغوں (ہ/مث) دودھ پیتے بچے کی آواز -
آغوں غوں ٹے دُودھ پی کر ہوئے موٹے (ہ) ننھے بچوں کے لیے پیار کا کلمہ -

آ - ف

آفات (ع/مذ/مث) آفت کی جمع - مصیبتیں - آفتیں -
آفاتِ ارضی (ع/مذ/مث) زمین سے پیدا شدہ خرابیاں - زمینی بلائیں -
آفاتِ سماوی یا آسمانی (ف/مذ/مث) آسمانی مصائب - ناگہانی مصیبتیں -
آفاق (ع/مذ) اُفق کی جمع - وہ جگہ جہاں آسمان و زمین ملے ہوئے نظر آتے ہیں - جہان - جگت -
آفاق گیر - وہ بات جو ساری دنیا میں علی العموم ہو -
آفت (ع/مث) بلا مصیبت - بپتا - قہر - چالاک - شریر - مشکل بات - وبا - شور غل - عذاب - قحط - زہر - ستم - صدمہ -
آفت اُٹھانا - مصیبت جھیلنا - ستم ڈھانا -
آفتاب (ف/مذ) دھوپ - سورج - مجازاً گرم چیز - معشوق - لاثانی شراب - تاش کا ایک پتا -
آفتاب کو چراغ دکھانا } (ا) عاقل کو عقل بتانا - صاحبِ کمال کے
آفتاب کو دیا دکھانا } آگے کمالات کا دعوے کرنا -
آفتابہ (ف/مذ) لوٹا -
آفت آنا } (ا) صدمہ پڑنا - مصیبت آنا - غضب ٹوٹنا - مشکل
آفت پڑنا } پڑنا -
آفت توڑنا - (ا) ستم ڈھانا - ظلم -
آفت جان (ف/مذ) جان کے لیے مصیبت - مجازاً معشوق -
آفت خیز (ف) بلا پیدا کرنے والا - مصیبت لانے والا -
آفت ڈھانا (ا) ستم برپا کرنا -
آفت رسیدہ (ف) مصیبت کا مارا - دکھیارا - مجازاً (ا) عاشق -
آفت زدہ (ف) نہایت دُکھیا - مصیبت زدہ - مصیبت کا مارا -
آفت کا پرکالہ - یا آفت کا ٹکڑا - آفت کا بنا ہوا - شوخ - بلا کا ذہین - ذکی - ظالم - آفت برپا کرنے والا - معشوق -
آفت کا مارا - مصیبت زدہ -
آفت کی پُڑیا } (ا/مث) نہایت چالاک - پرلے درجے کا
آفت کی پوٹ } شریر -
آفت مچانا (ا) غل مچانا - دھوم مچانا - غضب ڈھانا - شرارت کرنا -

آفت ہے (ل) چالاک ہے - استاد ہے - قیامت ہے - آفت کا بنا ہوا -

آفتاب آمد دلیل آفتاب - ظاہر بات کے ثبوت کی ضرورت نہیں -

آفتاب سر پہ آنا (ل) دوپہر ہونا - بارہ بجے کا وقت ہونا -

آفتاب شام (ف / مذ) قریب مرگ بوڑھا - سورج کا چھپنے کے قریب ہونا -

آفتاب کا مغرب سے نکلنا (ل) مسلمانوں کا عقیدہ ہے - قیامت آنے کی نشانی - جب تک سورج مغرب سے نہ نکلے گا ، توبہ کا دروازہ کھلا ہے - پھر کسی کی توبہ قبول نہ ہوگی -

آفتابی (ف / مث) آتشبازی کا ایک کھلونا - سورج کی شکل کا گول - چمکیلا - دھوپ میں گرم کیا ہوا -

آفتابی چہرہ (ف / مذ) گول چہرہ - گولائی والا منہ -

آفتابی دائرہ (ف / مذ) بالکل گول دائرہ - کتابت کی اصطلاح میں حروف کے دائرے دو قسم کے ہیں ایک بالکل گول جنہیں آفتابی دائرہ کہتے ہیں - دوسرے انڈے کی شکل کے جنہیں بیضوی دائرہ بولتے ہیں -

آفریدگار (ف / مذ) خالق - پیدا کرنے والا -

آفرین (ف / مث) کلمہ تحسین و آفرین - واہ وا - شاباش -

آفرین باد بریں ہمت مردانہ تو (ف) تیری اس مردوں جیسی ہمت پر شاباش -

آفریں صد آفریں - واہ واہ - بہت خوب -

آفریں کہنا (ل) شاباش کہنا - تعریف کہنا - داد دینا -

آفرینش (ف / مث) آفریدن سے حاصل مصدر) دنیا - مخلوقات -

آفندی - ترکوں کا تعظیمی خطاب - حضور - جناب -

آ - ق

آقا (ف / مذ) مالک - صاحب - حاکم - افسر -

آقائے نعمت یا آقائے ولی نعمت (ف / مذ) سرکار - حضور - نوکر اپنے مالک کو کہہ سکتا ہے یا غلام اپنے آقا کو -

آ - ک

آک (ہ) ایک پودے کا نام ہے - جسے فارسی میں مدار بولتے ہیں - یہ گرمی میں خوب پھیلتا ہے - برسات میں مرجھا جاتا ہے - اس کا دودھ - پتے - جڑ اور پھولوں کا زیرہ نہایت کارآمد چیزیں ہیں دواؤں میں کام آتا ہے - اس کا دودھ اور پتوں کا بھرتا طاعون کے لیے بے حد مفید ہے -

آک کی بڑھیا (ہ) روئی جو آک کے ڈوڈے میں سے نکلتی ہے - یہ کاتی تو نہیں جاتی - گدیلوں میں بھرنے کے کام آتی ہے - بہت بوڑھی عورت -

آکا (ت / مذ) بھائی - برادر کلاں - کلمہ خطاب میاں - یار وغیرہ کے بجائے -

آکاس (ہ / مذ) حدِ نگاہ - خلا - کرۂ ہوائی - ہندوؤں کے نزدیک پانچواں عنصر -

آکاس بانی (ہ / مث) غیبی آواز - ہاتف غیبی - الہام وغیرہ -

آکاس برت (ہ / مذ) متوکل آدمی - خدا پر بھروسہ کرنے والا -

آکاس بیل (ہ / مث) امر بیل - افتیمون - ایک زرد رنگ کی بیل ہوتی ہے - جس کی جڑ زمین پر نہیں ہوتی - نہ اس میں پتے نکلتے ہیں - درختوں پر لپٹی رہتی ہے - جنون کی مفید دوا -

آکاس پھل (ہ / مذ) خداداد بچے -

آکاس گنگا (ہ / مث) کہکشاں -

آکاسی چیز (ہ / مث) آسمانی تارے -

آکھ (ہ / مث) درندوں بالخصوص شیر کے رہنے کی جگہ - بھٹیلی -

آکھر - جنگلی جانوروں کے سونے کی جگہ - وہ معین جگہ جہاں نر ہرن مینگنی کرتا ہے -

آکھری - آکھر کا ہرن -

آ - گ

آگ (ہ / مث) آتش - راگنی - نار - اربعہ عناصر میں سے ایک عنصر کا نام - گرمی کا شعلہ - آتشک - کمال محبت - جوش خون - مصیبت - جھگڑا - حسد - غصہ - غضب ناک - تشبیہ کے "رُپ" - نہایت سرخ - چمکیلا - روشن -

آگا (ہ / مذ) ہر چیز کا اگلا حصہ -

آگا بھاری ہونا (ہ) عورت کا حاملہ ہونا - راہ کا نہایت خطرناک ہونا -

آگا پیچھا (ہ / مذ) ہر چیز کا اگلا پچھلا حصہ - انسان کے دونوں مقام مخصوص - پس و پیش -

آگا پیچھا دیکھنا (ہ) سوچ سمجھ کر کام کرنا - آغاز و انجام سوچنا -

آگا پیچھا کرنا (ہ) کسی کام میں توقف کرنا - ٹال مٹول کرنا -

آگا تاگ لینا (ہ) مہمانوں کی خاطر تواضع میں لگا رہنا - اہل مجلس کی خاطر کرنا -

آگ اٹھنا (ہ) لڑائی کی خواہش ہونا -

آگا دیکھا نہ پیچھا (ہ) برا بھلا نہ سوچا - نیک و بد کا خیال نہ کیا -

آگا سنبھالنا (ہ) آغاز کو سوچ لینا - دور اندیشی کرنا - دشمن کی فوج کا سامنا روکنا -

آگا مارنا (ہ) دشمن کے ہراول کو شکست دے دینا -

آگ اور بیری کو کم نہ سمجھے (ل) مثل ہے - نقصان پہنچانے والی چیز سے ہر دم ڈرو -

آگاہ (ف / مذ) واقف - خبردار - جاننے والا -

آگاہی (ف/مث) واقفیت۔ خبرداری۔ اطلاع۔
آگ ببولا یا آگ بگولا (ہ) نہایت غضب ناک۔ قہرآلود۔ غصے سے بھرا ہوا۔
آگ بجھانا (ہ) آگ پر پانی ڈالنا۔ ٹھنڈا کرنا۔ جھگڑا۔ تنازع مٹانا
خواہش نفسانی کو فرو کرنا۔ شہوت مارنا۔ حسد اور دشمنی نکالنا۔
بدلا لینا۔ پیٹ بھرنا۔ پیاس بجھانا۔
آگ بجھنا (ہ) تڑپ جاتے رہنا۔ حسد مٹ جانا۔
آگ برسانا (ہ) گولہ باری کرنا۔ آتشباری کرنا۔ خدا تعالیٰ کا سورج کی دھوپ کو تیز کرنا۔ گرمی دکھانا۔
آگ برسنا (ہ) گرمی پڑنا۔ دھوپ کا شدت سے پڑنا۔ لو چلنا۔
آگ بگولا بننا
آگ بگولا بن جانا
آگ بگولا ہونا
(ہ) سخت غضب ناک ہونا۔ غصے میں بھر آنا۔ لال پیلا ہونا۔
آگ بنانا (ہ) آگ سلگانا۔ غصہ دلانا۔ غضب آلود کرنا۔
آگ بن دھواں کہاں (ہ) مثل ہے۔ ہر بات کی بنیاد ضروری ہے۔ ہر نتیجے کی علت ہوا کرتی ہے۔
آگ بوٹ (ا/ مذ) دُخانی جہاز۔ سٹیمر (مرکب لفظ ہے) آگ۔ بوٹ (انگریزی)
آگ بھبھوکا ہونا
آگ بھبھوکا بن جانا
آگ بھبھوکا بننا
(ہ) شعلۂ آتش بھبکنا۔ شعلۂ آتش کی طرح لال ہونا۔ گرم ہونا۔ غضب ناک ہونا۔ چہرے کا غصے کے مارے سرخ ہو جانا۔
آگ بھڑکانا (ہ) آگ کو پنکھا جھل کر تیز کرنا۔ فتنہ اُٹھانا۔ فساد ڈالنا محبت بڑھانا۔ بے چین کرنا۔
آگ بھڑکنا (ہ) جوشِ اُلفت کی زیادتی ہونا۔ حسد بڑھنا۔ آگ دہکنا۔ شعلے اُٹھنا۔
آگ بھی نہ لگاؤں۔ عورتیں کسی چیز سے انتہائے نفرت ظاہر کرنے کے لیے بولتی ہیں۔
آگ پانی کا بیر
آگ پھونس کا بیر
(ہ/مذ) ذاتی دشمنی۔ طبعی خصومت۔ قدرتی بیر۔
آگ پانی کا سنجوگ (ہ) مثل ہے۔ دو مخالف چیزوں میں موافقت ہونے کے موقع پر تعجب کیلئے بولا جاتا ہے۔ اجتماع ضدین۔
آگ پانی میں لگانا۔ کمال عیاری۔
آگ پر لوٹنا (ہ) بے چین ہونا۔ انگاروں پہ لوٹنا۔ حسد کے مارے تڑپنا۔
آگ پھانکنا (ہ) بدگوئی کرنا۔ چغلی کھانا۔ جھوٹ بولنا۔ مبالغہ حد سے زیادہ کرنا۔ شیخی مارنا۔
آگ پھکنا (ہ) آگ لگنا۔ کلیجہ جلنا۔ غصہ آنا۔ برافروختہ ہونا۔
آگ پھونکنا (ہ) آگ جلانا۔ پھونک دینا۔ جلن پیدا کر دینا۔
آگ پھیلانا (ا/ر۔ محاورہ) فتنہ برپا کر دینا۔ فساد پھیلانا۔
آگ تلوؤں سے لگنا (ا/ر۔ محاورہ) غصہ آنا۔
آگ جاگ اُٹھنا (ہ) بجھی آگ کا سلگ جانا۔ فساد کھڑک اُٹھنا۔ شوق بڑھ جانا۔
آگ جھاڑنا (ہ) پتھر اور چقماق سے آگ لگانا۔ پھونک مار کر آگ پر سے راکھ اُڑا دینا۔
آگ دبانا یا دابنا (ہ) انگاروں کو راکھ سے ڈھانپنا۔ غصہ دبانا۔
آگ دھونا (ہ) انگارے کی راکھ اُڑا دینا۔ جھاڑ کر خالص کر دینا۔
آگ دینا (ہ) آگ لگانا۔ دوا کو آگ میں رکھنا۔ کسی چیز کا کشتہ کرنا۔
آگ روشن کرنا (ا) آگ جلانا۔
آگرہ (مذ) بھارت میں دریائے جمنا کے کنارے پر یہ شہر ہے لال قلعہ اور روضۂ "تاج محل" کی وجہ سے بہت مشہور ہے ویسے بھی پُرانا اور بارونق ہے۔ یہاں کی دریاں بھی مشہور ہیں۔
آگری (ہ/مث) چوڑیاں۔
آگ سلگانا (ہ) آگ جلانا۔ آگ پر ایندھن ڈالنا۔ لگائی بجھائی کرنا۔
آگ سے پانی ہو جانا (ہ) سخت سے نرم ہو جانا۔ غصہ دور ہو جانا۔ مشکل آسان ہونا۔ ناممکن سے ممکن ہو جانا۔
آگ کا باغ (ہ/مذ) حلوائی کی کڑاہی۔ آتش نمرود۔ آتش بازی۔ سُنار کی کٹھالی۔
آگ کا پُتلا (ا/ر۔ مذ) تُندخو۔ غصہ ور۔
آگ کا تنگا (ا/ر۔ مذ) شرارہ۔ چنگاری۔
آگ کرنا (ہ) غضب ناک کر دینا۔ نہایت برافروختہ کرنا۔
آگ کو آگ مارتی ہے (ہ) مثل ہے۔ لوہے کو لوہا کاٹتا ہے۔ شریر کو شریر ہی مغلوب کرتا ہے۔
آگ کو دامن سے ڈھانکنا (ہ) عیاں امر کو چھپانے کی فضول کوشش کرنا۔
آگ کھائے مُنہ جلے اُدھار کھائے پیٹ (ہ) مثل ہے۔ آگ سے مُنہ اور قرض سے پیٹ جل جاتا ہے۔ قرض سے اتنا ڈرو جتنا آگ سے۔
آگ کہتے مُنہ نہیں جلتا (ہ) مثل ہے۔ فارسی محاورہ "از گفتن آتش دہن نمی سوزد" کا ترجمہ ہے۔ بدتاثیر کا نام لینے میں کچھ نقصان نہیں۔
آگ کے مول بکنا (ہ) محاورہ۔ مہنگا بکنا۔ گراں ہونا۔
آگ گاڑنا (ہ) راکھ میں آگ کا دبا دینا۔
آگ لگانا (ہ) جلانا۔ محبت میں گرفتار کرنا۔ بڑے کام کا شوق دلانا۔
آگ لگنا (ہ) جلنا۔ عشق میں پھنسنا۔ حسد ہونا۔ مہنگائی ہونا۔ غصہ آنا۔ بھوک پیاس کا غلبہ ہونا۔
آگ لگا پانی کو دوڑنا (ہ) محاورہ۔ خود ہی عیب کرنا۔ خود ہی تدارک کرنا۔ خود دو آدمیوں کو لڑا کر صلح کرانے والا بننا۔ مکاری اور چالاکی کرنا۔
آگ لگائے تماشا دیکھے (ا) مثل ہے۔ فسادی شخص کو کہتے ہیں جو

لڑا کر تماشا دیکھے۔

آگ لگے (ہ) برباد ہو جائے۔ تباہ ہو جائے۔ عورتوں کی بد دعا ہے۔

آگ لگے پر کنواں کھودنا - بے ہودہ اور فضول کام کرنا۔ بے موقع محنت کرنا۔ بے وقت کام کرنا۔

آگ مٹنا (ار۔ محاورہ) غصّہ فرو ہونا۔

آگم (ہ) آخرت۔ عقبیٰ۔ غیب کا علم۔

آگ میں آگ لگانا (ہ) محاورہ۔ غصّے میں اور غصّہ دلانا۔ چغل کر کے لڑائی جھگڑا دینا۔

آگ میں پانی ڈالنا (ہ) فساد رفع کرنا۔ غصّہ مٹانا۔ جھگڑا دور کر دینا

آگ میں جو چیز پڑی آگ ہے (ہ) مثل۔ ہر صحبت کا اثر ہوتا ہے۔

آگ میں جھونک دینا (ہ) جلا دینا۔ جان بوجھ کر مصیبت میں ڈالنا۔ تکلیف کی جگہ لڑکی کی شادی کرنا۔

آگ میں کود پڑنا } (ہ) سخت مصیبت میں قدم رکھنا۔ جان کی پروا
آگ میں گرنا } نہ کرنا۔

آگ ہو جانا } (ہ) غصّے میں لال پیلا ہو جانا۔ نہایت غصّہ کرنا۔ چہرہ
آگ ہونا } تمتما اٹھنا۔

آگے (ہ) سامنے۔ رُوبرو۔ گزشتہ اور آئندہ دونوں زمانوں کے لیے بولا جاتا ہے۔

آگیا (ہ) آپہنچا۔ چلا آیا۔

آگیا (س/مث) اجازت۔ حکم۔ فرمان۔

آگیا پالنا (ہ) اطاعت کرنا۔ حکم ماننا۔ فرمانبرداری کرنا۔

آگے آگے (ہ) بہت آگے۔

آگے آگرہ پیچھے لاہور (ار۔ محاورہ) غلط راستے پر ہونا۔

آگے آیت (ار) فقرہ ختم۔ بس بات ختم ہو گئی۔

آگے بڑھنا (ہ) سبقت لے جانا۔ ترقی کرنا۔ قدم بڑھانا۔ بہتر ہونا۔

آگے پانا (ہ) قیامت کو بدلا پانا۔ عاقبت میں سزا بھگتنا۔ دُکھ بھرنا۔ صدمہ اور رنج پانا۔

آگے پیچھے (ہ) سامنے اور غیبت میں۔ یکے بعد دیگرے۔ پے در پے۔ اِدھر اُدھر۔ آئندہ۔ وقت بے وقت۔ بے ترتیب۔ خلط ملط۔

آگے پیچھے چلنا (ار۔ محاورہ) خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔

آگے پیچھے سب چل بسیں گے (ہ) مثل ہے۔ دنیا ناپائدار ہے۔ آخر سبھی مر جائیں گے۔

آگے جانا (ہ) سبقت لے جانا۔ راہنمائی کرنا۔ راستہ بتانا۔

آگے خدا کا نام یا آگے نام خدا کا (ار) مثل ہے۔ اب خاتمہ ہے خدا کے نام کے سوا اور کچھ نہیں۔ اسکے سوا اور کچھ نہیں۔ بس یہی ہے۔

آگے دوڑ پیچھے چوڑ (ہ) مثل ہے۔ آگے بڑھتا جائے پیچھے بگڑتا جائے۔ ہر کام نامکمل کرنا۔

آگے دوڑ پیچھے چھوڑ (ہ) مثل ہے۔ بے جا لالچ اور طمع کرنا۔

آگے دھر لینا یا رکھ لینا (ہ) سامنے رکھنا۔ نظر بند کر لینا۔ شکست دینا اور گرفتار کر لینا۔

آگے دھرنا یا رکھنا (ہ) نذر نیاز دینا۔ پُوجا کرنا۔

آگے ڈال دینا (ہ) سامنے رکھ دینا۔ رُوبرو لا رکھنا۔

آگے رکھ لینا (ار۔ محاورہ) سامنے رکھنا۔ نذر کرنا۔

آگے رہنا (ار۔ محاورہ) پیش پیش رہنا۔

آگے سے (ہ) سامنے سے۔ رُوبرو سے۔ پہلے سے۔ اوّل سے۔ ابتدا سے۔

آگے سے ٹھہرانا (ہ) پہلے سے ارادہ کر لینا۔ سامنے سے روکنا۔

آگے قدم رکھنا یا دھرنا (ار) پیش قدمی کرنا۔ بڑھنا۔ ترقی کرنا۔ آغاز کرنا۔

آگے قسمت (ار) نا اُمیدی کی حالت میں کہتے ہیں۔ آگے جو تقدیر میں ہوگا ہو رہے گا۔ ہم تو کوشش کر چکے۔

آگے کا اُٹھا (ہ/مذ) پس خوردہ۔ جھوٹا۔ بچا ہوا کھانا۔

آگے کا قدم پیچھے پڑنا یا ہٹنا (ار) گھٹنا۔ اُلٹی ترقی کرنا۔ بے چین ہونا۔

آگے کرنا (ار۔ محاورہ) سامنے کرنا۔ پیش کرنا۔ نذر کرنا۔

آگے نکل جانا (ار) بڑھ جانا۔ جیت جانا۔

آگے نہ ہونا (ار) مقابلہ نہ کرنا۔ سامنے نہ ہونا۔

آگے ہاتھ پیچھے پات (ار) مثل ہے۔ مفلس کی نسبت بولا جاتا ہے۔ کہ تن ڈھانکنے کو کپڑا بھی نہیں۔

آگے ہونا (ار) مقابلہ کرنا۔ بڑھنا۔ مقابلے کو تیار ہونا۔

آ - ل

آل (ہ/مث) نئی پیاز کے ہرے پتے۔ لمبا گھیا۔ تری۔ نمی۔ رطوبت۔

آل (ت/مذ) ایک درخت جس کی جڑ سے سُرخ رنگ نکلتا ہے۔

آل (ع/مث) اولاد۔ بیٹے۔ پوتے۔ نسل۔ خاندان۔ بیٹی کی اولاد۔ نواسے وغیرہ۔

آلا (ہ/مذ) دیوار میں چراغ رکھنے کا طاقچہ۔ گیلا۔ تر۔ کچّا زخم۔ ہرا زخم جو ابھی خشک نہ ہوا ہو۔ رزمیہ نظم۔

آلا بالا (ہ/مذ) (آرے بلے کا بگڑا ہوا) ٹال مٹول۔ لیت و لعل۔ حیلہ بہانہ۔

آلا بالا بتانا (ہ) بہانہ کرنا۔ دم دلاسا دینا۔ ٹالنا۔

آلاپ (ہ/مث) (آ، بول۔ لاپ، چال) بول چال۔ نغمہ۔ آواز کا اُتار چڑھاؤ۔ اُونچا سُر۔ گانے کا شروع۔ گیت کی اُٹھان۔

آلاپنا (ہ) صحیح الاپنا۔ تان اُڑانا۔ گانا۔ اُونچے نیچے سُروں میں گانا۔

آلاپ چاری (ہ۔ مث) گانے سے پہلے دُھن ٹھیک کرنا۔

آلات (ف/مذ) آلہ کی جمع۔ اوزار۔ ہتھیار۔

آلاتِ حرب (ع) جنگی ہتھیار۔

آلام (ع/مذ) جمع الم کی ۔ رنج وغم ۔ فکر و افکار ۔

آلان (ہ/مث) ہاتھی کی پیٹھ کا گدا ۔ ہاتھی کے باندھنے کی زنجیر ۔

آلا ہونا } (ہ) زخم کا ہرا ہونا ۔ تازہ ہونا ۔
آلے ہونا }

آلائش (ف/مث) (آلودن کا حاصل مصدر) میل ۔ عیب ۔ گندگی ۔ پاپ ۔

آل تمغا (ت) مہر شاہی ۔ فرمانِ شاہی ۔ سند جس کی رو سے کسی کو زمین یا جاگیر ہمیشہ کے لیے ملا کرتی تھی ۔

آلتی پالتی مارنا (ہ) چار زانو بیٹھنا ۔ مربع بیٹھنا ۔ امیروں کی بیٹھک بیٹھنا ۔

آلِ رسولؐ (ع/مث) رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی بیٹی کی اولاد ۔

آلِ عبا (ع/مث) حضرت علیؓ ۔ حضرت فاطمۃ الزہرؓا ۔ حضرت حسنؓ و حضرت حسینؓ سے مُراد ہے ۔

آلِ عدنان (ع/مث) بنی اُمیّہ اور بنی ہاشم سب آلِ عدنان ہیں ۔ کیونکہ ان کے جدِ اعلیٰ کا نام عدنان تھا ۔

آلِ غالب (ع/مث) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دسویں دادا ۔ غالب کی اولاد ۔ بنی اُمیّہ اور بنی ہاشم ۔

آلکس (ہ/مث) سُستی ۔ کاہلی ۔ غفلت ۔

آلکسی ۔ آلکسیا (ہ/مذ) سُست ۔ کاہل ۔ ڈھیلا کام کرنے والا ۔

آلگنا (ہ) قریب تر ہونا ۔ گھات میں بیٹھنا ۔

آلن (ہ/مذ) پھٹکی ۔ ساگ پات میں جو بیسن ملاتے ہیں اُسے پھٹکی یا آلن کہتے ہیں ۔

آلنا (ہ/مذ) چیل، کوّے وغیرہ پرندوں کا گھونسلا ۔ آشیانہ ۔

آلُو (ہ/مذ) ایک مشہور ترکاری ۔

آلُوچہ (ف/مذ) ایک لذیذ میوہ ۔

آلو بخارا (ہ/مذ) ایک مشہور کھٹ میٹھا پھل ۔

آلودگی (ف/مث) آلائش ۔ گندگی ۔ لتھڑنا ۔ دنیا کے تعلقات ۔

آلودہ (ف) لتھڑا ہوا ۔ گندہ ۔ بُرے کام کرنے والا ۔

آلودہ دامن (ف) گنہگار ۔ پاپی ۔ خطاوار ۔ بُری حرکتیں کرنے والا ۔

آلودہ دامنی (ف/مث) گنہگاری ۔ ناپاکی ۔

آلہ (ع/مذ) اوزار ۔ ہتھیار ۔

آلۂ تناسل (ع/مذ) نر کی علامت ۔

آلسے بالسے (ہ/مذ) حیلے بہانے ۔ ٹال مٹول ۔ لیت و لعل ۔

آ ۔ م

آم (ہ/مذ) انبہ ۔ مشہور میوہ ۔

آماج (ف/مذ) نشانہ ۔

آمادگی (ف/مث) تیاری ۔

آمادہ (ف) تیار ۔

آماس (ف/مذ) ورم ۔ سوجن ۔

آم بوؤ آم کھاؤ املی بوؤ املی کھاؤ (ہ) مثل ہے ۔ جیسا کروگے ویسا بھروگے ۔ جیسا بوؤگے ویسا کاٹوگے ۔

آم ٹپکنا (ہ) درختوں سے آموں کا پک کر گرنا ۔

آم چوسنا ۔ آم کو ہاتھوں سے نرم کر کے اس کا رس چوسنا ۔

آم ڈھل جانا ۔ آم زیادہ نرم ہو جانا ۔

آمد (ف/مث) (آمدن کا حاصل مصدر) آنا ۔ آنے کی خبر ۔ آمدنی ۔ حاصل ۔ بات کا خود بخود دل میں پیدا ہونا ۔ آورد کی ضد ۔

آمد آمد (ف/مث) کسی بڑے آدمی یا لیڈر وغیرہ کا آنا ۔ آنے کی شہرت ۔

آمد برآمد کے دن (ہ) تبدیل موسم کا وقت ۔

آمد و رفت (ف/مث) آنا جانا ۔

آم میں مور آنا (ہ) آم کے درخت میں پھول آنا ۔

آمدن بہ ارادت و رفتن بہ اجازت (ف) مثل ہے ۔ آنا اپنی خواہش سے اور جانا اجازت سے ہوتا ہے ۔

آمدنی (ف/مث) فائدہ ۔ نفع ۔ روپے پیسے کے آنے کی صورت ۔

آمد و خرچ ۔ آمدنی و اخراجات ۔

آمد و شد (ف/مث) آنا جانا ۔ تعلق ۔ آمد و رفت ۔

آمر (ع/مذ) حکم دینے والا ۔ مختارِ کل ۔

آملہ (ف/مذ) ایک مشہور پھل ہے جو دواؤں میں کام آتا ہے ۔ اس کا مربّہ اور اچار بھی ڈالتے ہیں ۔

آمن (ہ/مث) چھوٹا سا پتلا آم ۔

آمنا سامنا (ہ) مقابلہ ۔ لڑائی ۔ مڈبھیڑ ۔ سخت باتیں ۔

آمنہ (ع/مث) رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی والدہ کا نام مبارک ۔

آموختہ (ف/مذ) پڑھا ہوا سبق ۔ پچھلا سبق ۔

آموزگار (ف/مذ) سکھانے والا ۔ پڑھانے والا ۔ استاد ۔ ٹیچر ۔

آمیزش (ف/مث) ملاوٹ ۔

آمین (ع) دُعائیہ کلمہ ہے ۔ خدا کرے ایسا ہی ہو ۔ خدا دُعا قبول کرے ۔ بچوں کے ختمِ قرآن کی ایک رسم کا نام ۔

آمین اللہ (ع/مث) آمین کی جگہ دُعا بد دُعا کے بعد بولتے ہیں ۔

آ ۔ ن

آن (ہ/مث) سوگند ۔ قسم ۔ عہد ۔ بند ۔ خواہش ۔ خاطر ۔ پاس ۔ لحاظ ۔ آبرو ۔ عزت ۔ لاج ۔ شرم ۔ غیرت ۔

آن (ع / مث) وقت ۔ گھڑی ۔ ساعت ۔ لمحہ ۔
آن (ف / مث) معشوقانہ انداز ۔ شان ۔ ناز ۔ طرز ۔ ڈھنگ ۔ غرور گھمنڈ ۔ ملکیت ۔ قبضہ ۔
آنِ واحد میں (ا ر) ایک لمحہ میں ۔ فوراً
آنا (ہ) اپنی جگہ سے کسی طرف حرکت کرنا ۔ پہنچنا ۔ چلنا ۔ سامنے آنا ۔ تشریف لانا ۔ ملنا ۔ ملاقات کرنا ۔ آگے بڑھنا ۔ نکلنا ۔ نمودار ہونا ۔ لوٹنا ۔ واپس آنا ۔ داخل ہونا ۔ گھسنا ۔ اترنا ۔ ٹھہرانا ۔ لہرانا ۔ مائل ہونا ۔
آنا جانا (ہ / مذ) آمدورفت ۔ تعلق ۔ واسطہ ۔
آناً فاناً ۔ فوراً ۔ اچانک ۔ لمحہ بھر میں ۔
آنا کانی (ہ / مث) چشم پوشی ۔ ٹال مٹول ۔
آنا کانی دینا (ا ر ۔ محاورہ) ٹال مٹول کرنا ۔
آن بان (ہ / مث) سج دھج ۔ شان و شوکت ۔ غرور ۔ اکڑ ۔ وضع ۔ ڈھنگ ۔ ناز و ادا ۔
آن بان والا (ا / مذ) سج دھج والا ۔ ٹھاٹھ والا ۔ وضعدار ۔
آنب (ہ / مذ) (گنوار) آم ۔ آم کا درخت ۔ انبہ ۔
آن بننا (ہ) مصیبت پڑنا ۔ سختی آنا ۔
آنت (ہ / مث) انتڑی ۔ لمبائی سے تشبیہ ۔ بہت لمبی جیسے شیطان کی آنت ۔
آنت بھاری ہونا (ہ) پیٹ میں خرابی ہونا ۔ سوءِ ہضم ہونا ۔
آن توڑنا (ہ) اقرار توڑنا ۔ قسم توڑنا ۔ خلافِ عادت و رسم کرنا ۔
آنتوں کا بل کھولنا (ا) فاقے کے بعد کچھ پیٹ میں ڈالنا ۔
آنتوں کا قل ہو اللہ پڑھنا (ا) محاورہ ۔ سخت بھوک ہونا ۔ بھوک کے مارے مرنے کے قریب ہونا ۔ بھوک سے نہایت بے قرار ہونا
آنتوں میں بل پڑنا ۔ (ا ر ۔ محاورہ) پیٹ میں بل پڑنا ۔ پیٹ میں درد ہونا ۔
آنتیں سمیٹنا } (ہ) فاقہ کشی کرنا ۔ بھوکا رہنا ۔ بھوک سہنا ۔
آنتیں موسنا }
آنتیں گلے میں آنا (ہ) نفے کی مصیبت جھیلنا ۔ بلا میں پھنسنا ۔ مصیبت میں گرفتار ہونا ۔
آنتیں منہ کو آنا (ہ) کلیجہ منہ کو آنا ۔ تنگ ہونا ۔ جی اکتانا ۔ ناک میں دم آنا ۔ سانس گھٹنا ۔
آنٹ (ہ / مث) گرہ ۔ گانٹھ ۔ بل ۔ دشمنی ۔ ان بن ۔ رکاوٹ ۔ کینہ مخالفت ۔ وہ لکیر جو سنار لوگ سونے اور چاندی پر پرکھنے کے لیے لگاتے ہیں ۔
آنٹ پڑنا (ہ) گرہ پڑنا ۔ ناراضی ہو جانا ۔ نفاق ہونا ۔
آنٹ سانٹ (ہ / مث) جوڑ ۔ توڑ ۔ سازش ۔ حیلہ ۔ بہانہ ۔ دوستی ۔ محبت ۔ میل ملاپ ۔
آنٹ لگانا (ہ) سنار کا زیور کو پرکھنا ۔ رگڑ لگانا ۔ گرہ دینا ۔ عداوت ہونا ۔
آنٹ نکلنا (ہ) رکاوٹ ۔ کدورت اور دشمنی کا دور ہونا ۔
آنٹی (ہ / مث) کشتی کا ایک داؤ جس سے ٹانگ اڑا کر حریف کو گرا دیتے ہیں ۔ اڑنگا سوت کی انٹی ۔ گھاس اور لکڑیوں کا گٹھا ۔
آنچ (ہ / مث) گرمی ۔ محبت ۔ رنج ۔ نقصان ۔ صدمہ ۔ شعلہ ۔
آنچ آنا (ہ) دکھ پہنچنا ۔ صدمہ ہونا ۔ شرمندگی آنا ۔
آنچ دکھانا (ہ) گرم کرنا ۔ جلانا ۔ آگ دکھانا ۔ تھوڑا گرم کرنا ۔
آنچ دینا (ا ر / محاورہ) تاؤ دینا ۔ گرمی پہنچانا ۔
آنچ کھانا (ہ) زیادہ پک جانا ۔ تاؤ کھانا ۔ پگھلنا ۔
آنچ کا کھیل ہے (ہ) مشکل کام ہے ۔ دقت طلب کام ہے ۔ جان جوکھوں کا کام ہے ۔
آنچ کڑی ہونا (ا ر / محاورہ) آگ تیز ہونا ۔
آنچ نہ آنا (ہ) تکلیف نہ پہنچنا ۔ صدمہ نہ ہونا ۔
آنچل (ہ / مذ) دوپٹے یا اوڑھنی کا سرا ۔ گھونگھٹ ۔ پلا ۔ پستان ۔
آنچل پڑنا (ہ) دوپٹے کا کسی چیز سے چھو جانا ۔
آنچل پلو (ہ / مذ) دوپٹے کے ایک کنارے پر خوب زری وغیرہ لگا کر بھاری بنا لیتے ہیں ۔ اس کو آنچل پلو کہتے ہیں ۔ ایک خاص وضع کی اوڑھنی جو دکن اور بنارس میں تیار ہوتی ہے ۔
آنچل ڈالنا } (ہ) دولہا کو اس کی سسرال کے گھر میں دروازے سے صدر مقام تک اس کی بہن کا آنچل ڈال کر لے جانا اور نیگ لینا ۔
آنچل لینا (ہ) تعظیم کے طور پر قدم لینا ۔ پاؤں پڑنا ۔
آنچل منہ پر رکھنا یا لینا (ہ) گھونگھٹ نکالنا ۔
آنچل میں بات باندھنا ۔ بات کو یاد رکھنا ۔ نصیحت یاد رکھنا ۔ بات کو اچھی طرح حافظے میں رکھنا ــــــ تاکہ بھولے نہیں ۔
آنچل میں گرہ دینا (ہ) کسی بات کو یاد رکھنے کے لیے دوپٹہ ۔ رومال وغیرہ میں گانٹھ دے لینا ۔
آنچل میں سات بائیں باندھنا (ہ) جادو کرنا ۔ ٹونا کرنا ۔ ٹوٹکا کرنا ۔
آنحضرت صلعم } (ف / مذ) وہ بزرگ ۔ وہ سردار ۔ رسول خدا حضرت محمد
آں سرور صلعم } مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے مراد ہے تعظیماً حضور کے نام کی بجائے
آندولن (ہ / مذ) تحریک ۔ مہم چلانا ۔
آندھ (ہ / مث) سیاہی ۔ اندھیرا ۔
آندھ آنا (ہ) رتوندا ہونا ۔ اندھیرا چھانا ۔ مصیبت آنا ۔
آندھی (ہ / مث) تند ہوا ۔ جھکڑ ۔ ہوا کا طوفان ۔ گرد و غبار ۔ چالاک ۔ نہایت تیز ۔
آندھی اٹھنا } (ہ) ہوا کا طوفان اٹھنا ۔ گرد و غبار اٹھنا ۔ آفت آنا ۔
آندھی آنا } بلا نازل ہونا ۔
آندھی چڑھنا }
آندھی کے آم (ہ / مذ) آندھی سے گرے ہوئے آم ۔ بہت سستی چیز مفت کے برابر ۔
آندھی کی طرح آیا اور بگولے کی طرح چلا گیا (ا) محاورہ ۔ بڑی تیزی سے آیا اور بہت جلد چلا گیا ۔ آتے ہی چلا گیا ۔
آندھی ہونا (ہ) تیزی اور چالاکی کرنا ۔ خرچ میں فضول کرنا ۔ بہت جلد

اور تیزی سے کام کرنا۔
آنڈھ (ہ/مذ) خصیہ۔ فوطہ۔ کپورا۔
آنڈھ بڑھنا (ہ) خصیوں کا بڑھ جانا۔ نزلہ کے پانی کا اُتر آنا۔
آنڈو بیل (ہ/مذ) وہ بیل جسے خصی نہ کیا گیا ہو۔ سانڈ۔ سٹھا۔ سست۔ کاہل
آنڈی (ہ/مث) پیاز کی گٹھی۔
آنڈے بانڈے کھانا (ہ) پھرنا پھرنا۔ ہوا کھانا۔ تتر بتر ہو جانا۔ اِدھر اُدھر بٹ جانا۔
آنر (انگریزی/مث) عزت۔ بڑائی۔
آنریبل (انگریزی) ذی مرتبہ۔ ذی عزت آدمی۔
آنریری (انگریزی) اعزازی۔ امتیازی۔ بلا تنخواہ کام کرنے والا۔
آنس۔ جلد گھل مل جانے والا۔ محبت کرنے والا۔
آنسو (ہ/مذ) غم یا خوشی کی حالت میں آنکھوں سے بہتا ہوا پانی۔ ٹسوا۔ اشک۔
آنسو بہانا (ہ) رونا۔ اشک رواں کرنا۔
آنسو بھر آنا (ہ) آنکھوں میں پانی آجانا۔ رونے کے قریب ہو جانا۔
آنسو بہنا | آبدیدہ ہونا۔
آنسو پونچھنا (ہ) آنسو خشک کرنا۔ کپڑے یا ہاتھ سے آنسو صاف کر دینا۔ دلاسا دینا۔ تسلی دینا۔ تشفی کرنا۔
آنسو پھوٹ نکلنا (ہ) بے اختیار آنسو بہہ جانا۔ اشک جاری ہونا۔
آنسو پی جانا } (ہ) ضبط گریہ کرنا۔ رونے کو روکنا۔ صدمہ سہار لینا۔
آنسو پینا } چپکے چپکے رونا۔
آنسو توڑ (ہ/مذ) بے موسم بارش۔ بے وقت کا مینہ۔
آنسو ڈالنا (ہ) گریہ کرنا۔ زار زار رونا۔ آنسو بہانا۔
آنسو ڈبڈبانا (ہ) رونے کے نشان ظاہر کرنا۔ آنکھیں پانی سے بھر جانا۔
آنسو ڈھال (ہ/مث) ڈھیلے کی بیماری جو گھوڑوں یا آدمیوں کو ہو جاتی ہے۔
آنسو کی لڑائی (ہ/مث) مسلسل آنسو۔ متواتر آنسو آنا۔
آنسو گرانا (ا ر۔ مص) آنسو بہانا۔
آنسو نکل پڑنا (ہ) بے اختیار آنسو آجانا۔ بے اختیار رونا۔
آنسوؤں سے منہ دھونا (ہ) پھوٹ بہنا۔ زار و قطار رونا۔
آنسوؤں کا تار بندھنا } (ہ) لگاتار آنسو بہنا۔ آنسوؤں کا بارش
آنسوؤں کی جھڑی لگنا } کی طرح بکثرت گرنا۔
آنسوؤں کا پھالا (ہ/مذ) آنسوؤں کی گرمی کا آبلہ۔
آنک (ہ/مذ) ہندسہ۔ پرکھ۔ جانچ۔ کپڑے پر قیمت کا نشان۔
آنکس (ہ/مذ) ہاتھی کو چلانے کا اوزار۔
آنکنا (ہ) جانچنا۔ قیمت کا اندازہ کرنا۔ منتروں سے زہریلے پھوڑوں پر دم کرنا۔ یا زہریلے جانور کے کاٹے کو روکنا۔
آنکھ (ہ/مث) دیکھنے کا آلہ۔ نین۔ چشم۔ دیدہ۔ عین۔ نظر۔ بینائی۔ اشارہ۔ انداز۔ جانچ۔ اُمید۔ انتظار۔ توقع۔ مروت و محبت۔
آنکھ اُٹھا کر دیکھنا (ہ) توجہ سے دیکھنا۔ نظر اونچی کر کے دیکھنا۔ آنکھ ملانا۔ نظر بھر کر دیکھنا۔

آنکھ اُٹھانا (ہ) نظر اونچی کرنا۔ آنکھ اوپر کرنا۔ چھوڑ دینا۔
آنکھ اُچٹ جانا (ہ) جاگ اُٹھنا۔ نشانہ چوک جانا۔ آنکھ کھل جانا۔
آنکھ اُڑنا (ا ر۔ محاورہ) آنکھ پھڑکنا۔
آنکھ اُلجھنا (ا ر۔ محاورہ) عاشق ہونا۔
آنکھ آشنا نہیں (ہ) آنکھ نے دیکھا نہیں۔ ناواقف۔ اجنبی۔
آنکھ آنا (ہ) آنکھ دُکھنا۔ آنکھ میں آشوب ہو جانا۔
آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل (ہ) مثل ہے۔ نظر سے غائب چیز گویا پہاڑ کی اوٹ میں ہے۔ غائب چیز خواہ نزدیک ہی ہو پھر بھی دُور ہی ہے۔
آنکھ اونچی نہ کرنا (ہ) شرم کرنا۔ ادب و لحاظ کرنا۔ شرم کے مارے نظر نہ اُٹھانا۔
آنکھ بچا جانا (ہ) نظر بچا کر نکل جانا۔ کھسک جانا۔ چشم پوشی کرنا۔
آنکھ بچنا (ہ) غفلت ہونا۔
آنکھ بچا کر آنا (ہ) چھپ کر آنا۔ چوری سے آنا۔
آنکھ بدل جانا } (ہ) بے مروتی کرنا۔ بے وفائی برتنا۔ خفا ہو جانا۔
آنکھ بدلنا } سابقہ مہربانیاں نہ رہنا۔ پہلی سی عنایت کا جاتا رہنا۔
آنکھ بدل لینا }
آنکھ برابر کرنا (ہ) آنکھ سامنے کرنا۔
آنکھ برابر نہ کر سکنا (ہ) شرم کے مارے نظر نہ اُٹھا سکنا۔ شرم و حیا کرنا۔
آنکھ بنانا (ہ) پھوٹی ہوئی آنکھ کی جگہ پتھر وغیرہ کی آنکھ لگانا۔ آنکھ میں بینائی لانے کا عمل کرنا۔
آنکھ بند کر کے کوئی کام کرنا (ہ) بے پروائی سے کام کرنا۔ بے سوچے کوئی کام کرنا۔ یونہی اندھا ہو کر کام کرنا۔ اندھا دھند کام کرنا۔
آنکھ بند کر لینا (ہ) مر جانا۔ سو جانا۔ غافل ہونا۔ بے وفائی کرنا۔ خوفزدہ ہو جانا۔ بے حیائی برتنا۔
آنکھ بند کرنے میں (ہ) پلک جھپکنے میں۔ ذرا سی دیر میں۔
آنکھ بند ہونا (ہ) آنکھ مُندنا۔ مرنا۔ سو جانا۔ خوف ہونا۔
آنکھ بنوانا۔ آنکھ کا پانی نکلوانا۔ آنکھ کا جالا کٹوانا۔ کسی چیز کی پرکھ پیدا کرنا۔ بینائی حاصل کرنا۔ لیاقت و تمیز سیکھنا۔
آنکھ بھر کر دیکھنا (ہ) گھورنا۔ نظر بھر کر دیکھنا۔ بڑی طرح غور سے دیکھنا۔ توجہ کرنا۔
آنکھ بھر لانا (ہ) آنسو بھر لانا۔ آنکھ میں پانی ڈبڈبانا۔
آنکھ بھوں ٹیڑھی کرنا } تیوری چڑھانا۔ خفا ہو جانا۔ ناراض ہو جانا
آنکھ بھوں چڑھانا } غصہ ظاہر کرنا۔
آنکھ بیٹھ جانا (ہ) آنکھ کے ڈھیلے کا اندر کو دھنس جانا۔ اندھا ہو جانا۔
آنکھ پتھرانا (ا ر۔ محاورہ) آنکھ پتھر کی طرح سخت اور بے نور ہو جانا۔ اندھا ہونا۔ مر جانا۔
آنکھ پر چڑھنا (ہ) پسند خاطر ہونا۔ نظر میں جچ جانا۔ نظروں میں سمانا۔
آنکھ پر ٹھیکرا رکھنا (ہ) آنکھ کا پھڑکنا۔ بند کرنے کو آنکھ کے چھپر پر تنکا رکھ لینا۔ ٹوٹکا کرنا۔
آنکھ پڑنا (ہ) نظر پڑنا۔ دیکھ لینا۔ عاشق ہونا۔ اتفاقیہ نظر آنا۔

محبت ہونا۔ لالچ اور رغبت کی نگاہ سے دیکھنا۔

آنکھ پسارنا (اِ۔ محاورہ) آنکھ پھیلانا۔ دیدے پھاڑنا۔ آنکھ کھولنا۔
دُور اندیشی کرنا۔

آنکھ پلٹنا (اِ۔ محاورہ) نگاہ بدلنا۔ نظر پھرنا۔

آنکھ پسیجنا (ہ) آنسو آنا۔ شرم کرنا۔ شرمانا۔ درد آنا۔

آنکھ پھاڑ پھاڑ کے دیکھنا }
آنکھ پھیر پھیر کے دیکھنا } (ہ) پیار اور محبت کی نظر سے دیکھنا۔ غور سے دیکھنا۔ بڑی توجہ سے دیکھنا
گھورنا۔ حیرانی اور پریشانی سے
دیکھنا۔

آنکھ پھر جانا یا پھرنا (ہ) نظر پھرنا۔ رُخ بدلنا۔ خفا ہو جانا۔
نگاہ چوکنا۔

آنکھ پھڑکنا (ہ) آنکھ کی پلک کا ہلنا۔ خود بخود آنکھ کے چھپر میں حرکت
ہوتے رہنا۔ اس سے لوگ شگون بھی لیا کرتے ہیں۔

آنکھ پھوٹنا (ہ) بینائی کا نہ رہنا۔ اندھا ہونا۔ نابینا ہو جانا۔

آنکھ پھوڑ ٹڈا (ہ/ مذ) ایک سبز رنگ کا کیڑا جو آک کے پودے پر
ہوتا ہے۔ اس کے پر اندر کی طرف سے سُرخ ہوتے ہیں۔
بے مروت اور احسان فراموش آدمی۔

آنکھ پھوڑنا (ہ) اندھا کرنا۔ نظر سے زیادہ کام لے کر اُسے خراب
کر لینا۔

آنکھ پھیر لینا (ہ) ناراض ہونا۔ غصے سے چڑ جانا۔ مرجانا۔

آنکھ ٹھنڈی کرنا (ہ) تسلی دینا۔ دوست سے مل کر خوش ہونا۔

آنکھ ٹیڑھی کرنا (ہ) بے رخی برتنا۔ آنکھ پھیرنا۔ بے مروتی اختیار کرنا

آنکھ جا پڑنا (ہ) یکایک نظر جا پڑنا۔ اتفاقاً دیکھ پانا۔

آنکھ جا لڑنا (ہ) عاشق ہو جانا۔ فریفتہ ہونا۔

آنکھ جلنا (اِ۔ محاورہ) مغلوب ہونا۔ مقابلہ برداشت نہ کرنا۔

آنکھ جمنا (ہ) نظر ٹھہرنا۔

آنکھ جھپکانا (ہ) آنکھ کو حرکت دینا۔ شرمانا۔ لاج اور شرم کرنا۔
اشارہ کرنا۔

آنکھ جھپکنا (ہ) ذرا سو رہنا۔ روشنی کی تاب نہ لانا۔ ڈرنا۔

آنکھ جھکنا (ہ) شرم کے مارے آنکھیں نیچی ہونا۔

آنکھ یا آنکھیں چار ہونا (ہ) نظر سے نظر ملنا۔ ملاقات ہونا۔ سامنے
ہونا۔

آنکھ چُرا کر دیکھنا (ہ) دوسرے کی نظر بچا کر دیکھنا۔ چوری چوری دیکھنا۔

آنکھ چرانا }
آنکھ چھپانا } (ہ) مُنہ چھپانا۔ شرمانا۔ لجانا۔ جھینپنا۔ بے مروتی کرنا۔

آنکھ چمکانا (ہ) آنکھ مٹکانا۔ کانے آدمی کا ایک آنکھ سے دیکھنا۔

آنکھ دبانا یا دابنا (ہ) مغلوب ہونا یا کرنا۔ کسی سے دب جانا۔

آنکھ دکھانا (ہ) گھُرکنا۔ دھمکانا۔ رمز و کنایہ کرنا۔ روکھا بننا۔ چشم
نمائی کرنا۔

آنکھ دُکھنا (ہ) آنکھ میں درد ہونا۔ آشوب چشم ہونا۔

آنکھ دوڑانا (ہ) تلاش۔ جستجو۔ تجسس کرنا۔ سہارا تلاش کرنا۔

آنکھ دیکھنا (ہ) کسی کی صحبت میں رہنا۔ صحبت کا اثر رکھنا۔ شاگرد
رہنا۔ تعلیم حاصل کرنا۔

آنکھ ڈالنا (ہ) عشق کرنا۔ دوانت رکھنا۔ نیت بد رکھنا۔

آنکھ ڈبڈبانا (ہ) آنسو بھر لانا۔ رنجیدہ ہونا۔

آنکھ رکھنا (ہ) اُمید رکھنا۔ سہارا ڈھونڈھنا۔ پہچان اور پرکھ رکھنا۔ تاکنا۔
بُری نظر سے دیکھنا۔

(اِ۔ محاورہ) پیاری آنکھ ہونا۔ نگاہ دشکل آنکھ ہونا۔ مست آنکھ ہونا۔

آنکھ روشن ہونا (ہ) کسی کی ملاقات سے دل خوش ہونا۔ آنکھوں میں
بینائی آجانا۔

آنکھ سامنے نہ کرنا (ہ) شرمندہ ہونا۔ آنکھ سامنے ہو کر آنکھ نہ ملانا۔
شرم کرنا۔

آنکھ سامنے نہ ہونا (ہ) نظر نہ ملنا۔ نظر اوپر نہ ہونا۔ برداشت نہ
کرنا۔

آنکھ سُرخ ہونا (اِ۔ محاورہ) غصہ کی وجہ سے لال پیلا ہونا۔ ناراض
ہونا۔

آنکھ سے آنکھ ملانا (ہ) سامنے ہونا۔ رُوبرو ہونا۔ مقابلہ کرنا۔
برابری کرنا۔

آنکھ سے آنکھ لڑنا (ہ) آنکھیں چار ہونا۔ عاشق ہونا۔

آنکھ سے سلام لینا (ہ) سلام ماننے کا اشارہ کرنا۔ زبان کی جگہ
آنکھ سے جواب سلام دینا۔

آنکھ سیدھی ہونا (ہ) نظر مہر ہونا۔ نظر عنایت ہونا۔

آنکھ سے گرنا (ہ) ذلیل ہونا۔ بے عزت ہو جانا۔ قدر و منزلت
نہ رہنا۔

آنکھ سے گرانا (ہ) بے قدر کرنا۔ خوار و حقیر سمجھنا۔ بُرا جاننا۔

آنکھ سے لہو ٹپکنا یا آنا (ہ) رونے کی اس قدر کثرت ہونا کہ آنسو کی
جگہ لہو ٹپک آئے۔

آنکھ سینکنا (ہ) خوبصورتوں کو گھُورنا۔ دیدار بازی کرنا۔ نظارہ کرنا۔

آنکھ کا پانی ڈھل جانا (ہ) بے شرم ہو جانا۔ بے حیا بن جانا۔ بے
لحاظ اور بے مروت ہونا۔

آنکھ کا پردہ (اِ۔ مذ) آنکھ کی جھلی۔ لحاظ۔ شرم۔

آنکھ کا پردہ اُٹھا دینا (اِ۔ محاورہ) شرم ترک کرنا۔ لحاظ توڑ دینا۔

آنکھ کا تارا (ہ/ مذ) مردمکِ چشم۔ آنکھ کی پتلی۔ آنکھ کا تِل۔ نورِ نظر۔
بیٹا۔ اولاد۔ معشوق۔ محبوب۔ قرۃ العین۔

آنکھ کا تِل (اِ۔ مذ) آنکھ کی پتلی۔

آنکھ کا جالا (ہ/ مذ) آنکھ کا پھولا۔ پتلی پر جو سفید جھلی سی آجاتی
ہے۔

آنکھ کا حجاب (ا/ مذ) آنکھ کی شرم۔ آنکھ کا لحاظ۔ آنکھ کے
اُوپر کی جھلی۔

آنکھ کا غبار (ا/ مذ) آنکھ کا دُھندلا پن۔ آنکھ سے صاف نظر نہ آنا

آنکھ کا ناسور (ہ/ مذ) آنکھ کا وہ زخم جس سے ہمیشہ پانی جاری رہتا
ہے۔

آنکھ کھلنا (ہ) جاگنا۔ بیدار ہونا۔ ہوشیار ہونا۔ ہوش آنا۔ حقیقت معلوم ہونا۔
آنکھ کھلی کی کھلی رہ جانا (ہ) نہایت متحیر و ششدر رہونا۔ ہکا بکا رہ جانا۔
آنکھ کھولنا (ہ) ہوش سنبھالنا۔ کیفیتِ حال سے واقف ہونا۔
آنکھ کی پُتلی (ہ/مث) آنکھ کا کالا حصہ۔ مردمکِ چشم۔
آنکھ کی پُتلی بنانا (ار۔ محاورہ) نہایت محبت کرنا۔ نہایت عزیز رکھنا۔
آنکھ کی پُتلی پھرنا (ہ) موت کی علامت ظاہر ہونا۔
آنکھ کی ٹھنڈک (ہ/مث) وہ محبوب جس کے دیکھنے سے دل کو آرام اور چین آجائے۔
آنکھ کی حیا (ہ/مث) آنکھ کی شرم۔ مُنہ دیکھے کی مروت۔ آنکھ کا لحاظ۔
آنکھ کی سفیدی (ار۔ مث) بیاضِ چشم۔
آنکھ گاڑنا (ہ) نظر جما کر دیکھنا۔ ٹکٹکی باندھ کر گھورنا۔
آنکھ لجانا (ہ) شرم کرنا۔ حیا کرنا۔ لاج کے مارے شرمندہ ہونا۔
آنکھ لڑانا (ہ) گھورنا۔ تاکنا۔ آنکھیں چار کرنا۔ عاشق ہونا۔
آنکھ لگا مرد (ہ/مذ) وہ آدمی جس کی شادی ایسی عورت سے ہو جو پہلے سے آشنا ہو چکی ہو۔
آنکھ لگانا (ہ) عشق کرنا۔ سو رہنا۔ تاک میں ہونا۔ انتظار کرنا۔
آنکھ لگنا (ہ) سو جانا۔ عاشق ہونا۔
آنکھ لگی (ہ/مث) وہ عورت جسے کوئی مرد آشنائی کے بعد نکاح میں لے آئے۔
آنکھ مارنا (ہ) اشارہ کرنا۔ پلک جھپکنا۔
آنکھ مچ جانا یا آنکھ مُند جانا (ہ) مرجانا۔ آنکھ بند ہو جانا۔ سو جانا۔
آنکھ مچکانا (ار۔ محاورہ) آنکھ کھولنا۔ بند کرنا۔ اشارہ کرنا۔
آنکھ مچنا (ار۔ محاورہ) آنکھ بند ہونا۔ مرجانا۔
آنکھ مچولی۔ آنکھ مچول (ہ/مث) بچوں کا ایک کھیل ہے۔ ایک کی آنکھ میچ کر باقی چھپ جاتے ہیں۔ پھر وہ آنکھیں کھول کر ڈھونڈتا ہے۔ اور جسے پکڑ لیتا یا چھو لیتا ہے وہ چور بن جاتا ہے پھر اس کی آنکھیں بند کرتے ہیں اسی طرح کھیل جاری رہتا ہے دیکھو الکن بیٹی
آنکھ ملنا (ہ) آنکھیں چار ہونا۔ نظر سے نظر ملنا۔ ایک دوسرے کو دیکھنا۔
آنکھ مَلنا (ہ) اُونگھ یا نیند سے اُٹھتے وقت آنکھ کو ہاتھ سے رگڑنا۔
آنکھ مُندنا (ہ) آنکھ بند ہونا۔ آنکھ مچنا۔ سونا۔ مرجانا۔
آنکھ موندنا (ہ) آنکھ میچنا۔ دنیا چھوڑ جانا۔ مرجانا۔
آنکھ مَیلی کرنا (ہ) بے رُخی اور بے مروتی کرنا۔ تیوری چڑھانا۔
آنکھ میں بسنا یا آنکھ میں رہنا (ہ) آنکھ میں گھر کرنا۔ محبوب ہونا۔ پیارا ہونا۔ اپنا شیدا کرنا۔ بھانا۔ پسند آنا۔
آنکھ میں پانی نہیں (ہ) مثل ہے۔ بے شرم ہے، حیا نہیں۔ اندھی آنکھ۔

آنکھ میں چُبھنا یا بیٹھنا (ہ) بھلا لگنا۔ پسند خاطر ہونا۔
آنکھ میں چوب آنا (ہ) کسی چیز کا آنکھ میں چُبھ جانا۔ آنکھ کا صدمے سے سُرخ ہونا۔
آنکھ میں جگہ کرنا (ہ) پیارا ہونا۔ محبوب ہونا۔ پسند آنا۔
آنکھ میں ذرا سیل نہیں (ہ) مثل ہے بالکل بے شرم ہے۔ قطعاً لحاظ نہیں۔
آنکھ میں سمانا (ہ) (دیکھو آنکھ میں بسنا)
آنکھ میں شرم ہو تو جہان سے بھاری ہے (ہ) مثل ہے۔ شرمیلا آدمی بہت ہی باعزت ہوتا ہے۔
آنکھ میں کھبنا (ار۔ محاورہ) پسند کرنا۔ آنکھ میں بسنا۔
آنکھ میں کھٹکنا (ہ) بُرا لگنا۔ بارِ خاطر ہونا۔ ناگوار گزرنا۔
آنکھ میں موتی (ار۔ محاورہ) کوٹ کوٹ کر بھرے ہونا۔ آنکھ بہت خوبصورت ہونا۔
آنکھ ناک سے دُرست ہونا (ہ) خوبصورت ہونا۔ بے عیب ہونا۔
آنکھ ناک سے ڈرنا (ہ) خدا سے ڈرنا کہیں عیب وارد نہ کر دے۔
آنکھ نہ پڑنا (ہ) رغبت اور دھیان نہ ہونا۔ توجہ نہ ہونا۔
آنکھ نہ پسیجنا (ہ) آنکھ میں آنسو نہ آنا۔ بے رحم اور سنگدل ہونا۔ بے حیائی ہونا۔
آنکھ نہ جھپکنا (ہ) جاگتے رہنا۔ شرمندۂ احسان ہونا۔ نظر جمی رہنا۔ ٹکٹکی بندھنا۔ نیند نہ آنا۔ پلک سے پلک نہ لگانا۔
آنکھ نہ ناک بنّو چاند سی (ہ) مثل ہے۔ یہ فقرہ طنزاً بولا جاتا ہے یعنی آنکھ اور ناک تو خوبصورت نہیں پھر دُلہن اچھی کہاں۔ بدصورتی میں حُسن کا دعویٰ۔
آنکھ نہ لگنا (ہ) جاگتے رہنا۔ بیدار رہنا۔ نیند نہ آنا۔
آنکھ نیچی ہونا (ہ) شرمندہ ہونا۔ حیا کرنا۔
آنکھ والا (ہ/مذ) بینا آدمی۔ ہوشیار۔ پہچان اور شناخت والا۔
آنکھ سے (ل) جملہ۔ ارادہ ہے۔ نیت ہے۔ خیال ہے۔
آنکھوں آنکھوں میں باتیں کرنا (ہ) اشاروں میں باتیں کرنا۔ اشارہ بازی۔
آنکھوں آنکھوں میں رات کٹنا (ہ) ساری رات جاگتے ہی جاگتے بسر ہونا۔
آنکھوں آنکھوں میں چُرا لینا (ار۔ محاورہ) چپکے سے اُڑا لینا۔ کسی چیز کو جھپٹ لینا۔
آنکھوں پر بٹھانا، آنکھوں پر جگہ دینا (ہ) نہایت عزت و تعظیم کرنا۔ بڑی محبت ہونا۔
آنکھوں پر بیٹھیے یا بیٹھو، آنکھوں پر آئیے یا آؤ (ہ) محاورہ۔ جم جم آئیے۔ یہ جملہ فرطِ محبت و عقیدت کے وقت بولا جاتا ہے۔
آنکھوں پر پٹی باندھنا یا باندھ لینا (ہ) احسان فراموش ہو جانا۔ بے مروت ہونا۔
آنکھوں پر پردہ پڑنا یا پڑ جانا (ہ) اندھا اور بے خبر ہو جانا۔ دھوکے میں آجانا۔

آنکھوں پر پلکوں کا بوجھ نہیں ہوتا (ہ) محاورہ - اپنا پیارا دل کو بُرا نہیں لگتا -

آنکھوں پر دیوار اُٹھانا (ل) انکار کرنا - منکر ہو جانا - مُکر جانا -

آنکھوں پر قدم (ل) نہایت تعظیم اور عزت کے وقت مہمان کو کہا کرتے ہیں - تشریف لائیے - قدم برچشم - یعنی آپ کے قدم ہمارے سر آنکھوں پر -

آنکھوں دیکھا (ہ / مذ) آنکھوں سے دیکھا ہوا - چشم دید -

آنکھوں دیکھا مانا کانوں سُنا نہ مانا (ہ) مثل ہے - دیکھ لینے سے سُننے کی نسبت زیادہ یقین ہو جاتا ہے -

آنکھوں دیکھا بھٹ پڑے تجھے کانوں سُنے دے (ہ) مثل ہے - کسی کی دیکھی ہوئی بات کو غلط اور اپنی سُنی ہوئی بات کو سچ بتانے کی ضد کرنا -

آنکھوں دیکھتے مکھی نہیں نگلی جاتی (ہ) دیدہ و دانستہ معیبت میں نہیں پڑا جاتا -

آنکھوں دیکھی (ا ر - مفعول) چشم دید -

آنکھوں سکھ کلیجے ٹھنڈک (ہ) محاورہ - بڑی خوشی - نہایت آرام سے - منظور ہے -

آنکھوں سے (ہ) بڑی خوشی سے - بسر و چشم - دل و جان سے -

آنکھوں سے اُترنا (ہ) حقیر ہونا - نظر سے گر جانا -

آنکھوں سے اُٹھانا (ہ) نہایت عزت و تعظیم سے اُٹھانا - عزت و توقیر کرنا -

آنکھوں سے بجا لانا (ہ) کسی حکم کی تعمیل نہایت خوشی سے کرنا -

آنکھوں سے بُلانا (ا ر - محاورہ) اشارہ سے بُلانا -

آنکھوں سے تلوے سہلانا (ہ) آنکھوں کا تلوے سے مَلنا - پرلے درجے کی محبت ظاہر کرنا -

آنکھوں سے دیکھا جو کبھی کانوں سے بھی نہ سُنا تھا (ہ) یہ جملہ عجیب و غریب امر کے تجربے کے وقت کہا کرتے ہیں - وہ امور جو کبھی کانوں سے بھی نہ سُنتے تھے - اب آنکھوں دیکھ لیے اور تجربے میں آ گئے -

آنکھوں سے خون بہانا (ہ) بکثرت رونا - اتنا رونا کہ پانی کی جگہ خون آنے لگے -

آنکھوں سے کام کرنا (ہ) بڑی خوشی سے کوئی کام کرنا - نہایت شوق سے کوئی کام کرنا -

آنکھوں سے لگانا (ہ) نہایت تعظیم کرنا - عزت کرنا - قدر کرنا -

آنکھوں سے لگانا یا لگا کے رکھنا (ہ) عزت سے رکھنا - محبت سے رکھنا -

آنکھوں سے معذور ہونا (ل) کم نظر آنا - اندھا ہونا - مرضِ چشم میں مبتلا رہنا -

آنکھوں سے نیند کا اُڑنا (ہ) بے خوابی رہنا - نیند نہ آنا - آرام نہ رہنا -

آنکھوں سے نیل ڈھلنا (ہ) اصل میں نیر (پانی) تھا - بگڑ کر نیل ہو گیا، مرنے کی علامت ہے - قریب مرگ ہونا -

آنکھوں کا پانی ڈھل جانا (ہ) بے حیا اور بے شرم ہو جانا - شرم و حیا جاتے رہنا -

آنکھوں کا چلنا پھرنا (ہ) نگاہ کا شوخی سے نہ ٹھہرنا - اِدھر اُدھر دیکھنا -

آنکھوں کا نور (ل / مذ) آنکھوں کی روشنی - بیٹا - اولادِ نرینہ -

آنکھوں کو رو بیٹھنا / **آنکھوں کو کھو بیٹھنا** (ہ) بینائی کھو بیٹھنا - آنکھوں سے ناچار ہو جانا -

آنکھوں کے آگے (ہ) رُوبرو - نظر کے سامنے - آنکھوں کے سامنے -

آنکھوں کے آگے آنا (ہ) بددُعا - اندھا ہونا -

آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا (ہ) ضعفِ بصر ہو جانا -

آنکھوں کے آگے جہان تاریک ہونا (ا ر - محاورہ) نہایت رنج ہونا - غم ہونا -

آنکھوں کے آگے ہونا / **آنکھوں کے تلے پھر جانا** / **آنکھوں کے نیچے پھرنا** / **آنکھوں کے سامنے پھرنا** (ہ) کسی چیز کا ہو بہو تصور نظر کے سامنے آ جانا - نظر آنا - بعینہٖ نقشہ جم جانا - اصل بات کا خیال صحیح صحیح آ جانا -

آنکھوں کے آگے تارے چھوٹنا / **آنکھوں کے آگے تارے جھٹکنا** (ہ) نظر کی کمزوری یا سر کے صدمے سے آنکھوں کے سامنے ذرّے سے اُڑتے دکھائی دینا -

آنکھوں کے اندھے نام نین سُکھ / **آنکھوں کے اندھے نام شیخ روشن** (ہ) مثل، بے جا اور غلط نام کے موقع پر بولا کرتے ہیں - ناجائز تعریف -

آنکھوں کے بل چلنا (ہ) نہایت تعظیم بجا لانا - نہایت ادب سے چلنا -

آنکھوں تلے اندھیرا آنا (ا ر - محاورہ) کچھ نہ سوجھنا - چکر آنا - غش آنا -

آنکھوں کے آگے چاندنا سا ہو جانا (ہ) آنکھ کا خیرہ ہو جانا - دماغ کو صدمہ پہنچنے سے تارے چھوٹنے لگنا - کچھ دکھائی نہ دینا -

آنکھوں کے حلقے (ا ر - مذ) آنکھوں کے اردگرد پڑ جانے والے حلقے -

آنکھوں کے ڈورے (ہ / مذ) آنکھ کی سفیدی میں سُرخ سُرخ لکیریں - آنکھ کی رگیں -

آنکھوں کے ڈھیلے (ہ / مذ) سفیدی اور سیاہی ملی جلی - دیدے -

آنکھوں کی سوئیاں نکالنی رہ گئیں (ہ) مثل ہے - سارا کام ہو گیا - تھوڑا سا باقی رہ گیا - ہاتھی نکل گیا - دُم رہ گئی -

آنکھوں کی راہ سے دل میں آنا (ہ) محاورہ - نظر آتے ہی دل میں جا بسنا - پسندِ خاطر اور محبوب ہونا - دل اور آنکھوں دونوں کا پیارا -

آنکھوں کے ناخن لو یا لواؤ (ل - محاورہ) شناخت سیکھو - پرکھ پیدا کرو - غفلت دُور کرو - دیکھنے کی قابلیت حاصل کرو -

آنکھوں میں (ہ) نظروں کے رُوبرو - سامنے - نظروں میں -

آنکھوں میں آنا (ہ) جچنا - آنکھوں میں سمانا - نظر پر چڑھنا -

آنکھوں میں اندھیرا آنا (ہ) غم و رنج کے باعث کم دکھائی دینا۔ دھندلا نظر آنا۔ غش آنا۔

آنکھوں میں بسنا (ہ) پسند خاطر ہونا۔ ہر وقت دل میں اور تصور میں موجود رہنا۔

آنکھوں میں بیٹھنا (ہ) آنکھوں میں جچنا۔ پسند آنا۔ بھا جانا۔

آنکھوں میں پالنا (ہ) بڑی محبت اور پیار سے پرورش کرنا۔ نہایت حفاظت اور نگہبانی سے پالنا۔

آنکھوں میں پھرنا (ہ) کسی کی صورت کا خیال ہر وقت نظروں میں رہنا۔ بار بار خیال آنا۔

آنکھوں میں پھر جانا (ہ) یاد آ جانا۔ کسی بات کا سماں آنکھوں کے سامنے آ جانا۔ کوئی بھولی ہوئی بات دل میں آ جانا۔

آنکھوں میں پی جانا (ہ) ضبطِ گریہ کرنا۔ خاموش ہو رہنا۔ کسی کی حرکت بد دیکھ کر غصے کو دبا لینا۔ یا کسی مرغوب چیز کو خاموشی سے دیکھتے رہنا۔

آنکھوں میں تلنا (ہ) نظروں میں جچنا۔ کسی چیز کا ہلکا اور سبک ہونا۔

آنکھوں میں ٹھنڈک پڑنا (ا۔ محاورہ) دل خوش ہونا۔

آنکھوں میں جان آنا (ہ) جان بلب ہونا۔ قریب مرگ ہونا۔ آنکھوں میں ٹھنڈک پڑنا۔ درد میں تخفیف ہونا۔

آنکھوں میں جُگنو پڑنا (ہ) (عوام) نظروں میں فرق آنا۔ کچھ کا کچھ دکھائی دینا۔

آنکھوں میں جگہ دینا (ہ) نہایت محبت سے رکھنا۔ عزیز رکھنا۔ پیار سے رکھنا۔ پیار اجتانا۔

آنکھوں میں جہان اندھیر ہونا }
آنکھوں میں جہان تاریک ہونا } (ہ) غم و رنج کے مارے کچھ نہ دکھائی دینا۔ مصیبت اور رنج میں عمر کٹنا۔ غشی کی حالت میں رہنا۔ کچھ اچھا نہ لگنا۔
آنکھوں میں جہان سیاہ ہونا }

آنکھوں میں چرانا (ہ) سب کے رُوبرو دھوکا دینا۔ چوری اور عیاری میں کمال کرنا۔

آنکھوں میں چربی چھانا (ہ) آنکھوں کی بینائی کم ہو جانا۔ غرور اور تکبر سے نیک و بد کی تمیز نہ کرنا۔ اپنی حالت کو نہ دیکھنا۔

آنکھوں میں چڑھنا (ہ) نظروں میں جچنا۔ منظورِ نظر ہونا۔ پسند آ جانا

آنکھوں میں چکاچوند ہونا (ہ) سورج یا تیز روشنی دیکھ کر آنکھیں چندھیا جانا۔ روشنی کی تاب نہ لانا۔

آنکھوں میں حلقے پڑنا (ہ) لاغری اور کمزوری کے باعث آنکھوں کا اندر کو دھنس جانا۔

آنکھوں میں خار ہونا (ا۔ محاورہ) ناگوار گزرنا۔

آنکھوں میں خاک (ا۔ محاورہ) نظرِ بد سے بچاؤ کے لیے کہا کرتے ہیں۔ جیسے چشمِ بد دور۔ آنکھوں میں خاک، کیا پیارا بچہ ہے۔ سائل کو نہ دینے کے وقت غصے سے بھی بولتے ہیں۔

آنکھوں میں خاک ڈالنا }
آنکھوں میں خاک جھونکنا } (ہ) آنکھوں میں مٹی ڈالنا۔ دھوکا دینا۔

آنکھوں میں ڈھول ڈالنا (ہ) مکر و فریب کرنا۔ بُری چیز کو گاہک کی نظر میں اچھا دکھانا۔

آنکھوں میں خون اترآنا (ہ) غصے کے مارے آنکھیں لال انگارا ہو جانا۔ نہایت غضب ناک ہونا۔ آنکھیں غصے سے سُرخ ہو جانا۔

آنکھوں میں دم آ جانا (ہ) مرنے کے قریب ہونا۔ جاں بلب ہونا۔

آنکھوں میں ڈورے رہنا (ہ) واہیر خوف رہنا۔

آنکھوں میں رات کاٹنا (ہ) جاگتے جاگتے رات گزارنا۔ بے چینی میں رات کاٹنا۔ تکلیف میں ساری رات گزارنا۔ انتظار کرنا۔

آنکھوں میں رات کٹنا (ہ) کسی کے انتظار یا بے قراری میں رات گزرنا۔ رات بھر جاگنا۔

آنکھوں میں رکھنا (ا۔ محاورہ) عزت یا محبت کرنا۔

آنکھوں میں رسیلا پن ہونا (ہ) آنکھوں کا خوبصورت اور مست ہونا۔

آنکھوں میں رہنا (ہ) ہر وقت تصور میں رہنا۔ دھیان میں رہنا۔ نہایت خوبصورت اور محبوب ہونا۔

آنکھوں میں سُبک ہونا (ا۔ محاورہ) بے قدر ہونا۔

آنکھوں میں سحر ہونا (ہ) آنکھوں کا جادو بھرا اور نہایت خوبصورت ہونا۔

آنکھوں میں سحر ہونا (ل) حالتِ بیداری میں رات گزارنا۔

آنکھوں میں سرسوں پھولنا }
آنکھوں میں ٹیسو پھولنا } (ہ) زردی ہی زردی دکھائی دینا۔ ہر چیز کا اچھا لگنا۔ نشہ ہونا۔ باغ باغ ہونا۔

آنکھوں میں سفیدی چھانا (ہ) اندھا ہونا۔ پتلی پر جالے کا چھا جانا۔

آنکھوں میں سمانا (ہ) آنکھوں میں گھر کرنا۔ تصور میں جم جانا۔

آنکھوں میں سماں بندھنا (ہ) کسی کیفیت کا لطف آنا۔ تصور میں اس کا خیال رہنا۔

آنکھوں میں کھُب جانا یا کھُبنا (ہ) نظر کو نہایت بھانا۔ نگاہ کو پسند آنا۔ بھلا لگنا۔ آنکھوں میں بیٹھ جانا۔ منظورِ نظر ہونا۔

آنکھوں میں کھٹکنا (ہ) بُرا لگنا۔ ناگوار معلوم ہونا۔ کسی کو دیکھ کر جلنا۔

آنکھوں میں گھر کرنا (ہ) آنکھوں میں بسنا۔ پسندِ خاطر ہونا۔ منظور ہونا۔

آنکھوں میں لہو اترنا (ہ) غصے کے مارے آنکھیں سُرخ ہو جانا۔

آنکھوں میں مروّت نہ ہونا (ہ) بے حیا و بے وفا ہونا۔ کسی پر احسان نہ کرنا۔

آنکھوں میں نمک ڈالنا }
آنکھوں میں نون دینا }
آنکھوں میں نمک جھونکنا } (ہ) اندھا کرنا۔ دُکھ دینا۔ سخت تکلیف میں ڈالنا۔ بے نور کر دینا۔ جالے اور پھولے کے کاٹنے کو ذرا سا نمک آنکھوں میں لگانا۔

آنکھوں میں نقشہ کھنچنا یا کھنچ جانا یا پھر جانا (ہ) کسی بات کا سماں آنکھوں میں ہو بہو آ جانا۔ کوئی بات پورے طور پر یاد آ جانا۔

آنکھوں والو آنکھیں بڑی نعمت ہیں (ل) فقرہ (اندھے فقیروں کی صدا) دیکھنے والو۔ آنکھیں بڑی نعمت ہیں۔ اُن کی قدر کرو۔ یہ

خدا کی بڑی عنایت ہیں۔

آنکھوں ہی آنکھوں میں (ہ) اشاروں ہی اشاروں میں۔ چوری چوری۔ اشارے کناۓ ہیں۔

آنکھوں ہی آنکھوں میں چرا لینا (ہ) کمال عیاری کرنا۔ سب کے رُوبرُو چرا لینا۔ خواہ کتنی ہی حفاظت کرو۔ پھر بھی سب کے سامنے اُڑا لینا۔

آنکھیں (ار - مث) آنکھ کی جمع۔

آنکھیں آنا (ہ) آنکھیں دُکھنا۔ آنکھیں درد کرنا۔ آنکھیں سُرخ ہونا۔

آنکھیں اُلٹ جانا (ہ) آنکھوں پر ورم سخت ہونا۔ آنکھیں سُرخ جانا۔ انتظار میں تھک جانا۔ قریب مرگ ہونا۔

آنکھیں اُمنڈنا (ہ) آنکھوں میں رونے کا طوفان ہونا۔ رونے کا جوش ہونا۔

آنکھیں اُوپر نہ اُٹھانا (ار - محاورہ) شرمانا۔

آنکھیں بچھانا (ہ) کمال تواضع سے پیش آنا۔

آنکھیں بدلنا (ہ) بے توجہی اور بے مروتی کرنا۔ جان کنی کا وقت ہونا

آنکھیں بنانا (ہ) دیکھو آنکھ بنانا۔

آنکھیں بند کرنا (ہ) سونا۔ تصور جمانا۔ مراقبہ کرنا۔ بے ہوشی اور غفلت ہونا۔ حیران ہو جانا۔

آنکھیں بھر آنا (ہ) آبدیدہ ہونا۔ آنکھوں میں آنسو بھر آنا۔

آنکھیں بھر کر دیکھنا (ہ) پورے طور پر دیکھنا۔ نہایت غور سے دیکھنا۔

آنکھیں بیٹھ جانا (ہ) ضعف اور لاغری سے آنکھوں کا اندر کی طرف دھنس جانا۔

آنکھیں پانی ہو کر بہہ جانا (ار - محاورہ) روتے روتے اندھے ہو جانا۔

آنکھیں پتھرانا (ہ) آنکھوں کا اندھا ہونا۔ بے نور ہو جانا۔ بینائی نہ رہنا۔

آنکھیں پھیر لینا (ہ) خفا ہو جانا۔ بے مروت ہونا۔ توجہ نہ کرنا۔ منہ پھیر لینا۔ دشمن بن جانا۔

آنکھیں پونچھنا (ہ) آنسو صاف کرنا۔ تسلی اور دلاسا دینا۔ آنکھوں سے چیپڑ اور میل صاف کرنا۔

آنکھیں پھٹنا (ہ) درد اور تکلیف کی شدت ہونا۔ اور ایسا معلوم ہونا گویا آنکھیں نکلی پڑتی ہیں۔ ہکا بکا رہنا۔ رشک کرنا۔ حسد کرنا۔

آنکھیں پھر جانا (ہ) تیور بدل جانا۔ بے مروت ہو جانا۔ پتلیوں کا اُوپر کو چڑھ جانا۔ یہ حالت نزع میں ہوتا ہے۔

آنکھیں پھوڑنا (ہ) اندھا کرنا۔ اندھا ہونا۔ بے حد رونا۔ انتظار کرنا۔ دیدہ ریزی کرنا۔ بکثرت کام کرنا۔

آنکھیں ترسنا (ہ) دیدار کی آرزو ہونا۔ ملاقات کی سخت خواہش رکھنا۔ تمنائے دیدار میں اضطراب و بے قراری ہونا۔

آنکھیں ترش ہونا (ار - محاورہ) نگاہوں سے غصہ ظاہر ہونا۔

آنکھیں تلوؤں سے ملنا (ہ) اظہارِ اُلفت کرنا۔ سخت خوشامد اور پیار کرنا۔ فرطِ عقیدت کا اظہار کرنا۔

آنکھیں تلی ہونا (ار - محاورہ) تیار ہونا۔

آنکھیں ٹمٹمانا (ہ) ذرا ذرا آنکھیں کھولنا۔

آنکھیں ٹھنڈی کرنا (ہ) دیدہ بازی کرنا۔ دیکھ کر خوش ہونا۔ پیارے کو دیکھ کر تسلی ہونا۔

آنکھیں جاتی رہنا (ہ) اندھا ہونا۔ بینائی نہ رہنا۔ روشنی کا جاتے رہنا۔

آنکھیں جھپکنا (ہ) شرمندہ ہو جانا۔ لجانا۔ آنکھ سامنے نہ ہو سکنا۔ نیند نہ آنا۔ روشنی کی تاب نہ لا سکنا۔ آنکھوں کا کھلنا اور بند ہو جانا۔

آنکھیں چار ہونا (ہ) رُوبرُو ہونا۔ مقابل ہونا۔ ملنا۔ ملاقات کرنا۔

آنکھیں چرانا (ہ) چشم پوشی کرنا۔ تجاہل عارفانہ۔ کترانا۔ چھپنا۔

آنکھیں چڑھانا (ہ) تیوری پر بل ڈالنا۔ خفا اور ناراض ہونا۔ بے توجہ ہونا۔ خاطر میں نہ لانا۔

آنکھیں چڑھنا (ہ) نشے کا خمار ہونا۔ آنکھوں میں نیند ہونا۔ بخار کی شدت میں بولتے ہیں۔

آنکھیں چوندھیانا یا چندھیانا (ہ) کسی روشن چیز کو دیکھ کر آنکھوں کا خیرہ ہونا۔

آنکھیں چھت کو لگنا } اُوپر کی طرف آنکھوں کا چڑھ جانا۔
آنکھیں چھت سے لگنا } قریب مرگ ہونا۔

آنکھیں دیکھی ہیں (ہ) فقرہ۔ صحبت میں رہا ہے۔ تعلیم پائی ہے۔ تربیت حاصل کی ہے۔ پرورش پائی ہے۔

آنکھیں دکھانا (ہ) دھمکانا۔ چشم نمائی کرنا۔ ڈرانا۔ سامنے ہونا۔ وقت پر انکار کر دینا۔

آنکھیں دیوار ہو جانا (ار - محاورہ) دکھائی نہ دینا۔

آنکھیں ڈبڈبانا (ہ) آبدیدہ ہونا۔ رونے کو ہونا۔ آنسو بھر لانا۔

آنکھیں ڈگر ڈگر کرنا (ہ) لاغری اور کمزوری سے تمام جسم کی جگہ آنکھیں حرکت کرتی نظر آنا۔ نہایت دُبلا ہونا۔

آنکھیں ڈھونڈتی ہیں (ہ)۔ فقرہ) آنکھیں نہایت مشتاق ہیں۔ دیکھنا چاہتی ہیں۔ مشتاقِ دیدار ہیں۔

آنکھیں رکھنا (ہ) عقل رکھنا۔ تعجب۔ رکھنا۔ شناخت اور پرکھ ہونا۔

آنکھیں روشن کرنا (ہ) کسی خوبرو دو ۔ ۔ خوب صورت چیز کو دیکھ کر آنکھوں کو تازگی د ۔ ا ندھے کو بینا کرنا۔

آنکھیں روشن ہونا (ہ) آنکھوں میں نور آنا۔ دیکھنے کی قوت کا تیز ہو جانا۔

آنکھیں زمین سے گڑی ہونا (ار - محاورہ) شرمانا۔

آنکھیں سامنے کرنا (ہ) آنکھیں ملانا۔ آنکھیں مقابل کرنا۔ رُوبرُو ہونا۔ شرم نہ کرنا۔

آنکھیں سُجا لینا (ہ) رو رو کر آنکھوں پر ورم کر لینا۔

آنکھیں سفید ہونا (ہ) آنکھیں اندھی ہونا۔ آنکھوں میں پھولا پڑ جانا۔

سیاہ پتلی کا سفید ہوجانا۔
آنکھیں سفید کرنا (ار۔ محاورہ) زیادہ رونے یا انتظار سے آنکھیں اندھی کرنا۔
آنکھیں سینا (ہ) پلکیں سی دینا۔ داؤ لگانا۔ ٹکٹکی باندھ کر گھات لگانا۔
آنکھیں سینکنا (ہ) حسینوں کی دیدہ بازی کرنا۔ نظارہ بازی کرنا۔
آنکھیں فرش راہ کرنا (ار۔ محاورہ) نہایت تواضع سے پیش آنا۔
آنکھیں کھٹکنا (ہ) آنکھوں میں ٹیس ہونا۔ درد کے مارے بیتاب ہونا۔
آنکھیں کھل جانا (ہ) جاگ اٹھنا۔ چونک جانا۔ ہوشیار اور چوکنا ہوجانا۔ غفلت کا جاتا رہنا۔ خبردار ہونا۔ حیران ہونا۔ ہکا بکا ہونا۔
آنکھیں کھلی کی کھلی رہ جانا (ہ) حیران ہوجانا۔ دم بخود ہونا۔ سکتے کی حالت میں دم نکل جانا۔ دیکھتے دیکھتے مرجانا۔
آنکھیں کھولنا (ہ) جاگنا۔ بیدار ہونا۔ ہوشیار ہونا۔ جنم لینا۔ ہوش پکڑنا۔
آنکھیں کھونا (ہ) رو رو کر آنکھیں تباہ کرلینا۔ اندھا ہو بیٹھنا۔ بے نور ہوجانا۔
آنکھیں گدّی میں ہونا (ہ) غرور میں کچھ نہ دیکھنا۔ جوانی کے نشے میں نیک و بد نہ سوچنا۔ نشے میں اندھا ہونا۔ مستی کی حالت میں برا بھلا نہ دیکھنا۔
آنکھیں گڑنا (ہ) کسی چیز پر نظر جم جانا۔ آنکھوں کا اندر کی طرف دھنس جانا۔ آنکھیں بیٹھنا۔ گھورنا۔ دیدوں کی طرح دیکھنا۔ برابر تکتے رہنا۔
آنکھیں گلابی ہونا (ہ) سرخ ہونا۔ نشے میں چور ہونا۔
آنکھیں لال کرنا (ہ) غضب ناک ہونا۔ غصے میں ہونا۔ بہت سخت رونا۔
آنکھیں لڑانا (ہ) عشق بازی کرنا۔ دیدہ بازی کرنا۔
آنکھیں لگانا (ہ) عاشق ہونا۔ کسی سے محبت کرنا۔ نظر بازی کرنا۔ انتظار میں رہنا۔ راہ دیکھنا۔
آنکھیں مٹکانا (ہ) آنکھیں ہلانا۔ آنکھیں چمکانا۔ ناز نخرا کرنا۔
آنکھیں ملنا (ہ) ہاتھ پھیر کر نیند کا خمار اتارنا۔ فرطِ عقیدت سے کسی بزرگ کے پاؤں سے آنکھیں رگڑنا۔
آنکھیں موندنا (ہ) آنکھیں بند کرنا۔ مرنا۔ دنیا سے گزر جانا۔ انتقال کرجانا۔
آنکھیں میچ لینا (ار۔ محاورہ) آنکھیں بند کرلینا۔ شرمانا۔
آنکھیں نکالنا (ہ) غصے سے گھورنا۔ لال پیلا ہونا۔ کسی نوک دار چیز سے آنکھیں نکال ڈالنا۔
آنکھیں نکلوانا (ہ) چھری یا خنجر کی نوک سے مجرم کی آنکھیں نکلوا دینا۔ اندھا کرنا۔
آنکھیں ہونا (ہ) سمجھ آنا۔ ہوش درست ہونا۔ معرفت الٰہی حاصل ہونا۔ دل روشن ہونا۔
آن کی آن میں (ہ) دم بھر میں۔ ذرا سی دیر میں۔
آنگن (ہ/ مذ) گھر کا صحن۔ انگنائی۔
آن لگنا (ہ) پاس آجانا۔ ختم کے قریب ہونا۔
آن لینا (ہ) آپکڑنا۔ آدبانا۔
آن ماننا (ہ) کسی بات کا قائل ہونا۔ ہار ماننا۔ استاد ماننا۔
آنند (ہ/ مذ) خوشی۔ خرمی۔ شادمانی۔ فرحت۔ خوش۔
آنند بدھاوا (ہ/ مذ) خوشخبری۔ مبارکباد۔ خوشی کی مبارکباد۔
آنند رہنا (ہ) خوش رہنا۔ مگن رہنا۔ مزے سے رہنا۔
آنند کرنا (ہ) خوشی منانا۔ مزے کرنا۔ آرام سے رہنا۔ عیش اڑانا۔
آنند کے تار بجانا (ہ) خوشی کے راگ گانا۔ خوش رہنا۔ عیش منانا۔
آنند منگل (ہ/ مذ) خوشی و خرمی۔ راحت و فرحت۔ عیش و شادی۔
آنند ہونا (ہ) خوش ہونا۔ آرام سے ہونا۔ راضی ہونا۔
آنندی (ہ/ ار۔ صف) خوش۔ شادماں۔ راضی۔ سکھی۔
آنندی پرش (ہ/ مذ) ہنس مکھ۔ خوش مزاجی۔ ہنسوڑا۔
آنو (ہ/ مث) ایک سفید سا لیسدار مادہ جو پیچش کے وقت پیٹ سے نکلتا ہے۔
آنو پڑنا (ہ) آنو کا پیٹ میں پیدا ہوجانا۔ پیچش سے مواد کا گرنا۔
آنو گرنا (ہ) پیچش ہونا۔ دست آنا۔ مواد کا گرنا۔
آنول نال (ہ/ مث) وہ نلی اور اس کی آخری تھیلا جو بچہ پیدا ہونے کے وقت اس کی ناف سے لگی ہوتی ہے۔
آنولا (ہ/ مذ) مشہور پھل۔ آملہ۔ جس کا اچار اور مربہ ڈالتے ہیں۔
آنولہ سار گندھک (ز/ مث) صاف کی ہوئی گندھک۔
آنو لہو (ار۔ مث) پیچش۔ مروڑ۔
آنول گٹا (ہ/ مذ) خشک آنولہ جو پیڑ ہی پر سوکھ جائے۔
آنتی پائنتی (ہ/ مث) سرہانے اور پائنتی کی طرف۔
آنی جانی (ہ) فنا ہوجانے والی۔ نہ رہنے والی۔ ناپائدار۔

آ - و

آؤ (ہ) آنا کا امر۔ جاؤ کی ضد۔
آؤ تو (ہ) تشریف تو لایئے صاحب۔ بھائی آؤ تو۔
آؤ جانے دو (ہ) جملہ۔ چلو لڑائی چھوڑ دو۔ جھگڑا جانے دو۔ نزاع دور کرو۔
آوا (ہ/ مذ) کمہار کے برتن پکانے کا گڑھا۔ بھٹہ۔ ملک برما کا مشہور تجارتی شہر۔
آوا اترنا (ہ) برتنوں کا پک کر تیار ہونے کے بعد گڑھے سے باہر نکلنا۔
آوا بگڑنا یا آوے کا آوا بگڑنا (ہ) سب برتنوں کا خراب ہوجانا۔ سارے خاندان کا بگڑ جانا۔ کل خاندان کا بدی میں ہم خیال ہونا۔
آوا چڑھنا کچے برتنوں کو پکانے کے لیے بھٹے میں رکھنا۔

سینے میں آگ جلانا۔

آوا جاوی (ہ/مث) آمد و رفت۔ آنا جانا۔

آؤ آدر (ہ) خاطر تواضع۔ عزت و تعظیم۔

آوارجہ (ف/مذ) روزنامچہ۔

آوارگی (ف/مث) ابتری۔ پریشانی۔ بدمعاشی۔ آوارہ ہونا۔

آوارہ (ف) پریشان۔ تتر بتر۔ بھٹکا ہوا۔ گمراہ۔ واہی تباہی۔

آواز (ف/مث) صدا۔ ندا۔ دھماکہ۔ کھٹکا۔ آہٹ۔ شہرہ۔ غل

آواز آنا (ہ) کان میں آواز پڑنا۔ آواز سنائی دینا۔ غیب سے آواز سنائی دینا۔ آہٹ کان میں پڑنا۔

آواز اکھڑ جانا (ار۔ محاورہ) آواز بے سُری ہو جانا۔

آواز بدل جانا (ہ) بیماری یا لاغری کی وجہ سے آواز میں فرق آنا۔

آواز بدلنا (ار۔ محاورہ) لہجہ تبدیل کرنا۔

آواز بکا یا گریہ (ف/مث) رونے پیٹنے کی آواز۔

آواز بلند کرنا (ل) زور سے بولنا۔ چلّا کر بولنا۔

آواز بھاری ہونا (ل) آواز بیٹھنا۔ گلا بند ہو جانا۔ آواز بیٹھ جانا۔

آواز بھرّانا (ل) آواز بھاری ہونا۔ صاف طور سے آواز نہ نکلنا۔ بول نہ سکنا۔

آواز بیٹھنا (ل) گلا بیٹھنا۔ زیادہ اونچا بولنے یا گانے سے آواز بھاری ہونا۔

آواز پر کان لگانا۔ رکھنا۔ دھرنا (ل) کسی بات کے سننے کا خیال کرنا۔ بات دھیان سے سننا۔ کسی آواز کو غور سے سننا۔

آواز تھرّانا۔ (ار۔ محاورہ) آواز کانپنا۔

آواز پر لگنا (ل) آواز پہچاننا۔ جانور کا آواز پر بولنا۔ اشارے پر کام کرنا۔ ہل جانا۔ بولی سمجھنا۔

آواز پڑنا } (ل) آواز بیٹھنا۔ آواز بھاری ہونا۔
آواز پھٹولنا } آواز صاف نہ رہنا۔

آوازِ جرس (ف/مث) گھنٹے کی آواز۔

آواز دینا (ل) بولنا۔ کہنا۔ پکارنا۔ بلانا۔

آواز سے ملنا (ل) ہم آواز ہونا۔ ایک کا دوسرے کے مشابہ ہونا۔

آوازِ صُور (ف/ع/مث) اُس نرسنگھے کی آواز جو حضرت اسرافیلؑ بروزِ قیامت پھونکیں گے۔

آوازِ غیب (ف/ع/مث) ہاتفِ غیب کی آواز۔ ندائے غیب۔ الہامی آواز

آواز کا پاٹ (ل/مذ) آواز کی وسعت۔ حد۔ رسائی۔ آواز کی انتہا۔

آواز کا پاٹ نہ ملنا (ار۔ محاورہ) بے حد آواز بلند ہونا۔

آواز کا چڑھاؤ اُتار (ہ/مذ) آواز کی باقاعدگی۔ آواز کی بلندی و پستی۔

آواز کرنا (ل) پکارنا۔ آواز دینا۔ بلانا۔ ہانک مارنا۔

آواز کسنا (ل) بلند آواز سے تان اُڑانا۔

آواز کھلنا (ل) آواز صاف ہونا۔ آواز میں خرابی نہ ہونا۔

آواز گرنا (ل) آواز کا ہلکا ہو جانا۔ دھیما ہو جانا۔ نیچے سُر میں آ جانا۔

آواز گوش زد ہونا (ار۔ محاورہ) آواز سنائی دینا۔

آواز لگانا (ل) پکارنا۔ آواز دینا۔ زور سے پکارنا۔ سودا وغیرہ پکار کر بیچنا۔ ہوکا دینا۔

آواز میں لوچ ہونا (ل) آواز میں نرمی ہونا۔

آواز نکالنا (ل) بولنا۔ گانا شروع کرنا۔ بات کرنا۔

آوازہ (ف/مذ) شہرت۔ شہرہ۔ دھوم۔ غل۔ طعنہ۔ رمز۔

آوازہ بلند ہونا (ل) شہرت ہونا۔ ناموری ہونا۔ دھوم مچ جانا۔

آوازہ پھینکنا }
آوازہ سنانا } (ل) طعنہ مارنا۔ بول مارنا۔ رمز پھینکنا۔ ہنسی اڑانا۔ چھیڑ
آوازہ کسنا } چھاڑ کرنا۔ طنز کرنا۔
آوازہ مارنا }

آواگون (ہ/مذ) جون بدلنا۔ کایا پلٹنا۔ بار بار جنم لینا۔ تناسخ۔

آؤ بھگت (ہ/مث) خاطر تواضع۔ تعظیم و تکریم۔

آپڑوسن لڑیں (ہ۔ فقرہ) زبردستی جھگڑا۔ لڑائی مول لینے کے موقع پر بولا جاتا ہے۔

آؤ دیکھا نہ تاؤ (ہ۔ جملہ) جلدی میں بے موقع کام کر بیٹھے۔ کچھ نفع نقصان نہ سوچا۔

آورد (ف/مث) کوشش۔ نفع اور تلاش سے کسی بات کو ذہن میں لانا۔ تکلف سے کچھ لکھنا یا نظم وغیرہ کہنا۔

آوردہ (ف/مذ) لایا ہوا۔ سفارش کر کے نوکر کرایا ہوا۔

آوشیکتا (ہ/مث) ضرورت۔ احتیاج۔

آول آنا (ہ) مصیبت آنا۔

آول ٹلنا (ہ) مصیبت ٹلنا۔

آوے میں نا نہ کھو گئی (ہ) کہاوت۔ ناممکن بات ہونا۔ سفید جھوٹ۔ فضول عذر۔

آویزاں (ف) لٹکتا ہوا۔ معلق۔

آویزہ (ف/مذ) کان کا بُندا۔ لٹکن۔ کان کا ایک زیور۔

آ - ہ

آہ (ف/مث) حرفِ تاسف۔ ہائے۔ حیف۔ افسوس۔

آہا (ہ) کلمۂ انبساط۔ تعجب اور خوشی کے وقت بولتے ہیں۔

آہار (ہ) کھانا۔ بھوجن۔ خورش۔

آہار (ف) لئی جو کاغذ اور وصلیوں کی مضبوطی کے لیے کاغذوں پر چڑھاتے ہیں۔

آہ آہ کرنا۔ یا کہنا (ل) دکھ میں کراہنا۔ ہائے ہائے کرنا۔

آہ بھر کر رہ جانا (ل) افسوس کر کے رہ جانا۔ دل پر جبر کر کے یا دل مسوس کر رہ جانا۔

آہ پڑنا (ل) کسی کی ہائے سے تکلیف پہنچنا۔ صبر کرنا۔

آہٹ (ہ/مث) کھٹکا۔ کسی کے چلنے کی آواز۔

آہٹ پانا (ار ۔ محاورہ) سُننا۔
آہٹ ہونا (ار ۔ محاورہ) کھٹکا ہونا۔
آہِ سرد (ف/مث) ٹھنڈی سانس۔ دمِ سرد۔ رنج و غم کے وقت لمبے لمبے سانس لینا۔
آہِ سوزاں (ف/مث) گرم سانس۔ جلانے والی آہ۔
آہستہ آہستہ (ف) سج سج۔ ٹھہر ٹھہر کر۔ آرام سے۔ چُپکے چُپکے۔ دھیرے دھیرے۔
آہستگی ۔ (ف/مث) سہولت۔ نرمی۔ آسانی۔
آہ کرنا / آہ کھینچنا (ا) منہ سے آہ کرنا۔ کراہنا۔ ہائے ہائے کرنا۔
آہ لینا (ا) کسی مظلوم کی بددُعا لینا۔ کسی کو ستانا۔ ظلم کرنا۔
آہ و بکا / آہ وزاری (ف/مث) رونا پیٹنا۔ غم سے چیخنا۔ چِلّانا۔ ہائے واویلا کرنا۔
آہ و فغاں (ف/مث) نالہ و فریاد۔ رونا پیٹنا۔
آہن (ف/مذ) لوہا۔
آہن رُبا (ف/مذ) مقناطیسی پتھر۔ لوہے کو اُچک لینے والا۔
آہنگ (ف/مذ) سُر۔ گانے کی الاپ۔ ارادہ۔ قصد۔ نیت۔
آہن گر (ف/مذ) لوہار۔ لوہے کا کام کرنے والا۔
آہنی (ف) لوہے کا۔ لوہے کا بنا ہوا۔ سخت مضبوط۔
آہو (ف/مذ) ہرن۔ مرگ۔ عیب۔ نقص۔ خرابی۔
آہو چشم (ف/مذ) ہرن جیسی آنکھوں والا۔ مرگ نینا (مجازاً) معشوق
آہو گیر (ف۔ فاعل) ہرن کو پکڑنے والا شکاری۔
آہوئے حرم (ف/ع/مذ) مکہ معظمہ میں رہنے والا ہرن جس کا شکار کرنا منع ہے (کنایۃً) معشوق جو قابو میں نہیں آتا۔
آہوئے فلک (ف/مذ) آفتاب۔ سورج۔
آہو گیر (ف/مذ) عیب جُو۔ بدبیں۔ نکتہ چین آدمی۔ ہرن کا شکاری۔

آ ۔ ی ۔ سے

آیا (ہ/مث) دُودھ پلانے والی عورت۔ انّا۔ کلمۂ استفہام۔ یعنی کیا۔ آنا کا ماضی مطلق۔ بچوں کو کھلانے اور کپڑے پہنانے والی خادمہ۔
آیا (ف) شاید۔ تمنّا کے معنی دیتا ہے۔
آیا رمضان بھاگا شیطان (ا) مثل ہے نیک کو دیکھ کر بُرا رفوچکر ہو جاتا ہے۔
آیا گری (ہ/مث) دایا کا پیشہ۔
آیا گیا (ہ/مذ) مہمان۔ آنے جانے والا۔ مسافر۔
آیات (ع/مث) آیت کی جمع۔ نشانیاں۔ عبارت کے جملے۔ فقرے۔
آیاتِ متشابہات (ع/مث) قرآنِ حکیم کی وہ آیتیں جن کے حقیقی معنی میں کچھ شبہ ہو۔
آیت مطلق (ع/مث) قرآن شریف میں پورے وقفے کی علامت۔

آئے تو کہاں جائے (ہ ۔ جملہ) جب دشمن قابو میں آجائے تو پھر کہاں نکلے جب غصہ آجائے تو بلا اظہار کہیں مُڑ سکتا ہے۔
آئے تو کیا آئے (ار ۔ محاورہ) آنا نہ آنا برابر ہے۔
آئی تو روزی نہیں تو روزہ (ا) مثل ہے مل گیا تو کھا لیا نہیں فاقہ کیا۔
آئے دن (ہ) ہر روز۔ سدا۔ نت۔ ہمیشہ۔
آئرلینڈ (انگریزی ۔ مذ) شمالی آئرلینڈ تو الگ ہے اور تین صوبے لنسٹر منسٹر اور کوناٹ آئرش فری۔ سٹیٹ میں شامل ہیں۔ ڈبلن دارالحکومت ہے۔ آئرش قوم آباد ہے۔
آئس لینڈ (انگریزی ۔ مذ) یہ جزیرہ بحرِ اوقیانوس شمالی میں ہے ۔ سردی بڑی بڑتی ہے۔ آج کل ڈنمارک کے تحت میں ہے۔
آئے کی خوشی نہ گئے کا غم (ا) مثل ہے۔ بے پروائی اور استغنا کے موقع پر بولتے ہیں۔ آنا نہ آنا برابر ہے۔
آئے گئے (ار ۔ صف) آنے جانے والے مسافر
آئندہ (ف) آنے والا زمانہ۔ مستقبل۔ آگے۔ پھر کبھی۔ دوبارہ۔
آئی (ہ/مث) قضا۔ اجل۔ موت۔ مرگ۔ آنا مصدر سے ماضی مطلق مؤنث واحد غائب۔ مصیبت۔ بلا۔
آئی اونا (انگریزی/مذ) یہ مقام کولمبس کی جائے قیام رہ چکا ہے۔
آئے پیر بھاگے بیر (ا) مثل ہے۔ نیک لوگوں کے سامنے بُرے نہیں ٹھہر سکتے۔ پیروں کے سامنے بھوت کہاں۔
آئے بائے کھاٹ کے پائے (ہ) مثل ہے۔ واہیات اور فضول بات آئیں۔ بائیں۔ شائیں کے موقع پر بولتے ہیں۔
آئی گئی ہوگئی (ہ) مثل ہے۔ بات گئی گزری۔ ضائع ہوگئی۔ بھول بسر گئی۔ یاد تک نہ رہی۔
آئی نہیں ٹلتی (ہ ۔ جملہ) قضا نہیں رُکتی۔ موت اپنے وقت پر ضرور آجاتی ہے۔
آئے گئے کا سودا (ار ۔ محاورہ) مرنے کے لیے بالکل تیار ہونا۔
آئی ٹلے برسوں جیئے (ہ) مثل ہے۔ مصیبت ٹل جائے تو آدمی دیر تک زندہ رہ سکتا ہے مصیبت سے امن ہو تو آرام سے گزر جاتی ہے
آئین (ف/مذ) قانون۔ قاعدہ۔ طریقہ۔ دین۔ رسم و رواج۔
آئیں بی عاقلہ سب کاموں میں داخلہ (ا) مثل ہے۔ ہر کام میں دخل دینے والی عورت۔ بات کو جانتی تک نہیں۔ پھر خواہ مخواہ کا دخل۔
آئین دیوانی (ف/مذ) لین دین کا قانون۔
آئین فوجداری (ف/مذ) فوجی اور جنگی قانون۔ وہ قانون جس میں فوجداری جرموں اور اُن کی سزا کا بیان درج ہو۔
آئین مال (ف/مذ) لگان مقرر اور وصول کرنے کا قانون۔
آئیں بائیں شائیں (ہ/مث) فضول اور لغو بات۔ بے سر و پا اور مہمل بات۔
آئینہ (ف/مذ) شیشہ۔ آرسی۔ ظاہر۔ واضح۔ عیاں۔ حیران ششدر۔
آئینہ باطن (ف ۔ ع) صاف باطن۔ پاک دل۔ روشن دل۔ روشن دل۔ نیک آدمی۔

آئینہ بن جانا (ل) حیران ہو جانا۔ متحیر ہو جانا۔ بے حس و حرکت ہو جانا۔

آئینہ بندی (ف/مث) شیشے کے آلات۔ مثلاً قمقمات۔ جھاڑ فانوس وغیرہ سے مکان کو آراستہ کرنا۔

آئینہ بنانا (ل) حیران کر دینا۔ شیشہ بنانا۔

آئینہ حلبی (ف/مذ) ایشیائے کوچک کے شہر حلب کا بنا ہوا آئینہ۔

آئینہ دار (ف/مذ) آئینہ دکھانے والا۔ سنگار کرنے والا۔ نائی۔ حجام۔

آئینہ دکھانا (ل) شیشہ دکھانا۔ حقیقت ظاہر کرنا۔

آئینہ رُخ یا آئینہ رو (ف) نہایت حسین۔ خوبصورت۔ جس کا منہ شیشے کی طرح صاف اور چمکیلا ہو۔ (مجازاً) معشوق۔ دلربا۔

آئینہ سکندری (ف/مذ) سکندر کا ایجاد کیا ہوا آئینہ۔

آئینہ سیما (ف) شیشے جیسی پیشانی والا۔ محبوب۔ حسین۔

آئینہ ساز یا آئینہ گر (ف) شیشہ بنانے والا۔

آئینے کا گھر (ف۔ ار۔ مذ) وہ حلقہ جس میں آئینہ جڑا ہوتا ہے۔

آئینہ کر دینا (ل) ظاہر کر دینا۔ عیاں کر دینا۔ روشن کر دینا۔ چمکا دینا۔ صیقل کرنا۔

آئینے میں منہ تو دیکھو
آئینہ لے کے منہ تو دیکھو
آئینہ اٹھا کے منہ تو دیکھو
} (ل) مثل ہے۔ شیشے میں اپنی شکل تو دیکھو یہ طنزاً بولتے ہیں۔ جب کوئی نااہل شخص کسی بڑے کام کا دعوے کرے۔

آئینہ محل (ف/مذ) شیش محل۔ وہ کمرہ جس میں شیشے کا کام بکثرت کیا گیا ہو۔

آئینہ ہونا (ل) ظاہر ہونا۔ روشن ہونا۔ کسی بات کا کھل جانا۔

الف مقصورہ

ا ۔ ب

ا (ع/مذ) لغوی معنی ایک اکیلا۔ واحد۔ مجرد۔ حروف تہجی کا پہلا حرف۔ عربی میں کبھی جمع کے لیے آتا ہے جیسے تدابیر۔ کبھی ی کے بدلے جیسے مجتبیٰ۔ کبھی تانیث کے لیے جیسے عقبیٰ۔ دنیا۔ غرض بہت سے معنی دیتا ہے۔

ا (ف/مذ) ۔ اسم میں کبھی ندا کے لیے جیسے کریما۔ فعل کے آخر میں زائد جیسے گفتا۔ قسم جیسے حقا۔ فاعلیت جیسے توانا۔ مفعولیت جیسے پذیرا۔ وسط میں عطف کے لیے۔ شبا روز۔ اتصال کے معنی میں جیسے روا رو۔ استیعاب کے لیے جیسے سراسر۔ اوّل میں زائد۔ جیسے اسکندر۔

ا (ہ) عربی فارسی کی طرح یہ بھی مختلف مقاموں پر مختلف معنی دیتا ہے۔
کلمے کے اوّل میں آکر نفی کے معنی دیتا ہے جیسے ٹل سے اٹل۔
ہندی مادوں کے آخر میں صفت مشبہ کے جیسے میل سے میلا۔
وسط میں اتصال کے جیسے مارا مار۔ پڑا پڑ۔ عطف کے لیے جیسے اتھاپاتی۔ آخر میں فاعل کیلئے جیسے کیرا۔ جزنا (ہل جوتنے والا)۔ برائے تصغیر جیسے چھٹیا۔ برائے تذکیر جیسے برچھا۔ ٹوکرا۔ بجرا۔ برائے نسبت جیسے مرگانینی۔

اب (ہ) اس وقت۔ فوراً۔ اسی دم۔ دوبارہ۔ آئندہ۔ اس کے علاوہ۔ تھوڑی دیر بعد۔ فی زمانہ۔ فی الحال۔

اب (ع/مذ) باپ۔ والد۔ آبا۔ پتا۔

ابّا (و/مذ) باپ۔ والد۔ پتا۔ پدر۔ اے باپ۔

اِبا (ع/مذ) انکار۔ نہ ماننا۔ انکار کرنا۔

اب اب کرنا (ہ) ٹال مٹول کرنا۔ لیت و لعل کرنا۔ حیلے بہانے کرنا۔

اب اللہ ہی اللہ ہے (ار۔ مثل) سب سہارے ٹوٹ گئے ہیں۔ تمام دنیاوی تعلقات ختم ہو گئے ہیں۔

اب بھی (ہ) اس وقت بھی۔ اس صورت میں بھی۔ پھر بھی۔

اب بھی کچھ نہیں گیا (ار۔ محاورہ) ابھی وقت ہے۔ ابھی اصلاح یا تلافی ہو سکتی ہے۔

ابابیل (ع/مث) ایک سیاہ رنگ کا پرندہ۔ جو شام کے وقت اندھیرے میں اڑتا ہے۔ اور رات کو دن کی طرح دیکھتا ہے۔

اِباحت (ع/مث) حلال کرنا۔ مباح کرنا۔

اُبال (ہ/مذ) جوش۔ کف۔ گرمی کا جوش۔ تیز حرارت سے چیز کا جوش کھانا۔

اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت (ہ) مثل ہے۔ نقصان کے بعد پشیمانی سے کیا فائدہ۔ موقع اور وقت کھو کر افسوس کرنا بالکل بے فائدہ ہے۔

اب تب ہو رہی ہے (ہ) حالت نازک ہے۔ مرنے کے قریب ہے گھڑی پل کا ہے۔

ابتداء (ع/مث) شروع۔ آغاز۔ پہل۔ اوّل۔ ازل۔

ابتدا ڈالنا (ار۔ محاورہ) بنیاد رکھنا۔ آغاز کرنا۔

ابتدائی (ع/مث) شروع کا۔ پہلا۔ اوّلین۔ ازلی۔

ابتدائی عدالت (ع/مث) ماتحت عدالت جس کے خلاف اپیل ہو سکے۔

ابتذال (ع/مذ) بے ہودہ خرچ کرنا۔ ذلیل رکھنا۔ بہ کثرت استعمال کرنا۔ نظم و نثر میں گری پڑی بازاری زبان لکھنا۔

اَبتر (ع/مذ) خراب۔ پریشان۔ تتربتر۔ آوارہ۔ بداطوار۔ بدچلن۔ ردی۔ نکما۔

ابتری (ع/مث) پریشانی۔ آوارگی۔ بدچلنی۔ بربادی۔ تباہی۔ گڑبڑ۔

ابتہاج (ع/مذ) خوش ہونا۔

اُبٹن یا اُبٹنا (ہ / مذ) غازہ - گلگونہ - چہرے پر ملنے کا ایک خوشبودار مسالا - جو جلد بدن کو ملائم اور صاف کر دیتا ہے -

ابجد (ع / مذ) مفرد حروف - حروف تہجی کا وہ مجموعہ جو جمل کے حساب سے حروف کے اعداد نکالنے کے کام آتا ہے - وہ آٹھ لفظ ہیں -
ابجد - ہوّز - حطّی - کلمن - سعفص - قرشت - ثخذ - ضظغ -
ان میں پہلے تین لفظ اکائیاں ہیں - دوسرے دو دہائیاں - باقی آخر کے تین سیکڑے یعنی
ا ب ج د ہ و ز ح ط ی -
آخری حرف ی کو اکائیوں میں گننا - یعنی دس اکائیاں -
ک ل م ن س ع ف ص - دہائیاں ہیں -
ق ر ش ت ث خ ذ ض ظ غ
یہ سب سیکڑے - ہزار کو دس سیکڑے سمجھو - ان سے مشرقی شاعر تاریخ نکالتے ہیں - مثلاً کسی مولود کی تاریخ پیدائش - مکان بنانے یا کسی اور واقعے کی تاریخ -

ابجد خواں (ف / مذ) مبتدی - ا ب ت پڑھنے والا - شروع کرنے والا - نوآموز -

اَبجل (ع / مذ) ساکت - قائم - مضبوط - محکم -

اَبخرہ (ع / مذ) بخارات - بھاپ - اُردو والے اسے واحد بولتے ہیں - اور اس کی جمع ابخرے کرتے ہیں -

ابخرے دِماغ کو چڑھنا (ل) دماغ کو گرمی چڑھ جانا - سودائی اور باؤلا ہو جانا -

ابخل (ع - تفضیل) نہایت کنجوس -

اَبَد (ع / مث) ہمیشہ - بقا - وہ زمانہ جس میں کوئی انتہا نہیں -

اَبَدُالآباد (ع / مذ) دوام - ہمیشگی -

اِبداع (ع / مذ) نئی چیز پیدا کرنا -

اِبدال (ع / مذ) بدل دینا - تبدیل کرنا - بدل ڈالنا -

اَبدال (ع / مذ) اولیاء اللہ کی وہ جماعت جس کے سپرد دنیا کا انتظام ہے -

ابدان (ع / مذ) بدن کی جمع - اجسام

ابدی (ع) دائمی - ہمیشہ کا -

اَبر (ف / مذ) بادل - سحاب - گھٹا -

اَبر اُٹھنا (ل) آسمان پر بادل آنا - گھٹا کا کسی طرف سے نمودار ہونا -

اَبرار (ع / مذ) بَرّ کی جمع - نیک لوگ - پرہیزگار اور متقی آدمی صالح لوگ -

اَبر اُمنڈنا (ل) بادل کا بڑے زور سے آنا - گھٹا چھا جانا - بادل چڑھنا -

اَبراہ (ف / مث) موری - سیلاب -

ابراہہ (ع / مذ) بادشاہ حبشہ کا نائب - وہ بادشاہ جو کعبے کو ڈھانے کے لیے آیا اور ابابیلوں کی کنکریوں سے مغلوب ہوا تھا -

ابراہیمؑ (ع / مذ) لغوی معنی مہربان باپ - آزر بت تراش کے بیٹے ایک مشہور پیغمبر جنہیں ابوالانبیاء کہتے ہیں - حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہیں کے فرزند حضرت اسماعیل علیہ السلام (پیغمبر) کی نسل سے تھے - خانہ کعبہ کو جو حضرت نوح علیہ السلام کے طوفان سے منہدم ہو گیا تھا - حضرت ابراہیمؑ ہی نے از سر نو تعمیر کیا تھا -

ابراہیم بن ادہمؒ (ع / مذ) ابراہیم بن ادہمؒ - ایک مشہور ولی اور درویش جو بلخ کی سلطنت چھوڑ کر فقیر ہو گئے تھے -

اَبرِ بہار / **اَبرِ بہاری** (ف / مذ) موسم بہار کا بادل - وہ بادل جو بہار کے دنوں میں آتا ہے جس سے پھول اور پودوں کو کافی طراوت پہنچ جاتی ہے -

اَبرِ بہمن (ف / مذ) بہمن - گیارھواں فارسی مہینہ ہے جو ہندی حساب سے پھاگن اور انگریزی حساب سے مارچ سے مطابقت رکھتا ہے -

اَبرِ تر (ف / مذ) برسنے والا بادل - سیراب بادل -

اَبرِ تُنک (ف / مذ) (ابر - بادل - تنک - ہلکا) ہلکا سا بادل خفیف یا پتلا سا ابر -

اَبرِ تیرہ (ف / مذ) سیاہ بادل - کالی اور گہری گھٹا -

ابرِ دریا بار (ف / مذ) سمندر برسانے والا بادل - وہ بادل جو بہت ہی برسے - بہت زیادہ برسنے والی گھٹا -

ابرِ رحمت یا ابرِ کرم (ف / ع / مذ) بخشش کا بادل - رحمت کی گھٹا -

اَبرِ سیاہ (ف / مذ) کالی گھٹا - گھنا بادل -

ابرص (ع / مذ) پھلبہری والا - وہ شخص جس کے بدن پر سفید سفید سے داغ ہوں - کوڑھی -

ابرِ قبلہ (ف / ع / مذ) قبلہ یعنی مغرب کی طرف سے اُٹھی ہوئی گھٹا - جس کی نسبت مشہور ہے کہ بہت زیادہ برستی ہے -

ابرِ غلیظ - ابرِ سیاہ (ف / مذ) گاڑھا بادل - گہرا بادل - کالی گھٹا -

ابر کھلنا / **ابر پھٹنا** (ل) آسمان کا بادل سے صاف ہو جانا - بادلوں کا آسمان پر نہ رہنا - بادلوں کا پراگندہ ہو جانا -

ابر کو دیکھ کر گھڑے پھوڑ ڈالنا (ل - محاورہ) اُمید پر اپنا نقصان کر بیٹھنا -

ابرِ کوہسار (ف / مذ) پہاڑ کی سمت سے اُٹھنے والی گھٹا جو عموماً برستی ہے -

ابرِ گوہر بار (ف / مذ) موتی برسانے والا بادل - ابرِ نیساں -

ابر گھرنا (ل) گھٹا چھانا - بادلوں کا آسمان پر چاروں طرف سے آ جمع ہونا -

اَبرن (ہ / مذ) گہنا - ٹوم -

اب رنگ لائی گلہری (ل - محاورہ) کسی کی پوشیدہ عیاریوں اور چالاکیوں کے ظاہر ہونے کے موقع پر بولتے ہیں -

ابرِ نیساں (ف / مذ) وہ ابر جو اساڑھ کے موسم میں نوروز سے چالیس روز پہلے یا بعد میں برستا ہے - مشہور ہے کہ اس پانی کی بوند اگر سیپ میں پڑ جائے تو موتی بن جاتا ہے اگر بانس میں گر جائے تو بنسلوچن پیدا ہوتا ہے -

اَبرُو (ف / مذ) بھویں (پ) بھروٹے۔
اَبرُو پر میل نہ لانا (د) مزاج میں استقلال ہونا۔ کسی نقصان یا تکلیف وغیرہ کی پروا نہ کرنا۔ بالکل خیال تک نہ کرنا۔ بے حیائی اور بے شرمی کے موقع پر بھی بول دیتے ہیں۔
اَبرُو میں بل پڑنا یا آنا (د) تیوری چڑھانا۔ ناراض ہونا۔ غصہ آنا۔ خفا ہونا۔
اَبرُوئے پیوستہ (ف / مذ) باہم ملی ہوئی بھویں۔ وہ بھویں جو دائیں بائیں سے آپس میں مل گئی ہوں۔
اَبرہ (ف / مذ) دلائی یا رضائی کا اُوپر والا کپڑا۔ دوہرے وغیرہ کا اُوپر کا حصہ۔ ڈھانکنے والا۔
ابری کا پتھر (ف / مذ) دو رنگا پتھر جس میں لہر دار دھاریاں ہوتی ہیں۔
اَبریشم (ف / مذ) ریشم کا کویا۔ پیلہ۔ ریشم کے کیڑے کا غلاف۔
اِبریق (ع / مث) چھاگل۔ صراحی۔ پانی پینے کا لوٹا۔
آبس (ہ / مذ) بے طاقت۔ کمزور۔ مجبور۔ ناچار۔ بیچارہ۔ جو بس کا نہ ہو۔
اب سنتوتی ہو کر بیٹھی جب لوٹ کھایا سنسار (ہ) مثل ہے۔ بدکار کا نیکوکار ہو کر بیٹھنا۔ نو سو چوہے کھا کے بلی حج کو چلی۔
اُبسنا (ہ) کسی چیز میں بدبو پیدا ہو جانا۔ گلنا۔ سڑنا۔
ابسواس (ہ / مذ) کم اعتقادی۔ بُرا عقیدہ۔ شک وشبہ)
ابسواسی (ہ۔ صف) شک کرنے والا۔ بدگمان۔ اعتبار نہ کرنے والا۔
ابصار (ع / مذ) بصر کی جمع۔ آنکھیں۔ علم۔ دانائی۔
اِبصار (ع / مذ) آنکھوں سے دیکھنا۔
اَبطال (ع / مذ) بطل کی جمع۔ بہادر۔ دلیر لوگ۔
اِبطال (ع / مذ) جھوٹا کرنا۔ باطل کرنا۔
اِبقا (ع / مذ) زندہ اور باقی رکھنا۔ رعایت کرنا۔
البقر (ع / مذ) شورہ جس سے بارود بنتی ہے۔
اُبکائی (ہ / مث) معدے کی حرکت جو مواد نکالنے کے لیے ہوتی ہے بغیر اس کے کہ کچھ نکلے۔ امتلا۔ استفراغ۔ قے ہونے کی نشانی۔
اَبکم (ع / مذ) گونگا آدمی۔
اُبکنا (ہ) قے کرنا۔ رد کرنا۔ اُگل دینا۔
اب کے (ہ) اس دفعہ۔ آئندہ۔ پھر۔ دوبارہ۔
اَبلا (ہ / مث) عورت۔ دُبلی پتلی عورت۔ کامنی عورت۔ نازک بدن عورت۔ الف اوّل بمعنی نفی۔ الف آخر علامت تانیث۔ بل (طاقت) رکھنے والی۔
اَبلا بکی (ہ / مذ) کمزور کا حامی۔
ابلاپا (ار۔ مذ) کمزوری۔ ناتوانی۔ نازکی۔
ابلا بڑی (ہ / مث) خوب صورت اور نازک عورت۔
اُبل آنا (ہ) ورم کرنا۔ سوج جانا۔ جوش کھا کر باہر آنا۔
اَبلق (معرب / مذ) دو رنگا۔ سیاہ و سفید یا سرخ و سفید عام طور پر گھوڑے کی صفت کے لیے آتا ہے۔ چتکبرا۔
ابلق چشم (ف) خوبصورت آنکھوں والا۔ سیاہ و سفید آنکھوں والا۔

اُبلنا / اُبل پڑنا (ہ) جوش کھانا۔ زیادتی کرنا۔ مغرور ہونا۔ بہت خفا ہونا۔ حد سے زیادہ جوش کھانا۔
ابلوج (ف / مث) شکر سفید۔
ابلہ فریب (ف / مذ) عیّار۔ چالاک۔ دغاباز۔ بے وقوفوں کو دھوکا دینے والا۔
ابلیس (ع / مذ) شیطان۔ خبیث۔ پلید۔ فریبی۔ مکّار۔
اِبن (ع / مذ) بیٹا۔ فرزند۔ پُوت۔ پُتر۔
اَبندہ (ہ / مذ) الف نفی۔ بندہ نقطہ۔ بے نقطہ حرف۔
اب نہ تب (ہ) کبھی۔ اکارت۔ ضائع۔ ردّی۔ نکمی چیز۔ قطعی انکار۔
ابنائے جنس (ع / مذ) ہم جنس لوگ۔
ابنائے جہان یا ابنائے روزگار (ف / مذ) دنیا کے لوگ۔ اولادِ آدم۔ موجودہ زمانے کے لوگ۔
ابن مریم (ع / مذ) حضرت عیسیٰؑ۔
ابن الوقت (ع / مذ) خوشامدی۔ زمانہ ساز۔ مولانا نذیر احمد دہلوی مرحوم کی تصنیف۔
ابن السبیل (ع / مذ) راہ گیر۔ مسافر۔
ابن سیرین (ع / مذ) ان بزرگ کا نام جو خواب کی تعبیر کا علم خوب جانتے تھے۔
ابن مادر (ف / مذ) ماں جایا بھائی۔
ابن مقلہ (ع / مذ) ایک بڑا مشہور خوش نویس۔
ابُو (ع / مذ) باپ۔ باوا۔ پدر۔ والد۔ صاحب۔ آقا۔
ابواب (ع / مذ) باب کی جمع۔ دروازے۔ سڑک۔ مدرسے کا لگان۔ جو زمینداروں سے سرکاری لگان کے ساتھ وصول کیا جاتا ہے۔
ابوبکرؓ (ع / مذ) اسلام کے خلیفہ اوّل۔
ابُوتراب (ع / مذ) حضرت علیؓ کی کنیت۔ ابُو۔ باپ۔ تراب۔ مٹی۔ حضرت علیؓ ایک روز مسجد میں لیٹے تھے اور مٹی جسم پر لگی ہوئی تھی حضورؐ نے دیکھا تو فرمایا ابوتراب اُٹھو۔
ابوجہل (ع / مذ) عمرو بن ہشام کی کنیت۔
ابوحنیفہؒ (ع / مذ) حضرت نعمان بن ثابت امام اوّل کی کنیت۔
ابوالبشر (ع / مذ) انسانوں کا باپ۔ حضرت آدمؑ سے مراد ہے۔
ابوالبشر ثانی (ع / مذ) حضرت نوحؑ کو کہتے ہیں۔
ابوالفضل (ع / مذ) اکبر کا وزیر اعظم۔
ابُوجھ (ہ) بے سمجھ۔ نادان۔
ابُوجھا (ہ / مذ) نادان۔
ابھار یا اُبھارا (ہ / مذ) اُٹھان۔ اُٹھاؤ۔ رغبت۔ جوش۔ بھکاؤ۔ بلندی۔
ابھارا دینا (ار۔ محاورہ) ہمت بڑھانا۔ دل بڑھانا۔
اُبھارا لینا (ہ) بیماری کا عود آنا۔ مرض کا پھر آنا۔
اُبھار لانا (ہ) بھگا لانا۔ نکال لانا۔ چُرا لانا۔
اُبھارنا (ہ) اُٹھانا۔ سہارا دینا۔ اُونچا کرنا۔ بھگا لے جانا۔ ورغلانا۔ ڈوبتے کو نکالنا۔ شہرت دینا۔ ترقی دینا۔
ابھاگ (ہ / مذ) بے نصیب۔ بدقسمت۔

ابھاگن (ہ - صف) بدنصیب عورت۔
اُبھرنا (ہ) اُوپر ہونا - اُونچا ہونا - پودا پھوٹنا - بڑھنا - ظاہر ہونا - شہرت پانا - ترقی پانا - ڈوب کر اُوپر آنا۔
ابھمان (ہ / مذ) غرور - تکبّر - گھمنڈ۔
ابھی (ہ) اسی وقت - اب تک۔

ابھی چھٹی کا دُودھ نہیں سوکھا ابھی دودھ کے دانت نہیں ٹوٹے ابھی منہ سے دودھ کی بُو آتی ہے ابھی مُنہ سے دُودھ ٹپکتا ہے ابھی ہونٹوں کا دُودھ نہیں سوکھا	ناتجربہ کاری - طفولیت اور نادانی کی جگہ طنزاً بولتے ہیں - مراد یہ ہے - ابھی بچے ہو - نادان ہو - بے سمجھ ہو۔

ابھی سے (ہ) پہلے ہی - قبل از وقت۔
ابھی دِلّی دُور ہے (ہ) منزلِ مقصود دُور ہے - کامیابی میں بڑی دیر ہے۔
ابھی کچے گھڑے پانی بھرنا ہے (ہ) مثل ہے - ابھی بہت سی دقتیں بہت سی مشکلات باقی ہیں۔
ابھی کیا ہے یا ابھی کیا دیکھا ہے (ہ) فقرہ - تعریف اور بُرائی میں دونوں جگہ بولتے ہیں - اسی پر خاتمہ نہیں یہ تو کچھ بھی نہیں ابھی بہت کچھ باقی ہے
ابھی کے دن کے راتیں (ا - محاورہ) تھوڑے دنوں کی بات ہے زیادہ زمانہ نہیں گزرا۔
ابھی کے دن ہوئے (ا - محاورہ) تھوڑا عرصہ ہوا - زیادہ زمانہ نہیں گزرا۔
ابی دُبی کھیلنا (ہ) گلی ڈنڈا کھیلنا۔
ابے (ہ) حرفِ ندا - ادنیٰ اور گنوار کو خطاب کیا جاتا ہے۔
ابے تبے کرنا (ہ) بُری باتیں کہنا گستاخانہ کلام کرنا - بدتہذیبی کرنا۔
ابیر (ہ / مذ) ابرک کا برادہ جو ہندو لوگ ہولی کے دنوں میں گلال میں ملا کر ایک دُوسرے کے منہ پر مل دیتے ہیں - یہ عبیر سے بنا ہے۔
ابیض (ع) سفید - چِٹّا - اُجلا۔

ا - پ

اپاپ (ہ) - (الف نافیہ - پاپ گناہ) بے گناہ - پاک معصوم۔
اپادان (ہ / مذ) سبب - علّت - باعث - وجہ۔
اپادھ (ہ / مث) جھگڑا - فساد - فتنہ - ظلم - مصیبت - بکھیڑا۔
اپادھی (ہ / مذ) جھگڑالو - فسادی - فتنہ انگیز - ظالم۔
اُپاڑ (ہ / مذ) جسم کی کھال کا پھٹ کر اُتر جانا - آبلہ پڑنا - اُکھاڑ۔
اُپاڑ کرنا (ہ) جلد پر آبلہ ڈالنا - جلد کو ادھیڑنا۔
اُپاڑنا (ہ) - (گنوار) اُکھاڑنا - پھاڑنا - درخت وغیرہ کو زمین سے جُدا کرنا
اُپاڑو (ا - صف) اپاڑنے والا - کھال اُتارنے والا - آبلے ڈالنے والا۔
اُپاس (ہ / مذ) فاقہ - روزہ رکھنا۔
اُپاسک (ہ / مذ) عابد - عبادت کرنے والا - روزہ دار۔
اُپاسنا (ہ) پُوجنا - عبادت کرنا۔
اُپاسی (ہ) زاہد - پرہیزگار - بچاری۔
اُپاہا (ہ / مث) ارمان - تمنا - اُمنگ۔
اُپاہج (ہ) وہ شخص جس کے ہاتھ پاؤں لنجے ہو گئے ہوں - ناچار - چلنے پھرنے سے معذور (مجازاً) سُست - ناکارہ - کاہل۔
اُپج (ہ / مث) اُگاؤ - پیدائش - ظہور - طبیعت سے پیدا شدہ بات - ایجاد - نئی تان۔
اُپجاؤ (ہ / مث) نئی بات پیدا ہونا - زرخیز جگہ - سیراب زمین۔

اُپج کی لینا اُپج لینا	(ہ) نئی بات نکالنا - طبیعت کی تیزی دکھانا۔

اُپجنا (ہ) اُگنا - نکلنا - زمین سے پیدا ہونا - دل سے کوئی بات اُٹھنا۔
اُپدیش (ہ / مذ) نصیحت - وعظ - صلاح - تلقین۔
اپرتھی (انگریزی / مذ) اُمیدوار - خواہش مند۔
اپریل (انگریزی / مذ) انگریزی سال کا چوتھا مہینہ۔
اپرنت یا اپرنتو (ہ) بعدہٗ - بعد ازاں - اس کے بعد۔
اُپلا (ہ / مذ) تھاپی - گوہا۔
اپنا (ہ) میرا - ہمارا - تیرا - تمہارا - قریبی رشتہ دار - ذاتی نجی کا - غیر کی ضد (بحالتِ صفت) دوست - ساتھی - ہمدرد - مقبوضہ - زرخرید
اپنا اپنا (ہ) ہر ایک کا علیحدہ علیحدہ - الگ الگ۔
اپنا اپنا پرایا پرایا (ہ) قریبی پھر بھی قریبی ہوتا ہے اور غیر غیر - رشتہ دار سے خواہ کتنی ہی تکلیف پہنچے - پھر رشتہ دار ہے - غیر خواہ کتنی اُلفت کرے - مگر آخر غیر ہی ہے۔
اپنا اُلّو سیدھا کرنا (ہ) محاورہ - اپنا مطلب پورا کر لینا - اپنا کام نکالنا - پرلے درجے کی خود غرضی۔

اپنا مال اور کا ڈھینگر - یا اپنا پوت پرایا ڈھینگر - یا اپنا ٹینگر پرایا ڈھینگر	(ہ / محاورہ) اپنے کی رعایت اور دُوسرے کی گرفت کے موقع پر بولتے ہیں - اپنا بچہ تو نادان ہے اور غیر کا بُرا۔

اپنا بنا لینا (ہ) موافق کر لینا - اپنے ساتھ ملا لینا - دوست بنا لینا۔
اپنا پیٹ تو کتا بھی پالتا ہے (ہ) مثل ہے - ایسے شخص کو طعنے کے طور پر کہتے ہیں - جو اپنی کمائی خود ہی کھا جائے اور دُوسرے کو حصہ نہ دے۔
اپنا ٹھکانا کرنا (ہ) اپنے قیام اور خوراک وغیرہ کا انتظام کرنا۔
اپنا ٹینٹ نہیں نہارتے اور کی پھلّی کو دیکھتے ہیں (ہ) مثل ہے - اپنی بڑی بڑی بُرائیاں نہیں دیکھتے - اوروں کے ذرا سے عیب کو ظاہر اور بیان کرتے ہیں - (ٹینٹ پھوٹی ہوئی آنکھ کا ڈھیلا - نہارتے - خیال کرتے - پھلّی پھولے کی تصغیر)
اپنا ٹھیک نہیں اور کا نیگ نہیں (ہ) مثل ہے - اپنی عقل نہیں

اور کا کہا منظور نہیں - اپنی رائے دُرست نہیں، دُوسرے کی رائے پسند نہیں -

اپنا توشہ اپنا بھروسا یا اپنا توشہ اپنے ساتھ (ہ) اپنا ہی انتظام تسلّی بخش ہوتا ہے -

اپنا جوہر دکھانا (ا) اپنی خوبیاں ظاہر کرنا - اپنا ہنر دکھانا - (طنزاً) اپنا عیب ظاہر کرنا -

اپنا حاکم حاکم اور کا حاکم آدمی / اپنا پیر پیر اور کا پیر آدمی (ا) مثل ہے - اپنا تعلق دار تو قابل عزّت ہے - اور دُوسرے کا تعلق دار معمولی - اپنے افسر کا ڈر رہتا ہے - دُوسرے کے افسر کا بالکل خوف اور رُعب نہیں مانتے -

اپنا حساب کرلو (ا) محاورہ - اپنا لین دین صاف کرلو - اپنا حساب بیباق کرلو - اپنی تنخواہ لے لو - اور نوکری چھوڑ دو -

اپنا خون پینا (ا - محاورہ) ناگوار بات پر صبر کرنا -

اپنا خون کرنا (ا - محاورہ) اپنا نقصان کرنا -

اپنا دیجیے دشمن بیجیے (ا - محاورہ) قرض دے کر دشمنی مول لو -

اپنا راستہ لو (ا - محاورہ) جاؤ اپنا کام کرو -

اپنا رکھ پرایا چکھ (ہ) مثل ہے - اپنا سنبھال کر رکھ اور کا کھا جا - اپنا جوڑ اور کا ہڑپ کرلے -

اپنا رونا رونا (ہ) اپنی تکالیف بیان کرنا - اپنا ہی دُکھ درد ظاہر کرنا - اپنی ہی مصیبت جتانا -

اپنا سا مُنہ لے کر رہ جانا (ہ) شرمندہ اور نادم ہونا - حسبِ منشا کام نہ بننے سے خفت اُٹھانا -

اپنا سر پیٹو (ا - محاورہ) اپنی سزا بھگتو - اپنا کیا پاؤ - اپنے فعل کا خمیازہ اُٹھاؤ -

اپنا سوجھتا کرنا (ہ) دُور اندیشی کرنا - انجام سوچنا - اپنی بہتری کی تدبیر کرنا -

اپنا شجرہ قلّہ رکھ چھوڑیئے / اپنا شجرہ قلّہ لیجیے (ا) مثل ہے - اپنا کام خود کیجیے - ہمیں آپ کی چیز یا کام پسند نہیں -

اپنا کُتّا باندھو ہم بھیک سے باز آئے (ہ) مثل ہے - ہم نے نفع چھوڑا - نقصان تو نہ پہنچاؤ - فارسی میں ہے - مرا بخیر تو اُمید نیست بد مرساں -

اپنا کام کرو (ا - محاورہ) جب کوئی آدمی خواہ مخواہ دخل در معقولات دے تو اسے تنبیہ کے طور پر کہا کرتے ہیں - تمہیں کس نے مُنہ لگایا - جاؤ اپنا کام کرو -

اپنا کیا پانا (ہ) جیسا کرنا ویسا بھرنا - سزائے عمل - کیفرِ کردار -

اپنا گھر دُور سے سُوجھتا ہے (ہ) مثل ہے - اپنے فعل سب کو معلوم ہیں - اپنے نفع کا خیال ہر شخص کو ہے - اپنے گھر کی حالت کو ہر شخص جانتا ہے -

اپنا لال دا اپنے بین، گھنو اکے در در مانگیں بھیک (ہ) مثل ہے - اپنا نقصان کر کے گداگری کرنا - اپنی دولت ضائع کر کے بھیک مانگتے پھرنا -

اپنا لہو بہانا (ا - محاورہ) اپنے آپ کو قتل کرنا -

اپنا لہو پینا (ہ) غم اور غصّے کا اظہار - رنج و مصیبت سہنا -

اپنا مارے گا بھی تو چھاؤں میں ڈالے گا (ہ) عزیز رشتہ دار اگر قتل بھی کرے گا تو بھی رحم کر کے لاش کو سائے میں ضرور رکھ دے گا - صلہ رحمی کی بابت بولتے ہیں -

اپنا مال اپنی چھاتی تلے (ہ) فقرہ - اپنی دولت اپنے ہی قبضے میں درست ہے -

اپنا مال جائے اور آپ ہی چور کہلائے (ا - مثل) نقصان بھی اپنا ہو اور الزام بھی اپنے پر -

اپنا مرن جگت کی ہنسی (ہ) مثل ہے - اپنی تباہی ہونا اور دنیا کو مذاق اور ہنسی اُڑانے کا موقع ہاتھ آنا -

اپنا مُنہ دیکھو / اپنا مُنہ بنواؤ (ہ - محاورہ) اپنی استعداد اور قابلیت پر خیال کرو - اپنی لیاقت اور تمیز دیکھو -

اپنا مُنہ دھو رکھو / اپنا منہ گڑھے میں دھو رکھو (ہ) مثل ہے - یہ انکار کے موقع پر بولتے ہیں - جب کسی کام کے نہ ہونے کا یقین ہو -

اپنایت (ہ / مث) اپنا ہونا - رشتہ داری - قرابت - یگانگی -

اپنے (ہ) ضمیر - اپنا کی جمع - رشتہ دار - یگانے - کہیں نائد بھی آجاتا ہے - ضمیر - جمع متکلم بھی -

اپنی (ہ / مث) اپنا کی تانیث - میری - ذاتی - رشتے کی -

اپنی اپنی پڑنا (ہ) نفسی نفسی ہونا - اپنی فکر کرنا -

اپنی اپنی بولی بولنا (ہ) ہر شخص کا اپنی بات کہنا - اختلاف رائے ہونا - ہر ایک کا اپنے مطلب کی کہنا -

اپنے اپنے حال میں مست ہونا (ا - محاورہ) ہر ایک کا اپنی حالت میں خوش رہنا -

اپنی اپنی ڈفلی اپنا اپنا راگ (ہ - مثل) اپنا اپنا مذاق - اپنا اپنا کام - فارسی میں - فکرِ ہر کس بقدرِ ہمت اوست -

اپنی اپنی گور اپنی اپنی منزل (ا - مثل) کوئی کسی کا ساتھی نہیں نہ مددگار - اپنی قبر میں آپ ہی رہنا ہے - دُوسرے کی قبر میں کون ٹھہر سکتا ہے -

اپنے اپنے گھر میں سب بادشاہ ہیں (ا - مثل) اپنے گھر میں سب آزاد اور مختارِ کُل ہیں - جو چاہیں کریں - جو چاہیں حکم دیں - اپنے گھر کے سب مالک ہیں -

اپنی آگ میں آپ جلے جاتے ہیں (ہ - مثل) اپنے غصّے اور حسد میں خود ہی برباد ہو رہے ہیں -

اپنے اُوپر لینا - (ہ) کسی کا کام اپنے ذمّے لینا - ضامن بننا - ضمانت دینا -

اپنے اللہ سے پاؤ (ا - محاورہ) الزام اور بہتان پر صبر کر کے یہ محاورہ بولا کرتے ہیں - تم اس کی سزا خدا سے پاؤ - خدا تم کو اس کی سزا دے -

اپنی بات اپنے ہاتھ (ہ) اپنی عزت اپنے اختیار میں ہے۔
اپنی بات پر آنا (ہ) اپنی ہٹ اور ضد پر آنا۔ چلتر دکھانا۔
اپنی بات کا انگ پالنا (ہ) اپنی بات کا پاس کرنا۔ اپنی بات کا پہرہ دینا۔ جو کہا ہو اس پر قائم رہنا۔ قول کا سچا ہونا۔
اپنی بات کا ایک (ہ۔ محاورہ) زبان کا سچا۔ باوفا۔ اقرار کا پورا کرنا۔
اپنے بچھڑے کے دانت سب جانتے ہیں / اپنے بچھڑے کے دانت کون گنتا ہے (ہ۔ مثل) اپنی برائی بھلائی عیب وصواب ہر شخص جانتا ہے۔ اپنی حالت ہر ایک کو خوب معلوم ہے۔
اپنے پاؤں پر آپ کلہاڑی مارنا (ہ۔ محاورہ) اپنا نقصان خود ہی کرنا۔ اپنے نقصان کا خود ہی سبب ہونا۔ اپنے ہاتھوں آپ برا کرنا۔
اپنی پگڑی اپنے ہاتھ ہے (ہ۔ مثل) اپنی عزت اپنے اختیار میں ہے۔
اپنی پیٹھ دکھائی نہیں دیتی (ار۔ مثل) انسان کو اپنے عیب نظر نہیں آتے۔
اپنی ٹٹی لگانا یا لگائے جانا (ہ۔ محاورہ) اپنا مطلب نکالے جانا اپنی غرض پوری کیے جانا۔
اپنی ٹن میں رہنا (ار۔ محاورہ) مغرور ہونا۔ الگ تھلگ رہنا۔
اپنے جامے سے باہر ہونا (ہ) خوشی یا غصے کی حالت میں آپے سے باہر ہونا۔
اپنی چال سے نہ چوکنا (ہ) اپنے فریبوں سے نہ ہٹنا۔ اپنے افعال سے باز نہ آنا۔
اپنی چلم بھرنے کو میرا جھونپڑا جلاتے ہو (ہ۔ مثل) اپنے ادنیٰ نفع کے لیے مجھے برباد کرتے ہو۔
اپنی چھاتی پر ہاتھ دھر کے دیکھو (ہ۔ مثل) دوسرے کا دکھ بھی اپنا ہی جانو۔ ذرا انصاف سے کام لو۔ اور سوچو کہ اپنی ہی سی حالت دوسرے کی ہوتی ہے۔
اپنی چھاچھ کو کوئی کھٹا نہیں کہتا (ہ۔ محاورہ) اپنی عیب دار چیز کو بھی کوئی برا نہیں کہتا۔
اپنے دل کے مختار ہیں (ار) یعنی آزاد ہیں۔ کسی کے پابند نہیں جو چاہیں کریں۔
اپنے دنوں کو رونا (ہ) اپنی بدقسمتی پر افسوس کرنا۔ اپنے عیش و آرام کو یاد کرنا۔ اور پشیمان ہونا۔
اپنے دہی کو کون کھٹا کہتا ہے (ار۔ مثل) اپنی چیز کی ہر کوئی تعریف ہی کرتا ہے۔
اپنے ڈھائی چاول الگ گلانا / اپنی ڈیڑھ یا دو کھچڑی الگ پکانا / اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد الگ بنانا (ہ۔ محاورہ) غرور اور تکبر سے کسی کے ساتھ مل کر نہ رہنا۔ سب سے الگ رہنا۔ کسی سے اتفاق رائے نہ کرنا۔ کسی کا کہا نہ ماننا۔ اپنی رائے الگ ہی رکھنا۔

اپنے ڈھب کا (ہ) اپنے رنگ کا۔ اپنی طرز کا۔ اپنی پسند کا۔ اپنے کام کا۔
اپنی رادھا کو یاد کرو (ار۔ محاورہ) جاؤ اپنی راہ لو۔ ہم یہ بات نہیں کرتے۔ ہمارا تمہارا کوئی واسطہ نہیں۔
اپنی ران کھولیے۔ آپ ہی لاجوں مریے (ہ۔ مثل) اپنا پردہ کھول کر خود ہی شرمندگی اٹھائیے۔ نہ اپنا راز کھولتے نہ اتنے نادم ہوتے۔
اپنی راہ لگو (ار۔ محاورہ) جاؤ اپنا کام کرو۔ چلتے پھرتے نظر آؤ۔
اپنے سائے سے وحشت ہونا (ار) پرلے درجے کا بزدل ہونا۔ نہایت وہمی اور شکی ہونا۔
اپنی سدھ نہ آنا / رہنا (ار۔ محاورہ) اپنے آپ کا ہوش نہ رہنا۔
اپنی سی بہت کی (ہ۔ محاورہ) اپنی طرف سے بہت ہی کوشش کر لی۔ حسب مقدور سعی کر چکے۔
اپنی صورت تو دیکھو (ار۔ محاورہ) تم ہرگز اس قابل نہیں ہو۔
اپنی غرض کو گدھے چرائے (ہ) ضرورت کے لیے ادنیٰ سے ادنیٰ کام کر لیا۔ مطلب کی خاطر سبھی کچھ کیا۔
اپنی غرض کو گدھے کو باپ بنا لیتے ہیں (ار۔ مثل) اپنا مطلب نہایت عزیز ہوتا ہے۔ اس کے حاصل کرنے کے لیے ذلیل سے ذلیل کی بھی خوشامد کر لیا کرتے ہیں۔
اپنی قسمت کو رونا (ار) اپنی بدنصیبی کو رونا۔ تقدیر کا شکوہ کرنا۔
اپنے کام سے کام رکھتے ہیں (ہ۔ محاورہ) اپنے کام میں لگے رہتے ہیں۔ کسی کو برا بھلا نہیں کہتے۔
اپنی کرنی پار اترنی (ہ۔ محاورہ) اپنی ہی محنت سے کام ہوتا ہے اپنے ہی اعمال کام آتے ہیں۔
اپنی کرنی آپ ہی بھرنی (ہ۔ محاورہ) ہر ایک آدمی اپنے کیے کو بھگتے گا۔
اپنی کرنی پروان کیا ہندو کیا مسلمان (ہ۔ مثل) ہندو یا مسلمان کی تخصیص نہیں۔ نہ کسی کی رعایت ہے۔ ہر ایک کو اپنے عملوں کا پھل ملے گا۔ برا ہو یا بھلا۔
اپنی کر کے نہ رکھنا (ہ) چیز کو سنبھال کر نہ رکھنا۔ یونہی فضول لٹا دینا وقف کر دینا۔
اپنی کملی میں مست رہنا (ار۔ محاورہ) اپنی تھوڑی سی حیثیت پر خوش وخرم رہنا۔
اپنی کھال میں مست ہونا (ہ) اپنے حال میں خوش ہونا۔ غریبی میں گم رہنا۔
اپنی کھچڑی الگ پکانا (ار۔ محاورہ) صلح وصفائی کے ساتھ الگ ہو جانا۔ جھنجھٹ سے بچنا۔
اپنے کیے کا علاج نہیں (ار۔ مثل) جو برائی خود کی ہو اس سے انکار کیونکر۔ بے پروا۔ بے وقوف کی نسبت بولتے ہیں۔
اپنی گرہ کا۔ (ہ/صف) اپنی جیب کا۔ اپنا مال۔ اپنا جمع کیا ہوا۔

اپنی گرہ سے کیا جاتا ہے (ل ۔ مقولہ) اپنی جیب سے کیا خرچ ہوتا ہے ۔ ہمارا کیا نقصان ہے ۔ ہمارا کیا حرج ہے ۔

اپنے گریبان میں منہ ڈالو
اپنے گریبان میں منہ ڈال کر دیکھو
(ل ۔ مثل) اپنے عیب دیکھو اور شرم سے گردن جھکاؤ ۔ اپنے فعلوں سے شرماؤ ۔ کیے پر پچھتاؤ ۔

اپنی گڑیا سنوار دینا (ہ) اپنی طاقت کے موافق لڑکی کی شادی کر دینا ۔

اپنی گور اپنی منزل (ل ۔ مثل) کوئی کسی کا ساتھ نہیں دیتا ۔

اپنی گلی میں کتا بھی شیر ہے ۔ یا
اپنے گھر چیونٹی بھی دلیر ہے
(ل ۔ محاورہ) اپنی جگہ بزدل کو بھی حوصلہ ہو جاتا ہے ۔

اپنے لگے ہیک ہیں اور کے لگے بھیت ہیں (ہ ۔ مثل) اپنا دکھ تو دکھ ۔ اور کا دکھ سرسری ۔ ہیک جسم اور بھیت دیوار ۔

اپنے منہ سے میاں مٹھو بننا
اپنے منہ میاں مٹھو بننا
اپنے منہ سے دھنا بھائی
اپنی تعریف آپ کرنا ۔ اپنی خوبیاں خود ہی جتانا ۔ اپنی خوب صورتی کی خود ہی تعریف کرنا ۔

اپنے منہ پر طمانچے مارنا (ہ ۔ مثل) اپنے کیے پر شرمندہ اور پشیمان ہونا ۔

اپنے مرے بن سُرگ نہیں ملتا (ہ ۔ مثل) اپنی محنت کے بغیر آرام نہیں ملتا ۔ جب تک آدمی خود ہی تکلیف نہ اُٹھائے نفع نہیں ہوتا (سُرگ یعنی بہشت ۔ جائے آرام)

اپنے مطلب کا یار (ا ۔ محاورہ) ۔ خود غرض ۔

اپنے موتی سُوروں کے آگے مت پھینکو (ہ ۔ مثل) بے قدروں کو اپنا ہنر نہ دکھاؤ ۔

اپنے نصیبوں کا رونا (ہ ۔ مثل) اپنی بدقسمتی کی شکایت ۔

اپنی نیند سونا اپنی نیند اُٹھنا
اپنی نیند سونا اپنی بھوک کھانا
(ہ ۔ مثل) نہایت بے فکری ہونا ۔ پوری پوری آزادی ہونا جب چاہے سو رہے ۔ جب جی میں آیا جاگ اُٹھے ۔ کوئی کہنے سننے والا نہیں ۔

اپنے وقت کا حاتم ہے (ل ۔ مثل) اپنے زمانے کا سخی ہے ۔ بڑا فیاض ہے ۔

اپنے ہاتھ سے اپنے پاؤں پر کلہاڑی مارنا (ا ۔ محاورہ) اپنا نقصان آپ کر لینا ۔

اپنے ہاتھوں (ہ) اپنے آپ سے ۔ از خود ۔ اپنے فعل سے ۔

اپنے ہاتھوں اپنی قبر کھودنا
اپنی راہ میں آپ کانٹے بونا
(ل) اپنے نقصان کا باعث خود ہی ہونا ۔ خود ہی بلا میں گرفتار ہونا ۔ اپنے مرنے کا سامان خود کرنا ۔ خود موت کے منہ میں جانا ۔

اپنے ہاتھ ہے (ہ ۔ محاورہ) اپنے اختیار میں ہے (ہاتھ ۔ قابو ۔ طاقت ۔ قبضہ)

اپنے ہی گھر سے آگ لگی ہے (ہ ۔ مثل) اپنے ہی گھر سے فساد اُٹھا ۔ اپنے ہی گھر سے لڑائی کا آغاز ہوا ہے ۔

اپتھ (ہ / مذ) ۔ (الف حرف نفی ۔ پتھ ۔ طریقہ ۔ راستہ) بے راہ ۔ خراب رستہ ۔ گمراہ ۔ بدعت ۔

اپواسی (ہ / مذ) روزہ دار ۔ برتی ۔

اپوتر (ہ) ناپاک ۔

اپوترتا (ہ / مث) ناپاکی ۔ نجاست ۔ پلیدی ۔

اُپ وید (ہ / مذ) اس میں علم حکمت ۔ موسیقی ۔ حرب ۔ صنعت و حرفت شامل ہیں ۔

اپھر جانا ۔ اپھر چلنا ۔ اپھرنا (ہ) پیٹ کا ریح سے پھول جانا ۔ نفخ ہونا ۔ پیٹ میں ہوا بھر جانا ۔ مغرور ہونا ۔ پھولنا ۔ دولت یا علم و ہنر پر نازاں ہونا ۔ موٹا ہو جانا ۔ مالدار ہونا ۔

اپھل (ہ / مذ) بے پھل ۔ بے ثمر ۔ بے فائدہ ۔ نکما ۔

اُپھن جانا ۔ اُپھننا (ہ) شدت حرارت سے کسی چیز میں عفونت کے ساتھ جھاگ آجانا ۔ جوش آنا ۔ اُبل جانا ۔

اُپی (ہ) چمکیلی ۔ سان پر صاف کی ہوئی تلوار ۔ میان سے باہر نکلا ہوا خنجر ۔

اُپیڑ (ہ) بے درد ۔ ظالم ۔ بے رحم ۔

اپیل (انگریزی / مذ / مث) ایک حاکم کے فیصلے کے خلاف دوسرے اعلیٰ حاکم سے انصاف کی درخواست ۔

اپیلانٹ (انگریزی) اپیل کرنے والا ۔ اعلیٰ افسر سے چھوٹے حاکم کے ظلم کی فریاد کرنے والا ۔

اپیل بحال کرنا (ا ۔ مص) ماتحت عدالت کا فیصلہ مسترد کرنا ۔

اپیل داخل کرنا (ا ۔ مص) ماتحت عدالت کے فیصلے کے خلاف بالا عدالت میں چارہ جوئی کی درخواست پیش کرنا ۔

ا ۔ ت

اَت (ہ / مث) بہت زیادہ ۔ کثرت ۔ نہایت ۔ بے انتہا ۔ حد سے زیادہ ۔

اَتا پتا (ہ / مث) پتا نشان ۔ ٹھکانا ۔ ذرا سا پتا ۔

اُتار (ہ / مذ) ڈھلان ۔ کمی ۔ زوال ۔ (بہ حالت صفت) لڑکا عورت میلا جوڑا ۔ اُترے ہوئے کپڑے ۔

اُتارا (ہ / مذ) صدقہ ۔ خیرات ۔ جو سر پر سے وار کر کسی کو دی جائے ۔ پڑاؤ ۔ دریا کا گھاٹ ۔ بیٹھے یا بیٹھ کا مقام قیام ۔

اُتارا اُتارنا (ہ) صدقہ اُتارنا ۔ صدقہ وغیرہ کسی کے اوپر وارنا ۔

اُتار چڑھاؤ (ہ / مذ) اُونچ نیچ ۔ بُرائی بھلائی ۔ سمندر کا مد و جزر ۔ پالیسی ۔ دھوکا ۔ فریب ۔ سازش ۔ حکمت عملی ۔

اُتار چڑھاؤ دینا } (ہ) دھوکا دینا - دم جھانسا دینا -
اُتار چڑھاؤ بتانا }

اُتار لینا (ہ) نیچے لے آنا - توڑ ڈالنا - مٹا دینا -

اُتارنا (ہ) نیچے لانا - دریا سے پار کرنا - بدن سے علیحدہ کرنا - وارنا - قربان کرنا - نقل کرنا - کاٹنا - ٹھہرانا - جگہ دینا - کسی عضو کو اپنی جگہ سے دوسری جگہ کر دینا - داخل کرنا - گھسانا - قرض ادا کرنا - نگلنا - حلق سے نیچے کرنا - نازل کرنا - روزی پیدا کرنا - پکانا - گھٹانا - ذلیل کرنا -

اُتاق (ت / مذ) خیمہ - مکان -

اُتاقہ (ت / مث) طرّہ - کلغی -

اَتالیق (ت / مذ) ادیب - اُستاد - معلّم - سدھانے والا -

اَتالیقی (ت / مث) معلّمی - تعلیم و تربیت -

آتاول یا آتاولی (ہ / مث) جلدی - تیزی - شتابی -

آتاوُلا (ہ / مذ) جلدباز - تیز - شتابی کرنے والا -

آتاوُلا سو باوُلا (ہ - مقولہ) جلدباز - پاگل ہے - بے سوچے سمجھے جلدی کام کرنے والا - احمق - جلد بازی حماقت ہے -

اِتّباع (ع / مذ) پیروی کرنا - متابعت کرنا - تقلید کرنا -

اَتباع (ع / مذ) تابع کی جمع - پیروی کرنے والے -

اتّحاد (ع / مذ) دوستی - موافقت کرنا - محبت پیار - مطابقت - یکجہتی -

اتّحادی (ع / صف) حلیف -

اُتّر (ہ / مذ) مقابل - سمت - جواب (مث) شمال قطب شمالی کی سمت -

اتراب (ع / مث) کمسن - کنواری عورتیں -

اترا شحنہ مردک نام (ا - مثل) موقوف شدہ افسر کی عزت نہیں ہوتی - شحنہ یعنی کوتوال - اور مردک - کلمہ تحقیر - یعنی نفر - نوکری سے ہٹا ہوا کوتوال نفر کے نام سے پکارا جاتا ہے -

اُترا مال (ا - مذ) تجارتی مال جو وقت مقررہ گزرنے پر خراب قرار دے دیا گیا ہو -

اِترانا (ہ) غرور کرنا - اکڑنا - ناز کرنا - گھمنڈ کرنا -

اُتر آنا (ہ) نیچے آنا - آمادہ ہونا - تیار ہو جانا - تیر کر دریا کو عبور کرنا - کسی جگہ فروکش ہونا - مقام کرنا -

اتراق (ت / مث) عارضی قیام - پڑاؤ -

اُترائی (ہ / مث) نشیب - ڈھلان - دریا اور گھاٹ کا محصول - کشتی کا کرایہ - پہاڑ سے دیس میں آنے کا وقت (اکتوبر نومبر کا مہینہ)

اُترتی برسات (ہ / مث) نکلتی برسات - برسات کا گزرتا موسم - برسات کا آخر -

اُترتی ندی کنارے ڈھائے (ہ - مقولہ) ندی کا پانی طغیانی سے اُترتے وقت کناروں کی مٹی ساتھ بہا لے جاتا ہے - اپنا نقصان ہو جانے پر دوسروں کو بُرا بھلا کہنا - یا دوسروں کا نقصان کرنا -

اُترسوں (ہ) پرسوں سے اگلا روز - چوتھا دن - چوتھ - ماضی اور مستقبل دونوں کے لیے بولا جاتا ہے -

اُتر گئی لوئی تو کیا کرے گا کوئی (ہ - مثل) جس نے بے شرمی اختیار کر لی اُسے کسی کا کیا ڈر - بے لحاظ - ہمیشہ گستاخ ہو جاتا ہے - بے حیا کا کوئی کیا کر سکتا ہے -

اُترن (ہ / مث) اُترے ہوئے کپڑے - پرانا یا میلا لباس -

اُترن پُترن (ہ / مث) تحقیری الفاظ ہیں - پھٹے پُرانے کپڑے - میلا کچیلا لباس - پہنے ہوئے کپڑے -

اُترنا (ہ) اونچی جگہ سے نیچے آنا - لباس اور کپڑے کا بدن سے علیحدہ ہونا - گھٹنا - سستا ہونا - ذلیل و حقیر ہونا - قیام ہونا - ٹھہرنا - نازل ہونا - دریا سے پار ہونا - کٹ جانا - جُدا ہونا - پورا ہونا - معزول و موقوف ہونا - جوڑ اُکھڑنا - غائب ہونا - جاتا رہنا - جھکنا - ڈھلنا - بھول جانا - یاد نہ رہنا - گھٹنا - بے عزت ہونا - اُڑ جانا - مر جانا - فوت ہونا - پھیلنا - ٹوٹنا -

اُترنگ (ہ / مذ) وہ لکڑی جو دروازے میں اوپر کی طرف دہلیز کے مقابل لگاتے ہیں

اُتری (ا - مث) ساز کا وہ پردہ جس سے کسی شُر کی مدھم یا کومل آواز پیدا ہو -

اُتری ہوئی یا پوشش (ہ / مث) اُتری ہوئی جوتی - طلاق دی ہوئی عورت - نظر سے گری ہوئی چیز - بے حقیقت مرد یا عورت - حقیر و ذلیل چیز -

اُترہری (ہ / مث) شمالی ہوا - وہ ہوا جو شمال کی طرف سے چلتی ہے -

اِتّصاف (ع / مذ) توصیف - خوبی - وصف بیان کرنا -

اِتّصال (ع / مذ) ملنا - میل ملاپ - نزدیکی - ریلوں کا جنکشن - سنگم -

اِتّضاح (ع / مذ) روشن ہونا -

اِتّفاق (ع / مذ) موافقت کرنا - میل جول - ایکا - یکدلی - یک جہتی - نفاق کی ضد -

اِتّفاقاً یا اِتّفاقیہ (ع) یکایک - اچانک - ناگاہ - جس کا گمان نہ ہو -

اتّفاق رائے (ع) رائے کا مل جانا - ہم خیال - سب کا ایک ہی رائے رکھنا -

اِتّقا (ع / مذ) پرہیزگاری - خوفِ خدا - پاکبازی - گناہوں سے بچنا -

اِتقان (ع / مذ) استواری اور مضبوطی کرنا -

اَتقیٰ (ع / تفضیل) بہت بڑا متقی -

اَتقیا (ع / مذ) متقی کی جمع - پرہیزگار لوگ -

اِتّکا (ع / مذ) تکیہ - اعتماد - بھروسہ -

اِت کے نہ اُت کے بیچ کھائے کٹکے (ہ / مثل) نہ اِدھر کے نہ اُدھر کے - بیچ ہی میں ڈنڈے کھائے - ذلیل ہوئے -

اَنت گت (ہ) - (عورت) بے حد - بے انتہا -

اِتلاف (ع / مذ) ضائع کرنا - تلف کرنا -

اِتمامِ حجّت (ع) حجت کا پورا کرنا - جھگڑا مٹانا - فیصلہ کر دینا - آخری کوشش کرنا -

اَتم (ع) پورا پورا - کامل - بڑا کامل -

اُتّم (ہ) نہایت عمدہ - بہت اعلیٰ - بہت اچھی بات - شریف - خاندانی -

اُتم سے اُتم ملے اور ملے نیچ سے نیچ }
پانی سے پانی ملے اور ملے کیچ سے کیچ } (ہ / مثل) ہر چیز اپنی اصلی اور ہم جنسوں سے موافقت رکھتی ہے - اعلیٰ سے اعلیٰ کا ملنا - اور ادنیٰ سے ادنیٰ کا -

اَتمک (ت / مث) روئی -

اُتم گانا مدھم بجانا (ہ / مقولہ) گانا سب سے اعلیٰ اور بجانا اوسط درجہ -

اِتنا (ہ / مذ) اس قدر - اس درجہ - یہاں تک (قلت اور کثرت دونوں جگہ بولتے ہیں)

اُتنا (ہ / مذ) اُس قدر - اُس درجہ - وہاں تک -

اِتنا اُتنا (ہ / مذ) تھوڑا بہت - ذرا سا - بچا کھچا -

اِتنا سا منہ نکل آیا (ہ) لاغر اور دُبلا ہو گیا - ذرا سا مُنہ نکل آیا - شرمندہ ہو گیا -

اِتنا بھرا کہ چھلک گیا (ہ / مثل) اتنی رشوت لی کہ چھپنی مشکل ہو گئی - اتنا کھایا کہ ہضم نہ ہو سکا - اتنا نفع لیا کہ بدنام ہو گیا وغیرہ -

اُتنا سا (ا / ر - صفت) تھوڑا سا - ذرا سا - چھوٹا سا -

اُتنا سارا (ا / ر - صفت) بہت سا - بہت زیادہ -

اِتنا سا فتنہ اتنی سی فتنی (ہ) چھوٹا سا مکار بچہ - ذرا سی بات سے جھگڑا کتنا بڑھ گیا - فساد بڑھانے والی ذرا سی بات -

اِتنی (ہ) اِتنا کی مؤنث -

اِتنی سی جان سوا گز کی زبان (ہ - مثل) چھوٹا مُنہ بڑی بات - اپنی بساط اور حیثیت سے بڑھ کر بات کہنا -

اِتنے سے اُتنا ہونا (ہ - محاورہ) چھوٹے سے بڑا ہونا - بچے سے جوان یا غریب سے امیر ہونا - چھوٹے درجے سے بڑے درجے پر پہنچ جانا - ترقی کرنا -

اتنے کی بڑھیا نہیں جتنے کا لہنگا پھٹ گیا }
اتنے کی کمائی نہیں جتنے کا لہنگا پھٹ گیا } (ہ - مثل) اتنے کا فائدہ نہیں ہوا جتنے کا نقصان ہو گیا - فائدے کی نسبت نقصان زیادہ ہو گیا -

اتنی ہی تھی یا اتنی ہی لکھی تھی (ہ - مثل) اتنی ہی عمر تھی - زندگی اتنی ہی لکھی تھی - صبر سے کام لو -

اُتو (ت / مذ) (اصل میں بلا تشدید تھا) کپڑوں پر نقش و نگار کرنے کا آلہ - ٹھپّا (مجازاً) نقش و نگار - باریک کشیدہ -

اِتوار (ہ / مذ) اصل میں آیت وار یعنی سورج کا دن - سورج سے منسوب ہونے کے باعث یہ نام ہو گیا - یکشنبہ -

اُتو کرنا (ہ) کپڑے پر نقش و نگار کرنا - مار مار کر کھال اُتار دینا - زخمی کر دینا - نشے میں بدحواس کرنا - مست و بے خود کر دینا - قمچی سے مار مار کر جسم پر نشان کر دینا -

اِتہاب (ع / مذ) بخشش قبول کرنا - ہبہ کرنا -

اتھاہ (ہ) بے تھاہ - بے پایاں - بہت گہرا -

اتہام (ع / مذ) تہمت دینا - الزام لگانا - بہتان - بہتان جڑنا -

اتہامی (ع / صف) بے بنیاد اور غلط -

اتھاہ (ا / ر - صفت) جس کی تہہ نہ ہو - بہت گہرا -

اتھک (ہ) نہ تھکنے والا - سخت - جفاکش - بڑا محنتی -

اُتھل پتھل کرنا (ہ) زیر و زبر کرنا - اُلٹ پلٹ کر دینا - اوپر نیچے کرنا -

اُتھلا (ہ / مذ) اُبھرواں بدن - اُبھرا ہوا -

ا - ٹ

اٹاری (ہ / مث) بالاخانہ - چوبارہ - بلند مکان (مذ) لاہور اور امرتسر کے عین درمیان ایک گاؤں کا نام ہے - جہاں کا سردار شام سنگھ - مہاراجہ رنجیت سنگھ والی لاہور کا خسر تھا - اس مقام پر پاکستان اور ہندوستان کی حد ملتی ہے -

اٹال یا اٹالا (ہ) پہلا مؤنث دوسرا مذکر) ڈھیر - تودہ - نکما اور ناکارہ اسباب - ایندھن کا ڈھیر - گھر کا اسباب - کاٹ کباڑ -

اٹانا (ہ) بھرنا - (میل کچیل گرد و غبار سے) میلا کرنا - گرد آلود ہونا -

اٹاوا (ہ / مذ) (۱) گنگا کے کنارے ایک مشہور شہر ہے - (۲) کینیڈا کا دارالحکومت - یہاں عمارتی لکڑی چیرنے کے کارخانے ہیں

اٹاٹٹ (ہ) بھرپور - بھرا ہوا - لبالب - پُر -

اَٹ سٹ (ہ / مث) سازش - جوڑ بیل - عورت مرد کی دوستی - بے فائدہ شغل - رازداری -

اَٹ سٹ ہونا یا لڑنا (ہ) آشنائی ہونا - رازداری کرنا - سازش ہونا -

اُٹک (ہ / مث) روک - رکاوٹ - جھجک - پرہیز - بچاؤ - مزاحمت -

اَٹک (ہ / مذ) پنجاب کا مشہور دریا جسے سندھ بھی کہتے ہیں - ایک شہر جہاں مضبوط قلعہ بھی ہے -

اٹکانا (ہ) روکنا - تھامنا - اُلجھانا (عورت) ذرا کی ذرا کسی زیور یا کپڑے کو پہننا - سرسری طور پر دیکھنا - لگانا - مشغول کرنا - تعلق کرانا -

اٹکاؤ (ہ / مذ) دیر - روک تھام - التوا - بندھن -

اٹکری (ا / ر - مث) کنکر - کنکری -

اٹکلیس (ہ) جلد باز - اوٹ پٹانگ - واہیات - بے قاعدہ - بیہودہ -

اٹکل (ہ / مث) اندازہ - قیاس - تمیز - سلیقہ - تاڑ - جانچ -

اٹکل باز (ہ / مذ) تاڑنے والا - بھانپ جانے والا - جانچ لینے والا -

اٹکل پچو (ہ / مذ) وہمی بات - بے تکی بات - اندازے سے - بے سوچی سمجھی بات -

اٹکل پچو غیر مقرر (ہ - محاورہ) خیالی بات - اوٹ پٹانگ بات - ایسی بات جس میں درستی کا نام و نشان بھی نہ ہو - فضول اور لغویات -

اَٹکلنا (ہ) جانچنا۔ پرکھنا۔ تاڑ لینا۔ اندازہ کرنا۔ پہچان کرنا۔
اَٹکنا (ہ) رُکنا۔ ٹھہرنا۔ بند ہونا۔ اڑ جانا۔ پھنسنا۔ غیر مرد یا عورت سے آشنائی ہونا۔ لڑنا۔ جھگڑنا۔ رُک رُک کر بولنا۔
اٹکنا مٹکنا (ا د۔ محاورہ) ناز نخرے کرنا۔
اٹکو / مٹکو (ا د۔ صف) ناز نخرے کرنے والی۔
اٹکھیل (ہ/ مذ) بڑا چالاک۔ شوخ۔ سرکش۔ ہوشیار۔
اٹکھیلی (ہ/ مث) معشوق کی مستانہ چال۔ خرام ناز۔ شوخ چال۔ دل لگی۔
اٹکھیلیاں (ہ/ مث) اٹکھیلی کی جمع۔ کھلاڑیاں۔ مذاق۔ تمسخر۔ شوخ چال۔
اٹکھیلیوں سے چلنا (ہ) ناز سے چلنا۔ اترا کر چلنا۔ مٹک مٹک کر چلنا۔
اٹکھیلیاں کرنا (ہ) ناز نخرے کرنا۔
اَٹل (ہ/ مذ) نہ ٹلنے والا۔ اپنی جگہ یا بات سے نہ ہٹنے والا۔ ضروری اور لابدی۔
اِٹلی (انگریزی / مذ) یہ ملک بحیرۂ روم میں ایک جزیرہ نما ہے جس کے شمالی میدان میں دریا نے پو بہتا ہے۔ جنوب میں جزیرہ سسلی اور دیگر جزائر ہیں۔ میدانی حصہ بھی زرخیز ہے۔ رُوم دار الحکومت ہے۔ پاپائے رُوم بھی یہیں رہتا ہے۔ ریشم کا کام خوب بنتا ہے۔
اٹلس (انگ۔ مذ) (ATLAS) کسی ملک یا شہر وغیرہ کے نقشوں کا مجموعہ جس میں زمین کے حدود و مقامات خطوط اور رنگوں کے ذریعہ ظاہر کیے جاتے ہیں۔
اُٹم (ہ/ مذ) تودہ۔ ڈھیر۔ انبار۔
اَٹنا (ہ) گرد سے بھرنا۔ غبار آلود ہونا۔ پُر ہونا۔ جمع ہونا۔ بھر جانا۔
اُٹنگا (ہ/ مذ) ٹخنوں سے اُونچا۔ (بد وضع کپڑا۔ بالخصوص اُونچا پاجامہ)
اٹنگن (ہ/ مذ) ایک خار دار درخت جس کا بیج دواؤں میں کام آتا ہے۔
اٹوانی کھٹوانی لے کر پڑنا (ہ) رنج و غم میں الگ پڑا رہنا۔ غصے میں سوگواروں کی سی حالت بنانا۔ کسی فکر کے باعث علیحدگی میں پڑ رہنا۔ (مجازاً) عورتوں کا مکر و فریب سے سوگواری شکل بنانا۔ اور پلنگ پر لیٹ رہنا۔
اَٹوک (ہ/ مذ) بے روک ٹوک۔ بے شبہ۔ بلا شک۔ لگاتار۔
اُٹھا دینا (ہ) کسی جگہ سے باہر نکال دینا۔ دیوار چُن دینا۔ بوجھ اُونچا کرنا۔ کسی کام کو چھوڑ بیٹھنا۔ خرچ یا صرف میں لے آنا۔
اُٹھا رکھنا (ہ) سنبھال چھوڑنا۔ بچا رکھنا۔ ملتوی کرنا۔ کسی وقت پر موقوف رکھنا۔ منحصر رکھنا۔
اٹھارہ (ہ/ مذ) دس اور آٹھ۔ ۱۸، 18۔
اٹھاسی (ہ/ مذ) اَسّی اور آٹھ۔ ۸۸، 88
اُٹھا لانا (ہ) خرید لانا۔ بیٹھے ہوئے کو بُلا لانا۔ لے آنا۔

اُٹھا مارنا (ہ) پچھاڑنا۔ دے پٹکنا۔ کوئی چیز اُٹھا کر کسی کو دے مارنا۔ دُور بھیج دینا۔
اُٹھان (ہ/ مث) آغاز۔ شروع۔ بڑھاؤ۔ بالیدگی۔ اُبھار۔ قوت نامیہ۔ صرف و خرچ۔
اُٹھانا (ہ) کسی چیز کا اُوپر کرنا۔ اُونچا کرنا۔ سہارا دینا۔ شروع کرنا۔ پرندے کا دانہ چُگنا۔ مکان یا دیوار وغیرہ کا بنانا۔ کسی کو اپنا کرنا۔ تحریک دینا۔ اُبھارنا۔ ترقی دینا۔ مٹانا۔ سیاہی یا پانی وغیرہ کو جذب کرنا۔ دے دینا۔ خرچ کر ڈالنا۔ چرا لینا۔ نکالنا۔ برداشت کرنا۔ جھیلنا۔ چھوڑ دینا۔ باقی رکھنا۔ ملتوی کرنا۔ منحصر رکھنا۔ موقوف کرنا۔ بڑھنا۔ بڑھانا۔ جگانا۔ بیدار کرنا وغیرہ۔
اٹھانوے (ہ/ مذ) نوے اور آٹھ ۹۸، 98
اُٹھاؤ میرا اُنگنا میں گھر سنبھالوں اپنا (ہ۔ مثل) اُس عورت کے لیے طنزاً بولتے ہیں جو شادی ہوتے ہی خاوند کو لے کر ساس نند سے الگ ہو جائے۔ اور اپنے گھر کا انتظام خود کرنے لگے۔ بکنا۔ گھونگٹ۔ مقنع سے بگڑا ہوا۔
اٹھاون (ہ/ مذ) پچاس اور آٹھ۔ ۵۸، 58
اُٹھائی جائے نہ دھری جائے (ا د۔ مثل) دشوار اور زچ کرنے والی بات جو برداشت نہ کی جا سکے۔
اُٹھائی گیرا (ہ/ مذ) اُچکا۔ چور۔ بدمعاش۔ آنکھ بچا کر بازار سے چیز چُرانے والا۔
اٹھائیس (ہ/ مذ) بیس اور آٹھ۔ ۲۸، 28۔
اُٹھ بیٹھ (ہ) جاگ اُٹھ (مث) جلد جلد اُٹھنا۔ بیٹھنا۔ بے چینی۔ اضطراب۔ ایک سزا بھی ہے جو شاگردوں کو دی جاتی ہے۔ ایک ورزش بھی ہے جسے اُٹھک بیٹھک بھی کہتے ہیں۔
اُٹھ بیٹھنا (ہ) جاگ اُٹھنا۔ بیدار ہونا۔ بیماری سے شفا پانا۔ تندرست ہونا۔
اُٹھ پہری (ہ/ مذ / مث) سست مرد یا عورت۔ دیر میں کام کرنے والا۔ کبھی اس کے برعکس۔ نہایت چالاک۔ اور ہر وقت کام پر تیار رہنے والے کو بھی کہتے ہیں۔ کھیتوں کا محافظ۔ اور نگہبان۔
اُٹھتے بیٹھتے (ہ) سہارا لے کر۔ دم لے لے کر۔ آہستہ آہستہ۔ سہج سہج۔ رفتہ رفتہ۔
اُٹھتی بیٹھ آٹھویں دن (ا د۔ مثل) کام کا وقت ہاتھ سے نہ دینا۔ ورنہ پھر مشکل سے موقع ملے گا۔
اُٹھتی جوانی (ہ/ مث) آغاز شباب۔ جوانی کا شروع۔ نوجوانی۔
اُٹھتے جوتی بیٹھتے لات (ہ۔ محاورہ) ہر وقت مارتے رہنا۔ ہر دم مار پیٹ۔ نہایت ذلیل و حقیر رکھنا۔
اُٹھتی کونپل (ہ/ مث) نوجوان۔ آغاز شباب۔ نوعمر۔ نوخیز۔ وہ کونپل جو ابھی نکلی ہو۔
اُٹھ جانا (ہ) چلا جانا۔ رخصت ہونا۔ مر جانا۔ فوت ہو جانا۔ خرچ ہو

جانا۔ حکومت کا بدل جانا۔ رسم کا موقوف ہوجانا۔

اٹھرا (ہ/ مذ) ایک بیماری جو عورتوں کو ہوتی ہے۔ بچہ آٹھویں مہینے میں پیدا ہوجاتا ہے۔ اور یہ اکثر زندہ نہیں رہتا۔ یا حمل گر جاتا ہے۔

اُٹھ کھڑا ہونا (ہ) چلنے کو تیار ہوجانا۔ فتنہ وغیرہ پیدا ہوجانا۔ صحتیاب ہونا۔ بیماری سے صحت پانا۔ مرتے مرتے بچ جانا۔

اٹھلا کے چلنا (ا ر۔ محاورہ) نخرے سے چلنا۔

اٹھلانا (ہ) ناز و انداز سے چلنا۔ مٹک مٹک کر معشوقانہ نخرے سے چلنا۔ شوخی کرنا۔ اترانا۔

اٹھلائیاں کرنا (ا ر۔ محاورہ) شوخی دکھلانا۔

اٹھمالری (ہ/ مذ) آٹھ گولیوں کا طمنچہ۔

اٹھ ماشی (ہ/ مث) پونڈ۔ پندرہ روپے قیمت کا سونے کا سکہ جو آٹھ ماشہ وزن میں ہوتا ہے۔ انگریزی پونڈ۔

اٹھنی (ہ/ مث) آٹھ آنے کا سکہ۔ آدھا روپیہ۔

اُٹھنا (ہ) اُٹھانا کا لازم۔ کھڑا ہونا۔ اُونچا ہونا۔ بلند ہونا۔ پیدا ہونا۔ چلنا۔ جانا۔ مرنا۔ فوت ہونا۔ مٹنا۔ زائل ہونا۔ ملتوی ہونا۔ رہ جانا۔ ترک ہونا۔ چوری ہونا۔ جاتے رہنا۔ اُڑنا۔ اُبھرنا۔ آگے بڑھنا۔ جاگنا۔ بیدار ہونا۔ ٹھیک ہونا۔ تندرست ہونا۔ خمیر کا پھولنا۔ ترش ہونا۔ کام کا ختم ہوجانا۔ پیدا ہونا۔ دب جانا۔ بکنا۔ بکنا۔ برپا ہونا وغیرہ۔

اُٹھی بیٹھ آٹھویں دن (ہ۔ مثل) موقع گنوا کر دیر تک انتظار کرنا پڑتا ہے۔ وقت ضائع کرکے پھر کبھی جا کر شاید موقع ہوتا ہے۔

اٹھوارہ (ہ/ مذ) آٹھ دن کا عرصہ۔ ایک دن سے لے کر پھر اُسی دن تک کا وقت۔

اٹھوانس (ہ/ مذ) ہشت پہلو۔ وہ چیز جس کے آٹھ کونے ہوں۔

اٹھوانسا (ہ/ مذ)۔ (اصل میں آٹھ ماسا تھا) وہ بچہ جو آٹھ ماہ کے بعد پیدا ہو۔ حملے والے آٹھویں مہینے زچہ کے ناخن ترانشنے کی رسم کو کہتے ہیں۔

اَٹّی (ہ/ مث) سُوت کی اٹیا۔ اٹیرن پر لپٹا ہوا سوت۔ اَنٹی۔

اٹیرن (ہ/ مذ) سُوت کی اَنٹی بنانے کی اس شکل ⌶ کی لکڑی۔ چرخی۔ کشتی کا ایک داؤ۔ چکر۔ لاغری۔

اٹیرن پھیرنا (ہ) گھوڑے کو خاص طریق سے کاوا دینا۔

اٹیرن کر دینا (ہ) کشتی کے ایسے داؤ پیچ کرنا۔ کہ حریف چکرا جائے۔ دم نہ لینے دینا۔

اٹیرن ہونا (ا ر۔ محاورہ) بہت دُبلا ہونا۔ ہڈیاں نکل آنا۔

اٹیرنا (ہ) سُوت لپیٹنا۔ اٹیرن کے ذریعے سے سُوت کی انٹیاں بنانا۔

اٹیک (ہ/ مذ) (الف حرفِ نفی۔ ٹیک۔ سہارا)۔ بے سہارا۔

ا۔ ث

اثاث۔ اثاثہ۔ اثاث البیت (ع/ مذ) گھر کا اسباب۔ سامانِ خانہ داری جمع کیا ہوا۔ جوڑا ہوا سرمایہ۔ اٹالا۔

اِثبات (ع/ مذ) ثابت کرنا۔ ثبوت دینا۔ دعویٰ جمانا۔ (نفی کی ضد)

اثبات کو پہنچانا (ا ر۔ محاورہ) ثبوت فراہم کرنا۔

اَثر (ع/ مذ) نشان۔ کھوج۔ پاؤں کا نشان۔ تاثیر۔ نتیجہ۔ سایہ۔ پرچھائیں۔ سید محمد میر کا تخلص۔ جو خواجہ میر درد کے چھوٹے بھائی تھے۔ ان کی تصنیف سے مثنوی اثر مشہور کتاب ہے۔

اثر پذیر (ف) اثر قبول کرنے والا۔

اَثقال (ع/ مذ) ثقل کی جمع۔ بوجھ۔ وزن۔

اَثل (ع/ مذ) جھاؤ کا درخت۔

اِثم (ع/ مذ) گناہ۔ خطا۔ قصور۔ جُرم۔

اَثمار (ع/ مذ) ثمر کی جمع۔ پھل۔

اِثمد (ع/ مذ) ایک قسم کا پتھر جس سے سُرمہ تیار کیا جاتا ہے۔

اَثنا (ع) ثنائ کی جمع۔ درمیان۔ بیچ۔ دوران۔

اِثنا (ع) دو۔

اِثنا عشر (ع) بارہ۔ اصطلاح میں بارہ اماموں سے مُراد ہے۔

اِثنا عشری} اِثنا عشر} (ع/ مذ) بارہ اماموں کو ماننے والا گروہ۔ شیعہ لوگ۔ امامیہ مذہب والے۔

اَثیر (ع/ مذ) بلند۔ اُونچا۔ عالی۔ مُراد آسمان۔

اَثیم (ع) گنہگار۔ مجرم۔ خطادار۔

ا۔ ج

اجابت (ع/ مث) قبولیت۔ رفع حاجت۔ پاخانہ خارج ہونا۔

اجارت (ع/ مث) پناہ دینا۔ کسی کو رہا کرانا۔

اجارہ (ع/ مذ) ٹھیکہ۔ کرایہ (امانی کی ضد) زبردستی۔ زور۔ قبضہ۔ حکومت۔

اجات (ہ/ مذ) جس کی کوئی ذات نہ ہو۔

اجارہ دار (ف/ مذ) ٹھیکہ دار۔ دعویدار۔ حاکم۔

اُجاڑ (ہ/ مذ) غیر آباد۔ ویرانہ۔ خرابہ۔ کھنڈر۔ (آباد کی ضد)

اُجاڑنا (ہ) ویران کرنا۔ ڈھا دینا۔ اینٹ سے اینٹ بجانا۔ برباد کرنا۔

اُجاڑو (ہ/ مذ) اُجاڑنے والا۔ کھاؤ اُڑاؤ۔ ویران کرنے والا۔ برباد کرنے والا۔

اجازت (ع/ مث) منظوری۔ رُخصت۔ حکم۔ ارشاد۔ پروانگی۔

اجاگر (ہ/ مذ) روشن۔ مشہور۔ ظاہر۔ کھُلا ہوا۔

اُجالا (ہ/ مذ) روشنی۔ چمک۔ نور کا تڑکا۔ چاندنی۔ رونق۔

اجالا ہونا (ہ) روشنی ہونا۔ دن نکلنا۔ لُٹ جانا۔ کچھ باقی نہ رہنا۔

اُجالنا (ہ) چمکانا۔ جلا کرنا۔ زیور سے میل دُور کرنا۔ نکھارنا۔

اُجالے کا تارا (ہ/ مذ) صبح کا تارا۔ زہرہ۔

اجانب (ع/مذ) اجنبی کی جمع - پردیسی - غیر - بیگانے -
اجتماع (ع/مذ) اکٹھ - جماؤ - جمع ہونا - اکٹھا ہونا - نجومیوں کی اصطلاح میں سورج اور چاند کا ایک ہی وقت میں ایک ہی برج میں جمع ہونا -
اجتماع ضدین (ع/مذ) دو مخالف چیزوں کا ایک جگہ جمع ہونا - ناممکن بات کا ممکن ہونا -
اجتماع نیرین (ع/مذ) شمس و قمر کا ایک منزل میں یکجا ہونا -
اجتناب (ع/مذ) پہلو بچانا - بچاؤ - کنارہ کشی - پرہیز - علیحدگی -
اجتہاد (ع/مذ) جدوجہد کرنا - کوشش کرنا - بڑے غور سے مسائل دینی نکالنا -
اَجداد (ع/مذ) - (جد کی جمع) دادے پردادے وغیرہ - اُوپر کی پشتیں - بزرگ -
اُجدع (ع/مذ) نکٹا بوچا -
اُجَڈ (ہ/مذ) بے وقوف - گنوار - جاہل مطلق - بے سمجھ - نادان -
اَجر (ع/مذ) بدلہ نیک کام کا عوض - ثواب - اُجرت - انعام -
اِجراء (ع/مذ) جاری کرنا - شروع کرنا - کام چلانا -
اِجرام (ع/مذ) گناہ کرنا -
اَجرام (ع/مذ) جرم (جسم) کی جمع، بدن - ستارے اور سیارے -
اُجرت (ع/مث) مزدوری - کام کا معاوضہ - بدلہ -
اُجرتی (ع/صف) اُجرت پر کام کرنے والا - مزدور -
اُجڑا (ہ/مذ) اُجڑا ہوا - ویرانہ - غیر آباد - کھنڈر - خانہ خراب -
اُجڑا پُجڑا (ہ/مذ) لُٹا پِٹا - برباد شدہ -
اُجڑنا (ہ) تباہ ہونا - برباد ہونا - ویران ہونا - غارت ہونا - مٹ جانا - گھر یا بستی کا برباد ہو جانا - خانہ خرابی -
اُجڑے گاؤں سے ناتا کیا (ا ر - مثل) جس چیز کو چھوڑ دیا اس سے کیا واسطہ -
اُجڑی نگری سُتّا دیش (ہ) برباد گھر - خالی شہر - بے آباد گاؤں -
اجـزاء (ع/مذ) - (جزو کی جمع) حصے - ٹکڑے -
اُجس (ہ/مذ) بے ہنر - بے جوہر - بدنام -
اجساد (ع/مذ) - (جسد کی جمع) جسم - بدن - ڈیل -
اَجسام (ع/مذ) - (جسم کی جمع) تن - بدن -
اَجش (ع/مذ) سخت آواز والا مرد -
اجگر (ہ/مذ) وہ سانپ جو بھاری اور وزنی ہونے کی وجہ سے حرکت نہ کر سکتا ہو - مشہور ہے کہ یہ بکری وغیرہ کو سانس کے زور سے کھینچ کر منہ میں ڈال کر نگل جاتا ہے - اژدہا - بہت بڑا سانپ (مجازاً) بہت بھاری - وزنی -
اَجَلْ (ع/مث) لغوی معنی مہلت اور وقت - عمر ختم ہونے کا عرصہ - (مجازاً) موت - مرگ - قضا -

اجل رسیدہ یا اجل گرفتہ (ف/مذ) وہ شخص جس کی موت آئی ہو - موت کے پنجے میں آیا ہوا -
اُجلا (ہ/مذ) صاف - سفید - روشن - چمکیلا - نرمل - چٹا - براق -
اُجلاپن (ہ/مذ) صفائی - سفیدی - روشنی - چمک - رونق -
اُجلا کام (ا ر - مذ) صاف کام جس میں کسی قسم کی بدنظمی نہ ہو -
اِجلاس (ع/مذ) بٹھانا (مجازاً) دربار یا کچہری - حاکموں کی نشستگاہ جہاں بیٹھ کر مقدمات کا فیصلہ کرتے ہیں -
اُجلا منہ ہونا (ہ) سرخرو ہونا - الزام سے بری ہونا - آبرو بچنا - قرض سے فارغ ہونا - کسی کی امانت ادا کر چکنا -
اجلاف (ع/مذ) - (جلف کی جمع) کمینے - رذیل - چھوٹے طبقے کے آدمی - گھٹیل - شودر -
اجلاف پن (ع/مذ) کمینگی - رذالت -
اجل کا صدمہ پہنچنا (ا) مرجانا - کسی عزیز کے مرنے سے غم آنا - جو ناقابل برداشت ہو -
اِجلال (ع/مذ) بزرگی - شان و شوکت - جاہ و جلال عظمت شان -
اُجَلنا (ہ) صاف ہونا - روشن ہونا - چمکنا - با رونق ہونا -
اُجلی (ہ/مث) صاف - سفید - روشن (عورت) دھوبن -
اُجلی سمجھ (ہ/مث) بہت جلد بات کی تہ تک پہنچنے والی عقل عقل رسا - عمدہ سمجھ - نہایت ذہین - ذکی اور فہیم -
اُجلی طبیعت (ا/مث) صاف طبیعت - سلجھی ہوئی طبیعت - جس کی ہر بات عمدہ اور دانائی کے ساتھ ہو - طبع رسا -
اُجلی گزران (ا/مث) امیرانہ گزران - خوش گزران - سفید پوشی - کھانا اور لباس اچھا ہونا - دولت مندی میں بسر کرنا -
اِجماع (ع/مذ) جمع ہونا - کسی بات پر متفق ہونا - اکٹھا ہونا -
اِجمال (ع/مذ) گول مول بات کرنا - گفتگو کرنا - ایسا بیان جو مفصل نہ ہو - دقیق اور مختصر بات -
اجمعین (ع/مذ) سب کے سب -
اجمیر (ہ/مذ) ہندوستان میں علاقہ راجپوتانہ کا صدر مقام - یہاں حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کی درگاہ اور ہندوؤں کا تیرتھ ہے - جسے پشکر کہتے ہیں -
اَجناس (ع/مذ) جنس کی جمع - چیزیں - اشیاء - قسمیں - انواع -
اَجنبی (ع/مذ) غیر شخص - ناواقف - پردیسی - وہ آدمی جسے جانتے نہ ہوں -
اجنبیت (ع/مث) بیگانگی - ناواقفیت -
اُجنٹ (ا/مذ) وہ شخص جو کسی سوداگر یا سرکار کی طرف سے
ایجنٹ (انگریزی) } کسی کام پر مقرر ہو - گماشتہ - مختار - وکیل -
اُجنٹی } (ا/مث) ایجنٹ کا کام - اجارہ - ٹھیکہ - ایجنٹ کا دفتر -
ایجنٹی } ایجنٹ کا محکمہ -

اجوائن (ہ/مث) ایک مشہور دوا - جو دردِ شکم کو نافع ہے - یہ تین قسم کی ہوتی ہے - دیسی اجوائن - اڑب اجوائن - خراسانی اجوائن -

اجوت (ہ/مذ) تاریکی - اندھیرا -

اجودھیا (ہ/مذ) علاقہ اودھ کے مشہور شہر فیض آباد کا دوسرا نام۔ یہ مقام راجہ رام چندر جی کی جائے پیدائش اور ہندوؤں کا بڑا بھاری تیرتھ ہے - یہ شہر رام چندر جی کے والد راجہ جسرتھ کی راجدھانی تھا - یہاں بہت سے مندر بنے ہوئے ہیں - اور بندر بکثرت پائے جاتے ہیں -

اُجُورہ (ع/مذ) اُجرت - مُزد - مزدوری - کرایہ - بھاڑا - کام کا معاوضہ -

اجوڑا (ہ/مذ) بے جوڑ - لاثانی - بے نظیر - جس کا جوڑ نہ ہو - نایاب -

اَجْہل (ع/مذ) بہت ہی جاہل - نہایت اُجڈ - پرلے درجے کا بے وقوف -

اجھینا لگانا (ہ) چولھے میں اُپلوں کو خاص طریقے سے لگانا - جس سے آگ بخوبی جل سکے -

اجیالے اندھیالے (ار - متعلق فعل) اندھیرے اُجالے -

اَجِیت (ہ/مذ) بن جیتا - غیر مفتوحہ - وہ ملک جسے کوئی فتح نہ کر سکے - ناقابل فتح - نہایت زبردست - بہت طاقتور -

اَجِیر (ع/مذ) اُجرت پر کام کرنے والا - مزدور - محنتی - (پ) داڑھی دار -

اَجِیرن (ہ/مذ) وہ کھانا جو ہضم نہ ہو - ان پچ - ناپسند - ناگوار - دوبھر - بارِ خاطر - پہاڑ - طویل - ناقص -

اَجِیرن ہونا (ہ) ناگوار ہونا - پسند نہ ہونا - نہایت مشکل ہونا - دوبھر ہونا - ناموافق طبع ہونا - ناقص ہونا -

اَجِیو (ہ/مذ) بے جان - بے رُوح -

ا - چ

اچاپت (ہ/مذ) سامانِ خورد و نوش کا کسی دُکان دار کے پاس سے اُدھار لینا -

اچاپت اٹھانا (ہ) دکان دار سے اُدھار لانا - سودا اُدھار خریدنا -

اُچاٹ (ہ) دل برداشتہ - اُداس - اُکھڑا ہوا - اُکتایا ہوا -

اچانچک (عوام/ہ) اچانک - دفعتہً - یکایک - بے خبری میں - ناگاہ - ناگہاں -

اُچاٹن (ہ/مث) دل برداشتگی - بیزاری - اُداسی - تقسیم -

اُچاٹنا (ہ) بانٹنا - تقسیم کرنا - الگ الگ کرنا - علیحدہ کر دینا -

اُچار (ہ) دستور - قاعدہ - آئین - طریقہ - ڈھنگ - تلفظ -

اَچار (ہ/مذ) آم وغیرہ کوئی پھل جو مسالے یا کسی رس یا عرق میں ڈال کر کھٹا کر لیا گیا ہو -

اَچار ڈالنا (ہ) اچار بنانا - کسی چیز کو دیر تک اپنے پاس رکھ کر خراب کرنا -

اَچار نکالنا (ار - محاورہ) بھرکس نکالنا - کچومر نکالنا -

اَچار ہو جانا (ار - محاورہ) بُری گت بننا -

اچارج (س/مذ) مُرشد - اُستاد - اعلیٰ درجے کا عالم و فاضل - ہندوؤں میں مُردوں کی کریا کرم کرانے والا - مہا برہمن - ذان پُن اور کریا کرم کا مال لینے والا برہمن -

اُچان (ہ/مث) بلندی - اُونچائی -

اُچپل } (ہ/مذ) بے چین - چُلبلا - وہ شخص جو چُلبلا نہ رہ سکے - شوخ -
اُچپلا } طرّار - چالاک - شریر - چنچل -

اُچپلاہٹ (ہ/مث) بے چینی - بے قراری - شوخی - چالاکی -

اُچٹ جانا (ہ) اپنی جگہ سے اُچھل جانا - چھٹ جانا - بدک جانا - بہک جانا -

اُچٹنا (ہ) اُچھلنا - چھٹنا - الگ ہونا - برداشتہ ہونا - بکھرنا - اُکھڑنا - بدلنا - اُڑنا - جاتا رہنا - ہاتھ بہکنا - نشانہ نہ لگنا -

اَچر (ہ/مذ) بے جان - غیر متحرک - نہ ہلنے والا - ایسی چیز جو ادھر اُدھر نہ رکھ سکیں - غیر منقولہ -

اُچرنا (ہ) بولنا - کلام کرنا -

اَچرج (ہ/مذ) اچنبھا - تعجب - حیرانی - حیرت -

اُچک (ہ/مث) کود - چھلانگ - اُچھل - جھپٹا -

اُچکا (ہ/مذ) اُچک لینے والا - اُٹھائی گیرا - جیب کترا - بدمعاش - چور -

اُچک جانا (ہ) کود جانا - چھلانگ مارنا - اُچھل جانا - اُچھل پڑنا -

اُچکاپن (ہ/مذ) چوری - بدمعاشی - شرارت -

اُچک دم (ار - مث) اُچھل کود -

اچکن (ہ/مث) چُست اور گھٹنوں والا انگا -

اُچکنا (ہ) کودنا - اُبھرنا - اُچھلنا - لپکنا - اُوپر ہی اُوپر سے لے لینا - چھین لینا - لے اُڑنا - لے بھاگنا -

اُچک لے جانا (ہ) اُڑا لے جانا - بھگا لے جانا - جھپٹا مار کر لے جانا -

اَچکل (ار - صف) بے نظیر - بے مثال -

اچنبھا (ہ/مذ) حیرانی - حیرت - عجب کام -

اچنت (ہ) - (الف - بغیر - نہ - چنت - چنتا - یعنی فکر) بے فکر - بے پروا - جلد باز -

اچنتا (ہ/مث) بے فکری - بے پروائی -

اَچنچل (ہ/مث) قائم - ثابت - مقرّر - جو چالاک نہ ہو - (الف اس میں بھی نافیہ ہے)

اَچُوک (ہ) نہ چوکنے والا - بے خطا نشانہ - بے قصور - وہ آدمی جس سے کوئی قصور نہ ہو - پاک - معصوم -

اِچھا (ہ / مث) مرضی - آرزو - خواہش - تمنا -

اچھا (ہ / مذ) - (بُرا کی ضد) بھلا - نیک - عمدہ - خوب - تندرست - بہتر - بے عیب - کھرا - مبارک (کلمہ ایجاب) - ہاں - منظور ہے - خوشگوار - مزیدار - خلیق - خوش خُلق - موافق - خیر - (طنزاً) بُرا - نامناسب -

اَچھا بھلا / اچھا خاصا (ہ / مذ) اسم صفت - بھلا چنگا - صحیح سالم - تندرست - بہت ٹھیک - درست -

اچھا رہنا (ہ) حسب منشا کام بن جانا - تندرست رہنا - ٹھیک رہنا -

اچھا کرنا (ہ) تندرست کرنا - راضی کرنا - نیکی کرنا - عمدہ کام کرنا - بھلا کرنا - خوب کرنا - کام صفائی سے کرنا -

اچھا لگنا (ا د - محاورہ) بھلا معلوم ہونا -

اچھا نہ ہوگا (ا د - روزمرہ) سزا ملے گی - بُرا سلوک کیا جائے گا -

اُچھالا (ہ / مذ) لکڑی کے زینے کو چھت سے باندھنے کی رسّی - باڑھ - غرق شدہ کو پانی کا اُوپر اٹھا دینا - اُبال - جوش -

اُچھال چھکّا (ہ / مث) شوخ - بدکار - فاحشہ عورت -

اُچھل اُچھل پڑنا (ہ) اُچھل پڑنا کی نسبت زیادہ مبالغہ -

اچھا لگنا (ہ) گوارا ہونا - بھلا معلوم ہونا - مزیدار لگنا -

اُچھالنا (ہ) کسی چیز کو اُوپر پھینکنا - اُبھارنا - اُوپر کرنا -

اچھا ہونا (ہ) مرض سے شفا پانا - تندرست ہونا - بے روگ ہونا - نیک ہونا -

اَچھُت (ہ) بے چھوئی چیز - تصرف میں نہ آئی ہوئی چیز -

اَچھر (ہ / مذ) اَنچھر - حرف - انک - لفظ - کلمہ - بول -

اَچھرس (ہ / مذ) گنّے کا رس - (اُچھ - گنا - رس - پانی)

اَچھل (ہ / صف) شفاف - ستھرا -

اُچھلنا (ہ) اُوپر اٹھنا - کودنا - اُڑنا - پھولنا - کسی چیز کا تیزی سے نکلنا - پیدا ہونا - بیماری کا پھر آنا - کسی کی مدد پر غرور کرنا - دوسرے کے سہارے پر فخر کرنا -

اچھوانی (ہ / مث) اجوائن - سونٹھ - گھی اور کھانڈ کو خاص طریقے سے پکا کر زچہ عورت کو پلانے کی دوا -

اُچھو (ہ / مذ) گلے میں پھندا لگنا - کھانا کھانے یا پانی پینے کے وقت سانس لینے کی نلی میں پھندا لگنا - کھانا کھانے یا پانی پینے کے وقت سانس لینے کی نلی میں خوراک کا کچھ حصہ چلے جانے سے کھانسی سی لگ جایا کرتی ہے اسی کو اُچھو بولتے ہیں ہندا گھو کہتے ہیں

اَچھوتا (ہ / مذ) بن چھوا - پاک صاف - محفوظ - بے ہاتھ لگا - جوں کا توں - بے استعمال - ناخوردہ - کوارا - کنوارہ -

اچھوت (ا د - صف) شودر - نیچ -

اَچھوتی (ہ / مث) اچھوتا کی تانیث - کنواری عورت -

اچھوں کے اچھے ہی ہوتے ہیں (ا د - مثل) نیکوں کی اولاد نیک ہی ہوتی ہے -

اچھی (ہ / مث) اچھا کی تانیث - بُری کی ضد - مہربان - بھلی - نیک - درست - بے عیب - کھری -

اَچھے (ہ) اچھا کی جمع -

اچھے اچھے (ہ / مذ) بڑے بڑے - نیک - ذی علم - امیر - اعلیٰ عہدہ دار - باکمال بزرگ -

اچھے دن (ہ) اچھا موسم - خوشی کے دن - قسمت کا موافق ہونا - تقدیر کھل جانے کا وقت - فارغ البالی کا زمانہ -

اچھے رہے (ہ - محاورہ) - واہ وا - خوب ہوئی - آپ نے خوب ہی کہا - سبحان اللہ - خوب رہے - مزے میں رہے - آرام سے رہے -

اچھے ہیں پر خدا کام نہ ڈالے (ا د - مثل) ظاہر میں تو اچھے ہیں مگر باطن میں نہایت بُرے - معاملہ پڑنے پر اچھے بُرے کی شناخت ہوتی ہے - بظاہر تو سب اچھے ہی ہیں -

اَچینتا (ہ / مذ) بے خیال - سادہ لوح -

اُچیلنا / اُچیڑنا (ہ) اکھاڑنا - ادھیڑنا - کھال کا اتارنا - زخم پر سے کچا کھرنڈ چھیل دینا -

ا - ح

اح (ع) / آہ (ہ) (مث) کھانسی کی آواز - درد اور دُکھ کی صدا - کراہنے کی آواز -

اَحاد (ع / مذ) احد کی جمع - اِکائیاں - ایک سے نو تک ہندسے -

اَحادِث (ع / مذ) حادثہ کی جمع -

احادیث (ع / مث) - (حدیث کی جمع) باتیں - خبریں - پیغمبر اسلام کے اقوال اور احکام -

اِحاطہ (ع / مذ) گھیرا - چکر - گروہ - چار دیواری - مُلکی تقسیم کی غرض صوبہ - سرکل دائرہ - پریذیڈنسی -

اِحاطہ کرنا (ا د) گھیرا ڈالنا - گھیرنا - حد بندی کرنا - مکان بنانا -

اَحِبّا (ع / مذ) - (حبیب کی جمع) دوست - یار - پیارے -

احباب (ع / مذ) (حبیب کی جمع) دوست - آشنا -

اَحبار (ع / مذ) (حبر کی جمع) دانا - عاقل - عالم - خبردار - یہودیوں کے علماء - بائبل کے مجموعے میں ایک کتاب -

احتجاب (ع / مذ) پردہ نشینی -

احتجاج (ع / مذ) اظہار ناپسندیدگی -

احتراز (ع / مذ) پرہیز کرنا - بچاؤ - کنارہ کشی کرنا - علیحدگی اختیار کرنا -

احتراس (ع / مذ) نگہبانی کرنا -

احتراق (ع / مذ) جلنا - شدّتِ حرارت - ایک ہی بُرج میں سورج کے ساتھ دوسرے سیارے کا آ کر روشنی کھو بیٹھنا -

احترام (ع / مذ) عزّت۔ توقیر۔ آؤ بھگت۔
اِحتِساب (ع / مذ) حساب لینا۔ جانچنا۔ پڑتال کرنا۔
اِحتِشام (ع / مذ) شان و شوکت۔ دبدبہ۔ لاؤ لشکر۔ رُعب داب۔
اِحتِکار (ع / مذ) غلّے کو اس نیت سے جمع کرنا کہ گرانی کے وقت نفع سے بیچے۔
اِحتِلام (ع / مذ) ناپاک ہو جانا۔ نہانے کی حاجت ہو جانا۔ خواب دیکھنا۔ بدخوابی۔
اِحتِمال (ع / مذ) شک۔ شُبہ۔ بھرم۔ گمان۔
اِحتِمالاً (ع) بھرم کے طور پر۔ شُبہ کے رنگ پر۔
اِحتِمالی (ع / مذ) شُبہ والا۔ ظنّی۔ خیالی۔ ایک ماضی کا نام جس سے کام کے ہونے یا نہ ہونے کا شک زمانۂ ماضی میں پایا جائے جیسے کیا ہوگا۔
اِحتِوا (ع / مذ) حاوی ہونا۔ گھیرنا۔
اِحتِیاج (ع / مث) ضرورت۔ حاجت ہونا۔ غرض۔ خواہش۔
اِحتِیاط (ع / مث) ۱۔ (لغوی معنی) گرد پھرنا۔ احاطہ کرنا۔ (مجازاً) پرہیز۔ رکاؤ۔ بچاؤ۔ حفاظت۔ ہوشیاری۔ چوکسی۔
احتیاط برتنا (ا۔ محاورہ) احتیاط سے۔
احتیاطاً (ع) بچاؤ کے طور پر۔ ہوشیاری سے۔ خبرداری سے۔
اِحتِیال (ع / مذ) حیلہ۔ بہانہ۔ مکر و فریب۔ دھوکا دینا۔
اَحجار (ع / مذ) حجر کی جمع۔ پتھر۔ کنکر۔
اَحَد (ع / مذ) ایک۔ اکیلا۔ لاشریک۔ خداوند تعالےٰ کا صفاتی نام۔
اُحد (ع / مذ) مدینۂ منورہ کے قریب ایک پہاڑی۔
احدی بیل (ا / مذ) سُست اور کاہل آدمی۔ نہایت سُست۔ کاہلوں کا کاہل۔ پرلے درجے کا سُست۔
اَحرار (ع / مذ) حُر کی جمع۔ آزاد (غلام کی ضد)۔ بے قید۔ شریف۔
اِحراز (ع / مذ) محفوظ رکھنا۔ بچائے رکھنا۔
اِحرام (ع / مذ) خاص مقامات سے لے کر حج اور زیارت خانہ کعبہ تک چند جائز کاموں کو اپنے اوپر حرام کر لینا۔
احرام باندھنا (ا) بے ہوئے کپڑے بدن سے اُتارنا۔ اور بے سِلے کپڑے پہن کر چند جائز چیزوں کو حرام جاننا۔ چادر اور تہ بند سے بدن ڈھانکنا۔
اِحساس (ع / مذ) معلوم کرنا۔ محسوس کرنا۔ جاننا۔ سمجھنا۔
اِحسان (ع / مذ) نیکی کرنا۔ بھلائی سے پیش آنا۔ اچھا سلوک۔ شکریہ۔
احسان اُٹھانا (ا) ممنون ہونا۔ شاکر ہونا۔ سہارا ڈھونڈنا۔
احسان رکھنا (ا) دوسرے کو ممنون بنانا۔
احسان کرنا (ا) نیکی کرنا۔ بھلائی کرنا۔ اچھا سلوک کرنا۔
احسان فراموش (ا) بے وفا۔ احسان نہ ماننے والا۔ احسان کو بھول جانے والا۔ بے مروّت۔

احسان کھینچنا (ا۔ محاورہ) احسان اُٹھانا۔
احسان ماننا یا احسان اُٹھانا (ا) ممنون ہونا۔
احسان لینا } شکرگزار ہونا۔ گُن ماننا۔ شکر کرنا۔
احسان مندی (ا۔ محاورہ) شکرگزاری۔
احسان مند (ف) احسان ماننے والا۔ شاکر۔ شکرگزار۔
اَحسَنت (ع) آفرین۔ مرحبا۔ تجھے شاباش۔
اَحسَنت کہنا (ا) شاباش کہنا۔ آفرین کہنا۔ تعریف کرنا۔ اچھا کہنا۔
اِحصاء (ع / مذ) شمار کرنا۔
اَحفاد (ع / مذ) بیٹے۔ پوتے۔ نواسے۔ نوکر چاکر۔
اَحکام (ع / مذ) حکم کی جمع۔ فرامین۔ ہدایتیں۔ ارشاد۔
اِحکام (ع / مذ) مضبوطی کرنا۔
اَحمدؐ (ع / مذ) بڑا تعریف والا۔ بڑی صفات والا۔ خاتم الانبیاء۔ حضرت محمدؐ کا اسم مبارک جو انجیل میں آیا ہے۔
احمد کی پگڑی محمود کے سر (ا۔ مثل) ایک کا منصب اور عزت دوسرے کو دے دینا۔ فرائض منصبی سے بے خبری۔ غفلت۔ ناانصافی۔ ظلم۔
احمد کی داڑھی بڑی ہے کہ محمود کی (ا۔ مثل) بے فائدہ بحث۔ فضول تکرار۔ لغو باتیں۔ اصل کام چھوڑ کر فضولیات کی بحث میں پڑنا۔
اَحمَر (ع / مذ) بہت سُرخ۔ نہایت گہرا لال۔ ایک بحیرہ جسے قلزم بھی کہتے ہیں۔
احمری (ع / صف) سُرخ رنگ رکھنے والا۔
احمق (ع / مذ) بڑا ہی بے وقوف۔ بے تمیز۔ بے عقل۔ نادان۔ مُورکھ۔
احمق النّاس (ع / مذ) آدمیوں میں سب سے زیادہ بے وقوف۔ احمقوں کا سا کام۔
احمق بنانا (ا) کھلّی اُڑانا۔ تمسخر کرنا۔ ہنسی اُڑانا۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ کسی کے ساتھ چالاکی کرنا۔
احمق پن (ا / مذ) بے وقوفی۔ نادانی۔ جہالت۔
احمقانہ (عف۔ صف) حماقت پر مبنی۔
احوال (ع / مذ) حال کی جمع۔ حالات۔ واقعات۔
احوال پُرسی (ف / مث) حالات پوچھنا۔ خیر و عافیت دریافت کرنا۔
اَحوَص (ع / مذ) تنگ چشم۔ کنجوس۔
اَحوَل (ع / مذ) بھینگا۔ وہ شخص جسے آنکھوں میں فرق ہونے کے باعث ایک چیز کی دو دو نظر آئیں۔ یہ ایک بیماری ہے۔
اَحیان (ع / مذ) جمع ہے حین کی۔ وقت۔ زمانہ۔
اِحیاء (ع / مذ) زندہ کرنا۔ جلا دینا۔ زندگی دینا۔
احیاناً (ع) اتفاقاً۔ شاید۔ کبھی۔ کسی وقت۔ اتفاق سے۔

ا ۔ خ

اَخ (ع / مذ) بھائی ۔ برادر ۔

اَخّاہ (و) کلمہ تعجب ۔ بہت اچھا ۔ بہت خوب ۔

اخّاذ (ع ۔ مبالغہ) پکڑنے والا ۔ لینے والا ۔

اخبار (ع / مذ) ۔ (خبر کی جمع) خبریں ۔ وہ چھپا ہوا پرچہ جس میں بہت سی خبریں درج ہوں ۔ اصطلاحِ شرعی میں احادیثِ نبوی سے مُراد ہوتی ہے ۔ روزنامہ ۔ نیوز پیپر ۔

اخبار بینی (ع ف ۔ مث) اخبار کا مطالعہ ۔

اخبار نویس (ف / مذ) خبریں لکھنے والا ۔ ایڈیٹر ۔

اختتام (ع / مذ) ختم کرنا ۔ خاتمہ ۔ انجام ۔ اخیر ۔

اختر (ع / مذ) ستارہ ۔ تارا ۔ فال ۔ شگون ۔ طالع ۔ جھنڈا ۔

اختراع (ہ / مذ) لغوی معنی چیرنا پھاڑنا ۔ اصطلاحی معنی ۔ نئی بات نکالنا ۔ ایجاد کرنا ۔ نئی بات پیدا کرنا ۔

اختر چمکنا (ل) قسمت جاگنا ۔ دن پھرنا ۔ خوش قسمتی ہونا ۔

اختر شماری (ف / مث) تارے گننا ۔ رات بھر بے چین رہنا ۔ انتظار میں رہنا ۔ رات بھر جاگتے رہنا ۔ محبت میں بے قراری ۔

اختر شناس (ف / مذ) طالع کا حال پہچاننے والا ۔ نجومی ۔ جوتشی ۔ ستاروں کی چال جاننے والا ۔

اِختصار (ع / مذ) ۔ (لغوی معنی) چھوٹا کرنا ۔ قریب کے رستے سے جانا ۔ گھٹانا (اصطلاح میں) مختصر کرنا ۔ بہت مطلب کو تھوڑے الفاظ میں بیان کرنا ۔

اِختصاص (ع / مذ) خاص ہونا ۔ خاص کرنا ۔

اِختفاء (ع / مذ) چھپانا ۔ پوشیدہ کرنا ۔

اِختلاج (ع / مذ) پھڑکنا ۔ بے چین ہونا ۔ بے قرار ہونا ۔ دل کا دھڑکنا ۔

اختلاجِ قلب (ع / مذ) ایک بیماری کا نام جس میں دل بہت دھڑکتا رہتا ہے ۔

اختلاجی (ع ۔ صف) اختلاجِ قلب کا مریض ۔

اختلاط (ع / مذ) میل جول ۔ ربط ضبط ۔ رل مل جانا ۔ محبت ہونا ۔ دوستی ہونا ۔ چھیڑ چھاڑ کرنا ۔ بے تکلفی ۔

اختلاط العقل (ع / مذ) فتورِ دماغ ۔

اختلاف (ع / مذ) ۔ (اتفاق کی ضد) ناموافقت کرنا ۔ خلاف ہونا ۔ فرق ۔ تفاوت ۔ عداوت ۔ اَن بن ۔ دشمنی ۔ ضد ۔ اصرار ۔

اختناق (ع / مذ) گلا بند ہونا ۔ عورتوں کی رحمی بیماری ۔

اختیار (ع / مذ) پسند کرنا ۔ چُننا ۔ چھانٹنا ۔ قابو ۔ اجازت ۔ منظوری ۔ حکومت ۔ طاقت ۔ امکان ۔ دخل ۔ استحقاق ۔

اختیارات (ع / مذ) ۔ (اختیار کی جمع) حکومت ۔ زور ۔ مداخلت وغیرہ

اختیار بدست مختار (ف) حاکم جو چاہے کرے ۔ زبردست کے ہاتھ میں اختیار ہے ۔ خدا ہر چیز کا مالک ہے ۔ سب کچھ اُسی کے قبضے میں ہے ۔

اختیار کرنا (ل) منظور کرنا ۔ پسند کرنا ۔ مان لینا ۔

اختیار لینا (ل) اجازت لینا ۔ منظوری حاصل کرنا ۔ حکومت لینا ۔

اختیار ملنا (ل) حکومت ملنا ۔ اجازت ملنا ۔ قبضہ ملنا ۔

اختیار میں ہونا (ل) قابو اور قبضے میں ہونا ۔ بس میں ہونا ۔

اختیاری (ع / مث) قابو کی ۔ بس کی وہ بات جس کے کرنے نہ کرنے کا آدمی مختار ہو ۔

اَخذ (ع / مذ) لے لینا ۔ پکڑ لینا ۔ اختیار کرنا ۔ کوئی بات اُڑا لینا ۔ بات میں سے بات نکالنا ۔ نتیجہ نکالنا ۔

اِخراج (ع / مذ) نکال دینا ۔ شہر بدر کرنا ۔ باہر کرنا ۔ دُور کرنا ۔ گرانا ۔ صرف ۔ خرچ ۔ نکاس ۔ دخل کی ضد ۔

اخراجات (ع / مذ) ۔ (خرچ کی جمع الجمع) ۔ بہت سے خرچ ۔ مصارف ۔

اخروٹ (ہ / مذ) ایک مشہور میوہ ۔

اخروٹی (ا ر ۔ صف) اخروٹ کے رنگ یا شکل والا ۔

اَخس (ع / مذ) بڑا کنجوس آدمی ۔

اخصاص (ع / مذ) انترات ۔

اَخضر (ع) نہایت سبز ۔ ہرا رنگ ۔ ایک بحیرہ ۔

اِخفاء (ع / مذ) پوشیدہ کرنا ۔ چھپانا ۔ پنہاں کرنا ۔

اَخفش (ع / مذ) کمزور نظر ۔ جسے آفتاب کی روشنی میں دکھائی نہ دے ۔ تین عالموں کا نام جو علم نحو میں امام گزرے ہیں (مجازاً) چھوٹی آنکھ والا ۔

اَخگر (ف / مث) چنگاری ۔ آگ کی ڈلی ۔

اِخلاص (ع / مذ) دوستی ۔ محبت ۔ یگانگی ۔ میل ملاپ ۔ ربط ضبط ۔ قرآن مجید کی ایک سورت ۔ لاڈ ۔ ناز ۔ بے ریا عبادت ۔

اخلاص بڑھانا (ل) محبت بڑھانا ۔ دوستی زیادہ کرنا ۔

اخلاص کرنا (ل) دوستی کرنا ۔ محبت کرنا ۔ ربط ضبط ۔ میل جول کرنا ۔

اخلاص میں آنا (ل) ناز میں آنا ۔ لاڈ کرنا ۔ کسی کے سہارے پر کودنا ۔

اخلاص مند (ع / مذ) سچا دوست ۔ خیر خواہ ۔ یار صادق ۔ ہمدرد دوست ۔ (مث) سہیلی ۔

اَخلاط (ع / مذ) ۔ (خلط کی جمع) چاروں خلطیں یعنی صفرا ۔ سودا ۔ بلغم ۔ خون ۔ جن سے خدا نے دُنیا پیدا کی ۔ یہ ہر شے میں موجود ہیں ۔ ان کی کمی بیشی ہی سے صحت میں فرق آتا ہے ۔

اَخلاف (ع / مذ) ۔ (خلف کی جمع) وہ سعید لڑکے جو باپ کے مرنے کے بعد باقی رہیں ۔

اَخلاق (ع / مذ) ۔ (خلق کی جمع) عادتیں ۔ خصلتیں ۔ انسانیت ۔ مروت ۔ وہ علم جس میں سیاست ۔ تہذیب نفس اور معاد و معاش وغیرہ کا

بیان ہو۔
اخلاق سوز (عف۔صف) مروّت اور شرافت کے منافی جس سے بے حیائی اور بے شرمی ظاہر ہو۔
اخلاقاً (ع۔متعلق فعل) حُسنِ سلوک کی بنا پر۔
اخلاقِ معاشرت (ع ا مذ) باہم مِل جُل کر رہنے کے طریقے اور آداب۔
اَخمص (ع) پاؤں کے تلوے کا وہ گڑھا جو زمین سے نہیں ملتا۔
اِخوان (ع ا مذ) - (اخ کی جمع) - بھائی - برادر - ماں جائے -
اُخُوّت (ع ا مث) بھائی بندی - برادری - بھائی چارا -
اَخور (ف) - (واؤ غیر ملفوظ ہے) - (مذ) گھوڑوں اور مویشیوں کے چارہ کھانے کی جگہ - مطلق آرام گاہ -
اَخیار (ع ا مذ) بہت سے نیک لوگ۔
اخیافی (ع) وہ بھائی جن کے باپ الگ اور ماں ایک ہو۔
اَخیر (ع) پچھلا - انتہائی - حد - تمام - سب - انجام کار - آخر کو - قریب ختم - سرا - کِنارا - قطعی -

---

ا - د

اداء (ع ا مث) چُکتا کرنا - چکانا - پورا کرنا - پہنچا دینا - بے باق کرنا - بیان کرنا - پڑھنا - ترتیل -
ادا (ف ا مث) ناز - انداز - معشوقانہ حرکات - رمزو اشارا -
ادات (ع ا مذ) آلات - اوزار - کسی شے کے حاصل کرنے کا سامان - آلہ -
اُداس (ہ) غمگین - افسردہ دل - دل برداشتہ - بیزار - بے رونق - پھیکا ہلکا رنگ - بجھی بجھی سی روشنی -
اُداسا (ہ ا مذ) - (فقیروں کی اصطلاح) استر بستر - اوڑھنا - بچھونا
اُداساکسنا (ہ) بوریا بستر باندھ کر سفر کی تیاری کرنا - سامانِ سفر کی تیاری کرنا -
اُداسا کھینچنا (ہ) یکسو ہونا - ایک طرف دھیان لگانا - قطع تعلق کر کے الگ ہو رہنا -
اُداسا لگانا (ار - محاورہ) بوریا بستر جمانا -
اُداسی (ہ ا مث) غمگینی - پریشانی - دل برداشتگی - بے رونقی - ویرانی - گرو نانک صاحب کے بیٹے کے چیلوں کا ایک فرقہ - فقیر دل کی جماعت - شوخی کی ضد -
اُداسی برسنا - اُداسی چھانا (ہ) غم یا پریشانی ظاہر ہونا - ناامیدی کا اظہار ہونا - بے رونقی ظاہر ہونا - طبیعت کا اچاٹ معلوم ہونا -
اُداسین (ہ ا مذ) فعلقاتِ دنیا سے بیزار - گوشہ نشین -
اداشناس (ف) اشارہ سمجھنے والا - اشارے سے بات کو تاڑ جانے والا - ذرا سی حرکت سے بات کو سمجھ جانے والا -
ادا کرنا (ا) چکانا - قرض اُتارنا - بیان کرنا - پڑھنا - حروف کا ان کے مخرج سے نکالنا - کھول کر بیان کرنا - نخرے کرنا - انداز دکھانا -
ادا ہونا (ا) قرض اُترنا - نوکری پوری ہونا - حرفوں کی پوری ادائی -
اَدَب (ع ا مذ) حفظِ مراتب - دستور - قاعدہ - ہر چیز کی حد - لحاظ - احتیاط - زباندانی کا علم - لٹریچر -
اَدب آموز (ف ا مذ) ادب سکھانے والا - ادیب -
اِدبار (ع) - (لغوی معنی) پیٹھ پھیرنا - (اصطلاحی معنی) دولت کا مُنہ پھیر لینا - نحوست - تنزّل - مفلسی - غریبی - ناداری - بدبختی - (اقبال کی ضد)
ادبُد (ہ - صفت) عجیب - حیرت انگیز -
اَدبدا کر (ہ) ضرور بالضرور - ضد سے - شرارت سے - زبردستی -
ادبیات (ع ا مث) لٹریچر - وہ مسائل جو لٹریچر سے تعلق رکھتے ہوں -
اِدخال (ع ا مذ) داخل کرنا - رجسٹر میں درج کرنا - فیس - جرمانہ وغیرہ ادا کرنا -
اِدرار (ع ا مذ) روزینہ - وظیفہ جاری ہونا - بہنا - پیشاب کا بار بار آنا - زیادہ بارش کا ہونا -
اِدراک (ع ا مذ) پانا - دریافت کرنا - عقل - سمجھ - رسائی - فہم -
اُدرسا (ہ ا مذ) ایک قسم کا سفید اور باریک کپڑا -
ادرک (ہ ا مث) ایک قسم کی خوشبودار جڑ جسے سکھا کر سونٹھ بناتے ہیں -
ادریسؑ (ع ا مذ) ایک پیغمبر کا نام -
اِدّعاء (ع ا مذ) دعویٰ کرنا - خواہش اور تمنا کرنا -
اِدغام (ع ا مذ) گھوڑے کے مُنہ میں لگام دینا - ایک حروف کو دوسرے حرف میں ملانا -
اَدَق (ع) نہایت دقیق - بہت ہی کٹھن - نہایت دوبھر - سخت مشکل -
اُدگدرا (ہ ا مذ) نیم پختہ پھل - آدھا کچا آدھا پکا میوہ -
ادلا بدلا - یا ادل بدل (ہ ا مذ) معاوضہ - باہمی تبادلہ - ایک چیز دینا اور دوسری اُس کے عوض میں لے لینا - اُلٹ پلٹ - اِدھر کی اُدھر - اُدھر کی اِدھر -
ادلاع (ع ا مذ) چھوڑنا - لٹکانا - اپنا کام کسی پر ڈالنا -
اَدِلّہ (ع ا مث) - (دلیل کی جمع دلیلیں)
اُدَم (ہ ا مذ) محنت - کوشش - جانفشانی - ہمت -
اُدَم سے دلدّر گھٹے (ہ - مثل) کوشش اور ہمت سے نحوست اور بدبختی دُور ہو جاتی ہے (دلدّر ——— نحوست بدبختی)
اُدمات (ہ ا مث) مستی - دلولہ - جوانی -
ادنیٰ (ع ا مذ) - (دنیا کا مذکر) اعلیٰ کی ضد - بہت نیچا - کمینہ - چھوٹے طبقے کا - کم درجے کا - کم قدر - مفلس - غریب -
اِدناف (ع) آفتاب کا قریب غروب ہونا - مطلوب کی جُدائی میں آدمی کا مرنے کے قریب ہونا -

اَدوار (ع/مذ) دَور کی جمع۔ زمانے۔ گردشیں۔

اَدوان } (ہ/مث) وہ رسّی جو چارپائی میں پائنتی کی طرف اس غرض سے
اَدوائن } ڈالتے ہیں۔ کہ ڈھیل ہو جانے پر چارپائی کو کس دیا جائے۔

ادویہ (ع/مث) دوا کی جمع۔ بہت سی دوائیں۔ دارو۔

اَدھا (ہ/مذ)۔ (آدھا کا مخفف) نصف حصّہ۔ نیم کسی چیز کے دو برابر حصّوں میں سے ایک۔

اُدھار (ہ/مذکر) خوراک۔ کھانا۔ سہارا۔ آسرا۔ قوت لایموت۔ ناشتہ۔

اُدھار (ہ/مذ)۔ (نقد کی ضد) کوئی چیز خرید کر قیمت کچھ عرصہ بعد دینا۔ قرض دام۔ مستعار۔ مانگے کی چیز۔

اُدھار دینا (ہ) قرض دینا۔ مانگے دینا۔

اُدھار دیجئے دشمن کیجئے (ا/مقولہ) اُدھار دے کر دوست کو دشمن بنالو قرض محبت نہیں رہنے دے گا۔ قرض محبت کی قینچی ہے۔

اُدھار کھائے بیٹھا ہے } (ہ/محاورہ) پہلے ہی سے تیار اور مستعد
اُدھار کھائے ہوئے ہے } ہے۔ تُلا بیٹھا ہے۔ بدی کا ارادہ ہے دشمنی کی ٹھان لی ہے۔

اُدھار کی ماں مری ہے (ہ) اُدھار تو کہیں نہیں گیا۔ نقد نہیں نہ سہی۔

اُدھار کھانا (ا۔ محاورہ) اُدھار کھانا۔

اُدھار کھانے سے بھوکا پڑ رہنا اچھا ہے (ہ) یہ مثل اس پنجابی مثل کے مطابق ہے۔ قرض قیامت مجھکو نیامت (سوکھ نعمت)۔

اُدھار لینا (ہ) قرض لینا۔ اپنے سر قرض کا بوجھ دھرنا۔

اُدھار مانگنا (ہ) اپنا قرضہ مانگنا۔ دیا ہوا روپیہ طلب کرنا۔

اُدھار ہونا (ا۔ محاورہ) مقروض ہونا۔

اِدھر (ہ) دراصل یہ دھر یعنی اس طرف۔

اُدھر (ہ) دراصل وہ دھر یعنی اُس طرف۔

اَدھر (ہ) معلق۔ وسط میں۔ درمیان میں۔ زمین و آسمان کے درمیان۔ بے سہارے کی چیز۔ بے لاگ۔

اَدھر چلنا (ہ) زمین پر پاؤں لگائے بغیر چلنا۔ اترا کر چلنا۔

ادھراج۔ یا۔ ادھیراج (ہ/مذ) جو راجہ اپنے عہد کے تمام راجوں پر غالب اور فائق ہو۔ بڑا راجہ۔ مہاراجہ۔ شہنشاہ۔

اِدھر اُدھر (ہ) اِردگرد۔ آس پاس۔ جگہ جگہ۔ ہر جگہ۔ بکھرا بکھرا۔ تتر بتر چاروں طرف۔ بے ترتیب۔ ایسے ویسے۔

اِدھر اُدھر سے لینا (ا۔ محاورہ) ہر طرف سے اکٹھا کرنا۔

اِدھر اُدھر کی باتیں (ا/محاورہ) فضول باتیں۔ بے تعلق باتیں۔ غیر ضروری باتیں۔

اِدھر سے اُدھر۔ اُدھر سے اِدھر (ہ/محاورہ) غیر مستقل۔ (ایک جگہ نہ ٹھہرنا۔ کہیں کہیں پھرنا۔

اِدھر سے اُدھر کر دینا } (ہ) چھپا دینا۔ غائب کر دینا۔ پوشیدہ کرنا۔
اِدھر اُدھر کر دینا } چرا لینا۔ بے ترتیب کرنا۔ گڑ مڑ کرنا۔ ملا دینا۔

اِدھر کنواں اُدھر کھائی (ہ/مثل) ہر طرف مصیبت۔ جدھر دیکھو تکلیف ہی تکلیف۔ ہر طرف سے مشکل۔

اِدھر کی اُدھر لگانا (ہ) چغل خوری کرنا۔ غیبت کرنا۔ دشمنی اور لڑائی کا سبب بننا۔

اِدھر کی دُنیا اُدھر ہو جانا (ہ) سخت انقلاب ہونا۔ انتظام زمانہ کا الٹ جانا۔ نہایت تباہی آنا۔ یہ فقرہ ضد پر اڑ جانے کے وقت بولتے ہیں۔ خواہ اِدھر کی دُنیا اُدھر ہو جائے۔ ہم یہ نہیں کریں گے۔

اِدھر کے نہ اُدھر کے (ا/محاورہ) کسی طرف کے بھی نہیں۔ نہ دین کے نہ دُنیا کے۔ دوست کے طرف دار نہ دشمن کے مددگار۔ کسی گنتی میں نہیں۔

اِدھر کی ہوا اُدھر نہیں جاتی (ا/مثل) مکمل لاتعلقی ہونا۔

اَدھرم (ہ/مذ) بے دین۔ نا انصاف۔

اُدھر ہی اُدھر (ہ) اُوپر ہی اُوپر۔ بالا بالا۔ پرے ہی پرے۔

اَدھر میں چھوڑنا (ہ) درمیان میں چھوڑ دینا۔ دغا دینا۔ نہ ادھر کا رکھنا نہ اُدھر کا۔ نامکمل چھوڑ دینا۔

اُدھڑنا (ہ) سلائی کا اُکھڑنا۔ مار کھانا۔ مفلس ہونا۔ کھال اُترنا۔ تباہ ہونا۔ دیوالیہ نکلنا۔

اَدھ سیرا (ہ/مذ) آدھ سیر کا باٹ۔

اَدھک (س/صف) زیادہ بہت زیادہ۔

اَدھ کچرا (ہ/مذ) آدھا پکا ہوا پھل۔

اَدھ کچلا (ہ/مذ) آدھا کٹا ہوا۔ موٹا سفوف۔ نیم کوفتہ۔

اَدھ کلا (ہ/مذ) نیم پختہ۔

اُدھلنا (ہ) بدکار ہونا۔ فاحشہ ہو کر گھر سے نکل جانا۔

اَدہم (ا/مذ) سیاہ رنگ کا گھوڑا۔ مشکی گھوڑا۔ بلخ کے ایک ولی کا نام۔

اُدھلی بہو طبلے سے سانپ دکھائے (ہ/مثل) فاحشہ یا بدکار ہو کر بھاگ جانے والی عورت نازیبا اور اَن ہونے بہانے سینکڑوں بنالیتی ہے۔

اَدھن (ہ/مذ) چاول یا کھچڑی پکانے کے لیے اُبلتا ہوا پانی (مجازاً) گرم پانی۔ بے دولت۔ مفلس۔

اَدھنّا (ہ/مذ)۔ دراصل میں آدھا آنہ) آنے کا آدھا۔ دو پیسے کے برابر۔ دو پیسے کا ایک تانبے کا سکہ۔ چھ پائی۔

ادھواڑ (ہ/مث) آدھی تول۔ نصف حصّہ۔ کسی چیز کا برابر آدھوں آدھ کا حصّہ۔ دو میں سے ایک ٹکڑا۔ نصف۔

ادھوتر (ہ/مث) دیسی سوت کا بنا ہوا باریک کپڑا۔

اَدھورا (ہ/مذ) ناقص۔ ناتمام۔ نامکمل۔ بیچ میں چھوڑا ہوا کام۔

اُدھوڑی (ہ/مث) موٹا چمڑا - گائے بھینس کا چمڑا -
اُدھوڑی استر (ہ/مذ) وہ جوتا جس کے اندر کی طرف اُدھوڑی اور باہر زری لگی ہوئی ہو -
اُدھوڑی بھرنا / اُدھوڑی تاننا (ہ) خوب پیٹ بھرنا - ٹوٹ کر کھانا - بہت زیادہ کھانا -
اُدھی (ہ/مث) پیسے کا آٹھواں حصّہ - آدھی دمڑی -
اُدھی اُدھی کا حساب (ار - محاورہ) - ذرا ذرا سی چیز کا حساب -
اُدھی کی چول چول (ار - محاورہ) نہایت حقیر اور کم قیمت چیز -
اُدھیا (ہ/مث) پیداوار کے نصف حصّے کی بٹائی - آدھوں آدھ کا حصّہ -
اُدھیا سا گیا (ہ - فقرہ) آدھا ہو گیا - شرمندہ اور نادم ہو گیا - خجالت سے رنگ اُڑ گیا - آدھا رہ گیا - لاغر ہو گیا - تپلا پڑ گیا -
اُدھیائے (س/مث) پارٹ - حصّہ -
ادھیرج (ہ/مث) بے قراری - اضطراب - بے چینی - گھبراہٹ -
اُدھیڑ (ہ) آدھی عمر کا - نہ جوان نہ بڑھا - ۴۰ سال سے زیادہ اور پچاس سال سے کم عمر کا -
اُدھیڑ بُن (ہ/مث) فکر - سوچ بچار - تردّد - تدبیر - تجویز - کوئی ارادہ کرنا پھر موقوف کر دینا - منصوبے سوچنا -
اُدھیڑنا (ہ) ٹانکے توڑنا - سلائی اُکھاڑنا - کھال اُتارنا - مارنا - پرندے کے پَر نوچنا - چھت اُکھیڑنا - کاٹ کاٹ کر لال کرنا - جیسے مچھروں نے پیٹھ ادھیڑ دی - خوب کھا جانا - چٹ کر جانا -
اُدھی کی ہانڈی بھی ٹھونک بجا کر لیتے ہیں (ہ/مثل) دانا لوگ ہر چیز کو دیکھ بھال کر لیتے ہیں - ہر کام سوچ سمجھ کر کرنا چاہیے -
ادھیلا (ہ/مذ) آدھا پیسہ - دھیلا -
اَدھیلی (ہ/مث) - (پوربی زبان) آدھا روپیہ - اٹھنّی - دلی والے بحذفِ الف دھیلی بولتے ہیں -
ادھیلیا (ہ/مذ) آدھے حصے کا مالک -
ادھین (ہ/مذ) احسان مند - غریب - متواضع - منکسر مزاج - فرمانبردار - نوکر - ملازم -
ادیان (ع/مذ) دین کی جمع - مذاہب - بہت سے دھرم - بہت سے دین -
اَدیب (ع/مذ) استاد - زبان دان - ادب دینے والا - علم ادب جاننے والا - اتالیق -
ادیبہ (ع/مث) ادیب کی مؤنث -
اَدیم (ع/مث) اُدھوڑی - کھال - چمڑا - فرش - سطح -
اَدیم یمنی (ع/مث) یمن کا خوشبودار اور دھاری دار چمڑا جو سہیل ستارے کی کرنوں کی تاثیر سے وہاں تیار ہو جاتا ہے -

ا - ڈ

اڈا (ہ/مذ) پالتو جانوروں کے بیٹھنے کی بیٹھک جو لکڑی لوہے وغیرہ کی بنائی جاتی ہے - جال کاڑھنے اور کارچوبی کام کا چوکھٹا - کہاروں کی ڈولیوں - گاڑیوں - تانگے ٹمٹموں کے کھڑا ہونے کا مقام - گوٹے کناری وغیرہ کے نقصان کا اندازہ - فاحشہ اور بدکار عورتوں کی بدکاری کی مقررہ جگہ - جوتے کی ایڑی - بُننے کا کام کرنے کی تپائی - ٹھہرنے کی جگہ - سٹیشن -
اڈانا (ہ/مذ) ایک راگنی کا نام جو رات کو گائی جاتی ہے -
اڈمیشن (انگریزی/مث) - اجازت - پروانگی - داخلہ - داخل ہونے کا حکم -
اُڈّو اُڈّو کرنا (ہ) کسی کو بدنام کرنا - رسوا کرنا - نفرت کی نظر سے دیکھنا - ناقابلِ صحبت سمجھنا - ذلیل جاننا -
اُڈّو اُڈّو ہونا (ہ) بدنام ہونا - رسوا ہونا - نگاہوں سے گر جانا - انگشت نما ہونا -
اڈے پر لگانا (ار - محاورہ) ہم خیال بنانا - بہکانا -
اڈیشن (انگریزی/مذ) طبع اشاعت - بار - کھیپ -
اڈیشنل (انگریزی) فالتو - زائد - بڑھا ہوا - زیادہ -

ا - ذ

اذان (ع/مث) - (اصلی معنی - خبردار کرنا - آگاہ کرنا - اطلاع دینا) (مجازاً) نماز کے لیے بلانا - نماز کی بانگ دینا - اس میں یہ کلمات کہے جاتے ہیں -
اللہ اکبر - اللہ اکبر - اللہ اکبر - اللہ اکبر
اشہد ان لا الٰہ الا اللہ - اشہد ان لا الٰہ الا اللہ -
اشہد ان محمدً رسول اللہ - اشہد ان محمدً رسول اللہ
حَیَّ علی الصلوٰۃ - حَیَّ علی الصلوٰۃ
حَیَّ علی الفلاح - حَیَّ علی الفلاح -
اللہ اکبر اللہ اکبر - لا الٰہ الا اللہ -
اذان دینا / اذان کہنا (ار) نماز کی خبر دینا - خاص کلمات سے جو نماز کے لیے بلانے کے واسطے رائج ہیں - لوگوں کو وقتِ نماز کی خبر دینا - بانگ دینا -
اُذبک / اُزبک (ت/مذ) تاتاریوں کا ایک نہایت جنگجو لڑاکا اور اکھڑ قبیلہ (اصطلاحاً) احمق - بے وقوف - بہت لمبا آدمی -
اُذفر (ع/مث) بوئے تیز اچھی ہو یا بُری - تیز بو چیز - مشک خالص وغیرہ -
اَذکار (ع/مذ) - ذکر کی جمع - قصے کہانیاں - بیانات - وعظ - ورد - وظیفہ -
اذکیا (ع) ذکی کی جمع - ذہین لوگ - دانا لوگ -
اَذَل (ع) بہت ذلیل - کمینہ -
اِذن (ع/مذ) - اجازت - حکم - فرمان -
اذنِ عام (ع/مذ) عام اجازت ہونا - سب کو جانے اور آنے کی

اجازت دینا (مجازاً) میت کی نماز کے بعد پکار دینا کہ جس کا جی چاہے واپس چلا جائے اور جو چاہے مدفن اور قبر تک ساتھ آئے۔
اذواق (ع / مذ) ذوق کی جمع۔
اذہاب (ع) لے جانا۔ سونے کا ملمع کرنا۔
اذہان (ع) جمع ذہن کی۔
اَذِیّت (ع / مث) تکلیف۔ دُکھ۔ نقصان۔ ضرر۔ ایذا۔

ا ۔ ر

اَر (ف / مذ) ایک قسم کی نہایت ہلکی اور محکم لکڑی۔ جس سے صندوق اور تلواروں کے میان وغیرہ بنائے جاتے ہیں (فارسی میں) اگر کا مخفف (ہندی میں) آر۔ آنکس۔ پینی۔ کانٹا۔
اُر (اسم علم) قدیم عراق کا ایک شہر جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کا مسکن تھا۔
آرا (ہ / مذ) لکڑی کے چیرنے کے ایک اوزار کا نام۔
اِرابت (ع / مث) شک کرنا۔
اَرابہ (ف / مذ) بیل گاڑی۔ چھکڑا۔ سامان وغیرہ لاد کر لے جانے کی گاڑی۔ رہڑو۔
اِرادت ۔ خواہش۔ تمنا۔ آرزو۔ یقین۔ اعتقاد۔ مُرید ہونا۔
اِرادت مند (ف) معتقد۔ اعتقاد رکھنے والا۔ یقین رکھنے والا۔
اِرادہ (ع / مذ) خواہش۔ نیت۔ منشا۔ تمنا۔ آرزو۔ قصد۔ عزم تجویز۔
اَرَاذِل (ع / مذ) رذیل کی جمع۔ کمینے۔ نیچ ذات۔ ادنیٰ۔ حقیر۔ شودر۔
اَرارُوٹ (ا) ۔ (انگریزی۔ ایرورُوٹ) ایک درخت کی جڑ جو بطور غذا بچوں اور بیماروں کو پانی یا دُودھ کے ساتھ دی جاتی ہے۔
اَراضی (ع / مث) ۔ (ارض کی جمع) زمین۔ بھومی۔ بھوم۔ دھرتی۔ کھیت۔
اِراقت (ع / مث) پانی گرانا۔
اراک (ع / مذ) پیلو کا درخت جس کی مسواک بنتی ہے۔ قطعہ زمین۔
اراکین (ع / مذ) ۔ (ارکان کی جمع اور رُکن کی جمع الجمع) ستون۔ تھم۔ کھمبے۔ سلطنت اور بادشاہت کا اِنتظام کرنے والے امیر وزیر وغیرہ۔ بڑے بڑے ذمّہ دار آدمی جن کے سہارے سلطنت قائم رہے۔
آرانا (ہ) لگاتار آواز نکالنا۔ مسلسل بولتے رہنا۔ غُل مچانا۔ گھس پڑنا داخل کرنا۔
ارب (ہ / مذ) سو کروڑ۔

ارباب (ع / مذ) ۔ (ربّ کی جمع) پالنے والے۔ صاحب۔ مالک۔ آقا۔ والی محسن۔ دوست۔
ارباب اقتدار (عف / مذ) با اختیار لوگ۔
ارباب دانش (عف / مذ) صاحب علم لوگ۔
ارباب سخن (ف / مذ) صاحبانِ کلام۔ گفتگو کے مالک۔ اعلیٰ درجے کی گفتگو والے۔ (مجازاً) شاعر اور ناظم (بوجہ عمدگیٔ کلام) فصیح و بلیغ لوگ۔
اَربَع (ع / مذ) چار۔ چہار۔ ۴
اربعہ عناصر (ع / مذ) (لغوی معنی چار مفرد چیزیں) آگ۔ پانی۔ ہوا۔ اور مٹی۔ جن سے تمام عالم اجسام بنا ہوا ہے۔ یہ چاروں اگرچہ آج کل مرکب ثابت ہو چکی ہیں۔ مگر پھر بھی انھیں چاروں کو ابتدائے عالم قرار دیا گیا ہے۔
اَربَعہ مُتَناسِبہ (ع / مذ) حساب کا ایک قاعدہ۔ جس میں چار ہم نسبت عدد ہوتے ہیں۔ ان میں سے اگر ایک عدد نا معلوم ہو تو باقی تینوں کے ذریعے سے وہ چوتھا نامعلوم عدد دریافت کر سکتے ہیں۔
اَرب کھرب (ہ) ۔ (مجازاً) بے اندازہ۔ بے شمار۔ بہت سا۔ سو ارب کا ایک کھرب ہوتا ہے۔
اِرتباط (ع / مذ) میل جول۔ تعلق۔ واسطہ۔ دوستی۔ محبت۔ ربط ضبط۔ میل ملاپ۔
اِرتجال (ع / مذ) بے ساختہ بول اُٹھنا۔
اِرتجالاً (متعلق فعل) فی البدیہہ۔
اِرتحال (ع / مذ) رحلت کرنا۔ کوچ کرنا۔ مرجانا۔
اِرتداد (ع / مذ) رد کرنا۔ پھرنا۔ مذہب اسلام سے منحرف ہو جانا۔
ارتداء (ع / مذ) کندھے پہ چادر ڈالنا۔
اِرتضا (ع / مذ) آپس میں خوش ہونا۔
اِرتعاش (ع / مذ) کانپنا۔
اِرتقا (ع / مذ) ترقی کرنا۔
ارتکاب (ع / مذ) شروع کرنا۔ کر گزرنا۔ اختیار کرنا۔ گناہ کرنا۔
اِرتماس (ع / مذ) پانی میں غوطہ لگانا۔
اَرتھ (ہ / مذ) معنی۔ بیان۔ ترجمہ۔ مطلب۔ نیت۔ ارادہ۔ دولت۔ مادّہ۔ باعث۔
ارتھ بچارنا ۔ یا۔ **ارتھ نکالنا** (ہ) معنی نکالنا۔ مطلب بتانا۔ مطلب سمجھنا۔ مُدّعا جاننا۔
ارتھی (ہ / مث) ۔ ہندوؤں کا جنازہ۔ لکڑی کا تختہ جس پہ میت کو رکھ کر مرگھٹ میں لے جاتے ہیں۔
ارتھی نکلے (ہ) بددُعا کا فقرہ۔ خدا کرے مر جائے۔ جنازہ نکلے۔
اِرث (ع / مث) میراث۔ ترکہ۔ وہ مال جو کسی آدمی کے مرنے کے بعد اُس کے وارثوں کو ملے۔
ارج (ف / مث) قیمت۔ قدر۔ رتبہ۔ حد۔ گینڈا۔
ارجاع نالش (ف / مذ) نالش دائر کرنا۔ عدالت میں عرضی دینا۔

اَرجَل (ع/مذ) وہ گھوڑا جس کے تین پاؤں کسی اور رنگ کے اور چوتھا پاؤں سفید ہو۔ یہ بڑا منحوس سمجھا جاتا ہے۔
ارجمند (ف/مذ)۔ (ارج بمعنی قدر۔مند علامت فاعل) قدر والا۔صاحب قدر۔قیمت والا۔بلند مرتبہ۔عالی رتبہ۔معزز۔
ارجن (۔/مذ) تیرانداز۔نشانے پہ بے خطا تیر مارنے والا۔پانچوں پانڈوں میں سے ایک کا نام۔جس نے دروپدی کے سوئمبر کی شرط جیتی تھی۔سری کرشن جی کا پھپھیرا بھائی اور بہنوئی۔
ارجنٹ (انگریزی) ضروری۔فوری۔
ارجوحہ (ع/مذ) ہنڈولا۔جھولا۔
اَرحَام (ع/مذ) رحم کی جمع۔
اَرحَم (ع/مذ) نہایت رحم کرنے والا۔سب سے زیادہ رحیم۔بڑی مہربانی کرنے والا۔
ارحم الرّاحمین (ع/مرکب اضافی) مہربانوں میں سب سے بڑا مہربان۔اللہ تعالیٰ۔
اُرَد (ہ/مذ) ماش۔ایک مشہور غلّہ۔جس کی دال پکاتے ہیں۔
اَرَد (ف/مذ) نظیر۔ثانی۔مثل۔اگر اس لفظ کو بالضم یعنی اُرد پڑھیں تو غصّہ اور قہر کے معنی دیتا ہے۔فارس کے ایک ساسانی بادشاہ اُردشیر بابکاں کا لقب۔یہ بہمن بن اسفندیار کا پوتا تھا۔
اُردا بیگنی (ہ/مث) سپاہی عورت۔پہرہ دینے والی عورت جو باقاعدہ مردانہ لباس پہن کر اور ہتھیار لگا کر بادشاہی محلوں میں پہرے چوکی کا کام کیا کرتی تھی۔
اَنداس (ہ/مث) عرض۔اِلتجا۔التماس۔نذر۔بھینٹ۔نذرنیاز آس۔اُمید۔تمنّا۔آرزو۔خواہش۔آسرا۔سہارا۔
اُرد پہ سفیدی (ہ/مث) محاورہ۔بہت تھوڑا۔ذرا سا۔مقدار قلیل کی طرف اشارہ ہے۔
اِردگِرد۔ہرسُو۔چوگرد۔اِدھر اُدھر۔آس پاس۔
اَرداوا (ہ/مذ)۔(یہ اصل میں اردابہ یعنی آرد آبہ تھا) وہ موٹا دلیا جو پانی میں بھگو کر مویشیوں کو دیا جائے۔دلیا۔گیہوں جَو۔چنے کا موٹا آٹا۔
اَردلی (ہ/مذ) سپاہی جو حاکم کے ساتھ رہے۔اطلاع پہنچانے والا سپاہی۔
اَردلی بازار (ہ/مذ) وہ بازار جو بادشاہوں اور حاکموں کے ساتھ دورے میں رہتا ہے۔رسد دینے والا بازار۔
اَردلی میں چلنا (ہ) حاکم کی سواری کے ساتھ ساتھ چلنا۔سواری کے ساتھ رہنا۔
اُردو (ت/مذ) فوج۔لشکر۔بازار لشکر۔
اُردُو (ت/مث) لشکر کی زبان۔عربی۔فارسی۔ہندی۔انگریزی۔سنسکرت وغیرہ سے مل کر بنی ہوئی زبان۔شاہجہان کے لشکر میں ہر قوم کے لوگ تھے۔لہٰذا اُن کے خلط ملط ہونے سے آپس کی بول اور زبان بھی مخلوط ہو گئی۔اسی کا نام اُردو ہو گیا۔
اُردُو بازار (ہ/مذ) لشکر کا بازار۔چھاؤنی کا بازار۔صدر بازار۔
اُردُوئے مُعلّٰی (ف/مث) اعلیٰ لوگوں کی زبان۔خاص دلّی کی زبان۔نہایت فصیح اور مستند اُردو۔مرزا غالب مرحوم کی ایک کتاب جس میں خطوط ہیں۔
اُردی بہشت (ف/مذ) ایرانیوں کا دُوسرا مہینہ جو اپریل کے مطابق ہوتا ہے۔
اردین (ف/مذ) امتحان۔تجربہ۔آزمائش۔
ارذل (ع/مذ) نہایت ذلیل۔نہایت کمینہ۔بہت ہی قابلِ نفرت شخص۔
اَرز (ف/مث) مول۔قیمت۔بھاؤ۔
ارزاں (ف) سستا۔کم قیمت۔گراں کی ضد۔بہتات ہونا۔
اَرزانی (ف/مث) سستاپن۔بہتات۔بے قدری۔زیادتی۔کثرت۔
ارزانی کرنا (ار/محاورہ) سستا کرنا۔عطا کرنا۔
ارزاں بعلت گراں بحکمت (ف/مقولہ) سستی چیزیں ضرور کوئی نہ کوئی عیب اور مہنگی چیزیں ضرور کوئی نہ کوئی خوبی ہوتی ہے۔
اَرزاق (ع) رزق کی جمع۔روزی (بہ کسرِ اوّل) رزق دینا۔روزی دینا۔
ارزش (ف/مث) قیمت۔وقعت۔
ارژنگ (ف/مذ) چین کے مشہور مصوّر مانی کا نگارخانہ۔مانی کی کتاب جس میں نہایت اعلیٰ درجے کے نقشے اور تصویریں ہیں۔ایک دیو جسے رُستم نے جنگ ماژندران میں قتل کیا تھا۔توران کا ایک مشہور پہلوان جو طوس کے ہاتھ سے قتل ہوا۔تصویروں اور نقشوں سے سجا ہوا مکان۔
اَرزن کی آتش (ہ/مث) چھینے کا حریرہ۔
اَرَس (ہ) بے رس۔خشک۔بے مزہ۔بے ذائقہ۔
اِرسال (ع/مذ) بھیجنا۔پہنچانا۔خط یا روپیہ وغیرہ بھیجنا۔سرکاری خزانے میں لگان کا روپیہ داخل کرنے کا چالان۔
اَرسطو (یونانی/مذ) یونان کا ایک مشہور حکیم جسے ارسطاطالیس بھی کہتے ہیں۔افلاطون کا شاگرد اور سکندر یونانی کا استاد اور وزیر تھا۔یہ حکیم ۳۸۴ قبل مسیح میں اکسٹھ سال کی عمر میں فوت ہوا۔علم منطق کا بانی تھا۔اسی وجہ سے اُسے معلم اوّل کہتے ہیں (لغوی معنی) کامل۔فاضل۔مناظرہ کرنے والا۔
ارسلان (ت/مذ) بندہ۔غلام۔شیر۔ایک ایرانی بادشاہ کا نام۔
اِرشاد (ع/مذ) نیک ہدایت (مجازاً) حکم۔
ارشاد بجالانا (ار/محاورہ) حکم کی تعمیل کرنا۔
ارشاد فرمانا (ار/محاورہ) حکم دینا۔
اَرشَد (ع/مذ) نہایت ہدایت یافتہ۔مرزا عبدالغنی گورگانی کا تخلص۔
اَرشمیدس (یونانی/مذ) ایک مشہور حکیم۔یہ دعویٰ کیا کرتا تھا کہ اگر مجھے کوئی ایسی جگہ مل جائے جو زمین سے علیحدہ ہو تو میں زمین

کو بھی اپنی کلوں سے ہلادوں۔ وزن مخصوص کا اصول جس سے سونے چاندی میں ملاوٹ کا فوراً پتا چل سکتا ہے۔ اسی نے دریافت کیا تھا یہ ۲۱۲ سال قبل مسیح میں قتل ہوا تھا۔

ارض (ع/ مث) زمین۔ دھرتی۔ بھوم۔ بھومی۔

ارغوان (ف/ مذ) ایک نہایت خوش نما سُرخ رنگ کا پھول جو چکھنے میں میٹھا سا ہوتا ہے۔

اَرغوانی (ف) نہایت سُرخ رنگ کا۔

اَرفع (ع) بلند تر۔

اِرقام (ع/ مذ) لکھنا۔ تحریر کرنا۔ (بفتح الف اوّل) رقم کی جمع۔

اِرکاض (ع/ مذ) ماں کے پیٹ میں بچے کا پھرنا۔ کام میں جلدی کرنا۔

اَرکان (ع/ مذ)۔ (رُکن کی جمع) ستون۔ تھم۔ (مجازاً) اُمراء وزراء جن پر سلطنت کا دارومدار ہو۔ نیز وہ امور جن پر دینی مسائل کا مدار ہو۔ جیسے ارکان نماز۔ ارکان حج۔

اَرکانِ دولت (ع/ مذ) سلطنت کے اُمرا و وزراء۔ بڑے بڑے اہلکار۔

اَرگجا (ہ/ مذ) ایک قسم کا مرکب عطر۔ زردی مائل۔

اَرگن (انگریزی/ مذ) ایک قسم کا باجا۔

اَرگھ چڑھنا (ہ) تکبر ہونا۔ مغرور ہونا۔ بھینٹ دینا۔

اَرگھ چڑھانا (ہ) مغرور بنانا۔ بھینٹ چڑھانا۔ دیوتا پر کوئی چیز چڑھانا۔

اَرل (انگریزی/ مذ) نواب۔ رئیس۔ انگلستان میں تیسرے درجے کے امیروں کا خطاب۔

اِرم (ع/ مذ) بہشت۔ عرب میں بہشت کے نمونے پر شداد بن عاد کا بنوایا ہوا باغ۔ قوم عاد کا شہر۔ جس کا طول اور عرض بارہ بارہ فرسنگ تھا۔

اَرمان (ت/ مذ) تمنا۔ خواہش۔ حسرت۔ افسوس۔ تاسف۔ دریغ۔ الے میاں کا مخفف۔

ارمان بھرا (اد/ مذ) آرزوؤں سے پُر۔

ارمان پورا ہونا (اد/ محاورہ) آرزو پوری ہونا۔

ارمان جی کے جی میں رہنا (ہ) خواہش پوری نہ ہونا۔ حسرت رہ جانا۔ دل کی آرزو محض دل ہی میں رہنا۔ شوق پورا نہ ہونا۔

اَرمان نکالنا (ہ) آرزو پوری ہونا۔ کام بن جانا۔ حوصلہ نکالنا۔

ارمغان (ع/ مذ) تحفہ۔ پیش کش۔ ہدیہ۔ سوغات۔

اَرمنی (ہ) ارمن کا رہنے والا۔ آرمینیا کا باشندہ۔ ایران کے شمال مغرب کی طرف ایک صوبے کا نام آرمینیا یا ارمن ہے۔

اَرنا بھینسا (ہ/ مذ) جنگلی بھینسا جو بہت طاقت ور۔ تنومند اور بے سونڈ کا ہاتھی ہوتا ہے (مجازاً) نہایت موٹا آدمی۔ بڑا طاقت ور جوان۔

اَرنَب (ع/ مذ) خرگوش۔

اَرنڈ (ہ/ مذ) ایک درخت جس کے پتے چوڑے ہوتے ہیں۔ اور جڑ نہایت کمزور ہوتی ہے۔ اس کے بیجوں کی گری کا تیل نکالتے ہیں۔

اَرنڈ کی جڑ (ہ) نہایت بودی اور ناپائدار چیز۔ نوکری۔

ارنڈی (ہ) ارنڈ کے بیج۔

ارنڈ خربوزہ (ہ/ مذ) خربوزے جیسا ایک پھل جسے پپیتا بھی کہتے ہیں۔

اَرِنی (ع/ فقرہ) تُو مجھے دکھا۔ تو مجھے نظر آجا۔ حضرت موسیٰؑ نے کوہ طور پر اللہ تعالےٰ سے درخواست کی تھی "رَبِّ اَرِنِیْ" اُدھر سے جواب ملا "لَنْ تَرَانِیْ" (تو مجھے نہیں دیکھ سکے گا)

اَرِنی کہنا (اد/ محاورہ) طالب دیدار ہونا۔

اَرِنی گو (ع ف/ صف) اَرِنی کہنے والا۔ طالب دیدار۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام۔

اَرواح (ع/ مث) رُوح کی جمع۔ جان۔ جیو آتما۔ جیوڑا۔ نیت۔ خواہش۔

اَرواح بھٹکنا (ہ) رُوح کا پریشان ہونا۔ دل چاہتے رہنا۔ سیر نہ ہونا۔ کسی حسرت و ارمان میں جان نکل جانا۔

اَرواح بھر جانا (ہ) نیت بھرنا۔ جی بھر جانا۔ خواہش کا پورا ہو جانا۔

اَرواح پھرنا (ہ) رغبت نہ رہنا۔ جی میں بیزاری آجانا۔

اروی (ہ/ مث) ایک مشہور لیسدار سی ترکاری۔ جو آلو کی طرح جڑ کی قسم سے ہوتی ہے۔

اَرَہ (ف/ مذ) لکڑی چیرنے کا اوزار۔ آرا۔ آری۔

ارہ کش (ف/ فاعل) آرہ کھینچنے والا۔

ارہ کشی (ف/ مث) آرا چلانے کا عمل۔

اَرہر (ہ/ مث) ایک مشہور دال۔

اَرے (ہ) کم رتبہ آدمی کو بُلانے اور خطاب کرنے کا کلمہ۔ کسی غلطی سے متنبہ کرنے کے وقت بھی بولتے ہیں۔ دفعتہً خبردار کرنے کو بھی۔

اری (ہ/ مث) کم رتبہ عورت کو بُلانے اور خطاب کرنے کا لفظ۔

اُریب (ہ) ترچھا۔ ٹیڑھا۔ مکّار۔ فریبی۔ کپٹی۔

ارے ترے کرنا (ہ) بے ادبی سے بولنا۔ گستاخی کرنا۔ اے تجے کرنا۔

اُریب کی باتیں (ہ/ مث) ٹیڑھا طریقہ۔ دغا بازی۔ فریب کی چال۔

ا ۔ ڑ

اَڑ (ہ/ مث) ضد۔ ہٹ۔ تعصب۔ قبض۔ بچوں کے پیٹ کا خلل۔ جو ثقیل غذا کھانے سے ہو۔

اُڑ (ہ) اُڑنا مصدر سے فعل امر۔

اُڑان (ہ/ مث) پرواز۔ اُڑنا۔

اَڑ اڑا (ہ/ مذ) دیوار یا اُونچے مکان کے گرنے کی آواز۔ پُورب میں

دریا کے کنارے کو بھی کہتے ہیں۔

اَڑا اڑا کر گرنا } (ہ) مکان کا بلند آواز سے گرنا۔
اَڑا اڑا کر بیٹھنا } دھماکے سے گرنا۔

اڑاس دینا (ہ) اٹکاؤ کرنا۔ ٹھہرا دینا۔ سہارا دینا۔ روک دینا۔ روک پیدا کر دینا۔ تھام دینا۔

اُڑا لینا (ہ) چھپا لینا۔ بے معلوم طور پر لے جانا۔ تیزی ذہن سے کوئی چیز دیکھ کر ہی سیکھ لینا۔

اُڑان (اد/مث) پرواز۔

اَڑانا (ہ) ٹھہرانا۔ اٹکانا۔ روکنا۔ دبانا۔ چھپانا۔ زور سے چلانا۔ گھسیڑ دینا۔ داخل کرنا۔ مجبور اور تنگ کرنا۔ ایک چیز کو کسی دوسری چیز کے ساتھ باندھ دینا۔ شامل کرنا۔

آڑانا (اد/مث) ایڑی میں ڈالنا۔

اُڑانا (ہ) پرندے یا پتنگ وغیرہ کا ہوا پر رواں کرنا۔ تراشنا۔ نقل کرنا۔ کاٹنا۔ تراشنا۔ نقل کرنا۔ غائب کرنا۔ باتوں میں ٹالنا۔ فضول خرچ کرنا۔ برباد کرنا۔ گپیں مارنا۔ بھگا لے جانا۔ اِغوا کرنا۔ بہکانا۔ گھوڑے کو تیز دوڑانا۔ ناحق تعریف کرنا۔ جھنڈا یا نشان قائم کرنا۔ کھانا چٹ کرنا۔ نوکری سے موقوف کرنا۔ لوٹنا۔ ہاتھ سے حرف چھیلنا۔ راگ گانا۔ بات کو تاڑ جانا۔ مذاق ہی میں ٹال دینا۔ بات کاٹنا۔ خبر مشہور کرنا۔ جھوٹی خبریں گھڑنا۔ (بے پر کی) پرزے پرزے کرنا (دھجیاں) لطف اٹھانا (مزے اُڑانا) ہنکانا۔ جھلنا۔ جیسے مکھیاں اُڑا دو۔ اناج کو بھوسے سے علیحدہ کرنا۔ اناج برسانا۔ شراب وغیرہ پینا۔ رجسٹرڈ وغیرہ سے نام خارج کرنا۔ کھال یا چمڑی ادھیڑنا۔ بارود یا توپ سے کسی چیز کو گرانا۔ کھیل بنانا۔

اُڑان گھائی بتانا (ہ) دھوکا دینا۔ بہکانا۔ فریب کی باتیں کرنا۔ جوئے بازوں کا گھائی میں کوڑی وغیرہ چھپا کر دھوکا دینا۔

اُڑن گھائی۔ فریب۔ دھوکا۔

اُڑاؤ یا اُڑاؤ کھاؤ (ہ/مذ) فضول خرچ آدمی۔ چٹورا۔ بدچلن۔ گھر لٹا دینے والا۔ لٹاؤ۔

اُڑ بھاگنا (ہ) تیزی سے بھاگ جانا۔ قابو سے نکل جانا۔ بس کا نہ رہنا۔

اڑ بڑ (ہ) ناہموار۔ اونچا نیچا۔

اڑ بڑ بنگ۔ احمقانہ حرکات۔

اَڑ بیٹھنا (ہ) ضد کرنا۔ اپنی ہٹ پر قائم رہنا۔ اپنی بات کو نہ چھوڑنا۔

اَڑتالیس (ہ/مذ) آٹھ اور چالیس۔ ۴۸، 48۔

اَڑتلا (ہ/مذ) آڑ۔ پناہ۔ روک۔ بھروسا۔ سہارا۔ بہانہ۔ عُذر

اَڑتلا پکڑنا } (ہ) پناہ لینا۔ حمایت میں آنا۔ بہانا ڈھونڈنا۔
اَڑتلا لینا } سہارا لینا۔

اُڑتی بیماری (اد/مث) متعدی مرض۔

اُڑتی تول (اد/مث) کم تولنا۔

اُڑتی چڑیا کو پہچاننا یا اُڑتی چڑیا کے پر گننا (ہ) نہایت نظرباز ہونا۔ غضب کا ذہین ہونا۔ پرلے درجے کی چالاکی رکھنا۔ ذرا سی دیر میں تاڑ جانا۔ اندازہ کر لینا۔

اڑتیس (ہ/مذ) تیس اور آٹھ۔ ۳۸، 38۔

اُڑتی سی خبر۔ یا اُڑتی ہوئی خبر (ؤ/مث) افواہ۔ بے تحقیق خبر یونہی۔ سُنی سنائی خبر۔ غیر معتبر خبر۔

اُڑ جائے (ہ)۔ (بددعا) مٹ جائے۔ غارت ہو جائے۔ مر جائے۔

اُڑ چلنا (ہ) اترانا۔ حد سے بڑھ کر چلنا۔ اپنی حیثیت سے زیادہ خرچ کرنا۔ شان و شوکت دکھانا۔ بدچلنی اور چالاکی دکھانا۔

اَڑا اڑا دھم۔ یا۔ اڑا اڑا دھڑام۔ یا۔ اڑا اڑا دھوں (ہ/مث) اونچی چیز یا مکان وغیرہ کے گرنے کی آواز۔

اُڑد (ہ/مذ) دیکھو اُرد۔

اُڑد پر سفیدی (ہ/مث) محاورہ (دیکھو اُرد پر سفیدی۔

اُڑد پڑھ کر مارنا } جادو کرنا۔ سحر کرنا۔
اُڑد پڑھ کر پھینکنا } سحر پھونکنا۔

اڑسٹھ (ہ/مذ) ساٹھ اور آٹھ، ۶۸، 68۔

اُڑسنا (ہ) اٹکانا۔ ٹانگنا۔ اُلجھانا۔ پاجامے کے نیفے یا دھوتی یا کسی سوراخ میں کوئی چیز پھنسا دینا۔

اُڑ کر کہاں جاؤ گے (ہ/محاورہ) مجھ سے بھاگ کر کہاں چھپو گے میرے سامنے تمہاری چالاکی نہیں چلے گی۔

اَڑ کھڑا ہونا (ہ) روک کر کھڑا ہونا۔ سدِ راہ ہونا۔ ضد کر کے کھڑا ہو جانا۔ مستقل رہنا۔

اَڑ کے بیٹھنا (ہ) گھس کر بیٹھنا۔ جم کر بیٹھنا۔ دھرنا دے کر بیٹھنا۔ ضد کر کے بیٹھنا۔

اُڑ کے مُنہ میں کھیل بھی نہیں گئی (ہ/محاورہ) بالکل خالی پیٹ ہے کچھ بھی نہیں کھایا۔

اڑگڑا (ہ/مذ) وہ جگہ جہاں گھوڑے پھیرے جاتے ہیں۔ گاڑیوں وغیرہ کے کھڑے ہونے کا مقام۔ اڈا۔ جوت کی لکڑی جس میں نئے گھوڑے کو جوت کر سدھاتے ہیں۔

اَڑنا (ہ) جمنا۔ ضد کرنا۔ قائم ہونا۔ مستقل رہنا۔ مچلنا۔ رُکنا۔ پھنسنا۔ سدِ راہ ہونا۔ گڑنا۔ چبھنا۔ مزاحم ہونا۔

اُڑنا (ہ) پرواز کرنا۔ کودنا۔ دور ہو جانا۔ جاتا رہنا۔ رفو چکر ہونا۔ چل دینا۔ جلد خرچ ہو جانا۔ غرور کرنا۔ گھوڑے کا تراوے بھرنا۔ کھایا پیا جانا۔ حاصل ہونا۔ ملنا۔ کھال ادھڑنا۔ مر جانا۔ گانا۔ تان توڑنا۔ (رنگ) کم ہو جانا۔ غائب ہونا۔ دل اچٹنا۔ نشانہ ٹھیک ٹھیک بیٹھنا۔ بے تکی ہانکنا۔ گپیں اڑانا۔ سناٹا ہونا۔ تباہ ہونا۔ شہرت ہونا۔ جلنا۔ رنگ پھیکا پڑنا۔ عیش و عشرت کرنا۔ ہنسی مذاق ہونا۔

اُڑن کھٹولا (ہ/مذ) پریوں کے سیر کرنے کا تخت۔ تختِ رواں۔ آج کل کے موافق ہوائی جہاز۔

اڑنگ (ا ر / مذ) ڈھیر - انبار -
اڑنگا (ہ / مذ) پہلوانوں کا ایک داؤ جس میں حریف کی ٹانگ میں ٹانگ پھنسا کر گرا دیتے ہیں (مجازاً) روک - آڑ - مزاحمت - رخنہ -
اڑنگا مارنا یا دینا (ہ) اڑنگے کا پیچ کرنا - داؤ لگانا - رخنہ انداز ہونا - رُکاوٹ پیدا کرنا -
اڑنگ بڑنگ (ہ / مذ) بچوں کا ایک کھیل - فضول اور مہمل باتیں - بے معنی باتیں -
اڑنگے پر چڑھانا (ہ) اڑنگے کے پیچ پر لانا - فریب دے کر داؤ لگانا - پیچ پر لے آنا -
اڑنگے پر مارنا (ہ) داؤ پہ مارنا - حریف کو داؤ سے گرا دینا -
اڑواڑ (ہ / مث) لکڑی جو پُرانی چھت کے نیچے گر پڑنے کے خوف سے لگا دیتے ہیں - ستون -
اڑوس پڑوس (ہ / مذ) ہمسائگی - پڑوس میں - مکان کے پاس ہی - دیوار بہ دیوار -
اڑوسی پڑوسی (ہ / مذ) ہمسائے - پڑوسی -
اڑھائی (ہ) دو اور آدھا - $۲\frac{۱}{۲}$ ، $2\frac{1}{2}$
اڑھائی اکھر (ا ر / مذ) مختصر اور نہایت پُر تاثیر باتیں -
اڑھائی چاول الگ پکانا یا گلانا (ہ / محاورہ) اپنی رائے الگ ظاہر کرنا - نا اتفاقی -
اڑھائی چلّو لہو پینا (ہ / محاورہ) نہایت تنگ کرنا - بہت دِق کرنا -
اڑھائی دن کی بادشاہت (ر / مثل) چند روزہ حکومت - ناپائدار عیش - چند روز کی خوشی -
اڑھائی دن کا جھونپڑا (ہ / مذ) ناپائدار مکان - اجمیر میں ایک مکان ہے جسے گرا کر اڑھائی دن میں دوسری شکل میں بنا لیا گیا تھا -
اڑھائی دن بھیڑ والے (ہ / مثل) - چند روزہ غرور / جوانی یا دولت - چار دن کی چاندنی -
اَڑی (ہ / مث) اڑی ہوئی بات - مشکل وقت - مصیبت - تکلیف کا وقت - چوسر والوں کا ایک مشکل داؤ - کشتی کا ایک پیچ -
اُڑی اُڑی طاق پہ بیٹھی (ر / مثل) - ہوتے ہوتے شہرت پکڑ گئی - رفتہ رفتہ مشہور ہو گئی -
اَڑے تھڑے میں کام آنا (ہ / محاورہ) مشکل اور تنگی کے وقت مدد کرنا - مصیبت میں کام آنا -
اَڑیل (ہ / مذ) ضِدی - ہٹیلا - سرکش - اَڑی کرنے والا گھوڑا -
اَڑی مشکل (ا ر / مث) سخت مشکل -
اَڑی میں آڑے آنا (ہ / محاورہ) مصیبت کے وقت مدد کرنا - مشکل کے وقت کام دینا - نہایت تکلیف کی حالت میں مدد دینا -
اَڑ پیچ (ہ / مذ) دشمنی - عداوت - بَیر - بُغض -
اَڑے وقت کا گہنا (ر / مذ) مصیبت اور ضرورت کے وقت کام آنے والی چیز -

اڑبوا (ہ / مذ) ذخیرہ - جمع جتھا - اندوختہ - سرمایہ -

ا - ز

اَز (ف) - سے - حرفِ ربط -
اِزا (ع / مذ) مقابلہ کرنا - مقابلہ - مقابل ہونا -
اِزار (ف / مث) پاجامہ - شلوار -
اِزاربند (ف / مذ) ناڑا - کمر بند -
اِزاربند کا رشتہ (ر) بیوی کی طرف کا رشتہ -
اِزاربند کا ڈھیلا (ر / مذ) بدکار - زانی -
اِزاربند کی ڈھیلی (ر / مث) بدکار عورت - فاحشہ عورت -
اِزاربند کی سچّی (ر / مث) پاک دامن عورت - باعصمت / عفت خاتون -
اِزار میں ڈال کر پہن لینا (ر) ڈر نہ ماننا - خیال میں نہ لانا - حیا شرم نہ کرنا - ادب و لحاظ نہ جاننا -
اِزالہ (ع / مذ) زائل کرنا - مٹانا - بے عزتی اور رسوائی کرنا -
اِزالۂ بکارت (ع - اضافت) کنوارپن کا خاتمہ -
اِزالۂ حیثیتِ عُرفی (ع / مذ) مشہور عزت کو زائل کرنا - کسی شخص کی ہتک کرنا - کسی کی بے عزتی کرنا - بدنامی کرنا -
اُزبک (ت / مذ) تاتاری ترکوں کے ایک قبیلے کا نام -
اَزبر (ف) حفظ - نوکِ زبان -
اَزبس } (ف) بے حد - حد سے زیادہ - بہت ہی - نہایت -
اَز حد }
اَز پا اُفتادن (ف) بے ہوش ہو جانا -
اَز پا در آمدن (ف) زمین پر گرنا -
اَز خود (ف) آپ سے آپ - آپ ہی آپ - قصداً - عمداً - اپنے آپ - خود ہی -
اَز خود رفتہ (ف) آپے سے باہر - دیوانہ - پاگل -
اَز دست رفتن (ف) بے اختیار ہونا -
اِزدحام (ع / مذ) بھیڑ بھاڑ - ہجوم - کثرت - بہتات -
اِزدواج (ع / مذ) جوڑا بنانا - شادی کرنا - بیاہ کرنا - نکاح کرنا -
اِزدیاد (ع / مذ) زیادہ ہونا - بہت ہونا - زیادتی - ترقی -
اَزرق (ع) نیلا - نیل گوں - آسمانی رنگ کا -
اَزرق چشم - نیلی آنکھوں والا - گربہ چشم - بے مروّت - بے وفا -
اَز سر افگندن (ف) کسی چیز کا زور سے زمین پر مارنا -
اَز سر تا پا (ف) سر سے پاؤں تک - تمام - سارا - سارے کا سارا - بالکل مکمل - اوّل سے آخر تک -
اَز سرِ نو (ف) نئے سرے سے - دوبارہ - پھر -
اَز غیبی (ف) غیب کی طرف سے - نامعلوم طور پر - خدا کی طرف سے - بے خبری میں -
اَز غیبی دھکا - یا - از غیبی گولا (ر / مذ) آسمانی مار - ناگہانی آفت -

خدا کا غضب - دفعتہً آ جانے والی مصیبت - بے خبری میں آ لینے والی بلا۔

اَزَل (ع/مث) شروع - آغاز - ابتداء - دُنیا کی پیدائش سے پہلے کا وقت جس کی کوئی ابتدا نہیں - (ابد کی ضد)۔

اَزماشت کر برماشت (ف/مقولہ) - ہم پر جو مصیبت آئی ہے اپنے ہی ہاتھوں آئی - اپنے کیے کی سزا ہے۔

اَزمنہ (ع/مذ) زمانہ کی جمع۔

اَزواج (ع) - (زوج کی جمع) منکوحہ عورتیں - بیویاں۔

اَزواجِ مطہرات (ع) پاک بیویاں - حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویوں سے مُراد ہے۔

اَزہار (ع) (زہر (کلی) کی جمع) - کلیاں - شگوفے۔

اِزہاف (ع/مذ) جھوٹ بولنا۔

اِزہاق (ع/مذ) ہلاک کرنا۔

اَزہر (ع) نہایت زرد - مصر کی ایک پُرانی یونیورسٹی - اسے "جامع ازہر" بھی کہتے ہیں۔

اَزہری (ع/صف) جامع ازہر سے منسوب - جس نے جامع ازہر مصر میں تعلیم پائی ہو۔

اَزیغ (ف/مذ) نفرت - کینہ - غصّہ۔

ا - ژ

اژدہا اژدہا (ف/مذ) بہت بڑا سانپ۔

اژدہا (ف) یوسف زلیخا میں مُراد عزیز مصر سے ہے - اور سکندر نامہ میں تلوار سے۔

اژدھات (ز/مث) - (اصل میں ہشت دھات تھا) آٹھ ملی ہوئی دھاتیں - سونا - چاندی - تانبا - پیتل - جست - لوہا - سکہ - قلعی کا مرکب (مجازاً) نہایت سخت - مضبوط - پختہ۔

اژدھے کے مُنہ سے پھرے (ار/مثل) مصیبت سے نجات پائی۔

اژدہا کے مُنہ میں ہاتھ دینا - یا - ڈالنا (ار/مثل) خطرناک کام کرنا - دشمن کے قابو میں جانا - بڑے آدمیوں سے میل جول رکھنا۔

ا - س

اِس (ہ) یہ کا مبدل - حرفِ عاملہ سے ماقبل آنے کے باعث یہ اِس سے بدل گیا - اشارۂ قریب۔

اُس (ہ) وہ کا مبدل - حرفِ عاملہ نے اس پر بھی وہی عمل کیا - یعنی وہ اُس سے بدل گیا - اشارۂ بعید اور ضمیر غائب واحد۔

اساتذہ (ع/مذ) - (اُستاد کی جمع) تعلیم دینے والے - اپنے فن کے کامل۔

اسادھ (ہ) لاعلاج - کٹھن - مشکل۔

اُسارا (ہ/مذ) چھپر - برآمدہ - سائبان - دوا کا نتھرا ہوا پانی۔

اِسارت (ع/مث) اسیری - قید۔

اُسارہ (ہ/مذ) ریشم کا دھاگا - جس پر کلابتون کا تار چڑھاتے ہیں۔

اُسارنا (ہ) پانی نکالنا - دوا بھگو کر اس کا آب زلال لینا۔

اساڑھ (ہ/مذ) ہندی سال کا چوتھا مہینہ - برسات کے شروع کا مہینہ - نصف جون سے نصف جولائی تک۔

اساڑھ کے درزی (ہ/صف) نکما اور بے کار۔

اساڑھی (ہ/مث) فصل ربیع - وہ فصل جو اساڑھ کے مہینے میں اُٹھائی جاتی ہے - ہندوؤں کا ایک تہوار۔

اساس (ع/مث) بُنیاد - جڑ - اصل۔

اساطیر (ع/مذ) قصّے کہانیاں۔

اسالیب (ع/مذ) - (اسلوب کی جمع) طریقے - ڈھنگ - طرزیں۔

اسامی (ع/مث) - (اسم کی جمع الجمع) نام - اسم - نفر - آدمی - کسان - لین دین رکھنے والا - گاہک - خریدار - عہدہ - نوکری - مال دار - روپے والا - اُردو میں یہ لفظ مُفرد استعمال ہوتا ہے۔

اسامی غیر موروثی (ف/مذ) وہ کاشتکار جسے دوامی کاشت کا حق نہ ہو۔

اُسانا (ہ) جوش دینا - اُبالنا۔

اسانید (ع/مث) - (اسناد کی جمع) وہ کتابیں جن میں ہر حدیث اس کے راویوں کے نام کے ساتھ لکھی جاتی ہو - جیسے مسلم - بخاری شریف وغیرہ۔

اسباب (ع/مذ) - (سبب کی جمع) - وجوہ - (ل) سامان - اثاثہ۔

اسباط (ع/مث) - (سبط کی جمع) پوتے - پوتیاں - دوہتے دوہتیاں۔

اسباق (ع/مذ) سبق کی جمع۔

اس بھول کا خُدا حافظ (ار/کہاوت) بہت نسیان والے کی نسبت کہا کرتے ہیں - اس بھول کا کوئی علاج نہیں - بڑی بھاری بھول ہے - اللہ نگہبان۔

اسپ (ف/مذ) گھوڑا - شطرنج کا ایک مہرہ جو اڑھائی گھر چلتا ہے۔

اسپتال (ار/انگریزی) ہوسپٹل - شفاخانہ - وہ مقام جہاں ڈاکٹر بیماروں کا علاج کرتے ہیں۔

اسپغول (ف/مذ) ایک مشہور دوا - ایک قسم کے لعاب دار بیج۔

اسپک (ف/مذ) بڑا خیمہ۔

اسپنج یا اسفنج (ار/مذ) سمندری جانوروں کے گھونسلے جنہیں غوطہ خور کاٹ لاتے ہیں بازاروں میں عام بکتے ہیں - ان کی ساخت کچھ ایسی ہوتی ہے کہ پانی بہت سا جذب کر لیتے ہیں - اور نچوڑنے پر بالکل خشک ہو جاتے ہیں۔

اسپند (ف/مذ) حرمل - کالا دانہ - جاہل لوگ دفع نظر بد کے لیے جلاتے ہیں۔

اسپیچ (انگریزی/مث) تقریر - گفتگو - لیکچر۔

اُستا (ف/مث) آتش پرستوں کی کتاب - ژند کی تفسیر (بہ حالت ترکیب) نانی - حجام۔

اُستاد (ف/مذ) خیمے کی چوبیں - شامیانے کا بوجھ سنبھالنے والی لکڑی - تھم - ستون - پائے۔

اُستاد (ف/مذ) سکھانے والا - پڑھانے والا - معلّم - کامل فن - تجربہ کار - عیّار - چالاک۔

اُستاد باپ کی جگہ ہوتا ہے (ار/مقولہ) اُستاد کا درجہ باپ کے برابر ہے۔

کیونکہ باپ جسمانی تربیت کرتاہے اور اُستاد رُوحانی۔ باپ صُورت اور اُستاد سیرت بناتا ہے۔
اُستاد کرنا (ار/ محاورہ) کسی فن میں کسی کو اپنا مُعلّم بنانا۔
اُستادی (ف/ مث) کمال ہُنرمندی۔ نہایت چالاکی۔ عیّاری۔
اُستاکار (ف/ مذ) اُستاد۔ ماہرِفن۔ چالاک۔
اِستامبول (ت) اصل میں اسلامبول یعنی اسلام کا شہر۔ بول تُرکی میں شہر کو کہتے ہیں۔ قسطنطنیہ۔
اُستانی (ف/ مث) مُعلّمہ۔ پڑھانے والی عورت۔ آتون۔ اُستاد کی بیوی۔
اِستبداد (ع/ مذ) ظُلم۔ زبردستی۔ اِصرار کرنا۔ ہٹ کرنا۔ اِستقلال ضِد کرنا۔ زبردستی کرنا۔
اِستبرق (ع/ مذ) سبز اطلس کی قسم کا ریشمی کپڑا۔ دُھوپ چھاؤں۔
اِستثنا (ع/ مذ) باہر نکالنا۔ علیحدہ کرنا۔ الگ کرنا۔
اِستجابت (ع/ مث) قبول کرنا۔
اِستحضار (ع/ مذ) یاد رکھنا۔ کسی کی حاضری چاہنا۔
اِستحفاظ (ع/ مذ) نگہداشت۔ حفاظت۔
اِستحقار (ع/ مذ) حقارت۔
اِستحقاق (ع/ مذ) حق چاہنا۔ حق دار ہونا۔ مجاز ہونا۔ حق رکھنا۔ سزاوار ہونا۔ کسی کام کے لائق ہونا۔
اِستحسان (ع/ مذ) پسندیدگی۔ نیک اور بہتر سمجھنا۔ اچھا جاننا۔
اِستحکام (ع/ مذ) مضبوطی۔ پُختگی۔ استقلال۔ پکّا ہونا۔ مضبوط ہونا۔
اِستخارہ (ع/ مذ) طلبِ خیر کرنا۔ نیکی طلب کرنا۔ نیکی کی توفیق مانگنا۔ شرعی اِصطلاح میں کسی کام کے ہونے یا نہ ہونے کی نسبت کسی غیبی اشارے کی خواہش کرنا (مجازاً) فال دیکھنا۔ شگون چاہنا۔
اِستخارہ کرنا یا دیکھنا (ار) کسی کام کے لیے اس کے ہونے یا نہ ہونے کی بابت خداوندکریم سے ارشاد و اشارہ چاہنا۔
اِستخراج (ع/ مذ) نکالنا۔ چھانٹنا۔ خارج کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ جُدا کرنا۔ علم منطق کی اصطلاح میں چند افراد پر تجربہ کرکے کسی قاعدے کی صحت یا غلطی معلوم کرنا۔ نتیجہ نکالنا۔
اِستخفاف (ع/ مذ) خفیف اور ہلکا سمجھنا۔ حقارت۔ شرمندگی۔
اُستخوان (ف/ مذ) ہڈی۔
اِستدراج (ع/ مذ) خرقِ عادت۔ جو کسی غیر مُسلم سے ظاہر ہو۔
اِستدعا (ع/ مث) چاہنا۔ خواہش کرنا۔ درخواست کرنا۔ دعویٰ کرنا۔
اِستدقاق (ع/ مذ) باریک ہونا۔ باریک۔
اِستدلال (ع/ مذ) دلیل لانا۔ دلیل طلب کرنا۔ ثبوت مانگنا۔
اَستر (ف) دوہرے یا روئی والے کپڑے کا نچلا حصہ۔ نیچے رہنے والا کپڑا۔ خچر۔
اِستراحت (ف/ مث) آرام کی خواہش۔ آرام کرنا۔ (مجازاً) سونا۔ نیند لینا۔
اِستراق (ع/ مذ) چوری چھپے کی چیز لینا۔

اِسترجاع (ع/ مذ) دی ہوئی چیز واپس لینا۔ اور کلمہ اِنّا للہ و اِنّا الیہ راجعون پڑھنا۔
اِسترخا (ع/ مذ) عضو سُست ہونا۔ ڈھیلا ہو کر لٹک پڑنا۔
اِسترضا (ع/ مذ) رضا جوئی۔ رضا طلبی۔
اَستر کاری (ف/ مث) دیواروں پر سفیدی کرنا۔ پُختہ دیوار پر چونا گچ کا پلستر چڑھانا۔ لیپنا۔
اُسترہ (ف/ مذ) بال مونڈنے کا آلہ۔ حجامت کرنے کا ایک اوزار۔
اِستری (ہ/ مث) عورت۔ بیوی۔ لوہے کا ایک اوزار جس کے اندر گرم کوئلے ڈال کر اور گرم کرکے کپڑوں پر پھیرتے ہیں جس سے کپڑوں کی شکنیں دُور ہو کر صفائی آجاتی ہے۔ اور سیونیں بیٹھ جاتی ہیں۔
اِستشارہ (ع/ مذ) مشورہ لینا۔
اِستشہاد (ع/ مذ) شہادت۔ ثبوت۔ گواہی۔
اِستشہاد نامہ (عف/ مذ) سند۔ ڈپلوما۔
اِستصواب (ع/ مذ) رائے لینا۔ مشورہ طلب کرنا۔ تجویز پوچھنا۔
اِستطاعت (ع/ مث) مقدور۔ طاقت۔ حیثیت۔ دسترس۔ قوت۔
اِستعارہ (ع/ مذ) مانگ لینا۔ علم بیان کی اصطلاح میں مجاز کی ایک قسم۔ حقیقی اور مجازی معنی کے درمیان تشبیہ کا تعلق ہونا۔ یعنی حقیقی معنی کا لباس۔ مانگ کر مجازی معنی کو پہنانا۔ جیسے چاند اور لعل۔ چاند کا اِستعارہ چہرے سے اور لعل کا لب سے ہے۔ اس میں مُشبّہ بہ بولا ہے اور مُشبّہ مُراد لی ہے۔
اِستعارہ بالتصریح (ع/ مذ) جس میں مُشبّہ بہ مضاف موجود ہو۔ اور مُشبّہ مضاف الیہ غیر موجود۔ جیسے صنم سے معشوق مُراد ہے۔ یہاں معشوق کو صریح طور پر بُت کہا گیا ہے۔
اِستعارہ بالکنایہ (ع/ مذ) اگر مُشبّہ بہ غیر موجود ہو۔ جیسے رُخ روشن میں رُخ موجود ہے اور آفتاب جس سے تشبیہ دی گئی ہے۔ غیر موجود۔ تو اسے استعارہ بالکنایہ کہیں گے۔
اِستعانت (ع/ مث) مدد مانگنا۔ اِعانت چاہنا۔ حمایت طلب کرنا۔
اِستعجاب (ع/ مذ) تعجب۔ حیرانی۔ تعجب کرنا۔ حیران ہونا۔ اچرج۔ اچنبھا۔
اِستعداد (ع/ مث) لیاقت۔ قابلیت۔ مادّہ۔ ملکہ۔
اِستعفاء (ع/ مذ) معافی مانگنا۔ عفو طلب کرنا۔ (اصطلاح میں) نوکری چھوڑنے کی عرضی۔
اِستعجال (ع/ مذ) جلدی کرنا۔ عجلت۔
اِستعمال (ع/ مذ) کام میں لانا۔ برتنا۔ عمل میں لانا۔
اِستعجاب (ع/ مذ) حیرت۔ تعجب۔
اِستغاثہ (ع/ مذ) فریاد کرنا۔ بدلہ چاہنا۔ نالش۔ قانونی اصطلاح میں فوجداری میں دعویٰ کرنا۔ استغاثہ اور دیوانی میں عرضی دینا۔ دعویٰ

کہلاتا ہے۔

اِستغراق (ع ا مذ) کسی خیال میں غرق ہونا۔ محویت۔

اِستغفار (ع ا مذ) مغفرت مانگنا۔ بخشش چاہنا۔ توبہ کرنا۔ معافی مانگنا۔

اَستغفِرُ اللہ (ع) میں خدا سے معافی مانگتا ہوں۔ خدا بچائے۔ کسی کام سے نفرت اور انکار کے موقع پر مستعمل ہے۔

اِستغنا (ع ا مث) بے پروائی۔ بے نیازی۔ بے فکری۔

اِستفادہ (ع) فائدہ حاصل کرنا۔

اِستفتاء (ع ا مذ) فتویٰ طلب کرنا۔ حکم شرعی چاہنا۔ شرعی مسئلہ کسی عالم سے دریافت کرنا۔ وہ تحریر جس پر فتوے مانگا جائے۔

اِستفسار (ع ا مذ) دریافت کرنا۔ پوچھنا۔

اِستفہام (ع ا مذ) سمجھنا۔ سمجھنے کی خواہش کرنا۔ اس کی تین قسمیں ہیں۔

(۱) استخباری۔ جس سے صرف دریافت کرنا اور خبر لینا مقصود ہو۔ جیسے کیا کرتے ہو؟

(۲) اقراری۔ جس سے ثبوت پایا جائے۔ جیسے کرتے کیوں نہیں؟ کیا میں نے نہ کہا تھا؟

(۳) انکاری۔ جس سے نفی پائی جائے۔ جیسے اب ایسا کام کیوں کرتے ہو؟

اِستقامت (ع ا مث) سیدھا رہنا۔ جما رہنا۔ ڈٹا رہنا۔ سیدھا پن۔

اِستقبال (ع ا مذ) آگے جانا۔ آگے بڑھنا۔ پیشوائی۔ آگے بڑھ کر لینا۔ خیر مقدم۔

اِستقبالیہ (ع ا مذ) وہ دعوت یا جلسہ جو کسی کے خیر مقدم کے لیے کیا جائے۔

اِستقدام (ع ا مذ) استقبال کرنا۔

اِستقرا (ع ا مذ) تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا۔ جستجو کرنا۔ اصطلاح منطق میں وہ عمل جس سے کسی جنس کے چند افراد پر کوئی تجربہ کر کے اس کے تمام افراد پر وہی قاعدہ مقرر کر لیں۔

اِستقرار (ع ا مذ) قرار پکڑنا۔ ٹھہرنا۔ طے پانا۔ قائم کرنا۔

اِستقلال (ع ا مذ) صبر۔ ثابت قدمی۔ پائداری۔ مضبوطی۔ مستقل مزاجی۔ جماؤ۔

اِستکبار (ع ا مذ) تکبر۔ غرور۔

اِستماع (ع ا مذ) سننا۔

اِستمالت (ع ا مث) خوشامد۔ دلجوئی کرنا۔ دلداری کرنا۔

اِستمداد (ع ا مث) مدد مانگنا۔ سہارا ڈھونڈنا۔

اِستمرار (ع) ہمیشہ رہنا۔ ہمیشگی۔ دوام۔ چلنا۔

اِستمراری (ع ا مث) دوامی۔ ہمیشہ کے لیے۔

اِستنباط (ع ا مذ) چھانٹنا۔ چننا۔ نکالنا۔ اخذ کرنا۔

اِستنجاء (ع ا مذ) اپنے بدن کو ناپاکی سے پاک کرنا۔ طہارت کرنا۔ ڈھیلا لینا۔

اِستنجے کا ڈھیلا (ا ا مذ) مٹی کا ڈھیلا جسے استنجا کر کے پھینک دیتے ہیں۔ وہ آدمی جسے نظروں سے گرا دیا جائے۔ بے عزت۔ ذلیل۔

اِستوار (ع ا مذ) برابر ہونا۔ برابری۔ جغرافیہ کی اصطلاح میں خطِ استوا وہ فرضی خط ہے جو دونوں قطبوں سے برابر فاصلے پر شرقاً غرباً کھینچا ہوا مانا گیا ہے۔ اور کرۂ زمین کو شمالاً جنوباً دو برابر حصوں میں تقسیم کرتا ہے۔

اُستوار (ف) پکا۔ مضبوط۔ مستحکم۔ پائدار۔

اَستھان (ہ ا مذ) بزرگوں کے رہنے کی جگہ۔ مکان۔ ٹھکانا۔ آستانہ۔

اَستھاپن کرنا (ہ) مورتی کو مندر میں رکھنا۔ ٹھکانے لگنا۔ مقرر کرنا۔ ٹھہرانا۔

اِستہزاء (ع) ٹھٹھا کرنا۔ ٹھٹھا مخول۔ مذاق کرنا۔ ہنسی کرنا۔

اِستیصال (ع ا مذ) جڑ سے اکھاڑنا۔

اِستیفا (ع ا مذ) پورا کرنا۔

اِستیلاء (ع ا مذ) غالب ہونا۔

اِستیعاب (ع ا مذ) تمام پکڑنا۔ اوّل سے آخر تک لینا۔

اِستیلام (ع ا مذ) ہاتھ یا منہ سے پتھر چومنا۔ کھیتی کا خوشہ نکل آنا۔

اِسٹاف (انگریزی ا مذ) عملہ و فعلہ۔ ایک محکمے کے سب نوکر۔

اِسٹامپ (انگریزی ا مذ) تمسک لکھنے کا سرکاری مہر والا کاغذ۔ جس پر قیمت بھی چھپی ہوتی ہے۔ وثیقے کا سرکاری کاغذ۔ ٹکٹ۔ اسٹام۔

اِسٹیج (انگریزی ا مث) چبوترا۔ پلیٹ فارم۔ اونچی جگہ۔ ممتاز جگہ۔

اِسٹیشن (انگریزی ا مث) چبوترا۔ ٹھہرنے کی جگہ۔ پڑاؤ۔ خصوصاً ریل گاڑی کے ٹھہرنے کی جگہ۔

اِسٹیٹ (انگریزی ا مث) ریاست۔ سلطنت۔ جائداد۔

اِسٹیمر (انگریزی ا مذ) دُخانی جہاز۔ اگن بوٹ۔ سمندروں اور بڑے دریاؤں میں چلنے والا جہاز۔

اِسحاقؑ (ع ا مذ) حضرت ابراہیمؑ کے فرزند کا نام جو نبی ہوئے۔

اَسدُاللہ (ع ا مذ) (اسد) اللہ کا شیر۔ حضرت علیؓ کا لقب۔ اردو کے مشہور شاعر مرزا غالب کا نام۔

اَسد (ع) شیر۔ سنگھ۔ آسمان کے بارہ برجوں میں سے ایک برج جس کی شکل شیر کی سی بناتے ہیں۔ مرزا غالب کا تخلص۔

اُسر (ہ ا مث) بنجر زمین۔ غیر مزروعہ زمین۔

اَسُر (ہ ا مذ) ہند کے اصلی باشندوں کو آریہ لوگ اس نام سے پکارتے تھے۔ جن۔ خبیث۔

اَسرار (ع ا مذ) (سِر کی جمع) بھید۔ راز۔ چھپی بات۔ آسیب۔ جن۔ بھوت وغیرہ کا سایہ۔

اِسراع (ع ا مذ) جلدی۔ تیزی۔

اِسراف (ع ا مذ) فضول خرچی۔ فضول خرچ کرنا۔ روپیہ اڑانا۔ پیسہ لٹانا۔

اِسرافیلؑ (ع ا مذ) ایک فرشتے کا نام۔ جو قیامت کے دن صور پھونکیں گے۔

اِسرائیلؑ (ع ا مذ) حضرت یعقوبؑ کا نام۔

اِسرائیلی (عبر ا صفت) یہودی قوم یا فرد۔

اَسسٹنٹ (انگریزی / مذ) نائب - مددگار - معاون -
اِس سے ہاتھ دھولو (ل / محاورہ) اسے جانے دو - اسے دفع کرو چھوڑ دو - یہ کام نہ ہو گا -
اِس سے تو ٹکٹے کی ناک بھی نہیں کٹتی (ل / محاورہ) کُند چھری یا چاقو کی نسبت بولتے ہیں -
اُسطرلاب یا اُصطرلاب (ع / مذ) ارسطو کا بنایا ہوا نجومیوں کا ایک آلہ - جس سے ستاروں کی نحوست و سعادت کا پتا چلتا ہے -
اُسطر (ع / مذ) ترازو -
اِسعاف (ع / مذ) حاجت روا کرنا - روائی کرنا -
اُسطوانہ (ع / مذ) تھم - کھمبا - ستون -
اُسطوخودُس (یونانی / ایک دوا جو نزلے کے لیے بہت مفید ہے -
اُسطورہ (ع / مث) کہانی - قصہ - بات -
اِسفار (ع / مذ) روشن ہونا -
اُسفاناخ (ت) پالک - پالک کا ساگ - ایک قسم کی سبزی -
اُسفل (ع / مذ) کمینہ - پرلے درجے کا نیچ - اعلیٰ کی ضد -
اُسفل السافلین (ع / مذ) دوزخ کا سب سے نچلا طبقہ -
اِسقاط (ع / مذ) گرنا - حمل گرنا - پیٹ گرنا - حمل ضائع کرنا - یا ہونا - گرانا -
اُسقام (ع / مذ) - (سُقم کی جمع) بیماریاں - عیب -
اُسقُف (ع / مذ) لاٹ - پادری - لارڈ بشپ - پادریوں کا سردار -
اِس کا بڑا دیدہ ہے (ل / محاورہ) استفہام انکاری - اس کا دیدہ نہیں - دھیان نہیں - بڑا گستاخ اور بے باک ہے -
اِس کان سُنا اُس کان نکال دیا (ہ / محاورہ) سُن کر عمل نہ کرنا - کہنا بے سود -
اِسکرو (انگریزی / مذ) پیچ - خصوصاً بوتل کا کاگ نکالنے کا پیچ -
اِسکندر (یونانی) یونان کا مشہور بادشاہ - جس نے ہندوستان پر بھی حملہ کیا اور بہت سا علاقہ فتح کر لیا - یہاں سے جاتے وقت بابل کے قریب پہنچ کر مر گیا -
اِسکندریہ (ع / مذ) سکندر بن فیلقوس کا بسایا ہوا شہر جو مصر کے شمال میں بحیرۂ روم کے کنارے پر بندرگاہ ہے - یہاں ایک لائبریری ہے - مصر کی رُوئی - گیہوں - قہوہ - گوند اور کھانڈ یہاں سے باہر کو جاتی ہے -
اِسکوائر (انگریزی / مذ) صاحب - عموماً شرفاء کے نام کے ساتھ آتا ہے -
اِس کو تو پتھر مارے بھی موت نہیں آتی (ہ / محاورہ) نہایت سخت جان ہے - بڑا ہی ڈھیٹ ہے - بے حیا اور بے غیرت ہے -
اِس کوٹھی کے دھان اُس کوٹھی میں کرنا (ہ / محاورہ) فضول کام کرنا - لغو اور مہمل کام کرنا - خالی بیٹھے بیٹھے لغو کام ہی میں لگے رہنا -
اِس کو چیل کوّوں کو دے دوں (ہ) عورتوں کا کوسنا - اس کے ٹکڑے کر کے چیل اور کوّوں کے آگے ڈال دوں -

اِسکُول (انگریزی / مدرسہ) پڑھنے کی جگہ - تعلیم گاہ - مکتب جہاں متوسط درجے تک تعلیم ہوتی ہو -
اس کو وہاں ماریئے جہاں پانی نہ ملے (ہ / مثل) سخت دشمن کی نسبت بولتے ہیں - یعنی اس پر رحم اور ترس نہیں کرنا چاہیے - ناقابلِ عفو ہے -
اِس کی چھاتی کو سراہیے (ہ / محاورہ) اس کے حوصلے اور بُردباری کی تعریف کیجئے - اس کی بہادری اور ہمت قابلِ تعریف ہے -
اِس کے دِل گُردے کو دیکھو (ل / محاورہ) بڑا بہادر ہے - جواں مرد ہے - سخی ہے -
اِس کے نام کا کتا بھی نہیں پالتے (ل - محاورہ) اس کا کوئی لحاظ نہیں کرتا - اس کا نام تک لینا بھی گوارا نہیں - نہایت ذلیل اور نظروں سے گرے ہوئے شخص کی بابت بولتے ہیں -
اِس گھر کا باوا آدم ہی نرالا ہے (ل / محاورہ) اس گھر کا کیا کہنا - سبھی نالائق ہیں - ان کی عادتیں اور رواج ہی دُنیا بھر سے نرالے ہیں - دُنیا سے الگ ہیں -
اَسلاف (ع / مذ) - (سلف کی جمع) اگلے وقتوں کے بزرگ -
اِسلام (ع / مذ) ماننا - قبول کرنا - گردن نہادن اطاعت حق - دین محمدی جس میں آدمی ہمہ تن خدا ہی کا ہو رہتا ہے - دینِ برحق -
اِسلام لانا یا قبول کرنا (ل) دینِ محمدی کو قبول کرنا - مسلمان ہونا -
اَسلحہ (ع / مذ) - (سلاح کی جمع) - ہتھیار - لڑائی کے آلات - جنگ کے اوزار -
اَسلحہ خانہ (عف / مذ) وہ مکان جس میں ہتھیار رکھے جاتے ہیں -
اَسلم (ع) بہت بچا ہوا - سلامت - محفوظ -
اُسلوب (ع / مذ) ڈھنگ - طریقہ - قاعدہ - دستور - راہ - راستہ -
اِسم (ع / مذ) نام - علم صرف میں وہ کلمہ جو اپنے معنی بالاستقلال ظاہر کرے - اور جس میں کوئی زمانہ نہ پایا جائے -
اِسم آلہ (عف / مذ) وہ اسم جو کسی اوزار یا ہتھیار کے معنی دے -
اِسم استفہام (عف / مذ) وہ اسم جو پوچھنے کے موقع پر بولا جائے -
اِسم اعظم (ع / مذ) خدائے تعالیٰ کا سب سے بزرگ نام -
اَسماء (ع / مذ) - اِسم کی جمع -
اِسمٰعیلؑ (ع / مذ) ایک بڑے جلیل القدر پیغمبر حضرت ابراہیمؑ کے فرزند جن کا لقب ذبیح اللہ ہے -
اِسم بامسمّٰی (ع / مذ) جیسا نام ویسا کام - جس کا نام اور صفات باہم موافق ہوں -
اس میں کچھ پُھونی ہے یا اس میں کچھ تہہ ہے (ل / فقرہ) اس میں کوئی چال ہے - اس بات میں کچھ دھوکا ہے - خرابی ہے - مزدور کوئی بکھیڑا ہے -
اَسناد (ع / مذ) - (سند کی جمع) سرٹیفکیٹ - سندیں - وثیقے - دلیلیں -
اَسنان (ع / مذ) دانت - دندان -

اسوار (ف/مذ) اصل میں اسپ وار تھا، گھوڑا چڑھا۔ گھوڑے پر چڑھنے والا۔

اسوالسی (ہ/مث) زمین ناپنے کا ایک آلہ۔

اِس واسطے (ا/حرفِ علّت) لہٰذا اس لیے۔ اس وجہ سے۔

اَسواط (ع/مذ)۔ (سوط کی جمع) تازیانے۔

اَسواق (ع/مذ)۔ (سوق کی جمع) بازار۔

اَسوج (ہ/مذ) ہندی سال کا ساتواں مہینہ۔ نصف ستمبر سے نصف اکتوبر تک۔

اَسوجھ (ہ/مذ) جو سجھائی نہ دے۔ مخفی۔ پوشیدہ۔ پنہاں۔

اَسوگ (ہ) جہاں سوگ یعنی ماتم نہ ہو۔ یعنی سکھ۔ چین۔ آرام۔

اسہال (ع/مذ) دست پر دست آنا۔ پیٹ چلنا۔ پتلا پاخانہ۔

اِس ہاتھ دے اُس ہاتھ لے (ا۔ محاورہ) فوراً بدلہ پائیے۔ ہاتھوں ہاتھ بدلا ملے۔ ہر کام کی جزا اسی وقت مل جاتی ہے۔

اَسّی (ہ) اسم عدد۔ ستّر اور دس۔ ۸۰۔ ۸۰۔

اِسی (ہ) اِس ہی کا مخفف ہے۔ اور اسی اس ہی کا حصر اور تاکید کا کلمہ ہے۔

اِسی برتے پہ (ہ/محاورہ) اسی حوصلے پر۔ اسی ہمت پر۔ اسی زور پر۔ اسی دولت پر۔ اسی قوت و طاقت پر۔

اَسّی برس کا ریزہ (ا/مذ) وہ شخص جو بڑھاپے میں جوانوں کا سا مزاج رکھے۔

اَسّی برس کی عمر نام میاں معصوم (ا) بڑھاپے میں طفلانہ حرکتیں کرنا۔ نام کے خلاف کام کرنا۔ عمر کا بوڑھا کام بچوں والے۔

اِسی دن کو پالا تھا }
اِسی دن کو پال کر اِتنا بڑا کیا تھا } (ہ/محاورہ) بطریق استفہام۔ اپنے فرزند یا پروردہ سے رنج پہنچنے پر شرمندہ کرنے کو بولتے ہیں۔ رنج سے متاثر ہو کر اس کی موت کے لیے بولتے ہیں۔ یا بہادری کا موقع دیکھ کر اُسے کہتے ہیں کہ دشمن کو مار۔ اِسی دن کے لیے تجھے پالا تھا۔

اَسیر (ع/مذ) قیدی۔ پابند۔ عاشق۔

اَسیری (ع۔ف۔مث) قید۔ پابندی۔

اَسیرباد (ہ/مث) خیر اور برکت کی دُعا۔

اَسیس (ہ/مث) اچھی دُعا۔ نیک دُعا۔

اَسیس دینا یا اسیسنا (ہ) نیک دُعا دینا۔ برکت دینا۔

اُسی کی جوتی اُسی کا سر (ا/محاورہ) کسی کا روپیہ اُسی پر خرچ کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔ یہاں ایک گیا ہو سی کا مال اُسی کو کھلا دیا۔ اپنے ہاتھوں اپنی سزا پانا۔

اَسیونا (ہ) رنج۔ ابلے ہوئے چاولوں کا پانی نکالنا۔

اش

اشارات (ع/مذ)۔ (اشارہ کی جمع)۔ (مونث) علم حکمت میں بوعلی سینا کی مشہور تصنیف۔

اِشارت (ع/مث) اِشارہ کرنا۔ سین مارنا۔ رمز۔ کنایہ۔

اِشارہ (ع/مذ) رمز۔ کنایہ۔ ایما۔ شناخت۔ پہچان۔

اَش اَش (ف/مذ) یہ لفظ غین سے بھی مروّج ہے۔ مگر یہ فضول اور غلط تعریف ہے۔ دُرست الف ہی سے ہے۔ خوشی منانا۔ خوشی۔ حیرت اور حسرت کے موقع پر بولتے ہیں۔

اِشاعت (ع/مث) پھیلانا۔ مشہور کرنا۔ شائع کرنا۔

اَشباح (ع/مذ) بدن۔ جسم۔

اِشتباہ (ع/مذ) کسی کے مانند ہونا۔ مشابہ ہونا۔

اِشبال (ع/مذ) مہربانی کرنا۔ شیرنی کا بچہ جننا۔

اَشتاد (ع/مذ) ہر شمسی مہینے کا چھبیسواں دن۔

اِشتباہ (ع/مذ) شبہ پڑنا۔ شک ہونا۔ گمان۔ دھوکا لگنا۔

اِشتداد (ع/مذ) شدّت۔ زیادتی۔ کثرت۔ بہتات۔ فراوانی۔ ترقی۔

اُشتر (ف/مذ) اُونٹ۔

اِشتراک (ع/مذ) شرکت۔ ساجھا۔ میل جول۔

اِشتعال (ع/مذ) بھڑکنا۔ جوش مارنا۔ شعلہ اُٹھنا۔ غصے ہونا۔ جوش۔ غصہ۔

اِشتعالِ طبع (ع/مذ) طبیعت کا جوش۔ غصے کا بھڑک اُٹھنا۔

اِشتغال (ع) مشغول ہونا۔ کام میں لگنا۔ مشغول۔ مشغولیت۔ شغل۔

اِشتقاق (ع/مذ) نکالنا۔ بنانا۔ ایک کلمے سے دوسرا کلمہ بنانا۔ صیغے نکالنا۔ لکڑی چیرنا۔

اِشتمال (ع/مذ) شامل ہونا۔ ملنا۔ شریک ہونا۔

اِشتہاء (ع/مث) بھوک۔ گرسنگی۔ خواہش۔

اِشتہار (ع/مذ) شہرت دینا۔ نوٹس۔ اعلان۔

اِشتہاری (ع/مذ) اس میں یائے نسبتی ہے۔ وہ چیز جس کی بابت شہرت دی گئی ہو جیسے اشتہاری حکیم۔ جو محض اشتہاربازی سے روپے بٹورتا ہے۔

اِشتہاری مجرم (ع۔ قانون) ایسا مجرم جسے عدالت میں حاضر نہ ہونے کی بنا پر اس کو اشتہاری مجرم قرار دے دیا گیا ہو۔

اِشتیاق (ع/مذ) شوق۔ آرزو۔ تمنا۔ محبت۔ چاہت۔

اَشجار (ع/مذ)۔ (شجر کی جمع)۔ درخت۔ پیڑ۔

اَشخاص (ع/مذ)۔ (شخص کی جمع) بہت سے لوگ۔ بہت سے آدمی۔

اِشخام (ع) کھانے کا سڑ جانا۔

اَشدّ (ع/مذ) بہت سخت۔ نہایت مضبوط۔ تیز مزاج۔ تند طبع۔

اَشدَق (ع) فراخ دہن۔

اَشدھ (ہ/مذ) ناپاک۔ پلید۔ گندہ۔

اَشرّ (ع۔ تفضیل) انتہائی شریر۔ بدکار۔

اَشرار (ع/مذ)۔ (شریر کی جمع)۔ فسادی۔ فتنہ انگیز۔

اَشراف (ع/مذ)۔ (شریف کی جمع)۔ بھلے مانس۔ مہذب۔ اُردو میں یہ لفظ واحد کے لیے بھی بولا جاتا ہے۔

اشراف پاؤں پڑیں کمینہ سر چڑھے (ف۔ مثل) شریف آدمی بوجہ شرافت

ذاتی زمی کرتا ہے اور کینہ اُٹھا دلیر اور اس پر شیر ہو جاتا ہے۔
اَشرافت (ف / مث) شائستگی۔ نیک ہونا۔
اشراف وہ جس کے پاس اشرفی (ف / مش) روپے والا ہی آج کل اشراف ہے نہ کہ خوش اخلاق۔ اس زمانے میں مال دار ہی اشراف ہے۔
اِشراق (ع / مذ) روشنی دینا۔ طلوع کرنا۔ سورج نکلنے کا وقت۔ وہ نماز جو آفتاب کے نیزہ دو نیزہ بلند ہو جانے پر پڑھی جاتی ہے۔ روشن دل۔ حکمت۔
اشراقی یا اشراقیہ (ع / مذ)۔ (یائے نسبت منسوب بہ اشراق) حکماء کا ایک گروہ جو اپنے باطنی نور اور دل کی صفائی سے دور ہی بیٹھے تعلیم و تعلم اور درس و تدریس کر سکتے ہیں۔ ایک دوسرے کے پاس جانے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ اس کی جمع اشراقیین ہے۔
اَشرف (ع / مذ) بڑا ہی شریف۔ نہایت بزرگ۔ بہت ہی اچھا اور نیک آدمی۔
اشرف الاشراف (ع / مذ) نہایت شریف۔
اشرف المخلوقات (ع / مذ) تمام مخلوقات میں بزرگ یعنی اِنسان۔
اشرفی (ع / مث) وہ سونے کا سکہ جس کی قیمت پندرہ روپے ہے۔ پونڈ۔ گنی۔ ساورن۔ لیرا۔ دینار۔ اب سونے کے بھاؤ چلتی ہے۔ زرد رنگ کا ایک پھول۔
اشرفی بُوٹی (ف / مث) اشرفی جتنا پھول جو عموماً چھینٹوں وغیرہ پر بنا ہوتا ہے۔
اشرفیاں لُٹیں اور کوئلوں پر مُہر (و / مش) اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو غیر ضروری اخراجات میں تو ہزاروں روپے خرچ کر دے اور ضروری اور چھوٹی چھوٹی باتوں میں تنگ دلی برتے۔
اَشعار (ع / مذ)۔ (شعر کی جمع)۔ ابیات۔
اِشعار (ع / مذ) آگاہ کرنا۔ کسی کے دل میں خوف ڈالنا۔
اشعاع (ع / مذ) کرنیں ڈالنا۔
اَشعۃ (ع / مث)۔ (شعاع کی جمع)۔ کرنیں۔
اَشعث (ع / مذ) ایک بڑے ولی کا نام۔
اَشعری (ع / مث) ایک شخص کا نام جس کے جسم پر پیدائش کے وقت بڑے بڑے بال تھے۔
اَشفاق (ع / مذ)۔ (شفقت کی جمع) مہربانیاں۔ عنایتیں۔ نوازشات۔
اَشفلی (ع / مث) موچیوں کی ستالی جس سے سوراخ کرتے ہیں۔
اَشقر (ع) ہر سُرخ رنگ کی شے۔ کبھی مطلق گھوڑے سے مراد لی جاتی ہے۔
اَشقیا (ع / مذ)۔ (شقی کی جمع) بدبخت۔ سنگ دل۔ بے رحم۔ ظالم۔
اَشک (ف / مذ) آنسو۔ شُتر (ت) گدھا۔
اَشک بار (ف / فاعل) آنسو بہانے والا۔
اَشکال (ع / مث)۔ (شکل کی جمع) صورتیں۔ شکلیں۔
اَشکباری (ف / مث) آنسو برسانا۔ رونا۔ آنسو بہانا۔
اَشک شوئی (ف / مث) آنسو پونچھنا۔ آنکھیں پونچھنا۔ تسلی دینا۔ دلاسا دینا۔
اَشکِ ندامت (عف / مرکب اضافی) وہ آنسو جو شرمندگی یا پشیمانی کی وجہ سے نکلے۔
اُشلک لگانا (ل) تہمت لگانا۔ اِلزام دینا۔ بہتان باندھنا۔
اَشلوک (ہ / مذ) نظم۔ دوہرا۔ بیت۔
اَشنان (س / مذ) نہانا۔ غسل کرنا۔ تمام بدن کو پانی سے خوب مل کر صاف کرنا۔
(ع) ایک قسم کی گھاس جس سے کپڑے دھوتے ہیں۔
اَشنان دھیان کرنا (ل) پُوجا پاٹ کرنا۔ غسل کر کے پُوجا کرنا۔
اَشہب (ع / مذ) سبز گھوڑا۔ ایسے سیاہ رنگ کا گھوڑا جس میں سفیدی غالب ہو۔ کبھی محض گھوڑے کے بھی معنی دیتا ہے۔
اشیاء (ع / مث)۔ (شے کی جمع)۔ چیزیں۔
آشیرباد (س / مث) دعائے خیر و برکت۔ اسیرباد۔ اسیس۔

ا - ص

اِصابت (ع / مث) رسائی۔ پہنچ۔ پختگی۔ مضبوطی۔ استحکام۔
اَصابع (ع / مث) اُنگلیاں۔ ہاتھ کی اُنگلیاں۔
اِصالت (ع) اصلیت۔ پیدائشی اثر۔ ذاتی اور جبلی اثر۔ تخم کی تاثیر۔ خاندانی اثر۔
اِصالتاً (ع) خود۔ اپنے آپ۔ بذاتِ خود۔
اِصبع (ع / مث) ہاتھ پاؤں کی اُنگلیاں۔
اَصبغ (ع / مذ) وہ گھوڑا یا مُرغ جس کی دُم سفید ہو۔
اَصح (ع / مذ) بہت دُرست۔ نہایت صحیح۔ بالکل دُرست۔ ٹھیک۔
اَصحاب (ع / مذ) ہم نشین۔ ساتھی۔ حمایتی۔ یار و مددگار۔ دوست۔ (صاحب کی جمع) آقا۔ مالک۔ (مجازاً) وہ بزرگ جنھوں نے رسول اللہ کی صحبت سے فیض پایا ہو۔
اَصحابُ الشِّمال (ع / مذ) بائیں طرف والے۔ وہ دوزخی جو قیامت کے دن رب العالمین کے تخت کے بائیں طرف کھڑے ہوں گے۔
اصحاب الرائے (ع / مذ) وہ فقہاء جو مسائل کے استنباط میں قیاس اور رائے سے کام لیں۔
اَصحابِ فیل (ع / مذ) ہاتھیوں والے۔ اُن لوگوں سے مُراد ہے جنھوں نے ابرہہ بن صباح حاکم یمن کے ماتحت کعبہ معظمہ پر فوج کشی کی اور خدائے تعالیٰ نے اپنی قدرت سے ابابیلوں کا لشکر بھیج کر اُن کو شکست دلائی۔
اَصحابِ کہف (ع / مذ) غار کے ساتھی۔ غار والے لوگ۔ اِصطلاح میں اُن لوگوں سے مُراد ہے جو دقیانوس بادشاہ کی خدائی سے انکار کرنے کے سبب اس کے ظلم سے تنگ آ کر غار میں جا چھپے

تھے - ان کے ساتھ ایک کُتّا بھی تھا جسے قطمیر کہتے ہیں -

اِصدار (ع / مذ) صادر کرنا - حکم جاری کرنا - بھیجنا -

اَصدقاء (ع / مذ) - (صدیق کی جمع) سچّے لوگ - دوست - رفیق -

اِصرار (ع / مذ) ضد - ہٹ - تکرار - تاکید - کسی بات پر اڑ جانا -

اِصطباغ (ع / مذ) رنگنا - غوطہ دینا - بپتسمہ دینا - بپتسمہ - غوطہ -

اِصطباغ دینا (ا) عیسائی مذہب میں لانا - بپتسمہ دینے کے وقت سر پر پانی چھڑکنے کی رسم ادا کرنا -

اَصطبل (ع / مذ) طویلہ - وہ مقام جہاں گھوڑے وغیرہ باندھے جاتے ہیں -

اُصطرلاب (ع / مذ) پیتل کا وہ گز جس پر آفتاب اور ستاروں کی بلندی اور بُعد معلوم کرنے کے لیے نقوش اور حروف بنے ہوتے ہیں -

اِصطفا (ع / مذ) چننا - چھانٹنا - برگزیدہ کرنا -

اِصطلاح (ع / مث) کسی گروہ کا ایک لفظ کے اصلی معنی کے سوا اور معنی پر اتفاق کرنا اصلی معنی کے سوا اور معنی ٹھہرانا -

اِصغا (ع / مذ) سننا - کان دھرنا -

اَصغر (ع / مذ) نہایت چھوٹا - سب سے چھوٹا - اس کی مؤنث صغریٰ ہے -

اَصفار (ع / مذ) - (صفر کی جمع) کچھ نہیں - علم ہندسہ میں (٠) -

اَصفر (ع / مذ) نہایت زرد - بہت پیلا - پیلے رنگ کا -

اَصفہان (ف / مذ) فارس کا ایک بہت بڑا شہر - جہاں کا سُرمہ اور تلوار مشہور ہے - کبھی بڑا آباد تھا - ایران کا سابقہ دارالحکومت - یہاں قالین بڑے اچھے بنتے ہیں -

اَصفیاء (ع / مذ) - (صفی کی جمع) - برگزیدہ لوگ - نورانی آدمی - پاک باطن انسان -

اَصل (ع / مث) جڑ - بنیاد - نسل - نطفہ - ذات - کھرا - بے کھوٹ - مادّہ - خلاصہ - حقیقت - حیثیت - مول - (اصل زر) - سبب - وجہ - خالص - کتاب کا متن - مذہبی اصطلاح میں اعتقادی باتیں (عملی باتوں کو فروع کہتے ہیں) -

اصلا یا اصلاً (ع) ہرگز - زنہار - بالکل - ذرا بھی -

اصلاب (ع / مث) (صلب کی جمع) پشتیں -

اِصلاح (ع / مث) درستی - درست کرنا - غلطی دور کرنا - سنوارنا -

اِصلاح بنانا (ا) حجامت یا خط بنوانا -

اِصلاح پر آنا (ا ر - محاورہ) نقصان دور ہونا - بہتر ہونا -

اصلاح پذیر (ع - ف - فاعل) اصلاح قبول کرنے والا -

اصلاح دینا (ا) درست کرنا - کسی مسودے کو درست کرنا - غلطی دور کرنا -

اصل اصل ہے اور نقل نقل (ا / محاورہ) اصل کی خوبی کو نقل نہیں پہنچ سکتی -

اصل الاصول (ع / مذ) جڑ - بنیاد - اصل -

اصل السوس (ع / مث) ملٹھی - کھانسی کو دور کرنے والی ایک دوا -

اصل سے خطا نہیں - کم اصل سے وفا نہیں (ا / مثل) بد اصل آدمی وفادار نہیں ہوتا -

اَصلوں (ا) اصلاً - بالکل - ہرگز - مُطلق - (اصل کی جمع)

اَصلی (ع / مث) جبلّی - فطری - پیدائشی - ذاتی - ٹھیک - درست - نقلی کی ضد - خاص -

اَصلیت (ع / مث) درحقیقت - حقیقی بات - اصلی معاملہ -

اَصم (ع / مذ) بہرا - جسے سنائی نہ دیتا ہو - نہ سننے والا - (پنجابی - ڈورا - بولا) ایک بزرگ حضرت حاتمؒ کا لقب -

اَصناف (ع / مث) - (صنف کی جمع) قسمیں - طرزیں - نوعیں -

اَصنام (ع / مذ) - (صنم کی جمع) بُت - مورتیں - معشوق -

اُصول (ع / مذ) - (اصل کی جمع) - جڑیں - قاعدے - طریقے - قانون - آئین -

اُصول باندھنا (ا ر / محاورہ) قاعدے مقرر کرنا -

اُصولِ کلام (ع) علمِ کلام میں نقلی باتوں کو عقلی دلیلوں سے ثابت کرنا -

اُصولِ موضوعہ (ع / مذ) بنایا یا مقرر کیا ہوا اصول - قائم کردہ قاعدہ -

اصیل (ع / مذ) اچھی نسل کا - اچھی قوم کا - اچھے خاندان کا - اصیل مرغ - اصیل تلوار - اصیل گھوڑا - شریف - عالی خاندان آدمی - خادمہ - ماما - گھر کی ملازمہ -

اصیل مرغی ٹکے ٹکے (ا / مثل) شریفوں کی بے قدری ہے - شرافت کی قدر ہی نہیں - بے قدری کے ظاہر کرنے کے وقت بولتے ہیں -

اصیل مرغی کی ایک ٹانگ (ا - مثل) ضدی اور ہٹیلے آدمی کے لیے بولتے ہیں - اپنی ہی ہانکے جانا - اپنی بات پر ضد کرنا -

ا - ض

اضاض (ع / مث) پناہ کی جگہ -

اِضاعت (ع / مث) ضائع کرنا -

اِضافت (ع / مث) تعلق - نسبت - لگاؤ -

اِضافہ (ع / مذ) زیادتی - ترقی - بیشی - بڑھوتری -

اِضافہ بولنا (ا ر / محاورہ) زیادہ قیمت لگانا -

اِضافہ کرنا (ا) بڑھانا - زیادہ کرنا - تنخواہ میں ترقی دینا -

اِضافی (ع) نسبتی - تعلق والا - جو اصلی نہ ہو -

اَضحیٰ (ع / مذ) قربانی کا دن - عید قربان کا یوم - نذر کا دن -

اضحوکہ (ع / مث) وہ چیزیں جن سے ہنسی آئے - ہنسی کی باتیں -

اُضحیہ (ع / مث) وہ قربانی جو دس ذی الحجہ کو نحر یا ذبح کی جائے -

اَضراب (ع / مث) ضرب کی جمع - چوٹیں -

اضداد (ع / مث) - (ضد کی جمع) مخالف - مخالفین -

اِضراب (ع / مذ) منہ پھیرنا - ایک ہی جگہ ٹھہرا دینا - ضرب دینا -

اَضرار (ع / مذ) ضرر کی جمع - نقصانات -

اِضْرام (ع امذ) آگ روشن کرنا۔

اِضْطِراب (ع امذ) بے قراری۔بے چینی۔گھبراہٹ۔بے تابی۔

اِضْطِرار (ع امذ) بے اختیاری۔بے قراری۔پریشانی۔

اِضْطِراری (ع اف) بے اختیاری کی۔پریشانی کی۔

اَضْعاف (ع امذ)۔(ضعف کی جمع)۔دُگنا۔تگنا وغیرہ۔

اَضْعَف (ع امذ) نہایت کمزور۔بہت ہی ناتواں۔نہایت ضعیف۔

اَضْغاث اَحلام (ع امذ)۔خواب پریشان۔

اَضْلاع (ع امذ)۔(ضلع کی جمع) پسلیاں۔پہلو۔وہ علاقہ جو ایک ڈپٹی کمشنر کے ماتحت ہو۔اطراف۔اشکال۔جیسے۔مربع۔مستطیل وغیرہ کی طرفیں۔کنارے۔

اِضْمار (ع امذ) کلام میں کسی اسم کی طرف ضمیر لانا۔گھوڑے کا لاغر کرنا۔

اِضْمار قبل الذِّکر (ع) کسی اسم کے ذکر سے پہلے اس کی طرف ضمیر پھیرنا۔ضمیر کا مرجع سے پہلے لانا۔جیسے ؎

ذبح کرتا تو ہے پر چاہیے اے مُرغِ دل
دم پھڑک جائے تڑپنا دیکھ کر صیاد کا

اس شعر میں وہ کی ضمیر صیاد کی طرف راجع ہے اور پہلے مصرع میں اس کا ذکر تک نہیں۔

اِضْمِحلال (ع امذ) پژمُردگی۔افسردگی۔سستی۔کمزوری۔ناتوانی۔

اَضْیَق (ع امذ) تنگ تر۔

ا ۔ ط

اطابیت (ع امث) خوش کرنا۔استنجا کرنا۔

اِطاحت (ع) ہلاک کرنا۔

اُطاق (ت امذ) کوٹھڑی۔کمرہ۔حجرہ۔

اِطاعت (ع امث) کہا ماننا۔حکم ماننا۔فرمانبرداری۔

اطال اللہ عُمرہٗ (ع) دُعائیہ فقرہ ہے۔خدا اُس کی عمر بڑھائے۔

اِطلام (ع امذ) پیشاب بند ہو جانا۔

اَطِبّا (ع امذ)۔(طبیب کی جمع) ڈاکٹر۔بید۔حکیم۔

اَطراف (ع امث)۔(طرف کی جمع) کنارے۔گرد اگرد۔جانب۔سمتیں۔

اطریفل (ع امذ) ترپھل۔(تریپھلا) ایک قسم کی معجون۔جس میں ہڑ۔بہیڑہ۔اور آملہ پڑتا ہے۔

اطریہ (ع امث) میدے کی سویاں۔

اَطعِمہ (ع امذ)۔(طعام کی جمع) کھانے۔بھوجن۔

اِطفا (ع) بجھانا۔آگ فرو کرنا۔

اَطفال (ع امذ)۔(طفل کی جمع) لڑکے۔بال بچے۔

اَطفالِ باغ (ف امذ) درخت کے نئے پودے۔

اِطلاع (ع امث) خبر دینا۔خبر۔آگاہی۔رپورٹ۔نوٹس۔

اِطلاع نامہ (ف امذ) عدالت کا سمن۔نوٹس۔حکمنامہ۔پروانہ۔

اِطلاعاً (ع۔متعلق فعل) آگاہ کرنے کے لیے۔

اِطلاع یابی (عف امث) آگاہ ہونا۔

اِطلاق (ع) کھولنا۔چھوڑنا۔آزاد کرنا۔وارد کرنا۔بولا جانا۔استعمال ہونا۔دست آنا۔

اَطلس (ع (۱) مث) ایک قسم کا نہایت چمکیلا ریشمی کپڑا۔

(۲) مذ) افریقہ کے صوبہ بربر کا ایک پہاڑ۔اس کے دو حصے ہیں جو اصغر و اکبر کہلاتے ہیں۔ان پہاڑوں میں سپارٹا گھاس ہوتی ہے جس سے کاغذ بنتا ہے۔

اِطمینان (ع امذ) تسلی۔تشفی۔ڈھارس۔دلاسا۔صبر۔طمانیت۔

اَطوار (ع امذ)۔(طور کی جمع)۔عادتیں۔طریقے۔

اَطہار (ع امذ)۔(طاہر کی جمع)۔پاک لوگ۔نہایت نیک آدمی۔

اَطہر (ع امذ) نہایت پاک صاف۔بہت ہی پاکیزہ۔

اَطیَب (ع) بہت پاک۔نہایت خوشبودار۔بہت عمدہ۔

ا ۔ ظ

اَظفار (ع امذ) ظُفر کی جمع۔ناخن۔

اَظفَر (ع امذ) وہ شخص جس کے بڑے بڑے ناخن ہوں۔

اَظلال (ع امذ)۔(ظِل کی جمع) سائے۔

اِظلام (ع امذ) تاریک ہونا۔دانتوں کا چمکنا۔

اَظلَم (ع امذ) بڑا ظالم۔بہت ستانے والا۔

اِظہار (ع امذ) حاکم کے سامنے بیان دینا۔گواہی دینا۔کھولنا۔ظاہر کرنا۔

اِظہار نامہ (عف امذ) اشتہار۔سمن۔

اَظہَر (ع امذ) خوب ظاہر۔بالکل روشن۔نہایت واضح۔بہت ہی صریح۔

اظہر من الشمس (ع امذ) سورج سے زیادہ روشن۔بالکل صاف اور ظاہر۔نہایت واضح۔صاف۔کھلا۔

ا ۔ ع

اعادہ یا اِعادت (ع امذ) لوٹانا۔پھیرنا۔کسی بات یا کام کا دوبارہ۔بارہ کہنا یا کرنا۔

اِعانت (ع امث) مدد دینا۔معاونت کرنا۔سہارا دینا۔

اِعتبار (ع امذ) بھروسہ۔یقین۔ساکھ۔لحاظ۔عبرت پکڑنا۔

اِعتدال (ع امذ) میانہ روی۔تناسب۔ٹھیک۔کم نہ زیادہ۔یکساں۔

اِعتذار (ع امذ) عذر بیان کرنا۔عذر بنانا۔حیلہ کرنا۔

اعتراض (ع امذ) عیب جوئی۔شک و شبہ کرنا۔نکتہ چینی۔

اِعتراف (ع/مذ) اقرار کرنا۔ تسلیم کرنا۔
اِعتزال (ع/مذ) گوشے میں بیٹھنا۔ الگ ہونا۔
اِعتصام (ع/مذ) پنجہ مارنا۔ مضبوط پکڑنا۔
اِعتضاد (ع/مذ) مدد چاہنا۔ قوت پانا۔
اِعتقاد (ع/مذ) یقین۔ بھروسا۔ آسرا۔ دھرم۔ ایمان۔ ایمان لانا۔
اِعتقاد اُٹھنا (ار/محاورہ) عقیدہ جاتا رہنا۔ اعتبار اُٹھنا۔
اِعتقاد رکھنا (ار/محاورہ) معتقد ہونا۔ ایمان لانا۔
اِعتکاف (ع/مذ) مسجد میں گوشہ نشین ہونا۔ نفس کو دنیوی لذتوں سے روکنا۔ بالخصوص رمضان کے آخری عشرے میں گوشہ گیری۔
اِعتلا (ع/مذ) بلندی۔ اُونچائی۔
اِعتلاق (ع/مذ) عاشق ہونا۔
اِعتماد (ع/مذ) بھروسا۔ یقین۔ اعتبار۔
اِعتنا (ع/مث) پروا کرنا۔ ہمدردی کرنا۔ درد میں شریک ہونا۔ کسی کا دھیان رکھنا۔
اِعتناق (ع/مذ) معانقہ کرنا۔ گلے لگنا۔
اِعجاب (ع/مذ) غرور کرنا۔
اِعجاز (ع/مذ) معجزہ۔ کرشمہ۔ کرامت۔ خلافِ عادت بات۔ عاجز کر دینا۔ کسی کو ہرا دینا۔
اِعجازِ بیان (ع/مذ) بیان کا معجزہ۔ ایسا بیان جو دُوسرے کو عاجز کر دے۔ فصیح اور عمدہ کلام۔ (بلا اضافت) وہ آدمی جو کسی کا بیان دُوسرے کو لاجواب اور ساقط کر دے۔
اَعجف (ع/مذ) لاغر۔ دُبلا۔
اُعجُوبہ (ع/مذ) اچنبھے کی چیز۔ انوکھی چیز۔ طُرفہ۔ عجب چیز۔ نرالی بات۔
اَعدا (ع/مذ)۔ (عدو کی جمع) دُشمن۔ بیری۔ مخالف۔
اَعداد (ع/مذ) (عدد کی جمع)۔ گنتی۔ شمار۔ ہندسہ۔ رقم۔
اَعدَل (ع/مذ) بڑا منصف۔ بہت ہی انصاف کرنے والا۔
اِعذار (ع/مذ) عُذر کرنا۔ ختنہ کرنا۔ بہت گناہ کرنا۔ کسی کو زخمی کرنا۔ مکان میں کوڑا کرکٹ رہنا۔
اَعذار (ع/مذ) عُذر کی جمع)
اَعراب (ع/مذ)۔ (عرب کی جمع)۔ بدّو لوگ۔ جنگلی آدمی۔
اِعراب (ع/مذ) حرکاتِ ثلاثہ۔ زبر۔ زیر اور پیش۔
اَعرابی (ع/مذ) عرب کا جنگلی آدمی۔ صحرا نشین عرب بدّو۔
اِعراض (ع/مذ) مُنہ پھیر لینا۔ انکار ظاہر کرنا۔ رُوگردانی کرنا۔ انکار۔
اَعراض (ع/مذ) جوہر کی ضد (عرض کی جمع)۔ قائم بالغیر چیزیں۔ وہ اشیاء جو اپنی ذات سے قائم نہ ہوں۔ دُوسرے کے سہارے ہوں۔
اَعراف (ع/مذ) بہشت اور دوزخ کے درمیان ایک مقام (مؤنث) قرآن شریف کی ایک سُورۃ۔
اِعزاز (ع/مذ) عزت کرنا۔ عزت۔ درجہ۔ مرتبہ۔ توقیر۔

اعزازی (ع/صف) تعریفی۔ نمائشی۔
اعزہ (ع/مذ)۔ (عزیز کی جمع)۔ پیارے۔ بھائی بند۔ رشتہ دار۔
اَعصاب (ع/مذ)۔ (عصب کی جمع)۔ بدن کے پٹھے۔ عضلات۔
اعصابی جنگ (عف/مرکب توصیفی) سرد جنگ۔
اَعضا (ع/مذ)۔ (عضو کی جمع)۔ جسم کے حصے۔ ہاتھ پاؤں۔ آنکھ۔ کان وغیرہ۔
اعضائے رئیسہ (ع/مذ) جسم کے نہایت اچھے حصے۔ سردار۔ جوڑ۔ جیسے دل۔ جگر۔ دماغ وغیرہ۔
اِعطا (ع/مذ) بخشش کرنا۔ عطا کرنا۔ عنایت کرنا۔ دینا۔
اَعظم (ع/مذ) بہت بڑا۔ نہایت بزرگ۔
اَعقاب (ع/مذ)۔ (عقب کی جمع) پس ماندہ۔ افراد۔ آل اولاد۔ وُرثا۔ پچھلی نسل۔
اِعلام (ع/مذ) خبر دینا۔ جتانا۔ علم کرنا۔ کھولنا۔ ظاہر کرنا۔
اِعلامیہ (ع/مذ) سرکاری اعلان۔
اِعلان (ع/مذ) اشتہار۔ اشتہار دینا۔ خبر کرنا۔ نوٹس دینا۔
اَعلَم (ع/مبالغہ) بڑا عالم۔ بہت زیادہ جاننے والا۔
اَعلَن (ع/مذ) ظاہر تر۔
اعلیٰ (ع/مذ) بلند۔ عالی۔ بہت اُونچا۔ بڑے پائے کا۔ اُونچے درجے کا۔ (ادنیٰ کی ضد)
اَعلیٰ عِلّیّین (ع/مذ) بہشت بلند۔ پاک رُوحوں کا مقام۔
اَعمال (ع/مذ)۔ (عمل کی جمع)۔ کام۔ افعال۔ وِرد۔ وظیفے۔
اَعمیٰ (ع/مذ) اندھا۔ نابینا۔ مادر زاد اندھا۔
اَعمال نامہ (ف/مذ) وہ کتاب جس میں کراماً کاتبین آدمی کے اعمال لکھتے رہتے ہیں۔ قیامت کے دن کا حساب کتاب اسی کی رُو سے ہوگا۔ سروس بُک۔ ملازم کے اعمال کی کتاب۔
اَعوام (ع/مذ)۔ (عام کی جمع) بہت سے سال۔ بہت برس سے۔
اعوَر (ع/مذ) یک چشم۔ پیٹ کی ایک آنت۔ ضعیف۔ بے خبر۔ پُرانی کتاب۔
اَعیان (ع/مذ)۔ (عین کی جمع)۔ سردار۔ اُمرا و وزرا۔ افراد موجود۔ لفظ عین کے کئی معنی ہیں اور ان کے لحاظ سے اس کی جمع کے اوزان بھی مختلف ہیں۔ چنانچہ عین بمعنی آنکھ جمع اَعیُن۔ عین بمعنی چشمہ۔ جمع عیون۔ عین بمعنی سردار جمع اعیان۔
اعیانی (ع/مذ) سگے بھائی۔ ماں جائے بھائی۔ وہ بھائی جو ایک ہی ماں باپ سے ہوں۔

ا - غ

اِغتسال (ع/مذ) غسل کرنا۔ دھونا۔
اَغذیہ (ع/مث)۔ (غذا کی جمع) خوراکیں۔ کھانے۔ غذائیں۔
اَغراض (ع/مث)۔ (غرض کی جمع)۔ مطلب۔ مقصد۔ مدعا۔

اَغرب (ع / مذ) عجیب ترین۔

اِغضا (ع / مذ) چشم پوشی۔

اَغلاط (ع / مذ) ۔ (غلطی کی جمع) ۔ بھول چوک ۔ خطائیں۔

اِغلاط (ع / مذ) غلطی کرنا ۔ بھول ہو جانا ۔ چوک جانا ۔ خطا کرنا ۔

اِغلاق (ع / مذ) مشکل کرنا ۔ عبارت کو مشکل لفظوں سے بھرنا ۔ مُغلق ہونا ۔

اِغلام (ع / مذ) ۔ (لغوی) ۔ سواری لینا ۔ (اصطلاحی) لونڈوں کے ساتھ بدفعل کرنا ۔

اِغلامی (ع / مذ) لونڈے باز ۔

اَغلب (ع / مذ) غالب تر ۔ یقینی ۔ یقین کے قریب ۔ قوی تر ۔

اَغل بَغل (ل) ایک طرف ۔ الگ ۔ اِدھر اُدھر ۔ آس پاس ۔

اَغلط (ع / تفضیل) بہت زیادہ غلط ۔

اَغلف (ع) وہ شخص جس کا ختنہ نہ ہوا ہو ۔

اِغما (ع / مذ) بے ہوش کرنا ۔

اِغماز (ع / مذ) نخرہ ۔ غمزہ ۔ ناز ۔ اِترانا ۔ غرور کرنا ۔

اِغماض (ع / مذ) درگزر کرنا ۔ چشم پوشی کرنا ۔ بے پروائی ۔ رُو گردانی ۔

اَغنیا (ع / مذ) ۔ (غنی کی جمع) امیر لوگ ۔ دولت مند ۔ زردار لوگ ۔ بے پروا لوگ ۔

اغوا کرنا (ل) بہکانا ۔ ورغلانا ۔ اُبھارنا ۔

اَغیار (ع / مذ) ۔ (غیر کی جمع) بیگانے ۔ اجنبی ۔ پردیسی ۔ دشمن ۔ رقیب ۔

ا - ف

اُف (ع / مث) افسوس ۔ حسرت ۔ آہِ سرد ۔ غلطی اور بھول کے موقع پر یہ کلمہ مُنہ سے نکلتا ہے ۔

اُف کر دینا (اد / محاورہ) برباد کر دینا ۔ تباہ کر دینا ۔

اِفادہ (ع / مذ) فائدہ ۔ نفع ۔ فائدہ پہنچانا ۔ نفع رسانی ۔ دوسرے کو فائدہ پہنچانا ۔

اِفادۂ عام (ع / مذ) سب کو نفع پہنچانا ۔ ہر ایک کو فائدہ بخشنا ۔

افاضہ (ع / مذ) فیض پہنچانا ۔ فائدہ دینا ۔

افاقہ (ع / مذ) آرام ۔ صحت ۔ بیماری کی کمی ۔ فرق ۔ ہوش میں آنا ۔

اِفتا (ع / مذ) فتویٰ دینا ۔

اُفتاد (ف / مث) دُکھ ۔ مصیبت کا بڑھ جانا ۔ پیدائش ۔ فطرت ۔ اتفاق ۔ بنیاد ۔ ابتداء ۔ شروع ۔ حادثہ ۔

اُفتاد پڑنا (ل) بنیاد پڑنا ۔ اتفاق پڑنا ۔ حادثہ پیش آنا ۔

اُفتادگی (ف / مث) عاجزی ۔ خاکساری ۔ اِنکسار ۔

اُفتادہ (ف / مذ) ناکارہ ۔ غیر مزروعہ ۔ فضول اور غیر آباد (زمین)

اُفتاں و خیزاں (ف ۔ متعلق فعل) گرتے پڑتے ۔ اُٹھتے ۔ بیٹھتے ۔ بدحواسی کے عالم میں ۔

اِفتتاح (ع / مذ) کھولنا ۔ شروع کرنا ۔ ظاہر کرنا ۔

اِفتتاحیہ (ع / مذ) اخبار وغیرہ کا پہلا مضمون جو مدیر کے قلم سے ہو ۔ اداریہ کسی کتاب کا دیباچہ ۔

اِفتتان (ع / مذ) فتنہ اٹھانا ۔

اِفتخار (ع / مذ) فخر ۔ ناز ۔ گھمنڈ ۔ بڑائی ۔ غرور تکبر کرنا ۔

اِفترا (ع / مذ) جھوٹا الزام ۔ تہمت ۔ بہتان ۔

اِفترا باندھنا (اد / محاورہ) جھوٹا الزام لگانا ۔ تہمت لگانا ۔

اِفترا پرداز (ف) تہمت لگانے والا ۔ فسادی ۔

اِفترا پردازی (ف / مث) تہمت لگانا ۔ جھوٹا الزام دینا ۔

اِفتراق (ع / مذ) فرق ڈالنا ۔ الگ کر دینا ۔ علیحدہ کرنا ۔ جُدا کرنا ۔

اِفتضاح (ع / مذ) رُسوائی ۔

اِفتعال (ع / مذ) تہمت ۔

اِفتقار (ع / مذ) فقیری ۔ حاجت مندی ۔ مفلسی ۔

اِفتکاک (ع / مذ) جُدا ہونا ۔

اَفتیمون (ع / مث) اکاس بیل ۔ ایک زرد سی بیل ۔ جس کی جڑ ہوا میں ہوتی ہے ۔ درختوں پر پڑی رہتی ہے ۔

اُف تیرا کاٹا نہ جیسے (ل) ظالم ۔ موذی ۔ زہرِ قاتل ۔ دغا باز ۔ سانپ ۔

اَفرا تفری (ا / مث) ہلچل ۔ پریشانی ۔ گھبراہٹ ۔ کھلبلی ۔

اَفرا تفری پڑنا (ل) کھلبلی پڑنا ۔ بھاگڑ پڑنا ۔ گھبراہٹ ہونا ۔

اَفراد (ع / مذ) ۔ (فرد کی جمع) فرد بمعنی ایک چیز ۔ آدمی ۔ ایک بیت (شعر)

اَفراز (ف / مذ) کھانے کا مسالہ ۔ لونگ مرچیں وغیرہ ۔

اَفراسیاب (ف / مذ) توران کا ایک بادشاہ ۔

اَفراس آب (ف / مذ) بُلبُلے جو بارش میں پانی پر اُٹھتے ہیں ۔

اِفراط (ع / مث) زیادتی ۔ کثرت ۔ حدِ اعتدال سے بڑھ جانا ۔

اِفراط و تفریط (ع / مث) کمی بیشی ۔ زیادتی و کمی ۔ بے اعتدالی ۔

اَفرنگ (ف / مذ) انگریز ۔ فرانسیسی ۔ یورپی ۔

اَفروختہ (ف) جلا ہوا ۔ جلا بھنا ۔ روشن ۔ چمک دار ۔

اَفروختہ یا برافروختہ کرنا (ل) بھڑکانا ۔ غصہ دلانا ۔

اَفریشم (ع / مذ) ریشم ۔

اَفریقہ (ع / مذ) نہایت گرم علاقہ ۔ ایک برِّ اعظم کا نام ہے ۔

افریقی (ع / صف) افریقہ کا باشندہ ۔

اُف رے۔ حرفِ تعجب۔ جو مبالغہ۔ کثرت اور حیرانی کے موقع پر بولتے ہیں۔

اَفزائش (ف/مث) زیادتی۔ بیشی۔ کثرت۔ ترقی۔

اَفزوں (ف/مذ) زیادہ۔ کثیر۔ بڑھ کر۔

اَفسانہ (ف/مذ) قصہ کہانی۔ داستان۔ جھوٹی بات۔ سرگزشت۔ ذکر اذکار۔ چرچا۔ شہرت۔

اَفسر (ف/مذ) تاج۔ مکُٹ۔ حاکم۔ سردار۔

اَفسردگی (ف/مث) طبیعت کا بجھ جانا۔ رنجیدہ ہونا۔ اُداسی۔ دلگیری۔

اَفسردہ (ف/مذ) مرجھایا ہوا۔ بجھا ہوا۔ دلگیر۔ اُداس۔ غمزدہ۔ رنجیدہ۔

اَفسردہ خاطر، اَفسردہ دل (ف/مذ) بجھے ہوئے دل والا۔ رنجیدہ دل۔ پژمردہ دل۔ اُداس۔ غمگین۔

اَفسوس (ف/مذ) رنج۔ قلق۔ تاسف۔ دریغ۔ غم۔ حسرت۔

افسوں (ف/مذ) منتر۔ فریب۔ جادو۔ ٹونا۔ ٹوٹکا۔ دھوکا۔ مکر۔

اِفشاء (ع/مذ) ظاہر کرنا۔ کھول دینا۔ آشکارا۔ کھلا۔ فاش۔

اِفشائے راز کرنا (ا) بھید کھولنا۔ راز فاش کرنا۔ بھید ظاہر کرنا۔

اَفشاں (ف/مث) چھڑکا ؤ۔ سنہری یا روپہلی بُرادہ یا پوڈر یا گوٹے مقیش کی کترن جو عورتیں آرائش کیلئے ماتھے اور مانگ وغیرہ پر چھڑک لیا کرتی ہیں۔

افشاں اُترنا (ا/محاورہ) چُنی ہوئی افشاں چھٹ جانا۔ یا اُتر جانا۔

اَفشاں چُننا (ا) پیشانی اور رخساروں پر پوڈر چھڑکنا۔ ٹپّا لگانا۔ افشاں لگانا۔

اَفشاں کرنا (ا/محاورہ) کسی چیز پر رنگ چھڑکنا۔

اَفشُردہ (ف/مذ) نچوڑا ہوا لیموں۔ نچوڑ کر میٹھا بنا ہوا شربت۔ جسے افشردہ بھی کہتے ہیں۔ لیموں کی کچی سکنجبین۔

اَفصح (ع/مذ) بڑا خوش بیان۔ نہایت فصیح۔

افضاح (ع/مذ) رسوا کرنا۔

اَفضل (ع/مذ) بہت بزرگ۔ بڑا فضیلت والا۔ سب سے عمدہ۔ نہایت اچھا۔

اَفضلیت (ع/مث) بزرگی۔ بڑائی۔ فضیلت۔

اِفطار (ع/مذ) روزہ کھولنا۔ صوم کی ضد۔ روزہ ختم کرکے کھانا پینا۔

اِفطار کرنا (ا) روزہ کھولنا۔ کھانا پینا۔

اِفطاری (ا/مث) روزہ کھولنے کی چیزیں۔

اَفعال (ع/مذ)۔ (فعل کی جمع) کام۔ عمل۔ اثر۔ خاصیت۔ صیغے جو مصدر سے بنیں۔

اَفعی (ع/مذ) زہریلا سانپ۔ بڑا زہریلا ناگ۔

اُفق (ع/مذ) کنارا۔ حدِ نگاہ جہاں زمین اور آسمان ملے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔

اَفقرہ (ع/مذ) بہت محتاج۔

اِفک (ع/مذ) جھوٹ۔ بہتان۔

اَفکار (ع/مذ)۔ (فکر کی جمع)۔ سوچ بچار۔ غم۔ غور۔ خیالات۔ اشعار۔

اَفگار (ف/صف) زخمی۔ مجروح۔ گھائل۔

اَفکل (ع/مذ) لرزہ۔

اَفگار (ف) زخمی۔ مجروح۔ زخم۔ چور چور۔

اَفگند (ف) پھینکا ہوا۔ ڈالا ہوا۔ گرایا ہوا۔ عاجز۔ منکسر مزاج۔

اِفلاس (ع/مذ) غریبی۔ تنگدستی۔ محتاجی۔ ناداری۔

اَفلاطون (یونانی/مذ) یونان کا ایک نامور طبیب جو ارسطو کا اُستاد اور بقراط کا شاگرد تھا۔ ۳۴۸ قبل مسیح میں ۷۷ برس کی عمر میں فوت ہوا۔ (مجازاً) چالاک۔

اَفلاطون کا نانی (ا/مذ) شیخی خورہ۔ بڑا مغرور۔

اَفلاک (ع/مذ)۔ (فلک کی جمع)۔ آسمان۔ آکاش۔ ابر۔ چرخ۔

اُف نہ کرنا (ا) نہایت برداشت کرنا۔ تکلیف سہنا۔ شکایت کا لفظ تک منہ سے نہ نکالنا۔ افسوس نہ کرنا۔

اَفواج (ف/مث)۔ (فوج کی جمع)۔ لشکر۔ سپاہ۔ جنگلی لوگوں کے گروہ۔

اَفواہ (ع/مث) فوہ (منہ کی جمع)۔ (مجازاً) منہ سے نکلی ہوئی بات۔ فضول اور غلط خبر۔ بے بنیاد خبر۔ گپ۔

اَفواہ اُڑانا (ا) جھوٹی خبر اُڑانا۔ گپ ہانکنا۔ بے تکی بات مشہور کرنا۔

اُفوہ (ا) افسوس۔ تعجب اور حیرانی کے موقع پر بولتے ہیں۔

اِفہام (ع/مذ) سمجھانا۔ بتانا۔ جتانا۔ سجھانا۔

اَفیم (ا) مشہور نشیلی اور زہریلی چیز ہے۔ جو پوست کے دودھ کو جما کر بناتے ہیں۔ اَفیون۔

اَفیم کا انٹا (ا/مرکب اضافی) افیم کی بڑی گولی۔

اَفیم کھائے امیر یا کھائے فقیر (ا/مثل) امیر یا فقیر کے سوا اور کسی کو افیم نہیں کھانی چاہیئے۔ اوّل تو لا غر کردے گی۔ دوسرے اونگھ۔ غفلت اور سستی بہت پیدا کرے گی۔ اور آدمی ناکارہ ہو جائے گا۔

افیمی (ا/مذ) افیم کا عادی۔

اَفیون (ا/مث) افیم۔ پوست کے ڈوڈے کا رس۔

افیونی۔ اَفیمی یا فیمی چرکا۔ افیمی (ا/مذ) افیم کھانے والا۔ جو افیون کے بغیر گزارہ نہ کرسکے۔ افیون کے نشے میں چور رہنے والا۔

اَفیون کا گھولوا یا گھولا (ا/مذ) پانی میں افیم گھولی ہوئی۔ افیون کا گھلا ہوا قدح (پیالہ)

افیونی جنونی (ا/مثل) افیم کھانے والا دیوانہ ہوتا ہے۔ افیمی اور پاگل دونوں برابر ہیں۔

ا - ق

اَقارب (ع/مذ)۔ (اقرب کی جمع) قریبی لوگ۔ خاص رشتہ دار۔

سگے۔ خاندانی۔

اَقالت (ع/مث) بیع فسخ کرنا۔ ارادہ فسخ کرنا۔

اَقالیم (ع/مث)۔ (اقلیم کی جمع) ولایت۔ اگلے لوگوں نے مُلک اور آب و ہوا کے لحاظ سے زمین کی تقسیم سات حصّوں میں کی ہے۔ ان میں سے ہر ایک اِقلیم کہلاتا ہے۔ آج کل کے جغرافیہ دانوں نے پانچ حصّے کیے ہیں۔

اِقامت (ع/مث) ٹھہرنا۔ قیام کرنا۔ کھڑے ہونا۔ نماز کی تکبیر جس کے بعد فرضوں کی نیت باندھتے ہیں۔

اقامت رکھنا (ا/ر/ محاورہ) ٹھہرنا۔ قیام کرنا۔ اُترنا۔

اقامت گزیں (ع ف/ فاعل) قیام کرنے والا۔ ٹھہرنے والا۔

اَقانیم (ع/مث)۔ (اُقنوم کی جمع)۔ جڑیں۔ بُنیادیں۔

اِقبال (ع/مذ) خوش قسمتی۔ نصیب۔ سامنے ہونا۔ نیک نصیبی۔ کامیابی۔ دولت۔ اقرار۔ ماننا۔ برکت۔ قبول کرنا۔

اِقبال دعویٰ (ع/مذ) مخالف کے دعوے کو مان لینا۔ حاکم کے سامنے اپنے حریف کے دعوے کو دُرست تسلیم کرنا۔

اِقبال مند (ف) بھاگوان۔ قسمت والا۔ خوش نصیب۔

اِقبال مندی (ف/مث) خوش قسمتی۔ نیک نصیبی۔

اِقتباس (ع/مذ) روشنی لینا۔ نُور حاصل کرنا۔ چھانٹنا۔ انتخاب کرنا۔ نقل کرنا۔ کسی کلام سے کچھ لے لینا۔

اِقتداء (ع/مث) پیروی کرنا۔ پیچھے چلنا۔ اطاعت کرنا۔

اِقتدار (ع/مذ) طاقت۔ قُدرت۔ قوّت۔ اِختیار۔ حکومت۔

اِقتراح (ع/مذ) مانگنا۔

اِقتران (ع/مذ) نزدیک ہونا۔ پاس ہونا۔ قرین ہونا۔

اِقتصاد (ع/مذ) میانہ روی اِختیار کرنا۔

اِقتصادی (ع/صف) معاشی۔

اِقتصادیات (ع/مذ) وہ علم جس میں دولت کی پیداوار اور تقسیم وغیرہ سے بحث ہوتی ہے۔

اِقتصار (ع/مذ) ایک بات پر ٹھہرنا۔ بس کرنا۔

اِقتضا (ع/مذ) خواہش۔ چاہنا۔ وجہ۔ سبب۔ ضروری۔ تقاضا۔

اِقتنا (ع/مذ) حاصل کرنا۔ پانا۔ لینا۔

اِقتناص (ع/مذ) کسب کرنا۔ شکار کرنا۔

اَقچہ (ت/مذ) روپیہ۔ اشرفی۔

اِقدام (ع/مذ) پیشقدمی کرنا۔ آگے بڑھنا۔ دلیری۔ ارادہ۔ قصد۔ ارتکاب فعل۔

اَقدام (ع/مذ)۔ (قدم کی جمع) پاؤں۔ پَیر۔

اَقدس (ع/مذ) نہایت پاک۔ بالکل بے عیب۔

اِقرار (ع/مذ) ہاں کرنا۔ مان لینا۔ قبول کر لینا۔ وعدہ۔ قول۔ عہد۔ زبان کر لینا۔

اِقرار نامہ (ف/مذ)۔ وہ کاغذ جس پر وعدہ لکھ کر دیا جائے۔ اقرار کا تمسک۔

اِقراری (ع/ف) اقبالی۔ مان لینے والا۔ تسلیم کر لینے والا۔ اپنے جرم کا اقبال کر لینے والا۔

اَقران (ع/)۔ (قرین کی جمع) پاس کے لوگ۔

اَقرب (ع/مذ) بہت نزدیک۔ نہایت قریب۔

اَقرباء (ع/مذ)۔ (قریب کی جمع) نزدیکی رشتہ دار۔ قریب کے رشتہ دار۔ قریبی بھائی بند۔ یگانے۔ اپنے۔

اَقساط (ع/مذ)۔ (قسط کی جمع)۔ حصّے۔ ٹکڑے۔ اجزاء۔

اَقسام (ع/مث)۔ (قسم کی جمع) قسمیں۔ انواع۔ طرحیں۔

اَقصا (ع/مذ) بہت سے کنارے۔

اَقصیٰ (ع/مذ) بہت دُور۔ نہایت پرے۔

اِقط (ع/مذ) پنیر۔

اَقطار (ع/مذ)۔ (قطر کی جمع) دائرے کے مرکز سے گزر کر محیط پر ختم ہونے والے خطوط۔ جو دائرے کو نصفا نصف کر دیتے ہیں۔

اِقطاع (ع/مذ) کاٹنا۔ کاٹ دینا۔ قطع کر دینا۔

اَقفال (ع/مذ) (قفل کی جمع) تالے۔

اَقل (ع/مذ) نہایت قلیل۔ بالکل تھوڑا۔ حقیر۔

اُقلیدس (یونانی/مذ)۔ (اُقلی۔ کُنجی۔ دس۔ ہندسہ) علم ہندسہ کی کُنجی۔ ریاضی کی ایک کتاب۔ جس کے مصنّف کا نام بھی یہی تھا۔ یہ شخص مصر میں ہوا۔ اور اس نے اسکندریہ میں ریاضی کا مدرسہ قائم کیا۔

اِقلیم (ع/مث) ولایت۔ مُلک۔ دیس۔ آباد زمین کا ساتواں حِصّہ۔ حسب تقسیم قدیم۔

اَقلیمیا (ع/مذ) چاندی سونے کا آمیزہ (میل)

اَقمشہ (ع/مذ) جمع قماش کی پشمینہ کے کپڑے۔

اُقنوم (ع/مث) جڑ۔ بُنیاد۔ اصل۔ دین مسیحی میں خدا کا ہر جزو یعنی باپ بیٹا۔ رُوح القدس میں سے ہر ایک۔

اِقوا (ع/مذ) قوافی کے عیوب میں سے ایک عیب جیسے گُل اور گِل۔ دَور اور دُور کا قافیہ لانا۔

اَقوال (ع/مذ)۔ (قول کی جمع) باتیں۔ گفتگوئیں۔ کلام۔

اَقوام (ع/مث)۔ (قوم کی جمع) قومیں۔ فرقے۔ ذاتیں۔

اَقویا (ع/مذ)۔ (قوی کی جمع) زبردست۔ زور آور۔ مضبوط لوگ۔

اوقیانوس (یونانی۔ مذ) ایک سمندر جسے بحر ظلمات اور اطلانٹک بھی کہتے ہیں۔

اک

اِک (ہ) ایک کا مخفف۔

اِکّا (ہ) لغوی معنی ایک سے نسبت رکھنے والا۔ ایک گھوڑے کی گاڑی۔ یکہ۔ بازو پر باندھنے کا ایک نگینے کا تعویذ۔ ایک بتی کا شمعدان۔ پہلوانوں کے اُٹھانے کا بھاری مگدر۔ تاش کا ایک ٹیکے والا پتا۔

اپنی کمپنی کے سپاہیوں کی رپورٹ دینے والا سپاہی۔ احدی پہلے زمانے میں ہوتے تھے۔ بے مثل۔ اکیلا۔ تنہا۔ اپنے ہُنر میں نہایت کامل۔

اَکابِر (ع/مذ) ۔ (اکبر کی جمع)۔ بڑے آدمی۔ بزرگ۔ صاحب اقتدار لوگ۔ حیثیت والے۔

اِکا دُکا (ہ/مذ) اکیلا دُکیلا۔ ایک آدھ۔ کوئی کوئی۔ بہت کم۔ خال خال۔

اکاذیب (ع/مث) جھُوٹی باتیں۔

اکارت (ہ) ضائع۔ برباد۔

اِکاسی (ہ) اسّی اور ایک، ۸۱، 81

اِکّال (ع/مذ) بہت کھانے والا۔ پیٹو۔

اکانوے (ہ) نوّے اور ایک، ۹۱، 91

اکاون یا اکیاون (ہ) پچاس اور ایک، ۵۱، 51۔

اکاؤنٹ (انگریزی/مذ) حساب۔

اکاؤنٹنٹ (انگریزی/مذ) محاسب حساب کی پڑتال کرنے والا۔ منیم۔

اکاؤنٹنٹ جنرل (انگریزی/مذ) محاسب۔ حساب کتاب کے دفتر کا اعلیٰ افسر۔

اِکائی (ہ/مث) ایک۔ اکیلا۔ گنتی کا پہلا درجہ۔ اصطلاح علم ریاضی میں ایک سے نو تک کا ہر ہندسہ۔ کیونکہ ایک درجے پر لکھا جاتا ہے۔

اکبار یا اکبارگی (ہ) ایک دم۔ یک لخت۔ دفعتۃً۔ ناگاہ۔ ایک ہی دفعہ۔

اکبر (ع/مذ) سب سے بڑا۔ بہت بزرگ۔ خاندانِ مُغلیہ کا تیسرا بادشاہ جس کا نام جلال الدین اور لقب اکبر تھا۔

اکبری (ا/مث) ایک عورت کا نام۔ جس کا قصہ مراۃ العروس میں ہے۔

اکبری نورتن (ا/مذ) اکبر بادشاہ کے نو وزیر۔ جن میں سے ہر ایک کو بوجہ اعلیٰ قابلیت کے رتن یعنی جواہر کہا گیا ہے۔ وہ یہ ہیں۔ (۱) مرزا عبدالرحیم خانخاناں (۲) خانِ اعظم مرزا عزیز کوکلتاش۔ (۳) حکیم ابوالفتح گیلانی (۴) ملک الشعرا ابوالفیض فیضیؔ (۵) علامہ ابوالفضل موتمن الدولہ (۶) حکیم ہمام (۷) راجہ ٹوڈر مل صدر دیوان (۸) راجہ مان سنگھ پنج ہزاری۔ (۹) راجہ بیربل سہ ہزاری۔

اِک پیچا (ہ/مث) ایک خاص قسم کی پگڑی (مذ) صرف ایک پیچ کا حقہ۔ چھوٹا پیچوان۔

اُکتا جانا (ہ) بیزار ہو جانا۔ تنگ ہونا۔ دل برداشتہ ہونا۔ اُچاٹ ہونا۔

اکتالیس (ہ) چالیس اور ایک۔ چہل و یک۔ ۴۱، 41۔

اُکتانا (ہ) دل برداشتہ ہونا۔ ملول ہونا۔ بیزار ہونا۔ تنگ ہونا۔

اُکتائی کمہاری ناخن سے مٹی کھودے (ا/مثل) بے دلی سے کام کرنے کے وقت بولتے ہیں۔

اکتتام (ع/مذ) چھپانا۔ خضاب لگانا۔

اِکتساب (ع/مذ) کمانا۔ حاصل کرنا۔ سعی اور کوشش سے پیدا کرنا۔ کوئی کسب یا ہنر کرکے کچھ حاصل کرنا۔

اِکتشاف (ع/مذ) دریافت۔

اِکتفا کرنا (و) کفایت کرنا۔ کافی جاننا۔ قناعت کرنا۔ بس کرنا۔

اکتوبر (انگریزی) انگریزی سال کا دسواں مہینہ۔

اِکتیس (ہ) تیس اور ایک۔ سی و یک، ۳۱، 31۔

اکثر (ع) بہت۔ عموماً۔ ہمیشہ۔ بارہا۔ کمتر کی ضد۔

اکثر اوقات (ع) بارہا۔ بہت دفعہ۔ خاص کر۔ خصوصاً۔

اکثر (ع/تفضیل) زیادہ۔ بارہا۔ بیشتر۔ ہمیشہ۔

اکثر اوقات (ار۔ تف) بہت دفعہ۔ بارہا۔ ہمیشہ۔

اکثریت (ع/مث) کسی ملک کی وہ قوم جن کے افراد کی تعداد دوسری قوموں سے زیادہ ہو۔

اِک جا (ل) اکٹھا۔ ایک ہی جگہ۔ بہ حیثیت مجموعی۔

اِک جہاں یا ایک جہاں دیکھا ہے (ا/مثل) بڑا سیانا ہے۔ بڑا جہاں دیدہ ہے۔ ہوشیار تجربہ کار ہے۔

اِک چھت (ہ/مذ) ایک چھتر راج۔ ساری دُنیا کی بادشاہی شہنشاہی۔ مہاراجگی۔

اِک درا (ا/مذ) ایک دروازے والا۔ دالان۔ ایک در کا مکان۔

اِک ڈال (ہ) بے جوڑ۔ یکساں۔ وہ چھُری یا خنجر جس کا پھل اور دستہ ایک ہی لوہے کا ہو۔

اَکر (ہ)۔ (الف نافیہ + کر بمعنی محصول) محصول سے معاف چیز۔

اَکرا (ہ/مذ)۔ (ہندو) مہنگا۔ گراں۔ ایک قسم کی اُدنیٰ گھاس۔

اِکرام (ع/مذ) کرم کرنا۔ بخشش کرنا۔ عزت کرنا۔ تعظیم و توقیر۔ بزرگی۔

اِکراہ (ہ/مذ) گھن۔ نفرت۔ بیزاری۔ ناپسند۔ جبر۔ زبردستی۔

اِک رُخا (ا/مذ) یک طرفہ۔ ایک پہلو پر رہنے والا۔ ضعیف۔

اَکڑ (ہ/مث) ٹیڑھاپن۔ شیخی۔ غرور۔ نخوت۔ شوخی۔ سختی۔ اینٹھ۔

اَکڑا (ہ/مذ) سخت اینٹھا ہوا۔ سردی سے سُکڑا ہوا۔

اَکڑباز (ہ/مذ) مغرور۔ اینٹھے خاں۔ چھاتی تان کر چلنے والا آدمی۔

اکڑ کے چلنا (ہ) اترا کر چلنا۔ متکبرانہ اور مغرورانہ چلنا۔

اکڑ نکالنا (ار/محاورہ) شیخی دُور کرنا۔ مار پیٹ کر مزاج دُرست کرنا۔ سیدھا کرنا۔

اکڑنا (ہ) غرور کرنا۔ زور دکھانا۔ سرکشی کرنا۔ ٹھٹھرنا۔ سُکڑنا۔ ضد کرنا۔ تننا۔ ناراض ہونا۔ چھاتی ابھارنا۔

اکڑ فوں کرنا (ار/محاورہ) اکڑنا۔ غرور کرنا۔

اکڑ فوں کرنا (ہ) غرور کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔ بل دکھانا۔

اُکڑوں بیٹھنا (ہ) پاؤں کے بل اس طرح بیٹھنا کہ پنڈلیاں کھڑی رہیں اور چوتڑ زمین اور ایڑیوں سے الگ رہیں۔

اِکسار (ہ) یکساں۔ ہموار۔ برابر۔ ہموزن۔ ہم شکل۔ مشابہ۔

اُکسانا (ہ) اُبھارنا۔ چراغ کی بتی بڑھانا۔ بہکانا۔ اُٹھانا۔ برانگیختہ کرنا۔

اکسپورٹس (انگریزی/مذ) مال برآمدی۔ مال جو غیر ملکوں کو بھیجا جائے۔

اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر (انگریزی) زائد نائب کمشنر۔

اِکسٹھ (ہ) ساٹھ اور ایک ، ۶۱ ، 61 ۔

آکسفورڈ (انگریزی) انگلینڈ کی مشہور یونیورسٹی جہاں غیر ممالک کے طلبہ بھی علم حاصل کرتے ہیں۔

اُکسنے نہ دینا (ہ) اُبھرنے نہ دینا۔ ہلنے نہ دینا۔ بہتر حالت ہونے نہ دینا۔ ترقی نہ کرنے دینا۔

اِکسیر (ع/مث) ادنیٰ دھاتوں کو اعلیٰ بنانے والی دوا۔ کیمیا۔ پارس۔ رسائن۔ ہر مرض کی مفید دوا۔ نہایت مفید چیز۔

اِکسیر گر (ع/مذ) کیمیا گر۔ کیمیا جاننے والا۔

اِکفا (ع/مذ) قافیہ کا عیب یعنی حرفِ روی یا قافیہ کا مختلف ہونا۔

اِک گونہ (ف) تھوڑا سا۔ ایک طرح کا۔ ایک قسم کا۔ ایک طرز کا۔ ذرا سا۔

اُکل (ع/مذ) میوہ۔ کسی درخت کا پھل۔

اَکلِ حلال (ع/مرکب اضافی) حلال روزی۔ جائز طریقہ سے کمایا ہوا رزق۔

اُکل کھرا یا اکھل کھرا (ہ) (لغوی) اکیلا کھانے والا۔ (مجازاً) خود غرض۔ رُوکھا۔ بے مروّت۔ بے فیض۔ جلے تن۔ حاسد۔ بدمزاج۔

اُکل کھرا جگ سے بُرا (ہ/مقولہ) خود غرض بے مروّت آدمی سب سے بُرا۔ تند خو حاسد کی نسبت بولتے ہیں۔

اکلوتا (ہ/مذ) اکیلا بیٹا۔ ایک ہی بیٹا۔ وہ لڑکا جو اپنے ماں باپ کے ہاں ایک ہی ہو۔

اکلوتی (ہ/صفت) اکیلی بیٹی جس کا کوئی بھائی بہن نہ ہو۔

اَکل و شُرب (ع/مذ) کھانا پینا۔

اُکلینا (پوربی) کمینہ۔ ہیچ۔ فرومایہ۔ ادنیٰ ذات کا۔

اکلیل (ع/مذ) تاج۔ مُکٹ۔ کلاہ۔ ٹوپی۔

اکمال (ع/مذ) کامل کرنا۔ پورا کرنا۔

اکمل (ع/مذ) نہایت کامل۔ نہایت قابل۔ اپنے فن میں کامل۔

اِک منزلہ (ع/مذ) ایک چھت والا مکان۔ وہ مکان جس پر چوبارہ نہ ہو۔

اِکنالجمنٹ یا ایکنالجمنٹ (انگریزی/مث) رسید۔ اقرار۔

اَکناف (ع/مذ) (کنف کی جمع) اطراف۔ کنارے۔ طرفیں۔ سمتیں۔

اِک نظر دیکھنا (ف) ذرا ذرا دیکھنا۔ تھوڑی دیر دیکھنا۔ ایک دفعہ دیکھنا۔

اکواب (ع/مذ) آبخورے۔

اکونا (ہ) ایک قسم کی پھنسیاں جو گھٹنے کے نیچے جھتہ سا نکلتی اور بڑھتی رہتی ہیں۔ سوداوی مرض ہے۔

اکوٹا (ہ/مذ) ایک ایک کرکے چُنا ہوا۔ دانہ دانہ کرکے صاف کیا ہوا اناج۔ پھٹکا پچھٹکایا۔

اَکول (ع/مذ) بہت کھانے والا۔

اِکّہ (ہ/مذ) یکہ۔ بگھی۔ ایک گھوڑے کی گاڑی۔ ایک بیل گاڑی۔

اکھاڑا (ہ/مذ) پہلوانوں کا دنگل۔ مجلس۔ محفل۔ جیسے راجہ اندر کا اکھاڑا۔

اکھاڑا بدنا (اد/محاورہ) کشتی مقرر کرنا۔

اکھاڑا جمنا (اد/محاورہ) کھلاڑی کا اکھاڑے میں جمنا۔ کسی جگہ بہت سے آدمیوں کا ہجوم ہونا۔

اکھاڑ پچھاڑ (ہ/مث) ادل بدل۔ غیبت۔ لگائی لتری۔ جھوٹی تہمت۔ پیچ کشی۔

اُکھاڑنا یا اکھیڑنا (ہ) جڑ سے نکال ڈالنا۔ باہر نکالنا۔ نوکری سے جدا کرنا کسی چیز سے دل ہٹانا۔ کھونٹے وغیرہ کا زمین سے باہر لانا۔ قبر کھودنا۔ بے دخل کرنا۔ ڈھانا۔ گاڑنا کی ضد۔

اِکہتر (ہ) ستر اور ایک ، ۷۱ ، 71 ۔

اِکھٹا (ہ) جمع۔ ڈھیر لگا ہوا۔ یکجا شدہ۔ ایک ساتھ سب سے مل کر۔ ایک ہی دفعہ۔ اس لفظ کو اکٹھا بھی لکھتے ہیں۔

اِکہرا (ہ/مذ) دوہرے کی ضد۔ ایک ہی تہہ کا۔ اکیلا۔ ایک ہی۔

اِکہرا بدن (ہ/مذ) دُبلا بدن۔ لاغر جسم۔ چھریرا۔

اَکھڑ (ہ) سخت مزاج۔ جاہل ناشائستہ۔ بے تمیز۔ جھگڑالو۔ اُجڈ۔ بدطبع۔ بھلائی کی بات کی طرف مُنہ نہ کرنے والا۔ سرکش۔

اکھڑپن (ہ/مذ) تند مزاجی۔ جہالت۔ بے تمیزی۔ ضد۔ سرکشی

اُکھڑنا (ہ) جڑ سے الگ ہونا۔ نوکری سے موقوف ہونا۔ دل برداشتہ ہونا۔ شکست کھانا۔ ٹھنو ٹوٹنا۔ سانس ٹھیک طور پر نہ آنا۔ تال سُر سے دُور چلے جانا۔ گاہک بچلنا۔ بھڑکنا۔ ڈھے جانا۔ اوپر اُٹھنا۔ رفتار میں فرق آنا۔ خیمہ اُٹھنا۔ کھدنا۔ گڑی ہوئی چیز کا باہر آنا۔ رنجیدگی۔

اُکھڑی اُکھڑی باتیں کرنا (ہ) رنج بھری باتیں کرنا۔ ناراضی جتانا۔ دل اُچاٹ ہونے کی گفتگو کرنا۔

اَکھو لکھو کرنا (ہ) چراغ کی لو پر ہاتھ لے جا کر بچے کے منہ پر پھیرنا۔ بچوں کو بہلانے کا ایک طریقہ۔ عورتیں کہا کرتی ہیں۔ آکھو ناکھو گول شاکو۔ جو میرے بچے کو نظر لگائے اُس کی آنکھوں میں تاکو۔

اُکھنڈ (ہ/مذ) نو عمر اور کمسن۔ بچھیڑا۔ غیر منتظم۔

اِکیس (ہ) بیس اور ایک۔ بست و یک ، ۲۱ ، 21 ۔

اِکیس پان کا بیڑہ (اد/مذ) شادی میں آرسی مصحف دکھانے کے بعد دُلہا کو اکیس پان کا بیڑہ کھلاتے ہیں۔

اِکیس رہنا (ہ) طالب رہنا۔ نفع میں رہنا۔ فائدے میں رہنا۔

اکیلا (ہ/مذ) اکیلا کی ضد - تنہا - مجرد - مجہا - واحد - غیر آباد - سُونا - خالی - لاثانی - یکتا۔

اکیلا چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا - (ف/مثل) اکیلا آدمی کسی بڑی مہم کو انجام نہیں دے سکتا۔

اکیلا دم (ا/مذ) تن تنہا - اکیلی جان۔

اکیلی تو لکڑی بھی نہیں جلتی (ہ/مثل) اکیلے سے کوئی کام نہیں ہو سکتا۔ اکیلا بالکل ناکارہ۔

اکیلی جان (ہ/مث) تن تنہا - نہ دوست نہ یار - نہایت بدمزہ زندگی۔

اکیلے چلیے نہ باٹ جھاڑ بیٹھے کھاٹ (ہ/مقولہ) اکیلے سفر نہ کرو - چارپائی کو پہلے جھاڑ لو - پھر اُس پر بیٹھو۔

اکیلی تو خدا کرے بن میں لکڑی بھی نہ ہو (ہ/مقولہ) تنہا چیز بُری معلوم ہوتی ہے - منحوس ہوتی ہے - لہٰذا یہ فقرہ اُس وقت بولتے ہیں جب کسی اکیلے آدمی کے رنج و غم میں کوئی شامل نہیں ہوتا۔

اکیلے دو کیلے کا اللہ بیلی (ا/مثل) اکیلے آدمی کا خدا ہی دوست اور حافظ ہے۔

اکیلنا (ا/مث) ادھیڑنا - چھیلنا - مغز سے پوست الگ کرنا - مدتی کا بل کھولنا۔

ا - گ

اگاڑنا (ہ) کنواں صاف کرنا - سیاہ کیچڑ وغیرہ کنویں سے نکال پھینکنا۔

اگاڑی (ہ/مث) رُوبرو - آگے سامنے - آگے کا حصہ - وہ رسی جو گھوڑے کے گلے میں باندھ کر دائیں بائیں دو میخوں میں باندھ دی جاتی ہے کپڑے کے سامنے کا حصہ (کُرتے وغیرہ کا)

اُگال (ہ/مذ) پان کی پیک - اُگلی ہوئی چیز۔

اُگال دان (ا/مذ) پیک ڈالنے اور تھوکنے کا برتن۔

اُگالنا (ہ/مص) منہ سے نکال کر تھوکنا - جگالی کرنا۔

اُگاہنا (ہ) وصول کرنا - حاصل کرنا - لینا - لگان یا قسط سرکاری وصول کرنا۔

اُگاہی (ہ/مث) وصولی - واجب الوصول بقایا - تحصیل۔

اگر (ہ/مث) حماقتوں کی اصطلاح میں ہاتھی کو تیز چلانے کی آواز۔

اگر (ف) حرفِ شرط - جب - بشرطیکہ - بالفرض - جو۔

اگر (ہ/مذ) عودِ ہندی - ایک خوشبودار درخت جس کی لکڑی جلاتے ہیں صندل کی سی خوشبو دیتی ہے۔

اگرچہ (ف) حرفِ شرط - ہر چند - باوجودیکہ - گو کہ - ہر طرح۔

اگردان یا اگرسوز (ا/مذ) وہ انگیٹھی جس میں اگر کی بتیاں جلاتے ہیں - اگرڈبا۔

اگر کی بتی (ا/مث) اگر - صندل اور چندن اور خوشبودار چیزیں ملا کر بتیاں بناتے ہیں - ان کو مجلسوں اور محفلوں میں خوشبو اور ہوا کی صفائی کے لیے جلاتے ہیں۔

اگر مگر کرنا (ا) حجت کرنا - حجتیں نکالنا - جھگڑنا - کج بحثی کرنا - ہچکچانا۔

اگرئی یا اگری (ہ) ایک رنگ کا نام جو اگر کے رنگ جیسا ہوتا ہے - چماروں کی ذات۔

اگڑم بگڑم (ہ/مث) بے ہودہ باتیں - بکواس - ہزلیات - واہیات۔

اگڑ دھوں دھوں (ہ/مذ) دھونسے کی سی آواز - موٹا آدمی - بھاری بدن کا مرد - بھیس آدمی۔

اگزیبیشن (انگریزی/مث) نمائش - ہنر - دستکاری اور کرتب وغیرہ کا تماشا۔

اگزیمینیشن (انگریزی/مذ) اِمتحان - آزمائش - جانچ۔

اگست (انگریزی/مذ) انگریزی سال کا آٹھواں مہینہ۔

اگست (ہ/مذ) اگست منی یعنی سہیل مین - ایک ستارہ - جس کے اثر سے بن میں ادھوڑی خوشبودار ہو جاتی ہے - ہندوؤں کا ایک مشہور رشی۔

آگل (ا/مذ) سامنے - رُوبرو۔

اگل پچھل (ہ) بیلوں یا گھوڑوں کی جوڑی برابر کی جگہ آگے پیچھے جوڑنا۔

اگلا (ہ) پہلا - پہلے کا - مقدم - پیشین - گزشتہ زمانہ - آگے آنے والا وقت - آگے چلنے والا۔

اگلا پچھلا (ا/صف) اوّل آخر - آئندہ و گزشتہ۔

اگلا زمانہ (ا/مذ) گزرا ہوا زمانہ - پُرانا زمانہ۔

اگلا کرے پچھلے پر آئے (ہ/مثل) بڑے قصور کریں، چھوٹے سزا پائیں - افسر خطا کرے، ماتحت ملزم ٹھہرے۔

اُگل آنا یا اُگل پڑنا (ہ) نگلی ہوئی چیز کا منہ کے باہر آنا - تلوار کا میان سے نکل پڑنا - خفا ہونا - بُرا بھلا کہنا - دل کا بھید ظاہر کرنا۔

اُگلنا (ہ) منہ سے باہر نکالنا - قے کرنا - کھایا پیا مال مجبوراً واپس کرنا - راز افشا کرنا - نکالنا - پیدا کرنا - شکوہ کرنا - بیان کرنا۔

اُگل نگل کے کھانا | اُگل اُنگل کے کھانا (ہ) خواہش کے بغیر کھانا - بلا رغبت کھانا کھانے کو جی نہ چاہے پھر بھی کھائے جانا۔

اُگل پڑنا (ہ) میان سے تلوار کا باہر نکل پڑنا۔

اُگل دینا (ہ) کھایا پیا مال واپس دینا - رنج ظاہر کرنا - دل کا بھید ظاہر کر دینا۔

اگلے دفتر کھولنا (ہ) گزشتہ زمانے کی باتیں کرنا - گزری ہوئی شکایتیں کرنا۔

اگلے زمانے کے یا اگلے لوگ (ہ/مذ) پُرانے آدمی - پہلے وقتوں کے لوگ - سادہ لوح - سیدھے سادے - بھولے بھالے - بے وقوف۔

اگلے کو گھاس نہ پچھلے کو پانی (ہ/مثل) انتظام کی خرابی پر بولتے ہیں نہایت ابتری ہے - بڑی بدانتظامی ہے - کوئی بندوبست نہیں۔

اگلے نے کیا پچھلے پر آئی (اد / محاورہ) بڑے نے قصور کیا - چھوٹے نے سزا پائی -

اگلے وقت کا (اد / مذ) بڑا بوڑھا - پرانے زمانے کا -

اگلے ہوئے پچھلے پچھلے ہوئے پردھان (ہ / مثل) ناتجربہ کاروں کو تجربہ کاروں سے اچھا جاننا - سیانوں کو موقوف کر کے نادانوں کو عہدے دینا -

اگم (س / مذ) غیب - غیب کی بات - خفیہ - اندرونی اور باطنی بات -

اگم باچنا یا اگم باندھنا (ہ) غیب کا حال بتانا - پیشگوئی کرنا - آگے کی بات بتانا -

اگم بدیا یا اگم بانی (ہ / مث) علم غیب - باطنی علم - خفیہ باتوں کا علم -

اگم شاستر (س / مذ) وہ کتاب جس میں غیب کی باتوں کا حال درج ہو -

اگن (ہ / مث) آنچ - آگ - شعلہ - حسد - دشمن - گرمی - تپش - آتشک کا مرض -

اگّو (ہ) بے پرہیز - پھوہڑ - بے سلیقہ - نالائق -

اگن بوٹ (ہ / مث) دُخانی کشتی - سٹیمر -

اگن چڑیا (ہ / مث) آگ کا کیڑا - سمندر -

اُگنا (ہ) پیدا ہونا - ظاہر ہونا - نکلنا - زمین سے نباتات کا باہر آنا -

اگن باؤ (ہ / مذ) گرمی کی بیماری - آتشک کا مرض - بادِ سموم - سخت لُو - گھوڑوں کی ایک بیماری جس میں ان کے بال گر جاتے ہیں اور کھال اُدھڑ جاتی ہے -

اگن بوٹ (ا / مذ) آگ بوٹ - دُخانی جہاز - سٹیمر - آگ اور پانی سے چلنے والی کشتی -

اگنت (ہ) عاقبت - آخرت - دُنیا کے بعد کی حالت - موت کے بعد کا زمانہ -

اگن چڑیا (ہ / مذ) آگ کا کیڑا - اسے فارسی میں سمندر کہتے ہیں -

اگنی (ہ / مث) آگ -

اگوا - یا - اگواکا (ہ / مذ) رہبر - ہادی - مُرشد - سردار - رہنما - رستہ بتانے والا -

اگوانی یا اگوائی (ہ / مث) برات کا استقبال - آگے آنا - رہنمائی - پیشوائی - اُو پر کا کام کرنے والا -

اُگھاڑنا (ہ) ظاہر کرنا - کھولنا - پردہ فاش کرنا - ننگا کرنا - روشن حروف لکھنا - واضح کرنا -

اَگھانا (ہ) سیر ہونا - رجنا - چکھنا - اُکتانا - بیزار ہونا - اپھرنا - اینڈنا - جیسے کھاتا اور اگھاتا -

اُگھڑنا (ہ) معلوم ہونا - کھلنا - ننگا ہونا - واضح ہونا - پردہ فاش ہونا -

اگھور پنتھ (ہ) ہندوؤں کا ایک مذہبی فرقہ - فقیروں کی جماعت - شیو جی کے پوجنے والوں کا ایک فرقہ -

اگھوری (ہ / مذ) غلیظ - گندہ - ناپاک - بلانوش - نجاست تک کھا جانے والا - اگھور پنتھ کا معتقد -

اِگیا (ہ / مث) حکم - اجازت - فرمان -

اگیاری (ہ) پوجا کے وقت آگ جلانا اور مورتی کو خوشبو دینے کا کام - ہون کرنا -

آگیا کاری (ہ / مذ) نہایت تابع مطیع - فرمانبردار - حکم ماننے والا -

آلیانا (ہ) دھات کے برتنوں کو پاک کرنے کی غرض سے گرم کرنا -

اگیانی (ہ / مذ) بے سمجھ - نادان - بے تمیز - جاہل -

اگیت (ہ) آگے آنے والا - وقت سے پہلے - قبل از وقت - سویرے سویرے -

اگیرا (ہ / مذ) پہل پولی جو کاشت کار کو دی جاتی ہے -

ا - ل

آل (ہ / مث) آبائی لقب - کُنیت یا عُرف مثلاً بنی ہاشم - سوندھے کے وغیرہ - کُل کا نام - خاندان کا نام - جس نام سے کسی کی کُل مشہور ہو -

اِلّا (ع) پر - مگر - لیکن - بجز - بغیر - سوا -

اِلّا اللہ (ع / کلمہ طیبہ کا ایک حصہ - صوفیوں کا ذکر نفی - اللہ کے سوا -

آلا بلا (ہ / مث) خراب چیز - نکمی اور واہیات چیز - بُری چیز - دُکھ - مصیبت - بھوت پریت -

آلا بلا بگردن مُلّا (ف / مقولہ) جزا سزا مُلا کی گردن پر عذاب ثواب مُلا کے سر -

آلاپ (ہ / مث) بول چال - نغمہ - سُر - گانے میں آواز کا اُتار چڑھاؤ - تان - سُر -

آلاپنا (ہ) اونچی آواز سے گانا - تان اُڑانا - آواز لگانا - گانا -

الاٹ کرنا (انگ - ار) تقسیم کرنا - مخصوص کرنا - دینا -

الاٹ منٹ (انگ - مث) تقسیم - تخصیص - بخشش -

اِلاچا یا الاچا (ہ / مذ) دھاری دار کپڑا خواہ ریشمی ہو یا سُوتی - چوڑیا -

اَلاجَن (ت / مذ) جنگل لوگوں کا گھر -

الاچہ (ت / مذ) دو رنگ کا دھاری دار کپڑا -

اِلاچی (الائچی) (ہ / مث) ایک مشہور پھل - جس کے دانے خوشبودار ہوتے ہیں - یہ دو قسم کی ہوتی ہے - ایک سبزی مائل سفید جسے چھوٹی الائچی بولتے ہیں - چھوٹی پان میں اور بڑی گرم مسالے میں برتی جاتی ہے -

الاچی دانہ (ف / مذ) ایک مشہور مٹھائی جو الائچی کے دانوں پر کھانڈ چڑھا کر بناتے ہیں -

اَلاَبراسی (ہ) بے پروا - بے توجہی - لاابالی -

اَلاَراسی کارخانہ (ف / مذ) بے پروائی کا کام - بے توجہی کا کارخانہ -

اَلآداسی مزاج (ف/مذ) بے پروا مزاج۔ لاأبالی طبیعت۔
اَلارم (انگریزی/مذ) گھنٹی یا جگانے والی گھڑی کی آواز۔
اَلارم کلاک } (انگریزی) جگانے والی گھڑی۔
اَلارم ٹائم پیس }
اُلارنا (ہ) اُوپر اُٹھا دینا۔ اُچکا دینا۔ اُبھارنا۔
اَلاغ (ت) قاصد ڈاک چوکی کا گھوڑا۔ سواری۔ بیگار کا گھوڑا۔ لادو گدھا۔
اَلاَقرب فالاَقرب (ع) سب سے پہلے قریبی اور پھر سب سے قریبی علیٰ ہٰذا۔ ترتیب وار۔
اَلاَقربُ کالعقرب (ع) قریبی آدمی بچھو کی مانند ہوتے ہیں۔ جب عزیزوں اور یگانوں سے تکلیف پہنچتی ہے تو کہتے ہیں۔
اِلاّ ماشاءاللہ (ع) مگر جو اللہ چاہے۔ بات نہ ہونے والی ہے۔
الامان (ع/مث) امن مانگنا۔ خدا کی پناہ چاہنا۔ پناہ۔ رحم۔ فضل۔ حفاظت۔ کسی حادثے کے نازل ہونے پر بولتے ہیں۔
الان (ہ/مث) ہاتھی باندھنے کی زنجیر۔
اَلآنَ کما کانَ (ع) اب تک ویسا ہی ہے۔ جیسا تھا۔ تا حال ویسا ہی ہے۔
اُلانا (ہ) چیخنا۔ چلّانا۔ شور کرنا۔ اسپ بے زین۔
اَلانتظارُ اشدُّ من الموت (ع/مقولہ) انتظار موت سے زیادہ سخت ہے۔ انتظار کی نہایت تکلیف کے وقت بولتے ہیں۔
اُلانگنا (ہ) پھلانگنا۔ پھاندنا۔ چابک سوار گھوڑے پر پہلی دفعہ چڑھنے کو کہتے ہیں۔
الاؤ (ہ/مذ) آگ کا ڈھیر۔ گاؤں والوں کا تاپنے کے لیے بہت سی آگ جلانا۔
الاونس (انگریزی/مذ) زائد خرچ۔ بھتّا۔
اُلاہنا (ہ/مذ) گلہ۔ شکوہ۔ بدنامی۔ بُرائی۔ سرزنش۔
اَلباب (ع/مذ) لُب کی جمع۔ عقلیں۔
البانیہ (انگریزی/مذ) جزیرہ نما بلقان کی نئی قائم شدہ ریاست جہاں اکثریت مسلمانوں کی ہے۔
البتہ (ع) بے شک۔ ضرور۔ ہاں۔ بہت اچھا۔ مگر۔ لیکن۔
البرٹ میڈل (انگریزی/مذ) شہزادہ البرٹ کی یادگار کا تمغہ۔
البرٹ نائنزا } افریقہ کی دو میٹھے پانی کی نہریں جن سے نیل ابیض نکلا ہے۔
ایڈورڈ نائنزا }
البرز (ف/مذ) شمالی فارس کا ایک پہاڑ۔ بحیرۂ خزر کی ہوائیں ان پہاڑوں سے ٹکرا کر مینہ برساتی ہیں۔ بلندی ۱۸۵۰۰ فٹ ہے۔
البم (انگریزی/مذ) تصویروں کا مرقع۔ تصاویر کی کتاب یا کاپی۔
الپ ارسلان (ت/مذ) شیر۔ دلیر۔ ایک بادشاہ کا لقب بھی ہے۔
الپیٹ (ہ/مث) گرہ۔ گانٹھ۔ بل۔ مروڑ۔ لپیٹ۔ پیچ۔
البیلا (ہ) چھیلا۔ بانکا۔ جوان رعنا۔ آزاد۔ بے پروا۔ اَلہڑ۔ الوکھا۔
عجیب۔ سیدھا سادہ۔
البیلاپن (ہ/مذ) بانکپن۔ بھولاپن۔
البیلی چال (ہ/مث) مستانہ چال۔ بانکی۔ ترچھی چال یا وضع۔
البیلی نے پکائی کھیر۔ دودھ کی جگہ ڈالا پنیر (ہ/مثل) بے دلگی اور پھوہڑ پنے سے کام خراب کر دینے اور کچھ کا کچھ کر دینے کے موقع پر بولتے ہیں۔ پھوہڑ نے کھیر پکائی۔ دودھ کی جگہ پانی ڈال دیا۔
البیلی وضع (ہ/مث) رنگین وضع۔ بانکی وضع۔
الپین (پرتگال/مث) گھنڈی دار سوئی۔ پن (انگریزی پن)
اِلتباس (ع/مذ) شُبہ پڑنا۔ ہم شکل ہونا۔ مشابہت باہمدگر۔
اِلتجا (ع/مث) لغوی معنی پناہ لے جانا (مجازاً) تمنّا۔ آرزو۔ منّت سماجت۔ عرض۔ معروض۔ گزارش کرنا۔
اِلحاد (ع/مذ) دین سے برگشتہ ہونا۔
اِلتحام } (ع/مذ) زخم بھرنا۔
اِلتیام }
اِلتذاذ (ع/مذ) لذّت پانا۔ مزے اُڑانا۔ ذائقہ اور لطف اُٹھانا۔
اِلتزاق (ع/مذ) ایک شے کا دوسری شے سے چپکنا۔
اِلتزام (ع/مذ) لازم پکڑنا۔ ضروری جاننا۔
اِلتفات (ع/مذ) لغوی معنی اُلفت اور توجہ کرنا۔ رغبت۔ میلان۔ توجہ۔ مہربانی۔ دھیان۔ خیال۔ نظر۔ عنایت۔
اِلتماس (ع/مث) لغوی معنی درخواست کرنا۔ عرض۔ گزارش۔ التجا۔
اَلتمش (ف/مذ) ہراول۔ خاندانِ غلاماں کے ایک بادشاہ کا لقب جس کا نام شمس الدین تھا۔
التمغا (ت/مذ) سُرخ مُہر۔ فرمانِ شاہی۔ جاگیر کا پٹا۔ معافی جاگیر کا حکم۔
التنی (ہ/مث) وہ رسّی جو ہاتھی کے گلے میں باندھی جاتی ہے اور جس سے رکابیوں کا کام لیتا ہے۔
التوا (ع/مذ) دیر کرنا۔ ملتوی کر دینا۔ اُٹھا رکھنا۔ ٹال دینا۔
التہاب (ع/مذ) شعلہ بھڑکنا۔
التہاب زائدہ (ع/مذ) ایک بیماری جس میں اندھی آنت میں سوزش ہو جاتی ہے۔
اِلتیام (ع) زخم کا بھر آنا۔ میل ملاپ۔ آپس میں مل جانا۔
اُلٹ (ہ/مذ) جواب۔ توڑ۔ برعکس۔ ضد۔ نقیض۔
اُلٹ آنا (ار/محاورہ) پلٹ آنا۔ کسی چیز کا دوسری چیز پر گرنا۔
اُلٹ کے جواب دینا (ار/محاورہ) پیغام کا جواب دینا۔ ترکی بہ ترکی جواب دینا۔
اُلٹا (ہ/مذ) سیدھے کی ضد۔ ٹیڑھا۔ خلاف۔ لوٹا ہوا۔ اوندھا۔ معکوس۔ بے وقوف۔ سر کے بل۔ نقیض۔ کج رائے۔
اُلٹا پلٹا۔ (ہ/مذ) اُلٹ سیدھا۔ زیر و زبر۔ اُوپر نیچے۔ تہ و بالا۔ نیچے اوپر۔ بے ترتیب۔ گڈمڈ۔ درہم برہم۔
اُلٹا پھرنا (ہ) واپس ہونا۔ لوٹ آنا۔ مراجعت کرنا۔

اُلٹ پھر آنا (ہ) جاتے ہی واپس ہونا۔ جاتے جاتے مڑ آنا۔
اُلٹا پانسا پڑنا (ہ/محاورہ) ہار جانا۔ معاملے کا اپنی مرضی کے خلاف ہونا۔
اُلٹا پاؤں (ہ/مذ) بایاں پاؤں۔ بائے چپ۔
اُلٹا پلٹی (ہ) ادلا بدل۔ تغیر و تبدل۔ اُلٹ پھیر۔
اُلٹا توا (ہ/مذ) کالا کلوٹا۔ سیاہ حبشی۔ نہایت کالا۔ کالا بھجنگا۔ کالا کوئلہ۔ بہت ہی کالے رنگ کا۔
اُلٹا جننا (ہ) بچے کا خلافِ دستور پیدا ہونا۔ رحم سے پاؤں پہلے باہر آنا۔
اُلٹا جواب دینا (ار/محاورہ) مطلوب کے خلاف جواب دینا۔ خلافِ توقع جواب دینا۔ ٹیڑھا جواب دینا۔
اُلٹا چور کوتوال کو ڈانٹے (ہ) اپنے کیے پر شرمندہ نہ ہو اور دوسرے کو ڈانٹنا اور جھڑکنا شروع کر دے۔ بے غیرت اور گستاخ آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔
اُلٹا دھڑا باندھنا (ہ) جھوٹی گواہی دینے والے کے سر پر الزام دھرنا۔ برعکس کرنا۔
اُلٹا زمانہ (ہ) برا زمانہ۔ کلجگ۔ مخالف زمانہ۔
اُلٹا لیا جائے نہ سیدھا (ہ/محاورہ) کسی طرح قائل نہ ہونے والے شخص کی نسبت بولتے ہیں۔ کسی طرح بھی نہیں مانتا۔ نہ سیدھی راہ پر آتا ہے نہ اُلٹی پر۔
اُلٹا ہاتھ (ہ/مذ) بایاں ہاتھ۔ دستِ چپ۔ لیسار۔
اُلٹ پڑنا (ہ) مخالف ہونا۔ بگڑ جانا۔ حملہ کرنا۔ لوٹ کر خلاف ہونا۔ پلٹا کھانا۔ کروٹ بدلنا۔ برہم ہونا۔ ارادے سے پھر جانا۔
اُلٹ پلٹ (ہ/مث) گڈمڈ۔ تہہ و بالا۔ زیر و زبر۔ درہم برہم۔
اُلٹ پھیر (ہ/مذ) ادل بدل۔ تغیر و تبدل۔ کرتب۔ چالاکی۔ برگشتگی۔ انقلاب۔
اُلٹ جانا (ہ) پلٹ جانا۔ رُخ بدل جانا۔ چت ہو جانا۔ اوندھا ہونا۔ خلاف ہونا۔ مکر جانا۔ خرچ زیادہ ہونے سے مفلس ہو جانا۔ برگشتہ ہو جانا۔ مر جانا۔ نشہ پی کر بے ہوش ہو جانا۔
اُلٹ دینا (ہ) رُخ بدلنا۔ اوندھا کر دینا۔ چت کر دینا۔ قے کر دینا۔ منکر ہو جانا۔
اُلٹ کے کروٹ نہ لینا (ہ) بے خبر ہو جانا۔ پھر آ کر خبر نہ لینا۔ پرلے درجے کی غفلت کرنا۔
اُلٹنا (ہ) پلٹنا۔ اوندھا کرنا۔ زیر و زبر کرنا۔ اندر کا رُخ باہر کرنا۔ تہہ و بالا کرنا۔ گرا دینا۔ خلاف کرنا۔ شراب وغیرہ سے مدہوش کرنا۔ قے کرنا۔ پھینک دینا۔ حالت بدلنا۔ ورق وغیرہ پھیرنا۔ زبان کا متحرک ہونا۔ سانس کا اُکھڑنا۔ انڈیلنا۔ مفلس ہونا۔ چھیننا۔ رٹنا۔ سعی باطل کرنا۔ روگرداں کرنا۔
اُلٹے ۔ خلاف۔ برعکس۔

اُلٹی اُلٹی باتیں (ار/مث) بے تکی باتیں۔
اُلٹی اُلٹی سانسیں بھرنا (ہ) آخری دم لینا۔ مرتے وقت سانس کی تکلیف ہونی۔ قریب مرگ ہونا۔ اوپر کو سانس کھینچنا۔
اُلٹی آنکھیں دکھانا (ہ) آپ ہی خطا وار ہونا۔ اور آپ ہی خفا ہو کر دوسروں پر گھورنا۔ فضول غصہ کرنا۔
اُلٹے بانس بریلی۔ یا اُلٹے بانس پہاڑ چڑھے (ہ/مثل) خلاف معمول کام۔ برعکس بات۔ اُلٹی باتیں۔ بے فائدہ کام۔
اُلٹے پاؤں پھرنا ۔ (ہ) فوراً واپس آنا۔ جلد واپس آنا۔ جھٹ پٹ آنا۔
اُلٹی پٹی پڑھانا (ہ) بہکانا۔ غلط راستہ بتانا۔ ورغلانا۔ خلاف کرنا۔ برائی پر آمادہ کر دینا۔ پھیر دینا۔ ٹکرا دینا۔
اُلٹی تقدیر (ار/مث) بری قسمت۔ برا نصیب۔
اُلٹی پڑے سیدھی پڑے (ار/محاورہ) خدا جانے کیا نتیجہ نکلے۔
اُلٹی آنتیں گلے پڑنا (ہ) اپنی باتوں سے خود ہی مغلوب ہو جانا۔ اپنے داؤ سے خود ہی پچھڑ جانا۔
اُلٹی چھری سے حلال کرنا (ہ) نہایت ظلم کرنا۔ سخت بے رحمی کرنا۔ تڑپا تڑپا کر مارنا۔ بہت بری طرح ستانا۔
اُلٹی ریت (ہ/مث) خلافِ دستور۔ بے قاعدہ رسم۔ اُلٹا رواج۔
اُلٹی سانسیں چلنا (ار/محاورہ) نزع کی حالت میں سانس کا بے قاعدہ چلنا۔
اُلٹی سمجھ۔ اُلٹی مت (ہ/مث) غلط فہمی۔ بے عقلی۔ خرابِ عقل۔
اُلٹی سمجھے نہ سیدھی (ہ/محاورہ) ضدی اور ہٹیلا ہے۔ کسی طرح قائل نہیں ہوتا۔ کسی طور سے بھی نہیں مانتا۔
اُلٹی سیدھی سنانا (ہ) برا بھلا کہنا۔ گالی گلوچ دینا۔ سخت کلامی کرنا۔
اُلٹے کانٹے تولنا (ہ) کم تولنا۔ اُلٹا تول تولنا۔
اُلٹی کرنا (ہ) قے کرنا۔ ابکائی کرنا۔
اُلٹی گنگا بہنا (ہ) خلافِ دستور ہونا۔ فطرت کے خلاف ہونا۔
اُلٹی مالا پھیرنا (ہ) کسی کی ہلاکت کے لیے وظیفہ پڑھنا۔
اُلٹی مانے نہ سیدھی (ار/محاورہ) جو کسی طرح نہ مانے۔ ضدی۔
اُلٹے ملک کے ہو (ار/کہاوت) انوکھے ہو۔ بے تمیز ہو۔ بہت ہی بے وقوف ہو۔
اُلٹی میٹم (انگریزی/مذ) اعلانِ جنگ۔ لڑائی کی اطلاع۔
الجبرا (انگریزی) علم جبر و مقابلہ۔
آل جاؤں بل جاؤں جلوے کے وقت ٹل جاؤں (ہ/مثل) عام حالت میں تو ہر وقت واری قربان جاؤں مگر وقت پر ادھر ادھر ہو جاؤں۔
اَلجُوع (ع۔ کلمہ ندائیہ) بھوک کی شدت کے اظہار کے لیے کہتے ہیں۔
اُلجھا (ہ) لپٹا ہوا۔ درہم برہم۔ گتھا ہوا۔ گرہ دار۔ سخت۔ مشکل۔ سُلجھا کی ضد۔
اُلجھانا (ہ) رسی یا سوت کو درہم برہم کرنا۔ دِقت میں پھنسانا۔ کسی بات کو جھگڑے میں ڈالنا۔ اٹکانا۔ عشق و محبت میں مبتلا کرنا۔ دام فریب میں لانا۔ فیصلہ نہ کرنا۔ کسی معاملے میں دیر لگانا۔ لڑوانا۔

اُلجھاؤ (ہ امذ) دِقّت ۔ مُشکل ۔ بکھیڑا ۔ جھگڑا ۔ پھندا ۔ گتھی ۔ روک ۔ رکاوٹ ۔

اُلجھ پڑنا (ا ر/ محاورہ) بحث کرنا ۔ جھگڑا کرنا ۔ دخل دینا ۔

اُلجھ جائے گا تو سُلجھ جائے گا (ا ر/ محاورہ) شادی ہو جانے پر دُرست ہو جائے گا ۔

اُلجھن (ہ امث) گھبراہٹ ۔ بے چینی ۔ بے قراری ۔ کش مکش ۔ تشویش ۔

اُلجھنا (ہ) بال یا سُوت یا رسی کا اُلٹ پلٹ ہو جانا ۔ اٹکنا ۔ پھنسنا ۔ محبت میں مبتلا ہونا ۔ معروف و مشغول رہنا ۔ رُکنا ۔ بکھیڑے میں پڑنا ۔ جھگڑنا ۔ بے جا بحث کرنا ۔ اٹک اٹک کر پڑھنا ۔ آشنائی کرنا ۔ بکھیڑے میں پڑنا ۔

اُلجھیڑا (ہ امذ) جھگڑا ۔ بکھیڑا ۔ کش مکش ۔ تکلیف ۔ مصیبت ۔

اَلجُوع (ع امث) بھوک ہے ۔ گرسنگی ہے ۔

اَلجیریا (انگریزی امذ) افریقہ کی ایک ریاست جو فرانسیسیوں کے ماتحت ہے ۔

اُلچی (ت امذ) لُوٹ کا مال جو دُوسرے مُلک سے آئے ۔

اِلحاح (ع امث) زاری کرنا ۔ خوشامد ۔ منّت سماجت کرنا ۔ گڑگڑانا ۔

اِلحاد (ع امذ) کنارے ہونا ۔ دین سے پھرنا ۔ بے دین ہو جانا ۔

اَلحاصل (ع) خلاصہ کلام ۔ آخر ۔ آخرکار ۔ قصہ کوتاہ ۔ الغرض ۔

اِلحاق (ع امذ) ملنا ۔ شامل ہونا ۔ داخل ہونا ۔ شریک ہونا ۔

اَلحان (ع امذ) ۔ (لحن کی جمع) آواز ۔ گیت ۔ اچھی آواز ۔ سُر ۔

اِلحان (ع) اچھی آواز سے گانا ۔ سُر تال سے گانا ۔ آواز نکالنا ۔

اَلحذر (ع امذ) الامان ۔ پناہ ۔ بخدا ۔ خوف ۔ ڈر ۔ پرہیز ۔ بچاؤ ۔

اَلحذر مانگنا (ف) پناہ مانگنا ۔ پرہیز کرنا ۔ بچنا ۔ امن مانگنا ۔

اَلحفیظ (ع امذ) خدا بچائے ۔ خدا کی پناہ ۔ خوف کی جگہ بولتے ہیں ۔

اَلحق (ع) یہ حق ہے ۔ سچ ہے ۔ فی الحقیقت ۔ بے شک ۔ لاریب ۔

اَلحمد (ع امث) قرآن شریف کی پہلی سورۃ ۔ سورۂ فاتحہ ۔

اَلحمدللہ (ع) شکریے کا کلمہ ہے ۔ لغوی معنی سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں ۔ خدا کا شکر ہے ۔ اللہ کی عنایت ہے ۔ رب کی مہربانی ہے ۔

اَلحمراء (ع امذ) یہ قابلِ دید مشہور قلعہ ہسپانیہ فتح کرنے کے بعد مُسلمانوں نے تعمیر کیا ۔ صوبۂ غرناطہ میں واقع ہے ۔

اَلخ (ع) الی آخرہٖ کا مخفف ۔ اس کے آخر تک ۔ طویل کلام کو نقل کرنے کی جگہ چند کلمات کا ذکر کرتے ہوئے نقطہ دار خط ڈال کر آگے اَلخ لکھ دیتے ہیں یعنی آخر تک ۔

الخاموشی نیم رضا (ف) چُپ ہو جانا آدھی رضامندی ہے ۔ جب کسی سوال کے جواب میں مخاطب خاموش ہو جائے تو یہ فقرہ بولتے ہیں ۔

اَلَّد (ع امذ) جھگڑالو ۔

الڑ بلڑ (ا ر امذ) طفلانہ حرکتیں ۔ بے وقوفی ۔

اِلزام ۔ (ع امذ) تہمت ۔ بہتان ۔ کسی کے سر جھوٹی بات تھوپنا ۔

اِلزام آنا (ا ر/ محاورہ) قصوروار ٹھہرنا ۔ تہمت لگنا ۔

اِلزام دینا (ف) مجرم ٹھہرانا ۔ عیب لگانا ۔ قصوروار بتانا ۔ گنہگار ٹھہرانا ۔ اعتراض کرنا ۔ تہمت لگانا ۔

اَلزم (ع امذ) نہایت لازم ۔ بہت ضروری ۔

اَلسانا (ہ) اونگھنا ۔ تھکنا ۔ سُست ہونا ۔ ڈھیلا پڑ جانا ۔

اَلسٹر (انگریزی امذ) آئرلینڈ کا ایک صُوبہ جس میں پروٹسٹنٹ مذہب کے انگریزوں کی اولاد آباد ہے ۔ یہ شمالی آئرلینڈ میں ہے اور ابھی تک برطانیہ سے مُلحق ہے ۔

السّلامُ علیکم (ع امذ) تم پر سلامتی ہو ۔ مسلمانوں کے سلام کا طریق ۔

اَلسنہ (ع) ۔ (لسان کی جمع) زبانیں ۔ بولیاں ۔

اَلسی (ہ امث) ایک درخت کا بیج جو سُرخ رنگ کا ہوتا ہے اس کا تیل نکالتے ہیں جو جلانے اور کھانے کے کام آتا ہے ۔

اَلسیٹ (ہ امث) سُستی ۔ غفلت ۔ دغا ۔ فریب ۔ ناد ہندی ۔ بدمعاملگی حساب کتاب میں صفائی کا نہ ہونا ۔ چھل ۔

السیٹیا (ہ) سُست ۔ غافل ۔ دغاباز ۔ فریبی ۔ کسی کا روپیہ لے کر نہ دینے والا ۔ بدمعاملہ آدمی ۔ چھلیا ۔ نادہند ۔

اُلش (ت امذ) جھوٹا کھانا ۔ پس خوردہ ۔ کسی بڑے آدمی کا بچا ہوا کھانا ۔

اُلش کرنا (ف) کسی امیر کا کھانے کو ذرا سا کھا کر جھوٹا کر دینا ۔

اِلصاق (ع امذ) ملانا ۔ چسپاں کرنا ۔ چپکانا ۔

اَلطاف (ع امذ) لُطف کی جمع ۔ مہربانیاں ۔ عنایتیں ۔

اَلطاف نامہ (ع امذ) مہربانی کا خط ۔ عنایتوں کی چٹھی ۔

العاقل تکفیہ الاشارۃ (ع ۔ مثل) عقلمند کو اشارہ کافی ہوتا ہے ۔

العبد (ع ۔ مذ) بندہ ۔ غلام ۔ اصطلاح میں دستخط ۔ نشانی کے معنی میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

اَلعطش (ع ۔ مث) پیاس ہے ۔ سخت پیاس کے اظہار کے وقت بولتے ہیں ۔

العظمۃ للہ (ع) ساری بزرگی اللہ ہی کے لیے ہے ۔

اُلغ (ت امذ) بُزرگ ۔

اَلغاز (ع امذ) پہیلیاں کہنا ۔

الغرض (ع) آخرکار ۔ غرض یہ ہے ۔ قصہ مختصر ۔ انجام کار ۔ بالآخر ۔

اَلغوزہ (ع) ایک قسم کی بانسری جسے عموماً چرواہے بجاتے ہیں ۔ جوڑی کو اکٹھا منہ میں رکھ کر بجاتے ہیں ۔

الغوزہ ملغوزہ (ا ر امذ) پیٹ کے اندر کی تمام انتڑیاں ۔

الغیاث (ع امث) فریاد ۔ دُہائی ۔ فریاد ہے ۔ پناہ ۔ پکار ۔

اَلِف (ع امذ) حروف تہجی کا پہلا حرف ۔ صوفی لوگ اللہ سے مراد لیتے ہیں ۔

اَلف (ع امذ) ہزار ۔ دس سیکڑے ۱۰۰۰ ۔

اِلف (ع امذ) باہم محبت کرنا ۔ آپس میں دوستی کرنا ۔ دوستی ۔ محبت ۔ پیار ۔

الفاظ (ع امذ) ۔ (لفظ کی جمع) مُنہ سے نکلے ہوئے کلمے ۔ باتیں ۔ کلام ۔

اَلِف بے ۔ یا ۔ الف بے تے (ا/مث) حروف تہجی اب ت وغیرہ ہی یک جو بچّوں کو اوّل اوّل سکھاتے ہیں۔
اَلِف تازیانہ (ف/مذ) جسم پر کوڑے کا نشان۔
اُلفت (ع/مث) دوستی ۔ محبت ۔ پیار ۔ اُنس
اُلفت جتانا (ا/محاورہ) محبت کا اظہار کرنا۔
اُلفت کرنا (ا/محاورہ) محبت کرنا۔
اَلفنہ (ع/مذ) پریشان ۔ آوارہ ۔ لُچّا ۔ شہدا ۔ شریر ۔ بدچلن ۔ بدمعاش ۔ فسادی ۔ فتنہ انگیز ۔ بیگانہ۔
اَلفربہ خواہ مخواہ مردآدمی (ا/مقولہ) موٹا آدمی خواہ مخواہ معقول اور معزز معلوم ہوتا ہے۔
اَلف سے بے نہ کہنا (ا/محاورہ) کسی کو بُرا نہ کہنا ۔ کسی کی بدگوئی نہ کرنا مجازاً لفظ ایک بھی زبان سے نہ نکالنا۔
اَلف لیلیٰ (ع/مث) ایک کتاب کا نام جس میں ایک وزیرزادی نے بادشاہ کو ایک ہزار رات تک قصّے کہانیاں سُنائیں۔
اَلِف مقصورہ (ع/مذ) وہ الف جس پر مد نہ ہو اور تلفظ میں کھینچ کر نہ پڑھا جائے ۔ جیسے قصنا ۔ رضا میں۔
اَلِف ممدودہ (ع/مذ) وہ الف جس پر مد ہو اور کھینچ کر پڑھا جائے جیسے آتش ۔ آل میں۔
اَلف ہونا (ع) سیخ پا ہونا ۔ گھوڑے کا پچھلی ٹانگوں پر سیدھا کھڑا ہوجانا ۔ مادر زاد ننگا ہونا ۔ بالکل برہنہ ہونا۔
اَلفی (ا/مث) کفنی ۔ بے آستین کا کُرتہ ۔ مردوں اور فقیروں کا لباس۔
اِلقا (ع/مذ) ڈالنا ۔ خدا کی طرف سے دل میں کسی بات کا آجانا ۔ غیب سے کسی بات کا دل میں آنا۔
اَلقاب (ع/مذ) ۔ (لقب کی جمع) عزت کا نام ۔ خط کا سرنامہ ۔ وہ الفاظ جو خطاب کے لیے مکتوب الیہ کو خط کے عنوان میں لکھے جاتے ہیں۔
اَلقصّہ (ع/مذ) قصّہ کوتاہ ۔ الغرض ۔ خلاصہ یہ کہ الحاصل ۔ المختصر۔
اَلقط کرنا (ا) کاٹ دینا ۔ ترک کرنا ۔ چھوڑ دینا ۔ قطع تعلق کرنا ۔ الگ کردینا ۔ دوستی چھوڑنا۔
الکریم اذا وعدوفیٰ (ع/مثل) شریف جو وعدہ کرتا ہے اُسے پورا کرتا ہے۔
اَلکسانا (ہ) سستی ۔ غفلت کرنا ۔ اُونگھنا ۔ نیند کا خمار ہونا۔
اَلکسی (ہ/مث) سُستی ۔ غفلت ۔ کاہلی ۔ اُونگھ۔
الکسایا الکسی (ہ/پورب) سُست ۔ کاہل ۔ احدی۔
الکسی سوار ہونا (ا) کام کرنے کو جی نہ چاہنا ۔ بدن بھاری بھاری ہونا ۔ سُستی ہونا۔
اَلکن (ع/مذ) توتلا ۔ ہکلا۔
اَلکوس (ف/مذ) ترکستان کا ایک مشہور پہلوان جسے رستم نے قتل کیا تھا۔
اَلکھ (ہ/مذ) غائب ۔ جو دیکھنے میں نہ آئے ۔ (مجازاً) خدا ۔ ہندو فقیروں کے سلام کا خاص طریقہ۔
الکھ جاگے (ہ) خدا موجود ہے ۔ جوگی لوگ یہ صدا کرتے ہوئے مانگتے ہیں۔
اَلکھ جگانا (ہ) خدا کا نام لینا ۔ مُناجات کرنا ۔ گداگری کرنا ۔ جوگی بن کر در بدر بھیک مانگنا ۔ خدا کا نام لے کر مانگنا۔
اَلکھ دھاری (ہ/مذ) ہندو فقیروں کا ایک گروہ ۔ جو خدا کے سوا اور کسی کو نہیں مانتا ۔ موجد ایک ہندو شاعر کا تخلص جس نے وہاروں کا اُردو ترجمہ کیا۔
اَلگ (ہ) جُدا ۔ علیحدہ ۔ شامل کی ضد ۔ دُور ۔ اُدھر ۔ بے تعلق ۔ تنہا ۔ اکیلا ۔ اچھوتا ۔ غیر مستقل ۔ مستثنےٰ ۔ خارج ۔ جگہ سے سرکا ہوا ۔ آہستہ۔
الگ الگ (ہ) جُدا جُدا ۔ پرے پرے ۔ دُور دُور (نفرت کے وقت بولتے ہیں)۔
الگ پڑنا (ہ) جُدا ہونا ۔ الگ ہوکر دُوسری جگہ یا دُوسری چارپائی پر سونا۔
الگ تھلگ (ہ) علیحدہ ۔ جُدا ۔ بے تعلق ۔ بے لاگ ۔ بچا ہوا ۔ اچھوتا۔
الگ کرنا (ہ) جُدا کرنا ۔ دُور کرنا ۔ ہٹانا ۔ قطع تعلق کرنا ۔ موقوف کرنا ۔ تقسیم کرنا ۔ بیچ ڈالنا ۔ ختم کرنا ۔ جیسے کھا پی کر الگ کرو ۔ جگہ سے ہٹانا ۔ اُڑالینا ۔ چُرالینا ۔ سرکانا ۔ چھوڑنا ۔ بچانا ۔ جیسے اپنا رُومال الگ کرلو۔
الگ ہونا (ا ۔ محاورہ) جُدا ہونا ۔ ٹوٹنا ۔ بھٹکنا ۔ سرکنا۔
الگ کھسکنا (ا ۔ محاورہ) علیحدہ ہوجانا ۔ دُور ہوجانا۔
الگنی (ہ/مث) کپڑے ٹانگنے یا پردہ لٹکانے کی رسّی یا ڈوری وغیرہ۔
اَلگنی پر ڈالنا (ہ) ۔ (دھوبیوں کی زبان) سکھانا ۔ ہوا دینا۔
الگنی پر ڈالنے کے لائق ہوگئے (ا/مثل) بہت لاغر ہوگئے ۔ بڑھے ضعیف ہوگئے ۔ کمزور ہوگئے۔
الگوآ (مث) کیپ کالونی (افریقہ) کے جنوب مشرق میں ایک خلیج ہے۔
الگ ہی الگ (ہ) اکیلے ہی اکیلے ۔ دُور ہی دُور ۔ علیحدہ ہی علیحدہ ۔ اُوپر ہی اُوپر۔
اَلل بچھیرا (ہ/مذ) اصل میں الیل بچھیرا ہے ۔ گھوڑے کا وہ بچہ جس پر سواری نہ ہوئی ہو ۔ ناکند بچھیرا ۔ ناتجربہ کار ۔ بے پروا ۔ بے خبر ۔ نوعمر۔
اللّے تلّلے (ہ/مذ) فضول خرچی ۔ اسراف ۔ عیش و عشرت ۔ موج میں لہریں۔
اَلَم (ع/مذ) رنج ۔ دُکھ ۔ فکر ۔ غم ۔ اندیشہ ۔ تردّد ۔ ایک مقام جہاں سے دریائے ڈینیوب میں جہازرانی ہوتی ہے۔
الماری (پرتگال/مث) اُونچے دراز دالا صندوق ۔ جو کتابیں وغیرہ رکھنے کے کام آتا ہے ۔ دیوار میں خانہ دار طاق۔
الماس (ع/مذ) ہیرا ۔ ایک نہایت قیمتی پتھر ۔ سفید اور نہایت چمک دار رنگ کا۔
المانی (ع/صف) جرمنی کا رہنے والا۔
المانیہ (ع/مذ) جرمنی (یورپ کا ایک مُلک)۔
المختصر (ع/مذ) مختصر یہ ہے ۔ قصّہ کوتاہ ۔ الحاصل ۔ اختتام کار ۔ بالآخر۔
المدد (ع) پناہ دے ۔ سہارا دے۔
اَلمست (ا/مذ) دیوانہ ۔ پاگل ۔ بے ہوش ۔ بے فکرا ۔ بے پروا ۔ سرشار۔

اَلمُضاعَف (ع/مذ) دُگنا۔ دوچند۔ دُونا۔ چوگنا وغیرہ۔
اَلمعنیٰ فی بطن الشاعر (ع/فقرہ) اس کے معنی شاعر کے پیٹ میں یعنی اس شعر کا مطلب شاعر خود جانتا ہے۔ کسی بے معنی شعر کے لیے بولتے ہیں۔
اَلَم غَلَم (ف/مذ) لغو اور مہمل باتیں۔ بے ہودہ اور نکما اسباب۔ بے ٹھکانے چیز۔ بے تکی باتیں۔ غائب غائب۔
اَلَم غَلَم بکنا (ا/محاورہ) فضول باتیں کرنا۔ بکواس کرنا۔
المکتوب نصف الملاقات (ع/مثل) خط آدھی ملاقات کے برابر ہے۔ کیونکہ باتیں تو ہو جاتی ہیں مگر دیدار نہیں ہوتا۔
اَلَم نشرح کرنا (ا) مشہور کرنا۔ ظاہر کرنا۔ شہرت دینا۔ بدنام کرنا۔
المیہ (ع/مذ) دردناک واقعہ۔
اُلَٹنا (ہ) انڈیلنا۔ ڈالنا۔ کسی مائع چیز کو ایک برتن سے دوسرے برتن میں اُلٹانا۔
اَلنگ (ہ/مث) جانب۔ طرف۔ سمت۔
اُلّو (ہ/مذ) ایک منحوس جانور۔ بے وقوف اور احمق آدمی۔
اُولُوالاَبصار۔ اہل بصیرت۔ دانا لوگ۔
اُولُوالعزم (ع/مذ) صاحبانِ ارادہ۔ باحوصلہ۔ بہادر۔ من چلے۔ پکے ارادے والے۔ مستقل مزاج۔
اُولوالعزمی (ع/مث) جرأت۔ ہمت۔ استقلال۔ حوصلہ۔ بہادری۔
اَلوان (ع/مذ)۔ (لون کی جمع) رنگا رنگ۔ رنگ برنگ۔ بہت سے رنگ۔ پشمینہ۔ اونی چادر۔ نوجوان بکری۔ یا بھیڑ۔ کچا گوشت۔
اُلّو بولنا (ا) اُجڑنا۔ ویران ہونا۔ برباد ہونا۔ تباہ ہو جانا۔
اُلّو بنانا (ا) احمق بنانا۔ بے وقوف بنانا۔ اسامی بنانا۔
الوپ (ہ) پوشیدہ۔ غائب۔ مخفی۔ زمین میں دھنس جانا۔ ناپدید۔
الوپ انجن (ہ/مذ) وہ سُرمہ جس سے آپ تو سب کچھ دیکھے مگر کوئی دوسرا اُسے نہ دیکھ سکے۔
اَلوداع (ع/مذ) رخصت۔ وداع۔
اَلوک (مذ) نظر۔ بینائی۔ سوجھ۔
اُلّو کا پٹھا (ا) بڑا بے وقوف۔ سخت احمق۔ اُلّو کا بچہ۔
اُلّو کی دُم فاختہ (ا/محاورہ) نہایت احمق۔ پرلے درجے کا بے وقوف۔
الول کلول (ہ/مث) کھیل کود۔ بدمستی۔ چھیڑ چھاڑ۔ ہنسی مذاق۔
اَلونا (ہ/مذ) بے نمک۔ پھیکا۔ بدمزہ۔
اُلّو ہونا (ا) لٹنے میں مستعد ہونا۔ بے وقوف بن جانا۔
اَلوند۔ ایران کے ایک پہاڑ کا نام۔
اُلوہیت (ع/مث) رُبانیت۔ ربوبیت۔ خدا ہونا۔
اِلٰہ (ع/مذ) معبود۔ پُوجا کے قابل۔ عبادت کے لائق۔ خدا۔ اللہ۔
اِلٰہ آباد (ع/مذ) ہندوستان کا مشہور شہر۔ صوبجات متحدہ کا دارالحکومت۔ گنگا اور جمنا کے سنگم پر واقع ہے۔ ہندوؤں کا تیرتھ بھی ہے جسے پریاگ کہتے ہیں یہاں کے امرود بہت مشہور ہیں۔

اللہ (ع/مذ) خدا کا ذاتی نام۔
اللہ اکبر (ع/مذ) اللہ بہت بڑا ہے (اذان۔ تکبیر۔ تکبیر رکوع و سجود۔ عیدین اور ذبح کے وقت بولتے ہیں) تعجب۔ حیرت اور شکوہ شکایت کے موقع پر بھی استعمال ہوتا ہے۔ کمال عظمت۔ فخر اور جنگ کے مقام پر بھی بولتے ہیں۔
اللہ اللہ (ع/مذ) واہ وا۔ تعریف۔ تعجب اور شکایت کے موقع پر بولتے ہیں۔ فقیروں کا سلام۔
اللہ اللہ خیر صلاح / اللہ اللہ خیر سلّا (ا) خاتمہ کلام کے وقت بولتے ہیں یعنی بس آگے اللہ کا نام ہے۔ بس ختم ہو گیا۔ فراغت ہو گئی۔ چلو چھٹی ہوئی۔
اللہ اللہ رے (ا/کلمہ مبالغہ) مبالغہ کی جگہ استعمال ہوتا ہے۔
اللہ آمین (ع) خدا یونہی کرے۔ یا اللہ ایسا ہی ہو۔
اللہ آمین سے پالنا (ا) نہایت ناز و نعمت سے پالنا۔ بڑی منتیں مان کر پرورش کرنا۔ نذر نیاز سے پالنا۔
اللہ آمین کا بچہ (ہ/مذ) نہایت لاڈلا بچہ۔
اللہ بخشے (ا) کسی مرحوم کا ذکر کرتے وقت پہلے یہ فقرہ بولتے ہیں یعنی خدا اس پر رحمت کرے۔ اللہ اُسے بخشے۔
اللہ بس باقی ہوس (ا۔مثل) خدا ہی کافی ہے۔ اس کے سوا باقی سب دنیوی خواہشات اور لالچ ہیں۔ اللہ کے سوا اور کوئی زندہ نہیں رہ سکتا۔
اللہ بیلی (ا) کسی کے رخصت ہونے کے وقت کہا کرتے ہیں۔ خدا نگہبان۔ اللہ حافظ۔ اللہ نگہبان۔
اللہ توکل (ا) خدا کے بھروسے پر۔ توکل بخدا۔ اتفاق سے۔ اچانک۔
اللہ حافظ (ا) رخصت کے وقت کا کلمہ۔
اللہ اللہ کرنا (ا) خدا کو یاد کرنا۔ تسبیح کرنا۔ صبر اور توکل کرنا۔
اللہ اللہ کر کے (ا) خدا خدا کر کے۔ بڑی مشکل سے۔
اللہ اللہ کی چیز (ا/مث) نذر نیاز کی چیز جو نیاز دینے سے پہلے جھوٹی نہیں کی جاتی۔
اللہ پر نظر رکھو (ا) خدا پر بھروسا رکھو۔ ناامیدی کیوں کرتے ہو۔ وہ کارساز ہے۔ فکر مت۔ خدا ہی مالک ہے۔
اللہ رے (ا) اوہو۔ واہ رے۔
اللہ رے تیرے دیدے کی صفائی (ا/مثل) بل بے تیری بے حیائی۔ تیری شوخی۔ تیری بے وفائی۔ اللہ اللہ۔
اللہ غنی (ع) خدا بے پروا ہے۔ حیرت اور تعجب کے مقام پر کہتے ہیں۔
اللہ غنی تو کاہے کی کمی (ا/مقولہ) جب اللہ بے پروا ہے اور سب کچھ دے سکتا ہے تو پھر کمی کس چیز کی ہے۔
اللہ کا بندہ (ا/مذ) خدا کا بندہ۔ نیک رحمدل۔ سیدھا سادھا۔ بے وقوف۔
اللہ کا پیارا (ا/مذ) خدا کا محبوب۔ ولی۔ بزرگ۔
اللہ کا دیا نور کبھی نہ ہووے دُور (ا/مثل) اللہ کی دی ہوئی چیز کو

زوال نہیں ۔ جب خضاب لگانے کے باوجود چند سفید بال رہ جاتے ہیں تو عورتیں مزاحاً کہتی ہیں ۔

اللہ کا کلام (ؤ/مذ) قرآن شریف ۔

اللہ کا گھر (ؤ/مذ) خانہ کعبہ ۔ مسجد ۔ دل ۔

اللہ کا نام لو (ؤ/مثل) خدا خدا کرو ۔ توبہ توبہ کرو ۔ اتنا جھوٹ نہ بولو ۔

اللہ کا نام ہے (ؤ/فقرہ) کچھ نہیں ۔ محتاج ہیں ۔ کنگال ہیں ۔ اللہ کے سوا کچھ نہیں ۔

اللہ کا نور (ؤ/مذ) خدا کی تجلی ۔ (مجازاً) ڈاڑھی ۔ پاک اور نیک آدمی ۔ نہایت خوب صورت آدمی ۔ (طنزاً) بدشکل ۔ شریر ۔ شیطان سیرت ۔

اللہ کرے (ؤ) ایسا ہی ہو ۔ خدا ایسا ہی کرے ۔

اللہ کی امان پیروں کا سایہ / **اللہ کی امان پیر پیغمبر کا سایہ** } (ؤ/مثل) میں تجھے خدا کی حفاظت اور بزرگوں کی مدد میں چھوڑتی ہوں ۔

اللہ کی باتیں اللہ ہی جانے (ؤ ۔ فقرہ) خدا ہی عالم الغیب ہے ۔ انسان کی سمجھ اس کی باتوں تک نہیں پہنچ سکتی ۔ اُس کی باتیں وہی جانتا ہے ۔

اللہ کی پناہ (ؤ) خدا بچائے ۔ ایسے ظالم سے خدا محفوظ رکھے ۔ ایسے بد سے خدا دُور رکھے ۔

اللہ کی شان ہے (ؤ) ادنیٰ سے اعلیٰ ہو جانے یا اعلیٰ سے ادنیٰ ہو جانے یا بھلے چنگے آدمی کے مر جانے وغیرہ پر بولتے ہیں ۔

اللہ کے گھر سے پھرنا (ؤ) نہایت تکلیف کے بعد بچ جانا ۔ مر مر کے زندہ رہنا ۔ نئے سرے سے جنم لینا کعبے یا مسجد سے واپس آنا ۔ برگشتہ ہونا ۔ منحرف ہونا ۔

اللہ کے گھر میں کیا کمی ہے (ؤ/مثل) خدا کے پاس کسی چیز کی کمی نہیں ۔

اللہ لگتی (مث) حق بات ۔ سچ بات ۔ (طنزاً) انصاف کی بات ۔

اللہ لوگ یا اللہ والے لوگ (ؤ/مذ) عابد آدمی ۔ نیک لوگ ۔ سیدھے سادے آدمی ۔ سائیں لوگ ۔ متوکل ۔

اللہ مارا (ؤ/مذ) نگوڑا ۔ خدائی خوار ۔ مفلس ۔ کنگال ۔ کاہل ۔ سست ۔ مصیبت زدہ ۔

اللہ میاں (ؤ/مذ) خدا تعالیٰ ۔ خدائے برتر ۔

اللہ میاں کی بھینس (ؤ) ایک سیاہ رنگ کا کیڑا ۔ موٹے اور بھدے آدمی کو بھی مجازاً کہہ دیتے ہیں ۔

اللہ میاں کی گائے (ؤ/مث) نہایت بھولے بھالے اور سیدھے سادے آدمی کو کہہ دیتے ہیں ۔ بیزار آدمی ۔

اللہ نہ دکھائے (ؤ) دُکھ ۔ درد یا مصیبت کے وقت بولتے ہیں ۔

اللہ ہی اللہ ہے (ؤ/مثل) خدا ہی خدا ہے ۔ خدا کی ذات کے سوا باقی سب ہیچ ہے ۔ کسی حسین کی تعریف کے وقت بھی بولتے ہیں فقیروں کے سوال کے جواب میں بھی مستعمل ہے ۔ تعجب کے موقع پر بھی بولا جاتا ہے ۔ سُبحان اللہ ۔ کیا کہنے ہیں ۔

اِلہام (ع/مذ) وہ بات جو خدا کی طرف سے دل میں ڈال جائے ۔ اِلقا ۔

اِلہامی (ع/صف) الہام سے متعلق ۔

اَلّھڑ (ؤ) نادان ۔ بے تمیز ۔ بے پروا ۔ چھوٹی عمر کا ۔

اُلہنا (ہ/مذ) گلہ ۔ شکوہ ۔ شکایت ۔ طعنہ ۔

اُلہنا دینا (ہ/مذ) الزام دینا ۔ طعنہ دینا ۔

اِلٰہی (ع) لغوی معنی میرا معبود ۔ (مجازاً) خدا (ندا کی حالت)

اِلہیا (ع/مث) ایک راگنی ۔

اِلٰہیات (ع/مث) علم الٰہی کے فضائل اور بحثیں ۔

اِلٰہی پناہ (کلمہ پناہ) کسی خطرے یا ضرر کے وقت بولتے ہیں ۔ خدا بچانا ۔

اِلٰہی خرچ (ؤ/مذ) خیرات ۔ شاہی خرچ ۔ بہت خرچ ۔ بے حساب خرچ ۔

اِلٰہی مُہر (ؤ/مث) وہ کام جس کا کرنا ایسا ضروری ہو ۔ گویا اس پر خدائی مہر لگی ہوئی ہے ۔

اِلیاسؑ (ع/مذ) ایک پیغمبر ۔ جو خشکی میں بھولے بھٹکے مسافر کو رستہ بتاتے ہیں ۔

اِلی الآن (ع) اب تک ۔

اَلیف (ع/مذ) دوست ۔

الیل (ہ/مذ) ناتجربہ کار ۔ اَلّھڑ ۔ ناکتہ ۔ بچھیرا ۔ بے پروا ۔ نوجوان ۔ دُنیا کے کاروبار سے بے خبر ۔

الیکٹرک (انگریزی/مث) بجلی کا ۔ برق کا ۔

الیکشن (انگریزی/مذ) انتخاب ۔ چھانٹ ۔ چناؤ ۔

اَلیَہ (ع/مذ) چوتڑ کا گوشت ۔ دُنبے کی چکتی ۔

ا ۔ م

اُمّ (ع/مث) ماں ۔ والدہ ۔ ماتا ۔ مادر ۔

اَمّا (ع) لیکن ۔ پر ۔ مگر ۔ اِلّا ۔

امّا یا امّاں (ہ/مث) ماتا ۔ ماں ۔ والدہ ۔ بڑی بوڑھی عورت کو تعظیماً کہتے ہیں ۔

امّا باوا (ؤ/مذ) ماں باپ ۔

امّا بعد (ع) بعد ازیں ۔ اس کے بعد ۔ اصل میں امّا بعد حمد و نعت کا مخفف ہے ۔

اِمارت (ع/مث) حکومت ۔ سرداری ۔ امیری ۔ دولت مندی ۔

اَمّارہ (ع/مذ) بہت حکم دینے والا ۔ سرکش ۔ ظالم ۔

اِمارہ (ع/مذ) حساب ۔

اماس (ف/مث) سُوجن ۔ ورم ۔ اماسیدن کا حاصل مصدر ۔

اُمّ الامراض (ع/مث) بیماریوں کی ماں (مجازاً) کھانسی ۔ نزلہ ۔ زُکام ۔

اُمّ الخبائث (ع/مث) خباثتوں کی ماں ۔ بُرائیوں کی جڑ ۔ (مجازاً) شراب ۔

اُمّ الصبیان (ع/مث) بچوں کی ماں ۔ (مجازاً) مرگی ۔ صرع ۔ بچوں کی ایک بیماری ہے ۔

اُم العلوم (ع/مث) علمِ صَرف کی کنیت۔
اُمّ غیلان (ع/مث) ببول۔ کیکر۔
اُم الکتاب (ع/مث) کتاب کی ماں۔ مُراد سورۂ فاتحہ۔
اُم الولد (ع/مث) اصطلاح فقہ میں وہ لونڈی جس نے اپنے مالک کے نُطفے سے اولاد جنی ہو۔ مالک اولاد کو یا لونڈی کو بیچ نہیں سکتا۔ البتہ آقا کے مرنے کے بعد وہ خود آزاد ہو جاتی ہے۔ ترکے میں ورثا کو نہیں مل سکتی۔
اِمام (ع/مذ) پیشوا۔ اُستاد۔ مجتہد۔ ہادی۔ رہبر۔ کسی فن کا کامل۔ تسبیح کے دونوں دھاگوں کے درمیان پرویا ہوا بڑا دانہ۔
اِمام باڑہ (ف/مذ) وہ جگہ جہاں شیعہ لوگ تعزیہ رکھتے اور مجلسِ عزا منعقد کرتے ہیں۔ تعزیہ گاہ۔
اِمامت (ع/مث) رہنمائی۔ رہبری۔ نماز پڑھانا۔ جماعت کرانا۔
اِمام شافعیؒ (ع/مذ) اصل نام محمد بن ادریس اپنے جدِ اعلیٰ شافع بن سائب کی نسبت سے شافعی مشہور ہوئے۔ اہلسنت والجماعت کے نزدیک آپ تیسرے درجے کے فقیہ اور مجتہد ہیں۔ آپ ۱۵۰ھ میں پیدا ہوئے اور ۲۰۴ھ میں وفات پائی۔
اِمام ضامن (ع/مذ) حضرت سیدنا علی رضاؒ بن موسیٰ کاظمؒ کا لقب۔
اِمام ضامن کی ضامنی (ا۔ کلمۂ دُعا) امام علی رضا محافظ و نگہبان ہوں۔ شیعہ عورتیں کسی کے متعلق بطور دُعا کہتی ہیں۔
امام غزالیؒ (ع۔ ف۔ مذ) اصلی نام محمد۔ مقام غزالہ علاقہ خراسان میں ۴۵۰ھ میں پیدا ہوئے۔ اور مدرسہ نظامیہ نیشاپور میں تعلیم پائی۔ پھر بغداد آئے۔ آخر عمر میں اپنے وطن گئے۔ اور وہیں مدرسہ جاری کیا۔ ۵۰۵ھ میں وفات پائی۔ آپ بڑے فقیہ، محقق، صوفی، عالم فاضل، حکیم تھے۔
اِمام مالکؒ (ع/مذ) آپ چاروں اماموں میں سے دُوسرے امام ہیں۔ ۹۵ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۷۹ھ میں وفات پائی۔ آپ نے اپنی عمر کا تقریباً سارا زمانہ مسجد نبویؐ میں درس دیتے گزارا۔
اِمام مُبین (ع/مذ) لوحِ محفوظ۔
اِمامیہ (ع/مذ) شیعہ لوگ۔ وہ فرقہ جو بارہ اماموں کے سوا اور کسی کو قابلِ امامت نہیں جانتا۔
اَمان (ع/مث) بچاؤ۔ پناہ۔ امن۔ حفاظت۔ آرام۔ تسکین۔
اَمان پانا (ا/ محاورہ) پناہ ملنا۔ حفاظت میں آنا۔
اَمان دینا (ا/ محاورہ) پناہ میں لینا۔
اَمانت (ع/مث) سپرد کی ہوئی چیز۔ کسی چیز کو حفاظت کے لیے دُوسرے کے پاس رکھ دینا۔ (صفت) جوں کی توں۔ بجنسہٖ۔ اُردو کے مشہور شاعر آغا حسن ولد میر آغا لکھنوی کا تخلص بھی ہے جو ۱۲۳۱ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۲۷۵ھ میں وفات پائی۔ اندر سبھا اور دیوانِ امانت آپ کی تصنیفیں ہیں۔ فصاحت لکھنوی آپ کے بیٹے تھے۔
اَمانت دار (ع ف/مذ) امین۔ معتبر۔ ایمان دار۔ خیانت نہ کرنے والا۔ تحویل دار۔
اَمانت داری (ع ف/مث) دیانت داری۔

اَمانی (ع/مث) وہ کام جو اپنے طور پر بنوایا جائے۔ ٹھیکے اور اجارے کی ضد۔
اَماوس (ہ/مث) قمری مہینے کا آخری دن۔
اَمبر (ہ/مذ) چادر۔ (مجازاً) آسمان۔ اکاس۔ بادل۔
امبولینس (انگریزی/مذ) دَورے میں رہنے والا ہسپتال۔
اِمپائر (انگریزی/مث) سلطنت۔ بادشاہت۔ راج۔
اِمپیر (انگریزی/مذ) شہنشاہ۔ قیصر۔ مہاراجہ۔ ادھیراج۔
اِمپرس (انگریزی) ملکہ۔ قیصرہ۔
اِمپورٹس (انگریزی/مث) مال درآمد۔ وہ تجارتی مال جو باہر سے کسی مُلک میں آئے۔
اِمپیریل (انگریزی/مذ) بادشاہی۔ شہنشاہی۔
اَمَت (ع/مث) کنیز
اَمَت (ع/مث) پشتۂ زمین۔ ٹیکرہ۔
اُمّت (ع/مث) گروہ۔ پیرو۔ کسی پیغمبر کا فرقہ۔ تابع۔
اُمّتِ مرحومہ (ع/مث) اُمت جس کی بخشش کی خوشخبری دی جا چکی بخشی ہوئی امت۔ مسلمان۔
اِمتثال (ع/مذ) حکم ماننا۔ کسی کی پیروی کرنا۔ داستان کہنا۔ خون کا بدلہ لینا۔
اِمتحان (ع/مذ) آزمانا۔ آزمائش۔ جانچ۔ پڑتال۔
اِمتحان پاس کرنا (ف) امتحان میں کامیاب ہونا۔ آزمائش میں پورا اُترنا۔
اِمتحان دینا (ف) آزمائش میں آنا۔ آزمایا جانا۔
اِمتحان لینا۔ یا اِمتحان کرنا (ف) آزمائش کرنا۔ آزمانا۔ تجربہ کرنا۔
اِمتداد (ع/مذ) طوالت۔ درازی۔ لمبائی۔ طُول۔
اِمتزاج (ع/مذ) مرکب کرنا۔ ملانا۔ آمیزش کرنا۔ ملا دینا۔ ملاوٹ۔
اِمتلاء (ع/مذ) پیٹ بھرنا۔ بدہضمی۔ جی متلانا۔ قے کی طرف طبیعت کا رجوع کرنا۔
اِمتلائی ہیضہ (ف/مذ) وہ ہیضہ جو پیٹ کے زیادہ بھر جانے سے پیدا ہو۔ بخلاف وبائی کے کہ وہ آب و ہوا کی خرابی سے ہوتا ہے۔
اِمتناع (ع/مذ) روک۔ رکاوٹ۔ ممانعت۔ منع کرنا۔ ہٹانا۔
اِمتناعی (ع/مذ) کسی چیز سے روکنے والا۔
اِمتنان (ع/مذ) احسان کرنا۔ کسی کے ساتھ نیکی کرنا۔
اُمّتی (ع/مذ) اُمت کے لوگ۔ فرقہ اور جماعت کے آدمی۔ مقلد۔ پیرو پیغمبر اسلام کی پیرو جماعت۔
اِمتیاز (ع/مذ) تمیز کرنا۔ پہچان کرنا۔ فرق کرنا۔ ترجیح دینا۔ سمجھ۔ شعور۔
اِمتیاز کرنا (ا/مص) فرق کرنا۔ تمیز کرنا۔
اَمِٹ (ہ) نہ مٹنے والا۔ غیر فانی۔ پائدار۔ مضبوط۔
اَمثال (ع/مث) (مثل کی جمع) کہاوتیں۔ مانند۔ مشابہ۔ ہم شکل۔
اَمثلہ (ع/مث) مثالیں۔ نظائر۔
اَم جانا (ہ) شل ہو جانا۔ دُکھ کی وجہ سے کسی عضو کا اکڑ جانا۔ کہ ہاتھ تک

نہ لگایا جانا - ذکھ جانا - تھک جانا -

اَمجد (ع/مذ) بڑا بزرگ - بہت اعلیٰ -

اَمچور (ہ/مذ) آم کا چُورا - آم کی سُوکھی پھانکیں (مجازاً) لاغر اور سُوکھا آدمی - چڑچڑا - کھٹّا - تُرشش - کھٹائی -

اِمداد (ع/مث) مدد دینا - حمایت - اطاعت - سلوک -

امدادی (ع) وہ کام جس میں کسی کی امداد شامل ہو - سہارا دینے کا - مدد کیا ہوا -

اُمڈنا یا اُمنڈنا (ہ) اُبلنا - چھلکنا - جوش مارنا - بادل وغیرہ کا گھِر آنا - فوج یا آدمیوں کا ہجوم کر آنا - دریا کا چڑھنا -

اَمر (ع/مذ) حکم - فرمان - ارشاد -

اَمَر (ہ) غیر فانی - ابدی - باقی - نہ مرنے والا -

اُمَرا (ع/مذ) - (امیر کی جمع) دولت مند - حاکم رئیس - ارکان سلطنت - معزز -

اَمراض (ع/مذ) - (مرض کی جمع) دُکھ - بیماریاں - روگ -

اَمراؤتی (ہ/مذ) صوبہ برار کا ایک مشہور شہر - یہاں اُون بہت پیدا ہوتی ہے -

اَمربیل (ہ/مث) اکاس بیل - افتیمون - زرد رنگ کی ایک بیل جو درختوں پر ہوتی ہے -

اَمرت (ہ/مذ) آبِ حیات - (زہر کی ضد) اکسیر (مجازاً) نہایت عُمدہ - کارآمد - اور لذیذ اشیاء - نعمت غیر مترقبہ -

اَمرت بانی (ہ/مث) شیریں کلامی - خوش بیانی - میٹھی باتیں -

امرت پھل (ہ/مذ) سیب - کوئی عُمدہ اور لذیذ پھل -

امرت دھارا (ا/مث) ایک مشہور دوا جو بہت سی بیماریوں میں مختلف بدرقات کے ہمراہ استعمال کی جا سکتی ہے -

اَمرت سر (ہ/مذ) پنجاب کا مشہور تجارتی شہر سکھوں کا مقدس مقام جہاں دربار صاحب کی عمارت قابلِ دید ہے - یہاں سے کپڑا پنجاب کے چھوٹے شہروں میں جاتا ہے -

اَمرتی (ہ/مث) جلیبی کی شکل کی ایک مٹھائی جو ماش کے آٹے سے بنتی ہے -

اَمرَد (ہ/مذ) جو مرد نہ ہو - قوتِ رجولیت نہ رکھتا ہو - کمسن - خوبصورت لڑکا - بے ڈاڑھی مونچھ کا لڑکا - نابالغ -

اَمرد پرست (عف/مذ) لڑکوں سے عشق لڑانے والا -

اَمرد پرستی (عف/مث) لڑکوں سے معاشقہ -

اَمرس (ہ/مذ) آم کا رس - کچے آموں کا پکا کر حریرہ سا بنایا ہوا -

امرود (ہ/مذ) ایک قسم کا گول سا مشہور پھل - الٰہ آباد کے امرود بہت میٹھے اور مزے دار ہوتے ہیں -

اَمر معروف (ع/مذ) نیکی کا حکم دینا - نیکی کرنے کو کہنا - نیک ہدایت دینا -

اَمر و نہی (ع/مذ) حکم اور مخالفت - کرنے اور نہ کرنے کے کام -

اَمرَیاں (ہ/مث) آموں کا باغ - آموں کے جھنڈ - آموں کے درخت - دہلی کا ایک باغ جو قطب صاحب میں ہے -

امریکہ (انگریزی/مذ) ایک بڑا اعظم جسے نئی دنیا بھی کہتے ہیں - اسے کولمبس نے ۱۴۹۲ء میں دریافت کیا تھا -

امریکن (انگریزی) امریکہ کا باشندہ - امریکہ سے نسبت رکھنے والا -

امریکن انڈین (انگریزی/مذ) امریکہ کے اصلی باشندے جو ریڈ انڈین کے نام سے مشہور ہیں - یہ کئی ریاستوں میں آباد ہیں - نشانہ باز اور شکاری ہوتے ہیں -

اَمس (ع/مذ) گزرا ہوا کل -

اِمساک (ع/مذ) رُکنا - رُکاوٹ - دیر - کمی - بُخل - کنجوسی - بارش کا نہ ہونا - خشک سالی - قحط -

اِمسال (ف/مذ) اس سال - یہ سال - یہ برس - سنہ رواں -

اِمشب (ف/مث) آج رات - یہ رات - اس رات -

اَمصار (ع/مذ) - (مصر کی جمع) - شہر - بلاد -

اِمضا (ع/مذ) جاری کرنا - رواں کرنا - امر کرنا - حکم نافذ کرنا -

اَمعا (ع/مث) - (معا کی جمع) پیٹ کی چھ آنتیں - اثنا عشری - صائم - رقیق - اعور - قولون - مستقیم -

اِمعان (ع/مذ) گہری نظر کرنا - تعمق - غوض -

اَمک (ہ/مذ) فلاں - فلانا - وہ شخص جس کا نام معلوم نہ ہو -

اَمکا ڈھمکا (ہ/مذ) حقارت سے فلاں کی جگہ بولتے ہیں - واہیات - بے ہودہ - نکمی اور خراب چیزیں -

امکان (ع/مذ) طاقت - مقدور - مجال - قابو - اختیار -

اِمکان بھر (ہ/ا/ متعلق فعل) طاقت کے موافق - مقدور بھر -

اِمکان سے خارج ہونا (ا/ محاورہ) ناممکن ہونا - محال ہونا -

اَمکنہ (ع/مذ) مکان کی جمع) مکانات -

اَمل (ہ/مذ) نشہ - شراب کے سوا باقی تمام نشے -

اَمل (ع/مث) اُمید - آس - آرزو - خواہش -

اَمِل (ہ) نہ ملنے والا - بے مروت - وہ آدمی جو ملنسار نہ ہو - انمل بھی کہتے ہیں -

اِملا (ع/مذ/مث) - (لغوی یاد سے لکھنا) - (مجازاً) رواج کے موافق صحیح لکھنا - بنائی ہوئی عبارت کو دُرست کر کے لکھنا -

اِملاق (ع/مذ) مفلسی -

اَملاک (ع/مذ/مث) مِلک (ملکیت) کی جمع - جائداد - جاگیر - اسباب - مال و دولت -

اَملتاس (ہ/مذ) ایک درخت اور اس کا پھل - اس پھل کے اندر پیسے سے ہوتے ہیں - ان پر ایک سیاہ سی لیسدار چیز ہوتی ہے - جسے مغز فلوس خیار شنبر کہتے ہیں - یہ جلاب دینے کے کام آتا ہے -

اَملنا (ہ) تُرش ہونا - کُند ہونا - جیسے اَمل کھا گئے - دُکھنا - پیٹ کے پھوڑوں کا پک جانا -

اِملی (ہ/مث) تمر ہندی - ایک قسم کا کھٹا پھل اور اس کا درخت -

اَمن (ع/مذ) پناہ - حفاظت - چین - آرام - بچاؤ - تسلی - اطمینان - جمعی -

اَمن و اَمان } (ع/مذ) حفاظت - آرام - تسلی - پناہ -
اَمن چَین } حفظ و امان -

اُمنگ (ہ/مث) جوش - ولولہ - اشتیاق - لہر - ترنگ - دِلی شوق -

اَمواہ (ہ/مذ) نہایت سبز رنگ - آم کے پتوں کے رنگ جیسا -

اَموات (ع/مث) - (موت کی جمع) موتیں - وفاتیں - مرنا -

اَمواج (ع/مث) - (موج کی جمع) لہریں -

اَموال (ع/مذ) مال کی جمع ، مال و دولت - دھن - دولت - روپیہ پیسہ -

اُمور (ع/مذ) - (امر کی جمع) بہت سے کام - احکام - فرامین - باتیں -

اَمونیا (انگریزی/مذ) ایک تیز بُو دار دوا جو چُونا اور نوشادر سے مرکب ہوتی ہے - اسے زُکام میں سُونگھتے ہیں -

اُمّہات (ع/مث) اُم کی جمع - مائیں -

اُمّہاتِ سِفلی (ع/مث) عناصر اربعہ یعنی ہوا - پانی - خاک - آگ یا زمین کے طبقے -

اُمہانی (ع) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی چچیری بہن -

اُمّی (ع) اُم یعنی ماں کی طرف منسوب - جس کا باپ ایام طفلی میں مر جائے - چونکہ ایسا لڑکا اکثر جاہل اور اَن پڑھ رہتا ہے اس لیے اُسے اُمّی کہتے ہیں - ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اس لیے کہتے ہیں کہ آپؐ نے کسی سے تعلیم نہیں پائی تھی - تاکہ فضیلتِ استاد آپ سے نہ بڑھ جائے -

امیٹھنا (ہ) اینٹھنا - مروڑنا - بل دینا -

اُمید (ع/مث) آس - آرزو - خواہش - حمل - پیٹ -

اُمید اُٹھ جانا (ار/محاورہ) توقع نہ رہنا - آسرا جاتا رہنا -

اُمید بر آنا (ار/محاورہ) آرزو پوری ہونا -

اُمید بر لانا (ار/محاورہ) آرزو پوری کرنا -

اُمید سے ہونا (ا) پیٹ سے ہونا - حاملہ ہونا -

اُمیدوار (ف/مذ) خواہش مند - آرزومند - آئندہ کے بھروسے پر کام کرنے والا -

اُمید و بیم (مذ) دبدھا - اُمید اور خوف - ڈر بھی اور اُمید بھی - مشتبہ حالت -

اَمیر (ع/مذ) بہت حکم دینے والا - حاکم - والیٔ کابل کا لقب -

اَمیر خسروؒ (ف/مذ) دہلی کے ایک مشہور شاعر جو اعلیٰ درجے کے صوفی حضرت نظام الدین اولیاؒ کے خلیفہ - سلطان محمد کے اتالیق اور ادیب تھے - ۷۲۵ھ میں وفات پائی -

اَمیرُ الاُمرا (ع/مذ) امیروں کا امیر - بہت بڑا رئیس - نہایت دولت مند بہت بڑا سردار -

اَمیرُ البحر (ع/مذ) سمندر کا سردار - بحری فوج کا کمانڈر - بحری فوج کا افسر -

اَمیرُ المومنین (ع/مذ) مسلمانوں کا سردار - اسلام کا اعلیٰ حاکم -

اَمیر کو جان پیاری فقیر کو ایک دم بھاری (ا/مقولہ) امیر موت کو اور فقیر زندگی کو دو بھر جانتا ہے -

اَمیری (ع/مث) حکومت - دولت مندی -

اَمیریا (ا/مذ) ایک خاص رنگ کا کبوتر -

اَمیری اور فقیری کی بُو سو برس تک نہیں جاتی (ا/مقولہ) جو بات فطرت میں جم جائے وہ مدتوں نہیں چھوٹتی بلکہ خاندان تک سرایت کر جاتی ہے -

اَمین (ع/مذ) امانت دار - معتبر - ایک عُہدہ -

اَمینُ المِلّت یمینُ الدّولہ (ع/مذ) مذہب کا امانت دار - سلطنت کا دایاں بازو - سلطان محمود غزنوی کا خطاب ، جو اُسے خلیفہ بغداد کی طرف سے ملا تھا -

ا - ن

اَن (ہ) نفی کا کلمہ - حرفِ نافیہ - جیسے اَن پڑھ (حرفِ استثنا) سوا - بجز - اور -

اَنّ (س/مذ) غلّہ - اناج - رزق - غذا - خوراک -

اِن (ہ) یہ - ایے - اشارۂ قریب -

اُن (ہ) وہ - وے - اشارۂ بعید - (عوزتیں) خاوند - شوہر - خصم - پتی -

اِن (ع) جو - اگر -

اَنّا (ت/مث) دایہ - دُودھ پلانے والی عورت - مُرضِعہ -

اِنابت (ع/مث) خدا کی طرف رجوع کرنا - اللہ کی عبادت پر مائل ہونا -

اناپ شناپ (ا) اندھا دُھند - اُوٹ پٹانگ - بے غور و فکر - بے سوچے سمجھے -

اِناث (ع/مث) - (اُنثیٰ کی جمع) - عورتیں - مادہ -

اَناج (ہ/مذ) غلّہ - جنس -

اَناج کا دشمن (ا/مذ) زیادہ پیٹو - سست - کاہل وجود - جو کھائے تو بہت لیکن کام کاج کچھ نہ کرے -

اَناجیل (ع/مث) - انجیل کی جمع - خوشخبریاں - عُمدہ عُمدہ خبریں -

اَناجیلِ اَربعہ (ع/مث) چاروں انجیلیں - متی - مرقس - لُوقا - یوحنا کی انجیلیں -

اناچیت (س/مث) بے پروائی - غفلت -

اَنادِ (ہ/مذ) ازل - وہ زمانہ جس کا آغاز نہ ہو -

اَنادی (ہ/مث) اُس زمانے کا جس کی انتدا نہ ہو - بہت پرانی - ازلی -

اَنار (ف/مذ) ایک مشہور درخت اور اُس کا پھل - ایک قسم کی آتشبازی -

انارا (ا/مذ) ایک قسم کا سُرخ آنکھوں والا کبوتر - دِلی والے اناری کہتے ہیں -

انار بھرنا (ا) آتشبازی کے انار کی شکل کے کوزے میں بارود بھرنا -

انار چھوڑنا - یا - انار داغنا (ا) آتشبازی کا انار چلانا -

انار دانہ (ف/مذ) کھٹے اناروں کے سُوکھے ہوئے دانے۔ ایک قسم کا چارخانہ کپڑا۔
انارکی (انگریزی/مذ) انتہاپسندی - بادشاہت کی دشمنی کرنا - مزاج - وضوعیت - شورش - انقلاب۔
انار یٰسین (ف/مذ) نوروز کے دن چالیس بار سورۂ یٰسین پڑھ کر دم کرکے جو شخص کوئی چیز کھائے وہ سال بھر امراض سے محفوظ رہتا ہے۔
اناڑی (ہ/مذ) مورکھ - جاہل - ناواقف - بے تمیز - بے سلیقہ - پھوہڑ۔
اناڑی پن (ہ/مذ) ناتجربہ کاری - بے سمجھی۔
اناڑی کا سودا بارہ باٹ (ہ/مثل) ناواقف اور ناتجربہ کار سودے میں نقصان ہی اُٹھاتا ہے۔
اِنّا لِلّٰہ وَ اِنّا اِلَیہِ راجِعُون (ع/فقرہ) بے شک ہم اللہ ہی کے ہیں اور اُسی کی طرف رجوع کرنے والے ہیں یعنی سب کو مرنا اور خدا کے پاس جانا ہے - قرآن شریف کی ایک آیت ہے جو کسی مصیبت یا کسی کی موت کی خبر سُن کر پڑھتے ہیں۔
اَنام (ع/مث) خلقت - دُنیا - موجودات - پیدا شدہ چیزیں۔
اَنامِل (ع/مذ/مث) - انملہ کی جمع، اُنگلیاں۔
انانیت (ع/مث) خودی - غرور - تکبّر - گھمنڈ۔
اَنب یا انبہ (ف/مذ) آم کا درخت اور پھل۔
اَنبار (ف/مذ) ڈھیر - تودہ - ذخیرہ۔
انبارخانہ (ف/ظرف) گودام - ذخیرہ۔
اَنباری (ف/مث) ہاتھی کی عماری - ہودہ - ہاتھی کی کاٹھی۔
اَنباز (ف/مذ) شریک - ہمسر - (مث) سوکن - سوت۔
انبساط (ع/مث) خوشی - شادی - شادمانی - خرمی۔
انبعاث (ع/مذ) اشتعال - برانگیختہ۔
اَنبلی (ہ/مث) املی - تمرہندی - ایک قسم کا کھٹا پھل اور اُس کا درخت۔
اَن بن (ہ/مث) دشمنی - عداوت - بیر - مخالفت - لڑائی - بگاڑ - رنجش۔
اَن بندھا موتی (ہ/مذ) کنواری عورت - باکرہ - شوہر نادیدہ - ناکتخدا عورت۔
ان بولی رانی (ہ/مث) بھولی بھالی عورت - (طنزاً) بددماغ عورت۔
انبوہ (ف/مذ) بھیڑ بھاڑ - کثرت - زیادتی - ہجوم - دھکم دھکا۔
ان بھول (ہ/مث) ناواقفیت - ناتجربہ کاری - غلطی - سہو - سادہ مزاج ناواقف - انجان۔
انبیاء (ع/مذ) - (نبی کی جمع) بہت سے نبی - پیغمبر - رسول۔
انبیا (ہ/مث) آم کا کچا پھل جس میں جالی نہ پڑی ہو۔
انبیق (ع/مذ) بھبکا - وہ برتن جس میں نالی رکھ کر عرق کشید کرتے ہیں۔
ان پانی (ہ/مذ) آب و دانہ - کھانا پانی - دانہ پانی۔
ان پڑھ یا اَن پڑھا (ہ/مذ) جاہل - بے علم - ناخواندہ۔
اَنت (ہ/مذ) آخر - اخیر - انجام - خاتمہ۔
اَنت آ پہنچنا (ہ) قریب مرگ ہونا - موت قریب آ پہنچنا۔
اَنتباہ (ہ/مذ) خبرداری - تنبیہ کرنا - اطلاع - آگاہ کرنا - آگاہی۔
اَنت بُرے کا بُرا (ہ/مقولہ) آخر بُرے کا انجام بُرا ہی ہوتا ہے۔
اَنت بھلا سو بھلا (ہ/مقولہ) جس کی عاقبت دُرست ہوگئی، وہی اچھا ہے۔
اَنت بھلے کا بھلا (ہ/مقولہ) نیک آدمی کا انجام بھی آخرکار نیک ہی ہوتا ہے۔
اِنتباہ (ع/مذ) آگاہی - اطلاع - خبرداری۔
اِنتحال (ع/مذ) کسی کا شعر اپنے نام سے ظاہر کرنا۔
اِنتخاب (ع/مذ) چھانٹ - خلاصہ - اختصار - چُننا - چھانٹنا۔
اَنتر (ہ/مذ) فاصلہ - دُوری - فرق - بُعد - عرصہ۔
اَنترا (ہ/مذ) پہلے فقرے کے سوا گیت کا فقرہ - بولی - کڑی - ٹیک - بغیر - سوا - نزدیک۔
اَنتربید (ہ/مذ) دوآبہ - گنگا اور جمنا کا درمیانی دوآبہ۔
انتر بھاؤ (ہ) طبعی - قدرتی - نیچرل - ذاتی۔
اَنتر بھومی (س/مذ) زمین کا اندرونی حصّہ۔
اَنترگیانی (ہ/مذ) ہمہ دان - ہر چیز کو جاننے والا - علیم - غیب جاننے والا۔
اَنتر ہونا (ہ) غائب ہونا - دُور ہونا - فرق ہونا - فاصلہ ہونا۔
اَنتر منتر (ہ/مذ) جادُو ٹونا - جھاڑ پھونک - دم جھاڑ۔
اَنتر یامی یا اَنتر جامی (ہ/مذ) محیطِ کل - سالم کل - سب پر حاوی۔
اَنتڑی (ہ/مث) آنت - رودہ۔
اَنتڑیاں جلنا (ہ) نہایت بھوک لگنا - بہت بھوکا ہونا۔
اِنتساب (ع/مذ) نسبت رکھنا - لگاؤ رکھنا - واسطہ - تعلق۔
اِنتساخ (ع/مذ) نقل مطابق اصل لکھنا۔
اِنتساق (ع/مذ) کسی چیز کا ترتیب دینا۔
اِنتسام (ع/مذ) خوشبو سونگھنا۔
اِنتشار (ع/مذ) پھیلنا - گھبراہٹ - پریشانی - شہوت ہونا۔
اِنتصاب (ع/مذ) برپا ہونا۔
اِنتصاف (ع/مذ) انصاف پانا - نصف ہونا - حصولِ انصاف۔
اِنتظار (ع/مذ) اُمید - آس - راہ دیکھنا - آسرا۔
اِنتظار کرنا (ع) آسرا رکھنا - راہ دیکھنا۔
اِنتظام (ع/مذ) بندوبست - تدبیر - ترتیب - قاعدہ - ضابطہ۔
اِنتفاخ (ع/مذ) پھُول جانا - متورم ہونا۔
اِنتفاع (ع/مذ) فائدہ اُٹھانا - نفع کمانا - منافع لینا۔
اِنتقاد (ع/مذ) نقد لینا - گھاس کا دانہ جُدا کرنا - کھرا کھوٹا صاف کرنا - پرکھنا۔
اِنتقاض (ع/مذ) عہد و پیمان توڑنا۔
اِنتقال (ع/مذ) ایک جگہ سے دُوسری جگہ بدلنا - موت - مرگ۔
اِنتقالِ جائداد (ہ/مذ) جائداد کا ایک قبضے سے نکل کر دُوسرے کے پاس

چلے جانا۔
اِنتقام (ع امذ) بدلہ۔ عوض۔ بادافش۔ دشمنی کرنا۔
اِنتفاف (ع امذ) شرم وحیا رکھنا۔
اِن تلوں میں تیل نہیں (ہ اشل) یہاں سے مطلب براری نہیں ہوگی۔ بہت کنجوس اور بخیل ہیں۔ نہایت بے مروّت اور بے فیض ہیں۔
اَنت لینا (ہ) نہایت زچ کرنا۔ سخت زچ کرنا۔ سخت تنگ کرنا۔
اِنتہا (ع امث) اخیر۔ اختتام۔ انجام۔ حد۔ نہایت۔
اِنتہاپسند (عف / فاعل) کسی کام کے اخیر کو چاہنے والا۔ اعتدال پسند کی ضد۔
اِنتہا کا (ع اصف) پرلے درجے کا۔ بے حد۔
اِنتہا لینا (ا ر / محاورہ) کسی بات کی حد کا اندازہ کرنا۔
اِنتہاز (ع) فرصت یا قابو۔
اَنتی (ہ امث) کان کا ایک زیور۔
اَنتیس (ہ) بیس اور نو، ۲۹، 29۔
اَنٹا (ہ امذ) بڑی گولی۔ ایون کی موٹی سی گولی۔ ایک انگریزی کھیل جو میز پر سفید گولیوں سے کھیلا جاتا ہے۔
انٹا چت } (ہ امذ) بالکل مدہوش۔ نشے میں چور۔
انٹا غفیل } بالکل بدمست۔
اَنٹا گھر (ہ امذ) وہ مقام جہاں انٹا کھیلا جاتا ہے۔ انٹا کھیلنے کی جگہ۔ مقام۔
اِنٹرپریٹر (انگریزی امذ) ترجمان۔ کسی غیر زبان کی بات چیت کو دوسری زبان میں سمجھانے والا۔
اِنٹر کلاس (انگریزی) درمیانہ درجے کی گاڑی۔ ریل میں ڈیوڑھا درجہ۔
اِنٹرمیڈیٹ (انگریزی امذ) درمیانہ درجہ۔ وسطی کالج جہاں صرف ایف۔ اے تک تعلیم دی جائے۔ وسطی درجہ۔
اِنٹرنیشنل لاء (انگریزی) بین الاقوامی قانون۔
انٹروڈیوس کرانا (ا) ملاقات کرانا۔ شناسائی کرانا۔ تعارف کرانا۔
اِنٹرنس (انگریزی امذ) دروازہ۔ داخلہ۔ شروع۔ آغاز۔ ابتدائی تعلیم کا آخری امتحان (مجازاً) دسویں جماعت۔
اَنٹی (ہ امث) سوت یا ریشم کی لپٹی ہوئی لچھی۔ اَٹی۔ انگلیوں کے درمیان کی گھاٹی۔ دو انگلیوں کی درمیانی جگہ۔
انٹی باز } (ہ امذ) جواریوں کی اصطلاح ہے۔ وہ شخص جو
انٹی مار } جوا کھیلتے وقت انگلیوں کی گھاٹی میں کچھ چھپا رکھے۔ (مجازاً) دغاباز۔ فریبی۔ مکار۔ عیار۔
انٹی پر چڑھ جانا (ا) دھوکا کھا جانا۔ قابو میں آجانا۔ دام فریب میں پھنس جانا۔
انٹی میں آنا (ا) دھوکے میں آنا۔ قابو میں آنا۔ بس اور فریب میں آنا۔

اِنجاح (ع امذ) مطلب پورا کرنا۔ کاربرآری۔ کامیابی۔
اِنجاز (ع امذ) کسی کے مطلب کو روا کرنا۔ وعدہ پورا کرنا۔
انجام (ف امذ) آغاز کی ضد۔ اخیر۔ اختتام۔ خاتمہ۔ نتیجہ۔ مکمل ہونا۔ کام کا پورا ہو جانا۔
انجام بخیر ہونا (ل) نتیجہ اچھا نکلنا۔ خاتمہ بالخیر ہونا۔ ایمان کے ساتھ دنیا سے جانا۔
انجام پذیر ہونا (ل) ختم ہونا۔ تمام ہونا۔ کام کا پایۂ تکمیل کو پہنچ جانا۔
انجام سوچنا (ا) نتیجے کا خیال کرنا۔ دور اندیشی کرنا۔ مآل کا دیکھنا۔
انجام کار (ل) آخرکار۔ آخرکو۔ انجام کو۔ نتیجہ۔
اَنجان (ہ) ناواقف۔ نہ جاننے والا۔ ناآشنا۔ ناتجربہ کار۔
اَنجان بننا (ہ) جان بوجھ کر ناواقف ہونا۔ دیدہ دانستہ نادان بن جانا۔
اِنجذاب (ع امذ) کسی کی طرف کھنچنا۔
اِنجر پنجر (ہ امذ) عضو بدن۔ جوڑ بند۔ جوڑ جوڑ۔ عضو عضو۔ ہڈی پسلی۔
انجر پنجر ڈھیلے ہو جانا (ہ) ہر جوڑ تھک جانا۔ ہر عضو ڈھیلا ہو جانا۔ جوڑ جوڑ کا تھک جانا۔
اَن جَس (ہ امذ) صفت (اَن حرف نفی۔ جَس۔ ہنر۔ عزت) بے ہنر۔ بے عزت۔ ذلیل۔ بدنام۔ رسوا۔ ناکارہ۔
اَنجس (ہ امذ) پلید۔ ناپاک۔ نجس۔ نہایت۔ پلید اور ناپاک۔
اُنجل (ہ امذ) ملے ہوئے ہاتھ جیسے دعا مانگتے وقت ملائے جاتے ہیں۔
اُنجل نکالنا (ا ر / محاورہ) غلہ تیار کرنے کے بعد خیرات کے طور پر لپ بھر غلہ نکالنا۔
اَن جل (ہ امذ) دانہ پانی۔ کھانا پینا۔
اَن جل نہ کرنا (ہ) کچھ نہ کھانا پینا۔ بھوکا مرنا۔ بھوکا ہونا یا رہنا۔
اَنجُم (ع امذ)۔ (نجم کی جمع)۔ ستارے۔ تارے۔
انجم شناس (ف کنایہ) پاسبان سے۔
انجمن (ف امث) مجلس۔ سبھا۔ محفل۔ کمیٹی۔
انجن (ہ امذ) سُرمہ۔ آنکھوں میں لگانے کی خشک دوا۔ کاجل۔ باریک پسی ہوئی۔
اِنجن (انگریزی امذ) بھاپ کی کل۔ آلۂ بخارات۔
انجن ڈرائیور (انگریزی امذ) انجن چلانے والا۔
انجینئر (انگریزی امذ) کلوں اور عمارتوں کا کام جاننے والا۔
انجیرگان (ف امذ) زخمی لوگ۔
انجیر (ف امذ) مشہور میوہ۔ جو گول اور سیاہی مائل ہوتا ہے۔ ذائقے میں میٹھا سا۔ دواؤں میں کام آتا ہے۔
اِنجیل (یونانی امث) خوشخبری۔ نوید۔ مژدہ۔ حضرت عیسیٰؑ پر نازل شدہ آسمانی کتاب۔

اِنچ (انگریزی /مذ) فٹ کا بارھواں یا گز کا چھتیسواں حصہ۔ایک پیسے کی لمبائی چوڑائی۔
اُنچاس (ہ) چالیس اور نو، ۹ ۴، ۴۹۔
اُنچاؤ۔اُنچائی (ہ) (۱) (مذ) (۲) (مث) بلندی۔اِرتفاع۔
اُنچلا (ار۔مذ) بےقرار۔شوخ۔
انچھر (ہ/مذ) حرف۔لفظ۔بول۔کلمہ۔(مجازاً) جادو کے منتر۔
اِنحراف (ع/مذ) مُنہ پھیر لینا۔کنارا کشی کرنا۔کنارے ہو جانا۔اِنکار۔انکار کرنا۔مخالفت۔پھرنا۔
اِنحطاط (ع/مذ) کمی۔تنزّل۔گھٹاؤ۔
اِنحصار (ع/مذ) گھرنا۔محصور ہونا۔منحصر ہونا۔دارومدار ہونا۔موقوف ہونا۔سمانا۔
اِنحلال (ع/مذ) کشادہ ہونا۔
اِنخلا (ع/مذ) خالی کرنا۔خالی کرنے کا عمل۔
ان داتا (ہ/مذ) رازق۔رزق دینے والا۔آقا۔مالک۔حاکم۔کھانا دینے والا۔
اِندارا / اِنہارا (ہ/مذ) بڑا گہرا اور پختہ کنواں۔جس میں بے اندازہ پانی ہو۔اتھاہ پانی والا کنواں۔
اَنداز (ف/مذ) طرز۔ڈھنگ۔طور۔طریقہ۔ناز۔معشوقانہ۔قیاس۔اٹکل۔حد۔مقدار۔نمونہ۔پیمانہ۔ناپ۔محبوب کی ادا۔لگاوٹ۔
اَنداز اُڑانا (ار) کسی کی طرز سیکھ لینا۔کسی بات میں تقلید کرنا۔کسی کا ڈھنگ اُڑا لینا۔
اَنداز سے باہر ہو جانا (ہ) اپنی حیثیت سے باہر ہو جانا۔مقدور سے باہر کام کرنا۔حد سے بڑھ جانا۔
اَندازہ (ف/مذ) پیمائش۔ناپ۔اٹکل۔جانچ۔مقدار۔قیاس۔حد۔تخمینا۔
اَندازہ کرنا (ار/محاورہ) تخمینہ کرنا۔امتحان لینا۔
اَندام (ف/مذ) بدن۔جسم۔جثہ۔انگ۔
اَندامِ نہانی (ف) پوشیدہ جسم۔اندرونی بدن۔چھپا ہوا جسم۔(مجازاً) شرم گاہ۔ستر۔فرج۔
اِندباغ (ع/مذ) چمڑا پکانا۔
اَندر (ف) بھیتر۔درمیان۔بیچ میں۔
اَندر خانے (ف/ار) اندر ہی اندر۔چپکے چپکے۔
اِندر (ہ/مذ) دیوں کا راجہ۔بہشت کا راجہ۔مینہ برسانے والا دیوتا۔رعد۔گرج۔کڑاک۔بجلی۔ہوشیاری۔چالاکی۔
اِندراج (ع/مذ) درج کرنا۔تحریر کرنا۔لکھنا۔داخل کرنا۔شامل کرنا۔درج ہونا۔
اِندراس (ع/مذ) پرانا ہونا۔کہنگی۔
اِندر آسن (ہ/مذ) اندر کا تخت۔
اِندر آسن آنا (ہ) عیش و آرام سے زندگی گزارنا۔بڑے عیش منانا۔
اِندرائن (ہ/مذ) حنظل۔ایک قسم کا مشہور پھل۔جو دیکھنے میں خوبصورت خربوزے جیسا ہوتا ہے۔مگر ذائقے میں نہایت تلخ۔
اندرائن کا پھل (ہ/مذ)۔(مجازاً) وہ آدمی جو شکل میں اچھا اور سیرت میں بُرا ہو۔
اندرائن کا پھل دیکھنے کا ہے چکھنے کا نہیں (ہ/مثل) ظاہر عمدہ باطن خراب۔صورت اچھی ہے۔
اِندرجال (ہ/مذ) دھوکا۔فریب۔دغا۔مکر۔شعبدہ۔
اِندرجَو (ہ/مذ) عربی میں لسان العصافیر۔فارسی زبان میں کنجشک کہتے ہیں۔جو کے مشابہ اور ہم شکل ایک درخت کا پھل۔یہ گھٹی میں ڈالا جاتا ہے۔
اندرسا (ہ/مذ) ایک قسم کی مٹھائی۔جو چاولوں کے آٹے اور مٹھائی ملا کر گھی میں تلی جاتی ہے۔
اِندر کا اکھاڑا (ہ/مذ) راجہ اندر کی محفل جس میں پریاں ناچتی ہیں۔(مجازاً) حسینوں اور خوبصورتوں کی مجلس۔راگ رنگ کی محفل۔خوبصورتوں کا جمگھٹ۔شکیلہ جمیلہ عورتوں کا مجمع۔
اَندروالا (ہ/مذ) دل۔من۔جی۔حاملہ کے پیٹ کا بچہ۔
اَندرون (ف) اندر۔درمیان۔بیچ۔دل۔باطن۔
اَندرونِ خانہ (ف۔مرکب جاری) گھر میں۔آپس میں۔
اَندرونی (ف/صفت) اندر کا۔بیرونی کی ضد۔
اِندری (ہ/مث) محسوس کرنے کا اوزار۔آلۂ ادراک۔ظاہری اور باطنی ہر ایک حس۔آلۂ تناسل۔اندام نہانی۔خواہش نفسانی۔کام دیو۔
اِندفاع (ع/مذ) دُور ہونا۔
اَندک (ف) تھوڑا۔تھوڑا سا۔ذرا سا۔کم۔خفیف سا۔
اِندمال (ع/مذ) زخم کا بھرنا۔تسلی۔دلجمعی۔اطمینان۔
اندوختہ (ف/مذ) جمع کیا ہوا۔بچا ہوا۔(مجازاً) مال و دولت۔
اِندور (ہ/مذ) ریاست ہے۔راجہ ہلکر کا دارالحکومت رہ چکا ہے۔
اَندوہ (ف/مذ) غم۔فکر۔تردد۔رنج۔ملال۔پریشانی۔
اندوہناک / اندوہگیں (ف/مذ) غمناک۔غمگین۔متفکر۔
اندھا (ہ/مذ) نابینا۔کور۔بے سوچے سمجھے کام کرنے والا۔دھندلا۔غیر شفاف۔ناواقف۔بے خبر۔جاہل۔ان پڑھ۔
اندھا آئینہ (ار/مذ) دھندلا آئینہ۔غیر شفاف شیشہ۔تاریک آئینہ جس میں کچھ دکھائی نہ دے۔
اندھا اندھا کھلنا (ار/محاورہ) مدھم روشنی دینا۔
اندھا بانٹے ریوڑیاں پھر پھر اپنوں ہی کو دے (ہ/مثل) قرابت دوست آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔اپنوں ہی کو فائدہ پہنچانا۔
اندھا بگلا (ار/مذ) گھبراہٹ اور بدسلیقگی سے کام کرنے والا۔
اندھا بنانا (ہ) نابینا کرنا۔جُل دینا۔دھوکا دینا۔آنکھوں میں آنکھیں ڈالنا۔سامنے سے چُرا لے جانا۔صریح جھوٹ بولنا۔
اندھا جانے آنکھوں کی سار (ہ/مثل) آنکھوں کی قدر اندھا ہی جانتا ہے۔کسی نعمت کی قدر اُس کے نہ رہنے پر ہوتی ہے۔

اَندھا جیسے بُرے حالوں (ہ / مقولہ) دُکھ میں زندگی وبال ہے مصیبت میں حیات کا مزہ نہیں۔

اندھا دربار (ا / مذ) وہ عدالت جہاں انصاف نہ ہو۔ ظلم وستم کا اندھیرا چھایا ہو۔

اندھا دُھند (ہ) بےسوچے سمجھے۔ بدانتظامی سے۔ بدنظمی سے بے حساب۔ بے احتیاطی سے۔ بے دھڑک خرچ کرنا۔

اندھا دُھند لٹانا (ہ) بے حساب خرچ کرنا۔ بے دھڑک خرچ کرنا۔

اندھا دُھند مچنا (ہ) بے انصافی ہونا۔ ظلم وستم ہونا۔ لوٹ مار ہونا۔

اندھا راجہ چوپٹ نگری یا / اندھیر نگری چوپٹ راجہ / ٹکے سیر بھاجی ٹکے سیر کھاجا (ہ / مثل) ظالم حاکم۔ بے پروا حکومت بے آئین سلطنت۔ بے قاعدہ بادشاہت جہاں راجے کی غفلت کے باعث اندھیر مچ رہا ہو۔ نیک وبد کی تمیز نہ ہو۔ رعایا کے حال کی پروا نہ ہو۔

اندھا کرنا (ا / محاورہ) دیکھنے کی قوت زائل کرنا۔

اندھا کنواں (ہ / مذ) خشک کنواں۔ چاہِ تاریک۔ بچوں کا ایک کھیل جو چار کنکریوں سے کھیلا جاتا ہے جس کی شکل یہ ہے۔

اندھا کیا جانے لالے کی بہار / اندھا کیا جانے جنگل کی سار (ہ / مثل) ناقدرشناس آدمی اچھی چیز کی قدر نہیں جان سکتا۔ جس میں تمیز کا مادہ ہی نہ ہو وہ کسی چیز کو کیا سمجھ سکتا ہے۔ فارسی میں ہے:۔ چہ داند بوزنہ لذاتِ ادرک۔

اندھا کیا چاہے دو آنکھیں (ہ / مثل) حاجت مند آدمی کو اپنی ہی حاجت براری کی غرض ہوتی ہے۔ بھوکا روٹی ہی روٹی پکارتا ہے۔

اندھا گائے بہرا بجائے (ہ / مثل) نالائقوں کا مجمع ہے۔ نالائق اور نکمے اکٹھے ہو رہے ہیں۔ بے وقوف ہی جمع ہیں۔ مجہولوں کی سوسائٹی۔

اندھا گھوڑا (ہ / مذ) فقیروں کی اصطلاح میں جوتے کو کہتے ہیں۔

اندھا مُلاں ٹوٹی مسجد (ا / مثل) ناقص کو چیز بھی ناقص ہی ملتی ہے۔

اندھا ہو جائے (ا / بددُعا) عورتیں بددُعا کے طور پر کہتی ہیں کہ آنکھیں پھوٹیں۔

اندھان (ف) غمگین۔

اندھا ہونا (ہ) مغرور ہونا۔ نابینا ہونا۔ گمراہ ہونا۔ نشے میں مست ہونا۔ جوانی کے جوش میں سرشار ہونا۔ بے دیکھے بھالے کام کرنا۔

اَندھڑ / اندھکار (ہ / مذ) بادِ صرصر۔ بادِ تُند۔ جھکڑ۔ آندھی۔ بدنظمی۔ لوٹ کھسوٹ۔

اندھوں میں کانا راجہ (ہ / مثل) نالائقوں میں تھوڑی لیاقت والا بھی بڑا قابل سمجھا جاتا ہے۔

اندھیر (ہ / مذ) بدنصیبی۔ پریشانی۔ ظلم وستم۔ بے انتظامی۔ دغا بازی۔ بے ایمانی۔ سیاہی۔ تاریکی۔ مصیبت۔ آفت۔

اَندھیرا / اندھیارا (ہ / مذ) تاریکی۔ سیاہی۔ اُجالے کی ضد۔

اندھی پیسے کتا کھائے (ہ / مثل) بے تمیزی سے کام کرنا۔ پھوہڑ عورت کی نسبت بولتے ہیں۔

اندھی سرکار (ا) ظالم حاکم۔ بے انصاف بادشاہ۔ ستمگر افسر۔

اندھیر کھاتا (ہ / مذ) بدنظمی۔ بدمعاملگی۔ پرلے درجے کی بے ایمانی۔ سخت ظلم۔

اندھیرا گھُپ (ہ / مذ) بے حد تاریکی جس میں کچھ نہ سوجھے۔ سخت اندھیرا۔

اندھیر مچانا (ہ) سخت ظلم وستم برپا کرنا۔ ستم ڈھانا۔ ہلڑ مچانا۔

اندھیر نگری چوپٹ راجہ ٹکے سیر بھاجی ٹکے سیر کھاجا (ا / مثل) حکمران کی بے پروائی اور ناانصافی کی وجہ سے لوٹ مچی ہوئی ہونا۔

اندھیر ہونا (ہ) تاریکی ہونا۔ ظلم اور ناانصافی ہونا۔

اندھیری (ہ / مث) نایک سیاہ چمڑے کا ٹکڑا جو بگھی وغیرہ کے گھوڑے کی آنکھوں پر باندھا جاتا ہے۔

اندھیری لگانا (ہ) آنکھوں پر پٹی باندھنا۔ گھوڑے کی آنکھوں پر چمڑے کا چشمہ لگانا تاکہ صرف آگے ہی دیکھ سکے۔

اندھیرے اُجالے (ہ) وقت بے وقت۔ دیر سویر۔ کسی نہ کسی وقت۔

اندھیری کوٹھڑی (ہ / مث) تاریک گھر۔ اندھیرے والا مکان۔ (مجازاً) جسم کا اندر کا حصّہ۔ عورت کا رحم۔ نامعلوم شے۔

اندھیرے گھر کا اُجالا (ہ / مذ) اکلوتا بیٹا۔ گھر کا دیا۔ گھر کا چراغ۔

اندھیرے مُنہ یا مُنہ اندھیرے / اندھیرے اندھیرے (ہ) بہت سویرے۔ تڑکے تڑکے بہت ہی تڑکے جب صرف مُنہ دکھائی دے۔

اندھے کو دن اور رات برابر ہیں (ہ / مثل) بے تمیز آدمی بُرے بھلے کی تمیز نہیں کر سکتا۔ بے وقوف اچھے بُرے کو نہیں جانچ سکتا۔

اندھے کے آگے روئیے اپنے نین کھوئیے (ہ / مثل) بے سمجھ کو سمجھانا دردِ سر مول لینا ہے۔ نالائق کے سامنے لقمان کی حکمت کس کام کی۔ بے درد کو اپنا درد سنانا نتیجہ معلوم۔ بالکل بے سُود۔

اندھے کی جورو کا اللہ بیلی (ہ / مثل) جس کا کوئی محافظ نہ ہو اُس کا اللہ ہی نگہبان ہے۔ جس کا کوئی مددگار نہ ہو اُس کا اللہ ہی مددگار ہوتا ہے۔

اندھے کی لاٹھی یا لکڑی (ہ / مث) ایک بچہ جو کئی بچوں میں سے بچا ہو۔ بڑھاپے کا سہارا۔ مددگار۔ معاون۔ یار غمخوار۔

اندھے کے ہاتھ بٹیر لگی (ہ / مثل) اس موقع پر بولتے ہیں جب کسی

کم حوصلہ آدمی کو نایاب شئے مل جائے اور وہ اُس کا بے جا استعمال کرے یا بے حیثیت کو اُس کی طاقت سے بڑھ کر کوئی چیز مل جائے تو طنزاً کہتے ہیں۔

اَندیدن (ف) تعجب کرنا۔

اندیشہ (ف/مذ) ڈر۔ خوف۔ کھٹکا۔

اندیشہ ناک (ف) خوف ناک۔ پُرخطر۔

ان دیکھی (ہ/مث) ناواقف۔ ناآشنا۔ نادیدہ۔ بے دیکھی چیز۔

اَنڈا (ہ/مذ) بیضہ۔ (مجازاً) آدمی کا خصیہ۔

انڈا بٹھانا (ار/محاورہ) انڈا سینے کی غرض سے مُرغی وغیرہ کے نیچے رکھنا۔

انڈا کھٹکنا (ل) پرندے کے بچوں کا نکلنا۔ انڈے کا پھوٹنا۔ اور بچے کا باہر آنا۔

انڈا گندہ ہونا (ار/محاورہ) انڈا خراب ہونا۔ بچہ نکلنے کے قابل نہ رہنا۔

اَنڈلانا (ہ) شوخی کرنا۔ مچلنا۔ اِٹھلانا۔

اَنڈمان (مذ) اسے کالا پانی بھی کہتے ہیں۔ بحرِ ہند میں چند جزیروں کا مجموعہ ہے۔ حبسِ دوام کے قیدی یہاں رہتے تھے۔ یہاں نایل بہت ہوتا ہے۔

اِنڈوا (ہ/مذ) مزدور لوگ جو کپڑا تہہ کرکے اپنے سر پر رکھ لیتے ہیں تاکہ بوجھ سے گٹھری سر میں نہ چبھے۔

اَنڈواسی (ہ/مث) مُرغی وغیرہ جو انڈے دینے کو تیار ہو۔

انڈوں پر ہونا (ہ) انڈے سینا۔ بچے نکالنے کے لیے انڈوں کو گرمی پہنچانا۔

اَنڈیانا (ہ) انڈے دینے پر ہونا۔ بیل۔ بھینسے وغیرہ کو چلانے کے لیے اُس کے خصیوں کو ملنا۔

اَنڈے اُڑانا (ہ) بہت جھوٹ بولنا۔ انڈے پارہ بھر کر اور موم سے مُنہ بند کرکے اُڑاتے ہیں۔ دھوکا دینا۔ فریب بازی کرنا۔

اَنڈے ببول میں بچے کھجور میں (ل/مثل) بدانتظامی۔ بے ترتیبی۔ کوئی چیز کہیں کوئی کہیں۔

اَنڈے بچے (ل/مذ) آل اولاد۔ بیٹے۔ پوتے۔ لڑکے بالے۔

اَنڈے دینا (ار/محاورہ) انڈے پیدا کرنا۔

اَنڈیز پہاڑ (مذ) یہ جنوبی امریکہ کے مغربی ساحل پر ہیں۔ اور راس پاناما سے راس ہارن تک پھیلے ہوئے ہیں۔ ملک چلی تک تو ایک قطار میں ہیں لیکن بولیویا اور ایکویڈار میں دو سلسلے ہو جاتے ہیں۔ ان میں چاندی بہت پائی جاتی ہے۔

اَنڈے سینا (ہ) کسی پرندے کا انڈوں پر بیٹھ کر اُنھیں گرمی پہنچانا تاکہ بچے نکل آئیں۔ گھر میں بیٹھے رہنا۔

اَنڈے سیوے کوئی بچے لیوے کوئی (ہ/مثل) محنت کوئی کرے فائدہ کوئی اُٹھائے۔

اَنڈے سیوے فاختہ اور کوّے میوے کھائیں (ہ/مثل) فاختہ بے چاری محنت کرکے بچے نکالے اور کوّے کھا جائیں۔ حرام خور آدمی کو کہتے ہیں۔

انڈے کا شہزادہ (ل/مذ) وہ آدمی جو گھر سے باہر نہ نکلا ہو۔ ناواقف۔ ناتجربہ کار۔ بھولا بھالا۔ سیدھا سادہ۔

انڈے لڑانا (ہ) قمار بازوں نوروز کے دن انڈے ہاتھوں میں لے کر ایک دوسرے پر مارتے ہیں۔ جس کا انڈا ٹوٹ جائے وہ ہار جاتا ہے۔ دوسرا بازی جیت لیتا ہے۔

اَنڈیلنا (ہ) اوندھا ہونا۔ گرانا۔ ڈالنا۔ اُلٹنا۔ ایک برتن سے کوئی چیز دوسرے میں اُلٹا دینا۔

اِنڈیانا (ار/محاورہ) انڈے دینے پر آمادہ کرنا۔

اَنڈیلنا (ار/مص) ڈالنا۔ گرانا۔

اِنڈین (انگریزی) ہندی۔ ہندوستانی۔ ہندوستان کا رہنے والا۔

اِنڈین ایمپائر (انگریزی/مذ) سلطنتِ ہندوستان۔

اَنر تھ (ہ) اصل میں اَن اَرتھ ہے۔ بے معنی۔ بے ہودہ۔ مہمل۔ لغو۔ فضول۔ نامناسب۔

اَنریت یا اَنریتی (ہ/مث) بے رواجی۔ بے رسمی۔ بدچلنی۔

اِنزال (ع/مذ) اُتارنا۔ اُترنا۔ منی نکلنا۔ جھڑنا۔

اِنزجار (ہ/مذ) ہٹ جانا۔ پلٹ جانا۔

اِنزوا (ع/مذ) گوشہ نشینی۔

اِنزہاق (ع) ہلاک ہونا۔ نیست ہونا۔

اَنس (ہ/مث) عطر۔ مغز۔ ست۔ طاقت۔ قوّت۔ زور۔ کسر۔ حصّہ۔ ٹکڑا۔ نُطفہ۔ شمار کنندہ۔ قوت نما۔

اِنس (ع/مذ)۔ (انسان کی جمع) آدمی۔ لوگ۔ آدمی کی نسل

اُنس (ع/مذ) محبت۔ پیار۔ رغبت۔ میلان۔ میل جول۔

اِنسان (ع/مذ) آدمی۔ آدمؑ کی اولاد۔ منش۔ محبت رکھنے والا۔

اِنسان بنانا (ار/محاورہ) آدمیت سکھانا۔

اِنسانیت (ع/مث) آدمیت۔ عقل مندی۔ سمجھ۔ خبرداری۔

اِنسانیت برتنا (ل) آدمیت سے پیش آنا۔ خلق و مروّت کا سلوک کرنا۔

اَنسب (ع/مذ) نہایت مناسب۔ بہت درست۔ نہایت ٹھیک۔

اِنسباک (ع/مذ) چاندی سونے کا پگھلنا۔

اِنسپکٹر (انگریزی/مذ) معائنہ کرنے والا۔ دیکھ بھال کرنے والا۔

اِنسپکٹر جنرل (انگریزی/مذ) معائنہ کرنے والا بڑا افسر۔ منتظم اعلیٰ۔ محکمے کا نگران کار۔

اُنسٹھ (ہ) پچاس اور نو۔ پنجاہ و نہ ۵۹ ، 59۔

اِنسٹیٹیوٹ (انگریزی/مذ) محکمۂ ترقی علوم و فنون۔

اِنسٹیٹیوشن (انگریزی/مذ) سکول، کالج وغیرہ علمی مجلس۔ قاعدوں اور اصولوں کا ایک ضابطہ۔

اِنسداد (ع/مذ) روک تھام۔ بندوبست انتظام۔ مزاحمت۔

اِنسلاب (ع/مذ) گم ہونا۔

اَنس نکالنا (ہ) ست نکالنا۔ جان نکالنا۔ طاقت لینا۔ کمزور کرنا۔

اَنسی (ہ/مذ) شریک۔ حصّہ دار۔ ساجھی۔ رشتہ دار۔ تعلق دار۔ ہمدرد۔

اِنشاء (ع ا مث) لغوی معنی پیدا کرنا۔ اپنے دل سے پیدا کر کے کوئی عبارت لکھنا۔ (مجازاً) طرزِ تحریر۔ عبارت۔ خطوط نویسی کی کتاب۔ سید انشاء خاں لکھنوی کا تخلص۔
اِنشاءاللہ تعالیٰ (ع ا فقرہ) اگر خدا تعالیٰ نے چاہا۔
اِنشا پرداز (ع۔ ف۔ مذ) منشی۔ ناثر۔ نثر لکھنے والا۔
اِنشا پردازی (ف ا مث) مضمون نویسی کا ڈھنگ۔ خط و کتابت کا طریق۔
اِنشا کرنا (ار ا محاورہ) تحریر کرنا۔ لکھنا۔ ایجاد کرنا۔
اِنشائیہ (ع ا مذ) وہ جملہ جس کے متکلم کو جھوٹا یا سچا نہ کر سکیں۔
اِنشراح (ع ا مذ) کھلنا۔ واضح ہونا۔ کشادہ ہونا۔ ظاہر ہونا۔
اِنشقاق (ع ا مذ) شق ہونا۔ ٹوٹنا۔
اَنصار (ع ا مذ)۔ (ناصر کی جمع) مددگار۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ اصحابؓ جنھوں نے مدینہ منورہ میں آپ کی مدد کی۔
اَنصاری (ع ا صف) انصار سے منسوب۔
اِنصاف (ع ا مذ)۔ (لغوی) برابر دو حصے کرنا۔ نصفا نصف۔ (مجازاً) عدل۔
اِنصباغ (ع ا مذ) رنگین ہونا۔
اِنصداع (ع ا مذ) پھٹنا۔
اِنصرام (ع ا مذ)۔ (لغوی) کٹنا۔ (مجازاً) انجام کو پہنچانا۔ انتظام۔ انتظام کرنا۔
اِنضباط (ع ا مذ)۔ (لغوی) لاپ۔ مضبوطی۔ (مجازاً) تعین۔ ضابطہ۔ طریقہ۔
اِنضباطِ اوقات (ع ا مذ) وقت کی تقسیم۔ وقت کی تعیین۔ پابندیٔ وقت۔ ٹائم ٹیبل۔ تقسیم اوقات۔
اِنضمام (ع ا مذ) پیوستہ ہونا۔ ملانا۔ جوڑنا۔ جڑانا۔
اِنطباع (ع ا مذ) نقش ہونا۔ چھپ جانا۔ چھاپہ خانے میں کسی کتاب کا چھپنا۔
اِنطباق (ع ا مذ) آپس میں ملنا۔ بالکل منطبق ہونا۔
اِنطفا (ع ا مذ) آگ کا بجھ جانا۔ افسردہ ہونا۔ آگ ٹھنڈی ہو جانا۔
اَنظار (ع ا مث) نگاہیں۔ ستاروں کی چالیں۔
اِنعام (ع ا مذ) نعمت دینا۔ بخشش۔ عطیہ۔ احسان۔ کام کرنے کا صلہ۔
اِنعام و اکرام (ع ا مذ) خلعت و عزت دینا۔
اِنعطاف (ع ا مذ) کج ہونا۔ واپس ہونا۔
اِنعقاد (ع ا مذ) بندھنا۔ گرہ پڑنا۔ منعقد ہونا۔
اِنعکاس (ع) اُلٹنا۔ لوٹنا۔ واپس ہونا۔ عکس۔ سایہ۔
اِنفاذ (ع ا مذ) جاری کرنا۔
اَنفار (ع ا مذ)۔ (نفر کی جمع) سپاہی۔ آدمی۔ نوکر۔ ملازم۔ کم رتبہ اشخاص کے لیے بولتے ہیں۔
انفارمیشن (انگریزی ا مث) اطلاع۔ خبر۔

اَنفاس (ع ا مذ)۔ (نفس کی جمع) سانس۔ دم۔
اَنفال (ع ا مذ)۔ (نفل کی جمع) غنیمت کا مال جو کافروں سے حاصل ہو۔
اِنفجار (ع ا مذ) چشمے کا پھوٹنا۔ پھوٹ نکلنا۔ پھوٹ بہنا۔
اِنفصال (ع ا مذ) جدا ہونا۔ فیصلہ ہونا۔ طے ہونا۔ چُک جانا۔
اِنفطار (ع ا مذ) پارہ پارہ ہونا۔
اِنفعال (ع ا مذ) شرمندہ ہونا۔ شرم۔ ندامت۔ خِفّت۔ سُبکی۔
اِنفعالی (ع ا صف) اثر پذیرانہ۔ مجہول۔
اِنفکاک (ع ا مذ) آپس سے جدا ہونا۔
اِنفکاکِ رہن (ع ا مذ) زرِ رہن ادا کر کے رہن کی ہوئی چیز واپس لینا۔
اِنفلوئینزا (انگریزی ا مذ) وبائی نزلہ۔ وہ بخار جو نزلے کے باعث ہو۔ نمونیا۔
اِنفلوئنس (انگریزی ا مذ) رسوخ۔ رُعب۔
اِنفنٹری (انگریزی ا مث) پیادہ فوج۔ پلٹن۔ پیدل فوج۔
اِنقباض (ع ا مذ) رکاوٹ۔ روک۔ قبض۔ بستگی۔
اِنقضاء (ع ا مذ) گزر جانا۔ پورا ہو جانا۔ چھوٹ جانا۔ گزرنا۔
اِنقطاع (ع ا مذ) کٹ جانا۔ تعلق ٹوٹ جانا۔ قطع تعلق ہونا۔
اِنقلاب (ع ا مذ) بدل جانا۔ اُلٹ پلٹ ہو جانا۔ تغیر و تبدل۔ اُلٹ پھیر۔
اِنقلاع (ع ا مذ) اُکھڑنا۔ کھُد جانا۔
اِنقیا (ع ا مذ) تابع ہونا۔ مطیع ہونا۔
اِنکار (ع ا مذ) نامنظور۔ اقرار کی ضد۔ نہ ماننا۔
ان کا کیڑا (ہ ا مذ) اناج میں پیدا ہونے والا کیڑا۔ اناج پر گزارا کرنے والا (مجازاً) انسان۔ آدمی۔
اِنکسار (ع ا مذ) ٹوٹ جانا۔ خاکساری۔ فروتنی۔ تواضع۔ عاجزی۔
اِنکساف (ع ا مذ) سورج کو گہن لگنا۔
اِنکشاف (ع ا مذ) ظاہر ہونا۔ کھُلنا۔ کھولنا۔
ان کلیمڈ (انگریزی ا مذ) لاوارث مال۔ وہ مال جس کا کوئی والی وارث نہ ہو۔
اِنکم ٹیکس (انگریزی) آمدنی کا ٹیکس۔ آمد کا محصول۔ رعیت پر آمدنی کے حساب سے سرکاری لگان۔
اَنکنا (ہ) اندازہ ہونا۔ جچنا۔ پسندیدہ ہونا۔ پسند آنا۔
انکھڑیاں (ہ ا مث) محبوب کی آنکھوں کو پیار سے مصغر کر کے کہتے ہیں۔ آنکھ کی تصغیر ہے۔ چشم۔ آنکھیں۔
انکھ مندی (ار ا صف) کنواری لڑکی۔ ناسمجھ۔ بھولی۔ بھالی۔
انکھوا (ہ ا مذ) آنکڑا۔ ڈوک۔ آٹے کا شگوفہ جو گھی میں تل کر میٹھا لگا کر کھاتے ہیں۔ دال کی ناک جو دلتے وقت ٹوٹ کر الگ ہو جاتی ہے۔
انگ (ہ ا مذ) جسم۔ بدن۔ عضو۔ جوڑ۔ چھاتی۔ پستان۔ سینہ۔ جزوِ بدن۔

اَنگا (ہ/مذ) جامہ ۔ پیراہن ۔ انگرکھا ۔

انگار یا انگارا (ہ/مذ) دہکتا ہوا اُپلایا بڑا سا کوئلہ (مجازاً) لال سرخ دہک دہک کرتا ۔

انگارا بننا (ہ) نہایت غضب آلود ہونا ۔ سخت غصے ہونا ۔ غصے میں لال ہو جانا ۔

انگاروں پر لٹانا (ہ) نہایت دُکھ دینا ۔ تڑپانا ۔ تکلیف پہنچانا ۔ رنج دینا ۔

انگاروں پر لوٹنا (ہ) نہایت دُکھ پہنچنا ۔ دُکھ سہنا ۔ تڑپنا ۔ رشک اور حسد سے جلنا ۔ بہت تکلیف اُٹھانا ۔ دل ہی دل میں کڑھنا ۔

انگارے برسنا (ہ) خدا کا قہر نازل ہونا ۔ شدت کی گرمی پڑنا ۔ لُو چلنا ۔

انگبین (ف/مذ) شہد ۔ عسل ۔

انگرکھا (ہ) مردوں کے پہننے کا ایک کپڑا ۔ اچکن ۔ قبا ۔

انگریز (و/مذ) انگلستان کا رہنے والا ۔

انگریزی (ا/مث) انگریزوں کی زبان ۔

انگڑانا (ا/مص) انگڑائی لینا ۔ بستر پر کروٹیں بدلنا ۔

انگڑائی (ہ/مث) خمیازہ ۔ سستی رفع کرنے کے لیے جسم کا تننا ۔ اکڑنا ۔ ہر حیوان کے واسطے رفع کسل کے لیے ایک قدرتی حرکت ہے ۔

انگڑائی توڑنا ۔ انگڑائی لینا (ہ) سستی اُتارنا ۔ خمیازہ کشی کرنا ۔ بے کاری اور غفلت میں گزارنا ۔ سستی رفع کرنے کے لیے جسم کو حرکت دینا ۔

انگڑائی لینا (ا/محاورہ) جسم کو تن کر سستی دُور کرنا ۔

انگڑ کھنگڑ (ہ/مذ) خانہ داری کا پُرانا اسباب ۔ کاٹھ کباڑ ۔ بے کار چیزیں ۔ ٹوٹا پھوٹا سامان ۔ فضول اشیاء ۔

انگشت (ف/مث) اُنگلی ۔

انگشتانہ (ف) پیتل یا لوہے کا حلقہ جو درزی کپڑا سیتے وقت اکثر اُنگلی کے سرے میں پہن لیتے ہیں تاکہ سوئی نہ چبھے ۔ تیر اندازوں کا لوہے کا حلقہ جسے شست کہتے ہیں ۔ زہ گیر ۔

انگشت بدنداں ہونا (ف) دانتوں میں اُنگلی دابنا ۔ حیرت ۔ تعجب اور افسوس کے وقت یہ حالت ہوتی ہے (مجازاً) افسوس کرنا ۔ حیران ہونا ۔

اُنگشتری (ف/مث) انگوٹھی ۔ اُنگلی میں پہننے کا زیور ۔

اُنگشتِ شہادت (ف/مث) انگوٹھے کے پاس کی اُنگلی ۔ سبابہ ۔ تصدیق کرنے کی اُنگلی ۔

انگشتِ نر (ف/مذ) انگوٹھا ۔ ابہام ۔

انگشت نما (ف/مذ) اُنگلی سے دکھایا ہوا ۔ وہ شخص جو اپنے افعال سے بہت بدنام ہو ۔ مطعون ۔ رُسوا ۔ عیب دار ۔ عیبی ۔

اُنگشتری (ف/مث) انگوٹھی ۔

اُنگل (ہ/مث) پیمانہ ۔ ناپ جو اُنگلی کی چوڑائی کی مقدار میں ہوتا ہے آٹھ جَو کی چوڑائی کے برابر ۔

اِنگلستان (و/مذ) انگریزوں کا وطن ۔ جزیرۂ انگلینڈ ۔

اِنگلش (انگریزی/مذ) انگلستان کی ۔ انگریزی ۔ انگریزوں کے ملک کی ۔ برطانیہ سے تعلق رکھنے والی ۔

اَنگ لگنا (ہ) بغل گیر ہونا ۔ معانقہ کرنا ۔ غذا کا جزو بدن ہونا ۔ کام میں آنا ۔ ٹھکانے لگنا ۔

انگ لگو (ہ/مذ) وہ بچہ جو ہر وقت ماں کی گود ہی میں رہے ۔

اَنگلہ (ف/مذ) گھنڈی ۔ تکمہ ۔

اُنگلی (ہ/مث) انگشت ۔

اُنگلیاں (ہ/مث) ۔ (اُنگلی کی جمع) بہت سی اُنگلیاں ۔

اُنگلیاں اُٹھانا (ہ) اشارہ کرنا ۔ کسی بدنام آدمی کی طرف اشارہ کرنا ۔

انگلیاں چٹخانا (ہ) اُنگلیوں کو دبا کر یا کھینچ کر چٹ چٹ کی آواز نکالنا ۔

انگلیاں چمکانا (ہ) عورتوں کا لڑتے ہوئے ہاتھ اُٹھا کر انگلیاں نچانا ۔

اُنگلیاں کانوں میں دینا (ہ) کسی بات یا آواز کے سُننے سے نفرت کرنا ۔ شور و غل سے کانوں کو بچانا ۔

اُنگلیاں نچانا (ہ) اُنگلیاں ہلا کر کسی کو چڑانا ۔

اُنگلی پکڑنا (ہ) سہارا لینا ۔ مدد لینا ۔ آسرا پکڑنا ۔ تھوڑا سا سہارا پانا ۔

اُنگلی پکڑتے پہنچا پکڑنا (ہ) تھوڑا سا سہارا لے کر زیادہ کے سر ہو جانا ۔ تھوڑے تعلق پر پوری چیز کا دعوے دار بن جانا ۔

اُنگلی دھرنا یا اُنگلی رکھنا (ہ) حرف گیری کرنا ۔ عیب نکالنا ۔ نکتہ چینی کرنا ۔ قبضہ کرنا ۔ دخل اور قابو کرنا ۔ کچھ تعلق بنا لینا ۔

اُنگلی میں لہو لگا کر شہیدوں میں داخل ہونا (ا) کسی کام میں برائے نام دخل پا کر اس کا دعویدار بننا ۔ جھوٹا مدعی ۔ مکار فریبی ۔

اُنگلی نہ لگانا (ہ) ہاتھ نہ لگانا ۔ نہ چھونا ۔ نہ چھیڑنا ۔ نفرت کرنا ۔

اِنگلینڈ (انگریزی/مذ) انگریزوں کا ملک ۔ انگلستان جہاں دریائے ٹیمز سیورن مرسی مشہور دریا ہیں ۔ اس ملک میں چند کوئلوں کے میدان ہیں ۔ انھیں کے صدقے میں لنکا شائر ۔ برمنگھم ۔ شفیلڈ صنعتی مرکز بنے ہوئے ہیں ۔ یہاں کئی یونیورسٹیاں بھی ہیں تعلیم عام ہے ۔ بحری طاقت بھی کافی ہے ۔ حکومت پارلیمنٹ کی ہے ۔ ملکہ الزبتھ حکمران ہیں ۔ اور لندن دارالحکومت ۔ رود بار انگلستان بجانب جنوب ہے ۔

اُنگلیوں پر گِننا (ا/محاورہ) کم تعداد میں ہونا ۔

اُنگلیوں پر نچانا (ہ) ہنسی اُڑانا ۔ مذاق کرنا ۔ تمسخر کرنا ۔ ذلیل کرنا ۔ ستانا ۔ تنگ کرنا ۔

اُنگلیوں میں فندق لگانا (ا/محاورہ) اُنگلیوں کے سروں پر مہندی لگانا ۔

انگلیٹ (ہ/مث) جسم ۔ جُثہ ۔ ڈیل ۔ ڈول ۔

ان گِنا (ہ/مذ) نہ گِنا ہوا ۔ ناشمردہ ۔ گِننے کے ناقابل ۔ حمل کا آٹھواں مہینہ ۔

انگنائی (ہ/مث) صحن ۔ آنگن ۔ گھر کے سامنے کھلی جگہ ۔ دیپ ۔ ویڑا ۔

ان گِنت (ہ) لاتعداد - بےشمار - بے قیاس - بے حد - جس کی گنتی نہ ہو سکے۔
انگوٹھا (ہ امذ) ابہام - انگشت نر - ٹھوسنا - ٹھینگا۔
انگوٹھا چُوسنا (ا / محاورہ) شیرخوار بچہ کا انگوٹھا منہ میں لے کر چُوسنا۔
انگوٹھا چُومنا (ہ) خوشامد کرنا - چاپلوسی کرنا - عاجزی - فرمانبرداری - بے حد محبت کرنا۔
انگوٹھا دکھانا (ہ) چڑانا - ٹھینگا دکھانا - انکار کرنا - کسی کی چیز لے کر واپس نہ دینا - پروا نہ کرنا - حقیر جاننا۔
انگوٹھا نچانا (ہ) کسی کو انگوٹھا ہلا کر چڑانا - کسی کو بُرا سمجھنا - لڑنا۔
انگوٹھی (ہ امث) انگشتری - خاتم (پ) مُندری۔
انگور (ف امذ) ایک مشہور میوہ - تاک - داکھ - رز - زخم کا کھرنڈ - پپڑی۔
انگور بندھنا (ہ) زخم کا بھرنا - زخم اچھا ہو کر کھرنڈ آجانا - زخم پر پپڑی آنا۔
انگور پھٹ جانا (ہ) بھرے ہوئے زخم کا پھر تازہ ہو جانا - زخم کھل جانا۔
انگور کی ٹٹیاں (ا امث) بانس کی ٹٹیاں جن پر انگوروں کی بیلیں چڑھاتے ہیں۔
انگوری بیل (ا امث) کپڑے پر کشیدہ کی ہوئی یا بنی ہوئی انگور کی شکل۔
انگوری شراب (ف امث) وہ شراب جو انگوروں سے بنائی گئی ہو - انگوروں سے کھینچی ہوئی شراب۔
انگول (ہ امذ) وہ غسل جس میں سر پر پانی نہ ڈالا جائے۔
انگولا (امذ) افریقہ کے مغربی ساحل کا ایک چھوٹا سا ملک جو پرتگیزوں کے ماتحت ہے۔
اَنگھڑ (ہ امذ) نہ گھڑا ہوا - بے ترتیب - بے ڈول - بے سلیقہ - ناموزوں - بے ڈھنگا - اناڑی - بدتہذیب - ناشائستہ۔
انگیا (ہ امث) عورتوں کا سینہ بند - چولی۔
انگیا کا ٹھرا (ا امذ) سوت کا ڈورا جو انگیا کی کمر اور کنٹھی میں گوٹ کے اندر ہوتا ہے۔
انگیا کا گھاٹ (ہ امذ) انگیا کا گریبان۔
انگیا کے پان (ہ امذ) انگیا کی کٹوریوں میں دو چھوٹے چھوٹے اُوپر کی طرف کپڑے کے ٹکڑے۔
انگیا کے پٹھے (ہ امذ) انگیا کی چوڑی گوٹ - چوڑی مغزی۔
انگیا کی چڑیا (ہ امث) انگیا کی دونوں کٹوریوں کی درمیانی سیون۔
انگیا کی خواصی (ہ امث) بغل کے برابر ایک چھوٹی سی دھجی جسے گھائی بولتے ہیں۔
انگیا کی دیواریں (ا امث) انگیا کی کٹوریوں کے نیچے کے حصے جو انگیا کے پان سے بڑے ہوتے ہیں۔
انگیا کی ڈوری (ہ امث) وہ ریشمی ڈور جو انگیا کے گریبان کے گرداگرد لگائی جاتی ہے۔
انگیا کی دیواریں (ہ امث) کٹوریوں کے نیچے کے حصے۔
انگیا کی کٹوریاں (ہ امث) انگیا کا وہ حصہ جس میں چھاتیاں رہتی ہیں۔ چھاتیوں کا غلاف۔
انگیٹھا (ہ امذ) سُناروں کا آتش دان - جس میں رکھ کر وہ سونا چاندی گرم کرتے ہیں۔
انگیٹھی (ہ امث) آتشدان - آگ تاپنے کا برتن - جسے کشمیری لوگ کانگڑی بولتے ہیں۔
انگیخت (ف امث) اشتعال - تحریک۔
انگیزنا (ہ) برداشت کرنا - سہارنا - اٹھانا - گوارا کرنا - ذمہ لینا۔
اَنُمان (ہ امذ) اندازہ - تخمینہ - نتیجہ - ماحصل۔
اُن مَت (ہ امذ) بے مت - بے عقل - بے شعور - پاگل - متوالا - دیوانہ۔
ان مِل (ہ) وہ چیز جو کسی سے ملتی جلتی نہ ہو - بے تُکی - بے ڈھنگی۔
ان ملا یا انملا (ہ امذ) وہ آدمی جو کسی سے میل ملاقات نہ رکھتا ہو۔
اَن مِل بے جوڑ (ہ) بے تُکی - بے ترتیب - بے ربط - بے تعلق - بے ڈھنگی باتیں۔
انملہ (ع امث) اُنگلی۔
ان مَنا } (ہ) بے دل - بے جوش - مضطرب - بے قرار - علیل -
ان منی } بیمار - متفکر۔
انمول (ہ) بیش قیمت - نہایت قیمتی - بے بہا - نہایت نادر - بہت کمیاب چیز۔
اَن میل (ہ) ناموافق - مخالف - مختلف - بے ربط۔
اننّاس (پرتگالی / مذ) ایک نہایت لذیذ کھٹ مٹھا خوشبودار پھل - خربوزے سے ذرا چھوٹا اور لمبوترا ہوتا ہے۔
اننت یا اَن اَنت (ہ) بے پایاں - بے تھاہ - بے حد - بے انتہا - ابدی - خدا - پرمیشور - چودہ گانٹھوں کا ڈورا - جو ہندو بھادوں کی چودھویں تاریخ کو ہندو بازو پر باندھتے ہیں۔
ان نینوں کا یہی بسیکھ وہ بھی دیکھا یہ بھی دیکھ - (ہ / مثل) ان آنکھوں کا یہی قاعدہ ہے - وہ بھی دیکھا ہے یہ بھی دیکھ - آنکھیں دنیا میں بُرائی بھلائی سب کچھ دیکھتی ہیں - آدمی کو دکھ سکھ سبھی برداشت کرنے پڑتے ہیں - خوشی اور رنج کو ہنسی خوشی گزار دے۔
ان نیائی (ہ امذ) ناانصاف - ظالم - خبیث - ستم گر - بے داد۔
اَنوار (ع امذ) نُور کی جمع - روشنیاں - اجالے - تجلیاں۔
انواسنا (ا امص) نئے برتن کو کھنگالنا - نئے برتن کو پہلی مرتبہ کام میں لانا۔
انواسی (ہ امث) لفضال ہوئی - بیاہی ہوئی۔
انواع (ع امذ) نوع کی جمع - قسمیں۔
اَنوپ (ہ) لاثانی - بے نظیر - یکتا - بے مثل۔
اَنوپان (ہ امذ) دوا کھانے کا طریق - دوا کا بدرقہ - طریق استعمال۔

اَنُوٹھا (ہ/مذ) عجیب - انوکھا - نرالا - خلافِ عادت - خلافِ واقعہ -

اَنْوَر (ع/مذ) نہایت روشن - بہت چمکیلا - نہایت نورانی - بہت خوبصورت -

اَنْوَری (مذ) فارسی کے ایک مشہور شاعر کا تخلص -

اَنُوسار (ہ) مطابق - موافق - حسب -

اُنُوف (ع/مذ) انف - (ناک) کی جمع -

اَنُوکھا (ہ/مذ) عجیب - نرالا - انوکھا - نادر - کمیاب - اچھوتا -

اَنْہار (ع/مث) نہر کی جمع - نہریں -

اُنہتّر (ہ) ساٹھ اور نو ۶۹ ، 69 -

اِنْہِدام (ع/مذ) گرانا - ڈھانا - مسمار کرنا - برباد کرنا - اینٹ سے اینٹ بجانا - گرنا - ڈھے جانا -

اِنْہِزام (ع/مذ) شکست کھانا - بھاگنا - بھاگ جانا -

اِنْہِضام (ع/مذ) ہضم ہونا - ہاضمہ -

اِنْہِلال (ع/مذ) زور کی بارش یا آنسوؤں کا بہنا -

اِنْہِماک (ع/مذ) کسی کام میں محو ہونا - محویت - مصروفیت - مشغولیت

اَن ہونی (ہ/مث) نہ ہونے کے قابل - دشوار - محال - ناممکن - نہ ہونے والی -

ان ہونی ہوتی نہیں اور ہونی ہو ونہار (ہ/مقولہ) نہ ہونے والی بات ہو نہیں سکتی اور ہونے والی ضرور ہو کر رہے گی -

اِنہیں (ہ) ان کو -

اُنہیں (ہ) اُن کو

اَنی (ہ/مث) تیر یا نیزے کی نوک - بھال - سِنان - جوتے کی نوک - (حرفِ ندا - اری - اے)

اَنیاؤ (ہ/مذ) ناانصافی - ظلم - ستم - بے داد -

اَنیائی (ہ/مذ) ظالم - ستم گر - بے دادگر - انصاف نہ کرنے والا -

اَنیتی (ہ/مث) شرارت - برائی - بے انصافی - ظلم - شور غل - فتنہ فساد - بدنیتی - نیت کا فرق -

اَنیس (ہ/مذ) دوست - غم خوار - محبت رکھنے والا -

اُنیس بیس (ہ) ذرا سا فرق - تھوڑا سا فرق - جزوی فرق جو انیس بیس میں ہوتا ہے -

اُنیس بیس ہونا (ہ) ہرج مرج ہونا - لڑائی - بھڑائی ہونی - خرابی ہونا - جھگڑا ہونا -

اُنیسواں (ہ/صف) ترتیب میں اٹھارہ کے بعد -

اَنیسون (ہ) اجوائن جیسی ایک دوا -

اَنیف (ع/مذ) نرم لوہا -

اَنیق } (ع) انوکھا - عجیب - خوش آئند - خوب -
اَنیقہ }

اَنیک (ہ) - (لغوی) نہیں ایک - (اصطلاحی) چند - کئی - بہت سے - طرح طرح کے - قسم قسم کے - بے شمار - ان گنت -

اَنیلا (ہ/مذ) ناتجربہ کار - نادان - سادہ - انجان - بھولا - خام - ناآزمودہ کار -

اَنیلاپن (مذ) سادگی - بھولاپن - الہیلاپن - بانکپن - ناتجربہ کاری -

ا - و

او (ہ) اے - ارے - ابے - چھوٹے اور کم رتبہ آدمی کو خطاب اس لفظ سے پکارتے ہیں -

اَوّاب (ع/مذ) تسبیح پڑھنے والا -

آوازہ توازہ (ہ/مذ) طعنہ - بولی ٹھولی - طعن - تشنیع -

اواخر (ع/مذ) - (آخر کی جمع) پچھلے - ختم - اختتام - انتہا - انجام - پرلا سرا -

اوامر (ع/مذ) - (امر کی جمع) احکام -

اِوان (ف/مذ) محل - ایوان -

اَوائل (ع/مذ) - اوّل کی جمع - پہلے حصے - آغاز - ابتدا - شروع -

اَدائِل (ہ/مذ) نیٹر - وہ رسی جس پر چرخے کی مال ہوتی ہے -

اَوائی (ہ/مث) اصل میں ہوائی ہے - شہرت - بے سرِ پا بات - کسی کی آمد کی خبر -

اوباش (ع) بدمعاش - آوارہ - شہدا - لچا - غنڈا - بدچلن -

اوباشی (ع/مث) بدمعاشی - آوارگی - لچ پنا - بدچلنی - غنڈہ پن -

اُونبا (ا/مص) بیزار ہونا - گھبرانا -

اُوبل (ہ/مث) وہ گڑھا جو ہاتھی کو پھنسانے کے لیے جنگل میں خس پوش کر دیا جاتا ہے -

اُوپ (ہ/مث) جلا - آب - صفائی - چمک - رونق - آب و تاب -

اُوپچی (ہ/مذ) ہتھیار بند - مسلح ہتھیاروں سے سجا ہوا سپاہی - بانکا سپاہی -

اُوپر (ہ) نیچے کی ضد - بلند - اُونچا -

اُوپر اُوپر (ہ) الگ الگ - پوشیدہ - چپکے چپکے - بالا بالا - ظاہری نمائش -

اُوپر اُوپر جانا (ہ) بے کار جانا - ضائع ہونا - بے فائدہ اور لاحاصل جانا - نشانے کا ٹھیک نہ بیٹھنا -

اُوپر اُوپر سے (ا - متعلق فعل) باہر سے - نرمی سے -

اُوپر تلے (ہ) نیچے اُوپر - تہ و بالا - پے در پے - لگاتار - یکے بعد دیگرے - متواتر -

اُوپر تلے کے (ہ) وہ بچے جن کے درمیان کوئی بچہ پیدا نہ ہوا ہو - عورتوں کا خیال ہے کہ ایسے بچوں میں ہمیشہ جھگڑے پڑے رہتے ہیں کبھی بنتی نہیں -

اُوپر جانا (ا - محاورہ) نشیب سے بلندی پر جانا - ترقی کرنا -

اُوپر ڈرتی (ہ/مث) الزام - تہمت - بوہنی - خواہ مخواہ - ظاہری باتیں

اُوپر سے (ہ) اُوپچے سے ۔ علاوہ ازیں ۔ بالائی آمد ۔ تنخواہ کے علاوہ ۔ دوسری صورت سے ۔ یعنی رشوت وغیرہ ۔

اُوپر کا (ہ) اجنبی ۔ غیر ۔ بیگانہ ۔ فالتو ۔ رشوت وغیرہ کا ۔

اُوپر کا دَم بھرنا (ہ) آخری سانس لینا ۔ قریب مرگ ہونا ۔ اُکھڑے سانس لینا ۔

اُوپر کا کام (ف/مذ) فالتو کام ۔ زائد کام ۔ فرض منصبی کے علاوہ سودا سلف لانے وغیرہ کا کام ۔

اُوپر کی سُوجھنا (ا/محاورہ) دُور کی سُوجھنا ۔

اُوپرلا (ہ) اُوپر والا ۔ اُوپر کا ۔

اُوپر والا (ہ/مذ) نیا چاند ۔ خُدا ۔

اُوپر والے (ہ/مذ) منتظم اور کارکن لوگ ۔ غیر آدمی ۔ بیگانے ۔

اُوپر والیاں (مث) پریاں ۔ چڑیلیں ۔ جینیں ۔ اُوپر کا کام کرنے والی عورتیں ۔

اُوپر ہی اُوپر (ہ) الگ الگ ۔ چُپ چاپ ۔ بالا بالا ۔

اُوپری (ہ/مث) باہر کی ۔ بالائی ۔ ناموزوں ۔ پردیسی ۔

اُوت (ہ/مذ) بے وقوف ۔ نادان ۔ جاہل ۔ لاولد ۔ نامُراد ۔

اُوت (ہ/مث) ۔ (کسر کی ضد) نفع ۔ فائدہ ۔ بچت ۔ جیت ۔ کفایت ۔ اُمیدِ صحت ۔ (فائدہ : یہ لفظ بواوِ مجہول ہے ۔

اُوٹ پڑنا (ا/محاورہ) نفع ہونا ۔ فائدہ اُٹھانا ۔

اُوت کسر برابر ہو جانا (ہ) نفع یا نقصان ہو جانا ۔

اُوتاد (ع/مذ) ۔ (وَتَد کی جمع) ۔ (لغوی) میخیں ۔ (اصطلاحی) اولیاء اللہ کا ایک خاص درجہ ۔

اُوتار (ہ) پیغمبر ۔ رسول ۔ ہندو عقیدے میں خدا کا کسی جنم میں آ کر لوگوں کی اِصلاح کرنا ۔ فرشتہ سیرت ۔ نیک آدمی ۔ اُستاد ۔ مُرشد ۔ وَتر کی جمع ۔

اُوتاری (ہ) کسی کام پر متوجہ ہونا ۔ کسی امر کے لیے مستعد ہو جانا ۔ تیار ہو جانا ۔

اُوتاغ } اُوتاق } (ت/مذ) حُجرہ ۔ مکان ۔

اوٹ (ہ/مث) ۔ (بواوِ مجہول) پردہ ۔ آڑ ۔ چھپاؤ ۔ حفاظت ۔ گھونگٹ ۔ گھات ۔ کمین گاہ ۔ پناہ ۔ سایہ ۔ پیچھے ۔ پوشیدہ ۔ ذمّہ ۔ ضمانت ۔ جیسے اس کے روپے آپ نے اوٹ لیے ہیں ۔ بیلوں کو گاڑی کے جوئے میں جوتنے کا حکم ۔

اوٹا (ہ/مذ) دروازے کی چوکیاں ۔ دو پتھر جو دروازے کے دائیں بائیں بیٹھنے کے لیے لگا دیتے ہیں ۔ چرخی اوٹنے والا ۔

اوٹ پٹانگ (ہ) مُہمل ۔ واہیات ۔ لغو ۔ بے ہودہ ۔ بے معنی ۔ بے تُکا ۔

اوٹل جانا } اوٹلنا } (ہ) نظر سے غائب ہو جانا ۔ آنکھ سے اوجھل ہو جانا ۔ غائب ہونا ۔ گُم ہونا ۔

اوٹنا (ہ) کپاس میں سے روئی اور بنولے الگ کرنا ۔ بیلنا ۔ کسی کی ضمانت دینا ۔ کسی کا قرضہ اپنے ذمے لینا ۔ پردہ کرنا ۔ آڑ کرنا ۔ بچانا ۔ بیلوں کا جُوا اُٹھانا ۔

اوٹنی (ہ/مث) چرخی ۔ کپاس اوٹنے کی بیلنی ۔

اَوج (ع/مذ) بلندی ۔ اونچائی ۔ رتبہ ۔ عزّت ۔ ترقی ۔ عروج ۔

اَوج پہ ہونا (ا/محاورہ) عروج پر پہنچنا ۔ بلند مرتبہ ہونا ۔

اوجاق ۔ اوجاغ ۔ اُجاغ ۔ اُجاق (ت/مذ) چُولہا ۔ دیگدان ۔

اَوجاع (ع/مذ) ۔ (وجع کی جمع) درد ۔ دُکھ ۔

اُوجڑ (ہ) ویران ۔ غیر آباد ۔ برباد شدہ ۔ تباہ و خراب شدہ جگہ ۔

اَوج کو پہنچنا (ہ) بڑا رتبہ پانا ۔ ترقی کے اعلیٰ رُتبے پر پہنچنا ۔

اَوج مَوج (ف/مث) مزے ۔ لُطف ۔ خوشحالی ۔ فارغ البالی ۔

اوجھ (ہ/مذ) ۔ پیٹ ۔ شکم ۔ چوپایوں کا معدہ ۔

اوجھا (ہ/مذ) ۔ (لغوی) قلم ۔ (اصطلاحی) نجومی ۔ جوتشی ۔ رمّال ۔ جادُوگر ۔

اوجھ بھرنا (ہ) پیٹ بھرنا ۔ شکم پُر ہونا ۔ ٹھونس ٹھونس کر بہت کھانا ۔

اوجھ بھرے نہ روگ بڑھے (ہ/مقولہ) بہت پیٹ بھر کر کھانا بیمار پیدا کرتا ہے ۔ تھوڑا کھانا انگ لگتا بہت کھانا اوجھ بڑھانا ۔ تھوڑا کھانا بیماری سے بچاتا ہے ۔

اوجھڑ (ہ/مث) ضرب ۔ صدمہ ۔ دھکا ۔ چوٹ ۔

اوجھڑ لگانا ۔ مارنا (ہ) دشمن کی ڈھال پر ڈھال مارنا ۔ حریف کی پھری پر پھری لگانا ۔ دھکا دینا ۔ ضرب لگانا ۔ صدمہ پہنچانا ۔

اوجھڑی (ہ/مث) جانوروں کا معدہ ۔ اوجھ ۔

اوجھل (ہ/مث) غائب ۔ آڑ ۔ پردہ ۔ حجاب وغیرہ (دیکھو اوٹ) ۔

اوچھنا (بواوِ مجہول) ۔ (ہ) ۔ (ہندو) پانی انڈیلنا ۔ اُلٹنا ۔ ایک برتن سے دُوسرے برتن میں ڈالنا ۔

اوچھ (ہ/مث) کمی ۔ کسر ۔ تھوڑا رہنا ۔

اوچھا (ہ) کم ظرف ۔ کمینہ ۔ ہلکا ۔ ادھورا ۔ جیسے تلوار کا وار اوچھا پڑا ۔ چھوٹا ۔ کم گہرا ۔ خفیف ۔ نامناسب ۔

اوچھا برتن ہی چھلکتا ہے (ہ/مثل) کم ظرف آدمی تھوڑی سی پونجی پر اِترا جاتا ہے ۔

اوچھا وار (ہ/مذ) ضرب جو کاری نہ ہو ۔

اوچھا ہاتھ پڑنا (ہ) ہلکا ہاتھ پڑنا ۔ زخم کاری نہ لگنا ۔ خفیف سا وار لگنا ۔

اوچھن پوچھن (ا/مذ) کھانا کھا چکنے کے بعد جو بچا ہوا برتنوں میں سے نکالا جائے ۔

اوچھے کی پیت بالو کی بھیت (ہ/مثل) کمینے کی دوستی ریت کی دیوار کی طرح ہے ۔ ضرور خراب اور برباد ہو جائے گی ۔ کم ظرف کی دوستی کا اعتبار نہیں ۔

اوچھے کے گھر کھانا جنم جنم کا طعنہ (ا/مقولہ) نیچ اور کم ظرف آدمی

تھوڑا سا احسان کرکے ہمیشہ طعنے دیتا ہے۔
اُودا (ہ) سُرخی مائل سیاہ رنگ۔ سُرخی لیے نیلا رنگ۔
اوِدّا (ع امذ) - (ودید کی جمع) دوست۔
اودات (ہ امث) سُرخی مائل سیاہی۔
اُود بلاؤ (ہ امذ) ایک آبی جانور جو مچھلیاں کھاتا ہے۔ دریائی بلی۔ بے وقوف آدمی۔ بے سمجھ شخص۔
اُود بلاؤ کی ڈھیری (ہ امث) وہ قضیہ اور جھگڑا جو کبھی فیصل نہ ہو۔
اُودھار (ہ امذ) سو (دیکھو اُدھار)۔
اُودھار دیجئے دشمن بیجئے (ا ا مثل) قرض دینے سے دشمنی پیدا ہوتی ہے۔
اُودھم (ہ امذ) شور و غل۔ ہنگامہ۔ دھما چوکڑی۔ جھگڑا۔ دنگا۔ فساد۔ دھوم۔ شور و شر۔
اُودھم مچانا۔ اٹھانا۔ جوتنا (ہ) فساد برپا کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ بہت شور و غل کرنا۔
اُودھمی (ہ امذ) شریر۔ فسادی۔ جھگڑالو۔
اُودھو (س امذ) شری کرشن جی کے ایک دوست۔
اودھو کا نہیں نہ مادھو کا (ہ ا امثل) سب جھگڑوں سے الگ۔ کسی سے کوئی واسطہ نہ رکھنا۔
اوڈنیرڈ (مذ) یہاں انگریزوں نے فرانسیسیوں پر فتح حاصل کی تھی۔
اُور (ہ امذ) کنارا۔ حد۔ ابتدا۔ شروع۔ طرف۔ جانب۔ حمایت۔ مدد۔ فریق۔ تھاہ۔ ٹھکانا۔ (یہ لفظ بواؤ مجہول ہے)۔
اَور (ہ) پھر۔ آگے۔ علاوہ۔ بعد ازیں۔ دُوسرا۔ مختلف۔ بلکہ غیر۔ برعکس۔
اَوراد (ع امذ) - (ورد کی جمع) وظیفے۔ روزانہ کچھ پڑھنا۔ بلا ناغہ پڑھنا۔
اَوراق (ع امذ) - (ورق کی جمع) پتے۔ کاغذ کے تختے۔ پرت۔
اَور اَور باتیں (ا ا امث) عجیب عجیب باتیں۔
اَور بات ہے (ا ا محاورہ) الگ معاملہ ہے۔
اَور تو اور (ہ) غیر تو ایک طرف رہے اوروں کو تو چھوڑو۔ ان کو تو چھوڑو۔
اور تو ر نکالنا (ہ) سزا دینا۔ پہلے کوئی بات خلاف مرضی دیکھ کر خاموشی پھر دُوسرے ذرا سے قصور پر سزا دینا۔ کسر نکالنا۔ کمی پوری کر لینا۔
اَور سُنو (ہ انقرہ) نئی بات سُنو۔ اور بات سُنو۔ نیا رنگ دیکھو۔
اَورس چورس (ہ) ہموار۔ برابر۔ مسطح۔ چوکور۔
اَور سے اور ہونا (ہ) ترقی یا تنزل کا دفعتہً ہو جانا۔ حالت کا تغیر ہو جانا۔ حالت بدلنا۔ حالت غیر ہونا۔
اور کو نصیحت اپنے تئیں فضیحت (ا ا مثل) اس آدمی کی نسبت بولتے ہیں جو دوسروں کو تو نصیحت کرے اور آپ عمل نہ کرے۔

اور کیا (ہ) شاباش۔ خوب کیا۔ یونہی چاہیے۔ بے شک یہی بات ہے۔ کلمۂ استفہام بھی ہے۔
اور کے نام انڈے بچے ہمارے نام کڑک (ہ امثل) غیر نفع اٹھائیں اپنے خالی رہیں۔ اوروں سے سلوک اچھا ہو۔ اپنوں کے ساتھ کچھ بھی نہیں۔
اور لینز (مذ انگریزی) شہر۔ یہاں اُونی اور شوقی کپڑے کے کارخانے ہیں۔
اُورما (ہ امذ) ایک خاص قسم کی سیون۔ ایک خاص سلائی۔
اورما بنانا } (ہ) بہت مارنا۔ سخت سزا دینا۔ مارتے مارتے اُلو بنا دینا۔
اورما کرنا } اورمے کی سلائی کرنا۔ اورما سینا۔
اورنڈ (ف امذ) تخت۔ دبدبہ۔ جیلہ۔ مکر۔
اَورنگ (ف امذ) تخت۔ بادشاہی تخت۔ گل نندق۔
اورنگ آباد (ف امذ) دکن میں ایک شہر ہے۔ جہاں اورنگ زیب عالمگیر کا مزار ہے۔
اورنگ زیب (ف امذ) تخت کی زیبائش۔ تخت کو سجانے والا۔ مجازاً شہنشاہ عالمگیر محی الدین شہنشاہ ہند کا لقب جو مغلیہ خاندان کا چھٹا بادشاہ جو ۹۰ سال کی عمر میں ۱۷۰۷ء میں فوت ہوا۔
اورنگ زیبی بات (ا ا امث) نہایت دانائی اور سمجھ کی بات۔ منہ سے دار اور پیچ دار بات۔
اَورہ (ف امذ) رضائی کا ابرہ۔
اور ہی بات ہے (ا ا محاورہ) کچھ اور ہی لطف ہے۔ اور ہی مزا ہے نئی بات ہے۔ عجیب ہی بات ہے۔
اوریب (ہ امث) ترچھا پن۔ ترچھی چال۔ بگاڑ۔
اورئینٹل (انگریزی) مشرقی۔ پوربی۔
اورئینٹلسٹ (رنگ اصفت) مشرقی علوم و فنون کا ماہر ایک مغربی شخص۔
اورے دھورے (بواؤ مجہول) - (ہ) آس پاس۔ ارد گرد۔ اِدھر اُدھر۔
اوڑا (بواؤ مجہول)- (ہ) کمی۔ خشک سالی۔ قحط۔ جرمانہ۔ ڈنڈ۔ تاوان۔
اوڑا پڑنا (ہ) کمی ہونا۔ قحط پڑنا۔ ناپید ہونا۔ کم ہونا۔ غارت ہونا۔ مٹ جانا۔
اوڑا لینا (ہ) جرمانہ لینا۔ کھیت کے بگاڑ کا جرمانہ لینا (دیہات میں)۔
اوڑھانا (ہ) کسی کو کپڑا پہنانا۔ کسی کا بدن ڈھانکنا۔
اوڑھنی اوڑھنا (ہ) کپڑا پہننا۔ بدن لپیٹنا۔ سر پر کپڑا ڈالنا۔
اوڑھ لی لوئی تو کیا کرے گا کوئی (ا ا مثل) بے حیا کا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔
اوڑھنا (ہ امذ) دوپٹہ۔ چادرہ۔ چونری۔
اوڑھنا اُتارنا (ہ) بے عزت کرنا۔ ہتک کرنا۔ (عورتوں کیلئے مخصوص)

اوڑھنا اوڑھانا یا ڈالنا (ہ) کسی بیوہ کے ساتھ نکاح کرنا۔ بیوہ کا نکاح ثانی کرنا۔ دوپٹہ اوڑھانا۔

اوڑھنا بچھونا (ہ/مذ) لحاف توشک۔ استر بستر۔ تھوڑا سرمایہ۔ پونجی۔ مال۔

اوڑھنی بدلنا (ہ) بہنا پا کرنا۔ سہیلی بنانا۔ منہ بولی بہن بنانا۔ بہن بنانا۔

اوڑھنی چادر ہوئی برابر۔ میں بھی شاہ کی خالہ (ہ/مثل) تھوڑی سی پونجی پر شیخی مارنا۔ کم حیثیت آدمی کا ذرا سے تعلق سے بڑے آدمیوں سے رشتہ ظاہر کرنا۔

اِوَز (ع/مث) مرغابی۔

اوزار (ف/مذ) آلات۔ ہتھیار۔ کسی خاص پیشے کا سامان۔

اوزان (ع/مذ)۔ وزن کی جمع۔ باٹ۔ بٹّے۔ تولنے کے پیمانے۔

اوزم (ت/مذ) انگور۔

اوس (ہ/مث) شبنم۔ اپ۔ تریل۔

اوس (ع/مذ) بھیڑیا اور عرب کا ایک قبیلہ۔

اوسان (ہ/مذ) حواس۔ ہوش و حواس۔ ہمّت۔ جرأت۔ حوصلہ۔

اوسان اُڑنا
اوسان جاتے رہنا
اوسان خطا ہونا
(ل) ہوش و حواس جاتے رہنا۔ حواس قائم نہ رہنا۔ گھبرا جانا۔ عقل درست نہ رہنا۔ حوصلہ ہار جانا۔ استقلال اور ہمّت کا جاتے رہنا۔

اوس پڑنا یا اوس پڑ جانا (ہ) شبنم گرنا۔ مرجھانا۔ بے رونقی چھا جانا۔ شرمندہ ہونا۔ کم قیمت ہونا۔ پژمردگی سی ہو جانا۔ اداسی ہونا۔

اوس چاٹے پیاس نہیں بجھتی (ا/مثل) زیادہ کی ضرورت ہو تو تھوڑی چیز ملنے سے بات نہیں بنتی۔

اوسر (ہ/مث) جوان بچھڑی۔ وہ گائے جو بیائی نہ ہو۔

اوسر (ہ/مث) شور زمین۔ بنجر زمین۔

اوسر (ہ/مذ) وقت۔ موقع۔ رُت۔ موسم۔

اوسرا (ہ)۔ (بہ واؤ مجہول)۔ (مذ) باری۔ نوبت۔ فیر۔ دور۔

اوسر کھیت میں کیسر (ہ/مثل) بدوں کے گھر میں نیک اولاد پیدا ہونا۔ غریبوں کے گھر خوش اقبال بچہ پیدا ہونا۔

اوسط (ع/مذ) بیچ کا۔ درمیانی حصّہ۔ درمیانہ درجہ۔ بیچ کا حصّہ۔

اوس کے موتی (ل/مذ) زوال پذیر۔ فانی۔ فنا ہو جانے والا۔ مٹ جانے والا۔

اوس سے پیاس نہیں بجھتی (ہ/مثل) زیادہ ضرورت کے وقت اگر تھوڑی چیز بہم پہنچے تو بولتے ہیں۔ اس سے کام نہیں چلتا۔ تھوڑی چیز سے یہ ضرورت پوری نہیں ہوتی۔

اوشاق (ت/مذ) طفل۔ امرد لڑکا۔

اوشدھ (س/مث) علاج۔ دوا۔

اوشنگ (ت/مث) انگنی۔

اوصاف (ع/مذ)۔ وصف کی جمع۔ تعریفیں۔ خوبیاں۔ ہنر۔ کمالات۔ نیکیاں۔ بھلائیاں۔ پتہ۔ نشان۔

اوضاع (ہ/مذ)۔ وضع کی جمع۔ بناوٹیں۔ طور۔ طرز۔ ڈھنگ۔ طریق۔ اسلوب۔

اوطار (ع/مذ) حاجتیں۔

اوطان (ع/مذ) وطن کی جمع۔

اوغرا (بواؤ مجہول)۔ (مذ) ایک قسم کا کھانا۔

اوغول (ت)۔ (دونوں واؤ غیر ملفوظ)۔ لڑکا۔ بیٹا (مجازاً) معشوق۔

اوفس (انگریزی/مذ) سررشتہ۔ محکمہ۔ دفتر۔ منشی خانہ۔ کام کرنے کی جگہ۔

اوفیسر (انگریزی/مذ) سردار۔ حاکم۔ افسر۔

اوفیشل (انگریزی) محکمانہ۔ سرکاری۔ سررشتے کا منصبی۔

اوقات (ع/مذ)۔ وقت کی جمع۔ سماں۔ زمانہ۔ عرصہ۔ ٹائم۔ حیثیت۔ طاقت۔ مقدور۔

اوقات بسر کرنا (ا/محاورہ) زندگی کے دن کاٹنا۔

اوقات بسری (ف/مث) وقت گزارنا۔ دن پورے کرنا۔ وجہ معیشت۔ روزینہ۔

اوقات تلخ ہونا (ا/محاورہ) تکلیف میں گزرنا۔

اوقات ضائع کرنا (ل) وقت برباد کرنا۔ فضول کام کرنا۔ نکمّی باتیں کرنا۔ کچھ کام نہ کرنا۔

اوقاف (ع/مذ)۔ وقف کی جمع۔ الگ کی ہوئی چیزیں۔ خدا کے نام ٹھہرائی ہوئی اشیاء۔

اوقیہ (ع/مذ) چالیس درم کا وزن۔ ایک دم ساڑھے تین ماشے کا ہوتا ہے۔

اوقیانوس (مذ) یہ سمندر یورپ اور امریکہ کے درمیان واقع ہے۔ اس کے کنارے پہ امریکہ۔ فرانس۔ برطانیہ جیسے تجارتی ملک آباد ہیں۔

اوک چوک (ہ/مث) غلطی۔ بھول۔ نسیان۔ سہو۔ بھول چوک۔

اوکسن (انگریزی/مذ) آکسفورڈ یونیورسٹی کا تعلیم یافتہ۔

اوکشن (انگریزی/مذ) نیلام۔ بولی بول کر خرید و فروخت کرنا۔

اوکل (ہ/صفت) بے چین۔ بے قرار۔

اوکنا (ہ) قے کرنا۔ ڈاکنا۔ ذہین دیکھنا۔ جی بُرا کرنا۔ دل متلانا۔

اوکنا (ہ) چُوکنا۔ غلطی کرنا۔ سہو کرنا۔ نشانہ خطا کرنا۔

اوکھ (ہ)۔ (بواؤ مجہول)۔ (مذ) گنّا۔ نیشکر۔

اوکھا (ہ)۔ (بواؤ مجہول) کھوٹا۔ غش۔ کھرے کی ضد۔

اوکھا (ہ) (بفتح الف اوّل) بونگا۔ بے ڈھب۔ بے ڈھنگا۔ تنگ۔ مشکل۔

اوکھد (ہ/مث) دوا۔ دارو۔ علاج۔

اوکھلی (ہ/مث) ہاون۔ بڑی کونڈی۔ جس میں غلّہ وغیرہ موسل سے کوٹتے ہیں۔

اُوکھلی میں سَر دے کے رونا (ہ) چھپ کر رونا۔ خطرے کی جگہ خود پڑ کر افسوس کرنا۔
اُوکھلی میں سر دینا (ہ) خطرناک کام اختیار کرنا۔ خطرے کی جگہ خود چلے جانا۔ جان بوجھ کر خطرے میں پڑنا۔
اُوکھی (ہ/ست) بے جا۔ بے موقع۔ مشکل۔ دشوار۔ خراب۔ کھوٹی۔ خلافِ شان۔ عیب دار۔ ناقص۔ نکمّی۔
اوکھیاں آنا (ار/محاورہ) آوازے کسنا۔ طعنے دینا۔
اُوسکے چُوکے (ہ) بھولے بھٹکے۔ اتفاق سے۔ کبھی کبھار۔ بے ارادہ۔
اوکیلنا (ہ) بٹی ہوئی ڈوری یا رسّی کے بل کھولنا۔
اوگ (بواوِ مجہول) (ہ/مذ) ہل میں کُس یعنی لمبی سی لکڑی کے تنگ اور سخت کرنے کا فانہ۔
اُوگرا (ہ/مذ) اُبالا ہوا۔ بن گھی کا بدمزہ کھانا۔ اُبالی کھچڑی۔
اَوگُن (ہ) ۔ (ہندو) (مذ) عیب۔ نقص۔ خرابی۔ گُن کی ضد۔ بُرائی۔ جُرم۔ خطا۔ قصور۔ گناہ۔ دُکھ۔ بگاڑ۔ ضرر۔ تکلیف۔ بدتہذیبی۔ پھوہڑپن۔
اَوگُن لگانا (ہ) الزام لگانا۔ گنہگار ٹھہرانا۔ تہمت دینا۔ عیب لگانا۔
اُوگھٹ (ہ/مذ) بے گھاٹ۔ ناقابلِ گزر۔ مُشکل۔ دشوار۔ ناہموار۔ کٹھن۔ اندھا۔ ٹیڑھا۔ بیہنڈا۔
اُوگھٹ گھاٹی (ہ/مث) وہ راستہ جس سے گزرنا محال ہو۔
اَوگی (ہ/مث) شیر۔ ہاتھی اور بھیڑیے وغیرہ کے پکڑنے کا گڑھا۔ جو اوپر سے خس پوش ہوتا ہے۔ کارچوبی جوتے کا پتا۔ گوٹے کی انٹی۔ اڈا۔
اول (ہ) (بواوِ مجہول) (مذ) زمین قند۔ ایک ترکاری جو زمین کے اندر پیدا ہوتی ہے۔
اول (ت) (بواوِ مجہول) (مث) غرض۔ بدلہ۔ معاوضہ۔ ضمانت میں گرو رکھا ہوا آدمی۔ یرغمال۔ آڑ۔ وسیلہ۔ ضمانت۔
اَول میں جول دہی میں مُوسل (ہ/مثل) ایسے موقع پر کہا جاتا ہے جب کوئی کسی بات میں بے موقع و بے معنی بات چھیڑ دے۔
اَوّل (ع) مقدم۔ پہلا۔ آغاز۔ شروع۔ بہتر۔ سب سے عُمدہ۔ ایک۔
اولا (ہ/مذ) ژالہ۔ بجری۔ مصری یا کھانڈ کا لڈو۔ نہایت ٹھنڈا۔ ٹھنڈا یخ۔ سفید براق۔
اُولا (ہ/مذ) پردہ۔ راز۔ بھید۔ ستر۔ آڑ۔ گھونگٹ۔
اَوّلاً (ع/متعلق فعل) پہلے پہل۔ شروع میں۔
اَولاد (ع) ۔ (ولد کی جمع) ۔ بیٹا بیٹی۔ لڑکے بالے۔ عیال۔ اطفال۔
اُولا کرنا (ہ) عورتوں کا پردہ کرنا۔ گھونگھٹ نکالنا۔ مُنہ چھپانا۔
اُولا ہونا (ہ) نہایت ٹھنڈا ہونا۔ ژالہ سا سرد ہونا۔ سرد یخ ہو جانا۔
اَوّل بہا مُشکک (ف) سوداگروں کا محاورہ۔ یعنی پہلی قیمت بہتر ہوتی ہے۔

اَوّل جلُول (ہ) بے ہودہ۔ بے وقوف۔ اکھڑ۔ بے ڈھنگا۔
اوّل خویش بعدہٗ درویش (ف/مثل) پہلے اپنے پھر غیر۔ پہلے رشتہ داروں سے نیک سلوک کرو۔ پھر دوسروں کے ساتھ حسنِ سلوک سے پیش آؤ۔
اوّل دن سے (ہ) پہلے دن سے۔ ابتدا سے۔ شروع سے۔ پیدائش کے دن سے۔
اوّل طعام بعدہٗ کلام (ت/مثل) کھانا سب کاموں سے مقدم ہے۔
اولڈن برگ (مذ) شمالی جرمنی میں گھوڑوں کی بڑی منڈی۔
اولڈ (انگریزی) پُرانا۔ بوڑھا۔ پہلا۔
اوّل طعام بعدہٗ کلام (ع) کھانا مقدم اور کام بعد میں۔ کھائے بغیر کچھ نہیں ہو سکتا۔ کھانا کھانے میں بہت سی باتیں کرنے والے کی تنبیہ کے لیے بولتے ہیں۔
اُول فول بکنا (ہ) گالی گلوچ دینا۔ بے ہودہ باتیں کہنا۔ دشنام دینا۔
اُولکہ (ت/مذ) مُلک۔ کشور۔
اُولما (ت/مذ) ۔ (اصل میں اُولما تھا) گرم پانی میں کھال اُتارنا (مجازاً) انتڑیوں میں قیمہ بھر کر پکانا۔ بغل یا چیڑے کے غدود پھولنا۔
اُولما کرنا (ر) قیمہ کرنا۔ گوشت کو کوٹ کوٹ کر باریک کر دینا۔ ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔
اَوّل مرنا آخر مرنا پھر مرنے سے کیا ڈرنا (ار/محاورہ) جس کام کے کیے بغیر چارہ ہی نہیں۔ پھر اُس سے خوف کیا کرنا۔ شُدنی امر سے کسی حالت میں ڈرنا نہ چاہیے۔
اوّل منزل (ف/مث) پہلا پڑاؤ۔ (مجازاً) قبر۔ گور۔ لحد۔ قبر۔ قبر کی اوّل رات۔
اُول میں دینا (ہ) ضمانت میں دینا۔ اپنے بیٹے یا پوتے کو بطورِ ضمانت سپرد کرنا۔
اولمپس پہاڑ (ار/مذ) یونان میں خلیج سالونیکا کے بجانب غرب دُور تک پھیلے ہوئے ہیں۔
اولوں ماری فاختہ (ار/مثل) مصیبت کی ماری۔ دُکھیاری۔ خواہ مخواہ ستائی ہوئی۔
اَولہا (ہ/مذ) چولہے کے بائیں طرف کا ایک سوراخ جس پر ہانڈی رکھ کر چولہے میں آگ جلا کر پکا لیتے ہیں۔ ایک قسم کی انگیٹھی۔
اولیٰ (ع/مذ) سب سے بہتر۔ سب سے عُمدہ۔ نہایت اعلیٰ۔ بہت مناسب۔ نہایت اچھا۔
اُولی اجنحہ (ع/مذ) صاحبانِ بال و پَر۔ کنایہ فرشتوں سے ہے۔
اَولیاء (ع/مذ) ۔ (ولی کی جمع) دوست۔ رفیق۔ خیرخواہ۔ ساتھی۔ ہم نشیں۔ اُردو میں یہ لفظ بطور واحد بھی مستعمل ہے۔
اولیاء اللہ (ع/مذ) خدا رسیدہ لوگ۔ اللہ والے۔ اہل اللہ۔ مقربانِ بارگاہِ الٰہی۔ اداشناس۔ بھولے بھالے کو بھی کہہ دیتے ہیں۔

اولیائے دولت (ع امذ) صاحبانِ سلطنت - امراء - وزراء - رئیس - ارکانِ سلطنت -

اَولیا کے گھر بھوت (ا/ مثل) نیکوں کے گھر بد - اچھوں کے گھر بڑی اولاد -

اولیّت (ع امث) تقدّم - تفوق - فضیلت -

اولیل (ہ امث) گھوڑے کی اُچھل کود -

اَوّلین (ف) سب سے پہلا گزرا ہوا - اگلے لوگ - گزشتہ زمانے کے لوگ -

اُون (ہ امث) بال - پشم - صُوف - جانوروں کی کھال پر کے بال -

اُونا (ہ امث) ایک قسم کی پتلی اور چھوٹی تلوار جو نہایت تیز ہوتی ہے -

اُونٹ (ہ امذ) شُتر - بعیر - دراز قد آدمی کو بھی کہہ دیتے ہیں -

اُونٹا (ہ امذ) ۳½ کا پہاڑہ - ساڑھے تین کی مہارنی -

اُونٹ برابر ڈیل بڑھایا، بالوش برابر عقل نہ آئی (ا/ مثل) قد تو اتنا بڑا ہوگیا - مگر عقل ذرا بھی نہیں - اُونٹ کے برابر بڑھ گیا اگر عقل خاک نہیں -

اُونٹ بلبلاتا ہی لدتا ہے (ا/ مثل) جب کوئی کام بھی کرتا رہے اور بڑبڑاتا بھی رہے تو اُس وقت یہ مثل بولتے ہیں یعنی یہ کام تو اسی طرح مجبوری سے ہوا کرتے ہیں -

اُونٹ پہاڑ کے نیچے آتا ہے تب آپ کو سمجھتا ہے (ا/ مثل) آدمی اپنے سے زیادہ مرتبے والے کو دیکھ کر اپنی حقیقت کو پہچانتا ہے -

اُونٹ جب بھاگتا ہے تو پچھّم کو، اُونٹ مکّے ہی کو بھاگتا ہے (ا/ مثل) ہر چیز اپنی اصل کی طرف رجوع کرتی ہے -

اُونٹ چڑھی بونٹ مانگے (ہ امثل) بے موقع سوال اور بے محل بات کی نسبت بولتے ہیں - غیر موزوں کام کرنا -

اُونٹ چڑھے کو کتّا کاٹے (ا/ مثل) نہایت بدنصیبی کے موقع پر بولتے ہیں -

اُونٹ دیکھیے کس کل بیٹھے (ا/ مثل) دیکھیے انجام کیا ہو - نتیجہ کیا نکلے -

اُونٹ رے اُونٹ تیری کونسی کل سیدھی (ا/ مثل) اُونٹ کی ساری بناوٹ ٹیڑھی ہے - اس لیے دغاباز - فریبی اور جھوٹے آدمی کی نسبت یہ کہاوت مشہور ہو گئی ہے - جھوٹے کی کس بات پر اعتبار کریں - جھوٹے پر یقین نہیں جمتا -

اُونٹ سستا ہے اور پٹا مہنگا (ا/ مثل) معمولی کام کے ساتھ بڑا الجھیڑا ہونے کے وقت بولتے ہیں -

اُونٹ سے بڑے اور نام چھوٹے خاں (ا/ مثل) بے تمیزی کے کام کرنا - اور طاقت / حیثیت کے خلاف چلنا - اپنے اعمال سے خاندان کا نام ڈبونا -

اُونٹ فرشتے کی ذات ہے (ا/ مثل) اُونٹ صابر، قانع اور نرم طبع جانور ہے - اُونٹ بڑا نیک ہے -

اُونٹ کا پادا اُونچا جائے (ا/ مثل) بڑوں کی بُرائی اور عیب اکثر مخفی رہتے ہیں -

اُونٹ کی پکڑ اور عورت کے فریب سے خُدا بچائے (ا/ مقولہ) اُونٹ کینہ توز جانور ہے - جب دشمن کو پکڑ لیتا ہے تو پھر چھوڑتا نہیں - گوشت الگ کر دیتا ہے - عورت کے مکر کو بھی انسان سمجھ نہیں سکتا - سخت گیر اور مکار شخص کی نسبت بولتے ہیں -

اُونٹ کی پکڑ اور کتّے کی جھپٹ (ہ امقولہ) دونوں باتیں سخت ہیں - ان میں پھنسنے سے نجات کہاں - دونوں مہلک ہیں -

اُونٹ کٹارا یا اُونٹ کٹیلا (ہ امذ) کانٹوں والی ایک جھاڑی جسے اُونٹ بڑے شوق سے کھاتا ہے - اُشترخار -

اُونٹ کے گلے میں بلّی (ا/ مثل) غلط مبحث - بے جا میل - مُفت کا جھیلا - بے ہودہ بات - سوسائٹی کے خلاف سخت شرائط - روایت ہے کہ ایک شخص کا اُونٹ گم ہوگیا - اُس نے منّت مانی کہ اگر مل جائے تو ٹکے کو فروخت کر دوں گا - اتفاقاً وہ مل گیا - اب مالک نے سوچا کہ ڈیڑھ سو روپے کا اُونٹ مُفت جاتا ہے - آخر تجویز یہ کی کہ اُونٹ کے گلے میں بلّی باندھ کر منادی کر دی کہ ٹکے کو تو اُونٹ اور ڈیڑھ سو کو بلّی بکتی ہے - مگر شرط یہ ہے کہ دونوں اکٹھے بکیں گے - علیحدہ علیحدہ نہیں - اس سے یہ مثل بن گئی -

اُونٹ کے گلے میں ٹلّی (ا/ مثل) چھوٹی نابالغ لڑکی کو کسی ادھیڑ یا نوجوان بالغ کے ساتھ بیاہ دینا - یا اس کے برعکس کرنا -

اُونٹ کے منہ میں زیرہ (ا/ مثل) بڑے پیٹ والے کو ذرا سی چیز کھانے کے لیے دینا - پیٹو کو تولہ بھر چیز سے کیا تسلی - یہ ایسے موقع پر بھی بولتے ہیں جہاں کسی شخص کو ایسی چیز مل جائے جو اس کے لائق نہ ہو -

اُونٹ گاؤ (ا/ امذ) شُتر گاؤ پلنگ - افریقہ کا ایک جانور -

اُونٹ لدے بیگاری (ا/ مثل) بیگار میں پکڑا ہوا اُونٹ خوب لدتا ہے جتنا بوجھ چاہا لاد دیا - کوئی درد تھوڑا ہی ہے -

اُونٹنا (ہ امذ) گاڑی یعنی چھکڑے کے آگے کی مُڑی ہوئی لکڑی جس کا سرا زمین سے اوپر اُٹھا رہتا ہے -

اُونٹ نگل جائیں اور دُم سے ہچکیاں لیں (ا/ مثل) بڑی بڑی باتیں کر گزرنا اور معمولی بات میں رُک جانا -

اُونچ (ہ امث) اُونچائی - بلندی - فراز -

اُونچا (ہ امذ) بلند - بالا - اُوپر - دراز - قدآور - بڑا امیر - دولت مند - عالی رتبہ - خاندانی - (طنزاً) کوتاہ - چھوٹا - تنگ -

اُونچا بول بولنا (ا/ محاورہ) فخر کی بات کہنا -

اُونچا سُننا یا سُنائی دینا (ہ) کم سُننا - تھوڑا سنائی دینا - بہرہ ہونا -

اُونچا ہاتھ (ہ/مذ) بالادست - امیر - سخی - فیاض - افسر - عالی مرتبہ -
اُونچا گھرانہ (ہ/مذ) بڑا خاندان - عالی رتبہ - قبیلہ - امیر کنبہ -
اُونچا نیچا (ہ/مذ) ناہموار - پست اور بلند - خراب - نادرست -
اُونچ نیچ (ہ/مث) نشیب و فراز - نیک و بد - اُتار چڑھاؤ - نفع نقصان -
اُونچے سے گرا سنبھل سکتا ہے نظروں سے گرا نہیں سنبھل سکتا - (ہ/مثل) غریب ہو کر آدمی مال دار ہو سکتا ہے - مگر بے عزت ہو کر ذی عزت نہیں ہو سکتا -
اُونچی دُکان پھیکا پکوان (ہ/مثل) مشہور دکان اور مال خراب - نام مشہور اور کام نکما - وہاں بولتے ہیں جہاں کی شہرت زیادہ ہو لیکن اصل میں کچھ نہ ہو -
اُونچی ناک کرنا (ہ) آبرو بخشنا - عزت دینا - ذی عزت بنا دینا -
اُونچی ناک والا (ہ/صف) بڑا مغرور - شیخی خورہ -
اُونچی ناک ہونا (ہ) اپنے ہمعصروں میں معزز ہونا - باآبرو اور باعزت ہونا -
اَوندھا (ہ/مذ) اُلٹا - واژوں - ٹیڑھا - اُلٹی سمجھ کا - بے وقوف - سر کے بل - پیٹ - چت کی ضد -
اَوندھانا (ہ) گراتا پانی وغیرہ سیال چیز کا - اُلٹانا - اُنڈیلنا - لنڈھانا - برباد کرنا -
اوندھا ہو جانا (ہ) نشے میں بدمست ہو جانا - بے ہوش و بے خبر ہو جانا - اُلٹ جانا -
اوندھی پیشانی } **اوندھی کھوپری** } (ہ/مث) جھکا ہوا ماتھا - بدصورت - بے ڈھنگا آدمی - اُلٹی قسمت والا - اُلٹی تقدیر والا - بے وقوف - بدقسمت -
اوندھی کھوپری اُلٹی مت (ہ/مثل) بے وقوف کی بے وقوفی کی بات بولتے ہیں - کوڑھ مغز - اپنی عقل ہے نہیں دوسروں کی مانتا نہیں -
اوندھے مُنہ دُودھ پینا (ہ) بچہ بننا - بچوں جیسی باتیں کرنا - نہایت نادان اور بے سمجھ -
اوندھے مُنہ شیطان کا دھکا (ر) (بددعا) یعنی سر کے بل گر کے تباہ ہو - اور اُوپر سے شیطان کا دھکا لگے -
اوندھے مُنہ گرنا (ہ) مُنہ کے بل گرنا - ذلت اٹھانا - اپنی سزا بھگتنا - نہایت راغب ہونا - ٹوٹ پڑنا - ہارنا - شکست کھانا -
اُونگنا (ہ) گاڑی کے دھرے کو چکنائی وغیرہ لگانا -
اُونگھ - اونگھاس - اُونگھائی (ہ/مث) غنودگی - جھپکی - نیند -
اُونگھتے کو ٹھیلتے کا بہانہ (ر/مثل) ایسے موقع پر بولتے ہیں جہاں کام کرنے کو اپنا جی نہ چاہے - دوسرے کو منع کرنے سے رُک جائے - ذرا سا بہانہ ہونا - حیلہ ہاتھ لگ جانا - ہلکا سا سبب بن جانا -

اونگھتے کو سوجاتے کیا دیر (ر) جب کام نہ کرنے کا ارادہ کر لیا تو ہٹ جانے میں کیا دیر -
اُونگھنا (ہ) غنودہ ہونا - نیند کی جھپکی آنا - سستی اور غفلت کا آنا -
اُونہہ (ہ) کلمہ استغنا و استکراہ (بلا سے - کیا پروا - تکلیف میں کراہنے کی آواز -
اُونتی (ہ/مث) پھرنے والی آوارہ گرد عورت -
اُونی (ہ) اسم اُون کا - پشم کا - پشمینے کا -
اَونے پَونے بیچ ڈالنا (ہ) کم قیمت پر فروخت کر ڈالنا - تھوڑے نفع یا نقصان پر دے دینا - کم و بیش بیچ دینا - خرید کا لحاظ کیے بغیر دے ڈالنا -
اُوور ٹائم (انگریزی/مذ) زائد وقت - مقررہ وقت کے علاوہ -
اُوورسیئر (انگریزی/مذ) داروغہ - ناظر - نگران - میر عمارت -
اُوورکوٹ (انگریزی/مذ) دگلا - لمبا کوٹ - بازاری کوٹ -
اوہ (ہ) کیا پروا ہے - کیا مضائقہ ہے - بلا سے - بیماری میں کراہنے کی آواز -
اَوہام (ع/مذ) (وہم کی جمع) تخیل - فکر - خیالات - خیالی تصور -
اَوہن البیوت (ع/مذ) بودا گھر -
اوہو (ہ) اہو - اظہار مسرت کے لیے بھی - واہ وا - شاباش -
اُوئی یا اُوئی یا اوہی (ہ) عورتوں کا تکیہ کلام ہے - جو ناز نخرے یا وحشت تکلیف اور تعجب کے وقت زبان پہ لاتی ہیں -
اُوَیس (ع/مذ) قرن سے منسوب ایک کامل ولی کا نام -
اویر (ہ) (دیر یعنی دیلا یعنی وقت) - بے وقت - دیر - عرصہ -
اَویر سَویر (ہ) وقت بے وقت - گاہے گاہے - آگے پیچھے -
اویرا (س/مث) بے اولاد - بیوہ -

ا - ہ

اَہا (ہ) بہت خوشی ہے - حیرت ہے - حیرانی ہے -
اِہاب (ع/مذ) کچا چمڑا جسے رنگا نہ گیا ہو -
اَہار (ہ/مذ) کھانا - بھوجن - کلف دینا - جیب لگانا -
اَہالی موالی } **اَہالی مَوالی** } (ع/مذ) (اہل و موالی کی جمع) یار دوست - مصاحب - کارکن - اہل کار - سلطنت کے امرا و وزرا و نوکر - چاکر - بال بچے - متعلقین -
اِہانت (ع/مث) حقارت - توہین - بے عزتی - ذلت خواری - رسوائی - ہتک -
اہاہا } **اہاہاہا** } (ہ) واہ وا - خوب خوب -
اہتدا (ع/مذ) ہدایت کرنا - رستہ بتانا - رہبری کرنا - راستے پہ لانا -

اِہتزاز (ع امذ) ہوا کا چلنا ۔ ٹہنیوں پھولوں وغیرہ کا ہلنا اور کھلنا ۔ (مجازاً) خوش ہونا ۔ خوشی ۔ مسرت ۔ راحت ۔
اِہتمام (ع امذ) بندوبست ۔ انتظام ۔ سرانجام ۔ کوشش ۔ سعی ۔
اِہجار (ع امذ) فحش بکنا ۔
اِہداء (ع امذ) تحفہ دینا ۔ تحفہ ۔
اِہدب (ع امذ) بڑی پلکوں والا آدمی ۔
اِہرام (ع امذ) بڑھا ہونا ۔
اَہرام (ع امذ) پرانی عمارتیں ۔ (جمع ہرم بمعنی پرانا) ۔
اَہرامِ مصری (ع امذ) مصر کے چوپہل مخروطی مینار جو دریائے نیل سے پانچ میل کے فاصلے پر بنے ہوئے ہیں ۔
اَہرتہر (ہ امث) گھبراہٹ ۔ نزع کی بے چینی ۔
اَہر جانا (ہ) ہٹ جانا ۔ ٹل جانا ۔ کھسک جانا ۔ کان دبا کر چلے جانا ۔
اِہرمن (ع امذ) شیطان ۔ سانپ کا پھن ۔
اَہرن (ہ امث) سندان ۔ نہائی ۔ لوہے کا ایک بڑا بھاری اوزار جس پر لوہار لوہا اور سنار سونا چاندی وغیرہ کوٹتے ہیں ۔
اَہل (ع امذ) لوگ ۔ گھر کے لوگ ۔ صاحب ۔ مالک ۔ گھر بار کا ۔ کنبہ ۔ خاندان ۔ لائق ۔ قابل ۔ شریف ۔ ہنرور ۔ سلیم الطبع ۔
اہلِ اشتغال (ع امذ) زاہد لوگ ۔
اہلِ اللہ (ع امذ) اللہ والے لوگ ۔ اولیاء اللہ ۔ بزرگ ۔ خدا رسیدہ آدمی ۔ عارف لوگ ۔
اہلاً وسہلاً (ع امذ) اہلِ عرب مہمان کے آنے پر بولتے ہیں ۔ اہلاً تو اپنے عزیزوں میں آیا ۔ سہلاً ۔ تو نے نرم زمین کی سیر کی ۔
اَہلِ باطن } اہلِ دل } (ع امذ) وہ لوگ جن کے دل صاف ہوں ۔ صاف دل لوگ صاحبِ باطن آدمی ۔ کشف و کرامت والے ۔ عابد ۔ زاہد لوگ ۔
اہلِ بخیہ (ف امذ) رند اور خراباتی لوگ ۔
اہلِ بیت (ع) گھر والے ۔ خاندانی آدمی ۔ اعزہ و اقربا ۔ عزیز رشتہ دار لوگ ۔ رسولِ خدا کا خاندان ۔
اہلِ بینش (ع امذ) دانا لوگ ۔
اہلِ حرفہ (ع امذ) کاریگر ۔ پیشہ ور ۔ ہنرور ۔ کوئی کام اور پیشہ کرنے والے لوگ ۔
اہلِ خانہ (ف امذ) گھر کے لوگ ۔ بیوی ۔ زوجہ ۔ گھر والی ۔ گھر کی مالکہ ۔
اہلِ دُنیا (ف امذ) دنیا دار لوگ ۔ دنیا کے طالب ۔ دنیا کے خواہاں ۔ دنیا کے بندے ۔
اہلِ دُوَل (ع امذ) دولت مند ۔ امیر ۔ بادشاہ ۔ سلطان ۔ دولت والے ۔
اہلِ رائے (ف امذ) عقل مند ۔ دانا ۔ درست رائے والے ۔ صاحبِ عقل ۔
اہلِ رزم (ف امذ) جنگی لوگ ۔ فوجی اشخاص ۔ جنگ جو ۔ لڑاکے ۔ لڑنے والے ۔
اہلِ روزگار (ف امذ) زمانے کے لوگ ۔ ابنائے جنس ۔
اہلِ زبان (ف امذ) زبان دان ۔ زبان کے مالک ۔ کسی زبان کے ماہر
اہلِ سخن (ف امذ) شاعر لوگ ۔ شعراء ۔ عمدہ طور پر کلام کرنے والے لوگ ۔
اہلِ سُنّت (ع امذ) سُنّی فرقہ ۔ اہلِ تسنّن ۔ سُنّی لوگ ۔
اہلِ سیف (ع امذ) تلوار والے ۔ فوجی لوگ ۔ سپاہی ۔ فوجی ۔
اہلِ شر (ع امذ) شریر لوگ ۔
اہلِ شرع (ع امذ) شریعت کے حکموں پر چلنے والے ۔ متشرع آدمی ۔
اہلِ صفا (ع امذ) نیک لوگ ۔
اہلِ صنعت (ع امذ) کاریگر ۔ دستکار ۔ ہنرمند ۔
اہلِ صورت (ع امذ) ظاہربین لوگ ۔ ظاہری آدمی ۔ صرف ظاہر کو دیکھنے والے ۔
اہلِ طریقت (ع امذ) صوفی ۔ بزرگ ۔
اہلِ غرض (ع امذ) خود غرض آدمی ۔ مطلبی لوگ ۔ غرض مند ۔ مطلب کے یار ۔
اہلِ قلم (ع امذ) ادیب ۔ شاعر ۔ لکھے پڑھے لوگ ۔ منشی آدمی ۔ خواندہ لوگ ۔ محرر ۔ کلرک ۔
اہلِ کار (ف امذ) کام کرنے والے ۔ کارندے ۔ دفتر والے ۔ کچہری دربار کے منشی متصدی وغیرہ ۔
اہلِ کتاب (ع امذ) کتاب والے ۔ وہ لوگ جو اس پیغمبر کے پیرو ہوں جس پر آسمانی کتاب نازل ہوئی ہو ۔ جیسے یہود ۔ نصاریٰ اور مسلمان ۔
اہلِ محلّہ (ع امذ) محلّہ والے لوگ ۔
اہلِ مد (ا امذ) صدر محرر ۔ کسی سررشتے کے ایک صیغے کا ہیڈ کلرک ۔
اہلِ نظر (ع امذ) آنکھوں والے ۔ پرکھنے والے ۔ تاڑ جانے والے دُوربین ۔ دُور اندیش ۔ ہوشیار ۔ عاشق ۔ طالبِ دید ۔ دیدباز ۔
اہل وعیال (ع اف امذ) بال بچے ۔ لڑکے بالے ۔ کنبہ ۔ کٹم ۔ قبیلہ ۔ جورو بچے وغیرہ ۔
اہلِ ہنر (ف امذ) صاحبِ فن ۔ ہنر جاننے والے ۔ استاد لوگ ۔
اہلیت (ع امث) قابلیت ۔ لیاقت ۔ آدمیت ۔ انسانیت ۔ شرافت ۔
اَہلیہ (ع) بیوی ۔ جورو ۔ گھر والی ۔ لگائی ۔ زوجہ ۔
اِہم (ع) مشکل ترین ۔ نہایت سخت ۔ نہایت دشوار ۔ بہت کٹھن ۔ ضروری ۔
اَہوال (ع امذ) ہول ۔ دہشت (ہول) کی جمع ۔
اَہو ہو یا اُہو ہو ہو (ہ) واہ وا ۔ خوب ۔ بہت اچھا ۔
اَہیر (ہ امذ) گوالا ۔ گھوسی ۔ ہندوؤں کی ایک قوم ۔ چرواہا ۔

ا - ی

اے - اے (ف) پکارنے کے لیے بولتے ہیں - او - ہو - ائے وغیرہ -

ایاب (ع/مذ) بازگشت - وطن میں پھر آنا -

ایاز (ف/مذ) سلطان محمود غزنوی کا بادفا جان باز غلام -

ایاغ - ایاق (ف/مذ) پیالہ - ساغر - کوزہ - پیمانہ - گلاس -

ایال (ع/مث) گھوڑے اور شیر کی گردن کے لمبے بال -

ایال پر ہاتھ ڈالنا (ار/محاورہ) گھوڑے پر چڑھنے کے لیے اس کی گردن کے بالوں کو پکڑنا -

ایام (ع/مذ) - (یوم کی جمع) دن - روز - زمانہ - حیض آنا معمول کے دن -

ایامِ اسود (ع/مذ) کالے دن - اندھیرے دن - ہر ماہ کی ستائیس، اٹھائیس، انتیس تاریخیں - جن میں راتیں بالکل اندھیری ہوتی ہیں -

ایامِ بیض (ع/مذ) روشن دن - چاندنی کے دن - ہر ماہ کی تیرھویں، چودھویں اور پندرھویں تاریخیں -

ایامِ تشریق (ع/مذ) عید الاضحیٰ کے بعد کے تین دن -

ایام سے ہونا (ار) حیض سے ہونا - عورت کا حیض آلود ہونا - کپڑوں سے ہونا - میلے سر سے ہونا - سر سے پلید ہونا -

ایانا (ہ/مذ) بچہ - نادان - کمسن - کم عمر - نابالغ - چھوٹی عمر کا -

ایپسم (انگریزی) دریائے ٹیمز کے ... ... اور گھوڑ دوڑ کے لیے مشہور ہے -

ایتام (ع/مذ) یتیم کی جمع -

ایتلاف (ع/مث) بے تکلفی - دوستی -

ایتھنز (مذ) یونان کا دارالحکومت - بہت پرانا شہر ہے - اکثر عقلاء یونان کا وطن یہی ہے -

ایتر (ہ/مذ) کمینہ - کم ظرف - اوچھا - رذیل - سفلہ -

ایتر کے گھر تیتر باہر باندھوں کہ بھیتر (ہ/مثل) - اوچھے کو جب کوئی اچھی چیز مل جاتی ہے - تو اترانے لگ جاتا ہے - اور طرح طرح سے اُس کی نمود کرتا ہے -

ایٹ ہوم (انگریزی) گھر پر - مکان میں - گھر پر دی ہوئی دعوت -

ایٹکیٹ (انگریزی/مذ) آداب مجلس - رسوم مجلس -

ایثار (ع/مذ) غیر کو اپنے اوپر ترجیح دینا - دوسرے کے نفع کو اپنے سے مقدم جاننا -

ایجاب و قبول (ع/مذ) ماننا اور منظور کرنا - قول و قرار - نکاح - عقد -

ایجاد (ع/مث/مذ) نئی بات نکالنا - وہ بات کرنا جو پہلے نہ ہو - اختراع -

ایجادِ بندہ اگرچہ گندہ (ف) کسی بات کو بہت ذوق سے پیش کرنا - یعنی یہ چیز بندے کی ایجاد ہے - اگرچہ خراب ہے -

ایجاز (ع/مذ) خلاصہ کرنا - انتخاب کرنا - خلاصہ انتخاب -

ایجنٹ (انگریزی/مذ) گماشتہ - آڑھتی - قائم مقام - سربراہ کار -

ایجنڈا (انگ/مذ) کسی جلسہ کی کاروائی کا پیش نامہ -

ایجین سی (انگریزی) ایشیائے کوچک کی مغربی سمت کا سمندر - اس میں بہت سے جزیرے ہیں - جن میں قبرص اور روڈس مشہور ہیں -

ایجنسی (انگریزی/مث) آڑھت - وہ دکان جس کی معرفت کسی چیز کی خرید و فروخت ہو -

ایجن کوٹ - فرانس کا ایک مشہور شہر جہاں ۱۴۱۵ء میں انگلستان نے فرانس کو شکست دی -

ایجوکیشن (انگریزی/مث) تعلیم - پڑھائی - ودّیا -

ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ (انگریزی/مذ) محکمہ تعلیم - سررشتہ تعلیم -

ایجوکیشنل (انگریزی) تعلیمی - تعلیم کا -

ایجوکیٹڈ (انگریزی) خواندہ - پڑھا لکھا - تعلیم یافتہ - ودّیان - عالم -

ایجی ٹیٹر (انگریزی/مذ) تحریک کرنے والا - جوش - ہلچل اور شورش پھیلانے والا -

ایجی ٹیشن (انگریزی/مذ/مث) تحریک - جوش - شورش - ہلچل -

ایچ پیچ (ہ/مذ) ہیر پھیر - دوالوں گھات - دم جھانسے - مکر و فریب -

ایچ پیچ کی باتیں (ہ/مث) ہیر پھیر کی باتیں - پیچ دار باتیں - دغا فریب کی باتیں -

ایچ پیچ نہ جاننا (ہ) دغا فریب نہ جاننا - زمانے کے مکر و فریب نہ جاننا - زمانے کے مکر و فریب سے ناواقف ہونا - سیدھا سادہ ہونا -

ایدھر (ف) اس جگہ - اب -

ایڈ (انگریزی/مث) امداد - اعانت - سہارا -

ایڈریس (انگریزی/مذ) خطاب - سرنامہ - پتا - سپاسنامہ - نیکیوں کا اظہار -

ایڈوانس (انگریزی/مذ) پیشگی - آگے - پہلے - اوّل - ترقی - اصلاح - درستی -

ایڈوائزر (انگریزی/مذ) مشیر - صلاح کار - ناصح -

ایڈورٹائزمنٹ (انگریزی) اشتہار - نوٹس - مشہوری - شہرت - اعلان -

ایڈوکیٹ (انگریزی/مذ) وکیل - قانونی مشیر - مددگار - معاون مقدمہ - صلاح دینے والا -

ایڈمرل (انگریزی/مذ) سپہ سالار بحری - امیر البحر - سمندری فوج کا اعلیٰ افسر -

ایڈیٹر (انگریزی/مذ) مدیر - اخبار نویس - رسالے یا اخبار کا مرتب کرنے والا -

ایڈیٹوریل (انگریزی/مذ) ایڈیٹر کا لکھا ہوا مضمون -

ایذا (ع امث) تکلیف - دکھ - ستانا - دکھ پہنچانا - اذیت -
ایذا دہندہ (ف صف) تکلیف دینے والا -
ایذا دہی (ف امث) تکلیف دینا -
ایر (ع امذ) ذکر - قضیب - عضو تناسل -
ایرا پھیری (ہ امث) سودے کو بار بار خرید کر بدلنا - ہیرا پھیری کرنا - بار بار آنا جانا - ادل بدل کرنا -
ایراد (ع امذ) وارد کرنا - لانا - بیان کرنا -
ایران (ف امذ) ملک فارس - اس کا پایہ تخت طہران ہے -
ایرانی (ف) ایران کا رہنے والا - ایران کی بنی ہوئی چیز -
ایراوتی یا ایراودی (ہ امذ) برما کے ایک مشہور دریا کا نام -
ایر پھیر کرنا (ہ) بیوپار کرنا - اِدھر اُدھر کرنا - انقلاب برپا کرنا -
ایرکھا (ہ امذ) حسد - رشک - جلن - ڈاہ - دوسرے کی ترقی دیکھ نہ سکنا -
ایرے غیرے (ہ امذ) پرائے - غیر لوگ - ناواقف - اجنبی -
ایڑ (ہ امث) پاشنہ - مہمیز - ایڑی -
ایڑ کرنا | ایڑ لگانا | ایڑ مارنا } (ہ) کوچ کرنا - رخصت ہونا - چلنا - گھوڑے کو مہمیز لگا کر تیز کرنا - ایڑی مارنا - روانہ ہونا - گھوڑے کو اُبھارنا - تیز چلانا -
ایڑی (ہ امث) پاشنہ - پاؤں کا پچھلا حصہ - جوتے کا وہ حصہ جس پر پاؤں کی ایڑی ٹکتی ہے -
ایڑیاں رگڑنا | ایڑیاں گھسیٹنا } (ہ) پاؤں پیٹنا - جان کنی کی حالت میں ہونا - تکلیف اٹھانا - سخت کوشش کرنا - ضد کرنا - ہٹ کرنا -
ایڑی چوٹی پر سے وارنا یا قربان کرنا - یا نثار کرنا (ہ) - (عورتیں) نفرت اور حقارت کے وقت کہتی ہیں - حقیر و ذلیل جاننا - نفرت کرنا - کسی چیز کو سر اور پاؤں پر سے وار کر صدقے میں دے دینا -
ایڑی چوٹی کا پسینہ بہانا | ایڑی چوٹی کا پسینہ ایک کر دینا } (ہ) بے حد کوشش کرنا - سخت محنت اٹھانا - بے انتہا جد و جہد کرنا - سر کا پسینہ پاؤں تک چلے جانا -
ایڑی سے چوٹی تک (ہ) سراپا - سر سے پاؤں تک -
ایڑی کا پسینہ سر کو آنا (ا/ محاورہ) از حد کوشش کرنا -
ایڑیاں رگڑ کر (ا/ متعلق فعل) مشقت کر کے -
ایزاد (ع امذ) زیادہ کرنا - بڑھا دینا - ترقی دینا -
ایزد (ف امذ) خدائے تعالیٰ - اللہ جل شانہٗ -
ایس اے (انگریزی امذ) مضمون جو کسی خاص بات کی بحث میں لکھا گیا ہو - جواب مضمون -
ایسا (ہ) مانند - ہم شکل - اس قسم کا - اس طرح کا - اس قدر - اتنا - جیسے ایسا پانی پیا کہ منہ کے راستے نکلا -
ایسا تیسا (ہ امذ) سفلہ - کمینہ - حقیر - ذلیل -

ایسا گیا گزرا ہے (ا/ محاورہ) بالکل نکما تو نہیں ہے - اتنا حقیر و ذلیل تو نہیں ہے -
ایسا منہ نہیں (ا/ محاورہ) اتنی ہمت نہیں - اتنا حوصلہ نہیں -
ایسا ویسا (ہ) ناچیز - ناکارہ - بے حقیقت - بُرا بھلا - واہیات - بے ہودہ - معمولی -
ایسا ویسا بھاتا نہیں خوان ملو کا آتا نہیں (ا/ مثل) معمولی کھانا پسند نہیں - شاہی کھانا ملتا نہیں - غریب ہو کر امیر مزاج رکھنے والے کی نسبت بولتے ہیں -
ایسٹ انڈیا کمپنی (انگریزی امث) انگریز سوداگروں کی وہ جماعت جو ۱۶۰۰ء میں ہندوستان میں آئی اور پھر ۱۸۵۷ء میں ملک ہند پر قابض ہو گئی -
ایسٹ (انگریزی امذ) مشرق - پورب - پروا -
ایسٹر (انگریزی امذ) حضرت مسیح علیہ السلام کو زندہ آسمان پہ اٹھائے جانے کا دن -
ایسٹرن ترکستان - اس کے شمال میں منگولیا اور جنوب میں تبت ہے کوہ تھیان شان اس کے درمیان سے گزرتا ہے - شمالی حصہ ریگستانی ہے - جنوبی کو البتہ دریائے طارم سے سیرابی حاصل ہے - آب و ہوا سرد ہے - دار الحکومت کاشغر ہے - لوگ زیادہ تر مویشی پالتے ہیں -
ایسوسی ایشن (انگریزی امث) جماعت - مجلس - گروہ - کمیٹی -
ایسے پر تین حرف بھیجتے ہیں (ا/ مثل) ایسے بُرے آدمی پہ تو تین حرف یعنی لام - عین - نون = لعن - (لعنت) بھیجتے ہیں - بہت بُرا جانتے ہیں -
ایسے تو میری جیب میں پڑے ہیں | ایسے تو میرے ناخنوں میں پڑے ہیں } (ا/ محاورہ) میں اُن سے زیادہ چالاک ہوں - ان کی چالاکی مجھ پر اثر نہیں کر سکتی -
ایسی تیسی (ہ) بُرا بھلا کہنا - لعن طعن کرنا -
ایسی تیسی کرنا (ہ) سخت کلامی کرنا - برباد کرنا - ذلیل کرنا - ایک کلمہ ہے جس سے گالی مفہوم ہوتی ہے -
ایسی تیسی میں جائے (ہ) ہمیں کوئی مطلب نہیں دوزخ میں یا بھاڑ میں پڑے ہمیں کچھ سروکار نہیں -
ایسی ویسی بات کرنا (ہ) بُری حرکت کرنا - بُری بات کرنا - نامناسب بات کرنا -
ایسی کہی کہ چھپا گئی (ا/ محاورہ) کوئی چبھتا ہوا ایسا فقرہ کہا جائے جو چپکا ہو کر رہ جائے -
ایسی کہی کہ دھوئی پھوڑی | ایسی کہی دودھوں دھوئی } (ا) نہایت عمدہ اور پرلے درجے کی کھری بات کہی - دل لگتی اور موثر بات کہی - ایسی کہی جس کا جواب اور ثانی نہ ہو سکے - نہایت اعلیٰ درجے کی بات کہی -
ایسی کیا تیرے ہی تلے گنگا بہہ رہی ہے (ہ / مثل) ایسی تجھ میں کیا خصوصیت ہے - کیا تو ہی بڑا مالدار ہے - کیا تیرے سوا اور کوئی اس کام کو کر ہی نہیں سکتا -
ایسے گئے جیسے گدھے کے سر سے سینگ (ا/ مثل) ایسے غائب ہوئے کہ نشان تک بھی نہ ملا - بالکل ہی گم ہو گئے -

ایسے میں (ہ) ایسی حالت میں - ایسے موقع پر - ایسے زمانے میں - ایسے وقت میں -

ایسے ہوتے تو عید بقر عید کے کام آتے (ل) کسی کام کے نہیں - نہایت نکمے ہیں - بالکل فضول اور بے کار ہیں - نہایت خراب ہیں -

ایسے ہی بھولے ہیں (ل) وہ بھولے نہیں ہیں - بڑے چالاک ہیں - نہایت ہوشیار ہیں - بڑے پختہ اور تجربہ کار ہیں -

ایشیا (انگریزی / مذ) ہمارا بڑا اعظم - یہ سب سے بڑا ہے - تمام مذہبوں کے بانی اسی میں ہوئے ہیں -

ایشائی (ل) ایشیا کی بنی ہوئی چیزیں - ایشیا کے رہنے والے لوگ -

ایصال (ع / مذ) پہنچانا - وصول کرنا - ملانا - جوڑنا -

ایصالِ ثواب (ع / مذ) ثواب پہنچانا -

ایصالِ حرارت (ع / مذ) گرمی پہنچانا - علم طبعی کا ایک عمل ہے جس کے ذریعے سے سیال اشیاء میں حرارت ایک سے دوسری جگہ چلی جاتی ہے -

ایصالِ مالگزاری (ف) زمین کا لگان ادا کرنا - زرِ مالگزاری ادا کرنا - لگان کا روپیہ سرکاری خزانے میں داخل کرنا -

ایضاً (ع) ویسا ہی - اسی طرح کا - بجنسہٖ - " یہ علامت بھی ایضاً کے لیے لکھ دیتے ہیں -

ایضاح (ع / مذ) روشن کرنا - ظاہر کرنا -

ایطا (ع / مذ) پامال کرنا - قافیے کا مکرر لانا - یہ شاعری کا عیب ہے - ایطائے خفی جس میں تکرار ظاہر نہ ہو - جیسے دانا و بینا - ایطائے جلی - جیسے ستم گر و فسوں گر -

ایطائے جلی (ع / مذ) دو مصرعوں میں قافیہ کی تکرار خوب واضح ہو - مثلاً دردمند - حاجت مند جو معیوب ہے -

ایطائے خفی (ع / مذ) دو مصرعوں میں قافیہ کی تکرار غیر واضح ہو - مثلاً دانا - گویا -

ایف - اے (انگریزی / مذ) فرسٹ آف آرٹس - بی - اے سے دو سال پہلے یا نیچے کا درجہ -

ایفا (ع / مذ) وفا کرنا - پورا کرنا - انجام کو پہنچانا - نباہنا -

ایفائے وعدہ (ع / مذ) وعدہ پورا کرنا - اقرار نباہنا - وعدہ وفائی -

ایقاظ (ع / مذ) جگانا -

ایقاظ (ع / مذ) بیدار لوگ -

ایک (ہ) اسم عدد - واحد - اکیلا - تنہا - ایک عدد - دوسرا - بلاثانی -

ایکا (ہ / مذ) اتفاق - یگانگی - سازش - ساز باز - میل ملاپ -

ایکا ایکی (ہ) ناگہاں - اچانک - یکبارگی - دفعتہً -

ایکائی (ہ / مث) یگانگی - ایک درجے کا - علم حساب میں شمار کا پہلا درجہ -

ایک آدھ (ہ) کوئی چند - تھوڑے - اِکا دُکا - خال خال -

ایکانت (ہ / مث) تنہائی - خلوت - علیحدگی - الگ ہونا - اکیلے رہنا -

ایکانت میں رہنا (ہ) خلوت میں رہنا - تنہائی میں رہنا -

ایک آم کی دو پھانکیں ہیں / ایک سیب کے دو ٹکڑے ہیں (ل) دونوں ایسے مشابہ ہیں کہ کوئی فرق نہیں - دونوں ہم شکل ہیں اور بالکل ملتے جلتے ہیں - دونوں میں ذرہ بھر تفاوت نہیں -

ایک انار سو بیمار (ل / مثل) چیز ایک ہے اور اُس کے طالب بہت سے - ایک ہی چیز کے بہت سے خواہاں -

ایک آنچ کی کسر رہ گئی ہے (ل / مثل) تھوڑی سی کمی ہے - کام بنتے بنتے رہ گیا ہے -

ایک انڈا وہ بھی گندا (ل / مثل) ایک لڑکا وہ بھی نالائق - ایک بچہ وہی بُرا نکل آیا -

ایک آنکھ پھوٹتی ہے تو دوسری پہ ہاتھ رکھتے ہیں (ہ / مثل) ایک دفعہ نقصان اُٹھا کر تجربہ ہو جاتا ہے - بار بار دھوکا نہیں کھایا جاتا - دودھ کا جلا چھاچھ پھونک پھونک کر پیتا ہے - ایک دفعہ دھوکا کھا کر آئندہ احتیاط کرنا اور چوکنا ہو جانا ہے -

ایک آنکھ سب کو دیکھنا (ل) سب کے ساتھ مساوات برتنا - سب کو یکساں سمجھنا - اپنے بیگانے کو برابر جاننا - انصاف کرنا -

ایک آنکھ میں لہر بہر ایک میں خدا کا قہر (ل / مثل) متلون مزاج اور مغلوب الغضب آدمی کی نسبت بولتے ہیں - دم بھر میں مہربان اور دم بھر میں آگ بھبھوکا -

ایک آنکھ نہ بھانا (ل) ذرا بھی پسند نہ آنا - ایک نظر دیکھنے تک سے نفرت کرنا - بالکل ناپسند -

ایک آوے کے برتن ہیں (ہ / مثل) سب کے عادات یکساں ہیں سب برابر ہیں - کوئی بھلا نہیں - سب باہم برابر ہیں -

ایک اکیلا دو کا میلہ (ہ / مثل) دو شخص مل کر بہت کام کر سکتے ہیں -

ایک اور ایک گیارہ (ہ / مثل) دو شخص مل کر بہت کچھ کر سکتے ہیں - اتفاق باہمی کی قوت کی طرف اشارہ ہے -

ایک اور سو کا فرق ہے (ل / مثل) ان میں باہم کوئی نسبت نہیں زمین آسمان کا فرق ہے - رات اور دن کا فرق ہے - بہت ہی فرق ہے -

ایک ایک (ہ) سب - تمام - کلّھم - باری باری - جُدا جُدا - الگ الگ - یکے بعد دیگرے -

ایک ایک عجب بھاتی تھی (ہ / مثل) ہر ادا پسند آتی تھی -

ایک ایک دم میں سو سو رنگ بدلتا ہے (ہ / مثل) بہت ہی غیر مستقل ہے - نہایت جھوٹا ہے - کبھی کچھ ہے کبھی کچھ - کسی بات پہ جمتا ہی نہیں -

ایک ایک دن ایک ایک مہینے برابر ہے (ہ / مثل) انتظار کی تکلیف کو ظاہر کرنے کے لیے کہتے ہیں کہ انتظار میں وقت نہیں گزرتا -

ایک ایک کا دامن پکڑ کے رونا (ل) ہر ایک سے اپنا دکھڑا بیان کرنا - ہر ایک سے مدد مانگنا -

ایک ایک کا مُنہ تکنا یا دیکھنا (ف) افلاس اور لاچاری - ہر ایک سے اُمید رکھنا - مجبوری سے -

ایک ایک کرکے (ف) رفتہ رفتہ - آہستہ آہستہ - یکبارگی کی ضد - تھوڑا تھوڑا کرکے - سب - تمام - کُل - سارے کے سارے -

ایک ایک کے دو دو ہونا (ف) تجارت میں دُگنا نفع کمانا - کام کا خوب رونق پکڑنا -

ایک اینٹ کے لیے مسجد ڈھانا (ف) دُنیا کے لیے دین گنوانا - تھوڑے سے دنیوی نفع کے واسطے بہت بڑا نقصان آخرت اُٹھانا -

ایک بات (ف امث) سہل ہے - آسان سی بات - معمولی اور ادنیٰ کام - ٹھیک قیمت -

ایک بات تھی کہ مُنہ سے نکل گئی (ف/ مثل) معافی مانگنے کے موقع پر کہا جاتا ہے -

ایک بات میں (ف) ذرا سے اشارے میں - یونہی - بڑی آسانی سے - معمولی بات میں -

ایک بات ہزار مُنہ (ف/ مثل) ہر شخص نئی بات کہتا ہے کس کس کی سُنی جائے -

ایک بارگی (ف) ناگاہ - اچانک - یکایک - ایکا ایکی -

ایک بچن (ف/ مذ) ایک قول - ایک بات - ایک کلام - صیغہ واحد -

ایک پاپی ناؤ کو لے ڈوبتا ہے (ف/ مقولہ) ایک بُرا سارے خاندان کو بدنام کر دیتا ہے -

ایک پاؤں اندر ایک پاؤں باہر
ایک پاؤں گھر میں ایک پاؤں باہر } (ف/ مثل) زیادہ پھرنے سے مُراد ہے - کبھی گھر میں کبھی باہر - کبھی یہاں کبھی وہاں - کبھی کہیں کبھی کہیں -

ایک پر ایک گرتا (ف) بہت بھیڑ ہونا - بہت ہجوم ہونا - بکثرت متوجہ ہونا - ٹوٹ پڑنا -

ایک پر بیٹھ رہنا (ف) ایک کے ساتھ عمر گزارنا - زیادہ دوست نہ بنانا - ایک سے دوستی رکھنا -

ایک پلک یا ایک پل (ف) پل بھر - ذرا کی ذرا - ایک آن - آن کی آن - دم بھر -

ایک پنتھ دو کاج (ف/ مثل) اس وقت بولتے ہیں جہاں ایک کام کے ساتھ اور بھی کئی کام بن جائیں - ایک سبب میں دو کام نکل آئیں -

ایک ترکش کے تیر ہیں (ف/ مثل) سب برابر ہیں - سب مساوی ہیں - سب ستانے والے ہیں -

ایک تندرستی ہزار نعمت ہے (ف/ مقولہ) ایک تندرستی ہزار نعمتوں سے بہتر ہے -

ایک تنکا نہیں چھوڑا (ف/ محاورہ) کچھ نہیں چھوڑا سب لے گئے -

ایک تنکے کا احسان نہ لینا (ف) ذرا بھر کسی کا احسان نہ اُٹھانا - قانع اور صابر رہنا -

ایک تنکے کا سہارا بھی بہت ہے (ف/ مثل) مُفلسی اور بے کسی میں تھوڑی سی امداد بھی بہت معلوم ہوتی ہے -

ایک تو (ف) اوّل تو - پہلے تو - اوّلاً -

ایک تو چوری دُوسرے سرزوری یا سینہ زوری (ف/ مثل) قصور بھی کرنا اور دھمکانا بھی - قصور پر شرمندہ نہ ہونا - اُلٹا سرکشی کرنا -

ایک تو شیر دوسرے بکتر پہنے (ف/ مثل) ایک تو ظالم - دُوسرے اختیار مل گئے - بہادر کو اور بے خوفی کا سامان مل جائے -

ایک تو کریلا دُوسرے نیم چڑھا (ف/ مثل) اوّل تو خود کڑوے دوسرے ہم صحبتی بھی کڑوے ہی ملے - بد سے بدتر ہو گئے - بُرے کو سامان بھی بُرے مل گئے -

ایک توے کی روٹی کیا موٹی کیا چھوٹی (ف/ مثل) سب برابر ہیں - کوئی کم نہیں - برادری میں سب برابر ہیں کیا امیر کیا غریب -

ایک تھان کے ٹکڑے ہیں
ایک تھیلی کے بٹے ہیں
ایک تھیلی کے چٹے بٹے ہیں } (ف) کوئی نیک نہیں سب بدمعاش ہیں سب برابر ہیں - ایک سے بڑھ کر ایک ہے -

ایک تیر سا سینے پر لگ گیا (ف/ مثل) بہت دُکھ ہوا -

ایکٹ (انگریزی امذ) نقل - سوانگ - ضابطہ - قانون - آئین جو کسی با اختیار جماعت یا بادشاہ کی طرف سے جاری کیا گیا ہو -

ایک ٹانگ (ف امث) کسی چیز کی چوتھائی - روپے میں سے چونی -

ایک ٹانگ پھرنا (ف) برابر پھرتے جانا - دم نہ لینا - بہت چکر لگانا - دوڑتے پھرنا -

ایک ٹانگ کھڑا رہنا (ف) حکم ماننے کے لیے ہر وقت تیار رہنا -

ایکٹر (انگریزی امذ) نقل کرنے والا - تماشا کرنے والا مرد - پارٹ کرنے والا آدمی -

ایکٹرس (انگریزی امث) نقل کرنے والی - پارٹ کرنے والی عورت -

ایک ٹکے پر مسجد ڈھانا (ف/ محاورہ) تھوڑے سے فائدے کے لیے بُرا کام کرنا -

ایک جا کرنا (ف) فراہم کرنا - جمع کرنا - اکٹھا کرنا - ملا دینا - صلح کرا دینا -

ایک جان (ف) ایسے طور پر ملنا کہ فرق نہ رہنا - پورا پورا اختلاط - پکا دوست - دلی دوست -

ایک جان دو قالب (ف) نہایت پکا دوست - انتہا درجے کی دوستی - عاشق و معشوق -

ایک جان کرنا (کئی چیزوں کو ملا کر ایک کر دینا - باہم ملا کر حل کر دینا -

ایک جان ہونا - (ف/ محاورہ) گھُل مل جانا -

ایک جان ہزار ارمان
ایک جان ہزار اُمید } (ف/ مقولہ) ایک جان اور ہزاروں آرزوئیں - زندگی بھر اُمیدیں ہی رہتی ہیں - ایک جان اور ہزاروں حسرتیں ہوتی ہیں - سینکڑوں تمنائیں اور خواہشیں -

ایک چُپ سو کو ہرا دے یا ایک چُپ سو چُپ (ف/ مثل) خاموشی سب کو خاموش کرا دیتی ہے - تم کسی کو کچھ نہ کہو - تمہیں بھی کوئی کچھ نہ کہے گا -

ایک چُپ لاکھ بلا ٹالتی ہے (ف/ مثل) خاموش رہنا ہزاروں مصیبتوں سے بچاتا ہے - خاموشی ہر طرح بہتر ہی بہتر ہے -

ایک چنے کی دو دالیں ہیں (ہ/مثل) دونوں ہم شکل ہیں - بالکل مشابہ ہیں ایک آم کی دو پھانکیں ہیں -
ایک حمام میں سب ننگے (ا/مثل) بڑے کام میں سب شامل ہیں - سب ایک ہی رنگ میں رنگے ہوئے ہیں -
ایک در بند ہزار در کھلے (ا/مثل) اگر ایک جگہ سے آدمی کی آمدنی بند ہوجاتی ہے تو خداوند تعالےٰ ہزار اسباب اور پیدا کر دیتا ہے -
ایک دل ہزاروں میں ایک چو کیداروں میں (ا) تذبذب ہونا - دُگدا میں ہونا - بے حد فکر ہونا - نہایت پریشانی ہونا - دو دل ہونا -
ایک دم (ا) بے توقف - برابر - فوراً - متواتر - یکساں -
ایک دم ہزار دم (ا) ایک سانس لینے میں ہزار سانس لینے کی اُمید ہوتی ہے - یعنی جب تک سانس تب تک آس ہے -
ایک دن سب کو مرنا ہے (ا/مثل) موت سے مفر نہیں - جو پیدا ہوا وہ ضرور ایک دن مرے گا - ہمیشہ زندہ رہنے والا خدا کے سوا کوئی نہیں -
ایک دن کا مہمان دو دن کا مہمان تیسرے دن بلائے جان (ا/مقولہ) مہمان ایک دو دن تو عزیز اور اچھا ہوتا ہے - تیسرے دن دوبھر معلوم ہوتا ہے -
ایک دن کا مہمان گلاب کا پھول - دُوسرے دن کا مہمان کنول کا پھول - تیسرے دن کا مہمان گھر کبول گیا بھول (ا/مثل) ایک دن کا مہمان نہایت پیارا اور گلاب کے پھول سا معلوم ہوتا ہے دُوسرے دن کا مہمان کنول سے مشابہ ہے - تیسرے دن کا مہمان میزبان کی نفرت اور بیزاری کا باعث ہوتا ہے -
ایک دن کھوٹا پیسہ بھی کام آجاتا ہے (ا/مقولہ) ناقص چیز بھی کسی وقت کام آجاتی ہے -
ایک دو (ا) چند - تھوڑے - بہت کم - قلیل مقدار - تھوڑی تعداد -
ایک دے گا دس پائے گا (ا) ایک سلوک نیک کرے گا تو دس گنا ثواب اور اجر ملے گا -
ایک ڈوبے تو جگ سمجھائے - سب ڈوبیں تو کون بچائے - (ا/مثل) اگر ایک آدمی خرابیاں کرے تو اُسے لوگ سمجھا سکتے ہیں - مگر جب سبھی گناہوں میں غرق ہوں تو انھیں عذاب سے کون چھڑا سکتا ہے -
ایک ذات کا (ا) ایک جنس کا - ایک ہی قسم کا -
ایک راس (ا) ایک قسم - ایک جنس - یکساں - برابر - باہم - موافق -
ایک رسی میں بندھنا (ا) باہم اتفاق ہونا - یک جہتی ہونا - شریک مشورہ ہونا - ایک کے حکم میں چلنا - ایک کے ماتحت ہونا -
ایک رنگ آنا ایک رنگ جانا (ہ) چہرے کا رنگ بدل جانا - خوف یا صدمے کے سبب سے چہرے کے رنگ کا متغیر ہونا - مُنہ پر ہوائیاں اُڑنا - رنگ فق ہونا - نہایت خوف اور غم کا اظہار -
ایک روٹی کے دو ٹکڑے (ا/مثل) ایک ہی قسم کی دو چیزیں -
ایکڑ (ا/مذ) زمین کا رقبہ جس میں ۴۸۴۰ مربع گز زمین شامل ہو -

ایک زبان (ا) ہم قول - ہم زبان - متفق اللفظ - سب کی ایک ہی بات سب کا ایک ہی جواب -
ایک زبان رکھنا (ا/محاورہ) بات کا پکا ہونا -
ایک سانچے کے ڈھلے ہیں (ہ) سب ہم شکل ہیں - ایک سے ہیں - سرِمُو فرق نہیں -
ایکسٹرا (انگریزی) فالتو - زائد - ضمیمہ - علیحدہ -
ایکسچینج (انگریزی/مذ) سکوں کا تبادلہ -
ایک سرے سے سب کو ہلا دینا (ا) سب کو حیران کر دینا - سب کے ہوش بگاڑ دینا -
ایک سورما چنا بھاڑ نہیں ڈھا سکتا (ہ) ایک اکیلا آدمی خواہ کیسا ہی طاقتور ہو اس کام کو نہیں نبھا سکتا جو بہت سے آدمیوں کے کرنے کا ہو
ایک سے ایک اعلیٰ سبحان ربی الاعلیٰ (ا/مثل) سب کے سب نورٌ علیٰ نور ہیں - ایک سے ایک بڑھ کر ہے - یہ مثل اس جگہ بولتے ہیں جہاں بدی اور شرارت میں ایک سے ایک بڑھا ہوا ہو -
ایک سے دن نہ رہنا (ہ) زمانے کا ایک سی حالت پر نہ رہنا - کہتے ہیں - دن سدا ایک سے نہیں رہتے - یعنی حکومت اور عیش سدا نہیں رہا کرتے -
ایک سے لاکھ تک (ا/متعلق فعل) کثرت یا بہتات کی جگہ بولا جاتا ہے -
ایک سے لے ایک کو دے (ا/مثل) خدا کسی کو غریب بناتا ہے کسی کو امیر -
ایک سے ہزار ہونا (ا/محاورہ) تھوڑے سے بہت ہونا -
ایک سے ہونا (ہ) ہم شکل ہونا - باہم مشابہت رکھنا - ہم خیال اور ہم رائے ہونا -
ایک شیر مارتا ہے تو سو لومڑیاں کھاتی ہیں
ایک شیر مارتا ہے تو سو گیدڑ کھاتے ہیں (ا/مثل) بہادر اور جوان مرد آدمی اپنی کمائی سے سینکڑوں محتاجوں کو پالتے ہیں - سخی اور بہادر کی کمائی میں سب کا ساجھا ہوتا ہے -
ایک طرح کا (ا) ایک قسم کا - ایک نوع کا - یکساں - ایک جنس کا -
ایک طرف کا بازار بند ہے (ا) ایک چشم ہے - کانا ہے - کانے آدمی کو تعریضاً کہتے ہیں -
ایک عالم (ا/مذ) تمام دُنیا - سارا جہاں -
ایک عُمر (ا/مث) تمام عمر - عمر بھر - بہت مدت - مُدتوں - زمانۂ دراز - مدتِ مدید -
ایک قلم (ا) یک لخت - بالکل - برابر - فوراً - یک قلم -
ایک کا مُنہ شکر سے بھرا جاتا ہے - سَو کا خاک سے بھی نہیں بھرا جا سکتا (ا/مثل) ایک کا مطلب بخوبی پورا کیا جا سکتا ہے - سَو کا تھوڑا تھوڑا بھی پورا نہیں ہو سکتا - ایک آدمی کی خاطر تواضع خوب ہو سکتی ہے - بہتوں کو رُوکھی روٹی دینی بھی دوبھر ہے -
ایک کرے دس بھریں (ہ) ایک قصور کرے دس سزا پائیں - ایک کے جرم میں دس گرفتار - ایک کی وجہ سے سب بدنام -
ایک کر پائی ایک کو پیچھے (ہ/مثل) بہت بے انصافی - نامنصفی - بدانتظامی -

ایک کو دے رنبہ خالی ایک کو دے کھڑ یا جالی (ل) مثل۔ خدا کی حکمت اور بے نیازی ہے۔ کسی کو عیش و آرام دیتا ہے اور کسی کو دُکھ درد اور تکلیف و محنت۔

ایک کوڑی کی بھی آمدنی نہ ہونا (ا) محاورہ۔ کوئی آمدنی نہ ہونا۔

ایک کھائے ملیدہ ایک کھائے بھُس (ہ) مثل۔ اپنی اپنی تقدیر ہے۔ کوئی عیش کرے۔ کوئی دُکھ بھرے۔

ایک کہو گے تو دس سُنو گے (ہ) مثل۔ اگر تم کسی کو بُرا کہو گے تو وہ تمہیں بدتر سنائے گا۔ تم ایک بُری بات کہو گے تو دُوسرا تمہیں دس سُنائے گا۔ بدزبانی سے روکنے کے لیے کہتے ہیں۔

ایک کہے نہ چار سُنے (ل) مثل۔ نہ کسی کو بُرا کہو نہ خود بُرا سنو۔ نہ بُرا کہے نہ کہلائے۔ نہ گال دے نہ گال کھائے۔

ایک کی دوا دو۔ یا۔ ایک کی دارُو دو (ہ) مثل۔ ایک آدمی پر غالب آنے کے لیے دو آدمی کافی ہوتے ہیں۔

ایک کی سَو سُناتا ہے
ایک کی دس سُناتا ہے } (ہ) مثل۔ سخت بدزبان ہے۔ بڑا بدکلام آدمی ہے۔ ایک بات کے جواب میں دس سُنا کر بھی بس نہیں کرتا۔

ایک کی لاٹھی دس کا بوجھ (ا) مثل۔ ایک شخص پر پورے گھر کی ذمہ داری۔

ایک کے پیچھے ایک (ا) متعلق فعل۔ یکے بعد دیگرے۔

ایک گھاٹ اُتارنا (ہ) تمام لوگوں سے ساتھ یکساں سلوک کرنا۔ سب چھوٹے بڑے سے ایک ہی سا معاملہ اور برتاؤ کرنا۔

اکیلا (ہ) (صحیح اکیلا) (مذ) اکیلا۔ واحد۔ تنہا۔ فرد۔ لاثانی۔ یکتا۔ بے نظیر۔ لاجواب۔

ایک لاٹھی سب کو ہانکنا (ہ) مثل۔ ادنیٰ اور اعلیٰ میں تمیز نہ کرنا۔ شریف اور رذیل کو نہ پہچاننا۔ سب سے سختی کا سلوک کرنا۔ کسی کا لحاظ نہ رکھنا۔

ایک لکڑی کیا جلے اور کیا اُجالا ہو (ل) مثل۔ اکیلا آدمی کیا کرسکتا ہے۔ اور اُس کی کوشش کہاں تک بارآور ہوسکتی ہے۔ ایک طرف چلا گیا اور دُوسری طرف خالی۔

ایک ماں باپ کے ہونا (ل) ایک نطفے سے ہونا۔ سگے بھائی ہونا۔ باہم پیار اور محبت رکھنا۔

ایک مچھلی سارے تالاب کو گندہ کر دیتی ہے (ل) مثل۔ ایک بُرا آدمی ساری قوم کو بدنام کر دیتا ہے۔ ایک نالائق سارے خاندان کی ناک کٹوا دیتا ہے۔

ایک مُرغی نو جگہ حلال نہیں ہوسکتی (ل) مثل۔ تھوڑی پُونجی بہت جگہ تقسیم نہیں ہوسکتی۔ ذرا سی چیز بہت جگہ الگ الگ بانٹ کر کیا فائدہ ہوسکتا ہے۔

ایک مُشت (ل) دفعتہً۔ ایک دفعہ۔ تمام۔ اکٹھا ایک بارگی۔ کُل یکلخت کا سارا۔

ایک مُنہ (ل) ہم زبان۔ متفقہ طور پر۔ سب کی ایک بات۔

ایک مُنہ دو بات (ا) محاورہ۔ بالکل متضاد باتیں کہنا۔

ایک مُنہ میں ہزار باتیں کرجاتا (ل) بکواسی ہونا۔ بیہودہ گوئی کرنا۔ ذرا سی دیر میں ہزاروں بھلی بُری باتیں کہہ جانا۔

ایک میان میں دو تلواریں نہیں سما سکتیں (ل) ایک ہی چیز کے دو طالب اور خواہش مند کبھی مل کر اور سلوک سے نہیں رہ سکتے۔ ضرور دونوں میں جھگڑا ہوگا۔

ایک نٹ کھٹ ہے (ہ) بڑا شریر ہے۔ بڑا چالاک ہے۔ بہت ہی شیطان ہے۔ بڑا ہی ڈھیٹ ہے۔

ایک نظر (ل) ذرا کی ذرا۔ تھوڑی دیر۔ یونہی۔ سرسری نگاہ۔

ایک نظر دیکھنا (ا) محاورہ۔ سرسری نگاہ سے دیکھنا۔

ایک نظر کے گنہگار ہیں (ل) آنکھ سے دیکھنے کے خطاوار ہیں۔ اور کچھ نہیں جانتے۔ آنکھ سے دیکھا تو ضرور ہے۔ اور کوئی جُرم نہیں کیا۔

ایک نہ ایک (ل) کوئی نہ کوئی۔

ایکھ (ہ) (مذ) گنّے کا کھیت۔ نیشکر۔ اوکھ۔ کنارے کا کھیت۔ کنارا۔

ایک ہاتھ سے تالی نہیں بجتی
ایک ہاتھ تالی نہیں بجتی } (ل) مثل۔ محبت یا عداوت ایک طرف سے نہیں ہوتی۔ دونوں کا قصور ہے۔

ایک ہاتھ کا ہے (ا) محاورہ۔ ایک ہی ضرب میں کام ختم ہے۔

ایک ہاتھ کی دینی ایک ہاتھ کی لینی (ا) مثل۔ نیکی کی جزا فوراً مل جاتی ہے۔

ایک ہاتھ میں دو ٹکڑے (ا) محاورہ۔ ایک ضرب میں دو ٹکڑے۔

ایک ہوجانا (ہ) اتفاق کرلینا۔ متفق ہوجانا۔ ایکا کرلینا۔

ایک ہے (ل) لاثانی ہے۔ بے نظیر ہے۔ یکتا ہے۔ لاجواب ہے۔ فرد ہے۔

ایگریکلچر (انگریزی) (مذ) محکمۂ کاشت کاری۔

اگریمنٹ (انگریزی) (مذ) اقرارنامہ۔ معاہدہ۔

ایگزیمن (انگریزی) امتحان کرنا۔ جانچ پڑتال کرنا۔ معائنہ کرنا۔

ایگزیمینر (انگریزی) ممتحن۔ جانچنے والا۔ پڑتال کرنے والا۔

ایل ایل (انگریزی) (مذ) قانون کا لائسنسدار۔ سند یافتہ وکیل۔

ایل۔ ایل۔ بی (انگریزی) (مذ) قانون کا امتحان۔ وکالت کا اعلیٰ امتحان۔ بیچلر آف لاز۔

ایل۔ ایل۔ ڈی (انگریزی) (مذ) یونیورسٹی کا ایم۔ اے کے بعد کا درجہ۔ ڈاکٹر آف لاز۔ یعنی فاضل اکمل۔

ایل (ع) (مذ) بارہ سنگا۔

ایل۔ ایم۔ ایس (انگریزی) (مذ) ڈاکٹری کا لائسنسدار۔ سند یافتہ۔

ایلاسٹک (انگریزی) (مذ) سُوت اور ربڑ کا بنا ہوا کپڑا جو اکثر انگریزی بوٹوں اور جوتوں میں لگایا جاتا ہے۔

ایلاسکا ۔ شمالی امریکہ کے بجانب شمال مغرب ایک چھوٹا سا ملک ہے۔ جو امریکہ کے زیر اثر ہے۔ اس ملک کا سمندر ولوں میں اکثر حصّہ جما رہتا ہے۔

ایلچ پور (ہ) (مذ) صوبہ برار کا ایک شہر۔ یہاں رُوئی کے کارخانے بہت ہیں۔

ایلچی (ت) (مذ) قاصد۔ پیغام لے جانے والا۔ سفیر۔ نامہ بر۔

ایلو (ہ) لو - اور سنو - سنو - دیکھو - تعجب کے وقت مخاطب کو بولتے ہیں -
ایلوا (ہ/مذ) ایک نہایت کڑوی دوا - گھیکوار کے مغز کا سکھایا ہوا ست مصبر -
ایلومینیم (انگریزی/مث) ایک قسم کی دھات ہے جس کے برتن بناتے ہیں -
اَیم (ع/مذ) سفید سانپ -
ایم - او - ایل (انگریزی/مذ) پنجاب یونیورسٹی کی مشرقی زبانوں کے اعلیٰ امتحان کی ڈگری ایم اے کے برابر -
ایم اے (انگریزی) یونیورسٹی کی اعلیٰ ڈگری - کامل فنون - ماسٹر آف آرٹس -
ایم - بی (انگریزی/مذ) ڈاکٹری کی ڈگری جو بی اے کے برابر ہوتی ہے -
اِیما (ع/مذ) (لغوی) اشارۂ سرِ انگشت - (اصطلاحی) صرف اشارۂ رمز وکنایہ - عندیہ - منشا - حکم -
ایما لینا (ف) عندیہ یا منشا معلوم کرنا - مرضی دریافت کرنا -
ایمان (ع/مذ) یقین - اعتبار - عقیدہ - دل سے یقین کرنا - مذہب - دھرم -
ایمان اُٹھا کر طاق پر رکھ دینا (ار/محاورہ) بے ایمان بن جانا -
ایمان بغل میں دبانا (ف) بے ایمانی کرنا - جھوٹ بولنا - ایمان کی پروا نہ کرنا -
ایمان بیچنا - یا - کھونا (ف) دین کو دنیا کی خاطر برباد کرنا - روپے کے طمع میں راستی سے کنارہ کش ہونا - مذہب کے خلاف کام کرنا -
ایمان پر چھوڑنا (ف) ایمان پر بھروسا کرنا - کوئی بات کسی دوسرے شخص کے ایمان پر موقوف رکھنا -
ایمان ٹھکانے نہ ہونا (ف) نیت بدل جانا - بدظن ہونا - ایمان پر قائم نہ رہنا -
ایمان جاتا رہنا (ار/محاورہ) عقیدہ درست نہ رہنا - نیت خراب ہونا -
ایمان چور (ار/صف) بے ایمان - دغاباز آدمی -
ایمان دار (ع/ف) ایمان رکھنے والا - دھرماتما - دیندار - راست باز - دیانت دار - منصف - صاحبِ ایمان -
ایمان داری (ع/ف/مث) راستبازی - دیانتداری - صداقت -
ایمان کا (ف) ایمان والا - دھرم وان - سچا - انصاف والا - نیت کا پورا -
ایمان کانپنا (ف) خدا کے خوف یا مذہبی غیرت سے کانپنا - خدا کا خوف کرنا - عبرت حاصل کرنا - رونگٹے کھڑے ہونا -
ایمان کی کہنا (ف) سچی بات کہنا - حق حق کہنا - سچی شہادت دینا - خدا لگتی کہنا -
ایمان لانا - یا - لے آنا (ف) اسلام لانا - مسلمان ہونا - مذہب اسلام اختیار کرنا - خدا کو برحق اور سچا جاننا - ماننا - تسلیم کرنا - بھروسا اور اعتبار کرنا - یقین رکھنا -
ایمان میں فرق آنا (ف) بدعقیدہ ہو جانا - یقین نہ رہنا - ڈھلمل یقین ہونا - بدنیت ہونا - بددیانت ہو جانا - خیانت کرنا - نیت بگڑ جانا -
ایمان نگل جانا (ار/محاورہ) بے ایمانی کرنا -

اِیمن (ع) بے خوف - نڈر - امن دیا ہوا - (مث) دیپک راگ کی ایک راگنی -
اَئِمّہ (ع/مذ) امام کی جمع - پیشوا - رہبرانِ مذہب - دینی پیشرو -
اَین (ہ/مذ) - (پورب) بھینس گائے - بکری وغیرہ کا باکھ - کھیری - دودھ کا خزانہ -
اَیں - یا - ہیں (ہ) بہ کلمہ تعجب - استفہام - تنبیہ اور تہدید کے مقام پر بولا جاتا ہے - کیا - کیوں - ارہو - خبردار -
اینٹ (ہ/مث) مٹی کی بنی ہوئی پکی یا کچی خشت و آجر - تشبیہاً سونے کی کعب ڈلی کو بھی کہہ دیتے ہیں - سخت بنیاد - بنیادی پتھر - جیسے آج یونیورسٹی ہال کی اینٹ رکھی جائے گی -
اینٹ سے اینٹ بجانا (ہ) تباہ کرنا - ڈھا دینا - گرانا - برباد کر دینا -
اینٹ سے اینٹ بج جانا (ہ) مسمار ہو جانا - ویران ہو جانا - برباد ہو جانا -
اینٹ کا جواب پتھر سے دینا (ف) کسی کی بری بات کا جواب اور زیادہ برائی سے دینا - سخت کلامی کا جواب اس سے بھی زیادہ سخت کلامی سے دینا -
اینٹ کا گھر مٹی کر دینا (ہ) دولت برباد کر ڈالنا - لاکھ کا گھر خاک کر دینا - روپیہ غارت کر دینا -
اَینٹھ (ہ/مث) اکڑ - غرور - شیخی - مروڑ - نخوت - سرکشی - بل -
اَینٹھ جانا (ہ) اکڑ جانا - خفا ہو جانا - ناراض ہو جانا - غصے میں اکڑ جانا -
اَینٹھ رکھنا (ہ) کینہ رکھنا - بل رکھنا - دبا لینا - قابو کر لینا -
اَینٹھ کر چلنا (ہ) غرور سے چلنا - اکڑ کر چلنا - اترا کر چلنا -
اَینٹھن (ہ/مث) کھچاؤ - بل - تشنج - اعضا - مروڑ - پٹھوں اور رگوں کا کھنچ جانا -
اَینٹھنا (ہ) مروڑنا - بل دینا - بل کھانا - اکڑنا - غصے ہونا - روٹھنا - ٹھٹھرنا - سکڑنا - غصب کرنا - چھین کر دبا بیٹھنا - دم دے کر لے لینا - دھوکے سے ہتھیا لینا -
اَینٹھے خاں - یا - اینٹھے باز (ہ/مذ) اکڑباز - مغرور - اکڑ خاں - سرکش -
اینچ (ہ/مث) کشش - کھچاؤ - ٹیڑھاپن -
اینچ پینچ (ہ/مذ) الجھاؤ - مکر و فریب -
اینچا تانا (ہ/مذ) کھینگا - احول -
اینچا تانی - یا - اینچا کھینچی (ہ/مث) کش کش - کشش کش - بکھیڑا - کھینچ گھسیٹ -
اینچ تان کے (ہ) ہزار مشکل سے - بڑی دقت سے - بصد مشکل - بہ ہزار خرابی -
اینچ دینا (ہ) پھانسی دینا - سولی چڑھانا -
اینچ کرنا (ہ) کھینچنا - اکڑ کرنا - نا اتفاقی کرنا -
اینچ لینا (ہ) کھینچ لینا - نکال لینا - تلوار میان سے باہر نکال لینا - دم سہانا - پینا - ذمہ دار ہونا - ضمانت دینا - بہت سا روپیہ کما لینا -

اینچن چھوڑ گھیٹن میں پڑے (ا ۔ ش ل) ایک آفت سے دُوسری بڑھ کر ثابت ہوئی ۔ اُلٹی بانس گلے پڑی ۔
اینچنا (ہ) کھینچنا ۔ گھسیٹنا ۔ تاننا ۔ کسنا ۔ اوٹنا ۔ ضامن ہونا ۔
ایندھن (ہ ا مذ) جلانے کی چیزیں ۔ لکڑی ۔ اُپلے ۔ کوئلے وغیرہ ۔
ایندھن ہو جانا (ہ ا مذ) جلانے کے قابل ہو جانا ۔ بوڑھا ہو جانا ۔ تھک جانا ۔ سخت کمزور ہو جانا ۔
اینڈ (ہ) نکما ۔ ناکارہ ۔ ناکمل ۔ اُدھورا ۔ بھنور ۔ گرداب ۔ چکر ۔ ٹیڑھا ۔
اینڈ (ہ ا مذ) تخمینہ ۔ سرسری اندازہ ۔ دھڑا دھڑ ۔ جانچ ۔
اینڈا اینڈا پھرنا (ہ) اِتراتے پھرنا ۔ نازاں و خراماں پھرنا ۔ اینٹھا اینٹھا پھرنا ۔
اینڈا بینڈا (ا ۔ ر ا مذ) بے ہودہ ۔ ناشائستہ ۔
اینڈ کر چلنا (ہ) اکڑ کر چلنا ۔ مغرورانہ چلنا ۔ ناز و انداز سے چلنا ۔
اینڈ کر دینا (ہ) نکما کر دینا ۔ رسی کو چھوڑنا ۔ بے کار کر دینا ۔
اینڈنا (ہ) غرور کرنا ۔ اکڑنا ۔ بدن کو تاننا ۔ بار بار انگڑائیاں لینا ۔ کچھ کام نہ کرنا ۔ پلنگ توڑنا ۔ سست ہو کر لیٹے رہنا ۔ پڑا رہنا ۔ کروٹیں بدلنا ۔ کاہلی کرنا ۔
اینڈ ہونا (ہ) نکما ہونا ۔ بگڑ جانا ۔ پھنس جانا ۔ ناکارہ ہونا ۔
اینڈوی (ہ ا مث) مونجھ کے بان کی بٹی ہوئی گول حلقہ دار چیز جو بوجھ اُٹھاتے وقت عورتیں سر پر رکھ لیتی ہیں ۔ یا گھڑے کے نیچے گھڑونچی کے بجائے رکھتی ہیں ۔
اینڈی بینڈی چال (ہ ا مذ) ناز کی چال ۔ خرام ناز ۔ مستانہ چال ۔
اینڈے بینڈے (ہ ا مذ) ٹیڑھے ۔ ترچھے ۔ نالائق ۔ سست ۔ نکمے ۔
اینک (ف) یہ کہ ۔ اب ۔
اینان (ف) یہ لوگ ۔
ایں گل دیگر شگفت (ف ا شل) یہ اور ہی گل کھل گیا ۔ یہ نئی شرارت اُٹھ کھڑی ہوئی ۔ یہ دُوسری حرکت ہوئی ۔ یہ نیا واقعہ ہو گیا ۔
اینگلو ورنیکلر (انگریزی ا مذ) دیسی زبان اور انگریزی کا مدرسہ ۔
اینگلو انڈین (انگریزی ا مذ) ہندوستان میں رہنے والے انگریز ۔
اینگلو اورینٹل (انگریزی ا مذ) انگریزی مشرقی ۔
اینگلو عربک (انگریزی ا مذ) انگریزی اور عربی ۔
اینگلو سنسکرت (انگریزی ا مذ) انگریزی ۔ سنسکرت ۔
ایوارا (ہ ا مذ) وہ مکان جو مویشیوں کے لیے جنگل میں بناتے ہیں ۔
ایں و آں (ف) یہ ۔ وہ (مذ ا مث) (کنایۃً) حجت ۔ دلیل ۔ چون و چرا ۔ اعتراض ۔ بحث و مباحثہ ۔
ایں ہم بچۂ شتر است (ف) یہ بھی اُونٹ کا بچہ ہے ۔ یہ بھی اُسی خاندان سے ہے ۔ یہ بھی اُسی قوم کا ہے ۔
ایں ہم بر سرِ علم (ف ۔ مقولہ) اور تکالیف کے ساتھ ایک یہ بھی سہی ۔ ہونے دو ۔
ایوان (ف ا مذ) محل ۔ مکان ۔ حویلی ۔
ایوانِ تجارت (ع ف ا مذ) چیمبر آف کامرس ۔
ایودھیا (س ا مذ) جس کے خلاف لڑائی نہ کی جا سکے ۔ اودھ کا پُرانا نام ۔
ایوبؑ (ع ا مذ) ایک پیغمبر جو مصیبتوں میں نہایت صابر رہے ۔
ایورسٹ (انگریزی) کوہ ہمالیہ کی دُنیا میں سب سے بلند ۲۹۰۰۲ فٹ اُونچی چوٹی ۔ سائنسدان اس کے حالات معلوم کرنے کے لیے جد و جہد میں مصروف ہیں ۔
ایوننگ پارٹی (انگریزی ا مث) شام کے وقت کی دعوت وہ انگریزی جلسہ جو شام کے وقت ہو ۔
ایہام (ع ا مذ) (لغوی) وہم میں ڈالنا (اصطلاحی) (شاعرانہ صنعت) شعر میں ایک ایسا لفظ لانا جس کے دو معنی ہوں ۔ ایک معنی اس مقام کے قریب ہو اور دُوسرے بعید ۔ لیکن شاعر معنی بعید سے مراد لے ۔ جیسے ؎

> سر دھرے دن سے فلک ڈال نہ بالا کر بن آگ
> نخل سے بازہ کی طرح سے جل جاؤں گا

اس شعر میں لفظ "بالا" میں ایہام ہے ۔
اے ہے (ہ) (کلمۂ تاسف و افسوس) ہائے ۔

ب (ع امث) اُردو۔ فارسی اور عربی حروفِ تہجی کا دُوسرا اور ہندی کا تیئسواں حرف ہے۔ اسے بائے ابجد اور بائے موحدہ بھی کہتے ہیں۔ اُردو میں اس کا تلفظ "بے" ہے اور عربی میں "با"۔ حسابِ ابجد میں اس کے عدد ۲ ہیں۔ اُردو میں فارسی عربی الفاظ کے ساتھ کبھی معیت کے معنی دیتی ہے۔ جیسے بدل و جان۔ کبھی قسم کے جیسے بخدا۔ کبھی اِتّصال کے۔ جیسے دمبدم۔ ان معنوں میں بعض لوگ اُردو الفاظ کے ساتھ استعمال کرتے ہیں جیسے گھر بہ گھر۔ دن بہ دن۔ مگر فصحا کے نزدیک اُردو الفاظ میں لانا غلط ہے۔ دن بدن کے بجائے "روز بروز" اور گھر بہ گھر کے بجائے "خانہ بخانہ" صحیح ہے۔

ب ۔ ا

با (ف) حرفِ ربط۔ ساتھ۔ ہمراہ۔ باوجود۔ باوصف۔ صاحب والا۔

باآبرو (ف امف) معزز۔ عزت والا۔

بااثر (ف) اثر والا۔ تاثیر رکھنے والا۔ مجرب۔ صاحب اثر۔ بارسوخ۔

بااختیار (عف امف) صاحب اختیار۔

بااخلاص (عف امف) خلوص والا۔ مخلص۔

باادب (عف امف) ادب و تمیز والا۔

باایمان (ف) ایمان والا۔ سچّا۔ دیانت دار۔ دیندار۔

باب (ع امذ) دروازہ۔ دَر۔ دُوارہ۔ مقدمہ۔ معاملہ۔ کتاب کا حصہ۔ عنوان۔ قسم۔ نوع۔ بابت۔ مطلب۔ غرض۔ تذکرہ۔ مضمون زیر بحث۔ دربار۔ درگاہ۔ حساب۔ محصول۔

بابا (ف امذ) باپ۔ پِتا۔ والد۔ دادا۔ جدّ۔ درویش۔ فقیر۔ منت۔ فقیر لوگ۔ ہر دنیا دار کو تعظیماً کہتے ہیں۔

بابااسس۔ ایشیائے کوچک کے پاس ایشیائے غرب کی طرف ہے۔ یہاں سے روس مشرقی تک ایشیا کا طول تخمیناً سات ہزار میل ہے۔

بابت (ع امث) حساب۔ بارے۔ نسبت۔ سبب۔ لیے۔ واسطے۔ معاملہ۔

بابر (ہ امث) ایک قسم کی گھاس جس سے بان بٹتے ہیں۔

بابرکت (ف) برکت والا۔ نیک آدمی۔ عابد۔ متبرک۔ فیض والا۔

بابِ قصاب (ف امذ) کشتی کا ایک داؤ جس سے پہلوان آسانی سے اپنے حریف کو شکست دے دیتے ہیں۔ اس داؤ سے قصائی جانور کو گرا لیتے ہیں۔

بابل (ع امذ) دریائے فرات کے کنارے کوفہ کے قریب نمرود کا آباد کیا ہوا شہر۔ سکندر یونانی یہیں فوت ہوا تھا۔

بابُل (ہ امذ) باپ۔ والد۔ پِتا۔ پیار سے بولتے ہیں۔

بابُ المندب (ع امذ) بابِ دروازہ مندب رونے کی جگہ۔ یعنی موت کا دروازہ۔ آبنائے جو بحیرۂ عرب کو بحیرۂ قلزم سے ملاتی ہے۔ اس میں کئی چٹانیں ہیں۔ جن کے ٹکراؤ سے جہاز ڈوب جاتے تھے۔ اب قریب ہی جزیرہ پیرم میں روشنی کا مینار بنا دیا گیا ہے۔

بابن (انگریزی امث) ڈوری۔ باریک فیتہ۔ جو سپاہیوں کی وردی کے کونوں پر لگائی جاتی ہے۔

بابو (بنگالی امذ) تعظیمی خطاب۔ حضرت۔ جناب۔ مسٹر۔ رئیس زادہ۔ انگریزی کلرک۔ زبردست۔ زور آور۔

بابونہ (ہ امذ) ایک بُوٹی کا نام جس کے پھولوں سے بنایا ہوا تیل درد وغیرہ کے کام آتا ہے۔

باپ (ہ امذ) پِتا۔ پدر۔ والد۔ ابّا۔ باوا۔ بزرگ۔ افضل۔ اُستاد جیسے شیطان تو ہی ہے۔ یہ اُس کا بھی باپ ہے۔

باپ بنانا (ہ) والد کے برابر سمجھنا۔ بزرگ جاننا۔ خوشامد و درآمد کرنا۔

جیسے وقت پر گدھے کو باپ بنا لیتے ہیں۔
باپ بھکاری پُوت بھنڈاری (ہ / مثل) باپ بھیک مانگ کر کوڑی کوڑی جمع کرتا ہے۔ اور بیٹا جھولیاں بھر بھر کر لٹاتا ہے۔ باپ کی حیثیت سے خلاف بیٹے کا فضول خرچی کرنا۔
باپ دادا (ہ / مذ) پشت۔ پیڑھی۔ کُل۔ بزرگ۔ مُربّی۔ اَب و جد۔
باپ دادا سے (اردو / متعلق فعل) پشتوں سے۔
باپ دادا کا نام برباد کرنا (اردو / محاورہ) موروثی عزت میں دھبہ لگانا۔
باپ دادا کی ہڈیاں (اردو / مث) خاندانی شرافت۔
ارے باپ رے باپ (ار) کلمۂ خوف یا تعجب، ڈر یا خوف یا تعجب کے اظہار کیلئے بولتے ہیں۔
باپ کا (ہ) موروثی ورثے کا۔ پشتینی چیز جیبوں کا۔ باپ کی ملکیت کا۔
باپ کرے باپ پائے بیٹا کرے بیٹا پائے (مثل) جو کرے گا سو بھرے گا۔ ہر شخص اپنا کیا بھوگتا ہے۔ ہر ایک اپنے اعمال کی جزا و سزا پاتا ہے۔
باپ مارے کا بیر (ہ) قدیم دشمنی۔ پشتینی عداوت۔ پُرانا کینہ۔
باپ نہ ماری پدڑی بیٹا تیرانداز (ار / مثل) بزدل خاندان کا آدمی اگر بہادری کی شیخی مارے تو یہ مثل کہتے ہیں۔
بات (ہ / مث) لفظ۔ کلمہ۔ بول۔ رشید۔ گفتگو۔ بول چال۔ کلام۔ مقولہ۔ کہا۔ کہاوت۔ مثل۔ ماجرا۔ سرگزشت۔ قصہ۔ کہانی۔ چرچا۔ افواہ۔ پیغام۔ سندیسا۔ نسبت۔ سگائی۔ طعنہ۔ گلہ شکوہ۔ ضد۔ ہٹ۔ جیسے مر گیا پر بات نہیں چھوڑی۔ مضمون۔ عبارت۔ بہانہ۔ حیلہ۔ بُرائی۔ غیبت۔ قول اقرار۔ اعتبار۔ ساکھ۔ عزت۔ آبرو۔ پند۔ نصیحت۔ حکمت۔ دانائی۔ لطیفہ۔ چٹکلہ۔ خوبی۔ لطف۔ کام۔ ہنر۔ عندیہ۔ منشا۔ سوال۔ مقصد۔ مُدعا۔ تمنا۔ تدبیر۔ علاج۔ تجویز۔ صلاح۔ راز۔ بھید۔ کاروبار۔ آن۔ انداز۔ رمز۔ اشارہ۔ موقع محل۔ نہایت آسان کام۔ مشکل۔ دشوار۔ حوصلہ۔ ریت۔ رسوم۔ خیال۔ دھیان۔ دلیل۔ ثبوت۔ جھگڑا۔ فساد۔ جیسے کیوں بڑھاتے ہو۔
بات اُلٹنا (ہ) بات رد کرنا۔ پہلی گفتگو کو بدل دینا۔ گفتگو کو پلٹ دینا۔
بات آنا (ہ) الزام لگنا۔ بُرائی آنا۔ بول چال کر سکنا۔
بات بات میں (ہ) ہر بات میں۔ ہر کام میں۔ ہر دفعہ۔ ہر بار۔ اونی اونی بات میں۔ سرتاسر۔ بالکل۔
بات بات میں چھُری کٹاری (ہ) ہر بات میں لڑائی کو تیار۔ ذرا سی بات میں لڑ پڑنا۔
بات باندھنا (ہ) پُر زبہ ہم کرنا۔ جھوٹی دلیل دینا۔ خلاف بیانی کرنا۔
بات بدلنا (ہ) کہہ کر مکر جانا۔ کہہ کر پلٹ جانا۔ زبان سے پھر جانا۔
بات بدلی ساکھ بدلی (ہ / مثل) بات میں فرق آیا اور اعتبار گیا۔ وعدہ خلافی سے آدمی کا اعتبار بالکل اُٹھ جاتا ہے۔ بات بدلنے میں عزت نہیں رہتی۔
بات بُری لگنا (اردو / محاورہ) بات ناگوار گزرنا۔
بات بڑھانا (ہ) گفتگو کو طول دینا۔ بحث لمبی کرنا۔ فساد برپا کرنا۔ جھگڑا بڑھانا۔ کسی بات کو ترجیح دینا۔ کلام کی تائید کرنا۔ عزت دینا۔
بات بڑھنا (ہ) فساد زیادہ ہونا۔ طول کلام ہو جانا۔ تکرار بڑھنا۔
بات بڑی کرنا (ہ) کلام کی تائید کرنا۔ ہاں میں ہاں ملانا۔ عزت دینا۔
بات بگاڑنا (ہ) کام بگاڑنا۔ اعتبار کھو بیٹھنا۔ دیوالیہ نکالنا۔ نسبت اور سگائی ہٹا دینا۔
بات بگڑنا (اردو / محاورہ) کام بگڑنا۔ عزت میں فرق آنا۔
بات بننا (ہ) کامیاب ہونا۔ اعتبار جمنا۔ عزت پانا۔ بزرگی ملنا۔ آبرو پیدا ہونا۔ موقع ملنا۔ بول بالا ہونا۔
بات بنانا (ہ) فضول گوئی کرنا۔ بہانہ بنانا۔ ساکھ بنانا۔ جھوٹ بولنا۔ بات گھڑنا۔ سخن سازی کرنا۔ فریب بنانا۔
بات پر جانا (ہ) کسی کے قول پر بھروسا کر لینا۔ کسی کی بات کا خیال اور دھیان رکھنا۔
بات پچانا (ہ) بات کا پوشیدہ رکھنا۔ بات کا ہضم ہو جانا۔ ضبط کر لینا۔ کسی سے راز نہ کہنا۔
بات پچار (ہ / مث) منطق کا علم۔
بات پکانا } (ہ) مضبوط کرنا۔ ارادہ کرنا۔ وعدہ پکا کرنا۔
بات پکی کرنا } پختہ و پکا کرنا۔ سچائی کا اظہار کرنا۔ معاملہ پختہ کرنا۔ بات کھری کرنا۔
بات پلٹنا (ہ) بات بدلنا۔ کہہ کر مکر جانا۔ زبان سے پھر جانا۔ بات کہہ کر بدل جانا۔
بات پلّے باندھنا (اردو / محاورہ) کسی بات کا پورا پورا خیال رکھنا۔
بات پکڑنا (ہ) نکتہ چینی کرنا۔ بات میں نقص نکالنا۔ کسی کو اُسی کے قول سے قائل کرنا۔
بات پوچھنا (ہ) سوال کرنا۔ حال دریافت کرنا۔ بات دریافت کرنا۔ خبر لینا۔ عزت کرنا۔ خاطر تواضع کرنا۔ جیسے اُس نے مہمان کی بات تک نہ پوچھی۔
بات پہنچنا (اردو / محاورہ) اطلاع ملنا۔ خبر پہنچنا۔
بات پھوٹنا (ہ) بھید ظاہر ہو جانا۔ راز فاش ہو جانا۔
بات پھیلانا (ہ) راز فاش کرنا۔ بات کو مشہور کرنا۔ شہرت دینا۔
بات پھیلنا (ہ) بات مشہور ہونا۔ بات کا طول پکڑ جانا۔ بات بڑھنا۔ چرچا ہو جانا۔
بات پر بات یاد آنا } (ہ) اثنائے گفتگو میں کوئی اور بات یاد آنا۔ قصے
بات پہ بات یاد آنا } پر قصہ۔ مثل پر مثل یاد آنا۔ ایک موقعے میں دوسرا موقع یاد آنا۔
بات پیدا کرنا (ہ) حیلہ بہانہ بنا لینا۔ کمال حاصل کرنا۔ عزت پیدا کرنا۔ خوبی پیدا کرنا۔
بات تاڑنا (اردو / محاورہ) قیاس سے بات معلوم کرنا۔
بات تلخ ہونا (اردو / محاورہ) بات بدمزہ ہونا۔ ناگوار ہونا۔
بات تو یہ ہے (ہ) اصل تو یہ ہے۔ خلاصہ یہ ہے۔ الغرض۔ القصہ۔ مُدعا یہ ہے۔
باتدبیر (ف) دُور اندیش۔ تدبیر والا۔ عقل مند۔ دانا۔

باتمیز (ف) سلیقہ دار۔ سمجھ والا۔ مہذب۔ شائستہ۔ باادب۔
بات ٹالنا (ہ) اصل بات کا جواب نہ دینا۔ اِدھر اُدھر کی باتوں کو لے بیٹھنا۔ حیلے بہانے کرنا۔ وعدے کا پورا نہ کرنا۔ سُنی ان سُنی کر دینا۔
بات ٹھہرنا۔یا۔ٹھیرنا (ہ) تجویز قرار پانا۔ نسبت اور سگائی قرار پانا۔ وعدہ ہو جانا۔
بات جمانا (ہ) بات دوسرے شخص کے ذہن میں بٹھانا۔ عزت قائم کرنا۔
بات چبا جانا (ہ) بات کے پہلو کو بدل دینا۔ بات کا رُخ بدل دینا۔
بات چلانا (ہ) ذکر چھیڑنا۔ بات شروع کرنا۔ ذکر آغاز کرنا۔
بات چیت (ہ/مث) گفتگو۔ بول چال۔ گفت وشنید۔
بات دُہرانا (ہ) ایک بات کو دوبارہ کہنا۔ از سر نو کہنا۔ پھر کہنا۔
بات رکھ لینا (ہ) آبرو نہ بگڑنے دینا۔ عزت رکھ لینا۔ ساکھ تھام لینا۔ عیب چھپا لینا۔ پردہ رکھ لینا۔ کہا مان لینا۔ قول ٹال نہ دینا۔
بات رکھنا (ہ) کہا ماننا۔ عزت رکھنا۔ الزام لگانا۔ بھید رکھنا۔
بات رہ جانا (ہ) عزت رہ جانا۔ آبرو رہ جانا۔ ساکھ رہ جانا۔ یادگار باقی رہ جانا۔ کامیاب ہو جانا۔ بُرائی یا بھلائی رہ جانا۔
بات کا بتنگڑ بنانا۔یا۔کرنا (ہ) بات کو مبالغے سے بیان کرنا۔ پر کا کوّا بنانا۔ ذرا سی بات کو بڑھا کر کہنا۔
بات کا بھید (ہ/مذ) بات کی تہہ۔ مطلب۔ کلام۔ مغز سخن۔
بات کا پورا / بات کا پکا } (ہ/مذ) وعدے کا سچا۔ باوفا آدمی۔ راست باز۔ راستی پیشہ۔ قول کا سچا۔
بات کاٹنا (ہ) دوسرے کی بات میں بات کرنا۔ قطع کلام کرنا۔ خواہ مخواہ دخل در معقولات دینا۔
بات کا پہلو (ا/مذ) بات کا انداز۔
بات کا سر پیر نہ ہونا (ہ) ناقص گفتگو۔ ایسی بات ہونا جس کا آغاز ہو نہ انجام۔ غیر مسلسل بات ہونا۔ بے تکی بات ہونا۔
بات کا موقع (ا/مذ) گفتگو کا محل۔
بات کان پڑنا (ہ) افواہ سُننا۔ خبر پانا۔ اطلاع ملنا۔ کوئی بات سُن لینا۔
بات کرنا (ہ) بولنا۔ گفتگو کرنا۔ متوجہ ہونا۔ رجوع کرنا۔ تاکید نفی کے لیے۔ جیسے میاں بات بھی کرو۔ میں ہرگز یہ بات نہیں کروں گا۔
بات کرنے میں / بات کہنے میں } (ہ) ذرا سی دیر میں۔ دم کے دم میں۔ فوراً۔ لمحہ بھر میں۔ پل کے پل میں۔
بات کو آنچل میں باندھنا / بات کو پلّے باندھنا / بات کو گرہ باندھنا } (ہ) کسی بات کو یاد رکھنا۔ بات یاد رکھنے کے لیے کچھ نشان کر لینا۔ وصیت یا نصیحت پر عمل کرنا۔ کسی بات کا خیال رکھنا۔ یاد آ جانے کے لیے پلّے میں گرہ دے لینا۔
بات کو کھٹائی میں ڈالنا (ہ) دیر لگانا۔ ٹال مٹول کرنا۔ آج کل کرنا۔ حیلہ حوالہ کرنا۔ جھگڑا کرنا۔
بات کھلنا (ہ) راز فاش ہو جانا۔ بھید ظاہر ہونا۔ پردہ ظاہر ہونا۔
بات کہنے میں (ہ) ذرا سی دیر میں۔ لمحہ بھر میں۔ بہت ہی جلد۔ آنکھ جھپکتے ہی۔
بات کھو دینا (ہ) عزت گنوا دینا۔ اقرار کے خلاف کرنا۔ ساکھ بگاڑ دینا۔
بات کہی پرائی ہوئی (ہ/مثل) بات منہ سے نکلی اور مشہور ہو گئی۔ منہ سے بات نکلی پھر لاکھ جتن کرو، چھپ تھوڑا ہی سکتی ہے۔
بات کہے پھول جھڑنا / بات میں منہ سے پھول جھڑنا } (ہ) نہایت شیریں کلام ہونا۔ انتہا درجے کا خوش کلام ہونا۔ میٹھی میٹھی باتیں کرنا۔
بات کی تہہ تک (ا/مث) اصل بات۔
بات کی ٹھیس لگنا (ا/محاورہ) بات ناگوار گزرنا۔
بات گرہ میں باندھنا (ہ) بات کو یاد رکھنے کا خیال کرنا۔ وصیت یا نصیحت پر عمل کرنا۔ یاد رکھنے کی کوشش کرنا۔
بات گھڑنا (ہ) سخن سازی۔ ڈھکوسلا کھڑا کرنا۔ جھوٹی بات بنانا۔ افواہ اُڑانا۔
بات گئی پھر ہاتھ نہیں آتی (ا/مثل) جب ایک مرتبہ اعتبار جاتا رہا تو پھر نہیں جمتا۔
بات لاکھ کی کرنی خاک کی (ہ/مثل) قول وقرار اچھے۔ فعل بُرے۔ باتیں بکثرت اور کر کچھ نہیں سکتے۔
بات لانا (ہ) نسبت یا سگائی لانا۔ پیغام لانا۔ منگنی ٹھہرانا۔ الزام لگانا۔ عیب لگانا۔
بات لگانا (ہ) چغلی کھانا۔ غیبت کرنا۔ بدی کرنا۔ کان بھرنا۔
بات ماننا (ہ) کہا ماننا۔ راضی ہونا۔ بات کو تسلیم کر لینا۔ منظور کر لینا۔
بات منہ پر رکھنا یا لانا (ہ) کسی بات کو جتلانا۔ ذکر کرنا۔ طعن مارنا۔ احسان جتانا۔ نیکی ظاہر کر کے طعنہ دینا۔
بات میں بات کھینچنا (ا) خواہ مخواہ ناراض ہونا۔ ہر بات میں رُوٹھنا۔ ہر بات پر بُرا ماننا۔ ہر بات میں ترش ہونا۔ یونہی بگڑ بیٹھنا۔
بات میں سے بات نکالنا (ا) دوسرے کے قول سے اپنا مطلب ثابت کرنا۔ نکتہ چینی کرنا۔
بات میں فرق آنا (ا) عزت میں کمی آ جانا۔ تنزل ہونا۔ درجہ کم ہو جانا۔ ساکھ نہ رہنا۔ بے اعتباری ہو جانا۔
بات میں پخ نکالنا (ا) بات میں عیب نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ بات میں نقص نکالنا۔ خرابی ظاہر کرنا۔ کسر جتا دینا۔
بات نہ پوچھنا / بات نہ کرنا } (ہ) توجہ نہ کرنا۔ متوجہ نہ ہونا۔ خاطر میں نہ لانا۔ مغرور ہونا۔ غرور میں آ کر دوسرے کی طرف ملتفت نہ ہونا۔

بات پیچھے ڈالنا (ہ) اپنی بات کو رد ہونے دینا۔
بات سستے (و) آسان ہے۔ فقط ڈھکوسلا ہے۔ گھڑت ہے۔
بات ہلکی ہونا (ہ) عزت کم ہونا۔ ساکھ بگڑنا۔ قدر نہ رہنا۔ درجے سے گرنا۔
باتون } (ہ/مذ) بہت باتیں بنانے والا۔ بکواسی۔ یا وہ گو۔ زیادہ
باتونی } بولنے والا۔
باتوں باتوں میں (ہ) اثنائے گفتگو میں۔ فوراً۔ یکایک۔ دفعتہً۔
باتوں باتوں کام نکالنا (ہ) مفت میں کام نکالنا۔ ترکیب سے کام نکالنا۔ کچھ خرچ کیے بغیر یونہی کام بنا لینا۔ چالاکی سے کام نکال لینا۔
باتوں باتوں میں کہنا (ا ر/ محاورہ) کسی اور تذکرہ میں مطلب کی بات کہنا۔
باتوں باتوں پر جانا (ا ر/ محاورہ) کسی کے افعال کی تقلید کرنا۔
باتوں باتوں کا جھاڑ باندھنا (ہ) لگاتار بولے جانا۔ باتوں کا تانتا باندھ دینا۔ برابر کہے جانا۔
باتوں کا دھنی (ہ/مذ) بڑا باتون۔ سخن ساز۔ بہت باتیں کرنے والا۔
باتوں میں اڑانا (ہ) ہنسی میں اڑانا۔ ٹالنا۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا۔
باتوں میں آنا (ہ) جھانسے میں آنا۔ دم میں آنا۔ فریب اور دھوکا کھانا۔ کہنے میں آنا۔
باتوں میں پھسلانا (ہ) باتوں میں بہکا لینا۔ چکنی چپڑی باتیں کرکے دھوکا دینا۔
باتوں میں دھر لینا (ہ) لاجواب کرنا۔ قائل کرنا۔ باتوں میں مغلوب کرنا۔
باتوں میں لگا لینا (ہ) گفتگو میں مشغول کر لینا۔
باتیں (ہ/مث) بات کی جمع۔ گفتگوئیں۔
باتیں بگھارنا۔ یا۔ باتیں بنانا۔ یا۔ باتیں جھونکنا (ہ) باتیں زیادہ کرنا۔ جھوٹ بولنا۔ خوشامد کرنا۔ شیخی مارنا۔ الزام دھرنا۔ بڑھ بڑھ کر بولنا۔
باتیں سنانا (ہ) برا بھلا کہنا۔ گالیاں دینا۔ سخت کلامی کرنا۔
باتیں سننا (ہ) غور سے سننا۔ دھیان سے سننا۔ طعنہ برداشت کرنا۔ کڑوی باتیں سہارنا۔ گالیاں سہنا۔
باتیں سنوانا (ہ) دوسرے سے برا بھلا کہلوانا۔
باتیں کرنا (ا ر/ محاورہ) تذکرہ کرنا۔ حالات بیان کرنا۔
باتیں لگانا (ا ر/ محاورہ) چغلی کھانا۔ لگائی بجھائی کرنا۔
باتیں ملانا (ہ) باتیں کرنا۔ فریب اور دھوکے کا کلام کرنا۔ ہاں میں ہاں ملانا۔
باتیں ہی باتیں ہیں (ا ر/ مثل) مکتا ہے۔ باتوں کے سوا اور کچھ بھی نہیں۔ بالکل ڈھکوسلا ہے۔
باٹ (ہ/مذ) دگتوار۔ ترازو کے بٹ۔ تولنے کے بٹ۔ رستہ۔ سڑک۔ راہ۔ طریق۔ پگڈنڈی۔ سفر کا فاصلہ۔ انتظار۔ آہرا یا جوہر بنانے کے لیے گارے کی ایک تہہ۔ ردا۔

باٹ چلنا (ہ) سفر چلنا۔ مسافت طے کرنا۔ منزل مارنا۔
باٹ دیکھنا (ہ) انتظار کرنا۔ راہ دیکھنا۔ تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا۔
باٹ دینا (ہ) سودا بیچ کر پیسے لے لینا۔ اہرے یا کوٹھی وغیرہ پر بنانے وقت ردا دینا۔ پیسہ وصول کر دینا۔
باٹ کا آٹا (ہ/مذ) وہ آٹا جو پیسنے وقت چکی کے گرنڈ کے پاس پاس چاروں طرف جمع ہو جاتا ہے۔
باٹی (ہ/مث) روٹی کی چھوٹی چھوٹی ٹکیاں جو انگاروں پر سینک لیتے ہیں۔ آٹا گوندھنے یا پانی پینے وغیرہ کا کھڑے کناروں والا برتن چھوٹی سی پرات۔
باج (ف/ مذ) لگان۔ زمین کا معاملہ۔ مالگزاری۔ زمین کا محصول جو بادشاہ کو دیا جاتا ہے۔ باچھ۔ خراج زمین۔
باج (ہ/مث) بجنے کی آواز۔ وہ آواز جو زیورات اور باجے وغیرہ سے نکلتی ہے۔
باجا (ہ/مذ) بجنے کا آلہ۔ ساز۔ مزامیر۔ وہ آلات جو راگ کے وقت بجائے جاتے ہیں۔ باجا بجانے والے لوگوں کی جماعت جیسے باجا کیوں نہیں بلوایا؟
باجا گاجا (ہ/مذ) مزامیر وغیرہ۔ گانا بجانا۔ خوشی اور مسرت کا سامان۔ فرحت اور تفریح۔
باجرا (ہ/مذ) ایک قسم کا اناج۔ بارش کی باریک بوندیاں۔ پھوار۔ ترشح۔ جیسے باجرا برس رہا ہے۔ پازیب وغیرہ کے چھوٹے چھوٹے گھنگرو۔
باجرا برسنا (ہ) پھوار پڑنا۔ ترشح ہونا۔ ننھی ننھی بوندیں برسنا۔
باجگزار (ف/ مذ) محصول دینے والا۔ خراج دینے والا۔ مطیع ماتحت۔ زیر اثر۔
باجگیر (ف/ صف) محصول لینے والا۔ محصل۔
باجنا (ہ) بجنا۔ مشہور ہونا۔ موسوم ہونا۔ لڑائی وغیرہ چھیڑنا۔
باجی (ت/ مث) بہن۔ بڑی بہن۔ جی جی۔ ہمشیرہ۔
باچھ (ہ/مث) ہونٹوں کے گوشے۔ بنتی۔ چندہ۔ جمع بندی۔ زمین کا محصول۔ لگان۔
باچھ کرنا (ا ر/ محاورہ) چندہ کرنا۔
باچھنا (ہ) تراشنا۔ گودنا۔ گھاس وغیرہ کھیت میں سے چننا۔
باچھیں آنا (ہ) ہونٹوں کے کونوں کا پک جانا۔ باچھیں خشکی یا گرمی سے پکنا۔ یا۔ پھٹنا۔
باچھیں ٹھوڑی تک آنا } (ہ) بہت ہنسنا۔ خوش ہونا۔ کھلنا۔
باچھیں کھلنا یا کھل جانا } قہقہہ مار کر ہنسنا۔ خوش ہونا۔ بہت ہی خوش ہونا۔
باحیا (ف) شرم والا۔ حیادار۔ شرم و لحاظ کا۔
باخبر (ف) ہوشیار۔ خبر والا۔ سمجھ والا۔ عقلمند۔ واقف۔ ماہر۔ بعید بین
باختری اونٹ (ا ر/ مذ) دو کوہان والا اونٹ۔
باد (ہ/مذ) دستوری۔ بٹہ۔ دلال۔ مقدمہ۔ زیادتی۔ بڑھوتری۔ بحث۔ تکرار۔ مکالمہ۔ جھگڑا۔ فصل خراب ہونے پر معاملے کی معافی۔

باد (ف/مث) ہوا۔ پون۔ باؤ۔ باے۔
بادام (ف/مذ) مشہور میوہ (مجازاً) محبوب کی آنکھ۔
بادامہ (ف/مذ) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
بادامی (ف) منسوب بہ بادام ہلکے زرد رنگ کا۔ بادام کے رنگ کا۔ خواجہ سرا۔ ایک قسم کی مخروطی ڈبیا۔
بادامی آنکھ (ہ/مث) بیضوی شکل کی آنکھ۔ بادام کی شکل کی آنکھ۔ نہایت خوبصورت آنکھ۔
بادبان (ف/مذ) جہاز کا مستول۔ پال جو جہاز پر اس کے جلد چلنے کے لیے تان دیتے ہیں۔
بادبانی جہاز (ف/مذ) وہ جہاز جو بادبانوں کے ذریعہ چلے۔
بادبروت (ف/مث) غرور۔ شیخی۔
بادجگہ (ف/مث) عورت کی نفسانی خواہش۔
بادخایہ (ف/مذ) ایک بیماری جس میں فوطے بڑھ جاتے ہیں۔ شقاق۔ گھوڑے کے فوطے بڑھ جانے کی بیماری۔
بادخوال (ف) خوشامدی۔
بادخورہ (ف/مذ) گنج۔ ایک بیماری جس میں گھوڑے کے بال گر جاتے ہیں۔
بادرفتار (ف) تیز چلنے والا گھوڑا۔ چالاک گھوڑا۔ ہوا کی طرح تیز چلنے والا گھوڑا۔
بادرنجبویہ (ع/مث) بادرنگبویہ۔ بلی لوٹن۔ ایک دوا۔
بادریش (ف/مث) غرور۔ شیخی۔
بادریسہ (ف) ایک سوراخ دار گول لکڑی۔ جو خیمے کی چوب کے اوپر لگاتے ہیں۔ عوام اُسے بادریشہ اور ہندی میں لٹو کہتے ہیں۔
بادریہ (ف/مذ) چھت کا روشندان۔
بادسُرخ (ف/مث) ایک بیماری کا نام۔
بادسموم (ف/مث) بہت گرم ہوا۔ لو۔
بادشاہ (ف/مذ) اصل میں پاد بمعنی تخت اور شاہ بمعنی مالک ہے۔ یعنی مالکِ تخت۔ راجہ۔ مالک۔ حاکم۔ مختار۔ کامل۔ اُستاد۔ جیسے پھولوں کا بادشاہ۔ آزاد۔ جیسے طبیعت کا بادشاہ۔ شطرنج کا ایک مہرہ۔
بادشاہانہ (ف) (''آنہ'' برائے نسبت و تشبیہ) بادشاہوں کا سا۔ شان و شوکت کا۔
بادشاہت (ف/مث) راج۔ بادشاہی۔ حکومت۔ سلطنت۔
بادشاہی (ف/مث) راج۔ سلطنت۔ قلمرو۔ بادشاہ کا۔ بادشاہ سے متعلق۔
بادِ شُرط (ف/مث) موافق ہوا۔
بادِ شمال (ف/مث) شمال کی جانب سے چلنے والی ہوا۔ خوشگوار ہوا۔
بادِ صبا (ف/مث) صبح کے وقت کی ہوا۔ پُروا ہوا جس سے کلیاں کھلتی ہیں۔
بادِ صرصر (ف/مث) جھکڑ کی ہوا۔ تند اور تیز آندھی۔
باد فروش (ف/مذ) خوشامدی۔ چاپلوسی۔ باتونی۔ شیخی خورہ۔ بھاٹ۔

بادکش (ف/مذ) پنکھا۔ لوہار کی دھونکنی۔
بادگرد (ف/مذ) بگولا۔
بادل (ہ/مذ) سحاب۔ ابر۔ گھٹا۔
بادل آنا (ہ) گھٹا آنا۔ بادل ظاہر ہونا۔ برسنے کے قریب ہونا۔
بادل پھٹنا (ہ) ابر کھل جانا۔ مطلع صاف ہونا۔ آسمان پر بادلوں کے ٹکڑے ٹکڑے سے دکھائی دینا۔
بادل چھانا (ہ) گھٹا گھرنا۔ ابر پھیلنا۔ ابر محیط ہونا۔
بادلہ (ہ/مذ) سونے چاندی کے تار جن سے گوٹا بنتا اور کلابتون بٹا جاتا ہے زری کا کپڑا جو ریشم اور چاندی کے تاروں سے تیار ہوتا ہے۔ زری۔
بادمہرہ (ف/مذ) سانپ کے سر میں سیاہ رنگ کا مہرہ جو سانپ کے کاٹے پر لگانے سے چپک جاتا ہے۔ اور زہر چوس لیتا ہے۔
بادنجان (ع) (بادنگان کا معرب) (مذ) بینگن۔ ایک مشہور ترکاری۔
بادنما (ف/مذ) وہ آلہ جس سے ہوا کا رُخ معلوم کرتے ہیں۔
بادہ (ف/مذ) شراب۔ مے۔ خمر۔ دارو۔
بادہ کش یا بادہ نوش (ف) شرابی۔ مے خوار۔
بادِ ہوائی (ہ/مث) بے ہودہ۔ لغو۔ بے معنی۔ بے کار۔ نکما۔ شریر۔ بدذات۔
بادی (ہ/مذ) مدعی۔ نالشی۔ شریر۔ بدذات۔ چالاک۔ نٹ۔ بازی گر۔ جسمانی کسرت کے کھیل دکھانے والا۔
بادی (ف) ہوائی۔ پھولا ہوا۔ ریح پیدا کرنے والا۔ سرد۔ ٹھنڈا۔
بادی (ع) ابتدا کرنے والا۔ شروع کرنے والا۔ کسی کام میں پہل کرنے والا۔
بادی النظر (ع) ابتدائے نظر میں۔ دیکھتے ہی سرسری نظر میں۔ ایک نظر میں۔
بادیان (ف/مث) سونف۔
بادی پھیلانا (ہ) سُستی ڈالنا۔ جھگڑا مچانا۔ خرابی کرنا۔ فساد اُٹھانا۔
بادی چور (ل/مذ) پکا چور۔ دُزد کامل۔ کٹا چور۔ چوروں کا اُستاد۔
بادیہ (ف/مذ) بڑا پیالہ۔ بڑا کٹورا۔ جنگل۔ دشت۔ صحرا۔ بیابان۔
بادیہ پیما (ف) جنگل بیابان میں پھرنے والا۔
باذل (ع/مذ) سخی۔
بار (ہ/مذ) دیر۔ عرصہ۔ یوم۔ دن۔ وقت۔ سال۔ مرتبہ۔ دفعہ۔ دروازہ۔ دوارہ۔ ہفتے کا دن۔ سنیچر کا دن۔ پنجاب کا ایک علاقہ۔
بار (ف/مذ) بوجھ۔ رُخصت۔ اجازت۔ پھل۔ ثمر۔ مرتبہ۔ دفعہ۔ غم۔ فکر۔ نتیجہ۔ دشوار۔ دوپہر۔ حمل۔ باریدن کا امر۔ کار کا مرادف۔ جیسے کاروبار۔ عدالت۔ مجلس۔ دربار۔ مسند۔ جڑ۔ بنیاد۔
بار (ع/مذ) اللہ تعالیٰ کا وصفی نام۔ بزرگ۔ بلند۔ تعالیٰ۔ نیکوکار۔
بار آنا (ل/محاورہ) باری آنا۔ پھل آنا۔

بار آور (ف/صف) پھل دار۔ نتیجہ خیز۔
بار آور ہونا (ا/محاورہ) پھل لانا۔
بارا (ہ/مذ) پانی کا بھرا ہوا چرسا۔ تیلیوں کا تیل ڈالنے کا ٹونٹی والا برتن۔ جنتری میں سے سونے چاندی کا تار کھینچنا۔ بوڑھے آدمی کے مرنے کی رونی۔
بارات (ہ) شادی بیاہ کا جلوس۔ (برات)
باراں (ف/مذ) باریدن۔ بارش۔ مینہ۔ برکھا۔
بارانی (ف/مث) وہ زمین جس کی تخم ریزی صرف بارش پر منحصر ہو۔ چاہی۔ نہری کے خلاف۔ برساتی۔ وہ کپڑا جو بارش سے بچاؤ کے لیے اوڑھ لیتے ہیں۔
باراہ (ہ/مذ) گاؤں کے پاس کی زمین۔ سور۔ خوک۔ خنزیر۔
بار بار (ہ) گھڑی گھڑی۔ متواتر۔ بلا وقفہ۔ کئی دفعہ۔ باری۔ باری۔
باربردار (ف/مذ) بوجھ اٹھانے والا۔ حمّال۔ قلی۔ پلہ دار۔
باربرداری (ف/مث) بوجھ اُٹھانا۔ بوجھ اُٹھانے کا سامان۔ گاڑی۔ چھکڑا۔ اُونٹ۔ گھوڑا۔ خچر۔ گدھا۔ بیل وغیرہ۔
بار پانا (ا/محاورہ) رسائی ہونا۔
بارتنگ (ف/مذ) ایک دوا جو اکثر تپ میں کام آتی ہے۔
بارِ خاص (ف/مذ) خاص اجازت۔ نجی کا اجلاس۔ دربارِ خاص۔
بارخانہ (ف/مذ) گودام۔
بارِ خاطر (ف) دشوار۔ دوبھر۔ ناگوارِ طبع۔ تکلیف دینے والا۔ دل کا رنج۔
بارِ خدائے (ف/مذ) اللہ تعالیٰ۔ خدائے بزرگ۔ بارالٰہ۔
بارد (ع) ٹھنڈا۔ خنک۔ سرد۔
باروَر (ف) پھل دار۔ پھلا ہوا۔ حاملہ۔ عورت۔ پیٹ والی عورت۔
باردانہ (ف/مذ) کسی چیز کے رکھنے کا برتن۔ تھیلا۔ خورجی وغیرہ۔ اسباب کے رکھنے کا سامان۔ سوداگری اسباب۔ فوجی رسد وغیرہ کا سامان۔ باورچی خانے کا اسباب۔
باردین (ف/مذ) ایک شہر۔
بار (انگریزی/مذ) بیرسٹروں اور وکیلوں کا کمرہ۔
بارِش (ف/مث) مینہ۔ برکھا۔ باران۔
بارِز (ع) ظاہر۔
بارِ عام (ف/مذ) اجازتِ عام۔ عام اجلاس۔
بارِ غم (ف/مذ) غم کا بوجھ۔
بارک اللہ (ع) خدا تجھے برکت دے۔ آفرین۔ شاباش۔ کیا کہنے۔
بارکش (ف) بوجھ اُٹھانے والا۔ لدّو جانور۔ گاڑی چھکڑا وغیرہ۔ بوجھ ڈھونے کے جانور اور سامان۔
بارک ماسٹر (ا/انگریزی/مذ) فوج کے مکانات کا محافظ۔
بارگاہ (ف/مث) مقام۔ دربار۔ کچہری۔ عدالت۔ اجلاس کا کمرہ۔
بارگیر (ف/مذ) وہ سوار جس کے پاس اپنا گھوڑا نہ ہو۔ لدّو جانور۔ اونٹ۔ گھوڑا وغیرہ۔
بارگیر کلام (ف/مذ) تکیہ کلام۔ وہ لفظ جو زبان سے بار بار بے ساختہ نکل جاتا ہے۔

بار ملنا (ا/محاورہ) رسائی ہونا۔ اجازت ملنا۔
بارُو (ہ) باُوریت۔
باردد یا بارُوت (ہ/مث) بندوقوں۔ توپوں وغیرہ میں چھوڑنے کا مرکب۔ جو گندھک۔ شورے اور کوئلے سے بنایا جاتا ہے۔
بارہ (ہ) دس اور دو۔ دوازدہ۔ ۱۲۔ 12 (ف) نوبت۔ دفعہ۔ وقت۔
بارہ (ف/مذ) حصار۔ قلعہ۔ دیوارِ قلعہ۔
بارہا (ف) کئی بار۔ بہت دفعہ۔ اکثر۔ بدفعات۔
بارہ امام (ا/مذ) شیعوں کے بارہ پیشوایانِ دین جن کے نام یہ ہیں:۔ (۱) حضرت علیؓ (۲) حضرت امام حسنؓ (۳) امام حسینؓ (۴) امام زین العابدینؒ (۵) امام باقرؒ (۶) امام جعفر صادقؒ (۷) امام موسیٰ کاظمؒ (۸) امام علی رضاؒ (۹) امام محمد تقیؒ (۱۰) امام محمد نقیؒ (۱۱) امام حسن عسکریؒ (۱۲) امام مہدیؒ۔
بارہ باٹ (ہ) بارہ رستے (مجازاً) منتشر۔ جُدا جُدا۔ الگ الگ۔ تتر بتر۔ آوارہ۔ حیران۔ پریشان۔ ضائع۔ بے کار۔ مختلف الرائے۔ برباد۔ ویران۔ غارت شدہ۔

بارہ بانی } (ہ) پورا کامل۔ ماہر۔ بے نقص۔ بے عیب۔ چالاک۔
بارہ بانی کا } کھرا۔ صحیح وسالم۔ تجربہ کار۔ تندرست۔ پیدائشی۔ بے روگ۔

بارہ بچے والی } (ہ/مث) کثیر الاولاد (مجازاً) سؤرنی۔ عورتیں حقارت سے کہتی ہیں۔

بارہ برس پیچھے گھوڑے کے بھی دن پھرتے ہیں } (ہ) مثل ہے۔ تنگی اور غریبی ہمیشہ نہیں رہتی۔
بارہ برس پیچھے گھوڑے کی بھی سنی جاتی ہے } مفلسی کے بعد فراخی ضرور ہوتی ہے۔

بارہ برس دلّی میں رہے مگر بھاڑ ہی جھونکا کیے (ا/مثل) مذکور ہی۔ کم قابل آدمیوں کی صحبت میں رہے۔ مگر آخر رہے نالائق ہی۔
بارہ پتھر (ہ/مذ) چھاؤنی کی وہ حد جو بارہ ستونوں سے گھیر دی جاتی ہے۔ چھاؤنی کی حد۔
بارہ پتھر باہر کرنا (ہ) چھاؤنی کی حدود سے باہر نکال دینا۔ (مجازاً) شہر بدر کرنا۔ خارج البلد کرنا۔ جلا وطن کر دینا۔
بارہ دری (ا/مث) بارہ دروازوں والا مکان جو عام طور پر باغ میں یا نہر یا دریا کے کنارے سیر و تفریح کے لیے بناتے ہیں (مجازاً) ہوادار مکان۔
بارہ سنگا (ہ/مذ) ایک قسم کا پہاڑی ہرن جس کے سینگ شاخ در شاخ ہوتے ہیں۔
بارہ ماسہ (ہ/مذ) وہ نظم جس میں مہجور کی طرف سے ہندی بارہ مہینوں کی مصیبتوں اور تکلیفوں کا ذکر ہو۔
بارہ مہینے (ہ) تمام سال۔ ہمیشہ۔ نت۔ سدا۔ مدام۔ دائم۔
بارہ وفات (ا/مذ) ربیع الاوّل کا مہینہ جس میں حضرت رسول کریمؐ نے وفات پائی۔
بارِی (ع/مذ) خاک سے پیدا کرنے والا۔ خالق۔ اُگلنے والا۔

باری (ا/مث) نمبر۔ نوبت۔ موقع۔ وقت۔ پہرہ۔ چوکی۔ دفعہ۔ (پنجابی کھڑکی)

بارے (ف) یکایک۔ دفعتہً۔ الغرض۔ آخرکار۔ آخرالامر۔

باریاب (ف) اجازت پانے والا۔ دربار اور کچہری میں آنے جانے والا۔

باری باری (ا) نوبت بہ نوبت۔ متواتر۔ گھڑی گھڑی۔ اپنی اپنی بار۔

باری بھرنا (ا/محاورہ) اپنے وقت پر پہرہ چوکی دینا۔

باری تعالیٰ (ع/مذ) خدائے بزرگ۔ اللہ تعالیٰ۔ خالقِ اکبر۔

باری دار (ف/مذ) چوکی والا۔ محافظ۔ چوکیدار۔ باری پر پہرہ دینے والا۔

باری دارنی (ا/صف) وہ عورت جو محلات میں پہرے چوکی کا کام کرتی ہے۔

باریک (ف) پتلا۔ مہین۔ ہلکا۔ مشکل۔ دقیق۔ جیسے باریک مسئلہ۔ خفیف۔ ادنیٰ۔ جیسے باریک فرق۔ نہایت چھوٹا۔

باریک بات (ف/مث) نازک بات۔ نکتہ۔

باریک بین (ف) تیز فہم۔ رمز شناس۔ واقف کار۔ دقیقہ رس۔ بات کی تہہ کو پہنچنے والا۔

باریک خیال (ف/مذ) نازک خیال۔

باریک کام (ا/مذ) دیدہ ریزی کا کام (کتابت۔ نقاشی۔ مصوری وغیرہ) نازک کام۔

باریکہ (ا/مذ) باریک بال کا بنا ہوا قلم۔ مُوقلم۔

باریکی (ا/مث) نکتہ۔ دقیقہ۔ پتلاپن۔ نزاکت۔ مہین پن۔

باریکیاں نکالنا۔ یا چھانٹنا (ا) نکتہ چینی کرنا۔ خوبیاں چھانٹنا۔ اچھا بیان کرنا۔

باری کی تپ (ا/مث) ایک دن یا کم و بیش وقفہ دے کر چڑھنے والا بخار۔

باڑ (ہ/مث) دھار۔ دمِ شمشیر۔ کنارا۔ کور۔ درختوں کی قطار۔ سپاہیوں کی صف۔ کانٹوں یا جھاڑی کی احاطہ بندی۔ کئی بندوقوں یا توپوں کا ایک دم چھوٹنا۔ دریا کا چڑھاؤ۔ طغیانی۔ قد کی لمبائی۔ اُٹھان۔ نمو۔ بالیدگی۔ محافظ۔ چوکیدار۔ جوش۔

باڑا (ہ/مذ) احاطہ۔ چار دیواری۔ جنگل۔ میدان۔ قبرستان۔ کھیرا۔ دان۔ خیرات وغیرہ جو شادی کے موقع پر فقیروں کو دیتے ہیں۔

باڑ اڑانا
باڑ جھاڑنا
باڑ چھوڑنا
باڑ مارنا
(ہ) ایک ساتھ بہت سی توپیں یا بندوقیں داغنا۔ بندوقوں یا توپوں کو مسلسل چھوڑنا۔ قطار باندھ کر ایک دم فائر کرنا۔

باڑ باندھنا (ہ) کانٹوں یا جھاڑیوں سے احاطہ گھیرنا۔ کسی جگہ کو محفوظ کرنا۔

باڑ پر چڑھانا (ہ) سان پر رکھنا۔ دھار تیز کرنا۔ دم میں لانا۔ آمادہ کرنا۔ اُکسانا۔

باڑھ (ہ/مذ) دیکھو باڑ۔

باڑھے پر (ہ) نفع پر۔ زیادہ بھاؤ پر۔

باڑ کا ڈورا (ہ/مذ) خطِ شمشیر۔ وہ خفیف سا نشان جو تلوار کی دھار سے پڑ جائے۔

باڑھ کر جانا (ا/محاورہ) چھری۔ تلوار۔ چاقو یا کسی اور دھار والے آلے میں دندانے پڑ جانا۔

باڑی (ہ/مث) رہنے کی جگہ۔ مسکن۔ باغیچہ۔ چھوٹا چمن۔ پائیں باغ۔ کپاس کا درخت۔

باڑیا (ہ/مذ) دھار تیز کرنے والا۔ سان پر رکھنے والا۔ صیقل گر۔

باز (ع/مذ) ایک شکاری پرندہ۔

باز (ف) باختن کا امر۔ اسم کے آخر میں آکر اسم فاعل ترکیبی کا فائدہ دیتا ہے۔ پھر۔ بار دیگر۔ پرہیز۔ اجتناب۔ اعادہ۔ واپس۔

باز آنا (ا) لوٹنا۔ پلٹنا۔ ہٹ جانا۔ واپس آنا۔ ہاتھ اُٹھانا۔ چھوڑنا۔ توبہ کرنا۔ انکار کرنا۔

بازار (ف/مذ) (مرکب از آبا۔ سامانِ خوراک اور زار۔ جگہ) سامانِ خوراک کی جگہ۔ ہاٹ۔ منڈی۔ دُکانوں کی قطار۔ نرخ۔ بھاؤ۔ ساکھ۔ اعتبار۔ بکری۔

بازار بٹا (ا/مذ) کٹوتی۔ منہائی۔ ڈسکونٹ۔ کمیشن۔

بازار بنانا (ا/محاورہ) مسلسل دُکانیں بنانا۔

بازار بند ہونا (ا) دُکانیں نہ کھلنا۔ ہڑتال ہونا۔ دُکانوں کا بند ہوجانا۔

بازار تیز ہونا (ا/محاورہ) نرخ بڑھ جانا۔

بازار خرچ ہونا (ا/مذ) جیب خرچ۔ روزمرہ کا ذاتی خرچ۔

بازار دکھانا (ا) (بازاری) کسی چیز کو فروخت کے لیے بازار لے جانا۔

بازار سرد ہونا (ا) کساد بازاری۔ بے رونقی۔ رونق نہ ہونا۔ بازار میں چیزوں کے لین دین کی کمی۔ بکری نہ ہونا۔

بازار کا بھاؤ (ا/مذ) بازار کا نرخ۔ عام بھاؤ۔ ٹھیک قیمت۔ اصلی قیمت۔ کھلا نرخ۔

بازار کا چلن (ا/مذ) بازار کا دستور یا برتاؤ۔ بازار کا رواج یا طریقہ۔

بازار کی مٹھائی (ا/مث) ہر ایک کے استعمال کی چیز آسانی سے مل جانے والی چیز۔

بازار گرم ہونا (ا) خوب رونق ہونا۔ لین دین اچھی طرح سے ہونا۔ کسی چیز کا زوروں پر ہونا۔ غلبہ ہونا۔ جیسے بیماری کا بازار گرم ہے۔

بازار لگانا (ا) دُکانیں کھولنا۔ چیزوں کا پھیلانا۔ بھیڑ کرنا۔ ہجوم کرنا۔ انبوہ کرنا۔

بازار مندا ہونا (ا) چیزوں کی قیمت کم ہوجانا۔ بکری کم ہوجانا۔ مندا بازاری۔

بازار ناپنا } (ا) آوارہ گردی کرنا - فضول پھرنا - بازار میں ادھر اُدھر
بازار ناپتے پھرنا } چکر لگانا - خالی یونہی پھرنا -

بازارُو (و) قابلِ فروخت چیز - بیلا ؤچیز - ہلکی - نکمّی - صرف دکھاوے کی چیز - ناقابلِ استعمال - ظاہر میں آراستہ پیراستہ - درحقیقت خراب چیز -

بازاری (ف) بازار سے نسبت رکھنے والا - عام معمولی - مروجہ - بازار کے بیٹھنے والے - اوباش - شہدے - غیر معتبر -

بازاری آدمی (ا/مذ) عام شخص - اوباش -

بازاری آدمی کا کیا اعتبار (ا/مقولہ) بازاری آدمی قابلِ اعتبار نہیں ہوتا -

بازاری بات (ا/مث) گپ - بے ہودہ بات - لغو کلام - افواہ - اُڑائی -

بازاری عورت (ا/مث) کسبی - جسوا - کنچنی -

بازپرس (ف/مث) پوچھ گچھ - محاسبہ - جواب طلبی - جواب طلبی - جواب دہی - تحقیقات -

بازخواہ (ف) جواب طلبی کرنے والا - تحقیقات کرنے والا - محاسب -

بازگشت (ف/مث) واپسی - مراجعت - لوٹ آنا -

بازو (ف/مذ) کاندھے سے کہنی تک کا حصہ - پرندوں کا وہ حصہ جس میں اُڑنے کے پَر لگے ہوتے ہیں - پہلو - اطراف - فوج کا دایاں یا بایاں پہلو - ثانی - جواب - سگا بھائی - دوست - مددگار - مرثیہ خوانوں کا جوڑی دار -

بازوبند (ف/مذ) عورتوں کے پہننے کا ایک زیور - جسے وہ بانہہ پر باندھتی ہیں -

بازو پھڑکنا (ا) بازو کے گوشت کا خود بخود بلاارادہ ہلنا - اس سے لوگ شگون لیتے ہیں -

بازی (ف/مذ) کھیل - تماشہ - فریب - دھوکا - شرط کا روپیہ - شرط - کبوتر کی پلٹیاں - داؤ - ہودک - غلبہ - جیت -

بازی اُٹھنا (ا/محاورہ) کھیل ختم ہونا -

بازی بدنا (ا) شرط لگانا - داؤ لگانا -

بازی جیتنا (ا) شرط جیتنا - فتح پانا - بامراد ہونا - کامیاب ہونا -

بازی دینا } (ا) ہار دینا - مات کرنا - نٹوں کا قلا کرنا - ہارنا -
بازی کرنا } کبوتروں کا پلٹیاں کھانا -
بازی کھانا }

بازی لگانا (ا) شرط بدنا - شرط باندھنا - شرط مقرر کرنا -

بازی لے جانا (ا) بازی جیت لینا - بڑھ جانا - سبقت لے جانا - غالب آنا - فتح مند ہونا -

بازی ہارنا (ا) شرط ہارنا - مات کھانا - مغلوب ہونا - شکست کھانا -

بازیچۂ اطفال (ا/محاورہ) بچوں کا کھیل - غیر اہم بات -

بازیچہ (ف/مذ) کھیل - تماشہ - کھلونا - کھیل کی جگہ - تماشہ گاہ -

بازی گر (ف/مذ) تماشہ کرنے والا - مداری - بھان متی - نٹ - قلا کرنے والا - شعبدہ باز -

باس (ہ/مث) بُو - مہک - خوشبو - بدبُو - سڑاند - قیام - بستی - آبادی -

باسا کرنا (ہ) بسیرا کرنا - ٹھہرنا - شب باش ہونا - بسنا - قیام کرنا - آباد کرنا -

باسک (ہ/مذ) وہ سانپ جس پر پُرانے لوگوں کے خیال میں زمین قائم ہے - سانپوں کا بادشاہ - سب ناگوں کا سردار -

باسگونہ (ف) اُلٹا - واژگوں -

باسل (ع) دلیر - شجاع -

باسلیق (یونانی/مث) بازو کی وہ بڑی رگ جو دل اور جگر میں سے ہو کر آتی ہے - یہ رگ اگر کٹ جائے تو آدمی مرجاتا ہے -

باسمتی (ہ/مذ) ایک قسم کا عمدہ اور خوشبودار چاول -

باسن (ہ/مذ) برتن - بھانڈا - ظرف -

باسنا (ہ/مذ) خوشبُو - مہک - بُو (بحالتِ فعل) خوشبُو میں بسانا - معطر کرنا -

باسی (ہ) رات کا بچا ہوا کھانا وغیرہ - وہ چیز جس پر رات گزر چکے - مُرجھایا ہوا - آباد ہونے والا - رہنے والا باشندہ - ساکن -

باسی پھولوں میں باس نہیں پردیسی بلم تیری آس نہیں (ا/مثل) جس طرح باسی پھولوں میں خوشبو نہیں - اسی طرح پردیس والے خاوند سے محبت کے نباہ کی اُمید نہیں -

باسی تباسی (ہ/صف) دو تین روز کا بچا ہوا کھانا -

باسی دانتوں (ہ) نہار مُنہ - علی الصّباح - مُنہ ہاتھ دھونے سے پہلے -

باسی عید [illegible] عید سے [illegible] - [illegible] اگلا روز -

باسی کڑاہی میں اُبال آنا (ہ/مثل) بے وقت جوش آنا - وقت کے بعد جوش آنا - وقت گزرنے پر کسی کام کے کرنے کا ولولہ پیدا ہونا -

باسی کھانا (ا/مذ) رات کا بچا ہوا کھانا -

باسی مُنہ (ہ/مذ) نہار مُنہ - ناشتہ نہ کھایا ہوا مُنہ - بن دھویا مُنہ -

باسی ہونا (ا/محاورہ) تازہ نہ ہونا -

باش (ف) ٹھہر - رہ -

باشی (ت/مذ) سردار -

باشندہ (ف) رہنے والا - بسنے والا - ساکن -

باشوق (ف) شوق والا - شوقین - چاہنے والا (بصورت تابع فعل) برضا و رغبت - خوشی اور شوق کے ساتھ -

باشہ (ف/مذ) ایک شکاری پرندہ -

باصرہ (ع/مث) بینائی -

باضابطہ (ف) دستور کے ساتھ۔ قانون کے مطابق۔ باقاعدہ اور حسبِ منشا۔
باطل (ع) جھوٹا۔ خراب۔ کھوٹا۔ ردّی۔ غلط۔ بے بنیاد۔ لغو۔ بے ہودہ۔ بے فائدہ۔ بے کار۔ نکما۔
باطل کرنا (ف) رد کرنا۔ منسوخ کرنا۔ نکمّا بتانا۔ جھٹلانا۔ غلط ٹھہرانا۔
باطن (ع/مذ) اندرون۔ دل۔ پوشیدہ۔ اندرونی حصّہ۔ قلب۔
باعث (ع/مذ) سبب۔ کارن۔ علّت۔ موجب۔ مؤجد۔ اصل۔ حقیقت۔ بنیاد۔
باغ (ف/مذ) پھلواڑی۔ گلزار۔ چمن۔ بہت سے درختوں کا جھنڈ۔
باغ باڑی (ا/مث) (ہندو) پھلواڑی۔ آل اولاد۔ بال بچّے۔
باغ باغ ہونا (ف) بہت خوش ہونا۔ کھلنا۔ ہنسنا۔ پھولے نہ سمانا۔
باغ سبز دکھانا (ف) دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ مکّاری کرنا۔ مکر کھیلنا۔
باغبان (ف/مذ) مالی۔ باغ کا محافظ۔ پھلواڑی لگانے والا۔
باغی (ع) بغاوت کرنے والا۔ سرکش۔ پھرا ہوا۔ حاکم کا حکم نہ ماننے والا۔ نافرمان۔ منکر۔ منحرف۔ برگشتہ۔
باغی (ف) باغ کا بویا ہوا۔ باغ کا لگا ہوا۔ جنگلی کے خلاف۔ جیسے باغی بیر۔
باغیچہ (مذ) (عوام) دیکھو باغیچہ۔
بافتہ (ف/مذ) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
بافندگی (ف/مث) بنائی کا کام۔ جولاہے کا پیشہ۔
بافندہ (ف/مذ) بُننے والا جولاہا۔
باقاعدہ (ف) قاعدے کے موافق۔ دستور کے مطابق۔ ٹھیک۔ درست۔ صحیح۔
باقر (ع) عالم۔ مالدار۔ رئیس۔ شیر۔ درندہ۔
باقرخانی (ف/مذ) ایک قسم کی روغنی روٹی جو شکر دودھ اور میدہ ملا کر تنور میں پکائی جاتی ہے۔
باقل (ع/مذ) ترکاری بیچنے والا۔ ایک احمق کا نام۔
باقلا (ع/مذ) ایک قسم کی سبزی جس کی پھلیاں پکاتے ہیں۔
باقی (ع/مث) بچی کھچی چیز۔ بچت۔ بقیّہ۔ بقایا زر مال گزاری جو ادا نہ ہوا ہو (صفت کی حالت میں) پائندہ۔ فنا نہ ہونے والا۔ قائم۔ زندہ۔ موجود۔ واجب الادا قرض۔ قرضہ۔ خدائے تعالےٰ کا ایک وصفی نام۔
باقی دار (ف) مقروض۔ دیندار۔ وہ شخص جس کے ذمّے قرضہ ہو۔
باقی نام اللہ کا (ا/مثل) خدا کے سوا سب کو موت ہے۔ ہمیشہ زندہ رہنے والی صرف خدا کی ذات ہے اور بس۔

باک (ف/مذ) خوف۔ ڈر۔ اندیشہ۔ فکر۔ خطرہ۔ دہشت۔
باکرہ (ع/مث) دوشیزہ۔ کنواری۔
باکلی (ہ/مث) (گنوار) اُبلا ہوا اناج۔ گھنگھنی۔
باکورہ (ع/مذ) درخت کا پہلا پھل۔
باکھ (ہ/مذ) گائے وغیرہ کے تھنوں کا اُوپر کا حصّہ۔ کھیری۔ ہوانا۔ لیوا۔
باکھڑی یا باکھلی (ہ/مث) پانچ مہینے دودھ دے کر رُک جانے والی گائے یا بھینس۔
باکھل (ہ/مذ) باڑا۔ بگڑ۔ احاطہ۔ چند گھروں کا محلّہ۔ چند مکانات کی بستی۔
باگ (ہ/مث) عنان۔ زمام۔ راس۔ لگام کی ڈور جو سوار کے ہاتھ میں رہتی ہے۔
باگا (ہ/مذ) (ہندو) دُولہا کا جوڑا۔ پوشاک۔ نوشہ کا خلعت۔ فاخرہ لباس جو نوشہ کو پہنایا جاتا ہے۔
باگ اُٹھانا / باگ لینا (ہ) گھوڑا دوڑانا۔ چلنا۔ روانہ ہونا۔
باگ چھوڑ دینا (ا/محاورہ) گھوڑے کو اس کی مرضی پر چلنے دینا۔ آزاد کر دینا۔ نگرانی ترک کر دینا۔
باگ ڈور (ہ/مث) وہ رسّی جو لگام میں سائیس اپنے ہاتھ میں رکھتا ہے۔ کوتل گھوڑے کی لگام میں باندھنے کی رسّی۔
باگ ڈھیلی کرنا / باگ ڈھیلی چھوڑنا گھوڑے کو اُس کی مرضی کے موافق دوڑنے دینا۔ خوب دوڑانا۔ کسی غلطی سے چشم پوشی کرنا۔ پروا نہ کرنا۔ توجہ نہ کرنا۔ مختار کر دینا۔
باگ روکنا / باگ کھینچنا (ہ) گھوڑے کو ٹھہرانا۔ گھوڑا ٹھہرانے کے لیے لگام کھینچنا۔ تنبیہ کرنا۔
باگ کا ہاتھ سے چھوٹنا۔ یا۔ باگ کا ہاتھ سے نکل جانا (ہ) موقع کا ہاتھ سے جاتے رہنا۔ بے قابو ہو جانا۔ اختیار نہ رہنا۔ کسی چیز کا اختیار سے باہر ہو جانا۔ چلے جانا۔
باگھ (ہ/مذ) شیر۔ سنگھ۔ اسد۔ چیتا۔ پلنگ۔ (مجازاً) غضبناک۔ خونخوار۔ بہادر۔
بال (انگریزی/مذ) ایک قسم کا انگریزی ناچ۔ رقص۔ گیند۔
بال (ہ/مث) گیہوں۔ جوار۔ باجرہ۔ باجرے کا خوشہ۔ بھٹا۔ سنبلہ۔
بال (ہ/مذ) کمسن بچّہ۔ چھوٹی عمر کا لڑکا یا لڑکی۔
بال اکھاڑنا (ا/محاورہ) جسم کے بال نوچنا۔
بال اُگنا (ا/محاورہ) بال پیدا ہونا۔
بالاجاق (ت/مذ) حاکم۔ غالب۔
بالا و نشیب (ف) آسمان اور زمین۔
بال بچوں والی (ہ/مث) اولاد والی۔ صاحبِ اولاد (مجازاً) بینلا۔
بال بچّے (ہ/مذ) لڑکے۔ بالے۔ جورو بچّے۔ کنبہ قبیلہ۔ خاندان۔

بال گوپال (ہ/مذ) بال بچے ۔ لڑکے بالے ۔ چھیلے چانٹے ۔ ٹرید ۔
بال ہٹ (ہ/مث) بچوں کی ضد ۔ اَڑ ۔
بال (ہ/مذ) مُوئے ۔ رُواں ۔ پشم ۔ کیس ۔ باریک شگاف ۔ مصری کا دھاگا چینی شیشے وغیرہ کے ٹوٹنے کی لکیر ۔
بال اُترنا (ہ) بالوں کا خود بخود گر جانا ۔ مُونڈن ہونا ۔ مُوتراشی ہونا ۔
بال آنا (ہ) بال اُگنا ۔ بال پیدا ہونا ۔ دراڑ آنا ۔ شگاف پڑنا ۔ چینی وغیرہ ٹوٹ جانے کی لکیر ۔ خط پڑ جانا ۔
بال بال (ہ) ہر بال ۔ ذرا ذرا ۔ بالکل ۔ سرتاپا ۔ مُوبمُو ۔ جزو کل ۔
بال بال بچنا (ہ) صاف بچ جانا ۔ ذرا بھی تکلیف نہ پہنچنا ۔ بہت قریب سے بچنا ۔
بال بال دشمن ہونا (ر) دُشمنی کے مبالغے کے وقت کہتے ہیں ۔ یعنی سب اپنے بیگانے دشمن ہیں ۔ یہاں تک کہ مُوئے بدن بھی دشمنی سے تکلیف پہنچاتے ہیں ۔
بال بال گج موتی پرونا (ہ) خوب آراستہ ہونا ۔ نہایت سنگار کرنا ۔ خوب بنا ٹھنا ۔
بال بال گنہگار ہے (ر) ہر شخص سرتا سر گنہگار ہے ۔ نہایت گنہگار ہے ۔
بال بال میں موتی ہونا (ار/محاورہ) سر سے پاؤں تک آراستہ ہونا ۔ انتہائی آراستگی ۔
بال باندھا (ہ) تابع فرمان ۔ مطیع ۔ ٹھیک ۔ سچ ۔ مجرب ۔ تیر بہدف ۔ غلاموں کی طرح ۔
بال باندھا نشانہ اُڑانا }
بال باندھی کوڑی اُڑانا } (ر) نہایت قادر انداز ہونا ۔ بے خطا نشانہ مارنا ۔ بے چوک نشانہ لگانا ۔
بال برابر (ر) ذرا بھر ۔ نہایت باریک ۔ ذرا ذرا سا ۔ یُونہی سا فرق ۔
بال بکھرنا (ہ) بالوں کا پریشان ہونا ۔ پریشانی کی حالت ظاہر ہونا ۔
بال بکھیرنا (ہ) ماتم کرنا ۔ بال پریشان کرنا ۔ غم و رنج کی علامتیں ظاہر ہونا ۔
بال بنانا (ہ) چوٹی گوندھنا ۔ بالوں کو پیچ دار اور گھنگریالے بنانا ۔ حجامت بنانا ۔ خط بنانا ۔
بال بیکا نہ ہونا (ہ) تکلیف نہ پہنچنا ۔ بال تک ٹیڑھا نہ ہونا ۔ آنچ نہ آنا ۔ ذرا بھی صدمہ نہ پہنچنا ۔ بُرا اثر نہ ہونا ۔
بال پکنا (ہ) خوشہ یا پھل کا پختہ ہونا ۔ بال سفید ہونا ۔ بڑھاپا آنا ۔
بال توڑ (ہ/مذ) ایک قسم کا پھوڑا جو ران یا بازو پر بال ٹوٹنے سے پیدا ہو جاتا ہے ۔
بال جمنا (ار/محاورہ) بال پیدا ہونا ۔
بال جنجال بال سنگھار (ار/مثل) بال باعث تکلیف بھی ہوتے ہیں اور انسانی خوبصورتی بھی ہیں ۔
بال جھڑنا (ہ) دماغ کی ناطاقتی یا کنگھی کرنے سے بالوں کا گرنا ۔ سخت بیماری سے تندرست ہو جانے کے بعد بالوں کا اُتر جانا ۔
بال چُننا (ہ) موچنے سے سفید بال اُکھاڑنا ۔ موچنے سے خط بنانا ۔

بال جھڑنا (ہ) بال بکھرنا ۔
بالچھڑ (ہ/مذ) ایک نہایت خوشبودار دوا ۔ سنبل الطیب ۔
بال خورا (ہ/مذ) ایک مرض جس سے بال بالکل گر جاتے ہیں ۔
بال دینا (ہ) کربلا کرنے کے لیے بال منڈوانا ۔ نذر کرانا ۔ مسلمان عورتوں کا سب کے بالوں سے تعزیے کو ہوا دینا ۔ اور ماتم کرنا ۔
بال رکھنا (ہ) بالوں کی منت ماننا ۔ بالوں کو بڑھنے نہ دینا ۔ بالوں کو لمبا کرنا ۔
بال سفید ہونا (ہ) بڑھاپا آنا ۔
بال سلجھانا (ہ) اُلجھے ہوئے بالوں کو سیدھا کرنا ۔ بالوں میں کنگھی کرنا ۔
بال سے باریک ہونا (ہ) نہایت باریک ہونا ۔ بہت دُبلا پتلا ہونا ۔
بال کا کمل بنانا }
بال کی بھیڑ بنانا } (ر) بات کو مبالغے کے ساتھ بڑھا کر کہنا ۔ بات کا بتنگڑ بنانا ۔ رائی کا پربت بنانا ۔ بات کو بڑا کر کے دکھانا ۔
بال کُشا (ف ۔ صف) اُڑنے کے لیے پر کھولنے والا ۔
بال کمانی (ار/مث) گھڑی کے اندر کی باریک کمانی جو گھڑی کو چلاتی ہے ۔ سپرنگ ۔
بال کھچڑی ہونا (ار/محاورہ) بال سفید ہونا ۔
بال کھڑے ہونا (ہ) خوف یا ڈر معلوم ہونا ۔ بخار سے یا معمول طور پر سردی لگنے سے بدن کے بال یا رُونگٹے اُوپر اُٹھ جانا ۔
بال کھولنا (ہ) نوحہ یا ماتم کے لیے عورتوں کا سر کے بال بکھیرنا ۔
بال کی کھال کھینچنا }
بال کی کھال نکالنا }
بال کی کھال اُتارنا } (ر) نکتہ چینی کرنا ۔ باریکیاں نکالنا ۔ موشگافیاں کرنا ۔ نقص ڈھونڈنا ۔ عیب ظاہر کرنا ۔
بال لینا (ر) اُسترہ دینا ۔ پاک کرنا ۔
بال (ف) پرندے کے بازو کا پچھلا حصہ جس میں شہپر ہوتے ہیں جن کے زور سے وہ پرواز کرتا ہے ۔
بال و پر نکالنا (ر) اُڑان بھرنا ۔ اُڑنے لگنا ۔ پرواز کرنا ۔ شرارت کرنا چالاکی کرنا ۔ بدمعاشیاں کرنا ۔ مخالفت اور مقابلہ کرنا ۔ دشمنی سے پیش آنا ۔ اُلٹے کام کرنا ۔ رشوت وغیرہ سے خوب ہاتھ رنگنا ۔ نو دولت ہونا ۔
بالا (ہ/مذ) کان میں پہننے کا زیور ۔ چھوٹی عمر کا بچہ ۔ سولہ برس کا بالک ۔ خواہ لڑکا ہو یا لڑکی ۔ گیہوں یا جَو کا مٹھی بھر کا پیڑ ۔
بالا (ہ) بچوں کا سا ۔ نو ۔ نیا ۔ جیسے بالا جوبن یعنی اُٹھتی جوانی ۔ نادان ۔ کم عمر ۔
بالا (ف) اُوپر ۔ بلند ۔ اُونچا ۔ آگے ۔ لمبا ۔ فائق ۔
بالا بالا (ف) اُوپر ہی اُوپر ۔ پوشیدہ طور پر ۔ بے اطلاع ۔ الگ ہی الگ ۔
بالا بتانا (ر) بہانہ کرنا ۔ ٹالنا ۔ حیلے حوالے کرنا ۔ اُوپر ہی اُوپر ٹال دینا ۔

بالابر (ا / مذ) انگرکھے یا کوٹ کا وہ حصہ جو بیش کی حد سے بڑھا ہوا ہوتا ہے۔ اچکن کا اگلا پردہ۔ ایک خاص قسم کا اگلا پردہ۔ ایک خاص قسم کا انگرکھا بھی ہوتا ہے۔
بالابند (ف / مذ) سرپیچ۔ بنا۔ وہ گوشوارہ جو پگڑی کے اوپر باندھ لیتے ہیں۔
بالابھولا (ہ) طفل معصوم۔ سیدھا سادہ۔ فن فریب سے ناواقف۔ بے ریا۔
بالاپوش (ف / مذ) غلاف۔ پلنگ پوش۔ برقع۔ اوورکوٹ۔
بالاتر (ف / صف) زیادہ اونچا۔ زیادہ مرتبے والا۔
بالاتفاق (ع) سب کی صلاح سے۔ سب کی رضامندی سے۔ سب کی مرضی سے۔
بالاجمال (ع) مختصر طور پر۔ مجملاً۔ خلاصے کے طور پر۔
بالاجوبن (ف / مذ) اُٹھتی جوانی۔
بالاخانہ (ف / مذ) چوبارہ۔ اُوپر کا کمرہ۔ اٹاری۔
بالادست (ف) اُوپر کا۔ اعلیٰ۔ زبردست۔ افسر۔ حاکم۔ عمدہ۔ نہایت نفیس۔
بالارٹ۔ وکٹوریہ آسٹریلیا میں ہے۔ سطح بحر سے ۱۴۳۲ فٹ بلند۔ یہاں سے سونا نکالا جاتا ہے۔
بالارادہ (ع) اپنے ارادے سے۔ جان بوجھ کر۔ عمداً۔ قصداً۔
بالانشین (ف) صدر مجلس۔ میر مجلس۔ صدر نشین۔ اونچا بیٹھنے والا۔ عمدہ۔ امیرانہ۔ معزز۔ حیثیت والا۔
بالاولپست (ف / صف) اُونچ نیچ۔ نشیب و فراز۔

بالائی (ف / مث) اُوپر کا حصہ۔ بلندی۔ اونچائی۔ دودھ کے اُوپر کی ملائی۔
بالائی باتیں (ا / مث) فضول باتیں۔
بالائی مزے (ا / مذ) پوشیدہ۔ لطف۔ چوری چھپے کے مزے۔ اوپری عیش۔
بالائے طاق (ا / مذ) دُور۔ دفع۔ الگ۔ ایک طرف۔ بھول۔ خیال نہ ہونا۔ علیحدہ۔
بالتخصیص (ع) خصوصاً۔ خاص کر۔ خاص طور پر۔
بالتصریح (ع) صاف صاف۔ وضاحت سے۔ صاف۔ کھول کر۔
بالتفصیل (ع) تفصیل کے ساتھ۔ کھول کر۔ الگ الگ تفصیل وار۔
بالٹی (ہ / مث) ٹین کا ڈول۔ ڈولچی۔ باٹی۔
بالجملہ (ع) حاصل کلام۔
بالسٹ ٹرین (انگریزی / مث) سامان ڈھونڈنے والی ریل گاڑی۔ گنجی گاڑی۔
بالش (ف / مذ) تکیہ۔ سوتے یا لیٹتے وقت سر کے نیچے رکھنے کا کپڑا۔
بالشت (ا / مذ) وجب۔ اگر اُنگلیاں اچھی طرح تان کر کھول لی جائیں تو چھنگلیا کی نوک سے انگوٹھے کی نوک تک کا فاصلہ۔ ۱۲ اُنگل کا پیمانہ۔ گز کا چوتھا حصہ۔

بالشتیا (ا / مذ) بالشت بھر قد کا آدمی۔ وہ شخص جس کے قد کی لمبائی ایک بالشت ہو۔ مجازاً پست قد۔ بونا۔
بالضرور۔ یا۔ **بالضرورت** (ع) ضرور ہی۔ بلاشبہ۔ قطعی۔ ضروری البتہ۔
بالعکس (ع) خلاف۔ اُلٹا۔ برعکس۔
بالغ (ع / مذ) پہنچ جانے والا۔ پورا جوان۔ اٹھارہ سال سے زیادہ عمر کا۔ ہوشیار۔ تجربہ کار۔ رسا۔
بالغ نظر (ع) پوری نگاہ والا۔ حقیقت بین۔ گہری نظر والا۔ تاڑ جانے والا۔
بالغہ (ع / مث) پوری عورت۔ جوان عورت۔
بالفرض (ع) فرض کے طور پر۔ مان لیا۔ تسلیم کیا۔ مان کر۔
بالفعل (ع) سردست۔ اس وقت۔ اب۔ فی الحال۔
بالقوہ (ع) ازروئے ارادہ۔ قوت میں (طب) دراصل۔ درحقیقت۔
بالک (ہ / مذ) چھوٹی عمر کا بچہ۔ شیرخوار۔ بالا۔ بابا۔ ننھا بچہ۔
بالکا (ہ / مذ) بچہ۔ شاگرد۔ جوگیوں یا جنہ فقیروں کا چیلا۔ مُرید۔
بالک پن (ہ / مذ) بچپن۔ لڑکپن۔
بالک چوری (ہ / مث) بچوں کا اغوا۔
بالکل (ع) تمام۔ سب۔ جملہ۔ تمام و کمال۔ سارا۔ مطلق۔ قطعی۔
بالگیر (ا / مذ) گھوڑے کی خدمت کرنے والا۔ وہ سوار جس کا اپنی ذاتی گھوڑا نہ ہو۔
بالم (ہ / مذ) خاوند۔ شوہر۔ خصم۔ پتی۔ عاشق۔ پیتم۔
بالم چاول (ہ / مذ) ایک قسم کا بڑھیا چاول۔
بالم کھیرا (ہ / مذ) ایک قسم کا کھیرا جو سفید رنگ کا ہوتا ہے۔
بالمشافہ (ع) آمنے سامنے۔ رُو در رُو۔ رُو بہ رُو۔
بالمقابل (ع) مقابل میں۔ سامنے۔ رُو برو۔ رُو بہ رُو۔ طرف۔ مخالف میں۔
بالمقطع (ع) چکت میں۔ چکتے طور۔ قطعی۔ بھاؤ تاؤ کے بغیر۔ چکتا کر۔
بالم کھیرا (ہ / مذ) برساتی کھیرا۔ بڑا کھیرا۔
بالن (ہ / مذ) ایندھن۔ جلانے کی لکڑی وغیرہ۔
بالنا (ہ) جلانا۔ آگ روشن کرنا۔ ایندھن کو آگ لگانا۔
بالو (ہ / مذ) ریت۔ ریگ۔ بھوڑ۔ پہاڑ کا ریتا۔
بالوشاہی (ا / مذ) مشہور مٹھائی۔
بالوعہ (ع / مذ) چھوٹا حوض جس میں گندہ پانی جمع ہو۔
بالی کی سوئیاں (ہ / مث) وہ سوئیاں جو گندم کے خوشے کے گرداگرد ہوتی ہیں۔
بالی (ہ / مث) کان میں پہننے کا چھوٹا سا حلقہ۔ چھوٹی عمر کی لڑکی۔
بالی (جزائر شرق الہند کی نوآبادی جو خاندان گپتا کے عہد میں تجارت کے لیے آباد کی گئی تھی۔
بالی عمر (ا / مث) اوائل عمر۔ نوعمری۔ بچپن کی عمر۔ لڑکپن۔ بچپن۔

بالیدگی (ف / مث) نمو - روئیدگی - بڑھوتری - پیدائش -
بالین (ف / مذ) سرہانا - سہارا - ٹیک -
بالین پرست (ف) بیمار - آرام طلب -
بام (ف / مذ) چھت - کوٹھا - بالاخانہ - اٹاری -
بام (ہ / مث) ایک قسم کی مچھلی جو سانپ کی قسم کی ہوتی ہے -
بامداد (ف / مذ) تڑکا - صبح - صبح کا وقت - بام گاہ کے بھی یہی معنی ہیں -
بامروّت (ف) باوفا - ملنسار - خوش اخلاق - لحاظ دار - فیاض - سخی -
با مسلماں اللہ اللہ با برہمن رام رام (ف / مثل) صُلح کل - ہر شخص کے ساتھ اتفاق اور اتحاد سے رہنا چاہیے - کسی کی دل شکنی نہ کرنی چاہیے -
بام گردوں (ف / مذ) آسمان کی چھت (آسمان مجازاً)
بام مسیح (ف / مذ) چوتھا آسمان -
بامنی (ہ) برہمن کی عورت - مصرانی - ایک سنہری رنگ کا چمک دار جسم والا برساتی کیڑا جس کی دُم سُرخ ہوتی ہے - سانپ کی خالہ - آنکھ کی پلکیں گرنے کی بیماری جس میں برنیاں سُرخ رہتی ہیں - نیل - نیلوفر کے پھول کا زرد رنگ کا زیرہ جسے مسلمان بیچے شہزادی اور ہندو رانی یا بامنی کہتے ہیں -
بامہ (ف) لمبی داڑھی والا -
بان (ف) اکثر اسموں کے آخر میں محافظت کا فائدہ دیتا ہے - جیسے گاڑی بان - فیلبان وغیرہ -
بان (ہ / مذ) مُونج وغیرہ کی باریک رسّی جس سے چارپائیاں بُنتے ہیں -
بان (ہ / مث) عادت - خُو - سبھاؤ - مزاج - طور - ڈھنگ - مانجھا یعنی شادی سے پہلے دُولہا اور دُولہن کو اُبٹنا وغیرہ لگانے کی رسم - تیر - تکا - سہم - خدنگ - ایک قسم کی آتشی ہوائی جو اگلے زمانے میں دشمن پر چھوڑا کرتے تھے - جوار بھاٹا - مدّ و جزر -
بان بیٹھنا (ہ) مانیوں بیٹھنا - اُبٹنا لگوانا -
بان پڑنا (ہ) عادت پڑنا - عادی ہو جانا - خوگر ہونا -
بان ڈالنا (ہ) عادت ڈالنا - عادی کرنا - سدھانا - خُوگر ہونا -
بانا (ہ / مذ) لباس - پوشاک - وضع - وردی - بھیس - رُوپ - سروپ - عادت - کپڑا بُنتے وقت جو تار عرض میں بُنتے ہیں - بخلاف تانا کے - لڑائی میں پھرانے کا ایک ہتھیار - ریشم وغیرہ کی ڈور جسے بہادر آدمی اپنے پاؤں میں علامتِ بہادری ظاہر کرنے کو باندھ لیا کرتے ہیں - حرفہ - پیشہ -
بانا بدلنا (ہ) بھیس بدلنا - رُوپ بھرنا -
بانا پڑنا (ہ / محاورہ) بہادری کے نشان کے طور پر طلائی یا ریشمی ڈوری باندھنا -
بانات / بنات (ہ / مث) ایک قسم کا اُونی کپڑا جو نہایت دبیز اور ہر رنگ کا ہوتا ہے -
بانات کی حالت (ہ) بنات کی طرح کا سُرخ سُرخ بانات سا - لال انگارہ نہایت غفت - بانات سا موٹا -

بانبی (ہ / مث) سانپ کا بل -
بانٹ (ہ / مث) تقسیم - بٹوارہ - خارج قسمت - دُودھ دوہتے وقت گائے بھینس کے آگے جو کھانا دانہ رکھ دیتے ہیں - اُسے بھی بانٹ یا بانڈ کہتے ہیں - بٹ تولنے کے بٹے - وزنے -
بانٹ بٹا (ہ / مذ) نسب کا - مخرج - کسر کا نیچے کا ہندسہ -
بانٹا (ہ / مذ) (پورب) حصّہ - بٹوارہ - تقسیم - بخرا - بھاگ -
بانٹ کھانا (ہ / محاورہ) تقسیم کر لینا -
بانٹ لینا (ہ / محاورہ) تقسیم کر لینا -
بانٹنا (ہ) حصّے بخرے کرنا - تقسیم کرنا - بھاگ کرنا - بٹوارہ کرنا -
بانجھ (ہ) بنجر زمین جس میں کچھ پیدا نہ ہو - شور - کلر - وہ عورت جسے حمل نہ رہے - عقیمہ - عاقرہ - ایک قسم کا درخت جس کی گٹھلیاں بچوں کے گلے میں بیماری سے محفوظ رہنے کے لیے ڈالتے ہیں -
باندھنا (ہ) کسنا - جکڑنا - جوڑنا - لٹکانا - لپیٹنا - تہہ کرنا - شرط وغیرہ مقرر کرنا - پانی روکنا - بند لگانا - تھامنا - پکڑنا - الزام لگانا - جادو کے زور سے تیز دھار یا کسی چیز کے اثر کو روکنا جیسے کڑاہی باندھنا وغیرہ - قائم کرنا - تیز کرنا - باڑھ دینا - مثلاً اُسترے کی دھار باندھنا - نکاح کرنا - گرہ باندھنا - بال گوندھنا - جیسے سر کی مینڈھی باندھ دو - جوڑنا - ملانا - جیسے ہاتھ باندھنا - بنانا - جیسے لڈو باندھنا - لکھنا یا بیان کرنا - مثلاً مضمون باندھنا - خیال جمانا - تصوّر بٹھانا - محصول - قانون وغیرہ تجویز کرنا - گھیرنا - احاطہ کرنا - تشبیہ دینا -
باندھنو (ہ / مذ) بندھیج - چیرا - مختلف رنگوں کے لیے ڈورے کی بندش - چُنریاں رنگتے وقت مختلف رنگ رکھنے کے لیے مونج کے بند لگانا - بندش - بہتان - ارادہ - خیال - تصوّر - منصوبہ - تدبیر - پیش بندی -
باندھنو باندھنا (ہ) تہمت لگانا - الزام دینا - بہتان دھرنا -
باندھنو بندھنا (ہ / محاورہ) تہمت لگنا -
باندی (ہ / مث) لونڈی - کنیز - چیری - داسی -
باندی تھی سو بیوی ہوئی اور بیوی تھی سو باندی ہوئی (ہ / مثل) نوکر مالک کے منہ لگ کر عزیزوں اور گھر والوں سے زیادہ مقرب ہو جاتے ہیں تو کہتے ہیں -
باندی کا بیٹا - یا - جنا - یا - بچہ (ہ / مذ) خانہ زاد - غلام - نہایت مطیع - فرماں بردار - (طنزاً) ذلیل و حقیر - کمینہ -
بانڈا (ہ) ٹیڑھی ٹانگوں والا - کبڑا - دُم کٹا - لانڈا - بھانجا - ٹیڑھا چلنے والا - کسی کی بات نہ ماننے والا - کج رفتار - کج فہم -
بانڈی (ہ / مث) لاٹھی - چھڑی - چوب دستی - سونٹی - ایک قسم کا لباس -
بانڈی باز (ہ / مذ) لٹھ باز - مفسد - جھگڑالو - فسادی - لڑاکا - جنگجو -
بانڈی چلنا (ہ) لڑائی ہو جانا - لٹھ چلنا - مار کٹائی ہونا - لٹھ کھڑکنا -

بانس (ہ/مذ) ایک لمبا پتلا گرہ دار درخت جو اندر سے عموماً کھوکھلا ہوتا ہے۔ نئے۔ بمبو۔ سوا تین گز یا تیرہ بالشت کا ایک پیمانہ۔
بانسا (ہ/مذ) نتھنوں کے بیچ کی ہڈی۔ ناک کی ہڈی۔ ریڑھ کی ہڈی۔ ایک جھاڑی جس کے کونلوں سے بارود بنتی ہے۔
بانسا پھر جانا (ہ) ناک کی ہڈی کا ٹیڑھا ہو جانا۔ جان کنی کے وقت اکثر یہ حالت ہو جاتی ہے۔
بانس پر چڑھنا (ہ) بدنام ہونا۔ بے شرم و بے حیا ہونا۔ رسوا ہونا۔
بانس پر چڑھانا (ہ) فضیحت کرنا۔ ناواجب تعریف کرنا۔ بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔
بانس پھوڑ (ار/صف) بانس کی تیلیوں سے ٹوکریاں اور چکیں بنانے والے۔
بانس ٹوٹنا (ہ) خوب پٹنا۔ نہایت مار کھانا۔ بانس پڑنا۔ لاٹھیوں سے پٹنا۔
بانسری (ہ/مث) نئے۔ مرلی۔ بانسلی۔ منہ سے بجانے کا الغوزے جیسا ایک باجا۔
بانسوں اچھلنا / **بانسوں کودنا** (ہ) خوشی میں کودنا۔ نہایت خوش ہونا۔ دریا کی لہروں کا بلند ہونا۔ لہروں کا اونچا اچھلنا۔ جیسے پانی بانسوں اچھل رہا ہے۔
بانس کھانا (ار/محاورہ) مار پڑنا۔
بانس پھوڑ (ہ/مذ) وہ لوگ جو بانس کا کام کرتے ہیں۔
بانسی (ہ/مث) نہایت پتلی قسم کا بانس جس سے حقے کے نیچے بناتے ہیں۔ ایک سفیدی مائل زرد پتھر۔
بانکا (ہ/مذ) ٹیڑھا۔ ترچھا۔ چھیلا۔ دلیر۔ بہادر۔ مغرور۔ خود نما۔ لچا۔ شہدا۔ غنڈا۔
بانکا چور (ہ/مذ) پورا چور۔ عیار۔ چالاک چور۔
بانکپن (ہ/مذ) چھیلا پن۔ البیلا پن۔ وضعداری جو خود نمائی لیے ہو۔ شہدپن۔ شرارت۔ سرکشی۔ ٹیڑھا پن۔ کج روی۔
بانکپن دکھانا (ار/محاورہ) شوخی دکھانا۔ خود نمائی کرنا۔
بانکڑی (ہ/مث) ایک قسم کا فیتہ جو گوٹا کی زری کی طرح کپڑوں پر لگایا جاتا ہے۔
بانکیا (ہ/مذ) ایک تانبے پیتل کا ٹیڑھا میڑھا سا باجہ جو جنتوں اور اور سادھوؤں کے آگے بجایا جاتا ہے یہ بگل کی آواز دیتا ہے۔
بانکی ادا (ار/مث) انداز محبوبانہ۔ نرالا ڈھنگ۔ نئی طرز۔
بانگ (ف/مث) آواز۔ صدا۔ نماز کی اذان۔ مرغ کی صبح کے وقت کی آواز۔ نماز کا بلاوا۔
بانگ خلیل اللہی (ف/مث) پہلوان جب مقابل کو اٹھا کر پٹختے ہیں تو بلند آواز سے تکبیر یعنی اللہ اکبر کہتے ہیں۔ حضرت خلیل اللہ اٹھتے بیٹھتے کہا کرتے تھے اس وجہ سے یہ نعرہ آپ کے نام سے نامزد ہو گیا۔

بانگ دینا (ف) اذان دینا۔ پکارنا۔ آواز دینا۔
بانگر (ہ/مذ) وہ زمین جس میں پانی کمیاب ہو۔ کھادر کی ضد۔
بانگرو (ہ/مذ) احمق۔ بے وقوف۔ بے تمیز۔ بے سلیقہ۔
بانو (ف/مث) گھر کی مالک۔ شہزادی۔ بیوی۔ بیگم۔
بانوا (ف) صاحب سامان۔ لاؤ لشکر والا۔ دولت و حشمت والا۔ (مذ) آزاد فقیروں کا ایک گروہ۔
بانوچ (ف) جھولا۔
بانوئے مشرق (ف/مث) سورج۔
بانہہ (ہ/مث) بازو۔ مددگار۔ حامی۔ سگا بھائی۔ مدد۔ سہارا۔ ضامن۔ طاقت۔ زور۔ رفیق۔
بانہہ بل (ہ/مذ) قوت بازو۔ معاون۔ دستگیر۔ حقیقی بھائی۔ جانی دوست۔
بانہہ بل نہ دیل (ار/مذ) نہ قوت بازو ہے اور نہ پیسہ ہے۔
بانہہ بلند ہونا (ف) بلند حوصلہ ہونا۔ طاقت ور ہونا۔ دھرمی ہونا۔
بانہہ پکڑنا (ہ) دستگیری کرنا۔ مدد کرنا۔ معاونت کرنا۔ مربی بننا۔ کسی کی سرپرستی کا ضامن ہونا۔
بانہہ ٹوٹنا (ہ) مربی یا سرپرست کا مر جانا۔ سگے بھائی کا مر جانا۔ مددگار نہ رہنا۔
بانہہ دینا (ہ) سہارا دینا۔ مدد کرنا۔ خبرگیری کرنا۔ حمایت کرنا۔
بانہہ واپس دینا یا کرنا (ار/محاورہ) اغوا شدہ عورت کو واپس وارثان کو دے دینا۔
بانہیں چڑھانا (ہ) تیار ہونا۔ آمادہ ہونا۔ جھگڑا کرنا۔ لڑائی پر کمربستہ ہونا۔
بانی (ع) بنیاد ڈالنے والا۔ بنانے والا۔ شروع کرنے والا۔ موجد۔ منبع۔ باعث۔ سبب۔ موجب۔
بانیٔ دو جہاں (ار/مذ) اللہ تعالیٰ۔
باؤ (ہ/مث) باد۔ ہوا۔ پون۔ ریح۔ کرۂ ہوائی۔ ریح۔ پاد۔ گوز۔ خرد ماغی۔ غرور۔ تکبر۔ گٹھیا۔ وجع مفاصل۔
باوا (ہ/مذ) باپ۔ پتا۔ پدر۔ استاد۔ تعظیماً فقیر لوگ۔ اوباہر شخص کو بول دیتے ہیں۔
باوا آدمؑ (ار/مذ) حضرت آدمؑ۔ بہت طویل العمر۔ ہادی۔ رہبر۔ مالک۔ نسل انسانی کا مورث اعلیٰ۔
باوا آدم نرالا ہونا (ار) سب سے نرالا کام کرنا۔ کسی سے متفق نہ ہونا نئی طرز نیا انداز ہونا۔
باوا کا (ہ) موروثی۔ باپ دادا کا۔ جدی۔ ذاتی۔ نج کا۔ اپنا۔ خاص۔
باؤ بندی (ہ/مث) خیالی بات۔ بے اصل۔ مبالغہ۔ فریب۔ دھوکا۔ کج بحثی۔ فریب کی دلیل۔ من گھڑت۔ گوز نہ آنا۔ ریح کا رک جانا۔ ہوا بند ہونا۔
باؤ بندی کرنا (ار) دھوکا دینا۔ فریب کرنا۔ خیالی پلاؤ پکانا۔
باؤ باندھنا (ہ) خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔ منت سماجت کرنا۔

باؤ بھڑکنا (ہ) پاگل ہونا۔ دیوانہ ہونا۔
باؤ بھک۔ یا۔ باد بھک (ہ/مذ) بکواس۔ واہی تباہی گفتگو کرنے والا۔ بُلبلا۔ حباب۔ بیہودہ۔ لغو۔ فضول۔
باؤ بہنا (ہ) ہوا چلنا۔
باؤ پر آجانا (ہ) مغرور ہونا۔ متکبر بننا۔ دماغ میں ہوا اور غرور بھر جانا۔
باؤٹا (ہ/مذ) جھنڈا۔ عَلَم۔ نشان۔ بازو میں پہننے کا ایک زیور۔ تشنج۔ اینٹھن۔ فتح گڑھ کی پہاڑی کے قریب دلی میں ایک جگہ۔
باؤٹا اڑانا (ہ) نشان کھڑا کرنا۔ جھنڈا اکاڑنا۔ فتح پاکر قبضہ کرنا۔ پھریرہ اُڑانا۔
باؤ ڈنڈی پھرنا (ہ) آوارہ پھرنا۔ ڈانواں ڈول پھرنا۔
باور (ف/مذ) یقین۔ اعتبار۔ بھروسہ۔ اعتماد۔
باورچی (ف/مذ) کھانا پکانے والا۔ رسوئیا۔ طبّاخ۔
باورچی خانہ (ف/مذ) مطبخ۔ کھانا پکانے کی جگہ۔ رسوئی۔
باؤ سرنا (ہ) گوز آنا۔ ریح آنا۔ باؤ آنا۔ پیٹ کی فاسد ہوا کا خارج ہونا۔
باؤسول (ہ/مذ) دردِ شکم۔ باؤ گولہ۔ پیٹ کا ریحی درد۔
باؤ کا رُخ بتانا (ہ) ٹالنا۔ فریب دینا۔
باؤ کھانا (ہ/محاورہ) بہت تنگی کی حالت میں ہونا۔
باؤ کھمبا (ہ/مذ) ایک دوا۔
باؤ گولہ (ہ/مذ) ریح کا گولہ۔ جو تلی میں بھر جانے کے باعث لاحق ہو جاتا ہے۔
باؤلا (ہ/مذ) دیوانہ۔ پاگل۔ سودائی۔ بے وقوف۔ احمق۔ بے عقل۔
بالر (انگریزی/مذ) کرکٹ کے کھیل میں گیند پھینکنے والا کھلاڑی۔
باؤلی بنانا (ہ/محاورہ) استعمال دینا۔
باؤلی دینا (ہ) دلیری دینا۔ بھڑکی دینا۔ شکاری پرندے پر کسی دوسرے پرند کو چھوڑ کر تیز اور دلیر کرنا۔
باون (ہ) پچاس اور دو۔ ۵۲۔ 52۔
باون بیر (ہ/مذ) باون بہادر۔ فسادی۔ فتنہ انگیز۔ فطرتی۔
باون گز کا (ہ) لمبا۔ طویل۔ دراز قد۔ فسادی۔ شریر۔ فتنہ انگیز۔
باہ (ع/مث) قوتِ جماع۔ قوتِ مردمی۔
باہ (ہ/مث) تعلق۔ واسطہ۔ معاملہ۔ کام۔ کھیت میں ہل چلانا۔
باہ پڑنا۔ یا۔ باہا پڑنا (ہ) معاملہ پڑنا۔ تعلق ہونا۔ کام پڑنا۔
باہر (ہ) اندر کے خلاف۔ بیرون۔ خارج۔ علیحدہ۔ جُدا۔ اِخانہ۔ پردیس میں۔ سفر میں۔ دنیا میں۔ نکل پرے ہو۔ پرے ہٹ۔
باہر باہر (ہ) باہر کی تاکید۔ پرے پرے۔ دُور دُور۔ چل دُور ہو۔ ہٹ سامنے سے۔ ہٹ ہٹ۔ چل چل۔

باہر پھینٹنے جانا } (ہ) سیر تماشے کے لیے جانا۔ سفر کو جانا۔ جنگل جانا۔
باہر جانا } ٹٹی جانا۔ پاخانے جانا۔ حد سے گزرنا۔ احاطے سے نکل جانا۔

باہر کا (ہ/مذ) اجنبی۔ غیر جگہ کا۔ اُوپرا۔ گنوار۔ دیہاتی۔ جنگلی۔

باہر کرنا (ہ) نکالنا۔ دھتکارنا۔ خارج کرنا۔ شرکت ورثہ برادری سے نکال دینا۔ طلاق دینا۔ چھوڑنا۔ عاق کرنا۔
باہر کی بُو (ہ/مث) گنوارپن۔
باہر کے پھرنے والے (ہ/مذ) نوکر چاکر۔
باہر میاں ہفت ہزاری گھر میں بیوی کرموں ماری (ا/مثل) حد سے بڑھ کر نمود اور شیخی رکھنے والے کو طنزاً کہا کرتے ہیں۔ باہر تو میاں نواب صاحب بنے پھرتے ہیں۔ گھر میں بیوی اپنی قسمت اور میاں کی جان کو روتی ہے۔
باہر والا (ہ/مذ) خاکروب۔ بھنگی۔
باہر ہونا (ہ) نکل جانا۔ خارج ہونا۔ چلے جانا۔ شرکت وغیرہ سے علیحدہ ہونا۔
باہر ہی باہر (ہ) متعلق فعل، بالا ہی بالا۔ اُوپر ہی اُوپر۔
باہم (ف) آپس میں۔ مل جُل کر۔ ایک دوسرے کے ساتھ بالاتفاق۔ درپردہ۔ چھپ چھپاتے۔ پوشیدہ طور پر۔
باہمی (ف/صف) آپس کا۔ آپس کی۔
باہنا۔ یا۔ باہنا (ہ) ہل چلانا۔ ہل جوت کر زمین پھاڑنا۔ محنت کرنا۔ منہ پھیلانا۔ جیسے منہ بانا۔ کھولنا۔ پھاڑنا۔ گھسانا۔ باڑنا۔ داخل کرنا۔ بالوں میں کنگھی کرنا۔ درپے ہونا۔ متواتر بدسلوکی کرنا۔
باہو (ف) لٹھ۔
بائی (ہ/مث) مہارانی۔ رانی۔ بیگم۔ لیڈی۔ بہن۔ ہمشیرہ۔ بڑی گویا عورت نائکہ۔ گوز۔ ریح۔ تشنج۔ اینٹھن۔ سرسام۔ ورم دماغ۔
بایاں (ہ) چپ۔ داہنے کی ضد۔ اُلٹا ہاتھ۔ بیاد۔ جانب چپ۔ دوسرے درجے کا مصاحب۔ بائیں ہاتھ کی طرف کا طبلہ۔ ڈگی جسے طبلہ والے بم کہتے ہیں۔ زیر کا متضاد۔

بایاں پاؤں پوجنا } (ہ) کسی کے کمال کا اقرار کرنا۔ مسلم الثبوت اُستاد
بایاں قدم لینا } ماننا۔ کسی کو کامل فن سمجھ کر اس کی تعظیم کرنا۔ تسلیم کرنا۔ باز آنا۔ ہار ماننا۔ شرارت اور بدذاتی کا قائل ہونا۔

بائب۔ یا۔ بائب (س/مذ) شمال مغرب کا کونا۔ نشانہ چوکنا۔ سرکنا۔ علیحدہ ہونا۔
بائبیل (انگریزی/مث) عیسائیوں کی آسمانی کتاب۔ انجیل۔
بائیس (ہ) بیس اور دو۔ بست ودو۔ ۲۲۔ 22۔
بائیسی (ہ/مث) بائیس ضلعوں کی فوج والا جلوس۔ جو شاہانِ مغلیہ کا دستور تھا۔ بائیس سو آدمیوں کا مردوا۔ انبوہ۔ جتھا۔ پنچایت۔ جماعت۔
بائیسی ٹوٹنا (ہ) ساری فوج کا حملہ کرنا۔ اپنا سارا زور لگا لینا۔ دھبہ ٹوٹنا۔
بائیسکل (انگریزی/مث) دو پہیوں کی گاڑی جو پاؤں سے چلتی ہے۔
بائیکاٹ (انگریزی/مذ) مقاطعہ۔ قطع تعلق۔ خرد کی کام کو چھوڑ دینا۔

بائع (ع امذ) فروخت کرنے والا - بیچنے والا - بیع کرنے والا -
بائیں آنکھ پھڑکنا (ار/ محاورہ) بائیں آنکھ کے پپوٹے کا خود بخود حرکت کرنا - جو بدشگونی کی علامت ہے -
بائیں بائیں کرنا (ہ) بکواس کرنا - بے ہودہ بکنا - غُل مچانا - شور کرنا -
باید و شاید (ف) جیسا چاہیے - جیسا مناسب ہے -
بائیس (ع) بڑا محتاج - فقیر -
بایوگرافی (انگریزی امذ) سوانح عمری - تذکرہ -

ب ب

بباد (ہ امث) بحث - جھگڑا - تکرار - تنازع - مقدمہ -
بباد (ف) برباد کا مخفف - تباہ - خراب - تباہی - بربادی -
بباد اُٹھانا (ہ) جھگڑا اُٹھانا - لڑانا - مقدمہ کرنا - فساد ڈالنا - بکھیڑا کرنا -
بباد دینا (ا) برباد کرنا - تباہ کرنا - مٹا دینا - خراب کر ڈالنا -
ببادی (ہ) جھگڑالو - فسادی - مقدمہ باز - بکھیڑیا - مُدّعی -
ببر (ع امذ) ایک قسم کا نہایت تند و غضبناک شیر جس کی گردن پر گھوڑے کی طرح ایال ہوتی ہے اور افریقہ کے جنگلوں میں پایا جاتا ہے -
ببرا (ا امذ) نگسی کبوتر - ایک نیلے رنگ کا کبوتر جس کے بازوؤں پر کالی کالی چتیاں ہوتی ہیں -
ببری (ا امث) کاکل - پیشانی کے وہ بال جو عورتیں چھوٹے کر کے خوبصورتی کے لیے ماتھے پر چھوڑ لیتی ہیں - ایال کے تراشے ہوئے بال - طرّہ - چھوٹی ہوئی لٹ - نگسی کبوتری -
ببریاں چھوڑنا (ہ) زُلفیں چھوڑنا - لٹیں چھوڑنا -
ببول (ہ امذ) کیکر کا درخت - مُغیلاں - ایک خاردار درخت -
ببولا (ہ امذ) بگولہ - گرد باد -
ببول کا گوند (ہ امذ) کیکر کا گوند -
ببولا (ہ امذ) بگولا - بونڈلا -
ببی (ہ امث) بوسہ - چُوما - چُمّی - پیار - مٹھو -
ببیا (ا امث) بی بی کی تصغیر - نامشش کی مکھ -
ببیانہ (ا) زنانہ - صرف عورتوں کے استعمال کی چیزیں -
ببیس (ہ امث) علّت ابنہ -
ببیسا (ہ امذ) وہ شخص جو ابون ہو - جسے علّت ابنہ ہو یعنی جو مفعولیت کا عادی ہو -

ب پ

بپا (ت) دراصل بر پا) قائم - برپا - کھڑا -
بپا کرنا (ار/ محاورہ) قائم کرنا - کھڑا کرنا -
بپا ہونا (ل) کھڑا ہونا - اُٹھنا - قائم ہونا -
بپت یا بپتا (ہ امث) دُکھ - مصیبت - بلا - ناگہانی آفت - صدمہ - درد - آفت -
بپتا پڑنا (ہ) مصیبت پڑنا - آفت نازل ہونا - بلا میں پھنسنا -
بپتا میں کوئی ساتھی نہیں (ار/ مقولہ) مصیبت کے وقت کوئی ساتھ نہیں دیتا -
بپتسما (انگریزی امذ) پانی چھڑکنا - پانی میں غوطہ دینا - اصطباغ عیسائی مذہب کی ایک رسم ادا کرنا - عیسائی بنانا -
بپھرنا (ہ) بپھر جانا - سرکشی کرنا - باغی ہونا - ضد کرنا - مچلنا - قابو سے باہر ہونا - غضب ناک ہونا - جانور کا بدکنا - جھکنا - لڑنے کو تیار ہو جانا - ستانا - بکھرنا -

ب ت

بت (ع) کاٹنا - قطع کرنا -
بت (ہ امذ) طاقت - حیثیت - بل - حوصلہ - دولت - نشان - عمر - قد -
بُت (ف امذ) مُورتی - مورت - پُتلا - صنم - پتھر یا پیتل وغیرہ کی مورت جس کی پرستش کریں - معشوق - محبوب - خاموش - گونگا - احمق - بے وقوف - مُتّا - گھونسا - مُکّ - جوا دلوں کا کوڑیاں لڑھکانے کا تختہ - مٹی کا چراغدان جسے نارکش اپنے کندھوں پر رکھ کر اس کی روشنی میں کام کرتے ہیں -
بُتّا (ہ امذ) فریب - دھوکا - دھونس - جھانسا - حیل - بہانہ -
بتّا (ہ امذ) فاصلہ - گِتّا - بالشت -
بتاس (ہ امث) (پُورب) ہوا - باؤ - باد -
بتاسا } **بتاشا** } (ہ امذ) بُلبلا - حُباب - ایک قسم کی مشہور مٹھائی جو بنانے وقت ہوا بھر کر بلبلے کی طرح پھول جاتی ہے - آتشبازی کا نہایت چھوٹا انار -
بت باہر (ہ/صفت) بساط یا طاقت سے زیادہ -
بُت بننا - یا - ہونا (ل) چُپ ہونا - گنگ ہونا - خاموش ہونا - صمٌ بکمٌ ہونا -
بُت بے پیر (ار/ امذ) بے رحم معشوق -
بُت پرست (ف) مُورتی پُوجنے والا - بتوں کی پرستش کرنے والا -
بُت تراش (ف) بُت گر - بُت بنانے والا -
بُت خانہ - یا بُت کدہ (ف امذ) بُت رکھنے کی جگہ - مندر - شوالہ - شو دوارہ -
بُت شکن (ف/صفت) بُت توڑنے والا -
بُت شکنی (ف امث) بُتوں کو توڑنا -

بتا دینا (ہ) کہنا - جتا دینا - دکھا دینا - بھانڈا پھوڑنا - ظاہر کرنا۔

بتاشے کا قفل (ا/مذ) چھوٹا سا تالہ - چھوٹا سا قفل - گول قفل۔

بتانا (ہ) جتانا - واقف کرنا - دکھانا - ظاہر کرنا - کھولنا - اشارہ کرنا۔ سمجھانا - ٹھیک بنانا - مارنا - پیٹنا - درست کرنا - سکھانا - پڑھانا - تعلیم کرنا - ناچنے میں ہاتھ پاؤں ابرو وغیرہ سے اشارے سے بتا دینا یعنی بھاؤ بتانا - کہنا نام لینا - نام ظاہر کرنا - کام دینا - کام پہ لگانا۔

بُتانا (ہ/مذ) چوڑی کا ڈول - چوڑی کا پیمانہ - وہ لوہے کا کڑا جو منہاری کے پاس ہاتھ کا اندازہ دیکھنے کے لیے بھیجتے ہیں - سونے چاندی کی چوڑی جو عورتیں کانچ کی چوڑیوں کے بیچ میں پہنتی ہیں - پورب کا ایک زیور۔

بتاؤں (ہ) کہوں - سمجھاؤں (غصے کے وقت لہجہ بدل کر) ماروں؟ ٹھیک بناؤں؟ ٹھوکوں؟ مزہ چکھاؤں؟ (بحالت اسم) (پنجابی) بینگن - بادنجان -

بتر (ف) بدتر کا مخفف - نہایت خراب - نہایت بُرا - نکما - ناقص۔

بُترا (ہ) کند - کھنڈا - کھوٹا - کھنڈی دھار والا ہتھیار -

بتلانا (ہ) سمجھانا - جھانا (دیکھو بتانا)

بتنگ (ہ) عاجز - مجبور - ناچار - عام لوگ "تنگ" کی جگہ بولتے ہیں۔

بتنگڑ (ہ/مذ) ذرا سی بات بڑھا کر - بڑی بنائی ہوئی بات -

بتول (ع/مث) (لغوی معنی کنواری - تارک) اصطلاح میں حضرت فاطمۃ الزہرا سے مراد ہے - کیونکہ آپؓ تارک الدنیا تھیں - اسی وجہ سے اس لقب سے ملقب ہوئیں -

بتولا (ہ/مذ) دھوکا - فریب - جھانسہ - دم - مکر - حیلہ - بہانہ -

بتولے بتانا (ہ) دھوکا دینا - فریب کی باتیں کرنا - سخن سازی کرنا -

بتھ (ہ/مث) درز - دراڑ - فاصلہ - فرق -

بتھا (ہ/مث) مصیبت - دکھ - تکلیف - آفت - سرگزشت - سربیتی - مصیبتوں کا بیان - غم کا ماجرا -

بتھوا (ہ/مذ) ایک قسم کا دست آور ساگ جو گیہوں کے کھیت میں اُگ آتا ہے -

بتھوے کا ساگ کن ساگوں میں خلیا ساس کن ساسوں میں (ا/مثل) ادنیٰ چیز کی کچھ قدر و منزلت نہیں ہوتی اور دور کا رشتہ دار کچھ رشتہ دار نہیں ہوتا -

بتھیا (ہ/مث) خشک اوپلوں کا ڈھیر -

بتی (ہ/مث) لڑکوں کا ایک کھیل -

بتّی (ہ/مث) فتیلہ - روئی یا سوت وغیرہ کی ڈوری جو چراغ یا لیمپ کے تیل میں رکھ کر جلاتے ہیں - یا مرہم لگا کر زخم میں رکھتے ہیں موم یا چربی کی شمع - پگڑی کا باریک بٹا ہوا پیچ - چھپر یا کھپریل میں آڑی باندھی ہوئی سرکنڈوں یا بانس کی گڈی - لاکھ یا اگر یا صندل یا بارود وغیرہ کا فتیلہ - ننھی - حیوانات کی ہڈی کا ادھر اُدھر کا گوشت - دیا سلائی کی تیلی -

بتی جلانا (ہ) چراغ روشن کرنا - چراغ جلانا - روشنی کرنا -

بتی چڑھانا (ہ) فانوس یا کنول وغیرہ میں موم بتی رکھنا - دوا کی بتی زخم میں داخل کرنا - بتی کو اوپر سرکانا -

بتی دکھانا / **بتی لگانا** (ہ) آگ دینا - آگ لگانا - روشنی کرنا - بندوق اور توپ کو آگ دینا - توپ داغنا - بندوق چھوڑنا -

بتیا (ہ/مذ) ہرا اور کچا پھل - لمبا بینگن (پ) بتاؤں -

بتیارہ (ف/مذ) افسوں - مکر - بلا - آفت -

بتیت (ہ) گزر جانا - بیتنا - ختم ہو جانا -

بتیس (ہ) تیس اور دو - ۳۲ - 32 -

بتیس دانتوں کی بھکیا / **بتیس دانتوں کی بھاکا** (ہ/مث) آدمی کا کہا - آدمی کے منہ کی بات - آدمی کا کوسا - مظلوم کی بددعا -

بتیس دانتوں میں زبان (ا/محاورہ) چاروں طرف دشمنوں سے گھرا ہو - سب طرف سے دشمنوں کے نرغے میں پھنسا ہوا -

بتیس دھار / **بتیس دھاریں** (ہ/مث) ماں کا دودھ جو روزمرہ بچوں کے پینے میں آتا ہے - اور ہر شخص بچپن میں پیتا ہے -

بتیس دھار ہو کر نکلنا (ہ) بددعا بتیس زخموں کے رستے ہو کر نکلنا - پھوٹ پھوٹ کر نکلنا -

بتیس دھاریں دودھ بخشوانا (ا/محاورہ) ماں سے اس کے احسانات پرورش معاف کروانا -

بتیسا (ہ/مذ) بتیس دواؤں کا حلوا جو کمر کی مضبوطی کے لیے عورتیں کھاتی ہیں - بتیس دواؤں کا مسالا - جو گھوڑی کو بچہ جننے کے بعد دیتے ہیں - سوہن حلوے کی قسم کی ایک مٹھائی جو پنجاب میں بنتی ہے -

بتیسی (ہ/مث) سلک دنداں - آدمی کے دانتوں کی دونوں باڑیں - اُوپر اور نیچے کے جبڑوں کے بتیس دانتوں کی دونوں لڑیاں -

بتیسی بجنا (ہ) سردی کے سبب دانت بجنا - ٹھٹھرنا - کپکپانا - تھرانا -

بتیسی حلق میں ہوگی (ا/محاورہ) اتنی مار پڑے گی کہ بتیسی ٹوٹ کر حلق میں گر جائے گی -

بتیسی دکھانا (ہ) بے ہودہ ہنسنا - دانت دکھانا - چڑانا - مخول کرنا - عاجز ہونا - انکسار کرنا - چاپلوسی کرنا -

---

ب - ٹ

بَٹ (ہ/مذ) ٹکڑا - حصہ - تقسیم شدہ - دانہ تولنے کے اوزان -

بَٹ (ہ/مث) گردن یا پیٹ کی سلوٹیں جو موٹائی کے سبب پڑیں۔ راہ۔ پگڈنڈی۔ بٹیا۔ چوٹ لگ جانے کی سوجن۔ ورم۔ ادھڑی کا موٹا گوشت۔ جس میں غار ندار ہوں کشمیریوں کا ایک گوت۔

بَٹّا (ہ/مذ) تولنے کا وزن۔ کٹوتی۔ کمی۔ گھاٹا۔ فرق جیسے اس میں اور اُس میں بہت بٹّا ہے۔ نقص۔ کھوٹ۔ دھبّہ۔ مسالا پیسنے کا پتھر۔ سنگِ صلابہ۔ زیور رکھنے کا ڈبّہ۔ گول آئینہ۔ مداریوں کے تماشہ کرنے کے گولے۔ فصّاد کا گولہ جو فصد لیتے وقت وہ ہاتھ میں پھراتے ہیں۔ اربابِ نشاط کا انعام۔ ان معنی میں لفظ بیل کے ساتھ مخصوص ہے۔ یعنی بیل بٹّا بولتے ہیں پتیل کی چھوٹی سی لٹیا۔

بَٹّا باز (ہ) شعبدہ باز۔ بازی گر۔ ٹھگ۔ عیّار۔ مکّار۔ مداری۔

بٹّا لگانا (ہ) کٹوتی کاٹنا۔ کمی پوری کرنا۔ عیب لگانا۔ دھبّہ لگانا۔

بٹّا لگنا (ہ) عیب لگنا۔ الزام آجانا۔ حرف آنا۔ دھبّہ لگ جانا۔ کٹوتی کٹنا۔

بَٹّا لینا (ا/محاورہ) کٹوتی لینا۔ مجرائی وصول کرنا۔

بَٹّے بازی (ا/ہ/صفت) چالاکی۔ دغا بازی۔

بَٹّے پر خریدنا (ا/محاورہ) نفع و نقصان پر خریدنا۔

بٹالین (انگریزی/مذ) پلٹن۔ فوج کا ایک حصّہ۔

بٹانا (ہ) بکھیرنا۔ دُور کرنا۔ ہٹانا۔ بدلنا۔ عوض دینا۔ توجہ کو ادھر اُدھر کرنا۔

بٹاؤ (ہ/مذ) راہ گیر۔ مسافر۔ غیر۔ دُوسرا۔ اجنبی۔

بٹائی (ہ/مث) تقسیم۔ بٹوارا۔ زمین کی پیداوار میں سے کاشتکار سے حق مالکانہ لینا۔ غلّہ تیار کرنے کا موسم۔ کھیت اُٹھنے کا زمانہ۔ بٹنے کی اُجرت۔

بَٹ مار (ہ/مذ) راہزن۔ ڈاکو۔ قزّاق۔ راستہ لُوٹنے والا۔

بٹن (ا/ا/مذ) بزنام۔ سیپ۔ سینگ وغیرہ چپٹے اور گول ٹکمے گھنڈیاں۔

بٹنا (ہ/مذ) جسم کا میل کچیل صاف کرنے کا مسالا۔ جسم کی رنگت نکھارنے کا مسالا۔

بَٹنا (ہ) بل دینا۔ اینٹھنا۔ لپیٹنا۔ حاصل کرنا۔ وصول کرنا۔ کمانا۔ باہم تقسیم ہونا۔ جیسے بخرے ہونا۔ خیال وغیرہ کا ادھر ہٹ جانا۔

بَٹنگ (ہ/مث) کشمیری ناشپاتی۔ ایک میوہ۔

بَٹنی (ہ/مث) سرپستان۔ چھاتیوں کا مُنہ جس سے بچّہ دُودھ پیتا ہے۔

بَٹوا (ہ/مذ) پیسے ٹکے رکھنے یا چھالیہ الائچی وغیرہ کے لیے چھوٹا سا کیسہ۔ پاکٹ بیگ۔

بٹوا (ہ) بیٹا کی تصغیر۔ پیار کے لیے۔

بَٹوار (ہ) چھنگی لینے والا۔ محصول اکٹھا کرنے والا۔ آمدنی وصول کرنے والا۔

بٹوارا (ہ/مذ) تقسیم۔ زمین یا فصل سے اپنا اپنا حصّہ علیحدہ کرنا۔ بانٹنا۔

بٹور (ہ) بھیڑ۔ جماعت۔

بٹورا (ہ) اُپلوں کا ڈھیر۔ اُپلوں کا مینار سا گوارہ جس میں اُپلے چُن کر چاروں طرف سے گوبر سے لیپ دیتے ہیں۔ اور اُوپر سرکنڈے کا پھوس لگا دیتے ہیں کہ بارش سے محفوظ رہے۔

بٹورن (ہ/مث) کوڑا کرکٹ۔ بچی کھچی چیز۔ پیداوار کی فراہمی۔ اناج کی جمع آوری۔

بٹورنا (ہ) جمع کرنا۔ فراہم کرنا۔ چُننا۔ سمیٹنا۔ اکٹھا کرنا۔

بٹوھی (س) مسافر۔ راہ گیر۔

بٹوئیا (ہ/مذ) راہ گیر۔ مسافر۔ قاسم۔ تقسیم کنندہ۔

بٹوانا (ہ) تقسیم کرانا۔ علیحدہ علیحدہ کرنا۔ وصول کرانا۔ کمائی کرانا۔

بٹھانا۔ یا بٹھلانا (ہ) قائم کرنا۔ کھڑا کرنے کے خلاف۔ جمانا۔ جڑنا۔ ملانا۔ جگہ پر لگانا۔ کسی جانور سے انڈے سیوانا۔ جانور کو انڈوں پر گرمی پہنچانے کے لیے چھوڑ دینا۔ گدی دینا۔ تخت نشین کرنا۔ سنسکارنا یعنی بچے کو پاخانہ پھروانا۔ گرو رکھنا یا داؤ پر اُڑنا۔ ڈالنا۔ داخل کرنا۔ مثلاً کسی عورت کو گھر میں بٹھانا۔ مقرر کرنا۔ جیسے پہرہ بٹھانا۔ تباہ کرنا۔ جیسے وہ تو اب بالکل بیٹھ گئے۔ معطل کرنا جیسے غم نے بٹھا دیا۔ مدرسہ یا مکتب میں داخل کرنا۔ مشق اور مہارت سے کمال پیدا کرنا۔ جیسے ہاتھ بٹھالو۔ شادی نہ کرنا۔ جیسے جوان بیٹی کو بٹھا رکھنا۔ پارے وغیرہ کو سخت کرنا۔ آنکھ وغیرہ کو اندر دھنسا دینا۔ مینہ کا مکانات کو گرانا۔ پانی کا کسی کو غرق کرنا۔ حساب وغیرہ پھیلانا۔ اُتارنا۔ ظاہر کرنا۔ جیسے سیر کا سوا سیر بٹھانا۔

بٹھور (ہ/مث) چُولہے کی جلی ہوئی لال مٹی۔

بٹئی (ہ/مث) کلابتوں بٹنے کا کام۔

بٹیا (ہ/مذ) کلابتوں بٹنے والا۔ سُوت۔ مُونج یا سَن بٹنے والا۔

بٹیا (ہ/مث) چھوٹی پتھری۔ سنگریزہ۔ جو اکثر دریا کے پانی کے ساتھ بہتا ہوا رگڑ کھا کر گول مول سا ہو جاتا ہے۔ چھوٹا بٹ۔ لیک۔ پگڈنڈی۔ کھیتوں کے بیچ کا راستہ۔ ناریل کی گری کھوپرے کا گولہ۔

بٹیا (ہ/مث) بیٹی کی تصغیر۔ چھوٹی سی لڑکی۔ دُخترک۔ صبیّہ۔

بٹیر (ہ/مث) ایک چھوٹا سا پرندہ۔

بٹیر باز (ا/مذ) بٹیر پالنے اور لڑانے والا۔

بٹیر بازی (ا/مث) بٹیر پالنا۔ بٹیر لڑانا۔

بٹیر جگانا (ا/محاورہ) بٹیر کو سونے نہ دینا۔

بٹیر کا بہہ جانا (ہ) بٹیر کا لاغر اور دُبلا ہونا بوجہ دانہ نہ ملنے کے۔

بٹّے کھاتے (ہ) غیر وصولی مد۔ وصول نہ ہونے والی رقم کا کھاتہ۔ ناقابلِ وصول رقم کا حساب۔

بٹیویا۔ جاوا کا صدر مقام اور مشہور بندرگاہ۔ یہاں سے ربڑ اور کھانڈ باہر

جاتی ہے - آج کل اس کا نام جکارتہ ہے -

ب - ث

بَث (ع) ظاہر کرنا - غُبار اُڑانا -
بثُور (ع ا مذ) چھوٹے چھوٹے آبلے جو جسم پر فسادِ خون کی وجہ سے ہو جاتے ہیں -
بثیر (ع ا صف) کثیر - بہت زیادہ -

ب - ج

بُجا (ف) دُرست - ٹھیک - صحیح - مناسب - جائز - برمحل - برموقع (طنزاً) نامناسب - ناجائز - بے موقع -
بُجا آوری (ف امث) تعمیلِ حکم - کہنا ماننا - اجرائے کار - کام انجام دینا -
بُجار (ہ ا مذ) سانڈ - نسل بڑھانے کا بیل جو گایوں کے لیے رکھ چھوڑتے ہیں - کسی مُردے کے نام پر داغ دے کر چھوڑا ہوا بیل - زبردست آدمی - زور آور - قد آور - موٹا تازہ -
بُجال (ف امذ) کُرتہ -
بُجا لانا - یا - **بُجا نا** (ہ) تعمیلِ حکم کرنا - انجام دینا - کہنے کے موافق کرنا -
بُجانا (ہ) باجے کی آواز نکالنا - روپیہ ٹھنکارنا - مارنا پیٹنا - فائر کرنا - داغنا - جیسے گولا بجانا - تعمیلِ حکم کرنا -
بُجاج (ہ ا مذ) بزاز کا بگاڑ - ہندوؤں کی ایک ذات -
بُجار (ہ ا مذ) وہ موٹا تازہ بیل جو گایوں میں بیج کے لیے چھوڑتے ہیں سانڈ - وہ بیل جو مُردے کے نام پہ داغ دے کر چھوڑتے ہیں مجازاً شہوت پرست آدمی -
بجاں آمدن (ف) تنگ آنا -
بجائے (ف) قائم مقام - بالعوض - جگہ پر - بدلے میں -
بجٹ (انگریزی امذ) اندازہ - فرد - حساب - ملکی جمع خرچ کا حساب -
بَجَر یا بجر (ہ امذ) لغوی معنی پتھر - مجازاً سخت اور بھاری بوجھل - کڑا - کٹھن - مشکل - دشوار - دقت طلب - سُست - کاہل وجود -
بجرا (ہ امذ) ایک قسم کی نہایت خوشنما اور گول امیروں کے سیر کرنے کی کشتی -
بجر بٹّو (ہ) ایک قسم کا کالے رنگ کا پھل - جس سے ہندو مالا بناتے ہیں اور ریچھ نچانے والے اس سے ریچھ کے بال پر دکر نظر وغیرہ کے دفعیہ کے لیے بچوں کے گلے میں ڈال دیتے ہیں - ایک قسم کا کھلونا -
بجری (ہ امث) کنکر - لال کنکر ملی مٹی چھوٹے چھوٹے اولے - باریک ژالہ -
بجُز (ف) سوا - بن - بدُون - بغیر -
بجس (ف) ناک کا نتھنا -
بجلی (ہ امث) برق - صاعقہ - وہ چمک جو بادلوں کی رگڑ سے پیدا ہوتی ہے - رعد - آم کی گری - آم کی گٹھلی کا مغز - چالاک - پھُرتیلا - طرّار - ترتریا - نہایت تیز مزاج والا -
بجلی بل (ہ امذ) قوتِ برقی - قوت کہربائی -
بجلی پڑنا - یا - **بجلی گرنا** (ہ) بجلی کا شعلہ گرنا - آفت آنا - صدمہ پہنچنا - تباہ ہونا - برباد ہونا - غارت ہونا -
بجلی ٹوٹے - یا **گرے** - یا - **پڑے** (ہ) دُعائے بد - آگ لگے - مر جائے - تباہ ہو جائے - برباد ہو جائے -
بجلی چمکنا (ہ) بجلی کوندنا - بادلوں سے شعلے کا نمودار ہونا -
بجلی کے بالے (ہ امذ) ایک قسم کے چوڑے اور گول بالے جو عورتیں کانوں میں پہنتی ہیں -
بجلی کی تلوار (ہ امث) تیغِ بُرّاں - نہایت کاٹ کرنے والی تلوار -
بجنا (ہ) آواز نکلنا - چھوڑنا - بندوق کا فائر ہونا - کھرا روپیہ -
بجنسہ (ع) جوں کا توں - ہُو بہُو - بعینہٖ - کُل - سب - سب کا سب - تمام -
بجُو (ہ امذ) ایک جانور جو پُرانے درختوں کی کھوکھ میں رہتا - اور مُردوں کو قبروں میں سے نکال کر کھاتا ہے - بڑا سخت جان ہاتھی کے پاؤں کے نیچے بھی نہیں مرتا - مسکڑے مُنہ کا آدمی - چھوٹی چھوٹی آنکھوں والا آدمی -
بجورنا (ہ) خوب پیٹنا - دُھننا - ملنا - رگڑنا - دابنا -
بجوگ (ہ امذ) دو منحوس ستاروں کا ایک بُرج میں جمع ہونا - جُدائی - مفارقت - مصیبت - بپتا - سبب - باعث - صدمہ - حادثہ - برعکس - خلاف - بدبختی -
بجوگ پڑنا (ہ) بچھڑنا - جُدائی اور مفارقت ہونا - بپتا پڑنا - مصیبت آنا -
بُجھانا (ہ) آگ کو ٹھنڈا کرنا - آگ پر پانی ڈالنا - شعلہ فرو کرنا - شُعلہ خاموش کرنا - دُور کرنا - رفع کرنا - پیاس وغیرہ - دھار والی چیز کو آب دینا - پان چڑھانا - لوہے یا مٹی وغیرہ کو لال کر کے پانی میں ڈالنا - پژمردہ کرنا - حوصلہ توڑنا - چُونا وغیرہ پر پانی ڈال کر ٹھنڈا کرنا - سمجھانے کے ساتھ دھیما اور نرم کرنے کے معنی بھی دیتا ہے - جیسے سمجھا بُجھا کر راضی کر لیا - تاش کے پتّوں کو ملانا - یا ابتر کرنا -
بُجھانا (ہ) پُورب میں پھنسانا - دام میں لانا - پھانسنا - جیسے مچھلی بجھانا -
بُجھنا (ہ) فرو ہونا - آگ کا ٹھنڈا ہونا - بھُوک کا مرنا - ٹھٹھرنا - مُرجھانا - کملانا - سرد ہونا - نرم ہونا - دھیما ہونا - دل ٹوٹنا - ہمت ٹوٹنا - پکوان کی چیزوں کا خوب پک جانا - ساگ وغیرہ کا رطوبت جل کر کم ہو جانا - زہر وغیرہ سے آلودہ ہونا - جیسے زہر

میں بجھا ہوا ہونا ۔ پست ہونا ۔ ماندہ ہونا ۔ ابتر ہونا ۔ اُلٹ پلٹ ہونا ۔
بُھُبُول (ہ/مث) ایک پہیلی ۔ چیستان ۔ بُجھارت (پنجابی)
بجھی آگ (ا/مث) وہ آگ جو سرد ہو گئی ہو ۔ وہ فساد جو مٹ گیا ہو ۔
بُجھی طبیعت (ا/مث) افسردہ دل ۔
بُجھے ہوئے تیور (ہ/مث) وہ نگاہ جس سے افسردگی ظاہر ہو ۔
بجھیل (ہ) بھاری بھرکم ۔ بہت بھاری حیوان ۔
بجے (ہ/مذ) فتح ۔ ظفر ۔ نصرت ۔ جے ۔ جیت ۔ شکست کے خلاف ۔

ب ۔ چ

بچ (ہ/مث) ایک کڑوی اور بدبودار دوا ۔ بچنا سے امر ۔
بچا (ہ/مذ) بچہ ۔ چھوٹی عمر کا لڑکا یا لڑکی ۔ طفل ۔ ڈیرک ۔
بچا بچایا (ا/صف) باقی ماندہ ۔
بچا جانا (ہ) چھوڑ جانا ۔ بھول جانا ۔ رعایت اور لحاظ کرنا ۔
بچار (ہ/مث) خیال ۔ سوچ ۔ فکر ۔ اندیشہ ۔ تصور ۔ وہم ۔ غور ۔ تامل ۔ قیاس ۔ اٹکل ۔ تخمینہ ۔ اندازہ ۔ سمجھ بوجھ ۔ تمیز ۔ امتیاز ۔ آنک ۔ جانچ ۔ ارادہ ۔ قصد ۔ رائے ۔ تجویز ۔ چرچا ۔ گفتگو ۔
بچارنا ۔ یا ۔ بچار کرنا (ہ) سوچنا ۔ خیال کرنا ۔ فکر کرنا ۔ وہم کرنا ۔ تصور کرنا ۔ اُدھیڑ بن کرنا ۔ جیسے لوگ من میں بچار کرتے ہیں ۔ عقل لڑانا ۔ تمیز کرنا ۔ قیاس کرنا ۔ اندازہ کرنا ۔ جانچنا ۔ گننا ۔ ستاروں کا حساب کرنا ۔ جیسے شگون بچارنا ۔ غیبت کرنا ۔ بدگوئی کرنا ۔ ارادہ کرنا ۔
بچارہ (ف) بے چارہ کا مخفف ۔ بے کس ۔ بے یار و مددگار ۔
بچاق (ت/مذ) چاقو ۔ چھُری ۔
بچا کھچا ۔ یا ۔ بچا کچا (ہ/مذ) بچا ہوا ۔ باقی ماندہ ۔ بقیہ ۔
بچا لانا (ہ) بچت کر کے واپس لے آنا ۔ چھڑا لانا ۔ محفوظ کرنا ۔
بچانا (ہ) حفاظت کرنا ۔ پناہ دینا ۔ مدد کر کے محفوظ کر دینا ۔ ہٹانا ۔ پرے کرنا ۔ کنارے کرنا ۔ رستہ دینا ۔ جمع کرنا ۔ بچت کرنا ۔ نجات دینا ۔ چھڑانا ۔ چرانا ۔ غبن کرنا ۔ چھپانا ۔ مدد کرنا ۔ آزاد کرنا ۔
بچاؤ (ہ/مذ) حفاظت ۔ آسرا ۔ سہارا ۔ آڑ ۔ براءت ۔ پناہ ۔ سلامتی ۔ نجات ۔ مخلصی ۔ عُذر ۔ بہانہ ۔ حفاظت کی جگہ ۔
بچاؤ کرنا ۔ یا ۔ نکالنا (ہ) نجات اور مخلصی کی تجویز کرنا ۔ براءت کی جگہ بنانا ۔ حفاظت کا رستہ نکالنا ۔
بچپن (ہ/مذ) لڑکپن ۔ کم سنی ۔ بال پن ۔ کم عمری ۔
بچپنے کی باتیں (ا/مث) ناسمجھی کی باتیں ۔ بچوں کی سی باتیں ۔
بچت (ہ/مث) بقیہ ۔ باقی ماندہ ۔ نفع ۔ سود ۔ فائدہ جو صرف کر کے کچھ رہ گیا ہو ۔

بچتر (ہ/صف) مصور ۔ نقاش ۔
بچترا (ہ) عجیب و غریب ۔ نہایت عمدہ ۔
بچ رہنا (ہ) چھُٹنا ۔ نجات پانا ۔ باقی رہنا ۔ بچ جانا ۔ محفوظ ہونا ۔
بچکانہ (ف) بچوں کے لائق ۔ بچوں کا ۔ کم عمر کا ۔ کمسن بچے کا جوتا ۔ کھٹک کا لڑکا ۔
بچکنا (ہ) ناامید ہونا ۔ بھاگنا ۔ لڑکھڑانا ۔ منسوخ ہونا ۔
بچکنی (ہ/مث) ایک قسم کا چھوٹا سا زیور ۔
بچ کھیلنا (ہ) اپنی حفاظت کرنا ۔ اپنے آپ کو بچا کر کام کرنا ۔
بچگی (ف) بچپن ۔ لڑکپن ۔
بچ کے چلنا (ہ) سنبھل کر چلنا ۔ ہٹ کر چلنا ۔ ہوشیاری اور احتیاط سے چلنا ۔
بچل (ہ/مذ) بیچ کا ۔ درمیانہ ۔ منجھلا ۔ وسطی ۔
بچلا (ہ) متوسط ۔ درمیانہ ۔ بیچ کی راس ۔ اوسط درجے کا ۔
بچلنا (ہ) بہکنا ۔ بھولنا ۔ غلطی کرنا ۔ پھسلنا ۔ چوکنا ۔ جیسے ہاتھ بچل گیا ۔ گم ہونا ۔ راستہ بھولنا ۔ کھویا جانا ۔ بھٹکنا ۔ اِدھر اُدھر گھومنا ۔ گشت کرنا ۔ گت بھولنا ۔ کام خراب ہونا ۔ مُنکر ہونا ۔ پھر جانا ۔ جیسے گواہ بچل گیا ۔ بچوں کا ضد کرنا ۔ ہٹ کرنا ۔ بدکنا ۔ بھڑکنا ۔ جنون ہونا ۔ دل بگڑنا ۔ جیسے دل بچلا بُرا ۔
بچن (ہ/مذ) کلام ۔ بات ۔ قول ۔ گفتگو ۔ سخن ۔ عہد و پیمان ۔ شرط ۔ شگون ۔
بچن بندھ (ہ/صف) وعدہ کیے ہوئے ۔ قول و قرار کیے ہوئے ۔ مقرر شدہ ۔ مشروط ۔
بچن بندھ ہونا (ہ/محاورہ) قول دینا ۔ وعدہ کرنا ۔
بچن پال (ہ/مذ) بات کا پکا ۔ قول کا پورا ۔ عہد اقرار کا سچا ۔ بات کی پچ کرنے والا ۔ اپنے اقرار کی حفاظت کرنے والا ۔
بچن پالنا (ہ) اپنے قول کا پاس رکھنا ۔ اقرار پر جمے رہنا ۔ اپنی شرط پر قائم رہنا ۔ ایمان پر ثابت رہنا ۔
بچن ڈالنا (ہ) سوال کرنا ۔ طلب کرنا ۔ آرزو کرنا ۔ انکار کرنا ۔ قبول نہ کرنا ۔
بچن لینا (ہ) اقرار لینا ۔ عہد لینا ۔ قول لینا ۔ ہاں کرا لینا ۔
بچن نبھانا (ہ) وعدہ پورا کرنا ۔
بچن ہارنا (ہ) زبان دینا ۔ اقرار کرنا ۔ قول دینا ۔ عہد کرنا ۔ قول سے پھر جانا ۔ بات پر قائم نہ رہنا ۔ عہد شکنی کے معنی میں بھی آتا ہے ۔
بچنا (ہ) الگ رہنا ۔ باقی رہنا ۔ بڑھنا ۔ سلامت رہنا ۔ محفوظ رہنا ۔ زندہ رہنا ۔ جینا ۔ ہٹنا ۔ آرام ہونا ۔ اچھا ہونا ۔ پرہیز کرنا ۔ احتیاط کرنا ۔ رہائی پانا ۔ خلاصی پانا ۔ بہانہ کرنا ۔ خرچ نکال کر فائدہ ہونا ۔
بچو ۔ یا ۔ بچیو ۔ یا ۔ بچ جاؤ (ہ) ہٹو ۔ پرے ہو جاؤ ۔ راستہ چھوڑ دو ۔ احتیاط کرو وغیرہ ۔

بچورنا (ہ) مالیدہ کرنا - رگڑنا - توسنا - کھولنا - الگ الگ کرنا -
بچولیا (ہ/مذ) ثالث - پنچ - درمیانی - دلّال - فیصلہ کرنے والا - جھگڑا مٹانے والا - بیچ میں پڑ کر شادی کرنے والا -
بچوں سے گھر کی رونق ہے (ا/مثل) بچوں کی وجہ سے گھر میں چہل پہل رہتی ہے - اگر بچے نہ ہوں تو گھر بے رونق رہتا ہے -
بچوّں کا کھیل (ہ) نہایت آسان کام - سہل بات - فضول بات - سرسری کام - معمولی کار - بچوں کے کھلونے -
بچوں بچوّں کا لشکر (ا/مذ) بہت سے لڑکے بالے -
بچونگڑا (ہ/مث) بچہ کی تصغیر - ننھا سا بچہ - کودک - بال - بالک - چھوٹی سی عمر کا بچہ - نادان بچہ - ناواقف -
بچہّ (ف/مذ) چھوٹی عمر کا - بالک - ننھا - طفل - شیر خوار - لونڈا - لڑکا - چھورا - چھوکرا - بالا - نوعمر - ناتجربہ کار - مورکھ - چوزہ - فقیروں کا تکیہ کلام (حقارت سے) نالائق - نکما - جیسے بھلا بچہّ! اب کے سہی - پودا - معصوم - پاک - بے گناہ -
بچہّ جننا (ا/محاورہ) عورت کا بچے کو جنم دینا -
بچہّ دان - یا - بچہّ دانی (ہ) ملا مذ - ملا مث) رحم - کوکھ - پیٹ میں پرورش پانے کی جگہ -
بچہّ کور (ف/مذ) رستے میں پڑا ہوا بچہ جسے کوئی پرورش کے لیے اٹھا لے -
بچھّا (ہ/مذ) فاصلہ - بتا - وقفہ - مُہلت - بیچ کا عرصہ - درمیانی فاصلہ - اچھا کا مرادف -
بچھّا جانا (ہ) عاجزی کرنا - نہایت منکسر مزاجی سے پیش آنا - بہت ہی متواضع ہونا - عجز و انکسار کے مارے جھکا جانا - خرچ کے سبب تباہ ہونا - صرف کے مارے برباد ہونا - بہت خرچ سے خستہ حال ہوجانا -
بچھانا / بچھا دینا (ہ) فرش کرنا - بچھونا کرنا - پھیلانا - بہت مارنا - زمین پر گرا دینا - پراگندہ کرنا -
بچھڑا (ہ/مذ) گوسالہ - گائے کا بچہّ - پیار سے موٹے تازے لڑکے کو بھی کہتے ہیں -
بچھڑا ہوا (ہ) مہجور - علیحدہ - الگ - جُدا - قافلے سے الگ رہا ہوا - گم شدہ - آوارہ - کھویا ہوا -
بچھڑانا (ا/مث) علیحدہ کرنا - الگ کرنا - جُدا کرنا -
بچھڑ جانا (ہ) جُدا ہو جانا - گم ہو جانا - کھویا جانا - بھول جانا - قافلے سے الگ رہ جانا -
بچھنا (ہ) فرش ہونا - عاجزی کرنا - انکسار سے پیش آنا -
بچھناک (ہ/مذ) ایک زہریلی اور مہلک دوا -
بچھوّ (ہ/مذ) ایک ٹیڑھی دُم والا زہریلا جانور - کژدم - عقرب - برچھک - نیز ایک پہاڑی پودا ہوتا ہے جس کے پتوں سے چھوٹے جانے سے بچھوّ کے کاٹنے کی طرح جلن ہوتی ہے - اور پالک ملنے سے رفع ہوتی ہے - نہایت چالاک اور فتنہ انگیز -

بچھوا (ہ/مذ) کٹار - بیچھ - خنجر - جمدھر - چھوٹا چھرا - ایک اور ہتھیار کا نام بھی ہے - جو بچھو کی دُم کی طرح نہایت تیز اور ٹیڑھا ہوتا ہے - پاؤں کی انگلیوں میں پہننے کا زیور - سن کی خشک پھلی جو چھن چھن بولتی ہے ایک قسم کا نہایت تیز اور چٹ پٹا اچار جس میں مرچیں بہت ہوتی ہیں -
بچھوّ کا منتر (ہ/مذ) ایسا منتر جس کو پڑھ کر بچھوّ کے کاٹے پر پھونک دینے سے بچھوّ کا زہر تکلیف نہیں دیتا اور آرام آجاتا ہے -
بچھوّ کا منتر یاد نہیں سانپ کے بل میں ہاتھ ڈالتا ہے (ا/مثل) چھوٹے کام کے لائق نہیں - بڑے کام کی خواہش کرتا ہے -
بچھوانا (ا/مث) فرش کروانا - بستر کروانا -
بچھونا (ہ/مذ) فرش - بستر - توشک وغیرہ - ماتم اور سوگ کا ٹاٹ یا بوریا -
بچھونا اُٹھنا (ہ) ماتم داری ختم ہونا - سوگ دُور ہونا - بستر تہہ ہونا -
بچھونا پڑنا (ہ) ماتم داری کے لیے بوریا وغیرہ بچھانا -
بچھونا (ہ/مذ) جُدائی - بجوگ - مفارقت -
بچھیا (ہ/مث) اوسر گائے کا مادہ بچہ -
بچھیرا (ہ/مذ) گھوڑے کا نر بچہ (مجازاً) تندرست - ہٹا کٹا - نوعمر - نوجوان لڑکا -
بچھیرا پلٹن (ا/مذ) نوجوان لڑکوں کی فوج - نوعمر بچے -
بچھیری (ہ/مث) گھوڑے کا مادہ بچہ - نوعمر گھوڑی - کم سن گھوڑی -
بچھیلا (ہ/مذ) آلہ - وہ فانہ جو ہل میں پھال کے مضبوط رکھنے کو ٹھونک دیا جاتا ہے -
بچی (ا/مث) چھوٹی لڑکی - دُختر - دوشیزہ - وہ بال جو نیچے کے ہونٹ اور ٹھوڑی کے بیچ ہوتے ہیں -
بچے بھرانا (ا) پرندوں کا اپنے بچوں کو چونچ سے دانہ کھلانا - چوگا دینا -
بچے کچے (ا/مذ) لڑکے بالے - چھوٹے بڑے بچے وغیرہ -
بچے نکلوانا (ا) مرغی وغیرہ کو انڈوں پر بٹھانا - پرندوں سے بچے لینا - اولاد جنوانا -
بچے والی (ا/مث) ماں - زچہ - وہ مرغی جس کے ساتھ بچے ہوں -
بچیانہ (ہ/مص) گھوڑے کا شوخی یا خوشی سے کان کھڑے کرکے دونوں سر سے ملا دینا -

ب - ح

بحال (ف) برقرار - قائم - خوش - ٹھہرا ہوا - اچھی حالت میں سرسبز - شاداب - تر و تازہ - تندرست - قائم - دوبارہ تقرر - جیسے وہ

ملازمت پر بحال ہو گئے۔

بحال ہونا (ف) تندرست ہونا - پھر اپنے کام پر لگنا - دوبارہ مقرر ہونا۔

بحال رکھنا (ف) قائم رکھنا - بدستور رکھنا - اسی طرح رکھنا جیسے پہلے تھا۔

بحال کرنا (ف) دوبارہ پہلے عہدے پر مقرر کرنا - بدستور اجازت دینا۔

بحالی (ف/مث) نئے سرے سے تقرر - بدستور مقرر ہونا - خوشی تازگی - خوش دلی - فرحت۔

بحث (ع/مث) لغوی معنی کریدنا - کھودنا - مجازی تکرار - مباحثہ - دلیل - حجت - جھگڑا - سوال و جواب - گفتگو - مناظرہ - واسطہ - تعلق۔

بحثا بحثی (ف/مث) تکرار باہمی - گفتگو - جھگڑا - تنازع - مقدمہ - جھگڑا۔

بحثنا (ف) مباحثہ کرنا - مناظرہ کرنا - جھگڑا کرنا - تکرار کرنا - بحث کرنا۔

بحر (ع/مذ) بڑا سمندر - دریائے محیط - مہا ساگر (مث) شعر کا وزن - علم عروض میں ۱۹ مقررہ اوزان جن پر شعر کا وزن ٹھیک کرتے ہیں۔

بحران (ع/مذ) اصطلاح طب میں بیماری کے زور کا دن - نازک حالت - تعطل (CRISIS)

بحر رواں (ع/ف/مث) بہتا دریا - کشتی - ناؤ۔

بحر الغزال (ع/مذ) نیل ابیض کا معاون - کیونکہ مغرب کے بہت سے ندی نالوں کو لے کر نیل ابیض سے مل جاتا ہے۔

بحر الکاہل (ع/مذ) سمندر کا وہ بڑا قطعہ جو ایشیا کے مشرق اور امریکہ کے مغرب کی طرف واقع ہے۔

بحران (ع/مذ) بیماری کے زور کا دن - طبیعت اور مرض کے مقابلے کا دن۔

بحر اوقیانوس / **بحر ظلمات** (ع/مذ) سمندر کا وہ قطعہ عظیم جو امریکہ کے مشرق اور پرانی دنیا کے مغرب کی طرف واقع ہے۔

بحر جنوبی (ع) کرۂ ارض کے جنوب کا سمندر۔

بحر خضر - یا - خزر - جھیل کیسپین۔

بحر کھلنا (ف) دل کا پردہ اٹھنا - ذہن اور علم نقطے کا تیز ہونا - تبحر ہونا۔

بحر معلق (ع/مذ) آسمان سے کنایہ۔

بحر منجمد (ع/مذ) جما ہوا وہ سمندر جس کا پانی برف کی طرح جما رہتا ہے - دو ہیں - ایک شمالی - دوسرا جنوبی۔

بحری (ع) بحر سے منسوب - سمندری دریائی پانی کا رہنے والا۔

بحریہ (ع/مث) بحری فوج، سمندری فوج۔

بحور (ع/مذ) بحر (سمندر) کی جمع - مذ و مث - بحر (وزن شعر) کی جمع۔

بحیرا (ع/مذ) وہ عیسائی راہب جس نے راہ شام میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ کر کہا تھا کہ یہ اللہ کے رسول ہوں گے - اس وقت آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) اپنے چچا ابوطالب کے ساتھ شام جا رہے تھے۔

بحیرہ (ع/مذ) چھوٹا سمندر جو تقریباً چاروں طرف سے خشکی سے گھرا ہوا ہو۔

ب - خ

بخ بخ (ف) خوشا - آفریں۔

بخار (ع/مذ) بھاپ - گرمی - حرارت - تپ - غصے کا جوش - کدورت - رنج۔

بخارات (ع/مذ) بخار کی جمع۔

بخار آنا (ف) تپ آنا - بدن گرم ہونا۔

بخار چڑھنا (ف) جسم گرم ہونا - تپ چڑھنا - کسی سے ڈر لگنا - خوف کھانا - جیسے اس کے نام سے بخار چڑھتا ہے۔

بخار دل میں رکھنا (ف) دل میں کینہ رکھنا - عداوت اور بغض رکھنا۔

بخار کافور ہو جانا (ف/محاورہ) بخار جاتا رہنا۔

بخارسٹ (مذ) ملک رومانیہ کا دارالحکومت - یہاں سے گندم باہر جاتی ہے۔

بخار نکالنا (ف) دل کا جوش نکالنا - غصہ اتارنا - لڑنا۔

بخاری (ف/مث) کوٹھی - کوٹھڑی - جو باورچی خانے یا دالان وغیرہ میں غلہ رکھنے کی خاطر بنا لیتے ہیں - چمنی - انگیٹھی جو دیوار میں بنا دیتے ہیں - جس کے ذریعے سے دھواں چھت کے اوپر جا نکلتا ہے - امام بخاری کی تالیف کردہ احادیث نبویہ کی کتاب جو صحیح بخاری کہلاتی ہے - بخارا کا رہنے والا - بخارا کی چیز۔

بخت (ف/مذ) حصہ - تقدیر - قسمت - بھاگ - نصیب۔

بخت آزمائی (ف/مث) تقدیر آزمانا - بھاگ پرکھنا - نصیبہ جانچنا - کوشش - جد و جہد۔

بختاور (ف) بھاگوان - صاحب نصیب یا اقبال - (طنزاً) اس کے برعکس یعنی بدنصیب - بدقسمت۔

بختاوری (ف/مث) خوش قسمتی - اقبال مندی - (برعکس) کم بختی - شامت - ادبار۔

بخت الٹنا (ف/محاورہ) بدقسمت ہونا۔

بخت بازی (ف/مث) قسمت آزمائی۔

بخت برگشتہ (ف/صف) کم بخت - بدنصیب۔

بختوں جلی (ف/مث) بدنصیب - بدقسمت - بے اولاد - رانڈ - بال بدھوا۔

بختہ (ف/مذ) بکرا - دُنبہ -
بختے (ل) تُلے ہوئے بُھنے چنے جن پر چھلکا نہ ہو - نخود بریاں کی دال -
بختی (ف/مذ) بڑا اُونٹ - تیز رفتار شتر - اس نسل کے اُونٹ پہلے بخت نصر بادشاہ نے پالے تھے - اسی نسبت سے اُن کی نسل بختی کے نام سے مشہور ہو گئی -
بختیار (ف) نصیبے والا - خوش نصیب - دولت مند - با اقبال - ایران کا ایک قبیلہ -
بخرا (ف/مذ) حصّہ - بھاگ - بھاجی -
بخش (ف/مذ) حصّہ - نصیب - قسمت - تقسیم - بخشنا کا امر -
بخش دینا (ل) معاف کرنا - سزا نہ دینا - مفت دے دینا - بلا معاوضہ دینا - حصّہ بانٹنا -
بخشش (ف/مث) انعام - عطیہ - معافی - عفو -
بخشنا (ل) دینا - عطا کرنا - معاف کرنا - عفو کرنا - چھوڑ دینا -
بخشوانا (ل) معاف کرانا - چھڑا دینا - عفو کرانا -
بخشو بی بی چوہا لنڈورا ہی جیے گا (ل/مثل) میں آپ کی عنایت نہیں چاہتا - آپ کی مہربانی کے بغیر ہی اچھا ہوں - ان مہربانیوں کو رہنے دیجئے - روایت ہے کہ ایک بلی نے چوہے پر ہاتھ مارا - ہاتھ پڑا اوچھا - چوہا تو نکل گیا - مگر دُم رہ گئی - چوہا بل میں جا گھسا - بلی نے کہا کہ بھانجے ! ادھر تو آ - یہ لے اپنی دُم لے جا - لنڈورا بُرا معلوم ہوتا ہے - چوہے نے جواب دیا بخشو بی بی چوہا لنڈورا ہی جیے گا -
بخشی (ف/مذ) فوج کی تنخواہ بانٹنے اور حساب کتاب رکھنے والا نوکر - عام طور پر تنخواہ تقسیم کرنے والا - فوج کی تنخواہ بانٹنے والا - سپہ سالار -
بخشی خانہ (مذ) بخشی کا دفتر - فوج کی تنخواہ تقسیم ہونے کی جگہ -
بخل (ع/مذ) لالچ - طمع - کنجوسی - تنگدلی -
بخلا (ع/مذ) بخیل کی جمع - کنجوس -
بخوبی (ف) بآرام - خوبی سے - اچھی طرح - ٹھیک ٹھیک - صاف صاف -
بخور (ع/مذ) خوشبو - دُھونی -
بخیر (ف) اچھی طرح - خیر و عافیت سے -
بخیل (ع/مذ) کنجوس - تنگ دل - ممسک - لالچی -
بخیلی (ل/مث) کنجوسی - تنگ دلی - امساک - لالچ -
بخیہ (ف/مذ) ایک قسم کی نہایت باریک سیون - پکا ٹانکا - دُہرا ٹانکا - بھید - سرمایہ - پونجی - حوصلہ - بساط - قابلیت -
بخیہ اُدھیڑنا (ل) راز فاش کرنا - حقیقت ظاہر کرنا - بھید کھول دینا -

ب - د

بد (مث) وہ پھوڑا جو جڑوں میں اُٹھتا ہے -
بد (ف) نیک کے خلاف - بُرا - خراب - ناقص - نکما - شریر - فسادی - فتنہ انگیز - مُفسد -
بُد (ع) چارہ - علاج - لابُد یعنی ناچار -
بدابدی (ہ) سینہ زوری سے - زبردستی سے -
بداخلاق (ف/ع) بُری عادتوں والا - ناشائستہ - بدتہذیب - نالائق - اُجڈ -
بداخلاقی (ف/ع) بدتمیزی - اُجڈپن -
بداختر (ف) بدنصیب - قسمت کا ہیٹا -
بداسلوب (ف/ع) بے ڈھنگا - بے ڈول - بدراہ - بدچلن -
بداسلوبی (ف/مث) بے ڈھنگاپن - بدنمائی -
بدارنا (ہ) پھاڑنا - چیرنا -
بداسلوب (ف/ع) بے ڈھنگا - بے ڈول - بدراہ - بدچلن -
بداصل (ف/ع) کمینہ - بُری نسل کا - پاجی - بدذات - کم ذات - نیچ -
بداطوار (ف/ع) بدچلن - بُرے چال چلن والا - بے ڈھنگا -
بداندیش (ف) بُرا چاہنے والا - دشمن - بیری - مخالف -
بداء (ع) شروع - نئی رائے ظاہر کرنا -
بدباطن (ف/ع) دل کا خراب - کینہ ور - سیاہ دل - کپٹی - بُرے دل کا -
بدبخت (ف) بدنصیب - قسمت کا ہیٹا - مصیبت زدہ - بدبھاگ - ابھاگا - دُکھیا - آوارہ - خراب - خستہ -
بدبو (ف/مث) سڑاند - خراب بُو -
بدبو آنا (ل/محاورہ) ناقص بُو آنا - سڑاند پھیلنا -
بدبودار (ف/صف) جس میں سے بڑی خراب بُو آتی ہو -
بدپرہیز (ف) احتیاط نہ کرنے والا - پرہیز نہ کرنے والا - بلانوش - بے اعتدال -
بدپرہیزی (ف/مث) بلانوشی - بے اعتدالی - بے احتیاطی - فضول خرچی - عیاشی -
بدتر (ف) نہایت خراب - بہت بُرا - ادنیٰ درجے کا -
بدچلن (ل) بدراہ - بداطوار - ناکارہ - فضول خرچ - بدوضع -
بدحال (ف/ع) خراب حالت والا - ردّی حالت والا - بے حیثیت - قریب مرگ - بیمار -
بدحواس (ف/ع) حواس باختہ - بے ہوش - پریشان - حیران - سرگرداں -
بدخط (ف/ع) خراب لکھنے والا - بُری تحریر والا - بُرے خط والا - بدنصیب -
بدخلق (ف/ع) بُری عادت والا - اکھڑ - بدمزاج - تُند کھا - بے فیض -
بدخو (ف) بدسیرت - بُری خصلت والا - بداخلاق -
بدخوابی (ل/مث) ڈراؤنے خواب - بےچینی - نہانے کی حالت -

بدخواہ (ف) برا چاہنے والا۔ دشمن۔ بیری۔
بددعا (ف ع امث) کوسنا۔ سراپ۔ بری دعا دینا۔
بددل (ف) ناراض۔ ناخوش۔ دل برداشتہ۔ بدظن۔ بدگمان۔
بددماغ (ف) مزاج کا چڑچڑا۔ جو ناک پر مکھی نہ بیٹھنے دے۔ مغرور۔
بددماغی (ف امث) غرور۔ تکبر۔ چڑچڑاپن۔ خفگی۔ ناراضگی۔
بددیانت (ف ع) خیانت کرنے والا۔ خائن۔
بددیانتی (ف امث) خیانت۔ بے ایمانی۔ دغابازی۔
بدذات (ف ع) کمینہ۔ بد ذات۔ پاجی۔
بدذوق (ف ع اصفت) غیر معیاری چیزوں کو پسند کرنے والا۔
بدذہن (ف ع) کند ذہن۔ کوڑ مغز۔ ناقص العقل۔
بدراہ (ف) بدچلن۔ بدوضع۔ کھوٹا۔ گمراہ۔
بدزبان (ف) بدکلام۔ گستاخ۔ وہ شخص جس کے منہ پہ گالی چڑھی ہوئی ہو۔ گالی گلوچ بکنے والا۔
بدزیب (ف) غیر موزوں۔ بدنما۔ بھونڈا۔ بے ڈول۔ نازیبا۔
بدسلوکی (ف امث) برا سلوک کرنا۔ برائی۔ دکھائی۔ بدی۔ بری طرح پیش آنا۔
بدشگونی (ف) یا۔ بدشگنی (ف امث) نحوست۔ بدفالی۔
بدصورت (ف ع) بری شکل والا۔ بھونڈی شکل کا۔
بدطینت (ف ع) بری نیت والا۔ بدخو۔ بری عادت والا۔
بدظن (ف ع) بدگمان۔ شکی۔ شک کرنے والا۔ برے خیال والا۔
بدعہد (ف ع) اقرار سے پھر جانے والا۔ وعدہ پورا نہ کرنے والا۔ بے وفا۔
بدفعلی (ف ع امث) بدکاری۔ زناکاری۔ حرامکاری۔
بدکار (ف) حرام کار۔ زناکار۔ زانی۔ فاسق۔ فاجر۔
بدکیش (ف) بے دین۔ بدعمل۔ ناخدا ترس۔
بدگمان (ف امذ) شکی۔ بے جا شک کرنے والا۔
بدگمانی (ف امث) بدظنی۔ خیال فاسد۔ بے جا شبہ۔
بدگوئی (ف امث) غیبت۔ چغل۔ برائی۔ جھوٹ۔ بدی۔
بدگہر (ف ع) بداصل۔ کمینہ۔ رذیل۔
بدلحاظ (ف ع) گستاخ۔ بے حیا۔ بے ادب۔ بے شرم۔
بدلحاظی (ف امث) گستاخی۔ بے حیائی۔ بے شرمی۔
بدمزاج (ف ع) چڑچڑے مزاج والا۔ غصیلا۔ تند خو۔ ترش رو۔
بدمزگی (ف امث) ذائقے کی خرابی۔ رنجش۔ ناراضی۔ مخالفت۔ ناموافقت۔ بگاڑ۔
بدمزہ (ف) بے سواد۔ وہ شے جس کا مزا اچھا نہ ہو۔
بدمست (ف) بے ہوش۔ مست۔ نشے میں چور۔ شیطان۔
بدمعاش (ف) حرام خور۔ چور۔ لچا۔ غنڈا جس کی آمدنی اور روزی برے کاموں پر منحصر ہو۔ شریر۔

بدمعاشی (ف امث) شرارت۔ حرام خوری۔ چوری۔ بدچلنی۔
بدمعاملگی (ف امث) لین دین کی صفائی نہ ہونا۔ بدعہدی۔ بے ایمانی۔ نادہندگی۔
بدنام (ف) رسوا۔ برا۔ ناقص۔ عیبی۔ پرعیب۔ ذلیل۔
بدنامی (ف امث) رسوائی۔ ذلت۔ بری شہرت۔
بدنصیب (ف) کم بخت۔ بدقسمت۔ تقدیر کا ہیٹا۔
بدنظر دیکھنا (ل) بری نظر سے دیکھنا۔ نفسانی شہوت سے گھورنا۔ دشمنی کی نظر سے دیکھنا۔ بری نیت سے دیکھنا۔
بدنما (ف) بے زیب۔ بھونڈا۔ برا بھلا۔ ناقص۔ بری شکل والا۔ برا دکھائی دینے والا۔
بدنہاد (ف) بدنیت۔ برے ارادے والا۔ شریر۔ فسادی۔
بدنیت (ف ع) بری نیت والا۔ برے ارادے والا۔ لالچی۔ ندیدہ۔ زنا کا ارادہ۔ حرام کار۔ حرام کاری کی خواہش والا۔
بدنیتی (ف امث) نیک نیتی کی ضد۔ نیت کی خرابی۔
بدوضع (ف ع) بدچلن۔ بداطوار۔ حرام کار۔ بدصورت۔ بدشکل۔ نازیبا۔
بدوضعی (ف ع اصف) بدچلنی۔ عیاشی۔ بدصورتی۔
بدہضمی (ف ع امث) ہضم نہ ہونا۔ ہضم کی خرابی۔ گرانی شکم۔
بدہیئت (ف ع) بدشکل۔ بری شکل۔ بدصورت۔ معیب۔
بدابدی (ہ) ہماہمی۔ تکرار۔ زبردستی۔ سینہ زوری۔ شرطیہ ضروری۔ بحث۔
بدا ہونا (ہ) قسمت میں ہونا۔ نصیبوں میں ہونا۔ ضرور ہونا۔ شرطیہ ہونا۔ لازمی ہونا۔
بدبر کرنا (ل) بدظن کرنا۔ بدگمان کرنا۔
بدر (ع امذ) چودھویں رات کا ماہ کامل۔ پورنماشی کا چاند۔ پورا چاند۔
بدر (ع) عرب کا ایک مشہور مقام۔ جہاں کا غزوہ مشہور ہے۔
بدر (ف) بیرون۔ باہر۔ غلطی۔ نقص۔ عیب۔ خرابی۔ بقایا۔
بدررو (ف امث) پانی باہر جانے کا راستہ۔ موری۔ بڑی نالی۔
بدرقہ (ف امذ) رہبر۔ راہنما۔ مددگار۔ سہارا۔ وسیلہ۔ اصلاح۔ درستی۔ اعتدال پر لانا۔ سپاہ محافظ۔ نگہبان۔ ترکیب۔ تدبیر۔ دفعیہ۔
بدر کامل (ف ع امذ) پورا چاند۔ چودھویں کا چاند۔ ماہ کامل۔
بدر کرنا (و) نکالنا۔ خارج کرنا۔ جلا وطن کرنا۔ باہر نکال دینا۔ نکال باہر کرنا۔
بدر نکالنا (ل) نقص نکالنا۔ غلطی برآمد کرنا۔ ذمے نکالنا۔ بقایا نکالنا۔
بدر نویسی (ف امث) قابل سماعت رقوم کا لکھنا۔ حساب کی ماہیت دریافت کرنا۔

بدرہ (ف/مذ) چمڑے کی تھیلی - بٹوا - کیسہ -
بدستور (ف) حسب دستور - پہلے قاعدے کے موافق - حسب دستور - اسی طرح -
بدسگال (ف) بُرا چاہنے والا - دشمن -
بدعت (ع/مث) دین میں نئی بات یا نئی رسم نکالنا - نیا دستور - رخنہ - خرابی - جھگڑا - فساد - دنگا - شرارت -
بدعتی (ع/مذ) مذہب میں نئی بات اختراع کرنے والا - مجازاً فسادی - مفسد - شریر - جھگڑالو - ظالم - تشدد کرنے والا -
بدک (ہ/فعل) بدکنا مصدر کا فعل امر -
بدکانا (ہ) گھوڑے کو ڈرانا - بھڑکانا - اکھیڑنا - چمکانا - دھمکانا - چمکانا -
بدکنا (ہ) بھڑکنا - ڈر کر چونکنا - مڑنا - اکھڑنا - چمکنا - بھاگنا -
بدل (ع) یا - بدلا (ہ) بدلہ (ف/مذ) عوض - معاوضہ - تبادلہ - انتقام - اجرت - سزا - ایک شے کے عوض -
بدلِ اشتراک (ع ف/مذ) کسی اخبار یا رسالے کا چندہ -
بدلائی (ہ/مث) عوض - معاوضہ - بٹا - سکے کی تبدیلی کا معاوضہ -
بدل جانا (ہ) اور کا اور ہو جانا - حالت غیر ہو جانا - وعدہ خلافی کرنا - بھول جانا -
بدلنا (ہ) تبادلہ کرنا - پلٹنا - انقلاب ہونا - رنگ متغیر ہونا - تبدیل کرنا -
بدل نصیب ہونا (ہ/محاورہ) گمشدہ چیز جیسی دوسری چیز ملنا -
بدلوانا (ہ) پلٹوانا - تبادلہ کرانا - ایک چیز کی جگہ دوسری دلوانا -
بدلہ (ہ/مذ) معاوضہ - عوض - انتقام - اجر - پاداش - صلہ - انعام - بخشش - اجرت - مختانہ - ہرجہ - نقصان - ڈنڈ - قصاص - جزا -
بدلہ اتارنا (ہ/محاورہ) عوض دینا -
بدلہ لینا (ہ) عوض لینا - بدی کے عوض میں بدی کرنا - قصاص لینا -
بدلی (ہ/مث) تبدیلی - منتقلی - تبادلہ - بادل کا چھوٹا ٹکڑا - ابر -
بدن (ع/مذ) ابدان جمع - جسم - دیہ - تن - پنڈا - کایا - اندام نہانی - شرم گاہ -
بدن بگڑ جانا } (ہ) جذام ہو جانا - کوڑھ ہو جانا - ایک مرض سے
بدن پھوٹ جانا } جسم کا ہر عضو گر جانا -
بدن پھیکا ہونا (ہ) جسم گرم ہونا - بخار ہونا - حرارت ہونا - تپ کے آثار -
بدن ٹوٹنا (ہ) اعضا شکنی ہونا - بدن میں سستی اور کسل ہونا - جسم کا درد کرنا -
بدن چرانا (ہ) جسم کو سکیڑنا - تن کو چھپانا - جسم کو بچانا - بچا کر رکھنا - کام میں جسم کو نہ رکھنا - کام سے بچنا -
بدنژاد (ف) بداصل - جس کی پیدائش ہی میں بدی ہو - بدنہاد -
بدن کے رونگٹے کھڑے ہونا (ہ) سردی یا خوف کی وجہ سے بالوں کی جڑوں کا کھڑا ہو جانا - سردی لگنا - ڈر لگنا - خوف کھانا - خوف کی حالت ہونا -

بدن ہرا ہو جانا (ہ/محاورہ) بدن کا تر و تازہ ہونا -
بدنا (ہ) شرط لگانا - شرط کرنا - اقرار کرنا - قول دینا - وعدہ کرنا - جاننا - سمجھنا - قرار دینا - ٹھہرانا - تقدیر میں ہونا - قسمت میں ہونا -
بدنی (ع) منسوب بہ بدن - بدن کا - بدن کے متعلق - جسمانی -
بدو (ع/مذ) عرب کے صحرا نشین لوگ - بن باسی اور خانہ بدوش قبائل عرب - چونکہ ان لوگوں کو لوٹ مار سے دریغ نہیں - لہٰذا یہ لفظ مجازاً لڑاکا - فریب کار - بدنام - ٹھگ وغیرہ کے مذموم معنوں میں استعمال ہونے لگا - آج کل یہ لوگ سب کاموں سے الگ ہو گئے ہیں -
بدو کرنا (ہ) بدنام کرنا - رسوا کرنا - نکو بنانا -
بدو ہونا (ہ) انگشت نما ہونا - رسوا ہونا - بدنام ہونا - نکو ہونا -
بدولت (ع) بباعث - بسبب - بطفیل - آسرے سے - طفیل -
بدھ (ہ/مث) خدا - پرمیشور - بدھنا - چاند - طرح - ڈھب - وضع - جیسے جس بدھ کا بنے بنا لو - نیک ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا - میزان - جوڑ - جیسے آدھی رات ہو چلی - مگر کھانے کی بدھ نہیں ملنے میں آتی -
بدھ دکھانا (ہ/محاورہ) اتفاق رائے ہونا - میزان درست ہونا - زائچہ کے مطابق ہونا -
بدھ کھانا (ہ) موافقت ہونا - اتفاق رائے ہونا - ٹھیک آنا -
بدھ ملنا (ہ) مطابق ہونا - موافقت ہونا - سازگاری ہونا - درستی لگنا - کام بن جانے کی تجویز ہونا -
بدھ (ہ/مث) عقل - سمجھ - دانائی - بدھی - ہوشیاری - تیز فہمی -
بدھاتا (س/مث) خالق - خدا - علیم - بھگوان - پرمیشور - برہما -
بدھاوا (ہ/مذ) (لغوی) بڑھوتری - زیادتی (اصطلاحی) بچہ پیدا ہونے یا شادی بیاہ کی خوشی میں جو انعام دعائے افزائش کے صلے میں دیا جاتا ہے - مبارکباد - شادیانہ - آنند - خوشی - بجے بجے کار - بیاہ کا انعام -
بدھائی (ہ/مث) شادیانہ - خوشی کے گیت (دیکھو بدھاوا)
بدھائی دینا - یا - بدھائی گانا (ہ) مبارکباد دینا - خوشی کے گیت گانا - مبارکباد کے راگ گانا - شادی کے ترانے سنانا -
بدھنا (ہ/مذ) مٹی کا بڑی ٹونٹی والا لوٹا - مٹی کا ٹونٹی والا کروا - ٹونٹی والا بڑا لوٹا -
بدھنی (ہ/مث) مٹی کا ٹونٹی والا چھوٹا لوٹا -
بدھو (ہ) (لغوی) عقل مند - دانا (طنزاً) بے وقوف - الّو - احمق - مورکھ - گدھا -
بدھوا (ہ/مث) (ہندو) وہ عورت جس کا خاوند مر گیا ہو - رانڈ - بیوہ -
بدھوان - یا - بدھمان (ہ) علم والا - عقل والا - تمیز والا - ہوشیار - ذکی - تیز فہم - سیانا - عاقل - عالم - دور اندیش - صاحب تمیز -
بدھی (ہ/مث) سمجھ - عقل - فہم - دانائی - سمجھنے اور جاننے کی قوت -

بُدھی بھرشٹ (ہ، دلتوی) پلید عقل والا ۔ ناپاک عقل والا (اصطلاحی) بے تمیز ۔ سراسر اُلّو ۔ وہ شخص جس کی عقل خراب ہو چکی ہو ۔ بے عقل ۔ بدفہم ۔

بُدّھی (ہ/مث) پھولوں کا ہار جو اکثر دُولہا کو پہنایا جاتا ہے ۔ تلوار کا زخم ۔ تسمے ۔ قمچی یا کوڑے وغیرہ کی مار کا نشان ۔ حجام کا چھوٹا پٹکا جو گلے میں ڈال لیتے ہیں ۔ برہا پھرانے کا چمڑا ۔ گلے میں پہننے کا ایک زیور ۔

بدھی کا ہاتھ (ہا/مذ) ترچھا وار ۔

بُدھیا (ہ) آختہ ۔ خصّی ۔ وہ بیل جس کے فوطے نکال دیے گئے ہوں ۔ آنڈو کے خلاف ۔ چھوٹا اور روشاخہ گنا جو نہایت میٹھا ہوتا ہے ۔ نامرد ۔ خُنثیٰ ۔ ہیجڑا ۔ خوجہ ۔

بدھیا بیٹھنا (ہ) (لشکری زبان ہے) روپیہ ڈوبنا ۔ نقصان ہونا ۔ ٹوٹا آنا ۔ دیوالیہ نکالنا ۔ مفلس ہونا ۔

بُدھیا کرنا (ہ) آختہ کرنا ۔ خصّی کرنا ۔ نامرد کرنا ۔

بُدھیا مری تو مری مگر آگرہ دیکھ لیا (ل) ذرا سی تفریح کے لیے بہت سا نقصان گوارا کر لینا ۔ تھوڑے سے آرام کی خاطر زیادہ گھاٹے کی پروا نہ کرنا ۔ بے پروا اور لااُبالی آدمی کی نسبت بولتے ہیں ۔

بُدّھیاں پڑنا (ہ) چوٹ کا نشان پڑنا ۔ قمچی یا کوڑے کی مار کا نشان اُبھر آنا ۔

بُدّھیاں ڈالنا (ہ) مار مار کر نشان ڈالنا ۔ مار مار کر کھال اُدھیڑنا ۔ کھال اُڑانا ۔

بَدی (ہ/مث) اندھیرا پاکھ ۔ چاند کا دُوسرا پاکھ ۔ قمری مہینے کے آخری پندرہ دن ۔ وہ پندرھواڑہ جس میں چاند گھٹتا ہے ۔

بَدی (ف/مث) بُرائی ۔ غیبت ۔ بدخواہی ۔ چُغلی ۔ پیٹھ پیچھے بُرا کہنا ۔

بَدی چیتنا (ف) بُرائی کا خیال کرنا ۔ بُرائی کی نیت کرنا ۔ کسی کا بُرا چاہنا ۔

بَدی کرنا (ف) بُرائی کرنا ۔ دُشمنی کرنا ۔ تکلیف دینا ۔ ستانا ۔ غیبت کرنا ۔ سرکشی اور فساد کرنا ۔

بدیارتھی (س/مذ) طالب علم ۔ متعلّم ۔ علم کا خواہش مند ۔

بِدّیاوان (س) عالم ۔ فاضل ۔ گُنی ۔ گیانی ۔ نقد دان ۔ ماہر فن ۔

بدیس (ہ/مذ) دُوسرا مُلک ۔ غیر مُلک ۔ پردیس ۔

بدیسی (ہ) بدیس سے منسوب ۔ غیر مُلک کا پردیسی ۔ اجنبی ۔

بدیع (ع/مذ) انوکھا ۔ نادر ۔ نیا ۔ مُوجد ۔

بَدیہہ (ع) صریح ۔ ظاہر ۔ برگشتہ ۔ اظہر من الشمس ۔ بے سوچے اور بلا تامل ۔ کرلی صحیح اور دُرست بات کہنا ۔ برجستہ کہنا ۔

بدیہہ گوئی (ع ف/مث) غور و فکر کے بغیر کہنا ۔ برجستہ شعر کہنا ۔ حاضر جوابی ۔

بدیہی (ع) وہ بات جس کی دلیل کی ضرورت نہ ہو ۔ ظاہر ۔ روشن ۔ علانیہ ۔ الم نشرح ۔

بدیہیات (ع/مث) بدیہی کی جمع ۔ ظاہر باتیں ۔

ب ۔ ڈ

بِڈارنا (ہ) جلا وطن کرنا ۔ نکالنا ۔ باہر کرنا ۔ چیرنا ۔ پھاڑنا ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ پارچہ پارچہ کرنا ۔ جیسے انگیا کو مت بڈارو ۔ گیتوں میں اکثر آتا ہے ۔

بُڈّھا (ہ/مذ) بہت لمبا چوڑا گڑھا ۔ کھائی ۔ خندق ۔ آواز ۔ شروع ۔ کٹائی اور کھدائی کا ستر درع کا حصّہ جو کٹ گیا ہو یا کھد گیا ہو ۔

بُڈھا (ہ/مذ) بوڑھا ۔ عمر رسیدہ ۔ ضعیف ۔ سال خوردہ ۔ دیرینہ سال ۔ پیر ۔

بُڈھا پھونس (ہ) نہایت بوڑھا ۔ شیخ فانی ۔ لبیں ۔ حربرہ ۔ بہت کمزور اور لاغر ۔

بُڈّھی (ہ/مث) بڑھیا ۔ ضعیف العمر ۔ زال ۔ پیرزن ۔ بوڑھی عورت ۔

بڈھیا بڈھی (ہا/صف) بہت بوڑھی عورت ۔

ب ۔ ذ

بذاتہٖ (ع) اپنی ذات خاص سے ۔ بذاتِ خود ۔ خاص آپ ہی ۔ اپنے دم سے ۔ بہ نفسِ نفیس ۔

بَذل (ع/مث) سخاوت ۔ انعام ۔ بخشش ۔ خرچ ۔ صَرف ۔ عطا ۔

بَذلہ (ع/مذ) لطیفہ ۔ چٹکلا ۔ خوش طبعی کی بات ۔ دل پسند بات ۔

بذلہ سنج / **بذلہ گو** } (ع/ف) خوش طبع ۔ مذاق آمیز گفتگو کرنے والا ۔ لطیفہ گو ۔

بَذلہ سنجی (ع ف/مث) خوش طبعی ۔ ظرافت ۔ لطیفہ گوئی ۔

ب ۔ ر

بَرّ (ع/مذ) بحر کا نقیض ۔ خشکی ۔ جنگل ۔ بیابان ۔ زمین ۔ دھرتی ۔ میدان ۔

بَرِّ اعظم (ع/مذ) خشکی کا وہ بڑا حصّہ جس میں بہت سے مُلک شامل ہوں ۔ جیسے ایشیا ۔ افریقہ ۔ یورپ وغیرہ ۔

بَر (ہ/مذ) خدا کی دی ہوئی طاقت ۔ آسمانی برکت ۔ مدد ۔ برکت ۔ دُولہا ۔ خاوند ۔ بنّا ۔ نوشہ ۔ مُراد ۔ تمنّا ۔ دُعا ۔ اسیس ۔ داماد ۔

برائٹن ۔ (ردو بار) انگلستان کے کنارے سیکس کونٹی میں ہے ۔ امیر لوگ سرد ی میں یہاں غسل کرنے اور بحالی صحت کے لیے آتے ہیں ۔

برجوگ (ہ) شادی کے قابل۔ بیاہنے کے لائق جوان اور بالغ لڑکی۔

بردوان۔ بنگال میں ہے۔ اس کے پاس ہی لوہے اور کوئلے کی کانیں ہیں۔

بردینا (ہ) طاقت دینا۔ مراد بخشنا۔ دُعا دینا۔ خاوند دینا۔ بیاہنا۔ شادی کرنا۔

برمانگنا (ہ) مراد چاہنا۔ دُعا مانگنا۔ تمنا کرنا۔ خاوند کرنا۔

بَر (ف) اُوپر۔ بالا۔ بلند۔ پھل۔ تن بدن۔ سینہ۔ پستان۔ بغل۔ چوڑائی۔ آغوش۔ کنار۔ پہلو۔ کوکھ۔ نتیجہ۔ حافظہ۔ اصل۔

بُرا (ہ) خراب۔ بد۔ زبوں۔ نجس۔ پلید۔ نکما۔ ناروا۔ شریر۔ بدذات۔ دشمن۔ بدخواہ۔ مخالف۔

بُرا بنانا (ا/ محاورہ) مخالف بنانا۔ مجرم ٹھہرانا۔ رسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔

بُرا بننا (ہ) دشمن ہونا۔ ملزم ہونا۔ مخالف ہونا۔

بُرا بھلا (ہ) نیک و بد۔ روا ناروا۔ ناجائز۔ گالی گلوچ۔ سخت سُست۔ خلافِ تہذیب۔ ناشائستہ۔

بُرا بھلا کہنا (ہ) لعنت ملامت کرنا۔ سخت سُست کہنا۔ بھڑکنا۔ خفا ہونا۔

بُرا جاننا (ا/ محاورہ) خراب جاننا۔ بُرا سمجھنا۔

براجم (ع امذ امث) اُنگلیوں کی پوریں۔

بُرا چیتنا (ہ) بدخواہی کرنا۔ نقصان چاہنا۔

بُرا حال کرنا / بُرا درجہ کرنا / بُرا لکھا کرنا (ا) دق کرنا۔ ستانا۔ خراب کرنا۔ تباہ کرنا۔ سوانگ بنانا۔ بگاڑنا۔ ناس کرنا۔ بدرنگ و روپ کرنا۔ پتلا حال کرنا۔ گت بنانا۔ مارنا۔ پیٹنا۔ دُرگت کرنا۔

بُرا حال ہونا (ہ) خراب و خستہ ہونا۔ پتلا حال ہونا۔ مرنے کے قریب ہونا۔

بُرا کام (ا امذ) شریعت۔ مذہب یا تہذیب کے خلاف کام۔ بُری حرکت۔ زنا کاری۔ حرامکاری۔ بدفعلی۔

بُرا کہنا (ہ) غیبت کرنا۔ بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔ شکایت کرنا۔

بُرا لکھا (ہ) بدقسمتی۔ بےنصیبی۔ بُرا حال۔ بڑا درجہ۔ دُرگت۔

بُرا لگنا (ہ) ناگوار معلوم ہونا۔ گراں گزرنا۔ زیب نہ دینا۔ ناموزوں ہونا۔

بُرا مانو یا بھلا (ا/ محاورہ) اچھا سمجھو یا بُرا۔

بُرا ماننا (ہ) ناخوش ہونا۔ ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ رنجیدہ دل ہونا۔ آزردہ دل ہونا۔

بُرا نہ ہو (ا) دُعا کی جگہ بولتے ہیں (خدا خیر کرے۔ مصیبت نہ پڑے۔ آفت نہ آئے۔ ناس نہ جائے۔ مراد بر آئے۔

بُرا وقت (ا امذ) بُری گھڑی۔ مصیبت کے دن۔ تنگی اور غریبی کا زمانہ۔ قسمت ناموافق ہونے کا وقت۔

بُرا وقت آنا (ا/ محاورہ) مصیبت کا زمانہ آنا۔ تکلیف کا وقت آنا۔

بُرا وقت ٹالنا (ا/ محاورہ) تکلیف کا زمانہ صبر کے ساتھ بسر کرنا۔

بُرا ہو (ا) (بددعا) خانہ خراب ہو۔ تباہی آئے۔ برباد ہو جائے۔ ناموس ہو۔

برابر (ف) مساوی۔ یکساں۔ نہ کم نہ زیادہ۔ ہمسر۔ ہم رتبہ۔ ہموار۔ چورس۔ سپاٹ۔ مستوی۔ قول کا پورا۔ سیدھا جیسے برابر چلے جاؤ۔ پہلو بہ پہلو۔ ایک سانس۔ ایک دم۔ جیسے برابر رو دیا کیا۔ بلاناغہ۔ مسلسل۔ جیسے برابر کام کرتے رہو۔ ایک ساتھ جیسے برابر اُٹھتا ہے۔ نصفا نصف۔ آدھوں آدھ۔ سدا۔ ہمیشہ۔ پاس۔ قریب۔ ہمسایہ۔ جیسے ہمارے برابر رہتا ہے۔

برابر برابر (ف) پاس پاس۔ پہلو بہ پہلو۔ ایک قطار میں۔

برابر کا (ا) جوان۔ ہم قد۔ جیسے برابر کا بیٹا۔ جوڑ کا۔ بچے کا۔ ہمسر۔ مساوی۔ نصف کا۔

برابر کرنا (ا) یکساں کرنا۔ مساوی کرنا۔ ہموزن کرنا۔ چورس کرنا۔ حساب چکانا۔ روپیہ گنوا دینا۔ خرچ کر ڈالنا۔ اُٹھا دینا۔ تباہ کرنا۔ خاک میں ملا دینا۔ غارت کرنا۔ ملیا میٹ کرنا۔ چوکھا ایک کرنا۔ پورا کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔ ختم کرنا۔ تمام کرنا۔ لگاتار کرنا۔ متواتر کرنا۔ شکایت دور کرنا۔ اُجاڑنا۔ دُرست کرنا۔ ترتیب دینا۔ بلاتامل کرنا۔ ہم مرتبہ بنا لینا۔ نصفا نصف کرنا۔

برابر کی بانہہ (ہ امث) برابر کا بھائی۔ دوست۔ رفیق۔ معاون۔ مددگار۔ ساتھی۔ چھوٹا بھائی۔

برابر کی ٹکر (ا امث) مقابلے کا۔ جوڑ کا۔ ہم پلہ۔ ہم رتبہ۔ ہمسر۔ یکساں زور والا۔ برابر کی طاقت والا۔

برابر ہونا (ا) یکساں ہونا۔ مطابق ہونا۔ مساوی ہونا۔ ہموزن ہونا۔ بےباق ہونا۔ ہم قامت ہونا۔ خرچ ہونا۔ صرف ہونا۔ چورس ہونا۔ غارت ہونا۔ تباہ و برباد ہونا۔ مٹنا۔ غارت ہونا۔ پورا ہونا۔ ختم ہونا۔ ہمسر ہونا۔ ہم سبق ہونا۔ نصفا نصف حصہ ہونا۔

برابری (ف امث) یکسانیت۔ مساوات۔ ہمسری۔ ہم منصبی۔ رقابت۔ مطابقت۔ موافقت۔ چورس ہونا۔ ہمواری۔ مقابلہ۔ گستاخی۔ بےادبی۔ بحثا بحثی۔ ضد۔ حرص۔

برابری کرنا (ا) جھگڑا۔ گستاخی کرنا۔ نقل اُتارنا۔ ہمسری کرنا۔ رقابت کرنا۔ ضد کرنا۔ لالچ کرنا۔

بَرات (ف امث) حصہ۔ قسمت۔ نصیب۔ خوشی۔ شادمانی۔

بَرات (ہ امث) دُولہا کی سواری کا جلوس۔ نوشہ کے ہمراہی۔ انبوہ۔ اژدحام۔

برات چڑھنا (ہ) بڑی شان و شوکت سے دُولہا کے جلوس کا دُلہن کے گھر جانا۔ داماد کا نکاح کے لیے مع جلوس جانا۔

برات کرنا (ا/ محاورہ) شادی کے جلوس میں شرکت کرنا۔

برات لے جانا (ا/ محاورہ) شادی کے جلوس کا دُلہن کے گھر لے جانا۔

برات میں جانا (ا/ محاورہ) شادی کے جلوس میں شرکت کرنا۔

براتی (ہ/مذ) دُولہا کے ہمراہی - برات کے آدمی - برات میں شامل ہونے والے لوگ -

براتی تو کھا پیا الگ ہوئے کام دُولہا دُلہن سے پڑتا ہے (و/مثل) قرض لے کر شادی کرنے کے موقع پر بولتے ہیں - براتی تو کھا پی کر رخصت ہوئے مصیبت دُولہا دُلہن پر آتی ہے جنہیں قرض کا خمیازہ بھگتنا پڑتا ہے -

براٹ (ہ/مث) خوبصورتی - شان و شوکت -

براجمان ہونا (ہ) رونق افروز ہونا - بیٹھنا - تشریف رکھنا - زینت بخشنا - سجنا - کسی بڑے آدمی کے بیٹھنے اور تشریف لانے کے لیے بولتے ہیں - ادباً و تعظیماً -

براجنا (ہ) زیب دینا - سجنا - جیسے سر پر مکٹ براجے - شان و شوکت سے بیٹھنا - تشریف رکھنا - رہنا - بسنا - فارغ البالی سے بسر کرنا - مزے سے گزارنا -

برادر (ف/مذ) بھائی - بھیا - رشتہ دار - ہم مذہب - ہم پیشہ - ہم قوم -

برادر اخیافی (ف/ع) وہ بھائی جنکی ماں ایک اور باپ جُدا جُدا ہوں - کیلیا - پچھلگ -

برادر اعیانی } (ف/ع/مذ) ایک ماں باپ کی اولاد -
برادرِ حقیقی } سگا بھائی - ایک ماں باپ سے پیدا شدہ بھائی -

برادرِ رضاعی (ف/ع/مذ) دُودھ شریک بھائی - وہ لڑکا جس نے دوسرے لڑکے کے ساتھ ایک ہی ماں کا دُودھ پیا ہو -

برادرِ علاتی (ف/ع/مذ) سوتیلا بھائی جن کا باپ ایک اور مائیں جُدا جُدا ہوں -

برادری (ف/مث) قوم - ذات - خاندان - گھرانا - رشتہ داری - قرابت - بھائی بندی - رشتہ دار - یگانہ - گروہ - جماعت - سنگت -

برادری سے خارج کرنا (و) ذات سے نکال دینا - کسی قومی جرم پر قوم کا ایک شخص سے قطع تعلق کرنا - حُقہ پانی بند کرنا -

بُرادہ (ف/مذ) چُورا - سفوف - لکڑی کا چُورا جو سُوہان یا آرہ وغیرہ سے نکلے - یا لوہے کا جو ریتی کی رگڑ سے برآمد ہو - ریزہ -

براز (ع/مذ) کھُلا ہوا میدان جہاں درخت بھی نہ ہوں -

بَراز (ع/مذ) پاخانہ - میلا - گُوہ - فُضلہ - گندگی - نجاست - غلاظت - چرک -

بُراق (مذ) گدھے سے بڑا اور خچر سے چھوٹا ایک مشہور بہشتی چوپایہ جس پر سوار ہو کر رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم شبِ معراج کو عرش پر گئے - وہ تعزیہ جس کا چہرہ آدمی کا اور دھڑ گھوڑے کا سا ہوتا ہے -

بَرّاق (ع) چمکتا ہوا - نہایت چمکیلا - جگمگاتا ہوا - تیز رَو - برق رفتار - ہوشیار - چالاک - مشّاق - تیز ذہن - عقل مند - ذکی -

برآمد (ف/مث) نکاس - خرچ - آمدنی - وہ زمین جو دریا کے ہٹ جانے سے نکلے - تجارت کی وہ چیزیں جو دُوسرے ملکوں کو بھیجی جائیں -

برآمدہ (ف/مذ) برانڈا - سائبان -

برآمد ہونا (و) نکلنا - باہر آنا - پایا جانا - بازیافت ہونا - ظاہر ہونا - جیسے چوری کا سارا مال برآمد ہو گیا -

بُرّان (ف) بہت تیز - نہایت کاٹ کرنے والا - کاٹ کر پھینک دینے والا -

بَرّانا (ر) خواب میں بڑبڑانا - وحشت ناک خواب دیکھ کر ڈرنا - سپنے میں باتیں کرنا -

بَرانا (ہ/مذ) بیگانہ - غیر کا - وہ چیز جو اپنی نہ ہو - پرایا - دُوسرے کا -

برانچ (انگریزی/مث) شاخ - ٹہنی - ٹکڑا - ڈالی -

برانداز (ف) لٹانے والا - برباد کرنے والا - کھاؤ - لٹاؤ - لکھ لُٹ -

برانڈا (مذ) اُوپر کا باہر نکلا ہوا کمرہ - غلام گردش - برآمدہ -

برانڈی (انگریزی/مث) انگریزی تیز شراب -

برانڈی (و/مث) بارانی - بارش اور سردی کے وقت اُوپر پہننے کا موٹا کوٹ -

برانگیختہ کرنا (و) اُکسانا - اُبھارنا - بھڑکانا - اغوا کرنا - بہکانا - آمادہ کرنا -

براہمہ (ف/مذ) برہمن لوگ -

بُراہی (س/مث) کھُجلی کی ماتا - پھپھولے والی دیوی -

براہین (ع/مذ) دلیلیں -

براؤ (ہ/مذ) احتیاط - حفاظت -

بُرائی (ہ/مث) بدی - زبونی - خرابی - نقصان - قباحت - نحوست - شر - شرارت - غیبت - بدگوئی - عیب - ہجو - الزام - تہمت - بُہتان -

برائے (ف) واسطے - لیے -

برائے خُدا (ف) خُدا کے واسطے - خُدارا - خدا کے لیے - للہ -

برائے نام (ف) نام کے لیے - شہرت کے لیے - فرضی - خیالی جھوٹ موٹ -

برایا (ع/مث) مخلوقات - خلقِ خدا - لوگ -

بَرباد (ف) تباہ - ویران - اُجاڑ - کھویا ہوا - خراب - غارت - تلف - ضائع -

برباد کرنا (و) اُجاڑنا - تباہ کرنا - ویران کرنا - کھونا - اُڑانا - ضائع کرنا - مفلس بنانا - بگاڑنا - مٹانا - نیست و نابود کرنا -

بربادی (ف/مث) تباہی - خرابی - ناس - خستہ - ویرانی - اُجاڑ -

بُربُرا (ہ) خستہ - بھُربھُرا - نرم - آسانی سے رگڑا جانے والا -

بُربُرانا (ہ) جھڑکنا - جھنجھلا دینا -

بَربَری (ف) منسوب بہ بربر - ملک بربر کی بکری جو خوبصورت جھکری اور بڑی ہوتی ہے - ایک چھوٹی سی خوبصورت بکری - جس کی بابت مشہور ہے کہ ہرن اور بکری کے ملاپ سے پیدا ہوتی ہے -

بربری خانہ (ف/مذ) وہ جگہ جہاں شاہی بکریاں رہتی ہیں - باڑا - بکریوں کا احاطہ -

بریّت (ع/مث) مخلوقات - خلقِ خدا - لوگ -
بربط (ف/مث) ایک قسم کا باجا - جو ستار اور سارنگی کی طرح تاروں سے بجتا ہے - اُسے عود بھی کہتے ہیں -
برپا (ف) لغوی معنی پاؤں پر یعنی وہ شے جو سیدھی اپنے سہارے سے کھڑی ہو - مجازاً قائم - ٹھہرا ہوا - برقرار -
برپا کرنا (ل) کھڑا کرنا - قائم کرنا - اُٹھانا - ٹھہرانا -
برپا ہونا (ل) بلند ہونا - اُٹھنا - قائم ہونا - ٹھہرنا -
بَرت (س/مذ) ہندوؤں کا روزہ - بھوکا پیاسا رہنا - اناج - پانی نہ کھانا پینا -
بَرَست (ف) ایک - جو پہلا عدد ہے -
بِرَت (س/مث) وجہ معاش - معیشت - آمدنی - مال و متاع - معافی زمین - حق - نیگ - ورثہ - انعام - جگمان - پرورش کنندہ -
بِرتا (ہ/مذ) طاقت - بل - کس - زور - بھروسا - اُمید - حوصلہ - ہمت - مقدور - لیاقت - وسعت - گنجائش - سمائی - مدد - مادہ -
بُرتا (ہ/مذ) برتنے کے قابل چیز - قابلِ استعمال - لکڑی یا سرکنڈے کا گول سرِ دالاقلم جس سے مبتدی بچے تختی پر مٹی ڈال کر یا زمین پر ہندی حروف لکھنے کی مشق کرتے ہیں -
بَرتانا (ہ) تقسیم کرنا - بانٹنا - حصّہ دینا - حصّہ لگانا -
بَرتانت (س/مث) سرگزشت - کتھا - کہانی - حکایت بیان حال - تذکرہ - خبر - اطلاع -
برتاؤ - یا - برتاوا (ہ/مذ) سلوک - رسم - چلن - استعمال - تصرّف - میل جول - ریت - راہ و رسم -
برتاؤ اچھا ہونا (ہ) سلوک اچھا ہونا - طرزِ عمل دُرست ہونا - مہربانی سے پیش آنا -
بَرتر (ہ) زیادہ بلند - نہایت اُونچا - بہت بزرگ - نہایت عُمدہ -
برتری (ف/مث) عُمدگی - بزرگی - فضیلت - بڑائی -
(ل/مذ) باسن - بھانڈا - ظرف -
برتن سے برتن کھٹک ہی جاتا ہے (ا/مثل) آپس میں گھر میں کبھی نہ کبھی بات پر تکرار ہو ہی جاتی ہے -
برتن کھٹکنا (ا/محاورہ) ٹوٹے ہوئے مٹی کے برتن کا ایک خاص قسم کی آواز دینا -
برتنا (ہ) کام میں لانا - عمل میں لانا - تجربہ کرنا - آزمائش کرنا - بھگتنا - نباہنا - صَرف کرنا - خرچ میں لانا - اُٹھانا -
برتھا (س) ضائع - اکارت - رائگاں - فضول - لغو - یُونہی برباد -
بَرتی (ہ/مذ) برت رکھنے والا -
برتے رہنا (ہ/محاورہ) کسی بات پر بھروسا کرنا - نازاں رہنا -
برتیا (ہ/مذ) روزہ دار - برت رکھے ہوئے -
برٹش کولمبیا - قلمرو کینیڈا میں بحرالکاہل کے کنارے کا صوبہ - آب و ہوا انگلستان جیسی - پہاڑوں میں معدنیات بکثرت ہیں - بالخصوص سونا - دریا سے سامن مچھلی بہ افراط ملتی ہے - دریا کا نام فریزر - دارالحکومت کا نام وکٹوریا ہے -

بُرج (ع/مذ) گنبد - گُمٹ - مُنڈھو - راس - ستارے کا گھر یا مقام - آسمانی دائرے کا نظری اور خیالی طور پر بارھواں حصّہ - غبارہ - بیلون - سکندرنامہ میں مجلس سے مُراد ہے -
بِرَج (ہ/مذ) متھرا کا ضلع - گنگا اور اُس کے معاونوں سے سیراب ہونے والا علاقہ - یہ علاقہ کرشن جی کی پیدائش اور زبان کی فصاحت کے باعث بہت مشہور ہے -
بِرَج بھاشا - یا - بِرَج بھاکا (ہ/مث) برج کی زبان - متھرا - گوکل - اور بندرابن کے علاقے کی بولی -
برجستہ (ف) بےساختہ - بروقت - برمحل - بےتکلّف - عین موقع پر - خراسان کا ایک شہر -
بَرجنا (ہ) منع کرنا - روکنا - باز رکھنا - سمجھانا - فہمائش کرنا -
بُرجی (ہ/مث) برج کی تصغیر - چھوٹا برج - مینار - گنبد کے اُوپر کا گول حصّہ -
برچھن (ا/مذ) بیروں کا چوران -
برچھ (ہ/مذ) درخت - پیڑ - رُوکھ -
برچھ کا سایہ اور پرش کا مایہ (ہ/مثل) درخت کا سایہ اور انسان کا روگ اس کی ذات کے ساتھ ہے -
برچھا (ہ/مذ) لمبا نیزہ - بھالا - بلم -
برچھا بردار (ہ/صفت) برچھا رکھنے والا -
برچھک (ہ) برجِ عقرب - آسمان کا آٹھواں برج -
برچھی (ہ/مث) چھوٹا نیزہ جس کا پھل چوڑا ہوتا ہے - چھوٹا بھالا -
برچھی تولنا (ا/محاورہ) برچھی مارنے کی تیاری کرنا -
برچیدن (ف) اُچکنا -
برحق (ع) ٹھیک - دُرست - بجا - واقعی - سچ - صحیح -
برخاست (ف) موقوف - موقوف شدہ -
برخاست (ل) موقوف ہونا - دفتر وغیرہ بند ہونا - علیحدہ ہونا -
برخاست کرنا (ل) موقوف کرنا - بند کرنا - ہٹا دینا - برطرف کرنا - دفتر یا مدرسہ وغیرہ بند کرنا - اُٹھانا - علیحدہ کرنا -
برخاستگی (ف/مث) موقوفی - علیحدگی - برطرفی -
برخلاف (ف/ع) اُلٹا - برعکس - مختلف - مخالف - ناموافق -
برخوردار (ف) اقبال مند - بااقبال - بختاور - زندگی کا پھل اُٹھانے والا - حظ اُٹھانے والا - بیٹا - پسر - فرزند - (دُعائیہ) جیتے رہو -
برخورداری (ف/مث) کثیرالاولادی - بہو بیٹی کا لقب - (عوام)
برخیا (ع) حضرت سلیمانؑ کے وزیر آصف کے والد -
بَرَد (ع) اولا جو بادل سے برستا ہے -
بُرد (ف) بالائی آمدنی - فتوح - رشوت - نفع - یافت - شطرنج کی بازی میں جب اکیلا بادشاہ ہی رہ جاتا ہے - تو وہ بازی برد کہلاتی اور آدھی بازی سمجھی جاتی ہے - جیت -
بَردِ اطراف (ع/مث) ہاتھ پاؤں کی سردی - موت کی ٹھنڈک "جس میں ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو جاتے ہیں -

بُردبار (ف) بھاری بھرکم۔ متحمل۔ سہنے والا۔ برداشت کرنے والا۔ جھیلنے والا۔

بُردباری (ف امث) تحمل۔ سہارا۔ برداشت۔ قناعت۔ صبر۔ اہلیت۔

بُردہ (ف امذ) وہ لڑکے لڑکیاں جو لڑائی میں ہاتھ لگیں۔ غلام۔ داس۔ بندہ۔ قیدی۔

بُردہ فروشی (ف امث) غلام بیچنا۔ غلاموں کی تجارت۔

بر زبان تسبیح و در دل گاؤ خر (ف اشل) زبان پر اللہ اللہ اور دل میں سو سو خیال۔ ظاہر کچھ اور باطن کچھ۔ ریاکاری کی عبادت۔ ظاہر میں نیک۔ باطن میں خراب۔ یکسو ہو کر عبادت نہ کرنا۔

بَرزخ (ع امذ) روک۔ مزاحمت۔ وقفہ۔ عرصہ۔ مرنے سے قیامت تک کا وقت۔ خیالی صورت۔ تصوری شکل۔ جیسے پیر کا برزخ۔ دو مخالف چیزوں کی درمیانی شے۔ جس میں ان دونوں میں سے کسی کی صفات بھی عائدنہ ہوتی ہوں جیسے اعراف بہشت اور دوزخ کے درمیان برزخ ہے۔ بندر انسان و حیوانات میں۔ مونگا نباتات اور جمادات میں۔ ہیئت۔ شکل۔ صورت۔ پیکر۔

بَرزن (ف امذ) کوچہ۔ گلی۔ سڑک۔ چھوٹا راستہ۔

بَرس (ہ) سال۔ بارہ مہینے کا عرصہ۔ سنہ۔

برسا برس (ہ امذ) سال بھر۔ ہر سال۔ سارا برس۔ برس دن کا تہوار۔ عید۔

برس بیادر (ہ امث) ہر سال بچہ دینے والی گائے بھینس۔ مجازاً زیادہ بچے پیدا کرنے والی عورت۔

برسٹل۔ انگلستان میں دریائے سیورن کے طاس میں ایک مشہور شہر ہے۔

برسلز۔ بلجیم کا دارالحکومت۔ یورپ کے خوبصورت شہروں میں ہے۔ دریوں۔ لیس اور گاڑیوں کے کارخانے بہت ہیں۔ بجانب جنوب واٹرلو کا مشہور جنگی مقام واقع ہے۔

برس دن کا دن (ہ امذ) سالانہ۔ تہوار۔ تعطیل۔ سال بھر میں ایک دن۔

برس گانٹھ (ہ امذ) سالگرہ۔

برسات (ہ امث) بارش کا موسم۔ چوماسا۔ برشگال۔ برکھا رُت۔ موسم باراں۔

برساتی (ہ امث) بارش کے وقت پہننے کا بڑا کوٹ۔ گھوڑوں، اونٹوں، اور بکریوں وغیرہ کی ایک بیماری کا نام ہے۔ جو انھیں برسات کے دنوں میں ہو جاتی ہے۔ اور ان کے پاؤں گل جاتے ہیں۔

برساتی کیڑے (ہ امذ) حشرات الارض۔ مجازاً وہ لڑکے بالے یا آدمی جو ایک ہی خاندان میں بکثرت ہوں۔ ڈوموں اور میراثیوں کو بھی کہتے ہیں۔

بَرسام (ع امذ) ذات الجنب کی بیماری یعنی ورم زیر بغل۔

برسانا (ہ) بارش کرنا۔ اناج کو بھوسہ الگ کرنے کے لیے ہوا کے رُخ گرانا۔ اناج سے بھوسہ الگ کرنا۔

برساؤ (ہ) برسنے والا۔ برسنے کے قابل۔ بادل۔ برسن ہار۔

برس پڑنا (ہ) بُرا بھلا کہنا۔ گالیوں کا تار باندھ دینا۔ بارش کا شروع ہونا۔ مارنے لگنا۔ مہربانی کرنا۔

برسنا (ہ) بارش ہونا۔ مینہ یا پانی پڑنا۔ غصہ آتا رنا۔ غبار نکالنا۔ روپیہ بکثرت آنا۔ خفا ہونا۔ گرجنا۔ نمایاں ہونا۔ جیسے آنکھوں سے خون برس رہا ہے۔ پھوٹنا۔ مواد نکلنا۔

برسوال (س اصف) سالانہ۔ ہر سال کا فاتحہ۔ برسی۔

برسوں (ہ امذ) سالہا سال (برس کی جمع)

برسوں جھلانا (ادا محاورہ) عرصہ تک اُمیدوار رکھنا۔

برسوں جھولنا (ہ) کسی اُمید یا انتظار میں برسوں گزر جانا۔ مدتوں سعی و تلاش میں رہنا۔

برسوں کا بیمار (ادا مذ) پُرانا بیمار۔

برسوں کا مرض (ادا مذ) پُرانا مرض۔ پُرانی بیماری۔

برسوں کی راہ (ہ امث) طویل راستہ۔ لمبی مسافت۔

برسویں دن (ہ) سال بھر میں ایک بار۔ ہر سال۔ سال پیچھے۔ سال بھر بعد۔

بُرسی (ہ امث) (پورب) جاڑے میں آگ رکھ کر تاپنے کی انگیٹھی۔ جسے کشمیری لوگ کانگڑی اور فارسی آتشدان بولتے ہیں۔

بَرسی (ہ امث) مُردے کی سال پُورا ہونے کی فاتحہ۔ مُردے کی سالانہ رسم۔

برسی کا دن (ادا مذ) سالانہ فاتحہ کا دن۔

بَرش (ف امذ) ایک معجون جس کا جزو اعظم افیون ہے۔ اسے برشعثا بھی کہتے ہیں۔

بُرش (انگریزی امذ) مُوقلم۔ بالوں کا قلم۔ کُونچی۔ اونی کپڑے یا ٹوپیاں وغیرہ صاف کرنے کا آلہ۔

بُرِش (ف امث) بریدن۔ کاٹ۔ تیزی۔ چیر پھاڑ۔

بَرشا (ہ امث) برسات۔ برکھا رُت۔ بارش کا موسم۔ چوماسا۔ برسنا۔

بَرشگال (س امث) برش (برسنا) اور کال (وقت) سے مرکب ہے۔ یعنی برسنے کا وقت۔ موسم باراں۔ بارش کے دن۔ برسات۔ برکھا رُت۔

بَرص (ع امث) پھلبہری۔ ایک مرض جو خون کے فساد سے جسم پر سفید سفید داغوں کی صورت میں نمایاں ہوتا ہے۔ کپا کوڑھ۔

بَرطرف (ف اع) کنارے پر۔ الگ۔ علیحدہ۔ جُدا۔ موقوف۔

بَرطرف کرنا (ف) موقوف کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ نوکری سے ہٹا دینا۔ برخاست کرنا۔ نام کاٹ دینا۔

بَرطرفی (ف امث) برطرف کرنا۔ علیحدگی۔ موقوفی۔ کنارے ہو جانا۔ معزولی۔ برخاستگی۔

برعکس (ف/ع) خلاف۔ اُلٹ۔ متضاد۔ ضد۔
بَرف (ف/مث) کُہر۔ پالا۔ پانی کے وہ جمے ہوئے بخارات جو رُوئی کی طرح آسمان سے برستے ہیں۔ برف میں جما ہوا پانی۔ دُودھ یا شربت۔ ٹھنڈی۔ اولا۔ سفید۔ براق۔ اُجلی۔
بَرف میں لگانا (ف) برف میں ٹھنڈا کرنا۔
بَرف ہونا (ف) نہایت ٹھنڈا ہونا۔ سرد اور خشک ہونا۔
برفانی (ف) بڑا سرد۔ وہ مقام جہاں برف زیادہ پڑتی ہو۔
بَرفی (ف/مث) منسوب بہ برف۔ ایک مشہور مٹھائی جو دُودھ اور کھانڈ کے قوام سے بناتے ہیں۔
بَرق (ع/مث) بجلی۔ صاعقہ۔ چمک۔ چالاک۔ تیز رفتار۔ چمک دار۔
بَرق خرام } (ع/ف) تیز چلنے والا۔ صبا رفتار۔ تیز رفتار۔ بہت جلد
برق رفتار } چلنے والا۔
بَرق ہے (ف/مقولہ) نہایت تیز۔ ہوشیار۔ چالاک ہے۔
برقرار (ف/ع) قائم۔ باقی۔ موجود۔ حاضر۔ بحال۔ مستقل۔ جیسے اپنی جگہ برقرار ہوگیا ہے۔
بُرقع (ع/مذ) نقاب۔ پردہ۔ گھونگٹ۔ وہ سلا ہوا کپڑا جو عورتیں باہر نکلتے وقت سر سے پاؤں تک اوڑھ لیتی ہیں۔ لباس۔ پوشاک۔ جامہ۔ جیسے فقیری شیر کا برقع ہے۔ وہ جھلی جس میں بچہ لپٹا ہوا پیدا ہوتا ہے۔
بُرقع اُٹھانا (ف) بے پردہ کرنا۔ مُنہ سے نقاب ہٹا دینا۔ راز فاش کرنا۔ بھید ظاہر کرنا۔
برقع پوش (ف/صف) نقاب پوش۔ پردہ دار۔
برقع ڈالنا (ف) برقع اوڑھنا۔ بھید چھپانا۔ پردہ کرنا۔
برقی (ع/صف) بجلی کی طاقت سے کام کرنے والا۔
برقی رَو (ع/ف/مث) بجلی کی لہر۔
بُرک (ف/مذ) وہ اُونی کپڑا جو اُونٹ کی پشم سے تیار کیا جاتا ہے۔
بَرَک (ہ/مث) گاڑھے گزی کا تہ کیا ہوا تھان کورا یا دُھلا ہوا۔ بارہ گز لمبے کھدر کا تھان۔ بارہ گز کھدر کا لپٹا ہوا تھان۔
بُرَک } (ہ/مذ) قاش۔ پھانک۔ دانتوں سے کاٹا ہوا ٹکڑا۔
بُرکا }
بَرکت (ع/مث) زیادتی۔ افزونی۔ افزائش۔ کثرت۔ بہتات۔ بالیدگی۔ نیک شگون کے لیے تولتے وقت بنیے لوگ پہلی تول پر ایک کی جگہ بھی بولتے ہیں۔ خاتمے اور نہیں کی جگہ بھی یہ لفظ بولتے ہیں۔ جمع برکات۔
برکت اُٹھنا } (ف) نفع نہ رہنا۔ افزائش معلوم نہ ہونا۔ بہتات نہ ہونا۔
برکت جانا } رونق نہ رہنا۔ زیادتی جاتے رہنا۔
برکت دینا (ف) درازی بخشنا (ان معنی میں صرف عمر کے ساتھ مستعمل ہے اور دوسرے لفظوں کے ساتھ افزونی و زیادتی کے معنی میں آتا ہے) افزائش نصیب کرنا۔ ترقی دینا۔ بہتات عنایت کرنا۔
برکت ہونا (ف) افزائش ہونا۔ دراز ہونا۔ تمام ہونا۔ ختم ہو چکنا۔
بُرکلا (ہ/مذ) گوبر کی چھوٹی چھوٹی گلڑیوں کا ہار جو ہندو لوگ ہولی ماتا پر جلانے کے لیے چڑھاتے ہیں۔
بُرکنا (ہ) چھڑکنا۔ ڈالنا۔ بکھیرنا۔ چھینٹا دینا۔ چٹکی سے باریک پسی ہوئی چیز کو بکھیرنا۔ چُلّو میں پانی لے کر بُوند بُوند ڈالنا۔ خوشوں اور بالوں کو اُوپر سے کاٹنا۔
برکھ (س/مذ) آسمان کا بُرج ثور جس کی شکل بیل کی سی مانتے ہیں۔ اور یہ دُوسرا بُرج ہے۔
بَرکھا (ہ/مث) برشگال۔ برسات۔ بارش۔ مینہ۔
بُرکی ڈالنا } (ہ) مٹی کی چٹکی پر جادو پڑھ کر ڈالنا۔ جادُو کی پُڑیا مارنا۔
بُرکی مارنا } اپنی محبت میں گرویدہ کر لینا۔ فریفتہ کرنا۔ عاشق بنانا۔ موہ لینا۔
بَرگ (ف/مذ) پتا۔ ورق۔ پات۔ ساز و سامان۔ اسباب۔ توشہ۔
برگد (ہ/مذ) بڑ کا درخت۔
برگد کی داڑھی (ہ/مث) برگد کے وہ ریشے جو شاخوں سے لٹک کر زمین تک پہنچتے ہیں۔
برگزیدہ (ف) چُنا ہوا۔ چھانٹا ہوا۔ منتخب۔ پسندیدہ۔ دل پسند۔ ہردلعزیز۔
برگشتہ (ف) پھرا ہوا۔ باغی۔ سرکش۔ اُلٹا ہوا۔
برگشتہ بخت (ف) بدنصیب۔ بدقسمت۔ نربھاگ۔ ابھاگی۔
برگشتگی (ف/مث) پھرنا۔ انقلاب۔ اُلٹ پلٹ۔ اُلٹا دُ۔ پلٹاؤ۔
بِرلا (ہ/مث) کوئی کوئی۔ ایک آدھ۔ خال خال۔ شاذ و نادر۔ انوکھا۔
بَرلانا (ہ) پورا کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔
بَرما (ہ) آزاد حکومت ہے۔ رنگون صدر مقام ہے۔ اور مشہور بندرگاہ۔ چاول، موم بتی۔ ساگوان کی لکڑی اور معدنی پیداوار صوبے کی دولت ہیں۔ مٹی کا تیل خاص طور پر پیدا ہوتا ہے۔
بَرما (ہ) پورا کرنا۔ لکڑی میں چھید کرنے کا آلہ۔ مثقبہ۔
برمانا (ہ) برمے سے لکڑی میں چھید کرنا۔ سُوراخ کرنا۔
برمحل (ع) عین موقع پر۔ ٹھیک وقت پر۔ مناسب۔ نہایت عمدہ۔ ٹھکانے والی۔
برملا (ف) سرِ مجلس۔ علانیہ۔ کھُلم کھُلا۔ سب کے سامنے۔ کھُلے طور پر۔
بُرمُوہی (ہ) بڑے مُنہ والی۔ بھونڈی شکل کی۔ بدصورت۔
بَرَن (س/مذ) قوم۔ ذات۔ فرقہ۔ بنجھ۔ وجہ۔ رنگ روپ۔ نقشہ۔ بناؤ۔ سنگار۔ لباس۔ حروف۔ اکھر۔ انچھر۔ سر سے پاؤں تک کی تعریف۔ حمد و نعت۔ بیان۔ وصف۔ سوئٹزرلینڈ کا

صدِ مقام۔

برن سنکر / برن شنکر (ہ/مذ) دوغلا آدمی جس کا باپ اور قوم سے اور ماں اور قوم سے ہو۔ لونڈی بچہ۔ سر بھنگی۔ آزاد۔

برن مالا (ہ/مث) حروفِ تہجی۔ الف۔ بے۔ تے۔

برنا (ف/مذ) نوجوان۔ نو عمر۔ پورا۔ جوان۔ آدمی۔

برنا (ہ/مذ) ایک درخت جس کا پھل گولر سے مشابہ اور کڑوا ہوتا ہے۔ شادی یا بیاہ کرنا۔

برنج (ف/مذ) چاول۔ پیتل۔

برنج کابلی (ع/مذ) باؤ بڑنگ۔ ایک دوا۔

برنج مشک (ف/مذ) ایک دوا کا نام (بالنگو)

برنجی (ف) پیتلی۔ پیتل کا۔ لوہے کی چھوٹی کیل۔

برنن (ہ/مذ) تفصیل۔ تشریح۔ بیان۔ اظہار۔ خوبی۔ بکھان۔

برنی (ہ/مث) بھڑ (پنجابی ڈیمو) ایک چھوٹا اڑنے والا زرد زہریلا کیڑا۔

برنی (ہ/مث) وہ جگہ جہاں پلکیں اُگتی ہیں۔ آنکھوں کے پپوٹوں کا کنارا۔ گنی۔

برنی (د/مذ) برن ہندوستان میں ایک شہر ہے جسے بلند شہر بھی کہتے ہیں۔ وہاں کے بعض لوگ اپنے آپ کو برنی لکھتے ہیں۔

بروا (ہ/مذ) پودا۔ درخت۔ پیڑ۔ برٹا (مجازاً) نوجوان۔ لڑکا۔ معصوم۔ ہونہار۔

بروت (ف) مونچھ۔

برودت (ع/مث) سردی۔ خنکی۔ ٹھنڈک۔

بروج (ع/مذ) برج کی جمع۔

برودت (ع/مث) سردی۔ ٹھنڈک۔

برودھ (س/مذ) دشمنی۔ بیر۔ عداوت۔ مخالفت۔ حسد۔ کینہ۔ فساد۔

برودھ کرنا (ا/مث) مخالفت کرنا۔ ذنگا کرنا۔ روکنا۔

برودھی (س) جھگڑالو۔ فسادی۔ دشمن۔ بیری۔

بروز (ف) دامن کی سنجاف۔

بروسا۔ ایشیائے کوچک کا مشہور شہر۔ اور ریشمی مصنوعات کا بڑا مرکز۔ آبادی تقریباً پون لاکھ۔

برومند (ف) بارور۔ برخوردار۔

بروقت (ف/ع) عین وقت پر۔ ٹھیک موقع پر۔ حسبِ موقع۔ نہایت مناسب۔

بروگ (ہ/مذ) تفرقہ۔ جدائی۔ ہجر۔ فراق۔ علیحدگی۔ برہ۔

بروگن (ہ/مث) فراق زدہ عورت۔ مہجور۔ برہ کی ماری۔

بروگی (ہ/مذ) اپنے یار سے بچھڑا ہوا مرد۔ ہجر کا مارا۔ فراق زدہ مرد۔

برہ (ف/مذ) بھیڑ یا بکری کا چھوٹا سا بچہ۔ حلوان۔ بز غالہ۔ بکروٹا۔

برۂ فلک (ف) برجِ حمل۔ آسمان کا پہلا برج۔

برہ (ہ/مذ) ہجر۔ جدائی۔ مفارقت۔ دوری۔ مفارقت کا راگ۔ جدائی کا گیت۔

برہان (ع/مث) دلیل۔ حجتِ قطعی اور پکا ثبوت۔

برہانِ انّی (ع/مث) ایک قسم کی دلیل جس میں معلول سے علت کی طرف استدلال کرتے ہیں۔

برہانِ لمّی (ع/مث) (منطق) دلیل کی وہ قسم جس میں علت سے معلول کی طرف استدلال کیا جاتا ہے۔

برہسپت یا برسپت (ہ/مذ) ایک ستارہ جسے عربی میں مشتری اور برجیس اور فارسی میں ہرمز اور قاضیٔ فلک کہتے ہیں۔ پنجشنبہ۔ جمعرات۔

برہم (ف) خفا۔ رنجیدہ۔ ناراض۔ اُلٹ پلٹ۔

برہم پتر (ہ/مذ) بڑا دریا جو تبت کی سطحِ مرتفع سے نکلتا ہے اور آسام ہوتا ہوا گوالندو مقام پر گنگا سے جا ملتا ہے۔ برما وادی کی پیداوار اسی کے ذریعے سے کلکتے پہنچتی ہے۔

برہم ہونا (ف) ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ گڈمڈ ہونا۔ تباہ ہونا۔ تتر بتر ہونا۔ گڑبڑ ہونا۔ بگڑنا۔

برہمچاری (س/مذ) ویدوں اور شاستروں کا عالم۔ پرہیزگار۔ پاک دامن۔ وہ آدمی جو وید اور شاستر کا طالب علم ہو۔ برہمنوں کی عمر کا وہ حصہ جس میں وہ وید سیکھتے ہیں۔

برہم چرج (س) عفت۔ پاک دامنی۔

برہم ہتیا (ہ/مذ) برہمن کشی۔ برہمن کو مارنا۔ برہمن کا قتل۔

برہمن (ہ/مذ) وید جاننے والا۔ پنڈت۔ وید کا عالم۔ خداشناس۔ عارف۔ ہندوؤں کا پجاری۔ ہندوؤں کا پیر۔ ہندوؤں میں سب سے اونچی ذات۔

برہمی (ف) ابتری۔ گڑبڑ۔ خرابی۔ ناراضی۔ رنجیدگی۔

برہمی (ہ) ملک برہما کا باشندہ۔ ملک برہما کی چیز۔

برہن (ہ/مث) بروگن۔ ہجراں زدہ عورت۔ خاوند سے دور عورت۔ عاشقہ۔

برہنہ (ف) ننگا۔ عریاں۔ کھلا ہوا۔

برہنہ پا (ف/صف) ننگے پاؤں بغیر جوتا پہنے۔

برہنہ پشت (ف/صف) بالکل ننگا۔ عریاں۔

برہی روٹی (ہ/مث) وہ روٹی جس کے اندر دال قیمہ یا آلو وغیرہ ڈال کر پکاتے ہیں۔

برہیلا (ہ/مذ) سؤر۔ خنزیر۔ خوک۔ جنگلی سؤر۔

بری (ع) آزاد۔ چھوٹا ہوا۔ باہر۔ مستثنیٰ۔ خارج۔ پاک۔ بے گناہ۔ بے قصور۔

بری الذمہ (ع) ذمہ داری سے پاک۔ جوابدہی سے خارج۔ وہ شخص جس پر ثبوتِ جرم نہ ہو۔ معاملے سے مستثنیٰ۔

بری (ہ/مث) ہاتھی کے ہانکنے اور چلانے کی آواز جو فیلبان بولتے ہیں۔

برّی (ع) خشکی کا۔ جنگلی۔ زمین کی چیز۔ بحری کا نقیض۔

بُری (ہ) ناقص۔ خراب۔ بد۔ نکمی۔ ردّی۔ ناپسند۔

بری آنکھ ڈالنا (ا/محاورہ) بری نظر سے دیکھنا۔ خراب نیت سے دیکھنا۔

بُری بست } (ہ امث) ناقص چیز ۔ نکمّی چیز ۔
بُری چیز } حرام شے ۔

بُری سُنانا (ہ) نکمّی بات سُنانا ۔ بے ڈھب سُنانا ۔ مرضی کے خلاف کہنا ۔ کھوٹی سوٹی بات کہنا ۔ خراب باتیں بیان کرنا ۔

بریق (ع امث) درخشندگی ۔ چمک ۔

بُرے کی جان کو رونا (ہ) ظالم کے ظلم کی شکایت کرنا ۔ ظلم پر صبر کرنا ۔ قہرِ درویش بر جانِ درویش ۔ مجبوراً ظلم سہنا ۔

بریلی ۔ بھارت میں صوبجات متحدہ (اُتر پردیش) کا مشہور شہر ۔ یہاں گرد و نواح میں بانس بکثرت ملتا ہے ۔ گندہ بیروزہ تیار کرنے اور کُرسیاں وغیرہ بنانے کا کام بھی خوب ہوتا ہے ۔ یہاں کا سُرمہ بھی مشہور ہے ۔

بریلی جانے کا کیا کام (ا امثل) اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو پاگلوں کی سی حرکت یا کام کرے (بریلی میں ہندوستان کا سب سے بڑا اور مشہور پاگل خانہ تھا ۔

بریلی روپا ریلی (ا امثل) بریلی میں بہت دولت ہے ۔

بریاں (ف) بھُنا ہوا ۔ پکا ہوا ۔ جو پک کر سُرخ ہو جائے ۔

بریاں (ہ امث) دفعہ ۔ باری ۔ نوبت ۔ وار ۔ وقت ۔

بریاں لینا (ہ) باری لینا ۔ نوبت پوری کرنا ۔ وار لینا ۔ نیموں میں منتشی بنانے کی رسم ۔

بریّت (ع امث) مخلوق ۔

بریٹھا (ہ امذ) (پورب) دھوبی ۔ کپڑے دھونے والا ۔

ب ۔ ڑ

بڑ (ہ امذ) ایک درخت جو بڑے پھیلاؤ کا ہوتا ہے ۔ (پنجابی میں بوہڑ)

بَڑ (ہ امث) بکواس ۔ مجنونانہ باتیں ۔ دیوان جیسا کلام ۔

بڑبولا (ہ) بڑا بول بولنے والا ۔ شیخی بگھارنے والا ۔ گھمنڈ کرنے والا ۔

بڑبھاگی (ہ) بڑی قسمت والا ۔ بڑے نصیبے والا ۔

بڑبھکوا (ا ارصفت) بڑا بے وقوف ۔ احمق ۔

بڑپن ۔ یا ۔ بڑپنا (ہ امذ) بڑا ہونا ۔ بزرگی ۔ شان و شوکت ۔ بڑائی ۔ عزت ۔ مرتبہ ۔ درجہ ۔

بڑپیٹا } (ہ امذ صفت) بڑے پیٹ والا ۔ توندل ۔
بڑپیٹو } حریص ۔ بلانوش ۔

بڑدنتا (ہ) بڑے دانتوں والا ۔ دانتو ۔

بڑکنا (ہ) بڑے بڑے کانوں والا ۔ دراز گوش ۔

بڑگرو (ہ) بڑا گرو ۔ گرو گھنٹال ۔ خاندان کا سب سے بڑا آدمی ۔ قبیلے میں سب سے بڑا بزرگ ۔

بڑما (ہ) بڑی اماں کا مخفف (طنزاً) وہ عورت جو بڑی تونہ ہو ۔ مگر اپنے آپ کو بڑی جانے ۔ بڑی لوگوں میں شریک ہونے والی ۔

بڑمنھی (ہ) بڑی غصیلی والی عورت (مجازاً) تندخو (طنزاً) بکواسن ۔ اور مغرور عورت ۔

بڑ میں آنا (ا ار محاورہ) جوش میں آنا ۔ شیخی یا بڑائی کرنا ۔

بڑا (ہ) مونگ یا ماش کی پیٹھی کی تلی ہوئی ٹکیاں یا ٹکیں ۔

بڑا (ہ) بزرگ ۔ اعلیٰ ۔ برتر ۔ نمایاں ۔ جیسے بڑا کام کیا ۔ لمبا ۔ طویل ۔ بلند ۔ اونچا ۔ موٹا ۔ معزز ۔ امیر ۔ دولت مند ۔ نہایت ۔ اشد ۔ جیسے بڑا پالا پڑا ۔ سخت ۔ سنگین ۔ جیسے بڑا جرم ۔ ضروری جیسے مجھے ایک بڑا کام ہے ۔ عمدہ ۔ بڑھیا ۔ قیمتی ۔ جیسے بڑا مال ۔ عمر میں زیادہ ۔ آبا و اجداد ۔ مربّی ۔ سرپرست ۔ جیسے اس کے سر پر کوئی بڑا نہیں ۔ جلدی کا جیسے بڑا کام ہے ۔

بڑا آدمی (ا امذ) دولت مند ۔ جلیل القدر ۔ معزز ۔ ذی عزت ۔

بڑا بوڑھا (ہ امذ) مربّی ۔ سرپرست ۔

بڑا بول (ہ امذ) شیخی اور غرور کی بات ۔ تکبر کا لفظ ۔

بڑا بول بولنا (ہ) غرور کی باتیں کرنا ۔ شیخی مارنا ۔

بڑا جانور (ا امذ) گائے بیل ۔

بڑا چلہ (ا) زچہ کا چالیسویں دن کا غسل ۔

بڑا داتا (ا ار امذ) بڑا سخی ۔ بہت دینے والا ۔ فیاض ۔

بڑا دن (ہ امذ) دسمبر کی ۲۵ تاریخ ۔ انگریزی تحقیق کے موافق بگ ڈے کا ترجمہ ہے ۔ جس کے معنی ہیں بزرگ دن یعنی مقدس اور بڑا دن ۔ کرسمس ڈے ۔

بڑا دیدہ ہونا (ا) گستاخ اور بے ذوق ہونا ۔ نڈر اور بے باک ہونا ۔ من چلا ہونا ۔

بڑا رستہ پکڑنا (ہ) دُور کا سفر اختیار کرنا ۔ مرنا ۔ انتقال کرنا ۔

بڑا شخص (ہ) جلیل القدر آدمی ۔ تجربہ کار ۔ عالی فہم ۔ عالی دماغ ۔

بڑا صاحب (ا امذ) حاکم اعلیٰ ۔

بڑا کام (ا ار امذ) ضروری کام ۔ زیادہ کام ۔ اہم کام ۔ نمایاں کام ۔ عظیم کام ۔

بڑا کرنا (ہ) بڑھانا ۔ بلند رتبہ کرنا ۔ جوان کرنا ۔ تائید کرنا ۔ پروان چڑھانا ۔ پال پوس کر ہوشیار کرنا ۔ عزت دینا ۔

بڑا کوئی } (ہ) چالاک ۔ ہوشیار ۔ بڑا اُستاد ۔ شریر ۔ بدمعاش ۔
بڑا کوئی کا } عیّار ۔

بڑا گھر (ہ امذ) لمبا چوڑا مکان ۔ امیر گھر ۔ قید خانہ ۔ جیل خانہ ۔

بڑا گھرانہ (ہ امذ) امیر گھر ۔ اعلیٰ خاندان ۔ معزز قبیلہ ۔

بڑا نام کرنا (ا) شہرت پانا ۔ مشہور کرنا ۔ نہایت اعلیٰ کام کرنا ۔ نامور حاصل کرنا ۔

بڑاپا (ہ امذ) بڑائی ۔ بڑاپن ۔ بزرگی ۔ عظمت ۔ دیرینہ سال ہونا ۔

بڑانا (ہ) داخل کرنا ۔ گھسیڑنا ۔ دھکیلنا ۔

بڑانا (ہ) بکنا ۔ جھکنا ۔ بڑبڑانا ۔ بکواس کرنا ۔ بڑبڑانا ۔ شور غل مچانا ۔ جیسے اونٹ بڑبڑاتا ہے ۔ خواب میں کچھ بولنا ۔ بڑ مارنا ۔

بڑانا (ہ) چلّانا - حواس باختہ ہو جانا - گھبرا کر اُٹھنا مگر کسی چیز کی تنگی سے -

بڑا نوالہ کھائیے بڑا بول نہ بولیے (ا) مثل، امیرانہ کھانے کھائے مگر غرور نہ کرے - غذا عمدہ کھائے - مگر شیخی اور تکبر کے پاس تک نہ پھٹکے -

بڑائی (ہ/مث) بڑا ہونا - عظمت - بزرگی - عمر کی زیادتی - درازیٔ عمر - خوبی - برتری - مدح - ثنا - منصب - درجہ - عزّت - جیسے اس میں ذاتی بڑائی ہے - لاف - شیخی -

بڑائی دینا (ہ) عزّت دینا - درجہ بڑھانا - عہدے تک پہنچا دینا -

بڑائی کرنا (ہ) تعریف کرنا - - اپنا ستائش کرنا - شیخی مارنا - لاف زنی کرنا - خود ستائی کرنا -

بڑائی کی لینا (ا) محاورہ، غرور کرنا - شیخی مارنا -

بڑائی مارنا (ہ) خود ستائی کرنا - ڈینگ مارنا -

بڑبڑ (ہ/مث) جھک جھک - بک بک - بکواس - یاوہ گوئی -

بڑبڑانا } (ہ) منہ ہی منہ میں باتیں کرنا - چپکے چپکے بُرا کہنا - بکنا (خفا ہونا)

بُڑبُڑانا } تسبیح پھیرنا - وظیفہ کرنا -

بڑبڑیا (ہ/مذ) بڑا بکنے والا - بکواسی - بے ہودہ گو - شیخی خورا -

بڑبک (ہ/صفت) بے وقوف -

بڑبھس لگنا (ہ) بڑھاپے میں مستی چھوٹنا - بوڑھا ہو کر جوانی کی باتیں کرنا - باسی کڑاہی میں اُبال آنا -

بُڑک (مذ) (پوربی) دانت کی گرفت - منہ سے کاٹنا - دانتوں کی کاٹ (حیوان کی -)

بڑک (ہ/مث) پاؤں کی آہٹ - کھڑکا - آواز یا صدائے رفتار - وہ کھڑکا جو اندھیرے میں برتنوں وغیرہ کے باہم ٹکرانے سے ہو - چھت پر چوروں کے چلنے پھرنے کی آواز -

بُڑکا (ہ/مذ) (پوربی) انسانی دانتوں کی گرفت - دانتوں کی کاٹ - (پنجابی چک)

بڑمارنا } (ہ) بکواس کرنا - بے ہودہ گوئی کرنا - بیٹھے کی ہانکنا -

بڑ ہانکنا } شیخی بگھارنا - یاوہ گوئی کرنا -

بڑنا (ہ) داخل کرنا - گھسنا - اندر جانا -

بڑنکا (ہ/مذ) بڑی ناک والا - معزز - عزّت دار -

بڑنگا (ہ/مذ) چھت کی کڑی یا سقف -

بڑوں کا بڑا ہی بھاگ (ا) مثل، امیروں کے پاس روپیہ بہت آتا ہے - بھرا ہوا ہی بھرتا ہے -

بڑوں کی بات بڑے ہی پہچانیں (ا) مثل، بڑوں کی باتوں بڑے ہی سمجھتے ہیں -

بڑوں کی بڑی بات (ا) محاورہ، تجربہ کاروں کی بات پختہ اور درست ہوتی ہے - امیروں اور افسروں اور حاکموں کے خیالات اور باتیں بھی اعلیٰ اور عمدہ ہی ہوتی ہیں -

بڑھاپا (ہ/مذ) پیرانہ سالی - بوڑھا ہونے کے نشان - کہن سالی -

بڑھار (ہ/مث) ضیافتِ رخصت - وداع کی ضیافت - جو دولہن والو کی طرف سے آخری دن ہوتی ہے - قاعدہ ہے کہ فال اور شگون

نیک کی وجہ سے بڑھانا کو لفظ رخصت اور وداع کے موقع پر بولتے ہیں - جیسے چراغ بڑھانا - دکان بڑھانا - اسی اصول پر یہ لفظ بڑھا ہے - یعنی وداع کا کھانا بوجہ فال خیر -

بڑھانا (ہ) زیادہ کرنا - دراز کرنا - لمبا کرنا - پھیلانا - پھیلانا - کھینچنا - جیسے تار بڑھانا - بلند کرنا - اونچا کرنا - ترقی کرنا - اضافہ کرنا - آگے لانا - آگے کی طرف کرنا - تعریف میں مبالغہ کرنا - دولت مند بنانا - عہدہ دینا - اُٹھانا - بند کرنا - جیسے دکان وغیرہ بڑھانا - خاموش کرنا - بجھانا جیسے چراغ بڑھانا - پتنگ کنکوے وغیرہ کا ہوا میں اونچا کرنا -

بڑھاوا (ہ/مذ) نمونی معنی زیادتی - جھوٹی تعریف - تائید - طمع - تحریص - ترغیب - خوشامد - دم - فریب - بہکاوا -

بڑھاوا دینا (ہ) جھوٹی ہمت بڑھانا - لالچ دینا - جھوٹی تعریف سے ہمت بڑھانا - پھسلا مارا دینا -

بڑھاوے میں آنا (ہ) خوشامد میں آنا - تعریف پر بھول جانا - لالچ میں آنا - دھوکے میں آنا -

بڑھ بڑھ کے بولنا (ہ) فخریہ باتیں کرنا - شیخی بگھارنا - حیثیت سے بڑھ کر بولنا -

بڑھتی (ہ) زیادہ افزوں - فالتو - زائد - معمول سے زیادہ - برکت - زیادتی -

بڑھتی کا پہرہ (ا/مذ) ترقی کا زمانہ -

بڑھ جانا (ہ) اندازے سے زیادہ ہو جانا - عہدے، مرتبے اور عزّت میں ترقی کرنا - آگے نکل جانا -

بڑھ چلنا (ہ) حیثیت سے باہر قدم رکھنا - مغرور ہونا - گستاخ ہونا - حد سے زیادہ میل جول کرنا -

بڑھ کر بولنا (ہ) گستاخانہ کلام کرنا - بڑا بول بولنا - اپنے رتبے سے زیادہ بولنا -

بڑھل (ہ/مذ) ایک درخت جس کے پھل کا بھی یہی نام ہے - یہ زرد رنگ کا شریفے کی وضع کا ہوتا ہے -

بڑھنا (ہ) بلند ہونا - اونچا ہونا - نمو پانا - اُگنا - حجم اور جسامت میں زیادہ ہونا - حد سے گزرنا - بچنا - زائد ہونا - کنکوا اُڑانا - آگے چلنا - نفع ہونا - امیر ہونا - فالتو ہونا - تفاؤل کے طور پر چراغ کے ساتھ گل ہونے اور دکان وغیرہ کے ساتھ بند ہونے کے معنی میں آتا ہے -

برھنت (ہ/مث) حوصلہ - جرأت - دعویٰ - خوشامد -

بڑھوتری } (ہ/مث) زیادتی - ترقی - بیشی - منافع -

بڑھوتر } افزونی -

بڑھنی (ہ/مث) جھاڑو - صاف کرنے کا آلہ - دُم دار ستارہ -

بڑھئی (ہ/مذ) نجار - بڑھئی - کنکار - کٹھ پھوڑا - سبز رنگ کا ایک جانور -

بڑھیا (ہ/مث) اعلیٰ قسم کا - بیش قیمت - نہایت عمدہ - خوش وضع -

بُڑھیا (ہ/مث) بوڑھی عورت - ضعیفہ - کہن سال - [illegible] والی - آگ کے جوڑے کی ڈوری -

بڑھیا آفت کی پُڑیا (ا / مثل) نہایت مکّار - عیّار - چالاک - فتنہ انگیز فسادی عورت -

بڑھیا کا کاتا (ا / مث) ایک لچھے دار مٹھائی جو بڑھیا کے سر کے سفید بالوں جیسی ہوتی ہے -

بڑھیا مری تو مری آگرہ تو دیکھا (ا / مثل) نقصان ہوا تو ہوا دل کا ارمان تو پورا ہوگیا -

بڑھیا تو مری سو مری فرشتوں نے گھر دیکھ لیا (ا / مثل) ایک نقصان کی تو خیر چنداں فکر نہیں - مگر مشکل تو یہ ہوگئی ہے کہ آئندہ نقصان کے لیے رستہ نکل آیا ہے -

بُڑھیل (ہ / مث، (تحقیر) بڑی بوڑھی - پیر زال -

بڑی (ہ / مث) اڑد یا مونگ کی دال بھیگی پیس کر اور اس کا خمیر اٹھا کر چھوٹے چھوٹے ٹکیلے سے بنا کر سکھا لیتے ہیں جنہیں مسالا وغیرہ خوب ڈال کر شوربے دار پکاتے ہیں -

بڑی (ہ) کلاں - بزرگ - عظیم - دراز - نہایت - از حد -

بڑی بات (ہ / مث) عمدہ بات - امر عظیم - امر محال - نہایت اچھی اور کار آمد بات -

بڑی بات نہیں (ہ / محاورہ) کوئی مشکل نہیں - کوئی حقیقت نہیں -

بڑی بات ہوئی (ہ / محاورہ) بہت خوب ہوا - مناسب ہوا -

بڑی بوڑھی (ہ / مث) سیانی - بڑی عمر کی عورت - مخدومہ - بزرگ - تجربہ کار عورت -

بڑی بہو (ہ / مث) بڑے بیٹے کی بیوی - (مجازاً) پھوہڑ اور بے وقوف عورت - بدسلیقہ اور بے تمیز منتظم خانہ - پھوہڑ گھر والی - بد تمیز بیوی - خاوند سے زیادہ عمر والی بیوی -

بڑی بہو کو بلاؤ کھیر میں نون ڈالے (ہ / مثل) نہایت بے تمیزی کے اظہار کے وقت بولتے ہیں یعنی اسے بلاؤ کہ کام خراب کر دے -

بڑی بھابی ماں کی جگہ (ا / مقولہ) بڑی بھابی کا درجہ والدہ کے برابر ہوتا ہے -

بڑی بی (ہ / مث) تعظیماً بڑی بوڑھی کو کہتے ہیں - بڑھیا -

بڑی چیز (ہ / مث) عورتیں قرآن شریف - فرقان حمید سے مراد لیا کرتی ہیں -

بڑی چیز اٹھانا } (ا) قرآن شریف اٹھا کر قسم کھانا - قرآن
بڑی چیز پر ہاتھ رکھنا } کریم ہاتھ میں لے کر حلف اٹھانا - قرآن کی قسم کھانا -

بڑیاں (ہ / مث) بڑی کی جمع - ماش یا مونگ کی دال کی پیٹھی میں کر بنائی ہوئی بکی پکوڑیاں پیٹھی کے غلولے سکھائے ہوئے - پیٹھی کی گولیاں یا ٹکیاں -

بڑیاں توڑنا } (ہ) چھاج یا بوریے وغیرہ پر بڑیاں بنانا - پکوڑیاں
بڑیاں ٹوکنا } بنانا -

بڑے بوڑھے (ہ / مذ) عمر رسیدہ بزرگ - بڑے تجربہ کار - سرپرست - مربی -

بڑے بے ڈھب ہو (ہ / محاورہ) بڑے چالاک ہو - نہایت شریر ہو - قیامت کے فسادی ہو - بڑے فطرتی ہو - غضب کے چالباز ہو -

بڑے بول کا سر نیچا (ہ / مثل) غرور کا انجام ذلت - مغرور ہمیشہ ذلیل ہوتا ہے - مغرور سر کے بل گرا کرتا ہے -

بڑے پاک ہو (ا / محاورہ) نہایت بے حیا ہو - پرلے درجے کے بے شرم ہو - بہت بے غیرت ہو -

بڑے پاؤں پھیلائے (ا / مثل) بڑا جھگڑا کیا -

بڑے جانور کا گوشت (ا / مذ) گائے بھینس کا گوشت -

بڑے رستم ہیں (ا / محاورہ) بڑے بہادر ہیں طنزاً بڑے بزدل ہیں -

بڑے صاحب (ا / مذ) بڑے میاں - عمر رسیدہ - امیر کا بیٹا - عدالت کا حاکم - اعلیٰ افسر -

بڑے گھر جانا (ا) مر جانا - انتقال کرنا - قید ہونا - جیل خانے جانا -

بڑے میاں (ا / مذ) گھر کا سردار - خاندان کا بزرگ - کلمۂ تعظیم - بڑا بوڑھا -

بڑے میاں سو بڑے میاں چھوٹے میاں سبحان اللہ (ا / مثل) بڑے میاں تو جو تھے سو تھے - چھوٹے میاں نہایت بدمعاش نکلے -

ب - ز

بُز (ف / مث) بکری - گوسفند (مذ) بکرا -

بُزِ اخفش (ف ع / مذ) اخفش نحوی کا بکرا - بے سمجھے بوجھے گردن ہلانے والا - کھوکھلے دماغ کا - بے سمجھے اقرار کر لینے والا -
روایت :- اخفش نامی ایک شخص عرب میں نہایت غبی تھا - ایک دن استاد سے شکایت کی کہ مجھے سبق یاد نہیں ہوتا - کیا علاج کروں - استاد نے کہا کہ کسی کو پڑھایا کرو - وہ بولا - مجھ سے پڑھنا کون قبولے گا - استاد نے کہا - ایک بکرا خرید لو - اسے پڑھایا کرو - اخفش نے استاد کی نصیحت پر عمل کیا اور بکرا خرید لیا - رات کو بیٹھ کر بکرے کو سبق سناتا - جب تک بکرا بول نہ اٹھتا یا سر نہ ہلا دیتا - یہ سبق کا پیچھا نہ چھوڑتا - رفتہ رفتہ دماغ کھل گیا اور ایسا فاضل ہوا کہ عربی صرف و نحو پر ایک ضخیم کتاب لکھی -

بزاق (ع / مذ) تھوک - تف -

بُزدل } (ف) ڈرپوک - کم ہمت - نامرد - کم حوصلہ -
بُزدلا } کمزور - بے ہمت -

بُزدلی (ف / مث) ڈرپوک پن - بے ہمتی - نامردی -

بزغالہ (ف) بکری کا بچہ - حلوان - جنگلی بکرا - پہاڑی بکرا -
بزا (ف / مذ) ایک پرندہ - سیاہ و سفید بگلا -
بزاز (ع / مذ) پارچہ فروش - کپڑا بیچنے والا -
بزازی (ع ف / مث) پارچہ فروشی - کپڑا بیچنا - کپڑا بیچنے کا پیشہ -
بزرجمہر (ف) نوشیرواں کا وزیر اعظم جو حکیم بھی تھا -
بزرگ (ف) بڑا - کلاں - امیر - معزز - بڑی عمر کا - عمر رسیدہ - بڑی شان و شوکت والا - بڑا آدمی - سرپرست - مربی - رشی - عارف - خدا رسیدہ - سنجیدہ - سمجھ دار -
بزرگوار (ف) بزرگ کا مزید علیہ -
بزرگی (ف / مث) بڑا ہونا - بڑاپن - بڑائی - برتری - عزت -
بزرگی بہ عقل است نہ بسال (ف / مثل) بڑائی عقل پر منحصر ہے عمر پر نہیں - عمر سے آدمی بڑا نہیں ہوتا - بلکہ عقل سے بڑا ہوتا ہے -
بزم (ف / مث) مجلس - محفل - سبھا - سماج - سوسائٹی - مجمع - مجلس عیش -
بزم آرا (ف / مذ) میر جلسہ - صدر مجلس -
بزم سخن (ف / مث) محفل مشاعرہ -
بزم عیش (ف / مث) عیش و نشاط کی مجلس -
بزم گاہ (ف / مذ) عیش و نشاط کی مجلس - محفل طرب -
بزن (ف) مار - قتل کر - مار ڈال - قتل کا حکم - قتل عام -
بزن کرنا (ا / محاورہ) قتل عام کرنا -
بزور (ف) زبردستی سے - ہیکڑی سے - جبراً - حکماً - طاقت سے -

ب - س

بس (ف) بہت - بکثرت - کافی - وافی - مکتفی - صرف - فقط - تمام - چپ رہو - خاموش - القصہ - حاصل کلام - ٹھہرو -
بس بس (ف) ٹھہرو ٹھہرو - بہت ہے - کافی ہو چکا - اب کچھ ضرورت نہیں -
بس دیکھ لیا (ا / محاورہ) خوب جانچ لیا - اچھی طرح آزما لیا تمہارا امتحان کر لیا - سارا حال کھل گیا -
بس کرو (ف) ختم کر دو - جانے دو - ٹھہرو - چپ رہو - موقوف کرو - صبر کرو - قناعت کرو -
بس (ہ / مذ) قابو - طاقت - کس بل - اختیار - داؤں - چارہ - علاج - موقع - ڈھب - دسترس -
بس جانا (ہ) معطر ہونا - خوشبو سے بھر جانا - آباد ہونا -
بس چلنا (ہ) دسترس ہونا - قابو پانا - اختیار ہونا - دخل ہونا -
بس میں (ہ) قابو میں - قبضے میں - داؤ میں -

بس میں آنا (ہ) قابو میں آنا - داؤ میں آنا - قبضے میں آنا - پھنس جانا - گرفت میں آنا -
بس میں پڑنا / بس میں ہونا (ہ) کسی کے پنجے میں پڑنا - قابو میں رہنا -
بس میں رہنا (ہ) اختیار میں رہنا - قابو میں رہنا - فرماں برداری -
بس میں کرنا / بس میں لانا (ہ) قابو میں لانا - زیر کرنا - مغلوب کرنا - موہنا - فریفتہ کرنا اطاعت میں لانا -
بس (ہ / مذ) زہر - سم - ہلاہل - کھوٹ - عیب - فساد - جھگڑا - شریر فسادی -
بس اگلنا (ہ) زہر اگلنا - بدگوئی کرنا - غیبت کرنا - بدلہ لینا - دشمنی نکالنا -
بس بونا (ہ) فساد کا بیج بونا - کسی کے لیے برائی کا تخم بونا - بدی کرنا - فساد کی جڑ جمانا -
بس بھری (ہ / مث) زہریلی - زہر آلود - کپٹی - فسادی - فتنہ انگیز -
بس ملانا (ہ) زہر ملانا - نقص کرنا - کھوٹ کرنا -
بسارنا (ہ) بھولنا - فراموش کرنا -
بساط (ع / مث) چادر - بستر - بچھونا - شطرنج کا کپڑا - حیثیت - پونجی - گھر کا اثاثہ - حوصلہ - فراخی - قدرت - وسعت -
بسالت (ع / مث) شجاعت - دلیری -
بسانا (ہ) آباد کرنا - معطر کرنا - خوشبو میں رچانا -
بسانا - یا - بساہنا (ہ) خریدنا - مول لینا - جیسے بیر بساہنا - ذمے - جیسے پاپ بساہنا -
بساند (ہ / مث) ناگوار بو - بدبو - آبی پرندے مچھلی اور گوشت کی نسی بو - اصلی مادے کا اثر - اصلی عیب - نطفے کا اثر - کم ظرف یا نیچ آدمی کے بڑوں کے برابر گفتگو کرنے اور غلطی کھانے کے موقع پر بولا جاتا ہے - کہتے ہیں - ابھی تک بساند نہیں گئی - بڑا ہو گیا تو کیا ہوا -
بساندا (ہ) (اس میں الف فاعلیت کا ہے) بدبودار - بدمزہ - بدذائقہ - ناسنجیدہ - غیر مہذب - ناشائستہ آدمی جو مہذب لوگوں کی برابری کا دم مارے -
بساوٹ (ہ / مث) مہک - خوشبو -
بسایا (ہ / مذ) وہ کتا جس کے بیس ناخن اور زہریلے دانت ہوتے ہیں -
بسائط (ع / مذ) جمع بسیط کی مراد اربعہ عناصر سے - اور ایک منحوس وقت ہے جو تین رات دن کے بعد بارہ ساعت کے لیے آتا ہے -
بست (ہ / مث) چیز - شے - اسباب - اثاثہ -
بستار کرنا (ہ) درخت کا اپنی شاخیں دور تک پھیلا دینا - طول کلامی - بات کو خوب بڑھا کر بیان کرنا -
بستر (ہ / مذ) لباس - صرف کپڑا - سامان - اسباب -

بستر (ف/مذ) بچھونا - فرش - فقیروں اور سپاہیوں کا بچھونا۔

بسترا (ف/مذ) سامان - اسباب - فقیروں اور سادھوؤں کا مسکن - تکیہ۔

بسترا لگانا } (ف) کسی جگہ رات بسر کرنے کو بچھونا کرنا -
بسترا جمانا } رات کے سونے کا سامان کرنا۔

بستنی (ف/مث) غلاف - پنجرے یا ستار وغیرہ پر لپیٹنے کا کپڑا - بقچہ - اوپر باندھنے کا کپڑا۔

بستہ (ف/مذ) بندھا ہوا - جما ہوا - جزدان - بُقچہ - گٹھڑی - کاغذات باندھنے کا کپڑا -

بستی (ہ/مث) گاؤں - قصبہ - آبادی - رونق - چہل پہل - جیسے آپ کے دم کی بستی ہے - اُجاڑ کے خلاف - یوپی کا ایک ضلع -

بُسر (ع/مذ) کچا چھوہارا -

بِسر (ہ) بغیر - بن - بدون -

بسر آنا (ا/محاورہ) غالب آنا - کامیاب ہونا -

بسرام کرنا (ہ) آرام کرنا - رات گزارنا - ٹھہرنا - مقیم ہونا -

بسرانا (ہ) یاد سے بھلانا - دل سے اُتارنا - ذہن میں نہ رکھنا -

بسرانت (ہ/مث) وہ گھاٹ جس میں سیڑھیاں بنی ہوئی ہوں - آرام -

بسر کرنا (ف) گزارنا - پورا کرنا - نباہنا - وقت گزارنا - بھرنا - زندگی کے دن پورے کرنا (بسر = انجام)

بِسرنا - یا - بِسر جانا (ہ) بھول جانا - چوک جانا - یاد نہ رکھنا - فراموش ہونا -

بسر و چشم (ف) سر آنکھوں سے - بڑی خوشی سے -

بسر ہونا (ہ) گزرنا - پورا ہونا - انجام کو پہنچنا - ختم ہونا -

بَسط (ع/مذ) شرح - تفصیل - وضاحت -

بسطام (ع/مذ) وہ شہر جہاں حضرت بایزیدؒ پیدا ہوئے تھے -

بسکٹ (انگریزی/مذ) روغنی ٹکیا -

بِسکے خلیج - فرانس کے مغرب میں ہے - اور بحر اوقیانوس کا ایک حصہ ہے - بورڈو کی مشہور بندرگاہ اسی کے کنارے پر ہے -

بِسم اللہ (ع/مث) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا مخفف ہے جس کے معنی ہیں کہ میں بخشنے والے مہربان خدا کے نام سے شروع کرتا ہوں - خدا کا نام لینا - ٹھوکر کھانے یا گرنے یا صدمہ پہنچنے پر یہ کلمہ خدا محفوظ رکھے کے معنی دیتا ہے (کلمۂ ایجاب) بہت بہتر - بہت اچھا - ہاں - بہت مناسب - کسی بڑے آدمی کے آنے پر تعظیماً بھی بولتے ہیں -

بسم اللہ کا گنبد (ف/مذ) امن گاہ - جائے پناہ -

بسم اللہ کرنا (ف) شروع کرنا - آغاز کرنا - کھانا تناول کرنا -

بسم اللہ ہی غلط (ف/محاورہ) ابتدا ہی غلط - شروع ہی سے غلطی - کام کے شروع ہی میں چوک -

بسمل (ع) ذبیحہ - قربان کیا ہوا جانور - گھائل - مجروح - زخمی - مجازاً عاشق - فریفتہ - والہ - شیدا -

بسملہ (ع) بسم اللہ کا مخفف -

بسنا (ہ) آباد ہونا - رہنا - گھر بنانا - ٹکنا - ٹھہرنا - سمانا - جیسے من میں بسے سو سپنا دسے - خوشبودار ہونا - معطر ہونا - رچنا -

بُسنا (ہ) سڑنا - متعفن ہونا - بدبودار ہونا - لیسدار ہونا -

بَسنا (ہ/مذ) بنک - مہاجنی کوٹھی - وہ تھیلی یا کپڑا جس میں کوئی چیز رکھیں - جیسے صرافوں کا بسنا -

بسنت (ہ/مذ) موسم بہار کا آغاز - چیت سے بیساکھ تک کا موسم - سری راگ کی چوتھی راگنی - سرسوں کے کھلے ہوئے زرد پھول - بہار کے موسم کا تہوار بھی ہے - سیتلا - چیچک -

بسنت پھولنا (ہ) زردی چھانا - یرقان ہونا - سرسوں کے پھول کھلنا - آنکھوں میں بسنت پھولنا - بدحواس ہونا -

بسنت جاڑے کا انت (ا/محاورہ) بسنت کے بعد عموماً سردی کم ہو جاتی ہے -

بسنت منانا (ا/محاورہ) بسنت کی خوشی کرنا -

بسنتی (ہ) زرد - پیلا - بسنت کے میلے میں جانے والے چیچک سیتلا زرد لباس - پیلی پوشاک -

بسنتی پوش (ف/مذ) زرد پوش - زرد لباس والا -

بسندر - یا - بسنتر (ہ/مث) اگنی - اگنی دیوتا - پرستش کی آگ - پاک و مقدس آگ -

بسوار (ہ/مذ) پسا ہوا مصالحہ جو اچار یا سالن وغیرہ میں ڈالتے ہیں -

بسواری (ہ/مذ) بانسوں کا جنگل یا ذخیرہ -

بسورنا (ہ) رونی صورت بنانا - ہونٹ نکال کر آہستہ آہستہ رونا -

بسولا (ہ/مذ) آلہ - لکڑی چھیلنے کا اوزار جو بڑھئی کے پاس ہوتا ہے - تیشہ - بڑھئی کا تیشہ -

بسولی (ہ/مث) اینٹیں گھڑنے کا آلہ - تیشہ معمار -

بسوہ (ہ/مذ) بیگھے کا بیسواں حصہ -

بسوہ دار (ف/مذ) زمین کے کسی حصے کا مالک - شریک دہ - کاشتکاری کا حق رکھنے والا -

بسیٹھ (ہ/مذ) قاصد - ایلچی - بچولیا - ثالث - چغل خور - غیبت کرنے والا -

بسیرا (ہ/مذ) شب باشی - پرندوں کا آرام کرنے کا وقت - رات کو ٹھہرنے کی جگہ -

بسیرا لینا یا - بسیرا کرنا (ہ) پرندوں کا رات کو آرام کرنا - رات کو درختوں پر یا گھونسلوں میں پرندوں کا سونا - فقیر لوگ شب باشی ہونے کے معنی میں بولتے ہیں -

بسیرے کا وقت (ف/مذ) سرشام پرندوں کا گھونسلوں میں جانے کا

وقت۔

بسیط (ع/مذ) بچھا ہوا۔ کشادہ۔ وسیع۔ علم عروض میں ایک بحر۔

بسیکھ (ہ/مذ) خاصیت۔ عادت۔ خو۔ سبھاؤ۔ بان جیسے اِن تینن کا یہی بسیکھ۔ وہ بھی دیکھا یہ بھی دیکھ۔

بسیکھا (ہ/مذ) شمار۔

بسیلا (ہ/مذ/صف) زہردار۔ زہریلا۔ مسموم۔ ایک قسم کی پھنسی۔ جو کسی زہریلی شے کے اثر سے اکثر ہاتھ کی انگلیوں میں نکلتی ہے۔

بسیم (ع/مذ) مسکرانے والا۔ ہنسنے والا۔

بسیندھا (ہ) بدبودار۔ سڑا ہوا۔ بُسا ہوا۔ تعفن دار۔ سڑاندوالا۔

ب ۔ ش

بشں (ف/مذ) ہر چیز کا جوڑ بند۔ لوہے۔ تانبے یا پیتل وغیرہ کا پترا۔ جو صندوق وغیرہ کے جوڑ کے مقام پر مضبوطی کے لیے لگاتے ہیں۔

بشارت (ع/مث) خوشخبری۔ مژدہ۔ الہام غیبی۔ وحی۔ القاء۔

بشارت دینا (ا) مژدہ سنانا۔ خواب میں کوئی بات جتانا۔ القاء ہونا۔

بشاش (ع) نہایت خوش وخرم۔ مسرور۔ بہت مگن۔ تازہ رُو۔

بشاشت (ع/مث) خندہ پیشانی سے ہر شخص کے ساتھ ملنا۔ خوش ہو کر بات کرنا۔ خوش اخلاقی۔ خوشی۔ مسرت۔ تازہ رُوئی۔ تازگی۔

بشپ (انگ/مذ) گرجے کا بڑا پادری۔

بشر (ع/مذ) لغوی معنی۔ انسان کی کھال اور جلد۔ آدمی انسان مرد ہو خواہ عورت۔ آدم زاد۔

بَشَرَہ (ع/مذ) بیرونی جلد۔ چہرہ۔ مکھڑا۔ پیشانی۔ حلیہ۔ قیافہ۔ بُشرہ غلط ہے۔

بُشرٰی (ع) غلام۔ خوشخبری اور نام اس شخص کا جس نے حضرت یوسف کو کنویں سے نکالا تھا۔

بشریت (ع/مث) آدمیت۔ انسانیت۔

بشن پد (ہ/مذ) حمد کا گیت۔ تعریفِ خداوند۔ ایک قسم کا ہندی راگ جیسے دُھر پد بولتے ہیں۔

بشنوئی (ہ/مذ) ہندوؤں کی ایک قوم جو مسلمانوں اور ہندوؤں دونوں کی رسموں پر چلتے ہیں۔

بشنی }
بشنولی } (ہ/مذ) وشن جی کا پوجنے والا۔

بشیر (ع/مذ) خوشخبری دینے والا۔

ب ۔ ص

بصارت (ع/مث) بینائی چشم۔ آنکھ کی روشنی۔ جوت۔ نظر۔ بینائی۔

بصر (ع) آنکھ۔ بینائی۔

بصل (ع) پیاز۔

بصیر (ع) بینا۔ دیکھنے والا۔ دانا۔ ہوشیار۔ خدا کا ایک وصفی نام۔ اصطلاحاً اندھا۔

بصیرت (ع/مث) بینائی۔ نظر۔ ہوشیاری۔ رائے۔ تجویز۔ تدبیر۔ خیال۔ بصیرت بینائی باطن اور بصارت بینائی چشم کے لیے مستعمل ہے۔

بصرہ۔ عراق عرب کا شہر جو خلیفہ دوم نے آباد کیا تھا۔

ب ۔ ض

بضاعت (ع/مث) پونجی۔ سرمایہ۔ دھن۔ دولت۔ سامان۔ اسباب۔ بتی۔ حصہ۔ حیثیت۔ استعداد۔

بِضع (ع) تین سے نو تک جو بھی عدد ہو۔

بضع (ع) اندام نہانی۔ نکاح۔

بضع (ع) سیراب ہونا۔ گوشت کاٹنا۔

بضعہ (ع) پارۂ گوشت۔

ب ۔ ط

بَط }
بطخ } (ع) ایک قسم کا آبی پرندہ۔ مرغابی کی ایک خاص قسم۔

بطال (ع/مبالغہ) بڑا مکار۔ ناچیز۔ نکما۔ بے ہودہ۔ جھوٹا۔ دغاباز۔

بطالت (ع/مث) بے کاری۔ ہزل۔ مسخرگی۔

بَطالت (ع/مث) دلیری۔

بطحیٰ (ع/مذ) مکہ معظمہ کا نام۔ لغوی معنی فراخ زمین۔ بدررَو۔ نالی۔ برساتی نالہ۔

بطخ (ف/مث) بالتو بط۔

بطریق (ع) عیسائیوں اور آتش پرستوں کا پیشوا۔

بطک (ف/مث) بط کی تصغیر۔ بطک۔ چھوٹی صراحی۔

بطل (ع/مذ) بہادر۔ نامور۔ غازی۔ ہیرو۔

بطلان (ع/مذ) جھوٹ۔ دروغ۔ کذب۔ بے اصل بات۔ بناوٹی بات۔

بطلیموس (یونانی / مذ) یہ مشہور مہندس حکیم اسکندریہ کا باشندہ اور جالینوس کا شاگرد تھا - علم نجوم اور علم ہندسہ کا بڑا ماہر ہو گزرا ہے - سب سے پہلے اسی نے زمین کا نقشہ مرتب کیا اور رصد خانے کی بنا ڈالی -

بطن (ع / مذ) پیٹ - شکم - اندر - بھیتر - پوشیدگی -

بطن بطون (ع ف / مث) بہت گہرائی -

بطناً بعد بطن (ع) پشت در پشت - نسلاً بعد نسل - آبائی - موروثی -

بطون (ع / مذ) بطن کی جمع - پوشیدگیاں -

بطین (ع / مذ) بڑے پیٹ والا -

ب - ع

بعثت (ع / مث) اٹھاؤ - پراگندگی - بیداری -

بعث و نشر (ع / مث) کنایہ روزِ قیامت سے -

بعد (ع) پس - آخر - پیچھے -

بُعد (ع / مذ) فاصلہ - دوری - فرق - تفاوت - مسافت -

بُعد المشرقین (ع / مذ) مشرق اور مغرب کا فاصلہ - بہت ہی زیادہ فرق - بڑا بھاری فرق - بے انتہا فرق -

بعض (ع) کوئی - کچھ - چند - مختلف - متفرق -

بعضا (ا) بعض -

بعضے (ا) چند - کئی -

بعید (ع) دور - فاصلے پر - الگ - علیحدہ - دوری پر -

بعید العقل (ع) عقل کے خلاف - وہ بات جو عقل کے نزدیک ناممکن اور محال ہو - انہونی - نامناسب - بے ہودہ -

بعینہ (ع) ہوبہو - حرف بحرف - جوں کا توں - ویسا ہی -

ب - غ

بغا (ع) چاہنا - محنت -

بغاء (ع) زنا کرنا - فاحشہ ہونا -

بغاوت (ع / مث) سرکشی - نافرمانی - بلوہ - حکم کے خلاف کرنا - انحراف - تعمیل سے انکار -

بغاوت اختیار کرنا (ا / محاورہ) سرکشی کرنا - بغاوت کرنا -

بغبغا (ا / مذ) غبغب - گردن کے پیچھے کی سلوٹیں - وہ بل جو موٹاپے کے سبب سے گردن میں پڑ جاتے ہیں -

بغبغانا (ا) کبوتر کا مستی میں گونجنا - حالتِ مستی میں آواز کا بڑانا - مست ہونا - مستی پر آنا - مستانا -

بغچہ (ف / مذ) بقچہ - گٹھڑی -

بغچیا (ف / مث) نہایت چھوٹی سی گٹھڑی جس میں عورتیں سینے پرونے کا سامان رکھتی ہیں -

بغداد (ف / مذ) باغ داد کا مخفف ہے - عراق عرب میں نوشیرواں کا بسایا ہوا شہر جو خلفائے عباسیہ کا دار الخلافہ رہا - اور جہاں کی یونیورسٹی زمانۂ اسلام میں دنیا بھر میں مشہور تھی -

بغدہ (ف / مذ) قصائیوں کا چھرا جس سے قیمہ کوٹتے ہیں -

بغض (ع / مذ) (لغوی معنی) نفرت کرنا (اصطلاحی معنی) عداوت - بیر - دشمنی - حسد - کینہ -

بغضِ للّٰہی (ا / مذ) خدا واسطے کی دشمنی - ناحق کا بیر - خواہ مخواہ کی عداوت -

بغضی (ع / مذ) بغض رکھنے والا -

بغل (ف / مث) شانے کے نیچے کا حصہ - پہلو - کنارا - کولی - طرف - جانب - کروٹ - برابر - ایک طرف -

بغل بجانا (ا / محاورہ) خوشی منانا - مضحکہ اڑانا -

بغل کا دشمن (ا / مذ) دوست ہو کر دشمنی کرنے والا - پاس رہ کر دشمنی کرنے والا - فریبی - دغاباز - فریبی دشمن -

بغل گند (ا / مث) بغل سے بدبو آنا - یہ ایک بیماری ہے - آنکھ کی ایک بیماری جسے سبل بولتے ہیں -

بغلگیر ہونا (ا) گلے ملنا - ہم آغوش ہونا - معانقہ کرنا -

بغل میں دبانا }
بغل میں مارنا } (ا) کسی چیز کو بغل میں چھپانا - دھوکے سے کسی چیز پر قبضہ کرنا - ہم آغوشی - بغل میں لینا - سنبھالنا -

بغل میں ایمان دبانا }
بغل میں ایمان رکھنا } (ا) بددیانتی کرنا - ایمان نگلنا - بے ایمانی کرنا - ایمان کو بالائے طاق رکھنا -

بغلول (ا / مذ) بے وقوف - احمق - ابلہ - مورکھ - کوڑھ مغز -

بغلی (ا) پہلو کا - برابر کا - ایک طرف کا - نگدر ہلانے کا ایک خاص طریق - تھیلے والی جس میں سوئی دھاگا وغیرہ رکھتے ہیں - فقیر کی جھولی - ڈنڈے کھیلنے کا ایک طریقہ - کشتی کا ایک داؤ -

بغلی تکیہ (ا / مذ) برابر رکھنے کا تکیہ -

بغلیں بجانا (ا) کسی کی برائی پر خوش ہونا - فخر کرنا - خوشی میں اچھلنا -

بغلیں جھانکنا (ا) شرمندہ ہونا - ندامت کھینچنا - پشیمان ہونا - بھاگنے کا موقع دیکھنا - پیچھے ہٹنا -

بغلیں لینا (ا) بغل کے بال مونڈنا -

بغی (ع) نافرمان -

بغیا (ا / مث) چھوٹا سا باغیچہ - چھوٹا سا باغ -

بغیر (ف) علاوہ - بجز - بن - بدون - سوا -

ب - ف

بُقا (ف ا مث) خشکی کے باعث دماغ کے چھلکے ۔ سر کی خشکی ۔

ب ۔ ق

بَق (ع) مچھر ۔ پشّہ ۔
بَقا (ع ا مث) زندگی ۔ قیام ۔ مداومت ۔ ہمیشگی ۔ باقی رہنا ۔ فنا کی ضد ۔
بقائے دوام (ع ا مث) ہمیشہ کی زندگی یا شہرت ۔ حیاتِ جاودانی ۔
بقّار (ع ا مذ) مویشیوں کا سوداگر ۔ گائے بیل خریدنے والا ۔ لوہار ۔
بقّال (ع ا مذ) لغوی معنی بقولات بیچنے والا ۔ یعنی سبزی فروش ۔ (مجرد) ۔ اصطلاح میں ہر چون بیچنے والا ۔ بنیا ۔ مودی ۔ غلّہ فروش ۔
بَقایا (ع ا مذ) بقیہ یا باقی کی جمع ۔ بچت ۔ بچا ہوا ۔ چھوٹا ہوا ۔
بُقچہ (ت ا مذ) چھوٹی گٹھڑی ۔ اسے بُغچہ بھی بولتے ہیں ۔
بُقچی (ا ا مث) چھوٹا بُقچہ ۔ چھوٹی سی گٹھڑی ۔
بقر (ع ا مث) گائے ۔
بقر عید (ع ا مث) عید الاضحیٰ ۔ عیدِ قربان ۔ مسلمانوں کا ایک مذہبی تہوار ۔
بُقعہ (ع ا مذ) مکان ۔ جگہ ۔
بقعۂ نور (ع ا مذ) مکان ۔ جس جگہ میں بہت روشنی ہو ۔ منور مقام ۔
بَقلۃ الحمقاء (ع ا مذ) خرفہ کا ساگ ۔
بَقَم (ع) مجیٹھ ۔ اس لکڑی سے سرخ رنگ نکلتا ہے ۔
بقول (ف) کہنے کے مطابق ۔ کہاوت کے بموجب ۔ موافق ۔ مطابق ۔
بقولات (ع ا مث) سبزیاں ۔ ترکاریاں ۔ بقولہ کی جمع ۔
بقولہ (ع ا مث) سبزی ۔ ترکاری ۔ ساگ ۔ پات ۔ زمین سے اُگی ہوئی سبزی جو کچی پکا کر کھائی جاتی ہے ۔
بقیہ (ع ا مذ) بچا ہوا ۔ باقی رہا ہوا ۔ بچت ۔
بقیۃ السلف (ع ا صف) پرانے لوگوں یا بزرگوں میں سے جو لوگ بچ گئے ہوں ۔

ب ۔ ک

بُک (انگریزی ا مث) کتاب ۔ نسخہ ۔ پستک ۔ پوتھی ۔
بُک پوسٹ (انگریزی) کتابوں کا وہ پلندا جس کے دونوں کنارے کھلے ہوں ۔ ڈاک ۔ بہنگی ۔
بُک ڈپو (انگریزی) کتابیں بیچنے کی دکان ۔ کتابوں کا ذخیرہ ۔ گودام ۔
بَک (ہ ا مث) بکواس ۔ یاوہ گوئی ۔ بڑ ۔ فضول بات ۔ ہرن کا بچہ ۔ بگلا ۔ جو نہایت سفید پروں کا ایک پرندہ ہوتا ہے ۔

بُکا (ع ا مذ) رونا پیٹنا ۔ گریہ وزاری ۔ ماتم ۔ سوگ ۔
بُکاء (ع) گریہ وزاری کرنا ۔ ماتم کرنا ۔ سوگ کرنا ۔
بِکار / وِکار (ہ ا مذ) تبدیل حالت ۔ خون کا بگاڑ ۔ روگ ۔ بیماری ۔ دکھ ۔ مرض ۔
بکارت (ع ا مث) کنوارپن ۔
بکاین / بکائن (ہ ا مذ ا مث) نیم کی قسم کا ایک مشہور درخت ۔ جسے پنجابی میں دھریک اور ڈریک کہتے ہیں ۔
بکاؤ (ہ) بکنے کے قابل ۔ فروختنی ۔ وہ چیز جو بازار میں آگئی ہو ۔ اور ابھی بکی نہ ہو ۔
بکاول (ت ا مذ) بھنڈاری ۔ باورچی ۔ کھانا پکانے اور تقسیم کرنے والا ۔
بکاؤلی (س ا مث) (بک بگلا ۔ اولی گروہ) یعنی بگلوں کا گروہ ۔ راجہ اندر کی بیٹی؟ ... ہے راجہ جگل جوگ کی لڑکی کا لقب ۔ یہ حسن و جمال میں لاثانی تھی ۔
بک بک (ہ ا مث) بکواس ۔ بڑبڑ ۔ بڑ ۔ جھک ۔ بیہودہ باتیں ۔ بے معنی باتیں ۔
بک بک کرنا (ہ) بے ہودہ بکنا ۔ جھک جھک کرنا ۔ جھک مارنا ۔ ہرزہ سرائی کرنا (جھک : بکھل)
بک بک لگانا (ہ) بکواس کرنا ۔ بڑ ہانکنا ۔ بڑبڑ لگانا ۔
بکبکا (ل) خراب ۔ بدمزہ ۔ بے ذائقہ ۔ قابلِ نفرت ۔
بکتر (ف ا مذ) چلتا ۔ جوشن ۔ لوہے کی کڑیوں کا بنا ہوا جامہ جو لڑائی میں پہنتے ہیں ۔ زرہ کی ایک خاص قسم ہوتی ہے ۔
بکتر پوش (ف ا مذ) زرہ پہننے والا ۔ زرہ پہنے ہوئے ۔
بکتری (ف ا صف) زرہ پہننے والا ۔ زرہ پہنے ہوئے ۔
بکتّر (انگریزی ا مذ) محافظ فوج ۔ پہرہ دار فوج ۔ فوج کا حفاظتی دستہ ۔
بِکٹ (ہ) سخت مشکل ۔ دشوار ۔ کٹھن ۔ ٹیڑھا ۔ کج ۔ خوف ناک ۔ کسردار ۔
بِکٹ پہاڑا (ہ ا مذ) کسروں کا پہاڑا جیسے سوایا ۔ ڈیوڑھا ڈھایا وغیرہ ۔
بکٹا / بکٹا (ہ ا مذ) چنگل ۔ پنجہ ۔ ناخنوں کی گرفت ۔
بکٹا مارنا (ہ) پنجہ مارنا ۔ چنگل سے پکڑنا ۔ ناخنوں سے نوچنا ۔
بکٹا ڈالنا (ہ ا محاورہ) مٹھی میں کوئی چیز لے کر کسی دوسری چیز پر ڈالنا ۔
بکٹ پہاڑا (ہ ا مذ) کسری پہاڑا ۔ یعنی سوایا ۔ ڈیوڑھا ۔ ڈھایا وغیرہ ۔
بک جانا (ہ) فروخت ہونا ۔ احسان مند ہونا ۔ مطیع ہونا ۔ غلام ہو جانا ۔ غلام بے دام ہونا ۔
بِکر (ع ا مث) کنوارپن ۔ دوشیزگی ۔ غیر مستعمل کام میں نہ آئی ہوئی چیز ۔
بکرا (ہ ا مذ) بز نر ۔ بوک ۔ گوسفند ۔ ایک مشہور جانور ہے (مجازاً)

بے حیا آدمی - موٹا تازہ -

بکر قصاب - یا - **بکر قصابی** (ہ) وہ قصاب جو صرف بھیڑ بکری کا گوشت بیچے -

بکر نگاہ (ف) وہ معشوق جس نے ابھی دلربائی نہ سیکھی ہو -

بکرہ (ع) کنوئیں کی چرخی -

بکری (ہ/مث) فروخت - وہ روپیہ یا قیمت جو کسی چیز کے بیچنے سے حاصل ہو -

بکری (ہ/مث) ایک مشہور جانور - بکرے کی مادہ - مجبور - غریب - مسکین - بے آزار آدمی -

بکرے کی اولاد (ا/محاورہ) پرلے درجے کا بے حیا زانی - بے غیرت - بے شرم -

بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی (ہ/مثل) بدکار اور بدمعاش آخر ایک نہ ایک دن ضرور سزا پائے گا - بکرا جو ذبح ہونے کی چیز ہے ضرور ایک دن ذبح ہوگا -

بکری نے دودھ تو دیا پر مینگنوں سے بھرا
بکری نے دودھ تو دیا پر مینگنے ڈال کر } (ہ/مثل) کام تو کیا مگر خراب کرکے - کام کیا تو ستی تحریر کرنے کے برابر - ایسا کرنے سے نہ کرنا بہتر - ایسا دینے سے نہ دینا اچھا -

بکس (انگریزی/مذ) صندوق - پیٹی - ڈبہ - ڈبیا -

بکس والا (ا/مذ) پھیری والا - بساطی - خردہ فروش -

بکسا
بکسیلا } (ہ/مذ) کسیلا - کڑوا - تلخ -

بکساہٹ (ہ/مث) کسیلاپن - کڑواپن -

بکسنا (ہ) کل کھلنا - کلی چٹکنا - مسکرانا - خوش ہونا - فرحت پانا - پژمردہ ہونا - مرجھانا - کملانا -

بکسوا (ہ/مذ) اصل میں بانسا یعنی ٹیڑھا سوا - لوہے کا ایک کانٹا جس کے ساتھ کسی چیز کے کسنے یا باندھنے کے لیے حلقہ سا لگا ہوتا ہے -

بکل (ہ/مذ) درخت کی چھال - چھلکا - کھال - پوست - درخت -

بکل (ہ/مث) بدن پر ایک خاص طرز سے چادر یا دوپٹے کی لپیٹ -

بکنا (ہ) بڑبڑانا - بے ہودہ بولنا - یاوہ گوئی کرنا -

بکنا (ہ) فروخت ہونا -

بکنگھم محل (ا/مذ) لندن کا شاہی محل جس میں شاہانِ انگلستان رہتے ہیں -

بکنی (ہ/مث) برادہ - سفوف - چورا - آٹا - برادہ - بودہ - بوسیدہ -

بکواد
بکواس } (ہ/مث) بک بک - بے ہودہ بات - زٹل - طبعی بات - طول کلامی - جھک جھک - ہرزہ گوئی -

بکواسن (ا/مث) بکواسی کی تانیث -

بکواسی (ہ) بہت بکنے والا - بے ہودہ گو -

بکوانا (ہ) فروخت کرانا - سودا کرانا - مول تول کرانا - قیمت قدر کرانا -

بکوٹنا (ہ) نوچنا - کھسوٹنا - ناخن سے کھرچنا - ناخن سے زخم کرنا - یا لگانا -

بکولا (ہ/مذ) کمبل یا کپڑے کا وہ ٹکڑا جو فقیر اپنے سر پر ڈال لیتے ہیں -

بکولی (ہ/مذ) ایک قسم کا سبز کیڑا جو دھان کی فصل کو نقصان دیتا ہے -

بکھ (ہ/مذ) زہر - سم - بس -

بکھ لونا (ہ) فساد ڈالنا - دشمنی پیدا کرنا - فساد انگیز باتیں کرنا -

بکھان کرنا
بکھاننا } (ہ) تعریف کرنا - بیان کرنا - شرح کرنا - تفصیل سے کھول کر مطلب بتانا - برا کہنا - گالی دینا -

بکھر (ہ) تیل دار بیج جیسے تل سرسوں وغیرہ - کچی کھانڈ کا شیرہ - کھانڈ کا کچا شربت -

بکھر پکانا (ہ) کھانڈ کا شیرہ یا قوام پکانا - کچی شکر میں سے میل نکالنا -

بکھرنا (ہ) پراگندہ ہونا - تتر بتر ہونا - پریشان ہونا - بکھرا بکھرا ہونا - گر پڑنا - الٹ جانا - بکھرنا - مجھتے ہو جانا - بدحال ہو جانا - بال پریشان ہونا -

بکھل (ہ/مذ) احاطہ - کوچہ - محلہ -

بکھی (ہ/مث) پہلو - پہلو کی ہڈی کے نیچے کی جگہ - بغل کے نیچے کی طرف -

بکھیر - یا - **بکھیرا** (ہ/مث/مذ) وہ روپیہ پیسہ جو دولہن کے اوپر سے رواج ہونے کے وقت نثار کیا جاتا ہے -

بکھیرنا (ہ) منتشر کرنا - پھیلانا - پراگندہ کرنا - لٹانا - کھنڈانا -

بکھیڑا (ہ/مذ) الجھاؤ - جنجال - جھگڑا - فساد - دنگا - حجت - تکرار - ہنگامہ - پھیلاوا - طوالت - حرج - روک - مشکل - دقت - مال اسباب - کوڑا کرکٹ - کام - دھندا - خرابی -

بکھیڑا پڑنا (ا/محاورہ) جھگڑا ہونا -

بکھیڑا چکانا (ہ) جھگڑا دور کرنا - معاملہ طے کرنا - لڑائی ختم کرنا - فیصلہ کرنا -

بکھیڑا ڈالنا (ہ) جھگڑا کرنا - دقت ڈالنا - کام بڑھانا - خرابی ڈالنا -

بکھیڑا کرنا (ا/محاورہ) جھگڑا فساد کرنا -

بکھیڑیا (ہ) جھگڑالو - فسادی - فتنہ انگیز - مفسد - پاکھنڈی -

بکی (ہ) بکواسی - بک بک کرنے والا - جھک مارنے والا - زٹی -

بکی مارنا (ا/محاورہ) بکل مارنا -

بکیت (ہ/مذ) بنوٹیا - بنوٹ کے فن میں ماہر - خنجر کی ورزش میں چالاک -

بکیل (ہ/مذ) ڈھاک کے درخت کی جڑوں سے بنی ہوئی رسی -

بکیتی (ہ/مث) بنوٹ بانک کا ہنر - ایک سپاہیانہ ورزش ہے جسے ٹیڑھی چھڑیوں سے بیٹھ کر یا لیٹ کر کھیلتے ہیں -

ب - گ

بگاڑ (ہ/مذ) جھگڑا ۔ نقصان ۔ خرابی ۔ زوال ۔ ناچاقی ۔ عداوت ۔ بدگمانی ۔ ناپاکی ۔ بدچلنی ۔ لڑائی ۔ ضائع ہونا ۔ بغاوت ۔ کھوٹ ۔ عیب ۔ سنوار کے برعکس ۔

بگاڑ ڈال دینا (ہ) باہم ناراضی کرا دینا ۔ رنجش کرا دینا ۔ دُشمنی ڈالنا ۔

بگاڑ دینا (ہ) خراب کر دینا ۔ برباد کر دینا ۔ دوالہ نکلوا دینا ۔ شکل بدل ڈالنا ۔ نکما کر دینا ۔ فضول خرچی میں روپیہ برباد کر دینا ۔

بگاڑنا (ہ) خراب کرنا ۔ آزردہ کرنا ۔ ناراض کرنا ۔ شکل بدل ڈالنا ۔ ناپاک کرنا ۔ پاکدامنی کو برباد کرنا ۔ نقصان پہنچانا ۔ ناکارہ کرنا ۔ تباہ کرنا ۔ ورغلانا ۔ بہکانا ۔ عادت خراب کرنا ۔ ظرافت کے طور پر کھانا کھانے کے معنی بھی دیتا ہے ۔ جیسے آ کھانا بگاڑ ۔

بگاڑو (ہ) بگاڑنے والا ۔ فضول خرچ ۔ اڑاؤ ۔ لٹاؤ ۔ فسادی ۔

بگ ٹٹ (ہ) سرپٹ ۔ عنان گسیتہ ۔ گھوڑے کی بے تحاشا دوڑ ۔ گھوڑے کو اس طرح دوڑانا گویا باگیں ٹوٹ گئیں اور گھوڑا بے لگام ہو گیا ۔

بگڑ (ہ/مذ) احاطہ ۔ کوچہ ۔ محلہ ۔ پڑوس ۔ ہمسایہ ۔

بگڑ بیٹھنا (ہ) ناراض ہونا ۔ خفا ہونا ۔ سرکشی کرنا ۔ لڑائی کے لیے تیار ہونا ۔ ہاتھی یا گھوڑے وغیرہ کا اطاعت سے باہر ہو جانا ۔ قابو میں نہ رہنا ۔ سرکش ہو جانا ۔

بگڑنا (ہ) خراب ہونا ۔ فاحشہ ہونا ۔ عفت و عصمت برباد کر دینا ۔ تباہ ہونا ۔ برباد ہونا ۔ بدچلن ہونا ۔ لڑائی پر آمادہ ہونا ۔ عیب دار ہونا ۔ مفلس و قلاش ہونا ۔ بے ترتیب ہونا ۔ ناپاک ہونا ۔ زہریلا ہونا ۔ امتحان میں پورا نہ اُترنا ۔ مٹنا ۔ ٹوٹ پھوٹ جانا ۔ بپھر جانا ۔ غصے میں بھر جانا ۔ ہیئت بدلنا ۔ بدمزہ ہونا ۔ رنجیدہ ہونا ۔ ناراض ہونا ۔ بالوں کا بکھرنا وغیرہ ۔

بگل (انگریزی/مذ) تُرہی ۔ ترم ۔ نفیری ۔ نرسنگا ۔

بگلا (ہ/مذ) بوتیمار ۔ غم خوارک ۔ ماہی خور ۔ ایک آبی پرندہ ۔ نہایت سفید ۔ بالکل چٹا ۔ اُجلا ۔

بگلا بھگت (ہ/مذ) کپٹی ۔ کینہ توز ۔ مکار ۔ زاہد خشک ۔

بگلا بھی دھوبی کا بھائی ہے (ا/مثل) ہر وقت پانی میں رہتا ہے ۔

بگلربیگ (ت/مذ) خان خانان ۔ امیرالامرا ۔

بگلوس (ا/مث) کمر میں باندھنے کی پیٹی ۔

بگلے کا پر (ا/صف) اُجلا ۔ چٹا ۔ بہت سفید ۔

بگولا (ہ/مذ) ہوا کا چکر ۔ جو گرد و غبار کو لے کر بڑی تیزی سے چلتا ہے ۔

بگونا (ہ) بدی کرنا ۔ غیبت کرنا ۔ ہجو کرنا ۔ کسی کو پیٹھ پیچھے بُرا کہنا ۔

بگھار (ہ/مذ) چھونک ۔ داغ ۔ گھی یا تیل میں پیاز وغیرہ کو داغ دے کر سبزی یا دال وغیرہ کو تڑکنا ۔ روغن جوش ۔

بگھارنا ۔ یا ۔ بگھار لگانا ۔ یا ۔ بگھار دینا (ہ) چھونکنا ۔ تڑکنا ۔ بھوننا ۔ تلنا ۔ روغن جوش کرنا ۔ داغ کرنا ۔ غیر زبان بولنا ۔ شیخی مارنا ۔ شراب پی کر حقہ پینا ۔

بگھی (ہ/مث) دو یا چار پہیوں کی انگریزی گاڑی ۔ ایک قسم کی مکھی جو گھوڑے کو بہت ستاتی ہے ۔

بگھیلا } (ہ/مذ) شیر کا بچہ ۔ مشہور ہے کہ اگر شیرنی کے ایک بچہ پیدا
بگھیرا } ہو تو شیر اور اگر دو ہوں تو بڑا شیر اور چھوٹا بگھیلا ہوتا ہے ۔ راجپوتوں کی ایک قوم ۔

بگیلنا (ہ) دھکیلنا ۔ دھنسانا (گنوار)

ب ۔ ل

بل (انگریزی/مذ) قبض الوصول ۔ حساب کی فرد ۔ دستاویز ۔ ہنڈی ۔ چیک ۔

بل پاس ہونا (ا) حساب کی فرد کی منظوری ۔ قبض الوصول کا منظور ہونا ۔

بل (ہ/مذ) سوراخ ۔ بالخصوص چوہے کا سوراخ ۔ بھٹا ۔ روزن ۔

بل ڈھونڈھنا } (ہ) ڈر کے مارے چھپنا ۔ چھپتے پھرنا ۔ دبکنا ۔ دبکی
بل میں گھسنا } مارنا ۔ خوفزدہ ہو کر چھپ جانا ۔

بل (ہ/مذ) زور ۔ طاقت ۔ قوت ۔ پیچ ۔ مروڑ ۔ لپیٹ ۔ اینٹھ ۔ خم ۔ کجی ۔ ٹیڑھ ۔ رُخ ۔ سمت ۔ پہلو ۔ جیسے سر کے بل ۔ فرق ۔ تفاوت ۔ غرور ۔ گھمنڈ ۔ قربانی ۔ نذر ۔ بھینٹ ۔ چین جبین ۔ جیسے پیشانی پر بل آ گیا ۔ بغض ۔ کینہ ۔ کپٹ ۔ جیسے اُن کے دل میں بل ہے ۔ حمایت ۔ مدد ۔ برتا ۔ جیسے کسی کے بل پر کودتا ہے ۔ دیوتاؤں کی نذر کی قربانی ۔ ایک مشہور راجہ جسے سری کرشن جی نے اپنا اوتار لے کر پاتال میں پہنچا دیا تھا ۔ سلوٹ ۔ شکن ۔ جیسے پیٹ میں بل پڑ گئے ۔

بل آنا (ہ) زور آنا ۔ قوت آنا ۔ ناراضی ہونا ۔

بل اُترنا (ا/محاورہ) پیچ دُور ہونا ۔ غصہ دُور ہونا ۔

بل بوتا (ہ/مذ) زور ۔ طاقت ۔ قوت ۔ ڈیل ڈول ۔ ہمت ۔ جرأت ۔ اکڑفوں ۔ شیخی ۔ لاف ۔ ڈینگ ۔

بل بھرنا (ہ) زور دکھانا ۔ طاقت جتانا ۔ اینٹھنا ۔ ناراض ہونا ۔

بل پڑنا (ہ) شکن پڑنا ۔ سلوٹ پڑنا ۔ نقص آنا ۔ ناراضی ہونا ۔ گرہ پڑنا ۔ مروڑی آنا ۔ حساب میں غلطی پڑنا ۔ فرق آنا ۔ تفاوت پڑنا ۔ بگاڑ ہونا ۔

بل بل جانا (ہ) قربان ہونا ۔ فدا ہونا ۔ صدقے جانا ۔ واری جانا ۔

بل دینا (ہ) بٹنا مروڑنا ۔ اینٹھنا ۔ قربانی دینا ۔ نذر چڑھانا ۔

بل کھانا (ہ) پیچ و تاب کھانا ۔ خم کھانا ۔ ٹیڑھا ہونا ۔ اکڑنا ۔

بل کھلنا (ہ) پیچ دُور ہونا ۔ بل نکلنا ۔ سلجھنا ۔ سیدھا ہونا ۔ غرور و غصہ دُور ہونا ۔

بَل کھولنا (ہ) بَل نکالنا ۔ سیدھا کرنا ۔ گھمنڈ کرنا ۔ زور دکھانا ۔
بَل کی بات (ا/مث) شرارت ۔ چالاکی ۔ پیچ دار بات ۔
بَل کی لینا (ہ) فخر کرنا ۔ مکر دکرنا ۔ گھمنڈ کرنا ۔ زور دکھانا ۔
بَل نکالنا (ہ) کجی دُور کرنا ۔ سیدھا کرنا ۔ سزا دینا ۔ دُرست کرنا ۔ شیخی کرکری کرنا ۔
بَل نکلنا (ہ) کجی دُور ہونا ۔ بَل کھلنا ۔ سیدھا ہونا ۔ دُرست ہو جانا ۔
بَلّا (ہ) گیند پر مارنے کا چوڑا سا سونٹا ۔ گلی اُچھالنے کا ڈنڈا ۔
بِلّا (ہ/مذ) بلی کا نر ۔ گربۂ نر ۔
بِلّا (ا/مذ) نشان ۔ تمغہ ۔ سپاہیوں یا افسروں کا طغرائے امتیاز ۔
بِلا (ع) بغیر ۔ سوا ۔ بدون ۔ بن ۔ بنا ۔ بے ۔
بلا اُجرت (ع ف/مث) بغیر مزدوری کے ۔
بلا ارادہ (ع ف/صف) بے قصد ۔
بلا اکراہ و اجبار (ع) نفرت اور سختی کے بغیر ۔ خوشی سے ۔ رضامندی سے ۔ پیار محبت سے ۔
بلا تامّل (ع) بلا دیر کیے ۔ فوراً ۔ اسی وقت ۔ بے سوچے ۔
بلا تحاشا (ع) فوراً ۔ آخر میں الف ہے ۔ اور یہ فارسیوں کا تصرف ہے ۔ ورنہ دراصل تحاشی ہے ۔
بلا تردّد (ع) بے اندیشہ ۔ بے فکری سے ۔ بے سوچے ۔ (مث) بے جُتی زمین ۔
بلا تصنّع (ع) بناوٹ کے بغیر ۔ بے ساختہ ۔ خود بخود ۔ ٹھیک ٹھیک ۔ صحیح صحیح ۔
بلا تکلف (ع) بے ساختہ ۔ فی البدیہہ ۔ بلا وسواس ۔
بلا توقّف (ع) فوراً ۔ جلدی ۔ جھٹ ۔ دیر کے بغیر ۔
بلا شک / بلا شبہ (ع) بے شک ۔ بے شبہ ۔ صحیح صحیح ۔ صاف صاف ۔
بلا ناغہ (ع) متواتر ۔ لگاتار ۔ روزمرّہ ۔ مسلسل ۔
بلا واسطہ (ع) بے وسیلہ ۔ براہِ راست ۔ بے وجہ ۔ ناحق ۔
بلا وجہ (ع) خواہ مخواہ ۔ بے سبب ۔ ناحق ۔ بے واسطہ ۔
بَلا (ع/مث) مصیبت ۔ سختی ۔ بپتا ۔ دُکھ ۔ آفت ۔ قہر ۔ غضب ۔ عیب ۔ ڈراؤنا ۔ ہیبت ناک ۔ پاپوش ۔ جوتی ۔ از حد ۔ نہایت ۔
بلا وضعات (ع ف/صف) بغیر کاٹ کے ۔
بَلا پیچھے پڑنا (ا) مصیبت گلے پڑنا ۔
بَلا پیچھے لگانا (ا) مصیبت میں پھنسانا ۔ آفت میں ڈالنا ۔
بلا سے (ا) کچھ پروا نہیں ۔ کچھ غم نہیں ۔ کوئی غم نہیں ۔ جوتی سے ۔
بَلا کا (ف/مذ) غضب کا ۔ قیامت کا ۔ نہایت تیز ۔ آتش کا پرکالہ ۔ بھبوکا ۔
بلاکش (ف) آفت جھیلنے والا ۔ بلا سہنے والا ۔ جفاکش ۔ دُکھ درد سہہ جانے والا ۔
بلا کی طرح پیچھے پڑنا (ا) ہر دم ساتھ رہنا ۔ پیچھا نہ چھوڑنا ۔ ہر وقت سر پر رہنا ۔ سر چڑھے رہنا ۔ چمٹے رہنا ۔
بلا گردان (ف) بلا کو ہٹا دینے والا ۔ صدقے ہونے والا ۔ قربان جانے والا ۔

بلا لوں (ا) صدقے جاؤں ۔ قربان جاؤں ۔ فدا ہوں ۔ واری جاؤں ۔
بلا لینا ۔ یا ۔ بلائیں لینا (ا) صدقے ہونا ۔ قربان جانا ۔ کسی عزیز کے سر پر ہاتھ پھیرنا ۔ اپنی دونوں کنپٹیوں پر رکھ کر چٹخانا جس سے یہ مراد ہوتی ہے کہ سب بلائیں ہم نے اپنے سر لے لیں ۔
بُلا بھیجنا (ا) طلب کرنا ۔ آدمی بھیج کر بلوانا ۔ بلانا ۔ پیغام دے کر بلانا ۔
بِلاپ (ہ/مذ) رونا پیٹنا ۔ ماتم ۔ نوحہ کرنا ۔ بین کرنا ۔ آہ و زاری ۔ سوگ ۔ کہرام ۔ مُردے کو بین کرکے رونا ۔
بلاپ کرنا / بلاپ کرکے رونا (ہ) مُردے کو بین کرکے بلند آواز سے رونا ۔ میت کے کاموں کو یاد کرکے رونا پیٹنا ۔
بلاد (ع/مذ) بلدہ کی جمع ۔ شہر ۔ قصبے ۔ ممالک ۔ صوبے ۔
بلادت (ع/مث) کند ذہنی ۔ بے وقوفی ۔
بلا ریب (ع) بلا شبہ ۔ بلا شک ۔ بے گمان ۔ بالکل صحیح ۔
بلاس (ہ/مذ) (ہندو) خوشی ۔ عیش ۔ طرب ۔ رنگ رلیاں ۔ لہو و لعب ۔
بلاسی (ہ/صف) عیاش ۔ عیاشی کرنے والا ۔
بلاسنا (ہ) (پوربی) عیش منانا ۔ مزے اُڑانا ۔ خوشیاں کرنا ۔
بلاغت (ع/مث) علم بیان کی حد کو پہنچنا ۔ موقع کے مطابق گفتگو کرنا ۔ خوش بیانی ۔
بلاقی (ا) وہ آدمی جس نے بچپن میں بلاق پہنا ہو ۔
بلا گرداں ہونا (ا) قربان ہونا ۔ صدقے ہونا ۔ جان قربان کرنا ۔
بلالؓ (ع/مذ) حضرت رسولِ خدا کے مؤذن جو حبش کے رہنے والے تھے ۔ ۲۰ھ میں فوت ہوئے ۔
بُلا لانا (ہ) ساتھ لے آنا ۔ پکار لانا ۔ ہمراہ لانا ۔
بُلانا (ہ) پکارنا ۔ حاضر کرنا ۔ طلب کرنا ۔ آواز نکالنا ۔ جیسے حقہ بلانا ۔ آواز دینا ۔ نوکر رکھنا ۔ تقرر کرنا ۔ پسند کرنا ۔ منظور کرنا ۔
بِلّانا (ہ) پوربی ۔ بلبلانا ۔ زار زار رونا ۔ بلکنا ۔
بلاند (ہ/مذ) بالشت ۔ طول ناپنے کا پیمانہ جو چار گرہ یا نو انچ کے برابر ہوتا ہے ۔ سولہ اُنگل عرض کا پیمانہ ۔
بلاؤ (ہ/مذ) بلّا ۔ بلار ۔ گربۂ نر ۔ جنگلی بلّا ۔
بلاوا (ہ/مذ) طلبی ۔ نیوتا ۔ دعوت ۔ خواہش ۔
بلاول (ہ/مث) ایک راگنی جو صبح کے وقت گاتے ہیں ۔
بلاہت (ع/مث) احمق پن ۔ بے وقوفی ۔
بلا ہے کا بلا ہے نہیں بچھیڑا تو ضرور (ہ/مثل) شیر کا بچہ شیر ہی ہوگا ۔ ورنہ بچھیرا تو ضرور ہوگا ۔ اگر شیرنی کے ایک بچہ ہو تو شیر ہوتا ہے اگر دو ہوں تو ذرا کمزور ہوتے ہیں ۔ بڑوں کے بڑے ہی ہوتے ہیں ۔
بلائیں لینا (ہ) واری جانا ۔ صدقے ہونا ۔ ایک خاص طریقے سے قربان جانا ۔ پیار کرنا ۔
بلبان (ف/مذ) مُنہ سے بجانے والا باجا ۔
بُلبُل (ع ف/مذ/مث) ہزار داستان ۔ مرغ چمن ۔ ایک قسم کا خوش آواز پرندہ جس کی دُم کے نیچے ایک نہایت خوشنما سُرخ رنگ کا پھول سا ہوتا ہے ۔ شعرا اُسے عاشقِ گل باندھتے ہیں ۔

بُلبُل کا طغرا (ع ا ا / مذ) اس طرح لکھنا کہ حروف سے بُلبل کی شکل بن جائے۔
بُلبُلا (ہ / مذ) حباب۔ پانی میں ہوا بھر کر یا کسی چیز کے سڑ کر اُبلنے سے جو گول سی شکل بن جاتی ہے۔ مجازاً بہت جلد مٹ جانے والا۔ ناپائیدار۔ جلد فنا ہو جانے والا۔ فانی۔
بِلبِلانا (ہ) تڑپنا۔ بے چین ہونا۔ چوٹ یا درد سے بلکنا۔ بیکل ہونا۔ بچے کا زار زار رونا۔ بھوک میں مضطرب ہونا۔ گڑگڑانا۔
بُلبُلانا (ہ) اُونٹ کا مستی میں بولنا۔ مستی پر آنا۔ لال پیلا ہونا۔ غصے میں دانت پیسنا۔ ببھوکا ہونا۔ جوش مارنا۔
بُل بھکوا (ہ) لالچی۔ حریص۔ بُوالہوس۔
بُلبُل ٹین (انگریزی / مذ) ایک قسم کا نہایت خوبصورت کپڑا۔ سُوتی مخمل۔ نقلی مخمل۔
بُلبُلہ (ع / مذ) شدتِ اندوہ۔ آبلہ۔
بَل بے (ہ) اُف رے۔ اوہو۔ آہا۔ واہ رے۔ واہ وا۔ شاباش۔ مرحبا۔ کیا کہنے ہیں۔
بل تاڑ (ہ / مذ) وہ نرتاڑ جس میں پھل کی جگہ بالیں نکلتی ہیں۔
بلتوڑ (ہ / مذ) ایک قسم کا پھوڑا جو بال ٹوٹ جانے کے باعث برسات میں نکل آیا کرتا ہے۔ بال توڑ صحیح ہے۔
بلٹی (ا / مث) کاغذ کا پُرزہ۔ پرچہ۔ کاغذ کا ٹکڑا۔ حساب کی فرد۔ چیزوں کی فہرست مع کرایہ وغیرہ۔
بلخ۔ ترکستان کا قدیم شہر۔ یہاں سوداگر کھٹر کر چیزوں کا تبادلہ کرتے ہیں۔
بُلَد (ف) واقف۔ خبردار۔ مطلع۔ اطلاع یافتہ۔ جاننے والا۔
بَلَد (ہ / مذ) (پنجابی) بیل۔ گائے کا نر۔
بلدیہ (ع / مث) عوام کے انتخاب کردہ ارکان پر مشتمل وہ ادارہ جو شہر کی صفائی روشنی وغیرہ کا انتظام کرتا ہے۔
بلدیاتی (ع / مذ) چیز جس کا تعلق بلدیہ سے ہو۔
بلدار (ف) پیچ والا۔ بل والا۔ خمدار۔ مڑا ہوا۔
بلدنا (ہ) (گنوار) گائے بھینس کو حمل رکھوانا۔ گابھن کرانا۔
بلدہ (ع / مذ) شہر۔ بستی۔ نگر۔ آبادی۔ قصبہ۔ بڑا گاؤں۔
بلڈاگ (انگ / مذ) بڑے سر والا۔ خوفناک کتا۔
بال رانڈ (ہ / مث) بال رانڈ۔ صغر سنی میں بیوہ شدہ عورت۔ بال بدھوا۔ چھوٹی عمر کی بیوہ۔
بلسنا (ہ) سکھ پانا۔ آرام پانا۔ لطف اُٹھانا۔ استعمال میں لانا۔ برتنا۔ کام میں لانا۔ کام نکالنا۔
بلغم (ع / مذ) کھنکھار۔ کف۔ نزلے کا تھوک۔ چاروں خلطوں میں سے ایک خلط۔
بلغم آنا (ا / محاورہ) منہ اور ناک کے راستے بلغم خارج ہونا۔
بلغمی (ع) بلغم والا۔ وہ چیز جو بلغم پیدا کرے۔ مرطوب۔ وہ آدمی جس کے بدن میں بلغم بڑھ گیا ہو۔ موٹا۔ موٹی سمجھ کا۔ کاہل۔
بلغور (ت / مذ) گیہوں اور جو کا دلیا۔
بلقیس (ع / مث) شہر سبا واقع عرب کی ملکہ جو بعد میں حضرت سلیمانؑ کی بیوی بنی۔

بُلڈوگ (انگریزی) ایک قسم کا کتا جو نہایت مضبوط اور طاقت ور ہوتا ہے۔
بلکانا (ہ) رُلانا۔ زار زار رُلانا۔ دُکھ دینا۔ بے چین کرنا۔ بیقرار کرنا۔
بلکنا (ہ) زار رونا۔ بچوں کا بے قرار ہو کر رونا۔ بے تابانہ رونا۔ پھڑکنا۔ بے چین ہو کر چلّانا۔ چلّا کر رونا۔
بلیک ٹرین (انگریزی / مث) نیل گاڑی۔ جو بیتہ گاڑی۔
بلکہ (ف) پھر۔ لیکن۔ اِلّا۔
بلگریڈ۔ زیگو سلاویہ کا دارالحکومت۔
بلگیریا۔ جزیرہ نمائے بلقان کی ایک ریاست۔ صوفیہ دارالحکومت ہے۔
بلّلا (ا) اصل میں بے لَلا تھا۔ بے تمیز۔ بے شعور۔ احمق۔ بے وقوف۔ گاؤدی۔ لغو۔ بے ہودہ۔
بلم یا بلما (ہ / مذ) اصل میں پی۔ شوہر۔ محبوب۔
بلّم (ہ / مذ) بھالا۔ برچھا۔ نیزہ۔ برچھی۔ عصا۔ نشان۔ بڑی لاٹھی۔ وہ سنہری یا روپہلی عصا جسے امیروں اور شاہوں کی سواری کے آگے آگے لے کر چلتے ہیں۔
بلّم بردار (ا / مذ) نیزہ اُٹھانے والا۔ عصا لے کر چلنے والا۔ وہ شخص جو امیروں یا بادشاہوں کی سواری کے آگے آگے عصا لے کر چلتا ہے۔ نشان لے کر چلنے والا۔
بلمانا (ہ) ٹھہرنا۔ دیر لگانا۔ دیر کرنا۔ بیٹھ رہنا۔ روکنا۔ ٹھہرانا۔ پکڑ رکھنا۔ جیسے پیتم کس سوتن نے بلمائے۔ معشوق بنانا۔ محبت لگانا۔ برلنا۔ پرچانا۔ دل لگا لینا۔ کسی کو موہ لینا۔ شادی کرنا۔
بلمنا (ہ) جانوروں کا بلما کیڑا کھا کر بیمار ہو جانا۔ اس میں ان کے پاؤں لنگڑے اور چور نگ ہو جاتے ہیں۔
بلنا (ہ) سُلگنا۔ جلنا۔ بھڑکنا۔ روشن ہونا۔ شعلہ اُٹھنا (گنوار) بٹنا۔ بل دینا۔ کسی زیور میں ڈورا ڈالنا۔ پٹوے کا کام کرنا۔
بُلند (ف) اُونچا۔ برتر۔ عالی۔ رفیع۔ دراز قد۔ لمبا۔ بڑے ڈیل کا۔
بلند آشیاں (ف / صف) وہ جو اپنا مکان کسی اونچی جگہ پر بنالے۔
بلند پایہ (ف / صف) عالی رُتبہ۔ عالی مقام۔
بلند آواز (ف) اُونچی آواز والا۔ بڑی آواز والا۔
بلند پرواز (ف) اُونچی اُڑان والا۔ بلند خیال والا۔ عالی دماغ۔ بلند فکر والا۔
بلند حوصلہ (فع) من چلا۔ بڑی ہمت والا۔ بہادر۔ فراخ دل۔ سخی۔ دلاور۔ جری۔ صاحبِ جرأت۔
بلند قامت (فع / صف) دراز قد۔ اُونچا۔
بلند کرنا (ف) اُونچا اُٹھانا۔ ترقی دینا۔ رُتبہ بڑھانا۔
بلند نظر (فع) عالی ہمت۔ دُور اندیش۔ باحوصلہ۔
بلند و بالا (ف / صف) اُونچا۔ دراز۔ بڑے قد والا۔
بلند ہمت (فع) بڑی ہمت والا۔ من چلا۔ دلاور۔ بہادر۔ جری۔ بلند حوصلہ۔

بُلند ہونا (ہ) اُونچا ہونا - ترقی پانا - اعلیٰ درجے پر پہنچنا۔
بُلندی (ف/مث) اُونچائی - اُونچان - اِرتفاع - درازی - لمبائی - نخوت - تکبر - غرور - بڑائی کا خیال۔
بلوچستان - پاکستان کا ایک صُوبہ۔
بُلوہ (ف/مذ) بلوا - ہنگامہ - دنگا - فساد - بغاوت - سرکشی - بدانتظامی - شورغُل - بہت سے آدمیوں کا فساد پہ آمادہ ہونا۔
بُلوۂ عام (ف) بہت سے آدمیوں کی سرکشی - سازش کرکے فساد برپا کرنا۔
بَلوان (ہ) بَل یعنی زور - وان یعنی والا - زوروالا - طاقت ور - شجاع - بلی - مضبوط۔
بلوٹا (ہ/مذ) بلی کا بچہ (پ) بلونگڑا۔
بِلّور (ع/مذ) ایک شفاف شیشے کی قسم کا کانی جوہر جسے عام لوگ کچا ہیرا کہتے ہیں۔
بلّورسا - یا - بلّور کی مانند (ف) شفاف - اُجلا - صاف۔
بلّوریں - یا - بلّوری (ف) منسوب بہ بلّور - بلّور کا - مِثل بلّور۔
بُلُوط (ع/مذ) ایک قسم کا درخت جسے بیتا سپاری اور سینا برچھ بھی کہتے ہیں۔
بُلُوغ (ع/مذ) جوانی - شباب - مردمی۔
بلوغت (ع/مذ) جوانی - شباب - مردمی۔
بلونا (ہ) متھنا - دہی میں سے رئی کے ذریعے سے گھی نکالنا - کسی چیز کو متواتر حرکت دینا۔
بلوں بلوں (ہ/مث) کسی چیز کی تنگی - کمیابی - ضرورت - مانگ - طلب - خواہش - ہائے وائے - پُکار۔
بلوں بلوں پڑنا } (ہ) تنگی ہونا - مانگ ہونا -
بلوں بلوں ہونا } پُکار ہونا۔
بلوں بلوں کرنا (ہ) پُکار کرنا - گھبرانا - بدحواس ہونا - بڑانا - ہائے وائے کرنا۔
بَلونت - یا - بلوند (ہ) بہادر - شجاع - زورآور - طاقتور۔
بَلہار (ہ) قربان - صدقے۔
بلہار جانا (ہ) قربان جانا - تصدق ہونا - صدقے جانا - نثار ہونا۔
بلہاری (ہ/مث) صدقے - واری - قربان - فدا - نثار۔
بلہرا (ہ) ایک قسم کا ٹوکرا جس میں عموماً پان کے پتے رکھتے ہیں۔
بَلی (ہ) طاقتور - زورآور - بلوان - بلونت - بل دار۔
بَلی کی بَلی ہے (ا/فقرہ) بہت ہی لمبا ہے۔
بَلی مارنا (ا/مصدر) کشتی چلانا - ناؤ کھینا۔
بِلّی (ہ/مث) چھوٹا درندہ جانور جسے شیر کی خالہ یا اُستانی کہتے ہیں - عام طور پہ گھروں میں چوہے پکڑ کر کھاتی ہے - نیز وہ لکڑی جو کواڑوں میں اندر کی طرف کنڈی کے بجائے لگاتے ہیں۔
بِلّی الانگنا (ہ) لڑنے کو تیار ہونا - بلی کا راستہ کاٹنا۔
بِلّی بنا رہنا (ا/محاورہ) مسکین صورت بنا رہنا۔

بِلّی رو تی ہے منگل کس دن گا رہی تھی (ہ/مثل) کام نہ کرنے والے اور کام کو دیکھ کر روتی صورت بنا لینے والے آدمی کی نسبت بولتے ہیں غمزدہ ہے - خوش کس دن ہوا - وہ تو ہمیشہ روتا ہی رہتا ہے - ہمیشہ مغموم اور متفکر ہی رہتا ہے۔
بِلّی سے چھیچھڑوں کی رکھوالی (ا) بددیانت کو خزانچی بنانا - چور اور بدمعاش کو امین اور منتظم مقرر کرنا - نااہل کو کام پر لگانا۔
بِلّی کے خواب میں چھیچھڑے } (ہ/مثل) اپنی ہی گوں کے خواب
بِلّی کو چھیچھڑوں ہی کے خواب } دیکھنا - ہردم اپنے ہی مطلب کی سوجھنا - خود غرض شخص کی نسبت بولتے ہیں۔
بِلّی کی میاؤں سے ڈر لگتا ہے (ہ/مثل) حاکم یا افسر یا امیر اور زور آور آدمی کا رعب و داب ہی کافی ہوتا ہے۔
بِلّی لوٹن (ہ - مذ) بالچھڑ - سُنبل الطیب - باد رنجبویہ - ایک خوشبودار بوٹی جس کی بُو پر بلی عاشق ہے۔
بَلّی (ہ/مث) دُوسری چیز کا بوجھ سہارنے والی چیز - اصطلاح میں سال کے درخت کی لمبی اور موٹی سی شاخ جو کشتی چلانے یا تھم اور ٹھونی دینے کے کام آتی ہے۔
بلیّت (ع) بدنصیبی - حادثہ - آفت - مصیبت (جمع) بلیّات۔
بلید (ع) کُند ذہن آدمی - غبی۔
بلیغ (ع) پہنچنے والا - کامل - مکمل - پورا فاضل - موقع کے موافق گفتگو کرنے والا۔
بلیک سی (BLACK SEA) اُردو میں بحیرۂ اسود ہے - اڈیسہ اس کی بندرگاہ ہے - یورپی روس کے جنوب میں آب و ہوا کی وجہ سے کئی مہینے منجمد رہتا ہے۔
بلیک میل کرنا (انگ/ا/محاورہ) افشائے راز کی دھمکی دے کر مالی مفاد یا رشوت وصول کرنا۔
بلیلہ (ف/مذ) بہیڑہ - بڑی ہڑ کی قسم کی ایک دوا۔
بلیرڈ (انگریزی/مذ) انٹے کا کھیل۔
بلیو موئنٹین - یہ پہاڑ آسٹریلیا کی ریاست نیو ساؤتھ ویلز کے جنوب مشرق میں ہیں - اور آسٹریلین الپس کا حصّہ ہیں - مگر جزائر غرب الہند میں جزیرہ جمیکا کے درمیانی حصّے والے پہاڑ بھی اسی کے نام سے موسوم ہیں۔
بلینڈا (ہ/مذ) چھپر کے بیچ کا یا کنارے کا بڑا بانس - چھپر کی منڈیر - سخت مزاج آدمی۔
بلیوں پانی اُچھلنا (ا/محاورہ) سخت طوفان آنا۔
بلیوں پانی ہونا (ا/محاورہ) بہت زیادہ پانی ہونا - پانی بہت گہرا ہونا۔
بَلیّہ (ع/مث) دُکھ - آزمائش - سخت طوفان۔

بم (ہ/مث) چشمہ - منبع - پانی کا سوراخ - بمبا - غل - شور - شیو جی کو پکارنے کی آواز - جیسے بم بم بھولے ناتھ - نقارہ - دھونسا -

بم (و/مذ) بگھی کا بانس - بگھی کے آگے کی لکڑیاں جن میں گھوڑا جوتتے ہیں -

بم (ف/مث) باجے یا راگ کی اونچی آواز - برخلاف زیر -

بم (انگریزی/مث) پمپ - ہوا اور پانی کے بھرنے یا نکالنے کی مشین - آتش گیر مادے کا بنایا ہوا گولہ -

بم بلانا (ہ) خراب کرنا - پوپلا کرنا - نقارے کی طرح بجانا - سخت تکلیف پہنچانا -

بم پھوٹنا (ہ) کنویں کی تہہ میں سے پانی کا جوش مار کر ابلنا - گولہ پھٹنا - راز فاش ہونا -

بمان - یا - بوان (ہ/مذ) تخت رواں - ہوائی جہاز - دیوتاؤں کی سواری کا رتھ یا تخت - وہ آراستہ تھی جس پر ہندو لوگ بڑے بوڑھے آدمیوں کی لاش اٹھا کر مرگھٹ میں لے جاتے ہیں -

بمبا (و/مذ) اصل میں منبع ہے - وہ جگہ جہاں سے پانی نکلے -

بمبار (انگ/ف/صف) بم برسانے والا - بم گرانے والا -

بمبو (انگریزی) بانس - (و) چنڈو پینے کی نلکی -

بمبئی - ہندوستان کے مغربی ساحل کی مشہور بندرگاہ ہے - یہاں سے روئی باہر جاتی ہے - ولایتی کپڑا، کلیں - دھاتیں وغیرہ سامان آتا ہے - آبادی کے لحاظ سے بھی انڈیا میں دوسرے نمبر پر ہے - ریلوے کے جال نے تمام شہروں سے ملا رکھا ہے -

بمجرد (ف) فوراً - تُرنت -

بمنزلہ (ع) بجائے - بطور - درجے میں - مقام پر - بالعوض -

بمنیٹا (ہ) بامن (برہمن) کا بیٹا -

بموجب (ع) موافق - مطابق - جیسا - حسب -

ب - ن

بُن (ہ/مذ) قہوہ - کافی - ایک قسم کا بیج جسے بھون کر کھاتے ہیں یا چائے کی طرح ابال کر پیتے ہیں -

بَن (ہ/مذ) جنگل - مرغزار - خود رو درختوں کا جنگل - صحرا - بیابان - روئی کا کھیت - روئی کا درخت - باڑی - کپاس -

بن بلاؤ (ہ/مذ) جنگلی بلا - باہر بلاؤ -

بن مانس (ہ/مذ) جنگلی آدمی - وحشی انسان - آدمی کی صورت سے بالکل ملتا جلتا بندر - گوریلا -

بن (ع/مذ) بیٹا - ولد - پور -

بن (ف) بغیر - سوا - بجز - بدون -

بن آنا (ہ/محاورہ) درست ہونا - مطلب یا مراد حاصل ہونا -

بن آئی مرنا (ہ) بے موت مرنا - ناحق مر جانا - آناً فاناً مر جانا - بے وقت مرنا - ناحق تباہ و برباد ہو جانا - بے قصور مرنا - مصیبت میں پھنسنا -

بن بیاہا (صف/مذ) وہ مرد جن کی شادی نہ ہوئی ہو - کنوارا -

بن داموں کا غلام (ہ/مذ) بے دام غلام - مفت کا غلام - نہایت فرماں بردار - بے عذر کام کرنے والا - نہایت ممنون -

بن مارے کی توبہ (ہ/مث) ناحق کی فریاد - بے جا شکایت - قبل از مرگ واویلا -

بن مانگے ماں بھی بچے کو دودھ نہیں دیتی (ہ/مثل) بے جد و جہد کچھ نہیں ملتا - کوشش ہی سے کچھ ملتا ہے - منہ سے کہے بغیر کسی کو کیا معلوم کہ تمہیں کیا چیز درکار ہے -

بن مانگے موتی ملیں مانگے ملے نہ بھیک (ہ) توکل والے کی سب مرادیں پوری ہو جاتی ہیں - بن مانگے قیمتی اشیاء مل جاتی ہیں اور مطلوبہ چیز بڑی مشکل سے ملتی ہے -

بنا (ع/مث) عمارت - بنیاد - تعمیر - مکان - نیو - سوجھ - باعث - شروع -

بنا ڈالنا (ہ) بنیاد رکھنا - آغاز کرنا - دھنک ڈالنا - خاکہ ڈالنا -

بنائے دعویٰ (ع/مث) دعوے کی وجہ - استغاثے کا باعث - دعوے کی دلیل -

بنا (ہ) بدون - بغیر - سوا - بجز -

بَنا (ہ/مذ) نوشہ - دولہا - بنڑا (عوام بنّا)

بنات (ع) بنت کی جمع - بیٹیاں -

بنات (ہ) اونی کپڑا -

بنات النعش (ع) کھٹولا - دُبِ اکبر - سات تاروں کا جھمکا -

بنادر (ف) بندر کی جمع - جس کے معنی بحری جہازوں کا اسٹیشن ہیں -

بنارسی (ہ) بنارس کا - بنارس کی بنی ہوئی چیز -

بنارسی ٹھگ (ہ) بڑا عیار - نہایت دغا باز - بنارس کے ٹھگ مشہور ہیں -

بنارسی کپڑا (ہ/مذ) بنارس کا بنا ہوا کپڑا - وہ ریشمی کپڑا جس پر سنہری اور روپہلی تاروں سے کام بنا ہوتا ہے -

بناسپتی (ہ/مث) نباتات - جنگل کی جڑی بوٹی - پیداوار دشتی - آج کل بناسپتی گھی بھی آتا ہے -

بناگوش (ف) کان کی لو -

بنالا (ہ/مذ) گوٹا کناری وغیرہ کا بانا -

بنانا (ہ) مکمل کرنا - تکمیل کو پہنچانا - تیار کرنا - درست کرنا - مرتب کرنا - سنوارنا - سنگارنا - تعمیر کرنا - گھڑنا - زیور وغیرہ - تصنیف و تالیف کرنا - گوشت صاف کرنا - مذاق اڑانا - مخول کرنا - تربیت کرنا - سدھارنا - سنوارنا - اصلاح دینا - ایجاد کرنا - حاصل کرنا - پھٹکنا - یعنی غلے کو صاف کرنا -

بن آنا / **بن پڑنا** (ہ) مراد کے موافق ہونا - قسمت کھل جانا - موقع ملنا - ممکن ہونا -

بن بلاؤ (ہ) جنگلی بلا۔
بن بن کر بگڑنا (ہ) درست ہو کر خراب ہو جانا۔ کسی کام کا ہو کر بگڑ جانا۔ مراد کو پہنچ پہنچ کر نامراد رہنا۔ دولت خفا ہونا۔ درست نہ ہونا کام نہ بننا۔
بن بیٹھنا (ہ) تیار ہو جانا۔ آمادہ رہنا۔ امیر بن جانا۔ دولت مند ہونا۔
بن نہ آنا } (ہ) مجبور ہونا۔ بندوبست نہ ہو سکنا۔ کام کا انتظام نہ ہونا۔
بن نہ پڑنا } جواب نہ دے سکنا۔
بناؤ (ہ/مذ) آراستگی۔ سجاوٹ۔ درستی۔ موافقت۔ میل ملاقات (فعل امر) تیار کرو۔ درست کرو۔ سنوارو۔
بناؤ دینا (ار/محاورہ) زیب دینا۔ بھلا معلوم ہونا۔
بناؤ سنگار (ہ/مذ) سجاوٹ۔ درستی۔ موافقت۔ آرائش۔
بناؤ کرنا (ار/محاورہ) آراستہ کرنا۔ سنوارنا۔
بناوٹ (ہ/مث) ساخت۔ وضع۔ تکلف۔ تصنع۔ نمائش۔ نمود۔ باتیں گھڑنا۔ جھوٹا اظہار۔ مکر و فریب۔ جعلسازی۔
بناوٹی (ہ) مصنوعی۔ خود ساختہ۔ دکھلاوے کا۔
بن باس (ہ/مذ) جنگل میں بسنا۔ جنگل کی بستی۔ جلاوطنی۔ جنگلوں میں رہنا۔
بن باس دینا (ہ) جنگل میں رہنے کا حکم دینا۔ جلاوطن کرنا۔ آبادی سے نکل جانے کا حکم دینا۔
بن باس کرنا (ہ) جنگل میں جا رہنا۔ آبادی سے نکل جانا۔ جلاوطن ہونا۔
بن باسی (ہ) جنگل میں رہنے والا۔ جلاوطن آدمی۔
بنت البحر (ع/مث) جل پری۔
بنت (ع/مث) لڑکی۔ بیٹی۔ دختر۔
بنت العنب } (ع) عنب و کرم انگور کو کہتے ہیں۔ اس لیے دونوں کے
بنت الکرم } معنی شراب ہیں۔
بنتی۔ یا۔ بینتی (ہ/مث) عذر۔ معذرت۔ التماس۔ عرض۔ پرارتھنا۔ منت سماجت۔
بنٹا (ہ/مذ) پیتل کا بڑا برتن۔ کھانا پکانے کا بڑا سا برتن۔ بڑا گڑوا۔
بنٹا ڈھار کرنا (ہ) برباد کر ڈالنا۔ تباہ کر ڈالنا۔ ستیاناس کر دینا۔
بنج (ہ/مذ) لین دین۔ سوداگری۔ تجارت۔ خرید و فروخت۔ بیوپار۔ رشتہ ناتا۔ پیشہ۔ کسب۔ کار۔
بنجاری (ہ/مث) بنجارے کی عورت۔ بنجاروں کا ڈیرا۔ مضبوط۔ پائدار۔ خوبصورت۔
بنجاری کتا (ہ/مذ) وہ کتا جسے بنجارے لوگ اپنے مال کی حفاظت کے لیے اپنے ساتھ رکھتے ہیں۔ چوکیدار کتا۔ قافلے کے ساتھ رہنے والا کتا۔
بنجر (ہ) غیر مزروعہ زمین۔ وہ زمین جس میں مدت سے کچھ بویا نہ گیا ہو۔ افتادہ زمین۔ بے تردد زمین۔
بنجر توڑنا (ار/محاورہ) غیر مزروعہ زمین کو قابل کاشت بنانا۔

بنچنا (ہ) پڑھا جانا۔ پڑھنے میں آنا۔ مطالعے میں آنا۔
بند (ف/مذ) جوڑ۔ عضو۔ گانٹھ۔ روک۔ پشتہ۔ انگرکھے کی تنی۔ بندھن۔ کپڑے کی پٹی۔ قید۔ حبس۔ داؤ۔ پیچ۔ چند گرہ دار اشعار۔ مسدس کا بند۔ کڑا۔ ہاتھ کی موٹی سی چوڑی۔ مسدود۔ روکا گیا۔ مقفل۔ رکا ہوا پانی۔ گھرا ہوا۔ تنگ۔ بھچی ہوئی۔ سکڑی ہوئی ٹانگیں۔
بند باندھنا (ہ) پشتہ باندھنا۔ گرہ لگانا۔ بندوبست کرنا۔ تدبیر کرنا۔ پانی کی آمد کو روک دینا۔
بند بند (ف/مذ) ہر ایک جوڑ۔ جوڑ جوڑ۔ عضو عضو۔ رکا ہوا۔ منقبض۔ افسردہ دل۔ مرجھایا ہوا۔ دل بجھا ہوا۔
بند بند ٹوٹنا (ار/محاورہ) ہر جوڑ میں درد ہونا۔
بند بند جدا کرنا (ہ) پرزے اڑانا۔ ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔ جوڑ جوڑ کاٹ ڈالنا۔
بند بند جکڑ جانا (ہ) ہر عضو میں درد ہونا۔ ہر جوڑ کا اینٹھ جانا۔
بند بند دکھنا (ار/محاورہ) ہر جوڑ کا درد کرنا۔
بند بند ڈھیلا کر دینا (ہ) تھکا دینا۔ جوڑ جوڑ ہلا دینا۔ چولیں ہلا دینا۔
بند پانی (ار/مذ) رکا ہوا پانی۔ کھڑا پانی۔ وہ پانی جو جاری نہ ہو۔
بند چھڑانا (ہ) قید سے آزاد کرنا۔ مشکل آسان کرنا۔ جوڑ الگ کرنا۔
بند رہنا (ہ) قید رہنا۔ رکے رہنا۔ مقفل رہنا۔ خاموش رہنا۔
بند سوالات (ف/مذ) سوالات کی وہ فہرست جو جواب کے لیے عدالت کسی فریق مقدمہ کو بھیجتی ہے۔
بند کرنا (ہ) روکنا۔ قید کرنا۔ مقفل کرنا۔ خاموش کرنا۔
بند ہونا (ہ) رک جانا۔ تھمنا۔ کسی کام کی چلت نہ رہنا۔ ختم ہونا۔ چپ ہونا۔ آمد و رفت نہ ہونا۔ کند ہونا۔ دھار موٹی ہونا۔ چال نہ چلنا۔ مسدود ہونا۔ تدبیر کارگر نہ ہونا۔
بند (ہ/مذ) صفر۔ نقطہ۔ بندی۔ بوند۔ قطرہ۔ تخم۔ نطفہ۔ بیج۔
بندا (ہ/مذ) کان کا آویزہ۔ کان میں پہننے کا ایک صراحی دار زیور۔
بندا (ہ/مذ) بڑا سا ٹیکا جو اکثر ہندو ماتھے پر لگا لیتے ہیں۔
بندال پھلا } (ہ/مذ) بندال کا پھل۔ بندال کا گولہ۔ یہ کپاس
بندال ڈوڈا } کے گولے کی شکل کا ہوتا ہے۔ مگر نہایت تلخ۔
بندر (ف/مذ) سمندر کے ساحل پر وہ شہر جہاں غیر ملکوں سے جہاز آ کر لنگر ڈالیں، بندر کہلاتا ہے۔ جہازوں کی قیامگاہ۔ جہازوں کا سٹیشن۔
بندر گاہ (ف/مذ) تجارت کی منڈی جو سمندر کے کنارے پر ہو۔ تجارت گاہ۔
بندر (ہ/مذ) ایک جانور جو آدمی کے مشابہ ہوتا ہے۔ میمون۔ بوزنہ۔ شادی۔

بندر کا گھاؤ (ہ) وہ زخم جو کبھی اچھا نہ ہو۔
بندر کے گلے میں موتیوں کی مالا (ا/ مثل) رذیل کو شہ لیغوں کا لباس۔ خویش برادری کے موقع پر بولتے ہیں۔ حقیر اور رذیل آدمی کو عزت دینا۔
بندر کی آشنائی (ہ/ مث) بے مروت کی دوستی۔ بے وفا کا یارانہ۔
بندر کی طرح نچانا (ہ) نہایت ستانا۔ بے حد دق کرنا۔ بہت تنگ کرنا۔
بندریا (ہ/ مث) بندر کی مادہ۔ ایک قسم کی گھاس بھی ہے جسے گتی گھاس بولتے ہیں۔
بندش (ف/ مث) گانٹھ۔ گرہ۔ بندھن۔ شعر کے الفاظ کا بالترتیب قرینے سے بیٹھنا۔ خیال۔ سازش۔ اٹکان۔ جوڑ۔ بند۔ داؤ۔ گھابت۔ تدبیر۔ پیش بندی۔ بناوٹ۔ گھڑت۔ تھمت۔ الزام۔ ترتیب۔ عبارت۔ رکاوٹ۔ روک ٹوک۔
بندکی (ہ/ مث) چھوٹی بوند۔ چھوٹی چھوٹی بوندیاں جو چھینٹ پر ہوتی ہیں۔
بندگانِ عالی (ف/ مذ) تعظیماً حضور کی جگہ بولتے ہیں۔
بندگی (ف/ مث) غلامی۔ عبادت۔ آداب۔ سلام۔ تسلیم۔ مسکینی۔ غریبی۔ خدمت۔ سیوا۔ نوکری۔ سلام۔ رخصت۔ خدا حافظ۔
بندگی بجانا۔ یا۔ بندگی بجالانا (ا) فرماں برداری کرنا۔ خدمت کرنا۔ کہا ماننا۔ حکم بجالانا۔
بندگی بیچارگی (ا/ مثل) نوکری اور فرماں برداری بڑا جبری امر ہے۔ ملازم کو ہر حکم جا و بے جا ماننا پڑتا ہے۔ مجبوری۔ بے بسی۔ معذوری۔ ناچاری۔
بندگی دور سے کرنا (ا/ محاورہ) پرہیز کرنا۔ احتراز کرنا۔
بندگی عرض ہے (ا/ محاورہ) تسلیم ہے۔ سلام عرض ہے۔
بندوبست (ف/ مذ) انتظام۔ اہتمام۔ انصرام۔ انضباط۔ نظم و نسق۔ ضابطہ۔ قاعدہ۔ آئین۔ سلیقہ۔ سگھڑاپا۔ زمین کے لگان کا اہتمام۔ ترتیب۔ تدبیر۔ تجویز۔ زمین کی حد بندی اور انتظام۔ خراج یا لگان۔
بندوبست استمراری }
بندوبست دوامی } (ع/ مذ) ہمیشہ کے لیے زمین کا لگان مقرر کرنا۔ سارے علاقے کا ایک ہی بار زرِ مالگزاری قائم کر دینا۔ ہمیشہ کے لیے ایک ہی دفعہ لگان تشخیص کر دینا۔
بندوبست دائمی }
بندوبست دیہی (ف/ مذ) دیہات کے کھیتوں کی حد بندی کر کے مالگزاری کے کاغذات تیار کرنا۔ زمین کی حیثیت اور لگان کا اندازہ کرنا۔
بندوق (ع/ مث) تفنگ۔ تفک۔ لوہے کی وہ نالی جس میں بارود بھر کر چھوڑیں۔
بندوق بھرنا (ا) بندوق میں گولی اور بارود ڈالنا۔ بندوق تیار کرنا۔
بندوق چلانا } (ا) بندوق چھوڑنا۔
بندوق لگانا } بندوق سر کرنا۔
بندوق چھتیانا (ا) بندوق کو چھاتی پر رکھ کر شست باندھنا۔
بندوقچی (ع/ ت) بندوق رکھنے والا۔ سپاہی۔ قراول۔
بندہ (ف/ مذ) غلام۔ نوکر۔ ملازم۔ مطیع۔ فرماں بردار۔ انسان۔ بشر۔ آدمی۔ لغز۔ عابد۔ خادم۔ سر جھکا دینے والا۔
بندہ بشر ہے (ا/ محاورہ) انسان کی فطرت میں بھول چوک داخل ہے۔ آدمی سے بھول چوک ہو ہی جاتی ہے۔ انسان سہو و خطا کا پتلا ہے۔
بندہ بے دام (ف/ صف) مطیع۔ فرماں بردار۔
بندہ بنا لینا (ا/ محاورہ) غلام بنا لینا۔
بندہ پرور (ف) بندہ نواز۔ آقا۔ سردار۔ غلاموں کے پالنے والے۔ فیاض۔ سخی۔ کریم۔ جناب۔ حضرت۔
بندہ عاجز ہے (ا/ محاورہ) انسان مجبور ہے۔ ناچار ہے۔ بے اختیار ہے۔ میں مجبور ہوں۔ محتاج ہوں۔
بندہ نواز (ف) مالک۔ مختار۔ بندہ پرور۔ غلاموں پر مہربانی کرنے والا۔
بندھا پانی (ا/ مذ) کھڑا پانی۔ معین پانی۔ رکا پانی۔
بندھا توڑا (ہ/ مذ) پوری تھیلی۔ روپوں کی بھری ہوئی تھیلی۔
بندھا خرچ (ا/ مذ) مقررہ خرچ۔ جس کی مقدار مقرر ہو۔
بندھا خوب مار کھاتا ہے (ا/ مثل) ناچار کو جس طرح چاہو۔ ستاؤ۔ مارو۔ سزا دو۔ قابو میں آیا ہوا خوب مجبور ہوتا ہے۔
بندھائی (ہ/ مذ) مزدور۔ قلی۔ ایک فرقہ جو کرٹی۔ تختہ۔ پتھر وغیرہ ڈھونے کا کام کرتا ہے۔ گولہ انداز۔ خلاصی۔ محنتی۔
بندھائی (ہ/ مث) بندش۔ باندھنے کی اجرت۔ روپیہ بندھانے کا کمیشن۔
بندھک (ہ/ مذ) رہن۔ گرو۔ گروی۔ گرو رکھی ہوئی چیز۔ رہن نامہ۔ تمسک۔
بندھن (ہ/ مذ) بندش۔ پٹی۔ بند۔ روک۔ رکاوٹ۔ لگاؤ۔ لاگ۔ ورد۔ وظیفہ۔ انضباطِ اوقات۔ چھپر کی بندش۔
بندھنا (ہ) گرہ لگنا۔ بندش میں آنا۔ پھنسنا۔ مبتلا ہونا۔ مقرر ہونا۔ دستور ہونا۔ شعر کا مضمون اور قافیہ درست بیٹھنا۔ لپٹنا۔ قید ہونا۔ پکڑا جانا۔
بندھنا (ہ/ مذ) تلے دانی۔ وہ تھیلی جس میں سینے پرونے کا سامان رکھا جائے۔ خریطی۔
بندھنا (ہ) چھدنا۔ سوراخ ہونا۔ پرو دیا جانا۔ ہر رگ میں بیٹھ جانا۔ گھسنا۔ جیسے گوشت میں نمک مرچ کا بندھنا۔
بندھو (ہ/ مذ) متعلقین۔ رشتہ دار۔ بھائی بند۔ دوست۔ اقربا۔
بندھوا (ہ/ مذ) قیدی۔ اسیر۔ پابند۔ زندانی۔
بندھوانا (ہ/ مذ) قید کرانا۔ گرفتار کرانا۔ جکڑوانا۔ باندھنے کا

حکم دینا۔ قید کا حکم جاری کرنا۔

بندھی آواز (ہ/مث) وہ آواز جو گانے والے کے قابو میں ہو اور سُر پر قائم ہو۔

بندھی بات (ہ/مث) مقررہ بات۔ معمول بات۔ مسلّم الثبوت امر۔

بندیج (ہ/مذ) روک۔ رکاوٹ۔ پرہیز۔ دستور۔ معمول۔ قابض۔ قبض کرنے والی چیز۔ بستگی۔ انجماد۔ کفایت شعاری۔ سلیقہ داری۔ گٹھڑا پا۔ بندش۔ بستہ۔ بندھا ہوا۔

بندھی کلی (ہ/مث) غنچہ۔ کلی۔

بندھی مٹھی (ہ) سربستہ۔ پوشیدہ راز۔ اتفاق۔ جتھا۔ ایکا۔ کنبے کا اتفاق۔ یک مشت۔ اکٹھا۔ چپ چاپ۔ خاموش۔ بے خوف۔ بے کھٹکے۔

بندھی مٹھی لاکھ برابر (و/مثل) اتفاق نہایت عمدہ چیز ہے۔ اتفاق سے ساکھ بنی رہتی ہے۔ یک دل آدمی لاکھوں پر بھاری اور فتح یاب ہوتے ہیں۔ راز سربستہ کی حفاظت نہایت اچھی ہوتی ہے۔

بندی (و/مث) لونڈی۔ باندی۔ کنیز۔ عورتیں انکسار کے طور پر اپنے لیے بولتی ہیں۔

بندی (ف) قیدی۔ اسیر۔ گرفتار۔

بندی خانہ (ف/مذ) قید خانہ۔ زندان۔ محبس۔ جیل۔ قیدیوں کے رہنے کی جگہ۔

بندی (ہ/مث) نقطہ۔ صفر۔ چھوٹا سا گول ٹیکا۔ نشان۔ علامت۔ کانچ کی رنگ دار ٹکلی۔ جو عورتیں برسات کے دنوں میں ماتھے پر لگا لیتی ہیں۔ قشقہ۔ ٹیکا۔

بندیا (ہ/مث) چھوٹی بندی۔

بندیلا (ا/مث) ہندوؤں کی ایک قوم۔

بندیلن (ہ/مث) عطر۔ خوشبو وغیرہ بیچنے والی عورت۔ گندھی کی تانیث۔ گندھن۔

بنڈل (انگریزی/مذ) گٹھڑی۔ پیکٹ۔ پلندا۔

بنڈیری (ہ/مث) لمبی لکڑی جس پہ چھپر رکھتے ہیں۔

بنڈیلا (ہ/مذ) جنگلی سوٗر۔

بنڑا (و/مذ) پُرش۔ دولہا۔ نوشہ۔ خاوند۔ شوہر۔ بنا۔ بنّا کی تصغیر۔

بنڑی (ہ/مث) دلہن۔ بنی۔ بنّی۔

بنس (ہ/مذ) خاندان۔ نسل۔ اولاد۔ نسب۔ گھرانا۔ کل۔ بیٹے پوتے۔

بنس پھوڑ (ہ/مذ) بانس یا بید کا کام کرنے والا۔

بنسلوچن (ہ/مذ) ایک سفید سی دوا جو بانس کی گرہوں میں سے نکلتی ہے۔ طباشیر۔

بنسی (ہ/مث) بانسری۔ بنسری۔ بانسلی۔ مرلی۔ نے۔ الغوزہ۔ مچھلی پکڑنے کی بانس کی لمبی سی چھڑی مع ڈور اور کانٹے کے۔

بنفشہ (ف/مث) ایک خوبرو بوٹی جو تلیین کے لیے استعمال میں آتی ہے یہ اونچے پہاڑوں کی چٹانوں کے کناروں میں اُگتی ہے (مجازاً) محبوب کے سر کے بال۔ زُلف۔

بنک (انگریزی) روپیہ امانتاً رکھنے کی جگہ۔ ساہوکارے کی کوٹھی۔ روپیہ جمع رکھنے والی کمپنی۔ بنک گھر۔

بنکارنا (ہ) نشہ پی کر شور و غل مچانا۔ دھاڑنا۔ چلا کر بولنا۔ بلند آواز سے بولنا۔ پکار کر بولنا۔ کسی بھوت پریت کا سایہ سر پر آکر بولنا۔ سر سے کھیلنا۔ شیخی بگھارنا۔ ڈینگ مارنا۔

بُننا (ہ) تانا باناتن کر کپڑا وغیرہ تیار کرنا۔

بننا۔ یا۔ بن جانا (ہ) تیار ہونا۔ مکمل ہونا۔ درست ہونا۔ تصنیف و تالیف ہونا۔ نئی بات پیدا ہونا۔ اتفاق ہونا۔ موقع پڑنا۔ کام درست ہونا۔ سنورنا۔ قائم رہنا۔ سلامت رہنا۔ تعمیر ہونا۔ چُنا جانا۔ امیر ہونا۔ صلح رہنا۔ کسی درجے پر پہنچنا۔ بھیس بدلنا۔ موقع ملنا۔ تکلف کرنا۔ اصلاح ہونا۔ اصل ہونا جیسے آنے روپے بن گئے۔ بے وقوف ٹھہرنا۔ صاف ہونا جیسے اناج بن گیا۔

بنائے نہ بننا (ہ) کوئی تدبیر کارگر نہ ہونا۔ کوشش کے باوجود مراد پوری نہ ہونا۔ قابو سے باہر ہو جانا۔ ناچار ہونا۔

بنا بنایا (ہ) درست۔ ٹھیک ٹھاک۔ آراستہ پیراستہ۔ لیس۔ تیار۔ کیل کانٹے سے درست۔ فرش فروش سے آراستہ۔

بنا ٹھنا (ہ) سجا سجایا۔ سنگار کیے ہوئے۔ درست۔ لباس اور زیور سے آراستہ۔

بننا ٹھننا (ہ) آراستہ ہونا۔ بناؤ سنگار۔ ساز و سامان سے خوب لیس ہونا۔

بن کر کھیل بگڑنا (ہ) کسی کام کا درست ہو کر خراب ہو جانا۔ کام ہوتے ہوتے رُک جانا۔ کامیاب ہوتے ہوتے رہ جانا۔ اور ناکام ہو جانا۔

بنگ (ہ/مث) ایک نشیلی بوٹی۔ بھنگ۔ سبزی۔

بنگا (ہ/مذ) بانس کا ٹکڑا۔ سونٹا۔ ڈنڈا۔ بمبو۔

بنگا ٹھوکنا (ہ) میخ ٹھونکنا۔ روک دینا۔ مزاحم ہو جانا۔ رُک دینا۔

بنگالن (ہ/مث) بنگال کی رہنے والی۔

بنگالی (ہ) بنگال کا رہنے والا۔ بنگال کی بولی۔ بنگال کی چیز۔

بنگالی جادو (ہ/مذ) پُر اثر اور تیز جادو۔

بنگالے کی مینا (ہ/مذ) مجازاً خوب باتیں کرنے والا بچہ۔

بنگڑی (ہ/مث) ٹیڑھی۔ خمدار۔ بانکڑی۔ مروڑ دار (چوڑی یا گوٹا وغیرہ)۔

بنگش (ف) کشمیر کے قریب ایک مقام جہاں کے لوگوں کو بھی بنگش ہی کہتے ہیں۔ دہلی میں "بنگش کا کمرہ" ایک محلہ بھی مشہور ہے۔

بنگلا (ہ/مذ) پان کی ایک خاص قسم۔ پھوس کا چوٹی دار مکان۔ بانسی کوٹھی۔

بنگلور۔ ریاست میسور کا صدر مقام - یہاں کی آب و ہوا اچھی ہے -

بنگو } (ہ/مث) ایک قسم کا آواز دار لٹو جو اندر سے کھوکھلا ہوتا ہے -
بنگی } اور اس میں ایک سوراخ ہوتا ہے جس سے زور کی آواز نکلتی ہے -

بنو (ا/مث) بانو کا مخفف بیگم - خاتون - دُلہن - عروس - نئی بیاہی ہوئی عورت -

بنوانا (ہ) تیار کرانا - دُرست کرانا - تعمیر کرانا - چنوانا - رسوئی کرانا - گوشت صاف کرانا -

بُنوانا (ہ) سُوت سے کپڑا تیار کرانا - رسیوں اور بانوں سے چارپائی دُرست کرانا -

بُنوائی (ہ/مث) معاوضہ - بُننے کی اُجرت -

بَنوائی (ہ/مث) معاوضہ - بنوانے کی اُجرت - کام تیار کرانے کا معاوضہ -

بنوٹ (ہ/مث) سپہ گری کا ایک فن -

بنولا (ہ/مذ) کپاس کا بیج - پنبہ دانہ -

بنولی (ہ/مث) چھوٹے چھوٹے اولے جنہیں بجری بھی کہتے ہیں -

بنی (ع/مذ) بن کی جمع - اولاد - بیٹے - پوتے - نسل - جیسے بنی آدم - بنی اسرائیل -

بَنی (ہ/مث) بنڑی - دُلہن - بیوی - خوش اقبال - بگڑی کے خلاف -

بنی آدم (ع) آدمؑ کی اولاد - انسان -

بنی اسرائیل (ع) اسرائیل یعنی یعقوب کے بیٹے -

بنی عم (ع/مذ) چچیرے بھائی -

بنینی - بنیانی (ہ/مث) بنیے کی بیوی - بن - بیلا - نیستان - چھوٹا سا گھنا جنگل - جھاڑی دار جنگل -

بنی جان (ع/مذ) جنوں کی نسل - جنوں کی اولاد -

بنی کے سو ساتھی بگڑی کا کوئی نہیں } (ہ/مثل) امیری اور خوش
بنی کے سب ساتھی بگڑی کا کوئی نہیں } اقبالی میں ہر کوئی یار بن جاتا ہے مفلسی میں کوئی پاس بھی نہیں پھٹکتا - دنیا غدار اور مطلب پرست ہے -

بنیا (ہ/مذ) اناج غلہ وغیرہ بیچنے والا - آٹے دال کی سوداگری کرنے والا - ایک ذات - بودا - بزدل - کنجوس - ممسک - سُست - سیدھا - مطلب پرست -

بنیا جب تولتا ہے کم ہی تولتا ہے (ہ/مثل) ہوشیار آدمی ہر حالت میں اپنا مطلب اور اپنا فائدہ نہیں چھوڑتا -

بنیے کا بہکایا اور جوگی کا پھٹکارا (ہ/مثل) دونوں نقصان اٹھاتے ہیں - سنبھلتے نہیں -

بنیے کا بیٹا کچھ دیکھ کر ہی گرتا ہے (ہ/مثل) سیانا آدمی کسی خاص نفع ہی کے لیے نقصان گوارا کرتا ہے - یوں نقصان نہیں اٹھاتا -

بنیے کا جی دھنیا (ہ/مثل) بنیا بہت کم دل اور کم حوصلہ ہوتا ہے -

بنیے کا چھیلا آدھا اُجلا آدھا میلا (ہ/مثل) کاروباری آدمی سے شوقینی نہیں ہو سکتی -

بُنیاد (ع/مذ) نیو - جڑ - اصل - بیخ - طاقت - قوت - مقدور - حیثیت - بساط -

بُنیاد ڈالنا (ہ) نیو رکھنا - کام شروع کرنا - ابتدا کرنا -

بُنیادِ فساد (ا/مذ) جھگڑے کا آغاز - جھگڑے کا موجب -

بُنیاد نہ ہونا (ہ) حیثیت نہ ہونا - حقیقت نہ ہونا - جڑ نہ ہونا -

بُنیان (انگریزی/مث) بنین - بدن کے ساتھ رہنے والا کپڑا - ایک خاص قسم کی کُرتی -

بنیٹی (ہ/مث) شعلۂ جوالا - ایک لکڑی کے دونوں سروں پر مشعلیں باندھ کر اس طرح چکر دیتے ہیں کہ آگ کا چکر جسم کے گرد بندھ جاتا ہے - اس کھیل کا نام بنیٹی ہے (مرہٹی)

بنیٹی پھینکنا - یا - ہلانا (ہ) بنیٹی کی ورزش کرنا - کرتب دکھانا -

ب - و

بُو (ف/مث) باس - مہک - شمیم - بدبُو - سڑاند -

بُو آنا (ہ) سڑاند آنا - بدبُو معلوم ہونا - علم ہونا - پتہ لگنا - باس آنا - سگندھ آنا -

بُو اُڑنا (ا/مص) بُو پھیلنا - بُو کا جاتے رہنا -

بُو پھوٹنا (ہ) بُو پھیلنا - بھید ظاہر ہونا - بات کا کھل جانا - راز فاش ہونا -

بُو نکلنا (ہ) بُو کا جاتے رہنا - بُو آنا - بُو معلوم ہونا -

بُوا (ہ/مث) خواہر - بہن - ہمشیرہ - کلمۂ خطاب جو عورتیں ایک دوسری کو باہم خطاب کرتے وقت بولتی ہیں - پھوپھی یعنی باپ کی بہن -

بوّاب (ع/مذ) دربان - چوکیدار -

بوار - یا - بوارا (ہ/مذ) (گنوار) بیج بونے کا وقت - بیج بونا - تخم پاشی - تخم ریزی -

بواسیر (ع/مث) باسور کی جمع - پھنسیاں - اصطلاح میں ایک بیماری کو کہتے ہیں - جس سے مقعد میں مسّے ہو جاتے ہیں - اگر اُن سے خون بہے تو خونی - ورنہ بادی کہلاتی ہے -

بُوالعجب (ع) (ابو/باپ، عجب/تعجب) کلمۂ تعجب - بازیگر - شعبدہ باز - انوکھا - نرالا - متحیر - حیران - بیوقوف - احمق -

بُوالفضول (ع) لغوگو - بکواسی - بے ہودہ بکنے والا - بک بک کرنے والا -

بُوالہوس (ع) (لالچ کا باپ) نہایت طامع - بڑا حریص - سخت لالچی - نفسانی خواہشات کا مرید -

بوائی (ہ/مث) شگاف - وہ دراڑیں جو سردی کے باعث ایڑی میں پڑ جاتی ہیں اور سخت تکلیف دیتی ہیں -

بوالی پھٹنا (ہ) ایڑی میں شگاف آنا۔ مجازاً بہت تکلیف ہونا۔ مصیبت پڑنا۔ دُکھ سہنا۔

بوباس (ا/ مث) جسم یا پھولوں کی خوشبو۔ مہک دینا۔ سراغ۔ کھوج۔ انداز۔ طور۔ ڈھنگ۔ عادت۔ سبھاؤ۔ رمق۔ کچھ کچھ مشابہت۔

بوبک (ہ/ مذ) بڈھا۔ پیرنا بالغ۔ پیرِ فرتوت۔ احمق۔ بے وقوف۔ پاجی۔ مسخرا۔

بوبلا (ہ/ مذ) بالو۔ ریت۔ ریگ۔ گردا۔ باجرے کی بالوں کا بھس۔

بو پانا (ا/ مص) خبر پانا۔ خبر سننا۔ کتّے کا کسی چیز کی بو سونگھ کر پیچھا کرنا۔

بو بر لگنا (ا/ محاورہ) ناک میں ہونا۔

بوشناس (ف/ مذ) وہ جس کی قوتِ شامہ بہت تیز ہو۔

بوتا (ہ/ مذ) زور۔ طاقت۔ بل۔ حیثیت۔ بساط۔ مقدور۔

بوتام (ا/ مذ) بٹن۔ گھنڈی۔ تکمہ۔

بوتل (ا/ مث) شیشہ۔ قرابہ۔ مینا۔ کانچ کا ایک خاص قسم کا برتن۔

بوتل کا نشہ (ا/ مذ) شراب کا نشہ۔

بوتم (ت/ مذ) بچّہ۔ طفل۔

بوتہ (ف/ مذ) اُونٹ کا بچہ۔ چھوٹا درخت۔ کٹھالی۔ سونے چاندی کے پگھلانے کا ظرف۔ ظرافتاً بے تہ اور بدشکل آدمی کو بھی کہتے ہیں۔

بوتیمار (ف) بگلا۔ مشہور پرندہ۔

بوٹ (انگریزی) انگریزی جوتا جس میں سارا پاؤں چھپ جائے۔

بوٹ (انگریزی/ مذ) کشتی۔ چھوٹی ناؤ۔ بوبام۔ خم۔ شراب۔ بورڈ یعنی دبیز موٹا کاغذ جو چھاپے کے پتھر کے نیچے رکھا جاتا ہے۔

بوٹ (ہ/ مذ) گھاس کا پٹڑا۔ گوشت کا بڑا سا ٹکڑا۔

بوٹا (ہ/ مذ) گوشت کی بڑی بوٹی۔ پارۂ گوشت۔ شہتیر کا ٹکڑا۔ لکڑی کا پورا۔

بوٹا۔ یا۔ بوٹسا (ہ/ مذ) چھوٹا درخت۔ پودا۔ گلبن۔ پھول کا پودا۔ کپڑے کا غذ کی گلکاری۔ پھول پتی وغیرہ کا نقش۔

بوٹا سا قد (ا/ مذ) قدِ موزوں۔ چھوٹا سا پیارا پیارا قد۔ خوبصورت قد۔

بوٹی۔ یا۔ بوٹنی (ہ/ مث) جڑی۔ نباتات۔ دوا۔ بھنگ۔ بجیا۔ سبزی۔ چھوٹا پھول۔

بوٹی (ہ/ مث) گوشت کا چھوٹا سا ٹکڑا۔ لال سرخ۔ گہرا لال۔

بوٹی اتارنا
بوٹی اڑانا
بوٹی بھرنا } (ہ) بوٹی کاٹنا۔ بکٹا بھرنا۔ دانتوں یا چونچ سے گوشت اُتار لینا۔

بوٹی بوٹی پھڑکنا۔ یا۔ تھرکنا (ہ) جوڑ جوڑ میں حرکت ہونا۔ نہایت چنچل ہونا۔ چلبلا ہونا۔ نچلا نہ بیٹھنا۔ نہایت شریر اور چالاک کے لیے بولتے ہیں۔

بوٹیاں (ہ/ مث) بوٹی کی جمع۔

بوٹیاں (ہ/ مث) بوٹی کی جمع۔

بوٹیاں اڑانا (ہ) سخت سزا دینا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ مار مار کر قیمہ کر دینا۔ دھجیاں اُڑانا۔

بوٹیاں توڑنا۔ یا۔ نوچنا (ہ) جسمانی سزا دینا۔ گودنا۔ طعنے دینا۔

بوٹیاں کھانا (ہ) صدمہ دینا۔ پرزے اُڑانا۔ نہایت غصے ہونا۔ جھلانا۔ لال پیلا ہونا۔

بوجھ (ہ/ مث) فہم۔ سمجھ۔ دانش۔ تاڑ۔ دریافت۔ گنجفے کے پتوں میں اپنے پتے سے تنگوں لے کر بانٹنے والے سے ویسے ہی پتے مانگنا۔ پہیلی کا جواب۔ بوجھنا کا اَمر اور حاصل مصدر۔

بوجھنا۔ یا۔ بوجھ لینا (ہ) گنجفے کے پتوں کی کمی پوری کرنے کا حساب لگا لینا۔

بوجھ (ہ/ مذ) بار۔ وزن۔ حمل۔ فکر۔ خیال۔ دقت۔ مشکل۔ دشواری۔

بوجھ اُتارنا (ہ) سر سے بوجھ کو نیچے رکھ دینا۔ گٹھڑی کو نیچے اُتار دینا۔ قرض یا فرض ادا کر چکنا۔ سبکدوش ہونا۔ دل لگا کر کام نہ کرنا۔ بیگار ڈالنا۔ کسی کے احسان کا بدلہ اُتارنا۔

بوجھ اُٹھانا (ہ) بوجھا سر پہ رکھنا۔ خرچ برداشت کرنا۔ کسی کا خرچ اپنے ذمے لینا۔ کام سنبھالنا۔

بوجھ پڑنا (ہ) دباؤ پڑنا۔ فکر ہونا۔ روزی کا ختم ہونا۔ خرچ میں دب جانا۔

بوجھ پکڑنا (ہ) ذی مرتبہ ہو جانا۔ بھاری بھر کم ہو جانا۔ عورت کا گھر سے نہ نکلنا۔

بوجھ گردن پر اُٹھانا (ا/ محاورہ) ذمہ داری لینا۔ کوئی مشکل کام اپنے ذمے لینا۔

بوجھ گردن پر رہنا (ا/ محاورہ) بارِ احسان رہنا۔ فکر رہنا۔ خیال رہنا۔

بوجھ گردن سے اُتارنا (ا/ محاورہ) ذمہ داری سے سبکدوش ہونا۔

بوجھ گردن سے اُترنا (ا/ محاورہ) ذمہ داری سے سبکدوش ہونا۔

بوجھ سر پہ ہونا (ہ) فکر سر پہ ہونا۔ کسی کام کا احسان یا قرض یا فرض کی ادائی کا خیال بندھا رہنا۔

بوجھل (ہ) بھاری۔ وزنی۔ سنگین۔ ذی مرتبہ۔ امیر۔

بوجھ بجھوّل (ہ/ مث) پہیلیاں بوجھنا اور بتانا۔ پہیلیاں بوجھنے کا کھیل۔

بوجھیل (ہ) لدا ہوا۔

بوچا (ہ/ مذ) کیکر کی چھال کا بُرادہ جو ادھوڑی رنگنے کے بعد بیچ تھا

ہے - یہ تنور گرم کرنے کے کام آتا ہے - (پ ا بوٹ -

بُوچا (ہ/مذ) کن کٹا - بریدہ گوش - (مجازاً) چھوٹے چھوٹے کانوں والا -

بُوچڑ (ت/مذ) قصاب - گوشت بیچنے والا - قصائی -

بوچھاڑ (ہ/مث) مینہ کا ہوا کے زور سے ترچھا بکثرت برسنا - کسی چیز کی کثرت ظاہر کرنے کو بولا جاتا ہے (مجازاً) کثرت ظاہر کرنے کو بولا جاتا ہے (مجازاً) کثرت - زیادتی - بہتات -

بوچھاڑ پڑنا (ہ) کسی بات کا مسلسل اور لگاتار ہونا - بکثرت گالیاں یا کوسنے پڑنا - ہر طرف سے اعتراض ہونا - گولیوں یا اولوں یا تیروں وغیرہ کا بکثرت برسنا -

بوچھاڑ کرنا (ہ) بکثرت روپیہ لٹانا - بکھیرا کرنا - بہت بخشش کرنا - باتوں کا تار باندھ دینا - اعتراضوں کا پُل باندھنا -

بُوچی (ہ/مث) کن کٹی - چھوٹے چھوٹے کانوں والی - بُوچے کی مؤنث - کانوں کے زیور سے ننگی - کان کٹی ہوئی بکری یا کتیا وغیرہ -

بُوخلاف (ع) ابلیس کی کنیت -

بُود (ف/مث) ہستی - موجودگی - ہوت -

بوُدا (ہ) کمزور - بے طاقت - بزدل - سست - دُبلا - کم ہمت - ٹوٹا پھوٹا - پھُس پھُسا اور پھیکا تمباکو - پُرانا - گھسا ہوا کپڑا - کہنہ یا پُرانا مکان -

بودا کرنا (ہ) ہمت توڑ دینا - کچا کر دینا - ہمت ہار دینا - کمزور کر دینا -

بُودار (ف) معطر - خوشبودار - (ا) سڑا ہوا - بدبُو والا - بساندا - متعفن -

بُودار - یا - بُوگیر (ف) بُو پہ لگا ہوا کتا - شکاری جانور -

بود و باش (ف/مث) سکونت - قیام - رہنا بسنا -

بودم بے دال (ف/صف) بودم - ہُو - بے وقوف - احمق -

بودی بات (ہ/مث) اوچھی بات - کم رتبہ بات - ناقص دلیل یا بے وجہ بات -

بُور (ہ/مث) (لغوی) بہت خیرات کرنا (مجازاً) وہ پیسے جو دولہا کی طرف والے غریبوں اور محتاجوں کو دیتے ہیں - نچھاور - نثار -

بُور (ہ/مث) بھوسہ - بھوسی - لکڑی کا برادہ - خرابی - چوکر -

بُور کے لڈو (ہ/مذ) بھوسی یا کسی کے گلتے پر مٹھائی چڑھا کر بنائے ہوئے لڈو - دھوکے کی مٹھائی - فریب - چالبازی -

بور کے لڈو کھائے تو پچھتائے نہ کھائے تو پچھتائے (ا/مثل) وہ کام جس کے کرنے اور نہ کرنے دونوں صورتوں میں حسرت و افسوس کرنا پڑے -

بُور ملانا (ہ) خرابی ڈالنا - نقص پیدا کرنا - جیسے میں نے اس میں کیا بُور ملا دی -

بُورا (ہ/مث) صاف کی ہوئی کھانڈ - چینی (مذ) برادہ - چونس - چورن - سفوف -

بُورا (ہ/مذ) ٹاٹ کا تھیلا - گون - پلّہ - موٹے کپڑے کا تھیلا -

بُورا (ہ/مذ) دیوانہ - پاگل - سڑی - باؤلا - مخبوط الحواس - سودائی -

بوراپن (ہ/مذ) دیوانہ پن - پاگل پن -

بورانا (ہ/مص) پاگل ہونا - دیوانہ ہونا -

بُورانی (ہ/مث) ایک قسم کا کھانا - جو بینگنوں کے تلوں کو تل کر دہی میں ملانے سے بناتے ہیں -

بُور بُور (ہ/صف) پُرزے پُرزے ٹکڑے ٹکڑے -

بور بور کرنا (ہ) ٹکڑے ٹکڑے کرنا - پارہ پارہ کرنا - آٹا سا کر دینا - پاش پاش کرنا -

بورڈ (انگریزی/مذ) مجلس - محفل - انجمن - جماعت - کمیٹی - جہاز کا تختہ - اجلاس - دربار کی میز - ملٹ کا موٹا کاغذ -

بورڈنگ ہاؤس (انگریزی/مذ) سکولوں اور کالجوں کے لڑکوں کے رہنے کا مکان -

بورڈو - فرانس کی بندرگاہ خلیج بسکے کنارے یہاں سے انگوری شراب باہر جاتی ہے -

بورک (ت/مذ) سنبوسہ -

بوڑ سہاگن (ہ) دُعا - اصل میں بوڑھی سہاگن ہے یعنی خدا کرے تیرا خاوند تیرے بڑھاپے تک جیتا رہے - سائیں جیے -

بوڑنا (ہ) ڈبونا - غوطہ دینا - بھگونا - قلم میں سیاہی بھرنا -

بَوری (ہ/مث) بھنے ہوئے اور صاف کیے ہوئے جو - باؤلی - پگلی - دیوانی - سڑن -

بوری (ہ/مث) ٹاٹ کی بڑی سی تھیلی جس میں اناج غلہ وغیرہ بھرتے ہیں -

بوریا (ہ/مذ) چٹائی - حصیر - صف -

بوریا باف (ف/صف) چٹائی بنانے والا -

بوریا بدھنا سنبھالنا (ا) کوچ کرنا - چل دینا - چلنے کی تیاری کرنا - جگہ بدلنا -

بوریا بستر اُٹھانا (ا/محاورہ) رخصت ہونا - چلے جانا -

بوڑھا (ہ/مذ) بڑی عمر کا - ضعیف - کمزور - دیرینہ سال - پیر کہن سال -

بوڑھا بالا برابر (ہ/مثل) بوڑھے اور بچے کی عقل برابر ہوتی ہے -

بوڑھا پھونس (ہ/صف) نہایت بوڑھا -

بوڑھا چونچلا (ہ/مذ) بڑھاپے کا نخرہ -

بوڑھا چونڈا (ہ/مذ) سفید بال - برف سے بال - بڑھاپا -

بوڑھا چونڈا ہلانا - یا - بوڑھا نخرہ ہلانا (ہ) بڑھاپے میں جوانوں کی طرح ناز کرنا - سفید بال لے کر معشوقانہ انداز دکھانا -

بوڑھا خرانٹ (ا/مذ) بہت بوڑھا - تجربہ کار بوڑھا -

بوڑھا ڈھونگ (ا/صف) وہ کم عمر لڑکا جس کا قد بہت لمبا ہو -

بوڑھا طوطا (ا/مذ) بڑی عمر کا بے عقل آدمی - معمر - بے وقوف -

بوڑھا کھپات
بوڑھا کھرو
بوڑھا کھونسٹ
(ہ/مذ) نہایت بوڑھا۔ پیر فرتوت۔

بوڑھا گھاگ (ہ/مذ) جہاں دیدہ۔ تجربہ کار۔ پرانا۔ بوڑھا۔

بوڑھا ہونا (ہ) پرانا ہونا۔ بڑھاپا آنا۔ بڑی عمر کو پہنچ جانا۔

بوڑھی گھوڑی لال لگام (ہ/مثل) بڑھاپے میں جوانوں کی سی زیب زینت کرنے والی عورت۔

بوڑھے طوطے بھی کہیں پڑھتے ہیں
بوڑھے طوطے نہیں پڑھا کرتے۔ یا۔ نہیں پڑھتے
(ہ/مثل) عمر رسیدہ آدمی علم نہیں سیکھ سکتا۔ جس نے جوانی ہی میں نہ پڑھا۔ وہ بوڑھا ہو کر کیا پڑھے گا۔

بوزہ۔ یا۔ بوزا (ف/مذ) جو اور چاول کے شیرے سے بنی ہوئی شراب۔ بیئر۔

بوزنہ (ف/مذ) بندر۔ میمون۔ شادی۔

بوستان (ف/مذ) باغ۔ باغیچہ (مث) شیخ سعدیؒ کی نظم کی ایک مشہور کتاب۔

بوسٹن۔ ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے مشرقی ساحل کی بندرگاہ۔ یہاں سوتی۔ اونی کپڑے اور چمڑے کے کارخانے ہیں۔

بوس و کنار (ف/مث) بوسہ بازی۔ چوما چاٹی۔ چومنا اور گود میں لینا۔ محبت اور پیار کرنا۔

بوسہ (ف/مذ) چوما۔ مٹھی۔ پیار۔ بپّی۔

بوسہ بازی (ف/مث) چوما چاٹی۔ بوسے لینا دینا۔

بوسہ زن (ف/صف) بوسہ لینے والا۔

بوسہ گاہ (ف/مث) وہ مقام جس کو چوما جائے۔

بوسیدگی (ف/مث) پرانا پن۔ بودا پن۔ کہنگی۔

بوسیدہ (ف) پرانا۔ بودا۔ گلا سڑا۔ ٹوٹا پھوٹا۔ پھٹا۔ پرانا۔

بوسینیا۔ خود مختار ہے۔ مانٹی نگرو اور سرویا سے مل گیا ہے۔ آج کل یہ سارا علاقہ یوگوسلاویہ میں شامل ہے۔

بوش (ع) کروفر۔ عیالدار۔ فقیر۔ جمع اوباش۔

بوغرا (ف/مذ) ایک قسم کا کھانا جو آٹے اور اُبالے ہوئے گوشت سے تیار کیا جاتا ہے۔

بوغرا نکالنا (ار/محاورہ) بہت مارنا۔ خوب پیٹنا۔ سخت زد و کوب کرنا۔

بوغرا نکلنا (ار/محاورہ) بہت مار کھانا۔

بوغما (ف/مذ) گھوڑے کی ایک بیماری جس سے اُس کے سارے بدن کو پسینہ آتا ہے۔ بند ہیضہ۔ پانی کی خرابی سے گلے میں جو گلٹیاں پھول جاتی ہیں اُنھیں بھی بوغما بولتے ہیں پھیپھڑے۔ گوڑے۔ کوڑا کرکٹ۔ نالتو۔ فضول۔ بے کار (مث) الابلا۔ بھونڈ بے ہیت۔ بدصورت۔ بھدی۔ بھونڈی۔ بے ڈھنگی۔ بے ڈول۔ موٹائی۔ فضول گوشت چڑھا ہوا۔ بے حقیقت۔

بوک (ف) شاید۔ مگر۔

بوک (ہ/مذ) مست اور جوان بکرا۔ بوڑھا بکرا۔

بوکھلانا (ہ) گھبرانا۔ بے قرار ہونا۔ بے چین ہونا۔ مضطرب ہونا۔ دیوانوں کی طرح پھرنا۔ دیوانہ ہونا۔ پاگل ہونا۔ پریشان اور آوارہ ہونا۔

بول (ع/مذ) پیشاب۔ موت۔

بول (ہ/مذ) سخن۔ بات۔ کلام۔ قول۔ حکم۔ گیت کا ٹکڑا۔ انترہ۔ طعنہ۔ طنز۔ نام۔ عزت۔ بیت (بنیوں میں جیسے بجرے کے موقع پہ بھی بولتے ہیں۔)

بول اُٹھنا (ہ) کھل جانا۔ چپ نہ رہنا۔ چلا اٹھنا۔ چیخ اُٹھنا۔ شکست کھانا۔ ہار مان لینا۔ اپنی عمدگی اور بہتری کی خود گواہی دینا۔ جیسے تصویر خود بول اُٹھی کہ میں ایسی ہوں۔ چپیں بول جانا۔ ٹیں کر اُٹھنا۔

بول جانا (ہ) ہو چکنا۔ ختم ہو جانا۔ کم ہو جانا۔ مر جانا۔ عاجز ہو جانا۔ جواب دے دینا۔ لوہا ماننا۔ ہار جانا۔ گھس جانا۔ پرانا ہو جانا۔ عمر پوری ہو جانا۔ دیوالیہ نکل جانا۔ گھاٹا آ جانا۔ ٹھٹھے کی باتیں کہہ جانا۔ استقلال نہ رہنا۔

بول سنانا (ہ) طعنے دینا۔ خفگی ظاہر کرنا۔ بُرا بھلا کہنا۔

بول مارنا (ہ) طعنے دینا۔

بولانا (ہ) گھبرانا۔ دوسرے کو بدحواس کرنا۔ باؤلا بنانا۔ اُلّو بنانا۔

بول بالا ہونا (ر) عزت بنی رہنا۔ اقبال بلند ہونا۔ ہردلعزیز ہونا۔ جاہ و منصب میں ترقی ہونا۔ شہرت زیادہ ہونا۔ کام حسب مراد ہونا۔ عزت بڑھنا۔

بولتا (ہ/مذ) نفسِ ناطقہ۔ روح۔ سانس۔ دم۔ جی۔ دم۔

بول چال (ہ/مث) گفتگو۔ بات چیت۔ گفت و شنید۔ روزمرّہ۔ محاورے بولنے کا طریقہ۔ میل ملاقات۔ بحث۔ تکرار۔

بول چال ہو جانا (ہ) موافقت ہو جانا۔ تکرار و بحث ہونا۔

بولسری (ف/مث) ایک قسم کا خوشبودار پھول۔

بولنا (ہ) گفتگو کرنا۔ آواز نکالنا۔ چہکنا۔ بات کرنا۔ پرندوں کا خوش الحانی کرنا۔ چہچہانا۔ بلانا۔ سلانا۔ نیلام کی آواز دینا۔ منت ماننا۔ جواب دینا۔ حکم دینا۔ جتانا۔

بولنگ (انگ/مث) گیند پھینکنے کا عمل۔

بولنے پر آنا (ار/محاورہ) بے باکی سے گفتگو کرنا۔ شرم لحاظ نہ کرنا۔

بولی (ہ/مث) زبان۔ گفتگو۔ بھاشا۔ بھاکھا۔ آواز۔

بولیاں (ہ/مث) بولی کی جمع۔

بولیاں بولنا (ہ) آواز لگانا۔ طرح طرح کی آوازیں نکالنا۔ چہچہانا۔ کئی زبانوں میں گفتگو کرنا۔ طعنہ دینا۔

بولیاں سُننا (ہ) طعنے سُننا۔

بولیاں سُنانا۔ یا۔ بولیاں مارنا (ہ) طعنے مہنے مارنا۔

بولیاں مارنا (ہ) طعنہ دینا۔ احسان جتانا۔

بولی بڑھانا (ار/محاورہ) کسی مال کی قیمت بڑھ کر لگانا۔

بولی بڑھنا (ار/محاورہ) نیلام میں کسی چیز کی قیمت زیادہ ہونا۔
بولی بولنا (ہ) نیلام کرنا - آواز دینا - جانوروں کا چہچہانا۔
بولی ٹھولی (ہ/مث) آواز - تمسخر - مذاق - پھبتی - طعن۔
بُوم (ف/مذ) اُلّو - چُغد - ایک ویرانہ پسند منحوس جانور جو دن کو کم نکلتا ہے اور رات کو شکار کرتا ہے۔ (مث) زمین - اصل بھومی۔
بونا (ہ) تخم ریزی کرنا - بیج ڈالنا۔
بُونا (ہ/مذ) پست قد - ٹھنگنا - اصل میں یہ لفظ باون (۵۲) سے مشتق ہے - یعنی باونا - جس کے معنی باون اُنگل یا تیرہ چپے کا یعنی بہت ہی چھوٹا آدمی - پانچواں اوتار۔
بُونٹ (ہ/مذ) ہرا چنا - چنے کا پودا - چھوٹا اور مضبوط گھوڑا۔
بُونٹ پلاؤ (ا/مذ) وہ پلاؤ جو ہرے چنے اور چاول ملا کر پکایا جائے۔
بُوند (ہ/مث) قطرہ - نطفہ - آب دار - نہایت تیز ہتھیار - تیز شراب - چتی والا - ریشمی کپڑا - بہت اعلیٰ۔
بُوند بھر (ہ) ذرا سا - کم مقدار - تنک سا - قلیل۔
بُوند سا دن (ہ/مذ) بہت چھوٹا دن - ذرا سا دن۔
بُوند ہونا (ہ) بہت اُونچا ہونا - تارا ہونا - بہت اُوپر چڑھ جانا۔
بوندا (ہ/مذ) کچی کلی - غنچہ - پوست کا ڈوڈا - مکئی کا بُھٹا - جوار کا سٹّا۔
بوندا باندی (ہ/مث) تقاطر - ترشح - تھوڑی تھوڑی بارش۔
بُوندی (ہ/مث) تلے ہوئے بیسن کی گول گول قطرہ نما مٹھائی کے دانے جن کے لڈو بناتے ہیں - بوند کی تصغیر - ایک ریاست کا نام - جہاں کی کٹار مشہور ہے۔
بوندیں (ہ/مث) قطرے - چھینٹیں۔
بُونگا (ہ) بانگا سے بنا ہوا (کج رائے) - بے موقع باتیں کرنے والا - بے وقوف - احمق۔
بُونگا (ہ/مذ) بھس وغیرہ کا مخروطی شکل کا ڈھیر - جس کے چاروں طرف پھولس باندھ دیا جاتا ہے - بانس کا ٹکڑا جو چھوٹا سا ہو - (پوربی) نابیل۔
بونگی (ہ/مث) ٹیڑھی - بے وقوف عورت - احمق عورت - کج ادا۔
بوہنی (ہ/مث) وہ دام جو دکان کھولتے ہی دکاندار سب سے پہلے اپنے گلے میں ڈالتا ہے - اوّل بکری۔
بوبیا (ہ/مذ) بہت چھوٹے منہ کی تنگ سی ٹوکری جو روئی کی پونیاں رکھنے کے کام آتی ہے۔
بویا (ف) خوشبودار۔
بویا نہ جوتا اللہ میاں نے دیا لُونا (ہ/مثل) بے محنت و تکلیف کام بن گیا - بلا دقت مال ہاتھ آ گیا۔
بولیسیا (ہ/مذ) بہت بولنے والا - جپیا - اغلام کرانے والا۔

ب - ھ

بِہ (ہ/مذ) عورتوں کی ناک یا کان کا چھید - موتی کا چھید۔
بِہ (ف) اچھا - عمدہ - خوب - ستھرا۔
بہا (ف/مث) قیمت - دام - مول۔
بہا بہا پھرنا (ہ) آوارہ پھرنا - لالچ میں سرگرداں ہونا - کسی کا کھانے میں بکثرت ہونا - کھانے کا نشہ زیادہ ہونا - کم ظرف ہونا۔
بہابہا ڈولنا (ار/محاورہ) واہی تباہی پھرنا - مارا مارا پھرنا۔
بھابڑ (ہ/مث) ایک قسم کی جنگلی پہاڑی گھاس جس سے اکثر بان بٹ کر چارپائیاں وغیرہ بُنتے ہیں۔
بھابی (ہ/مث) بھائی کی بیوی - بھاوج۔
بھاپ (ہ/مث) بخارات - دھواں سا جو گرم ہو کر کسی مرطوب چیز یا پانی سے اُڑتا ہے۔
بھاپ دینا (ار/محاورہ) پھونک سے گرمی پہنچانا۔
بھاپ نکالنا (ار/محاورہ) شکایت کرنا۔
بھات بھرنا (ہ) نانا یا ماموں کے یہاں سے بیاہ کے موقع پر کچھ چاول اور گڑ کی بھیلی لے کر جانا - اس سے مراد یہ ہوتی ہے کہ آپ شادی میں شامل ہو کر عزت افزائی کریں - اور حسبِ حیثیت لڑکی یا بہن کی امداد کریں۔
بھات ہوگا تو کوے بہت آ رہیں گے (ار/مثل) دولت ہوگی تو خوشامدی بہت مل جائیں گے۔
بھاتی - یا - بھاتئی (ہ/مذ) شادی کا بھات لے کر آنے والے۔
بھاٹ (ہ/مذ) کبت بنانے والے - یاد خواں - یاد فروش - گن گانے والے - خوشامدی - ایک جماعت جو کرسی نامے یا درکھتی اور شادی بیاہ کے موقع پر اُنھیں بیان کر کے ٹکے بٹورتی ہے۔
بھاٹا (ہ/مذ) جوار کی ضد - جزر - اُتار - تنزل - سمندر کے پانی کا اُتار جو دن میں ایک دفعہ ضرور ہوتا ہے - پتھر - روڑا (پوربی) بینگن۔
بھاجی (ہ/مث) پکا ہوا ساگ - ترکاری - حصّہ - بخرا - کھانے پینے کی چیز کا حصّہ۔
بہادر (ف/مذ) جوانمرد - دلیر - نڈر - شجاع - سورما۔
بہادری (ف/مث) جوانمردی - دلیری - شجاعت - بے خوفی۔
بھادوں (ہ/مذ) ہندی سال کا چھٹا مہینہ - تقریباً نصف اگست سے نصف ستمبر تک۔
بھادوں کی بھرن (ہ/مث) بھادوں کے مہینے کی بارش۔
بہا دینا (ہ) برباد کر ڈالنا - سستا بیچ ڈالنا - ضائع کر دینا - برباد کر ڈالنا۔
بھار (ہ/مذ) بوجھ - وزن - بار - بڑی گٹھڑی - لکڑیوں وغیرہ کا گٹھا - ناگوار - اجیرن۔
بہار (ا/مذ) ہندوستانی صوبہ - اس صوبے میں بُدھ مذہب کی پوجا پاٹ کی بہت سی جگہیں ہیں - موریا خاندان کے راجاؤں نے یہاں حکومت کی۔

بہار (ف/مث) پھول کھلنے کا موسم - بسنت رُت - موسم ربیع - گل نارنج - کھٹے کا پھول - جیسے روغنِ بہار - رونق - لطف - مزہ - جوبن - لہر - موج - خوشی - آغازِ شباب - جوانی - سرسبزی - شادابی - سیر تماشا - تفریح - سرور - نشے کا چڑھاؤ۔

بہار پہ آنا / بہار پہ ہونا (ف) جوبن پہ آنا - جوان ہونا - پھولوں کا کھلنا - رونق پر ہونا - جوشِ شباب پر ہونا۔

بہار لوٹنا (ف) مزے اڑانا - عیش کرنا - سیر و تماشہ دیکھنا - کسی کو تباہ اور برباد کرنا - پُر رونق جگہ کو غیر آباد اور خاک کر دینا۔

بہار دکھانا (ف/ محاورہ) سماں دکھانا - کیفیت دکھانا۔

بہار دیکھنا (ف/ محاورہ) سرسبزی دیکھنا - لطف دیکھنا۔

بہار دینا (ف/محاورہ) لطف دینا۔

بہار کھلنا (ف/ محاورہ) رونق ہونا۔

بھارکس (ہ/مذ) (صحیح لفظ بارکش ہے) چھکڑا - بوجھ لادنے کی گاڑی وہ تسمہ جو بگھی یا یکے کے گھوڑے کے پیٹ اور یکے کے بانسوں پر لپٹا ہوتا ہے جسے جوت کہتے ہیں - سَن کا وہ رسّہ جو چھکڑے کے بوجھ کو کھینچنے اور کسنے کے لیے اس پہ پیٹتے ہیں۔

بُھارنا (ہ) جھاڑ دینا - صاف کرنا - جھاڑنا۔

بُھاری - یا - بُھارنی (ہ/مث) جھاڑو - جاروب۔

بھاری (ہ) بوجھل - گراں - ہلکے کی ضد - جسیم - گرانڈیل - موٹا تازہ - قیمتی - بیش قیمت جیسے بھاری جوڑا - سخت مضبوط - مستحکم - بڑا - کلاں - مشکل - کٹھن - سخت دشوار - مبالغے کے لیے جیسے بھاری فوج - سُوجا ہوا - جیسے آپ کا منہ بھاری ہے - زبردست - خوفناک - خطرناک - جیسے چیچا بھاری ہے ناگوار - اجیرن - منحوس - ثقیل - مالدار - دولت مند - جن - پری - آسیب وغیرہ کا مسکن - جیسے یہ گھر بھاری ہے بیٹھی ہوئی آواز - جیسے گلا بھاری ہے - کثیر - بہت طویل - دراز - بہت سے کلابتوں کام والی چیز - متحمل - حاملہ کے لیے بولا جاتا ہے - پاؤں بھاری ہے۔

بھاری بھرکم (ہ) بُردبار - گمبھیر - متحمل - گراں جثہ - جسیم - ذی مرتبہ - عالی قدر - بھلا مانس - شریف - بھرم والا۔

بھاری پتھر (ہ) وزنی پتھر - وزن دار چیز - قابو سے باہر - ناممکن۔

بھاری لگنا (ہ) ناگوار گزرنا - بُرا معلوم ہونا - دوبھر لگنا۔

بھاری ہونا (ہ) وزنی ہونا - بوجھل ہونا - مشکل اور دشوار ہونا - کٹھن ہونا - غالب ہونا - منحوس ہونا - جن پری کا گزر ہونا۔

بھاڑ (ہ/مذ) گلخن - بھٹی - جس میں دانے وغیرہ بھونتے ہیں۔

بھاڑ جھونکنا (ہ) بھاڑ میں پتے وغیرہ ڈالنا اور اُسے گرم کرنا - ذلیل اور حقیر کام کرنا - وقت ضائع کرنا - بے ہنر رہنا - کوئی کام یا ہنر یا پیشہ وغیرہ نہ سیکھنا۔

بھاڑ میں پڑے - یا - جائے (ہ) دُعائے بد، آگ لگے - غارت ہو - برباد ہو - چولہے میں پڑے۔

بھاڑ میں جھونکنا (ہ) چولہے میں ڈالنا - جلانا - برباد کرنا - پھینکنا - ضائع کرنا - بے مصرف خرچ کرنا۔

بھاڑا (ہ/مذ) اُجرت - کرایہ - محصول - مزدوری اور محنتانہ جو گاڑی وغیرہ کی بابت ہو۔

بھاڑو (ہ/مذ) دیوث - دلّال - بے وقوف - احمق۔

بھاڑے کا ٹٹو (ہ/مذ) کرائے پہ چلنے والا ٹٹو - غیر مستقل - کسی چیز کے سہارے سے کام کرنے والا - بودا - ناپائدار - ہمیشہ مرمت طلب چیز - دوا کا خوگر آدمی۔

بھاشا - یا - بھاگا - یا - بھاکھا (س/ہ) زبان - بولی - سنسکرت سے نکلی ہوئی زبان - دیسی زبان - روزمرہ۔

بھاکسی (ہ/مث) بھٹی - تنور۔

بہاگ (ہ/مذ) ایک مشہور راگ۔

بھاگ (ہ/مذ) حصّہ - ٹکڑا - جزو - تقسیم - بانٹ - قسمت - تقدیر - نصیب - کرم - ورثہ - سرکاری بانٹ - محصول - اقبال - خوش نصیبی۔

بھاگ آنا (ار/محاورہ) دوڑ کر آنا - چلے آنا۔

بھاگ آئے (ار/محاورہ) قسمت نے یاوری کی - نصیب جاگے۔

بھاگ بٹائی (ار/مث) حصّوں کی تقسیم - جنس کا حصّہ۔

بھاگ بھرا (ہ) خوش نصیب - اقبال مند۔

بھاگ بھروسا (ار/مذ) قسمت پر شاکر رہنا - تسلی - دلجمی۔

بھاگ بھری (ہ) خوش نصیب عورت - اقبال مند عورت۔

بھاگ پھوٹنا (ہ) تقدیر بگڑ جانا - قسمت اُلٹ جانا - نصیبہ پلٹنا۔

بھاگ جاگنا / بھاگ کھلنا (ہ) قسمت کھلنا - دن پھرنا - خوش اقبال ہونا - نصیبہ کھلنا - شادی بیاہ ہونا۔

بھاگ لگنا (ہ) نصیب جاگنا - دن پھرنا - اقبال یاور ہونا - بٹنا - تقسیم ہونا۔

بھاگا بھاگ (ہ/مث) دوڑا دوڑ - گریز - رواں دواں - دوڑتا ہوا لگاتار دوڑتا ہوا - متواتر بھاگتا ہوا۔

بھاگتے کی لنگوٹی / بھاگتے چور کی لنگوٹی / بھاگتے بھوت کی لنگوٹی (ہ/مثل) جاتے مال کا کچھ حصّہ - مفلس اور کنگال مقروض سے قرض خواہ کو تھوڑا سا مال ملنا - بخیل آدمی سے تھوڑی سی خیرات غنیمت۔

بھاگ جانا (ہ) فرار ہو جانا - رفو چکر ہونا - کافور ہو جانا - شکست کھانا - چلا جانا - پیٹھ دکھانا - ہمت ہارنا - کام چھوڑ جانا - بے وفائی کرنا - انکار لپوانہ کرنا - وعدے سے پھر جانا - تیزی سے جانا - مقابلے سے ہٹ جانا۔

بھاگڑ پڑنا - یا - مچنا (ہ) ہلچل مچنا - اضطراب ہونا - بے ترتیبی پڑنا - شکست ہو جانا۔

بھاگنا (ہ) فرار ہونا - بکنا - دوڑنا - پیٹھ دکھانا - شکست کھانا - پرہیز کرنا - بچنا - اعتراض کرنا - کنارا کرنا - چھوڑنا - بے وفائی کرنا۔

بھاگوان / بھاگ مان (ہ) خوش اقبال - خوش نصیب - قسمت والا - دولت مند - امیر - مالدار - سخی - کریم النفس - فیاض - داتا - بھلا مانس - شریف -

بھاگی (ہ) بھاگ والا - خوش قسمت - نیک نصیب - شریک - ساجھی - جوڑی دار - پتی دار -

بھال (ہ امث) نیزے کا پھل - برچھی یا تیر کی انی - تیر کی نوک - پیکان - سنگین کی نوک - تلاش - ڈھونڈ یا ٹوہ - تفتیش - غور و فکر - دور اندیشی -

بھالا (ہ امذ) برچھا - نیزہ - یہ عموماً ساڑھے تین گز یعنی سات ہاتھ لمبا ہوتا ہے -

بھالو (ہ امذ) ریچھ - خرس -

بھالی (ہ امذ) دلربا - جمیع - تڑکا - بھور - بادو - پگاہ -

بھان (ہ امذ) شعاع - کرن - سورج - شمس - مہر (امث) ریزہ - خردہ - ریزگاری - جیسے روپے کا بھان لے آؤ - موڑ - خم - ٹیڑھا پن جیسے پیالی میں بھان ڈلوا لو -

بھانا (ہ) پسند آنا - مل میں بس جانا - مرغوب خاطر ہونا - دل پسند ہونا - اچھا لگنا - دل میں کھبنا -

بھانا (ہ) لنڈھانا - کسی سیال چیز کو گرانا - جاری کرنا - رواں کرنا - پانی میں چلانا - رو میں ڈالنا - ضائع کر دینا - گنوا دینا - ارزاں فروخت کرنا - سستا بیچنا - کوڑیوں کے بھاؤ بیچ ڈالنا -

بھانپنا (ہ) تاڑنا - چہرہ دیکھ کر معلوم کر لینا - شناخت کر لینا - دیکھنا - تاکنا -

بھانپو (ہ امذ) بھانپو - تاڑنے والا معلوم کرنے والا - سراغ لگانے والا -

بھانت (ہ امث) قسم - طرح - طور - ڈھنگ - طرز - انداز - رسم - طریقہ - ریت -

بھانت بھانت / بھانت بھانت کا (ہ) طرح طرح کا - قسم قسم کا - انواع مختلف کا - انواع و اقسام کا -

بھانج (ہ امذ) وہ کمی جو روپیہ بھناتے وقت دینی پڑے -

بھانج بہو (ہ امث) بھانجے کی بیوی -

بھانج داماد (ہ امث) بھانجی کا خاوند -

بھانجا (ہ امذ) بہن کا بیٹا - ہمشیر زادہ - خواہر زادہ -

بھانجنا (ہ) بل دینا - موڑنا - چھپے ہوئے کاغذ کو تہ کرنا -

بھانجی (ہ امث) بہن کی بیٹی - خواہر زادی - ہمشیرہ زادی -

بھانجی (ہ امث) رکاوٹ - روک - سد - رخنہ - مزاحمت - خلل - خرابی -

بھانجی مارنا (ہ) کسی کی بھلائی میں خلل انداز ہونا - چلتی گاڑی میں روڑے اٹکانا - چغلی کھانا - بنتے بنائے کام میں خرابی ڈالنا -

بھانڈ (ہ امذ) نقال - مسخرہ - ظریف - جھوٹی تعریف کرنے والا - پیٹ کا ہلکا - محفلوں میں ناچنے گانے اور نقلیں سنانے والا - اوچھا -

بھانڈا (ہ امذ) مٹی کا برتن - مٹکا - گھڑا - راز - بھید - بستر -

بھانڈا پھوٹنا (ہ) راز فاش ہونا - بھید ظاہر ہونا - بھید کھل جانا -

بھانڈا پھوڑ (ہ) بھید ظاہر کرنے والا -

بھانڈا پھوڑنا (ہ) بھید کھول دینا - افشائے راز کرنا -

بھان متی (ہ امذ) مداری - شعبدہ باز - مکار - فریبی -

بھان متی کا سوانگ (ہ امذ) وہ تماشہ جو بھان متی دکھاتے ہیں - حیرت انگیز بات -

بھانٹنا (ہ) مروڑنا - بل دینا - خراد چڑھانا - گھمانا - پھیرنا جیسے تسبیح بھانٹنا - بار بار پڑھنا - ورد کرنا - جیسے وظیفہ بھانٹنا - توڑنا - شکست کرنا -

بہانہ (ف امذ) عذر - حیلہ - بناوٹ - ظاہرداری - دھوکا - فریب - سبب - باعث - وسیلہ جیسے جیلے رزق بہانے موت - ڈھب - موقع -

بہانہ جو / بہانہ خور (ف) مکار - حیلہ گر - بہانہ ساز - دغاباز - فریبی -

بہانہ ڈھونڈنا (ل) موقع تاکنا - ڈھب تلاش کرنا - موقع کا منتظر رہنا - موقع تلاش کرنا -

بہانہ کرنا (ل) حیلہ کرنا - فریب دینا - دھوکا کرنا - چال کرنا -

بہاؤ (ہ امذ) پانی بہنے کا رخ - روانی آب - چڑھاؤ - طغیانی -

بھاؤ (ہ امذ) حالت - کیفیت - امنگ - روپ - رنگ - ڈھنگ - طور - طریق - مول - قیمت - شرح - سمجھ - مت - عادت - محبت - الفت - نخرا - ناز و ادا - عزت - خاطر - تواضع - بیان تفصیل - نرخ - فائدہ - نفع -

بھاؤ اترنا (ہ) قیمت گھٹنا - نرخ ارزاں ہونا - سستا ہونا -

بھاؤ بتانا (ہ) نرخ بگاڑنا - بھاؤ کم کرنا - قدر کم کرنا -

بھاؤ تاؤ (ہ امذ) مول - قیمت - کیفیت - نرخ -

بھاؤ تیز ہونا / بھاؤ چڑھنا (ہ) قیمت چڑھنا - گراں ہونا - مہنگا ہونا -

بھاؤ نکالنا (ہ) قیمت ٹھہرانا - نرخ مقرر کرنا -

بھاوج (ہ امث) بھائی کی بیوی - بھابی - بھائی کی جورو -

بھاویں - یا - بھاؤں - یا - بھائیں (ہ) نزدیک - حساب میں اثر - خیال - توجہ - خبر - خواہ - یا چاہے جیسے بھاویں لے لو - بھاویں دو -

بھائی (ہ امذ) برادر - اخوان - بیر - اخ - رفیق - دوست - ساتھی - خطاب کے لیے برابر والے کو - برادری کا - قوم کا -

بھائی بند (ہ امذ) برادر - ہم قوم - ہم مذہب - یک جدی - رشتہ دار - رفیق -

بھائی بندی (ہ امث) برادری - یگانگی -

بھائی بھاؤ کا نہیں اپنے داؤ کا (ہ امثل) بھائیوں سے نفع کم ہوتا ہے - مطلب نکال کر الگ ہو جاتے ہیں - بھائی خود غرض اور اپنی گون کو عزیز رکھتے ہیں -

بھائی چارا (ہ/مذ) وہ دوستی جو بھائی بندوں کے درجے کی ہو۔ پکی دوستی۔ گہرا یارانہ۔ یگانگی۔ حسبی ونسبی رشتہ۔ جدی رشتہ۔

بھائی دُور پڑوسی نیڑے (ا/مثل) ہمسایوں کے ساتھ بھائیوں سے زیادہ تعلق ہونا چاہیے۔

بھائی سو بھائی باقی بھینکے پر (ا/مثل) بھائی کے سوا اور کسی کی پروا نہیں۔

بھائیں (ا/صف) خوف ناک۔ ڈراؤنا۔

بھائیں بھائیں (ا/صوت) بچھڑے کی آواز۔

بھائیں بھائیں کرنا (ہ) ویرانی برسنا۔ کسی جگہ کا غیر آباد ہونے کے باعث خوف ناک معلوم ہونا۔

بھبک (ہ/مث) شعلے کی بھڑک۔ نہایت گرم بھاپ۔ کسی تیز یا سڑی ہوئی چیز کی بُو۔ تعفن۔

بھبکا (ہ/مذ) عرق کھینچنے کا آلہ۔ لو۔ شعلہ۔ لپٹ۔ تعفن (بھبکنا سے ماضی مطلق) غرّا کر بولنا۔

بھبکانا (ہ) تیز کرنا۔ بھڑکانا۔ غصہ دلانا۔ لڑائی کرانا۔ پانی گرانا۔ پانی کھنڈانا۔ پانی اوندھانا۔

بھبکنا (ہ) تیز ہونا۔ گرم ہونا۔ بھڑکنا۔ غصے میں لال پیلا ہونا۔ شعلہ اُٹھنا۔ جھلنا۔ آگ لگنا۔ غرّانا۔ غضب میں آنا۔

بھبکی (ہ/مث) دھمکی۔ گھُرکی۔ غصے کی صورت بنا کر ڈرانا۔ ڈراوا۔ بھبکا کی تصغیر۔

بھبکی دینا (ہ) دھمکی دینا۔ ڈرانا۔ گھُرکی دینا۔

بھبھوت رمانا۔ یا۔ لگانا۔ یا۔ ملنا (ہ) ہندو فقرا کا اپنے بدن پر راکھ ملنا۔ جوگ لینا۔ بیراگ لینا۔ ایک جگہ فقیر بن کر بیٹھ رہنا۔

بھبود (ف/مث) بہتری۔ بھلائی۔ فائدہ۔ خیریت۔ فارغ البالی۔ خوش قسمتی۔ ترقی۔ افزونی۔ زیادتی۔

بھبھوکا (ہ/مذ) شعلہ۔ شرارہ۔ لال انگارہ۔ نہایت سُرخ۔ آتش کا پرکالہ۔ نہایت حسین۔ نُور کا پتلا۔ سفید براق۔ تاباں۔ روشن۔ گرم۔ جلتا ہوا۔ دہکتا ہوا۔ غضب ناک۔ لال پیلا۔ سُرخ پوش۔ شوخ۔ طرار۔ خوش رنگ۔

بھبھوکا بننا (ہ) غصے ہونا۔ غضب ناک ہونا۔ آگ بگولا ہونا۔ غضب میں بھرنا۔

بھبھوکے اُٹھنا (ہ) شعلے اُٹھنا۔ کسی بات سے نہایت خفا ہونا۔ غصے کے مارے بخار چڑھ جانا۔

بہُت (ہ) زیادہ۔ کثیر۔ از حد۔ فراواں۔ کثرت سے۔ کافی وافی۔ بس۔ بسیار۔ وسیع۔ کلاں۔ بڑا۔ بافراط۔ تودہ۔ انبار۔ ڈھیر۔

بہُت اچھا (ہ) نہایت خوب۔ بہت بہتر۔ بہت مبارک۔ خیر۔ کیا مضائقہ۔ کیا ڈر ہے۔ سمجھوں گا۔

بہُت ہے (ہ) برکت ہے۔ یعنی نہیں۔ چونکہ نہیں کے لفظ کو عورتیں منحوس سمجھتی ہیں۔ لہٰذا نہیں کے موقع پر یہ لفظ بولتی ہیں۔

بہُت ہی بہُت ہے (ہ) بالکل نہیں ذرا بھی نہیں۔

بھتا ہوا جوڑا (ہ) کبوتروں کا وہ جوڑا جو جلد جلد انڈے بچے دے۔ لگاتار انڈے بچے دینے والا جوڑا۔

بھتا } (ہ/مذ) اُبلے ہوئے چاول۔ خُشکہ۔ خوراک۔
بھتہ } سفر خرچ۔ الاؤنس۔ زائد تنخواہ۔

بہُتات (ہ/مث) افراط۔ کثرت۔ زیادتی۔ فراوانی۔

بھتار (ہ/مذ) خاوند۔ شوہر۔ خصم۔

بہُتان (ہ) بہت۔ تیسرا تول۔ چونکہ بقال تین کو منحوس سمجھتے ہیں۔ لہٰذا تولتے وقت تیسرے تول کو بہُتان کہتے ہیں جیسے پہلے تول کو برکت کہتے ہیں۔

بُہتان (ع/مذ) الزام۔ تہمت۔ دوش۔ کلنک۔ عیب۔ بدنامی۔ دھبّا۔

بُہتان جوڑنا۔ یا۔ دھرنا۔ یا۔ رکھنا۔ یا۔ لگانا۔ یا۔ دینا (ا) الزام لگانا۔ جھوٹی تہمت دھرنا۔ کلنک لگانا۔ طوفان اُٹھانا۔

بہتر (ف/صفت) اچھا۔ بہت خوب۔ عمدہ۔ اعلیٰ۔ افضل۔ ماننا۔ تسلیم کرنا۔

بہتّر (ہ) ستر اور دو۔ ہفتاد و دو۔ ۷۲۔ کثرت کے لیے بھی بولا جاتا ہے۔ جیسے ایسے ایسے بہتّر پھرتے ہیں۔

بہتری (ف/مث) بھلائی۔ نیکی۔ عمدگی۔ بہبود۔ ترقی۔ فائدہ۔

بُھتنا (ہ/مذ) بھوت کی تصغیر۔ ناپاک روح۔ پریت۔ خبیث۔ پلید۔ بدصورت۔ کالا بھجنگا۔ مٹی میں لتھڑا ہوا جسم۔

بُھتنی (ہ/مث) چڑیل۔ ڈائن۔ بدصورت بلا۔

بُھتنی ہو کر چمٹنا (ا/محاورہ) سر ہو جانا۔ پیچھے لگ جانا۔ گلے کا ہار ہو جانا۔

بُھتنے کی جھڈّی (ہ/مث) لڑکوں کا ایک کھیل۔

بھتنی کھائے (ہ/محاورہ) نہایت سخت قسم دلانے کے وقت بولتے ہیں۔ یعنی ہمارا ماتم کرے۔ ہمیں پیٹے۔

بُھتیانا (ہ) بھوت کی مانند ہو جانا۔ نہایت پُر غیظ و غضب ہو جانا۔ مست اور فربہ ہو جانا۔

بھتیج (ہ/مذ) بھتیجا کا مخفف۔

بھتیج بہو (ہ/مث) بھتیجے کی بیوی۔

بھتیجا (ہ/مذ) برادر زادہ۔ بھائی کا بیٹا۔

بھتیجی (ہ/مث) بھائی کی بیٹی۔ برادر زادی۔

بہُتیرا (ہ) بہت سا۔ از حد۔ بکثرت۔ کافی۔ وافر۔ بافراط۔

بھٹ (ہ/مذ) غار۔ کھوہ۔ سانپ کا بل۔ چولہا۔ بھاڑ۔ بھٹی۔ بانبی۔ چولہے کی جلی ہوئی سُرخ مٹی۔

بھٹّا (ہ/مذ) اینٹ۔ چونا وغیرہ پکانے کی بھٹی۔ بڑا چولہا۔ تنور۔ بھاڑ۔ آوا۔ چولہے کی جلی ہوئی سُرخ مٹی۔ ٹھوور۔

بُھٹّا (ہ/مذ) مکئی کی بال۔ سِٹّا (پنجابی) چھلی۔

بُھٹّا سا اُڑانا (ہ) ہلکی سی ضرب سے کاٹ ڈالنا۔ تلوار کے ایک ہی وار سے سر الگ کر دینا۔

بھٹا لگ گیا (ا/محاورہ) جل کر خاک سیاہ ہو گیا۔ دیمک کھا گئی۔

بھٹک (ہ/مث) گمراہی۔ آوارگی۔ رستہ بھول جانا۔ تُرت۔ جلدی۔ فوراً۔ جیسے سخی سے تو سوم بھلا جو بھٹک دے جواب۔
بھٹکا پھرنا (ہ) آوارہ پھرنا۔ راہ بھولے بھولے پھرنا۔ ڈانواں ڈول پھرنا۔
بھٹکانا (ہ) ترسانا۔ خواہش میں رکھنا۔ گمراہ کرنا۔ دھوکا دینا۔
بھٹکاؤ (ہ/مذ) وسوسہ۔ تردّد۔
بھٹ کٹیا (ہ/مذ) ایک خاردار بُوٹی جس سے کھانسی کی دوا بنتی ہے۔ اس کے پتّے مارگزیدہ کے لیے بے حد مفید ہیں۔
بھٹکنا (ہ) راہ بھولنا۔ آوارہ ہونا۔ جابجا پھرنا۔ سرگرداں پھرنا۔ تلاش میں ہونا۔ سخت خواہش ہونا۔ ڈھونڈتے پھرنا۔ بے قرار اور بے چین ہونا۔
بھٹوا (ہ/مذ) خشک زمین جو صرف موسم خزاں میں فصل دے۔
بھٹنا (ہ) کسی ناپاک چیز یا آدمی سے چھُوا جانا۔ چوہڑے چمار سے ہاتھ یا کسی کھانے پینے کی چیز کا چھُوا جانا۔ ناپاک ہو جانا۔ پلید ہو جانا۔ نجس ہو جانا۔
بھٹنی (ہ/مث) پستان کا منہ۔ جسے منہ میں لے کر بچہ دُودھ پیتا ہے۔
بھٹور (ہ/مث) چولہے کی جلی ہوئی سُرخ مٹی۔
بھٹئی کرنا (ہ) خوشامد کرنا۔ مدح سرائی۔ مانگنا۔ جھوٹی صفت بیان کرنا۔
بھٹی (ہ/مث) چولہا۔ گلخن۔ دھوبیوں سناروں شیشہ گروں وغیرہ کا آتشدان۔ کورہ۔ شراب کھینچنے کی جگہ۔ شراب خانہ۔ کلال خانہ۔ راجپوتوں کی ایک شاخ۔
بھٹی چڑھانا (ہ) کپڑوں کو ریہ لگا کر میل صاف کرنے کے لیے جوش دینا۔
بھٹی دار (ہ/مذ) کلال۔ مے فروش۔ شراب بنانے اور کھینچنے والا۔
بھٹیارا (ہ/مذ) نانبائی۔ روٹی پکانے والا۔ تنور جھونکنے اور روٹی بیچنے کا پیشہ کرنے والا۔ باورچی۔ سرائے میں مکان دینے اور مسافروں کی خدمت کرنے والا۔
بھٹیار خانہ (ہ/مذ) سرائے۔ کمینوں کے رہنے کا مکان۔ وہ جگہ جو کم درجہ لوگوں کے اترنے کے کام آتی ہے۔
بھٹیاری (ہ/مث) بھٹیارے کی بیوی۔ سرائے میں ٹھہرانے والی عورت۔
بھٹیالی (ہ/مذ) بنگالی ملاحوں کا ایک گیت۔
بھُج (ہ/مث) بازو۔ بھُجا۔ کہنی سے اُوپر کا حصہ۔
بھُج بند (ہ/مذ) ایک زیور کا نام جسے بازوبند کہتے ہیں۔
بہہ جانا (ہ) پانی کے ساتھ رواں ہو جانا۔ پھیل جانا۔ پھسل جانا۔ برباد ہو جانا۔ تباہ ہو جانا۔ گائے بھینس وغیرہ کا حمل قبل از وقت گر جانا۔ اِسقاط ہونا۔
بہجت (ع/مث) خوشی۔ شادمانی۔ مسرت۔ تازگی۔ سرور۔

بھجن (ہ/مث) خدا کی تعریف کا راگ۔ دیوتاؤں کی صفت کے گیت۔ شکریہ۔
بھجن گانا (ہ) گیان دھیان کرنا۔ آنند منانا۔ خوش ہونا۔ گن گانا۔ بے فکر ہونا۔ شکریہ کے گیت گانا۔
بھجنا (ہ) جپنا۔ رٹنا۔ رام نام لینا۔ تسبیح پھیرنا۔ تعریف کرنا۔ سراہنا۔
بھجنگ (ہ) نہایت کالی چیز۔ کالا سانپ۔ کالا کوئلہ۔ نہایت کالا۔
بھجیا (ہ/مث) بھاجی۔ پکایا اور اُبال نچوڑ کر بگھارا ہوا ساگ۔ شلغم یا مولی وغیرہ کو چھیل کر پکانا۔ بھُنے ہوئے دھان جن کے ستو بناتے ہیں۔
بھچک (ہ/مث) حیران۔ متحیر۔ متعجب۔ درماندہ۔ ششدر۔ ہک دھک۔
بھچک رہ جانا (ہ) حیران رہ جانا۔ متحیر ہو جانا۔ ہک دھک رہ جانا۔ ہکا بکا رہنا۔
بھچنا (ہ) دینا۔ ہچکنا۔ سکڑنا۔ سمٹنا۔ شرمانا۔ مجبور ہونا۔ ناچار ہونا۔
بھچیڑ (ہ/مث) دباؤ۔ تنگی۔ سکیڑ۔ بے ایمانی۔ دھاندلی۔ نادہندگی۔ تنگدلی۔ مکر و فریب۔
بھچیڑنا } (ہ) تنگدلی کرنا۔ کسی سے چیز لے کر نہ دینا۔
بھچیڑ لانا }
بھد (ہ/مث) ریت پر کسی چیز یا پھل کے گرنے کی آواز۔ بطخ کے چلنے کی آواز۔
بھدّا (ہ) موٹا آدمی۔ بھونڈا۔ بدشکل۔ سست۔ کاہل۔ بے وقوف۔ کندۂ ناتراش۔
بھداکا (ہ/مذ) گرنے کی آواز۔ دھاکا۔ پٹخنا۔ بھدکنا۔
بھدانا (ہ/مص) کسی چیز میں نمک جذب کرانا۔
بہدانہ (ف/مذ) اصل میں بہی دانہ یعنی بہی کا بیج۔
بھد بھد (ہ/مث) موٹے اور بھدے آدمی یا بطخ کے پاؤں کی آواز۔ پھل وغیرہ کے گرنے کی آواز۔
بھدر بھدر دوڑنا (ا/مص) اس طرح دوڑنا کہ زمین پر پاؤں کی آواز آئے۔ زمین پر پاؤں لگنے کی آواز۔
بہ دربہ (ف) تفصیل وار۔ سلسلہ وار۔ مفصّل۔ اچھی طرح۔
بھدرک (س/مث) فائدہ۔ نفع۔ لابھ۔ استقلال۔ مضبوطی۔ استحکام۔ اعتبار۔ وقعت۔ سلیقہ۔ سگھڑاپا۔ لطف۔ خوبی۔ عمدگی۔
بھدری (ہ/مذ) رملیا۔ رمّال۔ جوتشی۔ ہاتھ کی لکیریں دیکھ کر ماضی اور مستقبل کی خبر بتانے والا۔
بھدکنا (ا/مص) کشتی میں گرا دینا۔ ہرا دینا۔
بھدّی (ہ/مث) بدشکل۔ بدصورت۔
بھدیلا (ہ) موٹا۔ بھپس۔ سست۔ کاہل۔ بے وقوف۔
بھدیلی (ہ) بھونڈی۔ بدشکل۔ مکروہ صورت۔
بھر (ہ) تمام۔ سارا۔ کل۔ پورا۔ مقدار۔ اندازہ۔ تک۔ تلک۔ جیسے

مقدور بھر۔
بھرا دینا (ہ) دم دینا۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ ترغیب دینا۔ کبوتروں کو یکبارگی اُڑا دینا۔
بھرّے میں آنا } بھرّوں میں آنا } (ہ) دھوکے میں آنا۔ فریب کھانا۔ کسی کی ترغیب میں آنا۔ دم میں آ جانا۔
بہرا (ہ/مذ) وہ شخص جس کی سُننے کی طاقت نہ رہی ہو۔ سماعت سے معذور۔
بہرا پتھر۔ یا۔ بہرا بھنڈ (ہ) نہایت بہرا۔ بالکل نہ سُننے والا۔ جو بندوق کی آواز سے بھی خبردار نہ ہو۔
بھرا (ہ) پُر۔ لبریز۔ معمور۔ ٹھیک۔ عین۔ سارا۔ تمام۔ جیسے اس سے تو بھرا گھر ناراض ہے۔
بھرا بھُولا (ہ) فارغ البال۔ صاحب اولاد۔
بھرا پُرا (ہ) فارغ البال۔ صاحب اولاد۔ امیر۔ دولت مند۔
بھرا گھر (ہ/مذ) خانہ آباد۔ آباد گھر۔ بڑا کنبہ۔ مال اور جان کی افراط۔ وہ گھر جو سامانِ خانہ داری سے معمور ہو۔
بھرا گھر برباد ہونا (ہ/محاورہ) گھر کی رونق جاتی رہنا۔ خاندان تباہ ہو جانا۔
بھرا گھر چھوڑ کے چلا جانا (ہ/محاورہ) ناراض ہو کر گھر سے چلا جانا۔
بھُرّا (ہ) نہایت کالے کی صفت میں یہ لفظ مبالغے کے طور پر بولا جاتا ہے۔ جیسے سیاہ بھُرّا یعنی بہت کالا۔ دراصل بھونرا ہے۔
بھرّاٹا (ہ/مذ) پرندوں کے اُڑنے کی آواز۔
بھُرّانا (ہ) پرندوں کی پرواز کی آواز۔
بھرّانا (ہ) آواز کا بھاری ہونا۔ گلا بیٹھ جانا۔
بھر آنا (ہ) زخم اچھا ہونے لگنا۔ زخم پہ انگور آنا۔ زخم بھر جانا۔ گھُر نڈ آ جانا۔ رحم آنا۔ ہمدردی ہونا۔ آنکھوں میں آنسو آ جانا۔ لبریز ہونا۔
بھراؤ (ہ/مذ) بھرتی۔ گڑھے وغیرہ کے بھرنے کی مقدار۔ حشو۔ لحاف وغیرہ کے اندر رُوئی وغیرہ پُر کرنا۔ آبپاشی۔
بھرائی (ہ/مث) معاوضہ۔ بھرنے کی اُجرت۔ سقّے کی تنخواہ پنہاری کی مزدوری۔ پانی دینا۔ پلائی۔ بھرتی۔ آگندگی۔
بھُربھُرا (ہ) خستہ۔ سخت کے خلاف۔ وہ چیز جس کے اجزا باہم ملے ہوئے نہ ہوں۔
بھُربھرانا (ہ) بکھیرنا۔ کھنڈانا۔ خستہ ہونا۔ کسی طرف طبیعت کا راغب ہونا۔ دل لگنا۔
بھُربھرانا (ہ) ورم کرنا۔ سُوج جانا۔ سُوجن ہونا۔ کم ورم ہونا۔ ٹھمٹانا۔
بھربھراہٹ (ہ/مث) ورم۔ سُوجن۔ تمتماہٹ۔
بھُربھُراہٹ (ہ/مث) خستگی۔ خستہ پن۔
بھربھری (ہ/مث) ورم۔ سُوجن۔ سُرخی۔
بھرپُور (ہ) پورا۔ لبریز۔ لبالب۔ بھرا ہوا۔ بے پروا۔ مستغنی۔

بھرت (ہ/مث) کئی دھاتوں سے ملا کر بنائی ہوئی ایک دھات۔ کانسی۔ کوٹ۔ جست۔ تانبے اور سیسے سے مل کر بنی ہوئی دھات۔ ریزگاری۔
بھُرتا (ہ/مذ) بھُبھلائے ہوئے بینگنوں یا شلغموں وغیرہ کو مسل کر اور بگھار وغیرہ دے کر تیار کیا ہوا سالن۔
بھُرتا کر دینا (ہ) بھُبھلا دینا۔ جھُلس دینا۔ سخت دُکھ دینا۔
بھرتی (ہ/مث) حشو۔ بھراؤ۔ وہ چیز جو کسی دُوسری چیز کے اندر بھری جائے۔ داخلہ۔ اندراج۔ کسی محکمے میں نام لکھانا۔ تکمیل۔ بُری۔ بے کار چیز۔ فضول اسباب۔ ردّی اشیاء۔
بھرتی بھرنا (ہ) گودڑ وغیرہ سے کسی چیز کو بھرنا۔ کسی کی پیٹھ کے پیچھے اُسے بُرا کہنا۔ افسر یا حاکم یا بڑے آدمی کے پاس کسی کی بدگوئی کرنا۔ سوداگری کا مال اسباب بھرنا۔
بھرتی کا شعر (ہ/مذ) بُرا۔ بھلا شعر۔ وہ شعر جو غزل کے شعروں کی تعداد پوری کرنے کے لیے داخل غزل کر دیا گیا ہو۔ بے لُطف شعر۔
بھرتی کا مال (ہ/مذ) سوداگری کا مال۔ وہ مال جو ایسا اچھا نہ ہو۔ رسمی مال۔ معمولی مال۔
بھرتی کرنا (ہ) نوکر رکھنا۔ کسی محکمے میں لے لینا۔ بہت کھا لینا۔ پیٹ کو ٹھُونس ٹھُونس کر بھرنا۔
بھرتی کھُلنا (ہ/محاورہ) کسی محکمہ میں ملازمتوں کا سلسلہ شروع ہونا۔
بھرتی ہونا (ہ/محاورہ) کسی محکمہ میں ملازم ہو جانا۔
بھرتیا (ہ/مذ) کسیرا۔ ٹھٹھیرا۔ تانبے پیتل کے برتن بنانے والا۔
بھر جانا (ہ) پُر ہونا۔ لبریز ہونا۔ لنفظ جانا۔ سُن ہو جانا۔ حاملہ ہونا۔
بہرحال (ل) ہر طور پر۔ ہر حالت میں۔ ہر طرح۔
بھر دینا (ہ) پُر کر دینا۔ لبریز کر دینا۔ مالا مال کر دینا۔ رچا دینا۔ نقصان پورا کر دینا۔ تاوان دینا۔ بے باق کر دینا۔ سان دینا۔ رفو کر دینا۔ آب پاشی کرنا۔ پانی سے سیراب کر دینا۔
بھرشٹ کرنا (ہ) ناپاک کرنا۔ پلید کر دینا۔ گندہ کرنا۔ بھیٹنا۔ خراب کرنا۔
بھُرکس نکالنا (ہ) مار مار کر چُورا کر دینا۔ چُور چُور کر دینا۔ ہڈی پسلی توڑ ڈالنا۔ بے دم کرنا۔ تباہ کر ڈالنا۔ برباد کر دینا۔
بھُرکس نکلنا (ہ) بے دم ہونا۔ طاقت نہ رہنا۔ جان نکلنا۔ دیوالیہ نکلنا۔ برباد ہونا۔
بہرکیف (ع) ہر حالت میں۔ ہر طرح۔ ہر طور سے۔
بھر لینا (ہ) کسی چیز کو پُر کرنا۔ تاوان لینا۔ پوری پوری قیمت وصول کر لینا۔
بھرم (ہ/مذ) اعتبار۔ ساکھ۔ بھروسا۔ شک و شبہ۔ گمان۔ دھوکا۔ ناموری۔ شہرت۔ راز۔ بھید۔ بیتر۔

بھرم باندھنا / بھرم بندھانا (ہ) اعتبار بٹھانا ۔ ساکھ جمانا ۔ ہوا باندھنا ۔ اپنی عزت کا سکہ جمانا ۔

بھرم جانا (ہ) بے اعتبار ہو جانا ۔ ساکھ نہ رہنا ۔ کسی پر شبہ ہو جانا ۔ کسی پر جرم یا بد دیانتی وغیرہ کا گمان ہونا ۔

بھرم کرنا ۔ یا ۔ رکھنا (ہ) بدظن ہونا ۔ کسی کی نسبت بُرا خیال کرنا ۔

بھرم کھلنا ۔ یا ۔ کھل جانا / بھرم نکلنا (ہ) بھید ظاہر ہو جانا ۔ راز فاش ہونا ۔ قلعی کھلنا ۔ ساکھ اور اعتبار اُٹھنا ۔

بھرم کی مٹی (ا / مث) ذریعہ عزت ۔ وہ چیز جس سے آبرو قائم رہے ۔

بھرم گنوانا (ہ) آبرو ضائع کرنا ۔ پت کھونا ۔ عزت گنوا بیٹھنا ۔

بھرمار کرنا (ہ) بوچھاڑ کرنا ۔ بکثرت و بہ تسلسل کام کرنا ۔ مبالغے اور کثرت کے لیے بولتے ہیں ۔

بھرمانا (ہ) لالچ دینا ۔ للچانا ۔ دھوکا دینا ۔ ورغلانا ۔ بہکانا ۔ دم دینا ۔ فریب دینا ۔ گمراہ کرنا ۔ مائل کر لینا ۔

بھرن (ہ / مث) زور کی بارش ۔ موسلا دھار بارش ۔ بکثرت بارش ۔ موسلا دھار مینہ ۔

بھرن پڑنا (ہ) زور کی بارش ہونا ۔ موسلا دھار مینہ برسنا ۔ بھادوں کی بارش ۔

بھرنا (ہ) پُر کرنا ۔ لبالب کرنا ۔ پُورا کرنا ۔ تمام کرنا ۔ ختم کرنا ۔ ٹھونسنا ۔ آلودہ کرنا ۔ رنج میں ہونا ۔ غم میں عمر گزارنا ۔ سمانا ۔ آ جانا ۔ تاوان دینا ۔ سیر ہونا ۔ رچنا ۔ سہنا ۔ برداشت کرنا ۔ حاملہ ہونا ۔ غضب ناک ہونا ۔ موٹا ہونا ۔ امیر ہونا ۔ دام وصول کرنا ۔ بھگتنا ۔ جیسے کرے کوئی بھرے کوئی ۔ مکان آباد ہونا ۔ ہجوم ہونا ۔ جیسے میلہ بھر گیا ۔ بہکانا ۔ برافروختہ کرنا ۔ غیبت کرنا ۔ چغلی کھانا ۔ ناراض کرنا ۔ پانی دینا ۔ مالامال کرنا ۔ حکم بجا لانا ۔ جیسے چوکی بھرنا ۔ رنگ چڑھانا ۔

بھرت بھرنا / بھرنا بھرنا (ہ) دوسرے کے خرچ کو جبراً اپنے ذمے لینا ۔ رشوت دینا ۔

بھر نظر دیکھنا (ا) پوری طرح دیکھنا ۔ گھور کر دیکھنا ۔ اچھی طرح دیکھنا ۔

بھروپ (س / مذ) (لغوی) بہت سے رُوپ (اصطلاحی) طرح طرح کے بھیس بدلنا ۔ سوانگ بھرنا ۔ مکر ۔ دھوکا ۔ نقالی ۔ مکاری ۔ شعبدہ بازی ۔

بھروپ بدلنا (ا) بھیس بدلنا ۔ نیا نیا رُوپ دکھانا ۔ سوانگ بھرنا ۔ دھوکا دینا ۔ شعبدہ بازی کرنا ۔

بھروپیا (ہ / مذ) نقال ۔ رنگ رنگ کے بھیس بدلنے والا ۔ مکار ۔ فریبی ۔ حیلہ باز ۔

بھروسا (ہ / مذ) امید ۔ توکل ۔ اعتماد ۔ توقع ۔ سہارا ۔ آسرا ۔

بھروسے کا آدمی (ا / صف) با اعتبار آدمی ۔

بھرول (ہ / مذ) وہ فصل جس میں پھل بہت آئے ۔ بھرا پُرا کھیت ۔

بھروٹ (ہ / مذ) کچا یا ادھورا بچہ ۔ جنین ۔ حمل ۔

بہرہ (ف / مذ) حصہ ۔ نصیب ۔ بھاگ ۔ قسمت ۔ فائدہ ۔ نفع ۔

بہرہ کھلنا (ہ) نصیبہ کھلنا ۔ ملکہ ہونا ۔ کمال ہونا ۔ ہردا کھلنا ۔ ذہن کھلنا ۔ دل روشن ہونا ۔

بہرہ مند ۔ یا ۔ بہرہ ور ۔ یا ۔ بہرہ یاب (ف) صاحبِ نصیب ۔ خوش قسمت ۔ اقبال مند ۔ فائدہ اُٹھانے والا ۔

بہری (ہ / مث) ایک شکاری پرندہ ۔ سماعت سے معذور عورت ۔ وہ عورت جس کی قوتِ سامعہ جاتی رہی ہو ۔

بھری برسات (ہ / مث) عین موسم بارش ۔ بارش کا موسم ۔

بھری تھالی میں لات مارنا (ا / محاورہ) ملی ہوئی اچھی چیز کو چھوڑ دینا ۔ لگی ہوئی نوکری چھوڑ دینا ۔ ناشکری کرنا ۔

بھرے بیٹھے ہیں ۔ یا ۔ بھرے ہوئے ہیں (ہ / محاورہ) غصے میں بھرے ہیں ۔ غضب ناک بیٹھے ہیں ۔ غمناک اور آزردہ ہیں ۔ شکوہ شکایت سے بھرے ہیں ۔

بھرے کو بھرنا (ہ) امیر کو اور دولت دینا ۔ دولت مند کے ساتھ اچھا سلوک کرنا ۔

بھڑ (ہ / مذ) کسی چیز کے پھٹنے کی آواز ۔ توپ یا بندوق کی آواز ۔ مسخرہ ۔

بھڑ (ہ / مث) زنبور ۔ ایک قسم کا زرد کیڑا ۔ جس کے ڈنک میں زہر ہوتا ہے (پ) ڈیمو ۔

بھڑ / بھڑوں کا چھتہ (ہ / مذ) خانۂ زنبور ۔ بھڑوں کے رہنے کا گھر ۔ لڑاکا فسادی بھڑ کی طرح پیچھے پڑ جانے والا ۔

بھڑاس (ہ / مث) غبارِ خاطر ۔ دل کا بخار ۔ کینہ ۔ دلی دشمنی ۔ دلی عداوت ۔

بھڑاس نکالنا (ہ) دل کا غبار نکالنا ۔ عداوت نکالنا ۔ رو کر یا لڑ کر اپنے غصے کو فرو کرنا ۔

بھڑانا (ہ) ملانا ۔ قریب لانا ۔ لڑائی کرانا ۔ رشوت دینا ۔

بھڑ بھونجا (ہ) بھاڑ میں اناج بھوننے والا ۔ گلخن افروز ۔ کالا ۔ سیاہ فام ۔ بدصورت ۔ بدحال ۔

بھڑ بھونجا سا (ا / صف) میلا کچیلا ۔ سیاہ ۔ گندا ۔

بھڑ بھونجن (ہ / مث) بھڑ بھونجے کی جورو ۔ اناج بھوننے والی عورت ۔ کالی ۔ بدصورت ۔

بھڑ بھونجے کی بیٹی کیسر کا تلک (ا / مثل) جب غریب آدمی امیروں کی نقل کرے تو بولتے ہیں ۔

بھڑسل (ہ / صف) پھوہڑ ۔ بے سلیقہ ۔

بھڑتنگا (ہ / مذ) غل غپاڑہ ۔ شور و غل ۔

بھڑک (ہ/مث) چمک دمک - رونق - ٹیپ ٹاپ - بناوٹ - سجاوٹ - گھبراہٹ - جھجک - اشتعال - اُمنگ - اُبھار - جوش -

بھڑک اُٹھنا (ہ) شعلہ زن ہونا - جل اُٹھنا - خفا ہونا - غصّے سے تیز ہونا - چمک جانا - پُر رونق ہونا -

بھڑک دار (ہ) زرق - برق - چمکیلا - روشن - خوبصورت -

بھڑکانا (ہ) آگ کو تیز کرنا - آگ روشن کرنا - جلانا - بہکانا - غصّہ دلانا - بدکانا - حقّے کے توے کو تیز کر کے تمباکو کو جلا دینا -

بھڑکنا (ہ) آگ تیز ہونا - شعلہ مارنا - غصّے میں برافروختہ ہونا - چونکنا - بدکنا - ڈرنا - خوف کھانا - بھبکنا - تمباکو کا جل جانا -

بھڑکے بیٹھنا (ہ) پاس پاس بیٹھنا - مل کر بیٹھنا - بہت پاس پاس بیٹھنا - تنگ بیٹھنا -

بھڑکے چھتے کو چھیڑنا - یا - بھڑکے چھتے میں ہاتھ ڈالنا (ہ) فسادی آدمی کو چھیڑ دینا - بڑے آدمی کو غصّہ دلانا - یا - اکسانا -

بھڑکیلا (ہ) نہایت پُرتکلف - زرق برق - چمکیلا -

بھڑنا (ہ) ملنا - تنگ ہونا - پیوستہ ہونا - مقابل ہونا - لڑنا - ٹکر مارنا - ٹکرانا - ٹکر کھانا - لڑائی کرنا - قفل لگنا - بند ہونا -

بھڑ تنگ (ہ/صف) سادہ - بے وقوف - پیٹ کا ہلکا -

بھڑوا (ہ/مذ) دیّوث - دلّال - بے حیا - بے غیرت -

بھڑی دینا (ہ) کبوتروں کو اُڑنا سکھانا - کبوتروں کو کبھی اُڑانا کبھی بٹھانا - دق کرنا - تنگ کرنا - ستانا -

بھُس (ہ/مذ) اناج کا چھلکا - اناج کے پودوں کا چورا - بھوسہ - پھٹکن - چوکر -

بھُس کے مول بلیدا (ر) قیمتی چیز کا نہایت ارزاں بکنا - بہت سستا -

بھُس ملانا (ہ) خرابی کرنا - خراب کرنا - بگاڑنا -

بھُس میں چنگی ڈال جمالو دُور کھڑی
بھُس میں آگ لگا جمالو دُور کھڑی } (ہ) مثل، دو شخصوں میں لڑائی کرا کے الگ ہو جانے والے کی نسبت بولتے ہیں -

بھساڑا - یا - بھسیاڑا (ہ/مذ) بھُس ڈالنے اور جمع رکھنے کا مکان - بھوسے کا کوٹھا -

بھساکو (ہ/مذ) لکھنؤ کا ہلکا تمباکو - وہ تمباکو جو کڑوا نہ ہو - بھس جیسا تمباکو - ناقص اور ردّی تمباکو -

بھسٹل (ہ) پلید - کثیف - گندہ - نجس -

بھسد (ہ/مث) منہ - دہانہ - سوراخ - شرمگاہ -

بھسنڈ (ہ) نہایت موٹا اور بھدا آدمی - بھد لسیڑا -

بھسیڑا (ہ/مذ) بہت موٹا - بھدا آدمی -

بھسکنا (ہ) (حقارتاً) چبانا اور کھانا - بھینس کی طرح کھانا -

بھسڑی (ہ/مث) بہت موٹی عورت - بھدی عورت -

بھسکو (ہ/مث) بہت کھانے والی عورت - بسیار خور - ہرجائی عورت -

بھسم (ہ/مذ) خاکستر - راکھ - بھبھوت -

بھسم اشنان (ہ/مذ) اُپلوں کی راکھ سے نہانا -

بھسم کر دینا (ہ) جلا کر خاک سیاہ کر دینا - راکھ کر دینا - سخت خفا کر دینا -

بھسم ہونا (ہ) جل کر راکھ ہونا - ہضم ہونا - غصّے میں آگ بن جانا - لال پیلا ہونا -

بھسمنٹ ہونا (ہ) راکھ ہونا - جل کر خاکستر ہونا - فنا ہونا -

بھسنڈ (ہ) نہایت موٹا - سنڈا - فربہ - ایک کوا جو بہت کالا اور موٹا ہوتا ہے -

بہشت (ف/مث) جنّت - خُلد - باغِ فردوس - عیش کی جگہ - آرام کا مقام -

بہشت میں لات مارنا (ف) نیکوں کے ساتھ بُرا سلوک کرنا - ماں باپ کو ستانا -

بہشتی (ف/مذ) بہشت کا رہنے والا - سقّہ - پانی بھرنے والا - ماشکی - نیک - بھلا - نیکوکار - جنّتی -

بھشٹا (ہ/مث) گندگی - فضلہ - گوبر - براز -

بھشٹل (ہ/مث) پھوہڑ - بے تمیز - بدسلیقہ - گھناؤنی - بدصورت عورت -

بھک (ہ/مث) فوراً اُڑ جانے والا مادّہ - تمباکو کے پتّوں کا چورا - دراڑ -

بھک بھک (ہ/مث) انجن سے دھواں نکلنے کی آواز -

بھک سے اُڑ جانا (ہ) بارود کا دفعتہً اُڑ جانا - صاف کٹ جانا -

بھکارن (ہ/مث) بھیک مانگنے والی -

بھکاری (ہ/مذ) فقیر - گداگر - منگتا -

بہکانا (ہ) ورغلانا - گمراہ کرنا - اغوا کرنا - دھوکا دینا - فریب دینا - غلطی کرانا - جھوٹی اُمید دلانا - کان بھرنا - بدگوئی کرنا - ناحق لڑا دینا -

بہکاوٹ (ہ/مث) اغوا - فریب - دھوکا -

بہکاوے میں آنا (ہ) دھوکے میں آنا - حمایت پر بھولنا - پرائی مدد پر کودنا -

بہک (ہ/مث) بکواس - باؤلی باتیں - غلطی - گمراہی - بک بک -

بہک اُٹھنا (ہ) نشے میں بکنا - دیوانگی کی باتیں کرنا - غلطی کرنا - بڑبڑانا -

بہک چلنا (ہ) بڑھ چلنا - حد سے بڑھنا - مغرور ہونا -

بھکشا (س/مث) بھیک - خیرات -

بھکشو (س/مذ) بدھ مت کا راہب - درویش -

بھک منگا (ہ/مذ) فقیر - گداگر - بھیک مانگنے والا - بھکوکا - کنگال - غریب - سائل - مانگ کر گزارہ کرنے والا - منگتا -

بھک موا (ہ/مذ) بھوکوں کا ترٹا ہوا - فاقہ کش - روٹیوں کا مارا -
بہکنا (ہ) رستے سے پھرنا - گمراہ ہونا - بھٹکنا - دھوکا کھانا - رپٹنا - پھسلنا - ہذیان ہونا - نیند یا نشے میں کچھ کا کچھ بولنا - پاؤں ڈگمگانا - لڑکھڑانا - حد سے بڑھنا - اترانا -
بُھکنا (ہ) کھانے میں بدپرہیزی کرنا - سب کچھ کھا لینا - نگلنا - بہت ٹھونسنا -
بُھکنا (ہ) گھس جانا - سوئی یا کیل وغیرہ کا جسم کے اندر اُتر جانا -
بھکوا (ہ/مذ) نادان - احمق - جاہل - بے وقوف - بکواسی - مسخرہ - یاوہ گو -
بھکوسنا (ہ) کھانا نگلنا - پھانکنا -
بھگ (ہ/مث) اندام نہانی - شرم گاہ -
بُھگا (ہ) سادہ آدمی - نرم طبع - بے وقوف - بھولا بھالا - چڑا جیسے نِل بُھگا -
بھگّا (ہ/مث) لڑائی سے بھاگی ہوئی بِھیڑ بھگوڑی بِھیڑ -
بھگا لے جانا (ہ) ورغلا کر لے جانا -
بھگانا (ہ) شکست دینا - دوڑانا - سرپٹ لے جانا - علیحدہ کرنا - گھر سے نکال لانا - اغوا کرنا - منہ پھیرنا - دانت کھٹے کرنا - پسپا کرنا -
بھگت (ہ/مذ) عابد - زاہد - متقی - پرہیزگار - ریاضت کرنے والا - تپسی - سیانا - گنڈا تعویذ والا - سینلا کا پجاری -
بھگت باز (ہ/ف/صف) ہندوؤں میں وہ فرقہ جو لڑکوں کو ناچنے اور سوانگ بھر کر تماشا کرنے کی تعلیم دیتا ہے - لڑکوں کا تماشا کرنیوالا -
بھگت بنانا (ہ/ا/محاورہ) ایسی وضع بنانا جس پر لوگ ہنسیں - سوانگ بنانا - رُوپ بھرنا -
بھگت بننا (ہ) پارسا اور پرہیزگار ہونا اپنے آپ کو عابد زاہد ظاہر کرنا -
بھگت ہونا (ہ) پارسا ہونا - درگت ہونا - مٹی پلید ہونا - گت بننا -
بُھگتانا (ہ) پورا کرنا - انجام کو پہنچانا - ادا کرنا - بے باق کرنا - تعمیل حکم کرنا - فیصلہ کرنا - بانٹنا - تقسیم کرنا - جھگڑا مٹانا - جان سے مار ڈالنا -
بُھگتنا (ہ) پورا ہونا - انجام کو پہنچنا - سہنا - برداشت کرنا - فرضہ وغیرہ بے باق ہونا - بھرنا - بھوگنا - نباہنا - نباہ کرنا - تاوان دینا - ڈنڈ بھرنا - سمجھنا - نمٹنا - جیسے میں ایک ایک سے بھگت لوں گا -
بھگتی (ہ/مث) عبادت - پرہیزگاری - تپسیا - پرستش - سیوا -
بھگر (ہ) گلا سڑا غلہ - گھنے کا اناج - اُمس یا سست نکلا ہوا غلہ - بودا غلہ -
بھگل (ہ/مذ) دغا - فریب - دھوکا - مکر - چھل -

بھگل بنانا (ہ/مص) جھوٹی عزت ظاہر کرنا -
بھگل گانٹھنا (ہ) فریب بنانا - دغا بازی کرنا - مکر بنانا - بناوٹ کرنا - شعبدہ بازی کرنا -
بھگنا (ہ/مذ) بھانجا -
بُھگنا (ہ/مص) سیر ہونا -
بھگلی (ہ) فریبی - دغا باز - مکار - شعبدہ باز -
بھگندر (ہ/مذ) بواسیر
بھگوڑ (ہ/مذ) بھگوڑا - بھاگنے والا - بادشاہ کے پاس بھاگنے والا ملازم -
بھگو بھگو کے لگانا - یا - مارنا (ہ) بھگو کر جوتیاں مارنا - سخت لعنت ملامت کرنا -
بھگوڑا (ہ/مذ) بھاگنے والا - بزدل - ڈرپوک - نامرد -
بھگونا (ہ) تر کرنا - گیلا کرنا -
بھگّی (ہ/مث) بھاگڑ - ہلچل - شکست - پسپائی -
بھگّی پڑنا (ہ) ہلچل پڑنا - بھاگنا - پسپا ہونا - بے ترتیبی سے بھاگنا -
بھلا (ہ) اچھا - خوب - عمدہ - بہتر - نیک - پاک - پارسا - نرالا - عجیب - سہانا - دلکش - ہاں! بہتر - بہت خوب - حاضر ہوا - جناب - دھمکی - سلوک - نیکی - شریف - اشرف - بزرگ -
بھلا آدمی (ہ/مذ) نیک آدمی - بھلا مانس - شریف - بزرگ -
بھلا جی - یا - بھلا صاحب (ہ) خیر! کیا مضائقہ ہے -
بھلا چاہنا (ہ) بہتری چاہنا - بھلائی چاہنا - نیکی کرنا -
بھلا چنگا (ہ/مذ) تندرست - اچھا بھلا - صحیح سالم -
بھلا کرنا (ہ) نیکی کرنا - سلوک کرنا - خیرات کرنا -
بھلا لگنا (ہ) پسند آنا - مرغوب طبع ہونا - اچھا لگنا - زیب دینا -
بھلا مانس (ہ/مذ) نیک آدمی - شریف - خلیق - ملنسار - سادہ طبع - صاف دل (طنزاً) شریر - فسادی - بد -
بُھلانا (ہ) فراموش کرنا - یاد سے اُتارنا - یاد نہ رکھنا - دھوکا دینا -
بہلانا (ہ) پرچانا - پُھسلانا - کھیل میں لگا لینا - فریب دینا - سیر و تماشہ سے دل کو خوش کرنا - جھوٹی باتیں بنا کر دل کو تسلی دینا - بچے کو کسی شغل میں مشغول رکھنا -
بُھلاوا (ہ/مذ) مغالطہ - پُھسلاوا - بہکاوا - چھل - فریب - دغا -
بہلاوا (ہ/مذ) تفریح - جی پرچاوا - جی بہلانے کا شغل -
بھلائی (ہ/مث) نیکی - بہتری - نکوئی - خیر خواہی - ہمدردی - فائدہ - نیک نامی - حُسن - خوبی - احسان - سلوک - عمدگی -
بھلائی رہنا (ہ) نیک نامی رہنا - نام نیک یادگار رہنا - نیکی قائم رہنا -

بھلائی لینا (ہ) نیکی کمانا۔ثواب حاصل کرنا۔دُعا لینا۔
بھل بھل (ہ امث) پانی کے بکثرت اور بزور گرنے کی آواز۔
بُھلبُھلانا (ہ) کسی چیز کو بُھبُھل یا بالو ریت میں بھونتا نیم بریاں کرنا۔ادھ جھنا کرنا۔
بُھلسانا (اد/مص) جلانا۔کوفت پہنچانا۔
بھلک بھلک رونا (ا/مص) جی کھول کر رونا۔زار و قطار رونا۔
بُھلکڑ (ہ) فراموش کار۔بھول جانے والا۔بہت بھولنے والا۔
بہلنا (ہ) سیر و تماشا سے خوش ہونا۔رنج و غم ہٹ جانا۔
بہلہ (ف) چمڑے کا دستانہ جو شکاری لوگ باز وغیرہ کو بٹھاتے وقت ہاتھ میں پہن لیتے ہیں۔
بہلی (ہ امث) بیلوں کی ہلکی پھلکی سی گاڑی جو سواری کا کام دیتی ہے۔
بہلیا (ہ امذ) صیّاد۔پرندوں کا شکاری۔چڑیمار۔تیر و کمان سے مسلح۔
بھلے آئے (ہ) طنز کے طور پر دیر میں آنے والے کے حق میں بولتے ہیں۔واہ صاحب خوب آئے۔بہت جلد آئے۔وعدہ پورا نہیں کیا۔اچھا انتظار کرایا۔
بھلے بُرے میں ایک بالشت کا فرق ہے (ا/مثل) بظاہر تو سب ایک جیسے ہی ہوتے ہیں نیک اور بد میں اعمال ہی کا فرق ہے۔
بھلے دن (ا/مذ) اچھا زمانہ۔
بھلے کا زمانہ نہیں (ا/مثل) نیکی کرنے کا زمانہ نہیں۔بُرا اُلٹا زمانہ ہے۔نیکی کرد تو بُرائی پلّے بندھتی ہے۔دُنیا احسان فراموش ہو گئی ہے۔
بھلے کو (ہ) خوب ہوا۔بہتر ہوا۔خیر ہو گئی۔اچھا ہو گیا۔
بھلی ہے (ہ) خیر ہے۔اچھی ہے۔
بہم (ف) آپس میں ساتھ۔باہم۔باہمدگر۔بایکدگر۔
بہم پہنچنا (ا) حاصل ہونا۔دستیاب ہونا۔مہیا ہونا۔میسّر آنا۔
بہم پہنچانا (ا) حاصل کرنا۔پیدا کرنا۔
بھمبو (ہ امث) موٹی عورت۔بھدّی عورت۔بے سلیقہ۔پھوہڑ۔بے تمیز۔
بہن (ہ امث) ہمشیرہ۔خواہر۔ماں جائی۔بُوا۔بھینا۔برابر والی کو بھی خطاب کے وقت بولتے ہیں۔
بہنا (ہ) جاری ہونا۔پانی کی طغیانی میں چلا جانا۔پھسل جانا۔جگہ سے ہٹ جانا۔ڈھہنا۔استقاطِ حمل ہونا۔
بُھننا (ہ) جلنا۔بریاں ہونا۔تپنا۔حسد سے جلنا۔کسی کی دولت و عزت کو دیکھ کر کُڑھنا۔غصّے میں برافروختہ ہونا۔روپے یا اشرفی کا خردہ ہونا۔
بہناپا (ہ امذ) مُنہ سے بہن بنا لینا۔بہنیلا پن۔سہیلی پن۔بہن بنانا۔
بھنتاس (ہ امذ) لکڑی کا موٹا کھونٹا۔جس سے ہاتھی کو باندھتے ہیں۔
بھنانا (ہ) جلانا۔بریاں کرانا۔روپیہ توڑنا۔خردہ کرانا۔

بھنّانا (ہ) کسی صدمے سے دماغ چکرانا۔چوٹ کے باعث دماغ سے بھن بھن کی آواز نکلنا۔خرچ سے عاجز آنا۔گھبرانا۔
بُھنائی۔یا۔بُھنوائی (ہ امث) معاوضہ۔بھُنانے کی اُجرت۔کٹوتی۔بٹا۔
بھنبوڑنا (ہ) درندے جانور کی طرح دانتوں سے کسی چیز کو کاٹنا۔پھاڑنا۔نوچ نوچ کر کھانا۔
بھنبھنا (ہ) غنغنہ۔ناک میں آواز دینے والا۔گنگنا کر بولنے والا۔
بھنبھنانا (ہ) مکھیوں کا کسی چیز پر بھنکنا۔بھن بھن کرنا۔شور کرنا۔
بھنبھناہٹ (ہ امث) مکھیوں کے پروں کی آواز۔
بھنبھنی آواز (ا/مث) ناک سے نکلنے والی آواز۔
بھنبھنیا (ا/صف) وہ شخص جو جگہ جگہ مارا مارا پھرے۔
بھنبیری (ہ امث) ایک تیتنگا جو برسات میں ہوتا ہے تیز دوڑنے والا چست چالاک۔
بھنٹا (ہ امذ) بینگن۔بادنجان۔
بھنڈ۔بھنڈا (ہ امذ) سُوکھا ہوا۔ڈلا۔گھیّا۔گھا۔تر اور نرم چیزیں مل کر جو ایک ڈلا سا بندھ جاتا ہے۔جیسے کھجوروں کا بھنڈا۔بنا ہوا تمباکو۔
بھنڈار (ہ امذ) گودام۔ذخیرہ۔پانی کا ذخیرہ۔پانی کا خزانہ۔پانی کی سطح۔
بھنڈارا (ہ امذ) فقیروں کا لنگر۔عام خیرات خانہ۔کھوپری۔سیری۔پیٹ۔بطن۔شکم۔
بھنڈاری (ہ امذ) باورچی۔خانساماں۔گودام کا محافظ۔مودی۔خوراک تقسیم کرنے والا فقیر۔
بھنڈ پیرا۔یا۔بھنڈ وڑنا (ا/مذ) منحوس۔سبز قدم۔بھونڈے پاؤں والا۔
بھنڈ پیری (ہ اصف) بھونڈے پاؤں والی۔
بھنڈ سال۔یا۔بھنڈسار (ہ امث) جائے ذخیرہ۔غلّہ۔کھتّا۔گودام۔گنج۔کوٹھا جس میں غلّہ مہنگا بیچنے کی غرض سے جمع رکھا جائے۔
بھنڈسالی (ہ) کھتّا بھرنے والا۔وہ شخص جو گراں فروشی کی غرض سے غلّہ جمع رکھے۔کھتّے کا۔جھکراندا۔گودام۔غلّہ۔کلا سٹرا اناج۔
بھنڈ کرنا (ہ) بگاڑنا۔خراب کرنا۔توڑنا۔بے رونق کرنا۔بدنظمی کرنا۔ذلیل کرنا۔
بھنڈی (ہ) ایک قسم کی ترکاری۔ککڑی توری۔
بھنڈی بردار (ہ/ف اصف) امیروں کا نوکر جس کے سپرد حقہ کشی کا سامان ہو۔
بھنڈے خانہ (ہ امذ) وہ مکان جہاں حقّے کا سامان رہتا ہے۔
بھنڈیاں نکلنا (ا/محاورہ) چیچک نکلنا۔
بھنڈیلا (ہ امذ) گھٹیا درجے کا نقال۔مسخرہ۔پھکڑباز۔
بھنک (ہ امث) دھیمی آواز۔ہلکی سی آواز۔اُڑتی بات۔مکھیوں کی آواز۔

بھِنکتی صُورت (ا/ امث) گھناؤنی صُورت - بھونڈی صُورت -
بھِنکنا (ف) مکھیوں کا بھنبھنانا اور ہجوم کرنا - سُست اور کاہل بیٹھنا - خالی بیٹھنا -
بھنگ (امث) سبزی - بنگ ٹھنڈائی - ایک قسم کی نشیلی بُوٹی - شکستگی - بربادی - مسماری -
بھنگ تو نہیں کھائی (ا/ محاورہ) بدحواسی کی باتیں کرنے والے کے متعلق کہتے ہیں -
بھنگ ڈالنا (ف) خرابی ڈالنا - بربادی ڈالنا - خرابی کرنا -
بھنگ کرنا (ف) توڑنا - مسمار کرنا - تباہ کرنا - برباد کرنا - غارت کرنا - خراب کرنا - بگاڑنا -
بھنگ کے بھاڑے میں جانا (ف) رائگاں جانا - مُفت جانا - ضائع ہونا -
بھنگرا (امذ) ایک بدبودار بُوٹی -
بھنگڑ (ف) بہت بھنگ پینے والا - سبزی باز - گپّی - بکواسی - یاوہ گو -
بھنگن (امث) مہترانی - حلال خورن - چوہڑی - خاکروب عورت - بھنگ پینے اور بیچنے والی عورت -
بھنگی (امذ) خاکروب - چوہڑا - مہتر - حلال خور - بھنگ پینے والا - ایک قسم کا لٹو جو چلتے اور گھومتے وقت آواز دیتا ہے -
بہنگی (امث) بانس کی موٹی سی لکڑی جس کے دونوں سروں پر رسیاں باندھ کر بوجھ اُٹھاتے ہیں -
بھنگیڑا (امذ) گھٹی ہوئی بھنگ بیچنے والا - پسی ہوئی بھنگ بیچنے والا -
بھنگڑ خانہ (ا/ مذ) وہ مقام جہاں بھنگ گھوٹی اور پی جائے -
بھنور (امذ) گرداب - ورطہ - پانی کا چکر - بلا - غم - دُکھ - الزام -
بھنور پڑنا (ف) گرداب پڑنا - پانی کا چکر کھانا -
بھنور جال (ف) مذ، دُنیا کے پھندے - زمانے اور دُنیا کی گردش -
بھنور کلی (امث) لوہے وغیرہ کا حلقہ جو کُتّے یا بکری کے گلے میں ڈالا جاتا ہے -
بہنوئی (امذ) بہن کا خاوند - جیجا - دُولہا بھائی - شوہرِ خواہر -
بہنی (امث) پہلی بکری - سب سے پہلے دام جو کہ کان کھولتے ہی دُکاندار گاہک سے وصول کر کے گلے میں ڈالتا ہے -
بہیلی (امث) مُنہ بولی بہن - خواہر - خواندہ -
بہو (امث) نئی بیاہی ہوئی عورت - جورُو - بیوی - استری - زوجۂ پسر - معزز عورت -
بہو بیگم نام رکھنا (ف) اپنی عزت خود ظاہر کرنا - اپنے مُنہ میاں مٹھو بننا - فخریہ لقب اختیار کرنا -
بھو / بھے } (امذ) خوف - ڈر - دہشت -

بھُوم یا بھُومی (امث) مٹی - خاک - زمین - دھرتی -
بھُول نہ بھال سب سے اچھا (ا/ شل) طنزاً فضول خرچ آدمی کی نسبت بولتے ہیں - بے فکرا - بے پروا - نہ کسی سے لینا نہ کسی کا دینا - اپنا گزارہ جس طرح ہوا کر لیا - زمین کی فکر نہ بیلوں کا ذکر -
بھُوآ (امث) (ہندی) باپ کی بہن - پھوپھی - پھپھی -
بھوپالی (ف) بھوپال کی چیز - ریاست بھوپال کا رہنے والا - ایک راگنی -
بھُوت (امذ) ناپاک رُوح - خبیث - پلید - شیطان - پریت - جن - ہندوستانی حکماء کے نزدیک عناصر میں سے ایک عنصر - پیچھا نہ چھوڑنے والا - سر ہو جانے والا - بدصورت - بدشکل - بدمست - نشے میں چُور - جوانی کے جوش میں مست -
بھُوت اُتارنا (ف) منتر یا عمل کے ذریعے سے پریت کی تکلیف رفع کرنا - جن اُتارنا - آسیب دُور کرنا - غصّہ اُتارنا -
بھُوت اُترنا (ف) غصّہ اُترنا - خفگی دُور ہونا - پریت کا اثر دُور ہونا - ہوش میں آجانا - آپے میں آنا -
بھُوت بن کر چمٹنا (ا/ محاورہ) پیچھے پڑ جانا - پیچھا نہ چھوڑنا -
بھُوت بننا (ف) نشے میں مست ہونا - گرد آلودہ ہونا - بہت ہی مصروف ہونا - جیسے کھیل میں بھُوت بن رہا ہے - یعنی سر تن کی خبر نہیں - ہمہ تن مصروف ہے - غصّے ہونا - برافروختہ ہونا - چم چچڑ ہونا - جن ہونا - آگ بگولا ہونا -
بھُوت بھی مار سے بھاگتا ہے (ا/ شل) مار سے سب ڈرتے ہیں -
بھُوت چڑھنا (ف) غصّے یا جوانی کے جوش کا سوار ہونا - مغلوب الغضب ہونا -
بھُوت سوار ہونا جن چڑھنا (ا/ محاورہ) پاگل ہونا - جن چڑھنا -
بھُوت سے پوت نہیں ہوتا - (ا/ محاورہ) بے جا امید یا آرزو نہیں رکھنی چاہیے -
بھُوت کا پکوان (امذ) مُفت کی دولت - وہ پکوان اور مٹھائی جو بھُوت کے ذریعے سے ملے -
بھُوت ہو کر چمٹنا (ف) سر ہو جانا - نہایت گرد ہونا - چم چچڑ ہونا - پیچھا نہ چھوڑنا - جھاڑ کی طرح چمٹ ہی جانا -
بھُوت ہونا (ف) نشے میں غرق ہونا - غصّے میں آگ بگولا ہونا - غصّے میں آپے سے باہر ہو جانا -
بھُوتنی (امث) بھُوت کی جورُو - بدشکل - بدصورت - ڈائن - چڑیل - بھُتنی -
بھوج (امذ) کھانا - دعوت - ضیافت - مشہور ہندو راجہ کا نام جس کی راجدھانی قنوج تھا -
بھوجائی - یا - بھوجی (امث) زنِ برادر - بھائی کی بیوی - بھاوج -
بھوج پتر (امذ) اصل میں ایک درخت کی چھال جو تہ در تہ ورق کی طرح ہوتی ہے - پُرانے زمانے میں لوگ اس سے کاغذ کا کام لیتے تھے -

بھوجن (ہ/مذ) کھانا۔ آہار۔ خوراک۔ طعام۔ اُلش۔
بھوجن کرنا (ہ) کھانا کھانا۔ تناول فرمانا۔
بھوجی (ہ/مث) بھُجیا۔
بھوچکا (ہ) خوف سے بدحواس۔ بک دھک۔ ہکا بکا۔ حیران۔ متعجب۔ متحیر۔ حیرت زدہ۔ ششدر۔
بھوڈل (ہ/مذ) ابرک۔ ابرق۔
بھور (ہ/مث) صبح۔ فور کا تڑکا۔ بامداد۔ پگاہ۔ چورا۔ برادہ۔ ریزہ۔ ٹکڑا۔
بھور اُڑانا (ہ) خرچ کرنا۔ ضائع کردینا۔ کنگال بنا دینا۔
بھور کرنا (ہ) مار مار کر چُور کر دینا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
بھور ہونا (ہ) تھک جانا۔ چُور ہونا۔ صبح ہونا۔ تڑکا ہونا۔ ختم ہونا۔ تنگی میں آنا۔ کنگال ہونا۔ بڑھاپا آنا۔
بھُورا (ہ) مٹیالا سا رنگ۔ شتری رنگ۔ سُرخی اور زردی سے سیاہ رنگ۔ نیلا بھُورا کبوتر۔
بھورا (ہ/مذ) ریزہ۔ چھوٹا سا ٹکڑا۔ مٹھائی یا روٹی کا ذرا سا چُورا۔ بواؤ مجہول۔
بھُوری (ہ) بھُورا کی تانیث۔ وہ روٹی جو انگاروں پر پکائی جائے۔
بھورے (ہ/مذ) بھُورا کی جمع۔ ریزے۔ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے۔ مٹھائی اور کھانے وغیرہ کے ریزے جنہیں مکھی اور چیونٹی لے جا سکے۔
بھُوڑ (ہ/مث) وہ زمین جس میں تردد کے باوجود کچھ نہ اُگ سکے۔ شور زمین۔ ریگستان۔ ریتیلی زمین۔ ریت کا ٹیلہ۔
بھُوسا (ہ/مذ) بھُس۔ چوکر۔ دب۔ تُوڑی۔
بھُوسی (ہ/مث) سبوس۔ چھلکا۔ چوکر۔ غلّے کا وہ چھلکا جو آٹے میں سے نکلتا ہے۔ تچیان۔
بھُوسی بنانا (ہ) (محاورہ) انکار کرنا۔
بھوسی ہے (ہ) (محاورہ) کچھ نہیں۔ (لڑکے جب کوئی چیز ختم ہوجائے اور دوسرا مانگے تو کہتے ہیں۔
بھُوسی بہت آٹا تھوڑا (ہ) (مثل) فضول چیزیں بہت اچھی تھوڑی ہیں۔ مفلس ہے غریب ہے۔
بھُوک (ہ/مث) اشتہا۔ جوع۔ گرسنگی۔ کھانے کی خواہش۔ ضرورت۔ حاجت۔ چاہ۔ چاہت۔ نجاروں کی اصطلاح میں گنجائش۔ سمائی۔
بھُوک اُڑا دینا (ہ) (محاورہ) بھُوک ختم کر دینا۔
بھُوک بند ہونا (ہ) بھُوک نہ رہنا۔ کھانے کی خواہش نہ ہونا۔
بھُوک بھاگنا (ہ) کھانے پینے کی پرواہ نہ رہنا۔ کسی عمدہ اور خوبصورت چیز کی بے حد تعریف۔ مثلاً اُسے دیکھ کر بھُوک بھاگتی ہے۔
بھُوک پیاس (ہ/مث) کھانے پینے کی ضرورت۔ غریبی۔ ذوت۔ فاقہ کشی۔ تنگی۔ مفلسی۔ ناداری۔ کنگالی۔

بھُوک لگنا (ہ) اشتہا ہونا۔ معدے کا کھانے کو مانگنا۔
بھُوک مرنا (ہ) اشتہا زائل ہو جانا۔ بھُوک لگ کر نہ رہنا۔
بھُوکا (ہ) گرسنہ۔ بھُوک والا۔ خواہش مند۔ غرض مند۔ فاقہ کش۔ نہایت مُفلس۔ کنگال۔ عاشق۔ دلدادہ۔ مفتون جیسے محبت کا بھُوکا۔ مشتاق۔ تمنا کرنے والا۔
بھُوکے شریف سے رجے رذیل سے ڈرنا چاہیے (ہ/مثل) معنی ظاہر ہیں۔ وجہ یہ کہ ان میں سے کسی کو بھی بنی نوع انسان سے ہمدردی نہیں ہوتی۔
بھُوگ بلاس (ہ/مذ) رنگ رلیاں۔ عیش و نشاط۔ عیش و عشرت۔
بھوگ پڑنا (ہ) لعنت پڑنا۔ گالیاں پڑنا۔ دُر دُر پھٹ پھٹ ہونا۔
بھوگ دینا۔ یا۔ بھوگ سُنانا (ہ) گالیاں دینا۔ لعنت ملامت کرنا۔
بھوگ کرنا (ہ) مجامعت کرنا۔ ہم بستر ہونا۔ صحبت کرنا۔
بھوگ لگانا (ہ) کھانا تناول کرنا۔ نوش کرنا۔ دیوتاؤں پر شیرینی وغیرہ چڑھانا۔
بھوگلی (ہ/مث) ناک کی کھوکھلی نلکی۔ جس میں لونگ پہنا جاتا ہے۔
بھوگنا (ہ) حظ اُٹھانا۔ مزے اُڑانا۔ عیش کرنا۔ آنند منانا۔ جھیلنا۔ سہنا۔ اُٹھانا۔ گوارا کرنا۔ بھگتنا۔ بھرنا۔
بھوگنی (ہ/مث) عیش پسند عورت۔ راجہ کی آشنا۔
بھوگی (ہ) عیاش۔ زناکار۔ شہوت پرست۔ زانی۔ خوش خوراک۔ کھانے والا۔ دیوتاؤں پر چڑھاوا چڑھانے والا۔ گرہستی۔ خانہ دار۔
بھُول (ہ/مث) چُوک۔ سہو۔ نسیان۔ غلطی۔ خطا۔ تصور۔ لغزش۔ دھوکا۔ شُبہ۔
بھُول چوک (ہ/مث) سہو۔ خطا۔ لغزش۔
بھول سے نہ آنا (ہ) غلطی سے نہ آنا۔ دھوکے سے نہ آنا۔ سہو سے نہ آنا۔
بھُول کے نہ کرنا (ہ) بالکل نہ کرنا۔ ہرگز ہرگز نہ کرنا۔
بھُول کے یاد کرنا (ہ) غلطی سے یاد کرلینا۔ کسی کام کو فراموش کرکے پھر یاد کرنا۔
بھولا (ہ) سیدھا سادہ۔ نادان۔ بچوں کی سی عقل والا۔ کم عقل۔ ناتجربہ کار۔ اپنی بُرائی بھلائی میں تمیز نہ کرنے والا۔ انجان۔ ناواقف۔
بھولا بننا (ہ) (محاورہ) انجان بننا۔
بھولا بھالا (ہ) (اصل میں بھولا بالا تھا) سیدھا سادہ۔ بے تکلف۔ معصوم۔ بے گناہ بچہ۔
بھولاپن۔ یا۔ بھولپن (ہ) سادگی۔ سادہ پن۔ معصومیت۔ نادانی۔ نرمی۔ اور ملائمیت جو بچوں اور معشوقوں کے چہرے پر برستی ہے۔

بھولا بسرا - یا - بھولا چوکا (ص) یاد سے اترا ہوا - چوکا ہوا - بھولا ہوا - از یاد رفتہ - راہ گم کردہ - راستہ بھولا ہوا -

بھولا بھٹکا (ص) ڈانواں ڈول - راہ بھولا ہوا - راستہ چوکا ہوا - اتفاقیہ -

بھولا چیتا (ص / مذ) نسیان کے غلبے والا - خراب حافظہ - سہو و نسیان کی عادت -

بھول بھلیاں (ص / مث) پیچ دار راستے کا مکان - گورکھ دھندے کا مکان - بار بار سمجھانے سے بھی سمجھ میں نہ آنے والا کام - عقل حیران کرنے والا رستہ - فہم چکرا دینے والی راہ - ایک ڈراما - نمائشوں میں اس قسم کا تماشہ بھی بنا کر دکھاتے ہیں -

بھولنا (ف) فراموش ہونا - چت سے اترنا - یاد نہ رہنا - غلطی کرنا - چوکنا - بھٹکنا - گمراہ ہونا - راستہ گم کرنا - دھوکا کھانا - غرور کرنا - جیسے دولت پر نہ بھولو - یہ تو آنی جانی ہے - غافل ہونا - بے خبر رہنا -

بھولی (ص / مث) سیدھی سادی عورت - بے کینہ عورت - کمسن عورت - سادہ مزاج عورت -

بھولی بسری باتیں (ص / مث) وہ باتیں جو یاد سے جاتی رہی ہوں -

بھولی بھولی باتیں (ص / مث) پیاری پیاری بچوں کی سی باتیں - سادہ باتیں -

بھولی بھولی صورت (ا / مث) پیاری پیاری صورت - سہانی صورت -

بھولے بھٹکے (ف) کبھی کبھار - گاہ بگاہ - گاہے گاہے - بھول چوک کر - راستہ بھول کر -

بھوم (ص / مث) زمین - دھرتی - بوم - دنیا - سنسار - خلقت - جگہ - مقام - ملک - وطن -

بھومیا (ص / مذ) زمیندار - مالک - زمین - گاؤں کا پرانا باشندہ - وہ سانپ جو نہایت پرانا ہو اور جس کے سر پر بال نکل آئے ہوں -

بھوں (ص / مث) ابرو - وہ کمان کی شکل کے بال جو دونوں آنکھوں کے اوپر اور ماتھے کے نیچے کی طرف ہوتے ہیں -

بھوں تاننا } (ف) ناراض ہونا - خفا ہونا - رنجیدہ ہونا - آزردہ
بھوں چڑھانا } ہونا - ناز نخرے کرنا -

بھون (س / مذ) جگہ - مقام - مندر -

بھوں بھوں کرنا (ف) بھونکنا - بکنا - بکواس کرنا - کتے کی آواز کی نقل کرنا - کتے کی طرح بولنا -

بھونچال (ص / مذ) لرزہ - زلزلہ - زمین کا ہلنا -

بھونچکا (ص) خائف - متحیر - ہکا بکا - حیران پریشان - ششدر -

بھون چمپا (ص / مث) ایک قسم کی آتشبازی -

بھوندو (ص / مذ) سادہ - بے وقوف - احمق - ناتجربہ کار - ناواقف -

بھوندو بھاؤ نہ جانے پیٹ بھرنے سے کام (ا / مثل) بیوقوف کو کھانے کو مل جائے تو اور کسی چیز کی پروا نہیں -

بھونڈا (ص) بے ڈھب - بدصورت - بدوضع - زشت - زبون -

بھونڈاپن - یا - بھونڈپنا (ص / مذ) بدتمیزی - پھوہڑپن - بدتہذیبی -

بھونڈا نخرہ (ا / مذ) برا نخرہ - بے جا ناز -

بھونڈی (ص / مث) بھونڈا کی تانیث -

بھونڈی بات (ا / مث) ایک قسم کی آتشبازی -

بھونڈی صورت (ا / مث) بری صورت - بری شکل -

بھونرا (ص / مذ) بدھب - ایک کالے رنگ کا ننھا سا جانور جو لکڑی میں چھید کر کے رہتا ہے - ہندی شاعر اسے کنول اور چمپا کے پھول کا عاشق باندھتے ہیں - تہ خانہ - دخمہ - قید خانہ - چاہ زنداں - نہایت کالی چیز کو اس سے تشبیہ دیتے ہیں -

بھونری (ص / مث) بھونرے کی مادہ - بالوں کا چکر جو سر میں ہو یا گھوڑے کے بدن پر اسے منحوس سمجھتے ہیں (پورب) باٹی (انگاروں پر پکی ہوئی روٹی) -

بھونسنا (ف) بھونکنا - گھسیڑنا - چبھونا -

بھونکانا (ف) بکوانا - پڑوانا - چھوانا - تنگ کرنا - ستانا - چھیڑ کر یا مار کر غل مچوانا -

بھونکڑا (ص) موٹا - بھدا - موٹی ناک - چوڑی چپٹی ناک بڑے بڑے ٹانکوں کی سلائی - تنلنگا - لمبے لمبے تنلنگوں کی سلائی - گوکھرو - پنجابی میں بھنگڑا -

بھونکنا (ص / فعل) کتے کا چلانا - بھوں بھوں کرنا - عوعو کرنا - بکنا - یاوہ گوئی کرنا - غل مچانا - چیخنا - عف عف کرنا -

بھونکنا (ف) چبھونا - کسی کے جسم میں نوکدار چیز گھسانا - گھونپنا - موٹی سلائی کرنا -

بھوننا (ف) بریاں کرنا - جھلسانا - جلانا - سوختہ کرنا - طعنہ دے کر جی جلانا - دق کرنا - سخت برافروختہ کرنا -

بھی (ف) نیز - ہم - اور - علاوہ - زیادہ -

بھیّا (ص / مذ) بھائی کا مخفف - برابر والوں کو اس لفظ سے خطاب کرتے ہیں - کبھی پیار اور محبت کے موقع پر بھی بولتے ہیں -

بہی (ص / مث) روزنامچہ - کھاتہ - ایک لمبی کتاب - جس میں مہاجن لوگ اپنا حساب کتاب رکھتے ہیں -

بہی پر اتارنا } (ف) بہی پر نقل کرنا - روزنامچے سے یادداشت کی
بہی پر چڑھانا } کتاب میں لکھنا - بہی میں درج کرنا -

بہی کھاتا (ص / مث) حساب کی کتاب - اکاؤنٹ بک - مسودہ - خسرہ - پرانا حساب کتاب -

بہی وار بہی (ف) مسلسل - تفصیل وار - بیورہ -

بھیا (ص / مذ) بھائی کی تصغیر -

بھیانک (ص) ڈراؤنا - متوحش - خوفناک - ہُو کا عالم - سنسان - ویران - اُم جاڑ - بے رونق - متحیر - پریشان - سہما ہوا - ڈرا ہوا -

بھیت (ص / مث) دیوار - پاکھا -

بھیتر (ف) اندر - درمیان - مخفی - پوشیدہ -

بھینٹ } (ص / مث) بھڑنا - لڑنا - سامنا کرنا - مقابلہ کرنا - ملاپ -
بھینٹا } ملاقات - نذر - پیش کش - سوغات - تحفہ - قربان -

صدقہ۔ رشوت۔

بھینٹ بکرا (ہ/مذ) نذر کا بکرا۔ منت کا بکرا۔ صدقے کا بکرا۔

بھینٹ چڑھانا } (ہ) کسی دیوی دیوتا کی نذر کرنا۔ نذرانہ دینا۔ رشوت دینا۔
بھینٹ دینا } چڑھاوا چڑھانا۔

بھینٹ لینا (ہ) نذر لینا۔ چڑھاوا لینا۔ مار ڈالنا۔

بھینٹ ہونا (ہ) ملاقات ہونا۔ مقابلہ ہونا۔ آمنا سامنا ہونا۔ چھوا جانا۔ قربان ہونا۔

بھیجا (ہ/مذ) سر کا مغز۔ دماغ۔ سر کا گودا۔ روانہ کیا۔ چلتا کیا۔

بھیجا پکانا (ار/محاورہ) بہت بکنا۔ بکواس کرنا۔

بھیجا پکنا (ہ) سر میں درد ہونا۔ دماغ کا درد کرنا۔ بہت سی بک بک سنتے سنتے دماغ تھک جانا۔

بھیجا کھانا (ہ) بہت سی بکواس سے دماغ پریشان کرنا۔ مفت کی سمع خراشی کرنا۔

بھیجا کھائیں سر سہلائیں (ار/مثل) چاپلوسی کرکے نقصان پہنچانا۔

بھیجنا (ہ) روانہ کرنا۔ چلتا کرنا۔

بھینچنا } (ہ) دبانا۔ سکیڑنا۔ گھٹنا۔ مسوسنا۔ مجبور کرنا۔
بھیچنا } بھیچڑنا۔

بھید (ہ/مذ) راز۔ سِر۔ پوشیدہ بات۔ دل کی بات۔ اثر۔ نشان۔ پتہ۔ بوجھ۔ پہیلی۔ حال احوال۔ کیفیت۔ موتی کا سوراخ۔

بھید پانا (ار/محاورہ) پتہ لگانا۔ سراغ پانا۔

بھید دینا۔ یا۔ کہنا۔ یا۔ کھولنا (ہ) افشائے راز کرنا۔ بھرم کھولنا۔ گھر کی بات ظاہر کر دینا۔

بھید لینا (ہ) راز کی بات معلوم کرنا۔ منشا معلوم کرنا۔

بھید ملنا (ار/محاورہ) سراغ لگنا۔

بھیدی (ہ) ہمراز۔ راز دار۔ واقف حال۔ دل کی بات جاننے والا۔ کھوجی۔ سراغ رساں۔ جاسوس۔ مخبر۔ دوست۔

بھیر (ہ/مث) سامان و متعلقین فوج۔ فوج کے شاگرد پیشہ اور دکاندار وغیرہ جو فوج کے ساتھ پیچھے پیچھے ہوتے ہیں۔ سامان فوج۔ بھیڑ۔ انبوہ۔ ہجوم۔

بھیروں ناچنا (ہ) اُجاڑ ہونا۔ ویرانی برسنا۔ محفل کا بے رونق ہو جانا۔

بھیروی اُڑانا۔ یا۔ گانا (ہ) عیش منانا۔ خوشی کرنا۔ خوشی کے راگ الاپنا۔ لطف اٹھانا۔ مزے لوٹنا۔

بھیروی مارنا (ہ) تباہ پھرنا۔ بربادی چھانا۔ ویران ہو جانا۔ برباد ہونا۔

بھیڑ (ہ/مث) بھیڑی۔ غریب طبع۔ مسکین (مجازاً) دولت مند۔ مالدار۔ بے آزار۔ کسی کو تکلیف یا آزار پہنچانے والا۔

بھیڑ جہاں جائے گی وہیں مُنڈے گی (ہ/مثل) غریب جہاں جائے گا وہاں خدمت ہی کرے گا۔ کمزور سے نقصان ہو ہی نہیں سکتا۔ مال دار کو ہر جگہ خرچ ہی کرنا پڑے گا۔

بھیڑ پر اون کوئی نہیں چھوڑتا } (ہ) مالدار سے سبھی نفع اٹھانا چاہتے
بھیڑ پر اون کون چھوڑتا ہے } ہیں اور اٹھاتے ہیں۔ مسکین سے سبھی کام لیتے ہیں۔

بھیڑ چال۔ یا۔ بھیڑیا چال (ہ/مث) اندھا دُھند تقلید۔ رسوم کی پابندی۔ کورانہ تقلید۔

بھیڑیا دھسان (ہ/مث) اتنی کیچڑ جس میں بھیڑ پھنس کر چل نہ سکے۔ بھیڑوں کا گھس گھس کر بیٹھنا۔

بھیڑ کی لات ٹخنوں تک (ہ/مثل) کمزور کی دلاوری سے کسی کو نقصان نہیں پہنچ سکتا۔

بھیڑ ہے (ہ/محاورہ) حقارت اور تحقیر کے لیے کسی کو کہہ دیتے ہیں۔ یعنی بے وقوف ہے۔ کورانہ تقلید کرتا ہے۔ مسکین۔ غریب اور احمق ہے۔

بھیڑ (ہ/مث) انبوہ۔ ہجوم۔ ازدحام۔ جمگھٹ۔ مصیبت۔ بپتا۔ آفت۔

بھیڑ بھاڑ (ہ/مث) بہت سی خلقت کا ہجوم۔ جمگھٹا۔ کثرت زیادتی۔

بھیڑ بھڑکا (ہ/مذ) دھوم۔ دھام۔ شان و شوکت۔ بہتات۔

بھیڑ پڑنا (ہ) مصیبت پڑنا۔ آفت آنا۔ وقت پڑنا۔ بپتا پڑنا۔

بھیڑ چھٹنا (ہ) ہجوم کا کم ہو جانا۔ لوگوں کا کہیں کہیں چلے جانا۔

بھیڑ کرنا (ار/محاورہ) ہجوم کرنا۔ مجمع کرنا۔

بھیڑ لگانا (ار/محاورہ) رش کرنا۔ ہجوم کرنا۔

بھیڑ لگنا (ار/محاورہ) ہجوم ہونا۔

بھیڑی (ہ/مث) مادہ بھیڑ۔

بھیڑا (ہ/مذ) بلیلہ۔ بڑی ہڑ کی قسم کا ایک پھل جو دواؤں میں کام آتا ہے ترپھلے کا تیسرا جزو (ترپھلا = ہڑ۔ آملہ۔ بھیڑا)

بھیڑنا (ہ) دروازہ بند کرنا۔ موندنا۔ تالہ لگانا۔ قفل لگانا۔ ادا کرنا۔ دنیا جیسے دس روپے میں صرف پانچ ہی بھیڑے ہیں۔

بھیڑیا (ہ/مذ) کتے کی قسم کا ایک درندہ۔ گرگ۔ ذئب۔

بھیس (ہ/مذ) روپ۔ ہیئت۔ شکل۔ لباس۔ وضع قطع۔ طور۔ ڈھنگ۔ روپ۔ گروہ۔ فرقہ۔ تقلید۔ بہروپ۔

بھیس بدلنا (ہ) لباس بدلنا۔ سوانگ بھرنا۔ روپ بدلنا۔ جیسے بھیس بدل کر بہروپیا بن گیا۔ ہیئت تبدیل کرنا۔

بھیک۔ یا۔ بھیکھ (ہ/مذ) دوہروں میں آتا ہے۔ یعنی بھیس۔ بال۔ مونڈے سر۔

بھیک (ہ/مث) بھکشا۔ گدائی۔ گداگری۔ خیرات۔ وہ چیز جو خیرات میں ملے۔ خدا کے نام کی چیز۔

بھیک کا ٹکڑا (ہ/مذ) خدا واسطے کی روٹی۔ لقمۂ گدائی۔ مانگے کی چیز۔

بھیک کا ٹھیکرا (ہ/مذ) کچکول۔ کاسۂ گدائی۔ مانگنے کا پیالہ۔ کشکول۔ وہ چیز جس کے ذریعے سے کچھ کمایا جائے۔

بھیک کا کاسہ (ا/مذ) مانگنے کا پیالہ۔
بھیک کے ٹکڑے بازار میں ڈکار (ا/مثل) مفلسی میں شیخی بگھارنا۔
بھیک لینا (ا/مص) خیرات مانگنا۔
بھیک مانگنا (ہ) گداگری کرنا۔ خیرات لینا۔ گدائی کرنا۔
بھیگا (ا/صف) گیلا۔ تر۔ پانی میں پڑا ہوا۔
بھیگنا (ہ) تر ہونا۔ گیلا ہونا۔ نمدار ہونا۔
بھیگی بلی بتانا (ہ) ٹالنا۔ بے جا عذر کرنا۔ بہانہ بنانا۔ اس کی روایت یہ ہے کہ ایک آقا اور ایک نوکر کسی مکان میں سو رہے تھے۔ آقا نے کہا کہ بھئی چراغ گل کر دو۔ نوکر بولا کہ حضور منہ پر کپڑا لے لیں۔ اندھیرا ہو جائے گا۔ تھوڑی دیر بعد پھر آقا نے کہا کہ اسے دیکھ تو سہی ابر ہو رہا تھا۔ بارش ہو رہی ہے یا کھل گیا۔ نوکر تھا بالتونی اور پہلے درجے کا سست۔ بولا حضور بارش ہو رہی ہے۔ آقا نے کہا کمبخت اندر پڑا پڑا جواب دیے جاتا ہے۔ تجھے کس طرح معلوم ہوا کہ بارش ہو رہی ہے۔ نوکر نے کہا۔ حضور ابھی ابھی بلی باہر سے آئی تھی اور میں نے اس کی پیٹھ پر ہاتھ جو پھیرا تو وہ بھیگی ہوئی تھی۔"
بھیگی مرغی (ہ/مث) نہایت مسکین شکل۔ بہت منکسر مزاج۔ عاجز۔
بھیلی (ہ/مث) گڑ کی چکتی جو عام طور پر پانچ یا تین سیر کی ہوتی ہے۔
بھیلیا (ہ/مذ) چڑی مار۔ شکاری۔ شکاریوں کا ایک فرقہ۔
بھیم پلاسی راگنی (ہ/مث) ہندی بیجے کا بھوں بھوں کرکے رونا (ارد دو کے غارت لوگ لیتے ہیں)
بھیں (ہ/مث) بھیڑ اور بھینس کی آواز۔
بھینا (ہ/مث) بہن کی تصغیر۔ بہن۔ خواہر۔ ہمشیرہ۔
بھینا (ہ) ہلکا۔ نرم۔ لطیف۔ میٹھا۔ جیسے بھینا رنگ۔
بھینٹ (ہ/مث) ملاقات۔ مٹھ بھیڑ۔
بھینٹنا (ہ/فعل) ملنا۔ بھڑنا۔
بھینس (ہ/مث) ایک مویشی۔ مادہ گاومیش۔ دپ، مجھ۔
بھینس کے آگے بین بجائی۔ بھینس کھڑی رو پچھائی (ہ/مثل) ناقدر شناس کے سامنے ہنر نمائی فضول ہے۔ اندھے کے آگے رونا اپنے نین کھونا۔
بھینسا (ہ/مذ) بھینس کا نر۔ جاموس۔ سانڈ۔
بھینسیا گوگل (ہ/مذ) ایک قسم کا گوند جو دوا میں پڑتا ہے۔
بھینسیا لہسن (ہ/مذ) ایک قسم کا بڑا سرخ یا سیاہ داغ یا اکثر گال یا گردن وغیرہ کی جلد میں ہو جاتا ہے۔
بھینگا (ہ/مذ) احول۔ آنکھ دبا کر دیکھنے والا جسے ہر شے دو دو دکھائی دیتی ہے ڈھیرا۔
بھینگرا بجانا (ہ) بدآوازی سے رونا۔ نہایت بری آواز سے رونا۔ بلند آواز سے رونا۔
بھینی (ہ/صف) ہلکی۔ مدھم۔ نرم۔ لطیف۔
بھینی بھینی بُو (ہ/مث) ہلکی ہلکی بُو۔ میٹھی میٹھی خوشبو۔ بڑی لطیف خوشبو۔

ب ۔ ی

بی (ا/مث) بی بی کا مخفف۔ عورتوں کو خطاب کرنے کا کلمہ۔ بیوی۔ رانی۔ بیگم۔ بائی۔
بی شادی (ا/مث) دعوتیں، بچوں کو ڈرانے کا ایک فرضی نام۔ ہوّا۔
بے (ہ) ابے کا مخفف۔ ارے۔ رے۔ ادنیٰ یا بے تکلفی والے کو اس لفظ سے پکارتے ہیں۔
بے (ف) بغیر۔ بدون۔ بن۔ بنا۔ بلا۔ سوا۔
بے آب (ف/صف) بے رونق۔ پانی کے بغیر۔
بے آبرو (ف/صف) بے عزت۔ بے حیا۔
بے آپے ہونا (ل) بے قابو ہونا۔ مضطرب ہونا۔ اشتعال انگیز بات سن کر غصے سے سخت برافروختہ ہونا۔
بے آرام (ف/صف) بے چین۔ بے کل۔
بے اختیار (ف) بے بس۔ بے قابو۔ مجبور۔ ناچار۔ نہایت۔ ازحد۔ جبراً۔ چار و ناچار۔
بے ادب (ع) گستاخ۔ شریر۔ شوخ۔
بے آرامی (ف/مث) بے چینی۔ بے کلی۔ دکھ۔
بے اندازہ (ف) بے حساب۔ ازحد۔ بہت زیادہ۔ بے قیاس۔
بے اولاد (ع) اوت نپوتا۔ لاولد۔ وہ آدمی جس کے بیٹا بیٹی وغیرہ کوئی نہ ہو۔
بے ایمان (ع) بد دین۔ وہ شخص جس کا دین دھرم کچھ نہ ہو۔ بدعقیدہ۔ خائن۔ بددیانت۔ دغاباز۔ جھوٹا۔ بے انصاف۔
بے باق کرنا (ہ) چکا دینا۔ ادا کر دینا۔ بھرنا۔ حساب صاف کر دینا۔ قرضے سے سبکدوش ہونا۔ فیصلہ کرنا۔ بھگتا دینا۔
بے باک (ف) نڈر۔ بے خوف۔ دلیر۔ باہمت۔ پُرحوصلہ۔ بہادر۔
بے بال و پر (ف) بے یار و مددگار۔ وہ شخص جس کا کوئی رفیق نہ ہو۔ مفلس۔ غریب۔ نادار۔ بے سامان۔ عاجز۔ مجبور۔ کمزور۔ لنڈا منڈا۔ جس کے پر بازو نہ ہوں۔
بے بدل (ع) لاثانی۔ بے نظیر۔ بے مثل۔ یکتا۔
بے بس (ف) مجبور۔ کمزور۔ ناچار۔ بے قابو۔ ناتواں۔ قیدی۔ محبوس۔ بے اختیار۔
بے بہا (ف) بیش قیمت۔ بہت قیمتی۔ انمول۔
بے بہرہ (ف) بے نصیب۔ بدقسمت۔ خالی۔ محروم۔ آوارہ۔ واہیات۔ ہرزہ گرد۔ بے تمیز۔ بے ادب۔ گستاخ۔
بے پر (ف) بے کس۔ بے سر و سامان۔ بے یار و مددگار۔ غریب۔ مفلس۔ ناچار۔ کنگال۔ محتاج۔ لنڈا منڈا۔ ناتواں۔
بے پردگی (ف/مث) پردے کا نہ ہونا۔ بے حیائی۔ بے شرمی۔ بے حجابی۔ پردہ دری۔ افشائے راز۔
بے پر کی اڑانا (ہ) بے بنیاد بات کہنا۔ گپ اڑانا۔ انہونی خبر مشہور کرنا۔ جھوٹ موٹ کسی بات کو شہرت دے دینا۔
بے پروا (ف) بے فکرا۔ غافل۔ مستغنی۔ امیر۔ سست۔ کاہل۔ توکل کرنے والا۔ بے غرض۔

بےتاب (ف) کمزور ۔ ناتواں ۔ ضعیف ۔ بےچین ۔ بےقرار ۔ مضطرب ۔ غیر متحمل ۔ برداشت نہ کرنے والا ۔

بےتابانہ (ف) بےقراروں کی طرح ۔ مضطربانہ ۔ گھبرایا ہوا ۔ بہت جلد ۔ بلا تامل ۔ فی الفور ۔

بےتابی (ف) بےچینی ۔ گھبراہٹ ۔ اضطراب ۔

بےتاثیر (ع) بےاثر ۔ بےفائدہ ۔ وہ چیز جس کا اثر کچھ نہ ہو ۔

بےتال (ا/صف) وہ شخص جو لے کو برقرار نہ رکھ سکے اور گانے میں تال سے باہر آ جائے ۔

بےتحاشا (ع) بےتامل ۔ بےدھڑک ۔ بےحد ۔ نہایت ۔ بہت ۔ از حد ۔

بےتقصیر (ع) بےقصور ۔ بےجرم ۔ بےگناہ ۔ ناحق ۔ بےوجہ ۔

بےتکلف (ع) بلا تصنع ۔ بےبناوٹ ۔ بلا تامل ۔ بےدھڑک ۔ آزادانہ ۔ بےحجاب ۔ سیدھا سادہ ۔ محرم راز ۔ راز داں ۔

بےتکلفی (ع/مث) آزادی ۔ بےساختگی ۔ دل کھل ۔ یکرنگی ۔ سادگی ۔ محرم راز ۔

بےتکلفانہ (متعلق فعل) آزادی سے ۔ بےساختہ ۔ بےدھڑک ۔

بےتمیز (ع) پھوہڑ ۔ بدتمیز ۔ بےسلیقہ ۔ بدلحاظ ۔ بےادب ۔

بےتھاہ (ہ) نہایت گہرا ۔ بہت عمیق ۔ بےپایاں ۔ بےٹھکانے ۔ بے پیندے ۔ اگم ۔ جس کے نیچے زمین نہ ہو ۔

بےٹکٹ (ا/صف) جو ٹکٹ کے بغیر ہو ۔ جس شخص کے پاس اجازت نامہ نہ ہو ۔ وہ خط جس پر ٹکٹ نہ لگایا گیا ہو ۔ بیرنگ ۔

بےٹھکانے ۔ یا ۔ بےٹھور (ہ) بےموقع ۔ بےمحل ۔ وہ شخص جس کا ٹھکانہ کچھ نہ ہو ۔ بےنشان ۔ بےپتہ ۔ بےہودہ ۔ بکواسی ۔

بےثبات (ع) ناپائدار ۔ فانی ۔ بودا ۔ بوسیدہ ۔

بےجا (ف) بےموقع ۔ نامناسب ۔ نازیبا ۔ بےٹھکانے ۔ فضول ۔ بےکار ۔ ناحق ۔ نکمی بات ۔

بےجان (ف) مُردہ ۔ پژمردہ ۔ کمزور ۔ نحیف ۔ بوسیدہ ۔ بودا ۔ جمادات ۔

بےجوڑ (ہ) ثابت ۔ پورا جس میں جوڑ نہ ہو ۔ بےمثل ۔ لاثانی ۔ یکتا ۔ جس کے مقابلے کا اور کوئی نہ ہو ۔

بےچارہ (ف) لاعلاج ۔ عاجز ۔ مجبور ۔ ناچار ۔ غریب ۔ ناتواں ۔ کمزور ۔ بدنصیب ۔ کمبخت ۔

بےچین (ہ) بےقرار ۔ مضطرب ۔ بےکل ۔

بےچینی (ہ) بےقراری ۔ اضطراب ۔ بےکلی ۔

بےحال (ع) بُرے حال والا ۔ ردی ۔ خراب خستہ ۔ بوسیدہ ۔ بےجان ۔ قریب مرگ ۔ کمزور ۔ ناتواں ۔ بیمار ۔

بےحجاب (ع) بےپردہ ۔ بدلحاظ ۔ بےتکلف ۔ کھُلّم کھُلّا ۔

بےحد (ع) بےشمار ۔ بےحساب ۔ بہت سا ۔ نہایت زیادہ ۔ بےانتہا ۔ بےروک ۔

بےحرمتی (ہ/مث) فضیحت ۔ رسوائی ۔ بےعزتی ۔

بےحساب (ع) بےشمار ۔ اَن گنت ۔ لاتعداد ۔ غیر متعدد ۔

بےحس و حرکت (ع) غیر متحرک ۔ حیران ۔ سُن ۔ ششدر ۔

بےحمیت (ع) بےمروت ۔ بےحیا ۔ بےشرم ۔ بےغیرت ۔ مذہبی اور قومی جوش سے بالکل خالی ۔ بےننگ و ناموس ۔

بےحواس (ع) بےخود ۔ بےخبر ۔ مضطرب ۔ بےاوسان ۔

بےحیا (ع) بےشرم ۔ بےغیرت ۔ گستاخ ۔ بےادب ۔ بدلحاظ ۔

بےحیا کی رو بلا دور (مثل) بےحیا ہر طرح سے کام نکال سکتا ہے ۔

بےحیائی (ع/مث) بےشرمی ۔ بےغیرتی ۔ گستاخی ۔

بےحیائی کا برقع منہ پر لینا } (ہ) بےشرمی اختیار کرنا ۔ بےشرم
بےحیائی کا برقع اوڑھنا } ہونا ۔ بالکل بےحیا بن جانا ۔ شرم
بےحیائی کا جامہ پہننا } کے پاس نہ جانا ۔ بےغیرتی پہ کمر باندھنا ۔

بےخبر (ع) ناواقف ۔ انجان ۔ غافل ۔ ناگاہ ۔ اچانک ۔ بےاطلاع ۔ جاہل ۔ گمراہ ۔ بھولا ہوا ۔ بےشعور ۔ ناعاقبت اندیش ۔

بےخطر (ع) نڈر ۔ بےخوف ۔ دلیرانہ ۔ دلاور ۔ محفوظ ۔ امن سے ۔

بےخود (ف) بےہوش ۔ آپے سے باہر ۔ بےخبر ۔ مدہوش ۔ بدحواس ۔

بےخودی (ف/مث) بےہوشی ۔ عالم وجد ۔ بےخبری ۔

بےخور و خواب (ف) بہت بےقرار ۔ بےتاب ۔ وہ آدمی جو نہ کھائے نہ سوئے ۔ نہایت بےآرام ۔ مصیبت کا مارا ۔

بےخوف (ف/صف) نڈر ۔ بےپروا ۔

بےدادگر (ف/صف) ظالم ۔ سفاک ۔

بیدار مغز (ف/صف) عالی دماغ ۔ ہوشیار ۔

بےداغ (ف) صاف ۔ بےعیب ۔ پاک ۔ دھبے کے بغیر ۔ بےجرم ۔ بےگناہ ۔

بےدخل کرنا (ہ) خود قبضہ کر لینا ۔ دوسرے کا قبضہ ہٹا دینا ۔ خارج کرنا ۔ الگ کر دینا ۔

بےدرد (ف) بےرحم ۔ ظالم ۔ نیک ۔ کٹر ۔ کٹھور ۔

بےدردی (ف/مث) ظلم ۔ بےرحمی ۔ سنگدلی ۔

بےدریغ (ف/مث) بہت کثرت سے ۔ جیسے بےدریغ روپیہ لٹانا ۔ بےافسوس ۔ بلا تامل ۔ جیسے بےدریغ چلے آؤ ۔ کسی بات سے انکار نہ کرنے والا ۔ فیاض ۔

بےدست و پا (ف) لُنجا ۔ اپاہج ۔ معذور ۔ مجبور ۔ بےیار و مددگار ۔ وہ آدمی جس کے ہاتھ پاؤں نہ ہوں ۔

بےدستور (ع) بےقاعدہ ۔ خلافِ قانون ۔ نامناسب ۔ رواج کے خلاف ۔ غیر ضابطہ ۔

بےدل (ف) نڈر ۔ بہادر ۔ سورما ۔ شور بیر ۔ جری ۔ بےجگر ۔ غمزدہ ۔ دلگیر ۔ دل دکھا ہوا ۔ افسردہ ۔ اُچاٹ ۔ بےخواہش ۔ تارک دنیا ۔ بےنفس ۔ عاشق ۔

بےدم (ف) مُردہ ۔ بےجان ۔ کمزور ۔ بودا ۔ بوسیدہ ۔ ہارا ہوا ۔ تھکا ٹوٹا ۔ شکست ۔ کاہل ۔

بےدوش (ہ) بےقصور ۔ بےجرم ۔ بےخطا ۔ بےگناہ ۔ بےعیب ۔ عمدہ ۔ کھرا ۔ اچھا ۔ بےنقص ۔

بے دھڑک (ن) بے کھٹکے۔ بے خوف۔ بے تامل۔ بہادر۔ من چلا۔
بے ڈول (ن) بد وضع۔ بے ڈھنگا۔ بھونڈا۔ بدشکل۔ بدصورت۔ ناموزوں۔ بدزیب۔
بے ڈھب (ن) بے طور۔ بے طرح۔ بُری طرح۔ جیسے بے ڈھب گرا۔ غیر موقع۔ بے ٹھکانے۔ جیسے بے ڈھب چوٹ لگی۔ بکثرت۔ بافراط۔ جیسے بے ڈھب پٹا۔ انوکھا۔ نرالا۔ فسادی۔ چالاک۔ شریر۔ جیسے بڑا بے ڈھب آدمی ہے۔ کُڈھب۔ بے اختیار۔ بے ڈول۔ بے قابو۔ دلیر۔ دل چلا۔ خطرناک۔ مہلک۔ جیسے بیماری بے ڈھب ہے۔ سخت۔ کڑا۔ دشوار۔ بہت مشکل۔ بدنما۔ بھونڈا۔ جیسے کیا بے ڈھب شکل بنائی ہے۔
بے ڈھب آدمی (ا/مذ) شرارتی شخص۔ بُرا آدمی۔
بے ڈھب مار پڑنا (ا/محاورہ) بہت پٹنا۔
بے ڈھنگا (ن) بے سلیقہ۔ کُڈھب۔ غیر موزوں۔ بدزیب۔ بدنما۔ بدچلن۔ بدوضع۔ بدراہ۔
بے ڈھنگا پن (ا/مذ) ناشائستگی۔ بدتہذیبی۔ بھونڈا پن۔ بد اسلوبی۔
بے ڈھنگی بات (ا/مث) بے موقع بات۔ فضول بات۔
بے ذوق (ف/صف) بے مزہ۔ پھیکا۔
بے راہ (ف) بے راہ۔ بے طریقہ۔ بے اصول۔ بے جا۔ بدچلن۔ ناجائز۔ بے دستور۔ ناانصاف۔ ظالم۔ بے موقع۔
بے ربط (ف ع) بے میل۔ بے مشق۔ بے تعلق۔ بے واسطہ۔ الگ۔
بے رحم (ف ع) بے درد۔ ظالم۔ سنگدل۔ نامہربان۔ بے ترس۔
بے رُخ ہونا (ن) مُنہ پھیر لینا۔ بے مروّتی کرنا۔ ناراض ہونا۔ بگڑنا۔ متوجہ نہ ہونا۔ دھیان نہ رکھنا۔ جبیں بدلنا۔
بے رُخی کرنا (ن) ناراضی جتانا۔ بگڑ جانا۔ توجہ نہ کرنا۔ بے مروّتی برتنا۔ خیال سے بات نہ کرنا۔
بیرم (ت) عید۔ جشن۔
بے رُوپ (ن) بدنما۔ بدشکل۔ بدزیب۔ بھونڈا۔
بے ریا (ف ع) جس میں ظاہرداری نہ ہو۔ صاف۔ باطن۔ سادہ دل۔ جو مکار نہ ہو۔ کھرا۔ دکھاوے کے بغیر۔ بلاتصنع۔
بے ریش (ف) یا۔ بے ریشا (ن) ان داڑھیا۔ وہ نوعمر جس کے منہ پر ابھی داڑھی نہ آئی ہو۔ ناتجربہ کار۔ سادہ لوح۔
بے ریشہ (ف) بے صُوف۔ صاف۔
بے زبان (ف) نہ بولنے والا۔ کم گو۔ خاموش۔ گونگا۔ شرمیلا۔ حیادار۔ بالحاظ۔ مظلوم۔ مجبور۔ مسکین۔ حیوان۔ جانور۔
بے زر (ف) مفلس۔ نادار۔ غریب۔ کنگال۔ محتاج۔
بے زوال (ف ع) پائدار۔ غیر فانی۔ قائم رہنے والا۔ نہ گھٹنے والا۔
بے ساختہ (ف) بے تکلف۔ بے تصنع۔ بنائے بغیر۔ بے بناوٹ۔ بے ارادہ۔ برجستہ۔ بلاتامل۔ فی البدیہہ۔
بے سرا (ن) آوارہ۔ بدچلن۔ بے سردار۔ خود رائے۔ وہ شخص جس کا کوئی وارث یا کہنے سُننے والا نہ ہو۔ خودمختار۔ بے بہرہ۔
بے سُرا (ن) تال سُر کے بغیر۔ سُر تال سے باہر۔ بے تالا۔
بے سراک (ف/مذ) اونٹ کا بچہ۔ پچّر۔
بے سروپا (ف) حیران و پریشان۔ مجبور و محتاج۔ کنگال۔ بے ٹھکانے۔ بے معنی۔ غلط۔ لغو۔ بے بنیاد۔ غیر معتبر۔
بے سروسامان (ف) کنگال۔ محتاج۔ بے اسباب۔ بے آلات۔
بے سلیقہ (ف ع) بے تمیز۔ پھوہڑ۔ بے ڈھنگا۔ بے ہنر۔
بے شعور (ف ع/ا) نادان۔ بے خبر۔ بے عقل۔ بے وقوف۔
بے شعوری (ف ع/مث) نادانی۔ حماقت۔
بے شک (ف) بے شبہ۔ ٹھیک۔ صحیح۔ درست۔ لازمی۔ ضروری۔
بے شمار (ف) اَن گنت۔ لاتعداد۔ غیر متعدد۔ بکثرت۔ بہت۔
بے صبر (ف ع) بے قرار۔ ناصبور۔ ناشکیبا۔
بے صبرا (ن) مضطرب۔ بے چین۔
بے صبری (ف ع/مث) بے قراری۔ بے اطمینانی۔ گھبراہٹ۔
بے ضابطہ (ف ع/صف) خلافِ قانون۔ خلافِ قاعدہ۔
بے طرح (ف ع) بُری طرح۔ عجیب طور پر۔ نہایت۔ از حد۔ وہ غزل جو مشاعرے میں طرح کے خلاف ہو۔
بے عزت (ف ع) ذلیل۔ رُسوا۔ بے آبرو۔ بے قدر۔ بے حُرمت۔
بے عزتی کرنا (ن) ذلیل کرنا۔ بے آبرو کرنا۔ کرکری کرنا۔ رُسوا کرنا۔ ہتک کرنا۔
بے عقل (ف ع) احمق۔ اُلّو۔ بے سمجھ۔ نادان۔ بُدھو۔
بے عیب (ف ع) بے نقص۔ بے داغ۔ پاک صاف۔ کھرا۔ عمدہ۔ اچھا۔
بے غیرت (ف ع) بے حیا۔ بے شرم۔ ذلیل۔ بے عزت۔ رُسوا۔ بے حمیت۔ جس میں مذہبی جوش نہ ہو۔
بے فائدہ (ف ع) بے سُود۔ بلامنافع۔ لاحاصل۔ ناحق۔ بیکار۔ اکارت۔
بے فصل کی بہار (ف/ا) وہ بہار جو موسم کے خلاف ہو۔
بے فکرا (ف ع/صف) وہ شخص جسے کسی قسم کی فکر نہ ہو۔ بے پروا۔ آزاد منش۔
بے فیض (ف ع) بخیل۔ کنجوس۔ وہ شخص جس سے کوئی فائدہ نہ پہنچے۔
بے فیض اگر یوسفِ ثانی ہے تو کیا ہے (ن/مثل) جس سے کوئی فائدہ نہ ہو۔ وہ نکمّا ہے۔
بے قابو (ف ع) بے اختیار۔ اپنے بس سے باہر۔ آزاد۔ خودمختار۔
بے قاعدہ (ف ع) بے دستور۔ بے ضابطہ۔ بے ترتیب۔ بے موقع۔
بے قدرا (ن) قدر نہ کرنے والا۔ ناشکر گزار۔ کسی کی خوبی یا ہنر کی داد نہ دینے والا۔
بے قرار (ف ع) بے چین۔ مضطرب۔ بے صبر۔ ناصبور۔
بے قصور (ف ع) بے گناہ۔ بے خطا۔ بے عیب۔ بے الزام۔
بے قیاس (ف ع) اندازے سے باہر۔ سمجھ میں نہ آنے والا۔ بے حساب۔ لاانتہا۔ بہت۔ اَن گنت۔ اَت گت۔
بے قید (ف ع) غیر مشروط۔ آزاد۔ خودمختار۔ بے روک۔
بے کار (ف) ناکارہ۔ نکمّا۔ خراب۔ معطل۔ خالی۔
بے کاری (ف/مث) بے روزگاری۔ خالی بیٹھنا۔ خون کی خرابی۔

بے کراں (ف) بہت زیادہ ۔ نہایت وسیع ۔ بے حد و د ۔ بے کنارا ۔ بے انتہا ۔
بے کس (ف) محتاج ۔ غریب ۔ عاجز ۔ بے یار و مددگار ۔ یتیم ۔ پردیسی ۔ اجنبی ۔
بے کفن (ع/صف) بغیر کفن کے ۔ جس کو کفن نہ ملا ہو ۔
بے کل (ا) بے چین ۔ بے قرار ۔ بے آرام ۔ بے تاب ۔ ناشکیبا ۔
بے کلی (ا/مث) بے چینی ۔ بے قراری ۔ اضطراب ۔ ناف ٹلنے کی بیماری ۔ ناف ٹل جانا ۔ رحم کا اپنی جگہ نہ رہنا ۔ بچہ دانی کا بے جگہ ہو جانا ۔
بیگانہ (ف/صف) جس کی فطرت میں میل جول نہ ہو ۔ اکھڑ ۔ غیر مانوس ۔
بے کم و کاست (ف) بے گھٹائے ۔ ٹھیک ٹھیک ۔ جوں کا توں ۔ پورے کا پورا ۔ صحیح صحیح ۔ بالکل صحیح سالم ۔
بے گناہ (ف) بے جرم ۔ بے خطا ۔ ناحق ۔ بے وجہ ۔
بے گنت (ا/صف) بے شمار ۔ بے حساب ۔ بے انتہا ۔
بے لاگ (ا) بے تعلق ۔ بے لگاؤ ۔ آزاد ۔ صاف ستھرا ۔ پاک ۔ غیر طرفدار ۔ بے تعصب ۔ غیر جانبدار ۔ بلا مدد ۔ بے سہارا ۔
بے لباس (ع/صف) ننگا ۔ عریاں ۔
بے لطف (ع) بے مزہ ۔ بے لذت ۔ بد ذائقہ ۔ بدمزہ ۔ بے سواد ۔
بے لگام (ف) منہ پھٹ ۔ بے ادب ۔ زبان دراز ۔ بدزبان ۔ شریر ۔ سرکش ۔ لگام کو نہ ماننے والا ۔ بے قابو گھوڑا ۔
بے محل (ع) بے جا ۔ نامناسب ۔ بے موقع ۔ لغو اور فضول بات ۔
بے مروت (ع) انسانیت سے خارج ۔ نامہربان ۔ بے وفا ۔ طوطا چشم ۔ بداخلاق ۔ بے درد ۔ بے رحم ۔ نردئی ۔ ظالم ۔
بے مزگی (ف/مث) بے لطفی ۔ باہمی رنجش ۔ ناسازی ۔ علالت ۔
بے مزہ (ف) بے لطف ۔ بے لذت ۔ ناساز ۔ علیل ۔ بیمار ۔ رنجور ۔ کبیدہ خاطر ۔ خفا ۔ ناراض ۔ رنجیدہ ۔
بے معنی (ع) لغو ۔ مہمل ۔ وہ لفظ جس کے کچھ معنی نہ ہوں ۔ بے ہودہ ۔
بے مقدور (ع) کم حیثیت ۔ غریب ۔ کنگال ۔ مفلس ۔ نادار ۔
بے منت (ع) بے احسان ۔ مستغنی ۔ بے پروا ۔ بلا کوشش ۔ بلا غور و خوض ۔ بے دریغ ۔
بے موسم (ع) بے رت ۔ غیر وقت ۔ بے وقت ۔
بے موقع (ع) بے جا ۔ بے محل ۔ بے وقت ۔ بے فائدہ ۔ بے ہودہ ۔ نامناسب ۔ نازیبا ۔ غیر موزوں ۔
بے نام و نشان (ف) گمنام آدمی ۔ بے ٹھکانہ ۔ بے پتہ ۔
بے نصیب (ع) بدقسمت ۔ کم بخت ۔ نربھاگ ۔ نالائق ۔
بے نظیر (ع) لاثانی ۔ بے مثل ۔ یکتا ۔ بے ہمتا ۔ بے مثال ۔
بے نقط سنانا (ا) فحش گالیاں دینا ۔ بے دھڑک گالیاں سنانا ۔ بے لاگ گالیاں دینا ۔
بے نمازی (ف) کنایۃً حیض سے ۔
بے نمک (ف) بے نمک کا ۔ الونا ۔ پھیکا ۔ بے مزہ ۔ وہ آدمی جس کے رنگ میں ملاحت نہ ہو ۔
بے نمک آواز (ف/مث) وہ آواز جس میں کچھ لطف نہ ہو ۔ بے اثر آواز ۔
بے ننگ و ناموس (ع) بے حیا ۔ بے غیرت ۔ ننگ ۔ آزاد ۔ بدچلن ۔ بدوضع ۔
بے نیاز (ف) بے پروا ۔ بے طمع ۔ بے غرض ۔ بے احتیاج ۔
بے نیازی (ف/مث) بے پروائی ۔ استغنا ۔ بے احتیاجی ۔ آزادی ۔ مطلق العنانی ۔ خود مختاری ۔
بے نیل مرام (ع/صف) بغیر کامیابی کے ۔ ناکام ۔ نامراد ۔
بے وفا (ع) وہ شخص جو دوستی کا حق ادا نہ کرے ۔ بے مروت ۔ ناشکرا ۔ نامہربان ۔ وعدہ پورا نہ کرنے والا ۔ دوستی نہ نباہنے والا ۔
بے وقت (ع) بے محل ۔ بے موقع ۔ اویر سویر ۔ ناموزوں ۔
بے وقوف (ع) بے خبر ۔ نادان ۔ جاہل ۔ احمق ۔ بے عقل ۔
بے وقوفی (ع/مث) بے خبری ۔ نادانی ۔ جہالت ۔ بے عقلی ۔
بے ہمت (ع) کم دلا ۔ بزدل ۔ سست ۔ کاہل ۔ کم حوصلہ ۔
بے ہنر (ف) کوئی ہنر نہ رکھنے والا ۔ وہ شخص جس کے ہاتھ میں کوئی کام نہ ہو ۔
بے ہنرا (ا) نکما ۔ نکھٹو ۔ پھوہڑ ۔
بے ہنگم (ا) بے ہنگام کا مخفف ۔ بے موقع ۔ بھونڈا ۔ بیڈول ۔ بدزیب ۔ ناموزوں ۔
بے ہوش (ف) بے خبر ۔ ناواقف ۔ بے سدھ ۔
بیا (ہ/مذ) چڑیا سے ذرا چھوٹا سا زرد رنگ کا پرندہ ۔ یہ بڑا اچھا گھونسلا بناتا ہے ۔ اسے لوگ کئی طرح کے کرتب سکھاتے ہیں ۔ مثلاً چھلا کنویں کی تہہ تک نہ جانے دینا ۔ توپ چلانا ۔ بیٹھی پھرانا وغیرہ ۔
بیابان (ف/مذ) (بے آب ۔ ان) وہ سرزمین جہاں کوسوں تک پانی نہ ملے ۔ ریگستان ۔ صحرا ۔ ویرانہ ۔ اجاڑ ۔ جنگل ۔ دشت ۔
بیابان قدس (ع/مذ) بیت المقدس کا جنگل ۔
بیابان گرد (ف/صف فاعلی) صحرانورد ۔ جنگلوں میں پھرنے والا ۔
بیاپنا (ہ) سمانا ۔ رہنا ۔ بسنا ۔ بیٹھنا ۔ اثر کرنا ۔ سرایت کرنا ۔ گزرنا کھٹکا ہونا ۔
بیاج (ہ/مذ) سود ۔ منافع ۔ ربا ۔ زیادتی ۔ بڑھوتری ۔ کسی جنس کے بدلے میں وہی جنس کچھ زیادہ لینا ۔ مثلاً روپیہ دے کر اس سے کچھ زیادہ روپے لینا ۔ گندم کے بدلے میں گندم وغیرہ ۔
بیاج پہ بیاج (ہ/مذ) سود در سود ۔ سود پر بھی سود ۔ بیاج کا بیاج ۔
بیاج خور / بیاج جڑیا (ا) سود خوار ۔ رباخوار ۔ جنس پر اسی جنس کا نفع کھانے والا ۔ سود پر روپیہ چلانے والا ۔

بیاجُو (ہ) سُود پر۔ سُودی۔ وہ روپیہ جو سود پر لیا جائے۔
بَیار۔ یا۔ بیال (ہ/مث) ہوا۔ باد۔
بیاسی (ہ) اَسی اور دو۔ ۸۲۔ 82۔
بیاض (ع/مث) سفیدی۔ دھولاپن۔ بہی۔ سادہ کاغذ۔ نوٹ بک۔ پاکٹ بک۔ ڈائری۔ یادداشت کی کتاب۔ شعر لکھنے کی کاپی۔
بیاکرن (س/مذ) (اصل ویاکرن) قواعد صرف و نحو۔ گرامر۔
بیاکل (س) مضطرب۔ بے چین۔ بے کل۔ بے قرار۔ متفکر۔ بے آرام۔
بیالو (ہ/مذ) (ہند) طعامِ شب۔ رات کا کھانا۔
بیالیس (ہ) چالیس اور دو۔ ۴۲۔ 42۔
بیان (ع/مذ) (لغوی) صاف صاف بولنا (اصطلاحی) شرح۔ گفتگو۔ تقریر۔ گواہی۔ اظہار۔ شہادت۔ تفصیل۔ تفسیر۔ بکھان۔ ہجو۔ رپورٹ۔ خبر۔ مقولہ۔ قول۔ ایک علم جس میں تشبیہ و استعارہ۔ مجاز و کنایہ وغیرہ کے ذریعے سے ایک معنی کو کئی طرح ادا کرسکتے۔
بیان امرِ واقعی (ع/مذ) (عدالتی اصطلاح) ٹھیک بات کا اظہار۔
بیان بدلنا (ف) (عدالتی) اپنے اظہار گواہی کو بدل دینا۔ گواہی کو پلٹ دینا۔
بیان تائیدی (ع/مذ) (قانون) پہلے اظہار کی تائید میں کچھ کہنا۔
بیان حلفی (ع/مذ) (قانون) قسمیہ طور پر کچھ کہنا یا لکھ کر دینا۔
بیان دعویٰ (ع/مذ) (قانون) صورتِ حال۔ حقیقتِ حال۔ ثبوتِ دعویٰ۔
بیان ضمنی (ع/مذ) (قانون) اصل مطلب کے درمیان یونہی آ جانے والا بیان۔
بیانا (ہ) جننا۔ مویشی کا بچہ دینا۔ گائے بھینس۔ بکری کو بچہ پیدا ہونا۔
بیاہ (ہ/مذ) شادی۔ کتخدائی۔ عقد۔ نکاح۔
بیاہ پیچھے پتل بھاری (ا/ر/مثل) بڑے مصارف کے بعد تھوڑا خرچ بھی ناگوار ہوتا ہے۔
بیاہ رچانا (ہ) شادی کی رسمیں شروع کرنا۔ خوشی منانا۔
بیاہ کا جوڑا (ا/ر/مذ) وہ کپڑے جو دولہا یا دُلہن شادی کے موقع پر پہنتے ہیں۔
بیاہ لانا (ہ) دُلہن کو گھر لانا۔ شادی کر لانا۔ دُلہن لے کر گھر آنا۔
بیاہ مانگنا (ا/ر/محاورہ) شادی کی خواہش کرنا۔ شادی کی تاریخ مقرر کرانا۔ شادی کا تقاضا کرنا۔
بیاہا (ہ/مذ) بیاہا ہوا۔
بیاہتا (ہ/مث) بیاہی ہوئی عورت۔ منکوحہ عورت۔ وہ عورت جس کو شرعی یا مذہبی طور پر برات کے ساتھ بیاہ کر لائیں۔
بیاہنا (ہ) شادی کرنا۔ نکاح کرنا۔ برات لے جا کر دُلہن کو لانا۔

بی بی (ف/مث) بیگم۔ بانو۔ خاتون۔ خانم۔ امیر زادی۔ شریف زادی۔ نیک۔ پرہیزگار اور پاک دامن عورت۔ بڑی بوڑھی۔ ساس۔ ماں۔ مالکہ۔ گھر والی۔ ہمشیرہ۔ بہن۔ بُوا۔ بڑی نند۔ خاوند کی بہن۔ حضرت فاطمہؓ سے بھی مُراد لیتے ہیں۔ جیسے بی بی کی صحنک۔ یہ لفظ بول چال میں بیوی کا ہو گیا ہے۔
بی بی جی (ا/مث) رانی جی۔ بڑی نند۔ شوہر کی بہن۔
بی بی خطا کرے باندی پکڑی جائے (ا/مثل) آقا کی خطا اور الزام نوکر پر۔ بڑے کی خطا ہو اور غریب کی شامت۔
بی بی زن (ا) پارسا عورت۔ پرہیزگار عورت۔ باعصمت۔ نہایت پاکدامن۔ ستی۔ برتا۔ پاکباز۔
بی بی کا دانہ (ا/محاورہ) حضرت فاطمہؓ کی نیاز کا کھانا۔
بی بی کا کھانا دانہ کھانے والی (ا/محاورہ) پاکباز اور پارسا عورت جس میں حضرت فاطمہؓ کی نیاز کا کھانا کھانے کی قابلیت ہو۔
بیپارہ (ہ/مذ) اصل میں بیوپار ہے۔ لین دین۔ بنج۔ تجارت۔ سوداگری۔
بیپاری (ہ/مذ) بیوپار کرنے والا۔ تاجر۔ سوداگر۔ مویشیوں کا سوداگر۔ بنجارہ۔
بیت (ہ/مث) بید۔ ایک درخت کی لکڑی جو نہایت مضبوط اور لچکدار ہوتی ہے۔
بیت (ع/مث) گھر۔ مکان۔ حویلی۔ محل۔ فرد۔ شعر۔ دوہا۔ ایک شعر۔
بیت اقصیٰ (ع/مذ) بیت المقدس۔
بیت الحرام (ع/مذ) خانہ کعبہ۔ مکہ۔ وہ گھر جہاں جانور کا قتل اور بعض اشیاء کو منع کیا گیا ہے۔
بیت الخلا (ع/مذ) پاخانہ۔ ٹٹی۔ جائے ضرور۔
بیت السلاح (ع/مذ) دُلہن کا کمرہ۔ خانہ کعبہ۔
بیت الشرف (ع) بزرگی اور بلندی کا گھر (مجازاً) قصرِ شاہی۔ معشوق کا گھر۔ نجومیوں کی اصطلاح میں سات سیاروں میں سے کسی کو شرف و سعادت حاصل ہونے کا مقام۔ مثلاً آفتاب کا شرف برج حمل میں۔ چاند کا برج ثور میں۔ مشتری کا سرطان میں۔ زہرہ کا حوت میں۔ عطارد کا سنبلہ میں۔ مریخ کا جدی میں۔ زحل کا میزان میں۔
بیت الصنم (ع/مذ) بُت خانہ۔ مندر۔ خانۂ محبوب۔ معشوق کا گھر۔ مکانِ مطلوب۔
بیت اللہ (ع/مذ) خدا کا گھر۔ خانہ کعبہ۔ مکہ معظمہ۔
بیت العتیق (ع/مذ) پُرانا گھر۔ قدیم مکان۔ خانہ کعبہ۔
بیت العروس (ع/مذ) دُلہن کا کمرہ۔ خانہ کعبہ۔
بیت الغزل (ع/مث) شاہ بیت۔ غزل کا سب سے اعلیٰ شعر۔
بیت المال (ع/مذ) سرکاری خزانہ۔ خزانۂ عامرہ۔ شاہی خیرات خانہ۔ لاوارث۔ اسباب۔ مالِ غنیمت۔
بیت المعمور (ع/مذ) بھرا ہوا گھر۔ بھرپور گھر۔ خانہ کعبہ کے مقابل

چوتھے آسمان پر ایک مسجد۔

بَیتُ المقدّس (ع) (صحیح اَلبَیتُ المُقدّس یا بیتِ مقدس) (مذ) پاک گھر۔ متبرک مقام۔ پوتر استھان۔ مسجد اقصیٰ۔ ملک شام میں یروشلم کا عبادت خانہ۔ پُرانا قبلہ۔

بَیت بازی۔ یا۔ **بیجنتی** (ف/مث) شعروں میں بحث کرنا۔

بَیت بندی (ا/مث) شعر کہنا۔ نظم کہنا۔

بِیتال (ہ/مذ) بھُوت۔ پریت۔ بلا۔ آسیب۔ غول۔ اوپری روگ۔ خبیث رُوح۔ پلید رُوح۔

بِیتلا (ل) لاوارث۔ مال۔ بے دعویٰ مال۔ چوری کا مال۔ چرایا ہوا اسباب۔ نالائق۔ نکما۔ خراب۔ کم بخت۔ بے نصیب۔

بیتلی (ل) نکمی۔ نگوڑی۔ مُوئی۔ ناکارہ۔ بدکار۔ بد۔ بدبخت عورت۔

بیتنا (ہ) گزرنا۔ ختم ہونا۔ بسر ہونا۔ ہوچکنا۔ رفع ہونا۔ کٹنا۔ وارد ہونا۔ واقع ہونا۔ مثلاً جس پر بیتے وہی جانے۔

بیتی (ہ) گزری ہوئی۔ سرگزشت۔ ماجرا۔ واردات۔

بِیٹ (ہ/مث) پرندوں کا فضلہ۔ پیخال۔ نکمہ۔ خراب۔ ادنیٰ۔ حقیر تر۔ گندھک اور نمک کا ایک مرکب۔

بیٹا (ہ/مذ) لڑکا۔ پسر۔ پُوت۔ پُتر۔ فرزند۔ نرینہ۔ پیارا۔ دُولہا۔ فقیر لوگ ہر دُنیا دار اور خصوصاً اپنے مریدوں کو بھی بیٹا کہتے ہیں۔

بیٹا بنانا (ہ) متبنیٰ بنانا۔ گود لینا۔

بیٹا بن کر ہر کوئی کھائے باپ بن کر کوئی نہیں کھاتا (ا/مثل) خدمت کرے اور چھوٹا بن کر ہر کوئی کھاتا اور فائدہ اُٹھاتا ہے۔ زبردستی اور جبراً کوئی نہیں کھا سکتا۔

بیٹھا ہونا (ہ) جاگنا۔ اُٹھنا۔ بیدار ہونا۔ ہوشیار ہونا۔ نیند سے اُٹھنا۔

بیٹھ جانا (ہ) کھڑا ہونے کی ضد۔ جلوس کرنا۔ نشست فرمانا۔ دھنس جانا۔ پچک جانا۔ اندر کو گڑھ جانا۔ جیسے آنکھ وغیرہ کا بیٹھ جانا۔ گر پڑنا۔ ڈھے جانا مکان وغیرہ۔ پسند آنا۔ سما جانا۔ جیسے دل میں بیٹھ جانا۔ دُرست آنا۔ ٹھیک ہونا۔ جیسے انگوٹھی میں نگینہ بیٹھ گیا۔ طاقت نہ رہنا۔ سُست جاتا رہنا۔ گلتش ہو جانا۔ کھلا نہ رہنا۔ جیسے چاول بیٹھ گیا۔ کسی بیوہ کا نکاح کر لینا۔ سوار ہونا۔ خانہ نشینی کرنا۔ کاروبار ترک کرنا۔ دریا میں ڈوب جانا۔ جاڑے وغیرہ کا پگھل جانا۔ انکار کرنا۔ جم جانا۔ منجمد ہونا جیسے پارہ یا گھی بیٹھ گیا۔ اُتر جانا۔ جیسے پیچ بیٹھ جانا۔

بیٹھ رہنا (ہ) ہٹ جانا۔ باز رہنا۔ مایوس ہو جانا۔ صبر کرنا۔ دیر لگانا۔ ہمت ہارنا۔ کوشش چھوڑنا۔ ہارنا۔ تھک جانا۔ ترک ملازمت کرنا۔ خانہ نشینی کرنا۔

بیٹھک (ہ/مث) دیوان خانہ۔ نشست گاہ۔ مردانہ مکان۔ چبوترا۔ تلا۔ آسن۔ جلسہ۔ بیٹھنے کا ڈھنگ۔ ایک قسم کی ورزش۔ پریوں کی حاضرات۔

بیٹھکا۔ (ا/مذ) کمرہ۔ نشست گاہ۔ ٹھہرنے کا مقام۔

بیٹھک دینا (ہ) تعظیم دینا۔ بٹھانا۔ آسن دینا۔ پریوں یا جنوں کی حاضرات دینا۔

بیٹھک سر پر ہونا (ا/محاورہ) منت مانی ہوئی ہونا۔ منت واجب الادا ہونا۔

بیٹھکو (ا/صف) بہت بیٹھنے والا۔ وہ کبوتر جو اُڑنے کے فوراً بعد بیٹھ جائے۔

بیٹھکی (ا/مث) ایک قسم کی ورزش۔

بیٹھن (ہ/مذ) وہ کپڑا جس میں سوداگر لوگ قیمتی کپڑے یا گوٹہ کناری باندھ کر رکھتے ہیں۔ بستہ۔ بندھن۔ بستنی کپڑا۔

بیٹھنا (ہ) بیٹھ جانا کے معنی کے علاوہ انڈے سینا۔ جُفتی کرنا۔ حاصل ہونا۔ وصول ہونا۔ خرچ ہونا۔ لاگت آنا۔ جیسے ایک پر دو آنے بیٹھے۔ مدرسے میں داخل ہونا۔ لکھنے کی مشق ہونا۔ لگنا۔ (ٹکر کھانا)۔ صبر کرنا۔ ٹھہرنا۔ ٹکنا۔ جوا کھیلنا۔ اُڑنا۔ داؤ لگانا۔ بستہ ہونا۔ اٹنا۔ سمانا۔ جم جانا۔ جیسے کنویں کی کوٹھی کا بیٹھنا۔

بیٹھواں (ہ) پھیڈی۔ چپٹی۔ بیٹھی۔ ایڑی کا جوتا۔ کھڑی کے خلاف۔

بیٹھے بٹھائے } **بیٹھے بیٹھے** } (ہ) بے سبب۔ بے وجہ۔ بلا واسطہ۔ ناحق۔ بے فائدہ۔ بے سُود۔ یکا یک۔ اچانک۔ ناگہاں۔ خواہ مخواہ۔

بیٹی (ہ/مث) دُختر۔ لڑکی۔ بنت۔ بیٹی کی طرح عزیز۔ بھانجی۔ بھتیجی۔ لڑکے کی بیوی۔ بہو۔ فقیر لوگ ہر عورت کو بیٹی کہہ کر پکارتے ہیں۔ مسکین اور غریب مزاج لڑکے کو تشبیہاً بیٹی کہہ دیتے ہیں۔

بیٹی دینا (ہ) بیٹی بیاہنا۔ بیٹی کی شادی کر دینا۔ داماد بنانا۔

بیٹی والے (ہ/مذ) دُلہن کی طرف کے لوگ۔ سمدھیانے والے۔

بیج (ا/مذ) چپراس۔ نشان۔

بیج (ہ/مذ) تخم۔ دانہ۔ نطفہ۔ اصل۔ بنیاد۔ جڑ۔

بیج بونا (ہ) تخم ریزی کرنا۔ کسی چیز کی بنیاد ڈالنا۔ باعث ہونا۔ سبب بننا۔ ایجاد کرنا۔

بیج جاتا رہنا (ہ) اولاد نہ رہنا۔ نسل منقطع ہو جانا۔ مرد کو کسی ایسی بیماری کا لگ جانا جس سے نسل نہ بڑھے۔

بیج جمنا (ہ) تخم کا اُگنا۔ پھُوٹنا۔ اُگنا۔ نکلنا۔ نطفہ قرار پانا۔ حمل رہنا۔

بیج دار (ا/محاورہ) بہت بیجوں والا۔ جس میں بہت بیج ہوں۔

بیج دبانا (ا/محاورہ) گنے کی کاشت کے لیے اس کے بیج کو چند دن قبل مٹی میں دبا کر رکھنا۔

بیج ڈالنا (ہ) تخم ریزی کرنا۔ حاملہ کرنا۔ نطفہ ڈالنا۔ حمل رکھوانا۔

بیج مارا جانا (ہ) آگے کو کسی چیز کا پیدا نہ ہونا۔ نسل منقطع ہو جانا۔ تباہ ہونا۔ ناپید ہونا۔

بیجا (ہ/مذ) ایک ڈراؤنی اور خوف ناک شکل کا کاغذی چہرہ جسے بچے مُنہ پر رکھ کر ڈراتے ہیں۔

بیجنا (مذ) پنکھا۔ بادکش۔ باد۔ بادبیزن۔ بونا۔ تخم ریزی کرنا۔

بیجو (ہ) بیج کا۔ وہ تخم یا پھل جو بیج کے لیے رکھ چھوڑتے ہیں۔ توڑتے نہیں۔

بیجیلا۔ یا۔ بجیلا (ہ) وہ پھل جس میں بہت سے بیج ہوں۔ بہت بیجوں والا۔

بیچ (ہ) درمیان۔ اندر۔ بیچ۔ مابین۔ وسط۔ میانہ۔ قلب۔ منجھ۔ ناف۔ مرکز۔ فاصلہ۔ بُعد۔ فرق۔ مسافت۔ باہم دگر۔ آپس میں۔ باہم۔

بیچ بازار کے (ہ/محاورہ) برسرِ عام۔ اعلانیہ۔

بیچ بچاؤ (ہ/مذ) فیصلہ۔ تصفیہ۔ وہ فیصلہ جو دشمنوں میں کسی تیسرے شخص کے وسیلہ سے ہو۔

بیچ بچاؤ کرنا (ہ) جھگڑا مٹانا۔ رفع فساد کرنا۔ سمجھانا بجھانا۔ فیصلہ کرنا۔ صلح کرانا۔ جھگڑا چکانا۔ اتفاق اور میل ملاپ کرانا۔

بیچ کا (ہ) منجھلا۔ درمیانی۔ وسطی۔

بیچ کھیت (ہ) عین وسط میں۔ ٹھیک ٹھیک۔ موقع پر۔ علانیہ۔ سب کے روبرو۔ آشکارا۔ سب کے سامنے۔ حضور بالمشافہ۔ بیس بسوے۔

بیچ کی راس (ہ) درمیانہ۔ نہ بُرا نہ بھلا۔ اوسط درجے کا۔

بیچ کی اُنگلی (ہ/مث) ہاتھ کی سب سے لمبی اُنگلی۔ میانہ۔

بیچ کے گھڑے کی (ہ) نہایت تیز اور خالص شراب۔

بیچ میں پڑنا (ہ) ثالث بننا۔ ذمہ لینا۔ ضامن ہونا۔ بیچ ہونا۔ کسی کا کفیل بننا۔ ذمہ دار ہونا۔

بیچا (ہ/مذ) ہوّا۔ بیجا۔ بچوں کے ڈرانے کے لیے ایک فرضی نام۔

بیچا (ہ/مذ) فروخت شدہ۔ بیچنے والا۔ بیچو۔ فروخت کیا ہوا۔ بیع کر دیا۔

بیچک (ہ/مذ) وہ فہرست جس میں مال کی قیمت خرید تعداد اور خرچہ وغیرہ بالتفصیل درج ہو۔ مال کی فرد۔ چالان۔ سرمایہ۔ اصل زر۔ اسباب کی گٹھڑی پر لگنے کا ٹکٹ یا چٹ۔ نشان۔ علامت۔ سودا۔ معاملہ۔

بیچک بننا۔ یا۔ بیچک دکھانا (ہ) سودا بننا۔ فہرست تیار ہونا۔ معاملہ درست ہونا۔

بیچک پٹنا (ہ) فہرست پُر ہونا۔ فرد کا بھرا جانا۔ حساب کی فہرست تیار ہونا۔

بیچوں بیچ (ہ) تابع۔ ٹھیک بیچ۔ بالکل وسط۔ مرکز۔ عین درمیان میں۔

بیچنا (ہ) فروخت کرنا۔ بیع کرنا۔ کسی چیز کو قیمتاً دینا۔

بیچو (ہ/مذ) فروخت کرنے والا۔ فروشندہ۔ بائع۔

بیخ (ف/مث) جڑ۔ بُنیاد۔ اصل مول۔ حسب نسب۔ سلسلہ۔ خاندان۔

بیخ بنیاد (ف/مث) جڑ۔ بُنیاد۔ اصل نسل۔ خاندانی سلسلہ۔

بیخ کن (ف/صف فاعل) تباہ کرنے والا۔ برباد کرنے والا۔ قاضی۔ شحنہ یعنی مجرموں کو تباہ کرنے والا چور۔

بیخ کنی کرنا (ف) جڑ اکھاڑنا۔ جڑ کھودنا۔ قطع نسل کرنا۔ نیست و نابود کرنا۔ ستیاناس کرنا۔ تباہ کر دینا۔

بید (ہ/مذ) ہندی طبیب۔ معالج۔ چارہ گر۔

بید (ف/مذ) ایک قسم کا درخت جس کی شاخوں میں بہت لچک ہوتی ہے سترہ قسم کا بتاتے ہیں۔ بیت۔ لچک دار چیز۔

بید باف (ف/صف فاعل) بید کا کام کرنے والا۔ بید کی ٹوکریاں اور کرسیاں بنانے والا۔

بید کی طرح کانپنا } بید سا کانپنا (ہ) خوف اور ڈر کے مارے بید کی طرح لرزنا۔ ڈر سے اس طرح ہل جانا جیسے ہوا سے بید۔

بید مجنوں (ف/مذ) ایک قسم کا بید جس کی شاخیں نہایت جُھکی اور مُرجھائی ہوئی ہوتی ہیں۔ اسی وجہ سے یہ نام پڑ گیا ہے۔ اسے بے ثمر بتاتے ہیں۔

بید مشک (ف/مذ) ایک قسم کا درخت جس کے سبزی اور سیاہی مائل زرد پھولوں سے نہایت خوشبودار اور مفرح دل عرق کھینچتے ہیں۔ یہ پھول پتوں سے پہلے ہی کھل چکتے ہیں۔ مزاجاً سرد ہوتا ہے۔

بید (س/مذ) (اصل وید) ہندوؤں کی پُرانی مقدس اور آسمانی کتابیں۔ یہ تعداد میں چار ہیں۔ رِگ۔ بید۔ شام وید۔ یجر وید۔ اتھرو وید۔

بیدا (ہ/مذ) بلوہ۔ غدر۔ فساد۔ شور و شر۔ افلاس۔ غُربت۔ ناداری۔

بیدا (ع/مذ) دشت۔ جنگل۔ صحرا۔ بیابان۔

بیداد (ف/مث) بے انصاف۔ ظالم۔ بے انصافی۔ ظلم و ستم۔ جور و جفا۔ جبر و سختی۔ وہ بات جو انصاف کے خلاف ہو۔

بیدار (ف) جاگتا۔ ہوشیار۔ خوابیدہ کے خلاف۔ چوکنا۔

بیدار بخت (ف) خوش اقبال۔ نصیبے والا۔ خوش قسمت۔

بیدار دل (ف) ہوشیار۔ چوکنا۔ صاحبدل۔ حاضر طبع۔

بیدار مغز (ف) عالی دماغ۔ عقل مند۔ زود فہم۔ بڑے دماغ کا۔

بیداری (ف/مث) جاگ۔ ہوشیاری۔ جگن۔ خواب کی ضد۔

بیدانتی (ہ) بیدانت یعنی علم توحید جاننے والا۔ مُوحّد۔

بیدائی (ہ/مث) طب۔ چارہ گری۔ علاج معالجہ۔

بیدک (ہ/مث) علم طب۔ ہندی طریق علاج۔ طبابت۔ حکمت۔ ڈاکٹری۔

بیدن ۔ یا ۔ بیدنا (ہ/ مث) تکلیف ۔ پیڑ ۔ درد ۔ دُکھ ۔ مصیبت ۔ بلا ۔ آفت ۔
بیدھ (ہ/ مذ) سوراخ ۔ چھید ۔
بیدید (ف) ناملنسار ۔ بے مروّت ۔ بے وفا ۔ طوطا چشم ۔
بیر (ہ) سُورما ۔ بہادر ۔ مَن چلا ۔ دل چلا ۔ دلیر ۔ دلاور ۔ جنگجو ۔ پہلوان ۔ بھائی برادر ۔ مؤکل ۔ ہمزاد ۔ جنّ ۔
بیر بٹھانا } بیر دوڑانا } (ہ) جادو کرنا ۔ جنّ کو کسی پر مقرر کرنا ۔
بیربل ۔ یا ۔ بیر برُ (ہ/ مذ) (لغوی) زردرکا ور ۔ پہلوان (اصطلاحی) راجہ مہیش داس جو اکبری نورتن میں سے تھا ۔
بیر (ہ/ مذ) کنار ۔ ایک قسم کا پھل ۔ یہ دو قسم کا ہوتا ہے جنگلی اور پیوندی ۔ بار ۔ دفعہ ۔ نوبت ۔ وقفہ ۔ دیر ۔ ڈھیل ۔ توقف ۔ تأمل ۔
بیر بیر (ہ) بار بار ۔ ہر دفعہ ۔ اکثر ۔
بیر گٹھلی سب ہضم (ہ/ محاورہ) جائز ناجائز سبھی ہضم ۔ سب کچھ کھالیا ۔
بیئر (انگریزی/ مث) جَو کی بنی ہوئی انگریزی شراب جس میں نشہ کم ہوتا ہے ۔
بَیر (ہ) دشمنی ۔ عداوت ۔ بغض ۔ عناد ۔ کینہ ۔ مخالفت ۔ بدلہ ۔ انتقام ۔
بَیر باندھنا (ہ) دشمنی کرنا ۔ عداوت کو تیار رہنا ۔ ضد باندھنا ۔
بیر بساہنا (ہ) دشمنی خریدنا ۔ مخالفت کرنا ۔ بغض نکالنا ۔ عداوت کا بدلہ لینا ۔ کینہ کشی کرنا ۔ ضد باندھنا ۔ دشمنی کرنا ۔
بَیر پڑنا (ہ) عداوت کرنا ۔ اَن بن ہونا ۔ ناچاقی ہونا ۔ دشمنی پہ آمادہ ہونا ۔
بَیر لینا } بَیر نکالنا } (ہ) بدلہ لینا ۔ انتقام لینا ۔ کینہ کشی کرنا ۔ عوض لینا ۔ اپنی ضد پوری کر لینا ۔ دشمن سے بدلہ لے لینا ۔
بَیرا (انگریزی/ مذ) بیئرر کا بگڑا ہوا ۔ کپڑے پہنانے والا نوکر ۔ سردار ۔ چراغ بتی کرنے والا ملازم ۔ اوپر کے کام کا نوکر ۔
بیرا (ہ/ مذ) (گنوار) بھائی ۔ برادر ۔ عزیز ۔
بَیرا گھیری (ہ/ مث) دشمنی ۔ عداوت ۔ مخالفت (کھیری بیان تابع مہمل ہے)
بیراج (انگ/ مذ) بند ۔ پشتہ ۔ وہ بند یا پشتہ جو دریاؤں پر باندھ کر پانی کو جمع کرتے ہیں اور آبپاشی کرتے ہیں ۔
بیراگ (ہ/ مذ) جوگ ۔ فقر ۔ ریاضت ۔ نفس کشی ۔ لذاتِ نفسانی کو مارنا ۔
بَیراگ لینا (ہ) تارک الدّنیا ہونا ۔ جوگ لینا ۔ فقیری اختیار کرنا ۔
بَیراگا (ہ/ مذ) بیراگی فقیروں کے ٹیک لگا کر بیٹھنے کی ٹیڑھی چھوٹی سی لکڑی ۔ ظفر تکیہ ۔
بیراگن (ہ/ مث) بیراگی فقیر کی عورت ۔ جوگن ۔ فقیرنی ۔ وہ چھوٹی بانکی ٹیڑھی لکڑی جس پر فقیر لوگ تکیہ لگا کر مراقبہ کرتے یا بیٹھتے ہیں ۔ ظفر تکیہ ۔
بیراگی (ہ/ مذ) جوگی ۔ باخدا درویش ۔ نفس کُش فقیر ۔ مرتاض ۔

تارک الدنیا ۔ ہندو فقیروں کا ایک گروہ جس نے کام ۔ کرودھ ۔ موہ ۔ لوبھ ۔ اہنکار کو بالکل ترک کر دیا ہو ۔
بیر بہوٹی (ہ/ مث) ایک نہایت گہرے سُرخ رنگ اور مخمل سے نرم بدن والا مکڑی سے مشابہ چھوٹا سا کیڑا جو برسات میں زمین سے پیدا ہوجاتا ہے تشبیہاً نہایت سُرخ ۔ خونِ کبوتر ۔
بیرق (ت/ مذ) عَلَم ۔ فوج ۔ نشان ۔ جھنڈا ۔
بیرسٹر (انگ/ مذ) وہ وکیل جس نے وکالت کی ڈگری ولایت سے حاصل کی ہو ۔
بیرن (ہ/ مذ) بھائی ۔ برادر ۔ ماں جایا ۔ بیر ۔
بَیرن (ہ/ مث) دُشمن عورت ۔ بدخواہ عورت ۔ سوکن ۔ سَوت ۔
بیرنگ (ان) محصولدار ۔ وہ مال یا چٹھی جس کا محصول پہلے ادا نہ کیا گیا ہو ۔
بیروزہ (ف/ مذ) ایک قسم کا مادہ گوند سا جو چیڑ کی لکڑی سے نکلتا ہے اور گندہ بیروزہ کہلاتا ہے ۔
بیرومیٹر (انگ/ مذ) مقیاس الہوا ۔ باد پیما ۔ ہوا کا رُخ اور دباؤ معلوم کرنے کا آلہ ۔
بیرون (ف) باہر ۔ اندر کے خلاف ۔ سوا ۔ علاوہ ۔ بدون ۔
بیرونٹ (ان/ مذ) انگلستان میں نوابی خطاب ۔
بَیری (ہ/ مذ) دشمن ۔ بدخواہ ۔ مخالف ۔ عدو ۔ ایک شکاری پرندہ ۔ جو کبوتروں کا شکار کرتا ہے ۔ بہری ۔
بیری (ہ/ مث) بیر کا درخت ۔ کنار ۔ بار ۔ دفعہ ۔
بیڑ (ہ/ مث) احاطہ ۔ باڑھ ۔ حد ۔ وہ درخت جو اُگنے کی جگہ سے ہٹا کر دوسری جگہ لگاتے ہیں ۔
بیڑ بندی کرنا (ہ/ محاورہ) کھیت کے گرد باڑھ لگانا ۔
بیڑا (ہ/ مذ) سُوت یا سَن کا موٹا رسہ جو بوجھ باندھنے یا سہاگہ پھیرنے کے کام آتا ہے ۔
بیڑا (ہ/ مذ) کشتی ۔ ناؤ ۔ سفینہ ۔ بانسوں یا لکڑیوں کا گٹھڑ جس کے ذریعے سے دریا سے پار اترتے ہیں ۔ گھڑناؤ ۔ چوگھڑا ۔ کئی جہازوں اور کشتیوں کا سلسلہ ۔ جہازوں کا مجمع ۔ فوجی آدمیوں کا جتھا ۔ فوج کا جتھا ۔ منڈلی ۔ گروہ ۔ طائفہ ۔ احاطہ ۔ صحن ۔ آنگن ۔ کنبہ ۔ قبیلہ ۔ جیسے وہ بڑے بیڑے کا آدمی ہے ۔ موٹا رسہ جو گاڑیوں کے بارکش یا جھولا جھولنے کے لیے تیار ہوتا ہے ۔
بیڑا باندھنا (ہ) بہت سے آدمیوں کو جمع کر لینا ۔ لانگا ٹبر جمع کر لینا ۔ لکڑیوں کے گندوں کو دریا کے راستے کسی مقام پہ لے جانے کے لیے اکٹھا کرنا ۔
بیڑا پار کرنا ۔ یا ۔ لگانا (ہ) کشتی یا جہاز کو سلامتی سے اور بخیر و عافیت پار اتارنا ۔ مشکل آسان ہونا ۔ مدد کرنا ۔ مُراد بر لانا ۔ اُمید پوری کرنا ۔ مصیبت میں کام آنا ۔
بیڑا پار ہونا (ہ) جہاز یا کشتی وغیرہ کا بسلامت منزلِ مقصود پر پہنچ جانا ۔ مُراد بر آنا ۔ مشکل آسان ہونا ۔ مُراد پالینا ۔ خاتمہ ہونا ۔ کام تمام ہونا ۔ انجام کو پہنچ جانا ۔

بیڑا (ہ/مذ) پان کی گلوری - کتھا - چونا - چھالیہ پڑا ہوا پان - بنا ہوا پان - تلوار کا میان اور قبضہ باندھنے کا فیتہ اور ڈورا وغیرہ -

بیڑا اُٹھانا (ہ) ذمہ لینا - عہد کرنا - عزم بالجزم کرنا - آمادہ ہونا - کسی مشکل کام کے انجام کو اپنے ذمے لینا -

اگلے زمانے کے راجاؤں کا دستور تھا کہ جب کوئی مشکل کام پیش آتا تو اپنے تمام سرداروں کو جمع کر کے اول کام کی حالت اور حقیقت سُناتے - پھر خاصدان میں پان کی گلوری رکھ کر سب کے سامنے پھراتے - جو شخص اس پان کو اُٹھا کر کھا لیتا وہ گویا اس کام کا ذمہ دار بن جاتا - اسی وجہ سے بیڑا اُٹھانا یا بیڑا اُٹھا لنا محاورہ بن گیا ہے -

بیڑا چھوٹنا (ہ/محاورہ) بیڑے کا کامیابی سے رواں ہونا -

بیڑا ڈوبنا (ہ/محاورہ) بیڑا غرق ہونا - کشتیاں ڈوبنا - کام بگڑنا - تباہ ہونا -

بیڑا کھلانا (ہ) پان کھلانا - نسبت کرنا - منگنی کرنا - نسبت قرار پانے کے وقت سمدھیانے کی عورتیں باہم قرار دینے کے لیے رسمًا پان دیتی ہے -

بیڑی (ہ/مث) زنجیر پا - سلسلۂ پا - لوہے کی وہ زنجیر جو قیدیوں اور مجرموں کے پاؤں میں ڈالتے ہیں - منت کا ڈورا یا چاندی کی منت زنجیر جو بچوں کے گلے میں پہناتے ہیں - سونے چاندی کے تاروں کی گچھی - چمڑے کا ڈول یا لکڑی کی تختیوں کا ٹوکرا سا جس سے اُونچے کھیتوں میں پانی پہنچاتے ہیں - کشتی - تعلقات - زن - فرزند - عیال و اطفال -

بیڑی پڑنا (ہ) قید ہونا - پابند ہونا - بال بچوں میں گرفتار ہونا - آزاد نہ رہنا - نکاح ہونا - شادی ہونا -

بیڑی پہنانا - یا - ڈالنا (ہ) قید کرنا - منت کا طوق ڈالنا -

بیڑی کٹنا (ہ) آزاد ہونا - قید سے رہائی پانا - قطع تعلق ہونا -

بیڑی (ہ/مث) تمباکو کی بتی - دیسی سگرٹ - دیسی تمباکو کو لپیٹ کر اُوپر کاغذ یا ڈھاک یا پتہ لگا کر بتیاں سی بنا لیتے ہیں اور سگرٹ کی طرح پیتے ہیں -

بیزار (ف) ناراض - متنفر - رنجیدہ - کراہت کرنے والا - خفا - ناخوش -

بیس (ہ) دس اور دس - بیست - ۲۰ - 20 -

بیس باہو (ہ/مذ) بیس بازوؤں والا - راون کا لقب -

بیس بسوے (ہ) (لغوی) ایک بیگھہ (اصطلاحی) تمام - کل - کلہم - غالبًا - یقینًا - بالضرور - تمام - گاؤں - ساری زمین - کل فصل - جیت - فتح جیسے زبردست کے بسوے ہیں -

بیس راہ لگا دینا (ہ/محاورہ) مختلف کاموں میں خرچ کر ڈالنا -

بیس ہنڈیوں کا مزہ چکھنا (ہ/محاورہ) بہت جگہ نوکری کرنا - بہت عورتوں کے ساتھ شادی کرنا یا تعلقات ناجائز رکھنا -

بیسیا (ہ/مذ) پورے بیس ناخنوں والا کتا -

بیساکھ (ہ/مذ) سمت بکرمی کا پہلا مہینہ - ۱۵ اپریل سے ۱۵ مئی تک -

بیساکھی (ہ/مث) اپاہجوں کا عصا - چھپر کے نیچے کا ستون - بڑی ہڑ - بیساکھ کے مہینے کی پیداوار - بیساکھی کی پہلی تاریخ کا تہوار -

بیسر (ہ/مث) ناک میں پہننے کی چھوٹی سی تتھنی -

بیسرا (ہ) بے تالا - وہ گویا جو سُر تال کا خیال نہ رکھے -

بیسن (ہ/مذ) چنے کی دال کا آٹا -

بیسوا (ہ/مث) کسبی - فاحشہ - پاتر - بازاری عورت -

بیش - یا - ویش (ہ/مذ) ہندوؤں کے برنوں میں سے تیسرا برن - تجارت کرنے والا - تاجر - بنیا - بقال - مہاجن -

بیش (ف) زیادہ - افزوں - فاضل - بہتر - عمدہ - افضل -

بیش بہا | بیش قیمت (ف) بڑی قیمت کا - بھاری مول کا - بڑھیا - عمدہ - نفیس -

بیش تر (ف) زیادہ تر - اکثر - عمومًا - بارہا -

بیشہ (ف/مذ) جنگل - اُجاڑ - ویران - بیابان -

بیشی (ف/مث) زیادتی - بڑھوتری - افزونی - نفع - سود -

بیضوی (ع) انڈے کی شکل کا - آفتابی کے خلاف - انڈے کی طرح لمبوتری گولائی والا - بادامی ڈول کا -

بیضہ (ع/مذ) انڈا - خصیہ - فوطہ -

بیضۂ آتشیں (ع/ف/مذ) سورج -

بیطار (ع/مذ) سلوتری - مویشیوں اور گھوڑوں کا ڈاکٹر - جانوروں کا طبیب -

بیع (ع/مث) فروخت - بکری -

بیع بالوفا (ع/مث) شرطی رہن - جس میں اگر میعاد مقررہ پر روپیہ ادا نہ ہو تو وہ شے آڑ گئی ہو جائے - شرطی رہن کی میعاد کا پورا ہو جانا -

بیع شرطی (ع/مث) کچی بکری - وہ بیع جو کسی شرط سے وابستہ ہو - شرط پوری ہو جائے تو بیع جائز، ورنہ بیع فسخ -

بیع سلطانی (ع/مث) وہ بیع جو بادشاہ یا حاکم کے حکم سے ہو - خواہ بذریعہ نیلام کے - خواہ ایک شخص کے نام بذریعہ فرمان -

بیع فاسد (ع/مث) وہ بکری جو قانونًا ناجائز ہو -

بیع قطعی (ع/مث) کمل بیع - فروخت کامل - پکی بکری - بیع مطلق -

بیع ناقص (ع/مث) وہ بیع جس کے قبضے کا اجرا ملتوی رہے - نامکمل بیع -

بیعنامہ (عف/مذ) قبالہ۔ تمسک۔ فروخت کی دستاویز۔
بیع و شرا (ع/مث) خرید و فروخت۔ لینا اور بیچنا۔
بیعانہ (عف/مذ) سائی۔ وہ روپیہ جو سودا پکا کرنے کے لیے کل قیمت ادا کرنے سے پہلے بیچنے والے کو دیا جاتا ہے۔ اور بعد میں کل قیمت دیتے وقت حساب میں وضع کر لیا جاتا ہے۔
بیعت (ع/مث) عہد باندھنا۔ مُرید بننا۔ چیلا ہونا۔ اطاعت اور فرمانبرداری کا عہد کرنا۔
بیعت طلب کرنا (ا/مص) اطاعت و فرمانبرداری چاہنا۔
بیعت لینا (ا/مص) فرمانبرداری کا عہد لینا۔
بیک کرشمہ دو کار (ف/شل) ایک تدبیر سے دو کام۔ ایک پنتھ دو کاج۔
بیکر (انگریزی/مذ) نانبائی۔ روٹی پکانے والا۔
بیکر (انگریزی/مذ) سائنس کے تجربے کے لیے شیشے کا ہلکا گلاس جس میں پانی یا تیزاب وغیرہ تھوڑی مقدار میں پاس رکھ لیتے ہیں۔ چونچ والا گلاس۔
بیکنٹھ (س) سُرگ۔ بہشت۔ جنت۔ فردوس۔ جناں۔
بیکنٹھ باشی (ہ) سُرگباشی۔ مرحوم۔ مغفور۔
بیگ (ت/مذ) سردار۔ شہزادہ۔ میرزا۔ مغلوں کا ایک خطابی نام جو ان کے ناموں کے آخر میں لگایا جاتا ہے۔
بیگ (ہ) جلد۔ سُرعت۔ جھٹ پٹ۔ فوراً۔ پھُرتی سے۔
بیگ (انگریزی/مذ) تھیلا۔ بوری۔ ریل وغیرہ کے مسافروں کا کپڑا لتا رکھنے کا تھیلا۔
بیگار (ف/مث) بے مزدوری کام۔ سخرہ۔ کر۔ جبر۔ بے دلی کا کام۔ حاکمانہ کام۔
بیگاری (ف) بیگار میں کام کرنے والا۔ بے اُجرت۔ حاکمانہ طور پہ بلایا ہوا مزدور۔
بیگاری۔ یا۔ بیگار کا کام (ا) بے دلی کا کام۔ مُفت کام۔ بارِ خاطر۔
بیگانگی (ف/مث) غیر ہونا۔ اجنبیت۔ ناواقفیت۔ مغایرت۔
بیگانہ (ف) غیر۔ اجنبی۔ ناواقف۔ پرایا۔ دُوسرے کا۔ یگانہ کی ضد۔
بیگانہ وار (ف) غیروں کی طرح۔ اجنبیوں کی مانند۔
بیگم (ت/مث) ملکہ۔ خاتون۔ شہزادی۔ امیرزادی۔ لیڈی۔ نواب زادی۔
بیگماں (ا/مث) بیگم کی تصغیر۔ چھوٹی بیگم۔ کم عمر بیگم۔
بیگمی (ا) بیگموں کے لائق۔ عمدہ اور نفیس چاولوں کی ایک قسم۔ ایک طرح کے کافوری عمدہ پان۔ ایک خاص قسم کا کلین پنیر۔
بیگہ۔ یا۔ بیگھہ (ہ/مذ) زمین کی پیمائش ایک مقدار جو بیس بسوے یا چار کنال کے برابر ہوتی ہے۔
بَیل (ہ/مذ) گائے کا نر۔ نرگاؤ۔ ثور۔ ستور۔ احمق۔ بے وقوف۔

بیل بدھیا سا بچھے ادھیا (ہ/شل) دُوسرے کی مدد سے کام کرنے میں کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔
بیل نہ کوُدا کوُدی گوُن۔ یہ تماشا دیکھے کون (ہ/شل) یہ اس موقع پر بولتے ہیں جہاں کوئی شخص اُمید کے خلاف خواہ مخواہ دخل در معقولات دے۔
بیل (ہ/مث) لتا۔ لتر۔ وہ درخت جس کی شاخیں زمین پر پھیلتی یا کسی سہارے سے اُوپر چڑھتی ہیں۔ جیسے انگور۔ خربوزہ وغیرہ۔ ریشمی یا زری وغیرہ کا فیتا۔ کپڑے پر نکالے ہوئے گُل بوٹے۔ سڑک کی لکیر جسے داغ بیل کہتے ہیں۔ چنبیلی کی قسم کا ایک پھُول جسے رائے بیل بولتے ہیں۔ شادی وغیرہ کے موقع پر تصدّق۔ نچھاور۔ کشتی کھینے کا ڈانڈ۔ بانس۔ ایک درخت اور اُس کا پھل۔ سلسلہ۔ برتنوں وغیرہ کی اُوپر تلے لگی ہوئی قطار (دیپ) ٹینڈ۔ گنوں کے رس پکانے کے کڑا ہے۔ اہل و عیال۔ بال بچے۔ نسل۔ آل اولاد۔ بنس۔ خاندان۔ قد و قامت۔ ڈیل ڈول۔
بیل بٹا (ہ/مذ) (بیل بٹنا کا بگاڑ ہے) تصدّق۔ نثار۔ وہ انعام جو چندے کے طور پر شادی کے وقت اربابِ نشاط اور ڈومنیوں وغیرہ کو دیا جاتا ہے۔
بیل بڑھنا (ہ) بنس بڑھنا۔ نسل زیادہ ہونا۔ قد بڑھنا۔ قامت دراز ہونا۔
بیل بوٹا (ہ/مذ) نقش و نگار۔
بیل دینا (ہ) نچھاور کرنا۔ ڈومنیوں وغیرہ کو شادی کے موقع پر خیرات دینا۔
بیل منڈھے چڑھنا (ہ) شادی کا وقت آنا۔ کامیابی حاصل کرنا۔ خوشی نصیب ہونا۔ بامراد ہونا۔ کام بننا۔ سہرا بندھنے کا دن آنا۔ پروان چڑھنا۔
بیلا (ہ/مذ) بڑا کٹورا۔ چنبیلی کی قسم کا ایک درخت۔ سارنگی سے مشابہ ایک باجہ۔ دریا کے کنارے کا جنگل۔ شادی کے موقع پر خیرات۔ وقت۔ زمانہ۔ کشمکش۔ بکھیڑا۔
بیلا بٹنا (ہ) خیرات بٹنا۔ صدقہ تقسیم ہونا۔ خیر خیرات کا دیا جانا۔
بیلا بردار (ف/مذ) خیرات کے روپوں کی تھیلی لے کر چلنے والا۔
بیلچہ (ف/مذ) پھاوڑے کی طرح کا لمبے دستے والا ایک اوزار۔
بیلچہ کار (ف/مذ) وہ آدمی جو بیلچے کے ساتھ کھُدائی کا کام کرے۔
بیلدار (ف/مذ) بیلچے سے کام کرنے والا۔ وہ چیز جس پر بیل بوٹے یعنی نقش و نگار کا کام ہوا ہو۔ کھودنے کا کام کرنے والا۔
بیلک (ف/مذ) تیر کی اَنی۔ نوک یا سنان۔ بیلچہ۔
بیلن (ہ/مذ) محور۔ دُھرا۔ لوہے یا لکڑی کا وہ اوزار جس سے چکلے پر روٹی یا پوری بڑھاتے ہیں۔ لوہے یا پتھر کا وہ ڈھول جیسا اوزار جس سے سڑک ہموار کرتے یا چُونا پیستے ہیں۔ گنے پیل کر رس نکالنے کا اوزار۔ ارگن باجے کا گول تختہ۔
بیلنا (ہ) بیلن سے روٹی وغیرہ بڑھانا۔ کپاس میں سے رُوئی اور بنولے الگ الگ کرنا۔ کپاس اوٹنے کا آلہ۔ بیلن۔

بیلنس (انگریزی/مذ) ترازو۔ باقی۔ بقایا۔
بیلون (انگریزی/مذ) غبارہ۔ ہوائی جہاز۔ اُڑن کھٹولا۔
بیلہ (ف/مذ) دوآبہ۔ رودخانہ۔ دریا کے کنارے کا جنگل۔ ایک خوشبودار پھول جس سے پھلیل بنتا ہے۔ تھیلی۔ صندوقچہ۔
بیلی (ا/مذ) نگہبان۔ حافظ و ناصر۔ محافظ۔ مددگار۔ رکھوالا جیسے اللہ بیلی (پ) دوست۔
بیم (ف/مذ) خوف۔ اندیشہ۔ ڈر۔ دہشت۔ سہم۔ رُعب۔
بیمناک (ف/صف) ڈرپوک۔ بُزدل۔
بیمار (ف/مذ) (بیم اور آر سے مرکب ہے) علیل۔ دُکھی۔ مریض۔ روگی۔ عاشق۔ فریفتہ۔
بیمارپُرسی (ف/مث) بیمار کی خبر پوچھنا۔ عیادت۔
بیماردار (ف) بیمار کی خدمت اور اُس کے علاج میں کوشش کرنے والا۔ بیمار کا خبرگیر۔
بیمارداری (ف/مث) بیمار کی خبرگیری۔ بیمار کی خدمت کی ذمہ داری۔ تیمارداری۔
بیماری (ف/مث) روگ۔ دُکھ۔ مرض۔ علالت۔ آزار۔ عارضہ۔ ماندگی۔ علت۔ لت۔
بیماری سے اُٹھنا (ا/محاورہ) بیماری سے صحت پانا۔
بیمار کی تکلیف بیمار جانے (ا/مقولہ) تندرست کو کیا خبر جس پر مصیبت پڑی ہو اسی کو ہی تکلیف ہوتی ہے۔ دُوسرے کو کیا خبر۔
بیمہ (ف/مذ) بیم اور ہائے نسبت سے مرکب ہے۔ اندیشہ نقصان کا ذمہ۔ ٹھیکہ۔ ضمانت۔ سوداگر لوگ جب مال یا نقدی کہیں بھیجتے ہیں تو اس مال وغیرہ کا ٹھیکہ کسی کمپنی یا ایک شخص سے کر لیتے ہیں۔ اور اُسے کچھ کمیشن ادا کرتے ہیں۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ کمپنی اس بات کی ضامن ہوتی ہے کہ مال تلف ہو جانے کی صورت میں وہ مال بھر دے گی۔ یہی اقرار بیمہ کہلاتا ہے۔ اسی طرح انسان کی زندگی اور سب قسم کی جائدادوں کا بھی بیمہ ہوتا ہے۔
بین (ہ/مث) باجا جو تونبے سے بنا ہوتا ہے اور مُنہ سے بجتا ہے۔
بین نواز (ا/مذ) بین بجانے والا۔
بَین (ہ/مذ) بکھان۔ نوحہ۔ مُردے کے اوصاف بیان کر کے خود رونا اور دُوسروں کو رُلانا۔ ماتمی راگ (گیتوں میں) قول۔ بچن۔ بول۔ بانی۔
بَین (ع/مذ) درمیان۔ بیچ۔ فاصلہ۔ فرق۔ فصل۔
بین الاقوامی (ع/مذ) مختلف قوموں کے درمیان۔
بین السطور (ع/مذ) سطروں کا درمیانی فاصلہ۔ سطروں کے بیچ کا فرق۔
بین بین (ع/صف) بیچوں بیچ۔ درمیان میں۔
بینا (ہ/مذ) جھومر کی قسم کا ماتھے پر پہننے کا ایک زیور۔ بھاجی جھبہ۔ بجرا۔

بینا (ف) دیکھنے والا۔ ناظر۔ عقل۔ ہوشیار۔ دُور اندیش۔
بینائی (ف/مث) آنکھ کی روشنی۔ بصارت۔ نظر۔ جوت۔ دانائی۔ ہوشیاری۔
بینا (ہ) چُننا۔ چُگنا۔ بٹورنا۔ سمیٹنا۔ جُدا جُدا کرنا۔ الگ کرنا۔
بَین بَین (ع) متوسط۔ بیچ کا۔ درمیانی۔ ملا جُلا۔ سمویا ہوا۔
بینچ (ان/مذ) مستطیل شکل کی بیٹھنے کی چوکی جو سٹول سے لمبی ہو۔ ججوں کے اجلاس کی نشست۔ ایک سے زیادہ جج۔ کچہری۔
بیندھنا (ہ) سوراخ کرنا۔ چھید کرنا۔ طعنے دینا۔ کچوکے دینا۔ گودنا۔
بینڈ (ان/مذ) گروہ۔ جماعت۔ جتھا۔ انگریزی باجے والوں کا گروہ۔
بینڈا (ہ/مث) سرکنڈوں یا نرسلوں کا گٹھا۔
بینڈا (ہ) ٹیڑھا۔ کج۔ ترچھا۔ آڑا۔ نہایت دشوار۔ بے ڈھب۔ ناشائستہ۔ اُجڈ۔ اکھڑ۔ دروازے کے پیچھے کی آڑی لکڑی جو دروازے کے نہ کھلنے کے لیے لگائی جاتی ہے۔
بینڈا (ہ/مذ) ایک برساتی کیڑا جو درختوں پر بڑے زور سے ٹیں ٹیں کرتا ہے۔
بینڈی (ہ/مث) بینڈا کی تانیث۔ ٹیڑھی۔ ترچھی۔ مشکل۔ اوکھی۔
بینڈی کھوپری کا (ہ) اُلٹی سمجھ کا۔ کج فہم۔
بینڈی (ہ/مث) بالوں کا جوڑا۔ بان یا سُتلی وغیرہ کی پیچی۔
بینڈیا (ہ/مذ) وہ تیسرا یا پانچواں بیل جو جوٹ کے آگے جُتا ہوتا ہے۔
بینک برن ۔ اسکاٹ لینڈ میں ہے۔ یہاں رابرٹ بروس نے ۱۳۱۴ء میں ایڈورڈ دوم کو شکست دی تھی۔
بینکر (انگریزی/مذ) خزانچی۔ مہاجن۔ صراف۔ روپے کا لین دین کرنے والا۔
بینگ (ہ/مذ) (پورب) مینڈک۔ غوک (پ) ڈڈو۔
بینگن (ہ/مذ) بادنجان۔ اُودے رنگ کی ایک ترکاری (پ) بتاؤں۔
بینندہ (ف/صف) بینا۔ صاحب بصیرت۔ دانش مند۔
بینی (ف/مث) ناک۔ وہ لمبی لکڑی جو بائیں کواڑ میں بدیں غرض لگاتے ہیں کہ دروازہ بند کرتے وقت دونوں کواڑ خوب مل جائیں اور جھری نہ رہے۔ کتاب کی جلد کا آگے کو بڑھا ہوا حصہ جو کتاب بند کرنے پر اُوپر آ جاتا ہے۔ تلوار کے قبضے کی جھنڈی جس میں تھنی پڑتی ہے۔
بینی پاک (ف/مذ) ناک پونچھنے کا رُومال۔
بینیٔ کوہ (ف/مذ) پہاڑ کی چوٹی۔ قلعہ کوہ۔ اونچی دھار۔
بیوپار (ہ/مذ) سوداگری۔ تجارت۔ لین دین۔ بنج۔
بیوپاری (ہ/مذ) سوداگر۔ تاجر۔ بنجارا۔ مہاجن۔

بیورا (ہ/مذ) خبر۔ پیغام۔ بات۔ حال احوال۔ پتا۔ نشان۔ بھید۔ مژدہ۔ بشارت۔ تفصیل۔ تشریح۔ روزنامچہ۔ چٹھا۔

بیوراکرنا (ا/ مصدر) اطلاع دینا۔ خبر دینا۔

بیوروکریسی (انگ/مث) اشرافیہ۔ ایک طرز حکومت۔

بیورے وار (ہ) بہ درجہ۔ مفصل۔ بیان وار۔ مشرح۔

بیوگ (ہ/مذ) بروگ۔ جُدائی۔ ہجر۔ مفارقت۔ علیحدگی۔ فراق۔

بیونت (ہ/مث) کاٹ چھانٹ۔ قطع۔ تراش۔ بُرید۔ کپڑے کا اندازہ۔ ناپ۔ ڈھب۔ موقع۔ تقسیم۔ حساب۔ پرت۔ کفایت شعاری کا طریقہ۔

بیونت پھیلنا} بیونت کھانا (ہ) حساب پھیلنا۔ اندازہ لگنا۔ پرت کھانا۔ اندازہ ٹھیک آنا۔

بیونتنا (ہ) قطع کرنا۔ کترنا۔ کپڑے کی کاٹ چھانٹ کرنا۔ آدمی کو لوٹنا۔ قتل کرنا۔ ٹکڑے کرنا۔

بیوہ (ف/مث) رانڈ۔ بدھوا۔ وہ عورت جس کا خاوند فوت ہو گیا ہو۔

بیوہار کی بات (ہ/مث) دستور کی بات۔ قاعدے کی بات۔ راہ کی بات۔ ٹھیک بات۔ صحیح بات۔ معاملے کی بات۔

بیوی (ا/مث) زن۔ جورو۔ استری۔ عورت۔ بانو۔ بیگم۔ شریف زادی۔ نیکوکار۔ پارسا عورت۔ بڑی بوڑھی۔ مالکہ۔ آقا۔ عروس۔ دُلہن۔ بہو۔ لُوا۔ بہن۔ تعظیماً حضرت فاطمہ زہرا سے مراد ہے۔

بیوی کی صحنک۔ یا۔ نیاز} بیوی کا دانہ۔ یا۔ کونڈا (ا) حضرت فاطمہ علیہا السلام کی فاتحہ۔ اس نیاز میں بڑی احتیاط برتی جاتی ہے۔ سہاگن۔ پارسا خاندانی عورتوں کے سوا اور کوئی عورت نہیں کھا سکتی۔ دوہا جو عورت بھی نہیں کھا سکتی۔ اس نیاز کو سیدانیوں کو کھلانا افضل سمجھا جاتا ہے۔

بیوی وارے باندی کھائے گھر کی بلا باہر نہ جائے (ا) مثل ہیں کسی کی بے حد تعریف کے موقع پہ بولتے ہیں۔ یعنی خیرات اور صدقہ تک بھی فقیر کو نہیں ملتا۔ بلکہ گھر ہی میں رہ جاتا ہے۔

بیہہ (س/مذ) سُوراخ۔ چھید۔ ناک یا کان کا سوراخ۔

بیہڑا (ہ) ناہموار اُونچی نیچی زمین۔ جرجر زمین۔ غاروں اور نالوں کھالوں والی زمین۔ بن۔ چراگاہ۔ جنگل۔ بیلہ۔

بیہودگی (ف/مث) (لغوی) بے فائدہ ہونا۔ عدم منفعت۔ خرابی۔ بے سلیقگی۔ پھوہڑپن۔ نادانی۔ حماقت۔ نالائقی۔ ناشائستگی۔ بے ڈھنگاپن۔

بیہودہ (ف) لغو۔ پوچ۔ باطل۔ ناحق۔ نادان۔ احمق۔ نالائق۔ ناشائستہ۔ آوارہ۔ سرگرداں۔

بیہودہ پھرنا (ا) آوارہ و سرگشتہ پھرنا۔

بیہودہ گوئی (ف/مث) ہرزہ سرائی۔ بک بک۔ بکواس۔ جھک جھک۔ فضول گوئی۔ لغو بکواس کرنا۔

بیوت (ع/مذ) گھر۔ یہ بیت کی جمع ہے۔

بیوتات (ع/مذ) بیت کی جمع الجمع۔ وہ شاہی محل جس میں بیگمات رہتی ہوں۔

٭

پ (ف/مث) اردو فارسی حروف تہجی کا تیسرا حرف ابجد کے حساب میں اس کے عدد "ب" کے برابر دو ہی گنے جاتے ہیں۔ ہندی میں یہ اکیسواں حرف ہے۔

پ - ا

پا (ف/مذ) پاؤں۔ پیر۔ قدم۔ نیچے۔ تحت۔ زیر۔ پائداری۔ مضبوطی۔ استقلال۔ قیام۔ جڑ۔ بنیاد۔ بیخ۔

پا افتادہ (ف/صف) بے کس۔ بے سہارا۔ عاجز۔

پا افزار (ف/مث) جوتی۔ کفش۔

پا انداز (ف/مذ) وہ فرش جو مکان کے دروازے پر پاؤں کی گرد صاف کرنے کے لیے بچھا دیتے ہیں۔

پا بر کاب (ف) جانے کو تیار۔

پابند (ف) مقید۔ پابستہ۔ رکا ہوا۔ خوگر۔ عادی۔ محتاج۔ گھوڑے کی پچھاڑی۔ نوکر۔ ملازم۔ مطیع۔ فرماں بردار۔ فرماں پذیر۔ تابع۔

پابند ہونا (ل) نوکر ہونا۔ فرمانبردار ہونا۔ مقید ہونا۔ عادی ہونا۔ خوگر ہونا۔ ذمہ دار ہونا۔ کسی کام کا ذمہ لینا۔

پابندی (ف/مث) روک۔ ملازمت۔ غلامی۔ قید۔ گرفتاری۔ استحکام۔ استقلال۔ لحاظ۔ خیال۔ دھیان۔ بیڑی۔ جیل۔ عادت۔

پابوس (ف) پاؤں چومنے والا۔ خوشامدی۔ تسلیم کرنے والا۔ (مث) قدم لینا۔ پاؤں پڑنا۔ پیر چومنا۔ پاؤں چھونا۔ بزرگوں کی ملاقات کرنا۔ پیروں کو ہاتھ لگانا۔ بڑوں کی تعظیم کرنا۔ جھکنا۔

پابوسی (ف/مث) قدم بوسی۔ بڑوں کی ملاقات۔ جھکنا۔ تسلیم کرنا۔

پا بہ جولاں / پا بہ زنجیر (ف) پاؤں بیڑی میں یعنی قیدی۔ بیڑیاں پہنے ہوئے۔ اسیر۔ مقید۔ محبوس۔ ناچار۔ مجبور۔ نوکر۔ غلام۔ خادم۔ بیاہا ہوا۔

پا پیادہ (ف) پیدل۔ پیروں۔ بے سواری۔

پاپ (س/مذ) گناہ۔ جرم۔ قصور۔ دوش۔ اوگن۔ اپرادھ۔ دکھ۔ عذاب۔ مصیبت۔ آفت۔ جنجال۔ جیسے جان کو پاپ لگنا۔ برائی۔ بدی۔ کھوٹ۔ خراب بات۔ ظلم و ستم۔ جبر و تعدی۔ جور و جفا۔

پاپ اُدے ہونا (ہ) کیا پانا۔ کرنی کا پھل ملنا۔ گناہوں کا بدلہ پانا۔

پاپ لیانا۔ یا۔ لیا ہنا (ہ) گناہ خریدنا۔ جنجال مول لینا۔ عذاب ذمے لینا۔

پاپ روپ (ہ/مذ) گناہ مجسم۔ بدصورت۔ گناہگار۔ ظالم۔ بے رحم۔ مہاپاپی۔

پاپ روگ (ہ/مذ) بد اعمالی سے پیدا ہونے والا مرض مثلاً آتشک وغیرہ۔

پاپ کا بیڑا بھر کر ڈوبتا ہے (مقولہ) ظالم آخر کار اپنے کیے کا پھل پاتا ہے۔

پاپ کاٹنا (ہ) جھگڑا طے کرنا۔ فیصلہ کر دینا۔ قضیہ چکانا۔ تعلق قطع کرنا۔ قرضہ ادا کرنا۔ نجات دینا۔ گناہ بخشنا۔ خطا معاف کرنا۔

پاپ کٹنا (ہ) جھگڑا چکنا۔ قضیہ دور ہونا۔ مصیبت ٹلنا۔ عذاب ہٹ جانا۔

پاپ کرنا (ہ/مص) زنا کرنا۔

پاپ کمانا (ہ/مص) برا کام کرنا۔ گناہ کرنا۔

پاپ ہرنا (ہ) گناہ دور کرنا۔ مکتی اور نجات دینا۔

پاپا (ف/مذ) باپ - والد - پدر - آبا - بابا (انگریزی) پوپ - پادری -

پاپاخ (ت/مث) وہ سیاہ رنگ کی لمبوتری ٹوپی جو سیاہ دُنبے کی کھال سے بنائی جاتی ہے -

پاپڑ (ہ/مذ) چنے یا مونگ یا ماش کے آٹے کی نہایت پتلی بیلن سے بیلی ہوئی چپاتی جو سینکنے یا تلنے سے نہایت کراری ہو جاتی ہے - پپڑی - روٹی سینکتے وقت اس کا اُبھار - پتلا - باریک - پان سا - کاغذ سا - سوکھا - خشک - کھڑنک - کمزور -

پاپڑ بیلنا - یا - پاپڑ پیٹنا (ہ) بیلن سے بیل کر پاپڑ بنانا - بہت محنت اور دقت سے بسر اوقات کرنا - مصیبت پیٹنا - افلاس اور تنگدستی میں گزران کرنا - نہایت مشقت کر کے بھی پیٹ پالنا - بہت جیلے بہانے کر کے روزی کمانا -

پاپن (ہ/مث) گنہگار عورت - خطاکار عورت - مجرمہ - ظالمہ -

پاپوش (ف/مث) جوتی - پیزار - کفش -

پاپوش سے (ل) بلا سے - جوتی سے - پیزار جانے - پروا نہیں -

پاپوش کے برابر نہ سمجھنا (ل) بہت حقیر سمجھنا - پرواہ نہ کرنا - ذرا خاطر میں نہ لانا -

پاپوش کی نوک سے (ل) بلا سے - پروا نہیں - جوتی سے -

پاپوش نہ مارنا (ل) کچھ نہ جاننا - حقیر سے بھی کم جاننا - ہیچ سمجھنا -

پاپی (ہ) گنہگار - عاصی - مجرم - خطاکار - دُشٹ - ہتیارا - ظالم - بے رحم - سنگدل - کرڑ - کنجوس - بخیل - مُمسک - خسیس -

پات (ہ/مذ) پتہ - برگ - ورق - ایک زیور جو کان میں پہنا جاتا ہے -

پاتابہ (ف/مذ) پاؤں کو گرمی سے بچانے والی شے - موزہ - جُراب چمڑے کا تلا جو جوتے کے اندر بے سلا ڈال لیتے ہیں - موزے کو محفوظ رکھنے والا کپڑے کا جوتا سا -

پاتال (ہ/مث) زمین کا سب سے نیچے کا حصہ - تحت الثریٰ -

پاتر (ہ/مث) رنڈی - کسبی - کنچنی - بیسوا - نازک - پتلا - دُبلا - چھریرا -

پاتر (س/مذ) جام - کٹورا - ظرف - برتن - باسن - بھانڈا - لائق - اہل -

پاترتا (ہ/مث) پاک دامن - باعصمت - نیک - پارسا عورت -

پاترتا کو گزی نہیں اور بیسوا اوڑھے خاصا (ار/مثل) نیک عورت کو پہننے کو کھدر بھی نہیں ملتا مگر بدکار قیمتی لباس پہنتی ہے -

پاتک (س/مذ) پاپ - گناہ - دوش - گوکھ - مُردنی کے باعث جو ناپاکی میت والوں کے ہاں کچھ دنوں تک تصور کی جاتی ہے - اسے پاتک کہتے ہیں اور زچہ خانے کی ناپاکی کو سوتک بولتے ہیں -

پاتلہ (ف/مذ) مُنہ کھلی دیگ - پتیلا -

پاتن (ہ/مث) جوتی - پاپوش - کفش - خزاں - پت جھڑ - زوال - آخر -

پاتھا (ہ/مذ) ہل کا وہ حصہ جس میں پھالی لگاتے ہیں اور جس سے شگاف زمین چوڑا ہوتا چلا جاتا ہے -

پاتھنا (ہ) تھاپنا - اُپلے بنانا - اینٹوں وغیرہ کو سانچے میں ڈھالنا -

پاتی (ہ/مث) چٹھی - پتری - رُقعہ - خط - پیغام - پیام - سندیسا - پتہ - نشان - کھوج - سُراغ -

پاٹ (ہ/مذ) دریا اور کپڑے کی چوڑائی - عرض - چوڑان - چکی کا ایک پتھر - تخت - مسند حکومت - جیسے راج پاٹ - دھوبیوں کے کپڑے دھونے کا پتھر یا پٹڑا - کولھو یا بیلن کی وہ لکڑی جس پر بیل ہانکنے والا بیٹھتا ہے - کنوئیں کے دہانے کا کٹہرا - ریشم - پٹڑا - چوکی کا تختہ - الاپ - اُونچا سُر - رسیلی اور اُونچی آواز جیسے پاٹ دار آواز -

پاٹ (ہ سند/مذ) پارٹ - حصہ - حمایت - طرفداری - باب - مقالہ - فصل -

پاٹ (انگریزی/مذ) ظرف - برتن -

پاٹنا (ہ) ڈھانکنا - چھ... ڈالنا - ڈھانپنا - گڑھے وغیرہ کو بھرنا - پُر کرنا - ڈھیر لگانا - ریل پیل کرنا - مالا مال کرنا - سینچنا - پانی دینا - سیراب کرنا - کڑیاں رکھنا - چھت یا پُل پر تختے پھیلانا - مٹی ڈالنا -

پاٹھ شالا (ہ/مث) ابتدائی تعلیم کا مدرسہ - سکول - مکتب -

پاٹھا (ہ/مذ) جوان ہاتھی - ہاتھی کا نر بچہ - ہر جوان جانور - خوب جوان آدمی - بیل - پہلوان -

پاٹھک (ہ/مذ) مُعلم - متعلم - مدرس - ٹیچر - واعظ - اُپدیشک - برہمنوں کا ایک فرقہ -

پاجامہ - یا - پائجامہ (ف/مذ) شلوار - شرعی - زیر جامہ - ازار -

پا جانا (ار/مص) سمجھ لینا - حاصل کر لینا - بھگتنا -

پاجی (ف) کمینہ - رذیل - فرومایہ - سفلہ - بدذات - بدمعاش - لچا - شہدا -

پاجی پن (ار/مذ) کمینگی - رذالت - سفلہ پن - شرارت - بدذاتی -

پاجی مزاج (ف) اوچھا - کمینی عادت والا - کم ظرف - سفلہ مزاج -

پاچال (ف/مث) جلاہے کی کارگاہ یا کھڈی -

پاچک (ہ) ہاضم دوا - چورن - ہضم کرنے والی چیز - باورچی - رسوئیا -

پاچلہ (ف/مث) جراب -

پاچن (ہ/مث) ہاضم - ہضم کرنے والی چیز (مذ) چورن -

پاچناری (ف) خدمتگار - کمینہ -

پاچھی (ہ/مث) دولتی -

پاچھی کرنا (ار/مص) پوست کے ڈوڈے کو افیون حاصل کرنے کے لیے گودنا - دولتی مارنا -

پاچھی مارنا (ار/مص) دولتی مارنا -

پاخانہ (ف) جائے ضرور۔ ٹٹی۔ بیت الخلاء۔ براز۔ گوہ۔ گندگی۔ فضلہ۔

پاد (ہ/مذ) گوز۔ پھسکی۔ ریح۔ باؤ۔ ہوا۔ بادشکم۔

پاد اُڑانا (ار/محاورہ) گوز مارنا۔ ریاح خارج کرنا۔

پاداپوٹ (ہ) نازک۔ ناتواں۔ نحیف۔ کمزور۔

پاداشن (ف/مث) بدلہ۔ عوض۔ نتیجہ۔ صلہ۔ معاوضہ۔ سزا۔ تعزیر۔

پادری (پُرتگال) عیسائیوں کا پیشوا۔ اُسقف۔ واعظ (طنزاً) عیسائی کرسٹان۔ کرسچن۔

پادشاہ (ف/مذ) سلطان۔ قیصر۔ بادشاہ۔ فرمانروا۔

پادشاہ سلامت (ف) خدا بادشاہ کو سلامت رکھے۔

پادشاہزادہ (ف/مذ) راجکمار۔ شہزادہ۔ بادشاہ کا بیٹا۔ شاہی نسل کا۔

پادنا (ہ) گوز مارنا۔ ہمت ہارنا۔ ہار ماننا۔ چیں بولنا۔

پادنک (ف/مث) دھان کوٹنے کی اوکھلی۔

پادے کوئی پیٹے بھٹیاری والا (ار) مثل۔ خطا کسی کی ہو اور سزا کسی غریب کو ملے۔

پار (ہ/مذ) وار کی ضد۔ پرلا کنارا۔ پرلا سرا۔ دریا کے اُس طرف۔ اخیر۔ انجام۔ اور چھور۔

پار (ف) پچھلا سال۔

پار اُتارنا (ہ) دُوسرے کنارے پر پہنچانا۔ دریا سے عبور کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔ مار ڈالنا۔ کام تمام کرنا۔

پار اُترنا (ہ) دریا کے اُس کنارے جانا۔ نجات ہونا۔ خاتمہ بالخیر ہونا۔ کامیاب ہونا۔ مر مٹنا۔

پار بسانا (ہ) طاقت رکھنا۔ مقدور ہونا۔ بس چلنا۔ قابو پانا۔ زور چڑھنا۔

پار لگانا (ہ) دریا کے پرلے کنارے پر پہنچانا۔ (دیکھو پار اُتارنا)

پارا (ہ/مذ) ایک سفید مائع وزنی دھات۔ سیماب۔ وزنی۔ بوجھل۔ بھاری۔ بے قرار۔ بے چین۔ مضطرب۔

پارا پلانا (ہ) کسی میں پارہ بھرنا۔ بوجھل کرنا۔ وزنی کرنا۔ ثقیل بنانا۔

پارچہ (ف/مذ) کپڑا۔ لباس۔ پوشاک۔ بستر۔ پارہ۔ ٹکڑا۔ پھانک۔ تھان۔ گھاٹ۔ بکھٹ۔ ایک ریشمی کپڑا۔ جیسے خلعت چار پارچہ۔

پارٹ (انگریزی/مذ) ٹکڑا۔ حصّہ۔ ادھیائے۔ باب۔ فصل۔ مقدر۔

پارس (ہ/مذ) ایک قسم کا پتھر جس کی نسبت مشہور ہے کہ اس کے چھو جانے سے لوہا سونا ہو جاتا ہے۔ اکسیر۔ تندرست۔ اُم۔ یعنی غیر فانی۔ نفیس اور عمدہ مٹھائی۔ داتا۔

پارس (ف) ایران۔ فارس۔

پارسا (ف) متقی۔ پرہیزگار۔ صالح۔ نیک۔ پاکباز۔ جنتی۔ درویش۔ عارف۔ باخدا۔ زاہد۔ پاک دامن۔

پارسائی (ف/مث) اتقا۔ تقویٰ۔ پرہیزگاری۔ عفت۔ پاکدامنی۔

پارسی (ف/مذ) پارس کا رہنے والا۔ آتش پرست۔ مجوسی۔ گبر۔ ایک قوم جو زردشت کی پیرو ہے (مث) فارسی زبان۔

پارکھی (ہ/مذ) پرکھنے والا۔ پرکھیا۔ جوہر شناس۔ کھرا کھوٹا جانچنے والا۔

پارلیمنٹ (انگریزی/مث) جماعت شوریٰ۔ مجلس مشورہ۔ صلاح کار دول کی سوسائٹی۔ سب سے اعلیٰ کونسل۔ برطانیہ عظمیٰ کے واضعین قوانین کی بڑی مجلس جس میں عام رعایا کے مختار اور دین و ملّت کے ارکان شامل ہوتے ہیں۔ موجدان قواعد۔ ضابطہ اور قاعدہ بنانے والے۔

پارنا (ہ/مص) چراغ کی لو پر کوئی برتن رکھ کر دھواں جمع کرنا۔ کاجل بنانا۔ تکمیل کرنا۔ مکمل کرنا۔

پارہ (ف/مذ) حصّہ۔ ٹکڑا۔ ریزہ۔ پرچہ۔ پُرزہ۔ لوہے کا گُرز۔ شکر پارہ۔

پارہ پارہ کرنا (ہ) ریزہ ریزہ کرنا۔ دھجیاں اُڑانا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ پرخچے اُڑانا۔

پارہ جگر (ف/مذ) کلیجے کا ٹکڑا۔ مجازاً نہایت عزیز۔ بیٹا۔

پارہ دوز (ف) ٹکڑوں کو جوڑنے والا۔ کترنوں کو سینے والا۔ پیوند لگانے والا۔ درزی۔ موچی۔

پارہ کار (ف) لچا۔ شوخ۔

پارے کا کافور (ار/مذ) پارے کا کُشتہ۔

پارے کی دیوار (ہ/مث) صرف پتھروں کی دیوار جس میں گارا اور چونا لگا ہو۔

پاڑ (ہ/مث) ٹانڈ۔ مچان۔ معماروں کے بیٹھ کر کام کرنے کی بانسوں کی ٹھاٹھری۔ کنویں کا کٹکر۔ پھانسی کا تختہ۔

پاڑھا (ہ/مذ) ہرن کی قسم کا ایک جنگلی جانور جسے شکار کر کے کھاتے ہیں۔

پازیب (ف/مث) پاؤں میں پہننے کا ایک زیور۔

پاس (ف/مذ) حفاظت۔ نگہبانی۔ لحاظ۔ خیال۔ باعث۔ وجہ۔ سبب۔ طرف داری۔ پہرہ۔ چوکی۔ پہر۔ تین گھنٹے کا وقت۔

پاس کرنا (ار) رعایت کرنا۔ لحاظ کرنا۔ طرفداری کرنا۔

پاس (انگریزی/مذ) کامیاب۔ فیل کے خلاف۔ اجازت کا پروانہ۔ راہداری کا ٹکٹ۔ اجازت نامہ۔ گزرنا۔

پاس بک (انگریزی/مث) بہی۔ حساب کی کتاب۔ بینک کے لین دین کی کتاب۔

پاسِ خاطر (فع/مرکب اضافی) لحاظ۔ رعایت۔ خاطر داشت۔

پاس کرنا (ار) عبور کرنا۔ طے کرنا۔ گزرنا۔ ترقی کرنا۔ منظور کرنا۔ پسند کرنا۔ خیال اور ادب کرنا۔ طرفداری کرنا۔ بیچ کرنا۔ دیکھ بھال کرنا۔ اجازت دینا۔ روانگی دینا۔ چھوڑنا۔ نظرانداز کرنا۔ فروگزاشت کرنا۔

پاس ہونا (ار) کامیاب ہونا۔ امتحان میں پُورا اُترنا۔

پاس (ہ) قریب - نزدیک - ورے - قابو میں - قبضے میں - ملکیت میں - مصرف میں -

پاس پاس (ہ) قریب قریب - تقریباً - برابر برابر - قطار میں - مسلسل - مل کر - ہمسائے ہیں - پڑوس ہیں -

پاسا (ہ/مذ) رُخ - پہلو - طرف - جانب - قرعہ - کعب -

پاسا پڑنا (ہ) پانسے میں داؤ حسب مراد پڑنا - داؤ لگنا - جیت ہونا - فتح پانا - مرضی کے موافق کام ہونا - اقبال یاور ہونا -

پاسا پلٹنا یا اُلٹنا (ہ) داؤ کا مرضی کے خلاف ہونا - ہار ہونا - شکست ہونا - تدبیر کا بگڑ جانا - زمانے کا انقلاب ہونا - اقبال سے ادبار یا اس کے برعکس ہونا -

پاسا پھینکنا (ہ) قرعہ ڈالنا - قسمت آزمائی کرنا -

پاسبان (ف/مذ) چوکیدار - پہرے دار - نگہبان - رکھوالا - محافظ - دربان -

پاسبانی (ف/مث) چوکیداری - نگہبانی - چوکسی - دربانی -

پاسبز (ف) منحوس قدم - دلال -

پاسداری (ف/مث) طرف داری - جانب داری - رعایت - نگہبانی - لحاظ -

پاسنگ (ف/مذ) وہ ذرا سا وزن جو ترازو کی ڈنڈی برابر کرنے کے لیے پلڑے کی رسی کے ساتھ باندھا یا پلڑے میں رکھا جاتا ہے - جزوی - ذرا سا - خفیف سا - بہت ہی کم - بالکل ہیچ - ترازو کے پلڑوں کا فرق -

پاسنگ بھی نہیں (ا/محاورہ) ذرا بھی لگا نہیں کھاتا - ذرا بھی برابر نہیں - کوئی بھی نسبت نہیں - کچھ تعلق ہی نہیں - بالکل ہیچ ہے -

پاشا (ت/مذ) عامل - لارڈ - ترکوں کا سردار - ترکی سرداروں کا لقب اور خطاب -

پاشاں (ف/صف) دُور دُور - متفرق - وہ تحریر جس میں اکڑے اور حروف دُور دُور لکھے ہوں -

پاش پاش (ف) ٹکڑے ٹکڑے - ریزہ ریزہ - پارہ پارہ - پُرزے پُرزے -

پاش پاش کرنا (ا) ٹکڑے ٹکڑے کرنا - دھجیاں اُڑانا -

پاشنہ (ہ/مذ) ایڑی - کھُری - عقب - گھوڑے کی چالوں میں سے ایک چال جسے سرپٹ کے قریب قریب سمجھنا چاہیے -

پاشنہ کوب (ف/صف) تعاقب کرنے والا - پیچھے پیچھے چلنے والا - بھاگتے ہوئے کا تعاقب کرنے والا -

پاشنہ کوب جانا (ا) پیچھا کرنا - تعاقب میں جانا -

پاشویہ (ف/مذ) پاؤں دھونا - ایک خاص ترکیب سے دواؤں کے پانی میں پاؤں دھونا - پاؤں کو گرم پانی میں ڈال کر بیٹھنا -

پاشویہ کرنا (ا) پاؤں دھونا - گرم پانی یا دواؤں کے پانی میں پاؤں ڈال کر بیٹھنا اور ٹکور کرنا - یا کپڑے سے تلوے سہلانا -

پاک (ف) صاف - بے غش - ستھرا - نرمل - پوتر - بے لوث - بے گناہ - نیک - پرہیزگار - متقی - بے باق - منقطع - محفوظ - بری - شرعی اصطلاح میں جائز - مباح - حلال - از حد - نہایت جیسے پاک - شہدا - آزاد - بے باک -

پاک آبنائے (ف/مث) ہندوستان اور لنکا کے درمیان ہے - کم چوڑی ہے - اس لیے بڑے جہازوں کو گھوم کر مشرقی یا مغربی بندرگاہوں پر پہنچنا پڑتا ہے - یہاں سے موتی نکالے جاتے ہیں -

پاکباز (ف) کھیل میں حجت نہ کرنے والا - بے گناہ - بے لوث - ایماندار - زاہد - مجرّد - کھرا - صاف دل - نیک نیت - نیک نظر - عاشق صادق - پاک نظر سے معشوق کو دیکھنے والا عاشق - پاک محبت رکھنے والا - بھنگڑوں کی اصطلاح میں بھنگ چھاننے کی صافی - ریش قاضی - شیر کے کان -

پاکبازی (ف/مث) زُہد - صاف دلی - نیک بختی -

پاک بیں (ف/صف) پاک نظر سے دیکھنے والا - جس کی نگاہ میں گناہ کا شائبہ نہ ہو -

پاک دامن (ف) باعصمت - عفیفہ - پارسا عورت - پتی برتا -

پاک زادہ (ف/مذ) دیُورب) دھوبی - گازر -

پاکستان (ف/مذ) یہ دُنیا بھر میں پانچویں درجے کی سب سے بڑی اسلامی سلطنت ہے - اس کے چار صوبے ہیں - پنجاب، سندھ، بلوچستان اور سرحد - اس کا دارالخلافہ اسلام آباد ہے - یہاں کی پیداوار میں گیہوں کپاس، نمک اور کھالیں شامل ہیں ——— کراچی اس کی بڑی بندرگاہ ہے - جہاں سے بیرونی تجارت کی جاتی ہے -

پاک صاف (ف ع) نیک - اچھا - نیک نیت - اچھوتا - غیر مستعمل - بہت بے لوث -

پاک کرنا (ا) مذہبی شرط کے مطابق دھو کر کسی چیز کو صاف کرنا - پوتر کرنا - ستھرا کرنا - شکار کو صاف کرنا - کھال یا پَر صاف کرنا - اناج پھٹکنا - غلّہ صاف کرنا - مونڈنا -

پاک محبت (ف ع/مث) اُلفت جس میں کوئی غرض ملحوظ نہ ہو - بے غرض محبت - سادہ اُلفت -

پاک نظر (ف ع/صف) نیک نیت - پاک بیں -

پاک نظری (ف ع/مث) نیک نیتی - پاک بینی -

پاک نہاد (ف/صف) نیک نیت - نیک طینت - نیک مزاج -

پاکھ (ہ/مذ) پندرہ دن کا عرصہ - پندرھواڑہ - حصہ - پکش -

پاکھا (ہ/مذ) پہلو - دیوار - بازو - طرف - سوئے جانب - سایہ - چھپر -

پاکھر (ہ/مذ) برگستوان - چار آئینہ مواشی - گھوڑوں ہاتھیوں وغیرہ کی زرہ - ترپال - ٹاٹ کی جھول (مذ) ایک درخت جس کا پھل تلی کے لیے مفید ہے - اس کا اچار ڈال کر تلی والے کو کھلاتے ہیں -

پاکھنڈ (ہ/مذ) بدعت۔ فریب۔ دھوکا۔ فساد۔ ریا۔ دکھاوے کی عبادت۔ بناوٹ۔ تصنع۔ حرامزدگی۔ شرارت۔ بدذاتی۔

پاکھنڈی (ہ/مذ) بدعتی۔ منافق۔ ریاکار۔ کپٹی۔ فریبی۔ دغاباز۔ ٹھگ۔ جو فروش۔ گندم نما۔

پاکیزگی (ف/مث) ستھراپن۔ صفائی۔ طہارت۔

پاکیزہ (ف) پاک۔ صاف۔ ستھرا۔ طاہر۔ طیب۔ خوبصورت۔ بے عیب۔ بے نقص۔

پاکیزہ صورت (ترکیب/صف) حسین۔ خوبصورت۔

پاگ (ہ/مث) پگڑی۔ دستار۔ قدم۔ پاؤں۔

پاگل (ہ/مذ) دیوانہ۔ باؤلا۔ سڑی۔ مجنون۔ خبطی۔ بے وقوف۔ احمق۔ مورکھ۔

پاگل پن (ہ/مذ) جنون۔ خبط۔ دیوانگی۔ حماقت۔ بے وقوفی۔

پاگل خانہ (ا/مذ) پاگلوں کے رہنے کی جگہ۔ وہ مکان جہاں عام پاگل رکھے جاتے ہیں۔ پاگلوں کا ہسپتال۔

پال (ہ/مث) سپاہیوں کے رہنے یا میلے وغیرہ میں دکان داروں کے جانے کا چھوٹا سا خیمہ۔ کشتی کا پردہ۔ بادبان۔ پانی روکنے کا بند۔ پشتہ۔ وہ گھاس پھونس جس میں کچا میوہ رکھ کر پکایا جاتا ہے۔ پالنا کا امر۔ کسی چھوٹے بچے یا جانور کی پرورش کرنا۔

پال پال تیرے جی کا جنجال (ہ/مقولہ) نااہل کی پرورش سے تکلیف کے سوا اور کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

پال ڈالنا (ہ) کچے میوے کو پھونس میں دبا کر پکانا۔

پال کا (ا/صف) پال میں رکھ کر پکایا ہوا۔

پالا (ہ/مذ) کہر۔ برف۔ جمی ہوئی اوس۔ بہت سردی۔ نہایت ٹھنڈک۔ قابو۔ بس۔ جھڑبیری کے سوکھے پتے۔ اکھاڑا۔ کشتی گاہ۔ دنگل۔ بازی۔ فتح۔ جیت۔ کبڈی وغیرہ میں حد فاصل۔ تعلق۔ واسطہ۔ علاقہ۔ سروکار۔ صدر مقام۔ ہیڈکوارٹر۔ پالنا سے ماضی مطلق۔

پالا پڑنا (ہ) کہر پڑنا۔ برف باری ہونا۔ سخت سردی ہونا۔ واسطہ پڑنا۔ تعلق ہونا۔ سابقہ پڑنا۔ قابو میں آنا۔ بس میں پڑنا۔ پھندے میں پھنسنا۔ سر پڑنا۔ ذمے ہونا۔

پالا جمنا (ا/مص) اوس جم جانا۔ برف جمنا۔

پالا جیتنا (ا/مص) بازی جیتنا۔ شکست دینا۔

پالا چھونا (ا/مص) کبڈی کے کھیل میں درمیانی لکیر کے پاس سے مڑ جانا۔ بہت جلد کوئی کام کرنا۔

پالا گرنا (ہ) کہر گرنا۔ اوس جم جانا۔ برف گرنا۔ ٹھنڈک ہونا۔ ٹھٹھر ہونا۔ نہایت سردی ہونا۔

پالا پوسا (ہ) پرورش کیا ہوا۔ پرورش کردہ۔ دست پروردہ۔ پالنا پوسنا سے ماضی مطلق۔

پالان (ہ/مذ) وہ گدی یا کپڑا جو لادو جانوروں کی پیٹھ پر بچاؤ کے لیے ڈالتے ہیں۔

پالتی (ہ/مث) چار زانو بیٹھنے کا ایک خاص طریقہ جسے آلتی پالتی مارنا بولتے ہیں۔

پالتی لگانا (ہ) پانی میں پالتی لگا کر تیرنا۔ ایک خاص طرز کی تیراکی۔

پالٹ (ہ/مث) پٹا بازی۔ اور گتکے کی ایک ضرب جو صرف پاؤں پر لگاتے ہیں۔

پالسی۔ یا۔ پالیسی (انگریزی/مث) حکمت عملی۔ تدبیر۔ مصلحت۔ چال۔ دوراندیشی۔ غور و فکر۔ سوچ بچار۔ اصول۔ سیاسی تجویز۔

پالش (انگریزی/مث) صفائی۔ صیقل۔ جلا۔ رنگ۔ مال۔ روغن۔ چمک۔

پالک (ہ/مذ) ایک قسم کا ساگ اور بیج۔ اسفاناخ۔ اسپاناخ۔

پالکی (ہ/مث) ایک قسم کی خمدار ڈنڈوں والی ڈولی۔ محافہ۔ نینس۔ پینس۔

پالکی نشین (ف/مذ) بڑے رتبے کا امیر۔

پالن (ہ/مث) پرورش۔ تربیت۔ تعلیم۔ دیکھ بھال۔ نگرانی۔ نگہبانی۔ بچاؤ۔ حفاظت۔

پالنا (ہ) پرورش کرنا۔ تربیت کرنا۔ پرورش۔ خبرگیری۔ (مذ) پنگوڑا۔ گہوارہ۔ مہد۔ ایک قسم کا جھولا۔ ہنڈولا۔

پالی (ہ/مث) مگدھ دیس کی زبان جو پراکرت اور گھ زبان سے مل کر بنی ہے۔ بلبلوں اور بٹیروں وغیرہ کی لڑائی کی جگہ۔ سرپوش۔ ڈھکنا۔

پالیز (ہ/مذ) سبزہ زار۔ مرغزار۔ ہریاول کی جگہ۔ کھیرے ککڑی وغیرہ کا کھیت۔

پام (ہ/مث) گوٹے وغیرہ میں لگانے کی ریشم کی ڈوری جو گوٹے کے کنارے میں مضبوطی کے لیے لگاتے ہیں۔

پامال (ف) پاؤں میں ملا ہوا۔ روندا ہوا۔ لگدکوب۔ تباہ شدہ۔ برباد۔ خراب۔ خستہ۔ شکستہ حال۔

پاموز (ہ/مذ) وہ کبوتر یا مرغ وغیرہ جس کے پاؤں اور پنجوں کو پروں نے ڈھک لیا ہو۔

پامیر سطح مرتفع۔ وسط ایشیا میں پھیلی ہوئی ہے۔ بلندی کی وجہ سے بام دنیا کہلاتی ہے۔ ایک طرف ہمالیہ۔ سلیمان وغیرہ۔ جنوب میں قراقرم۔ کیون لون۔ شمال میں البرز ہے۔ سطح مرتفع تبت۔ منگولیا۔ ایران۔ ایشیا کے کو چک بناتے ہیں۔

پان (ہ/مذ) ایک قسم کا خوشبودار پتا۔ برگ تنبول۔ ناگر بیل کا پتا۔ جوتے کی ایڑی پر لگا ہوا کیمخت یا چمڑے وغیرہ کا ٹکڑا۔ لنگوٹ کے اوپر کا چمڑا۔ تاش کی بازی میں ایک رنگ (مث) جولاہوں کا کلف جو بننے سے پہلے سوت کو دیتے ہیں۔ مانڈی۔

پان بنانا | پان لگانا (ہ) چونا۔ کتھا اور چھالیہ وغیرہ ڈال کر پان کی گلوری بنانا۔ بیڑہ تیار کرنا۔ مانڈی دینا۔ کلف لگانا۔ پھول لوٹے وغیرہ

کاڑھنا - پان کی شکل اور نقش و نگار بنانا - پان کو اُلٹا پلٹنا تاکہ گل نہ جائیں -

پان پتا (ہ / مذ) لوازم خانہ داری - سودا سلف - اشیائے خوردنی - برگ تنبول -

پان چبانا (ا / مص) پان کھانا -

پان چیرنا / پان کترنا (ہ) پان کے ٹکڑے کرنا - فضول کام کرنا - بے فائدہ کام کرنا -

پان دان (ہ / ف / مذ) پان اور اس کے لوازم رکھنے کا ظرف -

پان دینا (ہ) پان سے تواضع کرنا - رُخصت کرنا - رُخصت کا پان کھلانا -

پان کا لاکھا (ا / مذ) پان کا رنگ جو ہونٹوں پہ جما یا جاتا ہے -

پان کرنا (ہ) جُلاہے کا سوت کو مانڈی دے کر تانی سکھانا اور کوچ پھیر کر ہر دھاگے کو الگ الگ اور سخت کرنا -

پان کھلانا (ہ) پان دینا - منگنی کی رسم ادا کرنا -

پان کھلائی (ہ / مث) معاوضہ پان کھلانے کا حق جو شادی میں بھاجوں کو ملتا ہے - پان کھلانے کا نیگ (حق)

پانا (ہ) وصول کرنا - حاصل کرنا - جیسے جیسا کروگے ویسا پاؤگے - معلوم کرنا - تاڑنا - جانچنا - گم شدہ چیز کا مل جانا - ڈھونڈنا - تلاش کرنا - بھگتنا - بھرنا - سہنا - پتا لگنا - کھوج ملنا - بھوجن چکھنا - کھانا کھانا - نوش فرمانا -

پانپ (ہ / مذ) پاپ - دُکھ - تکلیف -

پانت (ہ / مث) قطار - صف -

پانچنا (ہ) ٹانکا لگانا - رانجنا - جھالنا - جوڑنا - قلعی وغیرہ لگا کر سوراخ کو بند کرنا - ملانا -

پانچ (ہ) چار اور ایک - پنج - خمس - ہوشیار - چالاک - اُستاد - تجربہ کار - چلتا پرزہ -

پانچ اندری (ہ / مث) قوتِ باصرہ - لامسہ - سامعہ - شامہ - ذائقہ - پانچوں حواس - حواس خمسہ -

پانچواں (ہ) پنجم - خامس - پانچویں درجہ میں - پانچویں نمبر پر -

پانچوں (ہ) صفت تاکیدی یا استغراقی - ہر پنج - پانچ کے پانچ - پورے پانچ - ہر پانچ -

پانچوں انگلیاں برابر نہیں / پانچوں انگلیاں یکساں نہیں (ہ / مثل) تمام انسان مختلف طبیعت کے ہیں - ایک کی طبع دوسرے سے نہیں ملتی - سب آدمی برابر نہیں - ہر شخص کا مزاج جُدا جُدا ہے -

پانچوں انگلیاں گھی میں - یا - پانچوں گھی میں (ہ / مثل) خوب گہرے ہیں - سب کاروبار ہاتھ میں ہے - مختار کُل ہیں - خورد و نوش کی سب چیزیں اپنے ہاتھ میں ہیں - مزے کرتے ہیں - عیش اُڑا رہے ہیں - آرام سے ہیں - سب کچھ حسب دلخواہ موجود ہے - کسی چیز کی کمی نہیں - ہر طرح بامُراد ہے -

پاندان (ہ / مذ) پٹاری - پان اور اُس کا مسالہ رکھنے کی صندوقچی پانوں کا ڈبہ -

پانڈ (ہ / مث) وہ عورت جس کے پستان بڑھے ہوئے نہ ہوں یا پستانوں میں دُودھ نہ ہو -

پانڈو (ہ / مث) وہ سرزمین جس میں ریت اور چکنی مٹی ملی ہوئی ہو - بارانی زمین - بھاری بوجھ والا -

پانڈو (س / مذ) راجہ پانڈو کی اولاد - راجہ پانڈو کی نسل کے لوگ یعنی یودھشٹر - ارجن - بھیم - نکل اور سہدیو -

پانڈے (ہ / مذ) قنوجی برہمنوں کی ایک افضل قوم - عالم فاضل - اُستاد - معلم - ایک جماعت جو دان بھی لیتی ہے -

پانڈی (ہ / مذ) پانڈ والا - بوری اُٹھانے والا - بوجھ اُٹھانے والا - حمّال - قُلی - مزدور -

پانڈیا (ہ / مذ) قُلی - مزدور - بوجھ ڈھونے والا - حمّال -

پانڈی چری (ہ) (احاطۂ مدراس میں ہے - اس پر فرانس کا قبضہ ہے - یہاں سے مونگ پھلی باہر کو جاتی ہے -

پانڈی (ہ / مث) ایک قسم کی بیل جس کے پتے خوشبودار ہوتے ہیں -

پانس (ہ / مذ) میلا - کھاد جو کھیتوں کی طاقت بڑھانے کے لیے ان میں ڈالی جاتی ہے -

پانس ڈالنا (ا / مص) کھیتوں میں کھاد ڈالنا -

پانسنا (ہ / مص) کھیت میں کھاد ڈالنا -

پانسہ (ہ / مذ) (دیکھو پاسا) پاشا صحیح ہے -

پانسُو (ہ / مث) پسلی - پسلی کی ہڈی - پنجر -

پانسَو (ہ) پانچ سیکڑے - پنج صد - ۵۰۰ - 500 +

پانو - یا - پاؤں (ہ / مذ) پیر - قدم -

پانی (ہ / مذ) نیر - جل - آب - ماء - بارش - مینہ - باراں - پسینہ - عرق - نطفہ - دھات - بیج - اصل نسل - رونق - تازگی - کشتی جیسے چار پانی ہوئے - شراب - شرم - حیا جیسے اس کی آنکھ میں ذرا پانی نہیں - موقع - وقت - جیسے وہ پانی ملتان گئے - آنسو اشک - نمی - رطوبت - تری - پتلا - سیال - رقیق - ٹھنڈا - سرد - جیسے تو پانی پڑا ہے - پھیکا - بے ذائقہ - جیسے یہ خربوزہ تو بالکل پانی ہے - کنکوے کے نرم اور ڈھیلا ہوجانے اور تنا ڈور رہنے کو بھی بولتے ہیں - نرم - ملائم - مدھم - سیدھا - نیم راضی - جیسے وہ تو باتوں ہی سے پانی ہوگیا - کمزور - نڈھال - ضعیف - ناتواں جیسے تم تو ذرا سی تکلیف ہی سے پانی پانی ہوگئے - جرأت - استقلال - ارادہ - حیثیت - مقدور جیسے دیکھتے ہیں - وہ کتنے پانی میں ہے - جلا - چمک - آب - جیسے شیشے کا پانی بہت اچھا ہے -

پانی اُتارنا (ہ) پانی نیچے لانا - پانی اُوپر سے نیچے لانا - پانی کم کرنا - گھٹانا - آئینے کی جلا اُڑا دینا - دُولہا دُلہن کے اُوپر سے پانی وار کر پینا -

پانی اُترنا (ہ) بارش ہونا - مینہ برسنا - نزول الماء - یعنی موتیا بند کی بیماری لگ جانا - دریا کے پانی کا کم ہوجانا - پانی گھٹ جانا -

پانی اُٹھانا (ف) پانی جذب کرنا۔ پانی چوسنا۔ پانی لینا۔ جیسے موٹا جاذب کاغذ پانی خوب اُٹھاتا ہے۔

پانی اُٹھنا (ف) اُبر آنا۔ گھٹا کا نمودار ہونا۔ پانی خرچ ہونا۔ مینہ کا نازل ہو جانا۔

پانی آنا (ف) مینہ۔ بارش وغیرہ کا سامان دکھائی دینا۔ زخم اور آنکھ۔ ناک وغیرہ سے رطوبت آنا۔ فوطوں میں پانی بھر جانا۔ نزول الماء کی بیماری شروع ہونا۔

پانی باندھنا (ف) پانی روکنا۔ کھیتی وغیرہ کے لیے بہتے پانی کے آگے بند لگانا۔ پانی کو ٹھہرانا۔ ناممکن کام کرنے کی کوشش کرنا۔ ہمت سے بڑھ کر کام کی خواہش کرنا۔

پانی بُجھانا (ف) پانی کی خارجی رطوبت جلانے کو اس میں لال گرم لوہا یا گرم لال اینٹ ڈالنا تا کہ مریض کے حق میں مُضر نہ ہو۔

پانی برسنا (ف) مینہ برسنا۔ بارش ہونا۔

پانی بند کرنا (ف/ محاورہ) دشمن کے لیے پانی روکنا۔ بیمار کو بالکل ضرر پانی نہ دینا۔

پانی بہانا (ف) گھر میں کسی کے مر جانے اور اس کی میّت لے جانے کے بعد گھر کا سارا پانی لنڈھا دینا۔

پانی بھرنا (ف) کسی چیز میں پانی ڈالنا۔ کنویں سے گھڑوں وغیرہ کے ذریعے سے پانی لانا۔ پانی کھینچنا۔ غلامی اور خدمتگاری اختیار کرنا۔ شرمانا۔ عاجزی اور انکسار کرنا۔ نادم و منفعل ہونا۔ اطاعت کرنا۔

پانی بھر آنا (ف/ محاورہ) حرص ہونا۔ طمع ہونا۔

پانی بھر جانا (ف/ محاورہ) شرم جاتی رہنا۔ مروّت نہ رہنا۔

پانی پانی کرنا (ف) پگھلانا۔ گلانا۔ پتلا کرنا۔ رقیق کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ منفعل کرنا۔ پسینہ پسینہ کرنا۔ غیرت دلانا۔

پانی پانی ہونا (ف) گھلنا۔ پگھلنا۔ پتلا اور رقیق ہونا۔ عرق عرق ہونا۔ آب آب ہونا۔ خجالت اور شرمندگی کھینچنا۔ نادم ہونا۔

پانی پر بنیاد ہونا (ف) بالکل بودا اور کچا ہونا۔ غیر مستقل اور ناپائدار ہونا۔

پانی پر لکھا ہونا (ف/ محاورہ) ناپائیدار ہونا۔ بودا اور کچا ہونا۔

پانی پڑنا (ف) بارش ہونا۔ مینہ برسنا۔ سنِ بلوغ کو پہنچنا۔ میوے یا پھل کا گدرا جانا۔ پھوڑے یا چیچک وغیرہ کی پھنسیوں کے مادے کا رقیق ہو کر مُرجھا جانا۔

پانی پھر جانا (ف) ڈوب جانا۔ غرق ہو جانا۔ محنت رائیگاں جانا۔ تباہ و برباد ہو جانا۔ جاتے رہنا۔ اکارت جانا۔ ضائع ہونا۔

پانی پھونکنا (ف) کچھ پڑھ کر پانی پر دم کرنا۔

پانی پھیر دینا (ف) احسان فراموشی کرنا۔ محنت برباد کرنا۔ حق مٹا دینا۔ سابقہ حقوق پر نظر نہ رکھنا۔ کام خراب کر دینا۔

پانی پی پی کر دُعا دینا (ف) ہر وقت دُعا دیتے رہنا۔ ہر گھونٹ کے ساتھ اسیس دینا۔ بے حد دُعائیں دینا۔ خوش ہو کر بہت سی دُعائیں دینا۔

پانی پی پی کر کوسنا (ف) ہر وقت کوستے رہنا۔ نہایت کوسنا۔ اُٹھتے بیٹھتے کوستے رہنا۔ بہت ہی سراپ دینا۔

پانی پی کر ذات پُوچھنا (ف) بے توقع کام کرنا۔ بے وقت افسوس کرنا۔ کام کر کے اُس پر پشیمان ہونا۔

پانی پینا (ف) پانی جذب کرنا۔ پانی سوکھنا۔ پانی چوسنا۔

پانی توڑنا (ف) بند یا نہر میں سے پانی چھوڑنا۔ پانی کھینچنا۔ پانی کم کرنا۔

پانی ٹپکانا (ف) پانی چُو آنا۔ پانی نچوڑنا۔ دہی لٹکا کر اُس کا پانی نکالنا۔

پانی ٹپکنا (ف/ محاورہ) پانی کا قطرہ قطرہ ہو کر گرنا۔

پانی ٹھنڈا لگنا (ف/ محاورہ) پانی سرد معلوم ہونا۔

پانی چرانا (ف) زخم میں پانی سرایت کر جانا۔ زخم کا پانی کو جذب کر لینا۔ قحط سالی میں کسی روکے ہوئے پانی کو بے اجازت لے جانا۔ حاملہ ہونا۔ بُوند چرانا۔ نطفہ قبول کرنا۔

پانی چڑھانا (ف) پانی اُوپر لے جانا۔ پانی کو ٹھوکنا یا زیادہ پینا۔

پانی چُو آنا (ف) پانی ٹپکانا۔ قطرہ قطرہ پانی گرانا۔ جانکنی کے وقت پانی کی بُوندیں منہ میں ڈالنا۔

پانی چھاننا (ف/ مص) کپڑے میں سے پانی نکال کر صاف کرنا۔

پانی چھاجوں برسنا (ف/ محاورہ) موسلا دھار بارش ہونا۔ زور کا مینہ پڑنا۔

پانی چھڑوانا (ف) مزار یا قبر یا چورا ہے پر پانی کی مشک چھڑکوانا۔

پانی چھوڑنا (ف) پانی جاری کرنا۔ پانی دینا۔ بیماری میں پرہیز سے پانی ترک کرنا۔ سبزی کا پکتے وقت پانی نکل کر اکٹھا ہو جانا۔

پانی دکھانا (ف) گھوڑے مویشی وغیرہ کو پانی پلانا۔ جانور کے سامنے پانی رکھنا۔

پانی دینا (ف) آبپاشی کرنا۔ پانی پلانا۔ سینچنا۔ پیڑوں کو جل ترپن کرنا۔ مُردے کے نام پر پانی بہانا۔

پانی سے پتلا (ف) نہایت رقیق۔ بہت ارزاں۔ نہایت حقیر۔ خفیف۔ ادنیٰ۔ ذلیل۔ بے عزّت۔ آسان۔

پانی سے پتلا کرنا (ف) نہایت سہل کرنا۔ ذلیل و خوار کرنا۔ بے عزّت کرنا۔

پانی سے پتلا ہونا (ف) آسان ہونا۔ ذلیل ہونا۔ بے عزّت ہونا۔ حقیر ہونا۔ خفّت اُٹھانا۔

پانی کا بتاسا / **پانی کا بُلبلا** (ف/ مذ) غیر مستقل۔ فانی۔ ناپائدار۔ حباب۔ سُراب۔ بے حقیقت۔ جلد ختم ہو جانے والا۔ بے بنیاد۔

پانی کاٹنا (ف) ایک نالی سے دُوسری نالی میں یا نہر سے کھیت میں پانی چھوڑنا۔ تیرتے وقت ہاتھوں سے پانی ہٹانا۔

پانی کر دینا (ہ) ٹھوس چیز کو گھلا دینا - نہایت آسان اور سہل کر دینا - غصّہ فرو کر دینا - غضب کو ٹھنڈا کر دینا -

پانی کرنا (ہ) پتلا اور رقیق کرنا - شرمندہ اور خفیف کرنا - ذلیل کرنا -

پانی کی پوٹ (ہ) نرا پانی - بالکل پانی - پانی جیسا - - - - - - - زود ہضم - میوے یا پھل کی نسبت بولتے ہیں -

پانی کے ریلے میں بہانا (ہ) پانی کی رَو میں بہانا - ضائع کرنا - نہایت سستا بیچنا -

پانی کے گھڑے پڑنا (ہ) سخت شرمندہ اور خجل ہونا -

پانی کے مول (ہ) بہت ہی سستا - نہایت ارزاں -

پانی لگنا (ہ) پانی کا تکلیف دینا یا نقصان پہنچانا - سردی کے باعث پانی کا دانتوں کو ناگوار گزرنا -

پانی لینا (ہ) آبدست لینا - طہارت کرنا - استنجا کرنا -

پانی میں آگ لگانا (ہ) ناممکن بات کرنا - چغلی کھانا - لڑائی کرانا - شعبدہ بازی کرنا - فتنہ و فساد کرنا - سوتی داڑھ جگانا -

پانی میں گرہ باندھنا - یا - دینا - یا - لگانا (ہ) ناپائداری اور فنا پذیری کے موقع پر بولا جاتا ہے - جلدی ہونا - شتابی مٹ جانا - غیر مستقل اور ناپائدار کام -

پانی نکلنا (ہ) قطرہ آنا - انزال ہونا - منی خارج ہونا - پانی باہر آ جانا -

پانی نہ مانگنا (ہ) جلد مر جانا - فوراً جان نکل جانا - جھٹ پٹ مر جانا -

پانی نہ پچنا (ار/ محاورہ) پیٹ کا ہلکا ہونا - راز کی بات نہ چھپا سکنا -

پانی وار کر پینا (ار/ محاورہ) عورتیں محبت ظاہر کرنے کے لیے ایسا کرتی ہیں -

پانی ہارنا (ہ) دنگل سے بھاگ نکلنا - مرغ یا بٹیر کا شکست کھانا - جی چھوڑنا - ہار ماننا - ہمت ہارنا -

پانی ہو جانا (ہ) سخت چیز کا رقیق ہونا - گداز ہونا - پگھلنا - مشکل کام آسان ہو جانا - نرم پڑنا - دھیما ہو جانا -

پانی ہو کر بہہ جانا (ار/ محاورہ) پتلا ہو کر بہہ جانا - فنا ہو جانا -

پاؤ (ہ) چوتھا حصّہ - چہارم - رُبع - چوتھائی -

پاؤ روٹی (ہ/ مث) ڈبل روٹی - نان پاؤ -

پاؤ سیر (ہ/ مذ) سیر کا چوتھا حصّہ - ۲۰ تولے -

پاؤلا (ہ/ مذ) کسی سکّے کا چوتھا حصّہ - چونی - چار آنے - روپے کا چوتھا حصّہ -

پاؤلی (ہ/ مث) چونی - چار آنے - روپے کی چوتھائی - وہ چاندی کا سکّہ جو چار آنے میں ملتا ہے -

پاؤں (پانوں) (ہ/ مذ) پیر - پائے - چرن - قدم - پد - پایہ - راستہ چلنے کا آلہ - کھڑے ہونے کا عضو - بنیاد - اصل - جڑ - دخل - مداخلت - قبضہ - استقلال و استحکام - جیسے چور کے پاؤں کہاں - آثار - ڈھنگ - علامات - جیسے پوت کے پاؤں پالنے ہی میں معلوم ہو جاتے ہیں - اخیر - انتہا - انجام - جیسے سر سے پاؤں تک سارا حال سنا دیا - ذمّہ - کفالت - ذمّہ داری -

پاؤں اُترنا (ہ) پاؤں کا گِٹّے سے ہٹ جانا - جوڑ کی جگہ سے سِرک جانا - پاؤں سِرک جانا - پاؤں دھنس جانا -

پاؤں اٹھا کے چلنا (ہ) تیز قدم چلنا - جلد جلد چلنا - جلدی سے چلنا -

پاؤں اُٹھانا (ہ) جلد چلنا - پھرتی سے قدم رکھنا - تیز رفتار ہونا -

پاؤں اُٹھ جانا (ہ) بھاگ جانا - پاؤں اُکھڑ جانا - لڑائی سے بھاگ نکلنا - بھاگ کھڑا ہونا - میدانِ جنگ سے نکل بھاگنا -

پاؤں اُڑانا (ہ) دشمن کا وار خالی دینا - پاؤں بچانا - حریف کا پاؤں کاٹنا - پاؤں تراشنا -

پاؤں اَڑانا (ہ) دخل دینا - دخل در معقولات دینا - استقلال دکھانا - ہمت و بہادری سے مستحکم رہنا - استقلال نہ چھوڑنا -

پاؤں اکھاڑنا (ہ) شکست دینا - بھگا دینا - سامنے سے ہٹا دینا - پسپا کر دینا - ارادہ توڑنا - جمنے نہ دینا - موقوف کرانا -

پاؤں اُکھڑ جانا (ہ) پاؤں نہ جمنا - ثبات نہ رہنا - شکست پانا - بھاگ نکلنا - فرار ہو جانا - سامنے نہ ٹھہرنا -

پاؤں باہر نکالنا (ہ) اپنی حد سے باہر ہو جانا - بڑھ کر چلنا - اترانا - گھمنڈ کرنا - مرتبے سے زیادہ بات کرنا - گھر سے باہر جانا - بے شرم - بدلحاظ ہو جانا - بے غیرت ہو جانا -

پاؤں باہر نکلنا (ہ) بدچلنی ظاہر ہونا - آوارگی ہونا - بداطواری ظاہر ہونا -

پاؤں بچلنا (ہ) پاؤں رپٹنا - قدم ڈگمگانا - استقلال میں فرق آ جانا - نیت بدل جانا - ایمان میں خلل پڑنا -

پاؤں بڑھانا (ہ) جلد چلنا - آگے جانا - حد سے بڑھنا - دخل کرنا - قبضہ کرنا -

پاؤں بھاری کرنا (ار/ محاورہ) آمد و رفت موقوف کرنا - نہ آنے کا عہد کرنا -

پاؤں بھاری ہونا (ہ) حمل ہونا - پیٹ ہونا - گربھ ہونا -

پاؤں بھٹکنا (ار/ محاورہ) پاؤں کا لڑکھڑانا - لغزش کرنا -

پاؤں بھر جانا (ہ) پاؤں آلودہ ہو جانا - پاؤں سو جانا - پاؤں سُن ہو جانا - پاؤں تھک جانا -

پاؤں بہکنا (ار/ محاورہ) پاؤں کا اِدھر اُدھر پڑنا - لغزش ہونا -

پاؤں پاک (ار/ مذ) پاؤں پونچھنے کا رومال -

پاؤں پاؤں چلنا (ہ) قدم قدم چلنا - پا پیادہ چلنا - بچّے کا پیروں چلنا -

پاؤں پاؤں صندل کے پاؤں (ار/ فقرہ) بچّوں کے اوّل اوّل کھڑا ہو کر چلنے پر عورتیں فال نیک اور جلد چلنے کے طور پر بولتی ہیں - یعنی تمہارے پاؤں بہت اچھے ہیں -

پاؤں پر پاؤں رکھنا (ہ) تتبع کرنا - پیروی کرنا - تقلید کرنا - آرام سے

بیٹھنا ۔ چین سے بیٹھنا ۔

پاؤں پر سر رکھنا (ہ) نہایت عاجزی کرنا ۔ منانے کو نہایت خوشامد کرنا ۔ منت سماجت کرنا ۔

پاؤں پر گرنا } **پاؤں پڑنا** } (ہ) قدموں پر گرنا ۔ گڑگڑانا ۔ خوشامد کرنا ۔ فروتنی کرنا اور عاجزی کرنا ۔ لجاجت کرنا ۔ تعظیم کرنا ۔ قدمبوسی کرنا ۔ قدم چومنا ۔ پناہ میں آنا ۔ حمایت میں آنا ۔

پاؤں پکڑنا (ہ) قدم چھونا ۔ پاؤں کو ہاتھ لگانا ۔ قدموں پر گرنا ۔ پاؤں پڑنا ۔ تعظیم کرنا ۔ عزت کرنا ۔ نہایت خوشامد کرنا ۔ پناہ میں آنا ۔ تابع ہونا ۔

پاؤں پھسلنا (ہ) قدم کا لغزش کھانا ۔ پاؤں رپٹنا ۔ گناہ سرزد ہونا ۔ لالچ اور حرص میں مبتلا ہونا ۔

پاؤں پھولنا (ہ) پیروں پر ورم آجانا ۔ پاؤں میں سکت باقی نہ رہنا ۔ کسی خوف کے باعث چل نہ سکنا ۔ تھکنا ۔ تکان چڑھنا ۔

پاؤں پھونک پھونک کر رکھنا (ہ) کسی کام کو نہایت احتیاط سے کرنا ۔ سنبھل سنبھل کر کوئی کام کرنا ۔ ڈرتے ڈرتے کرنا ۔ بیچ بیچ کر کرنا ۔

پاؤں پھیرنے جانا (ہ) زچگی یا شادی کے بعد عورت کا اپنے میکے میں چند روز کے لیے مہمان ہو کر جانا ۔ پھر واپس آنا ۔

پاؤں پھیلا کر سونا (ہ) بے فکر ہو کر آرام سے سونا ۔ بے کھٹکے ہونا ۔ فارغ البال ہونا ۔ بے اندیشہ اور بڑے اطمینان سے رہنا ۔

پاؤں پٹخنا (ہ) تکلیف کے باعث پاؤں دے دے مارنا ۔ نہایت تکلیف سے جان دینا ۔ جان کنی میں ہونا ۔ کوشش کرنا ۔ سعی کرنا ۔ جیسے پاؤں تو بہتیرے پٹخے پر ایک نہ چلی ۔ ذلیل و خوار ہونا ۔

پاؤں تلے چیونٹی (ہ / مثل) نہایت حقیر چیز ۔ ادنیٰ سے ادنیٰ ۔ بہت کمزور ۔

پاؤں تلے کی زمین سرکنا ۔ یا ۔ نکل جانا (ار / محاورہ) نہایت مصیبت کے وقت بولتے ہیں ۔ بھوچکا ہونا ۔ سُن ہو جانا ۔ ہوش اُڑ جانا ۔ کانپ اُٹھنا ۔ بہت ڈر جانا ۔ دہل جانا ۔ خوفزدہ ہونا ۔

پاؤں تلے کی مٹی نکل جانا (ہ) وحشتناک خبر سننے سے حیران رہ جانا ۔ سُن ہو جانا ۔ بے ہوش ہونا ۔ بے اوسان ہونا ۔ بے خبر نہ رہنا ۔

پاؤں توڑ کر بیٹھنا (ہ) ہمت ہار کر بیٹھ رہنا ۔ نہایت کوشش اور سعی کے بعد مایوس ہو کر بیٹھنا ۔ محنت اور کوشش کرتے کرتے تھک کر خاموش ہو رہنا ۔ توکل اختیار کرنا ۔ متوکل ہو بیٹھنا ۔

پاؤں توڑنا (ہ) فضول آمد و رفت رکھنا ۔ یونہی اِدھر اُدھر پھرنا ۔ بے کار آنا جانا ۔ حیران پھرنا ۔ کوشش کرنا ۔ بے حد پیروی کرنا ۔ تھکانا ۔ دوڑانا ۔ پھرانا ۔ دِق کرنا ۔

پاؤں تھرتھرانا (ہ) پاؤں کانپنا ۔ کسی کام کے کرنے سے ڈر آنا ۔

پاؤں ٹکانا (ہ) قدم دھرنا ۔ پاؤں جمانا ۔ کسی جگہ ٹھہرنا ۔ قیام کرنا ۔ ایک جگہ جم کر رہنا ۔

پاؤں ٹکنا (ہ) کسی جگہ جم کر رہنا ۔

پاؤں ثابت رکھنا (ار / محاورہ) ثابت قدم رہنا ۔ ایک بات پر قائم رہنا ۔

پاؤں جمانا (ہ) پاؤں گاڑنا ۔ ثابت قدم رہنا ۔ اپنی جگہ ڈٹے رہنا ۔ استقلال اور مضبوطی سے قائم رہنا ۔ پاؤں گاڑنا ۔ سہارا لینا ۔ سہارا دیکھنا ۔ تعلق پیدا کرنا ۔ واسطہ ڈالنا ۔

پاؤں جوڑنا (ار / محاورہ) دونوں پاؤں ملا کر رکھنا ۔

پاؤں جھنّانا (ہ) پاؤں سو جانا ۔ پاؤں سُن ہو جانا ۔ پاؤں کا کسی صدمے سے بے حس و حرکت ہو جانا ۔

پاؤں چپی کرنا (ہ) مٹھیاں بھرنا ۔ پاؤں دبانا ۔ ٹانگیں دبانا ۔

پاؤں چلانا (ار / محاورہ) تیز چلنا ۔ لانبیں مارنا ۔

پاؤں چلنا (ہ) پا پیادہ چلنا ۔ پیروں چلنا ۔ پیدل چلنا ۔ بچوں کا پہلے پہل چلنے کی کوشش کرنا ۔

پاؤں چور ہونا (ار / محاورہ) پاؤں تھک جانا ۔

پاؤں چھوڑنا (ہ) جادو یا لاگ کے ذریعے سے خونِ حیض جاری کر دینا ۔

پاؤں دابنا ۔ یا ۔ دبانا (ہ) پاؤں چپی کرنا ۔ مٹھیاں بھرنا ۔

پاؤں دھرنا } **پاؤں رکھنا** } (ہ) قدم رکھنا ۔ دخل دینا ۔ آگے چلنا ۔ شروع کرنا ۔ اختیار کرنا ۔

پاؤں دھو دھو کر پینا (ہ) نہایت تعظیم سے پیش آنا ۔ بہت عزت کرنا ۔ نہایت پیار اور محبت سے رکھنا ۔ نہایت ارادت رکھنا ۔ بہت خلوص رکھنا ۔ مریدانہ خدمت بجا لانا ۔ ماننا ۔ تسلیم کرنا ۔ خوشامد اور چاپلوسی کرنا ۔

پاؤں ڈالنا (ہ) کسی کام کو شروع کرنا ۔ تیار ہونا ۔ کسی بڑے کام کی ابتدا کرنا ۔

پاؤں ڈگمگانا } **پاؤں ڈگنا** } (ہ) پاؤں پھسلنا ۔ پاؤں کا لغزش کھانا ۔ پاؤں بہکنا ۔ گمراہ ہونا ۔ خطا ہونا ۔ گناہ سرزد ہونا ۔

پاؤں رگڑنا (ہ) نزع کی حالت میں ہونا ۔ کوشش کرنا ۔ پیروی کرنا ۔ بے ہودہ پھرنا ۔ ذلیل و خوار پھرنا ۔ تکلیف اُٹھانا ۔

پاؤں رہ جانا (ہ) طاقت نہ رہنا ۔ تھک جانا ۔ ہار جانا ۔ چور ہونا ۔ ٹانگیں شل ہو جانا ۔ ناقابلِ رفتار ہونا ۔

پاؤں زمین پر نہ ٹھہرنا (ہ) پاؤں کانپنا ۔ لرزہ ہونا ۔ ڈگمگانا ۔ بے چین اور بے قرار ہونا ۔ عدیم الفرصت ہونا ۔ بہت مصروف ہونا ۔ مغرور ہونا ۔ گھمنڈ ہونا ۔

پاؤں زمین پر نہ رکھنا (ار / محاورہ) بہت اترانا ۔ ناز کرنا ۔

پاؤں زمین پر نہ لگنا (ار / محاورہ) کہیں نہ ٹھہرنا ۔ برابر چلتے رہنا ۔

پاؤں سکیڑنا } **پاؤں سمیٹنا** } (ہ) پاؤں کھینچنا ۔ مرنا ۔ انتقال کرنا ۔ ترکِ ملاقات کرنا ۔ آوارہ گردی چھوڑنا ۔ تنہائی اختیار کرنا ۔

پاؤں سے پاؤں باندھنا (ہ) نہایت چوکسی اور نگہبانی کرنا ۔ اپنے

پاؤں میں دُوسرے کا پاؤں باندھ رکھنا - حراست میں رکھنا -
پاؤں سے پاؤں باندھ کر چلنا (ار/ محاورہ) ساتھ ساتھ چلنا -
پاؤں سے لگی سر میں بُجھی (ا/ مثل) نہایت غصہ آیا - بہت حسد ہوا - بہت جھلّایا - تن بدن جل گیا - سرتا پا جل گیا -
پاؤں سے مل ڈالنا (ار/ محاورہ) روندنا - پامال کرنا -
پاؤں کا کھٹکا (ہ/ مذ) پاؤں کی آہٹ - پاؤں کا کھڑکا -
پاؤں کھینچنا (ہ) چلنے پھرنے سے باز رہنا - کوچہ گردی ترک کر دینا - آوارہ گردی سے ہاتھ اُٹھانا -
پاؤں کی بیڑی (ہ/ مث) زنجیر - سلسلۂ پا - قید - پابندی - روک - بیوی - جورُو - زوجہ - استری - منکوحہ - عیال و اطفال - بال بچّے - عشق و محبت - اُلفت - لگن -
پاؤں گاڑنا (ہ) استقلال دکھانا - جم کر کام کرنا - ڈٹ جانا - پاؤں جما لینا - لڑائی میں جم کر مقابلہ کرنا -
پاؤں گور میں لٹکائے بیٹھے ہیں (ا/ فقرہ) کمزوری اور لاغری یا مہلک بیماری کے باعث مرنے کو بیٹھے ہیں - مرنے کو تیار ہیں مرنے کو مستعد ہیں - (گور میں پاؤں زیادہ بولتے ہیں)
پاؤں گھسنا (ہ) زیادہ آمدورفت کے باعث پاؤں تھکنا - پاؤں کا فرسودہ ہونا -
پاؤں لڑکھڑانا (ہ) پاؤں پھسلنا - کانپنا - پاؤں لرزنا - ضعف یا مستی کے باعث پاؤں جم کر نہ پڑنا -
پاؤں لگانا (ہ) پاؤں چھوانا - ٹھوکر مارنا - پاؤں مارنا - لاف مارنا - تیرنے میں پاؤں مارنا -
پاؤں لگنا - یا - لاگنا (ہ) آداب بجا لانا - قدم لینا - تعظیم کرنا - پیروں پڑنا -
پاؤں لگی باٹ (ہ/ مث) وہ سفر جس میں بار بار آمدورفت ہوتی ہے - چلنے کی عادت ہو جانے والا فاصلہ - وہ جگہ جہاں بار بار آنا جانا ہوتا ہے -
پاؤں مُرید (ا) پاؤں کا مُرید - نہایت مطیع - فرماں بردار - غلام - مُرید خوش اعتقاد -
پاؤں میں بیڑی پڑنا (ہ) روک ہو جانا - مزاحمت ہو جانا - پاؤں میں زنجیر ڈالی جانا - بال بچوں میں پھنس جانا - شادی ہونا - بیاہ ہونا -
پاؤں میں سر دینا (ہ) قدموں پر سر رکھنا - نہایت عاجزی کرنا - کسی کام کے قبول کرانے کو خوشامد کرنا - پاؤں پکڑنا -
پاؤں میں کیا مہندی لگی ہے (ہ/ محاورہ) کیا عذر ہے - وجہ کیا ہے جو تم نہیں آتے ؟ نہ آنے یا جانے کا سبب کیا ہے ؟
پاؤں میں مہندی لگنا (ہ) انکار یا بہانہ ہونا - نہ آنے جانے کا ایک بے وجہ بہانہ بنا لینا - عذرِ لنگ ہونا - بے جا بہانہ ہونا -
پاؤں نکالنا (ہ) حد سے باہر قدم رکھنا - بڑھ کر چلنا - باغی اور سرکش ہونا -

پاؤں نہ اُٹھنا (ا/ محاورہ) چلنے کی طاقت نہ ہونا - ضعف یا تکان کی وجہ سے چل نہ سکنا - قدم نہ اُٹھنا -
پاؤں نہ جمنا (ا/ محاورہ) ٹھہر نہ سکنا - مقابلہ کی تاب نہ لانا -
پاؤں نہ دُھلوانا (ہ) کسی کو اتنا حقیر سمجھنا کہ اس سے پاؤں دھونے کی خدمت کبھی سمجھنا - نہایت حقیر و کمینہ سمجھنا -
پاؤنا - یا - پاہنا (ہ/ مذ) مہمان - مسافر - راہ گیر - جاتری - وہ غیر شخص جو کسی کے گھر آ کر اترے -
پاؤنی - یا - پاہنی (ہ/ مث) مہمان عورت - منڈھا - یعنی دُلہن کی رخصت کا گیت -
پاہ (ہ/ مث) آنکھوں کی ایک دوا -
پائی (ہ/ مث) آنے کا بارھواں حصّہ - پیسے کا تیسرا حصّہ -
پائے (ف/ مذ) پاؤں - پا - قدم - پیر - پگ - پاگ -
پائے بند (ف) مقیّد - پابستہ - مطیع - فرمانبردار - نوکر - ملازم - (مث) پاؤں کی رسّی - پاؤں کی بیڑی - جال -
پائے تخت (ف/ مذ) دارالخلافہ - صدر مقام - راجدھانی - بادشاہ یا گورنر کے رہنے کا مقام -
پائے جامہ (ف/ مذ) پاجامہ - بے وقوف - احمق - نادان - ابلہ -
پائے جامے سے باہر نکلنا (محاورہ) خفا ہونا - آپے سے باہر ہونا - تیز ہونا - غصے سے گرم ہونا - نہایت خفا ہونا -
پائے رفتن نہ جائے ماندن (ف/ مقولہ) نہ جانے کی طاقت نہ رہنے کی جگہ - کشمکش کا عالم -
پائے زیب (ف/ مث) ایک قسم کا پاؤں میں پہننے کا زیور -
پائے مال (ف) روندا ہوا - پاؤں میں کچلا ہوا - برباد - تباہ -
پامالی (ف/ مث) روندن - بربادی - تباہی - ویرانی -
پائے موز (ف/ مذ) کبوتر یا مُرغ جس کے پنجے پروں سے ڈھکے ہوں -
پایاب (ف) آب پا - اُتار و پانی - وہ گھاٹ یا مقام جہاں دریا وغیرہ کا پانی اتنا کم ہو جس میں سے پاپیادہ گزر سکیں - کم گہرا پانی -
پایاں (ف/ مذ) آخر - انقضاء - انتہا - حد - انجام - اَنت -
پائپ (ان/ مث) سوراخ - دار نلی - کھوکھلی نے - ڈنڈی - انگریزی حقّہ جو چینی یا لکڑی کا بنا ہوتا ہے اور جیب میں رکھ لیا جا سکتا ہے - بنسری - شہنائی - نالی -
پائدار (ف) مضبوط - مستحکم - پکّا - پختہ - دیر تک ٹِکنے والا - دیرپا -
پائے درگل (ف) حیران - گرفتار -
پائداری (ف/ مث) مضبوطی - استحکام - پختگی - دیرپائی -
پایک (ہ/ مذ) ایلچی - قاصد - نامہ بر - سفیر - پیغام لے جانے والا -
پائے کاشت - یا - پائے کار (ف) غیر موروثی کاشتکار - وہ کسان جو دوسرے گاؤں سے کھیتی کرنے کے لیے آئے -
پائے گاہ (ف/ مث) قدر - مرتبہ - اصطبل - کچہری - چھوٹی ریاست -

پائے گدا لنگ نیست ملک خدا تنگ نیست (ف اشل) انسان ہمت کرے تو جہاں چاہے جاسکتا ہے۔ مانگنے والے کے لیے سارا جہان پڑا ہے جہاں چاہے مانگتا پھرے۔

پائے کلاغ (ف) خراب خط جو کسی سے نہ پڑھا جائے۔

پایل (ہ امث) ایک قسم کا پاؤں پہننے کا زیور۔ تیز رفتار ہتھنی۔ پاؤں کے بل پیدا شدہ بچّہ۔ ایک خاص قسم کا ناچ۔ درخت کی نہایت سیدھی اور لمبی جڑ۔

پایل ڈالنا (ہ) پایل پہننا۔ ناچ دکھانا۔ ناچنا۔ مور کی طرح لہنگے کو پھیلا کر چکر دے کر ناچنا اور زال سم پر گھومنا۔

پائین باغ (ف امذ) وہ باغ جو قلعے یا محل کے نیچے صحن وغیرہ میں لگا ہو۔

پائینت (ہ امث) پائنتی کے رُخ۔ پائنتی۔ چارپائی کا وہ خال حصّہ جدھر پاؤں کر کے سوتے ہیں۔ سرہانے کے خلاف۔

پائینتی (ہ امث) (دیکھو پائینت)

پائینچہ (ف) ازار کا وہ حصّہ جس میں ٹانگ رہتی ہے۔

پائینچہ بھاری کرنا (ف) جم کر ایک جگہ بیٹھ جانا۔ گوشہ نشینی اختیار کرنا۔ خانہ نشینی۔ باہر نہ نکلنا۔

پائینچہ پھڑکانا (ف ا محاورہ) اتراتے پھرنا۔ غرور کرنا۔

پایہ (ف امذ) پاؤں پاکھا۔ زینہ۔ سیڑھی۔ قدمچہ۔ تھم۔ کھمبا۔ ستون۔ درجہ منصب۔ مرتبہ۔ عہدہ۔ چوپائے کا پاؤں۔ حیثیت۔ شان۔

پاییز (ف امث) خزاں۔

پ ب

پبلشر (انگریزی امذ) کتابوں کا شائع کرنے والا۔

پبلک (انگریزی امث) عام آدمی۔ عامۃ الناس۔ عام آبادی۔ تمام مخلوق۔ عام۔ تمام۔ کل۔ جملہ۔ سب۔

پبلک انسٹرکشن (انگریزی امث) تعلیم عامہ۔

پبلک پراسیکیوٹر (انگریزی امذ) کسی مقدمے کا سرکاری وکیل کا پیرو کار وکیل۔

پبلک ورکس (انگریزی امذ) محکمہ تعمیراتِ عامہ۔

پ پ

پپڑا جانا (ہ) پپڑی بندھ جانا۔ اُوپر سے سوکھ جانا۔ بالائی حصّے کا خشک ہو جانا۔

پپڑی (ہ امث) خشک۔ پرت۔ سوکھا پوست۔ کھرنڈ۔ اُوپر کا خشک پوست۔

پپڑی آنا (ہ) پرت جمنا۔ تہ جمنا۔ پرت آنا۔ اُوپر کا حصّہ۔ پتلا سا پرت خشک ہو جانا۔

پپڑیا کتھا (ہ امذ) سفید اور ہلکا کتھا۔ عمدہ قسم کا کتھا۔

پپنی (ہ امث) پلک۔ مژگان۔ مژہ۔

پپوٹا (ہ امذ) حدقۂ چشم۔ آنکھ کے اُوپر کا چمڑا۔ آنکھ کا غلاف۔ آنکھ کی چھت۔ نیام چشم۔ پشت چشم۔

پپولنا (ہ) دانتوں کے بغیر کسی چیز کو منہ میں ڈال کر چوسنا۔ دانتوں کے بغیر چچوڑنا۔

پپیا (ہ امذ) آم کی اُگی ہوئی گٹھلی سیٹی بجانے کا کھلونا۔ ایک درخت کا پھل۔ نہایت تیز آواز والا۔ سیٹی۔ انجن وغیرہ کی سیٹی۔

پپیانہ (ہ) پیپ پڑ جانا۔ ریم والا ہو جانا۔

پپیہا (ہ) ایک خوش آواز پرندہ جو پی پی کہہ کر آواز دیتا ہے۔ برسات میں اس کی آواز نہایت دلکش معلوم ہوتی ہے۔ پپیا۔

پ ت

پت (ہ امث) عزت۔ آبرو۔ ساکھ۔ اعتبار۔ پتی۔ خداوند۔ مالک۔ دھنی۔ سوامی۔ پتا۔ برگ۔ ورق۔ قوام۔ چاشنی۔ جوشاندہ۔ کاڑھا۔ حریرہ۔ لاج۔ شرم۔ حیا۔

پت اُتارنا (ہ) آبرو اُتارنا۔ ساکھ بگاڑنا۔ عزت کھو دینا۔ اعتبار گنوانا۔ بے عزت کرنا۔ بے آبرو کرنا۔ پتّے توڑنا۔ چاشنی پکانا۔ قوام کرنا۔ جوشاندہ اُبالنا۔

پت جانا (ہ) ساکھ بگڑنا۔ اعتبار جانا۔ عزت برباد ہونا۔

پت جھڑ (ہ امذ) پتّے جھڑنے کا موسم۔ موسم خزاں۔

پت رکھنا (ہ) آبرو رکھنا۔ عزت رکھنا۔ ساکھ رکھنا۔ اعتبار رکھنا۔

پت گنوانا (ہ) آبرو کھونا۔ عزت برباد کرنا۔ ساکھ کھونا۔ اعتبار کھونا۔

پت (ہ امذ) صفرا۔ تلخہ۔ گرمی۔ چاروں خلطوں میں سے ایک خلط جس کا رنگ زرد۔ مقام پتّا اور خاصیت گرم خشک ہے۔

پت ڈالنا (ہ) زرد رنگ کی قے کرنا۔ قے میں صفرا نکلنا۔

پتا (ہ امذ) والد۔ باپ۔ پدر۔ اَب۔ اَبّا۔

پتّا (ہ امذ) برگ۔ پات۔ پتر۔ ورق۔ پتّا جیسے تاش کا پتّا۔ کان کا ایک زیور جو بالیوں میں لٹکایا جاتا ہے۔

پتّا توڑ کر بھاگنا (ہ) بہت بھاگنا۔ کافور ہونا۔ رفوچکر ہونا۔ نہایت تیزی سے دوڑنا۔

پتّا کھڑکنا (ہ) پتّے کی آہٹ ہونا۔ پتّے کی آواز ہونا۔ اندیشہ ہونا۔ تھوڑا سا خوف ہونا۔

پتّا نہ ہلنا (ہ) جنبش برگ نہ ہونا۔ حبس ہونا۔ ہوا نہ چلنا۔

پتّا ہلانا (ہ ا محاورہ) خفیف حرکت دینا۔ چھوٹا سا کام کرنا۔

پتا ہونا - یا - ہو جانا (ہ) دوڑ جانا - ہوا ہو جانا - رفو چکر ہو جانا -

پتا (ہ/مذ) سُراغ - نشان - اثر - کھوج - علامت - مقام - جگہ - حیلہ - اشارا - کنایہ - سرنامہ - اضافہ - تفصیل - جیسے پتے دار بیان -

پتا چلنا (ا ر/محاورہ) سراغ ملنا - نشان ملنا -

پتا دینا (ا ر/محاورہ) سراغ بتانا - نشان بتانا ٹھکانا بتانا -

پتا لگنا } (ہ) کھوج لگنا - گم شدہ چیز کا نشان معلوم ہونا - سُراغ لگنا -
پتا ملنا }

پتّا (ہ) اندرونی اعضا میں سے ایک عضو - جہاں صفرا کا مقام ہے - زہرہ - صفرا کی تھیلی - تاب - طاقت - حوصلہ - جرأت - ہمّت - جگرا - غصّہ - تیزی - جوش - خواہش نفسانی - شرم - غیرت - لاج - حیا -

پتّا مارنا (ہ) برداشت کرنا - غُصّے کو دبا لینا - ضبط کرنا - دل مارنا - ہمّت کرنا - حوصلے سے کام لینا - دل لگانا - محنت کرنا -

پتّا مرنا (ہ) برداشت ہونا - سہہ جانا - اُٹھانا - تیزی نہ رہنا - غُصّہ فرو ہونا - حوصلہ نہ رہنا - صفرا کی کمی ہونا - ہمّت اور جرأت نہ رہنا - جوش اور اُمنگ کم ہو جانا -

پتال (ہ/مث) پاتال - تحت الثریٰ - (دیکھو پاتال)

پتال کی خبر لانا (ا ر/محاورہ) دُور کی خبر لانا - بات کی تہ تک پہنچنا -

پتاور (ہ/مث) پھُوس جس سے چھپّر بناتے ہیں -

پتائی (ہ/مذ) پتّوں کا ڈھیر -

پت جھڑ (ہ/مث) خزاں - برگ ریزی کا موسم - درختوں کے پتّے جھڑ جانے کا وقت -

پتر (ہ/مذ) بیٹا - پوت - لڑکا - ولد - پسر -

پتّر (ہ/مذ) پات - پتّا - برگ - ورق - پان - خط - چٹھی - پرچہ کاغذ کا ورق - تختہ - تاؤ -

پترا (س/مذ) ورق - صفحہ - جنتری - تقویم - دھات کا ٹکڑا -

پتر (ہ/مذ) مرے ہوئے بزرگ - دیوتا -

پتر پانی پڑنا (ہ) دلی مُراد پوری ہونا - خواہش دل بر آنا کسی کے نقصان سے دل میں ٹھنڈ پڑنا -

پتری (ہ/مث) لڑکی - بیٹی - دُختر -

پتری (ہ/مث) کاغذ کی پرچی - خط - چٹھی - مکتوب - جنم کُنڈلی - زائچہ طالع مولود -

پتک (ف) ہتھوڑا -

پتّل (ہ/مث) پتوار - پتّوں کی تھالی سی بنی ہوئی ایک خوراک - ایک آدمی کے کھانے جتنی مقدار غذا -

پتّل پروسنا (ہ) پتّل میں کھانا رکھنا - پتّوں کی رکابی میں کھانا چُننا -

پتلا (ہ) رقیق - مائع - سیّال - عرق - بہنے والی چیز - غلیظ اور موٹے کے خلاف - باریک - مہین - تنگ - تنکڑا - کمزور - دُبلا - لاغر - موم - ملائم - نازک - تار سا ورق سا -

پتلا حال کرنا (ہ) بُرا حال کرنا - تنگ کرنا - مٹی پلید کرنا - عاجز کرنا - غیر حال کرنا - مارتے مارتے قریب مرگ کر دینا -

پتلا حال ہونا (ہ) تنگ ہونا - عاجز ہونا - غریب ہونا - محتاج ہونا - خراب اور تباہ حال ہونا - حالت جان کنی میں ہونا - ناتواں ہونا - لاغر ہونا - مُفلس و قلاش ہونا - حال بگڑ جانا - غیر حال ہونا -

پُتلا (ہ/مذ) مُورت - بُت - گُڈا - تمثال - پیکر - لعبت - آدمی یا حیوان کا بنایا ہوا یا پتھر لکڑی وغیرہ سے تراشا ہوا قالب - بے جان - آٹے مٹی وغیرہ کی مُورت - مجسّمہ - ڈھانچہ - ڈھانچ - ڈھچر - مجسّم - پوٹ - جیسے عقل کا پُتلا - نہایت حسین - خوبصورت - سہانا - سجیلا - خوبرو - جیسے کیا پتلا سا ہے -

پُتلا خاک کا (ا ر/مذ) انسان - آدمی -

پتلانا (ہ) پیتل کا زہریلا اثر کھانے میں ہو جانا - کساد ہو جانا - کھانے کا کسیا جانا - پیتل کی سی رنگت ہو جانا - پیتل کے اثر کو قبول کر لینا - کھانے میں پیتل کے زہر کی سرایت -

پتلون (ہ مند/مث) انگریزی پاجامہ جس میں میانی ندارد - سادا پائینچہ کیا شلوار - ازار - سُتھن -

پُتلی (ہ/مث) پُتلا کی تانیث - گُڑیا - مُورت - لعبت - آنکھ کا ڈھیلا - مردمک چشم - آنکھ کا تل - آنکھ کی سیاہی - گھوڑے کے سُم کے بیچ کا مینڈک کی سا اُبھار - تار کے ذریعے سے نچانے کی مٹی - کاٹھ کی مُورتیاں - نہایت نازک عورت - خوبصورت عورت - مشین - کل -

پُتلیاں پھر جانا (ہ) آنکھ کی پتلیوں کا چڑھ جانا - حالت غیر ہونا - موت کی نشانیاں ظاہر ہونا -

پُتلیاں نچانا (ہ) پُتلیوں کا تماشہ دکھانا - لعبت بازی کرنا - آنکھیں مٹکانا - آنکھوں سے اشارے کرنا -

پُتلیوں کا تماشہ (ہ/مذ) گُڑیوں کا کھیل - پُتلیوں کا کھیل لعبت بازی - خوبصورت لڑکے لڑکیوں کا اجتماع -

پتنگ (ہ/مذ) پروانہ - ایک پردار کیڑا جو چراغ پر عاشق ہوتا ہے - بڑا کنکوا - کاغذ باد - فرشتہ کنکوا - ایک لکڑی جس سے سُرخ رنگ نکلتا ہے (سنسکرت میں) سُورج - مہر - خور - آفتاب - شمس -

پتنگ باز (ا ر/ف/فاعل) کنکوا اُڑانے والا -

پتنگ بازی (ا ر/مث) کنکوے اُڑانا - کنکووں کا کھیل -

پتنگ بڑھانا (ا ر/محاورہ) پتنگ کو ہوا میں بلند کرنا -

پتنگ چھُری (ہ/مث) نہایت تیز - تُند - چالاک - لُتری - غمازہ - چغل خور - آگ لگاؤ - لڑائی کرا دینے والی -

پتنگا (ہ/مذ) پروانہ - ٹڈا - پردار کیڑا - چنگاری - آگ کا شرارہ - آتش کا پرکالہ - چراغ کا پھُول -

پتنگے لگنا (ہ) آگ لگنا - مرچیں لگنا - حسد کرنا - رشک کرنا - غُصّے ہونا - آگ بگولہ ہونا - سخت اظہار ناراضی کے موقع پر بولا جاتا ہے -

پتوار - یا - پتوال (ہ/مذ) سُکّانِ کشتی - دُنبالہ کشتی - کشتی کے موڑنے اور پھیرنے کی کل - اڑدواڑ - کھم - کھمب -

پتھر (ہ/مذ) سنگ۔ حجر۔ سل۔ اولا۔ ژالہ۔ ہیرا۔ پنا۔ لعل۔ زمرد وغیرہ۔ چکی۔ آسیا۔ بھاری بھرکم۔ بوجھل۔ نہایت۔ ازحد۔ کرخت۔ بے رحم شخص۔ غبی۔ کند ذہن۔ بے وقوف۔ احمق۔ نادان۔ مودھو۔ (حقارتاً) ہیچ۔ خاک۔ جیسے کیا تم پتھر کرو گے۔ ثقیل۔ دیر ہضم۔ سنگ۔ سینہ۔

پتھر برسنا (ہ) اولے برسنا۔ پتھر پڑنا۔

پتھر بن جانا (ہ) کٹھور ہو جانا۔ سنگدل ہو جانا۔ ظالم و جابر بن جانا۔ رحم نہ کرنا۔ پروا نہ کرنا۔ سخت اور کڑا ہو جانا۔ بہرا ہو جانا۔ بُت ہو جانا۔ خاموشی اختیار کر لینا۔

پتھر پانی ہو جانا (ہ) نہایت سنگدل آدمی کو رحم آ جانا۔ سختی نہ رہنا۔ ظالم کو ترس آ جانا۔ بخیل کا فیاض ہو جانا۔ رحم کرنا۔ سنگدل کا نرم ہو جانا۔

پتھر پہ لگانا (ار/محاورہ) کسی دھار والی چیز کو پتھر پر رگڑ کر تیز کرنا۔

پتھر پہ جونک نہیں لگتی (ار/مثل) جس پہ کوئی اثر نہ ہو اس کی نسبت بولتے ہیں۔

پتھر پڑنا (ہ) سنگباری ہونا۔ پتھر برسنا۔ تباہی آنا۔ خدا کا غضب نازل ہونا۔ آفت پڑنا۔ ژالہ باری ہونا۔ اولے برسنا۔ قحط اور کال ہونا۔ درحقیقت کچھ نہ ہونا۔ صرف شکل ہی شکل ہونا۔ عقل اور سمجھ وغیرہ کی تباہی۔

پتھر پڑیں (ہ) خدا کا غضب آئے۔ قہر خدا نازل ہو۔ غارت ہو۔ مٹ جائے۔ اُجڑ جائے۔ برباد ہو جائے۔

پتھر پڑیں سمجھ پہ (ہ) اس سمجھ پر لعنت ہے۔ تم اب بھی نہیں سمجھے۔ ایسی سمجھ پر تف ہے۔ ایسی سمجھ خدا کرے۔ غارت ہو جائے۔

پتھر پسیجنا (ہ) پتھر میں نمی آنا۔ ملائم ہونا۔ پگھلنا۔ نرم ہونا۔ سخت دل کا نرمی اختیار کرنا۔ بخیل سے فائدہ ہو جانا۔

پتھر پھوڑا (ہ/مذ) سنگ تراش۔ پتھر گھڑنے اور تراشنے والا۔ روڑی کوٹنے والا۔ ہُدہُد جو ایک قسم کا پرندہ ہے۔ مرغِ سلیمانؑ۔ کھٹ بڑھئی۔

پتھر تلے سے ہاتھ نکلنا / **پتھر کے تلے سے ہاتھ نکلنا** (ہ) کسی مصیبت یا دقت سے نجات حاصل کرنا۔ زبردست کی قید سے نکلنا۔ کسی اہم کام سے خلاصی پانا۔

پتھر تلے کا ہاتھ (ہ) مجبوری۔ بےبسی۔ ناچاری۔ بے اختیاری اور ناچاری کی حالت۔

پتھر چاٹنا (ار/محاورہ) کسی دھاری دار چیز کا پتھر پر رگڑ کر تیز ہونا۔

پتھر چٹا (ہ/مذ) ایک قسم کا سانپ جو مٹی کے بجائے پتھر چاٹتا ہے۔ ایک قسم کی مچھلی۔ ایک قسم کی گھاس۔ کنجوس۔ ممسک۔ صیقل گر۔ اوزار کو پتھر پہ گھسنے والا۔

پتھر چٹانا (ہ) سان پہ تیز کرنا۔ دھار لگانا۔ چھری یا سان پہ اوزار کی دھار کو تیز کرنا۔

پتھر چلانا (ار/محاورہ) پتھر پھینکنا۔

پتھر چھاتی پر دھرنا۔ یا۔ رکھنا (ہ) صبر کرنا۔ کسی سخت صدمے کی برداشت کرنا۔ غم و رنج کی حالت میں دل پر جبر کر کے خاموش ہو رہنا۔ عین شدائد میں مستقل رہنا۔ استقلال رکھنا۔

پتھر ڈھلکانا (ار/محاورہ) مصیبت جھیلنا۔

پتھر ڈھونا (ہ) نہایت سخت محنت کرنا۔ مشکل کام کرنا۔ بے فائدہ اور بے سود کام کرنا۔ فضول کام کرنا۔ ناحق محنت اُٹھانا۔ مُفت میں وقت ضائع کرنا۔

پتھر سے سر پھوڑنا۔ یا۔ مارنا (ہ) سر پٹخنا۔ بے وقوف کو سمجھانا۔ کوڑ مغز کو پڑھانا۔ بے فیض کی خدمت میں وقت ضائع کرنا۔ بہرے آدمی سے گفتگو کرنا۔ بے فائدہ اور بے سود کوشش کرنا۔ بے وفا سے دوستی کرنا۔

پتھر سے نصیب پھوٹنا (ار/محاورہ) سنگدل سے معاملہ ہونا۔ کمال بدقسمتی کی جگہ بولتے ہیں۔

پتھر کا دل۔ یا۔ کلیجہ (ہ) سخت دل۔ بے رحم۔ پکا دل۔

پتھر کے تلے ہاتھ دبنا (ہ/محاورہ) مجبور ہونا۔ بے بسی کا عالم ہونا۔ نہایت ناچار ہونا۔ بےبس ہونا۔

پتھر کی چھاتی (ہ) سخت چھاتی۔ بڑا حوصلہ۔ نہایت جفاکشی۔ بڑا دل۔ نہایت ہمت و جرأت۔

پتھر کی لکیر (ہ) پکا۔ مضبوط۔ نقش کالحجر۔ نقش نگین۔ اٹل۔ پائدار۔ مستحکم۔

پتھر لڑھکانا (ہ) پتھر پھسلانا۔ کسی کی موت کا طالب ہونا۔

پتھر مارنا (ہ) سنگسار کرنا۔ سنگ زنی کرنا۔ پتھر لگانا۔ نا ملائم باتیں کرنا۔ سخت کلامی سے پیش آنا۔

پتھر مارے موت نہیں / **پتھر مارے نہیں مرے گا** (ہ/مثل) نہایت سخت جان ہے۔ پرلے درجے کا بے حیا ہے۔ اسے کسی طرح موت نہیں آتی۔

پتھر نچوڑنا (ہ) ممسک سے فیض اُٹھانا۔ کٹھور کو برسرِ رحم لانا۔ بد سے نیکی کا خیال رکھنا۔ فضول کام کرنا۔ بےسود کام کرنا۔

پتھر نہیں پگھلتے (ار/مثل) سنگ دل کو رحم نہیں آتا۔ بخیل سے سخاوت ہونا ناممکن ہے۔ معشوق عاشق پر ترس نہیں کھاتا۔

پتھر ہونا (ہ) سخت ہونا۔ بھاری ہونا۔ اچل ہونا۔ بُت ہونا۔ بہرا گونگا ہونا۔ چپ اور خاموش ہونا۔ کٹھور۔ کرّا اور سنگدل ہونا۔ اندھا ہونا۔ بےکار ہونا۔ نکما ہونا۔

پتھرانا (ہ) پتھر ہونا۔ سخت ہو جانا۔ ٹھٹھر جانا۔ متحیر ہونا۔ حیرت زدہ ہونا۔ مرتے وقت بینائی چشم کا زائل ہو جانا۔

پتھراؤ (ہ/مذ) سنگباری۔ پتھر برسانا۔

پتھراؤ کرنا (ہ) پتھر برسانا۔ سنگ زنی کرنا۔ پتھر مارنا۔

پتھروٹا (ہ) پتھر کی کونڈی۔ سل۔ بٹا۔ سندولا۔

پتھری (ہ/مث) سنگ دان جو پرندوں کے پوٹے کے ایک طرف ہوتا ہے جہاں دانے کے ساتھ کنکر پتھر وغیرہ سب ہضم ہو جاتے ہیں۔ پتھر کا ٹکڑا۔ سنگریزہ۔ سنگ مثانہ یعنی وہ پتھریلا مادہ جو مثانے میں جم جاتا اور پیشاب کرتے وقت تکلیف دیتا ہے۔ چقماق یعنی آگ جلانے کی ڈبیا۔ اُسترہ وغیرہ تیز کرنے کا پتھر کا ٹکڑا۔

پتھریلا (ہ) پتھر ملا ہوا۔ پتھر کا۔ سنگ آمیز۔

پتھنا (ہ) تھپنا۔ گوبر کے اُپلے بننا۔ اینٹیں یا اُپلے بننا۔ گارے یا گوبر کا گولہ۔

پتھنار / پتھنارا (ہ/مذ) اُپلے تھاپنے کا باڑا۔ اینٹیں بنانے کی جگہ۔ وہ جگہ جہاں اُپلے یا اینٹیں وغیرہ تھاپ کر خشک ہونے کے لیے رکھی جاتی ہیں۔

پتھوانا (ہ) اُپلے تھپوانا۔ اینٹیں بنوانا (ظرف مکان) اُپلے یا اینٹیں تھاپنے کا مقام۔

پتھی (ا/مث) پیاز کی آنڈی۔ لہسن یا پیاز کی گنٹھی۔

پتھیر (ا/مث) اینٹیں بنانے کی جگہ۔

پتھیرا (ہ) اینٹیں تھاپنے والا۔ اینٹیں بنانے والا۔

پتی (ہ/مث) چھوٹا سا پتا۔ کونپل۔ سبزی۔ بھنگ۔ ساجھا۔ حصہ۔ چندہ۔ شراکت۔ نب۔ ڈنک۔ فولادی قلم۔ دھات کی تیری۔ گنے کی پتی۔ ایکھ کے اُوپر کا چھلکا۔ عورتوں کے کان کا ایک زیور۔

پتی دار (ہ) حصہ دار۔ شریک۔ ساجھی۔ بہرہ ور۔

پتی (ہ/مث) فسادِ خون کی بیماری جو صفرا کے جوش سے پیدا ہوتی ہے اور سارے بدن پر گوہرٹے پڑ جاتے ہیں۔ جن میں خارش بہت ہوتی ہے اور جسم سُرخ ہو جاتا ہے۔

پتی (ہ/مذ) خاوند۔ شوہر۔ خصم۔ مالک۔ آقا۔ میاں۔ سوامی۔ سردار۔

پتی برتا (ہ/مث) صرف خاوند کو برتنے والی عورت۔ نہایت پاک دامن۔ با عزت اور با عصمت عورت۔ خاوند کی خدمت گزار۔ خصم کی سیوا کرنے والی۔ نہایت مطیع عورت۔

پتی جمانا (ا/محاورہ) فقرہ دینا۔ رنگ جمانا۔

پتیارا (ف) آفت۔ بلا۔ نازیبا۔ سختی۔ فریب۔ شور۔ غوغا۔

پتیانہ (ہ) اعتبار کرنا۔ باور کرنا۔ خاطر میں لانا۔ تسلی دینا۔ آزمائش کرنا۔ تجربہ کرنا۔

پتے پر آنا / پتے پر پہنچنا (ہ) کسی نشان کے مطابق کھوج لگانا۔ کسی علامت کے لحاظ سے کسی چیز کی تلاش کرنا۔ علامت و نشان کے مطابق ڈھونڈنا۔

پتے کی سُنانا یا۔ کہنا (ہ) بھید کی کہنا۔ کان تلے کی سُنانا۔ راز فاش کرنا۔ بھید کھولنا۔ چبھتی ہوئی سُنانا۔ کاٹنے کی بات کہنا۔ چوٹ کرنا۔

پتیل (ہ) پتلا۔ باریک۔ جھرجھرا۔ چھدرا۔ جھینا بنا ہوا۔ جھونا۔

پتیلا (ا/مذ) بڑے مُنہ کا دیگچہ۔ تانبے پیتل کا بڑے منہ والا دیگچہ۔

پتیلی (ا/مث) دیگچی۔ تانبے، پیتل یا دھات کی کھُلے مُنہ کی دیگچی۔ عام دیگچی۔

پ ۔ ٹ

پٹ (ہ/مذ) تختہ۔ کواڑ۔ اُلٹا۔ برگشتہ۔ اوندھا۔ گھونگھٹ۔ نقاب۔ آڑ۔ پردہ۔ جیسے پٹ مارنا۔ یعنی گھونگھٹ کرنا۔ کسی چیز کے گرنے کی آواز۔ فوراً۔ تُرت جلد۔ جھٹ پٹ۔ کپڑا۔ ریشم۔ (پاٹ کا مخفف) سنگھاسن۔ تخت۔ مسند۔ گدی۔ ران۔ زانو۔ آسن۔

پٹ بھیڑنا (ہ) کواڑ بند کرنا۔

پٹ پٹ بولنا (ا/محاورہ) تڑاق تڑاق بولنا۔ بے جھجک گفتگو کرنا۔

پٹ کھولنا (ہ) کواڑ کھولنا۔ نقاب اُٹھانا۔ گھونگھٹ کھولنا۔

پٹ رانی (ہ/مث) مہارانی۔ ملکہ۔ بڑی رانی۔ پہلی رانی۔

پٹ سے بولنا (ا/محاورہ) تڑاق سے کہہ دینا۔ بیچ میں بول اُٹھنا۔

پٹا (ہ/مذ) پھری اور گتکے کا کھیل۔ گتکے کی ورزش۔ ایک سپاہیانہ کرتب۔ لکڑی جس پر پونڈے بیلتے ہیں۔

پٹا باز۔ یا پٹے باز (ا) پٹا کھیلنے والا۔ لکڑی باز۔ نٹ کھلونا۔ جو ہلانے سے پٹا کھیلتا ہے اور چت نہیں گرتا۔

پٹا (ہ/مذ) چوپایوں اور پالتو جانوروں کے گلے میں ڈالنے کا پٹکا۔ طوق۔ گلوگیر۔ گلوبند۔ گلے میں پہننے کا قلادہ۔ ٹھیکہ نامہ۔ اجارہ نامہ۔ زمین کو کام میں لانے کا اجازت نامہ جو مالک کی طرف سے کاشتکار کو دیا جاتا ہے۔ سر کے لمبے بال۔ پٹے۔ تختہ۔ پٹڑا۔ پٹڑی وغیرہ۔ بیٹھنے کا آلہ۔ دوپٹہ۔ ایک عرض کا۔ اوڑھنا۔ پھینٹا۔ پٹکا۔ لنگی۔ کمر پر باندھنے کا پٹکا۔ چپراس لٹکانے کا پرتلا۔ دستور۔ نیگ۔ حق الخدمت۔ دُلہن کے کمینوں اور خادموں کو شادی کے موقع پر دُولہا کے پاس سے جو حق الخدمت دلایا جاتا ہے۔ کرایہ وصول کرنے کے دستور العمل۔ بانات وغیرہ کی جوتی کے پتے جن پر کام بنا ہوا ہو۔ کامدار جوتی کا پتا۔

پٹا اتارنا (ہ) چپراس چھین لینا۔ سپاہی یا چپراسی کو موقوف کرنا۔ پیٹی لے لینا۔

پٹا تڑانا (ہ) رسی تڑانا۔ کسی جانور کا قلادہ تڑا کر نکل جانا۔ خلاصی پانا۔ آزادی چاہنا۔ آزاد ہو جانا۔ زنجیر تڑانا۔ مغرور ہونا۔ فرار ہونے کا ارادہ رکھنا۔

پٹاپٹ (ہ/مث) کسی چیز کو متواتر مارنے کی آواز۔ بوندوں یا پھلوں کے

لگاتار زمین پر پڑنے کی آہٹ اس میں الف اتصال کا ہے۔

پٹاپٹی (ا/مث) ایک دھاری دار کپڑا۔

پٹاپٹی کا پردہ (ہ/مذ) وہ پردہ جس پر کارچوبی کا کام بنا ہوا ہو۔ نہایت خوش رنگ اور رنگارنگ کے پھول بوٹے والا پردہ۔

پٹاپٹی کا موباف (ا/مذ) چوٹی باندھنے کا دھاری دار کپڑا۔

پٹاخا (ہ/مذ) پڑاکا۔ آتشبازی کی ایک قسم۔ بندوق کی ٹوپی۔ چنچل۔ چالاک۔ طرار۔ فرّار۔ خوب بولنے والی۔ خوش آواز۔ رسیلی آواز۔ معشوق۔ خوبصورت۔ نہایت شوخ رنگ۔ دلربا۔

پٹاخ سے بولنا (ہ) نہایت جلدی بولنا۔ کڑاکے کی آواز بولنا۔ پھرتی سے بولنا۔

پٹارا (ہ/مذ) چمڑے سے منڈھا ہوا یا سادہ بانس کا ڈھکنے والا ٹوکرا۔ صندوق۔ بانس کا صندوقچہ۔

پٹارا توڑنا (ا/محاورہ) پٹارہ توڑ کر چوری کرنا۔

پٹاری (ہ/مث) بانس یا بید کی ڈھکنے والی ٹوکری۔ پاندان۔ تانبے پیتل وغیرہ کا برتن جس میں پان اور اس کے لوازم رکھتے ہیں۔ انگور کی ڈبیا۔ تھی انگور۔

پٹاری کا خرچ (ا/مذ) پاندان کا خرچ۔ عورتوں کا جیب خرچ۔

پٹاش۔ یا۔ پوٹاش (ا/مذ) ایک آتش گیر مادہ جس سے پٹاخے بنائے جاتے ہیں۔

پٹاک (ہ/مذ) پٹ۔ پھد۔ پھل وغیرہ کے اونچی جگہ سے یا درخت سے گرنے کی آواز۔

پٹاکا (ہ/مذ) (دیکھو پٹاخا)

پٹاؤ (ہ/مذ) پوشش۔ کڑی۔ تختہ۔ آبپاشی۔ لین دین۔ معاملہ۔

پٹ پٹ (ہ/مذ) متواتر گرنے کی آواز۔ تڑاتڑ۔ پڑ پڑ۔ پٹر پٹر۔

پٹ پٹ بولنا۔ یا۔ پٹ پٹ زبان چلانا (ہ) تڑ تڑ بولنا۔ جھٹ پٹ جواب دینا۔ تڑاق پڑاق جواب دینا۔

پٹپٹانا (ہ) حسرت کرنا۔ افسوس کرنا۔ پچھتانا۔ رنج کرنا۔

پٹ پڑنا (ہ) اوندھا پڑنا۔ اُلٹا پڑنا۔ وار کا صحیح نہ لگنا۔ تلوار۔ خنجر وغیرہ کا دھار کے رُخ نہ پڑنا۔ بلکہ پہلو کے بل لگنا۔

پٹخارنا (ا) پیٹنا۔ کوڑے لگانا۔ چابک یا قمچی وغیرہ سے مارنا۔ دھمکانا۔ پھٹکارنا۔ روپیہ بٹورنا۔ دھوکا فریب یا ڈرا دھمکا کر رشوت لینا۔

پٹخنا (ہ/مذ) گدا کا۔ جھدا کا۔ کشتی میں زمین پر دے مارنے کی آواز۔

پٹخنا دینا۔ یا۔ پٹخنانا (ا) جھدکنا دینا۔ زمین پر دے مارنا۔ گدا کا دینا۔ اُٹھا پھینکنا۔

پٹخنا (ا) پچھاڑنا۔ زمین پر دے مارنا۔ جھدکنا دینا۔ ورم کا کم ہو جانا۔ سوجن گھٹ جانا۔ پھوڑے وغیرہ کا پچکنا۔ بیٹھ جانا۔ دب جانا۔

پٹخنی (ا/مث) کشتی کا ایک داؤ۔ زمین پر پٹخنے کا عمل۔

پٹخنی دینا (ا/محاورہ) زمین پر دے مارنا۔

پٹخنیاں کھانا (ا) پچھاڑیں کھانا۔ گر گر پڑنا۔ ٹونیاں کھانا۔ لوٹنا۔ تڑپنا۔

پٹڑا (ہ/مذ) تختہ۔ چھوٹی سی چوکی۔ دھوبیوں کے کپڑا دھونے کا تختہ۔ سہاگا۔ ہینگا۔ پٹیلا جو زمین ہموار کرنے کے لیے کھیت میں پھیرا کرتے ہیں۔

پٹڑا پھیرنا (ہ) سہاگا پھیرنا۔ زمین ہموار کرنا۔ صفایا کرنا۔ لوٹ لینا۔ لٹا دینا۔ دولت اُڑا دینا۔ مٹھا ڈالنا۔ تباہ کر دینا۔

پٹڑی (ہ/مث) تختی۔ چھوٹی سی بیٹھنے کی چوکی جس پر بیٹھ کر عموماً عورتیں روٹی وغیرہ پکاتی ہیں۔ پیٹی۔ لوح۔ باغ کی روش۔ نہر کا کنارا۔ حاشیہ۔ کپڑے کا کنارا۔ کھپریل کا کھپرا۔ جس پر نلیاں رکھتے ہیں۔ چاندی سونے کی وہ تختی جو تعویذ لکھا کر بچوں کے گلے میں ڈال دیتے ہیں۔ لاکھ وغیرہ کی چوڑی جسے پٹھا بھی بولتے ہیں۔ ران۔ آسن۔ زانو۔ جیسے پٹڑی جمانا۔

پٹڑی جمانا (ہ) آسن جمانا۔ گھوڑے پر رانیں جما کر سوار ہونا۔

پٹس (ہ/مث) پٹن۔ کہرام۔ ماتم۔

پٹکا (ہ/مذ) پیٹی۔ کمربند۔ کمرپیچ۔ کمر سے باندھنے کا دوپٹہ یا رومال۔ مٹی کی دیوار میں چونے کے یا پتھر کی چنائی میں اینٹوں کی پیٹی۔

پٹکا باندھنا (ہ) کمر باندھنا۔ تیار ہونا۔ مستعد ہو جانا۔

پٹکا پکڑنا (ہ) دامن پکڑنا۔ روکنا۔ کمر میں ہاتھ ڈالنا۔ مزاحم ہونا۔

پٹکار (ا/مث) چابک یا رسّی جو گھوڑے کو چلانے یا دوڑانے یا کھیت سے پرندے اُڑانے کے کام آتی ہے۔ چابک کو ہوا میں لہرانے یا مارنے کی آواز۔

پٹکن (ہ/مث) بےچینی۔ دھکا۔ گرنا۔ سوجن کم کرنا۔

پٹکنا (ہ) پٹخنا دے مارنا۔ پچھاڑ دینا۔ گرا دینا۔

پٹکی (ہ/مث) (عورت) آفت۔ غضب۔ قہر۔ بلا۔ ناگہانی موت۔ آلن۔ وہ بیسن جو شوربا گاڑھا کرنے کے لیے سالن میں ڈالتے ہیں۔

پٹکی پڑنا (ہ) خدا کا قہر نازل ہونا۔ ناگہانی موت آنا۔ مر جانا۔ غارت ہونا۔ برباد ہونا۔ تباہ ہونا۔

پٹم (ہ) اندھا۔ چوپٹ۔ نابینا۔ سُور داس۔

پٹن (ہ/مث) ماتم۔ کہرام۔ رونا۔ پیٹنا۔

پٹن (ہ/مذ) گھاٹ۔ دریا کو عبور کرنے کی جگہ۔ بستی۔ آبادی۔

پٹنا (ہ) مار کھانا۔ ماتم کہرام۔ ناگوار کام۔ وہ کام جو پسند خاطر نہ ہو۔ بیانِ مصیبت۔ جیسے روز روز کا پٹنا کون سُنے۔ آج کل پیٹنا زیادہ بولا جاتا ہے۔

پٹنا (ہ) پوشش ہونا۔ وصول ہونا۔ آبپاشی ہونا۔ قیمت چکنا۔ دام طے ہونا۔ بھرنا۔ اٹنا۔ کثرت اور افراط کے موقع پر بولا جاتا ہے۔

پٹنی (ہ/مذ) ملاح۔ مانجھی۔ کشتی ران۔

پٹو (ہ/مذ) ایک قسم کا اُونی کپڑا۔ بارانی۔ برساتی۔ کمل اور لوئی وغیرہ

کی طرح کا موٹا اُون سے بنا ہوا کپڑا۔

پِٹّو (ہ) مار کھانے والا۔ پٹ جانے والا۔ ذلیل۔ شکست کھانے والا۔ ہار جانے والا۔

پٹواری (ہ/مذ) گاؤں کی زمین کی پیمائش کرنے والا۔ محاسبِ دہ۔ گاؤں کا حساب رکھنے والا۔ سرکاری لگان اور معاملہ مقرر کرنے اور لگانے والا۔

پٹوانا (ہ) وصول کرانا۔ دلوانا۔ چھت ڈلوانا۔ بکوانا۔ معاملہ کرانا۔ سودا چکانا۔ طے کرانا۔ پانی دینا۔ آبپاشی کرنا۔ مچہ کرنا۔ بھروانا۔ گڑھوں وغیرہ میں مٹی ڈلوا کر ہموار کرانا۔

پِٹوانا (ہ) جوتے لگوانا۔ ضرب لگوانا۔ مرلوانا۔ پچھڑوانا۔ چھکوانا۔ ستانا۔ دق کرنا۔ تنگ کرنا۔

پُٹھ (ہ/مث) ملاوٹ۔ آمیزش۔ چاشنی۔ خوشبو وغیرہ۔ کسی چیز کا ملاؤ۔ بکرے کی پیٹھ کا گوشت جو دُم سے اُوپر کو ہوتا ہے۔

پٹھ (ہ/مث) نوجوان بکری۔ جو ابھی بیاہی نہ ہو۔

پُٹھّا (ہ/مذ) چوپایوں کا چوتڑ۔ علی الخصوص گھوڑے کا۔ دلّال اور چابک سوار لوگ اظہارِ تعدادِ اسپ کے لیے بولتے ہیں۔ جیسے سو روپے پُٹھا۔

پٹّھا (ہ/مذ) نوجوان۔ نوعمر۔ نوخیز۔ باٹھا۔ جانوروں یا انسانوں کا نوجوان بچہ۔ عصب۔ پٹے۔ لمبا۔ چوڑا اور موٹا پتا۔ جیسے گھیکوار کا پٹھا۔ بل۔ پہلوان۔ پہلوان کا شاگرد۔ کتاب کی تپلی جلد۔ جلد کا اُوپر کا موٹا کاغذ۔ چوڑی چوڑی جو عورتیں درمیان میں پہنتی ہیں۔ اطلس یا ساٹن کی چوڑی گوٹ جو عورتیں دوپٹوں اور لہنگوں پر لگاتی ہیں۔ اِدھر اُدھر چھوٹے ہوئے سر کے بال جیسے کن پٹھے رکھ لیے ہیں۔ شاخ۔ تراش۔ پھانک۔ جیسے گزک کا پٹھا لیا ہے۔

پٹھان (ہ/مذ) افغان۔ مسلمانوں کی چار اعلیٰ ذاتوں میں سے ایک۔ کابلی لوگ۔ سپاہی۔ جنگی لوگ۔ خونخوار۔ جلّاد۔ سفاک۔ لڑاکا۔

پٹھان کا پوت گھڑی میں اولیا گھڑی میں بھوت (ا/مثل) پٹھان بہت متلون مزاج ہوتے ہیں۔ ان کا کچھ اعتبار نہیں۔ ذرا سی بات میں ناراض اور ذرا سی بات میں خوش ہو جاتے ہیں۔

پٹھانا (ہ) روانہ کرنا۔ ارسال کرنا۔ بھیجنا۔

پیٹھ بلا (ہ) انگرکھے یا کوٹ وغیرہ کا وہ حصہ جو پیٹھ سے ملا ہوا رہتا ہے۔ پیٹھ کا کپڑا۔

پِٹھّو (ہ) مددگار۔ سہارا دینے والا۔ پشت و پناہ۔ معاون۔ ہر وقت ساتھ لگا رہنے والا۔ دُم چھلّا۔ پچھلگو۔ نہایت خوشامدی۔

پٹھوال (ہ) وہ بہادر اور مضبوط آدمی جو نقب زنوں کے پیچھے ان کی مدد کے لیے نقب کے منہ پر کھڑا رہتا ہے۔ مددگار۔ معاون۔ رفیق۔ ساتھی۔

پٹھور۔ یا۔ پٹھورا (ہ/مث/مذ) بکری کا بچہ جو ابھی جوان ہوا ہو۔ خوبصورت۔

پٹھوری (ہ/مث) نوجوان بکری (مجازاً) خوبصورت شکیل عورت۔ نوجوان عورت۔

پٹّھے (ہ/مذ) پٹھا کی جمع۔ سر کے دو طرفہ چھوٹے ہوئے بال۔ اعصاب۔ نوعمر۔ نوجوان۔ لڑکے۔ برابر والے کو بھی بول دیتے ہیں۔ جیسے آؤ پٹھے۔

پٹھی (ہ/مث) دُھلی ہوئی اور سِل بٹے پر پسی ہوئی دال۔ پیٹھی۔

پٹھیا (ہ/مث) جوان مادہ گائے۔ بھینس۔ بکری وغیرہ جو ابھی بیاہی نہ ہو (مجازاً) خوبصورت لڑکی۔ جوان لڑکی۔ نوعمر۔ نوخیز لڑکی۔

پٹّی (ہ/مث) دھجی۔ کترن۔ لیر۔ جزو۔ ٹکڑا۔ حصہ۔ گاؤں کا کچھ چھوٹا سا حصہ۔ طرف۔ قطعۂ زمین۔ سربند۔ بندھن۔ سرپیچ۔ پگڑی کی ایک خاص طرز کی بندش۔ ایک قسم کی مٹھائی کی قلیں۔ گزک کی لمبی چپٹی چوکور قاشیں۔ گاؤں کی چوتھائی۔ چارپائی کے پہلو کی لکڑی۔ قطار۔ صف۔ گھوڑے کی لمبی دوڑ۔ سیدھی دوڑ۔ ماتھے پر جمائی ہوئی بالوں کی تہہ۔ تختی۔ لوح۔ سبق۔ فریب کا سبق۔ فریب کی ترغیب۔ زخم پر باندھنے کا کپڑا۔ بندھن۔ کاغذ کا پتلا سا ٹکڑا جو کنکوے میں آڑا لگا دیتے ہیں۔ لنگوٹ۔ حاشیہ۔ کنارا۔ حاجب۔ اِغوا۔ بہکاوٹ۔ مخالفت۔ غیبت۔ چغلی۔ بدگوئی۔

پٹّی آنکھوں پر باندھنا (ا/محاورہ) چشم پوشی کرنا۔ بد لحاظ ہو جانا۔ احسان فراموش ہو جانا۔ بے مروت ہو جانا۔

پٹّی جمانا (ا/محاورہ) پانی یا تیل سے بالوں کی تہہ ماتھے پر جمانا۔

پٹّی پرا (ا/صف) وہ کبوتر جس کے اُڑنے کے پر گر گئے ہوں۔

پٹّی پڑھانا (ہ) سبق دینا۔ سکھانا۔ بہکانا۔ ورغلانا۔ اپنے مطلب کی باتیں سکھانا۔ فریب کی باتیں کرنا۔

پٹّی دار (ف/مذ) شریکِ دہ۔ اسامی دار۔ پٹّی کا مالک۔ گاؤں کا حصہ دار۔

پٹّی داری (ف/مث) مشترکہ موروثی قبضہ۔ حصہ داری۔

پٹّی دینا (ہ) ترغیب دینا۔ بہکانا۔ گھوڑے کو لمبا دوڑانا۔

پٹّی وار (ہ) حصہ رسد۔ حصے کے موافق۔

پٹیا (ہ/مث) سِل۔ پتھر کا ٹکڑا۔ پتھر کا چوکا۔ چٹان۔ تختۂ سنگ۔

پٹیاں جمانا (ہ) بالوں کو ماتھے پر اِدھر اُدھر تیل اور پانی وغیرہ سے جمانا۔ پتھر کی سلوں کو فرش، چھت یا دیوار میں قطار در قطار لگانا۔

پٹیت (ہ/مذ) پٹہ باز۔ گدکے پھری کا کھلاڑی۔ بے وقوف۔ احمق۔ گلے میں سفید طوق والا یک رنگ سیاہ۔ سرخ۔ زرد۔ نیلا کبوتر۔

پٹیل (ہ/مذ) گاؤں کا سردار۔ مقدم۔ چودھری۔ نمبردار۔

پٹیل (ہ/مذ) مار کھانے والا۔ بودے دل کا۔ ذلیل۔

پٹیلنا (ہ) دے مارنا۔ پھینک دینا۔ پچھاڑنا۔ زیر کرنا۔ جیت لینا۔ وصول کرنا۔ کمانا۔ مارنا۔ ٹھونکنا۔ پیٹنا۔ مغلوب کرنا۔

پٹین (انگریزی) شیشے جوڑنے کا مسالہ جس کے ذریعے سے کواڑوں میں شیشے لگاتے ہیں۔ لکڑی کی درزوں اور چھیدوں کو بند کرنے کا مسالا۔

پ ۔ ج

پَج (ف/مذ) پہاڑ۔
پجاپا (ہ/مذ) پوجنے کا سامان۔ دیوتا کی نذر۔ دیوتا کی بھینٹ۔ چڑھاوا۔ نذر۔ جھگڑا۔ بکھیڑا۔ دُکھ۔ مصیبت۔
پجاپا پھیلانا (ہ) بکھیڑا پھیلانا۔ بے ترتیبی سے چیزیں پھیلانا۔ دُکان سی لگانا۔
پجاری (ہ/مذ) پوجا کرنے والا۔ بُت پرست۔ پوجا کرانے اور پوجا کے طریق بتانے والا۔ مجاور۔ چڑھاوا لینے والا۔ نذر بھینٹ لینے والا۔
پجانا (ا/مص) بھرنا۔ پورا کرنا۔ تکمیل کرنا۔
پجاوا (ا/مذ) اصل میں پژوا ہے۔ اینٹوں کے پکنے کا آوا۔ اینٹیں پکانے کی جگہ۔
پجوانا (ہ) پوجنا کا متعدی المتعدی۔
پجنا (ا/مص) پوجا جانا۔ پرستش ہونا۔ عزت کیا جانا۔ مانا جانا۔
پجوڑا (ہ/مذ) پاجی کا اسم تصغیر۔ نہایت کمینہ۔ نہایت ذلیل۔ ارذل۔
پجوڑی (ہ/مث) پجوڑا کی تانیث۔ کمینی عورت۔ نہایت ذلیل عورت۔ فرومایہ اور خوار عورت۔ نیچ ذات۔ اور نیچ خصلت کی عورت۔

پ ۔ چ

پچ (ہ/مث) طرفداری۔ پاس۔ ہٹ۔ ضد۔ اصرار۔ حمایت۔ رعایت۔ لحاظ۔ کوشش۔ سعی۔ تائید۔ هضم۔
پچ کرنا (ہ) طرفداری کرنا۔ حمایت کرنا۔ بات کا پاس کرنا۔ اپنے قول کی تائید کرنا۔ ضد کرنا۔ ہٹ کرنا۔ اَڑ کرنا۔ تعصب کرنا۔
پچ مرنا (ہ) نہایت کوشش۔ کوشش کر کے تھک جانا۔ بے حد محنت کرنا۔
پچ (ہ/مذ) پانچ کا مخفف۔ مرکبات میں آتا ہے۔ جیسے پچگنا۔ پچلڑی۔
پچ نگار (ا) پانچ رنگ کا (مذ) نوگرہ کی پرستش کا چوک جو پانچ رنگوں سے پورا ہو جاتا ہے۔
پچ مرنا (ا/محاورہ) نہایت کوشش کر کے تھک جانا۔ بہت محنت کرنا۔
پچ میل (ہ/صفت) پانچ طرح کی مرکب چیز۔ پانچ قسم کی۔ پانچ انواع سے مرکب۔ جیسے پچ میل مٹھائی۔

پچ ہتھا (ہ/صف) پانچ ہاتھ کے برابر لمبے قد والا۔ بہت لمبا۔ بڑے قد والا۔
پچارا (ہ/مذ) پوتا۔ کوچی۔ برش۔ تیلی۔ لپائی۔ ہلکی سفیدی کی پتلی تہ۔
پچارا پھیرنا (ہ) پوتا پھیرنا۔ کوچی کرنا۔ صاف کرنا۔ سفیدی پھیرنا۔ پتلی پتلی لپائی کرنا۔ کپڑے کے ذریعے سے رنگ یا سفیدی کرنا۔ اُکسانا۔ ترغیب دینا۔ اُبھارنا۔
پچارا دینا (ہ) خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔ روغن قاز ملنا۔
پچاس (ہ) پنجاہ۔ پنج دہائیاں۔ ۵۰۔ 50۔
پچاسا (ہ/مذ) پچاس کی تعداد۔ پچاس کی رقم۔ پچاس روپے کا وزن۔ پچاس پانوں کا مٹھا۔
پچاسوں (ہ) افراط کے موقع پر بولا جاتا ہے۔ جیسے پچاسوں کوس ہے یعنی بہت دور ہے۔
پچاسی (ا/عدد) اسی اور پانچ (۸۵)
پچانا (ہ) پچنا کا متعدی۔ ہضم کر جانا۔ گلانا۔ گوارا کرنا۔ کسی کا مال مار لینا۔
پچانوے (ہ) نوے اور پانچ۔ ۹۵۔ 95۔
پچاؤ (ہ/مذ) ہضمہ۔ گوارش۔ برداشت۔ بردباری۔ سہارا۔
پچ پچ (ہ/مث) کیچڑ یا دلدل میں چلنے کی آواز۔
پچپچا (ہ) وہ کھانا جس کا پانی جذب نہ ہوا ہو۔ اُدھ کچرا کھانا۔
پچپچاہٹ (ہ/مث) پچپچانے کی کیفیت یا حالت۔
پچپن (ہ) پچاس اور پانچ۔ ۵۵۔ 55۔
پچتانا (ہ) پشیمان ہونا۔ افسوس کرنا۔ متاسف ہونا۔ کوئی کام کر کے نادم ہونا۔ سر دھننا۔ غم کھانا۔ رنج کرنا۔
پچتاوا (ہ/مذ) تاسف۔ افسوس۔ پشیمانی۔
پچڑ (ہ/مث) میخ۔ فانہ۔ پنچو۔ کھونٹی۔ لکڑی کی پچی جو کسی سوراخ کے تنگ کرنے کے لیے ٹھونک دیتے ہیں۔ تعرض۔ مزاحمت۔ روک۔
پچڑ اَڑانا (ہ) فانہ دینا۔ لکڑی یا تختی کی درز میں پچی دینا۔ مزاحمت کرنا۔ مانع ہونا۔ روکنا۔ بھانجی مارنا۔
پچڑ پڑنا (ا/محاورہ) ناگہانی مصیبت یا آفت آنا۔
پچڑ ٹھونکنا (ہ) فانہ ٹھونکنا۔ میخ لگانا۔ تکلیف دینا۔ صدمہ پہنچانا۔ اڑاڑی دینا۔ مزاحمت کرنا۔ مانع ہونا۔ روکنا۔
پچڑ لگانا (ا/محاورہ) لکڑی کے چھوٹے ٹکڑے کا درز میں رکھنا۔ رخنہ اندازی کرنا۔ کسی کی طرف سے کسی کو اکھاڑنا۔
پچکار (ہ) دونوں ہونٹوں کو ملا کر پیار کی آواز۔ پیار۔ چمکار۔ دلاسا۔ تھپک۔
پچکارنا (ہ) پیار کرنا۔ تھپکنا۔ دلاسا دینا۔ پیار سے بُلانا۔ تھپکی دینا۔
پچکاری (ہ/مث) پیار کی آواز۔ چمکاری۔

پچکاری دینا (ہ) جانور یا بچے کو پیار سے بلانا۔
پچکاری (ہ/مث) دم گیر۔ دم کلا۔ حقنہ۔ پان کی پیک۔ دھار باندھ کر پھینک دینے کی آواز۔ رنگ پاشی کا آلہ۔
پچکانا (ہ) دبانا۔ بھینچنا۔ دھنسانا۔ سکیڑنا۔ اندر کو گاڑنا۔
پچکنا (ہ) دبنا۔ بھچنا۔ دھنسنا۔ سکڑنا۔ اندر کو گر جانا۔ پچنا۔
پچلونا (ہ) پانچ لون والا چورن۔ وہ چورن جس میں پانچ نمک ہوں۔
پچنا (ہ) ہضم ہونا۔ گلنا۔ تحلیل ہونا۔ گوارا ہونا۔ طرفداری کرنا۔ کمال کوشش کرنا۔ ہمہ تن کوشاں رہنا۔ محنت کرنا۔ ارمانا۔ تھکنا۔ غیر کا مال واپس نہ جانا۔ کسی امانت کا اُلٹا نہ پھرنا۔
پچوترا (ہ/مذ) سالیے سے پانچ فیصد۔ زائد اصل لگان سے پانچ فیصد زائد۔ رقم جس میں نمبرداری وغیرہ دیگر اخراجات دیے جاتے ہیں۔
پچول (ف/مذ) ٹخنے کی ہڈی۔
پچھاڑ (ہ/مث) بے اختیار ہو کر پیٹھ کے بل زمین پر گرنا۔
پچھاڑ دینا (ہ) گرا دینا۔ چت کرنا۔ مضمحل کرنا۔ مات کرنا۔ بیمار ڈالنا۔ بیمار کر دینا۔ مار ڈالنا۔ دے مارنا۔ برباد کر دینا۔ شکست دینا۔ ہرا دینا۔ تھکانا۔ بازی لے جانا۔ فتح پانا۔ جیتنا۔ بڑھ جانا۔ گرا دینا۔ ٹال دینا۔ زیر کرنا۔ عاجز کرنا۔
پچھاڑ کھانا (ہ) گرنا۔ چت ہونا۔ مات کھانا۔ بیمار ہو جانا۔ مرنا۔ برباد ہونا۔ شکست کھانا۔ ہارنا۔ تھکنا۔
پچھاڑی (ہ/مث) اگاڑی کے خلاف۔ گھوڑے یا اونٹ کے پچھلے پاؤں میں باندھنے کی رسی۔ عقب۔ پیچھا۔ عقب میں۔ پیچھے میں۔
پچھاڑی باندھنا (ار/محاورہ) گھوڑے کے پچھلے پاؤں میں رسی باندھ کر کھونٹے سے باندھنا۔
پچھاڑی مارنا (ار/محاورہ) چوپائے کا پچھلی ٹانگیں مارنا۔ فوج کے پچھلے حصے پر حملہ کرنا۔
پچھاڑیں دینا (ار/محاورہ) تڑپا تڑپا دینا۔ دُکھ دے مارنا۔
پچھاڑیں کھانا (ہ) پیٹھ کے بل گرنا۔ لوٹنیاں کھانا۔ تڑپ کر گرنا۔ پٹخنیاں کھانا۔ کثرتِ رنج یا درد سے بار بار زمین پر گرنا۔ صدمہ سہنا۔ ضعف سے گرنا۔ غش کھانا۔
پچھان (ہ/مذ) مغرب۔ پچھم۔ پورب کے خلاف۔
پچھایا (ہ/مذ) انگیا کا وہ حصہ جو پیٹھ کے پیچھے رہتا ہے۔
پچھتا (ہ) پانچ ہاتھ کے قد کا آدمی۔ بڑا قد آور آدمی۔ پورا جوان۔ ماپ کا پورا آدمی۔ دراز قد۔
پچھتر (ہ) ستر اور پانچ۔ ۷۵۔ 75۔
پچھڑنا (ہ) چت گرنا۔ بیمار پڑنا۔ مات کھانا۔ ہارنا۔ شکست کھانا۔ سبق میں پیچھے رہنا۔
پچھلا (ہ) آخرکار۔ پیچھے کا (مذ) رات کا آخری پہر۔ آخر شب۔ سحری رمضان۔ آموختہ۔ پڑھا ہوا۔
پچھلا پہرہ۔ یا۔ پچھلا پہر (ہ/مذ) رات یا دن کا آخری چوتھا پہر۔
پچھلپائی (ہ/مث) چڑیل۔ بھتنی۔ جادوگرنی۔ ڈائن۔ جس کے

پاؤں اُنگلیاں پیچھے اور ایڑی آگے کو ہو۔
پچھلگو (ہ/مذ) طفیلیا۔ پیچھے چلنے والا۔ پچھل اولاد۔ وہ اولاد جو بیوہ عورت کے نکاح ثانی کے وقت پچھلے خاوند کی ہو۔
پچھلی ٹکیا (ہ/مث) آخری روٹی۔ وہ چھوٹی اور موٹی روٹی جو پکا چکنے کے بعد خشکے اور آٹے کی مروڑیوں کو ملا کر پکائی جاتی ہے۔
پچھلی رات (ہ/مث) آدھی رات کے بعد کا وقت۔
پچھم (ہ/مذ) مغرب۔ پچھان۔ جانب مغرب۔ مغربی ممالک۔
پچھمی (ہ) مغربی ممالک کا۔ مغرب کی طرف کا۔ پچھم کی چیز۔
پچھنا (ہ/مذ) اُسترہ۔ نشتر۔ وہ نشتر جس سے جسم کو گود کر اوپر سینگی لگا دیتے ہیں۔
پچھنے دینا (ہ) پچھنے لگانا۔ گودنا۔ طعنے دینا۔
پچھنے لگانا (ہ) ٹیکہ لگانا۔ بھری سینگیاں لگانا۔ خون نکالنا۔ طعنے دینا۔
پچھوا (ہ/مث) پچھم کی ہوا۔ باد قبلہ۔ انگیا کی پیٹھ کا کپڑا۔
پچھواڑا (ہ/مذ) گھر کے پیچھے کی جگہ۔ عقب خانہ۔ پشتِ مکان۔
پچھوت (ہ/مث) وہ چیز جو فصل کے آخر میں پیدا یا کاشت ہو۔ اخیر کی پیداوار۔ بعد میں۔ پیچھے۔ عقب میں۔ بعد ازاں۔
پچھویا (ہ/مذ) پوچھنے والا۔ پُوچھن ہارا۔ معاون۔ مددگار۔
پچھیت (ہ/مث) مکان کی پچھلی طرف کی دیوار۔ آخر فصل پر بوئی ہوئی جنس یا پیداوار۔
پچھیتی کھیتی (ہ/مث) فصل جو دیر سے بوئی جائے یا دیر میں پکے۔
پچی (ہ) جڑا ہوا۔ ٹھونکا ہوا۔ چپکا ہوا۔ سیا ہوا۔ ایک جان۔ دھانس۔ پیچر۔ فاتہ۔ جوڑ۔ پیوند۔ مضبوط۔ پکا۔ پختہ۔
پچی کاری (ہ/مث) انگانٹھنا۔ جڑاؤ کام۔ چوپڑ دار فرش۔ چونا گچی کا کام۔ پیوند لگانا۔ سانٹھنا۔
پچی کاری کرنا (ل) اینٹ اور چونے سے خوب مضبوط کرنا۔
پچی کرنا (ل) خوب پھنسانا۔ ٹھونک کر خوب ملا دینا۔ مضبوط کرنا۔ مستحکم کرنا۔
پچیاسی (ہ) اسّی اور پانچ۔ ۸۵۔ 85۔ (پچاسی)
پچیانوے (ہ) نوّے اور پانچ۔ ۹۵۔ 95 (پچانوے)
پچیت (ہ/مذ) کشتی کرنے والا۔ داؤ پیچ جاننے والا۔ تجربہ کار پہلوان (مجازاً) فریبی۔ مکار۔ چالباز۔ داؤ سے واقف۔
پچیتی (ہ/مث) داؤ پیچ کی واقفیت۔ مکاری۔ فریب۔ دھوکا۔
پچیس (ہ) بیس اور پانچ ۲۵۔ 25۔
پچیسواں (ہ) پچیس سے نسبت رکھنے والا پچیسویں درجے کا پچیسویں نمبر کا۔
پچیسی (ہ/مث) چوسر۔ ایک کھیل جو پانسوں کے بجائے سات یا آٹھ کوڑیوں سے کھیلا جاتا ہے۔

پ - خ

پخ (ف امذ) گو خواہ آدمی کا ہو یا حیوان کا۔
پخ (ہ امذ) کراچی میں گاڑی کے آگے ایک گدھا نا صل جوت لیتے ہیں۔ اُسے بھی پخ کہتے ہیں۔
پخ (و امث) شرط۔ روگ۔ خرابی۔ دِقت۔ جھگڑا۔ بک بک۔ پخ پخ۔ غل۔ شور۔ بے ہودہ بکواس۔
پخ پڑنا (ا ر/ محاورہ) مصیبت پڑنا۔ عذاب آنا۔
پخ پھیلانا (ا) شور و غل کرنا۔ فساد پھیلانا۔ جھگڑا پھیلانا۔ فتنہ پھیلانا۔
پخ لگانا (ا) شرط لگانا۔ روگ لگانا۔ دِقت میں ڈالنا۔ واہیات بکنا۔ عذاب لگانا۔ بے جا تکرار کرنا۔
پخ نکالنا (ا) خرابی ڈالنا۔ نقص نکالنا۔ اعتراض کرنا۔ دِقت پیش کرنا۔ عیب نکالنا۔
پَخال (و امث) صحیح پکھال ہے۔ پانی کی کھال۔ پانی بھر کر لانے کی وہ دو بڑی بڑی مشکیں جو سقے بیل پر لاد کر باہر سے لاتے ہیں۔
پخ پخ (ا امث) شور و غل۔ بکواس۔ بے ہودہ گفتگو۔
پخ پخی پھیلانا (ا ر/ محاورہ) جھگڑا فساد پیدا کرنا۔
پخال پیٹنا (ا) پکھال جیسے پیٹ والا۔ بڑے پیٹ والا۔ بڑ پیٹو۔
پُختر طباں (ا امث) روٹیاں۔ چپاتیاں۔ پھلکے۔ یہ لفظ ماما کے ساتھ "ماما پختر طباں" بولتے ہیں تو وہ روٹیاں مُراد ہوتی ہیں جو کھانا پکانے والی عورتیں امیروں کے گھروں سے چُرا کر اپنے بچوں کے لیے لاتی ہیں۔ یعنی مُفت کی روٹیاں۔ بے محنت مزدوری کی روٹیاں۔
پُختگی (ف امث) مضبوطی۔ استحکام۔ کھانے یا پھل کا پک جانا۔ بلوغت۔ تجربہ کاری۔ واقفیت۔
پُخت (ف) ماضی پختن کا۔ لات خواہ گھوڑا مارے یا آدمی۔
پُخت و پز (ف) دُرستی۔ پختگی۔ ٹھیک ٹھاک۔ اقرار۔ مدار۔ وعدہ وعید۔ صلاح مشورہ۔
پُختہ (ف) پکا ہوا۔ بھنا ہوا۔ بریاں۔ خام کی ضد۔ مضبوط۔ پکا۔ مستحکم۔ چونے پکی اینٹوں کا چُنا ہوا۔ مستقل۔ ٹھیک۔ پکی بات۔ تجربہ کار۔ جہاندیدہ۔ واقف کار۔ پُرانا گرگ۔ کامل۔ پُورا۔ عمر رسیدہ۔ بوڑھا۔ طے شدہ قیمت۔
پُختہ رائے (فع امث) مستقل رائے۔ پکی رائے۔ مضبوط رائے۔ (صفت) دانا۔ عقل مند۔
پُختہ خوار (ف) آدمی آرام طلب اور داماد کو بھی کہتے ہیں۔
پختہ کار (ف) تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔ جہاں دیدہ۔ اپنے کام میں نہایت ہوشیار و چالاک۔
پختہ کاری (ف امث) تجربہ کاری۔ مشاقی۔ ہوشیاری۔
پختہ کرنا (ا) بات ٹھہرانا۔ پکی کرنا۔ معین کرنا۔ تیار کرنا۔ بات ٹھیک ٹھاک کرنا۔
پختہ مزاج (فع/ صفت) مستقل مزاج۔
پختہ مزاجی (فع امث) مستقل مزاجی۔
پخنا (ا) کمینہ۔ سفلہ۔ بکواسی۔ بک بک کرنے والا۔ بھٹیارا۔
پخنی (ا) پخنا کی تانیث۔ بھٹیاری۔ پخ مچانے والی۔
پخیا (ا) پخ مچانے والا۔ بکواسی۔ بے ہودہ گو۔ فسادی۔ بد تہذیب۔ کمینہ۔ نالائق۔ بے تمیز۔

پ - د

پَد (س امذ) پاؤں۔ پیر۔ قدم۔ پگ چرن۔ قول۔ فقرہ۔ شبد۔ بچن۔ مقام۔ جگہ۔ استھان۔ شعر۔ اشعار۔ نظم۔ گیت۔ کھوج۔ نقش پا۔ درجہ۔ مرتبہ۔ رُتبہ۔ چیز۔ بست۔ نظم نعتیہ۔ تعریف کے گیت۔ جیسے بشن پد یعنی بشن کی نعت۔ ضلع۔ مُلک کا حصّہ۔ نگہبانی۔ حفاظت۔
پد (ف امذ) وہ درخت جس میں پھل نہ لگتا ہو۔
پِدّا (ہ امذ) ایک چھوٹی سی چڑیا۔ پھدکی۔ غلیل میں غُلّے کی جگہ جو دونوں تانتوں کے درمیان بنائی جاتی ہے۔ پھٹکنا۔ بے حقیقت۔ حقیر۔ کمزور۔ ناچیز۔ کم طاقت۔
پدر (ف امذ) باپ۔ والد۔ پتا۔ ابا۔
پدری (ف) باپ سے نسبت رکھنے والی۔ باپ کی۔ آبائی۔ موروثی۔
پدم (س امذ) گول چکر جو آدمی کی اُنگلیوں پر ہوتا ہے۔ نیلوفر۔ کنول۔ ہاتھی کی کھال کے نشان یا داغ۔ شمار میں سو نیل کا ایک پدم ہوتا ہے۔
پدمنی (س امث) نہایت خوبصورت نازک اندام عورت۔ عورتوں میں اوّل درجے کی نازک اندام عورت۔
پدنادر (ف) بروزن سکندر (مذ) ماں کا دوسرا شوہر۔
پدھارنا (ہ) تشریف لانا۔ قدم رنجہ فرمانا۔ کسی بڑے معزز آدمی کا آنا۔ براجنا۔ بیٹھنا۔ تشریف رکھنا۔ تشریف لے جانا۔ جانا۔ سدھارنا۔
پدھان ۔یا۔ پردھان (ہ امذ) مقدم۔ گاؤں کا چودھری۔ میرو۔ نمبردار۔ صدر۔ میر مجلس۔
پدّھی (ہ امث) چڈھی۔ کمر کی سواری۔

پ - ڈ

پڈوا - اٹلی کا ایک شہر - لوی - رومن مورخ کی جائے پیدائش - یہاں ایک دارالعلوم بھی ہے -

پ - ذ

پذیرا (ف) قابل قبول - مقبول - منظور - مستجاب -

پذیرائی (ف امث) قبولیت - استقبال - خیر مقدم -

پ - ر

پَر (ف امذ) بازو - پنکھ - پرندے کے اُڑنے کے بازو - پرکار کا ایک پرزہ - قوت - طاقت - زور - بل - جیسے کیا کریں - بے پر ہیں - پرند - علی الخصوص کبوتر کی تعداد کے وقت بولتے ہیں - جیسے ہاتھی کے لیے زنجیر - بیل کے لیے راس - لیکن - الا - مگر - اوپر - بالا - بیں - اندر - بھیتر - درمیان - فی - ایک - واحد - (زیریں کے لیے) دوسرا - علاوہ - غیر - بیگانہ - مدد - سہارا - مددگار - حمایتی - معاون -

پَرافشاں (ف افاعل) پر جھاڑتا ہوا - مضطرب - بے تاب - پھڑپھڑاتا ہوا -

پراگندگی (ف امث) تتر بتر ہونا -

پر باندھنا (ل) پروں کو دھاگے یا ڈور وغیرہ سے باندھ دینا کہ پرندہ اُڑ نہ سکے - بے بس کرنا - عاجز کرنا - ناچار کرنا - قید کر دینا -

پر بریدہ (ف اصف) کٹے ہوئے پر کا -

پر بستہ (ف اصف) پر بندھا ہوا - بے کس - عاجز -

پر پرزہ (ف امذ) ساز و سامان - اپنے پیشے کے متعلق چیزیں -

پر ٹوٹنا (ل) پنکھ ٹوٹ جانا - بازو شکستہ ہونا - کمزور ہونا - مدد نہ پہنچنا - حمایتی کا دشمن سے مل جانا - سہارا نہ رہنا -

پر جلنا (ہ) بے تاب ہونا - طاقت نہ رہنا - کس بل نہ رہنا - دخل نہ پانا - رسائی نہ ہونا - پہنچ نہ سکنا - خوف ہونا - دور ہونا - پر و بال کا سوختہ ہو جانا -

پر جمنا (ل) پرندے کے پر اُگنا - پر پیدا ہونا - پر نکلنا - مغرور ہونا - گھمنڈ ہونا - جیسے ابھی کیا ابھی تو آگے آگے پر جمیں گے -

پر دار (ف) پرندہ - اُڑنے والا - پروں والا -

پر قینچ کرنا (ل) (کبوتر باز) پروں کو کاٹ ڈالنا - اُڑنے کے پروں کو کتر ڈالنا - بے بس کر دینا - بے قابو کرنا - عاجز کرنا - مجبور کرنا -

پر لگنا (ل) اترانا - شیخی کرنا - مغرور کرنا - پر و بال نکالنا -

پر لینا (ل) پر کترنا - پر کاٹنا - پر کھینچ کرنا -

پر مارنا (ل) اُڑنا - پرواز کرنا - باریابی حاصل کرنا - دخل پانا - رسائی ہونا - پہنچ جانا - پرے سے صدمہ پہنچانا - کوشش کرنا - سعی کرنا - محنت کرنا - ہاتھ پاؤں ہلانا -

پر نکالنا (ل) نئے پر لانا - قابل پرواز ہونا - اترانا - بڑھ چلنا -

پر نہ مارنا (ل) پاس تک نہ پھٹکنا - باریاب نہ ہونا - پہنچ نہ سکنا - رسائی نہ ہونا -

پُر (ف) بھرا ہوا - معمور - بسیار - رچا ہوا - مختلف اسمار کے پہلے آ کر پانی اور کثرت و افراط کے معنی دیتا ہے - جیسے پُر زور - پُر بہار - پُر دل - فعل امر یا مصدر سے پہلے بھی انہیں معنوں میں لاتے ہیں جیسے پُر گو - بہت بکواسی - پُر رفتن - بہت زیادہ چلنا - وغیرہ -

پُرا (ہ امذ) محلہ - ٹولہ - یہ لفظ بزیادتی واؤ معدولہ زیادہ مستعمل ہے - جیسے باغبانپورہ -

پُران (س امذ) ہندو دھرم کی نہایت قدیم کتابیں - یہ تعداد میں اٹھارہ ہیں -

پَران (س امذ) سانس - دم - نفس - ہوا - روح - جیو - جان - پونا - جانی - دلبر - پیارا - جان و جگر - معشوق - دلربا -

پران چھٹانا (ہ) مار ڈالنا - جان لینا - چولا چھڑانا - اپنی جان بچانا - پیچھا چھڑانا - پنڈ چھڑانا - نجات حاصل کرنا -

پران چھوٹنا (ہ) دم نکلنا - مر جانا - جان بحق ہونا - تھک جانا - ہمت و جرات نہ رہنا - دم چڑھنا - سانس پھولنا - بدحواس ہو جانا - ہوش و حواس نہ رہنا -

پران چھوڑنا (ہ) جان دینا - جاں بحق ہونا - جی چھوڑنا - حوصلہ ہارنا - پست ہمت ہو جانا - دم چھوڑنا - بے دل ہونا -

پران داتا (ہ اصف) زندگی دینے والا - جان بخش -

پران ڈنڈ (ہ امذ) سزائے موت -

پرانا (ہ) دکھ ہونا - درد ہونا - تکلیف ہونا - پیڑ ہونا - صدمہ پہنچنا -

پُرانا (ہ) پورا پورا تقسیم کر دینا - سب کا حصہ لگا دینا - پورا ڈالنا -

پُرانا (قدیم - نیا کی ضد - پارینہ - پراچین - اگلے فیشن کا - پرانی روشنی کا - پہلی طرز کا - پہلی وضع کا - فرسودہ - فرتوت - بوڑھا - عمر رسیدہ - مسن - تجربہ کار - جہاں دیدہ - ہوشیار -

پُرانا پڑنا - یا - پران پڑنا (ل) کہنہ ہونا - فرسودہ ہونا - بوسیدہ ہونا - مسن ہو جانا -

پُرانا دھرنا (ہ) بودا کالا - پھٹا پرانا - نکما اور ناقص - اس میں دھرانا تابع مہمل ہے -

پُرانا زمانہ (ا ادامذ) قدیم زمانہ - اگلا وقت -

پُرانا گھاگ (ہ) نہایت بوڑھا - پرانا تجربہ کار -

پُرانا ہونا (ہ) نکما اور خراب ہونا - کہنہ اور فرسودہ ہونا - نیا نہ رہنا -

پرانی (ہ امث) روح - نفس ناطقہ - جان - جیو - پونا - پران والا - ذی روح - جاندار - جانور -

پُرانی (ہ) پرانا کی تانیث - کہن سالہ - فرسودہ - بڑھیا ضعیفہ -

پیرزن ۔ نکمی ۔ خراب ۔ سالخوردہ ۔ ناکارہ ۔
پُرانی کھوپڑی (ہ/مث) کہن سال ۔ بُوڑھا ۔ بہت بوڑھا آدمی ۔ گرگ۔ کہن ۔ تجربہ کار ۔ جہاندیدہ ۔ آزمودہ کار ۔
پُرانی ملاقات (ا/مث) دیر کی واقفیت ۔ مدت کا میل جول ۔
پُرانے لوگ (ہ/مذ) بڑی عمر کے بوڑھے لوگ ۔ طا زمانِ قدیم ۔ پڑ لنے (؟) ذکر اگلے وقتوں کے لوگ ۔
پُرانے مُردے اکھیڑنا (ا/محاورہ) قدیم شکایتیں کرنا ۔ پچھلے جھگڑے لے بیٹھنا ۔ خواہ مخواہ جھگڑا مول لینا ۔ فضول شکایتیں کرنا ۔
پرایا (ہ) غیر کا ۔ بیگانہ ۔ دُوسرے کا اجنبی ۔ غیر ۔ اوپری جیسے اپنے پرائے ۔
پرائے بردے آزاد کرنا (ا/مثل) غیر کے مال پر فیاضی اور شیخی دکھانا دُوسرے کے غلام آزاد کرنا ۔
پرانچہ (ا/مذ) پارچہ فروشی کا کام کرنے والا ۔ ایک قوم جس کا پیشہ سِلے سلائے کپڑے بیچنا ہے ۔ پُرانے دُھرانے کپڑوں سے ٹوپیاں وغیرہ بیچنے والا ۔
پرائی کوٹھی کا پیڑھا مُنہ (ل) دُوسروں کے کام میں عیب نکالنا بہت آسان ہے ۔ غیروں کا آسرا رکھنا بالکل لغو ہے ۔ غیروں کے سہارے کی کیا اُمید ۔
پرائے دھن کو چور روئیں (ہ) کہاوت ۔ غیر کے مال کا افسوس کسی کو نہیں ہوتا ۔ سوا اُس شخص کے جسے اس کے لینے کی اُمید ہو ۔ بیگانے مال کا افسوس چور کے سوا کسی کو نہیں ہوتا ۔ کیونکہ چور اُس کے چرانے کی اُمید رکھتا تھا ۔
پرائے گھر کا ہونا (ہ/محاورہ) دوسرے کا بن جانا ۔ بیٹی کا بیاہا جانا ۔ لڑکی کی شادی ہوجانا ۔
پرائے مال پر یا حسین (ل) غیر کے مال کو اپنا خیال کرکے بزرگوں کی نذر کرنا ۔ دُوسرے کے مال پر شیخی بگھارنا ۔ حلوائی کی دُکان پر نانا جی کا فاتحہ ۔
پرائیویٹ (انگریزی) خاص ۔ نِج کا ۔ ذاتی ۔ پوشیدہ ۔ مخفی ۔
پَرا (ہ/مذ) قطار ۔ صف ۔ لائن ۔ فوج کا سلسلہ ۔ سپاہ کی قطار ۔ گروہ ۔ غول ۔ ٹولی ۔ ٹکڑی ۔
پَرا باندھنا (ہ) قطار جمانا ۔ صف باندھنا ۔ ایک قطار میں کھڑے ہونا ۔
پرا جمانا (ہ) صف بندی کرنا ۔ پرے باندھنا ۔ قطار بنانا ۔
پراپت (ہ/مذ) فائدہ ۔ لابھ ۔ میسر ۔ آمد ۔ پیدا ۔ یافت ۔
پرات (ہ/مث) طشت ۔ تھال ۔ آٹا گوندھنے کا لگن ۔ بڑی تھالی ۔
پراتم (ہ) پُرانا ۔ فرسودہ ۔ پراچین ۔ کہنہ ۔ قدیم ۔ بوڑھا ۔ تجربہ کار ۔ ہوشیار ۔ جہاندیدہ ۔ اگلے زمانے کا ۔
پراٹھا (ہ/مذ) روغنی روٹی ۔ گھی لگا کر تہہ در تہہ بنا کر پکی ہوئی یا تلی ہوئی روٹی ۔
پراٹسٹنٹ (انگریزی/مذ) عیسائیوں کا ایک فرقہ ۔ معترض ۔

پراچین (ہ) پُرانا ۔ فرسودہ ۔ کہنہ ۔ قدیم ۔ بوڑھا ۔ پُرانی عمارتیں ۔ آثارِ قدیمہ ۔ آثارِ صنادید ۔ عہدِ عتیق کی چیزیں ۔
پرآدھین (س) تابع غیر ۔ ماتحت ۔ محکوم ۔ دُوسرے کے تابع ۔ غیر کے بس کا ۔
پرارتھنا (س/مذ) دُعائے مغفرت ۔ عرض ۔ التماس ۔ التجا ۔ منت ۔ عجز و انکسار ۔ ارداس ۔
پراکرت (س/مث) نیچ ۔ شُودر ۔ گھٹیل ۔ ایک قسم کی بھاشا جو سنسکرت سے بگڑ کر بنی ہے ۔ آدیہ لوگوں کی مخلوط اور گنواری زبان ۔
پراکرم (س/مذ) بہادری ۔ ہمت ۔ بل ۔ طاقت ۔ زور ۔ حوصلہ ۔
پراگ (س/مذ) الٰہ آباد شہر کا پُرانا نام ۔ پھول کا زیرہ ۔ سفوف ۔ خوشبودار سفوف جو نہانے کے بعد استعمال کیا جائے ۔ سُورج یا چاند کا گرہن ۔
پراگندگی (ف/مث) پریشانی ۔ تتر بتر ہونا ۔ انتشار ۔ تشویش ۔ تفکر ۔ تردد ۔ تذبذب ۔
پراگندہ (ف) منتشر ۔ پریشان ۔ مشوش ۔ مذبذب ۔ متردد ۔
پراگندہ حال (ف/صف) پریشان حال ۔ حیران ۔ پریشان ۔
پراگندہ روزی (ف/مث) بے روزگار جس کی آمدنی باقاعدہ نہ ہو یا بہت تھوڑی ہو ۔
پرال (ہ/مث) دھان کی لانگ جس میں سے غلّہ نکال لیا گیا ہو ۔ پوال ۔ دھان کا پھونس یا نال جو مویشیوں کو کھلاتے ہیں اور غریب غربا سردی میں نیچے بچھاتے ہیں ۔
پراونس (انگریزی/مذ) صوبہ ۔ احاطہ ۔ پرگنہ ۔ علاقہ ۔
پرائز (انگریزی/مذ) انعام ۔
پرائمری (انگریزی/مذ) ابتدائی ۔ اوّلین ۔ پہلا ۔ سب سے اوّل ۔ اصلی ۔
پرایا سیر پنسیری برابر (ہ/مثل) غیر کے مال کی بڑی احتیاط رکھنی پڑتی ہے ۔
پرب (س/مذ) باب ۔ فصل ۔ مقدمہ ۔ ادھیائے ۔ میلا ۔ ہجوم ۔ بھیڑ ۔ اکٹھ ۔ ہیرے کی قسم ۔ جوڑ ۔ گانٹھ ۔ گرہ ۔
پربت (ہ/مذ) پہاڑ ۔ جبل ۔ کوہ ۔
پربس (ہ) ماتحت ۔ تابع ۔ پرآدھین ۔ پرائے بس کا ۔ غیر کا محکوم ۔
پربند (ہ/مذ) بندوبست ۔ انتظام ۔ دُرستی ۔ ٹھیک ۔ ٹھاک ۔
پربولی (ہ/مث) غیر زبان ۔ غیر ملکی زبان ۔
پربھات (ہ/مث) صبح ۔ علی الصبح ۔ سویرا ۔ سحر ۔ فجر ۔
پربھاؤ (س/مذ) فیضِ صحبت ۔ اثر ۔ تاثیر ۔ کشش ۔ مزاج ۔ طبع ۔ کثرت ۔ شان ۔ افراط ۔ عادت ۔ سرگزشت ۔ فطرت ۔ حالت ۔ کیفیت ۔ زور ۔ بل ۔ طاقت ۔
پربھو (س/مذ) ناتھ ۔ سوامی ۔ مالک ۔ ایشور ۔ خدا ۔ پرماتما ۔
پربین (ہ) کامل اُستاد ۔ جگت گرو ۔ عاقل ۔ ہوشیار ۔ دانا ۔ کامل فن ۔ چتر ۔

پرپنچ (ہ/مذ) بڑا دھوکا ۔ فریب ۔ دغا ۔ مکر ۔ جیسے کریں پرپنچ کھلائیں پرپنچ پھیلاؤ ۔ عقدہ ۔ غلطی ۔

پرپہن (ف/مذ) خرفے کا ساگ ۔

پرپیٹھ (ہ/مذ) ہُنڈی کی تیسری نقل ۔ تیسرا پرت ۔ تیسری نقل ۔

پَرَت (ہ/مذ) تہ ۔ تو ۔ طبق ۔ ورق ۔ پپڑی ۔ چھلکا ۔ پوست ۔

پَرَت دار (ہ/ف/صف) کئی تہوں والا ۔

پرتاپ (س/مذ) طفیل ۔ بدولت ۔ اقبال ۔ عنایت ۔ مہربانی ۔ دیا ۔ کرپا ۔ فیض ۔ جمال ۔ روشنی ۔ نور ۔ چمکارا ۔ جلال ۔

پُرتاب (ف) طاقت ور ۔

پرتل (ہ/مذ) سوار کا سامان جو سواری کے جانور پر لادا جائے ۔

پرتلا (ہ/مذ) تلوار کی پیٹی ۔ دوالِ شمشیر ۔ وہ چوڑا تسمہ جس میں تلوار لٹکتی رہتی ہے ۔ ڈاب ۔ پٹا ۔

پرتما (س/مث) مورت ۔ بت ۔ مورتی ۔ پتیل ۔ لعبت ۔

پرتو (ف/مذ) فروغ ۔ روشنی ۔ چمک ۔ نور ۔ کرن ۔ شعاع ۔ سایہ ۔ ظل ۔ عکس ۔

پرتھ ۔ مغربی آسٹریا کا دارالحکومت ۔ یہاں سے سونا ۔ عمارتی لکڑی ، اون اور گندم باہر جاتے ہیں ۔

پرتھی ۔ یا ۔ **پرتھوی** (س/مث) زمین ۔ بھوم ۔ بھومی ۔ بوم ۔ عالم ۔ اقلیم ۔ ولایت ۔ جہان ۔ دنیا ۔ سنسار ۔ دنیا کے لوگ ۔ مخلوق ۔ خلقت ۔

پرتیت (ہ/مث) بھروسا ۔ اعتبار ۔ اعتماد ۔ ساکھ ۔ یقین ۔ اعتقاد ۔

پرج (ہ/مث) چھتیس راگنیوں میں سے ایک راگنی ۔

پرجا (ہ/مث) رعایا ۔ رعیت ۔ محکوم ۔ تابع ۔ ماتحت ۔ خادم ۔ نوکر ۔ غلام ۔ کرایہ دار ۔ پرائی جگہ میں رہنے والا ۔ مخلوق ۔ خلقت ۔ عوام الناس ۔ پبلک ۔ جنس ۔ قبیلہ ۔ مالک کی ضد ۔ خاندان ۔ نسل ۔

پرجاپت ۔ یا ۔ **پرجاپتی** (ہ/مذ) خالق ۔ پیدا کنندہ ۔ برہما ۔ حاکم ۔ بادشاہ ۔ باپ ۔ پتنگہ ۔ جنوائی ۔ خویش ۔ داماد ۔ سورج ۔ آفتاب ۔ کمہار ۔ کوزہ گر ۔

پرجا مرن راجا ہانسی (ہ/مثل) امیروں کے نزدیک کھیل تماشا اور غریبوں کے لیے موت کا سامنا ۔

پرچ (انگریزی/مث) طشتری ۔ چھوٹی رکابی ۔

پرچا (ہ/مذ) پرکھ ۔ شناخت ۔ آزمائش ۔ جانچ ۔ پڑتال ۔ امتحان ۔ ثبوت ۔ استدلال ۔ اتمام حجت ۔ برہان ۔ قاطع معجزہ ۔ کرامت ۔ بزرگی کا اظہار ۔ خوش خبری ۔ مژدہ ۔ بشارت ۔ ظہور بزرگی ۔

پرچا دینا (ہ) خوشخبری دینا ۔ کرامت دکھانا ۔ پوشیدہ یا غیب کی بات بتانا ۔

پرچا لینا (ہ) امتحان لینا ۔ آزمانا ۔ ثبوت لینا ۔ خوش کر دینا ۔ دل لگا لینا ۔

پرچا مانگنا (ہ) کرامت یا معجزہ طلب کرنا ۔ ثبوت مانگنا ۔ کرامت چاہنا ۔

پرچانا (ہ) راضی کر لینا ۔ اپنی طرف مائل کر لینا ۔ موہ لینا ۔ مانوس کر لینا ۔ جانوروں یا بچوں کو ہلا لینا ۔ کسی کا دل یا نظر میں لانا ۔ باتوں میں لا کر فریب دینا ۔ باتوں سے موہ لینا ۔ جادو کے زور سے بس میں کر لینا ۔

پُرچَک (ہ/مث) چمکار ۔ پچکار ۔ خطا پر سزا کی جگہ پیار دینا ۔ تھپکی ۔ دلاسا ۔ اطمینان ۔ حمایت ۔ رعایت ۔ مدد ۔ امداد ۔ معاونت ۔ اشارہ ۔ ایماں ۔ کنایہ ۔ اجازت ۔

پُرچک پانا (ہ) اشارہ پانا ۔ ایما معلوم کرنا ۔ مدد حاصل کرنا ۔ رعایت پانا ۔ تسلی و اطمینان پانا ۔

پُرچک دینا (ہ) سہارا دینا ۔ اُبھارا دینا ۔ مدد دینا ۔ دلیر کرنا ۔ ایسی ایسی باتیں کرنا جن سے بچوں کو ارتکابِ جرم کی اور دلیری ہو ۔ بُرے کام اور بدکرداری کے لیے حمایت اور مدد کرنا ۔

پُرچک لینا (ہ) مدد لینا ۔ پشتی اور امداد لینا ۔ حمایت لینا ۔

پرچم (ف/مذ) پھریرا ۔ وہ کپڑا جو جھنڈے پر باندھتے ہیں ۔

پرچم کشائی (ف/مث) پرچم لہرانے کی تقریب اور عمل ۔

پرچنا (ہ) راضی ہو جانا ۔ مانوس ہو جانا ۔ جی لگنا ۔ دل لگنا ۔ بہلنا ۔ مائل ہونا ۔ باتوں میں آنا ۔

پرچول (ہ/مث) لت ۔ دھت ۔ عادت ۔ دھن ۔

پرچول (ہ/مث) چھان بین ۔ ٹٹول ۔ دریافت ۔

پرچون (ہ/مذ) آٹا ۔ دال وغیرہ کرانے کا سودا ۔ تھوک کی ضد ۔ پھٹکل سودا ۔

پرچونیا (ہ/مذ) آٹا وغیرہ بیچنے والا ۔ بنیا ۔ بقال ۔ مودھی ۔ بساطی فروش ۔ پھٹکل سودا بیچنے والا ۔ مختلف اشیاء کا سوداگر ۔

پرچہ (ف/مذ) چیتھڑا ۔ پرزہ ۔ ذرا سا ٹکڑا ۔ لیر ۔ کاغذ کا ٹکڑا ۔ رقعہ ۔ خط ۔ رسالہ ۔ خبر کا رقعہ ۔ خبروں کا کاغذ ۔ اخبار ۔ خبر ۔ سندیسا ۔ پیغام ۔

پرچہ گزرنا ۔ یا ۔ **لگنا** (ف) خبر لگنا ۔ پتا لگنا ۔ اطلاع پہنچنا ۔ حاکم یا بادشاہ کو کسی امر کی خبر ہونا ۔

پرچہ نویس (ف) خبریں لکھ کر بھیجنے والا ۔ خبر نویس ۔ وقائع نگار ۔ مخبر ۔

پرچہ نویسی (ف/مث) جاسوسی ۔ مخبری ۔ خبر رسانی ۔ وقائع نگاری ۔ تحریری اطلاع دینا ۔ تاریخ نویسی ۔ خط لکھنا ۔ رقعہ لکھنا ۔ پرچہ لکھنا ۔ اخبار نویسی کرنا ۔ اخبار لکھنا ۔

پرچھا کرنا (ہ) بھیڑ ہٹانا ۔ نئی پر سوت چڑھانا ۔ جھگڑا طے کرنا ۔ فیصلہ کرنا ۔ نمٹانا ۔ معاملہ یکسو کرنا ۔

پرچھانواں ۔ یا ۔ **پرچھانواں** (ہ/مذ) سایہ ۔ عکس ۔ چھاؤں ۔ پرتو ۔ عادت ۔ اثر ۔ رنگ ڈھنگ ۔ سبھاؤ ۔ عادت ۔ خصلت ۔ خو ۔

پرچھانواں پڑنا (ہ) سایہ پڑنا ۔ اثر ہونا ۔ کسی کی عادت یا اثر یا رنگ ڈھنگ اختیار کرنا ۔ خصلت کا مشابہ ہونا ۔

پرچھائیں (ہ/امث) عکس۔ سایہ۔ چھاؤں۔ پرتو۔

پرچھائیں سے ڈرنا / پرچھائیں سے بھاگنا } (ہ) کسی کے سائے سے خوف کھانا۔ سخت متنفر ہونا۔ انتہا درجہ نفرت کرنا۔ کسی سے دُور بھاگنا۔ پاس نہ پھٹکنا۔

پرچھتی (ہ/امث) تھوڑا چھپر جو کچے مکانوں کی منڈیروں پر بارش سے بچاؤ کے لیے ڈال دیتے ہیں۔ ٹانڈ۔ مچان۔

پرچلین (ف/امث) کھیت کی باڑ۔

پرخاش (ف/امث) لڑائی۔ جھگڑا۔ ناچاقی۔ نااتفاقی۔ غبار۔ رنج۔ فساد۔ بگاڑ۔ ٹنٹا۔ ان بن۔ ناراضی۔

پرخاش جُو (ف) جھگڑالو۔ لڑائی کو تیار۔ بکھیڑیا۔ لڑاکا۔ جنگجو۔

پرنچی (ا/مذ) پُرزہ۔ ٹکڑا۔

پرنچے اڑانا (ار/محاورہ) پُرزے پُرزے کرنا۔ بہت مارنا۔ کوٹنا۔ پیٹنا۔

پرداخت (ف/امث) پرورش۔ پالن۔ دستگیری۔ مدد۔ امداد۔ سہارا۔ نگرانی۔ دیکھ بھال۔ حفاظت۔ نگہبانی۔ سنبھال۔ دُرستی۔ آرائش۔ سجاوٹ۔ سنوار۔ زیبائش۔ آراستگی۔ بناوٹ۔

پردادا (ہ/مذ) دادا کا باپ۔ باپ کا دادا۔ ابوجد۔ پدرجد۔

پردادی (ہ/امث) پردادا کی بیوی۔ جدۂ پدر۔ دادا کی ماں۔

پرداز ڈالنا / پرداز کرنا } (ف) جلا کرنا۔ چمک دار کرنا۔ منقش کرنا۔ چاندی وغیرہ پر جلا کے بعد نقش و نگار کرنا۔ چیتنا۔ سنوارنا۔ آراستہ کرنا۔ چمکانا۔ نکھارنا۔ رُوپ دینا۔ کشیدہ کاڑھنا۔ خط و خال بنانا۔ نوک پلک دُرست کرنا۔ عادت دُرست کرنا۔

پرداس (ق/مذ) پرایا غلام۔

پردان (س/مص) دینا۔ پیش کرنا۔ تحفہ دینا۔ اطاعت۔

پردوش (ہ/مذ) سرِشام۔ سُورج چھپنے کے دو گھڑی بعد تک کا وقت۔ سانجھ۔ مغرب کا وقت۔ تیرھویں تاریخ کا برت۔ مہادیو کے نام کا برت۔ پیر کے دن کا برت۔ تیرودشی کا برت۔

پردہ (ف/مذ) ستر۔ حجاب۔ اوٹ۔ آڑ۔ اوجھل۔ دروازے کی چق۔ چلمن۔ دروازے کے سامنے کا اوٹا۔ چھوٹی سی دیوار جو دروازے کے سامنے بنا دیتے ہیں۔ گھونگھٹ۔ نقاب۔ برقع۔ انگرکھے کا وہ حصہ جو چھاتی پر رہتا ہے۔ طبقہ۔ پرت۔ تہہ۔ سطح۔ رُو سے۔ جیسے دُنیا کے پردے پر ایسا نہ ملے گا۔ بھید۔ راز۔ سر۔ پوشیدہ بات۔ اخفا۔ پوشیدہ۔ راگ۔ آہنگ۔ لحن۔ نغمے کی جگہ۔ راگ کا مقام۔ ستار یا بین۔ طنبور وغیرہ میں پیتل یا ہاتھی دانت کے بندھے سے لگے ہوتے ہیں۔ جن سے انگلیوں کو سہارا ملتا ہے۔ آنکھ کی پتلی جھلی۔ پیوٹے کے بیچ کی جھلی۔ گردے اور دو پسلیوں کا درمیانی گوشت۔ بادبان۔ سکان۔ بنوار۔ مکان کی چار دیواری۔ چھپاؤ۔ چوری چوری۔ چھپ کر۔

پردہ اٹھانا (ف) نقاب یا گھونگھٹ دُور کرنا۔ چلمن ہٹا دینا۔ چق کو اُونچا کر دینا۔ حجاب رفع کرنا۔ بے تکلف ہونا۔ راز افشا کرنا۔ بھید کھول دینا۔ بات نہ چھپانا۔ حقیقت ظاہر ہونا۔ کشفِ حقائق ہونا۔ جیسے پیر کی توجہ نے سب پردے اُٹھا دیے۔

پردہ پڑنا (ف) چق یا چلمن پڑ جانا۔ حجاب ہونا۔ اوٹ ہونا۔ آنکھ اور عقل کے ساتھ زائل ہونے کے معنی دیتا ہے۔ جیسے آنکھوں پر پردہ پڑ گیا۔ یعنی اندھا ہو گیا۔ نظر نہیں آتا۔ سجھائی نہیں دیتا۔ عقل پر پردہ پڑنا۔ بے وقوفی کرنا۔ عقل کے جاتے رہنے سے مُراد ہے۔

پردہ پوش (ف) عیب پوش۔ کسی کی بُرائی کو چھپانے والا۔ راز دار۔ بھید چھپانے والا۔

پردہ پوشی (ف/امث) عیب پوشی۔ راز داری۔ پردہ داری۔

پردہ دار (ف) رازدار۔ بھید چھپانے والا۔ عیب پوش۔ دربان۔ حاجب۔

پردہ داری (ف/امث) پردہ پوشی۔ عیب چھپانا۔

پردہ داری کرنا (ار/محاورہ) کسی کا راز چھپانا۔ عیب پوشی کرنا۔

پردہ در (ف/مذ) راز فاش کرنے والا۔ بھانڈا پھوڑ۔ عیب نما۔ عیب ظاہر کرنے والا۔ چغلخور۔ جاسوس۔ مخبر۔

پردۂ دَر (ف/مذ) دروازے کی چلمن۔

پردہ دری (ف/امث) عیب نمائی۔ راز افشائی۔ جاسوسی۔ مخبری۔

پردۂ دل (ف/مذ) دل کا غلاف۔ حجاب القلب۔

پردۂ دماغ (ف/مذ) وہ جھلی جس میں دماغ لپٹا ہوا ہوتا ہے۔

پردہ ڈالنا (ف) راز داری کرنا۔ عیب چھپانا۔ نقاب لینا۔ گھونگھٹ کرنا۔ چق ڈالنا۔ چلمن لٹکانا۔

پردہ ڈھانکنا / پردہ ڈھکنا } (ف) عیب چھپانا۔ دُنیا سے اُٹھانا یا اُٹھنا۔ مرنا۔ موت دینا۔ عیب پوشی کرنا۔

پردہ رکھنا (ف) حجاب کرنا۔ سامنے نہ ہونا۔ چھپنا۔ بات چھپانا۔ اخفائے راز کرنا۔ راز داری کرنا۔

پردۂ زنبور (ف/مذ) جالی دار برقع۔

پردہ فاش کرنا (ف) بھید ظاہر کرنا۔ راز افشا کرنا۔ بھانڈا پھوڑنا۔ پردہ دری کرنا۔ عیب ظاہر کرنا۔ ساکھ بگاڑنا۔ عزت خراب کرنا۔ قلعی کھول دینا۔ بخیہ اُدھیڑنا۔

پردہ کرانا (ف) اوٹ کرنا۔ پردہ روکنا۔ عورتوں کو غیر مردوں سے چھپانا۔

پردہ گرنا (ف) چلمن چھوٹنا۔ چق کا نیچے چھوٹنا۔

پردہ نشین (ف) پردے میں بیٹھنے والی عورت۔

پردہ ہو جانا (ف) عورتوں کا آڑ میں یا دُوسرے مکان میں ہو جانا۔ یا مردوں کا سامنے سے ہٹ جانا۔

پردہ ہونا (ف) اوٹ ہونا۔ چھپنا۔ اوٹ میں ہونا۔ پردہ رکھنا۔ سامنے نہ ہونا۔

پردے بٹھانا (ل) باہر پھرنے والی عورت یا لڑکی کو پردے میں بٹھانا ۔ غیر محرموں سے چھپانا ۔ نامحرموں سے الگ رکھنا ۔

پردے پردے (ہ) چوری چوری سے ۔ چپکے چپکے ۔ چھپ چھپا کر ۔ اندر ہی اندر ۔

پردے کی بوبو ۔ بیا ۔ بی بی (ل) پردہ نشین عورت ۔ جھجکنے والی عورت ۔ مخدرہ ۔ نہایت جھجکنے والی عورت (طنزاً بولا جاتا ہے)

پردے لگنا (ل) پردوں میں رہنا یا بیٹھنا ۔ باہر نہ نکلنا ۔ طنزاً سدا باہر پھرتے پھرتے جو کوئی عورت پردے میں بیٹھ جائے تو اس وقت طنز کے طور پر یہ فقرہ بولتے ہیں ۔

پردیس (ہ / مذ) ملک ۔ غیر ۔ بدیس ۔ دوسرا ملک ۔ غربت ۔ غیر وطن ۔

پردیسن (ہ / مث) غیر وطن کی ۔ اجنبی عورت ۔ غریب الوطن عورت ۔ مسافر عورت ۔

پردیسی (ہ / مذ) غریب الوطن ۔ اجنبی ۔ مسافر ۔ دوسرے ملک کا ۔ بدیسی ۔ ناواقف ۔

پرزہ (ف / مذ) لیر ۔ دھجی ۔ کترن ۔ چیتھڑا ۔ ٹکڑا ۔ پارچہ ۔ حصہ ۔ عضو ۔ جزو ۔ جوڑ ۔ بال ۔ اُون ۔ پشم ۔ رُواں ۔ نہایت باریک پر ۔ خاص پرندوں کے رونگٹے ۔ آدمی ۔ شخص ۔ جیسے چلتا پرزہ ۔ کاغذ یا دھات کا ٹکڑا ۔ دوات کا صوف ۔ ریشمی یا اُونی کپڑے کا اُوپر اُٹھا ہوا رُواں ۔

پرزے اُڑانا (ل) کاغذ یا کپڑے کو ٹکڑے ٹکڑے کر دینا ۔ پارہ پارہ کرنا ۔ جزو جزو الگ کر دینا ۔ کھال اُڑانا ۔ خوب پیٹنا ۔ چمڑی ادھیڑنا ۔ سخت سزا دینا ۔

پرزے پرزے کرنا (ل) ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ پارہ پارہ کرنا ۔ جزو جزو الگ کر دینا ۔ پارچے کر ڈالنا ۔ کھال اُدھیڑ دینا ۔

پرزے پرزے ہونا (ل) کتر کتر ہونا ۔ لیر لیر ہونا ۔ دھجیاں اُڑنا ۔ ٹکڑے ہونا ۔ پارچہ پارچہ ہونا ۔ بوٹیاں اُڑنا ۔ مار کھانا ۔ سخت پٹنا ۔ سزا پانا ۔ اُدھڑنا ۔ ٹوٹنا ۔

پرس (ہ / مذ) آدمی کے قد کے برابر ۔ آدمی جتنا طول ۔ قد آدم طوالت ۔ یعنی تقریباً ۶ فٹ کا کوئی پیمانہ ۔

پرسا (ہ / مذ) آدمی کے قد کی مقدار ۶ فٹ کا پیمانہ ۔ ماتم پرسی ۔ تعزیت ۔ عذر خواہی مرگ ۔ مُردے کے وارثوں کو تسلی اور دلاسا دینے کو ان کے گھر جانا ۔

پرسا دینا (ل) ماتم پرسی کرنا ۔ موت کی عذر خواہی کرنا ۔ میت پہ جا کر رونا ۔ نائی کا گھر گھر جا کر پکارنا ۔

پرسا لینا (ل) خبر مرگ سُن کر رونا ۔ ماتم پرسی قبول کرنا ۔ منہ ڈھانکنا ۔ ماتم پرسی کو آنے والے کے ساتھ میت والوں کا منہ ڈھانپ کر رونے میں شریک ہونا ۔ صبر و تسلی کی باتیں سُننا ۔

پرساد (س / مذ) تبرک ۔ چڑھاوا ۔ نذر ۔ پرشاد ۔ دیوتاؤں کا بھوگ ۔ انعام ۔ بخشش ۔ عطیہ ۔ تحفہ ۔ پھل ۔ ثمرہ ۔ نتیجہ ۔ بدلہ ۔ عوض ۔ فیض ۔ فائدہ ۔ نفع ۔ منافع ۔

پرسال (ل) سال گزشتہ ۔ پارسال کا مخفف ۔

پرساں (ف) پوچھنے والا ۔ دریافت کرنے والا ۔ مددگار ۔ سہارا دینے والا ۔ معاون ۔ رفیق ۔ یار ۔ دوست ۔ فریاد سُننے والا ۔ شکایت رفع کرنے والا ۔ داد دینے والا ۔ مفور کرنے والا ۔

پرسانِ حال (ف ۔ صف) حال پوچھنے والا ۔ کیفیت دریافت کرنے والا ۔ آسرا دینے والا ۔

پرستار (ف / صف) پوجا کرنے والا ۔ پجاری ۔

پرستاری (ف / صف) خدمت ۔ پرستش ۔

پرستان (ل) پریوں کے رہنے کی جگہ ۔ دیووں اور جنوں کی قیام گاہ ۔ پری زادوں کا مقام ۔ اندر کا اکھاڑا ۔

پرستش (ف / مث) پوجا ۔ عبادت ۔ جپنا ۔ تعظیم ۔ عزت ۔ تکریم ۔ توقیر ۔ بے حد تعظیم ۔ اطاعت ۔ طاعت ۔

پرستک (ف / مث) ابابیل ۔

پرستھان (ہ / مذ) دوسرا مقام ۔ جائے دیگر ۔ غیر جگہ ۔ اور کی ملکیت ۔ دوسرے کے قبضے کی جگہ ۔ پرایا گھر ۔ غیر کا مکان ۔ تبدیلِ مکان ۔ نقل مکان ۔ تبدیل جائے ۔

پرستھان کرنا ۔ پرستھان دھرنا ۔ پرستھان رکھنا ۔ پرستھان ہونا (ہ) یاترا کرنا ۔ نقل مکان کرنا ۔ نقل مقام کرنا ۔ مکان تبدیل کرنا ۔ جگہ بدلنا ۔ دوسرے ملک جانا ۔ بیگانے گھر جانا ۔ سفر کرنے کے لیے روانگی یا جانے کی ساعت کے لحاظ سے شگون روانگی کرنا ۔

پرسش (ف / مث) پوچھ ۔ بازپرس ۔ پوچھ گچھ ۔ پوچھ پاچھ ۔ تحقیق ۔ تحقیقات ۔ دریافت ۔ بازپرس ۔ جواب طلبی ۔ خبرگیری ۔ دیکھ بھال ۔ عزت ۔ حرمت ۔ تعظیم و تکریم ۔ آؤ بھگت ۔

پرسش کرنا (ل) پوچھنا ۔ جواب طلب کرنا ۔ بازپرس کرنا ۔ تحقیقات کرنا ۔ تفتیش کرنا ۔ دریافت کرنا ۔ خبرگیری کرنا ۔ استفسار کرنا ۔ دیکھ بھال کرنا ۔ نگرانی کرنا ۔ پڑتال کرنا ۔ پوچھ گچھ کرنا ۔

پرسن (س) مگن ۔ آنند ۔ خوش ۔ محظوظ ۔ مہربان ۔ کرپا کرنے والا ۔ دیالو ۔ صاف ۔ ستھرا ۔ کھرا ۔

پرسندہ (ف / فاعل) پوچھنے والا ۔ دریافت کرنے والا ۔

پرسنگ (ہ / مذ) [پر دخیرہ سنگ (صحبت)] بڑی صحبت [بڑوں کے پاس بیٹھنا ۔ بڑوں سے میل ملاپ ۔ دوستی ۔ نشست و برخاست ۔ ربط و ضبط ۔ میل جول ۔ مقولہ ۔ قول ۔ چرچا ۔ بات جیسے یہ مہابھارت کا پرسنگ ہے ۔ موقع ۔ محل ۔ سمبندھ ۔

پرسوت (س / مذ) (ہندو عورتیں) زچہ کی ایک بیماری ۔ رقت منی ۔ جریان ۔ دھات منی کا بہنا ۔ عورت کے اندام نہانی سے سفید پانی کا خارج ہونا ۔

پرسوں (ہ/مذ) کل سے پہلا یا پچھلا دن۔
پرسہ (ف/مذ) (دیکھو پرسا)
پرسہ دینا (ا/محاورہ) ماتم پرسی کرنا۔
پرش (س/مذ) آدمی۔ انسان۔ مرد۔ شخص۔ لوگ۔ ایشور۔ پرمیشر۔
پرکھ / پرکا خدا۔ مالک۔ خاوند۔ شوہر۔ خصم۔ پتی۔
پرشاد (ہ/مذ) چڑھاوا۔ تبرک۔ مرشد کا جھوٹا کھانا۔ دیوتاؤں کا بھوگ۔
پرشاد چڑھانا (ہ/مذ) چڑھانا۔ شیرینی چڑھانا۔ دیوی دیوتاؤں کو بھوگ لگانا۔
پرشاد دینا (ہ) تبرک دینا۔ تحفہ دینا۔
پرشور (ف) شوروغل کرنے والا۔ شور مچانے والا۔ سخت مزاج۔ شورو شر کرنے والا۔
پرشہر (ف/مذ) دوسرا شہر۔ غیر شہر۔ غیر وطن۔
پرکاج (ہ/مذ) دوسروں کا کام۔ غیر کا کام۔ آپ کاج کی ضد۔
پرکار (ف/مذ) آلہ۔ دائرہ کھینچنے کا آلہ۔ دوّار۔
پرکار (ف) موٹا۔ دبیز۔ عف۔ گاڑھا۔ دلدار۔ مضبوط۔ مستحکم۔ باامراد۔ جڑاؤ۔ مرصع۔ چٹاپٹ۔ بہت ہی جڑاؤ کام والا۔ جیسے پرکار کا دوشالہ۔
پرکالا (ف/مذ) سیڑھی۔ زینہ۔ دہلیز۔ چوکھٹ۔
پرکالہ (ف/مذ) ٹکڑا۔ حصہ۔ بھاگ۔ جزو۔ پارہ۔ شرارہ۔ چنگاری۔ شعلہ۔ لپٹ۔ لو۔ شعاع۔ شیشہ۔ کانچ۔ آئینہ۔ درپن۔
پرکالۂ آتش (ف/صف) نہایت تیز۔ عیار۔ شریر۔ چالاک۔
پرکما (ہ/مذ) طواف۔ گردپھرنا۔ اردگرد گھومنا۔ تصدق ہونا۔ وار پھیر نثار۔
پرکما دینا۔ یا۔ کرنا (ہ) اردگرد پھرنا۔ تصدق ہونا۔ مورتی یا مندر کے گرد اس سے طواف کرنا۔
پرکھ (ہ/مذ) آدمی۔ انسان۔ مرد۔ شخص۔ خاوند۔ پرمیشور۔
پرکھی (ہ/مث) مصیبت۔ غربت۔ ضرورت۔
پرکھ (ہ/مث) جانچ۔ شناخت۔ پہچان۔ برے بھلے کی تمیز۔ امتحان۔ آزمائش۔ تجربہ۔ وقوف۔ انک۔ کوت۔
پرکھا (ہ/مذ) مورکھ۔ آباؤ اجداد۔ باپ دادا۔ نیک لوگ۔ بھلے مانس۔ بڑے بوڑھے لوگ۔ مربی۔ خاندان کے دادے پردادے۔
پرکھانا۔ یا۔ پرکھوانا (ہ) جچوانا۔ آزمائش کرانا۔ امتحان کرانا۔ شناخت کرانا۔ حوالے کرنا۔ سپرد کرنا۔ سونپنا۔ سنبھلوانا۔
پرکھنا (ہ) جانچنا۔ امتحان کرنا۔ شناخت کرنا۔ کھرا کھوٹا معلوم کرنا۔ کسنا۔ کسوٹی پر چڑھانا۔ آزمانا۔ تجربے میں لانا۔
پرکھیا۔ یا۔ پرکھیا (ہ/مذ) جانچ کرنے والا۔ پرکھنے والا۔ صراف۔ جانچو۔

پرگنہ (ف/مذ) ضلع۔ حصہ۔ تھوڑا سا علاقہ۔ ملک کا چھوٹا سا حصہ۔ وہ زمین جس سے مالگزاری اور خراج وصول کرنے کو ایک افسر مقرر ہو۔
پرگنہ دار (ف) ضلعدار۔ پرگنے کا افسر۔
پرگٹ (ہ) عیاں۔ ظاہر۔ کھلا ہوا۔ علانیہ۔ صریح۔ آشکارا۔
پرگٹ کرنا (ہ) ظاہر کرنا۔ عیاں کرنا۔ کھول دینا۔ افشائے راز کرنا۔ جتانا۔ مشتہر کرنا۔
پرگٹ ہونا (ہ) عیاں ہونا۔ فاش ہونا۔ ظاہر ہونا۔ طلوع ہونا۔ پیدا ہونا۔ تولد ہونا۔
پرگھات (ق۔ ہ۔ مذ) حادثہ۔
پرگھنی (س/مث) لوہے کا سانچہ جس میں سونے یا چاندی کو گلا کر ڈالتے ہیں۔ سنار کا سانچہ۔
پرگھرا (ا/صف) وہ کبوتر جو دوسرے کے گھر کو پہچانتا ہو۔
پرگیری (ہ/مث) تیسر کے پر۔ وہ پر جو تیسر میں لگتے ہیں۔
پرلا (ہ) دوسری طرف کا۔ ادھر کا۔ پرے کا۔ اس پار کا۔
پرلو (ہ/مث) پرلی۔ فنا۔ قیامت۔ سب کے مرنے اور فنا ہونے کا روز۔
پرلوک (ہ) دوسری دنیا۔ آخرت۔ جہانِ دیگر۔ عقبیٰ۔ عالم آخرت۔ عالم جزا۔
پرے درجے کا (ہ/صف) بے حد۔ انتہائی درجے کا۔
پرمت (ہ/مث) پر (غیر) مت (عقل) عقل غیر۔ پرائی مت۔ بہکاوٹ۔ سکھاوٹ۔ عزت۔ آبرو۔ اعتبار۔ ساکھ۔
پرمٹ (انگریزی/مث) اجازت۔ پروانگی داخلہ۔ وہ مال جو بلا اجازت اندر نہ آسکے۔ نمک وغیرہ کا سرکاری محصول۔ چنگی۔ محصول درآمد۔ کرچنگی۔ سرکاری محصول لینے کی جگہ۔ چنگی خانہ۔ چنگی کی چوکی۔
پرمٹا (انگریزی/مذ) مرینے کی قسم کا ایک اونی کپڑا۔ آسٹریا میں اس نام کا ایک بڑا شہر ہے۔ جہاں اس قسم کا کپڑا بہت تیار ہوتا ہے۔
پرمل (ہ/مذ) خاص طریقے سے مکئی۔ جوار۔ باجرے وغیرہ کے بھنے ہوئے دانے جنہیں کھیلیں کہتے ہیں۔ یہ نہایت نرم اور خستہ ہو جاتے ہیں۔ چاول کی ایک قسم۔
پرملو (ہ/مذ) ایک قسم کا ناریل۔
پرنالہ (ہ/مذ) میزاب۔ کوٹھے یا بالاخانے کا پانی زمین پر آنے کی نالی یا موری۔ بدررو۔
پرنالی (ہ/مث) پرنالہ کی تصغیر و تانیث۔ نالی۔ بدررو۔
پرنام (س/مذ/مث) بندگی۔ سلام۔ تسلیم۔ آداب۔ ڈنڈوت۔ نمسکار۔ بزرگوں اور دیوتاؤں کے سلام۔ مرتے وقت کے اطوار۔ تیور۔ چہرہ۔ علامات جیسے اب ان کے پرنام بگڑ گئے۔
پرنانا (ہ/مذ) نانا کا باپ۔

پرنانی (ہ/مث) پرنانا کی بیوی۔ والدہ کی نانی۔ نانی کی ماں۔
پرنتو (ہ) پر۔ مگر۔ لیکن۔ اِلاّ۔
پرند } (ف/مذ) اُڑنے والا۔ پکھیرو۔ مُرغ۔ طائر۔
پرندہ پر نہیں مار سکتا (ا/محاورہ) پرندہ تک بھی وہاں نہیں جا سکتا۔ نہایت پابندی ہے۔ محفوظ۔ مامون۔ ناقابل گزار۔ دشوار گزار۔ کٹھن۔ مقام۔
پرنس (انگریزی/مذ) شہزادہ۔ بادشاہ زادہ۔ بادشاہ کا بیٹا۔ شاہی نسل کا۔ شہنشاہ انگلستان کا ولی عہد۔
پُروا (ہ/مث) پورب کی ہوا۔ بادِ مشرق۔ بادِ صبا۔ مشرق کی طرف کی ہوا۔
پَروا (ہ/مث) خواہش۔ رغبت۔ تمنّا۔ آرزو۔ میلان۔ ضرورت۔ توجّہ۔ خوف۔ دہشت۔ فکر۔ اندیشہ۔
پَروار (ہ/مذ) کُنبہ۔ قبیلہ۔ کٹم۔ خاندان۔ گوت۔
پَروان (ہ/مذ) مکمل۔ پورا۔ بالغ۔ جوان۔ کامیاب۔ بامُراد۔ حسبِ مراد۔ پھل۔ ثمر۔ نتیجہ۔ ٹھیک۔ دُرست۔ صحیح۔ معتبر۔ پتھر کی لکیر۔ جیسے بامن بچن۔ پروان۔
پروان چڑھانا (ا/محاورہ) مراد کو پہنچانا۔ جوان کرنا۔ بیاہ کرنا۔
پروانا (ہ/مص) پُر کرانا۔ بھروانا۔
پروان چڑھنا (ہ) کامیاب ہونا۔ مراد کو پہنچنا۔ جوان ہونا۔ پرورش پا کر عمرِ طبعی کو پہنچ جانا۔ پھل لانا۔ نتیجہ نکلنا۔
پروانجات (ف/مذ) پروانہ کی جمع۔
پروانگی (ف/مث) اجازت۔ حکم۔ فرمان۔ رُخصت۔ آگیا۔
پروانہ (ف) پتنگا۔ ایک خاص قسم کا برساتی پردار کیڑا۔ جو چراغ پر آکر گرتا ہے۔ حکم نامہ۔ فرمان۔ اجازت نامہ۔ صدقے ہونے والا۔ فریفتہ۔
پروانۂ تلاشی (ا/مذ) گھر کی تلاشی کا وارنٹ یا تحریری حکم۔
پروانۂ طلائی (ا/مذ) سنہری سند جو حُسنِ خدمت پر دی جاتی ہے۔
پروایا۔ یا۔ پراوا (ہ/مذ) چارپائی کے پایوں کے نیچے رکھنے کی چیز۔
پروپرائٹر (انگریزی/مذ) مالک۔
پروپوزل (انگریزی/مذ) تجویز۔ منصوبہ۔
پَروتا (ہ/مذ) پوتے کا بیٹا۔ بیٹے کا پوتا۔ گُڑ۔ آٹا۔ ہلدی وغیرہ سامان رسد جو کسی کمین کو کسی تقریب کے موقع پر دیا جاتا ہے۔
پروردگار (ف/مذ) پالنے والا۔ پالن ہار۔ پرورش کرنے والا۔ خدائے تعالیٰ۔ ربّ۔
پروردہ (ف) پرورش یافتہ۔ پلا ہوا۔ پالا ہوا۔

پرورش (ف/مث) پالن۔ پالنا۔ تعلیم و تربیت۔ مہربانی۔ عنایت۔ بخشش۔
پروسا (ہ/مذ) کھانے کا حصّہ۔ بھاجی۔ بخرا۔ پتّل۔
پروسنا (ہ) کھانا چُننا۔ پتّل ڈالنا۔ مہمان کے آگے کھانا رکھنا۔
پروف (انگریزی/مذ) سب سے پہلے چھپا ہوا پرچہ جو اصلاح اور دُرستی کے لیے دکھایا جاتا ہے۔
پروفیسر (انگریزی/مذ) معلّم۔ مدرسِ اعلیٰ۔ وہ اُستاد جو کالج کی کسی جماعت کو تعلیم دے۔
پروکلیمیشن (انگریزی/مذ) اعلان۔
پروگرام (انگریزی/مذ) ترتیب۔ سلسلہ۔ طریق۔
پروم - برما کی بندرگاہ جو دریائے ایراوتی کے کنارے واقع ہے۔ یہاں میوے بہت ہوتے ہیں۔
پرونا (ہ) سوراخ میں دھاگا ڈالنا۔ گھسیڑنا۔ بیندھنا۔ داخل کرنا۔ سُوئی، موتی یا تسبیح کے دانوں وغیرہ میں دھاگا ڈالنا۔
پروہت (ہ/مذ) خاندانی پنڈت۔ خاندانی گرو۔ مذہبی کام اور رسوم کو ادا کرنے والا۔ پنڈت۔
پرویزن (ف/مث) چھلنی۔
پروین (ف/مذ) ثریا کا گچھا۔ سات سہیلیوں کا جھمکا۔ سات تاروں کا گچھا جو سردیوں میں سب سے پہلے نظر آتا ہے۔ بنات النعش۔ پنگ تین جور دپ، پتنگ پیڑھا۔
پَرّہ (ف/مذ) دامن۔ کنارا۔ طرف۔ چکی کا پاٹ۔ قطار۔ صف۔ لائن۔
پرہیز (ف) بچنا۔ بچاؤ۔ دُوری۔ علیحدگی۔ تقویٰ۔ اتقا۔ اجتناب۔
پرہیز کرنا (ف) بچنا۔ احتراز و اجتناب کرنا۔ علیحدگی اختیار کرنا۔ احتیاط برتنا۔
پرہیزگار (ف) متقی۔ گناہوں سے کنارا کرنے والا۔ نیک آدمی۔ نیکوکار۔
پرہیزگاری (ف/مث) تقویٰ۔ اتقا۔ اجتناب۔
پرہیزی کھانا (ا/مذ) بیماروں کا کھانا۔ وہ کھانا جو حکیم کسی بیمار کے لیے تجویز کرے۔
پَرے (ہ) اُدھر۔ اُس طرف۔ اُس پار۔ دوسرے کی ضد۔ دُور۔ الگ۔ فاصلے پر (مذ) پرا کی جمع۔ قطاریں۔ صفیں۔ لائنیں۔
پرے بٹھانا (ہ) بات کرنا۔ مقابلے میں نہ آنے دینا۔ دُور رکھنا۔ قطاریں بنانا۔ صفیں مقرر کرنا۔
پرے پرے (ہ) دُور ہو۔ دُور ہٹ۔ پرے ہٹ۔ الگ الگ۔ دُور دُور۔
پَری (ف) اُڑنے والی عورت۔ نہایت حسین، مہ جبین عورت۔ ایک قسم کی خیالی مخلوق۔ جن کی بیوی۔ خوبصورت اور عمدہ عورت یا چیز۔
پری اندام (ف/صف) نازک بدن۔ خوبصورت۔ حسین۔
پری بن جانا (ا/محاورہ) حسین ہو جانا۔ بہت خوبصورت ہونا۔

پری بند (ف امذ) کلائی پر پہننے کا ایک قسم کا گھنگروں والا زیور۔ گشتی کا ایک پیچ۔ گھنگرو۔ پاؤں میں پہننے کا ایک زیور جو بچوں کو پہناتے ہیں۔

پری پیکر (ف) پری جیسے چہرے والی۔ پری رُو۔ پری رُخسار۔ پری کی شکل کی۔ معشوق۔

پری جمال (فع اصف) پری جیسے حسن والا۔ بہت خوبصورت۔

پری خواں (ف) پریوں کو بلانے والا۔ پریوں کی حاضرات کرنے والا۔

پری رُو (ف) (دیکھو پری پیکر)

پری زاد (ف) زادۂ پری۔ پری نسل کا۔ پری کی اولاد۔ نہایت خوبصورت حسین۔ مہ جبین۔ نہایت عمدہ۔

پری طلعت (ف اصف) خوبصورت۔ پری جمال۔ پری چہرہ۔

پری کا سایہ (ا/ امذ) آسیب۔ جن پری کا اثر۔ بھوت پریت وغیرہ کا سایہ۔

پریت (ہ امذ) مُردے کی رُوح۔ ناپاک رُوح۔ بھوت۔ شیطان۔

پریت (ہ امث) پیار۔ محبت۔ دوستی۔ اُلفت۔ اخلاص۔ اُنس۔ عشق۔

پریت لگانا۔ یا۔ جوڑنا۔ یا۔ کرنا (ہ) اخلاص کرنا۔ دوستی گانٹھنا۔ محبت کرنا۔ یاری لگانا۔

پریتم (ہ) بہت پیارا۔ نہایت محبوب۔ بہت ہی عزیز (امذ) پتی۔ خاوند۔ بالم۔ شوہر۔ مالک۔

پریٹ جمانا (ا) صف باندھنا۔ قطار باندھنا۔ پرا جمانا۔

پریس (انگریزی امذ) چھاپنے کی مشین۔ دبانے کی کل۔ مطبع۔ چھاپہ خانہ۔

پریشان (ف) آشفتہ۔ بکھرا ہوا۔ سرگرداں۔ تتر بتر۔ پراگندہ۔ خستہ۔ متفکر۔ متردد۔ حیران۔ متحیر۔ حیرت زدہ۔

پریشان حال (فع) تنگ حال۔ مصیبت زدہ۔ خستہ حال۔ مفلس۔ کنگال۔

پریشان خاطر (فع) اُداس۔ آشفتہ خاطر۔ متفکر۔ رنجیدہ۔ ملول۔

پریشان کرنا (ا) حیران کرنا۔ شکست دینا۔ پراگندہ کرنا۔ فکر میں ڈالنا۔ اندیشہ مند کرنا۔

پریشانی (ف امث) اضطراب۔ بے قراری۔ فکر۔ تردد۔ مصیبت۔

پریکھا (ہ امذ) پرکھ۔ امتحان۔ آزمائش۔ تجربہ۔ جانچ۔ افسوس کی جگہ۔ سوچ۔ خیال۔

پریکٹس (انگریزی امث) مشق۔ مہارت۔ بار بار کام کرکے ایک قسم کا ملکہ۔

پریم (س امذ) محبت۔ پیار۔ اُلفت۔ لاڈ۔ یارانہ۔ دوستی۔

پریوا (ہ امذ) ایک خاص قسم کا آبی پرندہ۔ ایک خاص قسم کا کبوتر۔

پری وش (ف) خوبصورت۔ حسین۔ پری جمال۔

پریوں کا جمگھٹا (ا/ امذ) حسینوں کا مجمع۔

پریوں کی پڑیاں (ا/ امث) پریوں کی نیاز جس میں چہل بی بی کی فاتحہ دلا کر شیرینی تقسیم کی جاتی ہے اور عبیر اور سندور کی پڑیاں بنا کر ہوا میں اُڑائی جاتی ہیں۔

پریہ (ہ) پری تمثال۔ نہایت حسین۔ پری جمال۔

پ - ڑ

پُڑا (ہ امذ) بڑی پُڑیا۔ پُڑلا۔ بڑی پوٹلی۔ ڈھول یا ڈھولک یا طبلے وغیرہ پر چڑھانے کا چمڑا۔

پڑا پانا (ہ) مفت ملنا۔ بے تکلیف کسی چیز کا ہاتھ آنا۔ سستا مل جانا۔ کوڑیوں کے مول ہاتھ آ جانا۔ نہایت ارزاں مل جانا۔ بے محنت دولت حاصل ہونا۔

پڑاپڑ (ہ) پے درپے۔ متواتر۔ لگاتار۔ مینہ برسنے یا جوتیاں پڑنے کی آواز۔ تڑاتڑ۔ پٹنے کی آواز۔ دُلکی چلنے میں گھوڑے کے سموں کی آہٹ۔

پڑاقا۔ یا۔ پڑاخا (ہ امذ) ایک قسم کی آتشبازی۔ پٹاخا۔ پٹاخے کی آواز۔

پڑاقے کی گوٹ (ا/ امث) پٹا پٹی۔ رنگ برنگ کی گوٹ۔ رنگا رنگ کی کناری۔

پڑاؤ (ہ امذ) قافلے یا لشکر کے مقام کی جگہ۔ منزل۔ چوکی۔ فرودگاہ۔ اُترنے کی جگہ۔ ٹھکانا۔ قیام گاہ۔ سٹیشن۔ سرائے۔

پڑاؤ ڈالنا (ہ) چھاؤنی چھانا۔ رہ پڑنا۔ چھاؤنی ڈالنا۔ بہت دنوں تک مقام کرنا۔

پڑاؤ مارنا (ہ) قافلے پر رات یا دن کے وقت چھاپا مارنا۔ قافلہ لوٹنا۔ شکست دینا۔ بڑا بھاری کام کرنا۔ میدان مارنا۔ جیتنا۔ منزل مارنا۔ سفر طے کر لینا۔

پڑپڑ (ا/ امث) گھوڑے کے ٹاپوں کی آواز۔ بوندیں گرنے کی آواز۔

پڑپڑانا (ہ) جُزوں سے بہت پٹنا۔ چرچراہٹ سے زبان پر چھالے پڑنا۔ خشکی کے باعث ہونٹوں پر پپڑیاں بندھ جانا۔

پڑت (ہ امث) قیمت خرید۔ اصلی نرخ۔ بازاری قیمت۔ بیجک کی ذیل میں درج شدہ حساب۔ پھیلاوٹ۔ حساب۔ میزان۔

پڑتا (ہ امذ) لگان۔ معاملہ۔ شرح مالگزاری جو ہر بیگھے پر پھیلائی جاتی ہے۔ حصہ۔ بٹی۔

پڑتال (ہ) (صحیح پرتال) (امث) نظر ثانی۔ مقابلہ۔ جانچ۔ دیکھ بھال۔ جائزہ۔ امتحان۔ آزمائش۔

پرتال پڑنا (ہ) جوتوں سے برابر پٹنا۔ لگاتار جوتے پڑنا۔

پڑتالنا (ہ) نظرثانی کرنا - جانچنا - مقابلہ کرنا - دیکھنا بھالنا -

پڑتی (ہ/مث) افتادہ زمین - خالی زمین - غیر آباد یا غیر مزروعہ -

پڑجانا (ہ) بیمار ہو جانا - بچھڑ جانا - لیٹ جانا - لیٹ جانا - ٹھہر ہونا - ٹھہرنا -

پڑا مرنا (ہ) ایک ہی جگہ مرتے دم تک رہنا - کسی کے ساتھ نہایت وفاداری سے رہنا - مرے بغیر کسی کا ساتھ نہ چھوڑنا -

پڑنا (ہ) لیٹنا - سونا - آرام کرنا - بسنا - رہنا - بیٹھنا - گرنا - آ رہنا - پڑاؤ کرنا - ٹھہرنا - لنگر ڈالنا - گزرنا - بیتنا - واقع ہونا - جیسے جیسی پڑے گی بھگتیں گے - دخل دینا - ضامن ہونا - ضمانت دینا - مثلاً وہ بیچ میں پڑ گئے ورنہ بہت کچھ ہو جاتا - تردد اور فکر ہونا - سوچ اور خیال ہونا - جیسے اپنی اپنی پڑ رہی ہے - بھروسا ہونا - سہارے پر رہنا - جیسے پرائے ٹکڑوں پر پڑا ہے - آنا - نزول کرنا - حلول کرنا - جیسے روح پڑنا - درج ہونا - لکھا جانا - جیسے کھاتے میں نام پڑنا - ترشح ہونا - برسنا - جیسے پانی پڑنا - جھڑنا - پُر ہونا جیسے زخم میں پیپ پڑ گئی - جوکھوں میں پڑنا - مصیبت میں پھنسنا - جان کے لالے پڑنا - جیسے ہمیں اپنی پڑی ہے - خالی ہونا - غیر آباد ہونا - جیسے کئی مکان خالی پڑے ہیں - باقی رہنا - بچا ہوا ہونا - جیسے بہت سا کام پڑا ہے - اتفاق ہونا - بیمار رہنا - علیل رہنا - جیسے وہ مدت سے بستر پر پڑا ہے -

پڑوا (ہ/مث) ہر پاکھ کی پہلی تاریخ - پہلی تتھ - دوج سے پہلا دن - بھینس کا بچہ - کٹڑا -

پڑوس (ہ/مذ) ہمسائیگی - قرب وجوار - گھر کے نزدیک -

پڑوسن (ہ/مث) ہمسائی - ہمسائے کی عورت - پڑوس میں رہنے والی عورت -

پڑوسی (ہ/مذ) وہ مرد جو مکان کے قریب رہتا ہو - ہمسایہ - گھر کے قریب رہنے والا -

پڑوسی کا بُرا مت چاہو (ا/ مقولہ) ہمسائے کو نقصان نہیں پہنچانا چاہیے -

پڑھا (ہ) پڑھا ہوا - خواندہ - تعلیم یافتہ - لکھا پڑھا - پڑھنا سے ماضی مطلق -

پڑھا گُن (ہ) عالم با عمل - عالم فاضل - تعلیم و تربیت یافتہ -

پڑھا لکھا (ہ) خواندہ - تعلیم یافتہ - عالم -

پڑھا دینا (ہ) علم سکھانا - سبق دے دینا - بہکانا - سکھا دینا - بُرائی جما دینا - بدظن کر دینا - چغلی اور غیبت سے کسی کو برافروختہ کر دینا -

پڑھانا (ہ) تعلیم دینا - علم سکھانا - درس دینا - سبق دینا - بہکانا - اغوا کرنا - بدگوئی کر کے کسی کو متنفر کر دینا - بُرائی جمانا - کسی کو بیزار کر دینا -

پڑھا ہونا (ا/ محاورہ) خواندہ ہونا - تعلیم یافتہ ہونا - واقف ہونا -

پڑھائی (ہ/مث) طریقۂ تعلیم - تعلیم دینے کا ڈھنگ - تعلیمی کتب - نصاب تعلیم - درسی کتابیں - مدرسے کی فیس - تعلیم کی اجرت - پڑھانے کا معاوضہ -

پڑھ پتھر (ہ) جو پڑھ گُن کر پتھر ہو جائے - کند ذہن - پڑھ لکھ کر جاہل رہنے والا آدمی -

پڑھنس (ہ/مث) پڑھائی - پڑھنے کا انداز - ایک قسم کی مچھلی -

پڑھنا (ہ) تعلیم پانا - سبق لینا - درس سیکھنا - علم سیکھنا - وظیفہ کرنا - بار بار رٹنا - جانور کا بولنا - جانور کا آدمی وغیرہ کی بولی نقل کرنا - جیسے طوطے کا پڑھنا - پڑھنا - تجربہ کرنا - منتر پھونکنا - جادو کرنا -

پڑھوانا (ہ) تعلیم دلوانا - لکھوانا -

پڑھے گھر کی پڑھی بلی (ہ/مثل) نیکوں کے نیک پڑھوں کے پڑھے اور منافقوں کے منافق بچے -

پڑھے نہ لکھے نام محمد فاضل (ا/ کہاوت) جانتے وانتے کچھ بھی نہیں - ہمہ دانی کا دعویٰ - جاہل ہیں اور قابل بنتے ہیں -

پڑی ہوئی آواز (ا/مث) وہ آواز جو گلے سے صاف نہ نکلے -

پڑیا (ہ/مث) وہ پتا یا کاغذ کا پرزہ - جس میں دوا وغیرہ لپیٹی جاتی ہے - کاغذ کی پوٹلی - لپیٹی ہوئی دوا جو کاغذ میں لپٹی ہوئی ہو - گانٹھ - گرہ - پوٹ - جیسے بڑھیا آفت کی پڑیا ہے -

پڑیا کا لٹھا (ہ/مذ) ایک قسم کا باریک اور نفیس لٹھا -

پڑیل (ہ/صف) وہ آدمی جو ہر وقت پڑا رہے چلنے پھرنے سے عاجز ہو -

پ - ز

پزاوہ (ف/مذ) آوا - بھٹی - وہ جگہ جہاں اینٹیں پکتی ہیں - بھٹا -

پزشک (ف/مذ) جرّاح - طبیب -

پذیرائی (ف/مث) منظوری - قبولیت -

پ - ژ

پژمردگی (ف/مث) مُردنی - افسردگی - کملاہٹ -

پژمردہ (ف) مُرجھایا ہوا - کملایا ہوا - افسردہ - مایوس -

پژوہندہ (ف) جاسوس -

پ - س

پس (ف) پھر۔ پیچھے۔ بعد۔ بعدازاں۔ علاوہ ازیں۔ لہٰذا۔ اس لیے۔ آخرکار۔ آخرکو۔ لیکن۔ بہرحال۔ بہرکیف۔ اس وجہ سے۔ انجام۔ نتیجہ۔

پس آوردہ (ف/مذ) بیوی کا پہلے شوہر سے لڑکا۔

پس افگندہ (ف/مذ) پیچھے پھینکا ہوا۔ گوبر۔ بیٹ۔

پس انداز (ف) باقی بچا ہوا۔ اندوختہ۔ جمع۔ بچت۔ وہ روپیہ جو خرچ سے بچ رہا ہو۔ بچایا ہوا۔ اکٹھا کیا ہوا۔

پس اندازی (ف/مث) بچت۔ جمع۔

پسپا ہونا (ہ) پیچھے ہٹنا۔ شکست کھانا۔ بھاگ جانا۔ پیٹھ دکھانا۔

پس خوردہ (ف) جھوٹا۔ اُلش۔ آگے کا بچا ہوا۔

پس وپیش (ف/مذ) آگے پیچھے۔ آگا پیچھا۔ سوچ بچار۔ اونچ نیچ۔ فکر و تردد۔ اندیشہ۔ تشویش۔ کشمکش و پیچ۔ دُبدھا۔ دُگدا۔ اضطراب۔ نیک و بد۔ عیب وصواب۔ مآل کار۔ انجام کار۔ بہانہ۔ حیلہ۔ لیت و لعل۔

پس وپیش سوچنا (ل) آگا پیچھا سوچنا۔ اونچ نیچ دیکھنا۔ نیک و بد سوچنا۔

پس وپیش کرنا (ل) آج کل کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ ٹالنا۔ حیلہ حوالہ بنانا۔ سوچنا۔ لیت و لعل کرنا۔ سوچ بچار کرنا۔

پسارا (ہ/مذ) پھیلاؤ۔ فراخی۔ پستار۔

پسارنا (ہ) پھیلانا۔ دراز کرنا۔ کھولنا۔ فراخ کرنا۔ کشادہ کرنا۔

پسانا (ہ) اُبال کر پانی نچوڑنا۔ کسی اُبلی ہوئی چیز مثلاً چاول یا سویاں اُبال کر ان کا پانی ٹپکانا۔ گائے بھینس کے تھنوں کو ردل کر ان میں بالکل سے دودھ اُتارنا۔

پسادہ (ہ/مذ) سرجوش۔ دودھ کا تار۔ اُبلی ہوئی چیز کے پانی کا نچوڑ۔

پساون (ہ/مذ) وہ پانی جو کسی چیز کو اُبالنے کے بعد نچوڑا جائے۔

پسائی (ہ/مذ) پستال کے چاول جو ہندو لوگ برت کے دن کھایا کرتے ہیں۔

پسائی (ہ/مث) پیسنے کی اُجرت۔ آٹا پیسنے کی مزدوری۔

پست (ف) نیچے۔ نشیب۔ بے ہمت۔ کم رُتبہ۔ کمینہ۔

پست خیال (ف) گھٹیا خیالات کا۔ کمینے خیال کا۔

پست فطرت (ف) کم عقل۔ نادان۔ بے وقوف۔

پست قد (ف) چھوٹے قد کا۔ ٹھنگنا۔ بونا۔

پست قسمت (ف/صف) بدنصیب۔ بدقسمت۔

پست کرنا (ل) مغلوب کرنا۔ ہمت توڑنا۔ ہرانا۔ شکست دینا۔

پست وبلند (ف/صف) اونچا نیچا۔ نشیب و فراز۔ زمین و آسمان۔

پست ہمت (ف) کم ہمت۔ بزدل۔ بے ہمت۔

پست ہمتی (ف/مث) بزدلی۔ کم ہمتی۔ کمینہ پن۔

پست ہونا (ل) ہارنا۔ مغلوب ہونا۔ کم ہو جانا۔ ٹوٹ جانا۔ عاجز ہونا۔

پستان (ف/مذ) چھاتی۔ چوچی۔

پستک (س/مث) کتاب۔ پوتھی۔ گرنتھ۔

پستول (انگریزی/مذ) طپنچہ۔ تمنچہ۔ تفنگچہ۔ چھوٹی سی بندوق۔

پستہ (ف/مذ) ایک قسم کا میوہ۔ چھوٹی سی چیز۔ چھوٹا سا کتا۔

پستی (ف/مث) نچان۔ بلندی کی ضد۔ کمینہ پن۔ کم ہمتی۔

پسٹل (مذ) (دیکھو پستول۔)

پسر (ف/مذ) بیٹا۔ پتر۔ لڑکا۔ فرزند۔ ابن۔ ولد۔ پوت۔

پسر خواندہ (ف/مذ) متبنّیٰ۔ گود لیا ہوا لڑکا۔ بنایا ہوا بیٹا۔

پسرزادہ (ف/مذ) پوتا۔ نبیرہ۔ بیٹے کا بیٹا۔ پوت کا پوت۔

پسرنا (ہ) پھیلنا۔ ہاتھ پاؤں پھیلا کر لیٹ جانا۔ فریب اور مکر کرنا۔ ضد کرنا۔ ہٹ کرنا۔ لیٹنا۔ پڑنا۔ ٹانگیں پھیلانا۔

پسلی (ہ/مث) پہلو۔ طرف۔ پہلو کی ہڈی۔ سینے کی ہڈیاں جو ریڑھ کی ہڈی سے نکل کر جگر۔ معدے اور دل کے اوپر تک چھائی ہوئی ہوتی ہیں۔

پسلی پھڑکنا (ہ) کسی بات کی خبر ہونا۔ یاد آنا۔ مطلع ہونا۔ پیٹھ پیچھے کسی کا حال معلوم ہو جانا۔ بے چینی ہونا۔ بے قراری ہونا۔ کسی کی یاد میں بے تاب ہونا۔

پسلی کا آزار۔ یا۔ عارضہ۔ یا۔ دُکھ (ہ/مذ) پسلی کا دُکھ۔ ایسان کی بیماری جو بچوں کو لاحق ہو جاتی ہے۔

پسنا (ہ) آٹا ہونا۔ چور چور ہونا۔ مصیبت میں تباہ ہو جانا۔ برباد ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔ مٹنا۔ گرفتار ہونا۔ کچلا جانا۔ مسلا جانا۔ بہت تکالیف میں پھنسنا۔

پسند (ف/مث) مقبول۔ حسب دلخواہ۔ خاطر خواہ۔ من بھاتا۔ منظور نظر۔

پسند کرنا (ل) اپنی مرضی کے مطابق کسی چیز کو چن لینا۔ چھانٹنا۔ اختیار کرنا۔ انتخاب کرنا۔ خوشی سے منظور کرنا۔

پسندیدہ (ف) مرغوب طبع۔ مقبول۔ پسند خاطر۔ دل پسند۔ دلچسپ۔ حسب دلخواہ۔

پسنہاری (ہ/مث) آٹا پیسنے والی عورت۔

پسو (ہ/مذ) ایک قسم کا زہریلا پردار موذی کیڑا جو قد میں سسری سے ذرا چھوٹا اور شکل میں اسی سے ملتا جلتا ہے۔ مرطوب اور گندی جگہ زیادہ ہوتا ہے۔

پسواڑہ (ہ/مذ) پہلو۔ پاسا۔ کروٹ۔ پکھوا۔

پسوانا (ہ) پیسنے کا متعدی المتعدی۔

پسوائی (ہ/مث) پیسنے کی اُجرت۔ پسائی۔

پسوجنا (ہ/مص) موٹا پیسنا۔ کچا کرنا۔

پسیجنا (ہ) پسینہ آنا۔ نمی آنا۔ تری آنا۔ ملائم اور نرم ہونا۔ رحم کھانا۔ ترس کھانا۔ غور کرنا۔ توجہ کرنا۔ دھیان دھرنا۔ مظلوم کی فریاد سن کر اس پر رحم کرنا۔ کنجوس کے ہاتھ سے روپیہ نکلنا۔

پسیخ (ف/مذ) ارادہ۔ قصد۔

پسینا۔ یا۔ پسینہ (ہ/مذ) عرق۔ نمی۔ رطوبت۔ پسیو۔ وہ نمی جو بدن

کے مسامات سے نکلتی ہے۔

پسینہ آنا / پسینہ چھوٹنا (ہ) عرق آنا - نمی آنا - پسیو آنا - شرم یا غیرت سے جسم اور چہرے کا نمناک ہو جانا - شرمندہ اور نادم ہونا - غشی آنا -

پسینہ ہرا ہونا (ہ) پہلوانوں کی اصطلاح) پسینہ خشک ہونا - پسینہ سوکھنا - ورزش کے بعد جسم کا خشک ہو کر کھل جانا -

پسینوں میں ڈوبنا - یا - نہانا (ہ) بہت ہی پسینہ آنا - نہایت زور سے پسینے کا آنا - پسینے میں شرابور ہونا -

پسینے پسینے ہونا (ہ) عرق عرق ہونا - آب آب ہونا - پسینوں میں ڈوبنا - زیادہ گرمی سے پسینے میں شرابور ہونا - بہت شرمندہ اور منفعل ہونا -

پسینے پہ لہو گرانا (ار/محاورہ) بہت محنت اور جانفشانی کرنا - وفاداری کرنا - جاں نثاری کرنا -

پسیو (ہ/مذ) نمی - رطوبت - پسینہ - بھاپ - ابخرے -

پ - ش

پشاچ (س/مذ) جن - دیو - بھوت پریت -

پشت (ف/مث) پیٹھ - کمر - ظہر - پیچھے - پچھاڑی - غیبت - مدد - اعانت - سہارا - نسل - پیڑھی - خاندان -

پشتا پشت (ار/مث) کئی پشتوں سے - باپ دادا سے -

پشت بہ پشت (ف) باپ دادا سے - پیڑھیوں سے - جد سے -

پشت پناہ (ف) مددگار - حمایتی - مدد کرنے والا - مدد - حمایت - وسیلہ - ذریعہ - رفیق - ساتھی - قوتِ بازو -

پشت تکیہ (ف/مذ) وہ تکیہ جو مسند کے پیچھے رکھتے ہیں -

پشت خار (ف/مذ) پیٹھ کھجانے کا آلہ - لوہے یا ہاتھی دانت کا پنجہ جس سے پیٹھ کھجاتے ہیں - کھربرا - کھرکھرا -

پشت دکھانا - یا - دینا (ل) بھاگ جانا - پیٹھ دکھانا - لڑائی میں شکست کھانا - ہار کر بھاگنا -

پشتک (ف/مث) گھوڑے، گدھے، اونٹ کا پچھلے دونوں پاؤں اٹھا کر لات مارنا - دولتی -

پشتک مارنا (ل) دولتیاں چلانا - دولتی مارنا -

پشتو (ف/مث) پختو - پٹھانوں کی زبان - افغانی بولی -

پشتہ (ف/مذ) پشت سے نسبت رکھنے والا - مٹی کا وہ ٹیلہ یا ڈھیر جو کسی دیوار کے استحکام یا بچاؤ کے لیے اس کی جڑ میں لگا دیتے ہیں - دریا کا بند - مینڈ - کتاب کی پشت کا چمڑا - مٹی کا تودہ - ڈھیر - انبار - ٹیلا -

پشتہ بندی (ف/مث) پشتہ باندھنا - دیوار یا دریا کے کنارے کو مضبوط کرنا -

پشتی (ف/مث) تائید - حمایت - مدد - امداد - ٹیک - سہارا - محافظت - نگہبانی - گاؤ تکیہ -

پشتی کرنا - یا لینا (ل) مدد کرنا - حمایت کرنا - ساتھ دینا - سہارا دینا - مدد لینا -

پشتیبان (ف/مذ) سہارا دینے والا - مددگار - رفیق - ساتھی - وہ لکڑی جو کواڑوں یا تخت یا دیوار کی پشت پر مضبوطی اور استحکام کے لیے لگاتے ہیں -

پشتی پر ہونا (ار/محاورہ) مدد پر ہونا - حمایت پر ہونا -

پشتینی (ل) قدیم - موروثی - خاندانی -

پشٹ (س) طاقت بخش - قوت دینے والا - مقوی (مث) پرورش - پالن -

پشم (ف) نرم بال - اون - رُواں - بے حیثیت - بے حقیقت - کم اصل - بے کار - نکمی چیز - ناقص - ردی -

پشم کندہ نہ ہونا / پشم نہ اُکھڑنا (ل) کچھ نہ ہو سکنا - بدلے اور عوض کے قابل نہ ہونا - خاک نہ ہو سکنا - بال نہ اُکھڑنا -

پشمک (ہ/مث) مٹھائی کی ایک قسم -

پشمینہ (ہ/مذ) منسوب بہ پشم - اونی کپڑا - باریک رُوئیں کا بنا ہوا کپڑا -

پشنگیاں (ار/مث) ایک قسم کا جال -

پشو (س/مذ) چوپایہ - مویشی - ڈنگر - گھوڑا - گدھا وغیرہ - احمق - بے وقوف - مودھو -

پشہ (ف/مذ) مچھر - پردار زہریلا کرم جو برسات میں زیادہ ہوتا ہے اور مرطوب جگہ اور گندے پانی میں رہتا ہے اور انڈے دیتا ہے - یہ کان میں بھنبھناتا اور جسم میں ڈنک مارتا ہے - بے حقیقت - حقیر - ناچیز - ذرا سا -

پشی (ار/مث) مُتی - بچے کا پیشاب - بالک کا موت -

پشیا (ہ/مث) بلی - گربہ -

پشیمان (ل) شرمندہ - نادم - پچھتانے والا - افسوس کرنے والا - متاسف -

پشیمان ہونا (ل) شرمندہ ہونا - پچھتانا -

پشیمانی (ف/مث) پچھتاوا - شرمندگی - ندامت -

پُف (پ - ف) ہونٹوں کو سمیٹ کر زور سے ہوا نکالنا -

پ - ک

پک (ف) بے ہنر - خود پسند -

پکا (ہ) کچا کی ضد - پختہ - ہانڈی یا پال کا پکا ہوا - گھی یا تیل میں تلی ہوئی یا پکی ہوئی چیز - مضبوط - مستحکم - پختہ - پائدار - کامل - تجربہ کار - ہوشیار - جہاندیدہ - بالغ - مکمل - کھرا - بے کھوٹ - بے عیب - بے نقص - بے اندیشہ - بے خوف - نڈر - مستند - رجسٹرڈ - قابل رقعت - جیسے پکا - تمسک - مستقل - جیسے وہ

اس اسامی پر پکا ہوگیا ہے ۔ تیار ۔ دُرست ۔ مہیا ۔ جیسے گوشت پکار کھا ہے ۔ قدیم ۔ موروثی ۔ جیسے پکا کاشتکار ہے ۔ چُور ۔ تھکا ہوا ۔ جیسے جسم تمام پکا پھوڑا ہو رہا ہے ۔ بہت ۔ نہایت ۔ بہت زیادہ ۔ جیسے پکا درست ۔ مصمم ۔ بالجزم ۔ جیسے پکا ارادہ ۔ صحیح ۔ دُرست ۔ ٹھیک ۔ سچا ۔ جیسے پکا وعدہ ۔ وفادار ۔ نباہنے والا ۔ حمایتی ۔ وقت پر مدد کرنے والا ۔ جیسے پکا دوست ۔ پختہ ۔ مضبوط ۔ جیسے پکا مکان ۔ خرانٹ ۔ عمر رسیدہ ۔ چالاک ۔ گھاگ ۔ عیار ۔ خوب ۔ عمدہ ۔ نہایت اچھا ۔ جیسے مجھے پکا دیا ہے ۔ مسکوک سکہ ۔ اشامپ ۔ جس پر بادشاہ کی تصویر اور نام چھپے ہوئے ہوں ۔ پیپ دار پکا پا ہوا پھوڑا ۔ جیسے پکا پھوڑا ۔

پکا پان (ہ) عمر رسیدہ ۔ جہاندیدہ ۔ انتہائے عمر کو پہنچا ہوا ۔ پختہ کار ۔ تجربہ کار ۔ خرانٹ ۔ نہایت بوڑھا ۔ گھاگ ۔ پُرانا پھوس ۔ بوڑھا ۔

پکا پکایا (ہ) مُفت ۔ بے محنت ۔ بے دقت ۔ بلا تکلیف ۔ بے کوشش ۔ تیار شدہ ۔ دُرست ۔ ٹھیک ۔ لیس ۔

پکا پکوان (ا/مذ) اچھی طرح پکایا ہوا کھانا ۔ زیادہ عمر کا ۔

پکا پن (ا/مذ) مضبوطی ۔ پختگی ۔ چالاکی ۔

پکا پھوڑا (ہ) وہ پھوڑا جس میں پیپ پڑگئی اور مواد نکالنے کے قابل ہوگیا ہو ۔ پکا پا ہوا پھوڑا ۔ دکھیارا ۔ غمزدہ ۔ پُر درد ۔ رقیق القلب ۔ نرم دل ۔ رونے کو تیار ۔ ٹھیس کی تاب نہ لانے والا ۔ پھوٹ بہنے والا ۔

پکا پیا (ہ) بہت ہوشیار ۔ بہت تجربہ کار ۔ نہایت سیانا ۔ بہت دانا ۔ بڑا زیرک ۔ عقل مند ۔

پکا جن (ا/صف) پڑھا جن ۔ بہت چالاک ۔ ہوشیار ۔

پکا چٹھا (ہ) سالانہ حساب کی فرد ۔ پکا کھاتا ۔ پکا روزنامچہ ۔ پختہ ہی کا حساب ۔

پکا رنگ (ا/مذ) وہ رنگ جو دھونے سے نہ چھوٹے ۔ کھلتا رنگ ۔

پکا کرنا (ہ) آمادہ کرنا ۔ بالکل تیار کرنا ۔ مضبوط بنانا ۔ پختہ کرنا ۔ اینٹھنا ۔ بل دے کر مضبوط کرنا ۔ جیسے سُوت پکا کرنا ۔ رٹنا ۔ گھوٹنا ۔ ذہن نشین کرنا ۔ جیسے سبق پکا کرنا ۔

پکا ہونا (ہ) وعدہ پختہ ہو جانا ۔ ارادہ مصمم ہونا ۔ معاملہ پختہ ہونا ۔ صلاح مشورہ قائم ہو جانا ۔

پُکار (ہ/مث) آواز ۔ ندا ۔ صدا ۔ ہانک ۔ غل ۔ شور ۔ ہلڑ ۔ فریاد ۔ دہائی ۔ بلاوا ۔ طلب ۔ بلاؤ ۔ حاجت ۔ تلاش ۔ جستجو ۔ نالش ۔ استغاثہ ۔ آگاہی ۔ ڈھنڈورا ۔ خبر ۔ اعلان ۔

پُکار دینا (ہ) بلوا دینا ۔ ہانک مارنا ۔ آواز دینا ۔ جتا دینا ۔ آگاہ کر دینا ۔ خبر کر دینا ۔

پُکار کے (ہ) علانیہ ۔ کھلم کھلا ۔ ڈنکے کی چوٹ ۔ چلا کے ۔ زور سے ۔ خفا ہو کر ۔ ناراض ہو کر ۔

پُکارنا (ہ) بلانا ۔ آواز دینا ۔ ہانک مارنا ۔ چلانا ۔ غل مچانا ۔ جبر کرنا ۔ گھوٹنا ۔ ذہن میں بٹھانا ۔ نام جپنا ۔ بھیک مانگنا ۔ صدا کرنا ۔

زیادہ کرنا ۔ بیچنے کی آواز لگانا ۔

پکانا (ہ) کھانا تیار کرنا ۔ پختہ کرنا ۔ سبق یاد کرنا ۔ مواد کو خارج کرنے کے قابل بنانا ۔ پیپ کو رقیق کرنا ۔ پھل کو پال وغیرہ میں پختہ کرنا ۔ مضبوط کرنا ۔ پختہ کرنا ۔ رٹنا ۔ ٹھیک ٹھاک کرنا ۔ وعدے کو پختہ کرنا ۔ پختہ و پُر کرنا ۔ پائدار کرنا ۔

پکاؤ (ہ) (بہ واؤ مجہول) (مذ) پختگی ۔ تیاری ۔ مواد کا پکنا ۔ (بہ واؤ معروف) پکنے کے قریب ۔ گدر ۔ پکنے والا ۔ تیاری کے قریب ۔ عنقریب پک کر تیار ہو جانے والا ۔

پکائی (ہ/مث) پکانے کی اُجرت ۔ پکوائی ۔

پکڑ (ہ/مث) گرفت ۔ قبضہ ۔ بحث مباحثہ ۔ دلیل آوری ۔ حجت ۔ تکرار ۔ جیسے منطقیوں کی پکڑ ۔ داؤ پیچ ۔ کشتی ۔ لڑائی ۔ بیگار کی طلبی ۔ بیگار کا بلاوا ۔ حصول یافت ۔ برآمد ۔ پکڑنا کا امر ۔

پکڑ لانا (ہ) گرفتار کر کے لے آنا ۔ باہر سے لے آنا ۔ قابو میں لانا ۔ دشمن کو داؤں میں لے آنا ۔ حریف کے پیچھے جا لگنا ۔ پہلوانوں کا پکڑ لانا ۔

پکڑنا (ہ) گرفتار کرنا ۔ پھانسنا ۔ قید کرنا ۔ مجسم وغیرہ کو ۔ کسی چیز کو ہاتھ میں تھامنا ۔ لینا ۔ سائی یا بیعانہ لینا ۔ گرفت کرنا ۔ اعتراض کرنا ۔ ٹوکنا ۔ جیسے غلطی پکڑنا ۔ نکالنا ۔ ڈھونڈنا ۔ برآمد کرنا ۔ ظاہر کرنا ۔ جیسے چوری پکڑنا ۔ برابر جا پہنچنا ۔ جیسے دوڑ میں جا پکڑنا ۔ گزارنا ۔ بسر کرنا ۔ ٹالنا ۔ جیسے دن پکڑنا مشکل ہے ۔ ایک پہلوان کا دوسرے حریف کو داؤں میں لانا ۔ گھیرنا ۔ محصور کرنا ۔ احاطہ کرنا ۔ غلبہ کرنا ۔ جمنا ۔ پیوست ہو جانا ۔ حاصل کرنا ۔ اختیار کرنا ۔ جیسے کپڑا رنگ پکڑ گیا ۔ ٹھہرانا ۔ جیسے کُتے کی زبان تو نہیں پکڑی جاتی ۔

پکڑوانا (ہ) پکڑنا کا متعدی المتعدی ۔ گرفتار کرانا ۔ پھنسوانا ۔ سہارا دینا ۔ ہاتھوں میں ہاتھ دلانا ۔ حوالے کرانا ۔ سپرد کرانا ۔ پکڑانا ۔ تھموانا ۔ مٹھی میں دینا ۔

پکش (س/مذ) بازو ۔ پر ۔ پنکھ ۔ مہینے کا نصف حصہ ۔ پاکھ ۔ پندرہ دن کا عرصہ ۔ طاقت ۔ قوت ۔ بل ۔ زور ۔ طرف ۔ جانب ۔ تیر کا پر ۔

پکشی (س/مذ) پرند ۔ پنچھی ۔ پردار جانور ۔ پروں کے بل اُڑنے والے جانور ۔

پکنا (ہ) تیار ہونا ۔ پختہ ہونا ۔ ریندھنا ۔ کھانا تیار ہونا ۔ بالغ ہونا ۔ گدرانا ۔ پھل کا پختہ ہونا ۔ پھوڑے میں پیپ پڑنا ۔ مواد قابل اخراج ہونا ۔ رادھ پڑنا ۔ بال سفید ہونا ۔ آوے یا پزاوے میں مٹی کی اشیاء کا تیار ہونا ۔ نردوں کا پھر پھرا کر اپنے گھر میں آجانا ۔ قیمت ٹھہرنا ۔ معاملہ بننا ۔ ارادے کا پختہ ہو جانا ۔ معین ہونا ۔ مقرر ہونا ۔ پختہ و پُر ہو جانا ۔ قابل ہونا ۔ تجربہ کار ہونا ۔

پکوان (ہ/مذ) مٹھائی ۔ روغن کا تلا ہوا کھانا ۔

پکوانا (ہ) ریندھنا - رسوئی تیار کرنا - کھانا بنوانا - کھانا تیار کرنا -
پکوائی (ہ / مث) پکانے کی اُجرت - پکانے کی مزدوری -
پکوکھا (ا / مذ) پَر - پنکھ -
پکوڑا (ہ / مذ) بڑی پھلکی - بتاسا - پھولا ہوا گول گپا - گلگلے کی طرح پھولا ہوا پکوان (مجازاً) پھولی ہوئی چیز جیسے پکوڑا سی ناک -
پکوڑا سی ناک (ا / صف) موٹی ناک -
پکوڑی (ہ / مث) پکوڑا کی تانیث یا تصغیر - پھلکی - بیسن یا پیٹھی کے چھوٹے چھوٹے گلگلے -
پکوک (ف / مذ) ہتھوڑا -
پکھ (ہ / مذ) بازو - پر - پنکھ - طاقت - زور - بل - قوت - تاب و تواں - مہینے کا نصف حصہ - پندرہ دن کا عرصہ - جانب - طرف اور پاکھ -
پکھال پیٹا (ہ / مذ) بڑے پیٹ والا - بڑ پیٹو - دراز شکم - کھاؤ - گھاؤ گھپ -
پکھاوج (ہ / مث) ایک قسم کا طبلہ - چھوٹی سی خاص طرز کی ڈھولک - مردنگ - ایک قسم کا راگ -
پکھراج (ہ / مذ) ایک قسم کا نہایت بیش قیمت چمکیلا جواہر جس کا رنگ زرد ہوتا ہے - یہ جواہر نیلا اور سفیدی مائل سبز بھی ہوتا ہے -
پکھروٹا (ہ / مذ) چاندی کا ورق - لپٹی ہوئی پان کی گلوری - وہ ورق جو پان کی گلوری پر لپیٹ دیا جاتا ہے -
پکھڑی (ہ / مث) پھول کی پتی پنکھڑی -
پکھوا (ہ / مذ) پہلو - بغل - کنارہ - آغوش - جیسے ماں ہی کے پکھوے سے لگی بیٹھی ہو -
پکھوڑا (ہ / مذ) کاندھے کی ہڈی - کاندھا -
پکھیرو (ہ / مذ) پنکھ والا - پردار - پرندہ - پنچھی - طائر - مثلاً آدمی کو کہہ دیتے ہیں - کیونکہ وہ ہر جگہ جا سکتا ہے -
پکی (ہ) پکا کی تانیث - بالغہ - تجربہ کار - پختہ - پوری - مضبوط - مستحکم - پوری کچوری کی دعوت - معینہ - مقررہ - تیار - بنی ہوئی -
پکی اینٹ (ا / مث) وہ اینٹ جو بھٹے میں پکائی گئی ہو -
پکی پکائی کھانا (ا / محاورہ) بغیر محنت مشقت گزر اوقات کرنا -
پکی پیسی (ہ) پیس - پکی پکائی - تجربہ کار عورت - جہاندیدہ عورت - نہایت ہوشیار عورت -
پکی کرنا (ل) استحکام کرنا - پختہ و پڑا کرنا - تجویز پختہ کرنا - معین کرنا - مقرر کرنا -

پ - گ

پگ (ہ / مذ) پاؤں - پیر - قدم -
پگ بھانا (ا / مص) قدم رکھنا -
پگا (ہ / مذ) پینکھڑا - پچھاڑی - زنجیر پا - پاؤں میں باندھنے کی رسّی مویشیوں کے گلے کی رسّی - باگ ڈور -
پگانا (ہ) کھلاڑیوں کا کھیل ختم کرنا - وعدہ پورا کرنا - بے باق کرنا -
پگڈنڈی (ہ / مث) بٹیا - باٹ - رستہ - راہ - پاؤں کی لکیر جو زمین پر پڑ جاتی ہے - تنگ راستہ - پیروں کا نشان - پیدل چلنے کا راستہ -
پگڑی (ہ / مث) دستار - عمامہ - سر پر باندھنے کا کپڑا - عزت آبرو - توقیر - نفر - آدمی - جی - جان جیسے پگڑی پیچھے دو دو لڈو دیے - رشوت -
پگڑی اُتارنا (ہ) بے عزّتی کرنا - آبرو ریزی کرنا - لوٹنا - ٹھگنا - قیمت زیادہ لینا - گاہک سے دغا کرنا - دھوکا فریب دینا -
پگڑی اُترنا (ہ) ذلیل ہونا - بے عزت ہونا - آبرو گنوانا - ٹھگا جانا - دھوکا کھانا -
پگڑی اٹکنا (ہ / محاورہ) ہمسری ہونا - مقابلہ ہونا - برابری ہونا - مساوات ہونا - برابر کا دعویٰ دار بننا - پگڑی کا اُلجھنا -
پگڑی اُچھالنا (ہ) ذلیل کرنا - رسوا کرنا - بے عزت کرنا - مذاق اُڑانا - تمسخر اُڑانا - ہنسی کرنا - مذاق کرنا - باہم ایک دوسرے کی توہین کرنا - خوشی کرنا - خوش ہونا -
پگڑی باندھنا (ہ) دستار باندھنا - سر پر پگڑی لپیٹنا - سرفرازی دینا - عزت دینا - بزرگی بخشنا - قائم مقام اور جانشین کرنا - وارث قرار دینا - فاضل جاننا - استاد فن اور کامل و ماہر فن تسلیم کرنا - سردار بنانا - گدی پر بٹھانا - ذمہ دار قرار دینا - حاکم یا افسر اعلیٰ قرار دینا -
پگڑی بدلنا (ہ / محاورہ) بھائی بنانا - گہری دوستی کا اظہار کرنا - یارانہ کرنا - یار بنانا - محبت اور پیار کرنا - بھائی بندی کا تعلق پکا کرنا -
پگڑی بندھنا (ہ) دستار بندی ہونا - کسی کا قائم مقام ہونا - گدی نشین ہونا - سرداری یا وراثت پانا - حاکم یا پنچ قرار دیا جانا -
پگڑی رکھنا (ہ) پگڑی باندھنا - عزت دار ہونا - معزز بننا - آبرو بچانا - عزت پانا - عمامہ گرو رکھنا - دستار رہن کرنا - عاجزی کرنا - منت کرنا - ان آخری دو فعلوں میں آگے یا پاؤں کے ساتھ مستعمل ہے -
پگڑی والا (ہ / مذ) طبیب - حکیم - ڈاکٹر - بید - معالج - چونکہ عورتیں صبح کے وقت حکیم - ڈاکٹر کا لفظ کہنا نحوس سمجھتی ہیں اس لیے اس کے بجائے پگڑی والا یا چہرے والا بولتی ہیں - دستار والا - عمامے والا یعنی مرد بچہ -
پگلا (ہ) سڑی - دیوانہ - پاگل - احمق - بے وقوف - نادان - سودائی -
پگھلانا (ہ) دھات کو گلانا - گرمی پہنچا کر دھات کو پتلا کرنا - رقیق کرنا -

ملائم کرنا - نرم کرنا - راضی کرلینا - رحم پر آمادہ کرلینا - توجہ دلانا - ملتفت کرنا -

پگھلنا (ف) تپنا - گرم ہو کر پتلا ہونا - رقیق ہو جانا - نرم ہونا - پسیجنا - راضی ہونا - بر سرِ رحم ہونا - رضامند ہو جانا - ترحم آنا - فیاضی کو تیار ہو جانا -

پگیا (ف / مث) پگڑی کی تصغیر - پیار کے طور پر گیتوں میں استعمال ہوتا ہے -

پ - ل

پُل (ف / مذ) پانی پر سے گزرنے کا راستہ - دریا کو عبور کرنے کا رستہ - جسر - بند - پشتہ (محاورے میں) افراط - کثرت -

پُل باندھنا (ل) دریا یا ندی وغیرہ کے عبور کرنے کو کچھ پاٹ کر یا عمارت بنا کر راستہ بنانا - پاڑ - باندھنا - ڈھیر لگانا - تودہ لگانا - افراط اور کثرت میں مبالغہ کرنا - جیسے باتوں کا پُل باندھ دیا -

پُل بندی (ف / مث) پُل باندھنا - پاڑ باندھنا - پُل کی مرمت کرنا - پُل کا محصول -

پُل ٹوٹنا (ل) پُل کا گر جانا - پُل بہ جانا یا گر جانا - افراط ہونا - بکثرت ہونا - بند نہ رہنا - اسہال بکثرت آنا - رکاوٹ نہ رہنا - بار بار پاخانہ آنا -

پُلصراط (ف ع / مذ) مسلمانوں کے عام عقیدہ کے مطابق دوزخ کے اوپر ایک پُل جو بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہے -

پَل (ہ / مث) پلک - مژہ (مذ) پلک جھپکنے کا عرصہ - دقیقہ - ایک منٹ کا ساٹھواں حصہ - آن - لحظہ - لمحہ -

پل بھر میں / **پل مارنے میں** / **پل کے پل** / **پل مارتے** (ہ) ذرا سی دیر میں - آن کی آن میں - تھوڑی سی دیر میں - ایک پل - آناً فاناً - فوراً - بہت جلد - ذرا کی ذرا - آنکھ جھپکنے میں -

پل کٹنا (ہ / محاورہ) وقت صرف ہونا - لمحہ گزرنا - وقت گزرنا -

پل کی پل (ہ / متعلق فعل) تھوڑی دیر کے لیے -

پلّا (ہ / مذ) دامن - آنچل - چھور - سرکا - بوجھ - تھیلا - انبان - گون - پانڈ - جیسے پلّے (اور مدد) - امداد - اعانت - کمک - حمایت - طرفداری - جیسے بڑے بڑے آدمی اس کے پلّے پر ہیں - ترازو - تھیلی - ٹوپی کا پلّا - پڑلا - پٹ - کواڑ - بغل - فاصلہ - دوری - فرق - تفاوت - مسافت - جانب - طرف -

پلّا بھاری ہونا (ہ) دُور کا فاصلہ ہونا - از حد گناہگار ہونا - نامۂ اعمال بھاری ہونا - گہری مدد پر ہونا - بڑی مدد پر ہونا - معاون - زبردست ہونا - گون بھاری ہونا - زیادہ کنبہ ہونا - دنیوی تعلقات زیادہ ہونا -

پلّا جھکنا (ہ / محاورہ) وزنی - غلبہ ہونا -

پلّا چھڑانا (ہ) دامن چھڑانا - پہلو بچانا - مخلصی پانا - نجات پانا -

پیچھا چھڑانا - واسطہ چھوڑنا - تعلق قطع کرنا - آنچل نکال لینا - پیچھا چھڑانا - الگ ہو بیٹھنا - علیحدہ ہو جانا - کپڑے سے زری وغیرہ کو اُدھیڑنا - کنارا اُتار لینا - حاشیہ الگ کر لینا -

پلّا لینا - (ہ) ماتم کرنا - منہ پر کپڑا لے کر رونا - پُرسا دینا - منہ ڈھانپنا - میت پر رونا - مُردے کا نوحہ کرنا - تنگ کر دینا - چلّا کر رونا - بیزار کر دینا -

پِلّا (ہ / مذ) کُتّے کا بچہ -

پُلا (ہ / مذ) تیل نکالنے کی بڑی کپّی - تیل ڈالنے یا نکالنے کا پیالہ -

پلاس (ف / ہ) ٹاٹ - ڈھاک - درخت - کرو حیلہ -

پلاس پاپڑہ (ہ / مذ) ڈھاک کا بیج جو دواؤں میں کام آتا ہے -

پلاسنا (ہ) تیار ہونے کے بعد جوتے کو درست کرنا - جوتا تراشنا - جوتے کو ٹھیک ٹھاک کر کے پہننے کے قابل بنانا -

پلاسی - صوبہ بنگال کا مشہور تاریخی شہر - یہاں کلائیو نے نواب سراج الدولہ کو شکست دے کر انگریزی حکومت کی بنیاد رکھی تھی -

پلانا (ہ) پانی دینا - نوش کرانا - دودھ چٹانا - پتلی اور رقیق شے نوش کرانا - جسم میں تیر یا بندوق کی گولی داخل کرنا - اُتارنا - اندر پہنچانا - برتن میں سیسہ یا رانگ وغیرہ دوڑانا - تیل یا گھی کو کسی چیز میں جذب کرنا - کان بھرنا - کسی کی بات کو ذہن نشین کرنا -

پلاؤ (ف / مذ) گوشت کی یخنی میں پکے ہوئے چاول -

پلائی (ہ / مث) دودھ پلانے والی - دایہ - انّا - رضاعی ماں - وہ لڑکی جسے دوسری عورت کا دودھ پلایا گیا ہو - رضاعی بیٹی - دختر رضاعی -

پِل پڑنا (ہ) بہت زور سے حملہ کرنا - دفعتہً لاؤ لول دینا - پل کر زور لگانا - حملہ آور ہونا - جھک پڑنا - بالکل متوجہ ہو جانا - یکسو ہو جانا - یکسو ہو کر کسی کام میں مصروف ہو جانا - مار کٹائی کو مستعد ہو جانا -

پل پس کر (ہ / متعلق فعل) پرورش ہو کر -

پلپلا (ہ) پلپل کرنے والا - نرم - لجلجا - کھلا ہوا -

پلپلا (ہ) اندر سے کھوکھلا - پولا - اندر سے خالی -

پلپلانا (ہ) نرم کرنا - دبا کر پھل وغیرہ کو نرم اور ڈھیلا کر لینا - ملائم کر لینا -

پُلپُلانا (ہ) منہ میں پوپلوں کی طرح کسی چیز کو پھراتے رہنا - منہ میں گھلا کر نگل جانے کے قابل بنانا - منہ میں چوسنا - چبائے بغیر کھانا -

پلپلاہٹ (ہ) نرمی - ملائمت - لچلچاہٹ - پلپلاہٹ -

پلتھی (ہ / مث) چوتڑوں کے بل اوپر نیچے رکھ کر بیٹھنے کا ایک طریقہ -

پلٹ آنا (ہ / محاورہ) واپس آنا -

پلٹا (ہ / مذ) بدلہ - معاوضہ - عوض - انتقام - روٹی کو توے پر اُلٹنے کا آلہ - بڑی سی کفگیر - گردش - دورہ - چکر - انقلاب - پلٹنا سے ماضی مطلق - لوٹا - پھرا - واپس آیا - گیا - روانہ ہوا -

پلٹا کھانا (ہ) انقلاب ہونا۔ برگشتہ ہونا۔ اُلٹ جانا۔ حالت کا بدل جانا۔ پہلو بدلنا۔ لوٹ جانا۔ سر نیچے پاؤں اُوپر ہو جانا۔

پلٹی (ہ/مث) پلٹا کی تانیث۔ قلا بازی۔ سر نیچے اور پاؤں اوپر کر کے چھلانگ مارنا۔ بازیگروں کی ایک طرح کی ورزش۔

پلٹی کھانا (ہ) (دیکھو پلٹا کھانا۔)

پلٹنا (ہ) پلٹا کھانا۔ اُلٹ جانا۔ اُلٹنا۔ پھرنا۔ انکار کرنا۔ واپس ہونا۔ لوٹنا۔ واپس جانا۔ باز آنا۔ بے وفائی کرنا۔ منکر ہونا۔ زبان سے پھر جانا۔ وعدہ خلافی کرنا۔ وغیرہ (دیکھو اُلٹنا۔)

پلچنا (ہ) لپٹنا۔ گتھ جانا۔ چمٹ جانا۔ چمٹنا۔ جھک پڑنا۔ مارنے کو نیا ہو جانا۔ سر ہو جانا۔

پلڑا (ہ/مذ) ترازو کا پلا۔ دو پلڑی ٹوپی کا ایک حصّہ۔

پلستر (ا/مذ) کہگل۔ گچکاری۔ لیپ۔ مرہم۔

پلستر بگاڑنا (ا) شکل بگاڑنا۔ حیثیت کھو دینا۔ صورت خراب کر دینا۔ کھال اُدھیڑنا۔ مار مار کر ہیئت بدل دینا۔ کہگل یا گچکاری کو خراب کر دینا۔ لیپ میں خرابی ڈال دینا۔

پلغتہ (ت) چنگاری۔

پلک (ہ/مث) مژہ۔ آنکھ کے بال۔ دم۔ آن۔ لحظہ۔ لمحہ۔ دقیقہ۔ ثانیہ۔

پلک بھیگنا (ہ/ا/محاورہ) پلک آنسوؤں سے تر ہو جانا۔ آنکھ میں آنسو آ جانا۔

پلک بچھانا (ہ/ا/محاورہ) تعظیم کرنا۔

پلک پیٹا (ہ) وہ بیمار جو بار بار آنکھ جھپکائے روشنی کی تاب نہ لانے والا۔ چوندھا۔

پلک جھپکنا (ہ) پلک مارنا۔ آنکھ جھپکنا۔ آنکھ لگنا۔ نیند آنا۔ ذرا کی ذرا سونا۔

پلک جھپکنے میں (ہ) نہایت تھوڑی دیر میں۔

پلک دریا (ہ) نہایت سخی۔ بڑا کریم۔ بڑا داتا۔ ذرا دیر میں نہال اور مالا مال کر دینے والا۔

پلک لگنا (ہ) ذرا کی ذرا نیند آنا۔ کچھ خفیف سی آنکھ لگنا۔ جھپکی لینا۔

پلک مارنا (ہ) آنکھ سے اشارہ کرنا۔ ایما کرنا۔

پلک نہ پسیجنا (ہ) رحم نہ آنا۔ آنسو نہ آنا۔ سنگدل ہونا۔ نام کو بھی رونا نہ آنا۔ دیا نہ ہونا۔

پلک نہ جھپکنا (ہ) نیند نہ آنا۔ آنکھ نہ لگنا۔ بے چینی۔ بے قراری میں آنکھ نہ لگنا۔

پلک ہلنا (ہ/ا/محاورہ) پلک سے اشارہ کرنا۔

پلکا (ہ) چتلا کبوتر۔ ابلق کبوتر۔ دو رنگا کبوتر۔

پلکان (ف/مث) لکڑی کی سیڑھی۔

پلنا (ہ/مذ) پالنا کا مخفف۔ گہوارہ۔ ہنگھوڑا۔ مہد۔ جھولا۔ ہنڈولا۔

پلنا (ہ) پرورش پانا۔ تربیت و تعلیم پانا۔ بڑھنا۔ جمع ہونا۔ گرمی سے نرم ہو جانا۔ پلپلا ہو جانا۔ بہت نرم ہو جانا۔ میوے یا سبزی کا گلنے کے قریب ہو جانا۔

پلنا (ہ) زور لگانا۔ ہمہ تن مصروف ہو جانا۔ پوری جدوجہد کرنا۔ کسی کام کے سر ہو جانا۔ کچلا جانا۔ دبایا جانا۔ پسنا۔ تیل نکلنا۔ دبا کر رس نکلنا۔ عرق نکلنا۔ دلاوری سے حملہ آور ہونا۔ پلچنا۔ کسی پر چڑھ جانا۔ پل پڑنا۔ دھکیلنا۔

پلندا (ہ/مذ) بنڈل۔ پیکٹ۔ پلفلٹ۔ گڈی۔ گٹھڑی۔ مُٹھا۔

پلنگ (ہ/مذ) بڑی چارپائی۔ کھاٹ۔ مسہری۔ اُونچے اُونچے پایوں کی نواڑ یا بان سے بنی ہوئی بڑی چارپائی۔

پلنگ پر بٹھانا (ا/محاورہ) بہت آرام دینا۔ کام نہ لینا۔ معزز بنا کر بٹھانا۔

پلنگ پوش (ا/مذ) بالاپوش۔ وہ چادر جو بستر کی حفاظت کی خاطر پلنگ پر ڈال دی جاتی ہے۔

پلنگڑی (ہ/مث) پلنگ کی تصغیر۔ کھٹولی۔ چھوٹی سی چارپائی۔ کھٹیا۔ چھوٹا پلنگ۔

پلو (ہ/مذ) دامن۔ چھور۔ آنچل۔ کنارا۔ چربی گوشت۔

پلوانا (ہ) پالنے کا متعدی المتعدی۔ پرورش کرانا۔

پلوانا (ہ) پیلنے اور پلانے کا متعدی المتعدی۔ روغن نکلوانا۔ کولھو کے ذریعے سے رس یا عرق نکلوانا۔ پانی۔ دودھ۔ شربت وغیرہ نوش کرانا۔ پلوانا۔

پلوٹھا۔ یا۔ پہلوٹھا (ہ) پہلوٹی کا۔ وہ لڑکا جو پہلے پہل پیدا ہو۔ پہلا لڑکا۔ پہلا بچہ۔ جیٹھا لڑکا۔

پلول (ہند/مث) زبانی بات چیت۔ مقررہ الفاظ۔ جنگ کے دنوں میں سپاہیوں میں روزانہ پہرے کے وقت مقرر شدہ الفاظ جن سے وہ غیر کی فوج کے جاسوسوں وغیرہ کا پتا لگا لیتے ہیں یہ لفظ روزانہ نئے مقرر ہوتے ہیں۔

پلول ملانا (ا) ساز باز کرنا۔ ہمراز بنانا۔ گانٹھنا۔ صلاح ایک رکھنا۔

پلہ (ف/مذ) ترازو کا پلڑا۔ سیڑھی۔ زینہ۔ درجہ۔ رُتبہ۔ مرتبہ۔

پلہ کش (ف/صف فاعلی) طرف دار۔ جانب دار۔

پلہ کشی (ف/مث) جانبداری۔ طرفداری۔

پلھنڈا۔ یا۔ پلھنڈی (ہ/مذ/مث) گھڑونچی۔ پانی کے گھڑے رکھنے کی تپائی۔ آب دار خانہ۔ پانی رکھنے کی جگہ۔

پلھی (ہ/مث) طحال۔ تلی۔ تاپ تلی۔

پلی (ہ/مث) تیل یا گھی وغیرہ نکالنے کا آلہ۔ ٹیڑھا چمچہ۔ کھڑے دستے والی ذرا سی پیالی جس سے سیال اشیا برتن میں سے نکالتے ہیں۔

پلی پلی جوڑنا (ہ/محاورہ) تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔ جیسے بندہ جوڑے پلی پلی رام لنڈھائے کپّا۔ یعنی آدمی تھوڑا تھوڑا کر کے جمع کرتا ہے اور خدا سارا جمع کیا کرایا ایک دم میں خرچ کرا دیتا ہے۔

پلی (ہ/مث) پُل کی تصغیر۔ چھوٹا سا پُل۔

پلّے (او/ مذ) پلاکی جمع - پاسن - گرہ میں -

پلّے باندھنا (ہ) آنچل میں باندھنا - گرہ باندھنا - سنبھالنا - اپنے ذمّے لینا - حوالے کرنا - سپرد کر دینا - یاد رکھنا - عمل پیرا ہونا - نصیحت ماننا - نکاح میں دینا - شادی کرنا - عقد میں لانا - سر تھوپنا - الزام لگانا - دوسرے کے ذمّے ڈالنا - سر ڈالنا - چھپا رکھنا -

پلّے بندھنا - یا - پلّے پڑنا (ہ) نکاح میں آنا - سر پڑنا - ذمّے پڑنا - حصّے میں آنا - حاصل ہونا - ہاتھ لگنا - بس یا قابو میں پڑنا - پالے پڑنا - بیاہا جانا -

پلّے پار ہونا (او/ محاورہ) ایک طرف سے دوسری طرف نکل جانا -

پلیت (ف) اصل میں پلید تھا - ناپاک - نجس - گندہ - کنجوس - بخیل - جن - بھوت پریت -

پلیتہ چاٹ جانا (ہ) زیادہ آگ جلنے سے کڑاہی یا دیگچی کے تیل یا گھی وغیرہ کا جل اٹھنا -

پلیتہ دینا (ہ) توپ کو بتّی دکھانا - آگ لگانا - آگ سلگانا - طعنے دینا - غصّے کو بھڑکانا - دوسرے کو غصّہ دلانا -

پلیتھن (ہ/ مذ) خشکا - وہ سوکھا آٹا جو روٹی پکاتے وقت پیڑے کو لگایا جاتا ہے تاکہ گیلا آٹا ہاتھ کو نہ چپٹے - وہ بھوک جو نشاستہ نکالنے کے بعد باقی رہے -

پلیتھن نکالنا (ہ) مار مار کر ادھ موا کر دینا - کچومر نکالنا - بہت مارنا - تباہ حال کر دینا - بھُرکس نکالنا - گندی کر دینا - دھن گتّی کرنا - خوب ہی مارنا -

پلیٹ (انگریزی / مث) تھالی - رکابی - مسطح چیز - ہموار سطح -

پلیٹ فارم ٹکٹ (انگریزی / مذ) پلیٹ فارم کے داخلے کا ٹکٹ - وہ ٹکٹ جو ریل والے پلیٹ فارم پر جانے کے لیے قیمتاً دیتے ہیں -

پلیٹ لیئر (انگریزی / مذ) ریل کی سڑک کا نگران افسر -

پلیگ (انگریزی / مث) ایک متعدی مہلک وبائی بیماری جسے طاعون کہتے ہیں -

پلید (ف) ناپاک - نجس - گندہ - غلیظ - بھوت پریت - جن -

پلّے دار (ہ) قلی - مزدور - حمّال - پانڈی - بوجھ اٹھانے والا -

پلّے دار آواز (او/ مث) دُور تک جانے والی آواز -

پلیڈر (انگریزی / مذ) بحث کرنے والا - وکیل - وکالت کرنے والا -

پلّے سے باندھنا (ہ) دامن سے باندھنا - بیاہ دینا - نکاح کر دینا -

پلّے کیچڑ میں پھنس رہے ہیں (او/ محاورہ) بکھیڑوں میں گرفتار ہے - دنیاوی تعلقات میں گرفتار ہے -

پلّے ہونا (ہ) گرہ میں ہونا - نقد دام پاس ہونا - گانٹھ میں ہونا - روپیہ پاس ہونا -

پ - م

پمپاز - جنوبی امریکہ کے گھاس کے میدان جن میں ارجنٹائن - پیراگوئے وغیرہ کی ریاستیں ہیں یہاں لاکھوں مویشی بھیڑ - بکریاں - گھوڑے چرتے ہیں -

پمپی - اٹلی کا ایک پرانا شہر جو ویسوویس پہاڑ کے پھٹنے سے ۷۹ء میں تباہ ہو گیا تھا -

پمفلٹ (انگریزی / مذ) چھوٹی سی کتاب - رسالہ -

پمن گیہوں (ہ/ مذ) ایک قسم کا بڑا لوچدار اور عمدہ گیہوں - کٹھیا گیہوں -

پ - ن

پن (انگریزی / مث) گھنڈی والی سوئی -

پُن (س/ مذ) نیک - نیک کام - عمدہ کام - ثواب - ثواب کا کام - خیرات - تصدق - صدقہ - توجہ - التفات - عنایت - مہربانی - وقف - للہ -

پُن کرنا (ہ) للہ دینا - خیرات کرنا - تصدق کرنا - صدقہ دینا - بخشنا - عطا کرنا - گائے سانڈ وغیرہ چھوڑنا - وقف کرنا -

پن - یا - پنا (ہ) یہ لفظ صفت یا اسم کے آخر میں آکر اس میں مصدری معنی پیدا کر دیتا ہے - جیسے بھولا پن - بے ساختہ پن وغیرہ - سن و سال اور درجہ کے معنی میں بھی آتا ہے - جیسے لڑکپن - بچپن وغیرہ - نسبت اور تعلق کے لیے بھی آتا ہے - جیسے پنچ پنا - شہدپن - لچوں اور شہدوں کی حرکات وغیرہ سے منسوب -

پن (ہ/ مذ) پان - پانی اور پانچ کا مخفف جو مرکبات میں آتا ہے - جیسے پنواڑی - پن گھٹ - پنسیری وغیرہ -

پن بٹا (او/ مذ) پان رکھنے کا ڈبّہ -

پن بھرا (او/ مذ) پانی بھرنے والا مزدور - سقّہ -

پنّا (ہ/ مذ) سبز رنگ کا ایک جواہر جسے زمرد کہتے ہیں - آم یا املی کی ترشی میں ملا ہوا کچا شربت - جوتی کے اوپر کا چمڑا - اوگی - ورق - پتّا - جیسے بھی کا تیسرا پنّا - ورق کا سونا - ہندو مردوں کا نام -

پُننا (ہ) چھاننا - اُگلنا - بُرا بھلا کہنا - بڑوں کے عیب ظاہر کرنا - پکھاننا -

پنینا (ہ) رُوئی دُھننا - رُوئی اوٹنا - رُوئی تومنا -

پنہا (ف/ مذ) عرض - چوڑائی - پاٹ - آثار - فارسی لفظ پہنا سے لیا گیا ہے -

پناہ (ف/ مث) پناہ - مدد - سہارا - دیوار کا سایہ - ظل - آسرا - بچنے کا ٹھکانہ - ملجا - ماوٰی - امن گاہ - بچاؤ - حفاظت - حفاظت گاہ -

پناہ دینا (ہ) دشمنوں سے بچانا - سہارا دینا - امن دینا - اپنی حمایت

میں ٹھہرانا۔

پناہ گاہ (ا/مث) امن کی جگہ۔ مامن۔ ملجا۔ ماویٰ۔

پناہ گیر (ف) پناہ لینے والا۔

پناہ لینا (ل) دشمنوں کے خوف سے کہیں جا ٹھہرنا۔ امن میں جانا۔ کسی کی حمایت میں آنا۔ آرام لینا۔

پناہ مانگنا (ل) آرام و امن طلب کرنا۔ فریاد کرنا۔ داد رسی چاہنا۔ دادرسی چاہنا۔

پن بٹا (ہ) پان رکھنے کا ڈبہ۔ ایک قسم کا خاصدان۔

پن بھتا (ہ/مذ) پانی میں پکے ہوئے چاول۔ پتلے پکے ہوئے چاول۔ کلتھی جسے فالودے کی طرح شربت میں ڈال کر پیتے ہیں۔

پنبہ (ف/مذ) روئی۔ کپاس۔

پنبہ بگوش۔ یا۔ پنبہ در گوش (ف) کان میں روئی ڈال کر بیٹھ رہنے والا۔ غافل۔ بے خبر۔ بہرا۔

پنبہ دانہ (ف/مذ) بنولا۔ کپاس کا بیج۔

پنبہ دوز (ہ) پیوند لگانے والا۔ گودڑیا۔ پرانے کپڑے سینے والا۔

پنبہ دہن (ف) منہ میں روئی ٹھونس لینے والا۔ خاموش۔ چپ چاپ۔ کم گو۔ کم سخن۔ نہ بولنے والا۔

پنبہ مینا (ف/مذ) وہ روئی جو شراب کے شیشے میں لگائی جاتی ہے۔

پنبئی (ف) روئی والا۔ روئی بھرا کپڑا۔

پنپنا (ہ) سرسبز ہونا۔ تر و تازہ ہونا۔ ترقی کرنا۔ بڑھنا۔ تنگ دستی رفع ہونا۔ صحت پانا۔ سنبھلنا۔ لاغری۔ فربہی یا مفلسی کے بعد امیری ہونے لگنا۔ پھوٹنا۔ شاخیں نکلنا۔ لہلہانا۔ پھولنا پھلنا۔ پھیکنا۔ پر پرزے نکالنا۔

پنتھ (ہ/مذ) فرقہ۔ جتھا۔ جماعت۔ گروہ۔ امت۔ قوم۔ ملت۔ مذہب۔ دین۔ راستہ۔ سڑک۔ باٹ۔

پنتھی (ہ) پنتھ والا۔ راہ رو۔ مسافر۔ بٹاؤ۔ سیاح۔ مذہب کا پیرو۔ دین دار۔

پنتھی پورنا (ہ) چارزانو بیٹھنا۔ آلتی پالتی مار کر بیٹھنا۔

پنتی (ہ/مذ) چراغ۔

پنج (ف/عدد) پانچ۔ سات سال کا گھوڑا۔

پنج پایہ (ف/مذ) کیکڑا۔

پنجتن (ف/مذ) پنجتن پاک یعنی (۱) رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم (۲) حضرت علی کرم اللہ وجہہ (۳) حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا۔ (۴) حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ (۵) حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ سے مراد ہے۔ حضور اور حضور کے چاروں صحابیوں کو بھی کہتے ہیں۔

پنج روزہ (ف/مذ) پانچ دن کا۔ چند روزہ۔ تھوڑے عرصے کا۔ کوئی دن کا۔ ہفتے کے سات دنوں میں سے ایک دن تو آنے کی تکلیف یعنی پیدائش کا۔ دوسرا دن جانے کی مصیبت یعنی موت کا۔ باقی پانچ دن زندگی کے ہیں۔ ان میں آرام۔ دکھ۔ شادی۔ غم سبھی کچھ ہے۔ جو نہایت قلیل عرصہ ہے۔

پنج شاخہ (ف/مذ) پنجی۔ لوہے کا بنا ہوا پنجہ۔ جو بانس کی لکڑی میں لگا لیتے ہیں۔ اور اس میں فلیتے لگا کر روشن کرتے ہیں۔ پانچ بتیوں والا فانوس۔

پنج شنبہ (ف/مذ) جمعرات۔

پنجالی (ہ/مث) بیلوں کو جوتنے کا ایک قسم کا جوا۔

پنج عیب (ع) وہ گھوڑا جس میں پانچوں عیب موجود ہوں یعنی جتھری۔ کمری۔ شب کور۔ کم لنگ اور منہ زور۔

پنج عیب شرعی (ع/مذ) وہ شخص جس میں پانچوں سخت عیب موجود ہوں۔ جیسے چوری۔ زناکاری۔ قماربازی۔ جھوٹ بولنا اور شراب خوری۔ نہایت بدذات۔ شہدا۔ لچا۔ بدمعاش۔ شریر۔ شیطان۔

پنج کلیان (ف/ہ/مذ) وہ گھوڑا جس کے چاروں پاؤں اور ماتھا سفید ہو۔ اسے مبارک خیال کیا جاتا ہے۔

پنج گانہ (ف/مث) پانچوں وقت کی نماز۔

پنج گشت (ف) سنبھالو کا درخت۔

پنج گوشہ (ف) پانچ کونے والا۔ پنج کونیا۔

پنج گوشیہ (ف/ا/مث) پانچ کونوں والی ٹوپی جسے شرفائے لکھنؤ پہنتے ہیں۔

پنج نوبت (ف/مث) وہ پانچ وقت کی نوبت جو بادشاہوں کے دروازے پر بجتی تھی۔ نماز پنجگانہ۔ پنج شبد۔ یعنی پانچ باجے (ف)۔ ڈھول۔ طاسہ۔ نفیری۔ دمامہ۔

پنج ہونا (ل) گھوڑے کا جوان ہونا۔ سات برس کا ہونا۔ نہایت شریر ہونا۔

پنجر (ہ/مذ) پسلی۔ ڈھانچ۔ ڈھانچہ۔ قالب۔

پنجرہ (ہ/مذ) قفس۔ پرندوں کے رکھنے کا تیلیوں کا گھر۔ قالب۔ قالب انسانی۔

پنجری (ہ/مث) ارتھی۔ جنازہ۔ مہد۔ تابوت۔

پنجری (ہ/مث) پنجرہ کی تصغیر۔

پنجم (ف) پانچواں۔ ⅕۔ پانچویں درجے پر۔

پنجنا (ہ) ٹانکا لگنا۔ جڑنا۔ پیوست ہونا۔ رانگ یا ٹلنکے وغیرہ سے جڑ جانا۔

پنجوں کے بل چلنا (ل) اترا کر چلنا۔ مغرورانہ چال سے چلنا۔ زمین پر پاؤں نہ رکھنا۔ بے آہٹ چلنا۔ چپکے چپکے چلنا۔

پنجہ (ف/مذ) پانچ سے منسوب۔ اس میں ہائے نسبتی ہے۔ ہاتھ پاؤں کی پانچ انگلیاں۔ ہاتھ۔ حیوانات کا چنگل۔ لپ۔ مٹھی۔ جوتے کا اگلا حصہ۔ جس میں انگلیاں رہتی ہیں۔ پنج شاخہ۔ پنجی۔ ڈنگر کی پسلی کی چوڑی ہڈی جس سے خاکروب تیلام ٹھاتے ہیں۔ مٹھ کا اوپر کا حصہ۔ یعنی پنجے کا گوشت۔ ہر پانچ شاخوں والی چیز۔ ایک قسم کا زور جو حریف کے ہاتھ کی انگلیوں میں انگلیاں ڈال کر کلائی سے کیا جاتا ہے۔ موٹھ۔ قبضہ۔ دستہ۔ گرفت۔ ٹین یا دھات وغیرہ کا ہاتھ جو بانس پر لگا کر تعزیے کے ساتھ ہوتا ہے۔

پنجۂ آفتاب (ف/مذ) سُورج کی کرنیں۔
پنجہ پھیرنا (ر) ہاتھ مروڑنا۔ مغلوب کرنا۔ عاجز کرنا۔ ہرانا۔
پنجہ کرنا (ہ) دو آدمیوں کا انگلیاں باہم ملا کر زور کرنا۔ پنجہ لڑانا۔
پنجہ لے جانا / **پنجہ توڑنا** / **پنجہ مروڑنا** } (ر) دُشمن کا پنجہ موڑ دینا۔ غالب آنا۔ مغلوب کرنا۔ دُشمن پر فتح پانا۔ زیر کر لینا۔
پنجہ مارنا (ر) چنگل مارنا۔ جھپٹا مارنا۔
پنجی (ہ/مث) پنج شاخہ۔ فلیتے جلانے کا آلہ۔
پنجے جھاڑ کر پیچھے پڑنا۔ یا۔ چمٹنا (ہ) بُری طرح چمٹنا۔ نہایت سر ہونا۔ سخت تکلیف دینا۔ ستانے ہی پر مستعد رہنا۔
پنجیرا (ہ) اسم فاعل۔ برتن پانجنے والا۔ برتن تھالنے والا۔ ٹانکا لگانے والا۔
پنجیری (ہ/مث) پانچ چیزوں کا مرکب۔ خشک حلوا۔ سُوجی۔ گھی۔ سُونٹھ۔ گوند۔ میوہ۔ کھانڈ۔ چھوہارا وغیرہ کا مرکب۔ یہ اکثر نو ماسہ کی تقریب پر یا شبِ زفاف کے بعد دُلہن کے میکے سے آتی ہیں۔ وہ گوند یا کشنیز وغیرہ جو زچہ کے لیے بناتے ہیں۔ یا جنم اشٹمی کے دن تیار کیا جاتا ہے۔
پنچ (ہ) پانچ کا مخفف (مذ) حاکم۔ ثالث۔ داور۔ حَکَم۔ فیصلہ کرنے والا۔ جج۔ قوم کا سردار۔ پنچایت میں بیٹھ کر فیصلہ کرنے والا۔ صلاح کار۔ مشیر۔ مشیر کار۔ دلال۔ دلالی کرنے والا۔ کمان۔ دھنش۔ ثالث۔
پنچ پاتر (س/مذ) پانچ دھاتوں کا بنا ہوا گلاس جو پُوجا کے وقت کام آتا ہے۔ پانچ قسم کے پھول جو دیوتاؤں پر چڑھاتے ہیں۔ سونا۔ چاندی وغیرہ کی پانچ دھاتوں کی بنی انگوٹھی۔
پنچ سلطانی (ہ/ع/مذ) بادشاہ کی طرف سے مقرر کیا ہوا ثالث۔
پنچ فیصلہ (ہ/مذ) وہ فیصلہ جو پنچوں نے کیا ہو۔ پنچایتی فیصلہ۔ سردار قوم کا فیصلہ۔
پنچال (ر/صف) ہوشیار۔ مکار۔ پٹھک۔
پنچالی (ر/مث) مکر۔ فریب۔
پنچامرت (س/مذ) ایک قسم کا شربت جو دُودھ۔ دہی۔ چینی۔ گھی۔ شہد سے بنا کر دیوتاؤں کے اشنان کے لیے تیار کرتے ہیں۔
پنچانا (ر/مص) اگانا۔ پیدا کرنا۔
پنچایت (ہ/مث) مجلسِ شوریٰ۔ پنچوں کی جماعت۔ برادری کے کم از کم پانچ بڑے بڑے معزز آدمیوں کا مجمع۔ باہمی جھگڑا چکانے کا جلسہ۔ نزاع فیصل کرنے کی سبھا۔ صلاح۔ مشورہ۔ ثالثی۔ شور و غل۔ ہلڑ۔ اِژدحام۔ جمگھٹ۔ ہجوم۔ انبوہ۔ مجمع۔
پنچایت نامہ (ر/مذ) پنچوں کا کیا ہوا فیصلہ۔ پنچوں کی تحریر۔ پنچایتی تحریر۔ پنچوں کی تجویز۔

پنچایتی (ہ) پنچایت سے متعلق۔ وقف مال۔ وہ اشیا جن میں سب کا حق ہو۔ ساجھا۔ شاملات۔
پن چکی (ہ/مث) پانی کی چکی۔ پانی کے ذریعے سے چلنے والی چکی۔
پنچم (س/مذ) پانچواں راگ کے سات سُروں میں سے پانچواں سُر۔
پنچ مل خدا ملا/پنچ مل خدا (ہ/مثل) چار آدمیوں کی صلاح اور مرضی سے جو کام ہوتا ہے۔ وہ گویا خدا کی مرضی کے مطابق ہے۔
پنچمی (ہ/مث) چاند کی پانچویں تاریخ۔
پنچورا (ہ) پانی چُرانے والا۔ ایک کھلونا۔ جب اس میں پانی بھر کر منہ بند کر لیتے ہیں تو وہ ایسا معلوم ہوتا ہے گویا اس میں پانی ہے ہی نہیں۔ جب منہ کھول دیتے ہیں تو اس کے پیندے کے کئی سوراخوں سے پانی گرنے لگتا ہے۔ بہت موتنے والا۔ بار بار پیشاب کرنے والا۔
پنچوں کا پیالہ (ر/مذ) حُقّہ۔ قلیان۔
پنچوں کا کہا سر آنکھوں پر مگر پرنالہ یہیں رہے گا (ہ/مثل) اُس آدمی کے لیے بولتے ہیں جو پنچوں کے سمجھانے پر بھی اپنی ضد اور ہٹ نہ چھوڑے۔
پنچھی (ہ/مذ) پکھیرو۔ پرندہ۔ آدمی جو ہر جگہ پھرتا رہتا ہے۔ سادہ لوح۔ سیدھا سادہ۔ بالکل سادہ مزاج۔
پنچی (ہ/مث) پتلی گیڑی۔
پند (ف/مث) نصیحت۔ بھلائی کی بات۔ نیک صلاح۔ مذہبی عقیدہ۔
پندار (ف/مذ) خیال۔ تصور۔ غرور۔ نخوت۔
پندرہ (ہ) دس اور پانچ۔ ۱۵۔ افراط اور کثرت کے معنوں میں بھی مستعمل ہے۔
پنڈ (ہ/مذ) آٹے کے گولے۔ آٹے کی پنڈی جنہیں پتروں کے جسم خیال کرتے ہیں۔ جسم۔ بدن۔ دیہ۔ کایا۔ سریر۔ گول چیز۔ گیند۔ گولا۔
پنڈ پڑنا۔ یا۔ پنڈے سے پڑنا (ہ) تعاقب کرنا۔ پیچھا کرنا۔ سر ہونا۔ ذمے لگنا۔ واسطہ پڑنا۔ حصے میں آنا۔ سپردگی میں آنا۔ حوالے ہونا۔
پنڈ چھٹنا۔ یا۔ چھوٹنا (ہ) رہائی پانا۔ خلاصی ہونا۔ نجات ہونا۔ پیچھا چھوٹنا۔ واسطہ چھوٹنا۔ الگ ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ جُدا ہونا۔
پنڈ چھڑانا (ہ) خلاصی کرانا۔ پیچھا چھڑانا۔ نجات دینا۔ بچنا۔ بچاؤ کرنا۔
پنڈ روگ (ہ/مذ) جسمانی مرض۔ بدنی بیماری۔ کوڑھ۔ برص۔ پھلبہری۔ تپدق۔ پُرانی تپ۔ دائمی مرض۔
پنڈ کھجور (ہ/مث) نر کھجور۔ نر خرما۔
پنڈا (ہ/مذ) جسم۔ تن۔ بدن۔ سریر۔ دیہ۔ کایا۔ دیہی۔
پنڈا اچھوتا ہونا (ر/محاورہ) باکرہ ہونا۔ باعصمت ہونا۔
پنڈا پھیکا ہونا (ہ) بدن گرم ہونا۔ ہلکا ہلکا بخار ہونا۔ کسلمند ہونا۔
پنڈا دھونا (ہ) نہانا۔ غسل کرنا۔ جسم پر پانی ڈالنا۔ اشنان کرنا۔

پنڈا (ہ/مذ) برہمن - پجاری - مجاور - خادم درگاہ - مندر کی خدمت کرنے والا - مت - مذہب - عقل - سمجھ - فہم - بدھی - پروہت - مذہبی رسوم ادا کرانے والا - برہمنوں کی ایک جماعت -

پنڈال (ہ/مذ) شامیانہ - خیمہ - جلسوں اور سبھاؤں کا مکان - جو عارضی طور پر بانسوں - بلیوں اور کپڑے سے تیار کیا جاتا ہے - احاطہ -

پنڈالو (ہ/مذ) کچالو کی قسم کی ایک ترکاری - ایک قسم کا زمین قند -

پنڈیا (ہ/مذ) غوطہ خور - مرغابی - غوطہ مارنے والی چڑیا - پانی کا بھوت جو اکثر آدمی کو ڈبو دیتا ہے -

پنڈت (س/مذ) دانا - عالم - فاضل - معلم - علم سکھانے والا - استاد - قاضی - مذہبی قانون دان - جوتشی - نجومی -

پنڈت خانہ (ہ/ف/مذ) بندی خانہ - قید خانہ - قمار خانہ - جوا کھیلنے کا اڈا -

پنڈتانی (س/مث) پنڈت کی بیوی - معلمہ - عالمہ - فاضلہ -

پنڈتائی (ہ/مث) پنڈت پنا - پنڈت کا کام - پروہت پن - علمیت - فضیلت -

پنڈس - یہ پہاڑ جزیرہ نما بلقان میں ہیں جن کی وجہ سے ذرائع آمدورفت محدود ہیں - صرف دریاؤں کی وادیوں میں ریل کی سڑکیں ہیں -

پنڈلی (ہ/مث) ساق - ٹانگ کا وہ حصہ جو گھٹنے اور ٹخنے کے درمیان ہے -

پنڈول (ہ/مث) پوتنی مٹی - ایک قسم کی سفید مٹی جو لیپنے پوتنے کے کام آتی ہے -

پنڈولی (س/مث) بچا ہوا کھانا - جھوٹا کھانا - منہ سے گرا ہوا روٹی کا ٹکڑا -

پنڈی (ہ/مث) پنڈا کی تانیث - گگری - پینڈی - مسلخ - مذبح - جانوروں کے ذبح کرنے کی جگہ -

پنس (ا/مث) پالکی - پینس - ایک قسم کی امیرانہ سواری جسے کہار لے کر چلتے ہیں - دلہن کو اکثر اسی میں بٹھا کر لاتے ہیں -

پنس (انگریزی/مذ) ایک انگریزی سکہ جو ایک آنے کے برابر ہوتا ہے -

پنساری (ہ) دوا فروش - عطار - پنساری کی دکان کرنے والا -

پنسال (ہ/مث) جائے آب - پانی پلانے کی جگہ - پیاؤ - سبیل - پانی ناپنے کا آلہ - پانی کی سکیل - ہموار - چورس -

پنسل (انگریزی/مث) لکھنے کا قلم -

پنسوئی (ہ/مث) ڈونگی) چھوٹی کشتی - ڈونگا -

پنسیری (ہ/مث) پانچ سیر کا وزن - پانچ سیر وزن کا باٹ -

پنشن (انگریزی/مث) وظیفہ - مدد - امداد - سہارا - وہ مقررہ وظیفہ جو سرکاری ملازموں کو بڑھاپے میں حق خدمت کے عوض گھر بیٹھے ملتا ہے -

پن کال - یا - **پنیا کال** (ہ/مذ) وہ قحط جو بارش کی کثرت سے پڑے -

پن کپڑا (ہ/مذ) پانی سے بھیگا ہوا کپڑا جو زخم پر باندھتے ہیں -

پن کٹی (ہ/مث) ایک قسم کی کھرل - جس میں پوپلے آدمی پان کوٹ کر کھاتے ہیں - پان کوٹنے کا آلہ -

پنکھ (ہ/مذ) پر - بازو - بال - آنچل - دامن جیسے وہ تو پنکھ پسارے کھڑی ہے -

پنکھ پسارنا (ہ) بازو پھیلانا - بانہہ لمبی کرنا - لالچ کرنا - حریص ہونا - اوڑھنی کو اس طرح پھیلانا کہ ایک دامن فکنا رہے -

پنکھا (ہ/مذ) بادکش - بادبیزن - بیجنا -

پنکھا جھلنا } (ہ) پنکھے کو حرکت دینا -
پنکھا کرنا } بادکش ہلانا -
پنکھا ہلانا }

پنکھا کھینچنا (ہ) فراشی پنکھا ہلا کر نکالنا - فراشی پنکھا جھلنا -

پنکھڑی (ہ/مث) پھول کی پتی - برگ گل - ورق گل - چرخے کے چکر کا وہ حصہ جو اس کے منڈلے میں ٹھکا ہوتا ہے -

پنکھیا - یا - **پنکھی** (ہ/مث) پنکھا کی تصغیر - چھوٹا سا پنکھا -

پنکھے لگ جانا (ہ) (عورت) دھڑکن ہونا - دل دھڑکنا - ہول دل ہونا - دل کا بکثرت اختلاج ہونا - اختلاج قلب -

پنکی (ہ/مث) نشہ کی وہ کیفیت جو افیم کھانے سے پیدا ہوتی ہے - وہ شخص جو افیم کے نشہ میں مبتلا ہو -

پنگ پانگ (انگ/مذ) ایک مغربی کھیل جو میز پر چھوٹے بلے اور گیند سے جال لگا کر کھیلتے ہیں -

پنگا (ہ/مذ) تنکا - لکڑی - انگلی - خرابی - ذلت - مصیبت - مشکل -

پنگا (ہ) پیروں کی کجی والا - کج قدم - پاؤں پھرا ہوا -

پنگان (ت/مذ) وہ کٹورا جسے پانی میں ڈال کر وقت کا اندازہ کرتے ہیں -

پنگت - یا - **پنگتی** (ہ/مث) صف - قطار - لائن - ضیافت کی لائن - درجہ وار بیٹھنے کی مجلس -

پنگڑا (ا/مذ) اولاد - شیرخوار بچہ -

پنگوڑا (ہ/مذ) مہد - گہوارہ - جھولا - پالنا - ہنڈولا -

پن گھٹ (ہ/مذ) پانی بھرنے کا گھاٹ - پانی لینے کی جگہ - آبشخور -

پنواڑا (ہ/مذ) بڑا لمبا قصہ - طولانی کہانی - افسانہ - قصہ - رام کہانی -

پنواڑی (ہ) پان بیچنے والا - پان فروش - تنبولی -

پنواڑیاں (ا/مث) پان کے کھیت۔
پنوانا (ہ) کٹوانا - چھنوانا - باپ دادا کو گالیاں دلوانا - گالیاں کھلوانا - کھان کرانا - لعن طعن کرانا - بزرگوں کو بُرا بھلا کہلوانا۔
پنہاں (ف/صف) چھپا ہوا - پوشیدہ۔
پنہانا - یا - پہنانا (ہ) دُوسرے شخص کو لباس - پوشاک یا زیور وغیرہ سے آراستہ کرنا - زیب تن کرانا - کپڑے اوڑھانا۔
پنہانا (ہ) گائے بھینسوں کے تھنوں کو دُودھ دوہنے کے لیے نرمانا۔ تھنوں کو نرم کرنا - تھنوں کو پانی سے دھونا - لپانا۔
پنھتر بگاڑنا (ا/محاورہ) حواس بگاڑنا - پریشان کرنا۔
پنہی (ہ/مث) جوتی - پاپوش - کفش پا۔
پنھیارا (ہ/مذ) پانی بھرنے والا - کہار یا سقہ۔
پنھیاری (ہ/مث) پانی بھرنے والی عورت - کہاری - سقن۔
پنی (ہ/مث) رانگ یا پیتل وغیرہ کا ورق - وہ رُوپہلا چمڑا جو جوتیوں کی ایڑیوں پر خوبصورتی کے لیے لگاتے ہیں - ایک قسم کی لمبی گھاس جس سے چھپر بناتے ہیں - اور جس کی جڑیں خس کہلاتی ہیں۔
پنی (ہ/مث) چاولوں کے آٹے اور گڑ کے لڈو - روا یا سُوجی کو گھی میں بھُون کر چینی اور میوہ ڈال کر بنائے ہوئے لڈو۔
پنیا (ہ) پانی والا - پانی کا - پانی میں رہنے والا - پھیکا - بدمزہ۔
پنیا سوت (ہ/مذ) پانی کا چشمہ - وہ تالاب جس میں سوت سے پانی آتا ہو۔
پنیانا (ہ) سیراب کرنا - سینچنا - پانی دینا - پانی پڑ جانا - پنیالا ہو جانا - پانی چھوڑ دینا - پانی رسنے لگنا۔
پُنیائی (ہ) نیکی کی جزا - نیکی کا عوض - نیکی اور سخاوت کا پھل - اولاد - بال بچے - کنبہ - قبیلہ۔
پنیتر (ہ/مذ) بوگیر کتا - ایک قسم کا شکاری کتا جو شکار کی بُو پر دوڑتا اور اسے پکڑوا دیتا ہے۔
پنیر (ف/مذ) جُبن - پھاڑ کر نچوڑا ہوا دُودھ کا سفید نمکین مادہ - نچوڑا ہوا دہی۔
پنیر جمانا (ا) قالب میں رکھ کر پنیر کی ٹکیاں بنانا - اپنا حق جمانا - کسی کام کی بنیاد رکھنا۔
پنیر چٹانا (ہ) خوشامد کرنا - چیتے کو پنیر چٹانا - ہلانا - مانوس کرنا۔
پنیر مایہ (ف/مذ) حیوانوں کے بچوں کے پیٹ میں جما ہوا دُودھ - بناوٹی سامان سے پھاڑا ہوا دُودھ۔
پنیری (ا/مث) چھوٹے چھوٹے بُوٹے - ذخیرہ - پَود - پود کی جگہ - بیج بونے کا مقام - کھٹے کا کوا جو پھانکوں کے اُوپر ہوتا ہے - پنیر کا بنا ہوا۔
پنیلا (ہ) پانی کا - پانی والا - پانی کی وضع کا ایک قسم کا کیڑا۔

پ - و

پَو (ہ/مث) پان کی بیل - پیاؤ - صبح کی سفیدی - سپیدۂ صبح - نُور کا تڑکا - نرد بازوں کی اصطلاح میں طاق داؤں یا دس - پچیس - تیس کا داؤں کہ وہ بھی طاق کا حکم رکھتا ہے۔
پَو بارہ (ہ/مث) بارہ داؤں کے ایک پَو کا نتیجہ - ہر طرح جیت - پانچوں گھی میں - نہایت خوش قسمتی۔
پَو بارہ پڑنا (ہ) جیت کا پانسہ پڑنا - حسبِ مراد داؤں پڑنا۔
پَو بارہ ہونا (ہ) گہرے ہونا - پانچوں گھی میں ہونا - خوش قسمتی ہونا - جیت میں ہونا - بن آنا - حسبِ مراد کام ہونا۔
پَو پھٹنا (ہ) صبح کی سفیدی کا نمودار ہونا - سحر ہونا - بھور ہونا - تڑکا ہونا - صبح صادق کا ظہور ہونا۔
پَو چھکا (ا/مذ) جوا - قمار بازی۔
پَو چھکے اُڑنا (ا/محاورہ) عیش میں بسر ہونا - مزے کرنا۔
پَو رکھنا (ا/محاورہ) قمار خانہ - نرد کا چلنا۔
پَوا (ہ/مذ) پاؤ سیر کا بٹ - پاؤ سیر وزن - چار چھٹانک کا وزن - سیر کا چوتھا حصہ - پائنٹ یعنی پاؤ بھر شراب کی بوتل - پاؤ سیری بوتل۔
پُوا (ہ/مذ) پوڑا - گھی میں تلی ہوئی چوڑی چوڑی ٹکیاں - چوڑا گلگلا۔
پُوآل (ہ/مث) گھاس پھونس - سوکھی گھاس - پیال بھی کہتے ہیں۔
پَوائی (ہ/مث) جُوتی کا ایک پیر - ایک پیر کی جُوتی - زنجیر - بیڑی۔
پوپ (انگریزی/مذ) پادری - پاپائے رُوم - رومن کیتھولک چرچ کا سب سے بڑا پیشوا یا گرو۔
پوت - یا - پھوتھ (ہ/مث) شیشہ - کانچ کے چھوٹے چھوٹے موتی کے برابر سوراخ دار دانے - کانچ کے منکے - داؤں - باری - نوبت۔
پُوت پُورا کرنا (ہ) کسی کو پورا کرنا - جوں توں کر کے گزارہ کرنا کسی کام کو بشکل انجام کو پہنچانا - بعد وقت ختم کرنا۔
پُوت پورا ہونا (ا/محاورہ) کسی پوری ہونا - کام سرانجام ہونا۔
پُوت (ہ/مذ) بیٹا - پُتّر - پسر - فرزند - ابن - بن۔
پُوت فقیر نی کا - چال چلے احدیوں کی (ا/مثل) اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو غریبی اور ناداری کی حالت میں امیرانہ ٹھاٹھ رکھے۔
پُوت کے پاؤں پالنے ہی میں دیکھے جاتے ہیں (ہ/مثل) بچپن اور طفلی ہی کی حالت میں نیک و بد کے آثار معلوم ہو جایا کرتے ہیں۔
پوتا (ہ/مذ) بیٹے کا بیٹا - نبیرہ - فرزند زادہ - پسر زادہ۔
پوتا (ہ/مذ) پچارا - کوچی - بُرش - وہ کپڑا جو ہنڈول یا چکنی مٹی میں بھگو کر لیپی ہوئی جگہ پر صفائی کی خاطر پھیرتے ہیں - زہن کا محصول۔
پوتا پھیرنا (ہ) پچارا پھیرنا - کوچی پھیرنا - صفائی کرنا - سفیدی پھیرنا۔
پوتر (س) پاک - صاف - منزّہ - مقدّس۔

پوتڑا (ہ/مذ) تہالچہ۔ گدی جو بچے کے چُوتڑوں کے نیچے رکھتے ہیں۔ تاکہ بستر پیشاب یا پاخانے سے آلودہ نہ ہو۔

پوتڑوں کے رئیس۔ یا۔ امیر۔ یا۔ نواب (ل) خاندانی امیر۔ قدیم نواب۔ پُرانے امیر۔ امیر ابن امیر۔ خاندانی رئیس۔

پوتڑوں کے واقف (ہ) ابتدا سے جاننے والا۔ بچپن ہی سے واقف۔

پوتڑے بدلنا (ہ/محاورہ) بچوں کے نیچے کے کپڑے تبدیل کرنا۔

پوتڑے دھونا (ہ/محاورہ) پوتڑے صاف کرنا۔ ذلیل کام کرنا۔

پوتنا (ہ) پوتا پھیرنا۔ کوچی پھیرنا۔ پچارا دینا (مذ) پوتا۔ کوچی۔

پوتوں پھلے (ہ/کلمہ دُعا) کثرت سے بیٹے پیدا ہوں۔

پوتھی (ہ/مث) کتاب۔ پُستک۔ کاپی۔ لہسن کی گٹھی۔

پوتھیا (ہ/مذ) بٹوا۔ وہ چھوٹی تھیلی جو گنوار لوگ پیسے یا تمباکو وغیرہ رکھنے کو پگڑی یا نیفے میں رکھتے ہیں۔

پوتی (ہ/مث) بیٹے کی بیٹی۔ دُختر پسر۔

پوٹ (ہ/مث) گٹھڑی۔ بنڈل۔ بڑا گٹھڑ۔ بوجھ۔ لپشتارا۔ ڈھیر۔ انبار۔ ضمن۔ دو درزوں کے درمیان کی خالی جگہ۔ وہ چادر جو مُردے پر لپیٹی جاتی ہے۔ کثرت اور زیادتی کے معنی بھی دیتا ہے۔ جیسے غم کی پوٹ۔ خوشی کی پوٹ۔

پوٹ کی چادر (ہ/مث) کفن کے اُوپر کی چادر۔

پوٹا (ہ/مذ) پرندوں کا معدہ۔ پیٹ۔ شکم۔ معدہ۔ بساط۔ حیثیت۔ اصل۔ طاقت۔ مجال۔ قوت۔ حوصلہ۔ پرندوں کا وہ بچہ جو ابھی پر دار نہ ہوا ہو۔

پوٹلی (ہ/مث) چھوٹی سی گٹھڑی۔ تھیلی۔ ننھی سی گانٹھ۔

پوجا (ہ/مث) عبادت۔ سیوا۔ پرستش۔ ہندوؤں کی عبادت کا طریق۔ نذر۔ نیاز۔

پوجنا (ہ) پرستش کرنا۔ عبادت کرنا۔ سیوا کرنا۔ نذر کرنا۔ بھینٹ دینا۔ کسی کو رشوت دینا۔ ناحق روپیہ دینا۔ پورا کرنا۔ پاٹنا۔ تمام کرنا۔

پوچ (ف) لغو۔ بےہودہ۔ جاہل مطلق۔ بکواسی۔ یاوہ گو۔ احمق۔ بےوقوف۔ خالی۔ کھوکھلا۔ ناچیز۔ حقیر۔

پوچ (ہ) لاغر۔ کمزور۔ ضعیف۔ عاجز۔ ناتواں۔ دُبلا۔

پوچھ (ہ/مث) پُرسش۔ دریافت۔ بازپرس۔ تلاش۔ بلاوا۔ طلبی۔ ضرورت۔ توقیر۔ قدر۔ عزت۔ آبرو۔ حُرمت۔

پُوچھ گچھ (ہ/مث) استفسار۔ پوچھا پاچھی۔ تفتیش۔ تواضع۔ خاطر داری۔ عزت قدر و منزلت۔ توقیر۔

پوچھا (ہ/مذ) فال۔ شگون۔ نجومیوں کی صلاح۔ جوتشیوں کی رائے۔ آسیب زدہ یا بھگتیوں سے بیماری وغیرہ کے حالات دریافت کرنا۔ پوچھنا کا ماضی مطلق۔ دریافت کیا۔ استفسار کیا۔ معلوم کیا۔

پوچھا پاچھی۔ یا۔ پوچھا پاچھی (ہ/مث) تحقیقات۔ تفتیش۔ دریافت۔ نجومیوں سے فال دکھانا۔ شگون لینا۔

پُوچھن (ہ/مث) استخارہ۔ فال۔ تعبیر۔ مطلب۔ شگون۔ سوال کا جواب۔

پُوچھنا (ہ) دریافت کرنا۔ تحقیق کرنا۔ معلوم کرنا۔ چھان بین کرنا۔ سوال کرنا۔ پُرسش کرنا۔ خیر خبر معلوم کرنا۔ قدر و منزلت کرنا۔ توقیر کرنا۔ توجہ کرنا۔ خیر خبری کرنا۔ بُلانا۔ طلب کرنا۔

پوخ - (ف/مذ) آدمی کا پاخانہ۔

پود (ہ/مث) چھوٹا درخت۔ نیا پیڑ۔ وہ درخت جو ایک جگہ بو کر دُوسری جگہ لگایا جا سکے۔ اولاد کثیر۔ جنس۔ نسل۔

پود جمانا (ہ) چھوٹے چھوٹے درخت اُگانا۔ بیج بو کر پانی دینا تاکہ بیج اُگ آئے۔ چھوٹے چھوٹے پودے پیدا کرنا۔ ذخیرہ اُگانا۔

پود لگانا (ہ) چھوٹے چھوٹے پودوں کو ایک جگہ سے اُکھاڑ کر دُوسری جگہ یعنی کھیت میں لگانا۔ بنیاد رکھنا۔ مطلب براری کی تدابیر و تجاویز کرنا۔ گرہ رکھنا۔ گرہ رکھوانا۔

پودا (ہ/مذ) نیا پیڑ۔ نونہال۔ نہال۔ بُوٹا۔ کم عمر کا درخت۔ چھوٹے قد کا درخت۔ بُلبل کی پیٹی میں باندھنے کا ریشمی یا سُوتی پھندنا۔

پودا لگانا (ہ) چھوٹے پیڑ کو ایک جگہ سے اُکھاڑ کر دُوسری جگہ لگانا۔ کسی اُمید پر کسی بچے کی پرورش کرنا۔ تعلیم و تربیت کرنا۔ بنیاد رکھنا۔ ابتدا سے تربیت کرنا۔ چھوٹا پیڑ جمانا۔

پودار (ہ/مذ) فوطہ دار کا بگاڑ۔ محصول لینے والا۔ عہدہ دار۔ خزانچی۔

پودنا (ہ/مذ) پدا۔ ایک چھوٹا سا خوبصورت پرندہ جو درختوں پر پھُدکتا پھرتا ہے۔ بونا۔ ٹھنگنا۔ چھوٹے قد کا آدمی۔

پودینہ (ف/مذ) ایک قسم کی نہایت تیز خوشبودار نباتات۔

پور (ہ/مث) بند انگشت۔ اُنگلیوں کے جوڑ۔ اُنگلی کی گانٹھ۔ اُنگلیاں کی گرہ۔ دو گرہوں کا درمیانی فاصلہ۔ گنے یا بانس یا جری کی وغیرہ کا وہ حصہ جو ایک گانٹھ سے دوسری گانٹھ تک ہوتا ہے۔

پور پور (ہ) بند بند میں۔ ہر پور میں۔ ہر بند میں۔

پُور (ہ/مذ) گاؤں۔ دیہ۔ قصبہ۔ بستی۔ آبادی۔ پکوان یعنی گلگلوں وغیرہ کی وہ مقدار جو ایک دفعہ کڑاہی میں آسکے۔

پُور (ف/مذ) بیٹا۔ پُوت۔ بن۔ ابن۔ ولد۔ پسر۔

پُور (ف) پنجاب کا ایک راجہ پورس جو دریائے جہلم کے کنارے سکندر سے لڑا تھا۔

پورا (ہ/مذ) درخت کے منڈے کا حصہ۔ درخت کے تنے کا وہ حصہ جو جڑ اور شاخوں کے درمیان ہوتا ہے۔ گول متھول موٹا تازہ بچہ۔

پُورا (ہ) کامل۔ مکمل۔ ٹھیک۔ دُرست۔ صحیح۔ بھرا ہوا۔ کُل۔ تمام۔ بھرپور۔ لبالب۔ تجربہ کار۔ آٹھوں گانٹھ۔ کمیت۔ پختہ۔ پختہ کار۔ بالغ۔ ہوشیار۔ پکا۔ مضبوط۔ قدآور۔ وفادار۔ کافی۔ وافی (مذ) وسیلہ۔ سہارا۔ آسرا۔ بھروسہ۔ پڑنا۔ زور۔

قوت۔ بل۔ طاقت۔

پورا اُترنا (ہ) کافی ہونا۔ کفایت کرنا۔ بخوبی گزارا ہونا۔ فراغت سے گزر ہونا۔

پورا پورا (ا/ صف) کامل۔ مکمل۔

پورا پورا بھر دینا (ا/ محاورہ) بے کم و کاست معاوضہ دینا۔ پورا معاوضہ دینا۔ بقایا نہ رہنے دینا۔

پورا ڈالنا (ہ) انجام کو پہنچانا۔ نباہنا۔ کمی پوری کرنا۔ گزارا کرنا۔

پورا ہونا (ہ) کامل ہونا۔ تکمیل کو پہنچنا۔ ٹھیک اُترنا۔ وزن میں دُرست ہونا۔ اُمید بر آنا۔ آرزو حاصل ہونا۔ مرجانا۔ جان دینا۔ عمر ختم ہوجانا۔ ہوچکنا۔

پُورب (ہ/ مذ) مشرق۔ خاور۔ باختر۔ سُورج نکلنے کی جگہ۔ وہ طرف جدھر سے سُورج نکلتا ہے۔ جائے طلوع۔ سمت طلوعِ آفتاب۔

پُوربی (ہ) مشرقی۔ پوُرب کا رہنے والا۔ منسوب بہ پورب۔ ایک راگنی جو غروب آفتاب سے کچھ پہلے گائی جاتی ہے وہ زبان جو پُورب میں بولی جاتی ہے۔ پُوربی بولی۔

پُوربی زردہ (ز/ مذ) ایک قسم کے لمبے پتّے کا تمباکو جو کھانے کے کام آتا ہے۔

پُوربیا (ہ) پورب کا رہنے والا۔

پورٹ (انگریزی/ مذ) بندرگاہ۔ وہ مقام جہاں جہاز ٹھہرتے ہیں۔ جہازوں کا سٹیشن۔

پورٹ ایبل (انگ/ صف) جس کو اُٹھا کر لے جا سکیں۔

پورٹ بلیر۔ جزیرہ انڈیمان کا دارالحکومت۔ کالے پانی کے قیدی یہیں آتے تھے۔

پورٹ الزبتھ۔ صوبہ راس اُمید میں تجارتی بندرگاہ یہاں سے شراب۔ اُون۔ سونا اور ہیرے باہر بھیجے جاتے ہیں۔

پورٹ رائل۔ جزائر غرب الہند میں مارٹی نیکو ایک جزیرہ جو فرانس کے ماتحت ہے۔

پورٹ سعید۔ نہر سویز کے شمالی سرے پر ایک بندرگاہ۔ جہاں جہاز کوئلہ لینے کے لیے ٹھہرتے ہیں۔

پورٹ ٹرسٹ (انگریزی/ مذ) مجلس منتظمہ بنادر۔ بندرگاہوں کا انتظام کرنے والی کمیٹی۔

پورٹ وائن (انگریزی/ مث) ایک قسم کی انگریزی شراب۔

پورٹر (انگریزی/ مذ) بوجھ ڈھونے والا۔ مزدور۔ قلی۔

پُورن (ہ) کامل۔ مکمل۔ پورا۔ بھرپور۔ لبالب۔ تمام۔ ٹھیک۔ دُرست۔ (مذ) سیالکوٹ کا ایک جگت اور رشی جو بادشاہی چھوڑ کر فقیر ہوگیا تھا۔ اس کے سوانگ مولی کے دنوں میں نکلتے ہیں۔

پورن سوراجیہ (س/ مذ) کامل آزادی۔ پوری پوری حکومت۔ خود اختیاری۔

پورن ماشی (ہ/ مث) پونو۔ چاند کے پاکھ کی پندرھویں تاریخ۔ چاند پورا یعنی بدر ہونے کی تاریخ۔ شب بدر سے اگلا دن اور تاریخ۔

پُوروا (ہ) مشرقی۔ پوُرب کا (مث) مشرقی ہوا۔ بادِ مشرق۔ بادِ صبا۔ مشرق کی مرطوب ہوا۔ جو پانی برساتی ہے۔

پُوروا (ہ/ مذ) پور کی تصغیر۔ اُنگلی کی پور۔ بند انگشت

پورہ (ہ/ مذ) آبادی۔ بستی۔ گاؤں۔ دیہہ (یہ لفظ تلفظ میں بواؤ معدولہ بولا جاتا ہے۔ یعنی پُرہ)

پوری (ہ/ مث) بانس۔ گنّے۔ چری وغیرہ کی وہ جگہ جو دو گرہوں کے درمیان ہوتی ہے۔

پُوری (ہ/ مث) گھی میں تلی ہوئی پتلی روٹی۔ کامل۔ تمام۔ ساری۔

پُوری بات (ا/ مث) مکمل بات۔ پورا فقرہ۔

پوری نہ پڑنا (ہ) کافی نہ ہونا۔ کفایت نہ کرنا۔ گزارا نہ چلنا۔ گزر نہ ہونا۔

پورے دنوں سے ہونا۔ یا۔ پورے دِنوں ہونا (ہ) نواں مہینہ ہونا۔ نو مہینے کا حمل ہونا۔ جننے کو ہونا۔

پُوڑا (ہ/ مذ) روا اور کھانڈ گھول کر گھی میں تلا ہوا گُلگلا۔

پوزش (ف/ مث) معذرت۔ معافی۔ عُذر۔

پوزمال (ف/ مذ) سَن یا بالوں کی رسّی جو گھوڑے کو نعلبندی وغیرہ کے وقت قابو میں لانے کے لیے اُس کے ہونٹ میں بل دینے کی غرض سے رکھتے ہیں۔

پوزی (ف/ مث) مُہری۔ گھوڑے کا پیش بند۔

پوس (ہ/ مث) قمری سال کا نواں اور فصلی سال کا چوتھا مہینہ۔ جو تقریباً ۱۵ دسمبر سے ۱۵ جنوری تک ہوتا ہے (پ) سردی کی شدت کا مہینہ۔

پوست (ف/ مذ) چھلکا۔ چھال۔ چمڑا۔ چرم۔ کھال۔ کوکنار۔ خشخاش کا ڈوڈا۔

پوست اُتارنا۔ یا۔ کھینچنا (ف) کھال اُتارنا۔ چمڑا اُتارنا۔ اگلے زمانے کے بادشاہوں کی سزا جو وہ مجرموں کو دیتے تھے۔

پوست کا ڈوڈا (ا/ مذ) خشخاش کی بونڈی۔ ایک پودے کا پھل جس میں سے خشخاش نکلتی ہے۔

پوست کندہ (ف) کھُلم کھُلا۔ صاف صاف۔ علانیہ۔ کھری کھری۔

پوست کھر (ا/ مذ) پشت خار کا بگاڑ۔

پوستی (ف) پوست کا نشہ کرنے والا۔ وہ آدمی جو خشخاش کے ڈوڈے گھول کر پیتا ہو۔ سست۔ کاہل وجود۔ الکسی۔ غافل۔ بے وقوف۔ مخبوط الحواس۔ مجہول العقل۔

پوستین (ف/ مذ) منسوب بہ پوست۔ کھال کا کوٹ۔ چمڑے کا لباس۔ چمڑے کی بال دار پوشاک جو نہایت گرم ہوتی ہے۔ اور برفانی علاقوں کابل وغیرہ میں کثرت بنتی اور استعمال میں آتی ہے۔

پوسٹ آفس (انگریزی/ مذ) ڈاکخانہ۔ ڈاک کانے کا دفتر۔

پوسٹ مارٹم (انگ ا مذ) نعش کا طبی معائنہ اور چیر پھاڑ۔
پوسٹ ماسٹر (انگریزی ا مذ) ڈاک خانے کا افسر۔ ڈاک کا نگران۔
پوسٹ ماسٹر جنرل (انگریزی ا مذ) سارے صُوبے کے ڈاک خانوں کا افسر۔
پوسٹ مین (انگریزی) ڈاک کا ہرکارہ۔ چٹھی رساں۔
پوسنا (ہ) پرورش کرنا۔ پالنا۔ لکھانا پڑھانا۔ تعلیم و تربیت کرنا۔ اُردو میں یہ لفظ پالنا کے ساتھ مستعمل ہے یعنی پالنا پوسنا۔
پوشاک (ف ا مث) لباس۔ پہننے کے کپڑے۔
پوشاک بڑھانا (ف) کپڑے اُتارنا۔ بدن پر سے لباس اُتارنا۔
پوشاکی (ف) پہننے کے قابل۔ عمدہ لباس۔ ستھرا لباس نہایت ستھری پوشاک پہننے والا۔ خوش پوش۔
پوش پوش (ف) ہٹو ہٹو۔ بچو بچو۔ کنارے ہو جاؤ۔ گاڑی بان وغیرہ لوگوں کو سامنے سے ہٹانے کے لیے بولتے ہیں۔
پوشش (ف امث) لباس۔ پوشاک۔ غلاف۔ وہ کپڑا جو پلنگ یا مزار وغیرہ پر زیبائش کے لیے ڈال دیتے ہیں (مجازاً) سامانِ آرائش۔
پوشیدگی (ف امث) خلوت۔ تنہائی۔ اخفا۔ پردہ داری۔
پوشیدہ (ف) چھپا ہوا۔ مخفی۔ گپت۔ خفیہ۔ درپردہ۔
پوطہ دار (ف امذ) خزانچی۔
پوکنا (ا رمص) گھوڑے کا پتلی لید کرنا۔ جانور کا پتلا ہگنا۔
پوکھر (ہ امذ) تالاب۔ جوہڑ۔ ساگر۔ پٹہ بازی کی ایک ضرب جو حریف کی داہنی طرف کمر پر مارتے ہیں۔ اجمیر کے پاس ایک تیرتھ بھی ہے۔
پول (ف امذ) پیسہ۔
پول (ہ امذ) کھوکھ۔ خلا۔ اندر سے کسی چیز کا خالی ہونا۔ قصابوں کی اصطلاح میں گوشت۔ ماس۔
پولا (ہ امذ) کانس یا سرکنڈے وغیرہ کا مُٹھا۔ گھاس کا مُٹھا۔
پولاد (ف امذ، فولاد کا مبدّل) ایک قسم کا نہایت سخت اور پائدار لوہا۔ اسپات۔ نہایت مضبوط۔ مستحکم۔ پائدار اور سخت۔
پولو (انگریزی امذ) ایک انگریزی کھیل جو گھوڑوں پر چڑھ کر کھیلا جاتا ہے۔
پولوکیٹی پٹیل۔ کوہستان را کی چوٹی۔ میکسیکو میں ہے سطح بحر سے ۱۷۸۹۳ فٹ بلند ہے۔
پولیس (انگریزی امذ) شہر کی حفاظت کرنے والا تھانہ۔ تھانے کے سپاہی۔ تھانے کا عملہ۔
پولیس مین (انگ امذ) تھانے کا سپاہی۔
پولی (ہ امث) گیہوں۔ جوار۔ مکئی باجرے وغیرہ کی گڈی نیٹھے کوڑے۔
پولیٹیکل (انگریزی) مُلکی۔ سیاسی۔ شاہی۔ قومی۔
پون (ہ) سنکھ۔ تین چوتھائی۔ چار حصوں میں سے تین حصے۔
پَون (ہ امث) ہوا۔ باد۔ بایو۔ بادِ صبا۔ صبح کی ٹھنڈی ہوا۔ دم۔ سانس۔

رُوح۔ وہ پلید اور خبیث رُوحیں جو جادوگر لوگ کسی آدمی پر نقصان پہنچانے کی غرض سے مقرر کر دیتے ہیں۔ بیر۔ موکل۔ جادو کی مُوٹھ۔
پَون اُڑانا (ادا محاورہ) جادو کی مُوٹھ پھینکنا۔ جادو کر کے نقصان پہنچانا۔
پَون بٹھانا (ہ) بھوت پریت متعین کرنا۔ موکل بٹھانا۔ جادو کرنا۔ سحر کرنا۔ جادو کے زور سے کسی کو قابو میں لانا۔
پَون بول جانا (ادا محاورہ) عاجز ہونا۔ مفلس ہونا۔ دیوالیہ ہو جانا۔
پَون پانی (ا ر امذ) سانپ جو بہت تیز دوڑتا ہے۔ یعنی اس کی چال روانی میں ہوا اور پانی کی مانند ہو۔
پون پرچھا (ہ امث) ہوا کے رُخ کی تحقیق۔ ہوا کا امتحان۔
پون چلانا۔ یا۔ مارنا (ہ) جادو کی مُوٹھ چلانا۔ جادو چلانا۔ جادو کرنا۔
پون کا پوت (ہ امذ) ہنومان جی کا لقب۔ مہابیر۔ ناگ۔ سانپ۔
پَون کا پوت پتال کا راجا (ہ امحاورہ) سانپ تحت الثریٰ کا حاکم ہے۔ سانپ زمین کے نیچے حکومت کرتا ہے۔ خفیہ اور پوشیدہ خوف ناک شخص کی نسبت بولتے ہیں۔
پَونا (ہ امذ) سنکھ۔ تین چوتھائی۔ ایک کسری پہاڑے کا نام۔ تین چوتھائی کا پہاڑا۔ ٹوٹے ہوئے چاول۔ کنی۔ ٹوٹا چاول۔ ایک سوراخ دار کفگیر جس سے تلی ہوئی چیزیں کڑاہی میں سے نکالتے ہیں۔
پُونا (ہ) جنوبی ہند کا ایک شہر۔ حکومت بمبئی کے دفاتر گرمیوں میں یہاں آ جاتے ہیں۔ چھاؤنی بھی ہے۔ صحت افزا جگہ ہے۔
پونا (ہ) پرونا۔ دھاگا پرونا۔ تاگا ڈالنا۔ روٹی پکانا۔ روٹی بنانا۔ روٹی رکھنے کا کپڑا۔
پَون ٹولی (ہ امث) چونگی۔ شہر میں آ کر بکنے والی چیزوں کا محصول۔
پُونجی (ہ امث) سرمایہ۔ مول۔ بضاعت۔ جائداد۔ ملکیت۔ اصل۔ حقیقت۔ بساط۔ حوصلہ۔
پُونچا (ہ امذ) ساڑھے پانچ کا پہاڑا۔ کسری پہاڑا جو ساڑھے پانچ کا ہے۔
پُونچھ (ہ امث) دُم۔ ذنب۔ طفیلی۔ پچھ لگو۔ ہر وقت ساتھ رہنے والا۔ پُشت۔ کمر۔ کھوٹ۔
پُونچھڑی (ہ امث) ہلکی دُم۔ چھوٹی پونچھ۔ وہ پانی جو نالے میں چڑھاؤ کے آگے آتا ہے۔ نالے میں زور کے آنے سے پہلے آنا ہوا تھوڑا سا پانی۔
پُونچھن (ہ امث) پونچھن۔ صافی۔ ڈسٹر۔ جھاڑن۔
پُونچھنا (ہ) صاف کرنا۔ جھاڑنا۔
پُونڈ (انگریزی امذ) اشرفی۔ ساورن۔ بیس شلنگ کا سکہ۔ سونے کا ایک سکہ جو پندرہ روپے قیمت رکھتا ہے۔ آٹھ ماشے

سولہ اونس کا بٹ - ۸۰ تولے کا وزن عوام میں آدھ سیر یعنی ۴۰ تولے کا مشہور ہے -

پونڈا (ہ امذ) ایک قسم کا موٹا گنّا - جو سفید یا سیاہی مائل سُرخ ہوتا ہے -

پُون سلائی (ہ امث) پُونیوں کی سلائی - وہ پتلی سی لکڑی جس پر دُھنکی ہوئی رُوئی کی پُونیاں بناتے ہیں -

پُونگا (ہ امذ) سیب کا کیڑا - کرم صدف -

پُونگا (ہ امذ) بانس - بانس کی پوری - نلی - باؤں کی نلی - خالی - کھوکھلا - موٹا بانس - بنگالے میں جلیبی کی شاخ یعنی سانک کو بولتے ہیں -

پُونگڑا (ہ امذ) لڑکا - بیٹا -

پُونگی (ہ امث) تُونبے کا بنا ہوا ایک باجہ جسے سپیرے بجاتے پھرتے ہیں - بین -

پُونگی پھل (ہ امث) چھالیہ - سپاری -

پُونَو (ہ امث) ہندی قمری مہینے کا آخری دن - سلخ -

پُونی (ہ امث) وہ نرم اور پولی رُوئی کی بتی جو کاتنے کے لیے پون سلائی کے ذریعے سے بناتے ہیں - کم مقدار - قلیل وزن -

پوئیا (ہ امذ) گھوڑے کی وسطی چال - تیز رفتار - دُلکی - سرپٹ کے معنی میں بھی مستعمل ہے -

پُوئش (ف) دیکھو پویش -

پوئیوں جانا (ف) سرپٹ جانا - دُلکی جانا - دوڑ کر جانا - تیز چلنا - دوڑتے ہوئے جانا - بہت تیز جانا -

پ ہ

پہ (ہ) لیکن - لیک - الّا - امّا - مگر -

پہ پہ (ف امث) واہ وا -

پھاپھا کُٹنی (ہ امث) مکارہ - دلّالہ - کُٹنی - وہ مکار بڑھیا جو کٹنا پا کرتی پھرتی ہو - نہایت چالاک اور مکار بوڑھی عورت -

پھاٹک (ہ امذ) بڑا دروازہ - درِ کلاں - گیٹ - باڑا - احاطہ - کٹہرا جہاں مُدّعی اور مدّعا علیہ کھڑے کیے جاتے ہیں - کانجی ہاؤس یعنی آوارہ مویشیوں کو بند کرنے کا مکان -

پھاٹک بندی (ہ امث) حوالات - بندی خانہ - قید خانہ -

پھاٹک دار (ف امذ) دربان - ڈیوڑھی بان - محافظ - در - دہلیز -

پھوار پڑنا (ہ) ترشح ہونا - ننھی ننھی بوندیں برسنا - چھوٹے چھوٹے قطروں کی بارش ہونا -

پہاڑ (ہ امذ) کوہ - جبل - پربت - ٹیلہ - ڈونگر - بھاری - مُشکل - کٹھن - دوبھر - دُشوار - بڑا لمبا - طویل - دراز - جیسے پہاڑ سا دیو -

پہاڑ اُٹھانا (ہ ا محاورہ) اہم کام کرنا - مشکل کام کرنا -

پہاڑ ٹالنا (ہ ا محاورہ) مصیبت دفع کرنا -

پہاڑ ٹوٹنا یا ٹوٹ پڑنا (ہ) نہایت سخت مصیبت کا نازل ہونا - ناگہانی صدمہ پہنچنا -

پہاڑ دن پڑا ہے (ہ ا محاورہ) ابھی بہت دن باقی ہے -

پہاڑ سا دن (ہ امذ) بہت بڑا دن - گرمی کا دن - مصیبت کا دن -

پہاڑ سے ٹکر لینا (ہ) زبردست سے مقابلہ کرنا - طاقت ور سے لڑنا -

پہاڑ سی راتیں (ہ امث) مصیبت کی راتیں - شب ہائے ہجر - جدائی کی راتیں - سردی کی راتیں -

پہاڑ کاٹنا (ہ) مصیبت ٹالنا - مشکل اور محنت کام کرنا -

پہاڑ کا دامن (ف امذ) تلیٹی - ترائی - پہاڑ کے نیچے کا میدان -

پہاڑ کٹنا (ہ) مصیبت رفع ہونا - مشکل کام کا پورا ہونا - مشکل حل ہونا -

پہاڑ کے پتھر ڈھونا (ہ) بے معاوضہ محنت اُٹھانا - بے فائدہ کام کرنا - تکلیف سخت اُٹھانا - اور اس کے مطابق اجر نہ ملنا - لغو اور فضول محنت شاقہ برداشت کرنا -

پہاڑ کے تلے دب جانا (ہ ا محاورہ) ناچار ہونا - مصیبت میں مبتلا ہونا -

پہاڑ کی ڈانک (ہ امث) سلسلۂ کوہ - پہاڑوں کی طویل قطار -

پہاڑ کی گھاٹی (ہ امث) پہاڑ کا درمیانی راستہ - درۂ کوہ - پہاڑ کے اُتار چڑھاؤ کا راستہ -

پہاڑ گرنا (ہ ا محاورہ) اچانک مصیبت آنا -

پہاڑ گزرنا (ف) دوبھر معلوم ہونا - ناگوار و دشوار گزرنا - اجیرن معلوم ہونا -

پہاڑ گونج اٹھنا (ہ ا محاورہ) پہاڑ سے شور و غُل کی آواز آنا -

پہاڑ ہو جانا (ہ) دُشوار ہو جانا - کٹھن ہو جانا - مشکل ہو جانا - دوبھر ہو جانا -

پہاڑا (ہ امذ) ضرب کے گُر - گنتا کا نقشہ - وہ ضرب دیے ہوئے عدد جو آسانی کے لیے لڑکوں کو یاد کرا دیتے ہیں -

پہاڑی کوا (ہ امذ) ایک قسم کا نہایت سیاہ اور بھاری آواز والا کوا جو پہاڑوں پر ہوتا ہے -

پہاڑ کھانا (ہ) کاٹ کھانا - جھنجھوڑ ڈالنا - درندے جانور کا کسی کو پھاڑ کر کھا جانا - سخت غصّہ کرنا - نہایت غضب آلود ہو کر جھلانا -

پہاڑ کھانے کو دوڑنا (ہ ا محاورہ) کاٹنے کو دوڑنا - نہایت غصّہ کرنا - بے حد غضب ناک ہونا - بدمزاجی سے پیش آنا -

پھاڑنا (ہ) چیرنا - ٹکڑے ٹکڑے کرنا - کاٹنا - جھنجھوڑنا - درندے کا شکار کو چیر ڈالنا - قطع کرنا - بیونتنا - چاک کرنا - کسی عرق یا دُودھ کو لاگ وغیرہ لگا کر پانی سے علیحدہ کرنا - کھولنا - پھیلانا - بانا - جیسے منہ پھاڑنا - بیزار کرنا - ناراض کرنا جیسے دل پھاڑنا -

پہاڑوا (ہ امذ) آتی پاتی - بچّوں کا ایک کھیل - پہاڑ کا - کوہی - پہاڑیا جیسے پہاڑ کا طوطا -

پہاڑی (ہ) پہاڑ سے منسوب ۔ کوہی ۔ اس صورت میں یائے نسبتی ہے (مث) چھوٹا پہاڑ ۔ ٹیلہ ۔ ٹیکری ۔ ڈونگری ۔

پہاڑی کوا (ہ/مذ) ایک قسم کا نہایت سیاہ رنگ کا کاگ ۔ زاغ کوہی ۔ اس کی آواز بھاری اور رنگ گہرا سیاہ ہوتا ہے اور قد میں بھی معمولی کوّے سے ذرا بڑا ہوتا ہے ۔

پھاگ (ہ/مذ) پھاگن کا تہوار ۔ ہولی کے کھیل تماشے ۔ ہولی کے راگ رنگ ۔ گلال اور عبیر وغیرہ ۔

پھاگن (ہ/مذ) ہندی سال کا گیارھواں مہینہ اور فصلی سال کا چھٹا مہینہ ۔ اس میں گرمی کی آمد شروع ہوتی ہے ۔ کچھ فروری اور کچھ مارچ میں آتا ہے ۔

پھال (ہ/مث) پھالی ۔ لوہے کی ایک نوکدار سلاخ جو ہل کے ساتھ زمین کھودنے کے لیے لگائی جاتی ہے ۔ چھالیہ ۔ سپاری ۔

پھالسا (ہ/مذ) (دیکھو) فالسہ ۔ ایک ترش اور اودے رنگ کا پھل ۔ جو جنگل جھاڑی کے بیر کے برابر ہوتا ہے ۔ مزا بھی سرد و خشک ہے ۔

پھالی (ہ/مث) (دیکھو پھال)

پھاند (ہ/مث) تانت یا بالوں کا پھندا ۔ دام حیوانات یعنی ہاتھی وغیرہ پکڑنے کا جال ۔ کلانچ ۔ زقند ۔ چھلانگ ۔ جست ۔ کود ۔ پھلانگ ۔

پھاند مارنا ۔ یا ۔ پھاند لگانا (ہ) کبوتروں وغیرہ کو جال یا پھندے لگا کر پکڑنا ۔

پھاندنا (ہ) کودنا ۔ اچھلنا ۔ جست کرنا ۔ پھنسانا ۔ الجھانا ۔ پھندے میں پھنسانا ۔

پھاندی (ہ/مث) گنّوں کی پولی ۔ پونڈوں کا بوجھا ۔ نیشکر کا پشتارہ ۔ سو یا پچاس گنّوں کا بندھا ہوا گٹھا ۔

پھانس (ہ/مث) لکڑی کا ریشہ ۔ بانس یا بان وغیرہ کا کانٹا ۔ صوف ۔ خار ۔ کھٹکا ۔ خلش ۔ دکھ ۔ فکر ۔ رنج ۔

پھانس چبھنا } پھانس لگنا (ہ) لکڑی کا ریشہ یا بانس جسم میں گڑنا ۔ آواز دینے والی بات کا ہر وقت ہونا ۔ خفیف صدمہ پہنچنا ۔ خلش ہونا ۔ تکلیف اور رنج ہوتا رہنا ۔

پھانس نکالنا (ہ) کانٹا نکالنا ۔ خار کو جسم سے باہر کر دینا ۔ خلش ہٹا دینا ۔ دکھ دینے والے کو درمیان سے دور کر دینا ۔

پھانس نکلنا (ہ) کھٹکا نہ رہنا ۔ خلش دور ہونا ۔ متکبر آدمی کا دور ہو جانا ۔

پھانسنا (ہ) پکڑنا ۔ گھیرنا ۔ گرفتار کرنا ۔ جعل یا فریب یا دھوکے میں لانا ۔ قابو میں لانا ۔ کنوئیں میں ڈول ڈالنا ۔ قید کرنا ۔ عاجز کرنا ۔ ناچار کرنا ۔ پیچ میں لانا ۔ داؤں میں لانا ۔

پھانسی (ہ/مث) پھندا ۔ کمند ۔ بند ۔ گلے میں رسی ڈال کر گلا گھونٹنا ۔ آدمی کو سزائے موت دینے کے لیے گڑے ہوئے ستون اور رسی کا پھندا ۔ سزائے موت جس پھندے کے ذریعے سے دی جاتی ہے ۔

پھانسی پانا (ہ) پھانسی چڑھنا ۔ پھانسی کے ذریعے سے مارا جانا ۔

پھانسی پڑنا (ہ/ محاورہ) پھانسی کا پھندا گلے میں پڑنا ۔ پھانسی لگنا ۔

پھانسی دینا (ہ) پھندا ڈال کر سزائے موت دینا ۔ گلا گھونٹ کر مار ڈالنا ۔ گلے میں رسی ڈال کر آدمی کو لٹکا دینا ۔

پھانسی کھڑی ہونا (ہ) پھانسی کا سامان تیار ہو جانا ۔ پھانسی دینے کے کھمبے وغیرہ گڑنا ۔

پھانسی کی ٹکٹکی (ہ/مث) وہ ستون جس پر پھانسی دینے کا پھندا لگا ہوتا ہے ۔

پھانسی لگنا } پھانسی ہونا (ہ) سزائے موت ہونا ۔ پھانسی دیا جانا ۔ گلا گھونٹ کر مارا جانا ۔ پھانسی پر چڑھایا جانا ۔

پھانک (ہ/مث) ٹکڑا ۔ قاش ۔

پھانکنا (ہ) سفوف وغیرہ کو ہتھیلی پر رکھ کر پھنکی لگانا ۔ کسی خشک چیز کو یکبارگی منہ میں ڈال لینا ۔ زیادہ کھانا ۔ بہت کھانا ۔ راستے یا سفر کو بہت جلد طے کر لینا ۔ جلد جلد راستہ طے کرنا ۔ بیل یا تیز رفتار آدمی کی نسبت بولتے ہیں ۔ راستہ پھانکنا ۔ لگاتار بولنا ۔ جلد جلد بولنا ۔ روپیہ خرچ کرنا ۔ دولت اڑانا ۔

پھاوڑا (ہ/مذ) مٹی صاف کرنے کا لوہے کا آلہ ۔ کسّی ۔ بیلچہ ۔ گل صفا ۔ پھرسا ۔ کدال ۔ فارسی میں کلند اور کلنگ کہتے ہیں ۔

پھاوڑا بجانا (ہ) مسمار کرنا ۔ ڈھانا ۔ مکانات گرانا ۔

پھاوڑے سے دانت (ہ) بڑے بڑے اور چوڑے چوڑے دانت ۔ بھدے اور بدنما دانت ۔ منہ سے باہر نکلے ہوئے دانت ۔

پھاوڑا نہ کدال بڑا کھیت ہمارا (ہ/ مثل) پلّے کچھ نہ ہو اور شیخیاں بہت مارنا ۔ ایسا کام کرنے کا ذمہ لینا جو نہ ہو سکے ۔

پھاوڑی (ہ/مث) چھوٹا پھاوڑا ۔ ڈنڈا ۔ چلتے وقت ہاتھ میں رکھنے کی لکڑی ۔ بیساکھی ۔ بیراگن ۔ جوگیوں کی لاٹھی ۔ لید یا گوبر ہٹانے کا لکڑی کا تختہ جس میں دستہ لگا ہوتا ہے ۔

پھاہا ۔ یا ۔ پھایا (ہ/مذ) مرہم لگا کپڑا جو زخم پر لگاتے ہیں ۔ گول کترا ہوا یا زخم کی شکل کا بنا ہوا کپڑا ۔ روئی کا ذرا سا گالا ۔

پھاہا چڑھانا (ہ/ محاورہ) مرہم لگا کر زخم پر پھاہا رکھنا ۔

پھاہا چھڑانا (ہ/ محاورہ) زخم پر سے پھاہا ہٹانا ۔

پھبتا (ہ) موزوں ۔ مناسب ۔ ٹھیک ۔ درست ۔ آرائش دہ ۔ لائق ۔ عمدہ ۔ قابل ۔

پھبتی (ہ/مث) ایسی بات جو کسی پر پھب جائے ۔ کسی کو مذاقیہ طور پر کسی سے تشبیہ دینا ۔

پھبتی اُڑانا } (ہ) دُظرافتاً تشبیہ دینا۔ مذاق اُڑانا۔ ہنسی اُڑانا۔ ہنسی کے
پھبتی کہنا } طور پر کوئی چبھتی بات کہنا۔
پھبتی سُوجھنا (ار/محاورہ) ٹھیک تشبیہ خیال میں آنا۔ طنزیہ بات یا تشبیہ ذہن میں آنا۔
پھپُھنا (ہ) بہت سی پھنسیاں نکلنا۔ پھنسیاں پھیلنا۔ پھپکنا۔
پھپکنا۔ یا۔ پھپکنا (ہ) خوب بڑھنا۔ خوب نشو ونما پانا۔ دفعتہً اُگ آنا۔ خوب ڈیل نکالنا۔ موٹا تازہ ہونا۔ فربہ ہونا۔
پھبَن (ہ/مث) سجاوٹ۔ آرائش۔ زیبائش۔ مناسبت۔ موزونی۔ خوبصورتی۔
پھبنا (ہ) زیبا ہونا۔ زیب دینا۔ بھلا لگنا۔ ٹھیک ہونا۔ موافق ہونا۔ موزوں ہونا۔ کھلنا۔
پھپّا (ہ/مذ) باپ کی بہن کا خاوند۔ پھوپھی کا شوہر۔
پھپَٹ (ہ/مذ) چھل۔ فریب۔ مکر۔ دھوکا۔ فتنہ۔ فساد۔
پھپٹ باز (ل) فسادی۔ مکّار۔ فریبی۔ مفسد۔
پھپٹ بازی (ل/مث) مکّاری۔ دغابازی۔
پھپدنا (ہ) (دیکھو پھپدنا) پھد پھدانا۔
پھپڑ ولالے۔ (ل/مذ) مکر وفریب۔ بے جا خوشامد۔
پھپڑ ولالے کرنا (ہ) مکّاری کرنا۔ جھوٹی محبت جتانا۔ دکھاوے کی خوشامد درآمد کرنا۔
پھپسا (ہ) پولا۔ خالی۔ پھولا ہوا۔ پھیکا۔ بدذائقہ۔ سیٹھا۔
پھپکا (ہ/مذ) پھپھولا۔ چھالا۔ آبلہ۔
پھپولا (ہ/مذ) آبلہ۔ چھالہ۔ پھپکا۔
پھپھولے پڑنا (ہ) آبلے پڑنا۔ چھالے اُٹھنا۔
پھپھولے پھوٹنا (ہ) آبلوں کا پانی نکلنا۔ آرزو پوری ہونا۔ دشمنی یا عداوت نکلنا۔ دل ٹھنڈا ہونا۔
پھپھولے پھوڑنا (ہ) دل کا غصہ نکالنا۔ دشمنی نکالنا۔ یہ لفظ دل اور جلے کے ساتھ آتا ہے یعنی دل کے پھپھولے یا جلے پھپھولے پھوڑنا۔ دلی عداوت نکالنا۔
پھپھولے والی (ہ/مث) سیتلا ماتا کی سات بہنوں میں سے ایک بہن۔ جسے پھپھولے ڈالنے اور اچھا کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ یہ جاہل لوگ خیال کرتے ہیں۔
پھپھوندنا (ہ) پھپھوند لگنا۔
پھپھوندی (ہ/مث) رطوبت کے باعث ایک سفید سفید سی تہ کسی چیز پر کائی کی طرح جم جاتی ہے وہ سفید تہ پھپھوندی کہلاتی ہے۔ (پ) اُلی۔
پھپھوندی لگنا (ہ) کسی چیز پر سفید سفید تہ رطوبت کے باعث جم جانا۔
پھپھوندی لگی (ہ/مث) (عورت) دانتوں پر بہت سے میل والی عورت۔
پھپھی (ہ/مث) باپ کی بہن۔ بوا۔ خواہر پدر۔
پھپیا ساس (ہ/مث) سسرے کی بہن۔ پھوپس۔

پھپیا سسر۔ یا۔ پھپیا سسرا (ہ/مذ) سسرے کی بہن کا شوہر۔ پھوپسڑا۔
پھپیرا (ہ/مذ) پھپھی کا بیٹا۔ "پھوپھی زاد" بھائی۔
پھپیری (ہ/مث) پھپھی کی بیٹی۔ "پھپھی زاد" بہن۔
پھُٹ (ہ) طاق۔ فرد۔ یکہ۔ تنہا۔
پھِٹ (ہ) لعنت۔ تُف۔ دُور ہو۔
پھٹ پھٹ (ہ) لعنت ملامت۔ تھوتھو۔ تھڑی تھڑی۔ دُر دُر۔
پھٹ پھٹ کرنا (ار/محاورہ) لعن طعن کرنا۔ بُرا بھلا کہنا۔
پھٹا پڑنا (ہ) نہایت موٹا ہونا۔ موٹائی کے باعث جسم کا بے قابو ہونا۔
پھٹ پڑنا (ہ) یک دم نہایت موٹا ہو جانا۔ بہت فربہ ہونا۔ کسی چیز کا بکثرت وافراط پیدا ہو جانا۔ بشدت ہونا۔ جیسے ماشاءاللہ ان کا حسن پھٹ پڑا۔
پھَٹ پھَٹ (ہ) پھٹی جوتی کی آواز۔
پھٹ پھٹانا (ہ) پھڑپھڑانا۔
پھٹ سے (ار/متعلق فعل) فوراً۔ بلا تامل۔
پھٹک (ہ/مذ) بلّور۔ کچا ہیرا۔ الماس خام۔ دام۔ جال۔ پنجرا۔
پھٹکار (ہ/مث) لعنت۔ ملامت۔ دُر۔ دُور۔ دھتکار۔ بددُعا۔ سراپ۔ آمیزش۔ چاشنی۔ ملاوٹ۔ جیسے اس میں گلاب کی پھٹکار ہے۔
پھٹکار برسنا (ہ) لعنت برسنا۔ چاروں طرف سے لعنت ملامت ہونا۔ چہرے کا نُور نہ رہنا۔ اُداسی اور بے رونقی چھانا۔
پھٹکار لگنا (ہ) بددُعا لگنا۔ سراپ لگنا۔ دھتکار پڑنا۔ شامت آنا۔
پھٹکا (ہ/مث) کوڑے یا تازیانے کی آواز۔ پتھر پر کپڑا دھونے یا چھاج میں اناج پھٹکنے کی آواز۔ گھوڑے کو سدھارنے کے لیے لمبی رسی یا لمبے چابک کی آواز۔
پھٹکارنا (ہ) چابک مارنا۔ کوڑا لگانا۔ پیٹنا۔ مار کر نکال دینا۔ دور دفع کرنا۔ کپڑے کو پتھر پر مار کر دھونا۔ حاصل کرنا۔ وصول کرنا۔ کما لینا۔ دام کھرے کرنا۔ جیسے آج اس سودے میں چار روپے پھٹکار لیے۔ آڑے ہاتھوں لینا۔ سزا دینا۔ جھاڑنا۔ جھٹکنا۔ جیسے دم مال پھٹکار لو۔ روپیہ جیتنا۔ بیچنا۔ فروخت کرنا کے معنی میں بھی بولتے ہیں۔ جیسے اسے بھی پھٹکار لو۔
پھٹکا نہ کھانا (ہ) فوراً جاں بحق ہو جانا۔ ہاتھ پاؤں ہلانے تک کی بھی نوبت نہ آنا۔ چٹ پٹ مر جانا۔
پھُٹکر (ہ/صف) علیٰحدہ۔ اکیلا۔
پھٹکڑی۔ یا۔ پھٹکری (ہ/مث) ایک قسم کی دُعا جو کان سے نکلتی ہے۔ نمک۔ فارسی میں شب یمانی کہتے ہیں۔
پھٹکن (ہ/مث) اناج کی بھوسی وغیرہ جو چھاج میں پھٹکنے سے نکلتی ہے۔

پھٹکنا (ہ) غلہ صاف کرنا - جھاڑنا - پھوڑنا - اناج کو چھاج سے صاف کرنا - جُدا کرنا - آجانا - جانکلنا - مانوس ہونا - اس معنی میں یہ لفظ نہیں کے ساتھ آتا ہے - جیسے پاس نہ پھٹکنا - موجود ہونا - حاضر ہونا - آمدورفت کرنا - بھُولے سے چلے جانا -

پھٹکنا (ہ / مذ) غلیل کا فیتہ جس میں غلہ رکھ کر چلاتے ہیں -

پھٹکی (ہ / مث) گرہ - گانٹھ - خون یا پیپ وغیرہ کا دھبہ جو کھنکار کے ساتھ آئے - خشک چیز مثلاً آٹے وغیرہ کو پانی میں گھولتے وقت جو گانٹھیں سی پڑ جاتی ہیں - ایک قسم کی چھوٹی سی چڑیا -

پھٹکی (ہ / مث) ایک چھوٹے سے مُنہ کا پنجرے جیسا ٹوکرا جس میں چڑی مار جانوروں کو پکڑ کر لاتے ہیں - میوہ دار درختوں پہ جانوروں کے اُڑانے کو بندھا ہوا کھٹکا -

پھٹنا (ہ) شگافتہ ہونا - شق ہونا - ٹکڑے ٹکڑے ہونا - دُودھ کے اجزا جُدا ہونا - تڑکنا - تڑخنا - جُدا ہونا - علیحدہ ہونا - جیسے دل پھٹنا - بیزار ہونا - نفرت ہونا -

پھٹی آواز (ہ / مث) بے سُری آواز - بھونڈی آواز -

پھٹی پھٹی باتیں (ہ / مث) وہ باتیں جن سے ملال ظاہر ہو -

پھٹے منہ - یا - پھٹے مُنہ سے (ہ / محاورہ) لعنت ہے - مُنہ پر تھوہے - ڈُرفٹ ہے - تُف ہے -

پھٹے میں پاؤں دینا (ہ) دخل درمعقولات دینا - خواہ مخواہ کسی کی بلا میں پڑنا - یونہی کسی کی بات میں آنا -

پھچاپچ (ہ / مث) دلدل یا کیچڑ میں چلنے کی آواز -

پہچان (ہ / مث) واقفیت - شناسائی - شناخت - درک - تمیز - علامت - نشانی -

پہچاننا (ہ) شناخت کرنا - معلوم کرنا - تاڑنا - سمجھنا - جاننا - تمیز کرنا -

پھدپھدانا (ہ) گرمی دانوں یا پھنسیوں کا گرمی کی وجہ سے یک دم نکل آنا - درخت میں شاخوں کا بکثرت پھوٹنا -

پھدک (ہ / مث) جوشش - اُبال -

پھدکنا (ہ) اُچھلنا - مینڈک کی طرح کُدکنا - جست بھرنا - متحرک ہونا - خوشی سے کُودنا -

پھدکی (ہ / مث) ایک چھوٹی سی چڑیا -

پھدکی مارنا (ہ) چھلانگ مارنا - جست بھرنا - پھلانگنا -

پھڈا (ہ) چپٹا - چوڑا - وہ بچہ جس کی ایڑی بیٹھ جائیں - وہ آدمی جس کے دونوں پاؤں میں خم ہو - اور چلتے وقت آڑے ترچھے پاؤں رکھے - نیز وہ شخص جو پاؤں رگڑتا اور لنگڑاتا ہوا چلے -

پہنڈا (ہ / مذ) طاقچہ - کسی دیوار یا کنوئیں میں اُترنے اور چڑھنے کی خاطر جو پاؤں رکھنے کے لیے گڑھے سے بنا لیتے ہیں یا گیلی گارے والی جگہ میں خشک مٹی یا موٹی اینٹیں رکھ کر پاؤں رکھنے کی جگہ بنا لیتے ہیں - یعنی پاؤں رکھنے کی جگہ - پاؤں اور جوڑا (آب) سے مرکب ہے یعنی پاؤں کا آسرا - پاؤں کا سہارا -

پھُر (ہ / مث) پرندوں کے یا بارود کے اُڑنے کی آواز - جھک سے - جلدی سے -

پھُر سے اُڑ جانا (ہ) جلدی سے اُڑ جانا - بہت تیزی سے اُڑ جانا -

پھر (ہ) دوبارہ - پس - پس ازاں - بعد - بعد ازاں - باز - بار دیگر - تب تو - پھرنا کا امر -

پہر (ہ / مذ) دن کا چوتھا حصہ ۳ گھنٹے کا وقت - پاس -

پہرا (ہ / مذ) چوکی - حفاظت - نگہبانی - رکھوالی - حراست - تحویل - قید - پہرے دار - سنتری - نجیب - دربان - محافظ - جیسے پہرا کھڑا ہے - گشت - سپاہیوں کا پھیرا - گارد - دستہ - جس میں چھ چوکیدار اور ایک افسر ہو - وقت - سماں - زمانہ - جیسے اب گھٹتی کا پہرا ہے -

پہرا بدلنا (ہ) چوکی بدلنا - نوکری سے مہلت ملنا - ایک سپاہی کی جگہ دُوسرے کا پہرے پر آ جانا -

پہرا بیٹھنا (ہ) پہرا لگنا - نگرانی ہونا - دربان مقرر ہونا - سپاہیوں کا پہرا لگ جانا -

پہرا دینا (ہ) محافظت کرنا - حفاظت کرنا - نگرانی کرنا - رکھوالی کرنا - دیکھنا بھالنا - نوکری پر کھڑا ہونا - جاگنا -

پھُرّاٹا (ہ / مذ) پرندے یا پردے کے اُڑنے کی آواز - فراٹا - پھُرتی - جلدی - تیزی -

پھُرّاٹا بھرنا (ہ) پھُرتی سے اُڑنا - تیزی سے اُڑنا - بڑھنا - لہریں لینا - موجیں مارنا - فراٹے بھرنا -

پھرّانا (ہ) لہرانا - جھنڈے کے پھریرے کا ہوا میں لہرانا - لہلہانا - کُودنا - اُچھلنا - جست بھرنا -

پھرانا (ہ) گشت کرانا - گھمانا - چکر دینا - لیے پھرنا - ساتھ لے جانا - واپس کرنا - لوٹانا - ناپسند کرکے موڑنا - مخالف کرنا - بگاڑنا - حیران کرنا - پریشان کرنا - بھٹکانا - پھیرے کرانا - پاؤں تڑوانا -

پھراؤ (ہ) پھیرنے کے وعدے کا سودا - لوٹتا ہوا - اُلٹا پھرتا ہوا - جیسے پھراؤ میلا - پھیرنی پھیرنی چیز - بساؤ کے خلاف -

پہراونی (ہ / مث) شادی کی خوشی کا جوڑا جو بیاہ میں رشتہ دار عورتوں کو پہنایا جاتا ہے - پوشاک پہنانے والی عورت -

پھرائی (ہ / مث) واپس کرنے کا ہرجانہ - واپسی -

پھُرپھُرانا (ہ) کان میں کسی جانور یا کیڑے کا جا کر پھُر پھُر کرنا - کان میں رگ کو جنبش دینا - حرکت کرنا - ہلنا جُلنا - بالوں یا ہلکی چیز کا ہوا میں لہرانا -

پھُرپھُری (ہ / مث) جنبش - لرزہ - کپکپی - تھرتھراہٹ -

پھُرپھند (ہ / مذ) فریب - جعل - چھل - مکروفریب -

پھُرپھندی (ل) مکار - فریبی - جعلساز - چالاک -

پھُرت (ہ / مث) حرکت - گردش - ناچنے میں پھُرتی سے پھر جانا - وہ روپیہ جو دینے کے بجائے کسی سے واپس لیا - پھِرتا -

پھرت (ہ/مث) تیزی - جلدی - طراری -
پھرنا (ہ) پھرت - پھراؤ - بٹا - دلالی - کمیشن -
پھرنا بھاڑا (ا/مذ) واپسی کا کرایہ -
پھرتا رہنا (ہ) واہی تباہی پھرنا - آوارہ گردی کرنا - ڈانواں ڈول پھرنا - چکر میں رہنا -
پھرتی (ہ/مث) تیزی - جلدی - طراری - چستی -
پھرتی سے - جلدی سے - سرعت - فوراً - تیالا -
پھرتی کرنا (ہ) چستی ظاہر کرنا - کسی کام میں چالاکی دکھانا - جلدی کرنا -
پھرتی کھیل جانا (ہ/ا/محاورہ) ایک جگہ یا ایک حال پر برقرار نہ ہونا -
پھرتیلا (ہ) چست - تیز - ہوشیار - چالاک - جلدی کام کرنے والا - جلد باز -
پھر جانا (ہ) باغی ہونا - منحرف ہونا - برگشتہ ہونا - کسی چیز کا واپس ہونا - خریدی ہوئی چیز کا واپس ہو جانا - ٹیڑھا ہونا - مڑ جانا - جیسے چاقو کی دھار پھر گئی - گردش کرنا - چکر کھانا - پلٹ جانا - بدل جانا - جیسے ہوا کا رُخ پھر گیا - واپس ہونا - پلٹ جانا - پلٹ جانا - دل کا بیزار ہو جانا - گشت کر جانا - سارے شہر میں پھیرا لگانا - جیسے دل پھر جانا - ناراض ہو جانا - خفا ہو جانا - اصلی حالت پر نہ رہنا - حالت غیر ہو جانا - جیسے آنکھیں پھر جانا -
پھرچا (ہ/مذ) فیصلہ - حکم آخر - آخری فیصلہ - نرل - صاف - کھرا - کھلنا - بھیڑ چھٹنا - چھٹنا بادل وغیرہ کا -
پھرسا (ہ/مذ) کدال - پھاوڑا - کلہاڑی -
پھرکی (ہ/مث) گھرنی - چکی - ریل - چھوٹا لٹو - چکر کھانے والا کھلونا - گھومنے والی چیز - پھرنے اور پھرانے کی چیز -
پھرکی کی طرح پھرنا (ہ/ا/محاورہ) ایک جگہ یا ایک حال پر قرار نہ ہونا -
پھرنا (ہ) (دیکھو پھر جانا -) سیر کرنا - ٹہلنا - چہل قدمی کرنا - گل گشت کرنا -
پھری (ہ/مث) ڈھال - پھر - پٹا کھیلنے کے وقت کام دینے والی مُوٹ اور بانس کی بنی ہوئی ڈھال -
پھریا (ا/مث) گنوار عورتوں کا دوپٹہ - ہندو عورتوں کا لباس - وہ کپڑا جو چھوٹے بچوں کے نیچے بچھا دیتے ہیں -
پھرے دار (ہ) سنتری - چوکیدار - محافظ - دربان - رکھوالا -
پھریری (ہ/مث) لرزہ - خفیف - جھرجھری - کپکپی - بدن کے رونگٹے کھڑے ہو کر جو دفعتہ جھرجھری آتی ہے - اُسے پھریری کہتے ہیں سردی یا خوف یا رحم کے سبب سے بدن کے رونگٹے کھڑے ہو کر دفعتہ جسم میں ایک حرکت سی پیدا ہو جاتی ہے - رُوئی کا پھاہا - جو کان میں پھیرا جائے یا عطر آلودہ پھاہا جو کان میں رکھ لیا کرتے ہیں - عطر کا پھویا جو بینک پر لپیٹ لیتے ہیں -
پھریری آنا (ہ) سردی - خوف یا رحم کے باعث رونگٹے کھڑے ہو کر جسم میں لرزہ آ جانا -

پھریری لینا (ہ) جھرجھری لینا - تھرتھرانا - کانپنا - لرزنا - ہوشیار ہونا - سنبھلنا - چونکنا - پرندے کا پر جھڑ جھڑانا - کتے کا پھڑپھڑانا -
پہرے میں دینا (ہ) حوالات میں ڈلوانا - حراست میں دینا -
پہرے میں رکھنا (ہ) قید رکھنا - نظر بند رکھنا - حوالات میں رکھنا -
پہرے میں ہونا (ہ) قید میں ہونا - حوالات میں ہونا - نظر بند ہونا -
پھڑ (ہ/مث) جُوا کھیلنے کا اڈا - قمار خانہ - گاڑی کی بم - بمبو - بانس - وہ جگہ جہاں اسباب رکھ کر بیچتے ہیں - توپ کی گاڑی - وہ چبوترہ یا تپائی جس پر توپ چڑھا کر رکھتے ہیں (مذ) جُوا - قمار -
پھڑباز (ہ) جواری - قمار باز - جواریا -
پھڑبازی (ا/مث) جوا کھیلنا - قمار بازی -
پھڑ پر رکھنا (ا/محاورہ) بازی لگانا - داؤ لگانا - پھڑ پر لگانا -
پھڑ بیٹھنا (ہ) جُوا ہونا - قمار بازی ہونا - جُوا کھیلا جانا -
پھڑ بیٹھنا (ہ) جُوا کھیلنا - قمار بازی کرنا -
پھڑپھڑانا (ہ) پروں کو جھڑ جھڑانا - پھڑپھڑانا - پروں کو مارنا - تڑپنا - بے قرار ہونا - مضطرب اور بے چین ہونا - پھڑکنا - لوٹنا -
پھڑپھڑاہٹ (ا/مث) پَر مارنے کی آواز - اضطراب - بے چینی -
پھڑک (ہ/مث) اضطراب - بے قراری - پھڑکن - بے چینی - بے کلی - تپش -
پھڑک اُٹھنا (ا/محاورہ) بے قرار ہو جانا - بے تاب ہو جانا - عاشق ہو جانا -
پھڑکانا (ہ) بے چین کرنا - بے قرار کرنا - تڑپانا - بے حد خوش ہونا -
پھڑک جانا (ہ) عاشق ہو جانا - لوٹ جانا - بے قرار ہو جانا - ترس جانا - سخت مشتاق ہو جانا - فریفتہ ہونا - بے چین ہو جانا -
پھڑکن (ہ/مث) (دیکھو پھڑک) -
پھڑکنا (ہ) تڑپنا - بے قرار ہونا - بے چین ہونا - کسی خاص عضو کا حرکت کرنا - ہلنا - متحرک ہونا - پھڑپھڑانا - کبوتر کی طرح لوٹنا - نہایت مشتاق ہونا - کمال شوق ہونا - خواہش مند ہونا - چاہنا - آرزومند ہونا - دھڑکنا -
پھڑی (ہ/مث) پتھروں کا چکا - پتھروں کا ڈھیر - پتھروں کی وہ پیمائش جس میں تیس گز لمبی - ایک گز چوڑی - ایک گز اونچی ناپ شامل ہو -
پھڑیا (ہ/مث) چھوٹا سا پھوڑا - پھنسی -
پھڑیا (ہ) پھڑی لگانے والا - جواری - خوردہ فروش - تھوک فروش کی ضد متفرق اناج بیچنے والا بنیا -
پھس (ہ/مث) ہلکی آواز - پھسکی کی آواز - حقارتاً ہلکی اور خفیف آواز -
پھس (ہ/مث) جب کسی سے کوئی کام نہیں ہو سکتا تو لڑکے اُسے چھیڑنے کی خاطر یہ کلمہ کہتے ہیں - پھپھی - شرم - خفیف - ہیچ -
پھس پھسی (ہ/مث) بلی کے بلانے کی آواز - (دیکھو پُس پُس) (ہ) نرم - ملائم - ڈھیلا - پھونس سا - کراہے کی ضد -

پھیکا - ہلکا - کم تیز - دھیما - مدھم - معا - جیسے پھسپھسا تنباکو یعنی کڑوا نہیں - بودا - کمزور - خراب جیسے پھسپھسی ڈور -

پھس پھسانا (ہ) کانا پھوسی کرنا - چپکے چپکے باتیں کرنا - آہستہ آہستہ منہ میں بولنا -

پھسڈی (ہ) اول تبر یعنی بیری ماں کے خلاف - سب سے پیچھے رہا ہوا - خواہ مرتبے یا درجے میں خواہ رفعت میں گھٹیل - ناقص - محروم - ناقابل -

پھسر پھسر (ہ/مث) پھسر پھسر - چپکے چپکے باتیں کرنا -

پھسکا (ا/صف) کمزور - ڈھیلا -

پھسکڑا مار کر بیٹھنا (ہ) زمین پر بے ہودگی سے چار زانو بیٹھنا - آلتی پالتی مار کر بیٹھنا - پھیل کر بیٹھنا - پسر کر بیٹھنا -

پھسلانا (ہ) پھسلنا کا متعدی -

پھسلانا (ہ) بچوں کو بہلانا - فریب دینا - دھوکا دینا - دم دینا - جھانسا دینا - ترغیب دینا - رغبت دلانا -

پھسلاوا (ہ/مذ) دھوکا - فریب - دم - جھانسا -

پھسلن (ہ/مث) لغزش - رپٹ - پاؤں رپٹنے کی جگہ - رپٹنی زمین -

پھسلنا (ہ) لڑھکنا - لغزش کرنا - بہکنا - چوکنا - غلطی کھانا - دھوکے میں آ جانا - راغب ہونا - میلان ہونا - مائل ہونا - رپٹواں - وہ چیز جس پر سے پاؤں پھسل جائے -

پھسلنا پتھر (ہ/مذ) وہ پتھر جس پر چڑھ کر لڑکے پھسلتے ہیں - رپٹواں پتھر -

پھسلنی جگہ (ا/مث) وہ جگہ جس میں پھسلن ہو -

پھسلواں (ا/صف) جہاں پھسلن ہو - پھسلانے والی جگہ -

پھسینڈا (ہ) بودار - بساندا - بری بو کا - نامعقول آدمی - بے ہودہ گو - بے وقوفی کی باتیں کرنے والا -

پھسینڈی (ہ/مث) بدبودار چیز - بساندی - نامعقول عورت - پھوہڑ - بے ہودہ گو عورت -

پھک (ہ/مث) کسی تیز چیز کے یک دم اڑ جانے کی آواز - تیز کسی سخت چیز کے جلدی سے داخل ہونے کی آواز - سُرعت - فوراً - جلد - یک دم - فوراً -

پھک سے اڑنا (ہ) جلد اڑنا - یکایک اڑ جانا - فوراً اڑ جانا - یک دم اڑ جانا - دم کے دم میں اڑ جانا -

پھکا جانا (ا/محاورہ) آگ یا بخار یا عشق کی گرمی سے جلا جانا -

پھکارنا (ہ) اکھاڑنا - الٹنا - کھولنا - وا کرنا - ننگا کرنا - ہٹانا جیسے سر پھکارنا - بے شرم ہونا - بدلحاظ ہونا - آوارہ ہونا -

پھکرنا (ہ) پھکارنا کا امالہ -

پھکڑ (ہ/مذ) گالی گلوچ - فحش - بازاری لوگوں کی پوچ اور بے معنی گفتگو -

پھکڑ باز (ل) پھکڑ لڑنے والا - یاوہ گو - پھبتیا - گالی گلوچ بکنے والا - گپی - فحش - بکواس کرنے والا -

پھکڑ ہونا (ہ) بہت بے تکلفی ہونا - بے ہودہ ہنسی ہونا -

پھکنا (ہ/مذ) پیشاب کی تھیلی - مثانۂ حیوانات -

پھکنا (ہ) آگ لگنا - جلنا - جھلسنا - آگ میں سوختہ ہونا - غم - حسد - عشق - محبت اور تپ میں جلنا - جلن ہونا - سوزش ہونا - روپیہ برباد ہونا - بے جا خرچ ہو جانا - تباہ ہونا - غارت ہونا - لو کا لگنا - خشک ہونا -

پھکنی (ہ/مث) دھونکنی - دم کش - بانس کی وہ سوراخ دار پوری جس سے آگ جلانے کو پھونک مارتے ہیں - آتش افروز -

پھکنی (ہ/مث) پھنکی - سفوف - پھانکنے کی دوا -

پھکیت (ہ/مث) پٹا باز - لکڑی باز - پھکنے کے فن کا ماہر - پھری گدکے کا کھلاڑی -

پھکیتی (ہ/مث) - چوب بازی - پٹا بازی - لکڑی بازی -

پھگڑی (ا/مذ) ایک کھیل -

پھگوا (ہ/مذ) ہولی کا انعام - وہ مٹھائی اور کپڑا جو ہولی کی خوشی میں خدمت گاروں کو دیا جاتا ہے - ہولی - پھاگ -

پھگی (ا/صف) مدھم -

پہل (ہ/مث) ابتدا - آغاز - شروع - اوّل (مذ) دھنکی ہوئی روئی کا گالا - لحاف وغیرہ میں لگی اور دبی ہوئی روئی - پہلو کا مخفف - رخ - بل - جانب - طرف - کنارا - مثلث کا ضلع -

پہل کرنا (ہ) کسی کام کو سب سے پہلے شروع کرنا - ابتدا کرنا - شروع کرنا - آغاز کرنا - پہلے ہاتھ لگانا -

پہل دار (ل) پہلوؤں والی شے - وہ چیز جس کے کنارے کھڑے ہوں - کنارا دار -

پھل (ہ/مذ) بار - ثمر - میوہ - نتیجہ - حاصل - ثمرہ - بدلہ - عوض - خواب کی تعبیر - آل - اولاد - تیر - نیزے یا برچھی کی نوک - سنان - تلوار - چاقو - پیش قبض وغیرہ کی انی - بخشش - انعام - اجر - عطا - پھال - پھالا - منقلب - پھال - خارج قسمت تقسیم کے سوال کا جواب - لابھ - فائدہ - نفع - سود - ماحصل -

پھل آنا (ہ) درخت کا باردار ہونا - میوہ لگنا -

پھل اترنا (ا/محاورہ) پھل تیار ہونا -

پھل پانا (ہ) ثمرہ حاصل کرنا - نتیجہ پانا - بدلہ پانا - اجر ملنا - بدلہ ملنا - نفع حاصل کرنا - سود اٹھانا - بھلائی پانا -

پھل پھلاری (ہ/مث) مختلف قسم کے میوے - طرح طرح کی ترکاریاں اور پھل وغیرہ -

پھل تاڑ (ہ/مذ) تاڑ کا مادہ درخت بخلاف "بل" تاڑ کے کہ وہ نر درخت کہلاتا ہے - پام کا درخت -

پھل چلنا (ا/محاورہ) پھل کا بک کر بازار میں آنا -

پھل دار (ل) وہ درخت جس میں پھل لگتے ہوں - میوہ دار - ثمردار - پھلنے والا درخت -

پھل کھانا آسان نہیں (ہ) مثل ہے - ہر کام کا نفع محنت اور تکلیف

ہی سے ملتا ہے۔

پھل لگنا (ف) ثمرور ہونا۔ بار دار ہونا۔ بار ور ہونا۔

پھل ملنا (ف) (دیکھو پھل پانا)

پہلا (ف) اگلا۔ اوّل کا۔ ابتدائی۔ شروع کا۔ اوّل کا۔ اوّلین۔ قدیم۔ پرانا۔ پراچین۔ اوّل نمبر۔ بہتر۔ عمدہ۔ اچھا۔ بڑا۔ پہلوٹھا۔ پہلوٹی کا۔

پہلا پھل (ا/مذ) ثمر نو۔ نوبادہ۔ وہ میوہ۔ جو درخت سے سب سے پہلے پھل اُترے۔ اوّل ہی اوّل درخت میں لگنے والا پھل۔ پہلوٹی کا بچہ۔ وہ بچہ جو اوّل پیدا ہو۔

پھلا (ا/مذ) پھول کی طرح پھولی ہوئی چیز (محاورہ) پھٹی ہوئی کلی یا جوار کی کھیلیں۔ آنکھ کا ٹینٹ جو چیچک وغیرہ سے پھول کر باہر نکل آئے۔ جالا۔ جھلّی۔ آنکھ کی پھٹکی۔

پھلا پڑنا (ف) چیچک وغیرہ کے باعث آنکھ میں ٹینٹ پڑ جانا۔

پھلا پھولا (ف) ہرا بھرا۔ سرسبز۔ شاداب۔ ترو تازہ۔ آباد۔ بسا ہوا۔ نصیبے والا۔ بھاگوان۔ خوش قسمت۔ دولت مند۔ صاحبِ اولاد۔ مال اور اولاد والا۔

پھلا سرا (ا/مذ) (مجازاً) دھوکا۔ فریب۔ مکر۔ بہلاوا۔

پھلانا (ف) پھونک بھرنا۔ ہوا بھرنا۔ موٹا کرنا۔ فربہ کرنا۔ مغرور کرنا۔ متکبر بنانا۔ بے جا تعریفیں کرکے غرور سے بھر دینا۔

پھلانگ (ا/مث) چھلانگ۔ ڈگ۔ قلانچ۔ جست۔ کود۔

پھلانگنا (ف) چھلانگ مارنا۔ کودنا۔ لانگنا۔ ڈگ بھرنا۔ زقند لگانا۔ پھاند جانا۔ قلانچ مارنا۔

پھلاؤ (ا/مذ) ورم۔ سوجن۔

پھلاہی (ا/مث) کیکر کی ایک قسم جس کی مسواکیں بنتی ہیں۔

پھل پھانک (ا/مث) پھول کی پتی۔ برگِ گل۔

پھلپھلا (ا) پھپھس۔ پھولا۔ مجوف۔ ذراسی بات پر پھول جانے والا آدمی۔ اوچھا۔ کم ظرف۔ کمینہ۔ رذیل۔ سفلہ۔

پھلجھڑی (ا/مث) گلریز۔ گل چکاں۔ آتش بازی کی تیلیں جنہیں آگ لگانے سے پھول جھڑتے ہیں۔ گل کھلانے والی عورت۔ فتنہ پرداز عورت۔ جھگڑالو عورت۔ لڑائی جھگڑا کرنے والی عورت۔

پھلجھڑی چھوڑنا (ف/محاورہ) پھلجھڑی کو آگ دکھانا۔ فساد کی بات کرنا۔ فتنہ اُٹھانا۔

پھلر واسا (ف) پھول کی مانند۔ چھوٹا سا بچہ۔ پیارا پیارا بچہ۔

پھلڑا (ا/مذ) ہتھیار کا پھل۔ چھری۔ چاقو وغیرہ کا وہ حصہ جو دستے کے سوا ہو۔

پھلسا (ا/مذ) دروازہ۔ دروازے کے کواڑ۔ روک اور حفاظت کا سامان۔ گاؤں کا وہ بڑا آدمی جو لوگوں کی تمام باتوں کو بنظرِ امتحان دیکھتا اور انھیں اُن کے بُرے بھلے سے آگاہ کرتا ہو۔ گاؤں کا بزرگ۔

پیچ۔

پھلکا (ا/مذ) چھوٹی سی پھولی ہوئی چپاتی۔ پھول کی مانند ہلکا۔ جیسے ہلکا پھلکا۔ یہ لفظ ان معنی میں بھی اکیلا نہیں۔ بلکہ ہلکا کے ساتھ آتا ہے۔

پھلکا (ا/مذ) پھپھولا۔ آبلہ۔ چھالا۔ دنگل۔ اکھاڑا۔ جہاں پہلوان کشتی کے فن کی تعلیم اور زور آزمائی کی مشق کرتے ہیں۔ نرم اور ملائم زمین۔ پھل۔ دھار۔ نوک۔ سناں۔

پھلکا پڑنا (ف) آبلہ ہونا۔ پھپھولا پڑنا۔ چھالا پڑنا۔

پھلکاری (ا/مث) پھول بوٹے نکالنے کا کام۔ گل کاری۔ ایک قسم کا پھول بوٹے والا کپڑا۔

پھلنا (ف) میوہ لگنا۔ بارور ہونا۔ مبارک ہونا۔ سپھل ہونا۔ نفع دینا۔ چیچک یا گرمی دانوں اور پھنسیوں وغیرہ کا بکثرت نکل آنا۔ اولاد کی کثرت ہونا۔ خاندان کی زیادتی ہونا۔ نسل بڑھنا۔ اقبال مند ہونا۔ خوش نصیب ہونا۔

پھلنا پھولنا (ف) سرسبز و شاداب ہونا۔ خوب پھل پھول آنا۔ بارور ہونا۔ امیر اور با اقبال ہونا۔ صاحبِ اولاد ہونا۔

پہلو (ف/ا/مذ) پسلی۔ کوکھ۔ کھوا۔ جانب۔ طرف۔ رُخ۔ بغل۔ گود۔ آغوش۔ کنار۔ بیٹھنے کا داسا۔ فوج کا بازو۔ میمنہ۔ میسرہ۔ چپ و راست۔ دایاں بایاں بازو۔ تکیہ۔ سہارا۔ آسرا۔ پوشیدہ بات۔ نکتہ۔ باریکی۔ جیسے اس میں کچھ تو پہلو رکھا ہے۔ رمز و کنایہ۔ موقع۔ ڈھب۔ جیسے کسی نہ کسی پہلو سے نکال لاؤ۔ برابر۔ سامنے۔ مقابل۔ آن۔ انداز۔ طرز۔ ادا۔ قرب۔ پاس پڑوس۔ ہمسائگی۔ کونہ۔ کنارا۔ گوشہ۔ کھونٹ۔ چوکھٹ۔ کواڑ۔ سرہانا۔

پہلو بچانا (ف) کنارا کرنا۔ کترانا۔ چلے جانا۔ حیلہ نکالنا۔ تدبیر کرنا۔ طرح دے جانا۔

پہلو بسانا (ف) پاس رہنا۔ پڑوس بسانا۔ پاس آرہنا۔ برابر میں دفن ہونا۔ قبر کے پاس قبر ہونا۔ بغل میں لیٹنا۔ وصل ہونا۔ بغلگیر ہونا۔ ملنا۔ پاس پاس بیٹھنا۔

پہلو بچہ (ف/ا/مذ) وہ پودا جو کسی پودے کی جڑ میں پھوٹے۔

پہلو بدلنا (ف/محاورہ) انداز بدلنا۔ حیلہ کرنا۔ دوسرا طرز اختیار کرنا۔ کروٹیں لینا۔

پہلو بستر سے نہ لگنا (ف/محاورہ) سخت بے چین ہونا۔ مضطرب ہونا۔

پہلو پر (ف) رُخ پر۔ بل پر۔ حمایت پر۔ مدد پر۔

پہلو تہی کرنا (ف) بغل خالی کرنا۔ جدائی کرنا۔ پرہیز کرنا۔ اجتناب کرنا۔ دور ہونا۔ کنارا کرنا۔ آئے بائے بتانا۔ حیلہ حوالہ کرنا۔ علیحدگی اختیار کرنا۔ پروا نہ کرنا۔ خیال نہ کرنا۔ مدد اور حمایت سے الگ رہنا۔ سہارا نہ دینا۔ چشم پوشی کر جانا۔

پہلو دار (ف) پہلدار۔ واسا دار۔ رمز دار بات۔ کنایہ دار۔ مشتبہ۔ مبہم بات۔ ایسی بات جو کوئی نہ کوئی باریکی لیے ہو۔ دو رُخی بات۔

پہلو دبانا (ل) کسی طرف کو مغلوب کر دینا۔ چڑھائی کرکے فوج کے کسی پہلو کو قابو میں کر لینا۔ زور دینا۔ غلبہ کرنا۔ دباؤ ڈالنا۔

پہلو دینا (ل) کسی کی مدد کرنا۔

پہلو گرم کرنا (ل) بغل میں بیٹھنا یا بٹھانا۔ گود میں لیٹنا یا لٹانا۔ ہم صحبت ہونا۔ بغل میں سونا یا سلانا کسی محبوب کو بغل میں بٹھانا۔

پہلو میں (ل) برابر میں۔ مقابل میں۔ سامنے۔ آگے۔

پہلو میں بیٹھنا (ل) صحبت میں رہنا۔ قریب رہنا۔ مدد کرنا۔ حمایت کرنا۔ ترغیب پر رہنا۔ پہلو سے لگنا۔

پہلو نکالنا (ل) موقع نکالنا۔ ڈھب پیدا کرنا۔ تجویز نکالنا۔ تدبیر سوچنا۔

پہلو نکلنا (ل) موقع نکلنا۔ ڈھب بننا۔ تجویز نکل آنا۔ انداز معلوم ہونا۔ رمز و کنایہ ظاہر ہونا۔

پہلو بہ پہلو (ف/صف) برابر۔ ساتھ ساتھ۔

پھلواڑی (ہ/مث) باغیچہ۔ چمن۔ چھوٹا سا باغیچہ جس میں پھول۔ پودے وغیرہ لگاتے ہیں۔ نسل۔ آل اولاد۔ بال بچے۔ کنبہ۔ خاندان۔

پہلوان (ف) قوی جثہ۔ جسیم۔ طاقت ور۔ کشتی کا فن جاننے والا۔ کشتی گیر۔ بہادر۔ دلیر۔ سورما۔ جری۔ پُر حوصلہ۔ باہمت۔ لڑاکا۔ جنگ جو۔ بڑے ڈیل ڈول کا۔ فربہ۔ سخت بدن والا۔

پہلوانی (ف/مث) زور آوری۔ کسرت۔ ورزش۔ کشتی۔ طاقت۔ قوت۔ بل۔ زور۔

پہلوٹھی کا لڑکا (ہ/مذ) پہلا بیٹا۔ پسر اولین۔ پہلے پہل کا لڑکا۔ وہ لڑکا جو سب سے پہلے پیدا ہو۔

پھلی (ہ/مث) منسوب بہ پھل۔ پھل کی تھیلی۔ دانوں کا غلاف۔ مٹر۔ لوبیا۔ مونگ۔ ماش وغیرہ کا پھل جس میں بہت سے دانے ہوتے ہیں۔ کیلے کا پھل۔

پھُلی (ہ/مث) وہ سفید نقطہ جو آنکھ کی پتلی پر ڈھیلے کے برابر پڑ جاتا ہے گل چشم۔ ٹینٹ۔

پہلی (ہ/مث) پہلا کی تانیث۔ ابتدائی۔ اولین۔ سابقہ۔ مقدم۔

پہلے پہل (ہ) اول ہی اول۔ اول مرتبہ۔ پہلے۔ شروع شروع۔

پہلے ہی بوسے میں گال کاٹا (ہ/مثل) آغاز ملاقات ہی میں رنج پہنچایا۔

پھلیل (ہ/مذ) خوشبودار تیل۔ پھولوں میں معطر کیے ہوئے تلوں کا تیل۔

پھلیندا (ہ/مذ) جامن۔ ایک میوہ جو اودے رنگ کا اور ہونڈی بیر کے برابر ہوتا ہے۔

پھن (ہ/مذ) سانپ کا پھیلا ہوا سر جو کھڑے ہونے کے وقت دکھائی دیتا ہے۔

پھن مارنا (ہ) سر دھننا۔ سر مارنا۔ سانپ کا کسی کو ڈسنا۔ کاٹنا۔

پہنّی (ہ/مذ) وہ دودھ جو محبت اور پیار کے باعث ماں کی چھاتیوں میں بھر آتا ہے۔ جھاگ۔ کف۔ جو دودھ پر آتا ہے۔

پہنا (ف) چوڑا۔ عریض۔ فراخ۔ بڑے عرض کا۔

پہننا (ہ) کپڑا زیب تن کرنا۔ اوڑھنا۔ کپڑا بدن میں ڈالنا۔ جامہ زیب تن کرنا۔

پہنانا (ہ) دوسرے کو کپڑوں وغیرہ سے آراستہ کرنا۔

پہناوا (ہ/مذ) لباس۔ پوشاک۔ کپڑا لتا۔ پوشش۔ زیور گہنا۔ اوڑھنے پہننے کا طریق۔ رواج۔ رسم۔ طور۔ ڈھنگ۔

پہنائی (ف/مث) چوڑائی۔ فراخی۔ وسعت۔ کپڑے یا چوڑیاں وغیرہ پہنانے کی اجرت۔

پھنپھنانا (ہ) غیظ و غضب کی حالت میں ہونا۔ نہایت غضب ناک ہونا۔ یک دم غصے میں بھر جانا۔ سانپ کا پھن اٹھا کر غصے سے پھنکار مارنا۔

پہنچ (ہ/مث) رسائی۔ آمد۔ دخل۔ رسید۔ اطلاع۔ خبر۔ وصول۔

پہنچا (ہ/مذ) ساعد۔ کلائی۔ پہنچنا سے ماضی مطلق۔

پہنچانا (ہ) کسی چیز کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا۔

پہنچا ہوا (ہ/مذ) خدا رسیدہ۔ بزرگ۔ پارسا۔ عارف باللہ۔ مقبول خدا۔ نہایت ہوشیار۔ تجربہ کار۔ جہاں دیدہ۔ باخبر۔ فاضل۔ پختہ کار۔

پہنچنا (ہ) داخل ہونا۔ رسائی پانا۔ باریاب ہونا۔ گھسنا۔ راستہ طے ہو جانا۔ سفر طے کر لینا۔ ملنا۔ وصول پانا۔ آنا۔ جانا۔ باخبر ہونا۔ آگاہ ہونا۔ مطلع ہونا۔ خبردار ہونا۔ فاضل بن جانا۔ فارغ التحصیل ہو جانا۔ تمام کرنا۔ ختم کرنا۔ پختہ کار ہونا۔ تجربہ کار بن جانا۔ سوچنا۔ غور و خوض کرنا۔ سرایت کرنا۔ اثر کر جانا۔ جیسے سردی پہنچ گئی ہے۔ تعلق کرنا۔ واسطہ ڈالنا۔ ذریعہ بنانا۔ قبضہ پانا۔ قدرت پانا۔ قابو کرنا۔ دل بننا۔ خدا رسیدہ ہونا۔ عارف باللہ ہونا۔

پہنچی (ہ/مث) عورتوں کے پہننے کا ایک زیور جو کلائی پر باندھا جاتا ہے۔ دست بند۔

پھندا (ل/مذ) دام۔ فریب۔ دھوکا۔ مکر۔ دغا۔ جھوٹ۔ فند۔ پھندا کا مخفف۔

پھند کٹنا (ہ) مصیبت سے رہائی پانا۔ خلاصی ہونا۔ نجات پانا۔ قید سے چھوٹنا۔ قرضے سے سبکدوش ہونا۔

پھندا (ہ/مذ) بال یا ریشم وغیرہ کا حلقہ۔ کمند۔ پھانسا۔ پھاند۔ جال۔ دام۔ فریب۔ بس۔ قابو۔ قبضہ۔ پنجہ۔ جیسے وہ دشمن کے پھندے میں ہے۔ تکلیف۔ دکھ۔ مصیبت۔

پھندا پڑنا (ہ) کمند یا جال میں پھنسنا۔ حلق میں پھانسا پڑنا۔

پھندا چھڑانا (ہ/ محاورہ) قید سے رہا کرنا۔ روک دور کرنا۔

پھندا دینا۔ یا لگانا (ہ) گرہ دینا۔ پھانسا لگانا۔

پھندا ڈالنا (ہ/ محاورہ) الجھا دینا۔ بکھیڑا ڈالنا۔

پھندا لگانا (ہ/ محاورہ) جال بچھانا۔ فریب دینا۔

پھندنا (ہ/مذ) جھبا۔ ریشم یا تاگے کا چھوٹا سا گچھا یا پھول جو ٹرکی ٹوپی یا چابک کی نوک یا جھالر کے سرے پر لگاتے ہیں۔

پھندنا سا (ہ) بوٹا سا۔ چھوٹا سا۔ پیارا پیارا (بچوں کی تعریف میں بولا جاتا ہے)

پھندوڑنا (ا/مص) کپڑوں کی گٹھڑی کو اُلٹ پلٹ کرنا۔

پھندیت (ہ/مذ) پھندے میں پھنسانے والا۔ وہ سدھا ہوا ہاتھی یا اور جانور یا دوسرے جانوروں کو پکڑوا دے۔ یہ اپنی آواز دے کر دوسرے جانوروں کو بلاتا اور جال میں پھنسا دیتا ہے۔

پھندے میں پڑنا۔ یا۔ پھنسنا (ہ) بلا میں گرفتار ہونا۔ دام فریب میں پھنسنا۔ آفت میں پڑنا۔ کسی کے بس میں آنا۔ قابو میں آ جانا۔ قید میں پھنس جانا۔ نکاح میں آکر تکلیف اُٹھانا۔

پھندے میں پھنسانا (ہ) دام فریب میں لانا۔ جال میں پھانسنا۔ قابو میں لانا۔ دھوکا دے کر نکاح میں لے آنا۔

پھندے میں لانا (ا/محاورہ) جال میں پھانسنا۔ دم دینا۔

پھنسانا (ہ) پھینٹنا۔ اُلجھانا۔ پکڑوانا۔ گرفتار کرانا۔ قابو میں لانا۔ لس میں لانا۔ فریب میں لانا۔ اُڑانا۔ اٹکانا۔

پھنساؤ (ہ/مذ) اُلجھاؤ۔ اٹکاؤ۔ بکھیڑا۔ جھگڑا۔

پھنساوا (ہ/مذ) اڑائیں۔ الجھیڑا۔ دقت۔ قید۔ وہ جگہ جہاں سے نکلنا مشکل ہو۔

پھنسنا (ہ) اُلجھنا۔ اٹکنا۔ پکڑا جانا۔ گرفتار ہونا۔ ماخوذ ہونا۔ کسی کی محبت اور عشق میں گرفتار ہونا۔ آشنائی کرنا۔ دبنا۔ چھپنا۔ دلدل یا کیچڑ وغیرہ میں دھنس جانا۔ دوسرے کے قابو میں آجانا۔

پھنسوانا (ہ) پھنسنا کا متعدی المتعدی۔

پھنسی (ہ/مث) چھوٹا سا پھوڑا۔ پھڑیا۔ وہ دانہ جو جسم پر پڑ جائے۔

پھنکار لگانا۔ یا۔ مارنا (ہ) ایک ہی دفعہ پھانک جانا۔ کسی سوکھی یا پسی ہوئی چیز کو منہ میں یک دم ڈال کر نگلنا۔

پھنکار} پھنکارا} (ہ/مث) حیوانات یا سانپ وغیرہ کے سانس کی آواز۔ دم۔ نفس۔ چھو۔ پھونک۔

پھنکار مارنا۔ یا۔ پھنکارا مارنا (ہ) سانپ کا غصے میں آکر زور سے پھوں کرنا۔ حیوانات کا بدقت سانس لینا۔ سانس چھوڑنا۔ پھونک مارنا۔

پھنکانا (ا/مص) جدا کرنا۔

پھنکنا (ہ) دُور جا گرنا۔ بکھرنا۔ کھنڈنا۔ ضائع ہونا۔ خراب ہونا۔ گر جانا۔ پریشان ہو جانا۔

پھنکنا (جلنا۔ جھلسنا۔ مشتعل ہونا۔ بھڑکنا۔ جیسے بدن میں آگ پھنک گئی۔

پھنکنی (ہ/مث) بانس کا وہ کھوکھلا ٹکڑا جس سے آگ میں پھونک مارتے ہیں۔

پھنکی (ہ/مث) سفوف۔ چٹکی۔ ایک دفعہ پھانکنے کی مقدار۔

پھنگا (ہ/مذ) پروانے کی ایک خاص قسم۔ پتنگ۔ وہ برساتی کیڑا جو رات کے وقت شمع پر آگرتا ہے۔

پھننگ (ہ/مث) (دیکھو پھلنگ)

پھنگی (ہ/مث) شاخ کا سرا۔ ناک کی نوک۔

پھنو (ہ/مث) چھوٹے بچوں کا عضو تناسل۔

پھنی (ہ/مث) خانہ۔ پانہ۔ وہ مخروطی شکل کی لکڑی جو بڑھئی لگڑ کھنچے چیرتے وقت شگاف کے کھلا رہنے کے لیے دے دیتے ہیں۔

پھو (ہ/مث) تھوکنے کی آواز۔

پھوا (ہ/مث) باپ کی بہن۔ بُوا۔ پھپھی۔

پھوا پھو (ہ/مذ) لڑکیوں کا ایک کھیل جس میں باہم ہاتھ ملا کر حلقے میں چکپھیریاں کھاتی ہیں۔

پھوار۔ یا۔ پھہار (ہ/مث) پھاآر۔ تقاطر۔ ترشح۔ ہلکی اور خفیف بارش۔

پھوارا (ہ/مذ) فوارہ۔

پھولس (ہ/مث) پھپیا ساس۔

پھوسرا (ہ/مذ) پھپھیا خسر۔ شوہر کی پھوپھی کا خاوند۔

پھوٹ (ہ) لعنت ہے۔ تف۔ ڈوب مر۔ درگور۔

پھوٹ (ہ/مث) نااتفاقی۔ نفاق۔ اختلاف۔ مخالفت۔ بگاڑ۔ بغض۔ باہمی عداوت۔ ایک قسم کی جو پک کر کھل جاتی ہے۔ سینڈھی۔ خیار دشتی۔ شکستگی۔ ٹوٹن۔ ٹوٹ پھوٹ۔

پھوٹ آنا (ا/محاورہ) باہر نکل آنا۔ نمودار ہونا۔ کلا نکلنا۔

پھوٹ بہنا (ہ) رو پڑنا۔ گریے کو ضبط نہ کرسکنا۔ زار زار رونا۔ بھید کھول دینا۔ کینہ اور کپٹ ظاہر کر ڈالنا۔ پھوڑا پھوٹ کر پیپ وغیرہ مواد جاری ہونا۔ پانی کا موری کو توڑ پھوڑ کر نکلنا۔

پھوٹ پڑنا (ہ) نفاق ہو جانا۔ نااتفاقی پڑنا۔ دشمنی ہونا۔ عداوت ہونا۔ علیحدگی ہونا۔ اختلاف رائے ہونا۔

پھوٹ پھٹک رہنا (ہ) اَن بن رہنا۔ نااتفاقی اور جھگڑا وغیرہ رہنا۔ جدائی۔ علیحدگی اور دشمنی رہنا۔ فساد باہمی رہنا۔

پھوٹ پھوٹ کر رونا (ہ) زار زار رونا۔ زار و قطار رونا۔ بے حد رونا۔ بہت بلک بلک کر رونا۔

پھوٹ ڈالنا (ہ) نااتفاقی ڈالنا۔ دشمنی پیدا کرنا۔ باہم عداوت کرنا۔ جدائی کرا دینا۔

پھوٹ سا کھل جانا (ہ) خستہ ہونے کی وجہ سے پھٹ جانا۔ دو پارہ ہو جانا۔ کئی ٹکڑے ہو جانا۔

پھوٹ نکلنا (ہ) بدن پر پھنسیوں کا بکثرت نکل آنا۔ جسم پر مواد ہی ظاہر ہونا۔ بہ نکلنا۔ توڑ کر نکل جانا۔ رسنے لگنا۔ ٹپک پڑنا۔ بھید کھل جانا۔ راز کھل جانا۔

پھوٹ ہونا (ا/محاورہ) نفاق ہونا۔ نااتفاقی ہونا۔

پھوٹا (ہ) شکستہ۔ شگافتہ۔ ٹوٹا ہوا۔ پھوٹنا سے ماضی مطلق۔

پھوٹا پڑنا (ار/محاورہ) خود بخود ظاہر ہو جانا۔

پھوٹک (ہ) ریزہ۔ ریزگاری۔ روپے کے چھوٹے سکے۔ جیسے اکنی۔ دوّنی۔ چونی وغیرہ۔

پھوٹنا (ہ) ٹوٹنا۔ شکستہ ہونا۔ کھلنا۔ پھوڑے کی طرح پھٹنا۔ مواد کا جسم پر ظاہر ہونا۔ پھنسیاں نکلنا۔ ظاہر ہونا۔ نمودار ہونا۔ درخت میں پتے نکلنا۔ بیج کا اُبھرنا۔ اُگنا۔ تخفیفاً کہنا اور بولنا جیسے مُنہ سے کچھ پھوٹو تو سہی۔ پھٹنا۔ تڑخنا۔ خوش ہونا۔ بُو یا خوشبو کا پھیلنا۔ خبر کا مشتہر ہو جانا۔ بھید کھُل جانا۔ راز فاش ہو جانا۔ پانی کا توڑ کر نکل جانا۔ بہہ نکلنا۔ زخم کا پھٹ جانا۔ پھوڑے کی آلائش کا بہہ نکلنا۔ بینائی کا جاتا رہنا جیسے دیدے پھوٹ تو نہیں گئے۔ گواہ یا دوست کا دُوسرے سے جا ملنا۔ پھٹنا۔ خون جاری ہونا۔ جیسے سر پھوٹ گیا۔ ایک طرف سے دوسری طرف نکل جانا جیسے سیاہی پھوٹ گئی ہے۔

پھوٹی (ہ) ٹوٹی ہوئی شکستہ چیز۔ کمی ناقص شے جسے کوئی نہ خریدے جیسے پھوٹی کوڑی۔

پھوٹی آنکھ کا تارا (ہ/مذ) نہایت عزیز بیٹا۔ کئی بیٹوں میں ایک بیٹا جو زندہ رہا ہو۔

پھوٹی آنکھ کا دیدہ (ار/مذ) کئی بچوں میں ایک بچہ جو زندہ رہا ہو۔

پھوٹے منہ سے (ہ) بڑے منہ سے۔ ناکارہ اور نکمّے منہ سے۔

پھوڑا (ہ/مذ) دُنبل۔ بڑی اور موٹی پھنسی۔ گومڑا۔ دُمّل۔

پھوڑا نکلنا (ہ) دنبل نکل آنا۔ گومڑا نکل آنا۔ تکلیف ہونا۔

پھوڑا پھوٹنا (ہ) پھوڑے سے آلائش نکلنا۔ تکلیف دُور ہونا۔

پھوڑنا (ہ) ٹکڑے کرنا۔ توڑنا۔ شکستہ کرنا۔ دیوار وغیرہ میں سوراخ کرنا۔ سر کا زخمی کرنا۔ آنکھ کی بینائی زائل کرنا۔ بدقسمت بنانا۔

پھوس (ہ/مذ) لمبی گھاس جس سے چھپر بناتے ہیں۔ پرانی اور نرم گھاس۔ نہایت بوڑھا۔ ضعیف۔ کمزور۔ نحیف۔ ہلکا تمباکو۔ پھیکا تمباکو۔

پھوس کا تاپنا (ار/محاورہ) کمینے سے فائدہ کی اُمید رکھنا۔ فضول کام کرنا۔

پھوس کی آگ (ار/مث) ناپائیدار چیز۔

پھوس میں چنگاری ڈالنا (ار/محاورہ) فساد کرانا۔ اشتعال دینا۔

پھوسڑا (ہ/مذ) رُوئی یا ریشم وغیرہ کا ریشہ۔ عورتیں انکساراً بچے اور اولاد کو بھی کہہ دیتی ہیں۔

پھوسی (ہ/مث) پھوس۔ بھوسا۔ کوڑا کرکٹ۔

پھوک (ہ/مذ) کسی چیز کو نچوڑ لینے کے بعد بچ رہنے والا فضلہ۔ خالی۔ کھوکھلا۔ بدمزہ۔ بدذائقہ۔ بے اثر۔ بن گھی کا۔ اُبالا۔

پھوکا (ہ) ہلکا۔ بے وزن۔

پھوکٹ کا (ہ) مُفت کا۔ داموں بغیر۔ بن داموں کا۔

پھوکٹ میں (ہ) مُفت میں۔ بے مول۔ بے پیسہ۔ خرچ کیے بغیر۔

پھوکل (ہ) خالی۔ مفلس۔ کھوکل۔

پھول (ہ/مذ) گُل۔ شرارہ۔ پتنگا۔ چراغ کی بتی کا جلا ہوا سرا جو شرارے کی طرح جھڑ جاتا ہے۔ نقش و نگار۔ گُل کاری۔ ہندوؤں کے مُردے کی ہڈیاں جو جل چکنے کے بعد چُن کر گنگا میں بہانے کے لیے بھیجی جاتی ہیں۔ کانسی جو ایک قسم کی مُرکّب دھات ہے۔ حیض۔ حیض کا خون۔ ایک قسم کی بیماری جو کوڑھ سے مشابہ ہے۔ برص۔ سُوکھے ہوئے ساگ کے پتے۔ مسلمانوں کے فاتحہ سوم کی رسم۔ دو آتشہ شراب۔ شراب تیز۔ ہلکا۔ سُبک۔ نہایت کم وزن۔ پتلی سیاہی وغیرہ گر جا کر سکھائے ہوئے ورق۔ جیسے سیاہی کے پھول۔

پھول اُترنا (ہ) درخت سے پھولوں کا چُنا جانا۔ پھول ٹوٹنا۔

پھول آنا (ہ) درخت میں گُل لگنا۔ بہار آنا۔ ایام حیض ہونا۔ حیض آنا۔ کپڑوں سے ہونا۔

پھول پان (ہ/مذ) انجام کار۔ خاتمہ۔ نتیجہ۔ بُرائی۔ بھلائی جیسے دائی کے سر پھول پان۔ نازک نازک بدن۔ کامنی۔ دھان پان۔ نہایت نازک اندام۔

پھول پڑنا (ہ) پتنگا پڑنا۔ چنگاری گرنا۔ آگ لگنا۔ جلنا۔

پھول جھڑنا (ہ) سُوکھے پھولوں کا درخت سے گرنا۔ خزاں ہونا۔ خوش کلامی اور فصاحت سے بولنا۔ چراغ سے جلی ہوئی بتّی کا سرا گرنا۔ آتشبازی میں سے پھول نکلنا۔

پھول چڑھانا (ہ) مزار یا قبر پہ پھول رکھنا۔ تربت پر پھول رکھنا۔

پھول چُننا (ہ) پھول توڑنا۔ پھول چگنا۔ ہندوؤں کے تیجے کی رسم جس میں وہ مُردے کی جلی ہوئی ہڈیاں مرگھٹ سے چُن کر گنگا جی میں بہانے کو بھیجتے ہیں۔

پھول سُونگھ کر رہنا } (ہ) نہایت کم خوراک کھانا۔ صرف خوشبو
پھول سُونگھ کے رہنا } ہی پہ رہنا۔ ذرا سا کھا کر زندگی بسر کرنا۔
یہ محاورہ طنزاً بولتے ہیں۔

پھول کترنا (ہ) گُل کترنا۔ قینچی وغیرہ سے پھول پتیاں کترنا۔ نہایت انوکھا۔ عجیب اور باریک کام کرنا۔

پھول کملانا } (ہ) پھول کا مُرجھا جانا۔ پژمُردہ ہونا۔
پھول مُرجھانا } محبت کم ہونا۔
پھول مرجانا } بچوں کا تکلیف سے ملول ہونا۔

پھول کھلنا (ہ) گُل کا شگفتہ ہونا۔ پیار آنا۔ شادی ہونا۔ بیاہ ہونا۔ کنواری عورت کا بیاہا جانا۔

پھول کی جگہ پنکھڑی (ہ/محاورہ) بہت کی جگہ تھوڑا سا۔

پھول گوبھی (ار/مث) وہ گوبھی جس میں بڑا پھول آتا ہے۔

پھول لانا (ار/محاورہ) پھولوں سے لدنا۔ پھول نمودار ہونا۔

پھول لگنا (ار/محاورہ) پھول کا شاخ میں پیدا ہونا۔

پھول مُرجھانا (ار/مص) پھول کملانا۔ سُوکھ جانا۔

پھول نہ پان کہنے کو ملان (ہ/مثل) خرچ کچھ نہ کرنا اور باتیں بنائے جانا۔

پھول نہیں پنکھڑی سہی (ہ/ شل) بہت نہیں۔ تھوڑا ہی سہی۔
پھول والوں کی سیر (ہ) سیرِ گل فروشاں۔ دہلی میں برسات کے دنوں میں ہونے والا مشہور میلہ۔ جو خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ کے مزار پر منعقد ہوتا ہے۔
پھول ہونا (ہ) فاتحہ سوم کی رسم کا ادا ہونا۔ تیجا ہونا۔
پھولا (ہ/ مذ) آنکھ کا ٹینٹ۔ پھلی۔ پھپھولا۔ آبلہ۔ رُوئی کا گالا۔ کاجل۔
پھولا (ہ/ مذ) ایک مرض جو بُلبل۔ لال وغیرہ پرندوں میں ہوتا ہے۔ اس سے جانور پھول جاتا ہے۔ پھر کانٹا نکل کر مرجاتا ہے۔ پھولنا کا ماضی مطلق۔ اُبھرا۔ پھول گیا۔
پھولا نہ سمانا (ہ) نہایت خوش ہونا۔ خوشی سے پھول جانا۔ اصل میں پھولا انگ نہ سمانا ہے۔ یعنی پھول کر جسم میں نہ سمانا۔
پھول بیٹھنا (ہ) ناراض ہو بیٹھنا۔ رُوٹھ جانا۔ اینٹھ جانا۔ ناخوش ہو کر بیٹھ جانا۔
پھول پھول کر بیٹھنا (ہ) نہایت خوش و خرم ہو کر بیٹھنا۔ مغرور ہونا۔ متکبر ہو کر بیٹھنا۔
پھولنا پھرنا (ہ) خوش ہو کر پھرنا۔ اینٹھتے پھرنا۔ اترانا۔ خفگی اور غصے سے پھرنا کے معنی میں بھی آتا ہے۔
پھول جانا (ہ) اُبھرنا۔ سُوج جانا۔ ورم کر جانا۔ بھر بھرا جانا۔ اُبھر جانا۔ فربہ ہونا۔ موٹا ہونا۔ مغرور ہونا۔ متکبر ہونا۔ ہوا بھر کر اُبھر جانا۔
پھولنا (ہ) سُوجنا۔ ورم ہونا۔ ہوا بھرنا۔ شگفتہ ہونا۔ کھلنا۔ جیسے گُل پھولنا۔ موٹا ہونا۔ فربہ ہونا۔ اُبھرنا۔ نفع ہونا۔ خوب ظاہر ہونا۔ نمایاں ہونا۔ جیسے شفق پھولنا۔ اترانا۔ خوش ہونا۔ مگن ہونا۔ سرسبز ہونا۔ بارور ہونا۔ شاداب ہونا۔ مُراد مند ہونا۔
پھولنا پھلنا (ہ) لغوی معنی پھول آکر پھل لگنا۔ درخت کا سرسبز ہونا۔ بارور ہونا۔ امیر اور آسودہ حال ہونا۔ صاحبِ اولاد ہونا۔ بامُراد ہونا۔
پھولوں (ہ/ مذ) پھول کی جمع۔ بہت سے پھول۔
پھولوں پاتوں بھانا (ہ) ہر طرح بھلا معلوم ہونا۔ پھول پتے سے بھلا لگنا۔ آرائش و زیبائش سے خوش و خرم معلوم ہونا۔
پھولوں کا گہنا (ہ/ مذ) پھولوں کا وہ زیور جو شادی کے موقع پر دُلہا دُلہن کو پہناتے ہیں۔ یعنی سہرا۔ بدھی۔ طُرّہ۔ نازک چیز جو پائدار نہ ہو۔ چیچک۔ سیتلا ماتا۔
پھولوں کا ہار (ہ/ مذ) پھولوں کا کنٹھا۔ حمائل گل۔
پھولوں کی چادر (ہ/ مث) پھولوں کی وہ چادر جو بزرگوں کے مزار پر منّت یا اعتقاد کے طور پر چڑھاتے ہیں۔
پھولوں کی سیج (ہ/ مث) بسترِ گل۔ وہ پلنگ جو پھولوں سے سجایا گیا۔ بسترِ راحت۔
پھولوں ماری گر پڑی لٹھوں ماری اُٹھ بیٹھی (ہ/ شل) تھوڑی مصیبت سے بے قرار ہو گئی۔ زیادہ کی برداشت کر لی۔
پھولوں میں تُلنا (ہ/ محاورہ) نہایت نازک بدن ہونا۔ بہت شکیل ہونا۔
پھولے پھلے۔ یا۔ پھولو پھلو (ہ) خوش و خرم رہو۔ بامُراد اور صاحبِ اولاد ہو۔
پھوں پھاں (ہ/ مث) شیخی۔ اکڑ۔ غصہ۔ ناخوشی۔
پھوں پھوں (ہ/ مث) آگ میں پھونکیں مارنے کا عمل۔
پھوں پھوں کرنا (ہ/ محاورہ) غصّہ کرنا۔ سانپ کی طرح پھنکارنا۔
پھونس (ہ/ مذ) (دیکھو پھوس)
پھونسڑا (ہ/ مذ) (دیکھو پھوسڑا)
پھونک (ہ/ مث) وہ ہوا جو مُنہ سے نکالیں۔ سانس۔ دَم۔ رُوح۔ نفس۔ ہلکی سی چیز۔ ورق سی چیز۔ ہلکا زیور۔
پھونک پھونک کر قدم رکھنا / **پھونک پھونک کر پاؤں رکھنا** (ہ/ محاورہ) کمال احتیاط سے چلنا۔ خائف رہنا۔ چوکنا رہنا۔ ڈرتے ڈرتے کوئی کام کرنا۔ بچ بچ کر کوئی کام کرنا۔ آہستہ آہستہ سوچ سمجھ کر کوئی کام کرنا۔
پھونک مارنا (ہ) مُنہ سے ہوا کو زور سے چھوڑنا۔ چراغ وغیرہ بجھانا۔ دیا خاموش کرنا۔ جادو کرنا۔ جلانا۔ سُلگانا۔ کچھ پڑھ کر دم کرنا۔
پھونک دینا (ہ) آگ لگا دینا۔ جلا دینا۔ جلا کر بھسم کر دینا۔ جلا کر راکھ کر ڈالنا۔ بہکانا۔ کان بھرنا۔ حُقّے کا پانی نکالنا۔ پھیلا دینا۔ مشتہر کر دینا۔
پھونکنا (ہ) پھونک مارنا۔ مُنہ کی ہوا نکالنا۔ جلانا۔ راکھ کر دینا۔ بھسم کر دینا۔ بھسم کرنا۔ حُقّے کا پانی نکالنا۔ پھیلانا۔ اعلان کرنا۔ مشتہر کر دینا۔ بہکانا۔ کان بھرنا۔ شائع کرنا۔ دل جلانا۔ ستانا۔ تکلیف دینا۔ سنکھ بجانا۔ صُور یا نفیری کی آواز نکالنا۔ آگ مشتعل کرنا۔ بھڑکانا۔ دَم کرنا۔ چھو کرنا۔ جادو کرنا۔
پھوہا (ہ/ مذ) رُوئی کا ذرا سا ٹکڑا۔ عطر یا خوشبو میں بسا ہوا ذرا سا رُوئی کا ٹکڑا۔ گالے کا ٹکڑا۔
پھوہار۔ یا۔ پھوآر (ہ/ مث) (دیکھو پھوار)
پھوہڑ۔ یا۔ پھوٹڑ (ہ) سگھڑ کے خلاف۔ بے تمیز۔ بدسلیقہ۔ بدتہذیب۔ ناشائستہ۔ گھامڑ۔ نامہذب۔ بے ہُنر۔ بے وقوف۔ گدھی۔ وہ عورت جو امورِ خانہ داری کی سمجھ اور عقل نہ رکھتی ہو۔
پھوہڑپن۔ یا۔ پھوہڑپنا (ہ/ مذ) بے تمیزی۔ بدتہذیبی۔ بے ہنری۔ بے وقوفی۔ نادانی۔ ناشائستگی۔
پھوئیاں (ہ/ مث) تقاطر۔ پھوہار۔ ترشح۔ ہلکی ہلکی بوندیں۔ ننھی ننھی بوندیں۔
پھوئیاں پھوئیاں (ہ/ مث) قطرہ قطرہ۔ کم کم۔ تھوڑا تھوڑا۔ ذرا ذرا۔
پھوئیاں پھوئیاں تالاب بھر جاتا ہے / **پھوئیوں پھوئیوں تالاب بھر جاتا ہے** (ہ/ مقولہ) تھوڑا تھوڑا مل کر بہت ہو جاتا ہے۔

قطرہ قطرہ مل کر دریا بن جاتا ہے۔
پھیپھڑا (ہ/مذ) شش۔ ریہ۔ ایک عضو جس میں ہوا باہر سے جا کر خون کو صاف کرتی اور خراب ہو کر باہر آ جاتی ہے۔ یہ دل کے اُوپر کی طرف پنکھے کی طرح ہے۔
پھیپھڑا اچھالنا (ہ) کسی کی خیر خواہی کرنا۔ سُگھڑ بھلائی کرنا۔ خیر خواہی جتانا۔
پھیپھڑی (ہ/مث) ہونٹوں کی پپڑی۔ ہونٹوں کی خشکی جو پیاس یا گرمی کے غلبے سے خشک ہونا۔
پھیپھڑی بندھنا (ہ) خشکی اور پیاس کے مارے ہونٹوں کا نہایت خشک ہو جانا۔ خشک لبی ہونا۔
پھینٹ (ہ/مث) کمر کا پٹکا۔ کمر بند۔ وہ کپڑا جو کمر پر باندھا جائے۔
پھینٹنا (ہ) ملانا۔ ایک جان کرنا۔ اُنگلی یا ہاتھ وغیرہ سے خوب متھنا۔ جیسے انڈے کی زردی سفیدی وغیرہ کو پھینٹنا۔ اور بالکل ایک جان کر دینا۔
پھیر (ہ/مذ) چکر۔ موڑ۔ فاصلہ۔ دُوری۔ فرق۔ تشویش۔ سختی۔ مشکل۔ دِقت۔ انقلاب۔ تغیر و تبدل۔ اُلٹ پھیر۔ پیچ۔ جال۔ فریب۔ اُلجھاؤ۔ جھمیلا۔ فکر۔ چِنتا۔ دھکڑ۔ پکڑ۔ دائرہ۔ احاطہ۔ حلقہ۔ گردش۔ بُرائی۔ بدی جیسے قسمت کا پھیر۔ ٹھیک اندازہ۔ پُورا تخمینہ۔ صحیح صحیح حال معلوم کرنا۔ جیسے راجہ اور دریا کا کس نے پھیر پایا۔ گھیر۔ گھیرا۔
پھیر باندھنا (ہ) بازو باندھنا۔ سلسلہ باندھنا۔ تسلسل ڈالنا۔
پھیر بندھنا (ہ) تسلسل ہونا۔ تار بندھنا۔ لگاتار کسی چیز کا ہوتے رہنا۔
پھیر پڑنا (ہ) تفاوت اور فرق پڑنا۔ چکر لگنا۔ تسلسل قائم ہونا۔
پھیر پھار (ہ/مث) ادلا بدلی۔ اُلٹا پلٹی۔ ہیرا پھیری۔ کبھی لینا کبھی واپس کرنا۔
پھیر دینا (ہ) موڑ دینا۔ واپس کرنا۔ رُخ بدلنا۔ سمت بدلنا۔
پھیر کھانا (اُر/محاورہ) دُور کی راہ سے جانا۔ چکر کی راہ سے جانا۔ چکر کھانا۔ گھاٹا پڑنا۔ مصیبت میں پھنسنا۔
پھیر لانا (اُر/محاورہ) کسی چیز کو واپس کر لانا۔ گھوڑے کو پھیرا لانا۔
پھیر لینا (ہ) واپس لینا۔ لوٹا لینا۔ واپس کر لینا۔
پھیر میں آنا (ہ) مصیبت میں آنا۔ بکھیڑے میں پھنسنا۔ چکر میں آنا۔ گردش میں آنا۔ لالچ میں آنا۔
پھیر میں ڈالنا (ہ) مصیبت میں پھنسانا۔ تکلیف میں ڈالنا۔ لالچ دلانا۔ بھٹکانا۔ گمراہ کرنا۔ چکر میں ڈالنا۔
پھیرا (ہ/مذ) گشت۔ دَورہ۔ چکر۔ کسی جگہ جا کر واپس آ جانا۔ حلقہ۔ دائرہ۔ گھماؤ۔ موڑ۔ طواف۔
پھیرا پھیری (ہ/مث) کسی چیز کا باہم لینا اور واپس کرنا۔
پھیرا دینا (اُر/محاورہ) شکار کے ساتھ ساتھ جال کے قریب آنا۔ شکار کو گھیر کر لانا۔
پھیرا کرنا (اُر/محاورہ) گشت کرنا۔ دورہ کرنا۔ چکر لگانا۔ بار بار آنا جانا۔

پھیرا لگانا (ہ) جا کر پھر آنا۔ گشت اور دَورہ کرنا۔ ہو آنا۔
پھیرنا (ہ) چکر دینا۔ پھرانا۔ گھمانا۔ لوٹانا۔ واپس کرنا۔ موڑنا۔ رُخ بدلنا۔ پیچھے ہٹانا۔ سدھانا۔ نکالنا۔ جیسے گھوڑا پھیرنا۔ پوتنا۔ کوچی لگانا۔ رنگ کرنا۔ ملمع کرنا۔ قلعی کرنا۔ اُلٹنا پلٹنا۔ تسبیح چلانا۔ مالا جپنا۔ آموختہ دُہرانا۔ خواندگی پڑھنا۔ دل بیزار کرنا۔ متنفر کرنا۔ ناراض کرنا۔ ہاتھ لگانا۔ چھونا۔ مَس کرنا۔ بیہر کرانا۔ مُکرنا۔ زبان بدلنا۔ پلٹ جانا۔
پھیری (ہ/مث) طواف۔ گشت۔ چکر۔ فقیروں کا ایک خاص جگہ دورہ کرنا۔ خُردہ فروش کا گشت لگانا۔ ہندوؤں کا جیت شدن کو اپنے شہر کے گرد پھرنا۔
پھیری لگانا (ہ) گشت لگانا۔ دورہ کرنا۔ گدائی کے لیے نکلنا۔ خُردہ فروشی کرنا۔ کمائی کو جانا۔
پھیری والا (ہ) محلّوں میں پھر کر سودا وغیرہ بیچنے والا۔ خوانچے والا۔ بساطی۔ بکس والا۔ بزاز۔ وہ فقیر جو کئی دن تک پھیری لگائے۔
پھیرے (ہ/مذ) پھیرا کی جمع۔ ہندوؤں کے نکاح کی رسم کا جزوِ اعظم۔
پھیرے ڈالنا (ہ) کسی کام کو بار بار جانا۔
پھیکا (ہ) الونا۔ بے نمک کا۔ بے لُون کا۔ کم میٹھا۔ کم مٹھاس والا۔ بدمزہ۔ بیٹھا۔ بدذائقہ۔ بے لُطف۔ بے لذّت۔ اُداس۔ بے رونق۔ جیسے اُن کے چہرے کا رنگ پھیکا پڑ گیا۔ حُسن بے نمک۔ رُوکھا۔ بدخلق۔ کج خُلق آدمی۔
پھیکا پڑ جانا (ہ) رنگ مدھم ہو جانا۔ رونق میں فرق آ جانا۔ بے آب ہو جانا۔ شرمندہ ہو جانا۔ اداس پڑ جانا۔ ذلیل ہو جانا۔
پھیکا پڑنا (ہ) ذلیل ہونا۔ شرمندہ ہو جانا۔ بدرنگ ہونا۔ بے رونق ہو جانا۔
پھیکا پنڈا ہونا (ہ) ہلکا سا بخار ہونا۔ خفیف سا بخار ہونا۔ کسلمند ہونا۔ صرف بخار ہونا۔
پھیکا غمزہ (اُر/مذ) بے لطف نخرہ۔ خُنک غمزہ۔
پھیکا منہ کرنا (اُر/مذ) افسردہ کرنا۔
پھیکی گرمیوں کے چوچلے (اُر/مذ) بڑھاپے کے غمزے۔
پھیکی ہنسی (اُر/مث) بناوٹی ہنسی۔
پھیلانا (ہ) بچھانا۔ فرش کرنا۔ پسارنا۔ دراز کرنا۔ لمبا کرنا۔ کھولنا۔ کشادہ کرنا۔ بڑھانا۔ چوڑا کرنا۔ بانٹنا۔ تقسیم کرنا۔ جیسے اسّی روپے کو سات پر پھیلا دو۔ حساب لگانا۔ تخمینہ کرنا۔ شائع کرنا۔ مشتہر کرنا۔ کھنڈانا۔ بکھیرنا۔ جیسے بلی کھاتی نہیں پھیلا ضرور دیتی ہے۔ شروع کرنا۔ لگا لگانا۔ جیسے کام پھیلانا۔ پڑتال کرنا۔ ضرب تقسیم وغیرہ کو جانچنا۔
پھیلاؤ (ہ/مذ) چوڑائی۔ وسعت۔ کشادگی۔ فراخی۔ درازی۔ طوالت۔

تقسیم وضرب وغیرہ کی پڑتال - اندازہ - تخمینہ - مقدار -
پھیل کر - یا - پھیل پھیل کر سونا (ہ) خوب ہاتھ پاؤں پھیلا کر سونا - بڑی بے فکری سے سونا - نہایت امن واطمینان اور آرام سے سونا -
پھیل کر بیٹھنا (ہ) کھل کر بیٹھنا - چار زانو ہو کر بیٹھنا - آلتی پالتی مار کر فراغت اور بے فکری سے بیٹھنا -
پھیلنا (ہ) بچھنا - فرش ہونا - وسیع ہونا - کشادہ ہونا - فراخ ہونا - مشہور ہونا - منتشر ہونا - بکھرنا - چھانا - بڑھنا - بند کرنا - کثیر الاولاد ہونا - صاحب اولاد ہونا - بڑے خاندان والا بن جانا - فربہ ہونا - موٹا ہونا - اندازہ بگڑنا - پڑتال ہونا - حد سے بڑھنا - بکثرت ہونا -
پہیلی (ہ/مث) بوجھ - بجھارت - چیستان - لغز - معمہ -
پہیلی بوجھنا (ہ) پہیلی حل کرنا - معما بتا دینا - بجھارت سمجھ جانا -
پھین (ہ/مذ) جھاگ - کف - ناک کی رینٹ - رینٹ -
پھینٹ (ہ/مث) پھینٹ - کمر کا پٹکا - دوپٹہ -
پھینٹ باندھنا (ہ) (ہندو) کمر کسنا - تیار ہونا - مستعد ہونا -
پھینٹا (ہ/مذ) (دیکھو پھیٹا)
پھینٹنا (ہ) (دیکھو پھیٹنا)
پھینٹی (ہ/مث) سُوت کی انٹی -
پھینچنا (ہ) کھنگالنا - کپڑے کو صابون وغیرہ سے دھونا -
پھینک (ہ) پھینکنا کا امر (دیکھو پھینک)
پھینک دینا (ہ) ڈال دینا - گرا دینا - دُور گرا دینا - دُور کرنا - ضائع کرنا - تباہ کر دینا - تلف کر دینا - اُچھال دینا - بکھیر دینا -
پھینکنا (ہ) گرانا - ڈالنا - کھنڈانا - بکھیرنا - دے مارنا - پٹکنا - قُرعہ ڈالنا - پانسہ لڑھکانا - گھوڑے کو شکار وغیرہ کے پیچھے یا کسی کے تعاقب میں سرپٹ دوڑانا - بگ ٹُٹ بھگانا - اُچھالنا - ضائع کرنا - خراب کرنا - تباہ کرنا - غارت کر دینا - کھو دینا - بے قدری کرنا - پٹا کھیلنا - چوب بازی کرنا -

---

پ - ی

پے (ف/مذ) پٹھا - عصب - رودہ - نانت جو کمان اور غلیل پر لپیٹتے ہیں پاے کا مخفف - پاؤں - قدم - کھوج - نشان - علامت - پیچھے - عقب (ہمزہ کی زیادتی سے، پےُ) لیے - واسطے - برائے -
پی (ہ/مذ) پریتم - پیارا - سائیں - شوہر - معشوق - عزیز - خاوند - خصم - وارث - پینا کا امر -
پی پی (ا/مث) پپیہے کی آواز -
پیے در پیے (ف/متعلق فعل) لگاتار - مسلسل - متواتر -
پیا (ہ/مذ) خاوند - پیارا - شوہر - عزیز - خصم - پینا سے ماضی مطلق -
پیا - یا - پہیّا (ہ/مذ) گاڑی کا چکر - چرخی - چاک - چکر - وہ گول چکر جس پر دُھرا ڈال کر گاڑی یا مشین کو پھرایا جاتا ہے -

پیادہ (ف/مذ) سوار کی ضد - پیدل - شطرنج کا مُہرہ - جس کی رفتار ایک گھر سیدھی اور ایک گھر ترچھی ہوتی ہے - شاہی ہرکارہ - نفر - چپراسی - حاکم کا نوکر - جیسے قاضی کا پیادہ -
پیادہ پا (ف) پاپیادہ - پیدل چلنے والا -
پیادہ رو (ف/صفت فاعلی) پیدل چلنے والا -
پیادہ محاصل (ف/مذ) وہ چپراسی جو مقروض کے مکان پر مقرر کیا جائے اور اس کے قرض ادا کرنے تک اسی کے خرچ پر وہاں رہے (۲) وہ سپاہی جو مالیہ وصول کرنے کے لیے مقرر کیا گیا ہو -
پیار (ہ/مذ) محبت - اُلفت - پریت - حُب - پریم - جوشِ محبت جو تہ دل سے ہو - لاڈ - دُلار - ناتا - مادری اُلفت - عشق - نیہ - بتی - مٹھی - بچے کا بوسہ - اِخلاص - دوستی - میل جول - شفقت - مہربانی - التفات -
پیار آنا (ہ) محبت آنا - دل کا مائل ہونا - اُلفت ہونا - کسی کی صورت یا سیرت پر مائل ہو جانا - فریفتہ ہونا -
پیار رکھنا (ہ) محبت و اِخلاص رکھنا - ربط بڑھانا - میل جول بڑھانا - دوستی رکھنا -
پیار کرنا (ہ) محبت کرنا - مالوف ہونا - پُچکارنا - چمکارنا - بوسہ لینا - چُومنا - ٹھونگ لینا - چاہنا - عشق کرنا -
پیارا (ہ) محبوب - لاڈلا - دُلارا - چاہیتا - منظورِ نظر - دل پسند - درست - حبیب - دلبر - دلربا - من موہن - معشوق - عزیز - یگانہ - پاس کے رشتے کا - وہ شخص یا بچہ جس پر پیار آئے - سُندر - سوہنا - خوبصورت - قابلِ قدر -
پیاری (ہ/مث) معشوقہ - عزیزہ - لاڈلی - لاڈو -
پیاری پیاری باتیں (ہ/مث) شیریں سخنی - میٹھی میٹھی باتیں - بھولی بھولی باتیں - دل پسند باتیں -
پیاز (ف/مث) گنٹھا - ایک سبزی کا تنہ جو زمین کے اندر ہی اندر بڑھتا ہے -
پیازی (ف) ہلکا سُرخ - ہلکا گلابی - شربتی (مذ) ایک خاص قسم کا نہایت خوش رنگ اور قیمتی لعل -
پیاس (ہ/مث) تشنگی - پانی پینے کی خواہش - تمنا - چاہت - چاہنا - ترشنا - ترکھنا -
پیاس بُجھانا (ہ) پانی پلا کر تسکین دینا - تشنگی دُور کرنا - اُمید بر لانا - خواہش پوری کرنا - ترشنا پوری کرنا -
پیاس لگنا (ہ) پانی کی خواہش ہونا - تشنگی ہونا -
پیاس مارنا (ہ) پانی کی خواہش کو روکنا - تشنگی کو سہار لینا - پیاس کو برداشت کرنا -
پیاسا (ہ) تشنہ - خواہانِ آب - مشتاق - آرزومند -
پیاسا کنویں کے پاس جاتا ہے، کنواں پیاسے کے پاس نہیں آتا (ہ/مقولہ) مشتاق اپنی خواہش اور مطلب کی تلاش کرتا ہے - آرزو خود چل کر مشتاق کے پاس نہیں جاتی -
پیاسا مرنا (ہ) پانی کے لیے بے قرار ہونا - تشنگی سے بے چین ہونا -

پیال (ہ/مذ) پرال - پرالی - دھان کے پودوں کا بھس - جسے اکثر غریب لوگ بچھا کر سوتے ہیں -
پیال کے پاؤں (ا/صف) ناپائدار -
پیالہ (ف/مذ) جام - کاسہ - قدح - ساغر - پیمانہ - کٹورا - توپ یا بندوق میں رنجک رکھنے کی جگہ - کاسۂ گدا - بھیک مانگنے کا ٹھیکرا - کشتیٔ گدا - عرس - فاتحۂ سوم - ان معنی میں فقرہ بولتے ہیں - پٹھے بازوں کا مجمع - اکھاڑا -
پیالہ اٹھانا (ا/محاورہ) گداگری اختیار کرنا -
پیالہ بجانا (ا/محاورہ) سقے پیالے بجاتے ہیں کہ پیاسوں کو خبر ہو اور وہ پانی پئیں -
پیالہ بھرنا (ہ) پیالے کو پُر کرنا - عمر ختم کرلینا - دن پورے ہونا - عمر آخر ہونا -
پیالہ پینا (ہ) شراب یا بھنگ وغیرہ پینا - مرید ہونا - چیلہ بننا - فقراء کی صحبت میں رہنا -
پیالہ چھلک جانا (ا/محاورہ) راز کھل جانا -
پیالہ دینا (ہ) شراب کی تواضع کرنا -
پیام (ف/مذ) پیغام کا مخفف - سندیسہ - زبانی کہلا بھیجنا - زبانی درخواست -
پیام سلام (ف ع/مذ) دوسرے کے ذریعے سے کسی بات کا سوال وجواب کرنا - زبانی بات چیت -
پیامبر (ف) قاصد - نامہ بر - ایلچی - سفیر -
پیانو (انگریزی) ایک قسم کا انگریزی باجا -
پیپ (ہ/مث) راد - مد - ریم - پاک - مواد -
پیپ پڑنا (ہ) پیانا - پھوڑے اور زخم وغیرہ میں راد پڑنا - زخم پکنا -
پیپ ڈالنا (ہ) زخم پکانا - زخم کے مواد پکنے کی صلاحیت پیدا کرنا - کمال دکھ دینا - نہایت تکلیف دینا -
پیپا (ا/مذ) وہ لکڑی کا ظرف جس میں شراب بھرتے ہیں اس میں ۱۲۶ گیلن یعنی ۶۳۰ بوتل شراب آتی ہے -
پیپر (انگریزی/مذ) کاغذ - پتر - پترا - پرچہ - اخبار -
پیپل (ہ/مذ) ایک بڑا سایہ دار درخت جسے ہندو نہایت متبرک سمجھتے ہیں - اس کے پتے پان کے مشابہ ہوتے ہیں - ایک چرپری دوا جو کسی درخت کا پھل ہوتا ہے - دراز فلفل -
پیپلا (ہ/مذ) تلوار کی انی - تلوار کی نوک - تلوار کا سرا - سر شمشیر -
پیپلامول (ہ/مث) پیپل کی جڑ -
پیپلی (ہ/مث) پیپل کا پھل - پپولی - پپلونڈی -
پیت (ہ/مث) پریت - محبت - الفت - وفا - زرد - پیلا - اصفر - نہایت زرد -
پیت کی ریت نرالی (ہ/مثل) محبت کے طریقے ہی اور ہیں - الفت کا قانون و آئین نرالا ہی ہوتا ہے -
پیت نہ جانے جات کجات (ہ/مثل) الفت میں ذات پات نہیں دیکھی جاتی - محبت میں ذات کا کیا کام -
پیتامبر (ہ/مذ) زرد رنگ کا ریشمی کپڑا - جو اکثر عورتیں زرد رنگ کی ریشمی دھوتی سے باندھتی ہیں - زرد پوشش - زرد پوش -
پیترا - یا - پینترا (ہ) کشتی یا پٹے کے کھیل کا ٹھاٹھ - چوب بازی کے قاعدے کے مطابق قدم رکھنا - پاؤں کا نشان - کھوج - سراغ - اثر - نشانِ پا - نشانِ قدم -
پینترا بدلنا (ہ) پٹا کھیلتے وقت انداز و طریق کے مطابق پاؤں کو حرکت دینا - دستور کے مطابق پاؤں رکھنا اور اٹھانا - ٹھاٹھ دکھانا -
پیتلیس (ہ/مث) خسر کے چھوٹے بھائی کی بیوی - چچیا ساس -
پیتسرا (ہ/مذ) خسر کا چھوٹا بھائی - چچا خسر -
پیتل (ہ/مذ) تانبے اور جست کا ایک مرکب جس کا رنگ زرد ہوتا ہے - برنج -
پیتلی (ہ) پیتل کی - برنجی - زرد -
پیتم (ہ/مذ) (دیکھو پریتم)
پیتمبری (ہ/صف) زرد - پیلا -
پیٹ (ہ/مذ) شکم - اوجھ - پوٹا - رحم - بچہ دان - کوکھ - معدہ - حمل - گربھ - توپ کا وہ حصہ جہاں گولہ جا کر ٹھہرتا ہے - خلا - جوف - حوصلہ - ظرف - گنجائش - سمائی - بھید - راز - باطن - باطن کی بات - اندرون - دائرے کا اندرونی حصہ - ہوس - لالچ - خوراک - معدے کی خواہش - کسی مٹھائی وغیرہ کو خستہ کرنے کے لیے گھی میں ملائی مقدار جیسے سیر پیٹ کے بالوشاہی -
پیٹ ابھرنا (ہ) پیٹ پھولنا - نفخ ہونا - راز کا برداشت نہ ہونا -
پیٹ باندھنا (ہ) خواہش سے کم کھانا - ضبطِ اشتہا کرنا -
پیٹ بجانا (ہ) خوشی منانا - پیٹ کا نقارہ بنانا - خوب خوش ہونا -
پیٹ بڑی بلا ہے (ا/مثل) بھوک بہت بڑی چیز ہے -
پیٹ بڑھانا (ہ) بہت کھانا - دوسرے کے مال پر دانت رکھنا - اندازہ اور مقدارِ خوراک سے زیادہ کھانے کی عادت ڈالنا -
پیٹ بولنا (ہ) پیٹ میں گڑگڑ ہونا - ریح کے سبب پیٹ کا آواز دینا -
پیٹ بھاری ہونا (ہ) بدہضمی ہونا - گرانی ہونا -
پیٹ بھرا (ہ) شکم سیر - امیر - تونگر - مال دار - فارغ البال - آزاد طبع - خود مختار - بے پروا -
پیٹ بھر جانا (ہ) سیر ہو جانا - اپھر جانا - مغرور ہو جانا - کم ظرفوں کا امیر ہو کر اترانا -
پیٹ بھر کر (ہ) بخوبی - خاطر خواہ - از حد - جیسے پیٹ بھر کر احمق -
پیٹ بھرنا (ہ) سیر ہونا - گزران کرنا - دن کاٹنا - مالدار ہونا - دولت مند ہونا - اکتانا - طبیعت بھرنا -
پیٹ بھرے کی باتیں (ہ/مث) مغرورانہ انداز - متکبرانہ باتیں -
پیٹ بھرے کے گُن (ہ/مذ) آزادانہ طور - متکبرانہ باتیں -
پیٹ پاپی ہے - (ا/مثل) بھوک کی وجہ سے انسان بہت سے گناہ کرتا ہے -
پیٹ پاٹنا (ہ) اوجھ بھرنا - بھوک میں جیسا ملے اسی کو سیر ہو کر کھا لینا -

پیٹ پالنا (ہ) مشکل سے کما کر کھانا - بڑی دقت سے گزارہ کرنا - غریبانہ گزران کرنا - اپنے گزارے کے قابل کما لینا - نفس پرستی کرنا -

پیٹ پالو (ہ/مذ) نفس پرست - بندۂ شکم -

پیٹ پانی ہونا (ہ) دست آنا - بدہضمی ہونا - تخمہ ہونا -

پیٹ پکڑ کر بھاگنا (ہ) بے تحاشہ دوڑنا - گھبرا کر بھاگنا - جلد بھاگنا - دل پر صدمہ گزرنا - دل کو لگنا - تکلیف ہونا -

پیٹ پکڑے - یا - تھامے پھرنا (ہ) بے قرار پھرنا - غمزدہ پھرنا - پریشان ہونا - آپے میں نہ رہنا -

پیٹ پوجا (ا/مث) شکم پری - پیٹ بھرنا -

پیٹ پورا کرنا (ا/محاورہ) پیٹ بھر کھانا -

پیٹ پونچھن - یا - پیٹ کھرچن (ہ/مذ) آخری بچہ - اخیر کی اولاد -

پیٹ پھاڑنا (ہ) پیٹ چاک کرنا - بے قرار ہونا - بے چین ہونا - مضطرب ہونا - ہنسا کر بے قرار کر دینا - یا ہونا - مرنا - حصے لینے میں جلدی کرنا - حسد کرنا - حسد سے کڑھنا - بچہ پیدا ہونا -

پیٹ پھٹنا (ہ) پیٹ چاک ہونا - مرنا - حسد کرنا - رشک کرنا - دور ہونا - رفع ہو جانا - جیسے مینہ سے کال کا پیٹ پھٹ گیا -

پیٹ پھولنا (ہ) نفخ ہونا - پیٹ ابھرنا - حاملہ ہونا - بے تاب ہونا - بے قرار ہونا - اضطراب اور جلدی ہونا -

پیٹ پیٹنا (ہ) پیٹ بجانا - بھوک کے مارے شور مچانا - اضطراب و بے قراری جتانا - ہوس کرنا - ہوکا کرنا - لالچ کرنا -

پیٹ پیٹھ ایک ہو جانا } (ہ) فاقوں کی کثرت سے پیٹ کا کمر سے جا لگنا -
پیٹ پیٹھ سے لگنا } بھوک سے پیٹ کا اندر کو دھنس جانا - لاغر ہونا - دبلا ہونا - سوکھ کر فاق ہو جانا -

پیٹ تو سب کے ساتھ لگا ہوا ہے (ا/ مقولہ) ہر ایک کو کھانے کی ضرورت پڑتی ہے -

پیٹ جاری ہونا } (ا) دست آنا - دستوں کی بیماری ہونا -
پیٹ چلنا - پیٹ چھوٹنا } سنگرہنی ہونا -

پیٹ جلنا (ہ) بخار ہونا - تپ کی گرمی سے پیٹ تپنا -

پیٹ چپاتی ہونا (ہ) فاقوں کے مارے پیٹ کا سکڑ جانا - بھوک سے پیٹ کا اندر کو دھنس جانا -

پیٹ چوتی (ہ/مث) وہ عورت جس کا حمل اچھی طرح پہچانا نہ جائے -

پیٹ چھنٹنا (ہ) پیٹ صاف ہو جانا - دستوں کا زیادہ آنا - پیٹ کی موٹائی یا ابھار کم ہو جانا - دبلا ہونا - نفاس کا بخوبی جاری رہنا - زچہ کے پیٹ کی آلائش کا خوب نکل جانا -

پیٹ چھوٹنا (ا/محاورہ) دست جاری ہونا -

پیٹ دکھانا (ہ) بھوک اور افلاس کی شکایت کرنا - پیٹ ملوانا - دائی سے حمل کی شناخت کرانا -

پیٹ ڈالنا (ہ) اسقاطِ حمل - حمل گرانا -

پیٹر وردٹین - آسٹریا ہنگری میں ہے - سب سے پہلے صلیبی معرکے کے لیے فوج یہیں تیار ہوئی تھی -

پیٹ رکھانا (ہ) حاملہ کرنا - حاملہ ہونا -

پیٹ رہنا (ہ) حمل قرار پانا - حاملہ ہونا - باردار ہونا -

پیٹ سے باہر پاؤں نکالنا } (ہ) بدراہ ہونا - بڑھ چلنا - اترانا - حیثیت
پیٹ سے پاؤں نکالنا } سے باہر کام کرنا - بدی پر آ جانا - خباثت ظاہر کرنا -

پیٹ سے ہونا (ہ) حمل ہونا - باردار ہونا - گربھ ہونا -

پیٹ کا بچہ (ہ/مذ) اپنا جایا - اپنا بچہ - سگا بچہ - حقیقی اولاد - نیز وہ بچہ جو ابھی ماں کے پیٹ ہی میں ہو -

پیٹ کا پانی نہ ہلنا (ہ) بے نکان جانا - ایسے طور سے سواری کا چلنا کہ سوار کو کچھ بھی دقت محسوس نہ ہو -

پیٹ کاٹنا (ہ) تھوڑا کھا کر گزران کرنا - مقدار خوراک سے کم کھانا - دوسرے کو بھوکا مارنا - خوراک سے کم دینا -

پیٹ کا ٹوٹا / مارا (ا/صف) فاقوں کا مارا - روٹی کا محتاج -

پیٹ کا جلا گاؤں جلائے (ا/مثل) بھوکا آپے سے باہر ہو جاتا ہے -

پیٹ کا دکھ دینا (ہ) بھوک کی سزا دینا - کھانے کو نہ دینا - بھوکا مارنا -

پیٹ کا دکھیا (ہ/مذ) مریضِ شکم - جسے کھانا ہضم نہ ہوتا ہو - بندۂ شکم - نفس پرور - تن پرور -

پیٹ کا دھندا (ہ/مذ) فکرِ روزی - فکرِ معاش - کھانے پینے کا کام -

پیٹ کا کتا (ہ/مذ) شکم بندہ - کھانے پر مرنے والا -

پیٹ کا گہرا (ا/صف) راز چھپانے والا -

پیٹ کا ہلکا (ہ) وہ شخص جسے بات نہ پچے - اوچھا - کم ظرف -

پیٹ کڑکڑانا (ا/محاورہ) ڈر کے مارے پیٹ بولنا -

پیٹ کو دھوکا دینا (ہ) بے کھائے رہنا - پیٹ کو دم دینا -

پیٹ کو لگنا (ہ) اشتہا ہونا - کھانے کی خواہش ہونا -

پیٹ کی آگ } (ہ/مث) ماں کی مامتا - الفتِ مادری - پیٹ میں
پیٹ کی آنچ } رکھنے کی محبت - اولاد - بچے - بھوک - اشتہا -

پیٹ کی آگ بجھانا (ہ) بھوکے کو کھلانا - بھوک دور کرنا - روٹی کھلانا -

پیٹ کے بال (ہ/مذ) وہ بال جو بچہ پیدا ہونے کے وقت اپنے سر پر ساتھ لاتا ہے -

پیٹ کے لیے دوڑنا (ہ) روزی وغیرہ کی تلاش کرنا - سامانِ زیست کے لیے ادھر ادھر چکر لگانا -

پیٹ کی مار مارنا - یا - دینا (ہ) بھوک کی سزا دینا - عداوت سے خواہ تنبیہاً -

پیٹ گڑگڑانا (ہ) پیٹ میں قراقر ہونا - پیٹ بولنا -

پیٹ لگ جانا } (ہ) بھوک سے پیٹ کا اندر کو دھنس جانا - پیٹ
پیٹ لگنا } کا پیچھے کی طرف ہو جانا -

پیٹ مارنا (ہ) خودکشی کر لینا - چھری پیٹ میں مار لینا - نفس کشی کرنا - خوراک سے کم کھانا - تقلیلِ غذا کرنا - بھوک کو مارنا -

پیٹ مسوستنا (ہ) پیٹ کاٹنا۔ اپنی خوراک میں سے بچانا۔ مقدار خوراک سے کم کھانا۔

پیٹ میں آنت نہ منہ میں دانت (ہ) کہاوت۔ نہایت بوڑھا۔ پیر فرتوت نہایت کمزور کے لیے بولتے ہیں۔

پیٹ میں بل پڑنا (ہ) نہایت ہنسنا۔ ہنستے ہنستے لوٹ جانا۔ ہنسی کے باعث کمر کا دوہرا ہو جانا۔

پیٹ میں بیٹھنا } (ہ) بھید لینا۔ یارانہ گانٹھنا۔
پیٹ میں گھسنا } دوست بن کر مطلب نکالنا۔ اپنے مطلب کے لیے کسی کو دوست بنانا۔

پیٹ میں پاؤں ہونا (ہ) پوشیدہ گن ہونا۔ نہایت مکار ہونا۔ خوراک کا سامان ملتے ہی پرچل پھر سکنا۔

پیٹ میں پھولینا (ہ) کھیلتے وقت اپنے پیٹ میں ایک دو بچے فرض کر کے دوہری بار لینا۔

پیٹ میں پڑا اچار آڑ کو دونے لگا بیچارا (ہ/مثل) کھانے کو مل گیا تو طاقت آ گئی۔ روٹی مل گئی تو شرارتیں سوجھنے لگیں۔

پیٹ میں چوہے دوڑنا۔ یا۔ چھوٹنا (ہ) کسی کے خوف سے بہت ہی اضطراب اور اضطرار ہونا۔ سخت تشویش اور کھٹکے میں ہونا۔ خوفزدہ ہو جانا۔ بھوک سے بے قرار ہونا۔

پیٹ میں چوہے قلابازیاں کھانے لگے (ہ/مثل) نہایت بھوک لگ آئی۔ بھوک سے بیتابی کے وقت بولتے ہیں۔

پیٹ میں چیونٹے کی گرہ ہونا (ہ) (حقارتاً) نہایت کم خوراک ہونا۔ بے کھائے جینا۔ پھول سونگھ کر رہنا۔

پیٹ میں داڑھی ہونا (ہ) سمجھدار اور عقلمند لڑکے کی نسبت کہتے ہیں۔ بچپن میں بوڑھوں کی سی تجربے کی باتیں کرنا۔

پیٹ میں ڈالنا (ہ) زبردستی طوعاً و کرہاً کچھ کھانا۔ بے رغبتی سے کھانا۔

پیٹ میں رکھنا (ہ/محاورہ) راز مخفی رکھنا۔ بھید ظاہر نہ کرنا۔

پیٹ میں روٹی پڑنا (ہ/محاورہ) پیٹ بھر کر روٹی ملنا۔ کھانے کو ملنا۔

پیٹ میں سانس نہ سمانا (ہ/محاورہ) سانس پھولنا۔ بہت گھبرانا۔ بہت تھک جانا۔

پیٹ میں پاؤں نکالنا (ہ) نئے نئے گن ظاہر کرنا۔ بداطواری اور بدراہی کے کام کرنے لگنا۔

پیٹ میں گڑبڑ ہونا (ہ) شکم میں قراقر ہونا۔ دست آنے کے نشان ہونا۔

پیٹ میں گھوڑے دوڑنا (ہ) پیٹ کی خرابی سے بدہضمی ہونا۔ قراقر ہونا۔

پیٹ والی (ہ) حاملہ عورت۔ حمل والی عورت۔ کھانے پینے کی ہر چیز کی خواہاں عورت۔

پیٹ بڑبڑانا (ہ) قراقر ہونا۔ گڑبڑ ہونا۔ پیٹ میں خرابی ہونا۔

پیٹا (ہ/مذ) محیط۔ گولائی۔ دور۔ تکل یا کنکوے کی ڈور کا جھول۔ اندازہ۔ تخمینہ۔ اندر۔ جیسے پچاس برس کے پیٹے میں ہوگا۔ گزرگاہ۔ دریا۔

دریا کے بہنے کا راستہ۔ دریا کا پاٹ۔ حیوانات کا اوجھ۔ اوجھڑی۔ حساب کی تفصیل جو ایک حد کے اندر لکھی جائے۔ فاصلہ۔ دوری۔ مسافت۔ قابو۔ بس۔ مثلاً اب وہ دشمن کے پیٹے پڑ گیا۔

پیٹا چھوڑنا (ہ) تکل کی ڈور کا ڈھیل جانا۔

پیٹار تھو (ہ) پیٹو۔ بسیار خور۔

پیٹ پیٹ کر (ہ) مار مار کر۔ جیسے پیٹ پیٹ کر سمجھا دیا۔ اپنے آپ کو مار مار کر۔ جھینک جھینک کر۔ دق ہو ہو کر۔ رلا رلا کر۔

پیٹرن (انگریزی/مذ) مربی۔ سرپرست۔ حامی۔

پیٹک پیا۔ یا۔ پیٹ پٹوا (ہ/مذ) نوحہ۔ ماتم۔ کہرام۔ جھگڑا۔ فساد۔ فتنہ۔

پیٹیل (ہ) توندل۔ بڑی توند والا۔ بڑے پیٹ والا۔ پکھال پیٹا۔

پیٹنا (ہ) مارنا۔ ضرب لگانا۔ جسمانی سزا دینا۔ چوٹ لگانا۔ کوٹنا۔ کچلنا۔ نوحہ کرنا۔ ماتم کرنا۔ کسی کی موت کا خواہاں ہونا۔ پوڑا کرنا۔ چپٹا کرنا۔ سخت محنت کرنا۔ محنت شاقہ اٹھانا۔ حاصل کرنا۔ کمانا۔ جیسے مہینہ بھر میں چار پانچ روپے پیٹ لیتا ہے۔ جھینکنا۔ سرزنش کرنا۔ اندیشہ کرنا۔ فکر کرنا۔ جیسے اسی دن کو تو پیٹتے تھے۔

پیٹنا (ہ/مذ) ماتم۔ نوحہ۔ جیسے اس دنیا میں انسان کو پیٹ ہی کا پیٹنا ہے۔ مصیبت۔ جیسے یہ اور پیٹنا ہو گیا۔

پیٹنٹ (انگریزی) رجسٹری شدہ۔ سند یافتہ۔ مستند۔

پیٹو (ہ) بسیار خور۔ بندۂ شکم۔ بہت کھانے والا۔ حریص۔

پیٹو مرے پیٹ کو نامی مرے نام کو (ہ/مثل) کھانے کا لالچی کھانے پر جان دیتا ہے اور بہادر اور نامور اپنی شہرت پر مرمٹتا ہے۔

پیٹھ (ہ/مث) پشت۔ کمر۔ حمایت۔ مدد۔ کمک۔ سہارا۔ آسرا۔ اوٹ۔ پیچھے۔ پچھاڑی۔ ہر چیز کا اوپر کا حصہ۔

پیٹھ پرکا (ہ/مذ) اوپر کا۔ بعد کا۔ وہ بچہ جو کسی بچے کے بعد پیدا ہو۔ چھوٹا بھائی۔ برادر خورد۔

پیٹھ پر کھانا (ہ) نامردی سے شکست کھا کر بھاگتے ہوئے مار کھانا۔ سامنے نہ ٹھہرنا۔ چوتڑوں پہ کھانا۔ بری طرح شکست کھانا۔

پیٹھ پرکی (ہ/صفت) اوپر کی۔ بعد کی۔ وہ لڑکی جو کسی بچے کے بعد پیدا ہوئی ہو۔ چھوٹی بہن۔

پیٹھ پر ہاتھ پھیرنا (ہ) پیار کرنا۔ شاباش دینا۔ ہمت بڑھانا۔

پیٹھ پر ہونا (ہ) مددپر ہونا۔ حمایت کرنا۔ مدد دینا۔ کمک پر ہونا۔ ایک بچے کے بعد دوسرے بچے کا پیدا ہونا۔

پیٹھ پھیرنا } (ہ) پیٹھ موڑنا۔ رخصت ہونا۔ انتقال کرنا۔ مرنا۔ دنیا سے
پیٹھ موڑنا } چل بسنا۔ شکست کھانا۔ منہ موڑ کر بیٹھنا۔ بیزاری یا نفرت کا اظہار کرنا۔ اعراض کرنا۔ روگردانی کرنا۔

پیٹھ پیچھے کہنا (ہ) غیبت کرنا۔ بدگوئی کرنا۔ غیر حاضری میں برا کہنا۔ بدیاں کرنا۔

پیٹھ توڑنا (ہ) مایوس کرنا۔ ناامید کرنا۔ ہمت توڑنا۔ پیٹھ پر سوار ہونا۔

پیٹھ ٹھونکنا (ہ) ہمت بندھانا۔ شاباش دینا۔ قوت دینا۔ دلاسا دینا۔ چمکارنا۔ پچکارنا۔ پیار کرنا۔

پیٹھ چارپائی سے لگنا یا۔ پیٹھ چارپائی سے لگ جانا (ہ) بیماری سے ایسا کمزور ہو جانا کہ اُٹھ نہ سکنا۔ طاقت و قوت نہ رہنا۔ لاغری اور نقاہت کا غلبہ ہونا۔

پیٹھ دکھانا (ہ) موڑنا۔ لڑائی سے بھاگنا۔ ترک کر دینا۔ چھوڑ جانا۔ پردیس کو جانا۔ سفر کرنا۔

پیٹھ دینا (ہ) رُوگردان ہونا۔ مُنہ موڑنا۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ لڑائی سے بھاگنا۔ مرنا۔ انتقال کرنا۔ مر جانا۔

پیٹھ لگانا (ہ) سواری کے جانور پر بے تمیزی سے زین وغیرہ کسنا۔ گھوڑے وغیرہ کی پیٹھ کو زخمی کر دینا۔ کشتی میں حریف کو پچھاڑنا۔ چت کرنا۔ مغلوب کرنا۔

پیٹھ لگنا (ہ) پیٹھ میں زخم ہو جانا۔ پڑے پڑے پیٹھ کا پک جانا۔ کشتی میں چت ہو جانا۔ زیر ہونا۔ مغلوب ہونا۔ چپک جانا۔ چپاں ہو جانا۔ آرام ہونا۔ سونا۔ چین ہونا۔

پیٹھ (ہ امث) دخل۔ رسائی۔ باریابی۔ گزر۔ جیسے وہ گھس پیٹھ جاتا ہے۔ روز بازار۔ وہ بازار جو مقررہ مقاموں میں آٹھویں۔ دسویں دن لگتا ہے۔ مثنیٰ۔ نقل۔ ہنڈوی کی نقل۔ میل جو کانٹا وغیرہ نکلنے کے بعد زخم میں بھر گیا ہو۔

پیٹھ بیٹھنا (ہ) زخم میں میل وغیرہ کا جم جانا۔ کانٹے کے خلا میں میل گھس جانا۔

پیٹھ لگنا (ہ) بازار لگنا۔ روز بازار کا قیام ہونا۔

پیٹھا (ہ امذ) کدو سے بڑا ایک گول پھل جس کا مربہ اور مٹھائی مشہور ہے۔

پیٹھنا (ہ) گھسنا۔ داخل ہونا۔ بیٹھنا۔ جمنا۔ پیوست ہونا۔

پیٹھی (ہ امث) مونگ ماش وغیرہ کی دال کی لگدی۔ جو سل بٹے پر پس جاتی ہے۔ پیٹھی۔

پیٹی (ہ امث) کمربند۔ پٹکا۔ نقدی وغیرہ رکھنے کا صندوق۔ خرجی۔ جامہ دانی۔ بُغچل یا پیسے کی کمر میں بندھا ہوا ڈورا۔ بندوق یا توپ وغیرہ کے سامان کا بکس۔ پیٹ کا استر۔ بچہ پیدا ہونے کے بعد زچہ کی کمر سے باندھا ہوا کپڑا۔

پیٹی اُتارنا (ا/ محاورہ) سپاہی کو معطل کرنا۔

پیٹی اُترنا۔ سپاہی کا معطل یا موقوف ہونا۔

پیٹی باندھنا (ہ) کمر کسنا۔ کمربندی کرنا۔ ہاتھ پر بیٹھنے والے جانور کی کمر میں ڈورا باندھنا۔ مستعد اور تیار ہونا۔

پیٹی توڑنا (ا/ محاورہ) چور کا لوہے کے صندوق کو توڑنا۔

پیٹی کھولنا (ا/ محاورہ) سامان کا صندوق کھولنا۔ چوری کے لیے نقدی اور زیورات کا صندوق کھول لینا۔

پیٹیا (ہ) بسیار خور۔ پیٹو۔ (مذ) ایک دن کی مقدار خوراک۔ روزینہ۔ وظیفہ۔ روزانہ رسد۔

پی جانا (ہ) نوش کرنا۔ چڑھا جانا۔ ٹال جانا۔ چپ ہو رہنا۔ ضبط کرنا۔

برداشت کرنا۔ سہار لینا۔

پیچ۔ پیا۔ پیچھ (ہ امث) اُبلے ہوئے چاولوں کا پانی جسے غریب لوگ پی لیتے ہیں۔ دھوبی کلف بناتے ہیں۔ کاغذ والے اہار کے کام میں لاتے ہیں۔ مانڈی۔

پیچ پی ہزار نعمت کھائی۔ (ا/ مثل) کھانے کو جو مل گیا نعمت سمجھ کر کھا لیا۔ اور خدا کا شکر ادا کیا۔

پیچ (ف امذ) بل۔ تاب۔ لپیٹ۔ حلقہ۔ چوڑی۔ پھیر۔ چکر۔ خم۔ ٹیڑھا۔ مروڑ۔ مروڑا۔ درد شکم۔ رشک و حسد (لفظ تاب کے ساتھ مخصوص) شک۔ عُقدہ۔ مشکل۔ دقت۔ جیسے اس بات کا پیچ نہیں کھلتا۔ دم۔ چھل۔ فریب جیسے اس کے پیچ میں آ گیا۔ کشتی کا داؤ۔ بند کشتی۔ کل۔ مشین۔ جیسے روئی دبانے کا پیچ۔ پگڑی کی لپیٹ۔ کنکوے یا پتنگ کی ڈوروں کا باہم لڑنا۔ بتی۔ پتلی پگڑی۔ پھندا۔ اُلجھاؤ۔ گرہ۔ سانپ کی کنڈلی۔ گنڈل۔

پیچ اُٹھانا (ا) تکلیف اُٹھانا۔ غم و غصہ کھانا۔ رنج اور سختی سہنا۔ کنکوے کی ڈور کو دوسرے کنکوے کی ڈور سے الگ کر لینا۔

پیچ اُٹھنا (ا) پیٹ میں درد ہونا۔ مروڑ اُٹھنا۔ کنکوے بڑھنا۔ (ا) مشین کے پُرزے۔

پیچ اُکھڑنا (ا) مشین کے پُرزے کا ڈھیلا ہو جانا۔ کل کے پُرزے اُکھڑنا۔ بیل نکلنا۔ کنکوے کی ڈور کا دونوں حریفوں کے ہاتھوں سے ٹوٹ جانا۔

پیچ پڑنا (ا) اُلجھنا۔ مشکل پڑنا۔ بکھیڑا۔ دقت پیش آنا۔ ہرج مرج ہونا۔ رکاوٹ ہونا۔ خرابی ہونا۔ پتنگ کی ڈور کا دوسرے کے پتنگ کی ڈور پر پڑنا۔

پیچ چلنا (ا) فریب سے کامیاب ہونا۔ دغا سے غالب آنا۔ چال چلنا۔ دھوکا دینا۔

پیچ دار (ف) بلدار۔ پیچیدہ۔ پہلودار۔ مشکل اور دشوار۔ دقیق۔

پیچ در پیچ (ف) نہایت پیچیدہ۔ نہایت مشکل۔ دشوار گزار۔ بل پر بل پڑا ہوا۔

پیچ دینا (ا) مروڑنا۔ لپیٹنا۔ گھمانا۔ بل دینا۔ دغا دینا۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ چال کھیل جانا۔

پیچ ڈالنا (ا) چال چلنا۔ جال پھیلانا۔ فریب کرنا۔ داؤ لگانا۔ دقت میں ڈالنا۔ دوسرے کے کنکوے پر ڈور ڈالنا۔

پیچ کاٹنا (ا) کنکوے کی ڈور کاٹنا۔ پتنگ کاٹنا۔

پیچ کٹنا (ا/ محاورہ) پتنگ کٹنا۔

پیچ کرنا (ا) داؤ کرنا۔ کشتی کا داؤ چلانا۔ فریب کرنا۔ دھوکا دینا۔

پیچ کسنا (ا/ محاورہ) لوہے کے پیچ کا چکر دے کر دبانا۔

پیچ کش (ف امذ) ایک آلہ جس سے پیچ کستے ہیں۔ پیچ کسنے اور کھولنے کا اوزار۔

پیچ کھانا (ا) بل کھانا۔ اینٹھنا۔ دل ہی دل میں غصہ کھانا۔

پیچ کھلنا (ا) عقدہ وا ہونا۔ سلجھنا۔ بل دور ہونا۔ پگڑی کا پھیر کھل جانا۔

رازفاش ہونا۔

پیچ کھیلنا (ل) دھوکا دینا۔ جُل کھیلنا۔ چال چلنا۔ فریب کرنا۔

پیچ لڑانا (ل) کنکوا لڑانا۔ پتنگ کی ڈور سے ڈور لڑانا۔

پیچ مارنا (ل) کام اٹکا دینا۔ مزاحمت کرنا۔ حرج کرنا۔ جُل دینا۔ فریب کرنا۔ بل کھانا۔ اینٹھنا۔

پیچ وتاب (ف/مذ) بل۔ غم وغصہ۔ خم وخم۔ معشوقانہ خرام۔ ناز وانداز کی چال۔ بے چینی۔ بے قراری۔ فکر و اندیشہ۔

پیچ وتاب کھانا (ل) بل کھانا۔ دل ہی دل میں گھٹنا۔ حسد یا رشک سے جلنا۔ برا فروختہ ہونا۔ بے قرار ہونا۔ فکر واندیشہ میں رہنا۔ انگاروں پر لوٹنا۔

پیچاں (ف) بل کھایا ہوا۔ بل دار۔ پیچیدہ۔ جیسے زلف پیچاں۔

پیچش (ف/مث) مروڑ۔ درد ہو کر دست یا پاخانہ یا آنو پانا۔

پیچک (ف/مث) کچے دھاگے کی گولی۔ لپیٹے ہوئے سوت کی گُتھی۔ پیچ دار نال کا نیچہ۔

پیچو (ہ/مذ) ایک قسم کا آڑو۔ زرد آلو۔ کریل کا پکا پھل۔ پکا سُرخ ٹینٹ۔

پیچھا (ہ/مذ) سامنے کی ضد۔ پشت۔ عقب۔ پس۔ پچھلا حصہ۔ تعاقب۔ پیروی۔

پیچھا بھاری ہونا
پیچھا قوی ہونا } (ہ) پیچھا مضبوط ہونا۔ پس پشت امداد کا موجود ہونا۔ بعد میں مصیبت یا دقت یا مشکل پیش آنا۔ دشمن کی مدد آ جانا۔ مخالف کو پچھلی مدد کا سہارا ہونا۔ مخالف کی پشت قوی ہونا۔

پیچھا پکڑنا (ہ) سر ہونا۔ تکلیف کے درپے ہونا۔ ستانا۔ ہر وقت ساتھ رہنا۔ دُنبالہ ہونا۔

پیچھا چھڑانا (ہ) آزادی حاصل کرنا۔ خلاصی پانا۔ جان بچانا۔ پنڈ چھڑانا۔ چھٹکارا پانا۔ نجات پانا۔

پیچھا چھوڑنا (ہ) رہائی دینا۔ جان چھوڑنا۔ نجات دینا۔

پیچھا کرنا
پیچھا لینا } (ہ) تعاقب کرنا۔ رگیدنا۔ ستانا۔ دق کرنا۔ بندوق کا چھوٹتے وقت پیچھے ہٹنا۔ دھچکا دینا۔ بار بار آنا۔

پیچھا نہ چھوڑنا (ہ) ساتھ نہ چھوڑنا۔ پنڈ نہ چھوڑنا۔ سر ہونا۔ ساتھ لگے رہنا۔ تعاقب سے باز نہ آنا۔ کسی کام سے نہ ہٹنا۔ ستاتے رہنا۔ جان کو آنا۔

پیچھے (ہ) غیبت میں۔ عقب میں۔ بعد میں۔ بعد۔ عقب۔ پس پشت۔ بعدہٗ۔ بعد ازاں۔ پس ازاں۔ خاطر۔ واسطے۔ لیے۔ برائے۔ باعث۔ سبب۔ کارن۔ اخیر۔

پیچھے آنا (ہ) عقب میں آنا۔ تعاقب کرنا۔ دیر میں آنا۔ بعد میں آنا۔

پیچھے پڑنا (ہ) درپے ہونا۔ سر ہونا۔ دق کرنا۔ ستانا۔ آزار دینا۔ عداوت و دشمنی کرنا۔ رسوائی چاہنا۔ بار بار مانگنا۔

پیچھے پھرنا (ہ) لوٹنا۔ واپس ہو جانا۔ مرجانا۔ کسی کام کے لیے پھرنا۔

پیچھے پیچھے (ہ) عنقریب۔ تھوڑی دیر میں۔ لگے ہاتھوں۔ ساتھ کے ساتھ۔ ساتھ میں۔

پیچھے پیچھے پھرنا (ار/محاورہ) ساتھ ساتھ جانا۔ جہاں کوئی جائے وہاں جانا۔ منتیں کرنا۔

پیچھے چھوڑنا (ہ) سبقت لے جانا۔ کسی سے آگے بڑھ جانا۔ اندوختہ یا جاگیر اور مال و دولت چھوڑ کر مر جانا۔

پیچھے ڈالنا (ہ) تعاقب کرنا۔ جیسے شکار کے پیچھے گھوڑا ڈالنا۔ پیچھے چھوڑنا۔ آگے بڑھ جانا۔ تھوڑا تھوڑا بچا کر جمع کرنا۔ پس انداز کرنا۔ بچت کرنا۔

پیچھے سے (ہ) پس پشت سے۔ عقب سے۔ بعد ازاں۔ تھوڑی دیر بعد۔

پیچھے کرنا (ار/محاورہ) عقب میں رکھنا۔ عقب میں ڈالنا۔ روکنا۔ ٹھہرانا۔

پیچھے کو پھرنا (ار/محاورہ) ہٹ جانا۔ مُڑ جانا۔ پسپا ہو جانا۔

پیچھے لگنا (ہ) درپے ہونا۔ سر ہونا۔ دق کرنا۔ ساتھ ہو لینا۔ ہمراہ ہونا۔ رسوائی چاہنا۔ بار بار کسی کام کو کرنا۔

پیچیدگی (ف/مث) مروڑ۔ پیٹ۔ اینٹھ۔ الیٹ۔ اُلجھاؤ۔

پیچیدہ (ف) لپٹا ہوا۔ جو مشکل سے سمجھ میں آئے۔ اَدق۔

پیخال (ف/مث) بیٹ۔ پرندے کا فضلہ۔

پیخانہ (ف/مذ) جائے ضرور۔ بیت الخلا۔ ٹٹی۔ براز۔ فضلہ انسان۔

پیدا (ف) ظاہر۔ عیاں۔ موجود۔ زائیدہ۔ متولد۔ جنا ہوا۔ (مث) کمائی۔ آمدنی۔ یافت (مذ) ایجاد۔ اختراع۔

پیدا کرنا (ل) ظاہر کرنا۔ موجود کرنا۔ ہست کرنا۔ جنانا۔ تولد کرنا۔ کمانا۔ حاصل کرنا۔ بہم پہنچانا۔ جیسے کمال پیدا کر لینا۔ نکالنا۔ ایجاد و اختراع کرنا۔

پیداوار
پیداواری } (ف/مث) محاصل۔ کھیتی باڑی یا تجارت وغیرہ کی آمدنی۔ نفع۔ زراعت۔ وہ چیز جو کھیت میں اُگے۔

پیدا ہونا (ل) پیٹ سے نکلنا۔ جنم لینا۔ دُنیا میں آنا۔ اُگنا۔ زمین سے جمنا۔ ظاہر ہونا۔ تولد ہونا۔

پیدائش (ف/مث) جنم۔ آفرینش۔ خلقت۔ فطرت۔ جبلت۔

پیدائشی (ف) جنم کا۔ جنمی۔ فطری۔ جبلی۔ اصلی۔

پے در پے (ف) یکے بعد دیگرے۔ متواتر۔ لگاتار۔ اُوپر تلے۔

پیدل (ہ) پا پیادہ۔ پیروں۔ سوار کے خلاف۔ شطرنج کا وہ مہرہ جو سیدھا چلتا اور آڑا مارتا ہے۔ پیدل چلنے والا۔ لشکر۔ پیادوں کی فوج۔

پیر (ہ/مذ) سوموار۔ دوشنبہ۔ چاند کا دن۔ اتوار سے اگلا دن۔

پیر (ہ/مذ) پاؤں۔ قدم۔ چرن۔ پد۔ کھوج۔ سراغ۔ نقش پا۔ پیڑ۔ وہ جگہ جہاں اناج کو گاہ کر بالوں سے نکالتے ہیں۔ کھلیان۔

اناج کا ڈھیر ۔ بے صاف غلّے کا ڈھیر ۔ حیض جاری رہنے کا مرض ۔

پیر چھوٹنا (ہ) خونِ حیض کا معمول سے زیادہ جاری رہنا ۔

پیر (ف) بوڑھا ۔ سالخوردہ ۔ معمّر ۔ سن رسیدہ ۔ مُسن ۔ سب گنوں پورا ۔ شریر ۔ چالاک ۔ اُستاد ۔ شیطان (مذ) رہنما ۔ مُرشد ۔ ہادی ۔ گرو ۔ خدا کا رستہ دکھانے والا ۔ بزرگ ۔ ولی ۔

پیر ہیجڑی (ا/مذ) ہیجڑوں کا مانا ہوا پیر ۔

پیر ہیجڑی کی کڑھائی (ہ/مث) وہ حلوا یا پکوان جو ہیجڑا بناتے وقت مخنث لوگ اپنے پیر کی فاتحہ پڑھ کر کھلاتے ہیں ۔ جس کے کھاتے ہی آدمی ہیجڑا بننے پر رضامند ہو جاتا ہے ۔ یہ خاص ہیجڑوں میں تقسیم کیا جاتا ہے ۔

پیر تسمہ پا (ف/صف) پیچھا نہ چھوڑنے والا ۔

پیر خرابات (ف/مذ) شراب خانے کا مالک ۔ صوفیوں کی اصطلاح میں مرشد کامل جو قیودِ شرعی سے آزاد اور فنا فی اللہ ہو ۔

پیر دیدار (ف/مذ) ایک فرضی پیر جو ہیجڑوں کو ملاتا ہے ۔

پیر زادہ (ف/مذ) پیر کا بیٹا ۔ مُرشد کی اولاد ۔ گرو کا بیٹا ۔ وہ شخص جس کے ہاں پیری مریدی ہوتی ہو ۔

پیر کی نہ فقیر کی پہلے ہی کالے چور کی }
پیر کی نہ فقیر کی پہلے ہی نکٹے دیو کی } (ہ/مثل) یہ اس وقت بولتے ہیں جب کوئی شخص اپنے آپ کو سب پر مقدم رکھے ۔ یعنی طنزاً کہتے ہیں کہ اور کسی کو ملے نہ ملے پہلے ان کو دے دو ۔

پیرِ مُغاں (ف/مذ) آتش پرستوں کا پادری ۔ گبر پجاری ۔ آتش کدے کا مجاور ۔ آتش پرستوں کا پیشوا (ل) (طنزاً) گرو گھنٹال ۔ کلال ۔ شراب بیچنے والا ۔ مے فروش ۔

پیرِ نابالغ (ف/ع/مذ) بوڑھا ۔ بے وقوف ۔ وہ بوڑھا جو نادان بچوں کی سی باتیں کرے ۔

پیرا (ہ/مذ) مقدم ۔ اثر قدم ۔ کسی چیز کا شگون ۔ نشان پا ۔ مُتبرک قدم ۔

پیراک ۔ جزیرہ نمائے ملایا میں ریاست ہے ۔

پیراک (ہ) تیراک ۔ شناور ۔ تیرنے والا ۔

پیراکی (ہ/مث) شناوری ۔ تیراکی ۔

پیرا میری بو ۔ ڈرج گی آنا کا دارالحکومت ہے ۔ لیمنوز کے میدان میں واقع ہے ۔ کھانڈ دساور کو جاتی ہے ۔

پیرامون (ف) آس پاس ۔

پیراؤ (ہ) تیرنے کے قابل پانی ۔ ڈبائو پانی ۔

پیراہن (ف/مذ) پوشاک ۔ لباس ۔ چولا ۔ بدن کا کپڑا ۔ جامہ ۔ کرتا ۔

پیرا ہوا (ہ) نہایت تجربہ کار ۔ ہوشیار ۔ چالاک ۔ جہاں دیدہ ۔

پیرائی (ا/مث) تیراکی ۔ تیرنے کا ڈھنگ ۔ تیرنا سکھانے کی اُجرت ۔ تیرنے کی جگہ ۔ وہ مقام جہاں تیرنا سکھایا جائے ۔

پیرائی (ا/مذ) ڈفالچی ۔ پیروں کے گن گانے والے ۔ ڈھولک بجانے والے ۔

پیرایہ (ف/مذ) آرائش ۔ زیب و زینت ۔ زیور ۔ لباس ۔ پوشاک ۔ طرز ۔ ڈھنگ ۔ روش ۔

پیرس (ا) فرانس کا دارالحکومت ۔ دریائے سین پر واقع ہے ۔ خوبصورت شہر ہے ۔ یہاں صابون عطر اور نفیس اشیاء تیار ہوتی ہیں ۔ ریلوں اور نہروں کا مرکز ہے ۔ اس لیے تجارت کی بھی منڈی ہے ۔

پیرم ۔ آبنائے باب المندب کے پاس ہے ۔ اس جزیرے میں روشنی کا مینار ہے ۔ پہلے جہاز چٹانوں سے ٹکرا جاتے تھے ۔

پیرنا (ہ) تیرنا ۔ شناوری کرنا ۔ بہنا ۔ رواں ہونا ۔

پیرو (ف) پیچھے چلنے والا ۔ پیروی کرنے والا ۔ تقلید کرنے والا ۔ مقلّد ۔ چیلا ۔ مُرید ۔ کسی فرقے کا معتقد ۔ کسی خاص ہادی کا ماننے والا ۔

پیرُو (مذ) فیل مُرغ ۔ ایک خاص قسم کا بڑا مُرغ ۔

پیروز (ف/صف) فتح مند ۔ مظفر ۔ منصور ۔ مبارک ۔ فیروز ۔

پیروں (ہ) پا پیادہ ۔ پیدل ۔ پاؤں پاؤں ۔ سوار کے خلاف ۔

پیروں پڑنا (ہ) پاؤں پر سر رکھنا ۔ منت و زاری کرنا ۔ عاجزی کرنا ۔ نہایت خوشامد کرنا ۔ گھٹنے چھونا ۔ قدم لینا ۔ تعظیماً بڑوں کا ادب بجا لانا ۔

پیروں پھرنا (ہ) پردہ نشین عورت کا بلا سواری باہر نکلنا ۔ چھوٹے بچوں کا پاؤں کے بل چلنا ۔

پیروں پیروں چلنا (ہ) سواری کے بغیر رستہ طے کرنا ۔ اپنے پاؤں سے چلنا ۔

پیروں میں سر دہنا (ہ) قدموں پر سر رکھنا ۔ نہایت عاجزی کرنا ۔

پیروں میں مہندی لگنا (ہ) بے جا عُذر کرنا ۔ فضول بہانے بنانا ۔ نامعقول عُذر پیش کرنا ۔

پیروی (ف/مث) تقلید ۔ قدم بقدم چلنا ۔ کسی کے پیچھے چلنا ۔ اطاعت ۔ فرماں برداری ۔ کوشش ۔ جدوجہد ۔ تلاش و جستجو ۔ تندہی ۔ محنت ۔ جان کاہی ۔

پیروی میں آنا (ا/محاورہ) کسی کی تقلید میں آنا ۔

پیرہن (ف/مذ) پیراہن کا مخفف ۔

پیری (ف/مث) بڑھاپا ۔ کہن سالی ۔ ضعیفی ۔ کمزوری ۔ ناتوانی ۔ مُرید بنانے کا پیشہ ۔ اُستادی ۔ عیاری ۔ چالاکی ۔ (طنزاً) حکومت اور زبردستی کی جگہ بولتے ہیں ۔ جیسے تیرے کیا باوا کی پیری ہے ۔ کرامات ۔ اعجاز ۔

پیڑ (ہ/مث) درد ۔ دُکھ ۔ تکلیف ۔ صدمہ ۔ دردِ زہ ۔ بچہ پیدا ہونے کا ۔

پیڑ (ہ/مذ) درخت ۔ شجر ۔ رُوکھ ۔ بروا ۔ برچھ ۔ پودا ۔ نہال ۔ بوٹا ۔ سبزی فروش ۔ لوگ گوبھی اور کرم کلّے کو بھی بولتے ہیں ۔

پیڑ پھل سے ہی پہچانا جاتا ہے (ا/مقولہ) انسان کی باتوں سے معلوم ہو جاتا ہے کہ شریف ہے یا کمینہ ۔

پیڑ لگانا (ہ) درخت لگانا۔
پیڑ لگنا (ہ) ایک درخت کا دوسری جگہ اکھڑ کر جم جانا - پودا جمنا۔
پیڑا (ہ/مذ) دودھ کے کھوئے اور کھانڈ سے بنی ہوئی ایک مٹھائی - گندھے آٹے کی گولی جسے بڑھا کر روٹی بناتے ہیں۔گول گول۔ خستہ چیز۔
پیڑھا (ہ/مذ) کرسی نما کھٹولی۔پشت والی مربع شکل کی کھٹولی۔
پیڑھی (ہ/مث) چھوٹی سی چوکور کھٹولی جس پر عورتیں بیٹھتی ہیں۔پشت۔ نسل۔خاندان کا سلسلہ۔قرن۔مدت دراز۔
پیڑھی در پیڑھی (ہ) قدیم الایام سے - قرنوں سے۔مدت سے۔بڑوں سے۔پشت در پشت۔نسلاً بعد نسل۔موروثی۔روایتی۔
پیڑھیوں سے (ہ) قدیم الایام سے - بڑوں سے -
پیڑی (ہ/مث) زینہ - قدمچہ - پاؤں رکھنے کی جگہ۔سیڑھی۔سیڑھی کا ڈنڈا۔کوٹھے پر چڑھنے کی سیڑھی۔
پیز (ہ/مث) دشمنی - عداوت - مخالفت - ضد - جیسے وہ تو میری پیز سے وہاں جاتا ہے - دیوار کی شور لگی ہوئی اینٹوں کی مرمت۔
پیز پڑنا یا ۔پڑجانا (ل) مخالفت ہو جانی ۔ضد ہو جانا۔دشمنی ہونا۔
پیزار (ف/مث) جوتی۔کفشِ پا۔پاپوش۔نعلین۔پگ رکھی۔ (لغوی) مقام - پائیں -
پیزار پر مارنا (ل) حقیر جاننا ۔ناچیز سمجھنا۔خاطر میں نہ لانا۔حقیقت نہ جاننا - پروانہ کرنا ۔اصل نہ سمجھنا۔
پیزار خور (ف/صف) کمینہ - رذیل - پاجی -
پیزار دکھانا (ل) جوتی دکھانا۔معشوقانہ شوخی سے انکار کرنا - بے پروائی جتانا۔خاطر میں نہ لانا۔
پیزار سے (ل) بلا سے۔جوتی سے ۔کیا پروا ہے۔پروائے نیست۔
پیزار کھانا (ا/محاورہ) جوتوں کی مار کھانا۔
پیزار پٹی (ا/مث) جوتوں کی مار -
پیزلے ۔سکاٹ لینڈ میں واقع ہے - اور دھاگے کے کارخانوں کی وجہ سے مشہور ہے۔
پیسا (ہ/مذ) پول - پول سیاہ - فلوس ۔فلس - روپے کا چونسٹھواں حصہ - تانبے کا ایک سکہ جو تین پائی کے برابر ہوتا ہے - دولت - مال۔زر۔
پیسا اڑانا (ہ) فضول خرچی کرنا - روپیہ برباد کرتا - بے جا خرچ کرنا -
پیسا پیسا جوڑا چپنی بھر اٹھایا (ہ/کہاوت) تھوڑا کر کے مدت میں بڑی محنت سے جمع کیا اور ذرا سی دیر میں خواہ مخواہ لٹا دیا۔
پیسا ٹھیکری کر دینا (ا/محاورہ) بے دریغ خرچ کرنا - دولت اڑانا -
پیس ڈالنا (ہ) ریزہ ریزہ کر ڈالنا ۔ٹکڑے ٹکڑے کر دینا ۔تباہ کر دینا۔ نہایت تکلیف دینا - خاک کر ڈالنا -

پیس موئی پکا موئی آئے لوبھٹے کھا گئے (ہ) کہاوت ۔تکلیف ہم اٹھائیں فائدہ کوئی اور لے۔مصیبت کوئی بھرے آرام کوئی اٹھائے۔
پیسنا (ہ) آٹا کرنا ۔ریزہ ریزہ کرنا۔ رگڑنا - گھسنا ۔سخت دکھ دینا۔ تباہ کر ڈالنا ۔خاک میں ملانا ۔سخت کام کرنا ۔محنت شاقہ اٹھانا۔پل جانا ۔جی توڑ کر کام کرنا۔
پیسنا (ہ/مذ) مصیبت - سخت تکلیف - محنت -
پیسنا پیسنا (ہ) دکھ بھرنا ۔نہایت تکلیف سے کمانا ۔بڑی تکلیف سے کمانا - سخت مزدوری کرنا ۔
پیسنجر گاڑی (ا/مث) مسافر گاڑی ۔ریل کی وہ گاڑی جو عام مسافروں کو سٹیشن سے لے جائے اور اتارے -
پیسے برابر بوٹیاں کرنا } پیسے پر دھر کر بوٹیاں اڑانا } (ہ) پرزے پرزے کرنا ۔چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا - کھال اڑانا ۔نہایت سخت سزائے جسمانی دینا -
پیسے کا پوت } پیسے کا میت } (ہ/مذ) نہایت حریص ۔بہت لالچی - زردوست - پیسے کا یار۔ کھانے کا دوست - زرپرست -
پیسے والا (ہ) امیر - دولت والا - دولت مند۔
پیش (ف) آگے - سامنے - پس کی ضد - زمانۂ ماضی۔مستقبل کا زمانہ - پہلے - قبل - آئندہ (مذ) ضمہ - ضم - رفع - وہ حرکت جو کسی حرف کے اوپر (ـُ) کی صورت میں لکھتے ہیں - انگرکھے کی اگاڑی واسکٹ کے سامنے کی چھانٹ جو چھاتی پر رہتی ہے - امام تسبیح ۔تسبیح کا بڑا دانہ جو سب سے اوپر رہتا ہے -
پیش آنا (ل) سامنے آنا ۔ظاہر ہونا - برا یا بھلا سلوک کرنا ۔
پیش اندیش (ف/صف) عاقبت اندیش -
پیش بند (ف/مذ) زیر بند - وہ چمڑا یا نوار جو گھوڑے کی پوزی اور تنگ کے درمیان بدیں غرض باندھ دیتے ہیں ۔کہ گردن نیچے کو جھکی رہے - آگے سے روکنے والا -
پیش بندی (ف/مث) پہلے سے کسی بات کی تدبیر کرنا - دور اندیشی - حفظ ماتقدم - کسی تدبیر کو پہلے ہی جانا -
پیش بین (ف) دور اندیش ۔مآل اندیش - انجام کو سوچ لینے والا - آخر بین - ہوشیار - تجربہ کار -
پیش بینی (ف/مث) دور اندیشی - عاقبت اندیشی -
پیش پا افتادہ (ف/صف) سامنے کی بات - بہت معمولی بات -
پیش تاز (ف/صف) آگے بڑھ جانے والا -
پیش جانا - یا - چلنا (ل) کارگر ہونا - قابو چلنا - اثر ہونا - پار بسانا -
پیش خدمت (ف/مذ) ٹہلوا - خدمت گار - اوپر کے کام کا نوکر - (مث) خادمہ - ماما - آیا - خدمتگار - عورت -
پیش خیمہ (ف/مذ) لین ڈوری - حاکموں یا امیروں کی سواری آنے کی علامت - سواری سے پہلے آنے والا خیمہ - فوج کے کوچ کا سامان جو آگے بھیج دیا جاتا ہے - ہرکارہ - پیادہ - ہراول -
پیش دستی کرنا (ل) پہل کرنا - سبقت کرنا - حملہ کرنا - پہلے ہاتھ

اٹھانا ۔ بڑھنا ۔ پہل کرنا ۔
پیش رس (ف) وہ میوہ جو فصل سے پہلے پختہ ہو جائے ۔
پیش رفت (ف ۔ امذ) قابو ۔ بس ۔ داؤ ۔
پیش رو (ف) آگے چلنے والا ۔ اگوا ۔
پیش قدمی (ع ۔ امث) سبقت ۔ چڑھائی ۔ حملہ ۔ بڑھ کر کام کرنا ۔ جرات ۔ دلیری ۔ ہمت ۔ چالاکی ۔
پیش کرنا (ل) رُوبرو کرنا ۔ سامنے کرنا ۔ حاضر کرنا ۔ آگے رکھنا ۔ نذر دکھانا ۔
پیش نماز (ف ۔ امذ) نماز میں آگے کیا ہوا ۔ امام ۔ اگوا ۔
پیش نہاد (ف ۔ امذ) سامنے رکھا ہوا ۔ ارادہ ۔ مدِّنظر ۔
پیشاب (ف ۔ امذ) مُوت ۔ شاشہ ۔ بَول ۔
پیش و پس (ف ۔ متعلق فعل) آگے پیچھے ۔
پیشاب بند ہونا (ل) مُوت رُکنا ۔ موت بند ہونا ۔ کسی سے خوف کھانا ۔
پیشاب کرنا (ل) بول کرنا ۔ مُوتنا ۔ خاطر میں نہ لانا ۔ حقیقت نہ جاننا ۔
پیشاب کی راہ بہانا (ل) کھانے پینے میں اُڑانا ۔ فضول خرچی کرنا ۔ روپے کی حقیقت نہ سمجھنا ۔ بدکاری میں ضائع کرنا ۔
پیشاب نہ کرنا (ل) کسی چیز کو اتنا حقیر جاننا کہ اس پر پیشاب تک کرنے سے بھی گریز کرنا ۔ بے حد حقیر سمجھنا ۔
پیشاب نکلنا (ل) خوف کے مارے مُوت دینا ۔ نہایت ڈرنا ۔ کانپنا ۔
پیشانی (ف ۔ امث) ماتھا ۔ جبین ۔ ناصیہ ۔ تقدیر ۔ قسمت ۔ سُرخی ۔ القاب ۔ سرنامہ ۔ کاغذ کا وہ حصّہ جو عبارت سے اُوپر چھوڑ دیتے ہیں ۔
پیشتر (ف) سب سے آگے بہت آگے ۔ بہت پہلے ۔ اوّل ۔ مقدّم ۔
پیش کار (ف ۔ امذ) ایجنٹ ۔ مینجر ۔ مددگار ۔ نائب ۔ مسل خواں ۔ سررشتہ دار ۔
پیشکاری (ف ۔ امث) نیابت ۔ مسل خوانی ۔ سررشتہ داری ۔
پیش کش (ف ۔ امذ) نذر ۔ بھینٹ ۔ تحفہ ۔ ہدیہ ۔ محصول ۔ خراج ۔
پیش گاہ (ف) سامنے ۔ رُوبرو ۔ حضُور ۔ دربار ۔ صدر ۔ اجلاس ۔ بادشاہ ۔ صاحبِ تخت ۔ حاکم ۔ صدرِ مجلس ۔
پیشگی (ف ۔ امث) وہ اُجرت جو کام سے پہلے دی جائے ۔ سائی ۔ بیعانہ ۔
پیشوا (ف ۔ امذ) رہنما ۔ رہبر ۔ امام ۔ اگوا ۔ نمونہ ۔ نظیر ۔ مرہٹوں کا سب سے اعلیٰ کارکن افسر ۔
پیشواز (ف ۔ امث) (دیکھو پشواز)
پیشوائی (ف ۔ امث) رہنمائی ۔ رہبری ۔ استقبال ۔ کسی کو اگوائی لینے جانا ۔
پیشہ (ف ۔ امذ) ہُنر ۔ کسب ۔ فن ۔ شغل ۔ حرفہ ۔ کام ۔ دھندا ۔ روزگار ۔
پیشہ کرانا (ل ۔ محاورہ) بدکاری کرانا ۔ لڑکیاں پال کر ان سے حرام کاری کرانا ۔ اور کمائی کھانا ۔
پیشہ ور (ف) صاحبِ حرفہ ۔ دکان دار ۔ تاجر ۔ کسی قسم کا کام کرنے والا ۔

پیشی (ف ۔ امث) مقدمے کی شنوائی ۔ تاریخ مقدمہ ۔ حضوری ۔ زیرِ نظر ۔ زیرِ تجویز ۔
پیشی کا منشی یا محرّر (ل ۔ امذ) مسل خواں ۔ پیش کار ۔ مقدمے کے کاغذات پیش کرنے والا آدمی ۔
پیشی لے جانا (ل ۔ محاورہ) سبقت لے جانا ۔
پیشین (ف ۔ صف) قدیم ۔ پرانا ۔ پہلا ۔ اگلا ۔
پیشین گوئی (ف ۔ امث) نجوم یا کشف وغیرہ کے ذریعے آئندہ کا حال بتانا ۔ کسی بات کا قبل از وقوع ذکر کرنا ۔
پیغام (ف ۔ امذ) سندیسا ۔ زبانی بات ۔ خبر ۔ سفارت ۔ پیام ۔ شادی یا منگنی کا سوال ۔ درخواست زبانی کہلا بھیجنا ۔
پیغام ڈالنا (ل) نسبت کی درخواست کرنا ۔ شادی کی درخواست کرنا ۔
پیغام سلام (ل ۔ امذ) سوال و جواب ۔ بات چیت ۔
پیغامی (ف ۔ امذ) پیغام لانے والا ۔ پیغامبر ۔
پیغمبر (ف) پیام پہنچانے والا ۔ قاصد ۔ رسول ۔ نامہ بر ۔ ایلچی ۔ دوت ۔ سفیر ۔ سندیسا لے جانے والا ۔ خُدا کا حکم لانے والا ۔ مُرسل ۔ نبی ۔
پیغمبری (ف ۔ امث) رسالت ۔ ایلچی گری ۔ نبوّت ۔
پیغور (ف ۔ امذ) تنگ مُنہ ۔ مرتبان ۔
پیک (ہ ۔ امث) پان کا رنگ دار تھوک ۔
پَیک (ف ۔ امذ) ہرکارہ ۔ دُوت ۔ قاصد ۔ نامہ بر ۔
پیکار (ف ۔ امذ) جنگ ۔ لڑائی ۔ محصّل ۔ وصول کنندہ ۔ خُردہ فروش ۔ پھیری پھرنے والا ۔
پیکان (ف ۔ امث) تیر یا نیزے کی نوک ۔ بھال ۔ برچھی کی اَنی ۔
پیک دان (ل ۔ امذ) اُگالدان ۔ وہ برتن جس میں پان کی پیک یا اُگال ڈالتے ہیں ۔
پیکر (ف ۔ امذ) صُورت ۔ شکل ۔ چہرا ۔ ڈھانچ جیسے ماہ پیکر ۔
پیکھنا (ہ) دیکھنا ۔ نظر کرنا ۔ ریس کرنا ۔ حرص کرنا ۔ خواہش کرنا ۔
پیل (ہ ۔ امث) ریلا ۔ دھکا ۔ ٹھیلا ۔ جیسے دھکا پیل ۔ ریل پیل ۔
پیل (ف ۔ امذ) ہاتھی ۔ فیل ۔ شطرنج کا ایک مُہرہ جو آڑا چلتا اور آڑا ہی مارتا ہے ۔
پیلڑا (ہ ۔ امذ) خصیہ ۔ خایہ ۔ انڈا ۔ بیضہ ۔ فوطہ ۔
پیلا (ہ) زرد ۔ کیسری ۔ زعفرانی ۔ بسنتی ۔ اصفر ۔
پیلبان (ف ۔ امذ) مہاوت ۔ ہاتھی کو ہانکنے والا ۔ اور چلانے والا ۔
پیلپا (ف ۔ امذ) ایک بیماری جس کے باعث پاؤں پھُول کر ستون سا ہو جاتا ہے ۔
پیلپایہ (ہ ۔ امذ) پتھر یا چُونے کا ستُون ۔ کھم ۔ تھم ۔
پیل پیکر (ف ۔ صف) قوی ہیکل ۔ زورآور ۔ بڑے تن و توش والا ۔
پیل مال (ف ۔ امذ) ہاتھی کے پاؤں کے نیچے کچلوانا ۔
پیل مرغ (ف ۔ امذ) مُرغ کی قسم کا ایک جانور جس کی چونچ پر ہاتھی کی سی سونڈ ہوتی ہے ۔
پیلنا (ہ) ریلنا ۔ دھکیلنا ۔ ڈنڈ نکالنا ۔ داخل کرنا ۔ گھسیڑنا ۔ آگے یا پیچھے

ہٹانا۔
پیلنا (ہ) تیل نکالنا۔ رس نکالنا۔ کولھو میں پیسنا۔ گنّوں کا رس نکالنا۔ تیل والے بیجوں کو کولھو میں دبا کر تیل نکالنا۔
پیلو (ہ/مذ) ایک درخت جس کی جڑوں اور شاخوں سے اکثر مسواکیں بنائی جاتی ہیں۔ جال کا درخت۔ چھتیس راگنیوں میں سے ایک راگنی۔ فیل مُرغ۔
پیلہ (ف/مذ) ریشم کے کیڑے کا گھر۔ کویہ۔ ابریشم۔ ریشم کا کیڑا۔ شطرنج کا مُہرہ۔ جسے فیل اور فیلہ بھی بولتے ہیں۔
پیلہ وَر (ف) عطّار۔ ریشم فروش۔ شیشہ گر۔
پیلی (ہ/مث) اشرفی۔ زردی۔ زرد رنگت کی۔
پیمان (ف/مذ) اندازہ۔ تخمینہ۔ عہد۔ قول اقرار۔ قسم۔ شرط۔ بچن۔
پیمانہ (ف) مائعات اور سیّال چیزوں کے ناپنے کا برتن۔ جامِ شراب۔ گلاس۔ ناپنے کا آلہ۔
پیمائش (ف/مث) ناپ۔ زمین کی ثبت۔
پیمبر (ف/مذ) (دیکھو پیغمبر)
پیمک (ہ/مث) ایک قسم کا سنہری گوٹا جو کلابتوں سے بنا ہوتا ہے۔ ٹوپیوں وغیرہ پر لگانے کی لیس۔
پیں (ہ/مث) نفیری کی آواز۔ باریک آواز۔ پاد کی آواز۔
پیں نکالنا (ہ) عاجز کرنا۔ چیں بلوانا۔ غرور توڑنا۔
پینا (ہ) تیز۔ تیز دھار والا۔ نُکیلا (مذ) آنکس۔ نوک دار چیز۔
پینا (ہ) نوش کرنا۔ کسی سیّال چیز کو حلق سے نیچے اُتارنا۔ شربت نوشی کرنا۔ حُقّے کا دَم لگانا۔ جذب کرنا۔ سوکھنا۔ چوسنا۔ برداشت کرنا۔ جھیلنا۔ (مذ) تل کی کھلی۔
پینٹھنا (ہ) اینٹھنا۔ ڈھنکنا۔
پینتالیس (ہ) چالیس اور پانچ۔ چہل و پنج۔ ۴۵ - 45 -
پینتیس (ہ) تیس اور پانچ۔ سی و پنج۔ ۳۵ - 35 -
پینٹھ (ہ/مث) ہاٹ۔ آٹھویں دن کا بازار جو اکثر قصبوں میں لگتا ہے۔
پینجنی (ہ/مث) کبوتروں کے پاؤں میں ڈالنے کی بجنے والی گھونگھرو۔ چھکڑے گاڑی کی وہ لکڑی جو پہیّے کو باہر نہیں آنے دیتی۔
پیندا (ہ/مذ) تل۔ برتن کا نیچے کا حصّہ۔ کسی چیز کی بیٹھک۔ سافل۔ پائین طرف۔
پیندی (ہ/مث) تل۔ ظرف کا زیریں حصّہ۔ توپ یا بندوق کی کوٹھی۔ گاجر یا مولی کی جڑ۔
پیندے کے بل بیٹھنا (ہ) چوتڑوں کے بل بیٹھنا۔ ڈوبنا۔ ہار ماننا۔ غرق ہونا۔ تھک جانا۔ عاجز ہو جانا۔ دیوالیہ نکلنا۔ سٹ پٹانا۔ گھبرا جانا۔ بدحواس ہونا۔
پیندے کا ہلکا (توصیفی) ناقابلِ اعتبار۔ غیر مستقل مزاج۔ قول کا کچا۔ وہ شخص جو بات کا پختہ نہ ہو۔ فضول اور اوچھا

آدمی۔
پینڈ (ہ/مذ) پگڈنڈی۔ راستہ۔ قدم۔
پینڈ بھرنا (ہ) (لغوی) قدم رکھنا (اصطلاحی) قسم کھانے کے لیے کسی تیرتھ یا جاترا کی طرف قدم اُٹھانا جیسے اگر تم سچے ہو تو گنگا جی کے چار پینڈ بھر دو۔
پینڈ (ہ/مذ) پُورا۔ درخت کا ٹکڑا۔
پینڈ۔ یا۔ پینڈا (ہ/مذ) گائے۔ بھینس وغیرہ مویشیوں کے ایک دفعہ کیے ہوئے گوبر کا ڈھیر۔ تھوڑا سا گوبر۔ اتنا گوبر جتنا جانور ایک دفعہ کردے۔
پینڈا (ہ/مذ) راستہ۔ جادہ۔ راہ۔ گیل۔ گھڑونجی۔ پلینڈا۔
پینس (ہ/مث) پالکی۔ ایک قسم کا ڈولا۔ ناک کی ایک بیماری۔
پینسٹھ (ہ) ساٹھ اور پانچ۔ شصت و پنج۔ ۶۵ - 65 -
پینک (ہ/مث) افیون یا پوست کے نشے کی غنودگی۔ افیونی کی اونگھ۔ پوستی کی غنودگی۔
پینک میں آنا (ہ) افیون کی غنودگی سے اونگھنا۔ افیونی کا اونگھ جانا۔
پینے نکالنا (ل) نقص نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ نی نکالنا۔ عیب تلاش کرنا۔
پینگی (ل) سست۔ کاہل۔
پینگ (ہ/مث) جھولے کی رسّی۔ ایک قسم کی چڑیا۔ جھولے کا وہ لمبا جھونٹا لینا جو خود کھڑے ہو کر لیتے ہیں۔
پینگ بڑھانا (ہ) ایسا لمبا جھونٹا جو بہت اونچا جائے۔ دوستی کی پینگیں بڑھانا محاورہ ہے۔
پینگ دینا (ہ/محاورہ) جھولے میں جھونک دینا۔
پینگ لینا (ہ/محاورہ) جھولے کا لمبا جھونکا لینا۔
پینی (ہ/مث) بیلوں کو ہانکنے کی لکڑی جس میں کیل لگی ہوتی ہے۔
پیو (ف/مذ) دہی۔
پیو (ہ/مذ) پیارا۔ خاوند۔ پیا۔ پریتم۔ معشوق۔ محبوب۔
پیوڑی (ہ) ایک قسم کی پیلی مٹّی۔
پیوست کرنا (ل) ملانا۔ چسپاں کرنا۔ مضبوط کرنا۔ تری کرنا۔ خشک کرنا۔ جذب کرنا۔ پلانا۔ ایک جان کرنا۔ ایک جگہ کرنا۔
پیوست ہونا (ل) ایک جان ہونا۔ ملنا۔ یکجا ہو جانا۔ خشک ہو جانا۔ جذب ہونا۔
پیوستہ (ہ) ملا ہوا۔ ایک جان۔ بلا فصل۔ متصل۔ بلا فاصلہ۔ ایک جگہ۔ ایک دل۔ ہمیشہ۔
پیوسی (ہ) وہ گاڑھا اور غلیظ دُودھ جو بچّہ پیدا ہونے کے تین دن بعد تک گاڑھا ہی رہتا ہے۔ اور جب اُسے آگ پر رکھتے ہیں تو وہ منجمد سا ہو کر پھٹ جاتا ہے (پ) لوبلی۔ گرم شکر کی پٹی جو ریوڑیاں بنانے کی غرض سے باندھتے ہیں۔
پیوند (ف) جوڑ۔ ملاپ۔ تھگلی۔ چیپی۔ میل۔ مناسبت۔ بندش۔ بستگی۔ خویش و اقارب۔ اعزہ و اقربا۔ ایک ہم جنس درخت کی ٹہنی دُوسرے ہم جنس درخت کی ٹہنی میں لگانا تاکہ پھل بڑا اور خوش مزہ ہو جائے۔
پیوند لگانا (ل) جوڑ لگانا۔ تھگلی لگانا۔ گدڑی سینا۔ ایک درخت کی

شاخ کو دُوسرے درخت کی شاخ میں جوڑنا۔ میل سے میل ملانا۔ قلم لگانا۔

پیوندی (ف) پیوند لگایا ہوا۔ وہ درخت جس میں کسی دُوسرے درخت کی ٹہنی کا پیوند لگایا گیا ہو۔ پیوند والے درخت کا پھل۔ بڑا آلو۔ دوغلا۔ دورنگا۔ دوجنا۔

پیوندی مُونچھیں (ا/مث) وہ لمبی حلقہ دار مونچھیں جنہیں بانکے آدمی اکثر بل دے کر گالوں پر چپکا لیتے ہیں۔

پیہہ (ف/مث) چربی۔

پیہر (ہ/مذ) پیکے والے۔ میکا۔ ماں کا گھر۔ باپ کا گھر۔

پیہم (ف) برابر۔ متواتر۔ لگاتار۔ مسلسل۔ اُوپر تلے۔

پیہو (ہ/مذ) پپیہا۔ کپیک۔

پیہنی (ہ/مث) وہ چھوٹا صندوق یا پٹارا جس میں پہننے کے کپڑے رکھتے ہیں۔

پیئے دُودھ اور کھائے مال (ا/مثل) اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو عیش و عشرت میں زندگی بسر کرے۔

پیے ہوتا (ا/محاورہ) شراب کے نشے میں ہونا۔

⁂

ت (ع/مث) فارسی اور اُردو حروف تہجی کا چوتھا حرف۔ اور عربی ا۔ ب۔ ت کا تیسرا۔ حساب جمل میں اس کی قیمت چار سو کے برابر ہے۔ عربی فارسی میں اُس کا تلفظ (ل) کے ساتھ (تا) ادا ہوتا ہے۔ مگر اُردو میں تے کے ساتھ (تے) بولتے ہیں۔

ت - ا

تا (ہ) بچوں کے جھانک لینے اور جھات مات کرنے کا ایک کلمہ جس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ دیکھو ہم یہاں کھڑے ہیں۔

تا (ف) جب تک جس وقت تک۔ شمار اور گنتی جیسے یکتا۔ دوتا وغیرہ۔ حرف انتہا یعنی تک۔ جیسے از لاہور تا دہلی۔ جیسے تاہم۔ توبھی۔ حرف علت یعنی اس لیے اس واسطے جیسے تاکہ (مذ) کاغذ کا تختہ۔ تاؤ۔ دستے کا چوبیسواں حصّہ۔

تارع (نرم خاک۔

تا بہ حیات (فع) جیتے جی۔ زندگی بھر۔

تا بہ زیست (ف) عمر بھر۔ زندگی بھر۔ جنم۔ ساری عمر۔

تا بہ کُجا (ف) کہاں تک۔ کب تک۔

تا بہ کے (ف) کب تک۔ کہاں تک۔

تا بہ مقدور (فع) جہاں تک ممکن ہو۔ حتی المقدور۔

تا حال (فع) اب تک۔ اس لمحے تک۔ اس وقت تک۔

تاکہ (ل) اس لیے۔ اس واسطے۔ کیونکہ۔

تاہم (ف) توبھی۔ پھر بھی۔

تاب (ف/مث) چمک۔ روشنی۔ نُور۔ فروغ۔ گرمی۔ حرارت۔ پیچ۔ خم۔ بل۔ بٹ۔ قدرت۔ زور۔ طاقت۔ مجال۔ جیسے اُس کی کیا تاب ہے۔ جو آنکھ ملا سکے۔ جلا۔ آب۔ رُوپ جیسے شبنم خوب آب و تاب دکھا رہی ہے۔ رنج و محنت۔ مروڑ۔ پیچش۔ صبر و تحمل۔ برداشت جیسے اُسے تاب کہاں۔

تاب نہ رہنا (ل) سہارا نہ رہنا۔ گھبرا جانا۔ برداشت نہ ہونا۔

تاب نہ لانا (ل) برداشت نہ کر سکنا۔ متحمل نہ ہونا۔ بوکھلا جانا۔

تاباں (ف) روشن۔ درخشاں۔ چمکنے والا۔ چمکدار۔ تابندہ۔ خمدار۔ بل کھائی ہوئی۔

تابدان (ف/مث) روشندان۔ روزن۔ روزنِ دیوار۔ وہ موگھا جو روشنی کے لیے عمارت میں چھوڑ دیتے ہیں۔

تابڑ توڑ (ہ) متواتر۔ پے در پے۔ لگاتار۔ بہت جلد۔ نہایت جلد۔ پیہم۔

تابستان (ف/مذ) موسم گرما۔ گرمی۔

تابستانی (ف/صف) موسم گرما سے منسوب۔

تابش (ف/مث) گرمی۔ حرارت۔ تپش۔ دُھوپ۔ دھوپ کی چمک۔ روشنی۔ فروغ۔ نُور۔ اُجالا۔

تابشِ آفتاب (ف/مث) سُورج کی گرمی۔ دُھوپ کی چمک۔

تابع (ع) مطیع۔ فرماں بردار۔ محکوم۔ پابند۔ ماتحت۔ نوکر۔ ملازم۔ پیرو۔ پیچھے چلنے والا۔

تابع فرمان (فع/صف) حکم کا تابع۔ فرماں بردار۔

تابع کرنا (ل) قابو کرنا۔ مطیع کرنا۔ فرماں بردار بنانا۔ قابو میں لانا۔ بس میں کرنا۔

تابعدار (ل) (غلط العوام) فرماں بردار۔ مطیع۔ محکوم۔ ماتحت (صحیح تابع)

تابعداری (ل/مث) اطاعت۔ فرمانبرداری۔ ماتحتی۔ نوکری (غلط ہے) فرمانبرداری بولنا چاہیے۔

تابعداری کرنا (ل) نوکری کرنا۔ حکم ماننا۔ اطاعت کرنا۔

تابعین (ع/مذ) تابع کی جمع سالم۔ فرماں بردار لوگ۔ پیرو۔ مقلد۔ وہ مسلمان جنھوں نے اصحابِ رسولِ پاکؐ سے ملاقات کی ہو۔

تابندہ (ف) چمکنے والا۔ چمکدار۔ روشن۔ درخشاں۔ خمدار۔

تابوت (ع/مذ) وہ صندوق جس میں مُردے کی لاش رکھ کر لے جاتے ہیں۔
ارتھی۔ جنازہ۔ لاش۔ نعش۔ لاشہ۔

تابہ (ف/مذ) بٹا ہوا۔ پیچیدہ۔ بل کھایا ہوا۔ چمکیلا۔ درخشاں۔ لوہے کا
توا۔ جس پر روٹیاں پکاتے ہیں۔

تابیدہ (ف) بلدار۔ چمکیلا۔ درخشاں۔ بٹا ہوا۔

تاپ (ہ/مذ) گرمی۔ حرارت۔ تاب۔ بخار۔ تپ۔

تاپنا (ہ) سینکنا۔ گرمی پہنچانا۔ دھوپ یا آگ کے سامنے بیٹھ کر گرم ہونا۔

تاتا (ہ) گرما گرم۔ تیز گرم۔

تاتا تھئی (ہ/مث) گویوں کے تال پر زبان اور ہتھیلی سے ادا کرنے کا لفظ۔
فارسی میں اسے تنے تنے کہتے ہیں۔

تاثر (ع/مذ) اثر قبول کرنا۔ اثر رہنا۔ نشان رہنا۔

تاثیر (ع/مث) کسی چیز میں نشان چھوڑنا۔ نشان۔ نتیجہ۔ پھل۔ خاصیت۔
اثر۔ عمل۔ فائدہ۔

تاثیر کرنا (ہ) فائدہ دینا۔ خاصیت ظاہر کرنا۔ سرایت کرنا۔

تاج (ع/مذ) بادشاہی کلاہ۔ افسر شاہی۔ دیہیم۔ کلغی۔ پروں کا طرّہ۔
پرندے کی چوٹی۔ دیوار کی کنگنی۔ مکان کا چھجا۔ گنجفے کا ایک
رنگ۔

تاج بخش (ع ف) بڑا بادشاہ جو اوروں کو بادشاہ بنا سکے۔ شہنشاہ۔

تاج بخشی کرنا (ہ) بادشاہی دینا۔ سلطنت بخشنا۔ خطا معاف کرنا۔ عطا۔

تاج خروس (ع ف) مُرغ کے سر کی کلغی۔ ایک پھول جو مُرغ کی کلغی
سے مشابہ ہوتا ہے۔

تاجدار (ع ف) تاج رکھنے والا۔ صاحبِ تاج۔

تاج رکھنا (ہ) بادشاہ بننا۔ تاج پہننا۔

تاجور (ف) صاحبِ تاج۔ بادشاہ۔

تاجر (ع/مذ) تجارت کرنے والا۔ سوداگر۔ بیچ کرنے والا۔

تاجک (ع) وہ آدمی جو عرب میں پیدا ہوا ہو۔ فارس میں پرورش پا کر
بڑا ہوا ہو۔ سوداگر۔

تاجو (ہ/مث) ایک بد اور سرکش عورت۔ کرّا۔ ظالم۔ بے رحم۔ بے درد
عورت۔ جیسے تاجو بہن۔ تاجو ماں۔

تاخت (ف/مث) دوڑ۔ حملہ۔ لوٹ۔ غارت۔

تاخت و تاراج کرنا (ہ) لوٹ کھسوٹ کر تباہ و برباد کر دینا۔ ستیاناس
کر دینا۔ غارت کرنا۔ برباد کرنا۔

تاخیر (ہ/مث) ڈھیل۔ دیر۔ دیر کرنا۔ درنگ۔ توقّف۔ وقفہ۔

تادّب (ع/مذ) ادب سیکھنا۔ ادب آموزی۔

تادیب (ع) ادب سکھانا۔ ادب دینا۔ تنبیہ۔ چشم نمائی۔ زبانِ دانی سکھانا۔
علم مجلس کی تعلیم دینا۔

تادیب خانہ (ع ف/مذ) قیدیوں کی اصلاح کا ادارہ۔

تادیبی (ع/صف) اصلاحی۔

تادیبی کارروائی (ع ف/مث) انضباطی کارروائی۔

تار (ف/مذ) رشتہ۔ دھاگا۔ تاگا۔ لوہے، پیتل اور تانبے وغیرہ کا لمبا
سا سُوت۔ تانا بانا۔ سلسلہ۔ ریزہ۔ ٹکڑا۔ پارہ۔ جیسے تار تار کر
دینا۔ تمام کا جیب لیعنی اس کی تنگی کی نشانی۔ تال۔ خط پرونے کا تار۔
تار برقی۔ ٹیلیگراف۔ تار کی خبر۔ انگوٹھی۔ چھلا۔ جیسے تانبے کا تار
بھی نہیں۔ اندھیرا۔ تاریکی۔

تار باندھنا (ہ) سلسلہ باندھنا۔ متواتر اور لگاتار کوئی کام کرنا۔ پے در پے
کوئی کام کرنا۔

تار تار کرنا (ہ) دھجیاں اُڑانا۔ پھاڑنا۔

تار توڑا (ہ/مذ) کار چوبی کا کام۔ سوئی کا نہایت باریک کام۔ کشیدے کا
اعلیٰ درجے کا کام۔

تار ٹوٹنا (ہ) سلسلہ منقطع ہو جانا۔ سلسلے میں فرق آنا۔ تواتر نہ رہنا۔
کسی کام میں رکاوٹ پیدا ہو جانا۔

تار دکھنا (ہ) چاندی۔ سونے کے تاروں کو کوٹ کر گوٹا بننے کے لیے
چوڑا کرنا۔

تارکش (ف) سونے چاندی کے تاروں کو جنتری میں کھینچ کر باریک
اور لمبا کرنے والا۔

تارکشی (ف/مث) تار کھینچنے کا کام۔ تار کھینچنے کا پیشہ۔

تار گھر (ہ/مذ) تار برقی کا دفتر۔ تار برقی کی خبر روانہ کرنے کا
مکان۔

تار لگانا (ہ) کسی کام کا تسلسل جاری رکھنا۔ کسی کام کا سلسلہ باندھنا۔

تار نہ ٹوٹنا (ہ) تسلسل میں فرق نہ آنا۔ وار خالی نہ جانا۔ مسلسل اور
متواتر کوئی کام ہوتے جانا۔

تار و پود (ف/مذ) تانا بانا۔

تارا (ف/س/مذ) نجم۔ ستارہ۔ کوکب۔ نچھتر۔ اختر۔ نیر۔
آنکھ کی پتلی۔ مردُمک چشم۔ ترمرا۔ روشنی کی تیزی جو
دماغی صدمے سے آنکھوں کے آگے پھر جاتی ہے۔ نہایت
بلند۔ یا نہایت نیچا۔ بہت فاصلے پر۔ جیسے پانی کنویں کی تہ
میں تارا ہو گیا۔

تارا ٹوٹنا (ہ) کسی ستارے کا آسمان سے گرنا۔

تارا ڈوبنا (ہ) تارا غروب ہونا۔ نحوست چھانا۔ بدقسمتی ظاہر ہونا۔
برسات کے دنوں میں تارے کی جنبش۔

تارا سی آنکھیں ہو جانا (ہ) آنکھوں کا دُکھ جانا رہنا۔ آنکھوں کو آرام
ہو جانا۔ آنکھیں کھل جانا۔

تارا ہو جانا (ہ) نہایت اونچا یا نیچا ہو جانا۔ بلندی میں آسمان سے
لگ جانا۔ پستی میں بہت ہی گہرا ہونا۔

تاراج (ف/مذ) لوٹ۔ غارت۔ دستبرد۔ لوٹ۔ کھسوٹ۔

تاراج کرنا (ہ) لوٹنا۔ تباہ کرنا۔ ستیاناس کرنا۔

تارا میرا (مذ) ایک قسم کا بیج جو سرسوں سے مشابہ ہوتا ہے اس کا تیل
نکالتے ہیں۔

تارک (ع) ترک کرنے والا۔ چھوڑ دینے والا۔ تیاگ دینے والا۔

تارک الدنیا (ع) دُنیا کو چھوڑ بیٹھنے والا۔ درویش۔ صحرانشین۔
گوشہ نشین۔ گوشہ گزین آدمی۔ پرہیزگار۔ متقی۔

تارگ (ف/مذ) سر کے اوپر کا حصّہ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ ایک قسم کی ٹوپی۔

لوہے کا خود ۔ سر کی مانگ ۔

تارنا (ہ) بخشنا ۔ گناہ معاف کرنا ۔ نجات دینا ۔ پار کر دینا ۔ نہال کر دینا ۔

تاروں بھری رات (ا/مث) صاف اور کھلی رات ۔ وہ رات جس میں تارے خوب کھلے ہوئے ہوں ۔

تاروں کی انجمن (ا/امث) بہت تارے جو صاف رات میں دکھائی دیں ۔ ستاروں کا جمگھٹا ۔

تاروں کی چھاؤں (ا/مث) تاروں کی روشنی ۔ بہت سویرا ۔ تڑکا ۔ پچھلی رات کا وقت ۔

تاروں کی محفل (ا/ع) تاروں کا جھنڈ ۔ نورانی محفل ۔

تارے توڑنا (ل) عجیب کام کرنا ۔ عیاری کرنا ۔ چالاکی کرنا ۔ ایسا کام کرنا جو دُوسروں سے نہ ہو سکے ۔

تارے چھٹکنا (ل) تاروں کا نہایت روشن ہونا ۔ مطلع بالکل صاف ہونا ۔ ابر ہٹ جانا ۔ تارے نکل آنا ۔ تارے چمکنا ۔ ستاروں کا نمایاں ہونا ۔

تارے دکھانا (ل) زچہ کو چھٹی کے دن باہر لا کر آسمان دکھانا ۔ کبوتروں کو رات کے وقت باہر رہنے کی مشق اور مہارت کرانا ۔

تارے کھلنا (ل) تارے نکلنا ۔ ستاروں کا طلوع کرنا ۔ تارے دکھائی دینا ۔

تارے گننا (ل) اختر شماری کرنا ۔ نہایت انتظار کرنا ۔ رات بھر جاگنا ۔ مصیبت اور پریشانی میں رات کاٹنا ۔

تاریخ (ع/مث) ایک دن رات ۔ مہینے کا ایک دن ۔ کسی چیز کے ظہور کا وقت ۔ وہ جملہ یا شعر وغیرہ جس کے عدد نکالنے سے مادۂ تاریخ نکلے ۔ کسی قوم یا ملک کے متعلقہ واقعات کا مسلسل سچا تذکرہ ۔ بخلاف قصے کہانیوں کے بقید سنین و اسباب ۔

تاریخ ٹھہرنا (ل) دن مقرر ہونا ۔ نسبت یا بیاہ یا کسی کام کا تقرر ہونا ۔

تاریخ کہنا (ل) کسی واقعے کی تاریخ بحساب حروف جمل ظاہر کرنا ۔

تاریخی مادہ (ف/مذ) جیسے آہ غالب بمرد ۔ اس کے اعداد بحساب جمل ابجد اعداد حروف کے ۱۲۷۷ھ ہوتے ہیں ۔ گویا یہ غالب کے انتقال کا سن ہے ۔

تاریک (ف) کالا سیاہ ۔ اندھیرا ۔ دُھندلا ۔

تاریکی (ف/مث) سیاہی ۔ کالک ۔ کالونس ۔ اندھیرا ۔ دُھندلاپن ۔

تاڑ (ہ/مذ) ایک درخت جو کھجور سے مشابہت رکھتا ہے جس میں سے تاڑی جو ایک قسم کا نشہ آور عرق ہے نکلتی ہے ۔ دریافت ۔ نگرانی ۔ جانچ ۔

تاڑنا (ہ) جان لینا ۔ سمجھ لینا ۔ کسی چیز کو علامات کے بغیر ہی پہچان لینا ۔ قیافے اور علامات سے جان لینا ۔ نکالنا ۔ ہنکارنا ۔ دھتکارنا ۔ مارنا ۔ پیٹنا ۔ جسمانی سزا دینا ۔ تنبیہ کرنا ۔ ڈانٹنا ۔ ہاڑنا ۔ دُوسرے کے بٹوں کو جانچنا ۔ وزن کو پُورا کرنا ۔

تاڑیا (ہ) تاڑو ۔ جانچو ۔ پرکھیا ۔ بھانپو ۔

تازگی (ف/مث) طراوت ۔ تازہ ہونا ۔ پژمردگی کی ضد ۔ ہرا بھرا ہونا ۔ سرسبزی ۔ نیاپن ۔ جدت ۔

تازہ (ف) ہرا بھرا ۔ سرسبز ۔ تر ۔ مرطوب ۔ شاداب ۔ جدید ۔ نیا ۔ حال کا ۔ نورسیدہ ۔ پیڑ کا توڑا ہوا میوہ ۔ موٹا ۔ فربہ ۔ تنومند ۔ جیسے موٹا تازہ ۔ تندرست ۔ بے تکان ۔ گرم گرم ۔ نو بنو ۔

تازہ خیال (ف) وہ شخص جسے ہر دم نئی سوجھے ۔ مُوجد ۔ نئے خیال اور نئی باتیں نکالنے والا ۔

تازہ دم (ف) چُست ۔ مستعد ۔ توانا ۔ بے تکان ۔

تازہ دماغ (ف ع/صف) جس کا دماغ تھکا ہوا نہ ہو ۔ عقلمند ۔

تازہ رُو (ف/صف) شگفتہ رُو ۔ بشاش ۔ خوش ۔

تازہ کار (ف) نیا کام کرنے والا ۔ عجیب ۔ انوکھا ۔

تازہ کرنا (ل) طراوت پہنچانا ۔ کملاہٹ ہٹانا ۔ یاد دلانا ۔ ہرا کرنا ۔ حقے کا پانی بدلنا ۔ سینچنا ۔ بھگونا ۔ آرام دینا ۔ تکان اُتارنا ۔ بہلانا ۔ خوش کرنا ۔ جیسے سیر سے دل تازہ ہو گیا ۔

تازہ مشق (ف ع/صف) نو مشق ۔ نیا سیکھا ہوا ۔ مبتدی ۔

تازہ وارد ۔ حال ہی میں آیا ہوا ۔ نووارد ۔

تازی (ف) عرب کا رہنے والا ۔ عربی ۔ عرب کی چیز ۔ عربی شے ۔ (مذ) عربی گھوڑا ۔ شکاری کتا ۔ (مث) زبان عربی ۔ قواعد کی اصطلاح میں وہ حروف جو عجمی زبان میں نہیں آتے ۔ یعنی ث ۔ ح ۔ ص ۔ ض ۔ ط ۔ ظ ۔ ع ۔ ق ۔

تازی خانہ (ف/مذ) کتوں کا طویلہ ۔

تازیانہ (ف/مذ) چابک ۔ کوڑا ۔ قمچی ۔

تازیانہ توڑنا (ل/محاورہ) مار مار کر چابک توڑنا ۔ بہت مارنا ۔

تازیانہ ہونا (ل) تنبیہ ہونا ۔ چابک لگنا ۔ کوڑا لگنا ۔ طرّہ ہونا ۔

تاسف (ع/مذ) افسوس ۔ پچھتاوا ۔

تاش (ف/مذ) یار ۔ شریک ۔

تاش (ہ/مذ) ایک قسم کا زری کا کپڑا ۔ جس میں تانا ریشمی اور بانا بادلے کا ہوتا ہے ۔ زربفت ۔ بادلہ ۔ تمامی ۔ گنجفے کی طرح کا ایک کھیل ۔

تاشہ (ا/مذ) ایک قسم کا باجا جسے گلے میں ڈال کر ڈھول کے ساتھ بجاتے ہیں ۔

تافتان (ف/مث) ایک قسم کے موٹے کناروں والی خمیری روٹی ۔

تافتہ (ف/مذ) ایک طرح کا ریشمی چمکیلا کپڑا ۔ گھوڑوں اور کبوتروں کا ایک خاص رنگ ۔

تاقی (ف/مث) ٹوپی ۔

تاک (ف/مذ) انگور کی بیل ۔ انگور کا درخت ۔

تاک (ہ/مث) جمی ہوئی نگاہ ۔ ٹکٹکی ۔ کمین ۔ گھات ۔ تلاش ۔ جیسے کس کی تاک ہو ۔ انتظار ۔ نشست ۔ نشانہ ۔ تاکنا کا امر ۔

تاک باندھنا (ہ) ٹکٹکی باندھنا ۔ نشانہ باندھنا ۔ نشست لگانا ۔

تاک جھانک (ہ/مث) دیکھ بھال: تلاش ۔ جستجو ۔ نظربازی ۔ گھوراگھاری ۔ خفیہ ۔ نظارہ ۔

تاک رکھنا (ہ) تاڑ رکھنا ۔ پہچان رکھنا ۔ گھات میں لگا رہنا ۔

تاک لگانا (ہ) گھات لگانا ۔ گھورنا ۔ تلاش میں رہنا ۔ منتظر رہنا ۔ انتظار میں رہنا ۔

تاکنا (ہ) گھورنا ۔ ٹکٹکی لگانا ۔ پہلے سے جان رکھنا ۔ جھانکنا ۔ چھُپ کر دیکھنا ۔ پہچاننا ۔ تاڑنا ۔ نشانہ باندھنا ۔ شست لگانا ۔ انتظار کرنا ۔

تاکیداً (ع) از رُوئے تاکید ۔ نہایت اصرار سے ۔ زور دے کر ۔

تاکید آکید (ع/مث) سخت حکم ۔ سخت اصرار ۔

تاکید بلیغ (ع/مث) پوری تاکید ۔ سخت تاکید ۔

تاکیدی حکم (ذ/مذ) سخت حکم ۔ ضروری حکم ۔ سخت تقاضا ۔

تاگا (ہ/مذ) دھاگا ۔ ڈورا ۔ رشتہ ۔ سُوت ۔ تار (دیو رب) آدمیوں کا محصول ۔

تاگڑی یا تگڑی (ہ/مث) لنگوٹی باندھنے کے لیے دھاگوں کا بٹا ہوا ڈورا ۔ زنجیر کی قسم کا ایک زیور ۔ جسے امیر ہندو مرد اور عورتیں کمریں باندھ لیتے ہیں ۔

تاگنا (ہ/مث) تاگا ڈالنا ۔ سینا پرونا ۔ کچی سلائی کرنا ۔

تال (ہ/مذ) تالاب ۔ بڑا حوض ۔ عینک کا ایک شیشہ ۔ (مث) راگ کا سُر دُرست رکھنے کے لیے ہاتھ پر ہاتھ مارنا ۔ پیتل کی دو چھوٹی چھوٹی کٹوریاں ۔ جو طبلے یا ڈھولک کے ساتھ بجاتے ہیں ۔ مجیرے کی جوڑی (دیو رب) پہلوانوں کا خم ٹھونکنا ۔ تھاپی مارنا ۔

تال بے تال (ہ) سُر بے سُر ۔ موقع بے موقع ۔

تال اُڑانا (ہ/محاورہ) تال کا ساز کے مطابق نہ ہونا ۔

تال دینا (ہ) سُر دُرست رکھنے کے لیے تالی بجانا ۔ گانے بجانے میں اصول قائم رکھنے کے لیے سہارا دینا ۔

تال سے بے تال ہونا (ہ) اصولِ نغمہ کے مقام سے اُکھڑ جانا ۔ سُر تال کا اپنے وزن پر قائم نہ رہنا ۔ سُر سے باہر ہونا ۔

تال میل (ہ/مذ) موافقت ۔ موزونیت ۔ میل جول ۔ ربط ضبط ۔ قرینے سے ہونا ۔ حسبِ موقع ہونا ۔ مناسبت ۔

تال میل کھانا (ہ) موافقت ہونا ۔ سنجوگ ہونا ۔ گھُل مِل جانا ۔ ستارہ مِلنا ۔

تالا (ہ/مذ) قفل ۔ کنجی کے بغیر نہ کھُلنے کا آلہ ۔

تالا پھڑنا (ہ) قفل لگنا ۔ دروازہ بند ہونا ۔ ایک قسم کی سخت بد دُعا ہے یعنی کوئی وارث وغیرہ نہ رہنا ۔ اَوت نپوت جانا ۔

تالا توڑنا (ہ) قفل توڑنا ۔ قفل توڑنے کا جرم کرنا ۔

تالا کنجی (ہ) قفل مع چابی کے ۔ ہندو بچوں کا ایک کھیل ۔

تالاب (ذ/مذ) آب گیر ۔ بڑا حوض ۔ چشمہ ۔

تالار (ف/مذ) کھیت کا مچان ۔

تالد (ع/مذ) پُرانا مال ۔

تال مکھانا (ہ/مذ) ایک قسم کے چوڑے کالے سے بیج جن سے معجون بناتے ہیں ۔

تالو (ہ/مذ) کام دہن ۔ منہ کے اُوپر کی چھت ۔ دماغ کے اُوپر کی چھت ۔ چُندیا ۔ گھوڑے کی ایک بیماری ۔

تالو اُٹھانا (ہ) بچہ ہوتے ہی دائی کا اُنگلیوں سے اس کے کان و دہن کو دُرست اور باموقع کرنا ۔

تالو سے زبان نہ لگنا (ذ) برابر بکتے رہنا ۔ چُپ نہ رہنا ۔ بڑبڑ کیے جانا ۔

تالی (س/مث) کُنجی ۔ چابی ۔ کلید ۔

تالی (ہ/مث) کفِ دست ۔ ہتھیلی ۔ دستک ۔ تھپڑی ۔ دونوں ہاتھوں کے بجانے کی آواز ۔

تالی ایک ہاتھ سے نہیں بجتی
تالی دونوں ہاتھ سے بجتی ہے } (ذ/مثل) محبت یا لڑائی جھگڑا ہمیشہ دونوں طرف سے ہوتا ہے ۔ ایک طرف سے کبھی نہیں ہو سکتا ۔

تالی بجانا (ہ) ہاتھ پر ہاتھ مار کر آواز نکالنا ۔

تالی بجنا ۔ یا ۔ تالی پِٹنا (ہ) بدنامی ہونا ۔ رُسوائی اور تضحیک ہونا ۔

تالیاں بجالے تو بیاہ ہوگا (ذ/مثل) چھوٹی لڑکیوں کو کہتے ہیں ۔ جب وہ خوشی میں تالیاں بجاتی ہیں ۔

تالیاں بجانا ۔ یا ۔ دینا (ہ) ذلیل کرنا ۔ رُسوا کرنا ۔ ہنسی اُڑانا ۔ تمسخر اُڑانا ۔

تالیاں دینا (ذ/محاورہ) ذلیل کرنا ۔ رُسوا کرنا ۔ مضحکہ اُڑانا ۔

تالیف (ع/مث) دو چیزوں کا باہم ملانا ۔ جمع کرنا ۔ مختلف کتابوں کے مضامین کو نئی طرز سے ترتیب دینا ۔ باہم اُلفت کرنا ۔ دوستی پیدا کرنا ۔ دو دلوں کو ملانا ۔ مُرتبہ ۔ مؤلفہ ۔ بنائی ہوئی ۔ جمع کی ہوئی ۔

تالیف قلوب (ع/مث) دلجوئی کرنا ۔ باہم اُلفت دلانا ۔

تام (ع) پورا ۔ مکمل ۔ کامل ۔ کل ۔ تمام ۔

تامجان یا تام جھام (ذ/مذ) امیروں کی سواری کی ایک قسم ۔ ہوادار یا پالکی ۔

تامچی (ہ/مث) تانبہ ملی اشرفی

تامرس (ہ/مث) (دیو رب) ہمت ۔ طاقت ۔ قوت ۔ زور ۔ ستیا ۔

تامڑا (ہ) یاقوت کی ادنیٰ قسم کا جواہر ۔ بدرنگ یاقوت ۔ تانبے کے رنگ کا ۔ گنجے کی کھوپری ۔ صاف مطلع ۔ ایک قسم کا کاغذ ۔

تامس (ہ/مذ) غضب ۔ غصہ ۔ خشم ۔

تامسی (ہ) خشم آلود ۔ غضبناک ۔

تامل (ع/مذ) نہایت غور و فکر سے کسی بات کو سوچنا ۔ سوچ ۔ فکر ۔ اندیشہ ۔ سوچ بچار ۔ ڈھیل ۔ توقف ۔ دیر ۔ عرصہ ۔ صبر و تحمل ۔ برداشت ۔ شک و شبہ ۔ تذبذب ۔

تاموٹ ۔ یا ۔ تاملیٹ (ذ/مذ) ٹین کا آبخورہ ۔ ٹونگا ۔ پانی پینے کا ٹین کا برتن ۔

تان (ہ/مث) سُر ۔ الاپ ۔ گت ۔ تال ۔ ہوادار کا لوہا جو مضبوطی کی خاطر اردگرد لگا دیتے ہیں ۔ ایک درخت ۔

تان اُڑانا (ہ) گانا ۔ الاپنا ۔ کسی کی لَے یا طرز کا حاصل کرلینا ۔

تان توڑنا (ہ) طعنہ دینا اور تان لینا ۔ احسان جتانا ۔ موردِ طعن بنانا ۔

تان کی جان (ذ/مث) اصل مدعا ۔ حاصل مطلب ۔ خلاصۂ مقصد ۔

تانوں کے پلّے باندھنا (ا/مذ) مسلسل گانا۔

تانا (و/مذ) لمبے تاروں کا مجموعہ جسے جُلاہے بُننے کے لیے ترتیب دیتے ہیں۔ تار۔

تانا بانا (و/مذ) تار و پود۔ خواہ مخواہ آنا جانا۔

تانا بانا کرنا (ل) ہیرا پھیری کرنا۔ بے فائدہ چکر لگانا۔ خواہ مخواہ آنا جانا۔

تانا (ہ) گرم کرنا۔ پگھلانا۔ تپانا۔ تاؤ دینا۔ آزمانا۔ تجربہ کرنا۔ امتحان کرنا۔

تانبا (ہ/مذ) ایک دھات۔ ٹھاس۔ گوشت کا تِکّا جو شکاری پرندوں باز اور شاہین وغیرہ کو کھلاتے ہیں۔ بے چربی کا گوشت۔

تانب چون (ہ/مذ) تانبے کا بُرادہ۔ جیسے لوہ چون۔ لوہے کا برادہ۔

تانبے کا تار نہیں (ل) نہایت کنگال اور مفلس ہے۔ اس عورت کے متعلق بولتے ہیں جس کے پاس زیور کے نام چھلاّ تک نہ ہو۔

تانت (ہ/مث) بھیڑ۔ بکری۔ گائے وغیرہ کی وہ انتڑی جسے بٹ کر کمان غلیل اور سارنگی وغیرہ میں لگاتے ہیں۔ سارنگی کا تار۔ جلاہوں کا راچھ۔

تانت باندھنا (ہ) تاگا باندھنا۔ نشانی باندھنا۔

تانت سا (ہ) از حد لاغر۔ نہایت دُبلا۔

تانتا (ہ/مذ) سلسلہ۔ تسلسل۔ قطار۔

تانتا بندھنا (ہ) قطار ہونا۔ سلسلہ قائم ہونا۔ لگاتار ہونا۔

تانتا لگانا (ا/محاورہ) سلسلہ آمد و رفت شروع ہونا۔ قطار بننا۔

تانتڑی (ہ/مث) چھوٹی سی تانت۔ نہایت دُبلا پتلا۔ مَعنی۔

تانتڑی سا (ہ) نہایت دُبلا۔ بے حد لاغر۔

تانتوا (ہ/مذ) فتق۔ آنت اُتر آنے کی بیماری۔

تانتوا ٹوٹنا (ا/محاورہ) بے کار باتیں کیے جانا۔

تانتی (ہ/مث) سلسلہ۔ قطار۔ اولاد۔ بال بچے۔ جُلاہا۔ کُوربات۔ پارچہ باف۔ سفید باف۔

تانجھا (ہ) نہایت دُبلا۔ بے حد لاغر۔ تانت سا۔

تاندرکھ (ا/مذ) بڑ کا درخت۔

تانڈی (ہ/مث) ٹھگوں کی اصطلاح میں اشرفی۔

تاننا (ہ) طانٹنا۔ ڈرانا۔ دھمکانا۔ گھُرکنا۔ تنبیہ کرنا۔ سختی اور جبر کرنا۔ بھُوکا مارنا۔ خوراک تھوڑی دینا۔ بُرا کہنا۔ بدسلوکی کرنا۔

تان سین (ہ/مذ) ہندوستان کے نامی نائکوں میں چھٹا نائک۔ یہ ذات کا برہمن تھا۔ بڑا کلاونت اور فنِ موسیقی کا اُستاد ہوا ہے۔ گوالیار میں قبر ہے۔

تانگا یا تانگہ (ہ/مذ) رہڑو۔ چار سواری کی دو پہیہ گاڑی جس کی نشست گاہیں ٹم ٹم سے نیچی ہوتی ہیں۔

تاننا (ہ) کسنا۔ کھینچنا۔ جکڑنا۔ جھُول دُور کرنا۔ مقدمہ دائر کرنا۔ قید کرنا۔ جیسے دو برس کو تانا گیا۔ بھیجنا۔ ارسال کرنا۔ روانہ کرنا۔ جیسے خط تاننا۔ سیدھا کرنا۔ عمودوار کھڑا کرنا۔ جیسے چھاتی تاننا۔ برچھی تاننا۔

تَانّی (ع/مث) تاخیر۔ دیر۔ درنگ۔ توقف۔ وقفہ۔ تاخیر کرنا۔ دیر لگانا۔ غفلت۔ سُستی۔ کاہلی۔

تانی (ہ/مث) چھوٹا سا تانا۔ گوٹا کناری ٹانکنے کی نیچ۔

تانیث (ع/مث) مؤنث ہونا۔ مؤنث۔

تاؤ (ہ/مذ) تایا۔ باپ کا بڑا بھائی۔

تاؤ (ہ/مذ) گرمی۔ حرارت۔ تاب۔ بخار۔ تپ۔ پگھلاؤ۔ غصّہ۔ خشم۔ غضب۔ کرودھ۔ بل۔ اینٹھ۔ مروڑ۔ طاقت۔ زور۔ کاغذ کا تختہ۔

تاؤ آنا (ہ) کسی دھات کا تپ جانا۔ لوہے وغیرہ کا گرم ہو کر سُرخ ہو جانا۔ چکر کھانا۔ چرخ کھانا۔ پگھل جانا۔ جوش کھانا جیسے خون تاؤ کھا گیا۔ غصّہ آنا۔ جھنجھلانا۔ جھُونجھل آنا۔ چاشنی کا پکنے اور پختہ ہونے کو تیار ہونا۔

تاؤ بھاؤ (ہ) ذرا سا۔ بہت ہی کم۔ کسی قدر۔

تاؤ پیچ (ہ/مذ) پیچ و تاب۔ غم و غصّہ۔

تاؤ دینا۔ گرمانا۔ گرم کرنا۔ تانا۔ تپانا۔ پگھلانا۔ چرخ دینا۔ آنچ دینا۔ لال کرنا۔ بل دینا۔ مروڑنا۔ جیسے مونچھوں کو تاؤ دینا۔

تاؤ کھانا (ہ) سُرخ ہونا۔ آنچ سے لال ہو جانا۔ تمام جل جانا۔ اینٹھنا۔ سخت ہو جانا۔ پگھلنا۔ رقیق ہو جانا۔ گنّے کا آنچ کھا جانا۔ چاشنی یا قوام کا چڑھ جانا۔ غصّہ کھانا۔ بل کھانا۔ اظہارِ غم و غصّہ کرنا۔ غضب ظاہر کرنا۔

تاؤ لگنا (ہ) آنچ لگنا۔ خُوب گرم ہونا۔

تادا (ہ/مذ) چکر۔ گردش۔ کبوتروں کا مکان کے گرد چکر کھانا۔

تاوا دینا۔ یا۔ کھلانا (ف/مذ) ڈنڈ۔ ڈانڈا۔ جُرمانہ۔ بدلہ۔ عوض۔ دیت۔ قصاص۔ کفارہ۔ ہرجہ۔ چٹّی۔

تاوان (ف/مذ) جرمانہ۔ ڈنڈ۔

تاوان بھرنا (ف/محاورہ) جرمانہ دینا۔

تاول۔ تاولی (ہ/مث) جلدی۔ شتابی۔

تاولا (ہ) جلد باز۔ شتابی کرنے والا۔ مضطرب۔

تاویل (ع/مث) کسی بات کو اصل کے خلاف بیان کرنا۔ کسی بات کو دُوسری طرح کہنا۔ عذر۔ عذرِ بے جا۔ بچاؤ کی دلیل۔

تاہُّل (ع/مذ) شادی کرنا۔ بال بچے والا بن جانا۔

تاہم (ف) پھر بھی۔ تو بھی۔ اس پر بھی۔ باوجودیکہ۔

تائِق (ع) شائق۔

تائی (ہ/مث) بڑی چچی۔ باپ کے بڑے بھائی کی بیوی۔

تایا (ہ/مذ) تاؤ۔ باپ کا بڑا بھائی۔ بڑا چچا۔

تائب (ع) توبہ کرنے والا۔ گناہ سے باز آنے والا۔ پچھتانے والا۔ گناہ چھوڑ دینے والا۔

تائید (ع/مث) طاقت دینا۔ مضبوطی۔ استحکام۔ مدد۔ اعانت۔

حمایت۔ رعایت۔ طرفداری۔ دعویٰ کے استحکام کی دستاویز۔
تائید کرنا (ف) مدد کرنا۔ سہارا دینا۔ حمایت کرنا۔ ساتھ دینا۔
تائید کلام (ع امث) کلام کو تقویت دینا۔ بات کی پچ کرنا۔ سخن پروری۔
تائید مزید (ع امث) زیادہ مدد۔
تائیدی شہادت (ع امث) وہ گواہی جو کسی بیان کی تائید کرے۔
تائیس۔ یا۔ تائیں (ہ امث) خسر کے بڑے بھائی کی بیوی۔ زوجہ کی تائی۔ خاوند کی تائی۔

ت ب

تب (ف امث) تاب کا مخفف۔ گرمی۔ حرارت۔ بخار۔ تپ۔
تب (ہ) بعد ازاں۔ پھر۔ اس وقت۔ تو (حرف جزا) جب کا جواب۔
تب بھی (ہ) تاہم۔ پھر بھی۔ اس پر بھی۔
تب تک (ہ) جب تک۔ اس وقت تک۔
تب ہی (ہ) اسی وقت۔ جب ہی۔ اسی سبب سے۔ اسی وجہ سے۔
تبار (ع امذ) خاندان۔ کنبہ۔ رشتہ۔
تبارک (ع) بڑا بزرگ۔ عالی (امث) قرآن شریف کی سورۃ (امذ) مسلمانوں کی ایک مذہبی رسم جو رجب میں اکتالیس بار سورۃ تبارک پڑھ کر ادا کی جاتی ہے۔
تبارہ (ہ) تیسری دفعہ۔ تین دروازوں کا کمرہ۔
تباسی (ہ) تین دن کی باسی چیز۔
تباہ (ف) برباد۔ خراب۔ ویران۔ گم۔ ضائع۔ شکستہ۔ خستہ۔ غرقاب۔ غرق شدہ۔
تباہ حال (ف ع) خستہ حال۔ ذلیل حالت والا۔
تباہ کرنا (ف) برباد کرنا۔ ویران کرنا۔ گنوانا۔ ضائع کرنا۔ لٹانا۔ دیوالہ نکالنا۔ مفلس بنانا۔ ڈبونا۔ ستیاناس کرنا۔ بگاڑنا۔ کھونا۔
تباہ ہونا (ف) برباد ہونا۔ ویران ہونا۔ اجڑنا۔ ضائع ہونا۔ لٹنا۔ دیوالہ نکلنا۔ مفلس ہونا۔ غرق ہونا۔ ڈوبنا۔ مفتون ہونا۔ عاشق ہونا۔
تباہی (ف امث) بربادی۔ خرابی۔ ویرانی۔ ذلت۔ رسوائی۔ آفت۔ مصیبت۔ بلا۔
تباہی زدہ (ف) مصیبت زدہ۔ مصیبت کا مارا۔ بدبخت۔ بدنصیب۔ فلک زدہ۔ تباہی کا مارا۔
تباین جزوی (ع امذ) کلیۃً افتراق نہ ہو مگر افتراق غالب ہو۔
تباین کلی (ع امذ) مکمل افتراق۔
تبتیل (ع امث) تجرد۔ ترک دنیا۔
تبجیل (ع امث) عزت کرنا۔ عزت و احترام۔

تبحر (ع امذ) بحر علم میں غوطہ لگانا۔ نہایت عالم ہونا۔ علامہ ہونا۔ کسی علم یا فن میں نہایت درجے کا کمال ہونا۔
تبخالہ (ف امذ) وہ آبلہ جو بخار کے بعد ہونٹوں پر ظاہر ہوتا ہے۔ ہبوتپ۔
تبختر (ع امذ) (لغوی) اکڑ کر اور اترا کر چلنا (اصطلاحی) ناز و ادا۔ ناز و انداز۔ غرور۔ تکبر۔
تبخیر (ع امث) بخارات۔ بخارات بننا۔ بھاپ۔ بھک۔ ہلکی سی حرارت۔ خفیف سا بخار۔ وہ بخارات جو کھانا کھانے کے بعد دماغ کو چڑھتے ہیں اور جسم کو قدرے گرم کر دیتے ہیں۔
تبدل (ع امذ) بدل۔ بدلنا۔ بدل ڈالنا۔ بدل جانا۔
تبدیل (ع امث) ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلنا۔ نقل مکان۔ بدلنا۔
تبدیل آب و ہوا (ع ف امث) پانی اور ہوا کا اثر بدلنے کو دوسری جگہ جانا۔
تبدیل کرنا (ف) بدل ڈالنا۔ بدلی کرنا۔ لباس بدلنا۔
تبدیل مکان (ف امث) گھر بدلنا۔ جگہ بدلنا۔
تبدیل ناجائز (ع امث) ٹکٹ وغیرہ میں جعل سازی سے کچھ کا کچھ کر دینا۔
تبدیل ہیئت کرنا (ف) بھیس بدلنا۔ روپ دھارنا۔ دھوکا دینے کے واسطے صورت بدلنا۔
تبدیلی (ف امث) بدلی۔ پلٹی۔ ملازم کا ایک جگہ سے دوسری جگہ بدل جانا۔
تبر (ف امذ) کلہاڑی۔ لکڑی کاٹنے کا ایک اوزار۔ ایک ہتھیار۔
تبرا (ع امذ) سونا۔ کندن۔ طلا۔ زر۔
تبرا بھیجنا (ف) نفرت کرنا۔ لعنت بھیجنا۔ کراہت ظاہر کرنا۔ متنفر جاننا۔
تبرا کرنا (ف) برا بھلا کہنا۔ لعنت ملامت کرنا۔
تبرائی (ع) تبرا کرنے والا۔
تبرخون (ف) سرخ صندل کی لکڑی۔ مجیٹھ طائے سے بھی لکھنا جائز ہے۔
تبرک (ع امذ) وہ شے جس میں برکت ہونے کا اعتقاد ہو۔ تحفہ۔ پرشاد۔ ہدیہ۔ کسی بزرگ کا پس خوردہ۔ ختم فاتحہ کی چیز۔ بزرگ کا عطیہ۔ قلیل۔ تھوڑا سا۔ ذرا سا۔
تبرکاً (ع) بخیال برکت۔ برکت لینے کی امید سے۔ از روئے تبرک۔ بطور برکت۔ قدر قلیل۔ تھوڑا سا۔
تبرکاً و تیمناً (ع) یمن و برکت کے طور پر۔ مبارک اور متبرک سمجھ کر۔
تبرکات (ع امذ) تبرک کی جمع۔ برکت حاصل کرنے کی چیزیں۔ وہ چیزیں جو بزرگان دین کی نشانیاں سمجھ کر رکھی جائیں۔
تبرید (ع امث) ٹھنڈا کرنا۔ ٹھنڈائی۔ ٹھنڈی دوا۔
تبریز۔ ایران کا تجارتی مرکز۔ روسی ریلوے سے ملحق ہے۔ آبادی تقریباً ایک لاکھ اسی ہزار ہے۔
تبسم (ع امذ) خندۂ زیر لب۔ مسکراہٹ۔ وہ ہنسی جس میں لب نہ کھلیں۔

تبسم افشاں (ف/صف) مسکرانے والا - جو ہر وقت مسکراتا رہے -
تبسم برق (عف/مذ) بجلی کی چمک -
تبسم مینا (عف/مذ) صراحی سے شراب نکلنے کی آواز -
تبعات (ع) کسی چیز کے لوازم - دُکھ - سختی - پیرو لوگ -
تبعیت (ع/مث) پیچھے چلنا - اتباع - پیروی - تقلید - فرمانبرداری -
تبلّد (ع) کُند ذہن ہونا -
تبلیغ (ع/مث) پہنچانا - کہہ دینا (اصطلاحی) شرعی احکام کا عام لوگوں یا
دوسرے مذہب والوں تک پہنچا دینا -
تبن (ع) سوکھی گھاس کا تنکا -
تبنی (ع) بیٹا بنانا - گود لینا -
تبوک (ع/ف) ملک شام کا ایک مقام جہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور کافروں میں جنگ ہوئی تھی -
تبویب (ع/مث) کتابوں کا بابوں اور حصّوں میں تقسیم کرنا - باب باندھنا -

ت - پ

تپ (س/مث) گرمی - حرارت - بخار - دُھونی رَما کر گیان دھیان میں لگنا - تپسیا - رُوحی یا قلبی عبادت -
تپ (ف/مث) گرمی کا بخار - حرارت جو مادّے کے سڑ جانے سے جسم میں پیدا ہو -
تپ اُترنا (ل) بخار کم ہونا -
تپ چڑھنا (ل) بخار سے بدن کا جلنے لگنا - بخار کا دورہ ہونا - بدن گرم ہونا - بخار کا جسم پر ظاہر ہونا -
تپ دق (ف ع/مث) تپ کہنہ - تپ استخوانی - وہ بخار جس سے اعضائے رئیسہ میں حرارتِ غریزی سرایت کرکے بدن کی رطوبت کو سکھا دیتی ہے - بڑا آزار -
تپ لرزہ (ف/مث) سردی کا بخار -
تپ نوبت یا تپ نوبہ (ف/مث) باری کا بخار -
تپاک (ف/مذ) بے قراری - بے تابی - دھڑکن - جیسے تپاک قلب - فرطِ محبت - گرم جوشی - گرمی - آؤ بھگت - خاطر تواضع - عشق - اخلاص - بے حد رغبت -
تپانا (ہ) گرم کرنا - تاؤ دینا - سونے چاندی وغیرہ کو آگ میں دے کر دیکھنا - دُکھ دینا - تکلیف پہنچانا - سخت ناراض کرنا جیسے بس مجھے زیادہ نہ تپاؤ -
تپائی (ل/مث) بینچ - تین پایوں کی چوکی - سہ پائی -
تپڑ (ہ/مث/مذ) ٹاٹ - ٹاٹ کی گدّی جس پر بنیئے لوگ بیٹھتے ہیں -
تپسوی - تپسی (ہ) تپسیا کرنے والا - عابد - رشی -
تپسیا - تپشیا (ہ/مث) جسم کو تکلیف دے کر عبادت کرنا - دُھونی رَما کر پرستش کرنا - نفس کے خلاف کرکے گیان دھیان میں لگنا -
تپش (ف/مث) گرمی - حرارت - تمازت - سوزش - جلن - اضطراب - بے چینی - بے قراری -
تپک مارنا (ل) توپ چلانا - بہادری کا کام کرنا - جرأت دکھانا -
تپک (ل/مث) چبک - پکے ہوئے پھوڑے کی ٹیس - راد عد کی کھولاہٹ - پھوڑے میں کھولن -
تپکنا (ل) زخم میں ٹیس ہونا - چبک مارنا - ہول اُٹھنا -
تپنا (ہ) گرم ہونا - جلنا - بھبکنا - رُعب بیٹھنا - جلال بیٹھنا جیسے آج کل اُن کی حکومت خوب تپ رہی ہے - بھاگوان ہونا - صاحبِ نصیب ہونا - دُھونی رَمانا -
تپی (ہ) (دیکھو تپسوی)
تپیدہ (ف/صف) تڑپا ہوا - گرم کیا ہوا -

ت - ت

تت (ہ/مذ) ست - رَس - عطر - مغز - طاقت - کسی چیز کا جوہر - ذاتی چیز کا جوہر - ذاتی پونجی - راس المال - اصل - سرمایہ - مُول - نتیجہ - پھل - ثمر - انجام - انت - انتہا - معرفت باری تعالیٰ - ذات - صفات کی ضد - ماہیت خدا - سار - خبر -
تت کال (ہ) متعلق فعل - فوراً -
تتا (ہ) گرم - تیز گرم - جلتا ہوا - تند - تیز مزاج - غصیلی - غضب ناک - جری - بہادر - شجاع -
تتا توا (ل) گرم توا - گرم توا سا - سوزاں - لڑاکا - فسادی - جھگڑالو -
تتبع (ع/مذ) پیروی - نقل کرنا - ریس -
تتر بتر (ہ) تار تار - پریشان - الگ الگ - متفرق - جُدا جُدا -
تترّی (ہ/مث) بہت غصّے والی عورت - جنم جلی - تیز مزاج - نہایت بخیل -

تترّی نے دیا جنم جلی نے کھایا جیب جلی نہ سوادا پایا	}	(ہ/مثل) بڑے سے بڑے کو فائدہ پہنچا - کسی نیک کا بھلا نہ ہوا - آپس ہی میں فائدہ اُٹھا لینے کے موقع پر بولتے ہیں -

تتق (ع) چادر - سراپردہ -
تتق نیلی (ف/مذ) آسمان - ابر سیاہ -
تتکار (ہ/مذ) اسٹیج کے لیے ہدایت کاری - حکم - ہدایت -
تتکال (ہ) فوراً - فُرت - اُسی وقت -
تتلانا (ہ) لُکنت کرنا - صاف نہ بولنا - رُک رُک کر بولنا -
تتلی (ہ/مث) تیتری - بھنبیری -
تتمّہ (ع/مذ) بقیہ - باقی ماندہ - بچا ہوا - کتاب یا عبارت کا وہ حصّہ جو اسی کتاب کے متعلق اس کے اخیر میں لگا دیتے ہیں - ضمیمہ - خاتمہ -
تتھی (ہ/مث) ہندی مہینوں کے دن - چاند کی تاریخ -

تتھڑا (ہ/مذ) پانی گرم کرنے کا برتن۔
ٹنٹی (ہ/مث) ایک چھوٹا سا ٹونٹی والا برتن جس سے بچے پانی پیتے ہیں
تتیا (ہ/مذ) لال رنگ کی بھڑ۔ ایک قسم کی تیز ڈنک والی زہریلی بھڑ جس کے ڈنک مارنے سے جسم سوج جاتا اور نہایت درد کرتا ہے۔ تیز۔ چالاک۔ پھرتیلا۔ چربرا۔ ذہین۔
تتیا مرچ (ہ/مث) لال مرچ جو نہایت چرچری ہوتی ہے۔ تیز۔ چالاک۔ پھرتیلا۔ ذہین۔

ت ۔ ط

تتط (ہ/مذ) ساحل۔ کنارا۔

ت ۔ ث

تثاقل (ع/مذ) بوجھل پن۔ گرانی۔
تثلیث (ع/مث) تین حصوں میں بانٹنا۔ عیسائیت میں خدا کی وحدانیت کی تین شاخیں یعنی باپ۔ بیٹا۔ روح القدس۔ نجومیوں کی اصطلاح میں تیسرے گھر کے ستارے کا پہلے گھر کو دیکھنا۔
تثنیہ (ع/مذ) دگنا۔ دگنا کرنا۔ دو صیغہ جس سے دو سمجھے جائیں۔ جیسے طرفین۔ والدین وغیرہ۔

ت ۔ ج

تج (ہ/مذ) دارچینی۔ ایک درخت کی خوشبودار چھال جو لیسدار ہوتی اور دوا کے کام آتی ہے۔
تج چکنا (ہ/مص) چھوڑ چکنا۔ دستبردار ہونا۔
تجاذب (ع/مذ) باہم جذب کرنا۔ کشش۔
تجار (ع/مذ) تاجر کی جمع۔ سوداگر لوگ۔
تجارت (ع/مث) سوداگری۔ بیوپار۔ بنج۔
تجارتی مال (ف/مذ) سوداگری کا مال۔
تجاری (ع/مذ) تیسرے دن کا بخار۔ تیا تپ۔
تجاوز (ع/مذ) گزرنا۔ حد سے بڑھنا۔ لانگھنا۔ فرق۔ تفاوت۔
تجاہل (ع/مذ) جان بوجھ کر انجان بننا۔ اپنے آپ کو نادان ظاہر کرنا جتانا۔ چشم پوشی کرنا۔
تجاہل عارف۔ یا۔ عارفانہ (ع/مذ) دیدہ و دانستہ انجان بننا۔ علم بدیع میں کسی معلوم بات کو نامعلوم طور پر بیان کر کے اس کی تمیز میں اپنی حیرانی اور ناواقفیت ظاہر کرنا۔
تجبّر (ع/مذ) سرکشی۔ تمرّد۔

تجدید (ع/مث) از سرِ نو کچھ کام کرنا۔ نئے سرے سے کسی کام کو کرنا۔ ایجاد۔ اختراع۔
تجربہ (ع/مذ) آزمائش۔ جانچ۔ امتحان۔ پڑتال۔ ثبوت۔ دلیل۔ سائنس کا عمل۔
تجربہ کار (ع) ہوشیار۔ واقف کار۔ ماہر۔ جہاندیدہ۔
تجربہ کاری (ع/مث) ہوشیاری۔ مہارت۔ واقفیت۔
تجرد (ع/مذ) (لغوی) عریانی۔ ننگا ہونا (اصطلاحی) تنہائی۔ علیحدگی۔ خلوت۔ مجرد رہنا۔ ترکِ دنیا۔
تجرّع (ع/مذ) گھونٹ گھونٹ کر کے پینا۔
تجرید (ع/مث) عریانی۔ تنہائی۔ علیحدگی۔ علم بیان کی ایک صنعت جس میں زوائد کو چھوڑ کر صرف ایک معنی سے غرض رکھتے ہیں۔
تجزی (ع) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تجسس (ع/مذ) تلاش۔ جستجو۔ کھوج۔ کھوج لگانا۔ تحقیقات کرنا۔
تجلّی (ع/مث) پردہ ہٹنا۔ ظاہر ہونا۔ روشنی۔ چمک۔ نور۔ جلوہ۔ جھلک۔
تجلید (ع/مث) جلد باندھنا۔ کھال کھینچنا۔
تجلیہ (ع/مث) چمکانا۔ زنگ چھڑانا۔
تجنیس (ع/مث) ہم جنس ہونا۔ علم بدیع کی اصطلاح میں دو لفظوں کا تلفظ میں متحد اور معنی میں مختلف ہونا۔
تجوید (ع/مث) حروف کا ان کے مخارج سے ادا کرنا۔
تجویز (ع/مث) جائز سمجھنا۔ روا رکھنا۔ رائے۔ تدبیر۔ فیصلہ۔ تصفیہ۔ بندوبست۔ انتظام۔ غور و فکر۔ تامل۔
تجویف (ع/مث) خالی کرنا۔
تجویز اخیر (ع/مث) اخیری فیصلہ۔
تجویز ثانی (ع/مث) نظرِ ثانی۔ فیصلے کی پڑتال۔
تجھ (ہ) تو کی بدلی ہوئی صورت۔
تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو (ہ/مثل) تو اپنی فکر کر تجھے غیروں سے کیا مطلب ہے۔ خواہ مخواہ دوسروں کے عیب جو کو کہتے ہیں۔
تجھ مجھ (ہ) اپنا بیگانہ۔ ہر ایک۔ ہر کس و ناکس۔
تجہز (ع/مذ) آمادہ ہونا۔
تجھے (ہ) تجھ کو۔
تجہیز (ع/مث) شادی کا جہیز دینا۔ مردے کا اسباب تیار کرنا۔
تجہیز لشکر (ع/ف/مث) لشکر مرتب کرنا۔ لشکر کو درست کرنا۔
تجہیز و تکفین کرنا (ف) مردے کے کفن دفن کا سامان تیار کرنا۔ گور گڑھا کرنا۔ مردے کو گاڑنا۔ دبانا۔
تجہیل (ع/مث) نادان بنانا۔ نادان کہنا۔

ت ۔ چ

تچا (ف/مذ) تپا۔
تچانا (ہ) آگ پر رکھنا۔ سینکنا۔ گھلانا۔ تانا۔ گرم کرنا۔

تپنا رہ، گرم ہونا۔ سکنا۔ پگھلنا۔ تپنا۔ گداختہ ہونا۔
تپھ دہ، خالی۔ تہی۔ کھوکھلا۔ ادنیٰ۔ ناکارہ۔ نکما۔ بے وقوف۔ ذلیل۔ کمینہ۔ سفلہ۔
تپھنا دہ، درست ہونا۔ لکڑی کے کند سے کا پھیچاں اتر کر صاف اور قابل استعمال ہو جانا۔

ت - ح

تحائف رع امذ، تحفہ کی جمع۔ سوغاتیں۔
تحابب رع امذ، محبت کرنا۔
تحارب رع امذ، جنگ کرنا۔
تحاشی رع امذ، ایک طرف ہونا۔
تحالف رع امذ، قسم کھانا۔
تحت رع امذ، نیچے کا حصہ۔ قبضہ۔ اختیار۔ قابو۔ بس۔ نیچے۔ زیر۔
تحت الثریٰ رع امث، زمین کا سب سے نچلا طبقہ راتھی بوڑھیزا
تحت اللفظ رع، لفظی ترجمہ۔ لفظوں کے معنی ان کے نیچے لکھے ہوئے گانے کے بغیر نظم پڑھنا۔ جریدہ۔ مجرد۔ تنہا۔ دم نقد۔
تحت و تصرف میں لانا رد، قبضے میں لانا۔ قبضہ و صرف میں لانا۔ کام میں لانا۔
تحتّم رع امذ، واجب ہونا۔
تحرّز رع، پرہیز کرنا۔
تحرک رع، حرکت کرنا۔
تحریر رع امث، آزاد کرنا۔ لونڈی یا غلام کو رہا کر دینا۔ لکھت نوشت۔ دستاویز۔ تمسک۔ وثیقہ۔ لکھنے کا ڈھنگ۔ مضمون نویسی کا انداز۔ خط۔ رقعہ۔ چٹھی۔ ہلکی لکیر۔ ہلکا نقش۔ باریک لکیر۔ جو تصاویر پر کھینچ دیتے ہیں۔ اجرت تحریر۔ لکھائی۔ لکھا ہوا۔ نوشتہ۔
تحریر ظہری رع امث، پشت کا لکھا ہوا۔ دوسری طرف کی عبارت۔ کسی کاغذ کی پیٹھ پر لکھی ہوئی عبارت۔
تحریص رع امث، لالچ دلانا۔ حرص دلانا۔ رغبت دلانا۔ ورغلانا۔ اغوا کرنا۔ بہکانا۔ بہکاوا۔ اغوا کی ترغیب۔
تحریف رع امث، ایک حرف کی جگہ دوسرا حرف رکھ دینا۔ حالت بدلنا۔ وضع بدلنا۔
تحریک رع امث، حرکت دینا۔ ہلانا۔ ورغلانا۔ بہکانا۔ کسی بات کو چھیڑنا۔ شروع کرنا۔ برانگیختہ کرنا۔ کوشش۔ سعی۔ جد و جہد۔
تحریک التوا رع امث، مجلس آئین ساز کے اجلاس میں کسی اہم واقعہ پر بحث کرنے کے لیے اجلاس کی معمولی کارروائی کو روکنے کی تجویز۔
تحریک پیش کرنا را امحاورہ، کسی اجلاس میں منظوری کے لیے تجویز پیش کرنا۔ تجویز کرنا۔
تحس نحس رد، تہہ و بالا۔ تباہ و برباد۔ ویران۔ خراب۔ ستیاناس۔ تباہی۔ خرابی۔ بربادی۔

تحس نحس کرنا رد، ستیاناس کرنا۔ برباد کرنا۔ بگاڑ دینا۔ خراب کرنا۔
تحسین رع امث، نیکی سے منسوب کرنا۔ سراہنا۔ تعریف کرنا۔ آفرین۔ مرحبا۔ واہ وا۔ شاباش۔
تحشّم رع امذ، جاہ و حشم۔ رعب و داب۔
تحصیل رع امث، حاصل کرنا۔ آگاہی کرنا۔ وصول کرنا۔ جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ علم سیکھنا۔ کمائی کرنا۔ خراج۔ محصول۔ نفع۔ فائدہ۔ تحصیلدار کی کچہری۔ تحصیل کا دفتر۔
تحصیلدار رعف امذ، وصول کرنے والا۔ محصّل۔ وہ سرکاری افسر جو کسی علاقے کا لگان وصول کرے۔
تحصیلداری رعف امث، تحصیلدار کا کام۔ عہدہ۔ تحصیلداری۔
تحصیل کرنا۔ تحصیلنا را ام، آگاہی کرنا۔ حاصل کرنا۔ جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ کمانا۔
تحفہ جات رف امذ، تحفہ کی جمع۔ تحائف۔
تحفگی رف امث، خوبی۔ بھلائی۔ بہتری۔ فوقیت۔ عمدگی۔
تحفہ رع امذ، ہدیہ۔ سوغات۔ ارمغان۔ نذر۔ پیش کش۔ انعام۔ انوکھا۔ طرفہ۔ عجیب۔ عمدہ۔ بہتر۔ نفیس۔ نادر۔ اچھا۔
تحفہ یا طرفہ معجون رع امذ، عجیب آدمی۔ نرالا شخص۔ مسخرہ۔ نقلِ محفل۔ عجیب قسم کا آدمی۔
تحقیر رع امث، حقیر جاننا۔ ذلیل سمجھنا۔ ذلت۔ بے قدری۔ بے حرمتی۔ بے عزتی۔ رسوائی۔
تحقیق رع امث، حقیقت معلوم کرنا۔ اصل معلوم کرنا۔ راست۔ صحیح۔ درست۔ ٹھیک۔ سچ۔ تصدیق۔ ثبوت۔ مسلّم۔ یقین۔ اعتبار۔ تلاش۔ کھوج۔ جستجو۔ سراغ۔ دریافت۔ جانچ۔ پڑتال۔ امتحان۔ تجربہ۔ چھان بین۔ معتبر۔ پکی بات۔
تحقیقات رع امث، تحقیق کی جمع۔ کھوج لگانا۔ جھوٹ سچ کا ثبوت۔ قانونی تفتیش۔
تحکّم رع امذ، جبری حکومت۔ زور آوری۔ زبردستی۔ دعویٰ۔ غلبہ۔
تحکّم جتانا / تحکّم کرنا رد، خواہ مخواہ زبردستی جتانا۔ حکومت جتانا۔ زور آوری ظاہر کرنا۔
تحلیل رع امث، گھلاوٹ۔ گھلنا۔ اجزا کا حل ہونا۔ ہاضمہ۔ پچاؤ۔
تحلیل کرنا رد، پچانا۔ ہضم کرنا۔ گلانا۔ گھلانا۔ حل کرنا۔ ایک جان کرنا۔ کسی چیز کو پگھلا کر پتلا کرنا۔
تحلیل ہونا رد، پچنا۔ ہضم ہونا۔ گلنا۔ گھلنا۔ حل ہونا۔ ایک جان ہونا۔ دبلا ہونا۔ لاغر ہونا۔ مرجانا۔ دم نکل جانا۔ تمام ہونا۔
تحمّل رع امذ، برداشت۔ سہارا۔ صبر۔ صبر کرنا۔ برداشت کرنا۔ سمائی کرنا۔ سہارا اٹھانا۔
تحمید رع امث، تعریف کرنا۔ حمد کرنا۔ سراہنا۔
تحمیق رع امث، احمق بنانا۔ بے وقوف بنانا۔
تحنّث رع امذ، گناہ ترک کرنا۔ شب بیداری۔
تخاطب رع امذ، دوبدو ہو کر باتیں کرنا۔ مخاطب ہونا۔ مخاطبت۔ خطاب۔
تحویل رع امث، پھیرنا۔ لوٹنا۔ سپرد کرنا۔ حوالے کرنا۔ امانت۔ سرمایہ۔

خزانہ - پونجی (نجوم کی اصطلاح میں) داخل ہونا - کسی ستارے کا برج میں آنا (علم حساب میں) ایک رقم کو دوسری رقم میں سے جانا - جیسے روپوں کو آنوں میں -
تحویل دار (ع ف/ مذ) خزانچی - امین -
تحیت (ع) سلام کرنا - دیر تک زندہ رہنا - بادشاہی - ملک -
تحیر (ع/ مذ) اچنبھا - حیرانی - تعجب -

ت - خ

تخاطب (ع/ مذ) روبرو ہو کر باتیں کرنا - مخاطب ہونا - مخاطبت - خطاب -
تخافت (ع/ مذ) پوشیدہ - کمنا -
تخت (ف/ مذ) چوکی - بادشاہ کے بیٹھنے کی کرسی - سنگھاسن - مسند - گدی - سریر - اورنگ - دارالسلطنت - دارالخلافہ - پلنگ - چارپائی - بڑا - کلاں - عظیم - بزرگ -
تخت بخت (ف) سہاگ - بھاگ - راج - سہاگ -
تخت پر بٹھانا (ر) بادشاہ بنانا - حکومت دینا - حاکم بنانا -
تخت پوش (ف/ مذ) تخت ڈھانپنے کی چادر - تخت کی چادر -
تخت چھوڑنا (ر) بادشاہی چھوڑ بیٹھنا - راج تیاگنا - سلطنت چھوڑنا -
تختِ رواں (ف/ مذ) ہوادار - وہ تخت جس پر بادشاہ سوار ہو کر نکلتا ہے - شادیوں میں لڑکوں کے ناچنے کا تخت - اڑن کھٹولا -
تختِ سلیمان - یا - سلیمانی (ف/ مذ) حضرت سلیمانؑ کے بیٹھ کر چلنے کا تخت - جس کو ہوا اڑا کر لے جایا کرتی تھی - سری نگر کے قریب ایک پہاڑ -
تخت سے اتارنا (ر) بادشاہی سے معزول کرنا - سلطنت چھین لینا -
تخت کا تختہ ہونا (ر) بادشاہی کا جاتا رہنا - تباہی آجانا - بربادی ہونا -
تخت کی رات (ر/ مث) بیاہ کی رات - شبِ خلوت - سہاگ رات -
تخت گاہ (ف/ مذ) دارالحکومت - بادشاہ کے رہنے کی جگہ - راج دھانی - دارالسلطنت -
تخت نشین (ف) تخت پر بیٹھنے والا - بادشاہ - حاکم -
تخت نشینی (ف/ مث) تخت پر بیٹھنا - راج تلک -
تختہ (ف/ مذ) پٹڑا - لکڑی کا چوڑا ٹکڑا - چوب پارہ - لوح - تختی - پٹی - کاغذ کا تاؤ - جہاز کی لکڑی کا ہر ٹکڑا - چوکی - تپائی - بنچ - قطعۂ زمین - مُردے کو نہلانے کا پٹڑا - اشتہار لگانے کا بورڈ - کیاری - چمن - باغ کا چھوٹا سا ٹکڑا - تابوت - ارتھی - طلبہ کو سکھانے کا مسطح لکڑی کا ٹکڑا -
تختہ الٹنا (ر) آباد جگہ کا ویران ہونا - شہر اجڑنا -
تختہ بندی (ف/ مث) لکڑی کے تختوں کی دیوار - یا فرش - کیاریوں کا باسلیقہ اور باقرینہ ہونا -

تختۂ تابوت (ف/ مذ) ارتھی - جنازہ - وہ صندوق یا تختہ جس پر مُردے کو لے جاتے ہیں -
تختۂ تابوت پر سلانا (ر/ محاورہ) مار ڈالنا - قتل کر ڈالنا -
تختہ تباہ ہونا (ر) شہر کا برباد ہو جانا - ملک ویران ہو جانا - کھیت یا کیاری وغیرہ کا اجڑ جانا -
تختۂ تعلیم - یا - مشق (ف/ مذ) لڑکوں کے لکھنے اور مشق کرنے کی پٹی - لوح - وہ چیز جو بہت استعمال میں آئے -
تختۂ خاک (ف/ مذ) زمین -
تختۂ صندل (ف ع/ مذ) پیٹ - شکم -
تختۂ گردن (ف/ مذ) وہ گھوڑا جو لگام کے اشارے پر نہ مڑے - سخت اور موٹی گردن کا گھوڑا -
تختہ لگانا (ر/ محاورہ) پھولوں کی کیاریاں تیار کرنا - پودے وغیرہ زمین میں لگانا -
تختہ نرد (ف) وہ تختہ جس پر نردیں رکھ کر کھیلتے ہیں - شطرنج کے جواب کا ایک کھیل -
تختہ ہو جانا (ر) اکڑ جانا - سخت ہو جانا - جکڑا جانا -
تختی (ر/ مث) چھوٹا تختہ - لوح - پٹی - تختہ مشق - چاندی - عقیق وغیرہ پر کھدا ہوا نقش جو بچوں کے گلے میں دفعیہ نظر بد کے لیے ڈال دیتے ہیں - سینہ - چھاتی - چھب - وضع قطع - انداز - جسم - جامہ زیبی - کبوتر کے چوڑے سینے کو بھی کبوتر باز تختی ہی بولتے ہیں -
تخریب (ع/ مث) خرابی - تباہی - بربادی - ویرانی - ابتری - بیخ کنی کرنا - خرابی ڈالنا - قلع قمع کرنا -
تخریق (ع/ مث) پارہ پارہ کرنا -
تخصیص (ع/ مث) خصوصیت - مخصوص کرنا -
تخفیف (ع/ مث) کمی - اختصار - بوجھ ہلکا کرنا - اختصار - بوجھ ہلکا کرنا - خرچ کی کمی - افاقہ - آرام -
تخفیف کرنا (ر) کمی کرنا - گھٹانا - خرچ تھوڑا کرنا - نوکر کم کرنا - توڑنا - موقوف کرنا -
تخفیف میں آنا (ر) موقوف ہو جانا - برخاست ہونا - ٹوٹ جانا -
تخلص (ع/ مذ) چھٹکارا - چھٹکارا ہونا - بچاؤ ہونا - بچنا - شاعر کا وہ مختصر سا نام جو شعروں میں آتا ہے -
تخلیہ (ع/ مذ) خلوت - تنہائی - اکیلا پن - ایکانت - علیحدگی -
تخم (ف/ مذ) بیج - بیضہ - انڈا - اولاد - نسل - گٹھلی -
تخم بالنگو - یا - تخم بالنگا (ف/ مذ) تلسی کا بیج - ایک قسم کے بیج جو پانی میں ڈالنے سے پھول جاتے ہیں -
تخم ریحان (ف ع/ مذ) نازبو کے بیج -
تخم ریزی (ف/ مث) بیج بونا - بوائی - بوارا - تخم افشانی -
تخم کتان (ف/ مذ) السی کا بیج - السی -
تخمہ (ع/ مذ) بدہضمی - ایک خاص قسم کی قے جو غذا کے فساد سے پیدا ہو جاتی ہے - بخلاف ہیضے کے کہ وہ خلطوں کے فساد سے

ہوتا ہے۔
تخمہ نکلنا (ل) کبوتر کے جسم پر پھنسیوں یا مسّوں کا نکلنا۔
تخمیناً (ع) اندازے سے۔ قیاس سے۔ قریب قریب۔ کم و بیش۔
تخمینہ (ع امذ) اندازہ۔ بجٹ۔ قیاس۔
تخویف (ع امث) ڈر۔ خوف۔ دھمکی۔ خوف دلانا۔
تخویف مجرمانہ (عف) ناجائز دھمکی۔ بدنیتی سے ڈرانا۔

ت ۔ د

تدابیر (ع امث) تدبیر کی جمع۔
تداخل (ع امذ) ایک دوسرے میں داخل ہونا۔ گھسنا۔
تدارک (ع امذ) لغت میں گشدہ چیز کے پانے کو کہتے ہیں۔ تلافی۔ پاداش۔ بدلہ۔ سزا۔ دادرسی۔ تدبیر۔ بندوبست۔ انسداد۔
تدارک خفیف (ع امث) تھوڑی سزا۔ خفیف سزا۔
تدارک کرنا (ل) سزا دینا۔ تلافی کرنا۔ تیاری کرنا۔ انتظام۔
تداول (ع امذ) باری سے کرنا۔ دست بدست پھرنا۔ گردش۔ انقلاب۔ رواج۔
تداوی (ع امث) دوا دارو کرنا۔
تدبیر (ع امث) کسی کام کا انجام و آغاز سوچنا۔ علاج۔ چارہ۔ درمان۔ تجویز۔ بندوبست۔ جتن۔ کوشش۔ فکر و اندیشہ۔ سوچ بچار۔ غور و تامل۔
تدبیر سوجھنا (ار امص) تدبیر ذہن میں آنا۔
تدریج (ع امث) درجہ دینا۔ نمبر وار لگانا۔ درجہ بدرجہ تھوڑا تھوڑا۔
تدریس (ع امث) درس دینا۔ سبق پڑھانا۔ تعلیم۔ پڑھائی۔
تدقیق (ع امث) باریک کرنا۔
تدوین (ع امث) دیوان جمع کرنا۔ ترتیب دینا۔ تالیف کرنا۔
تدہین (ع امث) تیل ملنا۔
تدین (ع امذ) دین داری۔ پرہیزگاری۔ دیانت داری ظاہر کرنا۔

ت ۔ ذ

تذبذب (ع امذ) دُبدھا۔ دُگدا۔ دودلا ہونا۔ متردد ہونا۔ شک و شبہ۔
تذکرہ (ع امذ) ذکر۔ بیان۔ یادداشت۔ یادگار۔ چرچا۔ افواہ۔ تاریخ۔ واقعات کا بیان۔ سرگزشت۔ سوانح عمری۔ وہ کتاب جس میں شاعروں کا حال لکھا جائے۔
تذکیر (ع امث) مذکر ہونا۔ مردیت۔ نر ہونا۔ نرپنا۔ ذکر کرنا۔ ذکر الٰہی کرنا۔
تذکیہ (ع امذ) جانور کا ذبح کرنا۔

ت ۔ ر

تُر (ہ امذ) وہ لکڑی جس پر جُلاہے بُنتے وقت کپڑا لپیٹتے جاتے ہیں۔ وہ بیلن جس پر گوٹا کناری بُنتے وقت لپیٹتے جاتے ہیں۔
تَر (ف) نمدار۔ گیلا۔ بھیگا ہوا۔ نیا۔ تازہ۔ نزرت کا۔ ہرا۔ رسیلا۔ نرم۔ ملائم۔ ڈھیلا۔ کشادہ۔ فراخ۔ جیسے تر جوتا۔ زیادہ۔ افزوں۔ جیسے یہ کام تر ہے۔ چکنا۔ روغنی۔ جیسے تر مال۔ دولت مند۔ خوشحال۔ امیر۔ آلودہ۔ لتھڑا ہوا جیسے تر دامن۔ علامت تفضیل بعض جیسے بدتر۔ خوب تر وغیرہ۔ صاف۔ آبدار۔ پاکیزہ۔ خوش۔ عمدہ۔ جیسے تر زبان۔ گاڑھا موٹا۔ دبیز جیسے تر سوت کا کپڑا۔
تر بتر (ف) اس میں یائے اتصال ہے۔ شرابور۔ شوربور۔ خوب گھی والا۔
تر و تازہ (ف) ڈال کا ٹوٹا۔ نزرت کا اُترا۔ تازہ اُترا ہوا پھل۔ بارونق۔ آبدار۔ سرسبز و شاداب۔ ہرا بھرا۔
ترا (ہ امذ) ایک قسم کا بیج جو سرسوں سے مشابہ ہے۔ جس کا تیل نکالتے ہیں۔ تارا میرا۔
تُراب (ع امث) مٹی۔ خاک۔ غبار۔ گرد۔
ترابی (ع اصف) مٹی کا۔ زمینی۔ مٹی کا لتھڑا ہوا۔
ترادف (ع امذ) آگے پیچھے بیٹھنا۔ ہم معنی ہونا۔
ترارا (ہ امذ) گھوڑے کی جست۔ قلانچ۔ چھلانگ۔ تیزی۔ چستی۔ ڈینگ۔ گپ۔ نشہ۔ سرور۔ ترنگ۔
ترارا بھرنا (ل) تیز دوڑنا۔ قلانچیں بھرنا۔ سرپٹ جانا۔ چھلانگیں مارنا۔ فراٹے بھرنا۔ نہایت مشاق ہونا۔ کسی کام میں نہایت جلدی اور تیزی سے کام لینا۔
ترارا مارنا (ل) ڈینگ مارنا۔ شیخی مارنا۔ گپ ہانکنا۔
ترازو (ف امث) میزان۔ تولنے کا آلہ۔ برج میزان۔ تلاراس۔
ترازو ہو جانا (ل) تیر کا آرپار ہو کر نکل جانا۔ آدھے تیر کا نشانے سے باہر رہ کر اٹک جانا۔ دو فوجوں کا تعداد میں اس طرح برابر ہونا کہ ایک دوسری پر غلبہ نہ پا سکے۔
ترازوئے زر (ف) کنایہ مالدار بخیل اور نازک مزاج سے۔
ترازوئے عدل (ع امث) وہ ترازو جس کے دونوں پلڑے برابر ہوں۔
ترازوئے کافور (ف) کنایہ شمس و قمر سے۔
تراسی (ہ) اسی اور تین۔ ۸۳ - 83 -
تراش (ف امث) کاٹ۔ کاٹ چھانٹ۔ کتر بیونت۔ کاٹنے کا ڈھنگ۔ تراشنے کا طریقہ۔ ایجاد۔ اختراع۔ قطع وضع۔ ڈھنگ۔ طرز۔ انداز۔ آرائش۔ بناؤ سنگار۔ تاش یا گنجفے کا وہ پتّہ جو بانٹنے کے بعد بچ رہے۔
تراش و خراش (ف امث) وضع قطع۔ کاٹ چھانٹ۔ طرز۔ ڈھنگ۔ بناؤ سنگار۔ زیب و زینت۔
تراش ڈالنا (ار محاورہ) چھیلنا۔ کترنا۔
تراشنا (ل) کاٹنا۔ کترنا۔ چھانٹنا۔ چھیلنا۔ قطع کرنا۔ کاٹ کر صورت گھڑنا۔ ٹانکی لگانا۔ مونڈنا۔ حجامت بنانا۔ تاش یا گنجفے کے پتوں کو تقسیم کرنا۔
ترانا (ہ) اُبھارنا۔ تیرانا۔ ڈوبتے کو نکالنا۔ پار لگھانا۔ گناہوں سے بچانا۔

ترافوسے (ہ) نوسے اور تین - ۹۳ - ۹۳ -
ترانہ (ف/مذ) (لغوی) جوانِ رعنا (اصطلاحی) نغمہ - گیت - الاپ - ایک خاص سُر اور گیت -
تراوشش (ف/مث) ٹپکنا - ٹپکاؤ -
تراویح (ع/مث) ترویحہ کی جمع (لغوی) راحت دینا - (اصطلاحی) نمازِ نفل کی وہ بیس رکعتیں جو صرف ماہِ رمضان ہی میں بعد عشاء قبل از وتر پڑھی جاتی ہیں ان میں عموماً سارے مہینے میں سارا قرآن سنا دیا جاتا ہے۔
ترِاہ (ہ) پناہ دو - رحم کرو - فریاد و فغاں - پناہ - واویلا - الامان - کرپا کرو - دیا کرو - (مذ) ایک شہر جہاں کی تلواریں اور کٹاریں مشہور تھیں -
ترایا (ہ/مذ) تین راہوں والا - وہ مقام جہاں تین رستے ملتے ہوں -
ترِاہی (ہ) مقام ترِاہ کی بنی ہوئی تلوار یا کٹار -
ترائی (ہ/مث) نمناک زمین - ندی یا دریا کے کنارے کی زمین - کھادر - بیلا - مرغزار - سبزہ زار -
تُرب (ت) اُتولی -
تَرَب (ہ/مذ) وہ تار جو سارنگی یا ستار وغیرہ میں اصل تار کی مدد کے لیے لگاتے ہیں -
تِرب (ع) ہم عصر - ہم سِن -
تُربت (ع/مث) (لغوی) مٹی (اصطلاحی) قبر - گور - مزار - خانقاہ - ڈھیر -
تربوز (ہ/مذ) (فارسی میں تربُز) بڑا متیرا - ایک قسم کا عام پھل - جس کا گودا سرخ اور میٹھا ہوتا ہے -
تُربہ (ع/مذ) قبرستان - گورستان - مدفن -
تربھر ہونا (ہ) ناراض ہونا - خفا ہونا - بگڑنا -
تربھون (س/مذ) سُرگ - پرتھوی - پاتال - تینوں لوک (مُراد) کُل دُنیا - سارا جہان -
تربیت (ع/مث) پرورش - پالن - تعلیم - تادیب - تہذیب - تعلیمِ اخلاق -
تربیت پذیر (ع/صف - فاعلی) تربیت کے لائق - تربیت پانے والا -
تربیت کرنا (تعلیم دینا - سکھانا - مہذب بنانا - پالنا - پرورش کرنا -
تربینی (س/مث) (لغوی) تین دریاؤں کے ملنے کی جگہ (اصطلاحی) الٰہ آباد جہاں گنگا اور جمنا اور سرستی تینوں دریا ملتے ہیں - تین درختوں بڑ - پیپل اور نیم کا ایک جگہ اُگ آنا -
ترپال (ہ/مذ) رال چڑھا ہوا ٹاٹ - جو بارش کے وقت مال اسباب کے اوپر ڈال دیتے ہیں -
ترپان (ا/مذ/ق) بازگشت -
ترپائی (ہ/مث) بخیہ کے اوپر کی سیون -
ترپائی کرنا (ہ) بخیے کے اوپر سلائی کرنا -
ترپن (ہ/مث) ایک قسم کی سلائی جو کنارے پر کپڑے کی کوریں دبانے کے لیے کی جاتی ہے -

ترپن یا تارپین (ہ/مذ) گندہ بروزے کا تیل - جو چیڑ یا صنوبر کے درخت سے نکلتا ہے -
تُرپنا (ہ) تُرپائی کرنا - سلائی کے سرے کو اُلٹ کر سینا -
ترپولیا (ہ/مذ) سہ درّہ - وہ جگہ جہاں ایک ہی سمت میں برابر تین دروازے ہوں - تاکہ بادشاہوں اور راجاؤں کی سواری بآسانی گزر سکے -
تڑپھڑنا (ار/مص/ق) بے قرار ہونا -
ترپھلا (ہ/مذ) ہلیلہ - بلیلہ - آملہ - تینوں پھلوں کا مرکب - ہڑ - بہیڑہ - آنولہ - تین پھلوں کا جاتو -
تُرت یا تُرتا تُرت (ہ) فوراً - جلدی - ابھی - اسی وقت -
ترت پھرت یا ترتا پھُرتی (ہ) بہت جلد اور پھرتی سے - فوراً - کمال تیزی سے - بڑی پھرتی سے - (مث) پھرتی - چالاکی - طراری -
تُرتُرا یا - تُرتُریا (ہ) تیز - چست و چالاک - طرار فرار - ہوشیار - شوخ - اُچپل - لسان - بہت باتیں بنانے والا -
ترترانا (ہ) گھی میں غرق - بہت گھی والا -
ترترائی (ہ/صف/مث) ترترانا جس کی یہ تانیث ہے -
ترتیب (ع/مث) اپنے مرتبے سے رکھنا - درجہ بدرجہ رکھنا - آرائش - انتظام - تسلسل -
ترتیب تہجی (ع) حروف ہجا کی ترتیب - حروف تہجی کی ترتیب کے موافق - الف - بے - تے کے قاعدے اور ترتیب کے مطابق -
ترتیب سے (ہ) قرینے سے - ڈھنگ سے - سلیقے سے - قاعدے سے - موقع بموقع - درجہ وار -
ترتیب دینا - یا - کرنا (ہ) ملانا - درجہ وار رکھنا - سلسلہ وار لگانا - ٹھکانے سے چُننا - قطار جمانا -
ترتیب وار (عف) قاعدے سے - سلسلہ وار - درجہ بدرجہ - باقاعدہ - باضابطہ -
ترتیل (ع/مث) قرآن پاک کو صحیح مخارج سے ادا کر کے پڑھنا -
ترجمان (ع/مذ) مترجم - ایک زبان سے دُوسری زبان میں مطلب جتانے والا - شارح - مفسّر -
ترجمہ (مذ) ایک زبان سے دُوسری زبان میں ادا کیا ہوا مطلب -
ترجیح (ع/مث) زیادتی - افزونی - فوقیت - بہتری - برتری - فضیلت - فضیلت دینا - بہتر جاننا - فوقیت دینا -
ترجیح دینا (ہ) غلبہ دینا - فضیلت دینا - دُوسرے کو اپنے سے بہتر کرنا یا جاننا - فوقیت دینا -
ترجیح رکھنا (ہ) خود کسی سے بہتر ہونا - دُوسرے پر فضیلت رکھنا -
ترجیع (ع/مث) پھیرنا - رجعت - واپسی - بازگشت (نجوم) ستاروں کا اپنی عام حرکت میں واپس آنا - یعنی مغرب سے مشرق کی طرف جانا - مصیبت کے وقت انا للہ و انا الیہ راجعون کہنا -
ترجیع بند (عف/مذ) بند کو پھر بیان کرنا - بند کی طرف رجوع کرنا -

علم عروض میں ایک ہی مختلف القافیہ و ردیف شعر کو چند متحد القافیہ و ردیف اشعار کے بعد بار بار لانا۔ یہ شعر ہر بند کے آخر کے مضمون سے مربوط ہوتا ہے۔

ترچھا (ہ) کج۔ آڑا۔ ٹیڑھا۔ بانکا۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

ترچھاپن (ہ/مذ) ترچھائی۔ بانکپن۔

ترچھا جوڑا (ہ/مذ) وہ جوڑا جو سر کے ایک طرف بندھا ہوا ہو۔

ترچھی نظر یا نگاہ (ا/مث) نگاہِ ناز۔ معشوقانہ انداز سے دیکھنا۔ کنکھیوں سے دیکھنا۔ نیم نگاہ۔ غضب آلود نگاہ۔ نظرِ قہر۔ نگاہِ خشم آلود۔ ٹیڑھی نظر۔

ترحّب (ع/مذ) مرحبا کہنا۔ آؤ بھگت کرنا۔

ترحّم (ع/مذ) رحم۔ دَیا۔ کرپا۔ مہربانی کرنا۔ ترس۔ خوفِ خدا۔

ترحیب (ع/مذ) مہمان کی آؤ بھگت۔ خاطر تواضع۔

ترحیل (ع/مث) کسی کو سفر میں بھیجنا۔

ترخیم (ع/مث) (لغوی) دُم کاٹنا (اصطلاحی) علم صرف میں کسی کلمے کے آخر سے کسی حرف کو گرا دینا۔

تردامنی (ع/مث) گنہگاری۔

تردّد (ع/مذ) آمد و رفت۔ سوچ۔ فکر و اندیشہ۔ پس و پیش۔ اُدھیڑ بُن۔ زراعت۔ کاشتکاری کے لیے کھیت کی تباہی۔

تردید (ع/مث) رد کرنا۔ کاٹنا۔ منسوخ کرنا۔ کسی بات کا جواب دینا۔

تر زبان (ع) فصیح۔ خوش کلام۔

ترس (ف/مذ) ڈر۔ خوف۔ خوفِ خدا۔ رحم۔ دَیا۔ درد۔ ترسنا کا امر۔ للچا۔ مشتاق رہ۔

ترس آنا (ہ) رحم آنا۔ درد آنا۔ دل دُکھنا۔ خوفِ خدا آنا۔

ترس کھانا (ہ) رحم کھانا۔ دَیا کرنا۔ درد کرنا۔ دل کڑھنا۔

ترسا ترسا کر دینا (ہ) شوق دلا دلا کر دینا۔ خواہش سے کم دینا۔ تھوڑا تھوڑا دینا۔ کم کم دینا۔

ترسا ترسا کر مارنا (ہ) تکلیف دے دے کر مارنا۔ ایک ہی دفعہ کام تمام نہ کرنا۔ رنج دینا۔ للچا للچا کر نہ دینا۔

ترساں (ف) ڈرتا ہوا۔ خوف کھاتا ہوا۔ خوفزدہ۔ خائف۔

ترسانا (ہ) للچانا۔ خواہش دلانا۔ اُمید دلا کر محروم رکھنا۔ شوق دلانا۔ جھوٹی اُمید دلانا۔ بھڑکانا۔ مشتاق رکھنا۔ ہلکانا۔ جیسے پانی کو بھی ترساتے ہیں۔ خواہش سے کم دینا۔ ضرورت کے موافق نہ دینا۔ پیاسا مارنا۔

ترسنا (ہ) کسی چیز کا پیاسا بھوکا ہونا۔ خواہاں۔ خواہش میں رہنا۔ نادیدہ ہونا۔ کمال مشتاق رہنا۔ ایسی چیز کا خواہاں رہنا جو مل نہ سکے۔ اشتیاق رہنا۔ پھڑکنا۔ محتاج ہونا۔ تنگ ہونا۔ مفلس ہونا۔ جیسے کوڑی کوڑی کو ترستا ہے۔

ترسی (ع) مُراد اُس شے سے جو ڈھال کی طرح چوڑی ہو۔

ترسیل (ع/مث) روانگی۔ ابلاغ۔ بھیجنا۔ ارسال کرنا۔

تُرش (ف) کھٹا۔ ناخوش۔ ناراض۔ تُند مزاج۔ سخت طبع۔ بے دماغ۔

تُرشرو (ف) بے دماغ۔ ناراض۔ مکدر۔ بدمزاج۔ چڑچڑا۔ نک چڑھا۔ بددماغ۔ سخت گیر۔

تُرشروئی (ف/مث) بدمزاجی۔ چڑچڑاپن۔ سخت گیری۔

تُرش مزاج (نع/صف) بدمزاج۔ بدخو۔

تُرشا جانا (ا) کھٹا ہو جانا۔ کھٹاس آ جانا۔

تُرشائی (ا/مث) کھٹاس۔ کھٹائی۔ تُرشی۔

ترشّح (ع/مذ) بوندا باندی۔ تقاطر۔ قطرہ قطرہ برسنا۔ ٹپکنا۔ ظاہر ہونا۔ عیاں ہونا۔ نمایاں ہونا۔

تَرشنا (ا) چاقو یا چھری سے کٹنا۔ قلم ہونا۔

ترشوانا (ا/مص) کٹوانا۔ قلم کرنا۔

تُرشی (ف/مث) کھٹاس۔ کھٹائی۔ ناراضی۔ بدمزگی۔ ناخوشی۔ تراشہ۔ پھلوں کی کھٹاس۔ تیزاب۔

ترصّد (ع/مذ) آس۔ اُمید۔ اُمید رکھنا۔ آس کرنا۔

ترصیع (ع/مث) زیور کو جواہر سے جڑاؤ کرنا۔ شعر با قافیہ لکھنا۔ مقفّیٰ عبارت لکھنا۔

ترغاک (ت/مذ) پاسبان۔

ترغیب (ع/مث) رغبت دلانا۔ لالچ دینا۔ خواہش۔ تحریص۔ شوق۔ اِغوا۔ اِغوا کرنا۔ بہکاوٹ کرنا۔ بہکانا۔ پھسلاہٹ۔

ترغیب دینا (ا) شوق دلانا۔ رغبت دلانا۔ لالچ دینا۔ بہکانا۔ پھسلانا۔ ورغلانا۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا۔

ترقّی (ع/مث) اُوپر چڑھنا۔ بلندی۔ برتری۔ زیادتی۔ افزونی۔ اِضافہ۔ بڑھوتری۔ افزائش۔

ترقی پانا (ا) عہدہ بڑھنا۔ جماعت چڑھنا۔ رتبہ بڑھنا۔ درجہ بڑھنا۔

ترقی دینا (ا) تنخواہ بڑھانا۔ عہدہ زیادہ کرنا۔ اختیارات وسیع کر دینا۔ جماعت چڑھانا۔ مرتبہ بڑھانا۔ درجہ بڑھانا۔

ترقیم (ع/مث) رقم کرنا۔ لکھنا۔ تحریر۔ نوشت۔

تُرک (ف) ترکستان کی ایک قوم۔ سپاہی۔ معشوق۔

ترک (ع/مذ) چھوڑنا۔ گزاشت۔ درگزر۔ تیاگ۔ دست برداری۔ بھول چوک۔ سہو و نسیان۔ صفحے کے خاتمے پہ جدول کے باہر اخیر کونے پہ آئندہ عبارت کا ایک لفظ لکھ دیتے ہیں جو ہندسے کی جگہ کام دیتا ہے۔ یا ورق۔ خارجہ۔

ترکِ ادب (ع/مذ) بے ادبی۔ گستاخی۔ بے قاعدگی۔ دلیری۔ جرأت۔

ترکِ دنیا (ع/مذ) دُنیاداری۔ اور عیش و عشرت وغیرہ کو چھوڑ دینا۔ قطع علائق کر لینا۔ توبہ کرنا۔

ترکِ وطن (ع/مذ) اپنا دیس چھوڑ دینا۔ مہاجرت۔ ہجرت۔

تُرک بچہ (ف/مذ) تُرک لڑکا۔ حسین جوان۔

تُرک تاز (ف/صف) جنگجو۔ سپاہی۔ لٹیرا۔

ترکاری (ا/مث) بھاجی۔ ترہ۔ ساگ پات۔ سبزی۔ پھل۔ گوشت۔ لحم۔ ماس۔

ترکان (ت) ترکی عورتوں کا خطاب۔

ترکش (ف/مذ) تیردان۔ تیر رکھنے کا نلوا۔

ترکہ (ع امذ) مالِ میراث ۔ ورثہ ۔ متوفی کی جائداد ۔ مُردے کا مال و متاع ۔
ترکہ بٹنا (ا) (مص) متوفی کی جائداد کا حصّہ داروں میں تقسیم ہونا ۔
ترکۂ پدری (ع ف امذ) باپ کا چھوڑا ہوا مال اسباب ۔
ترکھا (ہ امث) پیاس ۔ تَس ۔ عطش ۔ تشنگی ۔ خواہش ۔ اچھا ۔
ترکی (ف امث) ترکستان کی ٹوپی ۔ ترکوں کی زبان ۔ ترکستان کی چیز ۔ مردانگی ۔
سپاہی پن ۔ معشوقیت ۔ غرور و نخوت ۔
ترکی تمام کرنا (ا) (محاورہ) گھمنڈ دُور کرنا ۔ ساری بہادری نکال دینا ۔
ترکی تمام ہونا (ا) گھمنڈ جاتا رہنا ۔ غرور ٹوٹ جانا ۔ خاتمہ ہو جانا ۔ کچھ
نہ رہنا ۔ ہو چکنا ۔ ساری بہادری اور سپاہ گری نکل جانا ۔
ترکی بہ ترکی جواب دینا (ا) برابر کا جواب دینا ۔ سخت جواب دینا ۔
جس طرح یا جس زبان میں سوال ہو ۔ اُسی طرح کا جواب دینا ۔
ترکیب (ع امث) ملانا ۔ مرکب کرنا ۔ کئی چیزوں کو ملا کر ایک کر دینا ۔
بناوٹ ۔ ساخت ۔ ڈھب ۔ ڈول ۔ ڈھنگ ۔ تدبیر ۔ اُپائے ۔
علاج ۔ علم نحو میں اجزائے جملہ کو ملا کر جملہ بنانا ۔
ترکیب بند (ع ف امذ) ترجیع بند اور ترکیب بند میں یہ فرق ہے کہ ترجیع
بند میں بار بار ایک شعر آتا ہے ۔ اور ترکیب بند میں بند کا ہر ایک
شعر الگ ہوتا ہے ۔
ترکیب دینا (ا) ملانا ۔ بنانا ۔ مختلف اشیاء کو ملا کر ایک خاص چیز
بنانا ۔
ترکیب سُوجھنا (ا) (محاورہ) طریقہ خیال میں آنا ۔ تدبیر سُوجھنا ۔
ترکیب کرنا مرکب کرنا ۔ ملانا ۔ تدبیر کرنا ۔ صُورت نکالنا ۔ تجویز کرنا ۔
طرز نحوی کے مطابق اجزائے جملہ کو ظاہر کرنا ۔ پھر ملا کر
جملہ بنا دینا ۔
ترم (امذ) بگل ۔ ترُلی ۔ دُھوتُو ۔
ترمتی (ہ امث) بحری کی طرح ایک شکاری پرندہ ۔
ترمیم (ع امث) دُرستی ۔ اصلاح ۔ تغیر و تبدل ۔ نظرِ ثانی ۔
ترنا (ہ) کسی چیز کا سطح آب پر رہنا ۔ اُبھرنا ۔ اُوپر آنا ۔ ظاہر ہونا ۔ مشہور
ہونا ۔ نمایاں ہونا ۔ ترقی پانا ۔ مُراد کو پہنچنا ۔ کامیاب ہونا ۔ نجات
پانا ۔ گزرنا ۔ عبور کرنا ۔ پار ہونا ۔
ترنان (ف) روٹی مع سالن کے ۔
ترنج (ف امذ) چکوترا ۔ ایک قسم کا بڑا نیبو ۔ پان کی شکل کے کارچوبی ٹکڑے
جو اکثر شال دوشالوں وغیرہ کے کونوں پر لگا دیتے ہیں ۔
ترنجبین (ف امذ) ایک قسم کی قدرتی شکر جو اُونٹ کٹارے کے کانٹوں پر
شبنم کی طرح گر کر جم جاتی ہے ۔ مسہل میں کام آتی ہے ۔
ترنگ (ف امث) صوت ۔ صدا ۔ کمان کے چلّے کی آواز ۔ جو تیر چلتے وقت
نکلتی ہے ۔ تلوار اور باجے کی جھنکار ۔
ترنگ (ہ امث) لہر ۔ موج ۔ اُمنگ ۔ جوشِ طبع ۔ خیال ۔ تصوّر ۔ وہم ۔
خام خیالی ۔ شیخی ۔ لاف و گزاف ۔
ترنگ (ہ امذ) گھوڑا ۔ اسپ ۔
ترووٹ (ہ امث) ایک قسم کا گانا ۔ ترانے کی طرح کا ایک
راگ ۔

تروَر (ہ امذ) درخت ۔ پیڑ ۔ رُوکھ ۔ برِوا ۔
ترہ (ہ) دل میں کینہ رکھنا ۔
ترہات (ع) بے ہودہ باتیں ۔
ترہ تیزک (ف امذ) ہالم کا ساگ ۔ ایک قسم کا ساگ جس کی چٹنی بنا کر
کھاتے ہیں ۔
تری (ہ) تین ۔ تین کا ۔ تاش کا وہ پتّا جس پر تین ٹکے ہوتے
ہیں ۔ تکی ۔
تری پُن (ہ امذ) (دیکھو اطریفل)
تری (ف امث) نمی ۔ رطوبت ۔ سیل ۔ نم ۔ بحر ۔ سمندر ۔
ترُلی (ہ امث) ایک قسم کی ترکاری ۔ توری ۔ سبزی ۔ سرنائے ۔ بگل ۔ ترم جو
جنگ یا شادی کے موقع پر بجاتے ہیں ۔
ترُلی کا پھول (ہ امذ) زرد آنکھیں ۔ نہایت ہلکی زردی ۔ روپیہ اس طرح
خرچ ہو جانا کہ معلوم نہ ہونا ۔
تریا (ہ امث) عورت ۔ استری ۔ لگائی ۔ نار ۔ ناری ۔
تریا بید (ہ امذ) علم نسواں ۔ عورتوں کی واقفیت ۔
تریا راج (ہ امذ) عورتوں کا دور ۔ جوروں کی حکومت ۔ عورتوں کا راج ۔
تریا ہٹ (ہ امث) عورتوں کی ضد ۔ اصرارِ زناں ۔ عورتوں کی اَڑ ۔
تریاق } (معرب امذ) زہر مُہرہ ۔ ایک خاص قسم کی معجون جو شہد
تریاک } اور دُوسری دواؤں سے مرکب ہوتی ہے ۔ حیوانی زہروں کے
لیے ازحد مفید ہے ۔ تریاق فاروق یہی ہے ۔ اصطلاح
میں افیون کو بھی کہتے ہیں ۔
تریاکی (ف امث) افیونی ۔
تریتیا (س امذ) اہلِ ہند کا دُوسرا جُگ جس کی میعاد بارہ لاکھ
چھیانوے ہزار برس کی تھی ۔ یہ چاندی کا جُگ کہلاتا
ہے ۔
تریڑا دینا (ہ) دواؤں کو پکا کر اُن کا پانی دھار باندھ کر اُوپر سے ڈالنا ۔
دھارنا ۔ برابر پانی ڈالے جانا ۔
تریز (ہ امث) کُرتے کی چوڑے مُنہ کی کلی جو بغلے کے نیچے لگائی جاتی ہے ۔

ت ۔ ڑ

تڑ (ہ امث) صوت ۔ تھپڑ کی آواز ۔ صدمے یا ضرب کی آواز ۔
چٹاخ ۔
تڑا پھڑی (ہ امث) جلدی ۔ شتابی ۔ موت کی کثرت ۔ وبائے موت ۔
فوراً مر جانا ۔ بھیڑ بکریوں کی طرح روگ آنا ۔ پے در پے مرنا ۔
تڑا بڑی ہونا (ہ) موت کا بازار گرم ہونا ۔ جلد جلد مرنا ۔
تڑاپڑ ۔ یا ۔ **تڑپڑ** (ف) جلدی ۔ فوراً ۔ فی البدیہہ جواب ۔
تڑاتڑ (ہ امث) مارنے کی لگاتار آواز ۔ بڑی بڑی بوندیں پڑنے کی آواز ۔ جوتیوں
یا لکڑی سے مارنے کی آواز ۔
تڑاتڑ جواب دینا (ا) (محاورہ) دو بدو کرنا ۔ جلد جلد جواب دینا ۔

تڑاق (ہ/ مذ) کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز ۔ سنگی توڑنے کی آواز ۔ چٹاخ ۔

تڑاق پڑاق (ہ) برابر ۔ لگاتار ۔ متواتر ۔ جلد جلد ۔ تڑا تڑ ۔ پڑا پڑ ۔ چٹاپٹ ۔ چٹاخ ۔ پٹاخ ۔ رُو در رُو ۔ آمنے سامنے ۔ سامنے ہوکر ۔ بے باکانہ ۔ نڈر ہوکر ۔ شوخ طبع چلبلا ۔ طرار فرار ۔

تڑاقا (ہ/ مذ) کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز ۔ بوسے کی آواز ۔ چٹخارا ۔ حقے کے دم لگانے کا کڑاکا ۔ چٹخارا ۔ ذائقے کی آواز ۔ زور ۔ شدت ۔ جیسے تڑاقے کا مینہ ۔ کمی ۔ قحط ۔ نایابی ۔ جیسے اناج کا تڑاقا ہو رہا ہے ۔ وہ حسن جس میں بناوٹ نہ ہو ۔ حسن خداداد ۔ قبول صورتی ۔

تڑاقا کھا کر گرنا (ل) کسی صدمے یا فاقے سے بے ہوش ہوکر گرنا ۔ غش کھا کر گرنا ۔

تڑاقا کھانا (ل) کمی ہونا ۔ تڑخا ہونا ۔ ٹوٹنا ۔ جیسے لاٹھی تڑاقا کھا گئی ۔

تڑاقے کا (ل) بشدت کا ۔ زور دار ۔ شدومد کا جیسے تڑاقے کا مینہ ۔ چمک دار جیسے تڑاقے کی محرم ۔ لذیذ ۔ مزے دار ۔ خوش ذائقہ ۔ لذت دار ۔ چٹپٹا ۔ جیسے تڑاقے کی چٹنی ۔

تڑاقے کی دُھوپ (ا/ امث) بہت تیز دھوپ ۔

تڑانا (ہ) زخم میں چیر آنا ۔ زخم کا چرنے لگنا ۔ ورم کے باعث جسم کا پھٹ پڑنا ۔

تڑانا (ہ) چھڑانا ۔ علیحدہ کرنا ۔ جدا کرنا ۔ توڑ ڈالنا ۔ توڑ لینا ۔ جیسے باگ تڑانا ۔ خردہ کرنا ۔ بھنانا ۔ جیسے روپیہ تڑانا ۔ قیمت میں کمی کرانا ۔ قیمت چھڑانا ۔ درخت سے پھل علیحدہ کرانا ۔

تڑپ (ہ/ امث) بے قراری ۔ پھڑک ۔ بے چینی ۔ تپش ۔ گرمی ۔ جیسے مضمون کی تڑپ ۔ کود پھاند جیسے گھوڑے کی تڑپ ۔ کوندنا ۔ جلد جلد چمکنا ۔ جیسے بجلی کی تڑپ ۔ تلملاہٹ ۔

تڑپ اُٹھنا (ا/ محاورہ) بے چین ہو جانا ۔ بے قرار ہو جانا ۔

تڑپانا (ل) پھڑکانا ۔ بے قرار کرنا ۔ بے آرام کرنا ۔ چین نہ لینے دینا ۔ ستانا ۔ دِق کرنا ۔ ترسانا ۔ کڑانا ۔ کڑکانا ۔

تڑپتا ہوا (ل) گرما گرم مضمون ۔ مؤثر ۔ بے چین کر دینے والا شعر یا مضمون ۔

تڑپنا (ل) پھڑکنا ۔ بے تاب ہونا ۔ بے قرار ہونا ۔ لوٹنا ۔ تلملانا ۔ پھڑپھڑانا ۔ اُچھلنا ۔ کودنا ۔ دھڑکنا ۔ بسمل کا ہاتھ پاؤں مارنا ۔ نزع کی حالت میں ہاتھ پاؤں دے دے مارنا ۔

تڑپڑیاں (ا/ امث) ہیچ ذناب ۔

تڑپن (ا/ امث) بے چینی ۔ بے کلی ۔

تڑپھڑانا (ل) تڑپنا ۔

تڑخ کر بولنا (ل) نہایت چیخ کر بولنا ۔ غصے سے بولنا ۔ خفا ہوکر جواب دینا ۔

تڑکا (ہ/ مذ) صبح ۔ بھور ۔ علی الصباح ۔ بگھار ۔ گھی یا تیل کو جلا کر داغ دینا ۔

تڑکا ہونا (ہ) سویرا ہونا ۔ چاند ہونا ۔ پو پھٹنا ۔ صدمہ دماغی سے تارے دکھائی دینا ۔ مار کھانا ۔ خوب پٹنا ۔ دیوالیہ نکلنا ۔ کچھ نہ رہنا ۔

تڑکنا (ہ) بگھارنا ۔

تڑی (ہ/ دگنوار/ امث) مار ۔ ضرب ۔ دھونس ۔ دم ۔ فریب ۔ دھوکا ۔ جیسے اچھی تڑی دی ۔ نقصان ۔ خسارہ ۔

تڑی دینا (ہ) دھونس دینا ۔ فریب دینا ۔ دم دینا ۔ بھڑا دینا ۔ بنانا ۔ بے وقوف بنانا ۔ اُلّو بنانا ۔

ت ۔ ز

تزاحم (ف/ مذ) بھیڑ ۔ انبوہ ۔

تزعزع (ع/ مذ) ہلنا ۔ جنبش کرنا ۔

تزک (ف/ امث) ضابطۂ فوج ۔ ترتیب لشکر ۔ انتظام مجلس ۔ روزنامچۂ شاہی ۔ وہ حالات جو بادشاہ خود اپنے زمانے کی تحریر کرے ۔ شان و شوکت ۔ لاؤ لشکر ۔ ٹھاٹھ باٹھ ۔ تجمل ۔ دھوم دھڑکا ۔

تزکیہ (ع/ مذ) پاک کرنا ۔ نجاست و غلاظت دُور کرنا ۔ صفائی ۔ جیسے تزکیۂ نفس ۔

تزلزل (ع/ مذ) ہلچل ۔ خرابی ۔ گڑبڑ ۔ تہلکہ ۔ زلزلہ ۔ جنبش ۔

تزویر (ع/ امث) مکر و فریب ۔ فریب دینا ۔ مکر کرنا ۔

تزئین (ع/ امث) آرائش ۔ زیبائش ۔ زیب و زینت ۔ آراستہ کرنا ۔ سجانا ۔ زیب و زینت دینا ۔

ت ۔ س

تس (ہ/ امث) تشنگی ۔ پیاس ۔ عطش ۔ خواہش ۔ آرزو ۔ تمنا ۔

تس (ہ) اسم اشارہ ۔ متروک ۔

تس پر (ہ) باوجود اس کے ۔ پھر بھی ۔ (متروک)

تُس (ہ/ مذ) دھان کا ریشہ ۔ چاول کے اُوپر کا چھلکا ۔ عام اناج کا چھلکا ۔

تُس (ف/ مذ) گوزِ بے صدا ۔ پُھسکی ۔

تُسار (ہ/ امث) کہر ۔ پالا ۔ سردی ۔ ٹھنڈ ۔

تِسالا (ہ) سہ سالا ۔ تین برس کا ۔ گھوڑے کی عمر کے حساب میں بولتے ہیں ۔

تساہل (ع/ مذ) سستی ۔ سہل انگاری ۔ غفلت ۔ سستی کرنا ۔ غفلت کرنا ۔

تسبیح (ع/ امث) سبحان اللہ ۔ سبحان اللہ ۔ سبحان اللہ کہنا ۔ سَو یا ایک ایک سَو ایک دانوں کی مالا ۔ ورد ۔ وظیفہ ۔ جیسے تمہارے ہی نام کی تسبیح پڑھتے ہیں ۔ ایک قسم کا پودا جس کے بیج تسبیح کے دانوں کی طرح اور پھول سُرخ ہوتا ہے ۔

تسبیح پھیرنا (ا/ محاورہ) خدا کو یاد کرنا ۔

تسجیل (ع/ امث) رجسٹری ۔ قاضی کا قبالہ یا تمسک لکھنا یا مُہر لگانا ۔

تسخیر (ع/مث) تابع کرنا۔ مطیع کرنا۔ فرماں بردار کرنا۔ قابو میں لانا۔ جن یا پری کو قید کرنا۔ کسی کا دل اپنی طرف مائل کرنا۔ محاصرہ کرنا۔ گھیر لینا۔ عمل رُوحانیت۔ حاضرات۔
تسخین (ع/مث) گرم کرنا۔
تسدید (ع/مث) دُرست کرنا۔ مضبوط کرنا۔
تسطیر (ع/مث) (لغوی) سطر بندی (اصطلاحی) تحریر لکھنا۔ رقم کرنا۔
تسکین (ع/مث) آرام دینا۔ تشفی دینا۔ دلاسا۔ ڈھارس۔ اطمینان۔ آرام۔ صحت۔ تندرستی۔
تسلا (ہ/مذ) تانبے یا لوہے وغیرہ کا طشت۔ پرات۔
تسلّح (ع/مذ) ہتھیار لگانا۔
تسلسل (ع/مذ) سلسلہ بندی۔ لڑی۔ لگاتار ہونا۔ قطار بندی۔
تسلّط (ع/مذ) غلبہ۔ حکومت۔ قبضہ۔ تحت۔ زیر۔ قابو۔
تسلّی (ع/مث) (لغوی) خوشی (اصطلاحی) اطمینان ہونا۔ طمانیت۔ خاطر جمع۔
تسلیم (ع/مث) سلام کرنا۔ سپرد کرنا۔ حوالے کرنا۔ سونپنا۔ خدا کی رضا پر راضی ہونا۔ ماننا۔ قبول کرنا۔ کورنش۔ بندگی۔ آداب۔ نمسکار۔
تسلیم کرنا (ف) ماننا۔ قبول کرنا۔ منظور کرنا۔ آداب بجا لانا۔ بڑے کو سلام کرنا۔ بندگی کرنا۔
تسلیمات (ع/مث) تسلیم کی جمع۔ آداب۔ کورنشات۔ بندگی۔ سلام۔ نمسکار۔
تسمہ (ف/مذ) دوال چرمی۔ چمڑے کا ٹکڑا۔ جو طول میں زیادہ اور عرض میں بہت ہی کم ہو۔
تسمہ کھینچنا (ف) خاص طریق سے گلا گھونٹ کر مارنا۔ پھانسی دینا۔ مار کر باریک باریک ٹکڑے بنا دینا۔
تسمہ لگا نہ رکھنا (ف) صاف جواب دینا۔ دو ٹوک جواب دے دینا۔ تعلق نہ رکھنا۔ صاف گردن اڑا دینا۔ لگاؤ تک نہ رہنے دینا۔
تسمیہ (ع/مذ) نام رکھنا۔ اور بسم اللہ زبان سے پڑھنا۔
تسوانسی (ہ/مث) بسوانسی کا بیسواں حصہ۔ پچوانسی۔
تسوید (ع/مث) سیاہ کرنا۔ لکھنا۔ تحریر کرنا۔
تسویف (ع) دیر کرنا۔ وعدے پر نہ آنا۔
تسییر (ع/مذ) سیر کرنا۔

ت ۔ ش

تش (ف) مخفف تیشہ۔ سولا۔
تشابہ (ع/مذ) مشابہت۔ مطابقت۔ یکسانی۔
تشابہ لگنا (ف) (محاورہ) حافظ قرآن کا پڑھتے پڑھتے الفاظ یکساں ہونے کی صورت میں کچھ کا کچھ پڑھنا شروع کر دینا۔
تشاعر (ع/مذ) اپنے کو شاعر ظاہر کرنا۔
تشبّک (ع) اُنگلیوں کا اُنگلیوں میں ڈالنا۔
تشبیب (ع/مث) (لغوی) آگ سُلگانا۔ (اصطلاحی) ایّام شباب کا ذکر کرنا۔ معشوق کی صفت میں غزل کہنا۔
تشبیہ (ع/مث) مشابہت دینا۔ تمثیل۔ مانند کرنا۔
تشت (ف/مذ) بڑی پرات۔ لگن۔ تسلا۔ تھال۔
تشت از بام ہونا (ف) راز کھل جانا۔ مشہور ہو جانا۔ ظاہر ہونا۔ بھانڈا پھوٹنا۔ آشکارا ہونا۔ مشتہر ہو جانا۔
تشت چوکی (ہ/مذ) وہ چوکی اور تشت جو زچہ خانے اور امیروں کے پیخانے میں رکھا جاتا ہے۔
تشت زر (ف/مذ) آفتاب۔ سُورج۔
تشتّت (ع/مذ) پریشانی۔
تشبّث (ع/مذ) پنجہ مارنا۔
تشتری (ف/مث) چھوٹی رکابی۔
تشخیص (ع/مث) مقرر کرنا۔ مُتعیّن کرنا۔ قرار دینا۔ ٹھہرانا۔ بیماری کا جانچنا۔ مرض کی جانچ۔ تحقیق۔
تشدّد (ع/مذ) سختی۔ شدت۔ زیادتی۔ جبر کرنا۔ زیادتی کرنا۔
تشدید (ع/مث) ایک جنس کے یا قریب المخرج دو حرفوں کو ملا کر پڑھنا۔ وہ علامت (ّ) جو حرف مشدد پر لکھی جاتی ہے۔
تشریح (ع/مث) شرح کرنا۔ کھول کر بیان کرنا۔ مفصل کہنا۔ مطلب کھلا کھلا بتانا۔ وضاحت۔ جسم انسانی کی بناوٹ کا علم یا ساخت انسانی کی تحقیق۔
تشریع (ع/مث) راستہ بیان کرنا۔ قانون بنانا۔
تشریف (ع/مث) شرف دینا۔ بزرگی بخشنا۔ بزرگی شرف۔ تعظیم۔ عزت۔ عزت کرنا (ف) خلعت پہنانا۔ لباس فاخرہ بخشنا۔ خلعت جو امرا اپنے ملازموں کو امتیاز کے لیے دیتے ہیں۔
تشریف ارزانی فرمانا (ف) بزرگی بخشنا (محاورہ) کسی امیر یا بزرگ کا آنا۔
تشریف رکھنا (ف) قیام کرنا۔ بیٹھنا۔ ٹھہرنا۔
تشریف لانا (ف) آنا۔ قدم رنجہ فرمانا۔
تشریف لے جانا (ف) رُخصت ہونا۔ چلے جانا۔ سدھارنا۔
تشفی (ع/مث) (لغوی) شفا چاہنا (اصطلاحی) تسلّی۔ تسکین۔ ڈھارس۔ اطمینان۔ دل جمعی۔ تسلّی دینا۔ اُگھائی۔
تشکیل (ع/مث) شکل بنانا۔
تشمیر (ع/مث) دامن کو کمر سے لپیٹنا۔ کشتی چلانا۔
تشنا (ہ/مذ) طعنہ۔ لعنت ملامت۔ بُرا کہنا۔
تشنّج (ع/مذ) جکڑا۔ اینٹھن۔ اکڑ جانا۔ یبوست یعنی خشکی یا برودت یعنی سردی بادی کی وجہ سے پٹھوں کا کھنچ جانا۔
تشنگی (ف/مث) پیاس۔ عطش۔ تِس۔ تمنا۔
تشنہ (ف) پیاسا۔ خواہاں۔ نہایت مشتاق۔
تشنۂ خون (ف) لہو کا پیاسا۔ جانی دشمن۔
تشنہ لب (ف) بہت پیاسا۔ ایسا پیاسا جس کے ہونٹوں پر مارے پیاس کے پپڑیاں جم جائیں۔ نہایت مشتاق۔ بہت ہی خواہاں۔

تشنیع (ع / مث) بُرا کہنا - ملامت کرنا - طعنہ (طعن تشنیع بولتے ہیں)
تشویش (ع / مث) فکر - تردد - گھبراہٹ - پریشانی - پریشان ہونا -
تشویق (ع / مث) اکسانا - اُبھارنا - شوق دلانا - رغبت دلانا -
تشویہ (ع / مذ) بگڑ جانا -
تشہد (ع / مذ) کلمہ شہادت پڑھنا -
تشہیر (ع / مث) شہرت دینا - مشہور کرنا - ڈھنڈورا پیٹنا - منادی کرنا -
کسی مجرم کو بُھتنے بُری صورت بناکر بازار میں پھرانا -
تشیّع (ع / مذ) اپنے کو شیعہ کہنا -
تشییع (ع / مث) جنازے کے پیچھے چلنا - مسافر کو راہ تک پہنچانے
جانا -

ت - ص

تصادم (ع / مذ) باہم صدمہ کھانا - دھکا دینا - ٹکرانا -
تصاعد (ع / مذ) بلند ہونا -
تصانیف (ع / مث) تصنیف کی جمع -
تصاویر (ع / مث) تصویر کی جمع -
تصحیح (ع / مث) صحت کرنا - تندرستی ہونا - دُرست کرنا - صحیح کرنا -
تصحیف (ع / مث) لکھنے پڑھنے میں جان کر غلطی کرنا - لفظ کے اختلاف
سے تبدیل کرنا -
تصدّق (ع / مذ) صدقہ دینا - وارنا - نثار کرنا - قربانی - طفیل - بدولت - ذریعہ - صدقہ -
تصدّق اُتارنا (ا / محاورہ) صدقہ اُتارنا -
تصدّق جانا (ا / محاورہ) نثار ہونا -
تصدّق کرنا (ل) وارنا - نچھاور کرنا - نثار کرنا - صدقے کرنا -
تصدّق ہونا (ل) نثار ہونا - قربان ہونا - واری جانا -
تصدیر (ع / مث) دیباچہ لکھنا -
تصدیع (ع / مث) دردِ سر - دُکھ - تکلیف - دُکھ دینا - تکلیف پہنچانا -
تصدیعہ (ع / مذ) دُکھ - تکلیف - دردِ سر -
تصدیعہ اُٹھانا (ل) تکلیف گوارا کرنا - دردِ سر اُٹھانا -
تصدیعہ دینا (ل) تکلیف دینا - کام لینا -
تصدیق (ع / مث) صداقت - سچائی - راستی - ثبوت - اثبات - شہادت -
گواہی (علم منطق میں) تصوّر یا حکم -
تصدیق کرنا (ل) صحت کرنا - شہادت دینا - گواہی دینا - سفارش کرنا -
سچ جاننا - تائید کرنا - ماننا - قبول کرنا -
تصرّف (ع / مذ) دست اندازی کرنا - کوئی کام شروع کر دینا - ہیر پھیر -
ادل بدل - قبضہ - مداخلت - اختیار - قابو - صرف - خرچ - کسی
بزرگ کی کرامت - غبن - خیانت - تغلب -
تصرّف بیجا کرنا (ل) (قانون) غبن کرنا - خیانت کرنا - خُرد بُرد کرنا -
تصریح (ع / مث) کھول کر بیان کرنا - تشریح کرنا - وضاحت -
تفصیل - تفسیر -

تصریف (ع / مث) مصدروں اور فعلوں کی گردان کرنا - ایک حال سے
دُوسرے حال کی طرف پھرانا -
تصغیر (ع / مث) چھوٹا کرنا - تخفیف - چھٹائی - کوتاہی - خُردی -
اختصار - قواعد میں وہ اسم ذات جس میں چھوٹائی پائی
جائے -
تصفیق (ع / مث) ہاتھ پر ہاتھ مارنا -
تصفیہ (ع / مذ) صفائی - فیصلہ - صلح - نیاؤ - بیچ بچاؤ -
بے باقی -
تصنّع (ع / مذ) ساخت - بناوٹ - آراستگی - آرائش - بناؤ سنگار -
دکھاوا - اوپری نمائش (قانون) مکر - جعل - دھوکا - تغیر و تبدیل -
تصنیف (ع / مث) قسم وار لگانا - دل سے کوئی کتاب بنانا - طبیعت سے
کوئی مضمون لکھنا - ایجاد -
تصوّر (ع / مذ) صورت باندھنا - دل میں خیال کرلینا - دھیان - غور -
مراقبہ - علم منطق کی اصطلاح میں کسی چیز کی صورت کا حکم کے
بغیر عقل میں آنا -
تصوّف (ع / مذ) نفسانی خواہشات سے پاک ہونا - علم پاکیزگی نفس -
تزکیۂ نفس کا قاعدہ - مظاہر صفات کو حق جاننا - مذہب
صوفیہ -
تصویب (ع / مث) ٹھیک رکھنا - سچا کہنا - منظوری - تصدیق -
تصویر (ع / مث) صُورت - مُورت - شبیہ - رُوپ - فوٹو - نقش - نقشہ -
خاکہ - نہایت خوبصورت - نہایت حسین -
تصویر اُترنا (ا / محاورہ) تصویر کھنچ جانا -
تصویر عکسی (ع ف / مث) فوٹو - فوٹو کیمرے سے لی ہوئی تصویر -
تصویر کھینچنا (ل) شبیہ اُتارنا - مُورت بنانا -
تصویر کی حالت (ل) نہایت حسین - قبول صورت - صاحب جمال -
تصویر ہو جانا (ل) ساکت ہونا - خاموش ہونا - بُت بن جانا - بالکل بے حس و
حرکت ہو جانا -

ت - ض

تضحیک (ع / مث) ہنسی اُڑانا - مذاق کرنا - ذلت - رسوائی - تذلیل -
توہین -
تضرّع (ع / مذ) گڑگڑانا - گریہ وزاری کرنا - نالہ و فریاد - رونا پیٹنا -
خوشامد درآمد - منت - سماجت -
تضلیل (ع / مذ) گمراہ قرار دینا - گمراہی سے منسوب کرنا -
تضمّن (ع / مذ) پیٹ میں لے لینا - بیچ میں ملا لینا -
تضمید (ع / مث) لیپ کرنا -
تضمین (ع / مث) ملانا - شامل کرنا - علم عروض میں کسی دوسرے شاعر
کے مضمون یا شعر کو اپنی نظم میں چسپاں کرنا - دوسرے کے شعر پہ
مصرعے لگانا -

تضییع اوقات (ع امث) وقت کو رائیگاں کرنا - وقت ضائع کرنا -
تضییق (ع امذ) تنگ ہونا -

ت - ط

تطابق (ع امذ) باہم مطابقت کھانا - باہم مطابق ہونا - مشابہت -
تطاوُل (ع امذ) دست درازی کرنا - لُوٹ مچانا - ظلم کرنا - تعدّی -
تطبیق (ع امث) مطابق کرنا - مشابہت دینا - مشابہ کرنا - ملانا -
تطلیق (ع امث) طلاق دے دینا -
تطویل (ع امث) دراز کرنا - لمبا کرنا - طوالت - لمبائی -
تطہیر (ع امث) پاک کرنا - طہارت - پاکیزگی -
تطییر (ع امذ) پرند اُڑانا -

ت - ظ

تظاہر (ع امذ) مدد کرنا -
تظلّم (ع امذ) ظلم ظاہر کرنا - فریاد کرنا - فریاد -
تظلیل (ع امث) سایہ ڈالنا -

ت - ع

تعارض (ع امذ) ایک دوسرے کے مقابل ہونا - باہم جھگڑنا -
تعارف (ع امذ) ایک دُوسرے کی جان پہچان کرنا - شناسائی - واقفیت - جان پہچان -
تعاقب (ع امذ) پیچھا کرنا - پیروی کرنا -
تعاقب کرنا (ف) پیچھا کرنا - بھاگتے کے پیچھے جانا -
تعالیٰ (ع) بلند و برتر - اعلیٰ - بزرگ تر - عالی مرتبہ -
تعالی اللہ (ع) (لغوی) خدا بزرگ ہے (اصطلاحی) تعجب خیز - سبحان اللہ - واہ وا - کسی بات پر بولنا -
تعامُل (ع امذ) آپس میں عمل کرنا - دائمی عمل -
تعانُق (ع امذ) آپس میں گلے ملنا - بغلگیر ہونا - معانقہ کرنا -
تعاہُد (ع امذ) آپس میں معاہدہ کرنا - عہد کرنا -
تعب (ع امذ) تکلیف - دُکھ - رنج - مصیبت - ماندگی - کلفت -
تعبّد (ع امذ) بندگی کرنا - عبادت کرنا - پُوجا کرنا - بندگی - عبادت -
تعبیر (ع امث) بیان کرنا - عبارت میں لانا - خواب کا مطلب بتانا - نتیجۂ خواب ظاہر کرنا -
تعبیر کرنا (ف) مُراد لینا - سمجھنا - مُراد لینا - مطلب لینا -
تعجُّب (ع امذ) اچنبھا - اَنوکھا - اچرج - نرالاپن -
تعجیب (ع امث) کسی کو تعجب میں ڈالنا -
تعجیل (ع امث) جلدی - شتابی - عجلت - اضطراب - کسی کام میں اُس کے وقت سے پہلے جلدی کرنا -
تعداد (ع امث) گنتی - شمار - نمبر - مقدار - اندازہ - تخمینہ - رقم -
تعدّی (ع امث) حد سے بڑھنا - ظلم و ستم - جبر و سختی - فعل لازم کو متعدی بنانا - فعل کا فاعل سے گزر کر مفعول پر واقع ہونا -
تعرّض (ع امذ) سامنے آنا - آگے آنا - مقابلہ کرنا - حائل ہونا - روکنا - مزاحمت - روک ٹوک ہونا - سدّ راہ ہونا -
تعریض (ع امث) کنایتًا بات کہنا - چھیڑنا -
تعریف (ع امث) پہچاننا - پہچان کرانا - واقفیت - شناسائی - بیان - ثنا - مدح - وصف - صفت - توصیف -
تعریف کرتے مُنہ سُوکھنا (ف) تعریف میں بہت مبالغے سے کام لینا - نہایت عاجزی سے تعریف کرنا -
تعریہ (ع امذ) برہنہ کرنا -
تعزیت (ع امث) عزاداری کرنا - ماتم پُرسی کرنا - پُرسا دینا - غم میں شریک ہونا - تسلّی دینا - صبر دینا -
تعزیر (ع امث) سیاست - سزا - تادیب - گوشمالی - حدِ شرعی سے کم سزا دینا - کم سے کم چالیس دُرّے لگانا - تنبیہ کرنا - ڈانٹنا -
تعزیہ ٹھنڈا کرنا (ف) تعزیہ دفن کرنا - کسی بڑے آدمی کو مار ڈالنا - کسی امیر کا کام تمام کر دینا -
تعزیہ دار (ع ف) وہ شخص جو تعزیہ نکالے -
تعزیہ داری (ع ف امث) تعزیہ نکالنا - تعزیہ بنانا -
تعشّق (ع امذ) اظہارِ اُلفت - چاہ - پیار - شوق - اشتیاق - آرزو - تمنا - چاؤ -
تعصّب (ع امذ) حمایت - پُشتی - مددگاری - طرفداری - مذہبی حمایت - مذہبی پچ - جانبداری - جانبداری کرنا -
تعطیل (ع امث) بیکاری - بے شغلی - چھٹی - خانہ نشینی - آرام کا دن - فارغ رہنا - کام نہ کرنا -
تعظیم (ع امث) بڑا جاننا - بزرگ ماننا - بزرگی - عظمت - عزت - حُرمت - تکریم - توقیر - قدر و منزلت - آؤ بھگت -
تعظیم دینا (ف) کسی کی تشریف آوری پر کھڑے ہو جانا - کھڑے ہو کر عزت کرنا - سلامی اُتارنا - نہایت عزت کی جگہ بٹھانا -
تعظیم کرنا (ف) عزت کرنا - آداب بجا لانا - سلامی اُتارنا -
تعفّن (ع امذ) سڑاند - بدبُو - بدبودار ہونا -
تعقیب (ع امث) نماز کے بعد بیٹھ کر وظیفہ پڑھنا - دیر کرنا - کسی چیز کو کسی چیز کے بعد کرنا -
تعقید (ع امث) (لغوی) گرہ دینا (اصطلاحی) شعر میں الفاظ کو بے موقع بٹھانا - اُلٹا پلٹا کر بیان کرنا - مشکل میں ڈالنا -
تعقید لفظی (ع امث) لفظوں کا اصل جگہ پر نہ ہونا - حروفِ علّت کا دب کر نکلنا -
تعقید معنوی (ع امث) کسی خاص لفظ سے شاعر کی مُراد کچھ ہو مگر محلِ استعمال

ہیں وہ لفظ کچھ معنی دے رہا ہو۔

تعلق (ع ا مذ) علاقہ رکھنا - لگاؤ رکھنا - میل جول - نسبت - واسطہ - رشتہ - سروکار - خواہش - میلان - ملازمت - خدمت - نوکری -

تعلقِ خاطر (ع ا مذ) دلی لگاؤ - فکر - میلانِ طبع - دل کا رجحان -

تعلق دار (ع ف/ صف) رشتے دار - دوست - میل جول رکھنے والے -

تعلقہ (ع ا مذ) علاقہ - ضلع - قبضہ - تصرف - ملکیت - جاگیر - جائداد -

تعلقہ دار (ع ف) جاگیردار - علاقہ دار - ضلعدار -

تعلّی (ع ا مث) بلندی - برتری - شیخی - غرور - ڈینگ -

تعلیقہ (ع ا مث) مکان کی قُرقی - مال و اسباب کی ضبطی - قُرق شدہ اسباب کی فہرست -

تعلیل (ع ا مث) سبب بیان کرنا - وجہ بتانا - قواعد میں حروفِ علت کے باعث تبدیل اعراب کرنا -

تعلیم (ع ا مث) سکھانا - علم پڑھانا - تربیت - تادیب - تلقین و ہدایت - تہذیب - ناچنے گانے اور رقص کی مشق - خوش خطی کا نمونہ جسے دیکھ کر طالب علم مشق کرے -

تعلیم پانا (ف) تربیت پانا - ہدایت پانا - تلقین پانا - ناچ گانا سیکھنا - رقص و سرود کی مشق کرنا -

تعمیر (ع ا مث) (لغوی) بسیار کرنا (اصطلاحی) عمارت بنانا - مرمت کرنا - مکانات بنانا - خالی یا مفید زمین پر عمارت بنانا -

تعمیل (ع ا مث) عمل میں لانا - عمل کرنا - حکم بجالانا - فرماں برداری -

تعوّذ (ع ا مذ) پناہ مانگنا - اعوذ پڑھنا -

تعویذ (ع ا مذ) پناہ - پناہ میں لانا - امان - بچاؤ - حرز - نقش - نقش لکھ کر گلے میں ڈالنا - لوحِ مزار - قبر کا کوہان - قبر کا پتھر -

تعویذ چاٹنا (ف) ذہن کی ترقی کے لیے کسی نقش کو چوسنا -

تعویذی گلوری (ف ا مث) پان کا مربع شکل کا بنایا ہوا بیڑا - چوکور بیڑا -

تعویق (ع ا مث) ڈھیل - دیر - لیت و لعل - تساہل -

تعہّد (ع ا مذ) عہد نامہ - اقرار نامہ - ذمہ داری لینا -

تعیّن (ع ا مذ) ٹھہرانا - مقرر کرنا - تقرر - قید - روک - انحصار -

تعیّنات (ع ا ج ا مذ) مقرر - متعین - وہ شخص جو کسی کام پر مقرر کیا جائے -

تعیّناتی (ف ا مث) (عوام) تقرر - مقرر کرنا -

ت - غ

تغابن (ع ا مذ) نقصان اُٹھانا - گھاٹا - یوم التغابن روزِ قیامت کو کہتے ہیں -

تغار (ف ا مذ) مٹی کا کونڈا یا ناند - وہ گڑھا جو گارا بنانے یا چونا بھگونے کے لیے تھال کی شکل کا بنا لیا جاتا ہے -

تغاری (ف ا مث) مٹی کا وہ برتن جس میں آٹا گوندھتے ہیں - کونڈا -

تغافل (ع ا مذ) اپنے آپ کو دیدہ و دانستہ غافل بتانا - بے خبری - بے التفاتی - بے توجہی - بے احتیاطی - بے پروائی - سستی - تساہل -

تغافل شعار (ع ا) بے پروا - غفلت شعار آدمی -

تغانی (ت ا مذ) ماموں -

تغایر (ع ا مذ) ایک دوسرے سے غیر ہونا - فرق - تفاوت - مغائرت -

تغریب (ع ا مث) جلا وطن کرنا -

تغذیہ (ع ا مذ) غذا دینا - پرورش کرنا - خوراک - غذا - خورش -

تغلب (ع ا مذ) غلبہ کرنا - قبضہ کرنا - غبن - خیانت -

تغلیط (ع ا مث) غلطی میں ڈالنا - غلط کرنا -

تغلیظ (ع ا مث) سختی کرنا - گاڑھا کرنا - سختی - گاڑھاپن -

تفلیس (ت) آرمینیا کا پایہ تخت -

تمغا (ت ا مذ) (صحیح تمغا) نشانی - مُہر - میڈل - حُسنِ کارگزاری کا نشان - سکہ - چنگی کا محصول - تحکم - حکومت -

تمغا بٹھانا (ف) تحکم جتانا - سکہ بٹھانا - رعب جمانا -

تغیّر (ع ا مذ) بدلی - تبدیل کرنا - حالت میں پلٹا - انقلاب -

ت - ف

تُف (ع ا مذ/ مث) تھوک - لعابِ دہن - منہ کی رال - لعنت - ملامت - ذلت -

تَف (ف ا مث) بخار - بدبو -

تفاخر (ع ا مذ) فخر جتانا - شیخی بگھارنا - ڈینگ مارنا -

تفاریق (ع ا مث) تفریق کی جمع - فرق - تدریج - مختلف - وقت - جدائیاں - تفرقے -

تفاوت (ع ا مذ) فرق - فاصلہ - دوری - جدائی دور کرنا -

تفتیش (ع ا مث) تحقیقات کرنا - تلاش کرنا - چھان بین کرنا - کھودنا - سراغ - کھوج - جستجو - کوشش - پوچھ گچھ -

تفرقہ (ع ا مذ) جدائی - پھٹنا - دو چیزوں میں فرق ہونا - مفارقت - علیحدگی - ہجر - پھوٹ - نااتفاقی - نفاق -

تفرقہ پڑنا (ف) جدائی پڑنا - مفارقت ہونا - علیحدگی ہونا - نفاق پڑنا - نااتفاقی ہو جانا -

تفریح (ع ا مث) فرحت پہنچانا - خوشی ہونا - راحت دینا - مزاح - دل لگی - ہنسی - مذاق - چہل - ہوا خوری - سیر - دل بہلانا - شگفتگی - تازگی -

تفریحِ طبع (ع ا مذ) جی پرچاوا - دل بہلاوا - خوشی - فرحت - مزاح - دل لگی - ہنسی - چہل - ٹھٹھول - کھیل -

تفریحاً (ع) فرحت کے طور پر - مزاح کے طریقے پر - دل لگی سے - ہنسی سے -

تفرید (ع ا مث) اکیلا رہنا -

تفریق (ع ا مث) جدائی - فرق - علیحدگی - تفاوت - (علمِ حساب) ایک بڑے عدد میں سے چھوٹے عدد کو گھٹا کر باقی نکالنا - تمیز - (قانون) بٹوارا - بانٹ - بٹائی -

تفسیر (ع ۔ امث) اصل بات کو ظاہر کرنا ۔ تشریح ۔ تفصیل ۔ قرآن کریم کی شرح ۔ آسمانی کتاب کی شرح ۔

تفسیر کرنا (ف) کھول کر بیان کرنا ۔ صریح طور پر بیان کرنا ۔

تفصیل (ع ۔ امث) علیحدہ کرنا ۔ فصل کرنا ۔ جدا جدا کرنا ۔ کھول کر بیان کرنا ۔ تشریح ۔ تفسیر ۔ فہرست ۔ فرد ۔ کیفیت ۔

تفضیل (ع ۔ امث) بزرگی دینا ۔ بڑھانا ۔ فضیلت دینا ۔ ترجیح دینا ۔

تفضیل بعض (ع ۔ امث) بعض پر ترجیح دینا ۔ صفت کا وہ درجہ جس میں موصوف کو کسی دوسرے موصوف پر ترجیح دی جائے ۔

تفضیل کُل (ع ۔ امث) سب پر فوقیت دینا ۔ وہ درجہ صفت جس میں موصوف کو سب پر فوقیت دی جائے ۔

تفضیل نفسی (ع ۔ امث) ذاتی فضیلت ۔ سادہ صفت ۔ وہ صفت جس میں کسی موصوف سے مقابلہ نہ کیا جائے ۔

تفضیلی (ع ۔ صف) وہ مسلمان جو حضرت علیؓ کو تمام صحابہ پر فضیلت دیتا ہو ۔

تفطیر (ع ۔ امث) کسی کا روزہ کھلوانا ۔

تفقّد (ع ۔ امذ) مہربانی ۔ دلجوئی ۔ تلاش ۔ جستجو ۔ ڈھونڈنا ۔

تفقّہ (ع ۔ امذ) عقل مند ہونا ۔ علم فقہ جاننا ۔ سمجھ ۔ عقل ۔ فقاہت ۔

تفکّر (ع ۔ امذ) سوچ ۔ فکر ۔ اندیشہ ۔ فکر کرنا ۔ سوچنا ۔

تفکّہ (ع ۔ امذ) میوہ کھانا ۔ پھل کھانا ۔ تلطف ۔ مزا ۔

تفل (ع) تھوکنا ۔ تھوک ۔

تفنگ (ف ۔ امث) بندوق ۔ گن ۔ بان ۔ توپ ۔ وہ بڑا نرسل جس میں مٹی یا آٹے کی گولیاں یا چھوٹا سا تیر رکھ کر پھونک کے زور سے چلاتے ہیں ۔

تفنّن (ع ۔ امذ) رنگ برنگ کا ہونا ۔ طرح طرح کا ہونا ۔ دل لگی ۔ چہل ۔ شغل ۔ مشغلہ ۔

تفنّنِ طبع (ع ۔ امذ) طبیعت کا خوش ہونا ۔ ہنسی ۔ مزاح ۔ دل لگی ۔

تفویض (ع ۔ امث) سپردگی ۔ حوالے کرنا ۔ سونپنا ۔ حوالگی ۔ تحویل ۔

ت ۔ ق

تقابُل (ع ۔ امذ) باہم مقابل ہونا ۔ آمنے سامنے ہونا ۔

تقارُب (ع ۔ امذ) باہم قریب ہونا ۔ علم عروض کی ایک بحر ۔

تقاضا (ع ۔ امذ) خواہش ۔ طلب ۔ مانگ ۔ طلبی تاکید ۔ تشدد ۔ کام ۔ (قانون) دعویٰ ۔ مطالبہ ۔

تقاطُع (ع ۔ امذ) کٹنا ۔ باہم منقطع ہونا ۔

تقاوی (ع ۔ امث) قوت دینا ۔ زر سے مدد کرنا ۔ وہ روپیہ جو سرکار کی طرف سے زمینداروں کو زراعت کے لیے بطور امداد قرض دیا جاتا ہے ۔

تقدیر (ع ۔ امث) اندازہ ۔ مقدار ۔ قسمت ۔ بھاگ ۔ نصیب ۔ مقسوم ۔

تقدیر آزمانا (ف) قسمت آزمائی کرنا ۔ قسمت کے بھروسے پر کوئی کام کرنا ۔ نصیب کا تجربہ کرنا ۔

تقدیر اُلٹنا }
تقدیر بگڑنا } (ف) نصیب کا یاور نہ ہونا ۔ برا قبالی آنا ۔ بخت برگشتہ ہونا ۔ ادبار آنا ۔ نصیب کا ساتھ نہ دینا ۔
تقدیر پلٹنا }

تقدیر پھر جانا (ف) اقبال نہ رہنا ۔ دن پھرنا ۔ بھلے دن آنا ۔ اقبال ہونا ۔

تقدیر پھوٹ جانا (ف) تقدیر کا بگڑ جانا ۔ نربھاگی ہونا ۔ مقدر کا خلاف ہو جانا ۔ بری جگہ بیاہا جانا ۔ برے کے پلے پڑنا ۔

تقدیر جاگنا }
تقدیر چمکنا } (ف) بھلے دن آنا ۔ بخت کا یاور ہونا ۔ قسمت کا مساعد ہونا ۔ تقدیر یاور ہونا ۔ بات بن جانا ۔ اقبال ہونا ۔
تقدیر سیدھی ہونا }

تقدیر کا بدا (ا ۔ مذ) نوشتۂ تقدیر ۔ تقدیر کا لکھا ۔ جو مقدر میں لکھا ہو ۔

تقدیر کا بل (ا ۔ مذ) قسمت کا پھیر ۔ نگوں بختی ۔ مقدر کا بگاڑ ۔

تقدیر کا بننا (ا ۔ مذ) سعادت بخت ۔ قسمت کی درستی ۔

تقدیر کا پلٹا کھانا (ف) قسمت کا الٹ جانا ۔ نصیب پھر جانا ۔

تقدیر کا سکندر (ا ۔ صف) نہایت خوش قسمت ۔

تقدیر کا سو جانا (ف) نصیبوں کا ناموافق ہونا ۔ بدبختی آ جانا ۔

تقدیر کا کھوٹا (ا ۔ صف) بد قسمت ۔ بد نصیب ۔

تقدیر کا کھیل (ا ۔ مذ) قسمت کی بات ۔ قسمت کا کام ۔ نصیب کا کرشمہ ۔

تقدیر کا لکھا (ا ۔ مذ) نوشتۂ ازلی ۔ کرم کی ریکھ ۔ تقدیری معاملہ ۔

تقدیر کا ہیٹا (ا ۔ مذ) بد نصیب ۔ قسمت کا کمزور ۔ نربھاگا ۔

تقدیر کو رونا (ا ۔ محاورہ) بد قسمتی کا شکوہ کرنا ۔

تقدیر لڑنا (ف) تقدیر کا موافق ہونا ۔ تقدیر کا سازگار اور یاور ہونا ۔

تقدیر لوٹ جانا (ف) تقدیر کا پھر جانا ۔ یاور نہ ہونا ۔ دغا دے جانا ۔

تقدیر والا (ا ۔ صف) خوش قسمت ۔

تقدیری امر (ع ۔ امذ) شدنی کام ۔ نوشتۂ تقدیر ۔ ہونی ۔ شدنی ۔ وہ بات جس میں تدبیر کو دخل نہ ہو ۔

تقدیم (ع ۔ امث) پیش کرنا ۔ بجا لانا ۔ پہل ۔ پیشقدمی ۔ برتری ۔ ترجیح ۔

تقرُّب (ع ۔ امذ) نزدیکی ۔ قُرب ۔ قُربت ۔

تقرّر (ع ۔ امذ) مقرر ہونا ۔ تعیّن ۔ قیام ۔ لگنا ۔

تقرری (ف) (عوام) (امث) تعیناتی ۔ مقرری ۔ ملازمت ۔ نوکری ۔

تقریب (ع ۔ امث) قریب کرنا ۔ نزدیکی ۔ سبب ۔ باعث ۔ ذریعہ ۔ موقع ۔ رشتہ داروں کے جمع ہونے کا باعث ۔ چھوٹی سی شادی ۔ محفل ۔ ریت ۔ ہنگامہ ۔ رسم ۔ مراد ۔ مطلب ۔ ملاقات کا ذریعہ نکالنا ۔ سفارش ۔

تقریباً (ع) اندازے سے ۔ تخمیناً ۔ قریب قریب ۔

تقریر (ع ۔ امث) بات چیت ۔ گفتگو ۔ ذکر اذکار ۔ بیان ۔ علمی بحث ۔

عقلی تکرار - بحث و مباحثہ - زبانی لکچر - وعظ - درس -

تقریری (ع) زبانی -

تقریر یا (ا) حجتی - جھگڑالو - باتونی - زیادہ گو - بکواسی - یادہ گو -

تقریض / تقریظ (ع / مث) دوست کی تعریف - ساتھی کی صفت - ریویو - کسی کتاب پر رائے لکھنا - زندہ کی تعریف خواہ جھوٹ ہو یا سچ -

تقسیم (ع / مث) بٹوارا - بانٹ - قسمت - حساب کا وہ قاعدہ جس میں ایک عدد کو دوسرے پر بانٹتے ہیں (تفریق متواتر کا دوسرا نام)

تقسیم کرنا (و) بانٹنا - بھاگ کرنا -

تقسیم ہونا (ل) بٹنا - حصہ ہونا - حصہ رسدی ملنا -

تقصیر (ع / مث) کمی کرنا - کوتاہی کرنا - قصور کرنا - گناہ کرنا - جرم کرنا - خطا - چوک - سہو - نسیان -

تقصیروار (عف) گنہگار - مجرم - قصوروار -

تقطیع (ع / مث) کاٹنا - ٹکڑے ٹکڑے کرنا - بیت کے اجزا کو بحر کے اجزا کے بالمقابل اس طرح رکھنا کہ ساکن کے مقابلے میں ساکن اور متحرک کے مقابلے میں متحرک آجائے - الف - بے - تے میں حرفوں کو باہم ملا کر سکھایا جاتا - جیسے بابت - حاجت - زج - جد وغیرہ -

تقلید (ع / مث) پیروی کرنا - نقل کرنا - کسی کے قدم بہ قدم چلنا (قانون) جعل - فریب - دھوکا -

تقویٰ (ع / مذ) پرہیزگاری - خوفِ خدا - خدا سے ڈرنا -

تقویت (ع / مث) قوت دینا - زور دینا - طاقت - زور - بل - مدد - ڈھارس - تسکین - تسلی - تشفی -

تقویم (ع / مث) جنتری - پترا - وہ کتاب جس میں سال بھر کی تاریخوں - ستاروں اور گہن وغیرہ کا حال درج ہو -

تقویم پارینہ (ف / مث) پرانی جنتری - نکمی چیز - بے کار چیز - جو کارآمد نہ ہو -

تقیید (ع / مذ) (لغوی) قید لگانا (اصطلاحی) تاکید - تنبیہ -

تقیید (ع / مث) قید کرنا - بند کرنا - پابندی - تاکید - روک ٹوک -

ت - ک

تُک (ہ / مذ) قافیہ -

تُک بندی (و / مث) قافیہ بندی - تُک جوڑنا - بے معنی اور لغو قافیے باندھنا -

تُک جوڑنا (ہ) تُک ملانا - قافیہ ملانا - دروغ گوئی کرنا -

تک (ہ / مث) بڑی ترازو - ڈنڈی -

تک (ہ /) حرفِ جار - انتہا کے لیے - حروفِ مغیرہ یا عاملہ میں سے ایک - حد - انتہا - خاتمہ - پاس - نزدیک - قریب - جیسے تم تک بھی نہ آیا -

تِکّا (و / مذ) گوشت کا ٹکڑا - پارہ گوشت - گوشت کی لمبی بوٹی - تیل بوٹی - لونڈا - بیٹا - ولد - تولد جیسے حرامی تکا (فارسی میں تکہ)

تکا بوٹی کرنا (و) ٹکڑے ٹکڑے کر دینا - دھجی دھجی کرنا - بانٹنا - تیا پانچہ کرنا -

تکا بوٹی ہو جانا (و) ہاتھوں ہاتھ اڑ جانا - صرف ہو جانا - تقسیم ہو جانا -

تُکّا (و / مذ) بے بھال کا تیر - گھنڈی والا تیر - تیر - ناوک - بان - سیدھا - عمودوار -

تُکا چلانا (ا / محاورہ) اٹکل پچو تیر چلانا - کوئی فضول کام کرنا -

تُکا سا (و) تیر سا - سیدھا - عموداً

تکا سی داڑھی (ا / مث) وہ داڑھی جو ٹھوڑی پر ہو اور رخساروں پر نہ ہو -

تکا سی سیدھی (ا / صف) بہت سیدھی -

تکان (و / مث) تھکاوٹ - ماندگی - خستگی - تھکن - سستی - آلکس - اعضا شکنی - ہچکولوں کا صدمہ - سفر کی تھکن -

تکان اتارنا (و) سستی دور کرنا - آرام لینا - تازہ دم ہونا (بازاری) مجامعت کرنا -

تکان چڑھنا (و) تھکن - سستی آنا - ہارنا -

تکبّر (ع / مذ) دانستہ بڑائی ظاہر کرنا - غرور - گھمنڈ - رعونت - مروڑ - اکڑ -

تکبیر (ع / مث) اللہ اکبر کہنا - بزرگ جاننا - تعظیماً اللہ کا نام لینا - لڑائی یا نماز یا ذبح یا خوف اور تعجب کے وقت اللہ اکبر کہنا - جوش میں آکر خدا کی بڑائی کا ذکر کرنا -

تکبیر اولیٰ (ہ / مث) نماز کی سب سے پہلی تکبیر جس کو تکبیر تحریمہ بھی کہتے ہیں اوّل دفعہ امام کے اللہ اکبر کہنے میں شریک ہونا -

تکٹ تک کرنا (ہ) آنکس کرنا - آر لگانا - ٹھونکنا - یاد دہانی کرتے رہنا -

تکرار (ع / مث) دو تین بار کہنا - بار بار کہنا - حجت - بحث - ردّ و کد - جھگڑا - بکھیڑا - ٹنٹا - لڑائی - علم بدیع میں کسی قافیے یا مضمون کو دوبارہ لانا -

تکراری (و) جھگڑالو - جھکی - لڑاک - حجتی -

تکرّع (ع / مذ) وضو کرنا -

تکریم (ع / مث) عزت کرنا - بزرگی کرنا - تعظیم - ادب اور آؤ بھگت -

تکڑا (ہ) کڑا - مضبوط - توانا - طاقت ور - زور دار - زور آور - ہٹا کٹا - موٹا تازہ - فربہ - چست و چالاک -

تکذیب (ع / مث) جھٹلانا - جھوٹا بنانا - دروغ گو ثابت کرنا -

تکڑی (ہ / مث) (۱) ترازو - میزان (۲) تکڑا کی مؤنث -

تکسیر (ع/مث) توڑنا ۔ کسی اسم کے اعداد کو تعویذ میں اس طرح لکھنا کہ ہر طرف سے گننے میں شمار پورا ہو۔

تکش (ف/مذ) ترکش کا بگڑا ہوا ۔ تیردان ۔ تیروں کا تلوا ۔ جعبہ ۔

تکفّل (ع/مذ) ضامن بننا ۔ ضمانت ۔ کفالت ۔

تکفیر (ع/مث) کافر کہنا ۔ کفر کا فتویٰ دینا ۔

تکفیل (ع/مث) ضامن بنانا ۔ کفالت کرنا ۔ ذمّہ دار ہونا ۔

تکفین (ع/مث) کفن دینا ۔ کفن پہنانے کا عمل ۔

تکل (ف/مث) ایک قسم کا پتنگ ۔

تکلا (ہ/مذ) تُکّل ۔ تکوا ۔ چرخے کی وہ لوہے کی سلائی جس پر کاتنے کے وقت ککڑی بنتی جاتی ہے ۔ کلابتون بٹ کر چڑھانے کی سلائی ۔

تکلّف (ع/مذ) جان بوجھ کر تکلیف میں پڑنا ۔ تکلیف سے کوئی کام کرنا ۔ بناوٹ ۔ سجاوٹ ۔ تصنّع ۔ آرائش ۔ ٹھاٹھ ۔ غیریت ۔ برتنا ۔ غیر رہنا ۔ دِقّت ۔

تکلّف برتنا (ف) ظاہر داری برتنا ۔ مغائرت کا سلوک کرنا ۔

تکلّف برطرف (عف) تکلّف دُور کر کے ۔ تکلیف کے بغیر ۔ بے تکلّف ۔ بے حجاب ۔ آزادانہ ۔ صاف صاف ۔ خطا معاف ۔

تکلّف کا کھانا (ف/مذ) امیرانہ خوراک ۔ قیمتی کھانا ۔

تکلّف کرنا (ف) آرائش دکھانا ۔ آراستہ کرنا ۔ حجاب کرنا ۔ شرم کرنا ۔ ٹیپ ٹاپ دکھانا ۔

تکلّم (ع/مذ) بات کرنا ۔

تکلیف (ع/مث) طاقت سے زیادہ کام لینا ۔ دُکھ درد ۔ رنج ۔ ایذا ۔ مصیبت ۔ بپتا ۔ تنگی ۔ مُفلسی ۔ دقّت ۔ دشواری ۔

تکلیف کرنا (ف) تکلیف اُٹھانا ۔ قدم رنجہ فرمانا ۔ چلنا ۔

تکلیف مالایُطاق (ع/صف) وہ تکلیف جس کی برداشت کی طاقت نہ ہو ۔

تکلے کے بل نکالنا (ہ) خوب سیدھا کرنا ۔ کجی نکالنا ۔ ساری شرارتیں نکال دینا ۔ خوب مارنا ۔ اچھی طرح ٹھیک کرنا ۔

تکملہ (ع/مذ) ضمیمہ ۔ خاتمہ ۔ وہ مضمون جو پہلے مضمون کو مکمل کر دے ۔ کامپلی منٹ زاویہ ۔

تکمہ (ف/مذ) گھنڈی ۔ بٹن ۔ گریبان کا حلقہ ۔

تکمیل (ع/مث) مکمل کرنا ۔ پُورا کرنا ۔ تمام کرنا ۔ کمال کو پہنچانا ۔

تکمیل رہن (ع/مث) رہن کی میعاد ختم ہونا ۔ رہن کی میعاد کا پُورا ہونا ۔

تکنا (ہ) دیکھنا ۔ گھورنا ۔ ٹکٹکی باندھنا ۔ آسرا رکھنا ۔ اُمید رکھنا ۔ نظر بازی کرنا ۔ بدنیتی سے دیکھنا ۔ گھورا گھاری کرنا ۔ انتظار کرنا ۔ راہ دیکھنا ۔ دانت رکھنا ۔ کسی چیز کے لینے کی نیت رکھنا ۔ قبول کرنا ۔ اختیار کرنا ۔ منظور کرنا ۔

تکوا (ہ/مذ) تکلا ۔ تُکّل ۔

تکونا ۔ یا ۔ تکونیا (ہ) سہ گوشہ ۔ مثلث ۔ تکون ۔ ترکھونٹا ۔

تکوین (ع/مث) پیدا کرنا ۔ وجود دینا ۔

تکہ (ف/مذ) ازار بند ۔

تکڑی (ہ/مث) چھوٹی ترازو ۔

تکے لگانا (ہ) کباب بھُوننا ۔ کباب لگانا ۔ جلانا ۔ رشک دلانا ۔ چھیڑنا ۔ مرچیں لگانا ۔ ایذا دینا ۔

تکی لگانا (ہ) گھُورنا ۔

تکیہ (ف/مذ) آرام کی جگہ ۔ سرہانے رکھنے کی جگہ ۔ فقیر کی قیام گاہ ۔ گورستان ۔ قبرستان ۔ مدفن ۔

تکیہ دار (ف) قبرستان میں رہنے والا فقیر ۔ گورستان کا مجاور ۔

تکیہ کرنا (ف) بھروسا کرنا ۔ اعتبار کرنا ۔ اعتماد کرنا ۔

تکیہ کلام (فع/مذ) کسی زبان پر چڑھے ہوئے لفظ کو بار بار جا و بے جا ، موقع بے موقع بولنا ۔ سخن تکیہ ۔

تکیہ گاہ (ف/مذ) بھروسے کی جگہ ۔ سہارا ۔ تکیہ لگانے کی جگہ ۔

تکیہ لگانا (ہ) دیوار وغیرہ کا سہارا لے کر بیٹھنا ۔

تکیہ نشین (ف/صف) تکیہ دار ۔

ت ۔ گ

تگ (ف) قدم ۔ دوڑنا ۔

تگ و دو (ف/مث) دوڑ دھوپ ۔ کوشش ۔ جستجو ۔ پیروی ۔ فکر ۔ تشویش ۔ اُدھیڑبن ۔

تگا (ہ/مذ) (تاگا کا مخفف) تار ۔ ڈورا ۔ دھاگا ۔

تگا (ہ/مذ) (دگہ کا بگاڑ) دُودھ پلانے والی دائی کا خاوند ۔

تگا (ہ) ٹیڑھا ۔ خمیدہ ۔ کبڑا ۔ کج رفتار ۔

تگاپو (ف/مث) دوڑ دھوپ ۔ کوشش ۔ سعی ۔ جلدی سے آنا جانا ۔ نہایت کوشش و جستجو کرنا ۔ بے فائدہ ۔ تردّد ۔

تگڑی (ہ/مث) (تاگڑی کا مخفف) کمربند ۔ ٹپکا ۔

تگدمہ ۔ یا ۔ تکدمہ (ف/مذ) کسی چیز کی تیاری کا تخمینہ ۔ برآورد ۔

تگتا (ہ) تین گنا ۔ پاجامہ ۔ پُرانا میلا پاجامہ یا لہنگا ۔

تگی (ہ/مث) جھک کر کسی کے اُوپر چڑھ بیٹھنا ۔ چڈھی ۔ آدمی کی سواری ۔ تاشش یا گنجفے کا وہ پتّہ جس پر تین کا نشان ہو ۔

تگیاں کرنا (ہ/محاورہ) خوش طبعی کرنا ۔

تگین (ف/صف) بہادر ۔ شجاع ۔ طاقت ور ۔ قوی ۔ آگ ۔ چھوٹا جوش ۔

ت ۔ ل

تل (ہ/مذ) تلے ۔ نیچے کا حصّہ ۔ نشیب ۔ تھاہ ۔

تل دھار مُوسل دھار برسنا (ہ) بڑے زور کی بارش ہونا ۔

تل کرنا (ہ) نیچے دبا لینا ۔ چُرا لینا ۔ غائب کر لینا ۔ چھُپا لینا ۔

تل نظر (ہ) نیچے نگاہ رکھنے والا ۔ نیچی نظروں سے دیکھنے والا ۔ وہ شخص جو اُوپر آنکھ اُٹھا کر نہ دیکھے ۔

تل (ہ/مذ) ایک قسم کا بیج جس سے تیل نکلتا ہے ۔ کُنجد ۔ خال ۔ یعنی وہ

کالا نقطہ جو گورے جسم یا رخسار پر ہوتا ہے۔ کاجل کا نقطہ۔ آنکھ کی پتلی۔ مردمکِ چشم۔ رمق۔ ذرّہ۔ نہایت بے مقدار۔ جیسے تل بھر محبت درکار ہے۔

تل برابر (و/مث) ذرّہ بھر۔ ذرا سا۔ بہت ہی کم مقدار میں۔

تل بنانا۔ یا لگانا (ہ) خوبصورتی کے لیے کاجل کی بندی۔ رُخسار۔ مُنہ یا پیشانی پر لگانا۔

تل بندھنا (ہ) سورج کی کرنوں کا کسی آتشی شیشے میں سے گزر کر ایک نقطے پر جمع ہو جانا۔ کسی شے پر تل سا بن کر پڑنا۔

تل چاٹنا (ہ) عورتوں میں دستور ہے کہ دُولہا کو وداع کرنے کے وقت دُلہن کے ہاتھ میں کالے تل دے کر چٹواتی ہیں تاکہ دُولہا عمر بھر مطیع رہے۔

تل چاولے بال (ہ/مذ) سیاہ و سفید بال۔ کھچڑی بال۔

تل چاولی ڈاڑھی (ہ/مث) سیاہ و سفید ڈاڑھی۔ کھچڑی ڈاڑھی۔ وہ ڈاڑھی جس میں آدھے بال سفید آدھے سیاہ ہوں۔

تل چٹا (ہ/مذ) ایک قسم کا جھینگر۔

تل چور سو بجر چور (ہ) چور خواہ تھوڑی چیز چُرائے خواہ زیادہ بہر نوع وہ چور تو ہے۔

تل چوری (ہ/مث) ایک قسم کی مٹھائی۔ ایک قسم کی ڈور جو دو رنگ کے دھاگے سے بنائی جاتی ہے۔

تل دھرنے کو جگہ نہ ہونا (ہ) جگہ کی تنگی ہونا۔ بالکل جگہ نہ ہونا۔ اسباب کی زیادتی یا چیچک کے دانوں کے لیے بولتے ہیں۔

تل شکری (ہ/مث) تل اور شکر سے بنی ہوئی ایک مٹھائی جسے گزک کہتے ہیں۔

تل کُٹ (ہ/مذ) مٹھائی ملا کر کُوٹے ہوئے تل۔ تل کُٹا۔

تلا (ہ/مذ) جُوتے کا نچلا حصہ جو زمین پر ٹکتا ہے۔ پیندا۔

تلا دینا (ہ) آگ سے محفوظ رکھنے کے لیے ہانڈی وغیرہ کے نیچے گارا لگانا۔

تلا لگانا (ہ/محاورہ) جُوتی کے نیچے کے حصے میں چمڑا لگانا۔

تلا (ہ/مذ) پگڑی کا زرّین سرا۔ سنہری تار۔ گوٹا زری وغیرہ۔

تلا (ہ/مذ) ترازو۔ تکھڑی۔ تک۔ برجِ میزان۔

تلادان (ہ/مذ) ایک قسم کی خیرات جس میں بادشاہ یا مہاراجہ اپنے جسم کے برابر چاندی۔ سونا۔ چاول۔ گھی اور بیش قیمت چیزیں تول کر غربا اور برہمنوں کو خیرات کر دیتے تھے۔

تلاتل (س/مذ) زمین کا چوتھا طبقہ۔

تلازُم (ع/مذ) باہم لازم ہونا۔ ضروری ہونا۔ ضروری یا لازمی حصہ۔

تلاش (ت/مث) سعی۔ جستجو۔ کوشش۔ ڈھونڈھیا۔ کھوج۔ سُراغ۔ پتا۔

تلاش کرنا (ہ) ڈھونڈنا۔ کھوج لگانا۔ پتا لگانا۔

تلاشِ معاش (ف) روزی کی فکر۔ روزی ڈھونڈنا۔

تلاشی (ف) تلاش کرنے والا۔ جوئندہ۔ ڈھونڈنے والا۔ جھاڑا۔ گمشدہ چیز کے شبہ میں گھر بار کی دیکھ بھال کرنا۔

تلاشی لینا (ہ) جھاڑ لینا۔ ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔

تلاطُم (ع/مذ) تھپیڑ مارنا۔ لہر۔ موج۔ پانی کے تھپیڑے۔ جوش۔ ولولہ۔

تلافی (ع/مث) عوض۔ بدلہ۔ پاداش۔ مکافات۔ بدلہ دینا۔

تلافیٔ مافات (ع/ف/مث) ضائع شدہ امر کا معاوضہ۔

تلاق (ع) ایک دوسرے سے ملاقات کرنا۔ اور روزِ قیامت یوم التلاق ہے۔

تلاملی (ہ/مث) اضطراب۔ گھبراہٹ۔ بے قراری۔ بے چینی۔

تلاؤ (ہ/مذ) تالاب۔ حوض۔ جوہڑ۔ پوکھر۔ تال۔

تلاوا۔ یا۔ طلایہ (ہ/مذ) فوج کا محافظ دستہ۔ وہ دستۂ فوج جو رات کو لشکرگاہ یا شہر کی حفاظت کے لیے پہرا دے۔ شب گرد۔

تُلاوا (ہ/مذ) دُھرے کے اُوپر لگی ہوئی وہ لکڑی جس پر گاڑی کا سارا بوجھ ٹکا رہے۔

تِلاوت (ع/مث) قرآن شریف پڑھنا۔ مطالعہ کرنا۔

تلائی (ہ/مث) تیل پلانا۔ مشعل پر کُپّی سے تیل ڈالنا۔ کڑاہی۔ تلنے کا چھوٹا سا برتن۔

تُل بیٹھنا (ہ) ہم وزن ہو کر بیٹھنا۔ ترازو میں بیٹھنا۔ بادشاہوں یا راجاؤں کا تُلادان کرنے کے لیے سالگرہ کے موقع پر سونے چاندی وغیرہ میں تُلنے کو ترازو میں بیٹھنا۔ کسی کام کرنے کے لیے بالکل مستعد ہو جانا۔ تیار ہو جانا۔

تلبیس (ع/مث) (لغوی) لباس پہنانا۔ پوشیدہ کرنا (اصطلاحی) دغا۔ فریب۔ دھوکا دینا۔ کیونکہ مکر و فریب سے ارادے کو چھُپا لیا جاتا ہے۔

تلبیسِ سکّہ (ع/مذ) سکّہ بدل کر چلانا۔ قلبِ سکّہ۔

تلبیسِ لباس (ع/مذ) دھوکا دینے کے لیے سرکاری وردی پہننا۔ سرکاری افسروں کی وردی پہن لینا۔

تلبیہ (ع/مذ) حاجیوں کا لبیک کہنا۔

تلپٹ کرنا (ہ) اُوپر تلے کر دینا۔ تہ و بالا کرنا۔ زیر و زبر کرنا۔ برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔

تلچھٹ (ہ/مث) دُرد۔ گاد۔ وہ چیز جو پانی وغیرہ میں نیچے بیٹھ جاتی ہے۔

تلملانا (ہ) بے قرار ہونا۔ تڑپنا۔ بے چین ہونا۔ مضطرب ہونا۔ پریشان ہونا۔

تلخ (ف) کڑوا۔ شیریں کی ضد۔ بدمزہ۔ بدذائقہ۔ ناگوار۔ ناپسند۔

تلخ ابرو (ف/صف) بد دماغ۔

تلخ بات (ف/ا/مث) ناگوار بات۔

تلخ جواب (ف/ع/مذ) ناگوار جواب۔

تلخ زبان (ف/صف) بدزبان۔ جس کی باتیں ناگوار ہوں۔

تلخی (ف/مث) کڑواہٹ۔ شدّت۔ سختی۔ بدمزگی۔

تلڑ (ہ/مذ) پیٹ۔ شکم۔ اوجھ۔ جیسے تلڑ بھرنا۔ قبضہ۔ جیسے روپیہ اس کے تلڑ میں ہے۔

تلڑا (ہ/مذ) تین لڑوں والا۔ تین لڑی کا۔ ایک زیور۔

تلذّذ (ع/مذ) لذت۔ ذائقہ۔ مزہ۔ حظ۔ لطف اُٹھانا۔ کیفیت لینا۔

تُلسی (ہ/مث) ایک چھوٹی سی خوشبودار جھاڑی جسے ہندو لوگ متبرک سمجھتے ہیں۔ کرشن جی کی معشوقہ۔
تُلسی دانہ (ہ/مذ) ایک قسم کا زیور۔
تُلسی دَل (ہ/مذ) تُلسی کا پتّا۔ برگِ ریحان۔
تلطّف (ع/مذ) لُطف۔ لُطف اُٹھانا۔ مہربانی۔ کرم۔
تلف (ع/مذ) برباد۔ خراب۔ ضائع۔ ہلاک۔ رائگاں۔ فنا۔
تلفظ (ع/مذ) لفظ کا مُنہ سے ادا کرنا۔ لہجہ۔
تلقین (ع/مث) سمجھانا۔ نصیحت کرنا۔ تعلیم دینا۔
تِلک (ہ/مذ) ٹیکا۔ قشقہ۔ صندل۔ سیندور وغیرہ کا نشان جو ہندو پیشانی پر لگاتے ہیں۔ پشواز۔ جامہ۔ ایک قسم کی پُرانی زنانہ پوشاک۔ خلعت۔ گدی نشینی کی رسم۔ ماتھے پر پہننے کا ایک زیور۔ ٹیکا۔ وہ روپیہ جو دُلہن کا باپ شادی سے پہلے داماد کے گھر بھیجتا ہے۔ جس سے منگنی قرار پا جاتی ہے۔
تِلک دھارنا۔ یا۔ تِلک دھارن کرنا (ہ) ٹیکا لگانا۔ قشقہ کھینچنا۔
تِلک دھاری (ہ/مذ) ٹیکا لگانے والا۔ وہ شخص جو روزمرہ بلا ناغہ ٹیکا لگائے۔
تِلک کرنا۔ تِلک لگانا (ہ) گدی نشینی کرنا۔ منگنی کرنا۔ الوداع۔
تِلّی (ہ/مث) پانی۔ تیل وغیرہ پتلی چیزوں کی دھار۔
تِلّی بندھنا (ہ) دھار بندھنا۔ فوارہ چھوٹنا۔ ٹونٹی جاری ہونا۔
تلملانا (ہ) بے قرار ہونا۔ بے چین ہونا۔ تڑپنا۔ مضطرب ہونا۔ بوکھلانا۔ بولانا۔ گھبرانا۔
تلمیح (ہ/مث) نمک ڈالنا۔ خوش مزہ بنانا۔ علم بیان میں کسی قصے وغیرہ کی طرف کلام میں اشارہ کر جانا۔
تلمیذ (ہ/مذ) شاگرد۔ طالب علم۔ چیلا۔
تَلنا (ہ) کڑاھائی میں گھی یا تیل گرم کر کے کچھ پکانا۔
تُلنا (ہ) وزن ہونا۔ برابر ہونا۔ آمادہ ہونا۔ پُر ہونا۔ جیسے بادل تُلا کھڑا ہے۔ اندازہ ہونا۔ جانچ ہونا۔ اٹکل ہونا۔ جیسے تلوار کا تُلا ہوا ہاتھ۔
تلنگ (ف/مث) حاجت۔ خواہش۔
تِلنگا (ہ/مذ) تلنگانہ کا رہنے والا۔ وہ انگریزی سپاہی جسے انگریزی لباس پہنایا جائے۔ ایک قسم کا کنکوا۔
تلوا (ہ/مذ) کفِ پا۔ ایڑی اور پنجے کے درمیان کا حصّہ۔ پاؤں کے نیچے کا حصّہ۔
تلوا کھجلانا۔ یا۔ کھجانا (ہ) کفِ پا میں خارش ہونا۔ اس سے لوگ سفر پیش آنے کا شگون لیتے ہیں۔ سفر در پیش ہونا۔ صحرا نوردی چاہنا۔
تلوا نہ ٹکنا (ہ) ایک جگہ نہ ٹھہرنا۔ جم کر نہ بیٹھنا۔
تلوار (ہ/مث) شمشیر۔ تیغ۔ سیف۔ لوہے کا ایک خمدار تیز دھار والا ہتھیار۔
تلوار آزمانا (ہ/محاورہ) تلوار کی کاٹ کا امتحان کرنا۔
تلوار اُٹھانا (ہ/محاورہ) تلوار ہاتھ میں لینا۔ لڑائی کے لیے تیار ہونا۔
تلوار باندھنا (ع) تلوار کو کمر میں لگانا۔ تلوار کمر سے لٹکانا۔
تلوار برسنا (ہ) برابر تلوار چلنا۔ تلوار پر تلوار پڑنا۔ شدت سے تیغ زنی ہونا۔
تلوار بند (ف) تلوار یا تیغ زن۔ تلوار باندھے رہنے والا۔
تلوار پر ہاتھ رکھنا (ہ) تلوار مارنے کی نیت سے قبضے کو ہاتھ لگانا۔
تلوار کے قبضے کو چھونا (ہ) تلوار کی قسم کھانا۔
تلوار پکڑنا (ہ/محاورہ) تلوار ہاتھ میں لینا۔ لڑائی کے لیے تیار ہونا۔
تلوار پھرنا (ہ/محاورہ) تلوار چلنا۔
تلوار تولنا (ہ) تلوار کو جانچنا تاکہ پورا وار پڑے۔ تلوار سنبھالنا۔ تیغ زنی کی نیت کرنا۔
تلوار چلنا (ہ) جنگ ہونا۔ لڑائی ہونا۔ کُشت و خون ہونا۔
تلوار زیبِ کمر کرنا (ہ) کمر سے تلوار باندھنا۔ تلوار سجا کر تیار کرنا۔
تلوار سُونتنا (ہ) تلوار کو میان سے باہر نکالنا۔ قتل کا ارادہ کرنا۔
تلوار کا بل۔ یا۔ خم (ہ/مذ) تلوار کی کجی۔ خمِ شمشیر۔ تلوار کا دور۔ تلوار کا گھنڈ۔ تلوار کا تکبر۔ تلوار کا رُخ۔
تلوار کا پانی (ہ) آبِ شمشیر۔ تلوار کی چمک اور آب داری۔
تلوار کا پیٹھا (ہ/مذ) تلوار کی چوڑی دھار۔
تلوار کا پھل (ہ/مذ) قبضے کے سوا باقی ساری تلوار۔ پیکرِ تیغ۔
تلوار کا ڈورا (ہ/مذ) دمِ شمشیر۔ تلوار کی باڑھ۔ تلوار کی دھار۔ وہ ڈورا جو تلوار کے میان میں بندھا ہوتا ہے۔
تلوار کا گھاٹ (ہ/مذ) وہ جگہ جہاں سے تلوار میں خم شروع ہوتا ہے۔
تلوار کا گھاؤ بھر جاتا ہے زبان کا نہیں بھرتا (ہ/مثل) کسی عزیز کی بدزبانی اور بدسلوکی کے موقع پر بولتے ہیں۔
تلوار کا وار (ہ/مذ) حملۂ شمشیر۔ ضربِ شمشیر۔
تلوار کا ہاتھ — زخمِ شمشیر۔
تلوار کھینچنا (ہ) تلوار کو میان سے باہر نکالنا۔ تلوار سُونتنا۔ قتل کو تیار ہونا۔
تلوار کی آنچ (ہ/مث) تلوار کے زخم کا مقابلہ۔ گزندِ شمشیر۔ صدمۂ شمشیر۔ تلوار کا سامنا۔
تلوار مارے ایک بار۔ احسان مارے بار بار (ہ/مثل) احسان کی مار تلوار کی مار سے کہیں زیادہ ہے۔ تلوار احسان کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔
تلوار میان میں کرنا (ہ) تلوار غلاف میں رکھنا۔ لڑائی ترک کرنا۔ قتل کے ارادے سے باز رہنا۔
تلوار میان کرنا
تُلوانا (ہ) تُلنا کا متعدی۔
تَلوانا (ہ) تَلنا کا متعدی۔
تَلوانسا (ہ) تیل کے رُخ۔ چراغ کو اس طرح رکھنا کہ تیل بتی کے قریب تر رہے۔
تُلوائی (ہ/مث) تولنے کی اُجرت۔
تلوریا (ہ) تلوار چلانے والا۔ تلوار کا دھنی۔
تلوسہ (ف/مذ) بے قراری۔ تڑپ۔ غم۔
تلوّن (ع/مذ) رنگ بدلنا۔ ایک حالت پر قیام نہ کرنا۔ چھچھورا پن۔

اضطراب ۔ غیر مستقل

تلوّن مزاج (ع) (ص) وہ شخص جس کا مزاج ایک حال پر نہ رہے ۔ غیر مستقل طبیعت کا ۔

تلوّن مزاجی (ع ف / مث) غیر مستقل مزاجی ۔

تلوں سے تیل نکالنا (ف) نہایت کنجوسی میں مبالغہ دکھانا ۔ فائدے کی بات کرنا ۔

تلوں میں تیل نہ ہونا (ف) غیر مفید ہونا ۔ فائدہ نہ ہونا ۔ ردّی ہونا ۔

تلووں سے آنکھیں ملنا (ف) تلووں کے نیچے آنکھیں رگڑنا ۔ نہایت عداوت اور سخت دشمنی ظاہر کرنا ۔ دشمن کی آنکھیں نکلوا کر پاؤں سے روندنا ۔ نہایت عاجزی دکھانا ۔ خوشامد کرنا ۔ سخت عجز و انکسار کرنا ۔

تلووں سے لگنا (ف) تلووں میں اثر کرنا ۔ حسد یا رشک ہونا ۔ غصہ آنا ۔ پیروی کرنا ۔ سر ہونا ۔ تقلید کرنا ۔ عاجزی کرنا ۔

تلووں سے لگنا اور سر میں جا کے بجھنا ۔ (ف) سڑنا یا جلنا ۔ حسد کی آگ سے بالکل جلنا ۔ سر سے پا تک غصے میں جلنا ۔

تلووں سے ملنا (ار / محاورہ) پامال کرنا ۔ خاک میں ملانا ۔ پیس ڈالنا ۔

تلووں کا کچا (ار / صف) کم چلنے والا ۔ جلد تھک جانے والا ۔

تلووں میں لہو اترنا (ار / محاورہ) زیادہ مسافت طے کرنا ۔

تلوے چاٹنا (ف) نہایت خوشامد کرنا ۔ بہت عاجزی کرنا ۔

تلوے چھلنی ہو جانا (ف) کسی کام میں بہت بھاگ دوڑ کرنا ۔ نہایت سعی و کوشش کرنا ۔ کسی کام میں بہت پھرنا ۔

تلوے دھو دھو کے پینا (ف) نہایت اطاعت اور فرماں برداری کرنا ۔ بے حد قدر کرنا ۔ آنکھوں پر رکھنا ۔

تلوے سہلانا (ف) نہایت خوشامد کرنا ۔ چاپلوسی کرنا ۔ بہلانا ۔ پھسلانا ۔

تلوے کھجانا ۔ یا ۔ کھجلانا ۔ (ف) صحرا نوردی چاہنا ۔ تلوے میں خارش ہونا ۔ سفر درپیش ہونا ۔

تلہ (ت / مذ) چڑی ماروں کا جال ۔ جسے زمین میں چھپا کر پرندوں کا شکار کرتے ہیں ۔

تلی (ہ / مث) پیندی ۔ پیندا ۔ نیچے کا حصہ ہر چیز کا ۔

تلی (ہ / مث) جلاہے کی کوچی ۔

تلی (ہ / مث) طحال ۔ تاپ تلی ۔ معدے کی بائیں طرف کا ایک اندرونی عضو ۔

تلے (ہ) نیچے ۔ زیر ۔ تحت ۔ پائیں ۔ ماتحت ۔ پس ۔

تلے اوپر (ہ) زیر و بالا ۔ نیچے اوپر ۔ گڈمڈ ۔ بے ترتیب ۔ متواتر ۔ پے در پے ۔ لگاتار ۔ یکے بعد دیگرے ۔

تلے اوپر کی اولاد (ار / مث) وہ بچے جو ایک دوسرے کے بعد بلا واسطہ پیدا ہوں ۔

تلے اوپر ہونا (ہ) درہم برہم ہونا ۔ انقلاب ہونا ۔ اضطراب اور گھبراہٹ ہونا ۔ جی متلانا ۔

تلے پڑنا (ہ) نیچے لیٹنا ۔ آگے پڑنا ۔ زمین پر سونا ۔ مغلوب ہونا ۔

تلے تلے دیکھنا (ہ) نیچی نظروں سے دیکھنا ۔ خفیہ طور پر چھپکے چھپکے دیکھنا ۔

تلے کا سانس تلے اوپر کا اوپر رہنا (ہ / محاورہ) حیران و دم بخود ہونا ۔ متحیر ہونا ۔ ہکا بکا ہونا ۔ حیرت زدہ ہونا ۔

تلے کی دنیا ۔ یا ۔ زمین اوپر ہونا (ہ) انقلاب عظیم واقع ہونا ۔ سخت تباہی و بربادی آنا ۔

تلیا (ہ / مث) تالاب کی تصغیر ۔ چھوٹا تالاب ۔

تلیٹی (ہ / مث) پیندا ۔ تلا ۔ دامن کوہ ۔ پکا فرش ۔ تہ زمین ۔ نواح ۔ اطراف ۔ مُردے کے کفن کا نیچے والا حصہ ۔

تلیچا (ہ / مذ) چھت کے نیچے کا وہ حصہ جو ڈاٹ سے کنگنی تک ہوتا ہے ۔ محراب سے اوپر کا حصہ ۔

تلے دانی (ہ / مث) تھیلی ۔ سوئی دھاگہ رکھنے کا جزدان سا ۔ یا ۔ تھیلی ۔

تلیر (ہ / مذ) ایک چھوٹا سا پرندہ جس کا گوشت نہایت لذیذ ہوتا ہے ۔

تلینڈی (ہ / مث) ہولی کا تیسرا دن ۔ ہولی کے بعد کا تیسرا دن ۔

ت م

تم (ہ) تو کی جمع ۔ تعظیماً تو کی جگہ بولتے ہیں ۔ آپ ۔

تم آگ کے جلے ہوئے کو سینکتے ہو (ار / مثل) مصیبت زدہ کو اور تکلیف دیتے ہو ۔

تم اور جلے گھاؤ میں مرچیں لگانے (ار / مثل) ایک تو تکلیف تھی ہی تم اور تکلیف دینے لگے ۔

تم سے پھرے تو خدا سے پھرے (ار / محاورہ) ایک قسم کی نہایت سخت قسم ۔ یعنی جو تم سے بے وفائی کرے وہ خدا سے دور پڑے ۔

تم سے خدا پناہ میں رکھے
تم سے اللہ کی پناہ } (ار / کہاوت) تم سے خدا بچائے ۔ میں تمہارے افعال سے تنگ آ کر خدا کی پناہ مانگتا ہوں ۔

تمارض (ع / مذ) دیدہ و دانستہ مرض ظاہر کرنا ۔ بیماری کا بہانہ بنانا ۔

تمازت (ار / مث) گرمی ۔ گرمی کی شدت ۔

تماشا (ع / مذ) باہم پیدل چلنا ۔ پا پیادہ سیر کرنا ۔ دید ۔ نظارہ ۔ سیر ۔ لطف ۔ بہار ۔ کھیل ۔ بازیچۂ اطفال ۔ بازیچہ ۔ مجمع ۔ ہنگامہ ۔ میلا ٹھیلا ۔ نمائش ۔ انوکھی چیز ۔ عجیب چیز ۔ سوانگ ۔ کرتب ۔ ٹھٹھا ۔ ہنسی ۔ دل لگی ۔ مذاق ۔ مزاح ۔ رنگ رس ۔ عیش و عشرت ۔ یہ دراصل تماشی تھا ۔ فارسی والوں نے تماشا کر لیا ۔ جیسے تمنی کو تمنا اور تقاضی کو تقاضا کر لیا ۔

تماشا بین
تماشبین } (ع ف / صف) سیلانی ۔ ہر قسم کی سیر دیکھنے والا ۔ عیاش ۔ بدکار ۔

تماشا دکھانا (ف) سیر دکھانا ۔ بہار دکھانا ۔ سزا دینا ۔ مارنا ۔ تنبیہ کرنا ۔

تماشا دیکھنا (ف) سیر دیکھنا ۔ کشتی دیکھنا ۔ جھڑپ دیکھنا ۔

تماشا کرنا (ف) روپ بھرنا ۔ سوانگ کرنا ۔ کرتب دکھانا ۔ روپ دھارنا ۔ ٹھٹھا کرنا ۔ ہنسی اڑانا ۔ تمسخر کرنا ۔

تماشا گاہ (ف / مذ) سیر گاہ جس جگہ بیٹھ کر سیر دیکھیں ۔ وہ مقام جہاں

تماشا ہوتا ہو۔ ناچ گھر۔ تھیٹر۔
تماشا ہونا (ل) انوکھی بات ہونا۔ مزہ ہونا۔ لطف ہونا۔ انوکھا بننا۔ مسخرہ بننا۔
تماشائی (ع) سیلانی۔ نظارہ کرنے والا۔ سیر کرنے والا۔
تماشے کی بات (و/مث) انوکھی بات۔ عجیب بات۔ نرالی بات۔ دل خوش کرنے والی بات۔ مزے کی بات۔ دل لگی کی بات۔
تمام (ع) پورا۔ سموچا۔ ثابت۔ سالم۔ کُل۔ سب۔ سارا۔ بالکل۔ اخیر۔ آخر۔ ختم۔ تیار۔
تمام تر (عف/ مطلق۔ محض۔ بالکل۔
تمام شد (ع/ف/فعل) ختم ہو گیا۔
تمام کرنا (ل) ختم کرنا۔ پورا کرنا۔ انجام کو پہنچا دینا۔ باقی نہ رکھنا۔ کچھ نہ چھوڑنا۔
تمام وکمال (ع) سب کا سب۔ کُل۔ بتمامہ۔ سرتاپا۔ بالکل۔ یکلخت۔ کامل طور سے۔ پورے طور سے۔ کھول کر۔ پوست کندہ۔ صاف صاف۔
تمام ہونا (ل) پورا ہونا۔ انجام کو پہنچنا۔ آخر ہونا۔ ختم ہونا۔ مرجانا۔ جان نکل جانا۔ بند ہو جانا۔ ہو چکنا۔ خرچ ہو جانا۔ گُل ہونا۔ ٹھنڈا ہو جانا۔ سرد ہونا۔
تمامی (ف) آخر۔ انجام۔ انت۔ اخیر۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
تمامیت (ع/مث) تمام ہونا۔
تمباکو (ا/مذ) ایک مشہور پودا، جس کے پتے حُقے میں پیتے، پان میں کھاتے اور پیس کر سونگھتے ہیں۔ ہند میں امریکہ سے اکبر بادشاہ کے عہد میں آیا۔
تمتّع (ع/مذ) فائدہ اُٹھانا۔
تمتمانا (ہ) گرمی یا بخار سے چہرہ سُرخ ہو جانا۔ چمکنا۔ جگمگانا۔ گرم ہونا۔ گرمانا۔ غصّے سے چہرہ سُرخ ہو جانا۔
تمتماہٹ (ہ/مث) چہرے کی سُرخی۔ چمک دمک۔ گرمی کا اثر۔ آماس۔ سُوجن۔
تمثال (ع/مث) پیکر۔ صورت۔ مُورت۔ فرمانِ شاہی۔
تمثال گر (عف/صف) نقاش۔ صورت گر۔ مصوّر۔
تمثیل (ع/مث) مثال۔ مثال دینا۔ نظیر۔ نظیر بیان کرنا۔ مشابہت۔
تمثیل دینا (ع/مث) مثال دینا۔ نظیر بیان کرنا۔ مشابہت دینا۔
تمدّن (ع/مذ) شہر میں رہنا۔ شہر کا انتظام کرنا۔ پیشہ وروں کا اکٹھا ہونا۔ تہذیب۔
تمرّد (ع/مذ) بغاوت۔ سرکشی۔ نافرمانی۔ حکم نہ ماننا۔ عدول حکمی۔ گستاخی۔ توہین عدالت۔ ضد۔ ہٹ۔ اڑ۔ خودسری۔
تمر ہندی (ع/مث) املی کا درخت اور اس کا پھل۔
تمسخر (ع/مذ) مسخرہ پن۔ ظرافت۔ ٹھٹھول۔ ٹھٹھے بازی۔ ہنسی۔ ہزل۔ کھیلی۔
تمغا (ت/مذ) چنگی کا محصول۔ سوداگری کے مال پر لگی ہوئی سرکاری مُہر۔ فرمانِ شاہی۔ عزت کا نشان۔ بلّا۔ چپراس۔ سند۔ جاگیر کی سند۔ معافی۔ داغ۔ علامت۔ سکہ۔ ٹھپا۔ مُہر۔ میڈل طلائی یا نقرئی یا کسی اور دھات کا۔

تمغا بٹھانا (و) سکّہ بٹھانا۔ حکومت جمانا۔ رُعب بٹھانا۔
تمکنت (ع/مث) قدرت۔ زور۔ طاقت۔ درجہ۔ حکومت۔ عزت۔ مرتبہ دکھانا۔ عزت ظاہر کرنا۔ غرور۔ گھمنڈ۔ نخوت۔ مان۔ نمود۔ ٹیپ ٹاپ۔ دبدبہ۔
تمکنت دکھانا / تمکنت کرنا } (ل) اترانا۔ غرور کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔ شیخی دکھانا۔
تمکین (ع/مث) طاقت۔ زور۔ بل۔ قوت۔ عزت و توقیر۔ جاہ و جلال۔ مرتبہ و عزت۔ کرّ و فر۔ دبدبہ۔ عظمت۔ شکوہ۔
تملّق (ع/مذ) نرمی۔ ملائمت۔ خوشامد۔ چاپلوسی۔ خوشامد کرنا۔
تمن (ت/مذ) دس ہزار کی تعداد۔ رسالہ۔ پلٹن۔ گروہ۔ سپاہ۔ تُرپ۔ سو سو آدمیوں کا فریق یعنی کمپنی۔ ایک طلائی سکہ۔ جو پہلے بیس روپے کا ہوتا تھا۔ اب ساڑھے چار روپے کا ہے۔
تمن باندھنا (ا/محاورہ) فوج جمع کرنا۔
تمن دار (ت) رسالدار۔ رسالے کا سردار۔
تمن داری (ت۔ف۔مث) رسالداری۔ رسالے کی کمان۔
تمنّا (ع/مث) خواہش۔ آرزو۔ اُمید۔ شوق۔ اشتیاق۔
تمنچہ (ف/مذ) پستول۔ چھوٹی سی بندوق۔ تفنگچہ۔ چھوٹا سا معشوق۔ بچکانہ۔
تمنچہ داغنا (ل) پستول مارنا۔ پستول چلانا۔
تموّج (ع/مذ) ٹھاٹھیں مارنا۔ لہریں لینا۔ موج زنی۔ تحریک۔ جوش۔ تلاطم۔
تموز (ع/مذ) گرمی کی شدّت۔ ایک رومی مہینہ جو جولائی کے مطابق ہوتا ہے۔
تموّل (ع/مذ) دولت مندی۔ امیری۔ مال داری۔
تمہید (ع/مث) آغاز۔ دیباچہ۔ مقدمہ۔
تمہارا (ہ) تم سب کا۔ آپ کا۔ حضور کا۔
تمہارا مال سو ہمارا مال اور ہمارا مال سو ہیں ہیں (ل/مثل) خود غرض آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔ جو دوسرے کا مال تو لے لے اور اپنی باری میں ہنس کر ٹال دے۔
تمہارا منہ کھانڈ سے پُر / تمہارے منہ میں گھی شکر } (ل/مثل) حسب مراد جواب میں دُعا دیتے ہیں یعنی خدا تمہاری زبان راست لائے۔ اگر ایسا ہو جائے تو تمہیں خوش کروں گا۔
تمہید (ع/مث) فرش۔ بچھانا۔ بچھونا بچھانا۔ کسی مضمون کا آغاز۔ کسی بات کی تقریب اور اس کی اُٹھان۔ دیباچہ۔ عنوان۔ مقدمہ۔ آغازِ کتاب۔
تمہید اُٹھانا / تمہید کرنا } (ل) کسی بات یا مضمون کی تقریب کرنا۔ کسی امر کا ڈول ڈالنا۔ آغاز کرنا۔ ابتدا کرنا۔ شروع کرنا۔ عنوان بتانا۔
تمیز (ع/مث) جُدا کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ شناخت۔ پہچان۔ فرق۔ تفاوت۔ اندازہ۔ جانچ۔ عقل سلیم۔ ہوش۔ سمجھ۔ دانائی۔ ادب۔ اہلیت۔ قاعدہ۔ لیاقت۔ شعور۔ آگاہی۔ خبر۔
یہ اصل میں تمییز (بروزن تفعیل) تھا۔ فارسی میں ایک یاء حذف

ہو کر تمیز (بروزن عزیز) ہو گیا۔
تمیز دار (عف) لائق - شعور والا - مؤدب - ہوشیار -

ت - ن

تُن (ہ/مذ) ایک درخت جس کی لکڑی سُرخ سی ہوتی ہے - تن کا پھول جو زرد رنگ کا ہوتا ہے -
تَن (ف/مذ) جسم - بدن - پنڈا - دیہ - کایا - رنگ - ڈیل - جُثہ - سریر -
تن آسانی (ف/مث) آرام طلبی - سہل انگاری - سستی -
تن پرور (ف) آرام طلب - خود غرض - بندۂ شکم -
تن تنہا (ف) اکیلا - دم لقد - واحد - مجرد - جریدہ -
تن درست (ف) بھلا چنگا - ہٹا کٹا - صحیح سالم - نِروگا -
تن دہی (ف/مث) کوشش - محنت - دلسوزی -
تن دینا (ا) کوشش کرنا - سعی کرنا - توجہ کرنا -
تن کو لگنا (ا) دل پر اثر کرنا - انگ لگنا - جزوِ بدن ہونا - پُورے طور پر مضم ہونا -
تن کی تپت بجھانا (ہ) بھوک میں کھانا کھلانا - اشتہا بجھانا - خواہش پوری کرنا -
تَن مَن (ہ/مذ) رُوح اور جان - جسم و جان - قالب و رُوح -
تن من ایک ہونا (ہ) گہرا دوست ہونا - دلی دوست ہونا - دو قالب ایک جان ہونا - محب صادق ہونا - یارِ غار ہونا -
تن من سے (ہ) جان و مال سے - ہر طرح -
تن من مارنا (ہ) اپنے آپ کو مٹانا - نفس کشی کرنا - نفسانی خواہشات کو زیر کرنا - لالچ اور خواہشوں کو چھوڑنا - نہایت کوشش کرنا - چپ رہنا - ضبط کرنا - خاموش ہونا -
تن من وارنا (ا/محاورہ) جان قربان کرنا -
تن میں جان آنا (ا/محاورہ) تازگی ہونا - فرحت ہونا -
تن و توش (ا/مذ) بدن اور توانائی - قوت -
تننا (ہ) کھینچنا - کشیدہ ہونا - سیدھا ہو کر بیٹھنا - پھیلنا - دراز ہونا - پھولنا - بھر کر پھول جانا جیسے مشک تن گئی - اکڑنا - اینٹھنا - سینہ اُبھار کر دکھانا - کھڑا ہونا - گڑنا - جیسے خیمہ تن گیا - مقدمے کا طول پکڑنا - قید ہونا - مقید ہونا - لوٹنا - پھیلانا - جیسے کوٹھا تننا -
تنازُع (ع/مذ) باہم جھگڑا کرنا - جھگڑا - دنگا - فساد - تکرار - رنجش - بغض - عداوت - ناراضی -
تنازع للبقاء (ع/مذ) کشمکش حیات - زندگی کو قائم رکھنے کے لیے کوشش کرنا -
تناسب (ع/مذ) باہم نسبت رکھنا - مناسبت ہونا - موزوں ہونا - باہمی تعلق - موافق ہونا - مطابقت باہمی - خوبصورتی -
تناسب اعضاء (ع/مذ) جسم کے تمام اعضاء کا ٹھیک اپنے اپنے انداز اور موقع سے ہونا - اعلیٰ درجے کی خوبصورتی -
تناسُخ (ع/مذ) رُوح کا ایک جسم سے دُوسرے جسم میں آنا - آواگون - جُون بدلنا - چولا بدلنا - بار بار جنم لینا -
تناسُل (ع/مذ) نسل بڑھانا - باہم اولاد جننا - نسل قائم رکھنا -
تنانا (ہ) لمبا ہونا - دراز ہونا - کسی صدمے سے سنسانا - جھنجھنانا - ورم سے زخم کا پھٹا پڑنا - تڑخ جانا -
تناؤ (ہ/مذ) کھنچاؤ - کھنچاوٹ -
تناوُل (ع/مذ) لینا - پکڑنا (مجازاً) کھانا کھانا -
تناول فرمانا - یا - کرنا (ا) کھانا کھانا - نوش جان فرمانا - بھوجن کرنا -
تنبا (ف) ڈھیلا پاجامہ - غرارہ دار پاجامہ -
تنبل (ف) موٹا اور سست آدمی -
تنبو (ہ/مذ) خیمہ - ڈیرا - شامیانہ - پال - خرگاہ - نمگیرہ -
تنبور } (ف/مذ) ایک قسم کا باجا - جس میں ستار کی طرح تین تار لگے
تنبورہ } ہوتے ہیں -
(ا/مذ) ایک قسم کا چھوٹا سا ڈھول - ایک باجا -
تنبورچی (ا) تنبور بجانے والا -
تنبول (ف/مذ) پان کا پتّا - چھوٹی کمان (ا) وہ نقدی جو بیاہ شادی کے موقع پر عزیز و اقارب وغیرہ حسب مقدور دیتے ہیں - نیوتہ -
تنبول آنا (ا) لگام کے صدمے سے گھوڑے کے مُنہ سے خُون نکلنا -
تنبول پینا (ا) پان کا مرکب عرق پینا -
تنبول ڈالنا (ا) برادری میں شادی کے موقع پر روپیہ دینا -
تنبولن (ا/مث) پنواڑن - پان بیچنے والی عورت -
تنبولی (ا/مذ) پنواڑی - پان بیچنے والا مرد -
تنبیہ (ع/مذ) نصیحت - عبرت - دھمکی - آگاہی - خبرداری -
تنبیا جانا (ہ) برساتی ہوا سے گوٹا کناری کا رنگ تانبے کی مانند ہو جانا -
تنبیہ (ع/مث) جتانا - خبردار کرنا - پند - نصیحت - عبرت - تاکید - سزا - جھڑکی - گھُرکی - چشم نمائی - ملامت -
تنت (ہ/مذ) ٹھیک - عین موقع - ٹھیک وقت - وقت ضرورت - عین برمحل - اخیر - انجام - نوبت - نازک حالت - نازک وقت -
تنتر (ہ/مذ) ایک شاستر - منتر - جادو - ٹونا - ٹوٹکا -
تنتر منتر (ا/مذ) مکر و فریب -
تنتری (ہ) گویا - قوال - مُطرب - جادوگر - سپیرا - ایک باجا -
تنت کار (ہ/مذ) سارنگیا - ستار یا تاروں والا ساز بجانے والا -
تُن تُن (ہ/مث) ستار یا سارنگی وغیرہ کی آواز -
تنتنا - یا - تنتنہ (ا/مذ) (صحیح طنطنہ) کر و فر - شان و شوکت - حکومت - تحکم - غصہ - غضب - خشم - قہر -
تنتناہٹ (ہ/مث) ورم - سُوجن - تکلیف جو سوزش سے ہو -
تُنتُنی (ہ/مث) تُن تُن کرنے والا باجا - چھوٹا ستار - سارنگی - دوتارا -

تنخواہ (ف/مث) مہینے کی اُجرت ۔ مشاہرہ ۔ درماہہ ۔ طلب ۔ ماہیانہ ۔
تنخواہ جاری ہونا (ار/محاورہ) تنخواہ بحال ہونا ۔ تنخواہ ملنے لگنا ۔
تنخواہ دار (ف) ملازم ۔ نوکر ۔ تنخواہ پانے والا ۔
تنخواہ ذاتی (ف/مث) جج کی تنخواہ ۔ اپنی تنخواہ ۔
تنخواہ کاٹ لینا (ار/محاورہ) تنخواہ کا کچھ حصّہ یا ساری تنخواہ نہ دینا ۔
تُند (ف) تیز ۔ چڑچڑا ۔ جلا ۔ خونخوار ۔ غضبناک ۔ غصیل ۔ سخت ۔ کڑوا ۔ سریع الاثر ۔ تلخ ۔ کڑوا ۔
تُندخُو ۔ تُندمزاج (ف) بدمزاج ۔ بدخُو ۔ چڑچڑا ۔
تندرُست (ف) دیکھو تن دُرست ۔
تندرستی ہزار نعمت ہے (ا/مقولہ) انسانی بیماریاں ہزار ہیں اور ہر بیماری سے صحت پانا ایک نعمت ہے ۔ لہٰذا ایک تندرُستی ہزار نعمتوں سے بہتر ہے ۔
تُندفہم (ف/صف) تیز فہم ۔
تنُّور (ا/مذ) تنور ۔ بھٹی ۔ مطبخ ۔ گلخن ۔
تنُّور جھونکنا (ا) بھٹیارے کا کام کرنا ۔ تنور گرم کرنا ۔
تُندی (ف/مث) تیزی ۔ چڑچڑاہٹ ۔ سختی ۔ غصّہ ۔ غضبناکی ۔ بدمزاجی ۔ خیزش ۔ ایستادگی ۔ نموّ ۔ ہوشیاری ۔ شہوت ۔
تنزُّل (ع/مذ) اُترنا ۔ زوال ہونا ۔ درجہ ٹوٹنا ۔ گھٹنا ۔ کمی ۔
تنزل ہونا (ا) گھٹنا ۔ درجہ کم ہونا ۔ تخفیف میں آنا ۔
تنزیہ (ع/مث) پاک صاف کرنا ۔ گندگی دُور کرنا ۔ تنقیح کرنا ۔
تنسُوق (ت/مذ) تحفہ ۔ عجیب شے ۔ نفیس چیز ۔
تنسیخ (ع/مث) منسوخ کرنا ۔ ردّ کرنا ۔ باطل کرنا ۔
تنصیف (ع/مث) آدھم آدھ کرنا ۔ دو ٹوک کرنا ۔ برابر کے دو ٹکڑے کرنا ۔ دو حصّوں میں تقسیم کرنا ۔
تنظیم (ع/مث) دھاگے میں موتی پرونا (مجازاً) کسی کام کی دُرستی کرنا ۔
تنعیم (ع/مث) ناز و نعمت دینا ۔ لاڈ پیار سے پالنا ۔ ایک موضع جو مکہ معظمہ سے تین کوس شمال کی طرف واقع ہے یہاں عمرہ کے ارکان ادا کیے جاتے ہیں اور حج مکمل ہوتا ہے ۔
تنفُّر (ع/مذ) نفرت ۔ بیزاری ۔ نفرت کرنا ۔
تنفُّس (ع/مذ) سانس لینا ۔ دم لینا ۔ ہانپنا ۔
تنقُّل (ع/مذ) نقل کرنا ۔ تھوڑا تھوڑا کھانا ۔
تنقیح (ع/مث) کسی چیز کو عیوب اور زائد چیزوں سے پاک کرنا ۔ خالص کرنا ۔ فیصلہ ۔ صفائی ۔ کھوج ۔ تحقیق ۔ تفتیش ۔
تنقیح کرنا (ا) فیصلہ کرنا ۔ صفائی کرنا ۔ تحقیق کرنا ۔ قائم کرنا ۔
تنقیص (ع/مث) کم کرنا ۔ گھٹانا ۔ نقصان ۔ کمی ۔ اعتراض ۔ نقص ۔
تنقیہ (ع/مذ) آنتوں کو صاف کرنا ۔ جلاب لینا ۔ صاف کرنا ۔ چکوتا ۔
تُنُک (ف) ذرا سا ۔ تھوڑا سا ۔ کچھ ۔ قدرے ۔ ہلکا ۔ کمزور ۔ نازک ۔ کم ۔ لطیف ۔ اوچھا ۔ تنگ ظرف ۔
تنک ظرف (فع) اوچھا ۔ کمینہ ۔ کم حوصلہ ۔ تنگ دل ۔ پیٹ کا ہلکا ۔ وہ آدمی جسے بات نہ پچے ۔

تنک مایہ (ف/صف) بے حیثیت ۔ تھوڑی پونجی والا ۔
تنک مزاج (فع) تیز مزاج ۔ زود رنج ۔ چڑچڑا ۔
تِنکا (ہ/مذ) گھاس کا ڈنٹھل ۔ گھاس کا پتّھا ۔ خس ۔ برگ کاہ ۔
تنکا اُتارنا اور چھپر رکھ دینا (ار/مثل) تھوڑا سا احسان کر دینا اور اس کے عوض بہت کچھ وصول کر لینا ۔
تنکا اُتارے کا احسان ماننا (ا) بڑا گن ماننا ۔ تھوڑے سے احسان کو بڑا سمجھنا ۔
تنکا دانتوں میں لینا ۔ یا ۔ پکڑنا
تنکا منہ میں لینا
} (ہ) عاجزی کرنا ۔ گڑگڑانا ۔ اپنے آپ کو گائے تصوّر کر کے رحم کی التجا کرنا ۔ جان بخشی چاہنا ۔ امان چاہنا ۔ مغلوب ہونا ۔ پناہ مانگنا ۔
تنکا سر سے اُتارنا (ا) کسی پر تھوڑا سا احسان کرنا ۔
تنکا نہ رہنا (ہ) کچھ نہ رہنا ۔ فقیر ہو جانا ۔ قلّاش ہو جانا ۔
تنکنا (ہ) خفا ہونا ۔ ناراض ہونا ۔ بگڑنا ۔ تر بتر ہونا ۔ پھڑپھڑانا ۔ بے چین ہونا ۔ بے قرار ہونا ۔
تُنکی (ف) ایک قسم کی نہایت خستہ اور پتلی روٹی ۔
تنکے چُننا (ہ) نشے میں دیوانہ ہونا ۔ بدحواس ہونا ۔ پاگل ہونا ۔ باؤلا ہونا ۔ فریفتہ ہونا ۔ والہ و شیدا ہونا ۔ عاشق ہونا ۔
تنکے کا سہارا (ہ/مذ) ذرا سی مدد ۔ ذرا سا سہارا ۔ تھوڑی سی تسلی ۔
تنکے کو پہاڑ کر دکھانا (ہ) چھوٹی سی بات کو بڑا کر دکھانا ۔ ادنیٰ کو اعلیٰ مرتبے پر پہنچا دینا ۔ گدا کو بادشاہ بنا دینا ۔
تُنگ (ف/مذ) تھیلا ۔ بوری ۔ گون ۔
تَنگ (ف) سکڑا ۔ کم چوڑا ۔ بھچا ہوا ۔ چُست ۔ پھنسا ہوا ۔ کم ۔ تھوڑا ۔ قلیل ۔ نازک ۔ مفلس ۔ محتاج ۔ غریب ۔ عاجز ۔ لاچار ۔ مشکل ۔ دشوار ۔ گھوڑے کی پیٹی ۔ چار جامہ یا زین کسنے کی نواڑ ۔ بیل گدھے وغیرہ کا کمر بند ۔
تنگ آنا (ا) عاجز ہونا ۔ مغلوب ہونا ۔ دق ہونا ۔ بیزار ہونا ۔
تنگ آنا (ا) عاجز ہونا ۔ مغلوب ہونا ۔ بیزار ہونا ۔
تنگ بار (ف) جس جگہ ہر شخص کو دخل نہ ہو ۔
تنگ پکڑنا (ا) سخت گرفت کرنا ۔ عاجز کرنا ۔ زچ کرنا ۔ ہر طرف سے ناچار کرنا ۔ گھوڑے کی لگام کو کھینچا ہوا رکھنا ۔
تنگ چشم
تنگ ظرف
تنگ حوصلہ
تنگ دل
} (ف) کم بیں ۔ کم ظرف ۔ کم حوصلہ ۔ کمینہ ۔ بخیل ۔ کنجوس ۔ پست ہمت ۔ ممسک ۔ اوچھا ۔
تنگ حال (ف) مفلس ۔ نادار ۔ محتاج ۔ نازک حال ۔ قریب مرگ ۔ تباہ حال ۔ جان کنی ۔
تنگ دست (ف) مفلس ۔ نادار ۔ غریب ۔ محتاج ۔ کنگال ۔
تنگ دستی (ف/مث) مفلسی ۔ ناداری ۔ غریبی ۔
تنگ دوز (فع/صف) باریک سلائی کرنے والا ۔

تنگ دہن (ف) غنچہ دہن - چھوٹے مُنہ والا - معشوق -
تنگ ڈھیلا ہونا (ا / محاورہ) گھوڑے کی پیٹی پوری طرح کسی نہ ہونا -
تنگ رہنا (ا / محاورہ) پریشان رہنا - تہی دست رہنا -
تنگ زلیست (ف / صفت) تنگ دست -
تنگ تنکر (ف) کُشتی کا ایک داؤ -
تنگ کرنا (ل) دق کرنا - ستانا - عاجز کرنا - حیران کرنا - تکلیف دینا -
تنگنائے (ف / ست) تنگ جگہ - کنایۃً قبر سے -
تنگ وقت (ع / مذ) نازک حالت - نازک وقت - فرصتِ قلیل -
تنگ ترش ہونا (ا) خفا ہونا - ناراض ہونا - غصّے ہونا -
تنگہ (ف / مذ) چمڑے کا جانگیہ -
تنگی (ف / مث) کوتاہی - کمی - مُفلسی - محتاجی - عسرت - مصیبت -
سختی - دُشواری - مُشکل - دقت - کم ظرفی - اوچھاپن -
جزرسی -
تنگی کرنا (ہ) کمی کرنا - بُخل کرنا - جبر کرنا - کم ظرفی کرنا -
تنگی گئی فراخی آئی (ل / مثل) بُرے دن گئے - بھلے دن آئے -
تنگی ہونا (ہ) کمی ہونا - مُفلسی ہونا - گنجائش نہ ہونا - غریبی ہونا -
تنّور (ع / مذ) بھٹّی - (دیکھو تندور)
تنومند (ف) تن والا - جسیم - موٹا - فربہ - زورآور - "تن + مند" "و"
زائد (دو حرفی لفظ پر "مند" آتا ہے تو ایک واؤ لاتے ہیں جیسے
برومند -
تنومندی (ف / مث) موٹاپا - فربہی - طاقت - قوت - زور - بل -
تنوین (ع / مث) نون ساکن بنانا - حرکاتِ ثلاثہ کو دوچند کر کے نون
ساکن کی آواز نکالنا - یعنی لفظ کے آخری حرف پر دو زیر یا دو زبر
یا دو پیش پڑھنا - نون پیدا کرنا -
تنہ (ف / مذ) درخت کا دھڑ - مندلا - درخت کا وہ حصّہ جہاں ٹہنے نہ
نکلے ہوں -
تنہا (ف) اکیلا - واحد - جریدہ - نرالا - صرف - فقط - اپنے دم سے یکتا -
لاثانی - بے نظیر - طاق -
تنہائی (ف / مث) علیحدگی - جُدائی - خلوت - نرالاپن - اکیلا رہنا -
تنی میں گانٹھ دینا (ہ) منگنی کرنا - نسبت کرنا - سگائی کرنا - یاد رکھنا -
یادداشت کے واسطے کمربند میں گرہ لگانا -
تنیا (ہ / مذ) دگنوار) لنگوٹی - کپڑے کی دھجی جو رذیل لوگ ستر پوشی کے واسطے
باندھ لیتے ہیں -

ت - و

تو (ہ) تب - پس - الحاصل - حاصل کلام - اس وقت - پھر (مث) کُتّے کے
بُلانے کی آواز "توتو"
توبھی (ہ) پھر بھی - اس پر بھی - باوجودیکہ - تاہم -
تو تڑاق کرنا (ل) گالی گلوچ کرنا - بدزبانی - زبان درازی کرنا -
تو تکار (ہ / مث) گالی گلوچ - بدزبانی - زبان درازی - بدکلامی -
تو تو مَیں مَیں (ا / مث) ادنیٰ لوگوں کی سی لڑائی - گالی گلوچ - زبان درازی -
رگڑا جھگڑا -
تو ڈال ڈال میں پات پات (ہ / مثل) میں تجھ سے بھی ایک درجہ زیادہ
ہوں -
تو مجھ کو میں تجھ کو (ہ / مثل) تو میری مدد کر - میں تیری مدد کروں گا -
توا (ع) ہلاکت -
توا (ہ / مذ) تابہ - لوہے کا وہ گول سا ٹکڑا جس پر روٹی پکاتے ہیں -
ٹھیکرے کا گول ٹکڑا جو چلم میں تمباکو کے اوپر رکھتے ہیں -
حمام یا سقایہ میں پانی گرم کرنے کے لیے لگا ہوا تانبے کا
گول پترا - نہایت کالا -
توا سر سے باندھنا (ہ) سر کو محفوظ کر لینا تاکہ دماغی صدمہ نہ پہنچے - سر کی
حفاظت کر کے لڑنے کو تیار ہونا -
تواتُر (ع / مذ) پے بہ پے ہونا - لگاتار - برابر - مدام - اور تار ٹوٹ
ہونا -
تواجُد (ع / مذ) وجد - جذبہ - بے خودی - سرمستی -
توارُث (ع / مذ) وراثت -
توارُد (ع / مذ) (لغوی) باہم ایک جگہ اُترنا (اصطلاحی) دو شاعروں کا
ایک ہی مضمون پہ شعر کہہ دینا -
تواری (ہ) برہمنوں کا ایک فرقہ جسے تین وید پڑھنے کا حق ہے -
تواریخ (ع / مث) (تاریخ کی جمع) مہینوں کے دن گنوں کا حساب -
علم واقعات - قصے - تذکرے - کہانیاں -
توازن (ع / مذ) تناسب - برابری -
تواضع (ع / مث) عاجزی - انکساری - فروتنی - آدھینگی - خاطر مدارات -
خوش اخلاقی - نذر - بھینٹ - ضیافت - دعوت -
مہمان داری -
تواضع سمرقندی (ع ف / مث) جھوٹی تواضع - اوپری صلاح -
ظاہرداری کی آؤ بھگت -
تواضع کرنا (ل) عاجزی سے پیش آنا - انکسار کرنا - خوش اخلاقی سے
پیش آنا - آؤ بھگت کرنا - نذر کرنا - بھینٹ دینا - دعوت
کرنا -
توالُد (ع / مذ) اولاد پیدا کرنا -
توأم (ع / مذ) جڑواں بچے - دو بچے جو ایک ساتھ پیدا ہوں -
توان (ف / مث) طاقت - زور - بل - قوت - قدرت -
توانا (ف) طاقت ور - قوی - زورآور - جسیم - تنومند -
توانائی (ف / مث) طاقت - زور - بل - قوت -
توانگر (ف) توانا - طاقتور - زورآور - دولت مند - امیر - مالدار -
دھنی - متمول - غنی - بے پروا - دھن دنا -
توانگری (ف / مث) توانائی - طاقت - امیری - دولت مندی - استغناء -
توائی (ہ / مث) (دیکھو تباہی)
توبال (ع / مذ) لوہے یا تانبے کا بُرادہ -

تُوباہ (ا/مث) توبہ کا اشباع ۔ توبہ۔
توبرا (ا/مذ) (فارسی میں توبرا) گھوڑے کو دانہ کھلانے کا چرمے یا ٹاٹ کا تھیلا۔
توبڑا چڑھانا (ا) گھوڑے کو دانہ کھلانا ۔ اگر مرچوں کے ساتھ استعمال کیا جائے تو سخت سزا سے مُراد ہوتی ہے ۔
توبہ (ع/مث) (لغوی) گناہ سے باز آنا (اصطلاحی) افسوس ۔ پچھتاوا ۔ پشیمانی ۔ ندامت ۔ شرمندگی ۔ عہد ۔ انکار ۔ قول ۔ قسم ۔ خدا نہ کرے خدا بچائے ۔ پناہ ۔ پرہیز ۔ زنہار ۔ رحم کر ۔ ترحم فرما۔
توبہ بُلوانا ۔ یا ۔ کرانا (ا) چیں بلوانا ۔ چخوانا ۔ عاجز کرنا ۔
توبہ توبہ (ع) وہ کلمہ جو پکے اقرار ۔ وعدہ یا عبرت وافسوس کے موقع پر زبان سے نکلتا ہے ۔
توبہ توبہ مچا دینا (ا/محاورہ) ایسا ظلم یا گناہ کا کام کرنا کہ ساری دُنیا توبہ توبہ کر اُٹھے ۔
توبہ توڑنا (ا) قول وقسم توڑنا ۔ عہد واقرار سے پھرنا ۔
توبہ شکن (علف/مذ) توبہ توڑنے والا ۔ مجازاً معشوق ۔
توبہ کرکے کہنا (ا) خاک چاٹ کر کہنا ۔ عاجزی سے کہنا ۔ خدا سے ڈر کر کہنا ۔ بوثوق کہنا۔
توبہ کرنا (ا) باز آنا ۔ گناہ سے پرہیز کرنا ۔ قول و اقرار کرنا ۔ قسم کھانا ۔ عبرت پکڑنا ۔ معذرت چاہنا ۔ معافی چاہنا ۔ افسوس کرنا ۔ تاسف کرنا ۔ پچھتانا ۔
توبیخ (ع/مث) جھڑکی ۔ ملامت ۔ زجر ۔ طعنہ ۔ طنز ۔
توپ (ت/مث) گولہ چلانے کا آلہ ۔ موٹا آدمی ۔
توپ بھرنا (ا/مص) توپ میں گولہ بارود بھرنا۔
توپ چلانا (ا) توپ چلانا ۔ زور سے گوز مارنا۔
توپچی (ا) توپ چلانے والا ۔ گولنداز ۔
توپ خانہ (ا/مذ) توپوں کے رکھنے کا مقام ۔ میگزین ۔ چھ توپوں کی تعداد مع سامان وغیرہ۔
توپ دم کرنا (ا) توپ کی بھاپ سے اُڑانا ۔ توپ کے مُنہ سے اُڑانا ۔
توپ کے مُنہ اُڑانا (ا) سزائے موت دینا ۔ مجرم کو توپ کے مُنہ سے باندھ کر توپ داغنا ۔
توپ مارنا (ا/محاورہ) توپ چلانا ۔
توت (ہ/مذ) ایک درخت اور اُس کا پھل ۔ جسے شہتوت بھی کہتے ہیں ۔ اس کے پتے ریشم کے کیڑوں کا من بھاتا کھاجا ہے ۔
توتا (ف/مذ) ایک پرندہ ۔ جس کے پر سبز ۔ چونچ سُرخ ۔ گلے میں طوق ہوتا ہے ۔ طوطا ۔ مٹھو ۔ توڑے دار بندوق کا گھوڑا ۔ خوش گفتار بچہ ۔ میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا بچہ ۔ پیار کا کلمہ ۔ بھنگ کی لگدی ۔
توتا چشم (ف) بے وفا ۔ بے مروت ۔ بے دید ۔
توتلا (ہ) وہ آدمی جس کی زبان موٹی ہو ۔ اور حرف صاف نہ ادا کر سکے ۔ ہکلا ۔
توتو (ہ) (بواؤ مجہول) (مث) کُتّے کے بُلانے کی آواز ۔
توتی بولنا (ا) شہرۂ آفاق ہونا ۔ کسی ہُنر یا حُسن وجمال یا کمال میں دھاک بندھ جانا ۔ دُور دُور ہونا ۔ اقبال یاور ہونا ۔
توتی یا طوطی کی آواز نقار خانے میں کون سُنتا ہے (ا) کہاوت ۔ بڑے آدمیوں کی رائے کے مقابلے میں ادنیٰ آدمیوں کی تجاویز کو کوئی نہیں سُنتا ۔
توتے اُڑ جانا (ا) ہاتھوں کے ساتھ آتا ہے ۔ حواس باختہ ہونا ۔ گھبرا جانا ہکا بکا ہو جانا ۔ اوسان خطا ہونا ۔

توتے کی سی آنکھیں پھیر لینا }
توتے کی طرح آنکھیں بدلنا } (ا) فوراً بے مروّتی جتانا ۔ نہایت بے لگا ہونا ۔ آنکھوں پر ٹھیکری رکھ لینا ۔ احسان فراموش کرنا ۔

توتے کی طرح پڑھنا }
توتے کی طرح یاد کرنا } (ا) بے سمجھے بُوجھے پڑھنا ۔ بے سمجھے یاد کرنا ۔

توتیا (ف/مذ) سُرمہ ۔ نیلا تھوتھا ۔ مس کُشتہ ۔
توتیے جوڑنا ۔ یا ۔ توتے جوڑنا (ہ) جھُوٹی تہمت لگانا ۔ بہتان باندھنا ۔ بدنام کرنا ۔ طوفان تولنا ۔
توجہ (ع/مث) کسی کی طرف مُنہ کرنا ۔ رُخ کرنا ۔ میلانِ طبع ۔ رغبت ہونا ۔ مہربانی ۔ عنایت ۔ شفقت ۔ خیال ۔ لحاظ ۔
توجہ باطن ۔ یا ۔ توجہ باطنی (ع/مث) دلی خیال ۔ دِلی مہربانی ۔
توجیہ (ع/مث) وجہ بیان کرنا ۔ دلیل لانا ۔ وجہ ۔ باعث ۔ سبب ۔ حلیہ ۔ چہرے کے خط وخال ۔
توجیہ نویس (عف/مذ) حلیہ ۔ نویس ۔ خط وخال لکھنے والا ۔
توحش (ع/مذ) وحشت ۔ نفرت ۔
توحید (ع/مث) ایک جاننا ۔ ایک ماننا ۔ واحد سمجھنا ۔ ایک ہونا ۔ وحدانیت ۔ یکتائی ۔ ایک ہونے پر یقین لانا ۔
تودہ (ہ/مذ) ڈھیر ۔ انبار ۔ انٹم ۔ نشانہ گاہ ۔ ہدف ۔ بہت ۔ بکثرت ۔ مٹی کا ٹیلا ۔
تودہ بندی (ا/مث) حدود بندی ۔
تودہ طوفان (ا/مذ) بہت الزام لگانے والا ۔ فسادی ۔ فتنہ پرداز ۔ مکار ۔ شریر ۔
تودیع (ع/مث) رخصت کرنا ۔ سونپنا ۔ وداع کرنا ۔ سپرد کرنا ۔
تور (ہ/مذ) ایک قسم کا غلہ جس کے دانے اُبال کر کھاتے اور دال بناتے ہیں ۔ چوبندی ۔ وہ رسّی جو سُنپال کے گرد اگرد پر وہ نہ اُڑنے کی غرض سے باندھتے ہیں ۔
تورّع (ع/مذ) پرہیزگاری ۔ تقویٰ ۔ زُہد ۔
تورہ (ت/مذ) قانون ۔ آئین ۔ شرع ۔ سُنت ۔ دستور العمل ۔ وہ طریقہ جو چنگیز خاں نے وضع کیا تھا ۔ سخت بادشاہی حکم ۔ مختلف کھانوں کے خوان جو اُمرا رشادی سے چند یوم پیشتر تقسیم کرتے ہیں غرور ۔ گھمنڈ ۔ اکڑ ۔ نمود ۔ عزت ۔
تورہ پوش (تف/مذ) خوان پوش ۔ بانس کا بنا ہوا ڈھکنا جس سے تورہ کا خوان ڈھانکا جاتا ہے ۔
تورہ بیٹی (ا/مث) (عورت) (طنزاً) مغرور عورت ۔ متکبر عورت ۔ وہ عورت جو ظاہرا شرع کی پابندی ظاہر کرے ۔
تورہ جتانا (ا) نخرہ کرنا ۔ غرور کرنا ۔ پابندی شرع ظاہر کرنا ۔ دکھاوے

کی پرہیزگاری جتانا - اترانا - شیخی کرنا -
تورہ لگنا (ن) نخرہ لگنا - اترانا - شدید حکم شاہی نافذ ہونا -
تورہ والی (ا / صف) مغرور عورت - پرہیزگار -
توری (ہ / مث) تُرئی - ایک قسم کی ترکاری - سبزی -
توریت (عبرانی / مث) وہ آسمانی کتاب جو حضرت موسیٰ علیہ السلام پر اُتری تھی -
توڑ (ہ / مذ) شکستگی - ٹوٹ پھوٹ - شق - رخنہ - درز - شگاف - دیوار یا فصیل میں توپ سے پڑا ہوا غار - آب پاشی - چڑھاؤ - طغیانی - بہاؤ کا زور - دہی کا پانی - جواب - جرح قدح - انتہا - جیسے توڑ - پہنچا آیا ہوں - گولی یا تیر وغیرہ کی مسافت - علاج - چارہ - پیچ یا داؤ کا اُلٹ بدل - کسی چیز کی قیمت کا فیصلہ - اخیر - چکوتا - غل - شور -
توڑ پھوڑ (ہ / مث) شکستگی - ٹوٹ پھوٹ - نیست و نابود - خرابی - بربادی - ویرانی - سازش - بہکاوا -
توڑ جوڑ (مذ) توڑنا جوڑنا - لڑائی اور صُلح - داؤ پیچ - داؤ گھات - تدبیر - عبارت کی بندش - مکاری - دانائی - دو آدمیوں میں لڑائی ڈلوانے کے ڈھنگ - چلتر - چال - کانٹ چھانٹ -
توڑ جوڑ چلنا (ا / محاورہ) چال چلنا -
توڑ کرنا (ن) بدل کرنا - جواب دینا - داؤ کا جواب دینا - نیزہ یا کشتی کے پیچ کا جواب دینا -
توڑ کی صراحی (ا / مث) وہ صراحی جس کی گردن اور پیندا الگ ہو جاتا ہو -
توڑ لانا (ا / محاورہ) الگ کرلانا -
توڑا (ہ / مذ) بھُس - بھوسا - چارا - موٹا بھوسا -
توڑا (ہ / مذ) کمی - قحط - قلت - کوتاہی - ٹوٹا - رسی کا ٹکڑا - ہل کی ہس یعنی وہ لمبی لکڑی جس میں جُوا لگتا ہے - بندوق کا فلیتہ - پلیتہ - گلے یا پاؤں میں پہننے کی زنجیر - ہزار روپے کی تھیلی - گردن کی حرکت یا گھنگرو بجا کرنا چنتے وقت گت لینا - جزیرہ - ٹاپو - مینڈھ - کنارا - آڑ - روک -
توڑا پڑنا - یا - پڑجانا (ہ) کمی ہوجانا - قلت ہوجانا - قحط ہونا -
توڑنا (ہ) ٹکڑے کرنا - چیرنا پھاڑنا - پھوڑنا - چُور چُور کرنا - جُدا کرنا - پھل کا ٹہنی سے الگ کرنا - پھول چُننا - نئی زمین کو قابلِ زراعت بنانا - ڈاکہ ڈالنا - نقب لگانا - بکارت دُور کرنا - چیرا اُتارنا - بکر دُور کرنا - کم کرنا - گھٹانا - مینڈھ کاٹنا - پانی کاٹنا - منسوخ کرنا - فسخ کرنا - ارادہ پھیرنا - گرانا - منہدم کرنا - دُور کرنا - ہٹانا - دوستی نہ رکھنا - قطع تعلق کرنا - موقوف کرنا - جیتنا - کھیلنا - ملالینا - اپنی طرف کرلینا - ورزش کرنا - کسرت کرنا - روپیہ بھنانا - دیہاڑی لینا - مُفت اور بے محنت کھانا - اکھاڑنا - الگ کرنا - کمزور ونالواں کرنا - دل میں فراق کرانا - بھانجی مارنا - بنانا - تیار کرنا جیسے بڑیاں توڑنا -
توڑنا جوڑنا (ہ) بنانا - بگاڑنا سنوارنا - کسی کام کی پوری قابلیت رکھنا -

توڑنا مروڑنا (ہ) کٹنا ڈلنا -
توڑی (ہ / مث) گیہوں یا جَو کا باریک بھُس - بھوسا - چارا -
توڑے دار (ا / مث) وہ بندوق جو فلیتے کے ذریعے سے چھوڑی جاتی ہے -
توزک (ت / مث) - دیکھو تزک -
توسّع (ع / مذ) پھیلا رہنا -
توسّط (ع / مذ) واسطہ کرنا - اعتدال - میانہ روی - بیچ - درمیان - آسرا - وسیلہ - ذریعہ - سفارش -
توسن (ف / مذ) اڑیل بچھیرا - تُند اور سرکش گھوڑا - وہ بچھیرا جس سے ابھی سواری نہ لی ہو -
توسہی (ہ) بالضرور - شرطیہ - بے شک - یقیناً - سمجھوں گا - دیکھ تو - یہ لفظ ضد اور اصرار کے موقع پر بولا جاتا ہے -
توش (ت) (واؤ مجہول سے) توانائی - جسم - بدن -
توش دان (ف / مذ) وہ برتن جس میں سفر کی خوراک رکھتے ہیں -
توشقان (ت) (واؤ غیر ملفوظ سے) (مذ) خرگوش -
توشک (ف / مث) رُوئی والا بستر - گدّا - گدیلا - نہالچہ - فرش پلنگ -
توشک خانہ (ف / مذ) وہ مکان جہاں اوڑھنے بچھانے کے کپڑے رہیں - اسباب اور زیور وغیرہ رکھنے کا مکان -
توشمال (ت / مذ) خانساماں -
توشہ (ف / مذ) (توش طاقت اور ہائے نسبتی سے مرکب ہے) زادِ راہ - وہ کھانا جو مسافر اپنے ساتھ لے جائے - کھانے پینے کی چیز - مُردے کے ساتھ لے جانے کا کھانا - راستے کا خرچ - سفر خرچ -
توشۂ عاقبت - یا - توشۂ عقبیٰ (ف ع / مذ) اعمالِ نیک - اچھے کام جو وہاں کام آئیں - معصوم متوفی بچہ جو عاقبت میں ماں باپ کے گناہ بخشوا لے گا -
توشہ خانہ - یا - توشے خانہ (ف / مذ) (دیکھو توشک خانہ -)
توشے کی روٹی (ا / مث) وہ نان حلوہ جو لاش کے ساتھ خیرات کرتے ہیں -
توشیح (ع / مث) (لغوی) ہار پہنانا - (مجازاً) آرائش کرنا - علم بیان کی ایک صنعت جس میں ہر بیت یا ہر مصرع کا حرفِ اوّل لینے سے ممدوح کا نام نکل آتا ہے -
توصیف (ع / مث) وصف کرنا - تعریف کرنا - تعریف - خوبی - بیان -
توصیہ (ع) وصیت کرنا -
توضیح (ع / مث) روشن کرنا - ظاہر کرنا - شرح - تشریح - وضاحت - کھول کر کہنا - توجیہ - بیان (قانون) مالگزاری کا نقشہ -
توطن (ع / مذ) وطن اختیار کرنا -
توفیر (ع / مث) وافر ہونا - زیادتی - فاضل - فالتو - بچت - فائدہ -
توفیق (ع / مث) موافق و برابر ہونا - اللہ تعالیٰ کا بندے کی خواہش کے موافق نیک اسباب بہم پہنچانا - ہدایت - راہنمائی - خدا کی مہربانی - قابلیت - لیاقت - مدد - امداد - آسرا - وسیلہ - ہمت - طاقت - حوصلہ -

توفیقِ خیر (ع/مث) نیکی کی ہمت۔
توفیق ہونا (ا/محاورہ) ہمت ہونا۔ لیاقت ہونا۔
توقّع (ع/مث) آس۔ اُمید۔ بھروسا۔ خواہش۔ آرزو۔
توقف (ع/مذ) وقفہ۔ ڈھیل۔ صبر و تحمّل۔ تاخیر۔
توقیر (ع/مث) تعظیم۔ عزت۔ حُرمت۔ بزرگی۔ تعظیم کرنا۔ وقعت۔ عظمت۔
توقیع (ع/مث) قہر آمیز فرمان پر بادشاہ کا دستخط کرنا۔
توکّل (ع/مذ) خدا پر بھروسہ کرنا۔ تکیہ۔ بھروسا۔ اعتماد۔ اپنے تمام کاموں کو خدا پر چھوڑنا۔
توکّل پر بیٹھنا (ل) خدا کے بھروسے پر بیٹھ رہنا۔ اپنے سارے کام خدا پر چھوڑ دینا۔ بیکار بیٹھنا۔ بہتری کی اُمید رکھنا۔
تول (ہ/مذ/مث) وزن۔ جانچ۔ اندازہ۔ مقررہ۔ وزن۔
تولا۔ یا۔ تولہ (ہ/مذ) بارہ ماشے کا وزن۔ تولنے والا۔ تکویا۔
تولہ بھر کی آرسی نائی بولے فارسی (ل) ذرا سا احسان کر رہا ہے اور جتا رہا ہے بہت۔
تَوَلّا (ع/مذ) محبت۔ دوستی۔ اُلفت۔ اُمید۔ توقع۔ آس۔
تَوَلُّد (ع/مذ) پیدائش۔ پیدا ہونا۔ جنم۔
تَوَلُّد ہونا (ل) پیدا ہونا۔ جنم لینا۔
تولنا (ہ) وزن کرنا۔ جوکھنا۔ جانچنا۔ اندازہ کرنا۔ لیاقت اور قابلیت جانچنا۔ مقابلہ کرنا۔ فکر کرنا۔ خیال کرنا۔ تصور جمانا۔
تولیا۔ یا۔ تولیہ (د/مذ) رُومال۔ دست مال۔ انگوچھا۔
تولید (ع/مث) جنانا۔ پیدا کرنا۔ پرورش کرنا۔ پالنا۔
تولیہ (ع) (بروزن تعریف) (مث) بچے کو ماں سے جُدا کرنا۔
تومان (ت/مذ) گروہ۔ امیر۔ دس ہزار آدمی۔ بیس روپیہ کی مالیت کا سکہ۔
تُومڑا (ہ/مذ) ایک قسم کا کدو۔ فقیروں کا برتن جو اس کدو کو سکھا کر اور اندر سے خالی کر کے بناتے ہیں۔
تُومڑی (ہ/مث) سوکھے ہوئے تانبے کی چھاگل۔ کشکول۔ کشتی گدائی۔ ایک قسم کی آتش بازی۔ گھڑیال یا مگرمچھ کی تھوتھنی۔ رسُول۔
تُومنا (ہ) بکھیرنا۔ رُوئی کا رُواں رُواں جُدا کرنا۔ کاتنے کے لیے رُوئی کو ہاتھوں سے کھولنا۔ کھنا دُلنا۔ عیب ظاہر کرنا۔ قلعی کھولنا۔ بھید یا بھید سے سخت سزا دینا۔ گڑے مُردے اکھاڑنا۔
تُون (ف) حمام کا سوراخ۔ بھڑبھونجے کا بھاڑ۔ غلاظت ڈالنے کی جگہ۔
تُونا۔ یا۔ تو جانا (ہ) گائے بھینس وغیرہ حیوانات کا حمل گر جانا۔ اسقاط ہو جانا۔
تُونبا (ہ/مذ) ایک قسم کا کدو جسے اندر سے خالی کر کے کشکول یا چھاگل بناتے ہیں۔
تُونبی (ہ/مث) چھوٹا تونبا۔ تومڑی۔ پُونگی۔ بین جو سپیرے بجاتے ہیں۔
تونبی ہاتھ میں لینا (ہ) جوگی بننا۔ فقیری لینا۔ جوگن بننا۔
توند (ہ/مث) بڑا پیٹ۔ فربہی شکم۔
توندل (ہ) بڑے پیٹ والا۔ بڑپیٹو۔ فربہ شکم۔
توندی (ہ/مث) ناف۔
تونس (ہ/مث) بڑی سخت پیاس۔ وہ پیاس جو کسی طرح نہ بجھے۔
تونسنا (ہ) گرمی کے مارے بے تاب ہونا۔ پیاس اور تشنگی کا بہت بڑھ جانا۔
توانگر (ف/صف) دولت مند۔ امیر۔
توانگری (ف/مث) دولت مند۔ امیری۔
توہّم (ع/مذ) وہم میں ڈالنا۔ وہم۔ وسواس۔ گمان۔
توہین (ع/مث) (لغوی) سُست کرنا۔ ڈھیلا کرنا (اصطلاحی) طعن کرنا۔ طنز۔ طعنہ۔ ذلت۔ حقارت۔ بے عزتی کرنا۔ آبروریزی۔
توہینِ عدالت (ع/مث) عدالت کی حقارت۔
توئی (ہ/مث) کپڑے پر بنی ہوئی ایک قسم کی بیل جو زنانے دوپٹوں اور رضائیوں پر لگائی جاتی ہے۔
تو رے کی تیری ہاتھ کی میری (ل) کہاوت۔ سخت لوٹ کھسوٹ۔ بے انتظامی اور خلط کی فراوانی کے موقع پر بولتے ہیں۔ بے اطمینانی۔ بے صبری۔

ت ۔ ہ

تہ (ف/مث) پائیں۔ زیر۔ نیچے۔ بالا کی ضد۔ نشیب۔ تلا۔ پیندا۔ پیندی۔ تھاہ۔ انت۔ پایاں۔ قعر۔ انتہا۔ پرت۔ لپیٹ۔ سلوٹ۔ ردّا جیسے تہ جمائے چلا جاتا ہے۔ اصل۔ تال۔ جیسے تہ کار۔ پوشیدہ مطلب۔ مخفی۔ راز۔ نکتہ۔ باریکی۔ رمز۔ تلچھٹ۔ گاد۔ فرش۔ سطح۔ منشا۔ مغز۔ عندیہ۔ جھلک۔ تحریر۔ باریک اور پتلا ورق۔
تہ بازار (ف/مث) بازار کی زمین۔
تہ بازاری (ف/مث) وہ محصول جو بازار میں بیٹھنے والے سبزی فروشوں اور لباطیوں وغیرہ سے لیا جاتا ہے۔
تہ بہ تہ (ف) طبق در طبق۔ پرت در پرت۔ پیچ در پیچ۔
تہبند (ف/مذ) نیچے باندھنے کا کپڑا۔ لنگی۔ لنگوٹ۔ دھوتی۔ تہمد۔
تہ پوشی (ف/مث) زنانہ پاجامہ۔ وہ کپڑا جو عورتیں ساڑھی کے نیچے ستر پوشی کے لیے باندھتی ہیں۔
تہ پیچ (ف/مذ) پگڑی کے نیچے کا کپڑا۔
تہ توڑنا (ل) نبیڑ دینا۔ ختم کر دینا۔ انجام کو پہنچا دینا۔ کنوئیں کا پانی بالکل نکال ڈالنا۔
تہ جمانا (ل) ایک چیز پر دوسری چیز کو پرت در پرت رکھتے جانا۔ کھانے پر

کھانا ۔ ایک چیز کھا کر دُوسری پھر کھا لینا ۔
تہہ خانہ (ف/مذ) بھونرا ۔ وخمہ ۔ سرداب ۔ سرد خانہ ۔ زمین کے نیچے بنا ہوا مکان ۔
تہہ دار (ف) دقیق ۔ مشکل ۔ پیچ دار ۔ پہلو دار ۔ کنایہ دار ۔ مخفی معنی رکھنے والا ۔ ظاہر کچھ ، باطن کچھ ۔
تہہ داری (ف/مث) گہرائی ۔ عمق ۔ پیچیدگی ۔
تہہ دام آنا (ا/محاورہ) جال میں پھنسنا ۔ پکڑا جانا ۔ قابو میں آنا ۔
تہہ درز (ف) نیا کپڑا ۔ وہ کپڑا جس کی تہہ نہ ٹوٹی ہو ۔
تہہ دل سے (ا/متعلق فعل) نہایت خلوص سے ۔ سچے دل سے ۔
تہہ دیگی ۔ یا ۔ تہہ دیغی (ا/مث) دیگ کے نیچے کا کھانا ۔ پلاؤ ، زردے وغیرہ کی کھرچن جس میں گھی بہت ہوتا ہے ۔
تہہ دینا (ا) پرت جمانا ۔ ہلکا رنگ دینا ۔
تہہ کا سچا (ف/ا/صف) وہ کبوتر جو گھر نہ بھولے ۔
تہہ کر رکھو (ا/محاورہ) بے غرضی اور عدم خریداری کے موقع پر بولتے ہیں ۔ لپیٹ رکھو ۔ اب نہیں چاہیے رکھ چھوڑو ۔
تہہ کرنا (ا) لپیٹنا ۔ چھوٹا کر دینا ۔ فیصلہ کرنا ۔ چکانا ۔ نمٹانا ۔ ترک کرنا ۔
تہہ کو پہنچنا (ا) کسی بات کی اصلیت کو پا لینا ۔ بات کا مغز معلوم کر لینا ۔ تنشا کو پہنچنا ۔ انتہا کو پہنچنا ۔ اصل مدعا پا لینا ۔
تہہ کی بات (ا/مث) انتہا کی بات ۔ اصلی بات ۔ گہری بات ۔
تہہ ملانا (ا) جوڑا ملانا ۔ نر کے ساتھ مادہ ملانا ۔
تہہ نشین ہونا (ا) نیچے بیٹھ جانا ۔ دل میں جم جانا ۔ نقش کالحجر ہونا ۔
تہہ نہ ٹوٹنا (ا) کپڑے وغیرہ کا استعمال میں نہ آنا ۔ بالکل نیا ہونا ۔
تہہ و بالا (ف) زیر و زبر ۔ اُلٹ پلٹ ۔ تلے کا اُوپر ۔ اُوپر کا تلے ۔
تہہ و بالا کرنا (ا) برباد کرنا ۔ مسمار کرنا ۔ خاک میں ملانا ۔ ڈھانا ۔ گرا دینا ۔
تھا (ہ) ماضی بعید کی علامت ۔ بُود کا ترجمہ ۔
تھاپ (ہ/مث) تھپڑ ۔ طمانچہ ۔ تھپکی ۔ جیسے طبلے کی آواز جو دونوں ہاتھوں کی پوری انگلیوں کی ضرب سے نکلتی ہے ۔
تھاپ دینا (ہ) طبلے پر ضرب لگانا ۔ ناچ ختم ہونے کی علامت ۔
تھاپا (ہ/مذ) (لغوی) پاؤں کا نشان (اصطلاحی) وہ نشان جو سمدھیانے کے لوگ وداع کے وقت سمدھی کی کمر پر لگاتے ہیں ۔ یہ رسم ہندوؤں میں ہے ۔ چاک یا گیلی مٹی پر لگایا ہوا کھلیان کا نشان تا کہ چوری معلوم ہو جائے ۔ ہلدی اور آٹے سے بنایا ہوا ہاتھ کا نشان جو ہندو لوگ شادی ۔ مونڈن وغیرہ کے موقع پر گھر کی دیوار پر لگا کر پوجتے ہیں ۔
تھاپنا (ہ) گوبر پاتھنا ۔ اُپلے بنانا ۔ مُورتی پُوجا کرنا ۔
تھاپی (ہ/مث) تھپکی ۔ طمانچہ ۔ کمہاروں کا برتن گھڑنے کا اوزار ۔ چُونا کوٹنے کا ایک چوبی آلہ ۔ کوبہ ۔ گوبر کا اُپلا ۔
تھال (ہ/مث) پیتل یا کانسی کا خوان ۔ طشت ۔ بڑا طباق ۔ سینی ۔
تھالا (ہ/مذ) نیا پودا لگانے کا گڑھا ۔ وہ گول سا گڑھا جس میں نئی مٹی جگہ سے لا کر پودا لگاتے ہیں ۔ ہر چیز کا پیندا ۔ آدمی کے چوتڑ ۔

تھالی (ہ/مث) طشتری ۔ تانبے پیتل وغیرہ کی چھوٹی سی رکابی ۔ مٹھائی کا خوان ۔
تھالی پھرانا (ا/محاورہ) مداریوں کا ایک کرتب ۔
تھالی پھرنا (ہ) اس قدر ہجوم ہونا کہ تھالی پھینکیں تو زمین پر نہ گرے ۔ بلکہ لوگوں کے سروں ہی پر سے جائے ۔
تھالی جوڑ (ہ/مذ) کٹورا مع تھالی اور سرپوش کے ۔ پانی کو ادب و حفاظت سے پلانے کا سامان جو اکثر امراء کو جہیز میں دیا جاتا ہے ۔
تھالی کا بینگن (ہ) رکابی مذہب ۔ بے پیندی کا بدھنا ۔ غیر مستقل مزاج ۔ لالچ کے باعث ہر ایک کا طرف دار ۔
تھالی گری جھنکار سب نے سُنی (ا/مثل) جب کوئی بڑی بات ہوتی ہے تو خبر سب کو ہو جاتی ہے ۔
تھامنا (ہ) روکنا ۔ باز رکھنا ۔ آڑ لگانا ۔ ٹیکن لگانا ۔ گرفتار کرنا ۔ پکڑنا ۔ ہاتھ میں لینا ۔ ٹھہرانا ۔ کھڑا کرنا ۔ سنبھالنا ۔ مدد کرنا ۔ پالنا ۔ پرورش کرنا ۔ سائی لینا ۔ بیعانہ پکڑنا ۔ نظر بند رکھنا ۔
تھاں (ہ) وہاں ۔ اُس جگہ جیسے جہاں تھاں دیکھو ، وہی موجود ہے ۔
تھان (ہ/مذ) جگہ ۔ مقام ۔ استھان ۔ مکان ۔ ٹھہرنے کی جگہ ۔ گھوڑا باندھنے کی جگہ ۔ اصطبل ۔ آخور ۔ گھاس جو گھوڑے کے نیچے بچھا دیتے ہیں ۔ مزار ۔ درگاہ ۔ روضہ ۔ کپڑے گوٹے وغیرہ کی معینہ مقدار ۔ طاقہ ۔ عدد ۔ جیسے ایک تھان اشرفی ۔ نسل ۔ کمیت ۔ جیسے اچھے تھان کا گھوڑا ۔
تھان کا شرا (ہ) وہ گھوڑا جو تھان پر شرارت کرے ۔ اپنے گھر پہ شیر بننے والا آدمی ۔ اپنے کوچے کا کُتّا ۔
تھان کا سچا (ہ) وہ گھوڑا یا کبوتر جو اپنی جگہ اور مکان کو ہرگز نہ بھولے ۔ ہر جگہ سے اپنی جگہ آ جانے والا گھوڑا ۔
تھان لینا ۔ یا ۔ تھان میں آنا (ہ) گھوڑے کا خاک میں لوٹنا ۔
تھانب (ا/مذ) کھمبا ۔ ستون ۔
تھانگ (ہ/مذ) چوروں کا مسکن ۔ پتا ۔ کھوج ۔ سُراغ ۔ سازش ۔ بھید ۔ جیسے بے تھانگ چوری نہیں ہو سکتی ۔ چوروں کی کمین گاہ ۔ گھات کی جگہ ۔
تھانگ گیری (ہ/ف/مث) سراغ گیری کرنا ۔
تھانگ لگانا (ہ) پتا لگانا ۔ کھوج لگانا ۔ چوری کا مال معلوم کرنا ۔
تھانگی (ہ/مذ) پتا لگانے والا ۔ چوری کا بھیدی ۔ چوروں کا مال لینے والا ۔ آگُو ۔ چوروں کا سردار ۔ چوری کا مال برآمد کرنے والا ۔
تھانہ (ہ/مذ) پولیس سٹیشن ۔ کوتوالی ۔ پولیس کے سپاہیوں کی جگہ ۔ بانسوں کا ڈھیر ۔
تھانہ بٹھانا (ہ) پہرا بٹھانا ۔ حراست کرنا ۔ چوکی بٹھانا ۔
تھانیدار (ہ/مذ) پولیس کا سب انسپکٹر ۔ چھوٹا کوتوال ۔
تھاور (ہ/مذ) شنبہ ۔ ہفتہ ۔ سنیچر کا دن ۔

تھاؤس (ہ/مذ) صبر۔ تحمل۔ برداشت۔ سمائی۔

تھاہ (ہ/مث) کنویں۔ دریا اور سمندر کی تہ کی زمین۔ پایاب۔ گہرائی۔ عمق۔ پتا۔ ٹھکانا۔ انتہا۔ انجام۔ ورک۔ عندیہ۔ منشاء۔

تھاہ پانا (ہ) گہرائی معلوم کرلینا۔ انجام دریافت کرلینا۔ کنہ۔ باریکی اور حقیقت معلوم کرلینا۔ منشا پانا۔ عندیہ دریافت کرلینا۔

تھاہ لانا (ار/محاورہ) گہرائی دریافت کرنا۔

تھاہ لینا (ار/محاورہ) بھید لینا۔ منشا معلوم کرنا۔ گہرائی دریافت کرنا۔

تھاہ ملنا (ہ) تہ ملنا۔ دریا کی گہرائی کا پتا لگنا۔ انجام ملنا۔ انتہا ملنا۔

تہائی (ہ) تیسرا حصہ۔ ثلث۔ ایک بٹا تین۔ ⅓۔

تہایت (ہ/مذ) غیر۔ اجنبی۔ بیگانہ۔

تھپ جانا (ہ) لگ جانا۔ کسی بات کا اپنے ذمے پڑ جانا۔

تھپیڑ (ہ/مذ) طمانچہ۔ تھاپ۔ لپڑ۔ رحپیٹ۔ طبق۔ پرت۔ داد کا چکتا۔ چھینٹیوں کا بکثرت ایک جگہ نکل آنا۔ پانی کی اچھال۔ تلاطم۔ موج۔ تیز ہوا کا صدمہ۔ پنجہ۔ چنگ۔ چنگال۔ چنگل۔ جیسے شیر کا تھپیڑ۔

تھپیڑ لگانا۔یا۔ مارنا (ہ) دھپ جڑنا۔ رحپیٹ مارنا۔ طمانچہ رسید کرنا۔

تھپیڑ کھانا (ار/محاورہ) مار کھانا۔

تھپڑی (ہ/مث) تالی۔ دونوں ہتھیلیوں کو ملا کر تالی بجانا۔

تھپڑی بجنا۔یا۔ پٹنا (خاک اڑنا۔ رسوائی ہونا۔ ذلت ہونا۔ تالی پٹنا۔

تھپک تھپک کر رکھنا (ہ) تھام تھام رکھنا۔ دم دلاسا دے کر روکنا۔ طمع دے کر باز رکھنا۔

تھپکنا (ہ) بچے کو سلانے کے لیے آہستہ آہستہ تھپکی لگانا۔ جیسے سہج سہج ہاتھ مارنا۔ آہستہ آہستہ چوٹ یا ضرب لگانا۔ جیسے چوٹے پر تھپکی لگانا۔ غصہ فرد کرنا۔ کسی بات کو روکنا۔ تھامنا۔ دبانا۔

تھپکی (ہ/مث) کسی کے ماتھے پر ہتھیلی سے ضرب لگانا۔ دشمن کے ہتھیار یعنی تلوار وغیرہ پر اس طرح ہاتھ مارنا کہ وہ اوندھا جا پڑے۔

تھپیڑا (ہ/مذ) طمانچہ۔ دریا کی موجوں کا ٹکرانا۔

تہتر (ہ) اسم عدد۔ ستر اور تین۔ ۷۳۔ ۷۳۔

تہتک (ع/مذ) رسوائی۔ ذلت۔ پردہ دری۔ بے آبروئی۔ بے عزتی۔

تھتکارا (ہ/مذ) تھو تھو کرنے کے قابل۔ نام نہ لینے کے قابل۔ نالائق۔ نکما۔ مردود۔ پھٹکارا ہوا۔ ملعون۔ لعنت زدہ۔

تھتکارنا (ہ) تھو تھو کرنا۔ ذرا ذرا تھوکنا۔ نفرت کرنا۔ لعنت بھیجنا۔ توبہ کرنا۔ دھتکارنا۔ حقارت سے نکال دینا۔ جھوٹی قسم یا مجہول کے بعد تھو تھو کرنا۔

تھتکاری (ہ/مث) زنجیر۔ بیڑی۔ چڑیل۔ ڈائن۔ بلا۔ چھپکلی۔ چلپاسہ۔

تھتکاریاں (ہ/مث) بیڑیاں۔ زنجیریں۔ جوتیاں۔ بلائیں۔ چڑیلیں۔ چھپکلیاں۔

تھنتھانا (ہ) تھوتھنی پھلانا۔ منہ سجانا۔ خفگی ظاہر کرنا۔ منہ بنانا۔

تہجد (ع/مث) (لغوی) رات کو جاگنا (اصطلاحی) پچھلی رات کے نوافل کی نماز۔ اس کا وقت آدھی رات کے بعد سے صبح صادق تک ہے۔

تہجی (ع) ہجے کرنا۔ حروف تہجی۔ ا۔ ب۔ پ۔ ت۔ حروف مفردہ کو ترتیب وار کر پڑھنا۔ ہجو کرنا۔

تہدید (ع/مث) خوف۔ دھمکی۔ ڈر۔ سختی۔ گھڑکی۔ تنبیہ۔ تاکید۔

تہذیب (ع/مث) لیاقت۔ شائستگی۔ خوش اخلاقی۔ تربیت۔ شرافت۔ انسانیت۔ درستی۔ اصلاح۔ آراستگی۔ صفائی۔ پاکی۔

تہذیب اخلاق (ع/مث) اخلاق کی درستی۔ عادتوں کی اصلاح۔

تھر (ہ) ہمیشہ۔ مدام۔ ٹھہرا ہوا۔ اٹل۔ اجل۔ قائم۔ استوار۔ مستحکم۔ بے زوال۔

تھر رہنا (ہ) قائم رہنا۔ بنا رہنا۔ استوار رہنا۔ ہمیشہ قائم رہنا۔

تہرا (ہ) تگنا۔ سہ چند۔ تلڑا۔ تین لڑوں کا۔ تین تہ کا۔

تہرانا (ہ) تسرانا۔ تیسری دفعہ کرنا۔ تلڑانا۔ تلڑا کرنا۔

تھرانا } (ہ) کانپنا۔ لرزنا۔ تھرتھرانا۔ سردی یا خوف یا تپ لرزہ سے
تھرتھرانا } ہلنا۔ خوف کھانا۔ ڈرنا۔ ڈر جانا۔

تھرتھراہٹ (ہ/مث) لرزہ۔ کپکپی۔ جنبش۔ لرزش۔

تھرتھر کانپنا (ہ) بدن کا بہت کانپنا۔ سردی یا خوف وغیرہ سے ہلنا۔

تھرتھر کینی (ہ/مث) ایک چڑیا۔ جو ہر وقت درختوں پر تھرتھراتی رہتی ہے۔

تھرتھری (ہ/مث) کپکپی۔ لرزہ۔ تپ۔ تپت۔ جاڑے کا بخار۔

تھرتھری چھوٹنا (ار/محاورہ) کانپنا۔ تھرتھرانا۔ لرزنا۔

تھرڈ (انگریزی) سوم۔ تیسرا۔ تیسرے درجے کا۔

تھرکنا (ہ) مٹکنا۔ ناچنا۔ ٹھمکنا۔ پھڑکنا۔ اعضا کو عشوقانہ انداز سے حرکت دینا۔

تھرمامیٹر (انگریزی/مذ) حرارت۔ ناپنے کا آلہ۔ مقیاس الحرارت۔

تھرو (ف/مذ) زین کے نیچے کی گدی۔

تھڑا (ہ/مذ) جگہ۔ دکان یا مکان کے آگے کا چبوترا۔ گدی۔ دکان دار کے بیٹھنے کی جگہ۔

تھڑ چیا (ار/صف) کم ہمت۔ پست حوصلہ۔

تھڑ دلا (ہ) بزدل۔ ڈرپوک۔ تھوڑے دل کا آدمی۔ نامرد۔ کنجوس۔ تنگ دل۔ بخیل۔ کم ظرف۔ کم حوصلہ۔

تھڑم تھڑا کرنا (ہ) تھو تھو کرنا۔ لعنت ملامت کرنا۔ دُر دُر کرنا۔ لعنت کرنا۔

تھُڑی (ہ/مث) کمی۔ توڑا۔ قلت۔ کلمۂ نفرین۔ لعنت ملامت۔

تھڑنا (ہ) کمی ہونا۔ توڑا ہونا۔ ختم ہو جانا۔ تمام ہونا۔
تھس کھس (ا) تہ و بالا۔ زیر و زبر۔ اُوپر تلے۔ تباہ۔ برباد۔ اُدھیڑ۔ ویران۔
تھسلی۔ صوبۂ یونان کا میدانی علاقہ جس کے جنوب مغرب میں کوہ پنڈس دو حصّوں میں ہو جاتا ہے۔
تھک جانا (ار/مص) ماندہ ہو جانا۔ عاجز ہو جانا۔ تھکنا۔
تھک کر چُور ہو جانا (ار/مص) بہت تھک جانا۔ شل ہو جانا۔ جوڑ جوڑ دُکھنا۔
تھکا (ہ) تھکا ہوا۔ ماندہ۔ کوفتہ۔ شکستہ۔ ناچار۔ اُکتایا ہوا۔
تھکا بیل (ہ) شکستہ آدمی۔ کام چور۔ جی چھوڑ دینے والا۔
تھکا ماندہ (ا) عاجز شدہ۔ ہارا تھکا۔ تھکا ٹوٹا۔
تھکا مارنا (ہ) دِق کر دینا۔ عاجز کر دینا۔ ہرا دینا۔ جی چھڑا دینا۔
تھکان (ہ/مث) ماندگی۔ کوفت۔ تھک جانا۔
تھکانا (ہ) ہرانا۔ دِق کرنا۔ مضمحل کرنا۔ بھگانا۔ حیران کرنا۔ پدرانا۔ عاجز کرنا۔
تھکاوٹ (ہ/مث) (دیکھو تھکان)
تھک کر چُور ہونا (ہ) نہایت مضمحل ہو جانا۔ تھکان سے جوڑ جوڑ دُکھنا۔ نہایت شل ہونا۔
تھکن (ہ/مث) (دیکھو تھکان)
تھکنا (ہ) محنت سے ماندہ ہونا۔ کوفتہ ہونا۔ عاجز ہونا۔ ناتوان ہونا۔ شکستہ ہونا۔ مایوس ہونا۔ ناامید ہونا۔ بند ہونا۔ رُک جانا۔ جیسے کاروبار تھکنا۔
تھگلی (ہ/مث) پیوند۔ رُقعہ۔ جوڑ۔ ٹِکلی۔
تھگلی لگانا (ہ) جوڑ لگانا۔ پیوند لگانا۔ جہاں پہنچنا ناممکن ہو وہاں پہنچ جانا۔
تھل (ہ/مذ) جگہ۔ ٹھور۔ مکان۔ استھان۔ خشک زمین۔ تھلی۔ ٹھور زمین۔ ریت کی زمین۔ شیر کے رہنے کی جگہ۔
تھل بیٹھنا (ہ) ٹھکانے بیٹھنا۔ آرام سے بیٹھنا۔ آرام کرنا۔
تھل بیڑا (ہ/مذ) جہاز کا لنگرگاہ۔ بیڑا ٹھہرنے کی جگہ۔
تھل بیڑا لگنا (ہ) ٹھکانا لگنا۔ سہارا ملنا۔ پتا ملنا۔
تھل بیڑا ملنا (ار/محاورہ) سراغ لگنا۔ پتہ لگنا۔
تھل کترنا (ار/محاورہ) منقش کے گول گول پھول بنانا۔
تھل تھل (ہ) ڈھیلا۔ پلپلا۔ پولا۔ نرم۔ موٹا۔ پھپھس۔
تھلتھلانا (ہ) موٹاپے کے باعث جسم کا ہلنا۔ موٹے بدن کا تھل تھل کرنا۔
تہلکہ (ع/مذ) ہلاکت۔ موت۔ بربادی۔ تباہی۔ خوف۔ دہشت۔ شور و غل۔ کہرام۔ آفت۔ بلا۔ مصیبت۔ دُھوم۔
تہلکہ پڑنا۔ یا۔ مچنا (ہ) کہرام پڑنا۔ افراتفری پڑنا۔ خوف چھانا۔ آفت آنا۔ مصیبت نازل ہونا۔ رونا پیٹنا پڑنا۔
تھم (ہ/مذ) ستون۔ کھم۔ کھمبا۔ رُکن۔ ٹھونی۔ پیل پایہ۔ کیلے کے درخت کا تنہ۔ ہندو عورتوں کے مندروں پر چڑھانے کی ایک خاص مٹھائی۔ تھمنا کا امر۔
تھما دینا (ار/مص) حوالہ کر دینا۔ پکڑا دینا۔
تھما رہنا (ار/مص) قائم رہنا۔ رُکا رہنا۔
تھمانا (ہ) روکنا۔ باز رکھنا۔ مُلتوی کرنا۔ اٹکانا۔
تہمت (ع/مث) الزام۔ جھوٹا عیب۔ افترا۔ بہتان۔ گمانِ بد۔
تہمت جوڑنا۔ یا۔ دھرنا۔ یا۔ دینا۔ یا۔ لگانا (و) کسی کو الزام دینا۔ عیب لگانا۔ جھوٹا الزام دینا۔ بُرائی سر تھوپنا۔
تہمت کا گھر / تہمت کی ٹٹی (ا) عیب کی جگہ۔ بدنامی کا گھر۔ وہ چیز جس میں بدنامی ہو۔ ہر ایک کو الزام دینے والا مقام یا آدمی۔ یا جگہ۔
تھمنا (ہ) رُکنا۔ باز رہنا۔ ٹھہرنا۔ تحمل کرنا۔ صبر کرنا۔ چُپ رہنا۔
تھن (ہ/مذ) گائے بکری وغیرہ کا پستان۔ چوپائے کی چوچی۔ چھاتی۔ دُودھی۔
تہنیت (ع/مث) مبارکباد۔ بدھائی۔ بدھاوا۔
تھو (ہ/مث) تھوکنے کی آواز۔ تھوک۔ بُرا۔ چھی۔ مقابل نفرت۔
تھو تھو (ہ) نہایت نفرت ظاہر کرنا۔ خدا نہ کرے۔ توبہ۔ خدا بچائے۔
تھو تھو ہونا (ہ) تھُڑی تھُڑی ہونا۔ رُسوائی ہونا۔
تھوا (ہ/مذ) ڈھیما۔ گیلی مٹی کا لوندا۔ (حقارتاً) نکما آدمی۔
تھوبڑا (ہ/مذ) (تحقیراً) مُنہ۔ تھوتھنی۔
تھوبڑا سجانا (ہ) (حقارتاً) مُنہ پھلانا۔ خفا ہونا۔ رُوٹھنا۔
تھوپنا (ہ) بٹورنا۔ جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ ڈھیری لگانا۔ لیپنا۔ لیموں لگانا۔ ذمے ڈالنا۔ جیسے تہمت تھوپنا۔
تھوترا پھوڑنا۔ یا۔ تھوترے پھوڑنا (ہ) نکمی باتیں کرنا۔ خراب اور بے سود باتیں کرنا۔ بے فائدہ اور فضول بکواس کرنا۔
تھوتنا۔ یا۔ تھوتڑا (ہ/مذ) (تحقیراً) حیوانات کا مُنہ۔ مُنہ۔ تھوتھنی۔
تھوتنی۔ یا۔ تھوتھنی۔ یا۔ تھوتھڑی (ہ/مث) گھوڑے۔ اونٹ۔ گائے۔ بھینس۔ ریچھ۔ سُوّر وغیرہ کا مُنہ۔
تھوتھ (ہ/مذ/مث) کھوکھلاپن۔ کھوکھ۔ جوف۔ خلاء۔ خالی جگہ۔
تھوتھا (ہ) خالی۔ کھوکھلا۔ اندر سے خالی۔ بے مغز۔ کُند۔ بے نوک۔ بے دھار۔ جیسے تھوتھا تیر۔ طوطیا۔ نیلا تھوتھا۔ مہمل۔ بے کار۔ فضول۔ دُم کٹا سانپ۔
تھوتھا چنا باجے گھنا (ہ/مثل) صفت کی شیخی۔ ناحق کی لاف۔
تھوتھی اڑانا (ار/محاورہ) جھوٹی خبریں پھیلانا۔
تھوتھی بات (ہ/مث) بے ہودہ بات۔ بے معنی بات۔ مہمل بات۔ لغویات۔
تھوتھا تھوتھ رونا (ار/محاورہ) زار زار رونا۔
تہوّر (ع/مذ) قوتِ غضبی کی زیادتی۔ بے جا دلیری۔ بہادری۔ ہمت۔ جرأت۔
تھورنا (ہ) (تحقیراً) کھانا۔ نگلنا۔ ٹھونسنا۔ اوجھ بھرنا۔

تھوڑا (ہ) کم - اندک - قلیل - ذرا سا - کچھ - خفیف - ادنیٰ - ذرا -
تھوڑا بہت (ہ) کم و بیش - کچھ نہ کچھ - کسی قدر - تھوڑا سا -
تھوڑا تھوڑا (ا ر / صف) ذرا سا - کم کم - کم - ذرا ذرا -
تھوڑا تھوڑا ہونا (ہ) شرمندہ ہونا - نادم ہونا - خجل ہونا - پانی پانی ہونا -
تھوڑا کھانا جوانی کی موت (ا ر / مثل) جوان آدمی کے لیے کم خوراک نقصان ہے -
تھوڑا ہی (ہ) بالکل نہیں - ہرگز نہیں - جیسے وہ تھوڑا ہی کہتے ہیں -
تھوک (ہ / مذ) ڈھیر - انبار - اٹم - یک مشت - اکٹھا - روکڑا - نقدی - جمع - جماعت - گروہ - جتھا - مجمع - کمپنی - میزان کل - یعنی کئی سرحدیں ملنے کی جگہ - مقدار - اندازہ - پٹا - سند -
تھوک دار (ہ / مذ) سرگروہ - پٹادار - اکٹھا بیچنے والا - جماعت کا پیشوا -
تھوک فروش (ف / مذ) اکٹھا بیچنے والا - خردہ فروش کی ضد -
تھوک (ہ / مذ) آب دہان - منہ کا لعاب - رال - کف - تف -
تھوک اُچھالنا (ہ) بے ہودہ بکنا - ناحق کی محنت کرنا -
تھوک بلونا (ہ) بے ہودہ بکواس کرنا - بے فائدہ گفتگو کرنا -
تھوک دینا (ہ) نفرت کرکے چھوڑ دینا - ترک کرنا - عاق کرنا -
تھوک کر چاٹنا (ہ) وعدہ کرکے پھر جانا - عہد توڑنا - کچھ دے کر واپس لینا -
تھوک لگا کر رکھنا (ہ) بڑی حفاظت سے رکھنا - جوڑ جوڑ رکھنا - کنجوسی سے جمع کرنا -
تھوک لگا کر - یا - تھوک کر چھوڑنا (ہ) ذلیل کرکے چھوڑنا - رسوا کرکے ترک کرنا - ذلیل و حقیر کرکے ترک کرنا -
تھوک ہے (ہ) لعنت ہے - تف ہے -
تھوکنا (ہ) منہ کا لعاب پھینکنا - لعنت ملامت کرنا - بُرا بھلا کہنا - نفرت کرنا - ذلیل کرنا - رسوا کرنا - بے عزت کرنا -
تھونی (ہ / مث) تھم - کھم - ستون - اڑواڑ -
تھوہر (ہ / مذ) ایک قسم کا خاردار زہریلا درخت - اس میں سے دودھ نکلتا ہے - زقوم -
تھئی (ہ / مث) روٹیوں کا ڈھیر - بہت سی اوپر نیچے رکھی ہوئی روٹیاں - تہ بہ تہ رکھے ہوئے کپڑے -
تھئی تھئی (ہ / مث) اصولِ موسیقی کی آواز - تال - سم - تالی - ناچنے گانے کی آواز - طبلے کی آواز -
تھیٹر (انگریزی) تماشا گھر -
تھیبز - یونان کا ایک شہر - مصر کا ایک شہر -
تھیٹی - پولن ایشیا کے جزائر میں سے ایک جزیرہ - بہت زرخیز اور خوبصورت یہاں سے ناریل کا تیل - موتی - سیپیاں اور کھانڈ باہر جاتی ہے -
تھیلا (ہ / مذ) بڑی گون - بلّہ - بڑی تھیلی - کوتھلا - گوجھا -
تھیلا کرنا (ہ) بڑی تھیلی توڑ کر رکھ دینا - لوتھ کر دینا -

تھیلی (ہ / مث) کیسہ - کوتھل - گوجھی - جیب - توڑا (روپیہ) ہزار روپے کی مقدار -
تھیلی بردار (ا ر / ف / صف) روپوں کی تھیلی اُٹھانے والا -
تھیلی سلامیں (ا ر / مثل) ایسے شخص سے کہتے ہیں جو بہت مانگے -
تھیلی کا منہ کھولنا (ا ر / محاورہ) بہت خرچ کرنا - سخاوت کرنا -
تھیلی میں روپیہ تو منہ میں گُڑ (ا ر / مثل) بہت خوش قسمت آدمی -
تھینکس (انگریزی / مذ) شکریہ - بہت بہت شکریہ -
تھینک یو (انگریزی) آپ کا شکریہ - اظہارِ شکر کے لیے بولتے ہیں -
تھیوا (ہ / مذ) انگوٹھی میں لگانے کا نگینہ -
تھیوری (انگریزی / مث) خیال - اندازہ - قیاس - تصور - اصول -

ت - ۶

تئی (ہ / مث) چوڑی کڑھائی - چوڑا تھال جس میں ٹکیا کے کباب یا جلیبیاں بناتے ہیں -
تئیں (ہ) کو - واسطے - لیے - اپنے کے ساتھ مستعمل ہے - جیسے اپنے تئیں یعنی اپنے آپ کو - پہلے ہر ضمیر کے ساتھ بولتے تھے - جیسے اُس کے تئیں - تیرے تئیں وغیرہ - اب یہ لفظ متروک ہے -

ت - ی

تیّا (ہ / مذ) گنجفے کا وہ پتا جس پر تین کا نشان ہوتا ہے - تری - چوسر کا وہ داؤ جس میں تین کانے آتے ہیں - سولھٹی میں تین کوڑیوں کا پٹ آنا - نکا موٹھ کے کھیل میں گنڈوں کے بعد تین کوڑیوں کا بچ جانا - علمِ حساب میں تین کا پہاڑا -
تیّا پانچا کرنا (ہ) کسی چیز کے حصے بانٹنا - تقسیم کرنا - بانٹنا - بخرے لگانا - فیصلہ کرنا - بیچ ڈالنا - کڑے کرنا - تلف - رخصت کر ڈالنا -
تیّار (ع) (لغوی) لہریں لینے والا - تیز رفتار (اصطلاحی) مستور - کام میں آنے کے قابل - لائقِ استعمال - آمادہ - لیس - ٹھیک ٹھاک - پورا - کامل - اکمل - پختہ - پکا ہوا - جیسے پھل تیار ہے - موٹا - فربہ - قوی جثہ - بالغ - بلوغت کو پہنچا ہوا -
تیّار کرنا (ف) درست کرنا - لیس کرنا - موجود کرنا - پکانا - بلانا - سدھانا - جیسے گھوڑا تیار کرنا - موٹا تازہ کرنا - پورا کرنا - نباہنا - انجام کو پہنچانا - جیسے مکان تیار کرنا - کسنا - جوتنا -
تیّار ہونا (ف) مستعد ہونا - آمادہ ہونا - موٹا تازہ ہونا - پک چکنا - عمارت ختم ہو چکنا - بن چکنا -
تیّاری (ف / مث) آمادگی - مستعدی - موجودگی - آراستگی - درستی -
تیاگنا (ہ) ترک کرنا - چھوڑنا - تجنا - دستبردار ہونا -

تیپچی (ہ/مث) ایک قسم کی کچی سلائی - خلافِ بخیہ - کھڑا کرنا -
تیپچی بھرنا (ہ) کچی سیون کرنا -
تیپچی کا نکاح (ا/مذ) کچا نکاح - بودا نکاح -
تیتالیس یا تینتالیس (ہ) اسم عدد - چالیس اور تین (۴۳، 43) -
تیتر (ہ/مذ) تیتھو - دراج - ایک پرندہ جسے شوقین لوگ لڑاتے ہیں -
تیترا (ہ) وہ لڑکا یا لڑکی جو تیسرے نمبر پر پیدا ہو یعنی دو کے بعد -
تیترا بیٹا راج رجائے تیتری بیٹی بھیک منگائے (ہ/مثل) شگون کے طور پر کہتے ہیں - کہ تیسرا بیٹا نہایت خوش قسمت ہوتا ہے اور تیسری لڑکی نہایت بدقسمت -
تیتری (ہ/مث) تیتر کی مادہ - ایک قسم کی بھنبیری - ایک طرح کا پردار خوش رنگ خوبصورت برساتی کیڑا - ایک قسم کی دوا جو بارش کے بخار میں دیتے ہیں -
تینتیس - یا - تینتیس (ہ) اسم عدد - تیس اور تین - ۳۳، 33 -
تیج (ہ/مذ) جاہ و جلال - رعب و داب - طاقت - غصہ - جوش - سورج کی کرن - آفتاب کی روشنی جیسے تیج بھان -
تیج (ہ/مث) تیسری تاریخ - ہندوؤں کا تہوار جو ساون سُدی تیج کو ہوتا ہے اس میں بہنوں بیٹیوں کو گھر بلاتے اور سدھارا بھیجتے ہیں -
تیج تہوار (ہ/مذ) ایک تہوار -
تیجا (ہ/مذ) فاتحہ سوم کی رسم - پھول چننا -
تیج پات (ہ/مذ) ایک خوشبودار پتا -
تیج پڑے کھیت میں بیج (ہ/مثل) ساون کی تیسری تاریخ کو فصل کی کاشت شروع ہو جاتی ہے -
تیکھا (ہ) (صحیح تیکھا) (لغوی) تیز - چبھنے والا (مجازاً) شوخ - شریر - چُلبلا - معشوق - طرحدار - من موہن -
تیکھی (ہ) (صحیح تیکھی) شوخ - بے حیا - سرکش - الہڑ -
تیر (س/مذ) دریا کا پاٹ - کنارۂ دریا - پاس پڑوس - ہمسایہ - نزدیک -
تیر (ف/مذ) بان - ناوک - خدنگ - سہم - تُنکا - سری - ایک قسم کا لڑائی کا ہتھیار جسے کمان میں رکھ کر چلاتے ہیں - چوتھا شمسی مہینہ - اندھیرا - تاریک - سیاہ - سیدھی لکڑی - سرکی - عطارد - بدھ - طعنہ - تشنہ -
تیر میرا (ا/مث) بیگانگی - غیریت - اپنی اپنی چیز کو الگ رکھنا -
تیر میرا اچھی نہیں (ا/مثل) آپا دھاپی نہیں چاہیے -
تیر انداز (ف) تیر چلانے والا - کمان دار - تیر زن -
تیر اندازی (ف) ناوک فگنی - کمان داری -
تیر بہ ہدف (ف) بے خطا - ٹھیک نشانے پر - بے چوک -
تیر تکّلی (ع) وہ تیر جو کبھی خطا نہ کرے - شرطیہ نشانے پر لگنے والا تیر -
تیر چلانا (ا) تیر چھوڑنا - تیر پھینکنا - نشانے پر تیر مارنا - (طنزاً) کوئی بڑا کام کرنا - جیسے ایک ہی تیر چلایا تھا -

تیر سا لگنا (ا) نہایت بُرا معلوم ہونا - تیر کی طرح چبھنا -
تیر کرنا (ا) چھپا لینا - غائب کرنا - چرا لینا - دن گزارنا - بسر کرنا -
تیر گر (ف) تیر بنانے والا - تیر ساز -
تیر نتھنوں میں دینا (ا) نہایت دق کرنا - تنگ کرنا - ناک چنے چبوانا -
تیر ہوائی (ف) وہ تیر جو یونہی ہوا کے رُخ پھینک دیا جائے اور اس کا نشانہ کوئی نہ ہو - فضول - لغو - بے کار - بے مصرف -
تیرا (ہ) ضمیر مضاف الیہ صیغہ واحد حاضر - ادنیٰ کی طرف خطاب کیا جاتا ہے -
تیرا میرا کرنا (ا) غیریت کی باتیں کرنا - جھگڑنا - غیروں کی طرح لڑنا -
تیراک (ہ) تیرنے والا - پیراک - شناور -
تیراک ہی ڈوبتا ہے } (ا/مثل) جو شخص جس فن میں طاق ہو - وہی فن
تیراک ہی ڈوبا کرتا ہے } اُس کی موت کا سبب ہو جاتا ہے - کیونکہ اس کام کے کرنے سے خوف نہیں ہوتا -
تیراکی (ا/مث) تیرنے کا فن - شناوری - پیراکی -
تیرانا (ا/مص) پانی پر چلانا -
تیراؤ پانی (ہ) تیرنے کے قابل پانی -
تیرتھ (ہ/مذ) دریا کا گھاٹ - کنارۂ دریا - درشن - زیارت - پاک جگہ - ہندوؤں کا وہ مقدس مقام جو دریا کے کنارے پر ہو - برہمن -
تیرتھ جاترا (ہ/مث) درشن - زیارت -
تیرگی (ف/مث) سیاہی - اندھیرا - دُھندلاپن - کلونس - کدورت -
تیرگیٔ بخت (ف/مث) قسمت کی خرابی - بدقسمتی -
تیرنا (ہ) پیرنا - شناوری کرنا - کسی فن میں ماہر کامل ہونا - بخوبی مہارت رکھنا -
تیرہ (ف) سیاہ - تاریک - تار - دھندلا - کالا -
تیرہ بخت - یا - تیرہ روزگار (ف) بدنصیب - بدبخت -
تیرہ (ہ) اسم عدد - دس اور تین ۱۳، 13 -
تیرگی چھانا (ا/محاورہ) اندھیرا ہونا -
تیرھویں صدی (ا/مث) سن ہجری کے بعد تیرہ سو سال کا عرصہ جسے نہایت منحوس خیال کرتے ہیں - کل جگ کا زمانہ -
تیز (ف) دھاروالا - باڑھ والا - برّاں - تیغ - تُند - چرپرا - جلد - زُود - شتاب - جیسے تیز رَو - ذہین - فہیم - چالاک - بدمزاج - ظالم - غضبناک - سینہ زور - قوی - مضبوط - شوخ - شریر - گراں - مہنگا - جیسے فلاں چیز کا بھاؤ تیز ہے - گرم - مقدار سے زیادہ - جیسے مرچ تیز ہے - دُور بین - باریک بین جیسے تیز نظر - زخم پر یا آنکھ میں لگنے والی دوا -
تیز پرواز (ف) بہت جلد اُڑنے والا -
تیزدان (ع/مذ) مقعد -
تیز دست (ف) جلد جلد کام کرنے والا - چالاک - ہوشیار -
تیز دستی (ف/مث) جلد بازی - بہت جلد ہاتھ چلانا - چالاکی - شتابی -

تیز رفتار (ف) بہت جلد چلنے والا۔ شتاب رو۔
تیز کرنا (ن) دھار نکالنا۔ باڑھ دھرنا۔ طاقت بڑھانا۔ خفا کرنا۔ چڑانا۔
اُکسانا۔ چھیڑنا۔ غصہ دلانا۔
تیز مزاج (ف) تند مزاج۔ زود رنج۔ غصیلا۔
تیز آب (ف/مذ) نہایت تند عرق۔ ایک قسم کا کیمیائی مرکب۔
ایسڈ۔ تیزشہ۔
تیزی (ف/مث) تندی۔ تلخی۔ چڑچڑاہٹ۔ غضبناکی۔ گرم مزاجی۔ سختی۔
ظلم۔ گرمی۔ گرانی۔ مہنگا پن۔ مانگ۔ خواہش۔ ضرورت جیسے
فلاں چیز کی بڑی تیزی ہے۔ مُرکا وٹ لگنے والی دوا کا اثر۔
ماہ صفر۔
تیس (ع/مذ) بکرا۔ ہرن۔
تیس (ہ) اسم عدد۔ ۳۰، ۳۰ تیس۔
تیس دن۔ یا۔ تیسوں دن (ہ) ہمیشہ۔ مُدام۔ آئے دن۔
تیس مار خاں (ہ/مذ) بہادر آدمی۔ دلاور آدمی۔ اینٹھے خاں۔ طرّہ باز خاں۔
تُرّم خاں (شل ہے)
تیسوں کلام (ہ/مذ) قرآن شریف کے تیسوں پارے۔
تیسیا (ہ) ویسا ہی۔ اُسی طرح کا۔
تیسرا (ہ) ثالث۔ تیسرے درجے پر۔ تین سے نسبت رکھنے والا۔
تیسی (ہ/مث) السی۔ کتان۔ تیس برس کی جنتری یا پترہ۔
تیش (ت دیائے مجہول سے) (مذ) دفران۔ لفظ تیشہ اسی سے ماخوذ ہے۔
تیشہ (ف/مذ) بسولا۔
تیشہ زن (ف/صف/فاعل) بسولا چلانے والا۔ بڑھئی۔
تیشہ مارنا (ہ/محاورہ) تیشہ چلانا۔ بڑھئی کا کام کرنا۔
تیغ (ف/مث) تلوار۔ شمشیر۔ کھانڈا۔ خنجر۔
تیغ آزما (ف/مذ/صف) تیغ چلانے والا۔ شمشیر زن۔
تیغ بُرّاں (ف/مث) کاٹنے والی تلوار۔
تیغا (ف/مذ) چھوٹی تلوار۔ دروازے یا محراب کو اینٹ پتھر وغیرہ سے
چُننا۔ کشتی کا ایک داؤ۔
تیغا کرنا (ہ) بند کرنا۔ چُن دینا۔ کسی سوراخ یا محراب یا دروازے کو اینٹ
مٹی وغیرہ سے بند کر دینا۔
تیقن (ع/مذ) یقین۔ یقین کرنا۔ اعتبار کرنا۔
تیکھا (ہ) تیز۔ نکیلا۔ نوکدار۔ تیز دھار والا۔ مؤثر۔ دل میں کھُبنے والا۔
چڑچڑا۔ تیز مزاج۔ زود رنج۔ غصیل۔ غضب ناک۔ جنگ جُو۔
عمدہ۔ اچھا۔ چوکھا۔ طرح دار۔ بانکا۔ سجیلا۔ تیز زبان۔ طرّار۔
طرّار۔ جوانی میں مست (مذ) خوبصورت اور جوان آدمی۔
تیکھی (ہ/مث) ترچھی۔ ٹیڑھی۔ بانکی۔ البیلی۔ رعنا۔ تیز مزاج۔ اچپل۔
دھیمی۔ نرم۔ زیر۔ گانے کی مدھم آواز۔
تیل (ہ/مث) تیور۔ زنانہ پوشاک۔ زنانہ جوڑا۔ جس میں دوپٹہ۔ انگیا۔
لہنگا ہوتا ہے۔
تیل (ہ/مذ) (لغوی) وہ روغن جو تلوں میں سے نکالا جائے (مجازاً)
ہر روغن سیاہ۔ چکنائی۔ دُہن۔ روغن تلخ۔

تیل پھل (ہ/مذ) وہ ناریل اور تیل جو شادی سے چند دن پہلے دولہا کی طرف
دلہن کے ہاں بھیجا جاتا ہے۔
تیل توا کالا (ہ) ایسا کالا جیسے توے کی سیاہی میں تیل ملا کر سیاہ رنگ بنایا
گیا ہو۔ کالا حبشی۔ از حد کالا۔
تیل جل چکا (ہ/محاورہ) اُنس نکل چکا۔ سَت نکل چکا۔ پونجی سرمایہ نہیں
رہا۔ رُوح تحلیل ہو گئی۔
تیل جلے گھی۔ گھی جلے تیل۔ (ہ) (شل) جلتے جلتے تیل کی کثافت
جل کر گھی کا اثر رہ جاتا ہے اور گھی کی چکنائی جل جلا کر اس میں تیل جیسی
خرابی پیدا ہو جاتی ہے۔
تیل چڑھانا (ہ) دُلہن کے جسم پر تیل ہلدی وغیرہ ملنا۔
تیل بلاؤ کرنا (ہ) بارش کے پانی پر تیل ڈال کر بہانا جس سے بادلوں کے
پھٹنے کا شگون لیتے ہیں۔ جہلا کا طریقہ ہے۔
تیل دیکھو تیل کی دھار دیکھو (ہ/شل) تامل کرو۔ سوچو سمجھو۔ صبر کرو۔ پھر
یہ کام کرنا۔ یہ کام بڑی سوچ بچار کے بعد کرنا۔
تیل لگانا (ہ) تیل چپڑنا۔ تیل ملنا۔
تیل ماش اُتارنا۔ یا۔ دکھانا (ہ) کسی مسافر کے گھر پر اس کے عزیز
ایک طباق میں ماش بھرتے ہوئے اس میں تیل کا کٹورا بھر کر
رکھ دیتے ہیں۔ سفر سے آنے والا اس میں اپنا منہ دیکھ کر ماش
کے دو چار دانے ڈال دیتا ہے۔ پھر یہ سب تصدق کر دیا جاتا
ہے۔ یہ گویا سفر سے مع الخیر آنے کا صدقہ ہے۔
تیل ملنا (ہ) تیل کی مالش کرنا۔
تیل میں ہاتھ ڈالنا (ہ) سخت قسم کھانا۔ زمانۂ جاہلیت کی قسم یا بالفاظ
دیگر چور سے اقرار کرانا۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ منکر آدمی
کو جلتے تیل میں ہاتھ ڈالنے کے لیے کہا جاتا ہے۔ چونکہ آگ کا کام
ہمیشہ جلانا ہے۔ لہٰذا چور ڈر کے مارے اپنے جرم کا اقرار
کر لیا کرتا تھا۔
تیل نکالنا (ہ) تل وغیرہ پیلنا۔ کسی چیز میں سے تیل نکالنا۔ سخت محنت
لینا۔ پسینے پسینے کرنا۔ جان نکالنا۔ سَت نکالنا۔
تیل نہ مٹھائی چولہے دھری کڑھائی (ہ/شل) پاس کچھ نہیں شیخی
بہت۔
تیل ہو کے بہہ جانا (ہ/محاورہ) رقیق ہو کر نکل جانا۔ ضائع ہو جانا۔
تیلری (ہ/مث) تیل کا برتن۔ روغن دان۔
تیلن (ہ/مث) تیلی کی بیوی۔ تیلی ذات کی عورت روغن فروش عورت۔
گندیلن۔
تیلی (ہ/مث) سلائی۔ پنجرے کا تار۔ سینخ ناک کا ایک زیور۔ چھوٹا لونگ۔
تیلی (ہ/مذ) روغن گر۔ روغن فروش۔ ایک جماعت کا نام جس کا پیشہ تیل نکالنا
اور بیچنا ہے۔ میلا آدمی۔ میلا کچیلا آدمی۔ غلیظ اور کثیف کپڑوں والا۔
تیلی تنبولی (ہ/مذ) تیل اور پان بیچنے والے۔ رذیل قوم کا آدمی۔
تیلی خصم کیا پھر بھی روکھا ہی کھایا (ہ/شل) خلافِ طبیعت کام بھی کیا
پھر بھی مراد نہ ملی۔ امیر سے شادی بھی کی۔ پھر بھی تنگی اٹھائی۔
تیلی راجا۔ تیلیا راجا (ہ/مذ) فقیروں کا ایک فرقہ۔ جو تیل مانگ کر

اپنے کپڑوں اور سر پر ملتا ہے ۔ نہایت میلے کپڑے پہننے والا آدمی ۔
تیلی کا بیل (ہ/مذ) وہ شخص جو رات دن محنت کے چکر میں پھنسا رہے محنت شاقہ کرنے والا ۔
تیلی کا بیل کیا جانے جنگل کی سار (ہ/مثل) مقید آدمی آزادی کی قدر نہیں جان سکتا ۔
تیلی کا تیل جلے مشعلچی مفت کُڑھے (ہ/مثل) نقصان کسی کا ہو ۔ غم کوئی کرے ۔
تیلی کا کام تنبولی کرے چولہے میں آگ لگے (ا/مثل) اپنا پیشہ چھوڑ کر دوسرے کا کام کرنے نقصان اُٹھاتا ہے ۔
تیلی کے بیل کو گھر ہی کوس پچاس (ہ/مثل) کمزور اور غریب آدمی کو گھر کی محنت اور ذلت ہی ہزار دقتوں کے برابر ہے ۔
تیلیا (ہ) تیل کے رنگ کا ۔ چکنا ۔ چکنائی والا ۔
تیلیا پانی (ا/مذ) ترمرے والا اور نہایت کھاری پانی جو پرانے کنوؤں میں اکثر ہو جاتا ہے ۔
تیلیا سہاگہ (ہ/مذ) ایک قسم کا سہاگہ جو چکنا چکنا ہوتا ہے ۔
تیلیا کاکریزی (ا/مذ) سیاہی مائل گہرا رنگ ۔
تیلیا کمیت (ا/مذ) ایک طرح کا سیاہی مائل کمیت رنگ کا گھوڑا ۔ سیاہی مائل سُرخ ۔
تیم (ع/مذ) بندہ ۔ غلام ۔
تیمارداری (ف/مث) غمخواری ۔ ہمدردی ۔ بیمار کی خدمت ۔ علاج معالجہ ۔
تیمم کرنا (ا) طہارت کے لیے بیماری کے باعث یا پانی نہ ملنے کی حالت میں مٹی پر ہاتھ مار کر بہ نیت عبادت وضو یا غسل کرنا ۔
تیمور (ت/مذ) فولاد ۔ مشہور مغل بادشاہ ۔
تین (ا) اسم عدد / ۳ / ۳ ۔
تین پانچ (ہ/مث) جھگڑا ۔ فساد ۔ تکرار ۔ بکھیڑا ۔ ٹنٹا ۔ پرخاش ۔ فریب ۔ دغا ۔ مکر ۔ چالاکی ۔
تین پانچ آٹھ بتانا (ا/محاورہ) چالبازی کرنا ۔ دھوکا فریب کرنا ۔
تین پانچ کرنا (ہ) مکروفریب کرنا ۔ جھگڑا کرنا ۔ فساد کرنا ۔ تکرار کرنا ۔
تین پیڑ بکائن کے میاں باغبان (ا/مثل) شیخی خورے کی نسبت بولتے ہیں جو تھوڑی سی چیز پر بہت سا اترائے ۔
تین تیرہ (ہ) پریشان ۔ متفرق ۔
تین تیرہ کرنا (ہ) تتر بتر کرنا ۔ پراگندہ کرنا ۔ خرچ کر دینا ۔ اُڑا دینا ۔ صرف کر دینا ۔
تین ٹانگ کا گھوڑا (ا/صف) نکمی اور عیب دار چیز ۔
تین ٹانگ کی گدھی کو من کی لدنی (ہ/مثل) وہاں بولتے ہیں جہاں کوئی طاقت سے زیادہ کام یا لادا کرے ۔
تین چار (ا/صف) معدود ے چند ۔ تھوڑے سے ۔ کم ۔
تین چپاتی تو براتی کھاؤ چورم چور (ا/مثل) جب کوئی کسی دعوت کے موقع پر کنجوسی کرے تو عورتیں طنزاً کہتی ہیں ۔

تین حرف بھیجنا (ا) ل ، ع ، ن ۔ لعن بھیجنا ۔ پھٹکارنا ۔ پھٹکار کرنا ۔ دھتکارنا ۔
تین کانے (ہ/مذ) نامرادی ۔ ناکامی ۔ ناکامیابی ۔ نرد بازی کے پانسوں میں سے ہر ایک پر ایک طرف ایک ایک نقطہ ہوتا ہے ۔ جب داؤ میں پانسہ پھینکتے وقت تینوں صفر آ پڑتے ہیں ۔ تو یہ سب سے گھٹیا داؤ خیال کیا جاتا ہے ۔ لہٰذا اس سے ناکامی مُراد لیتے ہیں ۔
تین گناہ خدا بھی بخش دیتا ہے (ا/مثل) جس شخص نے پہلے کوئی جرم نہ کیا ہو ۔ وہ یہ لفظ کہہ کر اپنے قصور کی معافی مانگتا ہے کہ تین گناہ خدا بھی بخش دیتا ہے ۔ تم بھی میرا یہ قصور معاف کر دو ۔
تین میں نہ تیرہ میں (ہ/مثل) اُس آدمی کی نسبت بولتے ہیں جس کی کہیں بھی عزت و پرسش نہ ہو ۔
تیندوا (ہ/مذ) ایک درندہ ۔ ایک قسم کا چیتا ۔ باگھ ۔ پلنگ ۔
تینوں (ہ) ہر سہ ۔ پورے تین ہی ۔
تیور (ہ/مذ) بصارت ۔ بینائی ۔ آنکھ کی روشنی ۔ نورِ نظر ۔ مثلاً تیور جل گئے ۔ نظر ۔ چتون ۔ انداز و طرزِ نگاہ ۔ تیرگیٔ چشم ۔ اندھیرا جو کسی دماغی تکلیف یا چوٹ سے آنکھوں کے آگے آ جاتا ہے ۔ گرمی کی شدت سے بھی نظر خیرہ ہو جاتی ہے ۔ زنانہ کپڑوں کا جوڑا ۔
تیور آنا (ہ) آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا ۔ سر میں چکر آنا ۔
تیور پوچھنا (ہ) نظر ہی سے دل کا حال جان لینا ۔ معلوم کر لینا ۔
تیور بدل جانا (ا) نظر کا متغیر ہونا ۔ اندازہ و طریقۂ نگاہ کا بدل جانا ۔ بے مروت ہو جانا ۔ عدم محبت کا اظہار کرنا ۔ موت کی نشانی ظاہر ہونا ۔ آنکھوں کی پتلیوں کا پھر جانا ۔
تیور بُرے نظر آنا (ا) دل میں فرق معلوم ہونا ۔ دشمن جان ہونا ۔ بُرا ارادہ معلوم ہونا ۔
تیور بگڑنا (ہ) پتلیوں کا پھر جانا ۔ موت کی علامت ظاہر ہونا ۔ نظروں پھر جانا ۔ نظر سے خفگی اور دشمنی ٹپکنا ۔
تیور میلے ہونا (ہ) بُرے آثار دکھائی دینا ۔ نظر سے رنجش و ملال ٹپکنا ۔
تیورانا (ہ) غش آنا ۔ چکرانا ۔ چکر آنا ۔ سر پھرنا ۔ ڈگمگانا ۔ کسی دماغی صدمے سے آنکھوں کے آگے اندھیرا آ جانا ۔
تیوری (ہ/مث) چین جبیں ۔ ماتھے کا بل ۔ ماتھے کی سلوٹیں ۔ نظر ۔ نگاہ ۔ چتون ۔

تیوری بدلنا }
تیوری چڑھانا } (ہ) ناک بھوں چڑھانا ۔ خفا ہونا ۔ آنکھیں بدلنا ۔ غصے ہونا ۔ ناراض ہونا ۔ ماتھے پہ بل ڈالنا ۔ ترشرو ہونا ۔
تیوری میں بل ڈالنا }

تیوری چڑھنا }
تیوری میں بل پڑنا } (ہ) ماتھے میں بل پڑنا ۔ آزردگی اور خفگی ظاہر ہونا ۔ ترشروئی ظاہر ہونا ۔

تیوری کا بل کھلنا (ا/محاورہ) رنجش مٹنا ۔ رنجش دُور ہونا ۔
تیون (ہ/مذ) لاون ۔ سالن ۔ ترکاری ۔ نان خورش ۔
تیون بن نہ روٹی سوہے گوندھے بن نہ چوٹی سوہے (ہ/مثل) اچار

چٹنی یا سالن بغیر روٹی اچھی نہیں لگتی - اسی طرح چولی بغیر گوندھے کے اچھی نہیں معلوم ہوتی -

تیوہار (۱۔مذ) عید - جشن - خوشی کا دن - پرب جیسے ہولی - دیوالی - عید - کرسمس وغیرہ -

تیہا (۱۔مذ) تیزی - جوش - حرارت - غصہ - غضب - قہر - خشم - مثلاً اپنے تیہے میں آپ ہی مری جاتی ہے -

تیہا دلانا (ا۔ر/محاورہ) غصہ دلانا - جوش دلانا -

تیہ بنی اسرائیل (ع۔/مذ) وہ جنگل جس میں حضرت موسیٰ مع اپنی قوم کے چالیس سال سرگرداں پھرے -

تیئیس (ہ) اسم عدد - بیس اور تین ۲۳، 23 -

ٹ

ٹ

ٹ (ہ/مث) ہندی حروف تہجی کا گیارھواں اور اُردو حروف ہجا کا پانچواں حرف۔ اسے تائے ہندی اور تائے ثقیلہ بھی کہتے ہیں۔ حساب ابجد میں اس کے عدد تائے فوقانی کے برابر یعنی چار سو شمار کیے جاتے ہیں۔

ٹ۔ا

ٹابَر (ہ/مذ) خاندان۔ قبیلہ۔ کنبہ۔ چھوٹا سا گھر۔ جھونپڑا۔ (مارواڑی) لڑکا۔ چھوکرا۔ طِفل (پُورب) جوہڑ۔ چھوٹی سی جھیل۔

ٹاپ (ہ/مث) گھوڑے کا سُم۔ گھوڑے کے سم کی زمین پر پڑنے کی آواز۔ ٹھاپ۔ تالاب یا جوہڑ میں سے مچھلیاں پکڑنے کا کھانچا۔ چارپائی کے پائے کا نچلا گردہ جو زمین پر جمتا ہے۔ پھُوس کا جھونپڑا۔ چھپر۔

ٹاپ دار (ا ر/ ڑ) موٹے سر کا بیٹے سر والا۔ آگے سے چوڑا پیچھے سے پتلا۔

ٹاپا (ہ/مذ) مُرغیاں بند کرنے کا کھانچا۔ ایک قسم کی کشتی یا بیڑا (جہاز)، گنّے کے اس کھیت کو بولتے ہیں جس میں اکھ کم ہو۔ گنّوں کا بھرا کھیت۔

ٹاپا توڑ کر نکل جانا (ا ر/محاورہ) صاف نکل جانا۔ بچ جانا۔

ٹاپا ٹوئی کرنا (ہ) ٹٹولنا۔ ڈھونڈنا۔ جستجو کرنا۔ ٹوہنا۔ چھان مارنا ٹپکتے ہوئے مکان کی مرمت کرنا۔

ٹاپرا (ہ/مذ) جھونپڑا۔ چھپر کا گھر۔

ٹاپنا (ہ) دانہ پانی وغیرہ کی طلب کے لیے گھوڑے کا اگلے پاؤں کو زمین پر مارنا۔ پاؤں پٹخنا۔ کوشش کرنا۔ انتظار کرنا۔ آوارہ پھرنا۔ مضطرب ہونا۔ افسوس کرنا۔ ہاتھ ملنا۔ جیسے دوست چلا گیا میں ٹاپتا رہ گیا۔ پھاندنا۔ جیسے دیواریں ٹاپنا۔ اشتیاق میں رہنا۔

ٹاپو (ہ/مذ) جزیرہ۔ دیپ۔ وہ خشک زمین جو دریا یا سمندر کے درمیان ہو۔

ٹاٹ (ہ/مذ) سن کا بنا ہوا کپڑا۔ پاٹس۔ کرپاس۔ چنے کے اُوپر کا خول جو پودے کو لگتا ہے۔ ساہوکار کے بیٹھنے کی گدّی۔

ٹاٹ اُلٹ جانا (ا ر/محاورہ) دیوالیہ ہونا۔ دیوالیہ ہونے کی علامات ظاہر ہونا۔

ٹاٹ باف (ہ ات/مذ) ٹاٹ بننے والا۔

ٹاٹ باہر ہونا (ا ر/محاورہ) برادری سے خارج ہونا۔

ٹاٹ نیچے اُلٹنا (ہ) دیوالہ نکلنا۔ دیوالیہ ہونا۔ کاروبار بند ہونا۔

ٹاٹ میں مونجھ کا بخیہ (ا ر/مثل) مناسب جگہ مناسب کام ہونا۔ کسی چیز میں اس کے لوازم کا استعمال کرنا۔

ٹاٹ باقی جُوتا (ا ر/مذ) (نار بانی کا بگاڑ) کامدار جُوتا۔

ٹارا (ہ/مذ) وہ کبوتر جو دیر تک اُڑے۔

ٹال (ہ/مث) گھاس۔ لکڑی۔ ایندھن وغیرہ کا انبار۔ ڈھیر۔ تودہ۔ بھُوسے یا لکڑیوں کی دُکان۔ گائے بھینسوں وغیرہ کے گلے میں باندھنے کا ایک قسم کا گھنٹا۔ ٹالنا کا حاصل مصدر۔ لیت و لعل۔ بہانہ۔ ٹالنا کا امر۔

ٹال آنا (ہ) کم زیادہ بیچ آنا جس قیمت پر بکے، دے آنا۔ دم دلاسا دے کر کسی کو رخصت کر دینا۔ اپنے ذمے سے بار اُتار دینا۔

ٹال مٹول (ہ/مث) حیلہ۔ بہانہ۔ لیت و لعل۔ حیلہ حوالہ۔

ٹالا بالا کرنا۔ یا۔ ٹالا بالا بتانا۔ یا۔ ٹال مٹول کرنا (ہ) حیلہ بہانہ کرنا۔ ٹال دینا۔ لیت و لعل کرنا۔ دھوکا دے دینا۔ فریب دینا۔ بہلنے بتا دینا۔ ٹال دینا۔ الگ کر دینا۔ دفع کرنا۔

ٹالنا (ہ) حیلے سے پھیر دینا۔ بہانہ بنانا۔ سرکانا۔ علیحدہ کرنا۔ دفع کرنا۔ گزارنا۔ ضائع کرنا۔ جیسے وقت ٹالنا۔ فریب دینا۔ بہکانا۔ دھوکا دینا۔

ٹالی (ہ/مث) چھوٹی گھنٹی جو چوپایوں کے گلے میں باندھتے ہیں (دلالوں کی اصطلاح میں) اٹھنی۔ شیشم۔

ٹانٹ (ہ/مذ) آدمی کے سر کی کھوپری۔ تارک سر۔

ٹانٹ کھجانا (ہ) سر میں کھجلی ہونا۔ سر میں جوتے کھانے کی نیت ہونا۔ نقصان اٹھانے کو دل چاہتا۔ خسارے کی نیت ہونا۔

ٹانٹ کے بال اڑانا / ٹانٹ گنجی کرنا (ہ) جوتوں دھپوں سے چندیا کے بال اڑا دینا۔ خوب چانٹے لگانا۔ بھرکس نکالنا۔ سر گنجا کر دینا۔ دیوالیہ نکلوانا۔

ٹانٹ گنجی ہونا (ہ) چندیا پر بال نہ رہنا۔ قرض کے مارے یا جوتوں یا بوجھ کے باعث سر گنجا ہونا۔ مفلس ہو جانا۔ نہایت مقروض ہو جانا۔ اسراف سے تباہ ہو جانا۔

ٹانٹھا (ہ) مضبوط۔ قوی۔ زبردست۔ مسٹنڈا۔ توانا۔ بلی۔ بلونت (طنزاً) بلا۔ جھگڑا۔ زبردست قضیہ۔

ٹانٹھا مکانا (ہ) جھگڑا چکا دینا۔ فیصلہ کرنا۔ بکھیڑا دور کرنا۔ خرخشہ مٹا دینا۔

ٹانڈا (ہ امذ) قافلہ۔ کارواں۔ سوداگروں کا گروہ۔ بنجارے کا اسباب۔ خاندان۔ کنبہ۔ قبیلہ۔ کٹب۔ کھیپ۔ سوداگری کا وہ اسباب جو ایک دفعہ لاد کر لے جاتے ہیں۔ پنجاب کے ضلع ہوشیار پور کا ایک قصبہ۔

ٹانڈا لدنا (ہ) سامانِ سفر روانہ ہونا۔ اسباب لدنا۔ ڈیرہ لدنا۔ کوچ ہونا۔ مرنا۔ انتقال ہونا۔

ٹانک (ہ امث) جوہریوں کی اصطلاح میں ۲۴ رتی کا وزن۔ کمان جانچنے کا وزن یعنی ۲۵ سیر۔ آنک۔ جانچ۔ اندازہ۔ (ہندو) حصہ۔ پتی۔ شرکت۔ طاق۔

ٹانک (انگریزی) قوت دینے والی دوا۔ مقوی۔ طاقت دینے والی۔

ٹانکا (ہ امذ) سلائی۔ سیون۔ سوئی دھاگے کا کپڑے میں سے ایک دفعہ نکلنا۔ دھاتوں کو جوڑنے کا مسالا۔ وہ جوڑ جو مسالے سے لگایا جائے۔ پینے کے لیے جمع کیے ہوئے برساتی پانی کا حوض۔ یا تالاب یا کنواں۔ پیوند۔ جوڑ۔

ٹانکا بھرنا (ہ) سینا۔ بخیہ بھرنا۔ زخم کو سینا۔

ٹانکا ٹوٹنا (ہ) سیون ادھڑنا۔ زخم کی سیون کا ٹوٹ جانا۔

ٹانکا جانا (ار/ محاورہ) کسی جگہ اپنے مطلب کی تدبیر کرنا۔

ٹانکا جھالنا (ار/ محاورہ) کسی برتن یا زیور کو ٹانکے سے جوڑنا۔

ٹانکا کاٹ لینا (ار/ محاورہ) ٹانکے کی قیمت زیور کے دام ہی سے کاٹ لینا۔

ٹانکا کھانا (ار/ محاورہ) ٹانکا لگنا۔ ٹانکا لگنے کی قابلیت ہونا۔

ٹانکا لگانا (ہ) کپڑے یا زخم کو سینا۔ برتن وغیرہ کو جوڑنا۔

ٹانکا مارنا (ہ) ٹانکا بھرنا۔

ٹانک رکھنا (ہ) یادداشت کے لیے لکھ رکھنا۔ نوٹ کر لینا۔ ٹنکی کر چھوڑنا۔

ٹانکنا (ہ) سینا۔ دو کپڑوں کو ملا کر ٹانکا بھرنا۔ چسپاں کرنا۔ جوڑنا۔ ٹنکی کرنا۔ درج کرنا۔ یادداشت لکھنا۔ رہنا۔ داخل کرنا۔ لگانا۔ جیسے عرضی [illegible] ٹانکنا۔ لٹکانا۔ آویزاں کرنا۔ لکھا جانا۔ چٹ کر جانا۔

ٹانکی بجنا (ہ) ہتھوڑی بجنا۔ عمارت کا چنا جانا۔ سنگ تراشی کا کام ہونا۔

ٹانکی لگانا (ہ) تراشنا۔ چھید کرنا۔ سوراخ کرنا۔ تراش کر دیکھنا۔

ٹانکے (ہ امذ) ٹانکا کی جمع۔

ٹانکے ادھیڑنا (ہ) سلائی ادھیڑنا۔ سیون کھولنا۔ حقیقت ظاہر کرنا۔ قلعی کھولنا۔ شکست دینا۔ ہرا دینا۔ عاجز کر دینا۔

ٹانکے ٹوٹنا (ہ) زخم یا کپڑے کی سلائی کھل جانا۔ سِلے ہوئے کپڑے کا پرانا ہو جانا۔

ٹانکے دینا۔ یا۔ لگانا (ہ) زخم یا جامہ وغیرہ کا سینا۔

ٹانکے کھلنا (ہ) سیون ادھڑنا۔ سلائی کھل جانا۔ بھید ظاہر ہو جانا۔

ٹانگیں۔ جزیرہ نمائے ہند چینی میں فرانسیسی مقبوضہ کا زرخیز علاقہ۔ ہینوئی صدر مقام ہے۔ اور اسی نام کی ایک خلیج بھی سمت جنوب ہے۔ کوئلہ بھی یہاں سے نکلتا ہے۔

ٹانگ (ہ امث) لنگ۔ لات۔ ران کی جڑ سے پاؤں تک کا عضو۔ حصہ۔ پتی۔ چہارم۔ چوتھائی حصہ۔

ٹانگ اڑانا (ہ) مزاحم ہونا۔ پاؤں پھنسانا۔ دخل دینا۔ کسی کام کے بنتے بیچ میں بولنا (پہلوان) ٹانگ کے پیچھے سے حریف کو گرانا۔

ٹانگ پسار کے سونا (ہ) بے فکر ہو کر سونا۔ بے خطر ہو کر سونا۔

ٹانگ تلے سے۔ یا۔ ٹانگ کے نیچے سے نکالنا (ہ) کسی کو عاجز کرنا۔ مغلوب کرنا۔ نیچا دکھانا۔ مطیع کرانا۔ ہرانا۔

ٹانگ تلے سے نکلنا (ہ) ہار ماننا۔ مطیع ہونا۔ مغلوب ہونا۔ جیں بولنا۔

ٹانگ توڑنا (ہ) بیکار کرنا۔ کسی کام کا نہ رکھنا۔ اپاہج کر دینا۔ معطل کرنا۔ کسی زبان کی ذرا سی واقفیت سے اس میں دخل دینا۔

ٹانگ دینا (ہ) لٹکا دینا۔ آویزاں کرنا۔ پھانسی دینا۔

ٹانگ سے ٹانگ باندھ کر بٹھانا (ہ) پہلو میں بٹھانا۔ پاس سے سرکنے نہ دینا۔

ٹانگ لینا (ار/ محاورہ) ٹانگ پکڑنا۔ کتے کی طرح کاٹنے کو دوڑنا۔ پیچھے پڑنا۔ سر ہونا۔ کاٹنا۔

ٹانگ لینا (ہ) ٹانگ پکڑنا۔ کتے کی طرح کاٹنا۔ کتے کا کاٹنا۔ سر ہونا۔ پیچھے پڑنا۔ لٹکا لینا۔ آویزاں کر لینا۔ جیسے سر نیزے پر ٹانگ لیا۔

ٹانگنا۔ لٹکانا۔ آویزاں کرنا۔ پھانسی دینا۔ پھانسی پر چڑھا دینا۔

ٹانگیں توڑنا (ہ) تھکنا۔ چکر لگانا۔ حیران ہونا۔ عاجز کر دینا۔

ٹانگیں ٹوٹنا (ار/ محاورہ) نہایت تھک جانا۔ تھک کر چور ہونا۔

ٹانگیں رہ جانا (ہ) بہت تھک جانا۔ چلنے سے رہ جانا۔ گٹھیا یا فالج وغیرہ کی بیماری سے ٹانگوں کا بیکار ہو جانا۔

ٹائپ (انگریزی امذ) چھاپے کے ڈھلے ہوئے حروف۔ ٹھپا۔ چھاپ۔ اسٹامپ۔ نقش۔ وضع۔ نمونہ۔ شکل صورت۔ طرز۔ ڈھنگ۔

ٹائپ رائٹر (انگریزی امذ) ٹائپ کرنے کی مشین۔ ٹائپ کرنے والا۔

ٹائپسٹ (انگ امذ) وہ شخص جو ٹائپ رائٹر سے چھاپے۔

ٹائٹل (انگریزی امذ) سرورق۔ کتاب کا پہلا ورق جس پر اس کا نام اور قیمت وغیرہ لکھی ہوتی ہے۔

ٹائر (انگریزی امذ) موٹر۔ ٹانگے اور بائیسکل وغیرہ کے پہیوں پر لگنے والا ربڑ۔

ٹائر (ہ/مذ) کمزور گھوڑا - بودا سا ٹٹو - تابع مہمل کی جگہ بھی بولتے ہیں -
ٹائم (انگریزی/مذ) وقت - ساعت -
ٹائم ٹیبل (انگریزی/مذ) نقشہ تقسیم اوقات - انضباط اوقات -
ٹائم کیپر (انگ/مذ) مزدوروں کی کارکردگی کے وقت کا حساب رکھنے والا -
ٹاؤن (انگریزی/مذ) قصبہ - شہر -
ٹاؤن ہال (انگریزی/مذ) پنچایتی مکان - شہر کا وہ مکان جس میں میونسپل کمیٹی کے ممبروں کا اجلاس اور شہر کا انتظام ہوتا ہے -
ٹائیں ٹائیں (ہ/مث) بکواس - کائیں کائیں - چیں چیں (طوطے کی آواز سے لیا گیا ہے)
ٹائیں ٹائیں فش (ا/محاورہ) بکواس بہت اور نتیجہ کچھ بھی نہیں -

ٹ ب

ٹب (انگریزی/مذ) کٹھڑا - اندر بیٹھ کر نہانے کا برتن - کٹھوتی -
ٹبر (ہ/مذ) خاندان - کنبہ - قبیلہ - کنم - اقربا - رشتہ دار - کنبے کا خرچ -
ٹبر چلنا (ہ) کنبے کا خرچ پورا ہونا - خاندان کا پرورش پانا جیسے انھیں کے سر پر تو میرا سارا ٹبر چلتا ہے -

ٹ پ

ٹپ (ہ/مذ) بگھی وغیرہ کا سائبان جو بارش یا دھوپ کے وقت کھول لیتے ہیں (مث) ٹپکنے کی آواز - بوند گرنے کی آواز - کود پھاند -
ٹپا (ہ/مذ) فاصلہ - زد - جیسے گولی کا ٹپا - ایک قسم کا گیت (دکن) ڈاک خانہ - پوسٹ آفس - کود - چھلانگ - ضلع - چکلا - پرگنے کا حصہ - موٹی سیون - دُور دُور کا ٹانکا - ایک قسم کا ٹھمک - کانٹا - پالکی لے جانے والوں کی ڈاک یا چوکی - بیڑا جو بادبانوں کے ذریعے سے چلایا جاتا ہے -
ٹپا بھرنا - یا - ڈالنا - یا - مارنا (ہ) موٹی سلائی کرنا - کوکنا - تیپچی بھرنا - لنگر ڈالنا - بے ترتیبی سے بڑھنا -
ٹپا کھانا (ہ) گولی یا گیند وغیرہ کا ٹکرا کر اچھلنا - ٹکرانا - چھٹنا -
ٹپے گانا (ا/محاورہ) بے کار بیٹھے رہنا - کچھ نہ کرنا -
ٹپے مارنا (ا/محاورہ) بے ڈھنگے طور سے پڑھنا - کودنا - لمبی چھلانگ لگانا -
ٹپانا (ہ) کدانا - پھندانا - چھلانگیں لگوانا -
ٹپا ٹپ (ہ) متواتر - پے درپے (مث) آنسوؤں کے برابر گرنے کی آواز -
ٹپ ٹپ (ہ/مث) ٹپکنے کی آواز - آنسوؤں یا پانی کے قطروں کے متواتر گرنے کی آواز -

ٹپر (ہ/مذ) چھپر جو پرانے چھپر پر ڈال دیا جاتا ہے -
ٹپس (ہ/مث) سہارا - وسیلہ - دعویٰ - ذرا سا تعلق - رسائی - تانک جھانک -
ٹپس جمانا } ٹپس لڑانا } ٹپس لگانا } (ہ) بنیاد ڈالنا - دعویٰ جمانا - تعلق پیدا کرنا - مطلب نکالنے کا ڈھنگ ڈالنا -
ٹپک (ہ/مث) درد زخم - ٹیس - پانی گرنے کی آواز -
ٹپک پڑنا (ہ) چکیدہ ہونا - برسنا - جلد مائل ہو جانا - پھوڑے کا پھوٹ جانا - ظاہر ہونا - کھل جانا - ضبط نہ ہو سکنا -
ٹپک نویس (ہ) غلط رپورٹ دینے والا (پورب میں)
ٹپکا (ہ/مذ) تقاطر - رساؤ - بوند بوند گرنا - پکا ہوا آم جو پیڑ پر پک کر گرتا ہے - دھبا انگلی سے لگایا ہوا رنگ گرا ہوا - جھڑا ہوا - چکیدہ -
ٹپکا پڑنا (ہ) نکل پڑنا - ضبط نہ ہو سکنا - کثرت یا زیادتی کے باعث کسی چیز کا بے ارادہ ظاہر ہوتے رہنا - گر پڑنا - مائل ہو جانا -
ٹپکا لگنا (ہ) نچڑنا - برسنا - چکیدگی - شروع ہونا - آموں کا درخت سے پک پک کر متواتر گرنا -
ٹپکانا (ہ) بوند بوند گرانا - برسانا - عرق نکالنا - نچوڑنا - چوانا - تھوڑا تھوڑا پانی ڈالنا -
ٹپکاؤ (ا/مذ) ٹپکنے کا عمل - تقطیر - عرق کشی -
ٹپکنا (ہ) برسنا - قطرہ قطرہ گرنا - ترشح ہونا - چھننا - نچڑنا - پھل کا درخت سے پک کر نیچے گرنا - ظاہر ہونا - نمایاں ہونا - کسی کی طرف مائل ہونا - پھسلنا - لڑائی میں زخمی ہو کر گرنا - جیسے اُن کے تیر سے بڑے بڑے کمان دار میدان جنگ میں ٹپک گئے - ٹیس اٹھنا - درد ہونا - پھوڑے کا پک کر پھوٹ بہنا -
ٹپنا (ہ) (گنوار) کودنا - پھاندنا - چھلانگ مارنا - سرپوش سے ڈھکنا - ڈھاکنا - مجفتی کھانا - جوڑا لگنا -
ٹپے ٹوئی (ہ/مث) تلاش - جستجو - تجسس - ٹٹول - ٹوہ بائی -

ٹ ٹ

ٹٹ پونجیا (ہ) تھوڑی پونجی والا - کم سرمائے والا - اوچھی پونجی والا - وہ شخص جس کی پونجی ٹوٹ گئی ہو -
ٹٹروں ٹوں (ہ/مث) ٹٹیری کی آواز - فاختہ کی آواز - تنہا - اکیلا - دم نقد - اپنے دم سے -
ٹٹری (ہ/مث) ٹاٹ - کاسہ سر - ڈھانچ -
ٹٹری گنجی ہونا (ہ) (دیکھو ٹاٹ گنجی ہونا)
ٹٹکارنا (ہ) ہانکنا - جانوروں کو ٹٹکاری دے کر آگے بڑھانا - چلانا - ایڑ لگانا -
ٹٹکاری } ٹٹکار } (ہ/مث) جانوروں کو ہنکانے کی آواز - مفت کی ٹیپ ٹاپ - زبانی جمع خرچ جیسے گاڑی بیل بیرکار کے ٹٹکاری کم یاروں کی -

اشارہ - سیٹی - آواز -

ٹٹکاری پر لگنا (ہ) اشارے پر لگنا - سیٹی یا آواز پر چلے آنا - ہل جانا - مانوس ہو جانا - آواز پہچاننا - آواز پر لگنا -

ٹٹو (ہ/مذ) چھوٹے قد کا گھوڑا - یابو - ٹانگن - ٹاٹو -

ٹٹو بڑھانا (اُر/محاورہ) چلے جانا -

ٹٹو پار ہونا (ہ) (عوام) کام کا انجام پذیر ہونا - کامیابی حاصل ہونا -

ٹٹو کو کوڑا اور تازی کو اشارا (اُر/مثل) عقل مند اشارہ پر کام کرتا ہے اور بے وقوف ڈنڈے سے سمجھتا ہے -

ٹٹول (ہ/مث) مَس - تلاش - تجسّس - جستجو - ڈھونڈ - ڈھنڈیا - آزمائش - امتحان -

ٹٹول دیکھنا (ہ) تلاش کر لینا - ڈھونڈ لینا - آزمائش کر لینا - امتحان کر لینا -

ٹٹول کرنا (اُر/محاورہ) تلاش کرنا - چھان بین کرنا -

ٹٹولنا (ہ) اندھیرے میں ہاتھ سے ڈھونڈنا - اندھے کا کسی چیز کو مَس کر کے دیکھنا - ہاتھ پھیرنا - چھُو کر معلوم کرنا - چھُونا - مَس کرنا - نشان دریافت کرنا - تلاش کرنا - کھوج لگانا - ڈھونڈنا - آزمانا - امتحان کرنا - آزمائش کرنا -

ٹٹّی (ہ/مث) بانس یا سرکنڈوں کا بندھا ہوا چھوٹا سا چھپر - آڑ - اوٹ - پردہ - پاخانہ - جائے ضرور - بیت الخلاء - بیاہ شادیوں کے موقع پر پھول وغیرہ کی آرائش جو تخت رواں پر لے جاتے ہیں - انگور کی بیل چڑھانے کی چھت یا لکڑی کی چار دیواری - شکار کھیلنے کی آڑ جسے شکاری ساتھ رکھتے ہیں -

ٹٹّی باندھنا (اُر/محاورہ) ٹٹّی بنا کر کسی جگہ لگانا -

ٹٹّی جانا (ہ) پیخانے جانا -

ٹٹّی کا آئینہ (ا/مذ) ایک قسم کا نہایت پتلا شیشہ -

ٹٹّی کا کا - جنوبی امریکہ میں خطِ جدی کے قریب انڈیز پہاڑ کے دو سلسلے ہیں - ان کے درمیان جھیل ٹٹّی کاکا ہے -

ٹٹّی لگانا (ہ) چق ڈالنا - پردہ کرنا - قنات کھڑی کرنا - اوٹ کرنا - بھیڑ لگانا - ہجوم کرنا -

ٹٹیا (ہ/مث) چھوٹی ٹٹّی - تحقیراً بھی بولتے ہیں - ٹاٹ کی تصغیر اور تحقیر دونوں -

ٹٹیری (ہ/مث) ایک پرندہ جس کی آواز پر اس کا نام پڑ گیا - یہ اپریل مئی میں اکثر بولتی اور انڈے دیتی ہے - ایک کھلونا جسے چکر دینے سے یہی آواز نکلتی ہے -

ٹ - چ

ٹچّا - یا - ٹُچا - یا - ٹُوشچا (ہ) کم ظرف - تنگ دل - کم حوصلہ - اوچھا - شیخی خورہ - لُچا - کمینہ - نالائق - پاجی - رذالہ - بے عزت - اوباش -

ٹ - خ

ٹخ ٹخ (ہ/مث) ٹک ٹک گدھے اور (تحقیراً) گھوڑے کے چلانے کی آواز -

ٹخنا (ہ/مذ) گٹا - ایڑی اور پنڈلی کے جوڑ پر اُٹھی ہوئی ہڈی -

ٹ - ڈ

ٹڈا (ہ/مذ) ایک قسم کا پر دار کیڑا جو آک کے درخت اور گھاس وغیرہ پر ہوتا ہے - جھینگا - پتلا دُبلا آدمی -

ٹڈی (ہ/مث) ملخ - ایک قسم کا پر دار کیڑا جو اکثر کھیتی کو بہت نقصان پہنچاتا ہے - اس کا دَل کا دَل آتا اور زراعت کو برباد کر دیتا ہے - درختوں کی چھال تک کو چٹ کر جاتا ہے -

ٹڈی دَل (ہ/مذ) ٹڈیوں کا بڑا گروہ - بہت بڑی فوج - نہایت بھیڑ بھاڑ - جمہورا نام - انبوہِ کثیر - مجمع عظیم -

ٹ - ر

ٹر (ہ/مث) مینڈک کے بولنے کی آواز - پوچ اور لغویات - ہٹ - ضد - اکھڑپن - عہد کے بعد کا میلہ - شیخی - خودستائی - بڑائی -

ٹرٹر (ہ/مث) بک بک - جھک جھک - گستاخی - مینڈک کی آواز -

ٹرٹرانا (ہ) (پورب) بک بک کرنا - بکنا - (خفارتاً) رونا - بڑبڑانا -

ٹر ہانکنا (اُر/محاورہ) بے ہودہ بکنا - شیخی بگھارنا -

ٹرّا (ہ) اکھڑ - بدمزاج - سخت گو - ڈھنگی - شوخ - شریر - بدذات - بکواسی - بک بک کرنے والا - مغرور - اترانے والا - گھمنڈی -

ٹرّانا (اُر/مص) سخت کلامی کرنا - بڑبڑانا - گستاخی کرنا -

ٹرّا (ہ) دانہ - حب - بیج - وہ اناج جو زیادہ صرف ہوا اور برکت نہ رکھتا ہو جیسے باجرا، موٹھ، جوار وغیرہ -

ٹرّا اناج (ہ/مذ) باجرا - موٹھ - جوار وغیرہ -

ٹرّاپن (ہ/مذ) بدمزاجی - اکھڑپن -

ٹرائی (ہ) (رگبی/مث) فتح کا نشان - کسی مقابلہ میں جیتا ہوا بڑا کپ -

ٹرّانا (ہ) مینڈک کا بولنا - بک بک کرنا - ٹرٹر کرنا - شور و غل مچانا - بے تُکا بولنا - گستاخی کرنا - شرارت کرنا -

ٹرپھس - یا - ٹرپھس (ہ/مث) شرارت - اکھڑپن - اکڑفوں - بدمزاجی - خشونت -

ٹرینگا - یا - ٹرینگا (ہ) (ٹیڑھا بانکا کا بگاڑ) کج مج - ٹیڑھا - بانکا - کجیرہ -
ٹرپھس کرنا (ہ) دنگا کرنا - اکڑنا - شرارت کرنا - بدمزاجی کرنا -
ٹری فالگر - وہ مقام جہاں ۱۸۰۵ء میں امیر البحر نیلسن نے فرانس اور سپین کے بحری بیڑے کو شکست دی تھی اور خود بھی مارا گیا تھا -
ٹرکانا / ٹرخانا (ہ) ٹالنا - بہانہ کرنا - حیلہ بہانہ بتانا -
ٹرن (انگریزی/ مث) باری - نوبت - دور - چکر -
ٹرونڈ ہجم - ناروے کی خلیج اور اس نام کا شہر بھی ہے جو ناروے کا دارالحکومت رہ چکا ہے - مچھلیوں کی تجارت ہوتی ہے - دور دور سے سیاح بھی آتے ہیں -
ٹرنک (انگریزی/ مذ) لوہے کا ہلکا صندوق -
ٹریٹر (انگریزی/ مذ) باغی - نمک حرام - دغاباز - بے وفا -
ٹریڈ (انگریزی/ مث) تجارت - سوداگری -
ٹریڈ مارک (انگریزی/ مذ) تجارتی نشان - مارکہ - کسی کارخانے کا اپنا خاص نشان -
ٹریڈ یونین (انگ/ مث) کسی تجارتی ادارے کے کارکنوں کی انجمن جو وہ اپنے حقوق کی حفاظت کے لیے کام کرتے ہیں -
ٹریڈل (انگریزی/ مث) پاؤں سے چلانے والی مشین جس میں ٹائپ یا بلاک چھپتے ہیں -
ٹریژری (انگریزی/ مذ) خزانہ -
ٹریس (انگریزی) کھوج - نشان - خاکہ -
ٹریفک (انگ/ مث) آمدورفت - انسانوں اور گاڑیوں کا سڑک پر سے گزرنا -
ٹریکٹر (انگ/ مذ) مشینی ہل - زمین جوتنے کی مشین -
ٹرین (انگریزی/ مث) سلسلہ - لڑی - قطار - زنجیر - ریل گاڑی -
ٹرینسوال - یہ نام ٹرانس اور وال سے مرکب ہے - دریائے وال سے پرلی طرف کا علاقہ اسی نام سے موسوم ہے - یہاں سونا بہت ہوتا ہے - پری ٹوریا دارالحکومت ہے -
ٹرینس کیسپین ریلوے - یہ ریل سائبیرین ریلوے کی برانچ ہے اور سمارا کے مقام سے الگ ہوتی ہے - بیراورن برگ تاشقند - سمرقند - خوقند سے گزرتی ہے - کرسنگو واڈسک بحیرۂ خزر کے کنارے بندرگاہ ہے -
ٹرینڈ (انگریزی) ماہر - واقف - واقف کار -
ٹریننگ (انگریزی/ مث) تعلیم و تربیت -
ٹریننگ سکول (انگریزی/ مذ) وہ مدرسہ جہاں استادوں کو تعلیم و تربیت کے اصول سکھائے جاتے ہیں -
ٹری ون ڈرم - ٹراونکور کا دارالحکومت اور ریلوے سٹیشن ہے - لکڑی - مسالا - ناریل اور قہوہ دساور کو جاتا ہے -

ٹ ڑ

ٹرڈو (ہ) (لغوی ٹرانے والا) (اصطلاحی) مینڈک - غوک - ایک کھلونا - جس پر جھلی منڈھی ہوتی ہے - اسے چکر دینے سے ٹرٹر کی آواز نکلتی ہے -

ٹ س

ٹسر (ہ/ مذ) کچا ریشم - ریشم کی ایک بہت گھٹیا قسم -
ٹسر ٹسر رونا (ہ) زار زار رونا - پھوٹ پھوٹ کر رونا - بسورنا -
ٹس سے مس نہ ہونا (ہ) بالکل حرکت نہ کرنا - جنبش نہ کھانا - ذرا رحم نہ کھانا - گداز نہ ہونا - نہ گلنا - ذرا نہ سرکنا - نہ ہٹنا -
ٹسر مسر (ہ/ مث) (عوام) ڈھیل - تیاری - ہچر مچر - سستی - وقفہ - توقف -
ٹسک (ہ/ مث) چمک - ٹیس - درد - ہول -
ٹسکا (ہ) (صحیح ٹھسکا) بچوں کی کھانسی - کھرکھری کی کھانسی -
ٹسکنا (ہ) ہلنا مچلنا - سرکنا - جنبش و حرکت کرنا - گلنا - گداز ہونا - ہول سا اٹھنا - درد معلوم ہونا - کسکنا - متاثر ہونا - کسی چیز پر کسی چیز کا اثر ہونا -
ٹسکنا (ہ) رونا - سسکنا - ٹسوے بہانا - گریہ کرنا - زاری کرنا - بسورنا -
ٹسکنی - اٹلی کا ایک صوبہ جہاں دریائے آرنو بہتا ہے - اور فلورنس مشہور ہے -
ٹسن (ہ/ مث) شرارت - تکرار - جھگڑا - بے ایمانی - پرخاش - بکھیڑا -
ٹسن کرنا - یا - لانا (ہ) بے ایمانی کرنا جھگڑا کرنا - شرارت کرنا -
ٹسوے - (ہ/ مذ) جھوٹ موٹ کے آنسو -
ٹسوے بہانا (ہ) آنسو بہانا - رونا - گریہ کرنا - جھوٹ موٹ رونا (دکھاوٹا)

ٹ ف

ٹفن (انگریزی/ مذ) انگریزوں کا دوپہر کا کھانا - لنچ -
ٹفن باسکٹ (انگریزی/ مذ) کھانا رکھنے کا ڈبہ -

ٹ ک

ٹک (ہ/ مث) (ہ) مزاج - طبیعت - خاصیت - نظر تاکنے کا عمل - ٹکٹکی -
ٹک ٹک کرنا (ہنگ/ مذ) (مص مرکب) چلتے ہوئے گھڑی کا آواز دینا -
ٹک (ہ) ذرا - اندک - کچھ - ذرا سی دیر - تھوڑی دیر کے لیے -
ٹک جیا تو کیا جیا (ہ/ مثل) ذرا سی راحت پائی تو کیا پائی - ذرا سے آرام کا کیا لطف -

ٹک سا (ہ) ذرا سا۔ یونہی سا۔ واجبی سا۔
ٹکا (ہ/مذ) روپیہ۔ دو پیسے کا سکہ۔ ادھنی (پوربی) روپیہ۔ دام۔ نقدی۔
ٹکا پاس نہیں (ہ) مفلس ہے۔ کنگال ہے۔ کوڑی پاس نہیں۔
ٹکا سا جواب دینا (ہ) صاف جواب دینا۔ کورا جواب دینا۔ ترت جواب دے دینا۔ فوراً نہ کر دینا۔
ٹکا سی جان۔ یا۔ دم (ہ) (۱) مث (۲) مذ۔ اکیلی جان۔ اکیلا دم۔ دم نقد۔
ٹکانا (ہ) سہارا لینا۔ روکنا۔ ٹھہرنا۔ مکان یا سرائے میں قیام کرانا۔ جگہ دینا۔ مارنا۔ لگانا۔ جیسے اُس نے بھی دو مکے خوب زور سے ٹکائے۔ دینا۔ ادا کرنا۔ جیسے چار کی جگہ دو ہی پیسے ٹکائے۔
ٹکا گانٹھ میں ہونا (ا/ محاورہ) مال دار ہونا۔ آسودہ حال ہونا۔
ٹکاؤ (ہ) دیرپا۔ پائدار۔ مضبوط۔
ٹکاؤ (ہ/مذ) قیام۔ ٹھہراؤ۔ قرار۔
ٹکٹ (انگریزی/مذ) پرچہ۔ دستاویز۔ اجازت نامہ۔ پاس۔ چپراس۔ بیجک۔ دھاگوں کا پتا۔ بل۔ بیجک۔ سوداگری کے مال کا اوپر کا پرچہ۔ بیجک کی چٹھی۔ بٹی۔ چندہ اجرت۔ قیمت۔ اسٹامپ۔ ڈاک خانے کے محصول کا اسٹامپ۔ ٹیکس۔ محصول۔ جزیہ۔ لگان۔ باچھ۔ مال سوداگری کا خاص محصول۔
ٹکٹ کلکٹر (انگریزی) ریل کے ٹکٹ بانٹنے اور جمع کرنے والا بابو۔
ٹکٹ گھر (ا/ مذ) ریل کے ٹکٹ ملنے کی جگہ۔
ٹکٹ لگانا (ا) خطوں وغیرہ پر اسٹامپ چسپاں کرنا۔ ٹیکس لگانا۔
ٹکٹکی (ہ/مث) تاک۔ برابر دیکھے جانا۔ گھورنا۔ مجرموں کو سزا کے بید دینے یا کوڑے مارنے کے لیے اُن کے ہاتھ پاؤں باندھنے کی تپائی۔
ٹکٹکی باندھنا (ہ) برابر دیکھے جانا۔ تاکنا۔ پلک نہ جھپکانا۔ گھورنا۔ آنکھیں لڑانا۔
ٹکٹکی سے باندھنا (ہ) سزائے تازیانہ دینا۔ تپائی سے باندھ کر بید مارنا۔
ٹکر (ہ/مث) دھکا۔ صدمہ۔ آسیب۔ ٹھوکر۔ دو چیزوں کا باہم لڑ جانا۔ مقابلہ۔ برابری۔ ہمسری۔ مقابل۔ برابر۔ جوڑ۔ ہمسر۔ نقصان۔ ضرر۔ ٹوٹا۔ جیسے چار روپے کی ٹکر لگ گئی۔
ٹکر کھانا (ہ) لڑ جانا۔ مڈبھیڑ ہو جانا۔ صدمہ اُٹھانا۔ نقصان اُٹھانا۔ ضرب کھانا۔ چوٹ لگنا۔ بھڑنا۔ لڑنا۔ مقابل ہونا۔ برابر ہونا۔
ٹکر لڑانا (ہ) سر لڑانا۔ ماتھے سے ماتھا لڑانا۔
ٹکر مارنا (ہ) سر مارنا۔ سر کا دھکا دینا۔ ریاکاری کی نماز پڑھنا۔ بے دلی سے نماز ادا کرنا۔ بے فائدہ کوشش کرنا۔ بہت کوشش کرنا۔ سر سے سر لڑانا۔ مشک بازی کرنا۔
ٹکرانا (ہ) ٹکر کھانا۔ لڑ جانا۔ بھڑ جانا۔ ٹکر لگانا۔ ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔ حیران و سرگرداں پھرنا۔ ڈانواں ڈول پھرنا۔ اندھیرے میں تلاش کرنا۔ ٹٹولنا۔

ٹکر ٹکر (ا/ متعلق فعل) حیرت سے۔ حسرت سے۔ شوق سے۔
ٹکری (ہ/مث) ایک درخت کا نام۔ ایک قسم کی زمین جو نمی محفوظ نہیں رکھتی۔
ٹکریں مارنا (ا/ محاورہ) دیکھیے "ٹکر مارنا"
ٹکڑ (ہ/مذ) ٹکڑی سے اسم مکبر ہے۔ موٹی اور سخت روٹی۔
ٹکڑا (ہ/مذ) ٹوک۔ حصہ۔ جزو۔ پارہ۔ پھانک۔ قطعہ۔ پرچہ۔ ریزہ۔ روٹی کا نوالہ۔ لقمہ۔ روٹی۔ رزق۔ روزی۔ جیسے لگا لگایا ٹکڑا کھونا اچھا نہیں۔
ٹکڑا دینا (ہ) روٹی کا ٹکڑا فقیر وغیرہ کو دینا۔ رزق دینا۔ وظیفہ مقرر کر دینا۔
ٹکڑا سا توڑ کے ہاتھ میں دینا (ہ) دوٹوک جواب دینا۔ بالکل لگی لپٹی نہ رکھنا۔
ٹکڑا مانگنا (ہ) گداگری کرنا۔ بھیک مانگنا۔
ٹکڑ گدا (ا/مذ) بھکاری۔ بھیک مانگنے والا فقیر۔
ٹکڑوں پر پڑنا (ہ) غیروں کی کمائی کھانا۔ مفت کی روٹیاں چیرنا۔ بیگانے سہارے پر رہنا۔ پرائی روٹی پر پڑنا۔
ٹکڑے اُتارنا (ہ) پرزے پرزے اُڑانا۔ دھجیاں اڑانا۔ کسی کے جسم کو تلوار وغیرہ سے پارہ پارہ کرنا۔
ٹکڑے پکانا (ہ) سوکھی روٹی یا نان کے ٹکڑوں کو دودھ میٹھا وغیرہ ڈال کر پکانا۔
ٹکڑے توڑنا (ہ) کسی کے ہاں مفت کی روٹیاں کھانا۔ پرائی آس رکھنا۔
ٹکڑے کرنا (ہ) پرزے کرنا۔ پارہ کرنا۔ بانٹنا۔ حصے کرنا۔
ٹکڑے ٹکڑے کرنا (ہ) پارہ پارہ کرنا۔ دھجیاں بکھیرنا۔ پاش پاش کرنا۔
ٹکڑی (ہ/مث) شیشے یا آئینے کا ٹکڑا۔ کبوتروں یا پرندوں کا غول۔ جھلڑ۔ گروہ۔ جتھا (عوام) کپڑے کا تھان۔ کانک شدی پور نماشی کے تھان کا میلا۔
ٹکڑی (ہ/مث) چھوٹی روٹی۔ چپتی۔ قرص۔
ٹکس (انگریزی/مذ) ٹیکس۔ محصول۔
ٹک سا (ہ) ذرا سا۔ تھوڑا سا۔ قدرے۔ اندکے۔ رتی بھر۔
ٹکسال (ہ/مث) سکے بننے کی جگہ۔ دارالضرب۔ سکہ خانہ۔ روپے پیسے بنانے کا کارخانہ۔
ٹکسال چڑھنا (ہ) کھرا کھوٹا پرکھا جانا۔ ماہر و کامل مانا جانا۔ واجب تسلیم اُستاد ہو جانا۔ بے حیائی اور گستاخی میں کامل ہو جانا۔
ٹکسال کا کھوٹا (ہ) کم اصل۔ کمینہ۔ بدذات۔ حرام زادہ۔
ٹکسال میں دھکا لگ جانا (ا/ محاورہ) بہت خرچ ہو جانا۔
ٹکسالی (ہ/مذ) دار و غہ دارالضرب۔ آزمودہ۔ منظور شدہ۔ رائج الوقت۔ مانا ہوا۔ مستند۔ مُسلّم۔
ٹکسالی بات (ہ/مث) کھری بات۔ جچی ہوئی بات۔
ٹکسالی بول۔ یا۔ زبان (ہ/مث) فصیح زبان۔ مستند زبان۔ مانی ہوئی بات۔
ٹکلی (ہ/مث) (پوربی) بندی۔ ماتھے کا زیور۔ ستارہ۔

ٹکنا (ہ) قیام کرنا - مقیم ہونا - ٹھہرنا - رُکنا - رہنا - تہہ نشین ہونا - پیچھے بیٹھنا -

ٹکنا (ہ) سیاجانا - ٹانکا جانا - جڑا جانا - سوہن یا ریتی کے دندانوں کا تیز ہونا - میٹھے سوہن کا تیز ہونا - سوہان یا ریتی کے خار نکلنا -

ٹکوا (ہ/مذ) چارہ کاٹنے کا اوزار (ٹوکہ) چھوٹی کلہاڑی -

ٹکور (ہ/مث) ضرب - چوٹ - ہلکا دھکا - خفیف صدمہ - گرم چیز سے کسی عضو جسم کو سینکنا - نوبت کی آواز - صدائے نقارہ -

ٹکور کرنا (ا/مص/مرکب) سینکنا - گرمی یا حرارت پہنچانا - پوٹلی وغیرہ سے سینکنا -

ٹکورا (ہ/مذ) آلہ - ڈنکا - نوبت کی آواز -

ٹکورنا (ہ) سینکنا - پوٹلی سے کسی عضو کو گرم کرنا - گرمی پہنچانا -

ٹکی (ہ/مث) ٹکیا - چھوٹی روٹی -

ٹکی لگنا (ا/محاورہ) فائدہ حاصل ہونا - مطلب کے موافق کام ہونا - دال گلنا - کامیاب ہونا -

ٹکیا (ہ/مث) چھوٹی روٹی - چکتی - تمباکو کی گول گتی - ٹیری - ٹکری - ماتھا - پیشانی - جبین -

ٹکے (ا/مذ) دیکھئے "ٹکا" جس کی یہ جمع اور مغیرہ صورت ہے -

ٹکے کی نہاری میں ٹاٹ کا ٹکڑا (ہ) کہاوت - سستی چیزمیں کوئی نہ کوئی خرابی ضرور ہوتی ہے -

ٹکے گز کی چال (ہ/مث) میانہ روی - کفایت شعاری سے زندگی بسر کرنا -

ٹکے گننا (ہ) حقے کا کڑا کے سے بولنا - خوب گڑگڑ کرکے بولنا -

ٹ ل

ٹلا (ہ/مذ) دھکا - ٹکور - ضرب -

ٹلا نویسی کرنا (ا) (لغوی) دھکے لگنا (مجازاً) تضییع اوقات کرنا - خالی پھرنا - حیلہ بہانہ کرنا - ناجائز خدمت کرنا - بیکار پھرنا -

ٹلانا (ہ) ٹلنا کا متعدی المتعدی -

ٹل جانا (ہ) ہٹ جانا - سرک جانا - بے جگہ ہوجانا - جیسے ناف ٹل جانا - چلا جانا - علیحدہ ہوجانا - گزر جانا - نکل جانا - غائب ہوجانا - مر جانا -

ٹلکنا (ہ) سہج سہج چلنا - آہستہ چلنا - گزرنا - مرنا - پھسل گرنا - پھل ٹپکنا -

ٹلنا (ہ) ٹالنا کا امر - جگہ سے ہٹنا - سرکنا - الگ ہونا - بچنا - غائب ہونا - چلا جانا - گزرنا - بیتنا - بہانے سے چلا جانا - آہستہ آہستہ چلا جانا -

ٹلوا (ہ/مذ) گرہ دار ٹیڑھی لکڑی - ٹیڑھی گیڑی - سر مونڈنے کا اُسترہ - ریگ رب (خوشامدی - چاپلوس) دھتکارنا - پست قد چھوٹا سا آدمی -

ٹلی ٹلی (ہ/مث) بیچ کی انگلی ملا کر چڑانے کی آواز -

ٹ م

ٹما (ہ/مذ) باؤلا آدمی - ٹھنگنا آدمی - نہایت پستہ قد آدمی -

ٹماک - یا - ٹماخ (ہ/مث) زنانہ نمود - غرور - کروفر - نخوت - شانِ شوکت - بناؤ سنگار - ٹیپ ٹاپ -

ٹمٹم (انگریزی/مث) دو پہیوں کی انگریزی گاڑی جس پر سایہ وغیرہ نہ ہو -

ٹمٹمانا (ہ) کم روشنی دینا - جھلملانا - چراغ کا بجھنے کے قریب ہونا - ستاروں کی سی روشنی دینا - قریب مرگ ہونا - آنکھوں کے ساتھ ذرا کی ذرا کھولنے کے معنی دیتا ہے -

ٹمکی (ہ/مث) چھوٹا تاشہ - چھوٹا نقارہ -

ٹمکی بیٹنا (ا/محاورہ/مذ) ڈھنڈورا پیٹنا -

ٹمنا (ا/مص/ل/مذ) چھیڑنا -

ٹ ن

ٹن (ہ/مث) گھنٹے یا کسی دھات کے برتن کی آواز - جھنکار - (لوب) غرور - تکبر - شیخی - پیچ - طرفداری - پاسِ سخن -

ٹن (انگریزی/مذ) ۲۸ من کا وزن - ۲۲۴۰ پونڈ کا وزن -

ٹن (انگریزی/مذ) ٹین - انگریزی لوہا - ایک نرم دھات - لوہے کا نہایت پتلا ملمع دار تختہ -

ٹنا (ہ/مذ) بینگن - کدو وغیرہ کے پیندے کی سخت لکڑی -

ٹنٹا (ہ/مذ) قضیہ - جھگڑا - تکرار - حجت - پرخاش - ردوکد -

ٹنٹا (ہ/مذ) بن ہاتھ کا آدمی - لنجا - ایک ہاتھ والا آدمی -

ٹنٹ سن - پیکن کی بندرگاہ - جاڑوں میں برف کی طرح جم جاتی ہے - دریا کے رستے سے پیکن سے ۸۰ میل ہے -

ٹن ٹن (ہ/مث) گھنٹے یا دھات کے برتن کی آواز -

ٹنٹنانا (ہ) گھنٹہ بجانا - ٹن ٹن کرنا -

ٹنچ (ہ) حقیر - کم مایہ - کم ظرف - خفیف - ذرا سا -

ٹنچ بھڑانا - یا - لڑانا (ہ) تھوڑے سرمائے سے بڑا کام کرنا - تھوڑی پونجی سے جوا کھیلنا اور آہستہ آہستہ جیتنا -

ٹنچ (ہ) ہوشیار - آمادہ - مستعد - لیس - بخیل - سنگدل - چالاک - ہوشیار -

ٹنچن - یا - ٹچن (انگریزی) اٹینشن کا بگاڑ - دھیان - توجہ - غور - خیال - لیس - تیار - آمادہ - مستعد - چالاک - ہوشیار -

ٹنڈ (ہ/مذ) کٹا ہوا ہاتھ یا ٹہنی -

ٹنڈا (ہ/مث) دھنا - لوٹا - مٹی کا وہ برتن جو رہٹ میں کام دیتا ہے -

ٹنڈا (ہ) بے ہاتھ کا - ہاتھ کٹا - لنجا -

ٹنڈا (ہ/مذ) ایک قسم کی سبز ترکاری (طنزاً) موٹا اور ٹھنگنا آدمی -

ٹُنڈی (ہ/مث) گنوار۔نات۔سونڈی۔بازو۔ ڈنڈا۔ایک ہاتھ والی عورت۔

ٹُنڈیاں (ہ/مث) ٹُنڈی کی جمع۔ ڈنڈا۔مشکیں۔ٹُنجیاں۔

ٹُنڈیاں باندھنا } (ہ) مُشکیں باندھنا۔مجرم کے ہاتھوں
ٹُنڈیاں کسنا۔یا۔کھینچنا } یا بازوؤں کو جکڑنا۔آج کل ہتھکڑیاں لگانا مستعمل ہے۔

ٹُنڈیل (ذ/مذ) خلاصیوں کا افسر۔میٹ۔میگزین کا داروغہ۔ قلیوں کا افسر۔

ٹُنک (ہ/مث) سخت آواز۔جھنکار۔

ٹُنکار (ہ/مث) جھنکار۔تانت کی آواز۔دھات کے برتن کی آواز۔

ٹُنکارنا (ہ) بجانا۔آواز نکالنا۔روپیہ بجانا۔کمان کی تانت کو کھینچ کر آواز نکالنا۔چینی یا مٹی کے برتن کو بجا کر ٹوٹا او رثابت دیکھنا۔

ٹُنگ (ہ/مث) ٹانگ کا مخفف۔

ٹُنگار (ہ/مث) ٹھوڑا ٹھوڑا کھانا۔ٹھونگنا۔پھل توڑنا۔

ٹُنگارنا (ہ/مث) چونچ مارنا۔ٹھوڑا ٹھوڑا کھانا۔پھل توڑنا۔

ٹُنگاری (ہ/مث) چھوٹی کلہاڑی۔

ٹُنگری (ہ/مث) ٹانگ کی تصغیر۔

ٹُنگری پر اڑنا (ہ) ٹانگ کے داؤں پر گرانا۔ٹانگ مار کر گرانا۔اڑنگا مارنا۔اڑنگا لگانا۔

ٹُنگنا (ہ) ٹکنا۔پھانسی پر چڑھنا۔الگنی۔جس پر کپڑے لٹکائے جاتے ہیں۔

ٹُنہایا (ہ/مذ) جادوگر۔افسوں گر۔ٹونا کرنے والا۔

ٹُنیا۔یا۔ٹُنیاں (ہ) پست قد۔ٹھگنا۔چھوٹا۔چھوٹے قد کا۔

ٹ ۔ و

ٹوپ (ہ/مذ) بڑی ٹوپی۔جاڑوں میں پہننے کا کنٹوپ۔خود۔مغفر۔لڑائی میں پہننے کی لوہے کی ٹوپی۔غلاف۔پوشش۔انگشتانہ۔

ٹوپا (ہ/مذ) ٹانکا۔سیون۔سلائی۔روئی والی ٹوپی۔کنٹوپ۔

ٹوپا بھرنا (ہ) ٹانکا لگانا۔ٹانکا بھرنا۔سینا۔

ٹوپی (ہ/مث) کلاہ۔تاج۔شکاری جانوروں کے منہ پر چڑھانے کی تھیلی۔بندوق کا ٹوپا تھا۔پھل کے اوپر کا خول۔

ٹوپی اُچھالنا (ہ) خوشی کرنا۔وجد کرنا۔خوشی سے کودنا۔پگڑی اُچھالنا۔بے عزتی کرنا۔

ٹوپی بدلنا (ہ) کسی کو بھائی بنالینا۔نہایت گہری دوستی پیدا کرنا۔

ٹوپی بدل بھائی (ذ/مذ) وہ بھائی جس سے ٹوپی بدل کر اُسے دینی اور دنیوی بھائی بنالیا گیا ہو۔پگڑی بدل یار۔جانی دوست۔

ٹوپی پر ہاتھ ڈالنا (ذ/محاورہ) پگڑی اُتارنا۔بے عزتی کرنا۔توہین کرنا۔

ٹوپی دار بندوق (ذ/مث) پٹاخے دار بندوق۔وہ بندوق جو پٹاخے کے ذریعے سے چلے۔توڑے دار کے خلاف۔

ٹوپی والا (ہ/مذ) ٹوپی پہننے والا۔(مجازاً) انگریز۔فرنگی۔

ٹوٹ (ہ/مث) شکستگی۔ٹوٹن پھوٹن۔وہ عبارت یا چھوٹا ہوا فقرہ جو لعد میں درستی کے وقت حاشیے پر لکھ دیتے ہیں۔

ٹوٹ پڑنا (ہ) گر پڑنا۔دل و جان سے کسی کام پر ہمہ تن لگ جانا۔حملہ کرنا۔بے جگری سے دھاوا بولنا۔

ٹوٹ پھوٹ کر ملنا۔یا۔ایک ہونا (ہ) ٹکڑے ٹکڑے ہو کر مل جانا۔بالکل ایک جان ہو کر ملنا۔

ٹوٹ جانا (ہ) شکستہ ہو جانا۔پھوٹ جانا۔علیحدہ ہو جانا۔جدا ہونا۔جیسے رشتہ داروں کا ٹوٹ جانا۔بیماری سے لاغر ہو جانا۔قرض یا نقصان یا اسراف سے تنگ حال ہونا۔پانی کم ہو جانا۔توڑا ہونا۔کمی ہو جانا۔قطع تعلق ہونا۔دشمن ہونا۔پانی کنوئیں میں نہ رہنا۔تہہ نکل آنا۔

ٹوٹ کر۔یا۔ٹوٹ کر برسنا (ہ) بڑے زور سے برسنا۔شدت سے برسنا۔

ٹوٹ کر گرنا (ہ) ہجوم کر کے حملہ کرنا۔چاروں طرف سے گرنا۔کسی کام کے سر ہو جانا۔

ٹوٹا (ہ) شکستہ۔چھوٹا ہوا۔ناقص۔قابل مرمت۔تھکا ماندہ۔مفلس۔بے زر۔کنگال۔خسران زدہ۔

ٹوٹا پھوٹا (ہ) (دیکھو ٹوٹا)

ٹوٹا (ہ/مذ) بانس کا ٹکڑا۔موم بتی کا بچا ہوا ٹکڑا۔نقصان۔خسارہ۔خسران۔کارتوس (ہندو لوگ) کمی۔توڑا۔جیسے اس کا ٹوٹا نہیں۔معاوضہ۔تاوان۔ہرجانہ۔ایک قسم کی آتشبازی۔

ٹوٹا اٹھانا۔یا۔سہنا (ہ) خسارا اٹھانا۔نقصان اُٹھانا۔

ٹوٹا بھرنا۔یا۔دینا (ہ) تاوان دینا۔نقصان پورا کرنا۔معاوضہ دینا۔

ٹوٹا پڑنا (ہ) کمی پڑنا۔نقصان ہونا۔خسارہ پڑنا۔گھاٹا ہونا۔

ٹوڑوسا (ہ) اکیلا۔تنہا۔واحد۔

ٹوڑوسا دم (ذ/مذ) اکیلا دم۔تن تنہا۔اکیلی جان۔

ٹوٹکا (ہ/مذ) جادو۔افسوں۔ٹونا۔طلسم۔سحر۔جنتر منتر۔

ٹوٹکا کرنا (ہ) جادو کرنا۔ٹونا کرنا۔

ٹوٹکا کرنے آنا (ہ) جلد آکر فوراً واپس چلے جانا۔کھڑے کھڑے آنا۔

ٹوٹکا ہونا (ذ/محاورہ) جادو ہونا۔ٹونا ہونا۔کسی بات کا جلدی سے ہو جانا۔

ٹوٹکوں سے گاجیں نہیں ٹلتی ہیں (ذ/مثل) معمولی تدبیر سے بڑے کام انجام نہیں پاتے۔

ٹوٹکے ہائی (ہ/مث) جادو کرنے والی۔جادوگرنی۔وہ عورت جو ہر ایک کے بچوں یا ہر بال بچے والی عورت پر جادو کرتی پھرے۔

ٹوٹن (ہ/مث) کسی چیز کا ٹوٹا ہوا حصہ۔چورا۔ٹکڑے۔

ٹوٹنا (ہ) شکستہ ہونا۔ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔پھوٹنا۔کسی پر ہجوم کرنا۔مل کر

حملہ کرنا ۔ گرنا ۔ نازل ہونا ۔ جھکنا ۔ علیحدہ ہونا ۔ جُدا ہونا ۔ کم ہونا ۔ نہ نکل آنا ۔ جیسے کنویں میں پانی ٹوٹ گیا ۔ نہر یا نالی کے اندر سے نکل جانا ۔ جیسے نہر کا پانی ٹوٹنا ۔ کمی ہونا ۔ تھوڑا ہونا ۔ ناتواں ہونا ۔ کمزور ہونا ۔ مُفلس ہونا ۔ تنگدست ہونا ۔ اعضا شکنی ہونا ۔ جیسے بدن ٹوٹنا ۔ پھل اُترنا جیسے آم ٹوٹنا ۔ لقایا میں رہنا ۔ جیسے روپیہ ٹوٹنا ۔ نقصان ہونا ۔ خسارہ ہونا ۔ واقع ہونا ۔ وارد ہونا ۔ جیسے مصیبت ٹوٹنا ۔ تباہ ہونا ۔ برباد ہونا ۔ موت آنا ۔ جیسے ٹوٹی کی بوٹی نہیں ۔ جڑھنا ۔ پھٹنا ۔ جیسے سونے سے کان ٹوٹ گئے ۔

ٹوٹی باتھ گلے پڑنا (ہ) دُوسرے کا بوجھ اپنے اُوپر پڑنا ۔ اپاہج یا کسی عزیز و خویش کا خرچ اپنے ذمے پڑنا ۔

ٹُور (انگریزی / مذ) سفر ۔ گشت ۔

ٹورا (ہ) بدوضع ۔ غیر موزوں ۔ ٹھنگنا ۔ لونا ۔

ٹورنامنٹ (انگریزی) گیند ۔ بلّا ۔ ہاکی وغیرہ کسرتی کھیلوں کا مقابلہ ۔

ٹوری یا ۔ ٹوڑی (ہ / مث) ایک راگنی ۔ شاہ پرست آدمی ۔ خوشامدی ۔

ٹوسا (ہ / مذ) ڈوڈا ۔ خوشہ ۔ آک کا پھل ۔ جوار باجرے وغیرہ کا خوشہ ۔ ریشہ ۔ بھوسڑا ۔

ٹوک (ہ / مذ) پارہ ۔ پارچہ ۔ ٹکڑا ۔ جُزو ۔ حصّہ ۔

ٹوک (ہ / مث) (ٹوکنا کا حاصل مصدر) بر نظر ۔ ممانعت ۔ مزاحمت ۔ روک ۔ تعرض ۔ (ان معنی میں روک کے بعد اور ساتھ آتا ہے)

ٹوک ٹاک (ہ / مث) مزاحمت ۔ روکا ٹوکی ۔ پُوچھ گچھ ۔ دیکھ بھال ۔

ٹوکرا (ہ / مذ) سبد ۔ ڈلا ۔ جھابا ۔ چھوٹی سی کشتی ۔ بجرا ۔ ڈونگا ۔

ٹوکری (ہ / مث) چھوٹا ٹوکرا ۔

ٹوکری ڈھونا (ہ) قُلی کا کام کرنا ۔ ادنیٰ درجے کا کام کرنا ۔

ٹوکنا (ہ / مذ) کلسا ۔ پانی رکھنے کا ایک بڑا پیتل کا برتن ۔

ٹوکنا (ہ) روکنا ۔ مزاحم ہونا ۔ پُوچھنا ۔ دریافت کرنا ۔ نظر لگانا ۔ حسد کرنا ۔ جلنا ۔

ٹوکی (ہ / مث) وہ کپڑا جو جاکٹ کے اُوپر لگایا جاتا ہے ۔

ٹوِل (ا / مذ) ایک قسم کا کپڑا جس کی بناوٹ کھیس کی سی ہوتی ہے ۔ مُرغ سپڑا ۔ قند ۔ حلوان ۔

ٹول (ہ / مذ) صدمہ ۔ دھکا ۔ نظفہ ۔ گروہ ۔ جتھا ۔ جماعت ۔ گاؤں ۔

ٹول (انگریزی / مذ) سڑک کا محصُول ۔ چُنگی ۔

ٹول کلکٹر (انگریزی / مذ) محصُول وصول کرنے والا ۔

ٹولا (ہ / مذ) محلّہ ۔ کوچہ ۔ سنگریزہ ۔ روڑا ۔ پتھر وغیرہ کا ٹکڑا ۔ دھبہ ۔ نیل ۔ چوٹ کا نشان ۔ بڑی کوڑی ۔ کوڑا ۔

ٹولا پڑنا (ہ) نیل پڑنا ۔ ضرب کا نشان ہوجانا ۔ دھبہ پڑنا ۔

ٹولنیاں (ا / مث) نخرے ۔ غمزے ۔ ادائیں ۔

ٹولی (ہ / مث) جماعت ۔ جتھا ۔ گروہ ۔ غول ۔ پتھر کی سل ۔

ٹولیڈو ۔ ہسپانیہ کا دارالحکومت ۔ میڈرڈ کے جنوب مغرب میں دریائے ٹیگس پر واقع ہے ۔

ٹوم (ہ / مث) گہنا ۔ زیور ۔ سنگار ۔ خوب صُورت ۔ معشوق ۔ حسین عورت ۔ مالدار عورت ۔ چالاک ۔ ہوشیار ۔ چلتا پُرزہ آدمی ۔

ٹوم چھلا (ہ / مذ) ادنیٰ زیور ۔ چھوٹا موٹا گہنا ۔

ٹوم دینا (ا / محاورہ) کبوتروں کو چھتری پر سے اُبھارنا ۔ بکو کا دینا ۔ کمشنی مارنا ۔

ٹومنی (ہ / مث) ٹھوکا ۔ ضرب ۔ ٹھوکر ۔

ٹوں (ہ / مث) آوازِ گوز ۔ پوں ۔

ٹونا (ہ / مذ) جادو ۔ افسون ۔ منتر ۔ طلسم ۔ سحر ۔ شادی کے موقع کا ایک گیت ۔

ٹونٹ (ہ / مث) (دیکھو ب) ۔ چونچ ۔ منقار ۔

ٹونٹی (ہ / مذ) ٹونٹی ۔ پرنالہ ۔ لوٹے یا بدھنے کی نل جس میں سے پانی نکالتے ہیں ۔

ٹونڈی (ہ / مث) سونڈی ۔ ناف ۔ گاجر مولی وغیرہ کی نوک ۔

ٹونک (راجپوتانہ (بھارت) میں ایک ریاست ۔

ٹونگا ٹونگی (ہ / مث) تھوڑا تھوڑا کھانے کا عمل ۔

ٹوہ (ہ / مث) ٹٹول ۔ تلاش ۔ تجسّس ۔ دیکھ بھال ۔ نگہبانی ۔

ٹوہ لوہ رکھنا (ہ) خبر رکھنا ۔ نگہبانی رکھنا ۔

ٹوہ رکھنا (ہ) خیال رکھنا ۔ تلاش رکھنا ۔ خبر رکھنا ۔

ٹوہ لگانا (ہ) کھوج لگانا ۔ خبر لگانا ۔ سُراغ لگانا ۔ پتا لگانا ۔

ٹوہ میں رہنا (ہ) تلاش میں رہنا ۔ عیب جوئی کے درپے رہنا ۔

ٹوہنا (ہ) ڈھونڈنا ۔ تلاش کرنا ۔ کھوج لگانا ۔ ہاتھ ڈالنا ۔ ہاتھ لگانا ۔ چھیڑنا ۔ جیسے میاں نے ٹوہی ۔ گھر بار سے کھوئی ۔

ٹوہیا (ہ) تلاش کرنے والا ۔ کھوج لگانے والا ۔ جاسوس ۔ مُخبر ۔ خبر رساں ۔

ٹوئی (ہ / مث) نیزے کی پوری ۔ قلم ، جوار وغیرہ کے ڈانڈے کی پوری ۔

ٹھ

ٹھاہ (ہ / مث) جگہ ۔ استھان ۔ مکان ۔ مقام ۔ مدھم ۔ آواز ۔ متوسط آواز میں گانا ۔ گانے میں آواز اُونچی کرنے کی حد ۔

ٹھاٹ ۔ یا ۔ ٹھاٹھ (ہ / مذ) بانس کا چوکھٹا ۔ پنجر ۔ ڈھانچہ ۔ نقش ۔ طرز ۔ ڈھنگ ۔ سجاوٹ ۔ آرائش ۔ زیب و زینت ۔ شان و شوکت ۔ جلوس ۔ شان ۔ سواری ۔ پٹا بازوں کے کھیلنے کا انداز ۔ پینترا ۔ اسباب ۔ مال و متاع ۔ دھن دولت جیسے سب ٹھاٹ پڑا رہ جائے گا ۔ پرندوں کا پر جھاڑ کر خوشی کرنا ۔ ستار کی کھونٹی کا دُرست کرنا ۔ بناوٹ ۔ کثرت ۔ تو ڑا کی بند ۔ ساز و سامان ۔ تکلف جیسے ہم فقیری میں بھی امیری ٹھاٹ رکھتے ہیں ۔ ہنگامہ ۔ دھوم دھام ۔ آرام ۔ چین ۔

ٹھاٹ باندھنا (ہ) ڈھانچا قائم کرنا ۔ ٹٹی باندھنا ۔ پٹے بازوں کا قاعدہ خاص سے کھڑا ہونا ۔

ٹھاٹ بدلنا (ہ) نیا انداز بدلنا ۔ طرز بدلنا ۔ پینترا بدلنا ۔
ٹھاٹ مارنا (ہ) موج مارنا ۔ مزے اُڑانا ۔ لطف اُٹھانا ۔ مرغیوں کا پروں کو جھڑ جھڑانا ۔
ٹھاٹ پڑا رہ جانا (ا ر / محاورہ) سامان اور مال و اسباب اس دُنیا میں رہ جانا ۔
ٹھاٹ پھیلانا (ا ر / محاورہ) کسی کام یا چیز کو صحیح طریق پر چلانے کی تدبیریں کرنا ۔
ٹھاٹ سے آنا (ا ر / محاورہ) شان سے آنا ۔ اہتمام سے آنا ۔
ٹھاٹر (ہ / مذ) ڈھانچ ۔ ٹٹی ۔ چھتری ۔ کبوتروں اور لڑائی کے مرغوں کے رہنے کا جال ۔ کبوتر خانہ ۔ دیوالی یا خوشی کے موقع پر روشنی کرنے کی ٹٹی ۔
ٹھاڈا ۔ یا ۔ ٹھاڑا (ہ) اِستادہ ۔ کھڑا ہوا ۔ زبردست ۔ توانا ۔ طاقتور ۔ قوی ہیکل ۔ قوی جُثّہ ۔
ٹھاڈا رہنا (ہ) کھڑا رہنا ۔ ڈٹا رہنا ۔
ٹھاڈا مارے اور آگے دھرے } (ہ / مثل) زبردست ظلم کر کے فریاد
ٹھاڈا مارے اور رونے نہ دے } بھی نہیں کرنے دیتا ۔ ظالم کی شکایت نہ ہو سکنے کے موقع پر بولتے ہیں ۔
ٹھاکر (ہ / مذ) دیوتا ۔ ایشور ۔ دیوتا کی مورت ۔ سوامی ۔ مالک ۔ سردار ۔ زمیندار ۔ راجپوت ۔ چھتری ۔ نائی ۔ حجام ۔ عزت کا لفظ جیسے حضرت ۔ جناب وغیرہ ۔ دولت مند ۔ امیر ۔ مال دار ۔ جیسے ٹھگائی سے ٹھاکر بنتا ہے ۔
ٹھال (ہ / مث) فرصت ۔ بے کاری ۔ بے شغلی ۔ نکما پن ۔ ٹھیتا ۔
ٹھال (ہ) خالی ۔ بیکار ۔ بے شغل ۔ نکما ۔ بے روزگار ۔
ٹھاں (ہ / مذ) بندوق کی آواز ۔
ٹھاں ٹھاں ۔ یا ۔ ٹھائیں ٹھائیں ہونا (ہ) لگاتار بندوقیں چلنا ۔
ٹھاننا (ہ) پکا ارادہ کرنا ۔ نیت کرنا ۔ منصوبہ باندھنا ۔ ٹھہرانا ۔ سوچنا ۔ قرار دینا ۔
ٹھاون (ہ / مث) جگہ ۔ مقام ۔ استھان ۔ ٹھور ٹھکانا ۔
ٹھپا (ہ / مذ) چھاپ ۔ نقش جو اُبھرا ہوا ہو ۔ سکہ ۔ مہر ۔ چھاپنے کا آلہ ۔ نقش کرنے کا آلہ ۔ ایک قسم کا چوڑا منقش یا دلہ کا بنا ہوا گوٹا ۔ لیس ۔ سانچا ۔
ٹھپا لگانا (ہ) سکہ لگانا ۔ نقش کرنا ۔
ٹھٹ (ہ / مذ) ہجوم ۔ گروہ ۔ بھیڑ ۔ مجمع ۔ انبوہ ۔ اجتماع ۔ ازدحام ۔
ٹھٹ کے ٹھٹ (ہ / مذ) گروہ کے گروہ ۔ بہت ازدحام ۔ بھیڑ بھاڑ ۔
ٹھٹا ۔ یا ۔ ٹھٹھا (ہ / مذ) ہنسی ۔ چہل ۔ مذاق ۔ مزاح ۔ ٹھٹھول ۔ چہل ۔ تمسخر ۔ استہزا ۔ خندہ ۔ نہایت آسان اور سہل کام ۔
ٹھٹھا اُڑانا } (ہ) ہنسی اُڑانا ۔ مذاق کرنا ۔ مخول کرنا ۔ چہل کرنا ۔ ہنسی کرنا ۔
ٹھٹھا کرنا } تمسخر اُڑانا ۔ مسخرہ بنانا ۔
ٹھٹھا لگانا ۔ یا ۔ مارنا (ہ) قہقہہ مارنا ۔ کھلکھلا کر ہنسنا ۔ چھیڑنا ۔
ٹھٹھرنا ۔ یا ۔ ٹھٹرنا ۔ یا ۔ ٹھرنا (ہ) اینٹھنا ۔ سردی سے اکڑنا ۔ سرد ہونا ۔ سردی کے مارے سُن ہو جانا ۔ درخت یا پودے یا انسان کا بڑھنے سے رہ جانا ۔ سکڑنا ۔ کانپنا ۔ مرجھانا ۔ سردی سے لرزنا ۔
ٹھٹکنا } (ہ) اچانک رُک جانا ۔ متعجب ہو کر رُک جانا ۔ تامل کرنا ۔ توقف کرنا ۔
ٹھٹھکنا } رُکنا ۔ ٹھہرنا ۔
ٹھٹول ۔ یا ۔ ٹھٹھول (ہ) (۱) خوش طبع ۔ ظریف ۔ مسخرہ ۔ ٹھٹھے باز ۔ (۲) (مؤنث) ظرافت ۔ تمسخر ۔ خوش طبعی ۔ مزاح ۔ مذاق ۔
ٹھٹھے بازی (ہ / مث) ہنسی ۔ مذاق ۔ تمسخر ۔
ٹھٹھے میں اُڑانا (ہ) مسخرہ بنانا ۔ ہنسی میں اُڑانا ۔
ٹھٹیرا ۔ یا ۔ ٹھٹھیرا (ہ / مذ) پیتل ۔ تانبے وغیرہ کے برتن بنانے اور بیچنے والا ۔ کسیرا ۔ مس گر ۔ جوار یا باجرے کی لکڑی ۔ ٹانڈا ۔
ٹھڈا (ہ / مذ) کنکوے یا پتنگ کی موٹی تیلی کھپچی ۔ پیٹھ کی ہڈی ۔ ریڑھ کی ہڈی ۔ تین یا زیادہ گاؤں ملنے کی جگہ پر بنا ہوا چبوترا ۔ سرحدہ ۔ سرحدہ ۔
ٹھڈا ٹوٹی (ہ / مث) کُبڑی عورت ۔ وہ عورت جس کی کمر جُھک گئی ہو ۔
ٹھڈی (ہ / مث) ٹھوڑی ۔ ذقن ۔ بھنے ہوئے اناج کا وہ دانہ جو کھِلا یا خستہ نہ ہوا ہو ۔
ٹھڈی پر ہاتھ رکھ کر بیٹھنا (ا ر / محاورہ) سوچ میں پڑا ہونا ۔ فکرمند ہونا ۔
ٹھڈی کا گڑھا (ا ر / مذ) چاہِ ذقن ۔ چاہِ زنخدان ۔
ٹھر (ہ / مث) ٹھنڈ ۔ خنکی ۔ پالا ۔ نہایت سردی ۔
ٹھرا (ہ) دیسی اور خراب شراب ۔ گٹھیل اور کم نشے والی شراب ۔ آگیا کے بند ۔ کچی اور خراب اینٹ ۔ ایک قسم کا گنوار دہ جوتا ۔
ٹھرنا (ہ) جاڑے مرنا ۔ سردی سے سکڑنا ۔
ٹھس (ہ) ٹھوس ۔ پُر مغز ۔ ٹھگر ۔ بھاری ۔ بوجھل ۔ اٹل ۔ جنبش نہ کرنے والا ۔ سست ۔ کاہل ۔ بے جھنکار کا روپیہ ۔ مچلا ۔ ضدی ۔ ہٹیلا ۔
ٹھس پن (ہ / مذ) بھدا پن ۔ ایک جگہ جم جانا ۔
ٹھسا (ہ / مذ) غرور ۔ تکبر ۔ گھمنڈ ۔ جلوس ۔ سواری ۔ دُھوم ۔ جلوہ ۔ ٹھاٹ ۔ ناز و ادا ۔ ٹھپا ۔ سانچا ۔ چھاپا ۔
ٹھسا ٹھس (ہ) کھچا کھچ ۔ خوب بھرا ہوا ۔
ٹھسا دینا (ا ر / محاورہ) زیادہ کھلا دینا ۔ اِتنا کھلا دینا کہ ہضم نہ ہو سکے ۔
ٹھسا ڈالنا (ا ر / محاورہ) سکہ بنانا ۔ نقش ڈالنا ۔ مُہر لگانا ۔
ٹھسک (ہ / مث) بھڑک ۔ شان و شوکت ۔ ناز و ادا ۔ خرام معشوقانہ ۔ کھانسی کی آواز ۔ دھسک ۔
ٹھسکا (ہ / مذ) کھانسی کی آواز ۔ تھوڑی تھوڑی کھانسی ۔ دھسک ۔
ٹھسکی (ہ / مث) ہچکی ۔
ٹھسنا (ہ) بھرنا ۔ سمانا ۔ آنا ۔ ایک چیز میں دوسری چیز کا بشکل سمانا ۔
ٹھسوانا (ہ) بھروانا ۔ گھسڑوانا ۔
ٹھکانا (ہ / مذ) منزل ۔ جگہ ۔ مقام ۔ سٹیشن ۔ پتا ۔ نشان ۔ سُراغ ۔

رشتہ داری۔ اِعتبار۔ بھروسا۔ ملجا۔ ماوا۔ مرکز۔ موقع۔ جائے وقوع۔ بچھان۔ برت۔ حد۔ سرحد۔

ٹھکانا ڈھونڈنا (ہ) جگہ تلاش کرنا۔ رہنے کا مکان ڈھونڈنا۔ نوکری تلاش کرنا۔ لڑکی کے لیے بَر ڈھونڈنا۔

ٹھکانا کرنا (ہ) جگہ کرنا۔ موقع تلاش کرنا۔ بیاہ کرنا۔ گھر بسانا۔ بندوبست کرنا۔ انتظام کرنا۔

ٹھکانا لگانا (ہ) پتا لگانا۔ سُراغ لگانا۔

ٹھکانے (ہ/مذ) (ٹھکانا کی جمع، حروفِ عاطہ کی صُورت ہیں۔

ٹھکانے بھرنا (ا/محاورہ) سقّوں وغیرہ کا ان گھروں میں پانی پہنچانا۔ ایک روش پر قائم رہنا۔

ٹھکانے چکانا (ہ) بیاہ شادی یا کسی بڑھے کے مرنے پر نوکر چاکر کمین وغیرہ کو حسبِ معمول روپے تقسیم کرنا۔

ٹھکانے رہنا (ا/محاورہ) ایک جگہ جمے رہنا۔ ایک راستہ پکڑے رہنا۔ ایک روش پہ قائم رہنا۔

ٹھکانے سے بیٹھنا (ا/محاورہ) آرام سے بیٹھنا۔ ادب اور سلیقہ سے بیٹھنا۔

ٹھکانے کی بات (ہ/مث) معقول بات۔ دُرست بات۔

ٹھکانے لگانا (ہ) اطمینان دلانا۔ تسلّی بخشنا۔ ٹھہرانا۔ کامیابی بخشنا۔ منزلِ مقصود اور مدّعا کو پہنچانا۔ مار ڈالنا۔ ہلاک کرنا۔ کام تمام کرنا۔ جیسے میں نے دشمن کو ٹھکانے لگا دیا۔ خرچ کر دینا۔ اُڑا دینا۔ صرف کر دینا۔ کسی کام کو پورا کر دینا۔ انجام کو پہنچانا۔ جیسے محنت ٹھکانے لگی۔ گھر بسانا۔ بیاہ کر دینا۔ موقع پہ خرچ کرنا۔ برمحل خرچ کرنا۔ نوکر کرا دینا۔ روزگار دلا دینا۔ پار اُتارنا۔

ٹھکانے لگنا (ہ) مدعا حاصل ہونا۔ منزلِ مقصود کو پہنچنا۔ مُراد کو پہنچنا۔ کام آنا۔ ضائع نہ ہونا۔ جیسے بُلبل کی مٹّی ٹھکانے لگ گئی۔ مرنا۔ تمام ہونا۔ مارا جانا۔ خاتمہ ہونا۔

ٹُھکرانا (ہ) ٹھوکر مارنا۔ ذلیل سمجھنا۔ حقیر جاننا۔ روندنا۔ پامال کرنا۔

ٹھکرائن (ہ/مث) ٹھاکر کی بیوی۔ بہو۔ بیٹی۔ ٹھاکر قوم کی عورت۔ نائی کی بیوی۔ نائن۔

ٹھکرائی (ہ/مث) سرداری۔ حکومت۔ راج۔ جہانبانی۔ جہاں داری۔ امیری۔ دولت مندی۔

ٹُھکنا (ہ) گڑنا۔ اندر گھسنا۔ جُڑنا۔ سزا پانا۔ پچھڑنا۔ مغلوب ہونا۔ نقصان اُٹھانا۔ ضرب پڑنا۔ جیسے دس روپے کی ٹُھکی۔ قید میں جانا۔ جیل خانے جانا۔ مقید ہونا۔ عضو داخل ہونا۔

ٹھگ } (ہ) ٹھگنے والا۔ دغاباز۔ چور۔ فریبی۔ عیّار۔ چالاک۔ راہزن۔
ٹھگیا } چھلیا۔ راہ مار۔ ایک عیّار قوم۔ یار مار۔ محسن کُش۔

ٹھگی }
ٹھگائی } (ہ/مث) فریب۔ دھوکا۔ مکر۔

ٹھگ لینا (ہ) دھوکا دینا۔ غریب یا بدھو کے آدمی کو دم دے کر کچھ لے لینا۔ چھل دینا۔ جُل دینا۔

ٹھگنا (ہ) فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ جُل دینا۔ دغا کرنا۔ چھلنا۔ موسنا۔ چوری کرنا۔ کسی چیز کو کم داموں میں خرید لینا۔

ٹھگنی (ہ/مث) ٹھگ کی جورو۔ ٹھگ قوم کی عورت۔ قزّاقن۔ راہزن عورت۔ ٹھگنے والی۔ فریب دینے والی۔ مکّارہ۔ دغاباز۔

ٹہل (ہ/مث) خدمت۔ سیوا۔ خدمتگاری۔ کام کاج۔ غلامی۔ بندگی۔ ٹہلنا کا امر۔ رُخصت ہو جا۔ چل دے۔ گشت۔ پھیری۔ چہل قدمی۔ آہستہ آہستہ چلنا پھرنا۔

ٹہلانا (ہ) گھوڑے کو آہستہ آہستہ پھرا کر ٹھنڈا کرنا۔ چہل قدمی کرانا۔ پھرانا۔ دفع کرنا۔ رخصت کرنا۔ موقوف کرنا۔ برطرف کرنا۔

ٹہل جانا (ہ) چل دینا۔ رُخصت ہو جانا۔ ٹل جانا۔ بھاگ جانا۔ سرک جانا۔ ہٹ جانا۔ مر جانا۔ انتقال کر جانا۔

ٹہلنا (ہ) آہستہ آہستہ پھرنا۔ چہل قدمی کرنا۔ علیحدہ ہونا۔ رُخصت ہونا۔ مرنا۔ انتقال کرنا۔ ہوا کھانا۔ سیر کرنا۔

ٹہلنی۔ یا۔ ٹہلوی (ہ/مث) خادمہ۔ خدمت کرنے والی عورت۔ ملازمہ۔ چیری۔ باندی۔ گھر کا کام کرنے والی عورت۔ داسی۔

ٹہلوا (ہ/مذ) خادم۔ خدمت گار۔ داس۔ غلام۔ بندہ۔ نوکر۔ چاکر۔ سیوک۔

ٹھلیا (ہ/مث) چھوٹا گھڑا۔ سبوچہ۔ گل۔ پانی رکھنے کی گگری۔

ٹُھمری (ہ/مث) ایک قسم کا چھوٹا سا گیت۔ گویوں کا گیت۔ افواہ۔ گپ۔ جھوٹی بات۔

ٹُھمری اُڑانا (ہ) گیت گانا۔ گپ اُڑانا۔

ٹُھمک (ہ/مث) خرامِ ناز۔ ناچنے کی چال۔ ناز و انداز کی چال۔

ٹُھمک ٹُھمک کر (ہ) مٹک مٹک کر۔ خرامِ ناز سے۔

ٹُھمک چال (ہ/مث) رفتارِ معشوقانہ۔ خرامِ ناز۔

ٹُھمکا (ہ) چھوٹا۔ ناٹا۔ پست قد۔ ٹھنگنا۔ کوتاہ قد۔

ٹُھمکانا (ا/مص) مٹکانا۔ ناز و انداز سے چلانا۔ پتنگ کو جھٹکا دینا۔ ایڑ لگانا۔

ٹُھمکنا (ہ) خرام کرنا۔ ناز سے چلنا۔ مٹکنا۔

ٹُھمکی (ہ/مث) جھٹکانا۔ چھوٹا چھوٹا جھٹکا۔ کنکوے کو ہوا پر ٹھہرانے کے لیے اُس کی ڈور کو آہستہ ہاتھ سے ہلانا۔

ٹُھنا (ہ/مذ) موٹی اور بڑی شاخ۔ ڈالا۔

ٹھناک (ا/مذ) وہ آواز جو کسی سخت چیز کے کسی بجنے والی چیز سے ٹکرانے سے پیدا ہوتی ہے۔

ٹھننا (ہ) ٹھنا۔ جمنا۔ پکّا ارادہ ہونا۔ ذہن نشین ہونا۔ قرار پانا۔ ٹھہرنا۔

ٹھن ٹھن (ہ/مث) روپے یا گھنٹے یا گھڑیال کی آواز۔ ٹن ٹن۔

ٹھن ٹھن گوپال (ہ/مذ) بے سمجھے بوجھے گوپال کے نام پر گھنٹی بجانے والا۔ بے وقوف۔ مودھو۔ احمق۔ کچھ نہیں۔ ہیچ۔ خالی۔

ٹھنٹھنانا (ہ) گھنٹی بجانا۔ ٹھن ٹھن کرنا۔ دندناتا۔ کسی جگہ موجود ہو کر مزے اُڑانا۔ بجنا۔ کھنکھنانا۔ ٹھنکنا۔ جیسے پتیلیاں ٹھنٹھنا رہی ہیں۔
ٹھنڈ (ا ر/صفت) سردی۔ خنکی۔ گرمی کی ضد۔
ٹھنڈ کرنا (ا ر/مص) خنکی پیدا کرنا۔
ٹھنڈا (ہ) سرد۔ خُنک۔ افسردہ دل۔ چُپ۔ خاموش۔ نامرد۔ کم شہوت۔ سُست۔ کاہل۔ مندا۔ دھیما۔ متحمل۔ بُردبار۔ رحمدل۔ بے غصّہ۔ کنڑ۔ بے محنت۔ کٹھور۔ سنگ دل۔
ٹھنڈا پڑنا (ہ) سرد ہونا۔ خُنک ہونا۔ سُست ہونا۔ مندا ہونا۔ غصّہ فرو ہونا۔ غصّہ دھیما ہو جانا۔
ٹھنڈا رکھنا (ہ) خوش رکھنا۔ آرام سے رکھنا۔ راحت دینا۔ آسائش پہنچانا۔
ٹھنڈا سانس (ہ/مذ) دمِ سرد۔ آہِ سرد۔
ٹھنڈا کرنا (ہ) سرد کرنا۔ خنک کرنا۔ بُجھانا۔ بڑھانا۔ غصّہ فرو کرنا۔ توڑنا۔ شکستہ کرنا۔ جیسے چوڑیاں ٹھنڈی کرنا۔ دفن کرنا۔ دبانا۔ گاڑنا۔ گرانا۔ پھینکنا۔ جیسے بوسیدہ قرآن شریف کو۔ ڈبونا۔ غرق کرنا۔ تسلی دینا۔ تسکین دینا۔ دلاسا دینا۔
ٹھنڈا ہونا (ہ) سرد ہونا۔ خُنک ہونا۔ غصّہ دھیما ہونا۔ غصّہ دُور ہونا۔ مرجانا۔ وفات پانا۔ بُجھنا۔ بڑھنا۔ افسردہ ہونا۔ دل مرنا۔ ڈوب جانا۔ غرق ہونا۔ خوش ہونا۔ آرام پانا۔ چین پانا۔ شکستہ ہونا۔ دفن ہونا کسی متبرک چیز کا۔ گرنا۔ پھکنا۔ جیسے قرآن یا حمائل شریف کا۔ مندا ہونا۔ کساد بازاری ہونا۔ مارا جانا۔ شہید ہونا۔ کلیجا کے ساتھ مقصد دلی برآنے کے معنی ہوں گے۔
ٹھنڈائی (ہ/مث) تبرید۔ وہ دوا جو گرمی کو دفع کرنے کے لیے پی جائے۔ بھنگ۔ بُوٹی۔ بجیا۔ لُوزہ۔
ٹھنڈک (ہ/مث) سردی۔ خنکی۔ آرام۔ تسلی۔ خوشی۔
ٹھنڈک پڑنا (ہ) جلن۔ سوزش یا گرمی کا رفع ہو جانا۔ دل کو آرام ہونا۔ مُراد پوری ہونا۔ کسی جھگڑے فتنے وغیرہ کا کم ہو جانا۔ غصّہ فرو ہونا۔ دشمنی دُور ہونا۔ تسلی ہونا۔ صبر آنا۔
ٹھنڈی (ہ/مث) سرد۔ بارد۔ خُنک۔ خوش و خُرّم۔ بامراد (مؤنث) چیچک۔ سیتلا۔
ٹھنڈی آگ (ہ/مث) (مراداً) برف۔ یخ۔ آبِ بستہ۔
ٹھنڈی پارسائی (ا ر/ف/مث) دکھاوے کی پرہیزگاری۔ ریاکاری۔
ٹھنڈی ڈھلنا (ہ) چیچک کے دانوں کا مُرجھا جانا۔ سیتلا کا زور کم ہونا۔
ٹھنڈی سانس (ا ر/مث) ایسی سانس جو غم میں گہری لی جاتی ہے۔
ٹھنڈی کڑھائی (ہ/مث) پکوان کے خاتمے پر بیچے ہوئے گھی کا حلوا بنا کر تقسیم کرنے کی رسم۔
ٹھنڈی گرمیاں (ہ/مث) اُوپری محبت۔ ظاہری اُلفت۔ جھوٹی گرم جوشی۔
ٹھنڈی مٹی (ہ/مث) کم بڑھنے اور نہ پھیلنے والا جسم۔ دیر میں بالغ ہونے والا آدمی۔ زنانہ۔ زنخا۔
ٹھنڈی نکلنا (ہ) چیچک نکلنا۔ سیتلا کا نمودار ہونا۔
ٹھنڈے (ہ) ٹھنڈا کی جمع اور حروفِ عاملہ کے عمل سے تغیر شدہ صورت۔
ٹھنڈے ٹھنڈے (ہ) سویرے سویرے۔ صبح ہی صبح۔ علی الصباح۔ سُورج کی گرمی سے پہلے پہلے۔ آرام سے۔ بخیر و عافیت۔
ٹھنڈے ٹھنڈے گھر جانا (ہ) خوشی خوشی گھر جانا۔ جان سلامت لے پہنچ جانا۔ رُخصت ہونا۔ دفع ہونا۔
ٹھنڈے دل سے (ا ر/متعلق فعل) صبر و سکون سے۔ غصّہ کے بغیر۔
ٹھنڈیاں (ا ر/مث) چیچک کے دانے۔
ٹھنڈے سانس بھرنا (ہ) کسی کے عشق میں آہِ سرد بھرنا۔ افسوس ظاہر کرنا۔ پچھتانا۔
ٹھنکنا (ہ) رونا۔ لاڈ کرکے رونا۔ ناز سے رونا۔ بچوں کی طرح ایں ایں کرنا۔
ٹھنگنا (ہ/مذ) بَونا۔ پست قد۔ کوتاہ قامت۔ ٹھُنیا۔
ٹھُنگیر (ہ/مث) کسی خشک چیز مثلاً اناج کے بھُنے ہوئے دانوں کو نقل کے طور پر ایک ایک کرکے کھانا۔
ٹھنگیرنا (ہ) کسی خشک چیز کو ایک ایک کرکے کھانا۔ پھانکنے کے خلاف۔
ٹھنی (ہ/مث) شاخ۔ شاخچہ۔ ڈالی۔ قلم۔ کنول۔ گلاس وغیرہ لگانے کی لوہے کی ٹھنی۔
ٹھنی ہلانا (ہ) آتشک کے زخم سے مکھیاں اُڑانا۔ آتشک میں گلنا۔ اصل میں نیم کی ٹھنی ہلانے کا مخفف ہے۔
ٹھوٹ یا۔ ٹھوٹھ (ہ) بے مغز۔ بے وقوف۔ احمق۔ ابلہ۔ مُورکھ۔ جاہل۔
ٹھور (ہ/مث) جگہ۔ مقام۔ مکان۔ موقع۔ ٹھکانا۔ سُراغ۔ نشان۔ پتا۔
ٹھور بے ٹھور (ہ) موقع بے موقع۔ جا بیجا۔ کٹھور۔
ٹھور ٹھکانا (ہ/مذ) رہنے کی جگہ۔ جائے قیام۔ جائے بُود و باش۔ مسکن۔ مستقر۔
ٹھور رکھنا (ہ) اسی جگہ مار ڈالنا۔ جان سلامت نہ لے جانے دینا۔ کھیت رکھنا۔ جان سے مار ڈالنا۔ بچ کر نہ جانے دینا۔
ٹھوڑی (ہ/مث) ذقن۔ زنخدان۔ ٹھوڑی۔
ٹھوڑی پر ہاتھ دھر کر بیٹھنا (ہ) مغموم۔ اور غمزدہ بیٹھنا۔
ٹھوڑی پکڑنا۔ یا ٹھوڑی میں ہاتھ دینا (ہ) منت کرنا۔ خوشامد کرنا۔ کسی کو ملائم کرنا۔ نرم کرنا۔ غصّہ فرو کرنا۔
ٹھوڑی نادا (ہ/مذ) کسی حسین کی ٹھوڑی کا قُدرتی یا مصنوعی تِل۔
ٹھوس (ہ) پُرمغز۔ بھاری۔ بوجھل۔ سخت ٹھس۔ بھدا۔ غبی۔
ٹھوسا (ہ/مذ) ہاتھ کا انگوٹھا۔ ٹھینگا۔
ٹھوسا دکھانا (ہ) انگوٹھا دکھانا۔ ٹھینگا دکھانا۔ انکار کرنا۔ ضد کرنا۔ معشوقانہ اندازِ انکار۔
ٹھوسے سے (ہ) بلا سے۔ جُوتی سے۔ بیزار سے۔
ٹھوک (ا ر/مذ) صدمہ۔ ضرب۔ ٹھوکر۔

ٹھوکا (ہ/مذ) ضرب۔ چوٹ۔ مار۔

ٹھوکا دینا (ہ) ہاتھ پاؤں سے دھکا دینا۔ ٹھیلنا۔ جھنجھوڑنا۔ جتانا۔ آگاہ کرنا۔ خبردار کرنا۔ متنبہ کرنا۔ ہوشیار کرنا۔ جگانا۔

ٹھوک بجا کے (ہ) اچھی طرح۔ دیکھ بھال کر۔ کھرا کھوٹا۔ جھوٹا لوٹا۔ دیکھ کر۔ جانچ کر۔ اطمینان کرکے۔ چٹکی لگا کر۔ سوچ سمجھ کر۔ علانیہ۔

ٹھوک دینا (ا/محاورہ) ٹھوکنا۔

ٹھوکا (ا/مذ) ٹھیس۔ ٹھوکر۔

ٹھوکر (ہ/مث) سنگِ راہ وغیرہ سے پاؤں کو لگی ہوئی ضرب یا پاؤں کی نوک سے یا پشت پا سے کسی چیز کو قصداً مارنا۔ پاؤں کی ٹکر۔ یا لغز۔ سنگِ راہ کی چوٹ۔ سکندری۔ گھوڑے کی ٹھوکر۔ لات۔ لکد۔ صدمہ۔ ضرب۔ دھکا۔ نقصان۔ ضرر۔ سنگِ راہ۔ خراب سڑک۔ جُوتا۔ کفشِ پا۔ پاپوش۔

ٹھوکر کھانا (ہ) سنگِ راہ کی ٹکر کھانا۔ پاؤں پر چوٹ کھانا۔ اُلجھنا۔ اُلجھ کر گرنا۔ صدمہ اُٹھانا۔ ضرب کھانا۔ نقصان اُٹھانا۔ ضرر اُٹھانا۔ بھُولنا۔ چوکنا۔ دھوکا کھانا۔

ٹھوکر لگانا (ہ) کسی پڑی ہوئی چیز کو لات مارنا۔ پشت پا مارنا۔

ٹھوکر لینا (ہ) گھوڑے کا سکندری کھانا۔ اُلجھ کر گرنا۔

ٹھوکر مارنا (ہ) پشت پا مارنا۔ سرپا مارنا۔ ٹھیس لگانا۔ ٹھوکا دینا۔

ٹھوکروں پہ پڑا ہونا (ہ) کسی کی خدمت اور مار دھاڑ میں رہنا۔ جوتیوں میں رہنا۔ ذلت کی نوکری کرنا۔ حقارت سے کہیں رہنا۔

ٹھوکریں دینا (ا/محاورہ) ٹھوکنا۔

ٹھوکریں کھاتے پھرنا (ہ) مارے مارے پھرنا۔ صدمے اُٹھاتے پھرنا۔ آوارہ پھرنا۔ خراب و تباہ پھرنا۔ روندن میں آنا۔ پامال ہونا۔

ٹھوکریں کھانا (ہ) لاتیں کھانا۔ صدمے اُٹھانا۔ ذلیل ہونا۔ نقصان اُٹھانا۔ پامال ہونا۔ گرنا۔ پڑنا۔ لڑھکنا۔ خراب و خستہ ہونا۔ طعنے مہنے سہنا۔ کثرت سے نقصان اُٹھانا۔ لڑکھڑانا۔ ڈگمگانا۔

ٹھوکنا }
ٹھونکنا } (ا) گاڑنا میخ وغیرہ کو۔ کوٹنا۔ زد و کوب کرنا۔ مارنا پیٹنا۔ لات مکے سے مارنا۔ کوڑے لگانا۔ ہتھکڑی دینی۔ بیڑیاں ڈالنا۔ قید کرنا۔ طبلہ پر تھاپ دینا۔ طبلہ بجانا۔ تھپکنا۔ جیسے پیٹھ ٹھوکنا۔ جڑنا۔ لگانا۔ جیسے قفل ٹھوکنا۔ گھسیڑنا۔ دخول کرنا۔ جیسے بنگا ٹھوکنا۔ کھٹکھٹانا۔ کھڑکھڑانا۔

ٹھونسنا (ہ) دبا کر بھرنا۔ خوب زور سے بھرنا۔ گھسیڑنا۔ دخول کرنا۔ نگلنا۔ کھا جانا (تحقیراً)

ٹھونگ مارنا (ہ/مث) (۱) مذکر (۲) چونچ سے مارنا۔ ضرب منقار (چونچ)۔ بیچ کی اُنگلی کو دوہرا کرکے مارنا۔

ٹھونگ مارنا (ا/محاورہ) ٹھولا مارنا۔ چونچ مارنا۔

ٹھیا (ہ/مذ) دکان دار کے بیٹھنے کی جگہ۔ استھان۔ مقام۔ حد۔ تودہ۔ ڈھولا۔ ٹھڈا۔

ٹھیٹ (ہ) ٹھیک۔ نرل۔ خالص۔ روزمرہ کی بولی۔ اصلی۔

ٹھیرانا۔ یا۔ ٹھہرانا (ہ) روکنا۔ تھامنا۔ ٹھانسنا۔ منصوبہ باندھنا۔ قائم کرنا۔ جمانا۔ جیسے پارہ ٹھہرانا۔ ٹھکانا کرنا۔ فروکش کرنا۔ اُتارنا۔ مقرر کرنا۔ قیمت چکانا۔ بھاؤ تاؤ کرنا۔

ٹھیراؤ۔ یا۔ ٹھہراؤ (ہ/مذ) قیام۔ استحکام۔ پائداری۔ وقفہ۔ مقام۔ ٹھکانا۔

ٹھیرنا۔ یا۔ ٹھہرنا (ہ) رُکنا۔ قیام کرنا۔ کھڑا رہنا۔ جمنا۔ منصوبہ ہونا۔ اُترنا۔ مقرر ہونا۔ قیمت چکنا۔ بھاؤ تاؤ ٹھہرنا۔ نرخ طے ہونا۔ دیر لگانا۔ وقفہ کرنا۔ درنگ کرنا۔ تامل کرنا۔ سوچنا۔ غم کھانا۔ قرار پکڑنا۔ جیسے نطفہ ٹھہرنا۔ نیچے بیٹھنا۔ تہ نشین ہونا۔ اضطراب کم ہونا۔ تسلی ہونا جیسے دل ٹھہرنا۔

ٹھیس (ہ/مث) صدمہ خفیف۔ دھکا۔ ٹھوکر۔ ٹکر۔ ضرب۔

ٹھیس لگنا (ہ) دھکا لگنا۔ ٹھوکر کھانا۔

ٹھیس لگے بدھ بڑھے (ا/مثل) نقصان پہنچنے سے انسان کی عقل بڑھتی ہے۔

ٹھیک (یائے مجہول سے؛ مؤنث۔ قلعے کی بُرجی۔ ٹیک۔ سہارا۔ اڑواڑ۔ تکا۔ چندی۔ جُوتے کی ایڑی۔ کڑاہی کی پیندی کا ہرتوا۔

ٹھیک نکلنا (ہ) سہارا نہ رہنا۔ خراب ہو جانا۔ بے وسیلہ ہو جانا۔ برباد ہو جانا۔

ٹھیک (ہ) (یائے معروف سے) راست۔ صحیح۔ درست۔ بجا۔ موزوں۔ برابر۔ چُست۔ ہُو بہو۔ بعینہٖ۔ پورا پورا۔ جُوں کا تُوں۔ جیسا چاہیے۔ تحقیق۔ مقررہ۔ جیسے ٹھیک وقت پر آنا۔ شایان۔ مناسب۔ عین موقع پر۔ باقاعدہ۔ ہموار۔ کامل۔ پورا۔ جیسے وزن میں ٹھیک۔ پتا۔ نشان۔ سُراغ جیسے اس کا کیا ٹھیک۔ وقت۔ خبر۔ جیسے موت کا ٹھیک نہیں۔ بطور ٹھکانا۔ نسبت جیسے اس کا بھی ٹھیک لگا دو۔

ٹھیک آنا (ہ) فِٹ آنا۔ درست آنا۔ کپڑے کا بدن پر یا جُوتے کا پاؤں میں درست آنا۔ برمحل آنا۔ عین وقت پر آنا۔

ٹھیک ٹھاک (ہ) لیس۔ تیار۔ چُست۔ ہر طرح موزوں۔

ٹھیک ٹھاک کرنا (ہ) درست کرنا۔ مرمت کرنا۔ ٹھہرنا۔ پختہ کرنا۔

ٹھیک ٹھیک (ہ) بالکل درست۔ صحیح صحیح۔ سچ سچ۔ قریب۔ قریب۔ تقریباً۔

ٹھیک کرنا (ا/محاورہ) ٹھیک بنانا۔

ٹھیکا }
ٹھیکہ } (ہ/مذ) سہارا۔ آرام۔ اجارہ۔ قرارداد۔ کرایہ۔ پٹا۔ اُجرت۔ بیٹھک۔ مقررہ نشست گاہ۔ گویے کے ساتھ طبلے کو خاص طریق سے بجانا۔

ٹھیکا بجانا (ہ) گویے کے ساتھ اُس کی آواز کو سہارا دینے کے لیے خاص طریق سے طبلہ یا ڈھولک بجانا۔

ٹھیکا بھینٹ (ہ/مث) نذرانہ جو ٹھیکہ لینے پر دیا جائے۔

ٹھیکا پٹا (ہ/مذ) دستاویز۔ اجارہ۔

ٹھیکا دینا (ہ) کسی چیز یا گاؤں کا اجارے پر دینا۔

ٹھیکرا (ہ/مذ) مٹی کے برتن کا ٹکڑا۔ ڈھوپرا۔ کرول۔ پرانے سستی برتن کو حقارتاً بولتے ہیں (تحقیراً اور انکساراً) مکان یا جائداد۔ اوزار۔

وسیلہ۔
ٹھیکری (ہ/مث) مٹی کا توا۔
ٹھیکری ہونا (ہ) کثرت سے صرف ہونا۔ بے قدری سے خرچ ہونا۔
ٹھیکرے بکوانا (ار/محاورہ) گھر کا سامان بکوانا۔
ٹھیکرے مُنہ پر توڑنا (ار/محاورہ) منہ پر رونق نہ ہونا۔
ٹھیکی (ہ/مث) سہارا۔ بوجھ اُتار کر آرام لینا۔ ٹھہرنا۔ غلّے کی بوری۔
ٹھیکی لگانا۔ یا۔ لینا (ہ) بوجھ اُتار کر آرام لینا۔ سہارا لینا۔ بوروں میں اناج بھر کر اوپر نیچے لگانا۔ انبار لگانا۔
ٹھیکے دار (ف) ٹھیکہ لینے والا۔ اجارہ دار۔ لائسنس دار۔
ٹھیکیاں لینا (ار/محاورہ) دم لینا۔ تھوڑا چل کر ٹھہر جانا۔
ٹھیل (ار/مث) ٹال مٹول۔ ٹھکرانا۔
ٹھیلا (ہ/مذ) دھکا۔ ریلا۔ ہاتھ سے دھکیلنے کی ایک قسم کی گاڑی۔ اگر بیلوں کے ذریعے سے ہو تو اُسے بیل ٹھیلا بولتے ہیں۔
ٹھیلنا (ہ) دھکیلنا۔ ریلنا۔ ٹھوکا دینا۔ کہنی مارنا۔
ٹھینگا (ہ/مذ) انگوٹھا۔ ٹھوسا۔ لاٹھی۔ سونٹا۔ خشکا۔ عضو تناسل۔ ذکر۔
ٹھینگا باجنا (ہ) رسوائی ہونا۔ ہنسی اُڑنا۔ لڑائی فساد ہونا جس کا کام اسی کو ساجے اور کرے تو ٹھینگا باجے۔
ٹھینگا دکھانا (ہ) انگوٹھا دکھانا۔ ٹھوسا دکھانا۔ چڑانا۔ چھیڑنا۔ خاطر میں نہ لانا۔ انکار کرنا۔
ٹھینگے سے (ہ) بلا سے۔ بیزار سے۔ کچھ پروا نہیں۔

ٹ ۔ ی

ٹِنّیاں (ہ) ننھا سا۔ چھوٹا سا۔ پست قد۔ بونا۔ ٹھنگنا (مذ) ایک قسم کا چھوٹا سا طوطا۔
ٹیبا۔ یا۔ ٹیّا (ہ/مذ) ٹیلا۔ پہاڑی۔
ٹیپ (ہ/مث) دباؤ۔ داب۔ اُونچا سُر۔ اُونچی لے۔ یادداشت کے طور پر کچھ لکھنا۔ مسدّس کی تیسری ہیئت اور مثلث و مخمس کا آخری مصرعہ۔ بند۔ گرہ۔ فوج کا دستہ۔ عورتوں کے ماتھے پر پہننے کا زیور۔ چک۔ تمسک۔ ضمانت (عورتیں) چوٹی کا۔ عمدہ۔ اعلیٰ۔ چیدہ۔ لڑکے یا لڑکی کی جنم پتری۔
ٹیپ ٹاپ (ہ/مث) بھڑک۔ آرائش۔ زیبائش۔ ظاہری بناوٹ۔ تکلف۔ خودنمائی۔ خود آرائی۔
ٹی پارٹی (انگریزی/مث) چائے وغیرہ کا جلسہ۔ تفریحی جلسہ۔
ٹیڑک منیھا (ہ/مذ) جھمیلا۔ اُلجھاوا۔ دقت۔ دُشواری۔ کش مکش۔
ٹیر (ہ/مث) آواز۔ ہانک۔ پکار۔
ٹیر کرنا (ہ) گزارنا۔ بسر کرنا۔ کاٹنا۔ بھگتنا۔ جیسے عمر ٹیر کرنا۔
ٹیرا (ہ) کج چشم۔ وہ آدمی جس کی نظر ٹیڑھی ہو۔ آنکھوں کی پتلیوں کو چڑھا کر دیکھنے والا۔

ٹیرنا (ہ) پکارنا۔ بلانا۔ آواز دینا۔ گزارنا۔ دن کاٹنا۔ بسر اوقات کرنا۔
ٹیروا (ہ/مذ) آب ننے۔ فوارہ۔ حُقّے یا گل کی وہ نل جس پر چلم رکھتے ہیں۔
ٹیڑھ (ہ/مث) کجی۔ خمیدگی۔ اکڑ۔ مروڑ۔ شرارت۔ سرکشی۔ جلالت۔
ٹیڑھ دینا (ہ) جھکنا۔ لیٹنا (حقارتاً) سو جانا۔
ٹیڑھ کی لینا } (ہ) شرارت کرنا۔ سرکشی کرنا۔ اکڑنا۔ اینٹھنا۔ بل لانا۔
ٹیڑھ کی چلنا } فیل لانا۔ مکر کرنا۔
ٹیڑھا (ہ) خمیدہ۔ کج۔ ترچھا۔ بانکا۔ جھکا ہوا۔ منحنی۔ منحرف۔ پڑا ہوا۔ برگشتہ۔ مخالف۔ اکھڑ۔ تُم جڑ۔ بینڈا۔ کج بحث۔ اُلٹی سمجھ کا۔ جاہل۔ ناراض۔ شریر۔
ٹیڑھاپن۔ یا۔ ٹیڑھ پنا (ہ/مذ) معتوری۔ کجی۔ خمیدگی۔ مخالفت۔ شرارت۔
ٹیڑھا جواب (ار/ع) تلخ جواب۔ وہ جواب جس سے ناراضگی ہو۔
ٹیڑھا رہنا (ار/محاورہ) ناراض رہنا۔ بگڑے رہنا۔
ٹیڑھا سمجھنا (ار/محاورہ) کسی بات کے اُلٹے معنی لگا لینا۔
ٹیڑھا سوال (ار/مذ) پیچیدہ مسئلہ۔
ٹیڑھا ہونا (ہ) کج ہونا۔ خمیدہ ہونا۔ بگڑنا۔ خفا ہونا۔ اکڑنا۔ اینٹھنا۔
ٹیڑھی (ہ) خمیدہ۔ بانکی۔ ترچھی۔ کشر۔ کج۔ واژگون۔
ٹیڑھی آنکھ سے دیکھنا (ہ) ترچھی نظر سے دیکھنا۔ دشمنی کی نظر بد سے دیکھنا۔ بگڑ کر دیکھنا۔ خفا ہو کر دیکھنا۔
ٹیڑھی سنانا (ہ) اُلٹا جواب دینا۔ بُرا بھلا سُنانا۔ اوچھی بونگی بولنا۔
ٹیڑھی کھیر (ہ/مث) مشکل کام۔ دشوار امر۔
ٹیڑھی (ہ/مث) اڑیڑی۔ ملخ۔
ٹیس (ہ/مث) درد۔ چبک۔ ہُول۔ ہوک۔ کتاب کی جزو بندی۔ شیرازہ۔
ٹیس اُٹھنا۔ یا۔ مارنا (ہ) باربار درد اُٹھنا۔ چیک مارنا۔ پھوڑے میں ہولیں اُٹھنا۔
ٹیسو (ہ/مذ) ڈھاک کا پھول۔ پلاس کا پھول جس سے ایک قسم کا زرد رنگ نکلتا ہے۔ بچّوں کا ایک کھیل جس میں لڑکے دسہرے کے ایام میں ایک مورت کا سر بنا کر رانوں کو لیے اور گاتے پھرتے ہیں۔ اور دسہرے کے روز اُسے پھوڑ ڈالتے ہیں۔ ٹیسو راجے کا گیت۔
ٹیک (ہ/مث) اڑواڑ۔ تھونی۔ کھم۔ کھمبا۔ تھم۔ پشتی۔ سہارا۔ دلیپ/ رب۔ مستقل ارادہ۔ پکا ارادہ۔ عزت۔ آبرو۔ بھرم۔ قول۔ قرار۔ اقرار و مدار۔ انترہ۔ گیت کا وہ ٹکڑا جو بار بار کہا جائے۔ ٹیپ کا شعر۔
ٹیکا (ہ/مذ) تاک۔ قشقہ۔ سیندور یا صندل وغیرہ کا نشان پیشانی پر۔ ایک زیور جو عورتیں ماتھے پر پہنتی ہیں۔ ولی عہد۔ کنور۔ تاج اور گدی کا وارث۔ سگائی یا بیاہ کے موقع کی ایک ہندوانہ رسم۔ بچّوں کے بازو پر چیچک کی احتیاط کے لیے لاگ لگا کر نشتر سے گودا ہوا زخم۔ سرداری کا نشان۔ شرح۔ تفسیر۔ داغ۔ دھبّا۔ راج تلک۔ گدی پر بیٹھنے کی رسم۔ وہ نشان جو سفر یا جاترا کو جاتے وقت ہندو لوگ شگون نیک کے طور پر لگاتے ہیں۔

ٹیکا بھیجنا (ہ) نشان بھیجنا۔ نسبت یا منگنی کے وقت مٹھائی وغیرہ بھیجنا۔ سگائی کرنا۔

ٹیکن (ہ/مث) سہارا۔ اڑ واڑ۔ تھونی۔ مدد۔ سہارا۔ تکیہ گاہ۔ ٹیک۔

ٹیکنا (ہ) رکھنا۔ ٹکانا۔ سہارا لینا۔ واؤ پر لگانا۔

ٹیکے کا (ہ) مخصوص۔ انوکھا۔ نرالا۔ خاص صفات والا۔ ولی عہدی کا حق رکھنے والا۔

ٹیلا (ہ/مذ) تودہ۔ ٹیبا۔ پہاڑی۔ اونچی زمین۔ مٹی پتھر وغیرہ کا انبار۔

ٹیلیفون (انگریزی/مذ) برقی مشین۔ جس سے دور بیٹھے باتیں کرلیتے ہیں۔

ٹیلیگراف (انگریزی) بجلی کے ذریعے سے خبر رسانی کا تار۔

ٹیلیگرام (انگریزی) وہ خبر جو تار برقی کے ذریعے آئی یا گئی ہو۔

ٹیم (ہ/مث) بتی کا گل۔ چراغ کی بتی کا وہ اگلا حصہ جو جل کر سیاہ ہوجائے۔

ٹیم (انگریزی) (ٹائم کا بگاڑ) وقت۔ ساعت۔

ٹیم (انگریزی/مث) ہاکی۔ فٹ بال وغیرہ کھیلوں کی جماعت۔

ٹیم ٹام (ہ/مث) نمود و نمائش۔ دکھاوا۔

ٹیمی (ہ/مث) چنگاری۔

ٹین (انگریزی) ایک سفید نرم دھات۔ قلعی کی ہوئی لوہے کی نہایت پتلی چادر۔

ٹیں (ہ/مث) طوطے کی آواز کی نقل۔ وہ آواز جو طوطا بلّی سے دب کر دفعتہً مرتے وقت منہ سے نکالتا ہے۔

ٹیں ٹیں (ہ) طوطے کی متواتر آواز۔ بکواس۔ مہمل بات۔

ٹیں ٹیں کرنا (ہ) طوطے کی طرح بولنا۔ چیں چیں کرنا۔ بڑبڑانا۔

ٹیں ہونا (ہ) (تحقیراً) طوطے کی طرح مرنا۔ ایک دم مرجانا۔

ٹینٹ (ہ/مذ) کریل کا پھل۔ آنکھ کا وہ ابھرا ہوا دانہ جو کریل کے پھل کے برابر ہوتا ہے۔ کپاس کا ڈوڈا۔ ڈھینڈا۔

ٹینٹا (ہ/مذ) کریل کا پھل۔ پھلجھڑی۔ وہ بات جو سوچے سمجھے بغیر منہ سے نکال دی جائے۔

ٹینٹوا (ہ/مذ) گلا۔ حلق۔ نرخرا۔

ٹینٹوا دبانا (ہ) گلا گھونٹنا۔ گردن دبانا۔ عاجز کردینا۔ تقاضا کرنا۔

ٹینرف۔ جزائر کنیری میں کئی آتش فشاں پہاڑ ہیں جن میں یہ ۱۲۱۸۲ فٹ سطح بحر سے بلند ہے۔ یہاں سے گنا۔ انگور۔ پھل اور تیل باہر جاتا ہے۔

ٹینس (انگ/مث) ایک کھیل جو جال لگا کر ربڑ کی گیندوں سے ڈور تانت کے بنے ہوئے بلوں سے کھیلا جاتا ہے۔

ٹینک (انگ/مذ) آہن پوش مسلح موٹر گاڑی جس کے پہیوں پر چین چڑھی ہوتی ہے۔ تالاب۔ جوہڑ۔ انجن کا وہ حصہ جس میں پانی بھر لیتے ہیں۔

ٹینی (ہ/مذ) بداصل مرغیوں کی نسل۔ دوغلی مرغیاں۔ پست قد۔ بونا۔ ٹھنگنا۔

ٹیو (ہ/مث) عادت۔ لت۔ علت۔ چسکا۔ دھت۔

ٹیوا (ہ/مذ) (ہندو) جنم پتری۔ زائچہ۔ عادت۔ چسکا۔ مزہ۔

ٹیوکی (ہ/مث) (گنوار) چھپّر کی تھونی۔

ٹیہلا پھرنا (ہ) شادی رچانا۔

❖

ث (ع ۔ امث) فارسی کا پانچواں ۔ عربی کا چوتھا ۔ اُردو کا چھٹا حرف ۔ اسے ثائے مثلثہ کہتے ہیں ۔ ابجد میں اس کے عدد پانسو ہیں ۔

ث ۔ ا

ثابت (ع) پورا ۔ کامل ۔ سارا ۔ درست ۔ قائم ۔ مستقل ۔ برقرار ۔ مضبوط ۔ مستحکم ۔ مستند ۔ معتقد ۔ گردش نہ کرنے والا ستارہ ۔ ثابت ۔ تحقیق ہونا ۔

ثابت قدم (ع ۔ صف) عہد کا پکا ۔ بات پر جمنے والا ۔ مستقل ارادے والا ۔

ثابت قدم کو سب جگہ ٹھاؤں (ضرب المثل) درست اور نیک آدمی کو ہر جگہ ٹھکانا مل سکتا ہے ۔

ثابت قدمی (ع ۔ امث) مستقل مزاجی ۔ ڈٹے رہنا ۔

ثابت نہیں کان بالیوں کا آرمان (ضرب المثل) کان تدارد آرائش کا خیال ۔ کام کی لیاقت نہیں ۔ سامان کی فکر ۔

ثابت ہو جانا (۱) تحقیق ہو جانا ۔ پایۂ صداقت کو پہنچ جانا ۔ پورا ہو جانا ۔ ٹوٹی ہوئی چیز کا جڑ جانا ۔

ثابت کر پھر مُنہ پر مار (ضرب المثل) پہلے جرم ثابت کر کے پھر کہنا چاہیے ۔

ثاد (ع ۔ امذ) جاڑا ۔ سرما ۔

ثاقب (ع) روشن ۔ تاباں ۔ درخشاں ۔ فروزاں ۔ چمکیلا ۔

ثالث (ع) تیسرا ۔ تیسرا آدمی ۔ بچولیا ۔ پنچ ۔

ثالثہ (ع ۔ امذ) دیکھو ثانیہ ۔

ثالث نامہ (ع ف ۔ امذ) بہ قلب اضافت ۔ پنچوں کا لکھا ہوا فیصلہ ۔

ثالثی (امث) پنچایت ۔ صلح ۔

ثامن (ع) آٹھواں ۔ ہشتم ۔

ثانی (ع) دوسرا ۔ دوم ۔ نظیر ۔ عدیل ۔ مانند ۔ ہلانے والا ۔ جنبش دینے والا ۔ حرکت دینے والا ۔

ثانی الحال (ع ۔ امذ) بعد ازاں ۔ پھر ۔ اس کے بعد ۔ من بعد ۔

ثانیہ (ع ۔ امذ) (۱) دقیقے (منٹ) کا ساٹھواں حصہ ۔ لمحہ ۔ لحظہ ۔ سیکنڈ ۔ (۲) دوسرے درجے کا ۔

ث ۔ ب

ثبات (ع ۔ امذ) قرار ۔ قیام ۔ پائداری ۔ استقلال ۔ مضبوطی ۔ استحکام ۔

ثبات رائے (ع ۔ امذ) رائے کی مضبوطی ۔ استقلال رائے ۔

ثبت (ع ۔ امذ) تحریر ۔ رقم کرنا ۔ نوشت ۔ مُہر ۔ نقش ۔ ٹھپا ۔

ثبت کرنا (۱) دستخط کرنا ۔ درج کرنا ۔ لکھنا ۔ مُہر کرنا ۔

ثبوت (ع ۔ امذ) (لغوی) اپنی جگہ قیام کرنا ۔ (اصطلاحی) استحکام ۔ مضبوطی ۔ قیام ۔ دلیل ۔ تحقیق ۔ راستی ۔ ثابت ہو جانا ۔ گواہی سے کسی بات کی تصدیق ہونا ۔

ثبوت تردیدی (ع ۔ امذ) وہ ثبوت جو دوسرے کے رد میں ہو ۔

ثبوت ضمنی (ع ۔ امذ) وہ ثبوت جو ضمن میں ہو جائے ۔

ثبوت قانونی (ع ۔ امذ) قانون کے مطابق صداقت کا ثبوت ۔

ث ۔ خ

ثخن (ع ۔ امذ) دل ۔ مٹاپا ۔ حجم ۔

ثدی (ع ۔ امث) انسان کی چھاتی ۔

ث ـ ر

ثروت (ع ا مث) مال کی کثرت - دولت - امیری - شان و شوکت - اختیار - حکومت -

ثریٰ (ع امذ) (لغوی) نمدار مٹی (اصطلاحی) زمین کے نیچے کی مٹی - تحت الثریٰ سے پاتال مُراد ہے -

ثُریّا (ع امذ) پروین - جھمکا - وہ چھ ستارے جو باہم متصل واقع ہیں -

ثرید (ع امذ) روٹی کے ٹکڑے شوربے میں بھیگے ہوئے -

ث ـ ع

ثعالب (ع امذ) ثعلب کی جمع -

ثعلب (ع امذ) لومڑی -

ثعلب مصری (ع امث) ایک پودے کی جڑ جو لومڑی کے خصیوں کی مانند ہوتی ہے - طبیب لوگ اسے مغلظ و مبہی کہتے ہیں -

ثعلبیہ (ع) عرب کا ایک مقام -

ث ـ غ

ثغر (ع) آگے کے دانت - ملکِ اسلام اور ملکِ کفار کے درمیان کی پُرہول جگہ -

ثغرہ (ع امذ) گھوڑے کے سینے کے اوپر کا گڑھا - آدمی کی گردن کے نیچے ہنسلی کا گڑھا - سینے کا گڑھا جسے کوڑی کہتے ہیں -

ث ـ ق

ثقافت (ع امث) تہذیب - طرزِ تمدن - عقل مند ہونا -

ثقالت (ع امث) بھاری پن - گرانی - بوجھ - سختی - جو بدہضمی سے ہو -

ثقاہت (ع امث) قابلِ اعتبار ہونا - متانت - سنجیدگی -

ثِقل (ع امذ) بوجھ - وزن - گرانی - سختی -

ثقلین (ع امذ) دو گروہ انس اور جن کے -

ثِقہ (ع امذ) معتبر آدمی - وہ شخص جس کے قول و فعل کا اعتبار ہو - (جمع ثقات)

ثقبہ (ع) سوراخ -

ثقیل (ع) بھاری - گراں - وزنی - بوجھل - دیر ہضم - ناقابلِ ہضم -

ث ـ ک

ثَکلیٰ (ع امث) وہ عورت جس کا فرزند مرگیا ہو -

ث ـ ل

ثلاثہ (ع اصف) تین -

ثلاثی (ع اصف) سہ حرفی کلمہ -

ثلب (ع امذ) مردِ پیر - بُوڑھا اُونٹ -

ثُلث (ع امذ) ایک تہائی - تیسرا حصہ -

ثلج (ع امث) برف -

ثُلّہ (ع امذ) آدمیوں کا مجمع -

ث ـ م

ثمر (ع امذ) پھل - میوہ - پیداوار - فائدہ - نتیجہ - نفع - بارِ درخت - اولاد - مال - دولت -

ثمردار (ع اصف) پھل والا -

ثمرہ (ع امذ) بدلہ - معاوضہ - عوض - انجام -

ثُمن (ع) آٹھواں حصہ - ⅛ -

ثمن (ع امذ) قیمت - مول - اُجرت -

ثمانیہ (ع امذ) آٹھ ہشت - ۸ - 8 - ریاضی کا وہ قاعدہ جس میں مناسبت معلوم متناسب عددوں سے آٹھواں نامعلوم عدد دریافت کرتے ہیں -

ثمین (ع) گراں بہا -

ث ـ ن

ثنا (ع امث) مدح - تعریف - توصیف - حمد و نعت - جے - جے کار -

ثناگر (عف امذ) مدّاح - تعریف کرنے والا -

ث ـ و

ثواب (ع امذ) اچھا بدلہ - نیک کام کی جزا - عوض -

بدلہ - عذاب کی ضد - اُردو میں بھلائی اور نیکی کے معنی میں مستعمل ہے -

ثواب کمانا (نیکی کمانا) - نیکی حاصل کرنا - بھلائی کا کام کرنا -

ثوابت (ع امذ) ثابت کی جمع - غیر متحرک ستارے - ایک جگہ قائم ستارے -

ثوب (ع امذ) کپڑا - لباس - پوشاک -

ثوبہ (ع) جماہی -

ثور (ع امذ) بیل - نر گاؤ - آسمان کا دوسرا برج جو بیل کی شکل کا ہے - برکھ -

ث - ی

ثیاب (ع امذ) پہننے کے کپڑے -

ثیبہ (ع امث) بیاہی ہوئی عورت - زنِ شوہر دیدہ - باکرہ کی ضد -

ج (ع/ف/ش) فارسی کا چھٹا، عربی کا پانچواں اُردو کا ساتواں، ہندی اور سنسکرت کا آٹھواں حرف ہے۔ حساب جمل میں ان کے تین عدد فرض کیے گئے ہیں۔

ج ۔ ا

جا (ف/ش) جگہ ۔ مقام ۔ ٹھاؤں ٹھکانا ۔ موقع ۔ (ہ) آ کی ضد ۔ بصیغہ امر چل ۔ چل دے ۔ ہٹ جا ۔ چلا جا ۔
جا بجا (ف) ہر جگہ ۔ ہر موقع پر ۔ ہر مقام پر ۔
جا بجا کہنا (ا/محاورہ) بُرا بھلا کہنا ۔
جا بے جا (ف) موقع بے موقع ۔ غلط صحیح ۔ بھلا بُرا ۔ مناسب نامناسب ۔
جائے ضرور (ع/مذ) بیت الخلا ۔ پیخانے کا مکان ۔ ٹٹی ۔
جائے ضرور بند ہونا (ا/محاورہ) قبض ہونا ۔
جانشین (ف) ولی عہد ۔ قائم مقام ۔ ٹیکا ۔
جانشینی (ف/ش) ولی عہدی ۔ قائم مقامی ۔
جانماز (ع/ش) نماز پڑھنے کا فرش ۔ مصلّٰی ۔
جابر (ع/مذ) جبر کرنے والا ۔ ظالم ۔ بے انصاف ۔ خود سر ۔ خود مختار ۔ شخصی حکومت کا بادشاہ ۔ نقصان دینے والا ۔ اندمال کرنے والا ۔ ٹوٹی چیز کو جوڑنے والا ۔
جا بھڑنا (ہ) جا لڑنا ۔ مقابل ہونا ۔ مقابلہ کرنا ۔ دوکش ہونا ۔ ٹکر کھانا ۔ ہم پلّہ ہونا ۔
جاپ (ہ/مذ) (گنوار) مویشی کے منہ کا چھینکا ۔ ایک قسم کی گھاس ۔ (جپنا کا حاصل مصدر) جپ ۔ ورد ۔ پاٹھ ۔
جاپا (ہ/مذ) زچگی ۔ زچہ پن ۔ زائیدگی ۔ زائیدہ ۔ جنا ہوا ۔ بیٹا ۔ بیٹی ۔ اولاد ۔
جات (ہ/ش) جاپا ۔ اولاد ۔ بچہ ۔ بالک ۔ طفل ۔ نسل ۔ جنس ۔ بیل ۔ آل ۔ نتیجہ ۔ پھل ۔ ثمر ۔ جماعت ۔ جتھا ۔ گروہ ۔ درجہ ۔ مرتبہ ۔ ذات ۔ جنس ۔ قسم ۔ رقم ۔ برن ۔ طرز ۔ ڈھنگ ۔ برادری ۔ گوت ۔ قوم ۔ منت ۔ نذر ۔ بھینٹ ۔
جات برادری (ا/ش) (ہندو) ذات پات ۔ قوم ۔ خاندان ۔ کنبہ ۔ جنس ۔ نسل ۔ گوت ۔
جات پات ۔ یا ۔ جات پانت (ہ/ش) قوم ۔ خاندان ۔ نسل ۔
جات دینا (ہ) نذر دینا ۔ دیوی دیوتا کی بھینٹ چڑھانا ۔
جات سبھاؤ (ہ/مذ) قومی اثر ۔ قومی عادت ۔ خاندانی سیرت ۔
جاتا رہنا (ہ) کھویا جانا ۔ گم ہونا ۔ غائب ہونا ۔ ضائع ہونا ۔ بگڑ جانا ۔ خراب ہو جانا ۔ نکل جانا ۔ اسقاط ہونا ۔ بالکل دور ہو جانا ۔
جاترا (ہ/ش) تیرتھ کو جانا ۔ سفر کوچ ۔ تہوار ۔ عید ۔ زیارت ۔ تیرتھ ۔ دیوتا کی مورتی کو رتھ میں سواری کے طور پر لے جانا ۔
جاتری (ہ) جاترا کو جانے والا ۔ زیارت کرنے والا ۔ زائر ۔ مسافر ۔
جاتک (ہ/مذ) (گنوار) بچہ ۔ طفل ۔ اولاد ۔ نسل ۔ بیٹا ۔ بیٹی ۔
جاتی دنیا دیکھنا (ہ) دنیا کو فانی یا موت کے سامنے خیال کر کے کسی کام کو ضروری سمجھنا ۔ کیا جاتی دنیا دیکھ لی ۔ جو ادھر آ نکلے ۔
جاتے جاتے (ا/متعلق فعل) رخصت ہوتے ہوئے ۔ رفتہ رفتہ ۔ آہستہ آہستہ ۔
جاٹ (ہ/مذ) ایک زراعت پیشہ قوم ۔
جاجم (ت/ش) چھپا ہوا فرش ۔ فرش کا بیل بوٹے دار کپڑا ۔
جاچک (ہ/مذ) امتحان لینے والا ۔ ممتحن ۔ جانچ پڑتال کرنے والا ۔ بھکاری ۔ منگتا ۔ مانگنے والا ۔ کمین جیسے نائی ۔ دھوبی ۔ بھاٹ وغیرہ ۔ بجنتری ۔ بجانے والا ۔ سازندہ ۔ ڈوم ۔
جاچکی (ہ/مذ) جھانجھ بجانے والا ۔ وہ لوگ جو بوڑھے کی میت یا برات وغیرہ میں طبلہ سارنگی لے کر گاتے بجاتے چلتے ہیں ۔
جادو (ہ/مذ) ٹونا ۔ سحر ۔ افسوں ۔ منتر ۔

جادُو اُتارنا (ار/محاورہ) سحر کا اثر دُور کرنا یا باطل کرنا۔
جادُو اُترنا (ار/محاورہ) سحر کا اثر دُور ہونا یا باطل ہونا۔
جادُو اُلٹ جانا (ار/محاورہ) جادُو کا اثر کرنے والے پر ہونا۔
جادو برحق کرنے والا کافر (ا/مثل) جادُو کا اثر ضرور ہے۔ مگر کرنے والا بے ایمان اور کافر ہوتا ہے۔
جادُو بھری آواز (ار/مث) مؤثر آواز۔
جادُو جگانا (ہ) جادُو کے اثر کو آزما کر دیکھنا۔ کرنے سے پہلے جادُو کی آزمائش کر لینا۔
جادُو چلانا } (ہ) سحر کرنا۔ افسُون پڑھنا۔
جادُو ڈالنا } ٹوٹکا کرنا۔
جادو چلنا (ہ) ٹوٹنے کا مؤثر ہونا۔ سحر کا کارگر ہونا۔
جادُو کا پُتلا (ہ/مذ) آٹے سے بنی ہوئی انسان یا حیوان کی وہ مُورت جس پر جادُوگر جادو کا عمل کرتے ہیں۔
جادوگر۔ دل عاشق کو نگاہ سے مسخر کرنے والا معشوق۔
جادُوگر (ف/مذ) ٹونا کرنے والا۔ سیانا۔ جادُو کرنے والا۔
جادُوگرنی (ا) جادوگر کی مؤنث۔ جادُو کرنے والی عورت۔ ساحرہ۔
جادُوگری (ف/مث) ساحری۔ سحر کاری۔
جادو وہ جو سر چڑھ کے بولے (ا/مثل) تدبیر وہی جو کارگر ہو جائے۔ تحقیقات وہی جس میں مجرم خود اپنی زبان سے اقبالِ جرم کرے۔
جادُوبنسی (ہ/مذ) راجپوتوں کی ایک قوم جو چندر بنسی کی ایک شاخ ہے سری کرشن جی اسی شاخ میں سے تھے۔
جادہ (ع/مذ) بٹیا۔ لیک۔ لکیر۔ وہ پتلا رستہ جو لوگوں کی آمد و رفت سے جنگل میں پڑ جاتا ہے۔ ڈگری۔ ڈگریا۔ ڈگر۔
جا دھمکنا (ہ) جا پہنچنا۔ جا براجنا۔ جا موجود ہونا۔ زبردستی جا پہنچنا۔
جاذب (ع/مذ) جذب کرنے والا۔ چوسنے والا۔ کھینچ لینے والا۔ سوکھنے والا۔ سیاہی چٹ۔ بلاٹنگ پیپر۔ کاغذِ سوختہ۔
جاذبہ (ع/مث) اعضائے بدنی کی وہ قوّت جو اپنے مناسب و موافق مادّے کو کھینچتی رہتی ہے۔ چوسنے والی۔ سوکھنے والی۔ کھینچنے والی۔
جار (ع/مذ) ہمسایہ۔ پڑوسی۔ جر دینے والا۔ کھینچ کر لا ملانے والا۔ (صرف و نحو) میں سے، پر وغیرہ حروف۔
جار (ہ/مذ) آشنا۔ یار۔ عاشق۔
جارنی (ہ/مث) آشنا عورت۔ زانیہ۔ یارانہ والی عورت۔ حرام کارہ۔
جارُوب (ف/مث) جھاڑو۔ بہاری۔
جارُوب کش (ف) جھاڑو دینے والا۔ خاکروب۔
جاروب کشی (ف/مث) جھاڑو دینے کا عمل/پیشہ۔
جاری (ع) بہتا ہوا۔ چلنے والا۔ نافذ۔
جاریہ (ع/مث) لونڈی۔ باندی۔ کنیز۔ خادمہ۔ گھر کے کاروبار میں پھرنے والی عورت۔
جاڑ (ہ/مث) ڈاڑھ (گنوار) پکے کنوؤں کے درمیان درختوں کی ٹہنیوں کا چاک جو پانی کی چھال سے کنوئیں کی دیواروں کو بچاتا ہے۔
جاڑا (ہ/مذ) سردی۔ سردی کا موسم۔ زمستان۔ شتا۔ سردی۔ خنکی۔
جاڑا پڑنا (ہ) سردی ہونا۔ سردی کا زور ہونا۔ سردی کا چمکنا۔
جاڑا چڑھنا (ہ) سردی لگنا۔ تپ لرزہ کا اثر ہونا۔ کپکپی ہونا۔
جاڑا کھانا (ار/محاورہ) سردی کی تکلیف برداشت کرنا۔
جاڑا لگنا (ار/محاورہ) سردی معلوم ہونا۔ ٹھنڈک لگنا۔
جاسوس (ع/مذ) ناقل۔ مخبر۔ بھیدی۔ دُوت۔ گوئندہ۔ شہر خبرا۔ ایک ملک کی خبریں دوسرے ملک میں لے جانے والا۔ خُفیہ نویس۔
جاسوسی (ا/مث) مخبری۔ خُفیہ نویسی۔
جاعل (ع) پیدا کرنے والا۔
جاف (ع) خشک۔
جافہ۔ بندرگاہ یروشلم۔ مرکزِ تجارت۔ یہاں نمک، گندھک اور چونے کا پتھر بہت ملتا ہے۔ ریل کے ذریعے سے یروشلم کے ساتھ ملا ہوا ہے۔
جاکٹ (ہ/مث) کُرتی۔ واسکٹ۔ نیم آستین کُرتی۔
جاکڑ (ہ/مذ) بندھک۔ دھروڑ۔ پسند ناپسند کے اقرار پر کسی چیز کا خریدنا۔
جاکڑ بہی (ہ/مث) وہ بہی جس میں شرطی بکری کی یادداشت لکھی جائے۔ روکڑ کی جلد۔
جاگ (ہ/مث) بیداری۔ بے خوابی۔ ہوشیاری۔ جیسے جاگ ہو جانے پر چور بھاگ گئے۔ رت جگا۔ شب بیداری۔ ہون۔ یگ۔ زات کی پُوجا۔ جامون۔ جاگنا کا امر۔
جاگ اُٹھنا۔ یا۔ جاگ پڑنا (ہ) بیدار ہو جانا۔ چونک اٹھنا۔ سوتے سے اُٹھ بیٹھنا۔ ہوشیار ہو جانا۔
جاگتی جوت (ہ/مث) ظاہر کرامات۔ صاف اور نمایاں معجزہ۔
جاگرن (ہ/مث) شب بیداری۔ رت جگا۔
جاگنا (ہ) بیدار ہونا۔ نیند سے اُٹھنا۔ ہوشیار ہونا۔ چوکنا ہونا۔ متنبہ ہونا۔
جاگے گا سو پائے گا۔ سوئے گا سو کھوئے گا (ہ/مثل) ہوشیاری سے کامیابی اور غفلت سے نقصان ہوگا۔
جاگر (ہ) جاگنے والا۔ شب بیدار۔ ہوشیار۔ چوکنا۔
جاگیر (ا/مث) وہ قطعۂ زمین جو سرکار کی طرف سے انعام ملے۔ پرگنہ۔ مُعافی۔ تعلقہ۔
جاگیردار (ف/مذ) مالک۔ جاگیر۔ تعلقہ دار۔
جاگیرداری (ف/مث) جاگیردار کا منصب۔
جال (ہ/مذ) پھندا۔ دام۔ فریب۔ مکر۔ دھوکا۔ جادُو۔ طلسم۔ پنجرا۔ پٹکا۔ کھڑکی۔ دریچہ۔ جالی دار۔ سلسلہ وار۔
جال پھیلانا۔ یا۔ جال بچھانا۔ یا۔ جال لگانا (ہ) مکر و فریب کا ڈھنگ ڈالنا۔ دھوکا کرنا۔ فریب بازی۔

جال ڈالنا (ہ) دریا میں جال پھینکنا - فریب کرنا -
جال میں پھنسانا (ہ) کسی شکار کو دام میں یا انسان کو فریب میں لانا -
جالا (ہ/مذ) وہ سفید اور کاغذ سی جھلی جو مکڑی اپنے مُنہ کے لعاب سے انڈوں کے اُوپر لگا دیتی ہے - یا وہ چِند تارِ عنکبوت تنتی ہے - آنکھ میں پیدا شدہ سفید جھلی - پھولا - بھوسا باندھنے کی بان یا سن کی بنی ہوئی خانہ دار جالی - جس میں گھسیارے گھاس باندھتے ہیں -
جالا پڑنا (ا/محاورہ) آنکھ پر جھلی کا ہو جانا -
جالنا (ا/مصدر) جلانا -
جالِب (ع) کسی چیز کو اپنی طرف کھینچنے والا -
جالی (ہ/مث) خانہ دار کپڑا - یا کوئی اور چیز - چھید والی چیز - مشبک چیز - حلقہ دار شے - کشیدہ - کڑھا ہوا کپڑا - جس میں بہت سے خانے ہوں - بان یا سن کا وہ کپڑا جس میں گھسیارے گھاس باندھتے ہیں - آم کی گیری کا وہ پردہ جو گٹھلی پڑنے سے پہلے پیدا ہوتا ہے - پھر اُسی کی گٹھلی بن جاتی ہے - حیوانات کے اوجھ کے اُوپر کی چربی دار جھلی - وہ جھلی یا پردہ جس میں بچہ لپٹا ہوا ہوتا ہے - جال - نقاب - بنا ہوا پردہ جو بالوں یا منہ پر ڈالتے ہیں - چھینکا جو مویشیوں کے منہ پر لگاتے ہیں - فریبی - دغاباز - اصل کے خلاف - مصنوعی - جعلی -
جالی پڑنا (ا/محاورہ) آم کی گیری میں گٹھلی پڑنے سے پہلے ریشے کا پیدا ہونا -
جالی کاڑھنا - یا - نکالنا (ہ) کشیدہ نکالنا - جال کا کام کرنا - کپڑے یا بن نیٹ پر کچھ دستکاری کرنا -
جالی لوٹ - یا - لوٹ جالی (ہ) (ہ/مث) ایک باریک جال دار کپڑا - یا بن نیٹ -
جالیا (ہ/مذ) جعل ساز - فریبی - مکار -
جالینوس - یونان کا ایک حکیم -
جام (ف/مذ) پیالہ - کٹورا - قدح - ساغر - گلاس - شراب پینے کا برتن - علاقۂ خراسان کا ایک شہر جہاں کے مُلا عبد الرحمٰن جامی ہیں -
جام پلانا (ا/مص) شراب کا جام بھر کر پینے کے لیے دینا -
جامِ جم - یا - جامِ جمشید (ف/مذ) جمشید کا پیالہ جو فارس کے حکیموں نے بنایا تھا - اس کے ذریعے سے ہفت آسمان کا حال اور ہر سوال کا جواب اور انجام حسبِ ہدایات نجوم معلوم ہو جاتا تھا - اُسی کو جامِ جہاں نما بھی کہتے ہیں -
جامِ جہاں نما (ف/مذ) وہی جامِ جم - روشنی کا مینار - جس کی روشنی میں جہاز سمندر میں راستہ معلوم کرتے ہیں -
جام چڑھانا (ا) قدح نوشی کرنا - شراب کا پیالہ پینا -
جامِ صحت پینا (ا) کسی بڑے آدمی کی تندرستی کا گلاس پینا - انگلستان میں دستور ہے کہ اپنے دوستوں یا حاکموں وغیرہ کی صحت و کامیابی کے لیے خاص یا عام جلسوں میں جام شراب پیتے ہیں -

جام (ہ/مذ) پہر - دن رات کا آٹھواں حصہ - تین گھنٹے کا وقت - تخم - بیج - نطفہ - اولاد - نسل - پوت - فرزند - بیٹا - ابن جیسے لونڈی کا جام -
جامِد (ع) جما ہوا - منجمد - اصطلاحِ صَرف میں وہ لفظ جو کسی لفظ سے نہ بنا ہو - اور نہ اُس سے کوئی اور لفظ بن سکے -
جامدانی (ہ/مث) (جامہ دانی) کپڑوں کی پیٹی - چمڑے کا صندوق جس میں پہننے کے کپڑے رکھتے ہیں - ایک قسم کا کڑھا ہوا پھول دار کپڑا -
جامع (ع) جمع کرنے والا - شامل - حاوی - تمام - کُل - سب -
جامع مسجد (ع/مذ) جمعہ مسجد - وہ مسجد جس میں بہت سے لوگ جمع ہوں -
جامع و مانع (ع/صف - بہ ترکیبِ فارسی) ایسا مکمل کامل جس سے زیادہ ممکن نہ ہو -
جامعہ (ع/مث) دار العلوم - یونیورسٹی -
جامعیت (ع/مث) اکملیت - کاملیت - جامع ہونے کی کیفیت -
جامگی (ف/مث) کپڑے کا ٹکڑا - بندوق کا توڑا - تنخواہ - مشاہرہ -
جامن (ہ/مث) (۱) اُودے رنگ کا ایک تُرش پھل - اور اُس کا درخت - (۲) دہی جمانے کی چھاچھ - یا دہی -
جامہ (ف/مذ) کپڑا - لباس - پوشاک - پشواز - پیراہن - ایک قسم کا گھیر دار چرغہ نما لباس جو نوابی اور اُمراء پہنتے تھے -
جامہ دار (ف/مث) ایک قسم کی پھول دار چھینٹ یا اُونی پھول دار چادر -
جامہ زیب (ف) وہ آدمی جس پر ہر لباس سج جائے اور اچھا معلوم ہو -
جامے سے باہر ہو جانا (ا) خودی میں نہ رہنا - آپے سے باہر ہو جانا -
جامے میں پھولا نہ سمانا (ا) نہایت خوش ہونا - خوشی کے مارے آپے سے باہر ہو جانا -
جان (ہ/مث) واقفیت - آگاہی - علمیت -
جان بوجھ کر (ہ) عمداً - دیدہ دانستہ - ارادۃً - قصداً -
جان پہچان (ہ/مث) واقفیت - آشنائی - ملاقات واقف کار - مُلاقاتی -
جان لینا (ہ) پہچان لینا - سمجھ لینا - معلوم کر لینا - واقف ہو جانا -
جان نہ پہچان بڑی خالہ سلام }
جان نہ پہچان میں تیرا مہمان } (ا/مثل) ذرا سی آشنائی پر گہرا تعلق جتانے اور بے سبب تپاک ظاہر کرنے کے موقع پر بولتے ہیں -
جان (ہ/مث) رُوح - جی - پران - دم - حیات - زندگی - آتما - بل - زور - طاقت - شکتی - ست - ہمت - عطر - لُبِ لباب - اَنس - آرائش - زیبائش جیسے کھٹائی آلو کی جان ہے - تعظیم اور پیار کا کلمہ - جیسے ابا جان - معشوق - جانی - من موہن - نُورِ نظر - لختِ جگر - آنکھ کا تارا -
جان آنا (ہ) طاقت آنا - توانائی آنا - پنپنا - تازگی آنا - رونق حاصل ہونا - خوشی حاصل ہونا - جیسے تمہیں دیکھ کر جان آ گئی -

جان باز (ف) جان قربان کرنے والا۔سپاہی۔دلیر۔بے باک۔جفاکش۔محنتی۔اولوالعزم۔
جان بازی (ف/مث) دلیری۔جفاکشی۔اولوالعزمی۔محنت۔بے باکی۔جان جوکھوں۔
جان بچی لاکھوں پائے (ا/مثل) زندہ رہنا ہی بڑی دولت اور غنیمت ہے۔
جان بخشی (ف/مث) معافی۔عفو۔آمرزش۔رہائی۔نجات۔خلاصی۔مکتی۔درگزر۔
جان بر ہونا (ا) جان سلامت لے جانا۔جیتا بچ جانا۔
جان بلب (ف) نزع کی حالت میں۔جاں کنی میں۔قریب مرگ۔
جان بے کل ہونا (ا) دل بے چین ہونا۔مضطرب ہونا۔پریشان ہونا۔
جان پر بننا (ا) جان پر مصیبت آجانا۔سخت تکلیف ہونا۔جان ہلاکت میں آنا۔مصیبت وارد ہونا۔
جان پر کھیلنا (ا) جان کو جوکھوں میں ڈالنا۔اپنے آپ کو ہلاکت کے موقع میں لے جانا۔
جان پڑنا (ا) کسی میں رُوح پڑنا۔خوش ہونا۔مسرور ہونا۔تروتازہ ہونا۔
جان توڑ کر (ا) نہایت محنت سے۔بڑی مشقت سے۔ہمہ تن مصروف ہوکر۔
جان جوکھوں (ا/مث) خطرہ۔ہلاکت۔کھٹکا۔اندیشہ۔خوف۔ڈر۔
جان چرانا (ا) کسی کام سے پہلوتہی کرنا۔جی چھپانا۔گریز کرنا۔
جان چلی جانا (ا/محاورہ) بہت بے چین ہونا۔
جان چھپانا (ا/محاورہ) بہانے کرنا۔جیلے حوالے کرنا۔
جان چھڑانا (ا/محاورہ) جان بچانا۔نجات پانا۔کسی کو مار ڈالنا۔قتل کر ڈالنا۔
جان چھڑکنا (ا/محاورہ) عاشق ہونا۔فریفتہ ہونا۔جان دینا۔
جان چھوڑنا (ا/محاورہ) پیچھا چھوڑنا۔ہمت ہارنا۔مرجانا۔
جان دار (ف) حیوان۔ذی رُوح۔طاقت ور۔زورآور۔مضبوط۔ہٹا کٹا۔قوی۔چالاک۔پھرتیلا۔
جان دوبھر ہونا (ا) جان بھاری ہونا۔زندگی سے بیزار ہونا۔
جان دینا (ا) مرنا۔جاں بحق تسلیم کرنا۔جان سونپنا۔جان قربان کرنا۔جان نثار کرنا۔نہایت بخل کرنا۔از حد ممسک ہونا۔زندگی بخشنا۔جلانا۔
جان سے دُور (ا/محاورہ) کسی مرے ہوئے آدمی کا اپنے زندہ عزیزوں سے تشبیہ ذکر کرتے وقت یہ کلمہ بولتے ہیں۔
جان سے گزرنا۔یا۔جانا۔یا۔گزر جانا (ا) مرنا۔فنا ہونا۔پران چھوڑنا۔فوت ہونا۔جی دینا۔
جان سے مارنا (ا) مار ڈالنا۔قتل کر دینا۔ہلاک کر دینا۔
جان سی نکلنے لگنا (ا) سخت تکلیف گزرنا۔رُوح کو صدمہ گزرنا۔جان پر صدمہ پہنچنے لگنا۔

جان سے ہاتھ دھو بیٹھنا (ا) زندگی سے نااُمید ہو جانا۔زیست سے مایوس ہونا۔مرنے پر تیار ہو جانا۔
جان فشانی کرنا (ا) جان چھڑکنا۔جاں نثاری کرنا۔محنت و مشقت کرنا۔پتّا۔از حد کوشش کرنا۔زور مارنا۔جان توڑ کر کام کرنا۔
جان کا بیری۔یا۔لاگو۔یا۔لیوا (ا) دشمنِ جان۔جانی دشمن۔ملک الموت۔قابض ارواح۔عدو۔حاسد۔بدخواہ۔
جان کا ٹکڑا (ا/مذ) جگر پارہ۔لختِ جگر۔آرام دل۔معشوق۔
جان کا جنجال (ا/مذ) بارِ خاطر۔دوبھر۔بکھیڑا۔وبالِ جان۔
جان کاہ (ف) جان گداز۔جان گھلانے والا۔جان گھٹانے والا۔
جان کندنی۔یا۔جان کنی (ف/مث) نزع کی حالت۔موت کے وقت سانس کا اکھڑ جانا۔دم توڑنے کی حالت۔عذاب۔عقوبت۔تکلیف۔دُکھ۔
جان کو جان نہ سمجھنا (ا) جان کا خیال نہ کرنا۔جان کو عزیز نہ جاننا۔
جان کو رونا (ا) بددُعا دینا۔کسی سے تکلیف اُٹھا کر اُسے کوسنا۔صبر کر بیٹھنا۔
جان کھانا۔یا۔جان کو کھانا (ا) تنگ کرنا۔ستانا۔دِق کرنا۔تکلیف دینا۔بہت سی باتیں کرنا۔بیزار کرنا۔
جان کھونا (ا) ہلاک ہونا۔مرنا۔جان دینا۔
جان کی امان (ا/مث) معافی۔عفو۔تقصیر۔نجات۔رہائی۔جان بخشی۔
جان کی برابر رکھنا (ا) جان کی سی قدر کرنا۔جان سے الگ نہ کرنا۔
جان کے لالے پڑنا (ا) زیست سے نااُمید ہونا۔زندگی کی تمنا نہ ہونا۔جان ہلاکت کے قریب ہونا۔زندگی کی آرزو نہ کرنا۔
جان گداز (ف/صف) جان کو دُکھ دینے والا۔جان گھلانے والا۔
جان گزا (ف/صف) جان کو گھٹانے والا۔جان پر خطرہ پہنچانے والا۔
جان گنوانا (ا/محاورہ) بے فائدہ جان دینا۔
جان لبوں پہ آنا (ا/محاورہ) حالت نزع ہونا۔قریب مرگ ہونا۔
جان کی جان گئی اور ایمان کا ایمان گیا (ا/مثل) نہ دین کے رہے نہ دُنیا کے۔ہر طرح کا نقصان ہو گیا۔
جان لینا (ا) ہلاک کرنا۔قتل کرنا۔مارنا۔عاجز کرنا۔تنگ کرنا۔دِق کرنا۔ستانا۔جیسے تم نے تو ہماری جان ہی لے ڈالی۔
جان مار کر کام کرنا (ا) نہایت محنت اور کوشش سے کام کرنا۔بڑی مشقت سے کسی کام کو کرنا۔دل لگا کر بڑی محنت سے کام کرنا۔
جان مارنا (ا) محنت کرنا۔کوشش۔جانفشانی کرنا۔از حد مشقت اُٹھانا۔عاجز کرنا۔ستانا۔تنگ کرنا۔دِق کرنا۔پران لینا۔
جانِ من (ف) (لغوی) میری جان (مجازی) معشوق۔محبوب۔چہیتی بیوی یا فرزند کے لیے بولا جاتا ہے۔
جان میں جان آنا (ا) تسلی پانا۔اطمینان حاصل ہونا۔خوشی ہونا۔خوف

سے بچنا ۔ تسکین حاصل ہونا ۔ تقویت پانا ۔

جان نثار (ف) جان فدا کرنے والا ۔ جان باز ۔ وہ مُردہ جو بڑی سختی سے جان دے ۔

جان نثاری (ف) جان بازی ۔ جانفشانی ۔ محنت کشی ۔ خیر خواہی ۔ جفاکشی ۔ تندہی ۔

جان نکلنا (ل) مرنا ۔ دم نکلنا ۔ پران دینا ۔ فوت ہونا ۔ وفات پانا ۔ کسی پر عاشق ہونا ۔ شیدا ہونا ۔ سخت تکلیف اُٹھانا ۔ جفاکشی کرنا ۔ مصیبت سہنا ۔

جان ہلکان کرنا (ل) ستانا ۔ دق کرنا ۔ تکلیف دینا ۔ دُکھ دینا ۔ ہلاک کرنا اپنی جان کو یا دوسرے کی جان کو ۔

جان ہے تو جہان ہے (ل/مثل) زندگی کے ساتھ ہی دُنیا کی ہر چیز کا لُطف ہے ۔

جانا (ہ) سدھارنا ۔ رُخصت ہونا ۔ چلنا ۔ روانہ ہونا ۔ گزرنا ۔ بیتنا ۔ ٹلنا ۔ ہونا ۔ جیسے دس دن بیت گئے ۔ چھوٹنا ۔ جُدا ہونا ۔ الگ ہونا جیسے چمڑی جائے دمڑی نہ جائے ۔ ہماری دغیرہ دُور ہونا ۔ دلع ہونا ۔ ضائع ہونا ۔ گم ہونا ۔ جیسے جس کا جائے وہی چور کہلائے ۔ گزرنا ۔ اُترنا جیسے ان کے اوپر سے دو بچے گئے ۔ خیال کرنا ۔ پروا کرنا جیسے اس کی بات پر نہ جانا ۔ ہٹنا ۔ سرکنا ۔ جیسے جاؤ یہاں سے ۔ کٹنا ۔ قلم ہونا ۔ جیسے سر جائے گا ۔ پر بات نہیں جائے گی ۔

جاناں (ف/مذ) (جان کا مزید علیہ) معشوق ۔ پیارا ۔ جانی ۔ یار ۔ محبوب ۔ دلبر ۔ جو جان سے بھی زیادہ عزیز ہو ۔

جانب (ع/مث) طرف ۔ سمت ۔ رُخ ۔ پہلو ۔

جانب دار (ع/ف) طرف دار ۔ حمایتی ۔ مددگار ۔ معاون ۔ پچ کرنے والا ۔ پشت و پناہ ۔ ساتھی ۔

جانب داری (عف/مث) پچ ۔ طرف داری ۔ مدد ۔ حمایت ۔ رعایت ۔ ساتھ ۔

جانچ (ہ/مث) اندازہ ۔ قیاس ۔ تخمینہ ۔ پڑتال ۔ اٹکل ۔ پرکھ ۔

جانچنا (ہ) پرکھنا ۔ پڑتال کرنا ۔ اندازہ کرنا ۔ تاڑنا ۔ تولنا ۔ معلوم کرنا ۔ دریافت کرنا ۔

جانگلو (ہ) وحشی ۔ جنگلی ۔ غیر مہذب ۔ ناشائستہ ۔ اُجڈ ۔ احمق ۔ اکھڑ ۔

جانگھ (ہ/مث) ران ۔ زانو ۔

جانگھیا (ہ/مذ) کچھنا ۔ گھٹنا ۔ چھوٹا پاجامہ جو صرف رانوں تک رہے ۔

جاننا (ہ) واقف ہونا ۔ آگاہ ہونا ۔ پہچاننا ۔ معلوم کرنا ۔ تمیز کرنا ۔ اعتبار کرنا ۔ بھروسا کرنا ۔ قیاس کرنا جیسے اگر آپ کو تکلیف پہنچے تو میں جانوں ۔ ماننا ۔ تسلیم کرنا ۔ فرض کرنا ۔ جیسے تم سب نے بے وقوف سہی ۔

جاننا بوجھنا (ا/محاورہ) واقف ہونا ۔

جانور (ف/مذ) جاندار ۔ ذی رُوح ۔ حیوان ۔ کیڑا مکوڑا ۔ ڈھور ڈنگر ۔ چوپایہ ۔ چرندہ ۔ درندہ ۔ پرندہ ۔ وحشی ۔ احمق ۔ بے وقوف ۔ گدھا ۔ اُلو ۔

جانیے (ا) دیکھئے ۔ جیسے گویا ۔ فرض کرلو ۔ تسلیم کرلو ۔ جیسے جانیے ہم بادشاہ ہیں ۔

جانی (ف) جان سے نسبت رکھنے والا ۔ پیارا ۔ دلربا ۔ محبوب ۔ دلدار ۔ معشوق ۔ دوست ۔ عزیز از جان ۔ دلآرام ۔

جانی دشمن (ا/مذ) سخت دشمن ۔ عدوئے جان ۔ جان کا خواہاں ۔ دشمن ۔

جانی دوست (ا/مذ) دلی دوست ۔ نہایت گہرا دوست ۔

جانے دو (ہ/محاورہ) نظر کر کے چلنے دو ۔ باز آؤ ۔ معاف کرو ۔ درگزر کرو ۔ خیال نہ کرو ۔

جانے میری جوتی (ا/مثل) خبر نہیں ۔ کیا معلوم ۔ میں کیا ۔

جاؤ بیٹھو / **جاؤ بھی**	(ہ/محاورہ) اپنا کام کرو ۔ کام میں مشغول ہو جاؤ ۔ اپنے کام سے لگو ۔ ہٹ جاؤ ۔ بیٹھے رہو ۔ چُپ رہو ۔ خاموش رہو ۔
جاوید / **جاویداں**	(ف) ہمیشہ ۔ مدام ۔ دائم ۔ نت ۔ سدا ۔ قدیم ۔

جاویدانی (ف/مث) قدامت ۔ ہمیشگی ۔

جاہ (ف/مث) رُتبہ ۔ مرتبہ ۔ عزت ۔ درجہ ۔ شکوہ ۔ شان ۔ شوکت ۔ عظمت ۔ بزرگی ۔ رُعب و داب ۔ دبدبہ ۔ رفعت ۔ شان ۔

جاہ و جلال (فع/مذ) شان و شوکت ۔ رُعب و داب ۔ جبروت ۔ دبدبہ ۔ شکوہ و رفعت ۔

جاہ و حشم (فع/مذ) لاؤ لشکر ۔ ٹھاٹ ۔ حشمت ۔ کرّ و فر ۔ رفعت و منزلت ۔ دولت ۔ عزت ۔ اقتدار ۔

جاہ و منصب / **جاہ و منزلت**	(فع/مذ) قدر و منزلت ۔ درجہ ۔ رُتبہ ۔ مرتبہ ۔ پایہ ۔ عہدہ ۔ جلال ۔ شان ۔

جاہل (ع) نادان ۔ اناڑی ۔ مُورکھ ۔ ان پڑھ ۔ ناخواندہ ۔ بے علم ۔ وحشی ۔ نامہذب ۔ اُجڈ ۔ کُندۂ ناتراش ۔ اکھڑ ۔ بے ادب ۔ گستاخ ۔

جاہل فقیر شیطان کا ٹٹو (ا/مثل) جاہل فقیر پر شیطان سوار ہوتا ہے ۔ لاعلمی کے باعث جدھر چاہا ، لے گیا ۔

جاہلیت (ع/مث) جاہل ہونا ۔ زمانۂ قبل اسلام جب لوگ بُت پرستی کرتے تھے ۔

جاہی (ہ/مث) ایک قسم کا سفید خوشبودار پھول چنبیلی کی ایک قسم ۔ ایک قسم کی آتش بازی ۔

جائے (ف/مث) جگہ ۔ ٹھاؤں ۔ مقام ۔ مکان ۔ ٹھور ۔ ٹھکانہ ۔ وسعت ۔ گنجائش ۔

جائے استاد خالی است (ف/مثل) اُستاد کی جگہ خالی ہے ۔ اُستاد پھر بھی اُستاد ہی ہے ۔ کوئی شخص اگر کوئی عمدہ تجویز بتائے تو وہاں یہ مثل بولتے ہیں ۔ گویا ہم آپ کے شاگرد ہیں ۔ اب آپ ہی کی کسر باقی ہے ۔

جائے دم زدن (ف/مث) دم مارنے کا موقع ۔ گلے شکوے کی جگہ ۔

جائے سے ۔ جائے سر (ل) مناسب ۔ واجب ۔ بجا ۔ واقعی ۔ درست ۔

ٹھیک ۔ ٹھکانے پر ۔ درست طور سے ۔
جائے ضرور (ا/مذ) بیت الخلا ۔ پاخانہ ۔ ٹٹی ۔
جائے عذر (ف/مث) بہانہ کرنے یا ٹالنے کی گنجائش ۔
جائے لاکھ رہے ساکھ (ہ/مثل) لاکھ کا ٹوٹا پڑ جائے تو پروا نہیں ۔ مگر اعتبار بنا رہے ۔
جائے ماجرا (ع/مث) جائے وقوع ۔ جرم ہونے کی جگہ ۔
جائی (ہ/مث) دختر ۔ بیٹی ۔ لڑکی ۔ پتری ۔
جایا (ہ/مذ) پسر ۔ بیٹا ۔ پوت ۔ پتر ۔ لڑکا ۔
جائیا (ہ) جانے والا ۔ مرنے جوگا ۔ جاں نثار ۔ شریر ۔ بدذات ۔ ہوشیار ۔ چالاک ۔ تیز فہم ۔ ذکی ۔ جینے کی باتیں نہ کرنے والا ۔
جائے پھل (ہ/سنس) جائفل ۔ جوز بویا ۔ ایک دوا کا نام ہے ۔
جائداد (ف/مذ) ملکیت ۔ مال واسباب ۔ جاگیر ۔ پونجی ۔ پیداوار ۔ کھڑی فصل ۔ چیز بست ۔
جائداد غیر منقولہ (ع) وہ جائداد جو جگہ نہ بدل سکے ۔ جیسے زمین ۔ مکان سکونتی وغیرہ ۔ قانونی اصطلاح ہے ۔
جائداد مکفولہ (ع/مث) (قانون) وہ جائداد جو ضمانت میں رہن کر دی جائے ۔ آڑ یعنی رہن رکھی ہوئی جائداد ۔
جائداد منقولہ (ع/مث) قانون ۔ وہ جائداد جسے ایک جگہ سے اٹھا کر دوسری جگہ لے جا سکیں ۔ جیسے مال اسباب ۔ غلہ وغیرہ ۔ چیز بست ۔ ذاتی اور نج کی جائداد ۔
جائز (ع) روا ۔ بجا ۔ درست ۔ واقعی ۔ ٹھیک ۔ واجب ۔ مناسب ۔ مباح ۔ مطابق شرع ۔ موافق قانون ۔ حسب ضابطہ ۔ شاستر کے مطابق (قانون) اصلی ۔ صلبی ۔ حقیقی ۔ سگا ۔ مستند ۔ ماننے کے قابل ۔ قابل منظوری ۔
جائز رکھنا (ف) ماننا ۔ تسلیم کرنا ۔ منظور کرنا ۔ روا رکھنا ۔ مباح سمجھنا ۔ حلال جاننا ۔
جائز وارث (ع/مذ) وہ وارث جو وراثت کا صحیح حقدار ہو ۔ اصلی بیٹا ۔ ولد الحلال ۔
جائزہ (ع/مذ) لغوی معنی صلہ ۔ بدلہ ۔ انعام ۔ نیک بدلہ ۔ صحت کی لکیر ۔ پڑتال کی علامت ۔ مقابلہ ۔ جانچ پڑتال ۔ حاضری ۔ گنتی ۔ شمار ۔
جائزہ دیکھ لینا (ف/محاورہ) آزمائش کر لینا ۔ جانچ کر لینا ۔
جائزہ دینا (ف) چارج دینا ۔ سنبھلوانا ۔ حساب کتاب دینا ۔
جائزہ لینا (ف) موجودات لینا ۔ پڑتال کرنا ۔ جانچنا ۔

ج ۔ ب

جب (ہ) جس وقت ۔ ہرگاہ ۔ درحالیکہ ۔
جب آنکھ بند کر لی پیچھے کچھ ہی ہو (ہ/مثل) جب خود مر گئے ۔ بعد میں کچھ ہوتا رہے ۔
جب تک ۔ جب تلک (ہ) جس وقت تک ۔ تاوقتیکہ ۔
جب تک رکابی میں بھات ۔ تب تک میرا تیرا ساتھ (ہ/مثل) خود غرض آشنا کی بابت بولتے ہیں ۔ جو صرف مطلب کے یار ہوتے ہیں ۔
جب تک دم ہے ۔ تب تک غم ہے (ہ) زندگی میں انسان بے غم نہیں ہو سکتا ۔
جب تک سانس تب تک آس (ہ/مثل) مرتے دم تک امید رہتی ہے ۔
جب خدا دیتا ہے تو چھپر پھاڑ کر دیتا ہے (ہ/مثل) خدا بے وسیلہ رزق دیتا ہے ۔
جب دانت نہ تھے تب چنے تھے جب دانت ہوئے تو چنے نہیں ۔ (ہ/مثل) جب تک اولاد نہ تھی خوش حال تھے ۔ اب جو اولاد ہوئی تو تنگی آ گئی ۔
جب اتار لی لوئی تو کیا کرے گا کوئی (ہ/مثل) جب خود بے حیا بن گئے تو پھر کسی کی کیا پروا ۔ بے حیا کا کوئی کیا کر سکتا ہے ۔
جب منہ لگی چاٹ تو سوجھی حلوائی کی ہاٹ (ہ/مثل) چٹورے آدمی کو ہمیشہ اپنے چسکے ہی کا خیال رہتا ہے ۔
جب ہاتھ لیا کاسا ۔ تو کیا کروڑوں کا سانسا (ہ/مثل) جب مانگنے پہ نیت دھر لی ۔ تو روٹیوں کی کیا کمی ۔ جب بے غیرتی اختیار کر لی تو روٹیاں بہتیری ۔
جب ہی (ہ) فوراً ۔ اسی وقت ۔ اسی گھڑی ۔
جُبّ (ع/مذ) چاہ ۔ کنواں ۔
جبر (ع/مذ) زیادتی ۔ سختی ۔ زبردستی ۔ سینہ زوری ۔ ظلم و ستم ۔ جور و جفا ۔ زخم بھرنا ۔ پٹی باندھنا ۔ کمی اور ٹوٹے کا پورا کرنا ۔ جیسے جبر نقصان (علم حساب) کسروں کا اختصار کرنا ۔ کر ۔ ڈنڈ ۔
جبر اٹھانا (ف) سختی جھیلنا ۔ مصیبت اٹھانا ۔ دکھ سہنا ۔
جبر کرنا (ف) زبردستی کرنا ۔ دبانا ۔ تنگ کرنا ۔ مجبور کرنا ۔ ستانا ۔
جبر و تعدی (ع/مث) زبردستی ۔ ظلم و ستم ۔ جور و جفا ۔ سینہ زوری ۔
جبر و مقابلہ (ع/مذ) علم ریاضی میں ایک صیغہ ۔ جس میں علامات اور حروف کے ذریعے سے عمل کیا جاتا ہے ۔ اور مقادیر معلومہ کے ذریعے سے مقادیر مجہولہ دریافت کی جاتی ہیں ۔
جبراً (ع) زبردستی سے ۔ سختی کے طور پر ۔ ظلم سے ۔ قہراً ۔
جبراً و قہراً (ع) چار و ناچار ۔ مجبوراً ۔ جس طرح ہو سکے ۔ اسی طرح ۔
جبراً لے لینا (ف) زبردستی چھین لینا ۔ ناحق لے لینا ۔
جبروت (ع/مذ) عظمت ۔ بزرگی ۔ تکبر ۔ جلال آسمانی کی حالت ۔ صفات الہیہ ۔
جبروتی (ع/ف/مث) بزرگی کی شان ۔ تکبر ۔
جبرئیل (ع/مذ) ایک مشہور اور مقرب فرشتہ جو رسولوں پر وحی لے کر

آتا تھا۔

جبریہ (ع) وہ لوگ جو کہتے ہیں کہ بندہ اپنے کام میں خود مختار نہیں۔

جبڑا (ہ/مذ) کلّہ۔ جانہ۔ وہ جگہ جہاں دانتوں کی قطاریں لگی ہوتی ہیں۔

جبڑا چلانا (ا/محاورہ) کوئی چیز کھانا۔ منہ چلانا۔

جبل (ع/مذ) پہاڑ۔ کوہ۔

جبل پور۔ جی۔ آئی۔ پی اور ای۔ آئی۔ اے ریلوے کا جنکشن۔ یہاں سنگِ مرمر کی نفیس چیزیں بنتی ہیں۔

جَبَلی (ع) پہاڑی۔ کوہی۔ پہاڑ کی چیز۔

جِبِلّت (ع/مث) فطرت۔ خلقت۔ پیدائش۔ قدرت۔ حقیقت۔

جِبِلّی (ع) خلقی۔ پیدائشی۔ طبعی۔ قدرتی۔ اصلی۔

جُبْن (ع/مذ) بُزدلی۔ کم ہمتی۔ ترس۔ ڈر۔ خوف۔ ڈرپوک پن۔ نامردی۔ دُودھ پھاڑ کر اس میں سے نکالا ہوا سفید مادّہ۔

جُبّہ (ع/مذ) چوغہ۔ جامہ۔ ایک قسم کا رُومی اور عربی ڈھیلا لباس۔

جَبْہَہ (ع/مذ) پیشانی۔ ماتھا۔ جبین۔ ناصیہ۔

جبہہ سا (ف/صف) ماتھا رگڑنے والا۔ منت کرنے والا۔

جَبْہَہ سائی (ع ف/مث) ماتھا رگڑنا۔ منّت سماجت کرنا۔ ناک رگڑنا۔

جَبھا (ہ/مذ) حوصلہ۔ دلیری۔ بہادری۔ رعب داب۔ دبدبہ۔ زبردستی۔

جِبھیا (ہ/مث) زبان۔ لُلو۔

جبین (ف/مث) ماتھا۔ پیشانی۔ جَبْہَہ۔ ناصیہ۔

جبین سائی (ف/مث) ماتھا رگڑنا۔ منّت سماجت کرنا۔

جبین گرفتہ (ف) تُرش رُو آدمی۔

ج - پ

جَپ (ہ/مث) تسبیح ہلانا۔ مالا پھیرنا۔ پُوجا پاٹ کرنا۔ جَپنا۔ خدا کو یاد کرنا۔ عبادتِ الٰہی کرنا۔ جادو۔ منتر۔ افسون۔

جَپ جی (ہ/مث) سِکھوں کی ایک مقدس کتاب۔

جَپ تپ (ہ/مث) پوجا پاٹ۔ عبادت و ریاضت۔ عبُودیّت۔ (مجازاً) تکالیف اور دُکھ جیسے جتنے تیرے لیے بڑے جپ تپ سے۔

جپ کرانا (ا/مص) کسی مطلب کے لیے یا بیماری سے اچھا ہونے کیلئے پوجا پاٹ کرانا۔

جَپ کرنا (ہ) کسی مطلب کے لیے منتر پڑھوانا۔ پوجا پاٹ کرانا۔

جَپ مالا (ہ/مث) سمرنی۔ سمھنی۔ پوجا پاٹ کرنے کی مالا۔ تسبیح۔

جَپنا (ہ) مالا پھیرنا۔ تسبیح ہلانا۔ خدا تعالیٰ کا نام رٹنا۔ بار بار کہنا۔ یاد کرنا۔

جُپنی (ہ/مث) تسبیح۔ سمرن۔ ورد۔ وظیفہ۔ رٹ۔

ج - ت

جَت (ہ/مث) تجرید۔ مجرد رہنا۔ ترکِ لذات۔ تقویٰ۔

جتا ساری (ہ/مث) چکی کا راگ۔ یعنی وہ راگ جو عورتیں چکی پیستے وقت گاتی ہیں۔

جتانا } جتلانا } (ہ) آگاہ کرنا۔ ہوشیار کرنا۔ بتانا۔ مطلع کرنا۔ متنبّہ کرنا۔ ہوشیار کرنا۔ بتانا۔ کان کھولنا۔ یاد دلانا۔ ایما کرنا۔ رہنمائی کرنا۔ تاکید کرنا۔ ہوش میں لانا۔

جتانا } جتوانا } (ہ) غلبہ دلانا۔ غالب کرانا۔ شکست دلانا اور ہرانا کی ضد۔

جَتَن (ہ/مذ) تدبیر۔ تجویز۔ بندوبست۔ علاج۔ دوا۔ محنت و مشقت۔ کرتوت۔ فعل۔ رنگ ڈھنگ۔ سنسار۔ دُنیا۔ جیسے اسی کا نام سچا ہے۔ سب جَتن جھوٹا ہے۔ مکر و فریب۔ استقلال۔ سعی و کوشش۔

جِتنا (ہ) جس قدر۔ جو کچھ۔ سارا۔ تمام۔ کُل۔

جتنا چھانو اتنا ہی کرکرا ہوتا ہے (ہ/مثل) جتنا زہر کرو گے۔ اتنے نقص نکلتے چلے آئیں گے۔

جتنا چھوٹا اُتنا ہی کھوٹا } جتنا اُوپر ہے اُتنا ہی نیچے ہے } (ہ/مثل) پست قد دشمن اور چالاک آدمی کی نسبت بولتے ہیں کہ اسے چھوٹا نہ سمجھو۔ یہ بڑا چالاک اور سخت موذی ہے۔

جتنا گُڑ ڈالو گے اُتنا ہی میٹھا ہوگا (ہ) جتنا خرچ کرو گے، اُتنا ہی کام اچھا اور زیادہ ہوگا۔

جُتنا (ہ) بیلوں وغیرہ کا ہل وغیرہ میں لگنا۔ پلنا۔ مشغول ہونا۔ بھڑانا۔ لڑنا۔ مقابل ہونا۔ ٹہل کرنا۔ خدمت کرنا۔ کوشش کرنا۔

جَتَنی (ہ) جتن کرنے والا۔ مدبّر۔ ہوشیار۔ چالاک۔

جَتَنی (ہ/مث) بالوں کی وہ رسّی جو مال کے ٹکاؤ کے لیے چرخے کی پنکھڑیوں کے کنارے پر باندھتے ہیں۔

جِتنی (ہ) جتنا کی تانیث۔

جتنی چادر دیکھیے اُتنے ہی پاؤں پھیلائیے (ا/مثل) اپنی حیثیت اور آمدنی کے مطابق خرچ کرنا چاہیے۔

جتنی دولت اُتنی مصیبت (ا/مثل) امیروں کو زیادہ تفکرات رہتے ہیں۔

جتنے (ہ) جتنا کی جمع۔

جتنے دَم اُتنے ہی غم (ا/مثل) جتنی زندگی اُتنی ہی تکلیف۔ یا جتنی عیالداری زیادہ، اُتنی ہی فکر زیادہ رہتی ہے۔

جتنے گھنے اُتنے بھلے (ا/مثل) تعداد کی زیادتی اچھی ہوتی ہے۔

جتنے مُنہ اُتنی باتیں (ہ/مثل) ہر شخص کی رائے الگ ہوتی ہے۔

جَتھا (ہ/مذ) منڈلی۔ گروہ۔ جماعت۔ ٹولی۔ انبوہ۔ بھیڑ۔ ہجوم۔ سرمایہ۔ پونجی۔ جیسے جتھا سب لگا دیا۔ ایکا۔ اتفاق۔ طاقت۔ زور۔ بل۔

جتھا باندھنا (ہ) اتفاق کرنا۔ جماعت بنانا۔ ایکا کرنا۔

جَتّی (ہ) جت والا۔ تارکِ لذاتِ نفسانی۔ سنت۔ جوگی۔

جَتی سَتی (ہ) نیک - مُجرّد - پارسا - پرہیزگار - دُنیا سے بے تعلق - تارک الدُّنیا -

ج - ٹ

جَٹ (ہ/مذ) جاٹ کا مخفف -
جُٹ (ہ/مث) جوڑا - جُفت - جُگ - دو متحد آدمی یا چیزیں - ہمسر - ثانی -
جٹا (ہ/مث) گُندھے ہوئے بال - چوٹی - گیسو - بڑ کی ڈاڑھی - رستا - لمبی رسی -
جٹا دھاری (ہ) لمبے لمبے بالوں والا - دراز گیسو آدمی - جوگی - سنیاسی - شیوجی کے چیلوں کو بھی کہتے ہیں (مذکر) شیوجی - مہیش - مہادیو - پُرانا سانپ جس کے سر پہ بال ہوں - مارکنہ - زعفران - کیسر -
جٹا بانسی (ہ/مث) بالچھڑ - سُنبل الطیب -
جُٹنا (ہ) بھڑنا - لڑنا - گتھنا - جُڑنا - پیوند ہونا - سازش کرنا - چمٹنا - لپٹنا - سر ہونا - پیچھے پڑنا -
جُٹھ دینا (ا/محاورہ) جھوٹی باتیں بنانا -
جٹھانی (ہ/مث) جیٹھ کی بیوی - خاوند کے بڑے بھائی کی بیوی -
جُٹھی (ا/مذ) پہلوان -
جُٹی (ہ/مث) (ہندو) سوکھے تمباکو کی گڈی - ردیوں کی تھپی - دولوں پیسوں کی بیٹری - پاس پاس - پیوستہ - جُڑی ہوئی -
جُٹی بُٹی (ہ/مث) (ہندو) جڑی بوٹی -

ج - ث

جث (ع) جڑ سے اکھاڑنا -
جُثّہ (ع/مذ) تن - جسم - بدن - انگ - کاٹھی - جسم کی ساخت - لاش - نعش - جسامت - انگلیٹ -

ج - ج

جج (انگریزی/مذ) مُنصف - فیصلہ کرنے والا -
جج بیٹھنا (ا/محاورہ) کسی مقدمے کے سلسلے میں جج کا خاص طور سے مقرر کرنا -
ججمان (ہ/مذ) ہوم کے واسطے پانڈوں کو نوکر رکھنے والا - جگ کرنے والا - وہ شخص جس پہ نائی برہمن وغیرہ برت کا حق رکھتے ہوں - مخدوم - مرلی - اسامی -
ججمانی (ہ/مث) وہ روپیہ جو ججمان برہمن نائی وغیرہ کو دے -

ج - چ

ججا (ہ) اندازہ کیا ہوا - پُورا - دُرست - ٹھیک - جیسے "تلوار کا ججا تُلا ہاتھ" (مؤنث) (ہندو) زچہ کا بگاڑ - وہ عورت جس کے بچہ پیدا ہوا ہو -
ججا گیریاں (ہ/مث) (عورت) وہ گیت جو زچہ خانے میں گائے جاتے ہیں -
ججنا (ہ) تُلنا - انکنا - اندازہ ہونا - آزمایا جانا - امتحان ہونا - قیمت لگنا - وقعت ہونا - ثابت ہونا - یقین کو پہنچنا -
ججی تُلی - یا - ججا تُلا (ہ) ٹھیک - دُرست - صحیح - تجربہ اور امتحان کے مطابق - بالکل ٹھیک -

ج - ح

جحش (ع) گدھے کا بچہ - ایک صحابی کا نام -
جحود (ع/مذ) جان بُوجھ کر انکار کرنا - تجاہلِ عارفانہ -
جحیم (ع) وہ آگ جو گڑھے میں روشن کی جائے - دوزخ کا چھٹا طبقہ -

ج - د

جُد (ع/مذ) وہ کنواں جو کھیت میں ہو -
جَد (ع/مذ) دادا - باپ کا باپ -
جَدِّ اعلیٰ (ع/مذ) مورثِ اعلیٰ - آبائی سلسلہ کا وہ بزرگ جس سے کسی قبیلہ وغیرہ کی نسل چلے -
جَدِّ فاسد (ع/مذ) نانا - ماں کا باپ -
جِد (ع/مث) کوشش - سعی - دَوڑ دھوپ - سرگرمی - آیائے محنت -
جَد وجہد (ع/مث) کوشش - سعی - محنت و مشقت -
جُدا (ف) الگ - نیارا - علیحدہ - نرالا - مختلف - بچھڑا ہوا -
جُدا جُدا (ف) الگ الگ - نیارا - نیارا - علیحدہ علیحدہ - تفصیل وار -
جُدا کرنا (ق) الگ کرنا - علیحدہ کرنا - ہٹانا - کاٹنا - توڑنا - نفاق ڈالنا -
جُداگانہ (ف) الگ - علیحدہ - ایک طرف -
جُدائی (ف/مث) علیحدگی - بچھویا - بچھوڑا - تفرقہ - مفارقت -
جَدَل (ع/مث) لڑائی - جنگ - معرکہ - کارزار - رزم -
جَدَد (ع/مث) ہموار زمین -
جدوار (ع/مث) نربسی - زہر دُور کرنے والی ایک جڑ -

جَدْوَل (ع) نہر۔ نالی۔ روِش۔ وہ سُرخ یا سیاہ لکیریں جو صفحے کے اطراف پر کھینچی جاتی ہیں۔
جَدْوَل کش (ع ف/صف) کتاب کے صفحات پر خطوط کھینچنے والا پیمانہ۔
جدولی (ع/صف) لکیردار۔ جس پر لکیریں کھینچی ہوئی ہوں۔
جدّہ (ع) دادی۔ نانی۔ حجاز کا ایک شہر جو دریائے مکہ کے کنارے پر ہے۔ یہاں حضرت حوّا کی قبر بنی ہوئی ہے۔
جُدّھ (ہ/مذ) (دیکھو جُدھ)
جدھر (ہ) جس طرف۔ جہاں۔ جہاں کہیں۔ جس مقام پر۔
جدھر تدھر (ہ) جہاں تہاں۔ یہاں وہاں۔
جُدی (ع/مذ) (لغوی) بکرا۔ بُز غالہ (اصطلاحی) وہ آسمانی برج جو بزغالہ کی شکل کا ہے اور ہندی میں مکر کہلاتا ہے۔ نیز قطب شمال کے قریب ایک ستارہ ہے۔ خطِ استوا سے $23\frac{1}{2}$ درجے جنوب کی طرف ایک وہمی خط بھی جو منطقہ حارہ کی جنوبی حد ہے۔
جَدّی (ع) باپ دادا کی۔ آبائی۔ موروثی۔ پُشتینی۔
جدید (ع) نیا۔ تازہ۔ حال کا۔ نُدرت کا۔ اب کا۔

ج - ذ

جذام (ع/مذ) کوڑھ۔ فسادِ خون کی ایک بیماری جس سے ہاتھ پاؤں کی انگلیاں گر جاتی ہیں۔
جذامی (ع) کوڑھی۔ کوڑھ والا۔
جذب (ع/مذ) کھینچ۔ کشش۔ سوکھنا۔ چوسنا۔
جذب کرنا (ل) کھینچ کرنا۔ چوس لینا۔ پی جانا۔ لبھانا۔ اپنی طرف مائل کر لینا۔
جذب مقناطیسی (ع/مذ) مقناطیس کی کشش۔
جذبات (ع/مذ) جذبہ کی جمع۔ جوشِ دل۔
جذبات دلی (ع ف/مذ) دلی خواہشیں۔ دلی ولولے۔ دلی کشش۔
جذبات طبعی (ع ف/مذ) قدرتی ولولے۔ قدرتی خواہشیں۔
جذباتی (ع/صف) جذبات سے متاثر ہونے والا۔ جلد غصّہ کرنے والا۔ جذبات پرست۔ جذبات سے پُر۔
جذبہ (ع/مذ) کشش قلبی۔ شوق۔ اشتیاق۔ دلی توجہ۔ غُصّہ۔ کرودھ۔ جوشِ دل۔ ایک دم کھینچ لینا۔
جذر (ع/مذ) جڑ۔ مول۔ اصل۔ علمِ حساب میں دوسرے درجے کا گھٹاؤ۔ یعنی کسی عدد کو اُسی عدد سے ضرب دینے سے جو رقم بنتی ہے۔ وہ مجذور اور عدد اُس رقم کا جذر کہلاتا ہے۔

ج - ر

جُر (ف/مذ) گھوڑے کا زین۔
جُر (ف) شگاف زمین۔ مجازاً سُرنگ۔
جَر (ع/مذ) کشش۔ کھچاؤ۔ زیر۔ کسرہ۔ کسر۔
جرِ ثقیل (ع/مذ) وہ مشین جس کے وسیلے سے بھاری بوجھ بآسانی اُٹھا لیں۔ چرخیوں کا علم۔ بل بتیا۔
جراب (ت/مث) موزہ۔
جُرأت (ع/مث) دلیری۔ مردانگی۔ چالاکی۔ بہادری۔ حوصلہ۔ دلاوری۔ بے باکی۔
جراثیم (ع/مذ) جرثومہ کی جمع۔ کیڑے۔ بیماری اور وبا وغیرہ کے کِرم۔
جرّاح (ع/مذ) بہت زخم لگانے والا۔ چیرا دینے والا۔ زخم کا علاج کرنے والا۔ فصّاد۔ سرجن۔
جراحت (ع/مث) زخم۔ گھاؤ۔ ریش۔ چیر۔
جرّاحی (ع/مث) فصّادی۔ زخموں کے علاج کرنے کا پیشہ۔ چیر پھاڑ۔ ڈاکٹری۔
جرّار (ع) ایک بڑا بھاری لشکر۔ بہادر۔ سُورما۔ جنگی۔ جنگجو۔ کھینچنے والا۔ تیز رفتاری سے روکنے والا۔
جرائد (ع/مذ) جریدہ کی جمع۔ اخبار۔ دفتر۔ اکیلے۔
جرائم (ع/مذ) جریمہ کی جمع۔ جُرم۔ قصور۔ گناہ۔ دوش۔ خطائیں۔ پاپ۔ کھوٹ۔
جرائم پیشہ (ع/مذ) جو جُرم کرنے کو اپنا پیشہ بنالے۔ عادی مجرم۔
جرثومہ (ع/مث) وہ چھوٹا کیڑا جو مختلف بیماریاں پیدا کرتا ہے اور خوردبین کے بغیر نظر نہیں آتا۔
جَرح (ع/مذ) زخم۔ گھاؤ (قانون) اعتراض۔ گرفت۔ عذر۔ جواب دلیل۔
جَرَس (ع/مذ) گھنٹا۔ گھڑیال۔ ٹال۔
جُرعہ (ع/مذ) گھونٹ۔ ایک دفعہ کا پینا۔
جُرعہ کش (ع ف/صف) پینے والا۔
جِرم (ع/مذ) جسم۔ تن۔ دھڑ۔ دیہ۔ بدن۔ نورانی جسم۔ جسمِ لطیف۔
جَرم (انگریزی/مذ) کیڑا۔
جُرم (ع/مذ) چارہ۔ گریز۔ علاج۔
جُرم (ع/مذ) قصور۔ گناہ۔ دوش۔ پاپ۔ کھوٹ۔ خطا۔
جُرمانہ (ع/مذ) ڈنڈ۔ تاوان۔ گناہگار کی مالی سزا (جربانہ غلط ہے)
جُرمانہ بھرنا (ل) تاوان ادا کرنا۔ ڈنڈ بھرنا۔ تاوان دینا۔
جُرمانہ کرنا (ل) ڈنڈ لینا۔ مالی سزا دینا۔
جُروا (ہ/مث) جورو کی تصغیر۔ بیوی۔ عورت۔ استری۔ زن۔ ناری۔
جَری (ع) دلاور۔ دل چلا۔ من چلا۔ سُورما۔ بہادر۔
جُری۔ یا۔ جُر (ہ/مث) ہلکا بخار۔ دائمی بخار۔ پُرانی تپ۔

جریان (ع امذ) بہاؤ - روانی - ایک مرض جس میں پیشاب کے بعد یا پہلے دھات گرتی ہے -

جُریب (یونانی) لفظ گریک کا معرب - زمین ناپنے کا خاص پیمانہ - ہندوستانی ساٹھ اور انگریزی پچیس ۲۵ گز کی زنجیر - جو بیس گٹھے کی ہوتی ہے - عصا - چوبدستی - لاٹھی - چاندی کے خول وال شاہی چوب داروں کی لاٹھی -

جُریب ڈالنا (ل) زمین ناپنا - جریب کے ذریعے سے زمین کی پیمائش کرنا -

جُریب کش (ف امذ) جریب کھینچنے والا -

جُریح (ع) مجروح - زخمی - گھایل - زخم خوردہ -

جریدہ (ع) تنہا - اکیلا - مجرد - واحد - (مذ) (مجازاً) اخبار - دفتر -

ج - ڑ

جُڑ (ہ امث) بیخ - مول - جَن - اصل - بنا - بُنیاد - مبداء -

جڑا کھیڑنا (ہ) بیخ کنی کرنا - استیصال کرنا - بُنیاد ہٹانا - ملیا میٹ کرنا -

جڑ پکڑنا (ہ) جمنا - جماؤ پکڑنا - مضبوط ہونا -

جڑ بنیاد - جڑ پیڑ - جڑ مول (ہ امذ) بیخ و بُن - از سرتا بُن - بیخ و بُنیاد -

جڑ کاٹنا (ہ) غارت کرنا - ڈھانا - نیست و نابود کرنا - منہدم کرنا -

جڑاؤ (ہ امذ) مُرصّع - جواہرات سے جُڑا ہوا -

جڑاول (ہ امث) سامان سرما - جاڑے کے کپڑے - گرم کپڑے -

جُڑنا (ہ) ملنا - پیوستہ ہونا - پیوند لگنا - چپکنا - چسپاں ہونا - شریک ہونا - شامل ہونا - جمع ہونا - میسّر ہونا - جیسے روٹی جُڑ گئی تو کھالی - جُتنا - گاڑی وغیرہ میں بیل لگنا -

جُڑنا (ہ) کسی چیز کا کسی چیز میں بٹھانا - یکجا کرنا - کوفت کرنا - وصل کرنا - جوڑنا - ملانا - مارنا - لگانا - جیسے دھول جڑنا - چغلی کھانا - شکایت کرنا - جیسے ایک ایک کی چار جسڑ دیتی ہیں - نالش کرنا - عرضی ٹھونکنا -

جُڑواں (ار اصف) وہ بچے جو ساتھ ساتھ پیدا ہوئے ہوں - جوڑے - وہ چیزیں جو آپس میں ملی ہوئی ہوں -

جڑی (ہ امث) جڑ - وہ دوا جو کسی درخت کی جڑ ہو - مرچی کھنڈ کی جڑ - جو سانپ کے کاٹے پر تریاق کا اثر رکھتی ہے -

جڑی بوٹی (ہ امث) دوا دارو - اوکھد - وہ جڑ پتے جو دوا میں کام آتے ہیں -

جڑیا (ہ امذ) مرصع ساز - زیورات میں جواہرات جڑنے والا - لگو - آشنا -

جڑ بیٹا (ہ امذ) خاردار جھاڑیاں - جھڑ بیری -

ج - ز

جُز (ف) سوا - بدون - ماسوا - بن - چُھٹ (مذ) ٹکڑا - حصّہ -

جَزا (ع امث) پھل - بدلہ - عوض - تلافی - نتیجہ - پاداش - صلہ - انتقام - نیکی کا بدلہ - سزا کی ضد -

جزاکَ اللہ (ع) خدا تجھے نیک صلہ دے - شاباش - مرحبا -

جزاک اللہ خیراً (ع ادُعا) خدا تجھے نیک صلہ دے -

جزالت (ع امث) مضبوطی - خوبی - بزرگی -

جزائر (ع امذ) جزیرہ کی جمع - بہت سے ٹاپو -

جز بز ہونا (ل) بھِچنا - تنگ ہونا - دِق ہونا - آزردہ ہونا - ناک بھوں چڑھانا -

جزدیدہ (ف) اندھا -

جَزر (ع امذ) بھاٹا - سمندر کے پانی کا اُتار - مد کی ضد -

جزم (ع امذ) مضبوط - پکا - مصمم - اٹل - کسی حرف کو ساکن کرنا - علامت سکون - (ْ)

جُزو (ع امذ) حصہ - ٹکڑا - پارہ - ریزہ - کاغذ کے سولہ صفحے یا آٹھ ورق کا مجموعہ -

جزوِ بدن ہونا (ل) کسی خوراک کا بخوبی ہضم ہو کر صرفِ بدن ہونا - انگ لگنا -

جُزو بندی (ف امث) کتاب کے اجزا کو ڈورے سے سینا -

جزودان (ع ف امذ) بستہ - تھیلی - جس میں کتاب رکھی جائے -

جزورس - یا - جُزرس (ع ف امذ) کفایت شعار - صرفہ کرنے والا - بخیل - کنجوسی کرنے والا - کم خرچ - نکتہ رس - زود فہم - ذکی - ہوشیار -

جُزو و کُل (ع) بالکل - تمام - سارا - پُورا - سب - سرتا سر -

جزو لایتجزیٰ (ع امذ) ناقابلِ تقسیم حصّہ - وہ باریک چیز جس کے جزو نہ ہو سکیں -

جزوی (ع) ذرا سا - تھوڑا سا - منسوب بہ جُزو - حقیر - ادنیٰ - ہیچ - قلیل - چھوٹا -

جُزویات (ع امذ) فروعات - افراد - حصّے - چھوٹی چھوٹی باتیں - کلیات کی ضد -

جزیرہ (ع امذ) ٹاپو - دیپ - وہ قطعۂ زمین جو دریا یا سمندر میں اس طرح واقع ہو کر چاروں طرف پانی سے محیط ہو -

جزیرہ نما (ع ف امذ) جزیرہ کی طرف نظر آنے والا - جزیرہ سا - ٹاپو سا - وہ قطعۂ زمین جس کے تین طرف سمندر اور ایک طرف خشکی ہو -

جزیل (ع اصف) مضبوط - بہت -

جزیہ (ع امذ) محصول - ٹیکس - خراج جو ذمیوں سے لیا جائے -

ج - س

جَس (ہ ا مذ) شہرت - نام - ناموری - آبرو - عزت - ساکھ - اعتبار - بڑائی - نیکی - ثواب - بھلائی - جیسے پونجی ساہوکار کی جس کوئی کرے - لیاقت - قابلیت - گن - وصف ذاتی - طاقت - قدرت - شکتی - اثر - تاثیر - جیسے آج کل کسی چیز میں جس نہیں -

رجس (ہ) چولنا -

جس برتن میں کھائیں اُسی میں چھید کریں
جس ہانڈی میں کھائیں اُسی میں چھید کریں
جس ڈالی بیٹھیں اُسی کی جڑ کاٹیں
(ہ ا شل) جس سے پرورش پائیں اُسی کو نقصان پہنچائیں محسن کشی - نمک حرام شخص کی نسبت بولتے ہیں -

جس پاس (د ا ر ا متعلق فعل) جس کے قبضے میں - جس کے قابو میں -

جس پر (ہ) تو بھی - تب - بعد ازاں - پھر - پھر بھی -

جس پر بھی (ا ر ا متعلق فعل) باوجودیکہ - تو بھی - ساتھ اس کے -

جس تن لگے وہی تن جانے (ا ر شل) جس کو دکھ ہو وہی اُس کی تکلیف کو جانتا ہے -

جس ٹہنی پر بیٹھے اُسی کو کاٹے (ا ر شل) محسن کش - نمک حرام -

جس ٹہنی پہ طوطا بیٹھا وہ ٹہنی بھی جھک گئی - یا - ٹیو گئی (ا ر) اپنی نحوست کے اثر کو دوسرے تک پہنچ جانے کے وقت بولتے ہیں یعنی جس کی پناہ لی، وہ بھی مغلوب اور عاجز ہو گیا -

جس کا بنیا یار اُس کو دشمن کیا درکار (ا ر شل) بنیے کی مطلب پرستی اور خود غرضی کی بابت بولتے ہیں - جو بنیے کی دوستی پر بھروسا کرے اُسے دشمن کی کیا ضرورت ہے - اُسے تو وہی لوٹ لے گا -

جس کا کام اُسی کو ساجے اور کرے تو ٹھینگا باجے (ہ ا شل) جو شخص کسی کام کو کرتا ہو - وہی اُسے کر سکے گا - دوسرا کرے گا تو انگشت نما ہوگا -

جس کو رکھے سائیاں اُسے مار نہ سکے کوئی (ہ ا شل) جسے خدا بچائے اُسے کوئی نہیں مار سکتا -

جس کی تیغ اُسی کی دیگ
جس کی لاٹھی اُسی کی بھینس
(ا ر شل) زبردست آدمی کا ہر چیز پہ قبضہ ہو جاتا ہے -

جس کی کوٹھی میں دانے اُس کے پاگل بھی سیانے (ہ ا شل) دولت بے وقوف کو عقل مند بنا دیتی ہے -

جس کے ناک پر پیسا اُس کا نخرہ کیسا (ا ر شل) جسے قیمت دے دی پھر اس کا احسان کیا -

جس کے نہیں پھٹی بوائی وہ کیا جانے پیڑ پرائی (ہ ا شل) سکھی آدمی کو دکھ کا کیا اندازہ -

جس کے ہاتھ ڈوئی اُسی کا سب کوئی (ہ ا شل) کھانا دینے والے یا تقسیم کرنے والے کی سب خوشامد اور تعریف کرتے ہیں -

جس نے اپنی پگڑی اُتار دی وہ دوسرے کی اُتارنے سے کب ڈرتا ہے (ہ ا شل) جسے اپنی آبرو کی پروا نہیں - اُسے دوسروں کو بے عزت کرنے میں کیا تامل ہے -

جَسارت (ع ا مث) ہمت - جرأت - دلیری - گستاخی -

جَسامت (ع ا مث) جسم ہونا - موٹائی - ڈیل ڈول - فربہی - ڈیل - طول - عرض - عمق -

جَست (ہ ا مذ) ایک دھات - زرد رنگ کی دھات - جستا -

جَست (ف ا مث) چھلانگ - قلانچ - زقند - کود - پھلانگ - چوکڑی -

جَست بھرنا (ا ر) چھلانگ مارنا - چوکڑی بھرنا - زقند لگانا -

جَست و خیز (ف ا مث) اُچھل - کود -

جُستجو (ف ا مث) ڈھونڈ ڈھانڈ - ٹٹول - تلاش - کھوج -

جَستہ جَستہ (ف ا متعلق فعل) کم کم - کہیں کہیں سے - تھوڑا تھوڑا -

جَستہ رگ (ف) ہوشیار - خبردار -

جَسد (ع ا مذ) تن - بدن - جسم -

جِسر (ع ا مذ) پل - جو دریا پر ہوتا ہے -

جِسم (ع ا مذ) بدن - تن - ڈیل - سریر - کایا - دیہ - پنڈا -

جِسمانی (ع) بدنی - جسم کے متعلق - مادّی -

جَسیم (ع) فربہ - موٹا - تن و توش والا -

جسے پی چاہے وہی سہاگن (ہ ا شل) جو مالک کا پیارا، وہی سب کا پیارا -

جسے دیکھ تاب نہ آئے وہی شوہر مجھے بیاہنے آئے (ہ ا شل) دشمن سے معاملہ ہونا نہایت دکھ دیتا ہے - قابل نفرت سے رغبت نہیں ہوتی -

ج - ش

جُشّہ (ع ا مذ) کوٹنا - دلنا - موٹا موٹا پیسنا -

جَشن (ف ا مذ) شادی - مہمانی - مجلس عیش و نشاط - عید - خوشی - تہوار - لہر بہر - تاریخ تخت نشینی کا جلسہ یا مجلس - اس رسم کا بانی جمشید تھا -

جَشن منانا (ا ر) ناچ رنگ میں مشغول ہونا - خوشی منانا - گلچھرے اڑانا -

ج - ص

جَصّ (ع ا مذ) عمارت کا چونا -

ج - ع

جُعْد (ع) گھونگروالے بال ۔
جعفر (ع) ندی ۔ نالہ ۔ بنی عامر کے پدر قبیلہ کا نام ۔ جعفر برمکی وزیر کا نام ۔
ایک کیمیاگر کا نام ۔ رسولِ مقبولؐ کے چچیرے بھائی کا نام ۔
خربوزہ ۔
جَعْفری (ع) زرِ خالص ۔ کُندن ۔ طِلا ۔ کھرا سونا ۔ ایک قسم کا زرد گیندے
کا پھول (مجازاً) مطلق زرد ۔
جَعْل (ع امذ) (لغوی) بنانا ۔ بدلنا ۔ تبدیل ۔ تقلیب ۔ (اصطلاحی) نقلی
چیز پر اصلی چیز کا دعویٰ کرنا ۔ مکر ۔ فریب ۔ دھوکا ۔ بناوٹ ۔
پاکھنڈ ۔ کھوٹ ۔
جعل ساز (ع عف) فریبی ۔ مکّار ۔ دغاباز ۔
جعلسازی (ع عف امث) مکّاری ۔ دغابازی ۔ شرارت ۔
جعلی (ع) بناوٹی ۔ مصنوعی ۔ نقلی ۔ باطل ۔ قلبی ۔ کھوٹی ۔ فریبی ۔
مکّار ۔ چھلیا ۔ دغاباز ۔ شریر ۔

ج ۔ غ

جُغ (ف امذ) جُوا جو بیل کی گردن پر رکھا جاتا ہے ۔
جغادری (ہ) بہت پُرانا آدمی یا جیوان ۔ بوڑھا اور گھاگ بندر ۔
پُرانا گُرگا ۔
جغرات (ف امذ) دہی ۔ دوغ ۔
جغرافیکل ریڈر (ا امث) وہ کتاب جس میں علمِ جغرافیہ کی اصطلاحات
اور دیگر اُمور کا بیان ہو ۔
جغرافیہ (یونانی لفظ جیوگرافی کا معرّب) (امذ) بیانِ زمین ۔ زمین کی خُشکی
تری اور دیگر حالات کے بیان کا عِلم ۔

ج ۔ ف

جُفت (ع) پژمُردہ ۔ خراب ۔ خُشک ۔
جَفا (ف امث) ظلم و ستم ۔ جور و تعدّی ۔ سختی ۔ ان نیاؤ ۔
جُفا (ع امذ) کوڑا ۔ کف ۔ چاندی سونے کا
مَیل ۔
جفا پیشہ (ف) ظالم ۔
جفا کفا (ف امث) ظلم و ستم ۔ جور و سختی ۔ مُصیبت ۔ کشٹ ۔ سختی ۔
جفاکش (ف) سختی جھیلنے والا ۔ زحمت کش ۔ محنتی ۔
جفاکشی (ف امث) محنت ۔ مشقت ۔ ظلم سہنا ۔
جُفت (ف امذ) جوڑا ۔ زوج ۔ جوڑ ۔ جوٹ ۔ علمِ حساب میں وہ
عدد جو دو پر پورا تقسیم ہو جائے ۔ ہمسر ۔ ثانی ۔ نظیر ۔ جُوتی کا
جوڑا ۔
جفت ساز (ف اصف) موچی ۔ جوتے بنانے والا ۔
جفت سازی (ف امث) جُوتے بنانے کا کام ۔ موچی کا کام ۔
جُفتہ (ف امذ) (لغوی) خمیدگی ۔ (مجازاً) شکن ۔ سلوٹ ۔ چُنٹ ۔ گنجلک ۔
جھنیو ۔ جھُرّی ۔ بال جو اکثر جواہرات اور شیشے وغیرہ میں آجاتا ہے ۔
شگاف ۔ دھبا ۔ کلنک ۔
جُفتے (ف امذ) جُفتہ کی جمع ۔ سلوٹیں ۔ شکنیں ۔ جھُرّیاں ۔
جُفتے پڑنا (ف) سلوٹ پڑنا ۔ شکن پڑ جانا ۔ دُھلے ہوئے کپڑے کا آثار
ہونا ۔ عزت میں فرق آنا ۔ شان میں فرق آنا ۔
جفر (ع امذ) نام علم مشہور کا ۔ چار ماہ کا بکری کا بچّہ ۔

ج ۔ ق

جق جق (ف امث) بک بک ۔ شور ۔

ج ۔ ک

جکڑبند (ہ) کسا ہوا ۔ تنا ہوا ۔ مضبوط اور تنگ بندھا ہوا ۔ گٹھیا ۔
وجع المفاصل ۔
جکڑنا (ہ) کسنا ۔ جوڑنا ۔ کس کر باندھنا ۔ مُشکیں باندھنا ۔ اینٹھنا ۔ اکڑنا ۔
سخت ہو جانا ۔ جیسے زکام سے چھاتی جکڑ گئی ۔
جکڑی لگانا (ہ) کُشتی کرنا ۔ کشتی میں سخت پکڑنا ۔ حریف کو بھینچنا ۔

ج ۔ گ

جَگ (ہ امذ) عالم ۔ جہان ۔ دُنیا ۔ سنسار ۔ جگت ۔ مخلوق ۔ خلقت ۔
لوگ ۔ خُدائی (امث) ہَوَن ۔ ہوم ۔ پُوجا ۔ ضیافت ۔ راجاؤں
کے جشن کی ایک رسم ۔ دعوت ۔ مہمانداری ۔ مہمانی ۔
جگ اُدھار (ہ امذ) دُنیا کی پناہ ۔
جگ جیتنا (ہ) ہرا دینا ۔ مغلوب کرنا ۔ عاجز کرنا ۔
جگ دینا ۔ یا ۔ کرنا (ہ) غُربا کو کھانا کھلانا ۔ دعوت دینا ۔ جشنِ
مہاراجگی ۔
جگ درشن کا میلہ ہے (ہ امثل) یہ دُنیا صرف دیکھنے ہی میں خوبصورت
معلوم ہوتی ہے ۔
جگ ہنسائی (ہ امث) رُسوائی ۔ ذِلّت ۔ شماتت ۔ بدنامی ۔
جگ (انگریزی امذ) گڑوا ۔ لوٹا ۔ دُودھ رکھنے کا برتن ۔ جھجّر ۔ صراحی ۔
جُگ (ہ امذ) زمانہ ۔ عہد ۔ وقت ۔ قرن ۔ اتفاق ۔ میل جول ۔
چوسر میں دو نردوں کا ایک ہی خانے میں اکٹھا بیٹھنا ۔ ہمیشہ ۔
سدا ۔ پیڑھی ۔ پُشت ۔
جُگ ٹوٹنا (ہ) میل بگڑنا ۔ نفاق ہونا ۔ اتفاق جاتا رہنا ۔ جُدائی ہو جانا ۔

جُگ جُگ (ہ) ہمیشہ - سدا - مدام - دائم - تا اَبد -
جُگا جُگا کر رکھنا (ہ) سنبھال سنبھال کر رکھنا - احتیاط سے رکھنا - جوڑ جوڑ کر رکھنا -
جُگالنا (ہ) حیوانات کا اپنے چارے کو معدے سے مُنہ میں لا کر دوبارہ چبانا -
جُگالنا (ہ امث) مویشیوں کا چارے کو معدہ میں سے لا کر مُنہ میں چبانا -
جُگان (ہ امذ) دُھلے ہوئے کپڑوں کی گٹھڑی یا لادی - کپڑوں کے جوڑے -
جگانا (ہ) بیدار کرنا - نیند سے اُٹھانا - ہوشیار کرنا - خبردار کرنا - اُکسانا - روشن کرنا -
جگت (ہ امذ) دُنیا - سنسار - جہان - عالم - دہر - زمانہ (امث) کنویں کی مینڈ - لبِ چاہ -
جگت اُستاد } جگت گُرو } (ہ امذ) اُستادِ زمانہ - بڑا کاریگر - مُسلّم اُستاد - سب کا مانا ہوا اُستاد -
جگت سیٹھ (ہ امذ) بڑا بھاری ساہوکار - زمانے کا مال دار -
جُگت (ہ امث) چترائی - حکمت - دانائی - تدبیر - رائے - جتن - تجویز - توڑ جوڑ - کرتب - چالاکی - مرضی - موافقت - صلاح - ضلع - تجنیس - قافیہ - ٹُھک - ایک سے زیادہ معنی رکھنے والا - بذلہ - راز - بھید - دلیل - راہ و رسم -
جُگت باز (ف) لطیفہ گو - مدبّر - صاحبِ تدبیر - سیاسی چالوں سے واقف آدمی -
جُگت بازی (ہ امث) لطیفہ گوئی - ضلع بازی - بذلہ سنجی -
جُگت لڑانا (ار محاورہ) آپس میں بات چیت کرنا - ٹُھک ملانے کا مقابلہ کرنا -
جُگت لگانا (ہ) توڑ جوڑ بٹھانا - تدبیر لڑانا - موقع نکالنا - راہ و رسم پیدا کرنا -
جُگت ملانا (ہ) مطلب گانٹھنا - باتیں بنانا - ساز باز کرنا -
جگر (ف) اعضائے رئیسہ میں سے ایک عضو کا نام - مخزنِ خون - کلیجا - کلیجی (مراداً) دل - چیت - مَن - جان - جی - پَران - گری - مغز - گودا - ست - جوہر - بیٹا - فرزند - پیارا - لاڈلا - عزیز - ہمت - حوصلہ - بہادری - چھاتی - مردانگی - طاقت - قدرت - مقدور -
جگر بند (ف امذ) دل - تِلی - پھیپھڑے اور کلیجے کا مجموعہ (مراداً) جگر پارہ - فرزند - پیارا - جان و جگر - نورِ چشم - لختِ جگر -
جگر پارہ (ف امذ) کلیجے کا ٹکڑا - فرزند -
جگر پاش پاش ہونا (ار محاورہ) کلیجے کے ٹکڑے اُڑ جانا - بہت غم ہونا -
جگر پانی ہونا (ار محاورہ) ہمت ٹوٹ جانا -
جگر جگر ہے اور دیگر دیگر ہے (ار مثل) بہرحال اپنا اپنا ہے اور غیر غیر یعنی غیر کبھی یگانہ نہیں ہو سکتا -
جگر گوشہ (ف) جگر کا ٹکڑا - پیارا - عزیز -
جگرا (ہ امذ) دعویٰ - حوصلہ - ہمت - جرأت - دلیری - کلیجہ - دل گُردہ -
جگر جگر کرنا (ہ) چمکنا - جگمگانا -
جگری (ف) دلی - اندرونی - جگر سے نسبت رکھنے والا - صادق - سچا - گہرا - پیارا - جیسے جگری دوست -
جگری داغ (ف امذ) لاعلاج صدمہ - لاعلاج مصیبت - بال جو کسی جواہر میں ہو -
جگری دوست (ف امذ) دلی دوست - سچا دوست -
جُگل (ہ امذ) جوڑا - زوج - جُفت - دو -
جگمگانا (ہ) چمکنا - جھلکنا - روشن ہونا - تاباں ہونا - ڈلکنا - جگر جگر کرنا -
جگمگاہٹ (ہ امث) چمک دمک - جھلک - روشنی - تابش - رونق - آبداری - تجلی - جلوہ -
جگمگ جگمگ کرنا (ہ) چمکنا - دمکنا - روشن ہونا - دُرخشاں ہونا -
جُگنو (ہ امذ) کرم شب تاب - پٹ بیجنا - دیپ - ٹٹیّنا (گلے میں پہننے کی جُگنی -
جُگنی (ہ امث) گلے میں پہننے کا ایک زیور - جُگنو -
جگہ (ہ امث) ٹھور - مقام - مکان - ٹھکانا - محل - موقع - گنجائش - سمائی - عہدہ - منصب - اسامی - نوکری - بجائے - مثل - مانند -
جگہ جگہ (ہ) ہر جگہ - ہر جا - ہر موقع پر - سب جگہ -
جگہ چھوڑنا (ہ) مقام چھوڑنا - نوکری یا عہدہ دینا - رہنے کو گھر دینا - پرے ہٹنا - سرکنا - ہٹ جانا -
جگی جگی (ف) وہ گلا جو مغلوب اضطراب کے وقت کسے - ٹھوڑی کے نیچے کا ملائم گوشت -

ج - ل

جَل (ع) بزرگ -
جُل (ہ امذ) فریب - دھوکا - دم - جھانسا - دغا - مکر - فطرت - شرارت -
جُل باز (ہ) فریبی - مکار - پاکھنڈی - شریر - دغا باز -
جُل دینا - یا - کھیلنا (ہ) ٹھگنا - چھلنا - دھوکا دینا - فریب کھیلنا - دم دینا - بالا بتا دینا - دغا دینا -
جَل (ہ امذ) پانی - آب - ماء -
جَل ترنگ (ہ امذ) ایک طرح کا باجا جو پیالیوں میں پانی بھر کر تیلیوں سے بجاتے ہیں - پانی کی لہر - موج - ہلورا -
جَل ترئی - یا - جَل توری (ہ امث) مچھلی - ماہی -
جَل تھل (ہ امذ) بحر و بر - تری و خشکی -
جَل تھل ایک ہونا (ہ) کثرت سے بارش ہونا - پانی ہی پانی نظر آنا -
جَل کر (ہ امذ) محصولِ آب - مچھلیاں پکڑنے کی جگہ کا محصول - بحری آمدنی - سنگھاڑوں یا کنول وغیرہ کے تالابوں کا لگان -

جل ککڑ (ہ/مذ) مُرغِ آبی ـ پانی کا پرندہ ـ جلے تن ـ بدمزاج ـ غصیل ـ
جل مانس (ہ/مذ) مردِ آبی ـ پانی کا آدمی ـ
جل میں کھڑی پیاسوں مرے (ہ/مثل) اس شخص کے متعلق جو فائدہ اٹھا سکتا ہو لیکن نہ اٹھا سکے کہتے ہیں ـ
جُلاء (ع) گھر سے نکال دینا ـ فارسی میں یہ لفظ بغیر ہمزہ کے لکھا جاتا ہے اور بمعنی سُرمہ کے آتا ہے ـ
جَلّاد (ع) صیقل گر ـ
جِلاء (ع/مث) صفائی ـ آب داری ـ آب ـ صیقل ـ چمک دمک ـ رنگ رُوپ ـ رونق ـ زندگی ـ صاف کرنا ـ زنگ چھڑانا
جِلا دینا ـ یا ـ کرنا (ار) رونق دینا ـ آب دینا ـ چمکانا ـ اُجالنا ـ زندگی بخشنا ـ جیسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزوں نے مُردے جِلا دیے ـ
جِلا کار (ع) صیقل گر ـ اُجالنے والا ـ
جِلا کاری (ع/ف/مث) صیقل کاری ـ اُجالنے کا کام ـ
جَلّاب (ع) کھینچنے والا ـ
جُل آب (ف) کائی جو پانی پر جم جاتی ہے ـ
جُلّاب (ار/مذ) گلاب کا معرّب ـ مسہل کا جزوِ اعظم ہونے کی وجہ سے مجازاً مسہل پر بولنے لگے ـ دست آور دوا ـ مسہل ـ
جُلّاب لینا (ار) مسہل کی دوا پینا ـ دست آور ـ دوا کھانا ـ اسہال لانے والی دوا کھانا ـ
جَلا بُلا ـ یا ـ جَلا بھُنا (ہ) غضب ناک ـ سوختہ ـ افروختہ ـ مغموم ـ رنجیدہ خاطر ـ تُند مزاج ـ غصیل ـ
جُلّابی (ار) مسہل لینے والا ـ
جَلاپا (ہ/مذ) رنج ـ غم ـ آزردگی ـ جلن ـ سوگ ـ اندوہ ـ ملال ـ رشک و حسد ـ جیسے سوکن کا جلاپا ـ بغض و عداوت ـ
جَلاتن (ہ) بدمزاج ـ جھلّا ـ غضب ناک ـ تُند مزاج ـ حاسد ـ رشک کرنے والا ـ مغلوب الغضب ـ
جلا جلا کر مارنا ـ یا ـ خاک کرنا (ار) تنگ کر کے مارنا ـ غصّہ دلا دلا کر ہلاک کرنا ـ ستا کر مارنا ـ از حد دِق کرنا ـ
جَلّاد (ع/مذ) (لغوی) کھال کھینچنے والا ـ کوڑے سے مارنے والا (مجازاً) قاتل ـ سفّاک ـ بے رحم ـ سنگدل ـ بے درد ـ تُند مزاج ـ غضبناک ـ غصیل ـ
جَلّادِ فلک (ع/مذ) مرّیخ ـ منگل ـ ایک آتشی ستارہ ـ
جَلادت (ع/مث) بہادری ـ جُرأت ـ دلیری ـ دلاوری ـ شجاعت ـ چستی ـ چالاکی ـ
جلّادی (ار/مث) بے رحمی ـ بے دردی ـ قصائی پنا ـ
جلال (ع/مذ) بزرگی ـ عظمت ـ بڑائی ـ شان و شوکت ـ رُعب و داب ـ غصّہ ـ کروڑھ ـ تیزی ـ سختی ـ تندی ـ صاحب قدرت ـ سید جلال لکھنوی کا تخلص جو اُردو کے باکمال شاعر اور اُستاد فن تھے ـ
جلال آجانا (ار/محاورہ) غصّہ آنا ـ طیش میں آجانا ـ
جلال برسنا (ار/محاورہ) دبدبہ یا رُعب ظاہر ہونا ـ

جلالی (ع) (۱) صفتِ الٰہی جس میں شانِ غضب کا اظہار ہو ـ جمالی کی ضد ـ (۲) درویشوں کا ایک فرقہ منسوب بہ سید جلال الدین بخاریؒ ـ (۳) شمسی مہینوں کا نام ـ بعض کے نزدیک صرف ماہِ فروردین ہی سے مُراد ہے ـ صاحب جلال ـ خوفناک ـ غضب ناک ـ
جلالیہ (ار/مذ) سید جلال بخاریؒ کو ماننے والا فقیر ـ
جلّا میری (ار) لڑکوں کا ایک کھیل جسے اُڑان جھلّا بھی بولتے ہیں ـ
جِلانا (ہ) زندہ کرنا ـ رُوح ڈالنا ـ زندگی بخشنا ـ جان ڈالنا ـ طراوت بخشنا ـ تر و تازگی دینا ـ موت سے بچانا ـ مرنے نہ دینا ـ دھات کے کُشتے کو پھر اصلی حالت پر لانا ـ
جَلانا (ہ) آگ لگانا ـ سُلگانا ـ بھڑکانا ـ آگ دینا ـ لُو کا لگانا ـ غُصّہ دلانا ـ غضب ناک کرنا ـ دِق کرنا ـ ستانا ـ تنگ کرنا ـ
جلاوطن (ع) دیس سے نکالا ہوا ـ شہر بدر ـ دیس نکالا ـ ہجرت ـ بن باس ـ
جلاوطن کرنا (ار) دیس نکالا دینا ـ شہر بدر کرنا ـ کالے پانی بھیجنا ـ
جلاوطنی (ع/مث) بن باس ـ ہجرت ـ دیس نکالا ـ
جلاہا (ار/مذ) جامہ باف ـ نور باف ـ کپڑا بُننے والا ـ پانی کا ایک سیاہ رنگ کیڑا ـ احمق ـ مورکھ ـ نادان ـ بے وقوف ـ اُوٹ ـ
جَلَب (ع) نفع ـ بیچنا ـ
جَلَب (ف) شور و غوغا ـ زنِ فاحشہ ـ
جَلبِ زر (ع/ف/مذ) دولت حاصل کرنا ـ حصولِ مال ـ
جلبِ منفعت (ع/مذ) نفع حاصل کرنا ـ
جلتا توا (ار/مذ) وہ توا جو چولہے پر خوب گرم ہوگیا ہو ـ
جلباب (ع) چادر ـ
جل بُجھنا (ہ) جل کر خاک ہو جانا ـ بھسم ہو جانا ـ
جِلد (ع/مث) کھال ـ چمڑا ـ پوست ـ چرم ـ چام ـ کتاب کا پٹھا ـ کتاب کی سلائی وغیرہ ـ پوتھی ـ پُستک ـ کتاب ـ کتاب کا حصّہ ـ
جِلد ساز ـ یا جِلدگر (ف/مذ) کتاب کی جِلد بنانے والا ـ
جَلد (ف) سُرعت ـ فوراً ـ جھٹ پٹ ـ شتاب ـ
جَلد باز (ف) اُتاؤلا ـ شتابی کرنے والا ـ زُود کار ـ شتاب کار ـ
جَلدی (ع/مث) شتابی ـ اُتاولی ـ پھُرتی ـ چستی ـ سُرعت ـ
جلدی کام شیطان کا (ار/مثل) جلدی میں کام بگڑ جاتا ہے ـ
جَلسہ (ع/مذ) نشست ـ اجلاس ـ بیٹھک ـ صحبت ـ ملاقات ـ سبھا ـ مجلس ـ محفل ـ دعوت ـ ضیافت ـ مہمانی ـ ناچ رنگ کی مجلس ـ
جل مرنا (ہ) حسد سے جل جانا ـ کسی کی بھلائی دیکھ نہ سکنا ـ حسد کرنا ـ
جلن (ہ/مث) سوزش ـ تپش ـ جلنے کی عادت ـ حسد ـ رشک ـ کینہ ـ دشمنی ـ عداوت ـ غصّہ ـ خشم ـ
جلنا (ہ) آگ لگنا ـ سُلگنا ـ روشن ہونا ـ جُھلسنا ـ جُھنسنا ـ داغ لگنا ـ راکھ ہونا ـ حسد کرنا ـ ناراض ہونا ـ جلن ہونا ـ تپکنا ـ تیز مرچ وغیرہ سے زبان کا جھلملانا ـ چرچراہٹ ہونا ـ دِل شکستہ ہونا ـ

کُم میں گھلنا - نباتات کا نہایت سردی سے سُوکھ جانا۔
جِلَو (ت/مث) باگ - لگام - کوتل - گھوڑا - ٹھاٹ - زینت - سواری کا ٹھاٹھ۔
تجمل - شان و شوکت - ہمراہی - معیت۔
جَلوت (ع/مث) ظاہر کرنا - خلوت کی ضد۔
جلو خانہ (ف/مذ) صحن - انگنائی - چوک - ڈیوڑھی - شاہی دروازے کا سامنے کا میدان۔
جُلُوس (ع/مذ) نشست - بیٹھک - تخت نشینی - راج تلک - راج گدی - شاہانہ شوکت - کروفر - تجمل - امیروں اور بادشاہوں کی سواری۔
جلوسی (ع) تخت نشینی سے منسوب - شاہی جلوس کے ملازم۔
جلوہ (ع/مذ) نمودار ہونا - دیدار - نظارہ - سامنے آنا - تجلی - نور - چمک۔
جلوہ آرا (عف/محاورہ) خاص بناؤ سنگھار کے بعد سج دھج کر کے سامنے آنے والا - کسی مجلس میں بیٹھنے والا - بلند مرتبہ آدمی۔
جلوہ دکھانا (ل) کسی خاص طرز سے اپنے آپ کو ظاہر کرنا - نظارہ دینا۔
جلوۂ طور (ع/مذ) وہ تجلی الٰہی جو موسیٰؑ نے کوہِ طور پر دیکھی تھی۔
جلوہ گر ہونا (ل) ظاہر ہونا - نمودار ہونا - بادشاہوں کا تشریف لانا۔
جَلی (ع) روشن - آشکارا - بظاہر - نمایاں - عیاں - پرگھٹ - پرکار - موٹا لکھا ہوا خط - ممتاز - خفی کی ضد۔
جلی قلم (ع/مذ) چوڑے قط والا قلم۔
جلیبا (ہ) شہتوت - توت - بڑی جلیبی۔
جلیبی (ہ/مث) ایک قسم کی مٹھائی - جو کڑاہی میں تل کر شیرے میں ڈبوئی جاتی ہے۔
جلے پر نمک چھڑکنا - یا - لگانا (ہ) رنج پر رنج دینا - ستائے ہوئے کو ستانا - جلے کو جلانا۔
جلے پھپھولے پھوڑنا (ہ) حسد نکالنا - بدلہ لینا - دل کا بغض ظاہر کرنا - عداوت نکالنا۔
جلے تن (ل) (عو) (دیکھو جلا تن)
جلی کٹی کہنا (ہ) بُرا کہنا - بدی کرنا - دشمنی اور حسد کی باتیں کرنا - کسی کے خلاف کہنا۔
جلیس (ع) ہم نشین - مصاحب - ساتھی - رفیق - ہمراہی - پاس بیٹھنے والا۔
جلیل (ع) بزرگی والا - بزرگ - بڑا - کلاں - عظیم - اعلیٰ - افضل۔

ج - م

جَم (ف/مذ) بڑا بادشاہ - حضرت سلیمانؑ - جمشید - شاہِ ایران۔
جَمّ (ع) تمام - بہت۔
جَمّ (ع) شیطان کا نام۔
جُم (ع) صدف - سیپ۔

جم جاہ (ف) بڑے مرتبے والا - جمشید جیسے مرتبے والا۔
جَم (ہ/مذ) (ہندو) دھرم راج - پاتال کا راجہ - ملک الموت - موت - قضا - ناگوار طبع آدمی جو پاس سے نہ ہٹے - توام - جڑواں۔
جم دُوت (ہ/مذ) ملک الموت - پیکِ اجل - موت کا فرشتہ۔
جم دیا (ہ/مذ) (ہندو) جم دیوتا کے نام کا چراغ جو دیوالی سے دو دن پہلے جلاتے ہیں۔
جم راج (ہ/مذ) جم لوک کا بادشاہ - تحت الثریٰ کا بادشاہ - پاتال کا راجہ۔
جم ہو جانا (ہ) موت کی طرح ٹلنے کا نام نہ لینا - پیچھا نہ چھوڑنا - قضا بن جانا - مُجرم بن جانا۔
جماد (ع/مذ) غیر ذی روح اشیا - بے جان چیزیں اینٹ پتھر وغیرہ - وہ زمین جس پر پانی نہ برسے - قحط سالی - خشک سالی - بخیل - کنجوس - سخت زمین۔
جمادی الاُولیٰ (ع/مذ) عربی قمری سال کا پانچواں مہینہ۔
جمادی الآخرہ - یا - جمادی الاُخریٰ (ع) عربی قمری سال کا چھٹا مہینہ۔
جماعت (ع/مث) گروہ - آدمیوں کا جتھا - ہجوم - بھیڑ - انبوہ - فریق - فرقہ - غول - ٹولی - مجلس - سبھا - سلسلہ - پرا - غازیوں کی قطار - درجہ - رتبہ - جیسے مدرسے کی جماعت (مراد) نماز جماعت جیسے کیا جماعت ہو چکی؟
جماعت تیار ہونا (ا/محاورہ) نمازیوں کے گروہ کا نماز کے لیے آمادہ ہونا۔
جماعت کرامات (ا/محاورہ) اتفاق میں بہت برکتیں ہیں۔
جماعدار (ف) چند سپاہیوں کا افسر - جمعدار غلط ہے۔
جماگی (ا/مث) دراصل جمعگی یعنی جمعہ کے دن سے نسبت رکھنے والا ہفتے کا خرچ - جیب خرچ - جمعراتی۔
جمال (ع/مذ) حُسن - خوبصورتی - جوبن۔
جمالگوٹہ (ہ/مذ) ایک دست آور دوا - حب الملوک۔
جمالی (ع) نوری - شانِ رحمت کی تجلی - منسوب بہ جمالِ الٰہی (مذ) ایک قسم کا سردا - خربوزہ - صوفیوں کی اصطلاح میں نباتات - پیاز - لہسن وغیرہ بودار چیزیں - ترک جمال سے یہی مراد ہے۔
جمالی خربوزہ (عف/مذ) ایک قسم کا خربوزہ جو خوب صورت مگر پھیکا یا بدذائقہ ہو۔
جمانا (ہ) منجمد کرنا - بستہ کرنا - جیسے برف جمانا - ترتیب سے لگانا - قائم کرنا - ٹھہرانا - اکھاڑنا کے خلاف - چسپاں کرنا - جوڑنا - آمادہ کرنا - راضی کرنا - رکھنا - دھونا - جیسے مُسلّفا جمانا - جمع کرنا - فراہم کرنا - اکٹھا کرنا - جیسے اکھاڑہ جمانا - لگانا - شروع کرنا - جیسے کام جمانا - بٹھانا - ٹھانسا - جیسے دل میں جمانا - ذہن نشین کرنا - رٹہ رکھنا - چنائی پر چنائی کرنا - ڈھیر لگانا - انبار کرنا۔

جماؤ (ہ/مذ) بستگی - انجماد - جمنے کی قابلیت - بھیڑ - ہجوم - قیام - ٹھہراؤ -
پختگی - استحکام - لیس - چیپ -
جماہی - یا - جمائی (ہ/مث) سستی اور خمار کی حالت میں منہ کھول کر
سانس لینا -
جم جم (ا) دعو، ہمیشہ - سدا - نت نت - سلامتی (دراقبال کے ساتھ -
بالضرور - درحقیقت -
جمدھر (ہ/مذ) ایک قسم کی چھری - خنجر - ایک طرح کا بادامی کاغذ -
جمع (ع/مذ) کل تمام - اکٹھا - میزان - چند رقموں کا مجموعہ - سرمایہ -
دولت - زرنقد -
جمعبندی (ع ف/مث) لگان کی فرد - لگان کی تقسیم -
جمع خرچ (ع ف/مذ) آمد و خرچ - مداخل و مخارج - کلام - تمام -
جمع کرنا (ا) اکٹھا کرنا - بٹورنا - سمیٹنا - ڈھیر کرنا - گودام میں رکھنا -
جوڑ لگانا - میزان دینا - اُگاہنا - وصول کرنا - سپرد کرنا -
حوالے کرنا - امانت رکھنا - فرد حساب میں وصول لکھنا -
جمع والا (ا/مذ) دولت مند - پونجی والا - سرمایہ دار - مہاجن - ساہوکار -
جمع ہونا (ا) فراہم ہونا - اکٹھا ہونا - سمٹنا - وصول ہونا -
جمعدار (ع ف/مذ) جماعت کا افسر - سردار جماعت - چند سپاہیوں کا
افسر -
جمعداری (ع ف/مث) جمعدار کا عہدہ جماعت یا گروہ کی افسری -
جمعرات (ا/مث) شب جمعہ - پنجشنبہ - برہسپت - ویروار -
ویروار -
جمعراتی (ا/مث) وہ جیب خرچ جو لڑکوں کو جمعرات کو ملتا ہے -
مکتبی ملاؤں کا پیسہ - پاٹھشالہ کے پنڈت اسے اتواری
کہتے ہیں -
جمعہ (ع/مذ) شکروار - یوم آدینہ - نماز جمعہ کو بھی مراداً کہہ دیتے ہیں -
جمعیت (ع/مث) فراہمی - اکٹھا ہونا - گروہ - مجمع - انبوہ - فوج - لشکر -
اطمینان - تسکین - دلجمعی - تسلی - تشفی -
جمعیت خاطر (ع/مث) دلجمعی - تشفی - تسلی - آسودگی خاطر - بے فکری -
تسکین دل -
جم غفیر (ع/مذ) انبوہ کثیر - بڑا جمگھٹ -
جمگھٹ - یا - جمگھٹا (ہ/مذ) بھیڑ - انبوہ - ہجوم - بہت بڑا مجمع -
جمگھٹ ہونا (ا/محاورہ) مجمع ہونا - اکٹھا ہونا -
جُمل (ع/مذ) حروف ابجد کے اعداد کا حساب -
جملگی (ع/ف/مث) تمامی - عمومیت - تمام - کلہم - کل - سب - سارے -
سارے کے سارے -
جملہ (ع) تمام - سب - کل - میزان کل - کلموں کا مجموعہ - فقرہ - کلام -
جملہ معترضہ (ع/مذ) وہ جملہ جو کسی دوسرے جملے کے دو جزوں کے درمیان
واقع ہو - بات میں بات -
جمنا (ہ) منجمد ہونا - اکٹھا ہونا - ٹھہرنا - قائم ہونا - اُگنا - زمین سے نکلنا -
چپکنا - چسپاں ہونا - مضبوط ہونا - پکا ہونا - مستحکم ہونا - رکنا -
اڑنا - ذہن نشین ہونا - ہندوستان کا ایک مشہور دریا جس کے
کنارے پر دہلی - متھرا - آگرہ وغیرہ شہر واقع ہیں -
جموگا (ہ/مذ) بچوں کا ایک مرض جس میں منہ سے کف نکلتا ہے - آنکھیں الٹ
جاتی ہیں اور مریض (بچہ) بے ہوش ہوکر گر پڑتا ہے - مرگی -
جُمود (ع/مذ) جمنا - جمی ہوئی شے - سستی - غفلت -
جُمہور (ع/مذ) عام لوگ - سب لوگ - تمام - اُمرا و وزرا و عوام - یہ لفظ پیش سے صحیح اور
زبر سے غلط ہے - تمام الفاظ اسی وزن کے پیش سے ہونے چاہئیں جیسے صندوق - دستور - عصفور -
جمہوری سلطنت (ا/مث) وہ سلطنت جہاں کا بادشاہ مطلق العنان نہ ہو -
لوگوں کے نمائندوں کی حکومت -
جمیع (ع) سب - تمام - کل - سارے کے سارے -
جمیکا - جزائر غرب الہند کا جزیرہ - یہاں کھانڈ اور کیلے کی پیداوار
ہے -
جمیل (ع/مذ) خوبصورت - حسین - سندر - خوب - نیکو -
جمیلہ (ع/مث) خوبصورت عورت - حسینہ - شکیلہ -

ج - ن

جُن (ع) سپر - ڈھال -
جِن (ع/مذ) بھوت - دیو - پریت کی وہ قسم جو آگ سے پیدا کی گئی ہے -
ہمزاد - روح - غصہ - غضب - سخت آدمی - کڑا اور پکا
آدمی - ضدی اور سرکش -
جن اُتارنا (ا) بھوت کو قابو میں کرنا - کسی کے سر سے بھوت پریت وغیرہ
کے آسیب کو دور کرنا - کسی کے غصے کو ٹھنڈا
کرنا -
جن پکڑنا (ا/محاورہ) جن قابو کرنا - جن کا اُتارنا -
جن چڑھنا (ا) آسیب کا اثر ہو جانا - غصہ چڑھنا - ضد چڑھنا -
جَنا (ہ/مذ) جنا ہوا - پیدا شدہ - نطفہ - تخم - جیسے حرام کا جنا -
آدمی - شخص - متنفس جیسے ایک جنا آجائے -
جُناب (ع) درد پہلو -
جُناب (ف) دکان -
جِناب (ع) اہل و عیال سے دور ہونا - چوپایوں کے گلے میں باندھ کر
کھینچنے کی رسی -
جَناب (ع/مث) درگاہ - آستانہ - حضرت - قبلہ - صاحب - حضور -
خود بدولت -
جناب اقدس (ع/مذ) حضور والا - حضور عالی - عالی جناب -
جناب عالی (ع/مذ) خداوند نعمت - حضرت سلامت - عالی جناب -
جَنابت (ع/مث) آلودگی - ناپاکی - نجاست -
جِنات (ع/مذ) جن کی بے قاعدہ جمع - بہت سے بھوت پریت
وغیرہ -
جناتی زبان (ع ف/مث) ایسی زبان جو سمجھ میں نہ آئے -
جُناح (ع) پرندہ - لشکر کا سب سے اگلا دستہ - ہراول -

جُناح (ع) گناہ۔
جنازہ (ع/مذ) لاش۔ لوتھ۔ مُردہ جسم۔ تابوت میت۔ ارتھی۔
جنازہ اُٹھانا (ا/ محاورہ) جنازے کو قبرستان لے جانا۔
جنازہ نکلے
جنازہ دیکھے } (ا) دُعائے بد اور قسم کے موقع پر بولتے ہیں۔ مُردہ دیکھے۔ میت نکلے۔ مرے۔ مرجائے۔
جناغ (ت) شرط بدنا۔
جنانا۔ یا۔ جنوانا (ہ) پیدا کرنا۔ بچے کو پیٹ سے نکالنا۔ دائی کا عورت کے پیٹ میں سے بچہ باہر نکالنا۔
جنائی (ہ/مث) جنانے والی عورت۔ دائی۔ قابلہ۔ جنانے کی اُجرت۔
جُنبش (ف/مث) حرکت۔ چال۔ رفتار۔ ہلنا جُلنا۔
جُنبش دینا (ا) حرکت دینا۔ ہلانا۔ جھنجھوڑنا۔
جنبہ (ع/مذ) حمایت۔ طرفداری۔ پناہ۔ مدد۔
جَنبہ دار (عف۔ صف) حمایتی۔ طرفدار۔ جانب دار۔
جَنّت (ع/مث) بہشت۔ خُلد۔ فردوس۔ سُرگ۔ بیکنٹھ۔ دوزخ کی ضد۔
جنّت نصیب کرے (ا) خدا کرے۔ بہشت ملے۔
جنتر (س/مذ) آلہ۔ کل۔ اوزار۔ راچھ۔ آلہ۔ جرِّ ثقیل۔ ایک طرح کا باجا۔ بین۔ افسون۔ جادو۔ ٹونا۔ ٹوٹکا۔ تعویذ۔ گنڈا۔ ایک قسم کا برتن جس سے مفلس لوگ روغن نکالتے ہیں۔
جنتر منتر (س/مذ) بازی گری۔ نظر بندی۔ سحر سازی۔ شعبدہ بازی۔ مکاری۔ فریب۔ دغا بازی۔ دہلی میں ایک مقام جہاں بیٹھ کر نجومی لوگ ستاروں کا حال معلوم کیا کرتے تھے۔
جنتری (ہ/مث) تارکشوں کے تار کھینچنے کا ایک سوراخ دار آلہ۔ تقویم۔ پترا۔ حساب یکسالہ۔
جَنّتی (ع) بہشتی۔ سُرگی۔ بہشت میں رہنے والا۔ مرحوم۔ مغفور۔ سُرگباشی۔ نیک آدمی۔ بھلا آدمی۔ سیدھا سادہ آدمی۔ بھولا بھالا۔
جننی (ہ/مث) ماں۔ مادر۔ ماتا۔ اماں۔ والدہ۔ جنتی۔ تار کھینچنے کا اوزار۔ لوہے کا سوراخ دار آلہ۔
جنجال (ع/مذ) بلا۔ آفت۔ مصیبت۔ وبال۔ عذاب۔ بپتا۔ دُکھ۔ مشکل۔ دقت۔ دشواری۔ حیرانی۔ سراسیمگی۔ بکھیڑا۔ جھگڑا۔
جنجال میں پڑنا۔ یا۔ پھنسنا (ا) مصیبت میں گرفتار ہونا۔ عذاب میں پڑنا۔ مشکل میں پڑنا۔
جنجالی (ہ) بکھیڑیا۔ جھگڑالو۔ مزاحم۔
جَندرا (ہ/مذ) قفل۔ تالا۔
جندرے ڈھیلے ہونا (ا/ محاورہ) کل پرزے ڈھیلے ہونا۔ سُست ہونا۔ کاہل ہونا۔
جنڈری (ہ/مث) جان۔ رُوح۔ آتما۔

جنڈری گنوانا (ا/ محاورہ) جان کھونا۔ جان نثار کرنا۔ عاشق ہونا۔
جنڈ (ہ/مذ) ایک جنگلی درخت جسے سانگر کہتے ہیں۔ اس کی پھلیوں کا اچار ڈالتے ہیں۔
جنرل (انگریزی) بڑا۔ فوج کا اعلیٰ افسر۔ عام حاکم۔
جنرل پوسٹ آفس (انگریزی) بڑا ڈاک خانہ۔
جنس (ع/مث) چیز۔ شے۔ اسباب۔ سودا۔ سوداگری کا اسباب۔ سودا۔ سوداگری کا اسباب۔ نوع۔ قسم۔
جنس خانہ (ع/ف/مذ) گودام۔ کوٹھڑی۔ مال گھر۔ مودی خانہ۔
جنس وار (عف) قسم وار۔ تفصیل وار (مذ) پٹواریوں کی گرداوری کا نقشہ۔
جنکشن (انگریزی/مذ) دو یا زیادہ ریلوں کا مقام اتصال۔
جُنگ (ہ/مذ) شیرازہ۔ گٹھڑ۔ بنڈل۔ مجموعہ۔ بڑی بیاض جس میں اشعار درج ہوں۔
جنگ (ف/مث) لڑائی۔ رن۔ جدھ۔ معرکہ۔ رزم۔ کارزار۔ جدل۔ نبرد۔ پیکار۔ عداوت۔ دشمنی۔ کینہ۔ بیر۔
جنگ آزمودہ (ف) دلیر۔ بہت سی لڑائیوں میں رہ چکنے والا۔ لڑائی کی گھاتوں سے واقف۔
جنگجو (ف) لڑاکا۔ جھگڑالو۔ تکراری آدمی۔
جنگ زرگری (ف/مث) جھوٹ موٹ کی لڑائی۔ دشمن کو دھوکا دینے کے لیے بے عداوت اور مصلحت کی لڑائی۔ سازشی لڑائی۔
جنگ سر کرنا (ا/ محاورہ) لڑائی فتح کرنا۔
جنگ کرنا (فع/مذ) لڑائی جھگڑا۔ لڑائی بھڑائی۔ کھٹاپٹی۔ ٹنٹا۔ دنگا۔ فساد۔
جنگل (ف/مث) میدان۔ نخلستان۔ صحرا۔ بیابان۔ ریگستان۔ بنجر اور ویران جگہ۔ چراگاہ۔ چوپایوں کے چرنے کی زمین۔ بادشاہی شکارگاہ۔ درختوں کی کثرت کی جگہ۔
جنگل بُری (ف/مث) جنگل کاٹنا۔ جنگل کی کٹائی۔
جنگل بیابان (ف/مث) ایسا جنگل جو بالکل ویران ہو۔ جہاں آبادی اور آدمی کا نشان نہ ہو۔
جنگل کا آدمی (ا/مذ) بن مانس۔ بندر۔ وحشی آدمی۔ صحرائی آدمی۔ غیر مہذب۔ ناشائستہ۔
جنگل میں منگل ہونا (ا) ویرانے میں آبادی یا رونق ہونا۔ جنگل میں عیش و عشرت کا سامان موجود ہونا۔
جنگل میں مور ناچا کس نے دیکھا (ا/مثل) غیر ملک یا پردیس میں سخاوت کی تو کس کام کی۔ عزت وہی جو اپنے وطن میں ہو۔
جنگلا (ا/مذ) جھنڈ۔ گھنا۔ جنگل۔ کٹہرا۔ احاطہ۔ باڑ۔ جالی۔ ویرانہ اور غیر آباد جگہ۔ دوپٹے وغیرہ پر گوٹہ کناری کا حاشیہ۔ مختلف رنگوں کے بیل بوٹے۔
جنگلی (ا) وحشی۔ صحرائی۔ بھڑکنے والا۔ بدکنے والا۔ خودرَو۔ قدرتی۔ آپ ہی کا اُگا ہوا۔ گنوار۔ اُجڈ۔ غیر مہذب۔ جاہل۔ بے تمیز۔

جنگلی سؤر (ف/مذ) خوکِ صحرائی - موٹا اور بدصورت آدمی -
جنگی (ف) قابلِ جنگ - بہادر - دلیر - سپاہی - لشکری - سورما - فوجی - عسکری - جیسے جنگی افسر - بڑا - عظیم - کلاں - فراخ - موٹا - طویل و عریض - لمبا چوڑا - بہت - جیسے بڑا جنگی سانپ -
جنگی بیڑا (ف/مذ) لڑائی کے جہازوں کا سلسلہ - بحری فوج اور سامانِ جنگ سے لدے ہوئے جہاز - بحری فوج -
جنگی پرنالہ (ف/مذ) وہ پرنالہ جس کی دھار دُور گرے - یعنی بڑے پرنالے کی ضد -
جنگی جہاز (ف ع/مذ) لڑائی کا جہاز - بہت بڑا جہاز -
جنگی فوج (ف ع/مث) لڑائی کی فوج - بڑی فوج -
جنگی لاٹ (ف/مذ) سپہ سالار - کمانڈر انچیف - فوج کا سب سے اعلیٰ افسر - لارڈ -
جَنَم (ہ/مذ) ولادت - پیدائش - نسل - بنیاد - اصل - خلقت - فطرت - رُوح کا ایک قالب سے دُوسرے قالب میں جانا - عُمر - زندگی - حیات - عادت - خصلت - خُو -
جنم اندھا (ہ/مذ) پیدائشی اندھا - کور مادر زاد - مادر زاد نابینا -
جنم بگاڑنا (ہ) دھرم بگاڑنا - ایمان خراب کرنا - گناہ میں زندگی بسر کرنا - زندگی خراب کر لینا -
جنم بھوم - جنم بھومی - جنم استھان (ہ/مذ) پیدائش کی جگہ - زاد بوم - مولد - وطن - دیس -
جَنَم پتری - یا - جنم پترا (ہ/مث - مذ) زائچہ - تقویم - لگن کنڈلی -
جَنَم پٹا (ہ/مذ) عمر بھر کا اقرار نامہ -
جَنَم جلا - یا - جنم جلی (ہ) پیدائشی بدنصیب - بد اختر - بدطالع - منحوس - شُومُ - نگوڑا - بے چارہ - مصیبت زدہ - ذرا سا - قلیل - بہت تھوڑا - بہت ہی کم - جیسے جنم جلا سودا -
جَنَم جَنَم (ہ) ہمیشہ - نت - سدا - مُدام - تناسخ - آواگون -
جنم داتا (ہ/مذ) پیدا کرنے والا - پروردگار - بانی -
جنم روگ (ہ/مذ) پیدائشی بیماری - موروثی بیماری -
جنم روگی (ہ) دائم المرض - سدا روگی - جنم دُکھیا -
جنم دن (ہ/مذ) یوم پیدائش - روزِ ولادت - سالگرہ کا دن -
جنم سدھر جانا (ہ/محاورہ) حالت بہتر ہو جانا -
جنم کنڈلی (ہ/مذ) زائچہ خرد - چھوٹی جنم پتری - لگن کنڈلی -
جنم لینا (ہ) پیدا ہونا - دُنیا میں آنا - (عقائد ہنود) تناسخ - آواگون - ایک قالب سے دُوسرے قالب میں آنا -
جَنَم مَرَن (ہ/مث) (ہندو عورتیں) ہمیشہ کی موت - موت ابدی -
جنم نہ دیکھا بوریا سپنے آئی کھاٹ (ہ/مثل) غریبی میں بڑوں کی ریس کرنا -
جننا (ہ) بچہ دینا - بیانا -
جنواسا (ہ/مذ) ظرف - دُولہا اور برات کے ٹھہرانے کا مکان -
جنوانسا - یا - جواسا (ہ/مذ) ایک خاردار پودا جسے اکثر اُونٹ کھاتا ہے اور گرمی میں لوگ خس کی ٹٹیوں کی جگہ بھی لگاتے ہیں -

جنوائی - یا - جوائی (ہ/مذ) داماد - بیٹی کا خاوند - خویش - دشمن - مارِ آستین - بغلی دشمن - بیٹی کی گالی بھی ہے جو نہایت سخت سمجھی جاتی ہے -
جُنُوب (ع/مث) شمال کی ضد - دکھن - قُطب شمالی کے عین نیچے کی طرف کا مُلک -
جُنُوں (ع/مذ) دیوانگی - سودا - باؤلاپن - خبط - مالیخولیا - جوش - غُصّہ - غضب - خشم -
جنون آنا (ف) غُصّہ آنا - حسرت و افسوس آنا -
جنون چڑھنا (ف) پاگل ہونا - غُصّہ چڑھنا - طیش آنا -
جنونی (ع) جنون والا پاگل - دیوانہ - غضبناک - خبطی - باؤلا -
جنھیں (ہ) جن کو - جن لوگوں کو -
جنّی (ع) نسخہ جن کا عامل - بھوت پریت اُتارنے والا - سیانا - عامل - اوجھا - جادوگر - ساحر -
جنّی - یا - جناتی خط (ف/مذ) بدخط - وہ خط جو پڑھا نہ جائے - شکستہ خط - گھسیٹا ہوا خط -
جَنی (ہ/مث) جنا کی مؤنث - لگائی - تریا - بیٹی - لڑکی - جنی ہوئی - پیدا شدہ - سہیلی - گوئیاں -
جنیا (ر) جانِ من - میری جان - عزیز - پیارا -
جنیت (ہ/مث) برات -
جُنید (ع/مذ) بغداد میں ایک مشہور ولی کامل گزرے ہیں -
جنین (ہ/مذ) وہ بچہ جو ابھی ماں کے پیٹ میں ہو - پیٹ کا بچہ -
جنیو (ہ/مذ) زنار - بدھی کی طرح ڈالا ہوا - برہمنوں - کھتریوں وغیرہ کے گلے کا دھاگا - جواہرات کی آڑھی سیدھی لکیر - جرم سنگ - بال جو شیشے وغیرہ میں اُس کے ٹوٹنے سے آ جاتا ہے -
جنیو کا ہاتھ (ہ/مذ) پٹے یا تلوار کا ترچھا ہاتھ - یعنی ضرب جو حریف کی چھاتی پر لگاتے ہیں -
جنیوا (لاطینی/مذ) سوئٹزرلینڈ کا ایک بڑا مشہور شہر - جہاں کی گھڑیاں مشہور ہیں - سیاح دُور دُور سے آتے ہیں - دریائے رائن اس میں سے بہتا ہے - مجلسِ اقوام کا صدر مقام یہی ہے -

ج - و

جو (ہ) جو کوئی - جون سا - اگر - بشرطیکہ - بالغرض - جس قدر - جتنے - جو لوگ -
جو جو (ہ) ہر کوئی - ہر چیز - ہر شخص - جون جون سا -
جوکہ (ہ) حرفِ شرط - چونکہ - اگرچہ -
جو ہو (ہ) جو کچھ ہو - کچھ ہی ہو - جس قدر - جتنا - جیسے جو ہو - سو آؤ -
جو ہو سو ہو (ہ) ہرچہ بادا باد - کچھ ہی کیوں نہ ہو -

جو ہیں (ہ) جب - فوراً - جس وقت - جس لمحہ -
جُو (ف / مذ) ایک غلّہ - شعیر - مقدارِ قلیل - قدرے - اندکے - ذرا - انچ کا تیسرا حصّہ -
جُو جُو (ف / ہ) ذرا ذرا - رتّی رتّی - جیسے حساب جُو جُو بخشش سو سو -
جُو فروشِ گندم نُما (ف) دغاباز - فریبی - دھوکا دینے والا - ریاکار - دکھاوے کی عبادت کرنے والا -
جو آگ کھائے گا انگارے ہگے گا (ا / مثل) جو بُرے کام کرے گا اسے ان بُرے کاموں کا نتیجہ بھگتنا پڑے گا -
جو اپنے کام نہ آئے چُولہے میں جائے (ا / مثل) بے فیض آدمی کسی کام کا نہیں -
جو پھل چکھا نہیں وہی میٹھا (ا / مثل) ان دیکھی چیز کی قدر خواہ مخواہ ہی ہوتی ہے -
جُوا (ہ) جُو سے منسوب - بہت چھوٹی چیز - لہسن کی ہر پوتھی - کارچوبی کام میں ایک طرح کا کشیدہ -
جُوا (ہ / مذ) وہ لکڑی جس میں گاڑی یا ہل کے بیلوں کو جوتتے ہیں - شرط بازی - قمار - داؤ بازی -
جُوا چور (ہ) وہ کھلاڑی جو اپنا داؤ جیت کر چلتا ہے -
جُوا کھیلنا (ہ) داؤ لگانا - قماربازی کرنا -
جُو آب (ف) آبِ جُو -
جواب (ع / مذ) سوال کی ضد - بات کا اُتر - اُتر - پاسخ - مقابل - جوڑ - ثانی - نظیر - مثل - رَد - تردید - کلام کا رد - عوض - بدلہ - جزا - پاداشں - موقوفی - معزولی - برطرفی - علیحدگی - جوڑا - جفت - انکار - نامنظوری -
جواب الجواب (ع / مذ) جواب کا جواب - اُتر کا اُتر -
جوابِ باصواب (ع / مذ) مناسب اور عمدہ جواب - معقول جواب - بہتر جواب -
جواب پانا - یا - ملنا (ل) موقوف ہونا - برطرف ہونا - سزا پانا - سزا ملنا -
جواب ترکی بہ ترکی (ف / مثل) جیسا کہو گے ویسا سنو گے
جواب دعویٰ (ہ / مذ) (قانون) مدعا علیہ کا تحریری جواب -
جواب دِہ (عف) (قانون) ذمہ دار - ضامن - قابلِ بازپرس -
جواب دہی (عف / مث) (قانون) مواخذہ - بازپرس - کفالت -
جواب دہی کرنا (ل) (قانون) - مواخذہ کرنا - دعویٰ کا جواب دینا -
جواب دینا (ل) اُتر دینا - پاسخ دینا - تردید کرنا - کفیل ہونا - بازپرس کے جواب میں کچھ کہنا - جیسے تمہیں اس بات کا جواب دینا پڑے گا - موقوف کرنا - معزول کرنا - خارج کرنا - چھوڑنا - ترک کرنا - جیسے طاقت نے جواب دے دیا - گستاخی یا بے ادبی کرنا - جیسے نوکر نے آقا کو خوب جواب دیے - انکار کرنا - نامنظور کرنا - نہ ماننا -
جواب سوال (ع / مذ) بحث مباحثہ - تکرار - حجت - مناظرہ - گفت و شنید - جھگڑا - مقابلہ - تعرض - بحثا بحثی -
جواب سوال کرنا (ا / محاورہ) بحث کرنا - جھگڑنا -
جوابِ شافی (ع / مذ) تسلی بخش جواب - ٹھیک جواب - پورا جواب -

جوابِ شرط (ع / مذ) وہ کلمہ جو شرط کے جواب میں آئے -
جواب صاف (ع / مذ) بالکل انکار - صاف انکار - مطلق انکار -
جواب طلب (ع) قابلِ بازپرس - قابلِ مواخذہ - مشتبہ - مشکوک - قابلِ دریافت -
جواب طلب کرنا (ل) بازپرس کرنا - مواخذہ کرنا - سبب پوچھنا - شک و شبہ سے دُور کرنا - باعث دریافت کرنا -
جواب طلبی (ع / ف / مذ) بازپرس - مواخذہ -
جواب قطعی (ع / مذ) پورا پورا جواب (دیکھو جواب صاف)
جواب کرنا (ل) جرح کرنا - مقابلہ کرنا - مباحثہ کرنا -
جواب ندارد (ف / مقولہ) جواب نہ ملنا - جواب نہ آنا -
جواب ہونا (ل) موقوف ہونا - سزا ملنا - جوڑ ہونا - ہمسر ہونا - مقابل ہونا -
جوابی (ع / مذ) وہ شخص جو سوز خوانوں میں مرثیے کا پہلا مصرعہ دہراتا ہے - مقابل - مثنیٰ - نظیر - فریقِ ثانی - طرفِ ثانی - مخالف - حجتی - تکراری -
جَوّاد (ع / مذ) بہت بخشش کرنے والا - تیز رفتار گھوڑا - خدا کا ایک نام - واؤ کی تشدید سے غلط ہے -
جُوار (ہ / مث) ایک قسم کا غلّہ - چری کا بیج - سمندر کا اُتار - مد کے خلاف -
جوار بھاٹا (ہ / مذ) سمندر کے پانی کا اُتار چڑھاؤ جو چاند کی کشش سے روزمرّہ ہوتا ہے - مدّ و جزر -
جوارِش (معرب / مث) گزارش کا معرب ہے - ایک خوش ذائقہ ہاضم اور مقوّی معدہ مرکب دوا -
جُواری (ہ / مذ) قمارباز - جُوا کھیلنے والا - بازی لگانے والا - ہار جیت والا -
جواری - بھنڈاری (ہ / مذ) لُچّا - بدمعاش - بدچلن - پانچوں عیب شرعی رکھنے والا -
جَواری (ہ / مث) ستار کی گھوڑی - ستار کی کھرج - وہ ڈور جو ستار یا طنبور کے اُوپر لگی ہوتی ہے اور جس پر سُروں کا اُونچا کرنا موقوف ہے -
جوالا (س / مث) شعلہ - لَو - لپیٹ - بھپکا - جوت - آتش - آگ - نار - تیزی - تُندی - آتشِ عشق - سوزِ محبت - دُرگا دیوی - اُس دیوی کا نام جس کا استھان کانگڑہ میں ہے -
جوالا مُکھی (ہ) آتش دہان (۲) مذکر - کوہِ آتش فشاں - وہ پہاڑ جہاں سے آگ کے شعلے نکلتے ہیں -
جوّالہ (ع / صف) چکر کھانے والی - گھومنے والی -
جَوان (ف) نوعُمر - نوخیز - کم سِن - بچّہ - پٹھا - مضبوط - قوی - نیا - تازہ - بہادر - دلیر (مذ) برنا - گبرو - بالغ - بالغہ - سیانی - سیانا - بہادر سپاہی - طاقتور سپاہی - لڑکا - چھوکرا - لونڈا -
جوان بخت (ف) نصیبے والا - کامران - اقبال مند - بھاگوان - خوش نصیب - خوش قسمت - خاندانِ مغلیہ کے آخری بادشاہ

کے ولی عہد کا نام۔
جوان جہان (ا/صف) بھرپور جوانی کا عالم - پوری جوانی پر۔
جوان دولت (ف/صف) نودولت - بااقبال۔
جواں سال (ف/صف) نیا جوان -
جوان صالح (ع/مذ) نیک بخت جوان - جوانی کی عمر میں گناہ سے بچنے والا۔
نیک چلن - پرہیزگار۔
جوان مرد (ف) سخی - کریم - دانا - فیاض - دھرماتما - فراخ دل - عالی ہمت۔
بلند ہمت - بلند حوصلہ - شجاع - بہادر - سُورما -
غازی -
جوانمردی (ف/مث) سخاوت - فیاضی - بہادری - شجاعت - تہوّر -
عالی ہمتی - بے باکی - دلیری - جرأت - دریا دلی۔
جواں مرگ یا - جوانا مرگ (ف) جوان موت - مرنے والا - عالم شباب
میں مرجانے والا - (دُعائے بد) جاشار - مرنے جوگا -
جوانی (ف/مث) شباب - برنائی - صغر سنی - اوائل عمری - بلوغت -
جوانی اُٹھنا } (ہ) آغاز شباب ہونا - بلوغت کا ظاہر ہونا - مدھ میں بھرنا -
جوانی اُبھرنا } قد نکالنا - تن و توش جسم پہنچانا - گدرانا -
جوانی چڑھنا (ا) جوانی کا زوروں پہ ہونا - مستی پہ آنا - بلوغت کو
پہنچنا -
جوانی دیوانی (ا/کہاوت) جوانی میں آدمی نشیب و فراز نہیں سوچتا یعنی
جوانی میں آدمی دیوانہ ہوتا ہے -
جوانی ڈھلنا } (ا) عالم شباب کا زوال ہونا - شباب اُترنا - جوبن کا
جوانی اُترنا } کم ہوجانا - عمر سے اُترنا -
جوانی کا پھل } (ا/مذ) راحتِ شباب - جوانی کا چین - آرام - نشاطِ
جوانی کا سُکھ } شباب -
جوانی کا سُکھ دیکھے (ا) دُعائے نیک (اپنی جوانی سے بہرہ ور ہو -
جوانی کا عیش نصیب ہو -
جوانی کا عالم (ا/مذ) جوانی کے دن - جوانی کی حالت -
جوانی کی نیند (ا/مث) گہری نیند - جوانی کی گہری اور بے خبری کی
نیند -
جواہر (ع/مذ) جوہر کی جمع - قیمتی پتھر - گوہر - من - نگ - لعل - زمرد -
یاقوت وغیرہ -
جواہرات (ع/مذ) جوہر کی جمع الجمع -
جواہر خانہ (ع ف/مذ) وہ شاہی مکان جس میں بادشاہی جواہرات رکھے
رہتے ہیں - توشہ خانہ - زیور خانہ -
جُوبجُو (ف) تمام و کمال -
جوبن (ہ/مذ) اُٹھتی جوانی - عنفوانِ شباب - چڑھتی جوانی - خوبصورتی -
حسن و جمال - عالم - حالت - ہئیت - جیسے سبزے کا جوبن
دل کو اچھا لگتا ہے - بہار - رونق - موج - لہر - پھبن -
چھاتی - کُچ - پستان - چوچی - سبزہ - ہریاول - طراوت -
تر و تازگی - شادابی -
جوبن اُبھرنا - یا - اُمنڈنا (ہ) جوانی اُبھرنا - چھاتیاں اُٹھنا -

جوبن برسنا (ا/محاورہ) رونق چھا جانا -
جوبن پہ آنا (ہ) جوانی پہ آنا - بہار پہ آنا - پھلنا - پھولنا - سرسبز ہونا -
جوبن پھٹ پڑنا (ہ) حسن و جمال میں کمال زیادتی ہونا - خوب صورتی کا بہت
بڑھنا -
جوبن ٹپکنا (ہ) خوبصورتی کا نمایاں ہونا - جوانی کا ظاہر ہونا - مدھ میں
بھرنا -
جوبن چمکانا (ا/محاورہ) جوبن کا اُبھار دکھانا -
جو بندھ گیا سو موتی ، جو رہ گیا سو پتھر (ہ/مثل) جو دُرست اور کارآمد ہوگیا -
وہی اچھا - ورنہ ردّی -
جوبن دکھانا (ا/محاورہ) خوبصورتی کی بہار دکھانا - جوانی کے جوش میں
اینٹھ کر چلنا - چھاتی نکال کر چلنا - حسن کی بہار دکھانا -
جوبن ڈھلنا (ہ) جوانی ڈھلنا - حسن و جمال میں فرق آنا -
جوبن کا (ہ) بہار کا - مزے دار - پُرلطف - لذیذ - خوش مزہ -
جوبن کی ماتی (ہ/مث) مدماتی - سرشار جوانی - بدمست عورت - مستی میں
بھری ہوئی جوانی میں بھری ہوئی -
جوبن کے دن (ا/مذ) رونق کا زمانہ - شباب کا زمانہ -
جوبن نکالنا (ہ) بلوغت کو پہنچنا - بہار پہ آنا - خوبصورتی پہ آنا -
جوت (ہ/مث) روشنی - اُجالا - چمک - تابش - نُور - آنکھ کی بینائی -
نظر - قوتِ باصرہ - نگاہ - رونق - جلوہ - جیسے مورت کی جوت ہے -
شعلہ - لو - لاٹ - جیسے چراغ کی جوت - جھلک - چمک - چراغ -
دیا - دھن - دولت - نقدی - مال - رُوح - آتما - پران - جیسے
جوت میں جوت سمانا - یعنی رُوح میں رُوح کا مل جانا (یہ لفظ
بواؤ مجہول ہے)
جوت بتی کرنا - یا - جوت جگانا - یا - جوت چڑھانا (ہ) (بھگتوں کی
اصطلاح) کسی سیانے کا چراغ جلا کر اپنے دیوتا کو بلانا - موکلوں
کی حاضرات کرنا -
جوت (ہ/مث) جوتنا سے حاصل مصدر - تردّد - کاشتکاری - ہل چلانا -
کھیتی - کھیتی باڑی - زراعت - جوتی ہوئی زمین - قبضہ - کاشت -
لگان جو کاشت کار دیتا ہو (مذکر) بیلوں کے گلے کا تسمہ جس
سے جُوا دبا رہتا ہے - آبپاشی کے ڈول کرسے یعنی ڈال کے رستے
کے پاس کی رسی - دُکان کا اسباب - ترازو کی ڈوس (یہ لفظ بھی
بواؤ مجہول ہے -)
جُوت (ہ/مذ) بڑا جُوتا - لڑائی - دنگا - فساد - تنبیہ - سرزنش -
جُوت برسنا (ہ) جُوتیاں پڑنا - سزا ملنا - تنبیہ ہونا -
جُوت پڑنا - یا - لگنا (ہ) دعوے کے خلاف جواب پانا - احسان
سر ہونا -
جُوت چلنا (ہ) لڑائی ہونا - فساد ہونا - دھینگا مُشتی ہونا -
جُوتا (ہ/مذ) جُوتنے والا - مزارع - کاشتکار - مالی - ہل جوتنے والا -
اسامی - کسان (بازاری) مباشر - ہم بستر ہونے والا (یہ
بواؤ مجہول ہے)
جُوتا (ہ/مذ) دیوار کی حدِ فاصل - بیلوں کی گردن کا تسمہ - گردن کے

پاس کے پیچھے۔

جُوتا (ہ/مذ) کفش پا۔ پاپوش۔ نقصان۔ گھاٹا۔ (طنزاً) بھاری احسان اور سلوک۔

جُوتا اُٹھانا (ہ) جُوتا لے کر مقابلہ کرنا۔ گستاخی کرنا۔ اطاعت کرنا۔ حکم ماننا۔ نہایت فرماں برداری کرنا (لُغات اضداد میں ہے)

جُوتا اُچھلنا۔ یا۔ چلنا (ہ) جُوتوں سے لڑنا۔ جُوتی پیزار ہونا۔ جاہلانہ لڑائی ہونا۔

جُوتا برسنا (ہ) خوب جُوتیاں لگنا۔ خوب لڑائی ہونا۔ جُوتیوں کی سلامی ہونا۔

جُوتا دینا (ار/محاورہ) پہننے کے لیے جُوتی کا جوڑا دینا۔ جُوتا مارنا۔

جُوتا کاری (ہ/مث) مار پیٹ۔ جُوتوں سے خبر لینا۔

جُوتا لگنا (ہ) جُوتے کی چوٹ لگنا۔ نقصان ہونا۔ ٹوٹا آنا۔ شرمندگی ہونا۔ خجالت ہونا۔

جُوتا مارنا (ہ) ملامت کرنا۔ طعنہ دینا۔ احسان کر کے شرمندہ کرنا۔ نیک سلوک کر کے ممنون کر دینا۔

جوتش (ہ/مث) علم نجوم۔ ستاروں کی گردش کے حساب سے آئندہ کے حالات کا اندازہ لگانا۔

جوتشی (ہ/صف) نجومی۔ منجم۔ جوتش کا ماہر

جُوتے (ہ/مذ) جُوتا کی جمع۔ بہت سی جُوتیاں۔

جُوتے سے آنا (ہ) جوتیوں سے خبر لینا۔ جُوتے لگانا۔ جُوتے مارنا۔

جُوتے کا یار (ہ/مذ) جُوتے کے ذریعے سے کام دینے والا آدمی۔ خوف اور دہشت سے کام دینے والا آدمی۔

جُوتی (ہ/مث) پیزار۔ کفش پا۔ پاپوش۔

جُوتی پر جُوتی چڑھنا (ہ) لفظی معنی ظاہر ہونا۔ سفر کا شگون نکلنا۔ سفر کی فال نکلنا۔

جُوتی پر رکھ کر روٹی دینا (ہ) حقارت سے روٹی دینا۔ نہایت ذلت اور بے توقیری سے کھانا پانی دینا۔

جُوتی پر۔ یا۔ جُوتی کی نوک پر مارنا (ہ) ٹھکرانا۔ ذلیل اور ہیچ سمجھنا۔ نہایت ادنیٰ چیز خیال کرنا۔ پروا نہ کرنا۔ نفرت ظاہر کرنا۔

جُوتی پہنانا (ہ) دُوسرے شخص کو جُوتی خرید کر دینا۔ غیر کے پاؤں میں جُوتی ڈالنا۔

جُوتی پیزار۔ یا۔ جُوت پیزار (ہ/مث) جُوتم جُوتا۔ مارکٹائی۔ لڑائی دنگا۔ جھگڑا اُٹھنا۔ وصول وضعیا۔

جُوتی چھپائی (ہ/مث) (ہ) رقم جو دُولھا کی سالیاں اس کے ود اع کرنے کے وقت اس کی جُوتیاں چھپا کر اس سے لیتی ہیں۔

جُوتی چور (ہ/مذ) لوگوں کی جُوتیاں چرا کر بیچ ڈالنے والا۔ جُوتیوں کا چور۔

جُوتی سے۔ یا۔ جُوتی کی نوک سے (ہ) بلا سے۔ کچھ پروا نہیں۔ نہایت حقارت کے وقت بولتے ہیں۔

جُوتی کے برابر نہ سمجھنا (ہ) کچھ حقیقت نہ سمجھنا۔ بالکل خاطر میں نہ لانا۔ ہیچ اور ناچیز سمجھنا۔

جُوتیاں اُٹھانا یا سیدھی کرنا (ہ) کسی بڑے آدمی کی خدمت کرنا۔ نوکری دینا۔ تربیت میں رہنا۔ کسی آدمی کی خدمت کرنا۔ نہایت عجز ظاہر کرنا۔

جُوتیاں بغل میں دبانا۔ یا مارنا (ا) جُوتیوں کو بغل میں چھپانا۔ دبے پاؤں بے آہٹ نکل جانا۔

جُوتیاں چٹخاتے پھرنا (و) آوارہ گردی کرنا۔ ہرزہ گرد ہونا۔ باد ہوائی پھرنا۔ نکما پھرنا۔ خراب و خستہ پھرنا۔

جُوتیاں کھانا (ہ) جُوتیوں سے پٹنا۔ طعنے مہنے سہنا۔ بُرا بھلا سُننا۔ ذلت اُٹھانا۔

جُوتیاں گانٹھنا }
جُوتیاں سی گانٹھنا } (ہ) جُوتیوں کی مرمت کرنا۔ حقیر و ذلیل پیشہ اختیار کرنا (۲) بہت بُری سلائی کرنا۔ موٹی سلائی کرنا۔ بُری طرح سینا۔

جُوتیاں مارنا (ہ) سزا دینا۔ طعنے مہنے دینا۔ ذلیل و خوار کرنا۔

جُوتیوں کا صدقہ (ا/محاورہ) اظہارِ ممنونیت کے وقت انکسار کے طور پر کہتے ہیں سب آپ کے طفیل ہے۔ آپ کی بدولت ہے۔

جُوتیوں سے لگے ہونا (ار/محاورہ) مطیع ہونا۔ فرماں بردار ہونا۔

جُوتیوں سے لگی ہوئی ہونا (ار/محاورہ) مطیع ہے۔ فرماں بردار ہے۔

جُوتیوں میں دال بٹنا (ہ) آپس میں جھگڑا ہونا۔ نفاق پڑنا۔ پھوٹ پڑنا۔ مارکٹائی ہونا۔ دانتا کلکل ہونا۔

جُوتی (ہ) (بواوِ مجہول) مؤنث۔ ترازو کی ڈس۔ پلڑے باندھنے کی رسّی۔

جَوتری (ہ/مث) جودیا۔ جائفل کا پھول۔

جوتش (ہ/مذ/مث) علمِ نجوم۔ علمِ ہیئت۔ رمل۔ جھتر اور گرہ جاننے کا شاستر۔

جوتشی (ہ/مذ) جوتش کا علم جاننے والا۔ منجم۔ ستارہ شناس۔ رمّال۔

جوتنا (ہ) بیلوں گھوڑوں وغیرہ کو ہل گاڑی وغیرہ میں لانا۔ مصروف کرنا۔ جیسے کام میں جوتنا۔ ہل چلانا۔ زمین باہنا۔ تردد کرنا۔ کاشت کرنا۔ بونا۔ راضی کرنا۔ اپنی مرضی پر لے آنا۔ جیسے آج اُن کو بھی جوت لیا۔

جوٹ (ہ/مث) جوڑ۔ جُفت۔ جوڑی۔ ہمسر۔ نظیر۔ برابر کا۔ ہم پلہ۔ مقابل۔ ثانی۔ ساتھی۔ رفیق۔ ہم رتبہ۔ ہم شکل۔ ہم جثہ۔ بیلوں کی جوڑی۔

جوٹ باندھنا (ہ) جوڑ لگانا۔ ہم قد اور ہم عمر سے جوڑ لگانا۔

جوٹی یا جوٹیا (ہ/مذ) ساتھی۔ معاون۔ مددگار۔ جوڑ۔

جوجرا (ار) ضعف، کمزور۔ بُڑھانا۔

جُوجُو (ا/مذ) ڈراؤنی اور مہیب چیز جس سے بچّوں کو ڈراتے ہیں۔ ہَوّا۔

جُود (ع/مذ) بخشش۔ سخاوت۔

جَودت (ع/مث) تیز رفتاری۔ تیزی۔ چالاکی۔ ذہن کی تیزی۔

جُود وسخا (ا/مث) بخشش۔ سخاوت۔

جوھا (ہ/مذ) بہادر - شجاع - دلیر - سُورما - رُستم - صفت - سپاہی - لشکری (بواؤ مجہول ہے)
جوڈیشل (انگریزی/عدالتی - حاکمی - حاکمانہ - شرعی - دیوانی - فوجداری -
جوڈیشل اختیارات (ا/مذ) فوجداری اختیارات - دیوانی اختیارات -
جوڈیشل کارروائی (ا/مث) دیوانی اور فوجداری کارروائی -
جَور (ع/مذ) ظلم - ستم - جفا - جبر - زبردستی - بے رحمی - سختی - دُرشتی -
جورُو (ہ/مث) بیوی - زوجہ - استری - منگائی - بہو - اہلیہ - ایک قسم کی گالی جیسے سالے کی جورُو -
جورُو خصم کی لڑائی دُودھ کی سی ملائی (ہ/مثل) میاں بیوی کی شکر رنجی میں بھی ایک قسم کا لُطف ہوتا ہے -
جورُو کا مزدور (ا/مذ) زن مُرید - جورُو کا غلام - جورُو کا تابع -
جورُو کا بھائی (ہ/مذ) سالا - نجمہ پورہ - ایک قسم کی گالی -
جوڑ (ہ/مث) جُفت - ہمسر - مقابل - ساتھی - رفیق - ہم قد - ہم شکل - بند - گرہ - گانٹھ - سنجوگ - لگن - میزان - کل مقدار - جمع - فریب - چھل - داؤ - بہتان - افترا - جیسے دشمن نے مجھ پر یہ جوڑ بنایا ہے - مُثبت - منفی کی ضد - ایک ہی سلسلے اور رنگ کے برتن - جیسے تھالی جوڑ - مرثیہ خوانوں کی جماعت - ایک قسم کی جھلی - آمیزش - ملاپ - جیسے میل جوڑ - فرضی قصہ - افسانہ - ایک قسم کے چھلے - پور - پور روا - عضو - پیوند - سیون - ٹانکا -
جوڑ باندھنا (ہ) دو برابر کے پہلوانوں کو کشتی کے لیے مقرر کرنا - جوڑ لگانا -
جوڑ بٹھانا (ہ) جُول بٹھانا - جوڑ ملانا -
جوڑ بدھنا (ا/محاورہ) دو پہلوانوں کا کشتی کے واسطے انتخاب کرنا -
جوڑ بنانا (ا/محاورہ) چالیں چلنا - تہمت لگانا -
جوڑ بند (ا/مذ) بندش - جوڑ - عضو -
جوڑ پھڑکنا (ا/محاورہ) ایک مُرغ کا دُوسرے مُرغ سے لڑنا - بٹیروں کا لڑنا -
جوڑدار (ف) جوڑا ہوا - پیوند لگا ہوا - جوڑ والا -
جوڑ توڑ (ہ/مذ) ساز باز - تجویز - داؤ پیچ - ریاکاری - بندش - حکمت - فریب - جَل - چھل - دھوکا - ترکیب - چالاکی - ٹھگات -
جوڑ توڑ کرنا (ہ) تجویز کرنا - فریب کرنا - چالاکی کرنا - مُگت بنانا - کسی کے خلاف ساز باز کرنا - سازش کرنا -
جوڑ جوڑ (ہ/مذ) ہر عضو - ہر بند - بند بند - عضو عضو -
جوڑ چلنا (ہ) تہمت دھرنا - بہتان لگانا - داؤ چلانا -
جوڑ سے جوڑ ملنا (ہ) جیسے کو تیسا ملنا -
جوڑ کا (ہ) برابر کا - ہم پایہ - ہم مرتبہ -
جوڑ کا توڑ (ا/مث) جیسی جو چیز ہو اس کے مناسب اسی قسم کی دُوسری چیز -
جوڑ لگانا (ہ) جوڑ باندھنا - جوڑ لگانا - میزان دینا - حساب جوڑنا - پیوند لگانا - تھگلی لگانا - گانٹھنا - جوڑنا [illegible] -
جوڑ مارنا (ہ) فریب دینا - دھوکا دینا - چال چلنا - بہتان دھرنا - تہمت دینا - عیب لگانا -

جوڑا (ہ/مذ) جُفت - دو چیزیں - ہمتا - ہمسر - میاں بیوی - نر و مادہ - مقابل کا - برابر - ہمراہی - ساتھی - رفیق - پوری پوشاک - لباس جیسے کپڑوں کا جوڑا - جُوتا - پاپوش - خلعت - (مہوسوں کی اصطلاح) آدھا تانبا اور آدھی چاندی ملا کر - کھوٹی چاندی یا اسی طرح کا کھوٹا سونا - دُوسرا - ثانی -
جوڑا بنانا (ہ) کھوٹی چاندی یا کھوٹا سونا بنانا - پوری پوشاک تیار کرنا - جُوتا بنانا - جوڑیاں تیار کرنا -
جُوڑا (ہ/مذ) سر کے بالوں کا جُوڑا - وہ گرہ جو عورتیں بالوں کو اکٹھا کر کے گدّی پر دے دیتی ہیں - مونج کی بٹی ہوئی رسّی - بُلبُل کی کلغی - یا چوٹی -
جُوڑا باندھنا (ہ) سر کے بالوں کو اکٹھا کر کے پیچھے گرہ دے لینا -
جُوڑا کھولنا (ہ) بالوں کا جُوڑا کھولنا -
جُوڑنا (ہ) ہاتھ پاؤں رسّی سے کس دینا - کس کر باندھنا - جکڑنا - (بواؤ معروف)
جوڑنا (ہ) (بواؤ مجہول) پیوستہ کرنا - چسپاں کرنا - پیوند لگانا - سینا - چپکانا - ایک کرنا - اکٹھا کرنا - فراہم کرنا - جمع کرنا - جیسے روپیہ جوڑنا - میزان دینا - جوڑ لگانا - گننا - شمار کرنا - پس انداز کرنا - بچت کرنا - بچا بچا کر رکھنا - شعر کہنا - تصنیف کرنا - جیسے گیت جوڑنا - جُوتنا - جوا یا سا (کندھے پر رکھنا - جلانا - روشن کرنا - جیسے دیا جوڑنا - دوستی کرنا - یارانہ گانٹھنا - جیسے اس سے جوڑی اُس سے توڑی - جتھا باندھنا - گروہ بنانا - منتقل کرنا - شامل کرنا - لگانا - دھرنا - جیسے بہتان جوڑنا -
جوڑواں (ہ/مذ) توأم - وہ دو بچے جو ایک ساتھ پیدا ہوئے ہوں -
جوڑی (ہ/مث) برابر کے دو شخص یا دو چیزیں جیسے بیلوں کی جوڑی - دو بیویاں - طبلے کے ساتھ بجانے کا مجیرا - مگدر یا کسرت کے لیے ہلانے کی موگریاں -
جوڑی بنی رہے (ا/کلمۂ دُعا) تعبیر دو آدمیوں کو اکٹھا دیکھ کر یہ کلمہ بطور دُعا کہتے ہیں -
جوڑی دار (ف) ساتھی - رفیق - بہسر - اچوکی والوں میں سے ہر ایک -
جوڑی والا (ہ/مذ) رقاصہ کے پیچھے طبلہ یا مجیرا بجانے والا -
جوڑی ہانکنا (ا/محاورہ) دو گھوڑوں کی گاڑی چلانا - مجازاً دو بیویوں کا خاوند ہونا -
جوڑی ہلانا (ہ/مذ) مگدر ہلانا - موگریاں پھیرنا -
جوڑے باگے (ا/مذ) کپڑے -
جوز (ع/مذ) جائفل - اخروٹ - ناریل -
جوزا (ع/مذ) متصل راس - آسمان پر تیسرے بُرج کا نام جو دو ننگے پُشت جُڑے لڑکوں کی شکل کا بتایا جاتا ہے -
جو سر اُٹھا کر چلے گا، وہی ٹھوکر کھائے گا (ا/مثل) جو غرور کرے گا، وہی ذلیل ہو گا -
جوش (ف/مذ) اُبال - اُبھان - کھدبد - جھیڑ - ہیجان - ولولہ - شورش - حرارت - موج - ترنگ - تندی - تیزی - حدّت - وفور - کثرت -

زیادتی ۔ بدمستی ۔ شہوت ۔ کام دیو ۔ غضب ۔ غصہ ۔ حمایت ۔ پشتی ۔ تعصب ۔ دینی غیرت کا ولولہ ۔ غلبۂ شوق ۔ اشتیاق ۔ جذبہ ۔ جلال ۔ محبت الٰہی کی فراوانی ۔ جلقہ ۔ چھلا ۔

جوش آنا (ل) اُبال آنا ۔ کھد بدانا ۔ غصہ آنا ۔ طیش آنا ۔ ولولہ آنا ۔

جوش پہ آنا (ل) (محاورہ) اُمنڈنا ۔ زور میں آنا ۔ تیزی کرنا ۔

جوشِ جوانی (ف/مذ) جوانی کی ترنگ ۔ جوانی کی تیزی ۔

جوش و خروش (ف/مذ) شور ۔ غل ۔ غل غپاڑہ ۔ گونج ۔ گرج ۔ غصہ ۔ غضب ۔ طیش ۔

جوشِ دہن (ف/مذ) مُنہ پھیلنا ۔ مُنہ آنا ۔

جوش دینا (ل) اُبالنا ۔ کھولانا ۔ اونٹانا ۔

جوش کھانا ۔ یا ۔ مارنا ۔ اُبلنا ۔ کھولنا ۔ اونٹنا ۔ زیادتی ہونا ۔ غصے ہونا ۔

جوش میں آنا (ہ) برانگیختہ ہونا ۔ طیش میں آنا ۔ آگ بگولا ہونا ۔ ورم ہو جانا ۔ سُوج جانا ۔ لہرانا ۔ غصے میں آنا ۔ ولولہ اُٹھنا ۔

جوشاندہ (ف/مذ) اونٹی ۔ کاڑھا ۔ جوش دی ہوئی دوا ۔

جوشن (ف/مذ) منسوب بہ جوش بمعنی حلقہ ۔ زرہ بکتر ۔ چار آئینہ ۔ چلتہ ۔ ایک قسم کا بازو بند ۔ (زیور)

جُوع (ع/مث) بھوک ۔ گرسنگی ۔ اشتہا ۔ کھانا کھانے کی تمنا ۔

جُوف (ع/مذ) برچھی کا زخم جو پیٹ کے اندر لگے ۔ غار ۔ گڑھا ۔ شکم ۔ پیٹ ۔ ہر چیز کا اندرونی خلا ۔ کھوکھلا پن ۔

جُوق (ت/مذ) گروہ ۔ بھیڑ ۔ جماعت ۔ ہجوم ۔ طائفہ ۔ بیڑا ۔ جتھا ۔ پرندوں کا جھلڑ ۔ غول ۔ جھُنڈ ۔

جُوق جُوق (ت) گروہ گروہ ۔ پرے کے پرے ۔ بہت بہت سے ۔

جوکھ (ہ/مث) جانچ ۔ پرکھ ۔ شناخت ۔ اندازہ ۔ کسوٹی پر کس دیکھنا ۔ تول ۔ وزن ۔ دھڑا ۔ بوجھ ۔ مقدار ۔ جیسے تول ۔ جوکھ ۔

جوکھائی (ہ/مث) تولنا ۔ ناپ کرنا ۔ تولنے کی اُجرت ۔

جوکھم (ہ/مث) کوئی مشکل کام ۔ خطرہ ۔ اندیشہ ۔ خوف ۔ ڈر ۔

جوکھم اُٹھانا (ل) (محاورہ) تکلیف اُٹھانا ۔ نقصان اُٹھانا ۔ گھاٹا کھانا ۔

جوکھم کا کام (ہ/مذ) نقصان کا کام ۔ دلیری کا کام ۔ خطرے کا کام ۔

جوکھنا (ہ) تولنا ۔ وزن کرنا ۔ جانچنا ۔ امتحان کرنا ۔ کسنا ۔

جوکھوں ۔ یا ۔ جوکھم (ہ/مث) اندیشہ ۔ خطرہ ۔ خوف ۔ ڈر ۔ خدشہ ۔ قیمتی اشیا ۔ نقدی وغیرہ ۔ نقصان ۔ آفت ۔ مصیبت ۔ شامت ۔

جوکھوں اُٹھانا (ہ) خسارہ اُٹھانا ۔ ٹوٹا اُٹھانا ۔ گھاٹا بھرنا ۔ نقصان سہنا ۔

جوکھوں کا کام (ل/مذ) خوف و اندیشہ کا کام ۔ خسارہ و ضرر کا کام ۔

جوگ (ہ) (لیوا و مجہول، مذکر) ستاروں کا ملنا ۔ سنجوگ ۔ قِران ۔ لگن ۔ میل ۔ جوڑ ۔ سبھ گھڑی ۔ ساعت سعید ۔ گیان دھیان ۔ پرمیشور سے دل لگانا ۔ تپسیا ۔ نفس کشی ۔ ریاضت ۔ زُہد ۔ فقیری ۔ کفارہ ۔ ایک دائرے کے بہت سے ٹکڑے ۔ جو منطقۃ البروج سے ناپے جاتے ہیں ۔ وہ شخص جس کے نام کی ہُنڈی کی جائے ۔ موقع ۔ وقت ۔ شایان ۔ لائق ۔ زیبا ۔ مناسب ۔ ٹھیک ۔ دُرست ۔ طرف ۔ سمت ۔ جانب ۔ از رُوئے ۔

جوگ سادھنا (ہ) دم کشی کرنا ۔ حبس دم کرنا ۔ رشیوں کی طرح ریاضت و عبادت میں دن گزارنا ۔

جوگ لینا (ہ) دُنیا سے کنارا کش ہونا ۔ تارک الدنیا ہونا ۔ فقیری اختیار کرنا ۔ سنت بننا ۔ بیراگ لینا ۔ جوگی بننا ۔

جوگا (ہ) مناسبت والا ۔ یعنی مناسب ۔ شایاں ۔ قابل ۔ موزوں ۔ مطابق ۔ ٹھیک ۔ دُرست ۔ بروقت ۔ برمحل ۔ موقع کا (مذ) انبوں کا گُٹھلہ جو گھوٹنے کے بعد نکلتا ہے ۔ پُھل انبوں ۔

جوگ جتے ہیں وہ برستے نہیں (ہ/مثل) شیخی خوروں سے کوئی کام نہیں ہوتا ۔

جوگن (ہ/مث) جوگی کی تانیث ۔ جوگی کی بیوی ۔ فقیرنی ۔ سادھنی ۔ سنتنی ۔

جوگی (ہ/مذ) جوگ کمانے والا ۔ سادھو ۔ سنت ۔ عابد ۔ زاہد ۔ رشی ۔ منی ۔ پجاری ۔ مجاور ۔ جادوگر ۔ ساحر ۔ شعبدہ باز ۔

جوگی کس کے میت (ہ/کہاوت) فقیر کسی کے دوست نہیں ہوتے ۔

جوگیا (ہ/مث) سُرخی مائل رنگ ۔ گیروا رنگ ۔ ایک قسم کا کبوتر ۔ ایک قسم کی قمری ۔ ایک راگنی ۔

جوگیوں کا ڈنڈا بیراگیوں کے سر (ہ/مثل) خطا کوئی کرے ۔ جرمانہ کوئی بھرے ۔ کسی کی چٹی کوئی ادا کرے ۔

جَولان (ف/مث) بیڑی ۔ مجرم کے پاؤں میں ڈالنے کی زنجیر ۔ ہتھکڑی کی ضد ۔ جیسے پا بہ جولان ۔

جَولان (ع/مذ) کُود پھاند ۔ گھوڑے کی دوڑ ۔

جَولانی (ع/مث) گھوڑے کی دوڑ ۔ سپاٹا ۔ تیزی ۔ چالاکی ۔ سُرعت ۔ جلدی ۔ تیز رفتاری ۔ چُستی ۔ پھُرتی ۔ اُمنگ ۔ ولولہ ۔ جوشِ جوانی ۔ تیزیٔ طبع ۔ ذکاوت ۔ فراست ۔ تیز فہمی ۔

جولانیٔ طبع (ع/مث) طبیعت کی تیزی ۔ ذہانت ۔

جولانیوں پر آنا (ل) جوش میں آنا ۔ زوروں پر آنا ۔ تیزی پہ آنا ۔

جولائی (انگریزی) انگریزی سال کا ساتواں مہینہ جو ۳۱ دن کا ہوتا ہے ۔

جو ماں سے زیادہ چاہے سو پھاپھا کٹنی کہلائے
جو ماں سے زیادہ چاہے وہ ڈائن
(ہ/مثل) ماں سے زیادہ محبت سراسر بناوٹ اور دھوکا ہے ۔

جو من میں بسے سو سپنے دسے (ہ/مثل) دل میں جو بات سما جائے وہی خواب میں دکھائی دیتی ہے ۔

جُون (انگریزی/مذ) انگریزی سال کا چھٹا مہینہ جو تیس دن کا ہوتا ہے ۔

جُوں (ہ) مانند ۔ مثل ۔ نظیر ۔ کی طرح ۔ جیسا ۔ (مؤنث) وہ کیڑا جو بالوں یا کپڑوں میں عفونت جسم یا میل کے باعث پیدا ہو جاتا

ہے۔

جُوں پڑنا (ار/محاورہ) جُوں پیدا ہو جانا۔

جوں کی چال (ہ/مث) نہایت سست رفتار۔ بہت آہستہ چال۔

جوں سا (ہ) جو کوئی۔ جو شخص۔

جُون (ہ/مث) جنم۔ پیدائش۔ ولادت۔ یُون۔ تناسخ۔ اواگون۔ زمانہ۔ وقت۔ عرصہ۔ کال۔ بدنی جسمی۔

جون بدلنا یا پلٹنا (ہ) کایا بدلنا۔ چولا بدلنا۔ ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانا۔ حالت بدلنا۔ دُبلا موٹا ہونا۔ ترقی یا تنزل پانا۔

جون پور کا قاضی (ار/صف) کنایۃً بے وقوف۔ احمق۔

جُون پوری کرنا (ہ) زندگی بسر کرنا۔ دن پورے کرنا۔ دن کاٹنا۔

جُونا (ہ/مذ) گھاس یا لکڑیوں کا گٹھا باندھنے کے لیے گھاس یا بان کی بٹی ہوئی رسی۔ گھاس یا بان کی رسی جس سے برتن مانجھتے ہیں۔

جُوں تُوں (ہ) بہرحال۔ بہر صورت۔ جس طرح ہوسکا۔ کسی نہ کسی طرح۔ منت سماجت سے خوشامد سے۔

جوں توں کرکے (ہ) کسی نہ کسی طرح بڑی مشکل سے۔ بصد دقت۔ خدا خدا کرکے۔ بمشکل تمام۔

جُوں جُوں (ہ) جس قدر۔ جہاں تک۔ جب تک۔

جونک (ہ/مث) خاص قسم کا کیڑا۔ زلو۔ زلوچہ۔ وہ پانی کا کیڑا جو فاسد خون نکالنے کے لیے جسم پر لگاتے ہیں (بازاری) کسی کی بڑی یا خشک ...

جونک پتھر میں لگنا (ار/محاورہ) بے مروت اور کنجوس سے کام نکلنا۔

جونک ہوکے لپٹنا۔ یا۔ چمٹنا (ہ) اس طرح چمٹنا کہ چھوٹنا مشکل ہو۔

جُوں کا تُوں } (ہ) ویسے کا ویسا ہی۔ بلعینہٖ۔ بجنسہٖ۔ برقرار۔ اصلی
جُوں کی تُوں } حالت پر۔ تمام۔ پورا۔ کامل۔ اچھوتا۔

جونکیں لگوانا (ہ) جونکوں کے ذریعے سے فاسد خون نکلوانا۔ کیڑیاں لگوانا۔

جُوہار (ہ) (بواؤ معدولہ) (مذکر) ٹھاکروں کا سلام جینیوں کی رام رام۔ باہمی سلام۔

جو ہانڈی میں ہوگا وہی ڈوئی میں نکلے گا (ہ/مثل) جو دل میں ہوتا ہے وہی زبان پر آتا ہے۔ جیسا مال ہوگا ویسا ہی دکھائی دے گا۔

جَوہر (معرب/مذ) (گوہر کا معرب) قیمتی پتھر۔ نگ۔ من۔ جیسے لعل و یاقوت وغیرہ۔ اصل چیز۔ خلاصہ۔ عطر۔ لُبِ لباب۔ عرض کی ضد۔ قائم بالذات شے۔ تلوار یا فولاد کے وہ نقش جن سے اس کی عمدگی ظاہر ہوتی ہے۔ خاصیت۔ گن۔ صفت۔ خوبی۔ ہنر۔ کمال۔ لیاقت۔ استعداد۔ بھید۔ راز۔ پردہ۔ جیسے جوہر کھلنا۔ چالاکی۔ چترائی۔ کارستانی۔

جوہر اڑانا (ار/محاورہ) کسی دوا کی لطیف روح اس سے علیحدہ کرنا۔

جوہر دار (عف/صف) صاحبِ جوہر۔ عمدہ۔

جوہر دکھانا (ا) کمال دکھانا۔ ہنر دکھانا۔ خوبی ظاہر کرنا۔ کرتب دکھانا۔ چالاکی دکھانا۔ خباثتِ نفسی ظاہر کرنا۔ کوتک دکھانا۔

جوہرِ فرد (ف/مذ) جوہر یکتا۔ (مراداً) دہانِ محبوب۔

جوہر کرنا (ا) جیو ہرنا سے بتایا گیا ہے۔ جان لینا۔ قتل کرنا۔ خودکشی کرنا۔ اپنی جان پر کھیل جانا۔ اپنے آپ کو مار ڈالنا۔ قدیم بہادر راجپوتوں کی رسم تھی کہ سارا دُنیوی مال اور تعلقات ضائع کرکے دشمن پر ٹوٹ پڑتے تھے۔

جوہر کھلنا۔ یا۔ کھل جانا (ا) ہنر ظاہر ہو جانا۔ کمال اور خوبی کا نمایاں ہونا۔ قلعی کھلنا۔ بھید کھلنا۔

جوہرِ لطیف (ع/مذ) پاکیزہ جوہر۔ نفیس خوبی۔ ایسا نفیس مادہ جو آنکھوں سے نظر نہ آئے۔

جوہری (ع/مذ) جوہر فروش۔ پرکھیا۔ نقّاد۔ جانچو۔ شناسا۔ جوہر شناس۔

جوہری بازار (عف/مذ) وہ بازار جہاں جواہر کی خرید و فروخت ہوتی ہو۔

جوہڑ (ہ/مذ) بارانی تالاب۔ جھیل۔ ڈابر۔ تال۔ ڈبرا۔

جوہنا (ہ) ٹٹولنا۔ دیکھنا۔ انتظار کرنا۔ جانچنا۔ ٹوہنا۔ امتحان کرنا۔

جوے (ہ/مث) (گنوار) بیوی۔ زوجہ۔ جورو۔ گھروالی۔

جویا۔ جویاں۔ جوئندہ (ف) تلاش کرنے والا۔ ڈھونڈنے والا۔ کھوجی۔

جوئے خانہ (و/مذ) قمار خانہ۔ جوا کھیلنے کی جگہ۔ جوئے بازی کا مکان۔

جوئے (ف/مث) ندی۔ نالہ۔ نہر۔

ج - ہ

جھابا (ہ/مذ) گھی یا تیل رکھنے کا چمڑے کا ٹونٹی دار برتن۔ چمڑے کا بنا ہوا گول خوان جس میں آٹا چھانتے ہیں۔ روشنی کا جھاڑ۔ کھجور۔ تیلیوں وغیرہ کا بنا ہوا روٹی رکھنے کا ظرف۔ (پنجابی چھابا)

جھابرہ (ہ/مث) (گنوار) دلدل۔ دلدلی زمین (مذ) بڑے بڑے بالوں والا۔ چوڑے چہرے کا شیر (مجازاً) قوی ہیکل آدمی۔ بڑا وجیہ اور موٹا شخص۔

جھاڑ جھنکاڑ (ہ) بدشکل۔ بدہیئت۔ بدنما آدمی۔ ڈھیلا ڈھالا۔ سُست۔

جہاد (ع/مذ) کوشش کرنا۔ سعی و جہد کرنا۔ صرف دین کی خاطر جان و مال سے کفار کے ساتھ لڑنا۔ بشرطیکہ وہ بھی اہلِ اسلام کے ساتھ لڑیں۔ دین کی حمایت کے لیے ہتھیار اٹھانا۔

جہادِ اصغر (ع/مذ) صوفیوں کی اصطلاح۔ کفار کے ساتھ لڑنا۔

جہادِ اکبر (ع امذ) (باصطلاح صوفیاں) نفس کشی۔ ریاضت محنت۔
جہاد بالسیف (ع امذ) حق کی حمایت میں تلوار یا ہتھیاروں سے جنگ کرنا۔
جہاد بالقلم (ع امذ) حق کی حمایت میں قلم اٹھانا۔ باطل کے خلاف مضامین لکھنا۔
جھارا (ہ امذ) تپتی جلتی ہوئی بھنگ کا منقطر پانی۔ چھاج یا چھلنی۔ جس میں گندم وغیرہ چھان کر چنے علیحدہ کرتے ہیں۔ دوائیں پکا کر ان کے گرم گرم پانی سے مویشی وغیرہ کے پاؤں پر ٹکور کرنا۔
جھارنا (ہ) چھاننا۔ رولنا۔ ٹکورنا۔
جھاری (ہ امث) ایک لمبی نالی کی ٹونٹی والی صراحی۔
جھاڑ (ہ امذ) جھنکاڑ۔ کانٹوں کے درخت۔ جھاڑی۔ جھڑ۔ بیری۔ یا اس کا سوکھا ہوا درخت۔ ہر وہ چھوٹا درخت جس میں کانٹے اور پتے بہت ہوں۔ امیروں کے مکانوں میں روشنی اور زیبائش کے لیے لٹکایا ہوا بلور یا آبگینہ کا فانوس۔ ایک قسم کی آتشبازی۔ پنج شاخہ مشعل۔ قطار۔ تار۔ سلسلہ۔
جھاڑ باندھنا (ہ) تار باندھنا۔ لگاتار کچھ کیے جانا۔
جھاڑ بسانا (ہ) لڑائی خریدنا۔ جھگڑا مول لینا۔
جھاڑ بوٹے (ہ ا امذ) بیل بوٹے۔
جھاڑ پونچھ (ہ ا امث) صفائی۔
جھاڑ پہاڑ (ہ امذ) خارج از بحث بات۔ فضول بات۔ بات کا بتنگڑ۔
جھاڑ جھنکار (ہ) نہایت گھنگا اور خاردار پودا۔ بہت سی شاخوں کا درخت۔ خاردار درختوں کا جھنڈ۔ شکستہ خط۔ پیچھے والا۔ سر ہونے والا۔ جھاڑ کا کانٹا۔
جھاڑ کا ازار بند (ہ) بڑے پھندنوں والا ایک قسم کا ازار بند۔
جھاڑ کا کانٹا (ہ امذ) لڑاکا۔ جنگجو۔ وہ شخص جس سے پیچھا چھڑانا مشکل ہو۔
جھاڑ ہو کر لپٹنا (ہ) جھاڑ کی طرح لپٹنا۔ جونک کی طرح چمٹنا۔ سر ہونا۔
جھاڑا (ہ امذ) تلاشی۔ تجسس۔ کوڑا کرکٹ (گزار) پاخانہ۔ براز۔ گوہ۔ منتر پڑھ کر پھونکنا۔
جھاڑ لینا (ہ) تلاشی لینا۔ کپڑے لتے اتروا کر دیکھنا۔
جھاڑا باقی (ہ ا امث) بالکل۔ سب باقی۔ رہا سہا۔ بچا کھچا۔
جھاڑ پونچھ (ہ امث) صفائی۔
جھاڑ جانا (ہ) کھا جانا۔ کھا کر صاف کر دینا۔ سب کچھ چٹ کر جانا۔ اڑا جانا۔
جھاڑن (ہ امذ امث) جھاڑنے کا کپڑا۔ تولیا۔ صفائی کا رومال۔ صافی۔ ڈسٹر۔ (مؤنث) چھلنی۔ غربال۔ کوڑا کرکٹ۔ ریزہ۔ پونچھن۔ جھڑن۔
جھاڑن پونچھن (ہ امث) وہ چیز جو جھاڑنے پونچھنے سے نکلے وہ بچہ جس کے بعد اور بچہ پیدا نہ ہو۔ اخیر کا بچہ۔

جھاڑنا (ہ) صاف کرنا۔ گرد و غبار دور کرنا۔ جھاڑو دینا۔ بہارنا۔ پونچھنا۔ درخت سے پھل گرانا۔ پھل توڑنا۔ جھٹکنا۔ پھٹکنا۔ لگانا۔ مارنا۔ جڑنا۔ جیسے تلوار کا ہاتھ جھاڑنا۔ داغنا۔ فیر کرنا۔ جیسے بندوق جھاڑنا۔ کنگھی کرنا۔ بال صاف کرنا۔ جیسے سر جھاڑنا۔ دم کرنا۔ پھونکنا چقماق سے آگ پیدا کرنا۔ پر گرانا۔ کریز بیٹھنا۔ سرزنش کرنا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔ ٹھیک بنانا۔ دھتکارنا۔ ذلیل و خفیف کرنا۔ کسی کے پاس سے سب کچھ لے لینا۔
جھاڑنا۔ جھٹکنا (ہ) جھاڑو بہار دینا۔ گرد و غبار صاف کرنا۔ جو ملے کسی کے پاس سے لے لینا۔
جھاڑو (ہ امث) جاروب۔ بہاری۔ سوہنی۔ دنبالہ دار ستارہ۔ دمدار ستارہ۔
جھاڑو پھرنا (ہ) صفایا ہونا۔ بربادی ہونا۔ کچھ نہ رہنا۔
جھاڑو تارا (ہ امذ) دنبالہ دار ستارہ۔ دمدار ستارہ۔
جھاڑو دینا (ہ) صفائی کرنا۔ بہارنا۔ جاروب کشی کرنا۔ لوٹ کر لے جانا۔ دھڑی دھڑی کر کے لوٹ لینا۔ سب چٹ کر جانا۔ نہالی خالی کرنا۔
جھاڑو مارنا (ہ) نفرت ظاہر کرنا۔ تنفر ظاہر کرنا۔
جھاڑو ہو کر لپٹنا (ہ ا محاورہ) جونک کی طرح لپٹ جانا۔ سر ہو جانا۔ پیچھے پڑ جانا۔
جھاڑی (ہ امث) چھوٹا خاردار درخت۔ جھڑبیری کے درخت۔ بن۔ جنگل۔
جہاز (ع امذ) (لغوی) گھر کا مال اسباب (اصطلاحی) اسباب لادنے والی بہت بڑی کشتی جو بحری سفر کے لیے بناتے ہیں۔ بہت بڑا۔ نہایت وسیع و فراخ۔
جہاز کا جہاز (ہ) بہت ہی بڑا۔ نہایت فراخ اور وسیع۔
جہاز کا لنگر انداز ہونا (ہ ا مص) جہاز کا رکنا۔ ٹھہرنا۔
جہازی (ع امذ) خلاصی۔ ملاح۔ جہاز چلانے والا۔ جہاز کے سوار۔ جہاز میں بیٹھنے والے۔ بحری۔ سمندری۔ جیسے جہازی فوج۔
جہازی کتا (ہ ا امذ) تازی کتا۔
جھاگ (ہ امذ) کف۔ پھین۔ وہ سفید سفید بلبلے جو پانی کے جوش سے یا آدمی کے منہ سے نکلتے ہیں۔
جھاگ لانا (ہ) کف لانا۔ غصے کے مارے منہ سے تھوک اڑانا۔
جھال (ہ امث) چرچراہٹ۔ تیزی۔ جلن۔ جیسے مرچ کی جھال۔ دھات کا جوڑ۔ ٹانکا۔ جھلی۔ بڑا اور چوڑا ٹوکرا۔ لہر۔ موج۔ ہلکورا۔ ترنگ۔ تلاطم۔ جھل۔ آگ۔ نہر۔ یا دریا کی لہر۔ تھوڑی سی بارش۔
جھالا (ہ امذ) وہ زور کا چلتا ہوا مینہ جو کہیں برسے اور کہیں نہ برسے۔ عورتوں کے کانوں کا ایک خاص زیور جو صرف موتیوں کی چند لڑیاں ہوتی ہیں۔ اشارہ۔ ایما۔ سین۔
جہالت (ع امث) بے علمی۔ نادانی۔ ناواقفیت۔ اجڈپن۔

جھالر (ہ/مث) بھلبے کرن - پھندنے - حاشیہ - کنارا -
جھالر دار (ف) پھلے دار - وہ چیز جس میں جھالر لگی ہو -
جھالرا (ہ/مذ) روڑیوں کی بنی ہوئی جھیل - بڑا چوڑا کنواں - جھرنا -
جھالنا (ہ) دھات کو ٹانکا لگانا - برتن جوڑنا - زیور میں مسالے سے جوڑ لگانا - پانی کو برف یا شور سے اور نمک میں لگا کر ٹھنڈا کرنا -
جہان (ف/مذ) کھنڈ - زمین - دھرتی - تمام ملک - جگ - دُنیا - سنسار -
جہاں آرا (ف/صف) دُنیا کو سجانے والا -
جہاں آفریں (ف/صف) جہان کو پیدا کرنے والا -
جہاں باں (ف/صف) دُنیا کا محافظ - بادشاہ -
جہاں بیں (ف/صف) دُنیا دیکھنے والا - مسافر - تجربہ کار -
جہاں پناہ (ف/مذ) بادشاہ - سلطان - راجا - وہ حاکم جس کی پناہ میں دُنیا ہو -
جہاں جائے بھوکا، وہیں پڑے سوکھا (ہ/مثل) بدبخت کی قسمت ہر جگہ ساتھ ہی ہے -
جہاں چار باسن ہوں گے ضرور کھڑکیں گے (ہ/مثل) گھر میں اگر بول چال ہو جائے تو رفع رنج کے وقت کہتے ہیں - یعنی بے جان مٹی کے چار برتن بھی کھڑک جاتے ہیں - یہ تو جاندار ہیں -
جہاندیدہ (ف) دُنیا میں پھرا ہوا - تجربہ کار - پختہ - آزمودہ کار -
جہاندیدہ بسیار گوید دروغ (ف/مثل) تجربہ کار بہت جھوٹ بھی بولتا ہے -
جہاں دیکھی توا پرات وہیں گنوائی ساری رات }
جہاں دیکھے توا پرات وہیں گا دے ساری رات } (ہ/مثل) خود غرض اور ذلیل آدمی اور پیٹو آدمی اپنے فائدے کو دیکھتا ہے -
جہاں رُوکھ نہیں وہاں ارنڈ ہی درخت ہے (ہ/مثل) جہاں عمدہ چیز میسر نہ ہو - وہاں بُری چیز ہی غنیمت ہے -
جہاں سو وہاں سوا سو (ہ/مثل) جہاں سو دے کر کام نہ بنے وہاں کچھ اور زیادہ دے کر کام نکال لینا چاہیے -
جہاں گڑ ہوگا، وہاں مکھی بھی ضرور ہوگی (ہ/مثل) نفع رساں اور لذیذ چیز پر اس شے سے فائدہ اور لذت اُٹھانے والے بہت سے جمع ہو جائیں گے - کامل کو شاگرد بہت - پڑشی مٹی کے چیلے بہتیرے -
جہاں گل ہوگا وہاں خار بھی ضرور ہوگا }
جہاں پھول ہوگا وہیں کانٹا بھی } (ہ/مثل) سکھ کے ساتھ دُکھ یا دُکھ کے ساتھ سکھ لازمی ہے -
جہاں مُرغا نہیں، وہاں کیا سویرا نہیں ہوتا (ہ/مثل) کسی کے نہ ہونے سے دُنیا کے کام بند نہیں ہو جاتے -
جہاں تک (ہ) جب تک - تابمقدور - حتی الامکان -
جہاں تہاں (ہ) اِدھر اُدھر - ہر جگہ -
جہاں کہیں (ہ) جس جگہ - جس مقام پر -
جہاں کی تہاں (ہ) کہیں کی کہیں - بے موقع - بے جگہ - جیسے جہاں کی تہاں چیزیں رکھ دیتا ہے - اُسی جگہ - اُسی مقام پر - وہیں کی وہیں - جیسے کیسی بے تمیز ہو - اب تک دوات جہاں کی تہاں ہی پڑی ہے -
جھانپل (ہ/مث) ایک کالا سا بڑا چالاک پرندہ - کال کلچی -
جھانپنا (ہ) ڈھانکنا - چھپانا - غلاف چڑھانا - پوشیدہ کرنا -
جھانپو (ہ/مث) ایک چڑیا جو دُم کو اکثر ہلاتی رہتی ہے - کال چڑی - دھوبن چڑی - جماع کی از حد خواہاں عورت - چھنال -
جھانٹ (ہ/مث) ناف کے نیچے کے بال - کم حقیقت چیز یا ادنیٰ آدمی -
جھانٹ برابر (ہ/صف) بہت چھوٹا - ذرا سا - بے حقیقت -
جھانجھ (ہ/مث) جھنجھلاہٹ - غصہ - قہر - تیزی - تندی - بے قراری - بے صبری - بے تابی - بڑا مجیرا جو تاشے اور ڈھول کے ساتھ بجایا جاتا ہے - خواہش - شہوت -
جھانجھ لانا (ہ) نیل لانا - تکرار کرنا - جھگڑا کرنا -
جھانجر (ہ/مث) پاؤں میں پہننے کا ایک آواز دار زیور -
جھانجن - یا - جھانجھر (ہ/مث) پاؤں میں پہننے کا ایک آواز دار زیور -
جھانجھی (ہ/مث) ٹیسو کے ایام میں لڑکیوں کا ایک کھیل جس میں وہ اسیس مانگتے ہیں - جھانجھی کا گیت -
جھانسا (ہ/مذ) دھوکا - فریب - دغا - حیلہ - دم - چھل - جُل -
جھانسا دینا - یا - بتانا (ہ) جُل دینا - جُتّا دینا - دھوکا دینا -
جھانسیا (ہ/مذ) دغاباز - فریبی - دمباز - چھلیا -
جھانسے میں آنا (ہ) دھوکے میں آنا - دم میں آنا - فریب کھانا -
جھانک (ہ/مث) دُزدیدہ نظر - تاک -
جھانکا جھونکی (ہ/مث) تاک - جھانک - دیکھا دیکھی -
جھانکڑ (ہ/مذ) جھاڑی - خاردار درخت - دُبلا - پتلا - لاغر -
جھانکنا (ہ) چھپ کر دیکھنا - دُزدیدہ نظر سے دیکھنا - کھڑکی یا دروازے سے دیکھنا - ذرا کی ذرا جانا - جا کر پھرنا -
جہانگیری (ف/مث) ہاتھ کا جڑاؤ زیور - لاکھ یا کانچ کی چوڑی ہو - جو جہانگیر بادشاہ کی ایجاد ہے -
جھانواں (ہ/مذ) کھُردری اینٹ یا پتھر وغیرہ جس سے پاؤں یا بدن کا میل اُتارتے ہیں - سنگ یا آوے یا پزاوے میں پگھل کر قائم، چپٹی اور جُڑی ہوئی اینٹیں اور راکھ -
جھانولی (ہ/مث) جھپکی - آنکھ کا اشارہ - غمزہ چشم - ناز و انداز والی گردشِ چشم - ذرا سا دیکھنا - ناز و ادا - سنیاسی جھلک -
جھانولی باز (ہ/مذ) کرشمہ ساز - نخرے باز - عشوہ گر - چھلیا -
جھانولی دینا (ہ) آنکھ کی جھپکی دینا - غمزہ کرنا - جھلک دکھا کر چھپ جانا -

جھاؤ (ہ/مذ) ایک درخت جو دریا کے کنارے ہوتا ہے جس کی ٹوکریاں بناتے ہیں۔ درخت گز۔

جھائیں (ہ/مث) عکس۔ پرچھائیں۔ سایہ۔ سورج کی شعاع پڑنے سے شیشے یا کسی صاف چیز کا عکس۔ کلف۔ چھیپ۔ چہرے کے داغ۔ آئینے کی قلعی اترنے سے اس میں جو نشان ہو جاتا ہے (وہ بھی)۔ زنگ آئینہ۔

جھائیں مائیں (ہ/مث) بچوں کا ایک کھیل۔

جھائیں جھائیں (ہ/مث) کائیں کائیں۔ جھک جھک۔ بک بک۔ بے معنی شور۔

جھبڑا (مذ) بڑے بڑے بالوں والا کتا۔

جھبا (ہ/مذ) گپھا۔ پھندنا۔ گچھا۔

جھپ (ہ) پل۔ لمحہ۔ جلد۔ فوراً۔ جھٹ پٹ۔

جھپ جھپ (ا/متعلق فعل) جھٹ پٹ۔ جلدی۔

جھپ سے (ہ) پھرتی سے۔ فی الفور۔ جھٹ پٹ۔

جھپاٹ (ہ) جلد۔ پھرتی۔

جھپ کھانا (ہ) پتنگ یا کنکوے کا اڑتے ہوئے تیزی سے نیچے گرنا۔

جھپاکا (ہ/مذ) جلدی۔ فوراً۔ شتابی۔

جھپاکا مارنا (ہ) جلدی سے کوئی کام کرنا۔

جھپاک (ا/صف) جلد۔

جھپاک جھپاک (ا/متعلق فعل) جلدی جلدی۔ لپک کر۔

جھپاک سے (ہ) جلدی سے۔ ترت پھرت۔

جھپاسا (ہ) مکار۔ دھوکے باز۔ فریبی۔

جھپان (ہ/مذ) ایک قسم کی عماری یا پالکی۔ جو پہاڑوں میں مروج ہے۔

جھپانا (ا/مص) پتنگ کا الٹ جانا۔

جھپانی (ہ/مذ) جھپان۔ اٹھانے والا کہار۔

جھپٹ (ہ/مث) زد۔ جلدی کا حملہ۔ دوڑ۔ زقند۔ چھلانگ۔ چھین جھپٹ سے۔ کشاکش۔ اینچا کھینچی مراد ہے۔

جھپٹا۔ یا۔ جھپٹنا (ہ/مذ) بھوت پریت وغیرہ کا اثر۔ آسیب۔ سایۂ جن و پری۔

جھپٹا (ہ/مذ) چیل یا شیر کا جلدی سے حملہ کر کے کسی چیز کو لے جانا۔ پنجہ۔ چنگل۔

جھپٹا مارنا (ہ) چنگل مارنا۔ چیل کا جلدی سے کسی چیز کو اچک لے جانا۔

جھپٹانا (ہ) جلدی سے اڑا لینا۔ جلد چلانا۔ تیز دوڑانا۔

جھپٹنا (ہ) حملہ کرنا۔ دوڑنا۔ جلد چلنا۔ لپک کر چلنا۔ چھیننا۔ اچک لینا۔

جھپک (ہ/مث) پلکوں کا باہم ایک دفعہ لگنا۔ حیا۔ شرم۔

جھپکنا (ہ) آنکھوں کا بند ہونا اور کھلنا۔ پلکوں کا باہم ٹکرانا۔ شرمندہ ہونا۔ حجاب کرنا۔ خوف کھانا۔ ڈرنا۔ جھینپنا۔

جھپکی (ہ/مث) نیند۔ غنودگی۔ ذرا کی ذرا صورت دکھانا۔ ذرا کی دیر کے لیے آنا۔ جھلک۔

جھپیٹ (ہ/مث) دوڑ۔ تاخت۔ حملہ۔ زد جن بھوت کا سایہ۔ صدمہ۔

جھپیٹ میں آنا (ہ) زد میں آنا۔ دھکا کھا کر گرنا۔ بھوت پریت سے ٹھکرایا جانا۔ صدمہ پہنچنا۔ دوڑتی ہوئی چیز کی زد میں آنا۔

جھپیٹا (ہ/مذ) سایہ۔ جن و پری کا سایہ۔

جہت (ع/مث) طرف۔ سُو۔ جانب۔ سمت۔ وجہ۔ باعث۔ سبب۔

جھٹ (ہ) (دیکھو جھپ)

جھٹ پٹ (ہ) بہت جلدی۔ ترت ہی۔ جلد تر۔ شتابی۔

جھٹ پٹا (ہ/مذ) صبح یا شام کی سیاہی۔ دونوں وقت ملنے کا سماں۔ غروب کا وقت۔

جھٹکا (ہ/مذ) صدمہ۔ جنبش۔ ٹکر۔ آفت۔ مصیبت۔ شریعتِ اسلام کے خلاف تلوار کے ایک ہی ہاتھ میں ذبح کیا ہوا جانور۔

جھٹکا اٹھانا (ہ) صدمہ اٹھانا۔ مصیبت سہنا۔ ٹکرانا۔ نقصان اٹھانا۔

جھٹکا پڑنا (ا/محاورہ) دھچکا لگنا، صدمہ پہنچنا۔

جھٹکا دینا (ہ) جھاڑنا۔ صدمہ دینا۔ جھٹکنا۔

جھٹکا کرنا (ا/محاورہ) جانور کی گردن کو تلوار کے ایک ہی وار سے علیحدہ کر دینا۔

جھٹکا کھانا (ہ) غیر ذبیحہ جانور کھانا۔ صدمہ اٹھانا۔ آفت زدہ ہونا۔ ٹکرانا۔ ٹھوکر کھانا۔ آپس میں لڑ جانا۔

جھٹکانا (ا/مص) دھکا دینا۔ صدمہ پہنچانا۔

جھٹکنا (ہ) جھاڑنا۔ کپڑے وغیرہ کو زور سے ہلانا۔ صدمہ دینا۔ دبلا ہونا۔ لاغر ہونا۔

جھٹکے کا مال (ا/مذ) چوری کا مال۔ ڈاکے کا مال۔

جھٹلانا (ہ) جھوٹا ثابت کرنا۔ تکذیب کرنا۔ باطل کرنا۔

جھٹیل (ہ/مث) مستعمل۔ استعمال کی ہوئی۔ جھوٹی کی ہوئی۔

جھٹنٹ (ا/مذ) چمٹ جانا۔

جھجر (ہ/مذ) مٹی کی ٹھلیا۔ دہلی کے قریب ایک قصبہ۔

جھجک (ہ/مث) بدک۔ شرم۔ وحشت۔ رمیدگی۔ چونک۔ روک ٹوک۔ اٹک۔ ڈر۔ خوف۔

جھجک نکلنا (ہ) خوف دور ہونا۔ مانوس ہونا۔ رکاوٹ اور اٹک جاتے رہنا۔

جھجکنا (ہ) رکنا۔ بدکنا۔ شرم کرنا۔ وحشت سے بھاگنا۔ ڈرنا۔ خوف کھانا۔

جہد (ع/مث) کوشش۔ سعی۔ طاقت۔

جھڈو (ہ/مذ) بے حیا۔ بے وقوف۔ احمق۔ ناکارہ (حقارتاً) بوڑھا۔ جھڑوس۔

جہر (ع) کسی چیز کو بلند آواز سے پڑھنا۔ کھلا ہوا۔

جھر۔ جھرانا (ہ/مث) کپڑے کے دفعتہً پھٹ جانے کی آواز۔ بچے کو چڑانے کی آواز۔

جھرجھرا (ہ) بہت باریک کپڑا۔ جس کے تار فاصلے سے ہوں۔ جھونا۔

جھرجھری (ہ/مث) بخار چڑھنے سے پہلے کا لرزہ۔ کپکپی۔ لرزہ۔

جھرمٹ (ہ/مذ) بھیڑ۔ انبوہ۔ ہجوم۔ گروہ۔ عورتوں کا حلقہ۔ مجمع۔ دوپٹے چادر وغیرہ میں لپٹنا۔ ذریعہ۔ سڑک کوٹنے کا آلہ۔

جھرمٹ مارنا (حلقہ) حلقہ باندھ کر جانا ۔ جمع ہو کر جانا ۔ اکٹھا ہو کر جانا ۔ جنگل مارنا ۔

جھرنا (ہ/مذ) آبشار ۔ پانی جھرنے کی جگہ ۔ پانی کی چادر ۔ پانی صاف کرنے کی چھلنی ۔ حلوائیوں کا سوراخ دار کفگیر ۔ ایک قسم کی بڑی چھلنی ۔

جھرنا (ہ) ٹپکنا ۔ رِستا ۔ چونا ۔ بہنا ۔ جاری ہونا ۔

جھرنا (ہ) مرجھانا ۔ زوال پانا ۔ کمزور ہونا ۔ سوکھنا ۔ دُبلا ہونا ۔ رونق نہ رہنا ۔ حسد یا بیماری کے سبب زرد و ناتواں ہونا ۔ جیسے دانا یُوں کرے ۔ بخیل جھر جھر مرے ۔

جھروکا (ہ/مذ) کھڑکی ۔ دریچہ ۔ روشندان ۔ سیرگاہ ۔ تماشاگاہ ۔

جھری (ہ/مث) درز ۔ شگاف ۔ سوراخ ۔ رخنہ ۔ پانی کا گڑھا جس میں اِدھر اُدھر سے رِس کر پانی جمع ہو جائے ۔

جُھرّی (ہ/مث) شکن ۔ سلوٹیں جو بڑھاپے میں کھال کے ڈھیلا ہونے سے پڑ جاتی ہیں ۔

جُھریاں (ہ/مث) (جھری کی جمع) شکنیں ۔ سلوٹیں ۔

جُھرّیاں پڑنا (ہ) چین پڑنی ۔ شکن پڑنی ۔ مرجھا کر نشان پڑ جانا ۔

جھڑ (ہ/مذ) متواتر بارش (بصورت مؤنث) قفل کا پرہ یا کھٹکا ۔

جھڑ بدلی (ہ/مث) وہ بدلی جو بہت سی جھڑی لگائے ۔ جھڑی کی بدلی ۔ ساون کی بدلی ۔

جھڑ بیری (ہ/مث) وہ جھاڑی جس میں بیر لگتے ہیں ۔ جنگلی بیری ۔ کنار دشتی ۔

جھڑا جھڑ (ہ) مُسلسل ۔ متواتر ۔ پے در پے ۔ بکثرت ۔

جھڑاکا (ہ/مذ) ہلکی سی لڑائی ۔ جھپٹ ۔ دو دو ہاتھ ہونا ۔ زور کی بارش ۔ جھڑکی (بصورت مؤنث) یا گھاس جھاڑنے کی آواز ۔

جھڑپ (ہ/مث) جھپٹ ۔ ہلکی سی لڑائی ۔ زور کی بارش ۔ گرمی ۔ تیزی ۔ تندی ۔ غُصّہ ۔ دو چیزوں کا آپس میں ٹکرانا ۔ تکرار ۔

جھڑپ ہو جانا (ا/محاورہ) دو آدمیوں میں باہم تکرار ہونا ۔ دو مرغوں کا آپس میں لڑنا ۔

جھڑپانا (ہ) پرندوں کو باہم لڑانا ۔ دو دو چونچیں کرنا ۔ دو آدمیوں کو باہم لڑانا ۔

جھڑپنا (ہ) آپس میں گتھنا ۔ باہم لڑنا ۔ لڑنا ۔ جھگڑنا ۔

جھڑ جھڑانا (ہ) جنبش دینی ۔ ہلانا ۔ کھٹکھٹانا ۔ آڑے ہاتھوں لینا ۔ دھمکانا ۔ خبر لینا ۔ تاڑنا ۔

جھڑ جھڑاہٹ (ا/مث) جھڑ جھڑانے کا عمل ۔ جھنجھلاہٹ ۔

جھڑک (ا/مث) دھمکی ۔ خفگی ۔ ڈانٹ ڈپٹ ۔

جھڑکا جھڑکی (ا/مث) باہم ایک دوسرے کو جھڑکنا ۔

جھڑکنا (ہ) تنبیہ کرنا ۔ ملامت کرنا ۔ دھتکارنا ۔ دھمکانا ۔ جھاڑنا ۔ گھُڑکنا ۔ ڈانٹنا ۔

جھڑکی (ہ/مث) زجر و توبیخ ۔ لعنت ملامت ۔ سخت بات ۔ ڈانٹ ڈپٹ ۔ سرزنش ۔

جھڑکی دینا (ہ) نکوہش کرنا ۔ بُرا بھلا کہنا ۔ گھُڑکی دینا ۔ سرزنش کرنا ۔

جھڑکیاں پڑنا (ہ) موردِ عتاب ہونا ۔ تاڑ پڑنا ۔ دھتکار پڑنا ۔

جھڑنا (ہ) گِرنا ۔ ٹپکنا ۔ بچنا ۔ بچ رہنا ۔ بچت ہونا ۔ قیمت دینا ۔ کوڑا کرکٹ صاف ہونا ۔ جھاڑ دیا جانا ۔ انزالِ منی ہونا ۔ آنا ۔ دم ہونا ۔ غتربود ہو نکا جانا ۔

جھڑوانا (ہ) گِروانا ۔ درخت سے پھل اُتروانا ۔ گرد و غبار صاف کرانا ۔ دم کرانا ۔ انزال کرانا ۔ منی نکلوانا ۔ بچوانا ۔ نفع دلوانا ۔

جُھڑوس (ہ/مذ) پیرِ فرتوت ۔ لوبک ۔ بے حمیّت و بے غیرت ۔ دیّوث ۔ بوڑھا ۔

جھڑی (ہ/مث) وہ بارش جو بجلی اور کڑک کے بغیر متواتر اور آہستہ آہستہ ہو ۔

جھڑی بندھنا ۔ یا ۔ لگنا (ہ) لگاتار مینہ برسنا ۔ متواتر بارش ہونا ۔

جھک (ہ) صاف ۔ چمکیلا ۔ تاباں ۔ روشن (مث) جنون ۔ دیوانگی ۔ بک بک ۔ ژاژ ۔ بکواس ۔ زٹل ۔ بیہودہ سرائی ۔ واہیات بات ۔ بھرائند ۔ کھٹے کے غلّے کی سی بُو ۔ غُصّہ ۔ جوش ۔ کرودھ ۔ مچھلی کو ہندی میں جھک کہتے ہیں ۔

جھک مارنا (ہ) بے ہودہ بکنا ۔ یاوہ گوئی کرنا ۔ بکواس کرنا ۔ لغو باتیں کرنا ۔ مچھلی پکڑنے کی بے کار کوشش ۔

جھکانا (ہ) مغالطہ دینا ۔ جھپکی دینا ۔ بھرانا ۔ دکھانا ۔ حیران کرنا ۔ ستانا ۔ ہیرا پھیری کرنا ۔ ٹرلانا ۔

جُھکانا (ہ) خمیدہ کرنا ۔ نیچا کرنا ۔ خم کرنا ۔ دُہرا کرنا ۔ سرنگوں کرنا ۔ ہاتھ نیچا کر کے دینا ۔ شست باندھنا ۔ نشانہ جمانا ۔ جیسے بندوق جُھکانا ۔ بات کا رُخ کرنا ۔ طعنہ دینا ۔ جیسے اُس نے ایک ادھر بھی جھکائی ۔ رشوت دینا جیسے دس روپے جھکائے تب سرخرو ہوئے ۔

جُھکاؤ } (ہ/مذ) خمیدگی ۔ خم ۔ رجحان ۔
جھکاوٹ } (ہ/مث) توجّہ ۔ رُخ ۔

جُھکائی (ہ/مث) مغالطہ ۔ جھپکی ۔

جھکائی دینا (ہ) مغالطے میں ڈالنا ۔ جھپکی دینا ۔

جُھک کر سلام کرنا (ہ) نہایت ادب سے سلام کرنا ۔ طنزاً سلام کرنا ۔ شرارت میں اُستاد ماننا ۔

جُھک کر ملنا (ا/محاورہ) عجز و انکسار کے ساتھ ملاقات کرنا ۔

جُھکڑ (ا/مذ) سخت ہوا ۔ بادِ تند ۔ ہوا کا طوفان ۔

جھکڑ چلنا (ا/محاورہ) آندھی آنا ۔ تیز ہوا چلنا ۔

جھکڑا (ا/صف) بدمزاج مرد ۔

جھکڑی (ا/صف) بدمزاج عورت ۔

جُھکنا (ہ) خمیدہ ہونا ۔ خم ہونا ۔ نیچا ہونا ۔ دُہرا ہونا ۔ مُڑنا ۔ بل کھانا ۔ فروتن ہونا ۔ متواضع ہونا ۔ نیند سے آنکھیں بند ہونا ۔ مشغول ہونا ۔ متوجہ ہونا ۔ دینا ۔ خیرات کرنا ۔ صرف ہونا ۔ خرچ ہونا ۔ آگ میں گرنا ۔

جھکندن (ہ/مث) جھک جھک ۔ تکرار ۔ عذابِ جان ۔

جھکولا (ہ/مث) ہوا کی لہر ۔ ہلورا ۔ نقصان ۔ ضرر ۔ ٹوٹا ۔ شامت ۔ آفت ۔ وبال ۔

جھکولا (ہ/مذ) لہر - ترنگ - موج - ہلکورا - پانی کا زور سے آنا - غوطہ - ڈُبکی -

جھکولن (ہ) دھونا - صاف کرنا - پانی ڈالنا - ڈبکی مارنا - غوطہ لگانا -

جھکولے کھانا } (ہ) ہلکورے لینا - موجیں مارنا - لہریں مارنا - کبھی پانی میں
جھکولے لینا } ڈوبنا - کبھی اُبھرنا - ڈوبنا - کبھی اُبھرنا - ڈوبنا - اُچھلنا - زمانے کا گرم و سرد آزمانا -

جھگڑا (ہ/مذ) بکھیڑا - مخمصہ - ٹنٹا - فساد - خصومت - حجت - خرخشہ - خلجان - نزاع - کھٹاپٹی -

جھگڑا پاک ہونا - یا - چکنا (ل) فساد رفع ہونا - نزاع دُور ہونا - فیصلہ ہونا - تصفیہ ہونا - مرجانا - فوت ہونا - موت آجانا -

جھگڑا چکانا (ہ) فیصلہ کرلینا - تصفیہ دُور کرنا - فساد رفع ہونا - قرض بے باق کرنا - مارڈالنا - تعلقات دنیوی سے چھڑا دینا -

جھگڑالو (ہ/مذ) لڑاکا - فسادی - شریر - حجتی - تکراری - جنگ جُو -

جھگڑنا (ہ) لڑنا - فساد کرنا - شرارت کرنا - بحث کرنا - حجت کرنا - دلیل لانا - تکرار کرنا - ضد کرنا - ہٹ کرنا - اڑنا - زیادہ مانگنا -

جھل (ہ/مث) غصہ - خفگی - طیش - کرودھ - عتاب - حسد - رشک - جلن - خواہش جماع - زیادتی شہوت - آگ -

جھل ہائی (ہ/مث) غصیل - بدمزاج - حاسدہ - پُرشہوت - چھنال - جماع کی خواہش رکھنے والی -

جہل (ہ/مث) اناڑی پن - جہالت - نادانی - بے خبری - ناواقفیت - اکھڑپن - جاہلانہ ضد - لفظی تکرار - بحث -

جہلِ مُرکّب (ع/مث) کسی چیز کا حقیقت کے خلاف اعتقاد کرلینا - جیسے کوئی رانگ کو چاندی سمجھ لے -

جہلِ بسیط (ع/مث) کسی چیز کی حقیقت کا نہ جاننا -

جھلّا (ہ/مذ) پاگل - دیوانہ - مجنون - غصیل - بدمزاج - بڑا اکھڑ - چھابا -

جھلاجھل (ہ) چاندی سونے کی چمک - نہایت تیز روشنی - درخشندگی -

جھلانا (ہ) جھوٹا دینا - جھولے میں بٹھا کر حرکت دینا - ہلانا - لیت و لعل کرنی - کسی کام میں آج کل کرنا - ٹالنا - وعدہ خلافی کرنا - جھوٹی اُمید دلانا -

جھلّانا (ہ) غصے میں ہونا - خشمناک ہونا - جلن ہونا - ٹیس مارنا - کسی چوٹ کا دیر تک صدمہ رہنا - سنسنانا -

جھلجھلانا (ہ) سوزش کرنا - جلن کرنا - دیر تک تیزی رہنا - چمکنا دمکنا -

جھلجھلاہٹ (ہ/مث) چرپراہٹ - تیزی - سوزش - جلن -

جھلڑ (ہ/مذ) پرندوں کا غول - بیڑا - جتھا - جھنڈ -

جھلسا (ہ/مذ) شعلہ - لَو - لاٹ - لُوکا - آگ -

جھلسا دینا } (ہ) لُوکا لگانا - جلانا - آگ لگانا -
جھلسا لگانا } آگ دینا -

جھلک (ہ/مث) رونق - چمک - تابش - روشنی - رُوپ - جلوہ - عکس -

جھلک دکھانا (ادا/محاورہ) لمحہ بھر کے لیے صورت دکھانا -

جھلکا (ہ/مذ) روشنی - پرتو - عکس - جلوہ - جھلک -

جھلکاہٹ (ادا/صف) جھلک -

جھلکار (ادا/صف) چمک دمک -

جھلکنا (ہ) چمکنا - دمکنا - روشن ہونا - جلوہ دکھانا - عکس ظاہر ہونا - جھمجھمانا -

جھلکی (ہ/مث) رونق - چمک - ذراسی خود نمائی -

جھلکی - یا - جھلک دکھانا (ہ) جلوہ دکھانا - تجلی دکھانا - جھانکی دکھانا -

جھلم (ہ/مث) ایک قسم کی زرہ - جو جنگی آدمی لڑائی کے وقت مُنہ پہ ڈال لیتے ہیں -

جہلم (ہ/مذ) پنجاب کا ایک مشہور دریا، شہر اور ضلع - اس نام کا دریا ویری ناگ سے نکل کر کشمیر کو ہوتا ہوا جھنگ سے آٹھ میل نیچے چناب سے جا ملتا ہے - جہلم دریائی لکڑی کی منڈی ہے -

جھلمل (ہ) جگمگاہٹ - پانی کی چمک - ستاروں کی کم کم چمک - پانی پر چراغوں کا عکس پڑنے کی کیفیت -

جھلملا (ادا/صف) کم چمکنے والا -

جھلملانا (ہ) جھلکنا - لہرانا - دھندلی سی روشنی دینا - چراغ یا تارے کا تھوڑا تھوڑا چمکنا -

جھلملی (ہ/مث) چلمن - چق - جھری دار پردہ یا کواڑ - کان کا ایک زیور - دھیمی روشنی - ملگجی سی چاندنی -

جھلنا (ہ) پنکھا ہلانا - ہوا کرنا - جڑنا - پیوند لگنا - ٹانکا لگنا - جیسے برتن کا جھلنا - برف یا شوربے وغیرہ میں پانی ٹھنڈا کرنا - مکھیاں اُڑانا - مگس رانی کرنا -

جھلوانا (ہ) پنکھا کرنا - مکھیاں اُڑوانا - تانبے وغیرہ کے برتنوں میں ٹانکا لگوانا -

جھلّی (ہ/مث) غشا - پردہ - پیٹ کے اندر باریک اور چربی دار پردہ - آنکھ کا جالا - نہایت پتلا - بہت باریک - پوست پیاز - کاغذ سا -

جھلّی (ہ/مث) خشمناک عورت - غصیل عورت - دیوانی - پگلی - بدمزاج - بڑا اکھڑ - چھابا -

جھما جھم (ہ/مث) مینہ کے برسنے کی آواز - گوٹا کناری کی چمک - چمکیلا -

جھم جھم (ہ/مذ) مینہ کے برسنے کی آواز - چھم چھم - رم جھم - چمکیلا - چمک دار -

جھم جھمانا (ہ) چمکنا دمکنا - گوٹا کناری سے جھلکتا ہوا - جگمگ جگمگ کرنا -

جھم جھمانا (ہ) چمکنا - روشن ہونا - جھلکنا - جھلک مارنا -

جھمک (ہ/مث) جھلک - چمک -

جھمکانا (ہ) چمکانا - جھلکانا - روشن کرنا - چمک دکھانا -

جھمکا (ہ/مذ) گچھا - جھنڈ - خوشہ - پروین - عقد ثریا - کانوں کا ایک زیور -

جھمکڑا (ہ/مذ) تجمل - شان و شوکت - کر و فر - چمک دمک - خوبصورتی - تجلی - دیدارِ معشوق - جلوہ -

جھمکنا (ہ) چمکنا۔ جھلکنا۔
جھمیل (ہ/مث) دیر۔ اٹکاؤ۔ تامّل۔ بکھیڑا۔ جھگڑا۔ دوستی۔ آشنائی۔
جھمیلا (ہ/مذ) بکھیڑا۔ جھگڑا۔ ناحق کا فساد۔
جھمیلیا (ہ/مذ) جھگڑالو۔ فسادی۔ بکھیڑیا۔
جھن (ہ/مث) تھالی وغیرہ کے بجنے کی آواز۔ جھنکار۔ تلوار کے گرنے کی آواز۔
جھنٹیل (ہ/ا/صف) بے ہودہ۔ بے وقت۔
جھنج (ہ/ا/مث) قضیہ۔ جھگڑا۔ لڑائی۔
جھنجھلانا (ہ) خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔ چڑ چڑانا۔ غضب ناک ہونا۔
جھنجھوٹی (ہ/مث) پہاڑی قوموں کا ایک گیت اور راگنی۔ باہمی تکرار۔
جھنجھوڑنا (ہ) کسی کے ہاتھ پاؤں کو بیدار کرنے کی خاطر زور سے ہلانا۔ جگانا۔ بیدار کرنا۔ دانتوں سے پکڑ کر جھٹکے دینا۔ ہوشیار کرنا۔ خبردار کرنا۔ متنبّہ کرنا۔
جھنجھٹ (ہ/مذ) جھگڑا۔ فساد۔ دنگا۔ قضیہ۔ بحث۔ تکرار۔ حیرانی۔ دقت۔ بکھیڑا۔ اُلجھیڑا۔
جھنجھٹیا (ہ/مذ) فسادی۔ لڑاکا۔ جھگڑالو۔ زُود رنج۔
جھنجھر (ہ/ا/مذ) خنجر۔ سویرا۔ تڑکا۔
جھنجھری (ہ/مث) سوراخ دار۔ یا جالی دار توا۔ جو کوئلوں کے چولہے میں راکھ چھن کر گرتے رہنے کو لگا دیتے ہیں۔
جھنجھن (ہ/مث) دھاتی برتنوں کے گرنے کی آواز (مذ) بے وقوف۔ سُست۔ کاہل۔
جھنجھنا (ہ/مذ) بچوں کا کھلونا جس کے اندر بجنے کے لیے کنکر وغیرہ ڈال دیتے ہیں۔
جھنجھنانا (ہ) جھنکارنا۔ بجنا۔ سنسنانا۔ ٹنٹنانا۔

جھنجھناہٹ (ہ/مث) جھنکار۔ سنناہٹ۔

جھنجھنی (ہ/مث) بیڑی۔ جولان۔ سنناہٹ۔
جھنجھی (ہ/مث) ٹوٹی کوڑی۔ پھوٹی کوڑی۔ چھید والی کوڑی۔ وہ عورت جس کی ناک بیٹھی یا بیٹھی ہوئی ہو۔ کھتریوں کا ایک فرقہ جس کا نکاس جھنجی وال علاقہ دیپال پور پنجاب سے ہے۔
جھنجھی کوڑی نہ ہونا (ہ/ا/محاورہ) مفلس یا قلاش ہونا۔
جھنڈ (ہ/مذ) غول۔ گروہ۔ جمگھٹا۔ بھیڑ۔ انبوہ۔ ایک دوسرے کے پاس پاس اُگے ہوئے بہت سے درخت۔ درختوں کا ذخیرہ۔ گھاس کا پولا۔ مُٹھا۔ بڑے بڑے گھنے بال۔ گھنگے بال۔
جھنڈ کے جھنڈ (ہ/مذ) گروہ کے گروہ۔ غول کے غول۔ پرے کے پرے۔ ٹھٹ کے ٹھٹ۔

جھنڈا (ہ/مذ) نشان۔ علم۔ بیرق۔ پھریرا۔ نیزہ۔
جھنڈا کھڑا کرنا (ہ) لوگوں کے فراہم یا فوج کے جمع کرنے کو نشان گاڑنا۔ نشانِ فتح نصب کرنا۔ کامیابی حاصل کرنا۔ فتح کرنا۔
جھنڈا گاڑنا (ہ) کسی مقام کو فتح کر لینا۔ اپنی جوانمردی کی یادگار چھوڑ جانا۔ قبضہ کر لینا۔ سکہ بٹھانا۔ اپنی حکومت میں لے آنا۔

جھنڈولا (ہ/مذ) نوزائیدہ بچہ جس کے سر پر پیٹ کے بال ہوں۔
جھنڈے پر چڑھانا (ہ) دُنیا میں بدنام کرنا۔ عیب لگانا۔ بدنام کرنا۔ الزام لگانا۔ مشہور کرنا۔ شہرت دینا۔
جھنڈے پر چڑھنا (ہ) رُسوا ہونا۔ بدنام ہونا۔ مشہور ہونا۔
جھنڈے تلے کا (ہ/مذ) چھٹا ہوا۔ چیدہ۔ نہایت چالاک۔ تجربہ کار۔ شریر۔ مشہور بدمعاش۔ اعلیٰ درجے کا غنڈہ۔
جھنڈی (ہ/مث) کپڑا لگی ہوئی چھڑی۔ چھوٹا سا نشان۔ بیرق۔
جھنڈی (ہ/مث) وہ کھونٹیاں یا جڑیں جو پودے کاٹنے کے بعد کھیتوں میں رہ کر پھوٹ آتی ہیں۔ مکئی۔ جوار یا سرکنڈے وغیرہ کی جڑ۔ وہ کنڈے جن میں حلقے پڑے ہوئے ہوں۔
جھنک (ہ/مث) گھنگرو وغیرہ کے بجنے کی آواز۔ جھنکار۔ چھن چھن۔
جھنکار (ہ/مث) چینی یا شیشے کے برتن کے ٹوٹنے کی آواز۔ کانسی کے برتن۔ تلوار۔ جھانج۔ اور زنجیر وغیرہ کی آواز۔
جھنکاڑ (ہ/ا/مذ) بے پتیوں کا درخت۔ جھاڑ۔
جھنکٹ (ہ/مذ) موٹا پھونس۔ درخت کی خشک اور نہایت پتلی شاخ۔
جھنکوائی (ہ/ا/مث) اکٹھیا۔
جھنگار (ہ/مث) کوک۔ چیخ۔ مور یا جھینگر کی آواز۔ نوبت کی مکرر الاپ۔ جھونپے کے گھنٹوں کی گونج۔
جھنگارنا (ہ) کوکنا۔ مور یا جھینگر کی آواز سے بولنا۔ خوش الحانی سے گانا۔ نغمہ سرائی کرنا۔
جہنّم (ع/مذ) گہرا کنواں۔ چاہِ عمیق۔ تحت الثریٰ۔ دوزخ۔ نرک۔
جہنّم میں پڑے یا جائے (ف) دعوٰی، دُعائے بد۔ نہایت نفرت کے وقت بولتے ہیں۔ دفع ہو۔ چولہے میں گرے۔
جہنّمی (ف) دوزخی۔ ناری۔ دوزخ میں جانے کے کام کرنے والا۔
جھونترا (ہ) (بلوا دُمعروف) (مذ) سر کے بے ترتیب بال۔ بڑے بڑے بال۔
جھوٹ (ہ/مذ) سچ کی ضد۔ دروغ۔ ناراست۔ کذب۔ غلط۔ چھل۔ فریب۔ دھوکا۔ کھوٹ۔
جھوٹ برابر پاپ نہیں (ہ/ا/مثل) جھوٹ سب سے بڑا گناہ ہے۔
جھوٹ بکنا (ہ/ا/محاورہ) نقصان پہنچانے یا بدنام کرنے کے لیے جھوٹ بولنا۔
جھوٹ بنانا (ہ) تہمت دھرنا۔ بہتان باندھنا۔ سچ کے خلاف بات گھڑ لینا۔
جھوٹ بولنا (ہ) دروغ گوئی کرنا۔ خلاف بیانی کرنا۔ غلط کہنا۔
جھوٹ پکڑنا (ہ) جھوٹ ثابت کر دینا۔ جھوٹ کی گرفت کرنا۔ جھوٹ کا پتہ لگا لینا۔
جھوٹ جاننا (ہ) اعتبار نہ کرنا۔ باور نہ کرنا۔ خلاف جاننا۔
جھوٹ سچ (ہ/مذ) دروغ آمیز راستی۔ اُلٹی سیدھی بات۔ دروغ۔ دروغِ مصلحت آمیز۔
جھوٹ لگانا (ہ) چغلی کھانا۔ غیبت کرنا۔ بُرائی کرنا۔ بدگوئی کرنا۔
جھوٹ کا پتلا (ہ/مذ) بالکل جھوٹا۔ سر سے پاؤں تک جھوٹا۔ دروغِ مجسم۔

جھوٹ کی پوٹ۔

جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے (ہ/مثل) جھوٹ کو قیام و ثبات نہیں ہوتا۔ جھوٹ نہیں چلتا۔

جھوٹ کے پل باندھنا (ہ) نہایت جھوٹ بولنا۔ جھوٹ پر جھوٹ بولنا۔

جھوٹ موٹ (ہ) غلط سلط۔ دروغ۔ مذاقًا۔

جھوٹ } (ہ/مث) پس خوردہ۔ اُلش۔
جھوٹن } بچا ہوا کھانا۔

جھوٹ کوٹ (ہ) پس خوردہ۔ بچا کھچا کھانا۔ آگے کا اُٹھایا ہوا۔

جھوٹا (ہ) (بواؤ مجہول/مذ) جھینپنا۔ جنبش۔ دھکا۔ عورتوں کے سر کے لمبے بال۔ لٹیں۔ نیند کا ہچکولا۔ غنودگی سے گرنا پڑنا (طنزاً) موٹا آدمی۔

جھوٹا (ہ) (بواؤ معروف) کاذب۔ دروغ گو۔ سچا کی ضد۔ لپاڑی۔ بے ایمان۔ چھلیا۔ فریبی۔ ناقص۔ کھرا کی ضد۔ نقل۔ جیسے جھوٹا گوٹا۔ نکما۔ بے کار جیسے ہاتھ کا جھوٹا ہونا۔ مستعمل۔ پس خوردہ۔ اُلش۔ اچھوتا کی ضد۔

جھوٹا بٹ۔ یا۔ پیمانہ (ہ/مذ) کم وزن بٹا یا پیمانہ۔

جھوٹا بنانا (ار/محاورہ) جھوٹا قرار دینا۔ جھوٹ پکڑ کر دکھانا۔

جھوٹا بننا (ار/محاورہ) بات سچ نہ نکلنا۔ دروغ گو قرار پانا۔

جھوٹا پڑنا (ہ) دروغ گو ٹھہرنا۔ وعدہ خلاف ہونا۔ نکما اور بے کار ہو جانا۔ کام سے رہ جانا۔ جیسے اس کا ہاتھ جھوٹا پڑ گیا۔

جھوٹا ٹھہرنا (ار/محاورہ) غلط بیانی ثابت ہونا۔

جھوٹا جوڑا (ہ/مذ) کھوٹا جوڑا۔ چوڑیوں یا جوتے یا دولہن کی پوشاک کا وہ جوڑا جس میں جھوٹا مسالا لگے۔

جھوٹا چاٹنا (ار/محاورہ) کسی کے آگے کی بچی ہوئی خوراک کھانا۔

جھوٹا کاغذ (ہ/مذ) بنایا ہوا تمسک۔ جعلسازی کا کاغذ۔

جھوٹا کام (ہ/مذ) جھوٹے مسالے کا زردوزی وغیرہ کا کام۔

جھوٹا گوٹا (ہ) پس خوردہ۔ اُلش۔ آگے کا بچا ہوا کھانا۔

جھوٹا کھاتے ہیں میٹھے کی لالچ (ہ/مثل) فائدے کے لیے تکلیف بھی اٹھاتے ہیں۔ مزے کی خاطر قابلِ نفرت چیز بھی کھائی جاتی ہے۔

جھوٹوں کا بادشاہ (ہ/مذ) بہت ہی جھوٹا۔ جھوٹوں کا سردار۔ کذاب۔

جھوٹوں منہ نہ چھوانا } (ہ) نام کو بھی نہ پوچھنا۔ بالکل بات تک نہ پوچھنا۔
جھوٹوں نہ پوچھنا } خاطر میں نہ لانا۔ ظاہرداری تک بھی نہ کرنا۔ بھول کر بھی نہ پوچھنا۔

جھوٹی قسم (ار/مث) غلط سوگند۔ حلف دروغی۔ سوگند دروغ۔

جھوٹی گواہی (ہ/مث) غلط گواہی۔ بے دیکھے گواہی۔ حلف دروغی۔

جھوٹی نالش (ار/مث) خواہ مخواہ کی نالش۔ بے سبب نالش۔ جھوٹا دعویٰ۔

جھوٹے نوچنا۔ یا۔ کھسوٹنا (ہ/بواؤ مجہول) سر کے بال نوچنا۔ بال کھسوٹنا۔

جھوٹے ہاتھ سے کتا نہ مارنا (ہ) پرلے درجے کا بخیل اور ممسک ہونا۔ مکھی چوس ہونا۔

جھوجرا (ہ/مذ) شکستہ۔ ٹوٹا ہوا۔ بال آیا ہوا۔ ٹوٹا پھوٹا۔

جھوجرو (ہ/مذ) اونٹ کا من بھاتا کھاجا ایک قسم کا جنگل پودا۔

جھوجری آواز (ہ/مث) ٹوٹے ہوئے برتن کی سی آواز۔

جھوذ (ف) قوم یہود۔

جھونڑ (ہ/مذ) جھاڑی۔ جھانکڑ۔ جھنڈ۔

جھونڑ (ہ/مث) لڑائی۔ جھگڑا۔ تکرار۔ ضد۔ حجت۔ بحث۔ کھانے یا آم یا گنے کو ایک مرتبہ بیٹھ کر کھا لینا۔

جھونڑ لگانا (ہ) ڈٹ کر کھا لینا۔ پیٹ بھر کر کھا لینا۔ لڑائی کرنا۔

جھوک (ہ/مث) خمیدگی۔ خم۔ کجی۔ دھکا۔ ہچکولا۔ ریلا۔ غفلت۔ پینک۔ جیسے نشے کی جھوک۔ ترازو کے ایک پلڑے کا جھکنا۔ تول۔ وزن۔

جھوک سنبھالنا (ہ) ہچکولے کو سہنا۔ کسی لمبی چھڑی یا بانس کی لچک کو روکنا۔

جھوک مارنا (ہ) کم تولنا۔ ڈنڈی مارنا۔

جھوکا } (ہ/مذ) ہوا کا ریلا۔ ہوا کی ٹکر۔ ہوا کا دھکا۔ نیند کا ہچکولا۔
جھونکا } جھونٹا۔

جھوکنا } (ہ) ڈالنا۔ پھینکنا۔ کوڑا کرکٹ وغیرہ بھاڑ میں ڈالنا۔
جھونکنا } تنور یا بھاڑ میں ایندھن ڈالنا۔ بھاڑ گرم کرنا۔ برباد کرنا۔ دے ڈالنا۔ جیسے سارا روپیہ اسی کام میں جھونک دیا۔ بے پروا سے پلے باندھنا۔ بری جگہ شادی کر دینا۔ جیسے لڑکی کو بری جگہ جھونک دیا۔ ہلاکت میں ڈالنا۔ خطرے میں ڈالنا۔ جیسے اس نے اس کام میں جان تک جھونک دی۔

جھول (ہ) (بواؤ مجہول) (مث) ڈھیلاپن۔ شکن۔ سلوٹ۔ سلے ہوئے کپڑے کی ناہمواری۔ ہاتھی کا سیدھا نہ چلنا۔ ملمع۔ گلٹ۔ (مذ) ایک دفعہ جننا۔ ایک دفعہ کئی بچوں کا جننا۔

جھول جھال (ہ/مذ) ڈھیل ڈھال۔ التوا۔ وقفہ۔ جھگڑا۔ ٹنٹا۔ بحث۔ تکرار۔

جھول چڑھانا (ہ) ملمع کرنا۔ خول چڑھانا۔ گلٹ کرنا۔

جھول دار (ار/صف) جس میں جھول ہو۔ جس میں شکنیں ہوں۔

جھول ڈالنا (ار/محاورہ) شکن ڈالنا۔ بچہ جننا۔

جھول نکالنا (ہ) بچے نکالنا۔ مرغی کا بچے دینا۔ کپڑے کی ڈھیل درست کرنا۔

جھول (ہ/مث) (بواؤ معروف) پوشش حیوانات۔ جل۔ ہاتھی کے اوپر ڈالنے کا کپڑا۔ ڈھیلی ڈھالی بدنما پوشاک۔

جھولا (ہ/بواؤ معروف) جھولنے کی رسی۔ درخت یا کھمبے میں بڑی ہوئی

رسّی جس پر بیٹھ کر جھونٹے لیتے ہیں - ہنڈولا -

جھولا (ہ / بواوٴ مجہول / مذ) ہِلا ہوا سا - ڈھیلا - فالج - رعشہ - ادھرنگ - ہاتھ کا اشارہ - لُو یا گرم ہوا کا اثر - بانات یا چمڑے کا بنا ہوا بندوق کا غلاف - سپاہیوں وغیرہ کا سامان رکھنے کا تھیلا -

جھولا جھولنا (ار / محاورہ) جھولے میں بیٹھ کر حرکت کرنا -

جھولا مار جانا (ہ) بے کار ہو جانا - نکما ہو جانا - سست ہو جانا - فالج ہونا - ادھرنگ ہو جانا -

جھولنا (ہ) جھونٹے لینا - پینگ چڑھانا - لٹکنا - اُمیدوار رہنا - پڑا رہنا -

جھولنا (ہ / مذ) خرجی - تھیلا - تھیلی - دامن کی جھولی - فقیروں کے آٹا مانگ کر رکھنے کی تھیلی - پہلو کا گوشت - کوکھ کا گوشت -

جھولی (ہ / مث) (بواوٴ مجہول) تھیلی - دامن جو کسی چیز کے لینے کیلئے پھیلایا جائے -

جھولی بھرنا (ار / محاورہ) مراد پوری کرنا یا ہونا -

جھولی چھوڑنا (ہ) بدن کا ڈھیلا پڑ کر دونوں پہلوؤں کا گوشت لٹک جانا - علامتِ پیری -

جھولی دار (ف) بڑے پیٹ والا حیوان - دُہرے بدن کا بیل وغیرہ -

جھولی ڈالنا (ہ) دریوزہ گری کو تیار ہونا - مانگنے کا سامان لے کر کھڑا ہونا -

جھوم جھوم کر (ہ) لہرا لہرا کر - ہل ہل کر - جھول جھول کر - غنودگی سے -

جھومر (ہ / مذ) ماتھے پر پہننے کا ایک زیور - ایک قسم کا ناچ - ایک طرح کا گہنا - گروہ - جھنڈ - جھرمٹ - مجمع -

جھومنا (ہ) مستی یا نیند کی حالت میں جھونٹے لینا - اُونگھنا - لٹکنا - جھکنا - لڑکھڑانا - ڈگمگانا - سر ہلانا - عالمِ سرور و وجد میں جنبش کرنا - ہاتھی کی سی چال چلنا - اکٹھا ہونا - جمع ہونا جیسے بادلوں کا جھومنا -

جھونا (ہ / مذ) (بواوٴ مجہول) ایک قسم کی باریک دھوتر - چھدرا بنا ہوا کپڑا - اعلیٰ قسم کی چھالیا -

جھونا (ہ) (بواوٴ مجہول) بیان کرنا - دُکھڑا رونا - آغاز کرنا - شروع کرنا - چینا جیسے چکّی جھونا - لگانا - مارنا - جڑنا - جیسے ایک بار ہی لٹھ جھودیا (پ) ایک قسم کے چاول - دھان -

جھونپڑا (ہ / مذ) چھپر کا گھر - کٹیا - مفلس کا مکان - چھوٹا سا مکان -

جھونپڑی (ہ / مث) چھپر کی چھوٹی سی کٹیا -

جھونٹا دینا (ہ) جھلانا - جھولے کو ہلانا - دھکا دینا -

جھونٹا لینا (ہ) جھولنا - پینگ چڑھانا -

جھونٹے پکڑنا (ہ) بڑی ذلت سے سر کے بال پکڑنا - بال نوچنا -

جھونج (ہ / مث) کھجلی - خارش - کھاج - خواہش - مزہ - چسکا - (پوُرب) گھونسلا -

جھونج مارنا (ہ) کھجلی ہونا - خارش ہونا - کھاج ہونا -

جھونجل (ہ / مث) غصّہ - خشم - غضب - کرودھ - خفگی -

جھونجل اُتارنا (ہ) غصّہ اُتارنا - بغض نکالنا - جل کر بدلہ لینا -

جھونجل آنا (ہ) غصّہ آنا - طبیعت جلنا - خفا ہونا -

جھونجھر (ہ / مث) خواہش - چاٹ - چسکا - کھجلی - خارش -

جھونک (ہ / مث) (بواوٴ مجہول) خمیدگی - خم - ترازو کے پلڑے کا نیچا ہونا - اُونگھ - غنودگی - بار - بوجھ -

جھونکا (ہ / مذ) (دیکھو جھوکا)

جھونکا جھونک (ار / مذ) کسی چیز کا کسی چیز میں کثرت سے بار بار ڈالنا - روپیہ اُڑانا - بہت خرچ کرنا -

جھونکنا (ہ) سینگ مارنے کے لیے بیل کا آنا یا دوڑنا -

جھونکے آنا (ہ) غنودگی یا نشے کے باعث سر کا بار بار جھکنا - ہوا کے ہلکے ہلکے تھپیڑے آنا -

جھونکے چلنا (ار / محاورہ) تیز ہوا کا چلنا -

جھونکے چلے آنا (ار / محاورہ) نیند کا غلبہ ہو جانا -

جھینپنا (ہ) شرمانا - لجانا - آنکھ چرانا -

جھیرا (ہ / مذ) (بیائے مجہول) چشمہ - سوتا - دہانہ - کنواں - باؤلی - گڑھا - غار - اندھا کنواں - خشک کنواں جس میں کبوتر رہتے ہیں -

جہیز (ع / مذ) اسباب - سامان - وہ سامان جو بیٹی کو شادی میں دیا جاتا ہے - دعوے کی چیز -

جہیز میں آنا (ار) ماں باپ کے گھر سے آنا - اپنے دعوے کی چیز ہونا -

جھیل (ہ / مث) ڈل - ڈابر - تالاب - پانی کا وہ قطعہ جو چاروں طرف خشکی سے گھرا ہوا ہو - دلدل - نیچی زمین - گیت کا وہ حصّہ جو مدھم یا نرم آواز سے کہا جائے -

جھیلنا (ہ) سہنا - برداشت کرنا - اُٹھانا - پچانا - ہضم کرنا -

جھیلی دینا (ہ) بچہ پیدا ہوتے وقت زچہ کو ایک خاص ترکیب سے جنبش دینا -

جھینکنا (ہ) رونا - گریہ وزاری کرنا - دُکھڑا بیان کرنا - افسوس کرنا - پچھتانا - غم کرنا - رنج کرنا (مذکر) شکوہ شکایت - گریہ - بپتا - دُکھڑا -

جھینگا (ہ / مذ) ایک قسم کی چھوٹی مچھلی -

جھینگر (ہ / مذ) ایک قسم کا برساتی کیڑا - جس کی مونچھیں بڑی بڑی ہوتی ہیں - وہ کپڑوں کو چاٹ جاتا ہے -

ج - ی

جے (ہ / مث) فتح - نصرت - جیت - خوشی - خرمی - نشاط - سلامتی - ترقی - زیادتی - بڑھوتری - مرحبا - شاباش - کیا کہنا ہے - کیا بات ہے -

جے پتر (ہ / مذ) فتح نامہ - فیصلہ - ڈگری -

جے[۱] جے کار - یا جے[۲] جے کار (ہ) (۱) مؤنث (۲) مذکر - فتح و نصرت - خوشی و خرمی -

جتے (ہ) جس قدر - جتنے

جئی (ہ / مث) ایک قسم کے چھوٹے جو -

جی (ہ) حرفِ ایجاب - ہاں - بجا ہے - ایک طرح کا کلمۂ تعظیم - بلے - جناب - حضرت - صاحب - درست ہے -

جی کہو، جی کہلاؤ (ہ) کہاوت، دوسروں کا ادب کروگے تو اپنا ادب کراؤگے صاحب کہوگے صاحب کہلاؤگے -

جی (ہ/مذ) جان - رُوح - دم - پران - سانس - زندگی - عمر - دل - قلب - ہروہ - میاں - آپ - خود - ذات - جرأت - دلیری - بہادری - جانور - حیوان - ذی رُوح - بھولا بھالا - کم گو - کم سخن -

جی آجانا (ہ) دل آنا - عاشق ہونا - دل مائل ہونا -

جی اُٹھنا (ہ) دل اُچٹنا - طبیعت نہ لگنا - زندہ ہوجانا - جان پڑ جانا - سیر و تماشا کو جی چاہنا -

جی اُچٹ جانا - یا - اُچٹنا (ہ) کسی کام میں دل نہ لگنا - دل بیزار ہونا -

جی اچھا ہونا (ار/محاورہ) طبیعت ٹھیک ہونا - تندرست ہونا -

جی اُداس ہونا (ہ) دل پریشان ہونا - دل پژمردہ ہونا - دل نہ لگنا -

جی اُڑا جانا (ہ) دل بیزار ہونا - دل درہم برہم ہونا - گھبرا جانا -

جی اُکتانا (ہ) دل برداشتہ ہونا - دل گھبرا جانا - جی میں نفرت آجانا -

جی اُلٹنا (ہ) دل گھبرانا - دل پریشان ہونا -

جی اُلجھنا (ار/محاورہ) اُلجھن محسوس کرنا - پریشان ہونا -

جی اندر سے بیٹھ جانا (ار/محاورہ) طبیعت کا گرا جانا - دل گھبرانا -

جی باغ باغ ہونا (ار/محاورہ) دل خوش ہونا -

جی بٹنا (ہ) دل بہلنا - دل پیچھے پڑنا - خیال کا دوسری طرف لگ جانا -

جی بُرا کرنا (ہ) قے کرنا - اُگلنا - رد کرنا - ناراض کرنا - رنجیدہ کرنا -

جی بڑھانا (ہ) دلیری دینا - حوصلہ بڑھانا - دلیر کرنا - دلاسا دینا -

جی بڑھنا (ہ) ہمت بڑھنا - حوصلہ ہوجانا - دل تازہ ہوجانا - خوش ہونا -

جی بکھرنا - یا - بکھرا جانا - یا - بگڑ جانا (ہ) جی متلانا - متلی ہونا - غش آنا - حالت خراب ہوجانا - دل بیٹھنا -

جی بند ہونا (ہ) دل رُکنا - طبیعت نہ چاہنا - بیزار ہونا - کبیدہ خاطر ہونا -

جی بھاری کرنا (ہ) غمناک ہونا - رنجیدہ ہونا - دل پر بوجھ ڈالنا - ناراض ہونا -

جی بھٹکنا (ہ) خواہاں ہونا - مشتاق ہونا - دل کا کسی چیز کو ڈھونڈھنا -

جی بھر آنا (ہ) رحم آنا - آنسو آجانا - رونا آنا - دل اُمنڈ آنا -

جی بھر جانا (ہ) اُکتا جانا - دل سیر ہوجانا - اچھی طرح سیر ہوجانا -

جی بھر کر (ہ) سیر ہوکر - حسب خواہش - بخوبی -

جی بہلانا (ہ) دل خوش کرنا - جی پرچانا - دل کو اور طرف لگانا - رنج و کلفت رفع کرنا -

جی بہلنا (ہ) دل کا اور طرف متوجہ ہونا - دل خوش ہونا - دل لگنا - کسی کام میں طبیعت کا مشغول ہوجانا -

جی بیٹھا جانا (ہ) دل کا نڈھال ہونا - دل کا گرا جانا - مایوس ہونا -

جی پر کھیلنا (ہ) جان جوکھوں میں ڈالنا - جان پر کھیلنا - خطرناک کام کرنا -

جی پڑنا (ہ) زندہ ہوجانا - رُوح پڑنا - بچے میں رُوح پڑنا - کرم پڑنا -

جی پک جانا (ہ) دل دُکھ جانا - آزار رسیدہ ہوجانا - عاجز اور تنگ ہوجانا -

جی پکڑا جانا (ہ) دل میں شبہ پڑنا - ماتھا ٹھنکنا -

جی پکڑ لینا (ہ) رنج یا صدمے کی تاب نہ لانا - کلیجا پکڑ لینا -

جی پھر جانا (ہ) نفرت ہوجانا - بیزار ہوجانا - اُکتا جانا -

جی پھسلنا (ہ) غش ہونا - دل آنا - دل مائل ہونا -

جی پیچھے پڑنا (ہ) جی بہلنا - دل کا مشغول ہونا - دل بٹنا -

جی پھیکا ہونا (ہ) دل کا کسی چیز سے متنفر اور بیزار ہونا -

جی ترسنا (ہ) دل کا مشتاق ہونا - جی للچانا - دل کا آرزو مند ہونا -

جی ٹوٹ جانا (ہ) شکستہ خاطر ہونا - رنج پہنچ جانا - مایوس ہوجانا -

جی ٹھکانے لگانا (ار/محاورہ) تسلی کرنا - اطمینان دلانا -

جی ٹھکنا (ہ) حوصلہ ہونا - تسلی ہونا - خاطر جمع ہونا -

جی ٹھنڈا ہونا (ہ) دل خوش ہونا - جی راضی ہونا - تسلی ہونا - دل کی ہوس نکلنا -

جی جانا (ار/محاورہ) مرنا - جان جانا -

جی جان سے فدا - یا - قربان - یا - نثار ہونا (ہ) نہایت والہ و شیدا ہونا -

جی جلانا (ہ) غم دینا - دل میں آگ لگانا - غصہ دلانا - حسد دلانا - ستانا - چھیڑنا -

جی جلنا (ہ) غصہ آنا - نہایت رنج پہنچنا - رشک و حسد ہونا -

جی چاہنا (ہ) دل للچانا - دل کا مائل ہونا - کسی چیز پر راغب ہوجانا -

جی چاہے (ہ) اگر دل میں خواہش ہو - اگر مرضی ہو -

جی چرانا - یا - چھپانا (ہ) دم چرانا - پہلوتہی کرنا - حیلہ جُو ہونا - عاشق کا دل لینا - عاشق کے دل کی چوری کرنا -

جی چلا (ہ) دلیر - بہادر - من چلا - سُور بیر - سُورما - دیوانہ - مجنون - پاگل - سخی - داتا - فیاض - بلند حوصلہ -

جی چلنا (ہ) خواہش ہونا - رغبت ہونا - ارادہ ہونا - جنون ہونا - دل کا قابو میں نہ رہنا -

جی چھڑانا (ار/محاورہ) کسی کی ہمت توڑ دینا - ناامید کر دینا - بد دل کر دینا - ہرا دینا -

جی چھوڑنا (ہ) پران تجنا - مرنا - انتقال کرنا - بے ہمت ہونا -

جی دار (ہ) دل چلا - من چلا - بہادر - جری - سخت مضبوط - جان دار -

جی دُکھانا (ہ) پوشیدہ طور پر رنج پہنچانا - تکلیف دینا - صدمہ پہنچانا -

جی دھڑکنا (ہ) دل کانپنا - خوف و اندیشہ ہونا - افسوس آنا - دل کا دھڑکنا -

جی دھک دھک ہونا (ہ) خوف واندیشہ سے دل کا نپنا۔
جی دہلنا (ہ) خوف کھانا۔ جی ڈرنا۔ دل دھڑکنا۔
جی دینا (ا/ محاورہ) عاشق ہونا۔ پیار کرنا۔ جان دینا۔ مرنا۔
جی ڈوبنا } (ہ) دل نڈھال ہونا۔ غش چلا آنا۔
جی ڈھیا جانا } دل کا بے قابو ہونا۔
جی رُکنا (ہ) دم گھبرانا۔ دل کا حاضر نہ ہونا۔ دل نہ ملنا۔ دل منقبض ہونا۔
جی رکھنا (ہ) دلداری کرنا۔ خوش کرنا۔ حوصلہ رکھنا۔ جرأت وار ہونا۔
جی سنسنانا (ہ) ناتوانی اور کمزوری سے دل خراب ہونا۔ دل پریشان ہونا۔
جی سے اُتر جانا (ہ) بے قدر ہو جانا۔ نظروں سے گر جانا۔ قابل نفرت ہو جانا۔
جی سے جانا (ہ) مر جانا۔ دم نکل جانا۔
جی کرنا (ہ) جرأت کرنا۔ دلیری کرنا۔ ہمت کرنا۔ کسی چیز کو دل سے چاہنا۔ رغبت ہونا۔
جی کُڑھنا (ہ) غمزدہ ہونا۔ دل میں درد ہونا۔ ہمدردی سے رنج ہونا۔ متاسف ہونا۔
جی کو لگنا (ہ) دل پر اثر ہونا۔ پسند ہونا۔ دل کو اچھا معلوم ہونا۔
جی کو مارنا (ہ) ترک لذت کرنا۔ حق مارنا۔ خواہشوں کو ضبط کرنا۔
جی کھپانا (ہ) محنت شاقہ کرنا۔ جان لڑانا۔ جان دینا۔ جان توڑ کر کام کرنا۔ دُکھ دینا۔
جی کھٹا ہونا (ہ) دل بیزار ہونا۔ نفرت ہونا۔
جی کھُلنا (ہ) طبیعت کا خوش ہونا۔ شرم و حجاب دُور ہونا۔ بے باک ہونا۔ حوصلہ ہونا۔
جی کھول کر (ہ) بخوبی۔ آزادانہ۔ بکثرت۔ بے دریغ۔ بے تامل۔
جی کی جی میں رہنا (ہ) دل کی حسرت کا دل ہی میں رہ جانا۔ آرزو پوری نہ ہونا۔ ارمان رہنا۔
جی گرا جانا (ہ) دل کا بیٹھا جانا۔ طبیعت میں سستی اور ناتوانی کا اثر نمودار ہونا۔
جی گھبرانا (ہ) دل کا پریشان ہونا۔ دل نہ لگنا۔ توحش ہونا۔
جی گنوانا (ہ) دل برباد کرنا۔ جی کھونا۔ جان دینا۔ مرنا۔
جی لُبھانا (ہ) دل مائل کرنا۔ دل موہنا۔ ترغیب دینا۔ جادو یا خوبصورتی سے کسی کو اپنی طرف مائل کر لینا۔
جی لڑانا۔ یا۔ لڑا دینا (ہ) ساری توجہ سے مصروف ہو جانا۔ جان کھپانا۔ نہایت کوشش اور محنت کرنا۔ ہمہ تن مصروف ہو جانا۔
جی لرزنا (ا/ محاورہ) دل کانپنا۔ خوف یا رُعب غالب آنا۔
جی لگانا (ہ) دل کو متوجہ کرنا۔ دل کا مشغول کرنا۔ جی بہلانا۔ عشق کرنا۔ کسی کی طرف دل کو مائل کر لینا۔
جی لگنا (ہ) جی بہلنا۔ دل مشغول ہونا۔ عاشق ہونا۔ دل آنا۔ عشق ہونا۔
جی لُٹنا (ہ) دل کا غارت ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔
جی للچانا (ہ) دل کا راغب ہونا۔ مائل ہونا۔ آرزومند ہونا۔

جی لُوٹنا (ہ) (بواؤ معروف) دل چھین لینا۔ دل کو راغب کر لینا۔ عاشق کرنا۔
جی لوٹنا (ہ) (بواؤ مجہول) دل تڑپنا۔ دل کا بے تاب ہونا۔ سخت مشتاق ہونا۔ دل کا از حد آرزومند اور متمنی ہونا۔
جی لہرانا (ا/ محاورہ) جی للچانا۔
جی مارنا (ا/ محاورہ) خواہش ضبط کرنا۔
جی متلانا (ہ) دل بیزار ہونا۔ طبیعت کا قے کی طرف رجوع کرنا۔
جی متلانے والا (ا/ صفت) قے لانے والا۔
جی مرجانا (ہ) طبیعت پژمردہ ہو جانا۔ نہایت افسردہ اور مُردہ ہو جانا۔
جی ملنا (ہ) دل کا موافق ہونا۔ ہم خیال ہونا۔ یک دل ہونا۔
جی میں آنا (ہ) خیال آنا۔ کسی خیال کا دل میں گزرنا۔ خواہش کرنا۔ ارادہ ہونا۔
جی میں بیٹھنا } (ہ) دل میں گھُسنا۔ دل میں گھر کرنا۔ دل میں جمنا۔
جی میں گھر کرنا } دل میں اثر کرنا۔
جی میں جی آنا (ہ) دم میں دم آنا۔ جان میں جان آنا۔ تسلی و تشفی ہونا۔ اُمیدوار ہونا۔
جی میں جی ڈالنا (ہ) کسی سے بہت اُلفت کر لینا۔ دُوسرے کے دل کو اپنا سا بنا لینا۔ یقین دلانا۔ نیچے کرانا۔ اپنی بات دُوسرے کے دل نشین کرنا۔
جی میں ڈالنا (ہ) دل میں خیال لانا۔ دل میں اُتارنا۔ اثر پیدا کرنا۔
جی میں رکھنا (ہ) چھپا کر رکھنا۔ پوشیدہ رکھنا۔ راز ظاہر نہ کرنا۔ عداوت رکھنا۔ کینہ رکھنا۔ قبضہ رکھنا۔
جی میں کھُبنا۔ یا۔ گڑنا۔ یا۔ بیٹھنا (ہ) دل میں اثر کرنا۔ دل میں چُبھنا۔ دل میں گھُسنا۔
جی نڈھال ہونا (ہ) دل پریشان ہونا۔ مضمحل ہونا۔ افسردگی ہونا۔
جی نکلنا (ہ) دم نکلنا۔ مرنا۔ ہلاک ہونا۔ مفتون ہونا۔ عاشق ہونا۔ بہت خوف ہونا۔
جی وارنا (ہ) جان قربان کرنا۔ صدقے جانا۔ قربان ہونا۔
جی ہاتھ میں رکھنا (ا/ محاورہ) دل میلا نہ ہونے دینا۔ خوش رکھنا۔ قابو میں رکھنا۔
جی ہاتھ میں لینا (ا/ محاورہ) جی ہاتھ میں رکھنا۔
جی ہارنا (ہ) جی چھوڑنا۔ ہمت ہارنا۔ کسی کام سے عاجز ہو کر اس سے باز رہنا۔
جی ہٹ جانا (ا/ محاورہ) نفرت ہو جانا۔
جی ہچکچانا (ا/ محاورہ) طبیعت کا ڈگمگانا۔
جی ہوا ہو جانا۔ یا جی ہوا ہونا (ہ) رُوح کا قالب سے نکل جانا۔ دم نکلنا۔ جان فنا ہونا۔
جی ہی جی میں باتیں کرنا (ہ) آپ ہی آپ باتیں کرنا۔ دل ہی دل میں خیال پکانا۔
جیاب (ع) حبیب کی جمع۔ (خلاف قیاس) بہت سے گریبان۔

جیاگریفی (انگریزی/مذ) جغرافیہ - زمین کا بیان -
جیالوجی (انگریزی/مذ) علم طبقات الارض - وہ علم جس سے زمین کے بیرونی طبقات کی ساخت و ماہیت کا حال معلوم ہوتا ہے -
جیب (ع/مث) کیسہ - تھیلی - دہن - گریبان - سینہ - پیراہن - قبضہ - قابو -
جیب خرچ (ف/مذ) روزمرہ کے لیے رکھا ہوا بالائی خرچ - پاکٹ منی -
جیب کترا (ف/مذ) جیب کترنے والا - اچکا - کیسہ بُر - عیّار - بدمعاش -
جیب گھڑی (ف/مث) جیب میں رکھنے کی چھوٹی سی گھڑی -
جیب میں پڑا ہونا (ف) قابو میں ہونا - قبضے میں ہونا -
جیب میں نہیں کھیل کی ڈلی چھیلا پھرے گلی گلی (ف/شل) بھوکے ننگے اور آوارہ گرد کی نسبت بولتے ہیں - فاقہ مست ہیں اور آوارگی نہیں چھوڑتے -
جیبھ - یا - جیبھہ (ہ/مث) زبان - لسان - تلو -
جیبھ نکالنا (ہ) زبان نکالنا - زبان کھینچنا - گرمی یا کام کی زیادتی سے عاجز ہونا -
جیبھ کے تلے جیبھ ہونا (ہ) دوغلی بات کرنا - ایک بات پر قائم نہ رہنا -
جیبی (ہ) جیب سے تعلق رکھنے والی چیز - جیسے جیبی رُومال یعنی چھوٹا رُومال -
جیبی کُتّا (ف) ایک نہایت چھوٹی نسل کا کُتّا -
جیبی - یا - جیبھی (ہ/مث) زبان صاف کرنے کا آلہ - لگام کا ایک حصّہ - دریا یا ندی کے پانی کا پہلا کف دار حصّہ جو طغیانی کے وقت سب سے پہلے آتا ہے -
جیت (ہ/مث) ہار کی ضد - فتح - فتح مندی - کامیابی - نفع - فائدہ - بیشی - غلبہ - فوقیت - برتری -
جیت ہونا (ہ) فتح ہونا - غلبہ ہونا - نفع ہونا -
جیتا (ہ) حیات والا - زندہ - جاندار - زیادہ - بیش - جیسے ذرا جیتا کپڑا پھاڑو -
جیتا جاگتا (ہ) زندہ و سلامت - صحیح و سالم -
جیتا رہنا (ہ) زندہ و سلامت رہنا -
جیتا سو ہارا - ہارا سو مرا (ہ/شل) مقدمہ بازی میں جو شخص جیت جائے وہ درحقیقت ہارنے کے برابر ہے - اور ہارنے والا تو گویا مر ہی جاتا ہے -
جیتا گاڑنا (ہ) زندہ آدمی کو قبر میں دبا دینا -
جیتا لہُو (ہ/مذ) تازہ خون جو ابھی ابھی بدن سے نکلا ہو -
جیتا ناخن (ہ/مذ) کچا ناخن -
جیتا نہ چھوڑنا (ہ/مذ) زندہ نہ رہنے دینا -

جیتنا (ہ) فتح کرنا - سر کرنا - زیر کرنا - غالب آنا - بازی لے جانا -
جیتے جی (ہ) عمر بھر - ساری عمر - تا حینِ حیات - تا زندگی - حالتِ زیست میں -
جیتے جی مرنا (ہ) تباہ ہونا - برباد ہونا - زندگی ہی میں مرنے کے برابر ہونا -
جیتی مانتا نہ ہاری مانتا (ہ/محاورہ) کوئی بات نہ ماننا -
جیتی مکھی نگلنا - یا - کھانا (ہ) جان بوجھ کر مصیبت یا آفت میں پھنسنا - دیدہ و دانستہ تکلیف و اذیت سہنا -
جیتی مکھی نہیں نگلی جاتی (ہ) کہاوت - دیدہ و دانستہ نقصان نہیں اُٹھایا جاتا -
جیٹھ (ہ/مذ) خاوند کا بڑا بھائی - ہندی سال کا دُوسرا اور بکرمی سنہ کا تیسرا مہینہ جو ۱۵ مئی سے ۱۵ جون تک ہوتا ہے - روٹیوں کی تھئی - اُوپر تلے رکھے ہوئے برتنوں کا سلسلہ - آغوش -
جیٹھا (ہ) جیٹھ کے مہینے کی پیدائش - پہلوٹھی کا بچّہ - وہ بچّہ جو سب سے پہلے پیدا ہو - سب سے بڑا - سب سے اُونچا - سب سے بلند -
جیٹھانی (ہ/مث) جیٹھ کی بیوی - خاوند کے بڑے بھائی کی بیوی -
جیجا (ہ/مذ) بہنوئی - بہن کا خاوند -
جیجی (ہ/مث) بہن - خواہر - ہمشیرہ - چھاتی -
جیجی پینا (ہ) دُودھ پینا - پستان چُوسنا - بچّے کے لیے مخصوص ہے -
جیجوں (ع) ایک دریا کا نام جو بلخ کے قریب ہے -
جَیِّد (ع) خُوب - کھرا - نیک - مضبوط - طاقت ور - زبردست -
جید (ع) گردن -
جیر (ہ/مث) وہ جھلّی جس میں پیدائش کے وقت بچّہ لپٹا ہوتا ہے -
جیران (ع) جمع جار کی - ہمسائے - پڑوسی -
جیسا (ہ) ویسا کا نقیض - جس طرح - جس طرح کا - جس صُورت کا -
جیسا تیسا (ہ) جس طرح کا - جس قسم کا -
جیسا چاہو (ہ) جس قسم کا درکار ہو - جس طرح کا مطلوب ہو -
جیسا چاہیے (ہ) جیسا چاہو - قابلِ تعریف - بخوبی - من مانا -
جیسا دیس ویسا بھیس (ہ/شل) جہاں رہنا ہو - وہیں کے طریقے اختیار کرنے چاہئیں -
جیسا راجہ ویسی پرجا (ہ/شل) رعیّت عام طور پر بادشاہ کی راہ و روش کی پیروی کرتی ہے -
جیسا کروگے ویسا بھروگے (ہ/شل) نیکی کا بدلہ نیک اور بدی کا بدلہ بد ملے گا -
جیسا کہ (ہ) جس طرح کہ - بموجب - مطابق -
جیسے (ہ) (دیکھو جیسا) ویسے کی ضد -
جیسے کنتھا گھر رہے - ویسے رہے پردیس (ہ/شل) نکھٹو خاوند کا پاس رہنا - اور پردیس میں جانا برابر ہے -

جیسے کو تیسا (ہ) مثل ہے ۔ ہر فرعونے راموسیٰ ۔
جیسی (ہ) جیسا کی تانیث جس طرح ۔ جس طرح کی ۔
جیسی رُوح ویسے فرشتے (ا) مثل) جس طرح کا نیک یا بد آدمی ہو ۔ ویسے ہی فرشتے دکھائی دیتے ہیں یعنی نیک اور بد کو بد ۔ جیسی نیت ویسا پھل ۔
جیش (ع) لشکر ۔ دیگ کا اُبلنا ۔ شورش دل ۔
جیغہ (ت امذ) ایک مرصع زیور ۔ جو پگڑی پر باندھا جاتا ہے ۔ یہ ابرک سے بنتا ہے ۔ ولایتی میمیں اسے ابرؤوں اور پیشانی پر افشاں کی طرح لگاتی ہیں ۔
جیفہ (ع) مُردہ حیوان جس میں بُو آگئی ہو ۔ مُردار ۔
جیگھڑ (ہ امث) پانی کا گھڑا ۔
جیل (ہ) (بیائے مجہول) مث ۔ قطار ۔ صف ۔ پرا ۔ لار ۔ ڈار ۔ ایک زنجیر میں بندھے ہوئے قیدیوں کی قطار ۔ سلسلہ ۔ زنجیر ۔ ہولی کی گوبر کی پھرکیاں ۔ جن کا ہار بناتے اور ہولی کی آگ میں جلاتے ہیں ۔
جیل (انگریزی امذ) قید خانہ ۔ محبس زنداں ۔
جیل خانہ (ا امذ) قید خانہ ۔ زنداں ۔
جیلان (ع) ایک مقام کا نام جو بغداد کے قریب ہے ۔ جہاں کے حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ بزرگ کامل مشہور ہیں ۔
جیلر (انگریزی امذ) داروغۂ زنداں ۔ حاکم قید خانہ ۔
جیلی (ہ امث) گھاس وغیرہ اکٹھا کرنے کا سر شاخہ آلہ ۔ اوجھ کے اوپر کی چربی والی جھلی ۔
جَین (س امذ) بوڑھا آدمی ۔ بُڈھا ۔ پیرِ فرتوت ۔ سراوگیوں کے مذہب کا نام جس میں ویدوں کو نہیں مانا جاتا ۔ جَین مت کا پیرو ۔

جینا (ہ) زندہ رہنا ۔ خوشی منانا ۔ مزے اُڑانا ۔ جیسے اپنی خوشی جینا ہے ۔ عمر کاٹنا ۔ زندگی بسر کرنا (مذ) زیست ۔ زندگی ۔ حیات ۔ جیسے جینا مشکل ہوگیا ۔
جَینی (ہ امذ) جَین مت والا ۔ سراوگی ۔
جیو (ہ امذ) (دیکھو جی)
جیو آتما (ہ امث) رُوح ۔ جان ۔ پران ۔ ایشور ۔ پراتما کے سوا باقی تمام جان دار ذی رُوح ۔
جیو پتر (ہ امث) جس کا باپ زندہ ہو ۔
جیوٹ (ہ) جی دار ۔ بہادُر ۔ شجاع ۔ مردانہ ۔ جری ۔ دلیر ۔
جیوٹ کرنا (ہ امحاورہ) دلیری کرنا ۔ ہمت کرنا ۔
جیوری (انگریزی امث) ججوں کی عدالت ۔ مجلس ثالثاں ۔
جیوڑا (ہ امذ) دل ۔ جان ۔ پران ۔ معشوق ۔ دلبر ۔ جانی ۔ محبت سے جان کو بھی بولتے ہیں ۔ کسیٹروں کو دینے کا اناج ۔
جیومیٹری (انگریزی امث) وہ علم جس میں زمین کی سطح ۔ خطوں ۔ زاویوں کے متعلق بحث ہوتی ہے علم مساحت ۔ اقلیدس ۔
جیون (ہ امذ) زندگی ۔
جیوہ (ع امذ) پارہ ۔ سیماب ۔
جیتے ہو (ہ) (ہندو) فتح ہو ۔ بول بالا ہو ۔ اقبال مند ہو ۔
جیشٹھا (ہ امذ) چاند کا اٹھارھواں نچھتر جس میں تین ستارے شامل ہیں ۔ بیچ کی اُنگلی ۔

چ (ف/مث) فارسی حروفِ تہجی کا ساتواں اور اردو کے حروفِ ہجا کا آٹھواں حرف حسابِ جمل میں اس کے عدد (ج) کے برابر یعنی ۳ شمار ہوتے ہیں۔

چ - ا

چاب (ہ/مث) بچہ پیدا ہونے کے وقت عورتیں اکثر گاتی بجاتی ہیں۔ ان میں کچھ مٹھائی وغیرہ تقسیم کی جاتی ہے۔ یہ چاب کہلاتی ہے۔ مندر کا چڑھاوا لے جانے والے کو بھی کہتے ہیں۔ چابنا کا امر۔

چابک (ف/مذ) تازیانہ۔ قمچی۔ سانٹا۔ کوڑا۔ ہنٹر۔ چالاک۔ تیز۔ چست۔ پھرتیلا۔

چابک خرام (ف) تیز چلنے والا۔

چابک دست (ہ) ہاتھ کے کام کا چالاک۔ ہنرمند۔ دستکار۔

چابک سوار (ف) بہت عمدہ سوار۔ گھوڑوں کو سدھانے والا سوار۔ سوداگر اسپ۔

چابک سواری (ف/مث) گھوڑا پھیرنے کا ہنر یا پیشہ۔

چابک عنان (ف/صف) تیزرو سوار یا گھوڑا۔

چابکی (ف/مث) چالاکی۔ چستی۔ تیزی۔

چابنا (ہ) دگنوار، چبانا۔ کھانا (چیزوں کے لیے خاص کر) دانتوں سے کسی سخت چیز کو کچلنا۔ یا پیسنا۔

چابی (ہ/مث) کنجی۔ کلید۔ تالی۔

چاپ (ف/مذ) چھاپ۔ چھاپا۔

چاپٹ (ہ/مث) چوکر۔ بھوسی غلے کے وہ ٹکڑے جو پیسنے سے رہ جائیں۔ مندار اور پیسے ہوئے اناج کی بھوسی۔ بور۔

چاپلوس (ف) خوشامد کرنے والا۔

چاپلوسی (ف/مث) خوشامد سے جا تعریف۔ میٹھی میٹھی باتوں میں کسی کی تعریف۔

چاتر (ہ) ہوشیار۔ دانا۔ عقلمند۔ چالاک۔ عیار۔ مکار۔ فریبی۔ ہنرمند۔ باسلیقہ۔ بہادر۔ جری۔ شجاع۔

چاٹ (ہ/مث) ذائقہ۔ سواد۔ مزہ۔ چسکا۔ عادت۔ لت۔ دھت۔ لپکا۔ گزک وغیرہ۔ مزیدار چیز جو زبان کا ذائقہ درست کرے۔

چاٹ لگنا (ہ) سواد پڑنا۔ چسکا پڑنا۔

چاٹنا (ہ) کسی پتلی اور رقیق چیز کو زبان یا انگلیوں سے اٹھا کر کھانا۔ چٹ کرنا۔ جیسے ان کے چاٹے تو درخت بھی ہرے نہیں ہوتے۔

چاٹی (ہ/مث) مٹی کا ایک قسم کا بڑا سا برتن۔ دہی بلونے کی بڑی ہانڈی۔

چاچا (ہ/مذ) باپ کا چھوٹا بھائی۔ چچا۔ عمو۔ عم۔

چاچی (ہ/مث) باپ کے چھوٹے بھائی کی بیوی۔ چچی۔ چچا کی بیوی۔

چادر (ف/مث) بڑا اوڑھنا۔ بڑا اور چوڑا دوپٹہ مزاروں اور قبروں پر چڑھانے کی پھولوں کی ردا۔ لوہے اور ٹین کے بہت لمبے چوڑے پترے۔ پانی کی چوڑی دھار۔

چادر اتارنا (ل) عورت کو بے پردہ کرنا۔ عزت اتارنا۔

چادر جوڑا (ل/مذ) دہری چادر۔ دوشالہ۔ دوہری شال۔

چادر چڑھانا (ل) کسی بزرگ کے مزار پر کپڑے یا پھولوں کی چادر ڈالنا۔

چادر چھپول (ل/مذ) بچوں کا ایک کھیل۔

چادر چھت (ا/مث) کپڑ چھت - کپڑے کی چھت - چھت گیری -

چادر ڈالنا - یا - اوڑھنا (ف) ہندوؤں اور سکھوں میں بیوہ کے ساتھ شادی کرنے کا طریقہ - سر دے پر شال ڈالنا - اوڑھنا ڈالنا -

چادر سے باہر پاؤں پھیلانا (ف) بساط سے باہر کام کرنا -

چادر کافوری (ف/مث) کنایہ صبح سے -

چادر لاجورد (ف/مث) آسمان -

چادر ہلانا (ف) لڑائی میں کسی سے مغلوب ہو کر پناہ مانگنا - فریاد کرنا - مغلوب فوج کا پناہ چاہنا - لڑائی روکنے کی علامت ظاہر کرنا -

چادر سے تھوڑی پاؤں پھیلائے بہت (ا/مثل) آمدن کم خرچ زیادہ -

چادرا (ا/مذ) بڑی چادر - مردانہ چادر -

چاڈ - سوڈان کی ایک جھیل جو سمندر کی سطح سے ۸۰۰ فٹ اونچی ہے -

چار (ف) (ا) اور دو - چوک - گنڈا (دلال) پھوک -

چار ابرو کا صفایا (ا/مذ) ڈاڑھی - مونچھیں - بھویں - اور سر کے منڈوا دینے سے مراد ہے - بھدرا -

چار اجساد (ع/مذ) اربعہ عناصر - خاک - پانی - آگ - ہوا -

چار آدمی (ا/مذ) دو چار بھلے مانس آدمی - پنچ -

چار آنکھیں کرنا (ف) سامنے آنا - مقابل ہونا - ملنا - زیادہ واقف ہونا - جیسے علم سے آدمی کی چار آنکھیں ہو جاتی ہیں -

چار آئینہ (ف/مذ) ایک قسم کی زرہ جس میں لوہے کی چار تختیاں سینے اور پشت پر ڈالنے کے لیے ہوتی ہیں -

چار باد (ف/مث) چاروں طرف کی ہوا -

چار باغ (ف/مذ) مربع باغ - چوکھونٹا باغ - وہ رومال یا شال جس کے کونوں پر رنگ برنگ کے پھول بنے ہوئے ہوں -

چار بالش (ف/مذ) امراء کی پشت کا تکیہ - گاؤ تکیہ - مسند -

چار برسات میں زیادہ دیکھی ہیں (ا/مثل) عمر یا تجربہ زیادہ ہے -

چار بند (ف/مذ) پیٹھ کے چاروں جوڑ - پیٹھ کا نیچے اوپر دائیں بائیں کا حصہ - تعلقات دنیوی -

چار بند کی فصد لینا (ا/محاورہ) وہ فصد لینا جس پر پشت کے چاروں طرف کی رگوں کا خون نکل جائے -

چار بیتی (ف/مث) صنف شاعری جس کو رباعی کہتے ہیں -

چار پانچ (ا/مذ) عذر - حیلہ - حجت (لانا اور کرنا کے ساتھ مستعمل ہے) تین پانچ بھی بولتے ہیں -

چار پایہ (ف/مذ) چار پاؤں والا جانور - ڈنگر - ڈھور -

چار پائی (ا/مث) کھاٹ - پلنگڑی - جنازہ - ارتھی - لاش - نعش - زخمی - گھائل - مجروح -

چار پائی سے پیٹھ لگ جانا (ف) حالت بیماری میں کھاٹ پر پڑے پڑے پیٹھ میں زخم ہو جانا - سخت بیماری میں مبتلا ہونا -

چار پائی میں کان پڑ جانا (ف) چارپائی کا اونچا نیچا ہو جانا - بھیگ کر چارپائی میں خم آ جانا -

چار پیر (ف/مذ) زاہدوں کے سلسلے کے چار ربانی بزرگ - یعنی حضرت امام حسنؓ، حضرت امام حسینؓ - حضرت حسن بصریؒ - حضرت کمیل ابن زیادؒ -

چار پیسے (ا/مذ) دولت - روپیہ - زر -

چار تار (ا/مذ) چند جوڑے - چار کپڑے - چار گہنے - چند زیور -

چار تال (ا/مذ) چوتالہ - طبلہ کے ساز میں ایک تال -

چار تخم (ا/مذ) خرفہ - اسپغول - بالنگو - تخم ریحان -

چار تکبیر (ا/مذ) نماز جنازہ -

چار ٹوک (ا/مذ) چوکھنڈا - چار ٹکڑے والا - چار پھانک -

چار جامہ (ف/مذ) زین کی طرح گدی والی پوشش - جو گھوڑے پر ڈال کر سوار ہونے کے کام آتی ہے -

چار چاند لگانا (ف) مرتبہ اور عزت بڑھانا - دوبالا رونق دینا -

چار چاند لگنا (ف) عزت اور مرتبہ بڑھنا - توقیر زیادہ ہونا -

چار چشم (ف) بے مروت - گستاخ - بے وفا - طوطا چشم -

چار چوٹ کی مار (ا/مث) (ع) ضرب شدید - لکڑی - لات - مکے - تھپڑ کی مار - بہت سخت مارنا -

چار حرف بھیجنا (ف) لعنت بھیجنا - بیزاری ظاہر کرنا -

چار خانہ (ف/مذ) ایک قسم کا کپڑا -

چار دانت (ف) چوپایوں کی عمر شباب -

چار دانگ (ف) چار طرف (مجاز) تمام عالم - ساری دنیا -

چار دن (ف) چند روز - تھوڑے دن -

چار دن کی بہار (ا/مث) تھوڑے دنوں کی رونق - ناپائدار چیز -

چار دن کی چاندنی (ا/مث) چند یوم کی خوشی اور خرمی - چند دن کی دولت -

چار دن کی چاندنی پھر اندھیری رات (ا/مثل) چند روز کا عیش پھر وہی مصیبت - چند روز آرام - پھر وہی تکلیف -

چار دن کی بہار (ا/مث) چند روزہ رونق -

چار دیواری (ا/مث) شہر کی فصیل - گھر کا احاطہ - شہر پناہ -

چار روز (ا/صف) چند روز - مختصر سی مدت -

چار زانو بیٹھنا (ف) آلتی پالتی مار کر بیٹھنا -

چار سالہ (ف/مذ) چار برس کی عمر کا - چار دانت -

چار سُو (ف/متعلق فعل) چاروں طرف -

چار شنبہ (ف/مذ) بدھ کا دن - یوم عطارد -

چار ضرب (ع/مذ) صوفیہ کرام کا ذکر - نہایت ہوشیار اور چالاک آدمی - چوتالا راگ -

چار طاق (ف/مذ) چار گوشوں کا خیمہ - جسے راوٹی کہتے ہیں -

چار طرف (ع/مذ) چار دانگ - چار سُو - ہر طرف - ہر جانب -

چار عنصر (ع) موجودات عالم کے چار اصل اجزا - آگ - ہوا - مٹی - پانی -

چازق (ت/مذ) جنگلی لوگوں کا ایک قسم کا جوتا۔
چار قدم (ع/صف) بہت نزدیک۔ تھوڑے فاصلے پر۔
چار قل (ع/مذ) قرآن شریف کے آخری پارے کی چار سورتیں۔
چار کھونٹ (ا/مث) چار طرف۔ چار سو۔ ہر جانب۔ ہر طرف۔
چار کانے (ا/مذ) چوسر بازوں کی اصطلاح۔ یعنی ایک نرد کے دو نقطے باقی دو کا ایک ایک نقطہ دانوں میں آنا۔
چار کے کاندھے پر جانا۔ یا۔ چڑھنا (ا) مرنا۔ جنازہ نکلنا۔ ارتھی پہ جانا۔ مرنے کے بعد چار آدمیوں کے کندھے پر جانا۔
چار گام۔ یا چار گامہ (ف) تیز رفتار گھوڑا۔ اسپ باد رفتار۔
چار مغز (ف/مذ) تربوز۔ خربوزہ۔ خیارین اور کدو کے مغز۔
چار منزل (ع/مث) شریعت۔ طریقت۔ حقیقت۔ معرفت۔
چار میخا کرنا (ا) چاروں ہاتھ پاؤں باندھ کر سزا دینا۔ دونوں ہاتھوں اور دونوں پاؤں میں میخیں گاڑ کر سزا دینا۔
چاروا (ا/مذ) چوپایہ۔ بیل۔ اونٹ۔ گھوڑا وغیرہ۔ کمہار گدھے کو کہتے ہیں۔
چار ہاتھ پاؤں (ا/مذ) دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں۔
چار ہاتھ جگہ۔ یا۔ زمین (ا/مث) قبر۔ دفن ہونے کی جگہ۔ تھوڑی سی زمین۔
چار یار (ف/مذ) رسول کریمؐ کے چار صاحب یعنی حضرت ابو بکرؓ۔ حضرت عمرؓ۔ حضرت عثمانؓ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ (مجازاً) چند اصحاب۔ چند دوست۔
چار یاری (ف) چار یاروں کو ماننے والا فرقہ۔ یعنی سنّی۔ اہلسنت والجماعت۔ کلمے کا روپیہ جو اکبر اور جہانگیر کے وقت بنتا تھا (مؤنث) دوستی۔ مصاحبت۔
چارا (ہ/مذ) گھاس وغیرہ جو جانوروں کو کھلاتے ہیں۔
چار و ناچار (ف) مجبوراً۔ زبردستی۔ جبراً و قہراً۔
چاروں (ہ) ہر چار۔ چار کے چار۔
چاروں خانے چت گرنا } (ا) اس طرح گرنا کہ دونوں ہاتھ اور دونوں
چاروں شانے چت گرنا } پاؤں برابر پھیل جائیں۔ حیران و ششدر رہ جانا۔
چارہ (ف/مذ) تدبیر۔ علاج۔ مدد۔ تجویز۔ درستی۔ بہتری۔ بھلائی۔ صلاح۔
چارہ پرداز (ف/صف) چارہ کرنے والا۔
چارہ پذیر (ف/صف) قابل علاج۔ علاج کرنے والا۔
چارہ جو (ف/صف) علاج تلاش کرنے والا۔ داد خواہ۔ فریادی۔
چارہ جوئی (ف/مث) علاج چاہنا۔ فریاد۔ نالش۔ استغاثہ۔
چارہ ساز } (ف) کام بنانے والا۔ کام درست کرنے والا۔ خدائے
چارہ گر } تعالیٰ۔ حکیم۔ معالج۔ طبیب۔ بید۔
چارہ گری (ف/مث) علاج۔ معالجہ۔ چارہ سازی۔
چارہ سازی۔ یا۔ چارہ گری (ف/مث) علاج۔ تدبیر۔ تجویز۔ مدد۔
چاشت (ف/مذ) پہر دن چڑھنے کا وقت۔ حاضری۔ صبح کا کھانا۔ ناشتہ۔
چاشنی (ف/مث) ذائقہ۔ مزہ۔ سواد۔ شربت کا تار۔ پت۔ قوام۔ تھوڑی سی ملاوٹ۔ مٹھاس کے اندر کی کھٹاس۔ چکھنے کے قابل چیز۔
چاق (ت) مضبوط۔ توانا۔ تندرست و چالاک۔ ہوشیار۔
چاق چوبند (ا) آٹھوں گانٹھ۔ کمیت۔ مضبوط۔ موٹا تازہ۔ چست و چالاک۔ تندرست۔ بھلا چنگا۔
چاقو (ف/مذ) آلہ۔ چھوٹی سی چھری۔ قلم تراش۔
چاک (ف) تراشیدہ۔ کٹا ہوا۔ دریدہ (مذ) آستین یا دامن کا کھلا ہوا حصہ۔
چاک کرنا (ا) چیرنا۔ دریدہ کرنا۔ پھاڑنا۔ پرزے کرنا۔
چاک (ہ/مذ) کمہار کا چرخ جس پر وہ برتن بناتے ہیں۔ کنویں کی چرخی۔ مصری جمانے کا گول برتن۔ گڑ بنانے کا کچی مٹی کا گول برتن۔ کواڑ کی درز۔ کھلیان پر چھاپا لگانے کا آلہ۔
چاک کی طرح پھرنا (ا) چرخ کی طرح گردش کرنا۔ بہت پھرنا۔ گھومنا۔
چاک (انگریزی/مث) کھریا۔ کھریا مٹی۔
چاکر (ف/مذ) نوکر کا نوکر (مجازاً) نوکر۔ ملازم۔ خدمت گار۔
چاکری (ف/مث) ملازمت۔ نوکری۔ خدمت گاری۔
چاکسو (ہ/مذ) ایک دوا جو پیس کر آنکھوں میں ڈالی جاتی ہے۔
چاکی (ہ/مث) پٹا بازوں کی اصطلاح میں اس ضرب کو کہتے ہیں۔ جو حریف کے سر پر گتکا پھرا کر خالی جگہ مارتے ہیں۔ چکی۔ آسیا۔
چال (ہ/مث) رفتار۔ روش۔ طور طرز۔ چوسر یا شطرنج کے مہروں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا۔ دھوکا۔ فریب۔ عادت۔ سبھاؤ۔ گھوڑے کی رفتار۔
چال پڑنا۔ یا۔ پڑ جانا (ہ) دھوکا یا فریب کارگر ہو جانا۔ تدبیر بن پڑنا۔
چال چلن (ہ/مذ) عادت۔ سبھاؤ۔ طریقہ۔ روش۔ طرز۔ انداز۔
چال چلنا (ہ) فریب دینا۔ برتاؤ کرنا۔ پیش آنا۔ سلوک کرنا۔
چال دکھانا (ہ) قدم دکھانا۔ روانہ ہونا۔ چلنا۔
چال ڈھال (ہ/مث) طرز۔ طریقہ۔ روش۔ گفتار و کردار۔
چال سوجھنا (ا/محاورہ) تدبیر خیال میں آنا۔ کوئی منصوبہ خیال میں آنا۔
چال سے نہ چوکنا (ا/محاورہ) فریب کرنے سے باز نہ آنا۔
چالا (ہ/مذ) رخصت۔ روانگی۔ نئی دلہن کا سسرال سے پہلی دفعہ میکے میں جانا۔ مہورت۔ رجال الغیب کے حساب سے سفر کرنے کا اچھا دن۔
چالا دیکھنا (ہ) مہورت دیکھنا۔ نجوم کی رُو سے وقت سفر مقرر کرنا۔

چالاک (ف) پھرت باز - کام میں ہوشیار - جلدباز - تیز رفتار - مکار - فریبی - دھوکے باز - ذہین -

چالاکی کرنا (ل) بددیانتی کرنی - دھوکا دینا - فریب کرنا -

چالان (ہ/مذ) بھیجی ہوئی چیزوں کی فہرست - بیجک - ملزم کو سپاہیوں کے ہمراہ حاکم کے پاس بھیجنا - راہداری کا پروانہ - روانہ - ایک محکمہ سے دوسرے محکمہ کو روانگی -

چالیا (ہ) چال کرنے والا - فریبی - دھوکے باز -

چالیس (ہ) اسم عدد - چہل - ۴۰ - ۱ ۵ ۲ -

چالیس سیر (ہ/مذ) ایک من -

چالیس سیرا (ہ) پورا - ٹھیک چالیس سال کے یعنی ۱۹۴۰ء بکرمی کا قحط -

چالیس سیرا گاؤدت (ہ) نہایت بے وقوف - بالکل احمق -

چالیس سیری تول (ہ) پوری تول - من کا پورا وزن -

چالیس قدم ساتھ آنا (ار/محاورہ) کچھ دور تک ساتھ جانا - عموماً جنازہ کے ساتھ ایسا کرتے ہیں -

چالیسا (ہ/مذ) چالیس برس کی عمر کا - چالیس پہلوانوں کو پچھاڑنے والا جوان - ۱۹۴۰ء بکرمی کا قحط - چالیس دوائیوں کے ایک مشہور چورن کا نام بھی ہے -

چالیسواں (ہ) وہ شے جس پر چالیس کی گنتی ختم ہو - چہلم - مُردے کے سوا مہینے کی فاتحہ - منسوب بہ چالیس دن -

چالیسی (ار/مث) چالیس دن کا عرصہ جس میں کوئی پرہیز کیا جائے -

چالیش (ف) مشک کی چال - غرور کی چال -

چالیک (ف) گلی ڈنڈا - کھیل کا نام -

چام (ہ/مذ) چمڑا - کھال -

چام پیارا نہیں کام پیارا ہے (ہ/کہاوت) خوبصورتی کی نسبت کام کی زیادہ قدر ہے -

چامغ (ف) گہرا کنواں -

چام کے دام چلانا (ہ) نہایت جبر و زبردستی کرنا -

چانپ (ہ/مث) بندوق کا وہ حصہ جس کے ذریعہ سے کندہ اور نال باہم ملے ہوتے ہیں -

چانٹا (ہ/مذ) طمانچہ - تھپڑ - دھول -

چاند (ہ/مذ) ماہ - ماہتاب - مہ - قمر - ڈھال کی پھلی - مہینہ - جیسے صفر کا چاند ختم ہوگیا - مہینے کا آخیر دن - ہلال نما زیور کا نام بھی ہے - تاج - ملٹ - پیارا - خوبصورت - بیٹا - حیوانات کی پیشانی کا سفید ٹیکا - نشانہ - ہدف - چاندماری کا نشان (مث) چندیا - کلہ - کھوپری -

چاند پر خاک ڈالے نہیں پڑتی (ہ/مثل) اچھوں کو کلنک نہیں لگ سکتا - بھلے آدمی نہیں ہو سکتے -

چاند تارا (ہ/مذ) پھول دار ململ - ایک قسم کا کنکوا -

چاند چڑھنا (ہ) چاند کا بلند ہونا - طلوعِ ماہ کا ہونا - ہلال کی نمود ہونی - غرہ نظر آنا - ایامِ حیض کا مہینہ گزر جانا - حمل ٹھہرنا (طنزاً)

بڑی غلطی یا چوک ہو جانی -

چاند چڑھے کل عالم دیکھے (ہ/مثل) ظاہر بات تمام دنیا پر روشن ہو جاتی ہے -

چاندرات (ہ/مث) شب ماہ - نیا چاند نمودار ہونے کی رات -

چاند سا مکھڑا - چاند سی صورت (ل) چاند سا منہ - نہایت خوبصورت چہرہ -

چاند سورج (ہ/مذ) سونے یا چاندی کے ایک زیور کا نام ہے - جو سورج اور چاند کی شکل کا بنا کر عورتیں چوٹی میں لٹکا لیتی ہیں -

چاند کا ٹکڑا (ہ/مذ) مہ پارہ - نہایت جمیل و شکیل آدمی -

چاند کا کنڈل بیٹھنا } (ہ) چاند کا اپنے گرداگرد ہالہ بنانا - ماہ کا ہالہ نشین
چاند کا کنڈل مارنا } ہونا -

چاند کا کھیت کرنا (ہ) طلوعِ ماہ ہونا - چاند نکلنا - چاند اُبھرنا - چاند کی روشنی کا خوب نمایاں ہونا -

چاند کدھر سے نکلا (ار/کلمہ تعجب و مسرت) کوئی عزیز یا دوست اچانک آ جائے تو کہتے ہیں -

چاند کو گہن لگنا (ہ) خسوفِ ماہ ہونا - چاند اور سورج کے بیچ میں زمین کا آ جانا - حُسن کو عیب لگنا - بہت خوبیوں کے ساتھ کوئی عیب بھی ہونا - خوبصورت کا بدصورت سے پالا پڑنا -

چاند کھلانا (ار/محاورہ) مار کھانے کو جی چاہنا -

چاند گرہن - یا - چاند گہن (ہ/مذ) خسوف - چاند اور سورج کے درمیان جب زمین کا کرہ آ پڑتا ہے - تو چاند پر زمین کا سایہ آ جانے کے باعث چاند بالکل سیاہ ہو جاتا ہے - یہی گرہن ہے -

چاند گزرنا (ار/محاورہ) مہینہ ختم ہو جانا -

چاندماری (ہ/مث) نشانہ بازی - ہدف نشانہ - نشانہ کی مشق -

چاندنا (ہ/مذ) دن چڑھنا - روشنی کا نمایاں ہونا - اُجالا - پاکھ - رونق - زیبائش - سفید بازوؤں والا کبوتر -

چاندنا - یا - چانٹا ہو جانا (ہ) رونق ہو جانی - اُجالا ہونا - روشنی کا نمودار ہو جانا - گھر کا بالکل فٹ ہو جانا - دماغی چوٹ سے آنکھوں کے آگے تارے چھوٹنا - آنکھوں میں گم شدہ بینائی کا واپس آ جانا -

چاندنی (ہ/مث) چاند کی روشنی - ایک قسم کے سفید پھول کا نام - سفید فرش - دری کے اوپر بچھانے کی سفید چادر -

چاندنی آنا (ار/محاورہ) مہتاب کی روشنی کا کسی جگہ پہنچنا -

چاندنی چوک (ہ/مذ) دلی کے ایک مشہور بازار کا نام -

چاندنی چھٹکنا (ہ) چاند کی روشنی کا پھیلنا - چاندنی کھلنا -

چاندنی دیکھنا (ہ) چاندنی رات کی سیر کرنی - باغ یا دریا کی سیر کو چاندنی رات میں نکلنا -

چاندنی رات (ہ/مث) وہ رات جس میں تمام رات چاند کی روشنی رہے -

چاندنی مارنا - یا - مر جانا (ہ) چاندنی کا اثر ہونا - چاندنی کے اثر سے

تالو ہو جانے یا جھولا مارنے کو بھی کہتے ہیں - چاندنی کی مرطوب ہوا کے باعث آدمی یا گھوڑے وغیرہ کا زخم مندمل ہوتا ہے -

چاندی (ہ/مث) سیم - نقرہ - روپا زیور اور روپے وغیرہ بنانے کی دھات - مال و دولت - دھن دولت - نفع - فائدہ - گھر سے کامیابی -

چاندی خانہ (ف/مذ) امیروں کے گھروں میں سناروں کے زیور بنانے کی جگہ -

چاندی کا پھیرا (ہ/مذ) اقبال مندی کا زمانہ - دھن دولت کا زمانہ -

چاندی کا تار (ف/مذ) تحقیراً چاندی کا زیور -

چاندی کا جوتا - یا - جوتی مارنا (ہ) روپیہ کے زور سے کسی کو ساکت کر دینا -

چاندی کا ورق (ف/مذ) چاندی کا نہایت ہی باریک پترا جو اکثر کھانے کی چیزوں پر لگاتے ہیں -

چاندی کر دینا (ہ) تمباکو کا دم لگا کر اس کو بالکل راکھ کر دینا - سلفہ کو اس طرح کھینچنا کہ بالکل راکھ ہو جائے -

چاندی کی جوتی (ف/مث) کنایۃً رشوت -

چاندی ہونا (ہ) جل کر راکھ ہو جانا - کامیابی ہونی - گھر سے ہونا -

چانس (انگ/مذ) موقع - امکان - اتفاق - احتمال - باری -

چانسلر (انگریزی/مذ) یونیورسٹی کا اعلیٰ عہدہ دار -

چانکنا (ہ/مص) مہر لگانا - ٹھپا لگانا -

چانگ (ہ/مذ) چاک چھاپ - اناج پر ٹھپا لگانے کی لکڑی - جھاڑ پھونک کا حلقہ کھینچنا - جو درد کے چاروں طرف ہوتا ہے -

چانگلا (ہ) توانا - طاقتور - ہوشیار - چالاک - خوش حال گھوڑے کے ایک رنگ کا نام بھی ہے -

چانول - یا - چاول (ہ/مذ) کسی چھلکے دار تخم کا مغز - برنج جو ایک قسم کا غلہ ہوتا ہے - گری - مغز - جیسے کنگنی کے چاول - رتی کا آٹھواں حصہ -

چاؤ (ہ/مذ) دعوتیں لاڈ - پیار - محبت - الفت - خوشی - شوق - تمنا - آرزو - ناز و نخرہ -

چاؤش (ف/مذ) نقیب - چوب دار -

چاؤ چوچلا (ہ/مذ) لاڈ - پیار - ناز و نخرہ -

چاؤ نکالنا (ہ) ولولہ پورا کرنا - حسرت پوری کرنی - ارمان نکالنا -

چاؤں چاؤں (ف/مث) بے فائدہ شور - چائیں چائیں - چاں چاں -

چاؤں چاؤں کر کے پیچھے پڑنا (ہ) شور و غل مچا کر درپے ہو جانا -

چاہ (ف/مذ) کنواں - گڑھا - غار - جیسے چاہ غبغب -

چاہ بابل (ف/مذ) شہر بابل کا کنواں جس میں ہاروت و ماروت دو فرشتے قید ہیں -

چاہ رستم (ف/مذ) وہ کنواں جس میں رستم کو اس کے بھائی شغاد نے مکر و فریب سے گرا کر قتل کر دیا -

چاہ ذقن - یا - چاہ زنخدان (ف/مث) ٹھوڑی کا گڑھا -

چاہ کن را چاہ در پیش (ف/ مثل) ستانے والا خود بھی ستایا جاتا ہے جیسا کرو گے ویسا بھرو گے -

چاہ یوسف - یا - چاہ کنعان (ف/مذ) وہ کنواں جس میں حضرت یوسف علیہ السلام کو ان کے بھائیوں نے گرایا تھا -

چاہ (ہ/مث) شوق - محبت - آرزو - خواہش - تمنا - ضرورت - طلب - دوستی - عشق - پیار - الفت -

چاہ پیار (ہ/مذ) محبت کا میل جول -

چاہت کی نوکری کیجیے اُن چاہت کا نام نہ لیجیے (ہ/مثل) قدر دان کی خدمت کرو اور بے قدروں کے پاس بھی نہ پھٹکو -

چاہنا (ہ) خواہش کرنی - مانگنا - درخواست کرنی - پیار کرنا - الفت کرنی - دوستی کا طالب ہونا - قبول کرنا - پسند کرنا - مائل ہونا - رغبت کرنی -

چاہنا (ہ/مث) حاصل مصدر کے معنی میں ہے - خواہش - طلب - ضرورت جیسے ہمیں اس کی چاہنا نہیں ہے -

چاہو - یا - چاہے (ہ) حرفِ تردید - خواہ - خواہی - جیسا مرضی میں آئے -

چاہی (ف/مث) وہ زمین جس کی آبپاشی کنوئیں سے ہوتی ہو -

چاہیتا (ہ/مذ) لاڈلا - دل پسند - پیارا - محبوب -

چاہیتی (ہ/مث) لاڈلی - پیاری - محبوب -

چاہنے لگنا (ہ/محاورہ) محبت کرنے لگنا -

چاہنے والا (ہ/صفت) محبت کرنے والا -

چاہیے (ہ) باید شاید - مطلوب ہے - واجب ہے - لازم ہے -

چاہے سو ہو (ہ/متعلق فعل) کچھ بھی ہو - جو ہو سو ہو -

چائے (ف/مث) ایک قسم کے درخت کے پتے جنہیں قہوے کی طرح اُبال کر پیتے ہیں -

چائے پانی (ہ/مذ) ہلکی ضیافت - صبح کے وقت کی انگریزوں کی دعوت -

چائیں چائیں (ہ/مث) بے ہودہ شور و غل - چڑیوں کی آواز - کائیں کائیں - بکواس -

چ - ب

چبا چبا کر باتیں کرنا (ہ) دانستہ طنز آمیز باتیں کرنا - طعنے مہنے دینا - تکلف کی باتیں کرنا -

چبا ڈالنا (ہ/محاورہ) کاٹ کھانا - دانتوں سے زخمی کر دینا -

چبانا (ہ) دانتوں سے کسی چیز کو پیسنا - چگالنا - دانتوں سے کچلنا -

چبانا (ہ) چبھونا - کسی نوک دار چیز کو جسم میں گڑھونا -

چبڑ چبڑ (ہ/مث) کتے کے پانی یا دودھ چاٹنے کی آواز - بک بک -

چبک (ہ/مث) درد - پیڑ - ہول -
چبکا ٹیس -

چپکنا (ہ) ہُوکیں اٹھنی ٹیسیں مارنی - زخم میں درد سخت ہونا۔
چپلا (ہ) چھچھورا - مسخرا - کم عقل - بُلّا - بے لیاقت -
چپلا پن (ہ/مث) سفلہ پن - چھچھورا پن - بچوں کی سی طبیع - مسخرا پن -
چُبنا - یا - چُبھنا (ہ) گڑنا - کسی نوک دار چیز کا جسم میں گڑ جانا - کھٹکنا - دل پر اثر کرنا - دل کو لگنا - ناگوار گزرنا -
چُبنی ہڈی (ہ/مث) چبانے کے قابل ہڈی - کرکری ہڈی - بُھربُھری اور پتلی ہڈی -
چُبھونا - یا - چُبونا (ہ) دیکھو چبانا -
چبوترا (ہ/مذ) چونترا - اونچی جگہ خواہ مستطیل ہو یا مربع - بڑا تھانہ - کوتوالی -
چبوڑ (ہ/مث) جُھکت - بے ہودہ گوئی - فضول بات - بکواس -
چبوڑا (ہ/مذ) جُھکی - بے ہودہ گو - بکواسی -
چبینا (ہ/مذ) چبانے کے قابل غلہ - بھنا ہوا اناج -

چ - پ

چپ (ہ/مث) ہٹ - اصرار - ضد - شرم - جھجک - ندامت -
چَپ (ف) بائیں طرف - اُلٹے ہاتھ کی طرف - بایاں - اُلٹا - دو رنگا - (مذ) بایاں ہاتھ - اُلٹا ہاتھ - کھبا ہاتھ -
چپ وراست (ف/مذ) دائیں بائیں - اِدھر اُدھر -
چُپ (ہ/مث) خاموشی - سکوت - مُنہ سے نہ بولنا - بہت کم بولنا - خاموش - گم صم - گُونگ - مُنہ سے نہ بولنے والا -
چُپ آدمی اور بندھے پانی سے ڈرنا چاہیے (ار/مثل) آدمی کی خاموشی اور بند پانی دونوں خطرناک ہیں -
چُپ آدھی مرضی (ار/مثل) کوئی جواب میں خاموش رہے تو سمجھتے ہیں کہ وہ مان گیا ہے -
چُپ باندھنا (ار/محاورہ) خاموش ہو رہنا - نہ بولنا - جواب نہ بن پڑنا - بول نہ سکنا -
چُپ چاپ - یا - چُپ چپاتے (ا) آہستہ سے - خاموشی سے - چپکے چپکے - خفیہ - پوشیدہ طور سے -
چُپ چُپ - یا - گپ چُپ (ہ) کم گو خاموش - دم بستہ (بصورت تاکید فعل) خاموش رہ - مت بولو -
چُپ سادھنا } (ہ) خاموشی اختیار کرنی - کم گو ہو جانا - ساکت ہونا -
چُپ باندھنا } دم بخود ہونا -
چُپ کرنا (ہ) بولنے سے روکنا - خاموش کرنا (پنجابی) چپ ہونا -
چُپ کی داد خدا دیتا ہے (ار/مثل) صبر کا اجر خدا سے مل جاتا ہے -
چُپ لگانا (ہ) سکوت اختیار کرنا - ساکت رہنا - بُت بنانا - دم بستہ کر دینا - دم بخود کر دینا -

چُپ ہونا (ہ) خاموش ہونا - جواب نہ بن پڑنا - بول نہ سکنا -
چپا (ہ/مذ) چار انگل جتنا ناپ - چار انگل جگہ - ذرا سی جگہ - چپہ - بالشت -
چپا بھر (ہ) بہت تھوڑی سی جگہ -
چپا چپا (ہ) ذرا ذرا جگہ - گلی گلی - کوچہ کوچہ - ادنیٰ سے ادنیٰ جگہ -
چپاتی (ہ/مث) نہایت پتلی روٹی جو طمانچہ کے زور سے بڑھائی جاتی اور توے پر پکائی جاتی ہے -
چپاتی سا پیٹ (ہ/مذ) کمر سے لگا ہوا اور پتلا پیٹ -
چپانا (ہ) شرمندہ کرنا - نادم کرنا - شرمانا - شرم دلانا -
چپت (ہ/مذ) دھول - چانٹا - تھپڑ جو سر پر مارا جائے -
چپت دھرنا - لگانا - مارنا (ہ) تھپڑ مارنا - چانٹا لگانا -
چپٹا (ہ) چوڑا چکلا - پہن - بیٹھے ہوئے ہونے کا -
چپچپانا (ہ) لیس دار ہونا - چپکنا - چیپ دار ہونا -
چپچپاہٹ (ہ/مث) چیپ - لیس - چپک -
چپر (ہ) انکار کرنے والا - مکر جانے والا - زبردستی سے - خواہ مخواہ - دھینگا دھینگی سے - جیسے دیکھا بھالا تو بچی - چپر اسیتد ہوئے - چپر لینا - (ہ) جھوٹا کر دینا -
چپراسی (ف/مذ) چپراس والا - سپاہی - قاصد - ہرکارہ -
چپرانا (ہ) جھٹلانا - جھوٹا بنانا - جھوٹا کرنا -
چپرنا (ہ) ضد کرنی - کہیں جا کر نہ آنے کی ہٹ کرنا - خفیہ ہونا - پوشیدہ ہونا - چلے جانا -
چپڑا (ہ/مث) صاف شدہ لاکھ - لک مغسول - عمدہ دھوئی سنواری لاکھ -
چپڑ (ہ) بل کی بیماری والا - چندھا -
چپڑ چپڑ (ہ/مث) کتے کے پانی وغیرہ پینے کی آواز -
چپڑ خنڈی (ف/مث) آوارہ گرد بازاری عورت - کمینی عورت -
چپڑ غنو (ف) بدمعاش - اسیر بلا - گرفتار آفت - غلط پٹ - گتھم گتھا -
چپڑ قناتیہ (ف) کمینہ - سفلہ - آوارہ گرد - بے ہودہ - عاشق بے زر - مُفت خورہ - کنگال -
چپڑنا (ہ) گھی لگانا - چرب کرنا - چکنا کرنا - روغن کرنا - پالش کرنا - عیب چھپانا - عیب پوشی - خوشامد کرنا -
چپڑی (ہ/مث) گھی لگائی ہوئی روٹی - مُرغن روٹی -
چپڑی اور دو دو (ہ/محاورہ) عمدہ چیز بھی اور زیادہ بھی - کامیابی اور پھر عمدگی کے ساتھ -
چپڑی بات (ار/مث) خوشامد کی بات - میٹھی بات - دل پسند بات -
چپقلش (ف/مث) جھگڑا - لڑائی - بکھیڑا - تکرار - راڑ - ٹنٹا - بک بک - جگہ کی تنگی - بھیڑ بھاڑ - ہجوم - انبوہ -
چپکا (ہ) خاموش - ساکت - مکار - فریبی -

چپکانا (ہ) چسپاں کرنا - چمٹانا - لئی وغیرہ سے جوڑنا - تعلق پیدا کرنا - نوکری پر لگانا -

چپکن (ہ/مث) بالا برکا انگرکھا - خدمت گاروں کا ساکرتہ - ایک قسم کی قبا کا نام -

چپکنا (ہ) چسپاں ہونا - چمٹنا - جڑنا - نوکر ہونا - اُلجھنا - پھنسنا - آنکھ لگنا -

چپکی (ہ/مث) سکوت - خاموشی - گھنّی -

چپکی سادھنا (ہ) خاموشی اختیار کرنا - گھنّی سادھنا -

چپکی لگ جانا (ار/محاورہ) خاموشی طاری ہونا - چُپ ہو جانا -

چپنا (ہ) جھینپنا - شرمندہ ہونا - خجل ہونا - چُپ ہونا - خاموش ہونا -

چپنی (ہ/مث) ہانڈی کا مٹی کا ڈھکنا - رِگل سرپوش - ڈھکن - گھٹنے کی ہڈی -

چپنی بھر پانی میں ڈوب مرنا (ہ) نہایت ہی شرمندہ ہونا - غیرت اور شرم دلانے کے موقع پر بولتے ہیں -

چپّو (ہ/مذ) کشتی کھینے کا ڈانڈا -

چپّو چلانا (ار/محاورہ) کشتی کھینا -

چپوٹا (ہ/مذ) دھپ - چانٹا - تھپڑ - تمانچا -

چپّی (ہ/مث) آہستہ آہستہ ہاتھ پاؤں دبانا - مالش اعضاء -

چپّی کرنا (ہ) ہاتھ پاؤں دبانا - مالش کرنا -

چپّے جتنی کوٹھڑی میاں محلّے دار (ار/مثل) تھوڑی پونجی پر اترانے - کم ظرف کی کم ظرفی کے اظہار کے موقع پر بولتے ہیں -

چپیڑ (ہ/مث) ہاتھ کی ضرب - تھپڑ - دھول - دھکا - بلائے ناگہانی - ناگہانی آفت - نقصان - خسارہ - ٹوٹا -

چپیکنا (ہ) چمٹانا - چپکانا - سر منڈھنا - ذمّہ لگانا - نوکر کرانا -

چ - ت

چت (ہ) پیٹھ کے بل - پٹ کی ضد - سینے کے رُخ - کشتی کا ایک کرتب -

چتر آبگول (ف) آسمان -

چتر سیمیں (ف) چاند چودھویں رات کا -

چتر نور (ف) سورج -

چتوک (ف) چڑیا -

چت گرانا (ہ) پچھاڑنا - پیٹھ کے بل گرانا - شکست دینا - ہرانا -

چت لیٹنا (ہ) پیٹھ کے بل پڑنا -

چت ہونا (ہ) ہارنا - شکست کھانا - بچھڑنا - پُشت کے بل لیٹ جانا - مرنا - جان سے جانا - نشے میں بے ہوش ہونا -

چت (ہ/مث) نظر - چتون - نگاہ - توجہ - عقل - سمجھ - سُرت - ہوش - گیان - تمیز - شعور - یاد - یادداشت (مذ) حافظہ - دل - من - جی - ہردہ - ہیا -

چت بھنگ ہونا (ہ) اوسان خطا ہونا - عقل گُم ہو جانا - گھبرا جانا - مضطرب ہو جانا -

چت پر چڑھنا / چت چڑھنا (ہ) دھیان پر چڑھ جانا - ہر دم خیال میں رہنا - دل میں سما جانا - فریفتہ ہونا - بھا جانا -

چت چور (ہ/مذ) دل چُرا لینے والا - دلربا - من موہن -

چت دھرنا (ہ) دھیان کرنا - توجہ کرنا - خیال کرنا -

چت سے اترنا (ہ) توجہ نہ رہنا - خیال سے نکل جانا - حقیر ہونا - دل سے گر جانا -

چت کرنا (ار/محاورہ) پچھاڑنا - پیٹھ کے بل گرا دینا - بازی لینا -

چت لگانا (ہ/محاورہ) کسی کام میں دل لگانا - متوجہ ہونا - محبت کرنا -

چت لگن (ہ/صف) خوش کُن - دلفریب -

چت لیٹنا (ار/محاورہ) پیٹھ کے بل لیٹنا -

چت میں بیٹھنا (ہ) گھٹ میں سمانا - نظروں میں جم جانا - دل میں ہر دم خیال رہنا - خاطر میں سمانا -

چتا (ہ/مث) مُردہ لاش کو جلانے کے لیے لاش کے چاروں طرف چُنا ہوا لکڑیوں کا ڈھیر -

چتا پنڈ (ہ/مذ) چاول اور دودھ کا پنڈ جو تیسرے روز دریا میں بہاتے ہیں جسے توشۂ آخرت خیال کرتے ہیں - ہر ارتھی کے ساتھ جَو کے آٹے کے غُلولے جو دریا بُرد کیے جاتے ہیں -

چتا چننا (ہ) مُردے کو جلانے کے لیے لکڑیوں کا ڈھیر لگانا -

چتا میں بیٹھنا (ہ) ستی ہونے کے لیے مُردہ لاش کے ساتھ عورت کا بیٹھنا -

چتانا (ہ) یاد دلانا - ہوشیار کرنا - اشارہ کرنا - عبرت دلانا -

چتر (ہ/مذ) بڑی چھتری - چھاتا - (چھتر یہ لفظ چھتر سے مفرس ہے)

چتر (ل) دانا - ہوشیار - لائق - چالاک - چاتر -

چترائی (ہ/مث) دانائی - ہوشیاری - چالاکی - عیاری -

چتکبرا / چتلا (ہ) ابلق - چتلا - داغ دار - سفید اور سیاہ رنگ کا - یا سرخ اور سیاہ - یا سرخ اور سفید رنگ کا -

چتون چڑھانا (ہ/مث) غضب آلود نظر سے دیکھنا - تیوری چڑھانا -

چتھا (ہ/مذ) زخمی اور شکست خوردہ بٹیر جس کو حریف نے مجروح کر دیا ہو -

چتھاڑنا (ہ) چیرنا پھاڑنا - پارہ پارہ کرنا - دھجی دھجی اڑانا - ذلیل کرنا - رُسوا کر دینا -

چیتھڑا - یا - چتھڑا (ہ/مذ) دھجی - پرزہ - پرانے کپڑے کا ٹکڑا -

چیتھڑے لگانا (ہ) پرانے پھٹے کپڑے پہنے پھرنا - گودڑ پہننا - فقیر بنے پھرنا -

چٹھل (ہ) مخولیا - ٹھٹھے باز - ظریف - خوش طبع مسخرا۔
چٹھل بازی (ہ/مث) ظرافت - خوش طبعی - تمسخر۔
چتی (ہ/مث) دھبہ - داغ - بُند کی پکنے کا نشان۔
چتی پڑنا (ہ) روٹی کا پختہ ہونا پکنے کا نشان ظاہر ہونا - روٹی پکنا۔
چتی دار (ہ) داغ دار۔

چ - ٹ

چٹ (ہ) اسی وقت - فوراً - فی الفور - تُرت۔
چٹ پٹ (ہ) بہت جلد - فی الفور - تُرت - اسی وقت۔
چٹ پٹ ہونا (ہ) فوراً مرجانا - دفعتہً مرنا۔
چٹ پٹ ہونا (ہ) انگلیوں کے یا اسپند کے جلنے کی آواز۔
چٹ چٹ بلائیں لینا (ہ) فرطِ اُلفت سے اس طرح بلا گرداں ہونا کہ انگلیوں کی آواز متواتر نکلے۔
چٹ چٹ چوڑیاں ٹوٹنا (ہ) مسلسل اور پے در پے چوڑیوں کا ٹوٹنا۔
چٹ روٹی پٹ دال (ہ/مثل) ہر کام فوراً تیار سب سے مہیا۔
چٹ منگنی پٹ بیاہ (ہ/مثل) منگنی اور بیاہ دونوں کا دفعتہً ہوجانا۔ ارادہ کے ساتھ ہی کام کا نتیجہ ظاہر ہوجانا۔
چٹ (ہ/مث) کاغذ یا کپڑے کی دھجی - کاغذ کا پرچہ - کاغذ کی پرچی جو دوا کی شیشیوں یا کتابوں کی پشت پر لگا دیتے ہیں۔
چٹا (ہ/مذ) اُجلا - سفید - برف جیسا - سکہ چاندی کا روپیہ۔
چٹا (ہ/مذ) الزام - تہمت - بہتان - ڈنڈ - خواہ مخواہ کا بہتان۔
چٹا (ہ/مذ) چیلا - گرو کا شاگرد - پاٹ شالا کا طالب علم۔
چٹا بٹا (ہ/مذ) بچوں کا ایک کھلونا جو لکڑی کی چھوٹی چھوٹی گولیوں سے بنا ہوتا ہے اور ہلانے سے آواز دیتا ہے۔
چٹاپٹی (ہ/مث) تڑ تڑا پھرتی - مارا مار - موت پر موت - عام وبا۔
چٹاپٹی پڑنا (ہ/محاورہ) کثرت سے موتیں واقع ہونا۔
چٹاپٹی کی گوٹ (ہ/مث) مختلف رنگوں کا حاشیہ یا گوٹ۔
چٹاپٹ (ہ/مث) پے در پے انگلیوں کے چٹخنے کی آواز۔
چٹاخ - یا - چٹاک (ہ/مث) لکڑی کے ٹوٹنے یا انگلیوں کے چٹخنے کی آواز (تابع فعل) فی الفور - اسی وقت۔
چٹاخا - یا - چٹاکا (ہ/مث) نرم لکڑی کے ٹوٹنے کی آواز یا بلائیں لینے کی آواز - شدت - کثرت - جیسے چٹاخے کی پیاس۔
چٹاگنگ - آسام کی بندرگاہ - چاول - لکڑی اور چائے یہاں سے باہر کو جاتی ہے۔

چٹان (ہ/مث) بڑا اور چوڑا پتھر - پتھر کی بڑی سی سل - پتھریلی زمین۔
چٹانا (ہ) چاٹنا کا متعدی - شربت یا شہد وغیرہ ذرا ذرا کرکے کھلانا۔ رشوت دینا۔
چٹائی (ہ/مث) گھاس یا کھجور کے پتوں کا بنا ہوا فرش - بوریا - حصیر۔
چٹخارا / چٹکارا (ہ/مذ) کسی خوش ذائقہ چیز کا مزا لینے سے جو آواز زبان اور تالو کے ملنے سے نکلتی ہے (مجازاً) مزا - تکلف۔
چٹخارے بھرنا (ہ) خوب مزے لینا - ہونٹ چاٹنا - کسی مزے دار چیز کا مزہ لینا۔
چٹخارے کا (ہ/صفت) چٹپٹا - تیز نمک مرچ کا۔
چٹخانا - یا - چٹکانا (ہ) انگلیوں یا کسی اور چیز کی آواز نکالنا۔ اُچٹانا - الگ کرنا - چھوڑنا - ترک کرنا - جیسے اس نے ملازمت چٹخا دی۔
چٹخنا - یا - چٹکنا (ہ) آگ پر کسی چیز کا گر کر آواز دینا جیسے ہرِل چٹخ گئی - خفا ہونا - بگڑنا - چل دینا - کڑکنا - کلی کا کھلنا۔
چٹخنا لگانا - یا - چٹکانا (ہ) چانٹا لگانا - ڈھول بجانا - تھپڑ مارنا۔
چٹک (ہ/مث) کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز - جلدی - تیزی - بھڑک - آرائش - سجاوٹ - چمک دمک۔
چٹک جانا (ہ) ٹوٹ جانا - تڑخ جانا۔
چٹک مٹک (ہ/مث) شان و شوکت - آرائش و زیبائش - غرور - نخوت - نخرہ۔
چٹک مٹک سے بیٹھنا (ہ) ناز و نخرے سے بیٹھنا - بن سنور کے بیٹھنا۔
چٹک مٹک کر چلنا (ہ) اکڑ کر نزاکت سے چلنا - اترا کر چلنا۔
چٹکا (ہ/مذ) چسکا - زبان کا مزہ - چاٹ - چٹخارا۔
چٹکار (ہ/مذ) بڑی چھپکلی - لپ بھر آٹا۔
چٹکاری بھرنا (ہ/محاورہ) زبان کا مزہ - مزے سے چٹ چٹ کرنا۔
چٹ کر جانا (ہ) نگل جانا - کھا جانا - اڑانا - برباد کر دینا - تباہ کر دینا۔
چٹ کرنا (ہ) کھا نگلنا - اڑانا۔
چٹکلا (ہ/مذ) دلچسپ فقرہ - لطیفہ - مزے دار بات - ذرا سی پُر تاثیر دوا - عجیب چیز - نادر شے - پُر لطف بات۔
چٹکلا چھوڑنا (ہ) شگوفہ چھوڑنا - نئی بات بیان کرنا - طلسم دکھانا۔
چٹکلا سا (ہ) نہایت دل پسند - بہت دلچسپ - دلآویز۔
چٹکنا (ہ) پھول یا ساگ وغیرہ کو اوپر اوپر سے توڑنا - چٹکی بھرنا - سانپ کا کاٹنا - ڈسنا۔
چٹکنی (ہ/مث) دروازہ روکنے کی چیز - پرند پکڑنے کی کل جو پنجرے میں لگاتے ہیں۔

چٹکی (ہ/مث) دو انگلیوں میں پکڑ کر گوشت کو مسلنا - مٹھی بھر چیز - چکٹا - بندوق کے پیالے کا سرپوش - کنگرے دار بنایا ہوا گوٹا - پلکا - گوکھرو وغیرہ - پاؤں کی انگلیوں میں پہننے کا ایک زیور - کپڑا چھاپنے کا طریقہ - انگوٹھے اور بیچ کی انگلی ملا کر بجانے کی آواز -

چٹکی بجاتے میں (ہ) فوراً - ذرا سی دیر میں - پلک مارنے میں - آن کی آن میں -

چٹکی بجانا (ہ) انگوٹھے کو بیچ کی انگلی سے ملا کر بجانا - جمائی آتے وقت منہ کے آگے چٹکیاں بجانی ایک رسم ہے -

چٹکی بھر (ا/ متعلق فعل) اس قدر جو چٹکی میں سما جائے -

چٹکی پر اڑا دینا (ا/ محاورہ) دھوکا دینا - جُل دینا -

چٹکی بھرنا (ہ) دو انگلیوں میں پکڑ کر گوشت کو مسلنا - آٹا یا ذرا سا سفوف دو انگلیوں میں اُٹھانا - چبھتی ہوئی بات کہنا -

چٹکی توڑنا (ا/ محاورہ) چٹکی بھرنا -

چٹکی لگانا (ہ/ روپیہ پرکھنا ریزاز) کا کپڑے کو انگلیوں سے پھاڑنا - بدمعاشی سے جیب کترنا - پتے کا پیالہ سا بنانا - پتے کو موڑ کر اس میں بندش لگانا -

چٹکی لینا (ہ) چٹکی بھرنا - تکلیف پہنچانا - چٹکی کے اشارہ سے کسی بات کو منع کرنا - روکنا -

چٹکیوں میں اڑانا (ہ) باتوں باتوں میں ذلیل کرنا - ہنسی میں اُڑانا - ٹھٹھے میں اُڑانا - خاطر میں نہ لانا - ناپسند کرنا -

چٹکیوں میں کام کرنا (ہ) کسی کام کو بہت ہی جلدی کرنا - آناً فاناً کر لینا -

چٹکیلا (ہ/ صف) بھڑک دار - شوخ رنگ - مزے دار - خوش ذائقہ - چٹ پٹا - مسالے والا -

چٹکیلی دھوپ (ہ/ مث) چلچلاتی دھوپ - تیز اور گرم دھوپ -

چٹنی (ہ/ مث) لعوق - چاٹنے کی چیز - وہ جس میں سبز دھنیا - نمک مرچ اور کوئی ترش چیز بسر کہ وغیرہ ملا کر پیس لیتے ہیں -

چٹنی کرنا - یا - کر ڈالنا (ہ) بری طرح پیس ڈالنا - مار ڈالنا - چٹ پٹ کھا جانا - چٹنی کی طرح چاٹ لینا -

چٹوانا (ہ) چاٹنے کا متعدی - دھار بندھوانا - تلوار وغیرہ کی باڑھ رکھوانا - سان پر دھروانا -

چٹورا (ہ) چٹو - وہ آدمی جسے زبان کا سواد ہو -

چٹوراپن - یا - چٹورپن (ہ/ مذ) چٹوروں کی سی عادت - زبان کا مزہ -

چٹورا (ہ/ مذ) (لو او) معروف) چاٹی سے اسم مکبر ہے - غلہ وغیرہ بھرنے کا کچی مٹی کا بنا ہوا مٹکا - (مجازاً) بڑی چاٹی -

چٹوری زبان دولت کا زیان (ا/ مثل) چٹورا آدمی کبھی امیر نہیں ہو سکتا -

چٹھا (ہ/ مذ) خون کے جوش کا داغ جو بدن پر پڑ جاتا ہے - چکتا بھی کہتے ہیں -

چٹھا پڑنا (ہ) جلد پر خون کی خرابی سے سیاہ یا سُرخ داغ پڑنا -

چٹھا (ہ/ مذ) بل - قبض الوصول - تنخواہ کی کتاب - چندے یا روزنامچے کی کتاب - حساب جمع و خرچ - لین دین کی کتاب - مقسوم - وہ روپیہ جو ماہ بماہ کسی کام کی اُجرت یا تنخواہ میں دیا جائے -

چٹھا بانٹنا (ہ) مزدوری - تنخواہ یا اُجرت وغیرہ تقسیم کرنا -

چٹھا باندھنا (ہ) بل تیار کرنا - فہرست تیار کرنا - قبض الوصول بنانا - لین دین کے حساب کی فرد تیار کرنا - موجودہ اسباب کی فرد بنانا -

چٹھا بٹنا (ہ) تنخواہ یا اُجرت تقسیم ہونا -

چٹھا تیار کرنا (ا/ محاورہ) سزا کی مسل تیار کرنا -

چٹھی (ہ/ مث) خط - رقعہ - مراسلہ - پرزی - پاتی - یادداشت کی چٹ - ہنڈوی - چک - سند - سارٹیفکیٹ - نیک نامی اور کارگزاری کی سند -

چٹھی پڑنا - یا - ڈلنا (ہ) کسی چیز پر قرعہ اندازی ہونا -

چٹھی ڈالنا (ا/ محاورہ) قرعہ ڈالنا - لاٹری دینا -

چٹھی رساں (ف/ مذ) خط بانٹنے والا ڈاکیا - ہرکارہ - پیک -

چٹھی کرنا (ہ) کسی کے نام پر ہنڈوی لکھنا - ہنڈوی کرنا -

چٹھی نویس (ف/ مذ) خط لکھنے والا - کسی چیز کے منگانے کی چٹھی کرنے والا - (مث) وہ لکھنے والی جو امیروں کے ہاں نوکر ہوتی ہے -

چٹھے مٹھے (ا/ مذ) عمدہ لذیذ کھانے اور مٹھائیاں -

چٹی (ہ/ مث) تاوان - جرمانہ - ڈنڈ - نقصان - خسارہ - ٹوٹا - خرچ - صرف - اُٹھاؤ -

چٹی بھرنا / **چٹی دھرنا** (ہ) جرمانہ ادا کرنا - تاوان دینا - ڈنڈ بھرنا - ڈنڈ ڈالنا - تاوان بھرنا -

چٹی (ہ/ مث) لال کی مادہ - نریا - گوری - دھولی - اُجلی - سفید - صحیح لفظ چیتی ہے -

چٹیا (ہ/ مث) چوٹی کی تصغیر ہے - وہ بالوں کی چندیا جو ہندو عام طور پر سب اور مسلمان جاہل منت کے طور پر رکھ لیتے ہیں -

چٹیایا ہوا (ہ) زخمی - زخم رسیدہ - مجروح - گھائل -

چٹے بٹے (ہ/ مذ) چھوٹے بچوں کے کھلونے - مداریوں کے تماشا دکھانے کے چھوٹے چھوٹے گولے اور گولیاں -

چٹے بٹے لڑانا (ہ) لڑائی جھگڑا کرنا - شعبدہ بازی دکھانا -

چٹیل (ہ) صاف - کفِ دست - میدان - وہ میدان جس میں کوئی درخت وغیرہ نہ ہو -

چٹیل میدان (ف/ مذ) صاف میدان - بے درخت میدان - بیابان -

چٹیل / **چٹیلا** (ہ) زخمی - زخم رسیدہ - مجروح - گھائل -

چٹیلنا (ہ) زخمی کرنا - کاٹنا - ڈسنا - گھائل کرنا - مجروح کرنا - کچلنا -

چ ۔ چ

چچا (ہ/مذ) عمّو ۔ چاچا ۔ باپ کا چھوٹا بھائی ۔
چچا بناکے چھوڑنا (ہ) اچھی طرح قرار واقعی سزا دے کے چھوڑنا ۔ خوب بدلا لے کے اور دُرست بنا کے چھوڑنا ۔
چچا بنانا (ہ) دُرست کرنا ۔ ٹھیک بنانا ۔ پوری سزا دینا ۔
چچا بننا (ا/ محاورہ) سزا ملنا ۔ ٹھیک ہونا ۔ مار کھانا ۔
چچا چور بھتیجا قاضی (ا/ مثل) گھر کا ہی معاملہ ۔
چچا زاد بھائی (ہ/مذ) چچا کا بیٹا بھائی ۔ چچیرا بھائی ۔
چچا زاد بہن (ا/ ف/ مث) چچیری ۔ چچا کی بیٹی ۔
چچڑا (ہ/مذ) بڑا پستان ۔ بڑا تھن ۔
چچڑی (ہ/مث) ایک قسم کا خون پینے والا کیڑا جو اکثر گائے بھینس وغیرہ کے جسم پر چمٹا رہتا ہے ۔
چچڑی ہو کر چمٹنا (ہ) اَسر ہونا ۔ پیچھا نہ چھوڑنا ۔
چچوڑنا (ہ) چوسنا ۔ بچے کا چھاتیوں کو چوسنا ۔
چچی (ہ/مث) چچا کی بیوی ۔ زوجۂ عم ۔
چچیا ساس (ہ/مث) بیوی کی چچی ۔ خاوند کے چچا کی بیوی ۔
چچیرا (ہ/مذ) چچا کا بیٹا ۔ چچا زاد ۔ عموزاد ۔
چچینڈا (ہ/مذ) ککڑی کی طرح کی ایک سبز ترکاری کا نام ہے ۔

چ ۔ خ

چخ (ف/مث) جھگڑا ۔ راڑ ۔ ٹنٹا ۔ تکرار ۔ بحث ۔ بکواس ۔ شور و غل ۔
چخ چخ (ا) بکواس ۔ بک بک ۔ جھک جھک ۔ لفظی تکرار ۔
چخے (ا) کلمۂ نفرین ۔ چل دُور ہو ۔ پرے ہٹ ۔ مُنہ نہ دکھا ۔ دفع دفان ۔
چخیا (ہ/مذ) بکواسی ۔ جھکی ۔ جُھجتی ۔ تکراری ۔
چخیدان (ف) لڑائی کی خواہش کرنا ۔ تیز تیز سانس لینا ۔

چ ۔ د

چدر (ہ/مث) چادر کا مخفف ہے ۔
چدریا (ہ/مث) چادر کی تصغیر بالحقارت ہے ۔

چ ۔ ڈ

چڈا (ہ/مذ) ران کی جڑ ۔ جانگھ کی جڑ ۔ مسخرہ آدمی ۔ بھڑوا ۔
چڈھی (ہ/مث) پیٹھ کی سواری ۔
چڈھی توڑنا (ہ) پیٹھ کی سواری لینی ۔ پُشت پر چڑھنا ۔
چڈھی چڑھانا (ہ) پیٹھ پر سواری دینا ۔
چڈھی چڑھنا (ہ) پیٹھ پر سوار ہونا ۔
چڈھی دینا (ہ) پیٹھ کی سواری دینا ۔ اغلام کرانا ۔ لواطت کرانا ۔

چ ۔ ر

چر (ہ/مث) کسی چیز کے پھٹنے کی آواز ۔ چھر ۔
چُر (ہ/مث) سوکھے پتوں وغیرہ کے مڑنے اور ٹوٹنے وغیرہ کی آواز ۔
چراغ (ف/مذ) دیا ۔ دیپک ۔ لیمپ ۔ شمع ۔ وہ برتن جس میں تیل بتی ڈال کر جلائیں ۔ بیٹا ۔ لعل ۔ فرزند ۔ لڑکا ۔ رونق ۔ روشنی ۔ چاندنا ۔
چراغ آسمانی (ف) بجلی سے کنایہ ہے ۔
چراغ بتی کرنا (ہ) چراغ جلانا ۔ روشنی کا سامان کرنا ۔ روشنی کرنا ۔
چراغ بتی کا وقت (ا/مذ) مغرب کا وقت ۔ شام کا وقت ۔ سانجھ ۔
چراغ بڑھانا ۔ یا بجھانا
چراغ ٹھنڈا کرنا ۔ خاموش کرنا
چراغ گل کرنا ۔ یا چراغ کو ہاتھ دینا یا مارنا
} (ہ) دیا بجھانا ۔ اندھیرا کرنا ۔ روشنی کو بند کرنا ۔
چراغ میں پھونک مارنا ۔
چراغ بجھنا ۔ یا ۔ بڑھنا (ہ) چراغ کا خاموش ہو جانا ۔
چراغ تلے اندھیرا (ہ) غیروں کو فیض اور اپنے محروم رہیں ۔
چراغ تہہ دامن (ا/مذ) چراغ اپنے دامن کے نیچے بجھنے سے بچانے کے لیے رکھتے ہیں ۔
چراغ تیز کرنا (ا/ محاورہ) اُکسا کر چراغ کی روشنی زیادہ کرنا ۔
چراغ ٹمٹمانا (ا/مص) چراغ کا ذرا ذرا روشنی دینا ۔
چراغ جلانا (ہ) دیا جلانا ۔ چراغ روشن کرنا ۔ دیوالیہ نکالنا ۔
چراغ جلنا (ا) دیا جلنا ۔ شام ہونا ۔ فروغ پانا ۔ جیسے کالے کے آگے چراغ نہیں جلتا ۔
چراغ جلے (ا) شام کے وقت ۔ جھٹ پٹے وقت ۔ سورج چھپے ۔
چراغ چاق کرنا (ا/مص) چراغ تیز کرنا ۔
چراغ دان (ف) ڈیوٹ ۔ فتیل سوز ۔

چراغ دکھانا (ل) روشنی کرنا ۔ روشنی دکھانا ۔
چراغ روشن کرنا (ل) دیا جلانا ۔
چراغ روشن مراد حاصل (ف) دُعائیہ فقرہ ہے ۔ بامُراد رہو ۔ خانہ آباد رہے ۔
چراغ سحری ہونا } (فع) صبح کا چراغ ہونا ۔
چراغ صبح ہونا } قریب مرگ ہونا ۔ مرنے کے قریب ہونا ۔ کوئی دم کا مہمان ہونا ۔ آخری وقت ہونا ۔
چراغ سے پھول جھڑنا (ل) چراغ سے جلتے وقت جو تیل ٹپکتا ہے اس سے نیک شگون لیا کرتے ہیں ۔ چراغ کا گُل افشاں ہونا ۔
چراغ سے چراغ جلنا (ل) ایک بزرگ سے دُوسرے کو فیض پہنچنا ۔ ولی سے ولی بننا ۔ ایک فیاض کو دوسرے سے فیض ملنا ۔
چراغ کے نیچے اندھیرا ہونا (ل) اوروں کو فائدہ پہنچانا اور اپنوں کو محروم رکھنا ۔ عادل حاکم کے قرب میں ظلم ہونا ۔ روشن دلوں سے بے خبری کا وقوع میں آنا ۔
چراغ گُل پگڑی غائب (ل/کہاوت) موقع ملا اور مال اُڑایا یا غافل پایا اور مال چرایا ۔
چراغ گُل کرنا (ل) دیا بجھانا ۔ نیست و نابود کر دینا ۔ نام لیوا اور پانی دیوا تک نہ چھوڑنا ۔ رونق کھونا ۔
چراغ گور (ف/مذ) وہ دیا جو کسی قبر یا مزار پر جلایا جاتا ہے ۔
چراغ لے کر ڈھونڈنا (ل) کسی کی تلاش نہایت محنت اور کوشش سے کرنا ۔
چراغ میں بتی پڑنا (ل) چراغ جلنا ۔ شام کا وقت ہونا ۔
چراغ ہو جانا (ہ) چراغ بجھ جانا ۔ آدمی کا مر جانا ۔
چراغا (ل/مذ) نذرانہ ۔ پیسہ ۔ حبشی کا بچہ ۔ فقیر اور آزاد لوگ بولتے ہیں ۔
چراغاں (ف/مذ) دیپ مالا ۔ روشنی بہت سے چراغوں کا روشن کرنا ۔
چراغی (ل/مث) وہ نقدی جو کسی بزرگ کے مزار پر چراغ جلانے کے واسطے دی جاتی ہے (مجازاً) نذرانہ ۔ بھینٹ ۔ پیش کش ۔
چراغی چڑھانا (ل) بھینٹ چڑھانا ۔ نذرانہ دینا ۔ مزار پر نقدی چڑھانا ۔
چراغی لینا (ل/محاورہ) نذر لینا ۔
چرا کارے کُند عاقل کہ باز آید پشیمانی (ف) عقل مند ایسا کام نہیں کرتا ۔ جس سے ندامت اُٹھانی پڑے ۔
چراگاہ (ف/مث) (چرا بمعنی چرنا یا چارہ اور گاہ بمعنی جگہ) ڈنگروں ۔ ڈھوروں کے چرنے چُگنے کی جگہ ۔ بیڑ ۔ جنگل ۔ سبزہ زار ۔
چرانا (ہ) گھاس کھلانا ۔ ڈنگروں کو جنگل میں لے جا کر سبز گھاس کھلانا ۔ دھوکا اور فریب دینا ۔ بے وقوف بنانا ۔
چُرانا (ہ) چوری کرنا ۔ چھپانا ۔ بچانا ۔ جیسے آنکھ چُرانا ۔ چُوسنا ۔ سُوکھنا ۔ جذب کر لینا جیسے بوند چرانا یعنی نطفہ جذب کر لینا ۔

چراند (ہ/مذ) چراگاہ ۔ بیڑ ۔ جنگل ۔ چرنے کی جگہ ۔
چراند (ہ/مث) چمڑے ۔ بال ۔ ہڈی ۔ روغن وغیرہ جلنے کی بدبُو ۔
چراندا (ہ) بدبُودار ۔ بدمزاج ۔ تیز مزاج ۔ چراند کا بسا ہوا ۔
چراندا مزاج (ل) چڑچڑا مزاج ۔ بیمار کا سا مزاج ۔
چراندا ہونا (ہ) ناراض ہونا ۔ بدمزاج ہونا ۔ بات بات پر بگڑ جانا ۔
چراؤ (ہ/مذ) لکڑی چیرنے کا نشان ۔ شگاف ۔ پھٹاؤ ۔
چرائی (ہ/مث) لکڑی چیرنے کی اُجرت ۔
چرائی (ہ/مث) مویشی چرنے کی اُجرت ۔ مویشیوں کو گھاس کے لیے جنگل بھیجنا ۔
چرائتا (ہ/مذ) ایک قسم کی کڑوی لکڑیاں سی دوا جو مصفّی خون اور دافع بخار سوداوی ہوتی ہے ۔
چرب (ف) چکنا ۔ روغنی ۔ موٹا ۔ فربہ ۔ جسیم ۔ غالب ۔ تیز ۔ زیادہ ۔
چرب دست (ف/صف) چالاک ۔ ہوشیار ۔
چرب دستی (ف/مث) چالاکی ۔ ہوشیاری ۔
چرب زبان (ف) تیز زبان گویا ۔ چکنی چپڑی باتیں کرنے والا ۔
چرباک (ل) چالاک ۔ عیار ۔ بے باک ۔ ہوشیار ۔
چربہ (ف/مذ) کاغذ وغیرہ کو چکنا کر کے کسی چیز کی ہو بہو نقل اُتارنا ۔ خاکہ ۔ وہ دودھ کی بالائی جو کہ [illegible]
چربہ اُتارنا (ل/محاورہ) خاکہ اُتارنا ۔ ہو بہو نقل اُتارنا ۔
چرب قامت (ف) بُلند خوش قامت ۔
چربک (ف) چھوٹ ۔ خوشامد ۔ دل لگی ۔ شرمندگی ۔ پہیلی ۔ طعنہ ۔
چربک (ف) چربہ ۔ پُوری جو گھی میں تلی جاتی ہے ۔ بالائی جو دُودھ پر سے اُتارتے ہیں ۔
چربیدن (ف) غالب ہونا ۔
چربہ اُتارنا (ل) ہو بہو نقل اُتارنا ۔ خاکہ اُتارنا ۔ کسی کا انداز اپنی ذات میں پیدا کرنا ۔ ڈھنگ اُڑانا ۔ طرز سیکھنا ۔
چربی (ف/مث) پیہ ۔ روغن ۔ چکنائی ۔ جسم کی چکنائی ۔ خون اور رطوبت سے پیدا شدہ ایک سفید مادہ ۔
چرپرا (ہ) چٹ پٹا ۔ چٹخارے دار ۔ تیز ۔ تند ۔
چرپرانا (ہ) ٹیس مارنا ۔ تیزی کرنا ۔ مرچیں لگنا ۔ خشکی کے باعث زخم کا پھٹنا ۔
چرپراہٹ (ہ/مث) مرچ کی جھل ۔ جھال ۔ تیزی ۔ جلن ۔ بدچشمی ۔ حسد ۔
چرپریا (ل/صف) چالاک ۔ ہوشیار ۔ دستکار ۔ کاریگر ۔
چرپوز (ف) بے ہودہ ۔ لغو ۔ پوچ ۔ لچر ۔ کمینہ ۔ بے وقوف ۔ سفلہ ۔
چرت (س/صف) گیا ہوا ۔ رفتہ ۔ کیا ہوا ۔ حاصل کیا ہوا ۔ رائج ۔
چرتر (س/مذ) عادت ۔ مزاج ۔ سبھاؤ ۔ قصہ ۔ کہانی ۔ فسانہ ۔ چالاکی ۔ ہوشیاری ۔ مکر ۔ جن ۔ کرتب ۔
چرٹ (ل/مذ) سگار ۔ تمباکو کے پتے کو لپیٹ کر رول سی بنا لیتے ہیں جسے آگ لگا کر پیتے ہیں ۔
چرچا (ہ/مذ) گفتگو ۔ ذکر ۔ افواہ ۔ تکرار ۔ بحث ۔ شہرہ ۔
چرچا کرنا (ہ) کسی کا ذکر کرنا ۔ تذکرہ کرنا ۔ شہرت دینا ۔
چرچا ہونا (ہ) شہرہ ہونا ۔ بات پھیلنا ۔ بڑا ذکر مشہور ہونا ۔
چرچر (ہ/مث) نئی جوتی کی آواز ۔

چرچرانا (ہ) زخم میں جلن ہونا - درد ہونا - زخم کا درد کرنا -

چرچراہٹ (ہ) جلن - درد - سوزش -

چرخ (ف / مذ) پھرنے والا - چاک - چرخی - پہیا - آسمان - فلک - گردوں - گردش - چکر - پھیر - تانبے کے برتن صاف کرنے کا آلہ - کشیدہ یا ازنی کپڑا چڑھا کر درست کرنے کی لکڑی - ایک قسم کا شکرہ - کمہار کا چاک - لکڑ بگھا ایک درندے کا نام ہے -

چرخ پوجا (ہ / مث) پورب کے ایک مشہور تماشے اور رسم کا نام ہے -

چرخ چڑھانا (ہ) تانبے وغیرہ کے برتنوں کو خراد چڑھانا - سان پہ رکھنا -

چرخ چڑھنا (ہ) خراد چڑھنا - صاف ہونا -

چرخ کھانا (ہ) گھومنا - ناؤ کھانا - دھات کا پگھل کر پانی ہونا - گردش کرنا -

چرخ چوں - یا - چرک چوں (ہ / مث) گاڑی یا کنوئیں کے چلنے کی آواز (مجازاً) دھیمی آواز - آہستہ چال - سہج رفتار -

چرخہ (ف / مذ) اس میں ہ نسبتی ہے - منسوب بہ چرخ - سوت کاتنے کا آلہ - ڈھیرا - ایک قسم کے ناچ کا نام بھی ہے - پنجر - ڈھانچ - ڈھانچہ - اعضائے جسم - پرانی اور کمزور گاڑی - ایک دوا کا نام -

چرخہ پونی (ہ / مث) چرخہ اور اس کے کاتنے کا سامان - عورت کا کام - زنانہ ہنر -

چرخہ کاتنا (ہ) چرخے کا کام کرنا - سوت کاتنا - چرخے کے ذریعے دھاگے بنانا -

چرخہ ہوجانا } (ہ) نہایت کمزور ہوجانا - پیر و نحیف ہوجانا -
چرخہ ہل جانا } اعضائے بدن کا سست اور ڈھیلا پڑ جانا - کام کے لائق نہ رہنا -

چرخی (ف / مث) رُوئی کے بنولوں کو الگ کرنے کا آلہ - اوٹنی - ایک قسم کی آتشبازی - گھرنی کنوئیں سے پانی کھینچنے کا پہیا - پھرکی - بھونی - یا ولہ ڈور یا وغیرہ بیٹنے کا آلہ -

چرزہ (ف) آدمی کی کھال -

چرس (ہ / مذ) ایک قسم کا نشہ جس کو تمباکو کی طرح پیتے ہیں - چمڑے کا بنا ہوا ایک بہت بڑا ڈول - جو زمین کی آب پاشی کے کام آتا ہے -

چرس (ہ / مث) فرش یا کپڑے کی شکن - سلوٹ - چنت - بٹ - چین -

چرسا بھر زمین (ہ / مث) تھوڑی سی زمین - یعنی صرف اتنی سی زمین جس میں بھینس یا گائے وغیرہ بیٹھ سکے -

چرسی (ہ) (یائے فاعلیت) (مذ) چرس کا نشہ کرنے والا - چرس پینے والا - یار ا لینے والا - چرس کو کنوئیں میں سے نکالنے اور ڈالنے والا -

چرسی یار کس کے دم لگایا اور کھسکے (ہ / مث) خود غرض اور مطلبی آدمی کی نسبت بولتے ہیں -

چرسیا (ہ / مذ) چرس کا نشہ کرنے والا - چرس پینے والا -

چراغ (ع / مذ) تیندوا یا لکڑ بھگا - درندہ - ایک شکاری پرندہ - مثل باز و شکرہ -

چرغم چرغم کرنا (ہ) کھسر پھسر کرنا - چخ چخ کرنا -

چرغیا (ہ / مذ) پنچ آدمی - سفلہ آدمی - کمینہ شخص -

چرک (ف / مذ) میل - کھیٹ - میل کچیل - لید - گوبر - غلاظت - ریم - پیپ - رادھ -

چرکا (ہ / مذ) ہلکا سا زخم - چیر - زخم - گھائل - لوہے کی کسی چیز کو تپا کر اس سے داغ دینا - نقصان - خسارہ - گھاٹا -

چرکا دینا - یا - لگانا (ہ) زخم لگانا - نقصان پہنچانا - داغ دینا - جلانا -

چرکا کھانا (ہ) محاورہ خفیف سا زخم لگنا - نقصان برداشت کرنا -

چرکٹا (ہ / مذ) ہاتھی کا چارہ کاٹنے والا - مہاوتوں کا خدمتگار - کمینہ - اوچھا -

چرک دھانس (ہ / مث) آئے دن کا روگ - ہر روز کی بیماری - مرض کا کچھ نہ کچھ بقیہ - خلل مرض - جھگڑا - ٹنٹا - راڑ -

چرکنا (ہ) تھوڑا تھوڑا ہگنا - ذرا ذرا ہگنا - ذرا سا براز نکلنا -

چرکنا (ہ) بولنا - ریز کرنا - چہچہانا -

چرکین (ف) پلید - میلا - نجس - غلیظ - شیخ باقر علی ساکن لکھنؤ کا تخلص ہے - جو نہایت غلیظ گو شاعر تھا مگر اپنے فن کا کامل -

چرم (ف / مذ) پوست - چمڑا - کھال - چام -

چرمر (ہ) مرجھایا ہوا - سوکھ کر چرمرا چرمرا ہوا ہوا - بوڑھا - لاغر - دبلا -

چرمی (ف / صفت) چمڑے کا بنا ہوا -

چرمر ہونا (ہ) ٹوٹ پھوٹ کر ریزہ ریزہ ہو جانا - مرجھا کر ذرا سا ہو جانا - جھرّیاں پڑ جانا -

چرمیں (ف) چمڑے کا بنا ہوا - اس میں - یں نسبتی ہے - دراصل چرمی ہے -

چرن (س / مذ) پاؤں - پیر - قدم - پا - (مجازاً) جوتی -

چرن بردار (ہ / مذ) جوتی بردار - جوتیاں اٹھانے والا - خادم -

چرن چھونا (ہ) پیروں پڑنا - قدم لینا - خدمت کرنا -

چرنا (ہ) گھاس کھانا - چگنا - کھانا - (مذ) گھٹنا - اونچا اور چھوٹا سا پاجامہ -

چرنا (ہ) لکڑی کا دو ٹکڑے ہونا - پھٹنا - دریدہ ہونا - تڑقنا -

چرنا (ہ / مذ) ایک قسم کے باریک سوت جیسا سفید رنگ کا کیڑا - جو بچوں کے پیٹ میں معدے کی خرابی سے پڑ جاتا ہے -

چرند - چرندہ (ف / مذ) چرنے والا حیوان - چگنے والا -

چرُوانا (ہ) چرانا کا متعدی ہے - چوری کرانا -

چروانا (ہ) لکڑیاں دو ٹکڑے کرانا -

چرَوانا (ہ) چرانا کا متعدی - مویشیوں کو چرائی پر بھیجنا -

چرواہا - یا - چرواہا (ہ / مذ) گوالا - گڈریا - مویشیوں کو چرانے والا - محافظ مواشی -

چرونجی (ہ / مث) ایک مشہور میوے کا نام ہے -

چرہی (ہ / مث) ایک بڑا ظرف جس میں چوپاؤں کو دانہ چارہ کھلاتے ہیں - ناند -

چڑی (ہ/مث) جوار کے پودے - باجرے یا مکئی کے ہرے پودے کو بھی بعض اوقات کہتے ہیں۔
چڑی باقی (ہ/مث) کاغذ کے ٹکڑے ٹکڑے کر دینا - کنکوا یا پتنگ پھاڑ دینا۔
چڑی ہارا (ہ/مذ) چوڑی گر - چوڑیاں بیچنے والا۔

چ - ڑ

چڑ - یا - چڑھ (ہ/مث) ناگوار طبع - کھچاوٹ - رنج - کجی - نفرت۔
چڑ نکالنا (ہ) کھجانا - نفرت کرنا - غصّہ دلانا - چھیڑ نکالنا۔
چڑا (ہ/مث) کنجشک نر - چڑیا کا نر۔
چڑانا (ہ) کسی بات کی نقل سے کسی کو غصّہ دلانا - کھجانا - چھیڑنا - مُنہ بنا کر غصّہ دلانا۔
چڑ بڑ چڑ بڑ کرنا (ہ) بکواس کرنا - بک بک کرنا - بڑبڑانا۔
چڑچڑ (ہ/مث) چٹخنے کی آواز - کڑکڑ - بک بک۔
چڑچڑا (ہ/مث) جلتے تیل یا گھی کی کڑاہی میں پانی کے چھینٹے پڑنے کی آواز۔
چڑچڑا (ہ) تنگ مزاج - بدخو - کج خُلق - تیز مزاج۔
چڑچڑانا (ہ) جلتے تیل یا گھی کی کڑاہی میں پانی پڑ کر آواز نکلنا - بگڑنا - خفا ہونا - بیماری یا مفلسی وغیرہ سے تیز مزاج ہونا۔
چڑنا (ہ) خفا ہونا - بگڑنا - کھجنا - ناراض ہونا۔
چڑوے (ہ/مذ) گیلے بھنے ہوئے دھان کو کوٹ کر چپٹے بنائے ہوئے چاول جو عموماً دسہرے کے دنوں میں کھاتے ہیں۔
چڑھانا (ہ) نیچے سے اُوپر لے جانا - لادنا - سوار کرنا - اُونچا کرنا - بلند کرنا - اُتارنا کی ضد - پینا - نوش کرنا - نذر کرنا - نذر - منّت وغیرہ کسی بزرگ کے مزار پر لا کر رکھنا - پیوند وغیرہ لگانا - ذِمّہ لینا جیسے قرض ذمّہ چڑھا لیا۔
چڑھاؤ (ہ/مذ) (چڑھنا کا حاصل مصدر) جوش - طغیانی - عروج - ترقی - دریا کے پانی کے آنے کا رُخ - یعنی وہ رُخ جدھر سے پانی آتا ہے - بانی - پیشگی روپیہ جو کاریگر اپنے ذِمّے رکھ لیں۔
چڑھاوا (ہ/مذ) (چڑھاوا کا حاصل مصدر) بھینٹ - نذر - بچایا - وہ زیور جو منگنی کے وقت دُولہا کی طرف سے دُولہن کو پہنایا جاتا ہے - شادی کے پہلے دُولہا والوں کی طرف سے بھیجے ہوئے کپڑے زیور وغیرہ - بڑھاوا - دم دلاسا - تسلّی - برانگیختگی۔
چڑھائی (ہ/مث) اُونچائی - بلندی - حملہ - دھاوا۔
چڑھتا (ہ) عروج پاتا ہوا - ترقی کرتا ہوا - جوش سے آتا ہوا - زوروں پر آتا ہوا - جیسے چڑھتا جوبن۔
چڑھنا (ہ) نیچے سے اُوپر جانا - بلندی پر جانا - صعود کرنا - اُٹھنا - ترقی کرنا - طغیانی پر آنا - حملہ کرنا - دھاوا کرنا - اُڑنا - پرواز کرنا - مہنگا ہونا - آواز کا بلند ہو جانا - ڈھول وغیرہ کا تن جانا۔
سالن کا پھول جانا - کسی دیوی دیوتا پر قربان ہونا - سوار ہونا - نذر ہونا - مہارت ہونا - جیسے ہاتھ چڑھنا - ذِمّہ ہونا قرض وغیرہ کا نام دہنہ وغیرہ کا دفتر میں لکھا جانا - دماغ پر تمباکو وغیرہ کا اثر ہو جانا - کچہری عدالت میں جانا - روانہ ہونا - جانا - نظر میں سما جانا - ناراض ہونا - رگڑ کھٹنا - خفا ہونا۔
چڑھیت (ہ) بہت چڑھنے والا - سوار - سواری کرنے والا۔
چڑی (ہ/مث) لات جو کسی بھاگتے کو اُچھل کر ماری جائے۔
چڑی (ہ/مث) چڑیا - کنجشک - پرند - پرندہ۔
چڑی مار (ہ/مذ) صیاد - پرندوں کو پکڑنے والا - چڑیاں پکڑنے والا۔
چڑی مار ٹولہ (ہ/مذ) گزری - وہ مقام جہاں قسم قسم کے جانور بکتے ہیں۔
چڑی مار ٹولہ بھانت بھانت کا پنچھی بولا (ا/مثل) اس مجلس کے متعلق کہتے ہیں جہاں ہر ایک مختلف رائے دے۔
چڑی مار ہمیشہ ننگے بھوکے رہتے ہیں (ا/مثل) ظالم کبھی سرسبز نہیں ہوتے۔
چڑی مارنا - یا - دینا (ہ) اُچھل کر لات مارنا - لات مارنا - یوپی والے ترڑی بولتے ہیں۔
چڑیا (ہ/مث) پرند - کنجشک مادہ - نیفہ میں ازار بند ڈالنے کی جگہ - چھپر کے ستون یا کہاروں کی لاٹھی کے اُوپر کی لکڑی جو سہارا دینے کے لیے آڑا اسوراخ کر کے لگا دیتے ہیں - انگیا کی وہ سیون جو کٹوریوں کو باہم ملاتی ہے۔
چڑیا اور دُودھ (ا/مثل) ناممکن بات۔
چڑیا خانہ / چڑیا گھر (ؤ/مذ) وہ مکان یا جگہ جہاں قسم قسم کے پرند اور جانور رہتے ہیں۔
چڑیا کا دُودھ (ہ/مذ) ناممکن بات - نایاب چیز۔
چڑیا کے پھندے میں پکڑا جانا (ہ/مثل) خواہ مخواہ کی ناگہانی آفت میں مبتلا ہونا - ناحق کی مصیبت اور عتاب میں پڑنا۔
چڑیا نوچن (ہ/مذ) بوٹیاں توڑنا - سخت تکلیف - تھوڑا تھوڑا نوچنا۔
چڑیل (ہ/مث) ڈائن - بھوتنی - پھتنی - میلی کچیلی عورت - بدصورت - بدشکل۔
چڑیل پر دل آ جائے تو وہ بھی پری ہے (ا/مثل) جس پر آدمی عاشق ہو جائے وہ بدشکل بھی ہو تو اس کی نظر میں خوبصورت ہے۔
چڑیلوں کے جھنڈ (ہ/مذ) جھنڈ - چڑیلوں کا غول - بہت سی چڑیلوں کا جھنڈ۔

چ - س

چسانا (ہ) پلانا۔

چسپاں (ف) چپکا ہوا - چسپیدہ - مناسب - ٹھیک - موزوں - زیبا -
چسپاں کرنا (ہ) چپکانا - لگانا - اشتہار وغیرہ -
چست (ف) چالاک - پھرتیلا - تنگ - کھنچا ہوا - موزوں - ٹھیک - مستحکم - مضبوط - پائدار -
چستہ (ہ/مذ) بکری کے بچے کا معدہ جس میں پیا ہوا دُودھ رہتا ہے - پنیر مایہ -
چستی (ف/مث) چالاکی - پھرتی - دُرستی - موزونی -
چسکا (ہ/مذ) سواد - مزہ - چٹوراپن - چاٹ - عادت - لت - دھت - شوق و ذوق -
چسکنا (ہ) میٹھا میٹھا ہلکا ہلکا درد ہونا - پرانی چوٹ میں کسک ہونا -
چسکی (ہ/مث) گھونٹ - سُڑک - افیون یا پوست کا خلافِ معمول گھونٹ -
چسکی لگانا (ہ) سُڑکی لگانا - پی جانا - اُتار جانا - افیون پینا -
چسنا (ہ) چوسنا کا لازم - پیا جانا - طاقت کا تباہ ہو جانا - نچڑ جانا - عرق نکل جانا (مذ) بچوں کے چوسنے کا کھلونا -

چ - ش

چشت - ایک مقام کا نام جہاں کے حضرت خواجہ اجمیر ہیں -
چشک (ز/مث) وہ کھانا جو باورچی لوگ تقریبوں کے موقع پر اپنے واسطے بطورِ حصّہ دُور سے بھر کر صاحبِ تقریب کے گھر سے لے جاتے ہیں -
چشمک (ہ/مث) ٹھٹکا - رمز - چھپکی - اشارہ چشم - شکر رنجی - ناراضی - عینک - چشمہ -
چشم (ف/مث) آنکھ - نین - دیدہ - آس - اُمید - توقع -
چشم آشنا (ف/صف) واقف - شناسا -
چشم بد (ف/مث) نظرِ بد - وہ نظر جو لگ جاتی ہے -
چشم بد دُور (ف) دُعائیہ فقرہ - بُری نظر دُور رہے - نظر نہ لگے -
چشم بر (ف/صف) منتظر - نگران -
چشم بیمار (ف/مث) آنکھ جو آدھی بند ہو کر دیکھتی ہو از شرم سے یا ناز سے، نشیلی آنکھ - خمار آلود آنکھ -
چشم پوشی (ف/مث) آنکھ چُرانا - دیکھ کر ٹال جانا -
چشم دریدہ (ف) شوخ - چالاک -
چشم داشت (ف) اُمید - بھروسہ -
چشم زدن (ف) طرفۃ العین میں تھوڑا سا وقفہ -
چشم فرنگی (ف) عینک سے مُراد ہے -
چشم نمائی (ف/مث) تنبیہ - ملامت - جھڑکی -
چشم و چراغ (ف/مذ) نورِ چشم - آنکھ کی پتلی - نہایت پیارا - عزیز -
چشمک زنی کرنا (ں) طعنہ دینا - چھیڑنا - آوازہ کسنا -
چشمہ (ف/مذ) منسوب بہ چشم - پانی نکلنے کی جگہ - پانی کی سوت - تالاب - جوہڑ - ندی - عینک -

چ - غ

چغان (ف) ایک قسم کا ڈفلی نما باجا -
چغتائی (ف/مذ) مغلوں کا وہ خاندان جو چغتا بن چنگیز کی اولاد میں سے ہے -
چغد (ف/مذ) ایک قسم کا چھوٹا سا اُلّو - کوتری -
چغر (ف) مینڈک اور منہ بند والا پھوڑا -
چغل (ف/مذ) لاوا لُتزا - غمّاز - چغلیاں اور بدگوئیاں کرنے والا - سنگر جو چلم کے خزانے میں رکھ کر اُوپر سے تمباکو رکھتے ہیں -
چغل خور (ف/مذ) نمّام - لاوا لُتزا - غمّاز -
چغلی (ف/مث) غیبت - کسی کی بُرائی ظاہر کرنا - سخن چینی -

چ - ف

چفتی (ز/مث) چپٹی لکڑی جس کے ذریعے سے سیدھی لکیریں کھینچتے ہیں - مسطر -
چفت (ف) زنجیر در - وہ ٹٹی جس پر انگور کی بیل چڑھاتے ہیں -

چ - ق

چق (ف) بیل کی گردن پر کا جُوا -
چق (ت/مث) چک - چلمن - بانس یا سرکنڈے کی تیلیوں کا پردہ -
چقر (ف) چشمہ - جوہڑ - ڈابر -
چقماق - یا - چقمق (ت/مث) آگ نکالنے کا پتھر - جس پر لوہے وغیرہ کی ضرب مار کر آگ کی چنگاریاں نکالتے ہیں -
چقماق جھاڑنا (ار/محاورہ) چقماق سے آگ نکالنا -
چقماقی (ار/مث) وہ بندوق جس میں بارود کو آگ دینے کے لیے چقماق لگا ہوا ہوتا ہے -
چقندر (ت/مذ) شلغم کی طرح کی جڑ کا نام ہے - جو نہایت سرخ

ہے - اور پکانے میں آتا ہے -
چقندر سا (ا) متعلق فعل) بہت سُرخ - موٹا تازہ -

چ - ک

چک (ہ/مذ) قطعۂ زمین - پٹی - کاشت - جھگڑا - تنازعہ - کھٹیک - یعنی ہندو قصاب - پھیر - جماؤ - دُودھ کی دہی وغیرہ کا جم جانا -
چک بندی (ہ/مث) زمین کی حد بندی - کشتوارہ - پیمائش کی آسانی کے لیے حدبست کے نقشے کے اندر کئی مناسب حصے کرنا -
چک بندھنا (ہ) کسی چیز کا بکثرت ہونا -
چمک (ہ/مث) دھکا - لچکا - جھٹکا - درد کمر - لپک -
چکّا (ہ/مذ) مربع یا گول چیز پیمائش کے لیے کسی چیز کا ڈھیر - جما ہوا - منجمد - جیسے دہی کا چکّا -
چکّا باندھنا (ہ) پیمائش کے لیے اینٹوں یا پتھروں کا اُونچا چوکور ڈھیر لگانا -
چکا چک (ہ/مث) تلواروں کے متواتر پڑنے کی آواز - تربتر - تیل یا گھی میں خوب ڈوبا ہوا شور بور - لت پت -
چکا چوند - یا - چکا چوندی (ہ/مث) تیز اور زیادہ روشنی کے باعث آنکھ کا جھپک جانا - تعجب - حیرت -
چکار (ف) ماتھا - ڈھال -
چکارا (ہ/مذ) ایک قسم کا نہایت چالاک اور چھوٹا سا ہرن - چھوٹا ہرگ - چھوٹی سارنگی - دوتارا -
چکاری (ہ/مث) شکاری چاقو - مچھر کی طرح کا ایک کیڑا پچھنے والا - ہزل - فحش -
چکانا (ہ) نمٹانا - بے باق کرنا - فیصلہ کر دینا - قیمت مقرر کرنا - مول کر لینا - ختم کرنا - پورا کرنا -
چکائی دینا (ہ) فریب دینا - دھوکا دینا -
چک پھیری (ہ/مث) چکر باندھ کر دائرہ میں پھرنا -
چکٹ مارنا (ہ) چکٹا مارنا - دانتوں سے کاٹ کھانا - دانت مارنا - مُنہ مارنا -
چکتا (ہ/مذ) بڑا اور گول دھبّا - گول نشانی - گوشت کا ٹکڑا - دانتوں کے کاٹے کا نشان (بھرنا اور ڈالنا مارنا کے ساتھ مستعمل ہے)
چکتی (ہ/مث) ترس - ٹکیا - دُنبہ کی چوڑی دم چکّی -
چکٹ (ہ) میلا - غلیظ - از حد چکنا ہوا -
چکٹ - یا - چکٹا (ہ/مذ) مُٹھی بھر - پنجہ بھر -
چکٹنا (ہ) چکنا ہو کر چپکنے لگنا - چپچپانے لگنا - میلا ہونا - کثیف ہونا -

چکپکی (ہ/مث) دو چپٹی لکڑیاں جو اکثر جوگی ایک ہاتھ میں لے کر بجاتے اور مانگتے پھرتے ہیں -
چکچک لونڈے سے کھانا - یا - چکھنا (ہ) گھی میں تر نوالے کھانا -
چکّر (ہ/مذ) دائرہ - گول حلقہ - احاطہ - گرداب - بھنور - گردش - گھیر - گھمیری - گول سڑک - لوہے کا ایک گول حلقہ جو سکھوں کے ایک خاص فرقے کے پاس پگڑی میں رہتا ہے -
چکّر آنا (ہ) سر گھومنا - غش آنا -
چکر باندھنا (ہ) اس طرح گردش دینا کہ دائرہ بندھ جائے -
چکّر دینا (ا/محاورہ) پھرانا - لمبے راستے سے چلانا - حیران کرنا - جُل دینا - گھوڑے کو پھیرنا -
چکّر کاٹنا (ا/محاورہ) بار بار آنا جانا - پھیرے کرنا - گردش کرنا -
چکّر کھانا (ہ) گھومنا - گردش کرنا - پھرنا -
چکّر لانا (ہ) فساد اُٹھانا - شرارت کرنا - فتنہ برپا کرنا -
چکّر لگانا (ہ) گھومنا - گرد پھرنا - گردش کرنا - منڈلانا -
چکّر میں آنا (ہ) مصیبت میں پھنسنا - پھیر میں آنا - گردش میں آنا -
چکّر میں ڈالنا (ہ) بکھیڑے میں ڈالنا - راہِ راست سے بہکانا - راستہ بھُلانا - حواس باختہ کرنا - مصیبت میں ڈالنا -
چکرا جانا (ا/محاورہ) گھبرا جانا - سر کا چکّر کھانا -
چکرا دینا (ا/محاورہ) پریشان کر دینا -
چکرانا (ہ) چکّر کھانا - گھبرانا - سر گھومنا - غش کھانا - مصیبت میں پڑنا - چکّر کھانا -
چکّر مکر (ا/مذ) دغا - دھوکا - فریب - دم - جھانسا - حیلہ - بہانا -
چکریا (ہ/مذ) چاکری پیشہ کرنے والا - نوکری پیشہ -
چکس (ہ/مذ) پرندوں کو بٹھانے کی لکڑی - بلبل کا اڈا -
چکسہ (ف) کاغذ یا پتے کی بندھی ہوئی پُڑیا -
چکش (ف) ہتھوڑا -
چکل (ہ/مذ) کسی پودے کو مٹی سمیت ایک جگہ سے دُوسری جگہ اُٹھانا -
چکلا (ہ) چوڑا - گول - چپٹا - عریض -
چکلا (مذ) دانہ دلنے کی بغیر گرنڈ کی چکّی - لکڑی یا پتھر کا گول تختہ - جس پر پوریاں - روٹی - پھلکے وغیرہ بیلتے یا مسالا پیستے ہیں - ضلع کی جاگیر - ضلع کا کوئی حصہ علاقہ -
چکلا بندی (ا/مث) حد بندی - حد بست -
چکلے دار (ا/مذ) ناظم - صُوبہ دار - جاگیر دار -
چکما - یا - چکمہ (ہ/مذ) دھوکا - فریب - مکر - جُل - نقصان - خسارہ - ایک کھیل کا نام بھی ہے -
چکمہ (ف) موزہ - جُراب -
چکمہ اُٹھانا (ہ) نقصان اُٹھانا - ٹوٹا بھرنا - خسارہ بھرنا - فریب کھانا - دھوکا کھانا -
چکمہ دینا (ہ) فریب دینا - ضرب پہنچانا -

چکمہ کھانا (ہ) فریب میں آجانا ۔ حریف سے دھوکا کھانا ۔
چکن (ف) ایک طرح کا بیل بوٹے دار کپڑا کشیدہ ۔ سوئی کا کام ۔
چکن دوز (ف/صف) کشیدہ کا کام کرنے والا ۔ چکن کار ۔
چکنا (ہ) روغنی ۔ تیلیا ۔ چرب ۔ چربی دار ۔ فربہ ۔ موٹا ۔ پھسلنا ۔ رپٹواں ۔ پھسلنے والا ۔ چمک دار ۔ صاف ۔ ستھرا ۔ وارنش کیا ہوا ۔ بے حیا ۔ رونق دار ۔ مجلا ۔ خوبصورت ۔
چکنا دیکھ پھسل پڑے (ہ/مثل) خوبصورت دیکھ کے فریفتہ ہو گئے ۔ دولت دیکھ کے جی للچا گیا ۔
چکنا گھڑا (ہ) بے حیا ۔ بے شرم ۔ بے غیرت ۔
چکنا گھڑا بوند پڑی پھسل گئی (ہ/مثل) نہایت بے غیرت ہے ۔ لاکھ لعنت ملامت کرو اثر ندارد ۔
چکنا منہ پیٹ خالی (ہ/کہاوت) ظاہری ٹیپ ٹاپ اور پیٹ بھوکا ۔
چکنا (ہ) قیمت طے ہونا ۔ بھاؤ ٹھہرنا ۔ بے باق ہونا ۔ حساب صاف ہونا ۔ قضیہ دفع ہونا ۔ جھگڑا فیصل ہونا ۔ ختم ہونا ۔ نبڑنا ۔ مکنا ۔
چکنا چور (ہ) ٹکڑے ٹکڑے ۔ پارہ پارہ ۔ ریزہ ریزہ ۔ تھکا ماندہ ۔ مضمحل ۔
چکنا چور ہونا (ہ) تھکا مارنا ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ تیل میں ڈبو دینا ۔
چکنانا (ہ/مص) کسی چیز پر روغن لگانا ۔ کسی چیز کو چکنا بنانا ۔
چکناوٹ ۔ چکناہٹ (ہ/مث) صفائی ۔ چکنائی ۔ خوبصورتی ۔
چکنائی (ہ/مث) دسنیت ۔ چربی ۔ روغن ۔ تیل ۔ گھی ۔
چکنی (ہ/مث) روغنی ۔ مرغن ۔ چربی دار ۔ پھسلنی ۔ ایک قسم کی چھالیا ۔
چکنی باتیں (ہ/مث) پُر لطف باتیں ۔ مزے دار باتیں ۔
چکنی جورو (ہ/مث) آوارہ عورت ۔ بدکار بیوی ۔
چکنی چپڑی باتیں (ہ/مث) دلفریب باتیں ۔ بامزہ باتیں ۔ خوشامد کی باتیں ۔
چکنی ڈلی (ہ/مث) ایک قسم کی چھالیا ہے ۔ جسے پان کو دودھ میں پکاتے ہیں ۔
چکنے گھڑے پر بوند نہیں ٹھہرتی (ہ/مثل) بے غیرت کو پرواہ نہیں ہوتی ۔
چکنی مٹی (ہ/مث) لیس دار مٹی ۔ لیپنے کے کام میں آنے والی مٹی ۔
چکنیا (ہ) بانکا ۔ چھیلا ۔ چھیل چھبیلا ۔
چکنیا فقیر مخمل کا لنگوٹ (ہ/مثل) شوقین آدمی مفلسی میں بھی شوقینی سے باز نہیں آتا ۔
چکو (پ/مذ) چاقو کا مخفف ہے ۔ چھوٹا چاقو ۔ قلم تراش ۔
چکوا چکوی (ہ/مث) سرخاب کا جوڑا ۔ چکاوک ۔ ایک آبی پرندے کا جوڑا ہے ۔ دن کو تو ساتھ رہتے ہیں ۔ رات کو الگ الگ ہو جاتے ہیں ۔
چکوتا (ہ/مذ) فیصلہ ۔ چکتا ۔ بے باق ۔ ایک بیماری کا نام بھی ہے ۔ جو زانو کے نیچے پھنسیوں کی صورت میں ظاہر ہوتی ہے ۔ اور پھر تمام ٹانگ میں پھیل جاتی ہے ۔
چکوترا (ہ/مذ) لیموں اور نارنگی کے پیوند سے بنا ہوا ایک پھل ہوتا ہے ۔
چکور (ہ/مذ/مث) کبک ۔ پہاڑی تیتر ۔ چاند کا عاشق ہے ۔ اس کے پنجے اور چونچ سرخ اور گلے میں طوق ہوتا ہے ۔
چکھانا (ہ) ذائقہ دکھانا ۔ کھلانا ۔ نوش کرانا ۔ چاشنی دکھانا ۔ سواد دکھانا ۔
چکھنا (ہ) چکھانا کا لازم ۔ مزہ لینا ۔ نوش کرنا ۔ لذت اٹھانا ۔ ذائقہ دیکھنا ۔
چکھ ڈالنا (ہ) بالکل کھا جانا ۔ اڑا ڈالنا ۔
چکھوتیاں (ہ/مث) لذیذ اور مزے دار کھانے ۔ چٹخارے ۔ چکھی ۔
چکھی (ہ/مث) چکھوتی ۔ چاٹ ۔ چٹخارہ ۔ بٹیروں کا کھانا دانہ ۔
چکی (ہ/مث) آٹا پیسنے یا دلنے کا آلہ ۔ آسیا ۔ گھٹنے کی ہڈی ۔ بجلی ۔
چکی پیسنا (ہ) چکی چلانا ۔ آٹا پیسنا ۔ مصیبت جھیلنا ۔ وظیفہ پڑھنا ۔
چکی چھونا (ہ) چکی شروع کرنا ۔ چکی چلانا ۔ دکھڑا بیان کرنا ۔ مصیبت دہرانا ۔ آپ بیتی کہنا ۔
چکیرا (ہ/مذ) چکی کو اوزار سے گودنے والا ۔ چکی میں دندانے بنانے والا ۔ چکی کو کھردرا کرنے والا ۔
چکی راہنا (ہ) چکی کو کھردرا کرنا ۔ چکی کو گودنا ۔
چکی کا پاٹ (ہ/مذ) چکی کا ہر حصہ ۔ پرہ (صفت) وعدہ خلاف ۔ اقرار سے پھر جانے والا ۔
چکی کا کھونٹا (ہ/مذ) چکی کا ہتا ۔ دستہ ۔ چکی چلانے کا ڈنڈا ۔
چکی کی مانی (ہ/مث) وہ کیل جس پر چکی پھرتی ہے ۔ قطب دھروتارا ۔
چکیّ (ہ/مث) پھرکی ۔ ایک گول کھلونا لکڑی کا جس سے بچے کھیلتے ہیں ۔ (مجازاً) گول ۔ مدوّر ۔
چکیّ آڑو (ہ/مذ) گول شفتالو ۔ گول آڑو ۔
چکیدہ (ف) ٹپکا ہوا ۔ منقطر ۔ چوا ہوا ۔ پیدا شدہ ۔

چ ۔ گ

چگانا (ہ) جانوروں کو گھاس کھلانا ۔ پرندوں کو دانہ دُنکا کھلانا ۔
چگائی (ہ/مث) چگانے کی اجرت ۔

چگ داڑھیا (ہ) چھوٹی سی داڑھی۔
چگل (ف) ترکستان کے خطے کا ایک حسن خیز شہر جہاں حسین بہت ہوتے ہیں۔
چگنا (ہ) چگانا کا لازم - جانوروں کا گھاس کھانا۔ پرندوں کا دانہ چگنا۔
چگونہ (ف) کس طرح - کیونکر۔
چگی (ہ) چھوٹی سی چیز - ذرا سی - ننھی سی - چٹکی بھر۔

چ - ل

چل (ہ/مث) کھاج - خارش - کھجلی - مستی - شہوت - بے کلی - بے چینی - اضطراب - بے قراری - عضوِ تناسل۔
چل (ہ) چلنا مصدر سے فعل امر - جو اظہارِ نفرت یا ادائے ناز کے وقت معشوقوں کی زبان پر آتا ہے - ہٹ پرے - پرے ہو - لمبا بن - دور ہو - چمپت ہو - پڑنا مصدر کے ساتھ ابتری - پراگندگی جیسے آپ کے چلتے ہی سب میں چل پڑ گئی - فرق - لغزش - ڈگمگاہٹ۔
چل اٹھنا (ہ/محاورہ) کھجلی ہونا - شہوت کا غلبہ ہونا - چھیڑ چھاڑ کی خواہش ہونا۔
چل بے (ہ/محاورہ) نفرت اور خفگی کے اظہار کے لیے ناز سے بولتے ہیں۔
چل بسنا (ہ) مر جانا - جہاں سے اٹھ جانا - گزر جانا۔
چل پڑنا (ہ/محاورہ) روانہ ہونا - شروع ہونا - بکنے لگنا - چلنے لگنا - رواں ہونا۔
چل چخے - چل چخنے - چل دور (ہ/محاورہ) چل ہٹ - دور ہو - چلا جا - چمپت ہو - لمبا بن - دفع دفان۔
چل نکلنا (ہ) حد سے بڑھ جانا - اترا جانا - غرور میں آ جانا - آگے نکلنا - سبقت لے جانا - بڑھ جانا - روانہ ہونا - چل پڑنا - گستاخ و بے ادب ہو جانا۔
چل ہوا بن - چل ہوا ہو، چل ہوا کھا (ہ/محاورہ) چل رخصت ہو - ہوا کھا - چلتا بن - چلتا پھرتا نظر آ۔
چلا (ہ/مذ) پگڑیوں کا کلابتونی - بنا ہوا پلا - ٹکہ دار کنارا - (یہ لفظ چِلّا سے بگڑا ہے) وہ میٹھی روٹی جو آٹا پتلا کر کے کڑاہی میں تلی جائے - پوڑا۔
چلا چلی (ہ/مث) موت کی گرم بازاری - وبا کی شدت - ہل چل - رواداری - سفر کی تیاری۔
چلانا (ہ) غل مچانا - شور کرنا - چیخنا - غوغا کرنا - رونا - گریہ و زاری کرنا - فریاد کرنا - غصے سے چیخنا - اظہارِ غضب کرنا۔
چلانا (ہ) چلنا کا متعدی - روانہ کرنا - ہانکنا - چھیڑنا - جاری کرنا - بہانا - کاروبار جاری کرنا - کام کو رونق دینا - کام نکالنا - بندوبست کرنا - گھسیڑنا - اندر کرنا - کام میں لانا - استعمال کرنا - جیسے کھوٹا روپیہ چلانا - روپیہ سود پر دینا - ادھار دینا - قرض دینا - نکالنا - رخصت کرنا - بڑھانا - پھیلانا - یادگار رکھنا - جیسے نام چلانا - کپڑے کے تاروں کو جدا کرنا۔
چلاہٹ (ا/مث) شور - غل - چیخ پکار۔
چلاؤ (ف/مذ) نمکین - خشکہ - چاول - بن گوشت کا پلاؤ۔
چل بچل ہونا (ہ) بے جگہ ہونا - بگڑنا - ابتر ہونا - خراب ہونا۔
چلبلا (ہ) بے چین - بے کل - آرام سے نہ بیٹھنے والا - شوخ مزاج - زندہ دل - کھلاڑی۔
چلبلاپن (ا/مذ) شوخی - چالاکی۔
چلتا (ہ) جاری - بہتا ہوا - رواں - مروج - چالاک - بھاگتا ہوا - کارگر - پر اثر - جیسے چلتا تعویذ۔
چلتا پرزہ (ہ/مذ) بڑا چالاک - فتنہ انگیز - فسادی۔
چلت پھرت (ہ/مث) جنبش - گردش - حرکت - پھرتی - چالاکی - رفتار - رقص۔
چلتر (ہ/مذ) فریب - دھوکا - چھل - چھل بل - چال۔
چلتر بازی (ہ/مث) چالاکی - دھوکا - فریب بازی۔
چلتہ (ف/مذ) زرہ بکتر - لڑائی کے وقت پہننے کی ایک پوشاک کا نام - (ذرا سی چھل تنہ)
چلتے پھرتے نظر آؤ (ہ/محاورہ) جاؤ - رخصت ہو - چال دکھاؤ۔
چلتے چور لنگوٹی لابھ (ہ/محاورہ) بہت نقصان ہونے پر جو مل جائے وہی غنیمت ہے۔
چلتی - یا - ڈھلتی پھرتی چھاؤں (ہ/مثل) دنیا کی بے ثباتی - ناپائداری عالم و دولت کے موقع پر بولتے ہیں۔
چلتی کا نام گاڑی ہے (ہ/مثل) جب تک کام درست رہے تب ہی تک نام رہے۔
چلتی ہوا سے لڑنا (ہ) نہایت بدمزاج ہونا - خواہ مخواہ لڑائی خریدنا۔
چلتی ہوئی بات (ا/مث) وہ بات جو سرسری طور پر کہی جائے۔
چلچل (ہ/مث) ابرک - ابرق - بھوڈل - طلق - ایک کانی جوہر کا نام ہے - گلہری اور چھچھوندر کے چلتے وقت بولنے کی آواز۔
چلچلاتا (ا/صف) سخت گرم - جلانے والا۔
چلچلانا (ہ) چیخ کر بولانا - رونا - فریاد کرنا - دھوپ کا تیز ہونا - سخت گرمی پڑنا۔
چل چلاؤ (ہ/مذ) چلا چلی - رواروی - سفر - کوچ - مرنا - گزرنا۔
چلڑ (ہ/مذ) جوں - چیچڑ۔
چلغوزہ (ف/مذ) ایک مقوی دماغ میوہ ہے - درخت صنوبر کا پھل۔
چلک (ہ/مث) تابش - روشنی - چمک دمک - جھلک۔
چلکا (ہ/مذ) روپیہ - چاندی کا سکہ (لکھنؤ والے بولتے ہیں)۔
چلکا - صوبہ اڑیسہ میں جگن ناتھ یا پوری کے نزدیک ایک جھیل۔

چلکتا ہوا (ہ) چمکتا ہوا - روشن - مجلا - صاف - چمکدار -
چلکنا (ہ) روشن ہونا - چمکنا - درخشاں ہونا - تابش دکھانا -
چِلم (ہ / مث) سَر قلیان - آگ اور تمباکو رکھنے کا ظرف جسے حُقّہ پر رکھ کر دم لگاتے ہیں -
چلم بردار (ف) حُقّہ پلانے والا نوکر - ملازم حُقّہ -
چلم بھرنا (ہ / مص) چلم میں تمباکو وغیرہ ڈال کر آگ رکھنا - گھٹیا خدمت کرنا -
چلم پینا (ف) تمباکو پینا - غیر گوت یا غیر ذات ہونے کے سبب حُقّہ پر سے چلم اُتار کر پینا - سُلفہ پینا - چرس پینا -
چلم تمباکو (ف / مذ) تھوڑا سا تمباکو - تمباکو کا ایک سُلفہ -
چلم چَٹ (ہ / مذ) بے غیرت - کنجوس - چلم تک پی جانے کا ارادہ رکھنے والا - حُقّے کا لتیا - حُقّے کا سخت عادی -
چلمچی (ف / مث) ہاتھ مُنہ دھونے کا برتن - جو ایک خاص وضع کا بنا ہوتا ہے -
چِلمن (ہ / مث) چق - چک - بانس کی تیلیوں کا بنایا ہوا پردہ -
چَلن (ہ / مذ) رفتار - چال - طریقہ - ڈھنگ - طرز - رسم - ریت - رواج - عادت - سبھاؤ - کفایت شعاری - جزرسی - جیسے چلن کا آدمی -
چلن بگڑنا (ہ / محاورہ) رفتار ناموزوں ہونا - سلامت روی میں فرق آنا -
چلن سے چلنا (ہ) کفایت شعاری سے خرچ کرنا - جزرسی کرنا - بھلا مانس رہنا - نیک معاشی رہنا -
چلن سیکھنا (ہ / محاورہ) دوسرے کی روش اختیار کرنا -
چلن مند (ہ / صف) شستہ رفتار -
چلن ہار (ہ) چلنے کے قابل - چلنے والا - رفتنی - مرنے جوگا - مرن ہار - پا در رکاب - مسافر - کوچ کو تیار -
چلن ہونا (ہ / محاورہ) رواج ہونا - دستور ہونا -
چلنا (ہ) حرکت و جنبش کرنا - روانہ ہونا - کوچ کرنا - روپیہ پیسہ وغیرہ کا رواج پانا - مروّج ہونا - سفر کرنا - جاترا کو جانا - بہنا - جاری ہونا - رواں ہونا - نکلنا - بکنا - کپڑے وغیرہ کا پھٹنا - دریدہ ہونا - دال سالن وغیرہ بُسنا - سڑنا - پھسلنا - گرنا - قائم رہنا - مشہور ہونا - جیسے نام چل رہا ہے - گھرنا - بڑھنا - جیسے اب تو یہ شاخ بھی چل گئی - آغاز ہونا - شروع ہونا - جیسے آرام ابھی نہیں چلے - رنجش ہونا - باہم لڑائی ہونا - کتاب وغیرہ کا پڑھا جانا - خوب کام دینا - جیسے سیاہی خوب چلتی ہے - توپ یا بندوق وغیرہ کا چھوٹنا - تلوار - تیر کا رواں ہونا - پائدار ہونا - دیر تک قائم رہنا - جیسے یہ کپڑا خوب چلا - کارگر ہونا - جیسے یہ تعویذ خوب چلتا ہے - پیالے اور جام کی گردش - بات وغیرہ کا آغاز ہونا - جیسے ذکر چل گیا - ٹہلنا - چہل قدمی کرنا -

چُلّو (ہ / مث) ہاتھ کو اس طرح موڑنا کہ جس میں کوئی چیز ٹھہر جائے - اوک -
چُلّو بھر (ہ) تھوڑا سا - قلیل مقدار - چُلّو جتنا -
چُلّو میں اُلّو ہونا (ہ) ذرا سی تیز شراب - یا تند بھنگ میں بیہوش ہونا -
چُلّو میں سمندر نہ سمانا (ہ) کوزے میں دریا نہ سمانا - اوچھے سے بڑا کام نہ سنبھلنا -
چُلّوؤں رونا (ہ) بکثرت رونا - زار زار رونا - آٹھ آٹھ آنسو رونا -
چِلّہ (ف / مذ) منسوب بہ چل یعنی چہل - چالیس دن کا عرصہ - چالیس دن کی وظیفہ خوانی - چالیس دن کا عمل - وہ مقام جہاں چلّہ کشی کی جائے - کلاوہ یا ڈور - جو منّت کے طور پر کسی مقدس مقام پر باندھا جائے - زچہ کا چالیسویں دن نہانا - کمان کی تانت -
چِلّہ باندھنا (ف) منّت ماننا - مُراد ماننا -
چِلّہ چڑھانا (ف) کمان کو زہ کرنا - تانت کو کھینچ کر کمان کے گوشہ میں باندھنا -
چِلّہ کھینچنا (ف) چالیس روز تک کوئی عمل کرنا - یا وظیفہ پڑھنا -
چلیپا (ف / مث) سولی - صلیب دار -
چلے چلنا (ہ) متواتر چلتے رہنا - برابر چلے جانا - سفر کرتے رہنا -
چلی (ف) نامردی -

چ - م

چَم (ہ / مذ) چام کا مخفف - چمڑا - چرم - کھال - پوست - رفتار ناز -
چَمار (ہ / مذ) چم اور آر کا مرکب ہے - یعنی چمڑا لانے اور بنانے والا - موچی - چرم دوز - چرم ساز - چمرنگ - کمینہ - نیچ - سِفلہ - غلیظ - گندا - میلا -
چمار چودس (ہ / مث) چماروں کا تہوار - چماروں کی عید - کم ظرفی کے باعث تھوڑی سی خوشی پر اترا جانا -
چمار چودس مچانا (ہ / محاورہ) شور غل کرنا - غل غپاڑہ کرنا -
چمار چودھر (ہ / مذ) چماروں کا جلسہ - شور و غل - جھگڑا - غوغا -
چماروں کو عرش پر بھی بیگار (ف) غریب کنگال کی ہر جگہ کم بختی ہے -
چماری (ہ / مث) چمار کی مؤنث - چمار کی بیوی - نیلوفر کے پھول کا وہ زیرہ جو اپنی اصلی حالت سے گر گیا ہو - بجائے زردی کے سیاہی پکڑ گیا ہو -
چمالی (ف / صف) ساقی - شراب پلانے والا -

چمبک (ہ/مذ) مقناطیس ۔
چمبل ۔ دریائے جمنا کا معاون جو ہماچل پہاڑی سے نکلتا ہے ۔
چمپا (ہ/مذ) ایک درخت جس کا پھول سفیدی مائل زرد اور نہایت مست خوشبو والا ہوتا ہے ۔
چمپا کلی (ہ/مث) گلے کا ایک زیور ۔
چمپت (ہ/صف) چھپا ہوا ۔ نہاں ۔ بھاگ جانے والا ۔
چمپت بننا (ہ) چلا جانا ۔ رفوچکر ہونا ۔ جلدی سے چلا جانا ۔
چمپت ہونا (ہ) رخصت ہونا ۔ بھاگ جانا ۔ ہوا ہو جانا ۔
چمپئی (ہ) سنہری رنگ کا ۔ یا ۔ چمپا کی رنگت کا ۔
چمٹا (ہ/مذ) دست پناہ ۔ آگ پکڑنے کا اوزار ۔
چمٹانا (ہ) چپکانا ۔ چسپاں کرنا ۔ سر کرنا ۔ پیچھے لگانا ۔ لپٹانا ۔
چمٹنا (ہ) چمٹانا کا لازم ۔ چپکنا ۔ سر ہونا ۔ پیچھے پڑنا ۔ لپٹنا ۔
چمچڑ ۔ چچیچڑ (ہ) چچڑی کی طرح چمڑے سے چمٹ جانے والا ۔ سر ہو جانے والا ۔ پیچھا نہ چھوڑنے والا ۔
چمچہ (ت/مذ) ڈوئی ۔ دودھ وغیرہ پتلی چیز پینے کا اوزار ۔ قاشق ہے دوسرا نام ۔
چمچی (ت) چھوٹا چمچہ ۔ چونہ کتھا لگانے کا آلہ ۔
چمر توحید (ت) صوفیوں کی اصطلاح ۔ ادنیٰ درجے کی توحید جو کم فہم اور جاہل وحدت الوجود کی حقیقت سمجھے بغیر ہمہ اوست کے قائل ہوں ۔
چمرخ (ت/مث) چمڑے یا مونج کی پتلی سی چیز ۔ جس کے اندر تکلا پھرتا ہے لاغر ۔ دُبلی کمزور عورت ۔
چمرس (ہ/مذ) جوتی کے چمڑے کا زخم ۔
چمڑا (ہ/مذ) پوست ۔ کھال ۔ چام ۔ ادھوڑی ۔ جانوروں کی کھال ۔ سخت ۔ گلنے کے ناقابل ۔ نہ ٹوٹنے کے قابل ۔
چمڑی (ہ/مث) کھال ۔ پوست ۔
چمڑی جائے دمڑی نہ جائے (ہ/مثل) سخت کنجوس ۔ ایسے بخیل کی نسبت بولتے ہیں جو پیسہ دینے کی جگہ جسمانی سزا بھگتنے کو تیار ہو ۔
چمک (ہ/مث) جھلک ۔ روشنی ۔ بھڑک ۔ بڑھتا ہوا درد ۔ بجول ۔
چمک چاندنی ۔ یا ۔ چمک چاننی (ہ/مث) وہ عورت جو خوب بنی ٹھنی رہتی ہو ۔
چمکدار (ف) روشن ۔ منور ۔ چمکیلا ۔
چمک دمک (ہ/مث) جھلک ۔ زیب و زینت ۔
چمک کر نکلنا (ہ) محاورہ ۔ شان و شوکت ۔ ناز و افتخار اور تکلف سے ساتھ برآمد ہونا ۔
چمک (ہ/مذ) مقناطیس ۔ آہن ربا ۔
چمکارنا (ہ) دلاسا دینا ۔ پیار کرنا ۔ پچکارنا ۔ گھوڑے وغیرہ کو تھپکنا
چمکارا (ہ/مذ) چمک ۔ کرن ۔ روشنی ۔ تابش ۔ جھلک ۔
چمکانا (ہ) صیقل کرنا ۔ آب دینا ۔ بھڑکانا ۔ روشن کرنا ۔ گھوڑے کو دوڑانا ۔
چمکنا (ہ) چمکانا کا لازم ۔ روشنی دینا ۔ کوندنا ۔ درخشاں ہونا ۔ رونق پانا ۔ چلا جانا ۔ مشہور ہونا ۔ نام پانا ۔ زیب و زینت حاصل کرنا ۔ دمکنا ۔ جگمگانا ۔ بھڑکنا ۔ بدکنا ۔ ڈرنا ۔ بلند ہونا ۔ عروج حاصل ہونا ۔ ترقی پہ ہونا ۔ زور پہ ہونا ۔ لڑائی ہونا ۔ جیسے اُن کی باہم خوب چمک رہی ہے ۔ خفا ہونا ۔ غصہ کرنا ۔ دوڑنا ۔ فرامٹا بھرنا ۔ گھوڑے کا خوب بھاگنا ۔ بکثرت خرید و فروخت ہونا ۔ جیسے کپڑے کی تجارت خوب چمک رہی ہے ۔ مٹکنا ۔
چمکو (ہ/مث) چھنال ۔ فاحشہ ۔ بدکار ۔ چنچل ۔ شوخ ۔ لڑاکا ۔ جھگڑالو ۔ غبار ۔
چمکول (ہ) چمکتا ہوا ۔ روشن ۔ درخشاں ۔ تاباں ۔
چمکی (ہ/مث) چھوٹا کام ۔ چھوٹا مقیش ۔
چنبیلی کا دستہ (ہ/مذ) خالص ستاروں کی بیل جس میں گوکھرو نہ ہو ۔
چمگادڑ (ہ/مذ) سپرہ ۔ ایک پرندہ کا نام ہے جو رات کو اڑتا ہے اور دن کو گھر کی چھتوں میں لٹکا رہتا ہے ۔ دن کی روشنی سے متنفر ہے ۔
چم گردش (ف) کھیل کود ۔
چمن (ف/مذ) منسوب بہ چم یعنی ٹہلنے کے قابل جگہ ۔ سبزہ کیاری ۔ گھر کے اندر کا باغیچہ ۔ نہایت آباد اور خوش وضع شہر ۔
چمن آرا (ف/صف) باغبان ۔ مالی ۔
چمپو (ہ/مث) امیر خسرو کے وقت میں ایک بھٹیاری کا نام ۔
چموراتی (ہ/مث) بچوں کے ایک کھیل کا نام جسے سات سمندر اور پہلا درجہ بھی بولتے ہیں ۔
چموٹی (ہ/مث) وہ چمڑے کی پٹی جو قیدیوں کے پاؤں میں زنجیر کی رگڑ سے بچنے کے واسطے لگا دیتے ہیں ۔

چ ۔ ن

چنا (ہ/مذ) نخود ۔ بونٹ ۔
چننا (ہ) جمع کرنا ۔ سمیٹنا ۔ چھانٹنا ۔ پسند کرنا ۔ لینا ۔ تعمیر کرنا ۔ عمارت بنانا ۔ ترتیب وار لگانا ۔ سجانا ۔ سلیقہ سے رکھنا ۔ چگنا ۔ دانہ دنکا اٹھانا ۔ کپڑوں میں چنٹ ڈالنا ۔ پھٹکنا ۔ بنانا ۔
چنار (ف/مذ) ایک بہت بڑے درخت کا نام جس کے پتے پنجہ شکل کے اور پتیاں سُرخ ہوتی ہیں ۔ اور اکثر اوقات اس میں خود بخود آگ لگ جایا کرتی ہے ۔
چنانچہ (ف) مثلاً ۔ جیسا کہ جس طرح پر ۔ اس طور سے ۔
چنائی (ہ/مث) عمارت کی ساخت ۔ عمارت چننے کی مزدوری ۔
چنبر (ف/مذ) گروہ ۔ حلقہ ۔ محیط ۔ جال ۔ دام ۔ آسمان کا دور ۔ چلم کا ڈھکنا ۔ گردن کی ہنسلی ۔
چنبل (ہ) ایک مشہور ندی جو دریائے جمنا میں آگرتی ہے ۔ بھبک

مانگنے کا پیالہ۔ چلم کا سرپوش۔ داد کی قسم کی ایک بیماری۔

چنبلی۔یا۔چپلی (ہ/مث) ایک چوڑا پیالہ جو لگن سے مشابہ ہوتا ہے۔

چنبیلی (ہ/مث) ایک مشہور خوشبودار پھول کا نام۔ یاسمن۔ زرد اور سفید دو قسم کا ہے۔

چنبیلی چپاڈمیں آئی (ہ/مثل) گستاخ اور بے ادب لونڈی یا عورت سرچڑھی۔

چنبیلی چاڈمیں آئی لڑکے بالے ساتھ لائی (مثل) منہ لگایا سفلہ سرچڑھ گیا۔

چنبیلیا (ا/مذ) ایک قسم کا بھورے رنگ کا کبوتر۔

چُنت (ہ/مث) شکن۔ سلوٹ۔ چین۔

چنتا (ہ/مث) فکر۔ اندیشہ۔ خوف۔ خطرہ۔ ڈر۔ سوچ بچار۔ تامل۔

چنچل (ہ) شوخ۔ چست و چالاک۔ بے چین۔ بے قرار۔ تڑتریا۔

چنچل پن (ہ/مذ) شوخی۔ بے چینی۔ چستی۔ چالاکی۔

چنچنا (ہ) بدمزاج۔ چیں چیں کرنے والا۔ چڑ چڑا۔

چنچنانا (ہ) بچے کا رونا۔ چیں چیں کرنا۔ بدمزاج ہونا۔ بگڑنا۔

چُن چُن کے نام رکھنا (ہ) چھانٹ چھانٹ کے نام رکھنا۔ ہر بات پر طعنہ دینا۔ بُرا کہنا۔

چنچنی آواز (ا/مث) صاف اور باریک آواز۔ بچوں کی آواز کو کہتے ہیں۔

چنچنے (ہ/مذ) چُرنے۔ کرم شکم۔ باریک سوت سے کیڑے جو بچوں کے معدے میں پیٹ کے بگاڑ سے پڑ جاتے ہیں۔

چند (ف) قلیل۔ تھوڑے۔ کس قدر۔ کتنے۔ کئے۔ کئی۔

چندروزہ (ف) ناپائدار۔ عارضی۔ بے ثبات۔

چندا (ہ/مذ) چاند کا مخفف۔

چندا (ہ/مذ) پیار سے چاند۔ ماہ۔ مہ۔ مور کی دُم کا چاند۔ مکان کے دروازے کے پاس کی دیوار۔

چنداماموں (ہ/مذ) بچے چاند کو کہتے ہیں۔ نیز ماں باپ بھی بچے کو بہلانے کے لیے چاند کو اس نام سے پُکارتے ہیں۔

چنداں (ف) اتنے۔ اس قدر۔ اتنی۔ ایسی۔

چندر (س/مذ) چاند۔ مہتاب۔ مہ۔ ماہ۔ قمر۔

چندرنگر ۔ صوبہ بنگال کا ایک شہر۔

چندرکلا (ہ/مذ) چاند کے قطر کا سولھواں حصّہ۔

چندرما۔یا۔چندرماں (ہ/مذ) چاند۔ ماہ۔ مہ۔ مہتاب۔ قمر۔

چندرہار۔یا۔چندن ہار (ہ/مذ) گلے میں پہننے کا ایک قسم کا ہار۔

چندرا (ہ) منحوس۔ بدبخت۔ نربھاگ۔ بے نصیب۔ کم بخت۔

چندراتا (ہ) جھٹلانا۔ تجاہل عارفانہ کرنا۔ جان بوجھ کر جھوٹا ثابت کرنا۔

چندراوَل (ہ/مذ) آشنا۔ ساتھی۔

چندن (ہ/مذ) صندل۔ صندل کا درخت۔ صندل کی لکڑی جو خوشبودار ہوتی ہے۔

چندن کی چٹکی بھلی گاڑی بھر اِک کاٹ (ہ/مثل) عمدہ چیز تھوڑی مقدار میں بہت سی چیز سے بہتر ہے۔ ذرا سا صندل ایک من کی گاڑی سے اچھا ہے۔

چندرا (ہ/مذ) ٹوپی کے اوپر کا حصّہ۔ ٹوپی کے اوپر کا گردہ۔

چَندہ (ہ/مذ) حصّہ۔ بانٹے۔ تقسیم۔ وہ روپیہ جو بہت سے لوگوں سے جمع کرکے کسی کام میں لگایا جائے۔

چُندھا (ہ) وہ شخص جس کی آنکھیں روشنی کی تاب نہ لاسکیں۔ سبل کی بیماری والا۔ پلک جھڑا۔ شپرہ چشم۔ بامنی کھایا۔

چندی (ہ/مث) ٹکڑا۔ حصّہ۔ بھاگ۔ ذرا ذرا۔ مٹی در مٹی۔ بال کی کھال۔ جیسے ہندی کی چندی کھانا۔

چندیا (ہ/مث) کھوپری۔ سر۔ سر کا اوپر کا حصّہ۔ چھوٹی سی روٹی۔ بچے ہوئے آٹے کی ٹکیا جو پڑھاتے وقت رہ جاتی ہے۔

چندیا پر بال نہ چھوڑنا (ہ) لوٹ لوٹ کے کھا جانا۔ کھوپری پر بال نہ رہنے دینا۔ کنگال کر دینا۔ مفلس بنا دینا۔

چندیا کھجانا (ہ) سر کھجانا۔ جُوتیاں کھانے کو جی چاہنا۔ شامت آنا۔

چندے آفتاب چندے ماہتاب (ف/محاورہ) عورتوں کی خوبصورتی کی تعریف میں بولتے ہیں۔ یعنی حسن و جمال اور چمک دمک میں سورج اور چاند سے بڑھ کر ہے۔

چندیاں لے ڈالنا (ا/محاورہ) بہت لعنت ملامت کرنا۔

چندیں شکل برائے اکل (ف/مثل) اچھی چیز کے لیے اس کا اہل ہونا چاہیے۔

چنڈال (ہ) نیچ۔ کمینہ۔ ادنیٰ ذات کا آدمی۔ بدنصیب۔ مُرک۔ کنجوس۔

چنڈال بال (ہ/مذ) ایک بڑا بال جو ماتھے پر ہوتا ہے۔ جسے منحوس سمجھتے ہیں۔

چنڈال چوکڑی (ہ/مث) چند شرارتی آدمیوں کا اجتماع جو فساد برپا کرتے ہیں۔

چنڈال نہ چھوڑے مکھی نہ چھوڑے بال (ہ/مثل) کنجوس اور کمینہ کچھ نہیں چھوڑتا۔

چنڈالنی (ہ/مث) کمینی۔ بدبخت۔ منحوس عورت۔

چنڈاول (ہ/مذ) لشکر کا آخری دستہ۔ ہراول کی ضد۔ سنتری۔ پاسبان۔ چوکیدار۔

چنڈُو (ہ/مذ) ایک طرح کا نشہ جو افیون کو پانی میں پکا کر بنایا جاتا ہے اور حقّہ کی طرح پیا جاتا ہے۔

چنڈُو باز (ہ/مذ) چنڈو کا نشہ پینے والا۔ زرد رنگ کا آدمی۔

چنڈول (ہ/مث) ایک خوش الحان چڑیا سے بڑے ارزنا جدار پرندے کا نام۔ بے ہودہ آدمی۔ بے وقوف شخص۔ سکھپال۔ ڈولا۔ ایک زنانہ سواری جسے کہار اُٹھاتے ہیں۔

ایک مٹی کا کھلونا۔
چُنری (ہ امث) رنگ برنگ کا زنانہ دوپٹہ - چونری - چونریا۔
چُنگ (ہ امث) کمر کا جھٹکا - ایک طرح کی ٹیڑھی ہے جو گری میں نکلتی ہے۔
چنگ (ؤ امث) ایک طرح کا کنکوا جس کو رات کے وقت غبارہ کی طرح ایک گینہ روشن کرکے اُڑاتے ہیں - گنجفہ کی ایک بازی کا نام - چنگ - سوزشِ مثانہ - پیشاب تکلیف سے آنے کی بیماری -
چُنگ (ف امذ) ایک باجے کا نام - آدمی یا جانور کا پنجہ -
چنگا (ہ) اچھا - تندرست - طاقتور - سُورما (اکثر بھلا کے ساتھ مستعمل ہے)
چنگاری } (ہ امث) انگاری - اخگر - شرارہ - آگ کا پتنگا - لوگوں کو
چنگی } رنجیدہ کرنے والی بات - ناراض کرنے والا کام -
چنگاری چھوڑنا (ہ) فتنہ انگیزی کی بات کرنا - رنج دہ بات کرنا - آگ لگانا - لڑائی کرانا - فساد کروانا -
چنگاری یا چنگی ڈالنا (ہ) آگ لگانا - فساد کرنا - فتنہ برپا کرنا - لڑائی کرانا - لڑائی کا باعث بننا -
چنگاریاں چھوٹنا (ہ) آگ کی پتیں اُٹھنا - آگ کے شرارے نکلنا - نہایت غصّہ اور غضب کا اظہار ہونا - خونخواری برسنا - بہادر اور خونخوار شخص کی صفت میں بولتے ہیں -
چُنگل (ف) آدمی یا جانور کا پنجہ - مٹھی - ہاتھ -
چنگھاڑ (ہ امث) چیخ - چلّا کر آواز دینا - زور کی آواز - ہاتھی یا دیو کی آواز -
چنگھاڑ مارنا (ہ) ڈراؤنی آواز نکالنا - ہاتھی یا دیو کا چیخ مارنا -
چنگھاڑنا (ہ) ہاتھی کا گرجنا - ہاتھی کا چیخ مارنا - دھاڑنا - مہیب آواز نکالنا - سور کا جھنکارنا - سور کا بولنا -
چنگھنی (ہ امث) مُرغی کا مادہ بچہ - چُوزہ -
چنگھوٹیاں (ؤا امث) بچوں یا نئے سیکھنے والوں کے آڑے ترچھے حروف -
چنگی (ہ امث) چنگاری - شرارہ - اخگر - آگ کا پتنگا - رنجیدہ بات -
چُنگی (ہ امذ) چٹکی بھر - ذرا سا - ٹیکس - محصول جو باہر سے آنے والی اشیاء پر شہروں میں لیا جاتا ہے -
چنگیر (ہ امث) پھولوں کی ٹوکری - پھول رکھنے کا خوان - خوان کا سرپوش -
چنگیری (ہ امث) روٹیاں رکھنے کی ٹوکری - ایک قسم کی پھیلی ہوئی بیٹھک دار ٹوکری - گندم کی تیلیوں کی ٹوکری کا کھلا کنارا -
چنگیز خاں (ت) ترکستان کے ایک بت پرست اور ظالم بادشاہ کا نام -

چنگیل (ہ امذ) ایک بوٹی جو پرانی عمارتوں میں اُگتی ہے اس کے بیج کو خوبازی کہتے ہیں -
چُنواں (ؤا اصف) چُنا ہوا -
چنوانا (ہ) چُننا کا متعدی - بنوانا - اکٹھا کروانا - تعمیر کروانا -
چنور (ہ امذ) مورچھل - چنوری - سُرا گائے کی دُم کے بالوں کا گُچھا جو امیروں کے پاس مکھیاں اُڑانے کے لیے ہوتا ہے - مگس ران -
چنوٹی (ہ) وہ ظرف جس میں پان کھانے والے چُونہ رکھتے ہیں -
چِنہ (ہ امث) علامت - نشان - خط و خال - اشارہ - کنایہ - شناخت -
چُنّی (ہ امث) یاقوت سُرخ کا ٹکڑا جو موتیوں کے ساتھ نتھ میں ڈالتے ہیں -
چُنیا بطخ (ہ امث) ایک قسم کی چھوٹی اور خوبصورت چتیوں دار بطخ -
چُنیا گوند (ہ امذ) ڈھاک کا گوند -
چنے کا مارا مرنا (ہ) ذرا سی چوٹ سے مرنا -
چنے کے ساتھ گھن بھی پس گیا (ؤ امحاورہ) مجرم کے ساتھ بے گناہ کی بھی شامت آگئی -

چ - و

چو (ہ) چار - چہار - مگر مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - جیسے چوکور - چوپٹہ -
چوا (ہ امذ) گنجفہ کا چار نقطوں والا ورق - چار چیزوں کا ڈھیر -
چوالیس (ہ) چالیس اور چار - چہل و چار - ۴۴، ۴۴ -
چوانا (ہ) ٹپکانا -
چواؤ (ہ امذ) ٹپکاؤ - رساؤ - نچوڑ - چکیدگی -
چوب (ف امث) لکڑی - کندہ - سونٹا - شامیانے یا خیمہ کی لکڑی - باجا بجانے کی لکڑی - آنکھ کی چوٹ -
چوب زن (ف) نقارہ بجانے والا -
چوبا (ہ امذ) کیل - کھونٹا - میخ - ایک قسم کے میٹھے چاول -
چوبا (ہ امذ) چار ویدوں کا عالم برہمن - متھرا کے برہمنوں کی ایک قوم - چترویدی -
چوبارا (ہ امذ) چار دروازوں والا - مکان کے اوپر کا کمرہ جس کے چاروں طرف دروازے یا کھڑکیاں ہوں -
چوبائی (ہ امث) چاروں طرف ہوا - چوطرفی ہوا -
چوبچہ (ؤ امذ) اصل میں چاہ بچہ تھا - چھوٹا حوض - حوضہ - گندے پانی کا گڑھا -
چوب چینی (ف) ایک دوا کا نام - گل عباسی کی جڑ -
چوبدار (ف امذ) عصابردار - نقیب - سونٹا بردار - دربار شاہی کا

نقیب جن کے ہاتھوں میں سونے چاندی کے منڈھے ہوئے ڈنڈے ہوتے ہیں۔

چوبدستی (ف/مث) ہاتھ کی لکڑی۔ چھڑی۔

چوبغلا (ا/مذ) کُرتے۔ انگرکھے یا چوغے کی بغل کے نیچے کا حصّہ۔

چوبندی (ہ/مث) نعل بندی۔ خراج۔ نعل بہا۔

چوبندی باندھنا (ا/محاورہ) نعل بندی کرنا۔

چوبندی جکڑنا (ا/محاورہ) مجرم کے ہاتھ پاؤں باندھنا۔

چوبولا (ہ/مذ) چار مصرعوں کا گیت۔ ہندی زبان کا ایک گیت۔

چوبی (ف) لکڑی کا بنا ہوا۔

چوبیس (ہ) چار اور بیس۔ بست و چہار۔ ۲۴، 24۔

چوبیسا (ہ/مذ) چوبیس گاؤں کا پرگنہ۔ ایک قسم کا تعویذ۔ چوبیس کا نقش۔

چوپایہ (ف/مذ) چار پاؤں کا جانور۔ چارپایہ جیسے بیل۔ گھوڑا وغیرہ۔

چوپال (ہ/مث) بیٹھک۔ نشست گاہ۔ گاؤں کا پنچایتی مکان۔

چوبالا (ہ/مذ) ہوادار پالکی۔ تام جھام۔

چوپائی۔ یا۔ چوپی (ہ/مث) رُباعی۔ چار مصرعوں کی نظم۔

چوپٹ (ہ) چاروں طرف سے کھلا۔ چاروں دروازے کھلے ہوئے۔ فراخ۔ نابینا۔ اندھا۔ سوروداس جاہل مطلق۔ ویران۔ تباہ۔

چوپٹ کرنا (ہ) اُجاڑنا۔ ویران کرنا۔ لوٹنا۔ غارت کرنا۔

چوپڑ (ہ/مث) نرد بازی۔ چوسر۔ پچیسی۔ بساط چوسر۔ چوسر کا وہ کپڑا جس پر نردیں رکھتے ہیں۔

چوپڑ کا بازار (ا/مذ) وہ بازار جس کے چاروں طرف کو کانیں ہوں۔ چارسو بازار۔ چار رستوں کا بازار۔

چوپڑ کی سڑک (ا/مث) وہ سڑک جو چار شاخوں میں تقسیم اور چاروں طرف گئی ہو۔

چوپہلا (ہ/مذ) ایک قسم کا ڈولا۔ محافہ۔

چوپھلا (ہ/مذ) چار پھل والا چاقو۔ وہ چاقو جس کے چار کارد ہوں۔

چوپہل (ہ) مربع چار پہلو۔ رُونٹ، چوکڑی اینٹ۔

چوتالا (ہ/مذ) طبلہ بجانے کا ایک طریق۔ چار ضرب۔ ایک قسم کا گیان۔

چوترا (ہ/مذ)۔ (دیکھو چبوترا)

چوترا بنانا (ہ) اینٹ سے اینٹ بجانا۔ مسمار کرنا۔ ڈھانا۔

چوتڑ (ہ/مذ) کولا۔ پُٹھا۔ سرین۔ کفل۔

چوتھ (ہ/مث) ہر ایک پاکھ کی چوتھی تاریخ۔ آمدنی کی چوتھائی جو مرہٹے خراج کے طور پر لیا کرتے تھے۔ چوتھا حصّہ۔ چاریک۔ رُبع۔

چوتھا (ہ) چہارم۔ رابع۔ میّت کے چوتھے یا تیسرے دن کی رسم۔ سوم۔ تیجا۔

چوتھائی (ہ/مث) چوتھا حصّہ۔ رابع۔

چوتھی (ہ/مث) بیاہ کی ایک رسم جو ساچق کے چوتھے روز ہوتی ہے۔

چوتھی کا جوڑا (ہ/مذ) وہ قیمتی جوڑا جو ساچق کے دن چوتھی کے نام سے دیا جاتا ہے۔ جس کو دُلہن چوتھی کے دن پہنتی ہے۔

چوتھی کھیلنا (ہ) چوتھی کے دن دُلہن کے گھر جاکر چھڑیوں اور میووں وغیرہ سے کھیلنا اور چیزوں کو ایک کا دُوسرے پر پھینکنا۔

چوتھے پانچویں (ہ) گاہ بگاہ۔ کبھی کبھار۔ گاہے گاہے۔ جھوٹے بھٹکے۔

چوتھیا (ہ/مذ) چوتھے روز کا بخار۔ نمبردار۔ زمیندار۔

چوٹ (ہ/مث) صدمہ۔ ضرب۔ مار۔ کوفت۔ دُکھ۔ درندے۔ جانور کا حملہ۔ وار۔ طعن۔ تشنیع۔ جوڑ۔ جوٹ۔ مقابل۔ ثانی نظیر۔ جیسے برابر کی چوٹ ہے۔ خواہش۔ آرزو۔ عشق و محبت۔ داؤں۔ گھات۔ چال پیچ۔ نقصان۔ ضرر۔

چوٹ آنا (ہ) صدمہ پہنچنا۔ ضرب آنا۔ طعنہ مارنا۔ آوازہ کسنا۔

چوٹ اُبھرنا (ہ) درد کا دوبارہ ظاہر ہونا۔ صدمہ کا از سرِ نو دُکھنا۔

چوٹ بچانا (ہ) حریف کا وار خالی دینا۔ دشمن کی ضرب سے بچنا۔

چوٹ چلنا (ہ) وار چلنا۔ حملہ کرنا۔ طعنہ دینا۔ طنز کرنا۔ دو حریفوں کا باہم وار چلنا۔ باہم لڑنا۔ وار کرنا۔

چوٹ کرنا (ہ) کاٹنا۔ ڈسنا۔ ضرب مارنا۔ وار کرنا۔ داؤں کرنا۔ طعنہ دینا۔

چوٹ کھانا (ہ) نقصان اُٹھانا۔ مار کھانا۔ پٹنا۔ زخمی ہونا۔

چوٹ لگنا (ہ) ضرب لگنا۔ صدمہ پہنچنا۔ اثر ہونا۔ عشق ہونا۔ پھانس لگنا۔

چوٹا (ہ/مذ) چور۔ دُزد۔ اُچکا۔ اُٹھائی گیرا۔

چوٹی (ہ/مث) سر کے بال۔ چونڈا۔ جعد۔ گندھے ہوئے بال۔ پہاڑ کی سب سے اُونچی جگہ۔ قلہ کوہ۔ پرندے کی کلغی۔ بڑا سردار۔ سرغنہ۔ اُونچا۔ بلند۔ منتخب۔ چیدہ۔ سب سے اوّل۔

چوٹی رکھنا (ہ) سر پر سنّت کے بال رکھنا۔

چوٹی کا (ہ) سب سے اوّل۔ اوّل درجے کا۔ عُمدہ۔ بڑھیا۔ چھٹا ہوا۔

چوٹی کرنا۔ یا۔ کنگھی چوٹی کرنا } (ہ) بال سنوارنا۔
چوٹی گوندھنا } بال گوندھنا۔

چوٹی والا (ہ/مذ) بھُتنا۔ ہمزاد۔ سایہ۔ بلا۔

چوٹی ہاتھ ہونا (ہ) قابو میں ہونا۔ بس میں ہونا۔ بھُتنے کا قابو میں ہونا

چوٹّی (ہ/مث) چور عورت۔ چوٹّی۔ عیّارہ۔

چوچڑ (ہ/مذ) بے وقوف۔ مودھو۔ بھوندو۔ کم دُودھ دینے والی گائے۔

چوچلا -یا- چونچلا (ہ/مذ) پیار - اخلاص - ناز نخرہ - لاڈ -
چوچلا بگھارنا (ہ) ناز و انداز کرنا - نخرے کرنا -
چوچل ہائی (ہ/مذ) نازک مزاج - نخرے والی - اِترانے والی -
چوچل ہایا (ہ/مذ) لاڈلا - نخرے والا -
چوچند (ل) چارگنا - چوگنا - چارچند -
چوچی (ہ/مث) عورت کا تھن - پستان - چھاتی - چیچی -
چوچی پیتا (ہ) نادان - بے تمیز - بے عقل - بچہ - دودھ پیتا -
چوچی پینا (ہ) دودھ پینا - آنچل منہ میں ڈالنا -
چوجدی (ہ/ف/مث) چاروں طرف -
چوخانہ (ہ/ف/صف) وہ کپڑا جس پر مربع خانے بنے ہوئے ہوں -
چوخانی (ہ/ف/صف) کبوتروں کے چار خانے والی کابک -
چوخیدن (ف) پھسلنا - گرنا -
چودانی (ہ/مث) موتیوں کے چار والوں والا کان میں پہننے کا ایک زیور -
چودس (ہ/مث) چاند کی چودہ تاریخ ہندی مہینے کے پر باکھ کی چودھویں -
چودہ (ہ) چار اور دس - چہاردہ - ۱۴ - 14 -
چودہ بدیا (ہ/مث) ہندی کے چودہ علم یعنی چار وید - چھ انگ - دھرم - میمانسا - نیائے - پران -
چودہ بدیا ندھان (ہ/مذ) چودہ علموں کا عالم - بڑا فاضل - پختہ کار تجربہ کار نہایت قابل اور لائق پنڈت -
چودہ خانوادے (ہ/ا/مذ) زاہدوں اور عارفوں کے چودہ خاندان جو چار پیروں سے نکلے ہیں -
چودہ طبق (ہ/ع/مذ) سات زمین اور سات آسمان -
چودہ طبق روشن ہوجانا (ہ/ا/محاورہ) عقل اور فہم بڑھ جانا - معلومات زیادہ ہوجانا -
چودہ معصوم (ہ/ع/مذ) شیعوں کے فرقہ امامیہ کے نزدیک رسولِ اکرمؐ حضرت فاطمہؓ اور بارہ امام -
چودھرات -یا- چودھرایت (ہ/مث) چودھری کا عہدہ - نمبرداری - سرداری - چودھری بننے کا حق -
چودھری (ہ/مذ) نمبردار - ہم پیشہ لوگوں کا بڑا - سردار - افسر - زمینداروں کا خطاب -
چودھویں (ہ) چہاردہم - چودہ سے نسبت رکھنے والا -
چودھویں رات (ہ/مث) شبِ چہاردہم - چاند کی وہ رات جس میں وہ پورا ہوجاتا ہے -
چودھویں رات کا چاند (ہ/مذ) ماہِ کامل - بدر - ماہِ تمام - پورنماشی کا چاند - خوبصورت - ماہرو سے (مجازاً) معشوق -
چور (ہ/مذ) چوٹا - دزد - سارق - غاسور - چھپا زخم - مہندی لگانے کے بعد جو سفیدی رہ جاتی ہے - دزدِ حنا - موم بتی کی ایک طرف جو گھل گئی ہو - پوشیدہ سوراخ - چھت کا سوراخ - بدگمانی - بدظنی - خوف - خطر - اندیشہ - کھلاڑی کا چھپایا ہوا گنجفہ کا پتا - پوشیدہ - خفیہ - درپردہ - جھوٹا - دروغ گو - فریبی - دغاباز -
چور اُچکا (ہ) چور بھی اور ٹھگ بھی - چور ٹھگ وغیرہ -
چور اُچکا چودھری غنڈی رَن پردھان (ہ/مثل) زمانے کا انقلاب ہے - کمینے اور سفلے عروج پارہے ہیں - کسی پُرعیب آدمی کے جھگڑے میں غالب رہنے کے وقت بولتے ہیں -
چور بالو (ہ/مذ) چلا - دلدل - بالو ریت سراب -
چور بدن (ہ/مذ) وہ بدن جس کی موٹائی معلوم نہ ہو - پوشیدہ موٹائی -
چور بیٹھنا (ہ) اندیشہ ہونا - بدگمانی ہونا - بدظنی ہونا -
چور پر مور پڑنا (ہ) چور کے گھر میں چوری ہوجانا - ٹھگوں کو ٹھگنا -
چور پیٹ (ہ) نامعلوم حمل - وہ پیٹ جس کا حمل معلوم نہ ہو - مداریوں کے کرتب دکھانے کا دو پیندا لوٹا -
چور پہرہ (ہ) خفیہ پہرہ - پوشیدہ چوکیداری -
چور پیا (ہ/مذ) ڈبل پیا جو گر کر مشکل سے ملا کرتا ہے -
چور تالا (ہ/مذ) بے معلوم قفل - مخفی تالا -
چور ٹیک (ہ/مذ) چور راستہ - خفیہ راستہ -
چور در چیت (ہ/مذ) آپ ہی چور اور خود ہی شاہد - چور بھی اور کوتوال بھی -
چور چکار (ہ/مذ) چور ٹھگ - اُچکا - چور بدمعاش -
چور چوری سے جائے - ہیرا پھیری سے نہ جائے (ہ) بدعادت چھوٹا نہیں کرتی -
چور خانہ (ہ/ا/مذ) صندوقچہ کا خفیہ خانہ پنجرے کے اندر کا خانہ - تہہ خانہ - خلوت گاہ - خلوت خانہ -
چور دروازہ (ہ/ا/مذ) وہ دروازہ جو عام لوگوں کو معلوم نہ ہو - خفیہ دروازہ -
چور راستہ (ہ/مذ) غیر مشہور راستہ - نامعلوم راستہ -
چور زمین (ہ/مث) دلدلی زمین - دلدل - دھنساؤ -
چور سے کہے چوری کر ساہ سے کہے تیرا گھر لٹا (ہ/مثل) اُس آدمی کی نسبت بولتے ہیں - جو خود ہی نقصان کرائے اور خود ہی ہمدردی جتائے - دونوں طرف مل جانے والا آدمی -
چور سیڑھی (ہ/ا/مث) مکان کے پیچھے کی طرف کی سیڑھی -
چور کھڑکی (ہ/مث) پوشیدہ دریچہ - غیر مشہور کھڑکی -
چور کا بھائی گھٹھ کترا (ہ/مثل) بُرے کا ساتھی بُرا - بد کا ساتھی بد -
چور کا مال سب کوئی کھائے چور کی جان اکارت جائے (ہ/مثل) بُرے سے فائدہ تو ہر کوئی اُٹھا لیتا ہے - مگر اُس کی مصیبت میں ہمدرد کوئی نہیں بنتا -
چور کو چور ہی پہچانے -یا- چور کو چور ہی سوجھتا ہے (ہ/مثل) جیسے کو ویسا ہی تاڑتا ہے اور ہر شخص دوسرے کو اپنے جیسا ہی سمجھتا ہے -

چور کو گھر تک پہنچایا (ا / محاورہ) معاملہ کو انتہا تک پہنچانا۔

چور کی داڑھی میں تنکا (ہ / کہاوت) عیب دار ہی کو ہمیشہ کھٹکا رہتا ہے چور چوری کی بات کو اپنے ہی اُوپر لے جاتا ہے۔

چور کی ماں کوٹھی میں سر دے اور روئے (ہ / مثل) بُرے کا بھیدی دل ہی دل میں کُڑھتا ہے۔ چور کی ماں چھپ کر بھڑاس نکالتی ہے۔ کسی کے سامنے کیا کہے۔

چور کے پَیر کہاں (ہ / محاورہ) چور میں استقلال نہیں ہو سکتا۔ ذرا سی آہٹ سے بھاگ جاتا ہے۔

چور گلی (ہ / مث) خفیہ راستہ۔ پوشیدہ کوچہ۔ میانی یعنی وہ کپڑا جو پاجامہ میں دونوں رانوں کے بیچ میں ہوتا ہے۔

چور گیا کر اندھیر (ہ / مثل) بدی کے مواقع بہت ہیں۔ بدکار آدمی موقع پا کر ضرور بدی کرتے ہیں۔

چور محل (ل) وہ عورت جو بیاہتا نہ ہو۔ حرام عورت۔ منکوحہ کی ضد۔

چور مونگ۔ یا۔ اُڑد (ہ / مذ) وہ کڑا کوا مونگ یا اُڑد جو گلتی نہیں۔

چور ہٹیا (ہ / مذ) چوروں کا مال خریدنے والا دُکان دار۔

چُور (ہ / مذ) ریزہ۔ ٹکڑا۔ تھکا ہوا۔ مست۔ بے ہوش۔ سرشار۔

چُورا (ہ / مذ) ریزہ۔ برادہ۔ سفوف۔

چوراکاری (ا د / مث) چوری۔ چوری کا شُہرہ۔

چُور کرنا (ہ) ریزہ ریزہ کرنا۔ پیسنا۔ کوٹنا۔ خُوب مارنا۔ زد و کوب کرنا۔

چَوراسی (ہ) اَسّی اور چار۔ ہشتاد و چہار۔ ۸۴، 84۔

چوراسیا (ہ) چوراسی سال کی عمر کا۔ (مذ) برہمنوں کا ایک گوت۔

چورانوے۔ یا۔ چورانویں (ہ) نوّے اور چار۔ نوَد و چہار۔ ۹۴۔ 94۔

چَوراہا (ہ / مذ) وہ مقام جہاں سے چاروں طرف کو رستہ جاتا ہو۔ چوک۔

چَورس (ہ) چوکور۔ ہموار۔ مُربّع۔ مسطّح۔

چَورسانا (ہ) ہموار کرنا۔ مسطّح کرنا۔ چوکور بنانا۔ صاف کرنا۔

چَورسائی (ہ / مث) برابری۔ ہمواری۔ یکسانیت۔

چُورن (ہ / مذ) ایک قسم کا سفوف جو بدہضمی رفع کرنے کے لیے کھاتے ہیں۔

چُورنا (ہ) ٹکڑے ٹکڑے کر کے کسی پتلی چیز کو دُودھ وغیرہ میں ڈبونا۔

چَورنگ (ا / مذ) مشقِ شمشیر۔ وہ چیز جس پر تلوار کا ہاتھ صاف کریں۔ ایک ہی وار میں چار ٹکڑے کرنا۔ تلوار کی ضرب۔ تلوار کا وار۔ تلوار کا ہاتھ۔

چورنگ کاٹنا (ہ) تلوار کے ایک ہی وار میں چار ٹکڑے کرنا۔ ضربِ شمشیر سے ٹکڑے ٹکڑے اُڑا دینا۔

چُوری (ہ / مث) گھی اور میٹھا ملا کر چُورا کی ہوئی روٹی۔ روٹی کا مالیدہ۔ چُورما۔

چوری (ہ / مث) سرقہ۔ دُزدی۔

چوری اور سر زوری
چوری اور سینہ زوری } (ا / کہاوت) ایک تو قصور کرنا۔ پھر اکڑنا بھی۔ اپنے قصور پر نادم نہ ہونا۔ اُلٹا دُوسروں کا قصور ٹھہرانا۔

چوری چوری۔ یا۔ چوری چھپے۔ یا۔ چوری سے (ہ / در پردہ۔) خفیہ طور سے۔ چھپے چھپے۔

چوری کا گُڑ میٹھا (ہ / کہاوت) مفت کا اور حرام مال سب کو پیارا لگتا ہے۔

چوری لگانا (ا / محاورہ) چوری کا الزام لگانا۔

چوڑ (ا / مذ) نقصان۔

چوڑا (ہ) فراخ۔ کشادہ۔ چکلا۔ عریض۔

چُوڑا (ہ / مذ) ہاتھی دانت یا لاکھ یا چاندی کی چوڑیوں کا جوڑا۔ ایک قسم کا زیور۔

چوڑا (ہ) (واؤ مجہول) (مذ) پیشاب، گوبر وغیرہ ملی ہوئی کیچڑ۔ گیلا۔ میلا۔ بہت غلیظ۔ بھیگا ہوا۔

چوڑاپن (ا / مذ) فراخی۔ کشادگی۔

چوڑا کر دینا (ہ) سخت میلا کر دینا۔ نہایت غلیظ کرنا۔ گیلا کرنا۔ بھگو دینا۔

چوڑان (ہ / مث) چوڑائی۔ عرض۔ پہنائی۔ فراخی۔ وسعت۔

چوڑانا (ہ) پھیلانا۔ فراخ کرنا۔ وسیع کرنا۔ کشادہ کرنا۔

چوڑاؤ (ہ / مذ) پھیلاؤ۔ پاٹ۔ عرض۔ فراخی۔

چوڑائی (ہ / مث) (دیکھو چوڑان)۔

چُوڑی (ہ / مث) سونے چاندی لاکھ وغیرہ کے حلقے جو سُہاگن عورتیں ہاتھوں میں پہنتی ہیں۔ دست۔ برنجن۔ پیچ کا ہر حلقہ جو کسی پُرزے میں کٹا ہوتا ہے۔ چینی وغیرہ کانچ کی اشیاء کا بال۔ یعنی شکن جو ٹوٹنے سے پڑ جاتا ہے۔ نہایت نازک اور بودی چیز۔

چُوڑی کی مثال۔ یا۔ مانند (ہ) نہایت نازک۔ بودا۔

چُوڑیا (ہ / مذ) ایک قسم کا دھاری دار کپڑا۔

چوڑی دار پاجامہ (ا / مذ) تنگ موری کا سلوٹوں والا پاجامہ۔

چُوڑیاں (ہ / مث) چُوڑی کی جمع۔

چوڑیاں بڑھانا (ہ) چُوڑیاں اُتارنا۔

چُوڑیاں پہنانا (ا / محاورہ) ہاتھوں میں چوڑیاں ڈالنا۔ بیوہ عورت سے شادی کرنا۔

چُوڑیاں پہننا (ہ) ہاتھوں میں چوڑیاں ڈالنا۔ مرد ہو کر نامردی اختیار کرنا۔ شادی کرنا۔ نکاحِ ثانی کرنا۔

چوڑیاں پہنانا (ہ) بیوہ عورت کی شادی کرنی۔

چُوزہ (ہ / مذ) مُرغی کا بچہ۔ پٹھا۔ نوعُمر۔ اور خورد سال لڑکا۔ جوان لڑکی۔ پٹھیا۔

چوزہ باز (ہ/مث) بچوں سے زیادہ رغبت رکھنے والی عورت۔ لونڈوں سے فعل کرنے والی کسبی۔

چوسٹھ۔ یا۔ چونسٹھ (ہ) ساٹھ اور چار۔ شصت و چہار۔ ٦٤، ۶۴۔

چوسر (ہ/مث) نرد بازی۔ چوپڑ۔ پچیسی۔ بساط جس پر نردیں رکھتے ہیں۔

چوسر باز (د/مذ) چوپڑ کا کھلاڑی۔

چوسر کا رنگ (د/مث) نردیں جو پانسہ کی چوسر میں کھیلی جاتی ہیں۔

چوسنا (ہ) نچوڑنا۔ جذب کرنا۔ دودھ پینا۔ نچوڑنا۔ عرق نکال لینا۔

چوغہ (ت/مذ) جُبّہ۔ لبادا۔ عبا۔ ایک قسم کا نہایت تہذیبی لباس۔

چوک (ہ/مث) بھول۔ قصور۔ غلطی۔ سہو۔ ایک قسم کا کھٹا ساگ۔ لیموں سے بنی ہوئی ایک کھٹی چیز۔ ترشی۔ نہایت کھٹا۔

چوک (ہ/مذ) مربع میدان۔ وہ بڑا بازار جس میں چار طرف سے راستے ہوں۔ صحن۔ انگنائی۔ سامنے کے چار دانت خواہ اوپر کے خواہ نیچے کے۔ ایک زیور کا نام جو عورتیں سر پر پہنتی ہیں۔

چوکا برتن کرنا (د/محاورہ) چوکا اور اس کے اردگرد کی جگہ کو تیار کرنا اور برتنوں کو کھانا پکانے کے لیے مانجھنا۔

چوکا دینا (د/محاورہ) رسوئی کو لیپنا پوتنا۔

چوکا (ہ/مذ) ایک قسم کا کھٹا ساگ۔ (چوکنا سے اسم مطلق)

چوکر (ہ/مذ) چوکر۔ بھوسی۔

چوکڑا (ہ) نہایت اچھا۔ عمدہ۔ اعلیٰ۔ چوکس بھی کہتے ہیں اور تول میں پورا۔ ہشیار۔ خبردار۔

چوکڑی (ہ/مث) ہرن کی قلانچ۔ چاروں پیر جوڑ کر ہرن کی پھلانگ۔ چار گھوڑوں کی بگھی۔ حد۔ حدبست۔

چوکڑی بھرنا (ہ) زقند لگانا۔ چھلانگ مارنا۔ ہرن کی قلانچیں مارنا۔

چوکڑی بھول جانا (ہ) گھبرا جانا۔ ہوش جاتا رہنا۔ سٹ پٹا جانا۔

چوکس رہنا (ہ) ہوشیار رہنا۔ خبردار رہنا۔ اچھی طرح نگہبان رہنا۔

چوکسی (ہ/مث) ہوشیاری۔ خبرداری۔ نگہبانی۔ احتیاط۔

چوکنّا (ہ) چار کانوں والا (مجازاً) نہایت ہوشیار۔ خبردار۔

چوکنا (ہ) غلطی کرنا۔ خطا کرنا۔ بھول جانا۔ سہو ہونا۔

چونکنا۔ یا۔ چوکنا (ہ) نیند میں اُچھل پڑنا۔ متوحش ہونا۔ ڈرنا۔ خوف کھانا۔ بدکنا۔ بھڑکنا۔

چوکور (ہ) مربع۔ چوگوشہ۔ چورس (مذاقاً) موٹا آدمی۔ فربہ اندام۔

چوکھا (ہ) کھرا۔ بے کھوٹ۔ بے میل۔ بے غش۔ اچھا۔ خوب۔ بلے کا ترجمہ۔ نادر۔ عمدہ۔ کھرا۔ خالص اصل صاف۔

چوکھاٹ (ہ/صف) وہ انسان جس کے اعضا قوی ہوں۔

چوکھٹ (مث) دروازہ کی چار لکڑیاں۔ جن میں کواڑ لگاتے ہیں۔ چوب۔ آستانہ۔ دہلیز۔ عتبہ۔

چوکھٹا (ہ/مذ) ڈھانچہ۔ تصویر یا قطعہ وغیرہ کا فریم۔ آئینہ گھر۔

چوکھونٹ (ہ) چاروں طرف۔ چودیس۔ دُنیا۔ عالم۔ ہر طرف۔ ہر سُو۔

چوکھونٹا (ہ) چوپہل۔ چارگوشہ۔ مربع۔

چوکی بٹھانا (ہ) پہرا بٹھانا۔ نگہبانی کرنا۔ حراست میں لینا۔ محافظ بٹھانا۔ جادو کرنا۔ پیر بٹھانا۔ مؤکل مقرر کرنا۔

چوکی بھرنا (ہ) باری باری پہرہ دینا۔ بھینٹ چڑھانا۔ نیاز دلوانا۔

چوکی پر جانا (ہ) امراء کا پاخانے میں جانا۔ صحبت خانے میں جانا۔

چوکی پہ لوٹا نہ رکھواؤں (د/محاورہ) حقارت ظاہر کرنے کے لیے کہتی ہیں کہ اس سے کوئی کام نہ کراؤں۔

چوکی پہرا (د/مذ) پہرا۔ گارد۔ پہرے کی باری۔

چوکی جانا (ہ) خرچی پر جانا۔

چوکی خانہ (د/مذ) نُدما و امراء کے حاضر ہونے کا مکان۔

چوکی دینا (ہ) پہرا دینا۔ نگہبانی کرنا۔ کرسی دینا۔ کرسی پر بٹھانا۔

چوکیدار (د/مذ) پاسبان۔ نگہبان۔ پہرے دار۔ محافظ۔ نگران۔

چوکیدارا (د/مذ) چوکیداری کا ٹیکس۔ چوکیدار کی نوکری کی اُجرت۔

چوکیداری (د/مث) پاسبانی۔ حفاظت۔ چوکیداری کی نوکری۔ حفاظت کا ٹیکس۔

چوکی مار (د/مذ) وہ شخص جو مال چھپا کر بغیر محصول دیے لے جائے۔ گھاٹ مار۔ محصول چور۔

چوگا (ہ/مذ) پرندوں کی خوراک۔ دانہ۔

چوگان۔ یا۔ چوغان (ت/مذ) گیند کا بلّا۔ پولو کا کھیل جو گھوڑوں پر سوار ہو کر کھیلتے ہیں۔ نقارے کی چوب۔ گلی کا ڈنڈا۔

چوگان باز (ت/مذ) چوگان کھیلنے والا۔

چوگڈا (ہ) وہ مقام جہاں چار گاؤں کی حد ملتی ہے۔

چوگڈی (ہ/مث) جانوروں اور پرندوں کو پکڑنے کی کل جو بانس کی تیلیوں سے بناتے ہیں۔

چوگرد (ف) گرداگرد۔ چاروں طرف۔ آس پاس۔

چوگلا (د/مذ) چار پتیوں کا پھول۔ گل چار برگہ۔

چوگنا (ہ) چار چند۔

چول (ہ) وہ چھید جس میں کواڑ پھرتا ہے۔ لکڑی کا وہ سرا جو دوسری لکڑی میں داخل کیا جاتا ہے۔ قفل جوڑ بند۔

چولا (ہ/مذ) بدن۔ جسم۔ تن۔ ایک پوشاک کا نام۔ جو دلہن کو شادی کے دن پہناتے ہیں۔ چولی۔ انگرکھے کے اوپر کا حصہ۔

چولا بدلنا (ہ) قالب بدلنا۔ ایک جسم سے دوسرے جسم میں جانا۔

چولا چھوڑنا (ہ) پران چھوڑنا۔ مرنا۔ انتقال کرنا۔

چولائی (ہ/مث) ایک قسم کا ساگ۔ لال ساگ۔ اس کے بیج کو بھون کر لڈو بناتے ہیں۔
چولہا (ہ/مذ) آتشدان۔ آگ رہنے کی جگہ۔ ہنڈیا پکانے کی جگہ۔
چولہے آگ نہ گھڑے پانی (ہ) کہاوت۔ نہایت مفلس اور کنگال کی نسبت بولتے ہیں۔
چولہے میں پڑے۔ یا۔ چولہے میں جائے (ہ) محاورہ۔ آگ لگے۔ خاک میں ملے۔ اُجڑ جائے ہمیں اس سے کچھ سروکار نہیں۔
چولی (ہ/مث) انگرکھے کے دامن سے اوپر کا حصہ۔ انگیا۔
چولی دامن کا ساتھ (ہ) لازم ملزوم۔ ہمیشہ ساتھ رہنے والے دو آدمی۔ قدیمی ساتھ۔
چولیں ڈھیلی ہونا (ہ) کام کی زیادتی چلنے پھرنے سے تھک کر جوڑ جوڑ ہونا۔
چوما (ہ/مذ) بوسہ۔ پپی۔ مٹھی۔
چوما چاٹی (ہ/مث) بوس و کنار۔ ناز و نیاز۔
چوماسہ (ہ/مذ) برکھا رُت۔ برسات کے چار مہینے۔ موسم برسات۔
چوم چاٹ کے چھوڑنا (ہ) کام نکال کر چھوڑ دینا۔ بے قابو چیز کو سلام کر کے اس سے باز آنا۔ ہاتھ اُٹھانا۔
چومتے ہی گال کاٹا (ار/مثل) ابتدا کرتے ہی نقصان پہنچایا۔
چومکھ (ہ/مذ) وہ چراغ جس کی چار بتیاں چاروں طرف روشن ہوں۔ چار بتی کا چراغ خواہ دھات کا ہو یا آٹے مٹی وغیرہ کا۔
چومکھ جلانا (ہ) منت کا چراغ جلانا۔ نذر کا دیا جلانا۔
چومکھی (ہ/مث) ایک درخت کے بیج کا نام۔ ہندوؤں کی ایک دیوی کا نام۔
چومنا (ہ) بوسہ لینا۔ کسی بزرگ کے مزار کو ادب سے منہ لگانا۔ بوسہ لینا۔ پیار کرنا۔ چمکارنا۔ پچکارنا۔
چومنزلہ (ہ/مذ) چار منزل کا مکان۔ چار درجوں والا مکان۔
چومیخا کرنا (ہ) اوندھا یا چت لٹا کر چاروں ہاتھ پاؤں میخوں سے باندھ کر سزا دینا۔
چوں (ف) جیسے۔ جیسا۔ مانند۔ مثل۔
چون (ہ/مذ) آٹا۔ آرد۔ چوٗرہ۔
چوں (ہ/مث) آواز گوز۔ چمڑے کی آواز۔
چون کا (ار/صفت) آٹے کا بنا ہوا۔ کمزور۔
چون کا حاکم بھی بُرا ہوتا ہے (ار/مثل) اختیار سے ڈرنا چاہیے۔
چون کر ڈالنا (ار/محاورہ) آٹا کر دینا۔ پیس ڈالنا۔
چوں نہ کرنا (ہ) آواز تک نہ نکالنا۔ اُف تک نہ کرنا۔ خاموش رہنا۔
چون (ہ) پچاس اور چار۔ پنجاہ و چہار، ۵۴، 54۔
چونا (ہ/مذ) قلعی۔ سفیدی۔ آہک۔ کوٹھوں میں پکایا ہوا پتھر یا کنکر۔ تیز و تند کھٹاس۔ ٹپکنا۔ چھت سے بوند بوند پانی گرنا۔
چونپ (ہ/مث) چاؤ۔ شوق۔ خواہش۔ اُمنگ۔ بڑھاوا۔ ضد۔ ہٹ۔ سونے کی کیل جو اکثر ہندو نجات کی غرض سے دانتوں میں لگاتے ہیں۔ ہوشیاری۔ چالاکی۔ فکر۔ چوکنا پن۔
چونپ دینا (ہ) بڑھاوا دینا۔ کسی کام کے لیے آمادہ و تیار ہونا۔
چونپنا (ہ) ہوشیار رہنا۔ متفکر رہنا۔ متوحش ہونا (مث) ہوشیاری۔ چالاک۔
چونترا (ہ/مذ) (دیکھو چبوترہ)
چونتیس (ہ) تیس اور چار۔ سی و چہارم، ۳۴، 34۔
چونچ (ہ/مث) پرندوں کا منہ۔ منقار۔ ٹول۔ نوک۔ سرا۔ زبان۔ جھڑپ۔ باتوں کی تیزی۔ لفظی جھگڑا۔ جیسے دو دو چونچیں ہو گئیں۔
چونچ سنبھالو (ہ) محاورہ۔ بدزبانی نہ کرو۔ زبان روکو۔ زبان سنبھالو۔
چونچ مارنا (ہ) ٹھونگ مارنا۔ بے ہودہ بکنا۔ زبان سے واہیات بولنا۔
چونچال (ہ) ہوشیار۔ مستعد۔ چالاک۔ دانا۔ سیانا۔ سمجھ دار۔
چونچلا (ہ/مذ) ناز و نخرہ۔ عشوہ ادا۔ ناز و کرشمہ۔
چوں چوں (ہ/مث) چڑیوں کی آواز۔ گاڑی کے چلنے کی آواز۔ جوتے کے مرکنے کی آواز۔ ایک کھلونے کا نام جو کھینچنے سے اسی طرح کی آواز دیتا ہے۔
چوندھیانا (ہ) خیرگی چشم ہونا۔ چمک دار یا زیادہ روشن چیز کے دیکھنے کی تاب نہ لانا۔ آنکھ جھپک جانا۔ گھبرا جانا۔ حیران ہو جانا۔
چونڈ (ہ/مذ) بے وقوف۔ احمق۔
چونڈا (ہ/مذ) سر کے بالوں کا جوڑا۔ سر کے بال۔ بالوں کی چوٹی۔ پرندوں کے وہ چند پر جو سر پر اُبھرے ہوتے ہیں۔ کپا کنواں۔ پرندوں کی کلغی۔
چونڈا دھوپ میں سفید نہیں کیا (ار/مثل) ناتجربہ کار نہیں ہوں۔
چونڈا منڈوانا (ار/محاورہ) بے عزتی برداشت کرنا۔ بدنامی۔
چونڈے پر ڈولا اُچھلنا (ہ) سوکن بننا۔ سوکن بن کر آنا۔
چونر (ہ/مث) چُنری۔ گنواری رنگ کا رنگا ہوا دوپٹہ۔
چونری (ہ/مث) مگس راں۔ مورچھل۔
چونسٹھ (ہ) ساٹھ اور چار۔ شصت و چہار، ۶۴، 64۔
چونک (ہ/مث) وحشت۔ بھڑک۔ رمیدگی۔ چمک۔ جھجک۔ چوٹ۔
چونک اُٹھنا } چونک پڑنا } (ہ) گھبرا کر یک دم جاگ اُٹھنا۔ سوتے سوتے اُچھل پڑنا۔ ہوشیار ہو جانا۔ چوکنا ہو جانا۔ بدک جانا۔
چونکنا (ہ) چونک پڑنا۔ سوتے سوتے جاگ اُٹھنا۔ بھڑکنا۔ بدکنا۔ جاگنا۔ بیدار ہونا۔ چوکنا ہونا۔ حیرت زدہ ہونا۔

چونکہ (ف) اس لیے کہ - اس واسطے کہ -
چونکیل (ا/صف) جھجکنے والا - ڈرپوک -
چونگا (ہ/مذ) خوشامد درآمد - چاپلوسی - للّو پتّو - فریب - تلوا بانس کا تلوا - کھوکھلا بانس -
چون وچرا (ف/مذ) بحث تکرار - حیل وحجّت - ردّوکد - جرح و قدح -
چونی (ہ/مث) وہ موٹا آٹا جو دال دلنے میں نکلتا ہے - دال کا برادہ -
چونی بھی کہے مجھے گھی سے کھاؤ (ہ) سفلہ اور کمینہ آدمی بھی بڑوں میں برابری کی شمولیت کا مدّعی ہے - قابلیت سے بڑھ کر تعظیم کا طالب ہے -
چونی (ہ/مث) چار آنے کی قیمت کا چاندی کا سکّہ - روپے کا چوتھا حصّہ - چوتھائی حصّہ - باؤلا - باؤلی -
چوتے والیاں (ہ/مث) ایک طرح کی ڈومنیاں جو بچہ پیدا ہونے پر ناچنے گانے آتی ہیں -
چوہا (ہ/مذ) مُوش - موسا - ناک کا سوکھا ہوا رینٹ - ناک کا میل -
چوہان (ہ/مذ) راجپوتوں کی ایک ذات کا نام -
چوہرا (ہ/مذ) چار تہہ کا - چار تہوں والا -
چوہتر (ہ) ستر اور چار - ہفتاد وچہار - ۷۴ - 74 -
چوہٹا (ہ/مذ) چوک - وہ بازار جس کے چار طرف راستے ہوں - چار دُکانوں کی جگہ -
چُوہڑا (ہ/مذ) خاکروب - بھنگی - حلال خور -
چُوہڑی (ہ/مث) چوہڑا کی تانیث - بھنگن - حلال خوری - خاکروبن -
چُوہی (ہ/مث) (ب) چُوہا کی تانیث چُوہیا -
چوہیا (ہ/مث) (دیکھو چوہی)
چوہیا سے دانت (ہ/مذ) چھوٹے چھوٹے دانت -
چوہے کا بچہ بھی نہیں (ہ/کہاوت) نام کو بھی اولاد نہیں - بے اولاد ہے -
چُوہے کے ہاتھ ہلدی کی گرہ لگی وہ بھی پنساری بن بیٹھا (ہ/مثل) اوچھا اور کم ظرف آدمی تھوڑی سی پونجی ہاتھ لگنے پر اترانے لگتا ہے اور اپنا ثانی کسی کو نہیں سمجھتا -
چوہے دنتی (ہ/مث) عورتوں کے ہاتھ میں پہننے کے ایک زیور کا نام - جس کے دندانے چوہے کے دانتوں جیسے ہوتے ہیں - کنگن -
چُوہے سے کپڑے (ا/صف) نہایت میلے کچیلے کپڑے -
چوہے کا بچہ بھی نہیں (ا/محاورہ) بالکل بے اولاد ہے -
چُوہے کا جنا بِل ہی کھودتا ہے (ہ) ہر ایک آدمی اپنی اصل ہی پر جاتا ہے - عاقبت گرگ زادہ گرگ شود -
چُوہے مار (ا/مذ) ایک پرندہ جو چوہے پکڑ کر لے جاتا ہے - چوہے مارنے والا -
چوہیا (ہ/مذ) سطح آب - دریا کے کنارے کے پاس کا وہ گڑھا جس میں پانی جھر جھر کر ٹھہر جائے -

چ - ہ

چہ (ف) کیا -
چہ خوش (ف/طنز) کیا بات ہے - کیا خوب - واہ وا کیا کہنے -
چہ خوش چرا نباشد (ف) کیا کہنے - ہاں کیوں نہ ہو -
چہ داند بوزنہ لذاتِ ادرک (ف/مثل) بندر کو ادرک کے مزے سے کیا واقفیت - ناقدرشناس کو اچھی چیز کی قدر نہیں ہوتی -
چہ معنی دارد (ع) کیا سبب ہے - کیا وجہ ہے - کیا باعث ہے -
چہ (ف/مذ) چاہ کا مخفف - کنواں - گڑھا - بِل کے دونوں سرے -
چھ - یا - چھے (ہ) شش - تین اور تین - ۶ - 6 -
چھاپ (ہ/مث) ٹھپّا - مُہر - علامت - نشان - چندن لگانے کا دھات کا چھاپہ -
چھاپ لگانا (ہ) ٹھپّا لگانا - مُہر لگانا -
چھاپا مارنا (ہ) شب خون مارنا - رات کو خفیہ طور پر حریف پر حملہ کرنا -
چھاپنا (ہ) نقش کرنا - شائع کرنا - مُہر لگانا - طبع کرنا - مشہور کرنا - بیاہ کی رسم - رسم میں مکان کی دیواروں کو صندل کے نشانات سے سجانا -
چھاپہ خانہ (ا) مطبع - کتابیں چھاپنے کا کارخانہ -
چھاپے خانہ والا (ا/مذ) مالک مطبع - منیجر مطبع -
چھاتا (ہ/مذ) چھتری سے اسم مکبّر - بڑی چھتری - بڑا سینہ - سینہ کشادہ - چھاتی سے اسم مکبّر - بڑی چوڑی چھاتی -
چھاتی (ہ/مث) سینہ - چوچی - پستان - جرأت - حوصلہ - دلیری - مضبوطی - استقلال - فیاضی - سخاوت - استحکام -
چھاتی بھر آنا (ہ) آنسو بھر آنا - محبت مادری سے چھاتی میں دودھ اُتر آنا - رونے کو تیار ہونا - چھاتی کا گوشت سے پُر ہونا - رحم آنا - ترس آنا -
چھاتی پھر جانا (ہ) گھوڑے کے سینے میں خون کا جمع ہو جانا -
چھاتی پتھر بن جانا - یا - ہو جانا (ہ) رحم نہ رہنا - دل کا سخت ہو جانا -
چھاتی پر پتھر (ہ) دل سخت کر لینا - غم کو پاس نہ آنے دینا - صبر کرنا -
چھاتی پر پھرنا (ہ) ہر وقت یاد رہنا - ہر دم خیال -
چھاتی پر چڑھ کر ڈھائی چلّو پینا (ہ) جان سے مار ڈالنا - سخت سزا دینا -
چھاتی پر چڑھنا (ا/محاورہ) پچھاڑ کر چھاتی پر سوار ہونا - ہر وقت سامنے موجود رہنا -

چھاتی پر دھر کر لے جانا (ہ) دھن دولت کو اپنے ساتھ قبر میں لے جانا۔
چھاتی پر سانپ پھر جانا (ہ) حسرت ہونا۔ رنج ہونا۔ افسوس کرنا۔ رشک کرنا۔
چھاتی پر سانپ لوٹنا (ہ) رنج اور صدمہ گزرنا۔ حسرت ہونا۔ رشک آنا۔
چھاتی پر سِل دھرنا (ار/ محاورہ) چھاتی پر بوجھ رکھنا۔ سزا دینا۔
چھاتی پر مونگ دلنا (ہ) رشک دلانا۔ غیرت دلانا۔ سزا دینا۔ عذاب دینا۔
چھاتی پک جانا (ہ) چوچی پک جانا۔ زخم ہو جانا۔ تکلیف یا غم سہتے سہتے عاجز آ جانا۔ عاجز ہو جانا۔ نزلہ سے سینے میں درد ہونا۔
چھاتی پکڑ کر رہ جانا (ہ) دل ہی دل میں غم و افسوس کر کے بیٹھ رہنا۔ کسی رنج پر اُف تک نہ کرنا۔ بڑی برداشت اور تحمل سے صبر کرنا۔
چھاتی پھٹنا (ہ) دل پر بڑا بھاری صدمہ گزرنا۔ کسی بات سے سخت صدمہ ہونا۔ سینہ کا شق ہو جانا۔ کسی کے مال اور دھن پر رشک کرنا۔ جلنا۔ حسد کرنا۔
چھاتی پیٹنا (ہ) ماتم کرنا۔ رونا۔ سینہ کوبی کرنا۔ غصّہ ظاہر کرنا۔ غصّہ میں سینہ کوٹنا۔ حسد ظاہر کرنا۔ کسی کی دولت پر جلنا۔
چھاتی تلے رکھنا (ہ) ہر دم پاس رکھنا۔ ہر وقت سامنے رکھنا۔ جان کے برابر رکھنا۔ آنکھوں سے اوجھل نہ ہونے دینا۔
چھاتی ٹھُکنا (ہ) ہمّت بندھانا۔ حوصلہ ہونا۔ تسلّی ہونا۔ اطمینان ہونا۔
چھاتی ٹھنڈی کرنا (ہ) دل خوش کرنا۔ دشمنی نکال کر خوش ہونا۔ دل ٹھنڈا کرنا۔ بغض نکالنا۔ ارمان پورا کرنا۔
چھاتی جلانا (ہ) رنج دینا۔ رشک دینا۔ حسد دلانا۔ دل جلانا۔
چھاتی جلنا (ہ) سینے میں جلن ہونا۔ حسد رشک یا غم سے جلنا۔
چھاتی چڑھنا (ار/ محاورہ) پستانوں میں دودھ بڑھ آنا جو بچے کے مرنے یا دودھ چھڑانے کے بعد ہوتا ہے۔
چھاتی چھلنا یا چھلنی ہو جانا (ہ) غم یا صدموں کے باعث سینے کا داغ داغ اور دل کا پاش پاش ہو جانا۔
چھاتی دھڑکنا (ہ) خوف چھانا۔ دل کانپنا۔ دل پر صدمہ گزرنا۔
چھاتی دینا (ہ) بچے کو دودھ پلانا۔
چھاتی سراہنا (ہ) تحمل اور بُردباری کی تعریف کرنی۔ صد رحمت کرنا۔
چھاتی سُلگانا (ار/ محاورہ) ستانا۔ تنگ کرنا۔
چھاتی سے لگانا (ہ) پیار کرنا۔ گلے سے لگانا۔ جوشِ محبت سے سینے سے چمٹانا۔ تسلّی دینا۔ اطمینان دلانا۔
چھاتی سے لگا کر رکھنا (ہ) بہت پیار سے اپنے پاس رکھنا۔ جان کے برابر رکھنا۔

چھاتی کا اُبھار (ہ) عورت کی چھاتیوں کا بلوغت کے وقت اُبھر آنا۔
چھاتی کا پتھر۔ یا۔ پہاڑ (ہ) مخالفِ طبع۔ ناگوارِ خاطر۔ بارِ خاطر۔
چھاتی کا پھوڑا (ہ/ مذ) وبالِ جان۔ خلافِ طبع۔ وبالِ گردن۔
چھاتی کا جم (ہ/ مذ) ملک الموت۔ قابضِ ارواح۔ فرشتۂ موت۔ ناگوارِ طبع۔ وہ آدمی جو پاس سے نہ ٹلے۔
چھاتی کوٹنا (ہ) ماتم کرنا۔ سینہ کوبی کرنا۔ کسی کی دولت پر رشک سے جلنا۔
چھاتی کے کواڑ (ہ/ مذ) چھاتی کے دونوں پہلو۔ دائیں بائیں اطراف۔
چھاتی کے کواڑ کھلنا (ہ) سینہ چاک ہونا۔ سینہ شق ہونا۔ ایک دم چیخ نکلنا۔ بے تحاشا چیخ پڑنا۔ دل سے کثافت دور ہو جانا۔ سینہ روشن ہو جانا۔
چھاتی گدرانا (ار/ محاورہ) عورت کے پستانوں کا اُبھرنا شروع ہونا۔
چھاتی گرم کرنا (ہ) دلربا سے ہمکنار ہونا۔ تسلّی ہونا۔ اطمینان کرنا۔
چھاتی مَسلنا (ہ) چھاتی مروڑنا۔ چھاتی دبانا۔ چھاتی ملنا۔
چھاتی مسوسنا (ہ) دل پکڑ کر رہ جانا۔ صدمہ اُٹھانا۔ افسوس کرنا۔ صدمہ دینا۔ رنج دینا۔ دل دکھانا۔
چھاتی نکال کر چلنا (ہ) اِترا کر چلنا۔ سینہ تان کر چلنا۔ پہلوانوں کی چال چلنا۔ سینہ اُبھار کر چلنا۔
چھاج (ہ/ مذ) غلہ پھٹکنے کا اوزار۔ گھی کے آگے کا وہ حصہ جس کے پیچھے کی طرف کو جوان کے پاؤں اور اوپر گھوڑے کی راس بنتی ہے۔
چھاج سی داڑھی (ہ/ مث) بڑی اور چوڑی داڑھی۔
چھاج میں ڈال کر چھلنی میں اُڑانا (ار/ محاورہ) اُلٹا کام کرنا۔ کسی کو رسوا اور بدنام کرنا۔ بات کا بتنگڑ بنانا۔
چھاجن (ہ/ مذ) چھپر۔
چھاجوں مینہ برسنا (ہ) بکثرت بارش ہونا۔ موسلا دھار پانی پڑنا۔
چھاچھ (ہ/ مث) کھٹی۔ مٹھا۔ بلویا یا گھی نکالا ہوا۔ دودھ یا دہی۔ وہ کھٹا سفید دودھ جو گھی گرم کرنے کے بعد نیچے رہ جاتا ہے۔
چھاچھ چھنک گئی (ار/ محاورہ) بات بگڑ گئی۔ کام بگڑ گیا۔
چھاڑنا } (ہ) (گنوار) قے کرنا۔ اُلٹی کرنا۔ چھوڑنا۔ ترک کرنا۔
چھاڑنا }
چہار (ف) چار۔ اربع۔ ۴۔ ۱/۴۔
چہار چند (ف) چوچند۔ چوگنا۔
چہار شنبہ (ف/ مذ) بدھ وار۔ بدھ کا دن۔
چہارم (ف) چوتھا۔ چوتھائی حصہ۔
چہار طاق (ف) راوٹی ایک قسم کا خیمہ۔
چھاڑ۔ یا۔ چاڑ (ہ/ مث) دریا کا کنارا۔ کراڑا۔ پتھر یا بڑا ساڈھیلا۔

چھاگل (ہ/مث) مشکیزہ - چھوٹی سی مشک - سفر میں پانی رکھنے کا مٹی کا برتن - جھانجن - خلخال - پاؤں میں پہننے کا ایک زیور -
چھال (ہ/مث) درخت کا اُوپر کا بکل - درخت کا پوست -
چھالا (ہ/مذ) پھلکا - تبخالہ - آبلہ - شیشے یا تلوار کا داغ -
چھالا پڑنا (ہ) آبلہ ظاہر ہونا - چھالا اُٹھنا - تبخالہ نمودار ہونا -
چھالیا (ہ/مث) سپاری - بھال -
چھان (ہ/مث) چھاؤں - سایہ - ظل - پرچھائیں - شربت چھاننے کی صافی -
چھانا (ہ) پاٹنا - پھوس یا کھپریل وغیرہ کی پوشش کرنا - سایہ کرنا - اندھیرا کرنا - غالب ہونا - گھرنا - محیط ہونا - جیسے ابر چھا گیا - بادلوں کا ہجوم کرنا -
چھان بین - یا - چھان بنان (ہ/مث) تجسس - دریافت - کھوج - پتہ - سُراغ -
چھانٹ (ہ/مث) فضلہ - چھچھلے - کترن - انتخاب - کتر بیونت - طرز - تراش - وضع قطع -
چھانٹ لینا (ہ) چُن لینا - انتخاب کرلینا - قطع کرلینا - تراش لینا - کاٹ لینا - پسند کرنا - اختیار کرنا -
چھانٹن - یا - چھٹن (ہ/مث) جو چیز چھانٹنے سے بچ رہے - فضلہ - کترن - چھاڑن -
چھانٹنا (ہ) چُننا - انتخاب کرنا - پسند کرنا - اختیار کرنا - کاٹنا - کترنا - بیونتنا - قطع کرنا - قلم کرنا - درخت کی شاخیں کاٹنا - سر کے بال کاٹنا - صاف کرنا - تنقیہ کرنا - مواد خارج کرنا - اُلٹی کرنا - قے کرنا - باتیں بنانا - طنز کرنا - الگ کرنا - علیحدہ کرنا - تلوار سے قتل کرنا - مار ڈالنا -
چھاند (ہ/مث) پاہنگ - باگ دوڑ - پنگا - پچھاڑی -
چھاندا (ہ/مذ) حصہ بخرا - بھاگ - بھاجی -
چھانس (ہ/مث) چھلن - بھوسی - تور - کوڑا -
چھان ڈالنا } (ہ) ڈھونڈ کر لانا - تلاش کرلینا - کسی کی جستجو میں
چھان مارنا } چپہ چپہ دیکھ ڈالنا - شک کرنا - چھلنی کر دینا -
چھاننا (ہ) چھلنی کے ذریعے آٹا چھاننا - چھلنی میں سے آٹا نکالنا - رولنا - صاف کرنا - نتھارنا - شربت وغیرہ - امتحان کرنا - جانچنا - پرکھنا - پرتالنا - دیکھنا - تحقیقات کرنا - کھوج لگانا - خوب تلاش کرنا - چپہ چپہ ڈھونڈنا -
چھانول (ہ/مث) سایہ - ظل - پرتو - پرتوا - کرن - روشنی جیسے تاروں کی چھاؤں سے بڑی سی مشابہت -
چھاؤنی (ہ/مث) چھاؤں کرنے کی چیز - کھپریل - سپاہیوں کی بارکیں - فوجی کیمپ - فوج کی قیام گاہ - لشکر گاہ - فوج کا مسکن -
چھاؤنی چھانا } (ہ) لشکر گاہ بنانا - کیمپ ڈالنا - فوج رکھنا -
چھاؤنی ڈالنا } قیام کرنا - چھپر یا کھپریل ڈالنا - مسکن بنانا -

چھائی (ہ/مث) راکھ -
چھائیاں (ہ/مث) کلف - سیاہ داغ - جو آدمی کے چہرے پر پڑ جاتے ہیں -
چھائیں پھوئیں (ہ) خدا نہ کرے - خدا بچائے - خدا پرے ہی رکھے -
چھایا (ہ/مث) سایہ - چھاؤں -
چھایا میں آجانا (ا/ا محاورہ) آسیب ہوجانا -
چھب (ہ/مث) زیب و زینت - آرائش - زیبائش - معشوقانہ ناز و انداز - خوبصورتی - اعضاء کی بناوٹ - انداز جسم - بدن کی ساخت - رُعب - وضع قطع -
چہ بچہ (ف) کنویں وغیرہ کے پاس کا وہ گڑھا جس میں خراب پانی جمع ہوتا رہتا ہے -
چھب تختی (ا/ا/مث) جسم اور بدن کی خوبصورتی - سینے کی خوبی - بدن اور جسم کی خوش وضعی -
چھبڑا (ہ/مذ) چھبیا - چھابا - چوڑا ٹوکرا -
چھبتی (ہ/مث) پیسہ - فلوس - دلالوں کی اصطلاح ہے -
چھبیس (ہ) بیس اور چھ - بست و شش ۲۶ ، ۲۶ -
چھبیلا (ہ) چھب والا - خوش وضع - وجیہ خوش اندام -
چھپ (ہ/مث) پانی کی آواز -
چھپ چھپ (ہ/مث) پانی پر ہاتھ مارنے کی آواز - منہ پر پانی ڈالنے کی آواز -
چھپا (ہ) مخفی - پوشیدہ - گپت - نا معلوم - چھپا ہوا -
چھپا رستم } (ا/ا/مذ) مخفی کامل فن آدمی - اپنے فن میں اُستاد
چھپے رستم } کامل مگر لوگوں میں ظاہر نہ ہو - بڑا اشریر - نہایت بدمعاش -
چھپا راستہ (ا/ا/مذ) چور راستہ - خفیہ راستہ -
چھپا رکھنا (ا/ا/مص) پنہاں رکھنا - ظاہر نہ ہونے دینا - خفیہ رکھنا -
چھپاکا (ہ/مذ) پانی کے منہ پر ڈالنے کی آواز - تریڑا - چھینٹا -
چھپانا (ہ) پوشیدہ کرنا - ڈھانپنا - ڈھانکنا - ڈھانک لینا -
چھپائی (ہ/مث) چھاپنے کی اُجرت - طبع کرائی کی مزدوری -
چھپٹی (ہ/مث) چوب ریزہ - لکڑی کی وہ چھیلن جو کام بناتے وقت نکل جایا کرتی ہے -
چھپر (ہ/مذ) پھوس کا سائبان - پھوس کی چھت - بوجھ - بھار - دابڑ - برساتی پانی کی جھیل -
چھپر بند (ہ) چھپر بنانے والا - سائبان چھاتے والا -
چھپر پہ پھوس نہ ہونا (ہ) نہایت کنگال اور تنگ حال ہونا - مفلس ہونا -
چھپر پہ رکھنا (ہ) طاق پر رکھنا - خاطر میں نہ لانا -
چھپر پھاڑ کر دینا (ہ) بے محنت کیے دولت دے دینا - از غیب سے دینا - گھر بیٹھے دولت دینا -
چھپر ٹوٹ پڑنا (ا/ا محاورہ) یکایک مصیبت آجانا -

چھپر چھانا (ن) چھپر ڈالنا - چھپر ڈالنا -
چھپر رکھنا (ہ) بار احسان رکھنا - بوجھ رکھنا -
چھپر کھٹ (ہ/مذ) مسہری - دُلہن کا پلنگ - امیروں کے سونے کا چھتری دار پلنگ -
چھپرا (ہ/مذ) چھوٹا چھپر -
چھپکا (ہ/مذ) پانی کا بہت بڑا چھینٹا - دو لکڑیوں میں بنا ہوا کبوتر پکڑنے کا بڑا سا جال - ایک قسم کا جال - ایک قسم کا زیور جسے عورتیں بالوں میں باندھ کر ماتھے پر لٹکاتی ہیں - پگلائی ہوئی رانگ کا چوڑا ٹکڑا - کنڈی میں لگانے کا لوہے کا چوڑا سا پترا -
چھپکلی (ہ/مث) ایک جانور جو اکثر دیواروں پر رہتا ہے - اور مکھیاں وغیرہ کھاتا ہے - چلپاسہ - دُبلی پتلی عورت -
چھپن (ہ) پنجاہ و شش - پچاس اور چھ - ۵۶ ، 56 -
چھپنا (ہ) مخفی ہونا - پوشیدہ ہونا - بچنا - آنکھ بچانا - چاند سورج وغیرہ کا اوجھل ہونا - پردہ کرنا - اوٹ کرنا -
چھپنا (ا) طبع ہونا - مُہر لگنا - عکس اُترنا - نقش و نگار بننا -
چھپوال (ا/صف) پوشیدہ - مخفی -
چھت (ہ/مث) سائبان - سقف - کوٹھا - بام - چھت گیری -
چھت بندھنا (ہ) چھایا رہنا - ابر محیط رہنا -
چھت بندی (ا/مث) چھت بنانا -
چھت پٹنا - یا - چھت پڑنا (ہ) مکان کے اُوپر سقف کا چھا جانا -
چھتّا (ہ/مذ) پٹا ہوا راستہ - تنا ہوا - مہال کی مکھیوں اور بھڑوں کا گھر - خانہ زنبور - ہجوم - گروہ - داد یا پھنسیاں جو پاس پاس نکلی ہوں - گھاس کا پھیلاؤ جس کی جڑ ایک ہی ہو -
چھتّر (ہ/مذ) بڑا چھاتا - بادشاہوں کے سر کی چھتری چتر - شامیانہ - پناہ کی جگہ -
چھتراؤ (ہ/مذ) پراگندگی - تتر بتر ہونا - انتشار -
چھتّر (ہ/مذ) ٹوٹی ہوئی جُوتی - جُوتی کے لیترے -
چھتّر پلا ڈھونا (ہ) باہم لڑائی ہونا - جوتیوں سے آپس میں لڑنا - گالی گلوچ ہونا -
چھتّر لگنا (ہ) جُوتیاں پڑنا - سخت ندامت اُٹھانا - پھٹکاریں پڑنا -
چھتری (ہ/مث) چھوٹا چھاتا - بارش اور دُھوپ کے بچاؤ کی چیز - جو سر پر تان لیتے ہیں - کبوتروں کے بیٹھنے کا ٹھٹر - ایک قسم کا گنبد دار محل - ڈولی کے اُوپر کا ٹھٹر - ہندوؤں کی ایک قوم کا نام - سر کے گھنے اور لمبے بال - وہ مکان جہاں کسی ہندو جوگی یا راجہ مہاراجہ وغیرہ کی ہڈیاں دفن ہوں - بڑے درخت کا گنبد نما بہت سا پھیلاؤ -
چھت گیری (ا/مث) وہ کپڑا یا لکڑی جو چھت کے نیچے مٹی وغیرہ کے گرنے کے لیے لگا دیا کرتے ہیں - چادر - چھت - لکڑ چھت - پوشش سقف -
چھتیانا (ہ) بندوق کو چھاتی سے لگا کر شست باندھنا -

چھتیس (ہ) چھ اور تیس - سی و شش ، ۳۶ ، 36 -
چھتیسا (ہ) چھتیس ہنر جاننے والا - نہایت ہُنرمند - تجربہ کار - تمام عیوب و ہنر سے واقف -
چھتیسی (ہ/مث) چھتیسا کی تانیث - چالاک - عیارہ - تمام عیب و ہُنر سے واقف اوباشن وضع عورت - نہایت ہوشیار عورت -
چھُٹ (ہ) ماسوائے - سوائے - بجز - جُدا - علیحدہ -
چھٹ (ہ/مذ) چھوٹا کا مخفف -
چھٹ بھیا (ہ/مذ) کم درجے کا آدمی - چھوٹا دُکان دار - نیچ قوم کا -
چھُٹ پن - یا - چھُٹ پنا (ہ/مذ) خُردی - بچپن - طفولیت - طفلی -
چھٹ - یا - چھُٹھ (ہ/مث) ہر پاکھ کی چھٹی تاریخ -
چھٹا (ہ) چھ سے تعلق رکھنے والا - ششم -
چھٹاپا (ا/مذ) خُردی - چھوٹاپن -
چھٹانک (ہ/مث) پانچ تولہ - سیر کا سولھواں حصّہ - پانچ تولے کا باٹ - چھٹنکی -
چھُٹکا (ہ/مث) (ہندو) چھوٹا - خرد - کلاں کی ضد -
چھٹکا (ہ/مذ) بینس کا منقش و رنگین پردہ -
چھٹکارا (ہ/مذ) نجات - خلاصی - رہائی - رستگاری - فرصت - مُہلت -
چھٹکال (ا/مث) چھینٹیں -
چھٹکنا (ہ) پھیلنا - پراگندہ ہونا - بکھرنا - تاروں کا روشنی دینا - چمکنا -
چھٹکیلا (ا/صف) عیاش - لُچا -
چھٹکیلی (ا/مث) عیاشی - اوباشی -
چھُٹنا (ہ) صاف ہونا - مواد بلغم وغیرہ نکلنا - گھٹنا - دُبلا ہونا - چھٹ جانا - درخت وغیرہ کا قلم ہونا - قطع ہونا - علیحدہ ہونا - جُدا ہونا -
چھٹنیا (ہ) آزاد ہونا - برطرف ہونا - موقوف ہونا - بچنا - باقی رہنا - بیٹ چلنا - دست لگنا - سُست ہونا - ڈھیلا پڑ جانا - نکلنا - جاری ہونا - بندوق چلنا - سر ہونا - چلنا - روانہ ہونا -
چھٹوانا (ہ) چھٹنا کا متعدی المتعدی - جُدا کرانا - رہا کرانا - موقوف کرانا -
چھٹوتی (ہ/مث) رعایت - کمی - تخفیف (رپ) چھُوٹ -
چھٹی (ہ/مث) چھ سے نسبت رکھنے والی تاریخ ششم - بچہ پیدا ہونے کے بعد چھٹے دن کی رسم - زچہ کے پاس چھٹے دن آنے والی اشیا مثلاً کھلونے کھچڑی - جوڑا - طشت -
چھٹی کا دُودھ یاد آنا (ہ) سخت مصیبت کے دنوں میں ایام عیش و نشاط کا خیال آنا -
چھٹی کا راجہ (ہ/مذ) خاندانی امیر - پوتڑوں کا امیر اصل میں اس امیر کو کہتے ہیں جس کے پیدا ہونے پر نانا کے گھر سے بے حد

دولت آئے۔

چھٹی کے پوتڑے اب تک نہیں سوکھے (ہ/مثل) ابھی ناتجربہ کار اور بچے ہو۔ عقل سے کچے ہو۔

چھٹی (ہ/مث) تعطیل۔ فرصت۔ موقوفی۔ برطرفی۔ مرنا۔ انتقال۔ نقالوں کا چٹکلا۔ لطیفہ۔

چھٹی دینا (ہ) اجازت دینا۔ موقوف کرنا۔ تعطیل دینا۔ بچوں کو مکتب سے چھوڑنا۔

چھٹی ملنا (ہ) رخصت ملنا۔ اجازت پانا۔ فراغت پانا۔ موقوف ہونا۔ برخاست ہونا۔

چھٹے چھماہے (ہ) گاہ بگاہ۔ گاہے گاہے۔ کبھی کبھار بھولے بھٹکے سے۔

چھٹیاں (ہ/مث) نقالوں کے چٹکلے اور لطیفے۔ مزاحیہ باتیں۔

چھجا (ہ/مذ) چھت کا وہ بڑھاؤ جو دھوپ یا بارش کی بوچھاڑ کی حفاظت کے لیے لگایا جاتا ہے۔ برآمدہ۔ براندہ۔ انگریزی ٹوپی کا اگلا حصہ۔

چھچانا (ہ) چھیجنے کا متعدی۔

چھجو جو سکھ چبارے نہ بلخ بخارے (ا/مثل) گھر میں جو آرام ہوتا ہے کہیں اور نہیں ہوتا۔

چھچھڑا (ہ/مذ) غشائے گوشت۔ گوشت کا نکما اور پتلا حصہ۔ لوتھڑا۔ لجلجا۔

چھچھڑے بکھیرنا (ا/محاورہ) خوب پیٹنا۔

چھچھکارنا (ہ) ملامت کرنا۔ کتے لشکارنا۔ کتے کو پیچھے لگانا۔

چھچھلا (ا/صف) کم گہرا پانی۔ کم گہرا برتن۔

چہچہا (ہ/مذ) پرندوں کی خوشی کی آواز۔ خوش الحانی۔ خوش آوازی۔

چہچہا (ہ) سرخ رنگ جو نہایت شوخ ہو۔

چہچہانا (ہ) خوشی اور خوش الحانی سے بولنا۔ راگ گانا۔ چہکنا۔

چہچہانا (ہ) سرخی ٹپکنا۔ نہایت شوخ سرخ ہونا۔ شوخی برسنا۔

چھچھورا (ہ) بچوں کی سی عادت والا۔ لنڈرا۔ پیٹ کا ہلکا۔ کم ظرف۔ کمینہ۔ سفلہ۔ اوچھا۔

چھچھورپن (ہ/مذ) سفلہ پن۔ کمینگی۔

چھچھلاپن (ا/مذ) تھوڑی گہرائی۔

چھچھوندر (ہ/مث) کورموش۔ ایک قسم کا چوہا جو رات کو نکلتا ہے۔ اس کے بدن سے سخت بدبو آتی ہے ایک قسم آتشبازی۔ ادھر ادھر لڑائی کرانے والی۔

چھدا (ہ/مذ) بہتان۔ الزام۔ تہمت۔ گلہ۔ شکوہ۔ بارِ احسان۔ بہانہ۔

چھدا اُتارنا (ہ/مذ) الزام دھونا۔ گلہ اُتارنا۔ شکوہ رفع کرنا۔ احسان اُتارنا۔ جلدی سے آکر چلا جانا۔

چھدا دھرنا۔ یا۔ رکھنا (ہ/مذ) بہتان لگانا۔ الزام دینا۔

چھدرا (ہ) چھیددار۔ فرق۔ فاصلے فاصلے سے۔ گھنے کی ضد۔

چھدرا کر چلنا (ہ) ٹانگیں چوڑے بیں کرکے چلنا۔ ٹانگوں کو فرق سے رکھ کر چلنا۔ ختنہ والے یا آتشک والے کی طرح پر چلنا۔

چھدنا (ہ) بندھنا۔ سوراخ دار یا زخمی ہونا۔ مجروح ہونا۔ چھنا۔

چھرا (ہ/مذ) لوہے یا سکے کی چھوٹی چھوٹی گولیاں جو بندوق میں چلاتے ہیں۔ سنگریزہ۔ روڑے جو گھنگھرو میں ڈالتے ہیں۔

چھرا چلنا (ہ) سنگریزوں کی بوچھاڑ ہونا۔ تبرا کرنا۔ گالیاں وغیرہ کا پے در پے پڑنا۔

چھرا (ہ/مذ) بڑا چاقو۔ چھوٹی تلوار۔ کارد۔

چہرا (ہ/مذ) منہ۔ مکھڑا۔ صورت۔ رخسارہ۔ سامنے کا رخ۔ مہرا۔ حلیہ۔ خط و خال۔

چہرا اُترنا (ہ) منہ اترنا۔ صورت کا مرجھانا۔ شرمندہ ہو جانا۔

چہرا بگاڑنا (ہ) بدصورت بنا دینا۔ ایسا مارنا کہ صورت بگڑ جائے۔

چہرا بنانا (ہ) منہ بنانا۔ منہ چڑانا۔

چہرہ تمتمانا (ہ) گرمی یا بخار سے چہرہ سرخ ہو جانا۔

چہرہ شاہی روپیہ (ہ/مذ) چہرے دار روپیہ۔ سرکاری روپیہ۔ سرکاری روپیہ جس پر بادشاہی چہرہ بنا ہوا ہو۔

چہرہ ہونا (ہ) فوج میں بھرتی ہو جانا۔ فوج میں نام لکھا جانا۔

چھری (ہ/مث) چھوٹا چھرا۔ گزلک۔ چاقو جو بند نہ ہو سکے۔

چھری بھونکنا (ہ) چھری مارنا۔ چھری گھسیڑنا۔ چھری گھونپنا۔

چھری پھیرنا (ہ) ذبح کرنا۔ گلا کاٹنا۔ قتل کرنا۔ حلال کرنا۔ تکلیف دینا۔ آزار پہنچانا۔

چھری تلے دم لینا (ہ) مصیبت سہنا۔ تکلیف برداشت کرنا۔ صبر کرنا۔ ٹھہرنا۔ تامل کرنا۔

چھری تیز رہنا (ہ) مارنے کو تیار رہنا۔ ظلم و جور جاری رہنا۔

چھری تیز کرنا (ہ) چھری پر آب چڑھانا۔ لوہا تیز کرنا۔ دھمکانا۔ سزا دینا۔ قابو چلانا۔

چھری تیز ہونا (ہ) بس چلنا۔ قابو چلنا۔ لوہا تیز ہونا۔

چھری چلنا (ہ) چھریوں سے مار کٹائی ہونا۔ اَن بن رہنا۔ رنج پہنچنا۔ صدمہ پہنچنا۔

چھری دکھانا (ا/محاورہ) ذبح کرنا۔ قتل کرنا۔ دھمکانا۔

چھری دینا (ا/محاورہ) قتل کرنا۔ ذبح کرنا۔

چھری کٹاری (ہ/مث) وہ لڑائی جس میں چھری کٹاری تک نوبت پہنچ جائے۔ سخت دشمنی۔ جانی دشمنی۔

چھری کٹاری رہنا (ہ) باہم اَن بن رہنا۔ کھٹا پٹی رہنا۔ ہر دم لڑتے رہنا۔

چھری کٹاری ہونا (ہ) سخت عداوت ہونا۔ لڑائی جھگڑا ہونا۔ لڑائی جھگڑے کی باتیں ہونا۔

چھری مارنا (ہ) خنجر بھونکنا۔ چھری گھونپنا۔ زخمی کرنا۔ گھائل کرنا۔ بری بات کہنا۔ ناگوار بات کرنا۔

چھریرا (ہ) لاغر۔ دبلا پتلا۔ اکہرا بدن۔ ہلکا پھلکا جسم۔

چھرط (ہ/مث) پتلا اور لمبا سانس۔

چھڑا (ہ/صف) اکیلا۔ تنہا۔ مجرد۔ ناکتخدا۔ پاؤں کا ایک قسم کا زیور۔ پاؤں کی چوڑی۔ کان کا ایک موتیوں کا زیور۔

چھڑانا (ہ) چھوڑنا کا متعدی۔ رہا کرانا۔ جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ ترک کرانا۔ نوکری سے موقوف کرانا۔ پھندا کھولنا۔ آزاد کرانا۔

چھڑائی (ہ/مث) معاوضہ۔ رہائی کا معاوضہ۔ چھڑانے کی اجرت۔ کنکوا اڑانے کے وقت دوسرے کے ہاتھ سے ڈور چھڑوانا۔ وہ نقدی جو چڑی مار کو دے کر پرندے چھڑواتے ہیں۔

چھڑڈا (ہ/صف) چھلکا۔

چھڑکاؤ (ہ/صف) آب پاشی۔ پانی کا زمین پر چھڑکنا۔

چھڑکائی (ہ/مث) معاوضہ۔ پانی چھڑکنے کی اجرت۔

چھڑکنا (ہ) آب پاشی کرنا۔ زمین پر تھوڑا پانی چھڑک کر اسے تر کرنا۔ تصدق کرنا۔ قربان کرنا۔ رنگ ڈالنا۔

چھڑکوانا (ہ) چھڑکنا کا متعدی۔

چھڑنا (ہ) شروع کرنا۔ آغاز کرنا۔ بجنا۔ ابتدا کرنا۔

چھڑنا (ہ) اوکھلی میں غلہ ڈال کر موسل سے کوٹنا۔ غلہ صاف کرنا۔ لاتوں سے دوسرے کو مارنا۔

چھڑوانا (ہ) کسی دوسرے شخص سے کسی کو چھڑوانا۔ غصہ دلانا۔ چھیڑ خانی کرنا۔

چھڑوانا (ہ) رہائی دلانا (دیکھو چھڑانا)

چھڑی ٹوٹنا (ہ/محاورہ) اتنا مارنا کہ مارتے مارتے چھڑی ٹوٹ جائے۔

چھڑی سواری (ف) وہم لغت۔ تن تنہا۔ جریدہ۔ بیک بینی دوگوش۔

چھڑی چھٹانک (ہ) تنہا۔ اکیلی۔ جریدہ۔ سبکدوش۔ وہم لغت۔

چھڑیوں کا دوپٹہ (ہ/صف) وہ دوپٹہ جس پر گھوکھرو اور چنٹک سیدھی ٹکی ہوئی ہو۔

چھڑیوں کا میلا (ہ/صف) وہ میلہ جو کسی بزرگ کی جھنڈیوں کے نام سے کیا جاتا ہے۔

چھڑیلا (ہ/صف) ایک خوشبودار دوا۔

چھکا (ہ/صف) اینٹوں یا پتھروں کا فرش جو صحن یا چھت پر لگایا جاتا ہے۔ لوکا۔ جھلسا۔ داغ۔

چھکا دینا۔ یا۔ لگانا (ہ) آگ سے جلانا۔ لوکا لگانا۔ فرش لگانا۔

چھکا (ہ/صف) چھ سے نسبت رکھنے والا۔ تاش یا گنجفے کا وہ پتا جس پر چھ نقطے ہوں۔ پاسے کا چھ نقطے والا داؤں۔

چھکا چھک (ہ) بدمست۔ سرشار۔ نشہ میں چور۔ سیر۔ رجا ہوا۔

چھکا دینا (ہ) سیر کر دینا۔ غنی اور بے پروا کر دینا۔

چھکائی (ہ/مث) آسودگی۔ سیری۔

چھکارنا (ہ) چہچہانا۔ چہچہا کرنا۔ پرندوں کا خوشی سے نغمہ سرائی کرنا۔

چھکڑا (ہ/صف) گڈا۔ وہ چیز جس کے انجر پنجر ڈھیلے ہوں۔ اسباب لادنے کی گاڑی۔

چھکنا (ہ) جی بھر کے کھا پی لینا۔ سیر ہو کر کھانا۔ خوب رچ جانا۔

چھکنا (ہ) چہچہانا۔ خوش الحانی سے بولنا۔ زمزمہ سنجی کرنا۔

چھکے چھوٹنا (ہ) گھبرا جانا۔ حواس باختہ ہونا۔ عقل زائل ہو جانا۔

چھل (ہ/مث) دیوار کی چنیدگری ہوئی اینٹیں دیوار کا گرا ہوا حصہ۔ (صف) فریب۔ دھوکا۔ دم۔ جھانسا۔ جل۔ عیاری چلتر۔

چھل بل (ہ/صف) چھل بٹے۔ چالاکی۔ شوخی۔

چھل بل کرنا۔ یا چھل کرنا (ہ) دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ عیاری کرنا۔

چہل (ہ/مث) مزاح۔ ہنسی۔ دل لگی۔ مسخراپن۔ زندہ دلی۔ خوش مزاجی۔

چہل باز (ف) ظریف۔ مسخرا۔ زندہ دل۔ خوش طبع۔ خوش مزاج۔

چہل (ف) چالیس۔ ۴۰۔ ۴۰۔

چہل ابدال (ف ع/صف) وہ چالیس پاک آدمی جن کو حق تعالیٰ نے نظام عالم کے قیام اور دیکھ بھال کے لیے مقرر کیا ہے۔ نیز فقیر کا ایک نہایت بڑا درجہ اور رتبہ۔

چہل قدمی کرنا (ف) سیر کرنا۔ ٹہلنا۔ سیر گشت کرنا۔ چالیس قدم تک چلنا۔

چھلا (ہ/صف) وہ زمین جہاں دلدل اور کیچڑ زیادہ ہو۔ خلاب۔ کیچڑ دار زمین۔ گیلا۔ چوڑا۔ غلیظ۔

چھلا (ہ/صف) کنڈلی۔ حلقہ۔ انگشتری۔ مندری۔ کلابتون یا ریشم کے گول گول نشان جو بیچے پر ڈالے جاتے ہیں۔ دیوالی کے موقع پر بیچڑوں کے گانے کے ٹنک دار فقرے۔ گھر کی دیوار جو ایک طرف سے بکی دوسری جانب سے بکی ہو۔

چھلا پڑنا (ہ/محاورہ) پانی کا اچھو ہو جانا۔

چھلا چڑھانا (ہ/محاورہ) اوباش عورتوں کا کسی خاص غرض سے اپنے مقام مخصوص میں چھلا رکھنا۔

چھلا دھو کر اٹھانا (ہ) انگشت کا چھلا پاک کر کے رکھ دینا تا مراد بر آنے پر للہ دیا جائے۔

چھلا نشانی کا (ہ/صف) سونے یا چاندی کا چھلا جو یادگار کے طور پر کسی کو دیں یا کسی سے لیں۔

چھلانگ (ہ/مث) زقند۔ جست۔ پھلانگ۔ کود۔ قلانچ۔

چھلانگ مارنا۔ یا۔ چھلانگنا (ہ) اچھل جانا۔ زقند لگانا۔ کود جانا۔

چھلاوا (ہ/صف) چھل دینے والا۔ آسیب۔ غول بیابانی۔ کٹنا۔ شعبدہ باز۔ طلسم دکھانے والا۔ شوخ و طرار۔ معشوق۔ چلبلا آدمی۔

چھلاوا کھیلنا (ہ) شہابہ کا ادھر ادھر جانا۔ چھلاوے کا دوڑا پھرنا۔

چھلاوا ہو جانا (ہ/محاورہ) غائب ہو جانا۔ چمپت ہو جانا۔ قابو میں نہ آنا۔

چھلیدار (ہ/صف) بڑھائی۔ ایک طرح کے ڈوم جو دائرہ یا ڈھول بجا کر پیروں کے گن گاتے ہیں اور گانا انھیں تمام عمر بھی نہیں آتا۔

چھل پلانا (ہ) بازار میں پھر کر کٹورے بجا بجا کر پیاسوں کو پانی پلانا۔

چہل پہل (ہ/مث) رونق۔ آبادی کی کثرت۔ گہما گہمی۔ آبادی کی گنجانی۔ خوشی۔ زندہ دلی۔ ہنسی۔ ٹھٹھا۔

چھلکا (ہ/مذ) چھال۔ بکل۔ پوست۔ کھال۔

چھلکانا (ہ) لبالب بھر کر پھر جنبش دے کر گرانا۔ ڈھلکانا۔ بھری ہوئی چیز کو حرکت دے کر گرانا۔

چھلکتا ہوا (ہ) بھرا ہوا۔ لبالب۔ لبریز۔

چھلکنا (ہ) ڈھلکنا۔ لبریز ہو کر ٹپکنا۔ نیچے گرنا۔ باہر نکلنا۔ کمہاروں کی اصطلاح میں ذرا خالی گھڑے کو پر یا لبالب پر کو ذرا خالی کرنا۔

چھلکنا (ہ) بلا ارادہ یا کسی سبب سے پیشاب نکل جانا۔ پانی چھوڑنا۔ موتنا۔

چھلکیوں موتنا (ہ) چلوؤں موتنا۔ ڈر کے مارے پیشاب نکلنا۔ بہت سا موتنا۔

چہلم (ف) منسوب بہ چہل۔ چالیسواں۔ میت کے سوا مہینے مرحوم کو ثواب پہنچانے کی رسم۔ شہدائے کربلا کا چالیسواں جو ہر سال محرم سے چالیس دن بعد کیا جاتا ہے۔

چھلنا (ہ) فریب دینا۔ ٹھگنا۔ دھوکا دینا۔ مکر کرنا۔ چھل دینا۔ دم دینا ——— (مذ) بڑی چھلنی۔ ہانگی۔ چھارا۔

چھلنا (ہ) کسی چیز کی کھال اتر جانا۔ چمڑا اکھڑنا۔ خراشیدہ ہونا۔ چھینٹے آنا۔

چھلنی (ہ/مث) چھاننے کا آلہ۔

چھلنی میں ڈال چھاج میں اڑانا (ہ) رسوا کرنا۔ بات کا بتنگڑ بنانا۔ مشہور کرنا۔

چھلنی کرنا (ا/محاورہ) چھیدنا۔ تیروں وغیرہ سے چھیدنا۔

چھلنی ہو جانا (ہ) سوراخ سوراخ ہو جانا۔ بندھ جانا۔ جگہ جگہ سے چھد جانا۔

چھلوری (ہ/مث) وہ چھوٹا چھالا جو انگل یا ناخن کے اندر ہو جاتا ہے۔ اور چیرا دیے بغیر راضی نہیں ہوتا۔ انگل سیڑھ۔

چھلیں چھلیا (ا/مث) لڑکوں کا کھیل۔ آنکھ مچولی۔

چھلیا (ہ) چھل دینے والا۔ فریبی۔ مکار۔ چھل باز۔ دھوکے باز۔

چھما (ہ/مث) معافی۔ درگزر۔ خطا۔ بخشی۔ (مجازاً) کرپا۔ دیا۔ رحم۔ کرم۔ مرحمت۔ مہربانی۔ سمائی۔

چھما چھم ناچ ہونا (ا/محاورہ) خوب ناچ ہونا۔

چھما کرنا (ہ) دیا کرنا۔ کرپا کرنا۔ رحم کرنا۔ مہربانی کرنا۔ سمائی کرنا۔

چھم چھم (ہ/مث) مینہ کے آہستہ آہستہ برسنے کی آواز۔ گہنے کی آواز۔ گھنگرو بجنے کی آواز۔ جھنکار۔

چھم چھمانا (ا/مص) چھم چھم کی آواز دینا۔

چہ میگوئیاں (ف/مث) نکتہ چینیاں۔ طعنے۔ طعنے کی باتیں۔ لاڈ پیار کی۔ نخرا تلا۔ ناز و انداز کی باتیں۔

چھن (ہ/مذ) جلتے توے پر پانی کی بوند پڑ جانے کی آواز۔ گھنگرو کی آواز۔ روپے کی جھنکار۔ بجری۔ سنگریزہ۔ کنگن کی خاص قسم جو ہاتھوں میں پہنتے ہیں۔ ایک قسم کے ٹک جو دولہا دلہن کے میکے میں سنا کر انعام لیتا ہے۔ تلنے کی آواز کڑکڑاتے تیل میں کسی چیز کے پڑنے کی آواز۔ پائل وغیرہ بجنے۔ گہنے کی آواز۔

چھن (ہ/مث) پل۔ لمحہ۔ ثانیہ۔ سیکنڈ۔

چھننا (ہ/مذ) بڑی چھلنی۔ غربال کلاں۔

چھننا (ہ) کسی چیز کا چھلنی میں سے نکلنا۔ چھانا جانا۔ سوراخ سوراخ ہونا۔ چھید چھید ہو جانا۔ تیروں یا گولیوں سے بدن کا بندھ جانا۔ ٹھیک ہو جانا۔ جنگ ہونا۔ لڑائی ہونا۔ آپس میں بگاڑ ہونا۔ مقدمہ کی خوب تحقیق و تفتیش ہونا۔ چاند یا سورج کی روشنی کا درخت کے پتوں میں گزرنا۔ روشنی شمع یا نور ماہ کا باہر نکلنا۔

چھناکا (ہ/مذ) ٹھناکا۔ جھنکار۔ دولت کی آواز۔ روپیہ کی آواز۔

چھنٹاؤ (ہ/مذ) چھانٹ۔ کترن۔ چھیلن۔ فضلہ۔

چھنٹنا (ہ/مذ) علیحدہ ہونا۔ انتخاب ہونا۔ بدن کا دبلا ہونا۔ کنواں وغیرہ صاف ہونا۔ ملبہ نکلنا۔

چھنچھنانا (ہ) چھن چھن کی آواز نکلنا۔ جھنکار ہونا۔

چھند (ہ/مذ) مکر و فریب۔ چھل و دغا۔ دھوکا۔ دوسرے کی تصنیف کو اپنی تصنیف ظاہر کرنا۔ ایک خاص قسم کے اشعار۔ اشلوک۔ وزن۔ بحر۔ گانے کے شر۔ مطالب۔ بیان معنی۔

چھند بند (ہ/مذ) مکر و فریب۔ چالاکی۔ عیاری۔ فن۔

چھند بھتری (ا/صف) فریبی۔ عشوہ گر۔

چھند چور (ہ/صف) دوسرے کی تصنیف کو اپنی بنا کر پیش کرنے والا۔ مضمون چور۔

چھند چھوندے (ا/مذ) فریب۔ مکر۔

چھند ماترا (ہ/مذ) تقطیع۔ اوزان۔ بحریں۔ وزن۔ شعر۔

چھنرا (ہ/مذ) زنا کار۔ زانی۔ بدکار۔ عیاش۔ شہدا۔ لچا۔ شرابی۔

چھنگا (ہ/مذ) چھ انگلیوں والا آدمی۔ چھ انگلیوں والا۔

چھنگل۔ یا۔ چھنگلیا (ہ/مث) خنصر۔ ہاتھ پاؤں کی سب سے چھوٹی انگلی۔

چھو (ہ/مذ) الفت۔ محبت۔ مہربانی۔ رحم۔ الطاف۔ غصہ۔ خفگی۔

چھو (ہ/مذ) دم کرنا۔ کچھ پڑھ کر پھونکنا۔ منتر۔ جادو۔ دم۔

چھو بننا۔ یا۔ ہو جانا (ہ) رخصت ہونا۔ چلتا بننا۔

چھو ہونا (ہ) ہوا ہونا۔ کافور ہونا۔ رفو چکر ہونا۔ احمق بننا۔

چھو چھو بننا (ہ) دیکھو چھو بننا۔

چھو چھو بنانا (ہ) احمق بنانا۔

چھو کرنا (ہ) دم کرنا۔ دعا پڑھ کر پھونکنا۔

چھو منتر (ہ/مذ) کچھ پڑھ کر پھونکنا۔ دم کرنا۔ چھو یعنی جادو سے

مرکب ہے ۔

چھُوا چھُو (ہ / مث) دھوبیوں کے کپڑا دھونے کی آواز ۔

چھوارا ۔ یا ۔ چھُہارا (ہ / مذ) ایک قسم کی سوکھی کھجور ۔ خرما ۔

چھوارا بیر (ہ / مذ) ایک قسم کا سُرخ رنگ لمبا اور نہایت میٹھا بیر ۔

چھُوانا (ہ) چھُونا کا متعدی اور مزید علیہ ۔ لگانا ۔ مَس کرنا ۔

چھوپ (ا / مذ) وہ دوائیں جو گھوڑے کے زخم پر لیپ کرتے ہیں ۔

چھوپنا (ہ) گیلی مٹی چڑھانا ۔ گیلی مٹی دیوار وغیرہ پر تھوپنا ۔ کچی دیوار کی مرمت کرنا ۔

چھُوت (ہ / مث) ناپاکی ۔ پلیدی ۔ ناپاک آدمی کا سایہ ۔ چھواڈ ۔ مس ۔

چھُوت اُتارنا (ہ) ناپاک آدمی کے سایہ کا دفعیہ کرنا ۔ پرچھانویں کا علاج کرنا ۔ منتر سے اچھا کرنا ۔ لفظ بواوِ مجہول بھی مستعمل ہے ۔

چھُوٹ (ہ / مث) آزادی ۔ مخلصی ۔ رہائی ۔ نجات ۔ رستگاری ۔ چھٹکارا ۔ فرصت ۔ مہلت ۔ کمی ۔ تخفیف ۔ گالی گفتار ۔ بے تکلفانہ جھگڑا ۔ طلاق ۔ منتشے ۔ دہ مقام جہاں سے کبوتر چھوڑنے کی شرط بدی ہو ۔

چھُوٹ لڑنا (ہ) گتکے پھری کے کسی کامل فن اُستاد سے ہتھیاروں کے ساتھ مقابلہ کرنا اور اس کا جواب دینا ۔ گالی گفتار کرنا ۔ گالی گلوچ کرنا ۔

چھوٹا (ہ) کوتاہ ۔ تنگ ۔ اوچھا ۔ کوچک ۔ صغیر ۔ خُرد ۔ قد یا عُمر میں کم ۔ کمتر ۔ کہتر ۔ تھوڑا ۔ کم ۔ قلیل ۔ ادنیٰ ۔ اعلیٰ کی ضد ۔ ارذل ۔ نیچ ۔ چھوٹا ۔ چلاّ ۔ دسویں بیسویں اور مہینے کے غسل جو زچہ کو دیے جاتے ہیں ۔

چھوٹا کپڑا (ہ / مذ) انگیا ۔ عورتوں کا سینہ بند ۔

چھوٹا مُنہ بڑی بات (ہ) کہاوت ۔ اپنی حیثیت اور لیاقت سے بڑھ کر بات کرنا ۔ حوصلہ سے زیادہ کام ۔ حوصلہ سے بڑھ کر بات ۔

چھوٹی الائچی (ہ / مث) سفید الائچی ۔

چھوٹی اُمت (ا / مث) نیچ قوم ۔ ذلیل ۔ کمینے لوگ ۔ اخیر زمانے کی اولاد ۔ موجودہ زمانے کی نسل ۔ حال کی اولاد ۔

چھوٹی بات (ا / مث) معمولی کام ۔ خفیف معاملہ ۔

چھوٹی ٹوٹے (ا / مث) چھوٹی انگلی ۔

چھوٹے دل کا (ا / صف) پست ہمت ۔ کم حوصلہ ۔

چھوٹے کپڑے (ا / مذ) انگیا وغیرہ کی قسم کے چھوٹے چھوٹے کپڑے ۔

چھوٹے گاؤں سے ناطہ کیا ؟ (ہ) کہاوت ۔ جس گاؤں کو ترک کر دیا ہو پھر وہاں رشتہ داری کیسی ۔

چھُو چھُو (ہ / مث) دعورتیں ، بچوں کے پوتڑے دھونے والی عورت ۔ وہ لڑکی جو لڑکیوں کی خدمت کے لیے مقرر ہو ۔ دائی کھلائی ۔

چھوڑنا (ہ) تیاگنا ۔ ترک کرنا ۔ رد کرنا ۔ آزاد کرنا ۔ نجات دینا ۔ رہا کرنا ۔ بخشنا ۔ معافی دینا ۔ بندوق چلانا ۔ توپ سر کرنا ۔ بچانا ۔ محفوظ رکھنا ۔ جیسے جڑ چھوڑ کر کاٹنا ۔ واگزار کرنا ۔ نوکری سے علیحدہ ہو جانا ۔ استعفا دینا ۔ طلاق دینا ۔ قطع تعلق کر دینا ۔ دوسری جگہ جا رہنا ۔ ہجرت کرنا ۔ ہاتھ جھٹکنا ۔ علیحدہ کرنا ۔ کُتے وغیرہ کو شکار پر دوڑانا ۔ تخلیہ کرنا ۔ مکان خالی کرنا ۔ باقی رکھنا ۔ بچا رکھنا ۔ لڑھکانا ۔ جاری کرنا ۔ پانی بہانا ۔ گھوڑے کو گھوڑی پر چڑھانا ۔

چھوکرا (ہ / مذ) لڑکا ۔ امرد ۔ غلام ۔ چیلا ۔ داس مرید ۔ نادان ۔ ناتجربہ کار ۔

چھوکری (ہ / مث) لڑکی ۔ چھوری ۔ دُختر کوچک ۔ باندی ۔ لونڈی ۔ کنیز ۔

چھولداری (ا / مث) سپاہیوں کے رہنے کا چھوٹا سا خیمہ ۔ پال ۔ راوٹی ۔

چھُونا (ہ / مذ) (پورب) بچہ ۔ طفل ۔ لڑکا ۔ جانور کا بچہ ۔

چھونا (ہ / مذ) بگھار ۔ داغ ۔ تڑکا ۔

چھُونک (ہ / مذ) بگھار ۔ داغ ۔ تڑکا ۔

چھونکنا (ہ) بگھارنا ۔ دال وغیرہ کو داغ دینا ۔ گھی داغ کرنا ۔ تڑکنا ۔

چھوئی موئی (ہ / مث) ایک بوٹی کا نام جس کے پتے آدمی کا ہاتھ لگتے بلکہ سایہ تک پڑ جانے سے مرجھا جاتے ہیں ۔ لجولی ۔ لاجونتی ۔ لجونتی ۔ نہایت نازک ۔ موم کی جان ۔

چھہتر (ہ) ستر اور چھ ۔ ہفتاد وشش ، ۷۶ ، 76

چھَے (ہ / مث) نقصان ۔ بربادی ۔ شکست جیسے رام کی جے ، راون کی چھَے ۔

چھی (ہ / مث) کلمۂ نفرت ۔ تُف ۔ تھُوہ ۔ گُوہ ۔ براز ۔ خراب ۔ بُرا ۔ چھینکنے کی آواز ۔ چھینک کی نقل ۔

چھی چھی (ہ) نہایت بُرا ۔ خراب ۔ نکما ۔ بچے کا گونہہ ۔ بُراز ۔

چھی چھی پھرنا ۔ پاکرنا ۔ بچے کا ہگنا ۔ پیخانہ پھرنا ۔

چھیاسٹھ (ہ) ساٹھ اور چھ ۔ شصت وشش ، ۶۶ ، 66 ۔

چھیاسی (ہ) اسی اور چھ ۔ ہشتاد وشش ۸۶ ، 86 ۔

چھیالیس (ہ) چالیس اور چھ ۔ چہل وشش ۴۶ ، 46 ۔

چھیانوے (ہ) نوے اور چھ ۔ نود وشش ۹۶ ، 96 ۔

چھیپ (ہ / مث) چھائیں ۔ داغ ۔ دھبا ۔ ایک قسم کا میوہ ۔ مچھلیاں پکڑنے کی چھڑ ۔

چھیپی (ہ / مذ) کپڑا چھاپنے والا ۔ کبوتر اڑانے کی کپڑا بندھی ہوئی چھڑ ۔

چھیتا (ہ) چاہا ہوا ۔ عزیز ۔ پیارا ۔ محبوب ۔ جانی ۔ معشوق ۔

چھیتنا (ہ) مارنا ۔ پیٹنا ۔ کوٹنا ۔ زدوکوب کرنا ۔ ٹھونک مارنا ۔ کاٹنا ۔

چھیتی (ہ / مث) چھیتا کی تانیث ۔ پیاری ۔ محبوبہ ۔ معشوقہ ۔ چاہیتی ۔

چھیج (ہ / مث) نقصان ۔ زوال ۔ کمی ۔

چھی جانا (ہ) کسی سوراخ کا پھٹ جانا ۔ چھید کا بہ جانا ۔ جیسے کان چھی گیا ۔

چھیجنا (ہ) گھٹنا ۔ زوال آنا ۔ کم ہو جانا ۔ جان سے جانا ۔ مرنا ۔ خراب ہونا ۔ ضائع ہونا ۔ تلف ہونا ۔ مُرجھانا ۔ مٹنا ۔ بچے کا مرنا ۔

چھید (ہ / مذ) سوراخ ۔ رخنہ ۔ گڑھا ۔ بِل ۔

چھیدنا (ہ) سُوراخ کرنا - بیندھنا - بل بنانا -
چھیڑ (ہ) آدمیوں کی کمی - ہجوم کا کم ہونا - بھیڑ کی ضد -
چھیڑ (ہ/مث) مساس پرسنگ - چھُونا - ہنسی - مخول - چھیڑ خانی - دل لگی - ٹھٹھول - نوکا جھوکی - رنج - فساد - کاوشش - چڑانے کی بات - چڑ - مضراب سے تار وغیرہ ہلانا - نشتر سے رگ کھولنا -
چھیڑ خانی (ہ/مث) ٹھٹھا - ہنسی - مخول - رنج - مخالفت - فساد - چڑ - چڑانے کی بات -
چھیڑ چھاڑ (ہ/مث) مذاق - ہنسی - طعن - بات چیت - خط و کتابت - لڑائی بھڑائی -
چھیڑنا (ہ) مس کرنا - ہاتھ لگانا - چھُونا - گدگدی کرنا - خفا کرنا - چڑانا - رنجیدہ کرنا - بھڑکانا - گھوڑے کو دوڑانا - مہمیز کرنا - تیز کرنا - ہنسی کرنا - مذاق کرنا - دل لگی کرنا - بات چیت کرنا - ذکر چلانا - کوئی بات یاد دلانا - تنگ کرنا - ستانا - دق کرنا - نشتر چبھونا - نشتر لگانا - نشتر سے زخم کو چیرنا - باجا بجانا - مضراب سے حرکت دینا - شروع کرنا - ابتدا کرنا - گیت گانا -
چھیک (ہ/مذ) چھید - سُوراخ - رخنہ - بِل - گڑھا -
چھیک توٹ (ہ/صف) آوارہ - پریشان -
چھیل (ہ) چھیلا کا مخفف - بانکا جوان - رنگیلا آدمی - چکبتیا - رسیلا - خوش پوش آدمی - خوش وضع شخص -
چھیل پن (ہ/مذ) بانکپن - رنگیلاپن -
چھیل چھبیلا (ہ/مذ) رنگیلا آدمی - ایک قسم کی خوشبودار گھاس -
چھیلا پھرے گلی گلی جیب میں نہیں کھیل کی ڈلی (ہ/مثل) بھُوکا بنگالی کنگال ہوکر ظاہری ٹیپ ٹاپ رکھنے والے لوگ کہا کرتے ہیں -
چھیلنا (ہ) کھال اُتارنا - چھلکا اُتارنا - کھرچنا - خراش کرنا - چھیلی کرنا - حرف اُڑانا - حک کرنا -
چھیلی سیا - چھیری (ہ/مذ) گوسفند - بکری - بُز - بُز غالہ - دکنوار بولتے ہیں -
چھینا (ہ) سوراخ کا بہہ جانا - کان وغیرہ کے سوراخ کا پھٹ جانا - سوراخ کا پھٹ جانا -
چھیننا (ہ) زبردستی اُچک لینا - جھٹک لینا - جھپٹا مارنا - غضب کرنا - پرایا حق زبردستی سے لینا - دولت یا جائداد دبا بیٹھنا -
چھینا جھپٹی - یا - چھینا چھائی - چھین جھپٹ (ہ/مث) زبردستی چھیننا - چھیننا - نوچ کھسوٹ لینا - کھینچا تانی - نوچا کھسوٹی -
چھینٹ (ہ/مث) قطرہ - بُوند - ایک قسم کے بیل بوٹے دار کپڑا - داغ - دھبہ - دربلیں -
چھینٹ نہ پڑنا (ہ/محاورہ) مطلق اثر نہ ہونا - شائبہ تک نہ ہونا -
چھینٹا (ہ/مذ) چھپکا - پانی کا چلو - خفیف سا مینہ - طعنہ - آوازہ - نوکا جھوکی - چنڈو کا ایک دم - دل کا دم - فریب - دھوکا - مکر -

چھینٹا پڑنا - یا - ہونا (ہ) ہلکی سی بارش ہونا - خفیف سا مینہ برسنا -
چھینٹا دینا (ہ) چلو بھر پانی پھینکنا یا چھڑکنا - چیچک مرجھانے پر بچے پر سونے کا پانی چھڑکنا - فریب دینا - دھوکا دینا - لالچ دینا - طمع دینا -
چھینٹا مارنا (ہ/محاورہ) پانی، عرق یا رنگ اُڑا کر پھینکنا - دھوکا دینا - جُل دینا - تسکین دینا - ٹھنڈا کرنا -
چھینٹے چلنا | چھینٹے لڑنا (ہ) پانی کے کنارے بیٹھ کر دو شخصوں کا باہم پانی سے لڑنا - طعنے دینا - آوازے کسنا - دھوکے دینا - دم دینا - ڈو بدو سوال وجواب کرنا - باہم مقابلہ کرنا -
چھینک (ہ/مث) ناک کی آواز جو سلسلاہٹ کے باعث نکلے -
چھینک آنا (ہ/محاورہ) ناک سے خود بخود آواز نکلنا -
چھینکا (ہ/مذ) وہ جالی یا ظکن جو کھانا رکھنے کے لیے چھت پر لٹکا دیتے ہیں - نیز وہ جالی جو چوپایوں کا منہ باندھ دیتے ہیں - آم یا پھل توڑنے کی جالی -
چھینکتے ہی ناک کٹی (ہ/مثل) ابتدا ہی خراب ہوگئی -
چھینکنا (ہ) عطسہ لینا - ناک کی خراش کی وجہ سے ہوا کا زور سے ناک سے نکلنا -
چھین لینا (ہ) زبردستی سے لینا - جھپٹ لینا - دبا بیٹھنا - مار لینا - غضب کرنا -
چھینی (ہ/مث) لوہا کاٹنے کا اوزار - کھائی - ٹانکی -

چ - ی

چی (ت) رکھنے والا -
چیاں (ہ/مذ) املی کا بیج - تخم تمر ہندی -
چیاں سا - یا - چیاں سی (ہ) ذرا سا - ذرا سی - چھوٹا - چھوٹی سی -
چیپ (ہ/مذ) لاسا - لیس - چپکنے والی چیز - رطوبت لزجہ -
چیپڑ (ہ/مذ) آنکھ کی رطوبت - آنکھ کا میل کچیل -
چیپ دار (ہ) چپکتا ہوا - لیس دار -
چیپڑ بہنا (ہ) آنکھوں سے ڈھیڈ جاری رہنا -
چیپنا (ہ) جوڑنا - چپکانا - سر منڈھنا - سر تھوپنا - کسی ملازمت پر لگا دینا - نوکر رکھا دینا -
چیت (ہ/مذ) پہلا مہینہ - ہندی سال کا بارھواں مہینہ - چیت کے گیت -
چیتا (ہ/مذ) حافظہ - ذہن - فہم - خیال - عقل - سمجھ گیان دینے والا - جتانے والا - تمنا - شوق آرزو - خواہش -
چیتا (ہ/مذ) ایک چتلی کمر اور چیتوں دار کھال والا درندہ -
چیتنا (ہ) برتن وغیرہ کو منقش کرنا - چیتیاں ڈالنا - لتھیڑنا - خواہش کرنا -

چاہنا۔

چیتھڑا (ہ/مذ) لتہ۔ کپڑے کا ٹکڑا۔ لیرا۔

چیتھڑے لگنا (ہ) غریبی۔ مفلسی کے باعث ثابت کپڑے نہ پہن سکنا۔

چیٹک (ہ) لگن۔ لو۔ دُھن۔ لے۔ شوق۔ اشتیاق۔

چیٹک لگنا (ہ) لگن لگنی۔ لو لگنا۔ دل بستگی ہونا۔ دُھن لگنا۔ لاگ ہونا۔

چیچک (ہ/مث) سیتلا۔ ماتا۔

چیچک رُو (ا) سیتلا کے داغ کا چہرہ۔ جس کے مُنہ پہ چیچک کے داغ ہوں۔

چیخ (ا/مث) خوف یا تکلیف کی حالت میں زبان سے نکلی ہوئی فریاد۔ شور دار آواز۔ درد کی آواز۔

چیخ (ف) بروزن میخ۔ وہ آدمی جس کی پلکیں جھڑ جائیں۔

چیخ اُٹھنا (ا) چلا اُٹھنا۔ بول جانا۔ رو پڑنا۔ بول اُٹھنا۔ عاجز آجانا۔

چیخ مارنا (ا) شور و غل کرنا۔ رولا ڈالنا۔ ہنگامہ برپا کرنا۔ گھر سر پر اُٹھا لینا۔

چیخنا (ا) شور کرنا۔ غل مچانا۔ چلانا۔ دھاڑنا۔ کلکاری مارنا۔

چیدہ (ف) چُنا ہوا۔ منتخب۔ پسندیدہ۔ عمدہ۔ برگزیدہ۔

چیدہ چیدہ (ف) عمدہ عمدہ۔ اچھے اچھے۔

چیر (ہ/مث) شگاف۔ درز۔ کپڑے کی دھجی۔ کپڑے کی پٹی۔ دوپٹہ۔

چیر آنا (ا/محاورہ) شگاف ہو جانا۔ زخم آجانا۔

چیر جانا (ا/محاورہ) زخم آجانا۔ شق ہو جانا۔

چیرا (ہ/مذ) زخم۔ نشتر کا شگاف۔ ایک قسم کی رنگین پگڑی۔

چیرا بند (ا) چیرا باندھنے والا۔ پگڑی باندھنے والا۔ دوشیزہ۔ باکرہ۔ کنواری۔

چیرا دینا (ہ) نشتر سے زخم کو پھاڑنا۔ زخم میں شگاف ڈالنا۔ شگاف دینا۔

چیر پھاڑ (ہ/مث) عمل جراحی۔ کاٹ کوٹ۔ فن تشریح۔

چیرنا (ہ) عمل جراحی کرنا۔ پھاڑنا۔ کاٹنا۔ شگاف دینا۔ کسی کا مال چُرا لینا۔ تختے وغیرہ کاٹنا۔ تراشنا۔

چیرو (ا/مذ) سُرخ رنگ کا کچا سُوت جو ولایت سے آتا ہے۔

چیرہ (ہ/مذ) ایک قسم کی منقش رنگ دار پگڑی۔

چیرہ بند (ف/صف) پگڑی باندھنے والا۔ کنواری عورت۔

چیرہ بندی (ف/مث) دستار بندی۔ پگڑی باندھنے کا عمل۔

چیرز (انگریزی/مذ) شاباش۔ نعرہ ہائے آفرین۔ واہ واہ۔

چیئرمین (انگریزی/مذ) صدر۔ صدر مجلس۔ پریذیڈنٹ۔ پردھان۔

چیری (ا/مث) چیر کی تصغیر و تانیث۔ کپڑے کی دھجی۔ کترن۔

چیری لگانا } (ہ) بیٹھ کر تن کے تھنوں پہ گوبر سان کر دھجیاں لپیٹنی تاکہ
چیریاں لگانا } بچہ کا نہ لے اور دودھ نہ پی لیں۔

چیری (ہ/مث) کنیز۔ کنیزک۔ باندی۔ لونڈی۔ خادمہ۔

چیڑ (ہ/مث) ایک درخت۔ درخت صنوبر۔

چیز (ف/مث) شے۔ جنس۔ بست۔ بستو۔ گہنا۔ زیور۔ جواہرات۔ راگ۔ گیت۔ حیثیت۔ حقیقت۔ اصل۔ شیرینی۔ مٹھائی۔ امانت۔

چیز بست (ا/مث) اثاثہ۔ اسباب۔

چیزی (ا/مث) (بچے) شیرینی۔ مٹھائی۔ خوش ذائقہ شے کو کہتے ہیں۔

چیس (ہ/مث) درد۔ پیڑ۔ ٹیس۔

چیستان (ف/مث) پہیلی۔ بجھارت۔ معما۔

چیف (انگریزی) افضل۔ اعلیٰ۔ بڑا۔ سردار۔

چیف جسٹس (انگریزی/مذ) اعلیٰ جج۔

چیف کورٹ (انگریزی/مذ) عدالت عالیہ۔ بڑی کچہری۔

چیفس کالج (انگریزی/مذ) اُمرا و نواب زادوں کی تعلیم گاہ۔ بڑے بڑے امیروں کے بچوں کے پڑھنے کا مدرسہ۔

چیکٹ (ہ/مذ) تیل کی گاد۔ چراغ کی گاد۔ تیل کے باعث سیاہ اور چکنی ہوئی مٹی۔ کالا کلوٹا۔

چیل (ہ/مث) زغن۔ ایک شکرے اور باز کی قسم کا پرندہ۔

چیل انڈہ چھوڑتی ہے (ا/مثل) ایسی گرمی ہے کہ اس کی تاب نہ لا کر چیل انڈوں سے اُڑ جاتی ہے۔ سخت گرمی کے اظہار کے لیے کہتے ہیں۔

چیل جھپٹا (ہ/مذ) چیل کی طرح کسی چیز کو اُچک کر لے جانا۔

چیل جھپٹ کرنا (ا/محاورہ) چھین لینا۔ چھینا جھپٹی کرنا۔

چیل چلو (ہ/مث) چیل کو بلا کر گوشت کھلانے کی آواز۔ بچوں کا ایک کھیل۔

چیل کا بچھا (ا/مذ) چیل کا بچہ۔ بے وقوف۔ احمق۔

چیل کا موت (ا/مذ) نایاب چیز۔ وہ چیز جو حاصل نہ ہو۔

چیل کے گھونسلے میں ماس کہاں (ہ/کہاوت) فضول خرچ کے پاس روپیہ کہاں۔

چیلا (ہ/مذ) جلانے کی لکڑی کا ٹکڑا۔

چیلا (ہ/مذ) مُرید۔ پیرو۔ غلام۔ داس۔ خدمتی۔ خادم۔ ٹہلوا۔ ٹہل کرنے والا۔

چیلو (ہ/مذ) زرد آلو۔ آڑو سے مشابہ۔ ایک پہاڑی میوہ۔

چیمبر آف کامرس (انگریزی) بڑے بڑے تاجروں کی مجلس۔

چین (انگریزی) زنجیر۔ لڑی۔ گھڑی کی زنجیر۔

چین (ہ/مذ) آرام۔ سُکھ۔ راحت۔ کل۔ آسودگی۔ عیش۔ اطمینان۔

چین (ف/مث) بل۔ سلوٹ۔ شکن۔ جھری۔ چنٹ۔

چین ابرو۔ یا چین بہ جبیں ہونا (ا) ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ تیوری چڑھانا۔ تیوری پہ بل ڈالنا۔ ترش رو ہونا۔

چیں (ہ/مث) چڑیا کی آواز۔

چیں بولنا (ہ) عاجز ہونا۔ ہار ماننا۔ شکست کھانا۔ مات کھانا۔

چیں چپڑ کرنا (ہ) تکرار کرنا۔ جھگڑا کرنا۔

چیں چیں (ہ امث) غل - شور - چوں چوں - تکرار لفظی - بحث مباحثہ - پرندوں خصوصاً چڑیا یا اس کے بچے کے پکڑا جانے کے وقت رونے کی آواز -

چیں چیں کرنا (ہ) غل مچانا - رونا - تکرار کرنا -

چینا (ہ امذ) ایک قسم کا چھوٹا غلہ - ارزن -

چینا (ہ) دورنگا - سفید و سیاہ رنگ کا چکبرا جیسے چینا کبوتر -

چینا (ہ) شناخت کرنا - پہچاننا -

چینا گوند (ا امذ) ڈھاک کا گوند -

چینچلا (ہ امذ) پرند کا وہ بچہ جس کے ابھی پر نہ نکلے ہوں - لوٹی ہوئی ککڑی - اُلجھا ہوا سوت -

چیند (ہ امث) بے ایمانی - رونٹ - حق تلفی - بدمعاملگی - ضد -

چیند باز (ہ اف اصف) بے ایمان - بدمعاملہ -

چیند بازی (ہ امث) بے ایمانی - حق تلفی - بدمعاملگی -

چیند کرنا (ہ) گڑبڑ کرنا - بے ایمانی کرنا - ناانصافی کرنا - حق تلفی کرنا -

چیندی (ہ امث) چمڑے کے گول ٹکڑے جو گاڑیوں کے دُھرے پر چڑھاتے ہیں -

چینگا بوٹی - یا - چینگی بوٹے - یا - چینگر لوٹ (ہ امث امذ) چڑیا کے چھوٹے چھوٹے بچے جن کے ابھی پر نکلے ہوں - مجازاً عام چھوٹے چھوٹے بال بچے - بہت سے بچے -

چینگنا (ہ امعں) آہستہ آہستہ تھوڑا تھوڑا کھانا -

چیونٹا (ہ امذ) مور چہ کلاں - چینٹا - کیڑا -

چیونٹی (ہ امث) مورچہ - چینٹی - کیڑی -

چیونٹی کی آواز عرش تک (ا امثل) غریب مظلوم کی آہ عرش تک پہنچتی ہے -

چیونٹے کو پر لگنا } (ا) موت کا وقت یا بدبختی اور شامت کے
چیونٹے کے پر نکلنا } دن قریب آنا - اجل رسیدہ ہونا - کیونکہ چیونٹا پر نکلنے پر اُڑے گا تو چڑیاں چٹ کر لیں گی -

چیونٹیوں بھرا کباب (ا) جھگڑے کی چیز - بال بچے والا مرد - مصیبت کا گھر (بال بچے دار آدمی سے جب کسی عورت کی شادی ہوتی ہے تو عورتیں مرد کو اس لفظ سے تعبیر کرتی ہیں -

چینی (ہ امث) کھانڈ - بُورا - شکر سفید - چینی مٹی کے برتن - ایک طرح کی روغنی مٹی (مذ) چین کا باشندہ - چین کا رہنے والا - چین کی بنی ہوئی چیز -

ح (ع ا مث) عربی کا چھٹا - فارسی کا آٹھواں اور اُردو کا نواں حرف - حساب جمل میں اس کے عدد آٹھ شمار کیے جاتے ہیں - حائے حطی کے نام سے موسوم ہے -

ح - ا

حاتم (ع امذ) حاتم طائی - مُلک عرب کے صوبہ یمن کے قبیلہ طے میں ایک نہایت فیاض اور سخی شخص گزرا ہے - مجازاً ہر سخی - کریم - فیاض - عالی حوصلہ اور بہادر شخص کی صفت میں آتا ہے -

حاتم کی گور پر لات مارنا (ف) نہایت سخاوت کرنا - حاتم کو بھی مات کرنا - مفلسی میں سخاوت کرنا -

حاجب (ع امذ) پردہ دار - دربان - نگہبان - ڈیوڑھی پر رہنے والا افسر -

حاجت (ع امث) چاہ - ضرورت - خواہش - آرزو - غرض - مطلب - التجا -

حاجت رفع کرنا (ف) ضرورت پوری کرنا - مطلب نکالنا - پیخانے جانا -

حاجت روا کرنا / **حاجت روائی کرنا** (ف) کسی کی ضرورت پوری کرنا - مطلب برآری کرنا - کسی کا کام پورا کر دینا -

حاجتمند (ف) مراد مند - خواہاں - ضرورت والا - غرض مند - غریب - محتاج - مفلس - کنگال -

حاجتی (ف امث) غریب - ضرورت والا - وہ برتن جو بیمار کے پیشاب یا پیخانہ لینے کے لیے ہوتا ہے - تاکہ بیمار کو اُٹھنے بیٹھنے کی تکلیف نہ ہو -

حاجز (ع اصف) روکنے والا - حائل - مانع - پردہ - روک - آڑ -

حاجی (ع امذ) حج کرنے والا - وہ شخص جو بیت اللہ کا حج کر آیا ہو -

حاجی الحرمین (ع امذ) مکے اور مدینے دونوں جگہ کا حاجی - پورا حاجی -

حادث (ع امذ) نو پیدا شدہ - نیا - فنا ہونے والا - زوال پذیر - قدیم کی ضد - مخلوق سے مُراد ہے -

حادث ہونا (ف/ محاورہ) واقع ہونا - نکلنا - ظاہر ہونا -

حادثہ (ع امذ) نئی بات - واردات - وقوعہ - صدمہ - سانحہ - دردناک واقعہ -

حادثہ ڈالنا (ف/ محاورہ) واقع ہونا - نکلنا - ظاہر ہونا -

حاد (ع) امراض فوری سے مُراد ہے -

حادہ (ع امذ) وہ زاویہ جو قائمہ سے چھوٹا ہو - منفرجہ کی ضد -

حاذق (ع امذ) دانا - کامل - ماہر - زیرک - اپنے فن میں یکتا - اُستاد - تجربہ کار -

حار (ع) حرارت رکھنے والا - گرم - گرمی کرنے والا - بارد کی ضد -

حارج (ع امذ) حرج کرنے والا - مزاحم - سدِّ راہ ہوتے والا - معترض -

حارث (ع) کھیتی کرنے والا - شیر درندہ -

حارس (ع) نگہبان -

حاسد (ع امذ) حسد کرنے والا - دشمن - بدخواہ - سرکش - کینہ ور -

حاسّہ (ع امذ) محسوس کرنے کی قوت -

حاشا (ع) ہرگز نہیں - پناہ - الامان - سوا نا سوا -

حاشا و کلاّ (ع) تسمیہ انکار کے وقت بولا کرتے ہیں اور عدم واقفیت اور لاعلمی کے موقع پر بھی - ہرگز نہیں -

حاشیہ (ع امذ) کنارا - سنجاف - گوٹ - شرح جو کسی کتاب کے

متن کے باہر نکل جائے ۔ نوٹ فٹ نوٹ ۔

حاشیہ چڑھانا (ہ) گوٹ لگانا ۔ کسی کتاب پر شرح یا تفسیر لکھنا ۔ بات بڑھانا ۔ مبالغہ سے بیان کرنا ۔ اپنی طرف سے نمک مرچ لگانا ۔

حاشیہ چھوڑنا (ل) چاروں طرف سے کاغذ چھوڑ دینا ۔ گرد اچھوڑنا ۔ متن کے چاروں طرف گنجائش رکھ دینا ۔

حاصل (ع امذ) کسی چیز کا نتیجہ ۔ بقیہ ۔ نقدی ۔ آمدنی ۔ محصول ۔ بکری ۔ پیداواری ۔ منافع ۔ فائدہ ۔ پھل ۔ مطلب ۔ نتیجہ ۔ خلاصہ ۔ فصل کی پیداوار ۔

حاصد (ع) کھیتی کاٹنے والا ۔

حاصل تفریق (ع امذ) وہ رقم جو منہا کرنے کے بعد باقی رہے ۔

حاصل تقسیم (ع امذ) خارج قسمت ۔ وہ رقم جو تقسیم کرکے حاصل ہو ۔

حاصل جمع (ع امذ) میزان ۔ مجموعہ ۔ ٹوٹل ۔

حاصل خیز (عف اصف) زرخیز ۔

حاصل دار (عف امذ) اکٹھا کرنے والا شخص ۔ افسر مال ۔ کلکٹر ۔

حاصل ضرب (ع امذ) وہ رقم جو ضرب دینے سے حاصل ہو ۔

حاصل کرنا (ہ) پانا ۔ بہم پہنچانا ۔ کمانا ۔ گھٹنا ۔ پیدا کرنا ۔ جمع کرنا ۔

حاصل کلام (ع) القصہ ۔ الغرض ۔ خلاصہ کلام ۔ خلاصہ مطلب ۔

حاصل مصدر (ا امذ) وہ لفظ جو کسی ایسی کیفیت کو ظاہر کرے جو کسی فعل یا اثر کا نتیجہ ہو مثلاً جلن ۔ ملاپ وغیرہ ۔

حاصل مطلب (ا امذ) نتیجہ ۔

حاصل نہ حصول (ا امذ) لغو ۔ بے فائدہ ۔ فضول کام نہ کاج ۔

حاصل ہونا (ل) پانا ۔ وصول ہونا ۔ ہاتھ لگنا ۔ فائدہ ہونا ۔

حاضر (ع امذ) سامنے ۔ پیش ۔ سنکھ ۔ موجود ۔ تیار ۔ آمادہ ۔

حاضر باش (ف) موجود رہنے والا ۔

حاضر باشی (ف امث) موجود رہنا ۔ حاضر رہنا ۔

حاضر جواب (ع) فوراً جواب دینے والا ۔ بات سنتے ہی معقول جواب دینے والا ۔

حاضر رہنا (ل) پاس رہنا ۔ کھڑا رہنا ۔ موجود رہنا ۔

حاضر ہونا (ل) موجود ہونا ۔ سامنے ہونا ۔ آنا ۔

حاضرات (ع امث) بھوت پریت اور بزرگوں کے جمع کرنے کا جلسہ جو عامل لوگ کیا کرتے ہیں ۔

حاضرات کرنا (ل) بھوتوں وغیرہ کو بلا کر کسی پوشیدہ بات یا حال کو دریافت کرنا ۔

حاضری (ع امث) حاضر ہونا ۔ موجودگی ۔ بھتی یعنی وہ کپڑا یا کھانا یا نقد روپیہ جو میت والوں کو رشتہ داروں کی طرف سے دیا جائے انگریزوں کا صبح کا کھانا ۔ شہدائے کربلا یا حضرت عباسؓ کی فاتحہ کا کھانا ۔

حاضری پکارنا (ل) گننا ۔ شمار کرنا موجودات لینا ۔ جائزہ لینا ۔

حاضری دینا (ل) صاحب لوگوں کو صبح کا کھانا کھلانا ۔ میت کے گھر کچھ نقدی یا کھانا دینا ۔ موجودات دینا ۔

حاضری کھانا (ل) ناشتہ کھانا ۔ صبح کا کھانا کھانا ۔ حلوۂ مرگ کھانا ۔

حافد (ع) دوست ۔ خدمتگار ۔ نواسا خسر ۔ داماد ۔

حافظ (ع امذ) حفاظت کرنے والا ۔ محافظ ۔ نگہبان ۔ خبر گیر ۔ قرآن شریف ازبر یاد رکھنے والا ۔ اندھوں کا لقب ۔ اندھا ۔ سوورداس ۔ اہل فارس قوال کو بھی کہتے ہیں ۔

حافظ حقیقی (ع امذ) اصل نگہبان ۔ خدائے تعالیٰ ۔

حافظہ (ع امذ) یاد رکھنے کی قوت ۔ یاد ۔ چیتا ۔ افعال حواس کو دماغ میں محفوظ رکھنے کی قوت ۔

حاکم (ع امذ) حکومت کرنے والا ۔ سردار ۔ فرماں روا بادشاہ ۔ آقا ۔ ملک ۔ نمبردار ۔ زمیندار ۔

حاکم اعلیٰ (عف امذ) بڑا حاکم ۔ اعلیٰ افسر ۔ بادشاہ ۔ راجہ ۔

حاکم بالا (عف امذ) خدا ۔ خداوند تعالیٰ ۔ بڑا حاکم ۔

حاکم وقت (ع امذ) موجودہ وقت کا حاکم ۔ فرمانروائے حال ۔

حاکمانہ (عف) حاکم کے طور پر ۔ مثل حاکم ۔

حال (ع امذ) موجودہ زمانہ ۔ موجودہ وقت ۔ کیفیت ۔ حالت ۔ گت ۔ حیثیت ۔ طریقہ ۔ طور ۔ ڈھنگ ۔ جذبہ ۔ محبت الٰہی کا جوش ۔ ذکر ۔ احوال ۔ طاقت ۔ تاب و تواں ۔ اب ۔ اس وقت ۔ فی الحال ۔

حال آنا (ل) وجد آنا ۔ رقت طاری ہونی ۔ کیفیت ہونا ۔

حال آنکہ ۔ یا ۔ حالانکہ (عف) باوجودیکہ ۔ درحالیکہ ۔

حال بے حال ہونا (ل) حالت بگڑنا ۔ اچھی حالت سے بُری ہو جانا ۔ حیثیت بگڑنا ۔

حال کھل جانا (ل) بھید یا راز کا ظاہر ہونا ۔ قلعی کھل جانا ۔ گت بننا سزا پا جانا ۔

حال کھیلنا (ل) وجد میں آنا ۔ راگ سن کر ہو حق کرنا ۔ تڑپنے لگنا ۔

حال گیا احوال گیا دل کا نہ خیال گیا (ا رشل) حالت خراب ہو گئی ۔ برباد ہو گئے ۔ مگر بد عادت نہ چھوٹی ۔

حال پتلا ہونا (ا امحاورہ) حالت خراب ہونا ۔

حال میں (ا امتعلق فعل) ان دنوں موجودہ زمانے میں ۔

حالات (ع امذ) حال کی جمع ۔

حالت (ع امث) سہارا ۔ گت ۔ درجہ ۔ کیفیت ۔ چگونگی ۔

حالتِ موجودہ (عف امث) اس وقت کی کیفیت ۔ اب کی حالت ۔

حالتِ نزع (ع امث) جان توڑنے کی کیفیت ۔ جان کنی کا وقت ۔

حالی (ع امذ) خواجہ الطاف حسین شاعر پانی پت کا تخلص جنھوں نے نیچرل شاعری کی بنیاد ڈالی ۔ حال کا ۔ وقتی ۔

حالی موالی (ع امذ) ہم نشین ۔ ساتھی ۔ ہم صحبت ۔

حالیہ (ع ا صف) کوئی واقعہ یا مسئلہ جو حال ہی میں پیش آیا ہو۔
حامِض (ع) تُرش۔
حامِل (ع امذ) بوجھ اُٹھانے والا۔ کوئی چیز اُٹھا کر لے جانے والا۔
حامِلہ (ع امث) پیٹ والی عورت۔ باربردار۔ پیٹ میں بچّہ والی عورت۔
حامی (ع امذ) حمایت کرنے والا۔ مددگار۔ معاون۔ نگران۔ نگہبان۔
حامی بھرنا (ف) اقرار کرنا۔ وعدہ دینا۔ ارادہ کرنا۔ ہمّت کرنا۔ دلاسا دینا۔
حامی کار (ف امذ) کسی کام کا مددگار۔ حمایتی۔ اقرار کرنے والا۔
حاوی (ع امذ) گھیرنے والا۔ ہونے والا۔ عائد۔ قابو کرنے والا۔ کسی فن میں کامل ماہر۔
حائل (ع امذ) بیچ میں آنے والا۔ روکنے والا۔ آڑ۔ روک۔

ح - ب

حُب (ع امث) پیار۔ اُنس۔ مُحبّت۔ پریم۔ پریت۔ آشنائی۔ دوستی۔ توفیق۔ مرضی۔
حُبّ الوطن (ع امث) وطن کی مُحبّت۔
حُبّ کا عمل (ف امذ) وہ عمل یا منتر جس سے باہم اُلفت و مُحبّت پیدا ہو جائے۔ موہنی منتر۔
حَب (ع امذ امث) دوا کی گولی۔ دانہ۔ تخم۔ بیج۔
حُباب (ع امذ) پانی کا بُلبلا۔ ہاتھ میں پہننے کا ایک زیور۔ روشنی کے باریک کنول۔ شیشے کے گولے۔
حَبس (ع امذ) بند۔ قید۔ قید خانہ۔ زندان۔ اُمس۔ گھوٹن۔ گھٹاؤ۔
حَبسِ بے جا (عف) ناجائز بندش۔ کسی کو زبردستی مکان میں بند کرنا جو قانوناً جرم ہے۔
حَبسِ دم (عف امذ) دمہ۔ ضیق النفس۔ دم روکنا۔ دم روکنا۔ دم کو قابو کرنا۔ فقرا کا ایک عمل۔
حبسِ دوامِ لعبورِ دریائے شور (عف امذ) ہمیشہ کی قید۔ ساری عمر کی قید جو کالے پانی جا کر بھگتنی پڑتی تھی۔
حبش (ع امذ) حبشیوں کا مُلک۔ زنگبار۔ سوڈان۔ افریقہ وغیرہ۔
حبشن (ف امث) حبش کی رہنے والی۔ شاہی محل کی چوکیدارنی۔ کالی کلوٹی۔
حبشی (ع امذ) حبش کا رہنے والا۔ زنگی۔ کالا آدمی یا غلام۔ سیاہ۔
حبشی حلوا سوہن (ف امذ) ایک طرح کا سیاہ رنگ کا سوہن حلوہ۔

حبل (ع امث) رسی۔ موٹا دھاگا۔ رگ۔ نس۔ بند۔ جوڑ۔ اتحاد۔ عہد۔
حبل المتین (ع) مضبوط رسی لیکن قرآن پاک سے بھی مراد لیتے ہیں۔
حبل المساکین (ع امذ) عشق پیچاں۔ ایک بیل۔
حبوب (ع امذ) حب کی جمع۔ یعنی دانہ۔
حَبّہ (ع امذ) غلّہ کا دانہ۔ دانہ۔ ذرا ذرا سا۔ مقدار۔ قلیل۔ رتّی۔
حَبّہ بھر (ف) چاول جتنا۔ ذرا سا۔ رتّی بھر۔
حَبّہ حَبّہ وصول کرنا (ارا محاورہ) کوڑی کوڑی وصول پانا۔
حبیب (ع امذ) یعنی محبوب۔ پیارا۔ دوست۔ معشوق۔ پریتم۔

ح - ت

حتّٰی (ع) یہاں تک۔ اس قدر۔ جہاں تک۔
حتّی المقدور } مقدور بھر جہاں تک طاقت ہے۔
حتّی الامکان } جہاں تک ممکن ہے۔ تا بمقدور۔
حَتف (ع) موت۔ مرگ۔

ح - ج

حج (ع امذ) لغت میں ارادہ کرنا۔ اصطلاح میں کعبہ کے طواف کا عبادت کی نیت سے ارادہ کرنا اور شرائط طواف ادا کرنا۔ نویں ذی الحج کو مقام عرفات میں پہنچنا۔
حجِ اکبر (ع امذ) بڑا حج۔ وہ حج جو جمعہ کے دن ہو۔ اس کے علاوہ باقی ایّام کے حج حجِ اصغر کہلاتے ہیں۔
حج کرنا (ف) بہ نیت عبادت با شرائط مقررہ خانہ کعبہ کا طواف کرنا۔
حجاب (ع امذ) پردہ۔ اوٹ۔ آڑ۔ چلمن۔ شرم و حیا۔ لاج۔ لحاظ۔
حجاب آنا (ارا محاورہ) شرم آنا۔ حیا آنا۔
حجاب اُٹھنا } (ف) لاج نہ رہنا۔ شرم نہ رہنا۔ شرم اُٹھنا۔ پردہ دور
حجاب ٹوٹنا } ہونا۔ روک نہ رہنا۔
حجاج (ع) جمع حاج کی۔ حاجی لوگ۔
حجاز۔ عرب کا ایک حصّہ جس میں مکہ معظمہ، مدینہ منورہ مشہور مقدس مقام ہیں۔ سلطان ابن سعود شاہِ حجاز اور سلطان نجد لقب ہے۔ الریاض ان کا دارالحکومت ہے۔
حجامت (ع امث) بال کٹنے۔ مونڈن۔ درستی خط۔ سر مونڈنا۔
حجامت بنانا (ف) سر مونڈنا۔ ٹھگنا۔ لوٹ لینا۔
حجامت بننا (ف) سر منڈنا۔ ٹھگائی کھا جانا۔ لُٹ جانا۔
حجامی (ع امث) بال مونڈنے کا کام۔ پیشہ حجامت سازی۔
حُجّت (ع امث) بحث۔ تکرار۔ جھگڑا۔ دلیل و برہان۔
حُجّت کرنا (ف) بحث کرنا۔ لڑنا۔ جھگڑنا۔ تکرار کرنا۔
حُجّت نکالنا (ف) بات میں نئی نئی نکالنا۔ اعتراض کرنا۔

حجتی (ا) جھگڑالو - جھکی - تکرار کرنے والا -
حجر (ع امذ) پتھر - سنگ -
حجرِ اسود (ع امذ) ایک پتھر جس کو حج کا طواف کرتے وقت سب لوگ بوسہ دیتے ہیں - اس پتھر کا رنگ سیاہ ہے -
حجرہ (ع امذ) کوٹھڑی - مسجد کی کوٹھڑی - علیحدہ بیٹھ کر یادِ خدا کرنے کا خلوت خانہ -
حجم (ع امذ) موٹائی - جسامت - ضخامت -

ح - د

حَد (ع امث) کنارا - سرحد - انتہا جیسے حد ہوگئی - تعریف - اقلیدس کے مقررہ اصول - شرعی اصطلاح میں مجرم کی سزا - روانہ ہونے کی جگہ - احاطہ - گھیرا - باڑا - بہت - بسیار - نہایت -
حدث (ع) بے وضو ہو جانا -
حد باندھنا - یا - حد بست کرنا (ا) حد بندی کرنا - سرحد معین کرنا -
حدِ بلوغ کو پہنچنا } (ا) جوان ہونا - جوانی کو پہنچ جانا - سیانا ہونا -
حدِ بلوغت کو پہنچنا } بالغ ہونا -
حد سے بڑھنا (ا) اپنی حیثیت سے باہر کام کرنا - بساط سے باہر ہونا -
حد سے زیادہ (ا) ات گت - بہت ہی - نہایت ہی - انتہا سے زیادہ -
حد کرنا (ا) ایسی بات کرنا جس سے زیادہ بالکل ناممکن ہو -
حد کے اندر (ا) نگر میں - سرحد میں - احاطہ میں -
حُدُود (ع امث) حد کی جمع -
حدودِ اربعہ (ع امث) چاروں طرفیں - چاروں سمتیں - یعنی شمال - جنوب - مشرق - مغرب -
حدیث (ع امث) نئی بات - مجازاً بات - کلام - گفتگو - رسولِ مقبول کے قول و فعل کی خبر - ذکر - حکایت - خبر - پیغام -
حدیث کھینچنا (ا) توبہ کرنا - عہد کرنا - تارک ہونا - اقرار کرنا -
حدید (ع امذ) لوہا - آہن -
حدیقہ (ع امذ) باغ کی چار دیواری - حکیم سنائی کی مثنوی کا نام -

ح - ذ

حَذر (ع امذ) ڈر - خوف - پرہیز - انکار - پناہ - بچاؤ -
حَذف (ع امذ) نکالنا - الگ کرنا - دور کرنا -
حَذف کرنا (ا) کم کرنا - نکال ڈالنا -

ح - ر

حِرّہ (ع) عورت کی شرمگاہ -

حُر (ع امذ) آزاد شخص - جو کسی کا غلام نہ ہو -
حرارت (ع امث) گرمی - تپش - جوش - غصہ - کڑودھ - بخار - تپ -
حِرا (ع) مکہ معظمہ کا وہ پہاڑ جس میں حضورؐ قبل از نبوت عبادت فرمایا کرتے تھے -
حرارتِ دین (ع امث) دینی جوش - مذہبی جذبہ -
حرارتِ ذاتی (ع امث) قدرتی گرمی -
حرارتِ غریزی (ع امث) فطرتی گرمی - اصل حرارت - جسم کی وہ حرارت جس پر انسانی زندگی کا دارومدار ہے -
حرارت ہونا (ا/ محاورہ) خفیف سا بخار ہونا -
حَرارہ (ع امذ) تیزی - تندی - غضب یا شوق کا غلبہ - جوش - گرمی -
حَرارہ لانا (ا) خفگی دکھانا - غصہ ظاہر کرنا - تردد کھانا -
حراست (ع امث) نگہبانی - سپردگی - نگرانی - حوالات -
حَرّاف (ع) باتونی - لسان - مکار - فریبی - گستاخ - عیار -
حرام (ع) خلافِ شرع - ناجائز - نجس - بدکاری - زنا - چھنالا -
حرام خور } (ع ف امذ) مردار کھانے والا - نمک حرام -
حرام کھانا } مفت خور - رشوت خوار - بے وفا - بے مروت -
حرام خوری (ع ف امث) نمک حرامی - بے مروتی - بے وفائی -
حرام زادہ } (ع ف امذ) مفعول - وہ شخص جو بے نکاح پیدا ہوا ہو -
حرام کا } ولد الزنا - فسادی - شریر - دنگئی - بدذات -
حرام زادی (ع ف امث) وہ عورت جو بے نکاحی ماں سے پیدا ہوئی ہو - مجازاً - شریر - بدذات - چالاک - فتنہ پرداز -
حرام کار (ع ف امذ) بدکار - زناکار - زانی -
حرام کاری (ع ف امث) زنا - زناکاری -
حرام کا مال (ا/ امذ) ناجائز مال - رشوت یا حرام کی کمائی - مفت کا مال -
حرام کر دینا (ا) بدمزہ کر دینا - بے ذائقہ کر دینا - تلخ کر دینا -
حرام کرنا (ا) زنا کرنا - بدکاری کرنا -
حرام مغز (ع ف امذ) ریڑھ کی ہڈی یا پیٹھ کے مہروں کے اندر کا گودا جس کا کھانا ناجائز ہے -
حرام موت مرنا (ا) خودکشی کرنا - بن آئی مرنا - زہر کھا کر یا کسی اور طرح اپنی جان دے دینا جو جائز نہیں -
حرامی (ع امذ) چور - دُزد - شریر - حرامزادہ - بدذات -
حرامی پلّا (ا/ امذ) حرام کا جنا - حرام کی اولاد - حرام کا بچہ - شریر - فسادی -
حرامی مُوت (ا/ امذ) ولد الزنا - نطفۂ حرام - شریر - فتنہ انگیز -
حَرب (ع امث) لڑائی - کارزار - جنگ -
حَرب گاہ (ع ف امث) میدانِ جنگ -
حِرباء (ع امذ) گرگٹ -
حَربہ (ع امذ) سلاحِ جنگ - ہتھیار - چڑھائی - دھاوا - جست - جھپٹا -
حربہ کرنا (ا) حملہ کرنا - دھاوا کرنا - وار کرنا - مارنے کا ارادہ کرنا -
حربے ضربے (ا) ہر دفعہ - ہر بار - بار بار - ہر گھڑی - ہر دم - ہر آن -

حرج (ع/مذ) سختی - تنگی - نقصان - دیر - کمی - وقفہ - تضیع اوقات -
حرج مرج (ع/مذ) نفع نقصان - دیر سویر - دنگا فساد - بلوا بکھیڑا -
حرز (ع/مذ) پناہ کی جگہ - اوٹ - امن - تعویذ - جنتر - گنڈا -
حرز جان بنانا (ا/محاورہ) بہت احتیاط سے رکھنا - بہت عزیز رکھنا -
حرص (ع/مث) لالچ - طمع - لوبھ - آز - خواہش - رغبت - آرزو - ہوس -
حرصا حرصی (ا) ریس - دیکھا دیکھی - دوسرے کو دیکھ کر آپ بھی وہی کام کرنا -
حرصی (ا/مذ) لوبھی - لالچی - حریص - طامع -
حرف (ع/مذ) لغوی کنارا - طرف - دھار - پہاڑ کی چوٹی - اصطلاحی اکھر - زبان بننے کی آوازیں - لفظ - بات - سخن - عیب - نقص - خرابی - طنز -
حرف آنا (ا) الزام لگنا - داغ لگنا - حرف شناسی ہو جانا - حرفوں کا معلوم ہونا -
حرف بحرف (ع) لفظ بہ لفظ - ایک ایک حرف کر کے - بالکل - ہو بہو -
حرف بنانا (ا) حرفوں کو درست کرنا - چھاپے کے پتھر پر حرف سنوارنا - حرف کھودنا - جعل سازی کرنا - خط بدل جانا -
حرف پکڑنا (ا) غلطی پکڑنا - عیب نکالنا - بدر نکالنا - نکتہ چینی کرنا -
حرف شناس (ع ف/مذ) حروف تہجی کو پہچاننے والا - ابجد خواں -
حرف گیری (ع ف/مث) عیب جوئی - نکتہ چینی -
حرف لانا (ا) الزام دھرنا - عیب لگانا - نقص نکالنا -
حرف نہ اٹھ سکنا (ا) پڑھ نہ سکنا - پڑھا نہ جانا - پڑھنے سے عاری ہو جانا -
حرفت (ع/مث) پیشہ - کسب - کاریگری - ہنر - گن - عیاری - چالاکی - ہتھکنڈا -
حرفہ (ع/مذ) پیشہ - دستکاری - کسب - ہنر - کاریگری -
حرق (ع) آگ کا شعلہ -
حرکت (ع/مث) رفتار - چال - جنبش - ہلنا جلنا - دھڑکن - بیقراری - اضطراب - اعراب یعنی زبر زیر اور پیش - کرتب - کام - فعل - عمل - کردار - نامناسب کام - ناپسندیدہ بات - خطا - قصور - پاپ - گناہ - جرم - عصیاں - نقصان - حربہ - دیر - وقفہ - روک - سفر - کوچ - چلت پھرت - جماع - صحبت داری -
حرکت دینا (ا) ہلانا - گردش کرنا - جنبش دینا -
حرکت کرنا (ا) چلنا پھرنا - جنبش کرنا - قصور کرنا - نامناسب کام کرنا - دیر کرنا - جماع کرنا -
حرکت ہونا (ا) ہلانا - گردش کرنا - جنبش دینا - وقفہ ہونا - ہلکا سا بخار ہونا - کسل ہونا -
حرم (ع/مذ) احاطہ - کعبہ کی چار دیواری - گھر کی بیوی - شریف گھرانے کی عورتیں - اندرون خانہ (مث) منکوحہ بیوی - گھر کی بیوی - بیوی بنائی ہوئی باندی لونڈی - باندی - خادمہ -
حرم سرائے (ع ف/مث) زنان خانہ - اُمرا کی بیگمات اور حرموں کے رہنے کا مکان -
حرمت (ع/مث) آبرو - عزت - پت - بڑائی - توقیر - قدر و منزلت - شرعی اصطلاح - حرام ہونا - حلال کی ضد -
حرمت اُتارنا (ا) (دیکھو آبرو اُتارنا -)
حرمت بنانا (ا/محاورہ) عزت دینا -
حرمت بننا (ا/محاورہ) عزت حاصل ہونا -
حرمت کرنا (ا) عزت کرنا - تعظیم و تکریم سے پیش آنا - آؤ بھگت کرنا - آدر کرنا -
حرمت لینا (ا) آبرو لینا - عزت بگاڑنا - گستاخی کرنا -
حرمت والا (ا/مذ) معزز - ذی عزت - عزت دار - شریف - ساکھ والا - معتبر - رئیس -
حروف (ع/مذ) حرف کی جمع -
حریت (ع/مث) غلامی کے بعد آزادی - آزادی -
حریر (ع/مذ) ریشم کا کپڑا - ریشم - ریشمی کپڑا -
حریرہ (ع/مذ) کھانڈ اور میدے کو ملا کر پتلا سا بنا لیتے ہیں - لذیذ پینے کی چیز -
حریری (ع) ریشم کا - ریشمین - ریشمی - باریک اور دبلا پتلا آدمی -
حریص (ع) لالچی - طامع - کنجوس - لوبھی - حاسد - پیٹو - کھاؤ - حرصی - مقلد - ریس کرنے والا -
حریف (ع/مذ) ہم پیشہ - ایک ہی کام کرنے والا - دشمن - بدخواہ - چالاک - ہوشیار - ہم نبرد - ہمتا - ہمسر -
حریق (ع/صفت) جلا ہوا -

ح - ز

حزب اللہ (ع) نیک لوگوں سے مراد ہے -
حزن (ع/مذ) غم و رنج - دکھ درد - رنج و ملال -
حزین (ع) غمناک - رنجیدہ - دکھیارا - درد مند - ملول -

ح - س

حس (ع/مث) جاننے اور معلوم کرنے کی قوت - حرکت - جنبش -
حساب (ع/مذ) شمار - گنتی - علم ریاضی - چیزوں کا نرخ - بھاؤ - قاعدہ - طرز - ڈھنگ - جیسے یہ کیا حساب ہے - لین دین - باہمی معاملہ - نزدیک - رائے - بدھ - میزان - ملاقات - پوشیدہ - محبت - پڑت - پھیلاوٹ - حال کیفیت - چلن - رویہ - طریقہ -
حساب بیباق کرنا (ا) لین دین کا فیصلہ کرنا - حساب چکانا - قرضہ بالکل

ادا کر دینا - قرضہ سے بالکل سبکدوش ہو جانا -

حساب جَو جَو بخشش سَو سَو (ا / مثل) معاملہ ذرا ذرا کمل طور پر طے ہونا چاہیے - انعام یا معافی چاہے جس قدر دے دو -

حساب جوڑنا (ل) جمع کرنا - میزان دینا - مختلف رقوم کو یکجا کرنا -

حساب دار (ا / مذ) بنک میں روپیہ جمع کرنے والا -

حساب دان (عف / صف) حساب کا ماہر -

حساب دوستاں در دل (ف / مثل) دوستوں کا حساب دل ہی دل میں ہوا کرتا ہے - جو آ گیا سو آ گیا جو دے دیا سو دے دیا - تکرار نہیں ہوتا -

حساب دینا (ل) چارج دینا - حساب سمجھانا - حساب سپرد کرنا - ذمہ بڑھانا -

حساب رکھنا (ل) درج کرنا - لین دین کی فہرست بنا لینا - ربط رکھنا - آشنائی رکھنا -

حساب سے باہر (ل) بے حد - بے انتہا - بہت - ان گنت - لاتعداد -

حساب کتاب (ا / مذ) لین دین - لیکھا جوکھا - میل ملاپ - ربط ضبط -

حساب کتاب میں رہنا (ا / محاورہ) آمدنی سے زیادہ خرچ نہ کرنا - حد سے نہ بڑھنا -

حساب کرنا (ل) لین دین گننا - قرض چکانا - حساب سمجھانا - بے باق کرنا -

حساب لڑنا (ل) آنکھ لڑنا - آشنائی ہونا - ربط ہونا -

حساب لگانا (ل) حساب پھیلانا - آشنائی قائم کرنا - یاری گانٹھنا -

حساب میں جمع کرنا (ا / محاورہ) کھاتے میں درج کرنا -

حساب نویس (عف / صف) حساب رکھنے والا -

حسابی (ل) حساب دان - ماہر حساب (مث) حساب کی بات - قاعدے اور طریقے کی بات -

حَسْب (ع) مطابق - موافق - بموجب -

حسبِ اتفاق (ع) اتفاقاً - ناگاہ - ناگہاں - اچانک -

حسبِ ارشاد (ع) حکم کے مطابق - حسب الحکم - حسب الارشاد -

حسبِ توفیق (ع) حیثیت کے مطابق - بساط کے مطابق - سروھا کے موجب -

حسبِ حال (ع) ٹھیک موقع کے موافق - برمحل - حالات کے مطابق -

حسبِ ذیل (ع) مندرجہ ذیل - نیچے لکھے ہوئے کے مطابق -

حسبِ ضابطہ } (ع) باقاعدہ طور پر -
حسبِ قاعدہ } قاعدے کے موافق -

حسبِ مراد (ع) مُراد کے موافق - خواہش اور آرزو کے موافق -

حسبِ معمول (ع) دستور کے مطابق -

حسبِ مقدور (ع / مقدور بھر) حتی الامکان - حیثیت کے موافق -

حسبِ منشا (ع) آرزو اور خواہش کے موافق - اپنی مرضی کے مطابق -

حَسَب (ع / مذ) نسل - خاندان - نسب کی ضد - دولت کی عزت - دینی بزرگی - ماں کی طرف کا سلسلہ - سلسلۂ مادری -

حسب و نسب - یا - حسب نسب (ع / مذ) حسب مادری و نسب پدری سلسلہ یعنی ماں باپ دونوں کی طرف کا خاندان - نانا دادا کا خاندان -

حَسَد (ع / مذ) جلن - رشک - عداوت - کینہ - کسی کی دولت و مرتبہ کا زوال چاہنا -

حسرت (ع / مث) کسی چیز کے نہ ملنے کا افسوس - ارمان - پشیمانی - آرزو - شوق -

حسرت آنا (ل) افسوس آنا - تاسف کھانا -

حسرت برسنا } (ل) حسرت و افسوس نمایاں ہونا - افسوس اور ارمان
حسرت ٹپکنا } کی مجسم شکل دکھائی دینا -

حسرت بھرا (ل) پُر شوق - پُر رنج - پُر تاسف -

حُسَن (ع) بھلا - اچھا - خوب - نیک (مث) خوبی - عمدگی - خوبصورتی (مذ) حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کے بڑے صاحبزادے امام ثانی ابو محمد کا نام نامی ہے -

حسن ابدال (ع) نام ایک بزرگ کا جن کے نام سے مغربی پاکستان کا ایک شہر منسوب ہے -

حُسْن (ع / مذ) بھلائی - عمدگی - خوبی - خوبصورتی - خوشحالی - دلربائی - جمال - رونق - جوبن - بہار -

حُسنِ انتظام (ع / مذ) خوبی انتظام - خوش انتظامی -

حُسنِ تدبیر (ع / مذ) تدبیر کی خوبی - خوش تدبیری -

حُسنِ خداداد (عف / مذ) قدرتی حُسن -

حُسن خیز (عف / صف) حُسن پیدا کرنے والا - وہ خطہ جہاں حسین لوگ عام ہوں -

حُسن سبز (عف / مذ) سبزہ رنگ - حُسن ملیح -

حُسنِ طلب (ع / مذ) نہایت عمدہ و لطیف - اشارے سے کوئی چیز مانگنا -

حُسنِ ظن (ع / مذ) نیک خیال - اچھا گمان -

حُسن المآب (ع) خدا کی نزدیکی - قرب الٰہی -

حُسنِ محفل (ع / مذ) مجلس کا سنگار یعنی حُقّہ - قلیان - پیچوان -

حُسنِ مطلع (ع / مذ) غزل یا قصیدے کے مطلع کے بعد کا شعر - دوسرا شعر -

حُسن دان (ل / مذ) چھوٹا سا گھٹی دار پاندان - آرام دان -

حَسِین (ع) خوبصورت - شکیل - حُسن والا - جمیل - وجیہہ - شکیلہ - من موہن -

حسین بند (ع) بچوں کو پہنانے کی چاندی کی دو بے نگینہ انگوٹھیاں جن کے بیچ میں چاندی کی زنجیر بھی ہوتی ہے اور عاشورہ کے دن پہناتے تھے -

حُسینی بُلبل (ع / مث) ایک خاص قسم کی بلبل جس کا جسم سفید اور سر پر سیاہ رنگ کی چوٹی ہوتی ہے -

ح - ش

حشا (ع) کلیجہ - تلی - پھیپھڑا - گردہ - دل وغیرہ۔
حَشر (ع امذ) لغوی معنی اُٹھنا - اصطلاحی معنی قیامت روزِ حساب - شور وغل۔ غوغا۔
حَشر برپا کرنا (ف) قیامت ڈھانا - شور مچانا - کہرام مچانا - اُودھم مچانا۔
حَشر توڑنا (ف) نہایت خفا ہونا - قیامت برپا کرنا - جھنجھلانا۔
حشر ٹوٹنا (ف) خفگی ہونا - آفت ٹوٹنا۔
حشرات (ع امذ) غل - شور - ہنگامہ - خوف و مصیبت چھوٹے چھوٹے کیڑے جو زمین میں سوراخ کر کے رہتے ہیں - برساتی کیڑے۔
حشرات الارض (ع امذ) زمینی کیڑے - مُوذی کیڑے۔
حشری گھوڑا (ف امذ) ڈنگی گھوڑا - سرکش گھوڑا جو دُوسرے گھوڑوں کے ساتھ ل کرتا رہے۔
حِشمت (ع امث) خدمتگار - نوکر - چاکر - خادموں کی جماعت - مرتبہ - عظمت - شان و شوکت - دبدبہ - سواری کا ساز و سامان - سامانِ لشکر۔
حُشمت (ع امث) جوڑد - اُونٹ کی مُہار (۲) قبیلہ۔
حَشمت (ع) خدمتگار۔

ح - ص

حِصار (ع امذ) قلعہ - گڑھ - کوٹ - احاطہ - چار دیواری - شہر پناہ۔
حِصار باندھنا (ف) قلعہ باندھنا - چاروں طرف سے گھیر لینا - چار دیواری کھڑی کر دینا - جادو یا دُعا کے ذریعے چاروں طرف کی روک کر دینا۔
حصاری (ع اصف) قلعہ بند۔
حِصان (ع) قلعہ۔
حصان البحر (ع امذ) دریائی گھوڑا۔
حِصن حصین (ع امذ) مضبوط قلعہ۔
حصن معلّق (ع امذ) آسمان۔
حصول (ع امذ) حاصل - فائدہ - نفع - سُود - مطلب - نتیجہ۔
حِصّہ (ع) ٹکڑا - بخرا - بانٹ - تقسیم - جزوِ کتاب - علاقہ - سررشتہ - درجہ - کمرہ - کونہ - گوشہ۔
حِصّہ بخرہ (ف امذ) بھاجی - کھانے پینے کی چیز کا حصّہ - میل ملاپ۔
حِصّہ داری (ف امث) زمینداروں کی شراکت - کشتِ زمین کی بٹی۔
حِصّہ رسد (ع ف) حصّہ کے موافق - تقسیم سے - جتنا جتنا حصّے میں آئے۔
حِصّہ کرنا } (ف) بانٹنا - تقسیم کرنا - ٹکڑے کرنا - باہم بٹی کرنا۔
حِصّہ لگانا } ڈھیریاں لگانا۔
حِصّے دار (ف امذ) شریک - ساجھی - شریک دہ یا کشت۔
حصیر (ع امذ) بوریا - چٹائی - ٹاٹ۔
حصحص الحق (ع) ظاہر ہوگیا حق۔

ح - ض

حضر (ع) سفر کی ضد - اپنے گھر رہنا - اقامت کرنا۔
حضرت (ع امذ) نزدیکی - درگاہ - قُرب - جناب - حضور - قبلہ - تعظیم و عزت کا لقب - سلام علیک تسلیم وغیرہ کی جگہ بھی بولتے ہیں - طنزاً ۔ شریر - بدذات - چالاک - بے ڈھب - چلتا پُرزہ۔
حضرت سلامت (ع امذ) جنابِ عالی - حضورِ عالی - قبلہ - یار دوست۔ (یہ لفظ تعظیماً بھی بولتے ہیں اور برابر والوں کو بھی کہہ دیتے ہیں۔)
حضرات (ع امذ) حضرت کی جمع - بُزرگ - مخدوم۔
حضور (ع امذ) موجودگی - حاضری - غیبت کی ضد - جنابِ عالی - مخدوم - قبلہ - دربار - مجلس - اجلاس - سامنے - رُو برُو - رُوئے در روئے - رُو برُو۔
حُضُور والا (ع امذ) حضورِ اقدس - جنابِ عالی۔
حضُوری (ع امث) حاضری - حاضر باشی - قربت - نزدیکی - دُوری کی ضد - دربارِ شاہی - بادشاہی اجلاس۔
حطیم (ع) بمعنی شکستہ - نام درمیان رکن اور زمزم کے جہاں کعبہ کا میزابِ رحمت ہے۔

ح - ظ

حَظّ (ع امذ) لُطف - لذّت - مزہ - ذائقہ - خوشی - انبساط - قسمت کی یاوری - بخت آوری - یاوریٔ بخت - بہرہ - بہرہ مندی - نصیب - حِصّہ - قِسمت۔
حَظ اُٹھانا (ف) مزہ اُڑانا - لذّت پانا - لُطف اُٹھانا - عیش کرنا - مزے لُوٹنا - موج مارنا۔
حظ نفسانی (ع امث) نفس کی خوشی - حیوانی خوشی۔
حظیرہ (ع) لکڑی سے بنا ہوا احاطہ - قبرستان اور گنبدِ قبر کے معنوں میں بھی مستعمل ہے۔

ح ۔ ف

حف (ع) کسی چیز کا احاطہ کرنا ۔ خدمت کرنا ۔ مہربانی کرنا ۔ تمام سر کے بال منڈنا ۔ مونچھوں کے بال کم کرنا ۔
حفاظت (ع امث) بچاؤ ۔ سلامت ۔ نگرانی ۔ پاسبانی ۔ نگہبانی ۔
حفظ (ع امذ) زبانی ۔ ازبر ۔ یاد ۔ پاس ۔ لحاظ ۔ ادب ۔ حفاظت ۔ محافظت ۔
حفظ امن (ع امذ) امن قائم رکھنا ۔
حفظ جان (ع امذ) جان کی حفاظت ۔ بچاؤ ۔
حفظ صحت (ع امذ) صحت کی حفاظت ۔ تندرستی کا بچاؤ ۔
حفظ ماتقدم (ع امذ) پیش بندی ۔ کسی کام کا پہلے ہی بچاؤ ۔
حفظ مراتب (ع امذ) درجے کی رعایت ۔ پاس ادب ۔ مرتبہ کا لحاظ ۔
حفظ نظر (ا) چشم بددور ۔ حف بمعنی واپس ہو جائے ۔ نظر بمعنی نظر ۔ یعنی تیری نظر واپس ہو جائے ۔ نظر بد اُدھر ہی رہے ۔ کسی کی تعریف سے پہلے یہ لفظ زبان سے نکالتے ہیں ۔
حفظ الغیب (ع) کسی کو اس کی پیٹھ پیچھے بھلائی اور نیکی سے یاد کرنا ۔
حفیظ (ع امذ) محافظ ۔ نگہبان ۔ ولی ۔ خدا کا ایک صفاتی نام ۔

ح ۔ ق

حق (ع امذ) خدا ۔ اللہ تعالیٰ ۔ سچ ۔ راست ۔ راستی ۔ لائق ۔ واجب ۔ ثابت ۔ قائم ۔ بجا ۔ ٹھیک ۔ درست ۔ فرض ۔ ڈیوٹی ۔ ذمہ داری ۔ انصاف ۔ نیاؤ ۔ جائز ۔ مباح ۔ صلہ ۔ بدلہ ۔ معاوضہ ۔ حصہ ۔ اجرت ۔ نیگ ۔ انعام ۔ مزدوری ۔
حق آشنا (ع ف ا صف) خدا پرست ۔ سچی اور حق بات کہنے والا ۔
حق ادا کرنا (ا) ڈیوٹی بجالانا ۔ فرض ادا کرنا ۔ کسی کام کو ویسا ہی کرنا جیسے کرنا چاہیے تھا ۔ نوکری یا خدمت بجالانا ۔
حق اللہ پاک ذات اللہ (ا فقرہ) اللہ برحق ہے اور اس کی ذات تمام عیبوں سے پاک ہے ۔ (طوطوں کو یہ الفاظ سکھاتے ہیں ۔)
حق پرست (ع ف امذ) خدا کو پوجنے والا ۔
حق تعالےٰ (ع امذ) خدائے عزوجل ۔ بزرگ و برتر خدا ۔
حق تلفی (ع امث) کسی کا حق ضائع کر دینا ۔ پرایا حق مارنا ۔ ظلم اور ناانصافی کرنا ۔
حق حق کرنا (ا) انصاف کرنا ۔ عدل کرنا ۔ خدا کا نام لینا ۔ شراب کا شیشے میں سے نکلتے وقت قُل قُل کی آواز دینا ۔
حق رسی (ع ف امث) نیاؤ ۔ عدل ۔ داد ۔ انصاف ۔
حق سرکار (ع امذ) باج ۔ محصول ۔ خراج ۔ زر مالگزاری ۔
حق شفعہ (ع امذ) پڑوس اور ہمسائیگی کا حق ۔ ملحقہ جائداد کے خریدنے کا استحقاق ۔
حق شناس (ع ف ا صف) قدردان ۔ منصف ۔ جوہر شناس ۔
حق کو پہنچنا (ا) انصاف کو پہنچنا ۔ انصاف کرنا ۔ سچ کو دریافت کرنا ۔
حق لینا (ا) واجبی حصہ پانا ۔ ورثہ یا محنتانہ لینا ۔ رل مارنا ۔ جائداد دبا لینا ۔
حق ناحق (ا) خواہ مخواہ ۔ بے سبب ۔ بلاوجہ ۔ یونہی ۔
حق نام اللہ کا (ا محاورہ) سچا نام تو اللہ ہی کا ہے ۔
حق نمک ادا ہونا (ا) نوکری اور نمک خواری کا حق ادا ہونا ۔
حق ہونا (ا) سچ ہونا ۔ راست ہونا ۔ مرنا ۔ دنیا سے گزر جانا ۔ انصاف ہونا ۔ نیاؤ ہونا ۔
حقارت (ع امث) بے عزتی ۔ بے آبروئی ۔ ذلت خواری ۔ خفت ۔ سبکی ۔
حقارت کی نظر سے دیکھنا (ا) دوسرے کو ذلیل جان کر توجہ نہ کرنا ۔ خاطر میں نہ لانا ۔
حقنہ (ع امذ) پچکاری ۔ کسی دوا کی بتی یا پچکاری جو پیخانہ آنے کی خاطر سُفرے میں چڑھائی جاتی ہے ۔
حقنہ کرنا (ا) سُفرے میں پچکاری یا بتی چڑھانا تاکہ پیخانہ آجائے ۔
حقوق (ع امذ) حق کی جمع ۔
حقہ (ع امذ) ڈبا ۔ جواہرات وغیرہ رکھنے کی ڈبیا ۔ درج ۔ کلیان ۔ پیچوان کا پیالہ جس میں نلیاں لگا کر تمباکو بھر کر پیتے ہیں ۔
حقہ باز (ع ف امذ) مداری ۔ بھان متی ۔ بہت حقہ پینے والا ۔
حقہ بردار (ع ف امذ) حقہ بھرنے والا ۔ حقہ اٹھانے والا ۔ حقہ ساتھ لے کر چلنے والا ۔
حقہ بھرنا (ا) چلم میں آگ رکھ کر حقہ تیار کرنا ۔ چلم میں تمباکو کا سُلفہ جما کر آگ رکھنا ۔
حقہ پانی بند کرنا / حقہ پانی گرا دینا (ا) ذات سے اتار دینا ۔ برادری سے خارج کرنا ۔ ذلیل اور مجبور کرنا ۔
حقہ پانی پلانا (ا محاورہ) آؤ بھگت کرنا ۔ خاطر مدارات کرنا ۔
حقہ پینا (ا محاورہ) حقہ کے کش لگانا ۔
حقہ تازہ کرنا (ا) حقہ کا پانی بدلنا ۔ نیچہ وغیرہ تر کرنا ۔
حقیت (ع امث) ملکیت ۔ حق ۔ حصہ داری ۔
حقیر (ع ا ذ) چھوٹا ۔ لاغر ۔ دبلا پتلا ۔ نحیف البدن ۔ بے قدر ۔ خوار ۔ اوچھا ۔ خفیف ۔ سبک ۔ ناچیز ۔ کمینہ ۔
حقیر جاننا (ا) ناچیز سمجھنا ۔ کمینہ سمجھنا ۔ ذلیل و خوار جاننا ۔
حقیقت (ع امث) اصل ۔ جڑ ۔ بنیاد ۔ ماہیت ۔ کیفیت ۔ چگونگی ۔ حال ۔ بساط ۔ حیثیت ۔ سرگزشت ۔ ماجرا ۔ صداقت ۔ راستی ۔

بیچ - بھید -
حقیقت کھل جانا (ل) کیفیت ظاہر ہونا - قلعی کھل جانا - مزا آ جانا - بھید کھل جانا - تمام حال معلوم ہو جانا -
حقیقت معلوم کرنا (ل) (محاورہ) اصل حال یا راز معلوم کرنا -
حقیقت میں (ل) (متعلق فعل) اصل میں - واقعی - دراصل -
حقیقی (ع امث) منسوب بہ حقیقت - اصلی - سگا - اپنا - اپنی - سگی -
حقیقی بھائی (ل امذ) ماں جایا بھائی - سگا بھائی - برادر عینی - ایک ماں باپ کا دوسرا یا تیسرا وغیرہ بیٹا -
حقیق (ع) ثابت - سزاوار - لائق -

ح - ک

حک (ع امذ) مٹانا - کھرچنا - چھیلنا - دور کرنا -
حکاک (ع امذ) مہر کھودنے والا - مہرکن - مہر پر حروف بنانے والا -
حکام (ع امذ) حاکم کی جمع -
حکایت (ع امث) کہانی - داستان - روایت - قصہ - بات - حدیث -
حکم (ع امذ) پنچ - ثالث - انصاف کرنے والا - جج - فیصلہ کرنے والا -
حکم (ع امذ) فرمان آگیا - ارشاد - شرعی فیصلہ - فتویٰ قانونی فیصلہ - منطق - ایسی دلیل جس سے قائل ساقط ہو جائے - سرداری - فرمانروائی - حکومت - اجازت - رخصت - تاش یا گنجفہ کا وہ پتہ جو سب سے پہلے ڈالتے ہیں - جھگڑے کا فیصلہ - زبردستی - سختی - سزا - سیاست -
حکم اٹھانا (ل) حکم ماننا - گنجفہ میں سر لینے کے واسطے حکم کا پتا ڈالنا -
حکم بجالانا (ل) کہا ماننا - تعمیل ارشاد کرنا -
حکم بردار (عف امذ) کہا کرنے والا - فرمانبردار - حکم ماننے والا -
حکم پر چلنا (ل) (محاورہ) حکم کی تعمیل کرنا - حکم کے مطابق کام کرنا -
حکم توڑنا (ل) (محاورہ) حکم نہ ماننا - نافرمانی کرنا -
حکم جاری کرنا (ل) حکم صادر کرنا - ڈونڈی پٹوانا - اشتہار دینا -
حکم چلانا (ل) بیٹھے بیٹھے حکم دیے جانا - حکومت کرنا - سختی کرنا - جبر کرنا -
حکم حاکم مرگ مفاجات (ف امقولہ) حاکم کا حکم فوراً جاری ہو جاتا ہے - جی چاہے نہ چاہے - فی الفور ماننا پڑتا ہے -
حکم دینا (ل) کام فرمانا - فتویٰ صادر کرنا - اجازت دینا - اشتہار دینا - فیصلہ کرنا -

حکمراں (عف اصف) حاکم - بادشاہ - فرمانروا -
حکمرانی (عف امث) سلطنت - حکومت - بادشاہی - فرمانروائی -
حکم شرعی (ع امذ) وہ حکم جو اسلام کے مطابق ہو یا اسلامی اصول کے مطابق ہو -
حکم ظہری (ع امذ) کاغذ یا رپورٹ کی پشت پر لکھا ہوا حکم - پشتی حکم -
حکم قطعی (ع امذ) حکم اخیر - اخیری فیصلہ - حکم ناطق -
حکم کرنا (ل) سختی کرنا - ارشاد فرمانا - اجازت دینا - حکم چلانا -
حکم گشتی (ل امذ) پھرنے والا - حکم - سرکلر - وہ حکم جو بہت سی جگہوں میں بھیجا جائے -
حکم لگانا (ل) دفعہ لگانا - حد لگانا - پختہ رائے ظاہر کرنا - دعویٰ جمانا -
حکم مطلق (ع امذ) عام حکم - قطعی حکم - اخیری حکم -
حکم نامہ (عف امذ) تحریری حکم - وہ فرمان جو حاکم کی طرف سے لکھا جائے -
حکمت (ع امث) عقل - دانائی - ہر شے کی حقیقت معلوم کرنے کا علم (یعنی طبعی - ریاضی - الٰہی) بھید - طب - علاج معالجہ - مطلب - ڈھنگ - غرض - تدبیر و ترکیب -
حکمت عملی (ع امث) تہذیب اخلاق اور سیاست بدن کی واقفیت - دور اندیشی - چالاکی - ہوشیاری - پالیسی - توڑ جوڑ -
حکمت کرنا (ل) تدبیر کرنا - دانائی کرنا - طبابت کرنا - ڈاکٹری یا طبابت کا پیشہ کرنا -
حکومت (ع امث) راج - سلطنت - سختی - زبردستی - اختیار - بس -
حکومت جتانا (ل) تیزی دکھانا - جبر کرنا - زبردستی کرنا - رتبہ دکھانا -
حکمی (ع) بے خطا - ٹھیک نشانے پر - شرطی - ضروری - ہمیشہ - مدام - فرمانبردار - محکوم - فرماں پذیر -
حکمی بندہ (عف امذ) تابع - مطیع - فرمانبردار -
حکمی دوا (ع امث) مجرب دوا - تیر بہدف دوا - شرطیہ دوا -
حکیم (ع امذ) دانا - عقل مند - ہوشیار - محقق - فیلسوف - بید - ڈاکٹر - طبیب -
حکیم اور قارورہ سے لاج (ل) (مثل) کسی کام کرنے والے کو اپنے کام سے کیا شرم اور نفرت -
حکیمی (ل) ڈاکٹری - طبابت - ویدک -

ح - ل

حل (ع امذ) تلوں کا تیل - عورت کا عورت سے نکلنا - کھولنا - سلجھانا - عقدہ کشائی - مشکل بات کو آسان کرنا - گھلنا ملنا - گھٹائی - لیسائی - حساب کا سوال نکالنا -
حل پذیر (عف اصف) گھل جانے والا - تحلیل ہو جانے والا -

حِل (ع) روا ہونا - قسم کا کفارہ دینا - حرم سے باہر نکلنا یا احرام سے باہر نکلنا -
حل کرنا (ہ) آسان کرنا - عقدہ کشائی کرنا - انکشاف کرنا - کھولنا - سلجھانا - اجزا علیحدہ کرنا - پینا - کھرل کرنا - ملانا - حساب کا سوال نکالنا - سوال کا عمل کرکے جواب تک پہنچانا -
حلال (ع) جائز - مباح - روا - دُرست - حرام کی ضد - ذبیحہ - ذبح کیا ہوا جانور - شرعًا وقانونًا جائز - حسبِ شرع - حسبِ قانون -
حلّاج (ع) دُھنیا - لقب حسین بن منصور کا جنہوں نے انا الحق کہا تھا -
حلال خور (ہ امذ) حلال کی مزدوری کھانے والا - خاکروب - بھنگی - مہتر -
حلال کا (ہ) ولدُ الحلال - وہ بچہ جو منکوحہ ماں سے پیدا ہو -
حلال کرنا (ہ) ذبح کرنا - شریعت کے موافق چھری پھیرنا - کاٹنا - قتل کرنا - مارنا - پیٹنا -
حلال کرکے کھانا (ہ) محنت کرکے کھانا - خوب کام کرکے مزدوری لینا - بُری طرح مارنا - سخت پیٹنا -
حلال میں حرکت حرام میں برکت (ہ) اُلٹی بات - زمانے کی اُلٹی بات - انقلابِ زمانہ - نیرنگیٔ دوراں -
حلالہ (ع امذ) طلاق دی ہوئی عورت کا دُوسرے سے نکاح کرنا تاکہ اس سے طلاق لے کر اپنے پہلے خاوند سے پھر نکاح کرسکے -
حلاوت (ع امث) مٹھاس - لذّت - مزا - ذائقہ - راحت - آرام - شیرینی -
حَلَف (ع امذ) قسم - سوگند - قرآن - عہد وپیماں -
حلف اُٹھانا (ا ر امحاورہ) قسم کھانا - مذہبی کتاب کی قسم اُٹھانا -
حَلّاف (ع) قسم کھانے والا -
حَلَف اُٹھانا (ہ) قسم کھانا - سوگند کھانا - قرآن اُٹھانا - گنگا جلی اُٹھانا -
حَلَف دروغی (ع ف امث) جھوٹی قسم کھانا - جھوٹی سوگند -
حَلَف دینا (ہ) قرآن یا گنگا جلی اُٹھوانا - قسم دینا -
حلفًا (ع) قسمیہ طور پر - قسم کے طور پر -
حلق (ع امذکر) گلا - ٹیٹوا - گلو - نار - گردن - مُنہ - زبان -
حلق بند کرنا - (ہ) زبان بند کرنا - خاموش کرنا - مُنہ پکڑنا -
حلق دبانا (ہ) گلا گھونٹنا - ٹیٹوا دبانا - بات کرتے روک دینا -
حلق کا نہ تالو کا یہ مال میاں لالو کا (ہ) کہاوت) کھایا نہ پیا - یونہی کتوں کو دے کر خراب کردیا -
حلق میں نوالہ پھنسنا (ہ) کسی عمدہ چیز کے کھاتے وقت اپنے بچے یا دوست کا دھیان آجانا -
حلقوم (ع امذ) گلو - گلا - نائے - ٹیٹوا - منفذ - سینے اور گلے کے بیچ کا گڑھا - گلے کا گھنگرو -
حلقہ (ع امذ) منسوب بہ حلق - احاطہ - گھیرا - مجلس - منڈل - لپیٹ کا

گول گنڈا - سانپ کی کنڈلی - چاند کا ہالہ - کُھنڈی کا گھر - علاقہ - ضلع -
حلقی (ف) جلیبی جو مشہور مٹھائی ہے -
حِلم - (ع امذ) نرمی - بُردباری - ملائمت - نرم طبعی - کسی کی سزا میں نرمی کرنا -
حَلمہ (ع امث) بھٹنی - سر پستان -
حلوا (ع امذ) میٹھا - میٹھی چیز - نرم مٹھائی - موہن بھوگ - نرم مال - ملائم چیز -
حلوا سمجھنا (ہ) بالکل آسان جاننا - کسی کو نرم سمجھنا - کمزور جاننا -
حلوا کھائیے (ہ) قسم سخت - ہمیں مرا ہوا دیکھے - ہماری بوٹی کھائے -
حلوا نکل جانا (ہ) کنگال اور بدحال ہوجانا - نہایت سختی سے بدحال ہونا -
حلوائے بے دُود (ف امذ) پیڑ پر پکا ہوا میوہ - قدرتی حلوا - نرم چارہ -
حلوان (ع امذ) بھیڑ یا بکری کا دُودھ پیتا بچہ - نرم گوشت - ایک کپڑے کا نام -
حلوائی (ہ امذ) حلوا بنانے اور بیچنے والا - مٹھائی فروش - شیر فروش -
حلوائی کی دُکان اور دادا جی کا فاتحہ / حلوائی کی دُکان پر نانا جی کا فاتحہ } (ہ امثل) پرائے مال کو بے دریغ خرچ کرنے یا غیر کے مال کو اپنا سمجھ کر صرف کرنے کے موقعہ پر بولا کرتے ہیں -
حلوے مانڈے سے کام رکھنا (ہ) ہر حالت میں اپنے مطلب کو مقدّم جاننا -
حُلّہ (ع امذ) جُبّہ - یمن کی پوشاک - چادر - بہشتی لباس -
حَلیف (ع امث) دوست - ساتھی -
حلیم (ع) بُردبار - متحمّل مزاج - ملائم طبع - نرم دل - دھیما - گمبھیر - کھچڑا - ایک قسم کا کھانا ہوتا ہے جو محرم میں شہدائے کربلا کی فاتحہ کے لیے پکایا جاتا ہے -
حُلیہ (ع امذ) زیور - گہنا - خلعت - خط وخال - چہرہ - صُورت -

ح - م

حَم (ع) سُسرا - سالا اور سُسرال کی طرف کا رشتہ دار -
حمّاد (ع امبالغہ) بہت زیادہ حمد کرنے والا - بہت تعریف کرنے والا -
حماقت (ع امث) بے وقوفی - نادانی - احمق پن -
حمّال (ع امذ) مبالغہ یا پیشہ - پانڈی - مزدور - بوجھ اُٹھانے والا - باربردار -
حمّام (ع امذ) نہانے کی جگہ - گرم آبہ - گرمابہ -
حمّام کرنا (ہ) نہانا - غسل کرنا - اشنان کرنا -

حمام کی کنگھی (و امث) ہر شخص کے استعمال میں آنے والی چیز۔
حمام (ع امذ) تپ۔ بخار۔
حمامی (ع امث) حمام والا۔ نہلانے والا۔ نائی۔ حجام۔
حمایت (ع امث) طرف داری۔ مدد۔ امداد۔ نگہبان۔ محافظت۔ سایہ۔
حمایت کرنا۔ یا۔ حمایت لینا۔ یا۔ حمایت میں لینا (ف) کسی کی مدد کرنا۔ طرفداری کرنا۔ پشتی کرنا۔ حامی بننا۔ مددگار بننا۔
حمایتی (ع امذ) مددگار۔ حامی۔ معاون۔ طرف دار۔ ممدّہ۔
حمایتی کا ٹٹو (و امذ) دوسرے کی مدد پر کام کرنے والا۔ دوسرے کے بل پر کودنے والا۔
حمائل (ع امث) گلے میں لٹکانے کی چیز۔ چھوٹی تقطیع کا قرآن شریف۔
حمدان (ف امذ) اصطلاحاً عضوِ تناسل۔
حمد (ع امث) خدا کی تعریف۔
حمدونہ (ع امذ) بندر۔
حمق (ع امث) بے وقوفی۔ نادانی۔ حماقت۔ احمق پن۔
حمل (ع امذ) بوجھ۔ بار۔ پیٹ۔ گربھ۔ آسمان پر ایک برج کا نام بھی ہے۔ جو مینڈھے کی شکل کا ہے۔
حمل اسقاط ہونا (ف) پیٹ گرنا۔ گربھ چھن جانا۔ توہ جانا۔
حمل رہنا (ف) پیٹ رہنا۔ پیٹ میں بچہ پڑنا۔
حمزہ (ع) نام حضورؐ کے چچا کا۔ ساگ کو بھی کہتے ہیں اور شیر درندہ کو بھی۔
حمل گرانا (ف) اسقاط کرانا۔ پیٹ گرانا۔
حملہ (ع امذ) ہلّا۔ دھاوا۔ یورش۔ چڑھائی۔ حربہ۔ وار۔ چوٹ۔
حملہ آور (عف امذ) دھاوا۔ چڑھائی کرنے والا۔
حملہ کرنا (ف) دھاوا کرنا۔ یورش کرنا۔ حربہ کرنا۔ وار چلانا۔ چوٹ کرنا۔
حموضت (ع امث) کھٹائی۔ کڑواہٹ۔
حموضہ (ع امذ) تیزاب۔ ترشا۔
حمول (ع امذ) اندام نہانی میں رکھنے کی دوا۔
حمّی (ع امذ) بخار۔ تپ۔

ح - ن

حنا (ع امث) مہندی۔
حنا بندی (عف امث) مہندی کی ایک رسم جو ساچق سے ایک دن پہلے مسلمانوں میں کی جاتی ہے۔
حنائی (ت) گیروا رنگ۔ مہندی کا سا رنگ۔ زردی مائل سرخ۔
حنطہ (ع) گیہوں۔
حنظل (ع امذ) اندرائن کا پھل۔ پھر پھیندا۔

ح - و

حوّا (ع امث) بابا آدمؑ کی بیوی کا نام۔ بنی آدمؑ کی ماں (مذ) کالے چہرے اور لمبے دانتوں والا ڈراؤنا فرضی بھوت۔
حواری (ع امذ) مسیح کے دوست۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اصحاب۔
حواس (ع امذ) حاسہ کی جمع۔ مدرکہ قوتیں۔ اندریاں محسوس کرنے کی طاقتیں۔ ہوش۔ اوسان۔ بدھ۔ بدھی۔ فہم۔ سمجھ۔ عقل۔
حواس باختہ (ف ت) ہکا بکا۔ گھبرایا ہوا۔ بے اوسان۔ جس کے حواس بجا نہ ہوں۔
حواشی (ع) جمع حاشیہ کی۔ کنارے۔ نوکر چاکر۔
حواصل (ع امذ امث) ایک سفید آبی پرندہ جس کا پوٹا بہت بڑا ہوتا ہے۔
حوالات (ا امث) حوالت سے بگڑ کر بنا ہے۔ سپردگی۔ تحویل۔ حراست۔ قید۔ وہ مکان جس میں مجرم ہوں کو تحقیقات مقدمہ تک رکھا جاتا ہے۔
حوالات کرنا۔ یا۔ حوالات میں دینا (ف) نظر بند کرنا۔ نگرانی میں رکھنا۔ قید کرنا۔ نظر بندی میں رکھنا۔
حوالہ (ع امذ) تحویل۔ سپردگی۔ نشان۔ پتا۔ کسی امر کی اقوالِ اساتذہ سے تصدیق۔
حوالہ دار (و امذ) وہ سپاہی افسر جس کی سپردگی میں کچھ آدمی ہوں۔ چند سپاہیوں کا افسر۔
حوالی (ع امث) آس پاس۔ گرد و نواح۔ قریب۔ قرب و جوار۔
حوالے کرنا (ف) سپرد کرنا۔ دینا۔ پکڑانا۔
حوت (ع امث) مچھلی۔ ماہی کلاں (مذ) آسمان کا بارھواں برج۔
حور (ع امث) حورا کی جمع۔ سیاہ بالوں اور تیلیوں والی ہر گوری چٹی عورت۔ خوبصورت۔ چھیلا۔ چھبیلا۔ نہایت حسین عورتیں جو بہشت میں نیکوں کی بیویاں ہوں گی۔
حور العین (ع امث) موٹی آنکھوں والی حور۔
حور کا بچہ (ف) نہایت حسین۔ پری زاد۔ پری جمال۔ پری صورت۔
حوصلہ (ع امذ) پرند کا پوٹا۔ معدۂ مرغاں۔ دلیری۔ جرأت۔ ہمت۔ مقدرت۔ سمائی۔ بردباری۔ ارمان۔ آرزو۔ ہوس۔
حوصلہ افزا (عف امث) ہمت دلانے والا۔ حوصلہ بڑھانے والا۔
حوصلہ نکالنا (ف) ہوس نکالنا۔ ارمان پورے کرنا۔ بڑی ہمت کرنا۔ خوب خرچ کرنا۔ جی کھول کر صرف کرنا۔
حوصلہ مند (عف امث) صاحب ہمت۔ عالی حوصلہ۔ اولو العزم۔
حوض (ع امذ) پانی جمع کرنے کی جگہ۔ تالاب۔ ہودہ۔ تھن۔ حاشیہ کے

اندر کا میدان ۔

حوضۂ متن (عف امذ) جو کھٹے یا حاشیے کے اندر کی جگہ جس میں اصل عبارت درج ہو ۔

حوقلہ (ع) لاحول پڑھنا ۔

حویلی (ا امث) چاردیواری کا مکان ۔ محل سرا ۔ پختہ اور بڑا مکان ۔ عالی شان گھر ۔

ح ۔ ی ۔ ے ہے

حیا (ع امث) شرم ۔ حجاب ۔ لاج ۔ لحاظ ۔ غیرت ۔ اونٹنی کی پیشاب گاہ ۔

حیادار } (ا) غیرت مند ۔ شرم دار ۔ شرمیلا ۔
حیامند }

حیا والا اپنی حیا سے ڈرا ۔ بے حیا جانے مجھ سے ڈرا (ا) (شل) جب کسی رذیل کے مقابلے میں کوئی شریف خاموشی اختیار کر لے ۔ اُس وقت بولا کرتے ہیں ۔

حیات (ع امث) زندگی ۔ جان ۔ رُوح ۔ پران ۔ زیست ۔ عمر ۔

حیاتِ مستعار (ع امث) مانگے کی زندگی ۔ بے ثبات زندگی ۔ فانی عمر ۔ ناقابل اعتبار زیست ۔ غریبانہ گزارا ۔ معمولی گزران ۔

حیثیت (ع امث) مقدور ۔ بساط ۔ استعداد ۔ مالیت ۔ دولت ۔ ملکیت ۔ عزت ۔ آبرو ۔

حیثیت عرفی (ع امث) ظاہری عزت ۔ مانی ہوئی آبرو ۔ بنی ہوئی ساکھ ۔ اعتبار ۔

حیران (ع) متحیر ۔ حیرت زدہ ۔ ہکا بکا ۔ پریشان ۔

حیرانی (ع امث) تحیر ۔ حیرت ۔ پریشانی ۔ تعجب ۔

حیرت (ع امث) اچنبھا ۔ تعجب ۔ حیرانی ۔ اچرج ۔ سکتے کی حالت ۔ بھچک رہنا ۔

حیرت آفریں (عف اصف) حیرت پیدا کرنے والا ۔ حیران کن ۔

حیرت افزا (عف اصف) حیرت بڑھانے والا ۔

حیزبون (ع) بوڑھی عورت ۔

حیص بیص (ع امث) (حیص بمعنی گراہی بیص بمعنی تنگی وسختی) ردّ وکد ۔ تکرار ۔ بحث بحثی ۔ لڑائی ۔ جھگڑا ۔ جنگ وغوغا ۔ قیل و قال ۔

حیض (ع امذ) طمث ۔ عورتوں کو آنے والا ماہواری خون ۔ کپڑے ۔ ایام ماہواری ۔

حیضی ۔ یا ۔ حیضی بچہ (ل) حرام کا ۔ حرامی ۔ شریر ۔ ذگنی ۔ حرامزادہ ۔

حیف (ع امذ) ہائے ۔ دریغ ۔ افسوس ۔ ظلم ۔ زبردستی ۔ جور وستم ۔ جبر تعدی ۔

حیف کھانا (ا) (محاورہ) افسوس کرنا ۔

حیل (ع امذ) حیلہ کی جمع ۔

حیلہ (ع امذ) فریب ۔ مکر ۔ بہانہ ۔ دھوکا ۔ عمل ۔ کام ۔ نوکری ۔ روزگار ۔

حیلہ باز ۔ یا ۔ حیلہ ساز ۔ یا ۔ حیلہ گر (عف) مکار ۔ بہانہ جو ۔ چالاک ۔ فریبی ۔ دھوکے باز ۔ دغا باز ۔

حیلے رزق بہانے موت (ا) (شل) رزق اور موت کسی نہ کسی سبب پر منحصر ہے ۔

حیلہ کرنا (ا) بہانہ کرنا ۔ روزگار کرنا ۔ کام اور پیشہ کرنا ۔

حین (ع امذ) وقت ۔ ہنگام ۔ زمانہ ۔ عرصہ ۔ آن ۔ ویلا ۔

حین حیات (ع امث) جیتے جی ۔ زندگی بھر ۔ عمر بھر ۔ تمام عمر ۔

حیوان (ع امذ) لغوی معنی زندگانی ۔ مجازاً ۔ جانور ۔ جاندار ۔ ذی رُوح ۔ بہائم ۔ نادان ۔ بے وقوف ۔ وحشی ۔ جنگلی ۔

حیوانِ مطلق (ع) حیوان آزاد ۔ بے سلیقہ ۔ حیوان یا جانور ۔ پشو ۔ ڈنگر ۔

حیوانِ ناطق (ع) بولنے والا جانور ۔ آدمی ۔ انسان ۔ منش ۔

حیوانِ ناہق (ع) گدھا ۔ خر ۔ (پنجابی) کھوتا ۔

حیوانی (ع) انسانی کی ضد ۔ شہوانی ۔ نفسانی ۔ بہیمی ۔ عامل لوگ ۔ گوشت اور حیوان سے نکلی ہوئی چیز یعنی گھی دُودھ کے استعمال سے مُراد لیتے ہیں ۔

حیوانیت (ع امث) وحشت ۔ وحشی پن ۔ بے شرمی ۔ بے حیائی ۔ نادانی ۔ بے وقوفی ۔ جہالت ۔

خ (ع ا مث) عربی کا ساتواں - فارسی کا نواں - اُردو کا دسواں حرف ہے - حساب جمل میں اس کے عدد ۶۰۰ فرض کیے گئے ہیں خائے معجمہ کے نام سے بولی اور لکھی جاتی ہے -

خ - ا

خابور (ت) بچڑ جو لکڑی چیرتے وقت لکڑی میں ٹھوکی جاتی ہے -
خاتم (ع امذ) ختم کرنے والا - انجام کو پہنچا دینے والا -
خاتم (مث) انگوٹھی - انگشتری - مُندری - مُہر - چھاپ -
خاتم الانبیاء (امذ) آخری رسول - آخری نبی - نبیوں کی نبوت کو ختم کر دینے والے حضرت محمد صلعم سے مراد ہے -
خاتم بندی - یا - خاتم کاری (عف امث) ہاتھی دانت وغیرہ پر گلکاری کرنا - اور چھتوں میں لگانا - تختہ بندی - جڑاؤ ت کا کام -
خاتمہ (ع امذ) انجام - نتیجہ - اخیر - موت - رحلت - انتقال - وہ عبارت جو کتاب کے ختم کرنے پر لکھی جائے -
خاتمہ بالخیر (ع امذ) انجام بخیر - حسن خاتمہ کی دعا مرتے وقت ایمان کی سلامتی کے ساتھ دنیا سے گزر جانا -
خاتمہ ہونا (ل) تمام ہونا - ہو چکنا - مر جانا - گزر جانا - انجام کو پہنچنا -
خاتون (ت امث) بیگم - لیڈی - رانی - ملکہ - امیر گھر کی عورت - امیر زادی -
خاتونِ جنت (ع امث) جنت کی شہزادی - حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کا لقب جو حضرت رسول کریمؐ کی بیٹی اور حضرت علیؓ کی زوجہ تھیں -
خاتونِ جہاں (ت امث) سورج -
خاتونِ محل (ع امث) گھر کی مالک - منکوحہ بیوی -
خاتونِ نیما (ع امث) سورج -
خادم (ع امذ) خدمت کرنے والا - خدمتگار - نوکر - ٹہلوا - سیوک - کسی درگاہ کا مجاور - پیر کا مُرید -
خادمِ درگاہ (عف امذ) مجاور - درگاہ کی خدمت کرنے والا - ملازم آستانہ -
خار (ت امذ) کانٹا - پھانس - سُول - مُرغ کے پاؤں کا کانٹا جو ٹخنے سے اوپر نکلتا ہے - حسد - جلن - رشک - ڈاڑھی - ڈاڑھی کے بال -
خارِ آنکھوں کا (ا امذ) وہ چیز جو آنکھوں کو بُری معلوم دے -
خار پُشت (ف) سیہ - ایک کانٹے دار جنگلی جانور جو کُتر نے والے جانوروں میں سے ہے - جنگلی خار دار چوہا - پیٹھ کھجانے کا لوہے کا پنجہ -
خار خار (ف) بکثرت - بہت - بے حد غم و غصہ کے لیے آتا ہے -
خار دار (ف) کانٹے دار - ڈاڑھی والا - کانٹوں والا -
خار کھانا (ل) جلنا - حسد کرنا - دشمنی اور عداوت کرنا -
خار گزرنا - یا - لگنا (ل) بُرا لگنا - کھٹکنا - ناگوار معلوم ہونا - رشک ہونا - جلن ہونا -
خار و خس - یا - خاشاک (ف امذ) کوڑا کرکٹ -
خار ہونا (ل) ناگوار گزرنا - بُرا معلوم ہونا - حسد ہونا - رشک ہونا - جلن ہونا - جلنا -
خارا (ف امذ) سخت - پتھریلا - پتھر -
خارج (ل) نکلا ہوا - نکالا ہوا - باہر - مخرج - دُور - علیحدہ - علاوہ -

خارج از بحث (عف) بحث سے باہر۔ بحث سے الگ۔ ناقابلِ سماعت۔
خارج آہنگ (ف) بے سُرا۔
خارج از عقل (عف) احمق۔ نادان۔ بے عقل۔
خارج قسمت (ع امذ) مقسوم کو مقسوم علیہ پر تقسیم کرنے سے جو عدد حاصل ہو اُسے خارج قسمت کہتے ہیں۔ حاصل قسمت۔
خارج کرنا (ہ) نکال دینا۔ دُور کرنا۔ علیحدہ کر دینا۔ (قانوناً) مقدمہ کو ڈسمس کر دینا۔ مقدمہ کو ناقابل سماعت سمجھنا۔
خارجہ (ع امذ) خارج شدہ۔ باہر کا۔ داخلہ کی نقیض۔
خارجی (ع امذ) مذہب سے خارج شدہ۔ بے ایمان۔ دینِ اسلام سے باہر۔ مسلمانوں کا وہ فرقہ جنہوں نے حضرت علی کرم اللہ وجہٗ کو خلیفہ برحق نہیں مانا اور ان سے باغی ہو کر لڑے۔
خارش۔ یا۔ خارشت (ف امث) کھاج۔ کھجلی۔ ایک سوداوی مرض جس سے تمام جسم پر دانے پھیل جاتے ہیں۔
خاشاک (ف امذ) کوڑا کرکٹ۔
خاص (ع) عام کی ضد۔ اپنا۔ نج کا۔ ذاتی۔ ذات کا۔ مخصوص۔ ٹھیک۔ ٹھٹھہ۔ چیدہ۔ صرف۔ فقط۔ جیسے خاص آپ ہی کے پاس ہے۔ منظورِ نظر۔ پیارا۔ محبوب۔ عزیز۔ چہیتا۔
خاص بازار (عف امذ) شاہی بازار۔ وہ بازار جو بادشاہوں کے در دولت کے سامنے ہو۔ دہلی کے ایک بازار کا نام۔
خاص بردار (عف امذ) بندوقچی سپاہی۔ سواری کے آگے کندھوں پہ بندوقیں رکھ کر چلنے والے سپاہی۔
خاص تحصیل (ع امذ) وہ تحصیل جس میں حاکم ضلع یا افسر صوبہ کا اجلاس ہوتا ہو۔
خاص خاص لوگ (ہ امذ) معزز لوگ۔ رئیس لوگ۔ منتخب آدمی۔ اولیاء اللہ۔
خاصکر (ہ) خصوصاً۔ بالخصوص۔
خاص کرنا (ہ امص) مخصوص کرنا۔ الگ کرنا۔ ممتاز کرنا۔
خاص محل (عف امذ) زنان خانہ۔ بادشاہ کی پہلی بیوی۔
خاص نویس (عف امذ) رئیس کا منشی۔ پرائیویٹ سیکرٹری۔
خاص و عام (ع امذ) ادنیٰ و اعلیٰ۔ تمام۔ سب۔ امیر و غریب۔
خاصا (ہ) اچھا۔ وصفی۔ خُوب۔ موزوں۔ بُرا نہ بھلا۔ متوسط۔ درمیانی۔
خاصا چُننا (امحاورہ) دسترخوان پہ کھانا لگانا۔
خاصّہ (ع امذ) عادت۔ خُو۔ خصلت۔
خاصا رہا۔ یا۔ خاصے رہے (ہ) اچھا نکلا۔ خوب رہا۔ سوہنا نکلا۔
خاصہ (ہ) امیروں اور بادشاہوں کا کھانا۔
خاصدان (ہ امذ) گلوری دان۔ گلوریاں رکھنے کا برتن۔
خاصی (ہ) اچھی۔ عمدہ۔ بھلی۔ میانہ۔ بُری نہ بھلی۔ امیروں کی بندوق۔
خاصیت (ع) مزاج۔ طبع۔ خُو۔ بان۔ عادت۔ تاثیر۔ اثر۔ وصف۔ گُن۔
خاضع (ع اصف) عاجزی کرنے والا۔ منکسر المزاج۔

خاطر (ع امذ) لغوی۔ دل میں گزرنے والا خیال۔ مجازاً۔ دل۔ ہردہ۔ ہیا۔ من۔ جگر۔ کلیجہ۔ قصد۔ ارادہ۔ چِت۔ دھیان۔ مرضی۔ خوشی۔ پاس۔ لحاظ۔ تواضع۔ آؤ بھگت۔ طبیعت۔ لیے۔ واسطے۔ طرف داری۔ پاسداری۔
خاطر جمع (ع امث) تسلی۔ اطمینان۔ دلجمعی۔ تسکین۔
خاطر خواہ (عف) موافقِ طبع۔ حسبِ منشا۔ حسبِ دلخواہ۔
خاطر داری (عف امث) تواضع۔ آؤ بھگت۔ مہمان نوازی۔
خاطر میں آنا } (ہ) دل میں خیال آنا۔ نظر چڑھنا۔ جچنا۔ وقعت
خاطر میں گزرنا } ہونا۔ دل میں گزرنا۔ ارادہ ہونا۔ قصد ہونا۔
خاطر میں نہ لانا (ہ) دھیان نہ کرنا۔ توجہ نہ کرنا۔ عزت نہ کرنا۔ بات نہ پوچھنا۔
خاطر نشاں (ف امث) تسلی۔ اطمینان۔ دلجمعی۔ تسکین۔
خاطر ہونا (ہ) آؤ بھگت ہونا۔ مدارات ہونی۔ تعظیم ہونا۔ تعریفاً۔ پٹنا۔ مار کھانا۔
خافقین (ع) مشرق و مغرب۔
خاقان (ت امذ) بڑا بادشاہ۔ سلطان۔ پہلے چین اور ترکستان کے بادشاہوں کا لقب تھا۔ اب ہر ایک کو کہہ دیتے ہیں۔
خاک (ف امث) گرد۔ دُھول۔ مٹی۔ راکھ۔ بھبھوت۔ بھسم۔ زمین۔ دھرتی۔ ارض۔ کچھ۔ ذرا۔ ہیچ۔ کچھ نہیں۔ بالکل نہیں۔ کیا ہے۔
خاک اُڑانا (ہ) گرد اُڑانا۔ بدنام کرنا۔ آوارہ پھرنا۔
خاک انداز (ف امذ) وہ برتن جس سے چولہے کی راکھ نکالتے ہیں۔
خاک باز (ف اصف) کھلنڈرا۔ مٹی اُڑانے والا۔ مٹی سے کھیلنے والا۔
خاک برسنا (ہ) ریت برسنا۔ ویرانی برسنا۔ دُھول اُڑانا۔
خاک بیز (ف) نیاریہ۔ جو بہ طمع زر راکھ دھوتا ہے اور حصولِ مطلب کے لیے اَنتھک محنت کرتا ہے۔
خاک پھانکنا (ہ) آوارہ پھرنا۔ جھوٹ بولنا۔ بہتان لینا۔
خاک تودہ (ف امذ) مٹی کا ڈھیر۔ چاندماری کا ڈھانچہ۔ آماجگاہ۔
خاک چاٹ کر بات کہنا } (ہ) نہایت عجز و انکسار سے کہنا۔ دوسرے
خاک چاٹ کر کہنا } کی بات کو عاجزی اور نرمی سے کہنا۔
خاک چھاننا (ہ) تلاش اور جستجو بے حد کرنا۔ ملک بہ ملک پھرنا۔ آوارہ پھرنا۔ تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔
خاک ڈالنا (ہ) دبانا۔ چھپانا۔ مخفی کرنا۔ توجہ نہ کرنا۔ خیال نہ کرنا۔ عیب پوشی کرنا۔
خاک زاد (ف امذ) خاک سے بنا ہوا۔ مجازاً انسان۔
خاک سر پہ اُڑانا۔ یا۔ ڈالنا (ہ) رونا۔ پیٹنا۔ ماتم کرنا۔ افسوس کرنا۔
خاک سیاہ ہو جانا (ہ) راکھ ہو جانا۔ جل کر خاکستر ہو جانا۔ برباد ہو جانا۔
خاکِ شفا (فع امث) تندرست کرنے والی مٹی۔ شہدائے کربلا کے مدفن کی خاک۔

خاک کا پتلا (ؤ ا مذ) آدمی۔ انسان۔ مشتِ خاک۔
خاک کرنا (ل) اُجاڑنا۔ تباہ کرنا۔ جلا کر راکھ کرنا۔ کچھ نہ کرنا۔
خاک لے ڈالنا۔ یا۔ خاک تک لے ڈالنا (ؤ) کسی کے گھر بہت سے پھیرے کرنا۔
خاک ملا (ؤ) خاک میں ملا ہوا۔ مری لیا۔ مرن جوگا۔ تباہ حال۔ خانہ خراب۔
خاک میں ملانا (ل) تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ ویران کرنا۔ اُجاڑنا۔ مٹانا۔ پامال کرنا۔ خراب کرنا۔
خاک میں مل جائے (ؤ) مرجائے۔ دفن ہوجائے گڑ جائے۔
خاک نہ دھول بکائن کے پھول (ؤ ا مثل) کام کے نہ کاج کے مُفت کے نمائشی۔
خاک نہیں (ا) کچھ نہیں۔ بالکل نہیں۔ خالم خالی۔ کنگال۔ قلاّش۔
خاک ہوجانا (ل) گل کر مٹی ہوجانا۔ بوسیدہ ہوجانا۔ نفس کشی کرنا۔ فروتن ہونا۔
خاکا (ل) پنسل یا چاک وغیرہ سے بنایا ہوا نقشہ۔ نشان۔ چربہ۔ نقشہ۔ ڈھانچہ۔
خاکا اُتارنا (ل) کچا نقشہ بنانا۔ مسودہ بنانا۔ نقل اُتارنا۔ رُسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔ ذلیل کرنا۔ ڈھنگ اُڑانا۔ ہنسی کرنا۔ مذاق اُڑانا۔ مخول کرنا۔
خاکروب (ف ا مذ) مہتر۔ چوہڑا۔ بھنگی۔ حلال خور۔
خاکسار (ف ا مذ) مثل خاک۔ فروتن۔ متواضع۔ منکسر۔ آدجین۔
خاکساری (ف ا مث) فروتنی۔ انکسار۔ عاجزی۔ غریبی۔
خاکستر (ف ا مث) راکھ۔ بھبوت۔ جلی ہوئی چیز کی بھبوت۔
خاکسی (ؤ ا مث) خوب کلاں۔ ایک نہایت باریک تخم۔
خاکنائے (ف ا مث) خشکی کے دو بڑے قطعوں کو ملانے والا خشکی کا ایک تنگ سا قطعہ (خاک بمعنی مٹی۔ نائے بمعنی گردن۔ گردن زمین۔
خاکی (ف) خاک کا بنا ہوا۔ خاک کی پیدائش۔ گرد آلود۔ مٹیالا۔ خاک کے رنگ کا۔ سپاہیوں کی وردی۔ فقیروں کا ایک فرقہ جو خاکی شاہ کا مرید ہے۔
خاکی انڈا (ؤ ا مذ) جو انڈا جفتی کیے بغیر مرغی خاک میں لوٹ کر دے۔ حرامی۔ بن باپ کا۔ حرامی بچّہ۔
خاکی انڈوں میں بچّے نہیں ہوتے (ؤ ا مثل) کمینے سے فائدہ نہیں ہوتا۔
خاکی نہاد (ف ا صف) بہت خلیق۔ نرم دل۔
خال (ع ا مذ) تِل۔ سیاہ نقطہ جو قدرتی طور پر چہرے یا بدن پر ہو۔ دو رنگا کبوتر۔ مصنوعی تِل۔ کاجل کا بنایا ہوا تِل۔ جو نازنین چہرے پر بنایا کرتے ہیں۔ ماموں۔ ماں کا بھائی۔
خال خال (ؤ) بعض بعض۔ کم کم۔ اِکا دُکا۔ کوئی کوئی۔
خالص (ع) صاف۔ کھرا۔ نرمل۔ بے غش۔ بے ملاپ۔ بے ملاوٹ۔

خالصہ (ع) سرکاری زمین جس میں کسی کا حق نہ ہو۔ (پنجاب) سکھ سردار۔ عام سکھ۔ سکھوں کی فوج۔ سکھوں کی حکومت۔
خالصے لگانا (ل) بیچ کھوچ کر برابر کر ڈالنا۔ اُڑانا۔ برباد کر دینا۔ خاک سیاہ کر دینا۔
خالصے لگنا (ل) ضبط ہونا۔ لاوارث قرار پاکر سرکاری ملکیت میں داخل ہوجانا۔ تلف ہونا۔ ضائع جانا۔ برباد ہونا۔
خالع (ع ا صف) خُلع حاصل کرنے والی۔
خالف (ع ا صف) خلاف کرنے والا۔ پیچھے آنے والا۔
خالق (ع ا مذ) پیدا کرنے والا۔ آفرینندہ۔ سرجن ہارا۔
خالو (ؤ ا مذ) خالہ کا خاوند۔ ماں کی بہن کا خاوند۔
خالہ (ع ا مث) ماں کی بہن۔ ماؤسی۔
خالہ جایا (ؤ ا مذ) خالہ کا بیٹا۔ موسیرا بھائی۔
خالہ زاد بھائی (ؤ ا مذ) خالہ جایا۔ خالہ کا بیٹا۔
خالہ جی کا گھر (ؤ) سہل کام۔ آسان کار۔ وہ مقام جس پر بآسانی دعویٰ ہوسکے۔
خالی (ع) بھرا کی ضد۔ تہی۔ ریتا۔ کھوکھلا۔ صرف۔ اکیلا۔ تنہا۔ بیکار۔ نکمّی۔ بے روزگار۔ غیر آباد۔ بے دخل۔ غیر مقبوضہ۔ سونا۔ (مذ) عورتیں ذی قعدہ کے مہینے کو کہا کرتی ہیں۔
خالی جانا (ل) نشانہ پر نہ لگنا۔ گولی نہ لگنا۔ بندوق کا نشانہ خطا ہونا۔
خالی دینا (ل) حریف کا وار بچانا۔ وار نہ لگنے دینا۔ توڑ کرنا۔
خالی سے بیگار بھلی (ؤ ا مثل) بے شغل سے مفت کام کرنا بھی بہتر ہے۔
خالی کرنا (ل) تہی کرنا۔ ریتا کرنا۔ بندوق چھوڑنا۔ مکان سے اسباب یا قبضہ اٹھا لینا۔
خالی ہاتھ (ا) نادار۔ کنگال۔ مفلس۔
خام (ف) پختہ کی ضد۔ کچا۔ خالص۔ گھر۔ جیسے سیم۔ خام لیودا۔ کمزور۔ ناتجربہ کار۔ بند۔ سربستہ۔ جیسے بوتل کا منہ خام کر دو۔
خام پارہ۔ یا۔ خمپارہ (ل) رہکلہ۔ گردہ۔ ایک قسم کی چھوٹی توپ۔ کچی ٹوٹی ہوئی عورت۔ چھنال۔ فاحشہ عورت۔
خام خیالی (ف ا مث) جھوٹا خیال۔ وہم۔ غلط گمان۔
خام ریش (ف) بے عقل۔ مسخرا۔
خام کرنا (ل) بند کرنا۔ ٹانکا لگانا۔
خام کو کام سکھا لیا کرتا ہے (ؤ مثل) کام کرنا ناتجربہ کار کو تجربہ کار بنا دیتا ہے۔
خاموش (ف) چپ۔ ساکت۔ دم بخود۔
خاموش کرنا (ا ر محاورہ) ساکت کرنا۔ گُنگ کرنا۔ مار ڈالنا۔
خاموشی (ف) سکوت۔ چپ۔ دم بخود رہنا۔
خاموشی نیم رضا (ا ر مقولہ) خاموشی سے رضامندی حاصل ہوتی ہے۔
خامہ (ف ا مذ) قلم۔ کلک۔
خامہ کش (ف ا مث) قلم چلانے والا۔ مصوّر۔ نقاش۔
خامۂ مو (ف ا مذ) بالوں کا بنا ہوا قلم جس سے تصویر بناتے ہیں۔ برش۔

خامی (ف/مث) کچاپن - کمی - نقص - خرابی - ناتجربہ کاری -
خان (ف/مذ) رئیس - سردار - امیر - پہلے صرف شاہان تاتار کے لیے تھا - پٹھانوں کا لقب - ڈوم اور خانساماں کا خطاب -
خان بہادر (ف) عزت کا خطاب - جو گورنمنٹ کی طرف سے ملتا ہے -
خان خاناں (ف/مذ) سرداروں کا سردار - امیروں کا امیر - مرزا عبدالرحیم ولد بیرم خاں کا خطاب جو اکبری نورتن میں سے تھا -
خاندان (ف/مذ) گھرانا - پروار - جنس - نسل - گوت - کنبہ - قبیلہ -
خاندانی (ف/مث) شریف - اچھے خاندان کا - اچھی نسل کا - قدیمی رئیس -
خانقاہ (معرب/مث) (مرکب از خانہ و گاہ) درویشوں اور مشائخ کے رہنے کی جگہ -
خانگی (ف) گھریلو - گھر کا - ذاتی - اپنا - کسب کرانے والی عورت -
خانگی جھگڑا (و/مذ) گھر کا بکھیڑا - باہمی تکرار - آپس کا جھگڑا -
خانم (ف) خان کی تانیث - اعلیٰ خاندان کی عورتوں کا لقب - امیرزادی - بیگم - پٹھان قوم کی عورت - پٹھان کی بیوی -
خانماں (ف/مذ) خان بمعنی گھر و مان بمعنی اسباب - اسباب خانہ - گھر کا سامان - اثاثہ -
خانماں برباد - یا - خانماں خراب (ف) تباہ و برباد -
خانوادہ (ف/مذ) (خان اور وادہ بمعنی بنیا سے مرکب ہے) فقیروں کا سلسلہ - خاندان - ایک گھر کے لوگ - ایک خاندان کے آدمی - ایک ہی بزرگ کی اولاد -
خانہ (ف/مذ) گھر - مکان - ڈربہ - کابک - گھونسلا - صندوق یا صندوقچے وغیرہ کے اندر کا گھر - چوسر یا شطرنج کے مہرے کا گھر - کسی چیز کے رکھنے کا گھر - جیسے گھڑی خانہ -
خانہ آباد - یا - خانہ آبادان (ف) گھر بھرا رہے - بھرپور گھر - خوش - مسرور -
خانہ آباد و دولت زیادہ (ف) گھر آباد اور دولت بڑھتی رہے - تم اپنے گھر خوش رہو - ہم اپنے گھر خوش رہیں -
خانہ بدوش (ف) پریشان - آوارہ - آج کہیں کل کہیں - وہ لوگ جو گھر بسا کر نہ رہیں - بے ٹھکانے قوم جو گھر ساتھ لیے پھرتے ہیں -
خانہ بربادی (ف/مث) گھر یا خاندان کی تباہی - عورت یا سرپرست کے مرجانے پر کہتے ہیں -
خانہ پری (ف/مث) نقشہ بھرنا - سرکاری مقررہ نقشوں کو پُر کرنا -
خانہ جنگی (ف/مث) آپس کی لڑائی - دنگا فساد - باہمی - گھر کی لڑائی -
خانۂ خدا (ف/مذ) مسجد - معبد - عبادت گاہ - مندر - شوالہ -
خانہ خراب (ف/مذ) آوارہ گرد - ہرجائی - اُجڑا - بگڑا - تباہ - ویران -
خانہ خرابی (ف/مث) گھر کی بربادی - ویرانی - ناس - ستیاناسی -
خانہ خمار (ف ع/مذ) شراب خانہ - میخانہ - بھٹی - شراب بننے یا بکنے کی جگہ -
خانہ داری (ف/مث) گھر بار کا کام کاج - گھر کے معاملات - انتظام خانہ -
خانہ داماد (ف) داماد کو فرزندی میں لے کر اپنے ہی گھر رکھا ہوا -
خانہ زاد (ف/مذ) پرستارزادہ - وہ غلام جو گھر کا پیدا شدہ ہو - لونڈی کا بچہ -
خانہ زنجیر (ف/مذ) قید خانہ - پاگل خانہ -
خانہ ساز (ف) معمار - گھر بنانے والا - گھر کی بنی ہوئی دوا - وہ دوا جو خود گھر میں بنائی گئی ہو -
خانہ شماری (ف/مث) گھروں - مکانوں اور آدمیوں کو گننا - مردم شماری -
خانہ عنکبوت (ف ع/مذ) مکڑی کا جالا -
خانہ نشین (ف) بے کار - معطل - پردہ نشین - گوشہ نشین -
خانہ ویراں (ف/صف) خانہ برباد -
خاوند (ف/مذ) شوہر - خصم - گھر والا - آقا - صاحب - مالک - میاں - صاحب خانہ -
خاوند سلامت (ف) جناب عالی - حضرت - سلامت -
خاوند کرنا (ل) بیوہ کا نکاح ثانی کرنا - عورت کا اپنے آپ شوہر کو لینا -
خاوندی (ف/مث) بندہ پروری - بندہ نوازی - پرورش - عنایت -
خائب (ع/صف) ناامید - محروم - نادار - غریب -
خائف (ع/مذ) ڈرنے والا - خوف زدہ - ڈرپوک - ترساں -
خائن (ع/مذ) خیانت کرنے والا - چور - بددیانت -

خ - ب

خبّ (ع) مکار - بالو کا کشتہ -
خبائث (ع/مث) گندگی - گنداپن - ناپاکی - پلیدی -
خبّاز (ع) نانبائی - روٹی پکانے والا -
خبث (ع/مذ) گندگی - پلیدی - شرارت - بدباطنی -
خبر (ع/مث) واقفیت - اطلاع - آگاہی - پانا - پیغام - شہرت - افواہ - پتا - نشان - سراغ - کھوج - حدیث نبوی - خبرِ مرگ - ہوش - اوسان - سمجھ - عقل - سُدھ بُدھ -
خبر آنا (ل) اطلاع آنا - سنائونا آنا -
خبر اڑانا (ل) جھوٹی بات مشہور کرنا - اوائی آنا - افواہ اڑانا -
خبر پڑنا (ل) حقیقت معلوم ہونا - اصلیت ظاہر ہونا - سمجھ میں آنا -
خبردار (ف/مذ) آگاہ - واقف - ہوشیار - چوکنا - چوکس - مخبر - جاسوس - خبررساں - بچو - ہرگز - زنہار - جیسے خبردار پلو دل سنبھال کے رکھنا - پیچھے سانپ پڑا ہے -
خبرداری (مث) احتیاط - ہوشیاری - نگرانی - نگہبانی -
خبررساں (ف/مذ) ناصلہ - ایلچی - دوت - پیغامبر - ہرکارہ - سندلیسا

لے جانے والا۔ پیک۔
خبر کو بھیجنا (ل) بیمار پرسی۔ بیمار کی خبر منگانا۔ مزاج پرسی کو بھیجنا۔
خبرگیر (ف ا مذ) سپاہی۔ جاسوس۔ محافظ۔ نگہبان۔ معاون۔ مددگار۔ فوجی رسد وغیرہ کی خبر رکھنے والا۔
خبرگیری (ف ا مث) نگہبانی۔ ہوشیاری۔ اِعانت۔ مدد۔ سلوک۔
خبر لگانا (ل) سُراغ لگانا۔ پتا لگانا۔ ٹھکانا معلوم کرنا۔
خبر لینا (ل) مدد کرنا۔ اعانت کرنا۔ دستگیری کرنا۔ پوچھنا۔ دریافت کرنا۔ دیکھنا۔ نظر رکھنا۔ دُرست کرنا۔ ٹھیک کرنا۔ سزا دینا۔
خبر نہ ہونا (ل) بےپرواہ ہونا۔ خیال نہ کرنا۔ بےہوش ہونا۔ غوطہ میں رہنا۔ واقف نہ ہونا۔ چُپ ہونا۔ گھنی سادھنا۔ اطلاع نہ ہونا۔
خبیر (ع ا مذ) واقف۔ جاننے والا۔ اطلاع دینے والا۔ خبر دینے والا۔ خدائے تعالےٰ کے اسمائے صفاتی میں سے ایک اسم۔ علیم۔ عالم الغیب۔
خبط (ع ا مذ) لُغت میں عقل کا دیوانگی سے رل جانا۔ مجازاً۔ جنون۔ سودا۔ دیوانگی۔
خبط اُچھلنا (ل) جنُون ہونا۔ سودا ہو جانا۔ دل چلنا۔
خبط سوار ہونا (ل / محاورہ) بےہودہ خیال دل میں سمانا۔
خبط کرنا (ل / محاورہ) غلطی کرنا۔
خبطی (ع ا مذ) پاگل۔ دیوانہ۔ سڑی۔ سودائی۔ بدحواس۔ بےوقوف۔ حواس باختہ۔
خبیث (ع ا مذ) پلید۔ گندا۔ نجس۔ ناپاک۔ شریر۔ بدباطن آدمی۔

خ - ت

ختّان (ع ا مذ) ختنے کرنے والا شخص۔
ختّانی (ع ا مث) ختنہ کرنے کا کام۔
خُتک (ا مذ) سونٹا۔ گدکا۔ ٹلوا۔ ٹھینگا۔ انگوٹھا۔ خُتکا سے اسم تصغیر۔
ختل (ف) بدخشاں کے قریب ایک شہر کا نام یہاں گھوڑے عمدہ ہوتے ہیں۔
ختم (ع ا مذ) انجام۔ خیر۔ انتہا۔ کُل۔ تمام۔ انت۔ قرآن شریف کے تمام ہونے کی رسم۔ فاتحہ۔ قُل۔ نذر و نیاز۔
ختم کرنا (ل) تمام کرنا۔ کمل کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔ نبیڑنا۔ نمٹانا۔ قرآن شریف کو تمام کرنا۔ فاتحہ دلوانا۔ نیاز دلوانا۔
ختم ہونا (ل) تمام ہونا۔ نبڑنا۔ نمٹنا۔ قرآن شریف پورا ہونا۔ فاتحہ ہونا۔ مرجانا۔ دُنیا سے گزر جانا۔ ہوچکنا۔
خَتَن (ع ا) داماد۔
خَتنہ (ع ا مذ) سُنّت۔ مسلمانوں کا ایک دستُور جس میں بچوں کے عضوِ تناسل کا زائد چمڑا کاٹ دیا جاتا ہے۔

خ - ج

خجالت (ع ا مث) حیا۔ شرم۔ شرمندگی۔ لاج۔ ندامت۔ غیرت۔
خجستہ (ف) مبارک۔ ہمایوں۔ فرخندہ۔ برکت والا۔ یمن والا۔
خجِل (ع) شرمندہ۔ باحیا۔ شرمناک۔ شرمیلا۔ پشیمان۔
خجند (ع) نام ایک قصبہ ماوراءالنہر ہے۔

خ - چ

خچّر (ہ ا مذ / مث) استر۔ قاطر۔ وہ دوغلہ جانور جو گدھے اور گھوڑی کے ملاپ سے پیدا ہو۔ عموماً یہ لفظ مادہ کے لیے بولا جاتا ہے۔
خچرا (ہ ا مذ) استر نر۔ قاطر نر۔ نر خچّر۔

خ - د

خدّ (ع) گال۔ رُخسار۔ فارسی میں بغیر تشدید مُستعمل ہے۔
خُدا (ف ا مذ) اللہ تعالیٰ۔ مالک۔ آقا۔ بھگوان۔ پرمیشر۔ نارائن۔
خُدا اُٹھالے (ل) خُدا موت دے۔ خُدا فنا کرے۔ مار ڈالے۔
خُدا بخشے (ل) کسی مُردہ کا ذکر کرتے وقت پہلے یہ کلمہ کہا کرتے ہیں۔
خُدا بھرے کو بھرتا ہے (ل / مثل) جس کے پاس پہلے ہی زیادہ ہو خُدا اس کو اور دیتا ہے۔
خُدا پر چھوڑ دینا (ل) خُدا پر بھروسہ کر کے بیمار کا علاج ترک کر دینا۔ توکل پر بیٹھنا۔
خُدا پرست (ف) عابد۔ زاہد۔ بھگت۔ خُدا کو پوجنے والا۔
خُدا پناہ میں رکھے (ل / دُعا) خُدا بچائے۔
خُدا پنج انگشت یکساں نہ کرد (ف / مثل) ایک سے ایک نہیں ملتا۔ سب برابر نہیں ہوتے۔
خُدا ترس (ف) رحم دل۔ دیالو۔ دیا کرنے والا۔ دیاوان۔
خُدا جانے (ل) خبر نہیں۔ کچھ معلوم نہیں۔ واللہ اعلم۔ خُدا کو خبر ہے۔
خُدا جھوٹ نہ بلوائے (ل / متعلق فعل) کوئی غیر معمولی بات کہنے سے پہلے کہتے ہیں۔
خُدا چاہے (ل / فقرہ) انشاءاللہ تعالیٰ۔ اگر خُدا کی مرضی ہوئی تو۔
خُدا حافظ (فع) رُخصت کرتے وقت کسی عزیز کو یا ایک دوسرے کو کہا کرتے ہیں۔ اللہ بیلی۔ اللہ نگہبان۔ اللہ کی حفاظت میں سونپنا۔ فی امان اللہ۔

خدا خدا کرکے (ف) بدشواری - بمشکل تمام - بدقت بسیار -
خدا خدا کرنا (ف) خدا کا نام لینا - اللہ اللہ کرنا - عبادت کرنا - توبہ توبہ کرنا - باز آنا - ترک کرنا - اجتناب کرنا -
خدا خدا کرو (ف) محاورہ - توبہ توبہ کرو - جھوٹ نہ بولو - خدا سے ڈرو -
خدا داد (ف) خدا کی دی ہوئی چیز - عطائے الٰہی - امدادِ غیبی -
خدا دیتا ہے تو چھپر پھاڑ کر دیتا ہے (ف/ مثل) خدا کی عنایت کسی سبب کی محتاج نہیں - وہ بے سبب بھی جب چاہے دے دیتا ہے -
خدا رکھے (ف) کسی زندہ بچے یا کسی غائب شخص کا ذکر کرنے سے پہلے یہ کلمہ فال نیک اور دعا کے طور پر استعمال کرتے ہیں -
خدا سلامت رکھے (ف) خدا زندہ رکھے (طنزاً مدح کی جگہ ذم کے موقع پر بھی بولا کرتے ہیں)
خدا سمجھے (ف) خدا اس کا بدلہ دے - خدا اُس کو سزا دے -
خدا سے ڈرو (ف) توبہ کرو - جھوٹ نہ بولو - خدا کا خوف کرو -
خدا سے لڑنا (ف) زبردست سے مقابلہ کرنا - اپنی شامت آپ لانا -
خدا سے لو لگنا (ف) خدا کی طرف خیال ہونا - جان کنی کی حالت ہونا -
خدا شکر خورے کو شکر دے ہی دیتا ہے (ف/ محاورہ) خدا ہر شخص کو اُس کی ضروریات کے مطابق دے دیتا ہے - وہ ہر ایک کی خبر لیتا ہے -
خدا کا قہر ٹوٹے (ف) (عورتوں کی بددعا) آسمانی بلا نازل ہو - خدا کا غضب آئے -
خدا کا گھر (ف/ مذ) مسجد - معبد - عبادت گاہ - عبادت خانہ -
خدا کا نام لو (ف/ محاورہ) توبہ کرو - سچ کہو - خدا کو یاد کرو - خدا سے ڈرو -
خدا کر مان (ع) خدا کے واسطے - خدا کو حاضر جان کر -
خدا کو یاد کرنا (ف) خدا کا نام لینا - مصیبت میں خدا کو پکارنا - خدا سے توقع رکھنا - خدا کی درگاہ سے اُمیدوار ہونا -
خدا کھوئے (ف) خدا نابید کرے - خدا غارت کرے - خدا تباہ کرے -
خدا کی باتیں خدا ہی جانے (ف/ مثل) خدا کے گھر کی کسی کو خبر نہیں اپنی حکمتیں وہ خود ہی جانتا ہے -
خدا کے پاس جانا (ف) مرنا - انتقال کرنا - دنیا کو چھوڑ جانا -
خدا کی پناہ (ف) اللہ بچائے - معاذ اللہ - خدا اپنی امان میں رکھے -
خدا کی چوری نہیں تو بندے کی کیا چوری (ف) کہاوت - گستاخ اور منہ پھٹ لوگوں کا مقولہ - یعنی جب خدا سے شرم نہ کی تو بندوں سے پھر کیا شرم -
خدا کی دین (ف/ مذ) عطیۂ الٰہی - خدا کی عنایت - خدا کی بخشش -
خدا کی راہ کا سودا (ف/ مذ) ثواب کا کام - عند اللہ - کسی کام کے کرنے پر بولتے ہیں -

خدا کی شان - یا - قدرت (ف) خدا کی حکمت - اللہ کی صنعت -
خدا کے گھر جانا (ف) مرنا - انتقال کرنا - اس دُنیا سے سدھارنا -
خدا کے گھر سے پھرنا / خدا کے ہاں سے پھر کر آنا } (ف) بڑی محنت اور مہلک بیماری سے نجات پانا - مرکر بچنا -
خدا کی لاٹھی میں آواز نہیں ہوتی (ف) کہاوت - غیب کی سزا خبر کرکے نہیں آتی - خدا کی پکڑ ناگہانی اور سخت ہوتی ہے -
خدا کی مار (ف/ کلمہ بددعا) خدا کا غضب - خدا کی لعنت - جب کسی سے تکلیف پہنچے تو عورتیں بولتی ہیں -
خدا کی ماری (ف/ مث) آفت زدہ - مصیبت کی گرفتار -
خدا کی مرضی (ف/ مث) کسی کام کے بگڑنے پر کہتے ہیں - خدا کا منشا -
خدا گنجے کو ناخن نہ دے (ف/ مثل) خدا کمینے کو اختیار نہ دے - معیوب کو طاقت نہ دے -
خدا لڑائی رات کرے بچھڑنی نہ کرے (ف/ مث) لڑائی وغیرہ کا خوف نہیں - اگر خدا بچھوڑا نہ ڈالے - فراق کی مصیبت نہ دکھائے -
خدا لگتی کہنا (ف) حق بات کہنا - انصاف کی کہنا - طرف داری نہ کرنا - سچ کہنا -
خدا مالک ہے (ف/ مقولہ) خدا پر بھروسہ ہے -
خدا مست (ف/ صف) خدا کی محبت میں محو -
خدا مہربان تو جگ مہربان / خدا مہربان تو کل مہربان } (ف/ مثل) خدا کی نظر عنایت ہو تو تمام دُنیا خیر خواہ بن جاتی ہے - جس کا رب اُسی کے سب - جدھر رب - اُدھر سب -
خدا نخواستہ / خدا نہ کرے } (ف) خدا ایسا نہ کرے - مبادا - ایسا نہ ہو -
خدا واسطے کا بیر - یا - دُشمنی (ف/ مذ/ مث) ناحق کی دُشمنی - قلبی بغض -
خدایا (ف/ ندا) اے خدا - یا الٰہی - یا اللہ -
خدا یاد آنا (ف) کمال مصیبت میں گرفتار ہونا - شانِ خداوندی کا جلوہ نظر آنا -
خداوند (ف/ مذ) آقا - صاحب - مالک -
خدائے مجازی (ف ع/ مذ) بادشاہِ وقت - شوہر - خاوند -
خدائی (ف/ مث) خلقت - مخلوق - دُنیا - جہان - شان و عظمت الٰہی -
خدائی خراب / خدائی خوار } (ف/ مذ) آوارہ - خراباتی - خانہ خراب - سرگشتہ - ذلیل - رسوا - واہی تباہی - آوارہ گرد -
خدائی خوار گدھے سوار (ف/ مثل) آوارہ گرد ہمیشہ ذلیل اور رسوا ہوتا ہے -
خدائی رات (ف/ مث) رت جگا -
خدائی کا جھوٹا (ف/ مث) زمانے بھر کا جھوٹا - نہایت کذاب - بہت دروغ گو - مکار - فریبی -
خدائی کا دعویٰ کرنا (ف) غرور کرنا - تکبر کرنا - فرعونِ بے سامان بننا -

خدشہ (ف/مذ) فکر ۔ ڈر ۔ اندیشہ ۔ خوف ۔ خطرہ ۔ شبہ ۔ شک ۔ خراشش ۔

خدکا (د/مذ) ٹھنکا ۔ گدکا ۔ سونٹا ۔ ٹھلوا ۔ جنگ گھوٹنے کا سونٹا ۔

خدمت (ع/مث) سیوا ۔ ٹہل ۔ نوکری ۔ ملازمت ۔ کام کاج ۔ کار متعلقہ ۔

خدمت کرنا (ا) نوکری کرنا ۔ ٹہل کرنا ۔ سیوا کرنا ۔ خبر لینا ۔ مارنا ۔ پیٹنا ۔ گت بنانا ۔

خدمتگار (عف/مذ) نوکر ۔ سیوک ۔ خادم ۔ خدمتی ۔

خدمتگاری (عف/مث) نوکری ۔ سیوا ۔ ٹہل ۔ پیشۂ زراعت ۔

خدمت گزار (ف/مذ) کارگزار نوکر ۔ خدمت ادا کرنے والا ۔ اہلکار ۔

خدمات (ع/مث) (خدمات کی جمع) کارگزاریاں ۔

خدمتی (ف/مذ) نوکر ۔ ملازم ۔ ٹہلوا ۔ سیوک ۔

خدنگ (ف/مذ) ایک نہایت مضبوط درخت جس کی لکڑی سے اکثر تیر بناتے ہیں ۔ اسی وجہ سے تیر کے معنی میں مستعمل ہوگیا ۔ ایک قسم کا چھوٹا تیر ۔ مطلق تیر ۔

خدیو (ف/مذ) خداوند ۔ آقا ۔ مالک ۔ مصر کے بادشاہ کا لقب ۔ مطلق بادشاہ ۔

خدیعت (ع) مکر ۔ فریب ۔

خ ۔ ذ

خذع (ع) گوشت کا قیمہ کرنا ۔

خذول (ع) شرمندہ ۔ بے نصیب ۔

خ ۔ ر

خر (ف/مذ) گدھا ۔ کھوتا ۔ حمار ۔ بڑا ۔ عظیم ۔ جیسے خرگاہ ۔ بڑا خیمہ ۔

خرِ بے دُم (ف/صف) احمق ۔ بے وقوف ۔

خر چہ داند بہائے قند و نبات (ف/مثل) گدھا قند اور مصری کی قیمت کیا جانے ۔ قدر ناشناسی کے موقع پر کہتے ہیں ۔

خر خوش نہ خاوند خوش (ف/مثل) جس سے کوئی خوش نہ ہو اس کے متعلق کہتے ہیں ۔

خرِ دجال (ف/مذ) دجال کی سواری کا گدھا ۔

خر دماغ (فع/مذ) بے وقوف ۔ خارج از عقل ۔ مغرور ۔ متکبر ۔ گھمنڈی ۔

خر دماغی (فع/مث) غرور ۔ گھمنڈ ۔ تکبر ۔ بے وقوفی ۔

خرِ عیسیٰ (فع/مذ) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی سواری کا گدھا ۔

خرکار (ف/مذ) گدھا چلانے ۔ گدھے کے ذریعے مزدوری کرنے والا ۔

خرگاہ (ف/مذ) بڑی جگہ ۔ مجازاً خیمہ شاہی ۔ بڑا خیمہ ۔

خرمستی (ف/مث) گدھے کی سی مستی ۔ بڑی مستی ۔ بدمستی ۔ شہوت پرستی ۔

خراب (ع) ویران ۔ تباہ ۔ اجڑا ہوا ۔ برباد ۔ نکما ۔ برا ۔ خستہ ۔ پریشان ۔ ضائع ۔ اکارت ۔ تلف ۔

خراب حال (ع) بری حالت والا ۔ پریشان حال والا ۔

خراب کرنا (ا) ویران کرنا ۔ اجاڑنا ۔ برباد کرنا ۔ نکما کرنا ۔ ضائع کرنا ۔ حیران کرنا ۔ بگاڑنا ۔ کسی غیر عورت سے منہ کالا کرنا ۔ زنا کاری کرنا ۔ حرام کاری کرنا ۔

خراب ہونا (ا) اجڑنا ۔ ویران ہونا ۔ برباد ہونا ۔ بگڑنا ۔ حیران ہونا ۔ کسی کے ساتھ فعل بد ہونا ۔ آوارہ ہونا ۔ بدچلن ہونا ۔ مُفت کا سفر کرنا ۔

خرابات (ع/مث) خراب کی جمع ۔ ویرانیاں وغیرہ ۔ جوئے خانہ ۔ شراب خانہ ۔

خراباتی (ف/مذ) شراب خور ۔ شرابی ۔ جوئے باز ۔ جواری ۔

خرابہ (ع/مذ) کھنڈر ۔ اجاڑ جگہ ۔ ویران مکان (اصطلاح محکمہ مال میں) نکمی اور خراب فصل ۔

خرابی (ع/مث) تباہی ۔ بربادی ۔ ویرانی ۔ مشکل ۔ دقت ۔ برائی ۔ بدی ۔ بگاڑ ۔

خرابی دیکھنا (ا/محاورہ) تباہ ہونا ۔ برباد ہونا ۔

خراٹا (ا/مذ) وہ آواز جو اکثر بلغمی مزاجوں کے حلق سے سوتے وقت نکلتی ہے ۔ خر خر ۔

خراٹے لینا ۔ یا ۔ خراٹے لینا (ا) سوتے میں خر خر کرنا ۔ بے خبر ہو کر سونا ۔

خراج (ع/مذ) مالگزاری ۔ باج ۔ ملک کی آمدنی ۔ لگان ۔ محاصل ۔ ٹکس ۔ محصول ۔

خراج گزار ۔ یا ۔ خراجی (ف/مذ) باجگزار ۔ محصول ادا کرنے والا ۔ ماتحت ۔ راجہ یا رئیس ۔

خراج لگانا (ا/محاورہ) محصول مقرر کرنا ۔

خراج لینا (ا/محاورہ) خراج وصول کرنا ۔ محصول وصول کرنا ۔

خرّاچ (ا/صف) بہت خرچ کرنے والا ۔

خراد (ف/مذ) لکڑی یا لوہے کو صاف اور گول بنانے کا آلہ ۔

خراد چڑھنا } (ا) سنورنا ۔ درست ہونا ۔ کام کے قابل بن جانا ۔ تجربہ کار
خراد اُترنا } ہونا ۔ زمانے کا نشیب و فراز دیکھ لینا ۔

خرادی (ا/مذ) خراد کا کام کرنے والا کاریگر ۔

خراشش (ف) خراشیدن ۔ رگڑ ۔ چھیلن ۔ کھجلی ۔ کھاج ۔

خرافات (ع/مث) (خرافت کی جمع) بے ہودہ باتیں ۔ واہیات باتیں ۔ بکواس ۔ گالی گلوچ ۔ ہنسی کی باتیں ۔

خرافات بکنا (ا) واہی تباہی بکنا ۔ گالی گلوچ دینا ۔ مسخراپن کرنا ۔

خرافت (ا/مث) بے ہودہ بات ۔ واہی تباہی کلام ۔ ہنسی ۔ گالی گلوچ ۔

خرام (ف/مذ) ناز و انداز کی چال۔ رفتارِ ناز۔ مٹک چال۔
خراماں خراماں چلنا (ل) مٹک مٹک کر چلنا۔ ناز و انداز سے چلنا۔
خُرانٹ (ل) تجربہ کار بُوڑھا۔ پیرِ جہاں دیدہ۔ گرگِ باراں دیدہ۔ ہندی میں کھرانت تھا۔
خرائد (ع) کنواری عورتیں۔
خربُزہ۔ یا۔ خربوزہ (ف/مذ) (خر بمعنی بڑا بزہ بمعنی میوہ شیریں) ایک بڑا خوشبودار پھل۔ سردہ۔
خربُوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے (مثل) صحبت کا اثر ضرور ہوتا ہے۔ آدمی کو دیکھ کر آدمی ضرور ڈھنگ کر لیتا ہے۔
خرت (ع) سُوئی کا ناکہ۔
خرج (ع/مذ) صرف ہونا۔ باہر نکلنا۔ خرچ۔ صرف۔ آمد کی ضد۔ لاگت۔
خُرجی (ف/مث) جھولا۔ بیگ۔ زنبیل۔ وہ تھیلی جو ٹٹو کی پیٹھ پر مزدوری اسباب لادنے کو باندھتے ہیں۔ خرجیں۔
خرچ (ا/مذ) صرف۔ لاگت۔ آمد کی ضد۔ روپیہ۔ زر۔
خرچ اُٹھانا (ل) روپیہ برتنا۔ روپیہ صرف کرنا۔ حساب کتاب رکھنا۔
خرچ دینا (ل) روزینہ بانٹنا۔ مزدوری دینا۔ خرچ کے لیے پیشگی روپیہ دینا۔
خرچ روزمرّہ (ا/مذ) روزمرّہ کا خرچہ۔ روز کا حساب۔
خرچ سے سمندر خالی ہو جاتا ہے (ا/مثل) دولت کتنی ہی زیادہ ہو خرچ کرنے سے ختم ہو جاتی ہے۔
خرچنگ (ف) آبی جانور موسومہ کیکڑا اور نام برج سرطان۔ سرطان عربی ہے کیکڑے کی۔
خرچنا (ل) صرف کرنا۔ بیاہ شادی وغیرہ دینا۔ روپیہ کام میں لانا۔ استعمال کرنا۔
خَرچہ (ا/مذ) زرِ صَرف شدہ۔ مقدمہ کا صَرف۔ لاگت۔ صَرف۔
خرچہ دلانا (ل) مدعی یا مدعا علیہ کو مقدمہ کا خرچ از رُوئے انصاف جو قانوناً جائز ہو۔ دلانا۔
خرچہ عدالت (فع/مذ) مقدمہ کا خرچ۔
خُرخُر (ا/مث) بلی کی آواز جو عموماً خود بخود نکلتی رہتی ہے۔
خُرد (ف) چھوٹا۔ کمسن۔ کم عُمر۔ کم قدر۔ کم جسامت۔ بزرگ کی ضد۔
خُردبین (ف/مذ) وہ آلہ جس سے پاس کی باریک سے باریک چیز بھی دکھائی دیتی ہے۔ بڑا دکھانے والا شیشہ۔
خُردسال (ف) کمسن۔ چھوٹی عُمر کا۔ ایانا۔ طفل۔ بچہ۔
خُردسالی (ف/مث) کمسنی۔ صغر سنی۔ بچپن۔ لڑکپن۔
خِرَد (ف/مث) عقل۔ سمجھ۔ دانائی۔ بُدھ۔
خردل (ع) رائی۔
خردل (ف) نامرد۔ ڈرپوک۔
خِرَدمند (ف) عقل مند۔ سمجھ دار۔ بُدھ وان۔ دانا۔
خِرَدمندی (ف/مث) عقل۔ سمجھ۔ بدھوانی۔

خُردہ (ف/مذ) حصّہ۔ پارچہ۔ ٹکڑا۔ جُزو۔ چھیچھڑن۔ چھلن۔ ریزہ۔ ریزگاری۔ روپے کے حصّے۔ بیع۔ فروخت۔ بِکری۔ نقطہ۔ باریکی۔ عیب۔ نقص۔
خُردہ بین (ف/مذ) نکتہ چیں۔ عیب جُو۔ بُرائی دیکھنے اور نکالنے والا۔ باریک بیں۔
خُردہ بینی (ف/مث) عیب جوئی۔ نکتہ چینی۔ باریک بینی۔
خُردہ فروش (ف/مذ) پرچونیا۔ پھیری پھر کر بیچنے والا۔ تھوک فروش کی ضد۔ بساطی۔
خُردہ کرنا (ل) روپیہ بھنانا۔ روپیہ تڑانا۔ فروخت کرنا۔
خُردہ گیر (ف/صف) عیب جُو۔ نکتہ چیں۔
خُردہ گیری (ف/مث) عیب جوئی۔ نکتہ چینی۔
خُردی (ف/مث) چھٹائی۔ چھوٹاپن۔ بزرگی کی ضد۔
خُردیا (ا/صف) خُردہ فروش۔ صراف۔
خُرفہ (ع/مذ) ایک سیاہ بیج جس کو ٹھنڈائی میں ڈالتے ہیں۔ اس کے پودے کا ساگ پکا کر کھاتے ہیں۔
خِرقہ (ع/مذ) گدڑی۔ پیوند لگا کپڑا۔ پُرانا کپڑا۔ درویشوں کا لباس۔
خِرقہ پوش (عف/مذ) گدڑی پہننے والا۔ درویش۔ صُوفی۔
خرقِ عادت (ع) کنایہ اولیاء کی کرامات سے۔ اس لیے کہ بخلاف عادت ہوتی ہیں۔
خرگوش (ف/مذ) گدھے سے کانوں والا۔ ایک بلی جتنا تیز رفتار جانور ہوتا ہے۔ سسا (سایا پنجابی)
خُرّم (ف) خوش۔ شاد۔ پرسن۔ شاداب۔ تر۔ تازہ۔ سرسبز۔
خُرما (ف/مذ) چھوہارا۔ خُشک کھجور۔ بالوشاہی کی طرح ایک مٹھائی۔
خَرمَست (ف) متوالا۔ بدمست۔ بے پروا۔ فاقہ مست۔
خَرمستی (ف/مث) بدمستی۔ بے پروائی۔ فاقہ مستی۔
خِرمن (ف/مذ) کھلیان۔ انبارِ غلّہ۔ بھوسہ وغیرہ سمیت انبار کا ڈھیر
خَرموش (ف/مذ) بڑا چوہا۔
خرمُہرہ (ف/مذ) کوڑی۔ پشیز۔ ادنیٰ۔ سنکھ۔ سنکھ۔ کوڑا۔ ناقوس۔
خُرّمی (ف) خوشی۔ طرب۔ انبساط۔ فرحت۔ شادمانی۔
خُرُوج (ع/مذ) برآمد۔ باہر نکلنا۔ نکاس۔ بغاوت۔ فتنہ۔ شورش۔ حملہ۔
خُرُوج کرنا (ل/محاورہ) بغاوت کرنا۔ نکلنا۔
خُرُوس (ف/مذ) مُرغا۔ ککڑ۔ مُرغِ نر۔
خروش (ف/مذ) غُل۔ غپاڑہ۔ شور و غوغا۔
خروشاں (ف/صف) شور مچانے والا۔ روتا ہوا۔
خریج (ع/مث) (دبقال) مختلف۔ متفرقات۔ روپیہ کا تڑاؤ۔
خرید (ف) مول۔ قیمت۔ لاگت۔ خریدی ہوئی۔ مول لی ہوئی۔ خرید کردہ۔
خرید و فروخت (ف/مث) لین دین۔ بیع و شرا۔ لینا۔ بیچنا۔

خرید کے مول (۱) امذ) قیمت - اصل قیمت یا لاگت پر -
خریدار (ف امذ) گاہک - مشتری - مول لینے والا - خواہاں - طلبگار -
خریداری (ف) گاہکی - بکری -
خریدنا (۱) مول لینا - لیا ہنا -
خریف (ع امث) ساونی - وہ فصل جس میں دھان زیری وغیرہ پیدا ہوتی ہے -

خ - ز

خز (ف امذ) ریشم - ریشم کا کچا سوت - ابریشم -
خزاں (ف امذ) پت جھڑ - درختوں کے پتے جھڑنے کا موسم - بے رونقی - زوال - بے گردپلی -
خزاں حنا (ف) مہندی کے رنگ کی زردی -
خزاں آنا (۱) زوال آنا - حسن نہ رہنا - موسم بہار کا جانا -
خزاں دیدہ (ف اصف) بے رونق - پرانا - مایوس -
خزانچی (ف امذ) گنجینہ دار روکڑیا - تحویلدار - فوطہ دار -
خزر (ف) نام ایک ملک کا جو ترکستان کے اُتر کی طرف ہے - وہاں کے آدمی سفید رنگ کے ہوتے ہیں -
خزانہ (ف امذ) گنج - کنز - گنجینہ - مال گھر - مخزن - بینک - ذخیرہ - گودام - کوٹھا - کھتا - کوٹھیار - پانی کا ذخیرہ فراہم رکھنے کی جگہ - مجازاً - روپیہ مال و دولت نقدی -

خ - س

خس (ف امذ امث) سوکھی گھاس - گھاس پھونس - کوڑا کرکٹ - ایک خاص قسم کی گھاس کی خوشبودار جڑیں - یا منی کی جڑیں - اس کی ٹٹیاں بنا کر گرمی کے دنوں میں دروازوں میں لگا دیتے ہیں -
خس خانہ (ف امذ) خس کی راوٹی - سرد خانہ - وہ مکان جو خس کی ٹٹیوں سے گرمی کے دنوں میں امیر لوگ بناتے ہیں -
خس کم جہاں پاک (ف اشل) کسی نالائق اور نکمے آدمی کے مرنے یا چلے جانے پر بولتے ہیں - یعنی دنیا سے کوڑا کرکٹ اٹھا تو اور صاف ہو گئی -
خس و خاشاک (ف امذ) کوڑا کرکٹ - گھاس پھونس - برا بھلا -
خسارہ (ع امذ) نقصان - ضرر - ٹوٹا - کسر - گھاٹا -
خساندہ (ف امذ) بھیگی ہوئی دوا کا منقطر پانی - نقوع - جوشاندہ کی ضد -
خست (ع امث) کمینگی - بخل - بخیلی - کنجوسی -
خستگی (ف امث) شکستہ حالی - زخمی ہونا - رنج - کلفت - جھرجھرا ہونا - خستہ اور نرم ہونا - غریبی - افلاس - ناداری - کنگالی -
خستہ (ف) زخمی - گھائل - رنجیدہ - دلگیر - بھُربھُرا - بدحال - پریشان - مفلس - غریب - کنگال - خوبانی کی گری جو بادام کی ہم شکل ہوتی ہے - گٹھلی ہر پھل کی - جیسے آم - خرما وغیرہ -
خستہ حال (۱) خراب حال - بدحال - پریشان حال والا -
خستہ خانہ (ف امذ) شفا خانہ -
خستہ دل (ف) دل شکستہ - ضرب خوردہ دل والا - عاشق -
خستہ نواز (ف اصف) تھکے ہاروں کی پرورش یا مدد کرنے والا -
خسر (ف امذ) شسرا - سسر - جورو یا خصم کا باپ -
خسران (ع امذ) نقصان - گھاٹا - خسارہ -
خسر پورہ (ف امذ) سالا - جورو کا بھائی - برادر نسبتی -
خسروانہ (ف اصف) شاہانہ - بادشاہی طریقے سے -
خسرہ (۱) امذ) گاؤں کے کھیتوں کی فہرست - کھیت بہی -
خسوف (ع امذ) چاند گرہن -
خسیس (ع) کنجوس - بخیل - تنگدل - کمینہ - فرومایہ - زبوں - نالائق -

خ - ش

خشت (ف امث) اینٹ -
خشتک (ف امث) پیجامے کا رُومال - میانی -
خشخاش (ف امث) پوست کے دانے - تخم افیون - چاول کا آٹھواں حصہ -
خشخش برابر (۱) ذرا سا - پوست کے دانے جتنا -
خشخشہ (ف) کاغذ اور نئے کپڑے کی کھڑکھڑاہٹ -
خشک (ف) سوکھا - بے آب - روکھا - بدخلق - صرف - فقط - کوڑھ مغز - ناسمجھ -
خشک دماغ - یا - خشک مغز (ف) دیوانہ - مجنون - پاگل - احمق - کوڑھ مغز - گاؤدی -
خشک سالی (ف امث) قحط - کال - بارش کے برمحل اور حسب معمول نہ ہونے کا سال - قحط کا سال - قحط سالی -
خشک ہونا (۱) سوکھا - رطوبت اور تری نہ رہنا - کھڑ ٹک ہونا -
خشکہ (ف امذ) پھیکے اُبلے ہوئے چاول -
خشوک (ف) چرب زبان آدمی -
خشکی (ف امث) سوکھا پن - سکھاوٹ - روکھا پن - قحط - یبوست - روکھا - بدخلق - کج خلق - کوڑھ مغز -

خ - ص

خصلت (ع امث) عادت - سبھاؤ - خو -

خصائل (ع ا مث) خصلت کی جمع۔
خصم (ع ا مذ) بیری - دشمن - بدخواہ - غصہ۔
خصم (ا ا مذ) شوہر - خاوند - پتی - مالک - آقا۔
خصم کرنا (ل) اپنے لیے خود خاوند کی تلاش کر لینا - اپنا بیاہ آپ کرنا۔
خصوص (ا ا مذ) خاص - خاص کر۔
خصوصاً (ع) خاص کر - علی الخصوص - ازبس کرکے۔
خصوصی (ع ا مث) خاص - مخصوص۔
خصوصیت (ع ا مث) خاص بات - تاثیر - اثر - ذاتی تعلق - دوستی - خاص ہونا - اخلاص - اختلاط - میل ملاپ۔
خصوم (ع ا مذ) خصم کی جمع - دشمن۔
خصومت (ع ا مث) دشمنی - بیر - کینہ - عداوت - بغض - فساد - جھگڑا - بکھیڑا۔
خصی (ع ا مذ) بدھیا - اختہ - فوطے نکالا ہوا جانور - نامرد - زنخہ - مخنث - ہیجڑا - خواجہ سرا۔
خصی پرنالہ (ا ا مذ) دیوار کے اندر کا پرنالہ جس کا پانی دور جا کر نہ پڑے۔ جنگی پرنالہ کے خلاف - دیوار کے اوپر چلنے والا پرنالہ۔
خصیہ (ع ا مذ) فوطہ - خایہ - آنڈ - بیضہ۔
خصیہ بردار (ف ا صف) چاپلوس - خوشامدی۔
خصین (ع) لکڑی چیرنے کی کلہاڑی۔

خ - ض

خضاب (ع ا مذ) رنگ - مہندی - خصوصاً وسمہ - مہندی اور تیل کا رنگ۔
خضاب آہنی (عف ا مذ) استرا۔
خضاب کرنا - یا - لگانا (ل) وسمہ کرنا - سفید بالوں کو تیل وغیرہ لگانا - بال سیاہ کرنا - بال رنگنا۔
خضر ملے - یا - خضر مل گئے (ا) محاورہ) پورے رہبر مل گئے - کام بن گیا - امید پوری ہو گئی۔
خضراء (ع) سبزہ - ہر سبز چیز۔

خ - ط

خط (ع ا مذ) چٹھی - نوشتہ - تحریر - سند - تمسک - رسید - رقعہ - لکیر - لائن - ہاتھ کا لکھا ہوا - دستخط - نشان - علامت - اصلاح - حجامت - چہرے کا نقشہ۔
خطِ آزادی (عف ا مذ) غلام کو آزاد کر دینے کا نوشتہ - آزادی کا خط۔
خطِ استوا (ع ا مذ) وہ فرضی خط جو زمین کو شمالاً جنوباً دو برابر حصوں میں تقسیم کرتا ہوا اور شرقاً غرباً کھنچا ہوا مانتے ہیں جب سورج اس پر آتا ہے تو دن رات برابر ہوتے ہیں - یہاں سورج ہمیشہ سر پر رہتا ہے۔
خط آنا - یا - نکلنا (ل) داڑھی کا سبزہ آغاز ہونا - داڑھی کا نمودار ہونا - نامہ آنا - چٹھی آنا۔
خط بگڑنا (ل) حجامت درست نہ بننا - خط کی حالت میں فرق آ جانا - بدخط ہونا - خوشخط نہ رہنا۔
خط بنانا (ل) حجامت بنانا - رخسار کے بال لینا - اصلاح بنانا - خوش خطی کی مشق کرنا - خط درست کرنا۔
خطِ تقدیر (ع ا مذ) نوشتۂ تقدیر - قسمت کا لکھا - تقدیر کی ریکھا۔
خطِ تیغ (عف ا مذ) تلوار کا زخم۔
خطِ جدی (ع ا مذ) وہ فرضی خط جو خطِ استوا سے $23\frac{1}{2}$ درجے جنوب کی طرف مانا گیا ہے - جب آفتاب اس پر پہنچتا ہے تو شمالی نصف کرّے میں دن چھوٹا اور رات بڑی ہوتی ہے اور موسم سرد ہو جاتا ہے اس سے جنوب میں سورج کبھی نہیں جاتا۔
خطِ جلی (ع ا مذ) موٹی تحریر - موٹے حروف - روشن تحریر۔
خطِ خفی (ع ا مذ) باریک تحریر۔
خط دار (ف) دھاری دار - دھاریوں والا - لکیر دار۔
خطِ راہ (ف) پروانہ راہداری۔
خطِ سرطان (ع ا مذ) وہ فرضی خط جو خطِ استوا سے $23\frac{1}{2}$ درجے شمال کی طرف مانتے ہیں - سورج جب اس پر آتا ہے تو شمالی حصہ زمین میں گرمی زیادہ اور جنوبی حصے میں سردی ہوتی ہے - اس سے شمال کی طرف سورج نہیں بڑھتا۔
خطِ سرمہ (عف ا مذ) سرمہ کی لکیر جو آنکھ میں بن جاتی ہے۔
خطِ عمود - یا - خطِ عمودی (ع ا مذ) سیدھا خط - دو نقاط کا سب سے کم درمیانی فاصلہ - وہ کھڑی لکیر جو دو برابر کے زاویے پیدا کرے - قائمے زاویے بنانے والا خط۔
خط و کتابت (ع ا مث) چٹھی - پتری - مراسلت۔
خطِ متوازی (ع ا مذ) وہ خط جن کا درمیانی فاصلہ ہر جگہ برابر رہے۔
خطِ مستقیم (ع ا مذ) سیدھا خط - سیدھی لکیر۔
خطِ منحنی (ع ا مذ) ٹیڑھا خط - سیدھے خط کی ضد۔
خطِ نسخ (ع ا مذ) خواجہ عمادالدین کی ایجاد ہے - عربی کے چھ تحریر میں سے ایک طرز - جس کی خوبی نے پہلی طرزوں کو مات کر دیا۔
خطِ نستعلیق (ع ا مذ) وہ ایرانی خط جو خطِ نسخ اور تعلیق کو ملا کر نکالا گیا ہے - یہ بہت آسانی سے پڑھا جا سکتا ہے۔
خطا (ع ا مث) بھول - چوک - سہو - قصور - تقصیر - گناہ - جرم - غلطی۔
خطا کرنا (ل) گناہ کرنا - قصور کرنا - جرم کرنا - بھول ہونا۔
خطاوار (عف) مجرم - گنہگار - قصوروار۔

خطا ہونا (ل) غلطی ہونا - گناہ ہونا - بھول ہونا - جرم ہونا -
خطاب (ع امذ) کسی کی طرف متوجہ ہو کر کلام کرنا - مخاطب کرکے گفتگو کرنا - عزت کا لقب جو حاکموں کی طرف سے رکھا جائے - سامنے ہونا - غیب کی ضد - حضور - غصہ - عتاب -
خطاب دینا (ل) وصفی نام رکھنا - بادشاہ یا حکام کی طرف سے -
خُطبہ (ع امذ) وہ حمد و نعت اور وعظ و نصیحت جو لوگوں کو مخاطب کر کے سنائی جائے - کتاب کا دیباچہ - سببِ تالیف کتاب - نماز جمعہ و عیدین پر خدا کی حمد اور بادشاہ کی تعریف سُنانا -
خُطبہ پڑھا جانا (ل) وعظ کرنا - کسی بادشاہ کا نام اور اس کی حکومت تسلیم کر کے لوگوں کو مطلع کرنا -
خِطبہ (ع) کسی سے نکاح کرنے کی خواہش کرنا -
خطَر (ع امذ) اندیشہ - ڈر - خوف - آفت - مشکل -
خطرہ (ل امذ) جوکھوں میں پھنسانا - مصیبت میں ڈالنا - ہلاکت میں ڈالنا -
خطرے میں نہ لانا (ل) حقیر جاننا - خاطر میں نہ لانا - کچھ نہ سمجھنا - قدر و منزلت نہ جاننا - بات نہ ماننا -
خِطّہ (ع امذ) قطعہ - علاقہ - وہ زمین جس کے گرد اگرد تعمیر عمارت کے لیے خط کھینچ دیں - ملک - سرزمین - زمین کا گھرا ہوا حصّہ -
خطیب (ع امذ) خُطبہ پڑھنے والا - وعظ سُنانے والا - لوگوں کو مخاطب کر کے کلام سُنانے والا -
خطیر (ع امذ) بڑا - بہت - کثیر - زیادہ -

خ - ف

خفَق (ع) سوختۂ چقماق -
خِفّ (ع) ہلکا - سُبک -
خُف (ع) موزہ - سخت زمین -
خفا (ل) ناراض - آزردہ - برہم - غضب ناک -
خفا کرنا (ل) غصّہ دلانا - برہم کرنا - ناراض کرنا -
خفا ہونا (ل) ناراض ہونا - غصّے ہونا - برہم ہونا -
خُفّاش (ع امذ) چمگادڑ -
خفّاف (ع امذ) موزہ سینے والا - موزہ فروش -
خِفّت (ع امث) ہلکاپن - سُبکی - خجالت - شرم - ذلّت -
خِفّت اُٹھانا (ل) شرمندہ ہونا - بے عزت ہو جانا - ذلّت اُٹھانا -
خُفتہ (ف اصف) سویا ہوا - خوابیدہ - غافل -
خُفتہ بخت (ف اصف) بدقسمت - بدنصیب -
خفقان (ع امذ) دھڑکن - دِل کا اُچھلنا - ایک بیماری جس میں دل کی حرکت بڑھ جاتی ہے - جنون - سودا - مالیخولیا - وحشت -
خفقان ہونا (ل) دِل دھڑکنا - دِل گھبرانا - وحشت ہونا - سودائی ہونا -

خفگی (ف امث) غصّہ - ناخوشی - ناراضی - رنجش -
خُفی (ع) پوشیدہ - مخفی - چھپا ہوا - باریک - مبہم - خط - جلی کی ضد -
خفیف (ع) ہلکا - سُبک - ذلیل - خوار - رسوا - اوچھا - کم ظرف - بے قدر - کم - تھوڑا -
خفیف ہونا (ل) شرمندہ ہونا - ذلیل ہونا - نادم ہونا - خجل ہونا - ہلکا ہونا - کم قدر ہونا -
خفیفہ (ع امث) منسوب بہ خفیف - چھوٹا - خُورد - محکمہ جیسے نجاست خفیفہ - عدالتِ خفیفہ - مطالباتِ خفیفہ وغیرہ -
خُفیہ (ع) ایگنٹ سیکرٹ - چھپا ہوا - پوشیدہ - درپردہ -
خُفیہ پولیس (ل امذ) محکمہ سُراغ رسانی جس کا کام درپردہ خبر لگانا اور رپورٹ کرنا ہے -
خُفیہ خبر (ع امث) پوشیدہ خبر - مخفی خبر -
خُفیہ کارروائی کرنا (ل) درپردہ کام کرنا - چھپے چھپے کام کرنا -
خُفیہ نویس (ع ف امذ) مُخبر - جاسوس - پوشیدہ خبریں دینے والا گورنمنٹ -

خ - ل

خِلّ (ع) دوست -
خلا (ع امذ) خالی - خلو - جوف - ملا کی ضد -
خلاملا (ع) ملاجُلا - خلط ملط کا مخفف - کھُلا ملا - بڑی گہری دوستی اور میل جول کے موقع پر بولتے ہیں -
خلاص (ع امذ) چھوٹا ہوا - رہا - آزاد - فارغ - انزال -
خُلاصہ (ع) وسیع - چوڑا - کشادہ - ڈھیلا - جُدا جُدا - اور دُور - چیدہ - برگزیدہ - چُنا ہوا - پاک صاف - مجمل - مختصر - لُب لباب - اصل - عطر - ست - اختصار -
خُلاصہ کرنا (ل) اختصار کرنا - کم کرنا - انتخاب کرنا - چھانٹنا - ظاہر کرنا - کھولنا - تشریح کرنا - فراغ کرنا -
خُلاصی (ع امث) رہائی - آزادی - نجات - رُستگاری - چھٹکارا -
(مذ) خیمہ لگانے والے - توپخانے یا جہاز کے کارندے -
خُلاصی پانا (ل) رہائی پانا - آزادی پانا - نجات پانا - آزاد ہونا - چھوٹنا -
خِلاف (ع) لغت میں پیچھے ہٹ کر کھڑا ہونا - وفاق کی ضد - اُلٹا - ناموافق - برعکس - نقیض (مذ) جھوٹ - دروغ - حریف - مقابل - دُشمن -
خِلاف بیانی (ع امث) دروغ گوئی - حلف دروغی - جھوٹا بیان کرنا -
خلافِ دستور - خلافِ سررشتہ - خلافِ ضابطہ - خلافِ قانون -
خلافِ وضع (ع ف) بے ضابطہ - بے قاعدہ - رواج کے خلاف -
خلافِ دستور (ع ف اصف) رواج کے خلاف - قاعدہ کے برعکس -

خلافِ شرع (ع) شریعت کے خلاف - قانونِ محمدی کے برعکس۔
خلافِ طبع (ع) طبیعت کے برعکس - مزاج کے برعکس۔
خلافِ عقل (ع) عقل کے برعکس - بعید از عقل - دانش مندی کے خلاف۔
خلافِ قیاس (ع) ناممکن۔
خلاف کہنا (ہ) جھوٹ بولنا - اُلٹی گواہی دینا - طبیعت کے خلاف بات کہہ دینا۔
خلافِ مرضی (ع/صف) خواہش کے برعکس۔
خلافِ مزاج (ع/صف) خلافِ طبع۔
خلافِ وعدہ (ع/صف) قول یا عہد کے برعکس۔
خلاف ہونا (ہ) دعوے دار ہونا - دشمن ہونا - مُدّعی بننا۔
خلافت (ع/مث) جانشینی - نیابت - قائم مقامی - ولی عہدی - خلیفہ کا عہدہ - (بادشاہ - نبی - مشائخ یا درویش کے قائم مقام ہونے پر بولتے ہیں)۔
خِلال (ہ/مذ) درمیان - مجازاً دانت کریدنے کا تنکا - دانت کریدنے کا آلہ - گنجفہ کی بازی میں مات کو کہتے ہیں۔
خلال کرنا (ہ) دانت کریدنا - مات دینا۔
خلال لینا (ہ) مات لینا - ہار ماننا۔
خلائق (ع/مث) جمع خَلق - مخلوقات - دُنیا - پرتھی - پرتھوی - خلقت۔
خلجان (ع/مذ) تردّد - خلش - تفکّر - وسواس - فکر - اندیشہ - چِنتا۔
خلخال (ع/مث) پازیب - پابرنجن۔
خلخلہ (ہ) ڈھیلا ڈھالا۔
خُلد (ع/مث) بہشت - فردوس - جنّت۔
خُلدِ بریں (ع ف/مث) سب سے اعلیٰ بہشت - فردوسِ اعلیٰ۔
خَلِش (ف/مث) چبھن - کھٹک - خلیدگی - دشمنی - جھگڑا - مناقشہ - خصومت۔
خِلط (ع/مذ) آمیزش - مزاج - ملی ہوئی چیز - مرکب چیز - چاروں خلطیں یعنی صفرا - سودا - بلغم خون میں سے ہر ایک خلط ہے۔
خَلَط مَلَط (ع) اگڑ بگڑ - گھال میل - گھلا ملا - ملا جلا - مختلف۔
خلطہ (ہ/مذ) تھیلی - خریطہ کا بگاڑ۔
خلعت (ع/مذ) لباس - جوڑا - کپڑا - جو بادشاہ یا اُمرا کسی کو انعام کے طور پر دیتے ہیں - کم از کم تین پارچہ کا عطیہ (لغت میں اپنا لباس اُتار کر دوسرے کو بخشنا)۔
خَلَف (ع/مذ) جانشین - پیچھے رہنے والا - مراداً فرزند نیک و لپسر صالح - سعادت مند بیٹا - وارث - حقدار - مستحق۔
خلفا (ع/مذ) خلیفہ کی جمع۔
خلفائے راشدین (ع/مذ) ہدایت والے خلفاء - رسول اللہ صلعم کے چاروں خلفاء - ابوبکرؓ و عمرؓ و عثمانؓ و علیؓ سے مراد ہے۔
خلفائے عبّاسیہ (ع/مذ) حضرت عباسؓ کی اولاد کے خلفاء جو بغداد میں ہوئے ہیں - یعنی ہارون الرشید، مامون رشید وغیرہ۔
خلفشار (ع ف/مذ) گڑبڑ - کھلبلی۔

خُلق (ع/مذ) خُو - عادت - خصلت - خوش مزاجی - مروّت - ملنساری - نیک عادت۔
خُلقِ محمدی (ع/مذ) حضرت محمدؐ کے اخلاق - نہایت بے مثل اخلاق - لاثانی اخلاق۔
خُلق والا (ہ/مذ) نیک اخلاق - ملنسار - خوش خُلق۔
خَلق } (ع/مث) آفرید - آفرینش - پیدا شدہ اشیاء - دُنیا -
خلقت } خلقت - مخلوق - نوعِ انسان - آدم زاد۔
خَلق آزار (ع/مذ) لوگوں کو تنگ کرنے والا۔
خِلقت (ع/مث) سرشت - خمیر - فطرت - پیدائش - آفرینش۔
خَلَل (ع/مذ) رخنہ - سوراخ - درز - دراڑ - خسارہ - نقصان - بگاڑ - اختلاف - ابتری - بدہضمی - پیٹ کا بگاڑ - جن و پری کا اثر - آسیب - بیماری - دُکھ - روگ۔
خلل آنا (ہ) فرق پڑنا - فتور پڑنا - رخنہ پڑنا۔
خلل انداز (ع ف/مذ) جھگڑالو - فسادی - فتنہ پرداز - مزاحم - سدِّ راہ۔
خلل اندازی (ع/مث) دخل در معقولات - شرارت - فتور۔
خلل پذیر (ع/صف) جو خلل پڑنے کے قابل ہو - پراگندہ - پریشان۔
خللِ دماغ (ع ف/مذ) دماغ کی خرابی - مالیخولیا - سودا - دیوانگی - جنون۔
خَلوت (ع/مث) علیحدگی - تنہائی - گوشہ نشینی - جلوت کی ضد - مکان کا غیر سے خالی ہونا - تنہائی کی جگہ - سونے کا کمرہ - پوشیدگی۔
خلوت کرنا (ہ) مکان کو غیروں سے خالی کرنا - تنہا ہونا۔
خلوت کے وقت (ہ/مذ) تنہائی کے وقت - علیحدگی میں ملاقات کے وقت۔
خلوت گاہ (ف/مذ) مکان - تنہائی کی جگہ - سونے کا کمرہ۔
خُلوص (ع/مذ) صفائی - پاکیزگی - سادگی - سچی دوستی - سچی محبت وفاداری - ساتی - سچائی - صفائی - راست بازی۔
خلوصِ نیت (ع/مث) نیت کی صفائی - پاک نیتی - صفائی ارادہ۔
خلیج (ع/مث) سمندر کا وہ حصہ جو دور تک خشکی کو کاٹتا ہوا چلا جائے - جیسے خلیج فارس - کھاڑی - نہر - ندی - شاخ - دریا - راس کی ضد۔
خلیرا بھائی (ہ/مذ) موسیرا بھائی - موسیرا - ماسی کا بیٹا - خالہ جایا۔
خلیطہ (ہ/مذ) تھیلا - تھیلی (صحیح خریطہ ہے)
خلیفہ (ع/مذ) پیچھے آنے والا - ولیعہد - جانشین - نائب - بادشاہ - مانیٹر - استاد کا نائب - حجام - نائی - ادنیٰ پیشہ ور آدمی۔
خَلیق (ع) خوش خُلق - اچھے سبھاؤ والا - ملنسار - خوش مزاج۔
خلیل (ع) سچا دوست - دوستی کا پورا حق ادا کرنے والا۔
خلیل اللہ (ع/مذ) اللہ کا دوست - حضرت ابراہیم علیہ السلام کا لقب۔

خ - م

خم (ف امذ) کجی - ٹیڑھاپن - جھکاؤ - زُلف - کاکل - پیچ وتاب زُلف -
خم ٹھونکنا (ل) بازوؤں اور ڈنڈوں پر اس طرح ہاتھ مارنا کہ جس سے حریف جان لے کہ یہ اب کشتی کو تیار ہے - پٹھے ٹھوکنا - ڈنڈ بجانا - کشتی کو تیار ہونا -
خم چوگان (ف امذ) وہ لکڑی جس سے چوگان کھیلتے ہیں -
خم وچم (ف امذ) رفتار ناز - مٹک چال - معشوقانہ چال -
خمدار (ف) ٹیڑھا - ترچھا - بانکا سجیا - خمیدہ - پیچ دار -
خُم (ف امذ) مٹکا - شراب کا مٹکا - ہانڈی - گھڑیا - سبوچہ - خمیر - جوش -
خُم اُٹھنا (ل) خمیر اُٹھنا - سڑکر جوش آجانا -
خُم خانہ (ف امذ) مے خانہ - شراب خانہ - بھٹی خرابات -
خُم لنڈھانا (ل / محاورہ) شراب پینا -
خُمار (ع امذ) شراب کا نشہ - مستی - سرود - نشے کے اُتار کی تکان - نیند کا زور - اُونگھ - غنودگی -
خِمار (ع) باریک اوڑھنی -
خمّار (ع) شراب بیچنے والا -
خُمار آلودہ } (ع ف) شراب کے نشہ میں متوالا - نشہ میں چور -
خُمار آلود } مست - سرشار - مخمور - اُنیندا -
خُمار توڑنا (ل / محاورہ) نشہ اُترنے کی تکلیف کو روکنے کے لیے پھر تھوڑی سی شراب پینا -
خُمرا (و امذ) فقیروں کا ایک فرقہ - چکی راہنے والا ایک چھوٹا سا پرندہ -
خُمس (ع) پانچ - پنج - ۵ - 5 -
خُمس (ع) پانچواں حصّہ - پنجم - $\frac{1}{5}$ -
خمسہ (ع) منسوب بہ خمس - پانچ پانچ مصرعوں کے بند والی نظم - پانچ نظم کی کتابوں کا مجموعہ - جیسے خمسۂ نظامی - سرکہ وغیرہ سے بنی ہوئی چٹنی (لذیذ قسم کی چٹنی)
خمیازہ (ف امذ) بدنی اعضاء کو جھکانا اور حرکت دینا یعنی انگڑائی - غلبہ خواب یا کاہلی کی علامت بدلہ - عوض - مکافات - تاوان - رنج - تکلیف - افسوس -
خمیازہ اُٹھانا } (ل) نقصان اُٹھانا - ضرر - ڈنڈ بھرنا -
خمیازہ بھرنا } مصیبت اُٹھانا - پچتانا - پشیمان ہونا - معاوضہ
خمیازہ بھگتنا } دینا - قصور کی سزا بھگتنا - بدلہ پانا - پاداشں
خمیازہ کھینچنا } سہنا -
خمیدہ (ف) کُبڑا - جھکا ہوا - ٹیڑھا -
خمیر (ع امذ) جوشش - اُبال - گندھے ہوئے آٹے کو سڑا کر پھُلانا - فطرت - سرشت - ترکیب - بناوٹ - آمیزش - مزاج - ترکیب عناصر - مٹی - جسم بننے کی مٹی -
خمیر اُٹھنا (ل) جوش آنا - اُبلنے لگنا - خمیر تیار ہونا - پھُول جانا - جھاگ آجانا - خمیرے آٹے کا روٹی پکانے کے قابل ہوجانا -
خمیر بگڑنا - یا - خمیر کھٹا ہونا (ل) ترکیب میں فرق آجانا - شامت آنا - خرابی آنا - آٹے کا زیادہ کھٹا ہوجانا - خمیر کا ترشی پہ آجانا -
خمیرہ (ع امذ) ایک قسم کا خوشبودار پینے کا تمباکو - خمیر اُٹھا کر تیار کی ہوئی چیز - مصری یا کھانڈ میں پکائی ہوئی دوا - جیسے خمیرہ بنفشہ وغیرہ -
خمیری (ع امث) وہ روٹی جو خمیر اُٹھا کر پکاتے ہیں - فطیری کی ضد -

خ - ن

خنا (ع امذ) فحش - بے ہودہ - مغز - دماغ - تکبّر - باطل - خیال -
خنّا پھلنا (ل) دماغ پھرنا - اترانا - تکبّر کرنا - غرور کرنا -
خنّا ہونا (ل) غرور ہونا - دماغ ہونا - متکبّر و مغرور ہونا -
خنّاس (ع امذ) شیطان - لعین - رُوحِ بد - سرکش دیو - بہکانے والا - مردود - شریر - حرامزادہ -
خنّاسی (ع اصف) شیطانی - شیطنت -
خُناق (ع امذ) گلے کی ایک بیماری -
خنّاق (ع امذ) پھانسی دینے والا -
خُنثیٰ (ع امذ) وہ شخص جس میں عورت اور مرد دونوں کی علامتیں پائی جائیں - مرد نہ عورت - ہیجڑا - مخنث - خوجہ -
خنجر (ف امذ) جمدھر - بچھوا - کٹار - ایک قسم کا چھُرا -
خنجر اُٹھانا (ل / محاورہ) حملے کی تیاری میں خنجر ہاتھ میں لینا -
خنجر باندھنا (ل / محاورہ) خنجر کمر سے لٹکانا - خنجر سے مسلّح ہونا -
خنجر بیک (ف امذ) ایک قسم کا مہلک پھوڑا جو اکثر پیٹھ کے پیچھے کی طرف نکلتا ہے - اور دکھائی نہیں دیتا - اس کا مریض بچتا نہیں -
خنجری (ل امث) ایک ریشمی کپڑا - جوگیوں کے بجانے کی دھپلی یا ڈفلی -
خندق (معرب کندہ) (مث) کھائی - قلعہ یا شہر کے گرد حفاظت کے لیے کھُدی ہوئی زمین - غار - گڑھا - کھوہ -
خندہ رُو - یا - خندہ پیشانی (ف) ہنس مکھ - خوش و خرّم رہنے والا -
خنزیر (ع امذ) جنگلی جانور - سُور -
خُنک (ف) ٹھنڈا - سرد - یخ - برف - بارد -
خُنکی (ف) ٹھنڈک - ٹھنڈ - سردی - برودت -
خِنگ (ف امذ) گھوڑا - نقرہ گھوڑا -

خ - و

خُو (ف) خود رو گھاس - سماروں کی پاڑ -
خُو (ف/مث) خصلت - عادت - سبھاؤ - سیرت -
خُو پڑنا (ل) عادت پڑنا - بان پڑنا - دھت لگنا - لت پڑنا -
خُو ڈالنا (ل) عادت اختیار کرنا - عادی ہونا - لت لگالینا -
خواب (ف/مذ) نیند - سپنا - رویا - وہ بات جو انسان خواب میں دیکھے - خیال - تصور - ماجرا - روئداد -
خواب آلودہ (ف) اُنیندا - نیند میں بھرا ہوا - خمار میں پڑ -
خوابِ پریشاں - یا - خوابِ آشفتہ (ف/مذ) ڈراؤنا - سپنا - متوحش خواب -
خوابِ خرگوش (ف/مذ) مدہوشی - بے خبری - غفلت کی نیند -
خواب کی باتیں (ل/مث) وہمی باتیں - خیالی باتیں - بے بنیاد باتیں -
خواب گاہ (ف/مث) سونے کا کمرہ - رین بسیرا -
خواب وخیال (ف/مذ) بھولی ہوئی بات - سپنے کی باتیں -
خواتین (ف) جمع خاتون کی - ترکی پردہ نشین کو کہتے ہیں -
خواجہ (ف/مذ) آقا - گھر کا مالک - صاحب - سردار - ترکی زبان میں سیدوں کا لقب ہے - ہیجڑا - خواجہ سرا - خصی غلام - مخنث -
خواجہ زادہ (ف/مذ) خواجہ کا بیٹا - مالک -
خواجہ زادی (ل/مث) خواجہ کی بیٹی - آقا زادی -
خواجہ سرا (ف/مذ) لغوی معنی گھر کا مالک - مجازاً وہ خصی غلام جو گھر میں آجا سکے - نامرد - مخنث - ہیجڑا -
خواجہ معین الدین کا چاند - یا - مہینہ } خواجہ جی کا چاند } (ل/مذ) عورتوں کا چھٹا قمری مہینہ - ماہ جمادی الآخر -
خوار (ف) رسوا - ذلیل - آوارہ - پریشان - سرگرداں - بے اعتبار -
خواری (ف/مث) آوارگی - پریشانی - ذلت - رسوائی - فضیحت -
خواستگار (ف) اُمیدوار - خواہاں - طالب - متمنی - طلب گار -
خواستگاری (ف/مث) درخواست - خواہش - پیغام شادی - منگنی کی درخواست - تمنا - طلب گاری -
خواستہ (ف/صف) چاہا ہوا - جس کی خواہش ہو -
خواص (ع/مذ) خاص کی جمع - عام کی ضد - اثر - عادت - خاصیت - خاصہ کی جمع - اعلیٰ درجہ کے نوکر - ملازمانِ خاص - ممتاز ملازمین - مصاحب - جلیس - ندیم - ہم صحبت -
خواص (ع/مذ) اثر - طبیعت - عادت - سبھاؤ - مزاج - خاصیت - تاثیر -
خواصی (ع/مث) خدمتگاری - نوکری - ملازمت - مصاحبت - ہم نشینی (مذ) اعلیٰ درجے کا ملازم (مث) ہاتھی کے ہودج کے پیچھے کی جگہ - عماری کی پچھلی نشست - انگیا کا وہ جوڑ جو بغل کی طرف ہوتا ہے -
خواصیں (ل/مث) سہیلیاں - ہمجولیاں - وہ ملازم عورتیں جو امیرزادیوں کے ساتھ رہا کرتی ہیں -
خوان (ف/مذ) کھانا لانے اور لے جانے کا برتن - سینی - کشتی - تھال - طشت - چنگیر - دسترخوان - سفرہ -
خوان بڑا خوان پوش بڑا - کھول کے دیکھو آدھا بڑا
خوان پاک خوان پوش پاک - کھول کے دیکھو تو خاک بھی خاک - (ل/مثل) ظاہر نمائش تو بہت مگر اندر کچھ بھی نہیں اونچی دکان پھیکا پکوان - ڈھول کے اندر پول -
خوان پوش (ف/مذ) تھال ڈھکنے کا کپڑا - خوان کو چھپانے کا کپڑا -
خوانِ نعمت (ف/مذ) لذیذ قسم کے کھانوں کا خوان -
خوانچہ (ف/مذ) چھوٹا خوان - سینی - تھال چھوٹا -
خوانچہ اٹھانا - یا - لگانا (ل) تھال میں رکھ کر بیچتے پھرنا -
خواندہ (ف) پڑھا لکھا - تعلیم یافتہ - بلایا ہوا - طلب کیا ہوا -
خواہ (ف) یا - یا تو - چاہو - چاہے - خواہش - چاہ -
خواہاں (ف/مذ) چاہنے والا - طالب - خواہش مند - آرزومند -
خواہ مخواہ } خواہ نخواہ } (ف) ناچار - زبردستی - مجبوراً - چار و ناچار - ناگزیر - یونہی - لاجرم - لابد - جبراً - قہراً -
خواہر (ف/مث) بہن - ہمشیرہ - بھینا -
خواہرانہ (ف/صف) بہن کی طرح -
خواہش (ف/مث) چاہت - چاہ - آرزو - تمنا - چاؤ - رغبت - شوق - مرضی - اِچھا - مطلب - مقصد - مدعا -
خواہش مارنا (ل/محاورہ) تمنا کا ضبط کرنا -
خواہش مند (ف) طالب - خواہاں - آرزو مند - شائق -
خواہی نخواہی (ل) ناچار - جبراً قہراً - زبردستی - خواہ مخواہ -
خُوب (ف) بھلا - اچھا - عمدہ - ستھرا - سوہنا - سوہنی - سندر - سہاونا - حسین - نفیس - من بھاتا - پیارا - محبوب - زیبا - پسندیدہ -
خُوباں (ف/صف) خوب کی جمع - کنایۃً معشوق -
خُوبرو (ف) سندر - پری رُو - شکیل - خوبصورت - خوش شکل -
خُوبصورت (ف) سندر - پری چہرہ -
خُوبصورتی (ف/مث) حُسن - سندرپن - خوش اندامی -
خُوبانی (ف/مث) زرد آلو - ایک میوہ جس کے اندر سے بادام کے مشابہ گری نکلتی ہے -
خُوبُو (ل/مث) سبھاؤ - عادت - سیرت - خصلت - رویہ - برتاؤ - چال چال -
خُوبی (ف/مث) بھلائی - عمدگی - خوبصورتی - ستھراؤ - حُسن - لطف - بڑائی - شرف - جوہر - گُن -
خُوجہ (ل/مذ) خصی - غلام - مخنث - ہیجڑا - زنخہ - زنانہ -
خُود (ف/مذ) لڑائی کے وقت پہننے کی لوہے کی ٹوپی -

خُود (ف) بذاتِ خاص - آپ - ذات - بہ نفسِ نفیس -
خُود آرائی (ف/مث) بناؤ سنگار - اپنے آپ کو بنانا - سنوارنا -
خُود آشنا (ف/صف) جس کا کوئی دوست نہ ہو -
خُود بخُود (ف) آپ ہی آپ - بن کہے - بن بُلائے - بے چھیڑے -
خُود بدولت (ف) حضورِ عالی - جنابِ عالی - آپ بذاتِ خاص - بہ نفسِ نفیس -
خُود بیں (ف) متکبّر - مغرور - گھمنڈی -
خُود بینی (ف) تکبّر - غرور - گھمنڈ - فخر -
خُود پرست (ف) مغرور - متکبّر -
خُود پرستی (ف/مث) خود بینی - غرور - تکبّر -
خُود پسند (ف) خود رائے - دوسرے کی نہ ماننے والا - مغرور -
خُود پسندی (ف/مث) مغروری - سرکشی - خُود رائی -
خُود رائے (ف) کسی کی نہ ماننے والا - خُود مختار - اپنی رائے پر کام کرنے والا -
خُود رفتہ (ف) آپے سے باہر - بے خبر - بیخود - بے ہوش -
خُود رفتگی (ف/مث) بے ہوشی - بے خبری - بے خودی -
خُود رَو (ف) آپ اُگا ہوا - آپ اُگا ہوا سبزہ -
خودستائی (ف) اپنی تعریف آپ کرنا - اپنے مُنہ میاں مٹھو -
خُود سر (ف) سرکش - ضدی - ہٹیلا - خود پسند - خُود رائے -
خُود سری (ف/مث) ضد - ہٹ - سرکشی - استغنا - خُود پسندی -
خود غرض (ع) آپا پنتھی - اکل کھرا - اپنے مطلب کا یار - مطلبی -
خود غرضی (ع/مث) خود مطلبی - آپا دھاپی - اپنی اپنی -
خود فراموش (ف/صف) اپنے آپ کو بھولنے والا - غافل -
خود فروش (ف/صف) اپنی تعریف آپ کرنے والا - شیخی خورہ -
خود کاشت (ف) وہ زمین جسے مالک خود بوئے - آپ بونے والا -
خود کام (ف/صف) خود غرض - متکبّر -
خُود کشی (ف/مث) اپنے آپ کو خود مار ڈالنا - قتلِ نفس -
خُود مختار (ع) با اختیار - آزاد - خُود رائے -
خُود مختاری (ف/مث) آزادی - مطلق العنانی - با اختیاری -
خُود مطلب (ف/صف) خود غرض -
خُود مُنڈا (ا) بے پیرا - بے اُستاد - جس کو کسی پیر یا گرُو نے چیلا نہ بنایا ہو -
خود نُما (ف) مغرور - متکبّر - گھمنڈی - ابھمانی -
خُود نُمائی (ف/مث) غرور - تکبّر - گھمنڈ - نمائش - طمطراق - خود پسندی - اوچھاپن - خُود بینی -
خُودی (ف/مث) اپنا آپا - ذات - آتما - خودسری - خود رائی - خود غرضی - غرور - نخوت - خود پسندی - تکبّر - نمود - خُود ستائی -
خُور و نوش (ف) دانہ پانی کھانا پینا -
خوراک (ف/مث) کھانے کی چیز - غذا - خورش - کھانا - بھوجن - روزینہ - رابت - کھاجا - چارہ - سفر خرچ - بھتّا -
خُوراکی (ف/مث) روزینہ - وظیفہ - کھانے پینے کی چیز -

خُورد بُرد (ف/مث) کھانا اُڑانا - بددیانتی - غبن - خیانت - بے جا تصرّف - رشوت -
خُورد بُرد کرنا (ا) خیانت کرنا - غبن کرنا - تغلب کرنا - کھا جانا -
خُورش (ف/مث) خوراک - کھاجا - بھوجن - غذا -
خُورشید (ف/مذ) (خُور بمعنی سُورج شید بمعنی روشن) سُورج - آفتاب - شمس - سُور -
خُورندہ (ف) کھانے والا - کھاؤ - پیٹو - فضول خرچ - اُڑاؤ -
خُوشا (ف) خوش - بہت خُوش -
خُوش (ف) شاد - خُرم - مسرُور - مگن - راضی - تندرُست - چنگا - ترو تازہ - سرسبز - بامُراد - عُمدہ - اچھا -
خُوش اسلُوب (ع) خُوبصُورت - خُوش وضع - عُمدہ طرز کا -
خُوش وضع - اچھے طریقے والا - خُوب - دل پسند -
خُوش اقبال (ع) نیک نصیب - خوش قسمت - اچھی قسمت والا - بامُراد -
خُوش الحان (ع) خُوش گلو - اچھی آواز والا - سُریلا -
خُوش الحانی (ع/مث) خوش آوازی - سُریلا پن -
خُوش انتظامی (ع/مث) عُمدہ بندوبست - خوش نظمی -
خُوش باش (ف) اپنی خوشی سے رہنے والا - عارضی سکونت رکھنے والا - ہر وقت بخوشی رہنے والا -
خُوش بُو (ف/مث) اچھی باس - اچھی بُو - مہک - سُگندھ -
خُوشبُودار (ف) عُمدہ خوشبُو والا - اچھی باس - سُگندھی -
خُوش بیان (ع) اچھی تقریر والا - شیریں کلام - فصیح -
خُوش بیانی (ف/مث) فصاحت - شیریں کلامی -
خُوش پوشاک (ف) عُمدہ لباس والا - سفید پوش - خُوش لباس -
خُوش تدبیر (ع/صف) اچھا مُدبّر - اچھا انتظام کرنے والا -
خُوش ترکیب (ع/صف) سڈول - خُوبصُورت -
خُوش تقریر (ع) عمدہ تقریر کرنے والا - خوش بیان - شیریں کلام -
خُوش حال (ع) اچھے حال میں رہنے والا - با نصیب - توانگر - امیر - آسُودہ -
خُوش خبر (ع) اچھی خبر لانے والا - نیک فال کے لیے بھونرے کو کہا کرتے ہیں -
خُوشخبری (ف/مث) بشارت - مُژدہ - نوید - خبرِ خوش -
خُوش خرام (ف) آہستہ رَو - اچھی چال - خوش رفتار -
خُوش خط (ع) عُمدہ لکھا ہوا - عُمدہ لکھنے والا - خوش نویس - خوش قلم -
خُوش خُلق (ع) اچھی عادت والا - بامروّت - خلیق - اچھے سبھاؤ کا -
خُوش خوان (ف) بلا وظیفہ پڑھنے والا طالب علم - اچھا پڑھنے والا -
خُوش خوراک / خُوش خورا (ف) عُمدہ اور مزے دار کھانا کھانے والا - خُوش گزران -
خُوش خیال (ف/مذ) عمدہ خیالات والا شاعر -

اچھا ناثر و ناظم - خوش فکر شاعر - عمدہ خیال والا مصنف -
خُوش دامن (ف/ امث) ساس - عورت یا مرد کی ماں خصم یا جورو کی ماں -
خُوش دشنام (فع/ امث) جس کی گالیاں بھی میٹھی ہوں - معشوق -
خُوش دِل (ف) شاداں - مگن - غمناک نہ رہنے والا -
خُوش دِلی (فع/ امث) خوشی - شادمانی -
خُوش ذائقہ (فع) مزے دار - لذیذ - خوش مزہ - خوشگوار -
خُوش رفتار (ف) خُوش خرام - اچھی چال والا - سُبک رفتار - نازک خرام -
خُوش رنگ (ف) سہاؤنا رنگ - شوخ رنگ والا - اچھا اور چمکیلا رنگ -
خُوش زبانی (ف/ امث) خوش کلامی - خوش بیانی -
خُوش سلیقہ (فع) اچھے سلیقے والا - سگھڑ - مہذب - تعلیم یافتہ - صاحب ہُنر - گن والا - گنی - خُوش خُو - نیک خصلت -
خُوش طبع (فع) اچھی طبیعت والا - زندہ دل - ظریف - مخولیا - دل لگی باز - ہنسی باز - با مذاق آدمی -
خُوش طبعی (فع/ امث) دل لگی - ظرافت - مذاق - ہنسی - ٹھٹھا -
خُوش عنان (فع) اشارے پر کام کرنے والا گھوڑا - اصیل گھوڑا - بے شر گھوڑا - خوش لگام -
خُوش غلاف (ف) ذرا سے اشارے پر غلاف سے نکل آنے والی تلوار - خود بخود میان سے نکل پڑنے والی تلوار - وہ عورت جسے کسی سے انکار نہ ہو - ازاربند کی ڈھیل - قحبہ -
خُوش قد (فع) اچھے قد والا - بوٹا سے قد والا - خوش قامت -
خُوش قطع (فع) خوش انداز - خوش وضع - خوش اندام - خُوش لباس -
خُوش کرنا (ا) راضی کرنا - مگن کرنا - آنند کرنا - تسلی کر دینا - تشفی کر دینا -
خُوش گام (ف) تیز رَو - تیز رفتار - قدم باز گھوڑا -
خُوش گاہ (ف) رندوں کی اصطلاح میں عورت کی شرم گاہ کو کہتے ہیں -
خُوش گپ (ف) لسّان - چرب زبان - ڈِبل باز - خوش گفتار -
خُوش گپّی (فع/ امث) اِدھر اُدھر کی تفریح کی بات - مذاق کی بات -
خُوش گزران (ف) مزے سے زندگی بسر کرنے والا - اچھی بسر اوقات کرنے والا -
خُوش گزرانی (ف/ امث) مزے کی زندگی - آسودہ حالی -
خُوش گفتار (ف) شیریں کلام - خوش بیان - خوش تقریر -
خُوشگوار (ف) مزے دار - خوش ذائقہ - دل پسند - کھانا - لذیذ -
خُوش لب (ف/ اصف) جس کے ہونٹ میٹھے ہوں - جس کے بوسے مزیدار ہوں -
خُوش لباس (ف/ اصف) خوش پوش -
خُوش نصیب (فع) بھاگوان - بختاور - خوش اقبال - صاحب نصیب -

خُوش نصیبی (ف/ امث) خوش قسمتی - حسن اتفاق - سنجوگ -
خُوش نما (ف) دلچسپ - خُوبصورت - موزون - مزین - بھلی دکھائی دینے والی چیز -
خُوش نمائی (ف/ امث) دلچسپی - خوبصورتی - موزونیت -
خُوش نویس (ف) عمدہ لکھنے والا - خوش خط -
خُوش و خُرّم (ف) دلشاد - شاد - شاداں - شاداں - آنند - مگن -
خُوش وقت (فع) کامراں - آنند - خوشحال - خُرسند -
خُوش ہونا (ا) مگن ہونا - آنند ہونا - شاد ہونا - ہنسنا - کھلنا -
خُوشامد (ف/ امث) چاپلوسی - جھوٹی تعریف - بڑھاوا - چڑھاوا -
خُوشامدی (ف/ امذ) خوشامد کرنے والا - چاپلوس - چپڑقناتیا -
خوشنودی (ف/ امث) خوشی خُرمی - رضامندی - خورسندی -
خوشہ (ف/ امذ) بال - سُنبلہ - بھٹا - بسٹا - گچھا -
خوشہ چین (ف) بھٹے چُننے والا - گری پڑی بالیں اُٹھانے والا - مجازاً ادنیٰ خادم - مُفلس - کنگال - بچا کھچا کھانے والا -
خوشہ چینی (ف/ امث) بالیں چُگنا - بھورے چُننا -
خوشہ چُننا - یا - چُگنا (ا) گری پڑی بالیں اُٹھا لینا - کمینہ کام کرنا - پس خوردہ کھانا -
خوشی (ف/ امث) سرور - انبساط - نشاط - شادی - طرب -
خوشی خوشی سے (ا) نہایت شوق سے - بڑے چاؤ سے - مشتاقانہ -
خوشی کرنا } (ا) جشن کرنا - جلسہ کرنا - خوش ہونا -
خوشی منانا } شادی منانا -
خوض (ع/ امذ) لُغت میں غوطہ مارنا - اندر گھسنا - مجازاً سوچ - فکر - غور -
خوف (ع/ امذ) اندیشہ - خطرہ - ڈر - بھے - ہَول - ہراس - دہشت -
خوفناک (ف) ڈراؤنا - مہیب - ہیبت ناک - بھیانک -
خُوک (ف/ امذ) سُوّر - خنزیر -
خُوگر (ف) عادی - لتیا دھتیا - جس کو کسی بات کی عادت پڑ جائے -
خُوگیر (ف/ امذ) نمدزین - تہرو - کپڑے یا نمدے کی گدی جو گھوڑے کی پیٹھ پر کاٹھی کے نیچے رکھتے ہیں تاکہ پسینہ جذب ہو اور پیٹھ نہ چھلے -
خوگیر کی بھرتی (ا/ امث) ردی اور بے کار چیزیں - نکما اسباب - خراب چیزیں - نالائق - ناقص اور کمینے آدمیوں کا ہجوم -
خول (ع) تھوتھا - کھوکھلا - پولا (امذ) چھلکا - اوپر کا غلاف -
خول چڑھانا (ا) پترا چڑھانا - غلاف چڑھانا - لفافہ کرنا -
خولنجان (ف/ امث) قولنجن - کلیجن - پان کی جڑ -
خُون (ف/ امذ) لہو - رکت - قتل - خونریزی - رنج - ہلاکت -
خُون آلودہ (ف) خون میں لتھڑا ہوا - لہولہان -
خُون آنکھوں میں اُترنا (ا/ محاورہ) سخت غصہ آنا - غصے سے آنکھیں سُرخ ہو جانا -

خون بار (ف/صف) خون برسانے والی۔
خون بگڑنا (ل) خون کا خراب ہونا۔ فسادِ خون ہونا۔ کرڑھ ہونا۔ شامت آنا۔ بدنصیبی ہونا۔
خون بہا (ف/مذ) وہ روپیہ جو مقتول کے خون کے بدلے اس کے وارثوں کو دیا جائے۔ دیت۔
خون بہانا } (ل) خون گرانا۔ خون نکالنا۔ قتل کرنا۔
خون چلانا } کشت و خون کرنا۔
خون پینا (ل) خون چوسنا۔ لہو پینا۔ ذبح کرنا۔ قتل کرنا۔ سخت سزا دینا۔ تنگ کرنا۔ دِق کرنا۔ جان لے ڈالنا۔
خون تھوکنا (ل/محاورہ) کسی صدمہ سے خون کی قے کرنا۔
خونِ جگر پینا۔ یا۔ کھانا (ل) غصہ کھانا۔ پیچ وتاب کھانا۔ رنج اٹھانا۔ سخت محنت کرنا۔
خون جوش کھانا (ل/محاورہ) نہایت برافروختہ ہونا۔
خون خرابا (ل/مذ) مار دھاڑ۔ کشت و خون۔ قتل و غارت۔
خون خشک ہونا (ل) خوف چھانا۔ دم خشک ہونا۔
خون خوار (ف) ظالم۔ جلاد۔ لہو پینے والا۔ غضبی۔
خونِ دل پینا (ل) غم میں گھٹنا۔ غصے میں پیچ وتاب کھانا۔ نہایت ناگوار گزرنا۔ رنج ضبط کرنا۔
خونریزی (ف/مث) جنگ۔ لڑائی۔ جدھ۔ یدھ۔ کشت و خون۔
خون سر پر چڑھنا } (ل) کسی قتل پر بالکل تیار و آمادہ ہو جانا۔
خون سر پر سوار ہونا } قاتل کا اپنے کیفرِ کردار کو ضرور پہنچنا۔ قتل بے تماہ۔ اپنا بدلہ لیے بغیر نہیں رہتا۔ قتل عمد کا بہرنوع ظاہر ہو ہی جانا۔
خون سفید ہونا (ل) الفت و محبت نہ رہنا۔ بے مہری۔ سرد مہری ظاہر ہونا۔
خون کا پیاسا (ل/مذ) جان کا لاگو۔ جانی دشمن۔ کسی کے قتل کا خواہاں۔
خون کا دورہ (ل/مذ) روانیٔ خون۔ خون کا جسم کے اندر پھرنا اور گردش کرنا۔
خون کا عوض (ل/مذ) قصاص۔ جان کے بدلے جان۔
خون کبوتر (ف) نہایت سرخ۔ چہچہا۔ شراب سرخ کبوتر کے خون جیسی۔
خون کرنا (ل) قتل کرنا۔ مار ڈالنا۔ ہلاک کرنا۔ جان لینا۔
خون کی بو آنا (ل) جانی دشمنی محسوس ہونا۔ علاماتِ دشمنی کا ظاہر ہونا۔
خون لینا (ل) فصد کھولنا۔ خون کم کرنا۔
خون ہونا (ل) خنجر تلوار وغیرہ سے مارا جانا۔ جان سے جانا۔ زخمی ہونا۔ مجروح ہونا۔ قتل ہونا۔ دُکھنا۔ رنجیدہ ہونا۔
خونی (ف/مث) قاتل۔ خونریز۔ سفاک۔ ہتھیارا۔ جلاد۔ ظالم۔
خونی دست (ل/مذ) لہو کے دست۔ خونی پیچش۔ اسہالِ خونی۔

پیچش۔ مروڑ۔
خونیں (ف) خون سے نسبت رکھنے والا۔ لال سرخ۔ خون آلودہ۔
خونیں جگر (ف/صف) کنایۃً عاشق۔
خونیں جامہ پہننا (ل) قتل کا حکم دیتے یا اظہار غضب کے لیے بادشاہ یا حاکم کا سرخ لباس پہننا۔
خوید (مث) کھود۔ ہرے جَو۔ سبز گندم۔ گھوڑوں وغیرہ کا سبز چارہ۔
خویش (ف) خود۔ آپ۔ رشتہ دار۔ قریبی۔ داماد۔ جنوائی۔
خہ خہ (ف) واہ وا۔ بہت خوب۔

خ - ی

خی (ف) مشک۔ پانی کی پکھال۔
خیابان (ف/مذ) راستہ جو باغ کے بیچ میں سے گزرتا ہو۔ کیاری۔ چمن۔
خیار (ع/مذ) کھیرا۔ ککڑی۔
خیار شنبر (ع/مذ) املتاس۔
خیار بلوغ (ع/مذ) بالغ ہونے کے بعد لڑکی کا نکاح کو قائم رکھنے یا فسخ کرنے کا حق۔
خیارین (ع/مذ) کھیرا۔ ککڑی دونوں۔
خیاط (ع/مذ) درزی۔ جامہ دوز۔ کپڑے سینے کا پیشہ کرنے والا۔
خیاطہ (ع/مذ) دھاگا۔ تاگا۔ نخ۔ ریشم کا تار۔
خیال (ع/مذ) وہم۔ گمان۔ تصور۔ فکر۔ اندیشہ۔ ادھیڑبن۔ سوچ بچار۔ غور و خوض۔ مضمون۔ معنی۔ ارادہ۔ منصوبہ۔ دھیان۔ چیت۔ خبط۔ جنون۔ لہر۔ ترنگ۔ موج۔ ایک قسم کا ہندی راگ۔ ایک طرح کا گیت۔ وہ صورت جو آدمی خواب یا بیداری کی حالت میں دیکھے۔ حِسِ مشترک۔
خیالِ باطل (ع/مذ) جھوٹا خیال۔ ناممکن چیز کا دھیان۔
خیال باندھنا (ل) تصور باندھنا۔ وہم پکانا۔ منصوبہ باندھنا۔ دل ہی دل میں کوئی بات پیدا کرنا۔
خیال بندی (ف/مث) خیالات کا سلسلہ۔ خیالی تصویر۔
خیال پر چڑھنا (ل) ذہن نشین ہونا۔ یاد آنا۔ یاد رہنا۔ سمجھ میں آنا۔
خیال پڑنا (ل) یاد آنا۔ شُبہ گزرنا۔ خیال آنا۔
خیالِ خام (ع ف/مذ) کچا خیال۔ خیالِ ناقص۔ بے ہودہ خیال۔ پورا نہ ہونے والا خیال۔
خیال رکھنا (ل) دھیان رکھنا۔ یاد رکھنا۔ توجہ رکھنا۔
خیال سے اتر جانا (ل) یاد نہ رہنا۔ بھول جانا۔ چیت سے اتر جانا۔
خیال سے باہر (ل) دُور از خیال۔ سمجھ سے دُور۔ سمجھ سے باہر۔

خیال کرنا (ا) سوچنا - فکر کرنا - دھیان کرنا - توجہ کرنا - دھیان میں لانا - منصوبہ باندھنا - لحاظ کرنا - رعایت کرنا -

خیال میں آنا (ا) سمجھنا - ماننا - تسلیم کرنا -

خیال میں نہ لانا (ا) توجہ نہ کرنا - داد نہ دینا - کچھ نہ سمجھنا - بے قدر جاننا - پروا نہ کرنا - دھیان میں نہ لانا -

خیال نہ رہنا (ا) یاد نہ رہنا - بھول جانا - بھولنا - بسرنا - فراموش کرنا -

خیالات (ع امذ) خیال کی جمع - تصوّرات -

خیالی (ع) وہمی - قیاسی - ظنّی -

خیالی باتیں (ف امث) وہ باتیں جن کی کوئی اصلیت نہ ہو -

خیالی پلاؤ پکانا (ا) ناممکن باتوں کا تصوّر کرنا - من کے لڈّو پھوڑنا - بے ہودہ خیال جما بیٹھنا -

خیّام (ع امذ) خیمہ بنانے والا - خیمہ دوز -

خیانت (ع امث) چوری - غبن - امانت میں بے ایمانی کرنا - بددیانتی - ناراستی - دغا - تغلّب -

خیانت پیشہ (عف امذ) دغا باز -

خیانت گر (عف امذ) نمک حرام - غدّار -

خیانت مُجرمانہ (ع امث) وہ خیانت جو سرکاری جرم میں داخل ہو - سرکاری غبن - سرکاری تغلّب -

خَیر (ع امث) نیکی - بھلائی - متوسط - بڑا نہ بھلا - سلامتی - تندرستی - عافیت - برکت کا مترادف جیسے خیر و برکت - ہاں - اچھا - بھلا - بجا - دُرست - واقعی -

خیراندیش (عف) نیک خواہ - خیر خواہ - بھلائی چاہنے والا -

خیرباد (عف) ایک دُعا جو رُخصتِ سفر کے لیے چلتے وقت کہا کرتے ہیں - جیسے اچھا اللہ بیلی - خُدا حافظ - فی امان اللہ وغیرہ -

خیر باشد (ف امحاورہ) خیر ہے؟ خیر تو ہے؟ تجاہل اور شکایت کے موقع پر بولتے ہیں -

خیر و برکت (ف امث) ستے سے - مثلاً اس خبر میں ذرا خیر و برکت نہیں -

خیر خبر (ف امث) خیر و عافیت - خیر سلّا - اچھی خبر - نیک خبر - اَتا پتا - ٹھور ٹھکانا -

خیر چاہنا (ا) سلامتی چاہنا - بھلائی چاہنا - عافیت چاہنا -

خیر خواہ (عف امذ) بہی خواہ - نیک خواہ - بھلائی چاہنے والا -

خیر خواہی (عف امث) بھلائی - بہتری - نیکی -

خیر سلّا (ف امث) مزاج پُرسی - خیر و عافیت -

خیر سے گھر کو سدھارو (ف امحاورہ) جاؤ اپنا کام کرو - اتنے مصاحب نہ بنو - اتنا نہ لگ چلو - زیادہ دوستی نہ جتاؤ -

خیر گزرنا - یا - ہونا (ا) ناگہانی صدمے سے جان بچنا - آفت سے بچنا -

خیر محض (ع) سرتاپا خیر - بالکل نیکی - بالکل بھلائی ہی بھلائی -

خیر مانگنا (ا) سلامتی چاہنا - امن چاہنا - بھلائی چاہنا - توبہ کرنا - مغفرت مانگنا -

خیر مقدم (ع امذ) کسی حاکم یا بزرگ آدمی کی تشریف آوری کے وقت کہا کرتے ہیں - ویل کم - خیرباد کی ضد -

خیر منانا (ا) دُعائے نیک کرنا - سلامتی چاہنا - بھلائی کی دُعائیں کرنا -

خیر و عافیت (ع امث) کھیم - کُشل - سلامتی - تندرُستی -

خیر ہے (ا) جب کوئی شخص اپنی حالت کے خلاف کوئی کام کر بیٹھے - تو تعجب کے طور پر لوگ پوچھا کرتے ہیں - خیر ہے - اچھے تو ہو - یعنی اچھے ہوتے تو ایسے کام نہ کرتے - (جواب) ہاں خیر ہے یعنی کچھ ایسی ویسی بات ہے -

خیرات (ع امث) خیر کی جمع - اعمالِ نیک - نیکیاں - دان پُن - للہ زکوٰۃ - تصدّق - صدقہ -

خیرات خانہ (عف) دھرم سالہ - سدابرت بٹنے کی جگہ - محتاج خانہ - لنگر خانہ -

خیرات داخل (ا امحاورہ) شُل خیرات - شُل تصدّق - مُفت - بے جا خرچ -

خیرات دافع آفات ہے (ا امقولہ) صدقہ بلاؤں کو دُور کرتا ہے -

خیرات دینا (ا) صدقہ دینا - مُفت دینا - للہ دینا - خدا واسطے دینا - وقف کرنا -

خیراتی (ف) منسوب بہ خیرات - وقف کی - دان پُن کی - مُفت کی - زکوٰۃ کی -

خیراتی شفاخانہ (ا امذ) شفاخانہ جہاں مُفت دوا ملے -

خیراتی مال (ا امذ) وہ مال جو خیرات کیا جائے -

خیرگی (ف امث) چکاچوند - آنکھوں کے آگے اندھیرا آ جانے کی کیفیت - تعجب - بے حیائی - ڈھٹائی -

خُیرو (ف امذ) خطمی -

خیریّت (ا امث) تندرُستی - بھلائی - نیکی - سلامتی - صحت (عربی میں صرف خیر مستعمل ہے اور یہی صحیح ہے)

خیشوم (ع) ناک کے نتھنوں کی ہڈی -

خیلا (ا) لغو عورت - بے ہودہ - پھوہڑ - احمق - بے وقوف -

خیلاپن (ا امذ) پھوہڑپن - بے وقوفی - احمق پن -

خیلا جان بیلا (ا امث) لغو اور بے ہودہ عورت - بے سُگھڑ عورت -

خیمہ (ع امذ) تنبو - ڈیرہ - خیمہ گاہ -

خیمہ دوز (عف امذ) تنبو سینے والا - ڈیرے سینے والا -

خیمہ زن (عف اصف) خیمہ لگانے والا -

خیمہ گاہ (ف امذ) لشکرگاہ - کیمپ - کیمپو -

خیوا - جمہوری حکومت ہے جس کا تعلق سوویت گورنمنٹ سے ہے وسطی ترکستان میں واقع ہے -

خیو (ف) تھوک -

د

د (ع امث) عربی کا آٹھواں - فارسی کا دسواں اور اُردو کا گیارھواں حرف حساب جمل میں اس کے چار عدد فرض کیے گئے ہیں -

د - ا

دا (ع) بیماری -

داب (ہ امث) بوجھ - زور - دباؤ - مطبع والوں کی اصطلاح میں کاغذ کا ایک دفعہ چھپنا - پیچ - گھماؤ - ایک دفعہ کل سے نکالنا -

داءالاسد (ع) جذام کی بیماری -

داب چوک (ہ امث) داب کی غلطی - جب چھاپتے وقت کسی کاغذ کا کوئی حصّہ پتھر پر ٹھیک نہ بیٹھے اور خالی رہ جائے تو اُسے داب چوک بولتے ہیں -

داب (ع امذ) طرز - ڈھنگ - طریقہ - طور - عادت - خصلت - خُو - رُعب - دبدبہ - شان و شوکت -

دابِ صحبت (ع امذ) علم مجلس - شائستگی - تہذیب - حقِ دوستی -

دابا دینا (ہ) بخار میں پسینہ آنے کی غرض سے بیمار کو لحاف اُڑھانا - سردی کے موقع پر گرم کپڑا اڑھانا - جڑ پھوٹنے کے لیے بیل کو دبانا -

داب بیٹھنا (ہ) مال مار لینا - کسی کا حق نہ دینا - ملک یا جائداد کا غصب کر لینا - چڑھ بیٹھنا - سواری کرنا - دبوچ لینا -

داب دینا (ہ) گاڑنا - دفنانا - دفن کرنا - چھپا دینا - مخفی کر دینا -

داب رکھنا (ہ) پکڑ لینا - دبوچ رکھنا - روپیہ مار لینا - کسی چیز کو روک رکھنا -

دابِ سلطنت (ع ف امذ) طریقِ سلطنت - آدابِ حکومت -

داب لینا (ہ) دبوچنا - بھینچ لینا - قابض ہونا - مغلوب کرنا - عاجز کرنا - مار لینا - غصب کرنا - جائداد کو بے ایمانی سے اینٹھ لینا -

دابنا (ہ) ہاتھوں کے زور سے کسی چیز کو نیچے بٹھانا - دبانا - چپی کرنا - مٹھیاں بھرنا - بھینچنا - دبوچنا - گاڑنا - دفن کرنا -

داتا پُن کرے کنجوس جھُر جھُر مرے (ہ کہاوت) سخی خیرات کرتا ہے بخیل حسد سے مرا جاتا ہے -

داتا داتا مر گئے رہ گئے مکھی چوس (ہ مثل) فیاض لوگ مر گئے - بخیل رہ گئے -

داتا دان دے بھنڈاری کا پیٹ پھوٹے
داتا دان کرے بھنڈاری کا پیٹ پھوٹے } (ہ مثل) سخی سخاوت کرتا ہے - بخیل حسد سے مرا جاتا ہے -

داتا کی ناؤ پہاڑ چڑھے (ہ مثل) سخی کبھی نامراد نہیں رہتا - اس کی سب مشکلیں آسان ہو جاتی ہیں -

داخل (ع امذ) داخل - اندر آنے والا - شامل - اندر پہنچا ہوا - گھُسا ہوا - اندر - برابر - مقابل -

داخل خارج ہونا (ہ) محکمہ مال میں ایک شخص کا ملکیت سے خارج اور دوسرے کا نام اس کی جگہ دفتر میں لکھا جانا - پہلے کی جگہ دوسرا مالک قرار دیا جانا -

داخلِ دفتر کرنا (ہ) (قانون) داخل کرنا - مسل میں شامل کرنا - نتھی کرنا - رفع دفع کرنا - کسی بات کو دبا دینا - کارروائی کے بغیر کسی مقدمہ کے کاغذات کو دفتر کے حوالے کر دینا -

داخل کرنا (ہ مثل) گھُسیڑنا - اندر کرنا - شامل کرنا - ملانا - سمجھنا -

سپرد کرنا ۔ نام لکھوانا ۔ درج کرانا ۔ بھرتی کرنا ۔ ذکر رکھنا ۔ سرکاری خزانے میں روپیہ جمع کرنا ۔ درآمد کرنا ۔ پہنچانا ۔

داخلہ (ع ۔ امذ) باریابی ۔ کسی دربار یا مقام یا مرتبے یا درجے میں شامل ہونا ۔ سپردگی ۔ حوالگی ۔ خزانے میں زر مالگزاری داخل کرنے کا حکم نامہ ۔ داخل کرنے کی فیس ۔ اُجرت ۔ سپُردگی ۔

داخلی (ع ۔ امث) کسی پاک جگہ یا مقبرہ وغیرہ میں داخل ہونے کا دن ۔ باریابی ۔ شامل شدہ ۔ اندرونی ۔ اندر کی ۔ مخفی ۔

داخلیت (ع ۔ امث) فلسفہ میں وہ نظریہ کہ علم محض داخلی چیز ہے اور حقیقت کا کوئی ظاہری معیار نہیں ہے ۔ موضوعیت ۔ باطنیت ۔

داد (ہ ۔ امذ) پھنسیوں کا چھتہ جو خون کی خرابی سے جسم پر نکل آتا ہے اس میں خارش بہت ہوتی ہے ۔ گنج ۔ گنج کی بیماری ۔

داد (ف ۔ امث) تحسین و آفرین ۔ شاباش ۔ عدل ۔ انصاف ۔ نیاؤ ۔ فریاد ۔ نالش ۔ دہائی ۔ جیسے پاگل کے مارے کی نہ داد نہ فریاد ۔ سزا ۔ پاداش ۔ بدلہ ۔ عوض ۔ معاوضہ ۔

داد پانا (ل) انصاف کو پہنچنا ۔ تعریف کا مستحق ہونا ۔

داد چاہنا (ل) انصاف چاہنا ۔ نیاؤ چاہنا ۔ تحسین چاہنا ۔ تعریف چاہنا ۔

داد خواہ (ف ۔ امذ) فریادی ۔ نالشی ۔ مستغیث ۔ مُدّعی ۔ دعویدار ۔

داد خواہی (ف ۔ امث) نالش ۔ فریاد ۔ استغاثہ ۔ دعویٰ ۔

داد و دہش (ف ۔ امث) دُنیا ۔ خیرات ۔ جُود و سخا ۔ فیاضی ۔ سخاوت ۔ دان پُن ۔

داد دینا (ل) انصاف کرنا ۔ نیاؤ کرنا ۔ تحسین و آفرین کرنا ۔

دادرس (ف ۔ صف) فریاد سننے والا ۔ انصاف کرنے والا ۔

دادرسی (ف ۔ امث) انصاف ۔ نیاؤ ۔ حق رسی ۔ فریاد رسی ۔

دادِ شجاعت دینا (ل ۔ محاورہ) بہادری دکھانا ۔ جنگ میں دلیری سے لڑنا ۔

داد و ستد (ف ۔ امث) لین دین ۔ معاملہ ۔ باہمی حساب و کتاب ۔

داد فریاد (ف ۔ امث) دہائی تہائی ۔ واویلا ۔ نالش ۔ استغاثہ ۔

داد کو پہنچنا (ل) انصاف پانا ۔ دوسرے کا انصاف کرنا ۔ فریاد سُننا ۔ اپنے ہُنر و کمال کی تعریف سُن کر خوش ہونا ۔ محنت کا صلہ پانا ۔ واہ واہ ہونا ۔

دادگاہ (ف ۔ امث) کچہری ۔ عدالت ۔ انصاف کی جگہ ۔

داد نہ فریاد (ل ۔ محاورہ) ظُلم ۔ اندھیر ۔ عدم توجہی ۔ پُوچھ نہ ہونا ۔ پوچھ نہ پریتیت ۔

دادا (ہ ۔ امذ) باپ کا باپ ۔ جدّ ۔ پتامہ ۔ بنگالی بڑے بھائی کو کہتے ہیں ۔ جاٹ اور گوجر ، برہمن اور حجام کو ۔ دکنوار بڑی عمر والے بوڑھے کو ۔ بڑے میاں ۔ بڑے صاحب ۔

دادا پردادا کے بیاہ کی باتیں کرنا (ل ۔ محاورہ) پُرانے زمانے کے حالات کا ذکر کرنا ۔

دادس (ہ ۔ امث) دویا ساس ۔ ساس کی ساس ۔ دولہن ۔

دادسرا (ہ ۔ امذ) سُسر کا باپ ۔ دویا خسر ۔ دادس کا خاوند ۔

دادنی (ف ۔ امث) دینے کے قابل ۔ باقی قرض ۔ پیشگی ۔

دادی (ہ ۔ امث) جدہ ۔ باپ کی ماں ۔ والد کی والدہ ۔

دادر (ہ ۔ امذ) مینڈک ۔ غوک ۔

دار (ف ۔ امث) سولی ۔ وہ نوک دار لکڑی جس سے مجرم کی جان لیتے ہیں ۔ پھانسی ۔

دار پر چڑھانا (ل) پھانسی دینا ۔ سُولی پہ چڑھانا ۔

دار (ع ۔ امذ) گھر ۔ خانہ ۔ محلّہ ۔ سرائے ۔ مقام ۔

دارالامارت (ع ۔ امذ) پایہ تخت ۔ راجدھانی ۔ صدر مقام ۔ بادشاہ یا حاکم اعلیٰ کے رہنے کا مقام ۔

دارالامن (ع ۔ امذ) امن کا گھر ۔ وہ ملک جہاں امن و چین ہو ۔

دارالبقا ۔ یا ۔ دارُالآخرت (ع ۔ امذ) قائم رہنے والا جہان ۔ دُوسرا جہان ۔ جہاں موت نہیں ۔ آخرت کا گھر ۔ عالمِ آخرت ۔

دارالحرب (ع ۔ امذ) لڑائی کا مقام ۔ ایسا ملک جہاں لڑائی جائز ہو ۔ اسلام میں یہ اس وقت جائز ہے جب اس کے مذہبی احکام میں مداخلت ہو ۔

دارالحکومت ۔ دارالخلافہ ۔ دارالسلطنت ۔ دارالملک (ع ۔ امذ) راجدھانی ۔ پایۂ تخت ۔

دارالشفا (ع ۔ امذ) شفا خانہ ۔ ہسپتال ۔ ہوسپٹل ۔

دارالضرب (ع ۔ امذ) ٹکسال ۔ سکے وغیرہ بننے کا مقام ۔

دارالمکافات ۔ یا ۔ دارِ مکافات (ع ۔ امذ) مقام سزا و جزا ۔ بدلہ ملنے کا گھر ۔ دُنیا ۔

دارا (ف) ایران کے ایک مشہور بادشاہ کا نام جسے داراب بھی کہتے ہیں یہ سکندر سے لڑتا ہوا مارا گیا تھا ۔ (لُغت میں) رکھنے والا ۔ حاکم ۔

دارائی (ف ۔ امث) حکومت ۔ محافظت ۔ نگہبانی ۔ ایک ریشمی کپڑا ۔

دارچینی (ف) ایک درخت اور اس کی چھال ۔ تج ۔

دارو (ف ۔ امث ۔ امذ) دوا ۔ اوکھد ۔ شراب ۔ مے ۔ بارود ۔

داروئے بیہوشی (ف) وہ دوا جسے سونگھا کر بے ہوش کر دیتے ہیں ۔ کلوروفارم ۔

دارو درماں ۔ یا ۔ دارو درمن (ف ۔ امذ) علاج معالجہ ۔

داروغہ (ف ۔ امذ) نگران ۔ محافظ ۔ منصرم ۔ مہتمم ۔ کوتوال ۔ انسپکٹر پولیس ۔ تھانے دار ۔ کسی جماعت کا سردار ۔ سپاہیوں کا افسر ۔

داروغہ آبکاری (ل ۔ امذ) نشے والی اشیا کی نگرانی کرنے والا ۔

دارو غۂ پولیس (ا/مذ) کوتوال۔ وہ افسر پولیس جس کے سپرد شہر کا انتظام اور کوتوالی کا کام ہو۔
داروغۂ توپ خانہ (ف/مذ) میر آتش۔ توپ خانے کا افسر۔
داروغۂ جیل خانہ (ا/مذ) قید خانہ کا افسر۔ جیلر۔ افسر مجلس۔
داروغۂ دیوان خانہ (ف/مذ) میر بار۔ وہ شخص جو امیروں کے پاس دیوان خانے جانے کی اجازت دے۔
داروغۂ صفائی (ف/مذ) شہر کی صفائی کا نگران صفائی کا افسر۔
داروغائی (ا/مث) نگرانی۔ نگہبانی۔ محافظت۔ انتظام حکومت۔ افسری۔
دارومدار (ف/مذ) واشتن۔ انحصار۔ ٹھہراؤ۔ اقرار۔ موقوف۔ فیصلہ۔ تصفیہ۔
داری (ہ/مث) باندی۔ لونڈی جسے لڑائی میں جیت کر لائے ہوں۔ حرم۔
داسس (ہ/مذ) خدمتی۔ خادم۔ نوکر۔ غلام۔ چیلا۔
داستان (ف/مث) کہانی۔ شکایت۔ قصہ۔ روایت۔ نقل۔ سرگزشت۔ لمبا قصہ۔
داستان چھیڑنا (ا/محاورہ) لمبا قصہ شروع کرنا۔
داستان سُنانا (ا/محاورہ) قصہ سُنانا۔ کہانی سُنانا۔
داستان گو (ف/مذ) قصہ خوان۔ وہ شخص جس کا پیشہ امیروں کو قصے سنانے کا ہو۔
داستان میں ٹکڑا لگا دینا (ا/محاورہ) قصے میں قصہ جوڑ دینا۔
داستانہ۔ یا۔ دستانہ (ف) دستانہ۔ ہاتھ کی پوشش جو عموماً سردیوں میں پہنتے ہیں۔ وہ چمڑا جسے میر شکار اپنے ہاتھ پر باز وغیرہ شکاری پرند بٹھانے کو پہن لیتے ہیں۔ تاکہ پنجے اور خار ہاتھ میں نہ چبھیں۔
داش (ف) چونا پکانے کی بھٹی۔ اینٹوں کا پژاوہ۔ کمہار کا آوا۔
داشتہ (ف) رکھی ہوئی چیز۔ بچا کر رکھی چیز۔
داشتہ آید بکار اگرچہ باشد سر مار (ف/مثل) رکھی چیز کام آ ہی جاتی ہے خواہ سانپ کا سر ہی کیوں نہ ہو۔
داعیہ (ع/مث) دعویدار عورت۔ دعویٰ کرنے والی۔ نالش۔ دعویٰ۔ استغاثہ۔ درخواست۔ خواہش۔
داغ (ف/مذ) دھبہ۔ چتی۔ نشان۔ عیب۔ کلنک کا ٹیکا۔ زخم کا نشان۔ جلنے کا نشان۔ زخم۔ گھاؤ۔ رنج۔ صدمہ۔ کسی عزیز کے مرنے کا غم۔ رشک۔ حسد۔ فصیح الملک نواب میرزا خاں شاگرد ذوق اور استاد نظام حیدر آباد کا تخلص جن کی تاریخ وفات داغ نواب میرزا آہ ہے۔
داغ اُٹھانا (ا) صدمہ اور رنج اُٹھانا۔
داغ بیل (ا/مث) بیلچہ سے لگایا ہوا۔ سڑک یا روش یا مکان کی دیوار کی بنیاد کا نشان۔
داغ پر داغ (ا) صدمہ پر صدمہ۔ بہت سے صدمے۔
داغ پڑنا (ا/محاورہ) دھبہ پڑنا۔ نشان پڑنا۔

داغ تازہ کرنا (ا/محاورہ) پُرانا صدمہ یاد کرنا۔ رنج کرنا۔
داغِ جگر (ف/مذ) زخم جگر۔ دل کا داغ۔ جگر کا گھاؤ۔
داغِ جنون (ف/مذ) جنون۔ پاگل پن۔
داغ چڑھانا (ا/محاورہ) داغ لگانا۔ بگھار لگانا۔
داغ دار (ف/مذ) دھبہ والا۔ کہیں کہیں سے گلا ہوا پھل۔ معیوب۔ عیب دار۔
داغ دینا (ا) رنج دینا۔ صدمہ پہنچانا۔ جلانا۔ لو لگانا۔ داغنا۔ کسی چیز کو گرم کر کے اس کا نشان ڈالنا۔ مُردے کو جلانا۔
داغ کرنا (ا) کڑکڑانا۔ بگھارنا۔ جلانا۔ گل دینا۔
داغ کھانا (ا) گل کھانا۔ رنج اُٹھانا۔ دُکھ سہنا۔ حسد کرنا۔ حسد سے جلنا۔
داغ لگانا (ا) عیب لگانا۔ گل دینا۔ بدنام کرنا۔ کلنک لگانا۔
داغ لگنا (ا) جل جانا۔ عیب لگنا۔ بدنام ہونا۔ بدنامی آنا۔ کپڑے یا کاغذ وغیرہ پر تیل یا سیاہی وغیرہ کا نشان پڑ جانا۔
داغنا (ا) چرکا دینا۔ جلا کر گل کر دینا۔ گرم لوہے سے نشان ڈالنا۔ توپ یا بندوق چھوڑنا۔ توپ سر کرنا۔
داغی (ف/مذ) داغدار۔ جلایا ہوا۔ عیبی۔ عیب دار۔ معیوب۔ سزا یافتہ۔ قید بھگتا ہوا۔ شرمندہ۔ احسان مند۔ کنونڈا۔
داکھ (ہ/مث) کشمش۔ ایک قسم کا انگور۔
دال (ع/مث) دَلے ہوئے چنے۔ ماش۔ مونگ وغیرہ جو سالن کے طور پر پکائے جاتے ہیں۔ زخم کا انگور۔ کھرنڈ۔ انڈے کی زردی۔ آتشی شیشے کا وہ عکس جس سے آگ لگ اُٹھتی ہے وہ زردی جو پرندے کے بچے کی باچھوں میں ہوتی ہے۔
دال بندھنا (ا) زخم کا انگور بندھنا۔ آتشی شیشے کا عکس ہونا شعاعوں کا ایک نقطہ پر جمع ہونا۔
دال جُوتیوں میں بٹنا (ا) جھگڑا پڑنا۔ نااتفاقی ہونا۔ لڑائی ہونا۔
دال چپاتی (ہ/مث) دال بھیکا۔ بچوں کو ڈرانے کا فرضی نام۔
دال چپچپ ہونا (ا) دو پتنگوں کا باہم لپٹ کر زمین پر گرنا۔ گتھم گتھا ہونا۔ لپٹنا۔ لپنٹ ہونا۔
دال دلیا (ہ/مذ) غریبانہ روٹی۔ غریبانہ خوراک۔ غریبوں کا سا کھانا۔ ماحضر۔ اوسط درجے کی وجہ معاش۔
دال روٹی (ہ/مث) غریبانہ خوراک۔
دال روٹی سے خوش (ا) آسودہ حال۔ امیر آدمی۔ کھاتا پیتا۔
دال گلنا (ا) دال کا گداز ہونا۔ اُبل جانا۔ پک جانا۔ (مجازاً) باریاب ہونا۔ مراد کو پہنچنا۔ کامیاب ہونا۔ دخیل ہونا۔ دسترس ہونا۔
دال میں کچھ کالا۔ یا۔ کالا کالا ہونا (ا) کسی کی طرف سے کچھ شبہ گزرنا۔ بدگمان ہونا۔ بدظنی ہونا۔
دال موٹھ والا (ہ/مذ) بھُنی ہوئی دال بیچنے والا۔ کم حیثیت۔ ذلیل۔
دال نہ گلنا (ا) پیش نہ ہونا۔ باریابی نہ ہونا۔ کامیاب نہ ہونا۔ دخل نہ پانا۔

دالان (د/مذ) بڑا اور لمبا کمرہ جس میں سہ درہ لگاتے ہیں ۔ یا محراب دار دروازے بنائے جاتے ہیں ۔
دالان در دالان (د/مذ) دہرا دالان ۔ آگے پیچھے دو برابر کے کمرے ۔
دام (ہ/مذ) دمڑی ۔ چھدام ۔ کوڑی ۔ گنڈا ۔ چار کوڑیاں ۔ مول ۔ قیمت ۔ نرخ ۔ بھاؤ ۔ نقدی ۔ زرنقد ۔ دولت ۔
دام اُٹھنا (ہ) کسی چیز کا فروخت ہو جانا ۔ دام کھرے ہونا ۔ لاگت حاصل ہونا ۔
دام بھر پانا (ا) قیمت وصول ہو جانا ۔ حساب بے باق ہو جانا ۔ روپیہ وصول ہونا ۔
دام بھرنا (ا) قیمت دینی پڑنا ۔ تاوان دینا ۔ ڈنڈ بھرنا ۔
دام پٹ جانا (ا/محاورہ) قیمت طے ہونا ۔
دام چکانا (ا) نرخ کرنا ۔ مول کرنا ۔ قیمت مقرر کرنا ۔ قیمت طے کرنا ۔ مول دے دینا ۔ قیمت بالکل ادا کر دینا ۔
دام دام (ا) کوڑی کوڑی ۔ پیسہ پیسہ ۔ سب قیمت ۔ کُل قیمت ۔
دام دیجیے کام لیجیے (ا/مثل) جو روپیہ خرچ کرتا ہے اس کا کام ہو ہی جاتا ہے ۔
دام دینا (ا) قیمت دینا ۔ مول ادا کرنا ۔
دام دینے آ گئے (ا) تاوان بھرنا پڑا ۔ قیمت دینی پڑ گئی ۔
دام کرنا (ا) بیچنا ۔ فروخت کرنا ۔ کوڑے کرنا ۔
دام کھرے کرنا (ا) بیچ کر نقدی کر لینا ۔ قیمت وصول کر لینا ۔ لاگت وصول کرنا ۔
دام (ف/مذ) جال ۔ پھندا ۔ گھاس ۔ کھانے والے چوپائے ۔ جانور دو کی مینہ ۔ دواؤں کی تول میں مقررہ بات ۔ پختہ دام ۱۸ ماشہ اور خام ۱۲ ماشہ کا ہوتا ہے ۔ پیسے کا پچیسواں حصہ ۔ مکر ۔ فریب ۔ دھوکا ۔
دام میں لانا (ا) جال میں پھنسانا ۔ قابو میں لانا ۔ پھندے میں لانا ۔ بس میں کرنا ۔ مکر و فریب میں لانا ۔
داماد (ف/مذ) لغوی معنی نیا دولہا ۔ اصطلاح جنوائی ۔ خویش ۔ شوہرِ دختر ۔
دامادی (ف/صف/مث) داماد کا رشتہ ۔ داماد کا حق ۔ داماد کی حالت ۔
دامان (ف/مذ) دامن ۔ کوٹ وغیرہ کا وہ حصہ جو نیچے لٹکتا رہتا ہے ذیل ۔ آنچل ۔ کنارا ۔ لب ۔ حاشیہ ۔ تلیٹی ۔ پہاڑ کے نیچے کی زمین ۔
دامن (ف/مذ) دامان ۔ جہاز کا پال ۔
دامن پکڑنا (ا) مانگنا ۔ تقاضا کرنا ۔ روکنا ۔ مزاحم ہونا ۔ سر ہونا ۔ پناہ لینا حمایت میں آنا ۔ نگراں ہونا ۔ حفاظت کرنا ۔ نگہبانی کرنا ۔
دامن پھیلانا (ا) آنچل پھیلانا ۔ گود لینا ۔ دعا مانگنا ۔ خدا سے التجا کرنا ۔ بھیک مانگنا ۔ گداگری کرنا ۔
دامن تلے چھپانا ۔ یا ۔ ڈھانکنا ۔ یا ۔ ڈھکنا (ہ) پناہ میں لینا حمایت میں لینا ۔ عیب پوشی کرنا ۔ پرورش کرنا ۔ پالنا ۔ حفاظت میں لینا ۔ بیٹی دینا ۔ بیٹی کا بیاہ کر دینا ۔
دامن جھاڑ کر اُٹھنا ۔ یا ۔ کھڑا ہونا (ا) کسی محاسبہ یا تلاشی سے نجات پانا ۔ پاک اور آزاد ہو کر کھڑا ہونا ۔ دنیوی تعلقات سے چھوٹنا ۔
دامن جھٹکنا (ا) دامن چھڑانا ۔ انکار کرنا ۔ نامنظور کرنا ۔ ہٹ جانا ۔ سرک جانا ۔ الگ ہو جانا ۔ علیحدہ ہو جانا ۔ پیچھا چھڑانا ۔
دامن چھڑانا (ا) نجات پانا ۔ خلاصی پانا ۔ پیچھا چھڑانا ۔ بھاگنا ۔ رفوچکر ہونا ۔
دامنِ کوہ (ف/مذ) پہاڑ کی تلیٹی ۔ پہاڑ کے بالکل متصل کا وسیع میدان ۔
دامنگیر (ف/مذ) سر ہونے والا ۔ دامن پکڑنے والا ۔ مدعی ۔ دعویدار ۔ دادخواہ ۔ مزاحم ۔ معترض ۔
دامنگیر ہونا (ا) سر ہونا ۔ پیچھا کرنا ۔ دعوے دار ہونا ۔ مدعی بننا ۔ مزاحم ہونا ۔ تنگ کرنا ۔ ستانا ۔ عاجز کرنا ۔ تکلیف دینا ۔ دکھ دینا ۔
دامنی (ف/مث) زین پوش ۔ گھوڑے کے پٹھوں پر ڈالنے کی چوڑی چادر ۔ جو دامن کو پسینہ سے بچانے کے لیے ڈالتے ہیں ۔ ایک پاٹ کی چوڑی چادر جو عورت کے جنازے پر ڈالتے ہیں ۔ اوڑھنی ۔ سر پر پہننے کے ایک زیور کا بھی نام ہے ۔
دامنی (ہ/مث) بجلی ۔ برق ۔ صاعقہ (مذ) شاعر ۔ کبیشر ۔
داموں کا رُوٹھا باتوں سے نہیں مانتا (ہ/مثل) روپے کا کام خالی باتوں سے نہیں چلتا ۔
دان (ہ/مذ) خیرات ۔ صدقہ ۔ بھیک ۔ جہیز ۔ عطا ۔ بخشش ۔
دان پن (ہ/مث) صدقہ ۔ خیرات ۔ لنگر ۔ سدابرت ۔
دانچہ (ف) مسوُر ۔ عدس ۔
دان و تناری (ہ/مث) سخاوت ۔ کرم ۔ فیاضی ۔ دریادلی ۔
دان دہیز (ہ/مذ) (دان جہیز کا بگاڑ ۔) وہ اشیاء جو لڑکی کو جہیز میں دی جائیں ۔
دان (ف) جگہ ۔ مکان ۔ مقام ۔ خانہ کے معنی دیتا ہے ۔ جیسے شمعدان ۔
دانا (ف) جاننے والا ۔ عالم ۔ حکیم ۔ دانندہ ۔ عاقل ۔ زیرک ۔ گیانی ۔ بُدھ وان ۔ ہوشیار ۔ چتر ۔ سیانا ۔ عمر رسیدہ ۔ بُڈھا ۔
دانا بینا (ف) ہوشیار ۔ تجربہ کار ۔ عقلمند ۔ فہمیدہ آدمی ۔
دانا جلد بازی نہیں کرتے (ا/مقولہ) عقلمند آدمی کسی کام میں جلدی نہیں کرتے ۔
دانا } (ہ/مذ) جن ۔ بھوت پریت ۔ دیو ۔ عفریت ۔ بسیار خوار ۔
دانو } پیٹو ۔ نہ رجنے والا ۔
دانائی (ف/مث) ہوشیاری ۔ عقلمندی ۔ چترائی ۔ زیرکی ۔ شعور ۔
دانت (ہ/مذ) دندان ۔ سِن ۔ چبانے یا کاٹنے کا استخوانی عضو ۔ میل ۔ خواہش ۔ رغبت ۔ میلانِ طبع ۔ قصد ۔ ارادہ ۔ دندانہ ۔ دانتا ۔
دانت اُکھاڑنا ۔ یا ۔ اُکھیڑنا (ہ) دانتوں کو مسوڑھوں میں سے نکال لینا ۔ دانت توڑنا ۔ دانتوں کی سزا دینا ۔ عاجز کرنا ۔

دانت بجانا (ہ) دانتوں سے آواز نکالنا۔
دانت بجنا (ہ) سردی کی شدت سے دانتوں کا باہم ٹکرا کر آواز دینا۔
دانت براق ہونا (ار/محاورہ) دانت سفید ہونا۔
دانت بنانا (ہ) مصنوعی دانت لگانا۔ ہڈی یا سیپ کے دانت گھڑنا۔
دانت بھینچنا (ہ) دانت دبانا۔ دانت پیسنا۔
دانت بیٹھنا۔ یا۔ بیٹھ جانا (ہ) غشی یا مرگی میں دانتوں کا جکڑا جانا۔
دانت بستہ ہو جانا۔ بے ہوش ہو جانا۔ اوسان خطا ہونا۔
جیسے ان کی دلاوری سے دشمن کے دانت بیٹھ گئے۔
دانت پر رکھنا (ا) چکھنا۔ ذائقہ معلوم کرنا۔ زبان پر رکھنا۔
دانت پر نہ رکھا جانا (ہ) ترشی یا نمک کی زیادتی کے باعث طبیعت کو ناگوار گزرنا۔ بدذائقہ ہونا۔ بدمزا ہونا۔ سخت بے لطف چیز۔

دانت پیسنا
دانت کیکیانا
دانت کچکچانا
(ا) دانت چبانا۔ نہایت غصے میں ہونا۔ جھلانا۔ کسی کو غصہ دکھلانا۔ ذلیل کرنے کی نیت رکھنا۔

دانت تلے انگلی دبانا (ہ) متاسف ہونا۔ افسوس کرنا۔ تاسف کرنا۔ تعجب کرنا۔

دانت توڑنا
دانت جھاڑنا
(ہ) دانت نکالنا۔ دانت اکھاڑنا۔ عاجز کرنا۔ کام کا نہ رکھنا۔

دانت ٹوٹنا
دانت جھڑنا
(ہ) دانتوں کا گر جانا۔ شکستہ ہو جانا۔ دودھ کے دانت گر جانا۔ بڑھاپے سے دانت جھڑ جانا۔ پوپلا ہونا۔ عاجز ہونا۔ مات ہونا۔

دانت دکھانا (ہ) ڈرانا۔ مشکل پیش کرنا۔ دقت میں ڈالنا۔ عظمت ظاہر کرنا۔
دانت دیکھنا (ہ) حیوانات کی عمر شناخت کرنا۔ عمر جانچنا۔
دانت رکھنا (ہ) تاک میں رہنا۔ گھات میں رہنا۔ ارادہ رکھنا۔ قصد رکھنا۔ بدلہ لینے کو تیار رہنا۔ عوض و انتقام کا ارادہ رکھنا۔
دانت سنسلانا (ہ) دانتوں کا چسکنا۔ دانت دکھنا۔ دانتوں کا درد کرنا۔
دانت سے دانت بجنا (ہ) سردی سے جسم میں کپکپی کے باعث دانتوں کا کھٹکھٹانا۔ سخت سردی لگنا۔
دانت سے دانت کاٹنا (ار/محاورہ) کوئی بات کہہ کر پچھتانا۔
دانت سے زبان کٹنا (ار/مص) بعض وقت کوئی چیز کھاتے چباتے وقت ایسا ہو جاتا ہے۔
دانت کاٹی روٹی (ہ) نہایت محبت کرنا۔ ایک جان دو قالب ہونا۔
دانت کا درد (ار/مذ) تکلیف جو خراب دانتوں کی وجہ سے ہوتی ہے۔
دانت کرکرے ہونا (ہ) کرکراہٹ کے سبب دانتوں کا کام نہ کرنا۔ عاجز ہونا۔ زک اٹھانا۔ شکست کھانا۔

دانت کھٹے کرنا (ا) دانتوں کو کند کر دینا۔ کام کے نہ رکھنا۔ جی چھڑانا۔ بھگا دینا۔ مات کرنا۔
دانت کھٹے ہو جانا (ہ) دانت کند ہو جانا۔ ترشی کے باعث دانتوں کا کام نہ کرنا۔
دانت لگانا (ہ) دانت کا زخم پہنچانا۔ کاٹنا۔ میلان کرنا۔ رغبت کرنا۔ کسی چیز کی خواہش کرنا۔ دانت چھونا۔ دانت سے چھونا۔
دانت لگنا (ہ) زخم پہنچنا۔ جبڑا بند ہو جانا۔
دانت مارنا (ہ) کاٹنا۔ فرط کی بھرنا۔ کسی چیز کو قابو میں لانا۔

دانت نکالنا
دانت نکوسنا
(ہ) دانت اکھاڑنا۔ پھوٹ سے نکل آنا۔ بچے کا دانت نمایاں ہونا۔ دانت ابھارنا۔ خوف یا دہشت سے منہ پھاڑنا۔ عجز ظاہر کرنا۔ منت سماجت کرنا۔ بے ہودہ طور پر ہنسنا۔ بے موقع ہنسنا۔

دانت نہ لگانا (ہ) یونہی نگل جانا۔ ہڑپ کر جانا۔ نگل جانا۔ ثابت نگل جانا۔ کسی چیز کو ادنیٰ سمجھ کر حلق میں اتار جانا۔
دانت ہونا (ہ) ارادہ ہونا۔ رغبت ہونا۔ گھات ہونا۔ دل ہونا۔ عداوت ہونا۔ جان کا لاگو ہونا۔ دشمنی ہونا۔ ارادۂ قتل ہونا۔ ذلیل کرنے کا ارادہ ہونا۔
دانتا (ہ/مذ) دندانہ۔ خار۔ جھگڑا۔ ہر وقت کی لڑائی۔ ٹنٹا۔ قضیہ۔ مناقشہ۔
دانتا کلکل (ہ/مث) آئے دن کا جھگڑا۔ ہر وقت کا فساد۔ روزانہ ٹنٹا۔ ہر دم کا قضیہ۔ باہمی مناقشہ۔ دنگا فساد۔ بحثا بحثی۔ عیب جوئی۔
داتن۔ یا۔ داتن۔ یا۔ دتون (ہ/مث) مسواک۔ دانت صاف کرنے کی لکڑی۔
دانتو (بواؤ معروف) بڑے بڑے دانتوں والا۔ بڑ دنتا۔
دانتو (بواؤ مجہول/مث) بڑے بڑے دانتوں والی عورت۔ بڑ دنتی۔ وہ عورت جس کے دانت آگے نکلے ہوئے ہوں۔
دانتوں (ہ/مذ) دانت کی جمع۔
دانتوں انگلی کاٹنا (ہ) افسوس کرنا۔ تاسف کرنا۔ متحیر ہونا۔
دانتوں پر میل نہ ہونا (ار/محاورہ) سخت مفلس ہونا۔ بھوکوں مرنا۔
دانتوں پر ہونا (ہ) بچے کے دانت نکلنے کو ہونا۔ دانت نکلنے کے قریب ہونا۔
دانتوں پسینہ آنا (ہ) کسی مشکل کام کے کرنے سے تھک جانا۔ عاجز آنا۔
دانتوں چڑھانا (ار/محاورہ) کوسنے کا موقع دینا۔
دانتوں چڑھنا (ہ) نظر لگنا۔ ہونس میں آ جانا۔ ٹوک میں آ جانا۔
دانتوں زمین پکڑنا (ا) مضبوط پکڑنا۔ بڑی تنگی اور افلاس سے گزارنا۔ مصیبت کے دن بمشکل کاٹنا۔
دانتوں سے اٹھانا (ہ) بڑی قدر اور تعظیم کے ساتھ اٹھانا۔ دانتوں سے چننا۔

دانتوں سے ہونٹ چبانا (ا/ محاورہ) افسوس یا غصّے میں ہونا۔ حیرت کی وجہ سے بھی ایسا ہوتا ہے۔
دانتوں کی زردی (ا/ امث) دانتوں کا میل۔
دانتوں میں اُنگلی دبانا (ہ) متحیر و حیران ہونا۔ کمال افسوس و تاسف کرنا۔ منع کرنا۔ روکنا۔ باز رکھنا۔
دانتوں میں تنکا لینا۔ یا۔ پکڑنا
دانتوں میں تنکا دابنا } (ہ) نہایت عجز ظاہر کرنا۔ جان کی امان چاہنا۔ یہ ظاہر کرنا کہ ہم تمہارے سامنے گئو ہیں۔
دانتوں میں زبان یا جیب ہونا (ا) دشمنوں میں گھرا رہنا۔ دشمنوں کے نرغے یا ہجوم میں رہ کر سلامت رہنا۔
دانتی (ہ/ امث) دانتوں کا چوکا۔ تیسی۔ درانتی۔ گھاس کاٹنے کا آلہ۔ ہنسیا۔
دانتی لگنا (ہ) دانت بھنچ جانا۔ جبڑا بند ہونا۔ درانتی سے زخم پڑ جانا۔
دانِست (ف/ امث) دانش۔ واقفیت۔ سمجھ بوجھ۔ ادراک۔ فہم۔
دانِستہ (ف) جان بوجھ کر۔ سمجھ بوجھ کر۔
دانِش (ف/ امث) علم۔ سمجھ۔ عقل۔ ادراک۔ فہم۔ ذہن۔
دانشمند (ف) عالم جاننے والا۔ عقل مند۔ سمجھ دار۔ بدھوان۔
دانشمندی (ف/ امث) دانائی۔ عقل۔ سمجھ۔ فہم و فراست۔
دانگ (ف/ امث) چھ رتی کا وزن۔ مثقال یا درہم کا چوتھا حصہ۔ کسی چیز کا چھٹا حصہ۔ حصہ۔ ٹکڑا۔ طرف۔ سمت۔ جانب۔ اطراف۔
داؤ (ہ/ امذ) باری۔ وار۔ دفعہ۔ نوبت۔ چال۔ فریب۔ دھوکا۔
دانہ (ف/ امذ) اناج۔ غلّہ۔ ان۔ بیج۔ تخم۔ روا۔ اونا۔
دانہ اُگلنا (ا) پرندوں کا منہ سے دانہ نکالنا۔ کھایا ہوا دانہ لوٹے سے باہر نکالنا۔
دانہ بدلنا (ا) پرندوں کا باہم ایک دوسرے کو اپنے منہ کا دانہ کھلانا۔
دانہ بدلی (ا/ امث) کبوتروں کا باہم ایک دوسرے کو اپنے منہ کا دانہ کھلانا۔ نہایت محبت ظاہر کرنا۔
دانہ بندی (ا/ امث) کنکوت۔ کنکوتی۔ کھڑی کھیتی کو آنکنا۔ کچی پیمائش۔
دانہ بھرانا (ا) پرندوں کا اپنے بچوں کو چوگا دینا۔
دانہ پانی (ا) ان جل۔ آب و خورش۔ آب و ہوا۔ اقامت۔ بود و باش۔
دانہ دار (ف) روے دار۔ جیسے دانہ دار گھی۔
دانہ ڈنکا (ا/ امذ) ٹکڑا ٹیرا۔ ایک آدھ آنہ۔
دانہ دینا۔ یا۔ ڈالنا (ا) دانہ بکھیرنا۔ گھوڑے بیل یا کبوتروں وغیرہ کو دانہ کھلانا۔
دانہ ڈالنا (ا/ محاورہ) مرغیوں یا کبوتروں کو دانہ کھلانا۔ شرارت کرنا۔ کسی کو پھنسانا۔
دانہ زد (ا/ امذ) دانہ دانہ پر بخل کرنا۔ نہایت بخیل۔ کنجوس۔ مکھی چوس۔
دانہ زمین پر گرتے ہی بھن جانا۔ (ا/ محاورہ) سخت گرمی ہونا۔
دانۂ زنجیر (ف/ امذ) زنجیر کا حلقہ۔ زنجیر کی کڑی۔

داؤ (ا/ امذ) شطرنج یا جوئے وغیرہ کی چال (یہ لفظ بواؤ مجہول ہے)
داؤ (ہ/ امذ) کرشن جی مہاراج کے بڑے بھائی کا نام۔ تاؤ۔ بڑا بھائی۔
دادا (ہ/ امذ) دایہ کا شوہر۔ تگّا انا کا خاوند۔ انگہ۔
داؤد (ع/ امذ) صحیح املا اس کا داؤد ہے۔ عبرانی لفظ داؤد بمعنی محبوب و عزیز یعنی محبوب الٰہی۔ ایک مشہور و معروف پیغمبر کا نام جو بادشاہ اور نبی اللہ دونوں تھے۔ کتاب زبور آپ پر ہی اُتری۔ آپ کا معجزہ تھا کہ لوہا آپ کے ہاتھ میں موم ہو جاتا تھا جس طرح چاہتے بنا لیتے تھے۔ زرہ بنانا آپ ہی کی ایجاد ہے آپ کی آواز نہایت شریں تھی حضرت سلیمانؑ آپ ہی کے فرزند رشید تھے۔
داؤدی (ا/ امذ) ایک زرد رنگ کے پھول کا نام۔
داؤدی یا داؤد خانی (ا) منسوب بہ داؤد خاں۔ سفید گیہوں۔ گندم سفید۔
داؤں۔ یا۔ داؤ (ہ/ امذ) دار۔ باری۔ نوبت۔ گھات۔ موقع۔ قابو۔ بس۔ بازی۔ چال۔ مکر۔ فریب۔ کشتی کا پیچ۔ پاسہ۔ قرعہ۔ ہنسیا۔ یعنی ایک قوسی شکل کا چھرا۔ جو پہاڑی گورکھیوں یا عربوں کے پاس ہوتا ہے۔
داؤں آنا
داؤں پڑنا } (ہ) حسب مراد پاسہ پڑنا۔ وار آنا۔ باری آنا۔
داؤ پر چڑھانا (ہ) کشتی کرتے وقت حریف کو پیچ پر چڑھانا۔ داؤ بھر لینا۔ قابو میں لانا۔ بس میں کر لینا۔
داؤں پر رکھنا (ہ) بازی پر لگانا۔ شرط پر رکھنا۔ کشتی کرتے وقت پیچ پر دھرنا۔
داؤں تاکنا۔ یا۔ لگانا (ہ) تاک لگانا۔ گھات لگانا۔ موقع دیکھنا۔ گھات میں بیٹھنا۔
داؤں دینا۔ یا۔ کرنا (ہ) فریب دینا۔ جل دینا۔ ٹھگنا۔ پیچ کرنا۔ چھل کرنا۔ گھات لگانا۔
داؤں کھیلنا (ہ) دھوکا دینا۔ فریب کرنا۔ چال بازی کرنا۔
داؤں میں آنا (ہ) فریب سے قابو میں آجانا۔ بس میں آجانا۔
داؤنا (ہ) دائیں چلانا۔ گاہنا۔
داہنا (ہ/ امذ) دایاں۔ راست۔ یمین۔
داہنے ہاتھ کھایا حرام ہے (ا) (عورتیں) ایک سخت قسم ہے یعنی اگر یہ کام نہ کرو تو جو کچھ تم دائیں ہاتھ سے کھاؤ وہ تم پر حرام ہے۔
دائی (ا/ امث) دایہ۔ جنائی۔ قابلہ۔ بچہ جنانے کا کام کرنے والی عورت۔ انّا۔ پلائی۔ دودھ پلانے والی خادمہ۔ ملازمہ۔ آنکھ مچولی کے کھیل میں چور کی آنکھیں بند کرنے والا لڑکا۔ دینے والا۔ کرنے والا۔ جیسے سکھ دائی۔
دائی پلائی (ا/ امث) انّا۔ دودھ پلانے والی عورت۔ دایہ۔
دائی جانے اپنی ہائی (ا/ مثل) ہر شخص اپنا سا حال جانتا ہے۔ دائی کو جننے والی کی تکلیف کی کیا خبر۔
دائی جنائی (ا/ امث) قابلہ۔ دایہ۔ بچہ جنانے والی۔

دائی چنبیلی کے گھر مرزا موگرا (دا) (شل) اُس شخص کی نسبت طنزاً بولتے ہیں - جو کمینے گھر پیدا ہو کر عالی خاندان ہونے کی شیخی بگھارے -
دائی سے پیٹ چھپانا (د) واقفِ راز سے کسی بات کا پردہ کر کے جھوٹا ہو جانا -
دائی سے پیٹ نہیں چھپتا } (دا) (شل) محرم راز سے کوئی راز
دائی کے آگے پیٹ نہیں چھپتا } پوشیدہ نہیں رہ سکتا - تجربہ کار ہر ایک پوشیدہ بات کو تاڑ لیتا ہے -
دائی کے سر پھول پان (دا) (شل) نیکی بدی سب دائی کے سر - ہر بلا بیچارے غریب و بے زبان کے سر -
دائی کھلائی (دا) (امث) بچوں کو کھلانے والی خادمہ -
دائی گیری (د) (امث) (دایہ گیری کا بگاڑ ہے) جنائی کا کام کرنے والی -
دایاں (ہ) (امذ) داہنا - داہنی طرف - یمین - راست -
دایاں بولنا - یا - دائیں بولنا (ہ) تیتر کا دائیں ہاتھ کی طرف بولنا - جو چوری کو جاتے ہوئے چوروں کے لیے فالِ نیک خیال کیا جاتا ہے -
دائر (ع) (امذ) پھرنے والا - دورہ کرنے والا - قانون زیر تجویز - درپیش -
دائر کرنا (د) چلانا - درپیش کرنا - سلسلہ شروع کرنا -
دائرہ (ع) (امذ) چکر - کنڈل - حلقہ - منڈلی - مجلس - وہ شکل مسطح جو مرکز دار محیط سے گھری ہو - خانقاہ - ڈیرہ - ڈفلی - جنگ - دونوں کی گولائی -
دائرہ کش (ع) (ف) آلہ (پرکار) -
دایک (س) (امذ) دینے والا - دائی جیسے سکھ دایک -
دائم (ع) (امذ) ہمیشہ - سدا - مدامی - مدام - جنم بھر -
دائم الحبس (ع) (امذ) جنم قید - عمر قید -
دائم الخمر (ع) ہمیشہ شراب پینے والا - شرابی - نشہ باز - مخمور -
دائم الصوم (ع) (صف) ہمیشہ روزہ رکھنے والا -
دائم المرض (ع) جنم کا روگی -
دائمی (ع) مدامی - سدا کا - ہمیشہ کا - دوامی - جنم کا -
دائن (ع) (امذ) قرض خواہ - لین دار - قرض دینے والا -
دائیں (ہ) (امث) توپ یا بندوق کے متواتر چھٹنے کی آواز - دنا دن - دھنا دھن -
دائیں (ہ) (امث) کئی بیلوں کو غلہ گاہنے کے واسطے ایک ساتھ جوتنا - بیلوں کی جوٹ - ہمسر - ہم عمر - برابر - مساوی -
دائیں وار - یا - دائیں کا (ہ) برابر کا - ہم رتبہ -
دائیں (ہ) داہنی طرف - جانبِ راست - سیدھے ہاتھ کی طرف -
دائیں بائیں (د) اِدھر اُدھر چپ و راست - آگے پیچھے -
دائیں بائیں دیکھنا (ہ) اِدھر اُدھر دیکھنا - ہوشیار ہونا - چوکنا ہونا - خبردار ہونا -

دائیں بائیں کرنا (ہ) اِدھر اُدھر کر دینا - چھپا دینا - غائب کرنا -
دایہ (ف) (امث) بچے کو پرورش کرنے والی (انا - پلائی کھلائی - خادمہ - ماما -
دایہ گری (ف) (امث) دایہ کا پیشہ - کارِ دایہ -

د - ب

دَبّ (ع) ریچھ -
دَب (ع) لواطت - اغلام -
دَبا (ہ) (امذ) داؤں - گھات - کمین - ڈبکی - غوطہ - ایکھ - موتیا - چنبیلی وغیرہ کی شاخوں کو دوسری جگہ دبا دینا - اس جگہ کو بیج سمیت دَبا بولتے ہیں - پنجابی داب -
دَبا مارنا (ہ) گھات لگانا - ڈبکی مارنا - چھپ رہنا - دشمن یا شکار کی گھات میں بیٹھنا -
دبا بیٹھنا - یا - لینا (ہ) قبضہ کر لینا - غصب کر لینا - دبوچ لینا -
دبا دینا (ا) (محاورہ) گاڑ دینا - دفن کر دینا -
دبا کر (ہ) زور سے - زبردستی سے - بجز - جم کر - حکومت سے - جبر سے -
دبّاغ (ع) (امذ) مبالغہ - کھٹیک - چمڑا رنگنے والا - چمڑا پکانے والا -
دباغت (ع) (امث) چمڑا پکانے کا کام - چرم سازی -
دبانا (ہ) گاڑنا - دفن کرنا - زبردستی قبضہ کرنا - پرایا حق مارنا - عاجز کرنا - تنگ کرنا - بھگانا - شکست دینا - تعاقب کرنا - بیج بونا - بیج کو زمین کے اندر رکھنا - بھینچنا - دبوچنا - چپی کرنا - مٹھیاں بھرنا - زور ڈالنا - دباؤ ڈالنا - نقصان دینا - بھرنا - ٹھونسنا - چھپانا - مخفی کرنا -
دباؤ (ہ) (امث) بوجھ - زور - غلبہ - بھار - آلار کے خلاف - خوف - دہشت - ڈر - اندیشہ - حکم - محکم - زور - احتیاط - لحاظ - خیال - زبردستی - ظلم - تعدی - بوجھل - بھاری -
دباؤ ڈالنا (د) زور ڈالنا - بوجھ ڈالنا - عاجز کرنا -
دباؤ کھانا (ا) (محاورہ) رعب ماننا -
دباؤ ماننا (د) طور ماننا - حکم ماننا - لحاظ ماننا -
دبدبہ (ع) (امذ) لغوی معنی ڈھول یا طباپ کی آواز - اصطلاحی ٹیپ ٹاپ - شان و شوکت - رعب و داب - کرّ و فر - شان و شکوہ -
دُبدھا میں دونوں گئے مایا ملی نہ رام (د) (شل) شک ہی شک میں دونوں طرف سے رہ گئے نہ دنیا کے ہوئے نہ دین کے -
دُبُر (ہ) (امث) پشت - پیچھا (مجازاً) مقعد - سُرین -
دُبڑو گھُسڑو (ہ) ڈرپوک - بودا - کم ہمت - ڈرا کل - بزدلا -

دبکانا (ہ) چھپانا - لگانا - کپڑے میں چھپانا - ڈرانا - دھمکانا -
دبکنا (ہ) چھپنا - پوشیدہ ہونا - روپوش ہونا - ڈبکی مارنا - ڈرنا - خوف کھانا - خوف کرنا - منہ پھیر لینا - سونے چاندی کے تاروں کو کوٹ کر چوڑا کرنا -
دبک بیٹھنا - یا - دبک جانا (ہ) مخفی یا روپوش ہو جانا - ڈبکی لگا جانا - چھپ جانا - غائب ہونا -
دُبکی (ہ/مث) کسی جانور کا زمین میں چھپ جانا - زیر پوشی - گھات - کمین - داؤں -
دبکی لگانا (ہ) چھپ جانا - گھات لگانا - گھات میں بیٹھنا -
دُبکیا (ہ/مذ) سونے چاندی کے تار پیٹنے والا - تار چپٹا کرنے والا - بادلہ بنانے والا -
دُبلا (ہ) ماڑا - پتلا - لاغر - کمزور - نحیف - فربہ کی ضد -
دُبلا - یا - دُبلاپن (ہ/مذ) ماڑاپن - لاغری - کمزوری -
دُبلا پتلا (ہ) ہلکے بدن کا - ہلکا پھلکا - چھریرا -
دُبلی (ہ/مث) ماڑی - پتلی - لاغر - کمزور - نحیف البدن -
دبنا (ہ) بوجھ کے نیچے آنا - دفن ہونا - گڑنا - مغلوب ہونا - شکست کھانا - سکڑنا - سمٹنا - ہٹنا - بچنا - راستہ دینا - تنخواہ رُکنا - چھپنا - پوشیدہ ہونا - لحاظ کرنا - خیال کرنا - عجز و انکسار کرنا - بچنا - پسنا - شرمانا - کنیانا - نیچے آنا - اندر آنا - رفع دفع ہونا - دُور ہونا -
دبنگ (ا) موٹا تازہ - فربہ - مسٹنڈا - ہٹا کٹا - زبردست - سخت دل - بے رحم -
دبنگا (ا) دبنگ - مسٹنڈا - فربہ - طاقتور - زبردست -
دبنگی (ا) مسٹنڈی - ہٹی کٹی - زور آور عورت -
دبو (ا/صف) دبنے والا -
دبوچنا (ہ) پکڑ لینا - جھپٹنا - دبانا - قابو میں لانا - بس میں کر لینا -
دَبُور (ع/مث) پچھوا ہوا -
دبوس (ف/مذ) گرز آہنی -
دبوسنا (ہ/مص) نشہ آور چیز پینا - شراب پینا - مدہوش ہونا -
دُبہ (ف/مذ) کپا -
دبھاسیا (ہ) ترجمان - مترجم - ایک زبان سے دُوسری زبان میں ترجمہ کرنے والا -
دبی بلی چوہوں سے کان کٹواتی ہے (ہ/مثل) زبردست کو مجبور ہو کر کمزور کا حکم ماننا پڑتا ہے - زور آور مغلوب ہو کر کمزور کا تابع ہو جاتا ہے -
دبے پاؤں (ہ) آہستہ آہستہ - آہٹ کے بغیر - چپکے چپکے سے - چوری سے -
دبیر (ف/مذ) منشی - کاتب - مضمون نگار - انشا پرداز -
دبیز (ف) موٹا - گاڑھا - گندہ - دل دار -
دبی زبان سے کہنا (ا) آہستہ سے کچھ کہنا - بے توجہی سے بات کرنا - شرماشرمی کچھ اقرار کرنا - آہستگی سے کچھ یونہی اقرار کرنا -

دبیل (ہ) مغلوب - ماتحت - دبنے والا - زیر فرمان - زیر حکم - کمزور - بودا - کنونڈا - عیب دار - عیبی - عیبوں کے باعث دبنے والا - اپنے عیبوں کی شرم سے کنیانے والا -

د - ت

دُت (ہ) کتے کو ہنکانے کی آواز - بہت دُور دُور ہو - الگ ہٹ -
دت تیری کی (ہ) ہت تیری کی -
دُتکار (ا/مث) لعنت - ملامت - جھڑکی - دھتکار -
دُتکارنا (ہ) دھتکارنا - جھڑکنا - لعنت ملامت کرنا - کتے یا نالائق آدمی کو نکالنا -
دثور (ع) مرد گمنام -

د - ج

دجال (ع/مذ) جھوٹا - کاذب - مکار - فریبی - کذاب - ایک بہت بڑے یہودی کا لقب - جو آخر زمانے میں پیدا ہوگا - سونا - طلا - زر - جوہر دار تلوار -
دجلہ (ع) ندی کا نام جو بغداد میں بہتی ہے (مجازاً) ہر ندی کو دجلہ کہہ سکتے ہیں -

د - چ

دچھنا (ہ/مث) دکشنا - ہدیہ - تحفہ - سوغات - نذر - بھینٹ - شکرانہ - محنتانہ - انعام - مزا - اُجرت -

د - خ

دُخان (ع/مذ) دُھواں - دُود - بخار - بھاپ -
دُخانی (ع) وہ چیزیں جو دھوئیں یا بھاپ کے زور سے چلتی ہیں - دُودی -
دُخت (ف/مث) دُختر کا مخفف - لڑکی - بیٹی - دھی -
دُختر (ف/مث) لڑکی - دھی - بیٹی -
دُختر خانہ (ف/مث) بن بیاہی بیٹی -
دُختر ربیبہ (فع/مث) سوتیلی لڑکی - گیلڑ لڑکی -
دُختر رز (ف/مث) انگوری شراب - شراب - دخت رز بھی کہتے ہیں -
دُختری (ف/مث) دوشیزگی - کنوارپن - بکارت -

دخل (ع/مذ) پیداوار - آمدنی - اندر آنا - داخلہ - درآمد ہونا - رسائی - قبضہ - پہنچ - ممکن - امکان جیسے کیا دخل جو یہ کام ہو جائے - دست اندازی - مزاحمت - مہارت - واقفیت - شد بود -

دخل انداز (ع ف/صف) دخل دینے والا - مداخلت کرنے والا -

دخل بیجا (ع ف/مذ) (قانون) کسی کے مکان میں بلا اجازت چلا جانا - ناجائز مداخلت -

دخل پانا (ق) راہ پانا - پہنچ ہونا - رسائی ہونا - باریاب ہونا - زمین پر قبضہ پانا - قابض ہونا - گذر ہونا - آمد و رفت ہونا -

دخل دار (ع ف/مذ) حصہ دار - شریک - جس کی کسی تک رسائی ہو -

دخل در معقولات (ع ف/مذ) کسی بات میں خواہ مخواہ دخل دینا - بزرگوں کی بات میں بولنا - بیچ میں بولنا -

دخل دہانی (ف/مث) قبضہ دلانا - قابض کرانا -

دخل دینا (ق) بیچ میں بولنا - روک دینا - بیچ میں پڑنا - سدِّ راہ ہونا -

دخل کرنا (ق) قبضہ کرنا - قابض ہونا - قابو میں کرنا - تصرف کر لینا - دبا لینا -

دخل یابی (ع ف/مث) پہنچ - رسائی - قبضہ - تصرف -

دخول (ع/مذ) دخل گذر - رسائی - گھسڑنا - داخل ہونا - گھسنا - خروج کی ضد -

دخول کرنا (ق) داخل کرنا - اندر کرنا - گھسیڑنا - پرونا - چبھونا -

دخول ہونا (ق) داخل ہونا - اندر جانا - گھسڑنا - گھسنا -

دخیل (ع) باریاب - کسی کے کاروبار میں دخل دینے والا - قابض - متصرف -

دخیل کار (ع ف/صف) سربراہ کار - کاروبار میں دخل دینے والا - قابض -

د - د

دد (ف/مذ) درندہ - پھاڑنے والا - جانور - گوشت خوار جانور - جیسے شیر و گرگ جانور -

ددا (ف/مث) بچوں کو کھلانے والی نوکر عورت - کھلائی - بچوں کو پالنے اور کھلانے والی باندی -

ددہ (ہ/مذ) دودھ - شیر - دہی (پورب)

ددھی (ہ/مث) ایک قسم کی بوٹی جس کے توڑنے سے دودھ نکلتا ہے - پورب میں لوگ اس کے دودھ سے عورتیں خال بناتی ہیں - ایک قسم کا بیست دار تھیسہ - چوچی - پستان - چھاتی -

ددھیل (ہ) بہت دودھ دینے والی -

ددھیل گائے کی دولاتیں بھی بھلی (ق/مثل) بہت سے فائدے کی موجودگی میں تھوڑی سی تکلیف کی کچھ پروا نہیں ہوا کرتی -

دوبا خسر (ف/مذ) دادسرا - بیوی یا خاوند کا دادا -

د - ر

دُر (ف) دور کا مخفف - دور ہو - دفع ہو - چلا جا - پرے ہٹ چل دے -

دُر دُر پھٹ پھٹ کرنا (ہ/مث) نفرت ظاہر کرنے کے لیے بولتے ہیں - لعنت ملامت کرنا - دھتکار - دھتکارنا - چھی چھی کرنا -

دُر دُر ہونا (ق) دھتکار پڑنا - نکالا جانا - نفرت ہو -

دُر (ع/مذ) موتی - مروارید - گوہر - جوہر - کان میں پہننے کا ایک خوبصورت زیور -

دُر افشاں (ف/صف) موتی بکھیرنے والا - خوش بیان -

دُر افشانی (ف/مث) خوش بیانی - شیریں کلامی - فصاحت - موتی بکھیرنے - گوہر افشانی -

دُر بار (ف/صف) موتی برسانے والا -

دُر بچہ (ق/مذ) ایک موتی والا - کان میں پہننے کا گوشوارہ - مرکی -

دُرِ خوشِ آب (ف/مذ) نہایت عمدہ چمک دار موتی - نہایت آب دار موتی - عمدہ اشعار -

دُر دانہ (ف/مذ) موتی کا ایک دانہ -

دُر ریز (ف/صف) موتی بکھیرنے والا - خوش بیان -

دُرِ شہوار (ف/مذ) بادشاہوں کے لائق موتی - بہت بڑا موتی -

دُرِ ناسفتہ (ف) ان بندھا موتی - بن سوراخ کا موتی - دوشیزہ لڑکی - کنواری - ان چھیڑ -

دُرِ یتیم (ع) دُرِ یکتا - وہ بڑا موتی جو سیپی کے اندر سے اکیلا ہی نکلے - نہایت قیمتی موتی -

دُرِ یکتا (ف) دیکھو دُرِ یتیم -

دُر (س) بڑا - خراب - نجس - منحوس - بد - مشکل - سخت - دشوار -

دُربچن (ہ/مذ) بُری بات - کھوٹی بات - بدلگام - منہ پھٹ - دریدہ دہن -

دُربل (ہ/مذ) کمزور - ناتوان - غریب -

دُرجن (ہ/مذ) شریر - دشمن - بدخواہ - بُرا آدمی - بد آدمی -

دُرگت (ہ/مث) بدحالی - بُرا احوال - پتلا حال - بُرا انجام -

دُرگت کرنا یا بنانا (ہ/فعل) بُرا حال کرنا - بُری گت کرنا - بُری گت بنانا -

دُرگند (ہ) بدبو - بوئے بد - تعفن - عفونت -

دُرلبھ (س) دُرلبھ کا مخفف - ناممکن الحصول - ناممکن -

دَر (ہ/مث) بھاؤ - نرخ - مول - قیمت - قدر - عزت - آبرو -

دَر (ف/مذ) دروازہ - دوارہ - چوکھٹ میں درمیان - اندر - بیچ - بھیتر - تحسینِ کلام کے لیے زائد بھی آ جاتا ہے -

دَرْبَدَر ۔ یا ۔ دَر بہ در (ف) دَر دَر ۔ ہر ایک کے گھر اور دروازے پر ۔ گھر بگھر بولنا غلط ہے ۔
دَرْبَدَر خاک بسر (ا) سرگشتہ ۔ آوارہ ۔ سرگرداں ۔
دَرْبَدَر مارا پھرنا } (ل) تباہ و برباد پھرنا ۔ سرگشتہ و حیران پھرنا ۔ خراب
دربدر مارا پھرنا } وخستہ پھرنا ۔ بحالِ تباہ ہونا ۔
دراڑ ۔ یا ۔ دَراڑ (ہ امث) شگاف ۔ تریڑ ۔ رخنہ ۔ درز ۔
دراز (ف) لمبا ۔ طویل ۔ الماری یا میز کا لمبا خانہ ۔
دراز دستی (ف امث) زبردستی ۔ جبر ۔ ظلم ۔ مارنے کی عادت ۔
دراز قد (فع) لمبے قد کا ۔ قدآور ۔ بانس ۔ بینڈا ۔ ڈانگ ڈول ۔
دراز گوش (ف) لمبے لمبے کانوں والا ۔ بڑ کنا ۔ (مذ) خرگوش ۔ گدھا ۔
دراز نفس (ف صف) ہوس پرست ۔ طوالت پسند ۔
دراز ہونا (ہ) لمبا ہونا ۔ لیٹنا ۔ پاؤں پھیلانا ۔ استراحت کرنا ۔
درازی (ف امث) طوالت ۔ لمبائی ۔
درآمد ہونا (ل) آجانا ۔ آپہنچنا ۔ داخل ہونا ۔ اندر آنا ۔
درآمد برآمد (ف امث) آمد و رفت ۔ آنا جانا ۔
درآنا (ل) پہنچنا ۔ داخل ہونا ۔ کسی چیز کا دوسری چیز کے اندر سمانا ۔ اٹنا ۔
دُرانا (ہ) پوشیدہ رکھنا ۔ چھپانا ۔
درانتی (ہ) ہنسیا ۔ گھاس یا کھیت کاٹنے کا قوس نما آلہ ۔
درانتی پڑنا (ہ) کھیتوں کی کٹائی شروع ہونا ۔ فصل کٹنے لگنا ۔
دراندا (ف امذ) دو شخصوں میں لڑائی کرا دینے والا ۔ لاوا لُترا ۔ غماز ۔ بدگو ۔ غیبت کرنے والا ۔
درااندازی (ف امث) چغلخوری ۔ غمازی ۔ بدگوئی ۔ لُترا پن ۔
دُرّانی (ف امذ) پٹھانوں کے فرقہ کا نام ۔ احمد شاہ دُرّانی کی قوم ۔ یہ کان میں موتی رکھتے ہیں ۔
دِرَب (س امث) روکڑ ۔ نقدی ۔
دَرباب (ف امذ) بابت ۔ دربارہ ۔ نسبت ۔ کارن ۔ باعث ۔ مقدمہ ۔ معاملہ ۔
دربار (ف امذ) بارگاہ ۔ آستانہ ۔ درگاہ ۔ بادشاہوں اور اُمرا کی مجلس ۔ شاہی عدالت ۔ اجلاس شاہی ۔ حضوری ۔ حاضری ۔ حاضرباشی ۔ خدمت ۔ امرتسر میں سکھوں کا ایک مشہور تیرتھ ۔
دربار باندھنا (ل) رشوت مقرر کرنا ۔ منہ بھرنا ۔ چٹاتے رہنا ۔
دربار خاص (فع امذ) خلوتی مجلس ۔ اجلاس خاص ۔ وہ دربار جس میں عام لوگوں کو آنے کی اجازت نہ ہو ۔
دربار دار (ف اصف) حاضرباش ۔ بادشاہ امرا کے ہاں ہر روز جانے والا ۔ خوشامدی ۔
درباری (ف امث) حاضرباشی ۔ بادشاہ یا اُمرا کے ہاں روزانہ آنا ۔
دربار عام (فع امذ) وہ دربار یا اجلاس جس میں عام لوگ جا سکیں ۔ عدالت عامہ ۔
دربار کرنا (ل) بادشاہوں یا اُمرا و شرفا سے سلام لینا ۔ کچہری کرنا ۔ عدالت کرنا ۔
دربار لگنا (ل) ملازموں وغیرہ کا حاضر دربار ہونا ۔ ہجوم ہونا ۔ بھیڑ لگنا ۔
دربار معاف کرنا (ا / محاورہ) دربار سے غیر حاضر ہونے کی اجازت دینا ۔
دربارہ (ف) دیکھو درباب ۔
درباری (ف امذ) سلام کرنے والے ۔ مصاحب ۔ ندیم ۔ دربار سے نسبت رکھنے والا ۔
درباری پوشاک (ف امث) لباس ۔ دربار ۔ شاہی مجلس میں جانے کا لباس ۔
دربان (ف امذ) محافظِ در ۔ ڈیوڑھی بان ۔ پہریدار ۔ چوکی دار ۔
دَربہرہ ۔ یا ۔ دُربہرہ (ہ امذ) جَو کی شراب ۔ بیئر شراب ۔
درپردہ (ف) غائبانہ ۔ پیٹھ پیچھے ۔ خفیہ ۔ پوشیدہ ۔ مخفی ۔ مبہم ۔
دَرپن (س امذ) شیشہ ۔ آئینہ ۔ آرسی ۔
درپے (ف) پیچھے ۔ پیروی ۔ تلاش میں ۔ لاگو ۔ خواہاں ۔
درپے آزار ہونا (ہ) ستانے کے لیے داؤ میں رہنا ۔ تکلیف یا ضرر پہنچانے کی فکر میں رہنا ۔
درپے ہونا (ل) پیچھا کرنا ۔ تعاقب کرنا ۔ لاگو ہونا ۔ سر ہونا ۔ سُراغ لگانے کی سر توڑ کوشش کرنا ۔
درپیش (ف) سامنے ۔ آگے ۔ رُوبرو ۔ پیشی میں ۔
درپیش کرنا (ل) سامنے کرنا ۔ آگے رکھنا ۔ پیش کرنا ۔
درپیش ہونا (ل) پیشی میں ہونا ۔ سامنے ہونا ۔ آگے ہونا ۔
درج کرنا (ل) لکھنا ۔ داخل کرنا ۔ کسی رجسٹر میں نام چڑھانا ۔ فہرست میں داخل کرنا ۔
دُرج (ع امذ امث) زیور رکھنے کا ڈبہ ۔ صندوقچہ ۔ ڈبیا ۔
دَرجن (انگریزی امذ) بارہ چیزوں کا مجموعہ ۔ ایک ہی جنس اور وضع کی بارہ چیزیں ۔
دُرجن (ا اصف) بڑا آدمی ۔ دُشمن ۔
درجنوں (ا اصف) بہت ۔ کثیر ۔
درجہ (ع امذ) لغت میں سیڑھی کا سب سے اوپر کا ڈنڈا ۔ اوپر کی سیڑھی ۔ (مجازاً) پایہ ۔ رُتبہ ۔ منزلت ۔ پایگاہ ۔ عہدہ ۔ منزل ۔ حصہ ۔ کھن ۔ کمرہ ۔ کوٹھڑی ۔ دائرے کا $\frac{1}{360}$ حصہ ۔ منط ۔ دقیقہ ۔ جماعت ۔ کلاس ۔ گت ۔ حالت ۔ بار ۔ دفعہ ۔ نوبت ۔ عزت ۔ توقیر ۔ وقر ۔ قدر ۔
دَرجہ بَدَرجہ (ع) سیڑھی بہ سیڑھی ۔ رفتہ رفتہ ۔ تدریجاً ۔ بتدریج ۔ ترتیب وار ۔ سلسلہ وار ۔ رُتبہ کے موافق ۔
درجہ برابر ہونا (ا / محاورہ) ایک جیسی قدر ہونا ۔
درجہ توڑنا (ل) عہدہ گھٹانا ۔ رُتبہ کم کرنا ۔ تنزل کرنا ۔
درجہ وار (عف) جماعت وار ۔ رتبہ کے موافق ۔ سلسلہ وار ۔
درحقیقت (فع) دراصل ۔ اصل میں ۔ حقیقت میں ۔ بے شک ۔ بے شبہ ۔
درخت (ف امذ) برچھ ۔ روکھ ۔ پیڑ ۔ شجر ۔ بروا ۔ ترور ۔
درخواست (ف امث) از خواستن بمعنی ۔ عرضداشت ۔ خواہش ۔

ارداس ۔ سوال ۔ گزارش ۔ آرزو ۔ تمنا ۔ التماس ۔
درخواست دینا (ل) عرضی دینا ۔ سوال دینا ۔ کسی چیز کی تمنا ظاہر کرنا ۔
دُرد (ف امث) تلچھٹ ۔ گاد ۔
دَرد (ف امذ) تکلیف ۔ پیڑ ۔ دُکھ ۔ ترس ۔ رحم ۔ دریغ ۔ افسوس ۔ ٹیس ۔ سوز و گداز ۔
دَرد اُٹھنا (ل) پیڑ ہونا ۔ چَبک مارنا ۔ ہوک اُٹھنا ۔
درد آمیز (ف) دردناک ۔ سوز و گداز سے پُر ۔ پُراثر ۔ رُلانے والا ۔
درد آنا (ل) ترس آنا ۔ دریغ ۔ افسوس ہونا ۔
درد انگیز (ف) درد پیدا کرنے والا ۔ دل پر اثر پیدا کرنے والا ۔ جانگداز ۔ رُلانے والا ۔
درد دل (ف امذ) دُکھڑا ۔ رنج و غم ۔ دلی صدمہ ۔ دُکھ ۔ تکلیف ۔
دردِ زِہ (ف امذ) جَننے کا درد ۔ بچہ پیدا ہوتے وقت کی تکلیف ۔
دردِ سر } (ف امذ) سر کا درد ۔ تکلیف ۔ عذاب ۔ دقت ۔
دردِ سری } مشکل ۔ محنت ۔
دردِ سر لینا ۔ یا ۔ دردسری لینا ۔ یا } (ل) پاپ خریدنا ۔ تکلیف مول
سردردی لینا ۔ یا ۔ دردِ سر مول لینا } لینا ۔ عذاب سر لینا ۔ اپنی جان کو خود مصیبت میں ڈالنا ۔
دردِ شریک (ا) غم خوار ۔ ہمدرد ۔ دُکھ کا ساتھی ۔ شریک رنج و غم ۔
دردِ شکم (ف امذ) پیٹ کا درد ۔
دردِ فرزندی (ف اصف) اولاد کی محبت ۔
درد کرنا (ل) پاس کرنا ۔ افسوس کرنا ۔ تکلیف دینا ۔ دُکھ دینا ۔ چسکنا ۔
درد کھانا } (ل) ترس کرنا ۔ رحم کھانا ۔ افسوس کرنا ۔
درد لگنا } غم کھانا ۔ دردِ زِہ ہونا ۔
دردمند (ف) دُکھیا ۔ دُکھیارا ۔ دُکھی ۔ مصیبت زدہ ۔ آفت زدہ ۔ ہمدرد ۔ غم خوار ۔ شریکِ غم ۔ رحمدل ۔ دیالو ۔
دردمندی (ف امث) ترس ۔ خوفِ خدا ۔ رحمدل ۔ غم خواری ۔
دردناک (ف اصف) درد بھرا ۔ رنجیدہ ۔
دردرا (ہ امذ) دانہ دار ۔ دلا ہوا ۔ جَوکوب ۔ نیم کوفتہ ۔ موٹا پیسا ہوا ۔
درز (ا امث) باریک جھری ۔ شگاف ۔
درزن (ا امث) درزی کی بیوی ۔ کپڑا سینے والی عورت ۔ خیاطنی ۔
درزی (ا امذ) کپڑا سینے والا ۔ خیاط ۔
دَرس (ع امذ) سبق ۔ لیسن ۔ پاٹھ ۔ وعظ ۔ پند ۔ مذہبی نصائح ۔
درس دینا (ل) سبق پڑھانا ۔ پڑھانا ۔ وعظ کرنا ۔
درس کہنا (ل) نصیحت کرنا ۔ وعظ سنانا ۔ کتھا کہنا ۔ کتھا باچنا ۔
دَرس (ہ امذ) درشن ۔ نظارہ ۔ دیدار ۔ زیارت ۔
دُرست (ف) ٹھیک ۔ بجا ۔ واقعی ۔ صحیح ۔ موزوں ۔ چست ۔ تندرست ۔ بھلا چنگا ۔
دُرست کرنا (ل) ٹھیک کرنا ۔ بل نکالنا ۔ سزا دینا ۔ سنوارنا ۔ تادیب کرنا ۔
دُرستی (ف امث) اصلاح ۔ مرمت ۔ ترمیم ۔ سزا ۔ گوشمالی ۔
دُرشت (ف) بے رحم ۔ سخت ۔ بدخلق ۔ کج خلق ۔ کرخت ۔
دُرشت مزاج (ف اصف) تند مزاج ۔
دُرشتی (ف امث) بے رحمی ۔ سختی ۔ بدخلقی ۔ کج خلقی ۔
دَرشٹ (س امث) نگاہ ۔ نظر ۔
درشٹانت (س امذ) نظیر ۔ ثانی ۔ نمونہ ۔ تمثیل ۔ مثال ۔
درفش کاویانی (ف امذ) کاوہ لوہار کا جھنڈا ۔ جس نے اپنے بیٹے کے قتل کا بدلہ ضحاک تازی سے لینے کے لیے اپنی دھونکنی کو جھنڈے کی طرح اُونچا کر کے لوگوں کو اس کے خلاف جمع کیا ۔ چڑھائی کی فتح پائی ۔ پھر فریدون کو بادشاہ بنایا وہ جھنڈا نہایت متبرک سمجھا گیا ۔
دَرشن (س امذ) نظارہ ۔ دیدار ۔ دید ۔ زیارت ۔ ملاقات ۔ حکمائے ہند کی چھ مشہور کتابوں میں سے ہر ایک کو درشن بولتے ہیں چھ درشن یہ ہیں ۔ جوگ شاستر ۔ نیائے شاستر ۔ سانکھ شاستر ۔ ویشیشک شاستر ۔ پورومیمانسا ۔ اُترمیمانسا ۔
دَرشن دینا (ہ) دیدار دکھانا ۔ ملاقات کرنا ۔ سامنے آنا ۔ صورت دکھانا ۔
درشن کرنا (ہ) زیارت کرنا ۔ ملنا ۔ ملاقات کرنا ۔ دیدار پانا ۔
درصورت (ف ع) دراں حالت ۔ اس صورت میں ۔ درحالت ۔
دِرعہ (ا) گز ۔ دو ہاتھ یا تین فٹ کا پیمانہ ۔ کپڑا ناپنے کا آلہ ۔ (عربی لفظ ذراع کا بگاڑ)
دَرک (ع امذ) معلومات ۔ واقفیت ۔ عقل ۔ سمجھ ۔ دریافت ۔ تمیز ۔ داخل ۔ مداخلت ۔
دَرک دینا (ل) فعل ۔ کسی بات کے بیچ میں بولنا یا پڑنا ۔ دخل دینا ۔ مزاحمت کرنا ۔
درک ہونا (ا ر محاورہ) مہارت ہونا ۔
درکار (ف) ضرورت ۔ حاجت ۔ خواہش ۔ مطلوب ۔
درکنار (ف) الگ ۔ علیحدہ ۔ جُدا ۔ سوا ۔ ایک طرف ۔
دُرگا (ہ امث) کالکا بھوانی ۔ کالی مائی ۔
دُرگت (ہ امث) پتلا حال ۔ بری قطع ۔
دَرگاہ (ف امث) دربار ۔ آستانہ ۔ کچہری ۔ عدالت ۔ بادشاہی دربار ۔ شاہی محل ۔ خانقاہ کسی بزرگ کا مزار ۔ مقبرہ ۔ مندر ۔ عبادت گاہ ۔
درگزر کرنا (ل) معاف کرنا ۔ ٹالنا ۔ چشم پوشی کرنا ۔ اغماض کرنا ۔ بھلانا ۔ چھوڑنا ۔
درگزر کرنا (ل) باز آنا ۔ چھوڑنا ۔ معاف کرنا ۔ عفو کرنا ۔
درگور (ل) دُعائے بد (عورتیں) قبر میں جائے ۔ مر سے مر جائے ۔ غارت ہو ۔ نوج ۔ خدا نہ کرے ۔
دِرم ۔ یا ۔ دِرہم (مذ) (پہلا عربی دوسرا فارسی) چونّی کے برابر

چاندی کا ایک سکہ ۳ ماشہ کا وزن - نقرہ میں ہتھیلی کے گہراؤ برابر چوڑا سکہ -

درماں (ف امذ) چارہ - علاج - دوا دارو -

درماندگی (ف امث) تھکان - عاجزی - لاچاری - مجبوری - مصیبت - آفت -

درماہہ (ف امذ) ماہوار - ماہانہ - تنخواہ - مشاہرہ -

درماندہ (ف) عاجز - مجبور - بے کس - بے بس - لاچار -

دُرمٹ (ہ امذ) کنکر کوٹنے کا آلہ -

دَرمَن (ف امذ) درماں کا مخفف ہے - علاج معالجہ - دوا دارو - دوا کے ساتھ مستعمل ہے -

درمیان (ف) بھیتر - بیں - اندر - مابین (مذ) بیچ - وسط -

درمیانی (ف) بیچ کا - متوسط - بچولیا - ثالث - اندرونی -

درندگی (ف امث) درندہ پن - وحشت - بربریت - ظلم -

درندہ (ف امذ) پھاڑنے والا - چیرنے والا - گوشت خوار -

درنگ (ف امث) دیر - وقفہ - ڈھیل - توقف - سستی - تساہل - تاخیر -

دروازہ (ف امذ) ڈیوڑھی - در - پٹ - پھاٹک - باب - داخل ہونے کی جگہ -

دروازہ بند کرنا }
دروازہ بھیڑنا } (ف) پٹ بھیڑنا - دروازے کے کواڑ بند کرنا - کنڈی لگانا - کنڈی دینا -

دروازے پر آئی برات سمدھن کو لگی ہگاس (ف امثل) وقت پر گھبرا جانے والے کے متعلق بولتے ہیں -

دروازے پر ہاتھی جھولنا (ف امحاورہ) اس قدر امیر ہو جانا کہ ہاتھی رکھ سکے -

دروازے کی مٹی لے ڈالنا (ف) دروازے پر بار بار آنا - بہت سے پھیرے کرنا -

دُرود (ف امث) رحمت و برکت - استغفار - دعا سلام - تسبیح - (اصطلاحاً) وہ تحفہ نعت اور دعا سلام وغیرہ جو پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم پر پڑھی جاتی ہے -

دروغ (ف امذ) جھوٹ - بہتان - کذب - افترا -

دروغ حلفی (ف امث) (قانون) جھوٹی قسم - قانون کے خلاف جھوٹ بولنا -

دروغ کو فروغ نہیں (ف امثل) جھوٹ کبھی پھلتا پھولتا نہیں جھوٹے کی قدر نہیں ہوتی -

دروغ گو (ف امذ) جھوٹا - کاذب -

دروغ گو را حافظہ نباشد (ف امثل) جھوٹ کے پاؤں کہاں - بناوٹی باتیں یاد نہیں رہا کرتیں -

دروغ گوئی (ف امث) جھوٹ بولنا - کذب -

دروغ مصلحت آمیز بہ از راستی فتنہ انگیز (ف امثل) خرابی روکنے والا جھوٹ فساد ڈالنے والے سچ سے بہتر ہوتا ہے -

دروغی (ف اصف) جھوٹا - کاذب -

درویش (ف امذ) (دراویز کا بگاڑ ہے) بھکاری - گداگر - فقیر - سائل - سالک - خدا رسیدہ - غریب - مسکین - کنگال -

درویشانہ (ف) فقیروں جیسی - فقیروں کی طرح -

درویش ہر کجا کہ شب آمد سرائے اوست (ف امثل) فقیر جہاں بھی پڑا رہے وہیں اس کا گھر ہے -

درویشی (ف امث) گدائی - فقیری - مفلسی - مسکینی -

دُرّہ (ع امذ) (اصل میں دِرّہ مشہور ہے) تازیانہ - چمڑے کا چابک - شرعی محتسب کا سزا دینے کا چمڑے کا تسمہ -

دَرّہ (ف امذ) دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ - گھاٹی -

دِرہم (ع امذ) دیکھو درم -

دَرہم (ف) تتر بتر - الٹ پلٹ - تہہ و بالا - زیر و زبر - گڑبڑ -

دَرہم برہم (ف) تہہ و بالا - الٹ پلٹ - خفا - ناراض -

دُری (ہ امث) گنجفہ یا تاش میں - دو نشان والا پتا - دُکی -

دَری (ہ امث) شطرنجی - ایک سوتی کپڑے کا موٹا فرش -

دَری (ف امث) فارسی زبان کی سات زبانوں میں سے ایک زبان کا نام جو خالص فارسی اور دہقانی شیریں لوگوں کی زبان ہے -

دریا (ف امذ) بحر - سمندر - ندی - بارہ مہینے بہنے والا - بہت ہی بڑا نالہ - رود - پانی کی وہ دھار جو پہاڑ یا جھیل سے نکل کر بہتی ہوئی سمندر میں جا گرے -

دریا اُتر نا (ف) دریا کا پانی کم ہونا - دریا گھٹنا - آنسوؤں کا تھم جانا - طوفانِ غم کا گھٹ جانا -

دریا بار (ف اصف) بہت برسنے والا - سخی - فیاض -

دریا برآمد (ف امث) وہ زمین جس کو دریا نے اپنا رُخ بدلنے کے باعث چھوڑ دیا ہو - دیارا -

دریا بُرد (ف امث) وہ زمین جو دریا کی طغیانی سے پانی میں ڈوب گئی ہو -

دریا پر جانا اور پیاسے آنا (ف امحاورہ) پرلے درجہ کی بدقسمتی اور بدنصیبی سے مراد ہے -

دریا چڑھنا (ف) دریا کا طغیانی پر آنا - دریا میں چڑھاؤ ہونا -

دریا دل (ف) سخی - فیاض - کریم - بڑے حوصلے کا آدمی - جواد - داں داتا - دانا -

دریا دلی (ف) سخاوت - فیاضی - جودت -

دریا دلی دکھانا (ف امحاورہ) بہت خرچ کرنا - بہت فیاضی کرنا -

دریا کو کوزے میں بند کرنا (ف) ناممکن کام کرنا - محال کام کو انجام دینا - طویل بیان کو چند لفظوں میں ادا کر دینا -

دریا میں رہنا مگرمچھ سے بیر (ف امثل) جہاں رہنا سہنا ہو - وہیں کے لوگوں سے بگاڑنا - افسر یا حاکم کے ساتھ بگاڑ رکھنا -

دریائے شور (ف امذ) سمندر - کالا پانی -

دریائی (ف) دریا کا - بحری - آبی - ایک قسم کا ریشمی کپڑا - پتنگ کو ہوا میں دور تک لے جا کر چھوڑنا -

دریائی آدمی (ف امذ) جل مانس - آدمی کی شکل کا بحری جانور - دریا میں رہنے والا آدمی -

دریائی گھوڑا (ف امذ) دریا میں رہنے والا گھوڑے کی شکل کا جانور -

دریائی ناریل (ف امذ) سمندری ناریل - ہیضہ میں کام آنے والی ایک دوا -

دریافت (ف/ مث) جانچ۔ پہچان۔ جستجو۔ ٹوہ۔ پوچھ گچھ۔
دریبہ (ہ/ مذ) پانوں کا بازار۔ پنواڑیوں کا محلہ۔
دریچہ (ف/ مذ) دَر کا اسم مصغر۔ چھوٹا دروازہ۔ کھڑکی۔ غُرفہ۔
دریدہ (ف) پھٹا ہوا۔
دریدہ دہن (ف) مُنہ پھٹ۔ زبان کا پھوہڑا۔ زبان دراز۔
دریدہ دہنی (ف/ مث) بدزبانی۔ زبان درازی۔
درُیس (ا/ مذ) ایک قسم کی باریک چھینٹ۔ نفیس۔ تیار۔ آراستہ پیراستہ۔ باترتیب۔ ہموار۔ مسطح۔ چوکس۔ ہوشیار۔ کیل کانٹے سے لیس۔
دریسی کرنا (ل) (لشکری) ہموار کرنا۔ برابر کرنا۔ ناہموار زمین کو یکساں کرنا۔
دریغ (ف/ مذ) افسوس۔ حسرت۔ غم۔ پشیمانی۔ پچھتاوا۔
دریغ آنا (ا/ محاورہ) افسوس کرنا۔
دریغ رکھنا } (ا) افسوس کرنا۔ کنجوسی کرنا۔
دریغ کرنا } بخل کرنا۔
دریغا (ف/ کلمۂ تاسف) ہائے افسوس
دریوزہ (ف/ مذ) بھیک۔ گداگری۔ گدائی۔
دریوزہ گری (ف/ مث) بھیک مانگنا۔ گدائی کرنا۔

د۔ڑ

ڈربا (ہ/ مذ) مرغیوں یا کبوتروں کا گھر۔ کابک۔ کابُک۔
ڈربے وڑبے کرنا (ہ) مُرغیوں کو خانہ خانہ کرکے ڈربے میں بند کرنا۔
وڑکنا (ہ) کھانا چٹ کرنا۔ نوش کرنا۔ اُڑا جانا۔ بہت بارش کے باعث بیج کا نہ اُگنا۔
وڑبھرہ (ہ/ مث) جَو کی شراب۔ بیئر شراب۔
وڑنگے لگانا (ہ) دوڑنا۔ بھاگنا۔ کُدکنا۔ کھُروتا۔ کُد کڑے لگانا۔
وڑیڑا (ہ/ مذ) زور کا مینہ۔ دریا کے بہاؤ کا زور۔ زور کی رَو۔ مینہ کا جھالا۔
وڑھیلا (ا/ مذ) آبشار۔ جھرنا۔

د۔ز

دُزد (ف/ مذ) چور۔ سارق۔
دُزدِحنا (ف/ مذ) مہندی کا چور۔ وہ سفیدی جو مہندی لگانے میں چھوٹ جاتی ہے۔
دُزدی (ف/ مث) چوری۔ سرقہ۔
دژ (ف) قلعہ۔ گڑھی۔
دژن (ف) ہر وہ شے جس کا مزہ تیز ہو۔

د۔س

دس (ہ) دہ۔ عشرہ۔ ۱۰۔
دس جنے کی لاٹھی اور ایک جنے کا بوجھ (ہ/ مثل) بہت سے آدمی مل کر ایک آدمی کی پرورش بخوبی کر سکتے ہیں۔ دس آدمی اگر لاٹھیاں اُٹھائیں تو ایک جنے کا بوجھ بن جاتا ہے۔
دس گز یا دس ہاتھ کی زبان (ہ/ مث) نہایت زبان دراز۔ بدزبان۔
دِسا۔ یا۔ دِشا (ہ/ مث) طرف۔ جانب۔ سمت۔ ٹٹی۔ پیخانہ۔ جنگل۔ فراغت۔ باہر۔
دِسا جانا (ہ) جنگل جانا۔ پیخانہ جانا۔ جھاڑے جانا۔ ٹٹی جانا۔
دَسا (ہ/ مث) کیفیت۔ حالت۔ (مذ) بنیوں کی ایک قوم کا نام۔
دُسّا۔ یا۔ دُستہ۔ یا۔ دُھسّا (ہ/ مذ) ایک اونی کپڑا۔ اونی چادر۔
دساتیر (ع/ مذ) دستور کی جمع۔ قاعدے۔ قانون۔ طریقے۔ رئیس۔ رؤسا۔ امیر۔ وزیر۔ گدّی نشین۔ ارکانِ دولت۔ رُخصت۔ اجازت۔
دُساسُول (ہ/ مذ) مردانِ غیب۔ رجال الغیب۔ یعنی وہ فرضی اور غائب وجود جو دنیا کے دائرے میں حرکت کرتا رہتا ہے۔ اور جدھر وہ واقع ہو اُدھر احکامِ نجوم کے موافق سفر کرنا سخت منحوس خیال کیا جاتا ہے۔
دِساور (ہ/ مذ) پردیس۔ غیر مُلک میں جانے والا مال۔ آب و ہوا۔ رُت۔ موسم۔ ملک۔ اِقلیم وہ نظام جہاں پر چیز بکثرت فروخت کے لیے جمع کریں۔
دِساور آنا (ہ) باہر سے سوداگری کا مال کسی شہر یا ملک میں داخل ہونا۔
دِساور چڑھنا (ہ) مالِ تجارت کا دُوسرے مُلک میں جانا۔ مال بھرنا۔ دساور کو مال بھیجنا۔
دساور کو بھرنا (ا/ محاورہ) مال باہر بھیجنا۔
دساوری (ہ) باہر جانے والا مال۔ باہر سے آنے والا مال۔ ایک قسم کا عمدہ پان۔ ایک طرح کا کبوتر۔
دِساوری مال (ا/ مذ) بھرتی کا مال۔ باہر جانے والا مال۔ باہر سے آنے والا مال۔
دست (ف/ مذ) ہاتھ۔ کر۔ پنجہ۔ ید۔ طاقت۔ قُدرت۔ غلبہ۔ قابو۔ فتح۔ باری۔ نوبت۔ دفعہ۔ (مذ) اجابت طبع لینی ردّی مادّہ کا بار بار دفع ہونا۔ اسہال۔ پتلا پیخانہ۔ شکاری پرندوں کی تعداد کا صیغہ لفظ جیسے یک دست جُرّہ۔ پوری چیز۔ تمام۔ بالکل۔
دست آزما (ف/ صف) ہاتھ کو آزمانے والا۔ تجربہ کار۔
دست آزمائی (ف/ مث) مشق۔ تجربہ۔
دست آموز (ف) ہاتھوں کا سدھایا ہوا۔ پالتو۔ گھریلو۔

دست آنا (جلاب لگنا۔ اسہال آنا۔ پیٹ چلنا۔ سوءِ ہضمی۔ سنگرہنی۔

دست آور (ف/صف) دست لانے والی دوا۔ مُسہل۔

دست انداز (ف) خلل ڈالنے والا۔ مخل۔ مزاحم۔

دست اندازی (ف/مث) دخل دینا۔ مداخلت۔ مزاحمت۔

دست آور (ف) دست لانے والی دوا۔ مُسہل۔ جلاب۔

دست آویز } (ف/مث) تمسک۔ وثیقہ۔ قبالہ۔
دستاویز } نوشتہ۔ عہدنامہ۔ اقرارنامہ۔

دست بازی (ف) پنجہ لڑانا۔ زورآزمائی کرنا۔ شطرنج کھیلنا۔

دست بدست } (ف) ہاتھوں ہاتھ۔ فوراً۔ بہت جلدی۔
دست بدستی } شتابی۔

دست بُرد کرنا (ا) غبن کرنا۔ مال مارنا۔ لُوٹنا۔ چُرانا۔ اُڑانا۔

دست بردار ہونا (ا) ہاتھ اُٹھانا۔ چھوڑ دینا۔

دست بستہ (ف) ہاتھ باندھ کر۔ ہاتھ جوڑ کر۔

دست بسر ہونا (ا/محاورہ) سر پہ ہاتھ رکھ کر سلام کرنا۔

دست بقچہ۔ یا۔ دست بغچہ (ف/ات/مذ) بقچی۔ چھوٹی گٹھڑی جو ہر دم ساتھ رہے۔

دست بندھک (ا/مث) امانت۔ گروی۔ گرو۔ رہن۔

دست بوس (ف/صف) ہاتھ چومنے والا۔

دست بوس ہونا } (ا) ہاتھ چومنا۔ ہاتھوں کو بوسہ دینا۔
دست بوسی کرنا } تسلیم بجالانا۔

دست بیع ہونا (ا) ہاتھوں بکنا۔ مرید ہونا۔ چیلا ہونا۔ کسی کے ہاتھ پر بیعت کرنا۔

دست پاک (ف/مذ) ہاتھ صاف کرنے کا کپڑا۔ تولیہ۔ انگوچھا۔

دست تہی (ف/مذ) خالی ہاتھ۔

دست جامہ (ف/مذ) مکمل خلعت۔

دست چالاک (ف) چور۔ چوری کے پیچھے والا۔ چُرانے والا۔

دست چالاکی (ا/مث) چوری۔ ہاتھ کی چالاکی۔ داؤں کی پھرتی۔

دست خط۔ یا۔ دستخط (ف/ع) اپنے ہاتھ کا لکھا۔ العبد۔ اپنے ہاتھ کا نشان۔

دست خطی۔ یا۔ دستخطی (ف/ع) دستخط کیے ہوئے ہاتھ کا لکھا ہوا۔

دست دراز (ف) ہاتھ چالاک۔ ہتھ چھٹ۔ مارنے کی عادت والا۔ چور۔ چالاک۔ عہدشکن۔

دست درازی (ف/مث) چوری۔ چالاکی۔ مار بیٹھنے کی عادت۔ مار پیٹ۔ زیادتی۔ لُوٹ مار۔ عہدشکنی۔

دسترس } (ف/مث) پہنچ۔ رسائی۔ قدرت۔ طاقت۔ قابو۔ قبضہ۔
دسترسی } امیری۔ مقدور۔ حیثیت۔

دستِ شفا (ف/ع) صحت بخشنے والا ہاتھ۔

دستِ قدرت (ف/ع) قُدرت کا ہاتھ۔ طاقت۔ شکتی۔ ستیا۔ سامرتھ۔ بس۔ قابو۔ غلبہ۔ مقدور۔

دستِ قلم۔ یا۔ دست و قلم (ف/ع) خواندہ۔ لکھا پڑھا۔ تعلیم یافتہ۔

دست کار۔ یا۔ دستکار (ف/مذ) ہاتھ کا کاریگر۔ ہُنرمند۔

دست کاری۔ یا۔ دستکاری (ف/مث) کاریگری۔ ہُنرمندی۔

دست گرداں دینا (ا) قرض دینا۔ مُستعار دینا۔

دست گرفتہ (ف) مدد کیا گیا۔ جس کی مدد کی گئی ہو۔

دست گیر۔ یا۔ دستگیر (ف/مذ) مددگار۔ معاون۔ فریادرس۔

دستگیری (ف/مث) مدد۔ معاونت۔ حمایت۔

دست لگنا (ا) اسہال جاری ہونا۔ لگاتار دست آنا۔

دستِ نگر (ف) ہاتھ تکنے والا۔ محتاج۔ مفلس۔ تنگدست۔

دست و گریباں ہونا (ا) گتھم گتھا ہونا۔ چمٹ جانا۔ لڑنا۔ لپٹ جانا۔

دُستا (ا/مذ) سنجاف۔ حاشیہ۔ لوہے کا گول اوزار جو کوٹنے کے کام آتا ہے۔ مُجست۔

دستار (ف/مث) پگڑی۔ چیرا۔ منڈاسا۔ عمامہ۔ سرپیچ۔

دستار بند (ف/مذ) چیرا بند۔ پگڑی باندھنے والا۔

دستار بندی (ف/مث) جانشینی کی رسم جس میں جانشین کے سر پر پگڑی باندھی جاتی ہے۔

دستارِ فضیلت (ف/ع/مث) افضل ہوجانے کی پگڑی۔ بزرگی کی پگڑی۔

دستارچہ (ف/مث) چھوٹی پگڑی۔ رومال۔ کمربند۔

دستانہ (ف/مذ) ہاتھ میں پہننے کا بنا ہوا کپڑا۔ ہاتھ کا موزہ۔ ہاتھ پر چڑھتی ہوئی موٹھ والی تلوار یا کرچ۔

دسترخوان (ا/مذ) کھانا کھانے کا کپڑا۔ میز کی چادر۔ کھانا کھانے کی چادر۔

دسترخوان بڑھانا (ا) دسترخوان سمیٹنا۔ دسترخوان اکٹھا کرنا۔ فال نیک کے باعث بولتے ہیں۔

دسترخوان کی بلّی } (ا/مث) وہ بلّی جو کھانے کے وقت آ موجود رہو۔
دسترخوان کی مکھی } کام چور آدمی۔ سیری چگ آدمی۔ خوشامدی۔ ہر وقت دسترخوان پر شریک ہوکر کھانے والا۔

دستک (ف/مث) تالی۔ ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ کواڑ پر ہاتھ مارنا۔ کنڈی کھڑکانا۔ دروازہ کھٹکھٹانا۔ بلانا۔ دھونس۔ ٹیکس۔ محصول۔ راہداری کا پروانہ۔

دستک دینا (ا) کنڈی کھڑکانا۔ پکارنا۔ تالی بجانا۔

دستک لگانا (ا) ٹیکس لگانا۔ کر لگانا۔ محصول لگانا۔

دستکی (ف/مث) میرشکاروں کا دستانہ۔ یادداشت کی چھوٹی سی کتاب۔ پاکٹ بک۔ شکرے بازوں کا دستانہ۔

دستگاہ (ف/مث) قدرت۔ مقدور۔ دسترس۔ طاقت۔ لیاقت۔ مال۔ اسباب۔

دستگی (ا/مث) وہ چمڑے کا تسمہ جو تلوار کے ساتھ لٹکا رہتا ہے۔ تلوار کا پیڑا۔

دستُور (ف/مذ) (دست اور وَر سے مُرکّب) ڈھنگ۔ رواج۔ طریقہ۔ طرز۔ آئین۔ قاعدہ۔ قانون۔ عادت۔ روش۔ رسم۔

وزیر - منتری - مدارالمہام -
دستور العمل (ع - امذ) قانون - قاعدہ - طریقہ - ہدایت نامہ -
دیوان اعلیٰ - منتری - مدارالمہام - وزیر -
دستور باندھنا / دستور جاری کرنا } (ل) قاعدہ مقرر کرنا - رواج دینا - قانون ٹھہرانا - عادت ڈالنا -
دستور ہونا (ا/ محاورہ) رواج ہونا -
دستوری (ف/ امث) کمیشن - دلالی - فیس - اجازت - رخصت - وزارت - منتری پن -
دستور کا نکال گیا (ا/ شل) سزا پائی - اپنی سزا کو پہنچ گیا -
دستہ (ف/ امذ) منسوب بہ دست - تلوار یا چھری کا قبضہ - موٹھ - بنڈا - آدمیوں کا گروہ - فوج کا حصّہ - گارد - قبا یا کوٹ وغیرہ پر لگانے کی گھنڈیاں - جیراسس - کاغذ کے چوبیس تختے - رِم کا بیسواں حصّہ - ڈنڈا - سونٹا - ٹھکا - پھولوں کا بنا ہوا گلدستہ -
دستیاب (ف) میسر ہونے والی چیز - مل جانے والی شے - ہاتھ لگ جانے والی شے - حاصل ہونے والی چیز -
دستیاب ہونا (ل) ملنا - ہاتھ لگنا - بہم پہنچنا - حاصل ہونا -
دسمال (ا/ امذ) (اصل میں دست مال) برتن صاف کرنے کی صافی - نہایت میلا کپڑا - برتن پر پھینکنے کا کپڑا -
دسمبر (انگریزی) انگریزی سال کا بارھواں مہینا -
دسوٹھن (ہ/ امذ/ مث) لڑکا پیدا ہونے کی خوشی کی دعوت - دعوتِ تولید پسر - بچہ پیدا ہونے کا دسویں دن کا نہان -
دِسنا (ہ) دکھائی دینا - نظر آنا - سوجھنا -
دسواں (ہ) دس سے منسوب - دسویں کی فاتحہ - دسواں حصّہ -
دسوں اُنگلیاں (ہ/ امث) ہر فن میں کامل -
دسوں اُنگلیاں دسوں چراغ (ا/ محاورہ) ہر انگلی علیحدہ ہنر کی روشنی سے چراغ کی طرح منور ہے - ہنرمند بیوی - سگھڑ بیوی - سلیقہ والی بیوی -
دسوں دِشا (ہ/ امث) جہاتِ عشرہ - یعنی شمال - جنوب - مشرق - مغرب - تحت - فوق - اور چاروں گوشے -
دسوں دوار (ہ/ امذ) جسم انسانی کے دس دروازے یعنی دونوں آنکھیں - دونوں کان - دونوں نتھنے - منہ - ناف - مقعد - پیشاب گاہ -
دسویں (ہ/ امث) دہم - دس تاریخ -
دسیسہ (ع/ امذ) سازش - فریب - مکاری -
دسیسہ کار (ع/ ف/ صف) سازش کرنے والا - فریبی - مکار -

د - ش

دِش (ف) خود کو سنوارنا -
دشا (س/ امث) (دیکھو دِسا)
دشت (ف/ امذ) جنگل - بیابان - صحرا - میدان - بادیہ - بیدا -
دشت پیما (ف/ صف) جنگلوں میں پھرنے والا - بادیہ گرد -
دشت نوردی (ف/ امث) جنگل اور بیابان میں پھرنا - صحرانوردی -
دُشٹ (س) بُرا - خراب - چنڈال - بدذات - شریر - بد - ظالم - پاپی - بدکار - بے رحم - کھوٹا - سخت دل -
دُشمن (ف/ امذ) (مرکب از دُش + من بمعنی بد و من بمعنی دل) بیری - بدخواہ - عدو - حریف - مخالف - رقیب -
دشمن جانی (ف/ امذ) سخت دشمن - جان کا لاگو - جان لیوا -
دشمن چہ کند چو مہربان باشد دوست (ف/ شل) اگر دوست مہربان ہو تو دشمن کی کوئی بات چل ہی نہیں سکتی -
دشمن زیر پا (ف) نئی جوتی پہنتے وقت یہ الفاظ بولے جاتے ہیں -
دشمن سوئے نہ سونے دے (ا/ محاورہ) دشمن سے ہر وقت تکلیف ہی پہنچتی ہے - نہ خود چین لیتا ہے نہ دوسرے کو لینے دیتا ہے -
دشمن کہاں؟ بغل میں (ا/ کہاوت) اپنا ہی دشمن ہوا کرتا ہے - دشمن پاس ہی کے آدمی ہوا کرتے ہیں -
دشمنوں کے - یا - دشمنوں کو (ا/ محاورہ) اس کے یا اس کو وغیرہ جب کسی عزیز کی بیماری وغیرہ کا ذکر کرتے ہیں تو عورتیں بیماری وغیرہ کو اس کے بجائے اُس کے دشمنوں کی طرف منسوب کرتی ہیں - جیسے اُس کے دشمنوں کو بخار آتا ہے -
دشمنی (ف/ امث) بیری ہونا - بیر - لاگ - عداوت - مخاصمت - مخالفت - بدخواہی - خصومت -
دشنام (ف/ امث) (مرکب از دُش بمعنی بد اور نام بمعنی اسم) گالی - گالی گلوچ -
دشوار (ف) (مرکب از دُش بمعنی بد اور وار کلمہ نسبت) مشکل - کٹھن - دوبھر -
دشوار پسند (ف/ صف) مشکل اور دقیق باتوں کو پسند کرنے والا -
دشوار خو (ف/ صف) بدخو - بدمزاج -
دشوار گزار (ف/ صف) جہاں سے گزرنا مشکل ہو -
دشواری (ف/ امث) دقت - سختی - ناگوار - بارِ خاطر -

د - ع

دَع (ع) (بصیغۂ امر - بمعنی چھوڑ) -
دُعا (ع/ امث) التماس - استدعا - درخواست - عرض و داس - منتر - وظیفہ - افسون - مناجات - طلب مغفرت - نیکی - بھلائی - اسیس - اشیرباد -
دعا اُلٹنا (ا/ محاورہ) دعا کا اثر مخالف ہونا -
دعا دینا (ا) کسی کے واسطے خدا تعالیٰ سے بھلائی مانگنا - اشیرباد

کہنا - اسیس دینا۔

دُعا کرنا } (ف) نیکی چاہنا - خدا سے التجا کرنا - مزاج پرسی کے وقت
دُعا مانگنا } جواب میں دُعائے خیر کا طالب ہونا۔

دُعا لگنا (ل) دُعا کا اثر ہو جانا - مراد بر آنا - اُمید بر آنا - اُمید پوری ہو جانا۔

دُعا لینا (ل) کسی کو خوش کر کے اس سے اسیس لینا - بھلائی لینا۔

دُعائے خیر (ع امث) نیک دُعا - اچھی دُعا - نیکی کی دُعا - بھلی دُعا۔ نکاح - فاتحہ - ایصالِ ثواب۔

دُعائیہ (ع) منسوب بہ دُعا۔

دعوت (ع امث) بلاوا - طلبی - ضیافت - کھانے کے لیے بُلانا۔

دِعوت (ع) نسب میں دعویٰ کرنا - کسی کو بیٹا بنانا۔

دعوتِ اسلام دینا - یا - کرنا (ف) اسلام لانے کی درخواست کرنا - گمراہی سے راہِ راست کی طرف بُلانا۔

دعوتِ جنگ (ع ف امث) الٹی میٹم - اشتہارِ جنگ - لڑائی کا بُلاوا۔

دعوتِ سمرقندی (ع ف امث) ظاہری صلاح - سمرقند والوں کی سی ضیافت۔

دعوتِ شیراز (ع ف امث) بے تکلفی کی دعوت - ماحضر طعام کی ضیافت۔

دعوتِ ولیمہ (ع امث) ضیافتِ شادی - نکاح کے بعد کی ضیافت۔

دعویٰ (ع امذ) خواہش - مانگ - مطالبہ - استغاثہ - نالش - استحقاق۔

دعویٰ باندھنا (ف) شرطیہ کسی کام کے کرنے کا دعویٰ کرنا۔

دعویٰ جمانا (ف) قبضہ جمانا - اپنی ملکیت ظاہر کرنا - دلیل قائم کرنا - مقدمہ جمانا۔

دعوے دار (ف امذ) مدّعی - نالش کرنے والا - فریادی - مستغیث - دشمن - رقیب۔

دعویٰ کرنا (ف) مطالبہ کرنا - نالش کرنا - حق طلب کرنا - درخواست کرنا۔

د - غ

دَغا (ف امث) فریب - دم - جُتا - جل - جھانسہ - مکر - دھوکا۔

دغاباز (ف امذ) مکّار - چھلیا - فریبی - ٹھگ - دھوکے باز۔

دغابازی (ف امث) دم بازی - مکّاری - بے ایمانی۔

دغا پیشہ (ف صف) دغاباز - مکّار - عیّار۔

دغا دینا - یا - کرنا (ف) دم دینا - دھوکا دینا۔

دغا کھانا (ا محاورہ) فریب میں آنا۔

دغائی (ا اسم مبالغہ) داغ لگانے کی اُجرت۔

دغدغا (ا امذ) قمقمہ - چھوٹی سی قندیل - کنول - دگر گا - روشن - چمکتا ہوا - چمک دار - دہکتا ہوا۔

دغدغانا (ف) چمکنا - دہکنا - روشن ہونا - سُرخ ہونا - لال ہونا۔

دغدغاہٹ (ا امث) چمک دمک - سُرخی - لالی۔

دغدغا (ع امث) ڈر - کھٹکا - خدشہ - دھکڑ - پکڑ۔

دغنا (ف) بندوق یا توپ کا چلنا - چھوٹنا - سر ہونا - گل دیا جانا - چھاپ لگنا - کسی چیز کو گرم لوہے سے چھاپ لگنا - جسم کا لگنا - دہکنا۔

دَغیلا (ف) داغدار - دھبے والا - چوٹ لگا ہوا پھل - عیب دار - کھونڈا۔

د - ف

دَف (ع امذ) ڈفلی - لکڑی کا ایک حلقہ جس کے منہ پر ایک کھال منڈھی ہوتی ہے۔

دف نواز (ف صف) ڈفلی بجانے والا۔

دَف (ع امذ) جوش - چڑھاؤ - تیزی - غصہ - زہر۔

دَف مرنا (ف) غصہ ڈھیلا ہونا - تیزی دور ہو جانا - جوش کم ہونا۔

دفاتر (ف امذ) دفتر کی جمع۔

دفاع (ع امذ) حفاظت - بچاؤ - روک۔

دفالی (ا امذ) پڑھائی - دف بجانے والا - دفالچی - ڈفالیہ۔

دفان (ا امذ) دُور - دفع - دفعان۔

دفان ہونا (ف) دُور ہونا - نکلنا - دفع ہونا - منہ کالا کرنا۔

دفتر (ف امذ) حساب وغیرہ کا مجموعہ - طویل کہانی - طومار - بڑا بھاری خط - طویل قصہ - محکمہ - آفس - سررشتہ۔

دفتین (ع) جلد بندی کا ایک آلہ جو کنگھی کی شکل ہوتا ہے۔

دفتری (ف امذ) دفتر - دفتر کے کاغذات سنگھے کرنے جلد بنانے اور گول کرنے والا۔

دفتی (ا امث) کتاب کا مقوّی پٹھا - کاغذ مڑنے کا پٹھا - دفتین کا مرقّم۔

دفع (ع امذ) دُور کرنا - نکالنا - ہٹانا۔

دفع الوقتی (ا امث) رفع ضرورت - وقت ٹالنا - وقت گزاری - ٹال مٹول - روک تھام۔

دفع کرنا (ف) زائل کرنا - نکالنا - دُور کرنا - کھدیڑنا۔

دفعۃً (ع) یکایک - اچانک - ناگاہ - ناگہاں - فوراً۔

دفعہ (ع امث) نوبت - باری - وار - سابد - قانون کا فقرہ - نمبر - قانون - زمرہ - درجہ - جماعت - لڑکوں کی ہم سبق جماعت۔

دفعہ دار (ف امذ) سپاہیوں کی جماعت کا افسر - چھوٹے سے دستے کا سردار۔

دفعیہ (ع امذ) دُور کرنے کی تدبیر - بُرائی روکنے کا وسیلہ - علاج۔

اپائے - تدبیر - مارگ -
دفن (ع ۔ امذ) زمین میں گاڑنا ۔ زمین میں دبانا ۔ چھپانا ۔ تجہیز و تکفین ۔
دفینہ (ع ۔ امذ) (مرکب از دفین بمعنی مدفون و ہائے نسبت) گڑا ہوا ۔ خزانہ ۔ دبا ہوا ۔ چھپا ہوا مال ۔

د ۔ ق

دق (ع) گدائی ۔
دَق (ع) کوٹنا
دِق (ع ۔ امذ) تپ کہنہ ۔ پرانا تپ جو آدمی کو گھلا دیتا ہے ۔ باریک ۔ دُبلا ۔ پتلا ۔ تنگ ۔ عاجز ۔ ناراض ۔ ناخوش ۔ آزردہ ۔ رنجیدہ ۔
دق کرنا (ف) تنگ کرنا ۔ ناراض کرنا ۔ چھیڑنا ۔ ستانا ۔ تکلیف دینا ۔
دق ہونا (ف) تپ دق میں مبتلا ہونا ۔ بخار چمٹ جانا ۔ عاجز ہو جانا ۔ حیران ہونا ۔ گھبرانا ۔ ناراض ہونا ۔
دقہ (ع) گرد و غبار جو ہوا سے اڑتا ہے ۔
دق ولق (سب) یہ عربی بتایا گیا ہے ۔ لک اور دک سے معنی وہ جنگل جہاں گھاس بھی نہ ہو ۔
دِقت (ع ۔ امث) باریکی ۔ مشکل ۔ دشواری ۔ تکلیف ۔ تنگی ۔ دکھ ۔ عذاب ۔
دقت پڑنا (ف ۔ امحاورہ) مشکل پیش آنا ۔ دشوار ہونا ۔
دقت پسند (عف ۔ اصف) مشکل بات کو پسند کرنے والا ۔
دقت طلب (عف ۔ اصف) دشوار ۔ مشکل ۔
دقیانوس (ع ۔ امذ) فارس اور عرب کے ایک نہایت ظالم اور بت پرست بادشاہ کا نام جس کے خوف سے اصحاب کہف غار میں جا چھپے تھے ۔ نہایت پرانا ۔ پراچین ۔ پرانے زمانے کا ۔ اگلے وقتوں کا ۔ نہایت بوڑھا ۔ بڑی عمر والا ۔ بوڑھا پھونس ۔ پیر فرتوت ۔
دقیانوسی (ع) منسوب بہ دقیانوس ۔ بہت پرانا ۔ پرانے زمانے کا ۔
دقیانوسی خیال (ف ۔ امذ) پرانی بات ۔ ٹکسال باہر ۔ حال کے تجربہ اور تحقیق کے برخلاف ۔
دقیق (ع) لغت میں باریک کو کہتے ہیں ۔ اصطلاح میں باریک ۔ نازک ۔ مشکل ۔ کٹھن ۔ تھوڑی سی چیز ۔
دقیقہ (ع ۔ امذ) نہایت باریک بات ۔ نکتہ ۔ باریکی ۔ منٹ ۔ لمحہ ۔ گھنٹے کا ساٹھواں حصہ مجازاً آشنا بہ ۔
دقیقہ رس (عف) باریک بین ۔ بال کی کھال تک نکالنے والا ۔ زیرک ۔ عقل مند ۔ زود فہم ۔ تیز طبع ۔

د ۔ ک

دُک (ف) تقدیر الٰہی ۔ صدمہ ۔ تقدیر ۔
دُک (ع) پہاڑ ۔ رہ نما ۔
دُکال (ا ۔ امذ) قحط ۔
دُکان (ف ۔ امث) ہٹی ۔ ہاٹ ۔ سودا بیچنے کی جگہ ۔ کارخانہ ۔ بکری کا مکان ۔ کوٹھی اس کی کتابت واؤ سے غلط ہے ۔
دُکان اٹھانا (ف) مکان چھوڑنا ۔ بازار سے دکان کا اسباب لے جانا ۔
دُکان بڑھانا (ف) دکان بند کرنا ۔
دُکان چلنا (ف) خوب چیزیں بکنا ۔ بکری ہونا ۔ گرم بازاری ہونا ۔
دُکان کھولنا ۔ کرنا ۔ چلانا ۔ لگانا (ف) بکری کا سامان کھولنا ۔ بکری کی چیزیں پھیلانا ۔ بیچنے کی اشیاء کو پھیلا کر بیٹھنا ۔
دُکڑا (ہ ۔ امذ) (پورب) دمڑی ۔ چھدام ۔ پائی ۔
دُکڑی (ہ ۔ امث) دو کا پتا ۔ دُکی ۔ دو گھوڑوں کی بگھی ۔
دُکھ (ہ ۔ امذ) تکلیف ۔ درد ۔ پیڑ ۔ پاپ ۔ رنج ۔ عذاب ۔ بیماری ۔ مرض ۔ مصیبت ۔ بلا ۔ آفت ۔
دُکھ بٹانا (ف) غمخواری کرنا ۔ ہمدردی کرنا ۔ شریک غم ہونا ۔
دُکھ دینا (ہ) رنج دینا ۔ ستانا ۔ ایذا پہنچانا ۔ آزار دینا ۔
دُکھ سکھ (ہ ۔ امذ) غم و شادی ۔ رنج و راحت ۔
دُکھ سکھ بھائی بہن ہیں (ا ۔ مثل) دکھ کے ساتھ سکھ اور سکھ کے ساتھ دکھ ہے ۔
دُکھ سہنا (ا ۔ مص) دکھ برداشت کرنا ۔
دُکھ کا مارا (ا ۔ صف) مصیبت زدہ ۔
دُکھ کی پوٹ (ہ) برا دکھ ہی دکھ ۔ دکھ کا گھر ۔ دائم المرض ۔ نیت روگی ۔
دُکھ لگانا (ا ۔ محاورہ) روگ لگانا ۔ مصیبت گلے ڈالنا ۔
دُکھ لگنا (ہ) روگ لگنا ۔ روگی ہونا ۔ مصیبت پڑنا ۔ بپتا پڑنا ۔
دُکھ ہرتا } (ہ) دکھ دور کرنے والا ۔
دُکھ ہرن } مصیبت ہٹانے والا ۔
دُکھانا (ہ) دکھ دینا ۔ تکلیف پہنچانا ۔ درد کرنا ۔ پھوڑے یا زخم پہ چوٹ مارنا ۔
دِکھانا (ہ) درشن دینا ۔ جتانا ۔ معائنہ کرانا ۔ پیش کرنا ۔ سامنے رکھنا ۔ کھولنا ۔ رستہ بتانا ۔
دِکھاؤ (ہ ۔ امذ) دور کی چیز دکھائی دینا ۔ نظر ۔ خوشنما ۔ خوبصورت ۔ قابل دید ۔
دِکھاوا } (ہ ۔ امذ) نمائش ۔ نمود ۔ بناوٹ ۔ تکلف ۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ ۔ ظاہرداری ۔ ریاکاری ۔
دِکھاوٹ }
دُکھتے چوٹ کو نڈے کالی } (ہ ۔ محاورہ) دکھ والی جگہ پر اکثر چوٹ لگ ہی جاتی ہے اور معیوب کو ہر کوئی نکال دیتا ہے ۔
دُکھتے چوٹ کو نڈے چھیٹ }
دُکھتی کہنا (ہ) چبھتی کہنا ۔ دل پر گراں گزرنے والی اور رنج دینے والی بات کہنا ۔
دُکھڑا (ہ ۔ امذ) دکھ کی تصغیر ۔ آفت ۔ بلا ۔ مصیبت ۔ مرض ۔ روگ ۔

محنت - مزدوری - بیانِ غم و اندوہ -

دُکھڑا پڑنا (ہ) مصیبت زدہ ہونا - رنج اُٹھانا - بیوہ ہونا - رانڈ ہونا -

دُکھڑا رونا (ہ) غم کی داستان سُنانا - مصیبت دہرانا - اپنی بیتی کہنا -

دِکھلانا (ہ) دکھانا - نظر کرانا - معائنہ کرانا - ملاحظہ کرانا - آگاہ کرنا - جتانا - پیش کرنا - رُوبرو کرنا - رستہ بتانا - رہنمائی کرنا -

دِکھلاوا (ہ/مذ) نمود - نمائش - ظاہری ٹیپ ٹاپ - تکلف - بناوٹ -

دکھن - یا - دکّن (ہ/مذ) جنوب -

دکھن گئے نہ باپوڑے رہے چندی پھا (ہ) مثل، مشکل اور دشوار کام کے تبیقن نہ ہونے کے وقت بولا کرتے ہیں -

دَکھنا (ہ/مث) جنوبی ہوا - دکھنا ڈو بھی بولتے ہیں -

دُکھنا (ہ) درد ہونا - پیڑ ہونا - درد کرنا -

دکھنی (ہ) جنوبی دکھن کا باشندہ - دکھن کی بنی ہوئی چیز -

دکھنی مرچ (ہ/مث) گول سفید مرچ - بھوری مرچ - جو سیاہ مرچ کی قسم ہوتی ہے -

دُکھی (ہ) دُکھ والا - مصیبت زدہ - آفت کا مارا - دردمند - غمزدہ - نالاں - بیمار - روگی -

دُکھیا (ہ) دردمند - مصیبت زدہ - رانڈ - بیوہ - بیمار - مریض -

دُکھیا دُکھ روئے سکھیا کھر توڑے (ہ) مثل، کسی مصیبت زدہ کے بیان پر جب کوئی اُسے تسلی نہ دے - بلکہ بے دردی سے مرثی اور مایوس کر دے - تو یہ مثل بولتے ہیں -

دُکھیارا (ہ/مذ) آفت زدہ - مصیبت کا مارا - درد رسیدہ بیمار علیل -

دُکھیاری (ہ) دُکھیارا کی تانیث - آفت زدہ - بیمار - علیل عورت -

دُکّی (ہ/مث) دو کا پتّا - تاش میں دو کا پتّا -

د - گ

دُگاڑا (ہ/مذ) دونالی بندوق - دو گولیاں بھر کر ایک دم مارنا -

دُگانا (ہ/مث) بہنایا - دو ہم عمر عورتوں کا رشتہ اخوت جو دو مغز کا بادام کھا کر جوڑا کرتی ہیں -

دُگانہ (ف/مذ) دوگانہ کا مخفف - دوہری چیز - جُڑواں - دو رکعت والی نماز - جیسے عید کا دوگانہ - شکریہ کا دوگانہ وغیرہ -

دُگدا (ہ/مذ/مث) تذبذب - کسی کام کے ہونے یا نہ ہونے کی فکر - سوچ - تامل - اندیشہ - خطرہ -

دُگدگی - یا - دُھکدُکی - یا - دُھکدُگی (ہ/مث) سینہ اور حلق کا درمیانی گڑھا - حلقوم - گڑھا - نرکسی - ایک قسم کا گلے کا زیور - جُگنی - ہانس - سینے کی ہڈی -

دُگدگی میں دم ہونا (ہ) گلے میں سانس ہونا - سینے میں دم ہونا - قریب مرگ ہونا - گھنگرو بولنا - دم نکلنے کا آخری وقت ہونا -

دِگر (ف) دیگر کا مخفف - دُوسرا - غیر - اور -

دِگر دگر است و جگر جگر (ف) مثل، غیر بہر غیر ہی ہیں اور اپنے اپنے - غیر اپنوں کے برابر نہیں ہو سکتا -

دِگرگوں ہونا (ف) تغیر و تبدل ہونا - اُلٹ پُلٹ ہونا - رنگ بدلنا - تہ و بالا ہونا - اور ہی طرح -

دَگلا (ہ/مذ) رُوئی والا انگرکھا - لبادہ -

دُگن (ہ/مث) باجے کی دُگنی آواز - دُوسرے درجے کی آواز -

دُگنا (ہ) دوچند - دُونا - دُوہرا - مضاعف - ڈبل -

د - ل

دَل (ہ/مذ) موٹائی - جسامت جیسے آیئنے یا خربوزے کا دل - پتّا - برگ جیسے تلسی دل - فوج - لشکر - انبوہ - جیسے ٹڈی دل -

دَل بادل (ہ) بادل کی کثرت - درباری خیمہ - بڑا خیمہ - شاہجہانی خیمہ - خرگاہ -

دل باندھنا (ہ/محاورہ) پھوڑے پھنسی کی جسامت بڑھانا - فوج کا انبوہ کرنا -

دَل دار - یا - دَلدار (ہ) موٹا - دبیز - گفت -

دل وال (ہ/مذ) کمانڈر انچیف - سپہ سالار - جنگی لاٹ - میر عسکر -

دِل (ف/مذ) من - ہردا - ہیا - خاطر - ضمیر - قلب - کلیجہ - جگر - جگرا - حوصلہ - ہمت - جرأت - سخاوت - نیا نس - رغبت - میلان - خواہش - باطن - اندرونہ - توجہ - رُخ - دھیان -

دِل اٹکانا (ہ) دل لگانا - دل پھنسانا - عشق کرنا - عاشق بنانا -

دِل اٹکنا (ہ) دل پھنسنا - دل آنا - کسی سے عشق ہونا - محبت ہونا -

دِل اُکھڑنا - یا - اُکھڑ جانا (ہ) جی نہ لگنا - جی اُچٹ جانا - خاطر برداشتہ ہونا - سیر کو جی چاہنا -

دل اُچاٹ ہونا / دل اُچٹنا (ہ) جی گھبرانا - جی اُکتانا - دل برداشتہ ہونا - جی نہ لگنا -

دل آرام (ف/مذ) جی کو آرام دینے والا - آرام جان - پیارا - محبوب - معشوق -

دل آرائی (ف/مث) دلربائی - دل لبھانا -

دل آزار (ف) دل دکھانے والا - ظالم - دُکھ دائی - مُوذی -

دل آزاری (ف/مث) اذیت - ظلم و ستم - تکلیف دہی -

دل آزردہ (ف) رنجیدہ - ناخوش - ناراض -

دل اُمنڈنا (ہ) دل بھر آنا - رونے کے قریب ہونا -

دِل آنا - یا - آجانا (ہ) عاشق ہونا - مائل ہونا - مفتون ہونا - شیدا ہونا -

دِل آنکھوں میں چرانا (ہ/محاورہ) فریفتہ کرنا - لبھانا -

دل آویز (ف/صفت) دلکش - دل لبھانے والا -

دِل باغ باغ ہونا (ہ) نہایت خوش ہونا - شاد و خرم ہونا -

دِل بُجھنا (ہ) طبیعت کا افسردہ ہونا - دِل مرنا - جی بُجھ جانا -

دل بدگمان ہونا (ادامحاورہ) کسی کی طرف سے دل میں کھٹکا پیدا ہونا۔

دل بُرا ہونا (ل) جی کھٹا ہونا۔ دل ناراض ہونا۔

دل برداشتہ ہونا (ل) دل اُچاٹ ہونا۔ بیزار ہونا۔ جی اُکتانا۔

دل بڑھانا (ل) دلیر کرنا۔ حوصلہ دینا۔ ہمت بڑھانا۔ جرأت دینا۔ خوش کرنا۔ شاباش دینا۔ بڑھاوا دینا۔ واہ واکرنا۔

دل بھر آنا (ل) کسی کام کا دُکھ درد سُن کر رونے لگنا۔ دل اُمنڈ آنا۔ رونے کے قریب ہونا۔

دل بہلانا (ل) غم غلط کرنا۔ دل پیچھے ڈالنا۔ وحشت دُور کرنا۔ دل خوش کرنا۔

دل بیٹھ جانا (ل) ہمت ٹوٹ جانا۔ خوشی نہ رہنا۔ ولولہ نہ رہنا۔ دل مرجانا۔

دل بے کل ہونا (ل) دل بے چین ہونا۔ دل کا بے آرام ہونا۔ دل بے قرار ہونا۔

دل پانا (ل) منشا ہونا۔ خوشی پانا۔ عندیہ معلوم ہونا۔

دل پر سانپ لوٹنا (ل) افسوس آنا۔ پچھتاوا آنا۔ رنج۔ صدمہ آنا۔ رشک ہونا۔ حسد ہونا۔ جلنا۔

دل پر مَیل آنا (ل) دل پر رنج آنا۔ دل کو ناگوار گزرنا۔

دل پر نقش ہونا (ل) دل میں کسی بات کا جم جانا۔ دل میں بیٹھ جانا۔ پتھر کی لکیر ہو جانا۔

دل پر ہاتھ رکھے پھرنا۔یا۔ دل پر ہاتھ رکھنا (ل) بےتابی ہونا۔ بےتاب ہو جانا۔ بےتابانہ پھرنا۔ بے چین پھرنا۔

دل پسیجنا (ل) دل نرم ہونا۔ ترس کھانا۔ رحم کرنا۔ سلوک کرنا۔ سخاوت پر تیار ہونا۔

دل پک جانا (ل) متواتر صدموں یا سخت کلامیوں سے دل اُکتا جانا۔

دل پکڑ لینا (ل) کسی صدمے یا رنج کی تاب نہ لانا۔ بے چین ہو جانا۔

دل پکڑے پھرنا (ل) مضطربانہ پھرنا۔ بے چین ہو کر پھرنا۔ بےتابانہ پھرنا۔

دل پھٹنا } (ل) کسی کی طرف سے طبیعت کا ہٹ جانا۔ دل بیزار
دل پھرنا } ہو جانا۔ متنفر ہو جانا۔ دل میں کراہت آ جانا۔ سیر ہو جانا۔ طبیعت بھر جانا۔

دل پھیرنا (ل) دل بیزار کرنا۔ رُو گرداں کرنا۔ بے رُخ کرنا۔ سیر کرنا۔ چھکانا۔

دل پھیکا ہو جانا (ل) کسی چیز کی طرف توجہ نہ رہنا۔ خیال جاتا رہنا۔

دل پیچھے پڑنا (ل) جی بہلنا۔ دل بٹنا۔ کسی کی یاد بھولنا۔ غم غلط ہونا۔ کسی اور طرف متوجہ ہونا۔

دل پینا (ادامحاورہ) فریفتہ کرنا۔

دل تازہ ہونا (ادامحاورہ) خوش ہونا۔ دل کو فرحت ہونا۔

دل تڑپنا (ل) شوق کے مارے دل بےتاب رہنا۔ مضطرب رہنا۔ دل بے قرار رہنا۔

دل تپکنا (ادامحاورہ) بے چین ہونا۔ بے قرار ہونا۔

دل تفتہ (ف/صف) دل جلا۔ مصیبت زدہ۔ عاشق۔

دل توڑنا (ل) ہمت توڑنا۔ مایوس کرنا۔ رنجیدہ کرنا۔ بے دل کرنا۔ نااُمید کرنا۔

دل ٹھکانے لگنا۔یا۔ ہونا (ل) اطمینان ہونا۔ دل جمع ہونا۔ حوصلہ ہونا۔

دل ٹھکنا۔یا۔ ڈھکنا (ل) دل کو اطمینان ہونا۔ دل جمع ہونا۔ حوصلہ ہونا۔

دل جلا (ل) دل سوختہ۔ عاشق۔ دلدادہ۔ فریفتہ۔

دل جلانا (ل) رشک دلانا۔ ناخوش ہونا۔ جلنا۔ صدمہ اُٹھانا۔

دل جمعی (ل) تسلی۔ اطمینان۔ ڈھارس۔ بے فکری۔

دل جمنا (ل) جی لگنا۔ دل لگنا۔ توجہ ہونا۔ کسی کام سے نفرت نہ ہونا۔

دل جوئی (ف/مث) دلداری۔ تسلی۔ تسکین۔

دل چرانا (ل) کسی کام سے پہلوتہی کرنا۔ کترانا۔ دل لینا۔ دل چھیننا۔ دل پر قابض ہونا۔

دلچسپ (ف) خوب صورت۔ دل لُبھانے والا۔ من بھاتا۔ سُہانا۔ دل کو پسند آنے والا۔ دل میں بسنے والا۔

دل چلنا (ل) رغبت ہونا۔ دل کا مائل ہو جانا۔ دل بہکنا۔ خواہش ہونا۔ سودائی ہونا۔ دیوانہ یا پاگل ہو جانا۔

دل چور (ل) غافل۔ بے فکر۔ کام سے بچنے اور لیت و لعل کرنے والا۔ کام چور۔ دل میں کھٹکا اور ڈر ہونا۔

دل حاضر ہونا (ل) اوسان دُرست ہونا۔ دل ٹھکانے ہونا۔ دل قابو میں ہونا۔

دل خراش (ف) دل کو چھیلنے والا۔ صدمہ پہنچانے والا۔ تکلیف دینے والا۔

دل خستہ (ف) رنجیدہ۔ غم رسیدہ۔ دُکھیارا۔ مصیبت زدہ۔

دل خواہ (ف) مرضی کے موافق۔ حسب منشا۔ پسندیدہ۔

دل خوش کرنا (ل) راضی کرنا۔ آنند کرنا۔

دلدادہ (ف) عاشق۔ شیدا۔ فریفتہ۔

دل دار۔یا۔ دلدار (ف) پیارا۔ من موہن۔ من بھاؤنا۔ دلبر۔ معشوق۔ محبوب۔ تسلی بخش۔

دل داری (ف/مث) تسلی۔ تسکین۔ ہمدردی۔ دلجوئی۔

دل دُکھانا (ل) رنجیدہ کرنا۔ صدمہ پہنچانا۔ اندرونی غم دینا۔

دل دھڑکنا (ل) اختلاج قلب ہونا۔ کھٹکا ہونا۔ دل کانپنا۔ افسوس ہونا۔

دل دھک دھک کرنا (ل) اختلاجِ قلب ہونا۔ دل کانپنا۔ دل لرزنا۔

دل دھکڑ پکڑ کرنا (ل) دل میں تذبذب ہونا۔ دل میں اندیشہ ہونا۔

دل دہلنا (ل) دل دھڑکنا۔ ڈرنا۔ خوف کھانا۔ خوفزدہ ہونا۔

دل دہی (ف/مث) دلجوئی۔ دلاسا۔ تسلی۔ تشفی۔ ڈھارس۔

دل دینا (ل) عاشق ہونا۔ دل پھنسانا۔ مفتون ہونا۔ شیدا ہونا۔
دل ڈوبنا (ل) غشی طاری ہونا۔ بیماری یا ضعف سے دل کا گھرا پڑ جانا۔
دل رُبا (ف/مذ) دل اُڑا لے جانے والا۔ معشوق۔ من موہن۔ دلبر۔
دل رُبائی (ف/مث) دلبری۔ موہ۔ محبت۔ معشوقی۔
دل رفتہ (ف/صف) جس کا دل گیا ہوا ہو۔ عاشق۔ فریفتہ۔
دل رُکنا (ل) دل کا ناراض ہونا۔ دل رنج ہونا۔ دل نہ ملنا۔ دل بھنچنا۔
دل رکھ لینا (ل) دلداری کرنا۔ تسلّی دینا۔ خوش رکھنا۔ بات مان لینا۔
دل رکھنا۔ اُمید بر لانا۔ آرزو پوری کرنا۔
دل زدہ (ف) غم رسیدہ۔ دل مُردہ۔
دل زندہ ہو جانا (ا/محاورہ) بہت خوش ہونا۔ فرحت آ جانا۔
دل سنبھالنا (ل) دل کو قابو میں رکھنا۔ دل کو قابو میں لانا۔
دل سوختہ (ف/صف) دل جلا۔ غمزدہ۔ مصیبت زدہ۔
دل سوز (ف) دردمند۔ غمخوار۔ ہمدرد۔ خیرخواہ۔ دوست۔ رفیق۔ شفیق۔ درد انگیز۔ رقت آمیز۔
دل سوزی (ف) دردمندی۔ ہمدردی۔ خیرخواہی۔ غمخواری۔
دل سے اُترنا۔ یا۔ گرنا (ل) نظروں سے گرنا۔ حقیر ہونا۔ دل کو نہ بھانا۔
دل سے بخار نکلنا (ا/محاورہ) دل کی کدورت رفع ہونا۔
دل سے دُھواں اُٹھنا (ل) دل سے آہ نکلنا۔ غمِ فراق سے سرد آہیں نکلنا۔
دل سے کچھ کرنا (ل) اپنے دل سے کوئی بات کرنا۔ کوئی کام از خود کرنا۔
دل سے کرنا (ل) شوق سے کرنا۔ دل لگا کر کرنا۔ توجہ سے کرنا۔
دل شاد (ف) خوش۔ ہشاش۔ بشاش۔ باغ باغ۔ خوش و خرم۔ آنند۔ مگن۔
دل شکستہ (ف) رنجیدہ دل۔ افسردہ۔ نمانا۔
دل شکنی (ا/مث) کسی دل کو ناراض کرنا۔ دل توڑنا۔ خلافِ اُمید کرنا۔
دل فریب (ف) من موہن۔ من ہرن۔ دل کو موہ لینے والا۔
دل کا بخار نکلنا (ل) دل کا جوش کم ہونا۔ دل کا غصہ دُور ہونا۔ دلی رنج کا رفع ہونا۔
دل کا غبار نکلنا (ل) صفائی ہو جانا۔ دلی کدورت کا رفع ہو جانا۔
دل کا کنول کھلنا (ل) دل کا باغ باغ ہونا۔ شگفتہ خاطر ہونا۔
دل کا مالک اللہ ہے (ا/مثل) دل کی خبر خدا ہی کو ہے۔ خدا ہی دل پھیر سکتا ہے۔
دل کباب ہونا (ل) دل جلنا۔ دل کڑھنا۔ دل کا سوختہ ہونا۔
دل کرنا (ل) جی چاہنا۔ خواہش ہونا۔ ہمت کرنا۔ جرأت کرنا۔ سخاوت کرنا۔ بہادری کرنا۔
دل کڑا کرنا (ل) دل قوی کرنا۔ سخت کرنا۔ مضبوط کرنا۔ ہمت کرنا۔

دل کڑوا کرنا (ل) دل مضبوط کرنا۔ کسی چیز سے دل ہٹا لینا۔ ترک کرنا۔
دل کڑھنا (ل) غم ہونا۔ رنج ہونا۔ ملال ہونا۔ افسوس ہونا۔
دل کش (ف) مفرح۔ فرحت افزا۔ دل کو شگفتہ کرنے والا۔ روشن۔ فراخ۔ وسیع۔
دل کشا (ف/صف) دل کو خوش کرنے والا۔ روشن۔ فراخ۔
دل کشیدہ (ف/صف) بیزار۔ رنجیدہ۔
دل کملانا (ل) دل بجھنا۔ دل مرجھانا۔ مغموم ہونا۔
دل کو دل سے راہ ہونا (ل) طرفین سے اُلفت ہونا۔ دونوں طرف سے محبت ہونا۔
دل کو قرار ہونا (ل) دل کو تسلّی ہونا۔ خاطر جمع ہونا۔ دل کو یکسوئی ہونا۔
دل کو لگنا (ل) دل پر اثر ہونا۔ دل میں کھبنا۔ دل کو یقین ہونا۔ دل پر چوٹ لگنا۔ صدمہ گزرنا۔ جوش پیدا ہونا۔ غصہ آنا۔ ناگوار گزرنا۔
دل کھٹا ہونا (ل) دل بیزار ہونا۔ دل میں نفرت آنا۔ ناراض ہونا۔
دل کھٹکنا (ل) دل میں شُبہ گزرنا۔ دل میں شک پڑ جانا۔
دل کھلنا (ل) دل کا خوف جاتا رہنا۔ جھجک مٹ جانا۔ دل کا حجاب اُٹھنا۔
دل کھِلنا (ل) دل شگفتہ ہونا۔ دل کا خوش ہونا۔ نشاطِ طبع حاصل ہونا۔
دل کھول کے (ل) بے دھڑک ہو کر۔ بخوبی۔ حسبِ دلخواہ۔ خاطر خواہ۔
دل کی پھانس (ا/مث) دل کی تکلیف۔ رنجِ دلی۔
دل کی دل میں رہنا (ل) آرزو پوری نہ ہونا۔ تمنائے دل کا بر نہ آنا۔ حسرت رہنا۔ ارمان رہنا۔
دل کی سادی (ل) (عورتیں) بھولی بھالی۔ سادہ لوح۔ صاف دل۔
دل کی کنجی (ا/مث) مشیر۔ ہمراز۔ صلاح۔ صلاح کار۔
دل کی کہنا (ا/محاورہ) صاف بات ظاہر کر دینا۔ وہ بات جو دوسرے کے دل میں ہو بتا دینا۔
دل کی لاگ (ا/مث) محبت۔ عشق۔ عاشقی۔
دل کی لگی بجھانا (ا/محاورہ) دل کی حسرت نکالنا۔
دل گُردہ (ف) جرأت۔ ہمت۔ بہادری۔ جگرا۔ صبر و تحمل۔ بُردباری۔
دل گیر (ف) اُداس۔ سوگوار۔ مغموم۔ دل گرفتہ۔ غمناک۔
دل لگانا (ل) دل جمانا۔ دل مشغول کرنا۔ عشق کرنا۔ محبت کرنا۔ تعلقِ خاطر پیدا کرنا۔
دل لگنا (ل) طبیعت کا متوجہ ہونا۔ مصروف ہونا۔ عشق ہونا۔ محبت ہونا۔ کسی کام کی طرف توجہ ہونا۔
دل لگی (ا/مث) ہنسی مزاح۔ مذاق۔ خوش طبعی۔ دوستی۔ محبت۔ آشنائی۔ شغل۔ مشغلہ۔ دل بہلاوا۔
دل لگی باز (ا/مذ) ظریف۔ مسخرا۔ خوش طبع۔ مشغول کرنے والا۔
دل لینا (ل) دل موہ لینا۔ کسی کا دل اپنی طرف مائل کر لینا۔ فریفتہ کر لینا۔
دل لوٹنا (ل) دل کا بے تاب رہنا۔ دل بے قرار رہنا۔ بے چین رہنا۔
دل پھڑکنا۔ دل کا کسی چیز کے اشتیاق میں تڑپنا۔

دل مارنا ۔یا۔ دل کو مارنا (ف) خواہشاتِ نفسانی سے دل کو روکنا ۔ نفس کو کسی شوق یا لذت سے باز رکھنا ۔
دل مرجانا (ف) دل کا ولولہ اور جوش جاتا رہنا ۔ تمام خواہشوں سے دل اُٹھ جانا ۔ دل کا مُردہ ہوجانا ۔ شوق و اشتیاق جاتا رہنا ۔
دل مسوس کر رہ جانا (ف) دل پکڑ کر رہ جانا ۔ کسی صدمہ کو سہہ جانا ۔ خاموش رہ جانا ۔
دُل مُل (ت) بروزنِ بُلبل ۔ کچے چنے یعنی ہرے بوٹ جو آگ میں بھون کر کھائے جاتے ہیں ۔ جنہیں ہولا کہتے ہیں ۔
دل ملا (ف/مذ) بہنا یا ۔ سہیلیوں کا باہمی رشتہ ۔
دل ملانا (ف/ محاورہ) محبت کرنا ۔ اخلاص کرنا ۔
دل ملنا (ف) ایک جان دو قالب ہونا ۔ دل کا موافق ہونا ۔ باہم صفائی ہونا ۔
دل مَلنا (ف) دل مروڑنا ۔ دل مسوسنا ۔
دل موم ہونا (ف/ محاورہ) رحم آنا ۔ ترس آنا ۔
دل موہ لینا (ف) کسی کا دل اپنی طرف مائل کر لینا ۔ عاشق بنا لینا ۔
دل میلا کرنا (ف) دل پہ رنج لانا ۔ دل کو اداس کرنا ۔ غمناک ہونا ۔
دل میلا ہونا (ف/ محاورہ) دل میں کدورت ہونا ۔
دل میں آبلے ڈالنا (ف/ محاورہ) سخت رنج پہنچانا ۔
دل میں آنا (ف) دل میں خیال گزرنا ۔
دل میں بل آنا (ف) دل میں فرق آنا ۔ دِل ہٹ جانا ۔ دل بہک جانا ۔
دل میں جگہ کرنا (ف) دل میں گھر کرنا ۔ دل میں بسنا ۔ دل میں بیٹھنا ۔
دل میں چُبھنا (ف) دل پر اثر کرنا ۔ دل میں بیٹھ جانا ۔ پسندیدہ ہونا ۔
دل میں چٹکیاں لینا (ف) طعنے مارنا ۔ دِل دکھانا ۔ دل میں بیٹھنا ۔
دل میں چور بیٹھنا (ف) دل میں فرق آنا ۔ بدگمانی پڑنا ۔ بدظنی ہونا ۔
دل میں ڈالنا (ف) خدا کی طرف سے الہام ہونا ۔ القا ہونا ۔ دل میں کسی بات کا پیدا کرنا ۔
دل میں راہ کرنا (ف) دل میں جگہ کرنا ۔ دل میں بیٹھنا ۔
دل میں رکھنا (ف) چھپا کر رکھنا ۔ پوشیدہ رکھنا ۔ ظاہر نہ کرنا ۔ بُرائی کو گرہ باندھنا ۔ دل کی نہ کہنا ۔ دل میں جگہ دینا ۔ محبت کرنا ۔
دل میں فرق آنا (ف) دل میں گرہ پڑنا ۔ دِل سے اعتبار اُٹھنا ۔ دل میں بل پڑنا ۔ شکر رنجی ہونا ۔
دل میں کانٹا سا کھٹکنا (ف) ناگوار گزرنا ۔ گراں معلوم ہونا ۔ دو بھر لگنا ۔
دل میں کُڑھنا (ف) دل میں رنج کرنا ۔ دل میں افسوس کرنا ۔
دل میں کھُبنا (ف) دل میں جمنا ۔ اثر کرنا ۔ دل میں بیٹھنا ۔ سرایت کرنا ۔
دل میں گرہ پڑنا (ف) دل میں فرق آنا ۔ گنجلک پڑنا ۔ رنج بیٹھنا ۔
دل میں گڑ جانا (ف) بھا جانا ۔ پسند آنا ۔ دل میں بیٹھ جانا ۔ دل پہ نقش ہوجانا ۔
دل نشین کرنا (ف) دل میں جمانا ۔ ذہن نشین کرنا ۔ دل میں بٹھانا ۔ دل پہ نقش کرنا ۔ خاطر نشان کرنا ۔

دل والا (ف) فیاض ۔ سخی ۔ بہادر ۔ دلیر ۔ سورما ۔
دل و جان سے (ف) نہایت خوشی سے ۔ بسر و چشم ۔ شوق سے ۔ دل لگا کر ۔ بجو بلی ۔ نہایت اچھی طرح سے ۔ کمال شوق سے ۔
دل و دماغ کا (ف) صاحبِ فہم و فراست ۔ عالی دماغ ۔ عالی حوصلہ ۔
دل ہاتھ میں لینا } (ف) خوش اور راضی رکھنا ۔ تسلی دینا ۔ کسی کو اپنا
دل میں رکھنا } مطیع اور فرماں بردار رکھنا ۔
دل ہارنا (ف/ محاورہ) ہمت ہارنا ۔ گھبرا جانا ۔
دل ہٹ جانا (ف) دل بیزار ہو جانا ۔ نفرت آجانا ۔ رغبت نہ رہنا ۔
دل ہلنا ۔یا۔ ہل جانا (ف) دل لرز جانا ۔ دِل کانپ اُٹھنا ۔
دل ہوا ہو جانا (ف/ محاورہ) ڈر سے گھبرا جانا ۔
دل ہی دل میں (ف) اندر ہی اندر ۔ چُپکے چُپکے ۔
دلا پانا (ف/ محاورہ) واپس پانا ۔
دُلار (ہ/مذ) پیار ۔ محبت ۔ لاڈ ۔ ناز ۔ اُلفت ۔ اُنس ۔
دُلارا (ہ/مذ) پیارا ۔ عزیز ۔ لاڈلا ۔ مُونس ۔
دُلاری (ہ/مث) لاڈلی ۔ پیاری ۔ نازو ۔
دلاسا (ف/مذ) آسائشِ دل ۔ تسلی ۔ تشفی ۔ دھیرج ۔ تقویت ۔ تسکین ۔
دلاسا دینا (ف) تسلی دینا ۔ دھیرج بندھانا ۔ تسکین دینا ۔
دَلّاک (ع/مذ) وہ شخص جو بدن ملتا ہے ۔ مالش کرنے والا ۔
دلّال (ع/مذ) راہنما ۔ سودا کرانے والا ۔ آڑھتیا ۔ بھڑوا ۔
دلالت (ع/مث) ہدایت ۔ راہنمائی ۔ دلیل ۔ ثبوت ۔ پتہ ۔ علامت ۔ نشان ۔ رُعب ۔ شان ۔ شان و شوکت ۔ عظمت ۔
دلالت کرنا (ف) ثابت ہونا ۔ دلیل ہونا ۔
دلّالہ (ع/مث) کُٹنی ۔ مشاطہ ۔ ثالثہ ۔
دلّالی (ف/مث) دلّال کا کام ۔ آڑھت ۔ کموائی کا حق ۔ دستوری ۔
دلانا (ہ) دینا کا متعدی ۔ دلوانا ۔ عنایت کرانا (کشتی یا لڑائی کے ساتھ) مغلوب کرنا ۔ مات کرنا ۔ جیتنا ۔ فتح پانا ۔ نیچا دکھانا ۔
دلاور (ف) دِل آور ۔ حوصلہ کرنے والا ۔ شجاع ۔ بہادر ۔ سُوربیر ۔ دل چلا ۔ من چلا ۔ جواں مرد ۔ دلیر ۔ جرّی ۔
دلاوری (ف) بہادری ۔ جوانمردی ۔ شجاعت ۔ دلیری ۔
دلآویز (ف) دل کو بھانے والا ۔ دل پسند ۔
دلائل (ع/مث) دلیل کی جمع ۔
دلیا (ہ/مذ) وہ لڑائی کا پرند جس کو بٹوا پٹوا کر اور پرندوں کو دلیر بنایا جاتا ہے ۔ بُجبیل ۔ ذلیل ۔ مغلوب ۔ بھاگ جانے والا ۔
دلبر (ف) دل اُڑا لینے والا ۔ معشوق ۔ من موہن ۔ پیارا ۔ محبوب ۔ پریتم ۔ سجن ۔
دلپذیر (ف) دل کو بھاتا ہوا ۔ دل کا پسند کیا ہوا ۔ پسندیدہ ۔
دلپسند (ف) مرغوب طبع ۔ پسندیدہ ۔ من بھاونا ۔
دُلتّی (ہ/مث) جانور کا پچھلی دونوں لاتیں اُٹھا کر مارنا ۔
دُلتّی چلانی ۔یا۔ مارنی (ف) پچھلی دونوں لاتیں اُٹھا کر ضرب لگانا ۔ لات مارنا ۔ لات چلانا ۔

دِلدّر بھاگنا } (ہ) افلاس دُور ہونا - نحوست ٹلنا -
دِلدّر جاتا } تصیبہ جاگنا -
دِلدّر پار ہونا } (ہ) تنگ دستی دُور ہونا - بدبختی دفع ہونا -
دِلدّر دُور ہونا } قسمت کھُل جانا -
دِلدّر نکالنا (ہ) ہندوؤں کی ایک رسم - دیوالی کے اگلے دن علی الصباح گھر کا کوڑا کرکٹ صاف کر کے اُس پر چراغ جلا کر کھیل بتاشے ڈالنا - گھر کو صاف کرنا - پُرانے چراغ پھینک کر نئے چراغ رکھنا -
دِلدّری (ہ) مفلس - غریب - منحوس - گھوری آدمی - میلا آدمی - غریب - کنگال - تہی دست -
دُلدُل (ع/مذ) وہ سیاہی مائل سفید خچری جو حاکمِ اسکندریہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نذر دی تھی - اور آپ نے حضرت علیؓ کو دے دی تھی - یہ درحقیقت مادہ تھی مگر مذکر مشہور ہو گئی -
دُلدُل سوار (ف/مذ) حضرت علیؓ کا لقب -
دَلدَل (ہ/مث) کیچڑ - دھسان - چہلا -
دلدل میں پھنسنا (ہ) کیچڑ میں پھنسنا - سخت مشکل یا دِقت میں پڑنا -
دَلدَلا (ہ) دلدل والا - دلدل دار -
دُلڑا (ہ/مذ) دوہرے سُوت کا بنا ہوا کپڑا - دو لڑ کا - دوہرا -
دُلڑی (ہ/مث) دو لڑوں والی زنجیر یا توڑا جو عورتیں گلے میں ڈالتی ہیں -
دلق (ع/مث) گُدڑی - صوفی لوگوں کے پہننے کا پشمینے کا لباس -
دلق پوش (عف/مذ) گُدڑی - صُوفی - فقیر -
دلک (ہ/مث) دھمک - جُنبش - حرکت - چمک دمک - ٹیس - مہربان -
دُلکنا (ہ) ہلنا - تصادم ہونا - لرزنا - چمکنا - دمکنا -
دُلکھنا (ہ) بات کاٹنا - اعتراض کرنا - روکنا - منع کرنا - نافرمانی کرنا -
دُلکی (ہ/مث) گھوڑے کی تیز اور مشہور چال - پویہ سے کم چال -
دُلمیہ (ق/مذ) پنیر یا دُودھ جو مایہ نکالنے کے بعد جم جائے - ایک قسم کا سالن جو قیمہ اور پنیر کو بینگن یا گاجر کے اندر بھر کر پکاتے ہیں -
دُلمیاں (ہ/مث) بٹوا - تھیلی -
دَلنا (ہ) دال بنانا - موٹا موٹا پیسنا - دردرا کرنا -
دل مارنا (ہ) پیس ڈالنا - روند ڈالنا - پامال کر دینا - ستانا مارنا - تباہ کر دینا -
دَلو (ع/مذ) ڈول - بوکا - آسمان کا گیارھواں بُرج - کمبھ -
دلوانا (ہ) دانہ کروانا - موٹا موٹا پسوانا - نصف نصف کروانا - دردرا کرانا -

دِلوانا (ع) دینا سے متعدی - عطا کرانا - سپرد کرانا - قرض نکلوا دینا - جتانا -
دُلوائی (ہ/مث) اسم - معاوضہ دلوانے کی اجرت -
دل ہی دل میں (ہ) جی ہی جی میں - اندر ہی اندر -
دُلہا (ہ/مذ) نوشہ - بنا - دُولہا - پیارا - جانی - عزیز -
دُلہن (ہ/مث) عروس - بنی - بنڑی - پیاری - عزیزہ -
دُلہن بن کے چلنا (ار/محاورہ) بن ٹھن کے چلنا معشوقانہ انداز سے چلنا -
دُلہنڈی (ہ/مث) (ہندو) ہولی کا دُوسرا اور چیت کے مہینے کا پہلا دن جس میں رنگ وغیرہ سے کھیلتے ہیں -
دِلی (ہ) جگری - جانی - خالص - پکا -
دِلی کھانا (ار/محاورہ) بچوں کو کھلاتے وقت بغلوں میں ہاتھ ڈال کر اُونچا اُٹھانا -
دِلّی دُور ہے (ار/مثل) منزلِ مقصود دُور ہے -
دِلّی میں رہ کر بھاڑ ہی جھونکا کیے (ار/مثل) لائقوں کی صحبت میں رہ کر بھی نالائق رہے -
دَلیا (ہ/مذ) موٹا پسا ہوا غلہ - دَلا ہوا -
دِلیر (ف) بہادر - جری - دل والا - ہمت والا - شور پیر - سورما -
دلیرانہ (ف) بہادرانہ - جرأت سے - دلیری سے - بہادروں کی طرح سے بے محابانہ - گستاخانہ -
دِلیری (ف/مث) شجاعت - بے خوفی - بیباکی - جرأت - گستاخی -
دلیل (ع/مث) لغوی معنی رہنما - اصطلاحی - حجت - وجہ ثبوت -
دلیل لانا - یا - کرنا (ار) حجت پیش کرنا - بحث کرنا - مناظرہ کرنا -
دلیل کامل (ع/مث) پوری دلیل - بیّن دلیل - پورا ثبوت -

د - م

دُم (ف) جانور کی پُونچھ -
دَم (ع/مذ) خون - لہو - رکت - رُوح - جان - زندگی - جی - پران -
دم (ف/مذ) سانس - پھُونک - نفس - منتر - جادو - افسون - دھوکا - فریب - بھالنا - رُوح - جان - پران - تلوار کی باڑھ - دھار - ذات - نفس - حُقّے کا کش - حُقّے کا گھونٹ - پخت و پز - دم پخت - لمحہ - پل - منٹ - سکنڈ - ذرا سی دیر - آن -
دَم اُلٹنا } (ہ) دم رُکنا - دل گھبرانا - طبیعت کا متوحش ہونا - جان کنی
دَم اُلجھنا } کے وقت سانس کا اُکھڑ جانا - جی گھبرانا -
دَم باز (ف) فریبی - مکار - دھوکے باز - حیلہ ساز - چھلیا - جتّے باز - حیلہ گر -
دَم بازی (ف/مث) مکاری - فریب بازی - حیلہ بازی -
دم بخود (ف) خاموش - ساکت - چُپ - گونگا - گم صم - ششدر - متحیر - حیران - ہک دک -
دم بخود رہنا - یا - ہو جانا (ف) ہک دک رہنا - حیران رہنا - ششدر

ہونا۔ چپ ہو جانا۔ خاموش رہنا۔

دم بدم (ف) گھڑی گھڑی۔ ہر وقت۔ ہر لحظہ۔ متواتر۔ لگاتار۔ برابر۔ علی الاتصال۔ ہر لحظہ۔ دمادم۔

دم بند ہونا (ل) خوف کے مارے بات نہ کر سکنا۔ چپ رہنا۔ خاموش رہنا۔

دم بھر (ل) ذرا کی ذرا۔ لمحہ بھر۔ پل بھر۔

دم بھرنا (ل) سانس پھولنا۔ تھکنا۔ سانس چڑھنا۔ ہارنا۔ دعویٰ کرنا۔ محبّت و مُروّت کا دعویدار ہونا۔ ہر وقت کسی کی یاد رکھنا۔

دم پخت (ف امذ) دیگ یا پتیلی کا مُنہ بند کر کے پکایا ہوا کھانا۔

دم پخت ہو کر رہ جانا (ار/ محاورہ) ناخوش ہو کر چپ ہو جانا۔ غصّہ کو ضبط کر کے چپ رہنا۔

دم پر آنا (ل) کھانا پکنے پر آنا۔ پکنے کے قریب ہونا۔ بھاپ میں گلنے کو ہونا۔

دم پر بن جانا (ل) جان پہ بن جانا۔ جان مصیبت میں ہونا۔ مرنے کے قریب ہونا۔

دم پر چڑھانا (ار/ محاورہ) فریب دینا۔ دھوکا دینا۔

دم پر چڑھنا (ار/ محاورہ) دھوکے میں آجانا۔

دم پر دم (ل) ہر وقت۔ ہر دم۔ ہر آن۔ ہر گھڑی۔

دم پھڑکنا (ل) بے چین و بے قرار ہونا۔ جی لوٹ ہو جانا۔ شیدا ہو جانا۔

دم پھولنا (ل) سانس پھولنا۔ سانس چڑھنا۔ سانس نہ سمانا۔

دم پھونکنا (ل) سانس ڈالنا۔ جان ڈالنا۔ رُوح ڈالنا۔ منتر پڑھ کر پھونکنا۔

دم توڑنا (ل) نزع کی حالت ہونا۔ آخری سانس لینا۔ مرنا۔ جان دینا۔

دم ٹوٹنا (ل) سانس کا اُکھڑنا۔ مرنا۔ جان دینا۔ انتقال کرنا۔ غوطہ خور اور تیراک کا دم پر قادر نہ رہنا۔ سانس کا رُکنا۔ دم کا بھر جانا۔

دم ٹھہرنا (ل) سانس کا قرار پکڑنا۔ سانس ٹھکانے آنا۔ سانس جمنا۔

دم چُرانا (ل) اپنے آپ کو جھوٹ موٹ مُردہ ظاہر کرنا۔ سانس روک لینا۔ موت کا فریب دینا۔

دم چڑھنا (ل) ہانپنا۔ سانس پھولنا۔ سانس چڑھنا۔ سانس کا بہت جلدی جلدی آنا۔

دم چھوڑ دینا (ل) سانس چھوڑ دینا۔ مرنا۔ جان دینا۔ ہمّت ہارنا۔ حوصلہ چھوڑ دینا۔

دم خشک ہونا (ل) نہایت ڈر کے مارے سانس تنگی سے آنا۔ بہت ہی ڈرنا۔ خوف کھانا۔ خوف کے مارے دم فنا ہونا۔

دم خم (ل امذ) تاب و طاقت۔ مضبوطی۔ اُستواری۔ استحکام۔ قوّت و زور۔ تلوار کی دھار اور جھکاؤ۔ سادسان۔ ہوش و حواس۔

دم خنجر (ف امذ) خنجر کی دھار۔

دم دار (ل) مضبوط۔ جاندار۔ طاقتور۔ زوردار۔ دیرپا۔ باڑھ دار۔ دھاردار۔ تیز۔ بُرّاں۔

دم دلاسا (ل امذ) تسلّی و تشفّی۔ اُمید۔ فریب۔ دم جھانسا۔ دھوکا۔ خوشامد۔ درآمد۔

دم دینا (ل) فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ بہکانا۔ مرنا۔ جان دینا۔ عاشق ہونا۔

دم رُکنا (ل) دم گھٹنا۔ جی گھبرانا۔ تنگ ہونا۔ عاجز آنا۔

دم سادھنا (ل) سانس روکنے کی مشق کرنا۔ حبس دم کرنا۔ سانس روکنے کی مشق۔

دم ساز (ف امذ) رازدار۔ ہمدم۔ دوست۔ محرم۔ گانے یا نفیری وغیرہ میں ساتھ گا کر آس دینے والا مددگار۔

دمشق۔ شام کا دارالحکومت۔ ایک لاکھ ستر ہزار کی آبادی تجارتی مرکز ہے۔ یہاں کی تلواریں مشہور ہیں۔

دم غنیمت ہونا (ل) قابل قدر ہونا۔ مُتبرّک ہونا۔ نعمت ہونا۔

دم فنا ہونا (ل) جان جانا۔ جان نکلنا۔ مرنے کے قریب ہونا۔ ڈرنا۔ خوف کھانا۔

دم قدم (ف امذ) زندگی۔ حیات۔ ذات۔ ہستی۔ وجُود۔

دم قدم کی برکت (ار/ مث) ذات کا صدقہ۔ آپ کی ہستی کا طفیل۔ وجود کی برکت۔

دم قدم کی خیر (ل) جان کی سلامتی۔ ذات کا قیام۔ زندگی دراز۔

دم کرنا (ل) چاول دم پخت کرنا۔ چاول پکانا۔ پھونکنا۔ چھُو کرنا۔ منتر پڑھنا۔ جھاڑنا۔

دم کھانا (ل) جان کھانا۔ تنگ کرنا۔ بکواس سے دق کرنا۔ خاموش رہنا۔ دم نہ مارنا۔ صبر کرنا۔ تحمل و برداشت کرنا۔ بھاپ پر دم پخت ہونا۔ فریب کھانا۔ دھوکا کھانا۔ جھانسے میں آجانا۔

دم کھینچنا (ل) سانس کا اُوپر کو چڑھنا۔ نزع کے وقت دم ٹوٹنا۔ دم اُکھڑنا۔

دم کے دم میں (ل) ذرا سی دیر میں۔ لمحہ بھر میں۔ پل بھر میں۔

دم کے ساتھ (ار/ متعلق فعل) زندگی بھر۔ تا حیات۔

دم گلے میں اٹکنا (ار/ محاورہ) نزع کی حالت میں سانس رُکنا۔

دم گھبرانا (ار/ محاورہ) خفقان ہونا۔ وحشت ہونا۔

دم گھٹنا (ل) سانس رُکنا۔ دم بند ہونا۔ جی گھبرانا۔ دم رُکنا۔

دم گھونٹ گھونٹ کر رکھنا (ل) تنگی میں رکھنا۔ زبردستی خلاف مرضی رکھنا۔

دم گھونٹ گھونٹ کر مارنا (ل) نہایت تنگ کرنا۔ جلا جلا کر مارنا۔

دم لگانا (ل) حُقّہ پینا۔ کش لگانا۔ چرس اُڑانا۔ حُقّے کا گھونٹ لینا۔

دم لینا (ل) سانس لینا۔ سانس ٹھکانے کرنا۔ آرام لینا۔ ٹھہرنا۔ ذنفہ و قیام کرنا۔ باز آنا۔ ماننا۔ چپکا رہنا۔

دم مارنا (ل) بات کرنا۔ بولنا۔ جواب دینا۔ شیخی بگھارنا۔ دعویٰ کرنا۔ دخل دینا۔ مزاحمت کرنا۔ مزاحم ہونا۔

دُم مارنے والا (ف/مذ) دخل دینے والا۔ بولنے والا۔
دَم میں یا دَم بھر میں (ف) لحظہ بھر میں۔ پل میں۔ آن کی آن میں۔
دم میں آنا (ف) دھوکے میں آنا۔ فریب میں آنا۔ دھوکا کھانا۔
دَم میں دم آنا (ف) جان میں جان آنا۔ اُمیدِ زیست ہونا۔ تسلی ہونا۔
دَم میں دَم رہنا (ف) زندگی رہنا۔ جیتا رہنا۔ حیات رہنا۔
دَم میں دم ہونا (ف) زندگی ہونا۔ جان کی سلامتی ہونا۔ بقائے حیات ہونا۔
دَم میں لانا (ف) فریب دینا۔ بہکانا۔ دھوکا دینا۔ فریب میں لانا۔
دَم ناک میں آنا۔ یا۔ ناک میں دَم آنا (ف) عاجز ہونا۔ تنگ ہونا۔ زندگی سے بیزار ہونا۔ نہایت تکلیف میں ہونا۔ تنگی سے جاں بلب ہونا۔
دَم ناک میں کرنا (ف) ستانا۔ تکلیف دینا۔ تنگ کرنا۔ دِق کرنا۔
دَم ناک میں ہے (ادا/محاورہ) عاجز ہے۔ تنگ ہے۔
دَم نقد (ملع) تنہا۔ اکیلا۔ چھڑی سواری۔
دَم نکلنا (ف) جان نکلنا۔ جان فنا ہونا۔ مرنا۔ پران چھوڑنا۔ حالتِ نزع میں ہونا۔ کسی پر مرنا۔ عاشق ہونا۔ نہایت شیدا و مفتون ہونا۔
دَم نہ مارنا (ف) خاموش رہنا۔ بات تک نہ کرنا۔ مُنہ سے بھاپ نہ نکالنا۔ بالکل خاموشی اختیار کرنا۔ اُف تک نہ کرنا۔
دَم ہی دم میں رکھنا (ف) لیت و لعل کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ حیلہ بہانا کرنا۔
دُم (ف/مث) پُونچھ۔ دُنبالہ۔ دُمب۔ پچھلا حصہ۔ اَنت۔ انجام۔ پچھلگو۔ پیرو۔
دُم پکڑی بھیڑ کی وار ہوئے نہ پار (ف/مثل) نالائق اور ادنیٰ کا سہارا کچھ فائدہ نہیں دیتا۔
دُم چھلا۔ یا۔ دُم چھلّا (ف/مذ) دُنبالہ۔ جھبّا۔ پُونچھڑی۔
دُم دار (ف) پُونچھ والا۔ دُنبالہ دار۔ پونچھڑی والا۔ پوچھل۔
دُم دار تارا (ف/مذ) ستارہ دُنبالہ دار۔ پونچھ والا تارا۔
دُم دبا کر (ف) پیچھے سے۔ دُم چھپا کر۔
دُم دبا کر بھاگنا (ف) ڈر کے مارے بھاگ جانا۔ دب کر بھاگنا۔
دُم دبانا (ف) چوپائے کا دُم کو ٹانگوں میں چھپا لینا۔ دبنا۔ کنیانا۔ مغلوب ہونا۔
دُم کے پیچھے لگے پھرنا }
دُم کے پیچھے پھرنا } (ف) ساتھ ساتھ لگے پھرنا۔ ساتھ ساتھ اور پیچھے پیچھے پھرنا۔ ساتھ رہنا۔
دُم میں گھسنا (ف) خوشامد میں رہنا۔ پیچھے لگے رہنا۔ چمٹنا۔ لپٹنا۔ خوشامد کے مارے ساتھ رہنا۔
دُم ہلانا (ف) کتّے کا خوشامد ظاہر کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔ جھاڑ دینا۔ جھاڑنا۔ صاف کرنا۔ جیسے کتّا بھی دُم ہلا کر بیٹھتا ہے۔
دماغ (ع/مذ) سر کا مغز۔ بھیجا۔ سر کا گودا۔ غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ۔ عقل۔ دانائی۔ سمجھ۔ تاب۔ برداشت۔ سہارا۔ ہوش و حواس۔ اوسان۔
دماغ آسمان پر ہونا (ادا/محاورہ) مغرور ہونا۔ خود پسند ہونا۔

دماغ اُٹھانا (ادا/محاورہ) ناز اُٹھانا۔
دماغ بڑھا دینا (ادا/محاورہ) مغرور کر دینا۔ نازک دماغ بنا دینا۔
دماغ پریشان کرنا (ف) حواس باختہ کرنا۔ اوسان اُڑانا۔ دل بگاڑنا۔ طبیعت خراب کرنا۔
دماغ تازہ کرنا (ادا/محاورہ) دماغ کو آرام پہنچانا۔
دماغ جھڑنا (ف) تکبر مٹ جانا۔ غرور دُور کرنا۔ گھمنڈ نکالنا۔
دماغ چاٹنا (ف) مغز کھانا۔ بکواس کرنا۔ بکنا۔ کائیں کائیں کرنا۔
دماغ چٹ (ف/مذ) دماغ چاٹنے والا۔ بکواسی۔ بکی۔
دماغ چلنا۔ یا۔ آسمان پر ہونا (ف) غرور ہونا۔ تکبر ہونا۔ گھمنڈ ہونا۔ اترانا۔
دماغ چوٹا (ف) مغرور۔ خود پسند۔ گھمنڈی۔ دماغ چلا۔
دماغ خالی کرنا (ف) مغز خالی کرنا۔ مغز پچی کرنا۔ دماغ کھوکھلا کرنا۔
دماغ دار (ف) مغرور۔ خود پسند۔ متکبر۔
دماغ رکھنا (ف) متکبر ہونا۔ مغرور ہونا۔ اترانا۔ غرور کرنا۔ تمکنت رکھنا۔
دماغ روشن (ف/مث) نسوار۔ ہلاس۔ ناس۔
دماغ کرنا (ف) اترانا۔ غرور کرنا۔ خاطر میں نہ لانا۔ تکبر کرنا۔
دماغ میں خلل ہونا (ف) عقل میں فتور پڑنا۔ سودا ہونا۔ جنون ہونا۔ سڑی ہونا۔
دماغ نہ ملنا۔ یا۔ دماغ نہ پایا جانا (ف) نہایت متکبر ہونا۔ مُدمّغ ہونا۔
دماغ ہونا (ف) مغرور ہونا۔ تکبر ہونا۔
دَمادَم (ف) متواتر۔ لگاتار۔ پے درپے۔
دمامہ (ف/مذ) نقارہ۔ دھونسا۔ شان و شوکت۔ رُعب و داب۔
دمامہ باندھنا (ف) شان و شوکت دکھانا۔ رُعب و داب ظاہر کرنا۔ رُعب جتلانا۔
دُمچی (ف/مث) گھوڑے کے ساز کا وہ تسمہ جو گھوڑے کی دُم کے نیچے رہتا ہے۔ لیدخورا۔
دمدمہ (ف/مذ) مورچہ۔ وہ قلعہ جو لڑائی کے لیے بوریوں میں مٹی بھر کر بنا لیتے ہیں۔
دمدمہ باندھنا (ف) مورچہ باندھنا۔ قلعہ بنانا۔ مورچہ بندی کرنا۔
دمرک۔ یا۔ دُمرکا۔ دمکڑا (ہ/مذ) چمڑے کا وہ گول ٹکڑا جو تکلے میں لگاتے ہیں۔
دُمریز۔ یا۔ دُمری (ف) وہ پھل جو درخت میں موسم کے بعد آئے۔ یا وہ پھل جو درخت میں پھل توڑ لینے کے بعد آئے۔
دُمڑی (ہ) پیسے کا چوتھا حصہ۔ چھدام۔ چوتھا حصہ۔ چوتھائی۔ کچے ۲۵ پیسے۔
دُمڑی کا (ادا/صف) بہت کم قیمت کا۔ معمولی۔
دُمڑی کی بُڑھیا ٹکا سر منڈائی (ف/مثل) اصل قیمت تھوڑی اور خرچ زیادہ۔ وہ چیز جس پہ خرید سے زیادہ خرچ پڑ جائے۔

دمڑی کے تین تین (ف) کہاوت - نہایت ارزاں - بہت سستا - کوڑیوں کے مول -
دمڑی کی ہانڈی گئی کتے کی ذات پہچانی (ف) مثل، نقصان تو کچھ صرور ہوگیا - مگر آدمی کو آزما لیا - پرکھ ہوگئی -
دمڑی کے تین تین (ف) مثل، نہایت ارزاں - کوڑیوں کے مول -
دمڑے (ف مذ) روپے - پیسے - قیمت - دام -
دمڑے خرچنا (ف) روپے خرچ کر کے خریدنا - دام لگا کر مول لینا -
دمڑے کرنا (ف) کوڑے کرنا - کمتی بڑھتی بیچ ڈالنا -
دم طمانچہ (ف مذ) تیچہ - پیش قبض - چھوٹی اور موٹی ہندی تلوار -
دَمعَہ (ع) آنسو بہانا - نام ایک مرض کا جس میں ہر وقت آنکھوں سے پانی جاتا ہے -
دَمک (ہ مث) درخشانی - تابش - چمک - چہرے یا سونے کی چمک - تمتماہٹ -
دَمکلا (ہ) پانی چڑھانے کی مشین - پچکاری - گوپیا - منجنیق - فلاخن -
دَمکنا (ہ) چمکنا - درخشاں ہونا - تاباں ہونا -
دَموی (ع) منسوب بہ خون - خونی - خون کا -
دموی مزاج (ع مذ) وہ مزاج جس میں خون کی زیادتی ہو -
دَمَہ (ف مذ) دھونکنی - دھونکنی کا جوڑا - سانس کا روگ - ضیق النفس -
دَمِ دَم کے ساتھ (ف) مقولہ، دمِ موت تک جان نہیں چھوڑتا -
دَمی (ف مث) چھوٹی سی گڑگڑی - ایک قسم کا چھوٹا سا حقہ -
دمیدہ (ف صف) توپ یا بندوق چھوٹنے کی آواز -

د - ن

دِن (س مذ) روز - یوم - نہار - زمانہ - وقت - گھڑی - پل - صبح - بھور - فجر - تڑکا - قسمت - طالع - نصیب -
دن آنا (ف) موسم آنا - رُت آنا - حیض آنا - وقت آنا - وقت مقررہ کا آنا - موت کا وقت آنا - شامت آنا - کم بختی آنا - بُرے دن آنا -
دن بہ دن (ف) روز بروز - آئے دن - رفتہ رفتہ - ہوتے ہوتے - روز بروز میں اضافت ب کی غلط ہے -
دن بھر (ہ) تمام دن - تمام روز -
دن بھاری ہونا - یا - رہنا (ہ) سختی کے دن آنا - مفلسی ہونا - اُلٹی قسمت ہونا -
دن بھرنا (ہ) مصیبت میں بسر کرنا - افلاس میں گزارنا - عمر کے دن پورے کرنا -
دن بھلے آنا (ف محاورہ) اچھا زمانہ آنا - خوش اقبالی کا زمانہ آنا -
دن پڑنا (ہ) بُرا وقت آنا - مصیبت آنا - رانڈ ہونا - بیوہ ہونا -
دن پورے کرنا (ہ) جوں توں کر کے عمر کو پورا کرنا - جون بھوگنا -
دن پہاڑ سا کٹنا (ف محاورہ) بڑی دقت سے دن گزارنا -
دن پہاڑ ہو جانا (ف محاورہ) دن کاٹنا دشوار ہو جانا -
دن ٹلنا (ہ) حیض کا نہ آنا - کپڑے نہ ہونا - حمل کی علامت ظاہر ہونا -
دن جاتے دیر نہیں لگتی (ف مقولہ) وقت جلد گزر جاتا ہے -
دن جانا (ہ) دن گزر جانا - عیش و عشرت کا خاتمہ ہونا -
دن چڑھانا (ہ) دھوپ چڑھانا - دیر کرنا - صبح کا وقت گزار دینا -
دن چڑھنا (ہ) سورج نکل آنا - آفتاب کا بلند ہونا -
دن چڑھے (ہ) سورج نکلے - آفتاب کے بلند ہو جانے پر -
دن دونا رات چوگنا (ہ) ایک دعائیہ فقرہ - کسی کام میں نہایت ترقی کرنے کی بابت بولتے ہیں -
دن ڈھلنا (ہ) دوپہر کے بعد کا وقت ہونا - دن گزرنا - زوالِ آفتاب ہونا - دن گھٹنا -
دن ڈھلے (ہ) دوپہر پیچھے -
دن سن (ف مذ) سن و سال - عمر -
دن سے (ہ) غروب آفتاب سے پہلے - سرِ شام - سورج ڈوبنے سے پہلے -
دن سیدھے ہونا (ہ) نہایت خوش قسمتی ہونا - بھلے دن ہونا - نصیبہ یاور ہونا -
دن عید رات شب برات ہونا (ف) دن اور رات عیش میں گزارنا - خوشیاں ہونا -
دن کاٹنا (ہ) مصیبت سے اوقات بسر کرنا - دن بھرنا - زندگی کے دن پورے کرنا -
دن کٹنا (ہ) دن بسر ہونا - دن گزرنا -
دن کو اُونی اُونی رات کو چرخہ پونی (ف) کہاوت بے موقع اور بے وقت کام کرنے کے متعلق بولتے ہیں -
دن کو تارے دکھانا (ہ) دماغ کو اتنا صدمہ پہنچانا جس سے آنکھوں کے آگے ترمرے آجائیں -
دن گنوانا (ہ) وقت ضائع کرنا - موقع کھو دینا - وقت گزار دینا -
دن گیا کہ رات (ہ) مثل، ہر وقت موقع حاصل ہے - دنیا سے نہ دن جاتا رہا نہ رات گئی -
دن گئے (ف محاورہ) وہ زمانے گئے گزرے - وہ دن لد گئے - کامرانی کا وقت جاتا رہا -
دن لگنا (ہ) غرور کرنا - تکبر کرنا - گھمنڈ کرنا - کمینے کو دولت ملنا - بڑھ کر چلنا - عرصہ لگنا - عرصہ دراز صرف ہونا جیسے اس کام میں بہت دن لگے -
دن مان (ہ مذ) دن کا گھٹاؤ بڑھاؤ - دن کا انداز -
دن نکلنا (ہ) سورج چڑھنا - صبح ہونا - پو پھٹنا -
دن ہونا (ف محاورہ) صبح ہونا -
دَنّا (ہ مذ) موٹا تازہ - مضبوط - طیار - بڑا - موٹی گیڑی - دنجو -
دَناب (ہ) سوجا ہوا - موٹا - مضبوط - سنڈ مسنڈ - ذبہ - کپا -

دُنادُن (ہ/مث) توپوں کے مسلسل چھوٹنے کی آواز ۔ ضرب یا صدمہ کی متواتر آواز ۔

دُنبالہ (ف/مذ) پونچھ ۔ دُم ۔ پیچھا ۔ آنکھ کا کویہ ۔ سُرمہ کی لکیر جو کوئے سے آگے خوبصورتی کے لیے چھوڑ دیتے ہیں ۔ پتوار ۔ کشتی کا پچھلا حصّہ ۔ جہاز کا پچھلا حصّہ ۔

دُنبالہ دار (ف) دُم دار ۔ گھُنگے دار ۔

دُنبل (ف/مذ) پھوڑا ۔ موٹا اور دُلدار پھوڑا ۔

دُنبہ (ف/مذ) ایک خاص قسم کا مینڈھا جس کی دُم چکی دار چربیلی ہوتی ہے ۔

دَنت کُریدنی (ہ/مث) خلال ۔

دنتو (ہ/مذ) لمبے لمبے دانتوں والا آدمی ۔ دانتو ۔

دنتیلا (ہ/مذ) بڑے دانتوں والا ۔ دندانہ دار ۔

دُند (ہ/مذ) دھولسا ۔ دمامہ ۔ بڑا نقارہ ۔ غل ۔ شور ۔ ظلم وستم ۔ اندھیر ۔

دندان (ف/مذ) دانت ۔

دندانِ خرد (ف/مذ) عقل داڑھ ۔

دندان شکن جواب دینا (ہ) مُنہ توڑ جواب دینا ۔ ایسا جواب دینا جس کا جواب نہ بن سکے ۔

دندانِ شیر (ف/مذ) دُودھ کے دانت ۔

دندانِ مصری (ل) ایک خاص طرز کی شاخوں والی مٹھائی ۔

دندناتا ہوا آنا (ہ) بے خوف اور بے دھڑک ۔ اُچھلتا کودتا آنا ۔ بطیبِ خاطر آنا ۔

دَندنانا (ہ) عیش کرنا ۔ مزے اُڑانا ۔ خوشی منانا ۔

دندانہ (ف) منسوب بہ دندان ۔ دانتا ۔ آرے وغیرہ کا خار ۔

دُنکا (ہ/مذ) تحقیر سے دانہ اور غلّہ بولتے ہیں ۔ دانہ کا تابع مہمل بھی ہے ۔

دنگ (ف) متعجب ۔ حیران ۔ ششدر ۔ ہکا بکا ۔

دنگ رہنا ۔ یا ۔ ہونا (ہ) متحیر ہونا ۔ متعجب ہونا ۔ حیران رہنا ۔ ششدر ہونا ۔

دنگا (ہ/مذ) خرابی ۔ فساد ۔ لڑائی ۔ جھگڑا ۔ شرارت ۔ بدذاتی ۔ ہنگامہ ۔ شور ۔ بلوہ ۔

دنگل (ف) کُشتی کرنے کی جگہ ۔ اکھاڑہ ۔ بھیڑ ۔ ہجوم ۔ مجمع ۔ انبوہ ۔

دنگل باندھنا ۔ یا ۔ جمانا (ا) آدمیوں کا حلقہ باندھنا ۔ کُشتی کے لیے مجمع کرنا ۔

دِنوں (ہ/مذ) دن کی جمع ۔ ایام ۔ روزہا ۔ چوپائے کی عمر ۔

دِنوں سے اُتر جاتا (ہ) عمر سے ڈھل جانا ۔ جوانی کا گزر جانا ۔

دِنوں کو دغا دینا } (ل) مصیبت کے دنوں کو بسر کرنا ۔ زندگی
دنوں کو دھکے دینا } کے بُرے دن ٹالنا ۔ بُرے بھلے طور پر زندگی گزارنا ۔

دلوانداد (ہ/مذ) ایک بیماری کا نام ۔ جس میں دن کو نظر نہیں آتا ۔ (رتوندا کا نقیض ۔

دُنیا (ع/مث) ادنیٰ کی تانیث ۔ جگت ۔ سنسار ۔ پرتھوی ۔ عالم ۔ جہان ۔ دُنیا کے لوگ ۔ باشندگانِ دُنیا ۔ دولت ۔ پیسہ ۔ لالچ ۔ نزدیکی چاہنے والی عورت ۔

دُنیا بڑی بلا ہے (ا) فقرہ ۔ لالچ اور دولت کی طمع بڑی مصیبت کی چیز ہے ۔

دُنیادار (ع ف/مذ) دُنیا کے تعلقات میں مصروف ۔ چالاک ۔ ملنسار ۔

دُنیاداری (ع ف/مث) تعلقاتِ دنیوی ۔ رشتہ ۔ کنبہ ۔ خانہ داری ۔

دُنیا کی ہوا لگنا (ا) دُنیا میں آنا ۔ دُنیا کا اثر ہونا ۔

دُنیوی ۔ یا ۔ دُنیاوی (ع) دُنیا کی ضد ۔ دُنیا کا ۔

د ۔ و

دَوَا (ع) بیابان ۔

دو (ف) ایک اور ایک کا مجموعہ ۔ جوڑا ۲ ۔

دوآتشہ (ف) منسوب بہ دوآتش ۔ دو دفعہ کھنچی ہوئی شراب ۔ تُند ۔ تیز ۔ دہری کشید کا عرق وغیرہ ۔

دوآتشہ ملانا (ا/محاورہ) اشتعال دینا ۔

دوآبہ (ف/مذ) دو ایسے دریاؤں کی زمین جو آگے جا کر مل جائیں ۔

دو آدمیوں کی گواہی سے پھانسی ہوتی ہے (ا/مثل) دو آدمیوں کی گواہی کا بڑا اثر ہوتا ہے ۔

دوازدہ امام (ف ع/مذ) اہلِ تشیع کے بارہ امام یعنی (۱) حضرت علیؓ ۔ (۲) امام حسنؓ (۳) امام حسینؓ (۴) امام زین العابدینؓ (۵) امام محمد باقرؓ (۶) امام جعفر صادقؓ (۷) امام موسیٰ کاظمؓ ۔ (۸) امام موسیٰ رضاؓ (۹) امام محمد تقیؓ (۱۱) امام حسن عسکریؓ ۔ (۱۲) امام محمد مہدیؓ ۔

دواسپہ (ف/مذ) دو گھوڑوں کی جوت کی سواری ۔ دو گھوڑوں کی ڈاک ۔ جلد ۔ فوراً ۔ سُرعت ۔

دوآشیانہ خیمہ (ف/مذ) دُہرا خیمہ ۔ دو کمروں کا خیمہ ۔

دو اُنگل کی بچی (ا/مث) (عورتیں) ننھی سی بچی ۔ چھوٹی عمر کی لڑکی ۔

دو انگلیاں ماتھے پر رکھنا (ا/محاورہ) سرسری سلام کرنا ۔

دَوادوش (ف/مث) کوشش ۔ دوڑ دھوپ ۔ سعی ۔ تگ ودو ۔

دو آنسو ڈالنا ۔ یا ۔ گرانا ۔ یا ۔ بہانا (ا) تھوڑا سا رونا ۔

دو آنی (ا/مث) دو آنے کا سکہ ۔ روپے کا آٹھواں حصّہ ۔

دو ایک (ا) چند ۔ دو چار ۔ دو تین ۔

دوبارہ (ل) دُوسری مرتبہ ۔ دوسری دفعہ ۔ مکرر ۔ بارِ دیگر ۔ پھر ۔

دوبازو (ا/مذ) دو رنگا کبوتر یا کنکوا ۔ دونوں بازو سفید والا کبوتر ۔ دو کندے رنگین والا کنکوا ۔

دوبالا (ف) دوگنا ۔ دوچند ۔ دونا ۔

دوبلدا (۱/مذ) دو بیلوں کا چھکڑا۔
دوبول پڑھانا (ف) شریفانہ حیثیت سے لڑکی کا نکاح کرنا ۔ نکاح پڑھانا۔
دوبھیا (۱/مذ) دورُخا۔ دورنگا۔ رکابی مذہب۔
دوپارہ (ف) دوٹوک۔ دو ٹکڑے۔
دوپاٹے پر چڑھانا (ف) سپاہیوں کی طرح داڑھی چڑھانا۔
دوپایہ (ف) دو پاؤں والا ۔ دو ٹانگوں والا۔
دوپٹہ (۱/مذ) دو پاٹ والا ۔ چادر۔ اوڑھنی ۔ پٹکا ۔ کمربند۔
دوپٹہ اُٹھانا (۱/محاورہ) عورتوں کا کوسنے یا دُعا کرنے کے لیے دوپٹے کو دونوں ہاتھوں سے اُونچا کرنا۔
دوپٹہ بدلنا (ف) بہنا پا جوڑنا ۔ اوڑھنی بدلنا ۔ دوستی گانٹھنا۔ سہیلی بنانا۔
دوپٹہ تان کے سونا (ف) بے فکری سے سونا ۔ غفلت کی نیند سونا۔
دوپُشتہ (ف) دونوں رُخ سے چھپا ہوا کاغذ۔
دوپُشتہ کرنا (ف) کاغذ کو ایک رُخ سے چھاپ کر دُوسرے رُخ سے چھاپنا۔
دوپلڑی (۱/مث) دو پلڑوں کی ٹوپی ۔ چھوٹی سی ٹوپی۔
دوپنّھی (۱/مث) ایک طرح کی دُہرے خانے کی جالی جس کی اکثر عورتیں کُرتیاں بناتی ہیں۔
دوپہر (۱/مث) دن کے بارہ بجے کا وقت ۔ نیمروز۔
دوپہر ڈھلنا (ف) دن ڈھلنا ۔ زوال کا وقت ہونا۔ تیسرا پہر ہونا۔
دوپہر کی چیل (۱/مث) وہ بچہ جو دوپہر کو اِدھر اُدھر فضول مارا مارا پھرے۔
دوپہریا (۱/مذ) دوپہر کے نُطفہ کا۔ حرام زادہ۔ شریر۔ ایک پھول کا نام بھی ہے جو دوپہر کے وقت اکثر کھلتا ہے۔
دوپیازہ (۱/مذ) بے ترکاری کا گوشت جس میں دو دفعہ پیاز استعمال کیا جاتا ہے۔ مُلّا دوپیازہ کا لقب۔
دوپیسے سیر (۱/صف) بہت سستا۔
دوتارا (۱/مذ) ایک قسم کی چھوٹی سی سارنگی جس میں دو ہی تار ہوتے ہیں۔
دوتہی (۱/مث) ایک قسم کا سُوتی کپڑا جو بستر کی جگہ دُہرا بچھایا جاتا ہے۔
دوتین (۱/صف) چند۔
دوٹوک (ف) دو حصے ۔ دوپارہ ۔ الغرض۔
دوٹوک بات (۱/مث) کھری بات ۔ صاف صاف بات۔
دوٹوک جواب دینا (ف) بالکل جواب دے دینا ۔ صاف انکار کر دینا۔
دوٹوک کر دینا (ف) فیصلہ کر دینا ۔ قطع تعلق کر دینا ۔ ترکِ محبت کرنا۔
دوجیسے ہونا (ف) پیٹ سے ہونا ۔ بار دار ہونا۔
دوچار (ف) چند ایک ۔ دو تین ۔ سامنے ۔ مقابل۔
دوچار ہونا (ف) مقابل ہونا ۔ سامنے ہونا۔ ملاقات کرنا۔ چار آنکھیں ہونا۔

دوچند (ف) دونا ۔ دُگنا ۔ دُہرا ۔ ڈبل۔
دوچوبہ (ف) دو چوب کا خیمہ۔
دوچھریوں کا ایک میان میں رہنا (ف) دُشوار ہونا ۔ مُشکل ہونا۔
دوحہ (ع) درخت۔
دوحرف بھیجنا (ف) لعنت بھیجنا۔
دوخصمی (۱/مث) دو خصم والی ۔ دوہاجو ۔ دُوسرے نکاح والی عورت۔
دودستہ خِلال (۱/مث) (تاش بازی) دو آدمیوں کو ایک ہی بازی میں مات دینا۔
دودستی (۱/مث) کُشتی کے ایک داؤں کا نام۔
دودِلہ (ف) دو دلوں والا ۔ شکّی ۔ وہمی ۔ وسواسی ۔ مذبذب۔
دودِن کا مہمان (ف) چند روزہ ۔ فانی ۔ ناپائیدار۔
دودِن کی چاندنی (ف) چند روزہ حُسن ۔ ناپائدار دولت۔
دودو باتیں (۱/مث) مختصر سے سوال و جواب۔
دودو دانے کو پھرنا (ف) ٹکڑے ٹکڑے کو محتاج پھرنا۔
دودو ہاتھ اُچھلنا (ف) نہایت بے تاب ہونا۔ مضطرب ہونا۔
دودھارا (ہ) دُہری دھار کی تلوار یا خنجر ۔ دریا کی دو شاخیں ملنے کی جگہ ۔ ایک قسم کا تھوہڑ جس کی دُہری شاخ ہوتی ہے۔ زقوم۔
دودھاری (ہ/مث) سیدھی تلوار جس کے دونوں طرف باڑھ ہو۔ سَیف۔
دُوربین (ف) انجام بین ۔ ایک آلے کا نام جس سے دُور کی چیز پاس نظر آجاتی ہے۔
دوراؤ (۱/مذ) نفاق ۔ فرق ۔ دوئی ۔ دوروئی۔
دوراہا (۱/مذ) وہ راستہ جو دونوں طرف کو جاتا ہو ۔ دو راستوں کے ملنے کی جگہ۔
دورُخا (ف) دوبھیا ۔ دورنگا ۔ منافق۔
دورَسا (ف) دو طرح کا ۔ دو قسم کا ملا ہوا ۔ تمباکو کی صفت میں بولا جاتا ہے۔
دورکابہ (ف/صف) بہت اُونچا گھوڑا۔
دورگا ۔ یا ۔ دوغلا ۔ وہ آدمی جس کے ماں باپ دو قوم کے ہوں۔
دورنگا (ف) دو رنگ کا ۔ یک رنگ کی ضد ۔ منافق۔
دورنگی (۱/مث) دوروئی ۔ مکّاری ۔ منافقت۔
دورُویہ (ف) دورنگا ۔ دورُخا ۔ دوطرفہ ۔ دونوں جانب سے۔
دوزانو بیٹھنا (ف) ادب سے بیٹھنا ۔ اُونٹ کی طرح بیٹھنا ۔ دونوں گھٹنے ٹیک کر بیٹھنا۔
دوسالہ (۱/مث) دو برس سے بوئی جتی زمین ۔ دو برس کا ۔ دو سال کی عمر کا۔
دوسُوتی (۱/مث) دُہرے سوت کا بنا ہوا کپڑا۔
دوسے تین بھلے (۱/مثل) جتنے زیادہ آدمی ہوں اتنا ہی کام زیادہ ہوتا ہے۔

دوسیری (ف ا مث) دو سیر کا باٹ۔
دوشاخہ (ف ا مذ) دو شاخوں والی لکڑی یا شمع دان۔ دونوں ٹانگیں۔
دوشالہ (ف ا مذ) دو شال کا جوڑا۔ چادر۔ جوڑا۔
دوشالہ پوش (ف ا مذ) خوش لباس امیر آدمی۔
دوشالہ میں لپیٹ کر لگانا (د) در پردہ ذلیل کرنا۔ ہجو ملیح کرنا۔ عمدہ الفاظ میں ہجو کرنا۔
دوشنبہ (ف ا مذ) پیر کا دن۔ سوموار۔
دوشیزہ (ف ا مث) باکرہ۔ کنواری لڑکی۔ نابالغہ۔
دوطرفہ (ف ا صف) دونوں طرف۔ دونوں جانب۔ دو رویہ۔
دوعملی (ف ع ا مث) دو حکومتیں ہونا۔ بد انتظامی۔ اختلاف رائے۔
دوفصلی (ف ع) سال میں دو فصلیں دینے والی زمین۔ دو موسمی فصل میں دو دفعہ پھل دینے والا درخت۔ دوغلی جیسے دوفصلی باتیں۔
دوقولی (ف ا ع ا صف) جھوٹ۔ دھوکا۔ دورنگی بات۔
دوکرنا (د) دو حصے کرنا۔ دو ٹوک کرنا۔ برابر دو حصے کرنا۔
دوکوڑی کی بات۔ یا۔ آبرو کرنا (د) ذلیل کرنا۔ عزت بگاڑ دینا۔ پت کھو دینا۔
دوگاڑا مارنا (د) ایک ہی دفعہ میں دو گولیاں بھر کر بندوق مارنا۔
دوگھڑی کا تڑکا (ف ا مذ) صبح کاذب۔ سورج نکلنے سے گھنٹہ بھر پہلے کا وقت۔
دولتی (ف ا مث) چوپائے کا پچھلی ٹانگیں اٹھا کر لات مارنا۔ خفتہ۔
دولڑا (ف ا مذ) دو لڑوں والا ہار۔ دوہرا بٹا ہوا تاگا۔
دولعڑا } دوہڑا } (ہ ا مذ) ایک قسم کا فرشی کپڑا۔
دومحلہ (ف) دو منزلہ مکان۔ دو درجے والا مکان۔
دومعنی (ف ا مث) پہلو دار بات۔ وہ بات جس کے دو معنی ہوں۔
دو ملاؤں میں مرغی حرام (ف ا مثل) جس میں حلال چیز پر بھی حرام کا فتویٰ لگ جاتا ہے۔ دو دعوے داروں یا ہم پیشہ اشخاص میں کام بگڑ ہی جایا کرتا ہے۔
دومنہ ہنس لینا (د) ذرا ہنس لینا۔ تھوڑا ہنس لینا۔
دو میں تیسرا آنکھوں میں ٹھیکرا (ف ا مثل) شراکت دو ہی آدمیوں کی ٹھیک ہوتی ہے۔ تیسرا رلا اور جھگڑا کا گلا۔ تیسرا ناگوار ہوتا ہے۔
دونوں (ف ا) ہر دو۔
دونوں آنکھیں برابر ہیں (ف ا مقولہ) دونوں فریقوں میں کسی کو ترجیح نہیں۔
دونوں بازو (ف ا مذ) دونوں طرف۔ دونوں جانب۔
دونوں ٹانگوں میں سر دینا (د) سزا دینا۔ ٹھیک بنانا۔ مروڑ دینا۔
دونوں جہان سے کھونا (د) دین و دنیا نہ رکھنا۔
دونوں جہان میں منہ کالا ہو (ف ا) کلمہ بددعا دنیا اور عاقبت میں رسوائی ہو۔

دونوں طرف (د) دونوں جانب۔
دونوں وقت ملے (د) شام کے وقت۔ مغرب کے وقت۔ دن چھپے۔
دونوں ہاتھ سے تالی بجنا (د) دونوں طرف سے جھگڑا ہونا۔ دونوں طرف سے لڑائی ہونا۔ دوستی سے دوستی اور دشمنی سے دشمنی۔
دونوں ہاتھوں سے پگڑی تھامنا (ف ا مثل) بڑی مشکل سے عزت بچانا۔
دونوں ہاتھوں سے سلام کرنا (د) نہایت نفرت ظاہر کرنا۔ چالاکی میں استاد ماننا۔ شرارت اور بدی کو مان جانا۔
دوورقی (ف ا مث) دو ورق کی کتاب۔ چھوٹی سی کتاب۔
دوہتڑ (ہ ا مذ) دونوں ہاتھوں کی ضرب۔ دونوں ہاتھ اٹھا کر ایک ساتھ مارنا۔
دوہتی (ف ا مث) دونوں ہاتھوں کی۔
دوہتی تالی بجنا (د) دیکھو دونوں ہاتھ تالی بجنا۔
دوا (ع ا مث) دوائی۔ دارو۔ علاج۔ معالجہ۔ اوکھد۔
دواخانہ (ف ا مذ) دوائیاں رکھنے کا کمرہ یا الماری۔ شفاخانہ۔
دوا دارو۔ یا۔ دوا درمن (ف ا مث) تیمارداری۔ علاج۔ معالجہ۔
دوا کو نہ ملنا (د) نہایت کمیاب ہونا۔ کسی چیز کا دستیاب نہ ہونا۔
دوّاب (ع ا مذ) چوپائے۔ حیوانات۔ مویشی۔ دابہ کی جمع۔ فارسی میں بغیر تشدید مستعمل ہے۔
دوات (ع ا مث) سیاہی رکھنے کا برتن۔
دوادشی (ہ ا مث) ہر پاکھ کی بارھویں تاریخ۔
دوآر } دوآرا } (ہ ا مذ) ڈیوڑھی۔ دروازہ۔ راستہ۔ مکان۔ آستانہ۔ چوکھٹ۔ وسیلہ۔ ذریعہ۔
دُوال (ف ا مث) تسمہ۔ رکاب وغیرہ کا تسمہ۔
دِوال (ہ) دینے والا۔ گنوار لوگ دیوار کی جگہ بھی بولتے ہیں۔
دوالا نکالنا (ہ) قرضہ ادا نہ کر سکنا۔ ناداری کا اظہار کرنا۔ تیرہ اٹھنا۔
دوالی (ف ا مث) پٹا۔ چمڑے کا تسمہ۔ پیٹی۔ چپڑاس پیٹی کے بیچ کا بادلہ کا تار۔
دِوالی (ہ ا مث) دیوا اور آلی سے مرکب اور مخفف۔ دیپ مالا۔ دیوؤں کی قطار۔ چراغاں۔ لچھمی پوجا کرنے کا ہندوؤں کا ایک تیوہار جو کاتک کی پندرھویں تاریخ کو منایا جاتا ہے۔
دوالیں (ف ا مث) انگیا کی کٹوریوں کے پیچھے کے ٹکڑے (غلط العام) دیواریں۔
دوالیہ (ہ ا مذ) مفلس۔ نادار۔ مقروض۔ دوالہ نکل جانے والا شخص۔
دوام (ع ا مذ) ہمیشگی۔ دائمی۔ ہمیشہ۔ سدا۔ نت۔ مدام۔
دوامی بندوبست (ع ف ا مذ) زمین کا وہ انتظام جو ہمیشہ کے لیے ایک ہی دفعہ کر دیا جائے۔

دوامی پٹہ (ا/مذ) ایسا پٹہ جو ہمیشہ کے لیے ہو۔
دواں (ف) دوڑتا ہوا۔ بھاگتا ہوا۔ سرگرداں و حیراں۔
دوائر (ع/مذ) دائرہ کی جمع۔
دُوبدُو (ف) رُو برُو۔ سامنے۔ سمکھ۔
دُوبدُو کرنا (ا/محاورہ) بحث کرنا۔ تکرار کرنا۔
دُوبدُو ہونا (ا) سامنے ہونا۔ مقابل ہونا۔
دُوبھر (ہ) مُشکل۔ دشوار۔ ناگوار۔ بارِ خاطر۔ اجیرن۔
دُوت } (ہ/مذ) قاصد۔ ایلچی۔ سفیر۔ وکیل۔ نائب۔ پیش کار۔
دُوتا } مختار۔ جم۔ دوت۔ موت کا فرشتہ۔ چغل خور۔ غماز۔
دوت دیک (ہ/مث) لعنت۔ پھٹکار۔ دھتکار۔ دور دیک۔
دُوتی (ہ/مث) جاسوس عورت۔ لاوا لُتری۔ چُغل خور عورت۔
دُوجا (ہ) دوسرا۔ ثانی۔ دوم۔
دوجنما (س/مث) ہندوؤں کی تینوں اُونچی ذاتیں۔ یعنی برہمن۔ چھتری۔ ویش۔
دُوخت (ف/مث) سلائی۔ سیون۔
دُود (ف/مذ) دُھواں۔ بھاپ۔ دُخان۔
دُودکش (ف/مذ) چمنی۔ دھواں نکلنے کا سوراخ۔
دُودھ (ہ/مذ) شیر۔ لبن۔ درخت یا کسی چیز کا سفید گاڑھا عرق۔
دُودھ اُتر آنا (ہ) دُودھ کا چھاتیوں یا تھنوں میں آجانا۔
دُودھ اُچھالنا (ہ) دُودھ ٹھنڈا کرنا۔ دُودھ کو دھار باندھ کر اوپر سے چھوڑنا
دُودھ اُگلنا (ہ) بچے کا دُودھ کی قے کرنا۔ دُودھ ڈالنا۔
دُودھ اُدھاری (ہ/مث) دُودھ پر رہنے والا۔ وہ شخص جس نے اناج وغیرہ چھوڑ کر صرف دُودھ پر گزارہ ٹھہرا لیا ہو۔
دُودھ بڑھانا (ہ) دُودھ چھُڑانا۔ بچے کو دُودھ نہ پلانا۔
دُودھ بڑھنا (ہ) دُودھ زیادہ ہوجانا۔ دُودھ چھوٹنا۔
دُودھ بھائی (ہ/مذ) کوکا۔ دُودھ شریک بھائی برادرِ رضاعی۔
دُودھ بھر آنا (ہ) بچے کی محبت کے سبب ماں کی چھاتیوں میں دُودھ اُتر آنا۔
دُودھ بھری کٹوریاں (ہ/مث) دُودھ بھرے پستان۔ دُودھ بھری چھاتیاں۔
دُودھ بہن (ہ/مث) دُودھ شریک بہن۔ ہمشیرہ رضاعی۔
دُودھ بھی پیارا پُوت بھی پیارا قسم کس کی کھاؤں (ہ/مثل) جب کسی کام کو کرتے بنے نہ چھوڑتے اُس وقت یہ مثل بولتے ہیں۔ یعنی نہ وہ کرتے ہو نہ یہ کرتے ہو۔
دُودھ پڑنا (ہ) اناج میں رس پڑنا۔
دُودھ پلانا (ہ) بچے کو چھاتیوں میں لٹا کر دُودھ چُسانا۔ چھاتی منہ میں دینا۔

دُودھ پلائی (ہ/مث) دایا۔ انّا۔ مرضعہ۔ وہ نقدی جو دُولہا کو دُولہن کے گھر سے ساچق کے روز آتی ہے وہ نقدی جو دُولہا اپنی ماں کو گھوڑی چڑھنے کے وقت دُودھ پلانے کا معاوضہ دیتا ہے۔
دُودھ پُوت والی (ہ) آل اولاد والی عورت۔ دھن دولت والی۔
دُودھ پھاڑنا (ہ) کسی دوا کے ذریعے دُودھ کے پانی کو الگ کر دینا۔
دُودھ پھٹنا (ہ) دُودھ کے غنط غنط الگ اور پانی الگ ہوجانا۔ دُودھ بگڑ جانا۔
دُودھ پیتا بچہ (ہ/مذ) شیر خوار بچہ۔ گود کا بچہ۔ ناتجربہ کار۔ ناداں۔ بے سمجھ۔
دُودھ توڑنا } (ہ) گرم دُودھ کو اوپر نیچے کرنا۔ ٹھنڈا کرنا۔ ملائی
دُودھ پھینٹنا } اور دُودھ ملا دینا۔
دُودھ جاتا رہنا (ا/محاورہ) دُودھ خشک ہوجانا۔ ماں کی چھاتیوں سے دُودھ خشک ہوجانا۔
دُودھ چُرانا (ہ) گائے بھینس کا دُودھ دوہتے وقت دودھ کو بالکھ میں چڑھا لینا۔ سارا دُودھ نہ دینا۔ اپنے بچے وغیرہ کے لیے چھپا لینا۔
دُودھ چڑھنا (ہ) دُودھ جذب ہونا۔ چھاتیوں کا دُودھ جمع ہو کر تن جانا۔
دُودھ چھُٹانا۔ یا۔ چھُڑانا (ہ) بچے کو دُودھ سے باز رکھنا۔ دُودھ بڑھانا۔
دُودھ دُہنا (ہ) تھنوں میں سے دُودھ نکالنا۔
دُودھ سا (ہ) نہایت سفید۔ دُودھ کی مانند۔ کھرا۔
دُودھ سے دھویا پڑا ہے (ا/محاورہ) بہت صاف ہے۔
دُودھ کا جلا چھاچھ پھُونک پھُونک کر پیتا ہے (ا/مثل) ایک چیز سے ڈرا ہوا اس کی ہم شکل چیز سے بھی ڈر جایا کرتا ہے سانپ کا کاٹا رسّی سے ڈرتا ہے۔
دُودھ کا دُودھ پانی کا پانی (ہ/مثل) پورا پورا انصاف۔ ٹھیک انصاف۔ حق حق بات۔
دُودھ کا سا اُبال (ہ/مذ) جلدی اُتر جانے والا۔ غُصّہ جلد فرو ہو جانے والا جوش۔
دُودھ کی بُو مُنہ سے آنا (ہ) ابھی ناتجربہ کار۔ اور ناداں ہونا۔
دُودھ کی مکھی کس نے چکھی (ا/مثل) خراب چیز کوئی استعمال نہیں کرتا۔
دُودھ کے دانت (ہ) زمانہ شیر خوارگی میں نکلے ہوئے ملائم دانت۔
دُودھ کی مکھی (ہ/مث) دُودھ پر گرنے والی مکھی۔
دُودھ ماں (ہ/مث) انّا۔ دایہ۔ دُودھ پلانے والی عورت۔
دُودھ مسہری (ہ/مث) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
دُودھ والی (ہ) گوالن۔ گھوسن۔ شیر فروش۔ بچے کو دُودھ پلانے والی۔ زچہ۔
دُودھا بھاتی (ہ) دُودھ چاول۔ کھیر۔ دُلہا کو چوتھی کے دن

کھیر کھلانے کی رسم۔ ہندوؤں میں بڑھار کے دن کی رسم جو دُلہا کے ساتھ برتی جاتی ہے۔
دودھاری (ہ/ صت) بہت دودھیل۔ دودھار والے خنجر کو بھی کہتے ہیں۔
دودھوں دھویا (ہ) نہایت کھرا۔ بالکل خالص۔ بے کھوٹ۔ بے عذر۔ بے نقصان۔ بے نقص
دُودھی (ہ/ مث) پستان۔ چوچی۔ ایک قسم کا پتھر۔ ایک بُوٹی کا نام جو شیردار ہوتی ہے۔
دُودھیا (ہ) سفید۔ ہم رنگ شیر۔ کچّا۔ ہرا۔ ایک قسم کا پتھر۔ ایک خاص طرز کا حلوا سوہن۔ رسیلا۔ رس بھرا۔ پُر از شیر۔ دُودھ کا۔
دُودھیا کھاکھرا (ہ/ مذ) ایک قسم کا کبوتر۔
دُودھیل (ہ) بہت دُودھ دینے والی گائے۔ بھینس بکری وغیرہ۔
دَور (ع/ مذ) گردش۔ چکر۔ چرخ۔ محیط۔ چوطرفہ۔ گرداگرد پھرنا۔ چال۔ رفتار۔ روش۔ گردش۔ ساغر۔ حاشیہ۔ گھیرا۔ کنارا۔ راج۔ حکومت۔ سلطنت۔ باری۔ نوبت (مذ) گرداگرد اردگرد۔ زمانہ۔ عرصہ۔ انقلاب۔ تغیر و تبدل۔
دَور کرنا (ف) دو آدمیوں کا بیٹھ کر باری باری ایک دوسرے کو قرآن سُنانا۔
دَور میں آنا (ا/ مص) گردش میں آنا۔
دُور (ف) بعید۔ فاصلہ۔ جُدا۔ الگ۔ علیحدہ۔ ہٹ۔ چل۔ سرک۔ پرے ہو۔ دُور اندیش۔ دانش مند۔
دُور افتادہ (ف/ صف) جو دُور ہو۔ توجہ سے محروم۔ جو فاصلے پر واقع ہو۔
دُور اندیش (ف) دُور کی بات سوچنے والا۔ ہوشیار۔ آگے پیچھے سوچ کر بات کرنے والا۔
دُور اندیشی (ف) عقل مندی۔ عاقبت اندیشی۔ دانائی۔ سوچ بچار۔ سوچنا۔
دُور بھاگنا (ف) الگ رہنا۔ پاس نہ پھٹکنا۔ نفرت کرنا۔
دُور بین (ف/ مث) دُور کی چیز دیکھنے کا آلہ۔ دُور اندیش۔ عقلمند۔ دُور کی سُوجھ کرنے والا۔
دُور پار (ف) کلمۂ نفرت۔ بعیب دشمناں۔ خدا نہ کرے۔ دُور باد۔ زنخہ۔ زنانہ۔ ہیجڑا۔
دُور پہنچنا (ف) بہت بلند خیال پر پہنچنا۔ بلند پروازی کرنا۔ بڑوں تک پہنچنا۔ حسب و نسب کی گالی دینا۔ دُور نکل جانا۔ دُور چلا جانا۔
دُور تک پہنچنا۔ یا۔ چلا جانا (ف) بڑوں تک پہنچنا۔ بڑوں کی گالی دینا۔ فاصلہ پر چلا جانا۔ تہہ تک پہنچنا۔
دُور کی سُنانا (ف) گالیاں دینا۔ باپ دادے پُننا۔ بڑوں کو کھاتا۔
دُور کی سُوجھنا (ف) گہرا خیال آنا۔ کسی تازہ خیال کا ذہن میں آنا۔ دُور اندیش ہونا۔

دُور کی کہنا (ف) نہایت سمجھ کی بات کہنا۔ سمجھ سے باہر کی بات کہنا۔
دُور کی ہانکنا (ف) شیخی مارنا۔ قابلیت اور لیاقت سے بڑھ کر دعویٰ کرنا۔
دُور ہو (ف) کلمۂ نفرت۔ چل۔ دُور۔ پرے۔ سرک۔ دفع ہو۔
دُور ہونا (ف) جاتا رہنا۔ فاصلہ پر ہونا۔ کالے کوسوں ہونا۔ بہت سمجھدار ہونا۔ نہایت شریر اور بدذات ہونا۔ ہٹنا۔ سرکنا۔ پرے ہو جانا۔
دَوراں (ف/ مذ) گردش کرنے والا۔ زماں۔ زمانہ۔ وقت۔ عمر۔ گردش۔ چکر۔
دورانِ خون (ف/ مذ) خون کی گردش۔
دَورانِ سر (ف/ مذ) سر گھومنا۔ سر چکرانا۔ سر کا چکر۔ گھمیری۔
دَورہ (ف/ مذ) گردش۔ چکر۔ باری۔ نوبت۔ حاکموں کا اپنے علاقہ میں پھرنا۔ گشت۔
دَورہ سپرد کرنا (ف) (قانون) مقدمہ کے فیصلے کے لیے سیشن جج کے حوالے کرنا۔ عدالت کے سپرد کرنا۔ دَورہ کی تاریخیں لگانا۔
دَورہ کرنا (ف) حاکموں کا اپنے ضلع یا علاقے میں گشت کرنا۔ گشت لگانا۔ چکر لگانا۔
دُوری (ف/ مث) فاصلہ۔ بُعد۔ جُدائی۔ فرق۔ تفاوت۔ ہجر۔
دَوڑ (ہ/ مث) حاصل مصدر دوڑنا سے۔ دھاوا۔ حملہ۔ بھاگ۔ چڑھائی۔ پہنچ۔ رسائی۔ سعی۔ کوشش۔ پیروی۔ جدوجہد۔
دوڑ دوڑ۔ یا۔ دوڑ دوڑ کے جانا (ہ) بڑی کوشش سے جانا۔ بڑے شوق اور خواہش سے جانا۔
دوڑ دھپاڑ }
دوڑ دھوپ } (ہ/ مث) تگ و دو۔ نہایت پیروی۔ بڑی کوشش۔
دوڑ کر چلنا (ہ) تیزی سے چلنا۔ بھاگ کر چلنا۔ حیثیت سے باہر قدم رکھنا۔ بڑھ کر چلنا۔ بے تامل کسی کام کو مستعد ہو جانا۔
دوزخ (ف/ مذ/ مث) جہنم۔ نرک (مجازاً) پیٹ۔ شکم۔ معدہ۔
دوزخ بھرنا (ا/ محاورہ) پیٹ بھرنا۔
دوزخ کا نمونہ (ا/ مذ) بڑی تکلیف کی جگہ۔
دوزخ کی آنچ (ا/ مث) آتش جہنم۔
دوزخی (ف/ مذ) پاپی۔ جہنمی۔ اپرادھی۔
دوس (ہ) الزام۔ قصور۔ جُرم۔ عیب۔ پاپ۔ گناہ۔ نقص۔ خطا۔
دوس دینا (ہ) الزام لگانا۔ قصوروار ٹھہرانا۔ عیب لگانا۔ شکوہ شکایت کرنا۔
دوسار ہونا (ہ) تیر یا نیزہ وغیرہ کا آر پار نکل کر نکل جانا۔ بدن سے پار ہو جانا۔
دوساہی۔ یا۔ دوساکھی (ہ) دو فصل۔ خریف اور ربیع دونوں فصلیں دینے والی زمین۔
دوست (ف/ مذ) لغوی معنی پیوستہ رہنے والا۔ یار۔ میتر۔ آشنا۔ خیر خواہ۔ معشوق۔ محبوب۔ پیارا۔ پریتم۔ دشمن کی ضد۔

دوست رکھنا (ف) عزیز رکھنا ۔ پسند کرنا ۔ چاہنا ۔ پیار کرنا ۔
دوستانہ (ف/مذ) یاری ۔ آشنائی ۔ محبت ۔ پیار ۔ دوستوں کی طرح آشناؤں جیسا ۔
دوستدار } (ف) خیر خواہ ۔ ہمدرد ۔ دلسوز ۔
دوستار } مشفق ۔ ہمراز ۔
دوستداری (ف/مث) خیر خواہی ۔ ہمدردی ۔ دلسوزی ۔
دوستی (ف/مث) دوستانہ ۔ یارانہ ۔ یاری ۔ محبت ۔ اتحاد ۔ پیار ۔
دُوسرا (ہ) دوم ۔ دیگر ۔ ثانی اور مثنیٰ ۔ غیر ۔ مقابل کا ۔ برابر کا ۔
دوسرا تیسرا کرہ (ہ) (بول معمولہ) دوسری تیسری دفعہ ۔ بار بار ۔ کئی دفعہ ۔
دُوسری ماں (ہ/مث) سوتیلی ماں ۔
دوش (ف/مذ) گناہ ۔ پاپ ۔ الزام ۔ قصور ۔ خطا ۔
دوش (ف/مذ) کندھا ۔ مونڈھا ۔ شانہ ۔ گزری ہوئی رات ۔ گزشتہ شب ۔
دوش بدوش (ف/متعلق فعل) کندھے سے کندھا ملا کر ۔ متفق ہوکر ۔ اتفاق سے ۔ شراکت کر کے ۔
دوشمال (ف/مذ) وہ رُومال جو قصاب یا سائیس رکھتے ہیں اور اکثر کندھے پر پڑے ہوئے ہیں ۔
دوشالہ (ف/مذ) چادر جوڑا ۔ الوان کی دُہر ۔ پشمینہ کی دُھری چادر ۔
دوشاخہ (ف/مذ) ایک قسم کا شمعدان جس میں دو بتیاں جلتی ہیں ۔
دوشنبہ (ف/مذ) پیر کا دن ۔ سوموار ۔
دوشیزگی (ف/مث) بکارت ۔ کنوارا پن ۔
دوشیزہ (ف/مث) کنواری ۔ باکرہ ۔ بن بیاہی ۔ کنیا ۔ انچھیڑ ۔
دوغ (ف/مذ) دہی ۔ چھاچھ ۔ مکھن نکلا ہوا دُودھ ۔
دوغلا (ہ) دونسلا ۔ وہ شخص جس کے ماں باپ ایک نسل کے نہ ہوں ۔ کم ذات ۔ کمینہ ۔ کم اصل ۔
دوغلی (ہ/مث) دونسلی ۔ میل کی ۔ منافق ۔ دوغلا کی مؤنث ۔ دورُخی ۔
دوغلی بات (ہ/مث) دورُخی بات ۔ وہ بات جو یک طرفہ نہ ہو ۔
دوگھر مسلمانی اُن میں بھی آنا کانی (ہ/مثل) کم آبادی اور اُن میں بھی نفاق ۔
دوگھڑی کی بے حیائی سارے دن کا اُدھار (ہ/مثل) تھوڑی سی بے مروّتی سے بہت عرصہ کے لیے آرام ہوجاتا ہے ۔
دولت (ع/مث) نصیبہ ۔ اِقبال ۔ ظفر ۔ نصرت ۔ دھن ۔ مال ۔ زر ۔ لچھمی ۔ نقدی ۔ طاقت ۔ حکومت ۔ سلطنت ۔ اولاد ۔ بیٹا بیٹی ۔ لونڈی ۔ باندی کا نام ۔ بدولت ۔ طفیل ۔
دولت خانہ } (ع ف/مذ) محل سرا ۔ غریب خانہ کی ضد ۔
دولت سرا } تعظیماً ۔ مسکن ۔ رہنے کا گھر ۔
دولت قدم (ع/مث) بطور تفاؤل باندیوں کا نام رکھ لیا کرتے ہیں ۔

دولت مند (ع ف/مذ) مال دار ۔ دھنی ۔ امیر ۔ تونگر ۔
دولت مندی (ف/مث) امیری ۔ تونگری ۔ مال داری ۔
دُولہا بھائی (ہ/مذ) بہنوئی ۔ بہن کا خاوند ۔ بہن کا دُولہا ۔
دُولہا دُولہن مل گئے جھوٹی پڑی برات (ہ/کہاوت) دوست دوست باہم ایک ہوگئے ۔ دُوسرے دخل دینے والے مفت میں بُرے بنے ۔
دُولہا کے ساتھ برات ۔ یا ۔ دُولہا کے سر سہرا (ہ/مثل) سردار کے ساتھ ہی لازم ہیں ۔
دُوم (ف) دُوسرا ۔ دیگر ۔ ثانی ۔
دُون (ہ/مث) گھاٹی ۔ درہ ۔ دامن کوہ ۔
دُون (ہ/مث) شیخی ۔ لاف وگزاف ۔ تعلّی ۔ ڈینگ ۔ گانے میں اونچا سُر ۔
دُون کی لینا (ہ) شیخی مارنا ۔ اِترانا ۔ خودستائی کرنا ۔
دُون (ع) کمینہ ۔ ادنیٰ ۔ سِفلہ ۔ کم ۔ پاجی ۔ سوائے ۔ بجُز ۔ غیر ۔ زیر ۔ نیچے ۔ فوق کی ضِد ۔
دُول (ہ/مذ) آگ ۔ آتش ۔ نار ۔ اگنی ۔ شُعلہ ۔ لُوکا ۔ لَو ۔ پیاس ۔ تشنگی ۔ گرمی ۔ حدّت ۔ جلن ۔ سوزش ۔ جھل ۔ جوش ۔ ولولہ ۔ اُمنگ ۔
دُون پرست (ع ف/صف) کمینے کی پرورش یا قدر کرنے والا ۔
دُون ہمت (ف/صف) کم ہمت ۔ پست ہمت ۔
دُول لگنا (ہ) آگ لگنا ۔ تشنگی غالب ہونا ۔ آتش عشق کا مشتعل ہونا ۔ شدید محبت ہونا ۔
دُونا (ہ) دوچند ۔ دُگنا ۔ دوبالا ۔ افزوں ۔ زیادہ ۔ دُہرا ۔ ڈبل ۔
دُونا ہونا (ہ) زیادہ ہونا ۔ بڑھ جانا ۔
دُونا (ہ/مذ) پتّوں کا پیالہ ۔ نیاز و نذر کی مٹھائی جو پتّوں میں لاتے ہیں ۔
دُونا چڑھانا } (ہ) پھول اور شیرینی کا دُونا مزار پر
دُونا دینا } دینا ۔
دونا ماننا (ہ) نذر و نیاز کی مٹھائی ماننا ۔ سوکھنا سوکھنا ۔ نذر کا عہد کرنا ۔
دونا (ہ/مذ) ایک قسم کی بڑے پھول والی گھاس کا نام ۔
دونوں (ہ) ہردو ۔
دونوں باگیں کسنا (ہ) تلوار کا دونوں طرف سے جھک جانا ۔
دونوں وقت ملنا (ہ) شام ہونا ۔ دن گزرنا اور رات آنا ۔
دونوں کی چاٹ پڑنا ۔ یا ۔ لگنا (ہ) چھچھورپن ہونا ۔ بازاری سودوں کا مزا پڑنا ۔
دُونی (ہ/مث) دو کا پہاڑہ ۔ ہر عدد کا دوچند حاصل ۔
دوہا ۔ یا ۔ دُوہرا (ہ/مذ) شعر ۔ بیت ۔ فرد ۔ دو مصرعوں کا ہندی شعر ۔
دوہائی ۔ یا ۔ دُہائی (ہ/مث) فریاد ۔ نالش ۔ استغاثہ ۔ شور و فغاں ۔ پناہ ۔ امن ۔ بچاؤ ۔ قسم ۔ واسطہ ۔ سوگند ۔ منادی ۔ اعلان ۔ ڈھنڈورا ۔ گلہ ۔ شکوہ ۔ شکایت ۔ گِلہ ۔
دوہائی پکارنا (ہ/محاورہ) فریاد کرنا ۔

دوہائی پھرنا (ہ) منادی ہونا۔ شہرت ہونا۔ اعلان دینا۔ ڈونڈی پٹنا۔
دوہائی پھیرنا (ا / محاورہ) اعلان کرنا۔ منادی کرنا۔
دوہائی دینا (ہ) مظلوم کا فریاد کرنا۔ داد مانگنا۔ انصاف چاہنا۔ قسم دینا۔ واسطہ دینا۔ شور کرنا۔ غل مچانا۔ منادی کرنا۔ ڈونڈی پٹنا۔
دوہائی ہے (ہ) فریاد ہے۔ الغیاث الحفیظ۔ الامان۔ پناہ ہے۔
دوہر (ہ / مث) دوہری چادر۔ دریا کی پرانی تہہ۔ زمین میں دوسری دفعہ قلبہ رانی۔ دوفصلی زمین۔
دُوہرا (ہ) دو تہہ کا ڈبل۔ دوچند۔ موٹا۔ فربہ جیسے وہ بدن کا دوہرا ہے۔
دوہرا تہرا (ہ) دوچند۔ سہ چند۔
دہرانا (ہ) دو تہہ کرنا۔ پھیرنا۔ دُوسری دفعہ پڑھنا۔ آموختہ پھیر کر پڑھنا ذکر کرنا۔ روایت کرنا۔ اعادہ کرنا۔ کسی کام کو دُوسری دفعہ کرنا۔
دوہنا (ہ) دُودھ نکالنا۔ تھنوں میں سے دُودھ برتن میں نکالنا۔
دُوہنی (ہ / مث) دُودھ دوہنے کا برتن۔
دُوئی (ہ / مث) دو سمجھنا۔ شرک توحید کی ضد۔ علیحدگی۔ فراق۔ جُدائی۔

د - ہ

دِہ (ہ / مث) دہیہ کا مخفف، وحدت کی ضد۔ دو سمجھنا۔ شرک۔ علیحدگی۔ فراق۔ جدائی۔
دہ دھرے کا ڈنڈ۔ یا۔ دہ ڈنڈ (ہ / مذ) بدنی سزا۔ جنم لینے کا خمیازہ۔
دَہ (ہ / مث) ندی۔ جوئے۔ بہت گہرا پانی۔ بھنور۔ گرداب۔ وَرطہ۔
دِہ (ف / مذ) گاؤں۔ قریہ۔ گرام۔ پڑی۔ نگری۔ آبادی (دہیہ کا مخفف)
دِہ بندی (ف / مث) حدبندی۔ مفصلات کا نقشہ۔
دِہ جمع (ع / مث) گاؤں کی مالگزاری۔
دِہ خدا (ف / مذ) گاؤں کا مالک۔ زمیندار۔
دَہ (ف) دس۔ عشرہ۔ ۱۰
دَہ چند (ف) دس گنا۔ دس حصے۔
دہ در دُنیا ستر در آخرت (ف / کہاوت) اصلی معنی تو یہ ہیں کہ دنیا میں دئے اور آخرت میں کاٹے کیونکہ ستر بمعنی ستاں یعنی لے ہے۔ غلط العام میں ایک چیز کی خیرات کا دس گنا دُنیا میں ملتا ہے اور ستر گنا آخرت میں۔
دَہ در دَہ (ف) دس گز شرعی مربع پانی۔ یعنی دس ہاتھ ضرب دس ہاتھ رقبہ کا اور بالشت بھر گہرا پانی جو اہل اسلام کے ہاں پاک ہے۔

دہ دواں، دہ دواں، دہ پراں (ف / مقولہ) رمضان کے اوّل میں دس روزے آہستہ آہستہ گزرتے ہیں۔ درمیان کے دس روزے جلد جلد گزرتے ہیں اور آخر کے دس روزے تیزی سے اڑتے ہوئے گزرتے ہیں۔
دِہ زدہ (ف) ویران گاؤں۔
دِہستان (ف) بمقابلہ شہرستان کے۔
دہ یک (ف / مذ) ملک کی آمدنی کا دسواں حصہ خراج۔
دہا (ا / مذ) ماہِ محرم سنہ ہجری کے شروع ہونے کا مہینہ۔ پہلا قمری مہینہ۔
دھا (ہ / مذ) سُر۔ لَے۔ ترانہ۔ اُمنگ۔ ہندی راگ کا چھٹا سُر جیسے سا۔ رے۔ گا۔ ما۔ پا۔ دھا۔ نی۔
دُودھ پلانے والی۔
دھابا (ہ / مذ) کچی چھت۔ کچا کوٹھا یا مکان۔ ناتجربہ کاروں کا بنایا ہوا مکان۔ عام رسوئی گھر۔ باورچی کی دکان۔
دھاپ (ہ / مث) میل بھر فاصلہ۔ وہ فاصلہ جو آدمی ایک سانس دوڑ کر طے کر سکے۔
دھاپنا (ہ) عاجز ہونا۔ تھکنا۔ ہارنا۔ رجنا۔ سیر ہونا۔ چھکنا۔
دھات (ہ) فلزات۔ تانبا۔ لوہا۔ رانگ۔ قلعی۔ سونا۔ چاندی وغیرہ۔ وہ کانی مادے جو پگھل سکتے ہوں۔ منی۔ آبِ پشت نطفہ کا پانی۔ مذی لیسدار رطوبت جو غلبۂ شہوت میں آلۂ تناسل سے نکلے۔
دہات۔ یا۔ دیہات (ف / مذ) عربی قاعدے سے فارسی لفظ دہ کی جمع۔ بہت سے گاؤں۔
دہاتی۔ یا۔ دیہاتی (ف / مذ) گاؤں میں رہنے والا۔ منسوب بہ دِہ۔
دھار (ہ / مث) خط۔ لکیر۔ رقیق اور سیّال چیز کا فوارہ۔ تلوار۔ خنجر کی باڑھ۔ آبِ شمشیر و خنجر۔ پانی کا بہاؤ۔ تھوہڑ کی دھار گائے بھینس وغیرہ کے تھنوں سے نکلنے والی دُودھ کی تار۔
دھار باندھنا (ہ) سحر یا افسوں کے زور سے تلوار یا چھری وغیرہ کی دھار کو کند کر دینا۔ جادو سے ہتھیار کی کاٹ کو روک دینا۔
دھار پر مارنا۔ یا۔ دھار مارنا (ہ) ہیچ سمجھنا۔ ردّی خیال کرنا۔ پروا کرنا۔ پیشاب کی دھار مارنا۔ کسی چیز پر پیشاب کرنا۔
دھار چڑھنا (ہ) گنگا یا جمنا جی پر منت مان کر دُودھ کی دھار ڈالنا۔
دھار چھوٹنا (ا / محاورہ) زور سے دھار نکلنا۔
دھاردار (ف) تیز۔ باڑھ دار۔
دھار رکھنا (ہ) تیز کرنا۔ باڑھ رکھنا۔ چھری کو پتھر پر تیز کرنا۔
دھار لینا (ہ) تھنوں میں سے دُودھ کی دھار مُنہ میں لینا۔ مُنہ میں دُودھ کی دھار چھوڑنا۔

دھار نکالنا (ف) دُودھ دوہنا - دُودھ نکالنا - دُودھ کاڑھنا -
دھارا (ہ/مث) چشمہ - دھارا - سوتا - سوت - آبشار - جھرنا - پانی بہنے کی جگہ - سلسلۂ کوہ - پہاڑ کی چوٹی - قلۂ کوہ -
دھارن (ہ/مث) رکھا ہوا - نگہداشت - رکھاؤ - تول - خاص وزن - جیسے سبزی یا میوہ کی ایک دو دھارن -
دھارنا (ہ) قبول کرنا - اختیار کرنا - رکھنا - کسی عضو پر گرم پانی کی دھار ڈالنا - پرورش کرنا - پالنا - سنبھالنا - پکڑنا -
دھاری (ہ/مث) خط - لکیر - ریکھا - رکھنے والا - دھرنے والا -
دھاری دار (ف) خط دار - وہ کپڑا جس میں سیدھی سیدھی لکیریں ہوں -
دھاڑ (ہ/مث) مجمع - ہجوم - گروہ - چوروں کا جتھا - کثرتِ اولاد - جلدی - اشد ضرورت - بے قراری -
دھاڑ کی دھاڑ (ہ) گروہ کا گروہ - ہجوم کا ہجوم - سارا جتھا - کثرت اور انبوہ -
دھاڑ مارنا (ہ/محاورہ) ڈاکا مارنا - دھاوا کرنا - حملہ کرنا -
دھاڑا (ہ/مذ) لُوٹ - مالِ غنیمت - لوٹ کا مال - گھرسے -
دھاڑا لگنا (ہ) مالِ غنیمت ہاتھ آنا - مفت کا مال ملنا - لُوٹ کا ہاتھ آنا - بہت سستا خرید لینا - گھرسے ہو جانا -
دھاڑا (ہ/مذ) حال - حالت - درجہ - گت - دُرگت - بُرا درجہ -
دہاڑی (ہ/مث) ایک دن کی مزدوری - یومیہ اُجرت - روزینہ -
دھاڑی (ہ/مذ) نامی چور - بڑا لٹیرا - ڈاکو - چوروں کے جتھے کا ایک آدمی -
دہاڑنا (ہ) شیر کا بولنا - ڈکرانا - غرّانا - گونجنا - غل مچانا - شور کرنا - بچوں کا سخت آواز سے رونا -
دھاک (ہ/مث) رُعب - خوف - دہشت - ڈر - ہیبت - دبدبہ - جاہ و جلال - شہرت - دھوم دھام -
دھاک باندھنا (ہ/محاورہ) رُعب بٹھانا - سکہ بٹھانا -
دھاک بندھنا (ہ) شہرت ہونا - رُعب بیٹھنا - رُعب ہونا -
دہا کا بیٹھنا (ہ) خوف یا صدمہ میں آ جانا - دہشت بیٹھنا -
دہکے دینا (ہ) ڈراوے دینا - خوف دلانا - دم دینا - فریب دینا - دھوکا دینا -
دھاگا (ہ/مذ) تاگا - سُوت کا ڈورا - دم - فریب - دھوکا -
دھاگا پرونا (ہ) سوئی کے ناکے میں تاگا پرونا -
دھاگا دینا (ہ) فریب دینا - دم دینا -
دھاگا ڈالنا (ہ) رضائی وغیرہ میں گندے ڈالنا -
دھام (ہ/مذ) گھر - جگہ - استھان - تیرتھ - جاترا -
دھاں (ہ/مذ) توپ کی آواز (مجازاً) بڑی آواز -
دھان (ہ/مذ) چھلکے سمیت چاول - شالی - چاول کا پودا -
دھان پان (ہ) لغوی معنی دھان کے پیڑ اور پان کے پتے جیسا - (مجازاً) نازک - تپلا دُبلا - لاغر - نازک بدن -
دہان (ف/مذ) منہ - دہن - مکھ - مکھڑا - سوراخ - روزن - چھید - شگاف -
دھانا (ہ) دوڑنا - دوڑنا بھاگنا - چل دینا - روانہ ہونا - کوشش کرنا -
سعی کرنا - عبادت کرنا - یادِ خدا کرنا - نام جپنا - رٹنا -
دہانا (ہ) چتا میں رکھنا - جلانا - پھونکنا - داہ دینا -
دھاندل (ہ/مث) بے ایمانی - مکر - فریب - حیلہ - جھگڑا - ٹنٹا - رولا - گڑبڑ -
دھاندل باز (ف/مذ) مکّار - فریبی - جھگڑالو - بے ایمان -
دھاندل لانا (ہ/محاورہ) تکرار کرنا - حجت کرنا -
دھاندل مچانا (ہ/محاورہ) جھگڑا پھیلانا - بدمعاملگی کرنا -
دھاندلی (ہ/مذ) جھگڑالو - فریبی - مکّار -
دھاندلیا (ہ/صف) صحیح بات کو چھپانے والا -
دھانس (ہ/مث) خشک تمباکو یا مرچ وغیرہ کی تیز بُو جس سے کھانسی اُٹھے - ہلکی کھانسی - کم کم صرفہ -
دھانسنا (ہ) بیل - گھوڑے وغیرہ کا کھانسنا -
دھانسی (ہ/مث) گھوڑے وغیرہ کی کھانسی -
دھانگ (ہ/مذ) تیرانداز - کماندار - ایک پہاڑی قوم کا نام -
دہانہ (ف/مذ) منہ - دہن - مکھ - دریا کے سمندر وغیرہ میں جا گرنے کی جگہ - مشک کا منہ - نالی - موری - بدرو - لگام کا وہ حصہ جو گھوڑے کے منہ میں رہتا ہے - لگام -
دہانہ کھولنا (ف) مشک کا منہ کھولنا - پانی چھوڑنا - پیشاب کرنا -
دھانی (ہ/مث) زردی مائل سبز رنگ - ہلکا سبز - دھان بونے کی زمین - ایک قسم کے چاول -
دھاوا (ہ/مذ) بڑا حملہ - یورش - چڑھائی - چکر - گرداوری - ایک قسم کا درخت جو رنگنے کے کام آتا ہے اور جس کے پھولوں کو گل دھاوا کہتے ہیں -
دھاوا بول دینا (ہ/محاورہ) حملہ کر دینا - چڑھائی کرنا -
دھاوا کرنا (ہ) زور شور سے چڑھائی کرنا - حملہ کرنا - یورش کرنا -
دھاوا مارنا (ہ) لمبا سفر طے کرنا - چڑھے چلے جانا - چکر لگانا -
دھاوے سو پاوے (ہ/مثل) جو عبادت کرے سو خدا کو پاوے - جو ڈھونڈتا ہے پاتا ہے - جویندہ یابندہ -
دھائے - یا - دھائی (ہ/مث) دایہ - انّا - دُودھ پلانے والی عورت -
دہائی (ہ/مث) دس کے عدد کا درجہ -
دُہائی (ہ/مث) فریاد - واویلا - دادرسی - داد بیداد -
دھائے پُوجنا (ہ) باز آنا - ترک کرنا - دُور سے سلام کرنا -
دھائیں (ہ/مث) دھان دھول - توپ کی آواز -
دھائیں دھائیں کرنا (ہ/محاورہ) چائیں چائیں کرنا - شور مچانا - اپنے مطلب کی بات کہے جانا -
دَھبّہ (ہ/مذ) داغ - ٹیکا - نشان - عیب - کلنک -
دھبّہ پڑنا (ہ) داغ لگنا - نشان پڑنا -
دھبّہ لگانا (ہ) عیب لگانا - بدنامی دینا - کلنک لگانا -
دَھب دَھب (ہ/مث) بھدّے اور موٹے آدمی کے پیروں کی آواز -
دَھب دھبانا (ہ/مص) پاؤں سے دھب دھب کی آواز نکالنا -

ڈھیلا - یا - ڈھگلا (ہ امذ) عورتوں کا ڈھیلا ڈھالا تہبند - گھگرا - لہنگا - بدقطع اور بے وضع پاجامہ -

دھپ } (ہ امذ) دھول - تھپڑ - طمانچہ - چانٹا - نقصان - ضرر -
دھپا } ٹوٹا - گھاٹا -

دھپا لگنا (ہ) تھپڑ لگنا - نقصان ہونا - ٹوٹا پڑنا -

دھپاڑ (ہ امث) دوڑ -

دھت (ہ امث) عادت - سبھاؤ - بان - خراب اور بد عادت - ہاتھی کے چلانے اور ہمت دلانے کی آواز -

دھت پڑنا - یا - لگنا (ہ) لت لگنا - عادت بد پڑ جانا - بان پڑنا -

دُھت - یا - دُست (ہ) مخمور نشہ میں چور - بدمست - دھتا - دُھتکار -

دھتا (ہ امذ) ٹال مٹول - حیلہ بہانہ - مکر فریب - دھوکا -

دھتا بتانا (ہ) دھوکا دینا - جُل دینا - فریب دینا -

دُھتکار (ہ امث) لعنت ملامت -

دُھتکارنا (ہ) نکالنا - لعنت ملامت کرنا - ہنکانا - درکارنا -

دھتورا (ہ امذ) ایک خاردار زہریلے پودے کا نام -

دھتیا (ہ امذ) دھت والا - عادی - لتیا -

دھینگڑ } (ہ) موٹا تازہ - زبردست - مسٹنڈا -
دھینگ } گنوار کا لٹھ -
دھینگڑا }

دَھج (ہ امذ امث) طرز - روش - ڈھب - انداز - ڈھنگ - صورت - شکل -

دھجی (ہ امث) لیر - چیتھڑا - کترن -

دھجیاں اُڑانا } (ہ) پارہ پارہ کرنا - ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالنا - ذلیل کرنا -
دھجیاں لینا } رسوا کرنا - شرمندہ کرنا - عیب چینی کرنا - اعتراض کرنا -

دھجیلا (ہ) سجیلا - خوش اندام - جامہ زیب - خوش قطع -

دَھچکا (ہ امذ) صدمہ - دھکا - جھٹکا - ہچکولا - نقصان - خسارہ -

دَھچکا اُٹھانا - یا - لگنا (ہ) نقصان اُٹھانا - صدمہ اُٹھانا - ٹوٹا پانا -

دُہر دہ (امذ) زمانہ - وقت - جگ - سماں -

دھر (ہ) اردو میں انحصار کے معنی دیتا ہے - جیسے دھرگھسیٹا (امث) ناف - تل (پنجابی) دُھنی -

دھرپکڑ (ا امث) گرفتاری -

دُھر (ہ امذ) ابتدا - ازل - ابد - شروع - انتہا - بُعد - خاص - مخصوص (امث) چھکڑے میں لوہے کی سلاخ جس پر پہیا گھومتا ہے -

دُھرکی (ہ) ازلی - ابدی - تقدیری - تقدیر کی -

دُھرا (ہ امذ) دُھری کی تذکیر - محور - حد - پہیا پھرنے کا لٹھ - زمین کا وہ فرضی خط جس کے گرد زمین کی اپنی حرکت متصور کی گئی ہے -

دھرا (ہ امذ) شوالہ - مندر - بُت خانہ - بُتکدہ -

دھرا جانا (ہ) پکڑا جانا - گرفتار ہونا - قید ہونا -

دھرا ڈھکا (ہ امذ) رکھا ہوا - چھپایا ہوا - بچا کھچا -

دھرا رہتا ہے (ہ امحاورہ) بالکل بے فائدہ ہے - فضول ہے نکما پڑا رہتا ہے -

دُہرانا (ہ) اعادہ کرنا - دوبارہ کہنا - روایت کرنا - ذکر چلانا - دہرا کرنا - پھیرنا - دَور کرنا - پھیرنا - دَور کرنا - آموختہ پڑھنا -

دھرا رہے گا - یا - دھرا رہے (ہ امحاورہ) کسی کام نہ آئے گا - بے فائدہ ہے -

دَھرتا (ہ امذ) متی کاٹا - کٹوتی - بٹا - کمیشن - ڈسکونٹ -

دَھرتی (ہ امث) زمین - ارض - پرتھوی - دُنیا - جہان -

دھرتی باہنا (ہ) زمین جوتنا - زمین میں ہل چلانا - تردد کرنا -

دھرتی کا پھول (ہ امذ) کھمبی - سانپ کی چھتری - پرانی لکڑی کا وہ چھتا جو برسات کے دنوں میں پھوٹ آتا ہے - نیا نواب - نودولت - مینڈک - غوک -

دھر پکڑنا (ا امحاورہ) گرفتار کر لینا - جلدی سے پکڑنا - پھانس لینا -

دَہر دَہر جلنا (ہ) تیزی سے جلنا - خوب شعلے دے کر جلنا - شعلہ دے کر جلنا - شعلہ افروز ہونا -

دَھر رکھنا (ہ) بچا رکھنا - رکھ چھوڑنا - چھپا رکھنا - تھام لینا - روک لینا -

دھر رگڑنا (ا امحاورہ) بُری طرح رگڑنا - خوب ذلیل کرنا -

دَھرکار (ہ امث) لعنت - پھٹکار - دُرکار -

دَھرم (ہ امذ) (ہندو) ایمان - عقیدہ - فرض - اعتقاد - مذہب - پنتھ - مت - انصاف - عدل - راستی - نیکی - نیاؤ -

دھرم اُپدیش (ہ امذ) مذہبی وعظ - دینی نصیحتیں - اخلاق - ادب -

دھرم اُپدیشک (ہ امذ) واعظ - ناصح - مذہب کا پرچار کرنے والا -

دھرم آتما (ہ) سخی - کریم النفس - فیاض - فیض رساں -

دھرم ارتھ (ہ امذ) براہِ خدا - مال وقف - خیراتی روپیہ یا چیز -

دھرم اوتار (ہ) مقدس - پاک - معصوم - پوتر - مبرا -

دھرم باپ (ہ امذ) مُنہ بولا باپ -

دھرم بگاڑنا (ہ) دین کھونا - ایمان کھونا - مذہب خراب کرنا -

دھرم چاری (ہ) دھرم والا - نیک - صالح - دین دار - پاک دامن - پارسا - عفیف - دھرمی - نیک بخت -

دھرم دھکا (ہ امذ) وہ صدمہ جو دین کے باعث پہنچے -

دھرم راج (ہ امذ) عادل - سلطنت - منصف - بادشاہ -

دھرم ریت (ہ امث) مذہبی رسم - رسوم مذہب -

دھرم سالا (ہ امذ) مسافر خانہ - خانقاہ -

دھرم سے (ہ) ایمانًا - حق الامر - قسمیہ طور پر -

دھرم کرنا (ہ) قسم کھانا - حلف اُٹھانا - نیکی کرنا - خیرات کرنا -

دھرم کمانا (ہ) نیک کام کرنا۔ نیکی حاصل کرنا۔
دھرم کوئی کھوئے دھن کوئی پائے ۔یا۔ لے (ہ/مثل) ایمان کسی کا جائے اور فائدہ کوئی اُٹھائے۔
دھرم گیانی (ہ/مذ) عالم دین۔ فقیہ۔
دھرم لگتی کہنا (ہ) انصاف کی کہنا۔ خدا لگتی کہنا۔
دھرم مُورت ۔یا۔ مُورتی (ہ/مذ) ایمان مجسم۔ مجسم انصاف۔
دھرم مُول (ہ/مذ) اصولِ مذہب۔
دَھرَن (ہ/مث) زمین۔ ارض۔ دھرتی۔ پرتھوی۔ بچہ دانی۔ رحم۔ حمل رہنے کی جگہ۔ ناف۔ ناڑ۔ شہتیر۔ بلی۔ آواز کا اتار چڑھاؤ۔
دَھرَن ٹلنا ۔یا۔ ڈِگنا (ہ) رحم کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔
دَھرنا (ہ) رکھنا۔ قائم کرنا۔ ٹکانا۔ بٹھانا۔ جمانا۔ گرو رکھنا۔ رہن رکھنا۔ امانت رکھنا۔ قبضہ کرنا۔ سپرد کرنا۔ (مذ) دُھرنی۔ دستک۔
دَھرنا دینا (ہ) دُھرنی دے کر بیٹھ رہنا۔ جم کر بیٹھنا۔ قرض خواہ کی طرح جم جانا۔
دھرن ہار (ہ/صف) دھرنے والا۔
دھروا دینا (ار/محاورہ) رکھوا دینا۔ گرفتار کروا دینا۔
دھروانا (ہ/مص) رکھوانا۔ پکڑوانا۔
دُھرُو (ہ/مذ) قطب تارا۔ قطب مانی۔ کیلی۔ چکی پھرنے کی کیل۔ زمین کا وہ نقطہ جو شمال اور جنوب پر ساکن ہے۔
دھروڑ ۔یا۔ دَھرودھڑ (ہ/مث) امانت کا مال۔ مال محولہ۔ ودیعت کی چیز۔
دھرونا (ہ/مث) ہندو لڑکی کی دُوسری شادی۔
دُھری (ہ/مث) محور۔ لوہے کی وہ سلاخ جس پر پہیا پھرتا ہے۔ کیلی۔ مانی۔
دُھرے اُڑانا } (ہ) سخت مارنا۔ زدوکوب کرنا۔ بُری طرح پیٹنا۔
دُھریاں اُڑانا } دُرّے لگانا۔ چابک مارنا۔ ذلیل وخوار کرنا۔
دُہری بات (ہ/مث) پہلودار بات۔ دورُخی بات۔ ذومعنی بات۔
دہریہ (ع/مذ) منکرِ خدا۔ ملحد۔ لامذہب۔ وہ شخص جو زمانہ کو ہی خدا تصوّر کرے۔
دھڑ (ہ/مذ) بدن۔ جسم۔ تن۔ جسد۔ لوتھ۔ نعش۔ لاشہ۔ جسم بے سر۔
دھڑ ٹوٹنا (ہ) کبڑا۔ کوزپشت۔ کمر ٹوٹنا۔
دھڑ رہ جانا (ہ) فالج ہو جانا۔ جسم کا حرکت سے رہ جانا۔ حرکت نہ کر سکنا۔
دھڑا (ہ/مذ) دس سیر کا باٹ۔ گروہ۔ جتھا۔ جماعت۔ وزن۔ پانچ سیر کا وزن۔ دھڑی۔
دھڑا باندھنا (ہ) جتھا باندھنا۔ دو گروہ ہونا۔ تہمت لگانا۔ پاسنگ کرنا۔ کسی چیز کا وزن برابر کرنا۔
دھڑا دھڑ (ہ) کسی چیز کے برابر گرنے یا پٹنے کی آواز۔ پے درپے۔ متواتر۔
دھڑاکا (ہ/مذ) دھماکہ۔ بندوق یا زور کا مینہ یا زور کے گرج کی آواز۔

دھڑاکے سے (ہ) پھرتی سے۔ جلدی سے۔
دھڑام (ہ/مث) کسی بھاری چیز کے پانی میں گرنے کی آواز۔ پانی میں کُودنے کی آواز۔
دھڑ دھڑ (ہ/مث) کواڑوں کے متواتر پٹنے کی یا گاڑی کھڑکھڑانے کی آواز۔ دل کے دھڑکنے کی آواز۔ دل کا دھک دھک کرنا۔
دھڑ دھڑانا (ہ/مص) دروازہ کھٹکھٹانا۔ ڈھول بجانا۔ دھڑکنا۔
دھڑک (ہ/مث) تڑپ۔ تپاک۔ دھڑکن۔ اضطراب۔ بے قراری۔ ڈر۔ خوف۔
دھڑکا (ہ/مذ) دل کی دھڑکن۔ اختلاج قلب۔ خفقان۔ خوف۔ اندیشہ۔ ڈر۔
دھڑکا دینا (ار/محاورہ) ڈرانا۔ دہلانا۔
دھڑکا رہنا (ار/محاورہ) خوف ہونا۔ کھٹکا ہونا۔
دھڑکن (ہ/مث) تڑپ۔ بے قراری۔ اضطرابی۔ اختلاج قلب۔ ہول دل۔
دَھڑکنا (ہ) تڑپنا۔ بے قرار ہونا۔ دل کا اُچھلنا۔ دہلنا۔ خوف کھانا۔ ڈرنا۔
دھڑلّا (ہ/مذ) ہجوم۔ بھیڑ۔ ازدحام۔ گروہ۔ لوگوں کا مجمع۔ علانیہ کوئی کام کرنا۔ بے باکی۔ بے خوفی۔ علانیہ طور پر کوئی کام کرنا۔
دھڑلّے سے (ہ/متعلق فعل) زور سے۔ علانیہ۔ بے باکانہ۔
دھڑی (ہ/مث) پنسیری۔ پانچ سیر کا باٹ۔ پانچ سو روپے۔ مسّی کی تہہ۔ لکیر۔ خط۔ ریکھا۔ دس سیر وزن۔
دھڑی جمانا (ہ) ہونٹوں پر مسّی کی تہہ جمانا۔ مسّی لگانا۔ مسّی ملنا۔
دھڑیوں (ہ) بکثرت۔ بافراط۔ بہت بڑی خوبی سے۔ بہت اچھی طرح۔
دُھسّ (ہ/مذ) دمدمہ۔ پُشتہ۔ گڑھی۔ قلعہ کے گرد کا پُشتہ۔ قلعہ گڑھ۔
دُھسّا (ہ/مذ) شال۔ طوس۔ ایک قسم کی نہایت گرم اُونی چادر۔
دھسان ۔یا۔ دھسن (ہ/مث) دھنسنے کی جگہ۔
دھسانا (ہ) کیچڑ یا دلدل میں پھنسانا۔ اندر گھسیڑنا۔ ٹھونسنا۔
دھسکا (ہ/مذ) کھانسی۔ دھانس۔
دھسنا ۔یا۔ دھنسنا (ہ) دلدل میں گھسنا۔ ڈوبنا۔ پھنسنا۔ داخل ہونا۔
دہشت (ف/مث) خوف۔ ڈر۔ خطرہ۔
دہشت انگیز (ف) خوفناک۔ ڈراؤنا۔ خطرناک۔ مہیب۔
دہشت زدہ (ف) ڈرا ہوا۔ سہما ہوا۔ خوف کا مارا۔
دہشت کھانا (ف) ڈرنا۔ خوف کھانا۔ دہلنا۔ رُعب میں آنا۔
دہشت ناک (ف) ڈراؤنا۔ بھیانک۔ خوفناک۔
دہقان (معرب دہ گان) (مذ) زمیندار۔ مالک دہ۔ دیہاتی۔ روستا۔ ساکن دہ۔

دہقانی (معرب) منسوب بہ دہقان۔ دیہاتی۔ گنواری۔ اُجڈ (مذ) گنوار۔ دہقان۔

دُھک (ہ/مث) چھوٹی جوں۔ لیکھ سے بڑی جوں۔ حیرت۔ دل کا دھڑکا۔

ڈھک (ہ/مث) شرم۔ حیا۔ انگارے کی دھون۔

دھکا (ہ/مذ) صدمہ۔ ہچکولا۔ ریلا۔ آفت۔ بلا۔ حادثہ۔ نقصان۔ ضرر۔

دھکا پڑنا (ا/ر محاورہ) صدمہ پہنچنا۔ ہچکولا لگنا۔

دھکا دینا (ہ) دھکیلنا۔ ہچکولا دینا۔ صدمہ پہنچانا۔ آفت لانا۔

دھکا کھانا (ہ) نقصان اُٹھانا۔ صدمہ سہنا۔ آوارہ پھرنا۔

دھکا لگنا (ہ) صدمہ پہنچنا۔ نقصان ہونا۔ مار پڑنا۔ لعنت ہونا۔ آفت آنا۔

دھکا پیلی (ہ/مث) ریلا پیلی۔ دھکم دھکا۔ بہت بھیڑ۔

دھکا پیلی کرنا (ہ) ریلنا۔ دھکیلنا۔

دھک دھک کرنا (ہ) دھڑکنا۔ تڑپنا۔ بے قرار ہونا۔ خوف کے مارے دل کا کانپنا۔

دھک سے ہو جانا | دھک سے رہ جانا (ہ) حیرت زدہ ہو جانا۔ متحیر ہو جانا۔

دھکدھکی۔ دھکدکی (ہ/مث، پورب) دیکھو دُگدگی۔

دھکڑ پکڑ (ہ/مث) بے قراری۔ اضطراب۔ دھڑکن۔ تردد۔ تذبذب۔ پس و پیش۔ کشمکش و پیچ۔ اُمید و بیم۔ خوف و رجا۔

دھکم دھکا (ہ/مذ) ریلا پیلی۔ بھیڑ کی وجہ سے دھکوں کی کثرت۔

دہکنا (ہ) آگ جلنی۔ شعلہ زن ہونا۔ آگ بھڑکنا۔ بدن گرم ہونا۔ سُلگنا۔ جھلسنا۔ درخشاں ہونا۔ چمکنا۔

دھکے دینا (ا/ر محاورہ) گردن سے پکڑ کر نکال دینا۔

دھکے کھانا (ا/ر محاورہ) مارے مارے پھرنا۔

دھکیلنا (ہ) ریلنا۔ ٹھیلنا۔ دھکا دینا۔ پیچھے سے دھکا دینا۔

دھکیل (ا/ر مذ) دھکا۔ صدمہ۔

دہلا (ہ) تاش یا گنجفہ کا وہ پتا جس پر دس نشان ہوں۔

دہلانا۔ یا۔ دہلا دینا (ہ) ڈرا دینا۔ خوف دلانا۔ چونکا دینا۔

دُھلانا۔ یا۔ دُھلوانا (ہ) صاف کرانا۔ پاک کرانا۔ دھوبی سے کپڑے وغیرہ صاف کرانا۔ سُنار سے زیور کی میل چھڑانا۔

دُھلائی۔ یا۔ دُھلوائی (ہ/مث، معاوضہ) کپڑوں کے دھونے کی اُجرت۔

دہل جانا۔ یا۔ دہلنا (ہ) رُعب میں آجانا۔ خوف زدہ ہو جانا۔ خوف کھا جانا۔

دُھلیا ملیا کرنا (ہ) کسی جھگڑے پر خاک ڈالنا۔ بات دبانا۔ جھگڑا دبا دینا۔

دھولاگری۔ کوہستان ہمالیہ کی بلند چوٹیوں میں سے ایک چوٹی سطح سمندر سے ۲۶۰۰۰ فٹ بلند ہے۔

دہلیز (ف/مث) چوکھٹ۔ آستانہ۔ عتبہ۔ دہلی۔

دہلیز کا کتا (ا/مذ) ہر وقت دروازے پر پڑا رہنے والا کتا (مجازاً) طفیلی آدمی۔ گرگا۔ گھٹا۔ پچھ لگو۔

دہلیز نہ جھانکنا (ہ) کبھی گھر نہ آنا جانا۔ دروازے تک بھی نہ آنا۔

دہم (ہ) حیرت زدہ۔ افسردگی۔ ہوا بندی۔ حبس۔ جھجک۔

دہم ہونا (ہ) ہوا بندی ہونا۔ گرمی زیادہ ہونا۔ حیران ہونا۔

دہم (ف) دسواں۔ ۱/۱۰۔ عشر۔ دسویں درجہ کا۔

دھم (ہ/مث) دھماکا۔ گرنے کی آواز۔ کودنے کی آواز۔

دھم سے کودنا۔ یا۔ گرنا (ہ) زور سے زمین پر گرنا۔

دھم دھوسر (ہ/صف) موٹا۔ ہٹا کٹا۔

دھما چوکڑی (ہ/مث) اُچھل کود۔ کود پھاند۔ غل غپاڑا۔ اُودھم۔ شور و غل۔ بچوں کا اُچھلنا کودنا۔

دھماکا (ہ/مذ) بندوق کی آواز۔ توپ کی آواز۔ صدمہ۔ تصادم۔ ہاتھی پر لادنے کی توپ۔

دھمال (ہ/مث) اُچھل کود۔ قلندر۔ فقیروں کا رقص۔ تصادم۔ شور و غل۔ دھوم دھام۔ ایک قسم کا راگ۔

دھمال کرنا۔ یا۔ کھیلنا (ہ) قلندر فقیروں کا ایک خاص طرز سے کودنا۔ اُچھلنا۔ شور و غل مچانا۔ دھما چوکڑی مچانا۔

دھمالیا۔ یا۔ دھمالیہ (ا/مذ) دھمال کھیلنے والا فقیر۔ آگ میں کود جانے والا۔

دھمک (ہ/مث) پیروں کی آواز۔ آہٹ۔ دھماکا۔ صدمہ۔ ہلکی آواز۔ وہ صدمہ جو کسی سخت آواز سے دل و دماغ کو پہنچتا ہے۔

دھمکا (ہ/مذ) بندوق۔ توپ وغیرہ کی آواز۔ صدمہ۔ تصادم۔

دھمکانا (ہ) ڈرانا۔ خوف دلانا۔ ڈانٹنا۔ گھرکنا۔ سرزنش کرنا۔

دھمکنا (ہ) صدمہ پہنچنا۔ درد ہونا۔ سر میں ہولیں اُٹھنا۔ ہوک اُٹھنا۔ دھمکنا۔ دھڑکنا۔ ٹیس ہونا۔ جنبش کرنا۔ حرکت کرنا۔

دھمکی (ہ/مث) دہشت۔ ڈراوا۔ خوف۔ ڈانٹ ڈپٹ۔ گھرکی۔

دھمکی دینا (ہ) ڈرانا۔ تہدید کرنا۔ خوف دلانا۔ ڈراوا دینا۔

دھمکی میں آنا (ہ) ڈر جانا۔ رُعب میں آجانا۔ خوف مان جانا۔

دُھن (ہ/مث) دھیان۔ خیال۔ تصور۔ توجہ۔ شوق۔ لو۔ لگن۔ سرگرمی۔ لت۔ دھت۔ عادت۔ ہوا۔ لون۔ باد۔ سُر۔ لَے۔ راگ۔ گیت۔

دُھن باندھنا (ا/ر محاورہ) خیال جمانا۔ لو لگانا۔ تصور کرنا۔

دُھن سمانا (ا/ر محاورہ) خیال بندھنا۔

دُھن کا پکا (ا/ر صف) ارادہ کا پکا۔ وہ شخص جو کسی خیالی بات کے پیچھے لگ جائے۔

دُھن لگنا (ہ) دھیان لگنا۔ تصور ہونا۔ خیال جمنا۔ لو لگنا۔ لگن لگنا۔

دُہن (ف/مذ) دہان کا مخفف۔ مُنہ۔ مکھ۔ مکھڑا۔

دھنہ (ف) دہن فرنگ پتھر جس کی انگوٹھی پہننی گردہ کے درد میں مفید ہے۔

دَھن (ہ/مذ) مویشی - چوپائے - گائے بھینس وغیرہ - قسمت - نصیبا - مال و دولت - جائداد - راس منڈل - راس چکر - توپ کی آواز - آفریں - مرحبا - صد رحمت - برج قوس - کمان - دھنک کا مخفف -

دھن آنجن (ہ/مذ) وہ سُرمہ جسے آنکھوں میں لگانے سے پوشیدہ خزانے نظر آئیں -

دھن باد (ہ/مث) تشکریہ - تعریف - حمد -

دھن بھاگ - یا - نصیب (ا) زہے قسمت - زہے نصیب - خوش نصیبی - شاباش - صد رحمت - مرحبا (طنزاً) بد نصیبی -

دھن جُڑنا (ا/ محاورہ) دولت جمع ہونا -

دُھنا - یا - دُھننا (ہ) رُوئی صاف کرنی - رُوئی پینی - دُھنکی پیٹنا - مارنا - سزا دینی - بجانا - ضرب لگانی - ٹھیکنا - سے مارنا - نصیحت کر ڈالنا -

دھن سے (ہ) توپ کی آواز کی نقل - جیسے توپ دھن سے چل گئی -

دھنا دینا (ہ) ڈھئی دینا - دھرنا دینا - جم کر بیٹھ رہنا -

دھناسری (ا/ مث) مالکوس راگ کی ایک راگنی کا نام -

دھنتر (ہ/ مذ) نہایت دولت مند - امیر - مالدار - ایک حکیم کا نام -

دُھند (ہ/ مث) نظر کی کمی - دُھندلاپن - ایک مرض ہے جس سے آنکھوں کی روشنی میں فرق آجاتا ہے - کہر -

دُھندا (ہ) اندھا کا مرادف - نابینا -

دَھندا (ہ/ مذ) کام - کاروبار - مصروفیت - پیشہ - ہنر - مکر - فریب -

دھندار (ا/ صف) تنہا - نرالا - عجیب -

دُھندلا (ہ) دُھندوالا - تاریک - بے نور - تیرہ - غیر شفاف - گدلا - دھواں سا - کم چمک کا - ماند - غبار آلودہ -

دُھندلا دکھائی دینا (ہ) کم نظر آنا - صاف نہ دکھائی دینا -

دُھندلکا (ہ/ مذ) سویرا - علی الصباح - منہ اندھیرا - نور کا تڑکا - مغرب کی سیاہی - سوادِ شام -

دَھندے (ہ/ مذ) کام کاج - مکر و فریب - کید - حیلے - دھوکے - مکاریاں -

دَھندے کرنا (ہ) مکر و فریب کرنا - دھوکے کرنا - حیلہ سازی کرنا -

دھندے یاد ہیں (ہ/ محاورہ) مکر اور فریب یاد ہیں - نہایت مکار اور حیلہ باز ہے -

دَھنک (ہ/ مث) کمان - قوس - دھنش - قوس قزح - پتلا گوٹا - ایک قسم کی اوڑھنی -

دھنک دھاری (ہ/ مذ) کماندار - تیر و کمان سے مسلح آدمی -

دَھن کُٹی (ہ/ مث) دھان کوٹنے کا آلہ - اوکھلی اور موسل -

دھن کٹی کرنا (ہ) دھان کوٹ کر چاول نکالنا - نہایت زد و کوب کرنا - خوب پیٹنا - بھُرکس نکالنا -

دُھنکنا (ہ) رُوئی صاف کرنا - رُوئی دُھننا -

دُھنکی (ہ/ مث) رُوئی دھنکنے کی کمان - رُوئی صاف کرنے کا محراب نما آلہ -

دِھنگانا - یا - دھنگتانا (ہ) ۱ (مث) ۲ (مذ) دھینگا مشتی - زبردستی زور ازوری - جبر و تشدد -

دَھنی (ہ) دھن والا - صاحب اقبال - خوش نصیب - کامل استاد - خاوند - مالک - آقا - شوہر - پتی - خصم - گھر والا -

دَھنیا (ہ/ مذ) کشنیز -

دُھنیا (ہ/ مذ) دُھننے والا -

دھنیس (ہ/ مذ) ایک بڑی چونچ کا پرندہ -

دھنیلا (ہ/ صف) دھن والا -

دُہنیت (ع/ مث) چکنائی - چربی - روغن - چکناہٹ -

دہنے ہاتھ کا کھانا حرام ہے (ا/ محاورہ) نہایت سخت قسم ہے یعنی اگر یہ کام نہ ہوا تو جو کچھ تم نے دائیں ہاتھ سے کھایا ہے وہ تم پر حرام ہے -

دُھو (ہ/ مذ) ایک درخت کا نام ہے - جس کی لکڑی جلاتے ہیں - لوہے کا حلقہ جو پہیوں پر چڑھایا جاتا ہے -

دُھواں (ہ/ مذ) دود - دُخان - بخار - ہوائی - وہ کالے کالے بخارات جو کسی کے جلاتے وقت اُٹھتے ہیں - کالا - سیاہ - نیلا - کبود - غضب - آفت - ستم - بلا - برائے کثرت و زور - از حد - آراستہ پیراستہ - پری - حور - خوبصورت -

دُھواں اُٹھنا (ہ) دُھوئیں کا اُوپر چڑھنا - آگ سُلگنا - آہ نکلنا -

دُھواں اُڑنا (ا/ محاورہ) تباہ ہونا - برباد ہونا -

دھواں بکھیر دینا (ا/ محاورہ) شکست دینا - شیرازہ بکھیر دینا -

دُھواں دھار (ہ) دُخانی - پُر دود - بہت کالا - نہایت سیاہ - غضب - ستم - آفت خیز - چمکیلا - بھڑک دار - چالاک - ہوشیار - بھبھوکا - خوبصورت - بے شمار - بے اندازہ - بہت برہم - غضبناک -

دُھواں دھار برسنا (ہ) زور شور سے برسنا - جھما جھم پانی برسنا -

دُھواں دھار ہونا (ہ) تاریکی چھا جانا - اندھیرا گھُپ ہو جانا -

دھواں دینا (ہ) تیل یا کسی کے جلنے سے دھواں نکلنا -

دُھواں نکلنا (ہ) سُلگنا - جلنا - دُھواں اُٹھنا -

دُھوانسا - یا - دھوانسا (ہ/ مذ) دُھواں رچا ہوا - کھانا - دود آلود - جما ہوا دھواں - دھوئیں کے جمے ہوئے بخارات - دُھوئیں کی سیاہی -

دُھوانسا جانا - یا - ہونا (ہ) دُھوئیں میں رچ جانا - دھوئیں میں بھر جانا -

دھوبن (ہ/ مث) بتون تانیث - دھوبی کی بیوی - کپڑے دھونے والی عورت - ایک چڑیا کا نام بھی ہے -

دھوبی (ہ/ مذ) کپڑے دھونے والا - رخت شو - گازر -

دھوبی پاٹ } (ہ/ مذ) کپڑے دھونے کی سِل یا تختہ - کشتی کے
دھوبی پٹڑا } داؤں کا نام - جس میں حریف کو کمر پر لاد کر دے مارتے ہیں -

دھوبی سے بس نہ چلے گدھے کے کان کاٹے (ہ/مثل) غصہ ہمیشہ کمزور پر آتا ہے۔ زبردست کے سامنے کچھ پیش نہیں جاتی۔
دھوبی کا چھیلا (ہ) بیگانے مال پر اترانے والا۔ دورنگا۔ غیر موزوں لباس والا۔
دھوبی کا کتا (ہ/مذ) ادھر کے نہ اُدھر کے۔ بے سروپا آدمی۔ آوارہ گرد۔
دھوبی کا کُتا گھر کا نہ گھاٹ کا (ہ/مثل) آوارہ گرد آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔
دُھوپ (ہ/مث) سُورج کی روشنی۔ چمک۔ ایک قسم کی خوشبو جو ہندو لوگ پُوجا کے وقت جلاتے ہیں۔
دُھوپ آنا (ار/محاورہ) دھوپ پھیلنا۔ سُورج کا سامنے آجانا۔
دُھوپ اُترنا (ار/محاورہ) دھوپ کی تیزی کم ہوجانا۔
دُھوپ اُٹھانا (ار/محاورہ) تکلیف برداشت کرنا۔
دُھوپ چڑھنا (ہ) سُورج نکلنا۔ دن چڑھنا۔
دُھوپ چڑھے (ار/متعلق فعل) دن چڑھے۔
دھوپ چھاں ۔یا۔ دُھوپ چھاؤں (ہ/مث) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔ روشنی اور سایہ۔
دُھوپ دان ۔یا۔ دُھوپ دانی (ہ/مث) دُھوپ رکھ کر جلانے کا برتن۔
دُھوپ دینا ۔یا۔ دکھانا (ہ) دُھوپ میں کسی چیز کو سکھانا خُشک کرنا۔ دُھوپ لگانا۔ خوشبُو کا دھواں دینا۔
دُھوپ کھانا۔ یا۔ لینا (ہ) دُھوپ میں سِکنا۔ دُھوپ میں گرم ہونا۔
دُھوپ نِکلنا (ہ) سُورج کا ابر یا اُفق سے نمودار ہونا۔
دُھوت۔ یا۔ دُھت (ہ/مث) کُتے کو ہنکانے یا ہٹانے کی آواز۔
دھوتر (ہ/مث) ایک ہندوستانی موٹا اور چھیدرا کپڑا۔
دُھوتو (ہ/مذ) بِگل۔ ترم۔ نرسنگھا وغیرہ جو منہ سے بجاتے ہیں۔
دھوتی (ہ/مث) تہبند۔ ساڑھی۔
دھوتی بند (ا/مذ) دھوتی باندھنے والا۔ (مجازاً) ہندو۔ بنیا۔ بقال۔
دھورے (ہ) پاس۔ قریب۔ نیڑے۔ متصل۔
دھورے دھارے (ہ) آس پاس۔ نیڑے نیڑے قرب وجوار۔
دھوک (ا/مث) کلابتون بٹنے کی سلائی (دوک بمعنی تکلا سے بگڑا ہے)
دھوکا (ہ/مذ) فریب۔ چھل۔ چُل۔ حیلہ۔ مکر۔ دغا۔ مغالطہ۔ غلط فہمی۔
دھوکا دہی } (ہ/مث) حلت دروغی۔ فریب بازی۔
دھوکا دینا } فریب دینا۔
دھوکا کھانا (ہ) چُوکنا۔ فریب میں آنا۔ خطا کرنا۔

دھوکر چھیلا۔ یا پیسہ اُٹھانا (ہ) منت ماننا۔ نذر ماننا۔
دھوکے (ہ/مذ) دھوکا کی جمع۔
دھوکے باز (ا/ا) مکار۔ فریبی۔ چھلیا۔
دھوکے کی ٹٹی (ہ/مث) فریب میں لانے والی چیز۔ وہ ٹٹی جس کی اوٹ میں شکاری شکار کھیلتے ہیں۔
دُھول (ہ/مث) گرد۔ غبار۔ خاک۔ مٹی۔ ریت۔ راکھ۔ خاکستر۔
دُھول اُڑانا (ہ) گرد اُڑانا۔ بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔ آوارہ پھرنا۔
دُھول جھاڑنا (ہ) گرد جھاڑنا۔ مارنا پیٹنا۔ جُوتے سے خبر لینا۔
دُھول کی رسی بٹنا (ہ) بے فائدہ محنت کرنا۔ ناممکن بات کی کوشش کرنا۔
دُھول کے لٹھ لگانا (ار/محاورہ) جھُوٹ بولنا۔
دَھول (ہ/مذ) تھپڑ۔ چانٹا۔ دھپا۔ ٹوٹا۔ نقصان۔ جوار کا بھُٹا۔ جسے گنے کی طرح چُوستے ہیں۔
دَھول جمانا۔ دَھول جڑنا (ہ) تھپڑ مارنا۔ طمانچہ لگانا۔
دَھول دھپا (ہ/مذ) چانٹا۔ زور کا تھپڑ۔
دَھول کھانا (ہ) دھپا کھانا۔ چانٹا کھانا۔
دَھول لگنا (ہ) تھپڑ لگنا۔ نقصان ہونا۔ خسارہ پڑنا۔
دَھولا (ہ) سفید۔ چٹا۔ ابیض۔
دَھولا پڑنا (ہ) خوف یا صدمے کے مارے زرد ہوجانا۔
دَھولاپن (ا/ا/مذ) سفیدی۔ چمک۔ صفائی۔
دَھولے آجانا (ار/مذ) سفید بال نکل آنا۔ بوڑھے ہوجانا۔
دَھولیا (ا) سفید پوش۔ سفید بالوں والا۔
دُھولیا (ار/صف) خاک کا بنا ہوا۔ مٹی کی بنی ہوئی کوئی شے۔
دُھوم (ہ/مث) شہرت۔ دھاک۔ آوازہ۔ شوروغل۔ ہنگامہ۔ دوائی۔ افواہ۔ خبر۔
دُھوم دھام } (ہ/مث/مذ) شان وشوکت۔ بھیڑ بھڑکا۔ شہرت۔
دُھوم دھڑکا } دھاک۔ آوازہ۔
دُھوم مچانا (ہ) شور کرنا۔ غل مچانا۔ دہائی دینا۔ فریاد کرنا۔
دُھوں دھوں کار (ہ) اندھیرا گھپ۔ دھوئیں کی کثرت۔ زور کی بارش۔ کہر کی زیادتی۔
دَھون (ہ/مذ) بیس سیر کا وزن۔ آدھا من۔
دُھونا (ہ/مذ) (پُورب) رال۔ ایک قسم کا آتش گیر گوند ہوتا ہے۔
دھونا (ہ) صاف کرنا۔ پاک کرنا۔ پانی سے صاف کرنا۔ دُور کرنا۔ زائل کرنا۔
دَھونس (ہ/مث) خوف۔ ڈر۔ دھمکی۔ زبردستی۔ فریب۔ دھوکا۔ لگان وصول ہونے کے بعد کا جبری خرچ جو زمینداروں سے دلایا جاتا ہے۔
دھونس دینا (ہ) دھمکی دینا۔ رُعب جمانا۔ فریب دینا۔
دھونسا (ہ/مذ) بڑا نقارہ۔ دمامہ۔
دھونسا کھانا (ہ) شامت آنا۔ کمبختی آنا۔ مصیبت میں پھنسنا۔

دھونسنا (ہ) کسی چیز کو دبا کر خوب ٹھونسنا ۔ مارنا ۔ پیٹنا ۔ سینگوں سے ٹکر مارنا ۔ برتنا ۔ استعمال کرنا ۔
دھونکنا (ہ) آگ کو ہوا پہنچانا ۔ آگ جلانا ۔
دھونکنی (ہ/مث) وہ کھال جس سے لوہار آگ دھونکتے ہیں ۔
دُھونی (ہ/مث) ہندو فقرا کی تپسیا کی آگ کا ڈھیر ۔ کسی چیز کو جلا کر دھواں لینا ۔
دُھونی جگانا ۔ یا ۔ رمانا ۔ یا ۔ لگانا (ہ) تپ کرنا ۔ تپسیا کرنا ۔ فقیر ہو بیٹھنا ۔ کسی جگہ آگ جلا کر جوگیوں کی طرح ہو بیٹھنا ۔
دُھونی لینا (ہ) دھواں لینا ۔ بخور لینا ۔
دھووَن (ہ/مذ) وہ پانی جس میں کوئی چیز دھوئی گئی ہو ۔ دُھلی ہوئی چیز کا پانی ۔ مستعمل پانی ۔
دھویا دھلایا (ہ) صاف ستھرا ۔ بے غیرت ۔ بے حیا ۔ سادہ لوح ۔ پاک ۔
دھویا دیدہ (ل) بدلحاظ ۔ بے شرم ۔ بے غیرت ۔
دُھوئیں (ہ) دُھواں کی جمع ۔
دُھوئیں اُڑانا (ہ) ٹکڑے اُڑانا ۔ دھجیاں اُڑانا ۔ جلا کر خاک سیاہ کر دینا ۔ برباد کر ڈالنا ۔
دُھوئیں کے بادل اُڑانا (ہ) لغو اور بے بنیاد بات کرنا ۔
دَہے (ہ/مذ) محرم کے دس دن ۔ ایام عاشورہ ۔
دہی (ہ/مذ/مث) جما ہوا دُودھ ۔
دھی (پ/مث) لڑکی ۔ بیٹی ۔ دُختر ۔
دھی دھیانی (ہ/مث) بیٹی ۔ خاندان کی بیٹی ۔ محلّہ یا گاؤں کی بیٹی ۔
دِھیان (ہ/مذ) سوچ ۔ خیال ۔ تصوّر ۔ مراقبہ ۔ توجہ ۔ لحاظ ۔ غور ۔
دھیان آنا (ار/محاورہ) یاد آنا ۔ خیال آنا ۔
دھیان بٹانا (ہ) خیال کو دُوسری طرف کرنا ۔ دُوسری طرف توجہ لگانا ۔
دھیان بندھنا (ار/محاورہ) خیال بندھنا ۔ تصوّر ہونا ۔
دھیان دینا ۔ یا ۔ لگانا (ہ) توجہ کرنا ۔ کان لگانا ۔ غور کرنا ۔
دھیان رکھنا (ار/محاورہ) خیال رکھنا ۔
دھیان سے (ہ) خیال سے ۔ غور سے ۔ توجہ سے ۔
دھیان سے اُترنا (ہ) خیال سے بھول جانا ۔ یاد نہ رہنا ۔
دھیان کرنا (ہ) غور کرنا ۔ سوچنا ۔ توجہ کرنا ۔ خیال کرنا ۔ مراقبہ کرنا ۔
دھیان میں آنا (ہ) یاد آنا ۔ ذہن پر چڑھ جانا ۔
دھیان نہ لانا (ہ) پروا نہ کرنا ۔ توجہ نہ کرنا ۔ خیال نہ کرنا ۔
دھیانگی (ہ/مث) ایک دن کی اُجرت ۔ یومیہ مزدوری ۔ دہاڑی ۔
دھیانی (ہ/مث) بیٹی ۔ بھتیجی وغیرہ جیسے دھی دھیانی ۔ خدا سے لو لگانے والا جیسے گیانی دھیانی ۔
دِھیر (ہ/مث) صبر ۔ تحمّل ۔ ہمّت ۔ استقلال ۔ دلیری ۔ حوصلہ ۔
دِھیرا (ہ/مذ) دھیما ۔ نرم مزاج ۔ متحمّل ۔ آہستہ کام کرنے والا ۔ آہستہ رَو ۔
دِھیرج (ہ/مث) صبر ۔ تحمّل ۔ ہمّت ۔ مستعدی ۔ مضبوطی ۔ حوصلہ ۔
دھیرج دھرنا (ہ) صبر کرنا ۔ ڈھارس کرنا ۔ تحمّل کرنا ۔ ٹھہرنا ۔
دھیرے (ہ) آہستہ ۔ ہلکے ہلکے ۔ سہج سہج ۔ بتدریج ۔
دھیلا (ہ/مذ) آدھا پیسہ ۔
دھیلی (ہ/مث) آدھا روپیہ ۔ اٹھنّی ۔
دھیما (ہ) آہستہ ۔ نرم ۔ سست ۔ مدھم ۔ ہلکا ۔ کم آواز باجہ ۔
دھیما کرنا (ہ) نرم کرنا ۔ سست کرنا ۔ غصّہ دبانا ۔ ٹھنڈا کرنا ۔ زور گھٹانا ۔
دھیمر (ہ/مذ) مچھوا ۔ کہار ۔
دھینگا دھینگی (ہ/مث) زبردستی ۔ زور سے ۔ جبر سے ۔ دھکّانا ۔
دھینگا مُشتی (ہ/مث) کُشتی ۔ ہاتھا پائی ۔
دھینگڑا (ہ/مذ) دھینگ کی تصغیر ۔
دِھینور (ہ/مذ) مچھوا ۔ کہاری ۔ ماہی گیر ۔ نہایت کالا ۔ کالا کلوٹا ۔ سیاہ حبشی ۔

د ۔ ی

دِیا (ہ/مذ) چراغ ۔ دیوا ۔
دِیا بتی کرنا (ہ) چراغ جلانا ۔
دِیا سلائی (ہ/مث) چراغ یا دیا جلانے کی تیلی جس کے سرے پر گندھک وغیرہ لگی ہوتی ہے ۔ لڑائی کو بھڑکانے والی عورت ۔
دَیا (ہ/مث) مہربانی ۔ عنایت ۔ کرپا ۔ ترس ۔ خوفِ خُدا ۔ ہمدردی ۔ بخشش ۔ عطا ۔
دِیار (ع/مذ) دار کی جمع ۔ گھر ۔ خانہ ۔ مُلک ۔ بلاد ۔
دِیارا (ہ/مذ) دیوب ۔ زمین برآمد ۔ وہ زمین جو دریا کے ہٹ جانے سے نکلے ۔
دیا توزا (ف/مذ) خشخاش کا شربت ۔
دیال (ہ/مذ) سخی ۔ بخشش کرنے والا ۔
دِیا لیا (ہ/مذ) راہِ خدا میں دیا ہوا ۔ نیکی ۔ بھلائی ۔ جیسے کچھ دیا لیا ہی آگے آگیا ہے ۔
دِیانت (ع/مث) دینداری ۔ ایمان داری ۔ سچائی ۔ راستی ۔ صدق ۔
دیانت دار (ع/ف/صف) سچا ۔ ایمان دار ۔ دھرمی ۔ راست باز ۔
دیانت داری (ع/ف/مث) سچائی ۔ ایمان داری ۔
دِیبا (ف/مذ) ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۔
دِیباچہ ۔ یا ۔ دیباجہ (ع/مذ) لغوی ۔ چہرہ (مجازاً) تمہید کتاب ۔ سرنامہ ۔ مقدمۂ کتاب ۔ آراستہ کرنا ۔ سجانا ۔
دیباچہ لکھنا (ار/محاورہ) کتاب کا سرنامہ لکھنا ۔ تعارف لکھنا ۔
دیبی (ہ/مث) رانی ۔ ملکہ ۔ دیوتا کی تانیث ۔ دیوتا کی استری ۔ دیوی ۔ درگا دیوی ۔ کالکا دیوی وغیرہ ۔

دیپ (ہ/مذ) ٹاپو جزیرہ (س/مذ) چراغ - چمک - روشنی - آگ - چھوٹی دیوالی - ایک راگ کا نام بھی ہے -

دیپ مالا (ہ/مذ) چراغوں کی قطار -

دیپک (س/مذ) چراغ - روشنی - چمک - شمع - ایک راگ کا نام جس کے گانے کی تاثیر سے کہتے ہیں کہ آگ لگ جاتی ہے ایک قسم کی آتشبازی -

دِیَت (ع/مث) خون بہا -

دید (ف/مث) نظارہ - نگاہ - نظر - دیدار - درشن -

دید نہ شنید (ف/مذ) دیکھا نہ سُنا - نرالا - انوکھا -

دیدار (ف/مذ) درشن - نظارہ - صورت - چہرہ - جلوہ -

دیدار بازی (ف/مث) گھورا گھوری - دیکھ بھال - تاک جھانک -

دیدار بازی رتب راحتی (ف/مقولہ) عام تاک جھانک میں گناہ کبیرہ سرزد نہیں ہوتا -

دیدارُو } (ہ) قابل دید - خوبصورت - شکیل - وجیہ -
دیداری } توانا - اچھی صورت شکل کا -

دیدوں کی صفائی (ہ/مث) بے شرمی - بے غیرتی - بے باکی - نڈرپن -

دیدوں گھٹنوں کے آگے آنا } (ہ) کسی کو آزار پہنچانے کی سزا میں
دیدوں گھٹنوں سے پانا } خدا کی طرف سے اندھا یا لنگڑا ہو جانا -

دیدہ (ف/مذ) آنکھ - چشم - نین - دلیری - بے باکی - جرأت - حوصلہ -

دیدہ پھٹی (ہ) بڑی بڑی آنکھوں والی - بے موقع آنکھوں والی -

دیدہ دلیر } (ہ) بے باک - دلیر - نڈر - شوخ چشم - بے غیرت -
دیدہ ذلیل } بے حیا - بے شرم -
دیدہ دھونی }

دیدہ دیکھنا (ہ/محاورہ) حوصلہ یا جرأت کرنا -

دیدہ ریزی (ف/مث) آنکھوں پر زور ڈالنا - بہت کام لینا - ایسا باریک کام کرنا جس میں آنکھوں پر زور ڈالنا پڑے - مینا کاری -

دیدہ دانستہ (ف) جان بوجھ کر - معلوم ہونے کے باوجود -

دیدہ و دل سے (ہ/ متعلق فعل) خوشی سے - بسروچشم -

دیدہ و دل فرشِ راہ کرنا (ہ/محاورہ) بہت آؤ بھگت کرنا - تواضع کرنا -

دیدہ ور (ف/صف) صاحب نظر - تیز نظر -

دیدے بیٹھ ہونا (ہ) بالکل دکھائی نہ دینا - اندھا ہونا - نظر نہ آنا -

دیدے پھاڑ کر دیکھنا - یا - گھورنا (ہ) گھور کر دیکھنا - غور سے دیکھنا -

دیدے کا پانی ڈھل جانا (ہ) بے غیرت و بے حیا ہو جانا -

دیدے مٹکانا (ہ) آنکھیں چمکانا - آنکھوں کو حرکت دینا -

دیدے نکالنا (ہ) غصّہ کی نظر سے دیکھنا - غصّہ ظاہر کرنا - آنکھوں کو چشم خانے سے باہر کر دینا -

دیے ڈالنا (ہ) دے دینا - بخشش دینا - مہربانی کرنا - معاف کر دینا -

دَیر (ف/مذ) مندر - شوالہ - بُت خانہ - بُت کدہ -

دیر (ف/مث) وقفہ - عرصہ - توقف - مدّت -

دیر پا (ف) مضبوط - دیر تک قائم رہنے والا - پائدار -

دیر آید دُرست آید } (ف/کہاوت) جو کام سہولت سے
دیر کا پکّا میٹھا ہوتا ہے } ذرا دیر میں ہو - وہ عمدہ اور دُرست ہوتا ہے - جلدی اچھی نہیں -

دیرینہ (ف) مدّت کا - پُرانا - قدیمی - کہنہ - بزرگ - بوڑھا - خرانٹ - تجربہ کار -

دیس (ہ/مذ) وطن - جائے پیدائش - ملک - ولایت - صوبہ - ضلع - ایک راگ کا نام ہے جو آدھی رات کو گایا جاتا ہے - طرف - جانب -

دیس بدیس پھرنا (ہ) مارا مارا پھرنا - شہر بشہر پھرنا - ملک بہ ملک پھرنا -

دیس بھاشا - یا - بھاکا (ہ/مث) دیسی بولی - دیسی زبان - اپنی بولی -

دیس بھائی (ہ/مذ) ہم وطن - وطنی بھائی -

دیس نکالا (ہ/مذ) جلا وطنی - وطن سے بے وطن -

دیسا (ہ/مذ) برسی - عُرس - مُردے کی سالانہ فاتحہ -

دیسا پتی (ہ) تمام دیس میں - سارے ملک میں - کُل علاقے میں -

دیسا پتی بارشں (ہ/مث) تمام دیس میں برستا ہوا مینہ -

دیسی (ہ) وطنی - ولایتی کی ضد - وہ چیز جو وطن میں پیدا ہو -

دیکھا بھالا (ہ) آزمودہ کار - واقف کار - آشنا - تجربہ کیا ہوا - مجرب -

دیکھا بھالی (ہ/مث) جستجو - تلاش - نظارہ - تاک جھانک -

دیکھا جائے گا (ہ/محاورہ) سمجھا جائے گا - پھر سہی - بدلہ لیا جائے گا - خیال رہے گا -

دیکھا چاہیے (ہ/محاورہ) اُمید نہیں دیکھیے - دیدہ باید - شاید - قابل دید ہے - تعریف کے لائق ہے - دیکھنا چاہیے -

دیکھا دیکھی (ہ) ریسم ریس - پیروی - کسی کو دیکھ کر آپ بھی کرنے لگنا -

دیکھا نہ بھالا صدقے گئی خالہ (ہ/مثل) خواہ مخواہ کی خوشامد -

دیکھا نہ سُنا (ہ) لاثانی - نرالا - انوکھا - طُرفہ - (محاورہ) آنکھوں دیکھا نہ کانوں سُنا -

دیکھ بھال (ہ/مث) تلاش - جستجو - پڑتال - دید - نظارہ - نگرانی -

دیکھ بھال کر (ہ) دیدہ دانستہ - جان بوجھ کر - سوچ سمجھ کر - تسلّی سے - اطمینان کے ساتھ - ٹھونک بجا کر -

دیکھ ڈالنا (ہ/محاورہ) پڑھ لینا - پڑھ چکنا -

دیکھنے میں (ہ) دیکھنے میں - بظاہر - ظاہر میں -

دیکھتے دیکھتے (ہ) آنکھوں کے سامنے۔ رُو برُو۔ سامنے۔ پیشِ نظر۔
دیکھتے رہ جانا (ہ) ہکا بکا رہنا۔ حیران ہوجانا۔
دیکھتے رہنا (ہ) نگہبان رہنا۔ حفاظت کرنا۔ خیال رکھنا۔
دیکھنے کا دیکھتا رہ جانا } (ل) متحیر رہ جانا۔ حیران رہ جانا۔ ششدر
دیکھنے کے دیکھتے رہ جانا } رہ جانا۔ حیرت میں رہ جانا۔
دیکھتے ہی (ہ) فوراً ہی۔ نگاہ پڑتے ہی۔ نظر کے ساتھ ہی۔
دیکھنا (ہ) نظر کرنا۔ نظر ڈالنا۔ خیال رکھنا۔ دھیان کرنا۔ خیال کرنا۔
غور کرنا۔ ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔ خبردار رہنا۔ سوچنا۔ سمجھنا۔
آزمانا۔ جانچنا۔ پڑتال کرنا۔
دیکھنے آنا (ا/ محاورہ) عیادت کے لیے آنا۔ ملاقات کے لیے آنا۔
دیکھنے کو (ا/ متعلق فعل) برائے نام۔
دیکھنے کو نہیں (ا/ محاورہ) کمیاب ہے۔ نایاب ہے۔
دیکھو (ہ) بچو۔ ہوشیار ہوجاؤ۔ توجہ کرو۔ شاید۔ بشرطِ امکان۔
دیکھیے (ہ) دیکھا چاہیے۔ خدا جانے۔ واللہ اعلم۔ خدا معلوم۔
دیکھیے اُونٹ کس کروٹ بیٹھتا ہے } (ہ/ مثل) خدا معلوم کیا نتیجہ نکلے
دیکھیے اُونٹ کس کل بیٹھتا ہے } واللہ اعلم کیا ظاہر ہو۔
دیگ (ف/ مث) کھانا پکانے کا بہت بڑا تانبے کا برتن۔ دیغ بھی
بولتے ہیں۔
دیگچہ (ف/ مذ) دیگ کی تصغیر۔ چھوٹی دیگ۔ پتیلا۔
دیگچی (ف/ مث) پتیلی۔
دے مارنا (ہ) گرا دینا۔ پٹک دینا۔ زمین پر دے مارنا۔ پھینک
دینا۔
دیمک (ہ/ مث) ایک قسم کی سفید چیونٹی۔ (پنجابی) سیونک۔
دیمک لگنا (ہ) کسی چیز میں دیمک کا شروع ہونا۔ جسم پر چیونٹیاں سی لگنا۔
دین (ع/ مذ) مذہب۔ پنتھ۔ دھرم۔ ایمان۔ عاقبت۔ دُوسرا جہان۔
جیسے دین و دُنیا میں بھلا ہو۔
دین پناہ (ع ف/ مذ) مسلمان بادشاہوں کا لقب۔ دین کی حمایت کرنے
والا۔ ہمایوں بادشاہ کا مقبرہ۔
دین کا جھنڈا (و/ مذ) مذہبی جھنڈا۔ مذہب کو ترقی اور شہرت
دینا۔
دین کا نہ دُنیا کا (ا/ محاورہ) کسی کام کا نہیں۔ نکما۔
دین (ع/ مذ) قرض۔ دام۔ اُدھار۔
دین (ہ/ مث) عطا۔ بخشش۔ مہربانی۔ جیسے خدا کی دین کا موسےٰ
سے پوچھیے احوال۔
دینا (ہ) سپرد کرنا۔ حوالے کرنا۔ بخشنا۔ عطا کرنا۔ بیچنا۔ فروخت
کرنا۔ نذر کرنا۔ ہدیہ کرنا۔ بخشنا۔ عطا کرنا۔ بچہ جننا۔ بھرنا۔
ڈنڈ بھگتنا۔ سر مڑھ لگانا۔ سہارنا۔ مقرر کرنا۔ معین کرنا۔ ادا
کرنا۔ بے باق کرنا (مذ) قرض۔ دام۔
دینا نہ لینا (ہ) ناحق۔ مفت میں۔ بے فائدہ۔
دینا بھلا نہ باپ کا بیٹی بھلی نہ ایک (ہ/ کہاوت) قرض اور بیٹی دونوں
ہر حالت میں بُرے ہی بُرے۔

دینار (ع/ مذ) ڈھائی روپے کی قیمت کا سونے کا ایک سکہ۔ جو عرب میں
چلتا ہے۔
دیندار (و) قرض دار۔ مقروض۔
دیندار (ع ف) دھرم دان۔ دھرمی۔ متقی۔ پرہیزگار۔ نیک آدمی۔
دینی (ف/ مذ) مذہب کا۔ مذہبی۔ دین کا۔
دینی بھائی (ا/ مذ) ہم مذہب۔ ہم اعتقاد شخص۔
دینے کے نام پر کنڈی نہیں دیتے (ا/ مثل) بہت بخیل ہے۔
دینے کے ہزاروں ہاتھ ہیں (ا/ مقولہ) خدا ہزاروں حیلوں سے
دیتا ہے۔
دیو (ف/ مذ) زبردست۔ بڑا۔ قوی ہیکل پہلوان۔ جن بھوت۔
دیوزاد (ف/ مذ) دیو کا جنا۔ قوی ہیکل۔
دیو (ہ/ مذ) دیوتا۔ ناقابلِ پرستش۔ بزرگ اور مقدس ہستی۔ پاک۔
پرمیشر۔
دیو بانی (ہ/ مث) دیوتاؤں کی بولی۔ مقدس زبان۔ سنسکرت۔
دیولوک (ہ/ مذ) دیوتاؤں کے رہنے کی جگہ۔ بیکنٹھ۔ بہشت۔
دیوناگری (ہ/ مث) سنسکرت حرفوں میں ہندی زبان۔
دیوا (ہ/ مذ) دینے والا۔ سخی۔ بخشش کرنے والا۔
دیوا (ہ/ مذ) آلہ۔ چراغ۔ دیا۔
دیوار (ف/ مث) بھیت۔ پردہ۔ آڑ۔ ٹٹی۔
دیوار اُٹھانا۔ یا۔ چُننا (ہ) دیوار بنانا۔ دیوار کھڑی کرنا۔
دیوار بنانا (ا/ محاورہ) دیوار تعمیر کرنا۔
دیوارِ چین۔ یا۔ ختا۔ یا۔ خطا (ف) ایک مشہور دیوار کا نام جو منگولیا اور چین کی سرحد پر واقع ہے۔
دیوارِ قہقہہ (و/ مث) ایک لوہے کی دیوار ہے جس کے اندر سے ہنسنے کی
آواز آتی ہے۔ جو شخص دریافت حال کو چڑھتا ہے وہ
بھی ہنستے ہنستے اندر گر جاتا ہے۔ بہت اُونچی دیوار۔ بہت
لمبی دیوار۔
دیوارگیری (و/ مث) دیوار میں لگانے کا لیمپ۔ خوبصورتی کے لیے
دیواروں پر لگایا ہوا کپڑا۔
دیوان (معرب/ مذ) کچہری۔ عدالت۔ بادشاہ کا دربار۔ وزیر۔
رکن سلطنت۔ منتری۔ محکمہ مال کا بڑا افسر۔ وزیر مال۔ اجلاس
کی جگہ۔ جلسہ گاہ۔ جلسہ۔ آدمیوں کے فراہم ہونے کی جگہ۔
کسی شاعر کی غزلوں کا مجموعہ۔
دیوانِ اعلیٰ (ع/ مذ) بڑا وزیر۔ وزیر اعظم۔
دیوانِ خاص (ع/ مذ) دربارِ خاص۔ خاص لوگوں کا دربار۔ اجلاسِ
خلوت۔
دیوانِ خالصہ (ع/ مذ) وہ شخص جس کے پاس بادشاہی مُہر رہے
معتمد الدولہ۔ محافظ مُہر شاہی۔
دیوان خانہ (ف/ مذ) امیروں کی نشست گاہ۔ ملاقات کا کمرہ۔
بیٹھک۔
دیوانِ عام (ع/ مذ) عام لوگوں کے دربار کی جگہ۔ وہ مقامِ دربار جہاں
عام لوگوں کو آنے کی اجازت ہونا۔

دیوان کہنا (ار/محاورہ) دیوان تصنیف کرنا۔
دیوانہ پن۔یا۔دیوانگی (ا) ملا مذکر ملا مؤنث۔ جنون۔پاگل پنا۔
سودا۔ نادانی۔
دیوانہ (ف/مذ) پاگل۔سودائی۔مجنون۔باولا۔
دیوانہ باش تا غم تو دیگراں خورند (ف/مثل) بے فکرے کو کہتے ہیں
جس کی فکر دوسروں کو کرنا پڑتی ہے۔
دیوانہ بکارِ خویش ہشیار (ف) اپنے مطلب کا پاگل۔
دیوانی (ف/مث) وزارت۔دیوان کا منصب۔قرضہ و جائداد وغیرہ۔
کے مقدمے فیصل کرنے کی عدالت۔ عدالت خفیفہ۔ فوجداری
کی ضد۔
دیوانی (ا/مث) دیوانہ کی مؤنث۔سِڑن۔پگلی۔باؤلی۔
دیوانی باتیں کرنا (ار/محاورہ) اول فول بکنا۔پاگل پن کی باتیں کرنا۔
دیوانی ماں کا خبطی بیٹا (ا/مثل) خاندانی بے وقوف۔نسلی احمق۔
دیوانی ہانڈی (ا/مث) وہ ہانڈی جس میں مختلف ترکاریاں بے میل
ڈال کر پکائیں۔
دیو باد (ف) آندھی کا بگولہ۔
دیوتا (ہ/مذ) پرمیشر کا اوتار۔بزرگ۔سادہ لوح۔شریر۔فسادی۔
ناگ۔سانپ۔
دیوٹ (ہ/مث) چراغ دان۔شمع دان۔کالا۔بھجنگا۔کالا کلوٹا۔
سیہ فام۔صحیح لفظ ڈیوٹ ہے۔
دَیُّوث (ہ/مذ) بے شرم۔بے حمیت۔بے غیرت۔قلتبان۔
اپنی عورت کی بدکاری سے واقف ہو کر چشم پوشی کرنے
والا۔
دیودار (ہ/مذ) دیار۔ایک قسم کا درخت۔صنوبر۔
دیور (ہ/مذ) خاوند کا چھوٹا بھائی۔
دیورانی (ہ/مذ) دیور کی بیوی۔خاوند کے چھوٹے بھائی کی
بیوی۔
دیونی (ہ/مث) دیو کی عورت۔موٹی تازی عورت۔
دیوی (ہ/مث) دیبی۔کنیا۔کنواری۔
دیہہ۔یا۔دیہی (ہ/مث) جسم۔تن۔بدن۔کایا۔انگ۔مجثّہ۔
قالب۔وجود۔سریر۔
دیہات (ف/مذ) دہ کی جمع۔بہت سے گاؤں۔

ڈ

ڈ (ا/مث) اُردُو حروفِ تہجی کا بارھواں حرف حسابِ جمل میں اس کے عدد چار ہیں - عربی اور فارسی میں یہ حرف نہیں آتا -

ڈ - ا

ڈا (ا/مث) ستار کی گت کا ایک توڑا - ڈور - ڈا -
ڈاب (ا/مذ) بان بٹنے کی ایک لمبی گھاس پر تلا - کچا ناریل -
ڈاٹ (ا/مث) گٹا - کاگ - میخ - سوراخ روکنے کی چیز - محراب دار پکا دروازہ - لداؤ کی بھرتی - محراب بناتے وقت کی روک - محراب -
ڈاٹ لگانا (ف) روکنا - میخ لگانا - سوراخ بند کرنا - محراب بناتے وقت اس کے نیچے کچی عمارت روک تھام کے لیے بنانا -
ڈاٹ کر بھرنا (ف) خوب ٹھونس کر بھرنا - داب داب کر بھرنا -
ڈاٹنا (ف) بھرنا - ٹھونسنا جیسے شلغم ڈاٹنا - پہننا - جیسے کوٹ ڈاٹنا - ڈاٹ لگانا - روکنا - بند کرنا -
ڈار (ا/مث) پرندوں کی قطار - ہرنوں کی قطار - جانوروں کا جھنڈ -
ڈاڑھ (ا/مث) غذا چبانے کا دانت -
ڈاڑھ بیٹھ جانا (ا/محاورہ) ڈاڑھ گر جانا / نکل جانا -
ڈاڑھ گرم کرنا (ف) چبا جانا - کھانا کھانا - ڈاڑھ چلنا -
ڈاڑھ نہ لگانا (ف) چبائے بغیر ہی نگل جانا -
ڈاڑھ مار کر رونا (ف) چیخ کر رونا - زار زار رونا - پھوٹ پھوٹ کر رونا -
ڈاڑھی (ا/مث) ٹھوڑی اور رخساروں کے بال - ریش - لیہ - لٹکنے والی جڑیں -
ڈاڑھی بڑھانا (ا/محاورہ) ڈاڑھی کو لمبا کرنا -
ڈاڑھی بنانا (ا/محاورہ) ڈاڑھی مونڈنا -
ڈاڑھی بنوانا (ا/محاورہ) ڈاڑھی بنوانا - شیو بنوانا -
ڈاڑھی پیشاب سے منڈوانا (ف) ذلیل ہونا - بے عزت ہونا - ذلیل کرنا - بے عزتی کرنا -
ڈاڑھی پیٹ میں ہونا (ف) چھوٹی عمر میں سیانی باتیں کرنا - صغر سنی میں عقلمند ہونا -
ڈاڑھی کا ایک ایک بال کرنا (ف) ڈاڑھی نوچنا - عزت بگاڑنا - بے عزتی کرنا -
ڈاڑھیں مار کر - یا - مار مار کر رونا (ف) چلا چلا کر رونا - زار و قطار رونا -
ڈاک (ا/مث) چٹھی رسانی کا محکمہ - سفر کے لیے گھوڑوں وغیرہ کا انتظام - لگاتار سلسلہ - قے - اُلٹی -
ڈاک آنا (ف) متواتر خبر آنا - مسلسل چٹھیاں آنا - قے آنا - اُلٹی آنا -
ڈاک چوکی (ا/مث) وہ جگہ جہاں ڈاک کے ہرکارے تھیلیاں ایک دوسرے کو دیتے لیتے ہیں - گھوڑوں کی بدلی کی جگہ -
ڈاک خانہ (ا/مذ) ڈاک - گھر - پوسٹ آفس - چٹھیوں وغیرہ کا دفتر -
ڈاک گاڑی (ا/مث) وہ تیز رفتار ریل گاڑی جس میں ڈاک جاتی ہے -
ڈاک لگنا (ف) قے آنا - قے لگنا - ہرکاروں یا خبروں کا متواتر آنا جانا -
ڈاکا - یا - ڈاکہ (ا/مذ) رہزنی - قزاقی - ڈاکوؤں کا حملہ اور دھاوا -
ڈاکا مارنا - یا - ڈاکا ڈالنا (ف) زبردستی لوٹ لینا - تاراج کرنا -

ڈاک بنگلہ (ا/مذ) سرکاری مسافر خانہ ۔ وہ مقام جو سرکاری طور پر مسافر عہدہ داروں کے قیام کے لیے بنایا گیا ہو۔
ڈاکٹر (انگریزی/مذ) بید ۔ حکیم ۔ طبیب ۔ جراح ۔ سرجن ۔ فاضل ۔ فلاسفر ۔ علامہ۔
ڈاکو (ہ/مذ) ڈاکہ مارنے والا ۔ لٹیرا ۔ قزاق ۔ دھاڑا مارنے والا ۔ پیٹو ۔ بسیار خور۔
ڈاکیا (ہ/مذ) چٹھی رساں ۔ ہرکارہ ۔ نامہ بر ۔ پیک ۔ دوت ۔ قاصد۔
ڈال (ہ/مث) ٹہنی ۔ شاخ ۔ آبپاشی کا لکڑی کا ٹوکرا ۔ تلوار کا پھل ۔
ڈال کا پکا (ہ) پیڑ کا پکا ہوا پھل۔
ڈال کا ٹوٹا (ہ) تازہ پھل شاخ سے ٹپک کر گرا ہوا عمدہ پھل ۔ انوکھا ۔ قابل قدر ۔ نادر۔
ڈال والا (ہ/مذ) (مجازاً) بندر ۔ بوزنہ ۔ میمون ۔ باندرا ۔
ڈالا (ہ/مذ) ٹہنا ۔ بڑی اور موٹی شاخ ۔
ڈال دینا (ہ) پھینک دینا ۔ گرا دینا ۔ لگانا ۔ متوجہ کرنا۔
ڈال رکھنا (ہ) رکھ چھوڑنا ۔ روک رکھنا ۔ ملتوی کرنا ۔ دیر لگانا ۔
ڈالنا (ہ) پھینکنا ۔ گرانا ۔ رکھنا ۔ اندر کرنا ۔ داخل کرنا ۔ پرونا ۔ پہننا ۔ اوڑھنا ۔ یارانہ سے بیوی بنا لینا ۔ ملانا ۔ لگانا ۔ حمل گرانا ۔ قے کرنا ۔ اُلٹی کرنا ۔ نیز تکمیل فعل کے لیے فعل کے آخر میں بھی آتا ہے جیسے مار ڈالنا ۔
ڈالی (ہ/مث) ٹہنی ۔ شاخ ۔ ٹوکری میں میوہ پھول وغیرہ سجا کر امیروں کو نذرانہ پیش کرنا ۔
ڈالی دینا (ہ) حاکموں یا امیروں کو نذر دینا ۔
ڈالی سجانا (ہ) حاکموں کی نذر کو میووں ۔ پھولوں وغیرہ سے آراستہ کرنا ۔
ڈالیا (ا/مذ) وہ شخص جو ڈال سے پانی ڈالے ۔
ڈام (انگریزی/مذ) پاجی ۔ احمق ۔ نالائق ۔ گدھا ۔ اُلو ۔
ڈام فول (انگریزی/مذ) احمق ۔ پاجی ۔ نالائق ۔ گدھا ۔
ڈامچا (ہ/مذ) وہ اُونچا مچان جو مکئی یا باجرے کے کھیت کی رکھوالی یا گوپھیا پھرانے کے واسطے بنا لیتے ہیں ۔
ڈانٹ (ہ/مث) دھمکی ۔ جھڑکی ۔ ڈراوا ۔ گھرکی ۔
ڈانٹ ڈپٹ (ہ/مث) ڈانٹ ۔
ڈانٹنا (ہ) دھمکانا ۔ جھڑکنا ۔ ڈرانا ۔ گھرکنا ۔ روکنا ۔ سخت آواز سے منع کرنا ۔
ڈانڈ (ہ/مث) لکڑی ۔ چھڑی ۔ بغیر چھڑے کا گدکا ۔ ناؤ کھینے کی بلّی یا بانس ۔ چپو ۔ ریڑھ کی ہڈی ۔ کھیت کی حد ۔ خشک زمین طولانی ۔ سیماتہ ۔ تاوان ۔ جرمانہ ۔ ڈنڈ ۔
ڈانڈ بھرنا (ا/محاورہ) تاوان ادا کرنا ۔
ڈانڈ لگانا (ا/محاورہ) بانس سے کشتی چلانا ۔
ڈانڈا (ہ/مذ) سرحد ۔ سیما ۔ سوانہ ۔ ملک کی سرحد ۔ ہولی جلانے کی جگہ ۔ جہاں ایندھن وغیرہ رکھ کر جلاتے ہیں ۔
ڈانڈا کھانڈا (ہ/مذ) سہارا ۔ آسرا ۔ وسیلہ ۔ زور ۔ طاقت ۔ قوت ۔
ڈانڈی (ہ/مث) ملاح ۔ مچھوا ۔ مانجھی ۔ کھویا ۔ ایک قسم کی پہاڑی جس کے دو طرف لکڑیاں اور بیچ میں دری لگی ہوتی ہے ۔ رستہ ۔ پگڈنڈی ۔
ڈانڈی مارنا (ا/محاورہ) کم تولنا ۔
ڈانڈے مینڈے کی تکرار (ا/مث) سرحدی جھگڑا ۔
ڈانس (ہ/مذ) ایک خاص قسم کا بہت بڑا مچھر ۔
ڈانک (ہ/مث) سنہری یا روپہلی ورق جو نگینے کے نیچے چمک کے واسطے لگاتے ہیں ۔
ڈانگ (ہ/مث) پہاڑ کی سب سے اُونچی چوٹی ۔ چھلانگ ۔ جست ۔ (پنجابی) لٹھ ۔ ڈنڈا ۔
ڈانگر } ڈنگر } (ہ/مذ) چوپایہ ۔ مویشی ۔ ڈھور ۔ ہندوستان کی ایک قدیم قوم ۔ احمق ۔
ڈانواں ڈول (ہ) خراب ۔ خستہ ۔ آوارہ ۔ پریشان ۔ حیران ۔ مذبذب ۔ ڈھل مل یقین ۔ ڈگمگاتا ہوا ۔
ڈانواں ڈولی (ہ/مث) سرگشتگی ۔ پریشانی ۔ آوارگی ۔
ڈاہ (ہ/مث) بیر ۔ دشمنی ۔ کینہ ۔ شہتیر وغیرہ ۔ بھاری بوجھ اُٹھانے کی لکڑی ۔
ڈاہ کھانا (ا/محاورہ) رشک کرنا ۔
ڈائرکٹر (انگریزی/مذ) رہنما ۔ ہادی ۔ منتظم ۔ سربراہ کار ۔ کارکن ۔
ڈائری (انگریزی/مث) روزنامچہ ۔ یادداشت ۔ روزمرہ ۔
ڈائن (ہ/مث) کلیجہ کھا جانے والی عورت ۔ جادوگرنی ۔ ٹونے ہائی ۔

ڈ ۔ ب

ڈب (ہ/مث) جیب ۔ کیسہ ۔ پاکٹ ۔ کپّے بنانے کا چمڑا ۔ قابو ۔ قبضہ ۔ (مجازاً) کروان ۔ ناڑ ۔ نڑیا ۔ گلو ۔
ڈبّا (ہ/مذ) بڑی ڈبیا ۔ درج ۔ پسلی کی بیماری جو اکثر بچوں کو ہوا کرتی ہے ۔
ڈبڈبانا (ہ) آنسوؤں کا آنکھوں میں بھر جانا ۔ پُر اشک ہونا ۔
ڈبکا (ہ/مذ) کنویں سے تازہ نکالا ہوا پانی ۔
ڈبکا (ہ/مذ) خوف ۔ ڈر ۔ خطرہ ۔ اندیشہ ۔ غوطہ ۔
ڈبکی (ہ/مث) غوطہ ۔ پانی میں سر ڈبونا ۔
ڈبکی کھانا ۔ لگانا ۔ مارنا (ہ) غوطہ لگانا ۔ غوطہ مارنا ۔ پانی میں سر ڈبونا ۔
ڈبکے کا پانی (ہ/مذ) کنویں کا تازہ پانی ۔
ڈبل (انگریزی) دگنا ۔ دوچند ۔ دونا ۔ دوہرا ۔ موٹا ۔ بیکار ۔
ڈبل پیسہ (ا/مذ) تین پائی کا پیسہ ۔

ڈبل روٹی (ا/مث) موٹی روٹی۔نان پاؤ۔خمیر کے باعث پھولی ہوئی موٹی روٹی۔

ڈبل کوچ (ا/مذ) دُگنا سفر طے کرنا۔جلد چلنا۔دُگنی منزلیں مارنا۔یلغار کرنا۔

ڈبونا (ہ) غوطہ دینا۔غرق کرنا۔تباہ و برباد کرنا۔ستیاناس کرنا۔بنی بات بگاڑنا۔کام کو درہم برہم کر دینا۔

ڈبیا (ہ/مث) ڈبا کی تصغیر۔چھوٹا ڈبا۔ڈبیا۔

ڈ۔پ

ڈپارٹمنٹ (انگریزی/مذ) محکمہ۔سررشتہ۔

ڈپٹ (ہ/مث) ڈانٹ کا مرادف ہے۔گھوڑے کی دوڑ۔دوڑ۔دھمکی۔تیز رفتاری۔حملہ۔حربہ۔

ڈپٹانا (ہ) دوڑانا۔لپکانا۔

ڈپٹنا (ہ) ڈپٹنا کا لازم۔دوڑانا۔تیز چلنا۔دھمکانا۔اظہارِ غضب کرنا۔خفا کرنا۔حملہ کرنا۔

ڈپٹی (انگریزی/مذ) نائب۔

ڈپلوما (انگ/مذ) DIPLOMA ۔سند۔سرٹیفکیٹ۔

ڈپوٹیہ (ہ) بہت موٹا۔مددگار۔کھاؤ۔امین۔گماشتہ۔پیشکار۔

ڈپوٹیشن (انگریزی) وفد۔وہ جماعت جو خاص کام کے لیے بھیجی جائے۔

ڈ۔ٹ

ڈٹ جانا (ہ) دشمن کے مقابلے کے لیے جم جانا۔استقلال سے کھڑا ہو جانا۔

ڈٹ کر کھانا (ہ) خوب پیٹ بھر کر کھانا۔رچ کر کھانا۔

ڈٹانا (ا/معں) روکنا۔ٹھہرانا۔

ڈٹنا (ہ) جمنا۔مقابلہ سے منہ نہ موڑنا۔دلیری سے مقابلہ کرنا۔ٹھہرنا۔رُکنا۔

ڈ۔ر

ڈر (ہ/مذ) خوف۔خطرہ۔فکر۔اندیشہ۔

ڈرافس مین (انگریزی) نقشہ نویس۔

ڈراوا (ہ/مذ) دھمکی۔گھُرکی۔خوف۔دہشت۔

ڈرانا (ہ) دھمکانا۔گھُرکنا۔خوف دلانا۔دھمکی دینا (مذ) بھیانک۔خوفناک۔ڈراؤنا کا مخفف۔

ڈراؤنا (ہ) وہ شے جس کو دیکھ کر ڈر لگے۔خوفناک۔بھیانک۔

ڈرائنگ (انگریزی/مث) نقشہ کشی۔

ڈرائنگ روم (انگ/مذ) ملاقات کا کمرہ۔

ڈرائیور (انگریزی/مذ) چلانے والا۔ہنکانے والا۔ہانکنے والا۔

ڈربی۔انگلینڈ کا ایک ضلع ہے۔جس کے مشرقی حصہ میں جنوبی یارک شائر کے کوئلہ کے میدان واقع ہیں۔یہاں ریشم۔لیس اور جرابوں کے کارخانے ہیں۔اس نام کی ایک لاٹری بھی کھلتی ہے۔مشہور ہے۔

ڈرپوک (ہ) بزدل۔کم ہمت۔ڈر جانے والا۔بودا۔کم دلا۔

ڈرم (انگ/مذ) ملاقات کا کمرہ۔

ڈرنا (ہ) خوف کھانا۔سہمے کرنا۔دھمکی میں آجانا۔رُعب ماننا۔

ڈری (ہ/مث) خوف۔دہشت۔

ڈریس (انگریزی/مذ) لباس۔پوشاک۔پوشش۔

ڈریں لومڑی سے نام دلیر خاں (ا) کم ہمتی ظاہر کرتے وقت بولتے ہیں۔نام کے برعکس کام۔

ڈ۔ڑ

ڈڑھیالا۔یا۔ڈڑھیل (ہ/مذ) ڈاڑھی والا۔ریشائیل۔

ڈ۔س

ڈس (ہ/مث) ترازو کی ڈور، جس میں پلڑے بندھے ہوتے ہیں۔

ڈسا ہوا پانی نہیں مانگتا (ا/مثل) بڑا ظالم ہے جس کو نقصان پہنچائے تباہ کر دیتا ہے۔

ڈسانا (ا/معں) بستر بچھانا۔

ڈسپنسر (انگ/مذ) وہ آدمی جو ڈاکٹر کا نسخہ دیکھ کر دوا بناتا ہے۔

ڈسپنسری (انگریزی/مث) دواخانہ۔دوا ملنے کی جگہ۔

ڈسپیچ (انگریزی/مذ) روانگی۔ارسال۔ترسیل۔مراسلہ۔

ڈسٹرکٹ (انگریزی/مذ) ضلع۔

ڈسکونٹ (انگریزی/مذ) کمیشن۔دلالی۔کٹوتی۔منہا کاٹنا۔

ڈسنا (ہ) کسی زہردار جانور کا کاٹنا۔خاص کر سانپ کا کاٹنا۔

ڈ۔ف

ڈف (ا/مذ) ایک قسم کا باجا۔دائرہ۔ڈفلی۔

ڈفالچی۔یا۔ڈفالی (ا/مذ) ڈفلی بجانے والا۔ایک قوم کا نام بھی ہے۔

ڈفلی (ہ/مث) دائرہ۔ چھوٹا ڈف۔

ڈ۔ک

ڈک (انگریزی/مث) بلغ۔
ڈک (ہ/مذ) گھونسا۔ مکا۔ مشت۔
ڈکار (ہ/مث) معدے کی وہ ہوا جو منہ کے رستے نکلے۔
ڈکار نہ لینا / ڈکار تک نہ لینا (ہ) ہضم کر جانا۔ پتہ نہ لگنے دینا۔ خبر تک نہ ہونا۔
ڈکارنا (ہ) معدے کی ہوا کو منہ کے راستے نکالنا۔ ہضم کر جانا۔ غالب ہونا۔ کھا جانا۔ شیر کا بولنا۔ دھاڑنا۔ گرجنا۔ گڑکنا۔
ڈکرا (ہ/مذ) (پوربی) بُڈھا۔ پیر فرتوت۔
ڈکرانا (ہ) کراہنا۔ پھوٹ پھوٹ کر رونا۔ فریاد کرنا۔ چلانا۔ آہ و بکا کرنا۔
ڈکریا (ہ/مث) پیرزال۔ بڑھی عورت۔
ڈکشنری (انگریزی/مث) لغت کی کتاب۔ کتاب لغات۔
ڈکوسنا (ہ) پینا۔ نگلنا۔ تحقیراً۔
ڈکیانا (ہ) دھکے مارنا۔ گھونسے مارنا۔
ڈکیت (ہ/مذ) ڈاکہ مارنے والا۔ ڈاکو۔ لٹیرا۔ رہزن۔ قزاق۔
ڈکیتی (ہ/مث) ڈاکہ زنی۔ رہزنی۔ قزاقی۔

ڈ۔گ

ڈگ (بالفتح و بالکسر ہر دو جائز) (مذ) لمبا قدم۔
ڈگ بھرنا (ہ) لمبا قدم دھرنا۔ چھوٹی سی چھلانگ مارنا۔
ڈگ رسید کرنا (ا/محاورہ) گھٹا مارنا۔
ڈگانا (ہ) کسی جگہ سے ٹالنا۔ ہٹانا۔ پھسلانا۔ ضائع کرنا۔ جیسے موقع ڈگانا۔
ڈگڈگا کر پانی پینا (ہ) بڑے بڑے گھونٹ لے کر پانی پینا۔ ایک دم میں بہت سا پینا۔
ڈگڈگی (ہ/مث) بندر نچانے والوں کی ڈفلی۔ ڈمرو۔ ڈونڈی۔ ڈھنڈورا۔
ڈگر (ہ/مث) رستہ۔ سڑک۔ راہ۔
ڈگرا (ہ/مذ) (پوربی) بانس کا چھوٹا ٹوکرا۔
ڈگری (انگریزی/مث) جیت۔ فتح۔ فیصلہ۔ قرضہ ثابت ہو جانے پر سرکاری حکم برائے وصولی۔
ڈگری پانا (ہ) قرضہ یا حق کے مقدمہ کو جیتنا۔ فتح حاصل کرنا۔ فیصلہ قطعی حاصل کرنا۔
ڈگری جاری کرنا (ہ) فیصلہ کرنا۔ روپے کی وصولی کا حکم صادر کرنا۔
ڈگری دار (ہ/مذ) مقروض پر ڈگری حاصل کرنے والا۔
ڈگری کالج (انگ/مذ) وہ کالج جس میں بی۔اے تک تعلیم دی جاتی ہو۔
ڈگمگانا (ہ) لرزنا۔ کانپنا۔ لڑکھڑانا۔ ہلنا۔ گرنے کو ہونا۔
ڈگنا (ہ) ڈگانا سے لازم ہے۔ بے جگہ ہونا۔ سرکنا۔ ہلنا۔ ٹلنا۔ تلف ہونا۔ خراب ہونا۔ گرنا۔

ڈ۔ل

ڈل (ہ/مث) جھیل۔ تالاب۔ غدیر۔ بالخصوص کشمیر کی جھیل کا نام۔ (پنجابی) خربوزے یا آم یا عام پھل کی موٹائی۔
ڈلا (ہ/مذ) کسی ٹھوس چیز کا بڑا ٹکڑا۔ مٹی کا ڈھیلا۔ کلوخ۔ بزرگ۔ ڈھیم۔ ڈھیما۔
ڈلا (ہ/مذ) ڈالی کی تذکیر۔ شاخوں کا بنا ہوا ٹوکرا۔ وہ ٹوکرا جو شادی کے دن دولہا دولہن کے واسطے اپنے ساتھ لاتا ہے۔
ڈلانا (ہ) ہلانا کا مرادف ہے۔ جنبش دینا۔ حرکت دینا۔ پھرانا۔ حیران کرنا۔
ڈلاؤ (ہ/مذ) کائی۔ گندگی پڑنے کی جگہ۔ میلا جمع ہونے کی جگہ۔ کوڑی۔
ڈلک (ہ/مث) چمک دمک۔ درخشانی۔ تابش۔
ڈلکنا (ہ/مص) چمکنا۔ دمکنا۔
ڈلنا (ہ) ڈالنا کا لازم۔ پڑنا۔ گرنا۔
ڈلی (ہ/مث) ڈلا کی تصغیر۔ ٹھوس چیز کا چھوٹا سا ٹکڑا۔ خرما خرمی۔ مصری کا ٹکڑا۔
ڈلیا۔ یا۔ ڈلڑی (ہ/مث) ڈالی کی تصغیر۔ چھوٹی سی ٹوکری۔ چنگیری۔ ذرا سا ٹکڑا۔

ڈ۔م

ڈمرو (ہ/مذ) ڈورو۔ ڈگڈگی۔ ایک قسم کے باجے کا نام۔
ڈمیٹہ۔ دریائے نیل کے دھانے سے دو میل کے فاصلے پر ایک شہر ہے۔ یہاں روئی سے کپڑے بُنے جاتے ہیں۔

ڈ۔ن

ڈنٹھل (ہ/مذ) سرسوں یا مولی وغیرہ کی وہ شاخ جس پر پھول آتا ہے۔ گنڈل۔ ننہ۔
ڈنڈ (ہ/مذ) بازو۔ ڈنٹر۔ پہلوانوں کی ایک قسم کی ورزش۔ جرمانہ۔ تاوان۔

ڈنڈ بھرنا - یا - دینا (ف) جرمانہ ادا کرنا - تاوان دینا۔
ڈنڈ پر خاک چڑھانا (ار/محاورہ) پہلوانوں کا دُوسرے کے یا اپنے بازوؤں پر خاک ملنا۔
ڈنڈ پیل (ف/مذ) ڈنڑ پیلنے والا پہلوان۔
ڈنڈ پیلنا (ف) ڈنڑ کی ورزش کرنا۔
ڈنڈ ڈالنا (ف) جرمانہ کرنا - تاوان لگانا - ٹیکس لگانا۔
ڈنڈ کھلا (ار/صف) نیلا کبوتر - جس کی دُم کے پَر سفید ہوں۔
ڈنڈ لینا (ار/محاورہ) جرمانہ وصول کرنا۔
ڈنڈا (ف/مذ) سونٹا - ہاتھ میں رکھنے کا لکڑی کا ٹکڑا - جھنڈ کی لکڑی - احاطہ - چار دیواری۔
ڈنڈا ڈولی کرنا (ف) ہاتھ پاؤں پکڑ کر زمین سے اُدھر اُٹھا لینا۔
ڈنڈا کھینچنا (ف) دیوار کھڑی کرنا - حد بندی کرنا - سرحد بنانا۔
ڈنڈوت (ف/مث) سلام بندگی - آداب - تسلیمات - سجدہ - ماتھا ٹیکنا - جبّہ سائی۔
ڈنڈی (ف/مث) ترازو کی وہ لکڑی جس میں پلڑے باندھتے ہیں - شاہین - موٹھ - دستہ - قبضہ - پھول کی شاخ - ڈنٹھل - تال - تکمہ - رستہ - کان میں پہننے کا حلقہ - ہارسنگار کے پھول۔
ڈنڈی مار (ار/صف) کم تولنے والا۔
ڈنڈی مارنا (ف) کم تولنا - چالاکی سے ترازو کی ڈنڈی جھکا دینا۔
ڈنڈک بن - بندھیاچل کے جنوب کے جنگل اس نام سے مشہور ہیں یہاں رام چندر جی نے اپنی جلاوطنی کا زمانہ گزارا ہے۔
ڈنڈے بجاتے پھرنا (ف) آوارہ پھرنا - بے کار پھرنا - وقت ضائع کرنا۔
ڈنک (ف/مذ) کانٹا - خار - زہریلے جانوروں کا کانٹا - نب - لوہے کے قلم کا وہ حصّہ جس سے لکھتے ہیں - لوہے کا قلم - جونک کے کاٹے کا نشان۔
ڈنک مارنا (ف) زہریلے جانور کا ڈنک چبھونا - دشمن کا نیش زنی کرنا۔
ڈنکا - یا - ڈنکہ (ف/مث) نقارہ بجانے کی لکڑی - چوب - نقارہ - دھونسا - بول بالا - ترقی - شہرت - عروج - سحری کے وقت کا ڈھونسا۔
ڈنکا بجانا (ف) نقارہ بجانا - حکومت اور راج کرنا - ڈھنڈورا پٹوانا - منادی کرنا - رُعب بٹھانا - شہرت دینا - دھوم مچانا۔
ڈنکا ڈالنا (ف) (مُرغ باز) مُرغوں کو لڑانا - مُرغوں کی بازی مقرر کرنا - مُرغ کا چونچ مارنا۔
ڈنکے کی چوٹ کہنا (ف) علانیہ کہنا - بلند آواز سے پکار کر کہنا - منادی کرنا - ڈھنڈورا پیٹنا۔
ڈنگیا (ف/مث) پانی بھرنے اور پینے کا چھوٹا سا دستہ دار تانبے کا برتن۔
ڈنمارک - چھوٹا سا ملک ہے جس میں جزیرہ نمائے جٹ لینڈ اور چند جزائر ہیں - دارالحکومت اور بندرگاہ کوپن ہیگن ہے - زراعت ہوتی ہے - لوگ مویشی پالتے ہیں - دُودھ مکھن کے کارخانے ہیں - مُرغی خانے بھی ہیں - مکھن اور انڈے کی وسیع پیمانے پر تجارت ہوتی ہے۔

ڈ - و

ڈوب (ف/مذ) غوطہ - ڈبکی - قلم کو سیاہی میں بھرنا - کپڑے کو رنگ میں ڈبونا۔
ڈوبا (ف/مذ) غرقابی - ڈبکی - قلم کو سیاہی میں بھرنا۔
ڈوبا بھرنا - یا لینا (ف) قلم کو سیاہی لگانا - قلم ڈبونا۔
ڈوبا نام اُچھالنا (ف) گمشدہ عزت و توقیر کو از سرِ نو حاصل کرنا - نام روشن کرنا - گمنامی سے نکلنا۔
ڈوبتی ناؤ ترانا (ار/محاورہ) بگڑی حالت دُرست کرنا۔
ڈوبتے کو تنکے کا سہارا ہونا (ف) نااُمید کو ذرا سی بھی مدد کام دے جاتی ہے - محتاج کو ذرا سا سہارا کام دے جاتا ہے۔
ڈوب جانا (ف) غرق ہو جانا - پانی میں بہ جانا - روپیہ مارا جانا - نام مٹ جانا - رسوا ہونا - نکما ہو جانا - غائب ہو جانا - برباد ہو جانا - تباہ ہو جانا - بڑا گھر یا گھرانا ملنا - فیل ہو جانا - ناکام رہنا - گم ہو جانا - نیست و نابود ہو جانا - کام کا نہ رہنا۔
ڈوب مَر (ف) کلمۂ نفرت ہے - دفع ہو - دُور ہو - شکل نہ دکھا - اس شرم سے مر جا۔
ڈوب مرنا (ف) شرم و حیا یا بدنامی کے سبب سے پانی میں غرق ہو کر جان دے دینا۔
ڈوبنا (ف) غرق ہونا - دریا بُرد ہونا - چھپنا - غائب ہونا - رقم کا وصول نہ ہونا - تباہ ہونا - برباد ہو جانا - ضائع ہونا - دیوالہ نکلنا - نقصان ہونا - رسوا ہونا - گیا گزرا ہونا - ناکام رہنا - بڑی جگہ یا بڑے خاندان میں لڑکی کی نسبت ہو جانا۔
ڈوڈا (ف/مذ) خول - وہ چیز جس کے اندر بیج رہتے ہیں - کوکنار کپاس کا گولہ۔
ڈور (ف/مث) سُوت کی باریک رسّی - رشتہ - دھاگا - تاگا۔
ڈور پر لگانا (ار/محاورہ) ڈھب پر لانا - مانوس کرنا - سدھانا۔
ڈور سلجھانا (ار/محاورہ) اُلجھی ہوئی ڈور کے پھندے نکالنا۔
ڈورا (ف/مذ) سُوت کی رسّی - ریشمی تار - دھاگا - ڈور - خط - لکیر - ریکھا - آنکھوں کی رگوں کے سُرخ ڈورے جو خمار یا نیند کی حالت میں دکھائی دیتے ہیں - ڈنڈی دار کٹورا - تلوار کی دھار - پکے ہوئے چاولوں میں گھی ڈالنے کو ڈورا بولتے ہیں - دامِ محبت - تارِ نظر - سُرمہ کی لکیر - دنبالۂ چشم - ناپ جو ڈورے سے کیا جائے - جال - دامِ فریب - گردن کی معشوقانہ حرکت جو ناچتے وقت رقاص کرتے ہیں۔
ڈورا بھانجنا (ار/محاورہ) ڈورا مروڑنا - دھاگا مروڑنا۔
ڈورا ڈالنا (ف) دامِ محبت میں اسیر کرنا - پرچانا - مائل کرنا - یار بنانا - رجھانا۔

ڈوری (ہ/مث) پتلی رسّی۔ پانی بھرنے کی رسّی۔ نیجو۔ خیمہ کی رسّی۔ طناب۔ پلنگ کی پائنتی۔ شاہی سواری کے گزرنے کے وقت حد بست کی رسّی۔ جریب۔ زمین ناپنے کی رسّی۔ فالی اُتارنے یا گرم دُودھ ڈالنے کا دستہ دار کٹورا۔

ڈوری ڈھیل چھوڑنا } (ہ) خود مختار کر دینا۔ آزاد رہنے دینا۔ کسی کی طرف
ڈور ڈھیل چھوڑنا } سے غافل ہو جانا۔

ڈوری کھینچنا (ہ) بُلانا۔ طلب کرنا۔ یاد کرنا۔

ڈورے چھوڑنا (ہ) سُرمے یا کاجل کی لکیر آنکھ کے کونے سے باہر تک کھینچنا۔ دنبالہ چشم بنانا۔

ڈورے ڈالنا (ہ) نگندے ڈالنا۔ ٹانکے ڈالنا۔ فریب دینا۔ پرچانا۔ مائل کرنا۔ یار بنانا۔ اپنے ڈھب پر لانا۔ سر گوندھنا۔ مینڈھیاں گوندھنا۔ بینا۔ یا۔ چڑیا کا متواتر بولنا۔

ڈوریا (ہ/مذ) ایک قسم کا دھاری دار ولایتی کپڑا۔ شکاری کُتّوں کو سدھانے والا۔ کُتّوں کا محافظ۔

ڈوسا (ا/ر/صف) بوڑھا۔

ڈورک (ہ/مث) مویشیوں کے پھیپھڑے کی بیماری۔ بڑا سا گہرا گڑھا۔

ڈوکنا (ہ) (پورب) قے کرنا۔ اُلٹی کرنا۔ روکنا۔ بہت سا پینا۔ گھونٹنا۔ جذب کرنا۔

ڈول (ہ/مذ) کنوئیں سے پانی بھرنے کا لوہے یا چمڑے کا برتن۔ بوکا۔ دلو۔

ڈول (ہ/مذ) طرز۔ طور۔ ڈھنگ۔ قطع۔ وضع۔ خاکہ۔ ڈھانچہ۔ موقع۔ صورت۔ تخمینہ (مث) کھیت کی مینڈ۔ کھیت کی حد۔

ڈول پر لانا (ہ) سڈول بنانا۔ کام کا بنانا۔ ڈھب پر لانا۔

ڈول ڈالنا (ہ) بنیاد قائم کرنا۔ ڈھب نکالنا۔ ڈھنگ پیدا کرنا۔

ڈول سے لگانا (ار/محاورہ) موقع سے لگانا۔ ڈھنگ سے لگانا۔ ترتیب سے کرنا۔

ڈولا (ہ/مذ) کھیت کی مینڈ۔ خراج کا تخمینہ۔ کندھے اور کمنی کے درمیان کا گوشت۔ ایک قسم کی مچھلی جس کا ایک ہی کانٹا ہوتا ہے۔

ڈولا (ہ/مذ) ایک قسم کی گول پالکی۔ زنانہ سواری۔

ڈولا دینا (ہ) کسی بادشاہ یا سردار کو بیٹی دینا۔ اپنی بیٹی کو کسی حاکم کی خدمت میں فخریہ دے دینا۔ غریب کا امیر کو اپنی بیٹی بیاہ دینا۔

ڈولا نکالنا (ار/محاورہ) دُلہن کو رخصت کر کے دُلہا کے گھر بھیجنا۔

ڈولچی (ہ/مث) ڈول کی تصغیر۔ پانی کھینچنے کا چھوٹا سا آہنی ظرف۔

ڈولنا (ہ) (گنوار) چلنا۔ پھرنا۔ بھٹکنا۔ آوارہ پھرنا۔ حرکت کرنا۔ (مذ) ایک قسم کا برتن ڈولا۔ گہوارہ۔

ڈولنا (ہ) (نجار) لوگ لکڑی کو گھڑنا۔ ڈھب پر لانا۔ ڈول ڈالنا۔

ڈولی (ہ/مث) ایک پردہ دار زنانہ سواری۔

ڈول نہ کمار لی پی بیٹھی ہیں تیار (ار/مثل) سامان مہیا اور ارادے بڑے بڑے۔

ڈوم (ہ/مذ) میراثی۔ قوال۔ گوّیا۔ ایک گانے بجانے والی قوم کا نام۔ (پورب) ایک نیچ قوم جو اکثر چھاج بنانے کا کام کرتی ہے۔ کنجر۔ ساز بجانے والا۔ سنگیتا۔

ڈوم پنا (ہ/مذ) ڈوم کا پیشہ۔ بے جا خوشامد۔

ڈوم کا گھر سیٹھی میں گیا (ار/مثل) اپنی طاقت سے زیادہ نمود میں نقصان ہوتا ہے۔

ڈومنی (ہ/مث) میراثن۔ ڈوم کی بیوی۔ مُطربہ۔ ایک چڑیا کا نام بھی ہے۔

ڈونڈا (ہ) وہ بیل جس کے سینگ ٹوٹے یا مُڑے ہوئے ہوں۔ ایک سینگ والا بیل۔

ڈونڈی (ہ/مث) ڈھنڈورا۔ شہرت۔ منادی۔

ڈونڈی پیٹنا۔ یا۔ پھیرنا (ہ) ڈھنڈورا پیٹنا۔ مشہور کرنا۔ منادی کرنا۔

ڈونگا۔ یا۔ ڈونگھا (ہ) (گنوار) گہرا۔ عمیق۔ گہرائی والا۔

ڈونگا۔ یا۔ ڈونگہ (ہ/مذ) چھوٹی کشتی۔ چھوٹی ناؤ۔ بجرا۔ زورق۔ پانی بھرنے کا دستے دار آبخورہ۔ خاناسوں کا شوربے دار چیز رکھنے کا برتن۔

ڈونگر (ہ/مذ) اونچی زمین۔ چھوٹا پہاڑ۔ ٹیلا۔ پہاڑی۔ ٹک پربت۔ کوہ۔ جبل۔

ڈونگر پھل (ہ/مذ) بندال گھونگا۔ ایک نہایت کڑوا پھل جو گھوڑوں کو دینے کے مسالے میں پڑتا ہے۔

ڈونگرا (ا/مذ) بارش۔ بچھوار۔

ڈونگری (ہ/مث) پہاڑی۔ کوہک (اس میں یائے تصغیری ہے)

ڈوئی (ہ/مث) لکڑی کا چمچہ جس سے پکا ہوا کھانا نکالتے ہیں۔ یا۔ ہانڈی بھونتے ہیں۔

ڈویژن (انگریزی) قسمت۔ حصّہ۔ علاقہ۔ درجہ۔

ڈویژن بنچ (انگ/مذ) کم از کم دو ججوں کی عدالت۔

ڈ ۔ ہ

ڈھابا (ہ/مذ) اولتی۔ جال۔ دام۔ پرچھتی (ہندو) باورچی کی دُکان۔

ڈھابلی (ہ/مث) کبوتروں یا مُرغوں کا ڈربا۔

ڈھاٹا (ہ/مذ) ڈاڑھی چڑھانے کی غرض سے مُنہ کے گرد لپیٹنے کی پٹی۔ مُردے کا مُنہ باندھنے کی پٹی۔

ڈھاٹی (ہ/مث) گھوڑے کا مُنہ باندھنے کا کپڑا جو لگام کے بجائے ہوتا ہے۔ پھانسی۔ پھندا۔ کمند۔

ڈھاٹی باندھنا۔ یا۔ چڑھانا۔ یا۔ لگانا۔ یا۔ دینا۔ یا کسنا (ہ) گھوڑے

وغیرہ کے مُنہ پر لگام کے بجائے کپڑا باندھنا۔ مُردے کے مُنہ کو کپڑا باندھنا۔
ڈھارس (ہ/مث) تسلی۔ اطمینان۔ مدد۔ سہارا۔ آسرا۔ تقویت۔
ڈھارس دینا (ہ) ہمت بندھانا۔ تسلی دینا۔ دلاسا دینا۔ تقویت دینا۔
ڈھاکہ۔ نوابانِ بنگال کا دارالحکومت۔ ململیں بہت اچھی بنتی ہیں۔ گوٹے کناری کا کام بھی ہوتا ہے۔
ڈھاک پھولنا (ہ) ڈھاک کے پھول کھلنا جس سے تمام جنگل سُرخ دکھائی دیتا ہے۔
ڈھاک کے تین پات (ہ/مثل) خالم خولی۔ نادار۔ مفلس۔ غریب۔
ڈھال (ہ/مث) پھری۔ تلوار وغیرہ کے روکنے کا آلہ۔ سپر۔ نشیب۔ پستی۔ (گنوار) حرف تشبیہ کی جگہ بولتے ہیں۔ یعنی مثل۔ مانند (ابقال) چندہ با چھ۔
ڈھال تلوار سرہانے اور چور بندی خانے (ہ/مثل) چور تو قید خانے میں پڑے ہیں اور میاں ابھی سے محتاط ہیں کہ ڈھال تلوار سرہانے رکھ کر سوتے ہیں کہ ہم لڑنے کو تیار ہیں۔
ڈھال سا (ہ) ڈھال جیسا۔ چوڑا۔ چکلا۔
ڈھال کا پھول (ار/مذ) وہ پھول جو ڈھال پر چاندی وغیرہ سے بناتے ہیں۔
ڈھالنا (ہ) دھات کو پگھلا کر سانچے میں ڈالنا۔ اُلٹا انڈیلنا۔ گٹانا۔ سستا بیچ ڈالنا۔ کسی پر بات رکھنا۔ اور طرف منتقل کرنا۔
ڈھانا (ہ) گرانا۔ منہدم کرنا۔ کرنا۔ مچانا۔ جیسے ستم ڈھانا۔ کمزور کرنا۔ ناتواں کرنا۔ جیسے بخار نے ڈھ مغلوب کرنا۔ پچھاڑنا۔ دے مارنا۔
ڈھانپنا (ہ) چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔ ڈھانکنا۔ ڈھکنا۔
ڈھانچے (ہ/مذ) قالب۔ پنجر۔ خاکہ۔ ڈول۔ گرد۔ چارپائی وغیرہ کا چوکھٹا۔
ڈھانڈرا (ہ) بوڑھا بیل (پنجابی) آگ کا ڈھیر۔ الا (گنوار) پیٹ۔ شکم۔
ڈھانڈا چلنا (ہ) پیٹ چلنا۔ دست آنا۔ پتلا پاخانہ آنا۔
ڈھانک دینا (ار/محاورہ) چھپا دینا۔ بند کر دینا۔
ڈھانک لینا (ار/محاورہ) بند کر لینا۔ چھپا لینا۔
ڈھانکنا (ہ) چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔ ڈھکنا۔ ڈھکن کی ضد۔
ڈھائی (ہ) دو و نیم۔ ۲½، دو اور آدھا۔
ڈھائی چلو لہو پینا (ہ) غصہ میں کسی کو قتل کر کے غصہ فرد کرنے کو لہو پی لینا۔
ڈھائی دن کی بادشاہی کرنا (ہ) چند روزہ حکومت کرنا۔ تھوڑے دنوں عروج پر رہنا۔ دولہا بننا۔ نوشہ ہونا۔
ڈھائی گھڑی کی آنا (ہ) آنا فانا مرنا۔ تھوڑی سی دیر میں جان بحق ہونا۔

ڈھب (ہ/مذ) طور۔ طریقہ۔ طرز۔ ڈھنگ۔ ڈول۔ موقع۔ عادت۔ بسھاؤ۔
ڈھب آنا۔ یا۔ ہونا (ہ) طریقہ جاننا۔
ڈھب بنا (ہ) موقع بننا۔
ڈھب پر چڑھانا۔ یا۔ لگانا۔ (ہ) اپنے مطلب کا بنانا۔ دم میں لانا۔
ڈھب پر چڑھنا (ہ) بس میں آ جانا۔ قابو میں آنا۔
ڈھب ڈالنا (ہ) عادت ڈالنا۔ رسائی پیدا کرنا۔ موقع نکالنا۔
ڈھب ڈھب کی بات (ہ/مث) راہ راہ کی بات۔
ڈھب ڈھب قلیہ۔ یا۔ ڈھبر قلیہ (ہ/مذ) پتلا شوربہ۔ بد مزہ سالن۔
ڈھب سے (ار/متعلق فعل) موقع سے۔ مناسب طریقہ سے۔
ڈھب کی چیز (ار/مث) پسند کی چیز۔
ڈھبری (ہ/مث) پیچ کے اُوپر کا لوہا جو اس کے نکل جانے کے ڈر سے لگا کر کستے ہیں۔ قابلے کا سرا۔
ڈھپ (ہ/مذ) ڈفلی۔ ایک گول باجا۔ دُف۔
ڈھپالی (ہ/مذ) دف بجانے والا۔ صحیح ڈفالی۔
ڈھپتو (ہ) بہت موٹا۔ مُسٹنڈا۔
ڈھٹ (ہ) نہایت مضبوط اور موٹا کپڑا۔ گف کپڑا۔
ڈھٹائی (ہ/مث) بے شرمی۔ بے حیائی۔ ہٹ۔ ضد۔ گستاخی۔ بے ادبی۔
ڈھینگر۔ یا۔ ڈھینگرا (ہ/مذ) موٹا تازہ آدمی۔
ڈھچر (ہ/مذ) قالب۔ ڈھانچ۔ نمونہ۔ خاکہ۔ ڈھکوڑا۔ بکھیڑا۔ درستی کا سامان۔ حالت۔ حال۔ بوڑھا۔ کمزور۔
ڈھچر بگڑنا (ہ) حالت خراب ہونا۔ کمزور ہونا۔
ڈھڈو (ہ/مث) بُڑھیا۔ زن کہن سال۔ پیرزال۔ بکواسی۔ بکی۔ ایک شور مچانے والی چڑیا جسے ڈُومنی بھی کہتے ہیں۔
ڈھڈوکا۔ یا۔ ڈھڈو والا (ہ) احمق۔ بے وقوف۔ اُلّو۔
ڈھڈہانا (ہ) کھلنا۔ پھولنا۔ شاداب ہونا۔ سرسبز ہونا۔
ڈھڈی (ہ/مث) مقعد کے اُوپر کی ہڈی۔ چور اسے بیس چڑھانے کا ایک طرح کا حقہ۔
ڈہر (ہ/مث) نشیب۔ نیچی زمین۔ وہ زمین جس میں پانی ٹھہرا رہے ڈابر۔ جوہڑ۔ برساتی پانی کا تالاب۔ کشتی اور جہاز کا چبندا۔ کشمبے کا وہ زرد سا رنگ جو شہاب سے پہلے نکلتا ہے۔
ڈھڑ (ہ/مذ) کولا۔ چوتڑ کے اُوپر کا حصہ جس پر رکھ کر پہلوان لوگ حریف کو پچھاڑ ڈالتے ہیں۔
ڈُھڑ پر اُڑانا۔ یا۔ چڑھانا (ہ) کولے پر لے کر دے مارنا۔
ڈھسلنا (ہ) پھسلنا۔ ڈھلنا۔ مائل ہونا۔
ڈھکنا (ہ) چھپانا۔ پوشیدہ کرنا (مذ) سرپوش۔ چپنی۔ ڈھکو۔
ڈھکوسلا (ہ/مذ) دھوکا۔ فریب۔ مکر۔ بے ہودہ اور لغو بات۔

ڈھلان - یا - ڈھلان (ہ امث) ڈھال۔ نشیب - پستی - رغبت - میلان -
ڈھلا ہوا (ا/ صف) وہ مضمون یا شعر جو بے ساختہ ہو -
ڈھلت (ہ امث) سانچے کی بنی ہوئی چیز کی ساخت -
ڈھلکا (ہ امذ) آنکھ سے پانی بہنے کا مرض -
ڈھلکا لگنا (ا/ محاورہ) آنکھ سے پانی جاری ہونا -
ڈھلکانا (ہ) لڑھکانا - غلطاں کرنا - بہانا - لُنڈھانا -
ڈھلکنا (ہ) لڑھکنا - غلطاں ہونا -
ڈھلکنا (ہ) اُوپر سے نیچے آنا - پھسلنا - بہنا - ٹپکنا -
ڈھلملانا (ہ) ڈانواں ڈول ہونا - مذبذب ہونا - ڈگمگانا - لڑکھڑانا -
ڈھلمل یقین (ہ) ضعیف الاعتقاد - پورا یقین نہ رکھنے والا -
ڈھلنا (ہ) نیچے کی طرف جانا - مائل و راغب ہونا - لڑھکنا - پھسلنا -
ڈھلنا (ہ) زوال ہونا - بہنا - زوال ہونا - حسن کا گھٹنا - ٹلک پڑنا - جھول جانا - سانچے یا قالب میں کوئی چیز تیار ہونا - انڈیلنا - مضامین نفیسہ اور اشعار کا موزوں ہونا - انڈیلا جانا - سورج کا نصف النہار سے گزرنا - لڑھکنا - غلطاں ہونا - گزرنا -
ڈھلوان (ہ) پھسلوان - ترچھا - سلامی -
ڈھلوانا (ہ) سانچے یا قالب میں کوئی چیز بنوانا - چاندی وغیرہ کو گلوانا -
ڈھلوانا (ہ) اسباب ایک جگہ سے دُوسری جگہ اٹھوا کر لے جانا - بوجھ اٹھوانا -
ڈھلوائی - یا - ڈھلائی (ہ امث) معاوضہ - بوجھ اٹھوانے کی مزدوری - ڈھلوانے کی اُجرت -
ڈھلیت (ہ امذ) ڈھال تلوار باندھنے والا - گاؤں کا چوکیدار - سانچے میں چیزیں ڈھالنے والا -
ڈھنڈار (ہ) م جا ؤ اور ویران مکان - بہت بڑا اور غیر آباد مکان -
ڈھنڈلاٹ (ا/ امث) آوارہ گردی - بے مقصد آمد و رفت -
ڈھنڈلنا (ا/ امعن) ڈھونڈنا - تلاش کرنا -
ڈھنڈنا (ہ) تلاش ہونا - جستجو ہونا -
ڈھنڈوانا (ہ) ڈھونڈنا کا متعدی - تلاش کرانا - پتہ لگانا -
ڈھنڈورا (ہ امذ) منادی - تشہیر - ڈونڈی - ڈھول -
ڈھنڈورا شہر میں لڑکا بغل میں (ہ/ مثل) چیز اپنے پاس تلاش کریں اِدھر اُدھر -
ڈھنڈورچی - یا - ڈھنڈوریا (ہ امذ) منادی کرنے والا - مشتہر -
ڈھنگ (ہ امذ) طریقہ - روش - طرز - ڈھب - طور - چال چلن - رویّہ - وضع قطع - سیرت - عادت - سبھاؤ - ہنر - سلیقہ - انداز -
ڈھنگ ڈالنا (ہ) کوئی کام شروع کرنا - راستہ ڈالنا - بنیاد ڈالنا -
ڈھونگر (ہ) بڑے قد کا - لمبے قد والا - جسیم - تنومند -
ڈھوانا (ہ) گروانا - منہدم کروانا -
ڈھو ڈھو (ہ امذ) کبڈی - بچوں کا کھیل -
ڈھوٹا (برج) (ہ امذ) بیٹا - پسر - لڑکا (مجازاً) زبردستی - حکم - حکومت -

ڈھوڑا (ہ امذ) سانچہ - ڈھانچہ - قالب - تعزیہ - گھر - جھونپڑا - دکھاوا - ظاہری ٹیپ ٹاپ - کاروبار - کارخانہ -
ڈھوڑا بنائے رکھنا (ا/ محاورہ) پُرانی عزّت بنائے رکھنا -
ڈھوڈھا (ہ امذ) ہندوؤں میں کسی نہایت بوڑھے آدمی کے مرنے پر عورتوں کا سانگ بنا کر گانا اور خوشیاں منانا -
ڈھور - یا - ڈھورا (ہ امث) گائے بھینس وغیرہ - (مجازاً) احمق - بے وقوف - چنوں کے غلّہ کو کھا جانے والا کیڑا -
ڈھوک (ا/ امث) ٹال مٹول - تذبذب -
ڈھوکنا (ا/ امعن) چھپ کر شکار کرنا -
ڈھوسر (ہ امذ) بنیوں کی ایک قوم کا نام -
ڈھول (ہ امذ) ایک مشہور باجے کا نام - طبل - تنور -
ڈھول بجانا (ا/ محاورہ) شہرت دینا - بدنام کرنا -
ڈھول ڈھمکا (ہ امذ) باجا گاجا - دھوم دھام -
ڈھولا (ہ امذ) ایک عاشق کا نام - اُونچا - مخروطی مینار جو گاؤں کی سرحد پر بناتے ہیں - ایک اونچے سُر کا نام - احمق - بے وقوف - محبوب - معشوق - پیارا -
ڈھولک - یا - ڈھولکی (ہ امث) ڈھول کی تصغیر - چھوٹا ڈھول -
ڈھولکیا (ہ امذ) ڈھول بجانے والا - طبل نواز -
ڈھولنا (ہ امذ) چاندی سونے کے ایک لمبے اور گول تعویذ کا نام ہے - قفلی تعویذ - پانی رکھنے اور لانے کا گھڑے نما برتن - قرآن شریف -
ڈھونا (ہ) بوجھ اُٹھانا - اسباب یا بوجھ کو ایک جگہ سے دُوسری جگہ لے جانا - لادنا - اُٹھا لے جانا - چوری سے لے جانا -
ڈھونچا (ہ امذ) ساڑھے چار کا پہاڑہ -
ڈھونڈ (ہ امث) تلاش - جستجو -
ڈھونڈ ڈھانڈ (ہ امث) کھوج - تلاش - سُراغ -
ڈھونڈنا (ہ) تلاش کرنا - جستجو کرنا - کھوج لگانا - سُراغ لگانا -
ڈھی } (ہ امث) دریا کا اُونچا کنارا -
ڈانا } کرارا -
ڈھئی (ہ امث) جماؤ - قرار - دھرنا -
ڈھئی دینا (ہ) جم کر بیٹھ جانا - قرار پکڑ کر جم جانا - اُٹھنے کا نام نہ لینا - منّت کھانے کے لیے اڑ بیٹھنا - زبردستی رہنا - دُوسرے پر بار ڈالنا -
ڈھے پڑنا } (ہ) مکان یا درخت وغیرہ کا گر پڑنا - آ پڑنا - رہ جانا -
ڈھے جانا } منہدم ہونا -
ڈھیٹ (ہ) گستاخ - شوخ - بے حیا - بے شرم - ضدی - اڑیل - بے باک -
ڈھیڈ (بیائے مجہول) (ہ امذ) کوا - زاغ - چمار - کمینہ قوم - احمق - بے وقوف - بُدھو -
ڈھیر (ہ امذ) تودہ - انبار - کھلیان - اٹالا - بھیڑ - انبوہ - ہجوم -

بھیڑ - قبر - قورتیں - بہت بکثرت - بہت زیادہ -
ڈھیر کرنا (ف) جمع کرنا - اکٹھا کرنا - مار ڈالنا - لاشیں ڈالنا - مٹی کا تودہ بنانا -
ڈھیر لگا دینا (ف/محاورہ) انبار کرنا -
ڈھیر ہو جانا (ف) انبار لگ جانا - تھک کر چُور ہونا - مکان کا گرنا - مرنا - مر کر قبر بن جانا -
ڈھیرا (بیائے معروف) (ص) بھینگا - احول - کج بین - ٹیڑھا -
ڈھیرا دیدہ (ف/مذ) ٹیڑھی آنکھ - ترچھی آنکھ -
ڈھیروں مال اُڑانا (ف/محاورہ) بے شمار مال لُٹانا - بے شمار مال غبن کرنا -
ڈھیڑ - یا - ڈھیڈ (ہ/مث) اگید - چیپڑ - چرک چشم -
ڈھیل (ہ/مث) دیر - وقفہ - عرصہ - مدّت - آلکس - سُستی - کاہلی - مہلت - آزادی - بے اعتنائی - جھول - تناوٹ کی ضد -
ڈھیل دینا (ف) ڈوری چھوڑنا - کنکوے کو ڈور دینا - تاننا کی ضد - توجہ نہ کرنا - بے پروائی برتنا -
ڈھیل کرنا (ف) دیر لگانا - وقت گزارنا - تامل کرنا - وقت ضائع کرنا -
ڈھیلا (ص) سُست - کاہل - کھُلا - چُست اور تنگ کی ضد -
ڈھیلا پاجامہ (ہ/مذ) کھُلے پائنچوں کا پاجامہ - غرارہ دار پاجامہ -
ڈھیلا پڑ جانا - یا - ہونا (ف) چُست اور تنگ نہ رہنا - غصہ کم ہو جانا - نرم پڑ جانا - راستی پر آ جانا - نامرد ہونا - سُست یا کمزور ہو جانا -
ڈھیلا پن (ہ/مذ) کشادگی - سُستی - کاہلی - نامردی -
ڈھیلا (بیائے مجہول) (ہ/مذ) ڈلا - ڈھیم - کلوخ - مٹی کا بڑا سا ٹکڑا - آنکھ کا ڈیلا -
ڈھیلا لینا (ف) پیشاب کے بعد ڈھیلے سے نمی خشک کرنا - استنجا سکھانا -
ڈھیلی (ہ/مث) کشادہ - فراخ - کاہل - سُست - نازک - کمزور - ناتواں - ڈھیل - مہلت - کم توجہی - غفلت -
ڈھیلی زنانخ (ف/صف) سُست اور کاہل عورت - زنانہ عادات کا مرد -
ڈھیل چھوڑنا - یا - ڈالنا - یا - دینا (ف) توجہ نہ کرنا - آزادی دینا - خبر نہ لینا - مہلت دینا - تاخیر کرنا -
ڈھیم - یا - ڈھیما (ہ/مذ) مٹی کا بڑا ڈلا -
ڈھیم بندھنا (ف) زیادہ نمی کے باعث ہل پر مٹی جم جانا - بینڈ بندھنا -
ڈھینڈ - یا - ڈھینڈا (ہ/مذ) پیٹ - شکم - توند - بڑا پیٹ - حمل - گربھ -
ڈھینڈس (ہ/مذ) ایک قسم کا گول کدو - ٹینڈسے - تشبیہاً خصیہ - خایہ -
ڈھینگ (ہ/مذ) لم ٹنگو یعنی لمبی ٹانگوں والا - بڑا اگرھ - طویل قدم - ڈھینگ -
ڈھینگا (ہ/مذ) بھوسہ جمع کرنے اور ڈھیر لگانے کا آلہ - لم ٹنگو - کلنگ - سارس - بڑی بڑی ٹانگوں والا مردار خور جانور - دم کلا - کولہو کی لاٹھ -
ڈھینکلی (ہ/مث) پانی کھینچنے کی لمبی لکڑی - آڑی سیون - کپڑا سینے کا طریقہ - دھان کوٹنے کا آلہ - چندرا - کلابازی -
ڈھینکی (ہ/مث) دھن کٹی - دھان کوٹنے کا آلہ -

ڈ - ی

ڈی (ہ/مث) بھینس - گاؤمیش -
ڈی ٹرائٹ - ریاست مشیگن اضلاع متحدہ کا بڑا شہر - جھیل سینٹ کلیر سے سات میل پر واقع ہے - یہاں شیشے کا کام بہت ہوتا ہے - تانبا پگھلانے کے کارخانے بھی ہیں -
ڈیٹھ (ہ/مث) نگاہ - نظر - بینائی - بصارت - قوت باصرہ -
ڈیٹھ بند (ہ/مذ) نظر بند - مداری - شعبدہ باز - جادوگر -
ڈیڈ لیٹر آفس (انگریزی/مذ) لاوارثی چٹھیوں کا ڈاک خانہ -
ڈیڑی (ہ/مذ) بھینس - گاؤمیش - ایک دودھ پلانے والا جانور -
ڈیڈی کیشن (انگریزی/مث) نامزدگی - نذر گزارنا - پیش کرنا -
ڈیرا (ہ/مذ) خیمہ - تنبو - قیام گاہ عارضی - مکان - گھر - خانہ - مکان -
ڈیرا ڈالنا (ف) خیمہ گاڑنا - قیام کرنا - روپڑنا - چھاؤنی ڈالنا -
ڈیرا کرنا (ف/سپاہی) پڑاؤ ڈالنا - فروکش ہونا - رہنا - اُترنا -
ڈیرا کھڑا کرنا (ف/محاورہ) خیمہ لگانا -
ڈیری فارم (انگ/مذ) دودھ دینے والے جانور پلنے کی جگہ -
ڈیڑھ (ہ/مذ) ایک اور آدھا - یک و نیم، $1\frac{1}{2}$ -
ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنانا (ف) شرکت پسند نہ کرنا - کسی کی رائے سے متفق نہ ہونا -
ڈیڑھ بکائن میاں باغ میں (ہ/مثل) تھوڑی پونجی پر اترانا -
ڈیڑھ پاؤ - یا - ڈیڑھ پا (ہ/مذ) $\frac{3}{8}$ سیر - چھ چھٹانک -
ڈیڑھ پا چون چوبارے رسوئی (ہ/کہاوت) ذرا سا کام اور بڑا اہتمام -
ڈیڑھ چلو (ہ/صف) تھوڑا سا -
ڈیڑھ گت (ہ/مث) ایک قسم کا ناچ -
ڈیڑھ گرہ (ہ) آسانی سے کھُل جانے والی گرہ $1\frac{1}{2}$ گرہ -
ڈیفنس (انگریزی/مذ) حفاظت - بچاؤ - مقابلہ - روک تھام -
ڈیک آنہ (ہ/مذ) (دلال لوگ) چھ روپے -
ڈیک روپیہ (ہ/مذ) (دلال لوگ) چھ روپے -
ڈیل (ہ/مذ) جسم - تن - سراپا - کایا - بدن - ڈھانچ - قد و قامت - گٹا یعنی جوتی کی رگڑ سے بنی ہوئی پاؤں کی انگلیوں کی گانٹھ -
ڈیل ڈول (ہ/مذ) قد و قامت - تن و توش - شکل صورت -

ڈینا - یا - ڈھینا (ہ) (مذ) وہ ڈنڈا جو بیل کی گردن سے باندھ دیتے ہیں۔

ڈینگ (ہ) (مث) لاف - شیخی - بڑائی - تعلی۔

ڈینگ کی لینا - یا - ڈینگ مارنا - یا - ہانکنا (ہ) اترانا - شیخی بگھارنا - خودستائی کرنا۔

ڈیو (انگریزی) قابل ادا - لازم - دُرست۔

ڈیوٹی (انگریزی) (مث) فرض - کام - خدمت - محصول - چونگی - رسُوم۔

ڈیوڑھا (ہ) ایک اور آدھا - ڈیڑھ گنا - ریل کا ایک درجہ - پچاس فیصد کا سود۔

ڈیوڑھا کرنا (ا) (محاورہ) پچاس فیصد کا اضافہ کرنا۔

ڈیوڑھا لیکھا (ا) (مذ) حساب برابر ہونا - حساب بے باق ہونا۔

ڈیوڑھی (ہ) (مث) دہلیز - درگاہ - آستانہ - باریابی - آمد و رفت - یک نیم - ڈیڑھ گنا۔

ڈیوڑھی بند ہونا (ہ) امیروں کے ہاں دربار وغیرہ میں آنا جانا بند ہونا - باریابی نہ ہونا۔

ڈیوڑھی دار (ہ) (مذ) دروازے کا پہریدار - دربان - حاجب۔

ڈیوڑھی کھلنا (ہ) باریابی کی اجازت ملنا - سرکار میں آمد و رفت کی اجازت ملنا۔

ڈیوک (انگریزی) (مذ) انگلستان میں سب سے بڑے درجے کا امیر۔

ذ (ع امث) عربی زبان کا نواں، فارسی کا گیارھواں، اور اُردو کا تیرھواں حرف ہے۔ اس کا تلفظ ذال ہے۔ اور آواز زبان کی نوک سے نکلتی ہے۔ حساب جمل میں اس کے عدد سات سو فرض کیے گئے ہیں۔

ذ۔ا

ذابح (ع اصف) ذبح کرنے والا۔

ذات (ع امث) اصلیت۔ جوہر۔ سرشت۔ بنیاد۔ مادہ۔ قوم۔ گوت۔ پیدائش۔ خاندان۔ نسل۔ حال۔ کیفیت۔ عادت۔ سبھاؤ۔ خصلت۔ قسم۔ نوع۔ جسم۔ بدن۔ سریر۔ حوصلہ۔ جیسے دمڑی کی ہانڈی گئی کُتّے کی ذات پہچانی گئی۔ مذہب۔ دین۔ دھرم۔ جیسے ہاتھ بیچے ہیں کچھ ذات نہیں بیچی۔ عہدہ۔ پایہ۔ منصب۔ رتبہ۔ علامت اسم فاعل بمعنی صاحب۔ مالک والا۔ (دراصل یہ عربی کا اسم اشارہ ہے جو کچھ بدل کر اسم ذات بن گیا ہے)

ذاتُ الجَنب (ع امذ) پسلی کا درد۔ ہوک۔ پہلو کا درد۔

ذاتُ الریہ (ع امذ) پھیپھڑے کا ورم۔ سوزش درد۔

ذاتُ الشمال (ع) جانب دست چپ مراد گنہگار کافروں سے۔ کیونکہ قیامت کے دن نامۂ اعمال اُن کے بائیں ہاتھ میں ہوں گے۔

ذاتُ الصَّدر (ع امذ) سینہ کا درد۔ ورم سینہ۔

ذات باہر } (ف) ذات سے نکالا ہوا۔ خارج از قوم۔ قوم کا
ذات سے گرا ہوا } مجرم۔ مردُود۔ نکما۔ ناکارہ۔

ذات پات (و امث) قوم۔ نسل۔ خاندان۔ گوت۔

ذات پات پوچھے نہیں کو } (ہ/ مثل) خداوند تعالیٰ کو وہی پیارا ہے
ہر کو بھجے سو ہر کا ہو } جو اس کی عبادت کرے۔ ذات پیاری نہیں۔ مدعا یہ کہ گُن اچھے ہوں تو ذات کو کوئی نہیں پوچھتا۔

ذات شریف (ل) چالاک۔ اُستاد۔ شریر۔ بدذات۔ مُفسد۔ بڑے حضرت۔

ذات کی چھپکلی شہتیروں سے چپٹے (ل/ مثل) کم اصل یا کمزور ہو کر بڑا دعویٰ کرنا۔

ذات کو بٹّا لگنا (و) نسل میں فرق آنا۔ خاندان میں عیب لگنا۔

ذاتی (ل) اصلی۔ حقیقی۔ اپنا۔ نج کا۔

ذاتی تعلق (ع امذ) خاص لگاؤ۔ خاص نسبت۔ خانگی معاملات۔

ذاتی معاملات (ع امذ) گھر کی باتیں۔ اپنے حالات۔

ذاتی جوہر (ع امذ) اصلی خوبی۔ حقیقی ہُنر۔

ذاتی حیثیت (ع امث) اصلی سرمایہ۔ خاص وسعت۔ خاص قابلیت۔

ذاکر (ع امذ) ذکر کرنے والا۔ یادِ الٰہی کرنے والا۔

ذائقہ (ع امذ) (دراصل عربی اسم فاعل مؤنث) چکھنے والی قوت۔ زبان کی مزے چکھنے کی طاقت (مجازاً) مزہ۔ سواد۔ چسکا۔ لُطف۔

ذائقہ پڑنا (ا/ محاورہ) چسکا پڑنا۔

ذائقہ چکھنا (ا/ محاورہ) مزہ چکھنا۔ سزا ملنا۔

ذائقہ دار (ع ف) مزے دار۔ لطیف۔ لذیذ۔

ذائقہ شناس (ا/ صف) جو اچھے مزے کی شناخت کرنے میں ماہر ہو۔

ذ۔ب

ذَبّ (ع) ہنکا دینا۔ باز رکھنا۔ دُبلا ہونا۔ جنگلی بیل۔

ذباب (ع) مکس۔ مکھی۔
ذَبح (ع/مذ) گلا کاٹنا۔ شریعت کے مطابق حلال کرنا۔
ذَبح کرنا (ف) ہلاک کرنا۔ مار ڈالنا۔ گلا کاٹنا۔ چھُری پھیرنا۔ قُربانی کرنا۔ بلدان کرنا۔ مار کر لہو لُہان کرنا۔
ذبیحہ (ع/مذ) (عربی میں ذبیح بمعنی مذبُوح۔ قتیل بمعنی مقتول کے قاعدہ پر ہے) یعنی شرعی طور پر ذبح کیا ہوا جانور۔
ذبیح اللہ (ع/مذ) حضرت اسماعیل کا لقب۔

ذ - خ

ذخیرہ (ع/مذ) گودام۔ خزانہ۔ سٹاک۔ پُونجی۔ سرمایہ۔
ذُخر (ع) کسی چیز کا رکھ چھوڑنا کسی خیال سے۔

ذ - ر

ذر (ع) چھوڑ۔ بگزار۔
ذرا (ف) تھوڑا۔ کم۔ قلیل۔ جزو۔ ٹکڑا۔ (عربی لفظ ذرّہ کا بگاڑ) اردو میں اب "ذرا" لکھتے ہیں۔
ذرا خشکا کھاؤ (ار/محاورہ) چلتے پھرتے نظر آؤ۔
ذرا ذرا کرکے (ف) جتہ جتہ۔ رتی رتی۔ ایک ایک کرکے سب کا سب۔
ذرا سا (ہ) بہت تھوڑا۔ کم مقدار۔ بہت کم۔
ذرا سا مُنہ نکل آنا (ف) ڈر یا بیماری سے چہرے کی لاغری کا نمایاں ہونا۔
ذرا عقل کے ناخن لو } ذرا ہوش میں آؤ } (ار/محاورہ) بے وقوف نہ بنو۔ ذرا عقل کی بات کرو۔ غفلت جانے دو۔ ہوش سنبھالو۔
ذرّہ (ع/مذ) لُغت میں چیونٹی کو کہتے ہیں (مجازاً) وہ چھوٹے چھوٹے اجزا جو سُورج کی کرنوں کے ساتھ کسی روزن میں سے دکھائی دیتے ہیں۔ جزو۔ مقدارِ قلیل۔ ٹکڑا۔ حصّہ۔ وہ جزو جو ناقابلِ تقسیم ہو۔ ایک جَو کا سوال حصّہ۔
ذرّہ بھر (ہ) بالکل تھوڑا۔ نہایت ہی قلیل مقدار۔
ذرّہ بے مقدار (ع/صف) بے وقعت۔
ذرّہ پرور (ع ف/صف) ناچیز کی قدر کرنے والا۔ آفتاب۔
ذُرّیت (ع/مث) بال بچّے۔ آل اولاد۔ نسل۔ سلسلہ۔
ذریعہ (ع/مذ) سہارا۔ وسیلہ۔ آسرا۔ سبب۔ باعث۔ وجہ۔ علاقہ۔ تعلق۔ لگاؤ۔ رسُوخ۔
ذریعہ بنانا (ار/محاورہ) وسیلہ پیدا کرنا۔
ذرق (ع) پرندکی بیٹ۔

ذ - ف

ذَفَر (ع) تیز خُوشبُو۔

ذ - ق

ذَقَن (ف/مذ) ٹھوڑی۔ زنخدان۔

ذ - ک

ذکا (ع) سُورج۔ بفتح ذہانت۔
ذکاوت (ع/مث) دانائی۔ فہم کی تیزی۔
ذَکَر (ع/مذ) نر۔ مرد۔ عُضو۔ آلۂ تناسُل۔
ذِکر (ع/مذ) بیان۔ چرچا۔ یاد۔ یادداشت۔ خُدا کا نام لینا۔ شغل۔ تذکرہ۔
ذِکر آنا۔ یا۔ چلنا۔ یا۔ نکلنا۔ یا۔ ہونا (ف) کسی شخص کی بابت کچھ بات ہونا۔ تذکرہ ہونا۔
ذِکر پاس انفاس۔ ہر سانس کے ساتھ خدا کا نام لیا جانا۔
ذِکر چلنا (ار/محاورہ) تذکرہ ہونا۔
ذِکر خیر (ع/مذ) کسی کو نیکی کے ساتھ یاد کرنا۔ بھلائیاں بیان کرنا۔ تذکرہ۔ بات چیت۔
ذِکر کرنا (ف) خدا کا نام لینا۔ عبادت کرنا۔ بیان کرنا۔ تذکرہ کرنا۔
ذکر مذکور (ع/مذ) گفتگو۔ بات چیت۔ ذِکر اذکار۔ بیان۔ چرچا۔
ذُکُور (ع/مذ) ذکر کی جمع۔ بہت سے مرد۔ بہت سے آدمی۔ بہت سے نر۔
ذکوٰۃ (ع) (بروزن صلوٰۃ) گلا کاٹنا اور جانور کو ذبح کرنا۔
ذکی (ع) تیز فہم۔ تیز طبع۔ ہوشیار۔ ذہین۔

ذ - ل

ذِلّت (ع/مث) خواری۔ رُسوائی۔ ہتک۔ حقارت۔ بے عزّتی۔ توہین۔ بے قدری۔
ذِلّت اُٹھانا (ف) رُسوا ہونا۔ بے عزّت ہونا۔ بے قدر ہونا۔
ذلیل (ع) بے عزّت۔ بے قدر۔ حقیر۔ خوار۔ رُسوا۔ پاجی۔ کمینہ۔ سفلہ۔ خفیف۔

ذ - م

ذَم (ع امث) بُرائی - بدی - پاپ - ہجو -
ذَم (ع) دُبلا -
ذمائم (ع امث) ذمیمہ کی جمع - برائیاں - بدیاں - پاپ - گناہ -
ذِمّہ (ع امذ) اقرار - عہد - ضمانت - کفالت - جوابدہی - فرض - مواخذہ -
ذِمّہ کرنا (ارامحاورہ) سپرد کرنا - تحویل میں دینا -
ذِمّہ لینا (ارامحاورہ) تحویل میں لینا -
ذِمّہ دار - یا - ذِمّہ وار (عف امذ) جوابدہ - ضامن - کفیل - معتبر - منتظم - کارکن - ولی - سرپرست - اعتبار والا - نگہبان -
ذِمّہ داری (عف امث) جوابدہی - سرپرستی - ضمانت - نگہبانی -
ذمیمہ (ع امث) بُرائی والی - بُری - بد - گنہگار - پاپی -
ذِمّی (ع) اہل کتاب جن کو مسلمانوں کے مُلک میں پناہ دی جائے اور وہ جزیہ دیتے ہوں -

ذ - ن

ذنب (ع) گناہ -
ذنوب (ع) پانی کا بھرا ہوا ڈول -

ذ - و

ذُو (ع امذ) صاحب - مالک - خداوند (دراصل اسم اشارہ ہے)
ذواضعاف (ع امذ) صاحب ضعف - معمولی ضرب (ریاضی) - جب ایک عدد کئی عددوں پر پورا تقسیم ہوجائے تو اُسے اُن عددوں کا ذواضعاف کہتے ہیں -
ذواضعاف اقل (ع امذ) علم ریاضی میں سب سے چھوٹی ضرب سب سے چھوٹا عدد جو کئی عددوں پر پورا تقسیم ہوسکے - اور اس سے چھوٹا کوئی عدد اس طرح تقسیم نہ ہوسکے - ذواضعاف اقل کہلاتا ہے -
ذوالاحترام (ع اصف) صاحب عزت -
ذوالجلال (ع امذ) صاحب جلال - بزرگی و عظمت والا معزز - خدائے تعالیٰ کے صفاتی ناموں میں سے ایک نام -
ذُوالفقار (ع امث) مُہرہ ائے پُشت والی - وہ تلوار جو رسول اللہ صلعم کو جنگ بدر میں ملی اور اُن سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو پہنچی - شمشیر دو زبانہ - تلوار -
ذُوالقُربیٰ (ع) رشتہ دار -
ذوالقرنین (ع امذ) دو سینگوں یا گیسوؤں والا - سکندر اعظم کا لقب - یہ بات مختلف فیہ ہے کہ وہ سکندر یونانی تھا یا کوئی اور سکندر -
ذُوفنون (ع) ہنروں والا - خوبیوں والا - عالم فاضل - چالیا - فریبی - عیار - مکار - فسادی - فتنہ پرداز -
ذُومعنی (ع امث) کئی معنوں والی - وہ بات جس کے کئی پہلو نکلتے ہوں - جگت - تجنیس - وہ کلام جو ایک طرف مذاق اور دُوسری طرف متانت رکھتا ہو -
ذُوالنُّون (ع) لقب ہے حضرت یونس علیہ السلام کا اس لیے کہ مچھلی کے پیٹ میں سات دن رہے - نون بمعنی مچھلی -
ذُوذنابہ (ع امذ) دُم دار ستارہ -
ذوق (ع امذ) مزہ چکھنا - چکھنے کی قوت - لذت - مزہ - حظ - لطف - خوشی - شیخ محمد ابراہیم خاقانی ہند دہلوی شاعر کا تخلص جو بہادر شاہ ظفر شاہِ دہلی کے اُستاد تھے -

ذ - ہ

ذہانت (ع امث) ذہن کی تیزی - ہوشیاری - ذکاوت -
ذہب (ع) سونا -
ذِہن (ع امذ) زود فہمی - زیرکی - دانائی - سمجھ - ادراک - حافظہ - یادداشت - فراست - استعداد - قابلیت - قوت مدرکہ -
ذُہول (ع) غفلت -
ذہن کھلنا (ل) عقل کھلنا - فہم کا تیز ہونا -
ذہن لڑانا (ل) سوچ بچار کرنا - فکر کرنا - عقل دوڑانا - سوچنا -
ذہن منتقل ہونا (ارامحاورہ) کسی بات کی طرف خیال جانا -
ذہن میں بیٹھنا (ارامحاورہ) کسی بات کا سمجھ میں آنا -
ذہن نشین کرنا (ل) سمجھانا - ذہن میں بٹھانا - تسلی کردینا -
ذہنی (ع اصف) دماغی - عقلی -
ذہین (ع) ذکی - تیز فہم - ہوشیار - تیز طبع -

ذ - ی

ذِی (ع امذ) صاحب - مالک - خداوند -
ذِی اختیار (ع امذ) صاحب حکومت - اختیار والا - خود مختار - عالی درجہ -

ذی الحج (ع امذ) حج والا۔ حج کا مہینہ۔ مسلمانوں کا بارھواں قمری مہینہ جس کی نویں تاریخ کو حج ہوتا ہے۔

ذی رُتبہ (ع) رُتبے والا۔ درجے والا۔ عہدہ دار۔ صاحبِ منصب۔

ذی رُوح (ع امذ) جان دار۔ جانور۔ جان والا۔

ذی قعد (ع امذ) مسلمانوں کا گیارھواں قمری مہینہ۔ خالی کا مہینہ۔

ذی وقار (ع) عزت والا۔ معزز۔ صاحبِ ثروت۔ امیر۔

ذی ہوش (ع) ہوشیار۔ سمجھ والا۔ فہیم۔ سمجھدار۔ ذہین۔

ذَیل (ع امذ) دامن۔ پلا۔ نیچے۔ پیچھے کا حصہ۔ جرگہ۔ منڈلی۔ گروہ۔ علاقہ۔ حلقہ۔ پرگنہ۔

ذَیل دار (ع ف امذ) سرکاری عہدہ دار جو چند گاؤں یا قصبوں کا افسر ہو۔

ذَیل میں (ع) نیچے۔ تحت میں۔ پیچھے کے حصے میں۔

ر

ر (ع/مث) اُردو کا چودھواں، فارسی کا بارھواں اور عربی کا دسواں حرف ہے۔ حساب جمل میں اس کے عدد دو سو قرار دیے گئے ہیں۔ اسے رائے مہملہ یا غیر منقوط بھی کہتے ہیں۔

ر ـ ا

را (ف) کبھی بمعنی برائے جیسے خدارا۔
راب (ہ/مث) شیرہ۔ پتلا گڑ۔ جسے تمباکو میں ڈال کر تمباکو بناتے ہیں۔ گنے کا رس۔
رابڑی (ہ/مث) جوار یا باجرے یا مکئی کا آٹا۔ جو نمکین کھٹی چھاچھ میں پکایا گیا ہو۔ گاڑھا کیا ہوا دودھ جسے ربڑی بھی بولتے ہیں۔
رابعہ (ع) چوتھی چیز (مث) نام ایک عابدہ زاہدہ بصرہ کی رہنے والی خاتون کا۔ چونکہ یہ اپنے باپ کی چوتھی اولاد تھی اس لیے نام رابعہ پڑ گیا۔
رابطہ (ع/مذ) تعلق۔ رشتہ۔ قرابت۔ میل جول۔
راپڑ (ہ/صف) بنجر۔
راپی۔ یا رانپی (ہ/مث) چمڑا صاف کرنے اور چھیلنے کی کھرپی۔ کھرچنی۔ چمڑا تراشنے کا اوزار۔
رات (ہ/مث) رَین۔ شب۔ اندھیرا۔ سیاہی۔ تاریکی۔ شام۔ مغرب۔
رات آنکھوں میں کاٹنا (ار/محاورہ) انتظار میں رات جاگ کر بسر کرنا۔
رات بسر کرنا (ار/محاورہ) رات کو قیام کرنا۔
رات بھاری ہونا (ہ) غم یا بیماری کی وجہ سے رات کا ڈراؤنا و ناگوار معلوم ہونا۔ رات کا منحوس اور خطرناک ہونا۔ سخت دشوار اور مشکل ہونا۔
رات بھر (ہ) ساری رات۔ تمام شب۔
رات بھر ممیائی اور ایک بچہ بیائی (ہ/مثل) بہت تکلیف اور محنت کے بعد فائدہ تھوڑا ہی ہوا۔
رات بھیگنا (ار/محاورہ) رات کو خنکی ہو جانا۔ رات کا سرد ہو جانا۔ آدھی رات کے بعد کا حصہ۔
رات تھوڑی سوانگ بہت } (ہ/کہاوت) وقت کم اور کام
رات تھوڑی کہانی بڑی } زیادہ۔ عمر تھوڑی اور جھنجھٹ و بکھیڑے زیادہ۔
رات دن (ہ/مذ) آٹھ پہر۔ شب و روز۔
رات والا (ہ/مذ) اُلو۔ چغد۔ بوم۔ بیعت۔ چاند۔ ماہتاب۔
راتب (ع/مذ) روزینہ۔ روزانہ خوراک۔ وظیفہ۔ ہاتھی یا گھوڑے وغیرہ کا دانہ چارہ وغیرہ۔
راتب خوار (ع ف/مذ) وظیفہ کھانے والا۔
راتوں رات (ہ) رات بھر میں۔ رات رات کے اندر۔ تمام شب میں۔
راج (ہ/مذ) مکان بنانے والا۔ معمار۔ حکومت۔ سلطنت۔ بادشاہی۔ سرکار۔ گورنمنٹ۔ زمانہ۔ وقت۔ اختیار۔ خود مختاری۔ زبردستی۔
راج بنس (ہ/مذ) خاندان شاہی۔
راج بنسی (ہ/مذ) شاہی نسل کا آدمی۔ راجہ کے خاندان کا آدمی۔ (مجازاً) ناگ۔ سانپ۔ راجپوتوں کے ایک خاندان کا نام۔
راج بہا۔ یا۔ رج بہا (ہ/مذ) نہر کی چھوٹی شاخ۔ نہر میں سے نکالی ہوئی چھوٹی نہر۔ راج باہا۔
راج بھنڈار (ہ/مذ) سرکاری مال خانہ۔ سرکاری گودام گھر۔ بیت المال۔ خزانۂ عامرہ۔

راج پاٹ (ہ/مذ) بادشاہی - حکومت - سلطنت -
راج پتی (ہ/مذ) ہندو شاہزادوں کا لقب - راج کنور -
راج پتنی (ہ/مث) ہندو ملکہ - رانی - بیگم -
راج پوت (ہ/مذ) شاہزادہ - ہندو راجہ کی اولاد - چھتری قوم جو قدیم راجاؤں کی اولاد سے کئی شاخوں اور گوتوں میں ہندو اور مسلمان دونوں مذہبوں میں موجود ہے -
راجپوتانہ (ہ) انڈین یونین کا ایک صوبہ جس میں کئی ریاستیں شامل ہیں جیسے پور - جودھ پور - بیکانیر - اودے پور وغیرہ - اس علاقے میں سنگِ مرمر - سنگِ خارا اور کئی معدن ہیں -
راج پھوڑا (ہ/مذ) ڈھیٹ پھوڑا - ایک قسم کا پھوڑا جو پیٹھ پر ہوتا ہے - جس سے آدمی بچتا نہیں - مغلی پھوڑا - کار بنکل -
راج تلک (ہ/مذ) حکومت کا ٹیکہ - وہ ٹیکا اور قشقہ جو راج گدی یا ولی عہد کے وقت برہمن لوگ بادشاہ کے ماتھے پر لگاتے ہیں -
راج تلک دینا (ا/محاورہ) گدی نشینی کی رسم ادا کرنا - حکومت کا ٹیکہ لگانا -
راج دربار (ا/مذ) دربار شاہی - بادشاہی عدالت - اجلاس شاہی -
راج دلاری (ہ/مث) ہندو شہزادی - راج کماری -
راج دھانی (ہ/مث) دار الخلافہ - پایہ تخت - دار الحکومت -
راج ڈنڈ (ہ/مذ) شاہی ٹیکس - سرکاری جرمانہ - محصول - رسوم سرکاری -
راج رانی (ہ/مث) دیکھو راج پتنی - اوما دیوی - درگا - کالکا - دیوتا کی استری -
راج رچانا (ا/محاورہ) سکھ دینا -
راج رچنا (ا/محاورہ) حکومت کرنا - عیش سے زندگی بسر کرنا -
راج روگ (ہ/مذ) تپ دق - مرض - مہلک - کوڑھ - دیر تک رہنے والا مقدمہ - عمارت بنوانے کی لت -
راج سبھا (ہ/مث) دربار شاہی - شاہی مجلس -
راج کرنا (ہ) حکومت کرنا - سلطنت کرنا - عیش کرنا - آرام کرنا - خوش رہنا -
راج کمار (ہ/مذ) راجہ کا بیٹا - شہزادہ - کنور - راجپوت -
راج گدی (ہ/مث) تخت - سلطنت - تختِ شاہی -
راج گری - یا - راج گیری (ہ/مث) معماری - عمارت کا کام -
راج گھاٹ (ہ/مذ) راجہ کے نہانے کا گھاٹ - کسی دریا کو عبور کرنے کی شاہی سڑک -
راج منتری (ہ/مذ) وزیر اعظم - بادشاہ کا وزیر -
راج نیتی - یا - نیتی (ہ/مث) فرائضِ شاہی - قانون کی کتاب - شاہی دستور العمل -
راج ہٹ (ہ/مث) بادشاہ کی ضد - بادشاہ کی اڑ جو کسی طرح نہ ہٹے -

راج ہنس (ہ/مذ) ایک قسم کی مرغابی - بڑی بط - قاز -
راجا - یا - راجہ (ہ/مذ) حاکم - بادشاہ - فرمانروا - سخی - فیاض - دانا - بے پروا - بھولا بھالا - نادان (مجازاً) امیر - دولت مند -
راجہ اندر کا اکھاڑا (ہ/مذ) راجہ اندر کی محفلِ رقص و سرود - راجہ اندر جو تمام دیوؤں اور پریوں کا بادشاہ مانا جاتا ہے اس کی مجلس - (مجازاً) خوبصورت عورتوں کا مجمع -
راجہ روٹھے گا اپنی نگری سنبھالے گا (ہ/مثل) راجہ اگر ناراض ہوگا تو ریاست سے نکال دے گا آقا خفا ہوگا تو ملازمت سے برطرف کر دے گا -
راجہ کے گھر آئی رانی کہلائی (ہ) جب کسی غریب کی لڑکی امیر کے ساتھ بیاہی جائے تو اس کی نسبت یہ مثل بولتے ہیں -
راجائی (ہ/مث) بادشاہی - راجگی - سلطنت - امیری - دولتمندی - حکومت -
راجھ (ہ/مذ) پیشہ وروں کے اوزار - کپڑا بننے کا آلہ - بڑھئی اور راج کے اوزار - لکڑی کے اندر کا پکا حصہ -
راحت (ع/مث) آرام - آسائش - سکھ چین -
راحت آزار (ع/صف) دوسروں کا آرام کھونے والا -
راحت افزا (ع/صف) سکھ پہنچانے والا - آرام بڑھانے والا -
راحت پرست (ع/صف) خوشی اور آرام چاہنے والا -
راحت جاں (ا/مث) دل خوش کرنے والی چیز - بیوی اور چھوٹے بچوں کا لقب -
راحت رساں (ع/صف) آرام پہنچانے والا -
راد (ہ/مث) پیپ - مواد - زخم کی پکی ہوئی آلائش (ف) شریف - آزاد -
رادھا (ہ/مث) رادھکا - کرشن جی مہاراج کی ایک پیاری گوپی کا نام (مجازاً) خدا - پرمیشر - قدرت - فطرت -
راڑ (ہ/مث) لڑائی - جھگڑا - فساد دنگا - ٹنٹا - بکھیڑا -
راز (ف/مذ) بھید - پوشیدہ بات -
رازداری (ف/مث) بھید چھپانا - اخفائے راز -
راز فاش کرنا (ف) بھید کھولنا - چھپی بات ظاہر کر دینا - کسی جرم کو ظاہر کرنا -
راز و نیاز (ف/مذ) ناز نخرے کی باتیں - پیار و اخلاص - عاشق و معشوق کی رمزیں - دعا - بندگی - مناجات - عجز و نیاز -
راز و نیاز کی باتیں (ف/مث) عاشق و معشوق کی رمزیں - پیار و اخلاص کی باتیں -
رازق (ع/مذ) رزق دینے والا - روزی پہنچانے والا - پروردگار -
راس (ع/مذ) سر - چوٹی - ہر چیز کا اوپر کا بلند حصہ - جانور کا سر - مویشی کی تعداد کا لفظ - علمِ ریاضی میں زاویہ کی نوک - زاویہ کا سرا - جغرافیہ میں خشکی کی نوک جو دور تک پانی میں چلی گئی ہو -

جیسے راس کماری۔
راس الجدی (ع/مذ) مکر ریکھا۔ خطِ جدی کا وہ نقطہ جہاں سورج پہنچنے
سے ہمارے ہاں سردی شروع ہو جاتی ہے۔
راس السرطان (ع/مذ) کرک ریکھا۔ خطِ سرطان کا وہ مقام جہاں
سورج آنے سے ہمارے ہاں گرمی شروع ہو جاتی ہے۔
راس المال (ع/مذ) اصل پونجی۔ مُول۔ سرمایۂ تجارت۔
راس (ف/مث) راہ۔ رستہ۔ سڑک۔ گھوڑے کی باگ۔ راہو ستارہ۔
وہ آسمانی گرہ جو ہر برج میں تیرہ یا اٹھارہ مہینے
رہتی ہے۔
راس (ه/مث) بغیر صاف کیے اناج کا ڈھیر۔ خرمن۔ کھلیان۔
راست کا مخفف۔ ٹھیک۔ موافق۔ مبارک۔ ساز گار۔
راس اُٹھانا (ه) کھلیان اُٹھانا۔ غلّہ صاف کرکے لے جانا۔
راس آنا (ف) موافق آنا۔ سفید پڑنا۔ ساز گار ہونا۔ مبارک ہونا۔
آب و ہوا کا موافق طبع ہونا۔
راس (ه/مث) بھاگ۔ دوڑ۔ لگام کی رسّی۔ غلّہ کا ڈھیر۔ سُود۔
بیاج۔ کھیل۔ ناچ۔ تماشا۔ حرفوں کے موافق آسمان کے
بارہ بُرجوں کے نام۔ سری کرشن جی کا سوانگ۔
راس بٹھانا (ه) دکھشو، گود لینا۔ جانشین قرار دینا۔ بٹھلانا۔
راس دھاری (ه/مذ) کھیل کرنے والا۔ تماشہ کرنے والا۔ وہ
ناچنے والے لڑکے جو سری کرشن جی اور اُن کی گوپیوں کے
کھیل کی نقل کرتے ہیں۔
راس لانا (ف/محاورہ) موافق کرنا۔ مبارک کرنا۔ ساز گار کرنا۔
راس لیلا (ه/مذ) کرشن جی اور اُن کی گوپیوں کا
کھیل۔
راس ملنا (ه) دو شخصوں کے نام کے اوّل حرف کا ملنا۔ موافقت
ہونا۔
راس نشین (ف/صف) گود لیا ہوا لڑکا۔ لے پالک۔
راس نہ ہونا۔ یا۔ آنا (ه) ناموافق ہونا۔ مزاج کے خلاف ہونا۔
راست (ف) سیدھا۔ دُرست۔ صحیح۔ حق۔ سچ۔ موافق۔ ساز گار۔
راست آنا (ف/محاورہ) ٹھیک بیٹھنا۔ ساز گار ہونا۔
راست اقدام (ف ع/مذ) صحیح اقدام۔ براہِ راست کارروائی جو کسی
مطالبے کو منوانے کے لیے کی جائے۔
راست باز (ف) سچا۔ ایمان دار۔ صادق۔ دیانت دار۔
راست گو (ف) سچ بولنے والا۔ صادق۔
راستہ (ف/مذ) لغوی معنی بازار کی لنگ۔ مجازی معنی راہ۔ رستہ۔
پگڈنڈی۔ سڑک۔ طریق۔ رسم۔ ڈھنگ۔ طرز۔ قاعدہ۔
الف زائد ہے۔ رستہ صحیح ہے۔
راستہ دیکھنا (ف) انتظار کرنا۔
راستی (ف/مث) سچائی۔ دُرستی۔ صداقت۔ دیانت داری۔ صفائی۔
کھراپن۔ اخلاص۔ وفاداری۔ صلاحیت۔
راستی پر آنا (ف) دُرستی پر آنا۔ راہ پر آنا۔ سچ بولنے پر آمادہ ہونا۔

راسخ (ع) پکّا۔ مضبوط۔ محکم۔ اُستوار۔ پائدار۔ دیرپا۔
راشن (انگریزی/مذ) رسد۔ خوراک۔ راتب۔ فوجی کھانا۔
راشی (ع/مذ) رشوت لینے والا۔
راضی (ع/مذ) خوش۔ شادماں۔ رضامند۔ صابر۔ متوکّل۔ تندرست۔
بھلا چنگا۔ تیار۔ آمادہ۔
راضی برضا (ع) خدا کی مرضی پر خوش رہنے والا۔ شاکر۔ قانع۔
راضی کرنا (ف) خوش کرنا۔ رضامند کرنا۔ تیار کرنا۔
راضی نامہ (ع ف/مذ) آپس میں راضی رضا ہونے کی تحریر جو فریقین
مقدمہ سرکار میں داخل کریں۔ صلح نامہ۔
راغب (ع) مائل۔ رغبت کرنے والا۔ خواہاں۔
رافضی (ع/مذ) بیائے نسبتی۔ منسوب بہ رافضہ۔ اپنے سردار کو
چھوڑ دینے والا سپاہی۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے وہ مقلد
جنہوں نے جنگ میں آپ کا ساتھ چھوڑ دیا تھا۔
راقم (ع/مذ) لکھنے والا۔ رقم کرنے والا۔ نویسندہ۔
راکب (ع/مذ) جانور یا جہاز پر سوار ہونے والا۔ سوار۔
راکھ (ه/مث) خاکستر۔ بھبھوت۔ کسی جلی ہوئی چیز کی خاک۔ بھسم۔
بھوبل۔
راکھ جھاڑنا (ف/محاورہ) کوئلوں اور اوپلوں سے راکھ علیحدہ کرنا۔
راکھ سر پر ڈالنا (ف/محاورہ) سخت غم کا اظہار کرنا۔
راکھ ہو جانا (ف/محاورہ) جل کر خاکستر ہو جانا۔
راکھی (ه/مث) حفاظت کرنے والی۔ وہ ڈورا جو ہندو لوگ سلونو
کے دن برہمنوں کے ہاتھوں بندھواتے ہیں۔
راگ (ه/مذ) سرود۔ نغمہ۔ سُر۔ لے۔ سُر کی آواز۔ گیت۔ قصّہ۔
کہانی۔ جھگڑا۔ فساد۔
راگ دینا (ه) دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ کسی پیر فقیر کے نام کا گانا کرانا۔
بیٹھک دینا۔
راگ رنگ (ه/مذ) کھیل تماشا۔ رنگ رلیاں۔ عیش و عشرت۔
نشاط و انبساط۔
راگ گانا (ه) گیت گانا۔ رام کہانی کہنا۔ رونے جانا۔ (یہ بچوں کے
لیے بولتے ہیں)
راگ لانا (ه) بکھیڑا پھیلانا۔ فیل لانا۔ جھگڑا نکال کھڑا کرنا۔
ستانا۔ تنگ کرنا۔ ضد کرنا۔ ہٹ کرنا۔ حال کھیلنا۔
جوشش میں آنا۔
راگ مالا (ه/مث) رسالہ علم موسیقی راگ کے اصولوں کی کتاب۔
مختلف راگنیوں کا ذکر۔
راگنی (ه/مث) راگ کی ہر شاخ ہر شعبہ (کُل راگ چھ اور راگنیاں
چھتیس ہیں)
رال (ه/مث) مُنہ کا چیپ۔ لعاب دہن جو عام طور پر بچوں
بوڑھوں کے منہ سے بہتا ہے۔ چیڑ کا گوند۔ ایک آتش گیر
گوند کا نام۔
رال ٹپکنا (ه) جی للچانا۔ مزے کے مارے منہ میں پانی بھر آنا۔

عاشق ہونا۔ نہایت راغب ہونا۔ لعاب دہن بہنے لگنا۔

رام (ف) فرمانبردار۔ مطیع۔ حکم بردار۔

رام کرنا۔ یا۔ بنانا (ل) قابو میں لانا۔ بس میں کرنا۔ مطیع کرنا۔ فرمانبردار بنانا۔

رام (ہ/مذ) سب میں رہنے والا۔ (مجازاً) خدا۔ پرمیشر۔ پرسرام۔ ہندو رام چندر جی کو ساتواں اوتار مانتے ہیں۔

رام بھجن (ہ/مذ) رام کی اُستتی۔ حمد و نعت۔ مناجات۔

رام پھل (ہ/مذ) ایک قسم کا سُرخی مائل شریفہ جو رام چندر جی کو بہت پسند تھا۔

رام ترئی (ہ/مث) ایک قسم کا کدّو۔ گھیا۔

رام جانے (ہ) کلمۂ قسم۔ رام کی قسم۔ خدا کی قسم۔ خدا جانے۔ پرمیشور جانے۔

رام دانا (ہ/مذ) ایک قسم کا بیج۔ جس کی مالا بناتے ہیں۔

رام دہائی (ہ/مث) خدا کی پناہ۔ پناہ بخدا۔ خدا کی سوگند۔ خدا کی قسم۔

رام رام (ہ/مذ) ہندؤوں کا باہمی سلام۔ سلام علیک۔ صاحب سلامت۔ جان پہچان۔ توبہ توبہ۔

رام رام بھجو (ہ/محاورہ) توبہ توبہ کرو۔ خدا کا نام لو۔ باز آجاؤ۔

رام رام جپنا پرایا مال اپنا (ہ/مثل) ظاہر میں تسبیح اور باطن میں بے ایمانی۔

رام رام کرنا (ہ/محاورہ) سلام کرنا۔ توبہ توبہ کرنا۔

رام رس (ہ/مذ) نمک۔ لون۔ ذوق و شوق الٰہی۔

رام رولا (ہ/مذ) غل۔ شور۔ مناجات پڑھنا۔ مذہبی جوش۔

رام کہانی (ہ/مث) رامائن۔ رام چندر جی کی طولانی داستان۔ لمبی سرگزشت۔

رام کی مایا (ہ/مث) قدرت کے کھیل۔ فطرت۔ نیچر۔

رام کی مایا کہیں دھوپ کہیں چھایا (ہ/مثل) کہیں دُکھ کہیں سُکھ یہ سب خدا کی قدرت ہے۔

رام گنگا۔ دریائے گنگا کا معاون کوہ ہمالیہ سے نکلتا ہے۔ اس کے معاون سارد اپر بھاری بند لگا کر نہریں نکالی گئی ہیں۔

رامانندی (ہ/مذ) صرف رام کو ماننے والے ہندو فقیروں کی جماعت جس کے بانی رامانند جی تھے۔

رامائن (ہ/مث) رامچندر جی کی کتھا۔ وہ رزمیہ نظم جو والمیک جی نے سنسکرت میں اور پھر تلسی داس نے بھاشا میں لکھی ہے۔

رامش (ف/مث) خوشی۔ خوشی میں گانا۔

رامش گر (ف/صف) مطرب۔ گویّا۔ عیاش۔

ران (ہ/مث) جانگھ۔ ساتھل۔ پٹ۔ باٹ۔ آسن۔ بیٹھک۔

ران تلے آنا (ہ) آسن تلے آنا۔ سواری دینا۔ زانو کے نیچے آنا۔

رانا (ہ/مذ) چھوٹا سا راجہ۔ ٹھاکر۔ راجپوتوں کے ایک فرقے کا نام۔ راجپوتوں کا ایک خطاب جو راجہ کے بیٹے کو ملتا ہے۔

رانجھا (ہ/مذ) ایک پنجابی عاشق کا نام جو ہیر کا شیدا تھا۔

رانجھن گول (ہ/مذ) ایک قسم کا بہت بڑا مٹکا۔

راند کاٹنا (ہ) فیصلہ کرنا۔ جھگڑا دُور کرنا۔ تنازع رفع کرنا۔

راندہ (ف) نکالا ہوا۔ ہنکایا ہوا۔ مردُود۔ ذات باہر۔

راندۂ درگاہ (ف) وہ جو بارگاہِ الٰہی یا دربارِ شاہی سے نکالا گیا ہو۔

راندھنا (ہ) پکانا۔ اُبالنا۔ رینددھنا۔

رانڈ (ہ/مث) بیوہ۔ بدھوا۔ وہ عورت جس کا خاوند مرگیا ہو۔ دُوسرے کی دستِ نگر۔ محتاج۔

رانڈ رونا۔ رنڈ رونا (ہ) عورتوں کا سا رونا۔ بیوہ کی طرح رونا۔ جھینکنا۔ چھینکنا۔ قصّہ۔ کہانی۔ بپتا۔ بدمزہ قصّہ۔

رانڈ کی رانڈ (ہ/مث) کلمۂ حقارت اور دعائے بد۔ بیوہ کی جنی بیوہ۔ بُت۔ سفلہ۔ کنگال۔

رانڈ ہونا (ہ) بیوہ ہونا۔ بے شوہر ہونا۔

رانڈا (ہ/مذ) (پورب) بنجر اور سرزمین کا وہ آدمی جس کی بیوی مرگئی ہو۔

رانگ (ہ/مذ) ایک نرم دھات کا نام۔ رانگا۔ قلعی۔ ایک عُمدہ قسم کا سیسہ۔

رانگ بھریا۔ یا۔ رنگ بھریا (ہ/مذ) رانگ کے زیور اور کھلونے بھر کر بیچنے والا۔

رانگ ہونا (ہ) آنکل نرم ہونا۔ گھلنا۔ غُصّہ رفع ہونا۔

رانگھڑ (ہ/مذ) ایک نومسلم قوم۔ جو پہلے راجپوتوں میں شمار کی جاتی تھی۔

رانی (ہ/مث) شاہزادی۔ ملکہ۔ راجہ کی بیوی۔ ہندو عورتوں کے لیے معزز خطاب۔

رانی خاں کا سالا (ا/مذ) زبردست مغرور۔ رُستم کا سالا۔ افلاطون کا جنا۔

رانی کو رانا پیارا کانی کو کانا پیارا (ہ) ہر شخص کو اپنے ہم جنس سے اُلفت ہوا کرتی ہے۔

رانی گہن۔ رانی گرہن (ہ/مث) وہ خانگی لڑائی جو گھر میں مُدّت تک رہے۔

راؤ (ہ/مذ) راجہ کا بیٹا۔ شہزادہ۔ ایک معزز خطاب۔ ہیر قوم کا لقب۔ بڑا۔ کلاں۔

راؤ بہادر (ہ) ایک معزز خطاب جو گورنمنٹ کسی ہندو رئیس یا شہزادہ کو دیتی تھی۔

راوت (ہ/مذ) سُورما۔ سوربیر۔ بہادر۔ شجاع۔ ٹھاکروں کی ایک اعلیٰ قوم جو کسی کا جھوٹا نہیں کھاتی۔

راول (ہ/مذ) بہادر۔ سُورما۔ سردار۔ افسر۔ زبردست سپاہی۔ (پنجاب میں) جوگی۔ سنیاسی۔

راولا۔ یا۔ رولا (ہ/مذ) شور و غل۔ دنگا۔ فساد۔ جھگڑا۔

راوَن (ہ امذ) لنکا کے ایک راجہ کا نام جو رام چندر جی کے ہاتھ سے قتل ہوا۔ یہ سیتا جی کو اٹھا لے گیا تھا۔

راوی (ہ امث) پنجاب کا مشہور دریا جو لاہور کے قریب بہتا ہے۔ کشمیر اور جموں سے ہوتا ہوا آیا ہے۔ اس سے جو نہر نکلی ہے وہ امرتسر، گورداسپور اور لاہور کو سیراب کرتی ہے۔ روایت بیان کرنے والا۔

راہ (ہ امذ) ایک ستارے کا نام۔ راہُو جو سورج چاند کو نگل جاتا ہے جس سے گرہن لگتا ہے۔

راہ (ف امذ) رستہ۔ سڑک۔ راستہ۔ طریق۔ سبیل۔ دفعہ۔ بار۔ جیسے صد راہ۔ ریت۔ رسم۔ قاعدہ۔ خبر۔ دوستی۔ میل جول۔ میل ملاپ۔ ساز و باز۔ سازش۔

راہ باریک ہونا (ار امحاورہ) رستہ تنگ ہونا۔

راہ باندھنا (ار امحاورہ) راستہ روکنا۔ داخل نہ ہونے دینا۔

راہ بتانا (ہ) ہدایت کرنا۔ ڈھنگ سمجھانا۔ ٹال دینا۔ موقوف کر دینا۔ دھوکا دینا۔ دم دینا۔

راہ بر (ف امذ) ہادی۔ راہنما۔ سردار۔ پیشوا۔ مرشد۔

راہ پانا (ار امحاورہ) موقع پانا۔ گنجائش پانا۔

راہ پر لانا (ا) سیدھا رستہ بتانا۔ ڈھب پر لانا۔ درست کرنا۔ اصلاح کرنا۔ راضی کرنا۔ یار بنانا۔

راہ پیدا کرنا (ا) رستہ معلوم کرنا۔ طریقہ نکال لینا۔ مہارت پیدا کرنا۔ ربط بڑھانا۔ دوستی حاصل کر لینا۔ ملاقات اور میل جول پیدا کرنا۔

راہ تکنا (ا) انتظار کرنا۔ منتظر رہنا۔ رستہ دیکھنا۔

راہ جاری کرنا (ار امحاورہ) نئے راستہ پر آمد و رفت جاری کرنا۔

راہ چبینی (ہ امث) زادِ راہ۔ وہ مٹھائی جو ہندو لوگ مُردے کی نجات کے لیے برہمنوں کو دیتے ہیں۔

راہ چلتا (ا امذ) مسافر۔ راہگیر۔ راہ رو۔

راہ خرچ (ا امذ) زادِ راہ۔ توشہ۔ سفر خرچ۔

راہ دار (ف امذ) رستہ کا محصول وصول کرنے والا۔ سڑک کا رکھوالا۔

راہداری (ف امث) سڑک کا محصول۔

راہداری کا پروانہ (ا امذ) صفائی کا پروانہ۔ وہ تحریر جو کسی شخص یا جماعت کے رستہ سے گزر جانے کے لیے گزربانوں یا حکام راہ کے نام لکھی جائے۔

راہ دکھانا۔ یا۔ دکھلانا (ا) راہنمائی کرنا۔ رستہ بتانا۔ انتظار دکھانا۔ منتظر رکھنا۔

راہ دیکھنا (ا) انتظار کرنا۔ منتظر رہنا۔ اڈیکنا۔

راہ دینا (ا) آنے جانے کی اجازت دینا۔ راستہ بتانا۔ کسی کی آمد و رفت کو جائز کرنا۔

راہ ڈالنا (ار امحاورہ) رسم قائم کرنا۔ عادت اختیار کرنا۔

راہِ راست (ار امحاورہ) سیدھا راستہ۔

راہ رَو (ف امذ) راہی۔ راہ گیر۔ مسافر۔

راہ روانِ مُلکِ عدم (ف امذ) مُردے۔ متوفّی لوگ۔

راہ روِش (ف امث) رفتن سے حاصل مصدر۔ چال چلن۔ قاعدہ۔ ڈھنگ۔ برتاؤ۔ طریقہ۔ قاعدہ۔ خصلت۔ سیرت۔ سبھاؤ۔

راہ ریت (ا امث) معمول رسم و رواج۔ ضابطہ۔ قانون۔

راہ زن۔ یا۔ راہ مار (ف امذ) لٹیرا۔ ڈاکو۔ قزاق۔

راہزنی۔ یا۔ راہ ماری (ف امث) ڈکیتی۔ رہزنی۔ قزاقی۔ بٹ ماری۔

راہ سُوجھنا (ار امحاورہ) تدبیر سوجھنا۔

راہ سے۔ یا۔ راہ سر (ا) مطابق۔ قاعدہ۔ رواج کے مطابق۔ سیدھی طرح۔ انصافاً۔

راہ کاٹنا (ا) مسافت طے کرنا۔ راستہ کاٹنا۔ رستہ چلتے کے آگے سے نکل جانا۔ ایک رستہ چھوڑ کر دوسرے رستے سے جانا۔

راہ گزر (ف امذ) رستہ۔ سڑک۔ شارع عام۔

راہ گیر (ف امذ) مسافر۔ راہی۔ راہ رو۔

راہ کی بات (ا امث) قاعدہ کی بات۔ انصاف کی بات۔ معقول اور واجبی بات۔

راہ لگانا (ہ) کسی روش پر ڈالنا۔ ڈھنگ پر ڈالنا۔ رستہ بتانا۔ راہنمائی کرنا۔

راہ لینا (ا) چل دینا۔ رستہ پکڑنا۔ راہی ہونا۔

راہ مار (ا امذ) رستہ لوٹنے والا۔ قزاق۔ ڈاکو۔ لٹیرا۔

راہ ناپنا (ا) رستہ کی پیمائش کرنا۔ صرف آتے جاتے رہنا اور کام کوئی نہ بنانا۔ کھڑے کھڑے آنا اور جلدی چلے جانا۔

راہِ نجات (ع امث) رہائی کا ذریعہ۔ خلاصی کا طریقہ۔ مسلمانوں کی ایک مذہبی کتاب کا نام۔

راہ نکالنا (ا) تجویز بتانا۔ طریقہ پیدا کرنا۔ سبب بنانا۔ ملاقات گانٹھنا۔ یارانہ کرنا۔

راہ نُما (ف امذ) رستہ دکھانے والا۔ رہبر۔ ہادی۔ مرشد۔

راہ وار (ف امذ) قدم باز گھوڑا۔ باد رفتار۔ گھوڑے کی ایک چال کا نام۔

راہ و ربط۔ یا۔ راہ و رسم (ع امذ) میل ملاپ۔ میل جول۔ راہ ریت۔ آمد و رفت۔ واقفیت۔

راہ ہونا (ا) دوستی ہونا۔ محبت ہونا۔ صلح ہونا۔ آگے چلنے کو جگہ ہونا۔ رستہ ہونا۔

راہب (ع امذ) عیسائیوں کا پادری۔ تارک الدنیا۔ رومن کیتھلک کلیسا کا درویش۔

راہن (ع امذ) گرو رکھنے والا۔ رہن رکھنے والا۔

راہی (ف) راہ رو۔ مسافر۔ راہ گیر۔ سیاح۔

رائے (ع امث) عقل۔ سمجھ۔ دانائی۔ خیال۔ قیاس۔ تجویز۔ مشورہ۔

صلاح۔

رائے دینا (ل) مشورہ دینا۔ صلاح دینا۔ تجویز نکالنا۔

رائے زنی (عف/مث) اظہار رائے۔

رائے عامہ (عف/مث) عوام کا خیال۔

رائے لینا (ل/محاورہ) مشورہ لینا۔

رائے (ہ/مذ) راجہ۔ شہزادہ۔ سوامی۔ سردار۔ وہ اعزازی خطاب جو گورنمنٹ کی طرف سے ملتا ہے۔

رائے بہادر (ل/مذ) وہ اعزازی خطاب جو کسی معزز عہدے دار یا رئیس کو گورنمنٹ کی طرف سے ملتا ہے۔

رائے بیل (ہ/مث) ایک قسم کی چنبیلی کے پھول اور اس کا درخت۔

رائی (ہ/مث) ایک قسم کی سرسوں خردل۔ مجازاً تھوڑی مقدار۔ ذراسی۔

رائی بھر (ہ) ذراسا۔ بالکل تھوڑا۔ قدرے۔ قلیل۔

رائی بھر ناتا اور گاڑی بھر آشنائی (ل/مثل) ذرا سا بھی رشتہ بہت سی آشنائی پر فوق رکھتا ہے۔

رائی سے پربت ہونا (ہ) بے حد مبالغہ ہونا۔ ذرہ بھر سے بہت بڑا ہو جانا۔

رائی العین (ف) آنکھ سے دیکھنے والا۔

رائی کائی (ہ/مث) چورہ۔ چورہ۔ ریزہ ریزہ۔ ٹکڑے ٹکڑے۔

رائی کائی ہو جانا (ہ) چور چور ہو جانا۔ بالکل پس جانا۔ نہایت گل جانا۔ گھل مل جانا۔

رائے بیل (ہ/مث) ایک قسم کا چنبیلی کا درخت اور اس کے پھول کا نام۔ بیلا۔ یاسمن۔

رائے جامن (ہ/مث) بڑی اور موٹی جامن۔

رائتا (ہ/مذ) ایک خوراک جو گھیا یا کدو کو ابال کر دہی اور نمک مرچ ڈال کر بناتے ہیں۔

رائتا بنانا (ہ) کدو وغیرہ کو ابال کر دہی میں ملانا۔ خوب مارنا۔ کچومر نکالنا۔ زدوکوب کرنا۔

رائٹ (انگریزی) ٹھیک۔ بجا۔ صحیح۔ حق۔ حقوق۔

رائٹر (انگریزی/مذ) محرر۔ کلرک۔ منشی۔ راقم۔ لکھنے والا۔ مصنف۔ مؤلف۔

رائج (ع) عام۔ مروج۔ رسمی۔ چلتا۔ جاری۔ رواں۔

رائج الوقت (ع/مذ) جاری سکہ۔ مروجہ مال۔ چلتا سکہ۔

رائج کرنا (ل) رواج دینا۔ جاری کرنا۔ سکہ چلانا۔

رائفل (انگریزی/مث) ایک قسم کی انگریزی بندوق۔

رائگاں (ف) بلا قیمت مفت۔ ضائع۔ تلف۔ عبث۔ لاحاصل۔ خسرو پرویز کا ایک خزانہ۔

رائیگاں جانا۔ یا۔ ہونا (ل) اکارت جانا۔ ضائع ہونا۔ برباد ہونا۔

رائل (انگریزی) نہایت عمدہ۔ شاہی۔ بادشاہ کا۔

رائل روڈ (انگریزی/مث) سیدھی سڑک۔ شاہی سڑک۔ جرنیلی سڑک۔

رائل فیملی (انگریزی/مث) شاہی خاندان۔ شاہی نسل۔ بادشاہی کنبہ۔

رایو ڈی جنیرو۔ برازیل کا دارالحکومت ہے۔ بڑی بھاری بندرگاہ ہے۔ یہاں سے قہوہ دساور کو جاتا ہے۔

ر ـ ب

رَبّ (ع/مذ) پالنے والا۔ پرورش کرنے والا۔ پروردگار۔ خدائے تعالیٰ۔

رَبّ العالمین (ع/مذ) دنیا کا پالنے والا۔ کل عالم کا پروردگار۔

رَبّ الارباب (ع/مذ) سب پالنے والوں کا پالنے والا۔ سب کو روزی دینے والا۔

رِبوا (ع/مذ) سود۔ بیاج۔

رِبوا خوار (عف/صف) سود خوار۔ بیاج کھانے والا۔

رباب (ع/مذ) ایک قسم کی سازنگی۔

ربابی (ع/صف) رباب بجانے والا۔

رباعی (ع/مث) وہ چار مصرعوں کی نظم جس کے تیسرے مصرعے کے سوا باقی سب مصرعے ہم قافیہ و ردیف ہوں۔ چو بولا۔ چو مصرعہ۔

ربانا (ل/مذ) ایک قسم کا جھانجھ والا۔ چھوٹا دف۔

ربدا (ہ/مذ) وہ کیچڑ جو پانی کے بہاؤ سے ہو جاتی ہے۔

رَبَڑ (ہ/مذ) قصائی۔ بوچڑ۔ قصاب۔

ربڑ (انگریزی/مذ) حروف مٹانے کی چیز۔ یہ ایک درخت کا پکا کر جمایا ہوا دودھ ہوتا ہے۔ لچکدار شے۔

ربط (ع/مذ) تعلق۔ لگاؤ۔ میل جول۔ بندش۔ راہ و رسم۔ نسبت۔ تناسب۔ محبت۔ دوستی۔ پیار۔ اخلاص۔ مشق۔ مہارت۔ ڈھب۔ عادت۔

ربط ضبط (ع/مذ) راہ و رسم۔ میل جول۔ میل ملاقات۔ آمد و رفت۔

ربط ہونا (ل) دوستی ہونا۔ آشنائی ہونا۔ مشق ہونا۔ عادت ہونا۔ مہارت ہونا۔

رُبع (ع/مذ) چوتھا۔ چہارم۔ چہارم حصہ ¼۔ چہار یک۔

رُبع مسکوں (ع/مذ) دنیا کا چوتھا حصہ جو رہنے سہنے کے قابل ہے۔ باقی تری یعنی سمندر اور غیر آباد ہے۔

ربیب (ع/مذ) پالا پوسا لڑکا۔ پالا ہوا۔ پہلے خاوند کا۔ سوتیلا بیٹا۔

ربیع (ع/مذ) ساڑھی کی فصل جو اکتوبر، نومبر میں بوئی اور اپریل مئی میں کاٹی جاتی ہے۔

ربیع الآخر (ع/مذ) عربی سال کا چوتھا مہینہ۔ ربیع الثانی بھی کہتے ہیں۔

ربیع الاوّل (ع/مذ) عربی سال کا تیسرا مہینہ۔

ربیع الثانی (ع/مذ) ربیع الآخر۔ عربی سال کا چوتھا مہینہ۔

ر ۔ پ

رِپ (ہ امذ) دشمن ۔ بیری ۔ بدخواہ ۔ ڈھیں دینے والا ۔ جم کسی کے درپے ہو جانے والا ۔
رپ ہو جانا (ہ) سر ہو جانا ۔ درپے ہونا ۔ پیچھے پڑ جانا ۔
رَپٹ (ہ امث) پھسلن ۔ لغزش ۔ پھسلاہٹ ۔
رَپٹنا ۔ یا ۔ رپٹ پڑنا (ہ) پھسل جانا ۔ لڑھکنا ۔ کھسکنا ۔ گر جانا ۔
رَپٹ (انگریزی امث) رپورٹ کا بگڑا ہوا ۔ خبر ۔ اطلاع ۔ آگاہی ۔ جو کسی حادثہ یا واقعہ کی پولیس میں دی جائے ۔
رَپٹن (ہ امث) پھسلن ۔ پھسلاہٹ ۔
رُپلی (ہ امث) روپے کی تصغیر اور تحقیر ۔
رپورٹ (انگریزی امث) (دیکھو رپٹ)
رُپہلی (ہ) روپے کے رنگ کا ۔ سفید ۔

ر ۔ ت

رُت (ہ امث) موسم ۔ فصل ۔ ہر شے کا زمانہ ۔
رُت آنا (ہ) زمانہ آنا ۔ بہار آنا ۔ موسم آنا ۔
رُت بدلنا ۔ یا ۔ پھرنا (ہ) موسم بدلنا ۔ موسم پلٹنا ۔ موسم و فصل کا تبدیل ہونا ۔
رُت کڑی ہونا (ار محاورہ) موسم خراب ہونا ۔
رَت (ہ امذ) سُرخ رنگ ۔ خون ۔ لہو ۔ رات کا مخفف ۔
رَت جگا (ہ امذ) رات جاگنے کا مخفف و مبدل ۔ شب بیداری خوشی و نیاز یا نذر و منت میں تمام رات کو جاگ کر گزار دینا ۔ ایک قسم کی ہندوانہ عبادت جو رات بھر جاگنے اور کتھا سُننے سے ادا کی جاتی ہے ۔
رَتا (ہ امذ) ایک کیڑا جو گیہوں وغیرہ کو لگ جاتا ہے ۔
رتالو (ہ امذ) ایک قسم کی جڑ جو اروی کے مشابہ ہوتی ہے ۔
رَتاج (ع) ایسا بڑا پھاٹک جس میں کھڑکی بھی لگی ہوئی ہوتی ہے ۔
رَتاوا (ہ امذ) حملہ ۔
رُتبہ (ع امذ) درجہ ۔ مرتبہ ۔ عزت ۔ عہدہ ۔ بزرگی ۔ بڑائی ۔ عزت و حرمت ۔
رُتبہ بڑھانا (ف) درجہ زیادہ کرنا ۔ ترقی دینا ۔ عزت افزائی کرنا ۔
رُتبہ پانا (ار محاورہ) عزت حاصل کرنا ۔ مرتبہ پانا ۔
رتم (ع) وہ ڈورا جو یادداشت کے لیے اُنگلی میں باندھ لیتے ہیں ۔
رَتن (ہ امذ) قیمتی پتھر ۔ جواہرات ۔ نگ ۔ آنکھ کی پتلی ۔ بینائی چشم ۔ ست ۔ عطر ۔ نچوڑ ۔ خلاصہ ۔ لب لباب ۔ منی ۔ نطفہ ۔ دھات ۔ حسن ۔ جوبن ۔

رتن جوت (ہ امث) ایک پودا اور اُس کا پھل ۔ آنکھ ۔ ایک دوا ۔
رَتنا (ہ) سوہن سے صاف ہونا ۔ خالی ہونا ۔ برتن میں کوئی چیز وغیرہ نہ رہنا ۔
رتوانا (ہ) ریتی سے صاف کرانا ۔ سوہن پھروانا ۔ پردہ کرانا ۔ برتن وغیرہ کو خالی کرانا ۔
رتوندھا (ہ امذ) رات کو نظر نہ آنا ۔ شب کوری ۔
رَتھ (ہ امذ امث) ایک قسم کی چار پہیوں والی اُوپر سے برجی دار دیسی گاڑی جس میں اُمرا وغیرہ سوار ہوتے ہیں ۔ دیوتاؤں کی سواری کی گاڑی ۔ کوٹ ۔ قلعہ ۔ حصار ۔
رتھبان ۔ یا ۔ رتھوان (ہ امذ) رتھ ہانکنے والا ۔ بہلوان ۔ گاڑی بان ۔
رتی (ہ امث) گھنگچی ۔ آٹھ چاول کے برابر کا ایک وزن ۔ ماشے کا آٹھواں حصہ ۔ ذرا سا ۔ مقدار قلیل ۔ تقدیر ۔ قسمت ۔ بھاگ ۔ نصیب ۔
رتی بھر (ہ) ذرا سا ۔ قدر قلیل ۔ ذرہ بھر ۔ بالکل تھوڑا سا ۔
رتی جاگنا ۔ یا ۔ چمکنا (ہ) اقبال یاور ہونا ۔ قسمت کھلنا ۔ نصیبا جاگنا ۔ پھلنا پھولنا ۔ سرسبز ہونا ۔ مالا مال ہونا ۔
رتی رتی (ہ) بالکل ۔ تمام ۔ سراسر ۔ ذرا ذرا ۔ کوڑی کوڑی ۔

ر ۔ ٹ

رٹ (ہ امث) تکرار ۔ ہر وقت ایک ہی بات کہے جانا ۔ تکرار لفظی ۔ ہر وقت یاد کرنا ۔
رٹنا (ہ) جپنا ۔ بار بار کہنا ۔

ر ۔ ج

رج (ہ امذ) بالو ریت ۔ ریگ رواں ۔ دریا کا ریتا ۔ حیض ۔ ماہواری ایام ۔ دلدل ۔ پھولوں کا زیرہ ۔ پھول کے اندر کا آٹا ۔
رَجا (ع امث) اُمید ۔ آرزو ۔ تمنا ۔ خواہش ۔
رَجا (ہ) مستغنی ۔ بے پروا ۔ دولت مند ۔ شکم سیر ۔ پیٹ بھرا ۔ سیر ۔
رجا بجا (ہ) غنی ۔ امیر ۔ دھنی ۔ بھرا پُرا ۔ آباد ۔ پیٹ بھرا ۔
رجال الغیب (ع امذ) مردانِ غیب ۔ وساتول ۔ وہ غائب وجود جو دُنیا کے دائرے میں حرکت کرتے ہیں اور جس طرف وہ واقع ہوں اُدھر سفر کرنا ان دنوں میں منحوس خیال کیا جاتا ہے ۔
رجائی (ع اصف) پُر اُمید ۔ تصویر کا روشن پہلو دیکھنے والا ۔
رجائیت (ع امث) اچھے خیال رکھنا ۔ تصویر کا روشن پہلو دیکھنا ۔

رجب (ع امذ) مسلمانوں کے قمری سال کا ساتواں مبارک مہینہ - جس میں جنگ کی ممانعت تھی -
رُجحان (ع امذ) میلان - توجہ - جھکاؤ -
رِجس (ع امذ) پلیدی - گندگی -
رِجسٹر (انگریزی امذ) روزنامچہ - یادداشت کی کتاب - بہی - حاضری کی کتاب -
رجسٹرار (انگریزی امذ) رجسٹری کرنے والا - درج رجسٹر کرنے والا -
رجسٹرڈ (انگریزی امذ) رجسٹری شدہ - رجسٹر میں درج -
رجسٹری (انگریزی امث) داخلہ - اندراج - فہرست -
رجسٹری کرانا (ف) سرکاری بہی میں درج کرانا - درج فہرست کرانا -
رجسٹریشن (انگریزی امذ) رجسٹری کرانا - درج رجسٹر کرانا -
رجعت (ع امث) واپسی - اعادہ - بازگشت - چاند اور سُورج کے سوا کسی اور ستارے کا اپنی معمولی گردش سے پھرنا - اُلٹا - ضد - ہٹ - اپنی عورت کو طلاق کے بعد زوجیت میں لے لینا -
رجمنٹ (انگریزی امث) ہزار یا آٹھ سو جوانوں کا دستہ - فوج - پلٹن -
رجنا (ہ) پیٹ بھرنا - سیر ہونا - چھکنا - اُگھانا -
رجنی (ہ امث) رات - رَین - شب - لیل -
رجواڑہ (ہ امذ) ہندو راجہ کا مُلک - راجہ کی عملداری - مجازاً چھوٹا ہندو راجہ -
رُجُوع (ع امث) توجہ - میلان - رُجحان - بازگشت - اِعادہ - واپسی - اپیل - نظرِ ثانی - مرافعہ -
رُجوع کرنا (ف) توجہ کرنا - متوجہ ہونا - درخواست دینا - مقدمہ دائر کر دینا - لَوٹنا - بازگشت کرنا -
رجُولیت (ع امث) مردمی - قوتِ باہ - قوتِ مردمی - قوتِ تولید -
رُجُوم (ع) وہ ستارے جو آسمان پر مثلِ شعلہ کے دوڑتے نظر آتے ہیں - جن سے شیاطین بھگائے جاتے ہیں -
رِجھانا (ہ) خوش کرنا - مسرور کرنا - لُبھانا - مائل کرنا - فریفتہ کرنا - موہنا -
رجیم (ع) سنگسار کیا گیا - یہ لفظ اکثر شیطان کے لیے بولا جاتا ہے -

ر - رچ

رِچ (انگریزی) مال دار - امیر - دولت مند -
رُچ - یا - رُچت (ہ امث) چاہت - رغبت - چاہ - خواہش - بھوک - اشتہا - گرسنگی - شوق -
رچاوٹ (ہ امث) رنگت کی شوخی - خوب اچھا رنگ -
رچنا پچنا (ہ) رچنے والا - جزو بدن ہونے والا - خوشگوار -
رُچنا (ہ) پسند ہونا - بھانا - اچھا لگنا - مرغوب طبع ہونا - خواہش ہونا - میلان ہونا -
رُچنا (ہ امث) مخلوق - دُنیا - خلقت - قُدرت - فطرت - بناوٹ - ساخت -
رُچنا (ہ) مُعطّر ہونا - بسنا - خوشبودار ہونا - پیدا ہونا - بننا - عادی ہونا - خوگر ہونا - سمانا - رنگت دینا - رنگ لانا - شادی ہونے کو ہونا - سامانِ شادی برپا ہونا - میل ملاپ ہونا - آشنائی ہونا - مصروف ہونا - آواز ملانا - سُر ملانا - پیدا کرنا - ہست کرنا - مخلوق کرنا - اُگانا - تصنیف کرنا - تالیف کرنا - حاضر کرنا - پیش کرنا - موجود کرنا - خاکہ ڈالنا - ڈول ڈالنا - رُوپ بھرنا - بھیس بدلنا - روغن چڑھانا - وارنش کرنا -
رِچھا (ہ امث) رکشا کا بدل - حفاظت - پناہ - سرپرستی - حمایت - امن چین - آرام - صلح - مہربانی - عنایت -

ر - ح

رحا (ع) چکی - آسیا -
رِحل (ع امث) مسکن - منزل - قرآن شریف کو رکھ کر پڑھنے کی گھوڑی - سواری - اُونٹ کا پالان -
رِحلت (ع امث) کوچ کرنا - مرنا - انتقال کرنا -
رِحلت کرنا (ف) مرنا - کوچ کرنا - رُخصت ہونا - کوچ -
رَحِم (ع امذ) بچہ دان - کرید استھان - دھرن -
رَحم (ع امذ) چاولوں کا کچا حلوا جو عورتیں کسی خوشی کے موقع پر خالص اللہ کے واسطے دیا کرتی ہیں -
رَحم (ع امذ) ترس - دیا - کرم - مہربانی - کرپا - شفقت - ہمدردی - دل سوزی - خوفِ خدا -
رحم آنا (ف / محاورہ) ترس آنا - ہمدردی ہونا -
رحم دل (ع ف) دیالو - ہمدرد - مہربان - رقیق القلب -
رَحمدِلی (ع ف امث) مہربانی - شفقت - دلسوزی - دردمندی -
رحم کرنا - یا - کھانا (ف) ترس کرنا - خوفِ خدا کرنا -
رَحمان (ع امذ) خداوند کریم کا صفاتی نام - مہربانی کرنے والا - غفور - رحیم - مُشفق - آدمی کے پیدا ہونے سے پہلے ہی اس کی تمام ضروریات مہیا کر دینے والا -
رحمت (ع امث) کرم - مہربانی - بارش - مینہ - درُود و سلام - دُعا - مرحبا - شاباش - آفرین -
رحمت برسنا (ف / محاورہ) کثرت رحمت نازل ہونا -
رحمتِ حق بہانہ می جوید (ف / مثل) خدا کی رحمت بہانہ تلاش کرتی ہے -
رحمت خدا کی (ف / محاورہ) تحسین و آفرین کے لیے بولتے ہیں شاباش ہے - آفرین ہے -
رحیق (ع امث) خالص شراب -
رحیم (ع امذ) خدا تعالیٰ کا وصفی نام - مہربان - مہربانی کرنے والا - جرم

دیکھ کر معاف کر دینے والا۔

رحیل (ع) کوچ۔

ر - خ

رُخ (ف امذ) مُنہ۔ گال۔ رُخسارہ۔ طرف۔ جانب۔ پہلو۔ کنارا۔ حاشیہ۔ اُفق۔ التفات۔ توجہ۔ میلان۔ شطرنج کے ایک مُہرے کا نام۔ آگا۔ سامنا۔ پیش۔

رخام (ع) سنگِ مرمر۔

رُخ بدلنا۔ یا۔ پھیرنا (ل) سمت بدلنا۔ طرف بدلنا۔ مُنہ موڑ لینا۔ توجہ نہ کرنا۔

رُخ پھرنا (ل/ محاورہ) کشیدہ ہونا۔ بے اعتنائی ہونا۔

رُخ کرنا (ل) متوجہ ہونا۔ مُنہ کرنا۔ پھرنا۔ لوٹنا۔

رخت (ف امذ) اسباب۔ سامان۔ ٹھاٹھ۔ ساز و سامان۔ لوازمات۔ وجھ۔ ٹھاٹ۔ ہیئت۔

رختِ سفر (فع امذ) سفر کا سامان۔

رختِ سفر باندھنا (ل/ محاورہ) سفر کی تیاری کرنا۔

رختِ عُروس (فع امذ) جہیز۔

رُخسار (ف امذ) گال۔ عذار۔

رخسارہ (ف امذ) رخسار کا بالائی حصّہ۔

رُخصت (ع امث) چُھٹی۔ اجازت۔ حکم۔ منظوری۔ روانگی۔ کوچ۔ وداع۔ جنازہ اُٹھنے کا وقت۔ مُہلت۔ وقفہ۔ فرصت۔ اجازت ہے۔ جائیں؟

رُخصت کرنا (ل) وداع کرنا۔ اجازت دینا۔ ٹالنا۔ موقوف کرنا۔ روانہ کرنا۔ بھیجنا۔

رُخصتی (عف امذ) چُھٹی پر۔ چُھٹی والا (لوب) وداع۔ دُلہن کی روانگی۔ سلامی۔ وہ روپیہ جو وداع ہوتے وقت دیا جائے۔

رُخم (ع) انگاڑھا دُودھ۔ نام ایک مقام کا جو شام اور نجد کے درمیان ہے۔ نام ایک پرند مُردار خوار کا جسے گدھ کہتے ہیں۔

رخنہ (ف امذ) سوراخ۔ روزن۔ خرابی۔ چھید۔ دریچہ۔ کھڑکی۔ چاک۔ اٹکاؤ۔ خلل۔ نقص۔ جھگڑا۔ فساد۔

رخنہ اندازی (ف امث) روک۔ مزاحمت۔ بھانجی۔ تعرّض۔

رخنہ پڑنا۔ رخنے پڑنا (ل) جھگڑا پڑنا۔ خرابی واقع ہونا۔ فساد ہو جانا۔ عیب نکلنا۔

رخنہ ڈالنا (ل) خرابی ڈالنا۔ فساد برپا کرنا۔ عیب نکالنا۔

رخنہ نکالنا۔ یا۔ رخنے نکالنا (ل) نکتہ چینی کرنا۔ عیب نکالنا۔ نقص اُٹھانا۔ عُذر کرنا۔

ر - د

رَدّ (ع امذ) موڑنا۔ واپس کرنا۔ پھیرنا۔ لوٹانا۔ انکار۔ دلیل توڑنا۔ تردید۔ قے۔ اُلٹی۔

رَدّ کرنا (ل) موڑ دینا۔ واپس کر دینا۔ تردید کرنا۔ کاٹنا۔ اعتراض توڑنا۔ ترک کرنا۔ قے کرنا۔ اُلٹی کرنا۔

رَدّا (ع امذ) ایک چُنائی کے بعد دُوسری کی اینٹ رکھنا۔ تہ۔ پرت۔ طبق۔ چُنائی کی تہ۔

رَدّا رکھنا (ل) کھانے پر کھانا۔ تہ پر تہ دینا۔ اینٹ پر اینٹ رکھنا۔ ایک چُنائی کے بعد دُوسری کی تہ رکھنا۔

رِدا (ع امث) چادر۔ چدّر۔ اوڑھنی۔

رَدوا کُھدوا (ہ) برادری سے خارج۔ مردود۔ راندا ہوا۔ نکمّا۔ سِفلہ۔ کمینہ۔

رَدّی (ع امث) نکمّا کاغذ۔ خراب کاغذ۔ مستعمل۔ ناکارہ۔ نکمّا۔ بگڑا ہوا۔

رَدّی کرنا (ل/ محاورہ) بے کار کرنا۔

ردیف (ع امث) ایک گھوڑے پر سوار کے پیچھے والا آدمی۔ وہ لفظ جو قصیدے یا غزل کے اشعار میں ہر شعر کے بعد آخر میں قافیہ کے بعد آخر میں قافیہ کے بعد بار بار آئے۔ پچھلی فوج۔

ردیف باندھنا (ل/ محاورہ) شعر میں ردیف کا موقع سے لانا۔

ردیف چمکنا (ل/ محاورہ) ردیف کا لُطف دینا۔

ردیف وار (عف) حروفِ ابجد کی ترتیب کے حساب سے رکھا ہوا۔ ترتیب وار۔

ر - ذ

رذالہ (ع امذ) کمینہ۔ کم ذات۔ بے شرم۔ بدذات۔ شریر۔ بدمعاش۔ سِفلہ۔

رذال پن } رذالت } (ع امذ) سِفلہ پن۔ کمینگی۔ بے شرمی۔ بدذاتی۔ شرارت۔

رذالی بات (ل امذ) بے حیا منہ پھٹ۔ گستاخ۔ بدلگام۔

رذیل (ع امذ) سِفلہ۔ کمینہ۔ پاجی۔ بے شرم۔ بے حیا۔ بدمعاش۔ شریف کی ضد۔

ر - ر

رریانا (ہ) گڑگڑانا۔ بولنا۔ عاجزی کرنا۔

ر - ڑ

رڑک (ہ امث) چبھن۔ خلش۔ کھٹک۔
رڑکنا (ہ) کھٹکنا۔ چبھنا۔

ر۔ ز

رز (ف امذ) انگور۔ انگور کی بیل۔ رزیدن۔ بمعنی رنگنا کا امر۔
رزّاق (ع امذ) روزی دینے والا۔ رزق پہنچانے والا۔ خدا تعالیٰ کا صفتی نام۔
رزّاقی (ف امث) رزق دینا۔
رزائی (ا امذ) رنگے ہوئے کپڑے کی روئی دار دُلائی۔ لحاف۔ گُدڑی۔
رِزق (ع امذ) کھانا۔ خوراک۔ روزی۔ وظیفہ۔ اناج۔ غلّہ۔ روٹی۔ اَن۔
رزق کا کیڑا (ا امذ) اَن کا کیڑا۔ مجازاً انسان۔ آدمی۔
رِزلٹ (انگریزی) امتحان کا نتیجہ۔ ثمرہ۔
رزم (ف امث) لڑائی۔ جنگ۔ پیکار۔ ستیز۔ ستیزہ۔ معرکہ۔ جُدھ۔
رزم گاہ (ف امث) لڑائی کا میدان۔ لڑائی کی جگہ۔ لڑائی کا کھیت۔
رزمیہ (ف) منسوب بہ رزم۔ لڑائی کا بیان۔ لڑائی کی داستان۔

ر۔ س

رَس (ف) پہنچ۔
رِس (ہ امذ) غضب۔ غصّہ۔ خفگی۔ ناراضی۔ ضد۔ اَڑ۔ ہٹ۔
رَس (ہ امذ) عرق۔ شیرہ۔ دُودھ۔ ست۔ جوہر۔ پارہ۔ سیماب۔ ذائقہ۔ لذّت۔ بہار۔ لُطف۔ محبّت۔ شوق۔ جوش۔ منی۔ نُطفہ۔ خوشی۔ عیش۔ شیرینی۔ مٹھاس۔ نشیلی چیز۔ بہنے والی چیز۔
رَس بھرا (ہ صف) خمار آلود۔ نشیلی۔
رَس بھری (ہ) رسیلی۔ رس دار۔ مزے دار۔ نشیلی اور خمار آلود آنکھ (امث) ایک پھل جس سے ایک خاص انگریزی شربت بناتے ہیں۔
رَس پڑنا (ا محاورہ) اناج میں دُودھ پیدا ہونا۔
رَس ٹپکنا (ہ) جوانی کے جوش کا اُمنڈنا۔ دُودھ ٹپکنا۔
رَس کی باتیں (ہ امث) میٹھی میٹھی باتیں۔ لگاوٹ کی باتیں۔ عشق و محبت کی باتیں۔
رَسا (ف امذ) پہنچنے والا۔ صائب۔ دُور جانے والا۔ بلند ہونے والا۔
رَسا (ہ امذ) شوربا۔ یخنی۔ عرق۔

رسّا (ہ امذ) موٹی رسّی۔ رلیجاں۔
رَسّہ کشی (ا ف امث) کشاکش۔ کھینچا تانی۔
رَسّہ گیر (ا ف امذ) مویشیوں کا چور۔
رسائل (س امذ) زمین کا ساتواں طبقہ۔
رسالت (ع امث) ایلچی گری۔ سفارت۔ پیغمبری۔ پیغام پہنچانا۔
رسالدار (ا امذ) سو سواروں کا افسر اعلیٰ۔ ایک رسالہ کا افسر۔
رسالداری (ا امث) رسالہ کی افسری۔ رسالداری کا عُہدہ۔
رُسانا (ہ) خفا کرنا۔ ناراض کرنا۔ غصّہ دلانا۔ خفا ہونا۔ رُوٹھانا۔
رِسالہ (ع امذ) خط۔ نامہ۔ چھوٹی سی کتاب۔ آٹھ سو یا ہزار سواروں کا دستہ۔
رسائل (ع امذ) رسالہ کی جمع۔ چٹھیاں۔ بہت سے رسالے۔
رسائی (ف امث) پہنچ۔ دخل۔ واقفیت۔ شناخت۔ آمیختگی۔ دخل و میل ملاپ۔
رِسپانڈنٹ (انگریزی امذ) اپیلانٹ کا فریق۔ مخالف۔ جواب دِہ۔
رُستم (ف امذ) فارس کا ایک مشہور پہلوان۔ مجازاً بہادر۔ شجاع۔ زبردست۔
رُستم خاں (ا امذ) زبردست۔ بہادر۔ شجاع۔ سُورما۔ شُور بیر۔
رُستمی (ا امث) مردانگی۔ بہادری۔ جرأت۔ زبردستی۔ زور آوری۔
رستہ۔ یا۔ راستہ (ف امذ) راہ۔ قطار۔ صف۔ سڑک۔ شارع عام۔ قاعدہ۔ آئین۔ قانون۔ طریقہ۔ طرز۔ روِش۔ وضع۔
رستہ بتانا۔ یا۔ بتلانا (ہ) راستہ بتانا۔ راہنمائی کرنا۔ طریقہ سکھانا۔ ڈھنگ بتانا۔ ٹالنا۔ رُخصت کرنا۔ دھتا بتانا۔
رستہ بھٹکانا۔ یا۔ بھُلانا (ہ) گمراہ کرنا۔ منزلِ مقصود کے برخلاف راہ بتانا۔
رستہ روکنا۔ یا۔ رستہ گھیر کر کھڑا ہونا (ہ) چلنے نہ دینا۔ مزاحم ہونا۔ سدِّ راہ ہونا۔
رستہ کاٹ کے چلنا۔ یا۔ رستہ کترانا (ہ) رستہ چھوڑ کر غیر رستے جانا۔ نظر بچا کر چلنا۔
رستے میں جواب دینا (ہ) اَدھر میں انکار کرنا۔ ٹھکانے پر پہنچنے سے پہلے ہی چھوڑ دینا۔
رَسد (ف امث) خوراک۔ بھوجن۔ زادِ راہ۔ فوج کا راشن۔ ذخیرہ خوراک جو فوج یا قافلے کے ساتھ ہو۔ لائق۔ مناسب۔ جنس۔ غلّہ۔ نصیب۔ حصّہ بخرا۔ قسمت۔ بھاگ۔
رَسد رساں (ف صف) رسد پہنچانے والا۔
رَسدی (ف صف) حصّے کے مطابق۔
رَسد رسانی (ف امث) کسی محکمہ یا دستہ فوج کو سامان خوراک پہنچانا۔
رَسم (ع امث) لغوی معنی نشان۔ نقش۔ نوشت۔ تحریر۔ مجازی۔ دستور۔ قاعدہ۔ آئین۔ قانون۔ تنخواہ۔ طلبہ ماہانہ۔ عادت۔ سبھاؤ۔ چال چلن۔ طریقہ۔ طور۔ رواج۔ اُجرت۔ محنتانہ۔ علمِ منطق میں کسی چیز کے اوصاف عرضیات کے

ساتھ ایک کھیل کا نام بھی ہے ۔
رسم ورواج (ا/مذ) ریت ۔ رسم ۔ دستور ۔ قاعدہ ۔
رسم (ع/ف) برتاؤ ۔ سلوک ۔ طریق ۔ میل جول ۔
رسمی (ع) معمولی ۔ عام ۔ متوسط درجے کا ۔ باقاعدہ ۔ دوسرے نمبر کا ۔
رسن (ف/مث) رسی ۔
رسن باز (ف/مذ) نٹ ۔ بازی گر ۔
رِسنا (ہ) ٹپکنا ۔ چونا ۔ خفا ہونا ۔ ناراض ہونا ۔ غصے ہونا ۔ تراوش ہونا ۔
رَسنا (ہ/مث) جیبھ ۔ زبان ۔ تلو ۔ ذائقہ ۔ سواد ۔ چسکا ۔ آرام سے رہنا ۔ مٹنے سے
بسنا ۔ آباد رہنا ۔ خوش گزران کرنا ۔ موافقت ہونا ۔
رسنا بسنا نصیب ہو (ا/محاورہ) رہنا سہنا ۔ پھولنا پھلنا نصیب ہو ۔ تمہارا خوش رکھے ۔ خدا بھرا پرا رکھے ۔
رُسوا (ف) بدنام ۔ بے عزت ۔ ذلیل ۔ خوار ۔ بے غیرت ۔
رُسوائی (ف/مث) بدنامی ۔ بے عزتی ۔ ذلت ۔ فضیحت ۔
رسوخ (ع/مذ) مضبوطی ۔ استواری ۔ جماؤ ۔
رسوخیت (ع/مث) استقلال ۔ قیام ۔ رسائی ۔ پہنچ ۔ اعتبار ۔
رَسول (ع/مذ) بھیجا ہوا ۔ خدا کی طرف سے بھیجا ہوا قاصد ۔ پیغمبر ۔ ایلچی یا ہرکارہ ۔
رَسولِ شاہی (ا/مذ) آزاد گروہ ۔ فقیروں کا ایک گروہ جس کا بانی رسول شاہ
فقیر ہوا ہے ۔
رَسولی (ہ/مث) گلٹی ۔ وہ گلٹی جو فضول مواد سے پیدا ہوتی
ہے ۔
رُسوم (ع/مث) رسم کی جمع ۔ نشان ۔ نقش ۔ تنخواہ ۔ مشاہرہ ۔ ماہانہ ۔
سرکاری خرچہ ۔ مقررہ فیس ۔ محنتانہ ۔ بھینٹ ۔ نذرانہ ۔ آئین ۔
قوانین ۔ عادتیں ۔
رَسوئی (ہ/مث) کھانا ۔ بھوجن ۔ طعام ۔ خوراک ۔ باورچی خانہ ۔ چوکہ ۔
کھانا کھانے پکانے کی جگہ ۔
رسوئی آدھی رسائن ہے (ہ/کہاوت) کھانا پکانے کا ہنر بھی ایک
قسم کا کیمیا ہے ۔
رسوئی بنانا ۔ یا ۔ کرنا (ہ) کھانا پکانا ۔ طعام تیار کرنا ۔
رسوئی جیمنا (ہ) کھانا کھانا ۔ بھوجن کرنا ۔ تناول فرمانا ۔
رسوئیا (ہ/مذ) کھانا پکانے والا ۔ باورچی ۔
رسی (ہ/مث) نیجو ۔ موٹی ڈوری ۔ جیبل ۔ سانپ ۔ ناگ ۔ سوفٹ
لمبا پیمانہ ۔
رسی دراز ہونا (ا) رسی لمبی ہو جانا ۔ عمر دراز ہونا ۔ لمبی عمر ہونا ۔
رسی ڈھیلی چھوڑنا (ہ) خود مختار کر دینا ۔ آزادی دینا ۔ چشم پوشی کرنا ۔
جرم سے اغماض کرنا ۔
رسی کا سانپ بنانا (ہ) مبالغہ کرنا ۔ غلط بات کو فروغ دینا ۔
رسیا (ہ) رس لینے والا ۔ لطف اٹھانے والا ۔ وضع دار ۔ دھگڑا ۔
مشٹنڈا ۔ شوقین ۔ رسیلا ۔ خوبصورت ۔ جوان ۔ خوش رُو ۔
رسید (ف/مث) پہنچ ۔ کسی چیز کے وصول ہونے کی دستخطی تحریر ۔
وصول یابی کا اقرار ۔ خبر ۔ پتہ ۔ سراغ ۔
رسید کرنا (ا) مارنا ۔ لگانا ۔ جڑنا ۔ جیسے فوراً چانٹا رسید کیا ۔
رسید نہ دینا (ا) خبر نہ لگنے دینا ۔ پتہ تک نہ بتانا ۔ پتہ نہ دینا ۔

رسیدہ (ف) انتہا کو پہنچا ہوا ۔ بالغ ۔ جوان شدہ ۔
رسیلا (ہ) رس والا ۔ میٹھا ۔ خوش ذائقہ ۔ لذیذ ۔ شیریں ۔ پُر لذت ۔
رسیا ۔ بانکا ۔ وضع دار ۔ رنگیلا ۔ چھبیلا ۔ چھیلا ۔
رسیلی (ہ/مث) رس دار ۔ وضعدار ۔ بانکی ۔ رنگیلی ۔
رسیلی آنکھ یا آنکھیں (ہ/مث) خوبصورت آنکھیں ۔ نشیلی آنکھ ۔
مست آنکھ ۔ چشم مخمور ۔

ر ۔ ش

رش (ف) ہر ماہ شمسی کی اٹھارھویں تاریخ ۔ ریشمی کپڑے کی قسم ۔
رَش (انگریزی) بھیڑ ۔ ہنگامہ ۔
رِشتہ (ف/مذ) سوت کا تا ہوا تاگا ۔ ڈورا ۔ مجازاً لڑی ۔ سلک ۔
برادری ۔ قرابت ۔ تعلق ۔ خاندانی سلسلہ ۔ ترتیب ۔ نسل ۔
خاندان ۔ ایک بیماری جس میں ایک زخم میں سے ایک تاگا سا
باریک کیڑا نکلتا ہے ۔ ناروا ۔
رشتہ آواز (ف/مذ) مسلسل آواز ۔
رشتۂ اُلفت (ف/مذ) محبت کا تعلق ۔ دوستی ۔
رشتہ دار (ف/مذ) قرابتی ۔ برادری کا بھائی ۔ متعلق ۔
رشتہ داری (ف/مث) قرابت ۔ برادری ۔ تعلق ۔ خویشی ۔
رشتۂ شمع (ف/مذ) موم بتی کے اندر کی ڈوری یا دھاگا ۔
رشتہ قطع ہونا (ا/محاورہ) رشتہ ٹوٹنا ۔
رشتہ کرنا (ا) تعلق پیدا کرنا ۔ نسبت کرنا ۔ نکاح کرنا ۔ بیاہ کرنا ۔
رشتہ ناتا (ا/مذ) میل ملاپ ۔ قرابت ۔ میل جول ۔ بھائی بندی ۔
رَشک (ف/مث) جلن ۔ حسد ۔ ڈاہ ۔ عداوت ۔ دشمنی ۔ رقابت ۔
ہم پیشہ ہونے کا حسد ۔ شرم ۔ حیا ۔ غیرت ۔
رشکِ حُور ۔ یا ۔ پری ۔ یا ۔ یوسف (ف) نہایت حسین اتنا خوبصورت
جس کے حسن پر حور و پری و یوسف کو بھی رشک آئے ۔
رِشوت (ع/مث) ناجائز نذرانہ ۔ زبردستی لینا ۔ فرض منصبی
ادا کرنے میں سرکاری تنخواہ کے علاوہ عوام سے روپیہ لینا ۔
گھونس ۔
رشوت خور ۔ یا ۔ رشوت خوار (ع ف/مذ) رشوت لینے والا ۔
رشوت ستانی (ا/مث) گھونس لینا ۔ ناجائز طریقہ سے روپیہ
لینا ۔
رشوت کھانا ۔ یا ۔ لینا (ا) غیر واجب روپیہ لینا ۔ ناجائز اجرت
لینا ۔
رَشید (ع) نیک ۔ ہدایت یافتہ ۔ مہذب ۔ تربیت یافتہ ۔

ر ۔ ص

رصاص (ع) قلعی رانگ ۔
رصد (ع امذ) ستاروں کی گردش ۔ دیکھنے کا مینار ۔ جنتر منتر ۔ چبوترا ۔ چوترا ۔
رصدگاہ (عف امذ) جنتر منتر ۔

ر ۔ ض

رضا (ع امث) خوشی ۔ مرضی ۔ مہلت ۔ اجازت ۔ رخصت ۔ چھٹی رخصت ۔ مع تنخواہ ۔ فرلو ۔ شیعہ حضرات کے ایک امام جو آٹھویں امام اور علی رضا سے موسوم تھے ۔
رضا پانا (ار امحاورہ) اجازت پانا ۔
رضا جو (عف اصف) دوسرے کو خوش کرنے والا ۔
رضا کار (عف اصف) قومی خدمت بغیر معاوضہ کرنے والا ۔
رضا کارانہ (عف اصف) اپنی مرضی سے بلا جبر و معاوضہ ۔
رضامند (عف) راضی خوشی اجازت دینے والا ۔ منظور کنندہ ۔
رضامندی (عف امث) خوشنودی ۔ خوشی ۔ مرضی منظوری ۔
رضا ہونا (پنجابی) مرجانا ۔ مرنا ۔ انتقال کرنا ۔
رضاعت (ع امث) دودھ پلانا ۔ شیر خواری ۔ بچوں کو دودھ پلانے کا زمانہ ۔ یعنی دو سال ۔
رضاعی بھائی (ار امذ) کوکا ۔ دودھ شریک بھائی ۔
رضائی (ار امث) (دیکھو رزائی ۔)
رضوان (ع امذ) بہشت کا دربان ۔ داروغۂ بہشت ۔
رضوی ۔ رضویہ (ع) امام علی رضا سے نسبت رکھنے والا ۔
رضیہ (ع) راضی کی گئی ۔

ر ۔ ط

رُطب (ع امث) تازہ کھجور ۔ تر کھجور ۔
رطب ویابس (ع) تر و خشک ۔ نیک و بد ۔ برا بھلا ۔
رُطل (ع امذ) آدھ سیر کا وزن ۔ آدھ سیر کا بٹہ ۔
رطوبت (ع امث) تری ۔ نمی ۔ سیل ۔
رطبُ اللسان (ع) تر زبان مراد از شکر گزار ۔

ر ۔ ع

رِعا (ع) ہری گھاس ۔
رُعا (ع) چرنا چرانا ۔
رِعایا (ع امث) رعیت کی جمع ۔ جس کی حفاظت کی جائے ۔ کسی حاکم کے ماتحت رہنے والے لوگ ۔
رعایت (ع امث) لحاظ ۔ طرف داری ۔ خیال ۔ پریچ ۔ نگہبانی ۔ پاس ۔ خیال ۔
رعایتی (ع امذ) لحاظ کیا گیا ۔ سفارشی ۔ آوردہ جس کا کچھ لحاظ کیا جائے ۔
رُعب (ع امذ) ڈر ۔ خوف ۔ شان و شوکت ۔ دھاک ۔ جاہ و جلال ۔
رُعب داب (ع امذ) شان و شوکت ۔ دبدبہ ۔ کر و فر ۔ تجمل و جلال ۔
رُعب دار (عف امذ) ڈراؤنا ۔ مہیب ۔ خوفناک ۔ بھیانک ۔
رُعب ماننا (ار امحاورہ) ڈر جانا ۔ خوف میں آجانا ۔
رَعد (ع امذ) بجلی کا کڑکا ۔ کڑاک گرج ۔ بادلوں کو چلانے والے فرشتہ کی آواز ۔
رَعشہ (ع امث) لرزہ ۔ کانپنی ۔ کپکپی ۔ تھرتھراہٹ ایک بیماری جس سے ہاتھ پاؤں خود بخود کانپنے لگ جاتے ہیں ۔
رَعشہ براندام (عف اصف) وہ جس کے بدن پر رعشہ پڑا ہوا ہو ۔
رَعشہ دار (عف اصف) کانپنے والا ۔
رَعنا (ع) بن سنور کر رہنے والا ۔ بناؤ سنگار کرنے والا ۔ خوبصورت ۔ بانکا ۔ سجیلا ۔ زیبا ۔ خوش نما ۔ چالاک ۔ ہوشیار ۔ دو رنگا ۔ ایک ۔ ایک پھول جو اندر سے سرخ اور باہر سے زرد ہوتا ہے ۔
رعنائی (ع امث) بانکپن ۔ خود آرائی ۔ خوبصورتی ۔ خود نمائی ۔ زیبائش ۔
رعونت (ع امث) غرور ۔ تکبر ۔ اکڑ ۔ گھمنڈ ۔ سرکشی ۔ شیخی ۔
رعیت (ع امث) رعایت کیا گیا ۔ لحاظ کیا گیا ۔ محکوم لوگ ۔ پرجا ۔ کرایہ دار ۔ زمیندار ۔ وہ لوگ جو کسی حاکم کے زیر فرمان ہوں ۔
رعیت دار (عف اصف) گورنر ۔ حاکم ۔

ر ۔ غ

رغبت (ع امث) خواہش ۔ میلان ۔ چاہت ۔ شوق ۔ توجہ ۔ پیار ۔ رجحان ۔
رغبت کرنا (ار) خواہش کرنا ۔ مائل ہونا ۔ شوق کرنا ۔ محبت کرنا ۔

ر ۔ ف

رف (ع) کسی کے ساتھ نیکی کرنا ۔ بہت کھانا ۔ مکان کے دروازے کے دونوں طرف کے طاق ۔

رف (انگریزی) کھُردرا - ناکمل - کاٹ چھانٹ کیا ہوا مسوّدہ -

رَفرَف (ع) نام مرکب کا جس پر حبیب خدا صلی اللہ علیہ وسلم شب معراج میں سوار ہوئے تھے - نام مقام اسرافیل علیہ السلام -

رفاقت (ع امث) ساتھ - سنگت - ہمراہی - محبت - دوستی - میل جول - میل ملاپ - خیر خواہی - نمک حلالی - وفاداری - ہمدردی -

رِفاہ (ع امث) آرام - آسانی - تن آسانی - راحت - چین - اطمینان - تسلّی - نیکی - بھلائی - بہبودی - بہتری -

رفاہِ عام - یا - خلق - یا - خلائق (ع امث) عام لوگوں کی بھلائی - سب کے کام آنے اور آرام پہنچانے والی چیز یا بات -

رِفاہیت (ع امث) خوشی - بھلائی - آرام - راحت - چین - بہبودی -

رفتار (ف امث) چال چلن - روش -

رفتار و گفتار (ف) چال چلن - طور طریق - چال ڈھال -

رفت گزشت کرنا (ف) آیا گیا کرنا - جانے دینا - خیال نہ کرنا - ہٹ جانا -

رفتہ رفتہ (ف) آہستہ آہستہ - سہج سہج - ہولے ہولے - بتدریج -

رَفع (ع امذ) اُٹھانا - اونچائی - بلندی - اُٹھان - چھوڑنا - باز رہنا - موقوفی - دُور کرنا - ختم - ضم - پیش -

رفع دفع کرنا (ف) دُور کرنا - ہٹانا - مٹانا - دبانا - معاف کرنا - باز رہنا -

رفع نامہ (ع امذ) فیصلہ کی تحریر -

رِفعت (ع امث) اونچائی - بلندی - زیادتی - برتری - درجہ - پایہ - بزرگی -

رفو (ع امذ) کپڑے کو دھاگوں سے اس طرح مرمت کرنا کہ بہت کم معلوم ہو - پھٹے ہوئے گرم کپڑے کی مرمت - ایک خاص قسم کی دھاگوں کی سلائی -

رفو چکر ہونا (ف) چل دینا - بیک بینی و دوگوش بھاگ جانا - چلا جانا - ہوا ہو جانا - حیران و سرگرداں ہونا -

رفو کرنا (ف) کپڑے کے سوراخ کو دھاگوں سے پیوند کرنا - مرمت کرنا -

رفوگر (ع ف امذ) رفو کرنے والا - شال دوشالوں وغیرہ کو رفو کرنے والا -

رفوگری (ع ف امث) رفو کا کام - رفو کا پیشہ -

رفیع (ع امذ) بلند - اونچا -

رفیع الشان (ع امذ) بڑی شان والا -

رفیق (ع امذ) ساتھی - ہمراہی - مددگار - دوست - خیر خواہ - مصاحب - جلیس - ہمنشین -

ر - ق

رِق (ع) بندگی - غلامی -

رُق (ع) ہرن کی جھلّی -

رَقابت (ع امث) لغوی معنی نگہبانی - حفاظت - مجازاً دشمنی - عداوت - شراکت -

رقبہ (ع امذ) لغوی معنی کھاور - اصطلاحی گاؤں کے متعلق زمین - احاطہ - گھیرا - کھیت وغیرہ کے طول کو عرض میں ضرب دینے سے جو مقدار حاصل ہو - گردن - ناڑ - گلو -

رِقّت (ع امث) نرمی - ملائمت - مجازاً رونا - نالہ و زاری - گریہ - ترس - رحم - دردمندی - ہمدردی دھات کا پتلا پن منی کا پتلا ہونا - حال - وجد - دل بھر آنا -

رِقّت آنا - یا - ہونا (ف) دل بھر آنا - حال آنا - وجد آنا -

رِقّتِ منی (ع امث) منی کا پتلا ہونا - دھات کا پتلا ہونا -

رقص (ع امذ) کودنا - اُچھلنا - ناچنا - ناچ - راگ کے تال و سُر کے مطابق حرکت کرنا -

رقص و سرود (ع امذ) ناچ رنگ - راگ رنگ - گانا بجانا -

رُقعہ (ع امذ) کاغذ کا پرچہ - پُرزہ - دھجّی - چیتھڑا - کاغذ کا لکھا ہوا ٹکڑا - خط - چٹھی - شادی یا کسی تقریب پر بُلانے کا اطلاع نامہ - منگنی کے لیے شجرہ نسب لکھ کر دُلہن کے گھر جانے والا کاغذ -

رقم (ع امث) تحریر - خط - نوشت - مُہر - نقش - نشان - چھاپا - عدد - ہندسہ - روپیوں کے لکھنے کی پکّی نشانیاں - جیسے عے - چالاک - ہوشیار آدمی - جنس - قسم - ڈھنگ - طور - مال - دولت - جوکھوں - جوکھوں کی چیز - جواہرات - نگینہ - مال دار آدمی - دولت مند - زیور - گہنا پاتا - روپیہ پیسہ -

رقم کاٹنا (ف محاورہ) روپیہ کم کر دینا -

رقم کرنا (ف) تحریر کرنا - لکھنا - نوشتہ کرنا -

رقیق (ع) نرم - ملائم - پتلا - پانی جیسا - باریک -

رقیق القلب (ع امذ) نرم دل - رحمدل - ترس کھانے والا - نرم دل والا آدمی -

ر - ک

رِکاب (ع امث) وہ لوہے کے دو حلقے جو زین کے دونوں طرف لٹکتے رہتے ہیں اور ان میں سوار پاؤں ٹکایا کرتا ہے - رکاب بمعنی طباق - پیالہ - چھوٹی کشتی -

رکاب دار (ع ف امذ) رکاب پکڑ کر سوار کرانے والا - رکاب تھامنے والا - شاہی سواری کے ساتھ کھانا لے کر چلنے والا ملازم - خاصہ بردار - ایک قسم کا باورچی - نہایت ماہر اور مشّاق خانساماں - رکابیوں میں کھانا چُننے اور خوبی سے رکھنے والا خانساماں -

رِکاب دوال (ع ف امث) رکاب کا تسمہ - رکاب کا چمڑا -

رِکاب میں پاؤں رکھنا (ا/ محاورہ) گھوڑے پر سوار ہونا ۔
رِکاب میں پاؤں رہنا (ا/ محاورہ) ہر وقت چلنے کے لیے تیار رہنا ۔
رَکابی (ف/ مث) تھالی ۔ طشتری ۔
رِکابی چہرہ (ا/ مذ) گول چہرہ ۔ چوڑا منہ ۔
رَکابی مذہب (ا/ مث) لیمو نچوڑ ۔ ہر دیگی چمچہ ۔ طامع ۔ حریص ۔ کھانے پر دین دھرم تک بدل ڈالنے والا ۔ خوشامدی ۔ چاپلوس ۔
رِکاز (ع) وہ خزانہ جو زمین میں گڑا ہو ۔
رکاکت (ع/ مث) کمزوری ۔ بے عزتی ۔ کمینگی ۔
رکان (ہ/ مث) ڈھنگ ۔ طرز ۔ قاعدہ ۔ قانون ۔ طریقہ ۔
رکاوٹ (ہ/ مث) اٹکاؤ ۔ روک ۔ ممانعت ۔ ٹھہراؤ ۔
رُکبہ (ع) زانو ۔ گھٹنا ۔
رَکت (س/ مذ) خون ۔ لہو ۔
رَکت چندن (ہ/ مذ) (ہندو) سُرخ چندن ۔ صندلِ سُرخ ۔
رُک رُک کر (ہ) گھٹ گھٹ کر ۔ لکنت سے ہکلا کر ۔ تتلا کر ۔
رکشا (ہ/ مث) امان ۔ پناہ ۔ حفاظت ۔ راکھی ۔ بچاؤ ۔ نگہبانی ۔
رکشا بندھن (ہ/ مث) راکھی باندھنے کی رسم ۔ سلونو کا تیوہار ۔
رکعت (ع/ مث) جھکاؤ ۔ خمیدگی ۔ نماز کا رُکن ۔ نماز کا آدھا یا تہائی یا چوتھا حصہ ۔
رُکن (ع/ مذ) تھم ۔ ستون ۔ کارندہ ۔ کام کا سربراہ ۔ اڑواڑ ۔ حصہ ۔ جزو ۔
رُکن حطیم ۔ رُکنِ یمانی (ع) کعبہ شریف کے دو رکنوں کا نام ۔
رُکنِ سلطنت (ع/ مذ) سلطنت کے اُمرا و وزراء ۔
رُکنا (ہ) ٹھہرنا ۔ اٹکنا ۔ تھمنا ۔ کشیدہ ہونا ۔ خفا ہونا ۔ ناراض ہونا ۔ تتلانا ۔ لکنت کرنا ۔ ٹھٹھکنا ۔ باز رہنا ۔ کشمکش و پیچ میں ہونا ۔ تامل کرنا ۔ جمنا ۔ ڈٹنا ۔ معمور ہونا ۔ پُر ہونا ۔
رَکوہ (ع) چمڑے کا ڈول ۔
رکوع (ع/ مذ) جھکاؤ ۔ عاجزی سے جھکنا ۔ نماز میں قیام کے لیے دونوں گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر جھک جانا ۔
رُکھائی (ہ/ مث) روکھاپن ۔ بداخلاقی ۔ بے مروتی ۔ انکار ۔
رکھ رکھاؤ (ہ/ مث) حفاظت ۔ دیکھ بھال ۔
رکھنا (ہ) دھرنا ۔ لگانا ۔ بچانا ۔ پاسبانی کرنا ۔ جمع کرنا ۔ جوڑنا ۔ اکٹھا کرنا ۔ دفن کرنا ۔ نصب کرنا ۔ نطفہ ڈالنا ۔ قرض دار ہونا ۔ حوالہ کرنا ۔ نذر کرنا ۔ ٹالنا ۔ ترقی نہ ہونے دینا ۔ سپرد کرنا ۔ موقوف کرنا ۔ چھوڑنا ۔ داخل کرنا ۔ روکنا ۔ ٹھہرانا ۔ لگانا ۔ مارنا ۔ انڈے دینا ۔ شرط لگانا ۔ بازی لگانا ۔ برتن میں ڈالنا ۔ سمانا ۔ پرورش کرنا ۔ پالنا ۔ قبول کرنا ۔ چرانا ۔ خیانت کرنا ۔
رکھوالا (ہ/ مذ) محافظ ۔ نگہبان ۔ پہرے دار ۔ چوکیدار ۔ سنتری ۔ چوکسی کرنے والا ۔
رکھوالی (ہ/ مث) چوکسی ۔ چوکیداری ۔ نگہبانی ۔ پہرہ ۔ چوکیداری کی تنخواہ ۔
رکھوانا (ہ) رکھنا کا متعدی ۔ دھروانا ۔ جمع کروانا ۔ بچوانا ۔ دفن کروانا ۔ قبر میں اتروانا ۔ قبضہ کروانا ۔ پکڑوانا ۔ نذر کروانا ۔ قید کروانا ۔ ترقی رُکوانا ۔ لینا ۔ پرورش کروانا ۔
رکیبی (ہ/ مث) رکابی کا امالہ ۔ تھالی ۔ طشتری ۔ صحنک ۔ چھوٹا طباق ۔
رکیک (ع) ناتواں ۔ کمزور ۔ سست ۔ دُبلا پتلا ۔ حقیر ۔ ادنیٰ ۔
رکیلا (ا/ مذ) بدذات مرد ۔
رکیلی (ا/ مث) بدذات عورت ۔

ر ۔ گ

رگ (ف/ مث) ناڑی ۔ نس ۔ نبض ۔ خون کے دورہ کرنے کی نلیاں ۔ پٹھا ۔ عصب ۔ ڈور ۔ دھاگا ۔ نسل ۔ ذات ۔ اصل ۔ خاندان ۔ اولاد ۔ آنکھ کا ڈورا ۔ پھول یا پتے کا ریشہ ۔ ضد ۔ ہٹ ۔ اصرار ۔ رکان ۔ ڈوری ۔ باگ ۔
رگِ ابر (ف/ مث) بادل کی سیاہ دھاری ۔
رگ اُترنا (ا) ضد اُترنا ۔ ہٹ نہ رہنا ۔ غصہ جاتا رہنا ۔ انتڑی کا فوطے میں آ جانا ۔ فتق کی بیماری ہونا ۔
رگ پانا (ا/ محاورہ) اصل بات معلوم کرنا ۔
رگ پٹھے سے واقف ہونا (ا) خاندان اور جد سے باخبر ہونا ۔ اصل نسل اور بنیاد سے واقف ہونا ۔ مزاج اور عادت کو جاننا ۔
رگ پھڑکنا (ا) کسی شدنی امر سے واقف ہونا ۔ کسی ہونے والے کام کے آثار معلوم ہو جانا ۔
رگِ جان (ف/ مث) شاہ رگ ۔ شریان ۔ تمام جسم میں خون پہنچانے والی رگ ۔
رگ چڑھنا (ا) ضد چڑھنا ۔ غصہ آ جانا ۔ مچل جانا ۔ ہٹ کرنا ۔ اڑنا ۔
رگ دار (ف) ریشہ دار ۔ نسیل ۔ بل ۔ نسیلا ۔
رگ و ریشہ (ف/ مذ) رگ پٹھا ۔ خو بو ۔ عادت ۔ سبھاؤ ۔ ذات ۔ بنیاد ۔ اصل نسل ۔
رگڑ (ہ/ مذ) ہلکا زخم ۔ خفیف سی کھرونچ ۔ چھیلن ۔ دو چیزوں کے باہم ٹکرانے یا رگڑنے سے پڑ جانے والا نشان ۔ خراش ۔
رگڑا (ہ/ مذ) گھِستا ۔ خراش ۔ بھنگ کا گھوٹا ۔
رگڑا جھگڑا (ہ/ مذ) فساد ۔ فتنہ ۔ لڑائی ۔ بحث مباحثہ ۔ ٹنٹا ۔
رگڑنا (ہ) گھسنا ۔ ملنا ۔ پیسنا ۔ گھوٹنا ۔ صاف کرنا ۔ چھیلنا ۔ کھال اُتارنا ۔ متحرک کرنا ۔ آہستہ آہستہ ملنا ۔ ستانا ۔ حیران کرنا ۔
رگ وید ۔ یا ۔ رگ بید (س/ مذ) چاروں ویدوں میں سب سے پہلا وید ۔
رگیدنا (ہ) بھگانا ۔ تعاقب کرنا ۔ استعمال میں لانا ۔ کام میں لانا ۔ رگڑنا ۔ تنگ کرنا ۔ حیران کرنا ۔
رگید رگا دکر (ہ) مار پیٹ کر ۔ گھبرا کر ۔ رگڑ رگڑ کر ۔ حاجت روائی

کرکے ۔ کثرت کرا کر ۔
رگیں مرنا (ہ) نامرد ہونا ۔ سست ہونا ۔ طاقتِ رجولیت نہ رہنا ۔

ر ۔ ل

رلا (ہ ا مذ) ملاؤ ۔ آمیزش ۔ ملاوٹ ۔ خالص کی ضد ۔ بکھیڑا ۔ جھمیلا ۔ بھول ۔ مغالطہ ۔
رلا پڑنا (ہ) حساب میں مغالطہ پڑنا ۔ بھول پڑنا ۔ رل مل جانا ۔ بکھیڑا پڑنا ۔ جھمیلا ہونا ۔
رلا ڈالنا (ہ) بکھیڑا ڈالنا ۔ جھگڑا ڈالنا ۔ ملاوٹ کرنا ۔ ملا دینا ۔
رلانا (ہ) ملانا ۔ آمیز کرنا ۔ شامل کرنا ۔ گڑبڑ کرنا ۔
رل مل کر رہنا (ہ) آپس میں پیار و محبت سے رہنا ۔ اُنس اور اُلفت رکھنا ۔ ہل مل کر رہنا ۔
رلنا (ہ) ملنا ۔ شامل ہونا ۔ آمیز ہونا ۔ گڈ مڈ ہونا ۔ گڑبڑ ہونا ۔
رلنا (ہ) گم ہونا ۔ تباہ ہونا ۔ رولنا کا لازم ۔ پھٹکا جانا ۔ صاف ہونا ۔ چھلنا ۔ کسی چیز کا اوپر اوپر سے لیا جانا ۔
رل گھلنا (ا ر/ محاورہ) مرنے کے قریب ہونا ۔

ر ۔ م

رم (انگریزی ا مذ) کاغذ کے بیس دستوں کا بنڈل ۔ چار سو اسی یا پانچسو تختوں کا گٹھا ۔
رم (ف ا مذ) بھاگڑ ۔ جدائی ۔ نفرت ۔ ڈر کر بھاگنا ۔ وحشت ۔
رمّال (ع ا مذ) رمل کا علم جاننے والا ۔ جوتشی ۔
رمّالی (ع ف ا مث) جوتش ۔ نجوم ۔
رمانا (ہ) پھرانا ۔ گھمانا ۔ پرچانا ۔ کام میں لانا ۔ استعمال کرنا ۔ لگانا ۔ کھونا ۔ گنوانا ۔
رمبھنا (ہ) گائے کا بولنا ۔ بھینس کا ڈکرانا ۔
رم جھم (ہ) بارش کی خفیف آواز ۔ چھم چھم ۔
رمد (ع ا مذ) آنکھ کی ایک بیماری کا نام ۔ جس سے آنکھ میں سرخی رہتی ہے ۔ ککرے ۔ رو ہے ۔
رمز (ع ا مث) آنکھ بھوں وغیرہ کا اشارہ ۔ غنج دولال ۔ غمزہ ۔ عشوہ ۔ اشارہ کنایہ ۔ سیناسینی ۔ سین ۔ مراد مفہوم ۔ بات کا اصل مطلب ۔ ذومعنی بات ۔ پہلو دار بات ۔ علامت ۔ نشان ۔ معاملہ ۔ بات ۔ مخفی بات ۔ آوازہ ۔ طعنہ مہنہ ۔ ستر ۔ بھید ۔ نکتہ ۔ پہیلی ۔ چیستان ۔ نوک جھوک ۔ نوکا جوکی ۔
رمز چلنا ۔ یا ۔ رمز کی چلنا (ف) نوکا جوکی ہونا ۔ سیناسینی ہونا ۔ طعنہ مہنہ دیا جانا ۔
رمز شناس (ف ا صف) اشارے سے پہچاننے والا ۔

رمز کی باتیں (ا ا مث) بھید کی باتیں ۔ نکتہ کی باتیں ۔ مہنے طعنے کی باتیں ۔
رمز مارنا ۔ یا ۔ رمز پھینکنا (ہ) بھید کی باتیں کہنا ۔ اشارہ کنایہ کرنا ۔
رمضان (ع ا مذ) لغوی معنی جلانے والا ۔ مسلمانوں کا نواں قمری مہینہ ۔ روزوں کا مہینہ ۔ ماہِ صیام ۔ گناہ جھڑنے کی وجہ سے اس کا یہ نام رکھا گیا ۔ رمض کے معنی جلانے کے ہیں ۔
رمضانی (ع ا صف) رمضان کا ۔ رمضان میں پیدا ہونے والا ۔
رمق (ع ا مث) سسک ۔ تھوڑی سی جان ۔ رہی سہی جان ۔ آخری سانس ۔ ذرا ذرا ۔ ذرا ذرا سا دم ۔ کچھ اثر ۔
رمل (ع ا مذ) ایک علم کا نام ہے جس کے ذریعہ غیب کی بات بتاتے ہیں ۔ عروض کی ایک بحر کا نام ہے جس کا وزن آٹھ بار فاعلاتن ہے ۔ لغوی معنی ریت ۔
رمنا (ہ) گھومنا ۔ سیر کرنا ۔ سمانا ۔ بسنا ۔ لٹو ہونا ۔ فریفتہ ہونا ۔ راہ پڑنا ۔ مقیم ہونا ۔
رمنا ۔ یا ۔ رمنہ (ہ ا مذ) سبزہ زار ۔ مرغزار ۔ چراگاہ ۔ ہرنوں کے رہنے کی جگہ ۔ شکارگاہ ۔ وہ مقام جہاں بادشاہ لوگ شکار کے لیے وحشی جانور چھڑوا دیتے ہیں ۔
رموز (ع ا مث) رمز کی جمع ۔
رمیدگی (ف) بھاگنا ۔ تنفر ۔ وحشت ۔
رمیم (ع) گلی ہوئی ۔ پرانی ۔ بوسیدہ ۔ بودی ۔ کہنہ ۔

ر ۔ ن

رن (ہ ا مذ) لڑائی ۔ جنگ ۔ معرکہ ۔ کارزار ۔ گھمسان کی لڑائی ۔ جنگ عظیم ۔ میدانِ جنگ ۔ لڑائی کا کھیت ۔ مقتل ۔ جنگل ۔ ویرانہ ۔ آبلہ ۔ داغ ۔ (ا مث) عورت ۔ بیوی ۔ استری ۔ ملکہ ۔ رانی ۔
رن بن (ہ ا مذ) جنگل بیابان ۔
رن بولنا (ہ) میدانِ جنگ سے آواز نکلنا ۔ قتل گاہ سے آواز آنا ۔
رن بہادر (ہ) میدانِ جنگ کا دھنی ۔ بہادر سرداروں کا خطاب ۔ بہادر جنگ ۔
رن پر چڑھنا (ا ر/ محاورہ) جنگ کے لیے جانا ۔ جنگ کرنا ۔
رن پڑنا (ہ) لڑائی چھڑنا ۔ جنگ ہونا ۔ مُدھ بھیڑ ہونا ۔
رن جیت (ہ ا مذ) فاتح ۔ مظفر ۔ منصور ۔ فتح مند ۔
رنباس ۔ یا ۔ رنواس (ہ ا مث ا مذ) ہندو رانیوں کے رہنے کا مکان ۔ راجہ کا زنانخانہ ۔ محل سرائے شاہی ۔
رنج (ف ا مذ) دکھ ۔ پیڑ ۔ درد ۔ بیماری ۔ تکلیف ۔ ملال ۔ اندوہ ۔ غم ۔ ماتم ۔ سوگ ۔ کرودھ ۔ غضب ۔ غصہ ۔ پچھتاوا ۔ افسوس ۔
رنج آنا (ا ر/ محاورہ) ملال ہونا ۔
رنج اٹھانا (ا ر/ محاورہ) صدمہ برداشت کرنا ۔

رنج و محن (فع /مذ) مصیبت ۔ دکھ ۔ درد ۔ تکلیف ۔
رنج ہونا (ل) غم ہونا ۔ افسوس ہونا ۔ خفا ہونا ۔ ناراض ہونا ۔
رنجش (ف /مث) اَن بَن ۔ بگاڑ ۔ ناراضگی ۔ غم ۔ غصّہ ۔
رنجک اُڑانا (ہ) توپ یا بندوق کے پیالے کی بارود میں آگ لگانا ۔ فلیتہ دینا ۔ بتّی دینا ۔ چمکانا ۔ روشن کرنا ۔ (بازاری) پاد مارنا ۔ پھسکی لگانا ۔ گوز اُڑانا ۔
رنجک چاٹ جانا (ہ) رنجک کا جل کر رہ جانا ۔ توپ یا بندوق کا نہ چلنا ۔
رنجیدگی (ف/مث) (دیکھو رنجش ۔)
رنجیدہ (ف) مغموم ۔ غمزدہ ۔ دکھی ۔ آزردہ ۔ اُداس ۔ خفا ۔ ناراض ۔ دلگیر ۔ ناخوش ۔
رنجیدہ خاطر (فع) دل دکھیارا ۔ دکھیا ۔ دکھی ۔ ناراض ۔ دل آزردہ ۔
رِند (ف/مذ) شرعی باتوں سے عملاً انکار کرنے والا ۔ آزاد ۔ منکرِ شریعت ۔ غیر شرع کام کرنے والا ۔ بھنگی ۔ شرابی ۔ متوالا ۔ لچّا ۔ بدوضع ۔ لفنگا ۔ بے دین ۔ کافر ۔ دہریہ ۔ بدمذہب ۔
رِند مذہب ۔ یا ۔ رِند مشرب (فع/مذ) اوباش ۔ بدوضع ۔ شہدا ۔ آزاد ۔
رِندانہ (ف) رِند کی طرح ۔ آزادانہ ۔ بدوضع ۔ شہدا ۔ لچّا ۔
رُندنا (ہ) رُوندا جانا ۔ کچلا جانا ۔ پامال کیا جانا ۔ روندن میں آنا ۔
رَندنا (ہ) لکڑی کو رندے سے صاف کرنا ۔ رندہ کیا جانا ۔
رَندہ (ف/مذ) لکڑی صاف کرنے کا اوزار ۔ لکڑی ہموار کرنے کا آلہ ۔
رِندھنا (ہ) پکنا ۔ کھانا تیار ہونا ۔ اُبلنا ۔
رُندھنا (ہ) پسنا ۔ روندن میں آنا ۔ پامال ہونا ۔ اُمنڈنا ۔ بھر آنا ۔ معرف ہونا ۔
رِندی (ف/مث) رِندپن ۔ رِند کا کام ۔ بدکاری ۔ لامذہبی ۔
رنڈ (ہ/مث) رانڈ عورت (پوربی) ارنڈ کا درخت ۔ دھڑ ۔ تن بے سر ۔
رنڈسالا (ہ/مذ) رنڈاپے کا جوڑا ۔ ماتمی لباس ۔
رنڈاپا (ہ/مذ) بیوہ پن ۔ بدھواپن ۔ بیوگی ۔ بیوہ ہونے کا زمانہ ۔ بے شوہری ۔
رنڈاپا کاٹنا (ار/محاورہ) بیوگی کا زمانہ بسر کرنا ۔
رنڈاپا کٹنا (ار/محاورہ) بیوگی کا زمانہ کٹنا ۔
رُنڈ مُنڈ (ہ) صفاچٹ ۔ بھدرا کیے ہوئے ۔ چار ابرو کا صفایا کیے ہوئے ۔
رَنڈوا (ہ/مذ) وہ مرد جس کی بیوی مرگئی ہو ۔ مرد بے زوجہ ۔ تحقیراً کنوارا ۔ بن بیاہا ۔ پست ہمت ۔ کم حوصلہ ۔ کام چور ۔
رنڈی (ہ/مث) (رانڈی کا بگاڑ) عورت ۔ کسبی ۔ بیسوا ۔ کنچنی ۔ ناچنے والی ۔ رقّاصہ ۔ فاحشہ ۔ بازاری عورت ۔ زن ۔ استری ۔
رنڈی باز (ہ/ف/صف) تماش بین ۔ عیاش ۔ بدکار ۔
رنڈی رکھنا (ار/محاورہ) زنا کے لیے کسی طوائف کو نوکر رکھنا ۔
رنڈیا (ہ/مث) رنڈی کی تحقیری تصغیر ۔ بیوہ ۔ مصیبت زدہ دکھیاری ۔

رنگ (ف/مذ) رنگت ۔ روپ ۔ برن ۔ فام ۔ لون ۔ خون ۔ لہو ۔ خمار ۔ نشہ ۔ ناچ ۔ راگ ۔ گانا بجانا ۔ عیش و عشرت ۔ کھیل کود ۔ لطف ۔ مزہ ۔ شغل ۔ مشغلہ ۔ طرز ۔ روش ۔ انداز ۔ ڈھنگ ۔ طور ۔ طریقہ ۔ ہمسر ۔ جوڑ ۔ رونق ۔ تقیروں کی گدڑی ۔ زبردست اُونٹ ۔ پہاڑی بکرا ۔ تھوڑی پونجی ۔ دھوم دھام ۔ حال ۔ حالت ۔ کیفیت ۔ درجہ ۔ بہار ۔ جوبن ۔ ہنسی ۔ مذاق ۔ چہل ۔ گنجفہ کی ہر ایک بازی ۔ تماشہ ۔ سیر ۔ سماں ۔ چرچا ۔ گونج ۔ رونق ۔ وارنش ۔ خوبصورتی ۔ چمک ۔ قسم ۔ نوع ۔ صنف ۔ دستور ۔ قاعدہ ۔ رسم ۔ قانون ۔ مثل ۔ مانند ۔ نظیر ۔ خوشی ۔ خوش حالی ۔ خرّمی ۔
رنگ اُڑ جانا ۔ یا ۔ اُڑنا ۔ یا ۔ رنگ اُترنا (ل) رنگت کا جاتا رہنا ۔ خوف یا غم وغیرہ سے رنگ زرد ہو جانا ۔ رونق نہ رہنا ۔ رنگ فق ہو جانا ۔
رنگ اُکھڑنا (ہ) کسی محفل میں سماں نہ بندھنا ۔ بدمزگی ہونا ۔ مزا کرکرا ہونا ۔ رنگ نہ جمنا ۔
رنگ آمیزی (ف/مث) رنگ کا کام ۔ نقاشی ۔ مصوری ۔ عبارت آرائی ۔
رنگ آنا (ل) رنگ چڑھنا ۔ رنگ پکڑنا ۔ رونق آنا ۔ نکھرنا ۔ خوبصورتی بڑھنا ۔
رنگ بدلنا (ل) رنگ پلٹنا ۔ رنگ اُڑنا ۔ حال بدلنا ۔ ڈھنگ اور طرز بدلنا ۔ کایا پلٹنا ۔ بگڑنا ۔ خفا ہونا ۔ ناراض ہونا ۔
رنگ بندھنا (ل) رنگ بچھنا ۔ رونق ہونا ۔ آراستہ ہونا ۔ سجاوٹ دار ہونا ۔
رنگ بھرنا (ل) تصویر یا نقشہ وغیرہ میں رنگ لگانا ۔ رنگین بنانا ۔
رنگ پاشی (ف/مث) رنگ کھیلنے کی رسم جو ہولی سے اگلے دن ہوتی ہے ۔
رنگ پتیلا ہونا (ار/محاورہ) حال دبے حال ہونا ۔
رنگ پختہ ہونا (ار/محاورہ) رنگ ایسا پکّا ہونا کہ دھونے سے نہ چھوٹے ۔
رنگ پر آنا ۔ (ل) جوبن پر آنا ۔ بہار پر آنا ۔ رونق پر آنا ۔ تیز ہونا ۔ زوروں پر آنا ۔
رنگ پکڑنا (ل) رنگ آنا ۔ رنگ چڑھنا ۔ رنگین ہونا ۔ چمکنا ۔ تر و تازگی حاصل کرنا ۔
رنگ پھیکا ہونا ۔ یا ۔ پڑنا (ل) اُداس ہونا ۔ شرم یا غیرت سے رنگ فق ہونا ۔ بے تکلف ہونا ۔
رنگ ٹپکنا (ل) نور برسنا ۔ روشنی جھلکنا ۔ رنگ برسنا ۔ چمکنا ۔
رنگ جمانا (ل) رنگ چڑھانا ۔ رنگنا ۔ بلیا ڈالنا ۔ ڈھب لگانا ۔ رونق پکڑنا ۔ بڑھنا ۔ زینت پانا ۔ رنگ گھٹنا ۔ سماں بندھنا ۔ آنکھوں میں کھبنا ۔ بھلا لگنا ۔ سمانا ۔ رنگ کی نرد کو خاطر خواہ کرنا ۔
رنگ چڑھانا (ل) رینی چڑھانا ۔ رنگ چڑھانے کی خاطر کسوم کو

جھگو کر چڑھانا ۔ رنگین کرنا ۔ رنگنا ۔ روغن کرنا ۔ وارنش کرنا ۔ رونق دور کرنا ۔ سماں باندھنا ۔ اپنا سا بنانا ۔ اپنا مذہب اختیار کرانا ۔ خداشناسی کا مزا ڈالنا ۔ مخمور کرنا ۔ کیفی بنانا ۔

رنگ چڑھنا (ف) رنگنی چڑھنا ۔ رنگ قبول کرنا ۔ رنگا جانا ۔ رونق پر آنا ۔ رنگ چمکنا ۔ وارنش ہونا ۔ معرفت میں رنگین ہونا ۔ دوسرے کی باتیں اپنے میں آنا ۔ ہم رنگ ہونا ۔ مخمور ہونا ۔ نشیلا ہونا ۔

رنگ چمکانا (ا/ محاورہ) رنگ کی آب و تاب بڑھانا ۔

رنگ چوکھا آنا (ا/ محاورہ) گہرا رنگ آنا ۔

رنگ دار (ف) رنگیلا ۔ چمکیلا ۔ رنگین ۔ رنگا ہوا ۔

رنگ دکھانا ۔ یا ۔ دکھلانا (ف) غضب ڈھانا ۔ آفت لانا ۔ فتنہ برپا کرنا ۔ بہار دکھانا ۔ جوبن دکھانا ۔ عجب لانا ۔ بدعادت کا ظاہر کرنا ۔ شعبدہ بازی دکھانا ۔ جوہر دکھانا ۔ ہنر دکھانا ۔

رنگ دیکھنا (ف) حالت دیکھنا ۔ سیر کرنا ۔ بہار دیکھنا ۔ نتیجہ پر نظر ڈالنا ۔ موقع دیکھنا ۔ نرخ دیکھنا ۔ کیفیت دیکھنا ۔

رنگ دینا (ف) رنگ کر دینا ۔ بہار دکھانا ۔ لطف دینا ۔ مزا دینا ۔

رنگ ڈھنگ (ا/ مذ) چال چلن ۔ برتاؤ ۔ سلوک ۔ عادت ۔ سبھاؤ ۔ خصلت ۔ حالت ۔ کیفیت ۔

رنگ رچانا (ف) شادی رچانا ۔ شادی کا کام شروع کرنا ۔ رنگین کرنا ۔

رنگ رس (ہ/ مذ) } خوشی خرمی ۔ عیش و نشاط ۔ فرحت ۔ شگفتہ ۔
رنگ رلیاں (ہ/ مث) } چین ۔ ہنسی ۔ خوشی ۔ مزہ ۔ لطف ۔ چہل ۔ مذاق ۔ حرکتیں ۔ باتیں ۔ کھلاڑیاں ۔

رنگ رسیا (ا/ مذ) عیشی پٹھا ۔ رنگیلا ۔ عیش پرست ۔ عیاش ۔

رنگ روپ } (ا/ مذ) آب و تاب ۔ چمک دمک ۔
رنگ روغن } چہرہ مہرا ۔ خط و خال ۔ حلیہ ۔

رنگ ریز (ف/ مذ) کپڑے رنگنے والا ۔ نیل گر ۔

رنگ زرد ہونا } (ف) خون خشک ہونا ۔ خوف یا غیرت یا بیماری کی
رنگ سفید ہونا } وجہ سے چہرے کی سرخی کا جاتا رہنا ۔ کسی صدمے
رنگ فق ہونا } یا تکلیف یا خوف یا نزاکت سے رنگ سفید
رنگ کٹنا } ہو جانا ۔

رنگ ساز (ف/ مذ) رنگ کرنے والا ۔ وارنش کرنے والا ۔ نقاش ۔ مصور ۔ کیمیاگر ۔ رنگ بنانے اور تیار کرنے والا ۔

رنگ کرنا (ف) رنگنا ۔ رنگ چڑھانا ۔ رنگ بھرنا ۔ سفید بالوں کو خضاب سے سیاہ کرنا ۔ خوشی میں بسر کرنا ۔ خوشی منانا ۔ جشن اڑانا ۔ مزے لوٹنا ۔

رنگ کھلنا (ا/ محاورہ) رنگ کا نکھرنا ۔

رنگ کھیلنا ۔ یا ۔ ڈالنا (ف) ہولی کھیلنا ۔ خوشی کے موقع پر آپس میں ایک دوسرے پر رنگ پھینکنا ۔

رنگ لانا (ف) رنگ پکڑنا ۔ رنگین ہونا ۔ ناراض اور خفا ہونا ۔ بگڑنا ۔ نیا نیا روپ دکھانا ۔ نئی نئی باتیں ظاہر کرنا ۔ فساد ڈالنا ۔ فتنہ برپا کرنا ۔ واویلا کرنا ۔ شور مچانا ۔ مزا چکھانا ۔ تماشا دکھانا ۔ سزا دینا ۔ گل کھلانا ۔ فریب ظاہر کرنا ۔ دق کرنا ۔ ستانا ۔ اپنی اصل پر آنا ۔ بدی ظاہر کرنا ۔ ناز کرنا ۔ خوشنمائی ظاہر کرنا ۔

رنگ لینا (ف) اپنا سا کر لینا ۔ اپنے پنتھ میں داخل کرنا ۔ اپنے مذہب میں ملا لینا ۔ ہم رنگ بنانا ۔

رنگ مارنا (ف) حریف کے رنگ کی نرد مارنا ۔ بازی جیتنا ۔ حریف پر غالب آنا ۔

رنگ ماند پڑنا (ا/ محاورہ) رنگ پھیکا ہونا ۔

رنگ مٹی ہونا (ا/ محاورہ) بے رونقی ہونا ۔ آب و تاب نہ رہنا ۔

رنگ محل (ع) عیش کا گھر ۔ امیروں اور بادشاہوں کے عیش منانے کا مکان ۔ عشرت محل ۔

رنگ مٹانا (ف) بے روپ کرنا ۔ بے رونق کر دینا ۔ مذہبی جوش مٹا دینا ۔

رنگ میں بھنگ ہونا (ف) خوشی میں غمی ہو جانا ۔ لطف اور مزہ نہ رہنا ۔ خوشی میں خرابی آنا ۔

رنگ میں ڈوبنا (ف) عیش و نشاط میں غرق ہونا ۔ شراب عرفان میں مستغرق ہونا ۔ عارف کامل ہونا ۔

رنگ میں رنگنا (ا/ محاورہ) اپنی طرح بنا لینا ۔ اپنی طرز پر لے آنا ۔

رنگ نکالنا (ف) نکھرنا ۔ صاف ہونا ۔ جوبن پر آنا ۔ رنگ بنانا ۔ رنگ ٹھہرانا ۔ جوبن نکالنا ۔ رنگ روغن اور چمک دمک ظاہر کرنا ۔ نقش نکالنا ۔

رنگ نکھرنا (ف) رنگ صاف ہونا ۔ رنگ پر رونق ہونا ۔ جوبن بڑھنا ۔

رنگ ہے (ا/ محاورہ) شاباش ہے ۔ آفرین ہے ۔ مرحبا ۔

رنگ (ہ/ مذ) رانگ کا مخفف ۔ قلعی ۔ رانگا ۔

رنگارنگ (ف) رنگ برنگ ۔ طرح طرح کے رنگ کا ۔ مختلف رنگ کا ۔

رنگا ہوا (ف) رنگین ۔ عارف کامل ۔ باخبر ۔ ذاکر ۔ شاغل ۔

رنگائی } (ا/ مث) معاوضہ ۔
رنگوائی } رنگوانے کی اجرت ۔

رنگت (ا/ مث) چہرے کا رنگ ۔ رنگ روپ ۔ حالت ۔ کیفیت ۔ کپڑے کے اوپر کا رنگ ۔

رنگروٹ (انگریزی) رکروٹ کا بگاڑ ۔ نیا بھرتی کیا ہوا سپاہی ۔ نو آموز ۔ مبتدی ۔

رنگنا (ف) رنگ کرنا ۔ رنگ چڑھنا ۔ عارف بنانا ۔ ہم رنگ کرنا ۔ اپنا سا بنانا ۔

رنگوانا ۔ یا ۔ رنگانا (ف) رنگ کروانا ۔ رنگت چڑھوانا ۔

رنگیلا (ف) رنگ والا ۔ رنگین ۔ بانکا ۔ خوش پوشش ۔ زندہ دل ۔ عیاش ۔

رنگین (ف) رنگا ہوا ۔ رنگیلا ۔ رنگ دار ۔ خوش طبع ۔ سجا ہوا ۔ سرخ رنگ ۔ گل رنگ ۔ رنگ برنگ کا ۔

رنگین ادا (ف) نئے نئے انداز اور نئی نئی وضع نکالنے والا ۔ طرح دار ۔ خوش ادا ۔

رنگین مزاج (ف) ہنس مُکھ - خوش مزاج - زندہ دل - رنگیلا - خوش طبع -
رنگینی (ف امث) بناؤ سنگار - آراستگی - آرائش - زیبائش - بھڑک - بانکپن - چھیلا پن - خوش طبعی - تلوّن - بے استقلالی -
رنگینیٔ سخن (ف امث) کلام کی خوبصورتی - خوش بیانی -
رنی میڈ - اس جگہ انگریزوں نے اپنے بادشاہ جان کو مجبور کر کے فرمانِ اعظم پر دستخط کرا کر اپنے حقوق منوا لئے تھے -
رنواس (ہ امذ) رانی کے رہنے کا محل - زنان خانہ -

ر - و

رَو (ا امث) پانی کا بہاؤ - سیل - سیلاب - دھار - جوش - غصّہ - دُھن - خیال - بھیڑ - لشکر - فوج - انبوہ -
رُو (ف امذ امث) چہرہ - مُکھڑا - رُخ - شکل و صُورت - سامنا - آگا - سبب - وجہ - باعث - رعایت - لحاظ - اُمید - تمنّا - آرزو -
رُوپوش (ف) مُنہ چھپائے ہوئے - پوشیدہ - چھپا ہوا - بھاگا ہوا - مفرور -
رُوپوش ہونا (ف) چھپنا - مُکنا - غائب ہونا - فرار ہونا - مخفی ہونا -
رُودار (ف) خوبصورت - وجیہ جوان - شکیل - وضع دار - معزز - ممتاز -
رُو رعایت (ف ع امث) پیچ - طرف داری - لحاظ - پاسداری - پاسِ خاطر -
رُوسفید (ف اصف) گورے چہرے والا - معزز - بے الزام -
روسیاہ (ف) کالے مُنہ والا - گنہگار - عاصی - ذلیل - بے عزّت - کم بخت - بدنصیب - نالائق -
روسیاہ ہونا (ف) کلنک کا ٹیکہ لگنا - بدنام ہونا - رُسوا ہونا - ذلیل ہونا -
رُوسیاہی (ف امث) بدنامی - رُسوائی - ذِلّت - داغ -
روشناس (ف امذ) آشنا - واقف - جان پہچان والا -
رُوشناسی (ف امث) مُلاقات - واقفیت - جان پہچان - صاحب سلامت - علیک سلیک -
رُوکش ہونا (ف) رُوبرو ہونا - سامنے ہونا - مقابل ہونا - شرمندہ ہونا -
رُوگرداں (ف) اُلٹا ہوا - مُنہ پھیرنے والا - مُنہ موڑ لینے والا - لوٹا ہوا -
رُوگردانی (ف امث) انحراف - بغاوت - نافرمانی -
رُونمائی (ف امث) سلامی - وہ نقدی جو دُلہن کا مُنہ دیکھ کر اُس کے خاوند کی رشتہ دار عورتیں دیا کرتی ہیں -
رَوا (ہ امذ) سُوجی - باجرے کا دانہ - چاندی یا سونے کا ذرہ - ریت کا ذرہ - دانہ - ذرّہ - مصری یا گُھی کا دانہ - رونا - چھرّا جو جھانجھن وغیرہ میں بجنے کے لیے لگاتے ہیں -
رَوا (ف) جائز - مُباح - دُرست - ٹھیک - حلال - رائج - مروّج - جاری -
روا جاننا - یا - سمجھنا (ف) جائز ماننا - حلال جاننا - دُرست سمجھنا -
روادار (ف) ساتھی - قبول کرنے والا - خیر خواہ - ہوا خواہ - خواہاں - لاگو -
روادار نہ ہونا (ف) ساتھی نہ ہونا - طرف دار نہ ہونا - تعلّق نہ رکھنا - خواہاں نہ ہونا -
روا رکھنا (ف) جائز رکھنا - قبول کرنا - ماننا - مناسب جاننا -
رواج (ع امذ) ریت - رسم - قاعدہ - قانون - ضابطہ - معمول - عام طریقہ یا دستور - رسمی - معمولی - مروّج - چلن کے موافق -
رواج پانا - یا - پکڑنا - یا - پڑنا (ف) جاری ہونا - چلن ہونا - رسم پڑنا - رائج ہونا -
رواج دار (ف) رسمی - معمولی - چلن کے موافق - مروّج -
رواج دینا (ف) جاری کرنا - رسم ڈالنا - پھیلانا -
رواجِ مُلک (ع امذ) مُلک کا دستور - قانونِ مُلکی - مُلک کا چلن -
رواجی (ع اصف) رسمی - معمولی - رائج -
روا روی (ا امث) جلدی - شتابی - بڑبڑاہٹ - گھبراہٹ - سرِدست - سرسری - ہل چل - بھاگڑ -
رواسس (ہ امث) رونے کی خواہش - دل کا رونے کی طرف راغب ہونا -
رواسا - یا - رُوانسا (ہ امذ) رونے کے قریب - رونے والا - بے حد رنجیدہ - نہایت ناراض -
رواقی (ع اصف) فلسفہ افلاطون کا پیرو -
رَوال (ہ امذ) چاندی یا سونے کا ذرّہ - روا -
رُواں (ہ امذ) رونگٹا - باریک بال - نرم نرم بال - پشم - پشمینہ - باریک پشم - ترکاری یا پھل کے اُوپر کا باریک خار -
رُواں اُترنا (ہ) بال گرنا - بال جھڑنا - بال اُترنا -
رُواں بدلنا (ہ) کینچلی جھاڑنا - جانور کا بال جھاڑنا - رونگٹ گرانا - پر پُرزے جھاڑنا -
رُواں رُواں کانپنا (ف) نہایت ڈرنا - تھر تھر کانپنا - جسم میں لرزہ ہونا -
رُواں مَیلا نہ ہونا - (ف) بال بیکا نہ ہونا - ذرا تکلیف نہ ہونا - کسی طرح کا رنج یا صدمہ نہ پہنچنا -
رواں (ف) جاری - بہتا ہوا - تیز رفتار - معنی کے بغیر کتاب کا پڑھنا - چلنا - رُخصت - موجودہ - چلتا ہوا -
رواں پڑھنا (ار محاورہ) بغیر سمجھے پڑھنا -
رواں دواں پھرنا (ف) آوارہ پھرنا - نکمّا پھرنا - مارا مارا پھرنا - آوارہ گرد ہونا - خراب و خستہ پھرنا - بے کار پھرنا -
رواں کرنا (ار محاورہ) جاری کرنا - صاف کرنا - مشق کرنا - تیز کرنا -

رواں ہونا (ل) جاری ہونا۔ تیز ہونا۔ زبان پر چڑھنا۔ مشق ہونا۔ رواج ہونا۔ چلنا بننا۔

روانگی (ف/مث) چالان بھیجنا۔ ترسیل۔ اِرسال۔

روانہ ہونا (ل) بھیجا جانا۔ سدھارنا۔ رخصت ہونا۔ مرجانا۔ وفات پانا۔ فوت ہونا۔

روانی (ف/مث) بہاؤ۔ تیزی۔

روایت (ع/مث) پُرانا ذکر۔ قِصّہ۔ سرگزشت۔ بیان۔ ذکر۔ حکایت۔ اظہار۔ کسی بات کی نقل۔

رُوباہ (ف/مث) لُومڑی۔

رُوباہ بازی (ف/مث) مکّاری۔ فریب بازی۔ دھوکہ بازی۔

رُوبراہ (ف) دُرست۔ اِصلاح شُدہ۔ تیار۔ مُستعد۔ لیس۔ کمربستہ۔

رُوبرُو (ف) سامنے۔ مقابل۔ پیش رُو۔ آمنے سامنے۔

رُوبرُو کرنا (ل) سامنے کرنا۔ مقابل کرنا۔ سپُرد کرنا۔ ہاتھ پکڑنا۔ پردہ اُٹھانا۔ صُورت دکھانا۔ پیش کرنا۔ حاضر کرنا۔

رُوبرُو لانا (ل) پیش کرنا۔ آگے لانا۔ حاضر کرنا۔ سامنے لانا۔

رُوبکار (ف/مذ/مث) پروانۂ عدالت۔ فیصلہ عدالت۔ پیشی۔ سامنا۔

روبکاری (ف/مث) پیشیٔ مقدمہ۔ مقدمہ کی کارروائی۔

رو بیٹھنا (ل) کھو بیٹھنا۔ اکارت کر دینا۔ ضائع کر دینا۔ نا اُمید ہونا۔ مایوس ہونا۔

رُوپ (ہ/مذ) حُسن۔ خُوبصُورتی۔ جوبن۔ صُورت۔ شکل۔ چہرہ مُہرا۔ مُنہ۔ مُکھڑا۔ طور۔ ڈھنگ۔ وضع۔ جوانی۔ تصویر۔ مُورت۔ رونق۔ آب و تاب۔ چمک دمک۔ جلوہ۔ تجلّی۔ سوانگ۔ روپا یعنی چاندی کا مخفف۔ بھیس۔

رُوپ بدلنا (ہ) بھیس بدلنا۔ شکل و صُورت اور وضع قطع کا تغیّر کرنا۔

رُوپ بگاڑنا (ہ) بدشکل کر دینا۔ چہرہ بگاڑنا۔ بے رونق کرنا۔

رُوپ بنانا۔ یا۔ بھرنا (ہ) جوبن سنوارنا۔ حسین بنانا۔ صُورت بدلنا۔ سوانگ بھرنا۔ ہیئت دُرست کرنا۔ شکل و صُورت ٹھیک کرنا۔

رُوپ درشن (ہ/مذ) چاندی کی کسی چیز کا نظارہ۔ دیدار۔ نقرہ۔ نذرانۂ سیم۔

رُوپ دکھانا (ہ) دیدار دکھانا۔ درشن دینا۔ شکل دکھانا۔

رُوپ روئے کرم کھائے }
رُوپ روئیں بھاگ کھائیں } (ہ/مثل) بدنصیب حسین مصیبت بھرتے ہیں اور خوش قسمت بدصُورت عیش و عشرت کرتے ہیں۔

رُوپ لانا (ہ/ا/محاورہ) مختلف وضع میں ظاہر ہونا۔

رُوپ نکالنا (ہ/ا/محاورہ) نکھرنا۔ چمکنا۔ آب و تاب ظاہر کرنا۔

رُوپ وان۔ یا۔ رُوپ ونت (ہ) حسین۔ خوبصورت۔ ستھرا۔ سوہنا۔

رُوپ ونتی (ہ) حسینہ جمیلہ۔ خوبصورت۔ سوہنی۔

رُوپا (ہ/مذ) چاندی۔ سیم۔ نقرہ۔ زیورات بنانے کی ایک سفید قیمتی دھات۔

رو پڑنا (ہ) ناراض ہونا۔ بسُورنے لگنا۔ روانسا ہو جانا۔ روانکھا ہو جانا۔

رُوپنا (ہ/مث) منگنی۔ نسبت۔ منگنی کا نشان۔

روپہلا } (ہ/مذ) منسوب بہ روپیہ۔ چاندی کا۔
روپہلی } (ہ/مث) سیمیں۔ نقرئی۔

رُوپے (ہ/مذ) روپیہ کی جمع۔ بہت سے روپے۔

روپے والا (ہ/مذ) دولت مند۔ امیر۔ مال دار۔

روپیا۔ یا۔ رُوپیہ (ہ/مذ) چاندی کا بنا ہوا ایک سِکّہ۔ سو پیسے کے برابر گیارہ ماشے وزنی چاندی۔

روپیہ بھنانا۔ یا۔ تڑوانا۔ یا۔ خُردہ کرانا (ل) روپیہ کو ریزگاری میں بدلنا۔

روپیہ پیسا (ہ/مذ) دھن۔ دولت۔ مال و زر۔

روپیہ ٹھیکری یا کنکریاں کرنا۔ یا۔ کر دینا (ہ) فضول خرچی یا بیماری میں بکثرت روپیہ خرچ کر ڈالنا۔ اسراف کرنا۔

روتی صُورت (ل) ہر وقت اُداس اور غم ناک آدمی۔ غم کی تصویر۔

روتی صُورت بنانا (ا/محاورہ) ایسی صُورت بنانا جس سے معلوم ہو کہ عنقریب رونے والا ہے۔

روتے کیوں ہو صُورت ہی ایسی ہے (ا/مثل) پیدائش ہی سے دُکھیا پیدا ہوئے منحوس صورت ہے۔

روتے گئے موئے کی خبر لائے (ل/کہاوت) جس بدشگونی سے گئے تھے ویسی ہی بدخبر لائے۔ بادلِ نخواستہ کام کرنے والے کی نسبت حقارتاً بولا کرتے ہیں۔

روٹ۔ یا۔ روٹا (ہ/مذ) بڑی روٹی۔ موٹی روٹی۔

رُوٹھا (ہ) ناراض۔ خفا۔ آزُردہ۔ رنجیدہ۔

رُوٹھا راٹھی (ہ/مث) اَن بَن۔ شکر رنجی۔ رنجیدگی۔ آزردگی۔

رُوٹھنا (ہ) ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ کشیدہ خاطر ہونا۔ بگڑنا۔ آزُردہ ہونا۔

روٹی (ہ/مث) نان۔ چپاتی۔ پھُلکا۔ اَن۔ اناج۔ رزق۔ مُردے کے جہلم کا کھانا۔

روٹی اُڑ جانا (ا/محاورہ) رزق ناپید ہونا۔ رزق ختم ہونا۔

روٹی بنانا (ہ) ہندو۔ رسوئی کرنا۔ روٹی پکانا۔

روٹی پر بوٹی رکھ کر کھانا (ا/محاورہ) بے تکلف ہونا۔

روٹی پر روٹی رکھ کر کھانا (ہ) بافراغت اور آسودگی سے کھانا۔

روٹی پونا (ہ) روٹی پکانا۔ رسوئی بنانا۔

روٹی دال (ا/مث) نان نفقہ۔ معمولی غذا۔ گزارہ۔ خرچ۔

روٹی دینا (ہ) کھانا کھلانا۔ دعوت دینا۔ کھانا دینا۔ پالنا۔

روٹی کا مارا (ہ/مذ) کنگال۔ بھوکا۔ فاقہ زدہ۔

روٹی کپڑا (ہ/مذ) کھانے پہننے کا خرچ۔ نان و نفقہ۔

روٹی کرنا (ہ) روٹی پکانا۔ دعوت دینا۔ ضیافت کھلانا۔
روٹی کو رونا (ہ) بھوکوں مرنا۔ روٹی کی تلاش کرنا۔ روٹی نہ ملنے کا افسوس کرنا۔
روٹی والا (ہ/مذ) نانبائی۔ روٹی پکانے اور بیچنے والا۔
روٹیاں توڑنا۔ یا۔ اُدھیڑنا (ہ) دُوسرے کے سر کھانا۔ مُفت کی روٹیاں کھانا۔
روٹیوں پر پڑنا (ہ) دُوسرے کے گھر روٹی کے لالچ پر رہنا۔ طفیلی بننا۔
روٹیوں کا مارا (ہ) بھُوکا۔ کنگال۔ فاقہ زدہ۔ کھانے کی وجہ سے۔ روٹیوں کے باعث۔ روٹیوں کے سبب سے۔
رُوح (ع/مث) جان۔ پران۔ آتما۔ امرالٰہی۔ طبیبوں کے نزدیک لطیف بخارات جو زندگی کا باعث ہیں۔ دِل۔ مَن۔ قلب۔ نیّت۔ اندرونی خواہش۔ سَت۔ لُبِّ لُباب۔ عِطر۔ خُلاصہ۔ جوہر۔ تازگی۔
رُوح افزا (ع،ف) تازگی بڑھانے والا۔ فرحت بخش۔ مفرّح۔
رُوح الامین (ع/مذ) جبرائیل علیہ السلام کا لقب ہے۔ امانت دار رُوح۔
رُوح القُدس (ع/مذ) پاک رُوح۔ مسلمان حضرت جبرائیل کو اور عیسائی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو سمجھتے ہیں۔
رُوح اللہ (ع/مذ) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا لقب۔
رُوح پرواز کرنا (ل) جان نکلنا۔ خوف سے دم نکلنا۔ جان ہوا ہو جانا۔ رُعب چھانا۔
رُوح کانپنا۔ یا۔ تھرّانا (ل) ڈرنا۔ خوف کھانا۔ ہیبت الٰہی سے دل لرزنا۔
رُوح کھینچنا (ل) عطر نکالنا۔ ست نکالنا۔ جوہر نکالنا۔ جان قبض کرنا۔
رُوح نکالنا (ل) مار ڈالنا۔ رُوح قبض کرنا۔ دم نکالنا۔ عطر کھینچنا۔ ست نکالنا۔
رُوح ہوا ہونا (ار/محاورہ) سخت ڈرنا۔
رُوحانی (ع) رُوح سے نسبت رکھنے والی چیز۔ پاک صاف۔ مقدس۔ تازہ۔
رُوحانیت (ع/مذ) رُوح کی قوت یا خاصیت۔
رُوحی فداک (ع/کلمۂ تحسین) میری رُوح تجھ پر فدا ہو۔
رُوداد (ف) حالت۔ حقیقت۔ کیفیت۔ مقدمے کی مسل۔ رُوبکار۔ سرگزشت۔
رُوداد مقدمہ (ف/مث) عدالت کی کارروائی۔ مقدمے کی کیفیت۔
رُودبار (ف/مذ) پانی کا وہ بڑا قطعہ جو آبنائے سے جوڑا ہو۔ اور دو سمندروں کو باہم ملائے۔ سمندر کا حصّہ۔ بڑی جھیل۔ نام ایک شہر کا جو گیلان کے قریب ہے۔
رو دینا (ل) رونے لگنا۔ آنسو ڈبڈبانا۔ دل تھوڑا کرنا۔ ہمّت ہارنا۔ جی چھوڑنا۔ ہار ماننا۔ چیخ اُٹھنا۔ کسی چیز کا جلد نکمّا ہو جانا۔

پائدار نہ ہونا۔
روڈ (انگریزی/مث) سڑک۔ راستہ۔ شارعِ عام۔
روڈا (ہ) سر منڈا۔ گھوٹ موٹ سر کرایا ہوا۔ مُنڈے سر والا۔
رو رو کے (ہ) بڑی مشکل سے۔ بصد دقت۔ نہایت مصیبت سے۔ پیٹ پیٹ کے۔
روڑا (ہ/مذ) اینٹ کا ٹکڑا۔ پتھر کا ٹکڑا۔ سنگریزہ۔ پنجاب میں کھتریوں کی ایک قوم۔ مٹی کا مستعمل برتن۔ ادنیٰ ٹھوکروں میں آنے والا۔ پرانا باشندہ۔ مزاحم۔ سدِّ راہ۔
روڑا اٹکانا (ار/محاورہ) روک پیدا کرنا۔ رخنہ ڈالنا۔
رُوڑھا (ہ) برتا ہوا۔ مستعمل۔ گندا۔ میلا۔ گستاخ۔ بے ادب۔ بے دل۔ ان گھڑ۔ اُجڈ۔ اکھڑ۔ کھردرا۔ نہایت کج خلق۔ رُوکھا۔ خُشک طبع۔ بے تمیز۔
رُوڑھا پھوڑا (ہ) گندا۔ میلا۔ بے تمیز۔ بدسلیقہ۔
رُوڑھی (ہ/مث) روڑھا کی مؤنث۔ اسم جامد۔ غیر مشتق۔
روز (ف/مذ) دن۔ یوم۔ وار۔ تاریخ۔ تتھ۔ روزینہ۔ مزدوری۔ یومیہ اُجرت۔ مرنے کا دن۔ تاریخ وفات۔ سدا۔ نت۔ ہمیشہ۔ ہر روز۔ سُورج۔ آفتاب۔
روز افزوں (ف) روز بروز زیادہ۔ دن دُونا۔ روزانہ ترقی۔
روزانہ (ف) ہر روز۔ نت۔ ہمیشہ۔ سدا۔ یومیہ۔ روزینہ۔
روز بٹنا (ل) مزدوری تقسیم ہونا۔ اُجرت ملنا۔ حصّہ بٹنا۔
روز بروز (ف) ہر روز۔ روز بروز کہنا غلط ہے۔
روزِ جزا۔ یا۔ روزِ داد (ف،ع/مذ) انصاف کا دن۔ قیامت کے دن سے مُراد ہے۔
روزِ جنگ (ف/مذ) دھاوے کا دن۔ لڑائی کا دن۔ روزِ میدان۔ جُدھ وار۔
روزِ حشر۔ یا۔ قیامت۔ یا۔ حساب (ع/مذ) دُنیا کے فنا ہونے اور دوسری دُنیا کے دوبارہ پیدا ہونے اور اپنے اپنے عملوں کے حساب دینے کا دن۔
روز روز (ل) ہر روز۔ ہمیشہ۔ آئے دن۔ مُدام۔ دائم۔
روزِ روشن (ف/مذ) عین دن میں۔ دن دھاڑے۔ چمکتے دن میں۔
روز و شب (ف/مذ) دن رات۔ رات دن۔ ہمیشہ۔ سدا۔ نت۔
روزِ ولادت (ف/مذ) پیدا ہونے کا دن۔ پیدائش کا دن۔ جنم تتھ۔ سالگرہ۔
روزگار (ف/مذ) وقت۔ زمانہ۔ عالم۔ دُنیا۔ جہان۔ مُدّت۔ عرصہ۔ نوکری۔ ملازمت۔ کام۔ دھندا۔
روزگار اور دشمن بار بار نہیں ملتا۔ یا۔ پھنستا (ار/مثل) وقت اور موقع کبھی کبھی ہوا کرتا ہے۔ ہاتھ سے نہ جانے دینا چاہیے۔ شاید دوبارہ ملے یا نہ ملے۔
روزگار پیشہ (ار/مذ) نوکری پیشہ۔ چاکری کا کام کرنے والا۔ نوکری کا کام کرنے والا۔
روزگار جاتا رہنا (ار/محاورہ) نوکری سے برطرف ہونا۔

روزگار چمکنا (ا / محاورہ) قسمت کا یاور ہونا۔
روزگار کرنا (ل) نوکری کرنا۔ ملازمت کرنا۔ تجارت کرنا۔ دھندا کرنا۔
کام کرنا۔
روزگار لگنا (ل) نوکر ہونا۔ کام سے لگنا۔ مزدوری لگنا۔
روزِ محشر (ف / مذ) روزِ حساب۔
روزمرّہ (ف / مذ) ہرروز۔ ہمیشہ۔ بلا ناغہ۔ آئے دن (مذ) بول
چال۔ بات چیت۔ اِصطلاح۔ تکیہ کلام۔
روزِ مہر (ف / مذ) اتوار۔
روزنامچہ (ف / مذ) روزنامہ کی تصغیر۔ ہرروز کا حساب کتاب لکھنے
کی کتاب۔ روزانہ رپورٹ۔ کچا چٹھا۔
روزن (ف / مذ) سوراخ۔ چھید۔ بل۔ درز۔ شگاف۔ موری۔
روشندان۔
روزنامہ (ف / مذ) روزانہ اخبار۔ وہ اخبار جس میں ہرروز کی خبریں
درج ہوں۔
روزہ (ف / مذ) برت۔ صَوم۔ فاقہ۔ کڑاکا۔
روزہ دار (ف / مذ) برت رکھنے والا۔ صائم۔ روزہ رکھنے والا۔
روزہ رکھنا (ل) صبح صادق سے دن چھپے تک روزہ کی نیت سے
کچھ نہ کھانا پینا۔
روزہ کشائی (ف / مث) افطاری۔ روزہ کھلوائی کی تقریب۔ روزہ
کھولنے کی چیزیں۔
روزہ کھانا (ل) روزہ کے دنوں میں کوئی روزہ نہ رکھنا۔
روزہ کھولنا (ل) روزہ افطار کرنا۔ بندش توڑنا۔ دِن چھپے پر کھانا
پینا۔
روزی (ف / مث) ہرروز کی خوراک۔ روٹی۔ اَن۔ رزق۔ ملازمت۔
نوکری۔ روزگار۔
روزی رساں (ف / مذ) روزی پہنچانے والا۔ رزّاق۔ رازق۔
پروردگار۔
روزینہ (ف / مذ) روزمرّہ کا خرچ۔ یومیہ مزدوری۔ روزن داری۔
ماہانہ تنخواہ۔ وظیفہ۔ پنشن۔ مشاہرہ۔ علوفہ۔
روزینہ دار (ف / مذ) تنخواہ دار مزدور۔ وظیفہ خوار۔
روسا (ع / مذ) رئیس کی جمع۔ سردار لوگ۔ بڑے بڑے آدمی۔ عمائد۔
روستا (ف / مذ) کسان۔ زمیندار۔ گاؤں کا رہنے والا۔
روسنا (ہ) روٹھنا۔ خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔
روش (ف / مث) چال۔ رفتار۔ ڈھنگ۔ طرز۔ طریقہ۔ طور۔
باغ کی پٹڑی۔ چمن میں چلنے پھرنے کا رستہ۔
رَوشن (ف) چمکیلا۔ چمکتا ہوا۔ چمک دار۔ تاباں۔ درخشاں۔
مجلّا۔ کھلا۔ فراخ۔ کشادہ۔ ظاہر۔ پرگھٹ۔ عیاں۔ واضح۔
روشن بصر (ف / صف) جس کی نظر بہت تیز ہو۔
روشن تاب (ف / صف) بہت چمکنے والا۔
روشن جبیں (ف / صف) حسین۔ خوبصورت۔
روشن چوکی (ف / مث) نوشہ کے ساتھ چلنے والے باجے والوں کی جماعت۔

روشن دان (ف / مذ) دھواں نکلنے یا روشنی آنے کا سوراخ۔ تاب
دان۔
روشن دماغ (ف / مذ) نہایت سمجھ دار۔ ذہین۔ عالی دماغ۔
روشن سواد (ف / مذ) خوش نویس۔
روشن ضمیر (ف / ع) گیانی۔ بدھوان۔ صاحبِ کشف۔ دانا۔ ماہر۔
اہل دل۔ عارف۔ خداشناس۔
روشن کرنا (ل) چمکانا۔ اجاگر کرنا۔ جلانا۔ بالنا جیسے چراغ وغیرہ۔
ظاہر کرنا۔ پرگھٹ کرنا۔
روشنائی (ف / مث) لکھنے کی سیاہی۔ مداد۔ مِسّی۔ تجلّی۔ نور۔
شعاع۔ کرن۔
روشنی (ف / مث) چمک دمک۔ نور۔ تجلّی۔ رونق۔ زیبائش۔
آبادی۔ جیسے انہی کے دم کی روشنی ہے۔ جوت۔
بینائی۔ بصیرت۔ نورِ چشم۔
رَوضہ (ع / مذ) باغ۔ باغیچہ۔ گلشن۔ تربت۔ بزرگوں کا مقبرہ۔
آستانہ۔
روضہ خواں (ع ف / مذ) مرثیہ خواں۔ مرثیہ پڑھنے والا۔
رَوضۂ رضوان (ع / مذ) بہشت کے داروغہ یعنی رضوان کا باغ۔
جنت فردوس۔ سُرگ۔ بہشت۔
رَوغن (ف / مذ) تیل۔ کسی چیز کا چکنا عرق۔ گھی۔ مکھن۔ مسکہ۔
روغنِ تلخ (ف / مذ) کڑوا تیل۔ سرسوں کا تیل۔ روغن سیاہ۔
روغن زرد (ف / مذ) گھی۔ مکھن۔ مسکہ۔
روغنِ قاز ملنا (ل) چکنانا۔ چاپلوسی کرنا۔ خوشامد کرنا۔ زمانہ سازی
کرنا۔ یار بنانا۔ دوستی گانٹھنا۔ شیشے میں آتارنا۔ یارانہ جوڑنا۔
رَوغنی (ف) چکنا۔ چکنی۔ چپڑا ہوا۔ تیلیا۔ روغن دار۔ وارنش کیا ہوا۔
روغنی روٹی (ف / مث) گھی والی روٹی۔ وہ روٹی جو آٹے میں گھی
ڈال کر پکائی جائے۔
روک (ہ / مذ) نقدی۔ روکڑ۔ نقد روپیہ۔ نوٹ (مث) ممانعت۔
مزاحمت۔ آڑ۔ مناہی۔ رکاوٹ۔ اٹک۔ اٹکاؤ۔ اِنسداد۔
تعرّض۔ بندش۔ بندی۔ اِحاطہ۔ بندی۔ بند۔
بچاؤ۔
روک تھام (ہ / مث) روک۔ رکاوٹ۔ بندوبست۔ سرسری بچاؤ۔
اِنسداد۔
روک ٹوک (ہ / مث) بندی۔ مزاحمت۔ ممانعت۔ اٹکاؤ۔ مناہی۔
روک رکھنا (ہ) ٹھہرا لینا۔ فائدے کی غرض سے کسی مال کی
فروخت نہ کرنا۔ باز رکھنا۔
رُوکا (ہ / مذ، دگنوار) زور کی آواز۔ للکار۔ للکارا۔ ہانک۔ پکار۔
رُوکا دینا۔ یا۔ مارنا (ہ) زور سے آواز دے کر بلانا۔ ہانک مارنا۔
للکارنا۔
روکڑ۔ یا۔ روکڑی (ہ / مث) نقدی۔ نقد روپیہ۔ زرِ نقد۔
دھن دولت۔ موجودہ روپیہ۔
روکڑ بہی (ہ / مث) نقد روپے کے حساب کی کتاب۔ آمدنی کی کتاب۔

روکڑیا (ہ/مذ) نقد روپیہ رکھنے والا۔ خزانچی۔ تحویل دار۔
رُوکن (ہ/مذ) رُونگا۔ آدیہ۔ علاوہ۔ کسی چیز کی وہ مقدار جو کوئی چیز خریدنے کے بعد بلا قیمت اوپر سے لیں۔ (پنجابی جھونگا)
روکنا (ہ) اٹکانا۔ ٹھہرانا۔ بند کرنا۔ گھیرنا۔ مانع آنا۔ باز رکھنا۔ منع کرنا۔ بات پھیرنا۔ محصور کرنا۔ چھپانا۔ ڈھانکنا۔ مخفی کرنا۔ باڑ لگانا۔ پردہ کرنا۔ احاطہ کرنا۔ سنبھالنا۔ قابو میں لانا۔ سہارنا۔ اُٹھانا۔ تھام رکھنا۔ نہ دینا۔ بچاؤ کرنا۔ وار بچانا۔ معاملہ ہاتھ سے نہ جانے دینا۔ مقرر کرنا۔ سگائی کرنا۔ نسبت کرنا۔ دیر میں دینا۔ راستہ بند کرنا۔ چھیڑنا۔ راستے میں پکڑنا۔ قبضہ کرنا۔ قبضہ جمالینا۔ پھانسنا۔ اُلجھانا۔ حفاظت کرنا۔ بچانا۔ ساکن کرنا۔ بے حرکت کرنا۔
رُوکھ (ہ/مث) درخت۔ پیڑ۔ تروَر۔ برچھ۔ شجر۔
رُوکھا (ہ) چکنا کی ضد۔ خشک۔ سوکھا۔ بلا گھی کا۔ بلا روغن۔ سادہ۔ کھردرا۔ بے رس۔ بے مذاق۔ بے لطف۔ خشک دماغ آدمی۔ بے درد۔ بے رحم۔ سخت دل۔ بدخلق۔ کڑوا۔ پھیکا۔ بے نمک۔ مرچ مصالحہ وغیرہ۔ اکھڑ۔ بے لگاؤ۔
رُوکھا سوکھا | رُوکھا پھیکا | روکھا آنولہ (ہ) بے سالن کا۔ بُرا بھلا۔ دال دلیا۔ جیسا کیسا۔ پسند ناپسند۔ مرغوب نامرغوب۔ غریبانہ کھانا۔
روکھا جواب (ا/مذ) صاف جواب۔ کسی کام سے صاف انکار۔
رُوکھائی (ہ) رُوکھ کھانے والی۔ لکڑی کھودنے کا ارزانہ۔ نہانی۔ نہان۔
رُوکھائی (ہ/مث) بدخلقی۔ بے مروّتی۔ بے وفائی۔ خشکی۔ ناہمواری۔ کھردراپن۔ سختی۔ رُوکھاپن۔ یبوست۔ بے دردی۔ سردمہری۔ بے اعتنائی۔ بے پروائی۔
رُوکھی روٹی (ا/مث) بغیر سالن کے روٹی۔
رُوکھی رُوکھی باتیں (ا/مث) وہ باتیں جن سے رنجش ظاہر ہو۔
رُوکھی سُوکھی (ا/صف/مث) بُری۔ خراب۔
رو کے روٹی مانگنے والا (ہ/مذ) بچہ۔ کم سن۔ چھوٹی عمر کا ننھا بچہ۔ ماں باپ پر ناز کرنے والا۔
روگ (ہ/مذ) دُکھ۔ درد۔ بیماری۔ مرض۔ وبا۔ مری۔ عیب۔ بُرائی۔ خرابی۔ نقص۔ دردِ دل۔ فتنہ و فساد۔ وبال۔ جنجال۔
روگ راج (ہ) بیماریوں کا سردار۔ تپ دِق۔ بڑا آزار۔
روگ کا گھر۔ یا۔ روگ کی جڑ (ہ/مذ/مث) بیماری کا سبب۔ دُکھ کی پوٹ۔
روگ لگنا۔ یا۔ روگ لگ جانا (ہ) کسی مرض کا پیچھے لگ جانا۔ بیمار ہونا۔ جھگڑا لگنا۔ لت پڑنا۔ عادی ہونا۔
روگی۔ یا۔ روگلا۔ یا۔ روگیا۔ یا۔ روگیلا (ہ/مذ) بیمار۔ ہر وقت بیمار رہنے والا۔ رنجور۔ سقیم۔ دُکھیا۔ جھگڑالو۔ کوڑھی۔ فسادی۔ جذامی۔

رَول (ہ/مث) غل۔ شور۔ غوغا۔ شورِش۔ گنتی میں بھول۔ کھیل چھید۔ بے قاعدگی۔ ابتری۔
رول (ہ/مث) موٹی رولی ہوئی چیز۔ چھٹن۔ خراب اور بڑی بڑی چھالیا جو اچھی میں سے چھانٹ کر غریبوں کے پاس بیچ ڈالتے ہیں۔ ناقص کٹی ہوئی۔
رُول (انگریزی/مذ) دستور۔ قاعدہ۔ قانون۔ ضابطہ۔ اصول۔ کتاب کے حاشیہ کی لکیریں۔ لکیریں کھینچنے کا گول ڈنڈا۔ مسطر۔
رَولا (ہ/مذ) شوروغل۔ غُل غپاڑہ۔ دُہائی تہائی۔ جھگڑا۔ دنگا۔ ہل چل۔ کھلبلی۔
رَولا ڈالنا۔ کرنا۔ مچانا (ہ) غُل مچانا۔ شور کرنا۔ روکا دینا۔ ہلچل ڈالنا۔ بغاوت کرنا۔
رولن (ہ/مث) وہ چیز جو رولنے کے بعد بچ جائے۔ چھٹن۔
رولنا (ہ) جھٹکنا۔ جدا کرنا۔ چھانٹنا۔ کمانا۔ حاصل کرنا۔ صاف اور ہموار کرنا۔ زندہ کرنا۔ چکنانا۔ بٹورنا۔ فراہم کرنا۔ جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔
رُولنگ (انگ/مذ) (۱) سطروں کا نشان (۲) قانونی نظیر (۳) قطعی رائے یا فیصلہ۔
رُولی (ہ/مث) ایک خشک اور سُرخ رنگ کی چیز جس کا ہندو لوگ ٹیکا لگاتے ہیں۔
رومّ (ہ/مذ) روں۔ رونگٹا۔ رواں نرم بال۔ ایک مشہور مُلک کا نام بھی ہے۔
رُومان (ا/انگ) عشق و محبت کی داستان۔
رُومانیت (ا/مث) تخیل پرستی۔ عاشق مزاجی۔
رومن (انگ/صف) (۱) روم سے منسوب (۲) انگریزی حروف میں اُردو اور ہندی کی عبارت کا لکھنا۔
رُومال (ف/مذ) مُنہ پونچھنے کا کپڑا۔ تولیا۔ انگوچھا۔ دستمال۔
رُومال پر رُومال بھگونا (ف) بہت رونا۔ زار و قطار رونا۔
رومالی (ف/مذ) چھوٹی لڑکیوں کے اوڑھنے کا دوپٹہ۔ اوڑھنی۔ پہلوانوں کے کسرت کرتے وقت باندھنے کا کپڑا۔ کاچھا۔ کچھ۔ گلے باندھنے کا کپڑا۔ گلوبند۔ کام کرتے وقت عورتوں کا سر پہ باندھنے کا کپڑا۔
رومالی سوّیاں (ف/مث) وہ باریک سوّیاں جنہیں رُومال میں باندھ کر اُبلتے پانی میں ڈال کر فوراً نکال لیتے ہیں اور وہ پک جاتی ہیں۔
رومن کیرکٹر (انگریزی) انگریزی حروف میں اُردو وغیرہ لکھنے کا طریقہ۔
رومن کیتھولک (انگریزی) عیسائیوں کا ایک فرقہ جو حضرت مسیح اور مریم علیہا السلام کے بُت یا تصویر کی پُوجا کرتے ہیں۔
رون۔ یہ دریا کوہستان الپلا اور فرانس کے درمیان ایک تنگ گھاٹی سے گزرتا ہے۔ تیز رفتار ہے اس لیے تجارت کے لیے

مفید نہیں - اس کا پانی ریشم رنگنے میں کارآمد ہے - لی اونز میں ریشم کے کارخانے ہیں -
اسی نام کا فرانس میں ایک شہر بھی ہے - جہاں سوتی کپڑے بنتے ہیں -
روما - اٹلی کا دارالحکومت ہے - پاپائے روم کی رہائش کی وجہ سے رومن کیتھولک کی زیارت گاہ ہے - پوپ کے محلات قابل دید ہیں -
رونا (ہ/مذ) گھنگرو کے اندر کے دانے - چالے پر دُلہن کو اپنے گھر لانا -
رونا (ہ) آنسو بہانا - گریہ کرنا - زاری کرنا - گلہ شکوہ کرنا - بُری طرح پڑھنا - کریہہ آواز سے پڑھنا - بسُورنا - رونی شکل بنانا - غم اور سوگ کرنا - ہائے واویلا کرنا - صدمہ اُٹھانا - مصیبت بھرنا - دُکھڑا بیان کرنا - افسوس کرنا - پچھتانا - پچھتاوا کرنا - کُڑھنا - ذکر پھیلنا - افواہ ہونا -
رونا آنا (ا/محاورہ) دل بھر آنا - افسوس ہونا -
رونا پیٹنا } (ہ) گریہ وزاری کرنا - آہ و واویلا کرنا -
رونا دھونا } ماتم کرنا - کُہرام مچانا -
رونا (ہ/مذ) غم - افسوس - اندیشہ - فکر - آنسو - اشک - فغاں - فریاد - مصیبت - سختی - نوحہ - ماتم - طاپ - رنج - تاسف - پچھتاوا -
رونا پڑنا (ہ) ماتم ہونا - کہرام مچنا - کسی صدمہ یا حادثے کے سبب سے آہ و بکا کرنا -
رونا چلّانا (ا/محاورہ) آہ و فریاد کرنا - دُکھ سُنانا -
رونا دھونا (ا/محاورہ) بہت رونا -
رونا رونا (ہ) دُکھڑا بیان کرنا - مصیبت دُہرانا -
رَوند (ف/مث) رات کی گشت - سپاہیوں اور چوکیداروں کا رات کو پھرنا -
روند ڈالنا (ہ) پاؤں کے نیچے کُل ڈالنا - مسل ڈالنا - پامال کر دینا -
رَوندن (ہ/مث) پامالی - کھوندن - پیروں سے کچلا جانا -
روندنا (ہ) پامال کرنا - کھوندنا - پیروں سے کچلا جانا - پامال کرنا -
رُوں رُوں (ہ/مث) بچے کی رونے کی آواز - سارنگی بجنے اور رہٹ چلنے کی آواز -
رَونق (ع/مث) خوبصورتی - چمک دمک - رُوپ - آب و تاب - تازگی - بحالی - طراوت - دھوم دھام - شان و شوکت - آرائش - سجاوٹ - زیب و زینت - آبادی - چہل پہل - بہار - جوبن - لُطف -
رونق افروز (ع ف/مذ) رونق بڑھانے والا بڑے آدمیوں کی تشریف آوری پر بولتے ہیں - بڑوں کا آنا -
رونق افروز ہونا (ف) کسی سردار حاکم یا بادشاہ کا تشریف لانا - جلوہ افروز ہونا -
رونق افزا (ع ف) (دیکھو رونق افروز) -

رونق بخشنا (ا/محاورہ) رونق دینا -
رونق دار (ع ف) چمکیلا - خوبصورت - آراستہ - آباد - معمور - چہل پہل کا -
رُونگٹ رُونگٹ میں بسنا (ہ) رونگٹے رونگٹے میں سمانا -
رُونگٹا (ہ/مذ) رونگٹ کی تصغیر - رواں - روم - رونگٹ - رومٹا -
رُونگٹے کھڑے ہونا (ہ) ڈر یا رُعب یا سردی کے باعث جسم کے رووں کا اُبھر آنا - ڈرنا - سہمنا - کانپنا - حیران ہونا - چونکنا - ڈر کے مارے نہایت مشوش ہونا -
رونے سے روزی نہیں ملتی (ف) افسوس کرنے سے دولت نہیں ملتی -
رونی صُورت - یا - شکل (ف) ہر وقت مغموم - ہمیشہ اندوہناک - غم کی تصویر -
رونے کو تھی ہی اتنے میں آگیا بھائی (ہ/مثل) رونے کو پہلے ہی تیار تھی - حمایتی آنے پر اور بھی پھوٹ پڑی - سہارا دیکھا اور زیادہ غُل مچا دیا -
روہو (ہ) ایک قسم کی چھلکے دار مچھلی -
روئی (ہ/مث) پنبہ - بن بنولوں کے کپاس - صاف شدہ کپاس - ملائم - نرم - گدگدا -
روئی اور آگ کا کیا ساتھ (ا/مثل) زبردست اور کمزور کا کیا مقابلہ -
رُوئی تومنا (ہ) ہاتھوں سے رُوئی کے ریشوں کو سیدھا کرنا - رُوئی بچورنا - تار تار کرنا -
رُوئی دار (ف) رُوئی بھرا ہوا - وہ کپڑا جس میں رُوئی پڑی ہوئی ہو -
رُوئی دُوئی (ا/مث) سردی میں دو آدمیوں کا لپٹ کر اور لحاف لے کر سونا -
رُوئی دُھننا - یا - دُھنکنا (ہ) رُوئی کو تانت سے صاف کرنا - رُوئی کے دُونیں الگ الگ کرنا -
رُوئی سا - یا - رُوئی کی طرح تُومُم ڈالنا (ہ) خُوب خبر لینا - بہت مارنا - پیٹنا - دھجیاں اُڑانا - سارے عیوب کھول کے دھر دینا - بڑوں کو بُن ڈالنا -
رُوئی کا سا گالا (ہ) نہایت ملائم - نرم اور سفید -
رُوئی کا کبوتر (ا/مذ) رُوئی جو لڑکے کھیلنے میں اڑاتے ہیں -
رُوئی کا گالا (ہ/مذ) رُوئی کا بڑا سا گولا یا پھاہا - گودھا صاف کی ہوئی روئی کا گیبا - سفید سر والے آدمی یا بوڑھی عورت کی تشبیہ -
رُوئے (ف/مث) رُو - چہرہ - مُنہ - رُخ - باعث - سبب -
رُوئے تاباں (ف/مذ) چمکتا ہوا چہرہ - روشن چہرہ - خوبصورت چہرہ -
رُوئے سخن (ف/مذ) بات کا رُخ - بات کا خطاب - توجہ اور دھیان -
رویا (ع/مذ) خواب - سپنا - جو بات خواب میں دیکھی جائے -
رُویاں (ہ/مذ) (لکھنؤ) رُواں - رونگٹ - بن موئے - بدن کے بال -

رویت (ع/مذ) دیدار - شکل نظر آنا - صُورت دکھائی دینا۔
رویت ہلال (ع/مذ) نئے چاند کا دیدار - پہلی رات کے چاند کا دیکھنا -
رُوئداد (ف/مث) رُوداد - واقعہ - حالت - سرگزشت -
رُوئیدار (ف) دانہ دار - بھُربھُرا - خستہ -
روئیدگی (ف/مث) سبزی اُگنا - نباتات کا نمو -
رُوئیں (ف/مث) کانسی - دھات کا - پیتل یا کانسی کا -
رُوئیں - رواں کی جمع - رونگٹے -
ریویو (انگریزی/مذ) نظرثانی - دیکھ بھال - کسی کتاب کے عیب صواب پر رائے - تنقید - تقریظ -
رویّہ (ف/مذ) دستور - قاعدہ - طریقہ - چال چلن - برتاؤ - ریت - رسم - طور - طریق - روش - سررشتہ - ڈھنگ - معمول۔
رَہ (ف/مذ) راہ کا مخفف - راستہ -
رہا (ف) آزاد - چھوٹا ہوا - بَری - خلاص - نجات یافتہ - چھٹکارا پایا ہوا۔
رہا کرنا (ف) بری کرنا - چھوڑنا - قانونی اصطلاح میں جس مُلزم پر ثبوت جرم پُورا نہ پایا جائے اُس کو چھوڑ دینا -
رہا جانا (ف) کسی کا سہنے کے قابل ہو جانا۔
رہا سہا (ہ) بچا کھُچا - باقی ماندہ - رشتہ دار - مُوا جیتا - رشتے ناتے کا مددگار - حامی - خبرگیراں۔
رہانا (ہ) چکی یا سِل یا کونڈی وغیرہ کو کھُردرا کرانا -
رہاؤ (ہ/مذ) وقفہ - اٹکاؤ - ٹھہراؤ -
رہائی (ف/مث) چھٹکارا - آزادی - خلاصی - نجات - معافی - چھُوٹ -
رہائی دینا (ف) چھوڑنا - آزادی دینا - نجات بخشنا -
رہائش } (ف/مث) سکونت - قیام - بود و باش -
رہاس - رہاست } مسکن - گھر - ٹھکانا - ماوا - ملجا -
رہبر (ف/مذ) رستہ دکھانے والا - ہادی - رہنما -
رہبری (ف/مث) ہدایت - راہنمائی - راستہ دکھانا -
رَہٹ (ہ/مذ) ہَرٹ - بھونی - چرخ - کنوئیں میں سے پانی نکالنے کا ہنڈولا -
رَہٹ لگانا (ہ) کنوئیں پر چرخ رکھنا - اصطلاح میں بکثرت آنا جانا - آنے جانے کا تار باندھنا -
رہٹی (ہ/مث) قسط - قرضہ وغیرہ کا حصّہ کچھ معمول باندھ کر ادا کرنا۔
رہٹی باندھنا (ہ) قسط مقرر کرنا - معمول باندھنا - قرضے کو متفرق قسطوں میں ادا کرنا -
رہٹی بندھنا (ار/محاورہ) قسط یا معمول مقرر کرنا -
رہٹی چلانا (ہ) ایک رقم کو کئی دفعہ قسطوں میں دینا -
رہ جانا (ہ) ٹھہر جانا - ساتھ نہ آنا - قیام کرنا - عاجز ہو جانا - تھک جانا - دیر کرنا - پیچھے ٹھہرنا - باقی رہنا - بیچ رہنا - ناکامیاب ہونا - ناتمام رہنا - نامکمل رہنا - حمل ٹھہرنا -

رَہ (ہ) ٹھہر - کھڑا ہو - صبر کر - انتظار کر۔
رہ رہ کے - رہ رہ کر (ہ) ٹھہر ٹھہر کے - گھڑی گھڑی - بار بار - پچھتا پچھتا کے -
روہڑو (ہ/مذ) بچوں کو کھڑا ہو کر چلنا سکھانے کا آلہ۔
رہزن (ف/مذ) ڈاکو - لٹیرا - قزاق - دھاڑوی -
رہزنی (ف/مث) ڈکیتی - دھاڑا مارنا - قزاقی -
رَہکلا (ہ/مذ) چھوٹی توپ - گھڑ چڑھی - جھنڈور کلی - توپ رکھنے کی گاڑی - بیپڑ بہیّہ -
رہگزر (ف/مذ) رستہ چلنے کی جگہ یعنی رستہ - سڑک - شارع عام -
رہن (ع/مذ) دھرنا - گرو - گردی - کفالت - بندھک -
رہن استغراقی (ع/مذ) وہ گرو جس میں فائدہ اُٹھانے کی صُورت ہو -
رہن در رہن (ع/مذ) گرو در گرو - کسی شخص کا کوئی چیز رہن لے کر دُوسرے کے پاس رہن کر دینا۔
رہن منتاری (ع/مذ) وہ رہن جس میں میعاد مقرر ہو۔
رہن نامہ (ا/مذ) تمسک - کفالت نامہ - کسی چیز کے رہن رکھنے کی بابت جو تحریر اسٹامپ پر لکھ دی جاتی ہے -
رہنا (ہ) بسنا - ٹکنا - اٹکنا - ٹھہرنا - دیر تک کام دینا - پائدار ہونا - خوب چلنا - چھُوٹنا - باقی رہنا - مرد کا عورت کے پاس یا عورت کا مرد کے پاس شب باش ہونا - ادا ہونا - ذمّہ ہونا - برقرار رہنا - گنا جانا - حساب میں آنا - شمار ہونا - بسر ہونا - گزرنا - جیسے بھات بن رہا نہ جائے - سُن ہو جانا - شل ہو جانا - جیسے سردی سے ہاتھ پاؤں رہ گئے - چلنا - پار لبانا - جیسے سدا کس کی رہی ہے - کھڑا رہنا - قائم رہنا - جیسے مکان تو گر گیا - چوکھٹ رہ گئی -
رہنما (ف/مذ) رستہ دکھلانے والا - ہادی - مُرشد - رہبر -
رہنمائی (ف/مث) ہدایت - رہبری - ارشاد -
رہنموں (ف/مذ) رہنما - پیش رو - سردار قافلہ -
رہنے دینا (ہ) رکھ چھوڑنا - جانے دینا - چپ رہنا - ہاتھ نہ لگانا - پیچھے چھوڑنا - قائم رکھنا -
رہوار (ف) قابلیت - رستے کے لائق - مجازاً قدم باز گھوڑا - تیز گھوڑا -
رہے تو آپ سے نہ رہے تو گئے باپ سے (ار/مثل) اگر عورت نہ رہنا چاہے تو اسے کوئی نہیں روک سکتا -
رہے نام اللہ کا (ا/محاورہ) خدا ہی قائم رہے گا اور سب اشیاء فانی ہیں - کسی کے مرنے یا مٹنے کے زوال کے وقت بولا کرتے ہیں -
رہیں جھونپڑوں میں خواب دیکھیں محلوں کے (ا/مثل) مُفلسی میں امیری کا جوش و ولولہ رکھنے والے کی نسبت بولتے ہیں -
رہین (ع/صف) وہ چیز جو رہن رکھی جائے -
رہین منّت (ع/صف) ممنونِ احسان - شکرگزار -

ر ۔ ی

رئی (ہ امث) بلونی ۔ مدھانی ۔ متھنی ۔ دُودھ بلونے کا آلہ ۔ سیراب کرنا ۔

رے ۔ یا ۔ ری (ہ) حرفِ ندا ۔ ارے یا اری کا مخفف ۔ بے تکلفی کی حالت میں بولتے ہیں ۔ رے نام ایک مُلک کا ۔

ریا (ع امث) ظاہرداری ۔ دکھلاوا ۔ فریب ۔ مکر ۔ دھوکا ۔ پیچ کی بات ۔ زمانہ سازی ۔

ریاکار (ع‌ف امذ) منافق ۔ ظاہر کچھ باطن کچھ ۔ زمانہ ساز ۔

ریاکاری (ع‌ف امث) مکاری ۔ فریب ۔ نفاق ۔ دھوکا دہی ۔

ریاح (ع امث) ریح کی جمع ۔ بائی ۔ معدے کی ہوا ۔ گوز ۔ پاد ۔

ریاست (ع امث) سرداری ۔ افسری ۔ حکومت ۔ عملداری ۔ امیری ۔ بلند ہمتی ۔ عالی حوصلگی ۔

ریاستِ جمہوری (ع امث) پنچایتی حکومت ۔ ایسی سلطنت جس میں رعایا کو اپنا پریذیڈنٹ خود منتخب کرنے کا اختیار حاصل ہو ۔ ایسی حکومت میں لوگ اپنا حاکم خود ہی چنتے ہیں ۔ اور اس کا نام پریذیڈنٹ یا صدرِ مجلس یا میرِ مجلس رکھتے ہیں ۔

ریاض (ع امذ) رَوضہ کی جمع ۔ بہت سے باغ (اُردو میں) محنت ۔ مشقت ۔ کام ۔

ریاض کرکے کھانا (ف) محنت مزدوری سے کما کر کھانا ۔ قوتِ بازو سے کمائی کرکے کھانا ۔

ریاضت (ع امث) محنت ۔ مشقت ۔ سختی ۔ پرہیزگاری ۔ نفس کشی ۔ ورزش ۔ کسرت ۔ کوئی کام کرنا ۔ پیشہ وری ۔ مزدوری ۔

ریاضت کش (ع‌ف) محنتی ۔ محنت کرنے والا ۔ سختی سہنے والا ۔

ریاضتی (ہ امذ) محنتی ۔ جفاکش ۔ تپسی ۔ جوگی ۔ سنیاسی ۔

ریاضی (ع امث) محنت سے تعلق رکھنے والے کام ۔ حکمت کے تین علموں میں سے ایک علم ۔ وہ علوم عقلی جو بظاہر مادے کے محتاج ہیں ۔ جیسے علم ہندسہ ۔ علم عدد ۔ علم نجوم ۔ موسیقی ۔ جبر و مقابلہ ۔ جرِ ثقیل ۔ علم مناظرہ وغیرہ یہ سب ریاضی میں داخل ہیں ۔

ریاضی دان (ع‌ف امذ) ریاضی جاننے والا ۔

ریائی (ع امذ) مکار ۔ فریبی ۔ دھوکے باز ۔

رَیب (ع امذ) شک ۔ شبہ ۔ (اُردو میں لفظ لا کے ساتھ مستعمل ہے)

ریب المنون (ع) حادثاتِ زمانہ ۔

رِیبَہ (ع امث) شک میں ڈالنے والی چیز ۔ تہمت ۔

ریپبلک (انگ امث) جمہوریہ ۔

ریپورٹر (انگریزی امذ) اطلاع دینے والا ۔ خبر دینے والا ۔ مخبر ۔ نامہ نگار ۔

ریت ۔ یا ۔ ریتا (ہ امذ امث) بالو ۔ دریا کی ریت اور چھوٹے چھوٹے کنکر ۔ ریگ ۔ سَراب ۔

ریت آنا (ہ) پیشاب میں ریت کے ذرّوں کا آنا ۔ پیشاب میں پتھر کا چورا سا آنا ۔

ریت
ریت رسم } (ہ امث) رسم ۔ طریقہ ۔ رواج ۔ معمول ۔ عام ۔ طور طریق ۔ شرح لگان ۔ پڑتہ ۔ بیوپار ۔ لین دین ۔ پہاڑی لوگ روپیہ دے کر عورت لینے کو ریت کہتے ہیں ۔ عورتوں کی وہ خاص رسمیں جو نکاح کے بعد یا وداع کے وقت دُولہا دُولہن کے ساتھ برتی جاتی ہیں ۔

ریت کے ذرّے گِننا (ار محاورہ) فضول کام کرنا ۔

ریت کی موجیں (ار امث) لہروں کے نشانات جو تیز ہوا سے ریت پر پڑ جاتے ہیں ۔

ریتا (ہ) خالی ۔ تہی ۔ خالی ہاتھ ۔ سُونا ۔ محروم ۔

ریتلا ۔ یا ۔ ریتیل (ہ امذ) ریت والا ۔ ریگ دار ۔

ریتلی (ہ امث) ریت والی ۔ بنجر زمین ۔ غیر مزروعہ زمین ۔ بھسوٹر ۔

ریتی (ہ امث) رینتنے کا آلہ ۔ سوہن ۔ سوہان ۔ ریتلی زمین جو دریا کے کنارے ہوتی ہے ۔ دریا کی باریک ریت کو بھی ریتی بولتے ہیں دریا کے کنارے کی زمین ۔

ریتیلا (ہ امذ) کرکرا ۔ ریتلا ۔ بالوکا ۔ بھربھرا ۔

ریجھ (ہ امث) خواہش ۔ رغبت ۔ اچھا ۔ چاہت ۔ شوق ۔ عادت ۔ خُو ۔ خصلت ۔

ریجھنا (ہ) مائل ہونا ۔ عاشق ہونا ۔ فریفتہ ہونا ۔ شیدا ہونا ۔ راغب ہونا ۔

ریچار (ف امذ) اچار ۔

ریچھ (ہ امذ) خرس ۔ بھالو ۔

ریچھنی (ہ امث) ریچھ کی مؤنث ۔ ریچھ کی مادہ ۔

ریح (ع امث) ہوا ۔ پون ۔ باد ۔ گوز ۔ پاد ۔ ریاح ۔

ریحان (ع امذ) تلسی کی قسم کا ایک خوشبودار پودا ۔ نازبو ۔ بالنگو (مؤنث) تخم ریحان ۔ ایک خوشبودار گھاس کا نام ۔ گلاب کے سوا باقی تمام پھول ۔ ایک خاص طرح کے خط کو بھی کہتے ہیں ۔

ریخ (ار امث) لکیر ۔ دھاری ۔ دانتوں کے بیچ کے گوشت کی دھاری ۔ مسّی کی کالی لکیر ۔ جڑ ۔ بنیاد ۔ اصل ۔ چُول ۔ شگاف ۔ درز ۔

ریختہ (ف) ٹپکا ہوا ۔ گرا ہوا ۔ بے ساختہ نکلا ہوا ۔ پکا ۔ مستحکم ۔ مضبوط ۔ پریشان ۔ پراگندہ ۔ گرا پڑا ۔ منتشر (مذکر) استرکاری کا مسالہ ۔ چُونا ۔ قلعی ۔ پختہ مکان ۔ اُردو زبان کے شعر ۔ اسی وجہ سے اُردو زبان کو بھی ریختہ کہتے ہیں ۔

ریختی (ار امث) ریختہ کی مؤنث ۔ اُردو نظم جو عورتوں کی بولی میں

کی جائے۔

ریغین (ا/مث) ریخ کی جمع - درزیں ۔شگاف ۔چولیں۔

ریداس (ہ/مذ) مشہور بھگت اور گیانی شخص جو چماروں کے ایک فرقے کا موجد گزرا ہے ۔

ریداسی (ہ/مث) منسوب بہ ریداس - ریداس کا مقلد اور پیرو فرقہ ۔

ریڈنگ - ریلوے کا مرکز ہے ۔بسکٹ اور زراعتی اوزار بنتے ہیں۔

ریڑھ (ہ/مث) پیٹھ کی ہڈی ۔کمر کی درمیانی ہڈی ۔ استخوانِ پشت۔

ریڑھ بیٹھنا (ا/محاورہ) لکیر پیٹنا ۔پرانی وضع کا پابند ہونا۔

ریز (ف/مث) چہچہاہٹ ۔ نغمہ سرائی ۔راگ گانا۔

ریزرو (انگریزی) مخصوص ۔عام کی ضد۔

ریز کرنا (ہ) خوشی سے آپس میں چہچہانا ۔ناز و انداز کرنا ۔ نخرے کرنا۔

ریزان (ف/اسم حالیہ) بہاتا ہوا ۔گراتا ہوا ۔ بکھیرتا ہوا۔ ڈالتا ہوا۔

ریزش (ف/مث) زکام ۔ نزلہ ۔ناک سے پانی بہنے کی بیماری۔

ریزشِ پر (ف/مث) پرندوں کے پر جھڑنا۔

ریزگاری (ا/مث) روپے کے چھٹے ۔دونی ۔چونی ۔پیسے وغیرہ

ریزگی (ا/مث) خردہ ۔ریزگاری ۔چھیچھن ۔رولن ۔کھرچن ۔ قصائی کی چھانٹ ۔کترن۔

ریزگی لڑکے (ا/مذ) چھوٹے لڑکے ۔

رزولیوشن (انگریزی/مذ) تجویز ۔ارادہ ۔منشا ۔ وضاحت ۔ تشریح۔

ریزہ (ف/مذ) ٹکڑا ۔پرزہ ۔بھورا ۔پارچہ ۔عمدہ اور خوبصورت صندوق۔

ریذیڈنٹ (انگریزی/مذ) رہنے والا ۔مقیم ۔ساکن ۔رئیس ۔شاہی وکیل جو غیر ریاست میں رہے۔

ریذیڈنسی (انگریزی/مث) گھر ۔مقام ۔ٹھکانا ۔ریذیڈنٹ کے رہنے کی جگہ اور محکمہ۔

رئیس (ع/مذ) سردار ۔امیر ۔چودھری ۔ مقدم ۔حاکم ۔ نواب ۔ راجہ ۔رہنے والا باشندہ ۔ ساکن ۔

ریس (ہ/مث) برابری ۔ہم چشمی ۔ رقابت ۔ رشک ۔حرص ۔لالچ ۔ ہوکا۔

ریسمان (ف/مث) تیہو ۔رسی ۔ ڈوری ۔

ریش (ف/مث) ڈاڑھی ۔خط ۔مرد کے چہرے کے بال ۔ درخت کی لٹکتی ہوئی جڑیں ۔

ریشِ قاضی (ف ع/مث) قاضی کی ڈاڑھی ۔بھنگ یا شراب چھاننے کی صافی ۔ روئی کی ڈاٹ۔

ریشائیل (ہ/مذ) بڑی اور لمبی ڈاڑھی والا ۔ درازریش ۔

ریش خند (ف/مذ) ٹھٹھا ۔مخول ۔ ہنسی ۔کھلی ۔ تمسخر کے وقت کی ہنسی ۔

ریش (ف/مذ) گھاؤ ۔ زخم ۔ جراحت ۔

ریشم (ا/مذ) ابریشم کا مخفف ۔پٹ ۔پتامبر ۔ابریشم ۔ٹسر ۔ قز ۔

ریشم کی گانٹھ ۔یا ۔گرہ (ا/مث) مشکل سے کھلنے والی گانٹھ ۔مضبوط گرہ ۔ لاینحل عقدہ یا مسئلہ ۔

ریشم کے لچھے (ا) نہایت نرم ۔ازحد ملائم ۔

ریشمی ۔یا ۔ریشمیں (ف) ریشم کا بنا ہوا ۔ حریری ۔ٹسری ۔

ریشہ (ف/مذ) سوت ۔تار ۔ پٹھا ۔ عصب ۔نس ۔ رگ ۔ پھونسڑا ۔

ریشہ خطمی (ف/مث) ایک دوا ۔کنایۃً بہت ہنسنے والا ۔خوش ۔

ریشہ دار (ف) پھونسڑے دار ۔ نس دار ۔ رگ دار ۔ وہ چیز جس میں سوت سا نکلے ۔

ریطہ (ع/مذ) باریک نقاب ۔ایک عرض کی چادر ۔

ریعان (ف/مذ) کسی چیز کا بہترین حصہ ۔

ریعان الشباب (ف/مذ) عین جوانی ۔جوانی کے زور کا زمانہ۔

ریفارمر (انگریزی/مذ) اصلاح کرنے والا ۔مصلح ۔ درست کرنے والا ۔

ریفرشمنٹ (انگریزی/مذ) تفریح ۔ تازگی ۔تروتازہ ہونے کے لیے کچھ کھانا پینا ۔

ریکارڈ (انگریزی/مذ) یادداشت ۔مسل ۔اندراج ۔

ریکھ ۔یا ۔ریکھا (ہ/مث) لکیر ۔ دھاری ۔تحریر ۔نشان ۔خط ۔قسمت کا لکھا ۔ بخت ۔نصیب ۔ بھاگ ۔نوشتۂ تقدیر ۔

ریکھ بھیگنا (ہ) چہرہ پر سبزۂ خط کا آغاز ہونا ۔مسیں بھیگنا ۔

ریگ بوم (ف) بغیر اضافت کے ریگستان ۔

ریگ (ف/مذ) ریت ۔ بالو ۔سراب ۔

ریگا ۔ بحیرۂ بالٹک کی آزاد ریاست لیٹویا کا دارالحکومت اور بندرگاہ ہے ۔ یہاں سے پیداوار ، لکڑی اور سن باہر جاتا ہے ۔ سوتی کپڑے اور کتان کے کارخانے ہیں ۔خلیج ریگا کا ساحل اسی ریاست میں ہے ۔

ریگِ رواں (ف/مذ) بہتی ریت ۔اڑنے والی ریت ۔چور بالو ۔

ریگ ماہی (ف/مث) ریت کی مچھلی ۔ سقنقور سانڈے کی قسم کی مچھلی ۔

ریگستان (ف/مذ) ریگ کا ملک ۔ بھوبڑ ۔

ریل (انگریزی/مث) ریلوے لائن ۔ لوہے کی پٹڑی جس پر ریل گاڑی چلتی ہے ۔ لوہے کی سڑک ۔ اصطلاح میں ریل گاڑی کو بھی کہتے ہیں ۔

ریل (انگریزی/مذ) پھرکی ۔جس پر سوت یا دھاگے لپٹے ہوں ۔چرخی ۔

ریلا (ہ/مذ) رو ۔ پانی کا چڑھاؤ ۔طغیانی ۔ سیلاب ۔پانی کی دھار ۔ دھکا ۔ ٹھیلا ۔ ریل پیل ۔

ریل پیل (ہ/مث) دھکم۔ دھکا۔ دھکا پیل۔ بھرمار۔ بہتات۔ کثرت۔ زیادتی۔
ریل پیل کرنا (ہ) انبار لگانا۔ ڈھیر لگانا۔ بکثرت فراہم کرنا۔
ریلوے (انگریزی/مث) ریل کی سڑک۔
ریم (ف/مث) رادھ۔ پیپ۔ پاک جو زخموں میں سے نکلتی ہے۔
ریمائنڈر (انگریزی/مذ) یاد دہانی کے طور پر لکھا ہوا خط یا درخواست وغیرہ۔
رَین (ہ/مث) رات۔ شب۔ لَیل۔ راتری۔
رَین بسیرا (ہ/مذ) رات گزارنا۔ رات کاٹنا۔ رات کا آرام — شب باشی۔
رَین چین (ہ/مث) رات کے مزے۔ عیش۔ امن کی زندگی۔
ریں ریں (ہ/مث) رُوں رُوں۔ بچوں کے رونے یا سارنگی یا رہٹ کی آواز۔
رینٹ (ہ/مذ) ناک کی غلاظت۔ سفید لیس دار مادّہ جو ناک سے نکلتا ہے۔
رینڈھنا (ہ) پکانا۔ اُبالنا۔ کھانا۔ تیار کرنا۔
رینڈی (ہ/مث) سینڈھی۔ ککڑی۔ ایک قسم کا چھوٹا سا خربوزہ۔
رَینڈیئر (انگریزی/مذ) ایک خاص قسم کا برفانی ملکوں کا ہرن جو برف پر خوب دوڑتا ہے۔
رینگ (ہ/مث) ایک قسم کا باریک کپڑا — تن زیب۔ ململ۔ شبنم۔ جانور کی آواز۔
رینگنا (ہ) گدھے کا بولنا۔ گدھے کی بولی بولنا۔ ہینچو ہینچو کرنا۔
رینگٹا (ہ/مذ) گدھی کا بچہ۔ جانور کا دُبلا پتلا چھوٹا سا بچہ۔
رینگنا (ہ) کیڑوں وغیرہ حشرات الارض کا چلنا۔ پیٹ کے بل گھسٹ گھسٹ کے چلنا۔ آہستہ آہستہ چلنا۔ مری چال چلنا۔
رینگنی (ہ/مث) (پورب) عرق النسا۔ ایک خاص درد جو چڈھوں سے اُٹھ کر ٹخنوں تک جا پہنچتا ہے۔

ریہنی ٹپکنا (ار/محاورہ) کُسم سے رنگ ٹپکنا۔
ریہنی چڑھنا (ہ) کُسم کا رنگ کے واسطے لٹکایا جانا۔ رنگ چڑھنا۔ جیعن آنا۔
رَیہنی واپس آنا (ہ) رنگ ٹھیک نکلنا۔ کام دُرست ہونا۔ محنت ٹھکانے لگنا۔
رسے واو زَبر رَو ہو (ف/محاورہ) چل دُور ہو۔ ہوا کھاؤ۔ ہوا ہو۔ دفع ہو۔
ریوڑ (ہ/مذ) بھیڑ بکری کا گلہ۔ بکریوں کا غول۔
ریوڑی (ہ/مث) وہ مٹھائی جو گڑ یا کھانڈ کے قوام سے بناتے ہیں اور اُس پر تل لگا دیتے ہیں۔
ریوڑی کے پھیر میں آنا۔ یا۔ پڑنا (ہ/مثل) کسی لالچ سے بلا میں پڑنا۔ طمع کے باعث مصیبت میں پھنسنا۔
ریوڑیاں سی بٹ جانا (ار/محاورہ) ساری آمدنی فوراً خرچ ہو جانا۔
ریوند۔ یا۔ ریوند چینی (ف) ایک دست آور دوا کا نام۔
ریویو (انگریزی/مذ) تقریظ۔ تبصرہ۔ کسی کتاب کے عیب و صواب پر رائے زنی۔
ریَہ (ع/مذ) پھیپھڑا۔ شُش۔
ریہ (ہ/مث) ایک قسم کی شوردار مٹی۔ کھاری مٹی جو اکثر شکر صاف کرنے یا کپڑے دھونے اور صابن بنانے کے کام آتی ہے۔
ریہو (ہ/مث) ایک قسم کی کالے پروں والی مچھلی جسے روہو بھی بولتے ہیں۔

ڑ (ہ/مث) اُردو اور ہندی زبان کا پندرھواں حرف، یہ حرف چونکہ نہایت ثقیل ہے۔ لہٰذا کسی لفظ کے شروع میں نہیں آتا۔

ز (ع/مذ) اُردو کا سولھواں۔ فارسی کا تیرھواں اور عربی کا گیارھواں حرف۔ حساب جمل میں اس کے عدد سات فرض کیے گئے ہیں۔ اس کو زائے معجمہ یا زائے منقوطہ بھی کہتے ہیں۔

ز ۔ ا

زا (ف) زائیدہ کا مرخم۔ جنا ہوا۔ پیدا شدہ۔ زائیدن کا امر بھی ہے، اور مرکبات میں اسم فاعل کے معنی بھی دیتا ہے۔ جیسے فتنہ زا یعنی فتنہ پیدا کرنے والا۔

زابل۔ نام سیستان کے ایک شہر کا۔

زابلی (ف/مث) فارسی زبان کی ایک شاخ جو زابلستان میں بولی جاتی تھی۔

زاج (ف) پھٹکری۔ شب یمانی۔

زاجر (ع/صف) جھڑکنے والا۔ ڈانٹنے والا۔

زاد نیز۔ زادہ (ف/مذ) جنا ہوا۔ جنا۔ پیدا شدہ بیٹا۔ لڑکا۔ پسر۔

زاد (ع/مذ) توشہ۔ خرچ۔

زادبوم (ف/مث) جنم بھوم۔ پیدائش کی جگہ۔ دیس۔ وطن۔

زادِ راہ (عف) رستے کا توشہ۔ خرچ راہ۔

زادی (ف/مث) جنی۔ جنی ہوئی۔ جیسے امیرزادی۔ دختر۔ لڑکی۔

زادِ عقبیٰ (ع/مذ) بہ ترکیب فارسی، آخرت میں کام آنے والے نیک اعمال۔

زار (ف/مذ) جگہ۔ ستھان۔ مقام۔ ٹھاؤں۔ مکان۔ کثرت و افراط۔ نالہ و فریاد۔ رونا۔ پیٹنا۔ ذلیل۔ رسوا۔ خوار۔ روس کے بادشاہ کا لقب بھی تھا۔ لاغر۔ دُبلا۔ پتلا۔ نحیف۔

زار زار نیز۔ زار و قطار رونا (ف) بہت رونا۔ آٹھ آٹھ آنسو رونا۔

زار و نزار (ف) دُبلا۔ پتلا۔ نہایت کمزور۔ لاغر و نحیف۔

زاری (ف/مث) رونا۔ پیٹنا۔ گریہ۔ نالہ۔ عجز۔ عاجزی۔

زاغ (ف/مذ) کوا۔ کاگ۔ کلاغ۔ کمان کا گوشہ۔ ایک راگ۔

زاغِ آبی (ف/مذ) جل کوا۔ پن ڈبی۔ جل کاگ۔ ایک غوطہ مارنے والا پرندہ۔

زاغِ کوہی (ف/مذ) پہاڑی کوا۔

زال (ف) بُوڑھا۔ سفید بالوں والا۔ پھونس۔ بڈھا۔ ذکر۔ رستم کے باپ کا نام تھا جس کے بال پیدائشی سفید تھے۔ بڑھیا عورت۔

زانو (ف/مذ) گھٹنا۔ ران۔ آسن۔ جانگھ۔

زانو پوش (ف/مذ) وہ کپڑا جو امیر لوگ کھانا کھاتے وقت زانو

پر ڈال دیتے ہیں تاکہ چھینٹ وغیرہ سے کپڑے خراب نہ ہوں۔

زانو پیٹنا (ل) نہایت ماتم ظاہر کرنا۔ افسوس کرنا۔ رنج والم کا اظہار کرنا۔

زانی (ع امذ) زناکار مرد۔ بدکار آدمی۔ بدراہ۔ فاسق۔ فاجر۔

زانیہ (ع امث) بدکار عورت۔ حرام کار عورت۔ زناکار عورت۔

زاویہ (ع امذ) کونہ۔ گوشہ۔ کھونٹ۔ نکڑ۔ اقلیدس میں کسی خاص نقطے پر دو خطوں کے باہم ملنے سے جو کونہ بنتا ہے اُسے زاویہ کہتے ہیں۔

زاہد (ف امذ) پرہیزگار۔ زُہد اور محنت کرنے والا۔ عابد۔ ریاضت کش۔

زاہر (ع اصف) چمک دار۔ روشن۔ بلند۔

زاہق (ع اصف) بھاگنے والا۔ فراری۔ مفرور۔ مرنے والا۔

زائچہ (ف امذ) جنم پتری۔ لگن کنڈلی۔ وہ کاغذ جو نجومی لوگ کسی مولود کی پیدائش کے وقت بناتے ہیں۔ اس میں وقت، تاریخ، ماہ، سنہ ولادت اور تمام عمر کے نیک و بد حالات درج ہوتے ہیں۔ رمل کی شکلیں۔

زائچہ بنانا۔ یا۔ کھینچنا (ل) لگن کنڈلی کھینچنا۔ جنم پتری بنانا۔

زائد (ع) زیادہ۔ فضول۔ فالتو۔ بچا ہوا۔ بہت بڑھا ہوا۔

زائیدہ (ف) جنا ہوا۔ پیدا شدہ۔

زائیدۂ فکر (فع اصف امفعولی) سوچ یا غور کا نتیجہ۔

زاینے (ف اصف) جننے والا۔

زائر (ع امذ) زیارت کرنے والا۔ جاتری۔

زائل (ع امذ) کم ہونے والا۔ زوال پذیر۔ تلف ہونے والا۔ ضائع ہونے والا۔

ز - ب

زُبّ (ع) بچوں کا عضوِ تناسل۔

زبان (ف امث) جیبھ۔ لسان۔ لَلّو۔ بولی۔ بھاکا۔ بول چال۔ گفتگو۔ بیان۔ قول۔ اقرار۔ وعدہ۔ عہد۔ پیمان۔

زبان اُلٹنا (ل) زبان کا حرکت کرنا۔ بات کرنا۔ زبان سے بات نکلنا۔ اقرار سے پھر جانا۔ وعدے سے پھر جانا۔

زبان آور (ف امذ) شاعر خوش بیان۔ فصیح و بلیغ۔ شیریں زبان۔ طرّار۔

زبان بدلنا۔ یا۔ پھرنا۔ یا۔ پلٹنا (ل) اقرار کر کے پھر جانا۔ وعدے سے انکار کرنا۔ کہہ کر نہ کرنا۔

زبان بگاڑنا (ل) زبان خراب کرنا۔ زبان پر لغو اور بے ہودہ الفاظ جاری کرنا۔

زبان بگڑنا (ل) زبان گندی ہونا۔ گالی گلوچ سے کلام کرنا۔ گالی گفتار کی عادت ہونا۔

زبان بند ہونا (ل) بات کرنے سے عاجز ہونا۔ چپ ہونا۔ کسی کے رُعب یا حکم کے مارے بات نہ کر سکنا۔ جادو یا تعویذ کے زور سے کسی کے خلاف نہ کہہ سکنا۔ زبان اینٹھ جانا۔

زبان بندی (ف امث) خاموشی۔ سکوت۔ چپ رہنا (قانون) گواہی۔ شہادت۔ حلف نامہ۔ قسم۔ حلف۔

زبان پر دھرنا۔ یا۔ رکھنا (ل) چکھنا۔ ذائقہ دیکھنا۔ زبان لگا کر دیکھنا۔ تھوڑا سا کھانا۔

زبان پر لانا (ل) کہنا۔ بیان کرنا۔ ظاہر کرنا۔ منہ سے کہنا۔

زبان پکڑنا (ل) عیب پکڑنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ بولنے سے بند کرنا۔ زبان روکنا۔ بات کی نقل کرنا۔ جو بڑے کہیں اُسی طرح بچوں کا کہنا۔

زبان تتلانا (ل) ہکلا ہونا۔ زبان کا لکنت کرنا۔

زبان ترازو (ف امذ) ترازو کی سوئی۔

زبان تراشنا (ار امحاورہ) زبان فصیح بنانا۔ زبان آراستہ کرنا۔

زبان تر ہونا (ار امحاورہ) زبان بولنے کے قابل ہونا۔

زبان تڑاق پڑاق چلنا } (ل) زبان جلدی جلدی چلنا۔ باتوں کا تار
زبان تڑتڑ چلنا } باندھ دینا۔

زبان تلے زبان ہونا } (ل) قول کا پاس نہ ہونا۔ ایک بات پر قائم
زبان کے نیچے زبان ہونا } نہ رہنا۔ تلوّن مزاجی ہونا۔

زبان توڑنا (ل) بکواس کرنا۔ بے ہودہ بکے جانا۔ خلاف مرضی یا بے قاعدہ بات کرنا۔

زبان جنے ایک بار ماں جنے بار بار (ف امثل) زبان کا اقرار ایک ہی دفعہ ہوتا ہے۔

زبان چاٹنا (ل) چٹخارے بھرنا۔ اچھی چیز کھا کر دیر تک مزے لیتے رہنا۔

زبان چلانا (ل) بولنا۔ کہہ اُٹھنا۔ بہت بولنا۔ تڑاق پڑاق بولنا۔ مسلسل باتیں کرنا۔ زبان درازی کرنا۔ گالی دینا۔ گندی بات کہنا۔

زبان چلنا (ل) جلدی جلدی بولنا۔ فوراً بول اُٹھنا۔ بڑبڑانا۔ گالیاں دینا۔ کھانا نوش کرنا۔ بولنا۔ بات کرنا۔ بکنا۔ بکواس کرنا۔

زبانِ حال (فع امث) ظاہری حالت۔ اپنی حالت سے بولے بغیر ظاہر کرنا۔

زبانِ خلق نقارۂ خدا (ف امثل) جو بات عوام میں مشہور ہو جائے وہ ہو کر رہتی ہے۔

زبان دان (ف امذ) کسی زبان کو بخوبی جاننے والا۔ زبان کا ماہر۔ شاعر۔ عالم۔ فاضل۔ فصیح و بلیغ آدمی۔ بہت سی زبانیں جاننے والا۔

زبان دانی (ف امث) علم زبان کی بخوبی آگاہی اور اُس کا کمال۔

زبان دراز (ف) منہ پھٹ۔ گستاخ۔ زیادہ گو۔ بدگو۔ دلیر۔ بے باک۔ بدلگام۔ گالی گلوچ بکنے والا۔ پاجی۔

زُبان درازی (ف امث) بدلگامی - بے باکی - گستاخی - بیہودہ گوئی - فحش بیانی -

زُبان دینا (د) اقرار کرنا - عہد و پیمان کرنا - قول ہارنا - بچن ہارنا -

زُبان ڈالنا (ار محاورہ) کسی بات میں دخل دینا - درخواست کرنا - پوچھنا -

زُبان روکنا (د) بُرا کہنے سے منع ہونا یا کرنا - خاموش ہونا یا کرنا - کہتے کہتے رُک جانا - یا روک دینا -

زُبان زد ہونا (د) مشہور عام ہو جانا - ہر ایک کی زبان پر ہونا - پھیلنا -

زُبان سمجھنا (د) کسی زبان یا بولی سے واقف ہونا - غیر زبان کی بات سمجھ لینا -

زُبان سنبھال کر بات کرنا - یا - بولنا (د) سوچ سمجھ کر بات کرنا - سنجیدگی اور متانت سے عمدہ اور اچھی بات کرنا - پاس ادب سے بولنا -

زُبان سُوکھنا (د) پیاس کے غلبہ سے زبان کا خشک ہونا - بول نہ سکنا - زبان خشک ہونا -

زُبان سینا (د) خاموش رہنا - منہ سے بات نہ کرنا - چُپ رہنا - گھُنّی سادھنا -

زُبان سے نکالنا (د) زبان پر لانا - بیان کرنا - کہنا - تلفظ کرنا -

زُبان شیریں ملک گیری } (د/ مثل) میٹھی زبان اور عمدہ باتوں سے
زُبان ٹیڑھی ملک بانکا } سب اپنے ہو جاتے ہیں - اور بدزبانی سے اپنے بھی دشمن بن جاتے ہیں -

زُبانِ قال (ع/ مث) اظہارِ بیان - زبان سے گفتگو کر کے حال جتانا -

زُبان کا پھوڑا - یا - پھوہڑا (د) زبان کا گندہ - زبان دراز - بدزبان - بدلگام - گالی گلوچ بکنے والا -

زُبان کا ٹانکا ٹوٹنا (ار محاورہ) بدزبان ہو جانا -

زُبان کاٹنا (ار محاورہ) بات کاٹنا - بات میں بول پڑنا - افسوس کرنا - رنج کرنا -

زُبان کا چسکا (د/ مذ) زبان کا چٹخارا - زبان کا مزہ - لذیذ چیزوں کے کھانے کی دعوت -

زُبان کا چٹورا (ار صف) وہ جسے لذیذ کھانے کھانے کی عادت ہو -

زُبان کا کام ہاتھ سے لینا (ار محاورہ) اشارے سے کرنا -

زُبان کا میٹھا (د/ مذ) شیریں کلام - خوشامدی - میٹھی چھُری -

زُبان کرنا (د) (عورتیں) بدزبانی کرنا - زبان درازی کرنا - اقرار کرنا - وعدہ کرنا -

زُبان کو منہ میں رکھنا (د) زبان کو قابو میں رکھنا - بے موقع بات نہ کرنا -

زُبان کھلوانا (د) بدزبان، گستاخ اور دلیر بنانا - گالیوں پر اُتارنا -

زُبان کھولنا (د) بُرا بھلا کہنا - جھڑکنا - بات کا بڑھا کر کہنا - کلام کو طول دینا - جو منہ میں آنا سو کہہ دینا - بات کرنا - شکوہ کرنا - گلہ شکایت کرنا - عیب نکالنا - اعتراض کرنا - زبان درازی کرنا -

زُبان کھینچنا (د) گُدّی کے پیچھے سے زبان نکالنا - زبان کاٹنے کی سزا دینا -

زُبان گھِس جانا (د) زبان تھک جانا - کہتے کہتے زبان رہ جانا - نزاکت کے مارے زبان تھک جانا - دُعا اور عاجزی کرتے کرتے زبان تھک جانا -

زُبان لڑکھڑانا (د) زبان پھسلنا - لُکنت کرنا - خوف یا رُعب سے زبان قابو میں نہ رہنا -

زُبان ملانا (د) بولنا چالنا - کہنا سننا - باتیں کرنا - مقابلہ کرنا - برابری کرنا - جواب دینا -

زُبان مُنہ میں رکھنا (د) زبان والا ہونا - بولنے کی طاقت رکھنا - قابلِ گویائی ہونا -

زُبان میں - یا - زبان پر کانٹے پڑنا (د) پیاس کے غلبہ سے زبان کا خشک اور کھُردرا ہونا -

زُبان نکالنا (د) زبان کھینچنا - زبان درازی کرنا - بدزبانی کرنا - بکنا - لغو باتیں کہنا -

زُبان نکلنا - یا - نکل پڑنا (د) پیاس کا غلبہ ہونا - کسی صدمے سے زبان کا منہ سے باہر آنا -

زُبان ہلانا (د) بولنا - کہنا - بات کرنا - مانگنا - سوال کرنا - پُوچھنا - درخواست کرنا -

زُبانہ (ف/ مذ) شعلہ - لَو - آگ کی لپٹ -

زُبانی (ف) منسوب بہ زبان - منہ سے کہی ہوئی تقریری - بلا تحریر - روایتی - سماعی - سُنی سُنائی - ظاہری - اوپری - بناوٹ کی -
بنا دل (منسوب بہ زبانہ) دوزخی - جہنمی - ناری -

زُبانی اِمتحان (د/ مذ) وہ امتحان جو زبانی لیا جائے تقریری امتحان -

زُبانی باتیں (ف/ مث) وہ باتیں جو زبان سے کہی جائیں مگر ان پر عمل نہ کیا جائے -

زُبانی پڑھنا - یا - منہ زبانی پڑھنا (د) بن دیکھے پڑھنا - حفظ پڑھنا -

زُبانی ٹھکے (ار/ مذ) اوپری باتیں - گپ بازی -

زُبانی جمع خرچ (د/ مذ) باتیں ہی باتیں - خیالی پلاؤ -

زُبانی جمع خرچ کرنا (د) صرف حساب ہی حساب کرنا - دینا لینا کچھ بھی نہیں - خیالی پلاؤ پکانا -

زُبانی حساب (د/ مذ) ذہنی حساب - تقریری حساب - پہاڑوں اور گُروں کے ذریعے سے دل ہی دل میں لکھے بغیر حساب -

زُبانی وعدہ (ف/ مذ) وعدہ جو زبان سے کیا جائے -

زُبدہ (ع) چُنا ہوا - منتخب - عطر - خلاصہ - چیدہ - مکھن - مسکہ -

زَبَر (ف) اُوپر والا - اُونچا - غالب - طاقت ور - بھاری - بوجھل - گراں - ازبر کا مخفف (مذکر) اُوپر کی حرکت یعنی فتحہ -

زَبَر ہونا (د) غالب ہونا - فتح پانا - بھاری ہونا - حفظ ہونا -

زبانی یاد ہونا۔

زَبَرجد (ع ۔ امذ) ایک قسم کا زمرد ۔ زردی مائل سبز رنگ کا جواہر ۔ پنّا۔

زَبَردَست (ف) طاقت ور ۔ بلی ۔ بلوان ۔ بلونت ۔ توانا ۔ قوی ۔ شہ زور ۔ مضبوط ۔ بڑا لائق ۔ امیر ۔ مال دار ۔ ذی مقدور ۔ سینہ زور ۔ جابر ۔ ظالم ۔

زَبَردَست کے بلیں لسوے (ا ۔ مثل) زبردست ہمیشہ غالب ہی رہتا ہے ۔ جو چاہے کر لے ۔

زَبَردَست مارے اور رونے نہ دے (ا ۔ مثل) زبردست کے آگے پیش نہیں جاتی ۔

زَبَردَستی (ف ۔ امث) سینہ زوری ۔ جبر ۔ تشدد ۔ خلاف مرضی کوئی کام کرنا ۔ چھین جھپٹ کر ۔ بے وجہ ۔ بے سبب ۔ یونہی ۔

زَبَردَستی کرنا (ا) زیادتی کرنا ۔ زور آوری کرنا ۔ جبر کرنا ۔ تشدد کرنا۔

زَبُور (ع ۔ امث) کتاب ۔ نوشتہ ۔ بھجن ۔ زمزمہ ۔ وہ کتاب آسمانی جو حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی ۔

زَبُون (ف) عاجز ۔ غریب ۔ ذلیل ۔ ناچار ۔ بُرا ۔ تباہ ۔ نحس ۔ منحوس ۔

زَبُونی (ف ۔ امث) خرابی ۔ تباہی ۔ کمزوری ۔

ز ۔ ٹ

زٹل (ا ۔ امث) بے ہودہ اور لغو بات ۔ گپ ۔

زٹل قافیہ (ا ۔ امذ) واہی تباہی ۔ گپ شپ ۔ بے اصل بات ۔ غیر معتبر بات ۔

زٹل مارنا (ا) جھوٹی باتیں بکنا ۔ واہی تباہی بکنا ۔ بے اصل باتیں کرنا ۔

زٹل ہانکنا (ا) گپ مارنا ۔ شیخی بگھارنا ۔ شیخی مارنا ۔ جھوٹی سچی باتیں بنانا ۔

زٹلی (ا ۔ امذ) گپ ہانکنے والا ۔ واہی تباہی بکنے والا ۔

ز ۔ ج

زَجر (ع ۔ امذ) جھڑک ۔ جھڑکی ۔ ڈانٹ ڈپٹ ۔ روک ۔ دھمکی ۔ ملامت ۔ تنبیہ ۔

زَجر و توبیخ (ع ۔ امث) جھڑکنا ۔ دھتکارنا ۔ ڈانٹ ڈپٹ ۔ لعنت ملامت ۔

ز ۔ چ

زِچ (ا) تنگ ۔ عاجز ۔ لاچار ۔ دِق ۔ بے بس ۔ (مونث) شطرنج میں جب شہ دینے کے بغیر کسی مہرے کی چال کا کوئی گھر نہ رہے ۔ تو زچ کہتے ہیں ۔ جب شہ دینے کے بعد ایسا موقع ہاتھ آئے تو اُسے مات بولتے ہیں ۔

زِچ کر دینا (ا) عاجز کر دینا ۔ تنگ کر دینا ۔ مجبور کر دینا ۔ مات کر دینا ۔

زَچّہ (ف ۔ امث) جننے والی عورت ۔ وہ عورت جس نے ابھی بچہ جنا ہو ۔

زَچّہ خانہ (ف ۔ امذ) زچہ کا گھر ۔ وہ مکان جہاں عورت نے بچہ جنا ہو ۔ زچہ کے متعلق چالیس روز تک کی رسوم اور کاروبار ۔

زچّہ گیریاں (ا ۔ امث) زچہ خانہ کے گیت جن میں بچے اور اس کی ماں کی تعریف ہوتی ہے ۔

زچگی (ف ۔ امث) زچہ ہونے کی حالت ۔

ز ۔ ح

زِحاف (ع ۔ امذ) اصطلاح عروض میں وہ تغیر جو بحر کے کسی رکن میں کمی یا زیادتی کے باعث پیدا ہو ۔ کمی ۔

زُحل (ع ۔ امذ) سنیچر ۔ ایک ستارہ جس کا مقام ساتواں آسمان ہے اور رفتار نہایت ہی سست اور تاثیر نہایت منحوس سمجھی جاتی ہے ۔

زحمت (ع ۔ امث) تکلیف ۔ درد ۔ دُکھ ۔ رنج ۔ سختی ۔ مصیبت ۔ محنت ۔ مشقت ۔

زحمت کش (ع ف ۔ صف) زحمت اٹھانے والا ۔ تکلیف برداشت کرنے والا ۔

زحمتی (ع ۔ صف) جسے تکلیف ہو ۔ بیمار ۔

زحیر (ع) پیچش کی بیماری ۔

ز ۔ خ

زَخ (ف) شور و غل ۔ گھنٹہ کی آواز ۔

زَخّار (ع ۔ امذ) مبالغہ ۔ چڑھا ہوا ۔ طغیانی پر آیا ہوا ۔ لبالب ۔ نہایت بھرا ہوا ۔

زَخم (ف ۔ امذ) گھاؤ ۔ ناسور ۔ ریش ۔ خسارہ ۔ نقصان ۔ ٹوٹا ۔ ضرر ۔

زَخم بھرنا ۔ یا ۔ بھر جانا (ا) گھاؤ کا اچھا ہو کر برابر ہو جانا ۔ نقصان کا معاوضہ ملنا ۔

زَخم پر نمک چھڑکنا (ا) کاٹے پر نمک لگانا ۔ دُکھ میں دُکھ دینا ۔ مرے کو مارنا ۔ جلے کو جلانا ۔ رنج پر رنج دینا ۔

زخم دینا - یا - مارنا (ف) زخمی کرنا - گھائل کرنا - صدمہ یا ضرر پہنچانا - نقصان پہنچانا -

زخم کاری (ف) گہرا زخم - ناقابلِ سلامتی زخم - مہلک زخم -

زخم کھانا (ف) زخم اُٹھانا - مجروح ہونا - صدمہ اُٹھانا - نقصان اُٹھانا -

زخم ہرا کرنا (ف) زخم تازہ کرنا - گھاؤ کو پھر تازہ کرنا - گزشتہ صدمے کو ازسرِنو یاد دلانا - صدمہ پہنچانا - رنج دینا -

زخمی (ف) گھائل - مجروح - چوٹ کھایا ہوا -

ز - د

زد (ف/مث) مار - نشانہ - چوٹ - صدمہ - ضرب - نقصان - خسارہ -

زد پر ہونا (ف) ٹھیک نشانہ پر ہونا - مار پر ہونا -

زد پڑنا (ف) گھاٹا پڑنا - نقصان ہونا - ٹوٹا پڑنا -

زدوکوب (ف/مث) مارپیٹ - مارکٹائی - جوتی پیزار - گتھم گتھا - ہاتھاپائی - لپاڈکی -

زدہ حال (ف/ع) خستہ حال - پریشان حالت والا - تباہ حال والا - غمگین - غمناک - سوگوار - مصیبت کا مارا -

ز - ر

زر (ف/مذ) سونا - کندن - طلا - روپیہ - پیسہ - دھن دولت - پھول کے اندر کا زرد رنگ کا زیرہ - سونے چاندی کا تار - کلابتو -

زرِ احمر (ف/مذ) سونا - سُرخ سونا -

زرِ اصل (ف/ع/مذ) مول - سرمایہ - وہ روپیہ جو قرض دیا جائے -

زر افشاں (ف/صف) چمکیلا - سنہری چھپا ہوا کاغذ یا رقعہ جو تقریبات کے موقع پر بھیجا جاتا ہے - سونا یا دولت لٹانے والا -

زرِ باقی (ف/ع/مذ) وہ روپیہ جو وصول ہونے سے باقی رہ گیا -

زربفت (ف/مذ) زری - دیبا - کمخواب - تمامی - کلابتون سے بنا ہوا ایک قسم کا کپڑا -

زر بل نہ زور بل (ف/مثل) نہ روپیہ ہے - نہ طاقت -

زرِ بیعانہ (ف/ع) سائی - وہ روپیہ جو سودا پختہ کرنے کے لیے بائع کو دیا جائے - یہ قیمت فروخت کا کچھ جزو ہوتا ہے -

زرپرست (ف/صف) لالچی - بخیل -

زرِ پیشگی (ف/مذ) وہ روپیہ جو کسی چیز یا محنت کے عوض پہلے ہی دیا جائے -

زرتشت (ف) نام ایک آتش پرست مدعی نبوت کا جس نے ایک کتاب ژند بنا کر لوگوں کو دی تھی مجوسی اُسے مانتے ہیں - گشتاسپ بادشاہ کے عہد میں تھا -

زرخرید (ف/مذ) روپیہ دے کر خریدا ہوا ذاتی خریدا ہوا -

زرخیز (ف/مذ) مُفید صحت پیداوار کی زمین - سیراب و شاداب زمین - سیر حاصل زمین -

زردار (ف) مالدار - امیر - دھن والا - روپے والا -

زردار کا سودا ہے بے زر کا خدا حافظ (ف) مصرع - سودا امیر کا غریب کا اللہ بیلی -

زردوز (ف) کارچوب - زری کا کام کرنے والا -

زردوست (ف) روپیہ کو عزیز رکھنے والا - بخیل - طامع - حریص - لالچی -

زرِ ڈگری (ف/مذ) ڈگری کا روپیہ - وہ رقم جس کی ڈگری ہوئی ہو -

زرِ رہن (ف/مذ) گروی کا روپیہ -

زرِ سفید (ف/مذ) چاندی - سیم - نقرہ -

زرِ ضمانتی (ف/ع/مث) ضمانت کا روپیہ -

زرِ عیار (ف/ع/مذ) خالص سونا -

زرِ فاضل (ف/ع/مذ) فالتو روپیہ - زائد روپیہ -

زرِ قرض (ف/ع/مذ) قرض کا روپیہ -

زرِ قلب (ف/ع/مذ) کھوٹا روپیہ - ملاوٹ کا سونا - کھوٹا سونا -

زر کا جوتا (ف/مذ) چاندی کا جوتا - کامدار -
زر کی پیزار (ف/مث) جوتا - رشوت -

زرِ کامل عیار (ف/ع/مذ) خالص سونا -

زرکوب (ف/مذ) ورق ساز - چاندی سونا کوٹ کر ورق بنانے والا -

زرکوبی (ف/مث) ورق سازی -

زر کے آگے زور نہیں چلتا (ا/مثل) روپے والے کے سامنے طاقتور آدمی کچھ نہیں کرسکتا -

زرگر (ف/مذ) سنار - زیورات گھڑنے والا -

زرِ گل (ف/مذ) پھول کے اندر کا زرد رنگ کا زیرہ -

زر لٹانا (ا/محاورہ) دولت بے دردی سے خرچ کرنا -

زرِ لگان (ف/مذ) ہل بیٹھنا - زمین کا سرکاری خراج - مالیہ - زرمالگزاری -
زرِ مالگزاری وہ رقم جو زمینداروں سے ہر فصل میں قسط کے طور پر وصول ہو کر داخلِ خزانہ ہوتی ہے -

زرِ منافع (ف/ع/مذ) نفع کا روپیہ - فائدہ کا روپیہ - سود - بیاج -

زرنگار (ف) وہ چیز جس پر سنہری نقش بنے ہوئے ہوں سونے کا ملمع کیا ہوا -

زرِ نقد (ف/ع/مذ) وہ روپیہ جو کٹوتی کاٹ کر لیا جائے - ردوکد -

زراعت (ع/مث) کھیتی - کشت کاری - بونا - جوتنا - کھڑی فصل -

زراعت پیشہ (ع ف امذ) کسان۔ جوتا۔ زمیندار۔ کاشتکار۔ مزارع۔
زراعت کرنا (ن) کھیتی باڑی کرنا۔ بونا۔ جوتنا۔ کاشتکاری کرنا۔
زَرْباف (ف امذ) سونے کے تاروں کا بنا ہوا کمخواب۔ کمخواب بُننے والا۔
زَربافی (ف امث) تار بافی۔ سنہرا۔ کمخواب بُننے کا کام۔
زَرْد (ف) پیلا۔ سنہرا۔ اصفر۔
زرد پڑنا (ن) خوف یا بیماری وغیرہ کے باعث چہرہ پیلا ہوجانا۔
زَرد رُو (ف) شرمندہ۔ شرمسار۔ خجل۔ خجالت زدہ۔
زَرْد رُو ہونا (ن) شرمندہ ہونا۔ شرمسار ہونا۔
زَرْدُشت۔ یا۔ زردشت (ف امذ) آتش پرستوں کا پیغمبر۔
زَرْدَک (ف امذ) گاجر۔ گزر۔
زَرْد ہونا۔ یا۔ ہو جانا (ن) شرمندگی یا رنج یا عشق یا طول مرض سے رنگ زرد پڑ جانا۔ خون خشک ہوجانا۔ خوف یا رُعب میں آجانا۔
زَرْدی (ف امث) زرد رنگ۔ پیلا رنگ۔ انڈے کی زردی۔ مرض یرقان۔ پھول کے اندر کا زیرہ۔ اشرفی۔ پونڈ۔
زَرْق بَرْق۔ یا۔ زرق و برق (ع) ٹیپ ٹاپ۔ شان و شوکت۔ کر و فر۔ چمکیلا۔ بھڑک دار۔ آراستہ۔ سجا ہوا۔
زَرْگری (ف امث) سُنار کا پیشہ۔ ایک خاص اپنی بنائی ہوئی زبان۔
زرگری جنگ (ف امث) بناوٹ کی لڑائی۔ جھوٹ موٹ کی لڑائی۔
زرگُل (ف امذ) پھول کے اندر کا زیرا۔
زرگوں (ف اصف) سونے کے رنگ کا سُنہرا۔
زَرنباد (ع) ہندی دوا۔ نرکچور۔
زرود (ع) نام ایک موضع کا جو مکہ کے قریب واقع ہے۔
زِرِہ (ف امث) چلتہ۔ جوشن۔ بکتر۔ لوہے کے چھلّوں سے بنی ہوئی لڑائی کی ایک پوشاک۔ لوہے کی تاروں کا کرتہ۔
زِرہ پوش (ف امذ) چلتہ پہننے والا۔ بہادر سپاہی۔
زِرہ جامہ (ف امذ) جنگی لباس۔
زری (ف امث) سونے کا۔ سونے کا تار۔ سونے کا ملمع کیا ہوا چاندی کا تار۔ کلابتونی کپڑا۔ بادلہ۔ تاشش۔ تمامی وغیرہ۔
زری گوٹے والا (ن) پرانا گوٹا خریدنے والا۔
زرّیں (ف) سُنہری۔ سنہرا۔ سونے کا۔

ز - ڑ

زَڑ (ہ امث) بکواس۔ بے ہودہ بکنا۔ یاوہ گوئی۔ بے فائدہ کلام کی طوالت۔ بڑ۔
زڑی (ہ امذ) بکواسی۔ بک بک کرنے والا۔ یاوہ گو۔ ایک ہی قسم کی باتیں۔ بکتے رہنے والا۔ کلام کو طول دینے والا۔

ز - ش

زِشت (ف) بُرا۔ بھونڈا۔ بدشکل۔ بدصورت۔
زِشت خُو (ف اصف) بدخصلت۔ بدمزاج۔
زِشت رُو (ف) بدشکل۔ بُری صورت والا۔

ز - ع

زُعاف (ع) زہر قاتل۔ ناگہانی موت۔
زَعفران (ع امث) کیسر۔ ایک قسم کا زرد رنگ کا خوشبودار پھول۔
زعفران کا کھیت (ن امذ) کیسر کی کیاری۔ ہنسانے والا مقام۔ ایسی جگہ جہاں خود بخود جوشِ مسرت سے ہنسی آجائے۔
زَعفرانی (ع) کیسری رنگ کا۔ پیلا۔ زرد۔ زعفران کے رنگ کا۔
زُعم (ع امذ) گمان۔ خیال۔ ظن۔
زَعم (ع) لالچ کرنا۔
زَعْم (ع) ضامن ہونا۔

ز - غ

زُغال (ع) کوئلہ۔
زُغن (ف امذ امث) چیل۔
زَغند (ف امث) چھلانگ۔ چوکڑی۔ جست۔ کود پھاند۔

ز - ف

زَفاف (ع امث) مکلاوہ۔ دُلہن کی اپنے دُولہا کے گھر روانگی۔ ہمبستری۔ سہاگ کی رات۔ تخت کی رات۔
زَفافہ (ف) انگارہ۔
زَفیر (ع) یا۔ زفیل (ن امث) سیٹی۔ وہ آواز جو کبوتر باز مُنہ میں انگلی دے کر نکالتے ہیں۔
زَفیل دینا (ن) سیٹی دینا۔ سیٹی بجانا۔

ز - ق

زَقُّوم (ع) تھوہر
زَق (ع) مشک پانی کی۔

ز ۔ ک

زَک (ا/مث) شرمندگی ۔ خفت ۔ ندامت ۔ ذلت ۔ ہار ۔ شکست ۔ نقصان ۔ خسارہ۔
زَک اٹھانا ۔ یا ۔ زک پانا (ل) ہار ماننا ۔ نقصان اٹھانا ۔ شرمندگی اٹھانا۔
زَک دینا (ل) ہرانا ۔ شکست دینا ۔ شرمندہ کرنا ۔ ذلیل و رسوا کرنا ۔
زَک کھانا (ل) ذلیل ہونا ۔ خفیف ہونا ۔ شرم اٹھانا ۔ شکست کھانا۔
زُکام (ع/مذ) ریزش ۔ نزلہ ۔ وہ سردی کی بیماری جس میں ناک بہے۔
زُکام بگڑنا (ا/محاورہ) نزلہ بند ہو جانا۔
زکام پکنا (ا/محاورہ) زکام کے پانی کا غلیظ ہو جانا۔
زُکام ہونا (ا/محاورہ) نزلہ ہونا۔
زَکاوت (ع/مث) (دیکھو ذکاوت)
زَکَرِیّا (ع/مذ) حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام کی نسل سے ایک پیغمبر کا نام۔
زَکوٰۃ (ع/مث) پاک کرنا ۔ پاکیزگی ۔ مال کا چالیسواں حصہ جو سال بھر کے بعد راہِ خدا میں دیا جائے ۔
زَکی (ع) ذہین ۔ دانا ۔ (دیکھو ذکی)

ز ۔ ل

زُلال (ع/مذ) نتھرا ہوا پانی ۔ صاف اور شیریں پانی ۔ ٹھنڈا اور میٹھا پانی ۔ دراصل ایک سفید دو انگل لمبے برفانی کیڑے کا نام ہے جس کو مرنے کے بعد پانی میں ڈالنے سے پانی سرد ہو جاتا ہے ۔
زَلزَلہ (ع/مذ) بھونچال ۔ لرزہ ۔ جنبش ۔ ہلن ڈولن ۔ ہل چل ۔ کھلبلی ۔ تہلکہ ۔
زَلزَلہ پڑ جانا (ل) کھلبلی مچنا ۔ ہل چل پڑنا ۔ تہلکہ مچ جانا ۔
زُلف (ع/مث) لغوی معنی رات کا پہلا حصہ ۔ فارسی والے اصطلاحاً بالوں کی لٹ جو کنپٹی کے اوپر سے چھوڑ کر حلقہ کی طرح بنا لیتے ہیں ۔ گیسو ۔ کاکل ۔
زُلفِ پریشاں (ف/مث) بکھرے ہوئے بال۔
زُلفی ۔ یا ۔ زُلفی زنجیر (ا/مث) وہ کنڈیاں جو کواڑوں میں اس غرض سے لگائی جاتی ہیں کہ کواڑ چوکھٹے سے اتر نہ سکیں۔ یہ کواڑ اور چوکھٹ کے درمیان ہوتی ہیں ۔
زُلَّہ (ع/مذ) بیں خوردہ آگے سے بچا ہوا کھانا ۔ کسی کے لیے اٹھا کر رکھا ہوا کھانا ۔ زَلَّہ بہ زائے مفتوح بمعنی جھینگر ۔
زَلُو (ف) جونک ۔
زَلّہ ربائی (ع ف/مث) خوشہ چینی ۔ جھوٹا کھانا۔
زُلیخا (ع/مث) عزیز مصر کی بیوی جو حضرت یوسف علیہ السلام پر عاشق ہوئی تھی ۔

ز ۔ م

زَم (ف) شہر مرو کی ندی کا نام ۔
زِمام (ع/مث) باگ ۔ باگ ڈور ۔ نکیل۔
زَمانہ (ف/مذ) آسمانی حرکت کا اندازہ ۔ وقت ۔ سماں ۔ ہنگام دنیا ۔ عالم ۔ دہر ۔ دنیا کے لوگ ۔ مخلوق ۔ جگ ۔ جہان ۔ عرصہ ۔ مدت ۔ وقفہ ۔ میعاد ۔ عہد ۔ راج ۔ حکومت ۔ موسم ۔ رت ۔ فصل ۔ (زمان)
زَمانہ پھر جانا (ل) زمانہ بدل جانا ۔ زمانہ الٹ جانا ۔ لوگوں کا اپنے خلاف اور دشمن ہو جانا ۔
زَمانہ دیکھنا (ل) تجربہ حاصل کرنا ۔ دنیا میں پھرنا ۔ دنیا کو دیکھ ڈالنا ۔
زَمانہ ساز (ف) مطلب کا یار ۔ خود غرض ۔ ہوا کے رخ بہنے والا ۔
زَمانہ سازی (ف/مث) خوشامد ۔ خود غرضی ۔ ظاہر داری ۔
زَمانہ کا لہو سفید ہونا (ل) آپس میں محبت نہ رہنا ۔ محبت کا دنیا سے اٹھ جانا۔
زَمانہ کا موافق ہونا (ل) اقبال یاور ہونا ۔ قسمت مددگار ہونا ۔ نصیب اچھے ہونا ۔
زُمُرُّد (ع/مذ) ایک سبز رنگ کا قیمتی پتھر ۔ سبزہ ۔ جواہر ۔ سبز پنا ۔
زُمُرُّدیں (ف) سبز ۔ ہرا ۔ رنگت میں سبز زمرد جیسا ۔
زُمُرُّد نگار (ف/صفت) زمردوں سے جڑا ہوا ۔ مرصع ۔
زُمرہ (ع/مذ) جتھا ۔ گروہ ۔ جماعت ۔ ساتھ ۔ ہمراہی ۔ بھیڑ ۔ فوج ۔
زَمزَم (ع/مذ) بی بی ہاجرہ علیہ السلام کا کنواں جو کعبے میں اب تک موجود ہے ۔ لغوی معنی بڑبڑ ۔
زَمزَمہ (ع/مذ) راگ ۔ نغمہ ۔ سُر ۔ لے ۔ ترانہ ۔ گیت جو آتش پرست آگ کی پوجا کے وقت سُریلی آواز سے گاتے ہیں ۔
زمزمہ کا لچھا (ا/مذ) پیچ دار آواز جو گویے گانے میں نکالتے ہیں ۔
زَمزَمی (ع/مث) آب زمزم رکھنے کا برتن ۔
زِمِستان (ف/مذ) جاڑا ۔ سردی ۔ موسم سرما ۔
زَمہریر (ف/مذ) کرۂ ہوائی کا وہ طبقہ جو نہایت سرد ہے ۔ سخت سردی ۔ بہت جاڑا ۔ دوزخ کا ایک طبقہ بھی ہے جس میں سردی کا عذاب ہوگا ۔ لغوی معنی سرد کر دینے والا ۔
زَمین (ف/مث) دھرتی ۔ بھوم ۔ بھومی ۔ دنیا ۔ جہان ۔ عالم ۔

تختہ - خِطّہ - مُلک - ولایت - دیس - مٹی - خاک - دھول - غزل کی ردیف قافیہ اور بحر - جڑ - بنیاد - نیو - عورت - اولاد کی ماں - کاغذ یا کپڑے کی اصل تہہ یا اصل رنگ - طبقہ - تلا -

زمین اُٹھنا (ل) زمین کا اجارہ پر دیا جانا - زمین کا ٹھیکے پر بولا جانا - سرسبز ہونا -

زمین اُڑا دینا (ل/محاورہ) ہل چل مچا دینا -

زمین اُفتادہ (ف/صف) وہ زمین جو کاشت نہ کی گئی ہو -

زمین آسمان ایک کر دینا (ل) چھان مارنا - تلاش کرنا - جستجو میں کوئی جگہ باقی نہ چھوڑنا -

زمین آسمان کا فرق (ل/مذ) بہت بڑا فرق - نہایت فرق -

زمین آسمان کے قلابے مِلانا - (ل) بہت باتیں بنانا - جھوٹی سچی باتیں بہت بنانا - شیخی مارنا - لاف زنی کرنا -

زمین بلند ہونا (ل) غزل کی زمین کا سخت اور مشکل ہونا -

زمین بوس ہونا (ل) سلام کرنا - حاضرِ خدمت ہونا - زمین چُومنا - آستان بوسی کرنا - سجدۂ زمین کرنا -

زمین بیٹھنا (ل) زمین کا نیچے دب جانا - نیچے دھنس جانا -

زمین پر پاؤں نہ رکھنا (ل) بہت اِترانا - نہایت غرور کرنا - زمین کو اپنے پاؤں رکھنے کے قابل نہ جاننا - بڑھ کر چلنا - بے حد متکبر ہونا -

زمین پکڑنا (ل) کسی جگہ سے نہ ہلنا - جم کر بیٹھ رہنا - جم جانا - کسی جگہ رہنے پر اصرار کرنا -

زمین پھٹ جائے اور میں سما جاؤں (ل/مثل) زندگی سے نفرت اور نہایت شرمندگی کے وقت بولا کرتے ہیں کہ اس جینے سے مرنا بہتر ہے -

زمین دِکھانا - یا - دکھلانا (ل) گرا دینا - پٹکنا - پچھاڑنا - نیچا دکھانا - دے مارنا -

زمین دوز (ف) زمین میں سمایا ہوا - مجازاً وہ کنواں جس کی منڈیر یں زمین سے اُونچی نہ ہوں - زمین میں دھنسا ہوا وہ خیمہ جس کے چاروں طرف کا کپڑا ہوا کے دباؤ کے واسطے زمین میں دبا دیا کرتے ہیں -

زمین دیکھنا (ل) نیچا دیکھنا - پچھڑ جانا - گر جانا - شرمندگی اٹھانا - ذلیل ہونا - قے کرنا - اُلٹی کرنا -

زمین سخت ہے آسمان دُور ہے (ل/مثل) جان سے بیزار کرنے کو تیار ہوں - مگر دفعتہً نہ تو زمین میں دھنس سکتا ہوں نہ آسمان تک پہنچ سکتا ہوں - دونوں طرح مصیبت ہے -

زمین سر پر اُٹھا لینا (ل/محاورہ) بہت شور و غل کرنا -

زمین سُست ہونا (ل/محاورہ) نیچر وغیرہ کا اچھا نہ ہونا -

زمین سے پڑا پانا (ل) مُفت مِل جانا - بے محنت ملنا - راہ چلتے مل جانا -

زمین غیر مزروعہ (ع/ث) بنجر زمین - وہ زمین جو بوئی جوتی نہ جائے -

زمین کا پیوند ہو (ل) دُعائے بد - مر جائے - قبر میں چلا جائے - دفن ہو جائے -

زمین کا گز (ل/مذ) ہمیشہ سفر سیاحت میں رہنے والا بہت چلنے پھرنے والا سیاح -

زمین کا گز ہو جانا - یا - بننا - (ل) دُنیا جہان کو چھان مارنا - جہاں گردی کرنا -

زمین کھا گئی کہ آسمان } (ل/محاورہ) کسی دفعتہً غائب اور گم ہو جانے
زمین کھا گئی یا آسمان } والی چیز کی نسبت بولا جاتا ہے -

زمین کا نمک (ل/مذ) منتخب لوگ - دنیا کی اصلاح کرنے والے -

زمین کا نہ آسمان کا (ل/مثل) کہیں کا نہیں رہا -

زمین کی پوچھنا آسمان کی کہنا (ل) سوال کچھ جواب کچھ - سوال دیگر جواب دیگر -

زمین مزروعہ (ع/ث) کھیتی باڑی کے قابل زمین - بوئی جوتی زمین -

زمین میں سمانا (ل) دھرتی میں گڑنا - غیرت و شرم کے مارے زمین میں گڑنے کی آرزو کرنا -

زمین میں گڑنا - یا - گڑ جانا (ل) سخت شرمندہ ہونا - شرم کے مارے پانی پانی ہو جانا - زمین میں دھنس جانا -

زمیندار (ف/مذ) زمین والا - کھیتی باڑی کرنے والا - ہل جوتنا - کسان - دہقان - سانی - مالی - ٹھاکر - جاگیردار - مالک زمین -

زمیندارا - یا - زمینداراہ (ل/مذ) حق زمینداری - مالکانہ -

زمینداری (ل/ث) کاشتکاری - کسان پنا - جاگیرداری -

ز - ن

زن (ف/ث) استری - عورت - جورو - بیوی - زوجہ - اہلیہ -

زن مُرید (ف ع/مذ) جورو کا غلام - عورت کے کہنے پر چلنے والا - بیوی کا حکم ماننے والا -

زنِ مدخولہ (ف ع/ث) گھر میں ڈالی ہوئی عورت - وہ عورت جسے ماں باپ نے بیاہ کر نہ دیا ہو بلکہ خود کسی سبب سے اس سے نکاح کر لیا ہو - نکاحی عورت -

زنِ منکوحہ (ف ع/ث) بیاہتا بیوی - باقاعدہ نکاح کر کے لائی ہوئی عورت -

زنا (ع/مذ) جاری - حرامکاری - کسی غیر عورت سے صحبت کرنا -

زنا بالجبر (ع/مذ) زبردستی حرامکاری کرنا - کسی عورت سے اس کی مرضی کے بغیر زنا کرنا -

زناکار (ع ف) حرامکار - بدکار - زانی - فاجر - فاسق -

زناکاری (ع ف) حرامکاری - زنا - فسق و فجور -

زنّاٹا (ل/مذ) کسی چیز کے زور سے ہوا چیرتے ہوئے جانے کی آواز - سائیں - سنسناہٹ -

زنّاٹے سے (ا/ متعلق فعل) تیزی سے سائیں سائیں کی آواز دیتا ہوا۔
زنّاٹے کا (ا/ متعلق فعل) زوردار۔ گرج دار۔ آواز دار۔
زناخ (ا/ مث) مرغ یا کبوتر کے سینہ کی دوشاخی ہڈی (زنخ کی مشابہت سے یہ نام ہوا)
زنّار (ف/ مذ/ مث) جنیو۔ وہ تاگا جو ہندو لوگ آڑا ترچھا گلے میں ڈالا کرتے ہیں۔
زنّار بند } (ف/ مذ) جنیو پہننے والا۔ برہمن۔ دوجنا یعنی ہندوؤں کی
زنّاردار } تین اُونچی ذاتیں۔ برہمن۔ چھتری اور ویش۔
زنانہ (ف/ مذ) عورتوں جیسا۔ زنخہ۔ ہیجڑا۔ مخنث۔ عورتوں کی سی حرکتیں کرنے والا آدمی۔ بھانڈ۔ پردہ نشین عورتوں کے رہنے کا مکان۔ حرم سرائے پردہ۔ نامرد۔ ڈھیلا سست۔ بزدل۔ خسرہ۔
زنانی (ا/ مث) عورت۔ استری۔ زن۔
زنانی بولی (ف/ مذ) عورتوں کی زبان۔
زنانی پوشاک (ف/ مث) عورتوں کے پہننے کے کپڑے۔
زنبق (ع/ مذ) نرگس کی قسم کا ایک سفید رنگ کا پھول جو دھتورے کے پھول سے مشابہ ہوتا ہے۔
زن بمزد (ف) قرم ساق بھڑوا۔
زنبور (ف/ مذ) بھڑ۔ تتیا۔ سنسی کی قسم کا ایک اوزار جس کا مُنہ گول ہوتا ہے۔ سنڈاسی۔ چھوٹی توپ۔
زنبورک (ف/ مث) چھوٹی توپ۔
زنبیل (ف/ مث) کچکول۔ گداگروں کی جھولی۔ بھیک مانگنے کی کشتی۔ چیپی۔ کاسۂ گدائی۔ عمرو عیار کی جھولی جس میں وہ زمانے بھر کی چیزیں رکھ لیا کرتا تھا۔
زنجیر (ف/ مث) کُنڈی۔ سنکل۔ بیڑی۔ لڑی توڑا۔ گلے کی زنجیر۔ فیل کے تعداد کے ساتھ اس کا سرلفظ ہوتا ہے۔
زنجیر ڈالنا (ا) بیڑیاں ڈالنا۔ بیڑی پہنانا۔ قید کرنا۔
زنجیر کھٹکھٹانا۔ یا۔ مارنا (ا) کنڈی کھڑکانا۔ دستک دینا۔ بلانا۔
زنجیرا (ا/ مذ) لڑی۔ سلسلہ۔ توڑا۔ ہار۔ کنٹھی۔ حلقہ دار کشیدہ۔ لہریا۔
زنجیری (ف) ایک قسم کی زنجیر دار گولی یا گولہ۔
زنخ۔ یا۔ زنخدان (ف/ مث) ٹھوڑی۔ ذقن۔
زنخا (ا/ مذ) وہ آدمی جو عورتوں کی سی باتیں اور حرکات و سکنات کرے۔ ہیجڑا۔ بزدل۔ نامرد۔ نازک کمر۔ پتلی کمر والا۔
زندان (ف/ مذ) قید خانہ۔ جیل خانہ۔ محبس۔ بندی خانہ۔
زندگانی (ف/ مث) عمر۔ زندگی۔ زیست۔ حیات۔
زندگی بھر (ا) جیتے جی۔ تمام عمر۔ عین حیات۔
زندگی تلخ ہونا (ا) جینا دو بھر ہونا۔ جینے کا لطف نہ رہنا۔
زندگی سے تنگ آنا (ا) جینے سے بیزار ہونا۔ زندگی سے خفا ہو جانا۔
زندگی سے ہاتھ اُٹھانا۔ یا۔ دھونا (ا) جینے کی اُمید نہ رکھنا۔ جینے سے نااُمید ہونا۔
زندہ (ف) جیتا۔ ذی حیات۔ ذی رُوح۔ خوش۔ تازہ۔ جاگتا۔
زند (ف) نام اُس کتاب کا جو زردشت نے بنائی تھی۔
زندخواں (ف) بُلبُل۔ قمری۔ فاختہ۔
زندہ درگور ہونا (ا) موت سے پہلے مرنا۔ جیتے جی مرنا۔ نہایت تکلیف میں ہونا۔
زندہ دل (ف) خوش طبع۔ خوش مزاج۔ دل لگی والا۔ ظریف۔ باحوصلہ۔
زندہ دلی (ف/ مث) دل لگی۔ ظرافت۔ چُہل۔ مُردہ دلی کی ضد۔
زندہ رہنا (ا) سلامت رہنا۔ جیتا رہنا۔ سرسبز رہنا۔ پھلنا۔ پھولنا۔
زندہ کرنا (ا/ محاورہ) جلانا۔ زندگی بخشنا۔ فرحت دینا۔
زندہ کن (ف/ صف) زندہ کرنے والا۔
زندہ گرفتار کرنا (ا/ مص) جیتے جی پکڑ لینا۔
زنگ (ف/ مذ) لوہے کا میل۔ جر۔ کدورت۔ گھنگرو۔ گھنٹہ۔ تالی۔ افریقہ کے ایک ملک کا نام۔
زنگ آلود۔ یا۔ آلودہ (ف) زنگ خوردہ۔ مورچے کا کھایا ہوا۔ کھنڈا۔ کُند۔
زنگ خوردہ (ف/ صف) جسے زنگ لگا ہوا ہو۔
زنگ لگنا (ا) جر لگنا۔ مورچہ لگنا۔
زنگار (ف/ مذ) تانبے کا جر۔ تانبے کا کساؤ۔ نیلا تھوتھا۔
زنگاری (ف) زنگار کے رنگ کا۔ سبز۔ ہرا۔
زنگی (ف/ مذ) زنگبار کا باشندہ۔ حبشی۔
زنہار (ف) ہرگز نہیں۔ بالکل نہیں۔ پناہ۔ بچاؤ۔

ز ـ و

زوال (ع/ مذ) کمی۔ گھٹاؤ۔ اُتار۔ اِدبار۔ بدبختی۔
زوال کا وقت (ا/ مذ) تیسرا پہر۔ دھوپ ڈھلنے کا وقت۔ گھٹتی کا وقت۔
زوائد (ع) زائد کی جمع۔ زیادہ۔ فضول۔ فالتو۔
زوج (ع/ مذ) جوڑا۔ جُٹ۔ جُفت۔ خاوند۔ جورُو۔ وہ عدد جو دو پر پورا تقسیم ہو سکے۔
زوج الزوج (ع/ مذ) وہ عدد جو دو پر پورا تقسیم ہونے کے بعد پھر دو پر پورا تقسیم ہو سکے۔
زوج الفرد (ع/ مذ) وہ عدد جو جُفت اور طاق یعنی دو اور تین دونوں پر بٹ سکے۔ جیسے ۶، ۱۲، ۱۸۔
زوجہ (ع/ مث) جورُو۔ بیوی۔ استری۔ گھروالی۔ اہلیہ۔
زوجیت (ع/ مث) جوڑا ہونا۔ بیوی بننے کا حق۔ نکاح۔ بیاہ۔ عقد۔

زوجیت میں لانا (ف) بیوی بنانا - جورو بنانا - نکاح میں لانا -
زُود (ف) جلدی - شتابی - سُرعت - تا دُل - ابھی -
زود آشنا (ف) جلدی یار بن جانے والا - جلدی گھُل مل جانے والا -
زود رنج (ف) بہت جلد خفا ہو جانے والا - تیز مزاج - جلے تن - تنک مزاج -
زود رس - یا - زود فہم (ف) بات کی تہ کو جلد پہنچ جانے والا - تیز فہم - ذکی - بہت جلد سمجھ جانے والا -
زود نویس (ف) جلد جلد لکھنے والا - تیز قلم آدمی -
زُور (ع امذ) جھوٹ - دروغ - دغا - فریب - مکر - (یہ بواؤ معروف ہے)
زور (ف امذ) بل - طاقت - قُوّت - توانائی - حکم - حکومت - زبردستی - جبر - غلبہ - زیادتی - کثرت - بہتات - کوشش - سعی - قیامت کا - غضب کا - بے ڈھب - ظلم و ستم - سختی - انوکھا - آدمی - ایک عجیب شخص - طُرفہ معجون - نرالے ڈھب کا - قابُو - بس - قدرت - اختیار - خُوب - عُمدہ - اچھا -
زور آزمانا (ف) زور کا امتحان کرنا - طاقت دکھانا - قوت ظاہر کرنا - بل دکھانا -
زور آزمائی (ف امث) طاقت دکھانا - کُشتی - بل ظاہر کرنا -
زور آنا (ف) طاقت بڑھنا - قوت زیادہ ہونا - طاقت ور ہونا - توانا ہونا -
زور آور (ف) بلی - قُوّت دار - طاقتور - قوی -
زور آوری (ف امث) طاقت - بل - توانائی - زبردستی -
زور بازو سے (ف) اپنی طاقت سے - قوتِ بازو سے - اپنی محنت سے -
زور باندھنا (ار / محاورہ) قوت پکڑنا -
زور پر (ف) کمال پر - زیادتی پر - ترقی پر -
زور پر چڑھنا (ف) دباؤ پڑنا - بوجھ پڑنا - طاقت صرف ہونا - مجبور کیا جانا -
زور پکڑنا (ار / محاورہ) قوت حاصل کرنا -
زور توڑنا (ار / محاورہ) زور مٹانا - گھمنڈ مٹانا - قوت زائل کرنا -
زور جتانا - یا - دکھانا (ف) طاقت ظاہر کرنا - دباؤ ڈالنا - حکومت دکھانا -
زور چلانا (ف) زبردستی یا رُعب سے کوئی کام لینا - حکومت چلانا -
زور چلنا (ف) دباؤ پڑنا - حکم چلنا - بس چلنا - قابو چلنا -
زور دار (ف) بلوان - بلونت - بلی - طاقتور - قوی - مضبوط -
زور دکھانا (ف) طاقت دکھانا - غرور کرنا -
زور دینا (ف) دباؤ ڈالنا - بوجھ ڈالنا - کسی لفظ کو زیادہ زور سے ادا کرنا - سخت کرنا - زور بڑھانا - قوت دینا - مدد دینا - حمایت کرنا - تاکید کرنا - مجبور کرنا - ناچار کرنا -
زور ڈالنا (ف) دبانا - مجبور کرنا - تنگ کرنا - طاقت دکھانا - مدد کرنا - دباؤ ڈالنا -
زور ڈھے جانا (ار / محاورہ) غرور نکل جانا -
زور سے (ف) جلدی سے - تیزی سے - طاقت سے - سختی سے - بمشکل - بشدت - کثرت سے - بلند آواز سے -
زور شور (ف امذ) تیزی - شدت - چڑھاؤ - طُغیانی -
زور شور کا (ف) بھاری - گھنگھور - نہایت شدت کا - پُرجوش -
زور ظلم (ف امذ) سختی - زبردستی - جبر و قہر -
زور کرنا (ف) زور لگانا - طاقت آزمانا - کوشش و سعی کرنا - دو پہلوانوں کا آپس میں داؤ پیچ کرنا - بڑھنا - ترقی کرنا -
زور لگانا (ف) اپنی ساری طاقت خرچ کرنا - آگے کو بڑھانا - ہاتھ لگانا - ہمت کرنا - مدد کرنا - کوشش کرنا - سعی کرنا - مجامعت کرنا -
زور میں آنا - یا - بھرنا (ف) جوانی یا جوبن میں بھرنا - طاقت میں مکمل ہونا -
زور نکالنا (ف) طاقت گھٹانا - کمزور کرنا - کسی ناتواں پر طاقت آزمائی کرنا -
زورا زوری (ف امث) زبردستی - جبراً -
زوروں پر آنا - یا - ہونا (ف) طاقت ور ہونا - طاقت میں بھرنا - شدت پر ہونا - کثرت ہونا - جوانی یا جوبن پر آنا - موٹا تازہ ہونا - غرور کرنا - تکبر کرنا - آگے بڑھانا - زیادہ ہونا -
زُوف زاف کرنا (ار / محاورہ) لعنت ملامت کرنا -
زُوفا (ع امذ) ایک قسم کی دوا اور اُس کے پھُول کا نام - جس کا شربت بنایا جاتا ہے -
زوق (ع امذ) پارہ - سیماب -
زولیدن (ف) اُلجھنا -

ز - ہ

زِہ (ف امث) کنارا - منڈیر - کمان کا چلّہ - جننا - بچہ دینا - وضع حمل ہونا - واہ وا - شاباش - مرحبا -
زِہ کرنا (ف) کمان کا چلّہ چڑھانا - دیوار کی کانس بنانا -
زُہد (ع امذ) پرہیزگاری - پارسائی - تقویٰ -
زُہدیت (ع امث) زُہدپن -
زَہر (ف امذ) بِس - سَم - وہ شے جس کے کھانے سے جاندار مر جائے - کڑوا - تلخ - بُرا - ناگوار - خلافِ طبع - غُصّہ - خشم - بدذائقہ - بے لُطف - بدمزہ - مہلک چیز - ہلاک کر دینے والا - مُضر
زہر اُگلنا (ف) مُنہ سے زہر نکالنا - مجازاً طعنہ دینا - بُرا بھلا کہنا - فساد کی باتیں زبان پر لانا - بدلہ لینا - غُصّہ نکالنا - بدگوئی کرنا - بھکانا - کسی بات کے شروع ہونے پر اُس کے بالکل برخلاف لگائے دینا -

زہر آلود - یا - زہر آلودہ (ف) زہریلا - بِس بھرا - زہر کا بھرا ہوا - زہر میں بُجھایا ہوا -

زہر آب (ف/مذ) زہر کا پانی - بِس ملا پانی - زہر گھُلا ہوا پانی -

زہر آشام (ف/صف) زہر پینے والا - جو زہر زمین میں بُجھا ہوا ہو -

زہر باد (ف/مذ) خناق - انتڑیوں کی خشکی کے سبب سے گلے کا خشک ہو جانا - ایک خطرناک مرض جو ہاتھی گھوڑے کے فوطہ پر ہوتا ہے - بادخایہ - سانس کے راستہ سے سرایت کرنے والا زہر -

زہر پھیلنا (ا) زہر پھیلنا - زہر چڑھنا - زہر کا تمام بدن پر اثر کر جانا - زہر پھیلانا - زہر چڑھانا -

زہر خند (ف) غصّہ اور شرمندگی میں ہنسنا -

زہردار (ف) زہریلا - بِس بھرا - سمّی -

زہر دینا (ا) زہر کھلانا - زہر سے مارنا -

زہر قاتل (ع) مار ڈالنے والا زہر - زہر ہلاہل - مہلک زہر -

زہر کرنا - یا - کر دینا (ا) کڑوا کر دینا - تلخ کر دینا - بدمزہ کر دینا - ناگوار کرنا - کھانے میں نمک اندازے سے زیادہ ڈال دینا -

زہر کھانا (ا) کوئی جان ختم کرنے والی چیز کھا لینا - مرنا - جان دینا - کسی پر عاشق ہونا - دشمنی کرنا - عداوت کرنا - بیر رکھنا - حسد رکھنا - رشک و حسد سے مرنا - جلنا -

زہر کی چھُری (ا) زہریلا - بِس کی گانٹھ - فتنہ انگیز - شہد کی چھُری کی ضد -

زہر کے گھونٹ ہونا (ا) تلخ ہونا - ناگوار گزرنا -

زہر کی گانٹھ (ا) بِس کی گانٹھ - نہایت فسادی - فتنہ انگیز -

زہر گھولنا (ا/محاورہ) فتنہ فساد کی باتوں سے فضا خراب کرنا -

زہر گیاہ (ف/مث) ایک قسم کی گھاس جو بہت زہریلی ہوتی ہے -

زہر لگنا (ا) بے حد بُرا معلوم ہونا - سخت ناگوار گزرنا - بُرا لگنا -

زہر مار کرنا (ا) غم یا غصّے کی حالت میں مجبوراً کھانا - بے دلی سے کھانا -

زہر مہرہ خطائی (ف/مذ) شہر خطا کا زہر مہرہ جو نہایت عمدہ اور خوش رنگ ہوتا ہے -

زہر میں بُجھانا (ا) زہر کے پانی میں بُجھاؤ دینا - زہر آلود کرنا - بِس ملانا -

زہر میں بُجھا ہوا (ا) زہر آلود - وہ ہتھیار جس کا زخم کبھی اچھا نہ ہو - فسادی -

زہر نوش (ف/صف) بلا نوش جو مل جائے سب کچھ چٹ کر جانے والا -

زہر ہتھیلی پر رکھا ہو بے کھائے نہیں مرتا (ہ/مثل) کوئی کام کیے بغیر سزا نہیں مل سکتی -

زہر ہلاہل (ف/مذ) مہلک زہر -

زہر ہونا - یا - ہو جانا (ا) کڑوا ہونا - تلخ ہو جانا - نمک بہت پڑ جانا - بُرا ہونا - باعثِ تکلیف ہونا -

زہر ہے (ا/محاورہ) مہلک زہر ہے - نقصان دہ ہے - کڑوا ہے - تلخ ہے - بدمزہ ہے -

زہرا (ع/مث) زرد رنگ کا - زرد رنگ - حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا لقب -

زُہرہ (ہ/مث) ایک ستارے کا نام ہے جو تیسرے آسمان پر ہے - کرسوکھ - اس کو رقاصۂ فلک - مطربۂ فلک اور ناہید بھی کہتے ہیں - ایک خوبصورت عورت کا نام ہے جس پر ہاروت و ماروت عاشق ہو کر مبتلائے عذابِ الٰہی ہو گئے -

زُہرہ جبین (ف) زہرہ کی سی پیشانی والا - خوبصورت - ماہرو -

زَہرہ (ف/مذ) پتّا - ایک اندرونی عضو کا نام ہے جس میں زرد یا نیلے رنگ کا کڑوا پانی بھرا ہوتا ہے اور ہر جاندار کے جگر سے چمٹا رہتا ہے - حوصلہ - ہمّت - دلیری - جگر - گردہ - کلیجہ -

زہرہ آب ہونا (ا) رُعب چھانا - رُعب اور خوف طاری ہونا - نامردی چھانا -

زہرہ پھٹنا (ا) خوف سے جگر ٹکڑے ہونا - رُعب چھانا - دل دھڑکنا - متحیر ہونا - حیرت میں رہنا - جلنا - حسد کرنا -

زہریلا } (ہ/مذ) بِس بھرا - زہردار - شریر - فسادی -
زہریلی } فتنہ انگیز -

ز - ی

زی (ف) اندازہ - طرف - نزدیک -

زیادتی } (ف/مث) کثرت - بہتات - شدّت -
زیاتی } افراط - زبردستی - جبر - ظلم -

زیادتی کرنا (ا) زبردستی کرنا - سختی کرنا - جبر کرنا -

زیادہ (ف) بہت - افزوں - بیش - بڑھا ہوا - فالتو - فاضل - سوا -

زیادہ تر (ف) بہت زیادہ - بیشتر -

زیادہ خیریت ہے (ا) خاتمۂ خط - باقی خیریت - آگے خیریت -

زیادہ ستانی (ف/قانون) سرکاری اجازت یا قانون سے زیادہ لینا - معمول سے زیادہ لے لینا - زیادہ طلبی -

زیادہ سے زیادہ (ا) بہت سے بہت - حد کا درجہ -

زیادہ کرنا (ا) بڑھانا - پہلے سے زیادہ کر دینا - دسترخوان اُٹھانا - پوشاک اُتارنا - کم کرنا کی ضد -

زیادہ گو (ف) بکواسی - بڑ گو - جھوٹا - دروغ گو -

زیادہ گوئی کرنا (ا) بکواس کرنا - بات کو بڑھا کر بیان کرنا - مبالغہ کرنا - فضول بکنا - بڑ ہانکنا -

زیادہ مٹھائی میں کیڑے پڑتے ہیں (ا/مثل) زیادہ بے تکلفی کا نتیجہ

رنج ہوتا ہے۔
زیارت (ع امث) کسی متبرک جگہ کا دیکھنا۔جائزہ۔حج۔مقدس جگہ کا نظارہ۔
مقبرہ۔مزار۔آستانہ۔درگاہ۔پرستش گاہ۔
زیارت بزرگاں کفارہ گناہ (ا۔ر مثل) بزرگوں کی زیارت سے گناہ معاف
ہو جاتے ہیں۔
زیارت کرنا (ل) کسی مزار یا مقدس بزرگ کا نظارہ کرنا۔بزرگ سے
ملنا۔
زیارت گاہ (ف امث) مقدس جگہ۔درگاہ۔آستانہ۔متبرک مقام۔
زیاں (ف امذ) نقصان۔خسارہ۔ٹوٹا۔گھاٹا۔ضرر۔
زیب (ف امث) زینت کا مرادف۔سجاوٹ۔سوبھا۔سنگار۔
خوبصورتی۔رونق۔
زیب آغوش ہونا (ا۔ر محاورہ) معشوق کا بغل میں ہونا
زیب تن کرنا (ل) کسی کپڑے یا زیور کو بدن پر سجانا۔پہننا۔
زیب دینا (ل) سجاوٹ دینا۔بھلا لگنا۔خوشنما ہونا۔موزوں ہونا۔
کھلنا۔
زیب و زینت (ف امذ) بناؤ سنگار۔سجاوٹ۔ٹھاٹھ باٹ۔
آرائش و زیبائش۔
زیبا (ف) زیب دینے والا۔بھلا۔سوہنا۔سُندر۔خوبصورت۔
لائق۔مناسب۔
زیبائش (ف امث) سجاوٹ۔خوبصورتی۔آرائش۔زینت۔
زیبندہ (ف امذ) زیب دینے والا۔بھلا لگنے والا۔
زیتون (ع امذ) ایک درخت جس کے بیجوں کے روغن کو زیت کہتے
ہیں۔
زید (ع) ایک فرضی نام۔
زیر (ف امث) دھیمی آواز۔نیچا سُر۔مدھم آواز۔
زیر و بم (ف امذ) طبلہ یا ڈھولک کا دایاں بایاں رُخ۔نیچا اُونچا
سُر۔
زیر (ف امث) جر۔کسرہ۔آڑی لکیر جو حرف کے نیچے لکھ دیا کرتے
ہیں۔نیچے۔تحت۔کم۔طاقت۔کمزور۔
زیر بار (ف) بوجھ میں دبا ہوا۔مقروض۔قرض دار۔
زیر بار ہونا (ل) قرضدار ہونا۔قرض کے نیچے دبنا۔
زیر باری (ف امث) قرضداری۔دینداری۔
زیر بند (ف امذ) وہ تسمہ جو گھوڑے کی پیٹھ کے نیچے باندھا جاتا ہے۔
گھوڑے کا تنگ۔
زیر بند مارنا۔یا۔لگانا (ل) تسمہ سے خبر لینا۔کوڑے مارنا۔چابک
مارنا۔
زیر تجویز (ع) کسی معاملے کو غور و فکر کے لیے رہنے دینا۔زیر حکم۔

زیر حکومت (ع) رعیت۔حکم کے تابع۔فرمانبردار۔
زیر خاک (ف اصف) قبر میں۔زمین میں دفن۔
زیر دست (ف) کمزور۔مفلس۔غریب۔ناتواں۔کنگال۔ماتحت۔
تابع۔
زیر سایہ (ف) پناہ میں۔حمایت میں۔قریب۔پاس۔بیچ۔پاس۔
زیر کرنا (ل) دبانا۔قابو میں لانا۔مغلوب کرنا۔ماتحت کرنا۔
زیر مشق (ع امذ) لکھنے کی مشق کرتے وقت کاغذ کے نیچے رکھنے کا
چمڑا یا وصلی۔ہاتھوں پر چڑھا ہوا۔رواں۔زیر نظر۔بڑا کام
دینے والا معمول۔
زیر و زبر (ف) تہ و بالا۔تلے اُوپر۔درہم برہم۔اُلٹ پلٹ۔
تتر بتر۔
زیر و زبر کرنا (ل) تباہ و برباد کرنا۔اُلٹ پلٹ کرنا۔خراب و خستہ
کرنا۔
زیرہ (ف امذ) ایک خوشبودار بیج جو اکثر گرم مسالہ میں پڑتا ہے
پھول کے اندر کا باریک باریک رُواں۔زرگل۔سیاہ و سفید
دو رنگ کا ہوتا ہے۔
زیرک (ف) دانا۔عقلمند۔ہوشیار۔سمجھ دار۔
زیرکی (ف امث) عقل مند۔دانائی۔ہوشیاری۔چترائی۔
زیروں سے شیر ہوتے ہیں (ا۔ر مثل) بچوں سے بڑے اور ادنیٰ سے
اعلیٰ ہوتے ہیں۔
زیریں (ف) نیچے کا۔تلے کا۔پائین۔
زیست (ف امث) زندگی۔جینا۔عمر۔حیات۔
زیست بھاری ہونا (ا۔ر محاورہ) زندگی ناگوار ہونا۔
زیست بھر (ا۔ر صف) عمر بھر۔تمام زندگی۔
زیست حرام ہونا (ا۔ر محاورہ) زندگی ناگوار ہونا۔
زیست مشکل پڑنا (ل) زندگی دشوار ہونا۔جینا دوبھر ہونا۔
زین (ف امذ) کاٹھی۔چارجامہ۔سرج۔پالان۔کجاوہ۔
زین پوش (ف امذ) زین کے اُوپر ڈالنے کا کپڑا۔غاشیہ۔
زین دھرنا۔یا۔کسنا (ل) گھوڑے پر کاٹھی رکھنا۔چارجامہ کسنا۔
زینت (ع امث) آرائش۔زیبائش۔سنگار۔سوبھا۔سجاوٹ۔
خوبصورتی۔رونق۔خوشنمائی۔
زینہ (ف امذ) مشابہ زین۔مجازاً سیڑھی (پنجابی) پوڑی۔
زینہار (ف) ہرگز۔پناہ۔بچاؤ۔
زیور (ف امذ) (زیب و ریعنی سجانے والا) گہنا۔ٹُوم۔رتسم۔
بناؤ سنگار۔آرائش و زیبائش۔سجاوٹ کی چیز۔

ژ (ف امث) فارسی کا چودھواں اور اردو کا سترھواں حرف ہے ۔ عربی میں نہیں آتا نہ ہندی میں آتا ہے ۔ حساب جمل میں اس کے عدد ز کی طرح سات فرض کیے گئے ہیں ۔

ژ ۔ ا

ژاژ (ف امذ) اُونٹ کٹارا ۔ ایک کانٹوں دار جھاڑی جسے اُونٹ بہت کھاتا ہے ۔ بے ہودہ بات ۔ لغو بات ۔
ژاژ خائے (ف امذ) بکواسی ۔ بے ہودہ گو ۔ بکی ۔
ژاژ خائی (ف امث) بکواس ۔ بک بک ۔ بے ہودہ گو ۔
ژفک (ف) رطوبت جو آنکھوں کے کونوں میں جمع ہوجاتی ہے ۔ چیپڑ ۔
ژفیدن (ف) ڈرنا ۔
ژالہ (ف امذ) اولہ ۔ پتھر ۔ بجری ۔ تگرگ (پنجابی گڑا)
ژالہ باری (ف امث) اولوں کی بارش ۔ اولے پڑنا ۔

ژ ۔ ن

ژند (ف امذ) پُرانی گدڑی ۔ پھٹا کپڑا ۔ بزرگ ۔ ڈراؤنا ۔ ہیبت ناک ۔ زردشت کے زمانے کی بہت پُرانی فارسی زبان ۔ زردشت ۔ کی ایک کتاب جسے آتش پرست آسمانی کتاب خیال کرتے ہیں ۔

ژندہ (ف امذ) گدڑی ۔ پیوند لگا ہوا کپڑا ۔ پُرانا خرقہ ۔

ژ ۔ و

ژولید (ف) اُلجھے ہوئے ۔ پریشان ۔ درہم برہم ۔ بکھرے ہوئے ۔ تتربتر ۔
ژولیدہ بیان (ف ع صف) جس کی تقریر یا تحریر اُلجھی ہوئی ہو ۔
ژولیدہ حال (ف ع) خستہ حال ۔ بُرے حال والا ۔ تباہ حال ۔ پریشان حال ۔
ژولیدہ مُو (ف) بکھرے بالوں والا ۔ اُلجھے بالوں والا ۔ پراگندہ مُو ۔

ژ ۔ ی

ژیاں (ف) غضب ناک ۔ تُند خُو ۔ سخت غصّے والا ۔ بپھرا ہوا ۔ درندہ جانوروں کی صفت میں اکثر شکاری پرندوں کے لیے بہت کم آتا ہے ۔

س (ع امذ) اردو کا اٹھارھواں - فارسی کا پندرھواں - عربی کا بارھواں حرف - اسے سین مُہملہ یا غیر منقوط بھی کہتے ہیں - حساب ابجد میں اس کے ساٹھ (۶۰) عدد مقرر ہیں -

س - ا

سا (۱) مانند، مثل، جیسا - برابر - مطابق - مشابہ - کثرت مقدار کے لیے بھی آتا ہے۔

ساباط (ع امث) چھت دار رستہ جو دو مکانوں کو ملائے - چھتی ہوئی گلی - چھتا -

سابح (ع امذ) تیرنے والا - تیز رفتار گھوڑا -

سابر (ع امذ) بارہ سنگا - بارہ سنگے یا ہرن کی کھال کا سفید یا زرد رنگ کا چمڑا - نقب لگانے کا آلہ - سابل -

سابق (ع) بڑھنے والا - سبقت لے جانے والا - اگلا - اول - اگلے وقت کا -

سابق الذکر (ع) جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہو - مذکورہ بالا -

سابق دستور (ع اصف) قدیم دستور کے مطابق -

سابقہ (ع) اگلے زمانے کا - اگلا - پہلا - قدیم - جان پہچان - اگلی ملاقات - معاملہ - واسطہ (مؤنث) پہلی بیوی - اگلی بیوی -

سابقہ پڑنا (ل) واسطہ پڑنا - معاملہ پڑنا - کام پڑنا - تعلق ہونا - واقفیت ہونا -

صابن کے مول پڑنا (ل) بہت سی جوتیاں پڑنا - کثرت سے پٹنا - بہت مار کھانا -

سات (ہ) ہفت - چھ اور ایک کا مجموعہ - ۷ - 7 -

سات پانچ (ہ) دو چار - چند - تھوڑے سے - چند آدمی (مؤنث) چالاکی - دغا - فریب - مکر و فریب -

سات پانچ کرنا (ہ ا) محاورہ) عیاری سے کام لینا - مکر و فریب - مکر دغا -

سات پانچ کی لاٹھی ایک جنے کا بوجھ (ا) مثل) بہت سے آدمی مل کر کام کریں تو ہلکا اور آسان معلوم ہوتا ہے -

سات پانچ لانا (ا) محاورہ) اُلجھنا - حجت کرنا -

سات پردوں میں چھپا کر رکھنا (ل) خوب نگہبانی کرنا - ہوا تک نہ لگنے دینا - کمال حفاظت اور احتیاط سے رکھنا -

سات پُشت (ہ امث) سات پیڑھی - آخر کی سات پشتیں -

سات دھار ہو کر نکلنا (ل) پھوٹ پھوٹ کر نکلنا - دستوں کے رستے نکلنا - سات زخم پڑ کر نکلنا - ہضم نہ ہونا -

سات سمندر (ہ امذ) کل دنیا کے سمندر -

سات سنگار (ہ امذ) عورتوں کی سات آرائشیں - جیسے مہندی لگانا - سُرمہ لگانا - مسّی لگانا - پان کھانا - سر گوندھنا - زیور پہننا - افشاں چُننا -

سات سو چوہے کھا کے بلی حج کو چلی (ہ ا مثل) بہت سے گناہ کر کے اب نیکیوں کا ارادہ کیا ہے -

سات سُہاگنوں کا ہاتھ لگوانا } (ل) فال نیک کے لیے سات
سات سہاگنوں کو کھلانا } زندہ خاوند والیوں سے بیاہ کا جوڑا سلوانا - یا ان کو منت کا کھانا کھلانا -

سات پھیرے (ہ امذ) (ہندو) عقد - زوجیت - وہ سات چکر جو آگ کے گرد شادی کے وقت دولہا دلہن کو لگاتے ہیں - یا مندر کے گرد کیے جاتے ہیں -

سات ماموؤں کا بھانجا (ہ امذ) کنبے بھر کا لاڈلا بچہ -

ساتا روہن (مث) سات بھیڑیوں کا گروہ - کئی بھیڑیوں کا مجمع جس سے شکار کا جانبر ہونا محال ہے -

ساتوں (ہ) پورے سات -

ساتوں ہاتھوں لینا (ہ) نہایت شوق سے لینا۔ بڑے اشتیاق و محبت سے لینا۔

ساتواں ۔یا۔ ساتویں } (ہ/مذ) ہفتم۔ سات سے نسبت رکھنے والا۔
ساتویں } ساتویں درجے کا۔ سابع ۷ ۔

ساتویں آسمان پر مزاج ہونا (ا) نہایت مغرور ہونا۔ بہت اترانا۔ بڑا گھمنڈ ہونا۔

ساتھ (ہ/مذ) سنگت۔ ہمراہی۔ جماعت۔ گروہ۔ منڈلی۔ شرکت۔ ساجھا۔ میل ملاپ۔ ایک ہی جگہ۔ ایک ہی وقت۔ باہم۔ باہمدگر۔

ساتھ دینا (ہ) مدد دینا۔ حمایت کرنا۔ رفاقت کرنا۔ نباہنا۔

ساتھ رہنا (ہ) ایک جگہ رہنا۔ اکٹھا رہنا۔ ہمراہ رہنا۔ عورت کا مرد سے آشنائی رکھنا۔

ساتھ کا کھیلا (ہ/مذ) وہ شخص جس کے ساتھ بچپن میں کھیلتے رہے ہوں لنگوٹیا۔ بچپن کا دوست۔

ساتھ لگے پھرنا۔یا۔ لگا پھرنا۔یا۔ لگا جانا (ہ) ساتھ ساتھ پھرنا۔ ہمراہ رہنا۔ پیچھے پیچھے پھرنا۔

ساتھی (ہ/مذ) ساتھ والا۔ ہمراہی۔ رفیق۔ شریک۔ ساجھی۔

ساٹا (ہ/مذ) ادلا بدلا۔ عوض معاوضہ۔ باہم مبادلہ۔ ہنڈی کا آپس میں لین دین۔

ساٹھ (ہ) تین بیسی۔ شصت۔ ۶۰۔ 60۔

ساٹھا (ہ) ساٹھ برس کی عمر کا۔ شصت سالہ۔

ساٹن (انگریزی لفظ سیٹن کا بگاڑ ہے رمذکر) ایک قسم کا دبیز ریشمی کپڑا۔ اطلس۔ تافتہ۔

ساٹھی } (ہ/مث) ایک قسم کے سُرخ رنگ موٹے چاولوں کا پودا جو
سٹھی } بشرط بارش ساٹھ دن کے اندر پک کر تیار ہو جاتا ہے۔

ساج (ف/مذ) آبنوس کی لکڑی یا ساگوان کی لکڑی صیقل کرنے کا پتھر یا توا۔

ساجد (ع/صف) سجدہ کرنے والا۔ سر جھکانے والا۔

ساجر (ع/مذ) وہ نشیب کی جگہ جو پانی کے چڑھاؤ سے بھر جائے۔

ساجن۔یا۔ سجن (ہ/مذ) خاوند۔ شوہر۔ خصم۔ مالک۔ پتی۔ جانی۔ دلبر۔ معشوق۔ حاکم۔ امیر۔ سردار۔ نواب۔ راؤ۔ ٹھاکر۔ خداوند تعالیٰ۔ رام۔ کرتار۔

ساجنا (ہ) زیب دینا۔ بن پڑنا۔ سجنا۔

ساجور (ع) کتے کے گلے کا پٹہ۔

ساجھا (ہ/مذ) شراکت۔ تجارت یا کسی اور اہم کام میں باہم شرکت ہونا۔ بانٹے۔ حصّہ۔ بانٹنا۔ پتی۔

ساجھی (ہ/مذ) ساجھا کرنے والا۔ حصّہ دار۔ پتی دار۔ شریک۔

ساجھے کی ہنڈیا چوراہے میں پھوٹتی ہے (ہ/مثل) حصّہ داری کے کاموں میں جھگڑا ضرور ہو جاتا ہے۔

ساحت (ع/مذ) صحن۔ آنگن۔ میدان۔ رقبہ۔

ساحتِ طوبیٰ (ع/مذ) بہشت۔

ساحر (ع/مذ) جادو کرنے والا۔ جادوگر۔ فسوں گر۔ فسوں ساز۔

ساحرہ (ع/مث) جادوگرنی۔

ساحری (عف/مث) جادوگری۔

ساحل (ع/مذ) دریا۔یا۔ سمندر کا کنارا۔

ساخت (ف/مث) ساختن۔ بناوٹ۔ بندش۔ طرز۔ ترکیب۔ ڈول۔ بنائی ہوئی بات۔ مکر۔ فریب۔ حیلہ۔

ساختہ (ف) بنایا ہوا۔ مصنوعی۔ جھوٹا۔ جعلی۔ نقلی۔

ساختہ پرداختہ (ف) کیا کرایا۔ عملدرآمد۔ قول و فعل۔ بنایا سنوارا۔ آراستہ پیراستہ۔ کرتوت۔ کیا دھرا۔

سادات (ع/مث) سیّد کی جمع الجمع۔ بہت سے سیّد۔ سیّدوں کی قوم۔ وہ لوگ جو حضرت علیؓ کی اولاد اور حضرت فاطمہؓ کے بطن سے ہوں۔

سادگی } (ف) سیدھا پن۔ صفائی۔ صاف دلی۔ راستبازی۔
سادہ پن } بھولا پن۔ ناسمجھی۔ بے تکلفی۔

سادہ (ف) کورا۔ بن لکھا۔ صاف۔ بے ہنر۔ بے سلیقہ۔ بھولا بھالا۔ بن ڈاڑھیا۔ صاف چہرے والا۔

سادہ دل (ف) صاف دل والا۔ بے کپٹ۔ بے ریا۔ بے کینہ۔ بے وقوف۔

سادہ دلی (ف) صفائی۔ صاف دل۔ بے تکلفی۔

سادہ کار (ف) وہ سنار جو عمدہ اور نفیس کام بناتے۔ عمدہ اور سُبک کام کرنے والا۔

سادہ کاغذ (ر/مذ) کورا کاغذ۔ بن لکھا کاغذ۔ بے مہر کا کاغذ۔ وہ کاغذ جس پر اسٹامپ کی مُہر نہ ہو۔

سادہ لوح (فع) مورکھ۔ نادان۔ بے وقوف۔

سادہ لوحی (فع) مورکھ پن۔ نادانی۔ بے وقوفی۔

سادہ مزاجی (ف/مث) سادگی۔ بے تکلفی۔ صاف دلی۔

سادہ وضع } (فع) ٹیپ ٹاپ کے بغیر آدمی۔ اوّل سے آخر تک یکساں
سادہ طور } رہنے والا آدمی۔

سادھ (ہ) نیک۔ مہاتما۔ پرہیزگار۔ پارسا۔ متّقی۔ سنت۔ جوگی۔ بیراگی۔ فقیر۔ درویش۔

سادھن (س/مذ) جتن۔ علاج۔ تدبیر۔ کسی کام کا کرنے والا۔ پورا۔ نباہ۔ تعمیل۔ اہتمام۔ استعمال۔ عادت۔ سبھاؤ۔ عبادت۔ بندگی۔ پرستش۔ جوگ۔ دُرستگی۔ اصلاح۔

سادھنا (ہ) سادھن کرنا۔ ثابت کرنا۔ پورا کرنا۔ بنانا۔ دُرست کرنا۔ ٹھیک ٹھاک کرنا۔ مشق کرنا۔ تیراندازی کی مشق کرنا۔ سکھانا۔ تعلیم کرنا۔ پڑھانا۔ ہلانا۔ عادت ڈالنا۔ خوگر کرنا۔ تولنا۔ وزن کرنا۔ تھامنا۔ سنبھالنا۔ قابو میں رکھنا۔ اصلاح کرنا۔ سدھارنا۔ آراستہ کرنا۔ نباہنا۔

سادھنی (ہ) سادھ کی مؤنث۔ پارسا عورت۔ سادھنے کا آلہ۔ گنیا۔ گونیا۔ ظفر تکیہ۔

سادھو (ہ) سنت - پارسا - پرہیزگار - سچا - دھرمی - ستی - پاک صاف - صاف دل - جوگی - بے ریا - سیدھا سادھا - منکسر، بھلا مانس مرد آدمی - کشمیری قوم کے ایک خاص فرقے کا نام ہے -

سادھو بچہ (ا/مذ) فریبی - مکار - چالاک - کشمیریوں کی ایک قوم کا نام - لوگوں کو درویشی بھیس بدل کر دھوکا دینے کی وجہ سے یہ نام ہو گیا ہے -

سادھو کا دین نہ مادھو کا لین (ہ/مثل) ہر شخص سے معاملہ صاف ہے کسی کا کچھ لینا دینا نہیں -

سادھو ہو کر دلوے جتنا اس کو جانو پیٹ کا کتا (ا/مثل) جو شخص درویش ہو کر فریب دے وہ درویش نہیں بلکہ لالچی اور ذلیل ہے -

سادی (ا) کوری - صاف - سفید بغیر زری وغیرہ کے - خالص - سرل - بے ساختہ - بھولی بھالی - صاف دل - یک رنگ - اندر باہر سے یکساں - بے وقوف -

سار (ہ/مذ) پاسہ - چوسر یا پچیسی کھیلنے کی کوڑیاں - رس - عرق - شیرہ - قدر - قیمت - خبر - چوسر کی بساط - اعتبار - پرتیت - لوہا - آہن -

سار جاننا (ہ) عزت کرنا - قدر دانی کرنا - کیفیت جاننا - حقیقت معلوم کرنا -

سارا (ہ) تمام - کل - پورا - کامل -

ساربان (ف/مذ) سار یعنی اونٹ بان - سانڈنی سوار - شتر سوار -

سارانی (ف/مث) اونٹ، اونٹ رکھنے یا اونٹ کے ذریعہ روزی کمانے کا پیشہ -

سارتھی (س/مذ) رتھ بان - گاڑی بان - جوتنے - اگوا - ہادی -

سارجنٹ (انگریزی/مذ) رنگروٹوں کو سکھانے والا - حوالدار - جمعدار -

سارٹیفکیٹ (انگریزی) سند - پروانہ - خوشنودی کی چٹھی - چال چلن کی چٹھی -

سارس (ہ/مذ) کلنگ - لکلک - کونج - ایک لمبی ٹانگوں والا آبی پرندہ جو ہمیشہ اپنے جوڑے کے ساتھ رہتا ہے -

سارس کی جوڑی - یا - سارسوں کی جوڑی (ہ) ہر وقت ساتھ رہنے والے دوست یا بھائی -

سارق (ع/مذ) چور - دزد -

سارنا (ہ) پورا کرنا - انجام پر پہنچانا - ختم کر دینا - گزارہ کرنا - کفایت کرنا - سرمہ لگانا - آنکھوں میں کاجل ڈالنا - گوٹا بننے والوں کا گلے میں سے تار نکالنا -

سارنگ (ہ) دیپک - راگ کی ایک راگنی کا نام - ایک قسم کا سانپ - مور - طاؤس - بادل - ابر - مور کی آواز - کڑک - دھنش - دھنک - کمان - آسمان کی قوس قزح - پھڑ تتیا - شہد کی مکھی - ہاتھی - فیل - چنگ - سارنگی -

سارنگ کا چھتا چھیڑنا (ا/محاورہ) کسی کو چھیڑ کر اپنے سر بلا لینا -

سارنگی (ہ/مث) ایک قسم کا ساز - جس میں تاروں کی جگہ تانت اور بال ہوتے ہیں -

سارنگیا (ہ/مذ) سارنگی بجانے والا -

سارنی (ا/مث) سانڈنی -

سارو (ہ/صف) کام کرنے والا - انجام دینے والا -

ساری (ع) پوشیدہ طور پر اثر کرنے والا - پھرنے والا -

ساری رات ممیانی ایک بچہ لائی (ہ/مثل) محنت تو بہت کی مگر فائدہ بہت ہی کم ہوا -

سارے جہان کا چھٹا ہوا (ا/محاورہ) نہایت لچا - بہت شہدا - بے حد چالاک - عیار -

ساری خدائی کا کام (ا/مذ) بہت زیادہ کام -

ساڑھ ستی (ہ/مذ) زحل - سنیچر کا ساڑھے سات برس کا دورہ - زحل کا بارھویں، پہلے اور دوسرے گھر میں متواتر چکر - بدبختی - نحوست - گردش ایام -

ساڑھ ستی آنا - یا - چڑھنا (ہ) برے دن آنا - نحوست آنا - ساڑھے سات برس تک سنیچر کا گرہ میں آنا -

ساڑھی (ہ/مث) اساڑھی کا مخفف - فصل ربیع - وہ فصل جو اساڑھ کے مہینے میں اٹھائی جاتی ہے - گیہوں - جو - چنے وغیرہ کی فصل -

ساڑھے (ہ) آدھا - نصف - جیسے ساڑھے پانچ یعنی پانچ اور آدھا -

ساڑی - یا - ساری (ہ/مث) ایک طرح کی لمبی دھوتی - ہندو عورتوں کے باندھنے کی چادر -

ساز (ف/مذ) سامان - تیاری - باجا - جیسے سارنگی وغیرہ - میل ملاپ - ربط - لڑائی وغیرہ کے ہتھیار - ناچنے اور گانے کا سامان - بگھی اور گھوڑے کا سامان - موافق - ہم طبع -

ساز باز (ا) سازش - ایکا - موافقت -

ساز باز کرنا (ا) سازش کرنا - ہمراہ ہونا - ایک ہونا - ایکا کرنا -

سازش (ف) اتفاق - میل ملاپ - لگاؤ -

سازشی (ف/مذ) سازش کرنے والا -

سازگار (ف) موافق - مبارک - راس - راست - مصلح -

سازگاری (ف) موافقت - نباہ - موافق رہنا -

ساز و سامان (ف/مذ) مال و اسباب - تیاری - مستعدی - درستی -

سازندہ (ف/مذ) جنتری بجانے والا - طبلچی - سارنگیا وغیرہ -

ساس (انگریزی) سالن - لاون - چٹنی -

ساس (ہ/مث) جورو یا خاوند کی ماں - خوشدامن -

ساس سے توڑ بہو سے ناتا (ہ/مثل) دو رشتہ داروں میں سے ایک کے ساتھ عداوت دوسرے سے دوستی -

ساس کا پوت (ہ/مذ) خاوند - شوہر - کنتھ - پتی - سوامی -

ساعت (ع/مث) گھڑی - گھنٹہ - پل - لحظہ - لمحہ - منٹ - تھوڑی سی دیر -

ساعت ٹلنا (ا/محاورہ) مقررہ وقت یا موت کی گھڑی ٹلنا -

ساعت ٹھہرانا (ا/ محاورہ) وقت مقرر کرنا۔
ساعد (ع/ مذ/ مث) کلائی۔ پہنچا۔ ہاتھوں کا کہنی تک کا حصّہ۔ بازو۔
ساعی (ع/ مذ) کوشش کرنے والا۔ جد وجہد کرنے والا۔ کوشاں۔
ساغر (ع/ مذ) کٹورا۔ پیالہ۔ جام۔ کاسہ۔ گلاس۔ شراب کا پیالہ۔
ساغر چلنا (ل) شراب کا دَور جاری رہنا۔
ساغر کش (ف/ صف) شراب پینے والا۔ شرابی۔
ساغری (ف/ مث) گھوڑے کی مقعد۔ مجازاً مقعدِ انسان۔
سافل (ع/ صف) نچلا۔ کمینہ۔
ساق (ع/ مث) پنڈلی۔ گھٹنے اور ٹخنے کے بیچ کا حصّہ۔ ساگ کا ڈنٹھل۔ درخت کا تنہ۔
ساقط (ع/ مذ) گرنے والا۔ جاتا رہنے والا۔ گرا ہوا۔ متروک۔ نکما۔
ساقط ہونا (ل) حمل اسقاط ہونا۔ حمل گرنا۔ شعر کا بحر یا وزن سے جاتا رہنا۔ کھو یا جانا۔ جاتا رہنا۔
ساقی (ع/ مذ) پلانے والا۔ شراب پلانے والا۔ حقّہ پلانے والا۔ معشوق۔ محبوب۔ صنم۔
ساکت (ع) چپ۔ دم بخود۔ خاموش۔ سنسان۔
ساکن (ع) ٹھہرنے والا۔ ٹھہرا ہوا۔ غیر متحرک۔ باشندہ۔ متوطن۔ گرامر میں وہ حرف جس پر جزم ہو۔
ساکنین (ع) ساکن کی جمع۔ باشندے۔ رہنے والے۔ باسی۔
ساکھ (ہ/ مث) بھرم۔ پرتیت۔ اعتبار۔ عزت۔ وقار۔ گواہی۔ شہادت۔ سند۔ فصل۔ سماں۔ رُت۔ موسم۔ تیار فصل۔ ثمرہ۔ حاصل۔
ساکھ جانا (ہ) اعتبار نہ رہنا۔ عزت جانا۔ بات جانا۔ پرتیت نہ رہنا۔
ساکھا (ہ/ مذ) ٹہنی۔ ڈالی۔ ڈال۔ کلیس۔ گھمسان کی لڑائی۔ جنگ و جدھ۔ گواہ کی گواہی۔ اتفاق۔ یک جہتی۔
ساکھا پڑنا (ہ) بڑی بھاری لڑائی ہونا۔ گھمسان کا رَن پڑنا۔ تکرار ہونا۔
ساکھا ڈالنا (ہ) کلیس کرنا۔ لڑائی ٹھاننا۔ فساد مچانا۔ لڑنا۔
ساکھی (ہ/ مث) ساتھ کھیلنے والی لڑکی۔ کھیل میں شریک ہونے والی۔ گواہ۔ شاہد۔
ساگ (ہ/ مذ) سبزی۔ بھاجی۔ ترکاری۔ بناسپتی۔
ساگ پات (ہ/ مذ) ترکاری۔ بقولات۔
ساگر (ہ/ مذ) سمندر۔ بحر۔
ساگودانہ (ہ/ مذ) کھجور کے درخت سے بنا ہوا نہایت لطیف سفید دانہ۔ جو بیماروں کو کھلایا کرتے ہیں۔ بعض حکیم غلّے کی قسم بتاتے ہیں۔
ساگون (ہ/ مذ) ایک قسم کی نہایت مضبوط لکڑی۔
سال (ہ/ مذ) ایک قسم کا پہاڑی درخت جس کی لکڑی نہایت مضبوط ہوتی ہے۔ چھید۔ سوراخ۔ کانٹا۔ شول۔ جگہ۔ مکان۔ ہندی مکتب۔ دیسی مدرسہ۔ گیدڑ۔ ایک قسم کی مچھلی۔ چول۔
سال (ف/ مذ) برس۔ سمت۔ سنہ۔ عمر۔
سال بسال (ف/ مذ) ہر سال۔ ہر برس۔ سالانہ۔
سال بھاری ہونا (ا/ محاورہ) سال منحوس ہونا۔
سال تمام (ف/ مذ) پورا سال۔ مکمل برس۔ اخیر سال۔
سال حاصل (ف/ مذ) سالانہ آمدنی۔ یا۔ پیداوار۔
سال حال۔ یا۔ سال رواں (ف/ مذ) موجودہ سال۔ اس برس۔
سال خوردہ (ف) پرانا۔ بوڑھا۔ کہنہ۔ تجربہ کار۔ جہاں دیدہ۔
سال دیدہ (ف/ صف) بوڑھا۔ پیر زن سال۔
سالسبری۔ روڈیشیا کا دارالحکومت۔ یہاں سے پرتگیزی مشرقی افریقہ کی بندرگاہ کو ریل جاتی ہے۔ انگلستان میں بھی اس نام کا ایک شہر ہے۔
سالِ شمسی (ف ع/ مذ) سورج کی چال پر حساب کیا ہوا سال۔ سنکرانتی سال۔
سالِ فصلی (ف ع) خراج وصول کرنے کا سال۔
سالِ قمری (ف ع/ مذ) چاند کی چال پر شمار کیا ہوا سال۔
سالِ گزشتہ (ف) پچھلا برس۔
سال گرہ (ف/ مث) برس گانٹھ۔ جنم دن۔ رشتہ عمر۔
سال وار (ف) ہر سال۔ سال بسال۔ ہر برس
سالا۔ یا۔ سالہ (ہ/ مذ) بیوی کا بھائی۔ ایک سخت گالی بھی ہے۔
سالار (ف/ مذ) سردار۔ افسر۔ کپتان۔ راہنما۔
سالارِ جنگ (ف/ مذ) جنگی لارڈ۔ فوجی افسروں کا خطاب۔
سالارِ قافلہ (ف/ مذ) قافلے کا سردار۔
سالارِ قوم (ف ع/ مذ) قوم کا سردار۔ چوہدری۔ سرگروہ۔ سرغنہ۔
سالانہ۔ یا۔ سالیانہ (ف) سال سے نسبت رکھنے والا۔ برسی۔ سال بسال کا۔ وہ وظیفہ یا جاگیر جو سال کے اخیر پر آئے۔
سالک (ع/ مذ) راہِ راست پر چلنے والا۔ پابندِ شریعت فقیر۔ زاہد۔ خدا دوست۔
سالم (ع/ مذ) پورا۔ ثابت۔ مکمل۔ سارا۔ صحیح سلامت۔ محفوظ۔
سالمہ (ع/ مذ) دو یا دو سے زیادہ عناصر جوہروں کے مرکب کا چھوٹے سے چھوٹا ذرہ۔
سالن (ہ/ مذ) ترکاری۔ لاون۔ روٹی کے ساتھ کھانے کی نمکین ترکاری۔
سالنا (ہ) چھید کرنا۔ چول نکالنا۔ چول کھودنا۔ کاٹنا۔
سالو (ہ/ مذ) ایک قسم کا سرخ کپڑا۔ لال تند۔ سرخ ململ۔
سالونیکا۔ خلیج سالونیکا کی بندرگاہ۔ یہاں سے اناج۔ ریشم۔ روئی۔ اون۔ موم باہر جاتا ہے۔ سالسٹ جزائر بحیرۂ عرب میں بمبئی کے قریب ببین اور سالسٹ کے جزیرے ہیں۔
سالوتری (س/ مذ) گھوڑوں اور چوپایوں کا حکیم۔

سالویشن آرمی (انگریزی امث) مکتی فوج۔
سالہ (ف) سال سے نسبت رکھنے والا۔ جیسے چار سالہ وغیرہ۔
سالہا سال (ف) مُدّتوں۔ برسوں۔
سالی (ہ امث) بیوی کی بہن۔ خواہر زن۔
سامان (ف امذ) اسباب۔ چیز۔ بست۔ تیاری۔ سرانجام۔ ہتھیار۔ اوزار۔ راچھ۔
سامان بندھنا (ل) کسی چیز کی دُرستی کا بندوبست ہونا۔ تیاریاں ہونا۔
سامانِ عیش (ف ع امذ) امن۔ امن چین کے لوازمات۔
سامان میں آنا (ل) ہوش میں آنا۔ مزاج دُرست ہونا۔ آپے میں آنا۔ ٹھنڈا ہونا۔ قابو میں آنا۔
سامراج (ہ امذ) وہ نظامِ حکومت جو نو آبادیات پر اپنا تسلط برقرار رکھنے کے لیے قائم کیا جائے۔
سامرتھ (ہ امث) طاقت۔ قوت۔ زور۔ شکتی۔ گنجائش۔ سمائی۔ رسائی۔ پہنچ۔
سامرتھی (ہ امذ) قوی۔ زور آور۔ بلونت۔ بلوان۔ بلی۔
سامری (ع امذ) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے کے ایک جادوگر کا نام ہے۔
سامری فن (ع ف) مجازاً۔ جادوگر۔ فسوں ساز۔
سامع (ع امذ) سُننے والا۔ قاری کی ضد۔ شنوا۔
سامعہ (ع امث) سُننے کی قوت۔
سامعہ نواز (ع ف اصف) کانوں یا سماعت پر نوازش کرنے والا۔
سامک (ہ امذ) ایک غلّے کا نام جو ساون کے مہینے کی ایک گھاس سے نکلتا ہے۔
سامنا (ہ امذ) مقابلہ۔ لڑائی۔ رُوبرو۔ سن مُکھ۔ آگا۔ برابری۔ گستاخی۔ ملاقات۔
سامنا کرنا (ہ) مقابلہ کرنا۔ رُوبرو کھڑا ہو جانا۔ گستاخی کرنا۔ برابری کرنا۔
سامنا ہونا (ار امحاورہ) مڈبھیڑ ہونا۔ مقابلہ ہونا۔ رُوبرو ہونا۔ ملاقات ہونا۔ بے پردگی ہونا۔
سامنے (ہ) مقابل۔ رُوبرو۔ آگے۔ موجودگی میں۔ ہوتے ہوئے۔ جیسے باپ کے سامنے بیٹے کی کیا چلتی ہے۔ سیدھا۔ سیدھ میں۔ مُنہ در مُنہ۔
سامنے آنا (ہ) رُوبرو ہونا۔ مقابل ہونا۔ مُنہ دکھانا۔
سامنے پڑنا (ہ) مقابل ہونا۔ روکنے کو کھڑا ہو جانا۔ مزاحم ہونا۔
سامنے ٹھہرنا (ار امحاورہ) مقابل ہونا۔ مقابلہ کرنا۔
سامنے دھر لینا (ہ) آگے دھر لینا۔ آگے آگے لے چلنا۔ گرفتار کر لینا۔ لے چلنا۔
سامنے کا (ہ) آگے کا۔ رُوبرو کا۔ مقابل کا۔ برابر کا (مذکر) دشمن۔ مُدعی۔ حریف۔
سامنے کی بات (ہ امث) رُوبرو کا ذکر۔ موجودگی کا حال۔ زندگی کا بیان۔
سامنے ہونا (ہ) رُوبرو ہونا۔ مقابل ہونا۔ پردہ نہ کرنا۔ ظاہر ہونا۔ مقابلہ کرنا۔ لڑنا۔ گستاخی کرنا۔ مقابلہ چاہنا۔ الٹی میٹم دینا۔ ٹوکنا۔ دنگل میں اُترنا۔
سامی (ہ امذ) سوامی کا مخفف۔ خاوند۔ میاں۔ پتی۔ شوہر۔
سان (ہ امث) دھار تیز کرنے کا کرنڈ کا پتھر۔ پتھری۔ سنگ صیقل۔
سان پر چڑھانا۔ یا۔ رکھنا۔ یا۔ لگانا (ہ) باڑھ رکھنا۔ سان پر دھار تیز کرنا۔
سان پر چڑھنا (ہ) سان پر دھار تیز ہونا۔ دھار رکھی جانا۔
سان دھرنا (ہ) تیز کرنا۔ باڑھ رکھنا۔
سانبھر (ہ امث) راجپوتانے میں ایک جھیل ہے جو جے پور کے علاقے میں ہے (مذکر) ایک قسم کا نمک جو جھیل سانبھر میں سے نکلتا ہے۔
سانپ (ہ امذ) ناگ۔ مار۔ اژدر۔ اژدھا۔ افعی۔
سانپ چھاتی پر پھرنا۔ یا۔ لوٹنا (ہ) سخت صدمہ گزرنا۔ دل پر کمال چوٹ لگنا۔ نہایت افسوس کرنا۔ پچھتاوا آنا۔ بے چینی آنا۔ رشک سے جلنا۔
سانپ سُونگھ جانا (ہ) سانپ کا ڈس لینا۔ کاٹ کھانا۔ سانپ کا زہر چڑھنا۔ زہر کے مارے بے ہوش ہو جانا۔ خاموش ہو جانا۔
سانپ تو نکل گیا مگر رستہ بڑا پڑا (ہ امثل) آفت سے تو بچ گئے۔ مگر شگون بد ہوا۔
سانپ کا بچہ سپولیا (ہ امثل) بُرے کی اولاد بھی بُری۔
سانپ کا پاؤں دیکھنا (ار امحاورہ) ناممکن باتیں کرنا۔
سانپ کا پھپھولا (ار امذ) سانپ کے مُنہ کا چھالا جس میں زہر بھرا ہوتا ہے۔
سانپ کا پھوڑا (ار امذ) ایک قسم کا دنبل جو سانپ کے پھن کی صورت میں اُبھرا ہوتا ہے۔
سانپ کا کاٹا (ہ) سانپ کا ڈسا ہوا۔ مارگزیدہ۔
سانپ کا کاٹا رسی سے ڈرتا ہے (ہ امثل) جو شخص ظالم سے تکلیف اُٹھالے۔ وہ اُس کی شبیہ سے بھی ڈرتا ہے۔ مصیبت زدہ ذرا سے صدمے سے ڈر جاتا ہے۔
سانپ کا مَن (ہ امذ) سانپ کا منکا۔ جس کی نسبت مشہور ہے کہ جس کے پاس ہو اُسے خوشحال بنا دیتا ہے۔
سانپ کے پاؤں پیٹ میں ہوتے ہیں (ہ امثل) بد ذات کی بدی ظاہر نہیں ہوتی۔
سانپ کے سانپ پالنا۔ یا۔ مہمان (ہ امثل) موذی کا دوست موذی۔
سانپ کی سی کینچلی جھاڑنا (ہ) پَر پُرزے نکالنا۔ خُوب نکھرنا۔ صاف ستھرا بننا۔

سانپ کی طرح زمین پکڑنا (ار محاورہ) ہرگز نہ ہلنا۔ اپنی جگہ سے جنبش نہ کرنا۔

سانپ کی سی لہر (ہ/مث) سانپ کی سی حرکت۔ سانپ کے کاٹنے کا اثر۔

سانپ کی لکیر (ہ/مث) سانپ کے چلنے کا نشان جو زمین پر پڑ جاتا ہے۔ سانپ کی کینچلی کا نشان۔

سانپ کے منہ میں (ہ) جان جوکھوں میں۔ خطرناک جگہ میں۔ معرضِ خطر میں۔

سانپ کے منہ میں چھچھوندر نگلے تو اندھا اُگلے تو کوڑھی (ہ/مثل) ہر طرح سے نقصان ہی نقصان۔ نہ نگلے بنتی ہے نہ چھوڑے۔

سانپ مرے نہ لاٹھی ٹوٹے (ہ/مثل) کام ہو جائے اور نقصان نہ ہو۔ دشمن تو مر جائے اور اپنے آپ کو نقصان نہ پہنچے۔

سانپ نکل گیا لکیر پیٹا کرو (ہ/مثل) موقع کھو کر اب پچھتایا کرو۔ ضائع شدہ چیز پر افسوس کرنا بے فائدہ ہے۔ جیسے ؎

خیالِ زُلف بُتاں میں نصیر پیٹا کر
گیا ہے سانپ نکل اب لکیر پیٹا کر

سانپ نہیں جو مٹی چاٹ کر رہیں (ہ/مثل) ہر شخص اپنی ہی خوراک کھا سکتا ہے۔ دوسرے کی ریس نہیں کر سکتا۔

سانپا (ہ/مذ) ماتم۔ مُردے کا سوگ۔ نوحہ۔ سیاپا۔ بددعا۔ کوسنا۔ گریہ وزاری۔ شیون وشین۔

سانپا پڑنا (ہ) کہرام مچنا۔ ماتم پڑنا۔

سانپا کرنا (ہ) ماتم کرنا۔ نوحہ کرنا۔ بین کرنا۔ گریہ وزاری کرنا۔

سانپن (ہ/مث) سانپ کی مادہ۔ ناگن۔ بالوں کی لمبی لکیر جو گھوڑے کے کندھے کی جڑ میں یا بعض آدمیوں کی پشت پر ہوتی ہے۔ یہ منحوس خیال کی جاتی ہے۔

سانپے جانا (ہ) ماتم و نوحہ کے لیے جانا۔ شریکِ ماتم ہونا۔

سانپے کی تیل (ہ/مث) ماتم کا لباس۔ عمدہ کپڑے جو ماتم میں پہن کر عورتیں جایا کرتی ہیں۔ عمدہ لباس۔ تہوار کا لباس۔ قیمتی لباس۔

سانتھل (ہ/مث) ران۔ جانگھ۔ زانو سے اوپر کی ٹانگ۔

سانٹ۔ یا۔ سانٹھ (ہ/مث) گانٹھ۔ گرہ۔ سازش۔ میل ملاپ۔ منصوبہ۔ ایکا۔ اتفاق۔

سانٹ لگانا | (ہ) سازش کرنا۔ رسی کے دو سروں کو گرہ کے بغیر
سانٹ ملانا | جوڑنا۔ بے معلوم جوڑنا۔ شرط بدنا۔
سانٹ مارنا | شرط باندھنا۔

سانٹا (ہ/مذ) چابک۔ چمڑے کا تسمہ۔ بندھی ہوئی لکڑی۔ تازیانہ۔ آلہ۔ آنکس۔

سانجھ (ہ/مث) (گنوار) شام۔ سورج ڈوبنے کا وقت۔ جھٹ پٹا۔ دوستی۔

سانجھ جائے اور بھور آئے وہ کیسے نہ چھنال کہلائے (ہ/مثل) جو عورت شام کو جا کر صبح آئے وہ بدکار کہلاتی ہے۔

سانجھ سویرے (ہ/مث) صبح۔ شام۔

سانجھی (ہ/مث) لڑکیوں کے ایک تہوار کا نام ہے جو دسہرے کے دنوں میں ہوتا ہے۔ ایک فرضی دیوی۔

سانچ (ہ/مذ) سچ۔ راستی۔ راست۔ صحیح۔ درست۔ سچا۔ واقعی۔

سانچ کے سو مارا جائے، جھوٹ کے سو لڈو کھائے (ار/مثل) سچ بولنے والے کو مصیبت اٹھانی پڑتی ہے اور جھوٹ بولنے والا مزے سے گزارتا ہے۔

سانچ کو آنچ نہیں۔ یا۔ سانچ کو کیا آنچ (ہ/مثل) سچ کو تکلیف نہیں۔ ایمان کو نقصان نہیں۔

سانچا (ہ/مذ) (گنوار) سچا۔ راست گو کے معنی میں بولتے ہیں۔ قالب۔ ڈھانچا۔ کھلونے اور مشین کے پرزے وغیرہ ڈھالنے کا اوزار۔ رحم۔ بچہ دان۔ کوکھ۔

سانچے (ہ/مذ) سانچا کی جمع۔ حروفِ عاملہ کے آنے سے لفظ سانچا کی تبدیل شدہ صورت۔

سانچے کی سچی (ہ/مث) وہ عورت جسے ہر دفعہ پہلے ہی جماع میں حمل ہو جائے۔

سانچے میں ڈھالنا (ہ) قالب میں ڈال کر بنانا۔ خوبصورت اور عمدہ بنانا۔ سڈول اور خوش وضع بنانا۔

سانحہ (ع/مذ) واقعہ۔ حادثہ۔ صدمہ۔ کسی بُری خبر کا ظہور۔

ساند (ا/مذ) سوراخ۔ جوڑ۔ عضو۔ بند۔

سانڈ (ہ/مذ) وہ بیل یا گھوڑا یا گدھا جو بچہ کشی کے واسطے مخصوص کیا جائے۔ مجازاً جسیم اور موٹا تازہ آدمی۔

سانڈا (ہ/مذ) گوہ کی قسم کا ایک جانور جس کا تیل گنٹھیا کے درد کے لیے مفید ہے۔

سانڈنی (ہ/مذ) اونٹنی۔ شتر مادہ۔ سواری کی تیز رفتار اونٹنی یا اونٹ۔

سانڈنی سوار (ہ/مذ) اونٹ پر سوار ہو کر ڈاک لے جانے والا۔ شتر سوار۔ تیز رفتار اونٹنی پر ڈاک لے جانے والا۔

سانڈے کی اولاد (ار/صف) بہت کم خوراک۔ بہت کم کھانے والا۔

سانڈے کا تیل بیچتے ہیں (ار/مثل) جو شخص شہوت انگیز باتیں کرے اس کی نسبت کہتے ہیں۔

سانڈیا (ہ/مذ) گوٹا بُننے کا نر۔ اونٹ کا بچہ۔ بوتہ۔

سانس (ہ/مث/مذ) دَم۔ پھونک۔ نفس۔ دمہ کی بیماری۔ درز۔ شگاف۔ بھاپ۔ جیسے دیگ کا سانس بند کر۔ چھ تک ایک لحت گننے کو بھی کہتے ہیں۔

سانس اُٹھنا (ہ) دَم رُکنا۔ مرنے کے قریب ہونا۔

سانس اُکھڑنا (ہ) سانس قابو میں نہ رہنا۔ سانس کے سلسلہ میں فرق آنا۔ دم اکھڑنا۔

سانس بھرنا (ہ) آہ کرنا۔ ہائے کرنا۔ دم چڑھنا۔ ہانپنا۔ عمر کے چند باقی سانس لینا۔

سانس پورے کرنا (ا/محاورہ) زندگی کے دن پورے کرنا - زندگی کی کوئی اُمید نہ ہونا۔
سانس پھولنا (ف) دم چڑھنا - ہانپنا - دمہ کا مرض ہونا۔
سانس ٹوٹنا (ف) دم ٹوٹنا - سانس کے تواتر میں فرق آنا۔
سانس چڑھنا (ف) دم پھولنا - تھکنا - بے دم ہونا۔
سانس رُکنا (ف) دم بند ہونا - گلا بیٹھنا۔
سانس کا روگ (ا/مذ) دمہ - ضیق النفس۔
سانس لینا (ف) دم بھرنا - سانس کھینچنا۔
سانس نہ نکالنا (ف) دم نہ مارنا - اُف نہ کرنا - چپ رہنا۔
سانسا چڑھنا (ف) فکر دامنگیر ہونا - سوچ پیدا ہونا۔
سانسا کرنا (ف) اندیشہ کرنا - چنتا کرنا۔
سانسی (ا/مذ) ایک مشہور خانہ بدوش جرائم پیشہ قوم۔
سانک (ا/مث) شاخ - ٹہنی (مذکر) نیزہ - بھالا - برچھی۔
سانکل (ا/مث) کنڈی - زنجیر - سنگل۔
سانگ - یا - سوانگ (ا/مذ) بہروپ - بھیس - جھانکی - کھیل تماشہ - راس لیلا - ناچ - فریب - شعبدہ - کرتب - مخول - ٹھٹھا - مزاح۔
سانگ بنانا / سانگ بھرنا (ف) نقل کرنا - رُوپ بھرنا - فریب بنانا - دھوکا دینا۔
سانگ دکھانا (ف) وضع تبدیل کرنا۔
سانگ کرنا (ف) تماشہ کرنا - بکھیڑا کرنا - جھگڑا کرنا - جیسے کیا سانگ کر رکھا ہے۔
سانگ مچانا (ف) کھیل کرنا - تماشہ کرنا - مسخرا پن کرنا۔
سان گمان (ا/مذ) خواب و خیال - وہم و گمان۔
سانگی - یا - سوانگی - یا - سانگرا (ا/مذ) سانگ بھرنے والا - مسخرا - بھانڈ - بہروپیا - نقال (مؤنث) گاڑی کے اگلے حصے کا بیلوں سے بنا ہوا پیٹرا - گاڑی بان کے بیٹھنے کی جگہ - گاڑی کا جوا - ہاتھی کی مندرہے۔
سانٹنا (ف) گوندھنا - ملنا - مسلنا - گارا کرنا - داغ لگانا - عیب میں شریک کرنا - جسم میں شامل کرنا - پھانسنا - لینا - بھرنا - آلودہ کرنا۔
سانوٹا ہو جانا (ف) چوکس اور ہوشیار ہو جانا - تیار ہو کر سامنے آنا - دم لے کر ٹھیک ہو جانا۔
سانولا (ص) سبزہ رنگ - نمکین - ملیح - سیاہی مائل سا - سیام۔
سانولا رنگ (ا/مذ) سیاہی مائل رنگ - ملیح رنگ - سبزہ رنگ - گندمی۔
سانولا سلونا (ص) نمکین - نمک والا - گندمی رنگ والا - فالسی۔
سانولی صورت (ا/مث) نمکین صورت - حسن ملیح - خوبصورت۔
سانولیا (ا/مذ) کرشن جی کا لقب جو ناگ کی پھونک سے کالے پڑ گئے تھے۔
سان نہ گمان (ا) خبر نہ سار - وہم نہ گمان - ناگاہ - اچانک - یکایک۔

ساؤ (ص) بھلا مانس - سیدھا - سپوت - غریب - مسکین - نرم دل - متحمل (مذکر) براتی - دولہا کے ساتھ آنے والے لوگ - بھائی بند - رشتہ دار - گوتی۔
ساؤتھ آسٹریلیا - ایک ملک ہے جہاں گیہوں - انگور - پھل - تانبا بہت ہوتا ہے - ایڈیلیڈ دار الحکومت اور بندرگاہ ہے۔
ساودھان (ص) چوکس - تتر - ہوشیار - خبردار - آمادہ - مستعد - تیار - لیس۔
ساوڑ - یا - سوڑ (ا/مث) سوتک - نفاس - زچہ خانے کی ناپاکی۔
ساون (ا/مذ) ہندی سال کا چوتھا قمری مہینہ - برسات کا دوسرا مہینہ جو پندرہ جولائی سے ۱۵ اگست تک ہوتا ہے۔
ساون بھادوں (ا/مذ) برسات کے مہینوں کے نام جن میں بارش بکثرت ہوتی ہے - باریک باریک جالیوں والا مکان - ایک قسم کی آتشبازی۔
ساون بھادوں کی جھڑی لگنا (ا/محاورہ) زار و قطار رونا۔
ساون کے اندھے کو ہرا ہی سوجھتا ہے (ا/مثل) مفلسی میں امیری کے زمانے کا حوصلہ نہیں جاتا۔
ساون کی بھرن (ا/مث) ساون کی زوردار بارش۔
ساون کی جھڑی (ا/مث) وہ بارش جو کئی روز تک متواتر ہوتی رہے۔
ساون کے گیت (ا/مذ) برسات کے گیت۔
ساون ہرے نہ بھادوں سوکھے (ا/مثل) ہمیشہ یکساں رہنا - سدا ایک ہی طرز پر رہنا۔
ساونت (ا/مذ) سورما - بہادر - دلیر - جوانمرد - جری - شجاع۔
ساونتی (ا/مث) بہادر اور دلیر عورت۔
ساونی (ا/مث) فصل خریف جس میں چاول - باجرہ وغیرہ اجناس پیدا ہوتی ہیں - ساون مہینے میں کھلنے والا ایک پھول - سندھارا وہ پھول مٹھائی وغیرہ جو دولہا کے گھر سے دلہن والوں کے ہاں بھیجتے ہیں۔
ساہ (ا/مذ) بیوپاری - بنجارا - سوداگر - تاجر - مہاسیٹھ - ساہوکار - بنیا - بقال - دکان دار - صراف - بھلا مانس - شریف - عزت کا لقب یا خطاب - کھرا - دیانت دار - چور کی ضد۔
ساہا (ا/مذ) وقت - سما - فصل - ہندوؤں کے شادی کے دن جن میں بیاہ کا سنجوگ ہوتا ہے۔
ساہا چمکنا (ف) بہت سی شادیوں کا ہونا۔
ساہل - یا - ساہول (ا/مذ) کٹھکن - لوہے یا پتھر وغیرہ کا ایک کنڈے دار گولا جس سے معمار لوگ دیوار کی سدھائی قائم رکھتے ہیں۔
ساہو (ا/مث) دوست - خیر خواہ - مربی۔
ساہوکار (ا/مذ) لین دین کرنے والا - سوداگر - تاجر۔

ساہوکارا (ا / مذ) ساہوکاروں کا بازار - لین دین کی جگہ - ساہوکارپن -
ساہوکاری (ا / مث) بنج بیوپار - لین دین - سوداگری - تجارت - بھلمنسائی - شرافت - دیانت داری -
ساہی (ہ / مث) سیہہ - خارپشت ایک جانور جس کی پیٹھ پر کانٹے اور مُنہ سوّر جیسا ہوتا ہے -
سائی (ہ / مث) بیعانہ - پیشگی - پیشداد - کسی چیز کی قیمت یا اُجرت ٹھہرا کر اس کی فروخت کو روک دینے کے لیے جو روپیہ وغیرہ پہلے دیا جاتا ہے - کیسٹرے ہٹنے والی کھتی -
سائی بجانا (ہ) (رقاصہ) اس کے گھر ناچنا جس کی سائی لی ہو -
سائی دینا (ہ) بیعانہ دینا - قیمت مقرر کر کے کچھ پیشگی دینا -
سائبان (ہ / مذ) اصل میں سایہ بان بمعنی محافظ سایہ - چھپّر - چھجہ - برآمدہ - شامیانہ - نمگیرہ -
سائر (ع) سیر کرنے والا - پھرنے والا - تمام - کُل - سب - سارا - بچا ہوا - باقی - بقیہ - چنگی -
سائر خرچ (ا / مذ) متفرق خرچ کنٹنجنٹ - دفتروں کا بالائی خرچ -
سائیس (ا / مذ) گھوڑے کی خدمت کرنے والا نوکر - گھوڑے کا محافظ -
سائیسی (ا / مث) گھوڑے کی خدمت کرنے کا کام یا پیشہ - گھوڑے کی حفاظت -
سائل (ع / مذ) سوال کرنے والا - پوچھنے والا - مانگنے والا - اُمیدوار - مدّعی -
سائلات (ع / مث) بہنے والی چیزیں مثلاً شراب - عرق وغیرہ -
سائم (ع / مذ) چرنے والا -
سائیں (ہ / مذ) خدا - ایشور - ربّ - مالک - پتی - خصم - شوہر - درویش - فقیر - عارف - منگتا - گداگر - بھکاری - فقرا کا تکیہ کلام -
سائیں بابا - سائیں دانا - سائیں موٹے (و) مذکر - کامل فقیروں کا خطاب - پیر و مرشد -
سائیں کا دربار (ا / مذ) خدا کی کچہری - بارگاہِ الٰہی -
سائن بورڈ (انگریزی / مذ) پتے کا تختہ - اشتہار لگانے کا تختہ - تختۂ اعلان -
سائیں سائیں کرنا (ہ) ہوا کا سرسرانا - ہوا کا چلنا - خوفناک معلوم ہونا -
سائیں سونا (ہ) صحیح سلامت - بھلا چنگا - جیتا جاگتا -
سائیں کے سو کھیل (ا) (مقولہ) خدا جو چاہے کرے اس کے کرنے کے سو طریقے ہیں -
سایہ (ف / مذ) چھاؤں - چھایا - پرچھائیں - ظل - پناہ - آڑ - بچاؤ - حمایت - مدد - پشتی - جنّ بھوت وغیرہ کا اثر - پرچھاواں - صحبت کا اثر - دھوپ کے عکس کے مطابق مصوّروں کی تصویر کی سیاہی اور شیڈ وغیرہ -
سایہ اُترنا (ہ) جنّ بھوت وغیرہ کا اثر زائل ہو جانا -
سایہ پروردہ (ف) لاڈ کا پلا ہوا - کسی کی حمایت میں پلا ہوا - گھر کا پلا ہوا - غلام - خانہ زاد - ناتجربہ کار -
سایہ پڑنا (و) پرچھاواں پڑنا - دوسرے کی خُو بُو کا اثر ہو جانا - عکس پڑنا -
سایۂ خدا (ف / مذ) خدا کا سایہ - بادشاہ - ظلِّ الٰہی -
سایہ دار (ف) چھایا والا - چھاؤں والا درخت -
سایہ زدہ (ف / صف) آسیب زدہ جس پر جنّ وغیرہ کا اثر ہو -
سایہ سال (ف / صف) سایہ کی طرح -
سایہ سر پہ قائم رہنا (ا) (محاورہ) کسی بزرگ کا زندہ رہنا -
سایۂ عاطفت (ف / مذ) مہربانی کا سایہ - حمایت -
سایہ ہونا - یا - ہو جانا (و) صحبت کا اثر ہونا - مہربانی ہونا - آسیب زدہ ہونا - جنّ بھوت وغیرہ کا خلل ہونا -
سائے (ا / مذ) سایہ کی جمع - حروفِ عاملہ کے آنے سے سایہ کی بدلی ہوئی شکل -
سائے تلے آنا (و) کسی کی پناہ یا حمایت میں آنا - شرن لینا -
سائے سے بھاگنا - یا - بھڑکنا (ہ) نہایت بدکنا - بہت ہی ڈرنا - نہایت متنفر ہونا -
سائے میں آنا (و) آسیب زدہ ہونا - جنّ بھوت وغیرہ کا خلل ہونا - حمایت اور پناہ میں آنا -
سائے میں بیٹھنا (و) آرام سے بیٹھ جانا - آرام سے بیٹھنا - چھاؤں میں بیٹھ جانا - تکلیف نہ اُٹھانا -

س - ب

سبب (ع) پگڑی - چادر - رسّی -
سب (ہ) سارا - تمام - کُل - پورا - بالکل - کامل -
سبا (ع) ملکِ یمن میں ایک شہر کا نام جہاں حضرت بلقیس حکمران تھیں -
سب ایک ہی تھیلی کے چٹّے بٹّے ہیں (ہ) سب ایک ہی خاندان اور نسل کے ہیں - سب کی حالت اور صفات یکساں ہیں -
سب دن چنگی تہوار کے دن ننگی } (ہ / مثل) بے ضرورت تو
سب دن چنگے عید کے دن ننگے } بناؤ سنگار کر کے رہنا - مگر ضرورت کے وقت سب کچھ نہ ہونے سے شرمندہ ہونا -
سب دھان بائیس پسیری - (ہ / مثل) سب یکساں - سب کو برابر کر دینا -
سب سے بھلی چپ (ہ / مثل) خاموشی میں کوئی جھگڑا فساد نہیں ہو سکتا -
سب کا سب (ہ) بالکل - تمام کا تمام - سر سے پاؤں تک -
سب کچھ (ہ) ہر ایک چیز - ہر ایک اسباب - تمام مال و متاع -

سب کو ایک ہی لاٹھی ہانکنا (ہ) بلا لحاظ ہر ایک سے یکساں برتاؤ کرنا۔
سب کے دیکھتے (ہ) سب کے سامنے۔ علانیہ۔ کھلم کھلا۔
سب کی چوٹی ہے (ا/مثل) شرارت میں سب سے بڑھی ہوئی ہے۔
سب (انگریزی امذ) ماتحت۔ گماشتہ۔ نائب۔ پیش کار۔
سب آرڈینیٹ (انگریزی امذ) ماتحت۔ ملازم۔
سب انجینئر (انگریزی امذ) افسر تعمیر کا نائب۔ میر عمارت کا ماتحت۔ چھوٹا انجینئر۔
سب انسپکٹر (انگریزی امذ) نائب۔ ناظر۔ نائب۔ مہتمم۔ نگران کا ماتحت۔
سب اوورسیر (انگریزی امذ) نائب پیمائش کنندہ۔ نائب مہتمم۔
سب آفس (انگریزی امذ) دفتر ماتحت۔ مفصلات کا ڈاک خانہ۔
سب پوسٹ ماسٹر (انگریزی امذ) وہ افسر جس کے ماتحت محکمۂ ڈاک کا سب آفس ہو۔
سب ڈویژن (انگریزی امذ) ضلعے کا ایک حصّہ۔
سب رجسٹرار (انگریزی) رجسٹرار کا نائب۔
سبا (ع امذ) ملک یمن کے ایک شہر کا نام جہاں کی حکمران حضرت سلیمان علیہ السلام کے زمانے میں ملکہ بلقیس تھی اور جو مسلمان ہو کر حضرت سلیمانؑ کی زوجیت میں آئی۔
سبابہ (ہ امث) انگوٹھے کے پاس کی انگلی۔ انگشتِ شہادت۔
سبب (ع امذ) لغوی معنی رسّی۔ مجازاً سامان۔ چیز بست۔ وجہ۔ باعث۔ واسطہ۔ کارن۔ علّت۔ تقریب۔ ذریعہ۔ وسیلہ۔ حجّت۔ دلیل۔
سبب کھلنا (ا/محاورہ) وجہ ظاہر ہونا۔
سُبحان (ع) پاک۔ قدوس۔ آزاد۔ مبرّا۔
سُبحان اللہ (ع) کلمہ تعجب و تحسین و آفرین (لغوی) خدا کو پاکی کے ساتھ یاد کرنا۔
سُبحان تیری قدرت (ا/مث) تعجب اور مخول کے موقع پر بولتے ہیں۔ تیری قدرت کا کیا کہنا۔ کالے تیتر کی بولی بھی یہی ہے۔
سُبحان ربنا (ع) پاک ہے ہمارا پروردگار۔
سُبحہ (ع امث) تسبیح۔ سمرن۔ سمرنی۔ مالا۔
سُبدھی (ہ) گیانی۔ مبدھ دان۔ عقل مند۔ تیز فہم۔
سبز (ف) ہرا۔ کچا۔ تر و تازہ۔ خشک کی ضد۔
سبز باغ دکھانا (ف) دھوکا دینا۔ جھوٹے وعدے دے کر پھسلانا۔ فریب دینا۔
سبز پوش (ف) سبز لباس والا۔ زاہد۔ ماتمی۔
سبز پیشانی (ف/صف) جو بظاہر بھلا معلوم ہو۔
سبز روشن (ف امذ) ایک قسم کا کبوتر۔
سبز قدم (فع) بدبخت۔ منحوس۔ چندرا۔ نامبارک۔ بدبھاگ۔ وہ شخص جس کا آنا مبارک نہ ہو بلکہ تکلیف اور خرابی کا موجب ہو۔

سبز ہونا (ف) ہرا ہونا۔ تر و تازہ ہونا۔ پھلنا پھولنا۔ شاداب ہونا۔ رونق پکڑنا۔ جمنا۔ اعلیٰ مرتبہ پر پہنچنا۔
سبزہ (ف امذ) ہریاول۔ تر و تازگی۔ بناسپتی۔ روئیدگی۔ نباتات۔ عورتوں کے کان کا سبز بُندا۔ ایک قسم کا جوہر۔ زمرد۔ بھنگ۔ سبزی۔ وہ گھوڑا جس کا رنگ سفید مائل بہ سیاہی ہو۔
سبزہ آغاز (ف امذ) نوجوان۔ نوخیز۔ داڑھی نکلنا شروع ہونے کا وقت۔
سبزہ رنگ (ف) سانولا۔ سلونا۔ گندمی رنگ۔
سبزہ روندنا (ف) سبز گھاس پر پھرنا۔ باغ میں پھرنا۔ سیر باغ کرنا۔
سبزہ زار (ف امذ) سبزہ کی جگہ۔ چراگاہ۔ ہرا جنگل۔ گھاس کا تختہ۔
سبزی (ف امث) ہریاول۔ ترکاری۔ بقولات۔ بناسپتی۔ ساگ پات۔ بھنگ جو ایک نشہ دار پتی ہوتی ہے۔
سبزی فروش (ف) ترکاری بیچنے والا۔ کنجڑا۔ بھنگ بیچنے والا۔ کنجڑا۔ بھنگ بیچنے والے کو بھی کہتے ہیں۔
سبزی منڈی (ا/مث) وہ مقام جہاں ساگ پات اور ترکاریاں بکتی ہوں۔ ترکاری بکنے کی جگہ۔
سِبط (ع امذ) بیٹی کی اولاد۔ آل اولاد۔ نبیرہ۔ نواسا۔ نسل۔ کنبہ۔ کٹم۔ قبیلہ۔
سِبطین (ع امذ) سبط کا تثنیہ۔ کنایۃً حضرات حسن و حسین رضی اللہ عنہما۔
سبع (ع) سات۔ ہفت۔ ۷۔ 7
سبع سیارہ (ع امذ) ثریا۔ سات سہیلیوں کا جُھمکا۔ پروین۔
سَبع مثانی (ع امث) قرآن مجید کی سورہ فاتحہ کیونکہ اس میں سات آیات ہیں اور یہ دو دفعہ نازل ہوئی ایک بار مکہ میں اور دوسری بار مدینہ میں۔
سبعہ معلقات (ع) سات شاعروں نے سات قصیدے لکھ کر لٹکا دیئے تھے کعبے کی دیوار پر تاکہ دنیا ان کے کمال سے آگاہ ہو۔
سبق (ع امذ) آگے بڑھنا۔ سبقت۔ تعلیم۔ درس۔ پاٹ۔ نصیحت۔ پند۔ اُپدیش۔ سزا۔ عبرت۔ گوشمالی۔
سبق بر زبان ہونا (ا/محاورہ) سبق اچھی طرح یاد ہونا۔
سبق پڑھانا (ف) تعلیم دینا۔ تنبیہ کرنا۔ بہکانا۔
سبق دینا (ف) دھوکا دینا۔ عبرت دلانا۔
سبق لینا (ف) پڑھنا۔ عبرت حاصل کرنا۔ نصیحت سیکھنا۔ نصیحت پکڑنا۔
سبقت (ع امث) پہل۔ آگے بڑھنا۔ پیشقدمی۔ بڑھوتری۔ فوقیت۔ بڑائی۔ بزرگی۔
سبقت کرنا (ف) آگے جانا۔ پیشقدمی کرنا۔ آگے بڑھنا۔ پہل کرنا۔

سبقت لے جانا (ل) غالب آنا - بڑھ جانا - آگے بڑھ جانا - فوقیت حاصل کرنا -
سُبک (ف) ہلکا - خفیف - نازک - باریک - کم ظرف - بے عزت - بے تعلق - چست و چالاک - تیز - جلدی - آزاد - بے تعلق -
سُبک بار (ف) ہلکا پھلکا - وہ شخص جس کے سر پر بوجھ کچھ نہ ہو -
سُبکتگین (ف) محمود غزنوی کے باپ کا نام -
سُبک دست (ف) جلدی کام کرنے والا - پھرتیلا ہاتھ چالاک -
سُبک دستی (ف/مث) پھرتی - چالاکی - تیز دستی -
سُبک دوش (ف) ہلکا پھلکا - آزاد - مجرّد - بری الذمہ - فارغ -
سبکدوش کرنا (ل) آزاد کرنا - فارغ کرنا - بری الذمہ کرنا - بوجھ اُتارنا -
سُبک سر (ف) اوچھا - کم حوصلہ - کم ظرف - احمق -
سُبک ہونا (ل) ہلکا ہونا - آزاد ہونا - حقیر ہونا - نظروں سے گرنا - خفیف ہونا -
سُبکنا (ہ) بچے کا روتے وقت سسکیاں لینا - ہچکیاں لینا -
سُبکی (ہ/مث) روتے وقت اُوپر کا سانس جھٹکے سے لینا - سسکی -
سُبکی (ف/مث) ہلکاپن - خفت - ذلت - رسوائی - بے عزتی - شرم کی بات - صفائی - ستھراپن - نزاکت -
سَبَل (ع/مذ) آنکھ کی ایک بیماری جس میں پپوٹے اُلٹ جاتے ہیں - آنکھیں سرخ رہتی ہیں - بغل گند - بامنی -
سَبَل (ہ/مذ) نقب لگانے کا آلہ - پھال - بیرم -
سَبو (ف/مذ) گھڑا - ٹھلیا - گڑوا - مٹکا -
سَبوس (ف/مث) بھوسی - چوکر -
سُبھ (س) مبارک - نیک - اچھا - خوشنما - سعید -
سُبھ گرہ (ہ/مذ) مبارک - ستارہ - اچھی گھڑی - طالع نیک -
سُبھ گھڑی (ہ) مبارک گھڑی - ساعت سعید - نیک گھڑی -
سُبھ لگن (ہ/مذ) اچھے ستاروں کا میل - قران السعدین -
سَبھا (ہ/مث) مجلس - محفل - انجمن - بزم - سوسائٹی -
سَبھاپتی (ہ/مذ) میر مجلس - صدر جلسہ - سرپنچ - پریذیڈنٹ -
سبھاسد (ہ/مذ) شریک جلسہ - مجلسی -
سبھاؤ (ہ/مذ) خو - عادت - خصلت - سیرت - اچھی عادت - عمدہ خصلت - ڈھنگ - قاعدہ - سلوک - برتاؤ -
سَبیل (ع/مذ) راستہ - طریقہ - طور - صورت - بندوبست - تدبیر - پَو - پیاؤ -
سبیل پکارنا (اد/محاورہ) لوگوں کو آواز دے کر بتانا کہ سبیل لگی ہوئی ہے -
سبیل پلانا (ل) ایام محرم میں بلا معاوضہ و بلا قیمت پانی پلانا -
سبیل پینا (اد/محاورہ) پانی یا شربت پینا -
سبیل کرنا (ل) طور نکالنا - رستہ نکالنا - بندوبست کرنا - تدبیر کرنا -
سبیل لگانا (ل) پیاؤ لگانا - شربت - دودھ - پانی وغیرہ پلانا - وقف کر دینا -
سبیل نکالنا (اد/محاورہ) طریقہ نکالنا - وسیلہ بنانا -

س - پ

سِپّا (ہ/مذ) نشانہ - ڈھنگ - ٹپس - ٹپہ - زد - فاصلہ - کھوج - پتہ - سراغ -
سِپّا لگانا - یا - مارنا (ہ) نشانہ لگانا - نشانہ پر مارنا - آنکھ لگانا - واقفیت بنا لینا - جال ڈالنا - جال میں پھنسانا -
سپاٹ (ہ) ہموار - مسطح - برابر - یکساں - چورس - چٹیل -
سپاٹا (ہ) تیز دوڑ - جھپٹ - طرارہ - سیر تماشا جیسے سیر سپاٹے کو گئے ہیں -
سپاٹا بھرنا - یا - لگانا - یا - مارنا (ہ) طرارہ بھرنا - دوڑ لگانا - پرندے وغیرہ کا اُڑ جانا - دُور تک بھاگے چلے جانا -
سُپارا (ہ/مذ) حشفہ - سرِ ذکر -
سپارٹا - کسی زمانے میں اس کی فوجی شہرت تھی یہ ریاست یونان میں تھی -
سِپارہ (ہ/ف/مذ) سی پارہ کا مخفف ہے - قرآن شریف کا تیسواں حصہ -
سپاری - یا - سپیاری (ہ/مث) چھالیا - فوفل - پھال -
سپاس (ف/مث) شکریہ - منت - شکر - اظہار احسان مندی -
سپاس گزار (ف/صف) شکر گزار - مداح - تعریف کرنے والا -
سپاس گزاری (ف/مث) شکر گزاری - شکریہ ادا کرنا - کسی نعمت کا اقرار کرنا -
سپاس نامہ (ف/مذ) تحریری شکریہ - ایڈریس -
سپاہ (ف/مث) فوج - لشکر - کٹک -
سپاہ گری (ف/مث) سپاہ کا کام - فوجی پیشہ -
سپاہی (ف/مذ) لشکری - پیادہ - فوجی آدمی - جنگی لوگ -
سپاہیانہ (ف/مذ) سپاہیوں کی طرح - دلیرانہ - چستی سے ساتھ -
سپر (ف/مث) ڈھال - پناہ - پھری - آڑ - روک -
سپر پھینکنا - یا - ڈالنا (ف) ہتھیار ڈالنا - عاجز ہونا - مغلوب ہونا -
سپر ہونا (ل) آڑ ہونا - آڑے آنا - سامنے ہو جانا - دیوار بننا -
سپر انداختہ (ف/صف) سپر پھینکنے والا - ہار ماننے والا - عاجز -
سپر انداز (ف/صف) وہ شخص جو سپر پھینک دے اور ہار مان لے -
سپرداری (ف/مث) حفاظت کرنا - بچانا -
سُپُرد (ف/مث) حوالہ - سونپنا - امانت - دھروڑ - تفویض -
سپرد کرنا (ل) حوالے کرنا - سونپنا - امانت رکھنا - حراست کرنا - نظربند کرنا -

سُپردگی (ف/مث) انتظربندی - حوالگی - تفویض - حراست - حوالات -

سُپردا - یا - سُپردائی (ہ/مذ) ناچنے والی کے ساتھ طبلہ - سارنگی بجانے والے ڈوم - بھڑوے - سازندے - ڈھاڑی -

سُپرنٹنڈنٹ (انگریزی/مذ) محافظ - نگہبان - نگران - مہتمم - مُنتظم - ناظر -

سُپروائزر (انگریزی/مذ) نگہبان - داروغہ - نگران -

سپریم کورٹ (انگریزی/مذ) مُلک کی سب سے بڑی عدالت جہاں ہائی کورٹس کے فیصلوں کے خلاف اپیل سُنی جاتی ہے -

سپلیمنٹ (انگریزی/مذ) زائد ضمیمہ -

سپستان (ف/مذ) سگپستان کا مخفف - لسوڑا - لسلسا -

سپلک (ا/مث/ق) چھپکلی -

سپنا (ہ/مذ) خواب - رویا - سوتے میں جو کچھ نظر آئے - خیال - وہم -

سپند (ف/مذ) ہرمل - ایک قسم کا کالا بیج -

سپوت (ہ/مذ) اچھا بیٹا - لائق بیٹا - فرماں بردار لڑکا -

سپوتی (ہ/مث) نیک اور سعید اولاد والی - سات بیٹوں والی عورت -

سپوران (ہ) سارا - تمام - کُل - مکمل - بھرپور - بھرا ہوا - معمور - مملو -

سپولیا (ہ) سانپ کا تازہ نکلا ہوا بچہ -

سپہ (ف/مذ) سپاہ کا مخفف - فوج - لشکر - کٹک -

سپہ سالار (ف/مذ) فوج کا سردار - جرنیل - کمانیر - کمانڈر انچیف - جنگی لاٹ -

سپہ گری (ف/مث) سپاہی کا کام - بہادری - چُستی -

سپہر (ف/مذ) آسمان - اکاس - فلک - چرخ - گردوں -

سُپھل (ہ) پھل دار - اچھا پھل - عُمدہ نتیجہ - مُفید - فائدہ مند - زرخیز - شاداب - نازک - عُمدہ -

سپیچ (انگریزی/مث) تقریر - گفتگو - بیان - لیکچر -

سپید (ف) سفید - دھولا - چٹا - اُجلا - گورا - بن لکھا - کورا -

سپیدہ (ف/مذ) پھونکا ہوا جست یا رانگ جسے آنکھوں اور وارنش میں ڈالتے ہیں - صبح کی روشنی -

سپیدی (ف/مث) سفیدی - قلعی - پتھر کا پھونکا ہوا چونہ - دھولاپن - روشنی - اُجالا - نُور - جوت -

سپیرا (ہ/مذ) سانپ رکھنے والا - سانپ پکڑنے والا - سانپ کو کھلانے والا - سانپ کا تماشہ کرنے والا - مارگیر -

سپیرا سانپ ہی خریدتا ہے (ا/مثل) ہر شخص اپنے مطلب کی چیز لیتا ہے -

سپیشل (انگ/مذ) خاص - مخصوص -

س - ت

ست (ہ/مذ) بجا - دُرست - واقعی - سچ - صحیح - ایمان - دھرم - زور - طاقت - بل - قوت - قدرت - سکت - سچ - صدق - جیسے رام نام ست ہے - رس - عرق - عطر - جوہر - خُلاصہ - لُبّ لباب - اصل - جڑ - رُوح - جیسے ست گلو - پاکدامنی - پرہیزگاری - عصمت و عفت - مضبوطی - پختگی -

ست بچن (پنجابی/مذ) بجا ہے - دُرست ہے - ٹھیک ہے -

ست بچن کا نوکر ہونا (ہ) ہاں جی کا نوکر ہونا - ہاں میں ہاں ملانے والا ہونا - خوشامد کا بندہ ہونا -

ست بچنا - یا - ست بچنیا (ہ/مذ) ہاں میں ہاں ملانے والا - خوشامدی -

ست پر چڑھنا (ہ) پاکدامنی میں پکا ہونا - ستی ہونے کو جی چاہنا -

ست پر رہنا (ہ) دھرم پر مضبوط رہنا - سچ کو نہ چھوڑنا - قول نہ ہارنا -

ست جُگ (ہ/مذ) ہندوؤں کے عقیدے کے مطابق دنیا کی زندگی کے چار زمانوں میں سب سے پہلا اور بہترین زمانہ جس میں صداقت اور دیانت کا دور دورہ تھا -

ست چھوڑنا - یا - چھوڑ دینا (ہ) ہمت ہار دینا - بے حوصلہ ہو جانا - قول سے پھر جانا -

ست ڈگنا (ہ) دھرم میں فرق آ جانا - دُوسرا مذہب اختیار کرنا - ہمت ٹوٹ جانا - جان بگاڑنا - پاک دامنی میں فرق آنا -

ست سیتا (ہ) نہایت پارسا - ستونتی - نہایت پاک دامن -

ست سری کال (ہ/مذ) سکھوں کا نعرہ یا سلام - لفظی معنی ہیں خدا سچا ہے -

ست کی باندھی (ہ) ایمان پر مستحکم - ست پر قائم - بات کی پکی -

ست نکل جانا (ہ) طاقت کا کھچ جانا - طاقت کا نہ رہنا - ہار جانا - تھک جانا - دھن دولت نہ رہنا -

ست ہار دینا - یا - ہار جانا (ہ) تھک جانا - بوڑھا ہو جانا - ہمت ہار دینا -

ستّ (ہ) سچائی - درستی - صحت - دُرستی - تہذیب - اصیل - کھرا - اصلی - حقیقی -

ست بادی (ہ/مذ) سچا آدمی - فلاسفر - حکیم -

ست بھاؤ (ہ) ٹھیک ٹھیک - سچا سچا - راستی پہ - سچ پہ - راست کرداری پہ -

ست پُتر (ہ/مذ) حقیقی بیٹا - صُلبی فرزند - اپنے نُطفے کا بیٹا -

ستّ (ہ) سات کا مخفف - ہفت - ۷ - 7

ستّ پھیڑا (ہ) سات اناجوں کا ملا ہوا غلّہ - رَلا مِلا - گڑبڑ - دوغلا - مخلوط النسل - مختلف ترکاریوں کا سالن -

ستّ پُوتی (ہ / مث) سات پُوتوں کی ماں - بہت سی اولاد والی -

ستّ خصمی (ہ / مث) ایک گالی ہے وہ عورت جو یکے بعد دیگرے سات خصم کر چکی ہو -

ستّ کھنا - یا - ستّ کھنڈا (ہ / مذ) سات منزلہ مکان -

ستّ لڑا (ہ) سات لڑی کا ہار یا رستا -

ستّ ماسا } (ہ / مذ) حمل کے ساتویں مہینے کی رسم -
ستوانسا }

ستّ منزلہ (ہ / مذ) سات کھنڈ کا مکان - سات درجے اوپر تلے والا مکان - نہایت اونچا مکان -

ستّ نجا (ہ) سات ملے ہوئے اناج - ستّ پھیڑا - رَلا مِلا - دوغلا - مخلوط النسل -

سُت (ہ / مذ) بیٹا - پُوت - پِسَر - لڑکا (پُورب میں بولتے ہیں) -

سُتنا (ہ / مث) بیٹی - لڑکی - پُتری - خواہش - تمنا - اِچھا - جی چاہنا -

ستّا (ہ / مذ) تاش یا گنجفے کا وہ پتّا جس پر سات نشان ہوں - پاسے کے سات چھتے - پچیسی کی سات چت کوڑیاں -

ستار (ف / مذ) سِتار کا مخفف - طنبورے کی قسم کا ایک ساز -

ستار باز (ف) ستار بجانے والا - ستار کا شوقین -

ستار بازی (ف / مث) ستار بجانے کا شوق - اشتیاق ستار -

ستار بجانا (ا / روزمرہ) ستار سے آواز پیدا کرنا -

ستّار (ع / مبالغہ) پردہ پوش - عیب چھپانے والا - اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام -

ستارہ (ف / مذ) تارہ - انجم - کوکب - کرم - ریکھ - طالع - بھاگ - نصیب - پُرالبدھ - راس - برج - نشان - ٹیکا - گھوڑے کی پیشانی کا سفید دھبّا - گول گول چاندی سونے وغیرہ کے قرص - جو جوتیوں ٹوپیوں وغیرہ میں لگاتے ہیں -

ستارہ بلند ہونا (ا) ستارے کا اونچا ہونا - اقبال یاور ہونا - قسمت بلند ہونا -

ستارہ بھاری ہونا (ا / محاورہ) نحوست کا زمانہ ہونا -

ستارہ چشم (ف / صفت) ستارے جیسی آنکھوں والا -

ستارہ پیشانی (ف) وہ منحوس گھوڑا جس کی پیشانی پہ ناخن برابر سفید ٹیکا ہو -

ستارہ چمکنا (ہ) نصیبہ جاگنا - دن پھرنے - ستارے کا روشن و تاباں ہونا -

ستارہ شناس (ف / مذ) نجومی - منجم - جوتشی - اختر شناس -

ستارہ کی گردش (ا / مث) قسمت کا چکر - تقدیر کا پھیر - ادبار - نحوست -

ستارہ ملنا (ا) راس کا مل جانا - موافقت ہونا - طبیعت کا ملنا -

ستاری - یا - ستالی (ہ / مث) چمڑے میں چھید کرنے کا چمار و ں اور موچیوں کا ایک اوزار -

ستاسی (ہ) سات اور اسّی - ۸۷ - 87 -

ستانا (ہ) تنگ کرنا - دِق کرنا - عاجز کرنا - تکلیف دینا - آزار دینا -

ستانوے (ہ) نوّے اور سات - ۹۷ - 97 -

ستاون (ہ) پچاس اور سات - ۵۷ - 57 -

ستائیس (ہ) بیس اور سات - ۲۷ - 27 -

ستائش (ف / مث) سراہنا - تعریف - صفت - توصیف -

ستتّر (ہ) سات اور ستّر - ۷۷ - 77 -

ستر (ع / مذ / مث) پردہ - حجاب - اوٹ - پوشیدہ - چھپا ہوا - مخفی - مستور - شرمگاہ - پردے کی جگہ -

ستخر (ف) تالاب -

ستّر (ہ) سات دہائیاں - دس ستّے - ۷۰ - مجازاً بمعنی کثرت - بہتات - سینکڑوں -

ستّر و بہتّر (ا / صفت) کثیر - بہت سے -

ستّر سنانا (ا / محاورہ) بہت برا بھلا کہنا -

ستّر ہزار (ا / صفت) بہت کثیر - بے شمار -

سُترگ (ف / صفت) بزرگ - بڑا - کلاں -

ستّر کان بہتّر جھول (ہ / محاورہ) نہایت ٹیڑھا اور جھول دار پیڑا -

ستّرواں (ہ) ستّر حصّوں میں سے ایک - $\frac{1}{70}$ -

سترہ - ستّرہ (ہ) دس اور سات - ۱۷ - 17 -

سترویں - یا - سترھویں (ہ / مث) (ہندو) وہ رسم جو میت کے سترہ روز بعد برتی جاتی ہے ہر مہینے کی سترہ تاریخ کو دلّی میں نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ کا عرس ہوتا ہے - اُسے بھی کہتے ہیں -

سترھواں (ہ / مذ) ہفتدہ - وہ چیز جس کا نمبر سترہ ہو -

ستری (ہ / مث) دلالوں کی اصطلاح میں دو روپے کو کہتے ہیں -

ستّل (ہ / مذ) زمین کا تیسرا طبقہ -

سُتلی (ہ / مث) سَن کی باریک ڈوری (دلال) بیس بیس روپے -

ستم (ف / مذ) ظلم - تکلیف - جور و جفا - بیداد - تعدّی - غضب -

ستم ایجاد (ف / موجد ستم) نہایت ظالم جس نے ظلم کی بنیاد ڈالی ہو -

ستم توڑنا (ا) ستانا - تکلیف دینا - ظلم کرنا -

ستم ٹوٹنا (ا) سختی آنا - ظلم ہونا - آفت آنا - مصیبت پڑنا - غضب آنا -

ستم دیدہ } (ف) وہ شخص جس پر ظلم ہوا ہو -
ستم رسیدہ } مظلوم - دکھیا - ستایا ہوا -

ستم ڈھانا (ا) آفت توڑنا - سخت ظلم کرنا - غضب کرنا - کوئی بڑا کام کرنا -

ستم شعار (ع) ظلم کا عادی ۔ جفا کا خوگر ۔ وہ شخص جس نے ظلم کا ہی جامہ پہن رکھا ہو۔
ستم ظریف (ع) ظرافت اور ہنسی کے پردے میں ظلم کرنے والا۔
ستم کرنا (ف) ظلم کرنا ۔ غضب کرنا ۔ قابل افسوس کام کرنا ۔ کوئی نئی بات کرنا۔
ستم کیا ہے (ف) (محاورہ) غضب کیا ہے ۔ عجیب کام کیا ہے ۔ نئی ایجاد کی ہے۔
ستمگار ۔ یا ۔ ستمگر (ف) ظالم ۔ دُکھدائی ۔ لوگوں کو ستانے والا۔
ستم ہونا (ف) بُرا ہونا ۔ غضب ہونا ۔ نئی بات ہونا ۔ ظلم ہونا ۔ سختی ہونا ۔ آفت و مصیبت کا نازل ہونا ۔ رنج ہونا ۔ ملال ہونا ۔ انوکھا آدمی ہونا ۔ نہایت چالاک و عیار آدمی ہونا۔
ستمبر (انگریزی امذ) انگریزی سال کا نواں مہینہ۔
ستمی (ہ امث) چاند کی ساتویں تاریخ ۔
سُتنا (ہ) کھنا ۔ سُٹنا ۔ صاف ہونا ۔ خالی ہونا ۔ سوکھنا ۔ نُچا جانا جیسے درخت کے پتے ست گئے۔
سُتنیا ۔ یا ۔ سُتھنا (ہ امذ) پاجامہ ۔ ازار ۔ تنگ پاجامہ ۔ تحقیراً بچوں کا پاجامہ۔
ستو (ہ امذ) بھُنے ہوئے اناج کا آٹا ۔
ستو باندھ کر پیچھے پڑنا (ہ) نہایت پیچھے پڑنا ۔ سر ہو جانا ۔
ستوا سنکرانت (ہ امث) وہ تیوہار جس میں ہندو صاحبان ستو بنا کر برہمنوں کو تقسیم کرتے ہیں ۔ سورج کے برج حمل میں داخل ہونے کا دن۔
ستوال (ہ) اُٹھی ہوئی ۔ پتلی ۔ نازک ۔
سُتواں ناک (ہ امث) نازک ناک ۔ پتلی ناک ۔ خوبصورت ناک ۔
ستوانا (ہ) صاف کروانا ۔ نچڑوانا ۔ لگوانا ۔ جیسے پیٹ ستوانا۔
ستوانسا (ہ امذ) سات مہینے کا بچہ ۔ ست ماہا ۔ حمل کے ساتویں مہینے کی ایک رسم۔
ستودہ (ف اصف) جس کی تعریف کی جائے ۔
ستودہ اخلاق (ف امث) قابل تعریف عادتوں والا ۔
ستودہ کار (ف اصف) نیک خصلت ۔ نیک ۔
ستون (ف امذ) تھم ۔ کھم ۔ کھمبا ۔ رُکن ۔ مینار ۔ تھونی ۔
ستونتا (ہ امذ) ست والا ۔ ستیا والا ۔ صادق ۔ سچا ۔ راست گو ۔ بھلا مانس ۔ شائستہ ۔ نیک ۔ مہذب ۔ نیک چلن ۔ پارسا۔
سُتھرا (ہ) صاف ۔ پاک ۔ اچھا ۔ خوب ۔ نیک ۔ اُجلا ۔ نرمل ۔ کھرا۔
سُتھرا شاہی (ہ امذ) ستھرا شاہ سے نسبت رکھنے والا ۔ ستھرا شاہ گورونانک صاحب کا پہلا چیلا تھا ۔ جس سے یہ پنتھ چلا ہے۔
سُتھرانا (ہ) (لُوب) بکھیرنا ۔ بچھانا ۔ فرش کرنا ۔ پھیلانا ۔ کاٹ کر ڈھیر لگانا۔
ستھراؤ (ہ امث) ڈھیر ۔ تودا مقتولوں کا ۔ کٹی ہوئی فصل کا فرش ۔ بچھونا۔
ستھراؤ پڑنا (ہ امحاورہ) مُردوں کا ڈھیر ہونا ۔ کھیت پڑنا ۔
ستھراؤ کرنا (ہ) کُشتوں کے پُشتے لگانا ۔ فصل کو کاٹ کر پیچھے ڈالتے جانا ۔ کھیت ڈالنا ۔ مُردوں کے ڈھیر لگانا۔
سُتھرائی (ہ امث) صفائی ۔ نفاست ۔ پاکیزگی ۔ عمدگی ۔ جھاڑو۔
ستھرائی پھیرنا (ہ) جھاڑو دینا ۔ برباد کرنا ۔ لُوٹ کر لے جانا۔
ستھرائی دینا (ہ) جھاڑو دینا ۔ جاروب کشی کرنا۔
ستہ ۔ نسبتہ متناسبہ (ع) چھ رشتہ ۔ حساب کا وہ قاعدہ جس میں پانچ معلوم رقموں سے مجہول مقدار معلوم کر لیتے ہیں ۔ بار بار اربعہ چلانا نہیں پڑتا ۔
ستھیا ۔ یا ۔ ستیا (ہ امذ) آنکھوں کا حکیم جو سرمہ یا آنجن سے علاج کرے ۔ بید ۔ حکیم ۔ آنکھیں بنانے والا ۔
ستی (ہ امث) ست والی عورت ۔ پاکدامن ۔ پتی برتا ۔ ساتھ دینے والی ۔ وفادار ۔ وہ عورت جو خاوند کی لاش کے ساتھ زندہ جل مرے۔
ستی مٹھ (ہ امذ) ستی عورت کی ہڈیوں یا جگہ پر بنایا ہوا مکان۔
ستیا (ہ امث) راستی ۔ سچائی ۔ صدق ۔ دھرم ۔ ایمان ۔
ستیاناس (ہ امذ) ناس ۔ بربادی ۔ تباہی (ستیا بمعنی دھرم ۔ ناس ۔ بربادی)
ستیاناس کرنا (ہ) برباد کر ڈالنا ۔ اُجاڑنا ۔ تباہ کر دینا ۔ نقصان کرنا ۔ ڈھانا ۔ منہدم کرنا ۔ بدچلن کرنا ۔
ستیاناسی (ہ امث) ایک درخت جس میں کانٹے بہت ہوتے ہیں اور جس کے پھول کا زیرہ کھاج کے کام آتا ہے ۔
ستیاناسی کی جڑ (ہ امث) جھگڑا اُٹھانے والا ۔
ستیز ۔ یا ۔ ستیزہ (ف امث) لڑائی ۔ جنگ ۔

س ۔ ٹ

سَٹ (ہ امذ) لاگ لپٹ ۔ سازش ۔ میل جول ۔ تدبیر ۔ ڈھب ۔ جُگت ۔
سَٹ سے (ہ امتعلق فعل) جلدی سے ۔
سَٹ سَٹ (ہ امتعلق فعل) جلدی جلدی ۔
سَٹ لڑانا (ہ) جُگت لگانا ۔ میل جول پیدا کر لینا ۔ آنکھ لگانا ۔ گانٹھنا ۔
سِٹ (انگریزی امذ) مجموعہ ۔ دستہ ۔ اکٹھ ۔ گروہ ۔ چند چیزوں کا مجموعہ ۔
سِٹا (ہ امذ) جوار کا خوشہ ۔ مکئی کا بھٹا ۔ شراکت ۔ بٹائی کا اقرار نامہ۔

سٹا بٹا (ہ/مذ) سازش میں میل ملاپ - اٹ سٹ - دو شخصوں کا باہم ادلے بدلے کا رشتہ - فریب - مکر - دغا - فن -
سٹا بٹا لڑانا (ا/محاورہ) سازش کرنا - کارروائی کرنا - تعلق ناجائز پیدا کرنا -
سٹاسٹ } سٹ سٹ } (ہ/مث) متواتر چابک یا کوڑے پڑنے کی آواز - متواتر - جلدی جلدی - لگاتار - مسلسل -
سٹاف (انگریزی) محکمے کے ملازموں کا مجموعہ - کسی سررشتہ کے تمام ملازم -
سٹاک (ہ/مث) چھڑی مارنے کی آواز -
سٹاک (انگریزی/مذ) ذخیرہ - گودام - مال -
سٹاک بک (انگریزی/مث) مال کی تفصیل درج کرنے کی کتاب - مال کی فہرست -
سٹامپ (انگریزی/مذ) ٹکٹ - اشٹام - سرکاری کاغذ جس پر شاہی مہر لگی ہوتی ہے -
سٹال (انگ/مذ) بازار - منڈی یا میلے میں چھوٹی سی دکان -
سٹ پٹانا (ہ) گھبرانا - حیران ہونا - حواس باختہ ہونا - متفکر ہونا - مضطرب ہونا -
سٹپٹاتے پھرنا (ہ) گھبرایا ہوا پھرنا - مارا مارا پھرنا - حیران و پریشان پھرنا -
سٹر پٹر چڑنا (ہ) اضطراب ہونا - بے چینی ہونا - بدحواسی ہونا - حیران ہونا -
سٹر پٹر کرنا (ہ) بیکار پھرنا - حیران پھرنا - چھوٹے موٹے کام کرنا - بکھیڑا کرتے پھرنا -
سٹرلنگ (انگریزی/مذ) خالص پونڈ - انگلستان کی اشرفی - پندرہ روپے کا سونے کا سکہ -
سٹک (ہ/مث) پتلی عورت - چھریرے بدن کی عورت - پتلی چھڑی - پتلا سانپ - چھوٹا پیچوان -
سٹک جانا (ہ) جلدی چلانا - جلدی سے چلا جانا - چپکے سے کھسک جانا - کافور ہو جانا - فرار ہو جانا -
سٹکنا (ہ) بھاگ جانا - کھسک جانا - دفو چکر ہو جانا - چمپت ہو جانا -
سٹکنی (ہ/مث) دروازے کی تلی چٹخنی -
سٹل - یا - سٹلا (ہ) (۱) مؤنث (۲) مذکر - بے ہودہ بات - لغو بات - بڑ - دیوانگی کی بات - جھوٹ بات -
سٹلو (ہ/مث) جھلی عورت - پھوہڑ - بے سلیقہ عورت -
سٹل ہانکنا (ہ) فضول اور لغو باتیں کرنا - جھوٹ موٹ باتیں گھڑنا -
سٹنا } سٹھنا } (ہ) گٹھنا - مل جانا - سازش کرنا - چپکنا - جڑنا - چسپاں ہونا -
سٹوڈنٹ (انگریزی/مذ) طالب علم - پڑھنے والا - متعلم -
سٹور (انگریزی/مذ) ذخیرہ - گودام -
سٹھ (ہ) ساٹھ کا مخفف - جاہل - مورکھ - احمق - بے وقوف -
سٹھ جانا (ہ) پیرانہ سالی کے باعث حواس میں فرق آجانا - بڑھاپے سے بے وقوف ہونا - گٹھ جانا - مل جانا -
سٹھی (ہ/مث) ایک قسم کے موٹے چاول اور اُن کا پودا جو ساٹھ دن میں بشرطِ بارش تیار ہو جاتا ہے -
سٹھیانا (ہ) ساٹھ برس سے اوپر کی عمر کا ہو جانا - بڑھاپے سے بے وقوف ہونا -
سٹھنی (ہ/مث) وہ گالیاں جو سمدھنیں بیاہ کے وقت ایک دوسرے کو دیتی ہیں -
سٹی (ہ/مث) عقل - اوسان - سمجھ - گیان - ہوش - نفیری - تیز اور باریک آواز -
سٹی بھولنا - یا - گم ہونا (ہ) ہوش اڑنا - عقل جاتے رہنا - اوسان خطا ہونا -
سٹی بجانا (ا/محاورہ) بہتان لگانا -
سٹی (انگریزی/مذ) شہر -
سٹیٹ (انگریزی/مذ) ریاست - ہندوستان کی دیسی ریاست -
سٹیشنری (انگریزی/مث) لکھنے پڑھنے کا سامان - کاغذ - قلم - دوات - سیاہی وغیرہ -
سٹینڈرڈ (انگریزی/مذ) معیار - قابلیت کا درجہ -
سٹیل (انگریزی/مث) فولاد - اسپات - نہایت سخت قسم کا لوہا - فولادی قلم - لوہے کا قلم - قلم کا نب -

س - ج

سج (ہ/مث) شکل - وضع - انداز - ہیئت - صورت -
سج دھج (ہ/مث) بناؤ سنگار - شکل و صورت - زیب و زینت -
سجا (ہ/مذ) داہنا - دایاں - سیدھا - یمین - راست -
سجادہ (ع/مذ) نماز پڑھنے کا فرش - جائے نماز - مصلّے - آسن - پیروں اور درویشوں کی گدی - بزرگانِ دین کی گدی -
سجادہ نشین (ع ف/مذ) پیر یا مرشد کی گدی پر بیٹھنے والا - قائم مقام خلیفہ -
سجادہ نشین ہونا (ا) پیر کی گدی پر بیٹھنا - خلیفہ ہونا -
سجا سجایا (ا/صف) آراستہ پیراستہ -
سجاف (ہ/مث) سنجاف کا مخفف ہے - چوڑی گوٹ - حاشیہ -
سجان (ہ) عالم - دانا - عاقل - ہوشیار - چاتر - فطرتی - عیار -
سجانا (ہ) پھلانا - ورم کر دینا - کپا بنا دینا -
سجانا (ہ) آراستہ کرنا - سنگار کرنا - ترتیب سے لگانا -
سجاوٹ (ہ/مث) آراستگی - زیب و زینت - سنگار - آرائش - ترتیب -
سجدہ (ع/مذ) متھا ٹیکنا - سر جھکانا - ڈنڈوت - بندگی - عبادت -

سجدۂ سہو (ع امذ) وہ دو سجدے جو نماز میں کسی واجب کے کم یا زیادہ ہوجانے پر کیے جاتے ہیں۔
سجدۂ شکر (ع امذ) کسی مراد کے پورا ہونے یا نعمت کا حق ادا کرنے کو خدا کے سامنے زمین پر سر رکھ کر عجز کرنا۔
سجدۂ شکر بجالانا (ارامحاورہ) خدا کے حضور میں شکر کا سجدہ ادا کرنا۔
سجدہ کرنا (و) متھا ٹیکنا - سر جھکانا۔
سجدہ گاہ (عف امذ) متھا ٹیکنے کی جگہ - خاکِ شفا جس پر شیعہ لوگ سجدہ کرتے ہیں۔
سجدہ گزار (ع اف) سجدہ کرنے والا - عبادت گزار۔
سجریا (ارامث) بچھونا۔
سجع (ع امذ) خوش آواز پرندوں کا چہچہانا - موزوں اور مقفّیٰ کلام - خصوصاً وہ مصرعہ جس میں کسی کا نام آجائے۔
سجع متوازی (ع امذ) دو لفظوں کے حروفِ ردی - وزن اور اعداد حروف سب موافق ہوں - جیسے خبر اور اثر۔
سجع مطرف (ع امذ) دو لفظوں کے حرفِ ردی - موافق مگر وزن اور اعدادِ حروف مخالف ہوں - جیسے اطوار و دفار۔
سجل (ہ) عمدہ اچھا - درست - سجا ہوا - خالص - کھرا - آراستہ پیراستہ۔
سجن (ہ امذ) (ساجن کا مخفف) بھلا مانس - نیک - اچھا - خاوند - پتی - شوہر - پیارا معشوق - دلربا - من موہن - دوست - مِتر۔
سجنا (ہ) پھبنا - زیبا ہونا - آراستہ و پیراستہ ہونا - ٹھیک ہونا - درست ہونا - مرتب ہونا - ڈھنگ سے لگنا - سجانا - موزوں کرنا - زیبِ تن کرنا - زیبِ سر کرنا۔
سجنی (ہ امث) (ساجن کی تانیث) سکھی - سہیلی معشوقہ - پیاری۔
سجھانا (ہ) دکھانا - جتانا - معلوم کرانا - بتانا - سکھانا - واقف کرانا۔
سجھائی دینا (ہ) دکھائی دینا - نظر آنا - خیال میں گزرنا۔
سجی (ہ امث) ایک قسم کے کھار کا نام جس سے کپڑے دھوتے ہیں۔
سجیلا (ہ) بانکا - آراستہ پیراستہ - خوبصورت - خوش وضع - وضعدار۔

س - چ

سچ (ہ) صحیح - ٹھیک - درست - ہاں - بے شک - بجا - واقعی -
سچ کا زمانہ نہیں (و) (کہاوت) سچ کہنے سے نقصان اٹھانا پڑتا ہے - سچ کا کوئی اعتبار نہیں۔
سچ کہنا اور سکھی رہنا (ہ) سچ بول کر آدمی آرام سے رہتا ہے۔
سچ مچ (ہ) واقعی - یقیناً - بالکل صحیح - ہو بہو - بعینہٖ - بے کم و کاست۔
سچ ہے (ہ امحاورہ) بجا ہے - درست - ٹھیک ہے - بزرگوں کا کہنا درست ہے۔

سچا (ہ) راست گو - درست - ٹھیک - کھرا - بے کھوٹ - خالص - اچھوتا - نرمل - تازہ - ایمان دار - بے ریا - مخلص - جواہر۔
سچا جوڑا (ہ امذ) چوڑیوں یا کپڑوں کا وہ جوڑا جس میں سلمے ستارے کا کام ہوا ہو - کھرا کامدار جوڑا۔
سچا گانا (ارامحاورہ) اصولِ موسیقی کے مطابق گانا۔
سچا موتی (ارامذ) خالص اصلی موتی۔
سچا ہاتھ (ہ امذ) معاملہ کی صفائی - لین دین کا کھرا پن - دیانتداری۔
سچکنا (ہ) غور و فکر کرنا - متردد ہونا - ہچکچانا - اندیشہ کرنا۔
سچل (ہ) اصل اصل - ٹھیک ٹھیک - بالکل درست - جھٹل کی ضد (مذکر) جوئے کا اصل کھیل - ہار جیت کا جوا۔
سچلا (ارامصف) سچا - حقیقی۔
سچوتی (ہ امصف) صداقت - سچائی۔
سچیت (ہ امذ) ہوشیار - چوکنا - چالاک - فائق۔
سچیتے جانا (ہ) پاخانے جانا۔
سچی (ہ امث) راست - ٹھیک - بجا - درست - راست باز - راست گو - کھری - نرمل - بے کھوٹ۔

س - ح

سحاب (ع امذ) بادل - گھٹا - میگھ - ابر۔
سحبان (ع) عرب کا ایک مشہور شاعر۔
سحر (ع امذ) جادو - ٹونا - افسوں - منتر۔
سحر بیان (عف امذ) وہ شخص جس کی گفتگو نہایت مؤثر ہو - جادو بیان - فصیح شاعر۔
سحر چل جانا (و) باتوں کا اثر پڑ جانا - جادو کا اثر ہو جانا - جادو کا چل جانا۔
سَحَر (ع امث) صبح کا وقت - بھور - تڑکا - صبح دم - فجر - صبح - روزِ روشن۔
سحر خیز (عف امذ) صبح کے وقت تڑکے سے اٹھنے والا - عابد - چور - اٹھائی گیرا - اچکا۔
سحرگہی (عف امث) رمضان کے دنوں کا وہ کھانا جو رات کے تین چار بجے تک صبح روزہ رکھنے کے واسطے کھاتے ہیں۔
سحور (ع امث) سحری کی جمع - رمضان میں صبح صادق سے پہلے پہلے کا کھانا۔
سحری (ع امث) (دیکھو سحرگہی)

س - خ

سخا - یا - سخاوت (ع امث) دان - دناری - بخشش - فیاضی۔

سخت (ف امث) کڑا - نالائم - دُرشت - بھاری - سنگین - پکا - مشکل - کٹھن - تنگ - ناگوار طبع - اجیرن - گراں - بے رحم - سنگدل - نہایت - بے حد - بخیل - کنجوس - بہ شدت - بکثرت - بغایت -

سخت جان (ف ا) بے رحم - سنگدل - وہ آدمی یا جانور جس کی جان مشکل سے نکلے - بے حیا زندگی والا - سخت بے حیا - بے حد بے غیرت - نہایت جفاکش - مصیبت اور مشقت جھیلنے والا -

سخت سست کہنا (ف) بُرا بھلا کہنا - لعنت ملامت کرنا - جھڑکنا - بدزبانی کرنا - لتاڑنا - پھٹکارنا - آڑے ہاتھوں لینا -

سخت مشکل پڑنا (ف) کوئی دشواری پیش آنا - دقت اور دشواری آ جانا -

سختی (ف امث) کڑا پن - مضبوطی - پختگی - استقلال - دُشواری - دقت - بے رحمی - سنگدلی - بدمزاجی - اکھڑپن - نہایت تاکید - تندی - تیزی - تنبیہ - ڈانٹ - تنگی - افلاس - مصیبت - بپتا - دُکھ - درد - ادبار - نرمی کی ضد -

سختی سے پیش آنا (ف) بے رحمی کا سلوک کرنا - بدمزاجی دکھانا -

سختی سے تنگ آنا (ا/ محاورہ) بدمزاجی سے گھبرانا -

سختی کرنا (ف) ظلم کرنا - تنبیہ کرنا - زیادتی کرنا - ستانا - حکومت جتانا -

سختی کشیدہ (ف امص) مصیبت زدہ -

سختی کی گرہ آنا (ا/ محاورہ) مصیبت کا زمانہ آنا -

سختی میں وقت کاٹنا (ا/ محاورہ) تکلیف میں وقت گزارنا -

سُخن (ف امذ) بات - کلام - گفتگو - گفتار - قول - بچن - شعر - نظم - گیت -

سخن پرور (ف) اپنی بات کی پیچ کرنے والا - ضدی - ہٹیلا - ہٹ دھرم - متعصب -

سخن پروری (ف امث) بات کی پیچ - ضد - ہٹ - تعصب -

سخن چین (ف) اِدھر اُدھر کی کہنے والا - لاوا لگرا - چغلخور - غماز -

سخن دان - یا - سخن سنج - یا - سخنور (ف) شعر کہنے والا - شاعر -

سخندانی - یا - سخنوری (ف امث) شاعری - خوش بیانی - فصاحت -

سخن دینا (ا) بچن دینا - وعدہ کرنا - اقرار کرنا - زبان دینا -

سخن ڈالنا (ہ) کسی بات کا ذکر چھیڑنا - سفارش کرنا - انکار کرنا - منظور نہ کرنا - سوال پوچھنا - مانگنا - دریافت کرنا - درخواست کرنا -

سخن رس - یا - سخن فہم (ف) بات کی تہہ کو پہنچنے والا - بات کو تاڑ جانے والا - سیانا - چتر - دانا - ہوشیار - زیرک - تیز فہم -

سخن ساز (ف) شاعر - خوش تقریر - باتیں بنانے والا - مکار -

سخن سازی (ف امث) شاعری - فصاحت - باتوں کی چالاکی - جوڑ توڑ - بندش - دُنیا سازی - لسانی -

سخن شناس (ف) بات کو پرکھنے والا - نقادِ سخن - قدردان -

سخن گو - یا - سخنور (ف امذ) شاعر - فصیح - خوش بیان -

سخی (ع) داتا - فیاض - خدا کی راہ میں دینے والا - پُن دان کرنے والا - دریا دل - فراخ حوصلہ - دھرماتما -

سخی سے شوم بھلا جو ترت دے جواب (ا/ مثل) انتظار میں رکھنے سے صاف انکار کر دینا بہتر ہے -

سخی کا بیڑا پار ہے (ا/ کہاوت) داتا کی مشکل ہمیشہ آسان ہو جاتی ہے -

سخی کے مال پر پڑے شوم کی جان جائے (ا/ مثل) سخی کی بلا اس کی خیرات اور فیاضی سے مال پر سے ٹل جاتی ہے اور بخیل کنجوسی کے باعث بلا جان پر لیتا ہے -

سخی اور شوم کا لیکھا سال میں برابر برابر ہو جاتا ہے (ا/ مثل) سخی دے دلا کر اور کھا پی کر بخیل جوڑ کر اور چوری کرا کے سال بھر میں برابر ہو جاتے ہیں -

س - د

سَدّ (ع امث) روک - دیوار - اوٹ - پردہ - مانع - دو چیزوں کے درمیان حائل چیز -

سدِّ باب (ع امذ) کسی بات کی قطعی ممانعت -

سدِّ راہ ہونا (ا) روک ہونا - مزاحم ہونا - مانع آنا - حارج ہونا -

سدِّ رمق ہونا (ا) تھوڑا سا ہونا - ذرا ذرا دم آنا - کوئی کوئی سانس آنا -

سدِّ سکندر - یا - سدِّ یاجوج (ع ف امث) سکندر کی بنائی ہوئی وہ دیوار جو علاقہ ترکستان میں اس نے یاجوج ماجوج کے روکنے کو بنائی تھی -

سَدا (س) ہمیشہ - نت - مدام - ہر وقت - متواتر - زمانہ قدیم -

سدا ایک رُخ ناؤ نہیں چلتی (ا/ مثل) ہمیشہ ایک حال نہیں رہتا -

سدا برت (ہ امذ) لنگر - اناج یا روٹی کی روزانہ خیرات - روزانہ عام خیرات -

سدا بہار (ا) ہمیشہ سرسبز رہنے والا درخت - بارہ ماسیا - ایک سبزی جسے گل سدا بہار بھی کہتے ہیں -

سدا پھل (ہ) ہمیشہ پھلوں سے لدا رہنے والا درخت - ہمیشہ پھل لانے والا درخت - ہر سال پھلنے والا درخت -

سدا جوبن نہیں رہتا (ا/ مقولہ) حسن ہمیشہ نہیں رہتا -

سدا رہے نام اللہ کا (ا/ مثل) دُنیا کی سب چیز فانی ہے - صرف خدا کی ذات ہی دائم ہے -

سدا سہاگ (ہ امذ) ایک پھول -

سدا سہاگن (ہ امث) وہ عورت جس کا خاوند ہمیشہ اس کے پاس رہے - فقیروں کا ایک فرقہ جو چوڑیاں اور زنانہ رنگین لباس وغیرہ

پینے رہتے ہیں ۔ ایک چڑیا ۔ کبی جیسوا ۔ قحبہ جو کبھی رانڈ نہیں خیال کی جاتی ۔

سداگلاب (و امذ) ایک قسم کا سُرخ گلاب جو بارہ مہینے پھول دیتا ہے ۔ چینی گلاب ۔

سدامت (ہ) پُرانے ۔ سلف ۔ قدیم ۔ اگلے زمانے کا ۔

سدامت کا ۔ یا ۔ سے (ہ) قدیم سے ۔ اگلے زمانے سے ۔ بہت ۔

سُنداں (ہ) سمیت ۔ ساتھ ۔ سنگ ۔ ہمراہ ۔ مع ۔ گیل ۔ ساتھ ہی ساتھ ۔

سِدرہ (ع) ساتویں آسمان پر بیری کا درخت ہے ۔ اُسے سدرۃُ المنتہیٰ بھی کہتے ہیں ۔ مقام جبرئیل " سدرہ مطلق بیری کے درخت کو بھی کہتے ہیں ۔

سُدّہ (ع امذ) گانٹھ ۔ گرہ ۔ گٹھلی ۔ وہ غلیظ مادّہ جو انتڑیوں یا رگوں میں گرہ بند ھ کر بیٹھ جاتا ہے ۔

سِدھ کرنا (ہ) پُورا کرنا ۔ انت کو پہنچانا ۔ انجام دینا ۔ مسخر کرنا ۔

سُدھ (ہ امث) یادداشت ۔ حافظہ ۔ یاد ۔ چنتا ۔ سُرت ۔ خبر ۔ آگاہی ۔ ہوش ۔ ہوشیاری ۔ چیتی ۔ چوکسی ۔ توجہ ۔ رغبت ۔ سوچ بچار ۔ فکر ۔ سمجھ ۔ عقل ۔ ادراک ۔ گیان دھیان ۔

سُدھ بُدھ (ہ امث) عقل ۔ سُرت ۔ ہوش و حواس ۔ عقل و شعور ۔ خبر ۔ سار ۔

سُدھ بُدھ لینا (ہ) خبر رکھنا ۔ نگرانِ حال رہنا ۔ خبر گیری کرنا ۔

سُدھ بُدھ نہ رہنا (ہ) کچھ خبر نہ رہنا ۔ عقل نہ رہنا ۔ ہوش نہ رہنا ۔

سُدھ بِسرنا ۔ یا ۔ بھُولنا ۔ خبر نہ رہنا ۔ سُرت نہ رہنا ۔ ہوش و حواس کھوئے جانا ۔

سُدھ رکھنا (ہ) خیال رکھنا ۔ دھیان رکھنا ۔ چوکس رہنا ۔

سُدھ لینا (ہ) خبر لینا ۔ دھیان رکھنا ۔ خیال رکھنا ۔ خبر گیری کرنا ۔

سُدھارنا (ہ) سنوارنا ۔ سجانا ۔ ٹھیک کرنا ۔ دُرست کرنا ۔ ٹھیک بنانا ۔ سزا دینا ۔

سِدھارنا (ہ) رُخصت ہونا ۔ جانا ۔ وداع ہونا ۔ روانہ ہونا ۔ دُنیا سے رُخصت ہونا ۔ مرنا ۔ انتقال کرنا ۔ دنیا سے چل بسنا ۔

سُدھرنا (ہ) ٹھیک ہونا ۔ دُرست ہونا ۔ صحیح ہونا ۔ سیدھا ہونا ۔ تیار ہونا ۔

سُدھنا (ہ) مَیل دُور ہونا ۔ صاف ہونا ۔ دُھلنا ۔ نرمل ہونا ۔

سُدھنا (ہ) ٹھیک ہونا ۔ دُرست ہونا ۔ جانور کا ہلنا ۔ رستے پر لگنا ۔ تعلیم پانا ۔

سُدھوانا (ہ) دُرست کرانا ۔ جانور خصوصاً گھوڑے کو دُرست کرانا ۔ نکلوانا ۔

سِدھ ہار (ہ ا صف) ہوش باختہ ۔

سدھی (ہ) صفائی والا ۔ مکمل ۔ کامیابی ۔ صفائی ۔

سدق (ت) ترکش ۔

سُدی (ہ امث) اُجالا پاکھ ۔ ہندی مہینے کا دُوسرا پاکھ ۔

سدیسی (ہ امث) دیسی ۔ ملکی ۔ اپنے ملک کا ۔

س ۔ ڈ

سڈول (ہ) (مرکب از س بمعنی خوش ۔ عمدہ ۔ ڈول بمعنی وضع) خوش وضع ۔ خوبصورت ۔ باہم متناسب الاعضاء ۔ نہایت شُدھ ۔

سَڈھور ۔ یا ۔ سَڈھورا (ہ) سات قسم کا پکوان جو دُلہن کے میکے سے آتا ہے ۔

سڈیشن (انگریزی امث) بادشاہِ وقت کی مخالفت ۔ دُشمنی ۔ بغاوت ۔

س ۔ ر

سَر (ہ امذ) چشمہ ۔ حوض ۔ جوہڑ ۔ تالاب ۔ جھیل ۔ ناوک ۔ تیر ۔ بان ۔ پانی ۔ جل ۔ آب ۔ سرکنڈا ۔ نرسل ۔ کانا ۔ بد ۔ بُرا آدمی ۔

سَر آغاز (ف امذ) عبارت کی پیشانی ۔ عنوان ۔

سر آوَر (ف اصف) برگزیدہ ۔ برتر ۔ حاکم ۔ سردار ۔

سَروں کے تر ۔ تروں کے سر (ہ اشل) بُروں کی اولاد اچھی اور اچھوں کی بُری ہوتی ہے ۔

سَر (انگریزی امذ) جناب ۔ حضور جی ۔ گورنمنٹ کی طرف سے ایک معزز خطاب ۔

سُر (ہ امذ) مالک ۔ آقا ۔ فرشتہ ۔ دیوتا ۔ پیغمبر ۔ ایشور ۔ خُدا ۔ سُورج ۔ آفتاب ۔ خورشید ۔

سُرپُر (ہ امذ) فرشتوں کے رہنے کی جگہ ۔ اندر لوک ۔ بہشت ۔ جنّت ۔

سُر (ہ امذ) سانس ۔ آواز ۔ الحان ۔ تال ۔ لے ۔ راگ ۔ آہنگ ۔ کمہا ۔ مکھی کا نر ۔ گنجفہ بازوں کی اصطلاح میں بازی کے آغاز کو سُر کہتے ہیں ۔ خبر ۔ آگاہی ۔

سُر ملانا (ہ) آواز ملانا ۔ ساز کو سُر کے مطابق کرنا ۔ تال ملانا ۔

سُر ملنا (ہ) تال ملنا ۔ آواز ملنا ۔ ستارہ ملنا ۔ موافقت ہونا ۔ راس آنا ۔

سِر (ہ امث) مُونڈ ۔ سیس ۔ کپال ۔ کھوپری ۔ چوٹی ۔ تلہ ۔ ذمہ ۔ مالک ۔ آقا ۔ سردار ۔ اوّل ۔ آغاز ۔ ابتدا ۔ شروع ۔

سِر اُتروانا (ہ) قتل کرانا ۔ سر کٹوانا ۔ سر اُڑوانا ۔ سر قلم کرانا ۔

سِر اُٹھا کر چلنا (ہ) اترانا ۔ اکڑ کر چلنا ۔ غرور سے چلنا ۔ غرور سے چلنا ۔ متکبرانہ چلنا ۔

سِر اُٹھانا (ہ) سر اونچا کرنا ۔ سر اُبھارنا ۔ شور مچانا ۔ دھوم مچانا ۔ فساد مچانا ۔ ستانا ۔ سر نکالنا ۔ بغاوت کرنا ۔ اترانا ۔ گھمنڈ

کرنا۔ شرارت کرنا۔ جھگڑانا۔ مقابل ہونا۔
سر اُٹھانے کی فرصت نہ ہونا (ف) بالکل فرصت نہ ہونا۔ نہایت عدیم الفرصت ہونا۔
سر اُڑانا۔ یا۔ اُڑا دینا (ف) سر قلم کرنا۔ سر تن سے الگ کر دینا۔
سر آنا (ف) بھوت پریت وغیرہ کا سر پر کھیلنا۔ مقابل ہونا۔ سر پہ وار کرنا۔
سر آنکھوں پر (ف) بسر و چشم۔ بڑے شوق سے۔ دل و جان سے منظور۔
سر آنکھوں پر بٹھانا (ف) نہایت قدر کرنا۔ بڑی تعظیم بجالانا۔ کمال عزت اور آؤ بھگت کرنا۔
سر آنکھوں سے (ف) بسر و چشم۔ نہایت شوق سے۔ بڑی خوشی سے۔
سر اونچا کرنا (ف) سربلند کرنا۔ سرخرو کرنا۔ معزز و ممتاز فرمانا۔ عزت بخشنا۔
سر اوندھا کرنا۔ یا۔ سر اوندھانا (ف) کثرت غم و الم سے سر نہ اُٹھانا۔ سر نیچا کرنا۔
سر باندھنا (ف) سر گوندھنا۔ چوٹی کرنا۔ سر کا شانہ باندھنا۔
سر بڑا سردار کا پیر بڑا گنوار کا
سر بڑے سرداروں کے پیر بڑے گنواروں کے } (ف) مثل۔ عقل مند کا سر اور جاہل گنوار کے پاؤں بڑے ہوا کرتے ہیں۔
سر بھاری ہونا (ف) درد سر ہونا۔ سر گھومنا۔ زکام وغیرہ کے باعث بوجھل ہو جانا۔
سر بیچنا (ف) جان کو جوکھوں میں ڈالنا۔ جان دینا۔ سر پہ کھیل جانا۔
سر بیگار ہونا (ار/ محاورہ) ناپسندیدہ کام ذمے ہونا۔ بھرتی ہونا۔
سر پاؤں پر دھرنا (ف) پاؤں پکڑنا۔ منت سماجت کرنا۔ عاجزی کرنا۔
سر پاؤں نہ ہونا (ف) اَتا پتا نہ لگنا۔ ابتدا و انتہا معلوم نہ ہونا۔
سر پٹک کے مرنا (ف) سخت کوشش کرتے کرتے تھک جانا۔ سر پھوڑ کے مرنا۔
سر پٹکنا۔ یا۔ پٹخنا (ف) سر کو دے مارنا۔ سر دھننا۔ سر ٹکرانا۔ بے چین ہونا۔ سر مارنا۔ نہایت پچھتانا۔ بہت منت سماجت کرنا۔ ہاتھ ملنا۔
سر پہ (ف) نزدیک ہی۔ بالکل قریب۔ نہایت نزدیک۔ ذمہ۔ سر۔
سر پہ آ پڑنا (ف) سر ہونا۔ ذمہ پڑنا۔ وارد ہونا۔
سر پہ آ پہنچنا (ف) نہایت قریب آ جانا۔ بالکل نزدیک یا سامنے آ جانا۔
سر پہ اُٹھا لینا (ف) بڑی عزت و تعظیم کرنا۔ شور و غل مچانا۔ شرارت اور فتنہ برپا کرنا۔
سر پہ اجل یا قضا کھیلنا (ف) موت کا وقت قریب آنا۔ کم بختی آنا۔ شامت آنا۔
سر پہ آ چڑھنا (ف) سر ہو جانا۔ پیچھے پڑ جانا۔ مقابلے کو کھڑا ہو جانا۔
سر پہ احسان کرنا۔ یا۔ دھرنا (ف) کسی کے ساتھ بھلائی کرنا۔ احسان مند بنانا۔
سر پہ آرا۔ یا۔ آرے چلنا (ف) آ جان پر بننا۔ ہلاکت میں پڑنا۔
سر پہ آنا (ف) قریب تر آ جانا۔ لگ بھگ آ جانا۔ بھوت پریت یا کسی پیر فقیر کا سر پہ آ کر کھیلنا۔
سر پہ بٹھانا (ف) نہایت تعظیم و تکریم سے پیش آنا۔ اونچا بٹھانا۔ بہت عزت کرنا۔
سر پہ بج رہی ہے (ار/ محاورہ) کام سر پہ پڑا ہونا۔
سر پہ بلا آنا (ار/ محاورہ) مصیبت آنا۔
سر پہ بلا لانا (ار/ محاورہ) مصیبت ڈالنا۔
سر پہ بننا (ف) مصیبت میں پھنسنا۔ بپتا میں گھرنا۔ آفت میں مبتلا ہونا۔
سر پہ پاؤں رکھ کر اُڑ جانا
سر پہ پاؤں رکھ کر بھاگ جانا } (ف) بہت جلد بھاگنا۔ بے سدھ ہو کر بھاگ جانا۔ نہایت بے تاب اور بے قرار ہو کر بھاگ جانا۔
سر پہ پاؤں رکھنا (ف) ہوا ہونا۔ کافور ہونا۔ سر چڑھنا۔ پیچھے پڑنا۔ سر ہونا۔
سر پہ پڑنا (ف) ذمہ پڑنا۔ بپتا گزرنا۔ مصیبت کا سر پہ پڑنا۔ آفت پڑنا۔
سر پہ ٹیکا ہونا (ف) سر سہرا ہونا۔ عزت پانا۔ کسی کام کا کسی پہ منحصر ہونا۔ کسی ناموری کا تاج ہونا۔ راج تلک ہونا۔ حقدار اور وارث ہونا۔
سر پہ چڑھانا۔ یا۔ چڑھا لینا (ف) نہایت عزت سے رکھنا۔ مصاحب اور یار بنا لینا۔ منہ لگانا۔ سر پہ اُٹھانا۔ گستاخ بنانا۔ بیباک اور نڈر کرنا۔
سر پہ خاک اُڑانا (ف) ماتم کرنا۔ رونا۔ پیٹنا۔ افسوس کرنا۔ غم اور سوگ ظاہر کرنا۔
سر پہ خون چڑھنا۔ یا۔ سوار ہونا (ف) جان لینے پہ تیار ہونا۔ قتل پہ کمربستہ ہونا۔ ہتیا پر اُتر آنا۔
سر پہ خون لینا (ف) قتل عام کا جرم اپنے ذمے لینا۔ ہتیا کرنا۔ کسی کو جان سے مار ڈالنا۔
سر پہ دھمال ہونا (ف) سر پہ شور و غل ہونا۔ کثرت شور سے دماغ پریشان ہونا۔
سر پہ دھرنا۔ یا۔ سر دھرنا (ف) ذمہ لینا۔ لگانا۔ سر پہ تھوپنا۔
سر پہ رکھنا (ف) ذمہ لینا۔ تھوپنا۔ نہایت تعظیم کرنا۔ سر پہ اُٹھانا۔ سر پہ بوجھ لینا۔ نہایت مقدس جاننا۔ ادب تعظیم کرنا۔
سر پہ سایہ رکھنا (ف) زندہ رکھنا۔ زندہ رہنا۔ سلامت رکھنا۔
سر پہ سوار ہونا (ف) ساتھ نہ چھوڑنا۔ ہر وقت ساتھ رہنا۔
سر پہ چھپر رکھنا (ف) سر پہ بھاری بوجھ رکھنا۔ احسان میں دبانا۔ مرہون منت کرنا۔ ذمے ڈالنا۔ الزام دھرنا۔

سر پر کفن باندھنا - یا - باندھے رہنا (ا) ہر وقت مرنے کو تیار رہنا - ہر وقت جان دینے پر تلا رہنا - موت کے بعد کا سامان ساتھ رکھنا -
سر پر کھڑا ہونا (ہ) پاس موجود ہونا - قریب رہنا - سامنے رہنا -
سر پر لینا (ہ) ذمّے لینا - سر پر سہنا - برداشت کرنا -
سر پر نہ رہنا (ہ) کسی بزرگ یا مربی کا اپنے اوپر نہ رہنا - مربی کا مر جانا - سر سے اُٹھ جانا - چھاتی پر نہ رہنا - موجود نہ رہنا -
سر پر وارنا (ہ) قربان کرنا - نثار کرنا - نچھاور کرنا - تصدّق کرنا -
سر پر ہاتھ پھیرنا (ہ) بزرگوں کی سی شفقت کرنا - پیار کرنا - چمکارنا - دلاسا دینا -
سر پر ہاتھ دھرنا - یا - رکھنا (ہ) کسی کا مددگار ہونا - حمایتی بننا - معاون ہونا - سرپرستی اختیار کرنا - کسی کے سر کی قسم کھانا -
سر پر ہونا (ہ) حامی و مددگار ہونا - مربی ہونا - ذمّہ پڑنا - سر ہونا -
سر پڑنا (ہ) ذمّہ پڑنا - سر ہونا - حصّے میں آنا -
سر پڑا ہوا ہے (ا / محاورہ) ذمّے ہو رہا ہے -
سر پڑے کا سودا (ا / مذ) لاچاری کا معاملہ - مجبوری کی بات -
سر پکڑ کر بیٹھنا - یا - سر پکڑ کے رہ جانا (ہ) غم و رنج کی صورت ظاہر کرنا - غمزدہ اور سوگوار بن کے بیٹھ رہنا -
سر پکڑنا (ہ) سہارا دینا - مدد کرنا - تسلّی دینا - کسی بات کی تہہ کو پہنچنا -
سر پھٹنا - یا - پھٹا جانا (ہ) نہایت سخت دردِ سر ہونا - سر پھوٹنا - ضرب لگنا -
سر پھرانا (ہ) بکواس سے سر میں درد کرنا - مغز پریشان کرنا - سر چکرانا -
سر پھرا ہے (ہ / محاورہ) کم بختی آئی ہے - شامت نے گھیر لیا ہے - شامت آئی ہے -
سر پھر جانا (ہ) دورانِ سر ہونا - سر میں چکر آنا - دماغ خراب ہو جانا -
سر پھرنا (ہ) سر میں درد ہونا - چکرانا - شامت آنا - کم بختی آنا - دماغ میں فتور آنا -
سر پھوٹنا (ہ) سر کا لکڑی - پتھر وغیرہ سے ٹوٹنا - سر شق ہونا - مار پیٹ ہونا - سخت سر درد ہونا -
سر پھوڑ کر لینا - یا - سر چیر کر - یا - سر توڑ کر لینا (ہ) زبردستی لینا - مار کر لینا - ڈرا دھمکا کر لینا -
سر پھوڑے ڈالنا (ا / محاورہ) سر پھوڑنے میں جلدی کرنا -
سر پھیرنا (ہ) انکار کرنا - کہنا نہ ماننا - حکم عدولی کرنا - سرکشی کرنا -
سر پیٹنا (ہ) غصّے کے مارے سر میں جوتیاں لگانا - غم کرنا - ماتم کرنا - بلاپ کرنا - افسوس کرنا - تلملانا - دونوں ہاتھوں سے سر میں دوہتھڑ مارنا -
سر پیر نہ ہونا (ہ) مہمل ہونا - بیہودہ بات ہونا جس کا آغاز ہو نہ انجام

سر پیر ہونا (ا / محاورہ) ابتدا و انتہا ہونا -
سر تھام لینا (ہ) پچھتانا - افسوس کرنا - پشیمان ہونا -
سر ٹکرانا (ہ) سر دے دے مارنا - سر پھوڑنا - سجدے کرنا - بڑی کوشش کرنا -
سر جانا (ہ) نبھ جانا - نباہ ہونا - گزارا ہونا - جان جانا - سر کٹنا - الزام آنا - ذمّے لگنا - گزر نکلنا - بری خارج ہونا -
سر جوڑ کر بیٹھنا (ہ) نہایت محبت سے مل کر بیٹھنا - اتفاق اور اختلاط سے بیٹھنا - باہمی غم خواری اور دردمندی سے مل کر باتیں کرنا -
سر جوڑنا (ہ) جمع ہونا - یا - کرنا - اتفاق کرنا - باہم رشتہ کرنا - متفق ہونا - باہم سازش کرنا - مل بیٹھنا - ایکا کرنا - مشورہ کرنا -
سر جھاڑنا (ہ) کنگھی کرنا -
سر جھکانا (ہ) سر نیچا کرنا - عاجزی اور انکساری کرنا - شرم و حیا یا غیرت سے گردن نیچی کر لینا - فرماں بردار اور مطیع ہونا -
سر جھکنا (ہ) شرم و حیا سے گردن نیچی ہونا - سر نیچا ہونا -
سر جیبِ خجالت سے نکالنا (ا / محاورہ) شرمندگی دُور کرنا -
سر چپکنا (ہ) ذمّہ ڈالنا - سر کرنا - سر منڈھنا -
سر چڑھا (ہ) گستاخ - بے ادب - بے باک - نڈر - لاڈلا -
سر چڑھانا (ہ) نہایت گستاخ بنا دینا - مُنہ لگانا - مغرور ہونا - متکبّر ہونا - سر کو قربان کرنا - کسی دیوی دیوتا کے آگے سر کاٹ کے نذر دینا -
سر چڑھ کر (ہ) ذمّے پڑ کر - سر پر آ کر - از خود ظاہر ہو کر -
سر چڑھ کر لگنا (ا / محاورہ) خواہ مخواہ چھیڑ کر لڑنا -
سر چڑھنا (ہ) ذمّہ ہونا - فرض ہونا - ضد کرنا - اصرار کرنا - سرکشی کرنا -
سر چڑھ کے یا سر چڑھ کر بولنا (ہ) جن - بھوت کا سر پر آ کر کھیلنا - از خود ظاہر ہونا - چھپائے نہ چھپنا -
سر چڑھ کر مرنا (ا / محاورہ) کسی کو اپنے خون کا باعث سمجھنا -
سر چلا جانا (ہ) درد کے مارے سر کا چکرا پڑنا - بوجھل ہونا - قابو میں نہ رہنا - جان جانا - درد کی سخت شدّت ہونا -
سر چوٹ (ہ) (عورتیں) مرضی کے خلاف - سخت ناگوار - چڑ - نفرت کا باعث - لطف - مزا - چسک -
سر چیرنا (ہ) سر پھوڑنا - زبردستی کرنا - سر ہونا - لڑنا - جھگڑنا - ضد کرنا - ہٹ کرنا - مُصِر ہونا -
سرخوش (ف) آنند - مگن - آرام و عیش کے بہت سے سامان والا - خوش حال -
سر دُکھنا (ہ) سر میں درد ہونا - سر پھرنا - سر میں چکر آنا -
سر دھرا - یا - سر دھرو (ہ / مذ) ذاتی - وارث - بڑا - بوڑھا - سرپرست - آقا - حاکم -

سر دھرنا (ا/محاورہ) ذمہ دار گرداننا - الزام لگانا
سر دُھننا (ہ) سر پیٹنا - نہایت تکلیف یا صدمے کی حالت میں سر دے مارنا - سر کو ہلانا - افسوس کرنا - ماتم یا نوحہ کرنا - راگ وغیرہ کا مزا لینا اور نہایت سرور کیف کی وجہ سے سر کو ہلانا -
سر دھونا (ہ) سر کے بالوں کو نکھارنا - بال صاف کرنا -
سر دینا (ہ) سر قربان کرنا - جان دینا - مرنا - سر نثار کرنا -
سر دینے کو حاضر ہیں (ا/فقرہ) جان دینے کو موجود ہیں - مرنے کو موجود ہیں -
سر ڈوب (ہ) شور بور - لت پت - سر سے پاؤں تک غرق -
سر ڈھانکنا - یا - ڈھکنا (ہ) سر پہ کوئی کپڑا لینا - کوا رپٹ اُتارنا - چیرا توڑنا -
سر ڈھکنا (ا/محاورہ) سر پہ کپڑا ہونا -
سر ڈھکی (ہ/مث) بیاہ - شادی - گونا ازالہ بکر -
سر رنگنا - یا - لال کرنا (ا) لہولہان کرنا - سر پھوڑنا - سر سے خون جاری کرنا -
سر رہنا (ہ) سر سلامت رہنا - جان کا صحیح و سالم رہنا - کسی کام کے پیچھے پڑا رہنا -
سر زانو پہ جھکانا (ا/محاورہ) سخت افسوس میں ہونا -
سر زانو پہ دھرا ہونا (ا/محاورہ) غم و اندوہ کا عالم ہونا -
سر زور (ا/صف) سرکش - نادان -
سر سفید ہونا (ہ) بڑھاپا آنا - علامت پیری ظاہر ہونا - پختہ کار ہونا - بوڑھا ہونا - مرنے کا قریب ہونا - عیب یا الزام لگنا - مورد طعن ہونا -
سر سکھانا (ہ) بال سکھانا - سر دھو کر بالوں کی نمی کو دور کرنا -
سر سہلانا (ہ) سر پہ ہاتھ پھیرنا - پیار کرنا - چمکارنا -
سر سہلائے بھیجا کھائے (ہ/محاورہ) پیار کرتا جائے اور تکلیف سخت پہنچاتا جائے - دوست نما دشمن کے لیے بولتے ہیں -
سر سے بلا ٹالنا (ہ) تکلیف سے نجات پانا - روگ ٹالنا - پاپ کاٹنا - مجبوراً کوئی کام کرنا -
سر سے بوجھ اُترنا - یا - ٹلنا (ہ) قرض سے نجات حاصل ہونا - بیٹا بیٹی کے بیاہ سے فارغ ہونا - بے دلی سے کوئی کام کرنا -
سر سے پانی گزرنا - یا - گزر جانا (ہ) قرضہ کا نہایت زیادہ ہو جانا - کام کا قابو سے باہر ہو جانا - مصیبت اور دکھ کا بڑھ کر ناقابل برداشت ہو جانا -
سر سے پاؤں تک (ہ) شروع سے آخر تک - از سر تا پا - ابتدا سے انتہا تک -
سر سے پاؤں تک آگ لگنا } (ہ) نہایت برافروختہ ہونا - سخت غصہ
سر سے پاؤں تک لگنا } آنا - غصے میں جل بھن جانا -

سر سے چلنا (ہ) نہایت تعظیم کے باعث سر کو پاؤں بنا کر چلنا - سر کے بل چلنا - بہت ہی تعظیم و تکریم کرنا - بڑی عزت کرنا -
سر سے کفن باندھنا (ہ) جان پہ کھیلنا - جان ہتھیلی پر رکھنا - سر بکف ہونا -
سر سے کھیل جانا (ہ) جان دے بیٹھنا - جان سے دست بردار ہونا - مرنے پہ تیار ہونا -
سر سے کھیلنا (ہ) سر پر بھوت پریت کا آنا - جنات کے سایہ کے اثر سے سر کا ہلنا -
سر سے کنواں کھودنا (ہ) محال اور ناممکن کام کرنا - سخت مشکل کام انجام دینا -
سر سے دے مارنا (ہ) عزت دے کر ذلیل کر دینا - پٹخ دینا -
سر سے سر جوڑنا (ہ) جھُرمٹ مارنا - سازش کرنا - باتیں پیار سے کرنا -
سر سے گزرنا (ہ) جان سے ہاتھ دھونا - سر دے دینا - زندگی کی پروا نہ کرنا -
سر سے مارنا (ہ) ناپسند چیز کو واپس کرنا - نفرت یا کراہت سے کسی چیز کو پھیر دینا - اُٹھا کر پھینک دینا - غصے کے سبب سے کوئی چیز ہٹا دینا -
سر سینگ ہونا (ہ) کسی خاص نشانی کا موجود ہونا - سر پہ خاص علامت کا ظاہر ہونا -
سر کا بوجھ اُترنا (ہ) قرض سے سبکدوش ہونا - فرض منصبی سے نجات پانا -
سر کا نہ پاؤں کا (ہ) سر نہ پیر - اوّل نہ آخر - بے سر و پا -
سر کا نہ سواد کا (ہ) بدمزہ - بد ذائقہ - بے تمیزی کا - بد سلیقہ -
سر کٹا (ہ) وہ شخص جس کا سر نہ ہو - بن سرا -
سر کرنا (ہ) فتح کرنا - ذمہ کرنا - سر منڈھنا - چوٹی کرنا -
سر کو آنا (ہ) لڑنے کو آنا - کھانے کو دوڑنا - پیچھے پڑنا - سر ہونا -
سر کھانا (ہ) مغز کھانا - دماغ پریشان کرنا - دماغ چاٹنا -
سر کھپ (ہ) سر کھپا دینے والا - جان نثار - بہادر - بے خوف - نڈر -
سر کھپانا (ہ) مغز مارنا - دماغ کھپانا - سخت کوشش کرنا - سر مارنا -
سر کھجانا (ہ) سر میں خارش ہونا - کھاج اُٹھنا - مجازاً شامت آنا - پٹنے کی خواہش ہونا - مار کھانے کو جی چاہنا -
سر کھُلنا (ا/محاورہ) سر ننگا ہونا -
سر کھولنا (ا/محاورہ) سر ننگا کرنا - بال پھیلانا - چوٹی کھولنا - کوئی سخت چیز مار کر سر توڑنا -
سر کھنچنا (ہ) بلند ہونا - اونچا ہونا - بھڑکنا - طول پکڑنا - بڑھ جانا -

سر کے ساتھ ہے (ہ) (محاورہ) جان کے ساتھ ہے۔ دم کے ساتھ وابستہ ہے۔
سر کی آفت ٹلنا (ل) (محاورہ) مصیبت دُور ہونا۔
سر کی کھانا (ل) (محاورہ) سر پہ چوٹ لگنا۔
سر کی سَوں۔ یا۔ سر کی سوں (ہ) کلمۂ قسم۔ سر کی قسم۔ سر کی سوگند۔
سر گاڑی پیر پہیا کرنا (ہ) نہایت تگ و دو سے کوئی کام کرنا۔ سر پاؤں کی محنت سے کرنا۔
سر گریبان میں ڈالنا (ل) فکر یا شرم سے سر جھکا لینا۔ سر نیچا کر لینا۔
سر گنجا کرنا (ہ) مار مار کے سر کے بال اُڑا دینا۔ بے حد مارنا۔ کنگال کر دینا۔ لوٹ کر کھا جانا۔
سر گوندھنا (ہ) چوٹی کرنا۔ سر کرنا۔ سر کے بال گوندھنا۔
سر لگنا (ہ) الزام دھرا جانا۔ تھپنا۔ ذمے لگنا۔
سر لینا (ہ) ذمے لینا۔ سر اُتارنا۔ جان لینا۔
سر مارنا (ہ) سمجھانا۔ مغز مارنا۔ چلّانا۔ بھونکنا۔ حیران ہونا۔ سر ٹپکنا۔ بڑی چیز کو پھیرنا۔ نہایت کوشش کرنا۔ تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا۔ شور و غل کرنا۔ ذمے ڈالنا۔ سر کرنا۔
سر منڈا (ہ) وہ شخص جس کے سر کے بال منڈے ہوئے ہوں۔
سر منڈاتے ہی اولے پڑے (ہ/ مثل) شروع سے ہی کام بگڑ گیا کسی کام کے شروع کرتے ہی خرابی یا نقصان ہو جانے کے موقع پر بولتے ہیں۔ اُلٹا دہی خراب ہوئی۔
سر منڈاتا (ہ) سر کے بال اُتروانا۔ حجامت بنوانا۔ جوگ لینا۔ جوگی بننا۔ قلندر کا مرید ہونا۔ بھدرا کرانا۔ دھوکے میں آ کر لُٹ جانا۔ ٹھگا یا جانا۔
سر میلا ہونا (ہ) حیض کے باعث ناپاک ہونا۔ کپڑوں سے ہونا۔
سر میں بال ہونا (ہ) طاقت و قدرت ہونا۔ گنجائش ہونا۔
سر میں خاک ڈالنا (ل) ماتم کرنا۔ سوگ کرنا۔ سر ننگا کرنا۔ غم و رنج کرنا۔
سر میں خناس سمانا (ل/ محاورہ) غرور کرنا۔ تکبّر کرنا۔
سر میں درد اُٹھنا (ل/ محاورہ) درد سر ہونا۔ یکایک سر میں درد شروع ہو جانا۔
سر نِواتا (ہ) سر جھکانا۔ عاجزی کرنا۔
سر نہ پیر۔ یا۔ سر نہ پاؤں (ہ) آتا نہ پتا۔ شروع نہ آخیر۔ ابتدا نہ انتہا۔
سر ہلانا (ہ) سر کو جُنبش دینا۔ ماننا۔ تسلیم کرنا۔ قبول کرنا۔ انکار کرنا۔ نہ دینا۔ افسوس کرنا۔ بھوت پریت کا سر پر آ کر کھیلنا۔
سر ہونا (ہ) در پے ہونا۔ تعاقب کرنا۔ چمٹنا۔ گلے کا ہار ہونا۔ کسی کام میں بہت ہی مصروف ہونا۔ ذمہ ہونا۔ گلے پڑنا۔ لڑنا۔ جھگڑنا۔ اپنا بوجھ دوسرے کی گردن پر رکھنا۔
سر (ف/ مذ) سر۔ مُونڈ۔ منڈیا۔ چوٹی۔ پھُننگ۔ نوک۔ کلس۔

سر دار۔ نائک۔ سالارِ لشکر۔ زور۔ قوت۔ اُوپر۔ بالا۔ ابتدا۔ شروع۔ طرف جانب۔ تاش یا گنجفہ کا پتّا۔ درجہ میں بڑھیا پتّا۔ جیسے بادشاہ۔ بیگم وغیرہ۔ اندر۔ بیچ میں۔ جیسے سرِ بازار۔ سرِ مجلس وغیرہ۔ خیال۔ جیسے سرِ بادشاہی نداری۔
سر انگشت (ف/ مذ) اُنگلی کا پھُول۔ اُنگلی کا اُوپر کا حصّہ۔
سر باز (ف) جان پر کھیل جانے والا۔ سُورما۔ سُور بیر۔ بہادر۔
سر بازار (ف) عام لوگوں میں۔ عین بازار میں۔ سب کے سامنے۔ علانیہ۔
سر بام (ف) کوٹھے کی چھت یا منڈیر یا چھجے پر۔
سر بستہ (ف) سر بندھا ہوا۔ مخفی۔ پوشیدہ۔ چھُپا ہوا۔
سر بسر (ف) بالکل۔ تمام۔ سارا۔ اس سرے سے اُس سرے تک۔ برابر۔ مساوی۔
سر بلند (ف) اُونچا۔ اعلیٰ۔ ممتاز۔ معزّز۔
سر بلند کرنا (ل) عزت بخشنا۔ درجہ بڑھانا۔ اعلیٰ مرتبے پر پہنچانا۔
سر بلندی (ف/ مث) عزّت۔ اقبال مندی۔ فخر۔
سر بمُہر (ف) مُہر لگا ہوا۔ بند۔ مُقفّل۔
سر پرست (ف) مددگار۔ خبر گیر۔ نگہبان۔ محافظ۔
سر پنچ (ل/ مذ) پنچوں کا سردار۔ میر مجلس۔ پریذیڈنٹ۔
سر پوش (ف/ مذ) ڈھکنا۔ چپنی۔ ڈھکن۔ تورہ پوش۔
سر پیچ (ف/ مذ) پگڑی کے اُوپر باندھنے کا ایک طلائی کپڑا۔
سر تابی (ف/ مث) نافرمانی۔ بغاوت۔ حکم عدولی۔ نمک حرامی۔
سر تا پا (ف) اوّل سے آخر تک۔ بالکل۔ سربسر۔
سر تاج (ف+ع/ مذ) سر کا تاج۔ مجازاً آقا۔ مالک۔ خاوند۔ پتی۔
سر چلنا (ل) تاش یا گنجفے کا پتّا پھینکنا۔ داؤ چلنا۔
سر حد (ف+ع/ مث) کنارا۔ انتہا۔ حدِّ فاصل۔
سر خیل (ف/ مذ) سردارِ قوم۔ سرگروہ۔ خاندان کا سردار۔ سرغنہ۔
سر دست (ف) اس وقت۔ ابھی۔ بالفعل۔ فوراً۔ فی الحال۔ عنقریب۔ موجود۔
سر دفتر (ف/ مذ) میر منشی۔ اہلکاروں کا سرگروہ۔
سر راہ (ف) راستے میں۔ سڑک پر۔ راہ میں۔
سر رشتہ (ف/ مذ) مطلب۔ مدّعا۔ تدبیر۔ محکمہ ڈیپارٹمنٹ۔
سر زمین (ف/ مث) مُلک۔ خطّہ۔ زمین۔ ولایت۔
سر سبز (ف) ہرا بھرا۔ تر و تازہ۔ شاداب۔ کامیاب۔ مُبارک۔
سر زور (ف) طاقت ور۔ زبردست۔ سرکش۔
سر شام (ف/ مث) شام کا وقت۔ جھٹ پٹا۔ وقتِ مغرب۔ سانجھ۔
سر فراز (ف) معزّز۔ ترقّی یافتہ۔ ممتاز۔
سر فراز کرنا (ل) سر بلند کرنا۔ معزّز بنانا۔ ترقّی دینا۔ ازالہ بکر کرنا۔
سر قلم کرنا (ل) سر کاٹنا۔ گردن اُڑانا۔ سر اُڑانا۔
سر قلم ہونا (ل/ محاورہ) قتل ہونا۔ سر کٹنا۔
سرکش (ف) مغرور۔ باغی۔ نافرمان۔

سرکشی (ف امث) غرور - بغاوت - نافرمانی - حکم عدولی -
سرکوبی (ف امث) سزا - گوشمالی - تادیب - سر کچلنا -
سرگزشت (ف امث) ماجرا - آپ بیتی - حال - داستان - کہانی - برتانت - تذکرہ -
سرگراں (ف) نشہ کے خمار والا - مخمور - خمار آلودہ - ناراض - خفا - برہم - مغرور - متکبر - اترانے والا -
سرگرانی (ف امث) سر بھاری ہونا - خمار - دردِ سر - سر کی تکلیف - رنج - خفگی - غم و افسوس -
سرگرداں (ف) آوارہ - سرگشتہ - حیران پریشان -
سرگرم (ف) محنتی - چالاک - مستعد - جوشیلا - تند - تیز -
سرگرمی (ف امث) چالاکی - مستعدی - آمادگی - تندی - تیزی -
سرگروہ (ف) سردارِ جماعت - پنچ - چودھری - سرغنہ - باغیوں کا سردار -
سرگشتہ (ف) بھٹکا ہوا - آوارہ - حیران - پریشان -
سرگوشی (ف امث) کانا پھوسی - کھسر پھسر - غیبت - چغلی - برائی -
سرلگنا (ا) ذمہ لگنا - سر تھپنا -
سرمست (ف) مدہوش - نہایت متوالا - بدمست - بے حد مخمور -
سرمغزی (ف امث) بک بک - بکواس - بے ہودہ گوئی - مغززنی -
سرمو (ف) بال کی نوک برابر - ذرا سا - رائی بھر -
سرنامہ (ف امذ) عنوان - مکتوب الیہ کا پتا اور نشان جو خط پر لکھتے ہیں -
سر نقد نوکری اُدھار (ا امثل) کام زیادہ سے زیادہ سختی سے لیا جاتا ہے اور تنخواہ وقت پر نہیں ملتی -
سر نکالنا (ا امحاورہ) کسی چیز سے سر باہر نکالنا -
سرنگوں (ف) سر کے بل - شرمندہ - خجل - اوندھے منہ -
سرنو (ف) نئے سرے سے - دوبارہ شروع سے -
سرنوانا (ا امحاورہ) سر جھکانا - عاجزی کرنا -
سرنوشت (ف امث) تقدیر کا لکھا - بھاگ - قسمت نصیب - قضا -
سروسامان (ف امذ) اسبابِ ضروریہ - لوازمات - ساز و سامان -
سروکار (ف امذ) (سر بمعنی خواہش، کار بمعنی کام) تعلق - خواہش - معاملہ - واسطہ - لگاؤ - بحث و تکرار -
سرا - یا - سرائے (ف امث) گھر - خانہ - مکان - حویلی - مسافروں کے اُترنے کی جگہ - دھرم سالہ -
سِرا (ہ امذ) کنارا - کور - نوک - ابتدا - آغاز - انتہا - آخر -
سراب (ع امذ) ریت یا کلر زمین میں عین دوپہر کے وقت موسم گرما میں دھوپ کا انعکاس جو پانی کی طرح لہریں مارتا معلوم ہوتا ہے - جو نظر کا دھوکا ہوتا ہے - مرگ ترشنا - مالشِ آب - دھوکا ہی دھوکا - معدوم - نابود - گم -
سراپا (ف امذ) سر سے پاؤں تک - اوّل سے آخر تک - تمام و کمال -

سراپردہ (ف امذ) شاہی خیمہ - پردہ کی اُونچی قنات جو خیمہ کے گرد لگایا کرتے ہیں - ڈیرہ - گھر کا پردہ -
سرّاٹا (ہ امذ) تیز ہوا کی آندھی -
سِراج (ع امذ) دیوا - دیا - چراغ - روشنی - سُورج -
سَرّاج (ع امذ) زین ساز - کاٹھی بنانے والا -
سراچہ (ف امذ) سرا کی تصغیر - بڑا خیمہ - ایک بانس کا خیمہ - کھانچہ - عظمت -
سرادھ (ہ امذ) کناگت - اسوج کے مہینے میں برہمنوں وغیرہ کو دان پُن دینے اور کھانا وغیرہ کھلانے کی رسم -
سراسر (ف) بالاتصال - یک قلم - تمام - بالکل - یک لخت -
سراسری (ف) بالکل مختصر طور پر - یونہی - جلدی سے - عدالتِ خفیفہ چھوٹی چھوٹی نالشیں سننے کی عدالت - ماتھے پر لٹکانے کا ایک زیور - مختصر اختیارات کی عدالت -
سراسری دیکھنا (ا) یونہی سرسری سی نظر ڈالنا - اجمالی ملاحظہ کرنا -
سراسری نالش (ف امث) چھوٹا مقدمہ - ادنیٰ دعویٰ - چھوٹی نالش -
سراسیمہ (ف) ہکا بکا - حیران و پریشان - گھبرایا ہوا - بے قرار - سر اور آسیمہ بمعنی شوریدہ اور پریشان سے مرکب -
سراسیمگی (ف امث) حیرانی - پریشانی - آشفتگی -
سُراغ (ف امذ) کھوج - پتا - پاؤں کا نشان - پیڑ - ٹھکانا - تلاش - جستجو -
سُراغ رساں (ف امذ) کھوجی - پتا لگانے والا - تلاش کرنے والا -
سُراغ لگانا (ا) تلاش کرنا - پتا لگانا - کھوج لگانا -
سُراغ لینا (ا) تلاش کرنا - کھوج لگانا - ٹھکانا معلوم کرنا - عندیہ اور منشا معلوم کرنا -
سُراغی (ا امذ) کھوجی - ٹھاکی -
سُراگائے یا گئو (ہ امث) جنگلی گائے - بن کی گائے -
سَرانا (ا امص) سراہنا - تعریف کرنا -
سرآمد (ف) پورا - کامل - برگزیدہ - ممتاز - بہتر - ختم کرنے والا -
سِرانا (ہ) ٹھنڈا کرنا - سرد کرنا - ریلا کرنا - غرق کرنا - ڈبو دینا -
سرانجام (ف امذ) آخر کار - انجام کار - تکمیل - انتظام - بندوبست - سامان -
سراندیپ (ہ امذ) جزیرہ لنکا یا سیلون جو بحرِ ہند میں واقع ہے اس کا پرانا نام سنگل دیپ یعنی زنجیروں کا جزیرہ ہے جو سیدھا ہونے کے باعث پڑ گیا -
سراوگی (ہ امذ) جین مت کا مقلد - بدھ مذہب کا ماننے والا -
سراہنا (ہ) تعریف کرنا - ستائش کرنا - حمد و ثنا کرنا - داد دینا - قدر کرنا - خوشامد کرنا - چاپلوسی کرنا -
سرایت کرنا (ا) اثر کر جانا - تاثیر کرنا - گھس جانا - بیٹھنا -

جذب ہونا۔
سُرب (ف امذ) اُسرب کا مخفف۔ سیسہ۔ ایک قسم کا جست ہے۔
سَرب (س) تمام۔ سب۔ کُل۔ سارا۔
سَرب شکتیمان (س امذ) پوری طاقت والا۔ قادرِ مطلق۔ خدا تعالیٰ۔
سَرب گنگا (س امث) نہایت پتلی دال۔ بالکل پانی سا دال یا سالن۔
سربراہ (ف امذ) انتظام کرنے والا۔ منتظم۔ گماشتہ۔ ایجنٹ۔
سَربند (ا امث) دستار۔ پگڑی۔
سربھنگی (ہ امذ) سَرب اَنگی۔ ہر شخص کی چیز یا ہر چیز کھا لینے والا۔ ہندو فقیروں کا ایک فرقہ جو مُردار اور نجاست تک کھانے سے پرہیز نہیں کرتا۔
سرپ (س امذ) ناگ۔ سانپ۔ مار۔ افعی۔ کیٹی۔ کینہ رکھنے والا۔
سرپت (ہ امث) ایک قسم کی گھاس۔
سرپٹ (ہ امث) گھوڑے کی نہایت تیز دوڑ۔
سُرپُر (س امذ) راجہ اِندر کا پایہ تخت۔ سُرگ لوک۔ جنت۔ اندر لوک۔
سُرت (ہ امذ) ہوش۔ دھیان۔ خیال۔ ہوشیاری۔ حافظہ۔ چیتا۔ سُدھ۔
سرتابرتا (ہ امذ) (عورتیں) خرچ۔ سفر۔ حصّہ۔ بجرہ۔ اِنتظام۔ سرانجام۔
سَرتابی (ف امث) سرکشی۔ نافرمانی۔ عدُول حکمی۔
سرتاسر (ف) تمام۔ کُل۔ سب کا سب۔
سَرج (ع امذ) زین کاٹھی۔
سَرجن (انگریزی امذ) جرّاح۔ ڈاکٹر۔ حکیم۔
سُرجن (س امذ) شریف آدمی۔ بھلا مانس۔ جنٹلمین۔
سَرجن ہار (ہ امذ) سائی۔ پیدا کرنے والا۔ خالق۔ کرتار۔ بنانے والا۔
سرجی } (ہ) سرسبز۔ شاداب۔ سرسبز رہنے والا۔
سرجیون } پائدار۔ مضبوط۔ ہرا بھرا۔ لازوال۔ فرحت بخش۔ رُوح بخش۔ رُوح افزا۔
سرچشمہ (ف امذ) سوتا۔ منبع۔ پانی نکلنے کی جگہ۔ آبشار۔
سُرخ (ف) لال۔ احمر۔ رتی۔ ماشے کا آٹھواں حصّہ۔
سُرخ باد۔ یا۔ بادہ (ف امذ) ایک بیماری۔
سُرخ بید (ف) ایک درخت جسے بید مولہ اور بید مجنوں بھی کہتے ہیں۔
سُرخ پوش (ف اصف) سُرخ لباس والا۔
سُرخ وسفید ہونا (ا) گورے رنگ پر سُرخی کا نمایاں ہونا۔ موٹا تازہ اور تندرست ہونا۔
سُرخ ہونا (ا) لال ہونا۔ غصّے میں بھر جانا۔ میوے کا پک جانا۔

سُرخاب کا پَر لگنا۔ یا۔ نِکلنا۔ یا۔ ہونا (ا) دولت پر مغرور و متکبر ہونا۔ کوئی عجیب و نادر بات ہونا۔ نایاب اور نادر ہونا۔
سُرخرو۔ یا۔ سُرخ رُو (ف) لال منہ والا۔ کامیاب۔ خوش و خرّم۔ بری الذمہ۔
سُرخرو ہونا (ا) کامیاب ہونا۔ بری الذمہ ہونا۔ وعدہ وفا ہونا۔
سُرخی مائل (ع) لال سا۔ لالی لیے ہوئے۔ سُرخی لیے ہوئے۔
سَرخوشی (ف) شراب کے نشے کا سرور۔
سَرد (ف) ٹھنڈا۔ شیتل۔ خُنک۔ سُست۔ ڈھیلا۔ نامرد۔ مندا۔ دھیما۔ بے رونق۔ بے مزا۔ بے لُطف۔
سرد بازار ہونا (ا) بے رونقی ہونا۔ خرید و فروخت کم ہونا۔ بازار کا مندا ہونا۔
سرد پُولو (ا) ماہِ اسوج کی آخری تاریخ جس سے سردی کا آغاز خیال کیا جاتا ہے۔
سرد جنگ (ف امذ) سیاسی جنگ۔ زبانی جنگ۔ وہ جنگ جو بغیر اسلحہ کے لڑی جائے۔
سرد چینی (ا امث) ایک دوا۔ کبابہ چینی۔ کباب چینی۔
سرد خانہ (ف امذ) وہ نہایت ٹھنڈا مکان جس میں چیزیں گلتی سڑتی اور خراب نہیں ہوتیں۔
سرد و گرم دیکھا ہوا (ا) آزمودہ کار۔ تجربہ کار۔ نشیب و فراز جاننے والا۔
سرد مزاج (ع) سرد مزاج والا۔ مُردہ دل۔ بے مہر۔ سُست۔ سہل انگار۔
سرد مہر (ف) کم محبت والا۔ بے وفا۔ بے مروّت۔ سخت دل۔ بے محبت۔
سرد مہری (ف امث) بے مہری۔ بے مروّتی۔ بے وفائی۔ سنگدلی۔ بے محبتی۔
سرد ہو جانا۔ یا۔ ہونا (ا) ٹھنڈا ہو جانا۔ گرمی نہ رہنا۔ مر جانا۔ جان باقی نہ رہنا۔ ڈر جانا۔ سہم جانا۔ متحیر ہو جانا۔ بے رونق ہو جانا۔ ماند پڑنا۔ مدھم ہونا۔
سردا } (ف امذ) خربوزے کی قسم کا ایک نہایت میٹھا پھل ہوتا ہے
سرداہ } جو تاثیر اور ذائقہ دونوں میں سرد ہے۔
سردابہ } (ف امذ) زمین کھود کر ٹھنڈا پانی رکھنے کا گڑھا۔
سرداوہ } مجازاً تہ خانہ۔ قبر۔ دخمہ۔
سردار (ف امذ) سرگروہ۔ افسر۔ حاکم۔ سرغنہ۔ امیر۔ چودھری۔
سرداری (ف امث) افسری۔ حاکمی۔ امیری۔ چودھر۔ چودھرایت۔
سردست (ف) ابھی۔ لگے ہاتھ۔ فی الحال۔ اس وقت۔
سردفتر (ف امذ) دفتر کا سردار۔ ہیڈ کلرک سے بڑا ایک عہدہ۔ سررشتہ دار۔
سردھا (ہ امث) توفیق۔ مقدور۔ سامرتھ۔ خواہش۔ اِچھا۔ ساکھ۔ بھروسا۔ اِعتبار۔ آدر۔ قدردانی۔ آؤ بھگت۔ عزت۔
سردی (ف امث) خُنکی۔ ٹھنڈ۔ ٹھنڈک۔ سیت۔ جاڑا۔ جاڑے کا

موسم ۔ زکام ۔ ریزش ۔ نزلہ ۔

سردئی (و/مث) سردے کا رنگ ۔ نہایت ہلکے سبز رنگ کا ۔

سررشتہ (ف/مذ) دھاگے کا سرا ۔ مطلب ۔ معاملہ ۔ مُدّعا ۔ محکمہ ۔ دفتر ۔ عدالت ۔ دستور ۔ طریقہ ۔ رسم ۔ رواج ۔ تدبیر ۔ چارہ ۔ تعلق ۔ میل ملاپ ۔

سررشتہ دار (ف/مذ) دیسی زبان کی مسلیں لکھنے والا ۔ مسل خواں ۔ سردفتر ۔ میر منشی ۔ دیسی زبان کے دفتر کا سپرنٹنڈنٹ ۔

سررشتہ کا حکم (ا/مذ) قانونی حکم ۔ معمولی کارروائی ۔ معمولی حکم ۔

سررشتہ مال (ف/مذ) زمین کا لگان داخل کرنے کا محکمہ ۔ خراج زمین کے حساب کتاب کا دفتر ۔

سرزُو (ا/مث) سرارو ہے کا مخفف ۔ رگ قیفال ۔ وہ رگ جس کی نصد کرنے سے سر اور چہرے کا خون آتا ہے ۔

سرزد ہونا (ا) ظاہر ہونا ۔ صادر ہونا ۔ واقع ہونا ۔ ظہور میں آنا ۔

سرزمین (ف/مث) زمین ۔ دھرتی ۔ مُلک ۔ ولایت ۔ (زمین کا مزید علیہ ہے)

سرزنش (ف) پھٹکار ۔ ملامت ۔ بھلا بُرا کہنا ۔ ڈانٹ ڈپٹ ۔ مار ۔ سزا ۔

سرزنی (ا/مث) کوشش ۔ سعی ۔ سر مارنا ۔ مغز زنی ۔

سرزور (ف/مث) باغی ۔ نافرمان ۔ گمراہ ۔ سرکش ۔ منحرف ۔

سرزوری (ف/مث) بغاوت ۔ نافرمانی ۔ سرکشی ۔ انحراف ۔ گمراہی ۔

سرسس (ہ/مذ) ایک درخت ۔ پنجابی سرس ۔

سرسام (ف/مذ) ورم دماغ (سر بمعنی دماغ اور سام بمعنی ورم) ایک بیماری ۔

سرسائی (ہ/مث) کثرت ۔ بہتات ۔ زیادتی ۔ اِفراط ۔ مربع کرم کا پیمانہ ۔ ساڑھے چار فٹ مربع رقبہ ۔ نمی ۔ رطوبت ۔ تری ۔ سیل ۔

سرسبزی (ف/مث) ہریاول ۔ تازگی ۔ طراوت ۔ برکت ۔ ترقی ۔ عروج ۔

سُرسُر (ہ/مث) سانپ یا ہوا کے چلنے کی آواز ۔

سرسرانا (ہ) سانپ یا کیڑے وغیرہ کا رینگنا ۔ ہوا کا لہرانا ۔ ہوا کا سائیں سائیں کرنا ۔ چلنے کی آواز ۔

سرسراہٹ (ہ/مث) سانپ یا کیڑے کے رینگنے کی آواز ۔ ہوا کی سنسناہٹ ۔

سُرسُری (ہ/مث) ایک سُرخ رنگ کا کیڑا جو اناج میں لگ جاتا ہے ۔ آتش بازی کی چھچھوندر ۔

سُرسنگھار (ہ/مذ) ایک باجے کا نام ۔

سرسوں (ہ/مث) ایک قسم کا تیل دار بیج ۔ جس کا تیل نکالا جاتا ہے ۔

سرسوں پھولنا (ہ) سرسوں کے پودے میں پھول آنا ۔ مجازاً زردی ہی زردی نظر آنا ۔

سرسوں ہتھیلی پر جمانا (ہ) (ہتھیلی پر سرسوں جمانا زیادہ مستعمل ہے) کسی کام کو نہایت جلدی کرنا ۔ پلک جھپکنے میں کوئی کام انجام دینا ۔

سرشار (ف/مرکب از سر و شار) لبالب بھرا ہوا ۔ لبریز ۔ پُر ۔ بھرپور ۔ مست ۔ بدمست ۔ خمار آلودہ ۔ مخمور ۔ مغرور ۔ گھمنڈی ۔

سرِشام (ف/تابع) دن چھپتے ہی ۔ آغاز شام ۔ شروع مغرب ۔ وقت غروب آفتاب ۔

سرشت (ف/مث) پیدائش ۔ خلقت ۔ نیچر ۔ خُو ۔ طبیعت ۔ خصلت ۔ عادت ۔

سرشٹ (س/صفت) پھینکا ہوا ۔ چھوڑا ہوا ۔ واگزاشتہ ۔ پیدا کیا ہوا ۔ جڑا ۔ سجا ہوا ۔ بہت زیادہ ۔

سرشک (ف/مذ) قطرہ ۔ آنسو ۔ اشک ۔

سرطان (ع/مذ) کیکڑا ۔ ایک پانی کا کیڑا کرک راس ۔ ایک آسمانی برج ۔ ایک بیماری کا نام ۔

سُرعت (ع/مث) تیزی ۔ جلدی ۔ شتابی ۔ پُھرتی ۔ چالاکی ۔ پھرتی ۔ تاول ۔

سُرعت انزال (ع/مذ) مردوں کی ایک جنسی بیماری جس میں انزال بہت جلد ہو جاتا ہے ۔

سرغنہ (ف/مذ) قوم کا سردار ۔ سرگروہ ۔ بڑا ۔ بزرگ ۔ کلاں کبیر ۔ فسادیوں کا پیشوا ۔

سرف (ع/مذ) بے ہودہ خرچ ۔ فضول خرچ ۔ زائد خرچ ۔

سرفراز (ف) سرافراز کا مخفف ۔ اعلیٰ ۔ معزز ۔ ممتاز ۔ سربلند ۔

سُرفہ (ع/مذ) کھانسی ۔ کھُرکھُری ۔ سُعال ۔

سرقہ (ع/مذ) چوری ۔ دُزدی ۔

سرقہ بالجبر (ع/مذ) ڈاکہ ۔ زبردستی کی چوری ۔ راہزنی ۔

سُرک (ہ/مث) پھندا ۔ پھانسی ۔

سرکار (ف/مث) بادشاہی دربار ۔ کچہری ۔ عدالت ۔ درگاہ ۔ سردار ۔ میر ۔ رئیس ۔ آقا ۔ والی ۔ حکومت ۔ سلطنت ۔ گورنمنٹ ۔ راج ۔ (مذکر) جناب ۔ حضور ۔ حضرت ۔ کئی ضلعوں کا علاقہ ۔ صوبہ دار ۔ کسی کام کا مہتمم ۔ سربراہ کار ۔ معشوق ۔ دلبر ۔ دلربا ۔ کارخانہ ۔ دارالخلافہ ۔ راجدھانی ۔

سرکار چمکنا (ا/محاورہ) دربار کا رونق پر ہونا ۔

سرکار دربار چڑھنا (ا) فریادی ہونا ۔ نالش کرنا ۔ مدعی بننا ۔ کچہری میں نالش کرنے جانا ۔

سرکاری (ف) سرکار کا ۔ شاہی ۔ گورنمنٹی ۔ رئیس یا آقا سے منسوب ۔

سرکاری آسامی (ا/مث) منظوری کی نوکری ۔ وہ نوکری جس کی تنخواہ شاہی خزانے سے دی جاتی ہے ۔

سرکاری کاغذ (ف ع/مذ) اسٹامپ ۔ ٹکٹ والا کاغذ ۔ ٹکٹ ۔ پرامیسری نوٹ ۔

سرکاری وظیفہ (ف ع/مذ) پنشن ۔ گورنمنٹ کی طرف سے ملنے والا وظیفہ ۔

سرکانا (ہ) ایک طرف سے دُوسری طرف گھسیٹ کر رکھنا ۔ ہٹانا ۔ جُدا کرنا ۔ الگ کرنا ۔ اُڑا دینا ۔ ملتوی کرنا ۔ تاریخ آگے بدل دینا ۔ چھپانا ۔ جیسے مال سرکا دیا ۔

سرکرنا (ا) جیتنا ۔ فتح کرنا ۔ شکست دینا ۔ تسخیر کرنا ۔

سر ہونا (ل) فتح ہونا - قابو میں آ جانا - قلعہ وغیرہ کا کھل جانا - بندوق وغیرہ
چھوٹنا - قبضے میں آنا - مسخر ہونا - بازی جیتنا - جیتنا -
سرکل (انگریزی/مذ) دائرہ - حلقہ - صوبہ - احاطہ -
سرکنا (ہ) الگ ہونا - علیحدہ ہونا - ہٹ جانا - نکلنا - کھسکنا - چل دینا -
غائب ہونا - اُٹھ جانا - پرے چلا جانا - مقدمے کی تاریخ کا ملتوی
ہونا - رخصت ہونا - ہلنا جلنا -
سرکنڈا (ہ/مذ) کانا - نرسل - سر - سنے -
سرکہ (ف/مذ) کھٹا عرق - گُڑ کا شربت یا گنے انگور وغیرہ کا رس جسے
سڑا کر خمیر اُٹھا لیتے ہیں -
سرکہ پیشانی (ف/مذ) تُرش رو -
سرکہ مُفت بہ از عسل (ف/مثل) مفت کی معمولی چیز بھی ہو تو بہتر چیز
سے اچھی ہوتی ہے -
سرکی (ہ/مث) کانوں یا تیلیوں کی چک جو گاڑیوں یا مکان کے
دروازوں پر دھوپ اور بارش کے بچاؤ کے لیے ڈال
رکھتے ہیں -
سُرگ (ہ) بہشت - جنّت - آسمان - سپہر - فلک -
سُرگباشی (ہ/مذ) بہشت میں رہنے والا - جنتی - مرحوم - آنجہانی -
سُرگباشی یا سُرگباش ہونا (ہ) مرنا - انتقال کرنا - وفات پانا -
سَرگم (ہ/مث) راگ کا سُر - راگ کے سات سُر -
سُرگُن (ہ/مذ) حمد - اوصاف الٰہی - نعت - دیوتاؤں کی تعریف کے
بھجن - نرگُن کی ضد -
سَرگین (ف/مذ) گائے - بھینس وغیرہ کا گوبر -
سَرلا (ہ) لمبا - سیدھا - سہی -
سَرما (ف/مذ) جاڑا - سردی کا موسم - زمستان -
سَرمائی (ف/مث) جاڑے کا - زمستانی -
سرمائے گُل (ف) گلابی جاڑہ -
سرمایہ (ف/مذ) مُول - جمع - پونجی - زر اصل - باعث - سبب - دھن -
دولت -
سَرمد (ع) ہمیشہ - ہموارہ - پیوستہ - جس کی ابتدا انتہا نہ ہو - مست
ازل - مجذوب - دلی کے ایک مشہور مجذوب کا تخلص ہے جو
عالمگیر کے زمانہ میں تھا -
سَرمداً (ع/متعلق فعل) ہمیشہ کے لیے -
سرمدی (ع/صف) دائمی - ہمیشہ کا - خدائی -
سُرمہ (ف/مذ) انجن - کاجل - کحل - نہایت باریک - جیسے پیس کر
سُرمہ کر دیا -
سُرمہ آگیں (ف/صف) سُرمہ لگی ہوئی آنکھ -
سُرمۂ آواز (ف/صف) آواز بند کر دینے والا -
سُرمہ دان - یا - سُرمہ دانی (ف) (۱) مذکر (۲) مؤنث - سُرمہ رکھنے
کا چھوٹا سا ظرف -
سُرمہ در گلو (ف) چُپ - خاموش - ناقابلِ گفتار -
سُرمہ دینا (ف) آنکھوں میں سُرمہ لگانا - انجن سارنا -
سُرمہ کرنا (ف) باریک پیسنا - میدہ سا کر دینا -
سُرمہ کھا بیٹھنا (ہ) چُپ ہو جانا - گھنی سادھ لینا - خاموشی اختیار کر لینا -
سُرمگیں - سرمگین } (ف) سُرمہ لگی ہوئی وہ آنکھیں جن میں سُرمہ لگایا
سُرمہ آلود } ہوا ہو -
سُرمئی (ف) سُرمہ کے رنگ کا - سُرخی مائل - نیلا -
سَرن (ہ/مث) پناہ کی جگہ - آسرے کی جگہ - پناہ گاہ - ملجا و ماویٰ -
سَرن لینا (ہ) پناہ میں آنا - آسرے کی جگہ اختیار کرنا -
سرنا (ہ) کافی ہونا - وافر ہونا - گزرنا - عُمر کٹنا - بسر ہونا - جیسے مجھے
اس میں نہیں سرتا - نکلنا - خارج ہونا - جیسے پاد سرنا -
سَرنا (ہ/مذ) دریا سے پار اُترنے کو ہوا سے پھلائی ہوئی مشک -
سرنائی (ف/مذ) نفیری بجانے والا -
سرنام (ہ) مشہور آدمی - نامی - نام آور - نامزد - نامور -
سرنام کرنا (ہ) مشہور کرنا - شہرت دینا - ڈھنڈورا پیٹنا - مشتہر کرنا -
سُرنگ (ہ/مث) زمین دوز راستہ - نقب - زمین کے نیچے بنایا ہوا
راستہ - سُرخ رنگ (مذکر) لال رنگ کا گھوڑا -
سُرنگ اُڑانا (ہ) نقب میں بارود بھر کر آگ دینا - مذاقاً گوز
مارنا -
سَرو (ف/ع/مذ) ایک خوبصورت مخروطی شکل کا درخت - شمشاد -
صنوبر - مجازاً معشوق کا قد - معشوق -
سَرو آزاد (ف/مذ) وہ سیدھا سرو جس کو پھل کبھی نہ آئے اور
شاخیں سیدھی ہوں -
سرو چراغاں (ف/مذ) سرو کی شکل پر بنایا ہوا شیشے کا جھاڑ -
سَرو سہی (ف/مذ) بالکل سیدھا سرو مجازاً معشوق -
سرو قد - یا - قامت رعنا (ف) سیدھے قد والا - خوبصورت جوان -
سُروالی (ہ/مث) ایک کالے چمک دار چکنے بیج کا نام جو دوائیوں
میں پڑتا ہے -
سُروپ (ہ) اچھے رُوپ والا - خوبصورت - حسین - سُندر -
سَروپ (ہ/مذ) رُوپ - رنگ - ڈول - طرز - وضع - ڈھنگ -
مثل - مانند -
سَروتا (ہ/مذ) چھالیہ کترنے کا آلہ - گنڈیری کاٹنے کا اوزار -
سُرود (ف/مذ) راگ - نغمہ - گیت - ایک باجا - سخن - بات -
سَرور (ف/مذ) سردار - امیر - حاکم - بادشاہ -
سُرور (ف/مذ) خوشی - فرحت - شادی - ہلکا سا نشہ - خفیف سا خمار -
سروش (ف/مذ) حضرت جبرائیلؑ کا نام - خوشخبری لانے والا -
پیغام لانے والا - فرشتہ - مَلک -
سروشِ غیب (ف/مذ) غیب کا فرشتہ - آسمانی آواز -
سروِس (انگریزی/مث) نوکری - ملازمت - خدمت -
سروس بُک (انگریزی/مث) نوکری کی کتاب -
سروالا (ہ/مذ) ایک قسم کی مٹھائی -
سَرون (ہ/مذ) کان - گوش -
سَرونج (ہ/مث) ایک قسم کا بیج -

سرویر (انگریزی امذ) پیمائش کرنے والا۔
سروہی (ہ امث) کوہ آبو کی ایک ریاست جہاں کی تلوار مشہور ہے۔ مطلق تلوار کے معنی میں بھی آتا ہے۔
سرہانا (ہ امذ) سر رکھنے کی جگہ۔ تکیہ۔ بالیں۔
سرہنگ (ف امذ) سپاہی۔ فوج کا افسر (سر بمعنی سردار اور ہنگ بمعنی فوج سے مرکب ہے) بہادر۔ من چلا۔ جوان۔
سرے سے (ہ) اوّل سے۔ شروع سے۔ ابتدا سے۔
سرے کا (ہ) پہلا۔ شروع کا۔ اوّل کا۔ کنارے کا۔
سَری (ہ امث) تیر کا گز۔ انی بغیر تیر کی لکڑی۔ لوہے وغیرہ کی سیدھی سلاخ۔
سِری (ہ امث) ذبیحہ جانور کا سر۔ بھیڑ بکری وغیرہ کا سر (ہندو) لچھمی کا نام۔ دولت و اقبال کی دیوی۔ ایک عزت کا خطاب۔ حضور۔ جناب۔
سری پھل (ہ امذ) ناریل۔ نارجیل صحرائی۔
سری راگ (ہ امذ) چھ راگوں میں سے ایک راگ جو سردی میں بعد از دوپہر گایا جاتا ہے۔
سری گنیشائے نمہ (ہ) ہندو۔ سری گنیش کی تعریف۔ اسے بجائے بسم اللہ ہندو لوگ ہر کتاب کے شروع میں لکھتے ہیں۔ کسی کام کے آغاز کا متبرک کلمہ۔
سری حضور۔ یا۔ سری مہاراج (ہ امذ) حضورِ اقدس جناب عالی۔ خداوند نعمت۔ جہاں پناہ۔ حضورِ والا۔
سَریا (ہ امث) دھات کی وہ سلاخ جس سے کوئی چیز بنائی جائے۔
سُریانی (ع امث) ایک زبان کا نام جو زمانہ قدیم میں ملکِ شام میں بولی جاتی تھی۔
سُرّیت (ا امث) گھر میں ڈالی ہوئی باندی۔ حرم۔ خاصگی۔
سِری ٹیک (ہ امذ) کشتی کا ایک داؤں۔ غم۔ عجز۔ خوشامد۔
سریر (ہ امذ) بدن۔ تن۔ جسم۔ وجود۔ دیہہ۔ کایا۔ پنڈا۔
سریر بندھک (ہ امذ) یرغمال۔ اوّل۔ کفالت میں کسی بیٹے یا عزیز کو دینا۔
سریر دھارن کرنا (ہ) کسی قالب میں آنا۔ جسم پکڑنا۔ زخم بھرنا۔ انگور بندھنا۔
سریر (ع امذ) تخت۔ گدی۔ پاٹ۔ راج پاٹ۔ سنگھاسن۔
سریر آرائے (ع ف) تخت کو سجانے والا۔ تخت نشین۔ تخت پر بیٹھنے والا۔
سریش (ف امذ) جانوروں کے پٹھوں سے بنائی ہوئی ایک لیسدار چیز جس سے لکڑی کے پرزے جوڑتے ہیں۔ نہایت لیسدار۔ چیپ دار۔ چپک جانے والا۔
سریع (ع) جلدی کرنے والا۔ تیز (مؤنث) علم عروض کی ایک بحر۔
سریعُ التاثیر (ع) جلدی اثر دکھانے والی دوا۔ زود اثر۔
سریعُ الحرکت } (ع) بہت جلدی چلنے والا۔
سریعُ السیر } جلد جلد حرکت کرنے والا۔
سریعُ الزّوال (ع اصف) جلد زائل ہونے والا۔
سریعُ الفہم (ع) بہت جلد کسی بات کو تاڑ لینے والا اور سمجھ جانے والا۔
سریعُ الہضم (ع) جلد ہضم ہونے والی غذا۔ زود ہضم۔ جلدی پچ جانے والی۔
سَرِیکھا (ا اصف) مثل۔ مانند۔ مشابہ۔
سَرِیکھا (س اصف) دغاباز۔ مکار۔ فریبی۔
سُریلا (ہ) رسیلے گلے والا۔ خوش الحان۔ خوش گلو۔ مؤنث کے لیے سُریلی۔
سُریلاپن (ہ امذ) خوش گلوئی۔ خوش آوازی۔
سُریں (ف امذ) چوتڑ۔ پٹھا۔
سریں (پ امث) پنجاب والے سُر کو مؤنث تصور کرکے اس کی جمع سریں بناتے ہیں۔
سَریّہ (ع) وہ لشکر جس میں حضورؐ نے خود شرکت نہ کی ہو اور کسی صحابی کے ماتحت لشکر میدانِ جنگ میں بھیجا ہو۔

س - ڑ

سِڑ (ہ امث) باؤلاپن۔ جنون۔ دیوانگی۔ پگلاپن۔ خبط۔
سِڑ چھٹنا۔ یا۔ لگنا (ہ) خبط ہونا۔ سودا ہونا۔ جنون ہونا۔
سِڑا (ہ) سِڑ والا۔ دیوانہ۔ پاگل۔ سودائی۔ خبطی۔ احمق۔
سَڑا (ہ) بسا ہوا۔ کھٹا ہو چکا ہو۔ بدبو والا۔ سڑاند والا۔
سَڑا سَڑ (ہ) چھپی یا چابک کے جلدی جلدی لگاتار مارنے کی آواز۔ لگاتار ضرب۔
سَڑاک (ہ امث) رسی یا چابک۔ قمچی وغیرہ کے لگنے کی آواز۔ جلد۔ تُرت۔
سڑانا (ہ) بدبو پیدا کرنا۔ خمیر اٹھانا۔ گلانا۔ بوسیدہ کرنا۔ ڈال رکھنا۔ رکھ چھوڑنا۔
سڑاند (ہ امث) بدبو۔ تعفن۔ عفونت۔ گندگی۔
سُڑاندا (ہ) بدبودار۔ گندہ۔ متعفن۔ بودا۔ بوسیدہ۔ خراب۔
سڑپا (ہ امذ) چسکی۔ ایک ہی دفعہ پینے کی آواز۔
سڑپا لگانا۔ یا۔ مارنا } (ہ) کسی پتلی چیز دودھ وغیرہ کو ایک ہی دفعہ
سَڑپنا۔ یا۔ سُڑپنا } پی جانا۔ ایک ہی دفعہ جلدی سے کھا جانا۔ سُڑکنا۔ پینا۔ سُڑپے لگانا۔
سُٹک (ہ) فوراً۔ جلدی۔ شتابی۔ زود تر۔
سَڑک (ہ امث) شاہی رستہ۔ شاہراہ۔ شارع عام (عربی لفظ شرک کا بگاڑ ہے)
سُڑکنا (ہ) نگل جانا۔ ہڑپ کر جانا۔ ایک دم نگل جانا۔ میان سے تلوار سونتنا۔
سُڑکی (ہ امث) کنکوے کی ڈور کو دفعتاً ڈھیل دینا۔ جھپکا دینا۔

سڑن (ہ/مث) باؤلی - پگلی - دیوانی - سودائن - احمق - بے وقوف -
سڑنا (ہ) خمیر ہونا - متعفن ہونا - کھٹا ہونا - بدبودار ہونا - گلنا - بوسیدہ ہونا -
سڑی (ہ/مذ) سودائی - پاگل - باؤلا - دیوانہ - خبطی - احمق - بے وقوف -
سڑیل (ہ) غلیظ - گندا - خراب - نکما (چڑچڑے مزاج کا آدمی - پنجابی)

س - ز

سزا (ف/مث) مناسب - موافق - مطابق - نیکی اور بدی کا بدلہ - مگر اردو میں صرف بدی کے بدلے کو سزا اور نیکی کے بدلے کو جزا بولتے ہیں - قصاص - سیاست - قید - جرمانہ - ڈنڈ - تاوان -
سزا بھگتنا (ا/محاورہ) کیے کا بدلہ پانا -
سزا پانا (ر) قید بھگتنا - کرنی بھرنی - کیے کو پہنچنا - پٹنا - مار کھانا -
سزا دینا (ر) مارنا - پیٹنا - گوشمال کرنا - قید کرنا -
سزا کا مزہ چکھنا (ا/محاورہ) سزا کی تکلیف سہنا - کیے کا بدلہ پانا -
سزاوار (ف) لائق - عوض - مستوجب - قابل - مناسب - لازم - زیبا - موزوں - واجب - مستحق -
سزایاب - سزا یافتہ (ف) سزا پائے ہوئے - قابل سزا -
سزا یافتہ (ف/مث) جس کو سزا ملی ہو -
سزائے تازیانہ (ف) کوڑے کی سزا - چابک مارنے کی سزا -
سزائے جسمانی - یا - بدنی (ا/مث) مارپیٹ - زدوکوب -
سزائے حبس دوام لعبور دریائے شور (ف) کالے پانی کی سزا - عمر قید -
سزائے سنگین (ف/مث) نہایت سخت سزا - کٹھن سزا -
سزائے قتل - یا - موت (ع/مث) جان نکالنے کی سزا - کٹھن سزا -
سزائے قید (ع/مث) کسی جرم کے بدلہ میں قید کرنا -

س - س

سسا (ہ/مذ) خرگوش - سہا -
سست (ف) چست کی ضد - دیر میں کام کرنے والا - آلکسیا - آلکسی - عاجز - کمزور - ناتواں - کم طاقت - ڈھیلا -
سست ہونا (ر) کاہل ہونا - اداس ہونا - غمگین ہونا - کم شہوت ہونا - ڈھیلا ہونا - کم رفتار ہونا -
سستا (ہ) کم قیمت - گھٹیا - ارزاں -
سستا روئے بار بار مہنگا روئے ایک بار (ہ/مثل) خراب چیز سستے داموں خرید کر ہر وقت افسوس ہی کرنا پڑتا ہے - اچھی چیز پر صرف ایک دفعہ ہی زیادہ پیسے دیتے وقت افسوس آیا کرتا ہے -
سستانا (ہ) آرام لینا - سہارا لینا - ٹھہرنا - تازہ دم ہونا - قوت کا بحال ہونا -
سستی (ہ/مث) کم قیمت - ارزاں -
سستی (ف/مث) آلکس - ڈھیلاپن - نامردی -
سستی توڑنا - یا - اتارنا (ہ) انگڑائی لینا -
سستے چھوٹنا (ا) تھوڑی سی تکلیف یا سزا میں خلاصی ہو جانا - تھوڑی سی سزا بھگت کر نجات پانا -
سسر - یا - سسُر - یا - سسرا (ہ/مذ) خاوند کا باپ - بیوی کا باپ - ایک گالی -
سسرال (ہ/مذ) سسرے کا گھر - میکے کی ضد - خاوند یا بیوی کے رشتہ داروں کا کنبہ - خسر خانہ -
سسکارنا - یا - سشکارنا (ہ) بچے کو منہ کی آواز سے پیشاب کرانا - کتے کو کسی کے پیچھے لگانا - لپکانا - جھپٹانا -
سشکاری (ہ/مث) کتے کو جھپٹانے کی آواز - سسکی -
سسکاری بھرنا (ہ) تکلیف سے سس کرنا - سسکی بھرنا -
سسکارے مارنا (ا/محاورہ) ستانا - دق کرنا -
سسک سسک کر دم دینا - یا - نکلنا (ہ) بڑی تکلیف سے جان نکلنا - تھوڑا تھوڑا کر کے دم نکلنا - یک لخت جان نہ نکلنا -
سسکنا (ہ) سبکنا - ذرا ذرا سا سانس لینا - جان کنی میں ہونا - موت کی ہچکیاں لینا - کنجوسی کرنا - بخل کرنا - جان نکلنا - کوڑی کوڑی پہ مرنا -
سسکی (ہ/مث) ٹھنڈی سانس - آہ سرد - سبکی - کسی تکلیف یا درد یا سردی کے باعث زبان بھینچ کر آواز نکالنا -
سسکیاں بھرنا (ہ) لمبے لمبے سانس لینا - مزے میں آ کر یا درد کے مارے سسکاریاں بھرنا -
سسنا (ر/مصدر) سوجھنا - معلوم ہونا -
سسی (ہ/مث) پنجاب کی ایک مشہور معشوقہ عورت جس پہ پنوں عاشق تھا -

س - ش

سشن (انگریزی/مذ) اجلاس - جلوس - عدالت - کچہری - عدالت فوجداری -
سشن جج (انگریزی/مذ) فوجداری کے سنگین مقدمات کا فیصلہ کرنے والا حاکم - ضلع کی عدالتوں کی اپیل سننے والا -
سشن کورٹ (انگ/مث) سشن جج کی کچہری -

س - ط

سطح (ع امث) ہر چیز کا بالائی حصّہ جو نظر آئے - ہموار جگہ - وہ چیز جس میں طول و عرض ہو مگر عمق بالکل نہ ہو - بام - چھت - کوٹھا -
سطح آب (ع امث) پانی کا بالائی حصّہ -
سطح مائل (ع امث) سلامی سطح - ترچھی سطح -
سطح مستوی (ع) ہموار سطح - برابر سطح - چورس جگہ -
سَطر (ع امث) قطار - لکیر - ریکھا - تحریر - سلسلہ - لکھنا - خط کھینچنا -
سَطوَت (ع امث) دبدبہ - شان و شوکت - رُعب داب -

س - ع

سُعاد (ع) عرب کی نہایت خوبصورت عورت کا نام -
سَعادت (ع امث) نیکی - نیک بختی - اقبال مندی - بھلائی - نحوست کی ضد -
سعادت مند (عف) نیک بخت - خوش اقبال - بھلا آدمی - سپوت - وفادار - خدمت گزار - نمک حلال -
سعادت مندی (عف) نیک بختی - وفاداری -
سَعد (ع) نیک - شبھ - مُبارک - برکت والا - ستارے کا اچھا اثر - خوش اقبالی - نحس کی ضد -
سَعید (ع) نیک بخت - مبارک - اچھا - بھلا - سپوت -
سَعی (ع امث) دوڑ دھوپ - تگ و دو - کوشش - جدوجہد - سرگرمی - بڑی دوڑی محنت -
سعی کرنا (و) کوشش کرنا - دوڑ دھوپ کرنا - محنت کرنا - سفارش کرنا -

س - ف

سَفارت (ع امث) ایلچی گری - وکالت - پیغام پہنچانے کا کام -
سفارت خانہ (عف امذ) کسی حکومت یا ملک کے سفیر کا دفتر جو کسی دوسرے ملک میں ہو -
سفارتی (ع اصف) سفارت سے متعلق -
سفارش (ف امث) حوالے کرنا - سپرد کرنا - مدد - سہارا - کسی شخص کو کسی کے سپرد کرنا - بھلائی کی باتیں کہنا - شفاعت - وسیلہ -
سفارش کرنا (و) شفاعت کرنا - وسیلہ کر دینا - رسائی کرنا - پہنچانا - کسی کی نسبت دوسرے شخص کے پاس بھلائی کی باتیں کہنا -
سفارشی (ف) وسیلہ والا - جس شخص کی سفارش کی جائے -
سفارشی ٹٹو (ا امذ) وہ شخص جس نے سفارش کے باعث ملازمت پائی ہو - بے ہنر - نالائق -
سَفّاک (ع) نہایت خونریز - بے رحم - قاتل - خونی - ستمگر - ظالم -
سَفّاکی (عف امث) خونریزی - بے رحمی - ظلم - بے دردی -
سِفال (ع امث) ٹھیکری یا دام وغیرہ کے اوپر کا خول - ٹھیکرا -
سفال گر (ع ف اصف) مٹی کے برتن بنانے والا -
سفالا - پرتگیزی افریقہ میں بندرگاہ ہے - جہاں سے سونا اور ہاتھی دانت باہر جاتا ہے -
سِفالی (ع اصف) مٹی کا - مٹی سے بنا ہوا -
سِفت (ف) گاڑھا - موٹا - دبیز - مضبوط - پکا -
سَفَر (ع امذ) کوچ - روانگی - چالا - مسافرت - سیاحت -
سَفَر خرچ (ا امذ) رستے کا خرچ - بھتا - الاؤنس -
سفر کرنا (ل) روانہ ہونا - کوچ کرنا - مسافرت کرنا - جاترا کرنا - مرنا - دنیا سے گزر جانا -
سَفَر نامہ (ف امذ) روز کے حالات - سفر کا روزنامچہ -
سفر دائی (ا امذ) ڈوم - مراسی - سازندہ - ڈھاڑی - سنگتی - اصل میں سپردائی -
سَفَر مینا (انگریزی) سُرنگ لگانے اور راستہ وغیرہ درست کرنے والی پلٹن -
سُفرہ - (ع امذ) دسترخوان (ف امث) دُبر - مقعد - کراہت اور نفرت کے باعث پہلے عربی لفظ کو سفر بالفتح بمعنی دسترخوان پڑھتے اور بولتے ہیں -
سَفَری (ف) سفر کی چیز - سفر کے وقت کا سامان - ہلکی شے -
سُفل (ع امث) پھوک - تلچھٹ - تُفل - پستی - نیچائی -
سفلگی (عف امث) سفلہ پن - کمینگی - کمینہ پن - پاجی پن -
سِفلہ (ف) کمینہ - رذیل - پاجی - کم ظرف - چھچھورا - اوچھا - نالائق -
سِفلہ پرور (ف) نالائقوں کو دوست رکھنے والا -
سِفلی (ع) ادنیٰ - کم درجے کا - علوی کی ضد -
سِفلی عمل یا جادو (ا امذ) منتر یا جادو جس میں شیطان یا ارضی روحانیات سے مدد طلب کی جائے - شیطانی عمل -
سُفوف (ع امذ) پھنکی - برادہ - چورن - کُٹی پِسی دوا -
سَفید (ف) اُجلا - چٹا - گورا - سادہ - کورا کاغذ - خوف زدہ - خائف - سہمناک -
سفید پڑ جانا (ل) ہوائیاں اُڑنے لگنا - چہرے کا رنگ خوف یا غم سے اُڑ جانا - منہ فق ہو جانا -
سفید پوش (ف) اُجلا پہننے والا - بھلا مانس - ذیلدار -
سفید چشم (ف اصف) اندھا - نابینا - بے حیا -
سفید کرنا (ل) (مھوسس) تانبے کو سنکھیا وغیرہ کی لاگ سے چاندی

کی رنگت کا کرتا - جوڑا بنانا -
سفید مٹی (ا / مث) کھڑیا مٹی -
سفید و سیاہ (ف) بھلا بُرا - نیک و بد - بھلائی بُرائی -
سفیدہ (ف / مذ) پھکے ہوئے جست کا پھول جو اکثر آنکھوں میں لگاتے ہیں - ایک قسم کا پوڈر -
سفیدی (ف / مث) صبح کی روشنی - دیواروں پر پھیرنے کا سفید چونہ - قلعی -
سفیدی آنا (ل) بڑھاپا آنا - بوڑھا ہونا - بال سفید ہونا -
سفیدی پھیرنا - یا - کرنا (ل) دیواروں پر سفید چونہ پھیرنا - قلعی کرنا -
سَفیر (ع / مذ) ایلچی - قاصد - پیک - دولت - وکیل - میاں جی -
سَفینہ (ع / مذ) کشتی - ناؤ - کتاب اشعار - بیاض - طلبی کا سمن - اطلاع نامہ -
سفینۂ نوح (ع / مذ) حضرت نوحؑ کی کشتی -
سَفیہ (ع) بے وقوف - نادان - کم عقل - بُدھو -

س - ق

سقا (ع) مشک جس میں پانی بھرتے ہیں -
سقّا (ع / مذ) پانی پلانے والا - بہشتی - ماشکی - کہار - پنھیارا - پانی لانے والا -
سقائی (ف / مث) سقا کا کام -
سَقَر (ع / مذ) دوزخ - جہنم - نرگ -
سَقَط (ع / مذ) گھوڑے گدھے وغیرہ کا مرجانا - چوپایہ کی موت -
سَقف (ع / مذ) چھت - کوٹھا - بام - شامیانہ -
سُقم (ع / مذ) عیب - خرابی - نقص - بیماری - دُکھ - علّت -
سقن - یا - سقنی (ل / مث) سقا کی مونث - پنھیاری - پانی بھرنے والی - سقے کی بیوی -
سَقَنقور (رومی / مذ) گوہ کی شکل کا ایک جانور - سانڈا - ریگ ماہی -
سُقوط (ع / مذ) خطا کرنا - گر پڑنا - بحر یا وزن کے خلاف کسی لفظ کا آجانا -
سقے کی بادشاہی (ل / مث) چند روزہ دولت - تھوڑی دیر کی حکومت - نظام سقے کی طرف اشارہ ہے یا بچہ سقہ کی طرف -
سقیم (ع) بیمار - روگی - دُکھیا - علیل - عیبی -
سقیم الحال (ع) کمزور - ناتواں - تباہ حال - مریض - مفلس - کنگال -

س - ک

سکاٹ لینڈ - جزائر برطانیہ کا شمالی حصّہ - سطح پہاڑی ہے - کلائڈ اور فورتھ دو دریا ہیں - ایڈنبرا دارالحکومت ہے - گلاسکو بھی دریائے فورتھ پر ہے - جہاں یونیورسٹی ہے - لوہے اور رنگ ڈی کا سامان تیار ہوتا ہے -
سَکار (ہ / مث) علی الصبح - پَو پھٹے - تڑکا (سکال یعنی اچھا وقت کا بگاڑ ہے)
سُکارا (ہ / مث) ہُنڈی کی فیس -
سُکارنا (ہ) قبول کرنا - ماننا - تسلیم کرنا - اوڑھنا - ذمہ لینا -
سَکارو (ہ / مذ) ہنڈی قبول کرنے والا -
سُکارے (ہ / مذ) صبح - سویرے - تڑکے - دن نکلے - پَو پھٹے - کل - فردا -
سکالرشپ (انگریزی / مذ / مث) تعلیمی وظیفہ - طالب علم کا وظیفہ -
سَکّاف (ع) کفش دوز - موچی -
سُکّان (ع / مذ) پتوار - کشتی کا دُنبالہ - ساکن کی جمع بھی ہے - رہنے والے - بسنے والے -
سَکَت (ہ / مذ / مث) طاقت - زور - قوّت - بوتا - سامرتھ - شکتی -
سکتہ (ع / مذ) ایک دماغی بیماری جس میں انسان مُردہ کی طرح بے حس و حرکت ہو جاتا ہے - مرضِ بے ہوشی - مرگی - غشی - شعر کے وزن کی ناموزونی - لفظ کے آخر میں ساکن پڑھے جانے والی ہائے ہوز جیسے آمدہ -
سکتہ کا عالم (ل) بے ہوشی کی نوبت - مقامِ حیرانی - حسرت اور سنسانی کی حالت -
سکٹ چوتھ (ہ / مث) سری گنیش جی کے جنم کا دن -
سُکر (ہ / مذ) ایک چمک دار ستارے کا نام - زہرہ - ناہید - جمعہ کا دن - شکروار -
سُکر (ع / مذ) خمار - نشہ - مستی - بے ہوشی -
سکر (ل / مث) شکر - چینی - کھانڈ (گنوار بولتے ہیں)
سکرات (ع / مث) (سکرہ کی جمع) بے ہوشیاں - سستیاں - جان کنی کی تکلیف - موت کی سختیاں -
سکرانت (س / مث) سورج کا ایک برج سے دوسرے برج میں جانا -
سکرپٹ (انگ / مذ) تحریر - مسودہ - رسم الخط -
سکڑ (ہ) دوری رشتہ کے اظہار کا لفظ - جیسے سکڑ دادا - سکڑ نانا وغیرہ (اصل لفظ سگر ہے) -
سکڑا (ہ) تنگ - بھچا ہوا - سمٹا ہوا - چوڑا کی ضد -
سکڑا کونا (ہ / مذ) زاویہ حادہ -
سکڑ دادا (ہ / مذ) دادا کا دادا -
سکڑنا (ہ) سمٹنا - بھچنا - تنگ ہونا - کنجوسی کرنا - کنارا کرنا - کانپنا - اینٹھنا - شکن پڑنا - تشنج ہونا - ٹھٹھرنا -

سُکڑی (ہ امث) تنگ۔ پھنسی ہوئی۔ چوڑی کی ضد۔
سُکڑی پڑنا (ہ) سخت وقت پڑنا۔ دشواری آنا۔ مصیبت پیش آنا۔
سُکڑی گھاٹی (ہ امث) دُشوار گزار راستہ۔ دو پہاڑوں کے درمیان کا تنگ راستہ۔
سَکنا (ہ) قابل ہونا۔ لائق ہونا۔ ممکن ہونا۔
سِکنا (ہ) اُبھننا۔ بریاں ہونا۔ پکنا۔ تپنا۔ گرم ہونا دُھوپ یا آگ میں۔
سُکُنت (ع امث) ٹھہراؤ۔ سکون۔ حرکت کی ضد۔
سکنجبین (معرب) مؤنث۔ اصل میں سرکہ وانگبین سے مرکب۔ سرکہ یا لیموں کے عرق سے بنایا ہوا شربت۔
سِکندر (یونانی) یونان کے ایک مشہور اور فاتح بادشاہ کا نام جسے انگریزی میں الگزینڈر کہتے ہیں۔
سِکندری (ف) منسوب بہ سکندر۔ سکندر کی بنائی ہوئی گھوڑے کی ٹھوکر۔
سکندری کھانا (ا) گھوڑے کا ٹھوکر کھانا۔ گھوڑے کا گرنا۔
سکندریہ (ف امذ) مصر کا ایک مشہور شہر جسے سکندر نے آباد کیا تھا۔
سِکَنڈ (انگریزی امذ) ثانیہ۔ لمحہ۔ پل۔ منٹ کا ساٹھواں حصہ۔ دوسرا۔ ثانی۔ دُوم۔
سکنڈری (انگ اصف) ثانوی۔ دُوسرے درجے کا۔
سِکّو۔ یا۔ سِکھو (ہ امذ) (قصابوں کی اصطلاح) چھری بند بھائی۔ قصائی۔
سکُوت (ع امذ) چُپ۔ خاموشی۔
سکوٹر (انگ امذ) ایک قسم کا چھوٹے پہیوں کا موٹر سائیکل۔
سکورہ (ہ امذ) مٹی کا پیالہ۔ کاسہ گِل۔
سکوڑ (ا امث) علیحدگی۔ سُکڑنا۔
سکوڑنا (ا امص) ہاتھ پاؤں کو اکٹھا کر لینا۔ سکیڑ لینا۔
سکول (انگریزی امذ) مدرسہ۔ مکتب۔ پڑھنے کی جگہ۔ اسکول بھی کہتے ہیں۔
سُکُون (ع امذ) آرام۔ ٹھہراؤ۔ اطمینان۔ تسلّی۔ قرار۔ جزم ساکن حرف کی علامت۔
سکُونت (ع امث) رہائش۔ بود و باش۔ قیام۔ مسکن۔ رہنے کی جگہ۔
سکونت پذیر ہونا (ا) رہ پڑنا۔ بود و باش اختیار کرنا۔ رہائش اختیار کرنا۔
سِکھّ (ہ امث) شاگرد۔ چیلا۔ مُرید۔ گورو نانک صاحب کا معتقد۔ نانک پنتھی۔
سِکّہ (ع امذ) ٹھپا۔ نقش کیا ہوا۔ ڈھلا ہوا۔ سونا چاندی جو ملک میں رواج پائے۔ بادشاہی مُہر۔ حکم۔ حکومت۔ طرز۔ طریقہ۔ روِش۔ قاعدہ۔ قانون۔
سِکّہ بٹھانا (ہ) حُکم چلانا۔ سِکّہ جاری کرنا۔ اپنے نام کا روپیہ چلانا۔ حُکم بٹھانا۔
سِکّہ بنانا (ہ) سِکّہ ڈھالنا۔ چوری سے کوئی سِکّہ تیار کرنا۔
سِکّہ چہرہ شاہی (ا امذ) بادشاہ کی تصویر والا سکہ۔ حکومت وقت کا سِکّہ۔
سِکّہ رائج الوقت (ع امذ) موجود بادشاہ کا سِکّہ۔ تازہ سِکّہ۔
سِکّہ زن (عف امذ) ٹکسالیہ۔ سِکّے ڈھالنے والا۔
سِکّہ قلب۔ یا۔ جعلی (ع امذ) کھوٹا سِکّہ۔ شاہی ٹکسال میں نہ بنا ہوا سکّہ۔ جھوٹا سِکّہ۔ ناجائز اور خلاف قانون بنا ہوا سِکّہ۔
سِکّہ مردمی (ف) غیرت۔ آبرو۔ داڑھی۔ قوّت رجولیت۔
سُکھ (ہ امث) آرام۔ چین۔ راحت۔ امن و امان۔ دُکھ کی ضد۔ تندرستی۔
سُکھ نیند (ہ امث) چین کی نیند۔ خواب نوشیں۔ خواب راحت۔
سِکھا شاہی (ہ امث) سِکھوں کی عمل داری۔ بے انصافی اور غارت گری کا دَور۔
سُکھانا (ہ) خشک کرنا۔ کسی کو نہایت اِنتظار میں رکھنا۔ دیر لگانا۔ بٹھائے رکھنا۔
سِکھانا (ہ) کسی طریقہ یا ڈھب پر لگانا۔ تعلیم دینا۔ تربیت کرنا۔ پڑھانا۔ ترغیب دینا۔ ورغلانا۔ بہکانا۔ ہمّت بڑھانا۔ حوصلہ دلانا۔
سِکھانا پڑھانا (ہ) تعلیم دینا۔ ورغلانا۔ بہکانا۔ بدگمان کرنا۔ تعلیم و تربیت کرنا۔
سُکھپال (ہ امث) آرام۔ پالکی۔ زنانہ پالکی۔ ڈولا۔ محمد۔
سُکھ تلا (ہ امذ) پاتابہ۔ چمڑے کا ٹکڑا جو جُوتے کے اندر رکھ لیا کرتے ہیں۔
سُکھ درشن (ہ امذ) ایک بُوٹی جس کے پتوں کا پانی دافع دردِ گوش ہے۔
سُکھ دیکھنا (ا ا محاورہ) آرام پانا۔
سُکھ سمپت کا سب کوئی ساتھی (ا امثل) خوشحالی کے زمانہ میں سب دوست بن جاتے ہیں۔
سُکھ کی نیند (ا امث) آرام کی نیند۔ خواب راحت۔
سکھر۔ دریائے سندھ کے کنارے آباد ہے۔ یہاں بیراج (بند) نہایت عالی شان بنا ہوا ہے۔ جس سے تمام سندھ کو سیراب کرنے کے لیے کئی نہریں جاری ہوئی ہیں۔
سُکھی۔ یا۔ سُکھیا (ہ) آرام والا۔ آسودہ۔ خوش۔ مطمئن۔ تندرست۔
سَکھی (ہ امث) (لغوی) مددگار۔ معاون۔ دوست (مجازاً) سہیلی۔ ہمجولی۔ ہم عمر عورت یا لڑکی۔ سدا سہاگن فقیروں کا گروہ جو زنانہ لباس رکھتا ہے۔ زنخہ۔ ہیجڑا۔
سکیرنا (ہ) جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ فراہم کرنا۔ جھاڑو دینا۔ صاف کرنا۔

سکیڑنا (ہ) بھینچنا - تنگ کرنا - سمیٹنا - اکٹھا کرنا - پھیلانا کی ضد -
سکیل (انگریزی/مث) پیمانہ - سکیم - تجویز -
سکین (ع/مث) چھری - چاقو -

س - گ

سگ (ف/مذ) کتا -
سگ باش برادرِ خورد مباش (ف/مثل) چھوٹے بھائی کی کچھ توقیر نہیں ہوتی -
سگِ بازاری (ف/مذ) عام کتا جو بازاروں یا راستوں میں پڑا رہتا ہے -
سگِ تازی (ف/مذ) شکاری کتا - عربی نسل کا کتا -
سگِ دیوانہ (ف) باولا کتا - بڑکایا - بدمزاج -
سگِ زرد برادرِ شغال (ف/مثل) جیسا یہ ویسا وہ -
سگا (ہ) خاص - حقیقی - ایک باپ کا - اپنا - یگانہ - داماد - جنوائی - خویش - بیٹی کا خاوند - ایک ہی گاؤں کے رہنے والے -
سگا بھائی (ہ/مذ) حقیقی بھائی - ایک ماں باپ کی اولاد -
سگارت، سگاوٹ (ہ/مث) اپنایت - خویشی - رشتہ - ناتہ - یگانگت - قرابت -
سگائی (ہ/مث) نسبت - منگنی -
سگند (ہ/مث) خوشبو - مہک -
سگنل (انگریزی/مذ) وہ نشان جس سے ریل گاڑی کے آنے کا پتہ چلتا ہے -
سگھڑ (ہ) سلیقہ والی - تمیزدار - کاریگر - ہنرمند - ہنردار - دانش مند -
سگھڑاپا - یا - سگھڑپن (ہ/مذ) ہنرمندی - تمیزداری - دانائی - ہوشیاری - چترائی -
سگھا (ہ/مذ) اناج کا ڈھیر - تودۂ غلہ -

س - ل

سِل (ع/مث) ایک بیماری - تپِ دق جس میں تھوک کے ساتھ خون آتا ہے -
سِل (ہ/مث) مصالحہ پیسنے کا پتھر - عمارتوں میں لگانے کا پتھر کا پتلا اور چوڑا ٹکڑا -
سِل بٹا (ہ/مذ) چوڑے پتھر کا ٹکڑا - یعنی مصالحہ پیسنے کا لمبا بٹا -

سِلّا (ہ/مذ) خوشہ - بٹر - سنبلہ - بالیں جو نہایت خشک ہو کر کھیت میں گر پڑتی ہیں -
سلاجیت (ہ/مذ) ایک رقیق مادہ جو پتھر سے نکلتا اور بطور دوا استعمال ہوتا ہے -
سِلاح (ع/مذ) لڑنے کے ہتھیار - اوزار -
سلاح بند (عف) ہتھیار لگانے والا - مسلح - پانچوں ہتھیاروں سے لیس -
سلاح خانہ (عف/مذ) ہتھیار گھر - توشہ خانہ - میگزین - زرہ خانہ -
سلاح ساز (عف/مذ) ہتھیار بنانے والا - زرہ گر - زرہ فروش -
سلاخ (ف/مث) سیخ - سلائی - لوہے یا دھات کی چھڑی -
سلاخی گندھک (ف/مث) وہ گندھک جو سلاخوں کی شکل میں ہو -
سلاد (انگ/مذ) کچے ساگ اور ترکاریوں کا کچرا یا کچالو جو کھانے کے ساتھ کھایا جاتا ہے -
سلاست (ع/مث) عام فہمی - روانی - سادگی - صفائی - نرمی - ملائمت - آسانی - سہولت -
سلاستِ زباں (عف/مث) فصاحت - شیریں زبانی - نرم کلامی -
سلاسل (ع/مث) سلسلہ کی جمع - بیڑیاں - زنجیریں - لڑیاں -
سلاطین (ع/مذ) سلطان کی جمع - بہت سے بادشاہ - قیصر -
سلام (ع/مذ) کورنش - بندگی - آداب - تسلیم - بس اب رخصت ہے - جائیے - خاتمہ نماز - تعریفاً مایوسی - ناامیدی -
سلام پھیرنا (ہ) نماز کے خاتمہ پہ دائیں بائیں منہ پھیر کر السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہنا - نماز ختم کرنا -
سلام پیام - یا - سلام پیغام (ہ/مذ) منگنی کی بابت ذکر اذکار - سگائی کی نسبت بات چیت -
سلام دینا (ہ) رخصت کرنا - وداع کرنا - الگ کرنا - چھوڑ دینا - شکریہ ادا کرنا - زبانی رسید نا -
سلامِ شوق (ع/مذ) محبت اور اشتیاق کا سلام -
سلامِ طلب (ع/مذ) سلام کا خواہاں - سلام کا متمنی - سلام چاہنے والا -
سلامٌ علیکم (ع) خطاب و ندا - تم پر سلامتی ہو - تم سلامت رہو - خدا تمہیں سلامت رکھے (واحد اور جمع دونوں جگہ مستعمل ہے)
سلام کرائی (ہ/مث) وہ نقدی جو دولہن کے رشتہ دار دولہا کو رخصت کے وقت دیتے ہیں - سلامی -
سلام کر کے چلنا، سلام کر چلنا (ہ) ناراضی اور خفگی سے رخصت ہونا -
سلام کرنا (ہ) ماتھے یا سینے یا سر پر ہاتھ رکھنا - آداب بجا لانا - ڈنڈوت کرنا - رام رام کرنا - رخصت ہونا - چلنا - وداع

ہونا - باز آنا - معافی چاہنا - چھوڑنا - خدا حافظ کہنا - خیر باد کہنا -
ماننا - قبول کرنا - لوہا ماننا - کسی کو اپنے سے زیادہ کامل فن
اُستاد تسلیم کرنا -

سلام لینا (ف) سلام کا جواب دینا - سلام قبول کرنا -

سلام دینا (ف/ محاورہ) افسر کا کسی آدمی کو اندر بلوانا -

سلام نیاز (عف/مذ) عاجزی کا سلام (بڑوں اور بزرگوں کے لیے)

سلام ہونا (ف/ محاورہ) ملاقات ہونا - رُوبرو یا سامنے ہونا -

سلام ہے (ف/ محاورہ) چھوڑ دیا - ترک کیا - باز آئے - معاف
رکھیے - خدا بچائے -

سلامت (ع) صدمہ اور آفتوں سے بری - محفوظ - بچا ہوا -
صحیح - تندرست - زندہ - قائم - (ف) پُورا - کامل - صحیح -
سالم - (مؤنث) سلامتی - امن - اطمینان - بخیر و عافیت -

سلامت رَو (عف) کم خرچ - کفایت شعار - چلن سے چلنے والا -
مدبّر - منتظم -

سلامت روی اختیار کرنا (ف) میانہ روی سے زندگی گزارنا - اوسط
درجے پر رہنا - بڑھ کر نہ چلنا - نیک چلنی اختیار کرنا -

سلامتی (ف/مث) امن - حفاظت - بچاؤ - خیریت - خیر و عافیت -
صحت - تندرستی -

سلامی (ع/مث) بڑائی - سلام - ہتھیار اُٹھا کر سلام کرنا - مُجرا -
سپاہیانہ سلام - توپوں یا بندوقوں کے فیر سے تعظیم بجا لانا -
شلک چھوڑنا - نذرانہ - تحفہ - ڈھلوان - سلام کرنے والا -
مجرائی -

سلامی اُتارنا (ہ) کسی بادشاہ یا حاکم اعلیٰ کی آمد کے وقت توپوں یا
بندوقوں کے چھوڑنے سے تعظیم بجا لانا - توپوں سے سلامی
کا اظہار کرنا -

سلامی ہونا (ف) ڈھلوان ہونا - ترچھا ہونا - ڈھالو ہونا - کسی بادشاہ
یا حاکم اعلیٰ کی تشریف آوری کی توپیں چھوٹنا - دُلہا کی سلام
کرائی کی رسم ادا کرنا -

سُلا دینا (ہ) بچے کو بہلا کر سُلا دینا - زہر دے کر مار ڈالنا گلا گھونٹ
دینا -

سُلانا (ہ) بچہ کو تھپک کر سلانا - دفن کرنا - گاڑنا - قبر میں رکھنا -

سِلانا (ہ) سینا کا متعدی - سرد کرنا - دروازے کے دونوں کونوں
پہ پُرجب کا پانی ڈالنا - سلوانا - درخت
کرانا -

سِلائی (ہ/مث) سینا یعنی سینے کا کام - سیوَن - ٹانکا - درخت -
سینے کی اُجرت - سلوانے کی مزدوری -

سَلائی (ہ/مث) سُرمہ لگانے کی گول اور پتلی سلاخ - سُرمچو - علم جراحی
میں پیشاب لانے یا دوا لگانے کی سیخ - نلی - لکڑی کے اندر
رکھنے کی پتلی سینک - ٹانٹ سینے کا سُوا - دیا سلائی کی
تیلی -

سلائی پھیرنا (ہ) اندھا کرنا - نابینا کرنا - گرم سلائی سے اندھا کرنا -

سلب (ع/مث) نفی - نابودگی - نیست کرنا - کشش - جذب - اخذ -

سلپچی - یا - **سلفچی** (ف/مث) چلمچی - ہاتھ دھونے کا برتن - صحیح سیلابچی
ہے -

سُلٹا - یا - **سُلٹا ہوا** (ہ) مجھگتا ہوا - تجربہ کار - آزمودہ کار -
خرانٹ -

سُلٹنا (ہ) بھگتنا - آپس میں نمٹنا - باہم طے کرنا - سمجھنا -

سلجھانا (ہ) جُدا کرنا - کھولنا - فیصلہ کرنا - حل کرنا - تشریح و توضیح
کرنا -

سلجھاؤ - یا - **سلجھاوا** (ہ/مذ) فیصلہ - تشریح - عُقدہ کشائی -
وضاحت -

سلجھا ہوا / سُلجھا سلجھایا (ف/صف) تجربہ کار - آزمودہ کار -

سُلجھنا (ہ) آسان ہونا - حل ہونا - کُھلنا - فیصلہ ہونا - تصریح ہونا -
نمٹنا -

سِلح (ع/مذ) لڑائی کا اوزار - ہتھیار - آلۂ جنگ -

سلح پوش (ف) ہتھیار لگانے والا - بہادر سپاہی -

سلح خانہ (عف/صف) ہتھیار رکھنے کا کمرہ - اسلحہ خانہ -

سَل رچنا (ہ) جوہر کرنا - خودکشی کرنا - ستی ہونا - گھر کا بندوبست کرنا -
انتظامِ خانہ داری کرنا - کسی کام کے سربراہ رہنا - سوگ کرنا -
ماتم کرنا -

سلس (ع/مذ) نرمی - آسانی -

سُلسُلانا (ہ) سرسراہٹ ہونا - جُوں وغیرہ کا رینگنا - نرم نرم کھجلی
ہونا -

سَلَسِ بول (ع/مذ) پیشاب کا قطرہ قطرہ آنا - ذیابیطس -
ایک بیماری کا نام -

سلسلہ (ع/مذ) بیڑی - زنجیر - صف - نسب - نسل - خاندان -
ترتیب - دُرستی - شجرہ - کرسی نامہ -

سلسلہ جاری کرنا (ف) ہمیشہ کے لیے کسی کام کی بنیاد ڈالنا - آغاز
کرنا - شروع کرنا -

سلسلہ نکلنا (ف) آغاز ہونا - طریقہ پیدا ہونا - تعلق نکل آنا -

سلسلہ وار (عف) ترتیب وار - قطار وار - درجہ بدرجہ -

سلسلہ توڑنا (ف/ محاورہ) ترکِ تعلق کرنا -

سُلطان (ع/مذ) راجہ - بادشاہ - حاکم -

سلطانہ (ع/مث) رانی - شہزادی - ملکہ -

سلطانی (ع/مث) سلطنت - حکومت - بادشاہی -

سلطنت (ع/مث) بادشاہی - حکومت - راج - عملداری -

سلطنت جمہوری (ع/مث) وہ حکومت جس میں رعایا اپنا پریذیڈنٹ
یا حاکم خود انتخاب کرے -

سلطنت شخصی (ع/مث) خود مختار بادشاہ کی حکومت مطلق العنان
حکومت -

سلطنت متحدہ - متحدہ (ع/مث) ملی ہوئی سلطنت چند ملے ہوئے
صوبوں کی حکومت -

سَلَف (ع) اگلا۔ گزشتہ۔ اب سے۔ پہلے کا۔ سابقہ۔ اگلے لوگ۔ بزرگانِ گزشتہ۔
سُلَف (د/مذ) سودا کا مرادف (چیز۔ بست۔ سامان۔ اسباب۔ (یہ لفظ سودا کے ساتھ مخصوص ہے۔ تنہا نہیں آتا)
سُلفا۔ یا۔ سُلفہ (د/مذ) ایک دفعہ چلم میں بھرنے کی مقدار یا چرس کی مقدار۔
سُلفا جمانا (د) چلم میں تمباکو درست کر کے رکھنا۔
سُلفا کر ڈالنا (د) جلا کر راکھ کر ڈالنا۔ خاکستر کر دینا۔ دولت برباد کر دینا۔
سِلک (ع/مذ/مث) لڑی۔ ہار۔ تاگا۔ دھاگا۔ رشتہ۔ قطار۔ لائن۔ ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ پرونا۔
سَلَنگ (ہ) پورا۔ کامل۔ تمام۔ لگاتار۔ برابر۔ ایک سرے سے دوسرے سرے تک۔
سُلگانا (ہ) آگ جلانا۔ آگ بالنا۔ بھڑکانا۔ روشن کرنا۔ جلانا۔ فساد ڈالنا۔
سُلگنا (ہ) آگ کا بھڑکنا۔ روشن ہونا۔ جلنا۔ تنگ ہونا۔ غم یا حسد سے جلنا۔
سلمیٰ (ع) مجازاً نام ایک معشوقہ کا۔
سَلنا (ہ) چھدنا۔ سوراخ ہونا۔ بندھنا (متعدی) زخم دینا۔ کوچے لگانا۔
سِلنا (ہ) سیا جانا۔ دوختہ ہونا۔
سَلُو } (ہ/مذ) چمڑے کا ڈورا جو سلائی گٹھائی کے کام آتا ہے۔
سَلُو }
سلوا/سلویٰ (ع/مذ) ایک قسم کا بٹیر۔
سَلوتری (ہ/مذ) گھوڑوں کا ڈاکٹر۔ بیطار۔
سِلوٹ (ہ/مث) شکن۔ بل۔ چین۔ جھری۔
سِلوَر (انگریزی/مث) چاندی۔ سیم۔ نقرہ۔ سفید تانبہ۔ سفید گلٹ دار رنگ۔ سفید ملمع والی رنگت۔
سلوشن (انگ/مذ) محلول۔ تحلیل کی کیفیت۔ حل۔
سلوک (ع/مذ) راستہ چلنا۔ رستہ۔ راہ۔ طریقہ۔ برتاؤ۔ رویہ۔ راہ خدا جوئی۔ صلح۔ دوستی۔ ملاپ۔ نیکی۔ بھلائی۔ خیر خواہی۔ بخشش۔ عطا۔ سخاوت۔
سَلونا (ہ/مذ) نمک والا۔ نمک دار۔ نمکین۔ چٹ پٹا۔
سَلونوں (ہ/مث/مذ) ہندوؤں کا ایک تہوار جو ساون کے مہینے میں ہوتا ہے۔ راکھی پونو۔ رکھشا بندھن۔
سلون (ا ر/صف/ق) خوبصورت۔
سَلونی (ہ/مث) نمکین چیز۔
سَلہج۔ یا۔ سلج (ہ/مث) سالے کی بیوی۔ سالے کی جورو۔
سِلّی } (ہ/مث) استرا اور چاقو وغیرہ تیز کرنے کی پتھری۔ سان۔ موٹا تختہ۔ درخت کے تنے کا تختہ۔ موٹا پٹڑا۔ مرغابی۔ بھوسہ ملا ہوا اناج۔
سِلّی }

سلیٹ (انگریزی/مث) پتھر کی تختی۔
سلیس (ع) عام فہم۔ نرم۔ ہموار۔ صاف۔
سلیقہ (ع/مذ) تمیز۔ شعور۔ لیاقت۔ سمجھ۔
سَلیم (ع) درست۔ ٹھیک۔ صلح پسند آدمی۔ نرم مزاج۔ بردبار۔ تندرست۔ عاقل۔
سلیم الطبع (ع) نرم دل۔ متحمل مزاج۔ فہیم۔ عقل مند۔
سلیم شاہی (ا ر/مث) ایک قسم کی خوبصورت جوتی۔
سُلیمانؑ (ع/مذ) بنی اسرائیل میں سے ایک مشہور پیغمبر کا نام ہے جو شام میں ہوئے ہیں۔ ان کی حکومت انسانوں کے علاوہ جنوں، پریوں وغیرہ تمام مخلوق پر تھی۔
سُلیمان پہاڑ۔ بلوچستان اور صوبہ سرحد کے درمیان ہے۔ درّہ خیبر اور درّہ بولان اسی میں ہے جن سے پہلے زمانہ میں مغربی حملہ آور ہندوستان پر حملہ کرتے تھے۔ اب فوجی چھاؤنیاں قائم ہو گئی ہیں۔
سلیمانی (ع) ایک قسم کا دو رنگا چمک دار پتھر کا منکہ۔ سیاہ و سفید رنگ۔

س۔م

سَم (ہ/مذ) تال اور سُر کی آواز۔ برابر۔ پورا۔ کامل۔
سُم (ہ/مذ) گھوڑے اور گدھے کا پیر۔ گھوڑے کی ٹاپ۔ پوٹر۔ ناخن۔
سُم ڈوبنا (ہ) سخت لڑائی میں گھوڑوں کے سُم کا خون میں تر ہونا۔
سُم لینا (ہ) گھوڑے کا ٹھوکر کھانا۔ سکندری کھانا۔
سَم (ع/مذ) بِس۔ زہر۔
سَمُّ الفار (ع/مذ) سنکھیا۔ ایک قسم کا زہر۔
سَمِّ قاتل (ع/مذ) زہر ہلاہل۔ فوراً ہلاک کر ڈالنے والا زہر۔
سَما (ع/مذ) فلک۔ آسمان۔ اکاس۔ امبر۔
سَماں یا۔ سماں (ہ/مذ) وقت۔ زمانہ۔ ساعت۔ سکال۔ موقع۔ محل۔ رُت۔ موسم۔ فصل۔ اچھی فصل۔ ارزانی۔ سستا پن۔ تماشا۔ سیر۔ کیفیت۔ حالت۔ عالم۔ بہار۔ رونق۔ تکلف۔ کثرت۔ بہتات۔ سال۔ برس۔ سمت۔ آرائش۔ طرف۔ دِشا۔
سماں باندھنا (ہ) کیفیت پیدا کرنا۔ رنگ جمانا۔ ناچ رنگ کی کیفیت میں محو ہونا۔
سماپت (س) پورا۔ کامل۔ مکمل۔ ختم۔ خاتمہ۔
سَما جانا (ہ) بس جانا۔ بیٹھ جانا۔ جم جانا۔ بھر جانا۔
سماج (س/مث) سوسائٹی۔ سبھا۔ انجمن۔ گروہ۔ ٹولی۔ جتھا۔
سَماجت (ع/مث) خوشامد۔ منت۔ چاپلوسی۔

سماجی (س/مذ) سماج کا ممبر ۔ ڈوم ۔ ڈھاڑی ۔ سپردائی ۔
سماچار (س/مذ) خبر ۔ اطلاع ۔ واقفیت ۔ حالت ۔ روئداد ۔ خیر و عافیت ۔
سمادھ (س/مذ) گڑھا ۔ غار ۔ قبر ۔ ہندو جوگیوں اور راجاؤں کی ہڈیاں دفن ہونے کی جگہ ۔
سمادھ لگانا (ا/محاورہ) سانس روکنا ۔ چلّہ کھینچنا ۔
سمادھ لینا (ا/محاورہ) جوگیوں، سنیاسیوں کا جیتے جی دفن ہو جانا ۔ دم سادھ کر کچھ مدت کے لیے زمین پر گڑ جانا ۔
سمادھان (س/مذ) مذہبی تعصب ۔ مراقبہ ۔ گیان دھیان ۔ سوال کا جواب ۔
سماع (ع/مذ) سُننا ۔ راگ سُننا ۔ ناچ ۔ رنگ ۔ گانا ۔ بجانا ۔
سماعت (ع/مث) سنوائی ۔ شنوائی ۔
سماعت کے قابل (ا/مذ) سُننے کے قابل ۔ حاکم کی توجہ کے لائق ۔
سماعی (ع) سُنا ہوا ۔ نقلی ۔ روایتی ۔ سینہ بہ سینہ ۔
سماکھیا (ہ/مذ) بینا ۔ آنکھوں سے دیکھنے والا ۔
سمان (ہ) مانند ۔ برابر ۔ نظیر ۔ ثانی ۔ جیسا ۔ مشابہ ۔
سمانا (ہ) پورا آنا ۔ بیٹھنا ۔ جم جانا ۔ پُر ہونا ۔ گنجائش ہونا ۔ رچنا ۔ بسنا ۔ جچنا ۔ پسند آنا ۔ مدِ نظر ہونا ۔
سماوی (ع) آسمانی ۔ اُوپر کی ۔ از غیبی ۔
سمائی (ہ/مث) گنجائش ۔ وسعت ۔ برداشت ۔ تحمل ۔ حوصلہ ۔
سمبل (ا/مذ/ق) زہر ۔ سنکھیا ۔
سمّاد (س/مث) گفتگو ۔ بات چیت ۔ بول چال ۔ سوال جواب ۔ کہانی ۔ قصہ ۔ کتھا ۔ خبر ۔ اطلاع ۔ سندیسا ۔
سمبت / سمت (ہ/مذ) سال ۔ سنہ ۔ برس ۔ راجہ بکرماجیت کا ایجاد کردہ ہندی سال ۔
سمبندھ (ہ/مذ) نسبت ۔ تعلق ۔ ناتہ ۔ رشتہ ۔ کنبہ ۔ قبیلہ ۔ میل ۔ ملاپ ۔ راہ رسم ۔ قافیہ ۔ تُک ۔ گوت ۔ برادری ۔
سمبندھی (ہ) رشتہ دار ۔ قرابتی ۔ متعلقین ۔ ناتہ دار ۔
سمبندھی پتر (ہ/مث) نسب نامہ ۔ کرسی نامہ ۔ شجرۂ نسب ۔
سمپت (ہ/مث) بہتری ۔ خوشحالی ۔ ترقی ۔
سمپُٹ (ہ/مث/مذ) مہوسوں کا دوائیوں کو آنچ دینے کا مٹی یا لوہے وغیرہ کا برتن ۔
سمپُورن (ہ) کامل ۔ پورا ۔ مکمل ۔ تمام ۔ سارا ۔ ثابت ۔ از سر تا پا ۔
سمت (ع/مث) طرف ۔ پہلو ۔ رُخ ۔ جہت ۔ راہ ۔ راہِ راست ۔ روش ۔
سمت الراس (ع/مث) سر کی طرف ۔ اُوپر ۔ ترقی کا کمال ۔ اوج ۔ بلندی ۔
سمٹ جانا (ہ) سُکڑ جانا ۔ اکٹھا ہونا ۔ چھوٹا ہو جانا ۔ کم ہونا ۔ مرجانا ۔ رُخصت ہونا ۔

سمٹنا (ہ) سکڑنا ۔ اکٹھا ہونا ۔ رُخصت ہونا ۔ مرنا ۔
سمٹی (ہ/مث) ایک قسم کا کپڑا جس کی بناوٹ کھیس کی سی ہوتی ہے ۔
سمجھ (ہ/مث) فہم ۔ عقل ۔ گیان ۔ دانائی ۔ اِدراک ۔
سمجھ آنا (ا/محاورہ) ہوشیار ہونا ۔ عقل آنا ۔ آنکھیں کھلنا ۔
سمجھ اُڑ جانا (ا/محاورہ) عقل جاتی رہنا ۔ مت ماری جانا ۔
سمجھ اُلٹی ہونا (ا/محاورہ) عقل پھر جانا ۔ دماغ اُلٹنا ۔
سمجھ بوجھ (ہ/مث) فہم و فراست ۔ جان بوجھ ۔ دانائی ۔
سمجھ پر پتھر پڑیں (ہ/محاورہ) یہ سمجھ برباد ہو ۔ ایسی عقل جو نہ لے ہیں پڑ جائے ۔
سمجھ دار (ا) ہوشیار ۔ دانا ۔ سیانا ۔ عقلمند ۔
سمجھانا (ہ) سکھانا ۔ ذہن نشین کرنا ۔ دل میں بٹھانا ۔ نصیحت کرنا ۔ پند کرنا ۔
سمجھنا (ہ) جاننا ۔ بُوجھنا ۔ سیکھنا ۔ دل میں بٹھانا ۔ بدلہ لینا ۔ ذہن نشین ہونا ۔ مارنا پیٹنا ۔ سزا دینا ۔ سوچنا ۔ فکر کرنا ۔ ماننا ۔ قبول کرنا ۔ فہم کرنا ۔ ہوشیار کرنا ۔
سمجھے (ہ) خیال میں آیا ؟ جان لیا ؟ دیکھا ؟ ہوش آیا ؟
سمجھوتا ۔ یا ۔ سمجھوتی (ہ/مذ/مث) سمجھ لینا ۔ ٹھہرا لیا ہوا ۔ مقررہ سازش ۔
سمدرا (ہ) سارا ۔ تمام ۔ کامل ۔ پورا ۔
سمدھن (ہ/مث) (سمبندھن کا بگڑا ہوا ۔) دولہا دولہن کی مائیں اور دیگر رشتہ کی عورتیں آپس میں سمدھن کہلاتی ہیں ۔
سمدھی (ہ/مذ) دولہا دولہن کا باپ ۔ سمدھن کا خاوند ۔
سُمرن (ہ/مث) یادِ خدا ۔ جپنی ۔ تسبیح ۔ مالا ۔ ورد ۔ وظیفہ ۔
سُمرنا (ہ) مالا پھیرنا ۔ تسبیح کرنا ۔ یادِ خدا کرنا ۔ رام بھجنا ۔ رٹنا ۔
سمرنا ۔ ایشیائے کوچک میں واقع ہے ۔ تجارت کا مرکز ہے ۔ گندم اُون اور میوہ باہر جاتا ہے ۔
سُمرنی (ہ/مث) چھوٹی سی تسبیح ۔ چھوٹی سی مالا ۔
سمع خراشی (ع ف/مث) کان کھانا ۔ دماغی تکلیف دینا ۔
سمن (ف/مث) چنبیلی ۔ سمبرگ ۔
سمن اندام ۔ یا ۔ سمن بر (ف) گورا ۔ چٹّا ۔
سمن (انگریزی/مذ) بُلاوا ۔ اطلاع نامہ ۔ طلبی کا پروانہ ۔ عدالت کا پروانہ ۔
سمنا (ہ) رِسنا ۔ کسی رقیق چیز پانی وغیرہ کا بالکل آہستہ آہستہ برتن کے مسامات سے باہر آنا ۔ چونا ۔
سمند (ف/مذ) زردی مائل گھوڑا ۔ محض گھوڑا ۔
سمندر (ف/مذ) ایک آتشی کیڑا ۔ جو آگ کے اندر پیدا ہوتا ہے ۔
سمندر (ہ/مذ) ساگر ۔ بحر ۔ دریائے اعظم ۔ بحرِ محیط ۔
سمندر بلونا / سمندر چھان مارنا / سمندر چھاننا (ہ) نہایت کوشش اور سعی کرنا ۔ بڑی جستجو کرنا ۔ از حد تلاش کرنا ۔ سخت تگ و دو کرنا ۔
سمندر بہانا (ا/محاورہ) علمی نکتے بیان کرنا ۔ عالمانہ باتیں یا تقریر کرنا ۔

سمندر پار آتارنا (ہ) جلا وطن کرنا - کالے پانی بھیجنا - سزا کے طور دریائے شور دینا -

سمندر پھل (ہ) ایک قسم کا پھل جو دوا کے کام آتا ہے -

سمندر جھاگ (ہ / مذ) کف دریا - سمندر کی وہ پھین جو کناروں پر جم جم کر خشک ہو جاتی ہے اور دواؤں میں کام آتی ہے -

سمندر سوکھ (ہ / مذ) ایک دوا -

سمندر سوکھ کو دریا کیا (ہ / مثل) بڑے مال والے کو تھوڑے نفع کی پرواہ نہیں ہوتی -

سمندر میں رہ کر مگرمچھ سے بیر (ہ / مثل) ایک جگہ رہ کر وہاں کے سربراہ سے مخالفت -

سمنک (ہ / مث) نشاستہ - گیہوں کی گری جو اُبال کر نکالی جاتی ہے -

سمور (ع / مذ) لومڑی کی قسم کا ایک جانور جس کی باریک ریشم والی نرم اور سیاہی مائل سُرخ کھال کو بھی سمور ہی بولتے ہیں - اس کی کھال سے پوستین بناتے ہیں -

سموسہ (ہ / مث) مثلث نما تلا ہوا پکوان - جس کے اندر قیمہ یا ترکاری یا میٹھا بھر کر تلتے ہیں -

سَموم (ع / مث) زہریلی ہوا - لُو - گرم ہوا -

سَموم - عرب کے صحرا کی وہ زہریلی ہوا جس سے بچنے کے لیے انسان اور جانور دم گھونٹ کر زمین پر لیٹ جاتے ہیں -

سَمونا (ہ) ملانا - رلانا - ٹھنڈا اور گرم پانی ملانا - دو مختلف مزاج اشیا ملا کر معتدل بنانا -

سَمی (ع / صف) ہم نام - مثل -

سمویا ہوا (ہ) شیر گرم - نیم گرم - گنگنا - گرم اور ٹھنڈا ملا ہوا پانی - دوغلا - دو نسلا - مخلوط النسل -

سَمے - یا - سمیں (ہ / مذ) وقت - ساعت - مُدت - فصل - موسم - موقع -

سَمیت (ہ) ساتھ - اکٹھے - مل کر - مع - ہمراہ -

سَمیٹ (ہ / مث) قابض دوا جو زچگی کے بعد عورتوں کے لیے دوائیاں استعمال کراتی ہیں -

سمیٹا سمیٹی (ہ / مث) اکٹھا کرنا - جمع آوری - فراہمی دولت گھسیٹنا - چھینا جھپٹی -

سُمیٹنا (ہ / مذ) جمع کرنا - اکٹھا کرنا - ڈھیر کرنا - روپیہ جمع کرنا - پیسہ رولنا - تنگ کرنا - چُست کرنا - سکیڑنا - انجام کو پہنچانا - نبٹرنا - نمٹانا - ختم کرنا -

س - ن

سِن (ع / مذ) عمر - سال - عمر کی مقدار -

سِن بلوغ - یا - سِن بلوغت } (ع / مذ) سمجھ کی عمر - جوانی کی عمر - شباب
سِن تمیز - یا - سِن شعور } کی عمر -

سِن رسیدہ (صف) بوڑھا - سال خوردہ - پیر ضعیف -

سَن (ہ / مذ) ایک پودا جس کی چھال کے ریشے سے رسیاں بناتے ہیں - یہ پاکستان میں بہت ہوتا ہے -

سَن (ہ / مث) کسی چیز کے زور سے جانے کی آواز - جیسے گولی سَن سے نکل گئی -

سَن سَن (ہ / مث) ہوا کی آواز - سنسناہٹ - سخت سردی پہنچنے سے ہاتھ پاؤں کی کپکپاہٹ - تھرتھراہٹ -

سَن سَن کرنا (ہ) سردی سے تھرانا - پھریری لینا -

سَن سے (ہ) زناٹے سے - جلدی سے - بزودی -

سَن (انگریزی / مذ) سورج - آفتاب - بیٹا - پسر - فرزند -

سُن (ہ) بے حس - بے ہوش - بے حرکت - بے خبر - خاموش - گُم سُم - ٹھنڈا - نہایت سرد -

سُن کرنا (ہ) بے حس و حرکت کرنا - دوا یا مار سے جسم کو بے حس کرنا - خاموش کرنا - محو کرنا - جیسے اُس کے راگ نے سب کو سُن کر دیا -

سُن ہو جانا - یا - ہونا (ہ) بے حس و حرکت ہونا - ٹھنڈ سے ٹھٹھر جانا - جھولا مار جانا - دھک سے رہ جانا - مزے سے مدہوش ہو جانا - حیرت میں ہو جانا -

سَننا (ہ) گوندھا جانا - آلودہ ہونا - بھر جانا - لتھڑ جانا - مٹی یا آٹے وغیرہ میں پانی کا ملنا -

سُننا (ہ) کانوں سے آواز معلوم کرنا - توجہ کرنا - غور کرنا - کان دھرنا - دھیان لگانا -

سُنا اَن سُنا کرنا - یا - سُنی اَن سُنی کرنا (ہ) کسی بات کو سُن کر ٹال دینا -

سناتن دھرم (ہ / مذ) قدیم ہندو مذہب -

سناٹا (ہ / مث) دریا کے چڑھاؤ کا شور - ہوا کے زور سے چلنے کی آواز - زور کی بارش کی آواز - پرندے کے پروں کی آواز - خوفناک اور ڈراؤنی آواز - حیرانی - اجڑ - سنسان - خاموشی - چُپ چاپ - ہُو کا عالم - خوف - دہشت - ڈر -

سناٹا آنا (ہ) ڈر معلوم ہونا - ڈر لگنا - خوف طاری ہونا -

سناٹا گزر جانا (ہ) حیران ہو جانا - گھبرا جانا - ہوش نہ رہنا - ویران و سنسان ہونا -

سناٹا پڑنا (ہ / محاورہ) خاموش ہونا - ویران ہونا -

سناٹے سے } (ہ) زور سے - شدت سے - تیزی سے - جلدی سے -
سناٹے کا } زوردار -

سُنا چاہنا - یا - سُنا چاہنا (ہ) گالیاں کھانے یا بُرا بھلا سُننے کا خواہش مند ہونا - جیسے دیوانے کو تو چھیڑو - کیا کچھ سُنا چاہتے ہو -

سُنار (ہ / مذ) سونا چاندی کے زیور بنانے والا - زرگر -

سنار ہٹا (ا / مذ) وہ بازار جس میں سناروں کی دوکانیں ہوں۔
سُنار کی کھٹ کھٹ اور لوہار کی ایک } (ہ / مثل) کمزور کی سو ضربیں
سَو چوٹ سُنار کی ایک چوٹ لوہار کی } زبردست کی ایک ضرب کا بھی مقابلہ نہیں کرسکتیں۔
سُنارنی (ا / صف) چالاک عورت۔
سِنان (ف / مث) انی۔ تیز نوک۔ تیر یا برچھی کی نوک۔
سُنانا (ہ) کان میں ڈالنا۔ کہنا۔ خبردار کرنا۔ گالیاں دینا۔ طعنہ مارنا۔ قاری بننا۔ کسی کے سامنے پڑھنا یا گانا۔
سُنانی۔ یا۔ سُناؤنی (ہ / مث) موت کی خبر۔ خبر مرگ۔
سُنائی۔ یا۔ سُنوائی (ہ / مث) پہنچ۔ سماعت۔ فریادرسی۔ دخل۔
سُنبل (ع / مذ) ایک خوشبودار گھاس جسے بالچھڑ اور جٹاماسی بھی بولتے ہیں۔
سُنبہ (ف / مذ) برما۔ سوراخ کرنے کا آلہ۔ توپ۔ بندوق میں بارود یا گولہ وغیرہ رکھ کر اوپر سے ٹھوکنے کا گز۔
سنبھالا (ہ / مذ) وہ افاقہ جو بیمار کو موت کے نزدیک معلوم ہوا کرتا ہے۔
سنبھالا لینا (ہ) بیمار کا مرنے سے پہلے افاقہ سا معلوم کرنا۔ مرنے سے پہلے نمودِ صحت ہونا۔
سنبھالنا (ہ) تھامنا۔ روکنا۔ مدد کرنا۔ بگڑے کام کو درست کرنا۔ گرنے نہ دینا۔ ہاتھوں پر لینا۔ تیمارداری کرنا۔ اُٹھانا۔ قائم رکھنا۔ برقرار رکھنا۔ گننا۔ شمار کرنا۔
سنبھالن ہار (ا / صف) سنبھالنے والا۔
سنبھالو (ہ / مذ) ایک درخت جھاڑی کی شکل کا۔
سُن بھری (ہ / مث) جھولا۔ لقوہ۔ فالج۔
سنبھل سنبھل کر (ہ) بن بن کر۔ ٹھہر ٹھہر کر۔ تکلیف سے۔ دم لے لے کر۔
سنبھلنا (ہ) رُکنا۔ تھمنا۔ گرنے سے بچنا۔ ٹھہرنا۔ قائم رہنا۔ برقرار رہنا۔
سنبھل پور۔ اڑیسہ کے علاقے میں ہے۔ کسی زمانے میں ہیروں کا شہر کہلاتا تھا۔
سنبھل جانا (ہ) خبردار ہونا۔ افاقہ ہونا۔ آرام ہونا۔ درست ہونا۔ عبرت پکڑنا۔
سنبھلو (ہ / محاورہ) ہوش پکڑو۔ خبردار ہو جاؤ۔ تیار ہو جاؤ۔
سَنبھوگ (ا / مث) صحبت۔ مباشرت۔
سنپولیا (ہ / مذ) سانپ کا بچہ۔ سانپ کی تصغیر۔
سپیرا (ہ / مذ) سانپ پالنے اور کھلانے والا۔ سانپ کا کھلاڑی۔
سَنْت (ہ / مذ) سادھو۔ سادھ۔ جوگی۔ زاہد۔ پارسا۔ پرہیزگار۔ خداپرست۔ صالح۔ متقی۔ جتی ستی۔
سَنْت آدمی ہے (ہ / محاورہ) سیدھا سادہ ہے۔ بھولا بھالا ہے۔ نیک آدمی ہے۔

سُنّت (ع / مث) راہ۔ طریقہ۔ چلن۔ عادت۔ دستور۔ پیغمبر خدا اور صحابہ کا عمل اور فعل۔ ختنہ۔ مسلمانی۔
سُنّتِ آبائی (ع / مث) باپ دادا کا طریقہ۔ کُل کی ریت۔ جبّڑی رسم۔
سُنّت ابراہیمی (ع / مث) حضرت ابراہیم علیہ السلام کا طریقہ۔ ختنہ۔
سُنّت کرنا (ا) ختنہ کرنا۔ مسلمانی کرنا۔
سنتاپ (س / مذ) گرمی۔ تپش۔ جلن۔ دُکھ۔ درد۔ عذاب۔ بپتا۔ سوچ۔ فکر۔
سنترا۔ یا۔ سنگترا (ہ / مذ) نارنگی کی قسم کا ایک پھل۔
سنتری (انگریزی / مذ) پہرہ دینے والا۔ چوکیدار۔ سپاہی۔ پاسبان۔
سنتوش۔ سنتوکھ (س / مذ) صبر۔ قناعت۔ تسلی۔ دھیرج۔
سنتوکھی (ہ / مذ) صابر۔ قانع۔ مطمئن۔
سنٹر (انگریزی / مذ) مرکز۔
سنٹرل (انگریزی) مرکزی۔ درمیانی۔ وسطی۔
سَنٹی (ہ / مث) چھڑی۔ قمچی۔ بید۔ پتلی شاخ۔
سنجاب (ف / مذ) چوہے سے بڑا ایک جانور ہوتا ہے جس کی کھال کی پوستین بناتے ہیں۔
سنجارا (ا / مث) رات۔
سنجاف (ہ / مث) حاشیہ۔ کنارا۔ گوٹ۔ چوڑی اور آڑی مغزی (مذکر) آدھا سرخ۔ آدھا سفید یا سبزہ گھوڑا۔
سُنجانی گنجا (ا) وہ گنجا جس کے سر میں چاروں طرف گنج اور بیچ میں بال ہوں۔
سَنجرنا (ا / مص) خیال میں آنا۔
سنجوگ (ہ / مذ) میل ملاپ۔ ملاقات۔ دوستی۔ موقع۔ اتفاق۔ اتفاقیہ ملاقات۔ واقعہ۔ حادثہ۔ قسمت۔ نصیب۔ بھاگ۔ تقدیر۔
سَنجوگی (ہ) دوہرا جُڑا ہوا۔ ملا ہوا۔ دوہرا پنجرا۔ جس میں نر اور مادہ تیتر کے لیے دو علیحدہ علیحدہ خانے بنے ہوتے ہیں۔
سَنجھا (ہ / مث) سنسکرت کے لفظ سندھیا کا بگاڑ۔ شام کا وقت۔ جھٹ پٹا۔ شام کی پوجا۔
سَنجھا بتی کرنا (ہ) دیا بتی کرنا۔ شام کا چراغ جلانا۔
سنجھا پھولنا۔ یا۔ سانجھ پھولنا (ہ) شام کی شفق کا نمودار ہونا۔
سنجھلا (ہ) منجھلے سے چھوٹا۔ تیسرے نمبر کا۔
سنجیدگی (ف / مث) متانت۔ وقار۔ وقعت۔ بھاری بھرکم۔
سنجیدہ (ف) تُلا ہوا۔ موزوں۔ پورا نشانہ باز۔ بھاری بھرکم۔ متین۔ باوقار۔ ٹھیک۔ درست۔ نہایت عمدہ۔
سنجیدہ گفتار (ف / صف) وہ جس کی باتیں اچھی عمدہ اور شیریں ہوں۔

سِنْد (ف) حرامزادہ - شریر - پاکستان کا ایک صوبہ - یعنی صوبہ بسندھ -

سَنَد (ع/مث) لغوی - پیٹھ لگا کر بیٹھنے کی چیز - مجازاً وثیقہ - بھروسہ کرنے کی چیز - مناسبت - دلیل - ثبوت - پاس - سرٹیفکیٹ - دستاویز - تمسک - اجازت نامہ - گواہی نامہ - معتبر - قابلِ اعتبار - سرکاری رجسٹری -

سند پکڑنا (ار/محاورہ) دلیل میں پیش کرنا -

سَنَد جاننا (ار/محاورہ) معتبر جاننا - صحیح جاننا -

سندِ لیاقت - یا - فضیلت (ع/مث) علم یا ہنر کا سرٹیفکیٹ -

سَنَد ہے (ار/محاورہ) درست ہے - دلیل دینے کے قابل - قابلِ تسلیم ہے -

سَنَد یافتہ (ع،ف) پاس شدہ - وہ آدمی جس کے پاس کسی امر کا سرٹیفکیٹ ہو -

سَنَداً (ع) سند کے طور پر تمثیل کے طور پر -

سِنْدان (ف/مث) اہرن - نہائی - وہ لوہے کا مربع پٹا جس پر لوہار لوگ گرم لوہا رکھ کر کوٹتے ہیں -

سُندر (ہ) خوبصورت - حسین - شکیل - جمیل -

سُندری (ہ/مث) جمیلہ - شکیلہ - خوبصورت عورت - جہاز بنانے کی لکڑی - ستار کا ٹھاٹ درست کرنے کے پیتل کے حلقے - سرول کے پردے -

سندور - یا - سیندور (ہ) ایک سُرخ رنگ کی دھات -

سندوریا (ہ) سُرخ - لال - سیندور کے رنگ کا -

سِندھ (ہ/مذ) سمندر - دریا - شمال مغربی سرحدی صوبے کا ایک دریا - دریائے اٹک - بھیردیں - راگ کی ایک راگنی - صوبہ سندھ (پاکستان)

سندھیا (ہ/مث/مذ) صبح - دوپہر اور شام کے وقت کی پُوجا - دن اور رات کے ملنے کا وقت -

سِندھیا - مرہٹوں کی ایک ریاست جس کا راجہ سندھیا کے لقب سے مشہور ہے - گوالیار دارالحکومت ہے -

سندلیا (ہ/مذ) پیغام - خبر - خوشخبری - بشارت -

سندیہ (ہ/مذ) شک - شبہ - گمان - ظن -

سِندھ - ایک دریا جو کیلاش سے نکل کر کوہستانِ نمک کے بعد میدانی حصے میں پہنچتا ہے - اور مٹھن کوٹ میں پنجاب کے پانچوں دریا پنج ند کو ساتھ لے کر حیدرآباد میں ڈیلٹا بنانا شروع کرتا ہے - پھر بحیرہ عرب میں جا کر گرتا ہے - اب سکھر میں بھاری بند باندھ کر کئی نہریں نکالی گئی ہیں -

سَنڈ - یا - سَنڈا (ہ) سانڈ کا مخفف وغیرہ - موٹا - ہٹا کٹا - زور آور - قوی ہیکل -

سنڈاس (ہ/مذ) طہارت خانہ یا پیخانہ - جائے ضرور - اصطلاح میں وہ پیخانہ جسے خاکروب مکان کے باہر سے کمائیں اور اُوپر کی چھت سے ایک چوڑے سوراخ کے ذریعے اُس کی نجاست گرتی ہو -

سَنڈاسی (ہ/مث) سنسی - گرم لوہا پکڑنے کا آلہ - دست پناہ - چمٹا -

سَنڈا مُسٹنڈا (ہ) بہت موٹا - ہٹا کٹا - توانا - زور آور - موٹا تازہ -

سَنسا (ہ/مث) سوچ بچار - فکر - غم - اندیشہ -

سنسار (ہ/مذ) دُنیا - جہان - عالم - جگت - برتھوی - کائنات -

سُنسان (ہ) اُجاڑ - ویران - غیر آباد - ہُو کا مکان - خاموش - چپ چاپ - خالی - اُداس - ڈراؤنا - مُہیب - خوفناک -

سُنسانی (ہ/صف) ویرانی - اُجاڑ - بے رونق - بھیانک -

سنسر (انگ/مذ) CENSOR - احتساب - محتسب -

سنسکرت (س/مث) مقدس - پاک - عُمدہ - افضل - مکمل اور پوری زبان - اصطلاحاً ویدوں اور شاستروں کی پاکیزہ شستہ زبان -

سنسانا (ہ) سَن سَن کرنا - جھنجھنانا - لرزنا - کانپنا - تھرتھرانا - سکتے کا عالم ہونا - کسی چیز کا زور سے گزر جانا - زناٹے سے جانا -

سنساہٹ } (ہ/مث) مٹی کے کورے برتن میں پانی پڑنے سے سُوں
سنسنی } سُوں کی آواز - ضعف طاری ہونے کے وقت کی حالت - سکتہ کا عالم - ناتوانی کی علامت کا اظہار -

سنسنی خیز (ہ/ف) سنسنی پیدا کرنے والا -

سِنک (ہ/مذ) ناک کی غلاظت - رینٹھ -

سَنک (ہ/مذ) سودا - جنون - خبط - مالیخولیا -

سنکارا ہوا (ہ) اُبھارا ہوا - اُکسایا ہوا - زور میں بھرا ہوا - اشارہ کیا ہوا -

سنکار دینا - یا - سنکارنا (ہ) اشارا کر دینا - اُکسا دینا - سین مارنا - اُبھارنا - زور میں بھرنا - برآشفتہ کر دینا - غصے میں بھر دینا -

سَنکٹ (ہ/مذ) بپتا - مشکل - مصیبت - شامت - بلا - دُکھ کے ساتھ اس کا مرادف -

سنکل - یا - سنگل (ہ/مث) زنجیر - کُنڈی -

سُنکلی - یا - سَنگلی (ہ/مث) گلے میں پہننے کا توڑا یا زنجیر -

سَنکلپ (س/مذ) پُن دان - خیرات - نذر نیاز - منت منوت - نیم ارادہ -

سَنکلپ کرنا (ہ) پُن دان کرنا - خیر خیرات دینا - منت ادا کرنا -

سِنکنا (ہ) ناک سے غلاظت نکالنا - ناک صاف کرنا - ناک میں سے سِنک نکالنا -

سَنکوچ (س/مذ) شرم - حیا - لحاظ - وسواس - ڈر - دھڑکا - افسوس - دریغ -

سَنکھ (ہ/مذ) گھونگا - کوڑا - ناقوس جس کو اہلِ ہنود پُوجا - جنگ یا مُردے کے آگے بجاتے ہیں - زیور - گِنتا (علم حساب میں)

سو پدم کا ایک سنکھ ہوتا ہے۔ یعنی سولا کھ کروڑ۔
سنکھنی (ہ/مث) لمبے قد کی خوبصورت عورت۔ نہ بہت موٹی نہ بہت پتلی۔
سنکھیا (ہ/مث) ایک قسم کا کانی زہر۔ سم الفار۔ سنبل کھار۔
سَنگ (ف/مذ) پتھر۔ حجر۔ وزن۔ بوجھ۔ وقار۔ تمکین۔
سنگِ آستاں / سنگِ آستانہ (ف/مذ) دہلیز کا پتھر۔ دروازے کی چوکھٹ کا پتھر۔
سنگِ اسود (فع/مذ) وہ کالا پتھر جو کعبہ کی دیوار میں نصب ہے جس کو مسلمان مقدس سمجھتے اور بوسہ دیتے ہیں۔
سنگِ آمد و سخت آمد (ف/محاورہ) ایسی پڑی کہ اس کے بغیر گزارہ ہی نہیں۔ یہ مشکل کام چاروناچار کرنا ہی پڑا۔
سنگِ آہن رُبا (ف/مذ) مقناطیس۔ لوہا اُٹھانے والا پتھر۔
سنگِ بصری (فع/مذ) بصرے سے آیا ہوا ایک پتھر جو دوا میں کام آتا ہے۔
سنگِ پا (ف/مذ) پاؤں رگڑنے کا پتھر۔ جھانواں۔
سنگِ پارس (ف/مذ) پارس کا پتھر۔
سنگِ پُشت (ف/مذ) کچھوا۔
سنگِ ترازو (ف/مذ) ترازو کا باٹ۔
سنگ تراش (ف/مذ) پتھر کاٹنے والا۔ پتھر کا کام کرنے والا۔
سنگِ تُربت (ف/مذ) وہ پتھر جو قبر پر لگایا جاتا ہے۔
سنگِ جراحت (فع) زخم کو بھرنے والا ایک پتھر۔ سیل کھڑی۔
سنگِ چٹانا (ا/محاورہ) پتھر پر رگڑنا۔ دھار تیز کرنا۔
سنگِ خارا (ف/مذ) ایک قسم کا نیلے رنگ کا سخت پتھر۔
سنگ دِل (ف) سخت دل والا۔ بے رحم۔ کٹر۔
سنگ دانہ (ف/مذ) پرندے کا معدہ۔
سنگِ راہ (ف/مذ) راستہ میں پڑا ہوا پتھر۔ ٹھوکر۔ سدِ راہ۔ مانع۔ روک۔
سنگ ریزہ (ف/مذ) کنکر۔ روڑی۔ بجری۔
سنگسار (ف/مذ) جرم۔ زنا کی شرعی سزا جس میں آدمی کو آدھا زمین میں گاڑ کر سر پہ پتھر مار مار کر ہلاک کر ڈالتے ہیں۔ پتھراؤ۔
سنگسار کرنا (ہ) پتھر مار مار کر ہلاک کر ڈالنا۔
سنگساز (ف/مذ) پتھر گھڑنے اور درست کرنے والا۔
سنگِ سماق (فع/مذ) ایک قسم کا نہایت سخت اور سفید پتھر۔
سنگِ سینہ (ف) چھاتی کا پتھر۔ نہایت ناپسند۔ نہایت ناگوار۔
سنگلاخ (ف/مذ) پتھریلی اور پہاڑی زمین۔ سنگستان۔ سخت۔ دشوار۔ مشکل۔
سنگِ لوح / سنگِ مزار (فع/مذ) قبر کے سرہانے کا پتھر۔ جس پر مُردے کی تاریخ وفات۔ نام یا کوئی مقدس عبارت لکھ کر لگاتے ہیں۔ قبر کی تختی۔ تعویذِ قبر۔
سنگِ مثانہ (فع/مذ) آدمی کے پیشاب گاہ کی پتھری۔
سنگِ مرمر (فع/مذ) ایک قسم کا سفید اور نرم پتھر۔
سنگِ مقناطیس (فع/مذ) وہ پتھر جو لوہے کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے۔ آہن رُبا۔
سنگِ موسیٰ (ہ/مذ) ایک قسم کا کالا خوبصورت پتھر۔
سنگِ میل (ف/مذ) وہ پتھر جو راستہ کا نشان یا راستہ جاننے کے لیے لگاتے ہیں۔ نشانِ راہ۔
سنگِ یشب (فع/مذ) سبز رنگ کا پتھر جس کی ہول دلی بناتے ہیں۔
سَنگ (ہ) ہمراہ۔ ساتھ۔ مع۔ ہمراہی۔ رفاقت۔ صحبت۔
سنگ لینا (ہ) ساتھ لینا۔ ہمراہ لینا۔
سنگار۔ یا۔ سنگھار (ہ/مذ) آرائش۔ سجاوٹ۔ زیب و زینت۔ زیور۔
سنگار کرنا / سنگارنا (ہ) سجانا۔ بنانا۔ آراستہ کرنا۔ بناؤ کرنا۔ آرائش کرنا۔
سنگار میز (ا/مث) وہ میز جس پر سنگار کا سامان ہوتا ہے۔
سنگت (ہ/مث) ہمراہی۔ صحبت۔ رفاقت۔ ہم نشین۔ جماعت۔ منڈلی۔ ٹولی۔ جتھا۔ ڈیرہ۔ خانقاہ۔ دھرم شالا۔
سنگترا (پرتگال) رنگترا۔ سنترہ۔ بڑی اور میٹھی نارنگی۔ تشبیہاً گول اور چھوٹی پستان۔
سنگنی (ہ/مذ) ساتھی۔ ہمراہی۔ رفیق۔
سنگتیا (ہ/مذ) رقاصہ کے ساتھ رہنے والا۔ سازندہ۔
سنگرام (س/مذ) یُدھ۔ رَن۔ جنگ۔
سِنگرنا (ہ) بننا۔ سنورنا۔ سجنا۔ آراستہ ہونا۔
سنگرہنی۔ یا۔ سنگرہنی (ہ/مث) ایک بیماری جس میں بدہضمی سے کھانا اَن پچ نکل جاتا ہے۔ سوءِ ہضمی سے دست آتے ہیں۔ بدہضمی۔ اجیرن گرانا۔
سَنگل (ہ/مث) زنجیر۔ کنڈی۔
سَنگلی (ہ/مث) چھوٹی زنجیر۔ گلے میں پہننے کا چاندی کا توڑا۔
سُنگن (ہ/مث) خبر۔ خفیہ بات۔ پوشیدہ خبر۔ کنسوئی۔ کسی بات کا پتہ و نشر۔
سِنگوٹی (ہ/مث) بیلوں کے سینگوں کا غلاف۔ یا پیتل چاندی وغیرہ کا خول جو خوبصورتی کے لیے چڑھا دیا کرتے ہیں۔
سِنگھ (ہ/مذ) شیر۔ اسد۔ راجپوتوں۔ چھتریوں اور سکھوں کے نام کا ایک جزو۔ آسمان کا بُرج۔ اسد۔ نبض۔ ناڑی۔ دیوی کا رتھ۔ بہادر۔ زوردار آور۔
سنگھاڑا (ہ/مذ) ایک مثلث نما خاردار پھل جو تالابوں میں ہوتا ہے اس کا پھول گل نیلوفر کی طرح دواؤں میں کام آتا ہے۔ پھل کھاتے ہیں۔
سِنگھاسن (ہ/مذ) تخت۔ سریر۔ راج گدی۔
سُنگھانا (ہ) دوسرے کے ناک میں خوشبو وغیرہ دینا۔
سَنگی (ہ/مذ) ساتھی۔ ہمراہی۔ رفیق۔
سنگین (ف) منسوب بہ سنگ۔ پتھر کا بنا ہوا۔ وزنی۔ بھاری۔ بوجھل۔

سخت ۔ مضبوط ۔ ٹھوس ۔ سنگین ۔ ایک نکونی نوک دار چھری جو سپاہی لوگ بندوق کے منہ پر چڑھا لیتے ہیں۔
سنگین جرم (ف ع امذ) سخت قصور ۔ بھاری گناہ ۔
سنگین خواب (ف امذ) گہری نیند ۔
سنگین سزا (ف امث) بھاری سزا ۔ سخت سزا ۔
سنگینی (ف امث) سختی ۔ مضبوطی ۔ پائداری ۔ وزن ۔ گرانی ۔ ٹھوس پن ۔
سنمکھ (ہ) مقابل ۔ سامنے ۔ رُو در رُو ۔ کھلم کھلا ۔
سنوار (ہ امث) درستی ۔ اصلاح ۔ سجاوٹ ۔ ترمیم ۔ جیسے مار پیچھے سنوار ہوتی چلی آئی ہے (عورتیں، تعریضاً لعنت اور پھٹکار۔
سنوارنا (ہ) درست کرنا ۔ اصلاح کرنا ۔ آراستہ کرنا ۔ سدھارنا ۔ سزا دینا ۔
سنورنا (ہ) سدھرنا ۔ درست ہونا ۔ ترتیب سے لگنا ۔ بننا ۔ پورا اترنا ۔
سنو تو سہی (ا / محاورہ) ٹھہرو تو ۔ بات تو کرو ۔ صبر تو کرو ۔ خیال تو کرو ۔ سوچو تو ۔
سنہ (ع امذ) سال ۔ برس ۔ سمت ۔
سنہ رواں (ع ف امذ) موجودہ سال ۔ یہ سال جو اب چل رہا ہے ۔
سنہ عیسوی (ع امذ) وہ شمسی سال جو حضرت عیسیٰؑ کی پیدائش سے شروع ہوتا ہے ۔
سنہ ہجری (ع امذ) وہ قمری سال جو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت مدینہ سے شروع ہوتا ہے ۔
سنہرا ۔ سنہری (ہ) سونے کے رنگ کا ۔ روپہلی کی ضد ۔ زریں ۔ طلائی ۔ زرد رنگ ۔ پیلا رنگ ۔
سنی (ع امذ) مسلمانوں کا اہلسنت والجماعت فرقہ ۔
سنی (ا / امث) ایک باریک اور ملائم سن جسے اکثر گدوں میں بھر دیتے ہیں ۔
سنی سنائی (ا / امث) سنی ہوئی بات ۔ ہوائی بات ۔ افواہ ۔
سنیاس (س امذ) ترک ۔ تیاگ ۔ قطع تعلق ۔ جوگ ۔ فقر ۔ ہندو دھرم کا چوتھا آشرم ۔
سنیاسی (س امذ) تارک الدنیا ۔ جوگی ۔ فقیر ۔ آزاد ۔ فقیروں کی ایک جماعت ۔
سنیچر (ہ امذ) ساتواں گرہ ۔ ساتواں ستارہ زحل ۔ جمعہ کے بعد کا دن ۔ شنبہ ۔ ہفتہ ۔ نحوست ۔ بدنصیبی ۔ ادبار ۔
سنیچر آنا (ہ) طالع میں زحل ستارے کا آنا ۔ ادبار آنا ۔ برے دن آنا ۔ بری گھڑی آنا ۔ برا ستارہ آنا ۔ گردش کے دن آنا ۔
سنیہ (ہ امذ) پیار ۔ محبت ۔ لگن ۔ پریت ۔ پریم ۔ الفت ۔ مہر ۔
سنیہی (ہ امذ) پیارا ۔ محب ۔ دوست ۔ چاہنے والا ۔ عاشق ۔ محبت کرنے والا ۔

س - و

سو (ف امث) طرف ۔ جانب ۔ سمت ۔
سوء (ع) برا ۔ بد ۔ نکما ۔ خراب (مؤنث) بدی ۔ خرابی ۔ بلا ۔
سوءِ ظن (ع امذ) بدگمانی ۔ خیال ۔ باطل ۔ برا گمان ۔
سوءِ ہضمی (ع امث) بدہضمی ۔ پیٹ کی خرابی ۔ گرانی ۔
سو (ہ) سیکڑا ۔ سے ۔ پانچ بیسی ۔ صد ۔ ۱۰۰ ۔
سو لبسوے (ہ) بالضرور ۔ یقیناً ۔ لامحالہ ۔ بے شک ۔ غالباً ۔
سو جان سے عاشق ہونا (ا) نہایت فریفتہ ہونا ۔ بالکل محو ہونا ۔

سو جان سے صدقے ⎫
سو جان سے قربان ⎬ (ا / محاورہ) ہر طرح سے قربان ۔ نہایت خوشی میں آکر یہ فقرہ بولا کرتے ہیں ۔ یعنی اگر سو جانیں بھی مجھے ملیں ۔ تو وہ بھی قربان کر دوں ۔
سو جان سے نثار ⎭

سو جتن کیے (ہ / محاورہ) بہت علاج کیے ۔ نہایت کوشش کی ۔ بہت ہی تدبیریں کیں ۔
سو چھپائیں (ہ / محاورہ) کئی طرح پوشیدہ رکھیں ۔ ہر چند چھپائیں ۔
سو حیلے ہزار بہانے (ا / محاورہ) تدبیریں بہت ہیں ۔
سو درتنے (ا / امذ) ظلم و ستم ۔ زیادتی ۔
سو دن چور کی ایک دن سادھ کی (ہ / کہاوت) ہمیشہ ایک ہی شخص کی نہیں چلا کرتی ۔ چور ہمیشہ چوری کر کے سالم نہیں جا سکتا کبھی پکڑا بھی جاتا ہے ۔
سو سو (ہ) بہت زیادہ ۔ بکثرت نہایت ہی ۔
سو سو بل کھانا (ا / محاورہ) بہت زیادہ غصے میں ہونا ۔
سو سو پھیرے کرنا (ا / محاورہ) بہت سے چکر لگانا ۔
سو سو کوس بھاگنا (ہ) بہت دور بھاگنا ۔ الگ رہنا ۔ پرے رہنا ۔
سو سو گھڑے پانی کے پڑنا (ہ) نہایت شرمندہ ہونا ۔ بہت ہی خجل ہونا ۔ ندامت و شرم و حیا کی کثرت سے پسینہ میں غرق ہونا ۔ پانی پانی ہونا ۔
سو سو نام دھرنا (ہ) بہت نکتہ چینی کرنا ۔ نہایت ہی عیب نکالنا ۔ نقص بیان کرنا ۔
سو سیانے ایک ہی مت (ا / مثل) سب عقل مندوں کی رائے ایک ہی ہو گی ۔ ذرا تفاوت نہ ہو گا ۔
سو غلاموں گھر سونا (ا / مثل) اولادِ نرینہ کے بغیر ہزار غلاموں کے ہوتے ہوئے بھی گھر خالی لگتا ہے ۔ بیٹا ایک ہی بقائے نسل کے لیے کافی ہے ۔ غلام ہزار ہوں تو بھی کچھ نہیں ۔
سو کے سوائے (ہ) پچیس فی صد ۔
سو گز پھاڑیں ایک گز نہ واریں (ہ / مثل) ظاہردار اور ریاکار کی نسبت بولا کرتے ہیں ۔ یعنی بظاہر تو محبت جتائیں مگر موقع نقصان کے وقت الگ ہو جائیں ۔
سوآ ۔ یا ۔ سویا (ہ امذ) نہایت باریک پتی دار اور خوشبودار ساگ جو پالک کے ساتھ پکایا جاتا ہے ۔
سوا (ہ) ایک اور اس کا چوتھا حصہ ۔ ایک صحیح ایک بٹا چار ۔

سوا نیزے پر سورج آنا (ف) نہایت گرمی پڑنا ۔ قیامت آنا ۔ آگ برسنا ۔

سُوا (ہ/مذ) بڑی اور موٹی سوئی ۔ ٹاٹ اور بوریاں وغیرہ سینے کی سوئی ۔ جَو اور گیہوں وغیرہ غلّہ کی بال کا نکوا یعنی سا نٹا سا ۔ سبز طوطا جس کی چونچ نہایت سرخ ہو ۔

سِوا (ع) علاوہ ۔ بجز ۔ بغیر ۔ زیادہ ۔ فالتو ۔

سَواد (ہ/مذ) مزہ ۔ ذائقہ ۔ لذت ۔ لطف ۔ خوبی ۔ خوشی ۔ محبت ۔ پریت ۔ لذیذ ۔ خوش ذائقہ جیسے آج کھانا بڑا سوادیلا ہے ۔

سَوَاد (ع/مذ) سیاہی ۔ کالک ۔ دِنگ کی سیاہی ۔ گردونواح جیسے سواد شہر ۔ آس پاس ۔ ذہن ۔ ملکہ ۔ دل کا کالا نقطہ ۔

سوار (ف/مذ) (اسپ آر کا مخفف اور بگاڑ) گھوڑ چڑھا ۔ پیادہ کی ضد ۔ چڑھا ہوا ۔ مست ۔ متوالا ۔ رسالے کا نوکر ۔

سوار ہونا (ف) ڈولی یا گاڑی وغیرہ میں بیٹھنا ۔ چڑھنا ۔ جانا ۔ سدھارنا ۔ رخصت ہونا ۔ آسن جمانا ۔

سوارتھی (ہ) خود غرض ۔ مطلبی ۔ سوارتھ بمعنی مطلب اور یائے فاعلیت سے مرکب ہے ۔

سَواری (ف) گھوڑے پر چڑھنے کا کام ۔ سوار ہونے کی چیز یعنی گھوڑا گاڑی وغیرہ ۔ جلوس ۔ ہمرکاب سوار شدہ ۔ کشتی کا ایک داؤ ۔

سواران آب (ف) پانی کے بلبلے ۔

سواری اُتروالو (ف) کہاروں کی آواز جب وہ سواری لے کر مکان میں پہنچتے ہیں ۔

سواری آنا (ف) تشریف لانا ۔ عورت کا ڈولی وغیرہ میں بیٹھ کر آنا ۔

سواری کسنا (ف) کشتی میں حریف کو دبا کر بیٹھنا ۔

سواگت (س/مذ) خوش آمدید ۔ استقبال ۔ سلام ۔ آداب ۔

سوال (ع/مذ) درخواست ۔ طلبی ۔ مانگ ۔ پوچھ ۔ التجا ۔ آرزو ۔ بنتی ۔ نویدن ۔ عرض ۔ ارداس ۔ گزارش ۔ بھیک کی درخواست ۔ ریاضی میں امتحاناً دریافت ۔

سوال از آسماں جواب از ریسماں (ف/مثل) سوال کچھ اور جواب کچھ ۔

سوال جرح (ع/مذ) (قانون) دلیل توڑنے والا سوال ۔ گرفت کا سوال ۔

سوال حل کرنا (ف) عقدہ کشائی کرنا ۔ مشکل کو کھولنا ۔

سوال رد کرنا (ف/محاورہ) سوال نامنظور کرنا ۔

سوالات (ع/مذ) سوال کی جمع ۔

سُوالی (ع/صفت) سوال کرنے والا ۔ مانگنے والا ۔

سُوآمی (ہ/مذ) مالک ۔ آقا ۔ دھنی ۔ پربھو ۔ پتی ۔ خاوند ۔ خصم ۔ شوہر ۔ راجہ ۔ بادشاہ ۔ پیر ۔ گرو ۔ مرشد ۔ سنیاسی ۔ جوگی ۔ حضور ۔ جناب عالی ۔

سوانا ۔ یا ۔ سوانہ (ہ/مذ) کنارا ۔ ڈول ۔ مینڈھ ۔ انت ۔ جنگل ۔ مزروعہ زمین ۔

سوانح (ع/مذ) سانحہ کی جمع ۔ واقعات ۔ حادثات ۔ حوادث ۔ روئیداد ۔ احوالات ۔ وحشت ناک باتیں ۔ ناگوار واقعات ۔

سوانح عمری (ع/مذ) کسی شخص کی زندگی کے حالات ۔ تذکرہ ۔ لائف ۔ سرگزشت ۔

سوانح نگار (ع ف/مذ) اخبار نویس ۔ وقائع نگار ۔ نامہ نگار ۔

سوانگ (ہ/مذ) نقل ۔ شعبدہ ۔ تماشا ۔ کھیل ۔ کرتوت ۔

سوانگ لانا (ہ) روپ بھرنا ۔ نقل کرنا ۔ راگ گانا ۔ رنگ لانا ۔ کھیل مچانا ۔

سوانگی ۔ یا ۔ سوانگیا (ہ/مذ) سوانگ بھرنے والا ۔ مکار ۔ شعبدہ باز ۔ فریبی ۔

سِوائے (ع) علاوہ ۔ بجز ۔ زیادہ ۔ فالتو ۔ اوپر ۔ بیش ۔

سَوایا (ہ) ایک صحیح ایک بٹا چار ۔ ایک اور چوتھائی ۱¼ ۔ زیادہ بڑھا ہوا ۔ زیادہ ۔

سوبھا (ہ/مث) سجاوٹ ۔ آرائش ۔ خوبصورتی ۔ ٹھاٹ باٹ ۔ رونق ۔ عزت ۔ آبرو ۔

سُوت (ہ/مث) سوتا ۔ پانی کا چشمہ ۔ منبع ۔ دھار ۔ نکاس ۔ نکلنے کی جگہ ۔ دریا کی شاخ جو کسی اور طرف بہ نکلے ۔

سوت جاری ہونا (ہ) چشمہ جاری ہونا ۔

سُوت (ہ/مذ) تاگا ۔ ریشم وہ باریک سا تار جو ترکاری کی بیلوں میں ہوتا ہے ۔ سیدھا خط ۔ سیدھ دیکھنے کا ڈورا ۔ تسو کا سولہواں حصہ ۔

سُوت باندھنا (ہ) سیدھا خط ڈالنا ۔ نشانہ باندھنا ۔ شست باندھنا ۔ سیدھ باندھنا ۔

سُوت بُوٹی (ہ/مث) ایک قسم کا سوئی کا کام ۔ سوزن کاری ۔

سُوت کے بنولے ہو جانا (ہ) بنا ہوا کام خراب ہو جانا ۔

سَوت ۔ یا ۔ سَوتن ۔ یا ۔ سَوکَن (ہ/مث) ایک شوہر کی دو بیبیاں آپس میں سوکن کہلاتی ہیں ۔ پہلی عورت پر جو دوسری بیوی لائی جاوے وہ سوکن ہوتی ہے ۔

سَوت بھلی سوتیلا برا (ہ/مثل) سوکن کی نسبت اس کی اولاد زیادہ خطرناک ہوتی ہے ۔

سُوت پر سُوت اور جلاپا (ہ/کہاوت) ایک تو دشمن موجود تھا ۔ دوسرا اور آگیا ۔ اب مصیبت اور تکلیف اور زیادہ ۔

سَوتا (ہ/مذ) چشمہ ۔ سوت کھاڑی ۔ سوتا ہوا ۔ خفتہ ۔

سوتاپا (ہ/مذ) دو سوتنوں کے درمیان فطری دشمنی ۔

سوتا جاگنا (ہ/محاورہ) سوت کا تیزی سے جاری ہونا ۔

سُوتک (س/مذ) بچہ پیدا ہونے کے وقت کی ناپاکی ۔

سُونتنا (ہ) نچوڑنا ۔ صاف کرنا ۔ ڈور پر مانجھا چڑھانا پتے وغیرہ کھسوٹنا ۔ میان سے تلوار کھینچنا ۔ جذب کرنا ۔

سُوتی (ہ) سُوت کا ۔

سوتی بھڑ یا رارڑ جگانا (ہ) گئے گزرے فساد کو نئے سرے سے اٹھانا ۔ فتنہ بیدار کرنا ۔

سوتے جاگتے منہ دیکھنا (ہ) ہر وقت توقع رکھنا ۔ امید رکھنا ۔ تمنا رکھنا ۔

سوتیلا (ہ) سوکن کا بیٹا۔ سگے کی ضد۔
سوتے مُردے جگانا (ا) نہایت شور و شر مچانا۔ قیامت برپا کرنا۔ شور و غل برپا کرنا۔
سوجا (ہ/مذ) برما۔ چھید کرنے کا آلہ۔ سُوا۔ بڑی سوئی۔
سوجانا (ہ) نیند آجانا۔ سُن ہو جانا۔ خون کی حرکت بند ہو جانا۔
سوجن (ہ/مث) ورم۔ آماس۔
سوجن اُترنا (ا/محاورہ) سوج کم ہونا۔ ورم کم ہونا۔
سوجن چڑھنا (ا/محاورہ) ورم ہونا۔ ورم پھیلنا۔
سوجنا (ہ) سوجن چڑھنا۔ ورم ہونا۔ آماس ہونا۔ پھولنا۔ غصے یا بدمزاجی سے مُنہ پھلائے رہنا۔
سوجھ (ہ/مث) فکر۔ سمجھ۔ بوجھ۔ عقل۔ بینائی۔ نظر۔ جودت۔
سوجھ بوجھ (ہ/مث) عقل۔ سمجھ۔ دُور بینی۔ دُور اندیشی۔
سوجھتا۔ یا۔ سوجھتا بوجھتا (ہ/مذ) فکر۔ اندیشہ۔ صلاح و مشورہ۔ بندوبست۔ انتظام۔ مطلب۔ ڈھنگ۔ مقصد۔ مصلحت۔ بہتری۔
سوجھتا اپنا کرنا (ہ) اپنا سوجھتا کرنا۔ بکثرت بولتے ہیں۔ اپنی مصلحت کا کام کرنا۔ انتظام کرنا۔ بندوبست کرنا۔ دُور اندیشی کرنا۔ اپنی بہتری سوچنا۔
سوجھتا کرنا (ہ) فکر کرنا۔ تدبیر کرنا۔ سوچنا۔
سوجھنا (ہ) دکھائی دینا۔ نظر پڑنا۔ ظاہر ہونا۔ معلوم ہونا۔ خیال آنا۔ سمجھ میں آنا۔
سوجی (ہ/مث) روا۔ گیہوں کی گری۔ سوئی۔ سوزن۔
سوچ (ہ/مث) طہارت۔ پاکی۔ استنجا۔ آبدست۔ صفائی۔
سوچ (ہ/مث/مذ) فکر۔ اندیشہ۔ غم والم۔ رنج۔ غور۔ دھیان۔ توجہ۔
سوچ آنا (ا/محاورہ) تردد پیدا ہونا۔ فکر ہونا۔
سوچ بچار (ہ/مذ/مث) فکر و اندیشہ۔ سوچ فکر۔ سوچ سمجھ۔ غور و فکر۔
سوچ سمجھ (ہ/مث) سوچ بچار۔ غور و فکر۔
سوچ کرنا } (ہ) فکر کرنا۔ غور کرنا۔ سمجھنا۔ چنتا کرنا۔ اندیشہ کرنا۔
سوچنا } غم کھانا۔ خوض کرنا۔ مراقبہ کرنا۔ دھیان لگانا۔ انجام بینی کرنا۔ ذہن نشین کرنا۔
سوچنا (ہ) طہارت کرنا۔ استنجا کرنا۔ آب دست کرنا۔ پانی لینا۔
سوخت (ف/مث) جلن۔ سوزش۔ سوختگی۔
سوختگی (ف/مث) جلن۔ سوزش۔ رنج۔ تکلیف۔ جلاپا۔ غم۔ صدمہ۔
سوختنی (ف/مث) جلنے کے قابل۔ جلنے جوگا۔ جلانے کے لائق۔
سوختہ (ف) جلا ہوا۔ جھلسا ہوا۔ مصیبت زدہ۔ افسردہ۔ پژمردہ۔ دم کیا ہوا اُپلہ یا بجھا ہوا کوئلہ وغیرہ جس میں جلدی آگ لگ جاتی ہے۔ بلاٹنگ پیپر۔ کاغذ جاذب۔ سیاہی چٹ۔
سوختہ بال (ف/صف) بے بس۔ جس کے بال جل چکے ہیں۔

سوختی (ا/مث) رنج۔ دُکھ۔ غم۔
سود (ف/مذ) نفع۔ منافع۔ فائدہ۔ زیاں کی ضد۔ بہتری۔ خوبی۔ عمدگی۔ بھلائی۔ بیاج۔ ربا۔ رلوا۔
سود خوار (ف/مذ) بیاج کھانے والا۔
سود در سود (ف/مذ) بیاج پر بیاج۔ سود مرکب۔
سود مند (ف/صف) مفید۔ فائدہ مند۔
سود (ہ/مذ) بنیوں کی ایک قوم جو اکثر پہاڑی اضلاع میں زیادہ پائی جاتی ہے۔
سودا (ع/مذ) کالا۔ سیاہ۔ چار خلطوں میں سے ایک خلط۔ بلغم سوختہ۔ دیوانہ پن۔ جنون۔ مالیخولیا۔ خیال۔ دُھن۔ دھیان۔ محبت۔ عشق۔ پریم۔ چیز بست۔ اسباب۔ سامان۔ خرید و فروخت۔ مول تول۔ بیوپار۔ معاملہ۔ مرزا محمد رفیع مرحوم کا تخلص ہے۔
سودا اُچھلنا (ا) جوشِ جنون ہونا۔ خفقان کا دورہ ہونا۔ پاگل پن بڑھنا۔
سودا پلٹنا (ا) سودا نہ بننا۔ قیمت طے ہو کر واپس ہو جانا۔
سودا ٹھہرنا } (ا) قیمت چکنی۔ معاملہ طے ہونا۔ بھاؤ تاؤ مقرر
سودا پٹنا } ہونا۔
سودا نہ ہونا (ا) قیمت طے نہ ہونا۔ معاملہ نہ بننا۔
سودا سُلف (ا/مذ) چیز بست۔ کھانے پینے وغیرہ کی چیز۔ خرید و فروخت کرنے کی بازاری چیز۔
سوداگر (ف/مذ) بیوپاری۔ مہاجن۔ تاجر۔
سوداگر بچہ (ف/مذ) تاجر کا بیٹا۔
سوداگری (ف/مث) بیوپار۔ تجارت۔ لین دین۔
سودائی (ع/مذ) سڑی۔ پاگل۔ مجنون۔ خبطی۔ احمق۔
سوداوی (ع) سودا کی خلط کی زیادتی والا۔ غمگین۔
سوداوی مزاج (ع/مذ) وہ آدمی جس کے مزاج میں سودا کی خلط زیادہ ہو۔
سودھا (ہ) سیدھا۔ صاف۔ سچا۔ راست گو۔ سادہ دل۔ بھولا بھالا۔
سودھن (ہ/مذ) تہذیب۔ شائستگی۔ پاکیزگی۔ دُرستی۔ اصلاح۔
سودھی (ا/مذ) پاک۔ صاف۔ عمدہ۔ مقدس۔ کھرا۔ سچا۔ اُجلا۔ نفیس۔ بہت اچھا۔
سودی (ف) بیاجو روپیہ۔ وہ روپیہ جو بیاج پر لیا جائے۔
سودی چلانا (ا/محاورہ) روپیہ بیاج پر چلانا۔
سودی کاروبار (ف/مذ) وہ کاروبار یا تجارت جس میں بیاج کا لین دین ہو۔
سوڈا (انگریزی/مذ) ایک قسم کی سجی مٹی۔ سوڈیم دھات کا کھار۔
سوڈان۔ بر اعظم افریقہ کا ایک مسلمان ملک ہے خرطوم دار الحکومت ہے۔ نائیجر۔ سینی گال۔ گیمبیا۔ چاروں دریا اسے سیراب کرتے ہیں۔
سوڈھی (ہ/مذ) چھتریوں کی ایک قوم جو اپنے تئیں گورو نانک صاحب کی اولاد بتاتے ہیں۔

سُور (ہ) سُورما - بہادر - دلیر - غازی مرد - شجاع -
سُور بیر (ہ) جواں مرد - بڑا بہادر - جودھا - بڑا سُورما -
سُؤر - یا - سُوَر (ہ امذ) بد - گراز جانور - خُوک - خنزیر - حرامزادہ - نہایت شریر - ایک نہایت بڑی گالی -
سُور گھنیٹا (ہ امذ) سُور کا جنا - سُؤر کا بچہ -
سُور (ف امذ) خوشی - شادی وشادمانی - جشن - گھوڑے، خچر یا اُونٹ کا سیاہی مائل خاکی رنگ - سُرخ اور لال رنگ -
سُور (س امذ) عالم فاضل - پنڈت - سُورج - آفتاب - سرسوں -
سُورداس (ہ امذ) نابینا - ایک بڑے فاضل شاعر اور گویے کا نام - یہ نابینا تھا - اس لیے تعظیماً ہر اندھے کو ہندو سُورداس کہہ دیتے ہیں - جیسے مسلمان حافظ کہہ دیتے ہیں -
سُورا - یا - سوہرا (ہ امذ) سُسرا - سُسر -
سُوراج (س امذ) اپنا راج - حکومت خود اختیاری - ہوم رول -
سُوراخ (ف امذ) چھید - روزن - بل - رخنہ - درز - دراڑ - جھری - مُنہ - دہان - ہوکھا - موری - مسام - گھر - خانہ -
سُوراخ دار (ف اصف) جس میں سوراخ ہو - چھید ہو -
سُورت (ع امذ) قرآن شریف کا کوئی حصہ - باب - (صحیح سُورۃ) ہے -
سُورت (ہ امذ) ہندوستان کے ایک بڑے شہر اور بندرگاہ کا نام ہے جو احاطہ بمبئی میں ہے -
سُورج (ہ امذ) آفتاب - مہر - شمس - خورشید - دُھوپ - آفتاب کی روشنی -
سُورج چھپنا (ا ر مص) سُورج کا پوشیدہ ہونا -
سُورج ڈوبنا (ہ) آفتاب کا غروب ہونا - سُورج کا چھپنا -
سُورج کو چراغ دکھانا (ہ) سیانے کو عقل بتانا - لقمان کو حکمت سکھانا - فضول اور عبث کام کرنا -
سُورج گرہن - یا - سُورج گہن (ہ) کسوف چاند کا زمین اور سُورج کے درمیان حائل ہو کر سُورج کی روشنی کو زمین پر نہ آنے دینا -
سُورج منڈل - یا - سُورج گروہ (ہ امذ) سُورج کی ٹکیہ - قرص خورشید -
سُورج مُکھی (ہ امث) ایک قسم کا نہایت زرد رنگ کا پھول جو اپنا رُخ سُورج کی طرف رکھتا ہے - آفتاب پرست -
سُورگ (س امذ) اندرلوک - بہشت - جنت - دیوتاؤں کے رہنے کی جگہ -
سُورما (ہ) بہادر - شجاع -
سُورما چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا (ہ اشل) ایک بہادر بہت سے لوگوں پر غالب نہیں آ سکتا -
سُورن (ہ امذ) سونا - کنچن - ایک قیمتی زرد رنگ کی دھات جس سے زیور بناتے ہیں -
سُورن کی کایا (ہ امث) سونے جیسا جسم - خوبصورت بدن - حسین و جمیل - نہایت خوشنما جسم -

سورنجان (یونانی) ایک جڑی بوٹی کا نام جسے جنگلی سنگھاڑا بھی کہتے ہیں -
سُورنی (ہ امث) خنزیر کی مادہ - مجازاً بہت سے بچے دینے والی عورت -
سُورہ (ہ امذ) دیکھو سورت بمعنی پارۂ قرآن -
سُوری (ف امذ) گلاب کی قسم کا ایک خوشبو دار پھول -
سوریابان (ف امذ) آفتاب گیری -
سُوڑ (ہ امث) گدڑی - لحاف - رضائی -
سُوڑیا - سوبڑ (ہ امث) نفاس - بچہ پیدا ہونے کی ناپاکی -
سُوڑنا (ہ) قمچی سے مارنا - چابک مارنا - کوڑے سے مارنا -
سوز (ف امذ) جلن - سوزش - تپش - سوختگی - دُکھ - درد - رنج - غم - سوگ - مرثیہ پڑھنے کا ایک خاص ڈھنگ - منشی محمد میر ولد ضیاء الدین کا تخلص ہے -
سوز خواں (ف اصف) طرز اور لے سے مرثیہ پڑھنے والا -
سوز وساز (ف امذ) رنج و راحت -
سوزاک (ف امذ) حرقت البول - ایک بیماری جس میں پیشاب جلن سے آتا ہے -
سوزش (ف) جلن - سوختگی -
سُوزن (ف) سُوئی - کپڑے سینے کا اوزار -
سُوزنی (ف امث) ایک قسم کا روئی دار بستر جس میں ٹکڑوں کی جگہ پھول دار سلائی ہوتی ہے -
سُوس (ع امث) ملیٹھی - خوک آبی - ایک قسم کا مگرمچھ - گھڑیال -
سُوسلا (ف امذ) پھونس یا کانٹوں وغیرہ کا بندھا ہوا مٹھا شہد کی مکھیوں کو شہد کے چھتے پر سے ہٹانے کا دھوآں پہنچانے کا کوچلا -
سُوسلا رہنا (ہ) سو رہنا - پڑ رہنا -
سُوسمار (ف امذ) گوہ - ایک جنگلی جانور -
سوسن (ف امث) ایک آسمانی رنگ کا خوبصورت پانچ پنکھڑیوں والا پھول -
سوسنی (ف امث) آسمانی - نیلگوں -
سُوسی (ہ امث) ایک قسم کا رنگین دھاری دار کپڑا -
سوشل (انگریزی امث) ملنسار - معاشرتی - تمدنی -
سوشلسٹ (انگریزی امث) یورپ کا وہ فرقہ جس کا یہ دعویٰ ہے کہ دنیاوی بود و باش میں امیر و غریب کا فرق کیوں ہے -
سوغات (ت امث) عمدہ چیز - نرالی چیز - تحفہ - ہدیہ - رہ آورد -
سوفتہ (ا امذ) فرصت - مُہلت - مرض کی کمی - افاقہ - (ہندی لفظ سیتا کا بگاڑ)
سوفسطائی (یونانی امذ) خدا کے منکر اور وہم پرست حکماء کا گروہ -
سُوک (ہ امذ) زہرہ ستارہ -
سُوک (ہ امث) سوکن کا مرخم ہے -

سُوکا (ہ / مذ) پاؤلا - روپے کا چوتھا حصّہ -
سوکا (ہ ، بواؤ مجہول / مذ) خشک سالی - اِمساک باراں - اولوں کی ماری فصل -
سوکا پڑنا (ہ) قحط پڑنا - خشک سالی پڑنا - کال پڑنا -
سوکنا }
سوکھنا } (ہ) بواؤ مجہول - جذب کر جانا - پی جانا - چڑھا جانا -
سُوکھا (ہ / مذ) خشک - بے نم - بلا رطوبت - (گیلا کی ضد) تپلا - دُبلا - لاغر - رُوکھا - بن لاون کا - خشک تمباکو - بھنگ - بنگ -
سُوکھا ٹالنا (ہ) نامراد واپس کرنا - خشک جواب دے دینا - صاف انکار کر دینا -
سُوکھا جواب (ہ / مذ) کورا جواب - خشک جواب - صاف انکار -
سُوکھا سَہما (ا / صفت) دُبلا پتلا - لاغر - نحیف -
سُوکھا لگنا (ہ) لاغر و کمزور ہو جانا - تپ دِق ہو جانا - سِل کی بیماری لاحق ہونا -
سُوکھ کر کانٹا ہو جانا } (ہ) نہایت لاغر ہونا -
سُوکھ کر قاق ہو جانا } بہت ہی دُبلا ہو جانا -
سُوکھ کر ہڈ ہو جانا } کمزور و ناتواں ہو جانا -
سُوکھ کر لقات لگنا } سُوکھ کر تِنکا ہو جانا -
سُوکھنا (ہ) بواؤ معروف - خشک ہونا - سکڑنا - دُبلا ہونا - دیر لگنا - جیسے بیٹھا بیٹھا سوکھ گیا - بے نم و رطوبت ہونا -
سُوکھے ٹکڑوں پہ کوّوں کی مہمانی (ہ) کہاوت نادار ی کی حالت میں شیخی کی نمود - غریبی میں شیخی -
سُوکھے دھانوں پہ پانی پڑنا (ہ) از سرِ نو زندگی حاصل کرنا - جان پڑنا - مراد بر آنا - آبِ رفتہ بجو آمدن کا ترجمہ ہے -
سُوکھے ساون نہ ہرے بھادوں (ہ / کہاوت) ہمیشہ بے فیض - ہر وقت یکساں کنگال -
سُوکھے گھاٹ اُتارنا (ہ) مایوس رکھنا - نا اُمید رکھنا - بالکل ٹال دینا -
سُوکھی (ہ / مث) خشک چیز - رُوکھی - دُبلی پتلی - لاغر - کمزور -
سُوکھی اَلفَق (ا / مث) دُبلی پتلی عورت -
سُوکھی چپاتی کرنا (ہ) پانی پیے بغیر کھانا کھانا - کھانا کھاتے وقت پانی نہ پینا -
سُوکھی روٹی (ا / مث) خشک روٹی بغیر سالن کے - سُوکھی روٹی -
سُوکھی سُنانا (ہ) صاف انکار کرنا -
سُوکھی کھانسی (ا / مث) خشک کھانسی جس میں بلغم نہ نکلے -
سو کی ایک بات کہنا (ہ) مختصر سی بات کہنا - نہایت مختصر مگر کام کی بات کہنا -
سوگ (ہ / مذ) (بواؤ مجہول) ماتم - غم والم - مصیبت - فکر - سوچ - چنتا - سیاپا - بلاپ - مُردے کا ماتم -
سوگ اُتارنا (ہ) ماتم دُور کرنا - سوگ اُٹھانا -
سوگوار (ف / مذ) مغموم - غمزدہ - غمگین - ماتمی -

سوگند (ف / ہ / مث) قسم - سَوں - اِقرار - عہد - حلف -
سُول (ہ / مث) کانٹا - خار - برچھی یا تیر کی نوک - دردِ شکم - پیٹ کا درد - چبھن - ہول - تیر سُول -
سِول (انگریزی) اِنتظامی - مالی - دیوانی - سنجیدہ - مہذب - بھلا مانس - ملنسار - تعلیم یافتہ - ملٹری - یعنی فوجی کی ضد -
سِول جج (انگریزی / مذ) دیوانی مقدمات کا فیصلہ کرنے والا حاکم - لین دین اور باہمی معاملات کے فیصلے کرنے والا منصف - قاضی -
سِول سٹیشن (ا / مذ) آبادی کا وہ حصّہ جہاں سول افسر رہتے ہوں -
سِول سرجن (انگریزی / مذ) وہ سرکاری ڈاکٹر جو ہر ضلع کے ہسپتالوں کا نگران ہوتا ہے -
سِول سروس (انگریزی / مث) مُلکی ملازمت کی ایک شاخ -
سِول کورٹ (انگریزی / مث) عدالتِ دیوانی - لین دین کے مقدمات سُننے والی عدالت -
سولہ (ہ / بواؤ مجہول) اسم عدد - دس اور چھ - شانزدہ ، ۱۶ -
سولہ سنگار (ہ / مذ) ہندوستانی عورتوں کی اعلیٰ درجے کی جسمانی سجاوٹ ہے - جو پرلے درجے کی سجاوٹ سمجھی جاتی ہے - مثلاً کنگھی - سُرمہ - مسّی - مہندی - کاجل - مانگ پوڈر - گہنا - بیڑا - چوڑی - چھلّے وغیرہ -
سولھواں (ہ) عددِ ترتیبی - سولہ سے نسبت رکھنے والا - سولہ کے نمبر کا -
سولہی (ہ / مث) ایک قسم کا کھیل جو سولہ کوڑیوں سے کھیلا جاتا ہے -
سُولی (ہ / مث) دار - پھانسی -
سُولی پانا (ا / محاورہ) سولی کی سزا ملنا - مارا جانا -
سُولی پر بسر ہونا (ا / محاورہ) کمال اضطراب اور بے چینی میں بسر ہونا -
سُولی پر جان ہونا (ہ) سخت تکلیف میں ہونا - بڑی مصیبت میں گرفتار ہونا -
سُولی پر چڑھانا (ہ) پھانسی پر چڑھانا - دار پر کھینچنا - سخت تکلیف دینا - تنگ کرنا - نہایت دِق کرنا -
سُولی کا ٹکڑا دکھانا }
سُولی پر کی روٹی کھانا } (ہ) بڑی جان جوکھوں یا سخت مصیبت کی روٹی کھانا - جان جوکھے کی روٹی کھانا -
سولی پر بھی نیند آجاتی ہے (ہ / محاورہ) نیند وہ بلا ہے کہ مصیبت اور خطرہ کی بھی پروا نہیں کرتی - مصیبت کی جگہ بھی آجاتی ہے -
سُولی پر کٹنا (ہ) نہایت مصیبت میں اوقات گزرنا -
سُولی پر کھینچنا (ا / محاورہ) سُولی کی سزا دینا -
سولی چڑھانا - یا - سُولی دینا (ہ) پھانسی دینا - پھانسی پر لٹکانا - مارنا - جان لینا -
سُوم (ہ) کنجوس - بخیل - مُمسک - شُوم - بدبخت -
سُوم (س) بواؤ مجہول - چاند - قمر - ماہ - ماہتاب - چندرماں - ایک بوٹی کا نام - مَلک الموت -

سومتی - یا - سوم وتی - یا - سموتی اوس (ہ/مث) پہلے پاکھ کا پندرھواں دن جو پیر کے دن آ کر پڑے - اور اسوج کے مہینے میں ہو تو تھانیسر کے مقام پر میلہ لگتا ہے -

سوموار (ہ/مذ) چاند کا دن - پیر کا دن - دوشنبہ -

سوم (ف) اسم عدد - تیسرا - ثالث - تیسرے دن کی فاتحہ - تیجا -

سوں (ہ/مث) سوگند کا مخفف - قسم - عہدہ - اقرار - حلف -

سُوں (ہ/مث) خاموشی - چپ - سانس - دم - نفس -

سُوں کھینچنا } (ہ) چپ رہنا - خاموشی اختیار کرنا - دم کو روک کے رکھنا - چپ سادھنا - خاموش ہو رہنا -
سُوں کی لینا }

سونا (ہ/مذ) ایک قیمتی وزنی زرد رنگ کی دھات کا نام - طلا - کندن - کنچن - سورن -

سونا اُچھالتے چلے جاؤ (ہ/کہاوت) نہایت عدل اور امن کی تعریف میں کہتے ہیں -

سونا جانے کسے آدمی جانے بسے (ہ/کہاوت) سونا کسوٹی پر رگڑنے سے اور آدمی پاس رہنے سے پہچانا جاتا ہے کہ کھرا ہے یا کھوٹا -

سونا چھوئے مٹی ہوتا ہے (ہ/مثل) ہے - کمال بدبختی اور بد اقبالی ہے یعنی نحوست پرلے درجے کی ہے - ہر بات کا اُلٹا اثر ہوتا ہے -

سونا چاندی (ہ/مث) مال دولت - پیسہ وغیرہ -

سونا (ہ) نیند لینا - آنکھ لگنا - آرام کرنا - ہم بستر ہونا - مرنا - ملکِ عدم کو جانا -

سونا سوگند ہو جانا (ہ) نیند نہ آنا - نیند لینا - قسم میں داخل ہو جانا - بالکل نہ سونا -

سُونا (ہ/مذ) خالی - اکیلا - تنہا - ویرانہ - تہی جیسے سُونا گھر (بحالت تانیث) اس کا الف یائے معروف سے بدل جائے گا - جیسے سُونی بستی -

سونا کسانا (اردو/محاورہ) سونا پرکھنا - سونے کی جانچ کرانا -

سونا گھر بھڑوں کا راج (ہ/مثل) - جب کوئی لائق نہ ہو تو بُروں کا زور ہو جاتا ہے -

سونا گھسے آدمی بسے (اردو/مثل) سونا کسوٹی پر گھسنے سے اور آدمی کے ساتھ مدت تک رہنے سے اس کی اصلیت معلوم ہوتی ہے -

سُونا ہو جانا (ہ) خالی ہو جانا - بے رونق ہو جانا -

سونا مکھی (ہ/مث) ایک دوا کا نام ہے -

سونپ سانپ دینا (اردو/محاورہ) کوئی چیز کسی کے حوالے کر دینا -

سونپنا (ہ) حوالے کرنا - سپرد کرنا - چارج دینا - امانت رکھنا - کسی کے اعتبار پر چھوڑنا -

سونٹا (ہ/مذ) ڈنڈا - لٹھ - عصا - جریب -

سونٹھ (ہ/مث) خشک ادرک - زنجبیل - نادر چیز - عمدہ چیز - حقیر چیز -

سونٹھ لبانا (ہ) کوئی قیمتی چیز خریدنا - زچہ خانے کی چیزیں خریدنا -

سونٹھ کی ناس لینا } (ہ) چپ سادھنا - خاموش ہونا - برداشت کرنا - تحمل کرنا - گونگے کا گڑ کھانا - سخت برداشت کرنا -
سونٹھ کے لڈو کھانا }

سونٹھ پانی (ہ/مذ) زیرے وغیرہ کا ترش پانی - کانجی کا ہاضم پانی -

سونٹھ پنجیری (ہ/مث) زچہ خانے کی مقوی اور عمدہ خوراک جو سونٹھ - گھی - میدہ ملا کر خشک بناتے ہیں -

سُونٹھ سی نگلنا - یا - سونٹھ نگلنا } (ہ) صدمہ یا چوٹ کی برداشت کرنا - تحمل کرنا - خاموش ہو رہنا - چپ ہو رہنا - ضبط کر کے بیٹھ رہنا -
سونٹھ ہو رہنا }

سونٹھیا (اردو/صف) بخیل - کنجوس -

سونٹھے سے (ہ) بلا سے - ٹھینگے سے - کیا پروا ہے -

سوندھا (ہ) کورے برتن یا مٹی کی سی خوشبو والا - خوشبودار - آگ میں بھنا ہوا پھل - خوشبو - مہک - ایک مرکب خوشبو کا مسالا -

سوندھاپن - یا - سوندھاہٹ (ہ) مذ مذکر مث مؤنث تازے بھنے ہوئے چنوں کی سی - یا - کوری مٹی کی سی خوشبو -

سوندھنا (ہ) ملانا - گوندھنا - مٹھنا - دھونے کے واسطے کپڑوں کو ملنا -

سوندھی (ہ/مث) ریہہ جس سے دھوبی میل کاٹتے ہیں - کھار - سجی - کپڑے بھگونے کی بڑی ناند -

سوندھی (ہ/مث) پکی کچری - سیندھ - چھوٹی قسم کی پھونٹ - کوری مٹی کی خوشبو والی چیز -

سُونڈ (ہ/مث) ہاتھی کی ناک - خرطوم - ہاتھی کا ہاتھ -

سُونڈا (ہ/مث) ایک لمبی ناک والا کیڑا جو چنوں کے سبز پودوں اور طاقوں کو کھا جاتا ہے - بڑی سی ناف - بڑھی ہوئی ناف -

سُونڈ کا (ہ/مذ) ہدو - کہان - باربرداری کے حیوانوں کی کاٹھی - زین -

سُونڈی (ہ/مث) چنوں کو لگ جانے والا کیڑا - ناف - ٹونڈی - شراب کھینچنے والا -

سُوں سُوں کرنا (ہ) ناک سے سانس لینا - ہانپنے کی آواز -

سُونسنا (اردو/مص) صبر کرنا -

سونف (اردو/مث) بادیان - ایک مشہور دوا کا نام -

سُونگھا (ہ/مذ) بوگیر - شکاری کتا (مجازاً) جاسوس - بھیدی - کھوجی -

سُونگھنا (ہ) بو لینا - مہک معلوم کرنا - باس لینا -

سُونگھنی (ہ/مث) ہلاس - نسوار - باس -

سونے پر سہاگا ہونا (اردو/محاورہ) کسی خوبی میں بڑھ کر ہونا -

سونے سے گھڑاون مہنگی - یا - سونے سے گھڑائی مہنگی (ہ/مثل) اصل قیمت سے مزدوری زیادہ -

سونے کا توڑا (اردو/مذ) طلائی زنجیر جو پاؤں میں پہنتے ہیں -

سونے کا ڈلا (د/مذ) سونے کا بڑا ٹکڑا۔
سونے کا نوالا (ہ/مذ) قیمتی خوراک۔ لقمۂ چرب۔ تر مال۔
سونے کی چڑیا (ہ/مث) دولت مند۔ دھن وان۔ دولت۔ مال۔ سیم و زر۔ بیش قیمت چیز۔ نایاب چیز۔
سونے کی چڑیا ہاتھ آنا (ہ) کسی بے وقوف دولت مند کا داؤ میں پھنسنا۔ دولت مند کا قابو میں آنا۔
سونے کے سہرے بیاہ ہو (د) (عورتیں) دُعائے خیر۔ خدا دولت و اقبال نصیب کرے۔ بیاہ میں پھولوں کی جگہ سونے کا سہرا بندھے
سونے کی کٹاری کوئی پیٹ میں نہیں مارتا (ہ/مثل) دولت یا لالچ کی خاطر جان نہیں دی جاتی۔
سونے میں پیلی اور موتیوں میں سفید ہو (ہ) دُعائے خیر۔ (عورتیں) بکثرت زر و جواہرات کا گہنا پہنے۔
سونے میں سہاگا۔ یا۔ سونے پر سہاگا (ہ/محاورہ) باعثِ آرائش و جلا۔ سریع الاثر (مجازاً) ایماندار نوکر۔ تیر بہدف کام۔
سُونی (ہ/مث) سُونا کی تانیث۔ خالی۔ ریتی۔ ویران۔ سنسان۔
سُونیا (ہ/مذ) فال بیان کرنے والا۔ شگون بتانے والا کاہن۔ پیشین گو۔ فالیا۔ ساونیا کا مخفف۔
سونیا (ہ/مذ) راکھ میں دھو کر نکالنے والا۔ نیاریا۔
سوہا (ہ) سُرخ۔ قرمزی۔ بھیروں راگ کی ایک راگنی۔ طوطا۔
سوہان } (ف/مذ) ریتی۔ لکڑی صاف کرنے کا خار دار آلہ۔
سوہن }
سُوہانِ رُوح (فع/مذ) رُوح کو دُکھ دینے والا۔ تکلیف دِہ۔ آزار رساں۔
سوہرا (ہ/مذ) سُسرا۔ سُوسرا۔ خُسر۔
سوہنا (ہ) سجنا۔ زیب دینا۔ اچھا دکھائی دینا۔ موزوں ہونا (مذکر) خوبصورت۔ سُندر۔ سجیلا۔ موزوں۔
سوہنی (ہ/مث) جھاڑو۔ جاروب۔ بہاری۔ خوبصورت عورت۔ سُندر نار۔ پنجاب کی ایک معشوقہ کمہاری ساکن گجرات کا نام بھی ہے۔ جو مہینوال کی معشوقہ تھی۔
سوہی۔ یا۔ سوئی (ہ) وہی۔ جو ہی۔ ویسا ہی۔
سوئی (ہ) کپڑا سینے کا اوزار۔ سوزن۔ ترازو کا کانٹا۔ زبانِ ترازو۔ پودے یا اناج کی روئیدگی کی نوک۔ کانٹا۔ خار۔ گھڑی یا کمپاس وغیرہ۔ سُوئی جو متحرک ہوتی ہے۔
سوءِ المزاج (ع) مرض۔ بیماری۔
سوئے ظنی (ع) بدگمانی۔
سوئی کے ناکے سے اونٹ نکالنا } (د) ناممکن بات کر دکھانا۔
سوئی کے ناکے میں سے سب کو نکالنا } دانائی دکھانا۔ قدرت کے
سوئی کے ناکے سے خدائی کو نکالنا } زور کا اظہار کرنا۔ سلیقہ دکھانا۔
سویا اور چوکا (ہ/مثل) غافل ہوا اور دھوکا کھایا۔ غفلت کی اور خطا کھائی۔
سُوَیّاں (ہ/مث) سیویاں۔ ایک قسم کی خوراک کا نام۔

سُوَیّاں چھیلنا (د/محاورہ) سویّوں کو سوکھنے کے لیے پھیلانا۔
سویپ (انگ/مذ) تاش کا ایک کھیل۔
سوویٹ (روسی/مذ) پنچایت۔ کونسل۔ مجلس۔
سویٹر (انگ/مذ) موٹا اونی بنیان۔
سُوَیدا (ع/مذ) وہ نقطۂ سیاہ جو دل پر ہے۔
سویڈن۔ یورپ میں ہے۔ گندھک بہت ہوتا ہے۔ جنگل بہت ہے دیا سلائیاں یہاں بنتی ہیں۔ سٹاک ہالم دار الحکومت ہے۔
سُویر (ہ) اوّل۔ پہلے۔ اوّل وقت۔ اویر کی ضد۔
سَویرا (ہ/مذ) اوّل وقت۔ صبح۔ تڑکا۔ طلوعِ آفتاب سے پہلا وقت۔ دِن۔ روز۔
سویز۔ یہ نہر بحیرۂ رُوم اور بحیرۂ قلزم کو ملاتی ہے ۱۸۶۹ء میں تیار ہوئی تھی۔ اس پر دو کروڑ پونڈ صرف ہوئے تھے۔ شمالی کنارے پر پورٹ سعید ہے جنوب پر بندرگاہ سویز۔ سالانہ پانچ ہزار جہاز گزر جاتے ہیں۔
سویمبر۔ یا۔ سوامبر (ہ/مذ) ہندوؤں کی وہ رسم معروف جس میں لڑکی اپنے لیے اپنا بر خود تلاش کرے (سویم بمعنی خود اور بر بمعنی خاوند سے مرکب ہے)
سویمبر رچنا (ہ) انتخابِ شوہر کی مجلس منعقد ہونا۔
سویمبرا (ہ/مث) خاوند انتخاب کرنے والی لڑکی۔
سوئیوں ناج پرونا (ہ) سخت بخل کرنا۔ نہایت کنجوسی کرنا۔

س ہ

سِہ (ف) اسمِ عدد۔ تین۔ ثلاث (۳)۔
سہ برگہ (ف/مذ) تین پنکھڑیوں کا پھول۔ ٹوپیوں پر بنائی ہوئی تپتی۔
سہ چند (ف) تین گنا۔ تگنا۔
سہ شنبہ (ف/مذ) اتوار سے تیسرا دن یعنی منگل کا دن۔ منگل وار۔
سہ کرّہ (ف) تیسری دفعہ۔ تبارا۔ تیسری مرتبہ۔
سہ ماہی (ف) سال کا چوتھا حصّہ۔ تین مہینے کا عرصہ۔ ہر تیسرا مہینہ۔
سہ منزلہ (فع/مذ) تین درجوں والا مکان۔ اوپر نیچے تین کھنڈ کا مکان۔
سُہا (ع/مذ) بنات النعش کا ایک چھوٹا سا ستارا۔
سہانا (ہ) مرغوبِ طبع۔ دل پسند۔ من بھاتا۔ پیارا۔ گنگنا۔ شیر گرم۔ نیم گرم۔
سَہار (ہ/مث) برداشت۔ تحمل۔ سمائی۔ صبر۔
سَہارا (ہ/مذ) بھروسہ۔ وسیلہ۔ مدد۔ آسرا۔ اُمید۔ توقع۔ تقویت۔ آڑ۔ ٹیکن۔

سہارا پانا (ہ) تقویت پانا - مدد پانا -
سہارا دینا - یا - لگانا (ہ) مدد دینا - سنبھالنا - روکنا - ٹیک لگانا - حمایت کرنا -
سہارا تکنا - یا - ڈھونڈنا (ہ) مدد ڈھونڈھنا - وسیلہ تلاش کرنا -
سہارا لینا (ہ) وسیلہ دیکھنا -
سہارا ٹوٹنا (ار / محاورہ) آس ٹوٹنا -
سہارا کرنا (ار / محاورہ) وسیلہ کرنا - ذریعہ کرنا - کنایتہً نوکر رکھوانا -
سہارنا (ہ) برداشت کرنا - تحمل کرنا - سہنا - تھامنا - روکنا - گوارا کرنا -
سُہاگ (ہ / مذ) خوشحالی - خوش نصیبی - اقبال مندی -
عورت کے لیے خاوند کی حیات کا زمانہ - پیار اخلاص محبت موافقت -
لاڈ چاؤ - ایک خاص قسم کے گیت کا نام بھی ہے - ایک عطر کا نام ہے - سو بمعنی نصیب سے مرکب ہے - سامانِ آرائش یعنی نتھ - چوڑی وغیرہ -
سُہاگ اُترنا (ہ) بیوہ ہونا - رانڈ ہونا - نتھ اُترنا - چوڑیاں ٹوٹنا -
سہاگ رات (ہ / مث) بیاہ کی پہلی رات - دولہا دلہن کی ہم بستری کی پہلی شب - شبِ زفاف -
سُہاگ گھوڑی (ہ / مث) شادی کے گیت -
سہاگ گہرا ہونا (ار / محاورہ) میاں بیوی میں بہت محبت ہونا -
سُہاگ کُہر (ہ / مث) خوشگوار ہوا - صبح کی ہوا - نسیم صبا -
سُہاگا (ہ / مذ) تنکار - ایک قسم کے کھار کا نام جس سے سونا چاندی پگھلاتے ہیں - اور نکھارنے کا کام لیا جاتا ہے (۲) تختہ جو کھیت کی مٹی ہموار کرنے کا پٹڑا - جندرا -
سُہاگن (ہ / مث) (سو بمعنی خوش - بھاگ بمعنی نصیبہ سے مرکب ہے اور "ن" تانیث کا ہے) خاوند والی - شوہر دار - وہ عورت جس کا خاوند زندہ ہو -
سُہال (ہ / مذ) ایک قسم کی نہایت خستہ اور میٹھی تلی ہوئی روٹی -
سُہالی (ہ / مث) خستہ - میٹھی تلی ہوئی کچوری -
سُہالگ (ہ / مذ) ہندؤں کے بیاہ کا مبارک زمانہ - سا (سہ بمعنی ساتھ اور لگن بمعنی جوگ)
سُہالگ چمکنا (ہ) خوب شادیاں ہونا - بکثرت بیاہ ہونا -
سِہام (ع / مذ) تیر - بان - خدنگ - چھتے - ٹکڑے -
سُہانا - یا - سہاونا (ہ) خوشگوار - گوارا - من بھاتا - خوبصورت - دل پسند -
سوہنا - نیم گرم - گنگنا - بھانا - پسند آنا - پیارا لگنا - مرغوب ہونا - پھبنا -
سُہانا سایہ ڈھلنا (ہ) سرِ شام کا وقت - دونوں وقت ملنا - جھٹ پٹا ہونا -
سہاول (ہ / مذ) (دیکھو ساہل)
سہائے (ہ / مذ) مدد - سہارا - حمایت - یاوری - معاون - مددگار - یاور -
سہائے کرنا (ہ) مدد کرنا - سہارا دینا - بچانا - آڑے آنا -
سہائی (ہ / مذ) مددگار - معاون - یاور - حمایتی -
سہنا سہنا (ہ) سہارنے کے لائق - قابل برداشت -

سہج (ہ / مذ) آہستہ آسان - سہل - ہولے سے -
سہج سہج - یا - سہج سے (ہ) آہستہ آہستہ - آرام سے - سہل سے -
سہج پکے سو میٹھا ہو (ار / مثل) آہستہ اور اطمینان کا کام بہتر ہوتا ہے -
سہج سا (ہ / صف) آسان -
سہج میں (ار / متعلق فعل) نرمی سے - آسانی سے -
سہرا (ہ / مذ) وہ پھولوں یا موتیوں کی لڑیاں جو بیاہ کے روز دولہا کے سر پر باندھتے ہیں - وہ نظم جو شادی کے موقع پر سہرا باندھتے وقت شاعر پڑھا کرتے ہیں -
سہرا باندھنا (ار / محاورہ) دولہا بننا -
سہنسر (س) اسم عدد - ہزار الف - ایک سو کا دس گنا -
سَہل (ع) نرم اور ہموار زمین - اصطلاح میں نرم - آسان -
سہل انگار (ع ف) آسان سمجھنے والا - غافل - کاہل -
سہل انگاری (ع ف / مث) غفلت - سستی - کاہلی - حیلہ جوئی -
سہلانا (ہ) ہولے ہولے ہاتھ سے گدگدانا - خوشامد کرنا - پچکارنا - چمکارنا -
سہم (ف / مذ) ڈر - خوف - ترس - بیم - بھے -
سہم جانا (ف) ڈر جانا - خوف کھا جانا -
سہما (ف) ڈر والا - خوف زدہ - ترساں - بیم ناک -
سہما سہما (ہ) خائف - ڈرتا ڈرتا -
سہمنا (ہ) ڈرنا - خوف کھانا -
سہنا (ہ) برداشت کرنا - سہارنا - جھیلنا - صبر کرنا -
سہو (ع / مذ) بھول - چوک - غلطی - لغزش - غفلت -
سہواً (ع) بلا ارادہ - بھولے سے - غفلت سے - بھول کر -
سہولت (ع / مث) آسانی - نرمی - آہستگی -
سہی - یا - سہیٔ (ہ) ٹھیک - بجا - درست - منظور - قبول - مان لیا - مانا - فرض کیا -
سہیل (ع / مذ) ایک نہایت چمک دار ستارے کا نام ہے جس کے طلوع سے ملک یمن میں چمڑا خوشبودار ہو جاتا ہے اور حشرات الارض تمام مر جاتے ہیں -
سہیلی (ہ / مث) ساتھن - سکھی - آلی - ہیلی - مصاحبہ - رفیقہ - (سہ بمعنی ساتھ اور آلی بمعنی رفیقہ سے مرکب ہے)

س - ی

سے سیہہ - یا - ساہی (ہ / مث) خارپشت - ایک جنگلی جانور کا نام ہے جس کی تمام پیٹھ اور جسم پر سفید اور سیاہ رنگ کے کانٹے ہوتے ہیں -
سی (ف) اسم عدد - تیس - دہائی - ۳۰ -
سی پارہ (ف / مذ) قرآن شریف کا تیسواں حصہ -

سی (ہ/مث) کسی جانور کے کاٹنے یا دفعتہً کسی نوک دار چیز کے چبھ جانے یا چٹکی بھرنے کی تکلیف سے جو آواز مُنہ سے نکلتی ہے۔
سے (ہ) حرفِ جار۔ ستی۔ تے وغیرہ۔ ابتدا۔ سبب۔ علت۔ معیت۔ آلہ۔ مدد وغیرہ کے معنی دیتا ہے۔
سَے (ہ) اسم عدد۔ سَو۔ صد۔ دس۔ دہائیاں۔
سَیّاح (ع) بہت سیر کرنے والا۔ پھرنے والا۔ مُسافر۔ جاتری۔ راہی۔
سیاحت۔ سیاحی (ع/مث) سفر۔ مسافرت۔ سیر۔
سیادت (ع/مث) سرداری۔ پیشوائی۔ بزرگی۔ سیّدوں کی قوم۔ حضرت فاطمہ علیہا السلام کی اولاد۔
سیار۔ یا۔ سیال (ہ/مذ) گیدڑ۔ شغال۔
سیار کی لاٹھی (ہ/مث) املتاس۔
سیارن / سیارنی / سیاری (ہ/مث) مادہ گیدڑ۔
سَیّار (ع) بہت سیر کرنے والا۔ تیز چلنے والا۔ بہت پھرنے والا ستارہ۔ گردش کرنے والا ستارہ۔
سَیّارہ (ع/مذ) ثابت کی ضد۔ بہت گردش کرنے اور پھرنے والا ستارہ۔
سیاست (ع/مث) حکومت۔ سلطنت۔ انتظامِ ملک۔ مُلکی بندوبست۔ سزا۔ تنبیہ۔ مارپیٹ۔ رُعب و داب۔ خوف۔ سخت گیری۔
سیاست دان (ع/ف/صف) سیاست کا ماہر۔
سیاستِ مُدن (ع/مث) انتظامِ شہری۔ بود و باش کا انتظام۔
سِیاق (ع/مذ) حساب کے قاعدے۔ علمِ حساب۔ طرز۔ ڈھنگ۔ ترکیب۔
سیاقِ عبارت یا کلام (ع/مذ) طرزِ کلام۔ عبارت کی روانی۔ کلام کا ڈھنگ۔
سَیّال (ع) بہت بہنے والی۔ جاری۔ رواں۔ رقیق۔ پتلی۔
سیالا (ہ/مذ) جاڑے کا موسم۔ موسمِ زمستان۔ سرما۔ سیت۔
شیام (ہ) سیاہ۔ کالا (مذکر) سری کرشن جی کا لقب۔ کالی کوئل۔ ایک راگنی کا نام ہے۔ چین اور برہما کے درمیان ایک ملک کا نام۔
شیام برن (ہ/مذ) کالا رنگ۔ کالی رنگ والا۔ سری کرشن جی کی رنگت والا۔
سَیّاں (ہ/مذ) بالم۔ پیا۔ خاوند۔ خصم۔ شوہر۔ سوامی۔ مالک۔
سیان (ہ/مث) ہوشیاری۔ چالاکی۔ دانائی۔
سیّاں بھئے کوتوال اب ڈر کاہے کا (ہ/مثل) جان پہچان کے بااختیار ہونے سے ڈر جاتا رہتا ہے۔
سیان (ہ/مذ) دانائی۔ ہوشیاری۔ زیرکی۔ چالاکی۔ فطرت۔
سیانا (ہ) عالم۔ گیانی۔ سُجان۔ دانا۔ زیرک۔ سمجھدار۔ مکّار۔ فریبی جیسے سیانا کوا۔ حکمتی۔ ڈھب کا۔ خُرّانٹ۔ تجربہ کار۔ چتر۔ چاتر۔ چالاک۔ ناڑو۔ تاڑباز۔ بالغ۔ جوان۔ نادان کی ضد۔ عامل۔ سفلی علم والا۔ ملّانا۔ تعویذ گنڈا کرنے والا۔ حکیم۔ طبیب۔ وید۔
سیاہ (ف) کالا۔ سفید کی ضد۔ علامت اسم مکبّر۔ از حد۔ نہایت۔ جیسے سیاہ مست۔ منحوس۔ چندرا۔ اُلٹا جیسے سیاہ بخت۔
سیاہ باطن } (ف/مذ) کپٹی۔ کینہ توز۔ منافق۔ عاصی۔ گنہگار۔
سیاہ دل } سنگدل۔ ظالم۔
سیاہ پوش ہونا (ف) سوگ کرنا۔ ماتم میں ہونا۔ ماتمی لباس پہننا۔
سیاہ سفید کرنا (ف) کار مختار ہونا۔ کسی کام کے حُسن و قبح کا پُورا پُورا اختیار رکھنا۔ چاہنا سو کرنا۔
سیاہ کار (ف) بدکار۔ فاسق۔ فاجر۔ پاپی۔ اپرادھی۔
سیاہ گوش (ف/مذ) بن بلاؤ۔ جنگلی بِلّا۔ ایک جانور کا نام ہے۔
سیاہ مست (ف) بدمست۔ نہایت نشہ میں۔ سخت متوالا نشے میں چُور۔
سیاہہ (ف/مذ) کچّا روز نامچہ۔ بہی کھاتہ۔
سیاہہ آمدنی (ف/مذ) خزانے کا روزانہ حساب۔ ہر روز کی آمدنی کا حساب۔
سیاہہ بہی (ہ/مث) روزنامچہ جس میں روزانہ آمد و خرچ کا حساب درج کرتے ہیں۔
سیاہہ دکھانا (ف) فوج کی کل تعداد ظاہر کرنا۔ جائزہ دینا۔ موجودات دینا۔
سیاہہ کرنا (ف/محاورہ) کچے کھاتے میں لکھنا۔ روزنامچے میں درج کرنا۔
سیاہہ موجودات (ف/ع/مذ) روزمرہ کے آمد و خرچ کے حساب کا رجسٹر۔
سیاہہ نویس (ف/مذ) محاسب۔ کھاتے میں درج کرنے والا۔
سیاہی (ف/مث) کالک۔ روشنائی لکھنے کی چیز۔ کاجل اندھیرا۔ تاریکی۔
سیاہی چٹ (ف/مذ) بلاٹنگ پیپر۔ کاغذ جاذب۔ کاغذ سوختہ۔
سیاہی چڑھنا (ف/محاورہ) اندھیرا چھا جانا۔
سیاہی دھو جانا (ف/محاورہ) سیاہی دُور ہو جانا۔ کنایۃً بدنصیبی دُور ہونا۔
سیاہی فالیز (ف/مذ) نکمّے اور بےکار سے مراد ہے۔
سیاہی نے دبایا ہے (ف/محاورہ) کالی کالی اشیا خواب میں دیکھنے اور ڈرنے کے اظہار کے وقت کہتے ہیں جس میں انسان بالکل بےخود ہو جاتا ہے۔
سیب یا سیو (ف/مذ) ایک سُرخ و سفید خوشنما شیریں اور لذیذ میوہ۔
سیبِ زنخدان (ف/مذ) خوبصورت اور خوشنما ٹھوڑی۔
سیپ (ہ/مذ) سیپی۔ صدف۔ ایک سمندری کیڑے کا غلاف ہے جس کے اندر سے موتی نکلتے ہیں۔ پتلی گٹھلی والا ایک قسم کا آم۔

پرندوں کی ایک بیماری کا نام۔
سیپی (ا/مث) سیپ کی تصغیر۔
سیپی سامنے نکل آنا (ہ) نہایت لاغر ہو جانا۔ چہرے کا پیلا پڑ جانا۔ گالوں کی ہڈیاں نکل آنا۔
سیت (ہ/مذ) پِل۔ بند۔ پُشتہ۔ تودہ۔ ٹاپو۔ سفید۔ دھولا۔ ابیض۔
سیت (ہ/مث) پسینہ۔ عرق۔ پسیو۔ جاڑا۔ زمستان۔ سرما۔ جاڑے کے دن۔ اوس۔ شبنم۔ کہر۔ مٹھا۔ چھاچھ۔ ٹھنڈک۔ خنکی۔ سردی۔ ٹھنڈا۔ کاہل۔ سست۔
سیتاپتی (ہ/مذ) سیتاجی کے خاوند۔ سری رام چندر جی سے مراد ہے۔
سیتاپھل (ہ/مذ) ایک عمدہ اور خوش ذائقہ پھل کا نام۔ شریفہ۔ مٹھا گھیا۔ گول گھیا۔
سیتاستی (ہ) سیتا جیسی عفیفہ۔ سیتا جیسے ست والی۔ پاک دامن۔ نہایت پارسا۔ پتی برتا بیوی۔
سیتل (ہ) ٹھنڈا۔ خنک۔ سست۔ ڈھیلا (مث) ایک قسم کی بید جس سے بوریئے بنتے ہیں۔ چیچک۔
سیتل چیر (ہ/مث) ٹھنڈا کپڑا۔ ایک قسم کا کپڑا جو آگ سے محفوظ ہے۔
سیتل چینی (ہ/مث) کباب چینی۔ سرد چینی۔
سیتلا (ہ/مث) چیچک۔ ماتا۔ ایک دیوی۔ سیتلا کی مالک۔ پھپھولے والی۔
سیٹھ (ہ/مذ) صراف۔ دھن کا دیوتا۔ دھنوان۔ تھوک فروش۔ سوداگر۔ بیوپاری۔ ایک عزت کا خطاب ہے۔
سیٹھا (ہ) بے نمک مرچ۔ بے مزہ۔ پھیکا۔ بے لذت۔ کمزور۔ ضعیف۔ میٹھا کی ضد۔
سیٹھی (ہ/مث) بدمزہ۔ بے نمک۔ پھیکی۔
سیٹی (ہ/مث) منہ کی باریک آواز۔ پرندوں کی آواز۔ اشارہ۔ پپیہے کی سی آواز۔
سیٹی باز (ف/مذ) سیٹی بجانے والا۔
سیج (ہ/مث) بچھونا۔ بستر۔ چارپائی۔ پلنگ۔
سیج بچھانا (ہ/محاورہ) پلنگ درست کر کے بچھانا۔ بستر لگانا۔
سیج بند (ہ/مذ) وہ ڈوری جس سے پلنگ کے فرش کو چاروں پایوں پر کس کر باندھتے ہیں۔
سیج چڑھتے ہی رانڈ (ہ/مثل) شادی کے بعد جلد ہی بیوہ ہو گئی۔
سیج چڑھنا (ہ) پلنگ پر چڑھنا۔ ہم خواب ہونا۔
سیج سجانا (ہ) پلنگ کو پھولوں وغیرہ سے آراستہ کرنا۔ بستر بچھانا۔
سیج کی کھی بھی بری (ہ/محاورہ) سوکن۔ اگر کھی جیسی حقیر و ناچیز بھی ہو تو وہ بھی ناگوار معلوم ہوتی ہے۔

سینچنا (ہ) پانی دینا۔ کھیتی یا باغ میں پانی دینا۔ آب پاشی کرنا۔
سیخ (ف/مث) سلاخ۔ کباب بھوننے کی لوہے کی سلاخ۔
سیخ پا ہونا (ف) گھوڑے کا سیدھا الف ہو جانا۔ یا تیز دوڑنا۔ (مجازی) غصہ میں بپھر جانا۔
سیخ پر لگانا (ف) کباب بھوننا۔ کباب لگانا۔
سیخچہ (ف/مذ) سیخ کی تصغیر ہے۔ چھوٹی سیخ۔
سیخیا کباب (ف/مذ) سیخ پر بھونے ہوئے کباب۔
سَیِّد (ع/مذ) سردار۔ پیشوا۔ امام (مجازاً) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل یعنی حضرت فاطمہ علیہا السلام سے مراد ہے۔
سَیِّدانی (ع/مث) سید کی بیوی۔ قوم سید کی عورت۔
سیدھ (ہ/مث) راستی۔ شست۔ نشانہ۔ سامنے۔ ٹیڑھ کی ضد۔
سیدھ باندھنا (ہ) نشانہ باندھنا۔ شست لگانا۔
سیدھا (ہ) راست۔ ٹیڑھا کی ضد۔ عمود دار۔ کھرا۔ صاف دل آدمی۔ بھولا بھالا۔ سچا۔ غریب۔ مسکین۔ داہنا۔ دست راست۔ موافق۔ مددگار۔ جیسے سیدھے دن۔ ایماندار۔ آسان کام۔ سہل سوال۔
سیدھا آنا (ہ) سامنے سے آنا۔ مقابلہ کرنا۔
سیدھا بنانا / سیدھا کرنا (ہ) درست کرنا۔ سزا دینا۔ راہِ راست پر لانا۔ تربیت کرنا۔ ادب سکھانا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔ کجی نکالنا۔
سیدھا بننا (ہ) راہِ راست پر آنا۔ کجی نکلنا۔ ٹھیک ہو جانا۔
سیدھا سادہ۔ یا۔ سیدھا سادھا (ہ) بھولا بھالا۔ بے تکلف۔ سادہ وضع۔
سیدھا ہاتھ (ہ/مذ) داہنا ہاتھ۔ دست راست۔
سیدھا (ہ/مذ) کچی خوراک۔ رسد۔ خشک چیزیں۔ مثلاً آٹا۔ دال۔ نمک۔ مرچ۔ چاول۔ میٹھا۔ گھی وغیرہ۔ تمام سامان جو بن پکائے دیا جائے۔
سیدھا دینا (ہ) کچی خوراک دینا۔
سیدھے منہ بات نہ کرنا (ہ) غرور اور تکبر کے باعث رخ کر کے بات نہ کرنا۔ بات کی طرف توجہ نہ کرنا۔
سیدھی (ہ/مث) بہت ٹھیک۔ درست۔
سیدھی انگلیوں گھی نہیں نکلتا (ہ/مثل) ہر کام راستی اور سدھائی سے نہیں پورا ہوتا۔ گھی جیسی نرم چیز بھی انگلیاں ٹیڑھی کیے بغیر نہیں نکلتا۔
سیدھی چال چلنا (ہ) سیدھی راہ چلنا۔ سلامتی کی روش اختیار کرنا۔
سیدھی سنانا / سیدھیاں سنانا (ہ) گالیاں دینا۔ فحش کہنا۔ صاف صاف کہنا۔ لاگ لپیٹ نہ رکھنا۔ صاف اور کھلی سنانا۔ آزادانہ گالیاں دینا۔
سَیر (ع/مث) ہوا خوری۔ پھرنا۔ چہل قدمی۔ تفریح۔ گلگشت۔ تماشا۔ مزہ۔ لطف۔ میلہ۔ نمائش۔ ہنسی مذاق۔

مشغلہ - مطالعہ کتاب - جوبن بہار -
سیر باطن (ف / ع / مث) باطن پر نظر ڈالنا -
سیر (ف) رجا ہوا - بھرا ہوا - پُر - گرسنہ کی ضد - بے پروا - مطمئن - بیزار - متنفر - جیسے اس کام سے میرا دل سیر ہو گیا -
سیر چشم (ف) بے پروا - قناعت کرنے والا - با حوصلہ - آسودہ حال -
سیر حاصل (ع) شاداب - زرخیز - اچھی پیداوار کی زمین -
سیر را غم گرسنہ نہ باشد (ف / شل) رجے ہوئے کو بھوکے کی کیا خبر؟
سیر غزل (ف / مث) وہ غزل جس میں بہت شعر ہوں -
سیر ہونا (ل) رجنا - چھکنا - پیٹ بھرنا - بیزار ہونا - متنفر ہونا - بے پروا ہونا -
سِیَر (ع / مث) سیرت کی جمع - خصلتیں - عادتیں - علم تاریخ - گزشتہ لوگوں کے حال کا بیان -
سیر (ہ / مذ) سولہ چھٹانک - یا اسی روپے بھر کا وزن -
سیر کو سوا سیر موجود ہے (ا / شل) ہر زبردست سے غالب تر اور بھی ہوتا ہے - ہر فرعونے را موسیٰ -
سیر میں پونی بھی نہیں (ہ / شل) مطلوبہ مقدار کا کم سے کم حصّہ بھی موجود نہیں -
سِیر (ف / مذ) لہسن (پنجابی تھوم)
سیر (ہ / مث) شراکت - حصّہ داری - کاشتکاری - وہ زمین جس کو خود مالک یا مورو ثی نے کاشت کیا ہو -
سیری (ہ / مذ) شریک - شامل - حصّہ دار - کاشتکاری کا ساجھی -
سیرا (ہ / مذ) پتلا حلوا - گڑ کا پتلا شیرہ جو تمبا کو میں ڈالا جاتا ہے -
سیراب (ہ) سیر اور آب سے مرکب ہے - پانی سے بھرا ہوا لبریز - شاداب - تر و تازہ - سیر حاصل - زرخیز -
سیرت (ع / مث) عادت - خو - خصلت - بان - سبھاؤ - گن - لت -
سیردا (ہ / مذ) پلنگ کی چوکھٹ کی سرہانے یا پائنتی کی طرف کی لکڑی -
سیری (ف / مث) پُری - آسودگی - تسلّی - اطمینان - نفرت - بیزاری - بے پروائی -
سیرھ (ہ / مث) سیلابہ - تری - نمی - وہ ندی یا نالہ جس سے پانی کی زمین کی آبپاشی کی جائے -
سیڑھی (ہ / مث) زینہ - نردبان - پیڑی - سُلّم - وسیلہ - ذریعہ - درجہ - ڈگری - گریڈ - پاوڑی -
سیڑھی سیڑھی چڑھنا (ہ) درجہ بدرجہ ترقی کرنا - بتدریج مرتبہ پانا -
سیس (ہ / مذ) سر - مونڈ - کپال - کھوپری - راس - فرق -
سیس پھول (ہ / مذ) ایک زیور کا نام ہے - خاوند - پتی - شوہر - خصم -
سیستان - افغانستان کا جنوبی صوبہ جہاں کے رستم اور زال پہلوان مشہور ہیں -

سیس نوانا (ہ) سر جھکانا - ادب کرنا - تعظیم کرنا - سجدہ کرنا - حکم ماننا -
سیسا - یا - سیسہ (ہ / مذ) سیکا - رانگ - اسرب - بندوق کی گولیاں بنانے کی دھات -
سیشر (ہ / مذ) کمان کی تانت - کمان کا چلّہ - تاش کے ایک کھیل کا نام -
سیس ناگ (ہ / مذ) سانپوں کا بادشاہ - پتال کا راجہ - بڑا راجہ -
سَیف (ع / مث) تلوار - تیغ - شمشیر - لمبی تلوار کو کہتے ہیں -
سیف زبان (ع ف) تیز زبان والا - مقبول دُعا والا بزرگ - ولی اللہ - اعلیٰ پایہ کا شاعر جس کی بات اور کلام میں اثر ہو -
سَیفہ (ف / مذ) جلد سازوں کا کاغذ کاٹنے کا آلہ - تلوار کا ٹکڑا -
سَیفی (ع / مث) تلوار سے نسبت رکھنے والا - وہ جلالی اسم جو تاثیر میں تلوار کا سا اثر رکھتا ہو - زود اثر کلام - جادو ٹونا - سرایت - بد دُعا -
سیک - یا - سینک (ہ / مذ) گرمی - تپش - حرارت - ٹکور - تریڑا - نطول -
سیکرٹری (انگریزی / مذ) میر منشی - دیوان - سکتر -
سیکرٹریٹ (انگ / مذ) سیکرٹری کا دفتر -
سینکڑا - یا - سیکڑا (ہ) اسم عدد - تلو - صد - فی صد -
سینکڑوں گھڑے پانی پڑ جانا (ہ) نہایت پشیمان ہونا - بہت ہی نادم و شرمندہ ہونا -
سیکنا - یا - سینکنا (ہ) گرمی پہنچانا - آگ یا دھوپ سے گرم کرنا - گرم پانی سے تریڑے دینا - روٹی چولھے میں پکانا - چارہ جوئی کرنا - مدد گار تلاش کرنا - بھوننا - جیسے کباب سینکنا -
سیکنڈ (انگریزی / مذ) ایک منٹ کا ساٹھواں حصّہ - ثانیہ - دوسرا - دوم -
سیکھ (ہ / مث) صلاح - مشورہ - نصیحت - پند - تعلیم -
سیکھا پڑھا (ا / صف) تعلیم یافتہ - ہوشیار - چالاک -
سیکھا سکھایا (ا / صف) ہوشیار - چالاک -
سیکھ دینا (ہ) صلاح دینا - مشورہ دینا - نصیحت کرنا - چراغ کی بتی اُکسانا -
سیکھڑ (ہ) نو آموز - مبتدی - علم شروع کرنے والا -
سیکھنا (ہ) پڑھنا - تعلیم پانا - کچھ حاصل کرنا - دُوسرے کی عادت یا روش اختیار کرنا - چراغ کی بتی کو اونچا کرنا -
سیل (ہ) برچھا - بھالا - نیزہ - علم - بلم - ایک قسم کا لوہے کا گولہ - بم کا گولہ - آغاز خط - سبزہ - نوجوان کی مونچھیں - سبلیوں کا گچھا -
سیل کا گولہ (ہ / مذ) بم کا گولہ - بارود اور آتشگیر مادہ اور چھرّوں وغیرہ کا گولہ -
سَیل (ع / مذ / مث) پانی کا ریلا - بڑھ - طوفان - طغیانی - لہر -

سیل پیما (ف / مذ) پانی کا بہاؤ ناپنے کا آلہ۔
سیل (ہ / مث) تری - نمی - شرم - حیا - ٹھنڈ - سردی - عادت - سبھاؤ۔
پاکی - پاک دامنی - عفت - عصمت -
سیل جانا (ہ) نم دار ہو جانا - مرطوب ہو جانا۔
سیل کا کونڈا (ا / مذ) وہ نیاز جو لڑکوں کی مسیں بھیگنے کی خوشی میں
دی جاتی ہے -
سیل گرم (ا) نیم گرم - (بیشتر گرم کا بگاڑ ہے)
سیل ونت (ہ) صالح - پاک دامن - پارسا - قانع - صابر - بردبار۔
سیلا (ہ) غدار - ٹھنڈا - خنک - سرد - بھیگا - تر - گیلا -
سیلا کر کے کھانا (ہ) جلدی نہ کرنا - نرمی سے کام نکالنا - ٹھنڈا
کرنا -
سیلا (ہ / مذ) ایک قسم کا چاول جو دھان کو ابال کر نکالتے ہیں -
عمامہ - پگڑی - ایک طرح کی ریشمی چادر۔
سیلاب (ف / مذ) پانی کی زد - طوفانِ آب - پانی کا
ریلا -
سیلابچی (ا / مذ) چلمچی - سلفچی - لگن - منہ ہاتھ دھونے کا
برتن -
سیلابی (ف / مث) تری - نمی - نم - رطوبت - کھادر کی زمین -
ترائی -
سیلان الرحم (ع / مذ) عورتوں کے رحم سے پانی آنے کی بیماری -
سیلانی (ا) بہت سیر کرنے والا - سیر کا شوقین - پھرنے والا -
سیلانی جیوڑا (ہ) وہ شخص جو ایک جگہ نہ ٹکے - موجی - لہری -
سیر کا شوقین -
سیل کھڑی (ہ / مث) سنگِ جراحت - زخموں پر چھڑکنے کا ایک
قسم کا بھربھرا پتھر -
سیلنا (ہ) نم پکڑ جانا - مرطوب ہو جانا - نمناک ہو جانا - گیلا ہونا -
سیلی (ہ / مث) سیاہ بالوں یا ریشم کی ڈوری جو گلے میں پہنتے
ہیں - جالی - جال - پیٹ اور سینے کے بالوں کی سیدھی لکیر۔
سیم (ہ / مث) ایک قسم کی ترکاری - سبزی جس کی پھلیاں پکاتے
ہیں -
سیم (ف) چاندی - نقرہ - روپا - دولت - پیسہ - روپیہ وغیرہ -
سیم بر - سیم بدن - سیم تن (ف) چاندی کے سے جسم والا - مراداً معشوق -
گورا چٹا - خوبصورت -
سیماب (ف / مذ) پارہ - ایک رقیق دھات کا نام ہے - بے قرار -
بے تاب - یو۔ پی کے ایک شاعر کا تخلص -
سیمیں (ف) چاندی کا - نقرئی - روپہلی -
سین - دریائے فرانس - کنارے پر پیرس آباد ہے - رود بار
انگلستان میں گرتا ہے -
سین (انگریزی / مذ) نظارہ - تماشا - پردہ - تماشا گاہ -
سین (ہ / مث) اشارۂ چشم - آنکھ کا اشارہ - رمز - نشان - علامت -
سینا (ہ) ٹانکا لگانا - درخت کرنا - رفو کرنا - جوڑنا - ملانا - (مذکر)
سیون - سلائی - درخت - ٹانکا (سنسکرت میں) مذکر - فوج -
لشکر - سپاہ -
سینا پتی (س / مذ) سپہ سالار - سالارِ لشکر - فوج کا کمانڈر۔
سینا (ہ) انڈوں کو گرمی پہنچانا - انڈوں پر بیٹھنا - پوجنا - پرستش
کرنا -
سینا بینی - یا - سینا بینی (ہ / مث) باہم اشارہ بازی - رمز و
کنایہ -
سینت (ہ) مفت - بن داموں - یونہی - خواہ مخواہ - ناحق -
سینت رکھنا (ا / مص) سنبھال کر رکھنا - حفاظت سے رکھنا -
سینٹ انڈور - سکاٹ لینڈ میں ہے - یونیورسٹی بہت پرانی ہے -
یہاں کا گرجا بھی قابلِ دید ہے -
سینٹ البنز - ہرٹ فورڈ کونٹی میں شہر ہے اور دریائے تولن
بہتا ہے -
سینٹ پال چرچ - لندن کا مشہور گرجا ہے -
سینٹ جرمن - دریائے سین فرانس کے کنارے شہر ہے -
سینٹ جون - جزائر غرب الہند میں لی ورڈ ایک جزیرہ ہے -
یہ اس کا دار الحکومت ہے - یہاں کیلے، تمباکو اور کھانڈ کی
پیداوار ہوتی ہے -
سینٹ کلوڈ - پیرس کے گرد و نواح میں پھیلا ہوا ہے - نپولین
سوم یہیں رہتا ہے -
سینٹ گوتھرڈ - کوہستان الپس سوئٹزرلینڈ میں پھیلے ہوئے
ہیں - جنوبی حد پر پینیائن الپس ہیں - ان کی ایک چوٹی
سینٹ گوتھرڈ ہے جو ۱۰۹۰۰ فٹ بلند ہے اور اسی نام کا
اس میں ایک درہ ہے جو ۶۹۷۶ فٹ بلند ہے -
سینٹ ہلینا - جنوبی بحر اوقیانوس میں بجانب مغرب ایک جزیرہ
ہے - جنوبی افریقہ کو جو جہاز جاتے ہیں وہ یہاں سے
کوئلہ لیتے ہیں - نپولین اسی مقام پر قید کیا گیا تھا -
سینٹ یاگو - اس نام کے شہر چلی کیوبا اور ارجنٹائن میں ہیں -
چلی کا دار الحکومت ہے اور کیوبا کی بندرگاہ ہے - کوکو -
کھانڈ - آم - تمباکو باہر کو جاتا ہے -
سینتالیس (ہ) اسم عدد - چالیس اور سات - چہل و ہفت،
۴۷ - 47 -
سینتیس (ہ) اسم عدد - تیس اور سات - سی و ہفت -
۳۷ - 37 -
سینچنا (ہ) کھیت میں پانی دینا - آبپاشی کرنا - پانی پلانا -
سیندور (ہ / مذ) (دیکھو سندور)
سیندوریا (ہ / صف) سندور کے رنگ کا - سرخ - ایک قسم کا آم -
سیندور کھانا (ہ) آواز بند کر لینا - خاموش ہونا - سرمہ کھانا -
چپ ہو رہنا - گلا بند ہو جانا - گلا بیٹھ جانا -
سیندھ (ہ / مث) کوہل - چوری کرنے کے لیے دیوار میں سوراخ
کرنے کا آلہ - نقب زنی - پھاڑ -

سیندھ کٹ جانا (ا/محاورہ) نقب زنی کے ذریعے مال نکل جانا۔
سیندھ لگانا (ہ) نقب زنی کرنا۔ دیوار وغیرہ میں چوری کے لیے سوراخ کرنا۔
سیندھا (ہ/مذ) پہاڑی اور کانی نمک جو سفید۔ سیاہ اور گلابی رنگ کا ہوتا ہے۔
سیندھی (ہ/مث) جنگلی کھجور کا رس۔
سیندی } تاڑی۔ پکی کھجری۔
سینڈل (انگ/مذ) ایک قسم کی جوتی۔
سینڈوچ (انگ/مذ) انگریزی سموسہ۔
سینری (انگ/مث) نظارہ۔ منظر۔ ڈرامہ وغیرہ کے بالتصویر پردے۔
سروچ جزائر۔ یہ جزائر میکسیکو سے ۳۰۰۰ میل کے فاصلے پر ہیں ان کا دوسرا نام ہوائی ہے۔ ہونولولو دارالحکومت ہے۔ یہاں سے کئی بحری راستے جاتے ہیں۔
سڈھرلٹ یا بنڈی گو۔ وکٹوریہ (آسٹریلیا) میں ہے۔ سونے کی کانوں کا مرکز ہے۔
سنک (ہ/مث) جھاڑو کی تیلی۔ خلال۔ دانت کریدنی۔ تنور کا گز۔
سنک سرٹپے (ہ/مذ) فضول خرچی۔ صرف بے جا۔ اسراف۔ (یہ طنز یہ بولتے ہیں)
سینگ (ا/مذ) نوکدار ہڈی جو حیوانات کے سروں پہ ہوتی ہے۔
سینگیا (ہ) دھاری دار۔ خط دار کپڑا۔ چوڑیا۔ ڈوریا۔
سینگ (ہ/مذ) چوپایوں کے سر کا شاخا۔ شاخ حیوانات۔ خاص نحز جیسے اس کے سر میں کیا سینگ ہیں۔
سینگ سمانا (ہ) پناہ ملنا۔ آرام پانا۔ گزارہ ہونا۔ محفوظ جگہ پانا۔
سینگ کٹا کر بچھڑوں میں ملنا (ہ) بڑوں کا بچوں کی صحبت میں شریک ہونا۔ سیانا ہو کر بچوں کی سی باتیں کرنا۔
سینگ مارنا (ا/محاورہ) کسی جانور کا سینگ سے مارنا یا حملے کرنا۔
سینگڑا (ہ/مذ) بارود رکھنے کا سینگ جو نمی کی حفاظت کے لیے ہوتا ہے۔
سینگنا (ہ) چوری کا مال شناخت کر لینا۔ چوری کے مویشی پہچان لینا۔
سینہ ابھار کر چلنا } (ا) اکڑ کر چلنا۔ تن کر چلنا۔ اترا کر چلنا۔ غرور سے
سینہ نکال کر چلنا } چلنا۔
سینہ بند (ف/مذ) انگیا۔ ایک پوستین جو چھاتی کو گرم رکھتی ہے گھوڑے کی پیٹی۔ بچوں کی چھاتی پہ رال روکنے کا کپڑا۔
سینہ بہ سینہ (ف) خاندانی راز۔ نسلاً بعد نسلٍ راز کی بات۔ چھاتی سے چھاتی ملی ہوئی۔
سینہ پر سل دھرنا (ا) چھاتی پہ پتھر دھرنا۔ سخت تکلیف میں مبتلا کرنا۔
سینہ چاک ہونا (ا) صدمہ کے مارے چھاتی کا پھٹا جانا۔ سخت صدمہ ہونا۔
سینہ زن } (ف) محرم میں ماتم کرنے والا۔
سینہ کوب } ماتمی۔

سینہ زور (ف) زبردست۔ سرکش۔
سینہ زوری (ف/مث) زبردستی۔ سرکشی۔ سختی۔
سینہ سپر (ف) مقابل ہو کر لڑنے والا۔ سامنے ہو کر جنگ کرنے والا۔ آڑے آنے والا۔ میدان میں ڈٹا رہنے والا۔
سینہ سپر کرنا (ا) لڑائی میں ڈٹ کر لڑنا۔ مقابل ہونا۔ سامنے ہو کر لڑنا۔
سینہ سپر ہونا (ا) مقابل ہو کر بلا کا نشانہ بننا۔ دلیری سے آفات جھیلنا۔
سینہ سیاہ (ف) بد باطن۔ کپٹی۔ سیاہ دل۔
سینہ کاوی (ف/مث) سخت محنت۔ محنتِ شاقہ۔ بڑی کوشش۔ نہایت جدوجہد۔
سینہ کوٹنا (ا) ماتم کرنا۔ چھاتی پر دوہتڑ مارنا۔
سینی گال۔ دریائے سینی گال کے قریب کا علاقہ۔ جو افریقہ کے شمال و مغرب میں ہے۔ اور فرانسیسیوں کے ماتحت ہے۔
سینے سے لگانا (ا) پیار کرنا۔ چھاتی سے لگانا۔ محبت ظاہر کرنا۔
سینے میں آگ لگنا (ا/محاورہ) جلن ہونا۔ صدمہ ہونا۔
سینے میں پڑ کھانا (ا/محاورہ) رشک کرنا۔ حسد کرنا۔
سینے میں پنکھے لگنا (ا/محاورہ) بے چینی ہونا۔ اضطراب ہونا۔
سینے میں مکی مارنا (ا/محاورہ) صدمہ پہنچانا۔
سینی (ف/مث) طشت۔ خوان۔ تانبے پیتل وغیرہ کا خوان۔
سینئر (انگریزی) بڑا۔ اعلیٰ۔
سیوا (س/مث) خدمت۔ ٹہل۔ حفاظت۔ نگہداشت۔ ملازمت۔ نوکری۔
سیواری (ہ/مذ) سیوار گھاس سے صاف کی ہوئی شکر۔
سیوتی (ہ/مث) ایک قسم کا سفید گلاب جنگلی گلاب۔ نسترن
سیوگ۔ یا۔ سیوک (ہ/مذ) نوکر۔ ٹہلوا۔ خادم۔ داس۔ خدمت گار۔
سیون (ہ/مث) درخت۔ سلائی۔ ٹانکا۔ کھوپری کا جوڑ۔ دونوں خصیوں یا ان کے نیچے کی ملی ہوئی جگہ۔
سیونگ بنک (انگریزی/مذ) بچت کا روپیہ امانت رکھنے کا خزانہ۔ امانتاً روپیہ رکھنے کی کوٹھڑی یا کوٹھی۔
سیہ (ف) سیاہ کا مخفف ہے۔ کالا۔ نحس۔ بد۔
سیہی (ہ/مث) خار۔ پشت۔ سیہ۔

ش (ع ا مذ) فارسی کا سولھواں اُردو کا اُنیسواں عربی کا تیرھواں حرف ہے - حساب جمل میں اس کے عدد تین سو شمار ہوتے ہیں۔

ش ـ ا

شاب (ع ا مذ) جوان - سترہ اور ستائیس سال کا درمیانی عمر کا آدمی - گبرو۔

شاباش } (ف) شادباش اور شادباشی کا مخفف ہے - کلمۂ تحسین - واہ وا - مرحبا - آفرین - خوشش جئیارہ - لفظ شا بھی فارسی میں شاد کے معنی میں آتا ہے۔
شاباشی }

شابالا - یا - شہ بالا (و ا مذ) دولھا کا نائب - دولھا کے آگے بیٹھنے والا -

شاپ کیپر (انگریزی ا مذ) دُکان دار - خوردہ فروش سوداگر - تاجر۔

شاتو (ف) نردبان - سیڑھی۔

شاخ (ف ا مث) شاخ - سینگ - دریا یا چشمے سے نکالی ہوئی نہر - خلل - خرابی - نقص - عیب - ٹھٹا - پخ - ایک قسم کا کمان - پچھنا -

شاخ دار (ف) ٹہنی دار - سینگ -

شاخ در شاخ (ف) پیچیدہ - اُلجھا ہوا - بات میں بات -

شاخچہ (ف ا مذ) چھوٹی شاخ - تہمت -

شاخچہ بندی (ف ا مث) قلم لگانا - تہمت لگانا -

شاخ زعفران (فع) نادر بات - نایاب بات - انوکھا - طنزاً - کبرو نخوت - مغرور - خوردبین -

شاخ غزال - یا - آہو (ف ا مث) ہرن کا سینگ - تیراندازی کی کمان - پہلی رات کا چاند - کنگھا -

شاخ لگانا (و) قلم لگانا - درخت کا پیوند لگانا - سینگی لگانا -

شاخ نکالنا (و) سینگ نکالنا - ٹہنی نکالنا - عیب نکالنا - نقص نکالنا - عیب جوئی کرنا۔

شاخچہ (ف ا مذ) چھوٹی ٹہنی - ذرا سا نقص -

شاخسانہ } (و ا ف ا مذ) مرکب از شاخ و شانہ - رخنہ - عیب - خرابی - فتنہ و فساد - جھگڑا - بحث - دلیل - شک و شبہ - ڈھکوسلا -
شاخشانہ }

شاخسانہ کھڑا کرنا (و) جھگڑا نکال کھڑا کرنا - فساد اُٹھانا - فتنہ برپا کرنا -

شاخسانہ نکالنا (و ا محاورہ) حجت کرنا - تکرار کرنا -

شاخیں (ا ا مث) شاخ کی جمع -

شاخسار (ف ا صف) وہ جگہ جہاں بہت سے درخت ہوں -

شاخ نبات (ف) مصری کے کوزہ کی ڈلیاں اور نام حافظ شیرازی کی معشوقہ کا -

شاخیں لگانا - یا - کھینچنا (و) سینگیاں لگانا - سینگیاں ترڑوانا -

شاد (ف) خوش و خرم - بے غم - خوش حال -

شادباش (ف) کلمۂ دعائیہ - خوشش رہو - شاباش - آفریں -

شادی رچانا (و) بیاہ کے کاروبار کرنا - کسی خوشی کی تقریب کا سامان کرنا -

شادی مبارک (فع ا محاورہ) عروسی یا ولادتِ مولود کے وقت مبارک باد کی جگہ بولتے ہیں -

شادی مرگ (ف ا مذ) ایسی موت جو بے حد خوشی سے واقع ہو - خوشی کی موت -

شادی مرگ ہونا (و) فرطِ مسرت وانبساط سے موت کا آجانا -

شادیانہ (ف) خوشی کا باجہ - بیاہ کے وقت کا راگ - خوشی کے نقارے - مبارکباد -

شاذ (ع) اکیلا - تنہا رہا ہوا - مفرد - نادر - کم - کمیاب - عجیب -

- الٹ کھا - بے قاعدہ - خلافِ قانون -
شاذ و نادر (ع) الفاظاً - گاہے گاہے - کبھی کبھار -
شارح (ع امذ) شرح لکھنے والا - کھول کر بیان کرنے والا -
شارع (ع امذ) سڑک - بڑا رستہ - دین کا رستہ بتانے والا -
لوگوں کو دین کی تعلیم دینے والا - صاحبِ شرع - فقیہہ - عالم - فاضل -
شارعِ عام (ع امذ) عام رستہ - عام لوگوں کے چلنے پھرنے کی سڑک - شاہراہ -
شارف (ع امث) بوڑھی اُونٹنی -
شاستر (س امذ) فقہ ہنود - ہندوؤں کے عقائد کی کتاب - منوجی کا بنایا ہوا قانون -
شاستری (ہ امث) زبانِ سنسکرت - شاستروں کی زبان - شاستر جاننے والا - پنڈت - عالمِ ہنود - برہمنوں کا ایک درجہ - سنسکرت کا عالم فاضل - سنسکرت پڑھا ہوا -
شاشہ (ف امذ) پیشاب - موت -
شاطر (ع) عیار - چالاک - شوخ و شنگ - بے باک - دلاور - شطرنج باز -
شاطری (ع امث) شوخی - عیاری - چالاکی -
شاعر (ع) ناظم - نظم کہنے والا - شعر کہنے والا - کبیشر - کوی -
شاعری (ع) شعر گوئی - مبالغہ کرنا -
شاعرانہ تخیل (ع / ف) شاعروں جیسے خیالات - مبالغہ آمیز خیالات -
شاغل (ع) مصروف - متوجہ - خدا کا ذکر کرنے والا -
شافع (ع) گناہ بخشوانے والا - سفارش کرنے والا - اصطلاح میں رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ مبارک سے مراد ہے -
شافعی (ع امذ) اہلسنت والجماعت کے چار اماموں میں سے ایک امام کا نام ہے - امام شافعی کے مذہب کا پیرو -
شافی (ع) آرام دینے والا - صحت بخش - شفا دینے والا - ٹھیک - دُرست - بجا - واقعی - سیدھا - صاف -
شافی جواب (ع امذ) ٹھیک جواب - پورا جواب - ساکت کر دینے والا جواب -
شافیٔ مطلق - یا - حقیقی (ع امذ) پوری شفا بخشنے والا - اصلی صحت دینے والا - مراد خدائے تعالیٰ -
شاق (ع) دُشوار - بھاری - دوبھر - مشکل - کٹھن - ناگوار - مکروہ -
شاق گزرنا (ل) بُرا معلوم دینا - ناگوار معلوم ہونا - بار گزرنا -
شاق ہونا (ار / محاورہ) ناگوار ہونا -
شاقہ (ع) منسوب بہ شاق - دوبھر - بھاری - مشکل - کٹھن -
شاکر (ع) شکر کرنے والا - شکر گزار -
شاکی (ع) شکایت کرنے والا - فریادی - بدگو - غیبت کرنے والا - ہتھیار پہننے والا -
شاگرد (ف امذ) مرکب از شاہ و گرد - خدمتی - خدمت گار - ٹہلوا - طالب علم - چیلا - بالکا - مرید - نوکر - ملازم - اُمیدوار - اپرینٹس - سائیس -

شاگرد پیشہ (ف امذ) تیج کا نوکر - خانساماں - اُوپر کا کام کاج کرنے والے آدمی -
شاگردِ رشید (ف ع امذ) لائق شاگرد - ہدایت یافتہ -
شاگردی (ف امث) چیلا پن - مریدی -
شال (ہ / ف / ت امث) اُون یا ریشم کی چادر -
شال باف (ف امذ) شال بُننے والا - پشمینہ باف -
شام (ہ امث) لوہے - پیتل وغیرہ کا چھلا جو لاٹھیوں یا اوزاروں پر لگا لیا کرتے ہیں -
شام (ہ امذ) سانجھ - سورج ڈوبنے کا وقت - وقتِ مغرب -
شامِ اودھ (ف امث) اودھ علاقہ لکھنؤ میں شام کی سیر کا نظارہ قابلِ دید اور مشہور ہے - اسی طرح صبح بنارس مشہور ہے -
شام پھولنا (ار / محاورہ) شفق پھولنا - مغرب کے وقت سُرخی کا نمودار ہونا -
شامِ غریباں - یا - شامِ غریبی (ف امث) مسافروں کی شام جو مایوسی اور تنہائی کے باعث وحشت ناک ہوتی ہے - مفلسی اور مصیبت کی شام -
شام کا بھولا اگر صبح گھر آئے تو اُسے بھولا نہیں کہتے (ار / مثل) وقتِ مقررہ سے پیچھے وعدہ وفا کرنے والا بے وفا اور وعدہ خلاف نہیں کہلا سکتا -
شام کی صبح کرنا (ل) سخت مصروفیت کے باعث دن اور رات کا فرق معلوم نہ کرنا -
شام کی پوچھنا سحر کی کہنا (ار / محاورہ) بے تکا جواب دینا -
شام کو شام اور سحر کو سحر نہ گننا (ار / محاورہ) بہت مصروف ہونا -
شام نہ دیکھنا (ار / محاورہ) شام تک زندہ نہ رہنا -
شام کے مُردے کو کب تک روئیے (ا) کہاوت - عمر بھر کے جھگڑے کی شکایت کب تک کیجئے - ہمیشہ کے دُکھ کی شکایت ہی کیا -
شام و سحر (ع) سانجھ سویرے - ہر وقت - دونوں وقت -
شام و سحر کرنا (ل) حیلے حوالے کرنا - ٹال مٹول کرنا - بہانے بنانا -
شام (ہ / س) سری کرشن جی کا لقب - سیاہ - کالا کلوٹا -
شام (سریانی امذ) ایک ملک کا نام ہے جس کو ارم اور سریہ بھی کہتے ہیں - بیت المقدس اسی کے جنوب میں ہے -
شام - یہ ایک مسلمان برادر ملک ہے - بحیرہ مرادا اسی ملک میں ہے جو نمک کی جھیل ہے - دمشق دارالخلافہ ہے - مغربی حصے میں پھل بہت ہوتے ہیں - یہ مشرقی ریگستان ہے -
شاما } شامہ } (ہ امث) ایک نہایت خوش آواز چڑیا کا نام ہے - جو کالے رنگ کی ہوتی ہے -
شامخ (ف امذ) ایک قسم کی جوار -
شامت (ع امث) بدبختی - سختی - نحوست - بدقسمتی - آفت - مصیبت -
شامتِ اعمال (ع امث) کیے کا پھل - کرتوت کا بدلہ - گناہوں کی سزا -

شامت آنا ۔یا۔ شامت کا سر پر کھیلنا (ل) بُرے دن آنا ۔مصیبت کا سامنا ہونا ۔

شامت زدہ
شامت کا مارا
شامت کا گھیرا
} (ل) بدنصیب ۔ بدقسمت ۔کم بخت ۔ کمبختی کا مارا ۔

شامت کی مار (ل/مث) تقدیر کی خرابی ۔ بدنصیبی ۔قسمت کا لکھا ۔ بدحالی ۔

شامل (ع) اکٹھا ۔شریک ۔ ملا ہوا ۔

شامل حال ہونا (ل) شریک ہونا ۔ ملنا ۔ہر امر میں شریک ہونا ۔شریکِ حال رہنا ۔

شامل مسل (ل) مقدمے کے کاغذات کے ساتھ نتھی کیا ہوا ۔

شاملات (ل/مث) شامل کی جمع ۔ ہندی ساجھت ۔حصہ داری ۔ ساجھا ۔ ساجھی زمین ۔

شامہ (ع/مث) سونگھنے کی قوت ۔

شامی (ع) ملک شام کا باشندہ ۔شام کی بنی ہوئی چیز ۔

شامی کباب (ل/مذ) گوشت کی مع مسالا اُبالی اور کوٹ کر تلی ہوئی ٹکیاں ۔

شامیانہ (ل/مذ) ایک قسم کا خیمہ ۔کپڑے کا سائبان ۔ نگیرہ ۔

شان (ع) جلال ۔ دبدبہ ۔ مرتبہ ۔ عزت ۔ قدر و منزلت ۔طاقت ۔ قوت جیسے خدا کی شان ۔آن ۔ انداز ۔صورت ۔شکل ۔ہیئت ۔

شاندار (ف) عالی مرتبہ ۔ باعظمت ۔ بارُعب ۔ دُھوم دھام کا ۔ خوش نما ۔ بھڑک دار ۔ چمک دار ۔

شان دکھانا (ل/محاورہ) عظمت دکھانا ۔قدرت دکھانا ۔ دبدبہ ظاہر کرنا ۔

شان رہنا (ل/محاورہ) بات رہنا ۔ وضع یا طرز میں فرق نہ آنا ۔

شان وشوکت سے رہنا (ل/محاورہ) ٹھاٹ باٹھ سے رہنا ۔

شان گھٹنا (ل/محاورہ) عزت میں فرق آنا ۔ عظمت کم ہونا ۔

شان شوکت ۔یا۔ شان وشوکت (ع/مث) بھڑک ۔ دُھوم دھام ۔ عظمت و جلال ۔ رعب داب ۔طمطراق ۔کر و فر ۔ٹھاٹ باٹ ۔

شان میں بٹا لگنا
شان میں فرق پڑنا
} (ل) عزت کم ہونا ۔ بے عزتی ہونا ۔ ذلیل ہونا ۔ عزت و حرمت میں فرق آنا ۔

شانِ نزول (ع/مث) کسی قرآنی آیت کے اُترنے کا موقع ۔ نازل ہونے کا سبب ۔

شانہ (ف/مذ) کنگھا ۔ کنگھی ۔ مونڈھا ۔ کندھا ۔ کندھے کی ہڈی ۔ کھوا ۔

شانہ بیں (ف) فال دیکھنے والا ۔

شانہ پھڑکنا (ل) کندھا پھڑکنا ۔جس سے کسی دوست کی ملاقات کا شگون لیتے ہیں ۔

شانہ سے شانہ چھلنا (ل) نہایت بھیڑ ہونا ۔بہت ہجوم کے باعث کھوے سے کھوا چھلنا ۔

شانہ ہلانا (ل) سوتے کو جگانا ۔ کھوا ہلا کر بیدار کرنا ۔ اکڑنا ۔ غرور کرنا ۔

شاہ (ف/مذ) بادشاہ ۔سُلطان ۔ فقیروں کا لقب ۔ سیدوں کے نام کے ساتھ مخصوص لفظ ۔شطرنج کا ایک مہرہ ۔اسمِ تکبیر کی علامت ۔ جیسے شاہ رگ ۔شہتیر ۔شاہراہ ۔ اصل ۔جڑ ۔ ۔آقا ۔ مالک ۔

شاہ باز (ف/مذ) ایک سفید رنگ کا شکاری پرندہ ۔ شاہین ۔ بڑا باز ۔

شاہ بلوط (ف ع/مذ) ایک قسم کا نہایت بہترین بلوط ہے ۔ بیقا سپاری ۔

شاہ بیت (ف) وہ شعر جو غزل میں سب سے عمدہ ہو ۔

شاہ پسند (ف/مث) ایک قسم کی دال ماش پکائی جاتی ہے ۔ اور دہی کا بگھار لگایا جاتا ہے ۔

شاہ پر (ف/مذ) پرندے کا سب سے بڑا بازو جو اُڑنے کا کام دیتا ہے ۔

شاہ تیر (ف/مذ) بڑی کڑی ۔شہتیر ۔

شاہ خانم (ل/مث) بڑے گھر کی عورت ۔طنزاً کہتے ہیں ۔

شاہدرہ (ف/مذ) وہ آبادی یا گاؤں جو شاہی محل یا قلعے کے نیچے یا سامنے واقع ہو ۔

شاہراہ (ف/مذ) بڑی سڑک ۔شارعِ عام ۔ بڑا رستہ ۔

شاہزادہ (ف/مذ) کنور ۔ ٹیکا ۔ راج کمار ۔

شاہزادی (ل/مث) راج کماری ۔ بادشاہ کی بیٹی ۔ بیگم ۔سُلطانہ ۔ رانی ۔ بادشاہی نسل کی عورت ۔ گل نیلوفر کا زرد زیرہ ۔

شاہسوار (ف/مذ) بڑا اسوار ۔ اعلیٰ درجے کی سواری جاننے والا ۔

شاہِ مرداں (ف/مذ) حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا لقب ہے ۔

شاہ مرداں کی لالڑیاں (ل/مث) گاجریں ۔ زردک ۔

شاہنامہ (ف/مذ) بادشاہوں کے ذکر کی کتاب ۔تاریخ سلاطین فارسی شاعر فردوسی کی بنائی ہوئی ایک خاص کتاب کا نام بھی ہے ۔ جو نظم میں ہے ۔

شاہ نشین ۔یا۔ شہ نشین (ف) بادشاہ کے بیٹھنے کی جگہ ۔ مکان کا باہر نکلا ہوا بیٹھنے کے کام کا برآمدہ ۔

شاہوار (ف) بادشاہوں کے لائق ۔نہایت عمدہ اور نفیس چیز ۔

شاہانہ (ف) بادشاہوں جیسا ۔ عمدہ ۔ اعلیٰ درجے کا ۔ (مذکر) شادی کا جوڑا ۔ شام کا گیت ۔ شام کا وقت ۔

شاہانہ جوڑا (ف/مذ) دُولہا کا سُرخ جوڑا ۔ سُرخ پوشاک ۔

شاہانہ مزاج (ف/مذ) نازک طبیعت ۔

شاہد بازار (ف/صف/مث) بازاری ۔معشوق ۔ طوائف ۔ رنڈی ۔

شاہد حال (ع/صف/بترکیب فارسی) واقعہ کا چشم دید گواہ ۔

شاہد (ع/مذ) گواہ ۔شہادت دینے والا ۔ حاضر ۔

شاہد (ف/مذ) معشوق ۔صاحبِ حسن ۔ خوبصورت لڑکا ۔ امرد ۔ دلپسند ۔ دلربا ۔

شاہد باز (ف) حسینوں سے محبت رکھنے والا ۔

شاہدی (ع/مث) گواہی ۔ اظہار ۔شہادت ۔

شاہنشاہ ۔یا۔ شہنشہ (ف/مذ) بہ قلب اضافت ۔

بڑا بادشاہ - بادشاہوں کا بادشاہ - مہاراجہ - اُدھیراج - خاقان - سُلطان۔
شاہی (ف) سرداری - حکومت - بادشاہت - شاہانہ - بادشاہوں کے لائق۔
شاہین (ف/مذ) ایک سفید رنگ کا شکاری پرندہ ہوتا ہے - ترازو کی مُوٹھ - تولنے کے کانٹے کی سوئی - زبانۂ ترازو۔
شایان (ف) لائق - موزوں - مناسب - قابل - عمدہ - نفیس - روا - جائز - واجب - ممکن۔
شائبہ (ع/مذ) آمیزش - ملاوٹ - آلودگی - شُبہ - لاگ - لگاوٹ۔
شاید (ف) کلمۂ شک - مگر - غالباً - زیبا - لائق - ظن غالب۔
شاید و باید (ف) جیسا چاہیے - ہر طرح شایاں اور زیبا ہے - نہایت عمدہ۔
شائستگی (ف/مث) تہذیب - لیاقت - قابلیت - اخلاق - انسانیت - خوش خلقی - زیبائش۔
شائستہ (ف) لائق - زیبا - موزوں - مناسب - مہذب - تربیت یافتہ - خوش خُلق - سلیقہ دار - سُگھڑ - اچھا - بہتر - عمدہ۔
شائع (ع) پرگٹ - ظاہر - پھیلا ہوا - چھایا ہوا - مشہور کیا ہوا۔
شائع کرنا (ف) پھیلانا - مشتہر کرنا - چھاپنا - اشتہار دینا۔
شائق (ع/مذ) شوق رکھنے والا - شوقین - خواہش مند - خواہاں - متمنی - پُرشوق۔

ش - ب

شب (ف/مث) رات - رین - راتری - لیل - روز کی ضد۔
شب باش (ف/مذ) رات کی رات رہنے والا - مقیم - منزل گزین۔
شب باش ہونا (ف) قیام کرنا - بسرام کرنا - رات گزارنا۔
شب بخیر (ف) کلمۂ دعا - رات خیر سے گزرے - گڈ نائٹ۔
شب برات (ف/مث) مرکب از شب بمعنی رات و برات بمعنی حصّہ - مسلمانوں کے تیوہار کا نام ہے جو چودھویں شعبان کو منایا جاتا ہے۔
شب بیدار (ف) رات کو اُٹھنے والا - رات کو اُٹھ کر عبادت کرنے والا - رات بھر جاگنے والا۔
شب تار - یا - تاریک (ف) اندھیری رات۔
شبت (ع) عنکبوت - مکڑی۔
شب چراغ (ف/مذ) ایک ہیرے کا نام ہے جو رات کے وقت چراغ کا کام دیتا تھا۔
شب خوابی (ف/مث) رات کو پہن کر سونے کے کپڑے - لباس شبینہ - رات کا سونا۔
شب خوانی (ف/صف) وہ قصّہ جو رات کو داستان گو پڑھا کرتے ہیں۔
شب خون (ف/مذ) رات کا دھاوا - رات کی لڑائی - چھاپہ - رات کے وقت بے خبری کا دھاوا۔
شب خون لانا (ار/محاورہ) رات کو حملہ کرنا - چھاپہ مارنا۔
شب خیز (ف/صف) شب بیدار - رات کو اُٹھنے والا۔
شب خیز یا (ف/صف) قزاق جو رات کو لوٹے۔
شب دیز / شب رنگ (ف/مذ) سیاہ رنگ کا گھوڑا - مُشکی گھوڑا - کالا گھوڑا۔
شب دیگ (ف/مث) شلغم اور گوشت جو رات بھر خاص ترکیب سے پکتے ہیں۔
شب زفاف (ف/مث) سہاگ کی رات - تخت کی رات - دُلہا دُلہن کی پہلی رات۔
شب قدر (ع/مث) قدر و منزلت والی رات - نہایت عظمت والی رات - رمضان کے مہینے کی ستائیسویں رات۔
شب کور (ف/مذ) رتوندیا - وہ آدمی جسے رات کو دکھائی نہ دے۔
شب ماہ (ف/مث) چاندرات - وہ رات جس کی شام کو ہلال نظر آئے۔
شباب (ع/مذ) جوانی - گبرو پن - آغاز - شروع - ہر چیز کی ابتدا۔
شباہت (ع/مث) مانند ہونا - ملتا جلتا جسم و صورت کی مطابقت۔
شبد (س/مذ) بول - آہٹ - آواز - صدا - بانگ۔
شبستان (ف/مذ) خواب گاہ - سونے کی جگہ - اُمرا کا خلوت خانہ۔
شبنم (ف/مث) اوس - نزول - ایک قسم کا نہایت باریک اور سفید کپڑا۔
شبو (ف/مذ) ایک سفید رنگ اور بھینی بھینی خوشبو والا پھول ہوتا ہے۔
شبہ (ع/مذ) شک - گمان - بھرم - دُبدھا - وہم - وسواس۔
شبینہ (ف/مذ) رات کا بچا ہوا - باسی - شب بیداری جو لوگوں سے کرائی جائے۔
شبیہ (ع/مث) شکل - صورت - تصویر۔

ش - پ

شپ (ف) جلدی - زود دستانی۔
شپش (ف) جُوں جو کپڑوں میں پڑ جاتی ہے۔
شپر - یا - شپیر (ف/مث) چمگادڑ۔
شپلق (ت) تھپّڑ - طمانچہ۔

ش - ت

شتاب } (ف) فوراً - فی الفور -
شتابی } جلدی - جھٹ - پٹ -
شُتر (ف/مذ) اُونٹ - جمل -
شُتربان (ف/مذ) اُونٹ پالنے والا - ساربان -
شُتربے مہار (ف) بے نکیل اُونٹ - (مجازاً) آزاد - بدلگام - ناشائستہ -
شُتردل (ف) ڈرپوک -
شُترسوار (ف/مذ) سانڈنی سوار - اُونٹ پر ڈاک لے جانے والا قاصد -
شُترغمزہ (ف/مذ) ناموزوں نخرہ - فضول چونچلے - بے جا ناز - فریب - دھوکا -
شُترکینہ (ف/مذ) دلی عداوت - سخت دشمنی - جانی بیر -
شُترگاو - یا شُترگاوپلنگ (ف/مذ) ملک مصر کے ایک جانور کا نام ہے جسے زرافہ کہتے ہیں -
شُترگربہ (ف/مذ) دو ناموافق یا بے جوڑ چیزیں -
شُترمرغ (ف/مذ) عرب اور افریقہ کے صحراؤں میں ایک بہت بڑا پرندہ ہے جس کی ٹانگیں اور گردن لمبی لمبی ہوتی ہیں - یہ اُڑ نہیں سکتا - البتہ دوڑتا بہت تیز ہے -
شُتری (ف/مث) - اُونٹ کے رنگ کا بادامی گندمی کپڑا - اُونٹ پر رکھ کر بجانے کا نقارہ - دھونسہ -
شتم (ف/مذ) گالی گلوچ -

ش - ج

شجاع (ع) دل چلا - بہادر - دلیر - سورما - سُور بیر - دلاور -
شجاعت (ع/مث) دلیری - دلاوری - بہادری -
شجر (ع/مذ) درخت - پیڑ - پودا -
شجرہ (ع/مذ) کُرسی نامہ - نسب نامہ - سلسلۂ خاندان - وہ کاغذ جس میں وارث اوّل کو جڑ قرار دے کر کل اولاد کو ترتیب وار درج کر دیتے ہیں - کھیت کا نقشہ -
شجرہ کلہ اُٹھانا (ار/محاورہ) بستر باندھ کر چلنے کی تیاری کرنا -
شجیع (ع/صف) دلیر - بہادر -

ش - ح

شحم (ع/مث) چربی - پیہ - فربہی - موٹاپا - گودا - مغز -
شحنہ (ع/مذ) کوتوال -

ش - خ

شخ (ف) پہاڑ کے دامن کی زمین -
شخار (ف) سجّی - ایک قسم کی کھار -
شخص (ع/مذ) آدمی کا بدن - جسم - وجود - انسان -
شخصی (ع) منسوب بہ شخص واحد - ایک آدمی سے متعلق -
شخصی حکومت (ع/مث) وہ حکومت جس میں بادشاہ کو اختیار مطلق حاصل ہو - جمہوری حکومت کی ضد -
شخصیت (ع/مث) آدمیت - بھلمنسائی - انسانیت - شرافت - بزرگی - وقعت - عزت و حرمت -
شخصیت جتانا (ا) تکبر کرنا - غرور و گھمنڈ کرنا - شیخی مارنا - ڈینگ مارنا -
شخصیت بگھارنا - (ا) لاف زنی کرنا - اترانا - اپنا آپ دکھانا -

ش - د

شُد (ف) آمد و رفت - کسی کام کا آغاز - ابتدا - شروع -
شُدبُد (ف/مث) کسی کام کی تھوڑی سی مہارت - حرف شناسی - تھوڑی سی واقفیت -
شُدبُد ہونا (ا) تھوڑی سی واقفیت ہونا - قدرے قلیل جاننا -
شُد ہو جانا (ار/محاورہ) مقابلہ ہو جانا -
شَدّ (ع/مث) سختی - مضبوطی - استحکام - اُستواری -
شَدّ و مَدّ (ع/مذ) دُھوم دھام - ٹھاٹ باٹ - زور و شور - شان و شوکت -
شدّاد (ع/مذ) ملک اِرم و مصر کے ایک مشہور بادشاہ کا نام ہے جس نے خدائی کا دعویٰ کیا تھا - باغ اِرم اسی نے بنوایا تھا -
شدے نکالنا (ار/محاورہ) محرم کے موقع پر جھنڈے اور نشان نکالنا -
شِدّت (ع/مث) تیزی - سختی - زیادتی - زور - جوش و خروش -
شِدّت کرنا (ار/محاورہ) سختی کرنا - ظلم کرنا -
شُدّہ (ع/مذ) ٹوٹا ہوا سر - کپڑے کا پھٹا ہوا ٹکڑا -
شُدنی (ف/مث) ہونی - ہونے والی بات - بھاری - ممکن - ہونہار -
شُدھ (ہ) پاک - پوتر - صاف - خالص - نرمل -
شُدہ شُدہ (ف) آہستہ آہستہ - رفتہ رفتہ - ہوتے ہوتے -
شدید (ع) کٹھن - دُوبھر - دشوار - مشکل -

ش - ر

شَر (ع/مذ/مث) شرارت - بدی - فساد - خرابی - جھگڑا - دنگا -
شر اٹھانا - یا - کرنا (ا) جھگڑا اُٹھانا - فساد ڈالنا - بکھیڑا پیدا کرنا -

شِرا (ع ا مذ) خرید و فروخت - مول تول کرنا - بیع کی ضد -
شَراب (ع ا مث) پینے کی چیز (مجازاً) نشہ آور عرق - اطبا کی اصطلاح میں شربت -
شراب خانہ (ف ا مذ) کلال خانہ - شراب بننے اور بکنے کی جگہ - شراب کی دُکان -
شَراب خوار (ف ا مذ) شراب پینے والا - شرابی - مے نوش -
شَراب دو آتشہ (ف ا مث) دو دفعہ کشید کی ہوئی شراب - تیز شراب -
شَراب طَہُور (ع ا مث) وہ پاک اور بے نشہ شراب جو بہشت میں ملے گی -
شرابور (ف) تر بتر - لتھڑا پتھڑا -
شرابور ہوجانا (ف) تر ہوجانا - بالکل بھیگ جانا -
شرابی (ف ا مذ) شراب پینے والا - مے نوش - متوالا -
شراٹا (ا مذ) ہوا کا سناٹا - شور و غل کی آواز - زور کی آواز -
شَرارت (ع ا مث) فساد - خرابی - بُرائی - بدی - کھوٹ - بد ذاتی - شوخی - چالاکی - دنگا - سرکشی - تجلّی - شرارہ -
شَرار (ع ا مذ) آگ کا پتنگا - پارہ آتش - چنگاری - انگاری -
شرارتاً (ع) شرارت سے - شیطنت سے -
شرارہ (ع ا مذ) آگ کا پتنگا - پارہ آتش - چنگاری - انگاری -
شَرافت (ع ا مث) بزرگی - بھلمنسائی - انسانیت - آدمیت -
شَراکت (ع ا مث) ساجھا - پتّی - حصّہ داری - شراکت - دُشمنی - عداوت - بیر - (صحیح لفظ شرکت سے بگڑ گیا ہے)
شراکت نامہ (ع ف ا مذ) وہ کاغذ یا اقرارنامہ جو شریکوں میں باہمی قول و قرار کی بابت عہد کے طور پر لکھا جائے -
شرائط (ع ا مث) (شرط کی جمع) شرطیں -
شرائین (ع ا مث) (شریان کی جمع) کودنے والی رگیں - جسم میں خون پہنچانے والی رگیں -
شُرب (ع ا مذ) پینے کے قابل - قابل نوش - جیسے اکل و شرب -
شُرب الیہود (ع) کنایہ ہے - چھپا کر شراب پینے سے - اس لیے کہ یہودی پہلے مسلمانوں سے چھپا کر شراب پیتے تھے -
شَربَت (ع ا مذ) پینے کی چیز - کھانڈ گھلا ہوا میٹھا پانی - دواؤں کا شیرہ -
شَربت پلانا (ف) کھانڈ گھلا ہوا پانی نوش کرانا - ایک رسم کا نام بھی ہے جو نکاح کے بعد ادا کی جاتی ہے -
شربت پلائی (ا مث) وہ نقدی جو دُولہن کے نائی کو نکاح کے بعد شربت پلانے کے بدلے دی جاتی ہے - حجام کا رخصتانہ - لاگ -
شربت کے پیالے پر نکاح پڑھا دینا (محاورہ) غریبوں کی طرح سادگی سے بغیر ٹھاٹھ باٹھ کے نکاح کر دینا -
شربت کے سے گھونٹ پینا (ف) کسی ناگوار اور تلخ بات کو خوشی اور نرمی سے سہنا - سختی اُٹھانا -
شربتی (ف) کسی قدر سُرخی مائل ہلکا زرد رنگ - شربت کے رنگ کا -

ایک نہایت باریک اور عمدہ کپڑے کا نام بھی ہے - ایک قسم کے عمدہ بڑے بڑے فالسے - ایک قسم کا میٹھا لیموں - رسیلا - رس بھرا -
شرنادا (ا مذ) ایک قسم کی کھچڑی -
شَرح (ع ا مث) تفسیر - حاشیہ - کھول کر بیان کرنا - مفصّل بیان - نرخ - دَر - بھاؤ -
شرح آبپاشی (ع ف ا مث) نہر کے پانی دینے کا نرخ -
شرح بندی (ا مث) نرخ نامہ - بھاؤ مقرر کی ہوئی فہرست -
شرح سُود (ع ا مث) بیاج کا دَر - بیاج کا نرخ -
شرح کرنا
شرح لکھنا
شرح کہنا
(ف) تفسیر بیان کرنا - حاشیہ چڑھانا - کھول کر بیان کرنا - مفصّل بیان کرنا -
شرح صدر (ع ا مث) بہ ترکیب فارسی، دل تسکین - شک و شبہ نہ رہنا -
شرح لگان (ا مث) خراج کا نرخ - زمین کا پٹہ -
شرح و بسط (ع ا مث) وضاحت و تفصیل - کھول کر -
شَرَر (ع ا مذ) آگ کی چنگاری - مولوی عبدالحلیم صاحب لکھنوی کا تخلص -
شُرط (ع) موافق ہوا - جدھر جانا ہو اُس کے موافق و معاون ہوا -
شَرط (ع ا مث) قول و اقرار - عہد و پیمان - بازی - داؤ - دفعہ - قاعدہ - مناسب - جیسے شرطِ انصاف یہی ہے -
شَرط باندھنا - یا - کرنا - یا - لگانا (ف) بازی لگانا - بازی بدنا - ذمّہ لینا - ذمّہ دار بننا -
شَرطی (ف) شرط والی - شرط کی گئی - اقراری - ضرور - بے شک -
شَرطیہ (ع) ضرور - بے شک بے شبہ - اقراری طور پر - از رُوئے شرط -
شَرع (ع ا مث) سیدھا راستہ - طور - طریقہ - قرآن کے موافق قانون محمدی -
شَرع پر چلنا (ف) شریعت کا پابند رہنا - اسلام کے قاعدے برتنا - دھرم شاستر کے موافق عمل کرنا -
شرع میں رخنہ ڈالنا - یا - نکالنا (ف) مذہب میں بدعت پیدا کرنا - شرع میں کوئی نئی بات داخل کر کے خرابی ڈالنا -
شرع میں شرم کیا (ف) جو بات جائز ہو اُس میں شرم کرنا بے سود ہے -
شَرعاً (ع) از رُوئے شرع - شرعی طور پر - قانونِ اسلام کے موافق -
شَرعی (ع) شریعت کے مطابق - شرع کا پیرو -
شَرف (ع ا مذ) بزرگی - مقام بلند - بلندی - شرافت - خاندانی بڑائی - ترجیح - بُزرگی - برتری - کسی ستارے کا اپنے اصل برج میں آجانے کا فخر -
شرف لے جانا (ف) بڑھ جانا - سبقت لے جانا -
شرفِ خدمت - یا - ملازمت (ع ا مث) خدمت میں حاضر ہونے کا فخر - حاضرِ خدمت ہونے کی بزرگی -

شرف یاب (ع ف/مذ) بزرگی پانے والا - اعزاز یافتہ -
شرف یاب ہونا (ل) خدمت کی عزت حاصل ہونا -
شرف ہونا (ل) عزت ملنا - فخر حاصل ہونا - بزرگی پانا -
شرق (ع/مذ) سُورج نکلنے کی جگہ - مشرق - پُورب -
شرقی (ع) پُوربی - پُوربیا - پُورب سے نسبت رکھنے والا - پُورب کا -
شرقی علوم (ع/مذ) مشرقی علوم جو ایشیا میں رائج ہیں -
شرک (ع/مذ) خدا کی ذات و صفات میں کسی اور کو اُس جیسا ماننا - کُفر کرنا -
شرک جلی (ع/مذ) ظاہری اور علانیہ شرک -
شرک خفی (ع/مذ) پوشیدہ شرک - جیسے کسی آدمی کو حاجت روا سمجھنا -
شُرکا (ع/مذ) شریک کی جمع -
شرکت (ع/مث) ساجھا - شمولیت - شمولیت - شراکت - ساتھ -
شرکت ضروری ہونا (ا/محاورہ) شمولیت لازمی ہونا -
شرکت منظور ہونا (ا/محاورہ) ساتھ دینے کا ارادہ کرنا -
شرکتی (ع/صف) مشترک - ساجھے -
شرم (ف/مث) لاج - حیا - غیرت - خیال - لحاظ -
شرم حضوری (ف/مث) سامنے ہونے کی شرم - آنکھ دیکھے کا لحاظ -
شرم رکھنا (ل) آبرو بچانا - لاج رکھنا - عزت بچانا -
شرم رہ جانا (ل) آبرو رہنا - بات رہ جانا - عزت قائم رہنا -
شرم آلودہ (ف/صف) شرمگیں -
شرم سے پانی پانی ہونا (ل) شرمندگی کے مارے پسینے پسینے ہونا - نہایت شرمندہ ہونا -
شرم کی بات (ا/مث) افسوس کی بات - قابلِ شرم بات - لاج اور عزت کی بات -
شرمانا (ل) لجانا - شرمندہ ہونا - خجل ہونا - نادم ہونا - دُوسرے کو شرمندہ کرنا - ذلیل کرنا - ندامت دلانا -
شرماؤ - یا - شرمالُو (ل) شرم و حیا کرنے والا - لاجونت -
شرمسار (ف) صاحب شرم - حیادار - شرمگیں - شرمندہ -
شرمساری (ف/مث) شرمندگی - لاج - شرم - انفعال -
شرمندگی (ف/مث) شرم - حیا - لاج - ندامت -
شرمندہ (ف) شرم کرنے والا - نادم - حیا والا - منفعل -
شرمندۂ احسان (ف ع/مذ) احسان میں دبا ہوا - احسان سے شرمگیں - شرمگیں -
شرمندہ صُورت (ف ع) وہ شخص جس کی شکل و صُورت سے حیا ٹپکے - حیادار شکل والا -
شرمیلا (ل) شرماؤ - شرم والا -
شُروا (ا/مذ) شوروا یعنی شوربا کا بگاڑ ہے -
شُروع (ع/مذ) لُغت میں کسی کام میں پڑنا (مجازاً) ابتدا - آغاز - اوّل -

شریان (ع/مث) کُودنے والی رگ - نبض - رُوح والی رگ - لال رگ - جس کے ذریعے خُون جسم میں پہنچتا ہے -
شریر (ع) دنگئی - شرارتی - شرارت کرنے والا - فسادی - مکّار - نٹ کھٹ - چالاک - عیّار - پاپی - کھوٹا - سرکش -
شریعت (ع/مث) دینی قانون - طریقہ - رستہ - ظاہر کی صفائی - بڑی سڑ - پنگھٹ -
شریف (ع) عالی خاندان - بُزرگ - بھلا مانس - مہذب - اشراف -
شریف النفس (ع/صف) نیک - شریف طبع -
شریف زادہ (ع ف) اشراف کا بیٹا - بڑا خاندانی -
شریف قوم (ع/مذ) سردارِ قوم - قوم کا سردار -
شریف و رذیل (ع) اعلیٰ ادنیٰ - بڑا - چھوٹا - نیک و بد -
شریفہ (ا/مذ) ایک چھوٹا اور میٹھا پھل ہے - جسے سیتا پھل بھی کہتے ہیں - یہ لفظ شری پھل یعنی مقدس پھل سے بگڑا ہوا ہے -
شریک (ع) شامل - ملا ہوا - حصّہ دار - پتّی دار - مددگار - ساتھی - رفیق - رشتہ دار - ہمراہی - دوست - ساجھی - ہم قوم - دشمن - عدو - حریف -
شریک رہنا (ا/محاورہ) شامل رہنا - اکٹھے رہنا - ساتھ رہنا -
شریک شکمی (ع/مذ) ایک دادا کی اولاد - وراثت کے حق دار -

ش - ڑ

شڑاپ شڑاپ (ا/مث) کوڑوں کی آواز -
شڑتیا (ہ/مذ) (دیکھو سڑتیا)
شڑبیتے لگانا - یا - مارنا (ہ) جھٹ جھٹ سا پینا - اندھوں کی طرح کھانا -

ش - س

شست (ہ/مذ) انگوٹھا - نر انگشت - زہ گیر - مضراب - مچھلی پکڑنے کا کانٹا - نشانہ - سیدھ - ہدف -
شست باندھنا - یا - لگانا (ل) سیدھ باندھنا - نشانہ باندھنا - تاک لگانا -
شستر (س/مذ) لڑائی کا ہتھیار یعنی تلوار وغیرہ - سلاح -
ششتر سالہ (س/مذ) سلح خانہ - میگزین -
شست و شو (ف) نہانا دھونا - نہا دھو کر جسم کو صاف رکھنا -
شستہ (ف) دھویا دھایا - صاف - نرمل - پاک صاف -

ش - ش

شَشْ (ف امذ) پھیپھڑا۔
شَشْ (ف) اسم عدد - چھ ، 6 -
شش پہلو (ف) چھ کونا - مسدس - چھ گوشہ -
شش جہت (فع امث) چھ طرفین یعنی شمال جنوب - مشرق - مغرب - تحت - فوق - مراد کُل دنیا - تمام عالم - سارا جہان -
شش روز (ف امذ) دُنیا کی پیدائش کے چھ دن۔
شش دانگ (ف امذ) تمام - پورا - کُل - سارا -
شش دانگ عالم (ف امذ) تمام دُنیا - سارا جہان -
شش ماہی (ف) نصف سال - چھ ماہی - چھٹے مہینے -
شش و پنج (ف امذ) فکر - اندیشہ - سوچ بچار - تامل - برباد ہو جانے کے قریب والی چیز - جوئے یا نردوں کا پاسہ - جُوا -
ششدر (ف امذ) چھ دروازے کا مکان - حیران و پریشان - ہکا بکا -
شش پستان (ف) چھاتیاں لٹکی ہوئی عورت۔

ش - ط

شَطْ (ع امذ) دریا - نالہ - ندی - دریا کا کنارہ -
شَطّاح (ع اصف) بے حیا - بے شرم - بدچلن -
شَطَح (ع امذ) شریعت کے خلاف کلمہ / بکواس - بے حیائی -
شَطْرَنْج (معرب چترنگ امث) ایک امیرانہ کھیل کا نام ہے جس سے عقل فکر - تصور اور حافظہ کو بہت ترقی ہوتی ہے - اس میں ۳۲ مُہرے اور ۶۴ خانے ہوتے ہیں -
شَطْرَنْج باز (ف امذ) شطرنج کا کھلاڑی - شاطر -
شَطْرَنْجی (ف امث) مختلف قسم کے غلّوں کی روٹی - دری - ایک قسم کا سُوتی فرش -

ش - ظ

شَظایا (ع) ہر شے کے دندانے والے مغز کے ریشے -

ش - ع

شِعار (ع امذ) لُغت میں جسم سے ملے ہوئے کپڑے کو کہتے ہیں - جیسے بنیان وغیرہ - اِصطلاح میں لباس - دستور - عادت - طَور - طریقہ - طرز - روِش -
شُعاع (ع امث) سُورج کی کرن - روشنی - چمک - روشنی کا عکس -
شِعْب (ع امذ) پہاڑ کا دَرّہ -
شُعَب (ع) جمع شعبہ کی - گروہ - شاخ -
شُعْب (ع) شگاف غار -
شَعْبان (ع امذ) شبِ برات کا مہینہ - عربی قمری مہینوں میں سے آٹھواں مہینہ -
شُعْبَدہ (ع امذ) وہ کھیل جو جادو اور مکر و فریب سے متعلق ہو - نظربندی - چھل - فریب - دھوکا -
شُعْبَدہ باز - با - شُعْبَدہ گر (ف امذ) بازی گر - جادوگر - مکّار - فریبی - دھوکے باز - مداری - حیرت انگیز تماشے دکھانے والا -
شُعْبَدہ بازی (ف امث) فریب - مکّاری - جادوگری - دھوکا -
شُعْبَدہ بنانا (ار) محاورہ ، شرارت کرنا - دھوکہ دینا -
شُعْبہ (ع امذ) فرقہ - گروہ - شاخ - ٹہنی - ٹکڑا - حصّہ - راگ کی شاخ - راگنی - نہر میں سے نکالی ہوئی نہر - رجبہا - راجباہا -
شِعْر (ع امذ) لُغت میں جاننا - دریافت کرنا - اِصطلاح میں موزوں و مقفّیٰ بالقصد کلام کو کہتے ہیں - بیت - نظم - چھند - گیت -
شعر خوانی (عف امث) شعر پڑھنا -
شعر کہنا (ار) نظم لکھنا - شعر بنانا - شعر گھڑنا - کلام موزوں کرنا -
شعرگوئی (عف امث) شاعری - شعر کہنا - چھند کہنا -
شُعَراء (ع امذ) شاعر کی جمع - کوی لوگ -
شَعْرا (ع) شفتالو کی قسم کا ایک میوہ -
شِعْریٰ (ع امذ) دو مشہور ستاروں کے نام -
شُعْلہ (ع امذ) چمک - جوت - درخشندگی - لَو - لاٹ - لپٹ - آگ - غصّہ - غضب -
شعلہ اُٹھنا (ار) آگ لگنا - آگ بھڑکنا - لاٹ اُٹھنا - غصّہ آنا - جلن اُٹھنا -
شعلہ بھبُوکا (ار) گورا - چٹّا - نہایت خوبصورت - غضبناک - خشمناک -
شعلہ بھبوکا ہونا (ار) برافروختہ ہونا - غضبناک ہونا - غصّے سے لال ہو جانا - لال پیلا ہونا -
شعلۂ جوالہ (ع امذ) گرداگرد پھرنے والا - شعلہ - جلتی ہوئی بنیٹی کا چکر -
شعلہ خُو (ع امذ) تند خُو - تیز مزاج - بد مزاج معشوق -
شعلہ خیز / دار (ع اف امذ) جس سے زیادہ شُعلے نکلیں -
شعلہ رُخ (عف اصف) سُرخ اور دہکتے چہرے والا - معشوق -
شعلہ رُو (عف امذ) حسین - نہایت خوبصورت - معشوق -
شُعُور (ع امذ) جاننا - دانائی - تمیز - عقل - سمجھ - سلیقہ - واقفیت
شعور دار (عف) سمجھدار - تمیز دار - ہُنرمند - ہوشیار -

ش - غ

شَغ (ف) حیوان کا کھوکھلا سینگ۔
شِغال (ع امذ) گیدڑ۔
شغالے را بیستر نیست انگور (ف امثل) گیدڑ کو انگور میسّر نہیں - جب کوئی کسی چیز کا اہل نہ ہو تو کہتے ہیں۔
شَغَب (ع امذ) شور و غل۔
شُغل (ع امذ) کام کاج - دھیان - عدیم الفرصتی - دل لگی - کھیل کود - خدا کا دھیان - تصوّر - خیال۔
شغل بادہ کشی (عف امذ) شراب پینا۔
شغل کرنا (ل) کسی کام میں مصروف ہونا - کھانا پینا - تفریح طبع میں مشغول ہونا۔
شَغْور (ع) گھٹنے کا مُوتنے کے وقت پاؤں اُٹھانا - ہر چیز کا کنارا - شین مفتوح۔

ش - ف

شِفا (ع امث) تندرستی - صحت۔
شفا خانہ (عف امذ) ہسپتال - بیماروں کا علاج ہونے کی جگہ۔
شَفاعَت (ع امث) بیچ بچاؤ - درمیان میں پڑنا - سفارش - گناہوں کی معافی کی سفارش۔
شَفّاف (ع) نہایت صاف چیز - جس کے آر پار نظر آسکے - جیسے شیشہ - صاف - اُجلا - نرمل۔
شَفتالُو (ف امذ) ایک قسم کا بڑا آڑو۔
شُفعہ (ع امذ) ہمسائیگی - ہمسائیگی کا حق - گھر یا زمین کی ہمسائیگی۔
شَفَق (ع امث) صبح اور شام کی سُرخی - نہایت خوبصورت - سُرخ و سفید۔
شَفَق پھُولنا (ل) شام کی سُرخی نمایاں ہونا - خوب اچھی طرح سے سُرخی کا ظاہر ہونا۔
شَفْقَت (ع امث) ترس - نرمی - پیار - محبّت - ہمدردی - مہربانی - لُطف۔
شَفیع (ع امذ) گناہ بخشوانے والا - سفارش کرنے والا - آڑے آنے والا۔
شفیعُ الاُمَم (ع امذ) اُمتوں کی شفاعت کرنے والا - رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب۔
شفیعِ محشر (ع امذ) حشر میں سفارش کرنے والا - حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب۔

شَفیق (ع) دیالو - کرپالو - مہربان - ہمدرد - عنایت فرما۔

ش - ق

شَقّ (ع) پھٹا ہوا - شگاف دار۔
شق ہونا (ل) پھٹنا - شگاف پڑنا۔
شِق (ع امث) پارہ - ٹکڑا - حصّہ - جزو - آدھا - نصف حصّہ۔
شِق نکلنا (ل) دقت پیش آنا - جھگڑا نکلنا۔
شَقی (ع) بدبخت - بے نصیب۔
شَقیق (ع اصف) نصف - آدھا ٹکڑا - سگا بھائی۔
شَقیقہ (ع امذ) کنپٹی - کان اور پیشانی کے درمیان کا نرم اور ملائم حصّہ - دردِ نیم سر - آدھا سیسی۔

ش - ک

شک (ع امذ) شُبہ - بھرم - وسواس - دُبدھا - گمان - ظن - یقین کی ضد۔
شک ڈالنا (ل) شُبہ پیدا کرنا - گمان کرنا۔
شک رفع کرنا - یا نکالنا - یا - مٹانا (ل) گمان مٹانا - شُبہ دُور کرنا۔
شک ظاہر کرنا (ل امحاورہ) شُبہ کرنا۔
شک کرنا (ل) گمان کرنا - شُبہ کرنا۔
شک گزرنا (ل امحاورہ) شُبہ ہونا۔
شکار (ف امذ) جاندار کے مارنے کا ارادہ - صید - نخچیر - بندوق یا تیر وغیرہ سے پکڑا یا مارا ہوا جانور - اسامی - سونے کی چڑیا - مفت کا مال - گوشت - لحم۔
شکار افگن (عف امذ) وہ شکاری جو چیتے کے لیے شکار کرے۔
شکار آنا (ل) شکار ہاتھ لگنا - شکار پھنسنا۔
شکار بند (ف امذ) فتراک - وہ تسمہ جو گھوڑے کی دُم کے قریب شکار یا ضروری سامان باندھنے کے لیے لگا ہوتا ہے۔
شکار کھیلنا (ل) جانوروں کو مارنا - صید مارنا۔
شکار گاہ (ف امث) صید گاہ - شکار کھیلنے کی جگہ رہنا۔
شکار ہونا (ل) کسی جانور کا مارا جانا - عاشق ہونا - جال میں پھنسنا - قابو میں آنا۔
شکاری (ف امذ) شکار کرنے والا - صیّاد - شکار سے نسبت رکھنے والا۔
شکاری جانور (ف امذ) شکار کرنے والا جانور - وہ پرندہ اور درندہ جو شکار کرے۔
شکاری کُتّا (ل امذ) شکار میں مدد دینے والا کُتّا - شکار مارنے یا پکڑنے

والا گتا۔

شکال (ف/مذ) وہ عیب دار گھوڑا جس کے تین پاؤں سفید اور چوتھا کسی اور رنگ کا ہو۔ وہ رسی جس سے گھوڑا باندھیں۔

شکایت (ع/مث) گلا اپنا۔ گلہ شکوہ۔ مرض۔ بیماری۔ فریاد۔ داد خواہی۔ بُرائی۔ بدی۔ غیبت۔

شکایت رفع کرنا (ف) دُکھ دُور کرنا۔ گلہ اُتارنا۔ مُراد پوری کرنا۔ کام بنانا۔

شکایت کرنا (ف) گلہ کرنا۔ دُکھڑا رونا۔ فریاد کرنا۔ بُرائی کرنا۔ غیبت کرنا۔

شکتی (س/مث) طاقت۔ قُوّت۔ بل۔ زور۔ قُدرت۔

شکر (س/مذ) چھٹا سیارہ۔ جُمعہ۔ جمعہ کا دن۔ زُہرہ۔ لو ہیے فلک۔ شرمگاہ۔

شُکر (ع/مث) احسان مندی۔ احسان ماننا۔ منعم کی تعریف کرنا۔ سپاس۔

شُکر کرنا۔ یا۔ بجا لانا (ف) احسان ماننا۔ سپاس گزاری کرنا۔

شُکر گزار (ع/ف/مث) احسان مند۔ شاکر۔ ممنون۔ نمک حلال۔

شُکر گزاری (ع/ف/مث) احسان مندی۔ ممنونیت۔ حق شناسی۔

شَکر۔ یا۔ شَکّر (ف/ا/مث) کھانڈ بورا۔ چینی۔ مصری۔ قند۔ نبات۔

شکر پارہ (ف/مذ) ایک قسم کی مٹھائی جو مربع شکل کی ٹکڑیاں سی ہوتی ہیں۔

شکر خند (ف) تبسّم۔ مسکراہٹ۔

شکر خورا (ف/مذ) ایک چھوٹے سے خوش رنگ پرندے کا نام ہے جو مٹھاس بڑے شوق سے کھاتا ہے (مجازاً) تر مال کھانے والا۔

شکر دان (ف/مذ) وہ برتن جس میں کھانڈ ڈالتے ہیں۔

شکر دہاں (ف/صف) میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا۔

شکر رنجی (ف/مث) اَن بن۔ مُرکاوٹ۔ ذرا سی ناراضی۔ معمولی سی رنجش جو کبھی کبھی دوستوں میں ہو جاتی ہے۔

شکر زُباں (ف/صف) شیریں سُخن۔

شکر سے مُنہ بھرنا (ف) کسی خوشخبری کے شکریے میں مٹھائی کھلانا۔

شکر قند (ف/مذ) مُولی کی طرح ایک قسم کی میٹھی جڑ۔ جسے اُبال کر یا بالُو میں بھون کر کھاتے ہیں دراصل شکر بمعنی میٹھا اور کند بمعنی جڑ تھا۔

شکر لب (ف) شیریں ہونٹوں والا۔ میٹھ بولا معشوق۔

شکر مقال (ف/صف) شیریں زبان۔

شکرانا (ف/مذ) وہ خشکہ جس میں کھانڈ اور گھی ڈال کر کھلائیں۔

شُکرانہ (ف/مذ) شکریہ۔ احسان مندی۔ منت۔ احسان۔ کسی کام کے بدلے کچھ دینا۔

شِکرہ (ف/مذ) باز کی قسم کا ایک شکاری پرندہ ہے۔ ایک قسم کا باشہ۔

شکرہ پالنا (ف) مُفت کا خرچ باندھنا۔ کسی پر بھروسہ کر لینا۔

شکست (ف/مث) ٹوٹ۔ پھوٹ۔ زک۔ ہار۔ ہزیمت۔ کمی۔ نقصان۔ گھاٹا۔ زیاں۔

شکست فاش (ف/مث) مکمل شکست۔ ایسی شکست جس میں کسی کو کلام نہ ہو۔

شکست و ریخت (ف/مث) ٹوٹ پھوٹ۔ گری پڑی۔

شکست ہونا۔ یا۔ کھانا (ف) ہار ہونا۔ بھاگنا۔ پسپا ہونا۔ مات ہونا۔

شکستگی (ف/مث) ٹوٹ پھوٹ۔ خستگی۔

شکستہ (ف) ٹوٹا پھوٹا۔ گرا پڑا۔ وہ خط جو گھسیٹ کر بے قاعدہ لکھا جائے۔

شکستہ حال (ف/ع) خستہ حال تباہ حال۔ آفت کا مارا مصیبت زدہ۔

شکستہ حالی (ف/ع/مث) تباہ حالی۔ تباہی۔ پریشانی۔ مصیبت۔ بپتا۔ آفت۔

شکستہ خاطر۔ شکستہ دل (ف/ع) غمناک۔ غمگین۔ رنجیدہ دل۔ خستہ خاطر۔

شکستہ خط (ف/ع/مذ) ایک قسم کا خط جو نستعلیق کے خلاف گھسیٹ کر لکھا جاتا ہے۔

شکل (ع/مث) چہرہ۔ صورت۔ ہیئت۔ رنگ۔ ڈھنگ۔ وضع۔ مانند۔ مثل۔ طور۔ طریقہ۔ ڈھب۔ ڈول۔ نقشہ۔ انداز۔ قسم۔ جنس۔ نوع۔ بُت۔ مُورت۔ مُورتی۔ موقع۔ تدبیر۔ حالت۔ گت۔ اُقلیدس کی اصطلاح میں شکل وہ ہے جو ایک حد یا کئی حدوں سے گھری ہوئی ہو۔

شکل بگاڑنا (ف) چہرے کو نہایت بدزیب کر دینا۔ اس قدر مارنا کہ صورت نہ پہچانی جائے۔ چہرے کو بدہیئت بنانا۔

شکل بنانا (ف) نقل کرنا۔ چہرے کو بگاڑنا۔ ڈول بنانا۔ خاکہ کھینچنا۔ کسی صورت کا اختیار کرنا۔

شکل چڑیلوں کی مزاج پریوں کا (ف) اس بدصورتی پہ اتنا غرور۔

شکل سے بیزار ہونا (ف) نہایت ناراض ہونا۔ بے حد متنفر ہونا۔ صورت دیکھنے تک کا روادار نہ ہونا۔

شکل نکالنا (ف) تدبیر سوچنا۔ اُپائے کرنا۔ تدبیر نکالنا۔ موقع سوچنا۔ صورت نکالنا۔

شکل و شمائل (ع/مث) صورت و سیرت۔ خوبصورتی۔ رنگ و رُوپ۔

شکم (ف/مذ) پیٹ۔ جھوجھ۔ بطن۔ اوجھ۔

شکم بندہ } (ف) بڑ پیٹو۔ کھاؤ۔ پیٹو۔ حریص۔
شکم پرور } لالچی۔

شکم سیر (ف) آسودہ۔ پیٹ بھرا۔ رجا ہوا۔ بھرپُور۔

شکمی (ف) جنم کا۔ پیدائشی۔ مادرزاد۔ اندرُونی۔ بیچ کا۔ بطور خود۔

شکمی کاشتکار (ف/مذ) اجارہ دار۔ اسامی۔ وہ کاشتکار جو بونے جوتنے میں شریک ہو اور سرکاری کاغذات میں اُس کا نام نہ ہو۔

شِکَن (ف/مذ) بل - سلوٹ - چُنَٹ - جھُول - شِکَن۔
شِکن در شِکن (ف/صف) پیچ دار - زُلف اور بادلوں کی تعریف میں استعمال ہوتا ہے۔
شِکن ڈالنا (ل) بل ڈالنا - نشان ڈالنا - کاغذ موڑ کر نشان کرنا۔
شِکنجہ (ف/مذ) مجرموں کی ٹانگیں کس دینے کی مشین - جلد سازوں کے ایک اوزار کا نام - عذاب - دُکھ - سخت سزا - رُوئی دبانے کی کل۔
شِکنجے میں کھینچنا (ل) سخت تکلیف دینا - بہت تنگ کرنا - نہایت دِق کرنا۔
شِکوا } (مذ) شکایت۔
شِکوہ } گلہ۔
شِکوہ گزاری (ف/مث) شکایتِ دوستانہ - گلہ گزاری - اُلاہنا دینا۔
شِکوہ مند (ف/صف) گلہ کرنے والا۔
شِکوہ (ف/مذ) رُعب وداب - شان و شوکت - بزرگی - دکھاوٹ۔
شکّی (ف/صف) شک کرنے والا - وہمی۔
شکیب - یا - شکیبائی (ف/مذ) صبر - آرام - تحمّل - سنتوکھ - بُردباری۔
شکیل (ع/مذ) خوبصورت - خوش شکل - وضع دار۔
شکیلہ (ع/مث) حسینہ - جمیلہ - خوبصورت عورت۔

ش - گ

شِگاف (ف/مذ) جھِری - دراڑ - درز - قلم کے بیچ کا چراؤ۔
شِگاف پڑنا (ل/محاورہ) پھٹ جانا۔
شِگاف دینا - یا - لگانا (ل) قلم کو چیرنا - زخم کو نشتر سے چیرنا - چیرا لگانا۔
شُگر (ف) بھونرا۔
شگفتگی (ف/مث) پھول کا کھلنا - سرسبزی - شادابی - خوشی - فرحت۔
شگفتہ (ف) کھِلا ہوا - خوش بخوش - راضی خوشی - خوش و خرّم۔
شگفتہ خاطر (ف) خوش مزاج - خوش دل۔
شگفتہ رُو (ف) ہنس مُکھ - خندہ پیشانی۔
شگن - یا - شگون (ف/ہ/مذ) فالِ نیک - نذرانہ - نقد - نیگ - منگنی یا نسبت کی رسم۔
شگوفہ (ف/مذ) پھول کی کلی - غنچہ - بن کھلا پھول - گُل پھول کسی انوکھی یا عجیب بات کا ظہور - چٹکلہ۔
شگوفہ پھوٹنا - یا - پھولنا (ل) پھولوں کا کھلنا - انوکھی بات نکلنا - ناگہانی امر پیش آنا - فتنہ کھڑا ہونا۔
شگوفہ چھوڑنا } (ل) کوئی نئی بات بیان کرنا - فساد یا فتنہ کی بات
شگوفہ کھلانا } کرنا - فتنہ اُٹھانا - فتنہ انگیز بات اُٹھانا۔

شگون کرنا (ل) بات ٹھہرانا - نسبت کرنا - نیک وقت میں کسی کام یا رسم کو شروع کرنا۔
شگون لینا (ل) مبارک گھڑی دیکھنا - فال لینا۔
شگون منانا (ل) اچھی بُری ساعت کو دیکھنا - شگن بچارنا - مبارک و منحوس ساعت کا یقین کرنا۔
شگونیا (ہ/مذ) نجومی - فالیا - رمّال - جوتشی۔
شگون ہونا (ل) اچھی فال نکلنا - کسی کام کا نیک گھڑی میں شروع کیا جانا - منگنی یا نسبت کی رسم ادا ہونا۔

ش - ل

شَل (ع) ہاتھ پاؤں سے لنجا ہونا - بے کار ہونا - ہاتھ پاؤں کا رہ جانا - سُست - تھکا ماندہ۔
شَل (ف) نام میوہ بیل - شَل چھوٹی برچھی۔
شلجم یا شلغم (ف/مذ) ایک قسم کی ترکاری جو مُولی کی قسم سے ہے۔
شلجمی (ف) منسوب بہ شلجم - شلغم کے رنگ کا شلغم جیسا۔
شلجمی آنکھیں (ل/مث) بڑی بڑی آنکھیں۔
شلک اُڑانا (ل) باڑ چھوڑنا - بندوق یا توپ چلانا - سلامی اُتارنا۔
شگوفہ چھوڑنا - گپ اُڑانا - فتنہ کی بات کہہ دینا - گوز مارنا - پاد مارنا۔
شلنگ (ف/مذ) ڈگ - جست - زقند - کُود - چھلانگ۔
شلنگ بھرنا (ل) چھلانگ مارنا - کُودنا - پھلانگنا - کُودنا - پھاندنا - ڈگ بھرنا - جست لگانا - چوکڑی بھرنا۔
شلنگا (ہ/مذ) دُور دُور کا ٹانکا - ڈوبا۔
شلنگے بھرنا (ل) ڈوبے لگانا - دُور دُور ٹانکے بھر کر سینا - موٹی سلائی کرنا۔
شلوار (ف/مذ) (شل اور وار کلمہ نسبت سے مرکب یعنی ران سے نسبت رکھنے والا) - جانگیا - گھٹنا - تنبان - پاجامے کے نیچے پہننے کا کپڑا۔
شلوکہ (ف/مذ) ایک قسم کا کرتہ - روئی دار کمری یا نیم آستین - سینہ بند۔
شُلہ یا شُلہ (ف/مذ) گوشت کے شوربے میں پکے ہوئے پتلے چاول - پتلی کھچڑی - نہایت گلے ہوئے چاول۔
شلیتہ - یا - شلیتا (ہ/مذ) خیمہ تہہ کرکے رکھنے کے ٹاٹ کا بڑا تھیلا۔
شلیتے میں میخ نہ رکھیے لشکر میں شیخ نہ رکھیے (ل/مثل) میخ تھیلے کو پھاڑ دیتی ہے اور شیخ جنگ کے موقع پر بزدلی دکھاتا ہے۔

ش - م

شُشم (ف) چپل ۔
شماتت (ع امث) کسی کے نقصان پر خوش ہونا ۔ خندہ زنی ۔ دشمن کے نقصان پر خوش ہونا ۔
شمار (ف امذ) گنتی ۔ تعداد ۔ حساب ۔ اندازہ ۔ تخمینہ ۔ جانچ ۔
شمار سے باہر یا زیادہ (ا) بے شمار ۔ اَن گنت ۔ لاتعداد ۔ بے حساب ۔
شمار کرنا (ل) گننا ۔ جانچنا ۔ حساب لگانا ۔
شمار کنندہ (ف امذ) حساب کی اصطلاح میں کسر کا اُوپر کا عدد جو مخرج سے اُوپر لکھا ہوتا ہے ۔ شمار کرنے والا ۔ گننے والا ۔
شماس (ع امذ) آفتاب کی پرستش کرنے والا ۔ گبر ۔ ترسا ۔ قوم ترسا کا پجاری یا سردار ۔ موجد طریقۂ آفتاب پرستی ۔
شمال (ع امث) بایاں ہاتھ ۔ دستِ چپ ۔ اُتر ۔
شمال رُو ۔ یا ۔ شمال رُویہ (ف امذ) وہ مکان جس کا دروازہ اور رُخ شمال یعنی اُتر کی طرف ہو ۔
شمالی (ع) منسوب بہ شمال ۔ اُتر کا ۔ اُتر والا ۔
شمالی ہوا (ع امث) وہ ہوا جو شمال کی طرف سے آئے ۔
شمامہ (ع امث) خوشبو جو کسی چیز میں سونگھیں ۔ خوشبو کی گولیاں ۔
شمائل (ع امذ) شمیلہ کی جمع خصلتیں ۔ عادتیں ۔ شکل کا مرادف بھی ہے ۔
شمس (ع امذ) سورج ۔ آفتاب ۔
شمسہ (ع امذ) وہ گول سنہری چاند جو کلس میں لگاتے ہیں وہ گول یا چپٹے کلابتونی یا زمرّدیں حلقے جو تسبیح میں ڈال لیا کرتے ہیں ۔ وہ موکھا جس سے کیمرہ میں روشنی آتی ہے ۔
شمسی (ع) منسوب بہ شمس ۔ سورج کا ۔ آفتاب کا ۔ جیسے نظام شمسی ۔
شمشاد (ف امذ) سرو کی قسم کے ایک سیدھے اور خوش قد درخت کا نام ۔
شمشیر (ف امث) (مرکب از شم بمعنی ناخن شیر ۔ مثل ناخن شیر ۔ تیز و خمدار) تلوار ۔ تیغ ۔
شمشیر باز (ف صف) تلوار سے کھیلنے والا ۔ تلوار چلانے والا ۔
شمع (ع امث) موم بتی ۔ چربی کی بتی ۔ موم خالص ۔
شمع بالیں (ع امث) وہ شمع جو سرہانے کی طرف جلائی جائے ۔
شمع دان (ع ف امذ) بتی دان ۔ وہ چیز جس میں لگا کر موم بتی جلاتے ہیں ۔
شمع رُو (ع ف) روشن چہرے والا ۔ مراداً معشوق حسین ۔
شمع سحری (ع ف امث) صبح کا چراغ ۔ گل ہونے کے قریب ۔ قریب بہ زوال ۔
شمع کا رُو پشت برابر ہے (ا) (مثل) صاف باطن اور روشن ضمیر آگے پیچھے یکساں ہیں ۔
شمع کافوری (ع ف امث) نہایت سفید اور اُجلی موم بتی ۔
شملہ (ف امذ) سر سے باندھنے یا کندھے پر ڈالنے کی شال ۔ دستار ۔ عمامہ ۔ پگڑی ۔ پگڑی کا طرّہ ۔ عمامہ کا سرا جو کندھے پر یا پس پشت ڈال لیا کرتے ہیں ۔ مشرقی پنجاب میں ایک صحت افزا پہاڑی شہر کا نام ۔
شملہ بمقدارِ علم (ف) (مثل) طرّہ علم کی مقدار کے موافق ہونا چاہیے ۔
شمول (ع امذ) شامل ۔ ساتھ ۔ سمیت ۔ اکٹھا ۔ سب ۔ تمام ۔ جملہ ۔
شمہ (ع امذ) ذرا سی مہک ۔ تھوڑی سی خوشبو ۔ ذرا سا جُزو ۔ اندک ۔ کم ۔ ذرا ۔ تھوڑا ۔ قلیل ۔ قدرے ۔
شمیم (ع امث) مہک ۔ خوشبو ۔ لپٹ ۔ معطر ہوا ۔ خوشبو والی ۔

ش ۔ ن

شن (ع) پانی کی کہنہ چرمی مشک ۔
شناخت (ف امث) پہچان ۔ واقفیت ۔ تمیز ۔ شناسائی ۔
شناس (ف) پہچاننے والا ۔ جیسے مردم شناس ۔
شناسا (ف) پہچاننے والا ۔ جانچنے والا ۔ تاڑُو ۔ تاڑیا ۔
شناسائی (ف امذ) جان پہچان ۔ تعارف ۔ واقفیت ۔
شناسندہ (ف صف) پہچاننے والا ۔
شناعت (ع امث) بدی ۔ بُرائی ۔ گندگی ۔
شناور (ف صف) تیراک ۔ تیرنے والا ۔
شنعب (ف امذ) گنبد ۔
شنبہ (ف امذ) سنیچر کا دن ۔ ہفتے کا دن ۔
شنجرف ۔ یا ۔ شنگرف (ف امذ) گندھک اور پارے کا ایک سُرخ رنگ کا مرکب ۔
شنشنہ (ع) لغوی خُو عام طور پر خُوئے بد ۔
شنگرفی (ف) شنگرف کے رنگ کا ۔ سُرخ رنگ والا ۔
شنیع (ع) نہایت بُرا ۔ خراب ۔ عیب دار ۔
شنیعہ (ع) خراب بات ۔ بُری بات ۔ فسق و فجور ۔ بدکاری ۔

ش ۔ و

شو (س امذ) دُنیا کو فنا کرنے والا ۔ ایک مہادیو ۔
شوال (ع امذ) مسلمانوں کا دسواں قمری مہینہ ۔ عید کا مہینہ ۔
شوب (ف امذ) دھوب ۔ دُھلائی ۔ دُھلنے کا کام ۔
شوب پڑنا (ل) کپڑے کا دھویا جانا ۔ دھونے میں آنا ۔
شوخ (ف) تیز ۔ چالاک ۔ ڈھیٹ ۔ گستاخ ۔ بے ادب ۔ کھلنڈرا ۔ کھلاڑی ۔ زندہ دل ۔ شیخی خور ۔ معشوق ۔ دلربا ۔ رنگ کی تیزی ۔ فتنہ انگیز ۔ ناحشر ۔
شوخ چشم ۔ یا ۔ شوخ دیدہ (ف) بے شرم ۔ بے حیا ۔ گستاخ ۔ نڈر ۔ بے ادب ۔

شوخ چشمی (ف امث) گستاخی - بے حیائی - بے شرمی - بے ادبی -
شوخی (ف امث) شوخ ہونا - بدذاتی - شرارت - دنگا - بے باکی -
دلیری - چلبلاپن - بے ادبی - گستاخی - بے حیائی - بے قراری -
اضطرابی -
شودر (س امذ) منوجی کے دھرم شاستر کے مطابق خدمت کرنے
والی ذات - نیچی ذات - ٹہلوا - خادم - خدمت گار -
شور (ف امذ) غل غپاڑہ - شہرت - دھاک - دھوم - غصّہ - خفگی -
عشق - جنون - جوش - کھار - نمک - کلر - ریہ - لُون -
شوربخت (ف امذ) بدبخت - کم نصیب - بے نصیب - بدقسمت -
شورزمین (ف امث) وہ زمین جو کلر اور ریہ کے سبب قابلِ کاشت نہ
ہو -
شور لگنا (ا) کھار پیدا ہونا - ریہ لگنا - لونی لگنا -
شورآبا (ف امذ) آبِ شور - کھاری پانی -
شوربا (ف امذ) شوروا - گوشت کی پکی ہوئی یخنی - اچار کا پانی یا سرکہ
کانجی -
شور بور (ا) لتھڑا پتھڑا - لت پت - تر بتر - تر اور آلودہ -
شورش (ف امث) بلوہ - غوغا - ہنگامہ - فتنہ و فساد - ابتری -
پریشانی - افراتفری - کھلبلی - ہلچل -
شورش برپا کرنا (ا) فساد ڈالنا - فتنہ کھڑا کر دینا - سرکشی کرنا -
بغاوت کرنا -
شوروا (ف امذ) (دیکھو شوربا)
شورا (ف امذ) ایک قسم کا کھار -
شورہ پشتی (ف) شوخی - بغاوت - نافرمانی - جنگ جوئی - جھگڑا -
لڑائی - دنگا - دھینگا مشتی - ہاتھا پائی -
شوری (ا) شور مچانے والا - فسادی - خراب جیسے شوری ٹٹو -
شوریلا (پنجاب کا ایک مشہور گویا جو ٹپے کا موجد ہوا ہے -
شوریت (ا امث) کھار - نمکینی - کھاری پن -
شوریدہ (ف) آوارہ - سرگرداں - حیران و پریشان - دیوانہ - پاگل -
شوریدہ بخت (ف اصف) بدبخت - بدقسمت -
شوریدہ گشت (ف اصف) سرکش - باغی -
شوریدہ حال (ف ع) پریشان حال - دیوانہ وار - آشفتہ حال -
شوریدہ سر (ف) سودائی - دیوانہ - پاگل - مجنون -
شوریدہ سری (ف امث) دیوانگی - جنون -
شورے کی پتلی / شورے کی قلفی (ا امث) شورے کی بنی ہوئی مورتی - شورے کا کھلونا - نہایت گوری اور سبھو کا عورت - خوبصورت عورت -
شوستر (ف) بروزن خوب تر - مضافاتِ ایران کا ایک شہر جہاں
دیبا خوب بنتی ہے -
شوشہ (ف امذ) ذرّہ - ریزہ - ٹکڑا - حرف کا سرا - "ہ" کے نیچے کی چھوٹی
سی علامت - جھگڑے اور فساد کی بات - چٹکلا -
شگوفہ -

شوشہ چھوڑنا (ا) فساد ڈالنے کی بات کہنا - نئی بات نکالنا -
شوق (ع امذ) رغبت - خواہش - آرزو - شغل - کام - ذوق - مزہ -
اُمنگ - لہر - موج - سرگرمی - جوش - عشق - محبت -
شوق چرانا (ا / محاورہ) دل میں خواہش پیدا ہونا -
شوق دادِ الٰہی ہے (ا / کہاوت) کسی چیز کی محبت یا رغبت قدرتی
ہوا کرتی ہے -
شوق و ذوق (ع امذ) عیش و عشرت - گرم جوشی - شغل -
شوق سے (ا) خوشی سے - مزے سے - بے خوف - بے ہراس -
چاؤ سے - رغبت - دل سے - اپنی مرضی سے - اپنے ارادے
سے -
شوقین (ا) شوق والا - خواہش مند - شائق - طالب - لہری - رنگیلا -
عادی - خوگر - عیاش - تماش بین -
شوقین بڑھیا چٹائی کا لہنگا (ا / کہاوت) خلافِ عمر وضع رکھنے
اور لباس پہننے والے کو طنزاً کہا کرتے ہیں - بے موقع
بناؤ سنگار -
شوقیہ (ع) شوق سے نسبت رکھنے والا - پُرشوق - شوق سے بھرپور -
جیسے شوقیہ سلام - شوق سے - محبت سے - دل بہلانے کے
طور سے -
شوکت (ع امث) طاقت - زور - رُعب و داب - دبدبہ - درجہ -
قدر - مرتبہ - ٹھاٹھ باٹھ - شان و شکوہ -
امیری - دولت -
شوکتِ اسلام (ع امث) اسلام کی قوت - اسلام کا دبدبہ اور
رُعب -
شوم (ع) منحوس - نحس - بدبخت - ممسک - کنجوس و بخیل -
شوم قدم (ع) بُرا - منحوس - چندرا - سبز قدم -
شومی (ع امث) بدنصیبی - بدبختی - نحوست - کنجوسی - بخیلی -
شوہر (ف امذ) خاوند - پتی - مالک - خصم - سوامی - پیا - بالم -
کنتھا -
شوئی (ا) دکھلاوے کا - نمود کا - شوخ رنگ کا -

ش - ہ

شہ (ف امذ) شاہ کا مخفف - بادشاہ - سلطان - راجہ - فرمانروا - اشارہ -
ایما - دولہا - نوشہ -
شہب (ع) ہر مہینہ کی آخری تین چاندنی راتیں -
شہباز (ف امذ) بڑا باز - شاہین - ایک سفید رنگ کا شکاری
پرندہ -
شہ بالا (ف امذ) دولہا کے پیچھے بٹھایا ہوا لڑکا - ہم دوش -
شہ پانا (ا) اشارہ پانا - بہکاوے میں آنا - ورغلانے میں
آنا -

شہپر (ف/مذ) بڑا پر۔ پرندوں کے اُڑنے کے بازو۔ بڑے بڑے پروں والا۔
شہپر جھاڑنا (ار/محاورہ) پرندے کا بازو پھیلا کر زور سے ہلانا کہ گرد پر جھڑ جائیں۔
شہتوت (ف/مذ) بڑا تُوت۔ جلیبا۔
شہتیر (ف/مذ) بڑی کڑی۔ وہ بڑا لکڑی کا لٹھا جس پر چھت کی کڑیاں رکھی جاتی ہیں۔
شہ چال (و/مث) شطرنج کی چال جو باقی مُہروں کے ختم ہوتے چلی جاتی ہے۔
شہ دینا (و) شطرنج کے بادشاہ کو کشت دینا۔ کنکوا بڑھانا۔ اُکسانا۔ بہکانا۔ اِغوا کرنا۔ حمایت کرنا۔ بے جا تعریف کرنا۔ لڑائی کرانا۔ فتنہ کی آگ بھڑکانا۔
شہ دیوار (ف/مذ) وہ دیوار جو بادشاہی کے گرد بنی ہوتی ہے۔
شہ رُخ (ف/مث) وہ شہ جو شطرنج کی بازی میں رُخ یا پیل سے بادشاہ کو دی جائے۔
شہ رگ (ف/مث) بڑی رگ۔ کودنے والی رگ۔ وہ رگ جس کے کاٹنے سے جاندار مر جاتا ہے۔
شہ روزہ (ف/مذ) وہ شخص جو مانگ کر کھاتا ہو۔
شہزادہ (ف/مذ) دیکھو (شاہ زادہ)
شاہ زادی۔ یا۔ شہزادی (ف/مث) بادشاہ کی بیٹی۔ رانی۔ بیگم۔ شاہی خاندان کی عورت۔
شہ زور (ف/مذ) نہایت زور والا۔ بڑا طاقت ور پہلوان۔ زبردست پہلوان۔
شہ زوری (ف/مث) پہلوانی۔ زور آوری۔ بڑی طاقت۔
شہ سوار (ف/صف) گھوڑے کی سواری کا ماہر۔
شہ گام (ف/مذ) دیکھو (شاہ گام)
شہ مات (و/مث) شطرنج کی بازی میں کشت دے کر بادشاہ کو مات کرنا۔
شہاب (ف/مذ) وہ نہایت سرخ رنگ جو کسنبے کو بھگو کر ٹپکانے کے بعد اوّل اوّل میں حاصل ہوتا ہے جیسے شوخ رنگ۔
شُہاب (ع/مذ) لاٹ۔ لَو۔ بلند شعلہ۔ وہ چمک دار ستارہ جو آسمان سے ٹوٹتا ہے اور اِدھر اُدھر کو آتشبازی کی طرح جاتا دکھائی دیا کرتا ہے۔
شُہابِ ثاقب (ع/مث) رات کو ٹوٹنے والا چمک دار ستارہ۔
شہابی (ف) شہاب سے نسبت رکھنے والا۔ سُرخ رنگ کا۔ جھلک۔ پرتو۔ عکس۔ ایک قسم کی سُرخ رنگ کی مہتابی۔
شَہادت (ع/مث) گواہی۔ شاہدی۔ دُرست خبر۔ راہِ خدا میں مارا جانا۔ خدا تعالیٰ کی توحید اور رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت پر سچے دل سے اقرار کرنا۔ کلمۂ شہادت۔ موت۔ مرگ۔ قتل۔ ذبح۔
شہامت (ع/مث) دلیری۔ چُستی۔ دلاوری۔ توانائی۔ بزرگی۔ بڑائی۔
شہانہ (ف) شاہانہ کا مخفف۔ بادشاہوں جیسا۔ بادشاہوں کے لائق۔
شہانہ وقت (ا/مذ) برات چڑھنے کا وقت۔
شہانی چوڑیاں (و/مث) دُلہن کی سی چوڑیاں۔ بھاری چوڑیاں قیمتی چوڑیاں۔
شہانی مہندی (و/مث) سُرخ رنگ کی مہندی۔ دُلہن کی سی مہندی۔
شہد (ع/مذ) وہ میٹھا شیرہ جو ممال کی مکھیاں جمع کرتی ہیں۔ عسل۔ انگبین۔
شہد سا (و) نہایت میٹھا۔ شہد کی طرح شیریں۔
شہد کی چھری (و/مث) میٹھی چھری۔ دوست نما دشمن۔ باطن میں موذی۔
شہد کی مکھی (و/مث) ممال کی مکھی۔ شہد جمع کرنے والی مکھی۔ مجازاً ہری چُگ۔ لالچی۔ حریص۔ چمٹو۔ لپٹو۔
شہد گھولنا (ار/محاورہ) میٹھی میٹھی باتیں کرنا۔ شیریں زبان ہونا۔
شہد لگا کے الگ ہو جانا (و) لڑائی کی بنیاد رکھ کر الگ ہو جانا۔ فساد کی بات پیدا کر کے آپ بالکل علیحدہ ہو رہنا۔
شہد نکالنا (ار/محاورہ) شہد کا چھتے سے حاصل کرنا۔
شُہداء (ع/مذ) شہید کی جمع۔ شہادت پانے والا۔
شُہدا (و) لُچا۔ غنڈا۔ بدمعاش۔ شریر۔
شُہدپن (و/مذ) بدمعاشی۔ لُچپن۔ غنڈہ پن۔
شَہر (ع/مذ) ماہ۔ قمری مہینہ۔
شہر (ف/مذ) نگر۔ آبادی کا بھاری حصّہ۔ بلدہ۔ مدینہ۔
شہر بانو (ف/مث) بانوئے شہر کی امیر زادی۔ شہر کی زینت۔ شہر کی بیگم۔ یزدجرد حاکمِ ایران کی بیٹی کا نام جس سے حضرت امام حسین علیہ السلام کا نکاح ہوا۔ حضرت زین العابدینؑ ان ہی کے شکم مبارک سے ہیں۔
شہر بدر کرنا (و) شہر سے نکال دینا۔ جلا وطن کر دینا۔ کسی جرم پر دلیس نکالا دینا۔
شہر پناہ (ف/مث) شہر کی فصیل۔ شہر کی چار دیواری۔
شہر خبرا۔ یا۔ شہر خبرو (ا/مذ) تمام شہر کی خبر رکھنے والا۔ شہر کی خبریں لانے والا۔ جاسوس شہر۔
شہر خموشاں (ف/مذ) خاموشی کی بستی۔ مجازاً قبرستان۔ گورستان۔
شہر دار (ف/صف) شہر میں رہنے والا۔ شہری۔
شہر شملہ (ا/مذ) اندھیر نگری۔ وہ شہر جہاں سے انصاف و مروّت بالکل اُٹھ جائے۔
شہر یار (ف/مذ) یار شہر۔ شہر کا مددگار۔ بڑا عادل اور بزرگ بادشاہ۔

شریف شہر - بزرگ شہر - جیسے انگریزی میں لارڈ میئر کہتے ہیں -
شُہرت (ع/مث) لغت میں میان سے تلوار باہر نکالنا - اِصطلاح میں ظاہر - علانیہ - دُھوم دھام - اطلاع - اشاعت - مشہور کرنا - پھیلانا - ناموری - نام - نیک نامی -
شُہرت افزا (ف/صف) شہرت بڑھانے والا -
شُہرت ہونا (ا) شور مچنا - چرچا ہونا - مشتہر ہونا -
شُہرہ (ع/مذ) آوازہ - دھاک - دُھوم دھام - نام -
شُہرۂ آفاق (ع) تمام دنیا میں مشہور - مشہورِ عالم -
شُہرہ ہونا (ا) نام و شہرت ہونا - دھوم مچنا - دھاک ہونا -
شہری (ف) شہر کا رہنے والا - منسوب بہ شہر -
شہریت (ف/مث) شہر کی رہائش -
شہلا (ع/مث) بھیڑ کی سی آنکھوں والی عورت - سیاہی مائل بھُوری یا سُرخی مائل سیاہ آنکھ - ایک قسم کا نرگس کا پھُول جو سیاہ ہوتا ہے -
شہنائی (ف/مث) (مرکب از شہ بمعنی بڑی نائے بمعنی نفیری) سونائی - نفیری - بنسری -
شہنشاہ - یا - شہنشہ (ف/مث) بادشاہوں کا بادشاہ - مہاراجہ ادھیراج -
شہنشاہی (ف) بادشاہ سے نسبت رکھنے والی - بادشاہی -
شُہُود (ع/مذ) حاضر ہونا - صوفیوں کی اِصطلاح میں وہ درجہ جس میں ہر شے میں جلوۂ حق بلکہ عین حق نظر آئے -
شُہُودی (ع/مذ) سالکوں کی اِصطلاح میں وہ عارف لوگ جو توحید کے اس درجہ پہ پہنچ جائیں کہ تمام موجودات میں مشاہدۂ حق کریں - بلکہ ہر شے عین حق نظر آئے -
شہید (ع/مذ) راہِ خدا میں قربان شدہ - حق پر جان دینے والا - وہ شخص جس کی نظر سے کوئی چیز پوشیدہ نہ ہو - عالم الغیب - خدائے تعالیٰ - مقتول - فدا - کشتہ - عاشق -
شہیدِ کربلا (ع/مذ) حضرت امام حسینؓ -
شہید گنج (ا/مذ) وہ عمارت جو شہیدوں کی یادگار کے طور پہ بنائی جائے -
شہید ناز (عف/صف) عاشق -
شہید ہونا (ا) راہِ خدا میں مارا جانا - حق پہ مارا جانا - فوت ہونا - انتقال کرنا - مرجانا - عاشق ہونا - شیدا ہونا -
شہیدی (عف) شہید سے نسبت رکھنے والا -
شہیدی تربوز (ا/مذ) نہایت پکا اور چھلکے سمیت لال تربوز -
شہیدی جتھا (ع/ا/مذ) وہ گروہ جو شہید ہونے کے لیے تیار ہو -

ش - ی

شَے (ع/مث) چیز - بستو -
شَے (ا/مث) زیادتی - ترقی - افزونی - برکت - جیسے اس چیز میں کچھ شے تو نہیں ہیا ہتی -
شَیاطین (ع/مذ) شیطان کی جمع -
شیٹ (انگریزی/مذ) کاغذ کا تختہ - تاؤ - پلنگ کی چادر - دھات یا پانی کی چادر -
شیخ (ع) پیر - مُرشد - بزرگ - عالم - فاضل - قاضی - مُفتی - فقیہ - بُوڑھا - بڑا بوڑھا - خانقاہ کا سردار - سجادہ نشین - مسلمانوں کی چار ذاتوں میں سے سب سے پہلی ذات - سادات کا لقب -
شیخ نجدی (ع) شیطان کا لقب - قریش نے جب حضورؐ کے قتل کرنے کی میٹنگ کی تھی تو شیطان نے بصورتِ شیخ نجد اپنے کو ظاہر کر کے حضورؐ کے قتل کا مشورہ دیا تھا -
شیخ الاسلام (ع/مذ) مسلمانوں کا سب سے بڑا پیشوائے دین - امامِ وقت -
شیخ الشیوخ (ع/مذ) تمام عالموں اور فاضلوں کا سردار -
شیخ جی (ا/مذ) قوم شیخ کے واسطے تعظیمی خطاب - شیخ صاحب - طنزاً بھی بولتے ہیں -
شیخ چلی (ا/مذ) وہ شیخ جو چلّہ کشی کی کثرت سے خللِ دماغ میں مُبتلا ہو گیا ہو - بے وقوف - مودھو - پاگل - ایک فرضی احمق جس کے قصّے بنے ہوئے ہیں -
شیخ کیا جانے صابن کا بھاؤ (ا/مثل) بے تعلق اور بلا مناسبت کے کوئی کسی چیز کی قدر و منزلت نہیں جانتا - بے تعلق آدمی کسی چیز کی ماہیت اور کیفیت کو کیا جانے -
شیخِ وقت (ع/مذ) اپنے زمانے کا بُزرگ - امامِ وقت - فقیہہ زمان - اپنے وقت کا مُرشدِ کامل - اپنے زمانے کا عالم و فاضل - صاحبِ خدمت -
شیخانی (ا/مث) شیخ کی بیوی - شیخ قوم کی عورت -
شیخڑا - یا - شیخچہ (ا/مث) شیخ کی تصغیر یا تحقیر - ایک قوم کا نام بھی ہے، جو حلال خوروں سے مُسلمان ہوئی -
شَیخُوخت (ع/مث) بُڑھاپا - پیری - پچاس برس سے اوپر - آخر عُمر تک کا زمانہ -
شیخی (ا/مث) لاف - گھمنڈ - تکبر - غرور -
شیخی اور تین کانے (ا/مثل) دعویٰ قمار بازی کا اور داؤ خالی - شیخی ہمیشہ خالی رہا کرتی ہے - متکبر آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں -
شیخی باز - شیخی خورا (ا/مذ) لپاٹیا - ڈینگیا - لاف مارنے والا - گھمنڈی -
شیخی بگھارنا - جتانا - مارنا (ا) ڈینگ مارنا - بڑائی جتانا - بزرگی کا اِظہار کرنا -

شیخی جھڑنا - یا - کرکری ہونا (ل) نیچا دیکھنا - خفت ہونا - بات بگڑنا -
شیخی جھڑنا (ل/ محاورہ) سُبکی ہونا - خفت ہونا -
شیخی کا مُنہ کالا (ل/ مثل) غرور کا سر نیچا -
شیخی میں آنا (ل/ محاورہ) اِترانا -
شِید (ع/ مذ) مکر - فریب - دھوکا - کید -
شیدی (ف/ مذ) لقب حبشیوں کا -
شَیدا (ع/ مذ) عاشق - مجنوں - دیوانہ - سڑی - پاگل -
شیدائی (ع/ مذ) شیدا ہونے والا - آشفتہ و فریفتہ ہونے والا - عاشق -
شِیر (ف/ مذ) دُودھ - وہ رقیق و سفید و شیریں مادّہ جو جانوروں کے تھنوں اور عورت کی چھاتیوں سے بچّوں کی خوراک کے لیے نکلتا ہے -
شیر برنج (ف/ مث) دُودھ - چاول - کھیر -
شیر خورہ - یا - شیر خوار (ف) دُودھ پیتا بچّہ - رضیع -
شیر خواری (ف/ مث) بچّے کا دُودھ پینے کا زمانہ -
شیر گرم (ف/ مث) گرم دُودھ - سمتا سمتا پینے کے قابل دُودھ - نیم گرم - ایسا گرم جیسا کہ تھنوں سے نکلا ہوا تازہ دُودھ ہوتا ہے - گنگنا - ہلکا گرم -
شیر مال (ف/ مث) ایک قسم کی روغنی خمیری روٹی جس پر پکاتے وقت دُودھ کا چھینٹا دیا جاتا ہے -
شیر و شکر (ف) دُودھ اور میٹھے کی طرح ملا ہوا - بالکل الگ نہ ہونے والے - ایک جان دو قالب - گاڑھا دوست - جانی دوست - ایک قسم کا ریشمی کپڑا -
شیر و شکر ہونا (ل) بالکل گھل مل جانا - نہایت مانوس ہونا -
شیر (ف/ مذ) ایک مشہور درندہ جانور - باگھ - ببر - اسد - سنگھ - ہزبر - حیدر - بہادر آدمی - دلاور - جری - سُورما - سُور بیر - غالب - زبر - توانا - طاقت ور - قوی - بے پروا - مستغنی - جیسے اس کا دل شیر ہے -
شیر آبی (ف/ مذ) دریائی شیر - مگر - گھڑیال - نہنگ - ناکا - مگرمچھ -
شیر آسمان (ف/ مذ) برج اسد - سُورج -
شیر اندام (ف/ صف) وہ جوان جس کا سینہ چوڑا اور کمر پتلی ہو -
شیر ببر (ف) کیسری - کیسری - ایک قسم کا شیر جو افریقہ میں ہوتا ہے جس کی گردن پر گھوڑے کی طرح ایال ہوتی ہے -
شیر بکری ایک گھاٹ پانی پیتے ہیں (ل/ مثل) نہایت انصاف اور امن کی تعریف میں کہا کرتے ہیں -
شیر خدا (ف/ مذ) حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا لقب - اسد اللہ -
شیر دل (ف/ صف) بہادر - دلیر - شجاع - قوی -
شیر دہان (ف/ مذ) شیر کے مُنہ کی صورت سی جو پانی گرنے کی جگہ لگا دیتے ہیں - بڑے گلے اور جبڑے والا آدمی - ایک قسم کا عصا - ایک طرح کی بندوق - وہ مکان جو دروازے کی طرف زیادہ چوڑا اور پیچھے کی طرف کم ہو -
شیر کا ایک ہی بھلا (ل/ مثل) نیکوں کا ایک ہی نیک بچّہ کافی ہے -
شیر کا بال (ل/ مذ) مجازاً زہر ہلاہل - زہر قاتل -
شیر کا بال کھلانا (ل) کسی شخص کو مارنے کی خاطر شیر کی مونچھ کا بال کھلانا -
شیر کا مُرقع (ل/ مذ) فقیری - درویشی - بوجہ نسبت بہ حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ -
شیر کرنا (ل) بڑھانا - کسی کو کسی پر دلیر کرنا - اُکسانا - آگے بڑھانا -
شیر کی آنکھ دیکھنا (ل) غضب کی نگاہوں سے دیکھنا - دشمنی سے دیکھنا -
شیر کے کان (ل/ مذ) جھنگ چھاننے کی صافی - ریشمی تامنی -
شیر مرد (ف) بہادر آدمی - دلاور - دلیر - جری - عارف کامل -
شیر ہونا (ل) دلیر ہونا - غالب ہونا - تیز ہونا - زبردست ہونا -
شیئر (انگریزی/ مذ) حصّہ - جزو - پتّی - ساجھا - بانٹ - تقسیم -
شیئر ہولڈر (انگریزی/ مذ) شریک - ساجھی - حصّہ دار - پتّی دار -
شیرا (ل/ مذ) بڑے منہ کا کتّا -
شیراز (ف/ مذ) ایران کے مشہور شہر کا نام جہاں خواجہ حافظؒ اور سعدی شیرازیؒ ہوئے ہیں -
شیرازی (ف/ مث) شیراز کا رہنے والا - شیراز کا بنا ہوا -
شیرازہ (ف/ مذ) وہ فیتہ جو کتاب کی جزو بندی کرنے کے بعد پشتے کے دونوں طرف لگا دیتے ہیں -
شیرازہ بندی (ف/ مث) جلد بندی - اِنتظام -
شیرازہ بکھرنا }
شیرازہ کھلنا - ٹوٹنا } (ل) اِنتظام خراب ہونا - ابتری ہونا - بند و بست نہ رہنا - ٹانکا ٹوٹنا - سلائی خراب ہونا -
شیرخشت (معرب از شیر خشک) ایک میٹھی دست آور دوا کا نام جو شبنم کی طرح درخت کے پتوں اور پتھروں پر ملک خراسان میں جمتی ہے -
شیرنی (ل/ مث) شیر کی مادہ -
شیرنی (ل/ مث) شیرینی کا بگاڑ اور مخفف -
شیرہ (ف/ مذ) شربت - چاشنی - رس - قوام - تمباکو میں ڈالنے کا پتلا گڑ - راب -
شیریں (ف) میٹھا - خوشگوار - شیر سے نسبت رکھنے والا - عزیز - پیارا - جیسے جان شیریں - نرم - کلام - ملائم - رسیلا - (مؤنث) فرہاد کی معشوقہ - خسرو پرویز کی بیوی کا نام -
شیریں زبان - یا - شیریں کلام (ف) میٹھ بولا - خوش زبان - فصیح -
شیریں شمائل (ف/ صف) خوش خلقی -
شیرینی (ف/ مث) مٹھاس - مزا - سواد - لذّت - لُطف -
شیشم (ل/ مث/ مذ) ایک درخت کا نام جس کی لکڑی نہایت مضبوط

اور خوش رنگ ہوتی ہے۔
شیش محل (د) امذ) امیروں کا وہ مکان جس میں چاروں طرف شیشے لگے ہوں۔
شیش محل کا کُتّا (د) امذ) باؤلا کُتّا۔ بدحواس۔ گھبرایا ہوا۔ دیوانہ آدمی۔ پاگل۔ مجنون۔ سودائی۔
شیشہ (ف امذ) کانچ۔ کانچ۔ آبگینہ۔ زجاج۔
شیشہ آفتابی (ف امذ) نہایت سُرخ شیشہ کنایۃً سُورج۔
شیشہ باشا (ہ اصف) نازک۔ جلد خراب ہونے والا۔
شیشہ دکھائی (ف امث) وہ انعام جو نائی لوگ تیج تیوہار کو شیشہ دکھا کر لیتے ہیں۔
شیشہ ساعت (ع امث) ریت گھڑی۔ دھرم گھڑی۔
شیشہ گر (ف امذ) شیشہ بنانے والا۔ شیشے کی چیزیں بنانے والا۔
شیشی (ہ امث) شیشے کا چھوٹا سا ٹکڑا۔ چھوٹی سی بوتل۔ ننھی سی بوتل۔
شیشی سُنگھانا (د) بے ہوشی کی دوا سنگھانا۔ کلوروفارم سُنگھانا۔
شیشے میں اُتارنا (د) مسخر کرنا۔ قابو میں لانا۔ یار بنانا۔ غصے سے دھیما کرنا۔ جن بھوت کو قابو کرنا۔ مقید کرنا۔ بس میں کرنا۔ قابو میں کرنا۔ ملائم کرنا۔ ٹھنڈا کرنا۔ موہنا۔ فریفتہ کرنا۔ اپنی طرف رجوع کر لینا۔ مائل کر لینا۔
شیشے میں ڈھالنا (ا امحاورہ) مطیع کرنا۔ مسخر کرنا۔
شیطان (ع ، لغوی معنی مخالفت کرنے والا۔ مجازاً سرکش۔ نافرمان۔ باغی۔ ناپاک۔ پلید۔ بدکار۔ خبیث۔ شریر۔ بدذات۔ فسادی۔ مُفسد۔ منفق۔ بہکانے والا۔ گمراہ کرنے والا۔ مردود۔ نکالا ہوا۔ گمراہ۔ بد۔ بدخواہ۔ لڑائی کرا دینے والا۔ بہتان۔ تہمت جیسے شیطان طوفان سے خدا بچائے۔ غصہ۔ غضب۔ جیسے اُسے تو شیطان آ چڑھا ہے۔ ایک ناری مخلوق ابلیس نام جو کثرتِ عبادت سے نوری مخلوق فرشتوں کا اُستاد ہو گیا تھا۔ اور حضرت آدمؑ کو سجدہ نہ کرنے کے باعث درگاہِ ایزدی سے راندا گیا۔ جھگڑا۔ فساد۔ جن۔ بھوت۔ دیو۔
شیطان اُٹھانا (د) بہتان باندھنا۔ تہمت لگانا۔ طوفان اُٹھانا۔ بکھیڑا کھڑا کر دینا۔ ہنگامہ برپا کر دینا۔
شیطان چڑھنا }
شیطان سر پہ چڑھنا } (د) غصہ یا ضد چڑھنا۔ بدی کا سر پر سوار ہونا۔ جن بھوت کا سر پہ سوار ہونا۔ شرارت سُوجھنا۔
شیطان چوکڑی (د امث) چنڈال چوکڑی۔ مُفتنوں کی جماعت۔ شریر لڑکوں کی ٹولی۔ بدذاتوں کا گروہ۔
شیطان کا کان میں پھونک دینا (د) شیطان کا کسی شخص کو بہکا دینا۔ شیطان کا کسی آدمی کو مغرور و متکبر بنا دینا۔

شیطان کا دھکا (د امذ) شیطان کی طرف کا صدمہ۔ شیطانی مار۔
شیطان کا لشکر (د امذ) گروہِ شیاطین۔ لڑکے۔ لونڈے۔ بچے۔
شیطان کو آتے دیر نہیں لگتی (د امحاورہ) جھگڑا ہوتے دیر نہیں لگتی۔ شیطان سے ڈرتے رہنا چاہیے۔ غصہ آتے دیر نہیں لگتی۔
شیطان کی آنت (د امث) بہت لمبی چیز۔ نہایت دراز۔ طویل قصہ۔ جی کو اُکتا دینے والی کہانی۔
شیطان کی خالہ (د امث) لڑائی کرا دینے والی عورت۔
شیطان کے کان بہرے (د ، محاورہ) در اصل خدا کرے چغل خور کے کان تک یہ بات نہ پہنچے اسے) مجازاً خدا کرے یہ بات جھوٹ ہو۔
شیطان کے کان کاٹنا (د) شیطان سے بھی بڑھ کر شریر ہونا۔ شیطان کو بھی مات کرنا۔
شیطان کے گھر ولی (د امثل) نالائق کے گھر نیک اولاد ہونا۔
شیطان مجسم (ع امذ) سر سے پاؤں تک شرارت میں بھرا ہوا۔ نہایت بد آدمی۔ پرلے درجے کا فسادی۔
شیطان ہر جگہ موجود ہے (د امثل) گناہ کا سامان ہر جگہ موجود ہوتا ہے۔ دین و ایمان کے دشمن سے کوئی جگہ خالی نہیں۔
شیطان ہونا (د) شریر اور دنگئی ہونا۔ فسادی ہونا۔
شیطانی (د) شیطان سے منسوب۔ شیطان کا۔ احتلام۔ بدخوابی۔
شیطانی چرخا (د امذ) بڑی چیز یا بُرا شخص۔
شیطانی وسوسہ (د امذ) خیالاتِ فاسدہ۔ بے دینی کا خیال۔ باطل۔ باطل خیالات۔
شیطنت (ع امث) شرارت۔ بدکاری۔ خبث۔ سرکشی۔ فساد۔ مخالفت۔
شیفتہ (ف) عاشق۔ فریفتہ۔ دلدادہ۔ مجنوں۔ دیوانہ۔
شیفتگی (ف امث) حیرانی۔ مدہوشی۔ بے خبری۔
شین (ع امذ) دیکھو بش ، دوڑنے والا آدمی۔
شین قاف درست ہونا (د) زبان کا تلفظ درست ہونا۔
شین (ع امذ) شور۔ بُرائی۔ عیب۔
شیوا (ف) فصیح و بلیغ۔ خوش بیان۔
شیوا بیان (ف) تیز بیان۔ خوش بیان۔ فصیح و بلیغ۔
شیوخ (ع امذ) شیخ کی جمع۔
شیوع (ع امذ) ظاہر ہونا۔ پھیلنا۔ اشاعت۔ تبلیغ۔
شیون (ف امذ) نوحہ۔ نالہ و آہ۔ ماتم و فریاد۔ رنج۔ دُکھ۔ صدمہ۔
شیون (ع امث) شان کی جمع۔ بہت سے ٹھاٹھ باٹھ۔
شیوہ (ف امذ) ناز۔ انداز۔ کرشمہ۔ طور۔ طرز۔ طریقہ۔ دستور۔ عمل۔ ڈھنگ۔ طریق۔
شیوہ گر (ف اصف) ناز و نخرہ کرنے والا۔ عشوہ گر۔

ص (ع/مذ) اُردو کا بیسواں - فارسی کا سترھواں اور عربی کا چودھواں حرف - حسابِ جمل میں اس کے عدد نوّے فرض کیے گئے ہیں -

ص - ا

صابر (ع) صبر کرنے والا - سنتوکھی - بُردبار - مصیبت یا صدمے کو سہہ جانے والا - حضرت ایوب علیہ السّلام پیغمبر کا لقب - جن کا صبر مشہور ہے -

صابن - یا - صابون (ع/مذ) تیل - سجی اور میدے کا ایک مُرکب جس سے مُنہ اور کپڑے دھوتے ہیں -

صابن دانی (ا/مث) وہ ظرف جس میں صابن رکھتے ہیں -

صابن سا منہ میں گھُلنا (ا/محاورہ) مُنہ بدمزہ ہونا -

صابونی (ف/مث) ایک قسم کی مٹھائی -

صاحِب (ع/مذ) یار - دوست - مددگار - ساتھی - مالک - آقا - پتی - حاکم - خدائے تعالیٰ - پرمیشور - البشور - علامت - اسمِ فاعل سابقہ بمعنی والا - جیسے صاحبِ علم -

صاحبِ اختیار (ع) حکومت والا - خود مختار - مطلق العنان - اِختیار والا - آزاد -

صاحبِ اِخلاق (ع) خلیق - نیک عادات والا - خوش اخلاق -

صاحبِ اقبال (ع) نصیبے والا - نیک نصیب - نیک اختر - بھاگوان -

صاحبِ تخت (عف/مذ) بادشاہ - گدی نشین تخت پر بیٹھنے والا تخت کا مالک -

صاحبِ تدبیر (ع) عقل مند - مدبّر - ہوشیار - تجربہ کار -

صاحبِ جاگیر }
صاحبِ جائداد } (عف/مذ) امیر - جاگیر والا - دولت مند - ذی عزّت - زمیندار - ٹھاکر - مالک اراضی -
صاحبِ حیثیت }

صاحبِ جمال (ع) خوب صورت - حسین و جمیل -

صاحبِ خانہ (عف/مذ) گھروالا - میزبان - مہمان دار -

صاحبِ دِل (عف/مذ) عارف - پارسا - خُداشناس - ولی -

صاحبِ ذوق (ع) شوقین - عاشق مزاج - صاحبِ حال - عارف کامل -

صاحبزادہ (عف/مذ) شریف زادہ - رئیس کا بیٹا - بچیا - لڑکا - پسر - پیرزادہ - کسی بزرگِ دین کی اولاد - نوجوان - ناتجربہ کار -

صاحب سلامت (ع/مث) آشنائی - واقفیت - جان پہچان - علیک سلیک - ملاقات - ربط ضبط -

صاحبِ فراش (عف) بستر سے نہ اُٹھ سکنے والا - بیمار - چارپائی پر ہی لیٹے رہنے والا مریض -

صاحبِ عالم (ع/مذ) دہلی کے شہزادوں کا لقب -

صاحبِ قِران (ع/مذ) وہ شخص جس کی ولادت کے وقت دو نیک ستارے ایک ہی بُرج میں جمع ہوں - یعنی زہرہ و مشتری - مجازاً بہت ہی نیک بخت - خوش نصیب - فتح مند - امیر تیمور کا خطاب -

صاحبِ کمال (ع) کامل - ماہر - عارف - کامل - ولی یا صاحبِ صنعت -

صاحبِ مقدور (ع) امیر - دولت مند - مالدار -

صاحبِ من (عف/مذ) میرے صاحب - مہربانم جنابِ من - (القاب اور تکیہ کلام کے الفاظ ہیں)

صاحبِ نسبت (ع/مذ) عارف کامل - خدا سے لگاؤ رکھنے والا -

صاحبِ نصیب (ع/مذ) خوش نصیب - خوش قسمت - طنزاً بدنصیب -

صاحبِ نظر (ع/صف) دانا اور دُور اندیش -

صاحب نیاز (ع / صف) حاجت مند۔
صاحبِ ہُنر (ع / صف) ہُنر مند۔
صاحبِ ید بیضا (ع / مذ) حضرت موسیٰ علیہ السلام۔
صاحبان (ث / مذ) صاحب کی جمع۔
صاحبو (ا / مذ) کلمۂ خطاب۔ یعنی اے حضرات۔ اے حاضرین جلسہ۔
صاحبہ (ع / مث) صاحب کی مؤنث۔ جنابہ۔
صاد (ع / مذ / مث) عربی کا چودھواں حرف منظوری کی علامت۔ صحیح ہونے کی علامت۔ تصدیق و اقرار کی نشانی۔ قرآن شریف کی اڑتیسویں سورت کا نام۔ تشبیہ کے طور پر آنکھ اور چشم۔
صاد کرنا } (ا) تصدیق کرنا۔ منظور کرنا۔ پسند کرنا۔ صحیح ماننا۔
صاد لکھنا } تعریف کرنا۔ دستخط کرنا۔
صادر (ع) نکلنے والا۔ کسی جگہ سے باہر آنے والا۔ واپس پھرنے والا۔ نافذ ہونے والا۔ جاری ہونے والا۔
صادر کرنا (ا) جاری کرنا۔ نافذ کرنا۔ کوئی حکم یا قانون پاس کرنا۔
صادر ہونا (ا) جاری ہونا۔ نکلنا۔ پاس ہونا۔ واقع ہونا۔ پیش ہونا۔ پہنچنا۔ نازل ہونا جیسے نامہ والا صادر ہوا۔
صادق (ع) سچا۔ سچائی والا۔ سچ بولنے والا۔ راست گو۔ انصاف کی کہنے والا۔ وفادار۔ وعدے کا پورا۔ ٹھیک۔ موزوں۔ درست۔
صادق الاعتقاد (ع) سچے عقیدے والا۔ پکے یقین والا۔
صادق آنا (ا) درست بیٹھنا۔ عین منطبق ہونا۔ ٹھیک ہونا۔ درست ہونا۔
صاع (ع) پست زمین۔ وزن ۲۳۴ تولہ کا۔
صاعقہ (ع / مث) برق۔ بجلی۔
صاف (ع) کھرا۔ نرمل۔ بے عیب۔ خالص۔ کورا۔ بے داغ۔ پاک۔ بے گناہ۔ بے لوث۔ بے لاگ۔ برابر۔ ہموار۔ مصفّا۔ اُجلا۔ سہل۔ آسان۔ ہوبہو۔ بعینہٖ۔ عین بعین۔ چکنا ریشم یا کاغذ جیسا بالکل۔ قطعی۔ بالکل پورا پورا۔ بے کدورت۔ بے روک۔ بے اٹک۔ سادہ رُو۔ بے بال۔ ٹھیک۔ درست۔ واضح۔ مفصّل۔ سیدھا سچا۔ ظاہر۔ عیاں۔ آشکارا۔ پڑھا جانے کے قابل۔ ستھرا ہوا۔ مقطر۔ مانجھا ہوا۔ رگڑا ہوا۔ صیقل کیا ہوا۔ بے گرد و غبار۔
صاف اِنکار کرنا (ا) بالکل جواب دے دینا۔ قطعی انکار کر دینا۔
صاف چھوٹنا (ا) بری ہونا۔ بے قصور بن کر رہائی پانا۔
صاف دل (ع ف) بے کپٹ۔ بے کینہ آدمی۔ بے ریا۔ سینہ صاف۔
صاف دیدہ (ع ف) بے حیا۔ بے غیرت۔ بے شرم۔
صاف رہ بے باک رہ (ا / مثل) حساب ٹھیک رکھ پھر تجھے کسی کا ڈر نہیں۔ قرض نہ لے تو بچا رہے گا۔
صاف رہنا (ا) اُجلا رہنا۔ پاک رہنا۔ نجاست نہ لگنے دینا۔
دیانت اور ایمان داری سے رہنا۔ بھوکا رہنا۔ کچھ نہ کھانا۔
صاف زبان چلنا (ا / محاورہ) فرفر بولنا۔ جلدی جلدی زبان چلنا۔
صاف شفاف (ع) ایسا صاف جس سے آر پار دکھائی دے۔
صاف صاف (ع) کھری کھری۔ کوری کوری۔ بے لاگ۔ علانیہ۔ کھلم کھلا۔
صاف صاف سُنانا (ا) کھری کھری سُنانا۔ بے نقط سُنانا۔ گالیاں دینا۔
صاف صاف کہنا (ا) کھلی کھلی کہنا۔ علانیہ کہنا۔ بے لاگ کہنا۔ کھری کھری کہنا۔
صاف کرنا۔ یا۔ کر دینا (ا) دھونا۔ میل نکالنا۔ کوڑا کرکٹ دور کرنا۔ نقل کرنا۔ مسودہ کو ٹھیک کر کے خوشخط لکھنا۔ جنگل کاٹ کر میدان بنانا۔ چٹ کرنا۔ اُڑا دینا۔ جھاڑ دینا۔ مشق کرنا۔ مُنہ کا مزہ ٹھیک کرنا۔ ذبح جانور کو بنانا۔ بالکل تباہ کر دینا۔ برباد کر دینا۔ ویران کرنا۔ اُجاڑنا۔ مارنا۔ قتل کرنا۔ روانی حاصل کرنا۔ جیسے ہاتھ صاف کرنا۔
صاف گزرنا۔ یا۔ بیتنا (ا) بالکل کھانے کو نہ ملنا۔ فاقہ گزرنا۔
صاف گو (ع ف / صف) سچا۔ کھری کھری سُنانے والا۔
صاف نکل جانا (ا) کسی خطرناک جگہ یا صدمہ یا نقصان سے بچ کر نکل جانا۔ خطرے سے پورے طور پر بچ نکلنا۔
صاف ہونا (ا) جھڑنا۔ خلوص اور اخلاص ہونا۔ وفاداری ہونا۔ گر پڑنا۔ مسمار ہونا۔ نظر روان ہونا۔ بہت سے آدمیوں کا مارا جانا۔ کھلنا۔ جاری ہونا۔ مشق ہونا۔ کامل ہونا۔ بال مُونڈے جانا۔ جنگل کاٹا جانا۔ بادلوں کا دور ہونا۔ آسمان کا کھل جانا۔ بے باق ہو جانا۔ درست کر کے لکھا جانا۔
صافہ (ا / مذ) سر پر باندھنے کا ٹکا۔ پگڑی۔ شکاری جانور کو شکار کے لیے بھوکا رکھنا۔
صافہ دینا (ا) فاقہ دینا۔ بھوکا رکھنا۔
صافی (ع / مث) بے ریا۔ صاف۔ کھرا۔ دست مال۔ چھاننے کا کپڑا۔ وہ کپڑا جس سے باورچی دیگ وغیرہ اُتارتے ہیں۔
صالح (ع) نیک۔ پرہیزگار۔ پارسا۔ ایک مشہور پیغمبر کا نام۔
صالحہ (ع / مث) نیک عورت۔ پارسا عورت۔ پاک دامن بی بی۔
صانع (ع) بنانے والا۔ کاریگر۔ پیدا کرنے والا۔ خالق۔ کاریگری دکھانے والا۔
صانع حقیقی۔ یا۔ صانع قدرت (ع / مذ) خدائے تعالیٰ۔ اللہ پاک۔ دنیا بنانے والا۔
صانع مطلق (ع / مذ) وہ کاریگر جو کاریگری میں کسی دوسرے کا محتاج نہ ہو۔ خدائے تعالیٰ۔
صائب (ع) پہنچنے والا۔ درست۔ ٹھیک۔ سیدھا۔ رسا۔
صائم (ع) روزہ دار۔ برتی۔
صائم الدہر (ع) ہمیشہ روزہ رکھنے والا۔

ص - ب

صَبا (ع امث) وہ ہوا جو مشرق سے چلے - پروا ہوا - موسمِ بہار کی ہوا - میر وزیر علی شاگردِ آتش کا تخلص - طفلی - بچپن - شیرخواری کا زمانہ -
صَباح (ع امث) صبح - فجر - سحر - تڑکا - پو پھٹے -
صَباحت (ع امث) گوراپن - خوبصورتی - حسن و جمال -
صَبّاغ (ع امذ) رنگریز - رنگ رنگنے والا - صبّاغِ فلک کنایہ چاند سے ہے -
صُبح (ع امث) (دیکھو صباح -)
صُبح خیز (ف امذ) بہت سویرے جاگنے والا - علی الصبح اُٹھنے والا - صبح سویرے اُٹھ کر سوتے ہوئے مسافروں کا اسباب چرا کر لے جانے والا چور -
صُبح دم (عف امذ) منہ اندھیرے - نور کے تڑکے - علی الصباح -
صبح رُخسار (عف اصف) معشوق - خوبصورت - حسین -
صُبح رُو (عف اصف) روشن چہرے والا -
صُبح شام بتانا - یا - کرنا (ل) حیلہ بہانہ کر کے ٹالنا - ٹال مٹول کرنا - لیت و لعل کرنا -
صبحِ صادق (ع امث) پو پھٹے - گجردم - نور کا تڑکا - علی الصبح -
صُبح صُبح (ع امث) سویرے سویرے - تڑکے تڑکے -
صبحِ کاذب (ع امث) صبح سے پہلے - وہ روشنی جس کے بعد پھر اندھیرا ہو جاتا ہے اور پھر تھوڑی دیر بعد صبحِ صادق ہو جاتی ہے -
صُبح کا بھولا شام کو آئے تو اُسے بھولا نہیں کہتے (ل) (مثل) خرابی اُٹھا کر اگر کوئی جلدی سنور جائے یا ایک وقت کے کام کو دوسرے وقت کر لے تو وہ قابلِ مواخذہ نہیں ہے -
صبح کرنا (ل) رات کاٹنا - دن نکال دینا -
صبح کس کا منہ دیکھا تھا (ل) جب کوئی کام بگڑ جاتا یا خلافِ مرضی ہوتا ہے تو اُس وقت کہا جاتا ہے -
صَبْر (ع امذ) برداشت - بُردباری - تحمل - خاموشی - شکیبائی - توقف - تامل (عو تیں) فدا کی مار - کسی کا دل دکھانے کی آفت - وبالِ جان - آفت پڑے -
صَبْر آنا (ل) تسلی ہونا - چین آنا - اطمینان ہونا -
صَبْر پڑنا (ل) (عو تیں) کسی کو ستانے کی غیب سے سزا ملنا - آہ پڑنا -
صَبْر سمیٹنا (ل) جھوٹ بولنا - کسی کو بہتان لگا کر گناہ سر لینا - ناحق تہمت لگانا -
صَبْر کرنا (ل) نا امید ہونا - سہنا - سہارنا - تحمل کرنا - خاموش رہنا - ٹھہرنا - تامل کرنا - توکل کرنا - قناعت کرنا -
صَبْر لینا (ل) کسی کے صبر کے عذاب میں گرفتار ہونا - کسی کو الزام دے کے آہ لینا -
صبر ہونا (ل) سنتوکھ ہونا - سہار ہونا - قناعت ہونا -
صَبُوح - صَبُوحی (ع امذ) شرابِ صبح - وہ شراب جو صبح کے وقت پی جائے - غبوق کی ضد -
صَبُوحی کش (عف امذ) صبح کے وقت شراب پینے والا - شراب خوار -
صَبیح (ع) گورا چٹا - خوبصورت - حسین - مہ جمال - ملیح کی ضد -
صَبیّہ (ع امث) دختر - بیٹی - لڑکی -

ص - ح

صحابہ (ع امذ) یار - دوست مراداً رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم مجلس -
صَحابت (ع امث) رفاقت - دوستی -
صحابی (ع امذ) رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھی - اُن کی اولاد - آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھنے والے مسلمان -
صحائف (ع امذ) صحیفہ کی جمع - رسالے - کتابیں -
صُحبت (ع امث) یاری - ہمراہی - ساتھ - ہم نشینی - ہم صحبتی - دوستی - یارانہ - آشنائی - محفل - مجلس - سوسائٹی - سماج - رل بیٹھنا - ہمبستری - ہم خوابی - خلوت -
صُحبت اچھی بیٹھے کھائیے ناگر پان / صُحبت بُری بیٹھے کٹائیے ناک اور کان (مثل) اچھی صحبت سے اچھا نتیجہ نکلتا ہے اور بُری سے بُرا -
صُحبت برار ہونا - یا صحبت براری ہونا (ل) دوستی نبھنا - صحبت کا موافق ہونا -
صحبت برخاست ہونا (ل) مجلس اُٹھنا - سبھا اُٹھنا - جلسہ برخاست ہونا -
صُحبت گرم ہونا (ل) جلسے ہونا - مزے اُڑانا - پاس بیٹھ کر دل خوش ہونا -
صُحبت یافتہ (ف) کسی قابل یا کسی لائق شخصوں سے فیض پانے والا - تعلیم یافتہ - مہذّب - شائستہ -
صِحّت (ع امث) تندرستی - آرام - شفا - درستی - تصحیح - املا کی درستی -
صحت افزا (عف اصف) صحت کو بڑھانے والا - تندرستی کے لیے مفید -
صحت بخش (عف) فائدہ بخشنے والا - شفا دینے والا - مفید -
صحت بخشی (عف امث) صحت بخشنا -
صحت خانہ (عف امذ) ٹٹی - پیخانہ - بیت الخلا -
صحت گاہ (عف امث) صحت افزا مقام -
صحت نامہ (عف امذ) غلط نامہ - غلطیوں کی فہرست جو کتاب کے آخر میں لگا دیتے ہیں - تندرستی کا سرٹیفکیٹ - کسی دوست یا عزیز کی خیریت کا خط -
صحت یاب (عف اصف) تندرست - بیماری کے بعد اچھا ہونے والا -
صحرا (ع امذ) وہ میدان جہاں درخت وغیرہ کچھ نہ ہو - ریگستان - بیابان - بادیہ - بھوڑ - زمین -
صحرائی (ع) جنگلی - بیابانی - وحشی -

صحرائے اعظم (ع) افریقہ کا ایک نہایت طول وطویل ریگستان۔
صحرائے لق و دق (ع امذ) ویران جنگل - وہ ہموار اور سخت جنگل جس میں گھاس اور سبزی کا نام ونشان نہ ہو۔
صَحن (ع امذ) آنگن - انگنائی۔
صَحنِ چمن (عف امذ) باغ کا تختہ - تختۂ گلشن۔
صحنک (ع امث) صحن سے اسم تصغیر - طباقچہ - چھوٹا طباق - رکابی - حضرت بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہا کی نیاز کا کھانا یا فاتحہ۔
صحیح (ع) دُرست - ٹھیک - بجا - واقعی - تندرست - چنگا - پُورا - کامل - سارا - مبرّا - پاک (مؤنث) تصدیق - دستخط (مذکر) حروفِ علت کے سوا باقی تمام حروف۔
صحیح العقل (ع) عقل کا پورا - دُرست عقل والا۔
صحیح المزاج (ع) بھلا چنگا - تندرست۔
صحیح النسب (ع) خاندانی شریف - نسل کا کھرا۔
صحیح سالم یا صحیح سلامت (ع) جُوں کا تُوں - پُورا پورا - بھلا چنگا - تندرست - زندہ وسلامت - صحت و تندرستی کے ساتھ جیتا جاگتا۔
صحیح کرنا (ا) دُرست کرنا - اصلاح دینا - ٹھیک کرنا - تصدیق کرنا - دستخط کرنا - ثبوت پہنچانا - گواہی کے لیے پکا کرتا - کھرے کرنا - آسنے کرنا - بہی میں حساب درج کرنا - لکھ لینا - مارنا - ٹھکانا۔
صحیح ہونا (ا) غلطی نکلنا - ٹھیک ہونا - دُرست ہونا - گواہی ہونا - تصدیق ہونا - دستخط ہونا - ثبوت ہونا - پکا ہونا - درج حساب ہونا - بہی میں لکھا جانا۔
صحیفہ (ع امذ) کتاب - رسالہ - لکھا ہوا صفحہ - نامہ - ورق۔

ص - د

صَد (ف) سَو - سینکڑہ - ۱۰۰ - بازرکھنا۔
صد آفرین صد رحمت (عف) شاباش - مرحبا - بارک اللہ۔
صد برگ (ف امذ) بہت سی پنکھڑیوں والا پھول - گیندا۔
صَدا (ع امث) آواز - گونج - گنبد کی آواز - آہٹ - فقرا اور درویشوں کے مانگنے کی آواز۔
صَدا دینا (ا) فقیر کا آواز لگانا - بلاوا دینا۔
صدا کرنا - یا - لگانا (ا) بھیک مانگنا - سوال کرنا - درویشوں کی طرح آواز دینا۔
صِدارت (ع امث) صدر نشینی - وزارت کے قریب ایک عہدے کا نام - پریزیڈنسی - چیئرمینی۔
صِداقت (ع امث) سچائی - راست بازی - خلوص - وفاداری - تصدیق - ثبوت - گواہی۔
صداقت کار (عف اصف) صادق - سچا۔
صداقت مقال (ع اصف) سچ بولنے والا۔

صدر (ع امذ) چھاتی - سینہ - صحن - انگنائی - سامنا - سامنے کا رُخ - اعلیٰ مقام - اُونچی جگہ - کسی معزز اور اعلیٰ شخص کے رہنے کی جگہ - بڑا سردار - بزرگ - امیر - بڑا اُونچا - کلاں - اوّل - کیمپ - چھاؤنی۔
صدرِ اسلام (ع امذ) اسلام کا ابتدائی زمانہ - حضورؐ اور صحابہؓ کا زمانہ۔
صدرِ اعظم (ع امذ) وزیر اعظم - دیوانِ اعلیٰ۔
صدرِ اعلیٰ (ع امذ) اوّل درجے کا جج - منصف درجہ اوّل۔
صدرِ امین (ع امذ) امینوں کا سردار - اعلیٰ درجے کا امین - منصف درجہ دوم - وہ حاکم جو جج کے ماتحت ہو - مہتمم پولیس۔
صدر بازار (ا امذ) چھاؤنی کا بڑا بازار - بازار اُردو۔
صدر بورڈ (ا امذ) عدالت عالیہ - مال کا اعلیٰ محکمہ۔
صدر دیوان (عف امذ) خزانہ شاہی کا مہتمم اعلیٰ - دیوانِ اعلیٰ۔
صدر الصدور (ع امذ) اعلیٰ درجے کا منصف - شاہی گھر کا محافظ۔
صدرِ مجلس (ع امذ) میر مجلس - پریزیڈنٹ۔
صدر مقام (ع امذ) ہیڈ کوارٹر - اعلیٰ درجے کے رہنے کی جگہ - دار الحکومت۔
صدر نشین (عف امذ) کرسی نشین - چیئرمین - میر مجلس۔
صدر ہر جا کہ نشیند صدر است (مثل) بزرگ یا حاکم یا بڑا آدمی جہاں بیٹھ جائے وہی جگہ معزز سمجھی جاتی ہے۔
صُدری (ع امث) ایک قسم کی واسکٹ - سینہ بند - مرزئی - جاکٹ - فتوحی۔
صَدَف (ع امث) سیپ - سیپی - ایک قسم کا سمندری گھونگا جس میں سے موتی نکلتا ہے۔
صِدق (ع امذ) ست - سچائی - سچ - راستی - خلوص۔
صِدق دل سے (ا) تہِ دل سے - صاف دلی سے - بطیب خاطر - خوشی سے۔
صَدقہ (ع امذ) خیرات - مبرات - وہ چیز جو خدا کے نام پر دی جائے - وہ کھانا وغیرہ جو کسی کے سر سے اُتار کر دیا جائے - اُتارا - مجازاً قربان - واری - فدا - طفیل - بدولت۔
صَدقہ اُتارنا - یا - دینا (ا) کسی چیز کو سر کے گرد پھرا کر خدا واسطے دے دینا - خیرات کرنا - قربان کرنا - اُتارا اُتارنا۔
صَدقہ ردِ بلا (ا) (مثل) خیرات کرنے سے مصیبت ٹل جایا کرتی ہے۔
صَدقۂ سلامت / صدقہ سیلا (ا امذ) (عوام) خیر خیرات - وہ صدقہ جو جان کی سلامتی کے بدلے دیا جائے۔
صَدقے (ا امذ) صدقہ کی جمع - واری - قربان - فدا۔
صَدقے جانا (ا) قربان ہونا - واری جانا - فدا ہونا - تصدق ہونا۔
صَدقے کرنا (ا) وارنا - نثار کرنا - قربان کرنا - نفرت اور حقارت کا کلمہ بھی ہے - جیسے جس سے آپ کو تکلیف پہنچے - اُسے صدقے کروں۔

صدقے کی گڑیا (ا/مث) وہ گڑیا جسے صدقہ اُتار کر چوراہے میں رکھ دیتے ہیں - مجازاً وہ لڑکی یا عورت جو جامہ زیب نہ ہو۔
صدقے کے چراغ اُتارنا (ار/محاورہ) منت پوری ہونے پر چراغ سر پہ رکھ کر چوراہے تک جانا اور وہاں رکھنا۔
صَدقے ہونا (ل) قربان و نثار ہونا - فدا ہونا - واری جانا - محبت یا تعظیم سے کسی کے گرد پھرنا۔
صَدمَہ (ع/مذ) چوٹ - ٹکر - دھکا - آسیب - تکلیف - رنج والم - آفت - بلا - مصیبت - نقصان - ضرر - حادثہ - واقعہ -
صَدمَہ اُٹھانا } (ل) نقصان اُٹھانا - رنج اُٹھانا - ٹکر کھانا - غم
صَدمَہ سہنا } سہنا - چوٹ کھانا - ضرب سہنا - تکلیف اُٹھانا -
صدمہ پہنچانا (ار/محاورہ) رنج دینا - دُکھ دینا -
صَدمہ جانکاہ (عف/مذ) جان کو تکلیف پہنچانے والا - سخت ضرب -
صَدمہ دینا (ار/محاورہ) دُکھ دینا -
صَدمہ گزرنا } (ل) بپتا پڑنا - سخت حادثہ پیش آنا - مصیبت
صَدمہ ہونا } آنا -
صُدُور (ع/مذ) صدر کی جمع بمعنی امیر لوگ نیز مصدر بمعنی نفاذ - واقع ہونا - جاری ہونا - اجرا - نکاس -
صدورِ حکم (ع/مذ) حکم کا جاری ہونا - حکم کا نفاذ -
صُدُوق (ع) بہت بڑا سچ بولنے والا -
صدہا (ف) سینکڑوں - بہت سے - ہزاروں -
صدی (ع/مث) سو برس کی تعداد - سو سے نسبت رکھنے والا - سینکڑے کا - سو کا -
صدیق (ع) نہایت سچا - یار وفادار - نہایت راست گو - اصطلاحاً وہ سچے لوگ جو کسی نشانِ الٰہی کو فی الفور مان لیں خلیفہ اوّل حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت یوسف علیہ السلام کا لقب -

ص - ر

صراحت (ع/مث) ظاہر - آشکارا - کُھلم کُھلا - شرح - تشریح - وضاحت - ظہور -
صراحتاً (ع) کُھلم کُھلا - ظاہراً - کُھلے طور پر - مفصل -
صُراحی (ع/مث) پانی یا شراب رکھنے کا لمبی گردن والا چھوٹا برتن - جھجری - کوزہ - انگرکھے وغیرہ کے مخروطی شکل کے جو پلّے -
صُراحی دار (عف) لمبوترا - صراحی کی شکل کا -
صراحی دار گردن (عف/مث) لمبوتری گردن - معشوقانہ گردن -
صُرّاح (ع/مذ) مور - طاؤس -
صُراخ (ع) چیخ - چنگھاڑ -
صِراط (ع/مث) راہ - راستہ - راہِ راست - ایک پُل کا نام جو مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق دوزخ کے اُوپر بال سے باریک اور تلوار سے تیز ہے - نیک لوگ اس پر سے بآسانی گزر جائیں گے اور گنہگار کٹ کٹ کر دوزخ میں گریں گے -
صِراطِ مُستقیم (ع) سیدھی راہ - راہِ راست -
صَرّاف (ع/مذ) پرکھنے والا - جانچنے والا - اصطلاح میں سونا چاندی پرکھنے والا - وہ مہاجن جو نقدی اور زیورات وغیرہ کا لین دین کرے - مالدار - دولت مند - لین دین کا کھرا -
صَرّافہ (ا/مذ) صرافی کا پیشہ - صرافوں کا بازار - بینک - کوٹھی -
صَرّافہ کھولنا (ار/محاورہ) بینک جاری کرنا - صرافہ کی دُکان جاری کرنا -
صَرّافی (ا/مث) روپے پیسے کا بیوپار - صراف کا پیشہ - سونا چاندی یا زیورات بیچنے کا کام - سرافی - بھٹنائی - لنڈے یعنی ایک قسم کا ہندی خط -
صَرّافی کرنا (ار/محاورہ) شناخت کرنا - پرکھنا -
صَرصَر (ع/مث) جھکڑ - آندھی - بادِ تند -
صَرَع (ع) لغوی معنی اپنے آپ کو زمین پر گرانا - اصطلاحاً مرگی کی بیماری -
صِرف (ع) نرا - اکیلا - تنہا - فقط - نرل - خالص -
صَرف (ع/مذ) خرچ - اُٹھاؤ - وہ علم جس سے کلموں کی پہچان اور ان کے تغیر و تبدل کی شناخت حاصل ہوتی ہے -
صَرف کرنا (ل) خرچ کرنا - اُٹھانا - خرچ میں لانا -
صَرف میں آنا (ار/محاورہ) استعمال میں آنا -
صَرف و نحو (ع/مث) گرامر - بیاکرن - وہ علم جس سے الفاظ کا جوڑ توڑ اور ان کے بولنے کا طریقہ معلوم ہوتا ہے -
صَرفہ (ع/مذ) زیادتی - غلبہ - فائدہ - بخل - کنجوسی - کفایت شعاری - افسوس - دریغ - تاسف -
صُرّہ (ع/مذ) تھیلی - ہمیانی - روپیوں کا توڑا -
صریح (ع) علانیہ - صاف - ظاہر - عیاں - آشکارا - بے لاگ -
صریحاً (ع) صاف طور پر - علانیہ طور پر - کُھلم کُھلا -
صَریر (ع/مث) قلم چلنے کی آواز - مطلق آواز - صدا -

ص - ع

صعب (ع) سخت - دشوار - مشکل - ناگوار - تکلیف دہ -
صُعوبت (ع/مث) سختی - دقت - مشکل - تکلیف - بلا - مصیبت -

صُعُود (ع امذ) اُونچائی - بلندی - چڑھاؤ - علم حساب میں کسی عدد کو اُسی سے ضرب دے کر اُس کی قوتوں کو بڑھانا جیسے ۳ × ۳ × ۳ = (۳)۳ -

صُعُود کرنا (ا) بلند ہونا - اُوپر چڑھنا - اُوپر اُٹھنا -

صُعلوک (ع) درویش -

صُعُود و نزول (ع امذ) چڑھنا - اُترنا - اُتار چڑھاؤ -

صُعوَہ (ع امذ) ممولا - ایک قسم کی چڑیا - موتی - جھانبو -

ص - غ

صِغَر (ع امذ) چھٹائی - خُوردی -

صِغر سِنی } (ع امث) نابالغی - کم عمری -
صِغیر سِنی } خورد سالی -

صُغریٰ (ع امث) اصغر کی تانیث - چھوٹی لڑکی - سب سے چھوٹی چیز (مذکر) علم منطق میں شکل کا پہلا قضیہ -

صغیر (ع) چھوٹا - ادنیٰ - خُرد -

صغیر سِن - یا - صِغر سِن (ع) کم عمر - خرد سال - نابالغ -

صَغیر و کبیر (ع) ادنیٰ - اعلیٰ - چھوٹے بڑے - خورد و بزرگ -

صَغیرہ (ع) چھوٹا - خُرد - ادنیٰ گناہ جو معافی کے قابل ہو -

صغیری (عف امث) چھوٹا پن - طفلی - بچپن -

ص - ف

صف (ع امث) پرا - قطار - لائن - سلسلہ - بستر - فرش - بچھونا - بوریا - چٹائی - نمازیوں یا فوجیوں کی قطار جس میں سب ایک خط پر ہوں -

صف آرا (عف) لڑائی کے لیے فوج کا پرا جمانے والا - مقابلہ کرنے والا -

صف آرائی (عف امث) صف بندی - قطار بندی - پرا بندی -

صف اُٹھانا (ا/ محاورہ) بوریے کا اُٹھانا -

صف باندھنا (ا/ محاورہ) قطار بنانا -

صف بستہ (عف) پرا باندھے ہوئے - قطار بستہ -

صف بندی (ع امث) پرا جمانا -

صفِ ماتم (ع امث) وہ فرش جس پر ماتم کرنے والے یا ماتمی آکر بیٹھتے ہیں -

صَفا (ع امث) ستھرا - پاک - پاکیزہ - صاف کیا ہوا - صیقل شدہ - ہموار - سپاٹ - کھرا - بزل - بے لاگ - مکہ شریف کی ایک پہاڑی کا نام - جہاں دوڑنا ارکانِ حج میں شامل ہے -

صَفا چٹ کرنا (ا) صفایا کرنا - بالکل مُونڈ ڈالنا -

صِفات (ع امث) صفت کی جمع - تعریفیں - اوصاف - بُرائیاں - بھلائیاں - گُن - خواص - خاصیتیں -

صفاتی (ع) منسوب بہ صفات - عارضی - ذاتی کی ضد -

صفائی (ع امث) صاف ہونا - پاکیزگی - سچائی - راستی - صداقت - رونق - چکناہٹ - جھاڑ - پونچھ - جھاڑو - بہارو - سادگی - بے وقوفی - ملاپ - صُلح - بریت - رہائی - برابری - یکسانیت - ہمواری - حساب کی بے باقی - حساب کا فیصلہ - تصفیہ - بے شرمی - جیسے میں آپ کی اس صفائی پر قربان ہوں کہ ذرا نہیں شرماتے ہو - دیانت داری - کاٹ چھانٹ - قطع و برید - جیسے درختوں کی صفائی - خاتمہ - انجام - تمام - جیسے آج سب چیزوں کی صفائی ہے - کھُردراپن دُور کرنا - مانجھنا - جلا - صیقل - پھُرتی - چالاکی - مشق - مہارت - جیسے ہاتھ کی صفائی -

صفائی کر دینا (ا) جھاڑ دینا - پونچھ دینا - چکا دینا - بے باق کر دینا - جلا کر دینا - صیقل کر دینا - مانجھ دینا - اُڑا دینا - برباد کر دینا - خرچ کر ڈالنا - اُجاڑ دینا - گرا دینا - کسی کو باقی نہ چھوڑنا - قتل کر ڈالنا -

صِفت (ع امث) خوبی - عُمدگی - گُن - عادت - خُو - لچھن - سبھاؤ - تاثیر - وضع - شکل - طور - مثل - مانند - مشابہ - بیانِ حال - علم صرف نحو میں صفت وہ اسم ہے جس میں کوئی چیز کسی خصوصیت کے ساتھ سمجھی جائے خواہ بُرائی ہو یا بھلائی -

صَفحہ (ع امذ) مُنہ - چہرا - رُخ - ورق کے ایک طرف کا رُخ - وُسعت - پھیلاؤ - سطح -

صفحۂ ہستی (عف امث) رُوئے زمین - دُنیا کا پرت -

صفحۂ ہستی سے نام و نشان مٹانا (ا) دُنیا کے پردے سے ناپید کر دینا - ملیامیٹ کر دینا - بیخ ناس کر دینا -

صَفَر (ع امذ) خالی ہونا - عربی کے دُوسرے قمری مہینے کا نام - تیرا تیزی کا مہینہ - پیٹ کی ایک بیماری کا نام بھی ہے -

صِفر (ع امذ) خالی - تہی - بندی - نقطہ - علم حساب میں وہ نقطہ جو کسی عدد کے دائیں طرف آکر اس کی قیمت دس گنا بڑھا دیتا ہے - اور بائیں طرف کوئی قیمت نہیں رکھتا -

صَفرا (ع امذ) پت - چار خلطوں میں سے ایک خلط کا نام جس کا رنگ زرد - مزاجاً نہایت گرم خشک ہے -

صَفرا شکن (ف امف) حرارت زائل کرنے والا -

صفراوی (ع امنسوب بہ صفرا) - پت دار - گرمی والا - گرمی کا -

صفراوی مزاج (ا امذ) تیز مزاج - تلخ - خلط صفرا کی زیادتی والا شخص -

صَفو دینا (ا) صاف صاف بات دینا - تاش کے تمام پتّے جیت لینا -

صُفُوف (ع / امث) صف کی جمع - قطاریں - پرے -
صفُورا (ع) حضرت شعیبؑ کی بیٹی - حضرت موسیٰ کی بیوی کا نام - حضرت موسیٰؑ کی والدہ کا نام یوکبد تھا -
صَفَوی (ع) منسوب بہ شاہ صفی - فارس کے بادشاہوں کا ایک خاندان جس میں شاہ طہماسپ بڑا مشہور بادشاہ گزرا ہے -
صُفَّہ (ع) ایوان خانہ عہدِ رسالت میں اہلِ صُفّہ صحابہؓ کی وہ جماعت جو مسجد میں رہتی تھی - اور دنیا ترک کیے ہوئے تھی غالباً اس میں شرکاء کی تعداد ۳۰۳ تھی -
صَفیر (ع / امث) پرندوں کی آواز - جانوروں کو بلانے کی سیٹی -
صَفیل (ف / امث) فصیل یعنی شہر پناہ کا بگاڑ -
صَفیں (ا / امث) صف کی جمع -
صَفیں اُلٹنا (ف) لڑائی کی جمی ہوئی قطاروں کا تتر بتر ہونا - قطاروں کو تتر بتر کر دینا -
صفیں باندھنا (ف) پرے جمانا - قطاریں لگانا - صف بستہ ہونا - یا کرنا -
صفیں بندھنا - یا - جمنا (ف) قطاریں لگنا - صف بستہ ہونا -

ص - ک

صکاک (ع) قبالے -

ص - ل

صَلِّ (ع / فعل امر) برکت دے - رحمت اُتار - درود بھیج -
صَلا (ع / امث) آواز - پکار - دعوتِ عام - بکسر - یعنی صلا بہ معنی بھنا ہوا -
صلائے عام (ع / امث) عام اجازت - دعوتِ عامہ -
صَلابت (ع / امث) مضبوطی - سختی - استحکام - استواری -
صلابت پیما (ع / امذ) سختی و درشتی کا اندازہ کرنے والا آلہ -
صلابت جنگ (عف / امذ) لڑائی کا بہادر - جنگی بہادروں کا خطاب -
صَلاح (ع / امث) بھلائی - نیکی - اچھائی - بہتری - مشورہ - مصلحت - رائے - تدبیر - تجویز - ارادہ - منشا - پارسائی - زُہد - تقویٰ -
صلاح اندیش (ف / صف) خیر اندیش - بہتری سوچنے والا -
صَلاح بیٹھنا | صلاح ٹھہرنا (ف) تجویز ٹھہرنا - رائے قرار ہونا - ارادہ ہونا -
صلاح کار (ف / امذ) زاہد - پرہیزگار - متقی - پارسا - مشیر - صلاح دینے والا - رائے دینے والا -
صَلاح کرنا (ف) رائے لینا - تدبیر سوچنا - تجویز بنانا - ارادہ کرنا -
صلاح مشورہ (ع / امذ) تدبیر و تجویز - منصوبہ - ارادہ -

صلاحیت (ع / امث) نیکی - بھلائی - بہتری - پارسائی - پرہیزگاری - رسائی - پہنچ - سمجھ - لیاقت - نرمی - حلم - آہستگی - اصلاح - درستی - ملائمت - پولیس کی رپورٹ - جو مسافران سرائے کی بابت روزمرہ لکھی جاتی ہے -
صلاحیت پہ آنا (ف / محاورہ) راہ پر آنا - درستی پہ آنا -
صلاح سمرقندی | صلائے سمرقندی (عف / امث) وہ صلاح جو دل سے نہ ہو - صرف منہ جھٹانے کے لیے ہو - ظاہری صلاح -
صُلب (ع / امذ) پشت کے مہرے - پیٹھ کی ہڈیاں - زمین سخت - درشت - خاندانی - بزرگی - اولاد - نسل - نطفہ -
صَلیب (ع) سُولی پر چڑھانا -
صُلبی (ع) سگا - اصلی - حقیقی - اپنے نطفے کا بیٹا -
صُلح (ع / امث) میل - ملاپ - دوستی - اتحاد - آپس کی دوستی - باہمی صفائی - امن و امان (قانون) باہمی اتصال - باہمی تصفیہ -
صُلح دوست (عف) صلح پسند کرنے والا - صلح کل - جھگڑے اور فساد کو پسند نہ کرنے والا -
صُلح کرنا (ف) ملاپ کرنا - مل جانا - دل کا رنج دور کرنا - آشتی کرنا - باہم صفائی ہونا -
صلح کُل (ع) سب کے ساتھ ملاپ رکھنے والا - کسی شخص سے خواہ کسی مذہب کا ہو - دشمنی اور جھگڑا نہ رکھنا - ہمہ دوست -
صلح نامہ (عف / امذ) راضی نامہ - ملاپ کا اقرار نامہ -
صَلِّ علیٰ (ع / امث) صَلِّ علیٰ محمدؐ کا مخفف - مسلمان جب کسی عمدہ یا خوبصورت چیز کو دیکھتے یا خوشبو سونگھتے یا قابلِ تعریف بات سنتے ہیں تو اپنے پیغمبر پر درود بھیجتے ہیں - واہ وا - سبحان اللہ - مرحبا - آفرین - صد رحمت -
صَلِّ علیٰ کہنا (ف) درود کہنا - سبحان اللہ کہنا - واہ وا کرنا - تعریف و توصیف کے لیے زبان کھولنا -
صلصال (ع / امذ) گندھی ہوئی مٹی جس سے برتن بنتے ہیں -
صُلصُل (ع) فاختہ یا گھوڑے کی پیشانی کے بال -
صلعم (ع) دُعا - صلی اللہ علیہ وسلم کا مخفف - اللہ تعالیٰ کا اُن پہ اور اُن کی اولاد پہ درود ہو -
صَلوات (ع / امث) صلوٰۃ کی جمع - خدا تعالیٰ کی طرف سے برکتیں - رحمتیں اور مہربانیاں ہوں اُن پہ - باز آنا - سلام کرنا - رخصت کرنا - نمازیں - دوگانے - گالی گلوچ - لام کاف - دشنام - بُرے کلمے -
صلوات سنانا (ف) گالیاں دینا - بُرا بھلا کہنا -
صلوات ہے (ف / محاورہ) سلام ہے - بس باز آئے - ہاتھ اُٹھایا - چھوڑا - کچھ عقل نہیں -

صلوٰة (ع/مث) درود - رحمت الٰہی - دُعا - نماز -
صَلِّ وعَلِّ (ل) کلمۂ تعریف - واہ وا - مرحبا - شاباش -
صِلَہ (ع/مذ) اِنعام - عطا - ہدیہ - تحفہ - بدلہ - پاداش - نیکی -
صِلہ کا معاوضہ - عِلمِ صرف میں وہ جملہ جو موصول کے بعد اُس کے جواب میں واقع ہو -
صِلہ دینا (ل) بدلہ دینا - اِنعام دینا - بخشش کرنا - اُجرت و مزدوری دینا -
صِلۂ رحمی (ع/مث) قرابت داروں اور عزیزوں سے اچھا سلوک کرنا -
صَلِّ علیٰ (ع) کلمۂ درود - اُن پہ درود ہو -
صَلیب (ع/مث) سُولی - دار - چلیپا کا نشان - عیسائیت کا نشان - جو بعض عیسائی لوگ ہر وقت پہنے رہتے ہیں -
صلیبی خط (ع/مذ) وہ خط جس کے چار کونے ہوں جس کی شکل یہ + ہے -

ص - م

صُمّ (ع/مذ) جمع اَصَم - بہرا - وہ آدمی جس کو کانوں سے سُنائی نہ دے -
صُمٌّ بُکمٌ (ع/مذ) اَصم و اَبکم کی جمع - بہرے گُونگے - گُونگا بہرا - محاورے میں اُس شخص کو کہتے ہیں جو کسی بات کا جواب نہ دے -
صَمصَم (ع) مردِ دلیر - شیرِ درندہ -
صِمَام (ع) بوتل کا کاگ -
صَمت (ع/مث) خاموشی -
صَمصَام (ع/مث) مُنہ نہ پھیرنے والی تلوار - تیغِ بُرّاں - مجازاً مطلق تلوار -
صَمِیم (ع) ہر چیز کا درمیانی خلاصہ - ہڈی کا گودا - شدتِ گرمی سردی -

ص - ن

صَنّاع (ع) بہت بڑا کاریگر - پیشہ ور -
صَنَاعت } (ع/مث) کاریگری - پیشہ - ہُنر - دستکاری -
صَنعت }
صَنائِع (ع/مذ) صناعت کی جمع - ہنرمندیاں - دستکاریاں -
صَنائِع بدائِع (ع/مذ) نظم میں بیان کرنے کی عجیب و غریب خُوبیاں اور نکتے -
صَندل (معرب چندن) (مذ) ایک قسم کی خوشبودار لکڑی اور اس کا درخت -
صندل کی سی تختی (ل/مث) نہایت صاف اور گورا بدن -
صندلی (ف/ا صندل کے رنگ کا - سُرخی مائل زرد رنگ - صندل کی لکڑی کا بنا ہوا - ایک قسم کی مخروطی تپائی - کُرسی - پیدائشی نامرد -
صَندُوق (ع/مذ) لکڑی یا ٹین وغیرہ کا بکس - پیٹی - تابوت - اُبھرا ہوا سینہ -
صَندُوقچہ (عف/مذ) صندوق کی تصغیر - چھوٹا بکس - چھوٹا صَندُوق -
صَندُوقچی (ف/مث) بہت چھوٹا سا صندوقچہ -
صَندُوقی (ا/مث) صندوق کی وضع - مستطیل شکل کا -
صُنع (ع/مث) کاریگری - ہنرمندی - دستکاری -
صِنف (ع/مث) قسم - جنس - نوع -
صَنَم (ع/مذ) بُت - پُتلی - مُورتی - کسی چیز کا بے جان قالب - دلبر - پریتم - معشوق - جانی - پیارا -
صَنَم خانہ - یا - صَنَم کدہ (عف/مذ) بُت خانہ - مندر - ٹھاکر دوارہ -
صَنَم کا کھیل (ا/مذ) ایک کھیل کا نام - چند ہم عُمر مل کر بیٹھ جاتے ہیں - اور دائیں طرف سے ویسے ہی ایک سوال کرتے جاتے ہیں - جو جواب نہ دے سکے اُسے بہت شرمندہ کرتے ہیں -
صَنَم گر (عف/صف) بُت تراش - بُت بنانے والا -
صنوبر (ع/مذ) ایک نہایت سیدھا درخت ہوتا ہے - ایک قسم کے سرو کو بھی کہتے ہیں - جس سے معشوق کے قد اور اُس کے خرام اور رفتار کو تشبیہ دیتے ہیں -
صنیعہ (ع/مث) نیکی - ہُنر - کاریگری -

ص - و

صواب (ع) راست - دُرست - ٹھیک - بجا - خُوب - بہتر - بہترین -
صوابدید (ع) صلاح - تجویز -
صوبجات (ع/مذ) صوبہ کی جمع -
صُوبہ (ع/مذ) سلطنت کا وہ حصّہ جس میں بہت سے ضلعے یا پرگنے شامل ہوں - حاکمِ صوبہ - گورنر - لفٹنٹ گورنر -
صُوبہ دار (عف/مذ) حاکمِ صُوبہ - پیدل فوج کا وہ پاکستانی افسر جس کا درجہ کپتان کے برابر ہوتا ہے -
صوبہ داری (عف) صُوبہ کی حکومت - نظامت - صُوبہ دار کا عُہدہ -
صَوت (ع/مث) آواز - ندا - بانگ -
صوت پیما (عف/مذ) آواز کی پیمائش کرنے والا -
صُور (ع/مذ) نرسنگا - بجانے کا سینگ - نفیری - ترئی - بگل -
صورِ اسرافیل (ع/مذ) وہ نرسنگا جس کو حضرت اسرافیل علیہ السلام قیامت کے دن پھونکیں گے - ایک دفعہ مار ڈالنے کو - دُوسری

دفعہ زندہ کرنے کو۔
صُوَر (ع/مث) صُورۃ کی جمع۔
صُورت (ع/مث) چہرہ۔ مُنہ۔ شکل۔ مکھڑا۔ نقش۔ تصویر۔ بھیس۔ رُوپ۔ علامت۔ نشان۔ مُورت۔ بُت۔ مُورتی۔ خاکہ۔ ڈھانچہ۔ حالت۔ کیفیت۔ تدبیر۔ تجویز۔ مانند۔ مثل۔ مشابہ۔ طرح۔ طور۔ طریق۔ ڈھنگ۔ موقعہ۔ محل۔ ظاہر۔ شغل۔ کام۔ روشناس۔ آشنا۔ جان۔ پہچان۔ واقف کار۔
صُورت آشنا ہونا۔ یا۔ ہوجانا (ل) صورت پہچاننا۔ جان پہچان ہو جانا۔ واقف ہوجانا۔ معمولی آشنائی ہونا۔ یونہی سی واقفیت ہونا۔
صُورت بدلنا (ل) بھیس بدلنا۔ ہیئت پلٹنا۔ حالت بدلنا۔ چہرہ تبدیل کرنا۔
صورت بنانا (ل) شکل بنانا۔ تصویر بنانا۔ خاکہ کھینچنا۔ مُنہ بنانا۔ چہرا بنانا۔ مُنہ چڑانا۔ مُنہ بگاڑ کر بات کرنا۔ مفلسی اور غریبی ظاہر کرنا۔
صُورت پرست (ف/مذ) بُت پرست۔ مُورتی کی پُوجا کرنے والا۔ ظاہر پرست۔ حسن پر فریفتہ ہونے والا۔
صورت پکڑنا (ل) شکل بنانا۔ رنگ اختیار کرنا۔ کوئی طریقہ اختیار کرنا۔
صُورت چڑیلوں کی مزاج یا دماغ پریوں کا (ل/مثل) بدصُورتی پر ایسا مزاج۔ کریہہ الصّورت اِتنی اور غرور یہ۔ بدشکل پر بدمزاجی۔
صُورتِ حال (ع/مث) ظاہری حالت۔ روئداد۔ صورت معاملہ۔
صُورت دار (ل) خوبصورت۔ شکیل۔ وضع دار۔ خوبرو۔
صُورت دکھانا (ل/محاورہ) شکل دکھانا۔ سامنے آنا۔
صُورت زہر لگنا (ل/محاورہ) بہت نفرت ہونا۔
صُورت ساز (عف/صف) مصوّر۔ نقاش۔
صُورت نہ شکل بھاڑ سے نکل (ل/محاورہ) بدصُورت آدمی کو طنزاً کہا کرتے ہیں۔
صُورت یہ ہے (ل/محاورہ) بات یہ ہے۔ حال یہ ہے۔
صُورتاً (ع) ظاہرا طور پر۔ ظاہراً۔ بظاہر۔
صُوری (ع) ظاہری۔ معنوی کی ضد۔
صُوف (ع/مذ) اُون۔ نمدہ۔ کمل۔ پشم۔ ایک قسم کا موٹا پشمینہ کا کپڑا۔ گوٹا بننے کا بانا۔ وہ کپڑے کا ٹکڑا جو دوات میں سیاہی کے ساتھ رکھتے ہیں۔
صُوفی (ع/مذ) پشمینے کے کپڑے پہننے والا۔ کمل پوش۔ متقی۔ پرہیزگار۔ پارسا۔ عابد۔ زاہد۔
صوفیانہ (عف) منسوب بہ صُوفی۔ صوفیوں کا سا۔ سادہ۔ بلا ٹیپ ٹاپ۔
صُوفیانہ وضع (ل/مث) سادہ وضع۔ سادہ پن۔
صَوم (ع/مذ) روزہ۔ برت۔
صوم وصلوٰۃ (ع/مث) روزہ۔ نماز۔
صوم وصال (ع/مذ) روزے پر روزہ۔ متواتر روزہ۔

ص - ہ

صہبا (ع/مث) ایک قسم کی سُرخ شراب۔ سفید انگوروں کی شراب۔ مئے احمر۔ خیبر کے ایک موضع کا نام۔
صہر (ع) سُسرا۔ داماد۔ چاہے شوہر کا ہو یا بیوی کا۔

ص - ی

صیّاد (ع/مذ) صید کرنے والا۔ شکار کھیلنے والا۔ شکاری۔ چڑی مار۔ ماہی گیر وغیرہ۔
صیّاغ (ع/مذ) سُنار۔ ڈھالنے والا۔
صیّادِ اجل (مُعَرّب/مذ) موت کا فرشتہ۔ ملک الموت۔ عزرائیل۔ جم دوت۔
صِیام (ع/مذ) صَوم کی جگہ۔ روزے۔
صِیانت (ع/مث) بچاؤ۔ پاسبانی۔ حفاظت۔ نگہبانی۔
صَید (ع/مذ) وہ جانور جس کو ہم شکار کریں (ل/مث) ہم پیشہ اور ہم کار لوگوں کی لڑائی اور ضِد۔
صَید بدنا (ل) کبوتر کو پکڑ کر واپس نہ دینے کا اقرار کرنا۔ ضِد باندھنا۔
صَید کرنا (ل) شکار کرنا۔ پکڑنا۔ قابو میں لانا۔ فریفتہ کرنا۔
صَید گاہ (عف/مذ) شکار کھیلنے کی جگہ۔ شکار گاہ۔
صَیدی (ل/مذ) شکاریوں کی اصطلاح میں وہ شخص جو ہم پیشہ لوگوں سے ضِد اور لڑائی کرے۔
صَیرفی (ع/مذ) صرّاف۔ لقب ایک خوش نویس اور ایک شاعر کا۔
صِیغہ (ع/مذ) سانچے میں ڈھالنا۔ ڈھلی ہوئی چیز۔ طریقت۔ خلقت۔ اصل وہ مشتق کلمہ جو کسی لفظ سے نکالا گیا ہو (اہل شیعہ) نکاح میعادی۔ ایجاب وقبول۔ محکمہ سررشتہ۔ شعبہ۔
صیغہ گرداننا (ل) فعل کی گردان کرنا۔
صَیف (ع/مث) موسم گرما۔
صَیقل (ل/مث) ریتی۔ جلا۔ صفائی۔ آب۔ چمک۔ جلا کرنے کا آلہ۔
صَیقل کرنا (ل) چمکانا۔ جلا کرنا۔ آب دینا۔ صاف کرنا۔
صَیقل گر (عف/صف) جلا کرنے والا۔ ہتھیار صاف کرنے والا۔
صَیقل گری (عف/مث) صیقل کا کام یا پیشہ۔

ض (ع امذ) اُردو کا اکیسواں - فارسی کا اٹھارھواں اور عربی کا پندرھواں حرف حساب جمل میں اس کے عدد آٹھ سو فرض کیے گئے ہیں -

ض - ا

ضَاب (ع) ایک کڑوا درخت -

ضَابِط (ع امذ) انتظام کرنے والا - منتظم - مدبّر - حاکم - مالک - قابض - محتاط - پابند قاعدہ - صابر - متحمّل - بُردبار -

ضَابِطہ (ع امذ) قاعدۂ عمل درآمد - نگہداشت - قانون - قاعدہ - انتظام - بندوبست - ربط و ضبط - آئین -

ضَابِطہ برتنا (ر) قانون پر چلنا - قاعدے کے موافق کام کرنا -

ضَابِطۂ دیوانی (ر امذ) باہمی لین دین کا قانون - عدالت دیوانی کا قانون

ضَابِطۂ فوجداری (ر امذ) فوجداری قانون - شریروں اور بدمعاشوں کے جرموں کے روکنے وغیرہ کا قانون -

ضَابِطۂ مال (ر امذ) خزانہ یا مال گزاری کے متعلق قانون - سررشتہ مال کا قانون -

ضَاحِک (ع امذ) ہنسنے والا - خنداں - ٹھٹھا کرنے والا - منہ چڑھانے والا - بُرائی بیان کرنے والا - ہجو کہنے والا - مسخرا - ظریف -

ضَالّ (ع اصفت) گمراہ - بھٹکا ہوا -

ضَامِن (ع امذ) کسی کی ضمانت دینے والا - ذمہ دار - لکڑی کی وہ پچر جو گھٹنے کی دونوں نڑیوں کے درمیان باندھ دیا کرتے ہیں - مایۂ شیر یعنی وہ دہی جس کے ذریعے سے دودھ جماتے اور دہی بناتے ہیں -

ضامن درضامن (ر امذ) ذمہ دار کا ذمہ دار - کفیل کا کفیل -

ضَامِن نہ ہووے باپ کا - ہے ضامنی گھر پاپ کا (مثل) خواہ کوئی کیسا ہی کیوں نہ ہو - ضمانت ہرگز نہ دینا چاہیے کیونکہ ضمانت خرابی کی جڑ ہے -

ضَامِنی (ع امث) ذمہ داری - کفالت - ضمانت -

ضَامِنی دینا (ر) ضمانت دینا - ذمہ دار بننا - کفیل بننا -

ضَائِع (ع) اکارت - لاحاصل - بے فائدہ - خراب - برباد - رائگاں -

ضائع کرنا (ر) کھونا - برباد کرنا - تلف کرنا - اڑانا - بے کار کرنا - نکمّا کرنا - مارنا - قتل کرنا -

ضائع ہونا - یا - ضائع جانا (ر) برباد ہونا - خراب ہونا - مرنا - فوت ہونا - مارا جانا -

ض - ب

ضَب (ع) سوسمار - گوہ - ورم لب -

ضَبط (ع امذ) پاسبانی - حفاظت - نگہبانی - ہوشیاری - انتظام - بندوبست - حکومت - راج - قید - پابندی - قُرقی - قبضۂ سرکار -

ضَبطِ تولید (ع امذ) ایسی تدابیر اختیار کرنا جن سے بچے پیدا نہ ہوں یا حسب منشا پیدا ہوں -

ضبط کرنا (ر) باندھنا - قابو کرنا - روکنا - نگرانی کرنا - قُرق کرنا - پینا - جذب کرنا -

ضَبطی (ع امث) نگرانی - قُرقی -

ضَبطیٔ جائداد - یا - مال (ر امث) مال و اسباب کی قُرقی -

✣

ض - ح

ضُحیٰ (ع امذ) پہر دن چڑھے یعنی دس بجے کا وقت عید قربانی -
ضَحّاک (ع امذ) بہت ہنسنے والا - ایک ایرانی بادشاہ کا نام جو بڑا ظالم اور جابر ہوگزرا ہے - یہ شدّاد کا بھانجا تھا - اس کے شانہ پر ایک سانپ ہوتا تھا - جس کی غذا آدمی کا بھیجا تھا - آخر آفریدیوں کے ہاتھوں مارا گیا -
ضُحیٰ (ع امذ) چاشت کا وقت -

ض - خ

ضَخامت (ع امث) موٹاپا - جسامت - حجم -
ضخیم (ع) موٹی چیز - جسیم - فربہ -

ض - د

ضِدّ (ع امث) برعکس - مخالفت - خلاف - دشمنی - عداوت - بُغض (اُردو) ہٹ - اِصرار - اڑ - سینہ زوری - غرور - انانیت - تعصب - غصّہ - کرودھ -
ضِدّ باندھنا (ل) بہت ہٹ کرنا - کسی بات پر اُڑ جانا - اِصرار کرنا - بحث کرنا - دشمنی باندھنا - مخالفت کرنا -
ضِدّ پر آنا (ل) ہٹ پر آنا - اِصرار پر کمربستہ ہونا - مخالفت کرنا -
ضِدّ پوری کرنا (ل) ہٹ کے موافق کرنا - اصرار کے موافق کرنا - کہا کرنا -
ضِدّ چڑھنا یا - آنا (ل) غصّہ چڑھنا - اڑنا - ہٹ پر آنا -
ضِدّ رکھنا (ل) دشمنی رکھنا - مخالفت رکھنا - خلاف کرنا -
ضِدّ کا پورا ہے (ا/ محاورہ) اپنی ہٹ نہیں چھوڑتا ہے -
ضِدّ کرنا (ل) اڑنا - ہٹ کرنا - اصرار کرنا - خلاف کرنا -
ضِدّی (ل) ہٹیل - ہٹیلا - بہت اصرار کرنے والا -
ضِدّین (ل) دو مخالف چیزیں - دو مختلف چیزیں -

ض - ر

ضَرب (ع امث) چوٹ - صدمہ - دھکا - بیان - ذکر - ٹھپّا - مُہر - توپ کے شمار کرنے کا عدد - صوفیوں کا کسی کلمہ کو زور اور جبر کے ساتھ اس طرح پڑھنا جس سے دل پر چوٹ لگے - نقصان - خسارہ - گھاٹا - علم حساب کا ایک قاعدہ یعنی ایک عدد کو بار بار جمع کرنے کا مختصر قاعدہ -
ضرب اُٹھانا (ل) نقصان اُٹھانا - گھاٹا کھانا - صدمہ گوارا کرنا -
ضرب چلیپا (عف امث) ایک خاص ضرب جو آڑی دی جاتی ہے -
ضرب الفتح (ع) خوشی کا شادیانہ -
ضرب المثل (ع امث) مثل بیان کرنا - مثال کے طور پر بیان کیا ہوا جملہ -
ضرب المثل ہونا (ل) کہاوت کی طرح مشہور ہونا -
ضرب آنا (ل) چوٹ لگنا - دھکا لگنا - نقصان پڑنا -
ضرب پڑنا (ا/ محاورہ) چوٹ لگنا - آفت آنا - مصیبت پڑنا -
ضرب خانہ (عف امث) ٹکسال - سکّہ بنانے کی جگہ -
ضرب دینا (ل) نقصان دینا - ضرر پہنچانا - اعداد کو باہم ٹکرانا -
ضرب شدید (ع امث) سخت - چوٹ - مہلک صدمہ -
ضرب لگانا (ل) چوٹ لگانا - کوٹنا - وار کرنا - صدمہ پہنچانا - تلوار مارنا - ٹھپّا لگانا - مُہر لگانا - کلمہ پڑھنا - خاص طریقہ سے خدا کا نام لینا -
ضرب مُرکّب (ع امث) علم حساب میں ایک خاص قسم کی ضرب کو کہتے ہیں - جس میں نقدی یا جنس وغیرہ کے مختلف حصّوں میں ضرب دیں -
ضرب مُفرد (ع امث) علم حساب میں سادہ ضرب - ضرب بسیط -
ضَرَر (ع امذ) نقصان - گھاٹا - خسارہ - درد - تکلیف - صدمہ - ضرب - چوٹ -
ضرر خفیف (ع امذ) تھوڑی سی تکلیف - تھوڑا سا نقصان -
ضرر جسمانی (ع امذ) بدنی نقصان - جسمانی تکلیف -
ضرر رساں (ع اصف) نقصان پہنچانے والا -
ضرر رسانی (عف امث) دُکھ دینا - تکلیف دینا - ایذا دینا -
ضرر شدید (ع امذ) بڑا بھاری نقصان - مہلک صدمہ - سخت چوٹ -
ضِرغام (ع امذ) شیر -
ضَرُور (ع) وہ بات جس کا ہونا فرض ہو - لازم - واجب - مطلوب - درکار - طنزاً - دُرست بجا - بیشک - اِل (امث) حاجت - ضرورت - خواہش درکار -
ضَرُور ضَرُور (ل) بالضرور - یقیناً - ضرور ہی -
ضَرُوری (ل) بالضرور - واجبی - لازمی - ناچاری - مجبوری -
ضرور ہے (ا/ محاورہ) واجب ہے - لازم ہے - درکار ہے - خواہش ہے -
ضَرُورت (ع امث) حاجت - خواہش - احتیاج -
ضرورت کے وقت گدھے کو باپ بنا لیتے ہیں (ا/ مثل) ناچاری کے وقت ادنیٰ لوگوں کی بھی خوشامد کرنی پڑتی ہے -
ضرورت مند (ل) محتاج - غریب - مفلس - تنگ حال - تنگدست -

ضرورتاً (ع) از روئے ضرورت - بلحاظ ضرورت ناچار -
ضریح (ع امث) قبر - گور - مزار - مقبرہ - تعزیہ -

ض - ع

ضِعف (ع) دوچند - دوگنا - دُگنا -
ضُعف (ع امذ) کمزوری - ناطاقتی - بے عقلی - بیہوشی -
ضُعف آنا (ل) غش آنا - بے ہوش ہونا -
ضُعفِ بصارت (ع امذ) نظر کی کمزوری - آنکھوں کی ناطاقتی -
ضُعفِ جگر (عف امذ) ایک بیماری کا نام - کلیجے کی ناطاقتی -
ضُعفِ دِل (عف امذ) دل کی کمزوری -
ضَعِیف (ع) کمزور - ناطاقت - بوڑھا - سست - ناتواں -
ضَعِیفُ الاعتقاد (ع) وہ شخص جس کے اعتقاد کا بھروسہ نہ ہو - ڈھلمل یقین - بھولا بھالا - سادہ لوح -
ضعیفُ الجُثّہ (ع اصف) کمزور بدن - لاغر - دُبلا -
ضَعِیفُ العَقل (ع) بے عقل - بے وقوف - بے سمجھ - کم فہم -
ضَعِیفی (ع امث) بڑھاپا - کمزوری - پیری -

ض - غ

ضَغائن (ع) جمع ضغینہ بمعنی کینہ -
ضِغث (ع) تنکوں کا مُٹھا - جھاڑو - اضغاث جمع -

ض - ل

ضلالت (ع امث) گمراہی - خطا - قصُور - جُرم -
ضِلع (ع امذ) پسلی - پہلو کی ہڈی - خط - لکیر - حد - حصّہ - جزو - ملک کا وہ حصّہ جس میں کئی تحصیلیں ہوں - ڈپٹی کمشنر یا کلکٹر کا صدر مقام - جگت - تلازمہ - رعایت لفظی -
ضلع دار (عف امذ) ضلع کا محافظ - زمینداروں سے لگان وغیرہ وصول کرنے والا افسر - ذیلدار - نہر کا وہ افسر جو پانی کا حساب لگاتا ہے -
ضِلع داری (عف امث) ضلع دار کے عہدے کا کام - ضلع دار کا عہدہ -

ض - م

ضَمّ (ع امذ) ملنا - ملانا - شامل کرنا - ضمّہ - پیش کی حرکت -
ضمانت (ع) ذمہ داری - کفالت - ضامنی -
ضمانت داخل کرنا (ل) لکھ کر ضمانت دینا - ضامن ہونا - کفیل بننا -
ضمانت دینا (ار/محاورہ) کسی کو ضامن کفیل کرنا -
ضمانت نامہ (عف امذ) تحریری ضمانت - ضمانت کا اقرار نامہ -
ضمانت ہونا (ار/محاورہ) کسی ملزم کا ضمانت پر رہا ہونا -
ضماناً (ع) بطور ضمانت - کفالتاً -
ضمانتی (ف/امذ) ضامن - ذمہ دار - کفیل -
ضمائر (ع امث) ضمیر کی جمع -
ضِمن (ع امذ) اندر - تہ - شمول - شرکت - باب - فصل - دفعہ - متعلق -
ضمن میں (ار) ساتھ میں - دفعہ یا باب کے متعلق -
ضِمناً (ع) درپردہ - اِشارتاً -
ضمّہ (ع امذ) پیش - پیش کی حرکت - ضم -
ضمیر (ع امث) من - جی - دل - ہیا - راز - بھید - سِر - مخفی - پوشیدہ - اندیشہ - خیال جو دل پر گزرے - صرف ونحو میں وہ مختصر اسم جو کبھی اسم ظاہر کی جگہ استعمال کیا جاتا ہے -
ضَمیران (ع امث) ایک خوشبودار پھلواری -
ضمیمہ (ع امذ) وہ شے جو اصل چیز پر بڑھائی جائے - پرچہ زائد - تکملہ -

ض - ن

ضَناک (ع) زُکام -
ضَنّاک (ع) موٹی عورت -
ضَنیک (ع) مُفلس - بے وقوف -

ض - و

ضَو (ع امذ) روشنی - پرتو - چمک - نور -
ضَوافشاں (عف اصف) روشن - منور - روشنی دینے والا -
ضَوابط (ع امذ) ضابطہ کی جمع - قوانین - قاعدے -
ضَور (ع) سخت بھوک -

ض - ی

ض - ی

ضِیا (ع امث) روشنی - چمک - تجلّی - تلف - ضائع -
ضیا افروز (عف اصف) روشن کرنے والا - روشنی پھیلانے والا -
ضَیاح (ع) دودھ پانی ملا ہوا -
ضِیافت (ع امث) دعوت - مہمانی - کھانا کھلانا -
ضیافت خانہ (عف امذ) مہمان خانہ -
ضیافت کرنا (ل) دعوت کرنا - کھانا کھلانا -
ضَیغم (ع امذ) پھاڑنے والا شیر - ببر شیر - کہری -
ضَیف (ع امذ) مہمان - پاہنا - پہلو -
ضِیق (ع امث) تنگی - بچاؤ وقت - مشکل - کمی - کوتاہی - دمہ کی بیماری -
ضیق النفس (ع امذ) سانس کی تنگی - دمہ - سانس کی بیماری - دمہ کی مریض -
ضیق میں آنا } (ل) عاجز آنا - مشکل میں پھنسنا - تنگ ہونا -
ضیق میں ہونا } وقت پڑنا -

ط (ع ا مث) اردو کا بائیسواں حرف۔ فارسی کا اُنیسواں عربی کا سولھواں حرف۔ حساب جمل میں اس کے عدد نو مانے گئے ہیں۔

ط ۔ ا

طَاب (ع) خوشبو۔ لذیذ

طَابِع (ع/صف) فرماں بردار۔ چھاپنے والا۔

طَاجن (ع) کڑاہی۔

طَارِم (مب) بُلند مکان۔

طَارِی (ع) یکایک آپڑنے والا۔ اچانک ظاہر ہونے والا۔ آ دھمکنے والا۔ مراداً غالب آجانے والا۔ مسلط ہوجانے والا۔ چھاجانے والا۔

طَارِی ہونا (ل) چھا جانا۔ غالب آنا۔ مُسلّط ہوجانا۔

طَاس (ع/مذ) پیالہ۔ طشت۔ لگن۔ تھال۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔ وہ قطعہ زمین جس کا پانی سُست ہو کر کسی دریا میں آپڑتا ہو۔

طَاسہ (ع/مذ) تاشہ۔ ایک قسم کا باجا جو کھال منڈھ کر بنایا جاتا ہے۔

طَاعت (ع/مث) عبادت۔ بندگی۔ پرستش۔ پوجا پاٹ۔ فرماں برداری۔

طَاعُون (ع/مذ) لغوی: نیزہ مارنا۔ اصطلاحاً: ایک متعدی وبا کا نام جس میں بغل وغیرہ میں گلٹی نکلتی ہے۔ جس کی چبھن کے باعث اس بیماری کا نام طاعون ہوگیا۔

طَاغی (ع) سرکش۔ باغی۔ مُفسد۔ سرغنہ۔ پھرا ہوا۔

طَاق (ع/مذ) محراب۔ آلا۔ بے نظیر۔ لاثانی۔ فرد۔ یکتا۔ یگانہ۔ جُفت کی ضد۔ نادر۔ کمیاب۔

طَاق بھرنا (ل) مسجد یا مزار کی محراب میں چراغ جلا کر پھول بتاشے چڑھانا۔

طاق پر دھرنا ۔ یا ۔ دھر رکھنا } (ل) اُٹھا رکھنا۔ محفوظ رکھنا۔
طاق پر رکھنا } ترک کرنا۔ چھوڑنا۔ باز آنا۔

طاق پر رکھا رہنا (ل) یکتا کرنا۔ کامل بنانا۔ یگانہ بنانا۔ ماہر کر دینا۔

طَاق جُفت (ل/مذ) ایک قسم کا جُوا۔

طاق کرنا (ل) یکتا کرنا۔ کامل بنانا۔ یگانہ بنانا۔ ماہر کر دینا۔

طاق نسیاں پر رکھنا (ل) بُھلا دینا۔ یاد نہ رکھنا۔ بُھول کر بھی یاد نہ رکھنا۔

طاق ہونا (ل) کسی کام میں یگانہ ہونا۔ لاثانی ہونا۔ بے نظیر ہونا۔ یکتا ہونا۔ جاتا رہنا۔ نیست و نابود ہونا۔ معدُوم ہونا۔

طاقت (ع/مث) زور۔ بل۔ قوّت۔ تاب۔ مجال۔ جرأت۔ حوصلہ۔ لیاقت۔ استعداد۔ مقدور۔ حیثیت۔ بساط۔ برداشت۔ سمائی۔ سلطنت۔ حکومت۔ دولت۔

طَاقت آزمائی (عف/مث) زور آزمائی۔ زور لگانا۔

طَاقت سلب ہونا (ل/مص) طاقت جاتی رہنا۔

طَاقت ور (عف) زور آور۔ بلوان۔ قوی۔ توانا۔

طَاقچہ (ف/مذ) چھوٹا طاق۔

طَاقہ (ع/مذ) رُوئی یا ریشمی کپڑے کا تھان یا ٹکڑا۔

طَاقِیہ (ف/مث) ایک قسم کی لمبی ٹوپی۔ کلاہ۔ (مذکر) کرنجی آنکھ کا گھوڑا۔ ایک آنکھ چھوٹی اور ایک بڑی والا گھوڑا۔ بھینگا۔ احول۔

طاقی نہ رکھے باقی (ل/مثل) کرنجی آنکھ کا گھوڑا کچھ باقی نہیں رہنے دیتا۔ اس لیے سخت منحوس خیال کیا جاتا ہے۔

طالِبہ (ع امث) طلب کرنے والا۔ تلاش کرنے والا۔ متلاشی۔ خواستگار۔
طالبِ امان ہونا (ا ز ا محاورہ) امان چاہنا۔
طالب (ع امذ) طلب کرنے والا۔ تلاش کرنے والا۔ متلاشی۔
خواستگار۔
طالبِ دُنیا (ع امذ) دنیادار۔ دُنیا کا خواہاں۔ لالچی۔ حریص۔
طالبِ دیدار (ا امذ) دیکھنے کا خواہش مند۔ عاشق۔ مشتاق۔
طالبِ زر خر۔ طالب مولیٰ اولیٰ (ف امثل) دولت کا طلب گار۔
بے وقوف گدھا اور خدا کا طالب سب سے بہتر ہوتا ہے۔
طالبِ عقبیٰ (ع امذ) آخرت کا طالب۔ زاہد۔ پرہیزگار۔ پارسا۔
عابد۔
طالبِ علم (ع امذ) بدیار تھی۔ متعلم۔ علم حاصل کرنے والا۔ نوآموز۔
طالبِ علمی (ع امث) علم حاصل کرنے کا کام۔ شاگردی۔
طالب و مطلوب (ع امذ) عاشق و معشوق۔
طالح (ع اصف) بُرا۔ خراب۔ بدکار۔
طالِع (ع امذ) نکلنے والا۔ طلوع ہونے والا۔ نصیبا۔ قسمت۔ بخت
ستارہ۔ اقبال۔
طالع خوابیدہ (عف) سوئی ہوئی قسمت۔ بُری قسمت۔
طالع چمکنا (ا) قسمت کُھلنا۔ نصیبا جاگنا۔
طالع شناس (عف امذ) نجومی۔ جوتشی۔ منجم۔
طالع ور۔ یا۔ طالع مند (عف) صاحبِ نصیب۔ خوش قسمت۔
بختاور۔
طالع وری (عف امث) بختاوری۔ خوش قسمتی۔
طامع (ع) لالچی۔ حریص۔ طمع کرنے والا۔
طامات (ع) بے اصل باتیں جو صوفی لوگ اپنے معتقدین کے
سامنے غپ ماریں۔
طامۂ کبریٰ (ع) قیامت۔
طاؤس (ع امذ) ایک خوشنما پرندے کا نام۔ مور۔ ستار کی
قسم کے ایک ساز کا نام بھی ہے۔
طاہر (ع) پوتر۔ پاک۔ صاف۔ پاک دامن۔
طاہری (ع امث) ایک قسم کا پلاؤ جو چاولوں اور بڑیوں سے
پکایا جاتا ہے۔ بڑی پراؤ۔
طائر (ع) اُڑنے والا۔ پرندہ۔ پکھیرو۔ چڑیا۔ مُرغ۔
طائرِ زریں بال (ع امذ) آفتاب۔
طائرِ عقل اُڑ جانا (ا ر ا محاورہ) ہوش و حواس جاتے رہنا۔
طائرِ قدس۔ یا۔ قدسی (ع امذ) مرادی معنی حضرت جبرئیل فرشتہ۔
ملک۔ مجازاً جبرائیل علیہ السلام۔
طائرِ نوگرفتار (عف امذ) وہ پرندہ جو تازہ پکڑا گیا ہو۔
طائفہ (ع امذ) گروہ۔ جماعت۔ جتھا۔ قوم۔ ملت۔ زمرہ۔ کنبہ۔
خاندان۔ کل۔ ناچنے والوں کا گروہ۔ رنڈی اور اس کے ساتھی۔
قافلہ۔ کارواں۔
طائفہ نچانا (ا) رنڈی یا بھانڈوں وغیرہ کا ناچ کرانا۔

ط ۔ ب

طِب (ع امث) جسمانی بیماریوں کے علاج کا علم۔ علم الابدان۔
طبِ جسمانی (عف امث) جسم کے علاج کا علم۔
طبِ رُوحانی (ع امث) علم اخلاق۔ رُوح کے علاج کا علم۔
طَباطَبا (ع امذ) لقب حضرت اسماعیل بن حضرت ابراہیمؑ کا۔ کیونکہ
اُن کی زبان میں لُکنت تھی۔ اور قاف کی جگہ ط بولتے تھے ایک روز
خلیل اللہؑ نے پوچھا کیا پہنو گے؟ عرض کیا طبا طبا یعنی قبا قبا بعض
اس روایت کو بن علی بن حسن علیہ السلام سے منسوب کرتے ہیں اور ثبوت میں
یہ دلیل پیش کرتے ہیں کہ سادات حسنی میں طباطبا لقب کے سادات موجود ہیں۔
طِبابت (ع امث) ڈاکٹری۔ فن حکمت۔ ویدک۔ علاج و معالجہ۔
طباشیر (معرب تباشیر) (مث) بنسلوچن۔ ایک نیلاہٹ دار سفید چیز
جو بانس کے اندر سے نکلتی ہے۔ مجازاً سفیدی۔
طباق (ع امذ) تھالی۔ بڑی رکابی۔ کھوپڑی۔ کاسۂ سر۔ کپال۔
طباق سا مُنہ (ا امذ) چپٹا چہرہ۔ پھیلا ہوا مُنہ۔ چوڑا چکلا
مُنہ۔
طباقی کُتا (ا امذ) دُوسرے شخص کی روٹیوں پر گزارنے والا۔ طفیلی۔
مُفت خورا۔
طبائع (ع امث) طبیعت کی جمع۔
طبراق (ا امذ) فقیروں کی جھولی۔ کاسۂ گدائی۔
طبع (ع امث) طبیعت۔ مزاج۔ خِلقت۔ خصلت۔ خُو۔ عادت۔
سیرت۔ چھاپ۔ مُہر۔ سکہ۔ نقش۔
طبع آزمائی (عف امث) طبیعت کا امتحان۔ طبیعت کی تیزی کا
جانچنا۔
طبع زاد (عف) دِل سے اُپجا ہوا۔ طبیعت سے نکالا ہوا۔ اپنی
ایجاد۔
طبع کرنا (ا) چھاپنا۔ شائع کرنا۔
طبعی (ع) منسوب بہ طبع۔ ذاتی۔ فطرتی۔ خِلقی۔ جبلّی۔
طبعیات (ع) علم کی وہ شاخ ہے جس میں مادّہ کی خاصیتوں اور
تغیر و تبدل کا محققانہ بیان ہے۔
طبعی جغرافیہ (ا امذ) وہ علم ہے جس میں زمین کی بناوٹ خشکی و تری
کی تقسیم۔ معدنیات، نباتات اور حیوانات کا ذکر ہو اور آب و ہوا
اور پیداوار وغیرہ کی وجوہات علم طبعیات کے اصولوں کی
رُو سے واضح کیے جائیں۔
طبق (ع امذ) طباق۔ تھالی۔ بڑی رکابی۔ موافق۔ مطابق۔ برابر۔
گھوڑے کے جسم کے ورم کی ایک بیماری۔ طبقہ۔ تختہ۔ ولایت۔
حصّہ۔ پردہ۔ سونے کا ورق۔ پنّا۔ پتی۔ پریوں کی نیاز۔
طَبَق چھوڑنا (ا) پریوں کی نیاز کی صحنک دینا۔
طَبَق زنبور (ع اف امذ) شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔

طبقات (ع امذ) طبقہ کی جمع ۔
طبقاتی جنگ (عف امذ) وہ جنگ یا کشمکش جو کسی معاشرے کی مختلف جماعتوں میں ہو ۔
طبقہ (ع امذ) درجہ ۔ منزل ۔ پرت ۔ تہہ ۔ ورک ۔ پردہ ۔ گروہ ۔ جماعت ۔ پایہ ۔ رتبہ ۔ مرتبہ ۔
طبل (ع امذ) بڑا ڈھول ۔ دمامہ ۔ دھونسا ۔
طبل آسائشی (عف امذ) فوجوں کی واپسی کا طبل ۔
طبلچی (ف امذ) طبلہ بجانے والا ۔
طبلق (ع امذ) کاغذوں کا بنڈل ۔ اخبار یا کاغذات کو بند رکھنے والا کاغذ جو دونوں طرف سے کھلا ہوتا ہے ۔ چیٹ ۔ دونوں طرف سے کھلا ہوا لفافہ ۔
طبلہ (ف امذ) ڈبا ۔ صندوقچی ۔ چھوٹا ڈھول ۔ ایک خاص طرز کا ایک مڑھا باجا ۔
طبلہ بجنا ۔ یا ۔ ٹھنکنا ۔ یا ۔ کھڑکنا (ف) ناچ ہونا ۔ ناچ اور راگ رنگ کی دھوم ہونا ۔
طبی (ع) طب کا ۔ ڈاکٹری ۔ حکیمی علاج کے متعلق ۔
طبیب (ع امذ) ڈاکٹر ۔ حکیم ۔ وید ۔ علاج کرنے والا ۔ چارہ گر ۔
طبیب حاذق (ع امث) دانا ۔ حکیم ۔ سیانا ۔ بید ۔
طبیعت (ع امث) مزاج ۔ خاصیت ۔ فطرت ۔ سرشت ۔ عادت ۔ سبھاؤ ۔ پیدائش ۔ خلقت ۔
طبیعت الجھنا (ف) دل کا پریشان ہونا ۔ جی گھبرانا ۔ دل کو ناگوار گزرنا ۔
طبیعت آنا (ف) عاشق ہونا ۔ شیدا ہونا ۔ کسی پر مرنا ۔ کسی پر جان دینا ۔ کسی چیز کا دل کو بھا جانا ۔ پسند آنا ۔
طبیعت بحال ہونا (ف) تندرستی ہونا ۔ بیماری سے آرام آنا ۔ طبیعت کا درست ہونا ۔
طبیعت بگڑنا (ف) جی متلانا ۔ متلی آنا ۔ قے آنا ۔ ناراض ہونا ۔ خفا ہونا ۔ بیمار ہونا ۔ علیل ہونا ۔
طبیعت بھر جانا (ف) جی کا بیزار ہو جانا ۔ جی اکتا جانا ۔ دل اکتا جانا ۔
طبیعت ثانیہ (ع امث) دوسری طبیعت ۔ عادت خواہ کوئی سی پڑ جائے ۔ وہ اصلی مزاج جیسی ہو جاتی ہے ۔
طبیعت دار (عف) ہوشیار ۔ سمجھدار ۔ ذہین ۔ بڑا عالی دماغ ۔
طبیعت لڑانا (ف) توجہ کرنا ۔ دل پر زور ڈالنا ۔ عقل لڑانا ۔
طبیعت لڑنا (ف) ذہن لڑنا ۔ طبیعت کا کسی بات پر پہنچ جانا ۔ عقل کا باریک کاموں کی طرف متوجہ ہو جانا ۔ مناسبت اور لگاؤ ہونا ۔ دل مصروف ہونا ۔
طبیعت لگنا (ف) جی لگنا ۔ دل کا بہلنا ۔ دل کا راغب اور متوجہ ہونا ۔
طبیعت ہونا (ف) جی چاہنا ۔ دل آنا ۔ رغبت ہونا ۔ عشق ہو جانا ۔

ط ۔ پ

طپش (ف امث) تیزی ۔ حدت ۔ بے قراری ۔ (مفصل دیکھو تپش)
طپنچہ (ف امذ) تپنچہ (دیکھو تمنچہ)

ط ۔ ح

طحال (ع امث) تلی ۔ جگر کے قریب ایک عضو کا نام ۔ تاپ تلی ۔ وہ بیماری جس سے تلی پھول جاتی ہے اور درد کرتی ہے ۔
طحن (ع امص) پیسنا ۔

ط ۔ ر

طرا (ع امذ) (صحیح طرہ) (دیکھو طرہ)
طرابلس ۔ یا ۔ ٹریپولی ۔ صوبجات بربریں ریاست ہے نیم صحرائی ملک ہے ۔ نخلستانوں میں پیداوار ہوتی ہے ۔ اٹلی کے قبضے میں ہے ۔ دارالحکومت ٹریپولی ہے ۔
طرا جمانا (ف) سکہ جمانا ۔ رعب بٹھانا ۔ حکم چلانا ۔
طراح (ع امذ) مستری ۔ معمار ۔ نقاش ۔
طراحی (ع امث) معماری ۔ نقاشی ۔
طراخون (ع) نام ایک درخت کا جس کی جڑ عاقرقرحا ہے ۔
طرار (ع) جیب کترا ۔ کیسہ بر ۔ اچکا ۔ بدمعاش ۔ چالاک ۔ ہوشیار ۔ زبان دراز ۔ چنچل ۔ چلبلا ۔ بہت کاٹنے والا ۔
طرار فرار (ف) نہایت شوخ ۔ تیز زبان ۔ فرفرا ۔ قینچی کی طرح زبان چلانے والا (لغوی) بہت کاٹنے اور بھاگنے والا ۔
طرارہ ۔ یا ۔ طرارا (ف امذ) چوکڑی ۔ کلانچ ۔ پھلانگ ۔
طرارہ بھرنا (ف) چوکڑیاں بھرنا ۔ اچھلنا ۔ کودنا ۔ بھاگنا ۔ کلانچیں مارنا ۔
طراری (عف امث) چالاکی ۔ چلبلاپن ۔ تیزی ۔ زبان درازی ۔
طراوت (ع امث) تازگی ۔ سرسبزی ۔ خنکی ۔ ٹھنڈک ۔ تری ۔ نمی ۔ رطوبت ۔
طرب (ع امث) خوشی ۔ امنگ ۔ شادمانی ۔ فرحت ۔ انبساط ۔
طرب انگیز (عف) امنگ بڑھانے والا ۔ فرحت بخش ۔
طرح (ع امث) گرانا ۔ تفریق ۔ منہائی ۔ نکالنا ۔ جڑ ۔ بنیاد ۔ نیو ۔ طرز ۔ طریق ۔ ڈھنگ ۔ انداز ۔ نقاشی ۔ خاکہ ۔ ڈول ۔ جدائی ۔ علیحدگی ۔ وہ مصرع جو مشاعرے والے آئندہ غزل کے واسطے طرز اور وزن کے طور پر شاعروں کو دیا کرتے ہیں ۔

طرح اُڑانا (ا) طرز اُڑا لینا - وضع سیکھ لینا - ہو بہو نقل کرنا -
طرح دار (ع ف) وضع دار - خوبصورت - خوش اندام - رنگیلا - خوش انداز -
طرح دینا - یا - دے جانا (ا) ٹال جانا - چشم پوشی کرنا - دھیان نہ دینا - توجہ نہ کرنا -
طرح ڈالنا (ا) بنیاد ڈالنا - بنیاد رکھنا - تدبیر کرنا -
طرز (ع امث / مذ) ہیئت - شکل - طور - طریقہ - قانون - قاعدہ - انداز - وضع - خو - خصلت - عادت - روش -
طرز اُڑانا (ا) ڈھنگ اُڑانا - انداز سیکھنا - وضع اختیار کرنا -
طرز تحریر - یا - طرز عبارت (ع امث) لکھنے کا طریقہ - مضمون لکھنے کا ڈھنگ -
طرز جفا بھولنا (ا محاورہ) ظلم کرنے کا طریقہ چھوٹ جانا -
طرز قدیم (ع امث) پُرانا طریقہ - پُرانا فیشن -
طرز کلام (ع امث) بولنے کا انداز - گفتگو کرنے کا طریقہ -
طَرَف (ع امث) کنارا - سِرا - اُفق - حاشیہ - سمت - جانب - پہلو - رُخ - مقابل - حریف - لحاظ - پاس داری - کسی چیز کا حصّہ یا ٹکڑا -
طرفِ اوّل (ع امث) مدعی - مستغیث -
طَرَفِ ثانی (ا / مذ) (قانون) فریق مخالف - فریق ثانی - مدعا علیہ یعنی جس پر دعویٰ کیا جائے -
طرف دار (ع ف) ساتھی - حمایتی - مددگار - جانب دار - کسی طرف کا آدمی -
طرف داری (ع ف امث) حمایت - مدد - تعصب - پاسداری - پچ -
طرفداری کرنا / طرف دار ہونا (ا) حمایت کرنا - پچ کرنا - مدد کرنا - پاسداری کرنا -
طُرفہ (ع) نیا - انوکھا - عمدہ - تحفہ - خوشگوار -
طرفہ تماشا (ا / مذ) نیا کھیل - عمدہ سیر - عجیب غریب تماشا -
طُرفہ معجون (ع امذ) عجیب مرکب چیز - عجیب آدمی - بڑا مسخرہ - نقل مجلس - عجیب خصلت کا آدمی - احمق - بے وقوف -
طُرفہ یہ ہے (ا / محاورہ) عجیب یہ ہے - تعجب یہ ہے - اچنبھا یہ ہے -
طَرْفَہ (ع امث) جھپک - پلک جھپکنے کا عرصہ - چشم زدن -
طَرْفَۃُ العین (ع) پلک جھپکانے میں - پلک مارنے میں - ذرا سی دیر میں -
طَرِّقُوا (ع) راہ دو - ایک طرف ہو جاؤ - صیغۂ جمع امر حاضر -
طُرّہ (ع امذ) زلف کاکل - ماتھے کے بال - وہ پھندنا جو پگڑی کے اُوپر لگاتے ہیں - گوشوارہ - کلغی - تاج - گچھا - جانور کے سر کی چوٹی - پھندا - جال - مکان کا چھجا - نانبائیہ - کوڑا - چابک - عجیب و غریب - انوکھا - اچنبھے کا - بڑھا ہوا - عجیب بات - خوبی - عمدگی - شاخ - ابزار - علاوہ - فالتو - بھنگ کی چٹکی - بھنگ کا گھونٹ -

طرہ پینا - یا - جمانا - یا - چڑھانا (ا) بھنگ پینا - سبزی پینا - بوٹی پینا -
طُرّہ ہونا (ا) اصل سے بڑھ کر ہونا - فالتو ہونا - زیادہ ہونا - بڑھنا - عجیب ہونا - انوکھا ہونا -
طریق (ع امذ) راستہ - مذہب - طرز - روش - رسم و رواج - آئین - قانون - مذہب - قاعدہ - دستور -
طریقت (ع امث) راہِ مذہب - مذہب کا راستہ - دھرم راہ - تزکیہ باطن -
طریقہ (ع امذ) قاعدہ - گُر - ترکیب - راستہ - طرز - روش وغیرہ -

ط - ش

طَشت (ع امذ) بڑا تھال - لگن - پرات -
طشت از بام (ف) ظاہر - عیاں - آشکار - عام مشہور جیسے کوٹھے پر سے تھال گر کر سب کو خبر کر دیتا ہے -
طشت چوکی (ا / مذ) پاخانے پھرنے کی چوکی -
طشتری (ا / امث) چھوٹی رکابی - پرچ - طشت کی تصغیر ہے -

ط - ع

طعام (ع امذ) کھانا - غذا - بھوجن - کھانے کی چیز - گیہوں - گندم - کنک -
طعام بخش (ع ف امذ) بڑا چمچہ - ڈوئی -
طعام عروسی (ع امذ) شادی کی دعوت -
طعام ماتم (ع امذ) وہ کھانا جو کسی کے مرنے پر کھایا جائے -
طَعْم (ع امذ) مزا - لذت - ذائقہ - سواد -
طُعْم (ع امذ) طعام - پرندوں کا چوگا - خورش -
طُعْمَہ (ع امذ) روزی - رزق - شکاری پرندوں کا کھاجا - مجازاً لقمہ - نوالہ - طَعْمَہ (ع) ایک دفعہ چکھنا -
طعمۂ اجل (ع امذ) موت کا لقمہ -
طَعْن (ع امذ) نیزہ زنی - نیزہ مارنا - مہنا - عیب جوئی - ملامت - مذمت - سرزنش - بولی ٹھولی -
طعن تشنیع (ع امث) چھیڑ چھاڑ - طعنہ مہنا -
طعنہ (ع امذ) بولی ٹھولی - آوازہ - عیب جوئی - ملامت - سرزنش -
طعنہ دینا (ا) بولی مارنا - چھیڑنا - ملامت کرنا -
طعنہ زنی (ع ف امث) عیب گیری - چھیڑ چھاڑ -
طعنہ مارنا (ا) آوازہ کسنا - بولی مارنا - طعنہ زنی کرنا -
طعنہ مہنا (ا / امذ) بُرا بھلا - طعن تشنیع - چھیڑ چھاڑ -

ط - غ

طُغرا (ت امذ) پیچیدہ خط - وہ خط جس میں اپنا نام یا کوئی خاص نشان لکھا ہوا ہو - شاہی مہر - خاص نشان کی شاہی مُہر -

طُغیان (ع امذ) سرکشی - بغاوت - نافرمانی - سیلاب - زیادتی -

طُغیانی (ع امث) حد سے بڑھنا - سرکشی - بغاوت - نافرمانی - دریا کی چڑھائی - دریا کا سیلاب - زیادتی - افزونی -

طُغرِل (ت) نام ایک پرند کا جس کو اہلِ ہند بحری کہتے ہیں -

ط - ف

طِفل (ع امذ) بچہ - لڑکا - دُودھ پیتا - شیرخوار - نادان - ناتجربہ کار -

طِفلِس - یا - ٹِفلِس - ریاست جارجیا کا دارالحکومت - ریشم اور شہد پیدا ہوتا ہے - بذریعہ ریل تبریز اور ارضِ روم سے ملا ہوا ہے -

طِفلِ مکتب (ع امذ) مبتدی - نوآموز - ناتجربہ کار - طالب علم -

طُفَیل (ع امذ) توسّل - ذریعہ - وسیلہ - بدولت - کوفہ کے ایک شاعر کا نام جو بے بلائے دعوتوں میں چلا جاتا تھا - مجازاً مہمانِ ناخواندہ -

طُفَیلی - طُفَیلیا (ع عف) دُوسروں کی بدولت گزارا کرنے والا - دوسروں کے سر کھانے والا - پچھلگو -

ط - ل

طِلّ (ع) اوس - شبنم -

طِلا (ع امذ) سونا - کُندن - زرِ خالص - عِلمِ طب میں وہ تیل جو سستی کے مرض میں لگاتے ہیں -

طِلّا (ع امذ) سونے کے تار - کلابتون - پگڑی کا سنہری سہرا -

طِلاساز (عف اصف) کیمیاگر - سونا بنانے والا -

طِلاکوب (عف اصف) سونے کے ورق کوٹنے والا -

طُلّاب (ع امذ) طالب علم کی جمع - مبتدی - طالب علم -

طَلاق (ع امث) لغوی آزادگی (اصطلاحاً) عورت کا نکاح سے آزاد ہونا -

طلاقِ بدعت (ع امث) بے قاعدہ طلاق - ایک ہی دفعہ تین طلاق دے دینا -

طلاق دینا (ل) مذہبی طریقہ سے بیوی سے قطع تعلق کرنا - بیوی کو چھوڑ دینا -

طلاق لینا (ل) خاوند سے آزادی حاصل کرنا - خاوند کو چھوڑ دینا -

طلاق نامہ (عف امذ) طلاق لینے یا دینے کی دستاویز -

طلاقت (ع امث) فصاحت - تیز زبانی - کشادہ پیشانی -

طلاقن (ل امث) وہ عورت جسے طلاق مل چکی ہو -

طلائی (عف) سونے کی - زرّیں - سنہری -

طلب (ع امث) جستجو - تلاش - چاہت - آرزو - تمنا - مانگ - اِچّھا خواہش - بلاوا - طلبی تنخواہ ماہانہ -

طَلَب بانٹنا (ل) تنخواہ تقسیم کرنا -

طَلَب بُجھانا (ل) آرزو پوری کرنا - خواہش مٹانا -

طلب دار (عف امذ) عادی - خواہش مند - تنخواہ دار -

طلب کرنا (ل) مانگنا - بُلانا - دعویٰ کرنا -

طلب گار (عف) متلاشی - جویا - خواہاں -

طلبانہ (ل امذ) (قانون) کسی گواہ کا بلاوا - یعنی وہ رسوم جو گواہ کے بلانے کی بابت چپڑاسی کی فیس سمجھ کر لی جاتی ہے -

طُلَبا - یا - طَلَبہ (ع امذ) طالب علم کی جمع - طالب علم - مبتدی - شاگرد -

طَلَبی (ل امث) بُلاوا - طلب -

طَلَبی ہونا (ل) بُلایا جانا - حاضری کا حکم ہونا - سمن جانا -

طِلَسم (یونانی امذ) جادو - جادو کا عجیب و غریب تماشا - منتر - ٹونا - حیران کرنے والی بات - انوکھی بات - وہمی خیالات کو متشکل دکھانے کا علم - دفینوں یا خزانوں تک غیر شخص کا ہاتھ نہ پہنچنے کی روک کے لیے بنائی ہوئی مہیب اور ڈراؤنی صُورت -

طِلِسمات (ع امذ) طلسم کی جمع -

طِلِسمانی } طِلِسمی } (ل) جادو کا - آفت کا - غضب کا - قیامت کا - آفت کا پرکالہ -

طَلعت (ع امث) دیدار - صُورت - شکل - رُخ - چہرہ - جیسے ماہ طلعت -

طلوع (ع امذ) سُورج چاند کا نکلنا - بلند ہونا - سُورج یا چاند یا کسی ستارے کا دکھائی دینا -

ط - م

طَمث (ع ...) حیض کا خون - عورت کی بکارت توڑنا -

طَمانچہ (ل ام...ذ) ہاتھ کا تھپیڑ - تھپڑ - دھپیٹ (تو انچہ کا بگاڑ) توران بمعنی ... لافت چہ کلمۂ تصغیر -

طمانچہ جڑنا - ... بھی کرنا - لگانا - مارنا (ل) تھپڑ لگانا - دھپیٹ مارنا -

طمانیت (ع ...ث) اطمینان - تسلی - دل جمعی -

طمطراق (ف ا...مذ) (طم بمعنی بلند اور طراق بمعنی خوشی (یعنی خوشی کا آوازہ) ... کر و فر - دھوم دھام - شان و شوکت - بھیڑ بھڑکا -

طمع (ع امث) لوبھ - لالچ - حرص - خواہش - چاہ - چاہت - تمنا -
طمع خام (عف امث) ناممکن بات کی تمنا -
طمع کار (عف اصف) لالچی - حریص -
طمع کا منہ کالا (ا ر امثل) لالچ کرنے والا ذلیل ہوتا ہے -
طمنچہ (ا امذ) تفنگچہ کا بگاڑ - چھوٹی سی بندوق - نوخیز کسبی -
طمطم (ع) غیر فصیح زبان والا -

ط - ن

طناب (ع امث) رسی - خیمہ کی ڈور - بنجو - بازیگروں کا رستہ - ڈوری -
طنابیں (ا امث) طناب کی جمع - رسیاں - ڈوریاں -
طنابیں کھینچنا (ا) ملا دینا - فاصلہ نہ رہنے دینا - پاس کر دینا -
طناز (ع) رمز و کنایہ میں باتیں کرنے والا - ناز کرنے والا - شوخ - بے باک - چالاک -
طنازی (عف امث) بے باکی - شوخی - چالاکی -
طنبو (ا امذ) (دیکھو تنبو)
طنبور (ع امذ) تنبور کا معرب (دیکھو تنبور)
طنبور نوا (عف اصف) طنبور بجانے والا -
طنبورہ (ع) تونبڑا کا معرب - ایک قسم کی ستار جس میں تونبا لگایا جاتا ہے -
طنز (ع امث) رمز و کنایہ - ناز ونخرہ - چھیڑ - ہنسی - ٹھٹولی - طعنہ -
طنزاً (ع) اشارتاً - کنایۃً طعنہ سے - حقارت سے -
طنطنہ (ع امذ) طنبورہ اور بربط کی آواز - نوبت - نقارے وغیرہ کی آواز - دھوم دھام - کروفر - رعب وداب - دبدبہ - غرور - تکبر - آن بان - غصہ - تند مزاجی -
طنطنک (ع) صدا - آواز -

ط - و

طواف (ع امذ) گرد پھرنا - کسی بزرگ یا مقدس مقام کے گرد پھرنا - پرکما -
طواف کرنا (ا) پرکما کرنا - گرد پھرنا -
طوالت (ع امث) لمبائی - درازی - زیادتی - افزونی -
طوائف (ع) طائفہ کی جمع (امث) ناچنے والی عورت - رنڈی -
طوائف الملوکی (ع امث) کھلبلی - غدر - ہلچل - آپا دھاپی - بدعملی - اندھیر - بدانتظامی - بادشاہ گردی -
طوبیٰ (ع) (طیب کی مؤنث) نہایت خوشبودار - بہشت کے درخت کا نام -
طور (ع امذ) بڑا پہاڑ -
طور (ع امذ) کوہ سینا - جہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام خدا تعالیٰ سے تجلی اور احکام پاتے تھے -
طور (ع امذ) بنیاد - طرز - روش - انداز - طرح - ڈھنگ - حالت - قسم - جنس - نوع - بھانت -
طور بے طور ہونا (ا) حالت غیر ہونا - حال بے حال ہونا - حالت بگڑ جانا - قریب بہ مرگ ہونا - حالت ابتر ہونا - کل سے بے کل ہونا -
طور طریق (ا امذ) چال چلن - برتاؤ - سلوک - رویہ - رنگ ڈھنگ - طرح وضع -
طوس (معرب توس امذ) خراسان کے ایک شہر کا نام جو فردوسی کا وطن تھا - حافظہ کی دوا کا نام - ایک قسم کا اونی دلدار کپڑا -
طوسی (ف امذ) طوس کا رہنے والا - کرنجی رنگ کا نام -
طوطا (ف امذ) (دیکھو توتا)
طوطا چشم (ف) بے وفا - بے مروت - ناآشنا -
طوطا چشمی (ا امث) بے وفائی - ناآشنائی - بے مروتی -
طوطک (ف امذ) طوطا - ایک ساز - الغوزہ -
طوطے اڑنا - یا - طوطے سے اڑ جانا (ا) بے اوسان ہو جانا - گھبرا جانا - بدحواس ہو جانا -
طوطے کی سی آنکھیں پھیرنا - یا - بدلنا (ا) بے وفائی کرنا - فوراً بدل جانا -
طوطے کی طرح ٹیں ٹیں کرنا (ا امحاورہ) واہیات بکنا -
طوطی (ف امذ) (دیکھو توتی) فصیح - خوش گفتار -
طوطی بولنا (ا) (دیکھو توتی بولنا) نصیبا جاگنا - قسمت کھلنا - شہرت پانا - مشہور ہونا - زمانہ یاد ہونا -
طوطیا (ف امذ) نیلا تھوتھا - بہتان - الزام - تہمت -
طوعاً و کرہاً (ع) خوشی یا ناخوشی سے - جبراً قہراً - خواہ مخواہ -
طوغ (ت) نشان اور جھنڈا فوج کا -
طوغان (ف امذ) بڑا عقاب -
طوفان (ع امذ) سیلاب - طغیانی - چڑھاؤ - بڑی شدت کی ہوا - آندھی - شدت کی بارش - غضب - قیامت - تعریف کے لیے بھی آتا ہے - وبا - مری - بے حد - کمال - بھاری کام - تہمت - الزام - غل - شور - فساد - بلوہ - جھگڑا - لڑائی

ماتم - کہرام - ہائے - واویلا - آفت - بلا - غرق کر دینے والی پانی کی افراط -

طوفان اُٹھانا (ف) تہمت دھرنا - الزام لگانا - فساد اُٹھانا - آفت مچانا - فتنہ برپا کرنا - بہت مینہ برسانا - بانسوں پانی چڑھانا -

طوفانِ اشک (ع ا مذ) بہت زیادہ رونا - بہت آنسو بہانا -

طوفان آنا (ف) آندھی آنا - کثرت سے مینہ برسنا - سیلاب آنا -

طوفان باندھنا (ف) بدنام کرنا - تہمت لگانا - بات کو نہایت مبالغہ سے بیان کرنا - بڑھا کر کہنا -

طوفان برپا کرنا (ف) جھگڑا کرنا - شور و غل مچانا - پانی چڑھانا -

طوفان شیطان (ف ا مذ) تہمت اور بہتان - فتنہ و فساد -

طوفان کھڑا کرنا (ف) (دیکھو طوفان اُٹھانا)

طوفان میں آنا (ف) ہوا اور پانی کی طغیانی سے تلاطم میں آنا -

طوفانِ نوحؑ (ع ا مذ) وہ بڑا بھاری طوفان جو حضرت نوحؑ کے وقت میں آیا تھا -

طوفانی (ف) ہر ایک پر تہمت دھرنے والا - جھوٹا - متفنی - فسادی - فتنہ انگیز - شریر - آفت کا پرکالہ - تیز دھواں دار -

طَوق (ع ا مذ) گلو بند - حلقہ - وہ بھاری حلقہ جو مجرموں کے گلے میں ڈالتے ہیں - پنجہ کی شکل کا ایک جھنڈا - چپراس - پٹہ - پرندوں کے گلے کا قدرتی نشان -

طُول (ع ا مذ) لمبائی - درازی -

طُولِ اَمَل (ع ا مذ) لالچ - لوبھ - اُمید کی درازی -

طُولِ بلد (ع ا مذ) کسی مُلک یا شہر کا وہ فاصلہ جو کسی خاص نصف النہار سے ناپا جائے -

طُول پکڑنا (ف) بڑھ جانا - کسی بات یا معاملہ کا لمبا ہو جانا -

طول دینا (ف) بہت بڑھانا - دراز کرنا - لمبا کرنا -

طولِ کلام (ع ا مذ) بات کو بڑھانا - بات کا بتنگڑ - زیادہ گوئی -

طول کھینچنا (ف) دیر لگنا - مدت لگنا - عرصہ گزرنا -

طُولاً (ع) لمبائی میں - درازی میں -

طُولانی (ع صف) بہت لمبا - دراز -

طُومار (ع ا مذ) بہت بڑا خط - تودہ - انبار - ڈھیر - کاغذوں کا پلندہ - جھوٹ - طوفان - بہتان -

طومار باندھنا (ف) جھوٹ کا پل باندھنا - ذرا سی بات کو بڑھا کر مبالغہ سے بیان کرنا - قصہ لمبا چھیڑنا -

طویل (ع) دراز - لمبا - شعر کی اُنیس بحروں میں سے ایک بحر کا نام -

طویل الذیل (ع صف) جس کا دامن لمبا ہو - وسیع دامن والا -

طویلہ (ع ا مذ) گھوڑے وغیرہ باندھنے کی جگہ - اِصطبل - تھان -

طویلے کی بلا بندر کے گلے / طویلے کی بلا بندر کے سر (ف ا مثل) ہر ایک بلا اور بہتان غریب اور بے زبان کے سر پڑا کرتا ہے - غریب پر سب کا زور چل جاتا ہے - قصور کسی کا اور مارا کوئی جائے -

ط - ہ

طہارت (ع امث) پاکی - صفائی - وضو - استنجا -

طہارت خانہ (ع ف ا مذ) نہانے اور وضو کرنے کی جگہ -

طہارت کرنا (ف) ہاتھ دھونا - آب دست لینا -

طُہر (ع ا مذ) عورت کا حیض سے پاک ہونا -

طہماسپ (ف) ایران کے شاہوں میں سے ایک کا نام جو سخی بھی مشہور تھا -

طَہُور (ع) پاک - پوتر - صاف -

ط - ی

طَے (ع امث) لپیٹ - تہہ - لپیٹنا - قطع مسافت - راستہ کاٹنا - فیصلہ - چکوتا - ختم کرنا - خاتمہ - انجام کو پہنچانا - مختصر کرنا (مذکر) عرب کے ایک مشہور قبیلے کا نام جس میں حاتم طائی ایک سخی گزرا ہے -

طے کا روزہ (ف ا مذ) وہ روزہ جو تیسرے دن افطار کیا جائے -

طے کرنا (ف) لپیٹنا - تہہ کرنا - قطع منازل کرنا - جھگڑا چکانا - فیصلہ کرنا - بے باق کرنا - ختم کرنا - انجام کو پہنچانا -

طَیّار (ع) بہت ہی اُڑنے والا - آمادہ - مستعد - تیار - لقب جعفر بن ابی طالب کا -

طَیّارہ (ع ا مذ) اُڑن کھٹولا - ہوائی جہاز - ایروپلین -

طَیر (ع ا مذ) پکھیرو - اُڑنے والا جانور -

طَیش (ع ا مذ) غضب - غصہ - جوش - بے عقلی - سبکی - خفت -

طیش دلانا (ف) غصہ دلانا - بھڑکانا - برافروختہ کرنا -

طیش میں آنا (ف) جوش میں آنا - غصہ میں بھرنا - غضبناک ہونا -

طِینَت (ع امث) پیدائش - عادت - خصلت -

ظ (ع امث) اُردو کا تیئسواں فارسی کا بیسواں اور عربی کا سترھواں حرف - حساب جمل میں اس کے علاوہ نو سو فرض کیے گئے ہیں -

ظ - ا

ظافر (ع اصف) فاتح -

ظَالِم (ع) اندھیرا کرنے والا - جابر - ناانصاف - بیدادگر - مردم آزار - زور آور - زبردست - جاہل - وحشی - سفاک - معشوق - شوخ - بے باک - شریر - بدذات -

ظَالِم کا پینڈا ہی نرالا ہے (و اکہاوت) ظالم کا طریق ہی سب سے جُدا ہوتا ہے -

ظَالِم کی داد خدا کے گھر (و اکہاوت) ظالم کے ظلم کا انصاف خدا ہی کرے گا - دُنیا میں غریب کی کوئی پیش نہیں جاتی -

ظَالِم کی رسّی دراز ہے (و امثل) ظالم کو مہلت بہت ملتی ہے -

ظَالِم کی عُمر کوتاہ ہے (و اکہاوت) ظالم مدّت تک نہیں رہتا - ظلم کرنے والا ہمیشہ نہیں رہا کرتا -

ظَالِم گداز (ع ف اصف) ظالم کو تباہ کرنے والا -

ظَامی (ع) پیاسا -

ظاہر (ع) عیاں - آشکارا - روشن - کھُلا ہوا - پرگھٹ - باطن کی ضد - شہر کا نواح - شہر کے باہر کا میدان -

ظاہر اچھا باطن بُرا (و امثل) دیکھنے میں نیک مگر حقیقت میں بُرا -

ظاہر بین - بیا - ظاہر پرست (ع ف) ظاہری حالت پر نظر رکھنے والا -

ظاہر دار (ع ف) دکھاوا رکھنے والا - نمودیا - منافق - مکّار -

ظاہر داری (ع ف امث) دکھاوا - نمود - نمائش - تکلّف -

ظاہر رحمٰن کا باطن شیطان کا (و امثل) ظاہر اچھا، باطن خراب - اس آدمی کے متعلق بولتے ہیں جس کا ظاہر اچھا اور باطن بُرا ہو -

ظاہر کرنا (ف) بھید کھولنا - پرگھٹ کرنا - بھانڈا پھوڑنا - ڈھنڈورا پھیرنا - تشریح کرنا - واضح کرنا -

ظاہر و باطن (ع امذ) اندر - باہر - باہر بھیتر -

ظاہری (ع) دکھاوے کا - باہر والا - بدیہی - کھُلا ہوا -

ظ - ر

ظَبی (ع) ہرن -

ظرافت (ع امث) عقل مندی - دانائی - عُمدگی - دل لگی - چھیڑ خانی - مذاق - تمسخر - ہنسی - خوش طبعی -

ظرف (ع امذ) باسن - بھانڈا - برتن - ہانڈی - عقل مندی - دانائی - سمائی - حوصلہ - علم صرف میں وہ اسم ذات جو جگہ یا وقت کے معنی دے -

ظرف آفتاب (ع ف امذ) گلاس - شراب کا پیالہ -

ظرف زمان (ع ف امذ) وہ اسم ذات جس میں وقت یا زمانہ پایا جائے - جیسے صبح و شام -

ظرف مکان (ع امذ) وہ اسم ذات جس میں جگہ اور مکانیت پائی جائے جیسے باغ -

ظُرُوف (ع امذ) ظرف کی جمع -

ظریف (ع امذ) دانا آدمی - عقل مند - ٹھٹھے باز - خوش طبع -

مسخرہ - ٹھٹول -

ظ - ف

ظفر (ع امث) جیت - فتح - نصرت - کشایش - خوش نصیبی - کامیابی - ہندوستان کے آخری مغلیہ بادشاہ سراج الدین ابوظفر بہادر شاہ کا تخلص -

ظُفر (ع) ناخن - ظفرہ - ناخونہ - جو آنکھ میں پڑتا ہے -

ظفر تکیہ (ع امذ) بیراگن - ایک قسم کی بنائی ہوئی لکڑی جس کے سہارے فقیر لوگ بیٹھ کر مراقبہ اور عبادت کرتے ہیں -

ظفر توام (عف اصف) فتح پانے والا -

ظفر جنگ (عف امذ) فوجی بہادروں کا ایک خطاب -

ظفر موج (عف) فتح مند - فاتح -

ظفریاب (عف اصف) فتح پانے والا -

ظفریابی (عف امث) فتح -

ظفرہ آنکھ کی ایک بیماری -

ظ - ل

ظِلّ (ع امذ) چھاؤں - سایہ - چھایہ -

ظِلّ اللہ - یا - ظِلّ الٰہی (ع امذ) خدا کا سایہ - نائب خدا - خلیفہ وقت - بادشاہ - حاکم وقت -

ظِلّ حمایت (ع امذ) مدد کا سایہ - پناہ - پناہ کی چھاؤں - زیر سایہ -

ظُلم (ع امذ) اندھیر - بے انصافی - پاپ - زور - زبردستی - بے رحمی - زیادتی -

ظلم توڑنا (ا) آفت ڈھانا - سختی کرنا - خفا ہونا - قیامت لانا -

ظلم ڈھانا } ظلم کرنا } (ا) آفت توڑنا - قیامت لانا - نہایت خفا ہونا - سختی کرنا - کوئی عجب کام کرنا - انوکھا کام کرنا - حیثیت سے بڑھ کر کام کرنا -

ظلم ہے (ا محاورہ) اندھیر ہے - غضب ہے - حق تلفی ہے - آفت ہے -

ظُلماً ظُلمی (ا) زبردستی سے - جبر سے - جبراً - دھینگا دھینگی سے -

ظلمات (ع امث) ظلمت کی جمع - اندھیرے - سیاہیاں - کالکیں - وہ تاریکی جس میں آب حیات کا چشمہ بتاتے ہیں - یورپ اور افریقہ کے مغربی سمندر یعنی بحر اوقیانوس کا نام ہے -

ظُلمت (ع امث) سیاہی - کالک - اندھیرا - تاریکی -

ظُلمات ثلثہ (ع) تین اندھیرے - رات کا - مچھلی کے پیٹ کا - دریا کی تاریکی - کنایہ از کدورت طبعی - ہوائے نفسانی اور صفات حیوانی سے -

ظلمی (ا) ظالم - بے انصاف - بے رحم - بے ترس - سخت جابر -

ظ - ن

ظَن (ع امذ) وہم - شبہ - شک - گمان - خیال - بہتان - تہمت - بدگمانی -

ظن غالب (ع امذ) قوی - گمان - پورا خیال - یقین - رائے اغلب -

ظن فاسد (ع امذ) بدگمانی - شک و شبہ - بدظنی -

ظنّی (عف) وہمی - گمانی - خیالی - عقل کے قریب -

ظ - ہ

ظُہر (ع امذ) زوال کا وقت - تیسرا پہر - تیسرے پہر کی نماز -

ظَہر (ع امث) پیٹھ - پشت -

ظہر سمن یا تمسک (ا امث) سمن کی پیٹھ - تمسک کی پشت -

ظہری (ا) پشت پر لکھا ہوا - پشتی -

ظُہور (ع امذ) اظہار - ظاہر ہونا - واقع ہونا - اعلان - انکشاف -

ظہور بنائے دعویٰ (ع امذ) مخاصمت یا جھگڑے کی وجہ پیدا ہونا -

ظہور میں آنا (ا) ظاہر ہونا - پیش آنا - طلوع ہونا -

ظہور میں لانا (ا) ظاہر کرنا - پیش لانا - آشکارا کرنا - طلوع کرنا -

ظہورا (ا امذ) نمود - نمائش - ظہور - جلوہ - ٹھاٹھ - رونق - اولاد - بیٹا -

ظہیر (ع اصف) مددگار - دوست -

ع (ع امذ) اُردو کا چوبیسواں حرف اور فارسی کا اکیسواں اور عربی کا اٹھارھواں حرف - حساب جمل میں اس کے عدد ستر فرض کیے گئے ہیں -

ع - ا

عَابِد (ع امذ) پُوجا پاٹ کرنے والا - پرستش کرنے والا - عبادت کرنے والا - پُجاری - پرہیزگار - بھگت -

عَاج (ع امذ) ہاتھی دانت -

عَاجِز (ع امذ) تنگ - بےبس - لاچار - کمزور - ناتواں - مغلوب - تھکا ماندہ - شکست یافتہ - نااُمید - مایوس - غریب - مسکین -

عَاجِز آنا } (ا) تنگ ہونا - بےبس و مغلوب ہونا - مایوس ہونا -
عَاجِز ہونا } دق آنا -

عَاجِزی (ع امث) بےبسی - منّت سماجت - خوشامد - انکساری - فروتنی -

عَاجِزی کرنا (ا) گڑگڑانا - ہاتھ جوڑنا - منّت سماجت کرنا -

عَاجِل (ع اصف) جلد باز - جلدی کرنے والا -

عَاد (ع امذ) حضرت ہُودؑ کی قوم کا نام - علم حساب میں وہ عدد جو دُوسرے کو پُورا تقسیم کر دے - مقسوم علیہ کامل -

عَادِ اعظم (ع امذ) وہ بڑے سے بڑا عدد جو دو یا زیادہ عددوں کو پورا پورا تقسیم کر دے -

عَادات (ع امث) عادت کی جمع -

عَادَت (ع امث) سبھاؤ - بان - خُو - خصلت - خاصیّت - دستور - طریقہ - ریت - رسم - کسی چیز کی لت - چال چلن - طور - ڈھنگ - طلب - تمنّا -

عادت بگاڑنا (ا/مص) عادت خراب کرنا -

عَادِل (ع امذ) اِنصاف کرنے والا - عدل کرنے والا - جج - منصف -

عَادی (ا) عادت والا - خُوگر - وہ شخص جسے کام کی عادت پڑ گئی ہو -

عَار (ع ا) شرم - لاج - غیرت - ننگ - بُرائی - عیب -

عَار آنا (ا) شرم معلوم ہونا - ننگ آنا - لاج آنا - غیرت محسوس کرنا -

عَارِض (ع امذ) پیش آنے والا - ملنے والا - فوج کی گنتی - لینے والا - رُخسار - گال - رُخسارہ - رُخ - رُوئے -

عَارِضِ سِیمیں (ع ف امذ) چاندی کی سی سفید گالیں - نہایت خوب صُورت -

عَارِض ہونا (ا) پیش آنا - پیدا ہونا - لاحق ہونا - نُمایاں ہونا -

عارضہ (ع امذ) روگ - بیماری - دُکھ - مرض -

عَارِضی (ع) اصلی کی ضد - نقلی - دو چار دن کا - اتفاقیہ - چند روزہ - تھوڑی دیر کا - لاحقی -

عَارِف (ع امذ) جاننے والا - واقف - خدا شناس - ولی - سادھو - معرفت میں مستغرق - رِشی - مُنی -

عَارِی (ع) خالی - ننگا - برہنہ - تنگ - قاصر - مجبور - وہ شخص جس سے کوئی کام نہ ہو سکے - ناچار -

عَارِی آ جانا - یا - ہو جانا (ا) تنگ ہو جانا - دِق آنا - تھک جانا - مجبور ہو جانا -

عَارِیَت (ع امث) اُدھار - قرض - مانگے کو لینا یا دینا - مستعار -

عاریت نامہ (ع امذ) مانگی ہوئی چیز کو واپس کرنے کا تحریری اقرار -

عاریتاً (ع) قرض کے طور پر۔ اُدھار پر۔ یُونہی ۔ مانگے کو۔
عاریتی (عف) ماخوذ اُدھار ۔ چند روزہ ۔ عارضی۔
عازِم (ع امذ) ارادہ کرنے والا ۔ قصد کرنے والا ۔ کسی چیز کو دل میں ٹھان لینے والا۔
عاشِق (ع امذ) نہایت چاہنے والا ۔ بہت محبت کرنے والا ۔ طالب۔ شیدا ۔ مفتون ۔ فریفتہ ۔ نثار ۔ تصدّق ۔ فدا ۔ دِل سے رغبت کرنے والا ۔ محبت الٰہی میں ڈوبا ہوا ۔ عارف کامل۔ بے فکرا ۔ غافل ۔ مدہوش ۔ پیٹی کی گھنڈی ۔ بٹکے کا پُرزہ جو حلقے میں پھنساتے ہیں۔
عاشِق اندھا ہوتا ہے (ا ر امثل) عاشق کو معشوق کے سوا اور کسی بات کا خیال نہیں ہوتا۔
عاشِق مزاج (ع) رنگیلا ۔ دل لگی باز ۔ ظریف ۔ خوش طبع ۔ حسن پرست۔
عاشِق معشوق (ع امذ) پیا ۔ پریتم ۔ یار و آشنا ۔ محب و محبوب۔ گہرے دوست ۔ پکے یار ۔ بٹکے کے ٹکڑے ۔ حلقہ ۔ گھنڈی۔
عاشِق ہونا (ل) فریفتہ ہونا ۔ کسی پر فدا ہونا ۔ کسی سے آنکھ لگنا۔
عاشِقانہ (عف) عاشقوں کا سا ۔ عاشقوں کے مزاج کے موافق۔
عاشِقی (ف امث) محبت ۔ عشق ۔ محویت ۔ فریفتگی۔
عاشقی اور ماموں جی کا ڈر (ا ر امثل) عاشقی میں کوئی پروا نہیں ہونی چاہیے۔
عاشِقے (ف) کلمہ تحسین و آفرین ۔ شاباش ۔ مرحبا ۔ آفرین ۔ کیا کہنے ہیں۔
عاشُورا } (ع امذ) ماہِ محرم کی دسویں تاریخ ۔ شہادت امام حسین علیہ السلام
عاشُورہ } کی تاریخ۔
عاصِی (ع امذ) گنہگار ۔ نافرمان ۔ مجرم ۔ خطادار ۔ قصوروار ۔ پاپی ۔ بدکار ۔ دوشی۔
عاطِفَت (ع امث) عنایت ۔ مہربانی ۔ نوازش ۔ توجہ ۔ کرپا ۔ دیا۔
عافِیَت (ع امث) تندرستی ۔ صحت ۔ آرام ۔ خیر کا مرادف ۔ بھلائی ۔ نیکی ۔ امن ۔ سلامتی۔
عاق (ع) ماں باپ کا نافرمان ۔ باغی ۔ نافرمان ۔ سرکش۔
عاق کرنا (ل) نافرمانی کے باعث بیٹے کو حقوقِ فرزندی سے محروم کر دینا ۔ چھوڑ دینا ۔ ترک کر دینا۔
عاق نامہ (عف امذ) اولاد کو فرزندی یا ارث سے محروم کر دینے کی دستاویز۔
عاقِبَت (ع امذ) آخر ۔ انجام ۔ خاتمہ ۔ نتیجہ ۔ ثمرہ ۔ حاصل ۔ آخرت۔ عقبیٰ ۔ آخرکار ۔ انجام کار ۔ بالآخر۔
عاقبت اندیش (عف) دُور بین ۔ انجام سوچنے والا ۔ دُور اندیش ۔ عاقل ۔ ہوشیار۔

عاقبت بگاڑنا (ل) آخرت کو خراب کرنا ۔ [illegible] ماں باپ کی نافرمانی سے گنہگار بننا۔
عاقبت بین (عف اصف) انجام بین ۔ ہوشیار۔
عاقبت کا توشہ (ف امذ) اچھی کرنی ۔ دُوسرے جہان کا سہارا ۔ نیک اعمال۔
عاقبت خراب یا گندی کرنا (ل) بُرے کام کرنا ۔ بدیاں کمانا ۔ آخرت بگاڑنا۔
عاقبت کا توشہ (ع امذ) اعمال نیک۔
عاقر قرحا (ع امذ) ایک تیز دوا کا نام جو دانتوں کے درد اور باہ کے لیے مفید ہے۔
عاقِر (ع) مرد ہو یا عورت جس کے لڑکا نہ ہو ۔ بانجھ ہے۔
عاقِل (ع امذ) عقلمند ۔ دانا ۔ ہوشیار ۔ دانش مند۔
عاکِف (ع امذ) گوشہ نشین ۔ اعتکاف کرنے والا ۔ معتکف۔
عالِم (ع امذ) جاننے والا ۔ دانا ۔ پڑھا لکھا ۔ خواندہ ۔ مولوی ۔ مُلّا۔
عالم آب (عف امذ) پانی ہی پانی۔
عالِمُ الغیب (ع امذ) پوشیدہ باتیں جاننے والا ۔ خدائے تعالیٰ۔
عالِم باعمل (عف) پڑھا گنا ۔ وہ عالم جو علم پڑھ کر اس پر عمل بھی کرتا ہو۔
عالَم (ع امذ) دُنیا ۔ جہان ۔ سنسار ۔ دُنیا کے لوگ ۔ مخلوق ۔ جگت ۔ قسم ۔ جنس ۔ حالت ۔ صورت ۔ درجہ ۔ طور ۔ طریقہ ۔ ڈھنگ ۔ لطف ۔ مزا ۔ سیر ۔ تماشا ۔ جوبن ۔ حسن ۔ رونق ۔ مانند ۔ نظیر ۔ مثال۔
عالَم ارواح (ع امذ) رُوحوں کی دُنیا۔
عالَم اسباب (ع امذ) دُنیا ۔ کیونکہ یہاں کے تمام کاروبار اسباب و ذرائع پر منحصر ہیں۔
عالَم افروز (عف) دُنیا کو روشن کرنے والا ۔ جہان کو چمکانے والا۔
عالَم امر (ع امذ) عالم ملائکہ ۔ عالم ارواح ۔ وہ چیزیں جن میں اندازے اور وزن کا دخل نہ ہو۔
عالَم بالا (عف امذ) اُوپر کی دُنیا ۔ آسمان ۔ عرش ۔ بہشت ۔ سُرگ۔
عالَم برزخ (ع امذ) رُوحوں کا وہ مقام جہاں وہ موت سے لے کر قیامت تک رہیں گی۔
عالَم پانا (ا ر امحاورہ) مختلف حالت دیکھنا۔
عالَم پناہ (ع امذ) دُنیا کی پناہ ۔ جہان کے پناہ لینے کی جگہ ۔ مُراداً بادشاہ۔
عالَم جاوید (ع امذ) ہمیشہ رہنے والی دُنیا ۔ عالم آخرت۔
عالَم دکھانا (ل) حالت دکھانا ۔ جوبن دکھانا ۔ رَونق دینا ۔ بہار دکھانا۔
عالَم سفلی (ع امذ) دُنیا ۔ جہان ۔ پرتھی ۔ زمین۔
عالَم ناسُوت ۔ ملکوت ۔ جبروت ۔ لاہُوت (ع) مراد از دُنیا۔

اسمائے الٰہی - صفاتِ الٰہی - ذاتِ الٰہی -

عالمِ صُغریٰ - یا - صغیر (ع امذ) انسان اور جسمِ انسانی سے مراد ہے -

عالمِ فانی - عالمِ کبیر
عالمِ وجود - عالمِ ناسوت
عالمِ کون و مکاں
} (ع امذ) دُنیا - سنسار - فنا ہونے والی - دُنیا - مایا - حادثاتِ دُنیا - جگ -

عالمگیر (عف امذ) دُنیا کو لے لینے والا - محی الدین اورنگ زیب کا لقب - دُنیا میں پھیلا ہوا - تمام جہان پر چھایا ہوا - جیسے عالمگیر وبا -

عالی (ع) بلند - اُونچا - بڑا - مقدس - قابلِ تعظیم -

عالی جاہ (عف) بڑے مرتبے والا - بلند رتبہ - ممتاز -

عالی جناب (ع) بلند مرتبے والا - بلند درگاہ والا - اعلےٰ حضرت -

عالی خاندان (عف) بڑے گھرانے کا - امیرزادہ - شریف زادہ -

عالی خیال (ع اصف) بلند نظر -

عالی دماغ (ع) بڑی سوچ سمجھ والا - بڑا عقل مند - بڑے دماغ والا -

عالی شان (ع) اعلیٰ مرتبے کا - بڑی شان والا - شان والا - شاندار - عمدہ - بہت بڑا -

عالی ظرف (ع) عالی حوصلہ - بڑی سمائی والا -

عالی قدر - یا - عالی مرتبہ (ع) بڑے مرتبے کا - والا شان -

عالی وقار (ع اصف) بڑے جاہ و جلال والا -

عالی ہمت (ع) بڑی ہمت والا - بلند ارادے والا - سخی - فیاض - دل والا -

عالی ہمتی (ع امث) سخاوت - خیرات - دلیری - فیاضی -

عالیہ (ع امث) عالی کی تانیث - بلند - بڑی بزرگ - مسلمان عورتوں کا خطاب -

عام (ع) پھیلا ہوا - مشہور - معمولی - سب - تمام - سب لوگ - تمام آدمی - رسمی - رواجی -

عام فہم (ع) سب کی سمجھ میں آجانے والا - سہل - آسان - فصیح -

عام کر دینا (ا / محاورہ) مشہور کر دینا -

عام میں (ا) سب کے سامنے - کھلم کھلا - علانیہ -

عامل (ع امذ) عمل کرنے والا - منتر پڑھنے والا - سیانا - بھوت پریت کا عمل جاننے والا - حاکم - تحصیلدار -

عامہ (ع) منسوب بہ عام - مشہور - معروف - عام بات -

عامی (ع امذ) عام سے نسبت رکھنے والا - جاہل - ان پڑھ -

عانہ (ع) موضع - زیرِ ناف - پیڑو -

عائد (ع) عود کرنے والا - پھرنے والا - واپس آنے والا - لوٹ کر آنے والا -

عائد ہونا (ا) اُلٹے پڑنا - ذمہ پڑنا - وارد ہونا -

ع - ب

عَبّ (ع) آستین -

عَبّ (ع) دم بہ دم پانی پینا -

عَبا (ع امذ) ایک عربی لباس کا نام - جُبّہ - جُھبّہ -

عِبادت (ع امث) پوجا پاٹ - بھگتی - بندگی - اطاعت - پرستش - نماز - دُعا -

عبادت گاہ (عف امث) معبد - مسجد - مندر - گرجا -

عِبارت (ع امث) بیان - مضمون - تحریر - انشا - مُراد -

عِبارت آرائی (عف امث) مضمون کی رنگینی - مضمون کو سنوار کر لکھنا -

عَبّاس (ع امذ) پھاڑنے والا - پیغمبرِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا کا نام جن کی نسل میں خلفائے عباسیہ ہوئے ہیں -

عَبّاسی
عَبّاسیہ
} (ع) عباس سے تعلق رکھنے والا - بغداد کے خلفاء کا خاندان - ایک سکّہ کا نام - نیلاہٹ لیے سُرخ رنگ - کالا رنگ جو خلفائے عباسیہ کو پسند تھا ایک پودے کا نام بھی ہے جسے گُلِ عباسی کہتے ہیں -

عَبَث (ع) بے فائدہ - بیہودہ - بے کار - نکمّا - کھیل - بازی - ناحق - بلاوجہ -

عَبْد (ع امذ) بندہ - غلام - داس - ملازم - نوکر -

عبدیّت (ع) غلامی - بندگی - نوکری - ملازمت -

عِبرانی (ع امث) یہودی - موسائی - حضرت موسیٰ کی اُمت - یہودیوں کی زبان -

عِبرت (ع امث) اندیشہ - نصیحت پکڑنا - خوف - تنبیہ - زمانے کے حالات کو دیکھ کر خود نصیحت اختیار کرنا -

عِبرت انگیز (عف) ایسی بات جسے دیکھ کر آدمی کو خوف آئے اور نصیحت پکڑے -

عبرت بیں (عف اصف) وہ جو عبرت پکڑے - انجام بیں -

عبرت پذیر (عف اصف) عبرت پکڑنے والا -

عبرت پکڑنا - یا - حاصل کرنا (ا) نصیحت پکڑنا - متنبہ ہونا -

عبرت ناک سزا (عف امث) ایسی سزا جسے دیکھ کر دوسرے ڈر جائیں - اور بُرے کاموں سے باز آجائیں -

عِبری (ع امث) اہلِ کنعان کی زبان - یہودیوں کی زبان - یہودی -

عُبُودیت (ع امث) بندگی - غلامی - طاعت - عبادت -

عُبُور (ع امذ) دریا سے پار اترنا - لنگھنا - کتب یا مسائل وغیرہ پر حاوی ہونا -

عبور دریائے شور کرنا (ا) کالے پانی بھیجنا - دیس نکالا دینا - جلاوطن کرنا -

عُبَیر (ع امذ) ایک قسم کی نرگس جو اندر سے زرد ہوتی ہے۔
عَبِیر (ع امذ) ایک خوشبودار سفوف جو مُشک - گلاب - صندل وغیرہ سے بنتا ہے - اُسے کپڑوں پر چھڑکتے ہیں۔

ع - ت

عِتاب (ع امذ) غصّہ - خفگی - قہر - ناراضگی - ملامت - کرودھ -
عَتَبَہ (ع) آستانہ - چوکھٹ۔
عَتِیق (ع) برگزیدہ -
عِترَت (ع) اولاد - اپنے - یگانے -
عِثرَت (ع) لغزش - سر کے بل گرنا -

ع - ج

عَجائب (ع امذ) عجیب کی جمع -
عَجائب خانہ (عف امذ) عجائب گھر - میوزیم - جہاں عُمدہ عُمدہ نئی پرانی چیزیں سیر دیکھنے کے لیے رکھی جائیں -
عُجّہ (ع) مرغی کے انڈوں کا خاگینہ -
عَجائب و غرائب (ع امذ) انوکھی اور نادر اشیاء - عجیب عجیب چیزیں -
عجائبات (ع امذ) عجیب کی جمع الجمع اور عجائب کی جمع ۔
عَجَب (ع) اچنبھے کا - انوکھا - نادر - طُرفہ - نئے ڈھنگ کا - عُمدہ - مداری - جادوگر - لعب - دُور -
عُجب (ع امذ) غرور - تکبر - گھمنڈ - گرب - مان -
عَجز (ع امذ) عاجزی - ناتوانی - کمزوری - ہار - شکست - انکسار - فروتنی - اوچھین ہونا - منت سماجت - خوشامد - مسکینی - غریبی -
عجز کرنا (ا) گڑگڑانا - خوشامد کرنا - منت سماجت کرنا -
عَجَلَت (ع امث) پھرتی - شتابی - جلدی - تیزی -
عَجَم (ع امذ) اَنتری - گونگا - اصطلاحی عرب کے سوا باقی تمام ممالک - وحشی آدمی - ملک ایران و توران -
عَجَمی (ع) ممالکِ عجم کا رہنے والا - گونگا - وحشی - عربی بولی نہ سمجھنے والا -
عُجُوبہ (ع امذ) عجیب چیز - انوکھی چیز - نادر چیز -
عَجِیب (ع) انوکھا - قابلِ تعریف - نرالا - نادر - اچنبھے کا -
عجیب وغریب (ع) تعجب خیز - حیرت انگیز - نرالا - انوکھا -

ع - د

عَدالت (ع) برابری - انصاف - نیاؤ - عدل و داد - مجازاً کچہری - انصاف کرنے کی جگہ - دربار - اجلاس -
عَدالتِ اِبتدائی (ع امث) پہلی عدالت جس میں مقدمہ دائر کیا جاتا ہے -
عَدالتِ اپیل (ا) (قانون) حاکمِ اعلیٰ کی کچہری جہاں مرافعہ کیا جائے -
عَدالت پناہ (عف صف) عدل کرنے والا -
عَدالتِ دیوانی (ع امث) وہ عدالت جس میں سول مقدمات فیصل ہوں -
عَدالتِ سشن (ا امث) وہ عدالت جس میں فوجداری کے سنگین مقدمات یعنی قتل وخون کے مقدمے فیصل کیے جاتے ہیں -
عَدالتِ ضلع (ع امث) ڈپٹی کمشنر کی کچہری - صاحب ضلع کی عدالت -
عَدالتِ فوجداری (عف امث) مارپٹائی - چوری چکاری وغیرہ کے مقدمات کے فیصلہ کرنے کی کچہری -
عَدالتِ عالیہ (ع امث) بڑی کچہری - چیف کورٹ - ہائی کورٹ -
عدالتِ عظمیٰ (ع امث) ملک کی سب سے بڑی عدالت کو عدالتِ عظمیٰ کہتے ہیں -
عَدالت کا در کھلنا (ا) (محاورہ) کچہری لگنا -
عَدالت کرنا (ا) انصاف کرنا - کچہری کرنا - نیاؤ کرنا - اجلاس کرنا -
عَدالتِ ماتحت (ع امث) بڑی عدالت کے زیرِ فرمان چھوٹی عدالت -
عَدالتِ مال (ع امث) محکمۂ مال - کلکٹری - سرکاری لگان جمع ہونے کی کچہری -
عَدالت مجازہ (ع امث) با اختیار عدالت - پورے اختیارات والی کچہری -
عَدالتی (ا) منسوب بہ عدالت - حاکمِ مجاز -
عَداوت (ع امث) دُشمنی - بیر - لاگ - عناد - کینہ - کپٹ - مخالفت -
عَداوتِ جِبلّی (ع امث) قدرتی - بیر - فطری عداوت جیسے بلی چوہا -
عَداوتِ دِلی یا قلبی (ع امث) جانی دشمنی - اندرونی اور گہری دُشمنی -
عَداوت کرنا - عداوت رکھنا (ا) کینہ رکھنا - دُشمنی کرنا -
عداوت نکالنا (ا) دشمنی نکالنا - بدلہ لینا - عوض لینا - بیر لینا -
عداوتی (ا) دشمنی کرنے والا - بیر رکھنے والا - دُشمن - بیری -
عِدّت (ع امث) گنتی - تعداد - شمار - طلاق و فراق کا وہ تھوڑا سا عرصہ جس میں عورت دوسرے شخص سے نکاح نہ کر سکے - جو مطلقہ کے لیے تین ماہ بیوہ کے لیے چار ماہ دس دن - حاملہ کے لیے بعد وضع حمل چالیس دن مقرر ہے -
عَدَد (ع امذ) گنتی - شمار - نمبر - گنا گیا ہندسہ - رقم - آنک -
عددِ صحیح (ع امذ) بن بٹا ہوا عدد - بے کسر - غیر مقسوم جیسے ۴ -
عددِ کسری (ع امذ) بٹا ہوا عدد - تقسیم شدہ عدد جیسے $\frac{3}{4}$ -
عَدل (ع امذ) برابری - مناصفت - انصاف - نظیر - مانند - مثل -

عَدل کرنا (ف) انصاف کرنا - برابر کرنا - نیاؤ کرنا - ایمان داری سے فیصلہ کرنا -
عَدل گستر (عف) انصاف اور نیاؤ کرنے والا - نیائی - مُنصف - عادل -
عَدل گستری (عف/مث) انصاف - نیاؤ - عدالت -
عَدم (ع/مذ) نابید - نیستی - ناموجودگی - نہیں - نفی - نہ ہونا -
عَدم پیروی (عف/مث) (قانون) بے پروائی - غیر حاضری -
عدم تعمیل (ع/مث) تعمیل نہ کرنا - حکم بجا نہ لانا -
عَدم توجہی (ع/مث) بے توجہی - غفلت - بے احتیاطی - بے رُخی - بے مُروّتی -
عَدم ثبوت (ع/مذ) کسی امر کی شہادت یا تصدیق نہ ہونا - بے ثبوتی -
عَدم موجودگی (ا/مث) غیر حاضری - پس غیبت - موجود نہ ہونا -
عدم واقفیت (ع/مث) ناواقفیت - بے خبری - لاعلمی - اَن جان پَنا -
عدم وجود برابر ہے (ا/محاورہ) ہونا نہ ہونا برابر ہے - ہُوا نہ ہُوا یکساں ہے -
عَدُو (ع/مذ) دُشمن - مخالف - بَیری - بدخواہ - رقیب - اپنے معشوق کا دوسرا عاشق -
عُدُول (ع/مذ) مُنہ پھیر لینا - حکم نہ ماننا - رُوگردانی - اعراض -
عُدُول حکم (ع/مذ) حکم نہ ماننے والا - سرکش - متمرد - مغرور - باغی -
عُدُول حکمی (ع/مث) نافرمانی - سرکشی - حکم نہ ماننا - بغاوت -
عدید (ع/صف) نظیر - مانند - گنے ہوئے - بہت سے -
عَدِیل (ع) مرتبہ اور قدر میں برابر - یکساں - نظیر - مانند - عادل - منصف -
عَدِیل نہ ہونا (ا/مص) نظیر نہ ہونا - برابر نہ ہونا -
عدیم (ع) ناپیدا - گم - مفقود - نایاب -
عدیم الفرصت (ع/مذ) فرصت نہ رکھنے والا - نہایت مصروف - بہت کاروبار والا -
عدیم المثال (ع/صف) بے مثل - بے نظیر -
عدیم الوجود (ع/صف) نایاب - کمیاب -

ع - ذ

عذاب (ع/مذ) تنگی - دُکھ - تکلیف - ایذا - مصیبت - سزائے گناہ - دِقت - بکھیڑا - جھگڑا - علّت - روگ - گناہ - پاپ -
عَذاب ثواب (ا/مذ) پاپ پُن - گناہ ثواب - نیکی بدی - بُرائی بھلائی -
عذاب مول لینا (ف) دردِ سر مول لینا - جان بوجھ کر مصیبت خریدنا - مصیبت مول لینا - جھگڑا پیچھے لگا لینا -
عِذار (ع/مذ) رُخسار - رُخسارہ - گال - چہرہ - رُخ - صُورت - عارض -
عُذر (ع/مذ) بہانہ - حیلہ - حُجّت - کسی بات کا سبب - گرفت - جرح - معافی - طلب - عفو - اِنکار - اقرار کی ضد -
عُذرِ بے جا (عف/مذ) نامناسب عُذر - بے ہودہ بہانہ - ناقابلِ سماعت حیلہ -
عَذرا (ع) کنواری لڑکی - بے بندھا موتی -
عُذر خواہی (عف/مث) کسی بات کی معافی مانگنا - معذرت - بِنتی - ماتم پُرسی - پُرسا - سیاپا - تعزیت - جنازہ کے ساتھ نہ جاسکنے کا عُذر -
عُذر داری (عف/مث) دعویٰ - دلیل - حُجّت - اعتراض - مزاحمت -
عُذر کرنا (ف) معافی مانگنا - اعتراض کرنا - بحث کرنا - معذرت کرنا -
عُذرِ معذرت (ع/مذ) منّت سماجت - اقرارِ جُرم - طلبِ عفو قصور کی معافی -

ع - ر

عراق عَرب - عرب اور فارس کے درمیان ہے - دجلہ اور فرات دو دریاؤں سے سیراب ہوتا ہے - یونانیوں نے دوآبہ ہونے کی وجہ سے میسوپوٹامیہ نام رکھا ہے - عربی حکومت ہے - دارالحکومت بغداد ہے - بندرگاہ بصرہ ہے -
عِراق (ع/مذ) ساحل - دریا کا کنارا - (مجازاً) وہ ملک جو دریائے دجلہ اور فرات کے درمیان واقع ہے - علم موسیقی کے ایک مقام کا نام ہے - جسے دوپہر سے پہلے گایا کرتے ہیں -
عراقی (ع) عراق کا - عراق سے منسوب - عراق کا گھوڑا - مولوی فخرالدین عراقی کا تخلص - راگ کا ایک پردہ -
عَرائض (ع/مث) عریضہ کی جمع - درخواستیں - عرضیاں -
عَرب - دُنیا کا سب سے بڑا جزیرہ نما - اوسطاً سطح کی بلندی ۳۰۰۰ فٹ - درمیان میں نجد کی سطح مرتفع ہے - سب طرف ریگستان ہے جہاں خانہ بدوش لوگ رہتے ہیں - مکہ اور مدینہ مسلمانوں کے سب سے زیادہ مقدس مقامات اسی ملک میں ہیں - حج بھی یہیں ہوتا ہے - سنا دبست ہوتی ہے - اُونٹوں اور بکریوں کی کثرت ہے -
عَرَب (ع/مذ) فصیح - خوش بیان - مہذب - اہل عرب - خاص کر

شہری لوگ۔ اعرابی کی ضد۔
عرب سرائے (عف/مذ) دہلی کے قریب مقبرۂ ہمایوں کے متصل ایک چھوٹی سی بستی کا نام ہے۔
عَرْبَدہ (ع/مذ) لڑائی۔ جھگڑا۔ بدخولی۔ فتنہ۔ فساد۔
عَرْبَدہ جُو (عف) جنگجو۔ لڑاکا۔ فسادی۔
عَرَبِستان (ف/مذ) عربوں کا مُلک۔ عرب کی زمین۔
عَرَبی (ع) عرب کا۔ عرب سے تعلق رکھنے والا۔ (مؤنث) اہل عرب کی بولی۔ زبان عربی (مذکر) تازی گھوڑا۔
عربیّت (ع/مث) عربی مزاج و خصوصیت/عربی انداز۔
عُرس (ع/مذ) شادی کی دعوت۔ ولیمہ کا کھانا۔ نکاح کی ضیافت۔ (مجازاً) بزرگوں کی سالانہ فاتحہ کی مجلس جو تاریخ وفات کو ہوا کرتی ہے۔
عَرش (ع/مذ) تخت۔ تختِ خداوندی۔ چھت۔ سقف۔
عرشِ اعظم (ع/مذ) خدا کا عرش۔
عرشِ اکبر (ع/مذ) انسان کا دل۔ قلب۔
عرش پر جھولنا (ل) نہایت بلند مرتبہ ہونا۔ ذی رفعت ہونا۔ عالی رُتبہ ہونا۔
عرش پر چڑھانا (ل) بڑا اعلیٰ درجہ دینا۔ قدریں آسمان پر چڑھانا۔ نہایت خوشامد کر کے مغرور بنا دینا۔
عرش پر دماغ پہنچنا (ل) اپنے آپ کو بہت بڑا سمجھنا۔ نہایت عالی رُتبہ ہونا۔ سخت مغرور و متکبر ہونا۔ کسی کو خاطر میں نہ لانا۔ فخر و غرور کرنا۔
عرش پر دماغ رکھنا (ل/محاورہ) مغرور ہونا۔
عرش سے چھوٹی کھجور میں اٹکی } (ل/مثل) ایک مصیبت سے
عرش سے چھوٹے کھجور میں اٹکے } نجات ملتے ہی دوسری میں پھنس گئے۔
عرش سے فرش تک (ل) آسمان سے زمین تک۔
عرش کا ٹوٹا (ل) نایاب قدر۔ انوکھا۔ نرالا۔ عجیب۔
عرش کے تارے توڑنا (ل) نہایت بڑھ کر کام کرنا۔ بہت بڑا کام کرنا۔ اعلیٰ درجے کا کام کرنا۔ اعلیٰ مرتبے پر پہنچنا۔ نئے خیالات ظاہر کرنا۔ گناہ عظیم کرنا۔
عرشِ معلّٰی۔ یا۔ عرشِ بریں (عف/مذ) سب سے بڑا آسمان۔ فلک الافلاک۔
عرش و فرش (ع/مذ) زمین و آسمان۔
عرش وقار (ع/مذ) عالی مرتبہ۔
عرش ہلانا (ل/محاورہ) مظلوم کی آہ کا اثر ہونا۔
عرشہ (ع/مذ) جہاز کی چھت۔
عَرْصَہ (ع/مذ) میدان۔ صحن خانہ۔ آنگن۔ شطرنج کی بساط۔ لڑائی کا میدان۔ دُوری۔ فاصلہ۔ مدت مدید۔ دیر۔ تاخیر۔ اثنا۔ توقف۔ زمانہ۔
عرصہ تنگ ہونا (ل) میدان تنگ ہونا۔ عرصہ کم ہونا۔

عرصۂ محشر (ع/مذ) میدانِ حشر۔ میدانِ قیامت۔
عَرَض (ع/مذ) وہ چیز جو قائم بالغیر ہو۔ جوہر کی ضد۔ بیماری۔ دُکھ۔ تکلیف۔ جو کسی دوسری بیماری کے باعث لگ جائے جیسے بخار کی کھانسی۔
عَرْض (ع/مذ) بیان۔ گزارش۔ اور اس پیش کرنا۔ چوڑائی۔ چوڑان۔ پنا۔ طول کی ضد۔ عرصہ۔ مدّت۔ درمیان۔ علم جغرافیہ میں کسی مقام کا وہ فاصلہ جو اس کے اور خطِ استوا کے شمالاً جنوباً ہو۔
عرضِ بَلَد (ع/مذ) جو فاصلہ خطِ استوا سے بذریعہ خطوط درجات العرض معلوم کیا جاتا ہے۔
عرض بیگی (عت/مذ) وہ عہدیدار جس کے ذریعے بادشاہ کے حضور میں عرض معروض کی جائے۔ پرائیویٹ سیکرٹری۔ میر منشی۔
عرض حال (ع/مذ) بیانِ حال۔ رودُنداد۔ سرگزشت۔ عرضی خبر۔
عرض کرنا (ل) بیان کرنا۔ گزارش کرنا۔ پیش کرنا آگے رکھنا صلاح لینا۔ رپورٹ کرنا۔ جتلانا۔
عَرْضاً (ع) چوڑائی میں۔ طولاً کی ضد۔
عرضداشت (عف/مث) عرضی۔ درخواست۔ گزارش۔
عرضی (ع/مث) درخواست۔ عریضہ۔ تحریری گزارش۔ سوال۔ غیر اصلی۔ عارضی شدہ چیز۔
عرضی تاننا۔ یا۔ ٹھونکنا (ل) دعویٰ دائر کرنا۔ نالش کرنا۔ مقدمہ دائر کرنا۔
عرضی پرچہ۔ یا۔ عرضی پُرزہ (ل/مذ) دعویٰ۔ درخواست۔ نالش۔ فریاد۔
عرضی دعویٰ (ل/مذ) وہ تحریری درخواست جس میں مدّعی اپنی شکایات لکھ کر عدالتِ ابتدائی میں پیش کرے جس کی بنا پر مقدمہ چلایا جاتا ہے۔
عرضی نویس (ف/مذ) عرضی و تمسک لکھنے کا پیشہ کرنے والا۔ سرکاری اجازت سے درخواستیں اور عرضیاں لکھنے والا منشی۔
عُرْف (ع/مذ) پہچان۔ شناخت۔ مشہور عام نام۔
عَرَفات (ع/مث) مکہ سے بارہ میل کے فاصلے پر ایک میدان ہے جہاں لوگ حج کے دن کھڑے ہو کر لبیک پکارتے ہیں۔
عِرفان (ع/مذ) پہچان۔ شناخت۔ خدا کی معرفت۔ خداشناسی۔ معرفتِ الٰہی۔
عَرَفہ (ع/مذ) ماہ ذی الحجہ کی نویں تاریخ کو حاجی لوگوں کا لبیک پکارنا۔ ہر ایک تیوہار کا پہلا دن۔ کسی آدمی کے مرنے کے بعد پہلے تیوہار سے ایک دن پہلے فاتحہ کی رسم۔
عرفہ کرنا (ل) کسی شخص کے مرنے کے بعد اوّل عرفہ کو فاتحہ دلانا۔

عُرفی (ع) مشہور - ظاہری - معمولی - اکبر بادشاہ کے زمانے کے ایک مشہور شاعر جلال الدین شیرازی کا تخلص -
عَرَق (ع امذ) پسینہ - پسیو - کشید کیا ہوا پانی جیسے عرق گلاب - کسی چیز کا نچوڑا ہوا پانی - رس - شیرہ - رگ - ریشہ -
عرق النساء (ع امث) ایک درد جو ٹانگ کی پچھلی رگ میں ہوتا ہے -
عَرَق آنا - یا - آجانا (ل) سخت محنت یا شرم یا خوف کے سبب سے پسینہ آجانا -
عرق آلود (عف اصف) پسینے پسینے - پسینے میں تر -
عرق افشاں (عف اصف) پسینے میں ڈوبا ہوا -
عرق انگیز (عف اصف) پسینہ لانے والا -
عرق دو آتشہ (عف امذ) دو دفعہ کھینچی ہوئی شراب یا عرق -
عرق ریزی کرنا (ل) سخت محنت کرنا - نہایت جانفشانی کرنا -
عَرَق عَرَق ہونا - یا - ہو جانا (ل) پانی پانی ہو جانا - نہایت شرمندہ ہونا - نادم ہونا -
عرق کھینچنا (ل) کشید کرنا - بخارات کے ذریعہ کسی چیز کا پانی بنانا - نچوڑنا - طاقت کھینچ لینا -
عرق گیر (عف امذ) گھوڑے گدھے وغیرہ کی زین کے نیچے کا کمل - نمدہ - پالان -
عرق النسا (ع) نام ایک رگ کا جو سرین سے پنڈلی تک ہے - اس رگ میں جو درد ہوتا ہے اُسے عرق النسا کہتے ہیں - ہندی میں راگھن کہتے ہیں -
عُرُوج (ع امذ) اونچائی - بلندی - اوج - نزول کی ضد -
عُرُوس (ع امث) دُلہن - بہو - بنڑی -
عُرُوض (ع امذ) مکہ معظمہ کا نام - کعبہ - علم بیان میں شعر کی بحر اور وزن معلوم کرنے اور جانچنے کا علم - ہر بیت کے پہلے مصرعے کے آخری جزو کا نام بھی ہے -
عُریاں (ع) ننگا - بے پردہ - برہنہ -
عَریض (ع) چوڑا - چکلا - پہنا - طویل کی ضد -
عَریضہ (ع امذ) عرضی - چھوٹے کی طرف سے بڑے کی طرف لکھا ہوا خط - عرض کیا گیا - معروضہ -

ع - ز

عِزّ (ع امث) عزت - بزرگی - شرف - بڑائی -
عزّ وجلّ (ع) بزرگ و برتر - عزت اور جلال والا - خدا تعالیٰ کی صفت ہے -

عَزا (ع امذ) ماتم پرسی - پرسہ - سیاپا - تعزیت - مصیبت پر صبر -
عَزادار (ف امذ) سوگوار - میت کا غم کرنے والا - سوگی -
عَزازیل (ع امذ) شیطان کا نام ہے - ابلیس -
عِزّت (ع امث) آبرو - پت - آدر - بزرگی - بڑائی - عظمت - شان - شرف - حُرمت -
عزت اُتارنا - بگاڑنا - کھونا - لینا (ل) دیکھو آبرو اُتارنا -
عزت بنانا (ل) دیکھو آبرو بنانا -
عزت دار (عف) معزز - ممتاز - ذی رُتبہ -
عزت کرنا (ل) ادب کرنا - تعظیم و تکریم سے پیش آنا -
عزرائیل (ع) ملک الموت - جان نکالنے والا فرشتہ -
عَزل (ع امذ) موقوفی - علیحدگی - برطرفی - بیکاری -
عزل و نصب (ع امذ) موقوفی - بحالی - اُلٹا پلٹی - بدل سدل - تغیر و تبدل -
عُزلت (ع امث) تنہائی - گوشہ نشینی - خلوت - اعتکاف - موقوفی - علیحدگی -
عزلت دوست (عف اصف) گوشہ نشین -
عزلت گزینی (ف امث) گوشہ نشینی -
عَزم (ع امذ) ارادہ - قصد - آمادگی - نیت -
عزم بالجزم (ع امذ) پختہ ارادہ - پکی نیت - مصمم ارادہ -
عَزمت (ع امث) ارادہ - عزم - وہ بات جو فرض ہو -
عَزّ و جلّ (ع) یہ دونوں صیغے ماضی کے اور بہ ماضی دوام ہے - معنی غالب ہوا - بزرگ ہوا -
عَزیز (ع) لاڈلا - پیارا - جانی - محبوب - لائق - قابل قدر - نایاب - مہنگا - ذی رتبہ - صاحب عزت - نزدیکی رشتہ دار - مصر کے بادشاہ کا لقب - یار - دوست - غالب - زبردست - خدا تعالیٰ کا ایک نام -
عزیز القدر (ع امذ) قابل قدر - عزیز - چھوٹوں کی طرف لکھنے کا القاب -
عزیز داری (ل امث) نزدیکی - رشتہ داری - ناطہ داری - بھائی بندی
عزیز رکھنا (ل) دوست جاننا - دوست سمجھنا - قدر و منزلت کرنا -
عَزیمت (ع امث) ارادہ - عزم - مؤکلوں کو حاضرات میں موجود کرنے کا افسوں و منتر -

ع - س

عَساکر (ع امذ) عسکر کی جمع - بہت سے لشکر -
عُسرت (ع امث) تنگی - مفلسی - غریبی - دقت - مصیبت - دشواری - مشکل -

عُسکر (ع امذ) لشکر - فوج - سپاہ -
عَسَل (ع امذ) شہد - انگبین

ع - ش

عِشاءَ (ع امث) سوتے وقت کی نماز۔ نماز خُفتن - رات کی اندھیری - تاریکیٔ شب -
عُشّاق (ع امذ) عاشق کی جمع - راگ کے ایک مقام کا نام جو دو گھڑی دن رہے گایا جاتا ہے -
عَشَر (ع) بفتحتین - دس - دہ - ۱۰ -
عُشر (ع) بضم اوّل وسکون ثانی - دسواں - دسواں حصّہ ۱/۱۰ -
عُشرِ عَشِیر (ع) دسویں کا دسواں حصّہ - سواں حصّہ - ۱/۱۰۰
عِشرت (ع امث) خوش دلی - مزے سے گزارنا - خوشی - بہار - موج - فرحت - مزا - آنند - منگل - حظِ نفسانی - مباشرت - بھوگ - بلاس -
عشرت خانہ - یا - کدہ (ع ف امذ) عیش و عشرت منانے کی جگہ -
عَشَرَہ (ع) (ا) کر۔ عاشورہ - محرم کی دسویں تاریخ -
عَش عَش کرنا (ا) واہ واہ کرنا - تحسین و آفرین کرنا - نہایت خوشی منانا -
عِشق (ع امذ) بے حد محبت - بہت زیادہ پیار - از حد اُلفت - بڑا پریم - حُب - شوق - چاہ - خواہش - لت - عادت - خُو - سلام - رُخصت - شاباش - آفرین - واہ وا - ایک قسم کا جنون جو کسی خوبصورت کو دیکھنے سے ہو جاتا ہے -
عِشق اللہ (ا امذ) آزاد فقیروں اور درویشوں کا باہمی سلام - اکھاڑے میں اُتر کر پہلوانوں کا آپس میں سلام کرنا -
عِشق اللہ لینا (ا) رُخصت لینا - اجازت لینا - کُشتی سے تھک کر پہلوانوں کا سلام کر کے اکھاڑے سے نکلنا - ہار ماننا -
عِشق انگیز (ع ف اصف) عشق پیدا کرنے والا - عشق کو بھڑکانے والا -
عِشق باز (ا امذ) حُسن پرست عاشق - طالب - جانباز - عاشق مزاج -
عِشق بازی (ا امذ) عاشقی - حُسن پرستی - نظارہ بازی -
عِشق پرداز (ع ف اصف) عشق باز -
عِشق پیچاں - یا - عِشق پیچہ (ف امذ) ایک باریک پتیوں اور سُرخ پھول والی بیل کا نام ہے -
عِشق پیشہ (ع ف اصف) عاشق - وہ جو اکثر عاشق ہوتا ہے -
عِشق حقیقی (ع امذ) محبت الٰہی - خدا تعالیٰ کا عشق -
عِشق مجازی (ع امذ) بناوٹی عشق - جھوٹا عشق - دنیاوی معشوقوں کا عشق -

عِشقی (ع اصف) عشق سے منسوب - عاشق -
عِشوہ (ع امذ) ناز - نخرہ - کرشمہ - معشوقانہ ادا - محبوبانہ انداز - حرکت دلفریب -
عِشوہ ساز - عِشوہ گر (ع ف امذ) ناز و نخرے کرنے والا - (مجازاً) معشوق -
عَشوہ - (ع) چھپا کر کام کرنا - وہ آگ جو رات کو دُور سے نظر آئے -

ع - ص

عَصَا (ع امذ) لاٹھی - سونٹا - لکڑی - بلم - چھڑی - سہارا - آسرا -
عَصَا بردار (ع ف امذ) چوب دار - سونٹے بردار -
عَصائے موسیٰؑ (ع امذ) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ہاتھ کی لکڑی جس میں بہت سے معجزے تھے -
عُصارہ (ع امذ) نچوڑ - نچوڑا ہوا پانی - رس - شیرہ -
عَصَب (ع امذ) پٹھا - پے - ایک سفید لچک دار چیز جس سے اعضا کی حرکت اور مضبوطی ہے -
عَصَبیّت (ع امث) مضبوطی - استواری - رشتہ داری - طرفداری -
عَصر (ع امذ) زمانہ - روزگار - وقت - دن کا آخری حصّہ - ایک نماز کا نام -
عِصمت (ع امث) پاکدامنی - پارسائی - پرہیزگاری - بے گناہی -
عُصفور (ع) پانی بھرنے کی گاگری یا ڈول -
عِصیاں (ع امذ) نافرمانی - گناہ - جُرم - خطا - سرکشی - بغاوت - پاپ - دوش -

ع - ض

عَضَلہ (ع امذ) بازو کی مچھلی - ڈولہ - اَولہ - گوشت کی مچھلی -
عُضو (ع امذ) بدن کا حصّہ - جوڑ - ٹکڑا - بدن - جسم - اندام -
عُضوِ تناسل (ع امذ) نسل بڑھانے کا آلہ -
عَضُوم (ع) بہت کھانے والا -

ع - ط

عَطَا (ع امث) بخشش - سخاوت - انعام - دینا -
عَطا بخش (ع ف اصف) سخی - فیاض -
عَطا کرنا (ا) دینا - بخشش کرنا - مُفت دینا - مرحمت کرنا -
عَطّار (ع امذ) عِطر فروش - دوا فروش - پنساری -
عَطّار کا شیشہ اور مداری کا پٹارا (ا) (کہاوت) عطار کی بوتل اور

مداری کی پٹاری دونوں ناقابل اعتبار ہیں - کیونکہ عطار ایک بوتل سے ہر قسم کا شربت وغیرہ اور مداری اپنے پٹارے سے طرح طرح کے کھیل دکھا دیتا ہے -
عُطارِد (ع امذ) بُدھ ستارا - دبیرِ فلک منشی آسمان - کیمیاگر جست دھات کو کہتے ہیں -
عطارد رقم (ع اصف) بہت اچھا لکھنے والا -
عطارد منش (عف اصف) ذہین - تیز طبع -
عطّاری (ع امث) عطار کا پیشہ - دوا فروشی -
عَطائی (ا امذ) بے استاد - بلا مدد استاد اپنے شوق سے کسی کام کو سیکھ جانے والا -
عُطْلُب (ع) زردی -
عِطْر (ع امذ) خوشبو - سُگندھ - مہک - ست - خلاصہ - لُب لباب - جوہر -
عطر دان (عف امذ) عطر رکھنے کا برتن -
عطر کا پھویا (ا امذ) عطر میں ترکی ہوئی رُدئی -
عطر کھینچنا - یا - نکالنا (ا) ست نکالنا - کشید کر کے خوشبو کا تیل نکالنا - النس نکال لینا - طاقت کھینچ لینا - خلاصہ نکالنا - جوہر نکال لینا -
عطر و پان کی تواضع (ا امث) مہمان کی خاطر و مدارات -
عطریات (ع امذ) عطر کی جمع -
عَطَش (ع امذ) پیاس - تشنگی -
عَطْف (ع امذ) موڑنا - پھیرنا - لپیٹنا - کسی کلمہ یا کلام کو دوسرے کلمہ یا کلام کی طرف پھیرنا -
عَطِیَّہ (ع امذ) دی ہوئی چیز - انعام - بخشش - عطا -

ع - ظ

عَظْم (ع امذ) ہڈی - استخوان -
عُظَما (ع امذ) عظیم کی جمع - بڑے لوگ - بزرگ لوگ -
عَظَمت (ع امث) بڑائی - بزرگی - شان و شوکت - قدر و منزلت -
عُظمیٰ (ع امث) اعظم کی جمع - بڑی بزرگ -
عظیم (ع) بڑائی والا - بڑا - بزرگ کلاں - سخت نہایت -
عظیم الشان (ع) بہت بڑا - بڑی شان و شوکت والا - والا قدر -

ع - ف

عِفّت (ع امث) پاک دامنی - پاکیزگی - عصمت - پارسائی - پرہیزگاری -
عَفو (ع امذ) معافی - خطا بخشنا - بخشش -
عفو پیشہ (عف اصف) وہ جو معاف کرے -
عفو کرنا (ا) معاف کرنا - گناہ بخشنا - درگزر کرنا -
عفونت (ع امث) بدبو - گندگی - سڑاند -
عَفیف (ع) پارسا - پرہیزگار - پاک صاف - پاک دامن -
عفیفہ (ع امث) پرہیزگار عورت - پارسا عورت - باعصمت عورت - ستونتی عورت - پتی برتا -

ع - ق

عقاب (ع امذ) کالے رنگ کا طاقتور بلند پرواز شکاری پرندہ ہے (کیمیاگر) نوشادر - بالکسر بمعنی عذاب -
عقابی نظر (عف امذ) عقاب جیسی نظر -
عقار (ع امث) جڑی بوٹی - دوا -
عقائد (ع امذ) عقیدہ کی جمع -
عقب (ع امذ) پچھواڑا - پیچھے - پیٹھ پیچھے - پس پشت -
عقبہ (ع) وہ راہ جس سے گزرنا سخت کٹھن ہو -
عقبیٰ (ع امث) دوسرا جہان - آخرت - عاقبت -
عَقد (ع امذ) گانٹھ - بندھن - گرہ - گٹھ جوڑ - نکاح - قول اقرار - بیع - فروخت -
عقد بیع (ع امذ) فروخت کا اقرار نامہ -
عقد کرنا (ا) بیاہ کرنا - نکاح کرنا -
عُقدہ (ع امذ) گانٹھ - گرہ - گل جھٹی - پیچیدہ بات - مشکل معمہ - بھید - راز - دل کی بات - اُلجھاؤ - بکھیڑا - پیچ - کٹھن بات -
عُقد (ع) موتیوں کا ہار -
عقدہ حل ہونا (ا) گرہ کھلنا - مشکل دور ہونا - دقت رفع ہونا -
عقدہ کشائی (عف امث) مشکل حل کرنا - دقت دور کرنا - بھید کھولنا -
عُقدہ کھل جانا (ا) بھید کھل جانا - راز فاش ہو جانا - قلعی کھل جانا - مشکل حل ہو جانا -
عُقر (ع امذ) بانجھ پن - بانجھ ہونا -
عقرب (ع امذ) بچھو - کژدم - آسمان کا آٹھواں برج - برچھک -
عَقَرقَرحا (ع امذ) (دیکھو عاقر قرحا)
عقل (ع امذ) لغوی اونٹ کے پاؤں میں رسی باندھنا (اصطلاحاً) خرد - دانائی - بدھ - بُدھی - گیان - شعور - فہم - تمیز - بُرے بھلے کی شناخت کرنے کی قوت - ماہیت اشیاء معلوم کرنے کی طاقت - نفس ناطقہ - فرشتہ -
عقل انسانی (ع امث) انسان کی وہ قوت تمیز جس کے باعث

تمام حیوانات پر ممتاز ہے۔

عَقلِ اوّل (ع۔ امذ) سب سے پہلے پیدا شدہ فرشتہ۔ جوہرِ اوّل۔ جبرائیل۔ نورِ محمدیؐ۔

عَقل بڑی یا بھینس (ا۔ مثل) سمجھ اور تمیز اچھی چیز ہے یا بھینس (تمسخراً)

عَقل پر پتھر پڑنا (ا) عقل ماری جانی۔ بے وقوفی ہونا۔ عقل کا ستیاناس ہو جانا۔

عَقل پر پردہ پڑ جانا (ا) عقل کا جاتا رہنا۔ پاگل اور بے وقوف ہو جانا۔

عَقل پکڑنا (ا) ہوش میں آنا۔ تربیت پانا۔ شعور اختیار کرنا۔ تمیز پکڑنا۔

عَقل جانا (ا) حواس باختہ ہو جانا۔ ہوش نہ رہنا۔ ہوش جانا۔

عَقل چرخ میں آنا۔ یا۔ آ جانا }
عَقل چرخ میں ہونا } (ا) ہوش گم ہونا۔ حواس باختہ ہونا۔ ششدر ہو جانا۔ چوکڑی بھولنا۔ سٹی گم ہو جانا۔ اوسان خطا ہونا۔ ہوش و حواس قائم نہ رہنا۔ حیران ہونا۔ سمجھ میں نہ آنا۔

عَقل چرنے جانا (ا) عقل کا پاس نہ ہونا۔ عقل کا موجود نہ ہونا۔ ہوش و حواس ٹھکانے نہ رہنا۔

عَقل چکرانا۔ یا۔ چکر میں آنا (ا) اوسان خطا ہونا۔ متحیر ہو جانا۔ سمجھ سے باہر ہونا۔

عَقل چھو جانا (ا۔ محاورہ) تھوڑی سی عقل ہونا۔

عَقل حیران ہونا (ا۔ محاورہ) کچھ سمجھ میں نہ آنا۔

عَقل دنگ ہونا (ا۔ محاورہ) حیران ہونا۔ کوئی بات سمجھ میں نہ آنا۔

عَقلِ حیوانی (ع۔ امث) جانوروں کی فطرتی عقل جو انھیں قدرت نے دی ہے۔

عَقل خرچ کرنا۔ یا۔ دوڑانا (ا) غور و فکر سے کام لینا۔ سمجھ دوڑانا۔ دماغ لڑانا۔

عَقل دینا (ا) سمجھ کی بات بتانا۔ تدبیر بتانا۔ سدھانا۔ تربیت کرنا۔ شعور سکھانا۔

عَقل رکھنا (ا۔ محاورہ) عقل مند ہونا۔

عَقل سٹھیانا۔ یا۔ سٹھیا جانا (ا) بڑھاپے کے باعث عقل نہ رہنا۔ بوڑھا بے وقوف ہو جانا۔

عَقلِ سلیم (ع۔ امث) صحیح عقل۔ درست عقل۔ پوری عقل۔ رائے صاحب۔

عَقل کا پتلا (ا) مجسم عقل۔ نہایت عقل مند۔ نہایت ذکی و زود فہم۔

عَقل کا پورا (ا۔ مذ) (طنزاً) بالکل بے وقوف۔ نہایت احمق۔ مورکھ۔ کاٹھ کا اُلّو۔

عَقل کا چراغ گل ہو جانا (ا) عقل زائل ہو جانا۔ سمجھ نہ رہنا۔ سمجھ میں فرق آ جانا۔

عَقل کا دشمن (ا۔ مذ) عقل سے بیر رکھنے والا۔ بیوقوف۔ احمق۔ بدھو۔

عقل کا مارا (ا) بے وقوف۔ اُلّو۔ احمق۔ گاؤدی۔

عقل کام نہیں کرتی (ا۔ محاورہ) سمجھ میں نہیں آتا۔ عقل اور فہم سے باہر ہے۔

عَقلِ کُل (ع۔ امذ) عقل کامل۔ مُراداً نورِ محمدیؐ۔ جبرائیل علیہ السّلام۔ کنایتہً۔ عرشِ اعظم (ا) مشیر کل۔ پورا مختار۔ وہ مشیر جس کی رائے کے بغیر کوئی کام نہ کر سکیں۔

عقل کے طوطے اُڑ گئے (ا۔ محاورہ) عقل جاتی رہی۔ چھکے چھوٹ گئے۔ گھبرا گئے۔ حواس باختہ ہو گئے۔

عقل کی کوتاہی (ا۔ امث) سمجھ کا قصور۔ سمجھ کا گھاٹا۔ بے سمجھی۔ نادانی۔

عقل کے گھوڑے دوڑانا (ا) کسی کام میں دلیلیں دوڑانا۔ سوچ بچار کرنا۔ منصوبے باندھنا۔ خیال دوڑانا۔ بہانے لگانا۔ خوض کرنا۔

عقل کی مار (ا۔ امث) عقل کی پھٹکار۔ بے عقلی۔

عقل کے ناخن لو۔ یا۔ نعل بنواؤ (ا۔ محاورہ) سمجھ کی بات کرو۔ ہوش میں آؤ۔ بے وقوف نہ بنو۔

عقل میں آنا (ا) سمجھ میں آنا۔ سمجھ لینا۔ خیال میں آنا۔

عقل میں فتور پڑنا۔ یا۔ آنا (ا) سمجھ میں خرابی آنا۔ حواس ٹھکانے نہ رہنا۔

عُقَلَا (ع۔ امذ) عاقل کی جمع۔

عُقَلَائے زمانہ (عف۔ امذ) دنیا کے دانا۔ جہان کے عقل مند۔

عَقلاً (ع) عقلیہ طور پر۔ عقل کی رُو سے۔ از روئے عقل۔ بلحاظ عقل۔

عقل مند (عف) چتر سُجان۔ عاقل۔ عقل والا۔ سمجھدار۔

عقل مند کی دُور بلا (ا۔ کہاوت) عقل مند بڑے بڑے کام کر جاتے ہیں اور آفت سے بچ جاتے ہیں۔ عقل مند کی بلا دُور ہی رہا کرتی ہے۔

عَقلمندی (عف۔ امث) سمجھ۔ دانائی۔ فہم و فراست۔ ہوشیاری۔

عَقلی (ا۔ امث) منسوب بہ عقل۔ وہ بات جو بظاہر تو موجود نہ ہو مگر سمجھ میں آ جائے۔

عقوبت (ع۔ امث) دُکھ۔ عذاب۔ تکلیف۔ سرزنش۔

عقول (ع۔ امث) عقل کی جمع۔ دانائیاں۔ دسوں فرشتے۔

عقولِ عشرہ (ع۔ امذ) دسوں فرشتے۔ جنہیں اللہ تعالیٰ نے ایک دوسرے کے بعد پیدا کیا۔

عقیدت (ع۔ امث) کسی بات پہ دل لینا۔ دل کا ایمان۔ بھروسہ۔ اعتقاد۔ ایمان۔

عقیدت مند (عف) دیندار۔ معتقد۔ ارادت مند۔

عقیدہ (ع۔ امذ) لغوی۔ دل میں جما یا ہوا (مجازاً) اعتقاد۔ یقین۔ بھروسہ۔ ایمان۔

عقیدہ بگڑ جانا (ا۔ امص مرکب) بے ایمان ہو جانا۔ اعتقاد نہ رہنا۔

عقیدہ پکا ہونا (ا۔ امص مرکب) اعتقاد مضبوط ہونا۔

عقیدہ خراب ہو جانا (ا۔ امص مرکب) عقیدہ بگڑ جانا۔

عقیق (ع۔ امذ) سُرخ رنگ کا ایک پتھر (تشبیہاً) لبِ سُرخ معشوق۔

عقیق البحر (ع امذ) مُونگا۔
عقیق شجری (ع امذ) مُونگا۔
عقیقہ (ع امذ) لُغت میں پیٹ کے بال یعنی حمل میں بچے کے سر پر پیداشدہ بال۔ اصطلاح میں بچہ کا مُونڈن۔ سر مونڈنے اور نام رکھنے کی رسم جو ساتویں دن ادا کی جاتی ہے۔ لڑکی کے لیے ایک اور لڑکے کے لیے دو بکرے ذبح کر کے اُس کا گوشت کچا تقسیم کرتے ہیں یا پکا کر کھلا دیتے ہیں۔
عقیل (ع امذ) نہایت عقل مند۔ بڑا دانا۔ نہایت ذکی آدمی۔
عقیم (ع) بانجھ۔ وہ مرد یا عورت جس کا نطفہ قرار نہ پکڑے۔
عقیمہ (ع امث) بانجھ عورت۔ وہ عورت جس کے بال بچہ نہ ہوتا ہو۔

ع - ک

عکس (ع امذ) اُلٹا۔ اوندھا۔ خلاف۔ ضد۔ سایہ۔ پرچھائیں۔ پرتو۔ آئینہ یا پانی یا مجلا چیزیں۔ نظر آنے والی صُورت۔
عکاظ (ع) بازار کا نام جو درمیان نخلہ اور طائف کے ملک عرب میں ہے۔
عکس کھینچنا۔ یا۔ اُتارنا (ف) تصویر اُتارنا۔ سایہ کے ذریعہ فوٹو لینا۔
عکسی (ف) منسوب بہ عکس۔

ع - ل

عَلات (ع) اہرن۔ سندان جس پر لوہا پیٹا جاتا ہے۔
عِلاج (ع امذ) چارہ۔ اُپائے۔ تدبیر۔ دُرستی۔ بیمار کی دوا دارُو۔ معالجہ۔ بدلہ۔ سزا۔ عوض۔ پاداش۔ سیاست۔ سرزنش۔
علاج کرنا (ف) دوا دارو کرنا۔ معالجہ کرنا۔ دفعیہ کرنا۔ تدبیر کرنا۔ سزا دینا۔ دُرست کرنا۔ ٹھیک بنانا۔ سرزنش کرنا۔
علاج معالجہ (ع امذ) دوا دارو۔ دوا درمان۔
علاقہ (ع امذ) لگاؤ۔ تعلق۔ میل۔ دوستی۔ رشتہ۔ میل جول۔ سنبندھ۔ ملازمت۔ نوکری۔ عہدہ۔ پرگنہ۔ ضلع۔ حلقہ۔ تعلقہ۔ بٹی۔ زمینداری۔ جاگیر۔ ریاست۔ عملداری۔ حکومت۔ سرحد۔ حدود۔ سروکار۔ نسبت۔
علاقہ اُٹھ جانا (ف) سروکار نہ رہنا۔ تعلق نہ رہنا۔ لگاؤ نہ رہنا۔ قطع تعلق ہونا۔
علاقہ دار (عف امذ) رشتہ دار۔ سمبندی۔ تعلقہ دار۔ ضلعدار۔ ڈیلدار۔
علاقہ رکھنا (ف) نسبت رکھنا۔ واسطہ رکھنا۔ تعلق رکھنا۔ لگاؤ رکھنا۔

علاقہ (ع امذ) کسی چیز سے لٹکی یا بندھی ہوئی چیز۔ تلوار کا ڈورا۔ چابک یا رکاب کا تسمہ۔ حلقہ۔ پگڑی کا طرّہ۔
علاقہ بند (عف امذ) پٹوا۔ زیوروں میں ڈورا ڈالنے والا۔
علاقہ بندی (عف امث) پٹوے کا کام۔
علاقہ چھٹنا (ا/ محاورہ) تعلق جاتا رہنا۔
علاقہ دار (عف امذ) علاقے کا حاکم۔ مالک۔ رشتہ دار۔
علاقہ رکھنا (ا/ محاورہ) تعلق یا واسطہ رکھنا۔
علاقہ ملنا (ا/ محاورہ) جاگیر ملنا۔ علاقہ سپرد ہونا۔ حلقہ ملنا۔
عَلالت (ع امث) بیماری۔ دُکھ۔ درد۔ تکلیف۔ روگ۔ بہانہ کرنے بات۔
عَلّام (ع امذ) بہت جاننے والا۔ نہایت عالم و فاضل۔ ہر بات جاننے والا۔
عَلّام الغیوب (ع امذ) پوشیدہ باتیں جاننے والا۔ غیب کی ماضی و آئندہ باتیں جاننے والا۔
علامات (ع امث) علامت کی جمع۔ نشانیاں۔ بلائیں۔ بلیات۔
عَلامت (ع امث) نشانی۔ چھن۔ پتہ۔ سراغ۔ کھوج۔ اشارہ۔ کنایہ۔ مُہر۔ چھاپ۔ بیل۔ آثار۔
علامت تذکیر و تانیث (ع امث) نر و مادہ کے پہچاننے کی نشانی۔
علّامہ (ع امث) بہت جاننے والی عورت۔ نہایت عالم فاضل عورت۔ (اُردو مذکر) دانا اور فاضل آدمی۔ مکّار آدمی۔ نہایت چالاک مرد۔ (مؤنث) نہایت مکّار عورت۔ بد عورت۔ گستاخ عورت۔ نہایت چالاک عورت۔
علامۂ دہر۔ یا علامۃ الدہر (ع امذ) دُنیا بھر کا عالم فاضل۔ بہت بڑا عالم (بحالت صفت) سخت چالاک و ہوشیار۔ مکّار۔ عیّار۔ عیّارہ۔
علانیہ (ع) کھُلم کھُلا۔ سب کے سامنے۔ ظاہرا۔ آشکارا۔
عَلاوہ (ع) سوا۔ ماسوا۔ بجز۔ اس کے سوا۔
علاوہ ازیں (عف) اس کے سوا۔ اس کے باوجود۔ باوجودیکہ۔
علائق (ع امذ) علاقہ کی جمع۔ تعلقات۔ بکھیڑے۔
عِلّت (ع امث) روگ۔ دُکھ۔ بیماری۔ مرض۔ وجہ۔ باعث۔ سبب۔ نکمی (اور ناکارہ چیز۔ عادت بد۔ لت۔ وحشت۔ جھگڑا۔ بکھیڑا۔ اِلزام۔ بہتان۔ کوڑا کرکٹ۔ عیب۔ نقص۔ داغ۔ کلنک۔
عِلّت تامہ (ع امث) سبب کامل۔ پورا سبب۔ پوری وجہ۔ اصل باعث۔
علّتِ صُوری (ع امث) ظاہری سبب۔ صُورت اختیار کرنے کی وجہ۔
عِلّت غائی (ع امث) فائدہ۔ پھل۔ وجہ۔ نتیجہ۔ مقصود اصلی۔
علّتِ فاعلی (ع امث) سبب۔ ایجاد۔ وہ سبب جس سے کوئی شے بنی ہو۔

عِلّت لگا لینا (ل) عذاب خرید لینا - عادت ڈال لینا - اپنے پیچھے لگا لینا -

عِلّت لگانا (ل) تہمت دھرنا - الزام لگانا - ملزم بنانا - کسی چیز کا عادی ہونا -

عِلّت و معلول (ع / مذ) سبب اور مسبّب - کارن - کاریہ -

عَلَف (ع / مذ) گھاس - گیاہ -

عَلَف زار (ع ف / مذ) سبزہ زار - چراگاہ - ڈنگر ڈھور چرنے کی جگہ -

عِلَل (ع / مث) عِلّت کی جمع -

عَلَم (ع / مذ) نشان - نیزہ - جھنڈا - جھنڈی - بیرق - امام حسینؑ یا شہدا کے کربلا کا جھنڈا - خاص نام جس سے آدمی مشہور ہو - مشہور - رُسوا - بدنام - ننگا - بے غلاف - اُونچا کرنا - بلند کرنا -

عَلَم اُٹھنا (ل) محرم کی ساتویں تاریخ کو شہیدانِ کربلا کی یادگار میں جھنڈے نکالنا -

عَلَم بردار (ع ف / مذ) وہ شخص جو لڑائی یا سواری کے وقت فوج کا جھنڈا لے کر چلے - جھنڈا اُٹھانے والا - عَلَمدار -

عَلَم دار (ع ف / مذ) فوج کا جھنڈا لے کر چلنے والا - جھنڈا بردار - حضرت عباسؓ - ابن علی کرم اللہ وجہہ کا لقب ہے -

عَلَم بلند کرنا (ل / محاورہ) شہرت حاصل کرنا - اعلان کرنا - آغاز کرنا -

عَلَم کرنا (ل) تلوار کو میان سے نکالنا - ننگی تلوار کو اُوپر اُٹھا کر رکھنا -

عَلَم ہونا (ل) مشہور ہونا - رسوا ہونا - بدنام ہونا -

عِلْم (ع / مذ) جاننا - دانش - واقفیت - خبر - پدیا - گُن - ہنر - جوہر - جادُو - ٹونا - سحر - عمل تسخیر -

عِلْم اخلاق (ع / مذ) وہ علم جس کے ذریعے انسان کی عادتیں درست ہوں -

عِلْم ادب (ع / مذ) زبان دانی کا علم یعنی انشا و پردازی - معانی بیان - اخلاق وغیرہ -

عِلْم الٰہی (ع / مذ) وہ علم جس میں اُن امور سے بحث ہو جو وجود خارجی میں مادّے کے محتاج نہ ہوں -

عِلْم الیقین (ع / مذ) کسی کا بن دیکھے یقین کر لینا - یقین کی پہلی قسم ہے -

عِلْم باطن (ع / مذ، بہ ترکیب فارسی) وہ علم جس سے خداشناسی حاصل ہو -

عِلْم حاصل ہونا (ل / محاورہ) جاننا یا پڑھا ہوا یا د ہونا -

عِلْم دوست (ع ف / صفت) علم اور اہل علم کا مشتاق -

عِلْم لدنّی (ع / مذ) وہ علم جو کسی کو محض خدا تعالیٰ کے فیض سے بے محنت و بلا استناد حاصل ہو -

عُلَما (ع / مذ) عالم کی جمع - عالم فاضل لوگ -

عُلَمائے دہر (ع / مذ) دُنیا کے عالم - دُنیا کے فاضل -

عِلْمی (ع / منسوب بہ علم) علم سے متعلق - اس میں یا اسے نسبتی ہے -

عِلْمِیّت (ع / مث) پدیا - علم - علم ہونا -

عُلُو (ع / مذ) اُونچائی - بلندی -

عُلُوِ ہمّت - یا - عُلُو ہمّتی (ع / مث) ارادہ کی بُلندی - بلند ہمتی - ہمت کی بُلندی - عالی ہمتی -

عُلُوفہ (ع / مذ) خوراک - کھاجا - راتب - بھتہ - روزینہ - وظیفہ -

عُلُوم (ع / مذ) علم کی جمع - ہنر و فن -

عُلُوم مشرقی (ع / مذ) ایشیائی علم و فن - عربی - فارسی - سنسکرت - اردو زبان کے علوم -

عُلُوم مغربی (ع / مذ) وہ علوم جو یورپ کے مُلکوں میں اُن کی زبانوں میں رائج ہیں -

عَلَوی (ع) حضرت علیؓ کی اولاد - اصطلاحًا سیّد جو حضرت فاطمہؓ کی اولاد سے نہ ہو -

عُلْوی (ع / مذ) فرشتہ - ملک - ستارہ - کوکب - آسمانی -

عَلی (ع / مذ) اُونچا بلند - خدا تعالیٰ کا نام - خلیفہ چہارم کا نام -

عَلی بند (ع ف / مذ) ایک زیور کا نام ہے - جسے شیعہ لوگ کلائی پر باندھتے ہیں - جادُو کا اثر روکنے والا تعویذ - کُشتی کے ایک داؤ کا نام -

عَلی دُھت - یا - عَلی دُھت (ل) بڑا قد آور - قوی ہیکل -

عَلیٰ (ع) اُوپر - پہ - بر - حرف جر -

عَلَی الاتصال }
عَلَی التواتر } (ع) لگاتار - پے درپے - متواتر - یکے بعد دیگرے -

عَلَی الحساب (ع) چلتے حساب میں - لاحساب چکائے - بلا فصل حساب - بلاحساب - یونہی - پیشگی طور پر -

عَلَی الحساب دینا (ل) پیشگی طور پر دینا - بیج کے طور پر دینا - قرض دینا -

عَلَی الخصوص (ع) خاص طور پر - خاص کر - بالخصوص -

عَلَی الدّوام (ع) ہمیشہ کے لیے - ہمیشہ کے طور پر -

عَلَی الرّغم (ع) برخلاف - برعکس -

عَلَی السّحر (ع / متعلق فعل) سویرے - تڑکے -

عَلَی العادت (ع / متعلق فعل) عادتًا - رسمًا -

عَلَی الصّباح (ع) بہت سویرے - نُور کے تڑکے - تڑکے ہی -

عَلَی العموم (ع) عام طور پر - عمومًا -

عَلَی الفور (ع / متعلق فعل) فورًا -

عَلیٰ عہدہ (ع / متعلق فعل) اس کے زمانے میں -

عَلیٰ قدر مراتب (ع) حسب مرتبہ - مرتبہ کے موافق - درجہ وار -

عَلیٰ ہذا القیاس (ع) اسی قیاس پر اسی طرح سے - یونہی - ایسی طور پر -

عُلیا (ع / مث) اعلیٰ کی تانیث ہے - بہت بلند -

علیحدگی (ف / مث) الگ ہونا - جُدائی - تنہائی - خلوت -

علیحدہ (ع) علیٰ حدہ کا بگاڑ ہے - جُدا - نیارا - الگ - علاوہ - سوائے - متفرق - الگ الگ - شرکت سے باہر -

عَلیٰحدہ علیٰحدہ (ع) جُدا جُدا - الگ الگ - نیارا نیارا۔
علیٰحدہ کرنا (ل) چھانٹنا - چُننا - جُدا کرنا - موقوف کرنا۔
عَلِیل (ع) بیمار - روگی - دُکھیا۔
عَلِیم (ع) دانا - جاننے والا - علم والا - بڑا دانا - فاضل - خدائے تعالیٰ کا ایک نام بھی ہے۔
عَلَیہٖ (ع) اس پر - اس کے اُوپر۔
عَلَیہِ الرحمۃ (ع) اُس پر خدا کی رحمت ہو۔
علیہ السّلام (ع) اُس پر خدا کی مہربانی اور عنایت ہو - اُس پر سلام ہو۔
عَلَیہم (ع) اُن پر - اُن کے اُوپر - عَلَیہٖ کی جمع ہے۔
عَلَیہمُ السّلام (ع) اُن سب پر خدا کا درود اور سلام ہو۔
علی وَال - پنجاب ضلع لدھیانہ میں ہے - یہاں انگریزوں اور سکھوں کی لڑائی ہوئی تھی۔
عِلّیّین (ع امث) بہشت کا نام ہے - آسمان ہشتم - جنّت کے اُونچے اُونچے مکان یا جنّت کی کھڑکیاں - عِلّیّہ کی جمع ہے۔

ع - م

عَم (ع امذ) چچا - باپ کا چھوٹا بھائی۔
عم زادہ (عف امذ) چچا کا بیٹا - چچیرا بھائی - چچا زاد بھائی۔
عِمارت (ع امث) مکان - گھر - مسکن - محل - آبادی - بستی۔
عَماری (ع امث) ہاتھی کا ہودا - ہاتھی کا ہودج جو اُس کے اُوپر رکھ کر بیٹھتے ہیں۔
عُمّال (ع امذ) عامل کی جمع - حاکم - اہلکار - پرگنوں کے حاکم - تحصیلدار۔
عِمامہ } (ع امذ) پگڑی - منڈاسا - پھینٹا۔
عمامہ } دستار۔
عُمّان - عرب کی خود مختار ریاست - مسقط دارالحکومت ہے - قریب ہی خلیج عمان ہے۔
عَمَد (ع امذ) ارادہ - قصد - نیّت - منشا - اختیار سے کوئی کام کرنا۔
عَمداً (ع) جان بُوجھ کر - ارادتاً - قصداً - دیدہ دانستہ۔
عُمدگی (ف امث) خُوبی - گُن - ہُنر - بھلائی - بُزرگی۔
عُمدہ (ع) اچھا - خُوب - شریف - امیر - ذی مرتبہ - منتخب - پسندیدہ - معتمد - اعتبار والا - تحفہ - قابل تعریف - نفیس - اوّل درجہ کا - اعلیٰ قسم کا - خالص - کھرا - مزیدار - لذیذ - قیمتی - خلیق - نیک - خُوبصورت - خوش شکل - شکیل۔

عُمدۃُ الملک (ع امذ) مُلکی اعلیٰ عُہدہ داروں کا خطاب ہے جو شاہی زمانے میں ملا کرتا تھا۔
عُمر (ع امث) مُدّت - عرصہ - زمانہ - سن و سال۔
عُمر آخر ہونا (ار/ محاورہ) مرنے کے قریب ہونا - عمر ختم ہونا۔
عمر آنا (ار/ محاورہ) عمر کٹنا - عمر گزارنا۔
عمر ابد (ع امذ) عمر جو کبھی ختم نہ ہو۔
عُمر بڑی ہونا (ار/ محاورہ) عمر زیادہ ہونا - جب کسی کا ذکر ہو رہا ہو اور وہ آ جائے تو کہتے ہیں۔
عَمرو (ع امذ) ایک شخص کا نام تھا - اس کے بعد واؤ غیر ملفوظ کا اس لیے اضافہ کیا گیا ہے کہ عُمر اور عَمر میں امتیاز ہو جائے۔
عُمر بھر (ف) تمام عُمر - سدا - ہمیشہ - نت - جیتے جی۔
عُمر بھر کی روٹیاں سیدھی کر لینا (ف) بہت سا روپیہ اُڑا لینا - تمام عُمر کے خرچ کے قابل روپیہ بنا لینا۔
عُمر پٹہ لکھوانا - یا - لکھوا لانا - یا - لکھا لانا - یا - لکھا لینا (ف) ہمیشہ زندہ رہنے کا ٹھیکہ لے لینا - ہمیشہ رہنے کا ٹھیکہ لکھا لانا۔
عُمر تیر کرنا - یا - تیر کرنا (ف) عُمر گزارنا - عُمر کے دن پُورے کرنا - عُمر کاٹنا - بُرے حالوں جینا - اس طرح اُس طرح عُمر گزارنا۔
عُمر دراز (عف) خُدا کرے بڑی عُمر ہو جیتے رہو۔
عُمر رسیدہ (عف) عُمر کو پہنچ چکا ہوا - بڑا بوڑھا - تجربہ کار۔
عمر طبعی - یا - عُمر طبیعی (ع امث) اصلی عُمر - پُوری عُمر - حکمت اور فطرت کی رُو سے مقرّرہ عُمر۔
عُمر قید (ار/ امث) جیتے جی کی قید - عُمر بھر کی قید - حبس دوام۔
عُمر کا پیمانہ بھر جانا - یا - لبریز ہو جانا (ف) مرنے کا وقت آ جانا - زندگی پُوری ہو جانا۔
عُمر کاٹنا (ف) عُمر بسر کرنا - بدمزگی میں دن گزارنا۔
عُمر کے دن بھرنا - یا - پورے کرنا (ف) جُوں تُوں کر کے عُمر گزارنا - عُمر کے دنوں کا دھکا دینا۔
عُمرِ نُوحؑ (ع امث) حضرت نوحؑ کی سی عُمر - بہت دراز عُمر - بہت بڑی عُمر۔
عُمرہ (ع امذ) حاجیوں کی وہ عبادت جس میں ایامِ حج کے سوا خانہ کعبہ کا طواف کرتے ہیں۔
عُمق (ع امذ) گہرائی - تہہ - حوض - یا - دریا - یا - غار کی تھاہ - تعمق۔
عَمَل (ع امذ) کام کاج - کارج - دھندا - کارروائی - برتاؤ - استعمال - گُن - تاثیر - نشہ - سُکر - حکومت - راج - تخت - وقت - سما - دخل کا مرادف جیسے عمل دخل - جادو - ٹونا - منتر۔
عَمَل بیٹھنا - یا - بیٹھ جانا (ف) قبضہ ہونا - حکومت ہو جانا - عمل دخل

ہونا۔
عمل پانی (ا/مذ) نشہ پانی۔
عمل پڑھنا (ا) افسوں یا منتر وغیرہ کو خاص ترکیب سے پڑھنا۔
عمل دار (عف/مذ) حاکم۔ تحصیل دار۔ ضلع دار۔
عمل داری (عف/مث) حکومت۔ رواج۔ ریاست۔ علاقہ۔ قلمرو۔ اختیار۔ حکم۔
عمل دخل (عف/مذ) قبضہ۔ اختیار۔ حکومت۔ تخت۔
عمل درآمد (عف/مذ) تعمیل۔ کارروائی کرنا۔ کارروائی۔
عمل کرنا (ا) بات ماننا۔ کہنے کے مطابق کام کرنا۔ برتنا۔ اثر کرنا۔ نشہ پانی کرنا۔ قبضہ کرنا۔
عمل ہونا (ا) نشہ ہونا۔ قبضہ ہونا۔ کسی بات پر کاربند ہونا۔ حکومت ہونا۔
عملہ (ع/مذ) عامل کی جمع۔ اہل کار۔ دفتر کے ملازم۔ کچہری کے لوگ۔ مکان کا سامان۔
عملہ دخلہ (ا/مذ) قبضہ وتصرف۔ تحت وتصرف۔
عملہ فعلہ (ا/مذ) کسی دفتر کے ملازم۔ اہل کار۔ محکمے کے نوکر چاکر۔ مالی موالی۔
عملی (ع) منسوب بہ عمل۔ نشہ باز۔ نشئی۔ نشہ کا عادی۔
عموں (ع/مذ) چچا۔ باپ کا چھوٹا بھائی۔
عمود (ع/مذ) ستون۔ کھم۔ ترازو کی موٹھ۔ علم ہندسہ میں وہ خط مستقیم جو دوسرے خط پر سیدھا واقع ہو کر دونوں متصلہ زاویے باہم برابر پیدا کرے۔ عمود کہلاتا ہے۔ اور زاویے قائمے زاویہ کہلاتے ہیں۔
عموز (ع) گوشت دانتوں کی جڑوں کا۔ یعنی مسوڑھے۔
عمودوار (عف) بالکل سیدھا۔ کھنیا سیدھ۔
عموم (ع/مذ) عام۔ بیشتر۔ علی العموم۔ سب کو گھیرے ہوئے۔
عموماً (ع) عام طور پر۔ علی العموم۔
عمیم (ع) پورا۔ تمام۔ سب میں شامل۔ عام۔
عمیم الاحسان (ع/صف) سب پر احسان کرنے والا۔
عمیم النفع (ع/صف) سب کے لیے فائدہ مند۔
عمیق (ع) گہرا۔ ڈونگا۔ اتھاہ۔ ڈباؤ۔

ع - ن

عناب (ع/مث) ولایتی بیر جو نہایت گہرے سرخ رنگ کا ہوتا ہے۔
عناب تر (ع/مذ) معشوق کی انگلی۔
عنابی (ع/مث) عناب کے رنگ کا۔ سیاہی مائل سرخ۔ عناب جیسا۔
عناد (ع/مذ) دشمنی۔ لڑائی۔ سرکشی۔ بیر۔ ضد۔ ہٹ۔ کپٹ۔ کینہ۔
عنادل (ع/مذ) عندلیب کی جمع۔ بلبلیں۔
عناصر (ع/مذ) عنصر کی جمع۔ اصلی جزو۔ آگ۔ ہوا۔ مٹی۔ پانی۔ چاروں عنصر۔
عنان (ع/مث) باگ۔ باگ ڈور۔ راس۔
عنان تاب (عف/صف) اشارے پر چلنے والا۔
عنان کشیدن (ف) اطاعت کرنا۔
عنایات (ع/مث) بخشش۔ مہربانی۔ لطف۔ تحفہ۔ عطیہ۔ توجہ۔ التفات۔ عنایت کی جمع ہے۔ مگر اردو میں واحد بھی استعمال ہوتا ہے۔
عنایت (ع/مث) نوازش۔ مہربانی۔ لطف۔ توجہ۔
عنایت کرنا۔ یا۔ فرمانا (ا) مہربانی کرنا۔ احسان کرنا۔ بخشنا۔ دینا۔ توجہ کرنا۔
عنایت ہے (ا/محاورہ) مہربانی ہے۔ کرم ہے۔ نوازش ہے۔
عنب (ع/مذ) انگور۔ داکھ۔ کشمش۔
عنب الثعلب (ع/مذ) مکو۔ ایک دوائی کا نام ہے۔
عنبر (ع/مذ) ایک قسم کی نہایت عمدہ خوشبودار چیز ہے۔ جو آگ پر موم کی طرح پگھل جاتی ہے۔
عنبر اشہب (ع/مذ) کالے رنگ کا عنبر۔ سیاہ عنبر۔
عنبریں (عف) عنبر میں بسا ہوا۔ عنبر کے رنگ کا۔ کالا۔ نہایت خوشبودار۔ معطر۔ عطر آگیں۔
عند (ع) نزد۔ نزدیک۔ پاس۔ سامنے۔ آگے۔ ساتھ۔ متصل۔ پیش۔
عند الطلب (ع) بروقت مطالبہ۔ بلانے کے وقت۔ مانگنے کے وقت۔
عند الضرورت (ع) ضرورت کے وقت۔
عند الملاقات (ع) ملاقات کے وقت۔ بروقت ملاقات۔
عند الوقوع (ع) واقع ہونے کے وقت۔
عندلیب (ع/مث/مذ) بلبل ہزار داستان۔ گلدم۔
عندیہ (ع/مذ) رائے۔ ارادہ۔ منصوبہ۔ منشا۔
عندیہ پانا۔ یا۔ لینا۔ یا۔ معلوم کرنا (ا) بھید لینا۔ منشا معلوم کرنا۔ رائے دریافت کرنا۔
عنصر (ع/مذ) اصل۔ بنیاد۔ اصل جزو۔ اصل جڑ۔
عنفوان (ع/مذ) شروع۔ آغاز۔ ابتدا۔
عنقا (ع/مذ) ایک وہمی جانور کا نام ہے جسے آج تک کسی نے بھی نہیں دیکھا۔ صرف شاعرانہ ڈھکوسلا ہے۔ کمیاب۔ نادر۔ نایاب چیز۔ لمبی گردن والی عورت۔
عنقا ہونا (ا) نایاب ہونا۔ نادر وکمیاب ہونا۔ مشکل ہونا۔ دشوار ہونا۔ گم ہونا۔ غائب ہونا۔ ناپید ہونا۔
عنقائے مغرب (ع) طائر عظیم الجثہ۔ لمبی گردن والا جو بڑے بڑے جانوروں اور آدمیوں کو نگل جاتا تھا۔ بددعائے حضرت حنظلہ بن صفوان پیغمبر وقت۔ یہ بلا دفع ہوئی اور حق تعالیٰ نے اسے کسی جزیرے میں ڈال دیا۔

عنقریب (ع) نزدیک ہی - پاس ہی - جلد - فوراً -
عنکبوت (ع امث) مکڑی - مکڑا
عنوان (ع امذ) سرنامہ - سُرخی - شروع - آغاز - طور - ڈھنگ -
طرز - طریق - وجہ - سبب - باعث - باب - فصل -
عنید (ع اصف) لڑاکا - سرکش -
عنیف (ع اصف) تند خُو - سخت کام - مرتکب - لڑاکا -
عِنّین (ع) نامرد جو مرد عورت کے کام کا نہ ہو -

ع - و

عوّا (ع) وہ کُتّا جو زیادہ بھونکے -
عوارض (ع امذ) عارضہ کی جمع - بیماریاں - روگ - تکالیف -
عواطف (ع امث) عاطفہ کی جمع -
عواقب بین (عف اصف) دُور اندیش -

عوام (ع امذ) عامہ کی جمع - عام لوگ - مخلوق - پرجا - رعایا - جاہل لوگ -
جُہلا - بازاری لوگ -
عوامُ النّاس (ع امث) عام لوگ - عام آدمی - سب لوگ -
کُل لوگ -
عوامل (ع امذ) عاملہ کی جمع - عمل کرنے والے - حاکم لوگ - علمِ صرف
میں وہ حروف جو اکثر اسموں کی ہیئت کو بدل دیتے ہیں -
عوائب (ع امذ) عیب کی جمع -
عوج (ع) ایک بڑے قد والے شخص کا نام جو آدم علیہ السلام کے
وقت میں پیدا ہوا اور موسےٰ علیہ السلام کے زمانے تک زندہ
رہا - عمر تین ہزار پانچ سو برس کی پائی - درازئ قد اس قدر تھا
کہ طوفانِ نوحؑ کا پانی اُس کی کمر تک آیا تھا - اور موسیٰ علیہ السلام
کا عصا اُس کے ٹخنوں تک آتا تھا - حضرت موسیٰ نے ہی
اسے مارا - عوج بن عُنق غلط ہے - عوج بن عوق
صحیح ہے -
عود (ع امذ) واپسی - پھرنا - اِعادہ - لَوٹنا -
عود کرنا (ا) اِعادہ کرنا - پھر آ جانا - لَوٹ آنا -
عُود (ع امذ) ایک سیاہ رنگ کی لکڑی ہے جو جلانے میں نہایت
خوشبو دیتی ہے - اگر - سارنگی کی قسم کے ایک باجے کا
نام ہے -
عُود سوز (عف امذ) عود جلانے کی انگیٹھی - اگردان -
عود سیمین (عف امذ) صبح صادق -
عورات (ع امث) عورت کی جمع -
عورت (ع امث) انسان کے بدن کا وہ حصّہ جس کا ننگا کرنا شرم
کی بات ہے - لُگائی - استری - زن - نار - بیوی - جورُو -
زوجہ -

عورت کی عقل گدّی پیچھے }
عورت کی مت گدّی پیچھے } (ا اشل) عورت بے وقوف ہوتی ہے - اس لیے کسی بات کو دیر میں سمجھتی ہے -
عِوض (ع امذ) بدلا - مُعاوضہ - جُرمانہ - ڈنڈ - تاوان - قائم مقام -
بجائے - سزا - عذاب - تعزیر -
عوض لینا (ا) بدلہ لینا - کیے کی سزا دینا -
عوض معاوض (ف امذ) اُلٹا پلٹی - ادل بدل - معاوضہ
ہی -
عِوض معاوض گلہ ندارد (ف اشل) لینے دینے کے بعد پھر کیا شکایت -
عوضانہ (ا امذ) بدلہ - صِلہ - معاوضہ -
عِوضی (ا امذ) قائم مقام آدمی - قائم مقامی -
عِوضی دینا (ا) اپنی جگہ پر کسی دُوسرے آدمی کو قائم مقام لگا کر خود
رخصت لینا -
عون (ع امذ) مدد - امداد - کمک - معاونت -
عون اللہ (ع امث) خدا کی مدد - مددِ خدا -
عویص (ع اصف) مشکل - دشوار -

ع - ہ

عبہیر (ع امث) نرگس کی ایک قسم -
عہد (ع امذ) زمانہ - سال - وقت - قول و قرار - قسم - سوگند - حکومت کا زمانہ - سلطنت - پابندی -
عہد باندھنا (ا امحاورہ) اقرار کرنا - پکّا وعدہ کرنا -
عہد توڑنا (ا) اقرار کے خلاف کرنا - قول و قرار پر قائم نہ رہنا -
عہدِ حکومت (ع امذ) ایامِ سلطنت - بادشاہی کا زمانہ - فرمانروائی
کا وقت -
عہد شکن (عف امذ) اپنے قول و قرار پر قائم نہ رہنے والا - وعدہ
خلاف -
عہد شکنی (عف امث) وعدہ خلافی - اقرار کے خلاف -
عہد کرنا - یا - کر لینا (ا) قسم کھا لینا - وعدہ کر لینا - قول و قرار کر لینا
چھوڑ دینا - تیاگ دینا - ترک کر دینا -
عہد لینا (ا) کسی امر کا وعدہ لینا - قسم لینا - معاہدہ کرنا -
عہد نامہ (عف امذ) قول و قرار کی دستاویز - اقرار نامہ - معاہدہ -
عہد و پیمان (عف امذ) قول و قرار - قسما قسمی - اقرار مدار -
عہدہ (ع امذ) ذِمّہ - ضمانت - منصب - مرتبہ - درجہ - سرداری - افسری -
عہدہ برآ ہونا (ا) بری الذمہ ہونا - فرض ادا کر دینا - وعدہ پورا
کرنا - ڈیوٹی بھگتا دینا -
عہدہ پانا (ا) درجہ پانا - منصب حاصل کرنا -
عہدہ دار (عف امذ) مرتبہ والا - افسر - صاحبِ منصب -

ع ی

عَیّاب (ع/ مبالغہ) عیب جو - بدگو -

عِیَادَت (ع/ مث) بیمار کی خبر پوچھنی - بیمار پُرسی -

عِیَادَت کرنا (ف) بیمار کا حال پُوچھنا - بیمار پُرسی کرنا -

عِیَاذاً بِاللہ (ع) میں خدا سے پناہ مانگتا ہوں - اللہ کی پناہ -

عِیَار (ع/ مذ) کسوٹی - سونے چاندی کا کس دیکھنے کی پتھری - چاندی سونا تولنے کا کانٹا - حالت - حقیقت - کیفیت -

عَیّار (ع/ مذ) بکثرت چلنے پھرنے والا - مجازاً مکّار - فریبی - ٹھگ - چالیا - ہوشیار - چالاک - چھلیا - پاکھنڈی - فسادی - دغاباز -

عَیّاری (ع/ مث) مکّاری - دغا - چھل - چالاکی -

عَیّاش (ع) بہت عیش کرنے والا - آرام سے رہنے والا - بدکار - تماشبین -

عِیَال (ع ف/ مذ) بال بچّے - زن و فرزند - متعلقین -

عِیَال دار (ع ف/ مذ) کنبے والا - بال بچّے والا -

عیال داری میں پھنسنا (ف) گھربار کے بکھیڑوں میں اُلجھنا - بال میں گرفتار ہونا -

عَیَان (ع) آنکھوں سے دیکھنا - مجازاً ظاہر - کھُلا ہوا - الم نشرح - سب کے سامنے -

عَیَان راچہ بیان (ف/ مقولہ) ہاتھ کنگن کو آرسی کیا - ظاہر بات کو جتانے کی ضرورت نہیں -

عَیْب (ع/ مذ) بُرائی - خرابی - کھوٹ - داغ - دھبّا - دوش - کسر - قصور - قباحت -

عَیْب پوش (ع ف/ مذ) لوگوں کے عیب چھپانے والا - اُوپر کا عمدہ لباس -

عَیْب پوشی (ع ف/ مث) لوگوں کا عیب چھپانا - چشم پوشی - اغماض -

عَیْب تھُپ جانا (ف/ محاورہ) کسی کے سر جھوٹا الزام لگنا -

عَیْب جاننا (ف/ محاورہ) کسی بات کو بُرا سمجھنا -

عَیْب جُو (ع ف/ صف) عیب ڈھونڈنے والا - نکتہ چیں -

عَیْب چھپانا (ف/ محاورہ) پردہ پوشی کرنا -

عَیْب جُو - یا - عیب بیں (ع ف) نقص نکالنے والا - حرف گیر - خردہ گیر -

عَیْب دار (ع ف) ناقص - معیوب -

عَیْب سے بَری - یا - پاک ہونا (ف) بے عیب ہونا - بےنقص ہونا -

عَیْب کرنے کو بھی ہُنر چاہیے (ف/ محاورہ) } عیب بھی چالاک اور
عَیْب کردن را ہم ہُنر بایدش } عقلمند ہی نباہ سکتا ہے - بے وقوف کا ذرا سا عیب بھی بہت بڑا ہو جایا کرتا ہے -

عیب گیری کرنا (ف) نقص نکالنا - خرابیاں ظاہر کرنا - بدر نکالنا - عیب جوئی کرنا -

عَیبی (ف) عیب والا - معیوب - ناقص - بدذات - شریر - روگی - بیمار -

عید (ع/ مث) نہایت خوشی - مسلمانوں کی خوشی کا تیوہار - جشن کا دن -

عیدُالضّحیٰ - یا - اضحیٰ - یا - عیدِ قُربان (ع/ مث) بقرعید مسلمانوں کا وہ تیوہار جس میں حج اور قربانیاں کرتے ہیں -

عیدالفطر (ع/ مث) رمضان کے بعد کی عید جس میں فطرہ دیا جاتا ہے -

عید کا چاند (ف/ مذ) رمضان کے بعد کا چاند - ماہِ شوال - شوال کا مہینہ - قابلِ اشتیاق - نہایت پیارا - وہ شخص جسے بڑے انتظار اور شوق کے وقت ملیں - قابلِ قدر -

عید کا چاند نکلنا (ف) عید کا چاند نظر آنا - جس چیز کا سخت اشتیاق ہو - اُس کا نظر آنا -

عید کا چاند ہوجانا (ف) بہت کم دکھائی دینا - کمال اشتیاق اور خواہش کے بعد ملنا -

عید کے پیچھے ٹر - یا - عید پیچھے ٹر (ف/ کہاوت) خوشی کی بے موقع وقت گزر جانے پر نقل کرنا - جب تیوہار نکل گیا تو پھر خوشی کے کیا معنی؟

عید کے پیچھے چاند مبارک (ف/ کہاوت) موقع نکل جانے کے بعد مبارکباد دینا - بے موقع ذکر کرنا -

عید کی نماز (ف/ مث) عید کا دوگانہ - جو عیدگاہ میں ادا کیا جائے -

عیدگاہ (ع ف/ مذ) عید کی نماز پڑھنے کی جگہ -

عید منانا (ف) خوشی منانا - خوشی کرنا - جشن کرنا -

عید ہونا - یا - ہوجانا (ف) عید کا تیوہار ہونا - مُراد پُوری ہونا - کمال خوشی ہونا -

عیدی (ف/ مث) منسوب بہ عید - عید کا انعام - عید کا خرچ - عید کی مٹھائی جو سسرال سے آئے یا جائے - عید کے اشعار کا کاغذ - اُستاد کی طرف سے شاگرد کو تحریری مبارک بادِ عید -

عیسائی (عبرانی - فارسی/ مذ) نصرانی - حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پیرو -

عیسوی (عبرانی) منسوب بہ حضرت عیسیٰؑ - وہ سنہ سال جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش سے شروع ہوتا ہے -

عیسیٰ (عبرانی/ مذ) گناہ سے بچانے والا - حضرت عیسیٰ علیہ السلام جو دینِ عیسوی کے بانی تھے -

عیسیٰ بدینِ خود موسیٰ بدینِ خود (ف/ مثل) ہر شخص اپنے مذہب پر خوش ہے - دوسرے سے کوئی واسطہ نہیں - عیسائی اپنے دین پر خوش ہیں اور موسائی اپنے دین پر -

عَیش (ع/ مذ) خوشی کے ساتھ زندگی گزارنا - چین - سُکھ - آرام - خوشی - خرمی - لُطف - فرحت - رنگ رلیاں - آنند -

عَیش اُڑانا (ل) مزے اُڑانا۔ لُطف اُٹھانا۔ خوشی میں وقت گزارنا۔
مباشرت کرنا۔
عَیش کا بندہ (ا/مذ) موجی۔ جیوڑا۔ عیّاش۔ شہوت پرست۔
نفسانی خواہشات کا غلام۔
عَیش و عشرت (ع/مث) رنگ رلیاں۔ خوشی خرمی۔ نفسانی خوشی۔
عَین (ع/مذ) آنکھ۔ نین۔ چشم۔ پانی کا چشمہ۔ چشمۂ آفتاب۔
سردار۔ افسر۔ حقیقت۔ جوہر۔ حقیقی بھائی۔ سگا بھائی۔
ہوبہو۔ ٹھیک۔ بالکل۔ دُرست۔
عَین الثَّور (ع/مذ) ایک ستارہ۔
عَین الحیات (ع/مذ) آبِ حیات کا چشمہ۔
عَین الشّمس (ع/مذ) ایک پھول۔

عَینُ الیقین (ع/مذ) کسی چیز کو اپنی آنکھ سے دیکھ کر یقین کرنا۔
عَین غَین (ل) قریب قریب ملتا جُلتا۔ ہم شکل۔ متشابہ۔ ہم صورت۔
بھینگا۔ اینچا تانی۔ پُھلّی والا۔ اَحوَل۔
عَین بَعین } (ل) ہُوبہُو۔ بعینہٖ۔ مِن وعَن۔ ویسا ہی۔ ٹھیک ٹھیک۔
عَین بِالعَین } بالکل یکساں۔ باہم برابر۔
عَین عنایت (ع/مث) مہربانی۔
عَینک (ع ف/مث) آنکھ کا چشمہ۔ شیشے یا بلور کا تال جو آنکھ پر
روشنی بڑھانے کو لگاتے ہیں۔ کسی چیز کی سخت عادت۔
(کچہری والے) رشوت کے معنی لیتے ہیں۔

———٭———

غ (ع امذ) اردو کا چھبیسواں اور فارسی کا بائیسواں - عربی کا اُنیسواں حرف - حساب جمل میں اس کے عدد ایک ہزار فرض کیے گئے ہیں - لغت میں بمعنی گھٹا اور سیاہی - شعرا غبغل ہزار داستان سے بھی مراد لیا کرتے ہیں -

غ - ا

غاب (ع) جنگل - صحرا - شیر کا جنگل -
غالیا (لکھنؤ) فربہ اور کوتاہ قد آدمی -
غار (ع امذ) کھو - کھڈ - گڑھا - بہت گہرا -
غارَت (ع امث) لوٹ کھسوٹ - تاخت و تاراج - اُجاڑ - ویران - تباہ - خراب - برباد -
غارت غول (ا امذ) عورتیں - اکارت - ضائع - تباہ برباد - ناس - برباد شدہ - خانہ خراب (غارت غور کا بگاڑ ہے)
غارت غول ہونا (ف) تباہ ہونا - برباد ہونا - لُٹا جانا - ستیا ناس ہو جانا -
غارت کرنا (ف) تباہ کرنا - ناس کرنا - لوٹنا - ویران کرنا - ضائع کرنا - ناپید کرنا -
غارت گر (عف امذ) لٹیرا - دھاڑوی - ڈاکو - راہزن - قزاق -
غارت گری (عف امث) لوٹ مار - لوٹ کھسوٹ - تاخت تاراج -
غارت گیا } (ف) تباہ شدہ - برباد ہوا ہوا - لُٹا ہوا - خانہ خراب -
غارت کا مارا } مری لیا - اُجڑا پُجڑا - حالت نفرت میں بولتے ہیں -
غارت ہو (ف) ناپید ہو - مر جا - گم ہو - ہلاک ہو -
غارت ہوش (عف اصف) کنایۃً خوبصورت حسین معشوق -
غارت ہونا (ف) لُٹنا - تباہ و برباد ہونا - ناس ہونا - ویران ہونا - مسمار ہونا - اینٹ سے اینٹ بجنا - اکارت جانا - گم ہونا - کھویا جانا - ناپید ہونا - دنیا سے جانا - دفع ہونا - رخصت ہونا -

غارتی (ف امث) تابعیت (دیکھو غارت گیا)
غاریقون (یونانی امذ) ایک سفید رنگ دوا کا نام ہے - جو دست آور اور دافع اثر زہر ہے -
غازہ (ف امذ) اُبٹنا - اُبٹن - گلگونہ - ایک قسم کا خوشبودار سرخ رنگ کا پوڈر ہے - جسے خوبصورتی کے لیے رخساروں پر عورتیں مَلا کرتی ہیں -
غازی (ع امذ) غزا کرنے والا - کافروں سے لڑنے والا - کفار کو قتل کرنے اور مارنے والا - بہادر - سورما - شجاع - فتح مند - مسلمان بادشاہوں کا خطاب (فارسی میں نٹ بازی گر) -
غازی مرد (عف امذ) بہادر آدمی - گھوڑے کا خطاب -
غازی میاں (دم مدار) (امذ) شاہ مدار کے ماننے والے فقیروں کا نعرہ -
غاشیہ (ع امذ) زین پوش - پالان -
غاشیہ بردار (عف امذ) زین پکڑ کر چلنے والا نوکر - سائیس - خادم -
غاشیہ بردوش (عف) فرماں بردار - مطیع - حکم ماننے والا -
غاصب (ع) زبردستی دوسروں کا مال چھین لینے والا -
غافر (ع اصف) چھپانے والا - گناہ معاف کرنے والا -
غافل (ع) بے خبر - بے پروا - کم توجہ - بے فکرا -
غاق (ع) کوّے کی آواز -
غالب (ع) غلبہ کرنے والا - زبردست - بھاری - اکثر - منزور - فتحیاب - جیتنے والا - اُردو زبان کے ایک بلند پایہ شاعر مرزا اسد اللہ خان دہلوی کا تخلص بھی ہے -
غالب آنا (ا محاورہ) جیتنا - زیر کرنا - سبقت لے جانا -
غالی (ع) غلو کا اسم فاعل - حد سے گزرنے والا - ایک فرقہ جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو خدا مانتا ہے -

غالب آنا (ف) غلبہ کرنا - بڑھ جانا - دَر ہونا - زیر ہو جانا - جیتنا - فائق ہونا - زیادہ ہونا - بھاری ہونا - سبقت لے جانا -
غالب تھا (ف/محاورہ) یقین تھا - خیال تھا - گمان تھا -
غالب ہے (ف/محاورہ) یقین ہے - گمان ہے -
غالباً (ع) یقیناً - بالضرور - شاید - بظاہر - ظاہراً -
غالیچہ (ف/مذ) ایک قسم کا اُونی گلکاری دار فرش -
غانیہ (ع) وہ عورت جو حسن کے سبب زیور سے بے نیاز ہو - یا وہ جو سوائے اپنے شوہر کے دوسرے مردوں کی پروا نہ کرے -
غائب (ع) غیر حاضر - جو موجود نہ ہو - پوشیدہ - مخفی -
غائب غُلّہ (ف) بالکل گم - بالکل غائب - تپنٹ -
غائب غُلّہ کر دینا (ف) اڑا دینا - پتہ نہ لگنے دینا - چھپا دینا - پوشیدہ کر دینا -
غائبانہ (ع ف) پیٹھ پیچھے - غیر حاضری میں -
غائیت (ع) آخر - نہایت - انجام - حد - از حد - بے حد - بے حساب -
غایت درجہ (ف) آخری درجہ - آخیر درجے سے زیادہ -

غ - ب

غَبّ (ع) باری کا بخار -
غُبار (ع/مذ) گرد - دُھول - خاک - رنج - ملال - تیرگی - دشمنی - کینہ - دُھند - کہر -
غُبار اُٹھنا (ف) زمین سے گرد کا بلند ہونا - آندھی اُٹھنا - بخارات غلیظ کا بلند ہونا -
غُبار آلود - یا - آلودہ (ع ف/مذ) گرد سے بھرا ہوا -
غبار آنا (ف) رنج آنا - کدورت آنا - ناراضی پیدا ہو جانا -
غبار اُٹھنا (ف/محاورہ) زمین سے گرد بلند ہونا - آندھی اُٹھنا -
غبار بڑھانا (ف/محاورہ) ملال زیادہ کرنا - رنج بڑھانا -
غبار خاطر (ع/مذ) رنج ملال - ناراضی - خفگی - رنجش -
غبار رکھنا (ف/محاورہ) کدورت رکھنا - رنج رکھنا -
غُبار نکالنا (ف) دشمنی کرنا - بیر نکالنا - کینہ نکالنا - بدلہ لینا -
غبارا - یا - غُبارہ (ف/مذ) باریک کاغذ کا بنا ہوا ایک تھیلا جس کے اندر تیل سے تر کیا ہوا گیند روشن کر کے ہوا میں اُڑاتے ہیں - ہوائی جہاز - ایروپلین - ایک قسم کا آتشبازی گولہ -
غبارے سے ہوا نکلنا (ف/محاورہ) شیخی کرکری ہونا - غرور ٹوٹنا -
غُبغُب (ع/مث) ٹھوڑی کے نیچے کا لٹکا ہوا گوشت جو انسانی خوبصورتی میں داخل ہے -
غَبن (ع/مذ) سپرد شدہ مال میں سے چرانا - خورد برد - خیانت - خرید و فروخت میں نقصان دینا -
غبی (ع) کند ذہن - دیر میں سمجھنے والا - کم عقل - بے وقوف - کمزور - حافظہ والا -

غ - پ

غَپ (ف/مث) اُلفت میں بات (مجاز آ) جھوٹی اور شیخی کی بات - لاف - من گھڑت -
غپ شپ (ف/مث) جھوٹی بات - لغو اور بے ہودہ بات - اِدھر اُدھر کی باتیں -
غَپ (ف/مذ) کسی چیز کے جلدی سے حلق میں اُتر جانے کی آواز -
غَپا (ف/مذ) جلدی سے اندر اُتر جانے والا -
غپا غپ (ف) پے در پے - متواتر - لگاتار - بکثرت و افراط -
غَپّی } (ف/مذ) جھوٹا - پاٹیا - ڈینگیا -
غَپیا }

غ - ت

غتر بُود (ف) برباد کرنا - خراب کرنا - اُڑا لینا -

غ - ٹ

غَٹ (ف/مذ) جتھا - ٹولی - گروہ - ہجوم - جرگہ - نگلنے اور حلق میں اُتار جانے کی آواز - صراحی سے پانی یا شراب نکلنے کی آواز -
غَٹ غَٹ پینا (ف) جلدی جلدی پینا - ایک دم پینا -
غٹا غٹ (ف) متواتر پینے کی آواز -
غَٹ پَٹ (ف) گتھم گتھا - گتھم گتھا
غَٹ پٹ ہو جانا (ف) گتھم گتھا ہونا - لپٹ جانا -
غُٹر غوں - یا - غُٹرغُوں (ف/مث) کبوتر کے بولنے اور گونجنے کی آواز -
غُٹک جانا - یا - غُٹکنا (ف) نگل جانا - حلق سے نیچے اُتارنا -

غ - ث

غثیان (ع/مذ) جی متلانا - متلی - جی کچا ہونا -

غ - چ

غچ (ا/مث) تلوار کے گوشت میں گھسنے یا کیچڑ میں پیر چلنے کی آواز۔

غچا پچ (ا/مث) خنجر یا برچھی کے گوشت میں گھسنے کی آواز۔ دلدل میں چلنے کی آواز۔ متواتر تلواروں کے جسم پر پڑنے کی آواز۔

غچلی (و) گندہ۔ میلا۔ غلیظ جسم کی صفائی نہ رکھنے والا۔

غ - د

غد (ع) کل صبح۔

غدا (ع/مذ) ناشتہ۔ نہاری۔

غدار (ع) باغی۔ سرکش۔ بے وفا۔ بہت بڑا۔ کلاں۔

غدر (ع/مذ) بے وفائی۔ سرکشی۔ بغاوت۔ ہلچل۔ فساد۔ بلوہ۔ ہنگامہ۔ دنگا۔ کھلبلی۔

غدر کرنا۔ یا۔ مچانا (ا) باغی ہونا۔ بغاوت کرنا۔ شور و غل مچانا۔ بلوہ کرنا۔ بدانتظامی پھیلانا۔ فساد اٹھانا۔

غدود (ع/مذ) جلد کے اندر کی گانٹھ۔ گلٹی۔

غدیر (ع/مذ) تالاب۔ جوہڑ۔ جھیل۔ ڈابر۔ گنڈھ۔

غ - ذ

غذا (ع/مث) خوراک۔ کھانا۔ طعام۔

غذا لگنا (ا/محاورہ) غذا کا بدن پر اثر ہونا۔

غذائے ثقیل (ع/مث) بھاری خوراک۔ دیر ہضم کھانا۔

غذائے لطیف (ع/مث) ہلکی خوراک۔ زود ہضم کھانا۔

غ - ر

غر (ع) مرد غافل۔

غرا۔ یا۔ غرہ (ع/مذ) چاند کی پہلی تاریخ۔ شب ماہِ نو۔ چاند رات۔ گھوڑے کی پیشانی کا ایک دام سے زیادہ سفید داغ۔ ناغہ۔ تعطیل۔

غرہ بتانا۔ یا۔ کرنا } (ا) چاند کی پہلی تاریخ کا وعدہ کرنا۔ ٹالنا۔
غرا دینا } بہانہ کرنا۔ ناغہ کرنا۔ غیر حاضری کرنا۔ فاقہ کرنا۔

غرّہ / غرّا } (ع/مذ) گھمنڈ۔ فخر۔ مان۔

غرہ ہونا (ا) گھمنڈ ہونا۔ فخر ہونا۔

غرا کرنا۔ یا۔ غرے میں ہونا (ا) غرور کرنا۔ فخر کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔

غراں (ف/مذ) شور کرنے والا۔ گرجنے والا۔ خونخوار۔ غضبناک۔

غرانا (ا) غصے کی آواز نکلنا۔ شیر کی طرح دھاڑنا۔ گھڑکنا۔

غرائب (ع/مذ) غریب کی جمع۔ نادر چیزیں۔ عجائبات۔

غرب (ع/مذ) سورج ڈوبنا۔ دن چھپنا۔ مغرب کی سمت۔ پچھم۔ جانب قبلہ۔ مشرق کی ضد۔

غراب (ع/مذ) کوا۔ ایک قسم کی کشتی۔

غرب الہند۔ یہ جزیرے بحیرہ کریبین اور خلیج میکسیکو کو الگ کرتے ہیں اور آتش فشانی کے عمل سے بنے ہوئے ہیں۔ زمین زرخیز ہے۔ کھانڈ۔ تمباکو۔ سگریٹ اور پھل باہر جاتے ہیں۔ کیوبا اور ہیٹی دو بڑے جزیرے ہیں۔

غربا (ع/مذ) (غریب بمعنی مسافر کی جمع) مسافر لوگ۔ اجنبی لوگ۔ کنگال۔ تہی دست۔ تنگ حال۔ نردھن۔

غربال (ع/مث) چھلنی۔ آٹا چھاننے کا آلہ۔

غربت (ع/مث) سفر۔ مسافری۔ غریبی۔ تنگ دستی۔ محتاجی۔ حلم۔ بردباری۔ نرم مزاجی۔ عجز۔ انکسار۔

غربی (ع/مث) منسوب بہ غرب۔ مغرب کا۔ پچھم کا۔

غربیلہ (ف/مذ) ناز۔ نخرہ۔

غرض (ع/مث) نشانہ۔ ہدف (مؤنث) مطلب۔ مقصد۔ حاجت۔ ارادہ۔ نیت۔ مدعا۔ خواہش۔ چاہ۔ ضرورت۔ القصہ۔ حاصل کلام۔ بس۔ قصہ کوتاہ۔ قصہ مختصر۔ دشمنی۔ عداوت۔

غرض آشنا (صف) مطلبی لوگوں کا یار۔ خود غرض۔ مطلب کا دوست۔

غرض باؤلی ہوتی ہے (ا/کہاوت) مطلب انسان کو دیوانہ اور پاگل بنا دیتا ہے۔

غرض رکھنا (و) مطلب رکھنا۔ مدعا رکھنا۔ امید رکھنا۔ تمنا رکھنا۔

غرض کا باؤلا (ا/مذ) مطلب کا شیدا۔ مطلب کا دیوانہ۔ اپنے کام کا یار۔

غرض کرنا (ا) گرکان داروں کی اصطلاح ہے۔ اونے پونے بیچنا۔ سستا خرید و فروخت کرنا۔ اپنی گرں پوری کرنا۔ اپنا مطلب نکالنا۔

غرض مند (صف) حاجت مند۔ خواہش مند۔ خواہاں۔ طالب۔

غرض مند کرے یا دردمند کرے (ا/مثل) یا تو جسے کچھ کام ہو وہ مدد کرتا ہے یا خیر خواہ۔

غرض نکالنا (و) مطلب پورا کرنا۔ گرں نکالنا۔ نام نکالنا۔ کامیاب ہونا۔

غرض نکلی آنکھ بدلی (ا/مثل) مطلب نکل جانے کے بعد بے پرواہ کرنا۔

غرض والا اپنی گائے (ا/مثل) حاجت مند اپنے مطلب سے کام رکھتا ہے۔

غرضی (و) لاگو۔ خواہاں۔ خواہش مند۔ غرض مند۔

غرضیکہ (ا) القصہ۔ قصہ کوتاہ۔ حاصل کلام۔

غرفش (ا/مث) غصے کی بات۔ بحث۔ تکرار۔ مباحثہ۔ جھگڑا۔

غرفہ (ع/مذ) دریچہ۔ کھڑکی۔ جھروکا۔ تنہائی۔ خلوت۔

غرفے کی بات چیت (ا/مث) پوشیدہ باتیں۔ خفیہ باتیں۔ خلوت کی باتیں۔

غرق (ع / مذ) ڈوبنا - پانی سر سے گزر جانا - ڈوبا ہوا - غریق - نشہ میں چور - مخمور - مستغرق - محو -
غرقاب (عف) بالکل غرق - پانی میں ڈوبا ہوا - نشہ میں چور - گہرا پانی - ڈونگھا پانی - بھنور - گرداب - نہایت مصروف و مشغول -
غرقی (ع / مث) پانی میں ڈوبی ہوئی زمین - ڈباؤ - ڈوبنا - نشیب - پستی -
غُرم (ف) پہاڑی بھیڑ -
غروب (ع / مذ) سورج چھپنا - ڈوبنا - دن ڈوبنا -
غَرور (ع) فریب دینے والا - شیطان -
غُرور (ع / مذ) تکبر - گھمنڈ - فخر - گرب - ابھمان - ناز نعمت میں فریفتہ ہونا - دھوکا -
غرور کرنا (ل) اترانا - فخر کرنا - گھمنڈ کرنا -
غریب (ع) مسافر - اجنبی - پردیسی - نادر - انوکھا - عجیب - عاجز - مسکین - شریر کی ضد - مفلس - نادار - کنگال - محتاج - امیر کی ضد -
غریب الوطن (ع / مذ) مسافر - پردیسی - بے وطن -
غریب پرور (عف) غریبوں کی پرورش کرنے والا - حاکموں اور اعلیٰ پایہ لوگوں کی نسبت لکھتے اور بولتے ہیں -
غریب خانہ (عف / مذ) وہ مکان جہاں غریبوں کو کھانا ملے - غریب کا گھر - کسر نفسی کے طور پر اپنے مکان کے لیے بھی بولتے ہیں - لنگر خانہ -
غریب زادہ (عف) مسافر زادہ - حرامی -
غریب غربا (ل / مذ) کنگال - محتاج - بھوکے ننگے -
غریب کی جورو سب کی بھابی (ل / کہاوت) غریب پر ہر ایک کا بس چل سکتا ہے - غریب کو ہر ایک برا بھلا کہہ لیتا اور مذاق کر لیتا ہے -
غریب نے روزے رکھے دن بڑے آئے (ل / مثل) غریب کی ہر طرح شامت ہے - مصیبت میں مصیبت آتی ہے -
غریب نواز (عف) دیکھو غریب پرور -
غریبانہ - یا - غریبا مئو (ل) غریبوں کے لائق - روکھا سوکھا دال دلیہ -
غریبی (عف / مث) مسافرت - سفر - ناداری - مفلسی - اجنبیت - مسکینی - عاجزی - محتاجی - ان ہوت -
غریبی آنا (ل) محتاج ہو جانا - کنگال ہو جانا - ناداری آ جانا -
غریق (ع) ڈوبا ہوا - غرق شدہ - مستغرق - محو - مصروف - نہایت متوجہ -
غریقِ رحمت (ع) خدا تعالیٰ کی رحمت میں ڈوبا ہوا - مرحوم - مغفور -
غریقِ رحمت ہو (ل / محاورہ) خدا اس کو اپنی رحمت میں جگہ دے - خدا بخشے - خدا اس کو جنت نصیب کرے -

---

غ - ز

غزا (ع / مذ) جہاد - دشمنانِ دین کے ساتھ جنگ کرنا -
غزال (ع / مذ) ہرن کا بچہ - ہرنوٹا -
غزال چشم (عف) بڑی بڑی آنکھوں والا -
غزالِ ختن (عف / صف) شہر ختن کا آہو - معشوق -
غزالِ رعنا (عف / صف) معشوق -
غزالِ شہری (عف / صف) کنایۃً معشوق -
غزالہ (ع / مث) ہرن کا مادہ بچہ -
غزل (ع / مث) لغت میں عورتوں سے باتیں کرنا - عورتوں کے عشق کا ذکر - اصطلاح میں وہ نظم جس میں حسن و جمال - فراق و وصال - شراب و کباب - فنا و معرفت - ہجو و نصیحت وغیرہ کا ذکر ہو - کم از کم پانچ زیادہ سے زیادہ اکیس مگر طاق شعر شرط ہیں -
غزل پڑھنا (ل) غزل سنانا - غزل خوانی کرنا -
غزل خواں (عف) غزل پڑھنے والا -
غزل خوانی (عف / مث) مشاعرہ - غزلوں کا پڑھا جانا -
غزل کہنا (ل) غزل بنانا - شعر کہنا -

غ - س

غسّال (ع / مذ) مردے کو نہلانے کا پیشہ کرنے والا - مردہ شو - نہلانے والا -
غسّالہ (ع / مث) غسّال کی تانیث - مردہ عورتوں کو نہلانے والی عورت -
غسل (ع / مذ) تمام جسم کا دھونا - نہانا - اشنان - دھونا -
غسل خانہ (عف / مذ) نہانے کی جگہ - حمام (ستقادہ پنجابی)
غسل صحت (ع / مذ) بیماری سے شفا پاکر نہانا - تندرستی کا نہانا -
غسل کرنا (ل) نہانا - حمام کرنا - اشنان کرنا -
غسلِ میت (ع / مذ) مردے کا غسل - مردے کو نہلانا -

غ - ش

غشاء (ع) پردہ - جھلی - غلاف - مہین -
غش (ف / مذ) بے ہوشی - سکتہ - فریفتہ - عاشق - معشوق -
غش آنا / غش کرنا (ل) بے ہوش ہونا - بے خبر ہو جانا - سکتہ کا عالم ہونا -

غش کھانا - یا - کھا کر گرنا (ا) بے ہوش ہو کر گرنا - بے خبر ہو کر گرنا - فریفتہ ہونا - عاشق ہونا -
غِش (ع) کھوٹا - ملاوٹ - غیر خالص - کدورت - خیانت -
غشی (ع/مث) بے ہوشی - سکتہ کی حالت - بے خبری -
غشیان (ع) جماع کرنا - بے ہوش ہونا -

ع - ص

غصَب (ع/مذ) زبردستی لینا - چھین لینا - دبا لینا - بد دیانتی -
غصب کرنا (ا) زبردستی یا ظلم سے لینا - کسی کا حق جبراً رکھ لینا -
غُصّہ (ع/مذ) وہ رنج جس سے گلا گھٹ جائے - رنجش خفگی - عتاب -
غُصّہ اُتارنا (ا) کسی سے خفا ہونا - اور اس کا بدلہ کسی سے لینا -
غصہ بہت زور تھوڑا - مار کھانے کی یہی نشانی (ا/مثل) کمزور کا غصہ اس کی شامت کا باعث ہوتا ہے -
غصہ پینا - یا - تھوک دینا } (ا) جوش روکنا - غصہ دور کرنا - جانے
غصہ تھوک ڈالنا - غصہ مارنا } دینا - معاف کر دینا - مان جانا -
غصہ چڑھنا (ا) خفا کرنا - بھڑکانا - اکسانا - ناراض کرنا -
غصہ دلانا (ا) خفا کرنا - بھڑکانا - اکسانا - ناراض کرنا -
غصے سے بھوت ہو جانا (ا) غصے کے مارے آپے سے باہر ہو جانا دیوانہ سا ہو جانا - نہایت غضب ناک ہو جانا -
غصہ کرنا (ا) خفا ہونا - ناراض ہونا -
غصہ میں بوٹیاں کاٹنا (ا) نہایت خفا ہونا - خفگی میں آکر رفع غضب کو اپنا جسم دانتوں سے کاٹنا -
غصہ میں بھر جانا - یا - لال ہو جانا (ا) غضب ناک ہو جانا - نہایت برافروختہ ہونا - خشم ناک ہونا - آپے سے باہر ہو جانا -
غُصن (ع) درخت کی شاخ -
غصہ ناک پر ہونا (ا) ذرا سی بات پر غصہ آجانا - نہایت زود رنج ہونا -
غصہ نکالنا (ا) دشمنی نکالنا - بدلہ لینا - دل کا بخار نکالنا -
غصہ ور (ع ف/صفت) بدمزاج - جلد غصہ میں آجانے والا -
غصیل - یا - غصیلا (ا) بدمزاج - تند مزاج - کرودھی - مغلوب الغضب -
غصے ہونا (ا) ناراض ہونا - خفا ہونا -

غ - ض

غَضَب (ع/مذ) غصہ - قہر - کرودھ - کروپی - آفت - مصیبت - فتنہ - افسوس - زبردستی - ظلم و ستم - آفت کا پرکالہ تعریف اور مبالغے کا کلمہ بھی ہے - سخت دشوار - کٹھن -

غضب آلود - یا - آلودہ (ع ف) غصہ میں بھرا ہوا غضب ناک -
غضب آنا - یا - ٹوٹنا (آفت آنا - کم بختی آنا - بلا نازل ہونا - شامت آنا -
غضب الٰہی (ع/مذ) خدا کا قہر -
غضب پڑنا (ا) عذاب الٰہی میں پھنسنا - مصیبت پیش آنا -
غضب توڑنا (ا) ظلم ڈھانا - فساد برپا کرنا - غصہ کرنا -
غضب ٹوٹ پڑنا (ا/محاورہ) عذاب آنا - مصیبت آنا -
غضب جوتنا (ا/محاورہ) ہنگامہ مچانا -
غضب خدا کا (ا) کسی کام سے نفرت ظاہر کرنے کے موقع پر بولتے ہیں - جیسے غضب خدا کا یہ کام بھی کرنے کا ہے - تعجب اور حیرت کے اظہار کے لیے بھی بولتے ہیں جیسے غضب خدا کا کتنی بلندی سے کود پڑا -
غضب ڈھانا (ا) نہایت ظلم کرنا - سخت آفت یا بلا لانا - کوئی عجیب یا انوکھی بات کرنا -
غضب کرنا (ا) فساد اٹھانا - ستم برپا کرنا - آفت ڈھانا - برا کرنا - نامناسب اور بے جا کام کرنا - نرالی بات کرنا - اندھیر کرنا -
غضب کی (ا) بے حد - بے طرح - قابل تعریف - بے ڈھب -
غضب میں پڑنا - یا - گرفتار ہونا (ا) آفت اور مصیبت میں گرفتار ہونا - بلا میں پھنسنا -
غضب ناک (ع ف) غصے میں بھرا ہوا - خفا - برہم - برافروختہ - بے خود -
غضب ناک ہونا (ا) غصے ہونا - خفا ہونا - لال ہونا -
غضب ہونا (ا) کام بگڑنا - کوئی بے جا حرکت ہونا - قیامت ہونا - نہایت حسین اور خوبصورت ہونا -
غَضَبَن (ا/مث) عیارہ - مکارہ - آفت کی پڑیا - آسمان میں تھگلی لگانے والی -
غَضَبی (ا/مث) غصیلا - تند مزاج - ظالم - نڈر - آفت - بے ڈھب -
غضروف (ع) کری ہڈی -

غ - ف

غَفت (ا) غفص کا مخفف - دلدار - موٹا - دبیز - گاڑھا کپڑا -
غفّار (ع) نہایت بخشنے والا - معاف کرنے والا - اللہ تعالےٰ کا نام -
غفص (معرب گپس) (دیکھو غفت)
غفلت (ع/مث) سستی - بھول - چوک - بے خبری - بے پروائی - بے ہوشی - غشی - اونگھ - نیند - خواب -
غَفُور (ع) معاف کرنے والا - خطا بخش - اللہ تعالیٰ کا وصفی نام -
غفور الرحیم (ع) بخشنے اور رحم کرنے والا - خدا تعالیٰ کے وصفی نام -
غفیر (ع) بہت - کثیر - کثرت - انبوہ - ہجوم - جیسے جم غفیر -

غ - ل

غُل (ف ا مذ) شور۔ بلوہ - ہنگامہ - فریاد - فغاں - رولا - چیخ دھاڑ - ہانک - پکار -
غُل غپاڑا (ا مذ) چیخ دھاڑ - ہو ہا - شور وغوغا - آہ و فریاد -
غل کرنا - یا - مچانا (ل) شور مچانا - چیخنا - چلّانا - پکارنا -
غلاظت (ع امث) لغوی موٹائی - اصطلاحًا گاڑھاپن - رقّت کی ضد - گندگی - نجاست - ناپاکی - میلا - بول وبراز -
غِلاف (ع امذ) پوشش - نیام - میان - تکیے وغیرہ کے اُوپر کا کپڑا - خول - رضائی وغیرہ کے نیچے کا کپڑا -
غلافنا - یا - غلیفنا (ل) شیرہ چڑھانا - کسی چیز کو مٹھائی کے قوام میں غوطہ دینا -
غلافی آنکھ (ا امث) وہ جھکی ہوئی لمبوتری آنکھ جو پپوٹوں سے ڈھکی ہوئی ہو -
غُلام (ع امذ) داس - خدمت گار - نوجوان لڑکا - کلمہ انکسار و عجز بمعنی نیازمند - فدوی - ملازم - نوکر - نمک خوار - تاش کے ایک تصویر والے پتے کا نام -
غلام بنانا } (ل) تابع فرمان اور مطیع بنانا -
غلام کرنا } فرماں بردار بنانا -
غلام بے دام (ع ا ف امذ) ادنیٰ غُلام - بن داموں کا غلام -
غُلام زرخرید (عف امذ) خریدا ہوا بردہ - چیلا - شاگرد - مرید -
غُلام کا غلام (ا اصف) غلام کا غلام - ادنیٰ درجہ کا غلام -
غُلام کی ذات سے وفا نہیں (ا امقولہ) غلام بے وفا ہوتا ہے -
غُلام گردش (عف امذ) پردہ کی دیوار - وہ دیوار جو حرم سرا اور دیوان خانے کے درمیان حائل ہو - نوکر چاکر غلام وغیرہ کے حاضر رہنے کا برآمدہ -
غُلام مل (ا امذ) مدتوں رہنے اور غلام کی طرح کام دینے والی چیز -
غُلام ہونا (ل) تابع ہونا - فرماں بردار ہونا - مطیع ہونا -
غُلامی (ا امث) فرمانبرداری - اطاعت - قید - اسیری -
غُلامی اختیار کرنا (ل) نوکری قبول کرنا - غلام بننا -
غُلامی کا خط لکھ دینا (ل) غلام ہوجانے یا غلام بن جانے کا عہد وپیمان کر دینا -
غُلامی میں دینا (ل) ٹہل خدمت کو دینا - سیوا میں دینا -
غُلبلا (ا امث) بے تابی - اضطراب -
غُلبلے (ا امذ) القاب -
غَلبہ (ع امذ) زبردستی - زور آوری - زور - حملہ - جیت - فوقیت - زیادتی - ترجیح - بیشی -
غَلبہ پانا (ل) فتح پانا - ور ہونا - غالب ہونا - فتح یاب ہونا -
غلبہ رائے (ع امث) کثرت رائے - رائے کی زیادتی -
غلبہ کرنا (ل) غالب آنا - حملہ کرنا - فتح پانا -
غَلَط (ع) صحیح کی ضد - چُوک - بھول - نادُرست - جھوٹ - بے جا - خلاف -
غَلَط العام (ع امذ) عام غلطی جسے سب استعمال کریں - اصطلاحًا وہ بات جسے تمام زبان دانوں نے فصاحت کے باعث استعمال کیا ہو -
غَلَطُ العوام (ع امذ) جُہلا اور بازاری لوگوں کی غلطی - جیسے پتھر سے پھتر - یہ قابل سند نہیں ہوتی -
غَلَط بردار (عف امذ) کاغذ چھیلنے کا اوزار - کھُرچنے والا ریزر -
غلط ٹھہرانا (ل) غلط ثابت کرنا - جھوٹا قرار دینا -
غلط فہمی (عف امث) نا سمجھی - معمولی غلطی - اُلٹا سمجھ لینا -
غَلَط نامہ (عف امذ) صحت نامہ - غلطیوں کی فہرست -
غلطی (ع امث) بھول چوک - سہو - خطا - دھوکا - غلط فہمی -
غلطی کرنا - یا - کھانا } (ل) بھولنا - بھول جانا - چُوک جانا - خطا کرنا -
غلطی میں پڑنا } خلاف کرنا - دھوکا کھانا -
غلطاق (ف) گرنہ (غلتاق)
غَلطان (ف) لڑھکتا ہوا - چکراتا ہوا (مذکر) ایک قسم کا کپڑا - لبستہ - بستنی -
غلطاں وپیچاں (ف امذ) متفکر - حالت فکر میں - لڑھکتا پڑتا -
غَلط (ع امذ) ایک قسم کا موٹا کپڑا - تلوار کا نیام - میان شمشیر - غلاف -
غِلظت (ع امث) گاڑھاپن - گندگی - دبیزپن - موٹائی - کثافت -
غُلغلہ (ف امذ) شور وغُل - شہرت - دھاک -
غُلف (ع) کسی چیز کا غلاف میں کرنا -
غَلق (ع) دروازہ بند کرنا -
غُلک - یا - غولک (ف امث) آمدنی ڈالنے کا برتن - گلّہ یا غلّہ - بکری کی نقدی رکھنے کا ظرف -
غُلک میں دھرنا (ل) جمع کرنا - گلہ میں ڈالنا - جیب میں رکھنا -
غِلمان (ع امذ) غُلام کی جمع - نو عمر لڑکے - جنّت میں بہشتیوں کے خادم -
غُلُو (ع امذ) لغوی تا حدِ امکان ہاتھ بلند کرنا - مجازًا ہجوم حد سے گزرنا - علم بیان میں وہ مبالغہ جو عقل اور عادت دونوں کے خلاف ہو -
غِلول (ف امذ) غُلّہ مارنے کی کمان -
غُلولہ (ف امذ) گولی - غُلّہ -
غُلّہ - یا - غلیلہ (ا امذ) مٹی کی گولی - انٹا -
غَلّہ (ع امذ) اناج - اَن - زمین کی پیداوار - نقدی رکھنے کا برتن -
غلّہ بھرنا (ا محاورہ) اناج کا ذخیرہ کرنا -
غلّہ فروش (عف امذ) اناج بیچنے والا - بنیا - بقّال -
غَلیظ (ع) گاڑھا - موٹا - دبیز - پلید - ناپاک - گندا - میلا - دُھندلا - مکدر -

غُلیل (ف) (امث) غلّہ چلانے کی کمان ۔
غُلیل اُتارنا (ف) (محاورہ) غلیل کا کھچا ڈھم کرنا ۔
غُلیلہ (ف) (امذ) غلولہ ۔ غلّہ ۔
غَلیواز (ف) (امث) چیل ۔ زغن ۔ ایک مُردار خوار جانور کا نام ہے ۔
غلیواز را با کبوتر چہ کار (ف) (اشل) ۔ چیل کا کبوتر سے کیا کام ۔ غیر جنس سے دوستی یا محبت نہیں ہو سکتی ۔

غ - م

غَم (ع) (امذ) رنج ۔ ملال ۔ دُکھ ۔ درد ۔ تکلیف ۔ سوگ ۔ ماتم جلوس تاسف ۔ فکر ۔ چِنتا ۔ خیال ۔ دھیان ۔
غم خوار (ع ف) دوسرے کے درد کا ساتھی ۔ صابر ۔ بُردبار ۔ متحمل ۔ سمائی کرنے والا ۔
غم خواری (ع ف) (امث) ہمدردی ۔ دردمندی ۔ تحمل ۔ بردباری ۔ صبر ۔
غم خواری کرنا (ف) ہمدردی کرنا ۔ دُکھ درد میں ساتھ دینا ۔ تحمل کرنا ۔
غم دیدہ ۔ غم رسیدہ ۔ غم زدہ (ع ف) دُکھی ۔ دُکھیارا ۔ دُکھیا ۔ مصیبت زدہ ۔
غم غلط (ف) (امذ) غم بٹانے والی چیز یا کام یا آدمی ۔ دل بہلاوا ۔ دل لگی ۔ تفریح ۔ سیر تماشہ ۔ مجازاً شراب ۔
غم غلط کرنا (ف) دل بہلانا ۔ غم بھلانا ۔ تفریح طبع کرنا ۔
غم کرنا (ف) رنج کرنا ۔ افسوس کرنا ۔ ماتم کرنا ۔ نوحہ کرنا ۔ کڑھنا ۔
غم کھانا (ف) دُکھ اُٹھانا ۔ رنج اُٹھانا ۔ فکر کرنا ۔ افسوس کرنا ۔ ماتم کرنا ۔ سوگ کرنا ۔ جھیلنا ۔ برداشت کرنا ۔ غم سہنا ۔
غمگسار (ف) ہمدرد ۔ دردمند ۔ غم خوار ۔ بیماری کی دوا درمن کی خبر رکھنے والا ۔ تیماردار ۔
غمگساری (ف) (امث) غم خواری ۔ تیمارداری ۔ بیمارداری ۔
غمگین }
غمناک } (ع ف) پُر از غم ۔ مغموم ۔ رنجیدہ ۔ دلگیر ۔ دُکھی ۔ آزردہ ۔ اُداس ۔ پژمردہ خاطر ۔
غم نہ داری بُز بخر (ف) (اشل) فکر نہیں تو بکری پال لے ۔ ایسے موقع پر بولتے ہیں جہاں کوئی شخص خواہ مخواہ مصیبت سر لے لے ۔
غمّاز (ع) آنکھ سے اشارہ کرنے والا ۔ مجازاً چغلخور ۔ سخن چین ۔
غمّازی (ع) (امث) چغل خوری ۔ عیب چینی ۔ بدگوئی ۔
غمزہ (ع) (امذ) اشارہ ۔ آنکھ مارنا ۔ عشوہ ۔ رمز ۔ ناز نخرہ ۔ پیار ۔ لاڈ ۔ اخلاص ۔
غمزہ جتانا }
غمزہ دکھانا } (ف) ناز دکھانا ۔ نخرے کرنا ۔ اترانا ۔
غمام (ع) (امذ) بادل ۔ ابر ۔
غموس (ع) وہ جھوٹی قسم جو جان بوجھ کر کھائی جائے ۔ کسی کا مال غصب کرنے کے لیے ۔
غمی (ف) (امث) میّت ۔ موت ۔ رنج ۔ دُکھ ۔ شادی کی ضد ۔ ماتم ۔ سوگ ۔

غ - ن

غَنَاء (ع) سُود ۔ نفع ۔ فائدہ ۔
غِنَاء (ع) (امذ) نغمہ ۔ راگ ۔ سُرود ۔ گیت ۔
غِنَا (ع) (امث) توانگری ۔ امیری ۔ دولت مندی ۔ بے پروائی ۔ بے نیازی ۔ استغناء ۔
غنائم (ع) (امذ) غنیمت کی جمع ۔ لُوٹ کا مال ۔
غُنچہ (ف) (امذ) کلی ۔ بن کھلا پھول ۔ شگوفہ ۔ نہایت آباد ۔ گنجان ۔ معمور ۔ جیسے وہ شہر تو غنچہ ہے ۔ منڈل ۔ جتھا ۔ جماعت ۔ جھُرمٹ ۔ پریوں کا اکھاڑا ۔ مجازاً دہن معشوق ۔ دہن تنگ ۔ پستہ لب ۔ پستہ دہن ۔
غنچہ آب (ف) حباب ۔ بُلبلہ پانی کا ۔
غنچہ آرزو کھلنا (ف) (محاورہ) آرزو بر آنا ۔
غنچہ چٹکنا ۔ یا ۔ چٹکنا (ف) کلی کا کھل کر پھول بننا ۔ کلی کھلنا ۔ پھول کھلنا ۔
غنچہ دہان ۔ یا ۔ غنچہ دہن (ف) چھوٹے سے منہ والا معشوق ۔
غنچۂ ناشگفتہ (ف) بند کلی ۔ بن کھلی کلی ۔ مجازاً باکرہ ۔ کنواری کنیا ۔ دوشیزہ ۔
غُنڈا (ف) (امذ) لُچا ۔ شہدا ۔ بدمعاش ۔ بھڑوا ۔ غُنڈا ۔
غُنغنا ۔ یا ۔ غُنغنا (ف) ناک میں بولنے والا ۔ بھِنکنے کی سی آواز والا ۔
غُنغنانا (ف) ناک میں بولنا ۔ ناک میں گانا ۔ آہستہ آہستہ ناک میں گانا یا پڑھنا ۔
غُنغُن (ف) (امذ) ناک میں بولنے کی آواز ۔ منہ میں گانے کی آواز ۔
غُنغُنی (ف) (امث) ناک میں بولنے والی عورت ۔
غنودگی (ف) (امث) اُونگھ ۔ نیند ۔ خمار ۔
غنودگی آنا (ف) (محاورہ) اونگھ آنا ۔ نیند آنا ۔
غُنّہ (ع) (امذ) ناک کی آواز ۔ وہ نون جس کی آواز ناک میں سے نکلے ۔
غنی (ع) دولت مند ۔ امیر ۔ بے پروا ۔ دھونتا ۔
غنیم (ع) لوٹنے والا ۔ لٹیرا ۔ دشمن ۔ مخالف ۔ عدو ۔ بَیری ۔
غنیم چڑھ آنا (ف) (محاورہ) دشمن یا غیر ملک پر چڑھ آنا ۔
غنیمت (ع) (امث) لُوٹ ۔ لُوٹ کا مال بلا تکلف ہاتھ لگا ہوا مال ۔ قابل قدر چیز ۔ عمدہ ۔ بہتر ۔ مفید ۔ فائدہ مند ۔
غنیمت جاننا }
غنیمت سمجھنا } (ف) قدر کرنا ۔ عزت کرنا ۔
غنیمت ہے (ف) (محاورہ) کافی ہے ۔ شکر کا مقام ہے ۔ بہتر ہے ۔

غ - و

غَوّاص (ع/مذ) غوطہ لگانے والا - غوطہ خور - ڈُبکی لگانے والا۔
غَوّاصی (ع/مث) غوطہ خوری - ڈُبکی لگانی - غوطہ مارنا۔
غوامض (ع/مذ) غامضہ کی جمع چھپی ہوئی باتیں - بھید - باریکیاں - گہری باتیں - نکتے - دقیق باتیں۔
غَوث (ع/مذ) فریاد کو پہنچنے والا - فریاد رس - فریاد - اہلِ اسلام میں ولایتِ الٰہی کا ایک درجہ بھی ہے۔
غَوچی (ت) مُرغ کی کلغی۔
غَوچی (ت) چھوٹا گڑھا۔
غَور (ع/مث) گہراؤ - تہ - عمق - پست زمین - فکر - سوچ - بچار - شُدھ - خبرگیری - مشغولی - شغل (مذکر فارسی) عجم کے ایک ملک کا نام ہے۔
غور پرداخت (الف/مث) خیال - توجّہ - پالن - پرورش - حفاظت - رکھ رکھاؤ۔
غَورطلب (ع) قابلِ فکر - سوچنے بچارنے کے قابل۔
غَور کرنا (ل) فکر کرنا - دھیان کرنا - سوچنا - بچارنا - توجہ کرنا - علاج معالجہ کرنا۔
غُورَہ (ف/مذ) کچے - کھٹے انگور جن کا شربت بناتے ہیں - کیری کبوتروں کا ایک رنگ۔
غَوری (ف) غور کا رہنے والا - ایک قسم کا برتن - جس میں پلاؤ وغیرہ کھایا جاتا ہے۔
غَوز (ل/مث) گپ - بے ہودہ بات - ڈُل - شیخی - ڈینگ - لاف۔
غوزی - یا - غَوزیا (ل) گپی - ڈینگیا - شیخی خورا - یاوہ گو۔
غوطہ پر غوطہ آنا (ار/محاورہ) غش پر غش آنا - بہت پسینہ آنا۔
غوطم جارا کھیلنا (ار/محاورہ) باہم جھوٹ موٹ پتنگ لڑانا۔
غوطم غوطا (ار/مذ) تیرنے والوں کا آپس میں ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔
غوطہ (ا/مذ) کنکوے کا اوپر سے نیچے کو آنا - بے ہوشی - غشی - استغراق۔
غوطہ لگانا - یا - مارنا (ل) ڈُبکی مارنا - چھپا رہنا - غائب رہنا - پوشیدہ رہنا - خوب سوچنا - کسی خیال میں ڈوبا رہنا۔
غوطہ میں آنا (ل) غشی میں آنا - بے ہوش ہو جانا۔
غوطہ (ع) ڈُبکی - پانی میں ڈوبنا۔
غوطہ خور (عف) ڈُبکی لگانے والا - غَوّاص - ایک آبی پرندے کا نام - جل کوا - پن ڈُبی۔
غوطہ دینا (ل) ڈوب دینا - ڈُبکی دینا - تر کرنا - بپتسمہ دینا - دین عیسوی میں داخل کرنا - دھوکا دینا۔
غوطہ غوطی (ار/مث) بار بار غوطہ دینا۔
غوطہ کھانا (ل) ڈوبنا - غرق ہونا - ڈُبکی لگانا - بھُول - بھٹکنا۔
غوطہ مارنا (ل) ڈُبکی لگانا - غور و فکر کرنا - خوض کرنا۔
غوغا (ف/مذ) شور و غُل - رولا - بھیڑ - ہجوم۔
غوغائی (ل) شور کرنے والا (عوزمیں) واہی تباہی - بے ہودہ - احمق - بے وقوف - جھوٹا - باطل - ایک قسم کا پرندہ جسے ڈومنی بھی کہتے ہیں۔
غَوک (ف/مذ) مینڈک - وادر - ڈڈو۔
غول (ف/مذ) گروہ - ہجوم - جماعت - بھیڑ - جگھٹا - پرا - ٹولی - کان - گوشں - جیسے اسپ غول بوجہ شباہت گوشِ اسپ - چھلاوہ - بھوت پریت۔
غولِ بیابان - یا - بیابانی (ف/مذ) چھلاوہ - بھوت پریت ایک قسم کا جن جو آدمیوں کو رستہ بھلاتا ہے۔
غُوں غاں - یا - غُوں غُوں (ل/مث) دودھ پیتے بچے کے بولنے کی آواز۔
غُوں غاں کرنا (ل) ننھے بچوں کا بولنا۔
غَوی (ع) گمراہ - کجرو۔

غ - ی

غِیَاث (ع/مث) فریاد - داد خواہی - مولوی غیاث الدین صاحب رامپوری کی بنائی ہوئی ایک فارسی لغت کی کتاب کا نام بھی ہے۔
غَیب (ع/مذ) پوشیدہ - مخفی - غائب - خُفیہ۔
غَیب داں (عف) خُفیہ حال جاننے والا - خدائے تعالیٰ - عالم الغیب - نجومی - رمّال - جفّار۔
غَیبانی (ل/مث) ایک قسم کی گالی ہے جو عورتوں کو دی جاتی ہے۔
غَیبت (ع/مث) پس پردہ - پیٹھ پیچھے۔
غَیبت میں (ل) غیر حاضری میں - غائب میں - پس غَیبت۔
غِیبَت (ع/مث) بدگوئی - بدی - پیٹھ پیچھے کسی کے عیب بیان کرنا۔
غَیث (ع) باران - مینہ۔
غَیر (ع) سوائے - بجز - ماسوا - اجنبی - بیگانہ - جُدا - علیحدہ - دُوسرا - الگ - نیارا - بے میل - بدزیب - ناموزوں - بُرا - بُری - جیسے حالت غیر ہے (مذکر) رقیب - عدو - دُشمن - (حرفِ نفی) سابقہ - نا - بے خلاف - نہیں - جیسے غیر فتاہی - غیر مناسب وغیرہ۔
غَیر آباد (عف) ویران - اُجاڑ - غیر مزروعہ زمین۔
غیر حاضر (ع) غائب - ناموجود۔
غیر حاضری (عف/مث) ناموجودگی - ناغہ۔
غیر حالت - یا - حال ہونا - یا - ہو جانا (ل) حال سے بے حال ہونا - بدحال ہو جانا۔
غیر علاقہ - یا - علاقہ غیر (ا/مذ) دُوسرے کا علاقہ - اپنے اختیار یا علاقہ سے باہر۔

غیر کی بدشگونی کے واسطے اپنی ناک کٹائی (ا ؍ مثل) کسی کو بُرا کہنے کے واسطے اپنا نقصان کرنا۔
غیر کی آگ میں جلنا (ل) دوسرے کی مصیبت یا آفت میں پڑ جانا۔
غیر متحد (ع) بے میل۔ اجنبی۔ جس میں ملاپ نہ ہو۔
غیر متعہد (ع) ذمہ داری سے باہر۔ بلا قول و قرار۔
غیر مستعمل (ع) استعمال میں آیا ہوا۔ کورا۔ اچھوتا۔ متروک۔ منسوخ۔
غیر مشروط (ع) شرط جو شرط نہ کیا گیا ہو۔
غیر معتبر (ع) بے اعتبار۔ جس پر بھروسہ نہ ہو۔ دور از قیاس۔
غیر مکمل (ع) ادھورا۔ ناقص۔ ناتمام۔
غیر مقبوضہ (ع ؍ صف) جس پر کسی کا قبضہ نہ ہو۔
غیر ملفوظ (ع ؍ صف) وہ حرف جو لکھنے میں آئے مگر بولنے میں نہ آئے۔
غیر ممکن (ع) ناممکن۔ دشوار۔ مشکل۔ محال۔ جو تنے کے ناقابل زمین۔
غیر مناسب (ع) نامناسب۔ بے جا۔
غیر منقولہ (ع) اٹل۔ قائم۔ غیر متحرک۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ نہ جانے والی چیز جیسے مکان۔ زمین وغیرہ۔
غیر منکوحہ (ع) بے نکاحی عورت۔ مدخولہ۔ گھر میں ڈالی ہوئی۔
غیر موروثی (ع) جو ورثہ میں نہ آئی ہو۔
غیر نافذ (ع ؍ صف) جو جاری نہ ہو۔
غیر واجب (ع) ناواجب۔ ناجائز۔ خلاف قانون۔ یا۔ خلاف دستور۔ بڑے شمار کنندے والی کسر۔
غیر واقع (ع ؍ صف) جھوٹ۔ خلاف واقعہ۔
غیرت (ع ؍ مث) رشک۔ رشک سے جانا۔ حسد۔ رقابت۔ جلن۔ شرم۔ لاج۔ حیا۔ عار۔

غیرتِ چمن۔ یا۔ غیرتِ گلزار (ف ؍ مذ) رشکِ گلزار جس کے دیکھنے سے باغ کو رشک آئے۔ مجازاً معشوق۔
غیرتِ حور (ف) نہایت خوبصورت۔ حور کو شرم۔
غیرت سے مر جانا (ل) ننگ ناموس یا شرم کے باعث جان دینا۔ حیا سے جان دے دینا یا شرمندہ ہونا۔
غیرت کھانا (ل) شرمانا۔ لجانا۔ شرمندہ ہونا۔
غیرتِ ماہ (ع) چاند کو شرما دینے والا معشوق۔
غیرت مند (ع) نہایت غیرت والا۔ باشرم۔ حیا۔
غیریت (ا ؍ مث) اجنبیت۔ بیگانگی۔ مغائرت۔
غیض (ع) شگوفہ۔ کلی۔ جنگل میں تھوڑا سا پانی۔
غیظ (ع ؍ مذ) غصہ۔ قہر۔ غضب۔
غیظ و غضب (ع ؍ مذ) غصہ اور عتاب۔ عتاب و خطاب۔
غین (ع ؍ مث) نشہ کی ترنگ کی آواز۔ حالت بے ہوشی کی آواز۔ ٹریس۔ اکڑفوں۔ کالی گھٹا۔ تیرگی۔ سیاہی۔
غیں غیں (ا ؍ مث) جھگڑا۔ تکرار۔ بچوں کے رونے کی دھیمی دھیمی آواز۔
غین ہونا (ل) نشہ میں ڈوبا رہنا۔ مدہوش ہونا۔ نشہ میں غرق ہونا۔
غیور (ع) بہت غیرت کرنے والا۔ از حد رشک کرنے والا۔ پرلے درجے کا شرمیلا۔ نہایت باحیا و شرم۔

ف (ع امث) فارسی کا تیئسواں اور اُردو کا چھبیسواں اور عربی کا بیسواں حرف ہے۔ حسابِ جمل میں اس کے عدد اسّی فرض کیے گئے ہیں۔

ف - ا

فاتح (ع امذ) کھولنے والا۔ فتح کرنے والا۔ مظفر و منصور۔ شروع کرنے والا۔ ابتدا کرنے والا۔

فاتحہ (ع امث امذ) کھولنے اور فتح کرنے والی عورت۔ کسی چیز کی ابتدا۔ آغاز۔ سورۂ الحمد۔ کسی مُردے کی رُوح کو کچھ پڑھ کر ثواب پہنچانا۔

فاتحہ پڑھنا (ف) سورۂ الحمد وغیرہ پڑھ کر کسی مُردے کی رُوح کو ثواب بخشنا۔ نذر و نیاز دینا۔ ناامید ہونا۔ مایوس ہونا۔ ہاتھ اُٹھانا۔ توقع نہ رکھنا۔

فاتحہ خیر (ع امث) دُعائے خیر۔ مجازاً۔ نکاح۔ عقد۔

فاتحہ دینا (ف) کچھ قرآن شریف پڑھ کر کسی مُردے کو ثواب پہنچانا۔ نیاز دینا۔ نذر دینا۔

فاتحہ نہ درود کھا گئے مردُود (ف/ مثل) کسی چیز کے مفت ضائع اور اکارت جانے پر بولتے ہیں۔

فاتحہ نہ درود مر گئے مردُود (ف) کسی موذی اور ظالم شخص کے لاولد مرنے پر کہتے ہیں۔

فاتر (ع اصف) کمزور۔ ضعیف۔ سُست۔

فاتر العقل (ع اصف) جس کی عقل میں خرابی آگئی ہو۔

فاجر (ع امذ) بدکار۔ بدچلن۔ گنہگار۔ عاصی۔

فاجرہ (ع امث) بدکار عورت۔ بدچلن عورت۔

فاجعہ (ع اصف) دردمند کر دینے والا۔

فاحش (ع امذ) بدکار۔ نہایت بُرا۔ حد سے بڑھی ہوئی بری۔ شرمناک۔ قابلِ شرم۔ گالیاں بکنے والا۔ فحش کلامی کرنے والا۔

فاحشہ (ع امث) بدکار عورت۔ بیسوا۔

فاختہ (ع امث) کبوتر اور قمری کی قسم کا ایک پرندہ ہوتا ہے جسے گُگّی پنڈک اور فاختوڑی بھی کہتے ہیں۔

فاختہ اُڑانا (ف) مزے اُڑانا۔ گلچھرے اُڑانا۔ عیش و عشرت منانا۔

فاختی۔ یا۔ فاختئی (ف) خاکستری رنگ۔ خاکی۔ کرنجوی رنگ۔

فاخر (ع) فخر کرنے والا۔ مغرور۔ نازاں۔ عمدہ۔ بیش قیمت۔ قیمتی۔

فاخرہ (ع) نہایت قیمتی۔ بیش قیمت۔ عمدہ۔

فادزہر (مُعرب۔ پادزہر امذ) تریاق۔ دافع زہر۔ حافظ رُوح۔ زہر مُہرہ خطائی۔

فار (ع امذ) چُوہا۔ مُوسا۔ مُوش۔

فارخطی (ف امث) بے باقی کی تحریر۔ آزادی نامہ۔ طلاق۔ خطِ صفائی۔ (فارغ خطی کا بگاڑ ہے)

فارس (ف امذ) مُلکِ ایران کے ایک صوبے کا نام ہے جس میں اصفہان۔ شیراز وغیرہ شہر ہیں۔

فارس۔ خلیج فارس کے کنارے پر ہے۔ مشرق میں ریگستان ہے۔ شمال و جنوب میں البرز اور زیگرو پہاڑ۔ درمیان میں خشک سطح مُرتفع ہے۔ ذرائع آمد و رفت بڑے خراب ہیں۔ لوگ بڑے خلیق اور مہمان نواز ہیں۔ بھیڑوں کی اُون سے غالیچے اور قالین عمدہ بناتے ہیں۔

فارس (ع امذ) گھوڑا دوڑانے والا۔ گھُڑچڑھا۔ سوار۔

فارسی۔ یا۔ پارسی (ف) مُلکِ ایران کی زبان۔ فارس کی چیز۔ فارس کا۔

فارسی بگھارنا / فارسی بولنا (ف) فارسی زبان میں باتیں کرنا۔ ایسی زبان بولنا جسے دُوسرا نہ سمجھے۔

فارسی دان ۔یا ۔ فارسی خواں (ف) فارسی پڑھا ہوا۔
فارسی کی ٹانگ توڑنا (ل) غلط ملط فارسی بولنا۔ ٹوٹی پھوٹی فارسی بولنا۔
فارغ (ع) خالی ۔ بےچنت ۔ بےفکر ۔ آسودہ ۔ خوشحال ۔ بَری ۔ آزاد ۔ شاغل کی ضد۔
فارغ البال (ع) (فارغ بمعنی آسودہ اور بال بمعنی دل) آسودہ دل ۔ خوشحال ۔ آزاد ۔ مطمئن۔
فارغ البالی (ع امث) آسودہ دلی ۔ آزادی ۔ اطمینان ۔
فارغ الحال (ع) آسودہ حال ۔ بےفکر۔
فارغ خطی (ل) دوسرے سے اپنا مطالبہ وصول پالینے کی تحریر ۔ بےباقی کا اقرار۔
فارغ خطی لکھوانا (ل) حساب بےباق کر کے رسید لینا۔ زبردستی اقرار کرا لینا ۔ دھمکی سے رسید لکھوانا۔
فارغ ہونا (ل) مطمئن ہونا ۔ فرصت پانا ۔ چھٹکارا پانا ۔ خلاص ہونا۔ موقوف ہونا ۔ آزاد ہونا ۔ انزال ہونا۔
فارق (ع اصف) فرق کرنے والا۔
فاراب (ع) نام شہر کا جو اطرافِ ترکستان میں ہے جہاں معلّم ثانی شیخ ابونصر فارابی پیدا ہوئے تھے۔
فارم (انگریزی امذ) نقشہ ۔ نمونہ ۔ چھپا ہوا کاغذ جو دفتروں سے خانہ پُری کے واسطے ملے۔
فارمولہ (انگ امذ) قاعدہ ۔ کلیہ۔
فارن (انگریزی امذ) غیر ملکی ۔ غیر سلطنت ۔ بیگانہ ۔
فارن آفس (انگریزی امذ) دفتر ریاست ہائے غیر ۔ دفتر متعلق بہ دُوَلِ خارجہ۔
فارورڈ کرنا (ل) آگے کو چلتا کرنا ۔ ارسال کرنا ۔ بھیجنا ۔ چالان کرنا ۔
فارُوق (ع) فرق کرنے والا (مذکر) خلیفہ دوم حضرت عمر خطابؓ کا لقب ۔ ایک تریاق کا نام ۔ ایک تیزاب کا نام جس سے چاندی سونا الگ ہو جاتا ہے ۔
فارُوقی (ع) وہ آدمی جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی اولاد ہو ۔ عادت حالات وغیرہ ۔
فاژہ (ف امذ) جمائی۔
فاژہ (ف امث) جماہی ۔ انگڑائی ۔
فاسٹ (انگریزی) تیز ۔ سُست کی ضد ۔ تیز رفتار ۔ آگے ۔ بیش ۔ زیادہ۔
ناسخ (ع اصف) فسخ کرنے والا ۔ توڑنے والا ۔
فاسد (ع) تباہ ۔ برباد ۔ شریر ۔ بد ۔ بدمعاش ۔ جھگڑالو ۔ فسادی ۔ خراب ۔ نکما ۔ کھوٹا ۔
فاسق (ع امذ) جھوٹا ۔ دروغ گو ۔ بدکار ۔ گنہگار ۔
فاش (ف) ظاہر ۔ کھلا ۔ آشکارا ۔ ظاہرا ۔ صریح ۔
فاش غلطی کرنا (ل) کھلی غلطی کرنا ۔ بہت بڑی غلطی کرنا ۔

فاش ہونا (ل) ظاہر ہونا ۔ پرگھٹ ہونا ۔ طشت ازبام ہونا ۔
فاصِل (ع) جُدا کرنے والا ۔ الگ کرنے والا ۔ فرق کرنے والا ۔
فاصِلہ (ع امذ) دُوری ۔ عرصہ ۔ میدان ۔ بُعد ۔ مسافت ۔
فاضِل (ع) افزوں ۔ زیادہ ۔ فضول ۔ آئندہ ۔ بڑھا ہوا حساب سے زیادہ۔
فاضِلِ اَجَل (ع امذ) بہت بڑا فاضل ۔ نہایت بڑا عالم ۔ عالم متبحر۔
فاضِل باقی (ع امث) کمتی بڑھتی ۔ کم و بیش ۔ وصول اور باقی ۔ زائد ۔ باقی ماندہ ۔
فاضل باقی نکالنا (ل) وصول شدہ رقم کو حساب میں مجرا کر کے کمی بیشی پا لینا ۔ دینا نکالنا ۔
فاضِل ہونا (ل) عالم ہونا ۔ صاحب فضل و کمال ہونا ۔ فالتو ہونا ۔ کسی شے کا خرچ سے زیادہ ہونا ۔ جیسے آپ کے ہاں یہ شے فاضل ہے ۔
فاطِمہ (ع امث) بچوں کو دودھ پلانے والی عورت ۔ وہ عورت جس نے دوہی سال میں بچے کا دودھ چھڑا دیا ہو ۔ سیدۃ النساء حضرت فاطمۃ الزہرا کا نام مبارک ہے جو حضرت رسول کریمؐ کی دختر فرخندہ اختر تھی ۔
فَاعتَبِرُوا یَا اُولِی الاَبصَارِ (ع) سمجھ والو عبرت پکڑو۔
فاعِل (ع امذ) فعل کرنے والا ۔ کسی کام کے کرنے والا ۔ کرتا ۔ کرتار ۔ مرتکب ۔ مجرم ۔ وہ اسم جو کام کرنے والے کی ذات پہ اشارہ کرے ۔ زانی ۔ اغلامی ۔
فاعِل و مفعول (ع امذ) کسی کام کا کرنے اور کرانے والا ۔ عاشق و معشوق ۔ فعل بد کرنے اور کرانے والا ۔
فاقہ (ع امذ) برت ۔ روزہ ۔ بن کھائے ۔ بھوکا رہنا ۔ بھوک ۔
فاقہ توڑنا (ل/محاورہ) کچھ کھانا ۔
فاقہ زدہ (عف) بھوک کا مارا ۔ بھوکا ۔ کنگالی ۔ کنگال ۔
فاقے سے ہونا (ل/مص مرکب) بھوکا ہونا ۔ کچھ نہ کھانا ۔
فاقہ شکنی (عف امث) فاقہ کے بعد کھانا کھانا ۔ فاقہ توڑنا ۔
فاقہ کا مارا ہے (ل/محاورہ) غریب ہے ۔
فاقہ کرنا (ل) بھوکا رہنا ۔ کچھ نہ کھانا ۔
فاقہ کش (عف) بھوکا رہنے والا ۔ کنگال ۔ کنگلا ۔ غریب ۔ بھوکا ۔
فاقہ کشی (عف امث) غریبی ۔ مفلسی ۔ بھوکا رہنا ۔ تنگی ۔
فاقہ مست (عف امذ) مفلسی میں مگن رہنے والا ۔ تنگی میں خوش رہنے والا ۔ لنگوٹی میں پھاگ کھیلنے والا ۔
فاقہ مستی (عف امث) تنگی میں رنگ رلیاں ۔ لنگوٹی میں پھاگ ۔ مفلسی میں خوشی ۔
فاقہ ہونا ۔یا ۔ گزرنا (ل) بن کھائے رہنا ۔ بھوکا رہنا ۔
فاقوں (ع امذ) فاقہ کی جمع ۔
فاقوں کا مارا ۔یا ۔ فاقوں کا ٹوٹا (ل) وہ شخص جو بھوکا مرتے مرتے دُبلا اور لاغر ہو گیا ہو ۔ نہایت مفلس ۔ فاقہ زدہ ۔

فاکہہ (میوہ / اشل) انگور - سیب و انار -
فال (ع / مث) شگون - غیب کی بات - پیشین گوئی -
فال دیکھنا - یا - کھولنا - یا - لینا (ف) غیب کی بات معلوم کرنا - کسی کتاب یا پاسہ سے نیک یا بد شگون معلوم کرنا -
فال کی کوڑیاں مُلّا کو بھی حلال ہیں (ف / اشل) مشقت اور محنت کی اُجرت پرہیزگار اور پارسا آدمی کو بھی حلال ہے -
فال گو (عف / مذ) شگون دیکھنے اور بتانے والا -
فال نامہ (عف / مذ) شگون دیکھنے کی کتاب -
فال نکلنا (ف) شگون معلوم ہونا - غیب کی بات معلوم ہونا -
فالتو (ف) ضرورت سے زیادہ - بے کار - فاضل - بھاڑے کی راگ - قلی - مزدور -
فالج (ع / مذ) ادھرنگ - آدھے جسم کا ڈھیلا یا سُن پڑ جانا - استرخا - جسم کا سُست اور بیکار ہونا -
فالج گرنا (ف) ادھرنگ کی بیماری ہو جانا - یکایک بدن کا سُست اور ڈھیلا ہو جانا -
فالسہ (ف / مذ) اودے رنگ اور ترش و شیریں ذائقہ جیسے ایک جھاڑی کے بیر جیسا پھل -
فالسئی (ف) اودا رنگ - بینگنی رنگ -
فالودہ (ف / مذ) پکا اور جما ہوا نشاستہ جس کی سیویاں اور قتلے بنا کر شربت کے ساتھ گرمیوں میں پیتے ہیں -
فالودہ کھاتے دانت ٹوٹے تو بلا سے (ف / اشل) آسان کام کرنے کو جی گھبرائے تو بلا سے - اگر بھلائی میں بُرائی ہو تو ہوا کرے -
فالیز (ف / مث) لغت میں کشت زار (مجازاً) خربوزے - کھیرے - ککڑی وغیرہ کا کھانا -
فام (ف) رنگ - رنگت - گون - مانند - مثل - نظیر -
فانوس (ع / ف / مذ) چراغ دان - چمنی - پنجرے کی شکل کی باریک کپڑے یا کاغذ سے منڈھی ہوئی قندیل -
فانوس خیال - یا - فانوس خیالی (فع / مذ) ہاتھی گھوڑے وغیرہ کی تصویروں والا چکر کھانے والا - فانوس جو ہوا یا دھوئیں سے چکر کھاتا ہے -
فانہ (ف / مذ) جو پھانہ - ایک چپٹی لکڑی جس سے لکڑی کی درز کھولتے ہیں -
فانی (ع) فنا ہونے والا - معدوم ہونے والی - گم ہونے والی - مرنے والا - جان سے جانے والا - مٹ جانے والا -
فائدہ (ع / مذ) نفع - سود - نقصان کی ضد - لابھ - منافع - پھل - گن - غرض - مطلب - واسطہ - آرام - صحت - بیماری کی کمی - بہتری - بھلائی - پیداوار - آمدنی - کارآمد - مفید - مطالب -
فائدہ اُٹھانا (ف / محاورہ) نفع حاصل کرنا -
فائدہ بخش (ف / صف) فائدہ دینے والا -
فائدہ رساں (عف / صف) نفع دینے والا -
فائدہ مند (عف) مفید - کارگر - مؤثر - سود مند -
فائدہ ہونا (ف) نفع ہونا - صحت پانا - افاقہ ہونا -

فائر (انگریزی / مذ) آگ - آتش - بندوق چلانا -
فائرمین (انگریزی / مذ) آگ کا کام کرنے والا - انجن میں کوئلہ جھونکنے والا -
فائر بریگیڈ (انگریزی / مذ) آگ بجھانے کا کام کرنے والی جماعت -
فائز (ع) پہنچنے والا - کامیاب ہونے والا - فتح پانے والا -
فائز المرام (ع / مذ) مُراد پانے والا - بامُراد - کامیاب -
فائش (ع / صف) بہت افراط سے - قیاس -
فائق (ع) آگے بڑھنے والا - معزز - اعلیٰ - ممتاز -
فائل (انگریزی / مذ) لڑی - لائن - قطار - سلسلہ - سلک - نتھی - مُثلک خط پرو کر رکھنے کا تار یا ڈور - بنڈل - گٹھا - فرد - مثل - فہرست -
فائل کرنا (ف) نتھی کرنا - تار میں پرونا - شاملِ مثل کرنا -
فائن (انگریزی / مذ) جُرمانہ - ڈنڈ - تاوان - عُمدہ - نفیس - خوبصورت -

ف - ب

فَبِہا (ع / الکوی) پس ساتھ اس کے (اصطلاحی) - پس - بہتر - بہت خوب -

ف - ت

فَتیٰ (ع) بہادر - سخی -
فَتّاح (ع) کھولنے والا - حُکم کرنے والا - خداوند کریم کا صفاتی نام ہے -
فَتّان (ع) فتنہ برپا کرنے والا - آفت خیز - عموماً معشوق کی آنکھ کی صفت میں بولتے ہیں -
فتح (ع / مث) کھولنا - کشائش - جیت - ظفر (مذکر) حرکاتِ ثلٰثہ میں سے ایک حرکت کا نام ہے - زبر فتح - سکھوں کا سلام - بندگی -
فتح بولنا (ف) مُراد حاصل کرنا - کام بنانا (سکھ) سلام کہنا - ختم ہو جانا - ہو چکنا - جیسے گھی تو فتح بول گیا -
فتح پانا (ف) جیتنا - مظفر و منصور ہونا - نصرت پانا - ظفریاب ہونا -
فتح پیچ (ف / مذ) عورتوں کے بالوں کی ایک قسم کی گندھاوٹ - پگڑی باندھنے کا ایک خاص ڈھنگ - حقّہ کا ایک قسم کا نیچا -
فتح کا ڈنکا - یا - نقارہ بجانا (ف) جیتنے یا فتح مند ہونے کی خوشی میں نوبت بجانا - خوشی کے نقارے بجانا -

فتح کرنا (ل) جیتنا - غالب آنا - سر کرنا - کام بنانا -
فتح گڑھ (ل / مذ) وہ قلعہ یا عمارت جو کسی فتح کی یاد میں بنائی جائے -
فتح مند (ع ف) جیتنے والا - جیتو - غالب - فیروز مند -
فتح نامہ (ع ف / مذ) وہ تحریر جو کسی فتح کی خوشی اور حالات میں لکھی جائے - فتح کی چٹھی -
فتح و ظفر (ع / مث) جیت - ظفر - نصرت - ظفر مندی -
فتحہ (ع / مذ) حرف کی ایک حرکت کا نام ہے جو نصف الف کی آواز دیتا ہے - زبر - نصب -
فتح یاب (ع ف) جیتو - فاتح - فتح مند - مظفر - فیروز مند -
فتح یابی (ع ف / مث) جیت - فتح - ظفر -
فتراک (ف / مذ) شکار بند - زین کے ساتھ شکار وغیرہ باندھنے کے تسمے -
فترت (ع / مث) سستی - ضعف - دو پیغمبروں کے درمیان کا وقفہ - خلا -
فتق (ع) فوطے بڑھ جانے کی بیماری -
فتنت (ع / مث) چالاکی - شرارت - گمراہی -
فتنہ (ع / مذ) جھگڑا - فساد - گناہ - عذاب - دیوانگی - بڑلونگ - بغاوت - سرکشی - فتور - عاشق بشیدا - معشوق - دلبر - ایک قسم کے عطر کا نام - ایک پھول کا نام بھی - نہایت شریر - دنگئی - فسادی - شوخ - متفنی - آفت کا پرکالہ -
فتنہ اُٹھانا (ل) فساد کھڑا کرنا - جھگڑا اٹھانا - بکھیڑا کر دینا -
فتنہ انگیز - یا - فتنہ پرداز (ع ف) جھگڑالو - بکھیڑیا - فسادی - لڑائی کرانے والا -
فتنۂ جہاں - فتنۂ عالم (ع ف) دُنیا میں حشر برپا کرنے والا -
فتنۂ خوابیدہ (ع ف) چُھپا ہوا فتنہ - پوشیدہ فتنہ -
فتنہ زاد (ع ف) شور برپا کرنے والا - فساد اُٹھانے والا -
فتنی (ل / مث) چالاک عورت - عیارہ - فسادی عورت - مفسد عورت -
فتانت (ع / مث) جواں مردی - مروّت - بہادری - شجاعت -
فتاح (ع / مث) فتح کی جمع - آمدنی یافت - غیبی آمدنی - بُرد - کشادگیاں - نتیجیں - نصرتیں - جیتیں -
فتحت (ع / مث) فتوح کی جمع ہے -
فتوحی (ع / مث) صدری - مرزئی - واسکٹ - ایک قسم کی جاکٹ -
فتور (ع / مذ) فساد - خرابی - فتنہ - جھگڑا - دنگا - ٹنٹا -
فتور آنا (ل) خرابی واقع ہونا - نقص آنا - خرابی آنا -
فتور اُٹھانا - یا - برپا کرنا (ل) فتنہ اُٹھانا - فساد اُٹھانا - جھگڑا برپا کرنا -
فتور ڈالنا (ل) خرابی ڈالنا - رخنہ بننے کام کو بگاڑ دینا -
فتورِ عقل (ع / مذ) بے عقلی -
فتورِ ہضم (ع / مذ) ہاضمے کی خرابی -
فتوری - یا - فتور باز (ل) آگ لگاؤ - جھگڑالو - فسادی - لڑاکا - مفسد -
فتویٰ (ع / مذ) شرعی فیصلہ - شریعت کا حکم - قاضی شرع کا وہ فیصلہ جو کسی کام کے جائز یا ناجائز ہونے کی بابت صادر ہو -
فتویٰ دینا (ل) قانونِ مذہب کے مطابق حکم دینا - شرعی فیصلہ صادر کرنا -
فتیلہ (ع / مذ) بٹی ہوئی چیز - بتی - فلیتہ - پلیتہ -
فتیٰ (ع) مرد - جوان -

ف - ٹ

فُٹ (انگریزی / مذ) پاؤں - قدم - پیر - بارہ انچ کا ایک پیمانہ - گز کا تیسرا حصہ - ف کے نیچے زیر ہو تو معنی "ٹھیک" ہوگا -
فُٹ بال (انگریزی) پاؤں سے گیند کو لڑھکانے کا کھیل - پاؤں سے لڑھکانے کا گیند -
فٹن (انگریزی / مذ) ایک قسم کی چار پہیوں والی گاڑی -

ف - ج

فجر (ع / مث) صبح - نور کا تڑکا - سویرا -
فجر ہونا (ل) صبح کی سفیدی کا کھلنا - نمودِ صبح ہونا - مجازاً آنکھیں کھلنا - غفلت دور ہونا -
فجور (ع / مذ) گناہ - جرم - قصور - زنا - بدکاری - گنہگاری -
فجی جزائر - بحرالکاہل میں واقع ہیں - یہاں ہندوستانی مزدوری اور دکانداری کرتے ہیں -
فجوہ (ع) دو پہاڑوں کے درمیان کا شگاف - کشادہ زمین -

ف - ح

فحاش (ع / مذ) شریر - بدچلن -
فحاشی (ع / مث) بے حیائی - بدکاری - شرارت -
فحش (ع / مذ) قابلِ شرم بات - بے ہودہ اور لغویات - گالی گلوچ -
فحش بکنا (ل) گالیاں دینا - لچر بات کہنا -
فحل (ع / مذ) گونٹے - سانڈ - عالم آدمی -
فحوا (ع / مذ) بات - کلام - سخن - معنی - مطلب - طرز - ڈھنگ - جیسے فحوائے کلام سے معلوم ہوتا ہے -

ف - خ

فخ (ع) پھندا جس سے پرند شکار کیے جاتے ہیں۔
فخر (ع/مذ) غرور۔ناز۔گھمنڈ۔بزرگی۔شرف۔شیخی۔تعلی۔گمان۔
فخرِ انبیاء (ع/مذ) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب۔
فخر جاننا۔یا۔سمجھنا (ف) قابلِ قدر سمجھنا۔باعثِ بزرگی خیال کرنا۔
فخرِ خاندان (ع ف/مذ) وہ شخص جو اپنے ماں باپ اور خاندان کا نام روشن کرے جس کے سبب سے تمام خاندان کو بزرگی حاصل ہو۔
فخر کرنا (ف) گھمنڈ کرنا۔ناز کرنا۔غرور کرنا۔شیخی مارنا۔
فخریہ (ع) فخر کے طور پر۔افتخاراً۔اکڑ کر۔نازاں ہو کر۔
فخیم (ع) بزرگ قد۔ہر چیز بزرگ۔

ف - د

فِدا (ع) جان نثار۔جان قربان کرنے والا۔دوسرے کے بدلے میں جان دینے والا۔(مذکر) صدقہ۔نثار۔نچھاور۔نجات کا وسیلہ۔سر یا جان کی قیمت۔بھینٹ۔نذر۔عاشق۔شیدا۔مفتون۔
فِدا کرنا (ف) قربان کرنا۔نثار کرنا۔بھینٹ۔نذر کرنا۔وارنا۔نچھاور کرنا۔
فِدا ہونا (ف) قربان ہونا۔عاشق ہونا۔فریفتہ ہونا۔مفتون ہونا۔
فِدائی (ع/مذ) اپنے آپ کو دوسرے کے بدلے ہلاکت میں ڈالنے والا۔سر دینے والا۔جان قربان کر ڈالنے والا۔عاشق جانباز۔
فدوی (ع/مذ) فدا ہونے والا۔سر بیچنے والا۔جان نثار۔تصدق ہونے والا۔نوکر۔ملازم۔اکثر بزرگوں کو عرضی کے اخیر میں اپنے نام کے ساتھ لکھتے ہیں۔
فِدیہ (ع/مذ) زرِ مخلصی۔وہ روپیہ جس کو ادا کر کے قیدی کو چھڑایا جائے۔سربہا۔ڈنڈ۔جرمانہ۔وہ ٹیکس جو غیر مذہب والوں سے بادشاہ وصول کرے۔خوں بہا۔

ف - ر

فَر (ع) بھاگنے والا۔
فَر (ف/مذ) آرائش۔آراستگی۔دھوم دھام۔رعب داب۔دبدبہ۔
فُر (ا/مذ) چڑیوں اور پرندوں کے اڑنے کی آواز۔جلدی سے اڑنے کی آواز۔
فُرات (ع/مذ) عراق عرب کے ایک دریا کا نام۔جو دجلہ سے مل کر شط العرب سے مل جاتا ہے اس کے کنارے بصرہ کی بندرگاہ ہے۔فرات خلیج فارس میں جا گرتا ہے۔یہی وہ منحوس و مشہور دریا ہے جس کے کنارے حضرت حسینؓ رسولِ عربیؐ کے نواسے شہید کیے گئے تھے۔

فُراٹا (ا/مذ) کسی پرندے کے اڑنے کی آواز۔ہوا کا سنّاٹا۔جلدی جلدی پڑھنا یا بولنا۔
فَراٹے بھرنا۔یا۔لینا (ف) جلد جلد پڑھنا یا بولنا۔خوب دوڑنا۔بے تحاشا بھاگنا۔جھنڈے پھریرے کا ہوا میں لہرانا۔اڑنا۔
فَراخ (ف) وسیع۔کھلا۔چوڑا۔کشادہ۔بڑا۔کلاں۔
فراخ آستین (ف/صف) سخی۔جواں مرد۔
فراخ ابرو (ف/صف) کشادہ پیشانی۔ہنس مکھ۔
فراخ بال (ف/صف) فارغ البال۔اچھی حالت میں۔
فراخ چشم (ف/صف) عالی ہمت۔بلند حوصلہ۔
فراخ حوصلہ (فع) عالی ہمت۔بڑے حوصلے والا۔
فراخ کرنا (ف) کھلا کرنا۔موکلا کرنا۔کشادہ کرنا۔چوڑا کرنا۔
فَراخی (ف/مث) کشادگی۔بڑائی۔وسعت۔پھیلاؤ۔تنگی کی ضد۔خوش حالی۔آسودگی۔امیری۔گھوڑے کا تنگ۔زیر تنگ۔بالا تنگ۔
فُرادیٰ۔(ع/مذ) فرد کی جمع۔اکیلے۔ایک ایک۔تنہا۔
فَرار (ع) بہت بھاگنے والا۔چالاک۔
فِرار (ع/مذ) بھاگ جانا۔بھاگنا۔
فرار ہونا (ف) بھاگ جانا۔چھپ جانا۔ٹل جانا۔روپوش ہو جانا۔
فَراری (ع ف) بھاگا ہوا۔بھگوڑا۔روپوش۔اپنی زمین چھوڑ کر بھاگ جانے والا زمیندار۔
فَراست (ع/مث) تیز فہمی۔قیافہ شناسی۔دانائی۔سمجھداری۔
فَرانسیس (ا/مذ) ملکِ فرانس کا باشندہ۔فرانسیس کا مخفف ہے۔
فرانسیسی (ا/مذ) فرانس کی زبان۔فرانس کی چیز۔فرانسیسی کا مخفف۔
فَرّاش (ع/مذ) فرش بچھانے والا۔وہ شخص جس کے سپرد خیموں کا گاڑنا اور کھڑا کرنا ہو۔صنوبر یا شمشاد سے مشابہ ایک درخت کا نام بھی ہے۔
فَرّاش خانہ (ع ف/مذ) وہ مکان جس میں فرش فروش خیمہ ڈیرے کا سامان رہے۔
فَرّاشی (ع ف/مث) فرّاش کا کام۔
فَرّاشی پنکھا (ا/مذ) بڑا پنکھا جو چھت سے لٹکایا جاتا ہے۔یا وہ بڑا پنکھا جس سے کھڑے ہو کر ہاتھ سے جھلتے ہیں۔
فَرّاشی سلام (ا/مذ) نہایت ادب و تعظیم کا سلام۔جس میں جھک کر فرش تک سر پہنچ جاتا ہے۔
فَراغ (ع/مذ) سوقتا۔سبیتا۔فرصت۔مہلت۔آرام۔آسودگی۔نجات۔خوشی۔سرور۔سکھ۔چین۔خوشحالی۔بہتات۔کثرت۔افراط۔تسلی۔اطمینان۔دلجمعی۔
فَراغِ خاطر۔یا۔دل (ع/مذ) دلجمعی۔تسلی۔بے فکری۔آرامِ دل۔
فَراغت (ع/مث) فرصت۔مہلت۔نجات۔خوشی۔رہائی۔بہتات۔فراوانی۔آرام۔چین۔پاخانہ۔ٹٹی۔رفع حاجت۔
فَراغت پانا (ف) خالی ہونا۔فرصت پانا۔فیصلہ کرنا۔جھگڑا فیصل کرنا۔کھیڑا چکانا۔انزال ہونا۔

فراغت جانا (ل) پاخانے جانا۔ ٹٹی جانا۔ جنگل جانا۔ رفع حاجت کے لیے جانا۔

فراغت سے بیٹھنا (ل) آرام سے بیٹھنا۔ بے فکری سے بیٹھنا۔

فراغت ہونا (ل) فارغ ہونا۔ فرصت پانا۔ انزال ہونا۔

فراق (ع/مذ) علیحدگی۔ جدائی۔ ہجر۔ مفارقت۔ فکر۔ خیال۔ دُھن۔ لگن۔ جیسے کس فراق میں لگے ہو۔ عشق۔ محبت۔

فراک کوٹ (انگریزی/مذ) پیچھے سے چاک شدہ کوٹ۔ ایک خاص وضع اور فیشن کے کوٹ کا نام ہے۔

فرامشن (ا/مذ) ایک خاص عقیدے کے لوگوں کا فرقہ۔ ایک خفیہ اور قدیمی مجلس (انگریزی) فری میشن کا بگاڑ ہے۔ ہم مشرب۔ شریک صحبت۔ ہمراز۔

فراموش (ف) بھولا ہوا۔ یاد سے اُترا ہوا۔ (مؤنث) بھول چوک۔ نسیان۔ سہو۔ خطا۔

فراموش کرنا (ل) بھول جانا۔ بسر جانا۔ خیال نہ رکھنا۔ جیت سے اُتارنا۔

فراموشی (ف/مث) بھول۔ چوک۔ سہو۔ خطا۔

فرامین (ع/مذ) فرمان کی جمع۔

فرانس (انگریزی/مذ) ایک ملک کا نام ہے۔

فرانس۔ بحیرۂ روم و رودبار انگلستان کے درمیان کا ملک جس میں گارون لوار سین اور رون بہتے ہیں شمال مشرقی حصہ پہاڑی ہے۔ اور مستحکم قلعے بنے ہوئے ہیں۔ پیرس دار الحکومت ہے۔ بڑا خوبصورت شہر ہے یہاں سے صابن۔ عطر۔ تیل اور نفیس اشیاء ہندوستان میں آتی ہیں۔

فرانٹیر (انگریزی) سرحد۔

فرانسیس (ا/مذ) ملک فرانس کے باشندے۔ فرنچ۔ اہل فرانس۔

فرانسیسی (ا/مث) فرنچ زبان۔ فرانس کی بولی (مذکر) باشندۂ ملک فرانس۔

فراوان (ف) زیادہ۔ وافر۔ بکثرت۔ بہت۔

فراویز (ف) دامن کی سنجاف۔

فراوانی (ف/مث) زیادتی۔ کثرت۔ بہتات۔ افراط۔

فراہم (ف) جمع۔ اکٹھا۔ سب۔ سارا۔

فراہم کرنا (ل) جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔

فراہمی (ف/مث) اجتماع۔ جمع کرنا۔ جمعیت۔ اکٹھا کرنا۔

فرائض (ع/مذ) فریضہ کی جمع۔ ضروری کام۔ ڈیوٹیاں۔ اصطلاح شرع میں فرمود الٰہی۔ میراث یا ترکہ کی تقسیم کا علم۔

فرائض منصبی (ع/مذ) وہ کام جن کا کرنا کسی عہدے دار کے لیے ضروری ہو۔

فربہ (ف) موٹا۔ تیار۔ جسیم۔ تنومند۔ سنڈ۔ مشٹنڈا۔

فربہ اندام (ف) موٹے بدن کا۔ موٹا۔ پھپس۔

فربہی (ف/مث) موٹائی۔ موٹاپن۔ مٹاپا۔

فرتوت (ف) بہت بوڑھا۔ پھونس بوڑھا۔ نکما۔ بے عقل۔ بدحواس۔

فرج (انگ/مذ) ریفریجریٹر کا مخفف۔

فرجاد (ف/صف) عقل مند۔ دانا۔

فرجام (ف/مذ) انجام۔ خاتمہ۔ اخیر۔ انتہا۔

فرح (ف/مث) خوشی۔ شادمانی۔ فرحت۔ سرور۔ نشاط۔ خرمی۔

فرحان (ف) خوش و خرم۔ مگن۔ شادان۔

فرحت (ع/مث) خوشی۔ خرمی۔ سرور۔ شادمانی۔

فرحت افزا (عف) خوشی بڑھانے والا۔ دل کو خوشی دینے والا۔ مفرح۔ تازگی بخش۔

فرحت بخش (عف) خوشی اور تازگی بخشنے والا۔ خوشی دینے والا۔

فرخ (ف) مبارک۔ سعید۔ نیک۔ زیبا چہرے والا۔ فر بمعنی زیبا اور رخ بمعنی چہرا سے مرکب ہے۔

فرخ تبار (ف) بڑے گھرانے کا۔ عالی خاندان کا۔ اچھے خاندان کا۔

فرخ سیر (ع/صف) اچھی عادتوں والا۔

فرخندہ (ف) مبارک۔ نیک۔ مسعود۔

فرخندہ بخت۔ یا۔ طالع (ف) بھاگوان۔ خوش قسمت۔ نیک نصیب۔ خوش اقبال۔ نیک اختر۔

فرخ آباد۔ صوبجات متحدہ آگرہ اودھ میں ایک شہر ہے اور دریائے گنگا پر واقع ہے۔

فرد (ع/مث) ایک۔ واحد۔ طاق۔ جفت کی ضد۔ ایک شعر۔ بیت۔ حساب کی فہرست۔ رجسٹر۔ چٹھا۔ رضائی یا لحاف کا ابرہ۔ چادر۔ شال۔ ایک آدمی۔ نفر۔ ایک پرندے کا نام بھی ہے۔ اکیلا۔ تنہا۔ اِکا دُکا۔ یگانہ۔ یکتا۔ لاثانی۔ بے نظیر۔

فرد باطل (ع/مث) ناکارہ اور نکمی فہرست جو خراب شدہ ہو (مجازاً) ردی۔ ناکارہ۔ نکمی۔ بے کار۔

فرد و بشر (ع/مذ) ایک آدمی۔ شخص واحد۔ ایک متنفس۔

فرد فرد (ع) ایک ایک۔ الگ الگ۔ ہر شے۔ ہر آدمی۔

فرداً فرداً (ع) ایک ایک۔ جدا جدا۔ الگ الگ۔ ہر شخص۔

فردا (ف/مذ) کل۔ آیندہ دن۔ دوسرا دن (مجازاً) قیامت کا دن۔

فردوس (ع/مذ) باغ۔ گلشن۔ بہشت۔ جنت۔ بیکنٹھ۔ بہشت کا سب سے اعلیٰ طبقہ۔

فردوس گوش (عف/صف) وہ چیز جس کی آواز کانوں کو اچھی لگے۔

فردوس مکانی (عف/مذ) وہ مردہ جس کا گھر بہشت میں ہو۔ بابر بادشاہ کا لقب ہے۔ اس کے مرنے کے بعد دیا گیا۔

فردوس منزل۔ یا۔ منزلت (ع/مذ) جنت میں رہنے والا۔ مرحوم مغفور۔ مبرور۔

فردوسی (عف/مذ) حکیم ابوالقاسم منصور طوسی کا تخلص ہے جس نے محمود غزنوی کے زمانے میں شاہنامہ کی تصنیف کی تھی۔

فرزانگی (ف/مث) دانائی۔ عقل مندی۔ عقل۔ سمجھ۔ علم حکمت۔

فرزانہ (ف) دانا۔ عقلمند۔ سمجھدار۔ حکیم۔ لائق۔ ہنرمند۔ گیانی۔

فرزجہ (ع) وہ کپڑا جو دواؤں میں تر کر کے عورت کے اندام نہانی میں رکھا جاتا ہے۔

فرزند (ف/مذ) پوت۔ بیٹا۔ پتر۔ لڑکا۔ ابن۔ بن۔ اولاد خواہ مذکر ہو یا مؤنث۔

فرزندِ ارجمند (ع ف ع/مذ) قابل قدر بیٹا۔ سپوت۔ لائق اور ہونہار بیٹا۔

فرزند بنانا (ل) متبنیٰ بنانا۔ گود لینا۔ لے پالک کرنا۔

فرزندِ خاور (ف/مذ) سُورج۔

فرزندِ خلف (ف ع/مذ) سپوت۔ بیٹا۔ نیک بیٹا۔ صالح لڑکا۔ فرمانبردار بیٹا۔

فرزندِ ناخلف (ف ع/مذ) نالائق بیٹا۔ نافرمان بیٹا۔ کپُوت۔

فرزندِ نرینہ (ف/مذ) بیٹا۔ پسر۔ پُتر۔

فرزندی (ف/مث) باپ بیٹے کا رشتہ۔ پُترتا۔

فرزندی میں لینا (ل) متبنیٰ بنانا۔ گود لینا۔ بیٹا بنانا۔ دامادی میں قبول کرنا۔ داماد بنانا۔

فرزدق (ع) عرب کا ایک مشہور شاعر جس کا نام ہمام بن غالب تھا۔

فرزین (ف) دانا۔ عقل مند۔ سمجھ دار۔ شطرنج کے کھیل میں وزیر کے مہرے کو بولتے ہیں۔

فَرَس (ع/مذ) گھوڑا۔ اسپ۔ شطرنج کا وہ مہرہ جو ڈھائی گھر چلتا ہے۔

فِرِستادہ (ف) ایلچی۔ بھیجا ہوا قاصد۔ دُوت۔ ہَرکارہ۔

فرستندہ (ف/صف) بھیجنے والا۔

فرسٹ (انگریزی) اوّل۔ پہلا۔ مُقدّم۔ سابق۔ یکم۔

فرسٹ ایڈ (انگ/مث) حادثہ وغیرہ ہونے پر مریض کو ہسپتال لے جانے سے پہلے وقتی طور پر مرہم پٹی۔ ابتدائی طبی امداد۔

فرسخ (معرب فرسنگ/مذ) کوس۔ تین میل کا فاصلہ۔ تین میل کی دُوری۔

فرسنگ (ف/مذ) (دیکھو فرسخ)

فرسودہ (ف) تباہ حال۔ گھِسا ہوا۔ تنگ حال۔ بدحال۔ پُرانا۔ کہنہ۔ تھکا ماندہ۔ خستہ حال۔

فرسودہ حال (ف) تنگ حال۔ مُفلس۔ خستہ حال۔

فرسے اُڑنا (ل) جلدی سے اُڑ جانا۔ پھُر سے اُڑنا۔

فرش (ع/مذ) بچھانے کی چیز۔ بستر بوریا۔ قالیچہ۔ مجازاً زمین۔ دھرتی۔ اینٹیں لگی زمین۔ چونے وغیرہ سے پختہ کی ہوئی زمین۔

فرش فروش (ف/مذ) بچھونا وچھونا۔ ہر قسم کا فرش۔ یہاں فروش تابع موضوع ہے۔

فرش کرنا (ل) بچھونا بچھانا۔ چونے اینٹوں وغیرہ سے زمین کو پکا کرنا۔ قتل کر ڈالنا۔ مار کر زمین پر ڈال دینا۔

فرشتگان (ف/مذ) فرشتہ کی جمع۔

فرشتوں (ف/مذ) فرشتہ کی جمع۔

فرشتوں کو خبر نہ ہونا }
فرشتوں کا واقف نہ ہونا } (ل) بالکل بے خبر ہونا۔ کانوں کان خبر نہ ہونا۔ بے خبری کے مبالغے کے وقت بولتے ہیں۔

فرشتوں کے پَر جلنا (ل) کسی مقام تک رسائی کی مجال تک نہ ہونا۔ خوف یا رُعب کے مارے جا نہ سکنا۔ گزر نہ ہونا۔

فرشتوں کی نہ سُننا (ل) نہایت مغرور ہونا۔ پرلے درجے کا متکبر ہونا۔

فرشتہ (ف/مذ) بھیجا ہوا۔ قاصد رسول۔ مَلَک۔ دیوتا۔ نُور سے پیدا شدہ مخلوق۔

فرشتہ پَر نہیں مارتا (ل/محاورہ) کوئی غیر آدمی کسی طرح بھی وہاں نہیں جا سکتا۔ کسی کا بھی وہاں گزر نہیں۔

فرشتہ خاں (ل/مذ) زبردست آدمی۔ بارُعب آدمی۔ تیس مار خاں۔

فرشتہ خصال (ف/صف) نیک طینت۔ بھولا بھالا۔

فرشتہ خُو۔ یا۔ خصلت۔ یا۔ صفت (ف ع) فرشتہ جیسی نیک عادت والا۔ نہایت سیدھا سادہ۔ بھولا بھالا۔ پاک۔ مقدس۔ بہشتی۔ جنتی۔

فرشتہ خاں (ف ع) علم تسخیر کا ماہر کامل جو فرشتوں کو تسخیر کرنے اور اُن کے بلانے پر قادر ہو۔

فرشتہ سحاب (ف ع/مذ) بادل کا فرشتہ حضرت میکائیل۔

فرشتہ سیرت (ف ع/صف) نیک طینت۔ بھلا مانس۔

فرشتے (ل/مذ) فرشتہ کی جمع۔ ملائک۔ ملائکہ۔

فرشتے نظر آنا۔ یا۔ دکھائی دینا (ل) مرنے کا وقت قریب ہونا۔ موت دکھائی دینا۔ موت کے فرشتوں کا دکھائی دینا۔

فرشی (ع ف) منسوب بہ فرش۔ فرش کا۔ فرش سے متعلق (مذکر) ایک قسم کا بڑے چوڑے پیندے کا حُقّہ۔

فرشی جُوتا (ل/مذ) سلیپر۔ فرش پر پہننے کا جُوتا۔

فرشی حُقّہ (ل/مذ) بڑے چوڑے پیندے کا حُقّہ۔

فرشی سلام (ل/مذ) نہایت تعظیمی سلام۔ بہت جھک کر سلام کرنا۔

فرشی لیمپ (ل/مذ) فرش پر رکھ کر جلانے کا لیمپ۔ بیٹھک دار گلوب دار لیمپ۔

فُرصت (ع/مث) چھٹکارا۔ خُلاصی۔ خلوت کا وقت۔ فارغ وقت۔ مُہلت۔

فُرصت پانا (ل) موقع پانا۔ فرصت پانا۔ چھُٹی پانا۔ فارغ ہونا۔ مہلت پانا۔ برخاست ہونا۔ موقوف ہونا۔

فرض (ل/ع/مذ) تعین۔ تشخیص۔ لازمی امر۔ ضروری بات۔ ڈیوٹی۔ جواب دہی۔ ذمّہ داری۔ تسلیم کیا ہوا۔ مانا ہوا۔ خدا کا حکم۔ وہ شرعی حکم جس کے نہ کرنے سے آدمی گنہگار ہوتا ہے۔

فرض ادا کرنا (ل) خدا کا حکم بجا لانا۔ ڈیوٹی بجا لانا۔ ضروری اور مستلزم امور کو پُورا کرنا۔

فرض پڑھنا (ل) نمازِ فرض ادا کرنا۔ اُن رکعتوں کو ادا کرنا جو خدائے تعالیٰ کی طرف سے واجب اور لازم ہیں۔

فرضِ عین (ع) خالص فرض۔ ذاتی فرض۔

فرض کرنا (ل) مان لینا۔ قبول کرنا۔ تسلیم کرنا۔ خیال کرنا۔ کسی بات یا دعویٰ کو بلاثبوت ماننا۔

فرضِ کفایہ (ع/مذ) وہ فرض جو جماعت یا کُنبہ میں سے ایک شخص کے ادا کرنے سے سب کے ذمّے سے اُتر جائے۔ جیسے نمازِ جنازہ۔

فرضِ محال (د) غیر ممکن ۔ ناممکن ۔ ناممکن الوقوع ۔
فرضاً (ع) از روئے فرض ۔ فرض کے طور پر ۔ بالفرض ۔ قیاساً ۔
فرضی (عف) مزدوری ۔ لابدی ۔ اٹل ۔ قیاسی ۔ لازمی ۔ خیالی ۔ گمانی ۔
بے اصل ۔ نقلی ۔ مصنوعی ۔ برائے نام ۔ بناوٹی ۔
فرط (ع امث) کثرت ۔ بہتات ۔ افزونی ۔ زیادتی ۔ افراط ۔
فرطِ شوق (ع امذ) شوق کی زیادتی ۔ غلبہ آرزو ۔ کمال تمنا ۔
فرطِ محبّت (ع امث) محبت کا غلبہ ۔ محبت کی زیادتی ۔ کثرت محبت ۔
فرع (ع امث) ڈالی ۔ ٹہنی ۔ بھننگ ۔ شاخ ۔ وہ دینی مسئلہ جو عمل کے متعلق ہو ۔
فرعون (عبرانی امذ) مصر کے ایک بادشاہ کا لقب جس نے حضرت موسیٰؑ کے زمانے میں خدائی کا دعویٰ کیا تھا ۔ ہر مصری بادشاہ کا لقب بھی ہوتا تھا ۔ مجازاً ۔ نافرمان باغی ۔ سرکش ۔ مغرور ۔ متکبر ۔ ظالم ۔ جابر ۔
فرعون بننا (ا ر محاورہ) مغرور ہو جانا ۔
فرعونِ بے ساماں (د ا) بے ملک نواب ۔ بد ذات ۔ شریر ۔ ظالم ۔ وہ شخص جو طاقت نہ ہونے پر بھی اترائے اور سرکشی کرے ۔
فرعونی (د امث) سرکشی ۔ بدذاتی ۔ شرارت ۔ ظلم ۔ تکبر ۔
فرغل ۔ فرگل ۔ روئی بھرا ہوا چغہ ۔ ایک قسم کا جاڑے کا کپڑا ۔
فرفر (جلد جلد ۔ جلدی سے جلدی ہوا کی طرح پڑھنے لکھنے اور بولنے کے لیے آتا ہے ۔
فرفر پڑھنا (ل) جلدی جلدی پڑھنا ۔ بے اٹک پڑھنا ۔
فرفیون (یونانی امث) ایک قسم کا خاکستری سا گوند ہوتا ہے جو دافع لقوہ و فالج ہے ۔
فرق (ع امذ) جدائی ۔ علیحدگی ۔ دوری ۔ فاصلہ ۔ تمیز ۔ شناخت ۔ پہچان ۔ اختلاف ۔ تفاوت ۔ غیریت ۔ بیگانگی ۔ کمی ۔ کسر ۔ گھاٹا ۔ سر کے بالوں کی مانگ ۔ مجازاً سر ۔ مونڈ ۔ سیس ۔
فرقان (ع) فرق کرنے والا ۔ قرآن پاک ۔
فرق آجانا (ل) کمی آجانا ۔ پہلی سی بات نہ رہنا ۔ بات بگڑنا ۔ بٹا لگنا ۔ شکر رنجی ہو جانا ۔ اَن بن ہو جانا ۔ اصلیت میں اختلاف ہونا ۔
فرق سے (ل) دور سے ۔ فاصلہ سے ۔ ہٹ کر ۔ پرے ۔
فرقِ عظیم (ع امذ) بڑا بل ۔ بہت فرق ۔ بہت ہی کمی ۔
فرق کرنا (د) الگ کرنا ۔ صورت بدلنا ۔ تبدیل کر دینا ۔ جدا کرنا ۔
فرق نکالنا (ل) غلطی نکالنا ۔ اختلاف مٹانا ۔ فرق معلوم کرنا ۔
فرقان (ع امذ) لغوی حق اور باطل میں فرق کر دینے والا ۔ اصطلاح میں قرآن شریف ۔ کلام الٰہی ۔
فرقت (ع امث) ہجر ۔ جدائی ۔ تفرقہ ۔ برہ ۔
فرقہ (ع امذ) قوم ۔ گروہ ۔ جتھا ۔ جماعت ۔ منڈلی ۔ ٹولی ۔ جرگہ ۔ فریق ۔
فرقہ بندی (عف امث) جماعت بنانا ۔ کسی گروہ کی تنظیم ۔
فرقہ وار (عف اصف) فرقہ رکھنے والا ۔
فرکند (ف) وہ زمین جس میں بسبب پانی سیلاب کے گڑھے پڑ گئے ہوں اور جابجا پانی بھرا ہو ۔

فرلانگ (انگریزی امذ) میل کا آٹھواں حصہ ۔ دو سو بیس گز کا فاصلہ ۔
فرلو (انگریزی امث) وطن جانے کی چھٹی ۔ وہ چھٹی یا رخصت جو خاص میعاد ملازمت کے بعد معہ تنخواہ ملا کرتی ہے ۔
فرما } فرمہ } (امذ) انگریزی لفظ فارم کا بگاڑ ہے ۔ یک طرفہ چھپا ہوا کاغذ ۔ پروف ۔ پروف شیٹ ۔ سانچہ ۔
فرمان (ف امذ) حکم نامہ ۔ پروانہ ۔ شاہی حکم ۔ حکم آگیا ۔ اجازت ۔
فرماں بردار (ف) تابع ۔ مطیع ۔ مجازاً ۔ نوکر ۔ ملازم ۔ چاکر ۔
فرمانبرداری (ف امث) اطاعت ۔ تابعداری ۔
فرماں پذیر (ف) حکم ماننے والا ۔ حکم بجا لانے والا ۔ فرمانبردار ۔
فرماں روا (ف) حکم چلانے والا ۔ حاکم ۔ بادشاہ ۔
فرمانروائی (ف امث) حکومت ۔ بادشاہی ۔ سلطنت ۔
فرمان صادر کرنا (ل) حکم دینا ۔ حکم جاری کرنا ۔
فرمانا (ل) حکم دینا ۔ بولنا ۔ کہنا ۔ بیان کرنا ۔ ارشاد کرنا (مذکر) حکم ۔ ارشاد ۔ آگیا ۔ جیسے پنچوں کا فرمانا سر پر مگر پرنالہ وہیں رہے گا ۔
فرمائش (ف امث) فرمودن ۔ درخواست ۔ مانگ ۔ طلبی ۔ حکم ۔ سفارش ۔ ارشاد ۔ فرمان ۔ تمنا ۔ حاجت ۔ ضرورت ۔
فرمائش کرنا (ل) چاہنا ۔ تمنا کرنا ۔ تحفہ منگوانا ۔ کوئی چیز عہدے کے لحاظ سے یا حکماً منگوانی ۔
فرمائشی (ف) درخواست کی ہوئی ۔ فرمائش شدہ ۔ مجازاً ۔ عمدہ ۔ نفیس جوتی ۔ مضبوط جوتی ۔
فرمائشی پڑنا (د) جوتیاں پڑنا ۔ سزا پانا ۔ جوتیاں لگنا ۔ ذلیل ہونا ۔
فرمائشی لگانا (ل) جوتیاں مارنا ۔ ذلیل کرنا ۔ رسوا کرنا ۔
فرمودگی (ف امث) ارشاد ۔ حکم ۔
فرمودہ (ف امث) فرمایا ہوا ۔ ارشاد ۔ حکم ۔
فرنٹ (انگریزی) سامنے کا حصہ ۔ پیشانی (مکان) ۔ ناراض ۔ خفا ۔ برخلاف ۔ سرکش ۔ باغی ۔ برگشتہ ۔
فرنٹ ہو جانا (ل) بغاوت کرنا ۔ سرکشی کرنا ۔ بگڑ جانا ۔ حکم عدولی کرنا ۔ ناراض ہونا ۔ برخلاف ہونا ۔ خفا ہو جانا ۔
فرنچ (انگریزی امذ) فرانس کا باشندہ ۔ ایک قسم کا ہلکا کا فذ ۔
فرنگ (ف امذ) نصاریٰ انگریز ۔ یورپین ۔ فرنگی ۔
فرنگستان (ف امذ) یورپ فرنگیوں کا ملک ۔
فرنگی (ف امذ) یورپ کا رہنے والا ۔ انگریز ۔
فرنی (ف امث) ایک قسم کی کھیر جو دودھ ۔ شکر اور چاولوں کے آٹے سے بناتے ہیں ۔
فرنی فالودہ ایک بھاؤ نہیں بکتا (ل) محاورہ ۔ ہر شے کی قدر اس کی حیثیت کے مطابق ہوا کرتی ہے سب اشیاء ایک ہی نرخ کی نہیں ہوا کرتیں ۔
فرنیچر (انگریزی امذ) گھر کا سامان ۔ یعنی میز کرسی وغیرہ ۔
فرو (ف) نیچے ۔ تحت ۔ زیر ۔ کم رتبہ ۔ پیچ ۔ سفلہ ۔
فروتر (ف اصف) بہت کم ۔ بہت نیچے ۔
فروتن (ف) غریب ۔ مسکین ۔ عاجز ۔ منکسر المزاج ۔

فروتنی (ف/مث) عاجزی - مسکینی - انکسار - تواضع -
فرودست (ف/صف) ماتحت - کم رتبہ - کمزور -
فروکرنا (ل) دبانا - بٹھانا - بجھانا -
فروکش (ف/صف) اُترنے والا - قیام کرنے والا -
فروکش ہونا (ل/مص) ٹھہرنا - مقام کرنا -
فرومایہ (ف) ہیچ - کمینہ - سفلہ - کم ظرف -
فرو ہونا (ل) بجھنا - بیٹھنا - نیچے ہونا -
فروٹ (انگریزی/مذ) میوہ - پھل - ثمرہ - ثمر -
فروٹ (ل) گھوڑے کو سرپٹ دوڑانا - تیز رفتاری - سرپٹ -
فروٹ اُڑانا (ل) گھوڑے کو سرپٹ دوڑانا - جوتیاں مارنا - خوب زدوکوب کرنا -
فروجہ (ع) مرغی کا چوزہ -
فروخت (ف/مث) فروختن - بکری - خرید کی ضد - بیع -
فروخت کرنا (ل) بیچنا - مول دینا - بیع کرنا -
فرود (ف) نیچے - پائیں - اُتراؤ - بسیرا - ٹھہراؤ -
فرودگاہ (ف/مث) اُترنے کی جگہ - ٹھہرنے کی جگہ -
فروری (انگریزی/مذ) انگریزی سال کا دُوسرا مہینہ جو عام طور پر ۲۸ دن کا اور لیپ کے سال ۲۹ دن کا ہوتا ہے -
فروش (ف/مذ) بمعنی فروشندہ - مرکبات میں آتا ہے -
فروشندہ (ف) بیچنے والا - فروخت کرنے والا -
فروع (ع/مذ) فرع کی جمع - ٹہنیاں - شاخیں - مذہبی اصطلاح میں عملی مسائل -
فروعات (ع/مث) فرع کی جمع الجمع - ٹہنیاں -
فروغ (ف/مذ) روشنی - جوت - شعاع - سُورج کی چمک - کرن - رونق -
فروغ پانا (ل) رونق پانا - نام پانا - عزت پانا -
فروکش ہونا (ل) ٹھہرنا - مقام کرنا - اُترنا - بسیرا کرنا -
فروگذاشت (ف/مث) بھول - خطا - کمی - کوتاہی - نظرانداز - درگزر - چھوٹ - چشم پوشی - ٹال مٹول - بےپروائی - غفلت -
فروگذاشت کرنا (ل) بھولنا - چُوکنا - چشم پوشی کرنا - جانے دینا - ٹالنا -
فروماندگی (ف/مث) عاجزی - ناچاری - مجبوری - مفلسی - کمزوری - تھکان -
فرومانده (ف) عاجز - ناچار - مجبور - کنگال - تھکا ہوا -
فرہاد (ف/مذ) فارس کے ایک مشہور سنگ تراش کا نام ہے جس نے شہزادی شیریں کے عشق میں کوہ بیستون کو چیر کر نہر نکالی اور بےنیل مرام مرا -
فرہنگ (ف/مث) دانائی - عقل - فہم - لُغت کی کتاب - ڈکشنری -
فرہیختہ (ف) ادب سیکھا ہوا -
فری (انگریزی) آزاد - بری - معاف - مُفت - خودمختار - بےروک ٹوک -
فریاد (ف/مث) دُہائی - شور - واویلا - غُل - نالش - استغاثہ - رونا پیٹنا -
فریادرس (ف) دہائی سُننے والا - فریاد کو پہنچنے والا - انصاف کرنے والا -
فریادرسی (ف/مث) انصاف - نیاؤ - دادرسی -
فریاد کرنا (ل) شور کرنا - آہ و نالہ کرنا - دُکھڑا رونا - نالش کرنا - داد چاہنا -
فریاد لانا (ل) کسی کے ظلم و ستم کا شکوہ بیان کرنا -
فریادو (ف/صف) فریاد کرنے والا -
فریادی (ف) دُہائی دینے والا - فریاد کرنے والا - دادخواہ - مُدّعی - مستغیث -
فریب (ف/مذ) دغا - مکر - حیلہ - چھل - جتا - دم - جھانسہ - چھل - چالاکی - عیّاری - چلتر - طلسم - شعبدہ -
فریب دینا (ل) دھوکا دینا - چھلنا - دم دینا - چھل دینا - چالاکی کرنا -
فریب دہی (ف/مث) (قانون) دغابازی - ٹھگی - دھوکا دینے کا جرم -
فریب دینا (ل/مص/مرکب) دھوکا دینا - جھانسہ دینا -
فریب ساز (ف/صف) دغاباز - مکار - دھوکاباز -
فریبی یا فریبیا (ل) مکار - دغاباز - دھوکے باز - ٹھگ -
فرید (ع) یکتا - لاثانی - بےنظیر - یکہ - حضرت شیخ فریدالدین کا لقب - جنہیں بابا فرید اور شکر گنج بھی کہتے ہیں - جن کا مزار پاک پٹن میں ہے -
فرید بُوٹی (ل/مث) ایک ٹھنڈی اور لیسدار بُوٹی کا نام ہے جس سے پانی جم جاتا ہے -
فرید شکر گنج نہ رہے دُکھ نہ رہے رنج (ل/مقولہ) بابا فرید کے فقیروں کی صدا ہے -
فریدوں (ف/مذ) فارس کے ایک مشہور اور قدیم بادشاہ کا نام ہے جس نے کاوہ لوہار کی مدد سے ضحاک کو ہلاک کیا تھا -
فریدی (ل/مث) منسوب بہ فرید - بابا فرید کی نیاز کا کھانا -
فریفتہ (ف) دھوکا کھایا ہوا - فریب میں آیا ہوا - شیفتہ - عاشق - دلدادہ - شیدا -
فریفتہ ہونا (ل) دھوکا کھانا - عاشق ہونا - شیدا ہونا - موہ جانا -
فریق (ع/مذ) (لغوی) الگ کرنے والا - فرق کرنے والا - (اصطلاحاً) گروہ جماعت - ٹولی - جتھا - طائفہ - زمرہ - مدعی یا مدعاعلیہ -
فریقِ اوّل (ع/مذ) (قانون) مُدّعی اور اس کے ساتھی - مدعی کا گروہ - دعویٰ کرنے والا - گروہ - اصل فریق - پہلا جتھا -
فریقِ ثانی (ع/مذ) (قانون) مُدّعا علیہ اور اس کے ہمراہی - طرف ثانی - فریق مخالف -
فریقین (ع/مذ) فریق کی جمع - دونوں فریق - طرفین - مُدّعی اور مُدّعا علیہ -
فریم (انگریزی/مذ) چوکھٹا - ڈھانچہ - ڈھانچ - جسم - قالب - پنجر - ٹھیرا - تصویر کا چوکھٹا -

ف ز

فزوں (ف) زیادہ - بہت بڑھا ہوا - افزوں کا مخفف ہے -
فزع (ع) خوف - گھبراہٹ -
فزل (ا/ مذ) ہتھوڑا -

ف - س

فساد (ع / مذ) بگاڑ - خرابی - خلل - تباہی - صلاح کی ضد ہے - بلوہ - غدر - فتنہ - جھگڑا - لڑائی - ٹنٹا - مخالفت - سرکشی - تغیر و تبدل -
فساد اٹھانا - یا - برپا کرنا - یا - کرنا (ل) جھگڑا کرنا - بلوہ کرنا - فتنہ اٹھانا - دنگا کرنا - غدر مچانا -
فسادِ خون (ع ف / مذ) خون کی خرابی - لہو کی رنگت یا قوام میں فرق آجانا -
فساد کی جڑ (ا / مث) آگ لگاؤ - فتور یا جھگڑے کی بنیاد - بس کی گانٹھ -
فسادی (ع ف) جھگڑالو - فتنہ انگیز - شریر - مفسد - کھوٹا -
فساق (ع / صف) فاسق کی جمع -
فسانہ (ف / مذ) افسانہ کا مخفف - قصہ - کہانی - بے اصل داستان - من گھڑت قصہ - ماجرا - سرگزشت - حال احوال - حکایت -
فسان (ف) سان جس پر چاقو - چھری - قینچی گھس کر تیز کرتے ہیں -
فسخ (ع / مذ) پھیرنا - توڑنا - نیت توڑنا - رائے بدلنا - رد - تردید - منسوخی -
فسخِ عزیمت (ع / مذ) نیت بدلنا - ارادہ توڑنا - ارادہ پلٹنا -
فسخ کرنا (ل) توڑنا - رد کرنا - منسوخ کرنا - بھنگ کرنا - کھنڈت کرنا -
فسق (ع / مذ) نافرمانی - گناہ - بدکاری - جرم - حکم عدولی -
فسق و فجور (ع / مذ) بدکاری - گمراہی - گناہ - نافرمانی - بدی -
فسوں (ف / مذ) جادو - ٹونا - سحر - ٹوٹکا - افسوں کا مخفف - منتر -
فسوں ساز (ف / مذ) جادوگر - تسخیر کرنے والا -

ف - ش

فش (ف) مانند - پگڑی کا وہ سرا جو لٹکا ہوتا ہے -
فشار) (ف / مذ) دباؤ - بھینچ - تنگی - قبر - قبر کے اندر کی تنگی جو
فشارِ قبر) گنہگار مردے کو ہوتی ہے -
فشار کرنا (ا / محاورہ) برا بھلا کہنا -
فشردہ (ف) نچوڑا ہوا - عرق نکالا ہوا (مذکر) رس - عرق -

ف - ص

فص (ع) نگینہ جو انگوٹھی پر جڑا جاتا ہے -
فصاحت (ع / مث) خوش بیانی - خوش کلامی -

فصاد (ع / مذ) فصد کھولنے والا - جراح -
فصد (ع / مث) کسی خاص رگ میں سے خون نکالنا - نشتر زنی -
فصل (ع / مث) رت - موسم - سماں - بیاں - مضمون کتاب کا کچھ حصہ - کلام کا ایک پارٹ - علیحدگی - جدائی - پردہ - حجاب - غلہ - اناج - پیداوار - کانٹ چھانٹ - قطع و برید -
فصلِ استادہ (ا / مث) کھڑی فصل -
فصلِ بہار } (ع ف / مث) بہار کا موسم - موسم گل -
فصلِ گل } ربیع - بسنت رت -
فصل تخم ریزی (ع ف / مث) بونے کا سما - بیج بونے کا وقت -
فصل خریف (ع / مث) ساونی کا موسم - ساونی کی فصل - جوار مکئی - باجرے وغیرہ اجناس بونے اور پکنے کا موسم جس میں برسات کی سخت ضرورت ہوتی ہے -
فصل ربیع (ع / مث) اساڑھی کا موسم - گیہوں - جو - چنے وغیرہ اجناس کے کاٹنے کا موسم -
فصل الخطاب (ع) احادیث نبوی - حق کو باطل سے الگ کرنے والی -
فصلی (ع ف) منسوب بہ فصل - موسمی - رت کا -
فصلی بخار (ا / مذ) موسمی بخار - جو موسم بدلنے کے باعث ہو - ملیریا -
فصلی سال (ع ف / مذ) وہ سال جو فصلوں کے اعتبار سے اپریل اور مئی سے شروع ہوتا ہے -
فصلی کوا (ا / مذ) پہاڑی کوا - جو برف کے دنوں میں پہاڑ کو چھوڑ کر میدانوں میں اتر آتا ہے -
فصول (ع / مذ) فصل کی جمع -
فصولِ اربعہ (ع / مذ) سال کے چاروں موسم یعنی سردی گرمی - ربیع - خریف -
فصیح (ع) خوش بیان - شیریں کلام (فصحا - جمع)
فصیل (ع / مث) شہر پناہ - شہر کی چار دیواری - آبادی کو غیر آبادی سے جدا کرنے والی دیوار -

ف - ض

فضا (ع / مث) فراخی - وسعتِ زمین - گھر کے صحن کی فراخی - کھلا میدان - وسعت - کشادگی - بہار - جوبن - رونق - کیفیت -
فضائل (ع / مذ) فضیلت کی جمع - خوبیاں - نیکیاں - ہنر - جوہر - کمالات - اعلیٰ مرتبے -
فضائلِ اربعہ (ع / مذ) چاروں بزرگیاں یعنی حکمت و عدالت - شجاعت و عفت -
فضل (ع / مذ) زیادتی - افزونی - عطا بخشش - ہنر - جوہر - کمال -
فضل الٰہی ایک طرف ساری خدائی ایک طرف (ا / مثل) اگر ساری دنیا مخالف رہے یا ہو جائے لیکن ساتھ خدا ہو تو پرواہ نہیں ہوتی -
فضل کرنا (ل) رحم کرنا - مہربانی کرنا - دیا کرنا - شفا دینا - آرام بخشنا
فضلِ مولیٰ (ع) فقیروں کی صدا ہے - خدا اپنی مہربانی کرے -

فضلا (ع امذ) فاضل کی جمع۔
فضلات (ع امذ) فضلہ کی جمع۔
فضلہ (ع امذ) بچا ہوا - جھوٹا کھانا۔ پس خوردہ - بھوک - ثُفل۔
فضوح (ع) رُسوائی۔
فضول (ع) زیادہ - کثیر - فالتو - زائد - نکما - بیکار - لاحاصل۔
فضول خرچ (ل) آمدنی سے زیادہ خرچ کرنے والا۔
فضول خرچی (و امث) بے موقع خرچ - فالتو خرچ - اسراف - خرچ کی کثرت۔
فضول کی باتیں (ا امث) بیہودہ بکواس - بے معنی باتیں۔
فضول گو (ف) بکواسی - بے فائدہ باتیں بنانے والا - بکی۔
فضول ہے (ا محاورہ) بے فائدہ ہے - لغو ہے - لاحاصل ہے۔
فضولی (ع اصف) بے ہودہ - یاوہ گو۔
فضیحت (ع امث) رسوائی - ذِلّت - بدنامی - جھڑکی - دُھتکار۔
فضیحت کرنا (ل) رسوا کرنا - بدنام کرنا - جھڑکنا - ذلیل کرنا۔
فضیحتی (و امث) (دیکھو فضیحت) اس کا تلفظ فضیحتی ہے۔
فضیحتی کرنا (ل) رسوائی کرنا - بدنامی کرنا - ذلیل کرنا۔
فضیلت (ع امث) بزرگی - بڑائی - فوقیت - ترجیح - علمیت - سلیقہ مندگی - خوبی - ہنرمندی۔
فضیلت کا تمغہ (ا امذ) میڈل - ڈپلوما - سند - سرٹیفکیٹ - اعلیٰ درجہ میں امتحان پاس کرنے کا نتیجہ۔
فضیلت کی پگڑی (ل) بزرگی حاصل کرنا - فاضل ہونے کا ڈپلوما یا سند لینا - عالم ہونا۔

ف - ط

فطر (ع امذ) روزہ کھولنا - اِفطار۔
فطرت (ع امث) پیدائش - خلقت - نیچر - قدرت - اصل - ضمیر - گھُٹی - عقل مندی - دانائی - زیرکی - سازش - ہتی بھگت - مکر - دغا فریب - چالاکی - عیّاری - فتنہ انگیزی۔
فطرت کرنا (ل) چالاکی کرنا - چال چلنا - عیّاری کرنا۔
فطرت لڑانا (ل) سازش کرنا - فریب کھیلنا - دھوکا دینا - تدبیر لڑانا۔
فطرتی (ع صف) جبلّی - پیدائشی - جنم کا - قدرتی - شوخ - عیّار - چالاک - شریر - چال باز - دغا باز۔
فطرہ (ع امذ) عیدِ رمضان کا صدقہ، فی کس دو سیر گندم قبل از نمازِ عید۔
فطیر (ع امذ) تازہ گندھا ہوا آٹا - خمیر کی ضد۔
فطیری روٹی (ا امث) چپاتی - پھُلکا - سادہ روٹی - خمیری روٹی کی ضد۔

ف - ع

فعل (ع امذ) کام کاج - کار - علم صرف میں وہ کلمہ جس کے معنوں میں کرنا - ہونا - سہنا اور ماضی حال مستقبل زمانوں میں سے کوئی ایک زمانہ پایا جائے - حرکت - جنبش - لچھن - کرتوت - بُری حرکت - بُرا کام - زنا - جماع - بدفعلی - حیلہ - بہانہ۔
فعلِ جائز (ع امذ) وہ کام جو شرع کی رُو سے روا ہو۔
فعلِ شنیع (ع امذ) بُرا کام - شرمناک فعل - بے جا حرکت۔
فعل ضامنی (ا امث) نیک چلنی کی ضمانت - آئندہ جُرم نہ کرنے کی ذمّہ داری۔
فعلِ عبث (ع امذ) نکما اور فضول کام - بے فائدہ اور لغو کام۔
فعل کرانا (ل) بدکاری کرانا - زنا کرانا۔
فعل کرنا (ل) کوئی کام کاج کرنا - عمل کرنا - بدفعلی کرنا - مکر کرنا - فریب کرنا۔
فعلِ لازم (ع امذ) علم صرف میں وہ فعل جو صرف فاعل پر ہی ختم ہو جائے۔
فعل لانا } (ل) شرارت کرنا - دنگا کرنا - بپھرنا - سرکشی - جھوٹا مکر بنانا۔
فیل لانا } ضد کرنا - ہٹ کرنا - مکر کرنا - بے ایمانی کرنا - جھگڑا کرنا - پاؤں پھیلانا۔
فعلِ متعدی (ع امذ) علم صرف میں وہ فعل جو فاعل سے آگے بڑھ کر مفعول کو بھی چاہے - جو مفعول پر واقع ہو۔
فعلِ مجہول (ع امذ) وہ متعدی فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو - اور مفعول اس کا قائم مقام ہو۔
فعل مچانا } (ل) پاکھنڈ کرنا - مکر کرنا - فریب کرنا - اصرار کرنا - ہٹ کرنا -
فیل مچانا } دنگا کرنا - شرارت کرنا۔
فعلِ معروف - یا - معلوم (ع امذ) علم صرف میں وہ فعل جس کا فاعل مذکور ہو۔
فعلِ ناجائز (ع صف امذ) خلافِ شرع کام - خلافِ قانون کام۔
فعلِ ناشائستہ (ع صف امذ) بُری حرکت - نامناسب کام - غیر موزوں بات۔
فعلِ ناقص (ع امذ) وہ فعل جس کا فاعل اور مفعول نہ ہو بلکہ اسم و خبر کا خواہاں ہو۔
فعلاً (ع) از رُوئے فعل یا عمل - عملاً - قولاً کی ضد ہے۔
فعلی (ع صف) منسوب بہ فعل - عملی - کام کا - کام سے متعلق۔
فعلیا - یا - فیلیا (ل) مکّار - پاکھنڈی - ضدی - ہٹیلا۔

ف - غ

فغ (ف) بُت۔
فَغان (ف/مذ) شور و غُل۔ رولا۔ نالہ و فریاد۔ آہ و زاری۔ فغ بمعنی بُت اور آن کلمہ نسبت سے مُرکب ہے۔
فَغانی (ف/صف) فریاد کرنے والا۔
فَغفُور (ف/مذ) شاہانِ چین کا لقب ہے۔ فغ بمعنی بُت اور فور بمعنی پُور۔ یعنی بیٹا سے مُرکب ہے۔

ف ۔ ف

فُف (ع) دونوں ہونٹوں سے کھینچ کر سانس نکالنا۔
فُرّو (ا/صف) بھاگا ہوا۔ رفو چکر۔
فُرّ ہونا (ا) بھاگ جانا۔ گُم ہو جانا۔ رفو چکر ہونا۔ ہوا ہونا۔

ف ۔ ق

فق (ا) خوف یا مرض یا حیرت کے باعث چہرے کی رنگت کا زرد یا سفید ہو جانا۔
فق پڑ جانا۔ یا۔ ہونا۔ یا۔ ہو جانا (ا) چہرے کا رنگ اُڑ جانا۔ حیران ہو جانا۔ دنگ ہونا۔ اُداس ہو جانا۔
فُقاہ (ع) دانائی۔
فُقدان (ع/مذ) گُم ہونا۔ کھو یا جانا۔ بھُول۔ مرکبات میں بمعنی عدم و نیست۔
فقر (ع/مذ) فقیری۔ درویشی۔ محتاجی۔ تنگ دستی۔ مُفلسی۔
فقر و فاقہ (ع/مذ) تنگی و مفلسی۔ محتاجی و غریبی۔
فُقرا (ع/مذ) فقیر کی جمع۔
فقروں میں آنا (ا) دھوکا کھانا۔ فریب میں آنا۔ باتوں میں آنا۔
فِقرہ (ع/مذ) ریڑھ کی ہڈی۔ جھانسہ۔ دم۔ عبارت کا ٹکڑا۔ کلام۔ جملہ۔
فِقرہ باز (ا) دھوکے باز۔ چالیا۔ دغا باز۔
فِقرہ اُٹھانا (ا/محاورہ) بات شروع کرنا۔
فِقرہ بتانا۔ یا۔ فقرہ بنانا۔ یا۔ فقرہ گھڑنا (ا) دم دینا۔ دھوکا دینا۔ کوئی جھوٹی بات گھڑنا۔
فِقرہ بندی (ف/مث) تُک بندی۔
فِقرہ چلنا (ا) کسی جھوٹی بات یا فریب کا کارگر ہونا۔
فِقرہ دینا (ا) جھانسہ دینا۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا۔
فِقرہ رواں ہونا (ا/محاورہ) چال یا فریب کی مہارت ہونا۔
فِقرے (ا/مذ) فقرہ کی جمع۔ دم۔ جھانسے۔ جھوٹی باتیں۔
فِقرے بازیاں کرنا (ا) باتیں بنانا۔ دھوکے میں لانا۔ دھوکے دینا۔ چالیں چلنا۔ عیاریاں کرنا۔
فِقرے بندی (ا/مث) فقرے جوڑنا۔ تُک بندی۔
فِقرے تراشنا۔ یا۔ ڈھالنا۔ یا۔ سنانا۔ یا۔ کہنا۔ یا۔ چست کرنا۔ (ا) طعنے مارنا۔ آوازے ترانے کسنا۔ رمزیں پھینکنا۔ چھبتی ہوئی کہنا۔
فقط (ع) صرف۔ تنہا۔ بس۔ اکیلا۔ کافی۔ مکتفی (مذکر) خاتمہ۔ تمت۔ تمام شُد۔
فِقہ (ع/مث) دریافت۔ واقفیت (مجازاً) شریعت کے احکام سے واقفیت۔ علمِ دین۔ علم شریعت۔ دھرم شاستر۔
فقہا (ع/مذ) فقیہ کی جمع۔ شریعت کے ماہر۔ علم دین کے جاننے والا۔
فقید المثل (ع) بے مانند۔ بے مثل۔
فقیر (ع/مذ) گداگر۔ بھکاری۔ منگتا۔ قانع۔ خدا پرست۔ دنیا کا تارک۔ غریب۔ محتاج۔ مُفلس۔ کنگال۔
فقیر اپنی کملی ہی میں مست ہے (ا/مثل) غریب آدمی اپنے تھوڑے ہی سامان پر خوش ہے۔
فقیر بنا دینا۔ یا۔ کر دینا (ا) محتاج بنا دینا۔ مُفلس کر دینا۔ لوٹ لینا۔
فقیر جاہل شیطان کا گھوڑا (ا/مقولہ) جاہل فقیر شیطان کے تابع ہوتا ہے۔
فقیر دوست (عف/مذ) درویشوں کو ماننے اور پسند کرنے والا آدمی۔
فقیر کو کمل ہی دوشالہ ہے (ا/مثل) غریب کو جو میسّر آئے وہی غنیمت ہے۔
فقیر کی صُورت سوال ہے (ا/مثل) محتاج کے چہرے سے ہی محتاجی ظاہر ہوتی ہے۔
فقیر ہو جانا (ا) جوگ لے لینا۔ تارک الدُّنیا بن جانا۔ محتاج ہونا۔ مُفلس ہو جانا۔
فقیرانہ (عف) درویشوں کا سا۔ محتاجوں جیسا غریبوں کی طرح۔
فقیرنی (ا/مث) فقیر کی تانیث۔ بھیک مانگنے والی عورت۔ محتاج عورت۔
فقیرنی کا پُوت چلن امیروں کا (ا/مثل) جو غریب آدمی امیروں کی سی نمود رکھے اس کی نسبت بولتے ہیں۔
فقیری (عف/مث) درویشی۔ گدائی۔ مسکینی۔ غریبی۔ محتاجی۔
فقیری شیر کا بُرقع ہے (ا/مثل) فقیری کے پردے میں بڑے بڑے کامل نکل آتے ہیں۔
فقیری ٹُٹکا (ا/مذ) سہل نسخہ۔ جھو منتر۔ آسان علاج۔
فقیری لینا (ا) درویشی اختیار کرنا۔ ترکِ دُنیا کرنا۔
فقیہ (ع) علم فِقہ جاننے والا۔ علم دین کا فاضل۔ مسائل شرعی سے واقف۔ مفتیِ دین۔

ف ۔ ک

فک (ع/مث) علیحدہ کرنا۔ چھوڑنا۔ علم نحو میں وہ اضافت جو پڑھنے میں نہ آئے۔
فکّ السفل (ع) نیچے کا جبڑا۔

فکّ الرہن (ع ۔ امذ) گروی رکھی ہوئی چیز کو چھڑانا ۔
فِکر (ع امث امذ) سوچ بچار ۔ اندیشہ ۔ خیال ۔ دھیان ۔ رنج ۔ غم ۔ غور ۔
تامل ۔ تدبیر ۔ ٹھکانہ ۔ حاجت ۔ پروا ۔
فکر کرنا (ل) سوچنا ۔ غور کرنا ۔ غم کرنا ۔ رنج کرنا ۔ تامل کرنا ۔
فکرِ معاش یا معیشت (ع امذ) سامان زیست کی فکر ۔ زندگی بسر
کرنے کی فکر ۔ روٹی کمانے کا دھندا ۔
فکرمند (عف امذ) اندیش ناک ۔ متفکر ۔ غمناک ۔ غمگین ۔
فکرمندی (امث) سوچ بچار ۔ خیال ۔ فکر ۔
فکرِ ہرکس بقدرِ ہمت اوست (ف ۔ مثل) ہر شخص کا خیال اس کے
حوصلے اور ہمت کے مطابق ہوتا ہے ۔
فِکرت (ع امث) سوچ ۔ غور ۔

ف ۔ گ

فِگار (ف) مجروح ۔ گھائل ۔ زخمی ۔ (مرکبات میں آتا ہے) زخم رسیدہ ۔
فگار کرنا (ا ۔ مص مرکب) زخمی کرنا ۔

ف ۔ ل

فَلاح (ع امث) نیکی ۔ بھلائی ۔ خیر ۔ آسودگی ۔ سلامتی ۔ نجات ۔ خوبی ۔ عمدگی ۔
فَلاحِ دارین (ع امث) دنیا اور عاقبت کی بھلائی ۔
فلاحت (ع امث) کھیتی باڑی ۔ بونا ۔ جوتنا ۔ کشاورزی ۔ زراعت ۔
کشت کاری ۔
فلاخن (ف امث) گوپیا ۔ گوپن ۔ پتھر یا روڑا پھینکنے کی رسیاں ۔
فلاسفہ (یونانی امذ) عالم ۔ فلسفہ دان ۔ علم فلسفہ کا ماہر ۔ ایک
معجون کا نام ۔
فلاطون (یونانی امذ) پہلوان ۔ جسیم ۔ ایک یونانی حکیم کا نام ہے
جو سقراط کا شاگرد ہے ۔
فلاکت (ع امث) مفلسی ۔ غریبی ۔ ناداری ۔ شامت ۔ گردش ۔
مصیبت ۔ فلک زدگی ۔
فلاکت زدگی (عف امث) مفلسی ۔ غریبی ۔ ناداری ۔ شامت ۔
گردش ۔ مصیبت ۔ فلک زدگی ۔
فلاکت زدہ (عف) مفلس ۔ غریب ۔ شامت کا مارا ۔ مصیبت زدہ ۔
بدبخت ۔ بدنصیب ۔
فُلاں (ع امذ) فرضی شخص ۔ امکا ڈھمکا ۔ کسی ۔ کوئی ۔ وہ ۔ وہ آدمی ۔
فلان (ا امذ امث) عورت اور مرد کی جائے شرم ۔ اندام نہانی ۔
فلانا (ا امذ) وہ آدمی ۔ شخص معلوم ۔
فلانی (ع امث) وہ عورت ۔ زن معلومہ ۔ اکی ۔ ڈھمکی ۔
فلپائن ۔ یہ جزیرے بحرالکاہل میں ہیں ۔ اور مجمع الجزائر مشرقی کا حصہ ہیں
اضلاع متحدہ امریکہ کے ماتحت ہیں ۔ گنا ۔ تمباکو اور لکڑی کی افراط ہے ۔
منیلا دارالحکومت ہے ۔ جو سگرٹوں کے لیے مشہور ہے ۔
فِلز (ع امث) دھات ۔ معدنی جوہر جس میں پگھلنے کی خاصیت ہو ۔
فلزات (ع امث) دھاتیں ۔ فلز کی جمع ہے ۔
فلیڈلفیا ۔ اضلاع متحدہ امریکہ کے مشرقی ساحل پر بندرگاہ اور یونیورسٹی ہے ۔
یہاں سے کئی صنعتی چیزیں باہر جاتی ہیں ۔
فَلس (ع امذ) پیسہ ۔ تانبے کا سکہ ۔ مچھلی کے اوپر کا چھلکا ۔ افلاس کا
قرص ۔
فلسطین ۔ بحیرۂ روم کے کنارے شام کے نزدیک ہے ۔ آج کل یہودیوں
کی کثرت ہے ۔ یروشلم دارالحکومت ہے ۔ یعنی بیت المقدس جو
مسلمانوں اور عیسائیوں کا مقدس مقام ہے ۔
فَلسفہ (یونانی امذ) حکمت ۔ دانائی ۔ علم حکمت ۔ علم موجودات ۔
جوگ ۔
فَلسفی (یونانی) علم حکمت جاننے والا ۔ حکیمانہ ۔ فلاسفانہ ۔
فلالین (انگریزی امث) نہایت ملائم اور گدگدا اونی کپڑا ۔
فلس کیپ (انگریزی امذ) ایک قسم کا نہایت عمدہ دو ورقہ
کاغذ ۔
فِلفِل (ع امث) مرچ ۔ تین طرح کی ہوتی ہے ۔ سرخ ۔ سیاہ ۔ سفید ۔
فَلک (ع امذ) آکاس ۔ امبر ۔ آسمان ۔ چرخ ۔
فلک الافلاک (ع امذ) سب آسمانوں کا آسمان ۔ نواں آسمان ۔
عرش ۔ کرسی ۔
فلک پر چڑھانا (ل) آسمان پر چڑھانا ۔ نہایت عزت بخشنا ۔
فلک پر دماغ ہونا (ل) نہایت مغرور ہونا ۔ سخت متکبر ہونا ۔ اترانا ۔
فلک پر ستارہ ہونا (ا ۔ محاورہ) خوش نصیب اور اقبال مند ہونا ۔
فلک پر سر کھینچنا (ا ۔ محاورہ) بہت بلند ہونا ۔
فلک سیر (امث) بھنگ ۔ سبزی ۔ بوٹی ۔
فلک کو خبر نہ ہونا (ل) نہایت بے خبر ہونا ۔ بالکل خبر نہ ہونا ۔
فلک یاد آنا (ل) موت نظر آنا ۔ خدا دکھائی دینا ۔ مصیبت یاد
آنا ۔
فلکی (عف) آسمانی ۔ عالم بالا کا ۔ سماوی ۔
فلکیات (ع امث) وہ علم جس میں آسمان کی موجودات سے بحث کی جاتی ہے ۔
فلوس (ع امذ) فلس کی جمع ۔ پیسے ۔ افلاس کے قرص ۔
فلوریڈا ۔ خلیج میکسیکو کے دہانہ کے پاس جزیرہ نما ہے ۔ قریب ہی
آبنائے فلوریڈا ہے جہاں سے خلیجی رو گزرتی ہے ۔ اس
جزیرہ نما میں پھل بہت ہوتے ہیں ۔
فلورنس ۔ اٹلی کے مشہور شاعر ڈینٹے کی جائے تولید یہاں گرجا گھر
اور سرکاری عمارتیں اچھی بنی ہوئی ہیں ۔
فِلولوجی (انگریزی امث) علم زبان ۔ زبانوں کی تحقیق کا علم ۔
فَلِہٰذا (ع) اسی واسطے ۔
فلیتہ (ا امذ) فتیلہ کا بگاڑ ہے ۔ بتی ۔ چراغ کی موٹی بتی ۔ پلیتہ ۔ توپ ۔
یا بندوق کا توڑا ۔

فلیتہ جلانا (ا/محاورہ) بتی روشن کرنا۔
فلیتہ دینا (ل) آگ روشن کرنا۔ توپ یا بندوق چلانا۔ آسیب زدہ کو تعویذ کی دھونی دینا۔

ف م

فم (ع/مذ) منہ۔ مکھ۔ دہن۔ دہان۔
فم معدہ (ع/مذ) معدہ کا منہ۔ معدے کا سوراخ جہاں سے غذا داخل ہوتی ہے۔

ف ن

فن (ع/مذ) ہنر۔ گن۔ کرتب۔ مکر۔ دھوکا۔ فریب۔ انداز۔ ڈھنگ۔ قسم۔
فن فریب / فند فریب } (ف/مذ) دونوں مترادف۔ چھل بٹے۔ ٹھگ بدیا۔
فنا (ع/مث) موت۔ ہلاکت۔ نیستی۔ بربادی۔ نابید۔ نیست۔ معدوم۔
فنا فی الشیخ (ع/مذ) فقر کے ایک مرتبے کا نام جس میں مرید ہر وقت اپنے مرشد کے دھیان میں غرق رہتا ہے۔
فنا فی اللہ (ع/مذ) فقر کا وہ درجہ جس میں طالب مولیٰ خدا تعالیٰ کی حقیقت اور معرفت میں ڈوبا رہتا ہے۔
فنا فی اللہ ہونا (ا/شل) ہر وقت خدا کی محبت میں ڈوبا رہنا۔ برباد ہونا۔ ہلاک ہونا۔ مرنا۔ مرجانا۔
فنا ہو جانا (ل) تباہ ہو جانا۔ غارت و برباد ہو جانا۔ کسی پر مِٹ جانا۔ عاشق ہونا۔
فنانس (انگریزی/مذ) آمدنی۔ مال گزاری۔ خزانہ۔
فنانشل کمشنر (انگریزی/مذ) صیغہ مال کا افسر اعلیٰ۔
ق (ع/مث) ایران کے مشہور میوے کا نام۔ انگلیوں کے مہندی لگے سرے۔
(انگریزی/مذ) سرمایہ۔ بضاعت۔ پونجی۔ راس المال۔
(انگریزی/مذ) آلہ۔ کیف۔ بوتل وغیرہ میں پتلی چیز ڈالنے کا نلی دار آلہ۔ پیک۔ گھڑی کے اندر لگانے کا لوہے کا چکر۔ کمانی۔
فنون (ع/مذ) فن کی جمع۔

ف و

فواد (ع/مذ) قلب۔ دل۔

فوارہ (ع/مذ) اُبال۔ سرجوش۔ پھارا۔ پچکاری۔
فوارہ (ع) بہت جوش مارنے والا۔
فوارہ اُچھلنا۔ یا۔ چلنا۔ یا۔ چھوٹنا (ل) پانی یا کسی رقیق چیز کا زور سے اُوپر کو اُبلنا۔ پتلی پتلی دھاریں اُوپر کو اُٹھنا۔
فُواق (ع/مث) ہچکی۔
فواکہ (ع/مذ) فاکہ کی جمع۔ میوے۔ فروٹ۔
فوائد (ع/مذ) فائدہ کی جمع۔
فوت (ع/مث) موت۔ مرگ۔ نیست و نابود ہونا۔ جاتا رہنا۔ انتقال۔
فوت ہونا (ل) گم ہونا۔ معدوم ہونا۔ مرجانا۔ نیست ہونا۔ انتقال۔
فوتی (عف) مرنے والا۔ مرا ہوا۔ وفات یافتہ۔ متوفی۔
فوتی فراری (عف/مذ) (دفتری اصطلاح) مرنے یا بھاگ جانے والا۔ مالِ متوفی۔ فوت شدہ لوگوں کی فہرست۔ مرے ہوئے لوگوں کا اسباب۔
فوتی نامہ (عف/مذ) شہر کے مُردوں کا روزنامچہ۔ مقتولوں کی فہرست۔
فوج (ع/مث) گروہ۔ جتھا۔ انبوہ۔ جنگی آدمیوں کا مجمع۔ سپاہ۔ لشکر۔
فوج بھرتی کرنا (ا/مص مرکب) سپاہ نوکر کرنا۔
فوج دار (عف/مذ) سپہ سالار۔ فوج کا افسر۔ شہر کا حاکم۔ کوتوال۔ مجسٹریٹ۔ فیلبان۔ مہاوت۔ بادشاہ کی سواری میں ہاتھی پر آگے بیٹھنے والا۔
فوجداری (عف/مث) فوج دار کا کام یا عہدہ۔ مجسٹریٹی۔ وہ محکمہ جس میں لڑائی جھگڑے۔ خون۔ قتل وغیرہ کے مقدمے فیصل ہوں۔ لڑائی۔ جھگڑا۔
فوجداری کرنا (ل) لڑنا۔ جھگڑنا۔ زبردستی کرنا۔ فساد کرنا۔ دنگا کرنا۔
فوج کا گھونگھٹ کھانا (ا/محاورہ) لشکر کا شکست کھا جانا۔
فوج کشی (عف/مث) چڑھائی۔ دھاوا۔ حملہ۔
فوج کشی کرنا (ل) دھاوا کرنا۔ چڑھائی کرنا۔ حملہ کرنا۔
فوجی (عف) متعلق بہ فوج۔ جنگی۔ لشکری۔ لڑائی کا۔
فورال (ف) نام شہر قنوج کا۔
فور (ع/مذ) ذفت۔ گھڑی۔ ساعت۔ جلدی۔ شتابی۔
فورٹ ولیم۔ کلکتہ میں ایک قلعہ ہے جس کی بنیاد ایسٹ انڈیا کمپنی کے زمانے میں رکھی گئی تھی۔
فوراً (ع) سُرعت۔ جلدی سے۔ جھٹ پٹ۔ اسی وقت۔
فوز (ع/مث) ظفر۔ مرادمندی۔ کامیابی۔ بخوبی مقصد کو پہنچنا۔
فوطہ (ع/مذ) پٹکا۔ کمربند۔ پیٹی۔ حمام کی لنگی۔ رومال۔ پگڑی۔ خراج۔ محصول۔ خزانہ۔ گنج۔ تھیلا۔ تھیلی۔ بیضہ۔ خایہ۔
فوطہ جھٹکنا (ل) بیضہ بڑھ جانا۔
فوطہ خانہ (عف) خزانہ۔ گنج۔
فوطہ دار (عف/مذ) خزانچی۔ تحویلدار۔
فوفل (ع/مث) چھالیہ۔ سپاری۔

فوق (ع) اُوپر۔ بلند۔ بالا (مذکر) بلندی۔ اُونچائی۔ بالائی چوٹی۔ سبقت۔ فوقیت۔ ترجیح۔ بزرگی۔ عظمت۔ بڑائی۔ فضیلت۔ خوبی۔

فوق العادت (ع) عادت سے بڑھ کر۔ بالا۔ عادت سے باہر۔

فوق رکھنا (ار/محاورہ) ترجیح رکھنا۔

فوق لے جانا (ار/محاورہ) سبقت لے جانا۔ بڑھ جانا۔

فوقانی (ع) اُوپر کا۔ بالائی۔ اُوپر کے نقطوں والی۔

فوقیت (ع/مث) بڑائی۔ بزرگی۔ شان۔ قدر۔ غلبہ۔ ترجیح۔

فوکس (انگ/مذ) نقطہ ماسکہ۔

فول (انگریزی) بے وقوف۔ احمق۔ موڑھو۔ نادان۔

فولاد (مذ) ایک قسم کا نہایت سخت جوہردار لوہا۔ اسپات۔ کرّا۔ سخت مضبوط۔ پولاد کا معرب۔

فولاد کا دل (ار/مذ) نہایت سخت دل۔

فولادی (ف) فولاد اسپات کا بنا ہوا (مؤنث) نیزے یا علم کی چھڑ۔ نیزے کا بانس۔

ف - ہ

فہرس (ع) معرب فہرست کا۔

فہم (ف/مث) سُدھ۔ سمجھ۔ بُدھی۔ عقل۔ دانائی۔ شعور۔ وقوف۔

فہم ناقص (ع/مث) ناقص رائے۔ ناکمل عقل۔ چھوٹی سی عقل۔ کم عقلی۔

فہمائش (ف/مث) نصیحت۔ تلقین۔ ہدایت۔

فہمائش کرنا (ف) سمجھانا۔ آگاہ کرنا۔ تنبیہ کرنا۔ جتلانا۔

فہمید (ف/مث) سمجھ۔ بُدھ۔ عقل۔ رائے۔

فہمید حساب (ف/مث) حساب کا سمجھنا سمجھانا۔ لین دین کا حساب کرنا۔

فہو المراد (ع) جواب یا حصولِ مراد کا کلمہ۔ پس یہی مراد ہے۔ کسی شرط کے آخر میں بولا جاتا ہے۔ جیسے۔ اگر یہ امر اس طرح انجام پا گیا تو ہماری یہی مُراد ہے۔

فہیم (ع) سمجھ دار۔ دانا۔ ہوشیار۔ عقل مند۔ چتر۔ بدھوان۔

ف - ی

فی (ع) سایہ ہر شے کا جو زمین پر پڑتا ہے۔

فی (ع) حرفِ جار۔ درمیان۔ اندر۔ بیچ۔ پیچھے۔ ہر ایک گیل۔ ساتھ (مؤنث) نقص۔ خرابی۔ کمی۔ غلطی۔ عیب۔ قصور۔ کسر۔ سازش۔ دغا۔ فریب۔ دھوکا۔

فی البدیہہ (ع) فوراً۔ بے سوچے۔ تُرت۔ فی الفور۔ اُسی وقت۔ برمحل کوئی شعر یا کہاوت کہہ دینا۔

فی الجملہ (ع) الغرض۔ حاصل کلام۔ القصہ۔ قصہ مختصر۔ تھوڑا سا۔ یونہی۔

فی الحال (ع) اب۔ تُرت۔ سردست۔ ابھی۔ اس وقت۔

فی الحقیقت (ع) دراصل۔ حقیقتاً۔ واقعی۔ بے شک۔

فی الفور (ع) جلدی۔ شتابی۔ تُرت۔

فی المثل (ع) مثلاً۔ نظیراً۔ تمثیلاً۔ کہاوت میں۔

فی النار (ع) دُعائے بد ہے۔ دوزخ میں جائے۔ بھاڑ میں پڑے۔

فی النار والسقر ہونا (ا) دوزخ میں جانا۔ جل جانا۔ مخالف کا یا دشمن کا مر جانا۔ بھُن جانا۔ دُور ہو جانا۔ دفع ہو جانا۔

فی الواقع۔ یا۔ فی الواقعہ (ع) دیکھو فی الحقیقت۔

فی امان اللہ (ع) دُعائیہ کلمہ جو رخصت کے وقت زبان پر لاتے ہیں۔ خدا حافظ۔ اللہ بیلی۔

فی روپیہ (ا) روپے پیچھے۔ ہر ایک روپیہ پر۔

فی روز (ا) روزانہ۔ یومیہ۔ دہاڑی۔ فی یوم۔

فی رہ جانا (ا) نقص رہ جانا۔ کمی رہ جانا۔ کسر رہ جانا۔ غلطی رہ جانا۔

فی زمانا (ع) ان دنوں۔
فی زمانہ (ع ف) آج کل۔

فی سبیل اللہ (ع) خدا کی راہ میں۔ مال۔ وقف۔ اللہ واسطے کا۔

فی سبیل اللہ کر دینا (ا) وقف کر دینا۔ خدا کے نام پر چھوڑ دینا۔ خیرات کر دینا۔

فی صد (ع) سو پیچھے۔ فی سیکڑا۔

فی کس۔ فی نفر۔ فی آدمی (ف) آدمی پیچھے۔ آدمی گیل۔

فی کل وجوہ (ع/متعلق فعل) ہر طرح۔ بہر حال۔

فی مابین (ع) آپس میں۔ باہم۔ دونوں کے بیچ میں۔

فی نفس الامر (ع/متعلق فعل) دراصل۔ فی الحقیقت۔

فی نکالنا (ا) عیب نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ نقص نکالنا۔ عیب لگانا۔

فیاض (ع) نہایت سخی۔ بہت ہی فیض پہنچانے والا۔ کریم النفس۔

فیاضی (ع/مث) سخاوت۔ دان پن۔ خیر خیرات۔ بخشش۔ دریا دلی۔

فینا۔ یا۔ فیتہ (پرتگالی/مذ) کنارا۔ کور۔ ریشم کے سوت وغیرہ کا بنا ہوا کنارا۔

فیدم (انگ/مذ) گہرائی ناپنے کا پیمانہ جو چھ فٹ ہوتا ہے۔

فیر (انگریزی/مذ) توپ یا بندوق کو آگ دینا۔ سرکانا۔ آگ۔ آتش۔ نار۔ دفعہ۔ وار۔

فیروزہ (ف) سبز یا نیلے یا آسمانی یا زنگاری رنگ کے ایک جواہر کا نام۔

فیروزی (ف) نیلے یا آسمانی رنگ کا۔ نیلگوں۔ نیلا۔

فیز (ت/مث) ترکی ٹوپی۔

فیس (انگریزی/مث) محنتانہ۔ نذرانہ۔ انعام۔ اُجرت۔ مزدوری۔ حق الخدمت۔

فیس کورٹ (انگریزی امث) عدالت کا محنتانہ۔ رسوم عدالت۔
فیشن (انگریزی امذ) دستور۔ چلن۔ رسم و رواج۔ اسلوب۔
طریقہ۔ بناوٹ۔ ساخت۔ تراش۔ خراش۔ بناؤ سنگار۔
صورت۔ شکل۔ ڈھنگ۔ طرز۔ طور۔ طریق۔ آن بان۔ نمونہ۔
نقشہ۔ مثال۔ لباس۔ پوشاک۔ ہنر۔ صنعت۔ مروّج۔
رائج الوقت۔ جاری۔ رواج یافتہ۔
فیشن ہونا (ل) رواج ہونا۔ چلن۔ رسم پڑنا۔
فیصل (ع امذ) (لغوی)۔ حق و باطل کو الگ کرنا۔ (اصطلاحی) تصفیہ۔
نپٹارا۔ فیصلہ۔ انصاف۔
فیصل کرنا (ل) جھگڑا چکانا۔ مٹانا۔ نبیڑنا۔ بے باق کرنا۔ تصفیہ کرنا۔
ڈگری کرنا۔ مقدمے کا فیصلہ کرنا۔
فیصلہ (ع امذ) ڈگری۔ تصفیہ۔ نپٹاؤ۔ چکوتہ۔ نبیڑا۔
فیصلہ ٹھہرانا (ل) تصفیہ قرار پانا۔ جھگڑا چک جانا۔
فیصلہ کرنا (ل) جھگڑا چکانا۔ قصہ طے کرنا۔ بے باقی کرنا۔ مٹانا۔
برباد کرنا۔ توڑ پھوڑ ڈالنا۔
فیصلہ ہونا (ل) جھگڑا چکنا۔ طے ہونا۔ تصفیہ ہونا۔
فیض (ع امذ) لبریز ہونا۔ مجازاً۔ فائدہ۔ نفع۔ سود۔ سخاوت۔
فیاضی۔ نیکی۔ بھلائی۔ دریا دلی۔ داد و دہش۔ سعادت۔
لنگر۔
فیض پہنچانا (ل) نفع پہنچانا۔ فائدہ پہنچانا۔ سخاوت کرنا۔ بھلائی کرنا۔
نیکی کرنا۔ خیرات کرنا۔
فیض رساں (ع ف) فائدہ پہنچانے والا۔ سخی داتا۔
فیض عام (ع امذ) عام لوگوں کا۔ عام لوگ۔
فیضی (ع امذ) اکبری نورتن میں سے ایک اعلیٰ ترین رتن شیخ ابوالفضل
فیضی کا تخلص جو ملک الشعراء کے خطاب سے بھی مشرف تھا۔
فیل (ل) ناکام۔ نامراد۔ گرا ہوا۔ پیچھے رہا ہوا۔ پسماندہ (انگریزی)
فیلڈ۔ (FAILED)
فیل ہونا (ل) ناکام ہونا۔ گر جانا۔ رہ جانا۔ چوکنا۔ گھٹ جانا۔
فیل (ا/امذ) مکر و فریب۔ دغا۔ شرارت۔ دم۔ جھانسا۔
فیل (ف امذ) ہاتھی۔ گج۔ شطرنج کے ایک مہرے کا نام بھی ہے۔
فیل بان (ف امذ) مہاوت۔ ہاتھی وان۔ نوجدار۔
فیلبانی (ع ف امذ) فیلبان کا کام۔
فیل پا۔ یا۔ فیل پاؤں (ل امذ) ایک مرض کا نام جس میں پاؤں
ہاتھی کی طرح سوج کر موٹا ہو جاتا ہے۔ مرض داء الفیل۔
فیل سا ڈیل بڑھ جانا (ا/ محاورہ) بہت سا موٹا ہو جانا۔
فیل خانہ (ف امذ) ہاتھیوں کا طویلہ۔
فیل مرغ (ف امذ) ایک پرندے کا نام جو مور سے مشابہ ہے۔ پیرو۔
فیل منگلوسی (ف امذ) منگلوس کے جنگل کا ہاتھی۔ منگلوس ایک جنگل کا
نام ہے جس کے ہاتھی بہت مشہور ہیں۔
فیلہ (ف امذ) پیلہ۔ شطرنج کے ایک مہرے کا نام۔
فیلسوف (یونانی امذ) دانا۔ عالم فاضل۔ حکیم۔ مکّار۔ فریبی۔
دغاباز۔
فیلسوفی (ل ث) عیاری۔ چالاکی۔ مکّاری۔ فریب۔ فضول خرچی۔
نمود و نمائش۔
فیلقوس (ع) نام سکندر بادشاہ کے باپ کا۔
فیلی۔ فیلیا۔ فیلی ہا یا (ل) فریبی۔ مکّار۔ دغاباز۔
فیملی (انگریزی امذ) کنبہ۔ خاندان۔ ٹبر۔ گھربار۔ بال بچے۔
اہل و عیال۔

ق (ع/مذ) اُردو کا ستائیسواں - فارسی کا چوبیسواں اور عربی کا اکیسواں حرف - حساب جمل میں اس کے ایک سو عدد مقرر ہیں -

ق - ا

قا (ا/مذ) کوّے کی آواز - کائیں کائیں -

قاآن (ت) بادشاہ ترکستان کا لقب - اس نام کا بادشاہ بڑا عادل اور سخی گزرا ہے -

قاب (ت/مث) بڑی رکابی - خوان - تھال - عینک کو بھی کہتے ہیں -

قاب (ع/مذ) ایک ہاتھ کا فاصلہ - کمان کی موٹھ - گوشے تک کا فاصلہ -

قاب قوسین (ع/مذ) دو ہاتھ کا فاصلہ - دو کمان کا فاصلہ - نہایت قرب - معشوق کے ابرو -

قابض (ع/مذ) قبضہ کرنے والا - گھیرنے یا سمیٹنے والا - دخیل - قبضہ دار - جان نکالنے والا - روح قبض کرنے والا - زبردستی گھسیٹ لے جانے والا - پیچھے سے پکڑنے اور دبانے والا - پیٹ میں اڑ کر جانے والی چیز (قانون) مالک بجائے مالک -

قابضِ ارواح (ع) روح قبض کرنے والا فرشتہ - ملک الموت -

قابض ہو بیٹھنا (ا) مالک بن بیٹھنا - کسی کی جائداد پر زبردستی قبضہ کر لینا -

قابل (ع) جوگا - مناسب - پسندیدہ - سزاوار - دانا - عقل مند - لائق - سالم - فاضل - پنڈت - پڑھا لکھا - خواندہ - ہوشیار -

قابلِ ادا (ع) (قانون) ادا کرنے کے لائق - صاحب مقدور - ادا کرنے کے لائق قرض -

قابلِ اعتبار (ع) بھروسے کے لائق - معتبر -

قابلِ اعتراض (ع) عذر کے لائق - نامناسب - بے جا - ناجائز -

قابلِ التفات - یا - قابلِ توجہ (ع) توجہ کے لائق - غور کرنے کے قابل -

قابلِ انقسام (ع) تقسیم ہونے کے لائق - وہ چیز جسے حسب دلخواہ حصوں میں تقسیم کر سکیں -

قابلِ بازپرس (ع/صف) جوابدہی کے لائق -

قابلِ تعریف (ع/صف) نہایت پسندیدہ - آفریں کے قابل -

قابلِ سماعت (ع) وہ مقدمہ جو قانوناً توجہ کے لائق ہو - سننے کے قابل -

قابلِ غور (ع) توجہ کرنے اور سوچنے کے لائق -

قابلِ نکاح (ع) بالغ - بالغہ - جوان - شادی کے لائق -

قابل ہونا (ا) لائق ہونا - تجربہ کار ہونا -

قابلہ (ع/مث) ہوشیار اور لائق عورت - دائی - جنائی - بچہ جنانے والی عورت -

قابلیت (ع/مث) لیاقت - سلیقہ - سمجھ بوجھ - دانائی - علمیت - مادہ -

قابو (ت/مذ) موقع - فرصت - قوت - طاقت - زور - حکم - اختیار رکھنا - رسائی - پہنچ -

قابو پانا (ا) قدرت پانا - اختیار پانا - فرصت پانا - مہلت پانا - موقع پانا -

قابو چڑھنا } (ا) بس چلنا - اختیار ہونا - پہنچ ہونا -
قابو چلنا } داؤ پر چڑھنا - ہتھے چڑھنا - کسی کے بس میں ہونا -

قابو سے نکلنا - یا - باہر ہونا (ف) بس کا نہ رہنا - آپے سے باہر ہونا - آپے میں نہ رہنا - طاقت سے باہر ہونا -

قابو میں آنا (ف) داؤ پر چڑھنا - بس میں آنا -

قابو ہونا (ف) قبضہ ہونا - بس ہونا - موقع ہونا -

قابوچی (ت/مذ) دربان - کمینہ - مفسد -

قابیل (سُریانی) حضرت آدمؑ کے بڑے بیٹے کا نام ہے -

قاتِل (ع) قتل کرنے والا آدمی - خونی - معشوق کا خطاب -

قاجار - یا - قاچار (ف/مذ) شاہانِ ایران کا وہ خاندان جس کا بانی قراجا تھا -

قادِر (ع) قدرت والا - طاقت رکھنے والا - بلوان - خدائے تعالےٰ کا ایک وصفی نام - غالب - بس میں رکھنے والا - مختار -

قادِر انداز (ع ف) وہ تیر انداز جس کا تیر کبھی خطا نہ کرے - جچا تلا نشانہ لگانے والا -

قادِرِ مطلق (ع/مذ) پُوری پُوری قدرت والا - بے حد قدرت والا - خدا تعالےٰ -

قادری (ع/مث) قلعہ کی بیگمات کا ایک قسم کا سینہ بند - شیخ عبدالقادر قدس سرّہٗ کے طریقہ پر چلنے والا -

قار (ت) برف -

قارو (ع/مذ) راج ہنس پرند -

قارُورہ (ع/مذ) لغوی معنی پیشاب اصطلاحاً وہ شیشی جس میں پیشاب بھر کر حکیم یا ڈاکٹر کو دکھلاتے ہیں -

قارُورہ دیکھنے والا } (ف/مذ) حکیم - طبیب -
قارُورہ شناس } (ف/مذ) بید - ڈاکٹر -

قارُورہ ملنا (ف/ا/محاورہ) موافقت ہونا -

قارُون (ع/مذ) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے چچا زاد بھائی کا نام جو نہایت دولت مند اور پرلے درجے کا بخیل اور کنجوس تھا -

قارُون کا خزانہ (ف/مذ) مجازاً بہت ہی بڑا خزانہ بے انتہا دولت -

قارِی (ع/مذ) پڑھنے والا - خوانندہ - علم قرأت کا واقف - قرآن شریف کو باقاعدہ تجوید سے پڑھنے والا -

قاز (ت/مذ) راج ہنس - کونج - بین - ایک قسم کا دریائی پرندہ -

قاسِم (ع/مذ) تقسیم کرنے والا - بانٹنے والا - قیمت کرنے والا -

قاش (ت/مث) پھانک - ٹکڑا - پھلی - یعنی خربوزے وغیرہ کی پھانک - ابرو - بھوَن -

قاشِ زین (ف/مذ) زین کا ہرنا - زین کے آگے اور پیچھے کے تکیے -

قاشُق (ت) چمچہ -

قاش قاش کرنا (ف) پھانکیں کر ڈالنا - ٹکڑے ٹکڑے کر دینا - چیر ڈالنا -

قاشیں تراشنا (ف/ا/محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے کرنا - پھانکیں کاٹنا -

قاصِد (ع/مذ) قصد کرنے والا - ایلچی - سفیر - نامہ بر - چٹھی رساں - دُوت - پیام آور -

قاصِراتُ الطرف (ع) وہ عورتیں جو اپنے شوہروں کے سوا کسی دوسرے مرد کو کنکھیوں سے بھی نہیں دیکھتیں -

قاصِر (ع/مذ) قصور کرنے والا - کمی کرنے والا - مجبور - معذور - ناچار -

قاصِر ہمّت (ع/صف) کم ہمّت - بے حوصلہ -

قاضی (ع/مذ) حکم لگانے والا - جھگڑا چکانے والا - جج منصف - ادا کرنے والا - حاجات پوری کرنے والا - نکاح پڑھنے والا - نکاح خواں - نکاح باندھنے والا -

قاضی الحاجات (ع/مذ) مرادیں پوری کرنے والا - خدا تعالیٰ - مجازاً نقدی - روپیہ - پیسہ -

قاضی القضاۃ (ع/مذ) بڑا قاضی - حاکم اعلیٰ - چیف جسٹس -

قاضی بہ رشوت راضی (ف/مثل) رشوت دینے سے سبھی راضی ہو جاتے ہیں -

قاضی جی اپنا تو آگا ڈھانکو پیچھے کسی کو نصیحت کرنا (ا/مثل) ناصح پہلے اپنے اخلاق اور عادات کو درست کرے - پھر دوسرے کو نصیحت دے -

قاضی جی بہتیرا ہرا ئیں ہیں ہارتا ہی نہیں (ا/مثل) نہایت گستاخ اور ضدی آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں -

قاضی جی دُبلے کیوں ہوئے شہر کے اندیشے میں (ا/مثل) غیروں کے غم میں خواہ مخواہ رہنے والے کی نسبت بولا کرتے ہیں -

قاضی جی کے گھر کے چوہے بھی سیانے (ا/مثل) حاکم کے گھر کے ادنیٰ آدمی بھی سمجھ دار ہوتے ہیں -

قاضی جی کا پیادہ گھوڑے پر سوار (ا/مثل) حاکم کا آدمی جلدی ہی کرتا آتا ہے -

قاضی جی کی لونڈی مری سارا شہر آیا - قاضی جی مرے کوئی نہ آیا (ا/مثل) لحاظ دار کے باعث اُس کے غلاموں کی بھی عزت ہوتی ہے - لحاظ دار مر جائے کوئی نہیں پوچھتا مراد یہ ہے دنیا منہ دیکھے کی یار ہے -

قاضی دلاّل (ع/ا/صف) فسادی - مفسد -

قاضیٔ فلک - یا - قاضی چرخ (ع ف/مذ) مشتری یعنی برہسپت - ستارہ جو سعد اکبر ہے -

قاضی قدوہ (ع/مذ) ایک کثیر الاولاد قاضی کا نام - مجازاً ہر ایک کثیر الاولاد آدمی کو کہتے ہیں -

قاضی کا پیادہ (ا/مذ) عدالت کا چپڑاسی - کانسٹیبل پکڑ لے جانے والا - مجازاً پاخانے کی حاجت جو روکے نہیں رُک سکتی -

قاضی کرے سو نیاؤ یا سر پڑے سو داؤ (ا/مثل) انصاف وہی جو حاکم کرے اور داؤ وہی جو اپنے آپ ایمان داری سے لگے -

قاضی نیاؤ نہ کرے گا تو گھر تو آنے دے گا (ا/مثل) نفع اگر نہ ہوا تو نقصان بھی تو کچھ نہیں ہونے کا -

قاطِبَۃً (ع) عام طور پر - بالکل - تمام - سب کے سب - بیشتر - اکثر کر کے -

قاطِع (ع) کاٹنے والا - قطع کرنے والا -

قاطع الطریق (ع) رہزن - لٹیرا - ڈاکو۔

قاعدہ (ع امذ) بُنیاد - بیخ و بُن - اصُول - اصل - دستور - طریقہ - رسم - قانون - ضابطہ - حروفِ تہجی کا پہلا رسالہ - دستورُ العمل - ہدایت نامہ - عادت - خُو - خصلت - سبھاؤ - ترتیب - قرینہ - گُر - صرف و نحو یا حساب کا طریقہ۔

قاعدہ باندھنا (ف) قانُون بنانا - دستور ٹھہرانا۔

قاعدہ داں (عف امذ) رسم و رواج سے واقف ہر بات کے سلیقہ اور گُر اور ترتیب سے واقف علمِ مجلس جاننے والا۔

قاعدے سے (ف) طریقہ سے - ترتیب سے - دستور کے موافق - ادب سے۔

قاعدہ کُلیہ (ع امذ) پکا قاعدہ - عام اصُول - گُر۔

قاعدہ کی بات ہے (ف امحاورہ) عام بات ہے - عام دستور ہے۔

قاف (ع امذ) عربی کا اکیسواں حرف - جیسا کہ اُوپر بیان ہو چکا ہے - ایشیا کے کوچک کی طرف ایک پہاڑ کا نام - کاکیشیا۔

قاف کی پریاں (ف امث) کنایۃً حسین عورتیں۔

قافلہ (ع امذ) کارواں - مسافروں یا تاجروں کا گروہ - حاجیوں کا گروہ۔

قافلہ سالار (عف امذ) قافلے کا سردار - میرِ قافلہ۔

قافیہ (امذ) پیچھے چلنے والا - اصطلاح میں ردیف سے پہلے کا لفظ یا حرف - تُک - غزلوں یا بیتوں وغیرہ کے مصرعوں یا شعروں کے آخر میں آنے والے مشابہ حروف۔

قافیہ باندھنا (ف امحاورہ) شاعری کرنا۔

قافیہ بندی (عف امث) تُک بندی - شعر موزوں کرنا۔

قافیہ پیما (عف امص) قافیہ ڈھونڈ ڈھونڈ کے شعر کہنے والا - تُک بند۔

قافیہ پیمائی (عف امث) اشعار کی گنتی پُوری کرنے کے واسطے قافیہ جوڑ دینا۔

قافیہ تنگ کرنا (ف) تنگ کر دینا - لاجواب کرنا - دق کرنا - ستانا - شرمندہ و نادم کرنا - حیران و پریشان کرنا۔

قافیہ تنگ ہونا (ف) قافیہ نہ ملنا - کسی نظم یا شعر کا قافیہ نہ ملنا - عاجز ہونا - تنگ ہونا - گھبرانا - لاجواب ہونا - ناک میں دم آنا۔

قافیہ سنج (عف اصف) موزوں طبع شاعر۔

قافیہ ملانا (ف) تُک سے تُک جوڑنا - یارانہ گانٹھنا - راز دار بننا - دوست بن جانا۔

قاق (ت امذ) سُوکھا ہوا گوشت - مجازاً نہایت دُبلا - ناتواں آدمی۔

قاقا (ع امذ) کوّے کی آواز - کائیں کائیں۔

قاقلہ (ع امث) بڑی الائچی - الائچی کلاں - ہیل کلاں۔

قاقم (ت امذ) نیولے کی قسم کا ایک جانور جس کی سمور نہایت سفید اور نرم ہوتی ہے - روس کے شمالی علاقوں میں بہت ہوتا ہے۔

قال (ع امذ) گفتگو - مقولہ - قول - دکھاوے کی بات چیت۔

قال مقال (ع امث) بحث و تکرار - حجّت - نقطہ - چیں بیں۔

قالَ اَقُول (ع امذ) اُس نے کہا - میں نے کہا - بحث تکرار۔

قالب (ع امذ) سانچا - ڈھانچہ - پنجر - بدن - جسم - تن - سریر - کایا - پنڈا۔

قالب بدلنا (ف) دوسرا جسم اختیار کرنا - چولا بدلنا - دوسرے جسم میں حلول کرنا۔

قالبوت (ف امذ) قالب کا بگاڑ - سانچہ - ڈھانچہ - کالبُد۔

قالی - یا - قالین (ت امث) غالیچہ - ایک قسم کا بچھونا - فرشِ نشین۔

قامت (ع امذ) ڈیل ڈول - قد - جسم - بالا۔

قامتِ رعنا (عف امذ) خوبصورت قد۔

قال قال (ف امث) بطخ کی آواز۔

قانع (ع امذ) قناعت کرنے والا - تھوڑی سی چیز پہ صبر کرنے والا - سنتوکھی - صابر۔

قانُون (ع امذ) جڑ - بُنیاد - بنا - مجازاً - قاعدہ - ضابطہ - دستور - رسم و رواج - آئین - طرز - طریق - ڈھنگ - طب کی ایک کتاب کا نام۔

قانونِ اساسی (ع امذ) بُنیادی قانون - دستور۔

قانونِ استقرائی (ع امذ) وہ آئین جن کی رُو سے افعال جائز کی تعمیل اور افعال ناجائز سے پرہیز کی تعریف ہو۔

قانون بنانا (ف امحاورہ) ضابطہ مرتب کرنا۔

قانون بگھارنا (ف امحاورہ) بے ضرورت تکرار کرنا۔

قانون چھانٹنا (ف) خواہ مخواہ باریکیاں نکالنا - حجّت نکالنا - قانونی بحث کرنا۔

قانون دانی (عف امث) قانونی واقفیت۔

قانون گو (عف امذ) صدر پٹواری - پٹواریوں کے کام کی پڑتال کرنے والا - پرگنہ کا زمینداری رجسٹرار - ضلع اور گاؤں کے تمام مالیات اور پیمائش اراضی کا حساب کتاب رکھنے والا اہل کار۔

قانونِ مال (ع امذ) زمین کا ضابطہ - لگان و اراضی وغیرہ کا قانون۔

قانون مختص الامر (ع امذ) کسی خاص امر کے متعلق جاری شدہ قانون۔

قانون مختص المقام (ع امذ) کسی خاص جگہ یا مُلک کے متعلق قانون۔

قانوناً (ع) قانون کے طور پر - از رُوئے قانون - حسبِ ضابطہ۔

قانُونی (ف امذ) قانُون بنانے والا - قانون جاننے والا - قانون دان - شریعت کے موافق - دھرم شاستر کے مطابق - حجّتی - تکراری - جھگڑالو۔

قانونیا (ف) جھگڑالُو - حجّتی۔

قاہر (ع) قہر کرنے والا - ظلم ڈھانے والا - زبردست اور

غالب - فاتح - مظفر - منصور -

قاہرہ (ع امث) جیرہ - زبردست - فاتحہ - منصور (مذ) مصر کے دارالحکومت کا نام - جامع ازہر ہے - یہاں کی یونیورسٹی مشہور ہے - کعبہ کا غلاف بھی یہیں سے تیار ہو کر ہر سال مکہ جاتا ہے - تماکو اور گنا گرد و نواح میں ہوتا ہے - یہاں سگریٹ بنانے اور کھانڈ صاف کرنے کے کارخانے بھی ہیں -

قاہ قاہ (ف امذ) ٹھٹھا - قہقہہ - ٹھٹھا مارنے کی آواز -

قائزہ (ع امذ) لنگوٹ - لنگوٹا - لگام -

قائزہ کرنا (ف) گھوڑے کے لگام کے تسمے کو دُم سے باندھ دینا - مجرد رہنا - لنگوٹا باندھنا -

قائل (ع) کہنے والا - بولنے والا - اپنا قصور ماننے والا - ہارنے والا - لاجواب - تسلیم کرنے والا -

قائل کرنا (ف) لاجواب کرنا - دِق کرنا - تنگ کرنا - خطا کا اقرار کرنا -

قائل معقول کرنا (ف) جھوٹا ثابت کرنا - قصور کا مُقر کرنا - لاجواب کرنا - بند کرنا - شرمندہ کرنا -

قائل ہونا (ف) مان جانا - تسلیم کرنا - مُقر ہونا - غلطی قبول کرنا - مُعترف ہونا - اِسناد ماننا - کامل فن ماننا -

قائم (ع) کھڑا ہونے والا - عمود دار - عمودی - مضبوط - مُستقل - جُوں کا تُوں موجود - مقرر - مستقیم - شطرنج میں دونوں حریفوں کا برابر رہنا -

قائم اُٹھنا (ف) شطرنج میں کسی کو مات نہ ہونا - دونوں حریفوں کی بازی برابر رہنا -

قائم النار (ع امذ) آگ پر ٹھہرا ہوا پارہ - گندھک وغیرہ -

قائم انداز (عف) نشانہ باز - قادر - انداز - شاطر کامل - جو اپنی بازی کو ہر طرح قائم رکھے -

قائم بالذات (ع) وہ چیز جو بذاتِ خود قائم اور برقرار ہو - جوہر - آزاد - خود مختار -

قائم بالغیر (ع) دُوسرے کے سہارے یا بھروسے پر قائم رہنے والا - محتاج غیر - عرض (جوہر کی ضد)

قائم کرنا (ف) بنیاد رکھنا - مقرر کرنا - بنانا - کھڑا کرنا - اُٹھانا - مضبوط کرنا - مستقل کرنا - حد مقرر کرنا - برقرار کرنا - دھرنا - رکھنا - موجود کرنا - پیدا کرنا - پارے کو قائم النار کرنا -

قائم مزاج (ع) مستقل مزاج - پکا - ثابت قدم - بات کا پورا - اطمینان والا - متین -

قائم مزاجی (ع امث) مضبوطی - استقلال - ثابت قدمی - متانت -

قائم مزاجی سب وصفوں کی بادشاہ ہے (ش) مستقل مزاجی بہترین خوبی ہے -

قائم مقام } (ع) دُوسرے کی جگہ پر کام کرنے والا -
قائمقام } عوضی - مختار کار - وکیل - گماشتہ - ایجنٹ - خلیفہ - نائب -

قائم مقام ہونا (ف) عوضی ہونا - دُوسرے کی جگہ کام کرنا - نائب ہونا -

قائم مقامی (عف امث) وکالت - سفارت - عوضی -

قائمہ (ع امذ) وہ زاویہ جو دو مستقیم خطوں کے عموداً تقاطع کرنے یا قائم ہونے سے پیدا ہو - نوے درجے کا زاویہ -

قائن (ع) شوہر کا بھائی گویا دیور -

ق - ب

قبا (ع امث) ایک قسم کا کھلا کوٹ یا اچکن - رُوئی دار کشادہ سینے والا جامہ -

قبا دوز (ع اصف) قبا بنانے والا - قبا سینے والا -

قبا کرنا - یا - کر ڈالنا (ف) چاک کر ڈالنا - پھاڑ ڈالنا - پارہ پارہ کرنا - ٹکڑے ٹکڑے کرنا -

قباحت (ع امث) بُرائی - خرابی - نقص - عیب - کھوٹ - مُشکل - مصیبت - دِقت - دشواری -

قباحت نکلنا (ف) خرابی ظاہر ہونا - نقص نکلنا - عیب ظاہر ہونا - مُشکل پڑنا - دِقت پیش آنا -

قباد (ف) نام نوشیروان کے باپ کا -

قبالہ (ع امذ) تمسک - بیع نامہ - ملکیت ثابت کرنے کا کاغذ - مکان کا کاغذ یا سند -

قبالہ دار (عف اصف) وہ جس کے پاس قبالہ ہو -

قبالہ لکھوانا (ف) قابض ہونا - مکان کا مالک ہو جانا - بیع نامہ لکھوانا -

قبالہ نویس (عف امذ) عرائض نویس - پیشے کے طور پر - تمسک اور بیع نامے لکھنے والا آدمی -

قبالہ نیلام (عف امذ) وہ بیع نامہ جو نیلام کرنے والا حاکم دے -

قبالے لے ڈالنا (ف) قبضہ کر لینا - قابض ہو جانا - عاجز کر دینا - ہرا دینا -

قبالے لے لینا یا لکھوا لینا (ف) مالک بن جانا - قابض ہو جانا -

قبان (ع) بڑی ترازو -

قبائل (ع امذ) قبیلہ کی جمع - جماعتیں - گروہ - فرقے - خاندان - بال - بچے - عیال و اطفال - اقوام -

قبچاق (ت) نام ایک جنگل کا جہاں توران اور ترکستان کے لٹیرے رہتے ہیں -

قبح (ع امث) بُرائی - عیب - نقص - خرابی -

قبر (ع امث) سادھ - تُربت - گور - گڑھا جس میں مُردہ کو دفن کریں -

قبر بنانا (ف) گور تیار کرنا - مار کر دبا دینا - مار ڈالنا -

قبر پر قبر نہیں ہوتی (ف کہاوت) قرض پر قرض نہیں ملتا -

قبر سلامی (ف امث) وہ نقدی جو مالک زمین کو اس کی ملکیت میں قبر بنانے کے بدلے دی جاتی ہے -

قبر کا پتھر (ف امذ) وہ پتھر جس پر کتبہ لکھ کر قبر پر لگاتے ہیں -

قبر کا تعویذ (ف امذ) سنگِ مزار - تربت کا پتھر جو قبر کا نشان قائم رہنے کی خاطر صندوق سا بنا کر رکھ دیا کرتے ہیں -

قبر کا منہ جھانک کر آنا (ف) سخت بیماری سے شفا پانا - مر مر کر بچنا -
قبر کھود دینا (ف) مار کر دبا دینا - مار کر گڑھے میں ڈال دینا -
قبر کھود کر نکال لانا (ف) جہاں کہیں بھی ہو وہیں سے نکال لانا - پتال سے ڈھونڈ کر نکال لانا -
قبر کھودنا (ف) مُردے کے واسطے گڑھا کھودنا - مار رکھنا - مار ڈالنا -
قبر کے مُردے اُکھاڑنا - یا - اُکھیڑنا (ف) دبی ہوئی باتوں کو اُبھارنا - پرانے جھگڑے نکالنا -
قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھنا (ف) قریب مرگ ہونا - مرنے کو تیار رہنا - نہایت بڑھاپے یا سخت بیماری یا کمزوری کے وقت بولتے ہیں -
قبر میں سے نکل کر آنا (ف) بیماری وغیرہ سے ایسا کمزور ہونا کہ پہچان میں نہ آسکے -
قبرستان (عف امذ) گورستان - مدفن - شہر خموشاں - مُردے دبنے کی جگہ -
قبرہ (ع امذ امث) چنڈول چکاوک - بعض سرخاب کو کہتے ہیں -
قبض (ع امذ) پنجے سے پکڑنا - دبوچنا - گرفتگی - بستگی - سمیٹ - سکیڑ - قابو - رسید کا رجسٹر - بس - دخل -
قبض الوصول (ع امذ) رسید کا رجسٹر - وہ کتاب جس میں روپے کی وصولیت درج کی جائے -
قبض بالجبر (ع امذ) زبردستی قبضہ کر لینا - ناجائز طریق پر مالک بن جانا -
قبض جاری رکھنا (ف ا محاورہ) قبضہ رکھنا -
قبض دخل (عف امذ) پورا قبضہ -
قبض کرنا (ف) اثر کرنی - پیٹ میں گرفتگی پیدا کرنا - سلب کرنا - کھینچنا -
قبضہ (ع امذ) قابو - بس - دخل - تصرف - مُوٹھ - دستہ - مٹھی - پکڑ - پنجہ - مٹھی - کواڑوں کے قبضے - بازو کی مچھلی - ڈنٹر - بانہہ -
قبضہ پانا (ف) قابو پانا - دخل پانا - تصرف میں لانا -
قبضہ پر ہاتھ رکھنا / قبضہ پر ہاتھ ڈالنا } (ف) کسی کے قتل کے واسطے تلوار کی مُوٹھ پر ہاتھ لے جانا - قتل کے لیے تیار ہو جانا - دلیری و جرأت کرنا -
قبضہ کرنا - دخل کرنا - مالک بن بیٹھنا -
قبضہ میں کر لینا (ف) بس میں کر لینا - قابو میں کر لینا -
قبق (ت) گول کدّو -
قبل (ع) پہلے آگے - اوّل - پیشتر (مذ) محاصرہ - گھیرا -
قبل از آنکہ (عف) اس سے پیشتر کہ - اس سے پہلے کہ -
قبل ازیں (عف) اس سے پہلے -
قبلہ (ع امذ) سامنے کی چیز - مقابل کی چیز - سمت کعبہ - وہ طرف جدھر مُنہ کر کے نماز پڑھتے ہیں - کلمۂ تعظیم - حضور - جناب - حضرت - واجب التعظیم -
قبلہ حاجات (ع امذ) مُراد بر لانے والا - دوسرے لوگوں کی حاجتوں اور ضرورتوں کو رفع کرنے والا - ایک کلمۂ تعظیم -

قبلہ رُو (عف امذ) قبلہ کی طرف - وہ چیز یا آدمی جو قبلہ کی طرف مُنہ کیے ہوتے ہیں -
قبلۂ عالم (ع امذ) جہاں پناہ - بادشاہوں کا لقب - بزرگ جہاں -
قبلۂ کونین (ع امذ) دین و دُنیا کا بزرگ - والد بزرگوار -
قبلہ کی طرف پاؤں کئے بیٹھا ہوں (ف ا محاورہ) جھوٹ نہیں بولوں گا -
قبلہ گاہ (عف امذ) بجائے قبلہ - والد بزرگوار - باپ - بزرگ -
قبلہ نما (عف امذ) وہ کمپاس یا اصطرلاب جس سے قبلہ کی سمت معلوم ہو -
قبلہ و کعبہ (ع امذ) کلمۂ تعظیم و تکریم -
قبلہ و کعبہ سمجھنا (ف ا محاورہ) قابلِ تعظیم سمجھنا -
قبور (ع امذ) قبر کی جمع - پستول کا چمڑے کا خانہ -
قبول (ع امذ) تسلیم - منظور - پسند -
قبول خاطر ہونا (ف ا محاورہ) دل کو پسند آنا -
قبولِ خط (ع امذ) تحریری منظوری -
قبول صورت (ف) حسین - دل پسند - خوبصورت -
قبول کرنا (ف) پسند کرنا - ماننا - منظور کرنا - اقرار کرنا - اقبال کرنا -
قبولنا (ف) پسند کرنا - منظور کرنا - دیکھنا - اقبال کرنا - ماننا - اقرار کرنا -
قبولی (ف امث) ایک قسم کا پلاؤ جو چنے کی دال اور چاول ملا کر پکایا جاتا ہے -
قبولیت (ع امث) دُعا کی منظوری (قانونًا) اقرار نامہ - راضی نامہ - منظوری کی سند -
قُبہ (ع امذ) گنبد - برج - کلس - کلغی - کنگرہ -
قبیح (ع) بُرا - نازیبا - قباحت والا - نامناسب -
قبیل (ع امذ) جنس - قسم - نوع - قبیلہ - خاندان - طبقہ - آدمیوں کا گروہ -
قبیلہ (ع امذ) گروہ - ایک دادا کی اولاد - فرقہ - زمرہ - جتھا - خاندان - کل - تبار - بیوی - جورو - اہلیہ - گھر والی -
قبیلہ پرور (عف) اپنے کنبے کی پرورش کرنے والا - کنبہ پرور -

ق - ت

قتال (ع امث) لڑائی - جنگ - خونریزی - کشت و خون -
قتام (ع) گرد و غبار -
قتل (ع امذ) خون - تلوار یا کسی ہتھیار سے کسی کو مار ڈالنا - ہلاکت -
قتل الموذی قبل الایذا (ع اشل) موذیوں کو دُکھ دینے سے پہلے ہی مار ڈالنا چاہیے -
قتلِ عام (ع امذ) سب کو مار ڈالنا - ہر ایک کو بلا امتیاز جان سے مار ڈالنا -
قتلِ عام کرنا (ف) سب کو مار ڈالنا - ہر ایک کے مار ڈالنے کا حکم دینا -

قتلِ عمد (ع ا مذ) (قانون) دیدہ دانستہ ہلاکت کرنا - جان بوجھ کر مار ڈالنا -
قتل کا بیڑا اُٹھانا (ل) کسی کے مار ڈالنے کا عہد کرنا - مار ڈالنے کی قسم کھانا -
قتلا (ا مذ) پھانک - ٹکڑا - قاش - پانک - تراشا ہوا گول ٹکڑا -
قتی (ت ا مث) ڈبیہ - انگور کی پٹاری -
قتیل (ع) مقتول - مارا ہوا - کشتہ ہوا - شہید -

ق - ث

قثاء (ع) ککڑی -
قثد (ع) کھیرا -

ق - ح

قحاب (ع) کھانسی -
قحبہ (ع ا مث) فاحشہ - کسبی - رنڈی - بدکار - بازار -
قحبہ چوں پیر شود پیشہ کند دلالی (ف ا مثل) بدکار عورت جب بوڑھی ہو جاتی ہے تو دلالہ کا کام کرتی ہے -
قحبہ خانہ (ع ف ا مذ) چھلا کوٹھی - چکلا -
قحط (ع ا مذ) کمی - کمیابی - مہنگ - گرانی - کال - خشک سالی - بارش کا نہ ہونا -
قحط الرّجال (ع ا مذ) اچھے لوگوں کی کمی -
قحط پڑنا (ل) کال پڑنا - اوڑ ہونا - گرانی ہونا - مہنگ ہونا - کمی ہونا -
قحط زدہ (ع ف) کال کا مارا - بھوکا - کنگال - کنگلا - ندیدہ - نہایت حرص اور لالچ کھانے والا -
قحط سالی (ع ا مث) خشک سالی -
قحف (ع) کاسۂ سر - کھوپڑی -

ق - د

قد (ع ا مذ) ڈیل - جسم کی لمبائی - قامت -
قدِ آدم (ع ا مذ) آدمی کے قد جتنا - ساڑھے تین ہاتھ -
قد آور (ع ف) لمبے قد کا - دراز قد - طویل القامت -
قد برابر بجلی پڑے - یا - گرے (ل) دعائے بد ہے - جتنا قد ہے - اتنی ہی بجلی گرے اور مار ڈالے -
قد نکالنا (ل) بچّہ کا بڑھنا - بچّے کا بڑا ہونا -

قد و قامت } (ع ف ا مذ) جسامت - ڈیل ڈول - انگلیبٹ -
قد و بالا }
قدامت (ع ا مث) پُرانا پن - کہنگی - اگلا زمانہ - زمانہ سلف - ہمیشگی -
قدح (ع ا مذ) بڑا پیالہ - بادیہ - شراب کا پیالہ - پھننگ کا پیالہ - پیمانہ - جام - ساغر - مدح کی ضد - تردید - اعتراض - سوال کو باطل کرنا - جرح -
قدح خوار - قدح کش - قدح نوش (ع ف ا مذ) نہایت شرابی - نشہ باز - بہت شراب پینے والا -
قدح کی خیر منانا (ل) اپنی ہی بھلائی چاہنا - اپنا ہی فائدہ مدِّ نظر رکھنا -
قدح کرنا (ل) جرح کرنا - جھٹلانا - تردید کرنا -
قدر (ع ا مث) قضا - حکم - مرادف تقدیر - برابر - مساوی - خدا کا ازلی حکم -
قدر (ع ا مث) جانچ - اندازہ - مقدار - نصیب - قسمت - تقدیر - طاقت - قدرت - بزرگی - مرتبہ - عزّت -
قِدر (ع) تانبے کی دیگ -
قدر انداز (ع ف) پکی نشانہ مارنے والا - بال باندھا نشانہ لگانے والا - محکم انداز - بے خطا نشانہ مارنے والا -
قدر دان (ع ف ا مذ) قدر کرنے والا - سار جاننے والا - جوہر شناس - مربّی - بزرگ - سرپرست -
قدر دانی (ع ف ا مث) گُن گیان - ہنر شناسی - عزّت - آبرو -
قدر کرنا (ل) عزّت کرنا - توقیر کرنا - گُن ماننا -
قدر و منزلت (ع ا مث) عزّت و توقیر - مرتبہ - منصب -
قُدرت (ع ا مث) طاقت - زور - بل - قوّت - حوصلہ - فطرت - نیچر - خدائی قوّت - خدائی شان - پہنچ - اختیار - دسترس - کس بل -
قُدرت رکھنا (ل) طاقت رکھنا - مشہور ہونا - شکتی مان ہونا - قوّت رکھنا -
قدرتِ کاملہ (ع ا مث) پوری پوری قوّت - سرو شکتی - بے انتہا طاقت -
قُدرتی (ع ف) فطری - نیچرل - ذاتی - جبلّی - اصلی - حقیقی -
قدرے (ع ف) تھوڑا سا - قلیل - کم - ذرا سا -
قدرے قلیل (ل) بہت تھوڑا - بہت کم - کسی قدر -
قُدس (ع) پاک - پوتر - متبرک (مذ) عرب کی پہاڑی - مجازاً بیت المقدس یروشلم - جبرائیل علیہ السلام کا نام - روح القدس - پاکیزگی - تقویٰ - طہارت -
قُدسی (ع) پاکیزہ - متبرک (مذ) فرشتہ - نیک آدمی - حاجی محمد نامی ایک مشہور شاعر کا تخلص بھی ہے -
قدغن (ت ا مث) لغوی اہتمام - اصطلاحاً خبرداری - نہایت روک ٹوک - تاکید - ممانعت -

قدمچی (ت) چوکیدار۔
قدم (ع امذ) پاؤں۔ پیر۔ چرن۔ گام۔ چلتے وقت ایک پاؤں سے دوسرے تک کا فاصلہ۔ رفتار۔ خرام۔ چال۔ نقشِ پا۔ مجازاً واسطہ۔ دخل۔ تعلق۔ وجود۔ ذات۔ موجودگی۔ دھیمی چال۔ گھوڑے کی ایک چال۔ ایک سایہ دار درخت اور ایک قسم کی گھاس کا نام بھی ہے۔
قدم اُٹھا کر جانا۔ یا۔ چلنا } (ا) جلدی جلدی جانا۔ جلد جلد قدم رکھنا۔ پاؤں بڑھا کر چلنا۔ تیزی سے قدم اُٹھانا۔
قدم اُٹھانا
قدم اُٹھنا (ہ) سرکنا۔ پاؤں اُٹھنا۔ ہلنا۔ حرکت کرنا۔ شوق ہونا۔
قدم اُکھڑنا (ا) پاؤں نہ جمنا۔ چل نہ سکنا۔ شکست کھانا۔ پسپا ہونا۔
قدم باز (ا) چالاک۔ تیز رفتار۔ جلد چلنے والا۔
قدم باہر نکالنا (ا/محاورہ) کسی حد سے باہر جانا۔
قدم بقدم چلنا (ا) کسی کی پیروی کرنا۔ تقلید کرنا۔ پیچھے پیچھے چلنا۔ ساتھ ساتھ چلنا۔
قدم برداشتہ (عف) جلد جلد۔ بھاگا بھاگ۔ بے توقف دوڑتا ہوا۔
قدم بر قدم (عف/صف) پیروی کرنے والا۔
قدم بڑھانا۔ یا۔ قدم آگے رکھنا (ا) زیادتی کرنا۔ مداخلت کرنا۔ فائق ہونا۔ آگے بڑھنا۔ جلدی چلنا۔ اپنی حد سے آگے بڑھ جانا۔
قدم بوس ہونا (ا) تعظیم کرنا۔ ادب کرنا۔ پاؤں چومنا۔ پاؤں پڑنا۔ پالاگن کرنا۔ پاؤں کو ہاتھ لگانا۔
قدم بوسی (عف/مث) خدمت۔ سلام۔ بندگی۔ پاؤں چومنا۔ آداب۔ بڑوں کی ملاقات۔
قدم بھاری ہونا (ا) کسی کا کسی آدمی کے لیے نامبارک ہونا۔ منحوس ہونا۔ سبز قدم ہونا۔ چندرا ہونا۔ نحس ہونا۔
قدم بھر (ا/متعلق فعل) ایک قدم کے فاصلے پر۔
قدم پھیرنے آنا (ا) مرنے سے پہلے کسی جگہ پر آخری مرتبہ آنا۔ آخری پھیرا کرنا۔
قدم جمانا (ا) ڈٹ کر کھڑا ہونا۔ جم کر مقابلہ کرنا۔ مستقل رہنا۔ ڈٹ جانا۔
قدم چومنا (ا) تعظیم سے پاؤں چومنا۔ اُستاد اور قابل ادب ماننا۔ بہت متفق ہونا اور سر پر تسلیم کرنا۔ سر پر ماننا۔
قدم حکم سے باہر رکھنا (ا/محاورہ) حکم نہ ماننا۔
قدم درمیان ہونا (ا) دخل ہونا۔ واسطہ ہونا۔ بیچ میں پڑنا۔ آڑے آنا۔
قدم رسول۔ یا۔ قدم شریف (ع امذ) وہ مکان یا جگہ جہاں رسول پاکؐ کے قدم مبارک کا نشان رکھا ہو۔
قدم رکھنا (ا) پاؤں رکھنا۔ چلنا۔ دخل دینا۔ مداخلت کرنا۔ کسی کام کا دعویٰ کرنا۔ کوئی کام اختیار کرنا۔ آنا۔ تشریف لانا۔
قدم رنجہ فرمانا۔ یا۔ کرنا (ا) تشریف لانا۔ تکلیف اُٹھانا۔ کسی کے گھر تک جانے کی تکلیف اُٹھانا۔

قدم قدم پر (ا) ہر ایک قدم پر۔ چپہ چپہ پر۔
قدم قدم جانا یا چلنا (ا) سہج سہج چلنا۔ آہستہ آہستہ چلنا۔
قدم کو ہاتھ لگانا (ا) پاؤں چھونا۔ تعظیم سے پاؤں کو ہاتھ لگانا۔ عاجزی کرنا۔ گڑگڑانا۔ ماتھا ٹیکنا۔ ناک رگڑنا۔
قدم گاڑنا (ا) پاؤں جمانا۔ مستقل ہونا۔ جم جانا۔
قدم لگنا (ا) کسی کی پناہ یا حفاظت میں جگہ لینا۔ پاؤں چومنا۔ گھوڑے کو قدم چال پر چلانا۔
قدم لینا (ا) پابوسی کرنا۔ پاؤں پکڑنا۔ تعظیم کرنا۔ قدموں کو ہاتھ لگانا۔ اُستاد ماننا۔ دوسرے کے کمال کا اعتراف کرنا۔ نیکی یا بدی میں بے نظیر ماننا۔ خوشامد کرنا۔ احسان ماننا۔ استقبال کرنا۔ خیر مقدم کرنا۔
قدم مارنا (ا) کوشش کرنا۔ سعی کرنا۔ دوڑ دھوپ کرنا۔ قدم رکھنا۔ کسی کام میں دخل دینا۔ تیز جانا۔ جلد جانا۔
قدم نکالنا (ا) گھوڑے کو چال سکھانا۔ سدھانا۔ درست چال پر لگانا۔
قُدَما (ع امذ) قدیم کی جمع۔ پرانے لوگ۔ اگلے لوگ۔ پرانے زمانے کے آدمی۔
قدمچہ (عف/امذ) پاخانے کے اندر کا وہ چبوترہ یا پایہ جس پر پاؤں رکھ کر بیٹھتے ہیں۔
قدموں سے لگنا (ا) تعظیم کرنا۔ پاؤں چومنا۔ زیر سایہ رہنا۔
قدموں سے لگے پڑے ہیں (ہ/محاورہ) تابع فرمان ہیں۔ مطیع ہیں۔ ماتحت ہیں۔
قدموں سے لگے رہنا (ا) ہر وقت ساتھ رہنا۔
قُدّوس (ع) بڑا پاک۔ خدا کا ایک نام۔
قَدُّوم (ع) بڑھئی کا بسولہ۔ اس مقام کا نام جہاں حضرت ابراہیمؑ اپنی ختنہ کی تھی۔
قُدُوم (ع امذ) قدم کی جمع۔ کسی جگہ سے آنا۔ سفر سے واپس آنا۔
قُدوہ (ع امذ) مثال۔ نمونہ۔ پیشوا۔
قُدوۃ الابرار (ع امذ) انصاف کا نمونہ۔ بے حد منصف مزاج۔
قدوۂ دودمانِ شاہی (ع امذ) شاہی خاندان کا سردار۔
قدیر (ع) طاقتور۔ صاحب قدرت۔ مشکل آسان۔ خدائے تعالیٰ کا ایک وصفی نام۔
قدیم (ع) پرانا۔ ہمیشہ سے ہونے والا۔ دیرینہ۔ کہنہ۔ پراچین (ذالنون)۔ آبائی۔ جدی۔ باپ دادا کا۔ پشتینی۔
قدیم الایام۔ یا۔ قدیم سے (ا) سدا سے۔ ہمیشہ سے۔ پرانے زمانے سے۔ اگلے وقتوں سے۔
قدیمی (ع) پرانا۔ ہمیشہ کا۔ سدا کا۔ دامی۔
قدیمی نمک خوار۔ یا۔ نوکر (و امذ) (ا) پرانا ملازم۔ پرانا نوکر۔

ق - ذ

قذر (ع) پلیدی - نجاست -
قذی (ع) کوڑا کرکٹ -

ق - ر

قرادت) سیاہ رنگ -
قرابادین (ع امذ) دواؤں کی ڈکشنری - لغات الادویہ -
قرابت (ع امث) نزدیکی - رشتہ داری - رشتہ - ناتہ - قربت -
قرابت پیدا کرنا (ا امحاورہ) رشتہ داری پیدا کرنا -
قرابت دار (عف) رشتہ دار -
قرابت داری (عف امث) رشتہ داری - ناتہ -
قرابت قریبہ (ع امث) قریب کا رشتہ - پاس کی رشتہ داری -
قرابتی (ا امذ) رشتہ والا - یگانہ - رشتہ دار -
قرابہ (ع امذ) عرق رکھنے کا بڑا شیشہ - بہت بڑی بوتل - بڑی صراحی - بڑا جھبکا - خم - جھجر -
قرابین (ت امث) چوڑے منہ کی چھوٹی بندوق -
قرأت (ع امث) پڑھنا - تلفظ - حرفوں کا صحیح مخرج ادا کرنا - ایک علم جس میں عربی حرفوں کے مخرجوں اور ان کے تلفظ سے بحث کی جاتی ہے -
قراد (ع) چچڑی جو کتے کے ہوتی ہے - سرپستان - سرتقبیب -
قرار (ع امذ) آرام - ٹھہراؤ - سکون - ٹکاؤ - قیام - صبر - تحمل - دھیرج - برداشت - علم - استقلال - تسلی - دل جمعی - راحت - چین - تسکین - قول - اقرار - عہد و پیمان - بچن -
قرار آنا (ا) چین پڑنا - آرام آنا - جی ٹھہرنا - تسلی ہونا - اطمینان ہونا -
قرار پانا (ا) مقرر ہونا - ٹھہرنا - تصفیہ ہونا - تاریخ مقرر ہونا - نسبت ٹھہرنا - آپس میں عہد و پیمان ہونا - نطفہ ٹھہرنا -
قرارداد (عف امذ) قول و قرار - شرط - عہد و پیمان - معاہدہ - ٹھیکہ - فیصلہ - تجویز - تصفیہ -
قرارداد جرم (ا امذ) تجویز جرم - تقرر قصور - مجرم پر تحقیقات کے بعد ضابطہ کا حکم لگایا جانا -
قرار دینا (ا) ٹھہرانا - مقرر کرنا - جانا - ٹھانا - تجویز کرنا -
قرار کرنا (ا) اقرار کرنا - ٹھاننا - ٹھہرانا - عہد و پیمان کرنا -
قرارگاہ (عف امث) ٹھہرنے کی جگہ -
قرار واقعی (ع) بخوبی - ہر طرح سے - پوری پوری - قطعی - کامل -
قرار و مدار (ع امذ) عہد و پیمان - باہمی اقرار - بچن -
قراقر (ع امذ) قرقرہ کی جمع - پیٹ کے بولنے کی آواز - گڑگڑ - گڑگڑاہٹ -
قراقر ہونا (ا) پیٹ میں گڑگڑ ہونا - پیٹ بولنا -
قران (ع امذ) نزدیکی - پاس ہونا - قریب ہونا - دو ستاروں کا ایک برج میں اکٹھا ہو جانا -
قران کرنا (ا امحاورہ) دو ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا -
قران السعدین (ع امذ) دو مبارک اور سعد ستاروں کا سنجوگ - نیک شگون - نیک ساعت - مجازاً دو اچھے یا نیک آدمیوں کا جمع ہونا -
قرآن (ع امذ) کلام اللہ - مصحف مجید - وہ کلام الٰہی جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا -
قرآن اٹھانا - یا - اٹھا لینا } (ا) قرآن شریف کو ہاتھ میں لے کر
قرآن پہ ہاتھ دھرنا - یا - رکھنا } قسم کھانا - کسی شے کے انکار یا اقرار پر قرآن شریف کی قسم کھانا -
قرآن خواں (عف امف) قرآن پڑھنے والا -
قرآن درمیان میں ہونا (ا) قرآن کی قسم ہونا -
قرآن دکھانا (ا امحاورہ) آگ لگنے پر قرآن شریف آگ کی طرف کرنا تاکہ اس کی برکت سے بجھ جائے -
قرآن سر پہ رکھنا (ا) (دیکھو قرآن اٹھانا)
قرآن کا جامہ پہننا (ا) نہایت پارسا اور قابل اعتماد بن جانا -
قرآن کا دور کرنا (ا) دو حافظوں کا باری باری ایک دوسرے کو قرآن سنانا -
قرآن کی سوں (ا امث) قرآن کی سوگند -
قرآن کی مار (ا امث) دعائے بد ہے - قرآن کی پھٹکار پڑے -
قرآن میں نام نکلوانا (ا) کسی بچے کا نام قرآن شریف دیکھ کر اس کے حرف اوّل کے موافق رکھنا -
قرآن ہدیہ کرنا (ا) قرآن شریف فروخت کرنے کو تعظیماً ہدیہ کرنا بولتے ہیں - کیونکہ اس کی قیمت تو ادا ہی نہیں ہو سکتی -
قراول (ت امذ) بندوق سے شکار کھیلنے والا شکاری یا سپاہی - بندوقچی - محافظ فوج - پہرہ دار - بہیلیا - شکار کھلانے والا -
قرب (ع امذ) پاس - نزدیکی - رشتہ - رشتہ داری -
قرب روحانی (ع امذ) دلی نزدیکی - باطنی نزدیکی -
قرب زن آنا (ا امحاورہ) عورت کے پاس آنا - جماع کرنا -
قرب و جوار (ع) آس پاس - اور دھورے - پاس پڑوس - ارد گرد -
قربان (ع امذ) راہ خدا میں تصدق کی ہوئی چیز - بھینٹ - نذر - صدقہ - بلدان - ذبح کیا ہوا - قربان جاؤں - صدقے واری - بلہاری - کمان کا خانہ - ترکش باندھنے کا تسمہ -
قربان جانا } (ا) نثار ہونا - واری جانا -
قربان ہونا } صدقے ہونا - عاشق ہونا - مرنا -
قربان کرنا (ا) وارنا - صدقے کرنا - فدا کرنا - تصدق کرنا -
قربان شوم (ف امقولہ) واری جاؤں - صدقے جاؤں -
قربان کروں (ا) کلمۂ نفرت - دفع کروں - آگ لگاؤں - صدقے کروں -
قربان گاہ (عف امذ) قربان ہونے کی جگہ - مذبح - مقتل -

قربانت شوم (ف، مقولہ) واری جاؤں - صدقے جاؤں -
قربانی (ع ف ا مث) قربان ہونے والی چیز - بلدان - ذبح - حلال - عیدالضحیٰ کو بکرا دُنبہ وغیرہ ذبح کرنا -
قُربت (ع ا مث) نزدیکی - رشتہ - پاس - نیڑے ہونا -
قُربیٰ (ع ا مذ) رشتہ - تعلق - قربت -
قُرّہ (ع ا مث) ٹھنڈک - خُنکی - ٹھنڈ - سردی - روشنی - نُور -
قُرت (ت) دہی خُشک -
قُرۃُ العَین (ع ا مذ) وہ چیز جس سے آنکھوں کو روشنی اور ٹھنڈک ہو - مجازاً پیارا بیٹا - نورِ چشم -
قَرح (ع ا مذ) گھاؤ - زخم - جراحت -
قُرحہ (ع ا مذ) وہ زخم جس میں پیپ پڑ گئی -
قُرحہ پڑ جانا - یا - ہو جانا (ر) زخم میں پیپ پڑ جانا - زخم گل جانا - ناسور ہو جانا - زخم
قُرص (ع ا مذ) ٹکیا - گھیرا - گروہ - گول - مدوّر - دوا کی ٹکیا -
قَرض (ع ا مذ) اُدھار - مانگا ہوا - دام - مُستعار -
قرض اُتارنا (ر) کسی سے لیا ہوا اُدھار بے باق کرنا - آنا ہوا چکانا -
قرض اُٹھانا (ر) اُدھار لینا - مستعار لینا -
قرض ادا کرنا - یا - چکانا (ر) اُدھار کا روپیہ دینا - اُدھار بے باق کرنا -
قرضِ حسنہ (ع ا مذ) بلا سُود اور بلا میعادِ مقررہ والا قرض -
قرض خواہ (ع ف ا مذ) اُدھار دینے والا -
قرض دار (ع ف) قرض لینے والا - اُدھار والا - مقروض - دین دار -
قرضداری (ع ف ا مث) دین داری -
قرضہ (ع ا مذ) دینا - اُدھار - قرض - دام -
قرطاس (ع ا مذ) کاغذ - پتّر -
قُرعہ (ع ا مذ) پانسہ - کھنبین -
قُرعہ پھینکنا - یا - ڈالنا (ر) پانسے کے سے فال لینا - چِٹھی ڈالنا - دانہ -
قرق (ت) دُنبہ -
قُرق (ت ا مذ) روک - ممانعت - محافظت - خبرداری - نگہبانی -
قرق امین (ت ا مذ) ضبطی کرنے والا افسر - بیلف -
قُرق کرنا (ر) روکنا - ضبط کرنا - کسی قرضہ یا جرم وغیرہ کی بابت کسی کے مال یا جائداد کو تحویل میں لے لینا -
قُرق نامہ (ت ف ا مذ) ضبطی کا پروانہ -
قُرقی (ر ا مث) ضبطی - روک - ممانعت - نگہبانی - نگرانی - بندی - روک ٹوک -
قُرقی بٹھانا (ر) ضبطی کے مال پر پہرا بٹھانا - روک ٹوک کرنا - بندی کرنا - مناہی کرنا - آمد و رفت بند کرنا - حکم چلانا - حکم بٹھانا -
قُرقی کا پروانہ (ر ا مذ) وارنٹ ضبطی - ضبطی نامہ -

قرم (ا مذ) قرساق کا مخفف ہے - بھاڑو - بھڑوا - دیُوث - کُٹنا -
قِرمِز (یورپ ا مذ) ایک چھوٹے سے کیڑے کا نام جس سے سُرخ ریشم رنگتے ہیں - مجازاً سُرخ -
قرمزی (معرب) شوخ - لال - سُرخ -
قرماق (ت ا مذ) اپنی بیوی کو دُوسرے کے حوالے کر دینے والا - بھڑوا - بھاڑو - دیوث - نالائق - پاجی - ذلیل -
قَران (ا مذ) ستاروں کا ملاپ - تاروں کا سنجوگ - کم از کم دس - زیادہ سے زیادہ ایک سو بیس سال کا زمانہ - مجازاً عرصہ دراز - مدّتِ مدید - سینگ -
قرنا (ع ف ا مذ) نرسنگا - سینگ کا بگل - ترئی - نفیری -
قرع انبیق (قرع یعنی کدو اور انبیق یعنی برتن سے عرق کھینچنے کا بھبکا -
قرنفل - کرن پھول کا معرب - لونگ -
قریب (ع) پاس - نزدیک - دھورے - نیڑے -
قریبُ الاختتام (ع) ختم ہو جانے کے قریب - پورا ہونے کے لگ بھگ - عنقریب -
قریبُ الفہم (ع) جلدی سمجھ میں آ جانے والا -
قریبُ القیاس (ع ا صف) قرینِ عقل -
قریبُ المرگ (ا) کوئی دم کا مہمان - گور میں پاؤں لٹکائے ہوئے - گور کنارے -
قریبُ الوقوع (ع ا صف) جلد پیش آنے والا -
قریب قریب (ر) پاس پاس - نزدیک نزدیک - ملتا جلتا - لگ بھگ -
قریباً (ع ا متعلق فعل) اندازے سے - تخمیناً -
قریش (ع ا مذ) عرب کے ایک مشہور اور معزز قبیلے کا نام جس میں سے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم ہوئے ہیں -
قُریشی (ع ا صف) قبیلہ قریش سے تعلق رکھنے والا -
قریشیا (ا مذ) جرابیں اور ٹوپیاں وغیرہ بُننے کا لوہے کا ایک نوکدار آلہ -
قریشی (ع) منسوب بہ قریش - متعلق بہ قریش - قبیلہ قریش کا - شیخ قریش -
قرین (ع) پاس - نیڑے - ملا ہوا - لگوان - جُڑواں (ا مذ) مصاحب - پاس رہنے والا - جلیس - یار - دوست -
قرینہ (ع ا مذ) ایک دُوسرے سے پیوستگی - دو چیزوں کے درمیان ظاہری مناسبت - ڈھنگ - طریقہ - انداز - روش - سلیقہ - سجاوٹ - جوڑ میل - تال میل - قیاس - قیافہ -
قرینہ بقرینہ (ع) ترتیب وار - موقع بموقع - عمدگی سے - ترتیب سے -
قرینہ سے (ر) ڈھنگ سے - ترتیب سے - انداز سے - سگھڑاپے سے -
قرینہ سے لگانا (ر) عمدہ ڈھنگ اور ترتیب سے رکھنا - بالترتیب رکھنا -

---

ق - ز

قز (مب) کچا ریشم - معرب کثر -
قزاق (ت امذ) لٹیرا - ڈاکو - رہزن - غارت گر -
قزاق اجل (ت/ع امذ) موت کا فرشتہ - ملک الموت - قابض ارواح -
قزاقی (ت امث) لوٹ - ڈکیتی - رہزنی - غارت گری -
قزاگند (ف امذ) ایک قدیم جنگی لباس - زرہ -
قزل (ت اصف) سُرخ - لال -
قزلباش (ت امذ) (قزل بمعنی سُرخ اور باش بمعنی سر سے مرکب) سُرخ سر والا - شاہ اسماعیل صفوی نے اپنے سپاہیوں کو لال وردی پہنائی تھی اور قزلباش کہلاتے تھے - لشکری - اصطلاح میں ایران اور افغانستان کے شیعہ لوگ -
قزوین (ت) ایران کے ایک شہر کا نام -
قزوینی (ت اصف) قزوین شہر کا رہنے والا -

ق - س

قسّام (ع اصف) تقسیم کرنے والا - بانٹنے والا -
قساوت (ع امث) سنگ دلی - بے رحمی - سخت دلی -
قساوڑا (و امذ) قصائی کی تصغیرۃ التحقیر - قصائی کا بچہ - قصائی کا بیٹا -
قِسط (ع) گردن کی خشکی کا مرض - ایک دوا کا نام جو تلخ اور شیریں دونوں طرح کی ہوتی ہے -
قِسط (ع امث) ٹکڑا - حصّہ - جزو - بانٹ - تقسیم - مقررہ حصّے کر کے روپیہ ادا کرنا -
قِسطلہ (ع) ایک شہر کا نام -
قِسط باندھنا (ا) حصّہ مقرر کرنا - تھوڑا تھوڑا حصّہ مقرر کر کے ادا کرنا -
قِسط بندی (و امث) سرکاری روپیہ کا تقرر جو زمیندار ہر فصل پہ دیا کرتے ہیں -
قِسط بہ قِسط / قِسط وار } (ع ف) بانٹ کے مطابق - تقسیم کے موافق - ترتیب سے -
قسطنطنیہ - یورپی ٹرکی میں آبنائے ڈارڈنلز پر شہر ہے - روم کے قیصر قسطنطین نے سات پہاڑوں پہ آباد کیا تھا - سلطان محمد نے فتح کیا تو اس کا نام اسلام رکھ دیا - اور مدتوں ٹرکی کا دارالخلافہ رہا - اب ترکوں نے ایشیائے کوچک کے مقام انقرہ کو دارالخلافہ بنا لیا ہے -
قَسَم (ع امذ) سوگند - سوں - حلف - عہد و پیمان جو خدا کو بیچ میں دے کر کیا جائے -
قسم اُتارنا (ا) وعدہ پورا کرنا - سوگند پوری کرنا -
قسم توڑنا (ا) قول و قرار پہ نہ رہنا - عہد شکنی کرنا -
قسم دینا - دلانا - کھلانا (ا) بچن لینا - قول و عہد لینا - سوگند دلانا - حلف اُٹھانا -
قسم کھانا - یا - کھا جانا (ا) سوگند دینا - قول دینا - صاف انکار کر جانا - مکر جانا - قول سے پھر جانا - حلف اُٹھانا -
قسم کھانے کو بات یا جگہ رہے (ا محاورہ) کہنے کو تو جگہ رہ جائے - قسم تو کھا سکیں -
قسم کھانے کو نہ رہنا (ا) کسی چیز کا بالکل ختم ہو جانا - بالکل نہ رہنا -
قسم کھانے ہی کے لیے ہے (ا مثل) بے ایمان لوگوں کا قول ہے - قسم خواہ جھوٹی ہو یا سچی کھا ہی لینے کے واسطے ہوتی ہے -
قسم لینا (ا) اقرار کرنا - بچن لینا - حلف اٹھوانا - سوگند کھلانا -
قسم ہو جانا / قسم ہونا } (ا) نام کو نہ رہنا - بالکل چھوڑ دینا - جیسے جب سے آیا ہے - رزق کھانا قسم ہو گیا - عہد و پیمان ہو جانا - باہم سوگند ہو جانا -
قِسم (ع امث) ٹکڑا - حصّہ - جزو - جنس - نوع - طور طریق طرز - ڈھنگ - تقسیم - بانٹ - بھاگ -
قِسم وار (ا) حصّے وار - جنس وار - تفریق وار -
قسماقسمی (و امث) نا دھرمی - آپس کا معاہدہ - باہمی عہد و پیمان -
قِسمت (ع امث) حصّہ - بخرا - بٹا ہوا - تقسیم کیا ہوا - مقسوم - پرالبدھ - تقدیر - بھاگ - بخت - نصیب - صوبہ - کمشنری - احاطہ - علاقہ -
قِسمت بازی / قِسمت آزمائی } (ع ف امث) نصیبے کا امتحان - تقدیر کی آزمائش -
قِسمت اُلٹنا / قِسمت بگڑنا / قِسمت پھوٹنا } (ا) نحوست کا آنا - شامت آنا - بُرے دن آنا - تقدیر بگڑنا - نصیبے کا خلاف ہونا - تقدیر سامنے نہ ہونا -
قِسمت پھرنا / قِسمت جاگنا / قِسمت چمکنا } (ا) بھلے دن آنا - نصیبہ یاور ہونا - دن پھرنا - تقدیر سامنے ہونا - اقبال یاور ہونا -
قِسمت سے (ا) تقدیر سے - خوش قسمتی سے - تقدیر کی مدد سے - مجازاً بدقسمتی سے - بدنصیبی سے -
قِسمت سیدھی ہونا (ا محاورہ) نصیب یاور ہونا -
قِسمت کا (ا اصف) قسمت میں لکھا ہوا -
قِسمت کا پھیر (ا امذ) تقدیر کا پھیر -
قِسمت کا ٹکڑا (ا امذ) وہ رزق یا روٹی جو قسمت میں لکھی ہو -
قِسمت کا دھنی (ا) صاحب اقبال - اقبال مند - تقدیر والا -
قِسمت کا لکھا پورا ہونا (تقدیر کا لکھا پیش آنا - شامت آنا -

بدقسمتی کا سامنا - تقدیر بگڑنا - نصیبہ پھوٹنا -
قسمت کا ہیٹا (ر) بدقسمت - بے نصیب - منحوس -
قسمت کرنا (ر) بانٹنا - تقسیم کرنا -
قسمت کھلنا (ر) دن پھرنا - بھاگ جاگنا - شادی ہونا - بیاہا جانا -
قسمت لڑنا (ر) تقدیر یاور ہونا - قسمت کا موافق ہونا -
قسمت والا (ر) خوش نصیب - بھاگوان - صاحب اقبال -
قسمیہ (ع) قسم کھا کر - قسم کے طور پر - از رُوئے قسم -

ق - ش

قشر (ع) میوہ کا چھلکا -
قشعریرہ (ع) یکایک جسم کے رونگٹوں کا کھڑا ہو جانا -
قشقہ (ف امذ) تلک - ٹیکا - صندل وغیرہ کا نشان جو ہندو صاحبان اپنی اپنی قوم کے رواج کے مطابق ماتھے پہ لگا دیتے ہیں -

ق - ص

قصّاب (ع امذ) بُوچڑ - کاٹنے والا - ذبح کرنے والا - قصائی -
قصابہ (ع امذ) وہ رُومال جو عورتیں اپنے سر سے باندھتی ہیں - ڈھاٹھو -
قصاص (ع امذ) جان کے بدلے جان لینا - کسی قاتل کو پھانسی یا موت کی سزا دینا - جزا - بدلہ - عوض - ادلے کا بدلہ -
قصاص لینا (ر) بدلہ لینا - انتقام لینا - جان کے بدلے جان لینا -
قصائی (ا امذ) بُوچڑ - قصاب - گوشت فروش - حلال کرنے والا - گوشت بیچنے والی ایک قوم کا نام - سخت دل - بے رحم - ظالم -
قصائی بچہ کبھی نہ سچا جو سچا سو کچا (ا / مثل) قصائی کی بات کا اعتبار نہیں ہے - یہ دوستوں کو سب سے بڑا مال دیتے ہیں -
قصائی کے کھونٹے سے بندھنا } (ر) ظالم کے بس پڑنا -
قصائی کے کھونٹے بندھنا } بے رحم کے پالے پڑنا - قصائی کے حوالے ہونا -
قصائی کی گھاس کو کٹڑا کھا جائے (ا / مثل) تعجب کے موقع پر بولتے ہیں کہ یہ ممکن ہی نہیں کہ زبردست کے مال کو کمزور دبا لے -
قصائی کی نظر دیکھنا (ر) دشمنی اور قہر کی نگاہ سے دیکھنا - ڈانٹتے رہنا -

قصائی واڑہ (ا امذ) قصائیوں کا محلہ -
قصائن (ا / مث) قصاب کی جورو - ظالم - بے رحم -
قصائد (ع امذ) قصیدہ کی جمع -
قصبات (ع امذ) قصبہ کی جمع - چھوٹے شہر -
قصب (ع) کاٹنا - قصاب اسی سے بنا ہے -
قصب الذریرہ (ع) چرائتہ - مشہور لوٹی -
قصباتی (ا امذ) قصبہ کا رہنے والا - متعلق بہ قصبہ -
قصبہ (ع امذ) چھوٹا شہر - نگری -
قصد (ع امذ) ارادہ - نیت - عزم - منشا - مطلب - عندیہ - خواہش - مرضی - کوشش - سعی - پیشقدمی -
قصد رکھنا (ر / محاورہ) ارادہ رکھنا - نیت کرنا -
قصد کرنا (ر) ارادہ کرنا - نیت کرنا - خواہش کرنا -
قصداً (ع) جان بوجھ کر - دیدہ دانستہ - ارادتاً -
قصر (ع امذ) کمی - کوتاہی - اختصار - تخفیف - محل - محل سرا - راج مندر - رنواس - سفر کی حالت میں نماز کی کمی -
قصور (ع امذ) بھُول - غلطی - خطا - جرم - تقصیر -
قصور معاف (ر / روزمرہ) گستاخانہ گفتگو کی تلافی کے لیے بولتے ہیں -
قصور مند } (عف) خطاوار - مجرم - گنہگار - قابلِ الزام -
قصوروار } غلطی کرنے والا -
قصہ (ع امذ) کہانی - حکایت - داستان - افسانہ - ذکر - بیان - لڑائی - جھگڑا - قضیہ - بکھیڑا -
قصہ بڑھانا (ر / محاورہ) جھگڑے کو طول دینا - بات بڑھانا -
قصہ پاک کرنا (ر) جھگڑا طے کرنا - قضیہ مکانا - بکھیڑا کاٹنا - قتل کر دینا - جان سے مار ڈالنا -
قصہ تمام کرنا (ر) کہانی ختم کرنا - داستان پوری کرنا - مار ڈالنا - قتل کر ڈالنا - قرضہ نمٹانا - عذاب دُور کرنا -
قصہ تمام ہونا (ر) جھگڑا چکنا - بکھیڑا نمٹنا - عذاب دُور کرنا - قرضہ ادا ہونا - جان نکلنا - مر جانا -
قصہ چکنا (ر) جھگڑا طے ہونا - تکرار دُور ہونا - کام ختم ہو جانا - مر جانا -
قصہ خواں (عف امذ) داستان گو - افسانہ خواں - ناقل -
قصہ خوانی (عف / مث) داستان گوئی - قصہ سنانا - پشاور کے ایک بازار کا نام بھی ہے -
قصہ کرنا (ر) جھگڑا کرنا - ٹنٹا کرنا - تکرار کرنا -
قصہ کوتاہ } (ف) الغرض - حاصل کلام - بالجملہ -
قصہ مختصر } الحاصل -
قصہ کوتاہ کرنا } (ر) بات کو طُول نہ دینا - بات چھوٹی کرنا -
قصہ مختصر کرنا } جھگڑا طے کرنا - بات فیصل کرنا -
قصہ مول لینا (ر) جھگڑا خریدنا - جان کو روگ لگانا - پاپ لیانا - بکھیڑے میں پڑنا -
قصیدہ (ع امذ) لغت میں ٹھوس اور بھرا ہوا دماغ یعنی پُر مغز -

اصطلاح میں شاعر کی وہ نظم جو کسی کی تعریف یا برائی کے ارادے سے لکھی جائے اور جس کے اول بیت کے دونوں مصرعے اور باقی اشعار کے ثانی مصرعے ہم قافیہ و ردیف ہوں جس کے کم از کم پندرہ شعر ہوں۔ زیادہ کی حد نہیں۔

ق ض

قضا (ع/مث) حکم الٰہی۔ مشیت۔ فرمانِ خدائی۔ تقدیر۔ قسمت۔ موت۔ وفات۔ اجل۔ وہ عبادت فریضہ جو مقررہ وقت کے بعد ادا کی جائے۔ ادائے فرض یا واجب۔ تکمیل۔ خاتمہ۔ انجام۔

قضا آنا (ا/ محاورہ) موت آنا۔

قضا ادا کرنا (ا/ محاورہ) فرض نماز کا وقت گزر جانے کے بعد پڑھنا۔

قضا پڑھنا (ف) چھوٹی ہوئی نماز کو ادا کرنا۔

قضا پھر پھراتی ہے (ا/ محاورہ) موت قریب ہے۔

قضا سر پر کھیلنا (ف) موت کا وقت قریب آنا۔ اجل کا قریب پہنچ جانا۔

قضارا } (ع ف) اتفاق سے۔ حسب اتفاق۔
قضا عند اللہ } اتفاقاً۔ سنجوگ سے ناگاہ۔ اچانک۔

قضا کا فرشتہ (ا/مذ) ملک الموت۔ یم دوت۔ عزرائیل۔ موت کا فرشتہ۔

قضا کا مارا (ف) اجل گرفتہ۔ مرن جوگا۔ موت لیا۔

قضا کرنا (ف) مذہبی فرض یا واجب کا وقت مقررہ پر ادا نہ کرنا۔ مرنا۔ انتقال کرنا۔

قضا و قدر (ع/مذ) وہ حکم الٰہی جو اس نے کل کائنات کی نسبت روزِ ازل میں لگا دیے ہیں۔

قضا ہونا (ف) گزرنا۔ مرنا۔ روزے یا نماز کا وقت پر ادا نہ ہونا۔

قضائے الٰہی سے مرنا (ف) اپنی موت سے مرنا۔ اپنی آئی مرنا۔

قضائے حاجت کرنا (ف) ٹٹی جانا۔ پاخانہ کرنا۔ پاخانہ پھرنا۔

قضائے عمری (ع/مث) قضا شدہ نماز کے عوض جو نماز ہر وقت فرضوں کے ساتھ معمول سے زیادہ ادا کرنی پڑتی ہے۔

قضا کار (ع ف) اتفاق سے۔ اتفاقیہ۔ اتفاقاً۔ ناگاہ۔

قضائے مبرم (ع/مذ) نہ ٹلنے والا حکم۔ پکا حکم۔ وہ موت جو کسی طرح نہ ٹلے۔

قضات (ع/مذ) قاضی کی جمع۔

قضایا (ع/مذ) قضیہ کی جمع۔ فقرے۔ عبارت کے جملے۔ جھگڑے۔ مطالب۔ خبریں۔

قضیہ (ع/مذ) بحث۔ تکرار۔ نالش۔ مقدمہ۔ جھگڑا۔ فساد۔ جملہ۔ فقرہ۔ عبارت کا ٹکڑا۔

قضیہ کرنا (ف) جھگڑا کرنا۔ تکرار کرنا۔

قضیہ مول لینا (ف) کسی دوسرے کے بکھیڑے میں پڑنا۔ کسی کے جھگڑے میں شامل ہونا۔

ق ط

قط (ع) یعنی بس اور اسی سے فقط بنا ہے۔

قط۔ قط۔ قُط۔ قَط۔ ہر چہار طریقہ سے معنی ہرگز اور ہمیشہ کے ہیں۔

قط (ع/مذ) سخت چیز کا کاٹنا۔ قلم کی نوک کو کاٹنا۔

قط زن } (ع ف/مذ) لکڑی یا ہاتھی دانت یا ہڈی وغیرہ کی چپٹی
قط گیر } جس پر قلم کی نوک کاٹتے ہیں۔

قطار (ع/مث) سیدھی اور لمبی صف۔ پرا۔ ڈار۔ سلسلہ۔ ترتیب۔

قطاع الطریق (ع/مذ) رہزن۔ ڈاکو۔ لٹیرے۔ دھاڑوی۔ رستہ لوٹنے والے۔

قطاع دائرہ (ع/مذ) دائرہ کا وہ ٹکڑا جو دو نصف قطروں اور ان کی درمیانی قوس سے گھرا ہوا ہو۔

قطب (ع/مذ) وہ کیل جس پر چکی پھرتی ہے۔ قوم کا سردار۔ سپہ سالار۔ شمالی اور جنوبی نقطہ محورِ زمین جو ساکن رہتا ہے۔ اصطلاح تصوف میں وہ ولی اللہ جس پر دنیا کے انتظام اور نگہبانی کا دار و مدار ہو۔

قطب از جا نمے جنبد (ف۔ مثل) سپہ سالار اور سردار ایک جگہ ہی کھڑا ہو کر حکم دیا کرتا ہے۔ طنزاً نہایت سست اور کاہل آدمی کی نسبت بھی بولتے ہیں۔

قطب تارا (ا/مذ) وہ شمالی یا جنوبی چھوٹا سا روشن ستارا جو ہمیشہ ساکن اور ایک جگہ قائم رہتا ہے۔ دُھرو۔ دُھرو تارا۔

قطب جنوبی (ع/مذ) دکھنی تارا۔ محورِ زمین کا وہ نقطہ جو جنوب کی طرف واقع ہے۔ اور بحر منجمد جنوبی پر واقع ہے۔

قطب شمالی (ع/مذ) اُتر تارا۔ محورِ زمین کا شمالی نقطہ جو بحر منجمد شمالی پر واقع ہے۔

قطب فلک رسالت (ع/مذ) پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم۔

قطب نما (ع ف/مذ) قطبوں کی سمت معلوم کرنے کا آلہ۔ کمپاس۔

قطبی (ع) منسوب بہ قطب۔ قطب سے متعلق۔

قطبین (ع/مذ) قطب سے جمع تثنیہ۔ دونوں قطب شمالی اور جنوبی قطب۔

قطر (ع/مذ) کنارا۔ سمت۔ طرف۔ وہ خط مستقیم جو دائرہ کے مرکز سے گزر کر دونوں طرف محیط پر ختم ہو اور دائرے کے دو برابر حصے کر دے۔

قطر (ع) باران۔ مینہ۔

قطر (ع) پگھلا ہوا تانبہ۔
قطرب (ع) جنوں کی ایک قسم اور چور کو بھی کہتے ہیں۔
قطرہ (ع امذ) بوند۔ نہایت کم مقدار۔ بہت ہی کم چیز۔ بوند کے برابر۔
قطرہ آنا (ا) پیشاب کی بوند ٹپکنا۔ بلاارادہ پیشاب کی بوند نکل پڑنا۔
قطرہ افشاں (عف اصف) قطرے چھڑکنے والا۔
قطرہ زن (عف اصف) دوڑنے والا۔ تیز رو۔
قطرہ قطرہ (ع متعلق فعل) تھوڑا تھوڑا کرکے۔
قطع (ع امذ) کانٹ چھانٹ۔ تراش۔ ٹکڑا۔ حصہ۔ طور۔ طریق۔ ڈھنگ۔ طرز۔ انداز۔ وضع۔
قطع برید (عف امث) تراش خراش۔ کاٹ وچھانٹ۔
قطع تعلق کرنا (ا) میل ملاپ چھوڑ دینا۔ کچھ غرض نہ رکھنا۔ کچھ لگاؤ نہ رکھنا۔ تیاگنا۔ چھوڑنا۔ ترک ملاقات کرنا۔ واسطہ نہ رکھنا۔
قطع کرنا (ا) القط کرنا۔ کاٹنا۔ تراشنا۔ چھوڑنا۔ طے کرلینا۔ فیصلہ کرلینا۔ ایک بات مقرر کرنا۔ رد کرنا۔ بند کرنا۔ کھنڈن کرنا۔
قطع کلام کرنا (ا) بات کاٹنا۔ کسی کی بات پوری ہونے سے پہلے اپنی بات کہنے لگنا۔
قطع نظر (ع) ماسوا۔ علاوہ۔ اس کے سوا۔ چھٹ۔ تاہم۔ بہرصورت۔
قطع ہونا (ا) کٹنا۔ تراشا جانا۔ کپڑے کا کاٹا جانا۔ بیونتا جانا۔ فیصلہ ہونا۔ نبٹنا۔
قطعہ (ع امذ) ٹکڑا۔ جزو۔ حصہ۔ پرزہ۔ پرچہ۔ ملک کا حصہ۔ سرزمین۔ ملک۔ دیس۔ غزل اور قصیدے وغیرہ کا وہ حصہ جو مطلع کے علاوہ کم سے کم دو شعر اور متفق المضمون ہو۔
قطعہ بند (عف امذ) وہ اشعار جن کا مضمون ساتھ کی بیت ملائے بغیر تمام نہ ہو۔ بلکہ بے نتیجہ رہے۔
قطعی (ا) بالکل۔ بالضرور۔ بالمقطع۔ شرطی۔ یقینی۔ پورا۔ کامل۔ درحقیقت۔ بے شبہ۔ بے شک۔ یقیناً۔
قطمیر (ع امذ) اصحاب کہف کے کتے کا نام۔ چھوہارے یا کھجور کی گٹھلی کے اوپر کی پتلی سی جھلی۔ مجازاً نہایت قلیل۔ ذرا سا۔ بہت ہی تھوڑا۔ نہایت چھوٹا۔
قطنی (ع اصف) روئی کا بنا ہوا۔

ق - ع

قعب (ع) بات کی تہہ۔
قعر (ع امذ) تھاہ۔ گہرائی۔ ڈونگھائی۔ عمق۔
قعر دریا (ع اف امذ) دریا یا سمندر کی گہرائی۔

قعدہ (ع) بیٹھنا۔
قعیدہ (ع) ہم نشین عورت۔

ق - ف

قفا (ع امث) گدی۔ پشت گردن۔ ملکا۔ پیچھے۔ پس پشت۔ دھول دھپا۔
قفائے فلک (ع امذ) حادثات جو ستاروں کی گردش سے ہوتے ہیں۔
قفار (ع) بغیر سالن کے روکھی روٹی۔
قفس (ف امذ) پرندے رکھنے کا پنجرا۔ کابک۔ مجازاً جسم انسانی۔ بدن۔ قالب خاکی۔ طنزاً قید۔ قیدخانہ۔ جیل خانہ۔ عربی میں قفص لکھتے ہیں۔
قفل (ع امذ) تالا۔ جندرا۔ جندرا۔
قفل ابجد (ع امذ) ایک قسم کا گول جندرا جو خاص حروف کو سیدھ میں لانے سے کھلتا ہے اور گڈمڈ کرنے سے بند ہو جاتا ہے۔
قفل بند ہونا (ا) تالا پڑنا۔ جندرا لگنا۔
قفل لگانا (ا) تالا لگانا۔ مکان پر قبضہ کرنا۔ مکان بند کرنا۔
قفل وسواس۔ یا۔ وسواسی (ع امذ) گورکھ دھندا۔
قفلی (ا امث) قلفی۔ ڈھکنے دار ظرف جس کا ڈھکنا قفل کی طرح خوب پھنس جاتا ہے۔

ق - ق

ققنس (یونانی امذ) ایک نہایت خوش آواز اور خوش رنگ پرندے کا نام ہے اس کی تقریباً ہزار برس کی عمر ہوتی ہے جب بوڑھا ہو جاتا ہے تو لکڑیاں جمع کرکے اس میں بیٹھ کر بولتا ہے اور اپنی چونچ کے ہر سوراخ سے ایک علیحدہ راگ نکالتا ہے۔ چنانچہ جب دیپک راگ نکالتا ہے تو ان لکڑیوں کو آگ لگ جاتی ہے۔ اور جل کر خاک ہو جاتا ہے۔ اس راکھ پر بارش ہوتی ہے اور ایک انڈا بن جاتا ہے جس سے ویسا ہی دوسرا جانور پیدا ہو جاتا ہے۔ علم موسیقی اسی سے نکالا گیا ہے۔ موسیقار۔

ق - ل

قل (ع) کہو۔ بولو۔ کہہ دو۔ مجازاً قرآن کی آخری سورتیں۔ فاتحہ۔

تیجا۔ سوم کی رسم۔ ختم۔
قُل اعوذیہ۔ یا۔ قُلّا وذیہ (ا/مذ) ہر جگہ جا کر ختم پڑھ کر ضیافتیں اڑانے والا۔ ٹکڑگدا۔ مُردوں کا مال کھانے والا۔ خیرات خورا۔ ملّانا۔
قُل (ت) غلام۔
قُل کرنا (ا) مار ڈالنا۔ کام تمام کرنا۔ قتل کرنا۔ جان باقی نہ رکھنا۔
قُل ہو اللہ پڑھنا (ا) تباہ حال ہونا۔ کام تمام ہونا۔ بھوک کے مارے جان نکلنا۔ سُورت قُل ہو اللہ پڑھنا۔
قُل ہو جانا (ا) ختم ہو جانا۔ سوم ہو جانا۔ ماتم ہو جانا۔ پھُول ہو جانا۔ تیجا ہو جانا۔
قُل ہونا (و) ختم ہونا۔ عُرس ہونا۔ پھُول ہونا۔ کام تمام ہونا۔ تباہ حالت ہونا۔ ہلاکت کے قریب ہونا۔
قلّا (و/مث) چھل۔ دھوکا۔ کرتب۔ کھیل۔ ہُنر۔ گُن (بہ کلابہ کاف کلمن دُرست ہے)
قلابازی کھانا (ا/مث) کرتب۔ کھیل۔ پلٹیاں کھانا۔ ڈھیکلی کھانا۔
قُلّابہ (ع/مذ) قلب سے مشتق بمعنی اُلٹا کرنا۔ مجازاً مچھلی پکڑنے کا کانٹا۔ کُنڈی۔ حلقہ۔
قلاجنگ (ف/مذ) کُشتی کا ایک داؤ جس میں دائیں بازو اور دائیں ٹانگ کو پکڑ کر پھینک دیتے ہیں۔
قلاچ۔ یا۔ قلاچی۔ یا۔ قلاش (مُفلس۔ کنگال۔ غریب۔ لُچّا۔ شُہدا۔ بے غیرت۔
قُلانچ (ا/مث) کپڑا ناپنے کا درلا تقریباً یعنی تین فٹ لمبا گز۔ گھوڑے ہرن وغیرہ کی چھلانگ۔ کُود۔ چوکڑی۔ زغند۔
قُلانچیں بھرنا (ا) چھلانگیں مارنا۔ چوکڑیاں بھرنا۔ زغندیں لگانا۔
قلادہ (ع/مذ) گلوبند۔ گلے کا پٹا۔ کتے وغیرہ کا پٹا۔
قلار (ت/مذ) وہ عصا بردار سپاہی جو بادشاہوں کی سواری کے آگے چلتا ہے۔
قلب (ع/مذ) اُلٹا ہوا۔ اوندھا۔ دل۔ من۔ ضمیر۔ وسط۔ درمیان۔ فوج کا درمیانی حصّہ۔ کھوٹا سکّہ۔ غیر خالص دھات۔ گری۔ گودا۔ چپ۔ بایاں۔ دائیں کی ضد۔
قلب ساز (ع ف/مذ) کھوٹا اور جعلی سکّہ بنانے والا۔
قلب سازی (ع ف/مث) کھوٹ ملانا۔ جھوٹا سکّہ بنانا۔ جعلی سکّہ بنانا۔
قُلبہ (ع/مذ) ہل۔ کاشت کرنے کا آلہ۔
قلبہ رانی (ع ف/مث) ہل چلانا۔ ہل جوتنا۔ کاشت کرنا۔
قلبی (ع) متعلق بہ قلب۔ دل۔ جانی۔ پرانی۔ کھوٹا۔ غیر خالص۔ جعلی۔ خود ساختہ۔
قلپاق (ت) ٹوپی۔
قلتبان (ف) دیوث۔ جس کی بیوی بدکار ہو۔

قلجاق (ت) لوہے کا دستانہ۔
قِلّت (ع/مث) توڑا۔ کمی۔ کمیابی۔ مشکل۔ دِقّت۔ دشواری۔
قُلزُم (ع/مذ) لغت میں شرح اصطلاح میں ایک حصّہ سمندر کا نام جو عرب کے مغرب میں واقع ہے۔ مجازاً نہایت گہرا اور عمیق سمندر۔
قَلع (ع/مذ) ڈھانا۔ منصب سے گرانا۔ بیخ کنی۔ مسمار کرنا۔ منہدم کرنا۔
قلع قمع (ع/مذ) اکھاڑ پچھاڑ۔ توڑ پھوڑ۔ اِنہدام۔
قلعہ (ع/مذ) کوٹ وڑ۔ حصار۔ وہ سنگین اور محفوظ عمارت جس میں بادشاہ رہتا ہو۔ گڑھ۔ بہت اونچا اور بڑا مکان۔ ابر کا ٹکڑا۔ (قلعہ)
قلعہ باندھنا (ا) برج کا حصار۔ باندھ کر کھڑا کرنا۔ دمدمہ بنانا۔
قلعہ دار (ع ف/مذ) محافظ قلعہ۔ قلعہ کا افسر۔ کیدان۔
قلعہ شکن توپ (ف/مث) قلعہ توڑنے کی توپ۔ بڑی توپ۔
قلعی (ع/مث) رانگ۔ رانگا۔ سفیدی۔ مکانوں پر پھیرنے کا چونہ۔ ملمع۔ جھول۔ گلٹ۔ روغن۔ وارنش۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ۔ لفافہ۔ جلا۔ چمک دمک۔
قلعی اُڑ جانا۔ یا۔ جاتی رہنا (ا) رانگ کا ملمع برتن سے اُتر جانا۔ تانبہ نکل آنا۔
قلعی کا چونا (و/مذ) پتھر کا چونہ۔ سفیدی۔ کھانے کا چونہ۔
قلعی کا کشتہ (و/مذ) مارا ہوا رانگ۔ پھُونکا ہوا رانگ۔
قلعی کرنا (ا) برتنوں پر رانگ چڑھانا۔ رانگ کا ملمع کرنا۔ وارنش کرنا۔ مکان میں سفیدی پھیرنا۔
قلعی کھل جانا (ا) راز فاش ہونا۔ بھید ظاہر ہونا۔ اصلی حالت دکھائی دینے لگنا۔ اصلیت ظاہر ہو جانا۔ شیخی کرکری ہو جانا۔
قلعی کھلنا (ا) پوشیدہ ظاہر ہونا۔ بھانڈا پھُوٹنا۔ سازش ظاہر ہونا۔
قلعی کھولنا (ا) راز فاش کرنا۔ پوشیدہ عیب ظاہر کرنا۔
قلعی گر (ع ف/مذ) تانبے پیتل وغیرہ کے برتنوں پر رانگ کا ملمع کرنے والا۔
قُلفی (ا/مث) دیکھو قُفلی۔
قلق (ع/مذ) بے چینی۔ رنج۔ اِضطراب۔ بے قراری۔ گھبراہٹ۔ سوچ۔ فکر۔ غم۔ حسرت۔ افسوس۔ پچھتاوا۔
قلق جانا (ا/محاورہ) رنج دُور ہونا۔
قلق رہنا (ا/محاورہ) رنج رہنا۔ افسوس رہنا۔
قلقاری (ا/مث) بے زبان بچوں کی ہنسی جو آواز کے ساتھ ہو۔
قلق گزرنا۔ یا۔ ہونا (ا) بُرا لگنا۔ رنج ہونا۔ افسوس ہونا۔ وغیرہ تلملاہٹ اور بے قراری ہونا۔ ملال ہونا۔
قُلقُل (ع/مث) بوتل یا صراحی میں سے پانی یا شراب نکلنے کی آواز۔
قلم (ع/مذ/مث) کلک۔ خامہ۔ لکھنے کا آلہ۔ تراشا ہوا نیزہ۔

کاٹا ہوا۔ بُریدہ۔ کاٹی ہوئی اور پیوند لگائی ہوئی شاخ یا ٹہنی جو زمین میں لگاتے ہیں (مث) کنپٹیوں کے اُوپر چھوٹے چھوٹے تراشے ہوئے بال۔ بالوں کا بُرش۔ مصوروں کی کوچی۔ ایک قسم کی آتشبازی۔ سلاخ۔ جیسے رب السوس کی قلم۔ شاخ۔ ٹہنی۔ سینگ۔ قرن۔ حکم۔ حکومت۔ فرمانروائی۔ جیسے قلمرو۔

قلم اُٹھا کر یا قلم برداشتہ لکھنا (ل) بے سوچے اور بہت جلدی لکھنا۔ بے تکلف لکھنا۔ فی البدیہہ اور بے ساختہ لکھنا۔ فوراً دھر گھسیٹنا۔

قلم انداز کرنا (ل) لکھنے میں چھوڑ جانا۔ نہ لکھنا۔

قلم بنانا (ل) قلم گھڑنا۔ نیزہ کو تراش کے لکھنے کے قابل بنانا۔ کنپٹی کے اُوپر کے بالوں کو اُسترے وغیرہ سے دُرست کرنا۔ خط دُرست کرنا۔

قلم بند (عف) تحریری۔ لکھا ہوا۔ نوشتہ شدہ۔ مرقوم۔ شمار کیا ہوا۔ گنا ہوا۔ داخل شدہ۔

قلم بند کرنا (ل) لکھنا۔ تحریر کرنا۔ رقم کرنا۔ درج کرنا۔ کتاب یا رجسٹر میں چڑھانا۔ لکھ لینا۔ نوٹ کر لینا۔

قلم پھیرنا (ل) لکھے ہوئے کو کاٹ دینا۔ مٹا دینا۔ منسوخ کرنا۔ گناہوں یا خطاؤں کو کاٹ ڈالنا۔ معاف کر دینا۔

قلم تراش (عف امذ) چاقو۔ قلم بنانے کا چاقو۔

قلم جاری رہنا (ل) دُعائیہ۔ حکم قائم رہے۔ دولت و حکومت برقرار رہے۔

قلم چلانا (ل) حکم جاری کرنا۔ درج رجسٹر کرنا۔ لکھنا۔ تحریر کرنا۔

قلم دان (عف امذ) قلم دوات وغیرہ رکھنے کا چھوٹا سا خانہ۔

قلم دان دینا۔ یا۔ عنایت کرنا (ل) منشی خاص بنانا۔ صدارت یا وزارت کا عمدہ عہدہ عطا کرنا۔ پرائیویٹ سکرٹری بنانا۔

قلمرو۔ یا۔ قلمرَو (عف امث امذ) حکم چلنے کی جگہ۔ حکومت۔ راج۔ مُلک۔ سلطنت۔ بادشاہی۔ ماتحت مُلک۔

قلم روشن رہے (ل امحاورہ) فقرا کی دُعا۔ حکومت برقرار رہے۔ حکم چلتا رہے۔

قلم زد کرنا (ل امحاورہ) کسی چیز کو مٹا دینا۔ قلم پھیر دینا۔

قلم سینہ چاک (عف امث) نیزے کا قلم۔ کیونکہ اس کے بیچ میں شگاف دیا جاتا ہے۔

قلم فولاد (عف امذ) لوہے کا قلم۔ وہ قلم جس کے آگے نب لگی ہوتی ہے۔

قلم قصائی۔ یا۔ قلم قسائی (ل امذ) ظالم اور بے رحم منشی۔ بے درد محرر۔ رشوت خوار اور بے درد اہل کار۔

قلم کار (عف) لکھنے پڑھنے کا کام کرنے والا۔ منشی۔ نقاش۔ رنگ بھرنے والا۔ مصور۔ مُہرکن۔ مُہر کھودنے والا۔ حکاک۔ ایک قسم کا منقش پارچہ۔ مزین۔ منقش۔ سجا ہوا۔

قلم کاری (عف امث) کتابت۔ تحریر۔ رنگ سازی۔ مصوری۔ مُہرکنی۔ مُنبت کاری۔

قلم کرنا (ل) کاٹنا۔ تراشنا۔ سر اُتارنا۔ جُدا کرنا۔ اُڑانا۔ شاخ یا درخت وغیرہ کو کاٹنا۔ چھانٹنا۔ پیوند لگانے کی شاخ کو ترچھا کاٹنا۔

قلم لگانا (ل) پیوند لگانا۔ کسی پھول کے درخت کی شاخ کو زمین میں دبانا۔

قلم مارنا (ل) قلم پھیرنا۔ کاٹنا۔ رد کرنا۔ منسوخ کرنا۔

قلم مُو (عف) بالوں کا قلم۔ بُرش۔

قلم نہ اُٹھ سکنا (ل) لکھا نہ جانا۔ قلم اُٹھانے کی طاقت نہ ہونا۔

قلم ہونا (ل) کٹنا۔ ترشنا۔ درخت یا شاخ وغیرہ کا کاٹا جانا۔ اُڑنا۔ جُدا ہونا۔ علیحدہ ہونا۔

قلماقنی (ل امث) اُردا بیگنی۔ ترکنی۔ وہ عورت جو شاہی محلوں اور حرم سراؤں میں پانچوں ہتھیار لگا کر سپاہیوں کی طرح پہرہ چوکی دیتی ہے۔

قلمی (ع) ہاتھ کا لکھا ہوا۔ دستی۔ تحریری۔ مکتوبی۔ شاخ نما۔ سلاخ کی مانند (مث) تحریر۔ رقم۔

قلمی آم (ل امذ) پیوندی آم۔ نہایت بڑا اور خوش ذائقہ آم۔

قلمی شورہ (ل امذ) قلموں کی شکل کا بنا ہوا شورہ۔ صاف کیا ہوا شورہ۔

قلمی کرنا (ل) تحریر کرنا۔ لکھنا۔ رقم کرنا۔

قلمیں چھوڑنا (ل) کنپٹی کے بال بڑھانا۔ اُسترے سے اُسے درست کرا کر رکھنا۔

قلندر (ع امذ) اصطلاح تصوف میں دین و دُنیا سے آزاد آدمی۔ عام اصطلاح میں ریچھ اور بندر نچانے والا۔ مداری۔ خیمہ کا آنکڑا یا تنابہ۔ فارسی میں یہ لفظ قلندر تھا۔ لغوی معنی کُندہ ناتراشیدہ مجازاً رند کے معنی ہیں۔ اصطلاحاً ان مقدس آزاد لوگوں کو کہتے ہیں جو تمام تعلقات سے بے خبر اور ذات سے واصل تھے۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا بھی ہوتا ہے۔

قلندرا (ل امذ) خیمہ کا آنکڑا جس پر ریشم یا کپڑا لپیٹ دیتے ہیں۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

قلندری (ل امث) ایک قسم کی چھولداری جس میں قلندر رہا کرتے ہیں۔

قلوب (ع امذ) قلب کی جمع۔

قلہ (ع امث) پہاڑ کی چوٹی۔ پھننگ۔ گھوڑے کا زردی مائل رنگ۔

قلہ قند }
قلاقند } (ل امذ) ایک قسم کی مٹھائی۔ قند کا ڈلا۔

قلی (ت امذ) لغوی معنی غلام۔ اصطلاحاً مزدور۔ بوجھ اُٹھانے والا۔ محنتی۔ پانڈی۔

قُلی گری (ت امث) مزدوری۔ محنت۔ قُلی کا کام یا پیشہ۔

قُلی (ت) غلام۔ بوجھ ڈھونے والا۔ پانڈیا۔

قلیا (ع امث) قرآن شریف کی ایک سورت کا نام جو اکثر فاتحہ میں پڑھی جاتی ہے۔

قلیب (ف/ امث) ایک بحر عروضی کا نام۔
قلیا تمام کرنا (ا) قتل ہونا۔ کام تمام ہونا۔ خاتمہ ہونا۔ مرجانا۔ جان سے جانا۔ عاشق ہوجانا۔
قلیان (ف/ امذ) حقہ۔ کلی۔ گڑگڑی۔ پیچوان۔
قلیل (ع) تھوڑا۔ کم۔ ذرا سا۔ چھوٹا۔ کوتاہ۔ خرد۔ کوچک۔
قلیل الاعتبار (ع/ صف) جس کا اعتبار بہت کم ہو۔
قلیل البضاعت (ع/ صف) وہ جس کی پونجی تھوڑی ہو۔
قلیل القامت (ع/ صف) چھوٹے قد کا۔
قلیل و کثیر (ع/ صف) تھوڑا بہت۔ کم و بیش۔
قلیہ (ع/ امذ) لغت میں توے پر بھنا ہوا گوشت اصطلاحاً گھی میں بھنا ہوا شوربہ۔ شکار۔ ماس۔ سالن۔ مہاپرشاد۔

ق - م

قم (ع) اٹھ کھڑا ہو۔
قم باذن اللہ (ع/ امذ) خدا کے حکم سے جی اٹھ۔
قمار (ع/ امذ) جوا۔ جوئے بازی۔ پاسہ کھیلنا۔ چال بازی۔ ہندوستان کے ایک موضع کا نام۔
قمار بازی (عف/ امث) جوئے کا کام۔ جوا کھیلنا۔ جُوا۔
قمار خانہ (عف/ امذ) جوا کھیلنے کا مکان۔ جوئے خانہ۔
قماش (ع/ امذ) کپڑا۔ لتا۔ اسباب۔ مال و متاع۔ گھر کا اثاثہ۔ ریشمی کپڑا۔ خوبی۔ گن۔ جوہر۔ صفت۔ کمینہ۔ سفلہ۔ چھوٹی قوم کا۔ طرح۔ وضع۔ ڈھنگ۔ طور۔ اندازہ۔ گنجفے کے ایک پتے کا نام بھی ہے۔
قمچی (ت/ امث) ہنٹر۔ تازیانہ۔ چابک۔ چھڑی۔ سٹک۔ پتلی ٹہنی۔ ہاتھ کا جھٹکا (پنجہ کشوں کی اصطلاح)
قمر (ع/ امذ) چاند۔ چندرما۔ مہ۔ ماہ۔ تیسری سے آخر تک قمر۔ اس سے پہلے ہلال ہے۔ کیمیا گروں کی اصطلاح میں چاندی۔
قمر در عقرب (عف/ امذ) چاند کا برج عقرب میں جانے کا وقت جو منحوس سمجھا جاتا ہے۔ خوب صورت اور بدصورت کا ساتھ۔
قمری (ع) منسوب بہ قمر۔ وہ سال یا مہینے جو چاند کی چال کے موافق مقرر کیے گئے ہوں۔
قمری (ع/ امث) فاختہ کی قسم کے ایک مشہور طوق دار پرندے کا نام اور ایک منگتا قوم کی عورتوں کا لقب۔ قمریاں۔
قمع (ع/ امذ) بیخ کنی۔ توڑنا۔ پھوڑنا۔ انہدام۔
قمقمہ (ع/ امذ) تونبڑی۔ ایک طرح کی چھوٹی سی قندیل عبیر گلال اور رنگ کا بھرا ہوا چھوٹا سا گولا جسے ہندو صاحبان ہولی کے دن ایک دوسرے پر مارتے ہیں۔

قمیص (ع/ امذ) لمبا کرتہ۔ پیراہن۔ کرتہ۔
قمی (ع) منسوب طرف قم کے جو شہر ہے اور ایران میں شاعر کا تخلص۔

ق - ن

قنات (ت/ امث) لغوی معنی کنارا۔ پہلو۔ اصطلاحی۔ وہ کپڑے کی اوٹ یا پردہ جو خیمہ کے چاروں طرف لگا دیا کرتے ہیں۔ کپڑے کی دیوار۔ کپڑے کی ٹٹی۔
قنادیل (ع/ امث) قندیل کی جمع۔
قناعت (ع/ امث) تھوڑی سی چیز پر راضی اور خوش رہنا۔ صبر۔ اکتفا۔ کفایت۔
قناعت بڑی دولت ہے (ا/ مثل) قانع آدمی ہمیشہ خوش رہتا ہے۔
قناعت گزیں (عف/ صف) وہ جو قناعت کرے۔
قناویز (ف/ امث) ایک قسم کا نہایت چمک دار گاڑھا ریشمی کپڑا۔
قند (ع/ امذ) شکر۔ کھانڈ۔ چینی۔ ایک قسم کی دانہ دار مٹھائی۔ ہلکے سرخ رنگ کا کپڑا۔ سالو۔
قند پارسی (ع/ امث) ایک قسم کی لطیف کھانڈ۔ مصری۔
قند لب (عف/ صف) میٹھی باتیں کرنے والا۔
قند کے لڈو اور کولوں پر مُہر (ا/ مثل) قیمتی چیز کے تلف ہونے کا افسوس نہیں۔ ادنیٰ اور کم قیمت چیز پر بخیلی اور کنجوسی کا خیال۔
قند مکرر۔ یا۔ دوبارہ (ف/ امذ) دو دفعہ صاف کیا ہوا قند۔ نہایت عمدہ اور صاف کھانڈ۔ مجازاً معشوق کے ہونٹ۔ عمدہ اور پُرمضمون کلام کو دوبارہ پڑھنا۔
قندیل (ع/ امث) شیشے کا بنا ہوا ظرف جس میں بتی روشن کرکے لوہے کی زنجیروں سے چھت میں لٹکا دیتے ہیں۔ ایک قسم کا فانوس جس میں چراغ جلا کر لٹکاتے ہیں۔ لالٹین۔ چراغدان۔
قندیلا (ا/ امذ) بہت بڑا فانوس۔ قندیل سے اسم مکبر ہے۔
قنق (ت) مہمان۔

ق - و

قویٰ (ع/ امذ) قوت کی جمع۔ قوتیں۔ طاقتیں۔
قواعد (ع/ امذ) قاعدہ کی جمع۔ دستور۔ قاعدے۔ رسوم۔ ریت۔ رواج۔ دستور العمل۔ گرامر۔ صرف و نحو۔ فوجی لڑائی کے قاعدے۔ اصول جنگ۔ سپاہیوں کی ورزش۔ اصول۔ بنیاد۔ جڑ۔

قواعد داں (عف امذ) فوجی ورزش کو جاننے والا۔ صرفی۔ نحوی۔ لڑائی کے ڈھنگ جاننے والا۔ قواعدِ جنگ اور فوجی قاعدوں سے واقف۔

قواعد کرنا (ا) فوج کا ورزش کرنا۔ جنگی کرتب دکھانا۔

قواعد گاہ (عف امذ) فوجی ورزش کا میدان۔ پریڈ۔

قوّال (ع امذ) بسیار گو۔ بہت بولنے والا۔ بزرگوں کے قول گانے والا۔ گویا۔ مطرب۔ کلاونت۔ فقرہ سرا۔ شیریں زبان۔ خوش گفتار۔

قوّالی (ع امث) وہ رقص و سرود جو بزرگوں کے مزاروں پر ہوا کرتا ہے۔ حقانی اور صوفیانہ چیزوں کا گانا۔ صوفیوں کی مجلس سرود۔

قوام (ع امذ) ٹھہراؤ۔ قیام۔ مدار۔ نظام۔ مادہ۔ بنیاد۔ مصالحہ۔ خمیر۔ اصل۔ چاشنی۔ پیت۔ شیرہ۔ راب۔ مفتوح بمعنی سچائی۔

قوانین (ع امذ) قانون کی جمع۔

قوت (ع امث) کھانا۔ خوراک۔ روزی۔ روزینہ۔ بھوجن۔ رزق۔ اناج۔ دانہ پانی۔

قوتِ لایموت (ع امث) اتنی خوراک جس سے زندگی قائم رہے۔ سدِ رمق۔

قُوّت (ع امث) طاقت۔ زور۔ بل۔ توانائی۔ سکت۔ شکتی۔ سہارا۔ مدد۔ کمک۔ اعانت۔ تقویت۔ سلطنت۔ ریاست۔ دولت۔

قوتِ باصرہ (ع امث) دیکھنے کی طاقت۔ بینائی۔ جوت۔ آنکھ کی روشنی۔ رنگوں اور صورتوں میں تمیز کرنے والی طاقت۔

قوتِ باہ (ع امث) شہوت۔ کام۔ قوتِ جماع۔

قوتِ جاذبہ (ع امث) چوس لینے والی قوت۔ کھینچنے والی طاقت۔ غذا کھینچنے والی طاقت۔

قوتِ جسمانی (ع امث) بدنی طاقت۔ جسم کی توانائی۔ جسم کا زور۔

قوتِ حافظہ (ع امث) یاد رکھنے کی طاقت۔ یاد۔ یادداشت۔

قوتِ دافعہ (ع امث) دفع کرنے اور اٹھانے کی قوت۔ باہر نکالنے اور خارج کرنے کی طاقت۔

قوتِ ذائقہ (ع امث) چیزوں کا مزہ بتانے والی قوت۔ سواد اور لذت بتانے والی طاقت۔

قوتِ سامعہ (ع امث) سننے کی طاقت۔ سنائی دینے کی قوت۔

قوتِ شامہ (ع امث) بو پہچاننے اور سونگھنے کی طاقت۔

قوتِ لامسہ (ع امث) چھونے اور مس کرنے کی قوت۔

قوتِ ماسکہ (ع امث) غذا کو معدے میں روکے رکھنے والی قوت۔

قوتِ متخیلہ (ع امث) خیال رکھنے کی طاقت۔ صورِ محسوسہ کو غائب میں محفوظ رکھنے والی قوت۔

قوتِ متصرفہ (ع امث) بعض صورتوں کو بعض معانی سے نسبت دینے والی قوت۔

قوتِ متصورہ (ع امث) تصور کرنے یا سوچنے کی قوت۔

قوتِ متفکرہ (ع امث) سوچنے کی قوت۔

قوتِ محرکہ (ع امث) حرکت کرنے کی طاقت۔

قوتِ مدرکہ (ع امث) فہم۔ سمجھ۔ دریافت اور معلوم کرنے کی طاقت۔

قوتِ معدہ (ع امث) حرکت کرنے کی طاقت۔

قوتِ ممیزہ (ع امث) تمیز کرنے اور پہچاننے کی قوت۔ چیزوں کا فرق معلوم کرنے کی قوت۔

قوتِ ہاضمہ (ع امث) کھانا پچانے اور ہضم کرنے کی طاقت۔

قورمہ (ت امذ) گھی میں بھنا ہوا گوشت۔ شوربہ دار۔

قوس (ع امث) دھنش۔ دھنک۔ کمان۔ دائرہ کا ایک حصہ۔ آسمان کا نواں برج۔

قوسِ قزح (ع امث) مختلف رنگوں سے بنی ہوئی بادلوں میں دکھائی دینے والی کمان۔ شیطان کی کمان۔ دھنک۔ سورج کی روشنی کا بخاراتِ آبی میں سے گزرتے وقت مختلف رنگوں میں تقسیم ہو کر کمان بننا۔

قوس نما (عف) محراب دار۔ کمان کی وضع کا۔ گولائی دار۔

قوسی (ع) محراب دار۔ کمان کی طرح کا۔

قوقہ (ت) گریبان کا تکمہ۔

قولچی (ت) نوکر۔ خادم۔

قول (ع امذ) بات۔ بچن۔ کہن۔ کہاوت۔ قسم۔ سوگند۔ سوں۔ عہد و پیمان۔ مثال۔ سخن۔ کلام۔ مقولہ۔ بیان۔ صوفیانہ راگ۔

قول توڑنا }
قول سے پھرنا } (ا) وعدہ خلافی کرنا۔ بات سے انکار کر جانا۔ عہد توڑنا۔ دلیل توڑنا۔

قول دینا (ا) عہد و پیمان کرنا۔ قسم کھانا۔ اقرار کرنا۔ پکا وعدہ کرنا۔ ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ بچن ہارنا۔

قول قرار (ع امذ) اقرار مدار۔ عہد و پیمان۔

قول کا پکا (ا) سچا۔ بات سے نہ پھرنے والا۔

قول کا چھلا (ا امذ) نشانی کا چھلا جو عاشق و معشوق باہم لیا دیا کرتے ہیں۔

قول لینا (ا) اقرار لینا۔ عہد لینا۔

قولِ مرداں جاں دارد (ف اشل) مردوں کی بات سر کے ساتھ ہے جان چلی جائے تو پرواہ نہیں مگر بات نہیں جانے پاتی۔

قول و فعل (ع امذ) چال چلن۔ رنگ ڈھنگ۔ طور و طریق۔ گفتار و کردار۔

قول ہارنا (ا) زبان دینا۔ بچن ہارنا۔ اقرار کرنا۔ ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ عہد کرنا۔

قولنج (یونانی امذ) قولون انتڑی میں پیدا شدہ درد۔ بادِ سول۔ ایک قسم کا دردِ شکم۔

قوم (ع ۔ امث) آدمیوں کا گروہ ۔ فرقہ ۔ کُل ۔ خاندان ۔ گوت ۔ ذات ۔ نسل ۔
قومہ (ع ۔ امذ) نماز میں رکوع کے بعد کھڑا ہونا ۔
قومی (ع) ایک ملک یا ملّت یا مذہب کے لوگ ۔ وطنی ۔ دیسی ۔ منسوب بہ قوم ۔
قومی مجلس (ع ۔ امث) ہم قوم لوگوں کی انجمن ۔ جاتی ۔ سبھا ۔ ویجیس سوسائٹی ۔
قومیّت (ع ۔ امث) نسل ۔ ایک جاتی ۔ مذہبی تعلق ۔
قوی (ع) زور آور ۔ ٹھاڈا ۔ ٹھاڈا ۔ شکتی مان ۔ بلوان ۔ بلی ۔ طاقتور ۔ مضبوط ۔ مستحکم ۔ سخت ۔ کٹھن ۔ کڑا ۔ ہٹا کٹا ۔ تناور جسیم ۔ موٹا تازہ ۔
قوی الجثّہ یا قوی جثّہ (ع ۔ اصف) مضبوط جسم والا ۔ ہٹا کٹا ۔ بھاری جسم کا ۔
قوی دل (ع ۔ اصف) بہادر ۔ شجاع ۔
قوی ہیکل (ع) مضبوط اور بھاری جسم والا ۔ ہٹا کٹا ۔ زور آور ۔ تنومند ۔ بلی ۔ قد آور ۔

ق ۔ ہ

قہّار (ع) بہت غلبے والا ۔ نہایت غصّے والا ۔ خدائے تعالیٰ کے صفاتی ناموں میں سے ایک نام ۔
قہر (ع ۔ امذ) غلبہ ۔ زبردستی ۔ زور آوری ۔ غصّہ ۔ غضب ۔ خفگی ۔ کرودھ ۔ طیش ۔ جوش ۔ ولولہ ۔ تیزی ۔ تندی ۔ مشکل امر ۔ مشکل کام ۔ فسادی ۔ فتنہ پرداز ۔ جیسے تم تو قہر ہو ۔ بلا ۔ آفت ۔ مصیبت ۔ غضب کا ۔ قیامت کا ۔ اندھیر ۔ ظلم ۔ ناانصافی ۔ افسوس ۔ دریغ ۔ حیف ۔
قہر آمیز (ع ۔ اصف) غصّے سے بھرا ہوا ۔
قہرِ الٰہی (ع ۔ امذ) غضب خدا ۔ بلائے آسمانی ۔
قہر توڑنا (ا) نہایت خفا ہونا ۔ غضب ڈھانا ۔
قہر ٹوٹنا (ا) بلائے آسمانی نازل ہونا ۔ مصیبت پڑنا ۔ آفت آنا ۔ خدا کی طرف سے بدی کا بدلہ ملنا ۔
قہر ٹوٹی (ا ۔ اصف ۔ امث) بدبخت ۔ بدنصیب ۔
قہرِ درویش بر جانِ درویش (ف ۔ مثل) غریب کا غصّہ اپنی ہی جان پر چلتا ہے ۔
قہر قیامت (ع) خوبصورتی اور شوخی میں نہایت بڑھ ۔ نہایت حسین ۔ بڑا فتنہ پرداز ۔
قہر کا (ا) غضب کا ۔ قیامت کا ۔ ازحد ۔ نہایت چالاک ۔ شوخ ۔ متفنّی ۔ خوفناک ۔ ہولناک ۔ ڈراؤنا ۔
قہر کرنا (ا) غضب کرنا ۔ بُرا کرنا ۔ نامناسب کرنا ۔ بے جا کرنا ۔
قہر کی آنکھ سے دیکھنا (ا ۔ محاورہ) غصّے سے دیکھنا ۔
قہر ہوتا ہے (ا ۔ محاورہ) بُرا ہوتا ہے ۔ غضب ہوتا ہے ۔
قہر ہے (ا ۔ محاورہ) آفت ہے ۔ غضب ہے ۔ عیّار ہے ۔ چالاک ہے ۔ تباہی ہے ۔ بے حد حسین ہے ۔ نہایت خوبصورت ہے ۔
قہراً (ع) زبردستی سے ۔ جبراً ۔ مجبوراً ۔ چار و ناچار ۔ ظلم سے ۔
قہقہہ (ع ۔ امذ) ٹھٹھا ۔ کھلکھلا کر ہنسنا ۔ زور سے ہنسنا ۔ ٹھٹھا کر ہنسنا ۔ ایران کے ایک قلعہ کا نام بھی ہے ۔
قہقہہ اُڑانا (ا) کسی کا مخول اُڑانا ۔ مضحکہ کرنا ۔ احمق بنانا ۔
قہقہہ مارنا ۔ یا ۔ لگانا (ا) ٹھٹھا مارنا ۔ آوازہ لگانا ۔ تمسخر کرنا ۔
قہوہ (ع ۔ امذ) کافی ۔ ایک قسم کے بیج کا نام جسے بھون کر اور پیس کر چائے کی طرح پکا کر پیتے ہیں ۔
قہوہ خانہ (ع ف ۔ امذ) وہ مکان جہاں قہوہ پینے والے قہوہ پینے اور خوب گپ شپ اُڑاتے ہیں ۔

ق ۔ ی

قے (ع ۔ امث) اُلٹی ۔ متلی ۔ استفراغ ۔ اُبکائی ۔ اُبکی کے ساتھ کھانا اُگل دینا ۔
قے آنا (ا) اُبکائی آنا ۔ اُلٹی آنا ۔ جی متلانا ۔ گھِن آنا ۔ نفرت آنا ۔ جی بگڑنا ۔
قے آور (ع ف ۔ اصف) قے لانے والی ۔
قے کرنا (ا) اُلٹی ۔ اُگلنا ۔ اوکنا ۔
قیادت (ع ۔ امث) رہبری ۔ رہنمائی ۔
قیاس (ع ۔ امذ) اندازہ ۔ جانچ ۔ تخمینہ ۔ اٹکل ۔ منطقی شکل یا مقولہ ۔ رائے ۔ خیال ۔ سمجھ ۔ سوچ ۔ بچار ۔ قیافہ ۔
قیاس استثنائی (ع ۔ امذ) منطق میں قضیہ بالشرط ۔
قیاس استقرائی (ع ۔ امذ) منطق میں قضیہ مکمل ۔
قیاس سے باہر (ا) بے اندازہ ۔ بے شمار ۔ بے حساب ۔ ان گنت ۔ سمجھ سے باہر ۔ خارج از عقل ۔
قیاس کرنا ۔ یا ۔ لگانا (ا) سوچنا ۔ رائے لگانا ۔ اندازہ کرنا ۔ خیال کرنا ۔ ماننا ۔ تسلیم کرنا ۔ رائے قائم کرنا ۔ عقل لڑانا ۔ حساب لگانا ۔
قیاساً (ع) اٹکل سے ۔ اٹکل پچو ۔ اندازاً ۔
قیاسی (ع) منسوب بہ قیاس ۔ قاعدہ کلیہ کے موافق ۔ ذہنی ۔
قیافہ (ع ۔ امذ) شگون ۔ فال ۔ ایک علم کا نام جس میں ہاتھ پاؤں اور چہرے کے خط و خال سے اچھا اور بُرا شگون لیتے ہیں ۔ قیاس ۔ اندازہ ۔ سمجھ ۔ پہچان ۔
قیافہ شناس (ع ف ۔ امذ) شگونیا ۔ فالیا ۔ قیافہ دان ۔ علم قیافہ جاننے والا ۔ علم قیافہ سے واقف ۔
قیافہ شناسی (ع ف ۔ امث) قیافہ دانی ۔ علم قیافہ سے واقفیت ۔

قیام (ع امذ) ٹھہراؤ - اُٹھنا - کھڑا ہونا - استادگی - سکونت - بسیرا - دیرپائی - مضبوطی - موجودگی - سلامتی - نماز میں کھڑا ہونا -

قیام پذیر (عف) دیرپا - دیر تک رہنے والا - ٹکاؤ - مقیم - سکونت کرنے والا - بسیرا کرنے والا - فروکش - وارد -

قیام کرنا (ل) ٹھہرنا - اُترنا - فروکش ہونا - مقام کرنا -

قیامت (ع امث) کھڑا ہونا - اُٹھنا - قائم ہونا - روزِ حشر یعنی وہ دن جب کہ مُردے دوبارہ زندہ ہو کر اُٹھیں گے - روزِ شمار - روزِ حساب - جگ پرلو - سب کے مرنے اور فنا ہونے کا دن - مجازاً مدت دراز - عرصہ دراز - روزِ پسیں - اخیر دن - دُنیا کے ختم ہونے تک کا وقت - قضا اجل - موت کال - مرگ - آفت - بلا - قہر - ظلم و ستم - آہ و زاری - رونا پیٹنا - چیخ دھاڑ - اودھم - غل غپاڑہ - انوکھی بات - عجیب کام - تعجب خیز بات - کثرت - از حد - ات گت - مصیبت - بپت - بپتا - عذاب - دُکھ - اندھیر - ظلم - ناانصافی - افراتفری - ہل چل - شوخ - چنچل - چلبلا - طرار - چالاک - فسادی - فتنہ پرداز - مشکل - دشوار - بُرا - متنفر - نامناسب - بے جا -

قیامت اُٹھانا (ل) فساد مچانا - آفت برپا کرنا - شور مچانا -

قیامت آنا (ل) بلا نازل ہونا - مصیبت پڑنا -

قیامت برپا - یا - بپا ہونا (ل) دنگا ہونا - شور مچنا - غل غپاڑا ہونا - سخت مصیبت پیش آنا - آفت میں مبتلا ہونا - خفگی ہونا - فساد مچنا - لڑائی ہونا - سر پھٹول ہونا - تلوار چلنا -

قیامت پر قیامت لانا - ڈھانا (ل) آفت پر آفت برپا کرنا - نہایت حشر برپا کرنا -

قیامت توڑنا (ل) قہر ڈھانا - نہایت خفا ہونا - آفت برپا کرنا -

قیامت خیز (عف / صف) قیامت اُٹھانے والا -

قیامت ڈھانا (ل) شور و غل مچانا - غضب کرنا - فتنہ اُٹھانا - ظلم کرنا -

قیامت زار (ع امذ) میدانِ حشر -

قیامت صُغریٰ (ع امث) چھوٹی قیامت یعنی شخصی موت -

قیامت کا (ل) تعجب اور مبالغہ کے وقت، غضب کا بنا ہوا - آفت ڈھانے والا -

قیامت گزرنا (ل) غضب میں پھنسنا - نہایت بُرا معلوم ہونا - مصیبت کا سامنا ہونا - آفت آنا - حشر ٹوٹنا -

قیامت لانا (ل) مصیبت برپا کرنا - بلا میں پھنسانا - فساد مچانا -

قیامت مچنا (ل) ماتم پڑنا - واویلا مچنا - کہرام ہونا - آفت ٹوٹنا - خفگی ہونا - دُھوم پڑنا - بلا کی طرح پیچھے لگ جانا -

قیامت ہونا (ل) پرلو کا آنا - حشر کے دن کا آنا - آفت آنا - بلا ہونا - مصیبت ہونا - مشکل ہونا - دشوار ہونا - ہنگامہ ہونا - شور و شر ہونا - بے حد بُرا ہونا - زبون ہونا -

قیامت ہے (ل / محاورہ) توصیف و تعریف کا مبالغہ ہے - آفت ہے - بلا ہے - شور و غوغا ہے - بہت ہی کامل ہے - فتنہ ہے -

قید (ع امث) روک - ممانعت - حبس - پابندی - مقدار - اندازہ - بندش - رکاوٹ - شرط -

قید بلامشقت - یا - قیدِ محض (ل / امث) (قانون) وہ قید جس میں قیدی سے محنت نہ لی جائے صرف خوراک معمول سے کم ملے -

قید بھرنا - یا - بُھگتنا - یا - کاٹنا (ل) قید خانہ میں رہنا - بند ہو رہنا - محبوس رہنا -

قید تنہائی / قید بامشقت / قیدِ سخت (عف / امث) وہ قید جس میں بندش کے علاوہ قیدی سے سخت محنت بھی لی جائے اور اکیلا یعنی تنہا بھی رکھا جائے -

قید خانہ (عف) قیدیوں کے رکھنے کا مکان - جیل خانہ - زندان -

قیدِ فرنگ (عف / امث) اہلِ فرنگ کی قید جو نہایت سخت اور تکلیف دہ شمار کی جاتی ہے -

قیدِ قفس (ع امث) پنجرے کی قید - نہایت سخت قید جس میں آدمی کو پنجرے سے نکلنا نہایت مشکل معلوم ہوتا ہے -

قید کرنا (ل) بند کرنا - روکنا - منضبط کرنا - پکڑنا - گرفتار کرنا - اسیر کرنا - پابند کرنا -

قید لگانا (ل) شرط لگانا - پخ لگانا - مشروط کرنا - حد باندھنا -

قید ہونا (ل) پکڑا جانا - جیل خانے جانا - پابند ہونا - محدود ہونا - مشروط ہونا -

قیدی (عف / امذ) اسیر - بندھا ہوا - گرفتار - پکڑا ہوا - پابند - سزا یافتہ - مجرم -

قیروطی (ی) موم - روغن -

قیس (ع) عرب کے ایک مشہور قبیلہ کا نام - مجنوں عامری - عاشق لیلیٰ کا نام - یہ شخص مشاہیرِ عرب سے ہے -

قیصر (رومی امذ) لاطینی لغت میں اُس بچے کو کہتے ہیں جو ابھی ماں کے پیٹ ہی میں ہو - اور اس کی ماں مر جائے اور وہ ماں کا پیٹ چاک کر کے نکالا جائے - روم کا بادشاہ اوّل بھی اسی طرح پیدا ہوا تھا جو بڑا زبردست اور صاحبِ اقبال ہوا ہے - اس وجہ سے اُسے بلکہ رُوم کے کل بادشاہوں کو اس نام سے مخاطب کرنے لگے - سلطان - شہنشاہ - ٹرکی کا بادشاہ -

قیصرِ روم (رومی امذ) سلطانِ رُوم - شہنشاہِ رُوم -

قیصرۂ ہند / قیصرِ ہند (رومی و ہندی امث) ملکہ وکٹوریہ آنجہانی کا خطاب جو انہوں نے دلی دربار کے موقعہ پر ۱۸۷۷ء میں اختیار کیا تھا -

قیطون (ع امذ) ایک قسم کی باریک - پیچک زری اور ریشم کی بٹی ہوئی ڈوری -

قیقف (ت امذ) ایک ٹونٹی دار برتن جس کا مُنہ اُوپر سے کھلا ہوا

اور نیچے نلی لگی ہوتی ہے جس کے ذریعہ پتلی اور رقیق چیز بوتلوں وغیرہ
میں بھرتے ہیں۔

قیل و قال (ع ۔ امث) بات چیت ۔ گفتگو ۔ بحث و تکرار ۔ رد و کد۔

قیلولہ (ع ۔ امذ) دوپہر کا سونا ۔ کھانا کھالینے کے بعد لیٹ رہنا ۔

قیلولہ کرنا (ف) دوپہر کے وقت سو رہنا ۔ کھانا کھا کر لیٹ رہنا ۔

قیّم (ع ۔ اصف) قائم کرنے والا ۔ نگران ۔ منتظم۔

قیماق (ت ۔ امذ) بالائی ۔ دودھ پیر کی ملائی ۔

قیمت (ع ۔ امث) مول ۔ دام ۔ در ۔ نرخ ۔ بھاؤ ۔ قدر ۔ مرتبہ۔

قیمت اُٹھانا (ا ۔ محاورہ) دام تجویز کرنا ۔ مول طے کرنا ۔

قیمت پانا (ف) مول بھرنا ۔ دام وصول کرنا ۔

قیمت ٹھہرانا } (ف) بھاؤ مقرر کرنا ۔ مول چکانا ۔
قیمت چکانا } دام مقرر کرنا ۔

قیمت لگانا (ف) دام لگانا ۔ مول قرار دینا ۔

قیمتی (ع ۔ صف) قیمت والا ۔ بیش بہا ۔ زیادہ قیمت کا ۔ عمدہ ۔ نفیس ۔
نہایت قابل قدر ۔ مہنگا ۔ عزیز ۔

قیمہ (ع ۔ امذ) کٹا ہوا گوشت ۔ ریزہ ریزہ کیا ہوا گوشت ۔

قیمہ کرنا (ف) کاٹ کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا ۔ پرزے پرزے کرنا ۔
پرزے اُڑانا ۔

قینچی (ت ۔ امث) کترنی ۔ مقراض ۔ کپڑا وغیرہ کترنے کا آلہ ۔ لوہے
یا لکڑی کی ترچھی سلاخیں جو مکان کے گرد جنگلے کے طور پر لگا
دیتے ہیں ۔ کھپریل ڈالنے کی آڑی ترچھی لکڑیاں ۔

قینچی باندھنا (ا ۔ محاورہ) پہلوانوں کا حریف کی دونوں ٹانگوں میں
اپنی ٹانگیں ڈال کر مجبور کر لینا ۔ گھوڑے کو دونوں رانوں
تلے دبانا ۔

قینچی چلانا (ا ۔ محاورہ) کترنا ۔ کاٹنا ۔ درزی کا پیشہ کرنا ۔

قینچی سی ۔ یا ۔ قینچی کی طرح زبان چلنا (ف) جلد جلد زبان چلنا ۔ دوسرے
کی بات کاٹنے کے لیے فرفر بولنا ۔

قینچی لگانا (ف) قینچی سے کترنا ۔ کاٹنا ۔ چھانٹنا ۔ قلم کرنا ۔ ترچھی اڑواڑ
لگانا ۔

ک (ع امذ) اُردو زبان کا اٹھائیسواں - فارسی کا پچیسواں اور عربی کا بائیسواں حرف - حساب جمل میں اس کے عدد بیس فرض کیے گئے ہیں -

ک - ا

کا (ہ) حرف اضافت - تعلق - قبضہ - ملکیت وغیرہ ظاہر کرنے کو آتا ہے - اسم کے آخر میں آکر اس میں صفت کے معنی پیدا کر دیتا ہے جیسے کابل کا - لاہور کا -

کابر (ہ امذ) ایک سیاہ چتیوں والے پرندے کا نام چتکبرا - چتی دار - کبرا -

کابک (ف امذ) بانس کی کھپچیوں سے بنا ہوا ڈربہ جو کبوتروں وغیرہ کے لیے بناتے ہیں - لکڑی کا ڈربہ -

کابُل (ف امذ) افغانستان کے دار الحکومت کا نام - مغل شہنشاہ بابر کا مقبرہ یہیں ہے - یہاں سے گھوڑے - قالین - پھل اور مہنگی اشیاء دساور کو جاتی ہیں - آمد و رفت درہ خیبر کے راستے سے ہوتی ہے - دریائے کابل اس شہر کے قریب سے بہتا ہے آج کل یہ شہر ترقی کر رہا ہے -

کابل میں کیا گدھے نہیں ہوتے ؟ (ا) مطلب یہ ہے کہ جہاں اچھے ہوتے ہیں وہاں بُرے بھی تو ہوتے ہیں - کابل کے گھوڑوں کی شہرت کے باعث یہ کہاوت ہو گئی ہے -

کابلا (ہ امذ) ایک قسم کا بڑا پیچ - بلٹ - ڈھبری -

کابلی (ف امذ) کابل کا باشندہ - کابل کی چیز - کابل کی بنی ہوئی -

کابلی چنا (ا امذ) ایک قسم کا چھوٹا چنا -

کابلی مٹر (ا امذ) ایک قسم کا بڑا اور سفید رنگ کا مٹر -

کابوس (ع امذ) ایک بیماری کا نام جس کے باعث آدمی حالت خواب میں مہیب اور ڈراؤنی شکل دیکھتا ہے اور دبا ؤ مان کر بہت ڈر جاتا ہے -

کابین (ع امذ) وہ روپیہ جو نکاح کے وقت شوہر بیوی کو دینے کا ذمہ لیتا ہے -

کابین نامہ (عف امذ) مہر کے روپے کا اقرار نامہ - مہرنامہ - مہر کا کاغذ -

کاپی (انگریزی امث) نقل - مسودہ - جلد - پرت - نسخہ بیاض -

کاپی اُٹھنا (ا امحاورہ) حرفوں کا چھاپے کی پلیٹ پر نہ اُبھرنا -

کاپی رائٹ (انگریزی امذ) لکھنے کا حق - حق تصنیف و تالیف -

کاپی نویس (ا و امذ) نقل نویس - خوشنویس - کاتب - نقل کرنے والا -

کاتا (ہ) کاتا ہوا - تاگا - سوت - تار - بانس کاٹنے کا چھرا -

کاتا اور لے دوڑی (ہ اشل) کام کیا اور مزدوری مانگ لی - جلد باز اور پیٹ کے ہلکے کی نسبت بولا کرتے ہیں -

کاتب (ع امذ) کتابت کرنے والا - لکھنے والا - نویسندہ - کاپی نویس - خوش نویس -

کاتبِ ازلی (ع امذ) کنایۃً اللہ تعالیٰ -

کاتک (ہ امذ) ہندی سال کا ساتواں مہینہ - تقریباً ۱۵ اکتوبر سے ۱۵ نومبر تک کا وقت -

کاتنا (ہ) چرخے کے ذریعے سُوت بنانا - چرخے سے رُوئی کی تاریں نکالنا -

کاتنا تو آتا نہیں پُونیاں لگی بنانے (ہ اشل) بن جانے بُوجھے کام میں دخل دینا -

کاتی (ہ امث) سناروں اور لوہاروں کے ایک اوزار کا نام جس سے تار یا پتر وغیرہ کاٹتے ہیں - کتنی -

کاٹ (ہ امث امذ) کٹاؤ - بُرش - گھاؤ - زخم - چھانٹ - قطع - تراشش - بیونت - بُرائی - بدی - بدگوئی - عداوت - دشمنی - چرچراہٹ - خراش - چھیلن - تیزی - روانی - ایک قسم کا سیاہ

زخم بھی ہے۔

کاٹ پھانس (ہ/ مث) کتر بیونت۔ لگائی بجھائی۔ توڑ جوڑ۔ چالاکی۔ عیاری۔

کاٹ پھانس کرنا (ف) توڑ جوڑ کرنا۔ کمی بیشی کرنا۔ غیبت کرنا۔ بُرائی کرنا۔ بدگوئی کرنا۔ لگائی بجھائی کرنا۔

کاٹ چھانٹ (ہ/ مث) قطع برید۔ جوڑ توڑ۔ کتر بیونت۔

کاٹ چھانٹ کرنا (ف) کمی بیشی کرنا۔ توڑ جوڑ کرنا۔ دشمنی کرنا۔ بُرائی کرنا۔ منہا کرنا۔ اگلے حساب میں سے وضع کرنا۔ غبن کرنا۔

کاٹ کرنا (ف) گھاؤ ڈالنا۔ زخم کھولنا۔ چھیلنا۔ خراش کرنا۔ تردید کرنا۔ جواب دینا۔ تراشنا۔ کاٹنا۔ پانی کا اپنا راستہ آپ بنا لینا۔

کاٹ کوٹ (ہ/ مث) چیر پھاڑ۔ جراحی۔ کمی بیشی۔

کاٹ کھانا (ف) ڈنک مارنا۔ ڈس لینا۔ منہ مارنا۔

کاٹ کھانے کو دوڑنا (ف) ترش روئی اور تندی سے جواب دینا۔ بدمزاجی سے پیش آنا۔ بدمزاجی سے سلوک کرنا۔

کاٹا (ہ) کاٹا ہوا۔ ڈسا ہوا۔ سانپ کا زخم۔ چوٹ۔

کاٹا اور اُلٹ گئی (ہ) ناگن کاٹتی ہے اور فوراً پلٹ جاتی ہے۔ اس وجہ سے ایسے شخص کی نسبت بولتے ہیں جو نہایت موذی ہو اور سخت ناآشنا ہو جائے۔

کاٹکے (ار/ صف) دہشت ناک۔

کاٹنا (ف) تراشنا۔ پھانک اُتارنا۔ قاش اُتارنا۔ درخت چھانٹنا۔ شاخ قلم کرنا۔ کترنا۔ قینچی سے اُڑانا۔ بیونتنا۔ قطع برید کرنا۔ ڈسنا۔ ڈنک مارنا۔ بُرکی مارنا۔ دانت گڑونا۔ زخم کرنا۔ گھاؤ ڈالنا۔ چھوڑنا۔ نیا گنا۔ تنجنا۔ الگ کرنا۔ القط کرنا۔ گزارنا۔ بسر کرنا۔ ضائع کرنا۔ راہ طے کرنا۔ قطع کرنا۔ راستہ وغیرہ کے بیچ میں سے نکل جانا۔ آگے سے چلا جانا۔ جھگڑا چکانا۔ نبٹانا۔ پہاڑ توڑنا۔ زمین صاف کرنا۔ بھگتنا۔ بھرنا۔ گلے پر چھُری پھیرنا۔ حلال کرنا۔ ذبح کرنا۔ تفریق کرنا۔ منہا کرنا۔ کینسل دینا۔ قلم پھیرنا۔ منسوخ کرنا۔ شرم دلانا۔ شرمانا۔ تردید کرنا۔ بوٹیاں اُڑانا۔ قطار سے ٹرین سے کسی گاڑی کو علیحدہ کرنا وغیرہ۔

کاٹنے کو دوڑنا ۔یا۔ **کاٹنے دوڑنا** (ہ) دیکھو کاٹ کھانے کو دوڑنا۔ ناگوار معلوم ہونا۔ اُجاڑ اور ویران معلوم ہونا۔

کاٹو (ہ/ مث) ایک چوہے کی قسم کا جانور ہوتا ہے جو درختوں پر رہتا ہے۔ گلہری۔ ایک قسم کی گالی بھی ہے جس سے مراد ہے۔ جاؤ نالش کرو۔ ہمارا کیا کر سکتے ہو؟

کاٹو تو خون نہیں یا لہو نہیں (ف/ محاورہ) خوف اور ڈر کے مارے بدن میں لہو کی بوند بھی نہیں رہی۔ نہایت دہشت اور خوف کے وقت بولا کرتے ہیں۔

کاٹھ (ہ/ مذ) لکڑی۔ لکڑ۔ چوب۔ ایک بھاری اور موٹا لٹھا جس میں مجرموں کا پاؤں ٹھوکنے کے واسطے ایک چھید کر دیتے تھے۔

کاٹھ پتلی (ہ/ مث) کٹھ پُتلی۔ لکڑی کی مُورت۔ لکڑی کا بُت۔

کاٹھ چبانا (ہ) مشکل سے گزارہ کرنا۔ تنگی میں بسر اوقات کرنا۔

کاٹھ کا (ہ) لکڑی کا بنا ہوا۔ چوبیں (مذ) کاٹھ کا اُلّو کا مخفف۔

کاٹھ کا اُلّو (ہ/ مذ) احمق۔ بے وقوف۔ مُورکھ۔ مودھو۔

کاٹھ کا گھوڑا (ہ/ مذ) لاٹھی۔ لنگڑے آدمی کی لاٹھی۔ لکڑی کا زینہ۔ لکڑی کا بنا ہوا گھوڑا۔

کاٹھ کباڑ (ہ/ مذ) ٹوٹا پھوٹا سامان۔ نکما اسباب۔

کاٹھ کٹول بانسلی (ہ/ مذ) بچوں کے ایک کھیل کا نام۔

کاٹھ کی گھوڑی (ہ/ مث) ارتھی۔ تابوت۔ جنازہ۔

کاٹھ کی مُورتی اور چیتدن ہار (ف/ مثل) بدشکل آدمی اور بناؤ سنگار۔

کاٹھی (ہ/ مث) بدن۔ جسم۔ تن۔ جسامت۔ ڈھانچ۔ ڈھانچا۔ پنجر۔ قالب۔ تلوار کا غلاف۔ میانِ شمشیر۔ نیام۔ گھوڑے کا چمڑے کا زین جس کے نیچے لکڑی ہوتی ہے۔

کاٹھی خالی کرنا (ف/ محاورہ) گھوڑے کی سواری کا ایک فن۔

کاٹھی گر (ہ/ ف/ صف) تلوار کا غلاف بنانے والا۔

کاٹھیا واڑ (ہ/ مذ) ہندوستان کے مغرب میں ایک مشہور علاقہ جہاں کے گھوڑے مشہور ہیں۔

کاٹی اُنگلی پر نہ مُوتنا (ہ) نہایت بے رحم اور کام چور ہونا۔ پرلے درجے کا بے درد اور کاہل ہونا۔

کاٹے باڑھ نام تلوار کا ⎫
لڑے فوج نام سردار کا ⎭ (ف/ محاورہ) چھوٹوں کی کارگزاری سے بڑوں کا نام ہو جاتا ہے۔

کاٹے کھانا (ہ) از حد بُرا معلوم ہونا۔ نہایت ناگوار لگنا۔ خوف ناک معلوم ہونا۔ سنسانا۔

کاٹے کٹے نہ مارے مرے (ہ/ محاورہ) نہایت سخت جان آدمی ہے یا نہایت دشوار کام ہے۔

کاٹے نہ کٹے (ہ) نہایت مشکل ہونا۔ سخت کٹھن ہونا۔ دوبھر ہونا۔

کاج (ہ/ مذ) کام کاج۔ دھندا۔ کارج۔ بوڑھے آدمی کے مر جانے کی ضیافت۔ شادی کا کام۔ بٹن کا گھر۔ بٹن ہول۔

کاج بنانا (ف) کسی کپڑے میں بٹن کے واسطے سوراخ بنانا۔ بٹن ہول بنانا۔

کاج کرنا (ف) بڑا کام کرنا۔ مُردے کی روٹی کرنا۔ بٹن کا گھر بنانا۔

کاجل (ہ/ مذ) چراغ کا دھواں۔ دُودِ چراغ۔

کاجل پاڑنا (ہ) چراغ کی لَو پر چینی رکھ کر سیاہی جمع کرنا۔

کاجل دینا ۔یا۔ **سارنا** (ہ) آنکھوں میں کاجل لگانا۔ سُرمہ لگانا۔

کاجل کا تل (ہ/مذ) وہ تل جو عورتیں خوشنمائی کے لیے اپنے رخساروں پر بنا لیا کرتی ہیں۔

کاجل کی کجلوٹی اور پھولوں کا سنگھار۔ یا۔ سنگار (ہ/کہاوت) نہایت کالی کلوٹی اور بدصورت ہونے پر زیادہ بناؤ سنگار رکھنے والی کی نسبت بولتے ہیں۔

کاجل کی کوٹھڑی میں دھبے کا ڈر (ہ/شل) بدنام جگہ جانے میں بدنامی آنا لازمی ہے۔

کاجل گھلانا۔ یا۔ لگانا (ا) آنکھوں میں سرمے کی جگہ دُود چراغ کا استعمال کرنا۔

کاچ بھوجُو (ا) نہایت نازک۔ بودا۔ رسمی۔ دکھاوے کا۔ اشارے سے ٹوٹ جانے والا۔

کاجی (ہ) کاج والا۔ کام کرنے والا۔ کاروباری۔ کام کاج کرنے والا۔

کانچ۔ یا۔ کانچ (ہ/مث) شیشہ۔ زجاج۔ ریت اور سجی سے بنایا ہوا ایک چمک دار سخت مادّہ۔

کاچھ (ہ/مذ) ران۔ زانو کے اوپر کا حصّہ۔ جانگھ۔ جانگیہ۔ کاچھا۔ آدھا گھٹنا۔ رُوپ۔ بھیس۔ لباس۔

کاچھ کچھنا (ہ) بھیس بدلنا۔ رُوپ بھرنا۔ بانا بدلنا۔ سوانگ بھرنا۔

کاچھ کھولنا (ہ) لنگوٹا کھولنا۔ ازاربند کھولنا۔

کاچھا (ہ/مذ) جانگیا۔ گھٹنا۔

کاچھن (ہ/مث) کاچھی کی عورت۔ ہندو ترکاری فروش عورت۔ مالن۔

کاچھی (ہ/مذ) مالی۔ ہندو۔ کنجڑا۔ ہندو سبزی فروش۔

کاخ (ف/مذ) محل۔ بلند۔ عمارت۔ ایوان۔ قصر۔

کاذب (ع) جھوٹا۔ دروغ گو۔ باطل۔ صادق کی ضد۔

کار (ف/مذ) کام۔ کاج۔ دھندا۔ فعل۔ کرتوت۔ عمل۔ جنگ و جدل۔ لڑائی۔ معاملہ۔ بیوہار۔ غرض۔ واسطہ۔ شادی یا تقریب۔ کارج۔ مراد۔ مقصد۔ مطلب۔ کھیتی باڑی۔ زراعت۔ شغل۔ مصروفیت۔

کاراکاس۔ وینزویلا (جنوبی امریکہ) کا دارالحکومت۔ یہاں سے کوکو اور کھالیں باہر جاتی ہیں۔

کار آزمودہ } (ف) تجربہ کار۔
کارشناس } آزمودہ کار۔

کارآفریں (ف/صف) کام کا پیدا کرنے والا۔ مجازاً خدا تعالیٰ۔

کارآگاہ (ف/صف) کام کی حقیقت سے واقف۔ خبردار۔

کارآمد (ف) برتنے کے لائق۔ کام کا۔ مفید مطلب۔ سودمند۔

کارآموز (ف/صف) کام سیکھنے والا۔

کاروبار (ہ/مذ) کام کاج۔ لین دین۔ بنج بیوپار۔ شغل مشغلہ۔

کاروباری (ف/مذ) کام کاج کرنے والا۔ تاجر۔ سوداگر۔ بنج بیوپار کرنے والا۔ کارندہ۔ مہتمم۔ منتظم۔

کاربراری (ف/مث) کام نکالنا۔ گون نکالنا۔ انجام کار۔ تعمیل انجام دہی۔

کاربند (ف) تعمیل کرنے والا۔ عمل میں لانے والا۔ محکوم۔ فرماں بردار۔ مطیع۔

کاربند ہونا (ا) عمل میں لانا۔ تعمیل کرنا۔ فرض ادا کرنا۔ عامل ہونا۔

کارپرداز (ف) منتظم۔ مہتمم۔ کام کرنے والا۔ گماشتہ۔ کارندہ۔

کارپردازی (ف/مث) انتظام۔ انصرام۔ اہتمام۔ سربراہی۔ کارندگی۔

کارپوریشن (انگریزی/مذ) سند یافتہ جماعت۔ وہ جماعت یا کمیٹی جو قانوناً کسی کام کرنے کی مجاز ہو۔

کار ثواب (ع/مذ) نیک کام۔ بھلائی کا کام۔ بہت اچھا کام۔

کارچوب (ف/مذ) جولاہوں کے تانی پھیلانے اور بننے کی آواز۔ ایک قسم کا کشیدہ جو لکڑی کے چوکھٹے پر کپڑا پھیلا کر اس پر نکالا جاتا ہے۔ زردوز۔ کشیدہ کار۔ کشیدہ کاڑھنے کا چوکھٹا۔

کارچوبی (ف/مث) زردوزی۔ کشیدہ کاری۔ زردوزی کیا ہوا۔

کارخانہ (ف/مذ) کام کرنے کی جگہ۔ چیزوں کے تیار کرنے اور بنانے کا مقام۔ جولاہوں کی کرگہ۔ گوٹا کناری بننے کی اونچی چوکی جس پر بیٹھتے ہیں۔ کوٹھی۔ دکان۔ کام کاج۔ کاروبار۔ دھندا۔ کاروبار۔ خدا کے کاروبار۔ نیچر۔ مایا۔ معاملہ۔ حساب۔

کارخانۂ الٰہی (ع/مذ) خدائی معاملات۔ نیچر۔ ایشور کی مایا۔

کارخانہ دار (ف/مذ) کارخانہ والا۔ کارخانہ کا مالک۔ کاروبار والا۔ آدمی۔ خانساماں۔ باورچی خانے کا داروغہ۔

کارِ خیر (ع/مذ) نیک کام۔ بھلائی کا کام۔ اچھا کام۔ کارِ ثواب۔

کاردار (ف/مذ) عہدہ دار۔ منصب دار۔ عامل۔

کاردان (ف/مذ) تجربہ کار۔ واقف کار۔ قدردان۔ ہنرمند۔ کاریگر۔ ہنرشناس۔

کارڈف۔ بندرگاہ ویلز۔ کوئلہ کثرت سے ہوتا ہے۔

کارڈوا۔ مور قوم کے وقت دارالحکومت تھا۔ آج کل یہاں چمڑے کا کام ہوتا ہے۔

کارروائی (ف/مث) کام نکالنا۔ گون پوری کرنا۔ غرض پوری کرنا۔ کام۔ دھندا۔ عمل درآمد۔ تعمیل۔ دستور العمل۔ قانون۔ ضابطہ۔ بندوبست۔ انتظام۔ پیروی۔ روبکاری۔ عدالت کی پیشی کا عمل درآمد۔ روئداد عدالت۔

کارروائی کرنا (ا) کام نکالنا۔ کام چلانا۔ کام جاری ہونا۔ تعمیل کرنا۔ ڈیوٹی بجا لانا۔ فرض ادا کرنا۔ مقدمہ کی پیروی کرنا۔

کارزار (ف/مذ) جائے جنگ۔ معرکہ۔ مجازاً لڑائی جنگ جدل۔

کارساز (ف) کام بنانے والا۔ کاریگر۔ صانع۔ قادر مطلق۔

کارسازی (ف/مث) کام بنانا۔ صنعت۔ چالاکی۔ عیاری۔

کارستانی (ف اث) شرارت - چالاکی - عیاری - سازش -
کارِ سخت (ف امذ) مشکل کام -
کارسیکا - بحیرۂ رُوم کا مشہور جزیرہ - لوگوں کا بڑا پیشہ زراعت اور ماہی گیری ہے - نپولین شہنشاہِ فرانس یہیں پیدا ہوا تھا -
کارفرما (ف امذ) حکم کرنے اور چلانے والا - حاکم - بادشاہ - کام بتانے والا - کمانیر -
کارکردہ (ف) دیکھو (کارآزمودہ)
کارکُن (ف امذ) عامل - کارندہ - گماشتہ - منیجر - مختارکار - سربراہ - وزیر - اہل کار - محافظ دفتر -
کارگاہ (ف امذ) کام کی جگہ - کارخانہ - کرگہ - جولاہوں کا کپڑا بُننے کا گڑھا -
کارگر (ف اث) مفید - فائدہ مند - گُن کرنے والا - کاری - مُہلک - ہلاک کنندہ - بھاری - گہرا -
کارگر ہونا (ل) مفید ہونا - گُن کرنا - کارگن ہونا - کاری ہونا - بھاری ہونا -
کارگُزار (ف) نہایت وفاداری اور محنت سے کام کرنے والا - حکم بجالانے والا - کام میں ہوشیار - کام میں چالاک - چتر - چالاک - چوکس - مستعد - خدمت گزار -
کارگُزاری (ف اث) فرماں برداری - خدمت - نوکری - ملازمت - مستعدی - ادائے فرض - تعمیل حکم - ہوشیاری -
کارمردانہ (ف امذ) بہادری کا کام - جرأت کا کام -
کارنامہ (ف امذ) جنگ نامہ - بہادری کا تمغہ - بہادری کی سند - واقعات تواریخ - ہسٹری - ضابطہ سلطنت - قوانین - آئین -
کاربانک (انگریزی) منسوب بہ کاربن - کوئلے کا - کاربن کا -
کاربانک ایسڈ (انگریزی امذ) کوئلے کا تیزاب -
کاربنک ایسڈ گیس (انگریزی اث) وہ زہریلی ہوا جو زندہ حیوانات کے سانس اور گلی سڑی نباتات سے نکلتی ہے -
کارتُوس (ل امذ) بارود بھری گولی جسے بندوق میں بھر کر سر کرتے ہیں -
کارٹونسٹ (انگ اصف) مضحک تصویر یا خاکہ بنانے والا -
کارَج (س امذ) کام - کاج - تقریب - بیاہ شادی - بوڑھے کے مرنے کی روٹی - غرض - مطلب - مُدعا - گون - ارادہ - سبب - باعث - پیشہ - حرفہ -
کارَج رچنا (ہ) شادی پھیلانا - کوئی تقریب کرنا -
کارد (ف امذ) چاقو - چھُری - چھُرا -
کارڈ (انگریزی امذ) ملاقات کا ٹکٹ - پتّا - ورق - پوسٹ کارڈ - وہ سرکاری ٹکٹ والا پتّا جو تین پیسے میں بذریعہ ڈاک چلتا ہے -
کارڈ بورڈ (انگریزی امذ) موٹے کاغذ کا تختہ - گتّہ -
کارسپانڈنٹ (انگریزی امذ) نامہ نگار - وقائع نویس - خبر نویس -
کارسپانڈنس (انگریزی اث) خط و کتابت - مراسلت - رسل و رسائل -
کارستانی (ط اث) چالاکی - عیاری - جوڑ - توڑ - سازش - ہوشیاری - اُستادی - تدبیر - علاج - اُپائے - شرارت - بدی -
کارستانی کرنا (ل) شرارت کرنا - چالاکی کرنا - سازش کرنا - تدبیر کرنا - عیاری کرنا -
کارفیو - یونان کا جنوبی جزیرہ -
کارک - آئرلینڈ کا تیسرے درجہ کا شہر - یہاں کوئین کالج اور دیگر علمی درس گاہیں ہیں -
کارک - انگریزی امذ) ایک درخت کا نام جس سے اکثر بوتلوں کے ڈاٹ بولتے ہیں - کاک - کاگ - ڈاٹ -
کارَن (ہ امذ) سبب - باعث - وجہ - واسطے - لیے خاطر -
کارندہ (ف) محنتی - کام کرنے والا - کارکن - گماشتہ - منیجر -
کارنس (انگریزی اث) دیوار کی کنگنی - منڈیر -
کارن فلور (انگریزی) ایک قسم کا ولایتی آٹا -
کاروان (ف امذ) قافلہ - تاجروں یا حاجیوں وغیرہ کا جتھا - گروہ - بنجارا -
کاروانی (ف اصف) قافلے والا -
کارڈک بندرگاہ - قدرتی بندرگاہ ہے - اور اتنی وسیع کہ تمام انگریزی بیڑہ سما سکتا ہے - نزدیک ہی کئی جزائر ہیں - جن میں سے کریٹ بڑا ہے اور مشہور ہے -
کارومنڈل - دکن کا مشرقی ساحل - بندرگاہ مدراس ہے یہ ساحل کم شکستہ ہے -
کارواں سرائے (ف) قافلہ اُترنے کی سرائے - بنجارے کا پڑاؤ -
کارِہ (ع اصف) کراہت کرنے والا -
کاری (ف) گہرا - مُؤثر - بھاری - مُہلک - کام تمام کرنے والا -
کاریگر (ف امذ) ہُنرمند - دستکار - کام بنانے والا - اُستادِ فن - ماہر ہوشیار - سمجھ دار - موچی - چمار -
کاریگری (ف اث) دستکاری - پیشہ وری - ہنرمندی - اُستادی - ہوشیاری -
کاریز (ف اث) کھیتوں کو پانی دینے کی بندنال -
کارے نہ مُسٹلے (ل) یونہی - فضول - حاصل نہ حصول -
کاڑھا (ہ امذ) زچہ کو پلانے کا دوائیوں کا جوشاندہ - اچھوانا -
کاڑھنا (ہ) نکالنا - باہر کرنا - خارج کرنا - کشیدہ بنانا - سوئی کا کام کرنا - کھینچنا - کشید کرنا - جوش دینا - اونٹانا - قرض لینا - اُدھار لینا - چُننا - انتخاب کرنا - موقوف کرنا - علیحدہ کرنا - جلا وطن کرنا - دیس نکالا دینا -
کاڑی (ل اث) تنکا - تیلی -
کاسد (ع) کھوٹا - غیر خالص - نکمّا -
کاسنی (ف اث) ایک دوا کا نام جو سرد اور دافع بخار ہے -
کاسنی رنگ (ف امذ) سُرخی مائل نیلا رنگ - بنفشی رنگ -

کاسۂ (ف/ مذ) پیالہ ۔ یا دبہ ۔ بھیک مانگنے کا ٹھیکرا ۔ دھونسا ۔ نقارہ ۔ طعام ۔ کھانا ۔ راجہ کا طعام ۔

کاسٹ ریکا ۔ وسط امریکہ میں جمہوری ریاست ہے ۔ کارٹا گو اسانی دار الحکومت ہے ۔ یہاں پھل ھماگنی اور گنے ہوتے ہیں ۔

کاسہ دیجیے باسا نہ دیجیے (ر/ محاورہ) کھانا کھلا کر رخصت کر دو ۔ پاس نہ رہنے دو ۔ بعد میں ضرور کبھی نہ کبھی خرابی کا باعث ہوگا ۔

کاسۂ سر (ف/ مذ) سر کا پیالہ ۔ کھوپری ۔ کپال ۔

کاسۂ گدائی (ف/ مذ) فقیروں کا بھیک مانگنے کا پیالہ ۔ کچکول ۔

کاسہ لیس (ف/ مذ) جھوٹے برتن چاٹنے والا ۔ خوشامدی ۔ پیٹو ۔ فقیر ۔ گدا ۔ لالچی ۔ حریص ۔

کاش (ف/ کلمۂ تمنا) کیا اچھا ہو ۔ خدا ایسا کرے ۔ خدا کرے ۔

کاشانہ (ف/ مذ) کٹیا ۔ جھونپڑا ۔ کھنڈلا ۔ چھوٹا سا گھر ۔ گھونسلا ۔ آشیانہ ۔

کاشت (ف/ مث) کھیتی ۔ جوت ۔ زراعت ۔ جُتی ہوئی زمین ۔ کھڑا کھیت ۔ موروثی زمین ۔

کاشت کار (ف/ مذ) کھیتی باڑی کرنے والا ۔ زمیندار ۔ کسان ۔ مزارع ۔

کاشت کاری (ف/ مث) کھیتی باڑی ۔ زمینداری ۔ غلہ رانی ۔ زراعت ۔

کاشتہ (ف/ صف) بویا ہوا ۔

کاشف (ع) کھولنے والا ۔ ظاہر کرنے والا ۔ پردہ دُور کرنے والا ۔

کاشکہ (ف/ کلمۂ تمنا) دیکھو کاش ۔

کاغذ (ع/ مذ) قرطاس ۔ پتر ۔ وہ چیز جس پر لکھتے ہیں ۔ چٹھی ۔ خط ۔ نامہ ۔ تحریر ۔ تمسک ۔ قبالہ ۔ اخبار ۔ پرچہ ۔ خبر ۔ پرزہ ۔ رُقعہ ۔ ورق ۔ بہی کھاتہ ۔ سیکھا ۔ روزنامچہ ۔ ہنڈی ۔ نوٹ ۔ پرامیسری نوٹ ۔ پیپر ۔

کاغذ باد ۔ یا ۔ بادی (ع ف/ مذ) کنکوا ۔ پتنگ ۔ تکل ۔ گڈی ۔

کاغذ پتر (ر/ مذ) خط پتر ۔ چٹھی ۔ چپاٹی ۔ دستاویز ۔ سند ۔ قبالہ ۔ لکھتم ۔

کاغذ خانہ (ف/ مذ) وہ جگہ جہاں کاغذ بنیں ۔

کاغذ دفتر (ف/ مذ) وہ کاغذ / رجسٹر جس میں مالگزاری کا حساب درج ہو ۔

کاغذ سا (ر) بہت پتلا ۔ باریک ۔ نہایت ہلکا اور پتلا ۔ نازک ۔

کاغذ سیاہ کرنا (ر) خوب لکھ کر کاغذ بھر دینا ۔ کاغذ پر بہت کچھ لکھنا ۔ کاغذ جیت دینا ۔

کاغذ کا پٹابانہ ۔ یا ۔ پٹے باز (ر/ مذ) کاغذ کے ایک کھلونے کا نام ۔

مجازاً دُبلا پتلا آدمی ۔

کاغذ کرنا (ر) تمسک لکھنا ۔ کسی کے نام پر قبالہ لکھنا ۔ دستاویز لکھنا ۔ کوئی چیز کسی کے نام کرنا ۔

کاغذ کھولنا (ر) کسی کی غلطی یا خطا ظاہر کرنا ۔ بھید کھولنا ۔ عیب ظاہر کرنا ۔

کاغذ کے گھوڑے (ر/ مذ) چٹھیاں ۔ خطوط ۔ نامے ۔ مکتوبات ۔

کاغذ کے گھوڑے دوڑانا (ر) جا بجا خطوط بھیجنا ۔ ہر طرف جلدی جلدی خط لکھنا ۔

کاغذ کی ناؤ (ر/ مث) کمزور اور بے اصل چیز ۔ ناپائدار ۔ فانی ۔ پوچ ۔ غیر معتبر ۔

کاغذ کی ناؤ آج نہ ڈوبی کل ڈوبی (ر/ مثل) بے اصل بات کو کبھی قیام ہو ہی نہیں سکتا ۔ آخر ایک دن تباہ ہوگی ۔

کاغذ کی ناؤ کب تک بہے گی (ر/ مثل) دھوکے سے ہمیشہ کام نہیں چلا کرتا ۔ ضرور ظاہر ہو جائے گا ۔

کاغذ کی ناؤ میں کون پار اترا (ر/ مثل) بے اصل اور پوچ سہارے پر کیا بھروسا ۔

کاغذ لکھانا ۔ یا ۔ لکھوانا (ر/ مثل) تمسک لکھانا ۔ دستاویز لکھانا ۔ قبالہ بنوانا ۔

کاغذ ملانا (ر) بہی کا حساب ملانا ۔ بد ملانا ۔ حساب جانچنا ۔ پڑتالنا ۔

کاغذات (ع/ مذ) کاغذ کی جمع ۔

کاغذی (ع/ صف) کاغذ گر ۔ کاغذ بنانے اور بیچنے والا ۔ کاغذ فروش ۔ سفید کبوتر ۔ دفتری ۔ نازک ۔ پتلا ۔ بالکل دُبلا ۔ کمزور ۔ ایک قسم کے باریک چھلکے کا لیمو ۔ حساب دان ۔ منیم ۔ بہی کھاتہ لکھنے والا ۔

کاغذی بادام (ر/ مذ) نہایت باریک اور پتلے چھلکے والا بادام ۔

کافر (ع/ مذ) حق کو چھپانے والا ۔ منکر خدا ۔ بے دین ۔ مرتد ۔ ملیچھ ۔ مجازاً ہر معشوق ۔ دلدار ۔ صنم ۔ ظالم ۔ جفا کار ۔ بے رحم ۔ قہر ۔ غضب ۔ فتنہ انگیز ۔ بدنصیب ۔ کم بخت ۔

کافر ادا (ع/ ف/ صف) جس کی ادائیں دلکش ہوں ۔

کافر حربی (ع/ مذ) وہ کافر جس سے لڑنا واجب ہو ۔

کافر کتابی (ع/ مذ) اہل کتاب جو اسلام کو نہ مانیں ۔ عیسائی اور یہودی ۔

کافر نعمت (ع/ مذ) ناشکر ۔ ناشکرا ۔ نمک حرام ۔ حرام خور ۔ احسان فراموش ۔

کافور (ع/ مذ) کپور ۔ ایک تلخ ذائقہ اور نہایت تیز خوشبو دار سفید مادہ جو دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے اور کھلا رہنے سے اُڑ جاتا ہے ۔

کافور ہونا ۔ یا ۔ کافور ہو جانا (ر) چل دینا ۔ غائب ہونا ۔ اُڑ جانا ۔ ہوا ہو جانا ۔ رفوچکر ہونا ۔

کافور کا مرہم (ر/ مذ) ٹھنڈا مرہم جس کا جزو اعظم کافور ہے ۔

کافوری (عف) کافور کا - کافور کا بنا ہوا - کافوری رنگ کا - نہایت صاف اور شفاف رنگ کا - کافور سے بنی ہوئی چیز -
کافوری رنگ (ا/مذ) نہایت ہلکا - زرد رنگ -
کافوری شمع (ا/مث) کافور کی بنی ہوئی موم بتی جس کا رنگ اور روشنی نہایت شفاف ہوتا ہے اور دھواں بالکل نہیں ہوتا -
کافی (انگریزی/مث) قہوہ کی ایک قسم - بُن -
کافی (ع) بُہت - بس - بخوبی - وافر - کنفی (مث) پنجابی نظم کی ایک قسم ٹیک بندی - قافیہ بندی - نیز ایک راگنی کا نام بھی ہے -
کافی وافی (ع) بُہت بُہت - بخوبی - من مانتا - پُورا پُورا - مُکتا -
کاک (ا/مذ) دیکھو کارک -
کاک (ف/مذ) ایک قسم کی روغنی ٹکیا -
کاکا (ف/مذ) خدمت میں بوڑھا ہوا ہوا غُلام - تربی غُلام (پنجابی) ننھا بچہ -
کاکاتوآ یا - کاکاکوا (ہ/مذ) ایک قسم کا سفید اور بڑا طوطا - جس کے پر سُرخ یا زرد کلغی ہوتی ہے -
کاکریزی (ہ) منسوب بہ کاکریز - ایک سیاہی مائل اودے رنگ کا نام -
کاکڑا (ا/مذ) ہرن کی قسم کے ایک جانور کا نام - سابر - چیچک کے موٹے اور کہیں کہیں نکلے ہوئے دانے -
کاکڑا سینگی (ہ/مث) ایک قسم کی پھلی جو اکثر دواؤں میں کام آتی ہے -
کاکُل (ف/مث) سر کے بڑے بڑے آگے لٹکے ہوئے بل دار بال - گیسو - جٹا - لٹ - زُلف -
کاکُل پیچاں (ف/مث) بل کھائے ہوئے بال - خمدار زُلفیں -
کاکلو (ہ/مث) ماتا - مُحبت - اُلفت -
کاکلیں چھوڑنا (ا) لٹیں لٹکانا - زُلفیں چھوڑنا -
کاکی (ف) کاک کھانے والا - کاک سے رغبت کرنے والا -
کاگ (ا/مذ) کارک کا بگڑا ہوا ہے - کاک - ڈاٹ -
کاگ (ہ/مذ) کوا - زاغ - حلق کے اندر کا وہ گوشت جو تالو سے اندر کے رُخ لٹکتا رہتا ہے -
کاگا - یا - کگروا - یا - کگوا (ہ/مذ) کاگ کی تصغیر - چھوٹا کوا - زاغ -
کاگا باسی بھنگ (ہ/مث) متھرا کے برہمنوں کی صبح ہی پینے کی بھنگ -
کاگا باسی موتی (ہ/مذ) ایک قسم کا سیاہ موتی -
کاگا رول (ہ/مث) کوّوں کی کائیں کائیں - نہایت شور و غل - ہُلڑ - غوغا -
کال (ہ/مذ) موت - قضا - ملک الموت - موت کا فرشتہ - وقت - زمانہ - موسم - رُت - قحط - خشک سالی - کالا - سیاہ - کالے رنگ والا - قلت - کمی - توڑا -
کال بنجر (ہ/مث) بہت دنوں کی پڑی ہوئی بنجر زمین -
کال بیلا (ہ/مذ) منحوس وقت -
کال پڑنا (ل) قحط ہونا - خشک سالی ہونا - توڑا ہونا - کمی ہونا -
کالٹین (ہ/مذ) تحقیراً - نہایت ہی کالا - کالا حبشی -
کال جواری (ہ/مذ) بڑا بھاری - جوئے باز - نامی قمار باز - سخت جواریا -
کال کاٹنا (ہ) قحط کے دن گزارنا - خشک سالی بسر کرنا -
کال کا ٹوٹا } (ہ) بھوکا - کنگال - ندیدہ - قحط زدہ -
کال کا مارا } مفلوک الحال -
کال کر جانا (ا) مرجانا - اِنتقال کرنا - فوت ہو جانا - گزر جانا -
کال کوٹھڑی (ہ/مث) اندھیری کوٹھڑی - تاریک و تنگ جگہ - قید تنہائی -
کال کو کھائے بیٹھا ہے (ہ/مثل) اس کو موت نہیں آتی -
کال کے مُنہ میں سب ہیں (ہ/مثل) سب کو مرنا ہے -
کال کے ہاتھ کمان نہ بوڑھا بچے نہ جوان (ہ/مثل) ظالم شخص سے کوئی نہیں بچ سکتا - جابر کے ہاتھ سے کسی کو پناہ نہیں -
کالا (ہ) سیاہ - اسود - کالے رنگ کا آدمی - سانپ - ناگ - مار سیاہ -
کالا آدمی (ا/مذ) حبشی - افریقہ کے باشندے کو کہا کرتے ہیں -
کالا بال (ہ/مذ) مُوئے زہار - ناپاکی کے بال - ادنیٰ - حقیر - ناچیز -
کالا بھجنگ (ہ) کالا کلوٹا - نہایت کالا - بہت ہی سیاہ - حبشی -
کالا پانی (ہ/مذ) جزائر انڈمن جہاں ہندوستانی قیدی جاتے ہیں - عمر قید - حبس دوام - عبور دریائے شور - سمندر کا سیاہ رنگ کا پانی -
کالا پہاڑ (ہ/مذ) شمال مغربی سرحدی صوبے کے ایک پہاڑ کا نام - کوہ سیاہ - مجازاً ہاتھی - فیل - آدمی کا سر - سیس - ناگوار طبع - بلائے جان -
کالا تِل (ہ/مذ) کُنجد سیاہ - خال سیاہ -
کالا چور (ہ/مذ) بڑا بھاری چور - بارا چور - چوروں کا سردار - فرضی چور - نامعلوم الاسم - آدمی - کسے باشد - کوئی شخص جس کا نام بتانا منظور نہ ہو -
کالا دانہ (ا/مذ) بیل کے بیج جنہیں دفع نظر کے لیے جلاتے ہیں یہ دست آور ہوتے ہیں -
کالا دھتورا (ہ/مذ) ایک قسم کا دھتورا - جس کا درخت پھل اور بیج کالے اور پتے سبز ہوتے ہیں -
کالا دیو (ہ/مذ) بڑا بھاری دیو - کالے رنگ کا بہت قدآور آدمی -
کالا زیرہ (ہ/مذ) کڑھی وغیرہ میں ڈالنے کا نہایت اعلیٰ خوشبودار عمدہ زیرہ -
کالا کلوٹا (ہ) نہایت کالا - حبشی -

کالا کرنا (ف) سیاہ کرنا ۔ کلنک لگانا ۔ داغ لگانا ۔ بدنام کرنا ۔ رسوا کرنا ۔ رُوسیاہ کرنا ۔
کالا کوّا (ہ امذ) پہاڑی کوّا ۔
کالا کوئلہ (ہ) کوئلے جیسا کالا ۔ نہایت کالا ۔ بہت ہی سیاہ ۔
کالا مُنہ (ہ) دُعائے بد ۔ لفرتاً ۔ خدا تجھے رُسوا اور رُوسیاہ کرے ۔ روئے سیاہ ۔ چل دُور ۔ پرے ہٹ ۔
کالا مُنہ کر جگ دکھلا وے تب لالن کی لالی پاوے (ہ امثل) آدمی پہلے بدنامی اور مشقت اُٹھاتا ہے ۔ تب کہیں جاکر نام روشن ہوتا ہے ۔
کالا مُنہ کریل کے دانت (ہ امثل) سب باتیں بگڑی ہوئی ہیں ۔
کالا مُنہ اور نیلے پاؤں / کالا مُنہ نیلے ہاتھ پاؤں (ہ) دُعائے بد ۔ لفرتاً ۔ عورتیں نہایت تنفّر اور بیزاری کے وقت یہ کلمہ زبان سے نکالتی ہیں ۔
کالا مُنہ ہونا (ہ) رُوسیاہ ہونا ۔ بدنام ہونا ۔ رُسوا اور ذلیل ہونا ۔ دفع ہونا ۔ نکالا جانا ۔
کالا ناگ (ہ امذ) کالے رنگ کا سانپ ۔ مارِ سیاہ ۔ مُوذی ۔ ظالم ۔ تکلیف دہ ۔
کالانعام (ع) ذک مبنی مانند اور انعام بمعنی چوپایہ ۔ یعنی بے وقوف ۔ پشو ۔
کالبُد (ف امذ) قالب ۔ ڈھانچہ ۔ پنجر ۔ بدن ۔ تن ۔ جسم ۔ سانچہ ۔ کالبوت ۔
کالبُوت (ف امذ) جوتے کے اندر پھنسا کر اُسے اُبھارنے اور کھلا کرنے والی لکڑی ۔
کالبُوت دینا ۔ یا ۔ چڑھانا (ف) جُوتا بنا کر اُس کا نخرہ کالن تنگ سے کھلا کرنا ۔
کالج (انگریزی امذ) بڑا مدرسہ ۔ اعلیٰ تعلیم کا مدرسہ ۔ ادب وغیرہ سکھانے کا مدرسہ ۔
کالر (انگریزی امذ) غلام کا طوق ۔ کُتّے کا پٹہ ۔ گریبان کی کنٹھی ۔ گلوبند ۔ گردن پر باندھنے کی چوڑی پٹی ۔
کالجیٹ (انگریزی امذ) کالج کا طالب علم ۔ کالج میں پڑھنے والا ۔
کالرا (انگریزی امذ) وبائی ہیضہ ۔
کالک (ہ امث) سیاہی ۔ بدنامی ۔ عیب ۔ رسوائی ۔
کالک کا ٹیکہ (ہ امذ) داغ ذلّت ۔ بدنامی کا داغ ۔ دھبّہ ۔ رسوائی اور ذلّت ۔
کالک کا ٹیکا لگنا (ف) (محاورہ) بدنام ہونا ۔ رُسوا ہونا ۔
کالک لگانا (ف) (محاورہ) سیاہی کا دھبّہ لگانا ۔
کالکا (س امث) کالی دیوی ۔ دُرگا ۔ ایک کالے رنگ کی دیوی کا نام جسے ہندو لوگ پُوجتے ہیں ۔ کوہِ شملہ سے نیچے کی طرف ایک مقام کا نام بھی ہے ۔
کالم (انگریزی امذ) کھمبا ۔ ستون ۔ قطار ۔ خانہ ۔ فوج کا ایک دستہ ۔ اخبار کے صفحے کا ایک حصّہ ۔
کالی ۔ ہندوستان کا ایک دریا ۔ گنگا کا معاون ۔ میرٹ شہر اس کے کنارے پر آباد ہے ۔
کالی (ہ امث) سیاہ اسود ۔ ایک سیاہ دیوی کا نام ۔ کالکا ۔ دُرگا ۔ سیاہ فام ۔ کالے رنگ کی ۔
کالی آندھی (ہ امث) نہایت سخت آندھی جس کی گرد سے اندھیرا ہو جائے ۔
کالی آنکھ (ہ امث) سیاہ آنکھ جو خوبصورتی کی علامت ہے ۔
کالی بلا (ہ امث) بڑی بلا ۔ نہایت کالی اور سخت چڑیل ۔ سخت مصیبت ۔ بڑی بپتا ۔ مجازاً کالی اور بدصورت عورت ۔ چڑیل ۔ بھتنی ۔
کالی بھیل نہ بیت دونوں مارو ایک ہی کھیت (ہ امثل) مُوذی مُوذی سب ہی بُرے ۔ سفید اور سیاہ دونوں کو برابر ایک ما لنقصان رساں سمجھو ۔
کالی پیلی آنکھیں کرنا ۔ یا ۔ نکالنا (ف) نہایت خفا ہونا ۔ نہایت غصّے سے گھورنا ۔
کالی تیری (ہ امث) نہایت سیاہ ۔ بہت ہی کالی ۔
کالی دیبی (ہ امث) کالکا ۔ دُرگا ۔ مجازاً افیون ۔ افیم ۔
کالی زبان ۔ یا ۔ جیبھ (ہ امث) سیاہ زبان ۔ جس کی نسبت عوام کا خیال ہے کہ اس کی بددُعا بہت جلد اثر کرتی ہے ۔
کالی زیری (ہ امث) ایک قسم کا کالا زیرہ ۔
کالی سیتلا ۔ یا ۔ ماتا (ہ امث) چیچک کی سخت اور مُہلک قسم ۔
کالی کلوٹی (ہ امث) نہایت سیاہ ۔ کالی تیری ۔
کالی کٹ ۔ ساحل مالابار کے کنارے بندرگاہ ہے ۔ ناریل ۔ قہوہ ۔ مرچ اور لکڑی یہاں سے باہر جاتی ہے ۔ واسکوڈی گاما پہلے پہل یہاں آیا تھا ۔
کالی گھٹا (ہ امث) سیاہ بادل ۔ ابرِ سیاہ ۔
کالی گھٹا ڈراؤنی بھوری برسن ہار (ہ امثل) جو بکواسی اور گپی نہیں ہوتے وہی کام دیا کرتے ہیں ۔
کالی مٹی (ہ امث) جو ہڑ کی چکنی مٹی ۔
کالی مرچ (ہ امث) مرچ سیاہ ۔ تشبیہ کے طور پر مکھی ۔ مگس ۔
کالی ہانڈی سر پر دھرنا (ہ) بدنامی اُٹھانا ۔ رسوا ہونا ۔ ذلّت گوارا کرنا ۔ بیوہ کا نکاحِ ثانی کرنا ۔
کالی ہڑ (ہ امث) چھوٹی ہڑ ۔ ہلیلہ سیاہ ۔ ہڑ زنگی ۔
کالے بال (ہ امذ) موئے زہار ۔ ناپاکی کے بال ۔
کالے پانی بھیجنا (ف) جلاوطن کرنا ۔ عمر قید کرنا ۔ عبور دریائے شور کرنا ۔
کالے تِل چابنا (ہ) کنوڑا ہونا ۔ ممنون ہونا ۔ کالا دان کھانا ۔ غلام بننا ۔
کالے دن دکھانا (ف) (محاورہ) مصیبت میں مبتلا کرنا ۔

کالے سر کا (۱) (امذ) انسان۔ آدمی۔ آدم کی اولاد۔ جوان۔ گبرو۔ مرد۔
کالے کا کاٹا پانی نہیں مانگتا (۵) (شل) کالے ناگ کا ڈسا بچ نہیں سکتا۔ موذی اور دغاباز فریبی سے بچنا مشکل ہے۔
کالے کوس (۵) (امذ) بہت دور کا راستہ۔ مسافت دراز۔ مدتوں کا رستہ۔ لمبے کوس۔ بڑے بڑے کوس۔
کالے کوسوں (۵) (امذ) مسافت بعیدہ۔ بہت دور۔ ہزاروں کوس۔ برسوں کی راہ۔
کالے کوتے کھائے ہیں (۵) (محاورہ) بڑھاپے کے باوجود بھی بال سفید نہیں ہوتے۔ عوام کا عقیدہ ہے کہ اگر آدمی کالے کوتے کا گوشت کھالے تو بڑھاپے میں بھی اس کے بال سفید نہ ہوں گے۔
کالے کے آگے چراغ نہیں جلتا (۱) (محاورہ) زبردست کے سامنے کچھ پیش نہیں جاتی۔ اعلیٰ کے سامنے ادنیٰ کی نہیں چلا کرتی۔
کالے کی سی لہر آجاتی ہے (۵) (شل) کبھی کبھی جنون چڑھ جاتا ہے۔ کبھی کبھی ہڑک ابھر آتی ہے۔
کالے کے کاٹے کا منتر نہ جنتر (۵) (کہاوت) زبردست فریبی سے بچنا مشکل ہے۔
کالے منہ اندھیرے (۵) (محاورہ) نہایت سویرے۔ اندھیرے اندھیرے۔ تڑکے تڑکے۔ علی الصباح۔
کالیا (۱) (صف) کالے رنگ کا آدمی۔
کام (۵) (امذ) تالو۔ منہ کی چھت۔ حلق۔ مراد۔ مقصد۔ مدعا۔ مطلب۔ آرزو۔ خواہش۔ تمنا۔ کاسج۔ کام۔ دھندا۔ کاروبار۔ فعل۔ عمل۔ کرتوت۔ کوتک (س) (امذ) خواہش نفسانی۔ شہوت۔ کام دیو۔ عشق۔ عشق کا دیوتا۔ محنت۔ مشقت۔ مزدوری۔ ہنر۔ کسب۔ کرتب۔ پیشہ۔ کاریگری۔ معروفیت۔ شغل۔ لین دین۔ بنج۔ بیوپار۔ مطلب۔ واسطے۔ تعلق خاص۔ کام۔ روزگار۔ عہدہ۔ نوکری۔ منصب۔ زردوزی۔ کارچوبی۔ نقاشی۔ ہوشیاری۔ بڑی بات۔
کام اٹکنا (۱) کام رک جانا۔ کام کا ہرج ہونا۔ کام بند ہونا۔
کام آپڑنا (۱) (محاورہ) ضرورت پیش آنا۔
کام آخر ہونا (۱) کام تمام ہونا۔ کام نمٹنا۔ قتل ہونا۔ مرجانا۔ کام پورا ہوجانا۔ دم نکلنا۔ قریب مرگ ہونا۔
کام آنا (۱) مناسب جگہ خرچ ہونا۔ کارآمد ہونا۔ مددگار ہونا۔ سہارا ہونا۔ مارا جانا۔ لڑائی میں قتل ہوجانا۔ خرچ ہونا۔ استعمال میں آنا۔
کام بڑھانا (۱) کام کو ترقی دینا۔ کام زیادہ کرنا۔ تجارت وغیرہ کو وسعت دینا۔ کام ختم کرنا۔ دفتر برخاست کرنا۔ کام بند کرنا۔
کام بگاڑنا (۱) کام خراب کرنا۔ کسی کام میں خلل ڈالنا۔ معاملہ خراب کردینا۔
کام بنا رہنا (۱) قسمت کا یاور ہونا۔ اقبال کا مددگار رہنا۔ زمانہ کا حسب مراد ہونا۔
کام بنانا (۱) کام ٹھیک کرنا۔ درست کرنا۔ مطلب نکالنا۔ مقصد پورا کرنا۔ ارمان پورا کرنا۔
کام بند رکھنا (۱) (مص) کام رکا ہوا رکھنا۔
کام بھگتانا (۱) کام پورا کردینا۔ کام ختم کرنا۔ کام نمٹانا۔
کام پر جانا (۱) (محاورہ) مزدوری پر جانا۔
کام پر لگانا (۱) مزدوری پر لگانا۔ کسی کام کے سیکھنے میں معروف کرنا۔ کسی خدمت پر مقرر کرنا۔
کام پڑا رہنا (۱) (محاورہ) کام کا ناتمام رہنا۔
کام پڑنا (۱) (محاورہ) پالا پڑنا۔ تعلق ہونا۔
کام پیارا ہے چام پیارا نہیں (۵) (شل) آدمی کی قدر کام سے ہوا کرتی ہے۔ صرف جسمانی نمود یا خوبصورتی وغیرہ کو کوئی نہیں پیار کرتا۔
کام تجنا (۱) دھندا چھوڑ دینا۔ کام چھوڑ دینا۔ ترک کردینا۔
کام تمام کرنا (۱) کام کو ختم کرنا۔ کام پورا کرنا۔ ہلاک کرنا۔ مار ڈالنا۔ قتل کرنا۔ جان لے لینا۔
کام تمام ہونا (۱) کام پورا ہونا۔ کام ختم ہونا۔ مرنا۔ ہلاک ہونا۔ جان دینا۔ قتل ہوجانا۔ گورکنارے لگ جانا۔ جان سے جانا۔
کام چڑھانا (۱) کسی مشین یا کل وغیرہ پر کام لگانا۔
کام چلانا (۱) کام جاری کرنا۔ مطلب نکالنا۔ بندوبست کرنا۔ انتظام کرنا۔ وقت سے کام نکالنا۔ مشکل سے کام پورا کرنا۔ گزارہ کرنا۔ بسر کرنا۔
کام چلاؤ (۱) تھوڑے دنوں کے گزارے کے قابل۔ رفع حاجت کے لائق۔
کام چلنا (۱) کاربراری ہونا۔ مطلب نکلنا۔ بندوبست ہوجانا۔ گزارہ ہونا۔ بسر ہونا۔ ہاتھ تنگ نہ رہنا۔ فراغت ہونا۔ اجرائے کار ہونا۔
کام چمکنا (۱) کاروبار کا ترقی پر ہونا۔ کام کا رونق پر ہونا۔
کام چور (۱) کام سے جی چرانے والا۔ کام سے ٹلنے والا۔ سست۔ کاہل وجود۔
کام چور نوالہ حاضر (۱) (شل) سست اور کاہل آدمی جو کام تو نہ کرے اور کھانے کو موجود رہے۔
کام دار (۱) (امذ) کام کرنے والا۔ کارکن۔ کارندہ۔ عہدے دار۔ منتظم۔ گماشتہ۔ زری یا ریشم کا کام کیا ہوا۔ زردوزی کا کام کیا ہوا۔
کام دولہا دلہن ہی سے پڑتا ہے (۱) جب آپس میں لڑائی ہو تو آپس میں ہی طے ہوا کرتی ہے۔ تیسرے کا درمیان میں کیا دخل۔
کام دیکھنا (۱) کام کا معائنہ کرنا۔ کام کی پڑتال کرنا۔

کام دینا (ل) کام آنا۔ حاجت روائی کرنا۔ کام سپرد کرنا۔ کوئی کام بتانے کو دینا۔ عہدہ یا خدمت سپرد کرنا۔
کام دیو (ہ ا مذ) خواہش نفسانی کا دیوتا۔ قوت باہ۔ خواہش جماع۔
کام ڈالنا (ل) تعلق ڈالنا۔ پالا ڈالنا۔ سروکار پڑنا۔ کوئی کام تعلق ڈالنا۔
کام سے جانا رہنا (ل) مطلب کا نہ رہنا۔ نکما ہو جانا۔ خراب اور ناقابل استعمال ہو جانا۔
کام سے کام ہونا (ل) اپنے مطلب سے مطلب ہونا۔ دوسرے سے مقصد نہ رکھنا۔
کام کا (ل) مفید مطلب۔ برتنے کے قابل۔ لائق کار۔ کارآمد۔
کام کاج (ہ ا مذ) لین دین۔ کاروبار۔ معاملہ۔ شغل۔ اشغال۔
کام کاجی (ہ ا مذ) محنتی۔ جفاکش۔ چالاک۔ ہوشیار۔ کامی۔ کاروباری۔
کام کا نہ کاج کا دشمن اناج کا (ل ا مثل) سست اور کاہل آدمی جو کھانے اور اناج بگاڑنے کے سوا اور کسی کام کا نہ ہو۔
کام کا نہیں (ا ار محاورہ) اچھا نہیں۔
کام کر جانا (ل) کام دے جانا۔ کامیاب ہو جانا۔ کام نکال دینا۔ اپنا اثر دکھا دینا۔ کارگر ہو جانا۔ مؤثر ہو جانا۔ کام دے جانا۔
کام کرنا (ل) کاروبار میں لگنا۔ کام کاج میں مشغول ہو جانا۔ کوئی شغل کرنا۔ فائدہ دینا۔ مفید ہونا۔ فائدہ مند ہونا۔ سرایت کرنا۔ اثر کرنا۔ مؤثر ہونا۔ کامیاب ہونا۔ مطلب پورا کرنا۔ نقل کرنا۔ کوئی عجیب کام کرنا۔ کام دینا۔ کارنمایاں کرنا۔ ہم صحبت ہونا۔ مجامعت کرنا۔
کام مٹی ہونا (ا ار محاورہ) کام خراب ہونا۔
کام میں کام نکالنا (ل) ایک کام کے ساتھ دوسرا کام بھی کر لینا۔ ایک پنتھ دو کاج ہونا۔
کام میں لانا (ل) استعمال کرنا۔ برتنا۔ صرف کرنا۔ اٹھانا۔ خرچ کرنا۔
کام نکالنا (ل) اپنی حاجت یا خواہش کو پورا کرنا۔ مطلب نکالنا۔ کاروائی کرنا۔ مقصد حاصل کرنا۔ مراد براری کرنا۔ کسی کے واسطے کوئی کام تجویز کرنا۔
کام ہاتھ میں ہونا (ا ار محاورہ) پیشہ یا ہنر حاصل ہونا۔
کام ہو جانا (ل) مراد بر آنا۔ کام نکل جانا۔ مطلب پورا ہو جانا۔ دم نکل جانا۔ مر جانا۔ کام تمام ہو جانا۔ کوئی ضرورت پیش آنا۔ کوئی نوکری یا خدمت مل جانا۔
کام ہونا (ل) ضرورت پڑنا۔ کام بننا۔ مرنا۔ ہلاک ہونا۔
کام دھین (س ا مث) نہایت دودھیل گائے ہر وقت اور ہر موسم میں دودھ دینے والی گائے۔ راجہ اندر کی گائے۔ جس سے جو مانگو وہی مل جائے۔ حسب عقیدۂ ہنود۔

کامران (ف) بختاور۔ خوش قسمت۔ نیک نصیب۔ مراد مند۔
کامرانی (ف ا مث) بختاوری۔ خوش قسمتی۔ مراد مندی۔
کام روپی (ہ) شہوت خیز۔ من موہنی۔ حسینہ۔ خوب صورت۔
کامگار (ف) اقبال مند۔ خوش نصیب۔ صاحب اقبال۔ بادشاہ۔ فتح مند۔
کامل (ع) پورا پورا۔ تمام۔ سب۔ سارا۔ کل۔ ماہر۔ استاد۔ کمال والا۔ بڑا بھاری دستکار۔ کاریگر۔ پرفن۔ عارف۔ خدا رسیدہ۔ عالم۔ فاضل۔ پکا۔ مضبوط۔
کامنی (ہ ا مث) نہایت خوبصورت عورت۔ حسینہ۔ نازک اور دبلی پتلی عورت۔ چھریرے بدن والی۔
کامود (ہ ا مذ) مالکوس راگ کی ایک راگنی کا نام جسے رات کو گاتے ہیں۔
کاموٹی۔ یا۔ کموٹی دیونانی (ا مث) اپھرا اور معدے کی ریاح تحلیل کرنے والی چٹنی۔
کامی (ل) کاروبار والا۔ کام کاج میں مصروف۔ کام کا۔ مفید۔ کارآمد۔ عیاش۔ شہوت پرست۔
کامیاب (ف) مراد مند۔ مراد پانے والا۔ بہرہ ور۔ کامران۔ کامگار۔
کامیابی (ف ا مث) مراد مندی۔ بہرہ وری۔ کامرانی۔
کان (ف ا مث) کھان۔ معدن۔ وہ جگہ جہاں سے کھود کر دھاتیں وغیرہ معدنی اشیا نکالتے ہیں۔
کانِ ملاحت (فع) مزے اور ذائقہ کی کھان۔ مجازاً وہ معشوق جو سانولا سلونا ہو۔
کان (ہ ا مذ) سننے کا عضو۔ گوش۔ کرن۔ سامعت۔ سننے کی طاقت۔ چارپائی کی ٹیڑھ۔ اینٹھ بل۔ کھچاؤ۔ مجازاً دھیان۔ خیال۔ توجہ۔ عورتوں کے کان کا ایک زیور۔
کان آشنا ہونا (ا ار محاورہ) کسی بات کا سنا ہوا ہونا۔
کان اڑے یا۔ پھٹے۔ یا۔ پھوٹے جانا (ل) شور و غل کی کثرت سے یا لمبی داستان کے سننے سے کانوں کا پریشان ہو جانا۔
کان اینٹھنا۔ اکھاڑنا۔ اینٹھنا۔ کھینچنا۔ مروڑنا (ل) سزا دینا۔ گوشمالی۔ ادب دینا۔ تادیب کرنا۔ تنبیہ کرنا۔ دھمکانا۔ باز آنا۔ توبہ کرنا۔ کسی کام کے نہ کرنے کا اقرار کرنا۔ ستار یا طنبور سارنگی وغیرہ کی کھونٹی مروڑنا۔
کان اونچے کرنا (ل) چوکنا ہونا۔ چونکنا۔ کسی بات کے سننے کو کان لگانا۔
کان بال (ہ ا مذ) ہندوؤں کی ایک رسم کا نام جس میں بچے کے کان چھدوانے اور بال منڈوائے جاتے ہیں۔
کان بجنا (ہ) کان میں ہر وقت آواز آنا۔ کسی کے پکارے بغیر ہی بول اٹھنا۔
کان بدمزہ ہونا (ا ار محاورہ) سننے سے ناگوار ہونا۔

کان بندھوانا (ہ) کانوں میں چھید کروانا۔ کان چھدوانا۔
کان بھرنا (ہ) غیبت کرنا۔ بدگوئی کرنا۔ لگائی بجھائی کرنا۔
کان بھر جانا (ار/محاورہ) باتوں سے اُکتا جانا۔
کان بہنا (ل) کان سے پیپ جاری ہونا۔
کان پر جُوں نہ چلنا (ل) بے پروائی کرنا۔ ڈھیٹھ ہو جانا۔ کہا نہ ماننا۔
کان پر ہاتھ دھرنا۔ یا۔ رکھنا (ل) صاف انکار کرنا۔ لاعلمی جتانا۔
کان پڑنا (ل) سُنائی دینا۔ سُننے میں آنا۔ گوش زد ہونا۔
کان پڑی آواز۔ یا۔ بات سُنائی نہ دینا (ل) نہایت شور و غل ہونا۔ نہایت شور و غوغا کے سبب کوئی بات سمجھ میں نہ آنا۔
کان پکڑ کے اُٹھانا بٹھانا (ہ) نہایت مطیع و فرماں بردار بنانا۔ کان پکڑ کر کبھی اُٹھانا کبھی بٹھانا۔
کان پکڑ کے اُٹھا دینا۔ یا۔ نکال دینا (ل) نہایت ذلت اور بے عزتی کے ساتھ کسی جگہ سے اُٹھا دینا۔
کان پکڑنا (ل) کان اینٹھنا۔ کان مروڑنا۔ کسی کے کمال کے سامنے اپنے عجز کا اقرار کرنا۔ توبہ کرنا۔ جرم سے باز رہنا۔ پرہیز کرنا۔ کنارا کرنا۔ چھوڑنا۔ بچنا۔ تیاگنا۔ ترک کرنا۔ بچوں کو سزا دینے کا ایک خاص طریقہ۔
کان پکڑی باندی۔ یا۔ لونڈی (ہ/صف) فرمانبردار باندی۔ تابع فرمان لونڈی۔
کان پھڑ پھڑانا (ہ) ہوشیار ہونا۔ مستعد ہونا۔ تیار ہونا۔ کُتّے کا دونوں کانوں کو ہلانا۔ جو سفر کے حق میں بدشگون خیال کیا جاتا ہے۔
کانپور۔ صوبجات متحدہ آگرہ کا مشہور تجارتی شہر۔ یہاں کئی ریلیں ملتی ہیں۔ کپڑے بُننے، کھانڈ بنانے، بُوٹ بنانے کے کارخانے ہیں۔ مسجد مچھلی بازار جس پر انگریزی حکومت میں گولی چلی تھی یہیں ہے۔
کانْ پیارے تو بالیاں، جو رُو پیاری تو سالیاں (ہ/مثل) کسی چیز کی محبت ہونے کے باعث اس کے متعلقین کے ساتھ اُلفت ہونے کے موقع پر بولتے ہیں۔
کان تلے کی چھوڑنا (ل) بھید اور راز کی بات کہنا۔ چٹکی اور لگتی کہنا۔ جھوٹی گپ اُڑانا۔ گپ ہانکنا۔
کان جھنّانا (ہ) کسی سخت صدمے یا آواز کا کانوں کو ناگوار گزرنا۔ بُرا معلوم ہونا۔
کان دبا کر چلا جانا (ل) چُپ چاپ بے چون و چرا کیے چلا جانا۔ چپکے سے کھسک جانا۔
کان دبانا (ل) کانوں میں اُنگلیاں دینا۔ کانوں پر ہاتھ رکھنا۔ خوف کے باعث سامنے نہ آنا۔ دبنا۔ کھسیانا۔ ہار ماننا۔ کنّی کھانا۔
کان دبائے ہوئے (ار/صف) چُپ چاپ۔
کان دکھانا (ل) کان کا میل نکلوانا۔ کان میلئے سے کان صاف کرانا۔

کان دھر کر یا دھر کے سُننا } کان دے کے سُننا } (ہ) دھیان دے کر سُننا۔ غور سے سُننا۔ بڑی توجہ سے سُننا۔
کان دھرنا } کان دینا } (ہ) سُننا۔ کان لگانا۔ غور سے سُننا۔
کان رکھنا (ہ) خیال رکھنا۔ توجہ دے کر سُننا۔ کان لگانا۔
کان سے لگانا (ار/محاورہ) سُننے کے واسطے کسی چیز کو کان کے قریب کر لینا۔
کان کا پردہ (ا/مذ) کان کے اندر کی باریک سوراخ دار جھلی جو نہایت نرم اور نازک ہے۔
کان کا تنکا (ار/مذ) وہ تنکا جو عورتیں کان چھیدنے کے بعد کان میں ڈال لیتی ہیں تاکہ سوراخ بند نہ ہو۔
کان کاٹنا۔ یا۔ کان کترنا (ل) کان چھیلنا۔ کان تراشنا۔ مات کرنا۔ بڑھ جانا۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا۔
کان کا کچّا (ا/مذ) وہ شخص جو بے سوچے سمجھے ہر ایک کی بات پر اعتبار کرلے۔ ضعیف الاعتقاد۔
کان کا میل (ا/مذ) کان کے اندر کی غلاظت اور کثافت۔
کان کھانا (ہ) ستانا۔ زِچ کرنا۔ شور و غل مچانا۔ بکواس سے دماغ پریشان کرنا۔
کان کھڑے کرنا (ہ) چوکنا ہونا۔ بدکنا۔ ہوشیار ہونا۔ کان اُونچے کرنا۔
کان کھولنا (ہ) کسی بات کے سُننے کے لیے متوجہ ہونا۔ خبردار کرنا۔ ہوشیار کرنا۔ نصیحت دینا۔ تنبیہ کرنا۔
کان لگانا (ہ) چھُپ کر سُننا۔ دھیان لگا کر سُننا۔ خیال کرنا۔
کان لگنا (ہ) مُنہ چڑھنا۔ یار بننا۔ کان پک جانا۔ سرگوشی کرنا۔ کانا پھوسی کرنا۔ خیال ہونا۔ توجہ ہونا۔ دھیان ہونا۔
کان مروڑنا۔ یا۔ ملنا (ل) کان کھینچنا۔ گوشمالی کرنا۔ ڈرانا۔ سزا دینا۔ سارنگی یا ستار کی کھونٹی مروڑنا۔
کان میلیا (ا/مذ) کان کا میل صاف کرنے والا۔
کان میں پڑنا (ل) سُننے میں آنا۔ گوش زد ہونا۔
کان میں پھونکنا (ل) کان میں کہنا۔ بدگوئی کرنا۔ بدگمان کرنا۔ بددل کرنا۔ کسی کی تعریف کر کے اُسے پھُسلانا۔
کان میں تیل ڈال لینا۔ یا۔ ڈالنا (ل) خاموشی اختیار کرلینا۔ اپنے آپ کو بالکل بے خبر اور بہرا بنا لینا۔ جان بوجھ کر کسی بات سے بے خبر ہو جانا۔
کان میں جھنجھی کوڑی ڈالنا (ل) غلام بنانا۔ حلقہ بگوش بنانا۔ غلامی کی نشانی کان میں ڈالنا۔
کان میں ڈال دینا۔ یا۔ ڈالنا (ہ) سُنا دینا۔ مطلع کر دینا۔ خبردار کر دینا۔ کہہ دینا۔
کان میں رُوئی دے کے ہو بیٹھنا (ہ) بالکل بے خبر بن جانا۔ قطعی بے پروا ہو جانا۔
کان میں کھٹکنا (ل) غلط معلوم ہونا۔ کانوں کو بُرا لگنا۔ ناگوار معلوم ہونا۔

کان میں کہنا - یا - کہہ دینا (ہ) چپکے سے کہہ دینا - پوشیدہ اور خفیہ طور پر جتا دینا۔

کان نہ پھڑپھڑانا | کان نہ کھڑکھڑانا | کان نہ کھڑکانا | کان نہ ہلانا } (ل) ذرا بھی انکار نہ کرنا - مطلق چون وچرا نہ کرنا - چپ ہو جانا - خاموش ہو رہنا - چپ چاپ رہنا - جانور کا مانوس ہو جانا - نہایت ہل جانا - سدھ جانا۔

کان ہونا (ہ) چارپائی یا کسی چوکونی چیز میں ٹیڑھ ہونا - نصیحت حاصل ہونا - عبرت ہونا - خبردار ہونا - ہوشیار ہونا - اطلاع ہونا - خبر ہونا - آزمائش ہونا - تجربہ ہونا - دھیان اور خیال ہونا - سیکھنا۔

کان (ہ/مث) لاج - شرم - حیا - گستاخی - ڈھٹائی۔

کان چھوڑنا (ہ) بے حیا اور بے شرم بن جانا - ڈھیٹ ہونا - گستاخ ہونا۔

کانا (ہ) عیب دار - معیوب (مجازاً) ایک آنکھ والا - یک چشم - کانڑا - داغی پھل یا ترکاری - ٹیڑھا - ترچھا - پاسہ کا ایک نقطہ۔

کانا باتی (ا/مث) کان میں بات کہنا - جب کسی بچے کو ہنسانا مقصود ہو۔

کانا پردہ (ا/مذ) ناقص پردہ۔

کانا پھوسی (ہ/مث) سرگوشی - کھسر پھسر۔

کانا چھتو (ہ) ایک پہاڑی ترکاری کا نام جو برسات میں خودرو ہو جاتی ہے۔

کانا کھدرا (ا/صف) ناقص چیز یا ایسا پھل جس میں سوراخ ہو گئے ہوں۔

کانا گوشی (ل/مث) کانا پھوسی - سرگوشی - گوشمالی۔

کانپ (ہ) پتنگ یا کنکوے کی خمدار تیلی تیلی - چھتری کی تیلی - سؤر اور ہاتھی کا اگلا دانت - نہایت صاف اور عمدہ چونا - کانپنا سے حاصل مصدر اور امر حاضر۔

کانپ اٹھنا | کانپ جانا } (ل) خوف سے تھرا جانا - کپکپی ہو جانا - لرز جانا - ڈر جانا۔

کانپنا (ہ) لرزنا - ہلنا - تھرتھرانا - خوف یا سردی سے تھرانا - رعشہ ہونا - خوف کھانا - ڈرنا۔

کانٹا (ہ/مذ) کنڈا - سول - خار - قیمتی چیزیں تولنے کا ترازو - زبان ترازو - ترازو کے دستے کی سوئی - مچھلی پکڑنے کا مڑا ہوا نوک دار آلہ - کنویں میں گرے ہوئے ڈول وغیرہ نکالنے کا اوزار - میز کا پنجہ - کھانا کھانے کا خار - مچھلی کا خار - ریل گاڑی کو ایک لائن سے دوسری لائن پر لے جانے کی دبانے والی کل - ٹیک - کیل کانٹا - مرغ - تیتر - چکور وغیرہ جانوروں کے نروں کے پاؤں کا خار - پرندوں کے ایک سخت مرض کا نام جو ان کے لیے مہلک ہوتا ہے - کھٹکا - خلش - نہایت ناگوار - لاغر - دبلا - نہایت پتلا - نہایت تیز اور تند شراب - شراب کا تیز نشہ - زمینداروں کا کھیت میں گھاس اٹھانے کا لکڑی کا پنجا - گھڑی گھنٹے وغیرہ کی سوئی - زبان کا کھردرا پن - روک - اٹکاؤ - قوام کا تار - دشمن کا تار - بیری - علم حساب میں جمع تفریق - ضرب - تقسیم کا نشان۔

کانٹا گڑنا | کانٹا چبھنا } (ہ) کانٹا لگنا - پھانس لگنا۔

کانٹا ڈالنا - یا - پھرانا - پھیرنا (ہ) گرے ہوئے ڈول وغیرہ کے نکالنے کے لیے کنویں میں کانٹا پھانسنا۔

کانٹا سا (ہ) نہایت دبلا - بہت ہی لاغر - تاق - خار کی طرح۔

کانٹا سا کھٹکنا (ہ) نہایت برا لگنا - بہت ہی ناگوار گزرنا - خار محسوس ہونا۔

کانٹا سا نکل جانا (ہ) تکلیف رفع ہو جانا - چین آنا - آرام آنا - دکھ - مصیبت - سختی وغیرہ سے نجات پانا۔

کانٹا لگنا (ہ) کانٹا چبھنا - شراب کا مہلک نشہ - پرندوں کو کانٹے کا مرض لاحق ہونا۔

کانٹا مارنا (ہ) پر مارنا - لڑائی میں مرغوں کا ایک دوسرے کو لات مارنا۔

کانٹا نکالنا (ہ) تکلیف دور کرنا - خلش مٹانا - مصیبت یا تکلیف سے بچانا۔

کانٹا نکلنا (ہ) پھانس کا باہر آ جانا - کھٹکا مٹنا - خلش دور ہونا - غم اور تکلیف دور ہونا۔

کانٹا نہ لگے (ا/ا کلمۂ دعا) کوئی تکلیف نہ پہنچے۔

کانٹا ہو جانا (ل) دبلا ہو جانا - لاغر ہو جانا - سوکھ کر تنکا ہو جانا۔

کانٹوں بھرا (ا/صف) بہت تکلیف دہ۔

کانٹوں پر کھینچنا - یا - گھسیٹنا (ہ) سخت سزا دینا - بہت ستانا - تکلیف دینا - نہایت شرمندہ کرنا۔

کانٹوں پر لوٹنا (ہ) تڑپنا - بے قرار رہنا - بے چین ہونا - رشک حسد سے جلنا۔

کانٹوں میں الجھنا (ا/ا محاورہ) جھگڑے میں پھنسنا۔

کانٹوں میں تل کر بکنا (ہ) نہایت مہنگا بکنا - گراں بکنا۔

کانٹے بچھانا (ا/ا محاورہ) راستے میں کانٹے پھینکنا۔

کانٹے بونا (ہ) برائی کرنا - اپنے یا کسی دوسرے کے حق میں برا کرنا۔

کانٹے بوئے ببول کے تو آم کہاں سے کھائے (ا/مثل) بدی کا بیج بو کر اچھا پھل کھانے کی امید رکھنا نہایت بے وقوفی ہے - بدی کر کے نیکی کی امید رکھنا۔

کانٹے پر کی اوس (ہ) نہایت ناپائدار - فانی - غیر مستقل - بے قیام۔

کانٹے پڑنا (ل) پیاس کے مارے زبان یا حلق کا خشک ہو جانا - خرابی کا واقع ہونا - کسی کام میں نقص واقع ہونا۔

کانٹے کی تول (ہ/مث) نہایت ٹھیک - نہ کم نہ زیادہ - پورا تول۔

کانٹے میں تلنا (ف) جنس قیمت مہنگا ہونا۔ گراں ہونا۔ سونے کے مول بکنا۔
کانٹھی (ف امث) روئی کا کوڑا۔ دھننے کے ناقابل روئی۔ چھوٹا کانٹا۔ جس میں جواہرات تولتے ہیں۔ چھوٹا ٹک۔ آنکڑا۔ سانپ پکڑنے کی آنکڑے والی لکڑی۔ بیڑی۔ جولان (پنجاب میں) ڈور میں بندھی ہوئی ٹھیکری جس سے لڑکے کھیلتے ہیں۔
کانٹی کھانا (ف) جیل خانے میں جانا۔ سزا یافتہ ہونا۔ قید کاٹنا۔
کانجی (ف امث) ایک قسم کا کھٹا پانی۔ جس میں رائی۔ زیرہ۔ نمک وغیرہ اچار کی طرح ڈالتے ہیں۔ چاولوں کی پیچ۔ مانڈ۔
کانجی ہاؤس (ا امذ) قید خانے کا تنگ مکان۔ حوالات۔ سلاٹر جانوروں کے تنگ کرنے کا لاوارث باڑا۔
کانچ (ف امث) خروج المقعد۔ ایک بیماری کا نام جس میں کمزوری کے باعث بچوں کی مقعد باہر نکل آتی ہے۔ مقعد کا گوشت پاخانہ پھرتے وقت نکل آنے کا مرض۔
کانچ نکال دینا (ف) خوب مارنا۔ مارتے مارتے گوہ نکال دینا۔ سخت مارنا۔
کانچو (ف امذ) کانچ نکلنے کی بیماری والا آدمی۔ اغلامی۔ لونڈی۔
کاندھا (ف امذ) مونڈھا۔ کندھا۔ دوش۔ شانہ۔
کاندھا بدلنا (ف) کسی بوجھ کا ایک کندھے سے دوسرے کندھے پر لینا۔
کاندھا دینا (ف) جنازے کو کندھا دینا۔ کندھے پر جنازہ اٹھانا۔
کاندھوں کے فرشتے (ا امذ) کراماً کاتبین۔
کاندھی دے جانا (ف) ٹال جانا۔ بہانہ کرنا۔ پہلو تہی کرنا۔
کاندھے پر سوار ہونا (ا امحاورہ) میت کا شانوں پر اٹھایا جانا۔
کانڈ (ف امذ) کتاب کا باب۔ حصہ۔ فصل۔ ادھیائے۔
کانڈل (ف امذ) سرسوں کا ساگ۔
کانڑا رگی (ف اصف) شوخ اور شریر تر۔
کانڑی اپنا ٹینٹ نہ نہارے اوروں کی پھلی دیکھ کہاتے۔ (ف امحاورہ) معیوب آدمی کو اپنا نہایت بڑا عیب بھی نہیں لگتا مگر دوسرے کا چھوٹا سا عیب بھی بڑا معلوم ہوتا ہے۔
کانڑی کو کون سراہے کانی کا باوا (ا امثل) اپنی بری چیز بھی اچھی معلوم ہوتی ہے اور غیر کی اچھی میں بھی کلام ہوتا ہے۔
کانڑے کی ایک رگ سوا ہوتی ہے (ف امثل) کانے میں نسبتاً شرارت بہت ہی زیادہ ہوتی ہے۔
کانڑے کے بیاہ کو سو سو جوکھوں (ف امثل) عیب دار چیز کیلئے ہر جگہ مشکلات پیش آتی ہیں۔
کانڑی ھٹکو (ف امث) حقارتاً وہ کانی عورت جو یک چشم ہونے پر بھی بن سنور کر مٹک کر چلے۔
کانس (ا امث) کنگھی۔ پچھی۔ گگر۔

کانس (ف امث) ایک قسم کی لمبی گھاس جو غیر مزروعہ زمین میں پیدا ہوتی ہے۔ جھگڑا۔ ٹنٹا۔ قضیہ۔ چک۔ نالش۔
کانس میں تیرنا (ف) دھوکا کھانا۔ غور و فکر میں محو رہنا۔ جان جوکھوں میں رہنا۔
کانسا (ف امذ) کانسی۔ سکے بست کا ایک مرکب۔ محتاج کا کھانا۔ طعام۔ خاصہ۔
کانسٹیبل (انگریزی) پولیس کا سپاہی۔ چوکیدار۔ محافظ۔ نگران۔
کانسہ (ف امذ) فارسی کا لفظ۔ کاسہ کا بگاڑ۔ پیالہ۔ بھیک مانگنے کا ٹھیکرا۔
کانسی (ف امث) تانبے۔ رانگ۔ جست کے ایک مرکب کا نام۔
کانسٹیٹیوشن (انگریزی امث) وجود۔ بناوٹ۔ ساخت۔ خصلت۔ قوانین حکومت۔
کانشنس (انگریزی امذ) ضمیر۔ نفس پاک۔ وہ نور طبع جو انسان کو نیکی کی طرف متوجہ کرتا ہے۔
کانفرنس (انگریزی) مشورے کی مجلس۔ صلاح مشورہ۔ جانچ۔ پڑتال۔ سوال و جواب۔ بحث۔ مباحثہ۔ مجلس شوریٰ۔
کانفیڈنشل (انگریزی) پردہ کی بات۔ خفیہ۔ در پردہ بھید کی بات۔ راز داری۔
کانکھ (ف امث) بغل۔ کنار۔ پہلو۔
کانگرس (انگریزی امث) مجلس۔ اجتماع۔
کانگڑی (ف امث) کشمیری لفظ ہے۔ مٹی کی انگیٹھی جس پر تیلیوں کا غلاف ہوتا ہے۔
کانورا (ف) بدحواس۔ بے اوسان۔ حواس باختہ۔
کانورانا۔ یا۔ کونرانا (ف) حواس باختہ کرنا۔ بے اوسان کر دینا۔ گھبرا دینا۔
کانون (ف امذ) انگیٹھی۔ بھٹی (پنجابی میں قانون۔ آئین)۔
کانوں (ف امذ) کان کی جمع (مث) کان یعنی معدن کی جمع۔
کانوں پر ہاتھ دھرنا } کانوں پر ہاتھ رکھنا } (ف) صاف انکار کرنا۔ مکر جانا۔ بالکل لاعلمی ظاہر کرنا۔ نماز کی تکبیر کے ساتھ کانوں کو ہاتھ لگانا۔
کانوں کان خبر نہ ہونا } کانوں کان نہ جاننا } (ف) کسی بات کی دوسرے کو مطلق خبر نہ ہونا۔ بالکل خبر نہ ہونا۔ کچھ نہ جاننا۔
کانوں میں انگلیاں دینا۔ یا۔ رکھنا (ف) کسی کی آواز نہ سننے کی غرض سے کانوں کو بند کرنا۔
کانوں میں رس پڑنا (ف) کانوں کو شریلی اور رسیلی آواز سے حظ آنا۔ لطف حاصل ہونا۔
کانی کو کانا پیارا، رانی کو رانا پیارا (ا امثل) ہر ایک کو اپنی چیز پسند ہوتی ہے۔
کانے چوٹ کنونڈے بھینٹ (ف امثل) دکھتے زخم پر چوٹ زیادہ لگتی ہے اور جس سے شرم و لحاظ ہو اس سے ملاقات

مترور ہو جاتی ہے یعنی جس بات کا ڈر ہو وہی پیش آجاتی ہے۔
کانے کو منہ پر کانا نہیں کہتے (ا ر/مثل) عیب والے کا عیب منہ پر نہیں کہتے۔
کاو (ف/مث) کھدائی۔ کاوش۔ جستجو۔ تلاش۔ کریدنی۔
کاوا (و/مذ) گھوڑے کو چکر اس طرح دینا کہ اس کے پاؤں کے نشان کا دائرہ بن جائے۔ چوگان۔
کاوا دینا (ا) گھوڑے کو چکر دینا۔ چکر میں پھرانا۔
کاواک (ف/صف) خالی۔ کھوکھلا۔ بے ڈول۔
کاوِش (ف/مث) کھوج نکالنا۔ کھودنا۔ خلش۔ کریدنی۔ تجسس۔ تلاش۔ جستجو۔ بیر۔ دشمنی۔ حسد۔ جلن۔
کاوش رکھنا (ا) جلنا۔ دشمنی رکھنا۔ بیر کرنا۔
کاؤنٹ (انگریزی) نواب۔
کاوہ (ف/مذ) ایک مشہور ایرانی لوہار کا نام جس کی مدد سے فریدون نے ضحاک کو قتل کر کے تختِ ایران حاصل کیا۔
کاویانی درفش (ف/مذ) کاوہ لوہار کا جھنڈا جو اس نے ضحاک پر چڑھائی کرتے وقت فریدون کی امداد کے لیے اپنی دھونکنی کو بانس پر لٹکا کر بنا لیا تھا۔
کھاسیا۔ آسام میں پہاڑیاں ہیں جہاں دنیا میں سب سے زیادہ بارش ہوتی ہے یہ پہاڑیاں جنگلات سے ڈھکی ہوئی ہیں۔
کاہ (ف/مث) سوکھی گھاس۔ کٹی ہوئی گھاس پھونس۔
کاہ کشاں۔ یا۔ کوکشاں (ف/مث) بہت سے تاروں سے بنی ہوئی اندھیری رات میں خوب دکھائی دینے والی آسمان پر کی سڑک۔ گھسیٹے ہوئے گھاس کی لکیر کی مشابہت سے یہ نام پڑ گیا۔
کاہگِل۔ یا کہگِل (ف/مث) بھوسے اور مٹی کا پلستر۔ کچا پلستر۔ گھاس اور مٹی کا ملا ہوا گارہ۔
کاہش (ف) دُبلا پن۔ گھٹاؤ۔ اُتار۔ تنزّل۔ لاغری۔
کاہل (ع) سُست۔ کام چور۔
کاہلی (ع ف/مث) سُستی۔ آلسی۔ آلس۔ آرام طلبی۔
کاہو (ف/مذ) ایک قسم کے ساگ اور اس کے بیج کا نام۔
کاہی (ا) گھاس سے نسبت رکھنے والا۔ مجازاً سیاہی مائل ہلکا سبز رنگ (مذ) کیس جو ایک طرح کی پھپھوندی ہوتی ہے۔
کاہیدہ (ف) دُبلا۔ لاغر ہُوا ہُوا۔ گھٹا ہوا۔
کائی (ہ/مث) ایک قِسم کی سخت نباتات جو بند پانی کی سطح پر یا برسات کے دنوں میں چونے کی دیواروں پر جم جاتی ہے ایک طرح کی پھپھوندی۔ پانی کا جالا۔ سیاہی مائل گہرا سبز رنگ۔
کائی سی پھٹ جانا (ا ر/مثل) یکایک تتر بتر ہو جانا۔ یکدم منتشر ہو جانا۔ بادلوں کی طرح علیحدہ علیحدہ ہو جانا۔ بھیڑ کا پھٹ جانا۔

کایا (ہ/مث) پنڈا۔ سریر۔ جسم۔ تن۔ بدن۔ وجود۔ قالب۔ بھیس۔ رُوپ۔ شکل۔ اصلیت۔ ماہیّت۔
کایا بڑی کہ مایا ؟ (ہ/مثل) مال جان سے اچھا نہیں ہو سکتا۔ جسم و جان بہتر ہے مال سے۔
کایا پلٹ (ہ) جسم بدلنے والا۔ چولا بدلنے والا۔ ایک جسم سے دُوسرے جسم میں جانے والا۔ بھیس بدلنے والا۔ بہروپیا۔ وہ دوا جس سے بوڑھا بھی جوان آدمی بن جائے۔
کایا پلٹ جانا (ہ) دُوسرے رنگ میں آجانا۔ کچھ سے کچھ ہو جانا۔ رنگ رُوپ بدل جانا۔
کایا کشٹ (ہ/مث) بدنی دُکھ۔ جسمانی سنکٹ۔ جسمانی بیماری۔
کایا کلپ (ہ/مذ) دواؤں کے ذریعے جوانی حاصل کرنا۔
کائپھل۔ یا۔ کاپھل (ہ/مذ) ایک ترش ذائقہ مثل فالسہ۔ اُودے رنگ کے پہاڑی پھل کا نام۔ ایک دوا کا نام بھی ہے۔ جو کسی درخت کی چھال ہے۔ کائپھل۔
کایتھ۔ یا۔ کالستھ (ہ/مث) ایک قوم کا نام جن کا کام پڑھنا لکھنا۔ منشی گری اور مذہب ہندو ہے۔
کائیتھ کی کھوپڑی (ا ر/مث) کنایۃً دغا باز۔ چالاک آدمی۔
کائنات (ع/مث) دُنیا۔ سنسار۔ جگت۔ عالم۔ جگ۔ جہاں۔ خلق اللہ۔ سرمایہ۔ پُونجی۔ اصل حقیقت۔ جمع۔
کائیاں (و) نہایت چالاک۔ ہوشیار۔ پختہ کار۔ فریبی۔ دغاباز۔ خود غرض۔ دھوکے باز۔ کنجوس۔ بخیل۔ شوم۔ مکھی چوس۔ (مذ) مارواڑیوں کی ایک قوم کا نام جو بیوپار اور بخل میں لاثانی ہے۔
کائیاں پن (ا/مذ) چالاکی۔ ہوشیاری۔ فریب دل۔ کنجوسی۔ بخل۔
کائیں کائیں (ہ) کوّے کی آواز۔ شور و غُل۔ بک بک۔ جھک جھک۔ کا کا رول۔

ک ـ ب

کُب (ہ/مذ) ٹیڑھ۔ کجی۔ خم۔ جھکاؤ۔ اُونٹ کی کمر اور سانڈ کے کندھوں پر کا اُبھرا ہوا گوشت۔ کوہان۔ ڈِلّہ۔
کُب نکلنا (ہ) ٹیڑھا ہو جانا۔ کمر کا کُبڑا ہو جانا۔ پُشت خم ہو جانا۔
کَب (ہ) کِس وقت۔ کِس گھڑی۔ کِس دم۔ کِس زمانے میں۔ کَد۔ کیونکر۔ کِس طرح۔ کِس طور۔ دُور کا زمانہ ظاہر کرنے کے لیے۔ جیسے کب بابا مرے گا کب بیل بٹیں گے۔
کب تک۔ یا۔ کب تلک (ہ) کِس عرصہ تک۔ کِس وقت تک۔ تا بہ کے۔
کب تھوکتے ہیں (ہ/محاورہ) کبھی دھیان تک بھی نہیں کرتے۔ خیال تک بھی نہیں کرتے۔ بالکل توجہ نہیں کرتے۔
کب کا (ہ) کِس عرصہ کا۔ کِس مدّت کا۔ بڑی دیر کا۔ عرصہ دراز کا۔

بڑی دیر سے۔ بہت مدّت سے۔
کب کب (ہ) کون کون سے وقت۔ کون کون سے دن۔ کبھی کبھار۔ بھُولے بھٹکے۔ گاہے ماہے۔
کُب نکلنا (ا) (محاورہ) ٹیڑھا ہو جانا۔
کباب (ع/مذ) کوئلوں پر یا کڑاہی میں بھُنا ہوا گوشت۔ قیمہ۔ سیخ پر بھُنا ہوا قیمہ۔ بھُنا ہوا۔ جلا ہوا۔ بریاں۔ سوختہ۔ جیسے جی کباب ہی تو ہو گیا۔
کباب بھُوننا (ا) کوئلوں پر کباب بھُوننا۔ سیخ پر کباب لگانا۔ کڑاہی میں کباب تلنا۔ پسندے یا شامی کباب تیار کرنا۔
کبابِ تر (ف) کنایہ از برف۔
کباب کا آنسو (و/مذ) کباب کار۔ ماؤ۔ کباب کی بوندیں۔
کباب کرنا (ا) کباب بھُوننا۔ کباب لگانا۔ جلانا۔ دُکھ دینا۔ بھُوننا۔ رشک دلانا۔
کباب لگانا (ا) کباب تیار کرنا۔ کباب بھُوننا۔ رشک دلانا۔ سوختہ کرنا۔
کباب ہونا (ا) جلنا۔ بھُننا۔ دُکھ پانا۔ حسد ہونا۔ نہایت بُرا لگنا۔ غُصّے سے دِق ہو جانا۔ نیلا پیلا ہونا۔ کباب تیار ہونا۔
کباب چینی (مث) ┐ سرد چینی۔ سیاہ مرچ کے مشابہ گول گول سے
کبابہ (مذ) ┘ بیج ہوتے ہیں جو دوائی میں کام آتے ہیں۔
کبابی (ف/مذ) کباب بنا کر بیچنے والا۔ کباب فروش۔ کباب کرنے کے قابل مُرغ۔
کبادہ (ف/مذ) کمزور اور نرم کمان۔ مشق کرنے کی کمان۔ دھنش۔
کِبار (ع) کبیر کی جمع۔ بڑے بڑے آدمی۔ بزرگ لوگ۔
کباڑ (ہ/مذ) کوڑا کرکٹ۔ کاٹ کباڑ۔ ٹوٹا پھُوٹا اور پُرانا اسباب۔
کباڑ خانہ (ہ/ف/مذ) ٹوٹے پھوٹے سامان کا کمرہ یا دُکان۔
کباڑی۔ یا۔ کباڑیا (ہ/مذ) کباڑ بیچنے والا۔ ٹوٹا پھُوٹا اسباب بیچنے والا۔ نیلام وغیرہ سے لایا ہوا سامان فروخت کرنے والا۔
کبت (ہ/مذ) ایک قسم کی ہندی نظم۔ چھند۔ رُباعی۔ قطعہ۔ اشلوک۔
کبجا (ہ/مذ) کُبڑا۔ خمیدہ کمر۔ خم کمر۔ (مث) راجہ کنس کی کنیز کا نام جسے سری کرشن جی نے سیدھا کیا تھا۔
کَبَد (ع/مذ) جگر۔
کبدھی (ہ) کم عقل۔ بے وقوف۔ احمق۔
کبڈی (ہ/مث) لڑکوں کے ایک کھیل کا نام۔
کبڈی کھیلتے پھرنا (ہ) آوارہ پھرنا۔ بے کار پھرنا۔ ہرزہ گردی کرنا۔
کِبر (ع/مذ) بڑائی۔ بزرگی۔ غرور۔ تکبّر۔ اپنے آپ کو بڑا جاننا۔
کِبَر (ع/مذ) پیری۔ بڑھاپا۔
کبرسن (ع) بوڑھا۔ بُڈھا۔ عمر رسیدہ۔ پیر کُہن سال۔
کبرسنی (ع/مث) بڑھاپا۔ عُمر کی زیادتی۔
کبرا (ہ) چت کبرا۔ سیاہ و سفید۔ ابلق۔
کبرائے (ع/مث) اکبر کی تانیث۔ بہت بڑی نہایت بزرگ۔
کبریا (ع/مذ) بڑائی۔ بزرگی۔ تکبّر۔ غرور۔ فخر۔ خدائے تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام۔
کبریت (ع/مث) گندھک۔ کھرا سونا۔ خالص سونا۔
کبریت احمر (ع/مث) سُرخ گندھک جو اکسیر کا جزوِ اعظم ہے۔ مجازاً اکسیر۔ کیاب۔ معدوم۔
کُبڑا (ع) خم کمر۔ پیٹھ جھکا۔ کوزپشت۔ ٹیڑھی کمر والا۔
کُبڑاپن (ہ/مذ) ٹیڑھ۔ ٹیڑھاپن۔ خم۔
کبڑن (ہ/مث) ترکاری بیچنے والی عورت۔ کاچھن۔ کنجڑن۔
کُبڑی (ہ/مث) خمیدہ پُشت عورت۔ ٹیڑھی کمر والی عورت۔
کبڑیا (ہ/مذ) کبڑن کا مذکر۔ ترکاری بیچنے والا۔ کاچھی۔ کنجڑا۔ سبزی فروش۔
کبک (ف/مذ) چکور۔ ایک قسم کا تیتر۔
کبک دری۔ یا۔ کوہی (ف/مذ) پہاڑی چکور جو نہایت خوش خرام اور خوش رفتار ہوتا ہے۔
کبک رفتار (ف/صف) چکور کی طرح چلنے والا۔
کُبل (ا/صف) سخت۔ دشوار۔
کبوتر (ف/مذ) ایک مشہور پرندے کا نام۔
کبوتر باز (ف/مذ) کبوتر پالنے والا۔ اور اُڑانے والا۔ کبوتر لڑانے والا۔
کبوتر با کبوتر باز با باز (ف/مثل) ہر شے اپنی جنس کی طرف میلان رکھتی ہے ہم جنس سے محبت کے موقع پر بولتے ہیں۔
کبوتر پریا (ف/مذ) ایک قسم کا کبوتر جس کے پاؤں پر پَر ہوتے ہیں۔
کبوتر حَرَم (ف/مذ) خانہ کعبہ کے کبوتر جن کا شکار ممنوع ہے۔
کبوتر خانہ (ف/مذ) ڈربا۔ کابک۔ مجازاً سرائے۔ مسافر خانہ۔
کبوتر کی طرح لوٹنا (ا) لوٹن کبوتر کی طرح تڑپنا۔ نہایت تڑپنا۔
کبوتری (ا/مث) مادہ کبوتر۔ مجازاً ناچنے والی عورت۔ خوبصورت حسین۔
کبود (ف/مذ) نیلا رنگ۔ آسمانی رنگ۔
کبود چشم (ف/صف) نیلی آنکھوں والا۔
کبودی (ف) نیلا۔ آسمانی۔ نیلگوں۔
کبھو (ا) کبھی۔ گاہے کے معنی ہیں (آج کل متروک ہے)
کبھی (ا) کسی نہ کسی وقت۔ گاہ۔ گاہے۔ کسی گھڑی۔ شاذ و نادر۔ بھولے بھٹکے۔ اتفاقاً۔ کسی زمانے میں۔ ہرگز۔ بالکل۔ مطلق۔
کبھی تولہ کبھی ماشہ (ا) دم بھر میں کچھ اور دم بھر میں کچھ۔ غیر مستقل

اور متلون مزاج آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔

کبھی تو ہمارے بھی کوئی تھے (د۔ محاورہ) کسی وقت تو ہم سے بھی یارانہ تھا۔ گو اس وقت نہیں۔

کبھی رات بڑی کبھی دن بڑا (ہ۔ کہاوت) زمانہ ایک حالت پر نہیں رہتا۔

کبھی کا (ہ) بڑی مدت کا۔ بہت دیر ہوئی۔ عرصہ ہوگیا۔ مدت ہوگئی۔

کبھی کبھار / کبھی کبھی (ہ) گاہ بگاہ۔ گاہے بگاہے۔ وقت بے وقت۔ بھولے چوکے۔ بہت کم۔ شاذ و نادر۔

کبھی کچھ ہے کبھی کچھ ہے (ہ۔ محاورہ) ایک حال پر نہیں۔ انقلاب اور تلون کی بابت بولا کرتے ہیں۔

کبھی کے دن بڑے اور کبھی کی رات (ہ۔ مثل) زمانے کی دو رنگی کی نسبت بولا کرتے ہیں۔

کبھی گاڑی ناؤ پر کبھی ناؤ گاڑی پر / کبھی ناؤ گاڑی پر کبھی گاڑی ناؤ پر (مثل) کبھی ایسا کبھی ویسا۔ زمانہ کے ہیر پھیر اور انقلاب کی نسبت بولتے ہیں۔

کبھی نہ کبھی (ہ) کسی نہ کسی وقت۔ بھولے بسرے۔ گاہے گاہے۔

کبھی نہیں (ہ) ہرگز نہیں۔ بالکل نہیں۔ صاف انکار کے وقت بولتے ہیں۔

کبیدہ (ف) دوہرا۔ شکستہ۔ رنجیدہ۔ غمگین۔ آزردہ۔

کبیدہ خاطر (ع۔ امذ) شکستہ دل۔ رنجیدہ دل۔ غم ناک۔ آزردہ خاطر۔

کبیر (ع) بڑا بزرگ۔ صغیر کی ضد۔ ایک موحد ہندو شاعر کا تخلص جو توحید کے ہی شعر کہا کرتا تھا۔ جس نے کبیر پنتھ ایک موحدانہ مذہب ایجاد کیا۔

کبیر پنتھی (ا۔ امذ) کبیر کی پیروی کرنے اور اس کے اقوال پر چلنے والا۔

کبیسَر (ع) کنجوس۔ مکھی چوس۔ بخیل۔ ممسک۔

کبیسہ (ع۔ امذ) لوند کا مہینہ۔ جو ہر تیسرے قمری سال میں بڑھا لیتے ہیں۔

کبیشَر (س۔ امذ) شاعروں کا بادشاہ۔ ملک الشعراء۔

ک ۔ پ

کُپ (ہ۔ امذ) بھس کا بٹوار۔ بونگا۔ جو بھس بھر کر برج کی شکل کا بناتے ہیں۔

کُپّا (ہ۔ امذ) گھی یا تیل رکھنے کا چمڑے کا پھولا ہوا چھوٹے منہ کا برتن۔ تشبیہاً موٹا۔ فربہ اندام پھولا ہوا۔ کپے کی طرح بھرا ہوا۔

کُپّا ہو جانا (ہ) پھول جانا۔ نہایت موٹا ہو جانا۔ سوج جانا۔ خفا ہو جانا۔ ناراض ہونا۔

کپار (ہ۔ امذ) کپال۔ سر کی کھوپری۔ گھوڑے کا کھرا۔

کپاس (ہ۔ امث) بن اوٹی روئی۔ بنولوں سمیت روئی۔ روئی کا درخت۔ باڑی۔

کپاس جس جگہ جائے گی اوٹنی جائے گی (ہ۔ مثل) مزدوری کو ہر جگہ بوجھ اٹھانا پڑے گا۔

کپاسی (ہ) ہلکا زرد رنگ کا۔ کپاس کے پھول کا سا۔

کپال (س۔ امث) کھوپری۔ شیوجی کا لقب۔ ماتھا۔ پیشانی۔ قسمت۔ نصیب۔

کپال کریا کرنا (ہ) (ہندو) مردے کی ادھ جلی کھوپری کو بانس سے پھوڑ دینا تاکہ جل جائے۔

کپال کھلنا (ہ) نصیب جاگنا۔ قسمت کھلنا۔ سر میں زخم ہو جانا۔ سر میں گھاؤ کھل جانا۔ سخت چوٹ لگنا۔

کپتان (انگریزی۔ امذ) جہاز یا فوج یا پولیس کا بڑا افسر۔

کپٹ (ہ۔ امث) کینہ۔ بغض۔ دشمنی۔ عداوت۔ نفاق۔ حسد۔ چھل۔ فریب۔ دھوکا۔ دغا۔

کپٹی (س) دشمن۔ حاسد۔ کینہ ور۔ فریبی۔ دغا باز۔

کپٹی کی پریت مرن کی ریت (ہ۔ مثل) کینہ ور کی دوستی میں ہمیشہ خوف و خطر ہی رہتا ہے۔

کپڑ (ہ۔ امذ) کپڑا کا مخفف۔

کپڑ چھن ۔ یا ۔ کپڑ چھان (ہ) کپڑے میں سے چھانا ہوا۔ بہت ہی باریک۔ میدا سا۔

کپڑ دھول (ہ۔ امذ) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

کپڑ کوٹ (ہ۔ امذ) تنبو۔ ڈیرہ۔ خیمہ۔

کپڑ گند ۔ یا ۔ کپڑ باس (ہ۔ امث) کپڑے جلنے کی بو۔

کپڑا (ہ۔ امذ) لتا۔ پارچہ۔ قماش۔ پوشاک۔ لباس۔ جامہ۔

کپڑا اتارنا (ہ۔ محاورہ) کپڑے کو جسم سے جدا کرنا۔

کپڑا پہنیے جگ بھاتا کھانا کھائیے من بھاتا (ہ۔ مثل) لباس عام پسند اور کھانا دل پسند ہونا چاہیے۔

کپڑا نہ لتا میتی سے ملے البتہ (ہ۔ مثل) مفلسی میں زیب و زینت کی ہوس وہ بھی غیر موزوں۔

کپڑ ڈٹی (ہ۔ امث) گل حکمت۔ کپڑے پر گارا لتھیڑ کر کسی دوائی یا برتن پر لپیٹنا تاکہ آگ میں جل نہ جائے۔ کپڑ چھن۔

کپڑ ڈٹی کرنا (ہ) گل حکمت کرنا۔ کسی چیز پر کپڑا اور گارا لتھیڑنا۔ کپڑے میں چھاننا۔

کپڑوں سے ہونا (ہ) حیض سے ہونا۔ ماہواری ایام آنا۔ میلے سر سے ہونا۔

کپڑوں میں نہ سمانا (ہ) نہایت خوشی سے بہت پھول جانا۔ موٹاپے سے بہت پھول جانا۔

کپڑے اتارنا (ہ) لباس بدلنا۔ کپڑے چھیننا۔ ننگا کرنا۔ لوٹ لینا۔ ذلیل کرنا۔ بے عزت کر دینا۔ عیب لگانا۔ ننگا ہونا۔

کپڑے آنا (ہ) حیض آنا۔ ایام آنا۔

کپکپی (ہ/مث) لرزہ - کانپنا - تھرتھری - رعشہ -

کپوت (ہ/مذ) نالائق بیٹا - بدچلن اور برا بیٹا -

کپوت بیٹا مرا بھلا (ہ/مثل) نالائق اور نکمے بیٹے کا مرجانا ہی بہتر ہے -

کپور (ہ/مذ) مشک کافور - ایک سفید تیز خوشبودار چیز کا نام -

کپور کچری (ہ/مث) ایک خوشبودار گھاس کی جڑ -

کپورا (ہ/مذ) خصیہ - آنڈ - بیضہ خاص کر بکرے یا مینڈھے کا -

کپوری (ہ/مث) دیکھو (کافوری) ایک قسم کا پان بھی ہوتا ہے -

کپی (ہ/مث) چھوٹا کپا - چھوٹی سی چمڑے کی شیشی - بارود رکھنے کا چھوٹا سا برتن -

کپی (ف) لنگور -

ک - ت

کت (ہ) کس طرف - کہاں - کدھر -

کتا (ہ/مذ) سگ - کلب - ایک مشہور جانور کا نام - ایک قسم کی گھاس کا نام بھی ہے - بندوق کا گھوڑا - امیروں کا دربان - رشوت خور اہلکار - پاجی - ذلیل - حقیر - غلام - بندہ - داس - پیٹ - شکم - رہٹ کی ایک لکڑی جو چکر کے اوپر ہوتی ہے - گھڑی کا ایک پرزہ -

کتا بھی دُم ہلا کر بیٹھتا ہے (ہ/مثل) گھر کی صفائی نہ رکھنے والے کی نسبت طنزاً کہا کرتے ہیں مدعا یہ ہے کہ جانوروں تک کو گھر کی صفائی کا خیال ہے - پھر انسان کو بدرجہ اولیٰ ہونا چاہیے -

کتا نہ دیکھے گا نہ بھونکے گا (ہ/مثل) لالچی کو نہ مال کی خبر ہوگی نہ نقصان پہنچائے گا -

کتا راج بٹھایا اور چکی چاٹنے آیا (ہ/مثل) کمینہ شخص اعلیٰ رتبہ پر پہنچ کر اپنی پوزیشن کا خیال نہیں رکھتا - بلکہ اپنی فطری عادت کی طرف رجوع کرتا ہے -

کتا گھاس (ہ/مذ) ایک چپٹنے والی خاردار گھاس کا نام -

کتاب (ع) کتب -

کتاب (ع/مث) لکھت - تحریر - نامہ - پستک - پوتھی - گرنتھ - شاستر - رسالہ - جلد - نسخہ - رجسٹر - بہی کھاتہ -

کتاب آسمانی کتاب الٰہی (ع/مث) خدا کی طرف سے نازل شدہ احکام کی تحریر جو کسی پیغمبر کی معرفت اتری ہو جیسے توریت - زبور - انجیل - قرآن شریف -

کتاب بین (عف/صف) کتاب پڑھنے والا -

کتاب پر چڑھانا (ا) رجسٹر میں درج کرنا - بہی میں لکھنا - نوٹ کرنا -

کتاب پوش (عف/مذ) گرد پوش -

کتاب چلنا (ا/محاورہ) کتاب کا پڑھا جانا -

کتاب رُو (عف) لمبے چہرے والا -

کتاب فروش (عف/مذ) کتابیں بیچنے والا - کتب فروش -

کتاب کا کیڑا (ا/مذ) کتاب کو کھا جانے والا کیڑا - جھینگر - کرم کتاب خور - مجازاً وہ آدمی جو ہر وقت کتاب کے مطالعہ میں مصروف رہے -

کتابت (ع/مث) لکھائی - کاپی نویسی - نقل نویسی - محرری - تحریر -

کتابہ (ع/مذ) کتبہ - کتبوں پر لکھی ہوئی عبارت -

کتابی (ع) تحریری - منسوب بہ کتاب -

کتابی چہرہ - یا - کتاب رُو چہرہ (ا/مذ) لمبا چہرہ -

کتارا (ہ/مذ) گنا - نیشکر - ایکھ - اوکھ - املی کا پھل کچا ہو یا پکا -

کتان (ف/مذ) السی جس کا تیل نکلتا ہے - ایک قسم کا باریک کپڑا -

کتائی (ہ/مث) معاوضہ - کاتنے کی اجرت - کاتنا -

کتب (ع/مذ) کتاب کی جمع -

کتب خانہ (عف/مذ) لائبریری - کتاب گھر - بک ڈپو - کتابیں ملنے کی جگہ -

کتب سماوی (ع/مذ) الہامی کتابیں - مقدس کتابیں -

کتب فروش (عف/مذ) تاجر کتب - کتابیں بیچنے والا -

کتبہ (ع/مذ) وہ لکھی یا کھدی ہوئی عبارت جو مقبروں / مسجدوں یا سراؤں کے دروازوں پر لگا دیتے ہیں -

کتبہ (ع) جمع کاتب -

کتخدائی (ف) شادی - بیاہ -

کتر (ہ/مذ) کپڑے کی چھٹن - دھجی - لیر -

کتر بیونت (ہ/مث) کانٹ چھانٹ - قطع و برید - حساب میں کمی بیشی - خورد برد - منہائی - وضع - توڑ جوڑ - سوچ - فکر - ادھیڑ بن -

کتر بیونت سے (ا) متعلق فعل) کفایت شعاری سے -

کترا کر جانا - یا - کترا کے جانا - یا - کترانا (ہ) راستہ سے الگ ہونا - بیگانگی اختیار کرنا - ساتھ سے جدا ہو کر چلنا - کنارا کرنا - بچ کر نکل جانا - جدائی اختیار کرنا -

کترن (ہ/مث) کتری ہوئی دھجی - ریزہ - ٹکڑا - چھانٹ چھٹن - قینچی سے کتری ہوئی شے -

کترن (ہ/مث) دانتوں سے کتری ہوئی چیز -

کترنا (ہ) کاٹنا - چھانٹنا - بیونتنا - قطع کرنا -

کترنا (ہ) دانتوں سے کاٹنا - خورد برد کر لینا - بیچ میں سے رکھ لینا - بچا لینا -

کترنی (ہ/مث) کترنے والی - قینچی - مقراض -

کتّرنی سی زبان چلنا (ف) قینچی سی زبان چلنا - تیزی و طراری سے بولنا -
کتر وال (ہ ا) کڑا - ترچھا - اُریبوال -
کتر وال چال (ارامث) ٹیڑھی چال - خرام ناز -
کترانا (ہ) بیونتوانا - چھنٹوانا - قطع کرنا -
کتروائی (ہ امث) قطع کرانے کی اُجرت -
کتف (ع امذ) کندھا - مونڈھا - شانہ - دوش - کندھے کی ہڈی - بکری - گائے وغیرہ کے اگلے پاؤں کے اوپر کا حصّہ -
کتک (ہ امذ) خنک - سونٹا - مُوسلی - مُوسل -
کتکا - (ہ امذ) بھنگ گھوٹنے کا سونٹا - مُوسل -
کتل (ہ امث) پتھر کی چوڑی کرچی - پتھر - اینٹ - سِل وغیرہ کا ٹکڑا - چٹان -
کتنا (ہ) کس قدر - کس مقدار کا کہاں تک مفید کثرت جیسے ادھو کتنا مہنگا ہے -
کتنا ہی (ہ) مفید تاکید - ہر چند - کسی قدر - کیسا ہی -
کتنا (ہ) کاتا جانا - رُوئی کے تاگے بننا -
کتنا (ہ) تخمینہ ہونا - اندازہ ہونا -
کتنے پانی میں ہے (ہ امحاورہ) کس قدر حوصلہ رکھتا ہے کتنی خبر اور طاقت ہے -
کتوانا (ہ) رُوئی کا سُوت بنوانا - کاتنا کا متعدی -
کتوال (ہ امذ) کوتوال کا مخفف -
کتھ - کتھا (ہ امذ) پان میں کھانے کی سیاہ سی چیز -
کتھا (س امث) بات - بیان - مقولہ - کہانی - قصّہ - ذکر - روایت - وعظ - نصیحت - پند - مذہبی اُپدیش -
کتھا بانچنا - یا - کتھا کہا نتا (ہ) شاستر سنانا - درس کہنا - کوئی مذہبی ذکر پڑھ کر سنانا -
کتھک (ہ امذ) نچنیا - ناچنے اور گانے والا لڑکا - گویّوں کے ایک فرقہ کا نام بھی ہے -
کتھنا (ہ) کہنا - بیان کرنا - سازش کرنا - سازباز کرنا - ٹھاننا - بُرا کہنا - چرچا کرنا - شعر کہنا -
کتّی (ہ امث) سونے چاندی کے پتروں کو کاٹنے کا سُناروں کا اوزار - ایک خاص قسم کی تلوار - اُجرت پر سُوت کاتنے والی عورت -
کُتّی (ہ امث) کُتیا - مادہ سگ -
کُتّے خستی (ہ امث) پاجی پن - پاجی گری - کمینہ پن ادنیٰ درجہ کی نوکری - بے عزتی کی ملازمت - آوارہ گردی - کُتّے کی سی ذِلّت وخواری -
کُتّے تیرا منہ نہیں تیرے سائیں کا مُنہ ہے (ہ امثل) کسی کمینے کا قصور کسی شریف کی خاطر معاف کرتے وقت بولا کرتے ہیں کہ اُن کی وجہ سے معاف کر دیا - ورنہ خوب سزا دیتے -
کُتّے کا بچہ (ارامعف) گالی کے طور پر مستعمل ہے - حرام زادہ -

کُتّے کا بھیجا کھانا (ہ) برابر بولنے اور بکواس کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں -
کُتّے کا کاٹا (ہ امذ) کُتّے کے کاٹے ہوئے زخم والا آدمی -
کُتّے کا کُتّا بیری (ہ امحاورہ) ہم جنس ہی ہمیشہ دشمنی کیا کرتے ہیں -
کُتّے کا کفن (ہ امذ) حقارتاً - موٹے سُوت کا نہایت چھدرا کپڑا - گزی - دھوتر -
کُتّے کو گھی نہیں پچتا } (ف امحاورہ) کمینے آدمی کو حوصلہ نہیں
کُتّے کو گھی ہضم نہیں ہوتا } ہوتا - کم ظرف کو سمائی نہیں ہوتی -
کُتّے کو مسجد سے کیا کام (ارامثل) بڑے آدمی کو نیک کاموں سے کیا واسطہ -
کُتّے کی دُم (ارامث) غیر متاثر آدمی - کج فہم - نالائق - نااہل - بد طینت -
کُتّے کی دُم کو بارہ برس نلکی میں رکھا - جب نکالا تو ٹیڑھی کی ٹیڑھی ہی نکلی - یا کُتّے کی دُم موئے پہ بھی ٹیڑھی (ف امثل) نالائق اور کج طبع شخص تربیت سے بھی کبھی درست نہیں ہونے کا -
کُتّے کی سی ہڑک اُٹھنا (ہ) کسی بری بات کا کبھی کبھی دفعتہً خیال آجانا - شوق اُبھرنا -
کُتّے کی موت آتی ہے تو مسجد کی طرف بھاگتا ہے (ف امحاورہ) جب آدمی کی شامت سر پر سوار ہوتی ہے تو وہ خطرناک کام میں پڑتا ہے - جب کسی کمینے کی شامت آتی ہے تو شریف سے اُلجھتا ہے -
کُتّے کی موت مرنا (ف) نہایت تکلیف اُٹھا کر مرنا - بڑی ذلت سے مرنا - حرام موت مرنا -
کُتّے کی نیند (ارامحاورہ) ایسے شخص کے متعلق کہتے ہیں جو سویا ہوا ذرا سی آہٹ سے اُٹھ بیٹھے -
کُتّے مار (ہ امذ) کُتّوں کو مارنے والا - کنجر -
کُتیا (ہ امث) کُتّی - مادہ سگ - حقارتاً چھنال اور بدکار فاحشہ عورت کو بھی کہتے ہیں -
کُتیا چوروں مل گئی پہرا دیوے کون (ہ امثل) جب اپنے دوست اور معتبر آدمی ہی دشمن بن گئے اور دشمنی کرنے لگیں تو بچاؤ کی صورت کہاں - جب اپنے ہی دشمن ہو جائیں تو ساتھ کون دے -
کُتیا کے چھنالے میں پکڑا جانا - یا - پھنسنا (ف) دوسرے کے جرم میں گرفتار ہونا - مفت میں بدنام ہونا -
کُتیا کا پلّا (ہ امذ) حرام کار - حرامی - ادنیٰ آدمی -
کتیرا (ہ امذ) ایک قسم کا گوند - لوہا کترنے کا ایک آہنی اوزار -

ک - ٹ

کُٹ (ہ امث) ایک دوا کا نام - عربی میں قسط -

کُٹ (ہ/مث) کوٹ کا مخفف ۔ کٹی کا کاغذ ۔ ایک دھات کا نام ۔ مارپیٹ ۔ دانت سے کھٹکنے کی آواز ۔

کُٹ بَدیا (ہ/مث) مارپیٹ ۔ گت ۔ گوشمالی ۔ زدوکوب ۔

کُٹ (ہ/مذ) ایک قسم کا سیاہ رنگ ۔ کاٹ کا مخفف جیسے کٹ کھنا کتا ۔

کَٹ جانا (ہ) قطع ہونا ۔ الگ الگ ہو جانا ۔ دو ٹکڑے ہو جانا ۔ تراشا جانا ۔ بارش سے زمین میں گڑھے پڑ جانا ۔ شرمندہ ہو جانا ۔ خجل ہو جانا ۔ فصل کا درد ہو جانا ۔ ہار جانا ۔ رنگ اُڑ جانا ۔ قتل ہو جانا ۔ ذبح ہو جانا ۔ علیحدہ ہو جانا ۔ گزر جانا ۔ بسر ہو جانا ۔ ساتھ سے بچھڑ جانا ۔ خارج ہونا ۔ تفریق ہونا ۔

کَٹ حُجَّت (ا/صف) خواہ مخواہ حجت کرنے والا ۔

کٹ رہنا (ہ) بچھڑ جانا ۔ ساتھ چھوڑ دینا ۔ راہ میں جُدا ہو جانا ۔

کٹ کٹ کے لڑنا (ہ) جان توڑ کر لڑنا ۔ بڑی بہادری سے لڑنا ۔

کٹ کٹ کے مرنا (ہ) لڑ لڑ کر مرنا ۔ باہم سخت لڑنا ۔

کٹ کھنا (ہ) کاٹ کھانے والا ۔ کٹے کٹے حرف جو طالب علم کا ہاتھ صاف کرنے کے واسطے تختی پر لکھ دیا کرتے ہیں ۔ عادت ۔ خصلت ۔ سبھاؤ ۔ ڈھنگ ۔ لچھن ۔ چالاکی ۔ فریب ۔ دھوکا ۔

کٹ مرنا (ہ) آپس میں چھری کٹاری سے لڑ کر مر جانا ۔ لڑ مرنا ۔

کٹ مَتا (ہ) بدمست جوان ۔ توانا ۔ سنڈ مسٹنڈ ۔

کُٹّا (ہ/مذ) پر کٹا ہوا کبوتر ۔ پَر اُکھاڑا ہوا کبوتر ۔

کَٹّا (ہ/مذ) بھینس کا بچہ ۔ موٹی جڑن ۔ پکا ۔ مضبوط ۔ طاقت ور ۔ پورا ادھیڑ ۔ متعصب ۔ موٹا تازہ ۔ سنڈ مسٹنڈ ۔ ہٹا کٹا ۔

کَٹّا (ہ/مذ) کاٹنا ۔ کوٹنا ۔ قتل ۔ خونریزی ۔

کٹا چھنی (ہ/مث) مارپیٹ ۔ کشت و خون ۔ لڑائی بھڑائی ۔ سخت بیر ۔ عداوت ۔

کٹا چھنی ہونا (ا/محاورہ) بہت دشمنی ہونا ۔

کٹا کرنا (ا/محاورہ) قتل عام ہونا ۔

کٹار (ہ/مذ) خنجر ۔ پیش قبض ۔ نیمچہ ۔ ایک درندے کا نام ۔

کٹّار (ہ/مذ) ڑک بمعنی خراب اور ٹار بمعنی چھوٹا گھوڑا ۔ شریر ٹٹو ۔ دنگئی ٹٹو ۔

کٹارا (ہ/مذ) ایک دوا کا نام ۔

کٹاری (ہ/مث) چھوٹا خنجر ۔ ریشمی گلبدن یا لنگی وغیرہ پر کے خمیدہ اور ٹیڑھے نشان ۔

کٹاؤ (ہ/مذ) گل کاری ۔ بیل بوٹے نکالنا ۔ تراشش خراش ۔

کٹائی (ہ/مذ) کٹوانے کی اُجرت ۔ فصل کاٹنے کے دن ۔ فصل کا کٹنا ۔ وقتِ دِرَو ۔

کٹائی کرنا (ہ) کھیتی کاٹنا ۔ فصل کاٹنا ۔ تراشنا ۔

کٹتی کہنا (ہ) بُرائی کہنا ۔ کسی کے برخلاف بات کہنا ۔

کٹ جانا (ہ) شرمندہ ہو جانا ۔ نادم ہو جانا ۔ کھسیانا ہونا ۔ دو ٹکڑے ہو جانا ۔

کَٹَّر (ہ) بے رحم ۔ بے درد ۔ سنگ دل ۔ بے وفا ۔ بے مروت ۔

کُٹُرکُٹُر (ہ/مث) کسی سخت چیز کے چبانے کی آواز ۔

کَٹْڑا (ہ) زمین کا چھوٹا سا آباد ٹکڑا ۔ محلہ ۔ احاطہ ۔ چوک ۔ چھوٹا سا بازار ۔ لکڑی کا تسلا ۔ لکڑی کا چوڑا سا کونڈا ۔ بھینس کا نر بچہ ۔

کُٹک (س/مذ) بڑا لشکر ۔ بڑی بھاری فوج ۔ سپاہ ۔

کَٹَک ۔ صوبہ اڑیسہ کا سب سے بڑا شہر ۔ نہر ۔ دریا اور ریل سب ذریعوں سے یہاں مال آتا ہے ۔

کٹکٹانا (ہ) کچکچانا ۔ دانت پیسنا ۔ جانوروں کو جلدی جلدی چلانا ۔

کُٹکی (ہ/مث) ایک کڑوی کالی گرہ دار جڑ کا نام جو دوا میں کام آتی ہے ۔ دانتوں کی کاٹ کا ڈور وغیرہ پر نشان کرنا ۔

کٹکی دینا ۔ یا ۔ لگانا (ہ) حریف کے پتنگ کی ڈور کو دانتوں سے بودا کر دینا ۔ ڈور میں دانتوں کا نشان ڈال دینا ۔

کٹ گلاس (انگریزی/مذ) ایک عمدہ قسم کا مضبوط منقش شیشہ ۔

کُٹُم (ہ/مذ) ٹبر ۔ خاندان ۔ قبیلہ ۔ کُل گھرانہ ۔

کُٹُمبی (ہ/مذ) کنبہ ۔ گھرانا ۔ خاندان رکھنے والا ۔

کُٹن کٹنٹ (ہ/مث) مارپیٹ ۔ سزا ۔

کٹ مُلّا (ا/مذ) تھوڑا سا پڑھا ہوا مُلّا ۔ مسجد کی روٹیاں کھانے والا ۔

کُٹنا (ہ/مذ) دَلّا ۔ بھاڑو ۔ بھڑوا ۔ دیوث ۔ کوٹا جانا ۔ پٹنا ۔ مار کھانا ۔ سزا پانا ۔

کٹنا (ہ) تراشا جانا ۔ دو ٹوک ہو جانا ۔ کٹ جانا ۔ اُڑ جانا ۔ قلم ہو جانا ۔ قلم ہونا ۔ چھری وغیرہ کا زخم لگنا ۔ چرکا لگنا ۔ ناگوار چیز کا دُور ہونا ۔ جاتا رہنا ۔ شرمندہ ہونا ۔ نادم ہونا ۔ وقت گزرنا ۔ بسر ہونا ۔ رستہ طے ہونا ۔ تفریق ہونا ۔ منہا ہونا ۔ حسد کرنا ۔ ذلت ہونا ۔ خارج ہونا ۔ رنگ اُڑنا ۔ کھیت میں درانتی پڑنا ۔ فصل درد ہونا ۔ روپیہ خرچ ہونا ۔ دریا سے نہر وغیرہ کا نکلنا ۔

کُٹناپا (ہ/مذ) دَلّاپن ۔ بھڑواپن ۔ دیوثی ۔ دیوث پنا ۔

کُٹنی (ہ/مث) دلالہ ۔ دوتی ۔ عیارہ ۔ چالاک عورتوں کو بھگا کر لے جانے والی ۔

کٹوال (ہ) تراشا ہوا ۔ کٹا ہوا ۔

کٹوانا (ہ) کٹانا ۔ کاٹنا کا متعدی ۔ وضع کرانا ۔ کھیتی درو کرانا ۔ خرچ کرانا ۔ اڑوانا ۔ سر قلم کرانا ۔ نام خارج کرانا ۔ درخت چھٹوانا ۔ رسوا کرنا ۔ ذلیل کرانا ۔

کُٹوانا (ہ) کوٹنا کا متعدی ۔ پٹوانا ۔ کچلوانا ۔ بھوگ بلاس کرانا ۔

کٹوائی (ا/معاوضہ) کاٹنے کی اُجرت ۔

کٹوتی (ہ/مث) منتی کاٹنا ۔ بٹا ۔ کمیشن ۔ ڈسکونٹ ۔ کٹائی ۔ منہائی ۔

کٹورا (ہ/مذ) بیلا ۔ کسی دھات کا پانی پینے کا پیالہ ۔ پُورا کھلا ہوا پھول ۔ آباد شہر ۔ معمور بستی ۔

کٹورا بجنا ۔ یا ۔ کھنکنا (ہ) شہر کا نہایت آباد ہونا ۔ پُر رونق ہونا ۔

چہل پہل ہونا۔

کٹوراسی آنکھیں (ہ/مث) گول اور بڑی بڑی آنکھیں۔

کٹورنا (ہ) غصہ کی نظر سے دیکھنا - گھورنا - ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔

کٹوری (ہ/مث) چھوٹا کٹورا - پیالی - انگیا کا وہ حصہ جس میں چھاتیاں رہتی ہیں - گول آنکھ - پورا کھلا ہوا چھوٹا سا پھول - پیتل کے ورق کی گول گول گہرائی دار ٹکیاں۔

کٹھ (ہ/مذ) کاٹھ کا مخفف - لکڑی - محنت - مشقت - ایک قسم کا سیاہ رنگ۔

کٹھ پتلی (ہ/مث) کاٹھ کی مورت - مجازاً نازک لڑکی - دُبلی پتلی عورت - دُوسرے کی عقل پر چلنے والی عورت - بے اختیار آدمی - بے بس آدمی۔

کٹھ پھوڑا (ہ/مذ) کھٹ بڑھئی - ہُدہُد - ایک پرندے کا نام۔

کٹھا (ہ/مذ) پانچ سیر غلّے کا پیمانہ - ایک سخت لکڑی والے درخت کا نام بھی ہے۔

کٹھالی (ہ/مث) سونا یا چاندی گلانے کی پیالی - بوتہ زر۔

کٹھالی کرنا (ہ) سونا چاندی گلانا - (ہندو) مُردے کو جلانا - مُردے کو آگ دینا۔

کٹہرا (ہ/مذ) لکڑیوں کا احاطہ - جنگلا - درندوں کے رکھنے کا لکڑی کا پنجرا۔

کٹھڑا (ہ/مذ) لکڑی کا بڑا سا چوڑا برتن - کونڈا - بھینس کا نر بچہ - محلّہ - منڈی۔

کٹھل (ہ/مذ) ایک لیسدار - مگر شیریں خاردار سا پھل ہوتا ہے۔

کٹھلا (ہ/مذ) گلے میں پہننے کے ایک زیور کا نام - ہنسلی۔

کٹھلا }
کٹھل } (ہ/مذ) کوٹھی - اناج کا گودام رکھنے کا برتن - بھُوننے کا بھٹّا۔

کٹھلا چڑھانا (ا/محاورہ) چِتا بھٹّی میں رکھ کر آگ دینا۔

کٹھن (ہ) مشکل - سخت - دشوار - دُکھ - سنکٹ - تکلیف۔

کٹھوتی (ہ/مث) کاٹھ کا برتن جس میں آٹا گوندھتے ہیں - کٹھڑا۔

کٹھور (ہ) بے رحم - سنگدل - سخت - کڑا - نردئی - کٹر۔

کٹھور (ہ) بے موقع - بے ڈھب - بے جگہ۔

کٹھولنا (ا/مذ) پھندا۔

کٹھیا (ہ) سخت کڑا - (مث) بھینس کا مادہ بچہ۔

کٹھیار - یا - کٹھار (ہ/مذ) کوٹھا سے بنا ہوا - غلّہ کا گودام - ذخیرہ - غلّہ ڈالنے کا بہت بڑا برتن - اناج کی کوٹھی۔

کٹی }
کٹیا } (ہ/مث) درویشوں یا زاہدوں کی جھونپڑی - مڑھی - سمادھ۔

کٹی (ہ/مث) باریک باریک کٹا ہوا چارہ - دُم کٹا کبوتر - پانی میں گلا ہوا کاغذ۔

کٹیا (ہ/مث) جھوٹی - جوان بھینس - بھینس کا مادین بچہ - مچھلی پکڑنے کا کانٹا - دُودھ دُوہنے کا برتن۔

کٹیا (ہ/مذ) ایک خاردار بُوٹی کا نام - ایک قسم کی موٹی گھاس - بُوچڑ - قصائی۔

کٹے پر نمک چھڑکنا - یا - نون دینا (ہ) زخم پر زخم دینا - دُکھ میں دُکھ بڑھانا - جلے کو جلانا - مرے کو مارنا۔

کٹے جانا (ہ) نہایت نادم ہوئے جانا - شرم کے مارے گڑا جانا۔

کٹی چھٹنی (ہ/مث) بَیر - دشمنی - عداوت۔

کٹیلا (ہ) کانٹے دار - نوکدار - آنی دار - خاردار - نوکیلا - دلربا - من موہن - قاتل - زہریلا - کاٹ کرنے والا - تیز - بُرّان۔

کٹے لگنا (ہ) روپے کا بُری جگہ صَرف ہونا - مُوت پر خرچ ہونا - بوریوں کا برابر یا ایک دُوسرے کے اُوپر لگنا - ڈھیر لگنا۔

کٹیل آنکھ - یا کٹیلی آنکھ (ہ/مث) دل میں بیٹھ جانے والی آنکھ - سفاک آنکھ - قاتل آنکھ۔

کٹے مرنا (ہ) آپس میں لڑ کر جان دینے پر تیار ہونا - لڑ کے مرنا - خُون خرابے پر اُتر آنا۔

ک - ث

کثافت (ع/مث) گاڑھا پن - گندگی - مَیل - غلاظت - مٹائی - موٹاپن - لطافت کی ضِد۔

کثب (ع) بالُو کے تودے۔

کثرت (ع/مث) بُہتات - زیادتی - مجازاً انبوہ - بھیڑ - ہجوم - ورزش - مشق۔

کثرتِ رائے (ع/مث) کِسی امر کی طرف لوگوں کی رائے کی زیادتی - رائے کا غلبہ۔

کثیر (ع) نہایت - زیادہ - وافر - افراط سے۔

کثیر الاضلاع (ع/مث) بہت سے ضلعوں والی شکل۔

کثیر الاولاد }
کثیر العیال } (ع) بہت سے بال بچوں والا - بڑے کنبے والا شخص۔

کثیر المعنی (ع) بہت سے معنی رکھنے والا لفظ۔

کثیف (ع) گندا - موٹا - غلیظ - ناپاک - لطیف کی ضِد۔

ک - ج

کج (ف) ٹیڑھا - آڑا - ترچھا۔

کج اخلاق (ع/صف) بداخلاق - بدمزاج۔

کج ادا (ف) رُوکھا - بدخلق - بے وفا - طوطا چشم۔

کج ادائی (ف/مث) بدخلقی - بے مروتی - بے رُخی - مجازاً دشمنی - بَیر - عداوت - بُرائی۔

کج باز (ف/صف) بدمعاملہ - مُفسد۔

کج بحث (نع) اُلٹی اُلٹی دلیل لانے والا۔ ٹیڑھی بحث کرنے والا۔
کج بحثی (نع/مث) لتو تکرار۔ فضول بحث۔ نامناسب گفتگو۔
کج بصیرت (نع/صف) اُلٹی سمجھ والا۔
کج خُلق (نع) اکھڑ۔ بے مروت۔ بدمزاج۔
کج رائے (نع) نادرست رائے والا۔
کج رفتار ۔یا۔ کجرو (ف) نالائق۔ ٹیڑھی چال چلنے والا۔
کج سرشت (ف) بدخو۔ بدخُلق۔ بدطینت۔
کج طبع (نع) بے مروت۔
کج فہم (ف) اُلٹی سمجھ والا۔ کوڑھ مغز۔
کج کلاہ (ف) ٹیڑھی ٹوپی والا۔ بانکا۔ ترچھا۔
کج کلاہی (ف/مث) ترچھاپن۔ بانکپن۔ خودنمائی۔
کج نکالنا (ف) سیدھا کرنا۔ ٹیڑھ نکالنا۔ بل نکالنا۔ سزا دینا۔
کجا (ف) استفہام انکار اور مکان کے واسطے۔
کجات (ہ) (ک بمعنی بد اور جات بمعنی ذات) نیچ قوم کا۔ کمینہ۔ نیچی ذات کا۔
کجاوہ (ف/مذ) اونٹ کی کاٹھی۔ محمل۔
کجک (ف/مذ) مہاوتوں کا آنکس۔
کجرا ۔یا۔ کجلا (ہ/مذ) کاجل کی تصغیر۔ پیار و محبت کے لیے۔
کجکول (ف/مذ) بھیک مانگنے کی جھولی۔ زنبیل۔ انتخابی اشعار یا مضامین لکھنے کی بیاض۔ کشکول بھی کہتے ہیں۔
کجلانا (ہ) سانولا ہو جانا۔ سیاہی پر آ جانا۔ آگ کا بجھ جانا۔
کجلوٹی (ہ/مث) کاجل کی ڈبیہ۔
کجلی بن (ہ/مذ) ہاتھیوں کے رہنے کا جنگل۔ وہ جنگل جہاں بہت سے ہاتھی رہتے ہوں۔
کج مج بیان ۔یا۔ کج مج زبان (ف) صاف نہ بول سکنے والا آدمی۔ وہ شخص جس کا کلام فصیح نہ ہو۔
کجی (ف/مث) ٹیڑھاپن۔ ترچھاپن۔ کب۔ راستی کی ضد۔

ک ۔ چ

کچ (ہ/مث) چھاتی۔ چوچی۔ پستان۔ تھن۔ چھٹنی۔ سرپستان۔
کچ پیندیا (ہ) کچی پیندی والا۔ کمزور۔ بودا۔ بات کا کچا۔ متلون مزاج۔ غیر مستقل۔
کچ دِلا (ہ) ڈرپوک۔ بودے دل والا۔
کچ لہو (ہ/مذ) پھوڑے کا کچا مواد۔ خون ملی پیپ۔ خون دار پاک۔
کچا (ہ) خام۔ ناپختہ۔ پکا کی ضد۔ بن پکا۔ بودا۔ کمزور۔ نازک۔ ناتجربہ کار۔ نادرست خط۔ جلد اُڑ جانے والا رنگ۔
وقت سے پہلے پیدا ہو جانے والا بچہ۔ نرم۔ ملائم۔ صرف مٹی اور گارے کا بنا ہوا مکان۔
کچا پکا (ہ) نیم پختہ۔ ادھ بھنا۔ بے ٹھکانا۔ مذبذب۔ چونے اور پکی اینٹ بغیر تعمیر۔
کچا پکا کرنا (ہ) ادھ بھنا کرنا۔ بے ٹھکانے بات کرنا۔ نیم راضی ہونا۔
کچا پن (ہ/مذ) خامی۔ ناپختگی۔ ناتجربہ کاری۔
کچا پیسہ (ہ/مذ) ہندوستان کا قدیم سکہ۔
کچا تاگا (ہ/مذ) بے جان سُوت۔ بن بٹا دھاگا۔ کمزور سُوت۔ نازک چیز۔ موم کی ناک۔
کچا تخمینہ (ہ/مذ) سرسری اندازہ۔ ناقص اندازہ۔
کچا جانا (ہ) پیٹ گرنا۔ حمل استقاط ہونا۔
کچا دودھ پینا (ہ) غلطی اور بھول سے مرکب ہونا۔ طبیعت کی خامی ہونا۔ بھول چوک طبیعت میں رچی ہونا۔
کچا ساتھ (ہ/مذ) چھوٹے بچوں کا کنبہ۔
کچا سیر (ہ/مذ) سرکاری تول سے کم وزن کا سیر۔ اسی تولے سے کم کا سیر۔ ۲ ۳ تولے یا کم و بیش وزن کا سیر۔
کچا کرنا (ہ) شرمندہ کرنا۔ ذلیل کرنا۔ جھوٹا ثابت کر دینا۔ کچی سلائی کرنا۔
کچائی (ہ/مث) خامی۔ ناپختگی۔ ناتجربہ کاری۔
کچالو (ہ/مذ) ایک قسم کی ترکاری۔ نمک مرچ اور کھٹائی وغیرہ ڈالی ہوئی اروی یا امرود کی قاشیں۔
کچاہند (ہ) کچا رہنے کی بُو۔ کچیاند۔
کچرا (ہ/مث) کچا خربوزہ۔ کپاس کا ڈوڈا۔ اور کوڑے کے ڈھیر کو بھی کہتے ہیں۔
کچر پچر ہونا (ہ) کیچڑ ہونا۔ دلدل ہونا۔ دلدل یا کیچڑ میں چلنے کی آواز ہونا۔
کچر گھان (ہ/مذ) بہت سے بال بچے۔ چھوٹے چھوٹے بچوں کی کثرت۔
کچری (ہ/مث) چھوٹا سا کچرا۔
کچڑانا (ہ) آنکھوں میں چیپڑ بہت ہونا۔ آنکھوں میں کیچڑ ہونا۔
کچ کچ (ہ/مث) بے ہودہ تکرار۔ لغو بحث۔ فضول تکرار۔ بک بک۔ شور و غل۔
کچکچانا (ہ) غصے سے دانت پیسنا۔
کچکچی ۔یا۔ کچکچاہٹ (ہ/مث) دانتوں سے پیسنے کی حالت۔
کچکڑ (ہ/مذ) کچھوے یا وہیل مچھلی کی ہڈی۔
کچکول (ف/مذ) فقیروں کے بھیک مانگنے کی کشتی۔ چپی۔ بھیک کی جھولی۔
کچلا (ہ/مذ) ایک زہریلے پھل کا نام ہے۔

کچل ڈالنا (ہ) پیس ڈالنا۔ پامال کر ڈالنا۔ روند ڈالنا۔
کچلنا (ہ) پیسنا۔ پامال کرنا۔ روندنا۔ مارنا۔ رگڑنا۔ خوب پیٹنا۔ مارنا۔
کچلی (ہ ا مث) آنکھوں کے عین مقابل نوکدار دانت۔
کچنال (ہ ا مث) ایک درخت اور اُس کے پھول کا نام۔
کچو (ہ ا مذ) کند۔ کچالو کی قسم کا ایک زمینی پھل۔
کچوانسی (ہ ا مث) بسوانسی کا بیسواں حصہ۔ تقریباً ½ ۲۰ انچ کی مقدار۔
کچور (ہ ا مذ) ہلدی کی قسم کا ایک درخت اور اُس کی جڑ۔
کچوری (ہ ا مث) ماش کی دال بھری ہوئی پوری۔
کچورنا (ہ) ریزہ ریزہ کرنا۔
کچوری سے گال (ہ ا مذ) پھولے ہوئے گال۔
کچوکا (ہ ا مذ) خنجر وغیرہ گھونپنا۔ بھونکنا۔ بھونکنے کا ہاتھ یا صدمہ۔ (پنجابی)
کچومر (ہ ا مذ) آم کی کیریوں کے کترے کا اچار۔
کچومر نکالنا (ہ) بھرکس نکالنا۔ بہت مارنا۔
کچھ (ہ ا مذ) کچھوا۔ سنگ پشت۔ دیوار کا کونا۔ وشن جی کا دوسرا اوتار۔
کچھ مچھ (ہ ا مذ) حیوانات آبی۔ یعنی مگرمچھ۔ گھڑیال۔ کچھوا وغیرہ۔
کچھ (ہ) ذرا۔ کسی قدر۔ تھوڑا۔ تھوڑا بہت (برائے استفہام) کیا۔ کہیں۔ کوئی۔ (برائے کثرت) بہت سا۔ بہت زیادہ۔ (برائے انکار) نہیں کی تاکید۔ بالکل۔ مطلق۔
کچھ آج سے نہیں (ہ ا محاورہ) قدیم سے ہے۔ ہمیشہ سے ہے۔
کچھ آنسو پچھ گئے (ہ ا محاورہ) ذرا تسلی ہو گئی۔ قدرے صبر آ گیا۔
کچھ اپنی خبر ہے (ہ ا محاورہ) اپنی حالت کی بھی کچھ اطلاع ہے۔
کچھ اجارہ ہے (ہ ا محاورہ) قابو نہیں۔ کچھ دعویٰ نہیں۔
کچھ اور (ہ ا محاورہ) اور زیادہ۔ اور بھی۔ دوسری بات۔ تازہ۔ نئی۔ جدید۔
کچھ بات بھی (ہ) کس واسطے۔ کیوں۔ کوئی وجہ بھی۔
کچھ بات ہے (ہ) استفہام کی جگہ بولتے ہیں۔ یعنی بالکل بے بنیاد ہے ناقابل اعتبار ہے۔ خیال کے لائق نہیں۔"
کچھ بسنت کی بھی خبر ہے (ہ ا محاورہ) دُنیا کے حالات کی بھی خبر ہے۔ دُنیا سے واقف بھی ہو۔"
کچھ پرواہ نہیں (ہ) کوئی مضائقہ نہیں۔ کیا ڈر ہے۔ کیا خوف ہے۔
کچھ تم سمجھے کچھ ہم سمجھے (ہ ا مثل) کسی بات کا تمہیں خیال ہو کسی بات کا ہمیں۔ بس دونوں برابر ہیں۔ بھید کی بات دل میں رکھو۔ دُوسرے کو خبر تک نہ ہونے دو۔
کچھ تو (ہ) تھوڑا۔ ذرا سا تو۔ کسی قدر۔ تھوڑا بہت۔
کچھ تو خربوزہ میٹھا کچھ اُوپر سے قند پڑا (ہ ا مثل) دلی لالچ کے ساتھ نفع بھی ہو گیا۔ طمع اور بڑھ گئی۔

کچھ دال میں کالا ہے
کچھ دال میں کالا کالا ہے } (ہ ا محاورہ) کوئی بھید ہے۔ کوئی بات ضرور ہے۔ کچھ نہ کچھ سبب ضرور ہے۔
کچھ دلا دیجئے۔ یا۔ دلوائیے (ہ ا محاورہ) تھوڑا بہت ضرور دیجئے۔
کچھ دیا ہی آگے آ گیا (ہ ا محاورہ) کبھی کی دی ہوئی خیرات کام آ گئی کہ خدا نے مصیبت سے بچا لیا۔
کچھ ڈر نہیں (ہ ا محاورہ) کوئی فکر نہیں۔ کچھ پرواہ نہیں۔ ضرور انتقام لیں گے۔
کچھ راہ پر آئے ہیں (ہ ا محاورہ) کچھ دُرست ہو گئے۔ نیم راضی ہو گئے۔
کچھ سُننا چاہتے ہو (ہ ا محاورہ) گالیاں سُننے کو جی چاہتا ہے کیا؟
کچھ سے کچھ ہو جانا۔ یا۔ ہونا
کچھ کا کچھ ہو جانا۔ یا۔ ہونا } (ہ) رنگ پلٹ جانا۔ زمانہ کی حالت کا بدل جانا۔ اصل کے خلاف ہو جانا۔ بات کا بڑھ جانا۔
کچھ سونا کھوٹا کچھ سنار کھوٹا
کچھ گیہوں سیلے کچھ جندرے ڈھیلے
کچھ لوہا کھوٹا کچھ لوہار } (ہ ا مثل) ہر صورت گھاٹا ہی گھاٹا۔ طرفین سے ہی لڑائی ہے۔ دونوں طرف کا بگاڑ ہے۔
کچھ کا کچھ سمجھنا (ہ) اُلٹا سمجھنا۔
کچھ کا کچھ کہنا (ہ) خلاف واقعہ بیان کرنا۔ اصل کے خلاف کہنا۔
کچھ کان میں پھونکنا (ہ) کچھ بدی اور بُرائی کرنا۔ کوئی جادو منتر کان میں پھونکنا۔
کچھ کچھ (ہ) تھوڑا تھوڑا۔ ذرا ذرا۔ قدرے۔ قلیل۔ کسی قدر۔ تقریباً۔
کچھ کر دینا (ہ) جادو کر دینا۔ کوئی کام کر کے دکھانا۔
کچھ کھا جانا۔ یا۔ کھا لینا (ہ) زہر کھانا۔ کوئی مُہلک دوا کھا کر خودکشی کرنا۔
کچھ کہہ بیٹھنا (ہ) گالی دے بیٹھنا۔ بُری اور ناگوار بات مُنہ سے نکال لینا۔
کچھ کھو کے سیکھنا (ہ) نقصان اُٹھا کر تجربہ حاصل کرنا۔ ٹھوکریں کھا کر سیدھا ہونا۔
کچھ گوشہ جھکے کچھ کمان (ہ ا محاورہ) صُلح کے لیے دونوں طرف سے نرمی ہونی چاہیے۔
کچھ گیہوں گیلے کچھ جندرے ڈھیلے (ہ ا مثل) بہانہ کرنے والی عورت کی نسبت کہا جاتا ہے۔
کچھ لوہا کھوٹا کچھ لوہار (ہ ا محاورہ) کچھ اُس کی خطا کچھ اُس کی خطا۔
کچھ لے رہنا (ہ ا محاورہ) کچھ حاصل کرنا۔ کچھ فائدہ اُٹھانا۔
کچھ مُنہ سے سُننا (ہ) زبان سے گالیاں سُننا۔
کچھ نہ پوچھو۔ کچھ نہ پوچھئے (ہ ا محاورہ) ظاہر کرنے کے قابل بات ہی

نہیں ۔ کیا بات ہے ۔ کیا کہنا ہے ۔
کچھ نہ کچھ (ہ) تھوڑا بہت ۔ کوئی نہ کوئی چیز ۔ کسی نہ کسی قدر ۔
کچھ نہ نکلا (ہ/محاورہ) بالکل خراب نکلا ۔ نکما نکلا ۔ ناکارہ ثابت ہوا ۔
کچھ نہیں (ہ/محاورہ) کوئی بات نہیں ۔ ذرا نہیں ۔ بالکل نہیں ۔ خراب ہے ۔ نکما ہے ۔
کچھ نہیں رہا (ہ/محاورہ) قریب مرگ ہے ۔ کام تمام ہونے والا ہے ۔ نہایت ناتواں ہو گیا ۔
کچھ نہیں کیا (ہ/محاورہ) بُرا کیا ۔ ناجائز کیا ۔ کوئی نیکی نہیں کی ۔ کوئی کام نہیں کیا ۔
کچھ ہو (ہ/محاورہ) کوئی پرواہ نہیں ۔ جو ہو سو ہو ۔
کچھ ہو جانا (ہ) کسی لائق بن جانا ۔ آسیب چمٹ جانا ۔ سایہ ہو جانا ۔
کچھ ہو رہنا (ہ) معاملہ کا فیصلہ تھوڑا بہت ہو رہنا ۔ قابل ہو جانا ۔ لائق بن جانا ۔
کچھ ہے (ہ/محاورہ) کوئی بات ہے ۔ کوئی باعث یا سبب ہے ۔ دال میں کالا ہے ۔ بہت زیادہ ہے ۔
کچھ ہی کہو (ہ/محاورہ) کہا نہیں ماننا ۔ کچھ نہیں سُننا خواہ کتنا ہی سمجھاؤ ۔
کچھ ہیں (ہ/محاورہ) کسی لائق ہیں ۔ قابل ہیں ۔
کچھار (ہ/مذ) دریا کے قریب کی زمین ۔ ترائی ۔ بیلا ۔ بنی ۔ کانس ۔ کانسے وغیرہ کا جنگل جس میں اکثر شیر رہا کرتا ہے ۔
کچہری (ہ/مث) دربار ۔ عدالت ۔ انصاف کی جگہ (مجازاً) بھیڑ ۔ انبوہ ۔
کچہری برخاست ہونا (ہ) عدالت بند ہونا ۔ تعطیل ہونا ۔
کچہری چڑھنا (ہ) عدالت میں جانا ۔ نالش کرنا ۔ مُدعی یا مُدعا علیہ بننا ۔
کچہری کرنا (ہ) عدالت کا اجلاس لگانا ۔ انصاف کرنا ۔ مُقدمہ سُننا ۔
کچہری کے کُتّے (ا/مذ) عدالت کے رشوت خوار اہلکار ۔
کچہری لگانا (ہ) اجلاس کرنا ۔ بہت سے لوگوں کو اکٹھا کر لینا ۔ زور شور دکھانا ۔
کچھنا (ہ/مذ) کاچھیا ۔ جانگیا ۔ گھٹنا ۔
کچھنیا (ہ/مث) کچھنی کی تصغیر ۔ گھگریا ۔ جانگیا ۔ ڈھیلا ڈھالا گھٹنا ۔
کچھوا (ہ/مذ) ایک لمبی گردن والے دریائی جانور کا نام ہے ۔
کچھواہا (ہ/مذ) راجپوتوں کے ایک گوت کا نام ہے جو اپنے آپ کو کشو بن راجہ رامچندر جی کی اولاد بتاتے ہیں ۔
کچھوٹی (ہ/مذ) کچھ کی تصغیر بالتحقیر ہے ۔ لنگوٹی ۔
کچھوے کے بچھو (ہ/مذ) بد دل کے بد ۔ بُزدل کی اولاد بھی بُری ہوتی ہے ۔
کچھوی (ہ/مث) کچھوے کی مادہ ۔

کچی اسامی (ہ/مذ) غیر موروثی زمیندار ۔ غیر مستقل نوکری ۔ عارضی جگہ ۔
کچی پیشی (ا/مث) اپیل کی پہلی سنائی جس میں اپیل کے قابل سماعت ہونے یا نہ ہونے پر غور کیا جائے ۔
کچی ترکاری (ا/مث) سبز ترکاری ۔ ہری ترکاری ۔
کچی تول (ا/مث) کچے باٹوں کے موافق وزن ۔ وہ تول جو معیاری پیمانے کی بجائے کم پیمانے سے کیا جائے ۔
کچی ٹوٹنا (ا/محاورہ) کم عمری میں ازالہ بکر ہونا ۔
کچی رسوئی (ہ/مث) بن گھی کی روٹی جسے چوکے سے باہر نہ کھا سکیں ۔
کچی جینبدی دستر خوان کا ضرر (ا/مثل) نادان کی صحبت بدنامی کا باعث ہوتی ہے ۔
کچی سڑک (ہ/مث) مٹی کی سڑک ۔ بے کنکر ۔ کٹی سڑک ۔ پکی سڑک کی ضد ۔
کچی کلی (ہ/مث) مُنہ بند کلی (مجازاً) باکرہ ۔ نابالغہ ۔ کنیا ۔
کچی کلی ٹوٹنا (ہ) کم سنی میں مرجانا ۔ چھوٹی عمر میں مرجانا ۔ قبل از بلوغت ازالہ بکر ہونا ۔
کچی گولیاں کھیلنا (ہ) ناتجربہ کار ہونا ۔ نادان ہونا ۔ کچی مٹی کی گولیوں سے کھیلنا ۔
کچی مُتی (ہ/مث) میعاد باقی ۔ ابھی میعاد باقی ہو کر اس کا سُود لگا لیا جائے ۔
کچے پکے دن (ہ/مذ) حمل کے چوتھے پانچویں مہینے تک کا وقت جس میں سخت احتیاط کی ضرورت ہے ۔ برسات کے ایام ۔ بوجہ خطرۂ بیماری ۔
کچے گھڑے پانی بھرنا (ہ) ناممکن کام کرنا ۔ سخت مصیبت جھیلنا ۔ بڑی دقت اٹھانا ۔
کچے گھڑے کی چڑھنا (ہ) نشہ میں غرقاب ہونا ۔ پاگل اور دیوانہ ہونا ۔ بہکنا ۔
کچیا جانا (ہ) کچا ہو جانا ۔ ڈر جانا ۔ جھیپ جانا ۔ شرمندہ ہو جانا ۔ دل چھوڑ دینا ۔
کچیلا (ہ) میلا کا مترادف ہے اور اُسی کے ساتھ مستعمل ۔
کچیں (ہ/مث) کچ کی جمع ۔ چھاتیاں ۔ پستان ۔ زنان ۔ چوچیاں ۔

ک ۔ ح

کحّال (ع/مذ) آنکھوں کا حکیم ۔ آنکھوں کا علاج کرنے والا ۔
کحل (ع/مذ) سُرمہ ۔ انجن ۔
کحل الجواہر (ع/مذ) اَن بدھ موتی اور جواہرات وغیرہ ملا کر بنایا ہوا سُرمہ جو مقوی بصر ہوتا ہے ۔
کحیل (ع) وہ آدمی جس کی آنکھوں میں سُرمہ لگا ہو ۔

ک ـ د

کَدْ (ع امث) ضِد - ہٹ - اِصرار - کوشش - جدوجہد (ف امذ) خانہ - گھر -
کَدْوکاوِش (ف امث) چھان بین - تلاش - جُستجو - سعی و کوشش -
کَدْ ہونا (ل) ضِد ہونا - پیچھے ہونا - اصرار ہونا -
کَدْخدا - یا - کتخدا (ف امذ) صاحبِ خانہ - نوشہ - دُولہا - خاوند -
کَدْخدائی - یا - کتخدائی (ف امث) شادی - بیاہ - نکاح - ازدواج -
کِدَر (ع) گدلا - مکدّر - تیرہ -
کِدار (ہ امث) دیپک راگ کی ایک راگنی کا نام -
کُدال (ہ امث) زمین کھودنے کا ایک نوک دار آلہ -
کُدال سے فصد کھلواؤ (ہ ا محاورہ) پاگل اور بے وقوف شخص کی نسبت کہتے ہیں - عقل کے ناخن لواؤ - ہوش کی بنواؤ -
کُدانا (ہ) چھلانگیں لگوانا - اُچھلوانا -
کُدکنا (ہ) کُودنا - پھاندنا - اُچھلنا - چوکڑیاں بھرنا -
کَدلی (س امذ) کیلا - ایک پھل کا نام -
کَدّو (ہ امذ) ایک مشہور ترکاری (طنزاً) عضوِ تناسل مرد - جیسے تیرے ہاتھ کدو آگیا -
کَدُّوخ (ف) گرم حمام -
کَدُّودانہ (ف امذ) پیٹ کے ایک قسم کے کیڑے کا نام - کرمِ شکم - تمام جسم پر گول گول پھنسیاں نکلنے کی بیماری بھی ہوتی ہے -
کَدُّوکش (ف امذ) کدو وغیرہ کو رگڑ کر باریک کرنے کا آلہ -
کُدُورت (ع امث) گدلاپن - سیاہی - گاد - تلچھٹ - دھول - گرد - غبار - (مجازاً) رنجش - دشمنی - عداوت -
کدورت آنا (ہ) دل پر میل آنا - رنجش ہونا - دل میں فرق پڑ جانا -
کدورت رکھنا (ہ ا محاورہ) کینہ رکھنا -
کَدَہ (ف امذ) جگہ - مقام - مکان - گھر - خانہ - گاؤں - قریہ - دیہہ -
کِدھر (ہ) کس طرف - کس جگہ - کہاں کہاں کو -
کِدھر آیا کدھر گیا (ہ ا محاورہ) بے خبری اور غفلت کے ظاہر کرنے کو بولتے ہیں - یعنی آنے جانے کی بھی کچھ خبر نہیں -
کِدھر جاؤں کیا کروں (ہ ا محاورہ) نہایت مجبوری اور بے کسی کی حالت ہے - کچھ بن نہیں آتی -
کِدھر کا چاند نکلا (ہ ا محاورہ) حیرانی اور تعجب کے یا اچانک کسی کے آ جانے کے وقت کہتے ہیں یعنی یہ امرِ عظیم کس طرح واقع ہوگیا یہ بات کیسے میسّر ہوگئی -
کدھن (ہ امث) طرف -

ک ـ ڈ

کڈھب (ہ) بے ڈھب - بے موقع - براز لون -
کڈھنگ (ہ) بے طور - بے سلیقہ - بے تمیز -
کڈھنگا (ہ امذ) بدچلن - بدمزاج - اکھڑ -
کڈھیلڑ - یا - کڈھیلڑا (ہ امذ) سوتیلا بیٹا - پچھلگ - سوتیلا بیٹا -

ک ـ ذ

کَذا (ع) ایسا -
کَذّاب (ع امذ) نہایت جھوٹا - جھوٹوں کا پیر - بہت ہی جھوٹ بولنے والا -
کِذب (ع امذ) جھوٹ - دروغ -

ک ـ ر

کَر (ہ اس امذ) ہاتھ - ہاتھی کی سونڈ (مث) محصول چونگی - خراج - ٹیکس - مالگزاری - جرمانہ - ڈنڈ - تاوان - جزیہ -
کُر (ف) بہرا - اصم (مذ) قوت - زور - طاقت - بل -
کراجیدن (ف) مُرغی کا کڑ کڑانا -
کَرّ و فر (ف امذ) ٹھاٹھ باٹ - دھوم دھام - شان و شوکت - زور و طاقت -
کَرّار (ع) بار بار حملہ کرنے والا - شکست دینے والا - حضرت علیؓ کا لقب -
کَرارا (ہ) کڑا - سخت - اکڑا ہوا - ہٹا کٹا - زور آور - قوی ہیکل - خستہ - بُھربُھرا - مہنگا - گراں - نیا اور تازہ بنا ہوا روپیہ - دلیر - بہادر - ایک قسم کی مٹھائی -
کراراپن (ہ امذ) سختی - کڑاپن - قوت - خستگی - بُھربُھراپن -
کراری (ہ) کرارا کی تانیث ہے -
کراری بات (ہ امث) پائدار بات - مضبوط بات -
کرارے دم (ہ) بے تھکے - تازہ دم - مضبوط - تگڑا - کڑا - توانا -
کَراڑ (ہ امذ) دکان دار - سوداگر - پرچون والا - خوردہ فروش -
کَراڑا (ہ امذ) دریا کا کھڑا اور بلند کنارا - ساحلِ بلند دریا -
کُراع (ع) بکری یا گائے کے پائے -

کرام (ع/مذ) کریم کی جمع۔ سخی آدمی۔
کرامات (ع/مث) کرامت کی جمع۔ بزرگیاں۔ نوازشیں۔ بڑائی۔ عظمت۔ کرشمہ۔ معجزہ۔ خرقِ عادت۔ سرمایہ۔ دولت۔ بادشاہوں اور بزرگوں کو حضور وغیرہ کی طرح جواب میں بولتے ہیں۔
کراماً کاتبین (ع/مذ) انسان کے اعمال لکھنے والے فرشتے۔
کراماتی (ا) معجزہ دکھانے والا۔ پرچہ دینے والا۔
کرامت (ع/مث) انوکھی بات۔ بزرگی۔ بڑائی۔ سخاوت بخشش۔ معجزہ۔ پرچہ۔ بزرگوں کی طاقتِ اعجاز۔
کرامت دکھانا (ا/محاورہ) عجیب کام کرنا۔ بزرگی دکھانا۔
کرامت نامہ (عف/مذ) بزرگ کا خط۔ عنایت نامہ۔
کرانا (ہ) کوئی کام لینا۔ خاص کام دینا۔
کرانہ۔ یا۔ کیرانہ (ہ/مذ) پنساری کی اشیاء کی طرح قسم قسم کے مسالے وغیرہ۔
کرانا (ہ) جہاز سے کسی چیز کو روکنا۔ پٹکنا۔
کران (ع) نام ساز کا۔ بربط۔
کراچی (ہ/مث) اسباب لادنے کی دو پہیہ یا چو پہیہ گاڑی۔ مشہور شہر کا نام حال دار الحکومت پاکستان۔
کرانی (ا/مذ) عیسائی۔ کرسچن۔ نصرانی۔
کراؤ کرنا (ہ) کریوہ کرنا۔ رانڈ عورت کا نکاح ثانی کرنا۔ مرد کا کسی بیوہ کو گھر میں ڈال لینا۔
کراہ (ہ/مذ) بدراہ۔ بڑا راستہ۔ ٹیڑھا راستہ۔
کراہ (ہ/مث) درد کی آواز۔ تکلیف کے وقت کی آواز۔ ہائے وائے۔ آہ۔
کراہت } (ع/مث) گھن۔ نفرت۔
کراہیت } ناپسندی۔
کراہنا (ہ) ہائے ہائے کرنا۔ درد یا تکلیف سے آہ آہ کرنا۔
کرائسٹ چرچ۔ نیوزی لینڈ کے جنوبی حصے میں ہے۔ بھیڑوں کی اون اور گوشت کی تجارت کے لیے مشہور ہے۔
کرایہ (ف/مذ) بھاڑا۔ مزدوری۔ کسی چیز کی اجرت۔
کرایہ اُگاہنا (ا/محاورہ) بھاڑا وصول کرنا۔
کرایہ چلانا۔ یا۔ کرایہ پر چلانا (ہ) بھاڑے پر چلانا۔
کرایہ دار (ا/مذ) کرایہ کے مکان میں رہنے والا۔ اسامی۔ پیٹ کے اندر کا بچہ۔
کرایہ دار اُترنا (ف) کسی مکان میں کرایہ دار کا آکر رہنا۔ حاملہ ہونا۔ پاؤں بھاری ہونا۔
کرایہ نامہ (ف/مذ) کرایہ کا کاغذ جو کرایہ دار مالک کو لکھ کر دے۔
کرب (ع/مذ) دُکھ۔ دم بند کر دینے والا غم بے چینی (مجازاً) سختی۔ نہایت تکلیف۔
کربت (ع/مث) دُکھ۔ سختی مصیبت۔ غم و رنج۔

کربڑا (ہ/مذ) سفید اور سیاہ ملا ہوا۔ چتکبرا۔ دھولے اور کالے رنگ کا۔
کربلا (ع/مث) (کرب اور بلا سے مرکب) رنج و آفت کی جگہ۔ دُکھ درد کا مقام۔ امام حسینؓ کی شہادت کی جگہ۔ تعزیہ دفن کرنے کی جگہ۔ شہیدوں کا مدفن۔ شہید گنج۔
کربلا ہونا (ا) کمی ہونا۔ پانی کی قلت ہونے کی جگہ۔ سخت تکلیف کا مقام ہونا۔
کر بیٹھنا (ہ) کسی بات کو کر گزرنا۔ بیوی یا جورو بنا لینا۔
کرپا (ہ/مث) مہربانی۔ عنایت۔ کرم۔ نوازش۔ دیا۔
کرپاس (ف) گزی (مجازاً) سوتی کپڑا۔
کرتا } (ہ/مذ) کرنے والا۔ فاعل۔ خالق۔
کرتا دھرتا } مصنف۔ پتی۔ مالک۔ خاوند۔ شوہر۔ مشاق۔ ماہر۔
کرتا اُستاد ہے } (ا/مثل) مشاق آدمی اپنے کام میں ماہر
کرتا اُستاد نہ کرتا شاگرد } اور اُستاد ہو جاتا ہے اور نہ کرنے والا بے تجربہ رہتا ہے۔ بار بار ایک کام کرنے سے آدمی اُستاد ہو جاتا ہے۔
کرتار (ہ/مذ) پیدا کرنے والا۔ خالق۔ دُنیا کو بنانے والا۔
کرتب (ہ/مذ) کام۔ فعل۔ عمل۔ ہُنر۔ کمال۔ چالاکی۔ ہوشیاری۔ چلتر۔ شعبدہ بازی۔ نٹ بدیا۔ مشق۔ مہارت۔
کرتب دکھانا (ا/محاورہ) کمال دکھانا۔ سپاہ گری کا ہنر دکھانا۔
کرتب کی بدیا ہے } (ہ/مثل) ہر کام مشق اور مہارت سے درست
کرتے کی بدیا ہے } ہوتا ہے۔
کرتبی۔ یا۔ کرتبیا (ہ/مذ) ماہر۔ مشاق۔ ہُنرمند۔ عامل۔ شعبدہ باز۔ مداری۔
کرتوت (ہ/مذ/مث) دھندا کام۔ کاج۔ فریب۔ چالاکی۔ کرتب۔ عمل۔ کرتک۔ بُرے لچھن۔ بُرا کام۔ جادو۔ ٹونا۔ (طنزاً) ناموری اور شہرت کا کام۔
کرتہ (ف/مذ) قمیص۔ پیراہن۔ بدن ڈھانکنے کا سیا ہوا کپڑا۔
کرتی (ہ/مث) بن آستینوں کا اونچا کرتہ۔ فوجی وردی۔ جاکٹ۔
کرثی (ہ/مث) ایک قسم کا خشخاش کی طرح چھوٹے چھوٹے دانوں والا اناج۔ کلتھی۔
کرجائے داڑھی والا پکڑا جائے مونچھوں والا (ا/مثل) کرے کوئی اور بھرے کوئی۔ قصور کسی کا ہو سزا کسی کو ملے۔
کرجگ (ہ/مذ) زمانہ حال۔ کام کرنے کا زمانہ۔
کرچ (ہ/مث) ریزہ۔ ٹکڑا۔ حصہ۔ ذرہ۔
کرچ (ہ/مث) ایک قسم کی سیدھی اور لمبی تلوار۔
کرچ جھاڑنا (ا/محاورہ) پرندے کا پَر جھاڑنا۔
کرچھا (ہ/مذ) گھی داغ کرنے کا ایک لمبی ڈنڈی والا پیالہ سا۔ فرپیاں۔

کُرچھی (ہ امث) کرچھا کی تانیث۔
کُرخت (ف) سخت۔ کڑا۔ (لغت میں بے حس شے)
کَرخ ۔ نواحِ بغداد کے ایک گاؤں کا نام ۔ جہاں حضرت معروف کرخیؒ رہتے تھے۔
کُرختگی (ف امث) کڑاپن ۔ سختی۔
کَرَدا (ہ امذ) بٹا ۔ کٹوتی ۔ غلّہ کے کوڑے مٹی وغیرہ کا حق جو وزن میں کم کر دیا کرتے ہیں ۔ میل کچیل کا حق جو برتن وغیرہ میں کاٹ دیتے ہیں۔
کِردار (ف امذ امث) کام ۔ شغل ۔ دھندا ۔ روش ۔ طور ۔ طریقہ ۔ بُرا بھلا کام ۔ چلن ۔ خصلت ۔ عمل ۔ برتاؤ۔
کُردستان ۔ یہ ایشیا میں کُرد قوم کا علاقہ ہے ۔ یہ قوم خانہ بدوش ہے ۔ بھیڑ بکری ۔ اونٹ پالتی ہے اور اکثر لوٹ مار بھی کر لیتی ہے۔
کرد کھانا ۔ یا ۔ دکھلانا (ہ) کسی کام کو کر ڈالنا ۔ کسی کام کو انجام پر پہنچا دینا ۔ کوئی کام کر کے دکھلا دینا۔
کِردگار (ف امذ) بنانے والا ۔ خالق ۔ کرتار۔
کَرَدنی (ف امث) کرن جوگا ۔ کرنے کے قابل ۔ کرنی ۔ اعمال۔
کَرَدنی خویش آمدنی پیش (ف امثل) جیسا کیا ویسا پا لیا ۔ جیسا کرو گے ویسا بھروگے۔
کردہ (ف) کیا ہوا ۔ عمل میں لایا ہوا ۔ اسم مفعول۔
کرڈ (ہ امث) ایک سفید رنگ تیل دار بیج کا نام ہے ۔ جس کے پھولوں سے سرخ رنگ نکالا جاتا ہے ۔ کسنبے کا بیج۔
کَڑ کَڑ (ہ امث) کسی چیز کے چلنے کی آواز۔
کرسٹان (ا امذ) عیسائی ۔ کرسچن ۔ نصرانی۔
کرسٹل (انگ امذ) بلور۔
کِرسپیانا ۔ آج کل اس کا نام اوسلو ہے ۔ ناروے کا دارالحکومت ہے۔ یہاں کی بندرگاہ بہت عمدہ ہے۔
کَرسی (ہ امث) کیلے کا چھوٹا سا ٹکڑا۔
کُرسی (ع امث) چوکی ۔ مسند ۔ گدّی ۔ عمارت کی تہہ کی اونچائی ۔ درجہ ۔ زینہ ۔ شریعت میں ساتویں آسمان پر تختِ الٰہی کی جگہ۔
کُرسی دینا (ا) مکان کی دہلیز اونچی رکھنا ۔ کسی کی تعظیم ۔ آؤ بھگت کرنا۔
کُرسی نامہ (ع ف امذ) نسب نامہ ۔ سلسلہ خاندان۔
کُرسی نشین ہونا (ا) عزت پانا ۔ سرکار دربار میں کرسی پانا ۔ ٹھیک ہونا ۔ درست ہونا۔
کرسیوا کھا میوہ (ہ امثل) خدمت کر اور عزت پا ۔ خدمت ہی میں عزت و راحت ہے۔
کرشمہ (ف امذ) (لغت میں آنکھ کی جھپکی اور اشارہ) ۔ (مجازاً) ناز و نخرہ ۔ غمزہ ۔ انوکھی اور حیرت انگیز بات ۔ علامت ۔ نشان ۔ کرامات ۔ اعجاز۔
کرشمہ دکھانا (ا) پرچہ دینا ۔ کوئی نرالی اور انوکھی بات ظاہر کرنا۔
کرشنا ۔ دکن کا مشہور دریا جس کا معاون تنگ بھدرا ہے ۔ ریاست میسور اور حیدرآباد کے درمیان ہے۔
کرشن (ہ امذ) وشنو کے آٹھویں اوتار کنھیا جی کا لقب ہے ۔ (مجازاً) سیاہ ۔ کالا ۔ اندھیرا ۔ اُجالا کی ضد۔
کرشن پکش ۔ یا ۔ پکھ ۔ یا ۔ پاکھ (ہ امذ) اندھیرا ۔ پاکھ ۔ چاند کے آخری دن۔
کرشن جٹا (ہ امث) ایک خوشبو دار دوا ۔ بالچھڑ۔
کرشن لیلا (ہ امث) کرشن جی کے کھیل تماشے ۔ راس۔
کَرَفس (ع امث) ایک اجوائن کی قسم کی دوا کا نام ہے ۔ خراسانی اجوائن۔
کرفیو (انگ امذ) خانہ بندی کا حکم جس میں وقت مقررہ کے اندر کوئی شخص اپنے گھر سے باہر نہیں نکل سکتا۔
کَرَک (ہ امذ) درد ۔ پیڑ ۔ ٹیس ۔ کسک۔
کَرک (س امذ) کیکڑا ۔ سرطان ۔ برج سرطان ۔ چوتھی راس ۔ سفید۔
کَرکَٹ (ہ امذ) کوڑے کا مرادف ۔ گھاس پھونس۔
کرکٹ (انگریزی امذ) گیند بلّے کا کھیل ۔ کودے چوگان۔
کرکچ (ہ امذ) سمندری نمک۔
کِرکِرا (ہ) ریت ملی ہوئی چیز ۔ ریتیلا ۔ ریگ آمیز۔
کرکرا کرنا (ہ) کسی چیز میں ریت ملانا ۔ بدمزہ کرنا ۔ بگاڑنا۔
کُرکُرا (ہ) گھی میں تلا ہوا ۔ بھربھرا ۔ خستہ۔
کرکراہٹ (ہ امث) ریتلی چیز کے دانت تلے بولنے کی آواز ۔ ریتلاپن۔
کُرکُری (ہ امث) مروڑ ۔ پیچش ۔ گھوڑے کی بدہضمی ۔ چبانے کے قابل نرم ہڈی ۔ بھربھری ۔ نرم ۔ خستہ ۔ کراری۔
کُرکُری اُٹھنا (ہ) گھوڑے کا پیشاب بند ہو جانا ۔ پیٹ میں درد ہونا۔
کِرکِری (ہ) کرکرا کی تانیث ۔ مٹی آمیز مٹی ۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
کِرکِری ہونا (ہ) خواری ہونا ۔ بدنامی ہونا ۔ بگڑنا۔
کِرکِری خانہ (ا امذ) امیروں کا ٹوٹا پھوٹا اسباب رکھنے کی جگہ۔
کَرگَن (ف) ہر کیا غلّہ۔
کِرکِل (ہ امث) کرکراپن ۔ کرکراہٹ۔
کرگدن (ف امذ) گینڈا ۔ جس کی کھال سے ڈھالیں بنتی ہیں۔
کرگس (ف امذ) گِدھ۔
کر گزرنا (ا) کر ڈالنا ۔ کر لینا ۔ اپنی ہٹ پوری کر لینا۔

کرگہ (ف امذ) کارگر کا مخفف ہے۔ (کھڈی پنجابی) جولاہوں کے کام کرنے کی جگہ۔
کرم (ع امذ) ہمت۔ جوانمردی۔ بزرگی۔ مروت سخاوت۔ بخشش۔ دان پن۔ مہربانی۔ عنایت۔ دَیا۔
کرم بخشی (عف امث) مہربانی۔ عنایت۔
کِرم (ف امذ) کیڑا۔ مکوڑا۔
کرم پروری (عف امث) مہربانی۔ عنایت۔
کرم پیشہ (عف اصف) سخی۔ جوانمرد۔
کرم پیلہ (ف امذ) ریشم کا کیڑا۔
کرم خوردہ (ف) گھن لگا۔ گھن کا کھایا ہوا۔ پرانا۔ بوسیدہ۔
کَرم (س امذ) کام کاج۔ دھندا۔ اچھا کام۔ ثواب کا کام۔ بھاگ۔ تقدیر۔ قسمت۔ نصیبہ۔ حرفہ۔ پیشہ۔
کرم بھوگ (ہ امذ) پہلے جنم میں کیے ہوئے کاموں کا ثمرہ۔ نیکی بدی کا نتیجہ۔
کرم پھوٹنا (ہ) نصیبوں کا یاور نہ ہونا۔ بدنصیب ہونا۔ بدبختی کا سامنا ہونا۔
کرم ریکھ۔ یا۔ کرم ریکھا (ہ امث) تقدیر کا لکھا۔ نوشتۂ تقدیر۔
کرم کا بلیا۔ یا۔ کرم کا دھنی (ہ) قسمت کا زورآور۔ زبردست نصیبے والا (طنزاً) بدقسمت۔ کرم ہین۔
کرم ہین (ہ) تقدیر کا ہیٹا۔ کم نصیب۔ بدقسمت۔
کرمکِ شب تاب (ف) رات کو چمکنے والا کیڑا۔ پٹ بیجنا۔ جگنو۔
کرم کلّا (ا امذ) ایک طرح کی گوبھی جس میں پھول نہیں آتا۔
کرنل (ہ امذ) کانوں کے پیچھے کا ورم۔ کن پیڑ۔
کرموں کو رونا } کرموں کا رونا } (ہ) نصیبوں کا رونا۔ افسوس کرنا۔ پچھتانا قسمت کا ماتم کرنا۔
کرمی (ہ امذ) پورب کے ہندو زمینداروں کی ایک قوم کا نام۔
کِرن (ہ امث) شعاعِ آفتاب۔ چاند کی روشنی کا تار۔ گوٹے کے تار۔
کرن (ہ امذ) کان۔ گوش۔ کشتی کی پتوار۔ کون کا قاعدہ۔ ایک مشہور ہندو راجہ کا نام بھی ہے۔
کرن پھول (ہ امذ) کان کا آویزہ۔ گوشوارہ۔ کان کا ایک زیور۔
کرنگ (ف) سرخ رنگ کا گھوڑا۔
کرن کا پہرا (ہ امذ) صبح کا وقت۔ نور کا تڑکا۔
کرنا (ہ) بنانا۔ مارنا جلانا جیسے وار کرنا۔ جادو ڈالنا۔ بیوی بنانا۔ بیوہ عورت کا مرد کے گھر میں بیٹھ جانا۔ یعنی کرنیوہ۔ کاروبار کھولنا۔ سر کے بال سنوارنا۔ دکھنا ڈالنا۔ کاٹنا۔ ذبح کرنا۔ ہاتھ لگانا۔ ہلانا۔ جیسے پنکھا کرنا۔
کرنا (ہ) شرمانا۔ شرمندہ ہونا۔ لجانا۔ دھار وغیرہ کا گر جانا۔
کرنٹا (ہ امذ) کرانی کی تصغیر حقارتی ہے۔ کرسٹان۔

کرنجا (ہ) کرنجوے کے رنگ کی آنکھوں والا۔ گربہ چشم۔ کیرا۔ کیری آنکھوں والا۔
کرنجوا (ہ امذ) ایک درخت اور اس کے پھل کا نام ہے۔ نلاہٹ کے لیے خاکی رنگ۔
کرنجی آنکھ (ہ امث) نیلی آنکھ۔ کیری آنکھ۔
کرنڈ (ہ امذ) لاکھ اور ریت وغیرہ سے بنا ہوا پتھر جس سے سان بناتے ہیں۔
کرنڈی (ہ امث) کچے ریشم کی لنگی۔ سر کی چادر۔
کرنسی آفس (انگریزی امذ) نوٹوں کا روپیہ بدلنے کا دفتر۔
کرنسی نوٹ (انگ امذ) کاغذی سکہ۔ زر کاغذی۔
کرنک (ا اصف) سوکھا۔ کرارا۔
کرنیل۔ یا۔ کرنل (انگریزی امذ) فوج کا اعلیٰ افسر۔ سرلشکر۔
کرنی نہ کرتوت پھوہڑ لڑنے کو مضبوط }
کرنی نہ کرتوت لونڈی لڑنے کو مضبوط } (ا امثل) مفت کے شیخی خورے اور بدمزاج کی نسبت بولتے ہیں جو کام کاج تو کرتا نہیں نکھٹو کو شیر ہے۔
کرُوا (ہ امذ) مٹی کا ٹونٹی دار بدھنا لوٹا۔
کرُوا چوتھ (ہ امث) ہندوؤں کے ایک تیوہار کا نام ہے جو کاتک کی چوتھی تاریخ کو ہوتا ہے۔
کرُوانا (ہ) کام بنوانا۔ کام لینا۔ خاص کام کروانا۔
کرّوبی (ع امذ) اعلیٰ رتبے کا فرشتہ۔
کرّوبیاں (ف امذ) کرّوبی کی جمع بقاعدۂ فارسی۔ اعلیٰ فرشتے۔
کرَوت (ہ امذ) بڑا آرا۔
کرَوٹ (ہ امث) پہلو۔ رُخ۔ جانب۔ طرف۔ طور۔ ڈھنگ۔ طریق۔
کرَوٹ بدلنا (ہ) پہلو بدلنا۔ رُخ بدلنا۔ انقلاب ہونا۔ زمانے کا پھر جانا۔
کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے (ا امحاورہ) خدا اسے تعالیٰ مغفرت کرے۔
کروٹ لینا (ہ) پہلو بدلنا۔ پیٹھ موڑنا۔ منہ پھیرنا۔ انقلاب اختیار کرنا۔ پلٹی کھانا۔
کروٹوں میں رات کاٹنا (ہ) بے چینی سے رات گزارنا۔ بے قرار رہنا۔
کروٹیں بدلنا (ہ) بستر پر بے قرار رہنا۔ تڑپنا۔ آرام سے نہ سونا۔ تڑپ کر رات کاٹنا۔
کرُودھ (س) غصہ۔ خفگی۔ طیش۔ غضب۔
کرُودھی (ہ) غضب ناک۔ غضبی۔ غصیل۔
کرُوڑ (ہ) سو لاکھ کی گنتی (۱۰۰۰۰۰۰۰)
کرُوڑپتی (ہ) کروڑ روپے کی عزت اور ساکھ والا۔ کروڑ کا مالک۔ بڑا بھاری مال دار۔
کرُوڑ کی ایک بات (ہ امحاورہ) کروڑ باتوں کا نچوڑ۔ تجربہ کی بات۔

نہایت پختہ بات -
کرُوڑوں (ہ امذ) کروڑ کی جمع - لاتعداد -
کرَنڈا (ہ امذ) ایک سُرخ و سفید رنگ کے پھل کا نام ہے - کان کے پاس کا غدود - کان کی گلٹی -
کرُوہ (ف امذ) کوس - تین یا چار ہزار گز کی مسافت -
کرُوی (ہ) کرہ کی شکل کی گول مدوّر -
کرَہ (ع امذ) گولا - گیند - ہر گول شئے -
کرۂ ارض - یا - کرۂ زمین (ع امذ) زمین کا گولہ - تمام زمین جو گیند کی شکل پر ہے -
کرَّی (ہ امث) خستہ - بھربھری - کُرکُری -
کرے ایک پکڑے جائیں سب (ہ امحاورہ) ایک فرد کی بُرائی سے تمام قوم پر الزام لگ جایا کرتا ہے -
کریا کرم - یا - کریا (ہ) پہلا مذکر - دُوسرا مؤنث - کام دھندا - تجہیز تکفین - مذہبی فرض - گور گڑھا - مُردے کی خاص رسُوم جو ہندوؤں میں مروّج ہیں -
کرُیال (ہ امث) پرندوں کا اپنے پروں اور بازوؤں کو کھجلانا - امن - آرام - بے فکری -
کرُیال میں آنا (ل) خوشی میں آنا - پرندوں کا خوشی سے پروں کو سہلانا - پھڑپھڑانا - صاف کرنا - مزے میں آنا - خوش ہونا -
کریپ (ا امث) ایک انگریزی ریشمی کپڑے کا نام ہے -
کرُیت (ہ امث) رکات بمعنی بدرسیت بمعنی رسم (رسم بد - بُرا دستور - بد چلنی -
کریٹ - بحیرۂ ایجین کا ایک جزیرہ - کینڈیا دار الحکومت ہے - اناج - روئی اور ریشم پیدا وار ہے -
کرُید (ہ امث) چھان بین - تلاش - کاوش - کوشش - ڈھونڈیا -
کرُید کرُید کر پوچھنا (ا امحاورہ) ہر پہلو سے دریافت کرنا -
کرُید میں رہنا (ا امحاورہ) کسی کی بُرائی کی تلاش میں رہنا -
کرُیدنا (ہ) کھودنا - جڑ خالی کرنا - کسی نوک دار شئے سے کھودنا - تلاش کرنا - کھود کر باہر نکالنا - کھُرچنا - خلال کرنا -
کرُیدنی (ہ امث) چُولہے یا تنور وغیرہ کی آگ کو اُلٹ پلٹ کرنے کا آلہ - کھُرچنے کا آلہ - کھٹکا - خلش -
کریڑا (ہ امث) ہنسی - ٹھٹھول - مزاح - مذاق - تمسخر - ظرافت -
کریز (ہ امث) پرندوں کے پُرانے پر گرا کر نئے پر نکالنا - پر جھاڑنے کی حالت -
کریز چھوڑنا (ہ) پُرانے پر جھاڑ کر نئے پر نکالنا -
کریل (ہ امذ) ایک خاردار جھاڑی کا نام - کریر - جس کے ٹینٹ اچار کے کام آتے ہیں -
کریلا (ہ امذ) ایک نہایت کڑوی ترکاری ہے جو پک کر مزے دار ہو جاتی ہے -
کریلا اور نیم چڑھا (ہ امثل) ایک تو مزاج میں تیزی تھی ہی - دوسری بات نے اور بڑھا دی -
کریلا دھار (ا امذ) چوڑی کی ایک خاص وضع - ایک قسم کی آتش بازی -
کریل ڈالنا - یا - کریلنا (ہ) کریدنا - کھولنا - نکالنا -
کریم (ع) بخشنے والا - گناہ معاف کر دینے والا - سخی - داتا - فیاض - رحیم - خدا تعالیٰ کا ایک صفتی نام -
کریمی (ع امث) سخاوت - بخشش - فیاضی - عنایت - مہربانی -
کریمیا - بحیرہ اسود کے کنارے جزیرہ نما ہے - یہاں انگریزوں اور روسیوں کی جنگ ہوئی تھی -
کرُیوہ (ف) ٹیلہ -
کریہہ (ع) مکروہ - گھناؤنا - قابلِ نفرت - بدشکل - بھونڈا -
کریبین بحیرہ - جنوبی امریکہ کے شمال میں ہے یہاں سے شمالی خطِ استوا کی رَو گزرتی ہے اور آگے جا کر خلیجی گرم رَو بن جاتی ہے -
کریسی - فرانس کا تاریخی مقام جہاں انگریزوں اور فرانسیسیوں کی لڑائی ہوئی تھی -
کریہہ الصَّوت (ع) بد آواز - بڑی بھونڈی اور ناگوار آواز والا -
کریہہ المنظر (ع) بدشکل - بدصورت - گھناؤنا - بدنما -

ک - ڑ

کرُڑ (ہ امث) کسم کے بیج - کرڑ - گاڑی چھکڑے وغیرہ کا ایک پہلو پر اُلٹ جانا -
کرُڑ کھانا (ہ) گاڑی کا ایک پہلو پر اُلٹ جانا - اُلٹ پلٹ ہو جانا -
کرُڑ (ہ امذ) کیڑے کا مخفف ہے - کرم (مرکبات میں)
کرُڑ کھایا (ہ) کیڑوں کا کھایا ہوا - گھُن لگا - گھُن کھایا -
کڑا (ہ) سخت - شدید - تُند مزاج - رُوکھا - بے رحم - کٹھور - طاقتور - زور آور - کرارا - تُند - تیز - متحمل - برداشت کرنے والا - سُورما - بہادر - لوہے کا حلقہ - کنڈا - ہاتھ میں پہننے کا باریک زیور - قبر یا مزار کی ڈاٹ - لداؤ کی عمارت - کٹھن - دشوار - مُشکل -
کڑا پن (ہ امذ) سختی - تُند مزاجی - بے رحمی - زور آوری - تُندی - تیزی - بہادری -
کڑا سما (ہ امذ) قحط کا زمانہ - کال کے دن - گرانی کا وقت - افلاس کا زمانہ - بُرے دن -
کڑا کرنا - یا - کر لینا (ہ) جسم اکڑانا - سخت کرنا - مضبوط کرنا - چُست کرنا - کسنا - جکڑنا - سختی جھیلنا - دلیر کرنا - حوصلہ افزائی کرنا - بھاؤ چڑھانا - بھاؤ تیز کرنا -
کڑا لگانا (ہ) لداؤ کا مکان بنوانا - لداؤ کی چھت ڈالنا -

کڑاڑا (ہ/مث) ساحل بلند دریا - دریا کا اُونچا اور سیدھا کھڑا ہوا کنارا۔

کڑاکا (ہ/مذ) کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز - فاقہ - سخت - نہایت شدّت کا -

کڑاکا گزرنا (ہ) فاقہ ہونا - بھوکا رہنا -

کڑاکڑ (ہ/مذ) کسی سخت چیز کے لگاتار ٹوٹنے یا بجنے کی آواز۔

کڑاکے کا جاڑا (ہ/مذ) شدّت کا جاڑا - سخت سردی - کڑکڑاتا جاڑا۔

کڑاکے کا فاقہ (ہ/مذ) سخت بھوک - شدّت کا فاقہ۔

کڑاوا (ا/مذ) بے پَر کی بات -

کڑاہ (ہ/مذ) بڑی کڑھائی - لوہے کا بڑا کڑاہا (پنجابی ترحلوا)

کڑاہی (ہ/مث) کڑھائی - لوہے کا برتن جس میں پکوان پکاتے یا دُودھ اوٹاتے ہیں - پکوان - تلی ہوئی چیز - شیرینی - (پنجابی ترحلوا)

کڑاہی باندھنا (ا/محاورہ) جادُو کے زور سے کڑاہی کو گرم نہ ہونے دینا۔

کڑاہی چڑھنا (ہ) کسی چیز کے تلنے کے لیے کڑاہی کا چولھے پر رکھا جانا - پکوان پکنا - (ہندو) شادی کے کھانوں اور ضیافت کا سامان ہونا -

کڑاہی کرنا (ا/محاورہ) نذر و نیاز کے لیے کچھ پکانا -

کڑاہی میں ہاتھ ڈالنا (ہ) اپنی سچائی ثابت کرنے کو اُبلتے تیل میں ہاتھ ڈال دینا - بے گناہی کا امتحان اور ثبوت دینا۔

کڑ بڑی ڈاڑھی (ہ/مث) دورنگی داڑھی سفید و سیاہ داڑھی۔

کڑبی (ہ/مث) جوار باجرے یا مکئی کی چری کڑوی -

کڑک (ہ/مث) بجلی کی آواز - ہیبت اور سخت آواز - گھوڑے کی سرپٹ چال - بجلی - برق - کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز -

کڑک بانکا (ہ/مذ) بانکا - ترچھا جوان - جس کی آواز سے ڈر جائیں - چھیل چھبیلا - چھبیلا -

کڑک (ہ/مث) انڈے دینے سے رُکی ہوئی مُرغی - مست مُرغی - صاف - کورا - خالی -

کڑکا (ہ/مذ) بجلی کا شور - کڑکا - میدانِ جنگ میں دل بڑھانے والے گیت - رجز - نقیبوں کی آواز - بہادری کے گیت - نقیبوں کی آواز - بہادری کے گیت - ساکھا - رزم نامہ -

کڑکڑ (۲) جاڑا (ہ/مذ) بڑے زور کی سردی - شدّت کا جاڑا -

کڑکڑانا (ہ) گھی کے داغ ہونے کی آواز نکلنا - بگھارنا - داغ کرنا -

کڑکڑانا (ہ) مُرغیوں کا بولنا - بڑبڑانا - بُرا بھلا کہنا - حسد کرنا - دشمنی سے جلنا -

کڑکنا (ہ) تڑخنا - چٹکنا - چڑمڑ ہونا - موتی کا ٹوٹ جانا - موتی میں بال آ جانا -

کڑکیت (ہ/مذ) کڑکا گانے والا - رزمیہ داستانیں گا کر سُنانے والے - نقیب جو بادشاہوں کی سواری کے آگے آگے چلتے ہیں -

کڑنگا (ہ/مذ) سخت گو - سخت کلام کرنے والا -

کڑوا (ہ) تلخ - افیون یا نیم کے مزے کا - تیز - چرپرا -

کڑوا تیل (ہ/مذ) سرسوں یا تارامیرا کا تیل - روغنِ تلخ -

کڑوا دل کرنا (ہ) دل کو سخت کر لینا - سختی جھیلنا - سختی کو برداشت کرنا -

کڑوا زہر (ہ/مذ) مہلک زہر - نہایت تلخ - کڑوا نیم سا -

کڑوا کریلا (ہ/مذ) نہایت بدمزاج - تیز مزاج -

کڑوا کریلا نیم چڑھا (ہ) بدمزاج تو تھے ہی ناگوار بات نے اور چڑچڑا کر دیا -

کڑوا کڑوا تھو تھو - میٹھا میٹھا ہپ ہپ (ا/مثل) بُری چیز چھوڑ دینا اور اچھی لے لینا -

کڑوا کسیلا (ہ) تلخ - ناقابلِ برداشت - ناگوار -

کڑوا لگنا (ا/محاورہ) تلخ معلوم ہونا - ناگوار ہونا - بُرا معلوم ہونا -

کڑوا ہونا } (ہ) تلخ ہونا - بدمزہ ہونا - خفا کرنا -
کڑوانا } بدمزاجی برتنا -

کڑواپن (ہ/مذ) تلخی - تندی - بدمزاجی -

کڑواہٹ - یا - کڑواٹ (ہ/مث) تیزی - تندی - تلخی -

کڑوڑ (ہ/مذ) سولاکھ (۱۰۰۰۰۰۰۰)

کڑوڑگیری (دکن) چنگی کا محکمہ -

کڑوڑا (ہ/مذ) حاکمِ اعلیٰ - افسروں کا افسر - حاکموں کا حاکم -

کڑوی (ہ/مث) مکئی یا باجرے کی چری - کڑب - کڑبی -

کڑوی (ہ/مث) کڑوا کی تانیث - تلخ - تیز - تند - بدمزہ -

کڑوی بات (ہ/مث) بُری بات - ناگوار بات -

کڑوی روٹی - یا - کھچڑی (ہ/مث) بھتّی - نانِ مرگ - کسی کے مر جانے پر رشتہ داروں کی طرف سے آیا ہوا کھانا -

کڑوی نگاہ (ہ/مث) غضب ناک نظر - خفگی کی نظر -

کڑوے کسیلے دن (ہ/مذ) سختی کے دن - تنگی کا زمانہ - بیماری کا موسم - موسمی بیماریوں کے دن - اگیا مہینہ - حمل کا آٹھواں مہینہ -

کڑوے گھونٹ (ہ/مذ) ناگوار اور سخت بات - دشوار اور مشکل کام -

کڑوے نیم کا طوطا (ا/مذ) ذہین طوطا -

کڑھاپا (ا/مذ) تکلیف - خفگی -

کڑھانا (ہ) رنجیدہ و ملول کرنا - دُکھ دینا - کلپانا - دانستہ ناراض کرنا -

کڑھا ہوا (ہ) کشیدہ - زردوزی وغیرہ کا کام - جوش دیا ہوا دُودھ - کھینچا ہوا - مقطّر کیا ہوا -

کڑھنا (ہ) رنجیدہ ہونا - ملول ہونا - رحم آنا - ترس آنا - دِل دُکھنا - افسوس کرنا - سوچ کرنا - غم کھانا - کلپنا -

کڑھنا (ہ) نکلنا - باہر آنا - دُودھ کا اُبلنا - پختہ ہونا - تجربہ حاصل کرنا -

کشیدہ کاری ہونا۔

کڑھوانا (ف) کشیدہ نکلوانا۔ باہر کرانا۔ کوئی چیز گروی رکھ کر قرض لینا۔

کڑھی (ا مث) ایک قسم کا سالن۔ جو بیسن، دہی اور مسالا وغیرہ سے تیار ہوتا ہے۔

کڑھی کا سا ابال (ا مذ) جلد اُتر جانے والا غصّہ۔ فوراً ختم ہو جانے والا ارادہ۔

کڑھی میں کوئلہ (ا مث) اچھی بات میں خرابی۔

کُڑی (ا مث) مُرغیوں کو ہنکانے کی آواز۔ لڑکی (پنجابی)

کڑی (ا مث) کڑا کی تانیث۔ سخت۔ مضبوط۔ کرخت۔ سختی سہنے والی۔ کٹھن۔ مشکل۔ تیز۔ تند۔ غضب ناک۔ خشمناک۔
(ا مث) جریب کا ایک حصّہ۔ چھت کا تیر۔ شہتیر کے اوپر کا برگا۔ بالا۔ چاندی یا سونے کا باریک اور پتلا حلقہ۔ دکھ۔ رنج۔ صدمہ۔ بپتا۔ ہندی نظم کا بند۔ پاؤں کے ایک زیور کا نام بھی ہے۔

کڑی آنا (ف ا / محاورہ) مصیبت آنا۔

کڑی آنچ (ا / ا مث) تیز آنچ۔

کڑی آنکھ (ا / ا مث) غصّہ کی نظر۔

کڑی اُٹھانا / کڑی جھیلنا } (ف) مصیبت برداشت کرنا۔ سختی جھیلنا۔ سخت بات سہنا۔

کڑی بات (ا مث) ناگوار بات۔ سخت بات۔ بڑی کٹھن بات۔ مشکل۔

کڑی سنانا (ف) سخت بات کہنا۔ ناگوار بات کہنا۔

کڑی کمان (ا / ا مث) سخت کمان۔

کڑی کمان کا تیر (ا / ا) نہایت تیز چلنے والا۔ بہت ہی تیز رفتار۔

کڑی منزل (ا / ا مث) کٹھن راستہ۔ مشکل راہ۔

کڑیل جوان (ا / ا مذ) قدآور جوان۔ زوردار آدمی۔

ک - ز

کُزاز (ع) سینہ، گردن اور جوڑوں کا درد۔

ک - ژ

کژدُم (ف ا مذ) بچھو۔ عقرب۔

ک - س

کَس (ف ا مذ) آدمی۔ شخص۔ مرد۔ کوئی۔ کدام۔ اہل۔ لائق۔ قابل۔

کس نمے پرسد کہ بھیّا کون ہو / تین ہو یا ڈیڑھ ہو یا پون ہو } (ف / ا مثل) غریب اور کنگال آدمی کو کوئی نہیں پوچھتا کہ تو کس حال میں ہے اور کس قابلیت کا ہے۔

کَس و ناکس (ف ا مذ) لائق و نالائق۔ ادنیٰ و اعلیٰ۔ خاص و عام۔ ہر شخص۔

کَس (ہ ا مذ) بل۔ زور۔ قوت و طاقت۔ سونے وغیرہ کا امتحان۔ آزمائش۔ پرکھ۔ تلوار کا جھکاؤ۔ کسی رنگ دار چیز کا عرق۔ اصل حقیقت۔ ذات۔ کیکر کے درخت کی چھال۔ کساؤ کا مخفف۔

کَس بَل (ہ ا مذ) زور و بل۔ دم خم۔ تلوار کا پیچ و خم۔ تاب و طاقت۔

کس دیکھنا (ف) سونے کو کسوٹی پر پرکھنا۔ کھرا کھوٹا معلوم کرنا۔ امتحان کرنا۔

کِس (ہ) کون۔ کدام۔

کس بات پر بھولا ہے (ف ا محاورہ) کس غرور میں ہے۔ کس گھمنڈ میں ہے۔

کس باغ یا کھیت کا بتھوا ہے / کس باغ کی مولی ہے } (ف ا محاورہ) بالکل ناچیز۔ نہایت بے حقیقت ہے۔ کچھ مال نہیں۔ کسی گنتی میں نہیں۔ کون پوچھتا ہے۔

کس برتے پر تتّا پانی (ہ / ا مثل) کس حوصلے پر شیخی مارتے ہو۔ اس حالت پر اور یہ گھمنڈ۔

کس بلا کا ہے (ف ا محاورہ) بے حد تعریف کے موقعہ پر بولتے ہیں۔ کس غضب کا ہے۔ بڑا بے ڈھب ہے۔

کس بلا کو پیچھے لگا دیا (ف ا محاورہ) کسی ضدی سے پالا پڑنے کے موقعہ پر بولتے ہیں یعنی کس مصیبت میں پھنس گئے۔

کس پتھر سے سر پھوڑیں (ف / ا مثل) کس سے فریاد کریں۔

کس پر پھولے ہو (ف / ا مثل) کس بات پر غرور ہے۔

کس جانور کا نام ہے (ف / ا محاورہ) بے حقیقت چیز ہے۔

کس چکی کا پیسا کھایا ہے (ف ا محاورہ) یعنی ایسا موٹا کس آٹے کی تاثیر نے کر دیا۔ وہ کونسی چکی کا ہے۔

کس کافر کو اعتبار آئے گا (ف / ا محاورہ) کسی کو اعتبار نہیں آئے گا۔

کس کام کا - یا - کس کام کی (ف ا محاورہ) کس غرض کا۔ بالکل نکما۔ ردّی۔ کسی مطلب کا نہیں۔

کس کس دُکھ کو جھیلا ہے (ف ا محاورہ) بہت طرح کی مصیبتیں اُٹھائی ہیں۔ کون سی تکلیف نہیں اُٹھائی۔

کس کس دُکھ کو روئیں (ف / ا محاورہ) کس کس تکلیف کا ذکر کریں۔

کس کو (ف) کسے۔ کس آدمی کو۔

کس کی بکری کون ڈالے گھانس (ہ/مثل) اپنی چیز کی نگہداشت ہر کوئی کرتا ہے۔ غیر کی چیز کی حفاظت کوئی نہیں کرتا ہے۔

کس کی ماں کو ماں کہنا (ہ/محاورہ) کسی سخت مصیبت کے پیش آنے یا اپنے عزیز کی ہلاکت متصور ہونے کے وقت بولتے ہیں یعنی یہ حالت ہوجاتی تو ہم کبھی درد مند سے اپنی مصیبت کہتے کس کو اپنا مددگار اور ہمدرد بنا تے۔

کس مرض کی دوا ہے | کس مرض کی دوا ہو } (ہ/محاورہ) بالکل نکما اور بے فائدہ ہے۔ کسی کام کا نہیں۔

کس مُنہ سے (ہ) بات کرنے کا منہ نہیں۔ کس دلیل سے۔ کس وجہ سے۔ کیا مُنہ لے کر۔ کس عزت پر۔ کس حوصلہ سے۔ کس دلیری پر۔ کس لیاقت اور خوبی پر۔

کس نیند سونا۔ یا۔ سو رہا ہے (ہ/محاورہ) نصیحت اور عبرت حاصل کر۔ کیوں اتنا غافل ہے۔ کس بےخبری میں ہے۔

کس وقت (ہ) کب۔ کس گھڑی۔

کسا (ہ) کم وزن۔ اُڑتا ہوا تول۔ کھنچا ہوا۔ تنگ۔ تنا ہوا چُست۔ بھنچا ہوا۔

کِسا (ع) چادر۔ گلیم۔ کملی۔

کسا کسایا (ہ) بالکل سجا ہوا۔ تیار۔ مستعد۔ کاٹھی رکھا ہوا۔ کیل کانٹے سے دُرست۔

کُسا (ہ) پھاوڑا۔ کُدال۔ بسا کا مرادف۔ جیسے بسا کُسا۔

کَسا (ہ/مذ) کیکر کی چھال۔ کیکر کی چھال کی بنی ہوئی شراب۔ ٹھرّا۔

کَساد (ع/مث) جنس کا نہ بکنا۔ بے رونقی۔ گاہک نہ ہونا یا بہت کم ہونا۔

کَساد بازاری (عف/مث) بکری کا نہ ہونا۔ بے رونقی ہونا۔

کَسالا (ہ/مذ) دُکھ۔ تکلیف۔ درد۔ پیڑ۔ محنت۔ مشقت۔ تکلیف کی برداشت۔ بپتا۔ کس۔ سُستی۔ کاہلی۔

کَسالت (ع/مث) سُستی۔ کاہلی۔

کسامسی (ا/مث) تکلیف۔

کِسان (ہ/مذ) کھیتی کیاری کرنے والا۔ زمیندار۔ کاشت کار۔ جوتا۔ بویا۔

کَسانا (ہ) امتحان کرانا۔ کسوٹی پر لگوانا۔ پرکھوانا۔ تُلوانا۔ کچھوانا۔ مشکل کاموں میں آدمی کا امتحان کرانا۔

کَساوُ (ہ/مذ) تناؤ۔ کھچاوٹ۔ کسیلاپن۔ بدمزگی۔ تانبے یا پیتل کے بن قلعی برتن میں کسی کھٹی چیز کے رکھنے سے جو کیفیت اور زنگ اور مزہ ہوتا ہے اُس کا نام۔

کَساوٹ (ہ/مث) تناؤ۔ کھچاؤ۔ چُستی۔ تنگی۔

کُسب (ع) کھلی۔ ثُفل روغن۔

کَسب (ع/مذ) کمانا۔ حاصل کرنا۔ دھندا۔ پیشہ۔ ہنر۔ فن۔ عورت کی بدکاری کی کمائی۔

کسب کمال کُن کہ عزیز جہاں شوی (ف/مقولہ) کسی ہنر میں کمال حاصل کرتا کہ تو دُنیا میں ہر دلعزیز ہو۔

کسب کمانا۔ یا۔ کرنا (ہ) بدکاری سے کمانا۔ پیشہ کرنا۔

کِسبت (ا/مث) نائیوں کا اوزار رکھنے کا چمڑے کا تھیلا۔ جراح کی تھیلی۔ سقوں کا پڑلا جو مشک کے نیچے چوتڑ پر رکھ لیتے ہیں۔ صحیح لفظ کِسوت ہے۔

کِسبت نامہ (ا/مذ) وہ کتاب جس میں جراحوں، حجاموں اور اُن کے پیشے کا حال درج ہو۔

کَسبی (عف/مذ) پیشہ ور۔ ہُنرمند۔ کاریگر۔ پیشہ یا ہُنر سے کمایا ہوا روپیہ (مث) فاحشہ عورت۔

کَستُورا (ہ/مذ) ایک قسم کا ہرن جس کی ناف سے مُشک کا نافہ نکلتا ہے ایک قسم کی سینگ دار مچھلی۔ ایک نہایت خوش آواز پرندے کا نام۔ بابیل کا لُعاب جو نہایت متعفن ہوتا ہے۔

کَستُوری (ہ/مث) مُشک۔ نافہ۔ مرگ مَد۔ مجازاً۔ ہر قیمتی شے۔

کَسٹم (انگریزی) چُنگی کا محصول۔ رسم و رواج۔

کَسٹمر (انگریزی) گاہک۔ خریدار۔ سوداگر۔

کَسر (ع/مث) ٹوٹ پھوٹ۔ ٹکڑا۔ ٹوٹا ہوا۔ زیر کی حرکت۔ علم حساب میں اکائی کے کئی حصوں میں سے ایک حصّہ۔

کسر باقی نہ رکھنا (ہ) کمی نہ کرنا۔ ذرا کوتاہی نہ کرنا۔ بُرائی کرنے سے نہ چُوکنا۔

کسر پڑنا۔ یا۔ رہنا (ہ) گھاٹا پڑنا۔ کمی رہنا۔ نُقصان ہونا۔

کسر شان (ع/مث) شان کے خلاف آبرو میں بٹّا لگانے والی بات۔

کسر غیر واجب یا ملفوظی (ع/مث) مخرج سے بڑے شمار کنندہ والی کسر۔

کسر کھانا (ہ) نقصان اُٹھانا۔ گرہ سے دینا۔ گھاٹا بھرنا۔

کسر مُرکب (ع/مث) صحیح عدد ساتھ رکھنے والی کسر۔

کسر مضاف (ع/مث) کسر کی کسر۔

کسر ملتف (ع/مث) جس کے شمار کنندہ یا مخرج یا دونوں میں کسر مرکب یا مضاف ہو۔

کسر مُفرد (ع/مث) سادہ کسر۔ مساوی کسر۔ جیسے $\frac{1}{2}$ ۔

کسر نکالنا (ہ) کمی پوری کرنا۔ بدلہ لینا۔ اِنتقام لینا۔

کسر واجب (ع/مث) جس کا شمار کنندہ مخرج سے چھوٹا ہو۔

کسرات (ع/مث) کسر کی جمع جبلی اُرغُنت وغیرہ کے کٹی ہوئی اور بجیت میں ڈالی ہوئی رقمیں۔

کَسرت (ع/مث) ورزش۔ ریاضت۔ مشق۔ مہارت۔

کَسرتی (ع/مذ) ورزش کرنے والا۔ ورزش کیا ہوا۔ ورزشی۔

کسرہ (ع/مث) زیر۔ زیر کی حرکت۔

کِسریٰ (ع/مذ) خسرو کا لقب۔ نوشیرواں عادل کا نام۔ عجم کے بادشاہوں میں سے ہر ایک کا لقب۔

کَسک (ہ/مث) دُکھ۔ درد۔ پیڑ۔ ٹیس۔ چبک۔ ہلکا درد۔

کسک آنا (ہ) چوٹ لگنا۔ درد ہونا۔ جھٹکا لگنا۔

کسک اُٹھنا (ہ/محاورہ) ٹیس آنا یا ہونا۔ درد ہونا۔

کسک مٹانا۔ یا۔ نکالنا (ہ) تکلیف دُور کرنا۔ دُکھ کھونا۔ خواہش

نقصان پوری کرنا۔
کُسکُٹ (ہ/مذ) بھرت - کانسی - پھول - کئی طرح کی ملی ہوئی دھات۔
کَسکنا (ہ) ٹیس ہونا - ہلکا ہلکا درد ہونا - پیڑ ہونا - چسکنا - چبکنا۔
کُسکر (ہ/مذ) کمہار - کوزہ گر - مٹی کے برتن بنانے والا - کاسہ گر کا مخفف۔
کَسَل (ع/مذ) تھکاوٹ - تکان - ناتوانی - کمزوری - سُستی - کاہلی - بیماری۔
کَسَلمند (عف) بیمار - رنجور - علیل۔
کُسَل (ہ/مذ) تندرستی - خیر و عافیت - صحت۔
کَسُم - یا - کُسُمبھ (ہ/اس/مذ) کرڈ کا پھول جس سے سُرخ رنگ نکلتا ہے۔
کسم کا آزار ہونا (ل) متواتر حیض آتے رہنا - پیڑا چھوٹنے کا مرض ہونا۔
کُسمسانا (ہ) بل کھانا - پہلو بدلنا - ہلنا - گھبرانا - تڑپنا - تنگ ہونا - بے چین اور بے کل ہونا۔
کُسمساہٹ (ہ/مث) بے چینی - اضطراب - بے قراری۔
کَسَن (ہ/مذ) درد تکلیف - ضرر - زخم۔
کَسنا (ہ/مذ) بستر بند - پلنگ کسنے کی ڈوری - خوان پوش - پٹاری کا غلاف - چھینکا۔
کَسنا (ہ) جکڑنا - کھینچنا - تاننا - مضبوط کر کے باندھنا - چُست کرنا - باندھنا - تلوار کو جھکا کر اس کا امتحان کرنا - کھرا کھوٹا پرکھنا - کسوٹی پر لگانا - جانچنا - آزمائش کرنا - دام بڑھانا - کم تولنا - بٹیروں کو اُڑانا - ستانا - دِق کرنا - مارنا - پھینکنا - بندوق بھرنا - نشست لگانا۔
کُسنبالے (ا/مذ) ایک قسم کے پرندے۔
کُسنگ (ہ/مذ) (کُ بمعنی بد اور سنگ بمعنی ساتھ) بُری صحبت - بُرا ساتھ - بُری سنگت۔
کِسنی (ہ/مث) کاشت کاری - کسانوں کا پیشہ۔
کِسُو (ہ) کسی۔
کُسوانا (ہ) بد دُعا دلوانا - بُری دُعا لینا۔
کِسوت (ع/مث) لباس - پوشاک۔
کَسوٹی (ہ/مث) کس دیکھنے کی ٹِکیا - محک - سنگ عیار (کس + بٹی - وٹی)
کسوٹی پر رکھنا - چڑھانا - کسنا - یا - لگانا (ہ) پرکھنا - امتحان کرنا - آزمانا - جانچنا۔
کُسُور (ع/مث) کسر کی جمع۔
کُسُور اعشاریہ (ع/مث) دس یا دس کی کسی قوت کے نسب نما والی کسریں۔
کُسُور عام (ع/مث) عام اعداد کے نسب نما والی کسریں۔
کُسُوف (ع/مذ) سُورج گرہن - چاند کا زمین اور سُورج کے درمیان آجانا۔
کَسُون (ل) طاق گھوڑا - بھینگا - احول - ٹیڑھی نظر والا۔
کَسّی (ہ/مث) چھوٹا پھاوڑا - بیلچہ - کلند - دو قدم کے برابر فاصلہ کا ایک پیمانہ۔
کَسے (ف) کوئی شخص - کوئی آدمی - کوئی مرد۔
کَسے باشد (ف) کوئی ہو۔
کِسی (ہ) کوئی آدمی - کوئی چیز - فُلاں - مجازاً - اِشارہ بسوئے معشوق - کنایۃً - معشوق و عاشق۔
کَسیدہ (ع) کھوٹی چیز - متاع بے رواج۔
کسی پہلو (ا/متعلق فعل) کسی ڈھب - کسی طریقہ سے۔
کسی کو سائی کسی کو بدھائی (ہ/مثل) ہر ایک سے وعدہ وعید - جھوٹی خاطر داری۔
کسی طرح - یا - کسی عنوان (ل) کسی طور - کسی ڈھب۔
کسی قابل نہ رکھنا (ا/محاورہ) مفلس کر دینا - بے کار کر دینا۔
کسی قدر (ا) ذرا سا - قدرے - قلیل - تھوڑا سا - کتنا ہی - بہت کچھ۔
کسی کا دیا نہیں کھاتا (ا/مثل) کسی کا محتاج نہیں - دست نگر نہیں۔
کسی کا کچھ بس نہیں چلتا (ہ) قابو سے باہر ہے - کسی کی پیش نہیں جاتی۔
کسی کا کلمہ بھرنا - یا - پڑھنا (ل) کسی پر ایمان لانا - نہایت منقاد و مطیع ہونا - ہر وقت یاد کرتے رہنا۔
کسی کا گھر جلے کوئی تاپے (ہ) کسی کا نقصان ہو اور کوئی خوشی منائے۔
کسی کا ہاتھ چلے کسی کی زبان (ل/مثل) ایک آدمی مارتا ہے - دوسرا گالیاں دے کر دل کی بھڑاس نکال لیتا ہے۔
کسی کا ہو رہنا (ہ) کسی کا دوست ہو جانا - فرماں بردار بن جانا - غُلام بن رہنا۔
کسی کو اپنا کر رکھو } یا کسی کے ہو رہو } (ہ/کہاوت) خواہ کسی کو اپنا فرماں بردار بنا لو یا کسی کے فرماں بردار ہو جاؤ - یکسوئی بہتر چیز ہے - اتفاق اور توسل ہر حال میں قوی ہوتا ہے۔
کسی کو اُڑانا (ہ) ہنسی اور مذاق میں ٹالنا - بہکانا - دھوکا دینا - عورت کو بھگانا۔
کسی کو آنکھ اُٹھا کر نہ دیکھنا (ہ) نہایت بے پروائی برتنا - نہایت شرمیلا ہونا۔
کسی کو بیگن بیالے کسی کو ان پچے (ہ/مثل) کسی کو کوئی چیز موافق کسی کو ناموافق - ایک چیز ایک کو فائدہ دیتی ہے - دوسرے کو نقصان۔
کسی کو خیال میں نہ لانا (ل) کسی کو کچھ نہ سمجھنا - کسی کی پروا نہ کرنا۔
کسی کی آگ میں پڑنا - جلنا - گرنا (ہ) دوسرے کی مصیبت اپنے سر لینا - ہمدردی کرنا۔
کسی کی آئی مجھے آ جائے (ہ/محاورہ) نہایت غصے کی حالت میں

اپنے آپ کو بددعا کا فقرہ ہے۔ یعنی کسی کی موت مجھے آجائے اور لے جائے۔

کسی کے پالے پڑنا (ہ) کسی کے قابو میں آنا۔ کسی سے تعلق اور واسطہ ہونا۔

کسی کے حال پر رونا آنا (ہ) کسی پر ترس آنا۔ رحم آنا۔ افسوس کرنا۔

کسی کے حق میں کانٹے بونا (ہ) کسی کے لیے بُرائی کرنا۔ کسی کی طرف سے بدظنی پیدا کرنا۔

کسی کی خبر لینا (ہ) کسی کی خبر گیری رکھنا۔ اچھا سلوک کرنا۔ مارنا۔ سیدھا کرنا۔ پیٹنا۔ کسی کو سزا دینا۔ لعنت ملامت کرنا۔ بیمار پُرسی کرنا۔ نیز سلاً لینے جانا۔

کسی کی رُوح پیاسی تھی (ا) (محاورہ) جب پانی کا گھڑا وغیرہ خودبخود ٹوٹ جائے تو یہ فقرہ بولتے ہیں۔

کسی کے سر ہونا (ہ) کسی کے ذمہ پڑنا۔ کسی کے پیچھے پڑنا۔

کسی کے پیٹے میں گھی کھڑے کسی کے پیٹے میں پتھر پڑے (ہ) (محاورہ) کوئی اچھا ثمرہ پاتا ہے۔ کوئی بُرا پھل۔ کسی کی قسمت اچھی۔ کسی کی بُری۔ ایک ہی کام امیر کی نسبت باعث عزت اور غریب کی بابت باعثِ ذلت ہوتا ہے۔

کسی کے لتے لینا (ا) بحث و مناظرہ وغیرہ میں کسی کو زچ کر دینا۔ تنگ کرنا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔ گفتگو میں قائل اور عاجز کر دینا۔

کسی کے لینے دینے میں نہ ہونا (ہ) کسی سے مطلب اور واسطہ نہ رکھنا۔

کسی کے ہاتھوں تنگ آنا (ا) کسی سے دق ہونا۔ کسی شخص سے عاجز اور مجبور ہونا۔

کسی لائق ہونا (ا) کسی جوگا ہونا۔ کسی کام میں کامل ہونا۔

کسی مرض کی دوا نہیں (ا) (محاورہ) بے کار ہے بے فائدہ ہے۔

کسی نہ کسی (ہ) کوئی نہ کوئی۔ ایک نہ ایک۔ تاکید کے لیے آتا ہے۔

کسی نہ کسی دن (ا) (متعلق فعل) ایک نہ ایک دن۔ کسی روز۔

کسی نے پیا دُودھ کسی نے پیا پانی } (ہ) (مثل) امیر غریب سب
سب کو ایک سی رین گنوانی } کی گزر جاتی ہے۔ خواہ اچھی خوراک ملے خواہ بُری۔

کسی نے منہ آرسی میں دیکھا کسی نے آئینہ میں (ا) (مثل) ایک ہی بات کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔

کسیا جانا (ہ) کساؤ آجانا۔ کسیلا ہو جانا۔

کسیرا (ہ) (مذ) ٹھٹھیرا۔ کانسی پیتل وغیرہ کے برتن بنانے اور بیچنے والا۔

کسیرو یا کسیرُو (س) (مذ) ایک قسم کی گھاس جس کی جڑ کچی اور بھون کر کھائی جاتی ہے۔

کسیرہٹا (ہ) (مذ) کسیروں کا بازار۔ تانبے پیتل وغیرہ کے برتن بکنے کی جگہ۔

کسیس (ا) (مذ) ایک نہایت تیز پھٹکڑی ہوتی ہے جو لوہے اور گندھک کے پھونکنے سے تیار ہوتی ہے۔

کسیلا (ہ) کساؤ والا۔ بدذائقہ۔ ترش جو زبان اور گلے کو اینٹھے۔

ک ش

کش (ا) (مذ) حقّہ کا دم۔ حقّہ کا گھونٹ۔

کش مکش (ف) (مث) کھینچ تان۔ اینچا تانی۔ رکاوٹ۔ اُلجھاؤ۔ اُلجھیڑا۔ لڑائی جھگڑا۔ تکرار۔ ٹنٹا۔ دِقت۔ دُشواری۔ مشکل۔

کشا (ف) (مذ) کھولنے والا۔ حل کرنے والا۔ راحت دینے والا۔ فراخ۔ کشادہ کرنے والا۔

کشادگی (ف) (مث) کھلا ہونا۔ فراخی۔ وسعت۔ چوڑائی۔

کشادہ (ف) کھلا ہوا۔ فراخ۔ وسیع۔ لمبا۔ چوڑا۔

کشادہ پیشانی (ف) چوڑے اور کھلے ماتھے والا۔ خندہ رُو۔ خوش اخلاق۔

کشادہ دِل (ف) داتا۔ سخی۔ کھلے دل والا۔ عالی حوصلہ۔ فیاض۔

کشاف (ع) نہایت کھولنے والا۔ بالکل ظاہر کر دینے والا۔

کشاکش (ف) (مث) اینچا تانی۔ کھینچا تانی۔ دھکا پیل۔ دھکم دھکا۔ تکلیف۔ فکر۔ تشویش۔ بکھیڑا۔ ہاتھا پائی۔ تکرار۔ چھین جھپٹ۔

کشاورز (ف) (مذ) کھیتی کرنے والا۔ دہقان۔ مزارع۔

کشت (ف) (مذ) قتل۔ مار ڈالنا۔

کشت و خُون (ف) (مذ) خونریزی۔ قتل۔ مارکٹائی۔

کِشت (ف) (مث) کھیتی باڑی۔ کھیت۔ مزروعہ زمین۔ بویا ہوا کھیت۔

کشت زار (ف) (مث) کھیتی۔ زراعت۔ کھیت۔

کشت کار (ف) (مذ) کھیتی باڑی کرنے والا۔ کسان۔ جوتا۔ کاشتکار۔ زمیندار۔

کِشت کاری (ف) (مث) بونا۔ جوتنا۔ کھیتی باڑی۔

کشت کھانا (ا) (محاورہ) شکست ہونا۔ مات ہونا۔

کشتم کشتا (ا) (مذ) گتھم گتھا۔

کشتہ (ف) قتل کیا ہوا۔ مارا ہوا۔ مقتول۔ شہید۔ لاش۔ لوتھ۔ لاشہ۔ ماری ہوئی دھات۔ پھنکی ہوئی دھات۔ عاشق۔ فریفتہ۔ محو۔ مٹا ہوا۔

کشتہ ہونا (ا) مارا جانا۔ قتل ہونا۔ ذبح ہونا۔ کسی دھات کا جل کر راکھ ہونا۔ کسی پر جان دینا۔ کسی پر مرنا۔

کشتی (ف) (مث) بیڑی۔ ناؤ۔ ڈونگا۔ سینی۔ لمبا خوان۔ ایک قسم کی پیالی۔

کشتی بادہ (ف) (مذ) شراب کا پیالہ جس کی شکل کشتی کی مانند ہوتی ہے۔

کِشتی بان (ف/مذ) ملّاح - کشتی چلانے والا - مانجھی -
کِشتی بانی (ف/مث) ملاحی - ملاح کا پیشہ -
کِشتی کھینا (ل) ناؤ چلانا - کشتی کو دریا کے آرپار لے جانا -
کُشتی (ف/مث) لڑنت - گتھم گتھا - دو پہلوانوں کی باہم زور آزمائی -
کُشتی دلانا (ل) پکڑ کرنا - پچھاڑنا - مشق کے لیے شاگرد کو گرانا -
کُشتی کرنا (ل) ورزش کرنا - زور آزمائی کرنا - پکڑ کرنا - پہلوانی کرنا -
کُشتی لڑنا (ل) مقابلہ کرنا - لپٹنا - گتھنا - باہم لڑنا - بھڑنا -
کَشٹ (س/مذ) تنگی - دُکھ - مصیبت - سختی - بپتا - عذاب -
کِشٹا (ل) ایک قسم کا چھوٹا زرد رنگ کا آڑو - زرد آلو - شفتالو -
کُشخان (ت) دیوث - بھڑوا -
کشِش (ف/مث) کھنچاؤ - جذب - کشیدگی - رغبت - رُجحان - مصیبت - سختی - دیر - توقف - دلربائی - ناز و کرشمہ - نخرہ و ادا - شکر رنجی - ناراضی - رکاؤ - اَن بن -
کشِشِ اتصال (ع/مث) (علم طبیعات) اجسام کے ذرّوں کو باہم ملا کر رکھنے والی قوت -
کشِش اُٹھانا (ل) دُکھ اٹھانا - دِقت اٹھانا - تکلیف سہنا - مصیبت جھیلنا -
کشِشِ ثقل } کشِشِ زمین } (ع/مث) (علم طبعی) زمین کی وہ قوت جس سے وہ ہر شے کو اپنے مرکز کی طرف کھینچتی ہے -
کشش کہربائی (ف/مث) کہربا گوند کی گھاس کو اپنی طرف کھینچ لانے کی قوت -
کشِشِ کیمیائی (ع/مث) (علم طبعی) وہ قوت جس کے اثر سے دو مختلف چیزیں مل کر ایک بالکل نئی چیز بن جاتی ہے - خاص قسم سے -
کشِشِ مقناطیسی (ع/مث) پتھر کی وہ طاقت جس سے وہ لوہے کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے -
کشف (ت) کچھوا -
کَشف (ع/مذ) ظاہر کرنا - کھولنا - پردہ اٹھانا - ظہور - تفسیر - تشریح - توضیح - الہام - القا -
کشف و کرامات (ع/مث) خرقِ عادت - معجزہ و تصرّف -
کَشکول (ف/مذ) فقیروں کی تُونبی - بھیک مانگنے کا پیالہ - زنبیل -
کشک (ع) آش - جو جو - مقشّر - ہریسہ (ایک کھانا)
کشکچی (ت) چوکیدار -
کِشمِش (ف/مث) ایک قسم کے سوکھے ہوئے انگور -
کِشمشی (ف/مث) کشمش کے رنگ کا منسوب بہ کشمش - اُودا رنگ -
کش مکش (ف/مث) کھینچا تانی - لڑائی - جھگڑا - کشیدگی -
کش مکش میں پڑنا (ل) (محاورہ) مخمصے میں پڑنا -
کشمیر (ہ/مذ) پنجاب کے شمال میں ایک مشہور سرسبز پہاڑی ریاست ہے جس پر آج کل بھارت کا قبضہ ہے - کشمیر کا کچھ حصہ پاکستان سے ملحق ہے -
کشمیرا (ہ/مذ) کشمیر کا بنا ہوا اُونی کپڑا -
کشمیری (ہ/مث) منسوب بہ کشمیر - کشمیر کی زبان (مذ) کشمیر کا باشندہ (کشمیر = کاشمیر)
کِشن (ہ/مذ) لفظ کرشن سے بگڑا ہے - کنھیا جی کا وصفی لقب ہے -
کُشندہ (ف/مذ) مارنے والا - قاتل -
کشنیز (ف/مذ) دھنیا - کوتھمیر -
کِشور (ف/مث) دیس - ملک - ولایت -
کشیدگی (ف/مث) کھنچاؤ - کشش - رکاوٹ - رکاؤ - شکر رنجی - ملال - نفرت -
کشیدہ (ف) کھنچا ہوا - اُٹھایا ہوا - رنجیدہ - ملول - نکالا ہوا - کاڑھا ہوا (مذ) سوئی کا کام - گلکاری اور زردوزی کا کام -
کشیدہ خاطر (ع) آزردہ - ناراض - رنجیدہ -
کشیدہ خاطر ہونا (ل) ناراض ہونا - رنجیدہ ہونا - آزردہ دل ہونا -
کشیدہ کاڑھنا (ل) سوئی کا کام کرنا - زردوزی کا کام کرنا -
کشیدہ کمر (ف) مراد مستعد سے -

ک - ع

کَعب (ع/مذ) ٹخنا - گٹا - پاسہ - قرعہ (علم حساب) جب کوئی عدد تین دفعہ باہم ضرب کھاتا ہے تو حاصل ضرب کو اُس عدد کا کعب بولتے ہیں - ایک صحابی کا نام بھی ہے -
کَعبَتین (ع/مذ) کعب کا تثنیہ - مربع ہڈی کے شش پہلو پانسے جن سے چوسر اور جوا کھیلا جاتا ہے - دونوں کعبے یعنی مکہ معظمہ اور بیت المقدس -
کعبہ (ع/مذ) لغت میں بلند اور مرتفع زمین - مجازاً بیت اللہ کا نام - مکہ - قبلہ - ملک عرب میں مسلمانوں کا مقدس اور متبرک مقام جہاں ہر سال حج کو جاتے ہیں -
کعبہ کی طرف ہاتھ اُٹھانا (ل) کعبہ کی قسم کھانا - کعبہ کو اپنی قسم اور اقرار کا شاہد بنانا -
کعبۃ الغزال (ع) بتاشہ - شکر پارہ -

ک - ف

کَف (ع/مذ) پاؤں کا تلوا - ہاتھ کی ہتھیلی - محض ہاتھ پنجہ - قمیصوں کی آستینوں میں لگانے کی دوہری پٹی (ف/مث) جھاگ - پھین (ل) تھوک - بلغم - لعاب - کھنکھار (گھوڑے

والوں کی اصطلاح میں پانچ۔
کفِ افسوس ملنا (ف) افسوس کی حالت میں ہاتھوں کو باہم ملنا۔ نہایت افسوس کرنا۔
کفِ پا (ف امذ رمث) پاؤں کا تلوا۔
کفِ پائی (ا/مث) زنانہ سلیپر۔ پھڈی زنانہ جوتی۔
کفِ دست (ف/مث) ہاتھ کی ہتھیلی۔ ہموار۔ برابر۔ چٹیل۔
کفِ دست میدان (ف/مذ) ہموار میدان لق و دق جنگل۔ ویرانہ۔ سنسان جنگل۔
کف لانا (ف) جھاگ لانا۔ مجازاً۔ سخت غصے ہونا۔ تُند ہو جانا۔ بدی اور شرارت پر آمادہ ہو جانا۔ فیل لانا۔
کفا (ف/مث) تکلیف۔ تنگی۔ محنت۔ سختی۔ جفا کا مرادف ہے۔
کفا جفا (ف/مث) ظلم و ستم۔ بمشکل بڑی دقت سے جوں توں کر کے۔
کُفّار (ع/مذ) کافر کی جمع۔ کافر لوگ۔ ناشکرے بے دین لوگ۔
کَفّار (ع) اندھیری رات۔ ندی۔ کسان۔
کفّارہ (ع امذ) گناہ چھپا دینے والا۔ مجازاً گناہ کا معاوضہ۔ قصور کا ڈنڈ جو خدائے تعالیٰ کی طرف سے مقرر ہو۔
کفّارہ دینا (ف) قصور کا جرمانہ بھرنا۔ خطا کا بدلہ دینا۔ گناہ کا معاوضہ ادا کرنا۔
کِفاف (ع امذ) روزینہ۔ روٹی کپڑا۔ وظیفہ۔ روزمرّہ کا خرچ۔
کفالت (ع/مث) ضامنی۔ ضمانت۔ ذمّہ داری۔
کفالت نامہ (ع ف/مذ) ضمانت کی دستاویز۔ ضمانت نامہ۔
کِفایت (ع/مث) کافی ہونا۔ ضرورت کے موافق۔ بچت۔ کمی۔ صرفہ۔
کفایت شعار (ع) کم خرچ آدمی۔ جُزرس۔ تھوڑا خرچ کرنے والا۔
کفایت شعاری (ع ف/مث) کم خرچی۔ جُزرسی۔ صرف کی عادت۔
کفایت کرنا (ف) کافی ہونا۔ بچت کرنا۔ صرف کرنا۔ مول میں کمی کرنا۔
کَفتار (ف/مذ) بجو۔
کفتن (ف) چیرنا۔ پھاڑنا۔
کفچہ (ف/مذ) بڑا چمچہ۔ ڈوئی۔ کرچھا۔ کفگیر۔ سانپ کا پھن۔
کُفر (ع/مذ) خدا کو نہ ماننا۔ بے دینی۔ ناشکری۔ اَڑ۔ ضد۔ ہٹ۔
کُفر توڑنا (ف) ہٹ دور کرنا۔ ضد توڑنا۔ مطیع و فرمانبردار کرنا۔ مرید کرنا۔ دین دار بنانا۔
کُفر ٹوٹا خدا خدا کر کے (ا/مثل) نہایت مشکل سے مانا یا راضی ہوا۔
کُفر کا فتویٰ دینا (ف) کسی کو بے دین قرار دینا۔ کسی پر انکارِ دین کا حکم لگانا۔ کافر ٹھہرانا۔

کُفر کُھری (ا/مث) بُری سنگت۔ بدصحبت۔
کُفرانِ نعمت (ع/مث) نمک حرامی۔ احسان فراموشی۔ نعمت کی ناشکری۔
کف زن (ف) تالی بجانا۔
کفش (ف/مث) جوتی۔ پاپوش۔
کفشک (ف) چھوٹی جوتی۔
کفش پا (ف/مث) پاؤں کی جوتی۔
کفش خانہ (ا/مذ) انکسارًا اپنا مکان۔ جھونپڑا۔ غریب خانہ۔ دولت خانہ کی ضد۔
کفش دوز (ف/مذ) موچی۔ چمار۔ جوتیاں بنانے والا۔
کَفک (ف/مث) مہندی لگایا ہوا پاؤں کا تلوا۔ پاؤں کا تلوا۔ ہتھیلی۔
کفگیر (ف/مذ) ڈوئی۔ سوراخ دار کفچہ۔ بڑا ڈنڈی دار لوہے کا چمچہ۔
کَفن (ع/مذ) مُردے کو لپیٹنے کے کپڑے۔ مُردے کی چادر وغیرہ جس میں لپیٹ کر دفن کرتے ہیں۔
کفن پھاڑ کر۔ یا۔ پھاڑ کے بولنا (ف) نہایت بے قرار اور بے چین ہو کر بولنا۔ دفعتہً چیخ مار کر بولنا۔ ڈراؤنی اور ہیبت ناک آواز سے بولنا۔
کفن چور (ا/مذ) قبر سے مُردوں کا کفن چُرانے والا۔ بے رحم۔ ظالم۔ شریر۔
کفن سر سے باندھنا۔ یا۔ لپیٹنا (ف) مرنے کو تیار ہونا۔ جان پر کھیلنا۔
کفن کو کوڑی نہیں (ا/محاورہ) نہایت کنگال اور غریب ہے۔ بالکل مفلس ہے۔
کفن کو لگے (ا/محاورہ) دعائے بد۔ کچھ پاس نہ ہونے کی نسبت قسم کھاتے ہیں۔ یعنی اگر کچھ پاس ہو تو کفن پر صرف ہو۔
کفن کھسوٹ (ا/مذ) لوگوں کا مال چھین جھپٹ کر لے جانے والا۔ لٹیرا۔ کفن چور۔
کفن میلا نہ ہونا (ف) مرنے ہوئے زیادہ دیر نہ ہونا۔ تازہ معاملہ ہونا۔
کفن نصیب نہ ہو (ا/محاورہ) چھوٹے قصور پر بڑی سزا ملنا۔
کفن پارہ کردن (ف) بیماری سے صحت پانا۔
کفنانا (ف) مُردے کو کفن میں لپیٹنا۔ میت کو کفن پہنانا۔
کَفنی (ع/مث) کفن دینے کے وقت مُردے کے گلے میں ڈالنے کا کپڑا۔ میت کا کُرتہ۔ درویشوں کا لمبا کرتہ جو میت کے کفن کی طرح ہوتا ہے۔
کُفو (ع/مذ) ہم قوم۔ ہم جنس۔ ہم خانوادہ۔ برادری۔ فرقہ۔ قوم۔
کفیدہ (ف) پھٹا ہوا۔ چِرا ہوا۔
کفیل (ع/مذ) ذمّہ دار۔ ضمانتی۔ ضمانت دینے والا۔ ضامن۔
کفیل ہونا (ف) ضامن ہونا۔ ذمہ دار ہونا۔

ک ۔ ک

کُک (انگریزی/مذ) باورچی ۔ خانساماں ۔ کھانا پکانے والا ۔

ککا (ہ) سفید ۔ بھورا ۔

ککرالی (ہ/مث) کھچرالی ۔ ایک قسم کا بغلی پھوڑا ۔ بغل کی گلٹی (کُکھ بمعنی بغل اور رال بمعنی پیپ ۔

کُکر مُتا (ہ/مذ) ایک قسم کی نباتات جو برسات میں اُگتی ہے ۔

ککروندا (ہ/مذ) ایک کھٹے اور ترش اور سُرخ پھل کا نام ہے جس کا اچار بناتے ہیں ۔

کُکرام (ہ/مذ) (ک بمعنی بد اور کرم بمعنی کام) پاپ ۔ گناہ ۔ حرام ۔

کُکرمی (ہ/مذ) پاپی ۔ بدکار ۔ حرام کار ۔ گناہگار ۔ زانی ۔

کُکڑ (پنجابی/مذ) مُرغا ۔ مُرغ ۔

کُکڑ (ہ/مذ) ایک قسم کا بھُربھُرا بنا ہوا پینے کا تمباکو ۔ مٹی کا بڑا حُقّہ ۔ مجازاً تیلا دُبلا اور کمزور آدمی ۔

ککڑباز (ف/مذ) بہت حُقّہ پینے والا ۔ حُقّے کا سخت عادی ۔

ککڑخانہ (ف/مذ) حُقّہ پینے کی جگہ ۔ حُقّہ خانہ ۔ تکیہ ۔ بُری صحبت ۔

ککڑوالا (ف/مذ) بازاروں میں حُقّہ پلانے والا ۔ مجازاً ذلیل و خوار شخص ۔

ککڑوں کُوں (ہ/مث) مُرغ کی اذان ۔ مُرغ کے بولنے کی آواز ۔

کُکڑی (ہ/مث) تکلے پر بنی ہوئی کچے سوت کی لچھی ۔ مکئی کا بھُٹا ۔ (پنجابی مرغی) ماکیان ۔

ککڑی ہو جانا (ہ) سمٹ سُوکھ کر ذرا سا ہو جانا ۔ اینٹھ جانا ۔

ککڑی (ہ/مث) ایک قسم کی لمبی اور سبز ترکاری ۔ کھیرا ۔

ککڑی کا چور (ہ/مذ) چھوٹی چیز کا چور ۔ ادنیٰ چور ۔ ہلکی چیزوں کا چور ۔

کُکڑی کا چور باندھا جانا (ار/محاورہ) چھوٹے قصور پر بڑی سزا ملنا ۔

ککڑی کھیرا کرنا (ہ) ہردم ۔ بے تدر سمجھ کر کوسنا ۔ ذرا سی بات پر بے دردی سے کوسنا ۔

ککس ٹون ۔ صوبہ آسٹر (آئرلینڈ) میں ایک شہر ہے ۔

ککڑی کے چور کی گردن نہیں مارتے (ف/محاورہ) تھوڑی خطا پر بہت سزا نہیں چاہیے ۔ ذرا سی غلطی پر بہت سزا دینا انسانیت نہیں ۔

ککیانا (ہ) بندر کا چیخنا ۔ بندر کا چلّانا ۔

ک ۔ گ

کگر (ہ/مث) کنی ۔ کنار ۔ کور ۔ حاشیہ ۔ مکان کی کنگنی ۔ کارنس ۔ دھار ۔ باڑھ ۔

ک ۔ ل

کل (ہ) کالا کا مخفف ۔ سیاہ کالا ۔

کلچھنا (ہ) منحوس ۔ چندرا ۔ شوم ۔ وہ شخص جس کی بددُعا زود اثر ہو ۔

کل چڑی (ہ/مث) ایک کالے رنگ کی چھوٹی سی چڑیا کا نام ہے ۔

کل دُما (ار/مذ) سیاہ دُم کا پرندہ ۔ وہ پتنگ جس کا پیچھے کا حصّہ سیاہ ہو ۔

کلبھرا (ہ) کالے سر والا ۔ جوان آدمی ۔ ایک پرندے کا نام بھی ہے ۔

کلمُنہا ۔ کلمُونہا ۔ کلموہا (ہ) کالے مُنہ کا آدمی ۔ سیاہ فام ۔ بدبخت ۔ بدنصیب ۔ بے ہودہ ۔ نابکار ۔ نالائق ۔

کل (ہ/مث) مشین ۔ کام کرنے کا اوزار ۔ آرام ۔ چین ۔ سُکھ ۔ ڈھب ۔ وضع ۔ طور ۔ جیسے کسی کل چین نہیں ۔ زمانہ قریب جیسے کل کی بات ہے ۔ قیامت کا دن ۔ گزشتہ یا آیندہ دن ۔

کل بگاڑ دینا (ار/محاورہ) کسی آلہ کو بے کار کر دینا ۔

کل بگڑنا ۔ یا ۔ بگڑ جانا (ف) مشین کے کسی پرزے میں فرق آ جانا ۔ کسی چیز یا عضو کا خراب ہو جانا ۔

کل بے کل ہونا (ہ) پیچ ڈھیلے ہو جانا ۔ بے ترتیب ہو جانا ۔ بے آرامی ہونا ۔

کل دار (ف/مذ) انگریزی روپیہ ۔ کل کے ذریعے سے بنایا ہوا روپیہ ۔ چہرہ شاہی روپیہ ۔

کلدار بندوق (ف/مث) گھوڑے کی بندوق ۔ چاپ والی بندوق ۔

کل کل (ہ/مث) بند بند ۔ جوڑ جوڑ ۔ ہر عضو ۔ ہر وقت کی لڑائی ۔ بڑبڑاہٹ ۔

کل مروڑنا ۔ یا ۔ لوٹنا (ف) مشین کو چلانا ۔ کل دُرست کرنا ۔

کل ہاتھ میں ہونا (ہ) کسی کے دل پر قابو ہونا ۔ کسی کی طبیعت پر اختیار ہونا ۔ کسی کی باگ ہاتھ میں ہونا ۔

کل آنا (ہ) آرام آنا ۔ چین پڑنا ۔ تسلّی ہونا ۔

کل پانا (ہ) چین پانا ۔ تسلّی پانا ۔ سُکھ پانا ۔ راحت پانا ۔

کل پڑنا (ہ) اطمینان ہونا ۔ جی ٹھہرنا ۔ چین پڑنا ۔

کل نہ پڑنا (ہ) بے قرار ہونا ۔ بے چین ہونا ۔ ٹھہر نہ رہنا ۔ قیام نہ ہونا ۔

کل کا گھوڑا (ار/مذ) وہ گھوڑا جو کل اور پرزوں سے چلے ۔

کل کا لڑکا (ہ/مذ) سامنے کا بچّہ ۔ ابھی پیدا ہوا لڑکا ۔ تھوڑی عمر کا ۔

کل کی بات (ہ/مث) ابھی کا ذکر ۔ حال کی بات ۔ تھوڑے زمانے کا

ذکر ۔ زمانۂ قریب کی بات ۔ گزشتہ دن کا واقعہ ۔

کل کے جوگی کندھے پہ جٹا (ہ/مثل) تازہ مُرید اور اتنے کمال کا دعویٰ۔ صرف لباس سے کیا ہوتا ہے ۔ زمانہ گزار دوگے تو فقیری آئے گی ۔

کل کل کرنا (ہ) لیت و لعل کرنا ۔ ٹال مٹول کرنا ۔ ہر روز کل کے وعدے پر ٹالنا ۔

کُل (ع) سب ۔ تمام ۔ سارے ۔ کامل ۔ ہر ۔ ہر ایک ۔

کُل کائنات (ع/مث) ساری دُنیا ۔ کُل مخلوق ۔ ساری حیثیت ۔ تمام سرمایہ ۔ ساری جمع ۔

کلکتہ ۔ احاطۂ بنگال کا دارالحکومت ۔ ہندوستان کا سب سے بڑا شہر ۔ دریائے ہگلی کے کنارے آباد ہے ۔ سن ۔ ٹاٹ اور کاغذ بنانے کے کارخانے قائم ہیں ۔ فورٹ ولیم ۔ عجائب گھر وغیرہ قابلِ دید ہیں ۔ واجد علی شاہ نواب لکھنؤ کو انگریزوں نے یہیں نظر بند کیا تھا ۔

کُل (س/مذ) جنس ۔ خاندان ۔ گھرانہ ۔ کنبہ ۔ ذات ۔ قوم ۔

کُل اُچھالنا (ہ/مذ) خاندان کو بدنام کرنے والا ۔ کلنک لگانے والا ۔

کُل کھانتا (ہ) تمام خاندان کو بُرا بھلا کہنا ۔ بڑوں کی ہجو کرنا ۔ کسی کے خاندان کی صفت و ثنا کرنا ۔ نسب نامہ پڑھنا ۔ خوشامد کرنا ۔

کُل دھرم (ہ/مذ) خاندان کی ریت ۔ گھرانے کی چال ۔ خاندانی رسم و رواج ۔

کُل ونتا (ہ/مذ) شریف خاندان کا ۔ خاندانی ۔ بڑے گھر کا ۔ اُونچے گھرانے کا ۔

کُل ونتی (ہ/مث) شریف زادی ۔ اچھے گھرانے کی عورت ۔ خاندانی عورت ۔

کَلّا (ہ/مذ) درخت کی کونپل ۔

کُلّا (ہ/مذ) غرغرہ ۔ کُلّی ۔ غزارہ ۔

کَلا (س/مذ) ذرّے کا آٹھواں حصّہ ۔ نہایت چھوٹا حصّہ ۔ آٹھ سیکنڈ ۔ آٹھ ثانیہ ۔ درجہ کا ساٹھواں حصّہ ۔ یعنی ایک منٹ ۔ فریب ۔ دھوکا ۔ چھل ۔ بہانہ ۔ ہُنر ۔ فن ۔ گُن ۔ گانے کے چونٹھ کمال ۔ کرامت ۔ معجزہ ۔ نٹ کی وہ حرکت جس میں کلابازیاں کھاتا ہے ۔

کَلابازی (و/مث) ڈھینگلی لگانا ۔ سر نیچے ٹانگیں اُوپر کرکے نٹ کا بازی لگانا ۔

کلانتر (ت) چھوٹا گاؤں ۔ کھیت ۔

کلاجنگ (و/مذ) کُشتی کے ایک داؤ کا نام ہے ۔

کلاکار (ہ) نٹ کھٹ ۔ شوخ ۔ فسادی ۔ شریر ۔ مکّار ۔ فریبی ۔ ڈھنگی ۔ ہُنر دار ۔ ہُنر والا ۔ صاحب کمال ۔

کلّا (و/مذ) جبڑا ۔ گال کے اندر کا حصّہ ۔ رُخسار ۔ کنایۃً زبان درازی ۔

کلابہ کلّا لڑنا (بالمقابل لڑنا ۔ سامنے ہو کر لڑنا ۔ برابری سے لڑنا ۔

کلّا توڑ (ف) برابر کا ۔ دندان شکن ۔ ہر طرح سے برابر کا بھائی ۔

کلّا توڑنا (ار/محاورہ) مغلوب کرنا ۔

کلّا جبڑا (و/مذ) جبڑا ۔ گال ۔ رُخسار ۔

کلّا چلے ستّر بلا ٹلے (و/مثل) مُنہ چلتا رہے تو کوئی ڈر نہیں ۔ کھاتا پیتا آدمی تندرست رہتا ہے ۔

کلّا دبانا (ر) سامنے بات نہ کرنے دینا ۔ خاموش کر دینا ۔ جبڑے بھینچنا ۔

کلّا کرنا (ار/محاورہ) شور و غل کرنا ۔ زبان درازی کرنا ۔

کلّا دراز (ف) زبان دراز ۔ بدزبان ۔ چلّا کر بولنے والا ۔

کلابتو (ا) ⎫ (مذ) ریشم پر بٹے ہوئے سونے چاندی کے تاروں کی ڈور ۔
کلابتون (ت) ⎭

کلابتونی (نف) کلابتون کا بنا ہوا ۔

کلابہ (ف/مذ) کچا سوت جو تکلے پہ لگا ہوا ہو ۔

کلار (ہ/مذ) شراب فروش ۔

کلاس (انگریزی/مث) جماعت ۔ طالب علموں کا گروہ ۔ فرقہ ۔ مرتبہ ۔ درجہ ۔ قسم ۔ جنس ۔ ذات ۔

کلاس فیلو (انگریزی/مذ) ہم جماعت ۔

کلاغ (ف/مذ) جنگلی کوّا ۔ کاگ ۔

کلاک (انگریزی/مذ) بڑی گھڑی ۔ گھنٹہ ۔

کلال (ہ/مذ) شراب بنانے اور بیچنے والا ۔ آبکار ۔ شراب فروش ۔

کلالہ (ف) گھونگر والے بال ۔

کلال خانہ (ا/مذ) شراب کی دُکان ۔ شراب خانہ ۔

کلام (ع/مذ) بات ۔ گفتگو ۔ علم نحو میں کم از کم دو کلموں کا مُرکب ۔ شعر ۔ قول ۔ بچن ۔ تصنیف ۔ مضمون ۔ عذر ۔ اعتراض ۔ حجّت ۔ گرفت ۔

کلام اللہ (ع/مذ) خدا کا کلام ۔ قرآن شریف ۔ مُصحف مجید ۔

کلام اللہ اُٹھانا (ف) قرآن شریف اُٹھا کر قسم کھانا ۔

کلام کرنا (ف) بولنا ۔ گفتگو کرنا ۔ بات چیت کرنا ۔ بحث کرنا ۔ جھگڑنا ۔

کلام ہونا (ف) عذر ہونا ۔ اعتراض ہونا ۔ حجت ہونا ۔ گرفت ہونا ۔

کلاں (ف) بڑا ۔ بزرگ ۔ بلند ۔ اُونچا ۔ وسیع ۔ فراخ ۔ لمبا ۔ طویل ۔

کلانا (ہ) چھاج کے ذریعے غلّہ کو پھٹکنا ۔ رولنا ۔

کلانچ (و/مث) کود پھاند ۔ چوکڑی ۔ چھلانگ ۔ زقند ۔

کلانچ بھرنا ⎫ (ف) چھلانگ مارنا ۔ کُودنا ۔ پھاندنا ۔
کلانچ مارنا ⎭ زقند لگانا ۔ چوکڑی بھرنا ۔

کلاونت (ہ/مذ) (کلا بمعنی راگ اور ونت بمعنی مالک ۔ گویا ۔ ایک قسم کے ڈوم ۔ جن کا پیشہ گانا بجانا ہے ۔

کلاوہ (ف/مذ) تکلے پر لپٹا ہوا کچا سوت ۔ سُرخ سُوت ۔ مولی ۔

کُلاہ (ف امث) لمبی نوک دار ٹوپی - مجازاً تاج شاہی - افسر شاہاں - مکٹ -
کُلاہ اُتارنا (ار امحاورہ) ٹوپی اُتارنا - بے عزّت کرنا -
کُلاہ اُچھالنا (ار امحاورہ) ٹوپی اُچھالنا -
کُلاہِ نمد (ف امث) نمدے کی ٹوپی جو فقیر پہنتے ہیں -
کُلاوُں (ہ امث) مویشیوں کو پانی پلانے کی لمبی نالی -
کلائی (ہ امث) پہنچا - کہنی سے لے کر پنجے کے اُوپر تک کا حصّہ - ساعد -
کلائی کرنا (ہ) اپنی کلائی کو حریف سے چھڑا کر اُس کی کلائی پکڑ لینا - کلائی کی ورزش کرنا -
کَلَب (انگریزی امذ) سوسائٹی - انجمن - مجلس - پنچایتی مکان -
کَلْب (ع امذ) کتا - سگ -
کِلبِل (ہ امث) حشرات الارض کا پیٹ کے بل چلنا - مجازاً - پیچ پیچ - بچے کچے -
کِلبلانا (ہ) کلبل کرنا - کیڑوں مکوڑوں کے مجمع کا چلنا - کیڑوں کا رینگنا -
کُلبُلانا (ہ) انتڑیوں کا بولنا - بے قرار ہونا - کھجانا - چلنا - رینگنا - گدگدیاں کرنا - آہستگی سے - سہج سہج ہلنا - سوتے وقت ہلنا -
کُلبُلاہٹ (ہ امث) کیڑوں کا آہستگی سے رینگنا - سہج سہج حرکت کرنا -
کُلبَہ (ف امذ) جھونپڑا - غریبوں کا گھر - چھوٹا سا گھر - گوشہ - کونہ -
کُلبۂ احزاں (فع امذ) غموں کا گھر - ماتم کدہ - غم کدہ -
کَلِپ (انگریزی امذ) بالوں کو باقاعدہ رکھنے کا کانٹا جو عورتیں سروں میں لگا لیتی ہیں -
کُلْپ (س امذ) وید کے چھ انگوں میں سے ایک انگ - وید کی ایک فصل کا نام - خطرہ - ڈر - اندیشہ - شبہ - شک - مطلب - مقصد - مُراد - قیامت - دیوتاؤں کے ہزار جگ کے مقدار کا زمانہ -
کلپ برچھ - یا - برکش (ہ امذ) بہشت کے ایک درخت کا نام ہے -
کلپانا (ہ) دُکھ دینا - ستانا - ظلم کرنا - دِق کرنا - تنگ کرنا - تڑپانا - بے قرار کرنا -
کلپنا (ہ) بے قرار ہونا - تڑپنا - تنگ ہونا - ستایا جانا - کڑھنا -
کُلثا (ہ امذ) ایک قسم کا کھانچا -
کلجگ (ہ امذ) گناہ کا زمانہ - چوتھا جگ - فساد اور پاپ کا زمانہ -
کلجھواں (ہ) کالے جھویں جیسا - سیاہی مائل - سانولا - سانولے رنگ کا -
کُل جھویں صورت (ہ امث) کالی جھویں جیسی شکل - نہایت سیاہ - بدصورت -

کُلچہ (ار امذ) میدے کی ایک قسم کی خمیری روٹی - خیمہ کی چوب میں لگانے کا لکڑی کا گول گٹا -
کُلچہ سا (ا) کلچہ کی طرح پھولا ہوا -
کُلچھن (ہ امذ) (ک حرفِ نفی اور لچھن بمعنی کام) بُرا کام - بُرے کونگ - بدچلنی -
کُلچھنا (ہ امذ) بدچلن - بدکردار - بدخلق - منحوس - چندرا -
کَلَر (ہ) بنجر - شور (امث) شور زمین - شور - ریہہ -
کلرک (انگریزی امذ) منشی - محرّر - اہلکار -
کِلَرن (ہ امث) جونک لگانے والی - جونکوں والی -
کلس (ہ امذ) سنہری - ملمع کی ہوئی کلغی جو گنبدوں پر لگا دیتے ہیں - گنبد کی کلغی - شمہ - بڑا گھر جو پیتل وغیرہ کا ہو -
کلسا (ہ امذ) تانبے پیتل وغیرہ کا تنگ منہ والا - بڑا گھڑا - بڑا دیگچہ -
کُلغا } (ار امذ) ایک سرخ رنگ کے پھول کا نام ہے -
کلگا } فارسی تاج خروس -
کلغی - یا - کلگی (ار امث) خاص پرندے کے چند پر بادشاہ اپنے تاج یا ٹوپی پر لگاتے ہیں - طُرّہ - جیغہ - مور کے سر کا تاج پرندے کی چوٹی - کلس - طُرّہ - شمہ - مرہٹی - لاؤنی -
کلغی باز (ار امذ) لاؤنی بنانے والا - مرہٹی باز -
کَلَف (ار امذ) اُبار - مادّہ - چہرے کے سیاہ دھبّے - چھیپ - منہ کے داغ - وسمہ - خضاب -
کُلفت (ع) دُکھ - تکلیف - رنج - بپتا - مصیبت - کشٹ -
کُلفت دُور ہونا (ار امحاورہ) رنج و تکلیف جاتی رہنا -
کِلک (ف امذ) قلم بنانے کا نیزہ - کانا - نرسل - مجازاً - قلم - خامہ -
کلکار مارنا (ار امحاورہ) زور سے چلانا -
کلکارنا (ہ) ہانک مارنا - نعرہ لگانا - آواز مارنا - پکارنا - چیخنا - زور کا دینا -
کلکاری (ہ امث) زور کا - چیخ - کوک - زور کی آواز - بندر کی آواز -
کلکٹر (انگریزی امذ) سرکاری لگان جمع کرنے والا محصّل - حاکم ضلع - ضلع کا مال افسر -
کلکٹری (ار امث) کلکٹر کا کام - مال افسری کا عہدہ - ضلع کی حکومت - حاکمی -
کَل کَل (ف ا ہ امث) بک بک - بے ہودہ گوئی - تکرار - خانگی نزاع - راڑ - روز روز کا ٹنٹا -
کَل کَل کرنا (ہ) باہمی کلیش رہنا - راڑ کرنا - بات بات پر خفا ہونا - آپس میں تکرار کرنا -
کِل کِل (ہ امث) تکرار - بحثا بحثی - دانتا - کل کل - بک بک - غل - کلیش -
کِل کِل کرنا (ہ) تکرار سے دماغ کھا جانا - کان کھانا - بک بک کرنا - سر کھانا -

کلکلان (ا) کل کلا کا بگاڑ - بالکل پورا - پورا پورا - تمام کا تمام -
کل کلاں کو (ہ) آئندہ کو - کل کو - آگے کو - اتفاقاً - بعد ازاں -
کلکلانا (ہ) غرّانا - کاٹ کھانے کو دوڑنا - خفا ہونا - ترش ہونا -
کلکوٹ (ا/ امث) ہوس - لالچ -
کلما (ا/ امذ) مسالا دار قیمہ بھری ہوئی بکری کی انتڑی -
کلمات (ع/ امذ) کلمہ کی جمع -
کل مکھی (ا/ صف) سیاہ رُو - کالی -
کل مُونہی (ہ/ امث) کالے مُنہ والی - منحوس - بد شکل - بد صُورت -
کلمہ (ع/ امذ) لفظ بول - بات علمِ نحو میں بامعنی مفرد لفظ جو آدمی بولے - منطق میں بمعنی فعل - تفسیر میں بمعنی رسول - دینِ اسلام کا عقیدہ - مجازاً خدا کا نام -
کلمۃ الحق (ع/ امذ) حق بات - سچی بات - انصاف کی بات - خدا لگتی - کھری بات -
کلمہ بھرنا (ا) خدا کا نام لینا - لا الٰہ الا اللہ کہنا - کسی کا نہایت ہی معتقد اور شیدا ہونا -
کلمہ پڑھانا (ا) مسلمان بنانا - دینِ اسلام میں لانا - لا الٰہ الا اللہ کہلوانا -
کلمہ پڑھنا (ا) داخلِ اسلام ہونا - مسلمان بننا - توحید باری تعالے کا اقرار کرنا - خدا کا نام لینا - کسی کی اطاعت کرنا - کسی بات میں کامل اُستاد ماننا - کسی کا عاشق و فریفتہ ہونا - کسی کا نام ہر وقت جپتے رہنا - ہر وقت یاد کرتے رہنا -
کلمۂ تکبیر (ع/ امذ) بڑائی کی بات - کلمہ "اللہ اکبر" سے مُراد ہے -
کلمۂ شہادت (ع/ امذ) خدا کے معبود ہونے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بندہ اور رسول ہونے کی گواہی دینے کے الفاظ یعنی اَشْہَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ وَ اَشْہَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ کہنا -
کلمۂ کفر (ع/ امذ) دین کی توحید اور مخالفت کی بات - گھمنڈ اور تکبر کی بات -
کلمہ گو (ع/ صف) دینِ اسلام کا کلمہ پڑھنے والا مسلمان - معتقد دین - کسی کا خیر خواہ - دُعاگو - کسی کا کلمہ بھرنے والا -
کلمے کا شریک (ا/ امذ) ہم مذہب - کلمہ گو - مسلمان بھائی - ایک ہی خدا اور رسول کو ماننے والا -
کلمے کی اُنگلی (ا/ امث) انگوٹھے کے پاس کی اُنگلی - شہادت کی اُنگلی - سبّابہ -
کُلن (ہ/ امث) ٹیس - درد - ٹیس - سلسلاہٹ -
کلنا (ا/ مص) کراہنا -
کلنج (ہ) گھوڑے کی پچھلی ٹانگوں کا باہم رگڑ کھانا -
کلند (ف) پھاوڑا -
کلنڈرا (انگریزی/ امذ) کیلنڈر کا بگاڑ - فہرست - فرد -
کلنک (س/ امذ) دھبا - داغ - الزام - ذلت - رسوائی - بدنامی - رُوسیاہی -

کلنک چڑھانا (ا/ محاورہ) بدنام کرنا - رسوا کرنا -
کلنک کا داغ } (ہ/ امذ) بدنامی کا دھبہ - رُسوائی کا داغ - رُوسیاہی کا ٹیکا -
کلنک کا ٹیکا }
کلنکی (ہ) عیبی - عیب دار - داغی - برہمن یا گائے کا قاتل -
کلنگ (ف/ امذ) کونج - قاز - ایک مٹیالے رنگ اور لمبی گردن والے پرندے کو کہتے ہیں - مجازاً بڑا لمبا آدمی - لمبی ٹانگوں والا آدمی - لمبی ٹانگوں والا موٹا تازہ جانور -
کلنگڑا (ا/ امذ) تربوز -
کلنی (ہ/ امث) ایک قسم کی چیچڑی - کِھچی - چیچڑی - یہ گھریلو چوپایوں کے جسم میں ہوتی ہے -
کلو (ہ) کالا آدمی - کالا کلوٹا - کالے رنگ کا -
کلوخ (ف/ امذ) مٹی کا ڈھیلا - کچی یا پکی اینٹ کا ٹکڑا -
کلوخ کوب (ف) ڈھیلے کوٹنے کا آلہ -
کلوا (ہ) کلو کی تصغیر حقارتی - کالا کلوٹا (امذ) کالا کتا -
کلوا بیر (ہ/ امذ) ایک فرضی اور کالا بھوت - کالا دیو (جادو والوں کی اصطلاح ہے) -
کلوار (ہ/ امذ) کلال - شراب کھینچنے اور بیچنے والا - مے فروش -
کلوانا (ہ) بند کرانا - منتر سے تسخیر کرانا - قابو کرانا -
کلوٹا (ہ) کالا کا مرادف - سیاہ - کالے رنگ کا -
کلوخ (ف/ امذ) مٹی کا ڈھیلا - کچی یا پکی اینٹ کا روڑا -
کلول (ہ/ امث) اُچھل کود - کھیل کود - چلبلاہٹ - شوخی - سیر و تفریح - دل لگی -
کلول کرنا (ہ) کھیلنا کودنا - خوشی سے چہچہانا - چہکنا - عیش منانا - گلچھرے اُڑانا - باہم چہل کرنا -
کلونجی (ہ/ امث) ایک قسم کا کالا بیج جو دوا یا اچار میں استعمال ہوتا ہے -
کلونس (ہ/ امث) کالک - سیاہی - کلنک - داغ - دھبہ - رُسوائی - بدنامی -
کلہ (ف/ امث) کلاہ کا مخفف ہے - ٹوپی -
کلہ شجرہ (فع/ امذ) مال اسباب - بدھنا - بوریا - سلسلہ خاندان -
کلہ (ف/ امذ) سر - سیس - مونڈ -
کلہ دراز (ف) لڑاکا - زبان دراز - غل مچانے والا -
کلہ قند (ف/ امذ) قند کے ڈلے - کھوئے اور کھانڈ سے بنی ہوئی ایک مشہور مٹھائی - کوزے -
کلہاری (ہ/ امث) جھگڑالو عورت - لڑاکا عورت -
کلہاڑا (ہ/ امذ) بڑی کلہاڑی یا تیشہ - لکڑی پھاڑنے یا کاٹنے کا ایک اوزار - کلہاڑا -
کلہاڑی (ہ/ امث) کلہاڑا کی تصغیر و تانیث - چھوٹا تیشہ - کلہاڑی -
کلھڑ - یا - کلھڑا (ہ/ امذ) مٹکینا - مٹی کا آبخورہ - گول مٹول آدمی - گول مول آدمی - بے ڈول -

گُلہم (ع) تمام کے تمام۔ سب کے سب۔ پُورے کا پُورا۔
گُلھیا (ہ/مث) عطاروں کے شربت وغیرہ دینے کا چھوٹا سا برتن۔ چھوٹی ہانڈی۔ ایک قسم کی آتشبازی۔
کلھیا سا (ا/صف) چھوٹا سا۔ بند۔ تنگ۔
گُلھیا میں گڑ پھوڑنا (ہ) چھپ کر کوئی کام کرنا۔ کسی کام کو لوگوں سے چھپا کر کرنے کی کوشش کرنا۔ کسی اچھے کام کو چھپا کر کرنا۔
گُلھیا میں گڑ تھوڑا ہی پھُوٹتا ہے (ہ/محاورہ) بڑا کام پوشیدہ نہیں رہ سکتا۔
گُلھیاں بھرنا (ا/محاورہ) دُودھ یا شربت کی کلھیاں بھر کر دیوی پر چڑھانا۔
کُلّی (ہ) پورا۔ سارا۔ تمام۔ منطق میں جُزئی کی ضد۔
کِلّی (ہ/مث) کھونٹی۔ کیل۔ پیچ۔ کلنی چچڑی۔
کُلّی (ہ/مث) پانی مُنہ میں ڈال کر اُگلنا۔ غرغرہ۔ غرارہ۔
کَلی (ہ/مث) بن کھلا پھُول۔ غنچہ۔ شگوفہ۔ کونپل۔ مجازاً۔ باکرہ۔ کنواری۔ پرندوں کے ننھے اور چھوٹے پَر۔ کُرتے کی تریز۔ ایک قسم کا صراحی دار حُقّہ۔
کَلی چٹکنا (ا/محاورہ) کلی کھلنا۔ پھُول شگفتہ ہونا۔
کلّے پائے (ا/مذ) بکری کا سر اور اس کے پاؤں کا اُوپر کا حصّہ۔ سر کا پائے۔
کلّے تلّے دبا لینا (ا) چبا ڈالنا۔ اپنی آواز کے آگے دُوسرے کی نہ سُننا۔ دُوسرے کو بات نہ کرنے دینا۔
کُلّیچہ (ف) میدے کی خمیری۔
کلّے والی (ا/مث) بڑی بلند آواز عورت۔ گالیاں بکنے والی۔
کُلّیات (ع/مث) کُلّی کی جمع۔ جزئیات کی ضد۔ نظم کا مجموعہ۔ تصانیف کا مجموعہ۔
کلیان (س/مذ) خیریت۔ کُشل۔ خوشی۔ آنند۔ سونا۔ طلا۔ نجات۔ مکتی۔ خوش نصیبی۔ خوش حال۔ خوش نصیب۔ ایک راگنی کا نام ہے جسے شام کلیان بھی کہتے ہیں (اس لفظ کا تلفظ ل کو "ے" کے ساتھ مخلوط کرکے ہے)۔
کلیان ہونا (ہ) کُشل ہونا۔ خیریت ہونا۔ صاحبِ اقبال ہونا۔ بختاور ہونا۔
کلیانا (ہ) پرندوں کا نئے پر نکالنا۔ درختوں میں کلیاں نکلنا۔
کُلیجن (ہ/مث) پان کی جڑ۔ خولنجان۔ قولنجن۔ کلیجن بھی بولتے ہیں۔
کلیجہ } کُلیجا } (ہ/مذ) ایک اندرونی عضو کا نام ہے۔ جگر۔ کبد۔ مجازاً ہمّت۔ جرأت۔ دلیری۔ حوصلہ۔ جگرا۔ شجاعت۔ بہادری۔ پیارا۔ عزیز۔ جانی۔ پیٹ۔ شکم۔ نفرت اور کراہت کے موقع پر بولتے ہیں۔ بمعنی سر۔ پھوٹے۔ پھٹکار۔ لعنت جیسے تیرا کلیجہ یعنی تیرا سر کر رہا ہے۔ دُور ہو۔ دفع ہو۔
کلیجہ اُچھلنا } (ہ) دِل دھڑکنا۔ سخت گھبرا جانا۔
کلیجہ اُڑا جانا } (ہ) اوسان خطا ہوئے جانا۔ طبیعت کا نہایت پریشان ہو جانا۔
کلیجہ اُلٹ جانا (ہ) قے کرتے کرتے دِل گھبرانا۔ دِل اُلٹ جانا۔ دیوانہ ہو جانا۔
کلیجہ بڑھ جانا (ہ) جوشِ مسرت سے دل باغ باغ ہو جانا۔ حوصلہ بڑھ جانا۔ دل بڑھ جانا۔
کلیجہ بیٹھا جانا (ہ) کمزوری اور ڈر سے دِل ڈوبا جانا۔ بے حد مضمحل ہونا۔
کلیجہ بندھنا۔ سارنا۔ چھیدنا (ہ) طعنہ کی باتوں سے دل میں زخم ڈالنا۔ بولیاں مار کر گھائل کر ڈالنا۔ دل میں سوراخ کر دینا۔
کلیجہ پاش پاش ہو جانا (ا) دل کڑھنا۔ دل کا ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔
کلیجہ پانی ہونا (ہ) تکلیف اور دُکھ دینے والی باتوں سے دِل سوختہ ہو جانا۔ نہایت عاجز اور جینے سے بیزار ہو جانا۔ جل کر کباب ہو جانا۔ چھاتی پک جانا۔
کلیجہ پتھر کا کر لینا (ا/محاورہ) دِل کا نہایت سخت کرنا۔
کلیجہ پکڑ کر رہ جانا (ہ) دل مسوس کر رہ جانا۔ تڑپ کر رہ جانا۔ صدمہ کی بے تابی سے کلیجہ پکڑ لینا۔ دھک سے رہ جانا۔
کلیجہ پکڑ لینا (ہ) کسی صدمے کی تاب نہ لا کر مضطرب اور بے چین ہو جانا۔
کلیجہ پکڑے ہوئے (ا/متعلق فعل) اضطراب کی حالت میں۔
کلیجہ پکنا (ہ) تنگ آ جانا۔ دل جلنا۔ عاجز آنا۔
کلیجہ پھٹا جانا (ہ) کسی مصیبت کے سُننے کی تاب نہ لا سکنا۔
کلیجہ پھٹ جانا (ہ) دل ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔ جگر شق ہونا۔ عشق و محبت سے گھائل ہو جانا۔ حسد سے جَل مرنا۔ کسی کی ثروت و دولت سے حسد کرنا۔
کلیجہ تھام کر رونا (ہ) زار و قطار رونا۔ بے تابی سے دل پکڑ پکڑ کر رونا۔
کلیجہ تھام کر۔ یا۔ تھام کے رہ جانا (ہ) دِل دہل جانا۔ دِل ڈر جانا۔ خوف چھا جانا۔ دنگ رہ جانا۔ حیران ہو جانا۔
کلیجہ ٹوٹنا (ا/محاورہ) دِل پر چوٹ لگنا۔
کلیجہ سُلگانا (ہ) دِل جلانا۔ جی کباب کرنا۔
کلیجہ کاڑھ لینا (ہ) ڈائن کی طرح جگر کھا جانا۔ دِل چھین لینا۔ دل موہ لینا۔ نہایت عمدہ چیز نکال لینا۔ کسی کا مال مار لینا۔
کلیجہ کانپنا (ہ) جی لرز جانا۔ خوف چھانا۔ سردی لگنا۔ کپکپی چھُوٹنا۔
کلیجہ کٹنا (ہ) خونی دست آنا۔ اسہال آنا۔ کسی زہر یا ہیرے کی کنی کھانے سے دِل یا جگر کا ٹکڑے ہو کر گرنا۔ حادثہ گزرنا۔

دل پر سخت صدمہ گزر جانا - دل دُکھنا - حسد ہونا - روپیہ بہت سا خرچ ہو جانا -
کلیجہ کھُرچنا (ہ) بھوک خوب لگنا - کھدیا لگنا -
کلیجہ کھلانا (ہ) بے حد خاطر تواضع کرنا - جان تک حوالے کر دینا - دولت کھلانا -
کلیجہ مسوس کر رہ جانا (ہ) صدمہ کو ضبط کر کے رہ جانا - دل مسوس کر رہ جانا -
کلیجہ ملنا (ہ) صدمے سے بے تاب ہو کر دل کو پکڑ کر لینا - دل مسوسنا -
کلیجہ مُنہ کو آنا (ہ) جی اُکتانا - دم گھبرانا - خفقان ہونا - دَم اُلٹنا - بے تاب ہونا - تلملانا -
کلیجہ نکال کر - یا - نکال کے لے جانا (ہ) دولت چُرا لے جانا - مال مار کر چلا جانا -
کلیجہ نکالنا - یا - نکال لینا (ہ) (دیکھو کلیجہ کاڑھ لینا -)
کلیجی (ہ/مث) کلیجہ کی تانیث و تصغیر - بکری وغیرہ کا جگر - معہ متعلقات یعنی دل - جگر - پھیپھڑا - تلی وغیرہ -
کلیجے (ہ/مذ) کلیجہ کی جمع -
کلیجے پر ہاتھ دھر کے دیکھنا (ہ) دُوسرے کے دل کا حال اپنے دل کا سا جاننا -
کلیجے سے دُھواں اُٹھنا (ہ) دل سے بھاپ اُٹھنا - کمال دل جلنا - دل سے آہ نکلنا -
کلیجے کا ٹکڑا (ہ/مذ) پیارا - عزیز ترین - پارۂ دل - نورِ چشم - لختِ جگر - کلیجے کی کور -
کلیجے میں آگ لگنا (ہ) نہایت پیاس اور بھوک لگنا - کسی صدمے سے دل بے تاب و بے قرار ہونا - کسی تیز چیز کے کھانے سے سینے میں جلن پیدا ہو جانا -
کلیجے میں ہاتھ ڈالنا (ہ) دولت پر ہاتھ مارنا - دل دکھانا - تکلیف دینا - دل میں گھر کرنا - نہایت مقرب اور عزیز ہو جانا -
کلید (ف/مث) کنجی - چابی - تالی -
کلیدی (ع/صف) کلید سے منسوب - اہم اختیارات کا حامل -
کلیس - یا - کلیش (ہ/مذ) دُکھ - تکلیف - کشٹ - بپتا - جھگڑا - فساد - راڑ - ٹنٹا -
کلیسا (یونانی/مذ) گرجا - عیسائیوں کی عبادت گاہ - عیسائیوں کا مندر -
کلیسائی (یونانی/مذ) کلیسا کو ماننے والے -
کلیسا (یونانی/مذ) کلیسا کا مترادف ہے -
کلینگڑا (ا/مذ) تربوز -
کُلیل (ہ/مث) گھوڑے کا خوشی میں اُچھلنا کُودنا -
کُلیل میں غلیل لگا (ا/محاورہ) خوشی میں یکایک رنجش پیدا ہو گئی - رنگ میں بھنگ -
کلیم (ع/مذ) بات کرنے والا - ہم کلام - حضرت موسیٰ علیہ السلام کا لقب - ایک فارسی شاعر کا تخلص -
کلیمُ اللہ (ع/مذ) حضرت موسیٰ کا لقب ہے - بہ سبب ہم کلامیٔ خدا -
کُلیتین (ع) دونوں گُردے ۔ کُلیہ (ع) گردہ -

ک م

کم (ف) بیش کی ضد - ذرا سا - تھوڑا - قلیل - اندک - نفی مطلق کبھی نہیں - نہ - بے - بد - بُرا - منحوس - چھوٹا - ادنیٰ - گھٹیا -
کم آزار (ف/صف) تھوڑی تکلیف دینے والا -
کم اصل (ا) نیچ - بد اصل - رذیل - کمینہ - پاجی -
کم اصل سے وفا نہیں (ا/مقولہ) کمینے سے وفاداری کی اُمید نہ رکھنی چاہیے -
کم بخت (ف) بدنصیب - نالائق - نربھاگ - خانہ خراب - نگوڑا -
کم بخت گئے ہاٹ ترازو ملے نہ باٹ (ہ/مثل) نہایت بدبختی کے اظہار کے وقت بولتے ہیں - یعنی بدنصیب اگر دُکان پہ سودا لینے بھی جائے تو وہاں ترازو اور باٹ تک نہیں ملیں گے -
کم بختی (ا/مث) بدقسمتی - بدنصیبی - بدشگونی -
کم بختی جب آئے اُونٹ چڑھے کو کُتا کھائے (ا/مثل) ہونی بہر کیف ہو کر رہتی ہے - خواہ لاکھ احتیاط کرو -
کم بختی کے دن (ا/مذ) بدبختی اور نحوست کا زمانہ - بُرے دن -
کم بختی نے تو نہیں گھیرا ⎫ (ا/محاورہ) تمہارے بُرے دن آ گئے -
کم بختی تو نہیں آئی ⎭ ہیں - شامت آ گئی ہے - کھوٹے دن آ گئے ہیں -
کم تر (ف) بہت کم - بہت تھوڑا - نہایت ادنیٰ -
کم توجہی (ع/مث) غفلت - بے پروائی - خیال تک نہ کرنا -
کم حوصلگی (ع/مث) اوچھا پن - کم ظرفی - دلیری کا نہ ہونا -
کم حوصلہ (ع) اوچھا - کم ظرف - کم ہمت -
کم حیثیت (ع) تھوڑی پونجی والا - ٹٹ پونجیا - کمینہ - سفلہ - تھڑدلا -
کم خرچ (ف) کفایت شعار - جُزرس - تنگ دل - بخیل -
کم خرچ بالانشین (ف/مثل) وہ چیز جو قیمت میں کم اور نمائش میں زیادہ ہو - تھوڑی قیمت میں بڑا کام نکالنے والا -
کم خور - یا - کم خوراک (ف) تھوڑا کھانے والا -
کم دلا (ا) کم دل - ڈرپوک - کنجوس -
کم ذات (ا) کمینہ - رذیل -
کم زبان (ف/صف) کم بولنے والا -

کم زور (ف) بودا - ہلکا - مضبوط کی ضد - ناتواں - بے طاقت -
کم زوری (ف/ مث) ضعف - ناتوانی - نقاہت -
کم سخن (ا) چپ چاپ - کم بولنے والا -
کم سخنی (ا/ مث) خاموشی - کم گوئی - تھوڑا بولنا -
کم سن (ع) چھوٹی عمر کا -
کم سننا (ا) بہرہ ہونا - اونچا سنائی دینا - خیال میں نہ لانا - توجہ نہ کرنا -
کم سنی (ا/ مث) بچپن - لڑکپن - خوردسالی -
کم سواد (ع ف/ صف) کم فہم -
کم سے کم (ا) تقلیل - اقل درجہ - بہت ہی کم -
کم ظرف (ع) اوچھا - تھڑدلا - ادنیٰ - حقیر - پاجی -
کم ظرفی (ف/ مث) اوچھاپن - سمائی اور برداشت کا نہ ہونا -
کم عقل (ع) بے وقوف - نادان - احمق -
کم عقلی (ع/ مث) بے وقوفی - نادانی - حماقت -
کم عمر (ع) دیکھو کم سن -
کم فرصتی (ع/ مث) کام سے فرصت نہ ہونا -
کم فہم (ع) بے سمجھ - نادان -
کم فہمی (ع/ مث) نادانی - ناسمجھی -
کم قیمت (ا) سستا - ارزاں -
کم کرنا (ا) گھٹانا - وضع کرنا - منہا کرنا - اختصار کرنا - مختصر کرنا -
کم کم (ا) تھوڑا تھوڑا - کبھی کبھار - قطرہ قطرہ -
کم گفتار (ف/ صف) کم بولنے والا -
کم و بیش (ف) لگ بھگ - قریب قریب - تھوڑا بہت - تقریباً -
کم مایہ (ف/ صف) تھوڑی پونجی والا -
کم ہمت (ع) ڈرپوک - کام چور - بزدل - کم حوصلہ -
کم ہمتی (ع/ مث) بزدلی - کم حوصلگی - کام چوری -
کم ہونا (ا) گھٹنا - ٹھہرنا - نہ ہونا - زوال ہونا -
کم یاب (ف) نادر - نایاب - کم ملنے والی چیز -
کما حقہٗ (ع) جیسا کہ اس کا حق ہے - بخوبی - ٹھیک ٹھیک - واجبی -
کما ینبغی (ع) جیسا کہ لائق ہے - حسبِ اطمینان - بخوبی -
کماچ (ہ/ مث) ایک قسم کی ناہموار روٹی - موٹی اور گول چیز -
کماد (ع) انکور لگانی - سینکنا -
کمار (س/ مذ) کنور - بن بیاہا - شہزادہ - راجہ کا بیٹا - راج دلارا - پسر -
کماری (ہ/ مث) کمار کی تانیث - شہزادی - راج دلاری - دختر -
کمال (ع/ مذ) پورا ہونا - کمالیت - گن - ہنر - قابلیت - لیاقت - انوکھی بات - اچنبھا - عجیب بات - کامل - پورا - سب - خوبی - عمدگی - صنعت - کاریگری -
کمال درجہ کا (ا) نہایت پورا - بالکل کامل - ازحد -

کمال دکھانا (ا) کرامات دکھانا - ہنر یا کرتب دکھانا -
کمال کا بنا ہوا (ا) بڑا کرتبی - پرفن - آفت کا پرکالہ - فریبی - چالیا - نہایت ہوشیار -
کمال کرنا (ا) کاریگری دکھانا - کوئی عجیب اور انوکھا کام کرنا - غضب کرنا - قابل تعجب کام کرنا - دھوکہ دینے میں کامل ہونا - کسی بات میں غالب آنا -
کمال کو پہنچنا (ا) فعل - پورا ہونا - ختم ہونا - کسی بات میں کمال حاصل ہونا -
کمالا (ا) اسم مذکر - صلح کے ساتھ کشتی کرنا - آپس میں پہلوانوں کی جنگ زرگری -
کمالات (ع) اسم مذکر - کمال کی جمع -
کما کھانا (ا) فعل - رزق حاصل کرنا - محنت و مزدوری سے پیٹ پالنا -
کما لینا (ا) فعل - نجاست اور گندگی صاف کرنا - کچھ حاصل کرنا - ملازمت یا تجارت سے روپیہ پیدا کر لینا - ناتواں کر دینا - چر لینا - نچوڑ لینا -
کمان (ان) اسم مؤنث - کمانڈر کا مخفف ہے - حکومت - سرداری - اختیار - فوجی ڈیوٹی -
کمان افسر (ا) اسم مذکر (لشکری) سردار لشکر - فوج کی کمان کرنے والا - کمانڈر - فوج کا افسر -
کمان بولنا (ا/ لشکری محاورہ) جنگی خدمت کا حکم دینا - نوکری بتانا -
کمان پر جانا (ا/ فعل) لڑائی کے لیے جانا - جنگی خدمت پر مامور ہونا -
کمان پر ہونا (ا) فوجی ڈیوٹی پر ہونا - جنگی خدمت پر ہونا -
کمان (ف) اسم مؤنث - دھنک - قوس - تیر اور غلولہ وغیرہ چلانے کا جھکا ہوا آلہ - غلیل - آسمان کے بارہ برجوں میں سے ایک برج - دھن راس - محراب - طاق - دائرے کا کوئی حصہ - قوس قزح (بحالتِ صفت) لچکدار - جھکا ہوا - کبڑا -
کمان ابرو (ف) اسم صفت ترکیبی - کمان جیسی بھوؤں والا معشوق -
کمان بردار (ف) اسم فاعل ترکیبی - تیرانداز سپاہی - کمان لے چلنے والا نوکر - کمان دار -
کمان تاننا یا چڑھانا (ا/ فعل) کمان کا چلّہ چڑھانا - کمان کھینچنا -
کمان چڑھنا (ا/ فعل) قسمت یاور ہونا - اقبال مند ہونا - ڈنکا بجنا - رتی چمکنا -
کمان شیطان (ف) قوس قزح -
کمان دار (ف) اسم فاعل ترکیبی - محراب دار - قوسی شکل کا - تیرانداز سپاہی - کمان بردار -
کمان رستم (ا/ مث) قوس قزح -
کمان زہ کرنا (ا/ محاورہ) کمان پر چلّہ چڑھانا -
کمان ساز (ا/ مث) کمانیں بنانے والا شخص -
کمان کھینچنا (ا/ فعل) کمان تاننا - غرور کرنا -
کمان گر (ف) اسم فاعل ترکیبی - کمان بنانے والا - کمنگر - ہاتھ پاؤں کی اتری ہوئی ہڈیوں کو ان کی جگہ پر لے آنے والا -

کمانا (ا/ فعل) روپیہ حاصل کرنا - چمڑا نرم اور صاف کرنا - پاخانہ صاف کرنا - محنت مشقت کر کے جسم کو مضبوط کرنا - ذمہ لینا - ارتکاب کرنا - کم کرنا - گھٹانا - زمین کو زرخیز بنانا - پیشہ کرنا - بُرا کام کر کے روپیہ حاصل کرنا - لوہے کی سختی دُور کرنا -

کمانچہ (ف) کمان سے اسم تصغیر - چھوٹی کمان - دُھنکی - رُوئی دُھنکنے کی غلیل - ایک قسم کی سارنگی - چوتارا - طاقچہ - محراب دار چھت - فولاد کی کمانی -

کمانڈر (انگ/ اسم مذکر) میر بخشی - سپہ سالار - فوج کا بڑا افسر -

کمانڈر انچیف (انگ/ اسم مذکر) سپہ سالار اعظم - جنگی لاٹ -

کمانی (انگ/ اسم مذکر) سارنگی کا گز - بڑھئی کی برما چلانے کی لکڑی - لوہے کا لچک دار خمیدہ حلقہ جو بگیوں - کرسیوں وغیرہ کی گدیلوں میں ہوتا ہے -

کماؤ (ہ/ اسم صفت) خوب کمانے والا - محنتی مزدور - خاوند - مالک - پتی -

کماؤ آئے ڈرتا - نکھٹو آئے لڑتا (ہ/ مثل) نکھٹو اور نکما آدمی گھر والوں پر ناجائز رعب ڈالتا ہے اور کماؤ بیچارا خاموشی سے گزارہ کرتا ہے -

کماؤ خصم کس نے نہیں چاہا (ا/ مثل) مفید اور فیض رساں آدمی کو ہر شخص پیار کرتا ہے -

کماؤ دھن } (ہ/ اسم مذکر) سپوت بیٹا -
کماؤ پوت }

کماؤ پوت کی دُور بلا (ہ/ مثل) سپوت بیٹے بڑے بڑے کام کر جاتے ہیں -

کمائیں میاں خانخاناں اُڑائیں میاں فہیم (ا/ مثل) کمائے کوئی اُڑائے کوئی - دُوسرے کے مال پر عیش منانے والے کی نسبت بولا کرتے ہیں -

کمائی (ا/ اسم مؤنث - کمانا سے حاصل مصدر ہے) آمدنی - کھٹی - پیدا - فعل - مزدوری نفع -

کمبل (س/ اسم مذکر) - بھیڑ بکری کی موٹی اُون کا بنا یا ہوا کپڑا - پلاس - موٹی اُون کی لوئی -

کمبل اوڑھنے سے فقیر نہیں ہوتا (ا/ مثل) فقیری باطن کی صفائی پر منحصر ہے نہ ظاہری لباس پر -

کمبل پوش (ا/ اسم صفت ترکیبی) کمبل اوڑھنے اور بیچنے والا فقیر -

کمبھ (س/ اسم مذکر) - مٹکا - گھڑا - آسمان کے گیارھویں برج کا نام - برج دلو - ہاتھی کا مستک - ہاتھی کا سر - ہردوار کا میلہ جو بارہ برس کے بعد ہوا کرتا ہے -

کمپا (ہ/ اسم مذکر) - پرندوں کو پکڑنے کی لمبی چھڑ یا بانس جس کے سرے کی تیلیوں پر لاسہ لگا ہوتا ہے -

کمپا لگانا - یا - مارنا (ہ/ محاورہ) لاسہ کے ذریعے سے پرندوں کو پکڑنا - کسی کو قابو میں لانا - داؤں مارنا - مال اُڑانا -

کمپارٹمنٹ (انگ/ مذ) کمرہ - حجرہ - درجہ -

کمپاس (انگ/ اسم مؤنث) - قطب نما - پرکار - محیط دائرہ - زائچہ - زمین کی پیمائش کا ایک آلہ -

کمپاؤنڈ (انگ/ اسم مذکر) صحن مکان - احاطہ -

کمپنی (انگ/ اسم مؤنث) - ٹولی - جتھا - انجمن - گروہ - فرقہ - شریک - ساتھی - انگلستان کے سوداگروں کی جماعت جسے ایسٹ انڈیا کمپنی کہتے ہیں -

کمپنی باغ (ا/ امذ) سرکاری باغ جو لوگوں کی سیر کے لیے بنا ہو -

کمپو (انگ/ اسم مذکر) - کیمپ - چھاؤنی - لشکرگاہ وہ فوج جو ایک جرنیل کے ماتحت ہو - مجازاً - فوج - لشکر - سپاہ -

کمپو کے بگڑے ہوئے (ا/ اسم مذکر) - چھاؤنی کے شریر لشکری لوگ - لچے گنڈے - مفسد - باغی - سرکش -

کمپوزنگ (انگ/ اسم مذکر) - ٹائپ کے حرفوں کو جوڑنا - ملانا - مرتب کرنا -

کمپوزنگ سٹک (انگ/ اسم مذکر) - ٹائپ کے حرفوں کو جوڑ کر رکھنے کا سانچہ یا قالب -

کمپوزیٹر (انگ/ اسم مذکر) - ٹائپ کے حروف ملانے یا جوڑنے والا -

کمپونڈر (انگ/ اسم مذکر) - دوا بنانے والا - نسخہ باندھنے یا مرکب کرنے والا - عطار -

کمتر (ف/ اسم صفت) - صفت کا دُوسرا درجہ - دوسرے سے حقیر - خفیف -

کمترین (ف/ اسم صفت) - صفت کا سب سے اعلیٰ درجہ - تفعیل کل - نہایت کم - بہت ہی حقیر - ناچیز - نیازمند - فدوی -

کمتی (ا/ اسم صفت) - کم کا مزید علیہ - وزن - مرتبہ یا لیاقت وغیرہ میں گھٹا ہوا - کم -

کمثری (ع) امرود -

کمٹھا (ا/ اسم مذکر) - کمٹھا کا بگاڑ - بانس کی کمان - چاپ -

کمخاب (ف) زربفت - ایک قسم کا ریشمی کپڑا جو زری کے تاروں کی آمیزش سے بُنا جاتا ہے -

کمر (ف/ اسم مؤنث) - جسم کا بیچ کا حصہ - پیٹھ - پُشت - وسط شے - بیچ کا حصہ - پرتلا - پیٹی - پٹکا - فوج کا پہلو - بازوئے لشکر - پہلوانوں کا ایک داؤ - مجازاً - ہمت - ڈھارس -

کمر باندھنا (ا/ فعل) کمر سے پٹکا وغیرہ کسنا - تیار ہونا - مستعد ہونا - ارادہ کرنا -

کمر بستر سے نہ لگنا (ا/ محاورہ) بے چینی سے وقت گزرنا -

کمر بستہ (ف/ اسم صفت) - ہر دم تیار - لیس - حاضر - مسلح - ہتھیار بند - خادم - نوکر - خدمت گار - ملازم -

کمر بستہ ہونا (ا/ محاورہ) آمادہ ہونا - تیار ہونا -

کمر بند (ا/ اسم مذکر) - فاعل ترکیبی - ازار بند - ناڑا - پیٹی - پٹکا - (بحالت صفت) لیس - مستعد - تیار - آمادہ - ملازم - نوکر - خادم -

کمر بندی (ا/ اسم مؤنث) - بیائے مصدری - ہتھیار بندی - تیار بندی -

کمر بیٹھنا (ا/ فعل) ہمت نہ رہنا - مایوس ہو جانا -

کمر پکڑ کے اُٹھنا (ا/ فعل) کمزوری کے باعث کمر تھام کر کھڑا ہونا - بوڑھا ہونا -

کمر پکڑنا ۔ یا ۔ تھامنا (ا/ فعل) کسی کی مدد کرنا ۔ اعانت کرنا سہارا دینا۔
کمر تختہ ہونا (ا/ فعل) کمر اکڑ جانا ۔ کمر کا سخت ہو جانا ۔
کمر تکیہ (ف/ مذ) کمر کے پیچھے رکھنے کا تکیہ ۔
کمر ٹوٹا (ا/ صف) کبڑا ۔ کم ہمت ۔
کمر توڑنا (ا/ فعل) کمر کو شکستہ کر دینا ۔ آس توڑنا ۔ بے دل کرنا ۔ ہمت توڑنا ۔ دوستوں اور بھائی بندوں کو توڑ لینا ۔ زور گھٹانا ۔ کمزور کر دینا ۔
کمر ٹوٹا (ا/ اسم صفت مفعولی) کبڑا ۔ نامرد ۔ پست ہمت ۔ نراس ۔
کمر ٹوٹ جانا (ا/ فعل) شکستہ دل ہونا ۔ ہمت نہ رہنا ۔ مایوس ہو جانا ۔ بے یار و مددگار ہو جانا ۔ اولاد یا بھائی بند وغیرہ کا مر جانا ۔
کمر ٹوٹنا (ا/ فعل) کمر کو ضرب پہنچنا ۔ اولاد بھائی وغیرہ کا مرنا سخت صدمہ گزرنا ۔ ہمت ٹوٹنا ۔ ناامید ہو جانا ۔ بے یار و مددگار ہو جانا ۔
کمر ٹھوکنا (ا/ فعل) شاباش دینا ۔ سراہنا ۔ تھپکنا ۔ تعریف کرنا ۔
کمر جھکنا (ا/ فعل) کبڑا ہو جانا ۔ ناتواں اور کمزور ہو جانا ۔ بہت بوڑھا ہونا ۔
کمر دوال (ا/ اسم مذکر) کمر سے باندھنے کی چمڑے کی پیٹی ۔ چمڑے کا تنگ ۔
کمر رہ جانا (ا/ فعل) جسم کا بے حس و حرکت ہو جانا ۔ کمر تھک جانا ۔
کمر سی ٹوٹ گئی (ا/ محاورہ) ہمت جاتی رہی ۔ مایوسی ہو گئی ۔
کمر سیدھی کرنا (ا/ فعل) آرام کرنا ۔ لیٹنا ۔ تکان اتارنا ۔ ذرا کی ذرا سونا ۔
کمر کا مضبوط (ا/ اسم صفت) طاقتور ۔ شہ زور ۔ بڑی قوت والا ۔
کمر کسنا (ا/ فعل) پکا ارادہ کرنا ۔ کسی کام کے لیے بالکل آمادہ ہو جانا ۔
کمر کمر (ا/ تابع فعل) ۔ کمر تک ۔ کمر کے برابر ۔
کمر کوٹ (ا/ اسم مذکر) ۔ چھوٹی دیوار ۔ کمر کے برابر فصیل ۔ شہر پناہ ۔
کمر کوٹھا (ا/ اسم مذکر) شہتیر یا کڑی کا وہ حصہ جو دیوار سے باہر کے رخ نکلا رہتا ہے ۔
کمر کوہ (ف/ اسم مؤنث) پہاڑ کا درمیانی حصہ ۔ پہاڑ کا بیچ کا حصہ ۔
کمر کھول بیٹھنا } (ا/ فعل) ملازمت چھوڑ دینا ۔
کمر کھول کر بیٹھنا } نوکری چھوڑ کر خانہ نشین ہو جانا ۔
کمر کھولنا (ا/ فعل) ہتھیار کھولنا ۔ پیٹی کھولنا ۔ کوشش چھوڑ دینا ۔ آرام لینا ۔ دم لینا ۔ ارادہ فسخ کر دینا ۔ کسی کام سے فارغ ہو بیٹھنا ۔
کمر لگنا (ا/ فعل) چوپائے کی پیٹھ کا زخمی ہونا ۔ ذرا کی ذرا لیٹنا ۔ بستر پر پڑے پڑے کمر میں زخم ہو جانا ۔
کمر لینا (ا/ محاورہ) کمر پکڑنا ۔ کمر کا ناپ لینا ۔
کمر مارنا (ا/ فعل) ترچھا یا آڑا وار کرنا ۔ پہلو کے رخ ضرب لگانا ۔ لشکر کے درمیانی حصے پر حملہ کرنا ۔
کمر میں توشہ تو منزل کا بھروسہ (ا/ مثل) گرہ میں پیسہ ہو تو سفر میں بھی اطمینان رہتا ہے ۔
کمر میں جھٹک آنا (ا/ فعل) کمر کا جھٹکا کھا جانا ۔ کمر کو ضرب پہنچنا ۔
کمر میں رکھنا (ا/ محاورہ) کمر میں باندھنا ۔

کمر میں ہاتھ ڈالنا (ا/ محاورہ) کسی کی کمر کو تھام لینا ۔
کمر ہلانا یا چلانا (ا/ فعل) کمر کو حرکت دینا ۔ دھکے لگانا ۔
کمرا (لاطینی/ اسم مذکر) کوٹھڑی ۔ حجرہ ۔ خلوت خانہ ۔
کمرک (ا/ اسم مذکر) ایک قسم کا نہایت باریک اور عمدہ لٹھا ۔
کمرکھ (ہ/ اسم مؤنث) ایک خوب صورت اور ترش پھل کا نام ہے ۔
کمری (ہ/ اسم مذکر) بوجھ سے شکستہ کمر گھوڑا ۔ بودا گھوڑا ۔ کبڑا گھوڑا ۔ (بحالت اسم مؤنث) چھوٹی سی جاکٹ ۔ مرزئی کرتی ۔
کمسریٹ (انگ/ اسم مؤنث) سپاہیوں کی خوراک وغیرہ بہم پہنچانے کا محکمہ اور دفتر ۔
کمشنر (انگ/ اسم مذکر) کئی ضلعوں کا حاکم ۔ پرگنے کا افسر ۔
کمشنری (ا/ اسم مؤنث) یائے نسبتی ۔ قسمت پرگنہ ۔ کئی ضلعوں کا حلقہ ۔ ڈویژن ۔ صوبہ ۔
کمک (ف/ اسم مؤنث) مدد ۔ معاونت ۔ حمایت ۔ وہ فوج جو دوسری فوج کی مدد کے لیے لڑائی میں بھیجی جائے ۔
کمکم (ف) کشمیر کے ایک تالاب کا نام ۔
کمل (ہ/ اسم مذکر) دیکھو (کنول)
کملا (ہ/ اسم مذکر) ایک قسم کے زرد کیڑے کا نام ہے (پنجابی) دیوانہ ۔
کملانا (ہ/ فعل) مرجھانا ۔ سوکھنا ۔ دبلا ہونا ۔ غمگین ہونا ۔
کمل بائی یا کمل باؤ (ہ) یرقان ۔ ایک قسم کی بیماری جس میں آنکھیں زرد ہو جاتی ہیں ۔
کملی (ا/ اسم مؤنث) کمل کی تصغیر ہے ۔ چھوٹا کمل ۔
کملی بچھانا (ا/ فعل) سوگ یا ماتم کی علامت ظاہر کرنا ۔ کریا کرم تک کمل پر بیٹھنا ۔
کمند (ف) پھندا ۔ رسی کی سیڑھی جس سے چور مکان پر چڑھ جاتے ہیں ۔ ریشم کا رستہ ۔ چمڑے کا رستا جو گلا گھونٹنے یا دشمن کو پھنسا کر کھینچ لینے کے کام آتا ہے ۔
کمنگر (ف/ اسم فاعل ترکیبی) کمان گر کا مخفف ہے ۔ کمان بنانے والا ۔ کمان ساز ۔
کمہار (ہ/ اسم مذکر) مٹی کے برتن بنانے والا ۔ دکنبھ بمعنی برتن اور ہار علامت فاعل) کوزہ گر ۔
کمہار پر بس نہ چلا گدھی کے کان اینٹھے (ہ/ مثل) زبردست سے پیش نہ گئی ۔ غریب کو سزا دے دی اور اس پر غصہ نکالا ۔
کمہار کہنے سے گدھے پر نہیں چڑھتا (ہ/ محاورہ) لوگوں کے کہنے پر عمل نہ کرنے والے کی نسبت بولا کرتے ہیں ۔
کمہاری (ہ/ اسم مؤنث) کمہار کی مؤنث ۔ برتن گگی بنانے والے کی جورو ۔ ایک قسم کی بھڑ کا نام بھی ہے ۔ انجنہاری ۔
کمی (ا/ اسم مؤنث) یائے مصدری ۔ ٹوٹا ۔ نقصان ۔ توڑا ۔ کوتاہی ۔ کسر ۔
کمیت (ف/ اسم مذکر) سیاہی مائل سرخ رنگ کا گھوڑا ۔ سرنگ ۔
کمیٹی (انگ/ اسم مؤنث) ایک سے زیادہ چنے ہوئے آدمی ۔ پنچایت ۔ سبھا ۔ انجمن ۔ مجلس ۔

کمیٹی کرنا (ہ / فعل) باہم جمع ہو کر مشورہ کرنا۔ صلاح کرنا۔ پنچایت کرنا۔
کمیدان (ت / مذ) کپتان کا ماتحت یا نائب۔
کمیرا (ہ / اسم مذکر فاعل) کام کرنے والا۔ کسان کا ٹہلوا۔ سیوک۔ نوکر۔ چاکر۔ خادم۔
کمیڑے (ہ / اسم مذکر) اینٹھن۔ مروڑ۔ جسم کا تشنج۔ جسم کی اینٹھن۔ چھوٹی مرگی بچوں کی ایک بیماری کا نام ہے۔
کمیز۔ بروزنِ گریز (ف) پیشاب۔
کمیشن (ان / اسم مذکر) جماعت۔ جتھا۔ گروہ۔ رسالت۔ نیابت۔ گماشتگی۔ دلالی۔ آڑت۔ رسوم۔ وہ اہین یا کمشنر جو کسی مقدمے میں تحقیقات کے واسطے سرکار کی طرف سے بھیجا جائے۔
کمیشن بیٹھنا (ا / فعل) کسی بات کے فیصلے یا تحقیقات کے واسطے کسی جماعت کا اجلاس ہونا۔
کمیلا (ہ / اسم مذکر) ایک سُرخ رنگ کی دوا کا نام ہے جو کھجلی والے زخم اور پیٹ کے کیڑوں کے لیے نہایت مُفید ہے۔
کمیلا (ہ / بیائے مجہول) بکریوں وغیرہ کے ذبح کرنے کی جگہ۔ مذبح۔ مقتل۔ مسلخ۔
کمیلا کرنا (ا / محاورہ) جانور ذبح کرنا۔
کمین (ع / اسم مذکر) نیچ۔ ادنیٰ قوم کا۔ نیچ ذات کا۔ نوکر چاکر۔ ٹہلوا (بحالتِ صفت) اوچھا۔ کم ظرف۔ پاجی۔
کمین ذات (ہ / اسم مؤنث) نیچ قوم۔ جیسے چوہڑا چمار وغیرہ۔
کمین (ہ / اسم مذکر) گھات۔ دشمن پر حملہ کرنے کی غرض سے چھپ کر بیٹھنا۔
کمین گاہ (عف / اسم مؤنث) گھات کی جگہ دشمن پر حملہ کرنے یا شکار پر وار کرنے کی چھپوال جگہ۔
کمینڈ (ہ / اسم مذکر) دغا۔ دھوکا۔ فریب۔
کمینڈیا (ہ / اسم مذکر بالف فاعل ترکیبی) فریبی۔ دھوکے باز۔ دغاباز۔
کمینہ (ف / اسم صفت) پاجی۔ نیچ ذات کا۔ اوچھا۔ کم ظرف۔ کم اصل۔ شُودر۔
کمینہ سے خُدا کام نہ ڈالے (ا / مقولہ) خدا کبھی کم اصل سے واسطہ نہ ڈالے۔
کمینہ پن (ہ / اسم مذکر مصدری) پاجی پن۔ اوچھا پن۔ کم ظرفی۔

ک - ن

کُن (ع) صیغۂ امر بمعنی ہو جا۔ ظاہر ہو۔
کَن (ہ / اسم مذکر) ذرا سا ٹکڑا۔ ریزہ۔ ذرہ۔ پھول۔ کلی۔ کونپل۔ جیسے تنباکو میں کن آ رہا ہے۔ اناج۔ غلّہ۔ اَن۔ زور۔ طاقت۔ بل۔ ست۔ جیسے بدن میں کن نہیں رہا۔ چھوٹا۔ خُرد۔ آدھا۔ گوشہ۔ گوشہ۔

کُن (ف) گروہ۔
کن انکھیوں دیکھنا / کن انکھیوں سے دیکھنا (ہ / فعل) گوشۂ چشم سے دیکھنا۔ آنکھ چُرا کر دیکھنا۔ نظر بچا کر دیکھنا۔
کن کوت (ہ / اسم مؤنث) غلّہ کی جانچ کھڑے کھیت کے اناج کا اندازہ۔
کن (ہ / اسم مذکر) کان کا مخفف (مرکبات میں) کرن۔ گوش۔
کن بندھا (ہ / اسم فاعل ترکیبی) کان چھیدنے والا۔
کن پٹی یا کنپٹی (ہ / اسم مؤنث) آنکھ اور کان کے درمیان کی نرم جگہ۔
کن پیڑ (ہ / اسم مذکر) کان کے نیچے سے گلے کی حد تک کا ورم۔
کن ٹوپ (ہ / اسم مذکر) کان ڈھکنے کی بڑی سی ٹوپی۔
کن چھیدن (ہ / اسم مذکر) بچوں کے کان چھیدنے کی رسم۔
کن رَس (ہ / اسم مذکر) راگ رنگ کا مزا۔ کانوں کا راگوں کی آواز سے آشنا ہونا۔ بدگوئی سننے کی عادت۔ باتیں سننے کی عادت۔
کن رسیا (ا / مذ) جیسے گانا سننے کا شوق۔
کن سلائی (ہ / اسم مؤنث) ایک چھوٹا سا سُرخ رنگ کا دھاری دار کان میں گھس جانے والا کیڑا۔
کن سوئیاں لینا (ہ / فعل) چھپ کر کسی کی باتیں سننا۔ ٹوہ رکھنا۔ جاسوسی کرنا۔ خفیہ بھید لینا۔
کن کٹا (ہ / اسم صفت) بوچا۔ گوش بریدہ۔ دوسروں کے کان کاٹنے والا۔
کن کھجورا (ہ / اسم مذکر) ایک زہریلے کیڑے کا نام ہے۔ ہزار پا۔
کن کھجورے کے پاؤں ٹوٹیں گے (ا / مثل) بہت امیر آدمی کا کتنا نقصان ہوگا۔
کِن (ہ / کلمۂ استفہام) کس۔ کون۔
کِن آنکھوں سے دیکھوں (ا / محاورہ) دیکھا نہیں جاتا۔
کُن فکاں / کُن فیکون (ع / اسم مؤنث) لفظی معنی ہو جا۔ بس وہ ہو گئی۔ مجازاً دنیا۔ مخلوق۔ موجودات۔
کُن (ف / صیغۂ امر حاضر) کر۔ کر دے۔ مرکبات میں اسم فاعل سماعی کے معنی دیتا ہے۔
کَنا (ہ / اسم مذکر) کنارہ۔ کور۔ جوتی کے نیچے کا کنارہ۔ پتنگ کا وہ حصہ جس میں ڈورا باندھتے ہیں۔
کنا نکل جانا (ہ / فعل) کنارہ ٹوٹ جانا۔ کنارہ پھٹ جانا۔
کِنار (ف / اسم مؤنث) گود۔ بغل۔ پہلو۔ جُدائی۔ علیحدگی۔ مفارقت۔
کنار گرم ہونا (ا / فعل) بغل گرم ہونا۔ ساتھ سونا۔ وصل کا لطف اُٹھانا۔
کَنار (ف / اسم مذکر) کور۔ گوٹ۔ سنجاف۔ کنارہ۔ لب۔ پہلو۔ طرف۔
کنار (ا / اسم مذکر) گھوڑے کا ساز کام۔
کُنار (ف / اسم مذکر) بیر۔ بسدر۔
کنارا (ا / اسم مذکر) حاشیہ۔ گوٹ۔ کور۔ زری یا ریشمی فیتہ۔ گُنٹے کی ایک قسم۔

کِنارہ (ف/اسم مذکر) کرارا ۔ ساحل ۔ کونہ ۔ طرف ۔ کھونٹ ۔ سرا۔ انتہا ۔ انجام ۔ علیحدگی ۔ جُدائی ۔ مفارقت ۔
کِنارہ کرنا (ف/فعل) الگ ہونا ۔ چھوڑ بیٹھنا ۔ باز آنا ۔ علیحدگی اختیار کرنا ۔
کنارہ کشی (ف/اسم مؤنث، بیائے مصدری) علیحدگی ۔ مفارقت ۔ قطع تعلق ۔ جُدائی ۔
کنارے بیٹھنا (ا/فعل) الگ ہوجانا ۔ گور میں پاؤں لٹکانا ۔
کنارے کنارے (ا/تابع فعل) الگ ہوجانا ۔ گور میں پاؤں لٹکانا ۔
کنارے لگانا (ا/فعل) دریا پار اترنا ۔ جہاز یا کشتی کو ساحل پر لانا ۔
کنارے لگنا (ا/فعل) دریا پار ہونا ۔ ساحل پر پہنچنا ۔ قریب المرگ ہونا ۔
کنارے ہوجانا (ا/فعل) ایک طرف کو ہٹ جانا ۔ راستے سے بچ جانا ۔ کترا جانا ۔
کناری (ا/اسم مؤنث) دوپٹوں کے کنارے پر لگانے کا رُپہلا گوٹا ۔
کَنّاس (ع/اسم مذکر) چوہڑا ۔ خاکروب ۔ جلّاد ۔ حلال خور ۔
کُناسہ (ع) کوڑا کرکٹ ۔
کناگت (ہ/اسم مذکر) کرناگت سے بگڑا ہے ۔ جنوب ۔ راج کرن ۔ ماہ اسوج کے اندھیرے پکھ میں برہمنوں کو عمدہ عمدہ کھانے کھلانے کی رسم ۔
کناگت کرنا (ہ/فعل) اسوج کے پہلے پاکھ میں پتروں کے نام پر برہمنوں کو کھانے کھلانا ۔
کنال (پنجابی/اسم مذکر) بیس مربع مرلے کا پیمانہ ۔ بیگھے کی چوتھائی ۔ گھماؤں کا آٹھواں حصہ ۔
کنالی کاٹنا (ہ/فعل) ایک رستہ چھوڑ کر دوسرا رستہ اختیار کرنا ۔
کنایت (ع/اسم مؤنث) رمز ۔ اشارے سے بات کہنا ۔ اشارے سے بات کرنا ۔
کِنایہ (اسم مذکر) منشا ۔ مطلب ۔ مقصد ۔ معنی مراد ۔ مجازاً استعارہ ۔ رمز ۔ اشارہ ۔
کنایتًا (ع/تابع فعل) اشارے سے ۔ ضمنًا ۔ اشارے کے طور پر ۔
کَنَب (ف) بھنگ کے بیج اور پتی ۔
کُنبہ (ہ/اسم مذکر) قبیلہ ۔ گھرانا ۔ خاندان ۔ بال بچے ۔ لڑکے بالے ۔ اہل و عیال ۔
کنبہ پرور (ا/اسم مذکر، فاعل ترکیبی) خاندان اور رشتہ داروں کی پرورش کرنے والا ۔
کنبہ جوڑنا (ہ/فعل) بھیڑ لگانا ۔ تمام قرابتیوں اور رشتہ داروں کو جمع کرنا ۔
کُنبے والا (ا/صفت) کثیر الاولاد ۔
کنت ۔ کنتھ ۔ کنتھا (س/اسم مذکر) پیارا دوست ۔ خاوند ۔ شوہر ۔ پیا ۔
کنسٹر (انگ/اسم مذکر) شراب رکھنے کا شیشہ ۔ قرابہ ۔
کنٹربری ۔ انگلستان کا شہر جہاں انگلستان کا سب سے بڑا گرجا ہے ۔
یہاں کا لاٹ پادری شاہی خاندان میں رسومات ادا کرتا ہے ۔ اس کی بڑی عزت ہے ۔
کنجُک (ہ/اسم صفت) بخیل ۔ کنجوس ۔ ممسک ۔ تنگ دل ۔
کنجک پنا (ہ/اسم مصدری) بخل ۔ کنجوسی ۔ خِسّت ۔
کنٹھ (ہ/اسم مذکر) گلا ۔ حلق ۔ گلے کی ہڈی ۔ آواز ۔ سُر ۔ حفظ ۔ نوکِ زبان ۔ ازبر ۔
کنٹھ بیٹھنا (ہ/فعل) گلا بیٹھنا ۔ آواز بیٹھنا ۔ گلا پڑ جانا ۔
کنٹھ کرنا (ہ/فعل) حفظ کرنا ۔ ازبر کرنا ۔ زبانی یاد کرنا ۔
کنٹھ مالا (ہ/اسم مؤنث) گلے کی ایک بیماری کا نام ۔ گلے کی گلٹیاں ۔ گلے کا ہار ۔ کنٹھا ۔
کنٹھ نکلنا ۔ یا ۔ پھوٹنا (ہ/فعل) سنِ بلوغ کو پہنچنا ۔ جوان ہونا ۔ گلے کی ہڈی کا نمایاں ہونا ۔
کنٹھا (ہ/اسم مذکر) بڑے بڑے موتیوں یا سونے کے منکوں کا ہار ۔ پھولوں کا ہار ۔ بڑے بڑے دانوں کی تسبیح ۔ پرندوں کے گلے کا طوق ۔
کنٹھا اُٹھانا (ہ/فعل) تسبیح کی قسم کھانا ۔
کنٹھالنا (ا/امص) نفرت کرنا ۔ جی متلانا ۔
کنٹھی (ہ/اسم مؤنث بیائے تصغیر) لکڑی کے دانوں یا بیجوں کی مالا ۔ تسبیح ۔ موتیوں کی لڑی ۔ پرندوں کے گلے کا طوق ۔
کنٹھی باندھنا (ہ/فعل) چیلا بننا ۔ مرید ہونا ۔ ترکِ حیوانات کرنا ۔ بھگت ہوجانا ۔
کنٹھی دینا (ا/محاورہ) چیلا بنانا ۔
کَنٹیا (ہ/اسم مؤنث) کانٹا کی تصغیر ۔ مچھلی پکڑنے کا کانٹا ۔ شست ۔ قیمتی اشیا تولنے کی ترازو ۔
کنٹیلا (ہ/صف) کانٹے دار ۔ خاردار ۔
کُنج (ف/اسم مذکر) کونا ۔ گوشہ ۔ زاویہ ۔
کُنج تنہائی (ف/اسم مؤنث) خلوت کا گوشہ ۔ خلوت ۔
کُنج قناعت (ف/اسم مذکر) صبر کا کُرنا ۔ گوشہ ۔ تسلیم و رضا ۔
کُنج کاوی (ف) تجسس ۔ تلاش ۔ غور ۔ فکر ۔ سوچ ۔
کُنج (س/اسم مذکر) درختوں کے سائے میں بیٹھنے کی جگہ ۔ بیل بوٹوں کی جگہ ۔ کوچہ ۔ گلی ۔
کُنجا (ہ/اسم مذکر) بالِف فاعلیت ۔ نیلی آنکھوں والا ۔ کرنجا ۔ گربہ چشم ۔
کنجر (ہ/اسم مذکر) سانسی ۔ ایک خانہ بدوش قوم ۔ (پنجاب) کنچن قوم ۔ کمینہ ۔ رذیل ۔ بدشکل ۔
کنجری (ہ/اسم مؤنث) کنجر قوم کی عورت ۔ کنجر کی جورو ۔ رنڈی ۔ کنچنی ۔
کُنجڑا (ہ/اسم مذکر) سبزی فروش ۔ ترکاری بیچنے والا ۔ مالی ۔
کُنجڑن (ہ/اسم مؤنث) ترکاری بیچنے والی عورت ۔ کنجڑا کی مؤنث ۔
کُنجڑے قسائی (ا/اسم مذکر) گھٹیا درجے کے لوگ ۔ ادنیٰ اور کمین لوگ ۔

کنجڑے کی اگاڑی قسائی کی پچھاڑی (ا/مثل) ترکاری پہلے وقت اور گوشت پچھلے وقت اچھا ملتا ہے۔
کنجشک (ف/اسم مؤنث) چڑیا۔
کنجل یا کنجر (ا/اسم مذکر) بڑا اور قوی الجثہ ہاتھی۔
کنجوس (ہ/اسم مذکر) کنجک۔ بخیل۔ شوم۔ تنگ دل۔
کنجوسی (ہ/اسم مذکر) بخل۔ تنگ دلی۔ خست۔
کنجی (ہ/اسم مؤنث) چابی۔ تالی۔ کلید۔ مفتاح۔
کنجی (ہ/اسم صفت) بیائے نسبتی۔ نیلی۔ نیلگوں۔ ازرق۔
کنچن (ہ/اسم مذکر) سونا۔ طلا۔ ایک قوم کا نام ہے جو عورتوں سے پیشہ کراتے ہیں۔ ولدالزنا۔ حرامزادہ۔ ایک سرخ سے پھل کا نام بھی ہے (بحالتِ صفت) بالکل تندرست۔
کنچن برسنا (ہ/فعل) روپیہ برسنا۔ زرخیزی اور خوب پیداوار ہونا۔
کنچن کایا (ہ/صفت) نہایت تندرست جسم۔ پُرصحت بدن۔
کنچن نیر (ہ/اسم مذکر) نہایت صاف اور ستھرا پانی۔
کنچنی (ہ/اسم مؤنث) بیائے نسبتی و تانیث۔ کنچن قوم کی عورت۔ رنڈی۔ بیسوا منسوب بہ زر دوست۔
کند (س/اسم مذکر) جڑ۔ مول۔ اصل۔ کھانڈ۔ چینی۔ بورا۔ گانٹھ۔ کنٹھی۔
کند (ف) نام شہر جسے خجند بھی کہتے ہیں۔ جراحت اور زخم کو بھی کہتے ہیں۔
کُندا (ا/اسم مذکر) پرندے کا بازو۔ شمشیر۔ بندوق کی سرگوشہ لکڑی۔ تنگ پاجامے کی سرگوشہ کلی۔ تریبڑ۔ دستہ۔ قبضہ۔ لکڑی کا ٹکڑا۔ پورا کھوپا۔ بھنا ہوا دودھ۔ ماوا۔
کندلا (ہ/اسم مذکر) سونے کا تار۔ سونے کا ڈلا۔
کندلاکش (ا/اسم مذکر فاعل) چاندی کے ڈلے پر سونا چڑھانے والا۔
کُندن (ہ/اسم مذکر) خالص سونا۔ بے کھوٹ سونا۔ چمک دار۔ سرخ و سفید۔ خالص نرمل۔
کُندن بن جانا (ہ/فعل) اکسیر سے خالص سونا بن جانا۔ صاف ہو جانا۔ نکھرنا۔ کیمیا بن جانا۔ اکسیر ہو جانا۔ نایاب ہو جانا۔
کُندن سا دمکنا (ا/محاورہ) سونے کی طرح چمکنا۔
کُندن سا رنگ (ا/امذ) چمکتا ہوا سنہرا رنگ۔
کُندنی رنگ (ا/امذ) سنہری رنگ۔
کندوری (ف/اسم مذکر) روٹیاں رکھنے کا رومال۔ دسترخوان (ا/اسم مذکر) جنگلی گھیا۔ ایک قسم کا سرخ پھل جنگلی (بحالت اسم مؤنث) بیوی کی صحنک۔ بیوی کی نیاز۔
کُندہ کار (ف/اسم مذکر فاعل ترکیبی) قلم کار۔ نقش و نگار کھودنے والا۔
کُندہ (ف/اسم مذکر) لکڑی کا لٹھا۔ کاٹھ۔ مجرموں کی سزا کا شکنجہ۔ قیمہ کوٹنے کی لکڑی۔ بندوق کی لکڑی۔
کُندۂ ناتراشش (ف/اسم صفت) ان گھڑ لکڑی۔ مورکھ۔ بیوقوف۔ احمق۔
کندھا (ہ/اسم مذکر) مونڈھا۔ دوش۔ شانہ۔ کتف۔

کندھا دینا (ہ/فعل) جنازے کو مونڈھے پر اٹھانا۔ میت کو کندھے پر رکھنا۔ سہارا دینا۔ بوجھ بٹانا۔ مدد دینا۔
کندھا ڈالنا (ہ/محاورہ) بیل کا کندھے سے جوا گرا دینا۔ تھک جانا۔ ہمت ہار دینا۔
کندھا لگنا (ہ/محاورہ) بوجھ یا رگڑ کے باعث کندھے کا زخمی ہونا۔ کندھے پر زخم ہونا۔
کندھے (ہ/اسم مذکر) کندھا کی جمع۔
کندھے ڈال جھولی چمار چھوڑا نہ کولی (ہ/مثل) بے شرم و حیا بھیک مانگنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔ جب شرم و حیا اتار دی تو ہر ایک سے جس طرح بنا لے لیا۔
کُندے (ہ/امذ) کُندا کی جمع۔ بازو۔
کُندے جوڑ کر یا تول کر باندھ کر آنا (ہ/محاورہ) پرندے کا اپنے بازوؤں کو ملا کر سیدھا نیچے کی طرف گرنا۔ فوراً آ جانا۔ جُرّت آ پڑنا۔
کُندی (ا/اسم مؤنث) موگری۔ دھلے ہوئے یا رنگے ہوئے کپڑوں کی صفائی کا آلہ۔ گھرٹ۔ مار پیٹ۔
کُندی کرنا (ا/فعل) موگری سے کپڑوں کی صفائی کرنا۔ استری کرنا۔ مارنا پیٹنا۔ گت بنانا۔
کُنڈ (س/اسم مذکر) پانی کا گہرا حوض۔ چشمہ۔ تالاب۔ گڑھا۔ غار۔ کھڈ۔
کنڈا (ہ/اسم مذکر) اپلا۔ تھاپی۔ ارنا۔
کُنڈا (ہ/اسم مذکر) حلقہ۔ لوہے کا وہ حلقہ جس میں زنجیر ڈالتے ہیں۔ زنجیر۔ سانگل۔
کُنڈال (ا/امث) کنڈلی۔
کُنڈل (ہ/اسم مذکر) چاند یا سورج کا حلقہ۔ ہالہ۔ حلقہ۔ دائرہ۔ چکر۔ گھیرا۔ کان کا بالا۔
کُنڈلی (ہ/اسم مؤنث) کُنڈل کی تصغیر۔ گھیرا۔ چکر۔ دور۔ حلقہ۔ جنم پترا۔
کُنڈلی بنانا (ا/محاورہ) زائچہ بنانا۔ جنم پتری بنانا۔
کُنڈلی مارنا (ا/محاورہ) چھوٹا حلقہ بنانا۔
کُنڈی (ہ/اسم مؤنث) کُنڈا کی تصغیر۔ سانگل۔ زنجیر در۔
کنز (ع/اسم مذکر) خزانہ۔ گنج۔ گنجینہ۔ مخزن۔
کُنس (س/اسم مذکر) متھرا کے ایک ظالم راجہ کا نام ہے جس کو سری کرشن جی نے ہلاک کیا تھا۔
کنستر (ف/اسم مذکر) ٹین کا بکس۔ پیپہ۔
کنسرویٹر (انگریزی/اسم مذکر) جنگلات کے محکمہ کا بڑا افسر۔
کنعان (ع) ۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کے شہر کا نام۔ نمرود کے باپ کا نام۔ حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے کا نام۔ زبیج۔
کنک (س/اسم مذکر) سونا۔ طلا۔ کنچن۔ کندن۔ دھتورا۔ دھتورے کے بیج۔
کنک (ہ/اسم مؤنث) گیہوں۔ گندم۔
کنکر (ہ/اسم مذکر) سخت مٹی کا روڑا۔ چونے کا سخت ٹکڑا۔ سنگریزہ۔

کنکر پتھر (ہ/اسم مذکر) کوڑا کرکٹ - واہیات - الابلا (حقارتاً) - جواہرات -

کنکرسا (ہ/اسم صفت بترکیب تشبیہی) نہایت سرد - بہت ہی ٹھنڈا -

کنکری (ہ/اسم مؤنث بیائے تصغیر) چھوٹی ڈلی - چھوٹا ٹکڑا - سنگریزہ - خرد -

کنکری کر دینا (ہ/محاورہ) زر و جواہرات وغیرہ کی بے قدری کر دینا - اسراف کرنا - دل کھول کر خرچ کر ڈالا -

کنکریلا (ہ/اسم صفت بترکیب فاعلی) کنکردار - کنکر آمیز - رکرکرا -

کنکریلی (ہ/اسم صفت) پتھریلی زمین - زمین سنگلاخ -

کُنکنا (ہ/اسم صفت) نیم گرم - شیر گرم - سستا سستا - سبیل گرم -

کنکوا (ہ/اسم مذکر) تکل - پتنگ - گڈی - کاغذ باوی -

کنکوا اُڑانا - یا - بڑھانا (ہ/فعل) پتنگ اُڑانا - گڈی کو ہوا پہ تاننا -

کنکوت (ہ/اسم مذکر) کھڑے کھیت کے اناج کا تخمینہ لگانے والا -

کنکی (ہ/اسم مؤنث) چاول کا چُورا - چاول کے ٹکڑے -

کنگال (ہ/اسم صفت) مُفلس - قلاش - تنگدست - محتاج -

کِنگ (انگ) بادشاہ -

کُنگر } (ہ/اسم صفت) موٹا تازہ - فربہ -
کنگرا } قوی ہیکل - ہٹا کٹا -

کنگلا (ہ/اسم صفت) کنگال کی تصغیر - محتاج - مُفلس - قلاش -

کنگلی (ہ/اسم صفت) محتاج عورت - نادار زن -

کنگن (ہ/اسم مذکر) کلائی کے ایک زیور کا نام -

کِنگنا (ہ/اسم مذکر) دُولہا کی کلائی میں باندھنے کا ڈورا -

کنگنی (ہ/اسم مؤنث) دیوار کی گگر - کانس - چینے کی قسم کے ایک چھوٹے سے چکنے اناج کا نام -

کنگرو (ا/اسم مذکر) آسٹریلیا کے ایک تھیلی دار جانور کا نام -

کنگرہ - یا - کنگورہ (ہ/اسم مذکر) وہ طاقچے جو عالی شان عمارتوں یا قلعے کی فصیلوں میں زیبائش کے واسطے بنا دیتے ہیں - ٹوپی پر لگانے کے خوشنما پَر - کلغی - جیغہ -

کنگھی } (ہ/اسم مؤنث) بال سُلجھانے کا دندانے دار شانہ -
کنگھا } (ہ/اسم مذکر) جولاہوں کا بانہ ٹھوکنے کا اوزار -

کنگھی چوٹی کرنا (ہ/فعل) بال سنوارنا - بناؤ سنگار کرنا - سر گوندھنا -

کنواں } (ہ/اسم مذکر) چاہ - کھُو -
کُواں }

کنواں اندھا ہو جانا (اُردو/محاورہ) کنواں خشک ہو جانا -

کنواں بنانا (اُردو/محاورہ) کنواں تعمیر کرنا -

کنواں بیچا ہے کنویں کا پانی نہیں بیچا (ہ/مثل) فضول اور لغو حجت اور تکرار ظاہر کرنے کے موقع پر بولا کرتے ہیں -

کنواں پُوجنا (اُردو/مص) کنویں کی پرستش کرنا - ہندوؤں کی لڑکا پیدا ہونے کے موقع پر ایک رسم -

کنواں ٹوٹنا (ہ/فعل) کنویں کا پانی کم ہو جانا -

کنواں سا (ہ/اسم صفت بترکیب تشبیہی) نہایت گہرا - عمیق -

کنواں کھودنا (ہ/فعل) کنویں کے واسطے زمین کھودنا کسی کے لیے بدی کرنا - بُرائی پہنچانے کی ترکیبیں نکالنا -

کنواں کھودنے والا (ہ/اسم فاعل قیاسی) بُرائی کرنے والا - بدی کرنے والا - کنواں بنانے والا -

کنواسا (ہ/اسم مذکر) نواسے کا بیٹا - بیٹی کا پوتا -

کنواسی (ہ/اسم مؤنث) نواسی کی بیٹی - بیٹی کی نواسی -

کنوتی (ہ/اسم مؤنث) گھوڑے کا کان - کھڑا کان - مُرکی - کان کی بالی -

کنوتیاں بدلنا یا کھڑی کرنا (ہ/فعل) گھوڑے کا دونوں کان کھڑے کر کے چوکنا ہو جانا - ہوشیار ہو جانا -

کنوٹھا (ہ/اسم مذکر) کھُونٹ - کونہ - گوشہ - بغل - زاویہ - آغوش - برابر کا بھائی -

کنود (ع) ناسپاس - ناشکرا - وہ زمین جہاں گھاس نہ اُگے -

کُنود (ع) ناسپاسی - ناشکری -

کنور (ہ/اسم مذکر) راجہ کا بیٹا - شہزادہ - عزت کا خطاب - لڑکا - بیٹا - پسر -

کنول (ہ/اسم مذکر) ایک دریائی پھول کا نام - گُل نیلوفر - پدم - موم بتی جلانے کا سُرخ کاغذ یا ابرق کا پھول - شمع جلانے کا شیشے کا ایک ظرف -

کنول کھلنا (ہ/فعل) نیلوفر کے پھول کا کھلنا - دل کا خوش و خرم ہونا -

کنول گٹا (ہ/اسم مذکر) کنول کا بیج - کول ڈوڈے کھانا -

کنول نین (ہ/اسم مذکر فاعل) مقید صنعت - بڑی بڑی آنکھوں والا -

کنونڈا (ہ/اسم صفت) شرمسار - شرمندہ - داغی - بدنام - ذلیل و خوار - عیبی - عیب دار - ناقص - ممنون احسان - احسان مند -

کنونڈا کرنا (ہ/فعل) داغی کرنا - احسان مند کرنا - نیچا دکھانا - عیب دار کرنا -

کنونڈی (ہ/اسم مؤنث) کنونڈا کی مؤنث -

کنونڈی بلی چوہے سے کان کترواتی ہے (ہ/مثل) احسان مندی ہمیشہ شرمندہ کرتی ہے -

کنوؤں میں یا کنویں میں بانس ڈالنا (ہ/فعل) بہت دیکھ بھال کرنا - نہایت ڈھونڈنا - پتال تک تلاش کر لینا -

کنویں بھانگ پڑنا (ہ/فعل) سب کا پاگل ہو جانا - سب کا بے عقل و بے ہوش ہو جانا - کسی کی عقل و ہوش بجا نہ رہنا -

کنویں پر گئے اور پیاسے آئے (ہ/مثل) نہایت بدنصیبی کے اظہار کے وقت بولتے ہیں یعنی اُمیدگاہ سے خالی اور محروم واپس آنا -

کنویں جھانکنا (ہ/فعل) نہایت تلاش کرنا۔ بڑی جستجو کرنا۔ حیران و پریشان ہونا۔ کنویں میں گرنا۔

کنویں کھودتے کو کھاتہ تیار (ہ/مثل) اوروں کی بدی تکنے والے کو بھی نقصان اور ضرر پہنچ کر ہی رہتا ہے۔ چاہ کن را چاہ درپیش۔

کنویں کی مٹی کنویں کو لگتی ہے (ہ/محاورہ) جہاں کی کمائی ہو وہیں خرچ کی جاتی ہے۔ جتنی آمدنی ہو اتنا ہی خرچ۔

کنویں میں بولنا (ہ/فعل) نہایت دبی آواز سے آہستہ بولنا۔ موت کے وقت کی آواز۔

کنویں میں دھکیلنا (ا/محاورہ) لڑکی کی شادی کسی بُری جگہ کر دینا۔

کنویں میں ڈوب مرو (ا/محاورہ) شرم کرو۔

کنویں میں گرنا (ا/محاورہ) اتفاقاً کنویں میں جا پڑنا۔

کُنہ (ع/اسم مذکر) کسی چیز کی تہہ۔ حقیقت۔ انتہا۔ مجازاً باریکی۔ بات کی تہہ۔ نکتہ۔

کنھیّا (ہ/اسم مذکر) سری کرشن جی کا نام۔ کاہن۔ مجازاً خوبصورت لڑکا۔

کَنی (ہ/اسم مؤنث) ٹکڑا۔ ریزہ۔ پارہ۔ ٹوٹے ہوئے چاول۔ چاولوں کا بن گلا حصہ۔ کچائی۔ خامی۔ ہیرے کا ٹکڑا۔

کَنّی (ہ/اسم مؤنث) کنارہ۔ کور۔ سرا۔

کنّے ڈھیلے ہو جانا (ہ/فعل) کنکوے کے بازو ڈھیلے ہو جانا۔ عاجز آ جانا۔ پٹھوں کا سست اور بے کار ہو جانا۔

کَنّی (ہ/اسم مؤنث) کنارہ۔ کور۔ سرا۔ سنجاف۔ فیتہ۔ کنکوے کا بازو۔

کَنّی دبنا (ہ/فعل) کنیانا۔ شرمندہ ہونا۔ خوف کھانا۔ بہت ڈرنا۔

کَنّی کھانا (ہ/فعل) کنکوے کا ایک طرف کو جھک جانا۔ پتنگ کا ایک کنارے کے رُخ اُڑنا۔

کنیا (س/اسم مؤنث) کم عمر لڑکی۔ دوشیزہ۔ کنواری۔ دُختر۔ بیٹی۔ دُرگا دیوی کا نام۔ برج سنبلہ کا ہندی نام۔ چھیٹی راس۔ ایلوے کا درخت۔ بڑی الائچی۔ اکاس بیل۔ امبر بیل۔

کنیا دان (ہ/اسم مذکر) لڑکی کا بیاہ کرنا۔ لڑکی کو بیاہ میں جہیز وغیرہ دینا۔ بیٹی کا بیاہ کرنے کے لیے لوگوں سے کچھ مانگنا۔

کنیانا (ہ/فعل) کنکوے یا پتنگ کا ایک طرف کو جھکنا۔ کترانا۔ بچنا۔ کنارہ کرنا۔ پاس نہ پھٹکنا۔ الگ الگ رہنا۔ شرمانا۔ آنکھ سامنے نہ کرنا۔

کُنیت (ع/اسم مذکر) وہ نام جو باپ یا ماں یا بیٹا بیٹی کے نام سے بولا جائے۔

کَنیر (ہ/اسم مذکر) ایک کڑوے اور زہریلے درخت اور اس کے پھول کا نام۔

کنیز۔ یا۔ کنیزک (ف/اسم مؤنث) لونڈی۔ باندی۔ خادمہ۔

ک - و

کو (ہ/علامتِ مفعول) حرفِ جار۔ واسطے۔ لیے۔

کُو (ف/اسم مؤنث) بواوِ معروف۔ کوچہ۔ محلّہ۔ گلی۔ کون۔ کہاں۔ کجا۔ کدام۔

کَوّا (ہ/اسم مذکر) کاگ۔ کاگا۔ زاغ۔ حلق کے اندر لٹکتا ہوا گوشت کا ذرا سا لوتھڑا۔

کوّا پری (ہ/اسم مؤنث) سیاہ عورت۔ کالے رنگ کی عورت۔ حبشن۔

کوّا پھنسانے کی چال ہے (ہ/محاورہ) ہوشیار اور چوکنے آدمی کو فریب دینے کا ڈھنگ ہے۔

کوّا ٹرٹراتا ہی ہے دھان پکتے ہی ہیں (ہ/محاورہ) دشمن کے بُرا چاہنے سے بُرا نہیں ہوا کرتا۔

کوّا چلا ہنس کی چال اپنی بھی بھول گیا (ہ) جو ادنیٰ ہو کر اعلیٰ لوگوں کا طریقہ اختیار کرتا ہے وہ خرابی اور رُسوائی ہی کا باعث ہوا کرتا ہے۔

کوّا ڈنڈی (ہ/اسم مؤنث) کئی ایک پودوں کا نام ہے۔

کوّا کان لے گیا (ا/مثل) اس بے وقوف کے متعلق کہتے ہیں جو ہر ایک بات پر یقین کر لے۔

کواتھ (ہ/اسم مذکر) جوشاندہ۔

کواعب انجم (ع) وہ سات ستارے جو قطب شمالی کے قریب ہیں۔ بنات النعش۔

کوا گُھار میں پڑنا (ہ/فعل) کاگاروں میں گھرنا۔ نرغے میں پھنسنا۔

کوّا ناک لے گیا ناک کو نہیں دیکھتے کوّے کے پیچھے دوڑتے جاتے ہیں (ہ/مثل) اصل بات کی طرف متوجہ نہیں ہوتے فضول کی پیروی کرتے ہیں۔

کُوار (ہ/اسم مذکر) ماہِ اسوج۔ ہندی ساتواں مہینہ۔

کوارا (ہ/اسم صفت) بن بیاہا۔ ناکتخدا۔ مجرّد۔

کوارا ناتا۔ یا۔ کوارا منڈھوا (ہ/اسم مذکر) سگائی اور بیاہ کے درمیان کا رشتہ۔

کوارپت یا کوار چھل (ہ/اسم مذکر) کوارپن۔ دوشیزگی۔ بکارت۔

کوارپن یا کواریپنا (ہ/اسم مذکر) بیاہ ہونے سے پہلے کا زمانہ۔

کواری (ہ/اسم صفت مؤنث) کوار کی تانیث۔ بن بیاہی لڑکی۔ دوشیزہ۔ باکرہ۔

کواری کوار مال بیاہی پشیمان (ہ/مثل) کام نہ کرنے والا تو حسرت میں پریشان اور کرنے والا اُس کی دقت میں حیران۔

کواری کو سدا بسنت (ہ/مثل) آزاد آدمی کو ہر دم خوشی ہے۔

کوارٹر وانگ (ا/اسم مذکر) چوتھائی۔ چوتھا حصہ۔ پاؤ۔ ہنڈرڈ ویٹ کا چوتھا حصہ۔ ۲۸ پونڈ کا وزن۔ سال کا چوتھا حصہ۔

سنہ ماہی سپاہیوں یا افسروں کے رہنے کی جگہ۔ ٹولہ۔ محلّہ۔
چھاؤنی۔ مقام۔ جگہ۔
کوارٹر ماسٹر (ا ن) چھاؤنیوں کے لیے ہر چیز مہیا کرنے والا جنگی افسر۔
کوارٹر (ہ ا اسم مذکر) دروازہ بند کرنے کے تختے۔ در۔ دروازہ۔
سینے کا حصّہ۔
کواڑی (ہ ا اسم مؤنث) کواڑ کی تصغیر۔ انگرکھے کا پردہ۔ قبا اور واسکٹ
کا وہ کپڑا جو سینے کے دونوں طرف ہوتا ہے۔
کواکب (ع ا اسم مذکر) کوکب کی جمع۔ روشن ستارے۔
کوبانس (ہ ا اسم مذکر) بانس سے کوّوں کو اڑانے کا کام۔
کوبہ (ف ا اسم مذکر) موگری۔ مُوسل۔ تھاپی۔ دُرمج۔ کوڑا۔ چابک۔
تازیانہ۔
کوبہ کاری (ف / اسم مؤنث) بجائے مصدری تھاپی لگانا۔ کوٹنا۔
زدوکوب کرنا۔ مارنا پیٹنا۔
کوبیدن (ف) کوٹنا۔
کوپ (س ا اسم مذکر) غصّہ۔ خشم۔ غضب۔ عتاب۔
کروپی۔
کوپل پھوٹنا۔ یا۔ نکلنا (ہ / مثل)۔ نئے نئے پتّے نکلنا۔ شگوفہ نکلنا۔
کوپلہ (ف / واؤ مجہول سے) حباب۔ بُلبلہ۔
کوپن ہیگن۔ ڈنمارک کا دارالحکومت ہے۔ مکھن۔ انڈے اور گوشت باہر
کو جاتی ہے۔
کوپین (ہ ا اسم مؤنث) لنگوٹ۔ لنگوٹا۔ لنگوٹی۔
کوت (ہ ا اسم مؤنث) جانچ۔ پرکھ۔ اندازہ۔ تخمینہ۔ پیمائش۔
ناپ۔ ناپنے والا۔
کوتاہ (ف / اسم صفت) چھوٹا۔ اوچھا۔ کم۔ تھوڑا۔ مختصر۔ مہمل۔
ٹھنگنا۔ بونا۔ پست قد۔ ٹھٹے۔ بے باق۔ جھکتا۔
کوتہ اندیش } (ف / اسم صفت) کم نظر۔ دُور کی بات نہ سوچنے والا۔
کوتہ بیں } عاقبت نا اندیش۔ انجام کو نہ سوچنے والا۔
کوتاہ فہم (ف / صف) کم فہم۔ بے عقل۔
کوتاہ قد (ف / صف) چھوٹے قد کا۔
کوتاہ قلم (ف ع / صف) کم لکھنے والا۔
کوتاہی (ف / اسم مؤنث) بجائے مصدری۔ کمی۔ قلّت۔ کسر۔ تنگی۔
اختصار۔ چھٹائی۔
کوتاہی کرنا (ا / فعل) دریغ کرنا۔ کسر رکھ لینا۔ کمی کرنا۔
کوتک (ہ / اسم مذکر) کام طلعن۔ کرتب۔ بدچلنی۔ بدکرداری۔
کوتکی (ہ ا اسم مذکر فاعل بجائے فاعلیت) دغاباز۔ فریبی۔ بدکردار۔
کوتل (ف / اسم مذکر) خالی گھوڑا۔ خاص گھوڑا۔ جلو کا گھوڑا جو
آرائش کے لیے سواری کے ساتھ ہو۔
کوتل گارد (ا / اسم مذکر) کوارٹر گارڈ کا بگاڑ ہے۔ چھاؤنی یا فوج
کا وہ صدر مقام جہاں ہر وقت گارڈ متعین رہے۔
کوتنا (ہ / فعل) جانچنا۔ اندازہ لگانا۔ پرکھنا۔
کوتوال (ف / اسم مذکر) پولیس کے کئی تھانوں کا افسر۔ شہر یا قلعہ کا محافظ۔

کوتوالی (ا / اسم مؤنث) بڑا تھانہ۔ پولیس سٹیشن۔ کوتوال کا دفتر۔
کوتہ (ف / اسم صفت) کوتاہ کا مخفف۔ دیکھو (کوتاہ)
کوتاہ قد (ف / اسم صفت) ٹھنگنا۔ بونا۔ پستہ قد۔
کوتھہ (ہ ا اسم مذکر استفہام) کیا تعلق۔ کیا واسطہ۔ کیا سروکار۔
جیسے تو گدھی کمہار کی تجھے رام سے کوتھہ۔
کوتھا (ہ ا اسم استفہام) کونسا۔ کدام۔
کوتھلا (ہ ا اسم مذکر) تھیلا۔ جیب۔ کیسہ۔ ڈب۔ مجازاً پیٹ۔
شکم۔
کوتھلا بھرنا (ہ / فعل) پیٹ بھرنا۔ دھوڑی بھرنا۔ گڑھا بھرنا۔
کوتھلی (ہ ا اسم مؤنث بجائے تانیث۔ تصغیر) تھیلی۔ چھوٹا کیسہ۔
کوتھمیر (ہ ا اسم مذکر) ہرا دھنیا۔ دھنیے کے پتّے۔ کشنیز سبز۔
کوتھی (اسم مؤنث) تلوار کے درمیان کا پھلّا۔
کورٹ (ا / اسم مذکر ظرف) کورٹ کا بگاڑ۔ عدالت۔ کچہری۔
کوٹ (ہ ا اسم مذکر) قلعہ۔ گڑھ۔ شہر پناہ۔ فصیل۔ چار دیواری۔
دشمنوں کی لڑائی کے لیے۔ بنی ہوئی پناہ کی جگہ۔ کھالستہ۔
احاطہ۔ عاملوں یا جادوگروں کا کنڈل۔ حصار۔ مجازاً جسم۔
سریر۔ کاٹھی۔ قالب۔ بدن۔
کوٹ گشتی (ا / اسم مؤنث بجائے مصدری) سرکاری نوکروں کا شہر
کے گرد پھرنا تاکہ لوگوں کی بداعمالیوں کا پتہ لگالیں۔
کوٹ کر (ہ / تابع فعل) پیس کر۔ رگڑ کر۔
کوٹ کوٹ کر موتی بھرنا (ہ / فعل) دُنیا بھر کی خوبیاں ایک جگہ جمع کرنا۔
آنکھوں کو روشن کرنا۔
کوٹلا۔ یا۔ کوٹلہ (ہ / اسم مذکر) گڑھی۔ چھوٹا قلعہ۔
کوٹنا (ہ / فعل) کچلنا۔ پیٹنا۔ کوبہ کاری کرنا۔ تھاپی یا موگری سے
چاول وغیرہ کو پیٹنا۔ کوب کرنا۔ ٹانکا لگانا۔ بجانا۔ ٹکڑے
ٹکڑے کرنا۔
کوٹو پیکسی۔ کوہستان اینڈیز کے مشرقی سلسلے میں ۱۹۴۹۳ فٹ بلند
چوٹی جہاں اکثر زلزلے آتے ہیں۔
کوٹو (ہ ا اسم مذکر) ایک قسم کا اناج۔
کوٹھا (ہ ا اسم مذکر) اوپر کا کمرہ۔ بالاخانہ۔ مکان۔ بڑی کوٹھڑی۔
سینہ۔ چھاتی۔ پیٹ۔ شکم۔ لکیریں کھینچ کر بنایا ہوا خانہ۔
کالم۔ بچہ دان۔ رحم۔ چھت۔ ذخیرہ۔ گودام گھر۔
کوٹھا بگڑ جانا (ہ / فعل) معدے کا غلیظ اور گندہ ہو جانا۔
کوٹھا ٹوٹنا (ا / محاورہ) نقب لگنا۔
کوٹھا لینا یا کوٹھا لے کر بیٹھنا (ہ / فعل) پیشہ کرنا۔ حرام طور پر
روزی کمانا۔
کوٹھڑی (ہ ا اسم مؤنث) چھوٹا کوٹھا۔ حجرہ۔ کمرہ۔ درجہ۔
کوٹھے پر بیٹھنا (ہ / فعل) پیشہ کمانا۔ ناجائز کسب کرنا۔
کوٹھے چڑھنا (ہ / فعل) شہرت ہونا۔ طشت از بام ہونا۔ راز
فاش ہو جانا۔
کوٹھے والا روئے چھپّر والا سوئے (ہ / محاورہ) امیر ہمیشہ شاکی اور

غریب خوش وخرم۔

کوٹھی (ہ/اسم مؤنث) چھوٹا پکا گھر۔ غلہ رکھنے کا مٹی کا یا لکڑی کا برتن۔ گودام۔ بینک۔ ساہوکار یا صراف کی دُکان۔ بندوق میں بارُود رکھنے کا خانہ۔ بڑی دکان۔ کارخانہ۔ بنگلہ۔ حویلی۔ امیروں یا انگریزوں کے رہنے کا مکان۔ رحم۔ بچہ دان۔ کنویں کی عمارت۔ پُلوں کے نیچے گلا ہوا چُونے کا گولہ۔

کوٹھی بیٹھنا (ہ/فعل) گھاٹا آنا۔ دیوالیہ نکلنا۔ کنویں کے محل کا گر جانا۔

کوٹھی کٹھلے کو ہاتھ نہ لگانا۔ گھربار سب آپ کا ہے (ہ/مثل) مطلوبہ چیز نہ دینے۔ اور زبانی ایثار کی شیخی مارنے کے وقت بولتے ہیں۔

کوٹھی اُٹھانا۔ یا۔ ڈالنا / کوٹھی کرنا۔ یا۔ کھولنا } (ہ/فعل) بینک یا صرافی وغیرہ کی دُکان جاری کرنا۔ کارخانہ جاری کرنا۔

کوٹھی گلانا (ہ/فعل) کنویں یا دریا کی تہ میں لکڑی یا چُونے کا چکر بٹھانا۔ تاکہ عمارت نہ ہلے۔

کوٹھی وال (ہ/اسم فاعل مذکر) ساہوکار۔ صراف۔ بیوپار کرنے والا۔

کوثر (ع/اسم مذکر) بہشت کی ایک نہر کا نام ہے۔

کوثر کی دھوئی زبان (ا/مث) پاک اور شستہ زبان۔

کوچ (ت/اسم مذکر) ایک جگہ سے دُوسری جگہ جانا۔ روانگی۔

کُوچ کا دن (ا/مذ) روانگی کا دن۔ موت کا دن۔

کوچ کرنا (ا/فعل) روانہ ہونا۔ سفر کرنا۔ وداع ہونا۔ رخصت ہونا۔ مرنا۔ وفات پانا۔

کُونچ (ہ/اسم مؤنث) انسان کی ایڑی کے اُوپر اور چوپایوں کے ٹخنے کے نیچے کا مضبوط پٹھا۔ جولاہوں کا تانی صاف کرنے کا برُش۔

کَوچ (انگ/ بواؤ مجہول، اسم مؤنث) پالکی گاڑی۔

کوچ بکس (انگ/اسم مذکر) بگھی کے آگے کوچوان کے بیٹھنے کی جگہ۔

کَوچ (انگ/اسم مؤنث) بید سے بنا ہوا ایک قسم کا پلنگ۔ چارپائی۔ بستر۔ آرام گاہ۔

کوچا (ہ/اسم مذکر) بچوکا۔ کسی نوک دار چیز کا تھوڑا سا زخم ٹخنے کے آگے یا پیچھے کا پٹھا۔

کوچا دینا (ہ/فعل) نیزے وغیرہ کی نوک گھسیڑنا۔ گودنا۔ ناخن چبھونا۔ طعنہ دینا۔

کوچا کریلا (ہ/اسم صفت بترکیب تشبیہی) چیچک رُو یعنی سیتلا کھایا۔ کریلے کی طرح داغدار۔ بدصورت۔

کوچک (ت/اسم صفت) ننھا۔ چھوٹا۔ خرد۔ کلاں کی ضد۔ موسیقی کا ایک مقام۔

کوچنا (ہ/فعل) چھری یا کانٹے سے گودنا۔ چبھونا۔ کچونا۔

کُوچہ (ف/اسم مذکر) کو کی تصغیر۔ گلی۔ شگاف راستہ۔ محلہ۔ ٹولہ۔

کُوچہ بکوچہ (ف/تابع فعل) گلی در گلی۔ گلی گلی۔ ہر گلی میں۔

کوچہ بندی کرنا (ا/فعل) محلوں یا گلیوں کی حد باندھنا۔ احاطہ کھینچنا۔

کوچہ گردی (ف/اسم مؤنث، بیائے مصدری) آوارہ گردی، گلیوں میں پھرنا۔

کوچے دینا (ہ/فعل) مہنے طعنے دینا۔ جلانا۔ گودنا۔ زخم ڈالنا۔

کوچی (ہ/اسم مؤنث) سفیدی پھیرنے یا زیورات صاف کرنے کا برُش۔

کوچین۔ احاطۂ مدراس میں ساحل مالابار پر بندرگاہ ہے۔ یہاں سے ناریل۔ قہوہ اور مرچیں باہر جاتی ہیں۔

کوچین چائنا۔ جزیرہ نمائے ہند چینی میں واقع ہے سیگون دارالحکومت ہے یہاں چاول بہت ہوتے ہیں۔

کودپڑنا (ا/محاورہ) کسی معاملہ میں بے جا دخل دینا۔

کودپھاند (ہ/اسم مؤنث) اُچھل کُود۔ دوڑ دھوپ۔

کودک (ف/اسم مذکر) لڑکا۔ بچہ۔ طفل۔

کَودن (ف/اسم مذکر) سست رفتار۔ لدو گھوڑا۔ احمق۔ مُورکھ۔ نادان۔ بے وقوف۔

کُودنا (ہ/فعل) اُچھلنا۔ چھلانگیں مارنا۔ پھاندنا۔ نہایت خوش ہونا۔ خوشی میں پھُولنا۔ اِترانا۔ گھمنڈ کرنا۔

کُودنا پھاندنا (ا/مص) خوشی کے مارے چھلانگیں لگانا۔

کودوں (ہ/اسم مؤنث ومذکر) ایک قسم کا سخت غلہ پہاڑ میں کودا بولتے ہیں۔

کودوں دلانا (ہ/فعل) ناگوار طبع کام کرنا۔ سخت کام کرنا۔ کٹھن کام کرنا۔

کودوں دے کے پڑھنا (ہ/فعل) ناقص تعلیم پانا۔ مُفت پڑھنا۔ کم خرچ کرکے پڑھنا۔

کودوں کا بھات (ہ/اسم مذکر) ادنیٰ کھانا۔ مِسّی کُسّی دال دلیا۔

کودیاں (ا/مث) قلابازیاں۔

کور (ہ/اسم مؤنث) حاشیہ۔ کنارہ۔ سرا۔ کَنی۔ سنجاف۔ مغزی۔

کور دبنا (ہ/فعل) کنارہ دبنا۔ کَنی دبنا۔ عاجز ہونا۔ مغلوب ہونا۔

کورکسر (ا/اسم مؤنث) کمی۔ نقص عیب۔ برائی بھلائی قباحت۔ قصور۔

کور (ف/اسم صفت) اندھا۔ نابینا۔

کور باطن۔ کور دل (ف/اسم صفت) ناسمجھ۔ کند ذہن۔ کُودن۔

کور بخت (ف/اسم صفت) بے نصیب۔ نربھاگ۔ بدبخت۔

کور چشم (ف) کپڑے کی ایک قسم۔

کور دِہ (ف/اسم صفت) کم آباد گاؤں۔ غیر مشہور بستی۔ بے علموں کی جگہ۔

کور مغز (ف/صف) بے وقوف۔ احمق۔

کور نمک (ف/اسم صفت) نمک حرام۔ احسان فراموش۔ ناشکرا۔

کورا (ہ/اسم صفت) اچھوتا۔ نیا۔ غیر مستعمل۔ سادہ۔ صاف۔ بِن لکھا۔ نیا اور بِن دُھلا کپڑا۔ بالکل بے عقل۔ جاہل۔ ٹھوٹ۔ اَن پڑھا ہوا۔ بھلا دینے والا۔ غریب۔ محتاج۔ نادار۔ نہایت تیز اور باڑھ دار جیسے کورا اُسترا۔ نرا۔ بالکل۔ خالص۔ سب کا سب۔

کورا بچنا (ہ/فعل) صاف بچنا۔ بال بال بچنا۔

کورا برتن (ہ/اسم مذکر) غیر مستعمل برتن۔ پانی نہ لگا برتن۔ مجازاً کنواری بچی۔ کنواری لڑکی۔

کورا پنڈا (ہ/اسم مذکر) بن بیاہی عورت۔ کنواری۔ کنوارا۔

کورا رکھنا (ہ/فعل) بالکل محروم رکھنا۔ خالی رکھنا۔ کچھ نہ سکھانا۔ وعدہ پورا نہ کرنا۔
کورا رہ جانا (ہ/فعل) جاہل رہنا۔ کچھ حاصل نہ ہونا۔ بالکل محروم رہنا۔
کورا کاغذ (ہ/فعل) بن لکھا کاغذ۔ سادہ کاغذ۔
کورٹ (انگ/اسم مونث) شاہی محلسرائے۔ عدالت۔ کچہری۔ دربار۔
کورٹ انسپکٹر (انگ/اسم مذکر) سرکار کی طرف سے عدالت میں فوجداری مقدمات کی پیروی کرنے والا پولیس افسر۔
کورٹ آف وارڈز (انگ/اسم مذکر) نابالغ امراء کی جائداد کے انتظام کا محکمہ۔
کورٹ شپ (انگ/اسم مذکر) شادی سے پہلے میاں بیوی بننے والوں کی ملاقاتوں کا زمانہ۔
کورٹ مارشل (انگ/اسم مذکر) فوجی یا جہازی افسروں کے مقدموں کا اجلاس۔
کورنش (ت) جھک کر سلام کرنا۔ اس میں واؤ ملفوظ نہیں ہے۔
کورنش (ت/اسم مونث) جھکاؤ۔ سلام۔ آداب۔ بندگی۔
کورنشات (ت/اسم مونث) کورنش کی جمع۔
کورنگا ایڈی لیڈ (جنوبی آسٹریلیا سے) ۱۰۱ میل ہے۔ نزدیک ہی تانبہ کی کانیں ہیں۔
کورو (س/اسم مذکر) راجہ دھرت راشٹر کی اولاد۔ جو مہابھارت کی لڑائی میں پانڈوں سے لڑے تھے۔
کوری (ہ/اسم مونث) کورا کی تانیث۔
کوری آنکھ سے دیکھنا (ا/محاورہ) بے حیائی سے دیکھنا۔
کوریا۔ مون سون ہواؤں کے خطے کا ملک۔ جاپان کے ماتحت سطح پہاڑی ہے اُون گوشت اور دودھ برآمد ہوتا ہے سول دار الحکومت ہے آج کل شمالی اور جنوبی دو حصوں میں منقسم ہے۔
کورے اُسترے سے سر منڈوانا (ہ/فعل) سخت سزا پانا یا دلوانا۔
کوڑا یا کوڑا کرکٹ (ہ/اسم مذکر) آڑ کباڑ۔ خس و خاشاک گھاس پھوس۔ الا بلا۔ خراب اور نکمی چیز۔
کوڑا (ہ/ بواؤ مجہول/اسم مذکر) چابک۔ تازیانہ۔ دُرّہ۔ سزا۔ گوشمالی۔
کوڑا پھٹکارنا (ا/محاورہ) کوڑا مارنا۔
کوڑا کھانا (ا/محاورہ) چابک کی مار کھانا۔
کوڑا لگانا (ہ/فعل) چابک لگانا۔ سزا دینا۔ گوشمالی کرنا۔ تنبیہ کرنا۔
کوڑا (ہ/اسم مذکر) کوری سے اسم مکبر۔ بڑی کوڑی۔
کوڑھ (ہ/اسم صفت) بے وقوف۔ سادھو۔ بھوندو۔ نادان۔ گنوار۔ بھونپڑ۔ بے تمیز۔ لغو۔ مہمل۔ بے ہُنر۔
کوڑھ (ہ/اسم مونث) جذام ایک مرض کا نام ہے جو فساد خون سے ہوتا ہے جس میں اعضا متورم ہو کر انگلیاں وغیرہ گر جاتی ہیں یا جسم پر سفید برص کے نشان پڑ جاتے ہیں۔
کوڑھ ٹپکنا۔ یا۔ چُونا (ہ/فعل) مرض جذام سے انگلیاں گرنا۔ یا جسم سے پانی ٹپکنا۔

کوڑھ میں کھاج (ہ/محاورہ) تکلیف میں تکلیف۔ آفت پر آفت۔
کوڑھ مغز (ا/امذ) بے وقوف۔ کند ذہن۔
کوڑھی (ہ/اسم صفت) جذامی۔ مجذوم۔ سست۔ نکھٹو۔ کاہل۔
کوڑھی کلنکی (ہ/اسم صفت بیلئے فاعلی) پاپی۔ فاسق۔ فاجر۔
کوڑھی کے جوں نہیں پڑتی (ہ/مثل) مرے کو کوئی نہیں مارتا۔ مصیبت کا کوئی ساتھی نہیں۔
کوڑھی کی کھیر سا جھانز شیر (ہ/مثل) بڑے کے مال سے کسی کو فائدہ نہیں پہنچتا۔ نہایت بخل اور کنجوسی کے موقع پر بولتے ہیں۔
کوڑی (ہ/اسم مونث ببواؤ مجہول) ایک بیسی۔ بیس عدد۔ پورے بیس۔
کوڑی (ہ/اسم مونث/ بواؤ معروف) کوڑے کرکٹ اور نجاست کا ڈھیر
کَوڑی (ہ/اسم مونث۔ بفتح اول) خرمہرہ۔ کوڑا کی تصغیر۔ چھوٹا سنکھ جو ادنیٰ سکے کا کام دیتا ہے۔ سینے کی ہڈی۔ کٹار کی نوک مجازاً دھن دولت۔ روپیہ پیسہ۔ بمقدار قلیل۔ دمڑی پائی۔ حبہ۔ ادنیٰ اوزان۔
کوڑی بھر (ہ/تابع فعل) تھوڑا سا۔ ذرا سا۔ ماشہ بھر۔ یونہی سا۔
کوڑی جگن لگن۔ کوڑی چھپول۔ کوڑی ندغند (ہ/اسم مذکر) بچوں کے ایک کھیل کا نام ہے۔
کوڑی پاس نہ ہونا (ہ/فعل) بالکل کنگال ہونا۔ نہایت محتاج اور غریب ہونا۔
کوڑی پھرنا (ہ/فعل) پیادہ سپاہیوں کا کسی امر پر متفق ہو جانا۔
کوڑی کا مال نہیں (ہ/محاورہ) مُفت لینے کے بھی قابل نہیں۔ محض نکما بے حقیقت ہے۔
کوڑی پھیرا کرنا (ہ/فعل) نہایت پھرنا۔ بہت پھیرے کرنا۔ ادنیٰ ادنیٰ کام کے لیے پھرنا۔
کوڑی کا ہو جانا (ہ/فعل) نہایت ذلیل ہو جانا۔ کام کا نہ رہنا۔
کوڑی کوڑی (ہ/تابع فعل) ذرا ذرا۔ حبہ حبہ۔ ایک ایک کوڑی۔
کوڑی کوڑی جوڑنا (ہ/فعل) نہایت کفایت شعاری سے دولت جمع کرنا۔ تھوڑا تھوڑا کر کے دولت جمع کرنا۔
کوڑی کوڑی کو تنگ یا حیران ہونا (ہ/فعل) نہایت ہی تنگدست ہونا۔
کوڑی کو سو دوڑنا (ہ/فعل) نہایت لالچی اور حریص ہونا۔ بہت محنت کرنا۔
کوڑی کو نہ پوچھنا (ہ/فعل) ذرا قدر نہ ہونا۔ مفت بھی نہ قبولنا۔ نہایت ذلیل ہونا۔
کوڑی کے تین تین بکنا (ہ/فعل) نہایت سستا بکنا۔ بہت بے قدر اور ذلیل ہونا۔
کوڑی کے کام کا نہیں (ہ/محاورہ) بہت ہی نکما اور ناکارہ ہے۔
کوڑی کے مول بکنا (ہ/فعل) سستا اور ارزاں بکنا۔
کوڑی نہیں گانٹھ میں چلے باغ کی سیر (ہ/مثل) کنگال ہو کر بڑے حوصلے کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔
کوڑیوں کے مول ڈالنا (ہ/فعل) سستے داموں بیچنا۔
کوڑیالہ (ہ/اسم مذکر) ایک قسم کا زہریلا سفید چتیوں والا سانپ۔

ایک بُوٹی کا نام۔ مال دار۔

کوڑیوں کا جھاڑ (ہ / اسم مذکر) کوڑیوں کا بنایا ہوا کھلونا۔

کُوز (ع) ہر وہ برتن جس میں دستہ لگا ہو۔

کُوز (ف) کُبڑا۔ خمیدہ۔

کُوزپُشت ۔یا۔ کُوزہ پُشت (ف) کُبڑی کمر والا بڈھا۔ خمیدہ پُشت۔

کُوزہ (ف / مذ) ڈُونگا۔ قُلفی۔ قفلی۔ مٹی کا برتن۔ مصری کا گول ڈلا۔ مٹی کا آبخورہ۔

کوزہ گر (ف / مذ) کمہار۔

کوزہ گری (ف / مث) برتن بنانا۔ ظرف بنانا۔

کوزہ نبات (ف / مث) مصری کا کوزہ۔

کوزے میں دریا بند کرنا ۔کسی طویل مضمون کو مختصر الفاظ میں بلا فوت مطلب لکھنا۔

کُوس (ہ / مذ) تین ہزار گز کی لمبائی۔ آستین کا کف۔

کُوس شہ چل بابل پیاسی (ہ / مثل) آغازِ کار ہی سے تھکنے اور ہمت ہار دینے کا اظہار۔

کُوس (ف / مذ) ڈھولنا۔ دمامہ۔ نقارہ۔ آسیب۔ اشارہ۔

کُوس رحلت (فع / مذ) روانگی کی گھنٹی۔ کوچ کا نقارہ۔

کوسا (ہ) کوسا ہوا۔ سراپ۔ دُعائے بد۔ نیم گرم۔

کوسا لگنا (ہ) بددُعا کا اثر ہو جانا۔ سراپ لگنا۔

کُوسا کاٹی } (ہ / مث) دُعائے بد۔ سراپ۔ کوسنا۔ پیٹنا۔
کوسا کلیٹی }

کُوسنا (ہ) بددُعا دینا۔ سراپ دینا۔ بُرا بھلا کہنا۔ پیٹنا۔ ماتم کرنا۔

کُوسوں (ہ / مذ) کوس کی جمع۔ بہت دُور۔ کالے کوسوں۔

کُوسوں بھاگنا (ہ) بہت دُور دوڑنا۔ نہایت نفرت کرنا۔ الگ رہنا۔ پاس نہ پھٹکنا۔

کوسوں پیچھے جانا (ار / محاورہ) بہت پیچھے جانا۔

کوسوں دُور ہونا (ہ) بہت دُور ہونا۔ بالکل الگ رہنا۔ سخت نفرت کرنا۔

کُوش (س / مذ) خزانہ۔ گنج۔ گنجینہ۔ مخزن۔ لغت کی کتاب۔ ڈکشنری۔

کوشش (ف / مث) جتن۔ بیر ڈوری۔ دوڑ دھوپ۔ جستجو۔ قصد۔ پیروی۔

کُوشک (ف / مذ) اُونچی اور بلند عمارت۔ ایوان۔

کُوفت (ف) تھکن۔ تکان۔ صدمہ۔ آسیب۔ درد۔ رنج۔ دُکھ۔ سختی۔ غم۔

کُوفتہ (ف) کوٹا ہوا۔ قیمہ کے گول پکتے ہوئے کباب۔

کوفتہ بیختہ (ف) کوٹ چھان کر (اطبا کی اصطلاح)

کُوفہ (ع / مذ) عراق عرب کے ایک مشہور شہر کا نام جو حضرت علیؓ کا دار الخلافہ تھا۔

کُوفی (ع) کوفہ کا رہنے والا۔ بے وفا۔ ظالم۔ بے رحم۔ نمک حرام۔ باغی۔

کُوک (ف / مث) کچی سلائی۔ لمبے لمبے ٹانکے۔

کُوک (ع) نیلا رنگ۔

کُوک (ہ / مث) اُونچی آواز۔ سُریلی آواز۔ نغمہ۔ فاختہ۔ قمری اور کوے کی آواز۔ للکاری۔ چیخ۔ شور۔ گھڑی۔ گھنٹے وغیرہ کو چابی دینا۔ آہ و نالہ۔ رونے اور پیٹنے کی آواز۔

کُوک دینا (ہ) گھڑی باجے وغیرہ کو چابی دینا۔ چکر کسنا۔ کنجی دینا۔ آواز لگانا۔

کُوکا (ہ / مذ) سکھوں کے اُس مذہب کا نام ہے جسے بھائی رام سنگھ نے ایجاد کیا تھا؟

کُوکا (ہ / مذ) چھوٹی سی پرینگ۔ باریک کیل۔

کوکب (ع / مذ) بڑا ستارہ۔ روشن تارہ۔ ستارہ۔

کوکبہ (ع ف / مذ) ستارہ۔ جماعت۔ بھیڑ۔ مجازاً لشکر۔ شاہی سواروں کا بیرا۔ بادشاہی ماہی مراتب۔ جلو شاہی۔ بادشاہی شوکت۔

کُوکر (ہ / مذ) تحقیر۔ سگ۔ حقارتاً نوکر کا ذکر۔ چاکر۔

کُوکر لیبرا کرنا (ہ) بہت تھوڑی دیر آرام لینا۔ ذرا کی ذرا ستانا۔ بہت کم ٹھہرنا۔

کوکر بھنگرا (ہ / مذ) ایک بدبودار بوٹی کا نام۔

کوکر جندی (ہ / مث) ایک بُوٹی کا نام ہے۔ جس کے پتے پیس کر سگ گزیدہ کے زخم پر لگاتے ہیں۔

کوکلتاش (ت) برادر رضاعی یعنی دُودھ شریک بھائی۔

کوکلا (ہ / مذ) ایک قسم کی فاختہ۔ ایک ہلکی قسم کا گھونگا۔

کوکلا آنکھ (ہ / مذ) ایک پودا۔

کوکنا (ہ) دھاگا ڈالنا۔ کچی سلائی کرنا۔

کوکنا (ہ) چیخ مارنا۔ شور کرنا۔ غل مچانا۔ چیخنا۔ کوئل کا بولنا۔ کراہنا۔ درد کی آواز نکالنا۔ گھڑی یا باجے وغیرہ کو چابی لگانا۔

کوکنار (ف / مذ) خشخاش کا ڈوڈا۔ پوست خشخاش۔

کوکنی (ہ) چھوٹا سا۔ ننھا سا۔ ذرا سا۔ کھٹیل۔ ادنیٰ درجہ کا۔ پنجاب میں جھاڑی بُوٹی کے بیر کو بھی کوکنی بیر یا کوکن بیر کہتے ہیں۔

کوکنی (ہ / مذ) ایک قسم کا رنگ ہوتا ہے جو شہاب لاجورد اور پھٹکری سے تیار ہوتا ہے۔

کُوکُو (ف / مث) قمری اور فاختہ کی آواز کی نقل۔

کُوکُو (ہ / مث) کوّا۔ زاغ۔ چیل۔ بچوں کے ڈرانے کا ایک فرضی نام۔

کُوکُو (ہ) چائے کے طور پر پینے کے لیے ایک شے۔

کوکہ (ت / مذ) دُودھ شریک بھائی۔ آنا کا بیٹا۔

برادر رضاعی - دُودھ کی بہن - انّا کی بیٹی -
کوکھ (ہ/مث) پہلو - بغل - گود - پیٹ - شکم - بطن - پہلو کے نیچے کی بے ہڈی جگہ - جھوٹی جل - گرب -
کوکھ اُجڑ جانا (ہ) استقاط حمل ہونا - اولاد مر جانا - حمل نہ رہنا - حمل گر جانا -
کوکھ بند (و/مذ) بانجھ عورت -
کوکھ پڑنا (ا/محاورہ) حاملہ ہونا -
کوکھ جلی (ہ) وہ عورت جسے بچوں کے مرنے کا صدمہ پہنچا ہو -
کوکھ سے ٹھنڈی ہے (ہ/محاورہ) اولاد سے خوش ہے - گود بھری ہے - صاحب اولاد ہے -
کوکھ ماری جانا (ہ) حمل کے قابل نہ رہنا - بانجھ ہو جانا -
کوکھ مانگ بھری پڑی رہے (ہ) دُعائے خیر - گود بھری اور سہاگ بنا رہے - اولاد زندہ اور خاوند سلامت رہے -
کوکھیں لگنا (ہ) بھوک کے مارے کوکھیں خالی معلوم ہونا - بھوکا ہونا -
کوکئی (و/مث) ایک قسم کا اُودا رنگ -
کوَل (ہ/مذ) کچا اناج جو اسی طرح یا بھون کر کسان لوگ کھاتے ہیں -
کوَل (ہ/مذ) لقمہ - نوالہ - گراس - اتنا اناج جو چکی میں ایک دفعہ پیسنے کو ڈالتے ہیں - گلا - پنجاب میں کوڑا - گلاس -
کوَلا (ہ/مذ) کونہ - گوشہ - دروازے کے اِدھر اُدھر کا پہلو - گود - بغل - رنگترا - نارنگی - اناج کی وہ پوَل جو کاٹنے کو دی جائے -
کوُلا (ہ/مذ) پُٹھا - سرین - چوتڑ - ازار بند بندھنے کی جگہ -
کوُلاب (ف) تالاب -
کوُلا کاٹنا (ہ) سزا دینا - کچھ صدمہ پہنچانا -
کوُلا مٹکانا - یا - کولا مار کر چلنا (ہ) مٹک کر چلنا - چوتڑ ہلا کر چلنا - چوتڑ نچانا -
کوُلھو (ہ/مذ) تیل پیلنے یا رس نکالنے کا آلہ - تیل نکالنے کا آلہ - تیل نکالنے کی مشین -
کوُلھو کا بیل (ہ/مذ) تیلی کا بیل - نہایت محنتی - جفاکش - انجان - بے خبر -
کوُلھو کاٹ موگری بنانا (ہ/مثل) ایک اعلیٰ چیز کو بگاڑ کر ادنیٰ چیز بنانا - حماقت اور بے وقوفی کا کام کرنا -
کوُلھو کے بیل کو گھر ہی پچاس کوس
کوُلھو کے بیل کو گھر ہی منزل ہے
(ہ/مثل) مصیبت زدہ کو گھر میں بھی آرام نصیب نہیں ہوتا -
کوُلھو کے بیل کی طرح چلنا (ر) نہایت جفاکشی اور محنت کرنا - کسی کام میں دن رات معروف رہنا -
کوُلھو میں پلوا دینا (ہ) نہایت بے رحمی کی سزا دلوانا - شکنجے میں کھنچوا دینا -
کولی (ہ/مذ) ہندو جولاہا - ایک ادنیٰ قوم جس کا کام موٹا کپڑا بُننا اور بیگار دینا ہے - مہندی لگے ہاتھوں کی سیاہی جو مہندی کے بعد ظاہر ہوتی ہے -

کوَلی (ہ/مث) گود - گودی - دونوں ہاتھوں کا حلقہ - آغوش - بغل -
کوَلی میں بھر لینا
کوَلی بھرنا
(ہ) گودی بھرنا - آغوش میں دبا لینا - بغل میں لینا - گلے لگانا - بغلگیر ہونا -
کولے ٹھنڈے کرنا (ا/محاورہ) دروازے کے دونوں طرف پانی چھڑکنا کہ رد بلا ہو جو ایک ٹوٹکا ہے -
کولے سینچنا - یا - ٹھنڈے کرنا (ہ) دروازے کے دونوں طرف بلا کے رد کرنے کی غرض سے پانی چھڑکنا - سفر کو جاتے یا آتے وقت ایسا کیا کرتے ہیں -
کومل (ہ) نہایت نرم - نازک - ملائم - فصیح - شیریں - میٹھا کلام -
کوبلیا (ہ/صف) نقب لگانے والا - نقب زن -
کومھل - یا - کوبھل - یا - کوبل (ہ/مذ) سینڈھ - پاڑ - نقب - چوروں کا شگاف جو مکان میں گھسنے کو دیا کرتے ہیں -
کوَن (ع/مذ) ہست ہونا - موجود ہونا - مجازاً دنیا - جہان - ہستی - عالم موجودات -
کون و فساد (ع/مذ) ہونا - اور خراب ہونا - ہو کر بگڑ جانا - مجازاً عالم فانی - دُنیا -
کون و مکان (ع/مذ) دُنیا - جگ - سنسار - جہان -
کون (ہ) دلالوں کی اصطلاح - ایک کم دس -
کوُن (ف/مث) پاخانہ کی جگہ - شُفرہ - مقعد -
کوُن خر (ف) نہایت ہی احمق - سخت - بے وقوف - نرا احمق ہی نہیں بلکہ اُس کی نہایت بدبو کی جگہ -
کوَن (ہ) کلمۂ استفہام برائے انسان - کدام -
کون لشر ہے (ا/روزمرہ) کون شخص ہے ہم نہیں جانتے -
کون پرائی آگ میں گرتا ہے (ہ/محاورہ) دُوسرے کی آفت اپنے ذمے کوئی نہیں لیتا -
کون سا (ہ/کلمۂ استفہام) کدامیں - کدام یکے - ایسا کتنا - ایسا کس قدر - جیسے آپ نے کون سا خرچ کر دیا -
کوُشتہ (ف) چوتڑ -
کون سا درخت ہے جس کو ہوا نہیں لگتی (ا/محاورہ) عیب اور تکلیف سے کوئی خالی نہیں -
کون سے مرض کی دوا ہو (ا/محاورہ) کس کام کے ہو - بالکل نکمے اور ناکارہ ہو -
کوُنا - یا - کونہ (ہ/مذ) گوشہ - زاویہ - کھونٹ - نکڑ - پہلو - طرف - پاکھا -
کوُنا کھدرا - یا - کونہ کھترا - یا - کوُنا کچونا (ہ/مذ) گوشہ - دوشہ - کونا دوزا -
کوُنپل (ہ/مث) درخت کے نئے پھوٹے ہوئے ملائم پتے - کلی - شگوفہ -
کونپل پھوٹنا (ا/محاورہ) شگوفہ نکلنا -
کوُنت (ہ/مث) اٹکل - آنک - اندازہ - جانچ -
کونتنا - یا - کونتھنا (ہ) قبض کی حالت میں زور دے کر دفع براز

کرنا ۔ مقعد پر زور دے کر پاخانہ کرنا ۔
کُونج (ا/ مث) راج ہنس ۔ کلنگ ۔ مرغابی ۔ حواصل ۔ قاز ۔
کُونچ (ہ/ مذ) جولاہے کا تانی صاف کرنے کا برش ۔ مٹھنے کے اوپر کا پٹھا ۔
کونچ ۔ یا ۔ کونچ پھلی (ہ/ مث) ایک درخت اور اس کی پھلی کا نام جس کے جسم انسان پر گرنے سے سخت کھجلی ہونے لگتی ہے ۔
کُونچہ (ہ/ مذ) بھڑ بونچے کا کرچھا جس سے وہ بھاڑ میں سے ریت نکالا کرتا ہے ۔ مٹھنے کے اوپر کا پٹھا ۔
کُونچی (ہ/ مث) سفیدی پھیرنے کا مونج کا برش سونے چاندی کے زیور صاف کرنے کا برش ۔ مجازاً لمبی داڑھی ۔
کُوند (ہ/ مث) بجلی کی چمک تابش برق ۔ درخش ۔
کُوندنا (ہ) بجلی چمکنا ۔
کُونڈ (ہ/ مث) ناند ۔ کٹھرا ۔ مٹی کا بڑا سا تغارا ۔ بہت بڑا مٹی کا تسلا ۔
کُونڈا (ہ/ مذ) تسلا ۔ پرات ۔ آٹا گوندھنے کا بڑا برتن ۔ بھنگ وغیرہ گھوٹنے کا ڈورا ۔ کسی ولی کی نیاز ۔
کُونڈا بھرنا (ا/ محاورہ) نذر پوری ہونے پر امام جعفر کی نیاز دلوانا ۔
کونڈا کرنا (ہ) کسی ولی کی نیاز کر کے کونڈے میں کھلانا ۔ کڑاہی کرنا ۔ چند آدمیوں کا مل کر کسی کے ساتھ فعل بد کرنا ۔ بے عزتی کرنا ۔ بہت مارنا ۔
کُونڈا ماننا (ا/ محاورہ) نیاز ماننا ۔
کونڈالی ۔ یا ۔ کُنڈالی (ہ/ مث) آٹا گوندھنے کی مٹی کی پرات ۔ کُونڈا کی تصغیر ۔
کُونڈی (ہ/ مث) کونڈ کی تصغیر بالتحقیر ۔ ڈوری ۔ بھنگ گھوٹنے کا پتھر کا برتن ۔ هاون ۔
کُونڈی سونٹا (ہ/ مذ) بھنگ یا مصالح وغیرہ گھوٹنے کی ڈوری اور ڈنڈا ۔
کونڈی سونٹا بجانا (ہ) بھنگ رگڑنا ۔ بھنگ گھوٹنا ۔
کونڈیلی (ا/ مث) چھوٹی کونڈی ۔
کونرا جانا (ہ) بے اوسان ہو جانا ۔ شور و غل سے گھبرا جانا ۔
کونسل (انگریزی/ مث) مشورہ ۔ مصلحت ۔ صلاح ۔ رائے طلبی ۔
کونسل کرنا (ہ) صلاح و مشورہ کرنا ۔ مل کر تدبیریں سوچنا ۔
کونسل (انگریزی/ مث) پنچایت ۔ صلاح مشورے کی مجلس ۔ رائے دینے والوں کا مجمع ۔
کونسلی (ا/ مذ) کونسل کا ممبر ۔ صلاح کار ۔ صلاح دینے والا ۔ مشیر ۔ وکیل ۔
کونسلر (انگریزی/ مذ) کونسل کا ممبر ۔ وزیر ۔
کونکن ۔ مغربی گھاٹ کے ساتھ بمبئی کے پاس ہی کا ساحل ۔ بڑا زرخیز ہے ۔ یہاں ۱۰۰ انچ بارش ہوتی ہے ۔ چاول بہت ہوتے ہیں ۔

کُوں کُوں (ہ/ مث) کتے کے بچوں کی آواز ۔
کوہ قاف ۔ ٹرینس کاکیشیا جس میں جارجیا ۔ آرمینیا اور آذربائیجان کی ریاستیں شامل ہیں ۔ یہاں پہاڑ پھیلے ہوئے ہیں ۔ اس علاقہ کے لوگ خوبصورت ہوتے ہیں ۔ گویا وہی پریاں پہلے زمانے میں کہلاتی ہوں گی ۔
کولون ۔ جرمنی میں دریائے رائن پر واقع ہے ۔ یہاں کا گرجا گھر ۶۳۲ سال میں بنایا گیا ہے ۔ اور بھی تقریباً دو سو چرچ ہیں ۔
کون ہوتا ہے (ہ/ محاورہ) وہ کیا واسطہ رکھتا ہے ۔ سے کیا تعلق ہے ۔ کیا رشتہ ہے ۔
کونین (ع/ مذ) کون کی جمع تثنیہ ۔ دونوں جہان ۔ دین و دنیا ۔
کُونین (انگریزی/ مث) ایک مشہور دافع بخار دوا کا نام ۔
کوہ (ف/ مذ) پہاڑ ۔ وہ سنگلاخ قطعہ جو سطح زمین سے اونچا ہو ۔
کوہ آتش فشاں } کوہ آتش خیز } (ف/ مذ) جوالا مکھی پہاڑ ۔ وہ پہاڑ جس میں گندھک کا مادہ ہونے کے باعث آگ کے شعلے اور رقیق مادہ نکلتا ہو ۔
کوہِ آدم (ع/ مذ) لنکا کے سلسلۂ کوہ کی وہ چوٹی جس پر حضرت آدم علیہ السلام بہشت سے اترے تھے ۔
کوہِ بے ستوں (ف/ مذ) فارس کا وہ پہاڑ جسے کھود کر فرہاد نے جوئے شیر نکالی تھی ۔
کوہِ پیکر (ف/ صف) پہاڑ جیسے جسم والا ۔ قوی ہیکل ۔
کوہِ پیما (ف/ صف) پہاڑ پر چڑھنے والا ۔
کوہِ رحمت (ف) مکہ کے قریب پہاڑ ہے ۔
کوہِ جگر (ف/ صف) حوصلہ مند آدمی ۔ بہادر ۔ شجاع ۔ دلیر ۔
کوہ رواں (ف/ مذ) چلنے والا پہاڑ ۔ مجازاً گھوڑا ۔
کوہِ صفا (ع/ مذ) مکہ معظمہ کے قریب ایک پہاڑی کا نام ۔
کوہِ طور ۔ یا سینا (ہ/ مذ) ملک شام کی وہ پہاڑی جس پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کو خدا تعالیٰ نے اپنی تجلی دکھائی تھی ۔
کوہ کن (ف/ مذ) پہاڑ کھودنے والا ۔ فرہاد عاشق شیریں کا لقب ۔
کولمبیا ۔ اس کے پاس سے کرد سیور (گرم پانی) گزرتا ہے ۔ اس لیے آب و ہوا معتدل ہے ۔ یہاں پھل سونا اور عمارتی لکڑی بہت ہوتی ہے ۔
کولمبو ۔ لنکا کا دارالحکومت ۔ بحر ہند ۔ چین اور جاپان اور آسٹریلیا جانے والے جہاز یہاں ٹھہرتے ہیں اور مشرق کا لیڈ بکس کہلاتا ہے ۔
کولوریڈو ۔ اضلاع متحدہ امریکہ کا مشہور دریا ہے ۔
کوہِ نور (ع/ مذ) ہندوستان کا وہ مشہور اور عدیم المثال ہیرا جو بابر کو ابراہیم لودھی کی لڑائی میں ملا تھا اور آج کل انگریزوں کے پاس لندن میں ہے ۔
کوہان (ف/ مذ) اونٹ کی پیٹھ کا مدّو ۔ بیل اور سانڈ کا اونچا کندھا ۔

کُوہر - یا - کُہر (ہ/مث) دُھند - غلیظ بخارات آبی جو سطح زمین کے قریب تر سردی کے موسم میں صبح کے وقت دکھائی دیتے ہیں۔ دُھندلا سا۔

کُوہسار (ف/مذ) سنگلاخ قطعہ - پہاڑوں کا سلسلہ - پہاڑی مُلک۔

کُوہستان (ف/مذ) پہاڑی مُلک - پہاڑی دیس - پہاڑ - سلسلہ کوہ۔

کُوہستانی (ف/مذ) پہاڑ کا رہنے والا - کوہی - پہاڑ کا - پہاڑی چیز یا آدمی۔

کُوہی (ف) پہاڑی - پہاڑ کا۔

کُوہیُ (ہ/مث) بہری - ایک قسم کا شکرا جو کبوتروں کا شکار کرتا ہے۔

کوئیُ (ہ) کسی - کچھ - نامعلوم یا ناقابل اظہار آدمی - تقریباً - لگ بھگ - ایک آدھ - اِکّا دُکّا - اندازاً۔

کوئی اب بولے کوئی جب بولے / میری نکٹی شپا شپ بولے } (ا/مثل) نہایت ہی بے غیرت اور بے شرم کی نسبت کہا کرتے ہیں - یعنی ذلت ہونے پر بھی بولنے سے باز نہیں آتی بے عزت ہونے پر بھی بکواس کیے جاتی ہے۔

کوئی تو پوچھے گا (ہ/محاورہ) کسی کو تو رحم آئے گا - کوئی تو فریاد کو پہنچے گا۔

کوئی تولوں بھاری کوئی مولوں بھاری / کوئی تولوں کم کوئی مولوں کم } (ہ/محاورہ) ہر شخص اپنی حیثیت کے مطابق عزت رکھتا ہے - کوئی کسی وجہ سے معزز ہے - کوئی کسی سبب سے۔

کوئی دم کا دامہ ہے (ا/مثل) زندگی بہت تھوڑی ہے۔

کوئی دم کا مہمان ہے (ا) قریب المرگ - آفتاب لبِ بام - جاں باز - جلد رُخصت ہونے والا۔

کوئی دم میں مُرلیا باجے گی (ا/مثل) تھوڑی ہی دیر میں حقیقت معلوم ہو جائے گی۔

کوئی دن یاد کرو گے (ا) ہماری قدر ہمارے جانے کے بعد کرو گے - کئی روز تک تکلیف اور رنج اُٹھاتے رہو گے۔

کوئی کسی کی آگ میں نہیں گرتا (ا/محاورہ) کسی کی مصیبت اور دُکھ کو کوئی آدمی اپنے سر نہیں لیتا۔

کوئی کسی کی قبر میں نہیں سوتا - یا - نہیں جاتا (ا) کسی کے بدلے کوئی دوسرا آدمی جان نہیں دیتا - ہمیشہ کسی کا ساتھ نہیں رہتا۔

کوئی کل سیدھی نہیں (ا/محاورہ) کوئی پہلو ٹھیک نہیں۔

کوئی کوئی (ہ) ایک آدھ - اِکّا دُکّا - بِرلا - شاذ و نادر۔

کوئی مرے کوئی ملہار گائے (ہ/مثل) کسی کو صدمہ اور رنج پہنچے - کوئی خوشی منا دے۔

کوئی نہ کوئی (ا) کوئی سا - ایک نہ ایک - ایک نہیں دُوسرا سہی۔

کوئی نہیں پوچھتا کہ تیرے مُنہ میں کے دانت ہیں (ہ/مثل) نہایت انصاف اور عدل کی تعریف میں کہا کرتے ہیں - یعنی کسی کو کسی قسم کا خطرہ نہیں - نہایت امن اور عدل کا زمانہ ہے۔

کوئی ہے (ہ) حرفِ ندا - ملازم کو بُلانے اور پکارنے کے لیے بولتے ہیں۔

کوّے اُڑانی (ہ/مث) نہایت ادنیٰ درجے کی ملازم عورت - ٹہلوانی - بادل - بیگی۔

کوّے اُڑجا (ہ) شگون - پردیس سے کسی کے آنے کے وقت شگون لیا کرتے ہیں۔

کوّے کھائے ہیں (ہ/محاورہ) بہت بڑی عُمر کا ہو کر بھی بال سیاہ ہیں۔

کویا (ہ/مذ) آنکھ کا کونہ - گوشۂ چشم - گنے کا بالکل نیا اُگا ہوا شگوفہ یا کونپل - ریشم کے کیڑے کا خول - شریفہ یا کٹھل کا دانہ۔

کوِیل (ہ/مث) ایک خوش آواز کالے پرندے کا نام۔

کوئِلا (ہ/مذ) کوئل کے سے رنگ والا - مجازاً جلی ہوئی لکڑی کا بجھا ہوا ٹکڑا - یا کان سے نکالا ہوا سیاہ مادّہ۔

کوئلوں پر مُہر ہوتا (ہ) نہایت کنجوسی کے باعث کوئلوں جیسی حقیر چیز کی بھی سخت حفاظت کرنا۔

کوئلوں کی دلالی میں ہاتھ کالا - یا - مُنہ کالا (ا/مثل) بُرے کام میں پڑنے سے آخر بدنامی ہی حاصل ہو گی۔

کوئین (انگریزی/مث) ملکہ - رانی - بادشاہ بیگم۔

کوئیہ (ف/مذ) ریشم کے کیڑے کی کھال - ریشم کے کیڑے کا خول۔

کوئیہ ابریشم (ف/مذ) ریشم کے کیڑے کا خول۔

ک - ہ

کہ (ف) حرفِ بیان ہے - نیز "جو" بیانیہ کے موقع پر اس کی جگہ بھی آ جاتا ہے - علت اور سبب کے لیے ناگاہ - دفعتہً - استفہام۔

کہا (ہ/مذ) مقبول - کہا ہوا - بچن - قول - مقولہ - بات۔

کُہا - یا - کُہاسا (ہ/مذ) کُہر - دھند - ابر آلود آسمان - جھڑ - غبار۔

کہا سُنا (ہ/مذ) جُرم - خطا - قصور - گناہ - شکوہ - سمجھانا بُجھانا۔

کھاد / کھات } (ہ/مث) بوسیدہ اور گلی سڑی چیزیں وہ میلا اور کوڑا کرکٹ جسے گڑھے میں جمع کر کے گلنے کے بعد کھیتوں میں ڈالتے ہیں۔

کھاتا (ہ/مذ) لیکھا - بہی - روزنامچہ - روزمرّہ حساب کی کتاب - لین دین - بیوپار - کھاتا ہوا - آسودہ حال (مذ) اناج کا ذخیرہ جمع کرنے کا گڑھا۔

کھاتہ بہی (ہ/مث) ہر اسامی کے لیے علیحدہ حساب کی کتاب۔

کھاتہ ڈالنا (ا/محاورہ) کسی سے لین دین جاری کرنا۔

کھاتا پیتا (ہ) آسودہ حال - مُرفہ حال۔

کھاتی (ہ/مث) بڑھئی۔ ترکھان۔ بخار۔ اناج وغیرہ کے ذخیرہ کا چھوٹا اور گہرا گڑھا۔

کھاتے پڑنا (ہ) حساب میں درج ہونا۔ کسی بہی میں چڑھایا جانا۔

کھاتے پیتے لاتیں مارنا (ہ) آسودگی میں ناشکری کرنا۔ کفرانِ نعمت کرنا۔

کھاٹ (ہ/مث) چارپائی۔ پلنگڑی۔

کھاٹ پڑکے کھانا (ہ) بیماری پر صرف ہونا۔ بیماری پر لگنا۔

کھاٹ پڑنا } (ہ) بیمار ہوکر چارپائی پر پڑ جانا۔ صاحب فراش ہونا۔
کھاٹ سے لگ جانا }

کھاٹ سے اُتارنا۔ یا۔ اُتار لینا (ہ) ہندو قریب المرگ آدمی کو چارپائی سے نیچے اُتار کر زمین پر لٹا دیتے ہیں۔

کھاٹ کھٹولا (ہ/مذ) مال اسباب۔ استر بستر۔ بندھنا بوریا۔

کھاٹ نکلنا (ہ) (عورتیں) ارتھی نکلنا۔ جنازہ نکلنا۔ مرنا۔

کھاج (ہ/مث) کھجلی۔ خارش۔ جماع کی خواہش۔

کھاجا (ہ/مذ) خوراک۔ غذا۔

کھاجانا (ہ) نگل جانا۔ ہڑپ کر جانا۔ خرچ کر لینا۔ برباد کر ڈالنا۔ تباہ کر دینا۔ مال مار لینا۔ رشوت لے لینا۔

کھاد (ہ/مث) (دیکھو کھات)

کھادر (ہ/مث) پست زمین۔ نشیب۔ دریا کے کنارے کی سیلاب والی زمین۔

کھار (ہ/مذ) شور۔ کلر۔ نمک۔ سجی۔ کاٹ کرنے والی چیز۔

کھار لگنا (ا/محاورہ) شور لگنا۔ کلر لگنا۔

کہار (ہ/مذ) پانی بھرنے والا۔ مہرا۔ دھینور۔ حمال۔ ڈولی یا پالکی اٹھانے والا۔ خادم۔ ٹہلوا۔ برتن مانجھنے والا۔

کھارا (ہ/مذ) سرکھنڈوں کا چوکھونٹا ٹوکرا جس پر دولہا کو پھیروں کے وقت کپڑا ڈال کر بٹھاتے ہیں۔ نمک۔ پہاڑ۔ نمکین۔ شوردار۔

کھاردا (ہ/مذ) ایک قسم کا سُرخ موٹا کپڑا۔

کہاری (ہ/مث) کہار کی بیوی۔ کہار قوم کی عورت۔ خادمہ۔ پانی بھرنے والی۔ کہاروں کی مزدوری۔ ڈولی یا کرایہ۔

کھاری (ہ) شوردار۔ نمکین۔ کڑوا۔ تلخ۔

کھاری کنواں (ہ/مذ) کڑوے یا نمکین پانی کا کنواں۔ مجازاً بے فیض۔

کھاری کنوئیں ڈال دینا (ہ) کھو دینا۔ ضائع کر دینا۔ پھینک دینا۔ بے فائدہ کھونا۔

کھاری نمک (ا/مذ) ایک قسم کا نمک جو کھاری پانی سے بنایا جاتا ہے۔ اسے سمندری نمک بھی کہتے ہیں۔

کھارے (ا/مذ) وہ شکنیں جو عورتوں کے پیٹ پر وضع حمل کے بعد پڑ جاتی ہیں۔

کھاڑی (ہ/مث) خلیج۔ پانی کا وہ قطعہ جو دُور تک خشکی کو کاٹتا چلا جائے۔

کھاس (ہ/مث) اُپلے لادنے کی جالی دار بوری۔ جالی دار گون۔ جالی دار بورا۔

کھا کر ڈکار نہ لینا (ہ) پرایا مال ہضم کر جانا۔ پچا لینا۔ لے کر بالکل نہ دینا۔

کھاگ (ہ/مذ) گینڈے کا سینگ۔

کھال (ہ/مث) چمڑا۔ چرم۔ چام۔ پوست۔ چھلکا۔ چھال۔ دھونکنی۔ دھوڑی۔ جانداروں کے جسم کا پوست۔ کھیت میں پانی پہنچانے کی نالی۔

کھال اُتارنا } (ہ) کسی کے جسم سے چمڑا اُدھیڑنا۔ پوست اُتارنا۔ سزا دینا۔ بدلہ لینا۔ سخت سزا دینا۔ چمڑی اُتارنا۔
کھال اُدھیڑنا }
کھال کھینچنا }

کھال بگڑنا (ہ) شامت آنا۔ پٹنے کو جی چاہنا۔

کھال میں مست ہونا (ہ) غریبی میں مگن رہنا۔ اپنی مفلسی میں خوش رہنا۔

کھالا (ہ/مذ) ندی۔ نالہ۔ آب جو۔ غار۔ گڑھا۔ بہت سے ندی نالوں والی نشیب زمین۔

کھالنا (ا/مص) کراہنا۔

کھان (ہ/مث) کان۔ معدن۔ دھاتوں وغیرہ کے پیدا ہونے اور نکلنے کی جگہ۔ منبع۔ مخزن۔ خزانہ۔ مصدر۔ بہتات۔ کثرت۔ افراط۔

کہاں (ہ) کدھر۔ کس جگہ۔ نہیں۔ کب۔ دُوری۔ بہت فرق۔ بڑا بھاری فرق۔ جیسے کہاں یہ کہاں وہ۔

کہاں چلے آئے ہو (ہ/محاورہ) یہ وہ ہے۔ تمہارے آنے کی جگہ نہیں۔ ہٹ جاؤ۔

کہاں رام رام کہاں ٹیں ٹیں } (ہ/مثل) اعلیٰ کو ادنیٰ سے کیا نسبت۔ دونوں میں زمین آسمان کا فرق ہے۔
کہاں راجہ بھوج کہاں گنگا تیلی }

کہاں سے کہاں (ہ) بہت دُور۔ کالے کوسوں۔ بے ٹھکانے۔

کہاں کا (ہ) کس مقام کا۔ کس جگہ کا۔ کس طرف کا۔ کیسا۔ کس مطلب کا۔ کس کا۔ کدھر کا۔ کب کا۔ کس زمانے کا۔ کون سا۔ حقارتاً بالکل ناچیز۔ کم حیثیت۔ نہایت تھوڑا۔ بالکل کم۔

کہاں کا آنا۔ کہاں کا جانا (ہ) کیسی ملاقات۔ کیسا تعلق۔ کیسا ملنا جلنا۔ کیسا آنا اور کیسا جانا۔

کہاں کا کہاں (ہ) بہت دُور۔ کالے کوسوں۔ بے ٹھکانے۔

کہاں کی بلا پیچھے لگی (ہ/محاورہ) کس آفت میں پھنس گئے۔ تنگی کے وقت گھبرا کر کہا کرتے ہیں۔

کہاں کے ہیں (ہ/محاورہ) ایسے کون ہیں۔ کس ملک کے ہیں۔

کہاں لا کر پھنسایا (ہ/محاورہ) کس عذاب میں ڈالا۔ بُری جگہ فریفتہ کیا۔ بڑے دُکھ میں پھنسایا۔

کہانا (ہ) کہلانا۔ موسوم ہونا۔ مشہور ہونا۔ نام رکھا جانا۔ پیغام

دینا ۔ کہلوانا ۔
کھانا (ہ/مذ) غذا ۔ خوراک ۔ رسوئی ۔ روٹی ۔ بھوجن ۔ طعام ۔ ضیافت ۔ دعوت ۔ مہمانی ۔
کھانا پینا (ہ/مذ) دانہ پانی ۔ آب و نان ۔ آب و خورش ۔
کھانا پینا لہو کرنا (ہ) خوراک انگ نہ لگنے دینا ۔ رنج دلانا ۔ کھایا پیا خاک میں ملا دینا ۔
کھانا جوڑا (ہ/مذ) وہ کھانا اور قیمتی کپڑے جو دلہن کے گھر سے دولہا کو دیتے ہیں ۔
کھانا چھاتی پر رہنا (ا/محاورہ) کھانا ہضم نہ ہونا ۔
کھانا دانہ (ا/مذ) بیاہ کی دعوت ۔ شادی کی ضیافت ۔
کھانا کھانا (ہ) روٹی کھانا ۔ طعام تناول کرنا ۔ خاصہ نوش فرمانا ۔
کھانا کھلانا (ہ) دعوت دینا ۔ ضیافت کھلانا ۔
کھانا وہاں کھاؤ تو پانی یہاں پیو ۔ یا ۔ ہاتھ یہاں دھوؤ (ہ/محاورہ) فوراً چلے آؤ ۔ بہت جلد آؤ ۔
کھانا (ہ) نوش کرنا ۔ جیمنا ۔ نگلنا ۔ حلق سے اتارنا ۔ اڑانا ۔ غبن کرنا ۔ ہضم کرنا ۔ رشوت لینا ۔ فضول خرچی کرنا ۔ اسراف کرنا ۔ کاٹنا ۔ ڈسنا ۔ غصہ سہارنا ۔ برداشت کرنا ۔ چھوڑ دینا ۔ بھول جانا ۔ جیسے عبارت کھا گئے ۔ پیٹنا ۔ مار پڑنا ۔ جیسے جوتے کھانا ۔ مار ڈالنا ۔ قتل کر ڈالنا ۔ جیسے چلا جا ورنہ کھا جاؤں گا ۔ ستانا ۔ دق کرنا ۔ جیسے کیوں کان کھاتے ہیں ۔ اثر لینا ۔ اثر قبول کرنا ۔ جیسے ہوا کھانا ۔ زخم ڈالنا ۔ کاٹنا ۔ جیسے جوتے نے پاؤں کھا لیا وغیرہ ۔
کھانا اور غرانا (ا) احسان فراموشی کرنا ۔ کھانا بھی اور دھمکانا بھی ۔ بلّی کی سی عادت رکھنا ۔
کھانا پینا (ہ) روٹی کپڑے کا خرچ اٹھانا ۔ کھانا اڑانا ۔
کھانا کمانا (ہ) محنت مزدوری کرنا ۔ نوکری چاکری کرنا ۔
کھانا نوش کرنا (ا/مصدر) کھانا تناول کرنا ۔
کھانپ (ا/مث) قاش ۔ ٹکڑا ۔
کھانچا (ہ/مذ) جھابا ۔ خوان ۔ ٹوکرا ۔ ٹاپا ۔ مرغیاں بند کرنے کا اونچا ٹوکرا ۔ دیوار کی کجی ۔ وقفہ ۔ ڈھیل ۔ دیر ۔
کھانچا پڑنا (ہ) وقفہ ہونا ۔ ناغہ ہونا ۔ سلسلہ میں فرق آ جانا ۔
کھانڈ (ہ/مث) چینی ۔ بورا ۔ شکر سفید ۔
کھانڈا (ہ/مذ) ایک قسم کی دو رخی سیدھی تلوار ۔ مچھلی کا قتلہ ۔ قصائی کا بغدا ۔
کھانڈا بجنا (ہ) تلوار چلنا ۔ لڑائی ہونا ۔ جنگ و جدل ہونا ۔
کھانسنا (ہ) کھنکارنا ۔ کھانسی کی آواز نکالنا ۔ دھانسنا ۔
کھانسی (ہ/مث) کھر کھر ۔ سرفہ ۔ سعال ۔
کھانکھر (ہ) نہایت سوکھی چیز (مث) کھائی ۔ خندق ۔
کھانگ (ہ/مذ) ہاتھی یا سور کے باہر نکلے ہوئے دانت ۔
کہانی (ہ/مث) قصہ ۔ حکایت ۔ داستان ۔ سرگزشت ۔ بیتی بات ۔ ذکر ۔ بیان ۔ کتھا ۔
کہانی ہے (ا/محاورہ) من گھڑت ہے ۔ غلط ہے ۔ جھوٹ ہے ۔ جھوٹی بات ہے ۔
کھانے کمانے کا ٹھیکرا (ا/مذ) روزی کا وسیلہ ۔ نوچی ۔ کسب کمانے کے لیے پالی ہوئی لڑکی ۔
کھانے کو بسم اللہ کمانے کو استغفر اللہ (ا/مثل) کھانے کو چست اور کام کاج میں سست ۔
کھانے کو دوڑنا (ہ) ڈرانا ۔ کاٹ کھانے کا ارادہ کرنا ۔ بدمزاجی سے پیش آنا ۔
کھانے کو اونٹ کمانے کو مجنوں } (ا/مثل) کھانے کے لیے زبردست
کھانے کو شیر کمانے کو بکری } اور کمانے کو پست ۔
کھانے کے دانت اور ہیں دکھانے کے اور (ہ/محاورہ) باطن ظاہر کے خلاف ہے ۔ دل میں کچھ اور زبان پر کچھ اور قول کچھ ۔ عمل کچھ ۔
کہانت (ع) فال گوئی ۔ غیب کی بات بتانا ۔
کھاؤ (ہ) بہت کھانے والا ۔ پیٹو ۔ راشی ۔ رشوت خوار ۔ چٹورا ۔ بہت خرچ کرنے والا ۔
کھاؤ اڑاؤ (ہ) فضول خرچ ۔ مسرف ۔ تن پرور ۔ چٹورا ۔
کہاوت (ہ/مث) قول ۔ سخن ۔ کہن ۔ ضرب المثل ۔
کھاوے بکری کی طرح سوکھے لکڑی کی طرح (ا/مثل) بہت کھا کر بھی دبلا رہنے والے کے لیے بولتے ہیں ۔
کھائی (ہ/مث) خندق ۔ گھوڑا ۔
کھائے پر کھایا وہ بھی گنوایا (ہ/مثل) زیادہ لالچی پہلا اندوختہ بھی کھو بیٹھتا ہے ۔
کھایا پیا انگ نہ لگنا (ہ) خوراک کا جزو بدن نہ ہونا ۔
کھائیے من بھاتا پہنیے جگ بھاتا (ہ/مثل) خوراک دل پسند اور لباس عام ہونا چاہیے ۔ زمانہ کے رسم و رواج کے مطابق چلنا چاہیے ۔
کھبا (ہ) بایاں ۔ الٹا ۔ چپ ۔ سیدھا کی ضد ۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنے کا عادی ۔
کھب جانا (ہ) گڑ جانا ۔ چبھ جانا ۔ گھس جانا ۔ سما جانا ۔ بس جانا ۔ پسند آ جانا ۔ دل نشین ہو جانا ۔ دل میں گھر کر جانا ۔
کھب کھب (ا/صف) خمدار ۔
کھبالے (ا/صف) چھب والے ۔ بانکے ۔ ترچھے ۔
کھبنا (ہ) چبھنا ۔ گڑنا ۔ گھسنا ۔ بیٹھنا ۔ بسنا ۔ نظروں میں پسند آنا ۔ منظور نظر ہونا ۔
کہہ بیٹھنا (ہ) گالی دے بیٹھنا ۔ برا بھلا کہہ دینا ۔
کھپاٹا (ا/مذ) بانس کی تیلی ۔
کھپاچ (ہ/مث) بانس کا ٹکڑا ۔ کھپچی ۔ پھانس بہت ہی دبلا پتلا آدمی ۔
کھپانا ۔ یا ۔ کھپا دینا (ہ) برتنا ۔ استعمال کرنا ۔ صرف کرنا ۔ کام میں لانا ۔ گھلانا ۔ تحلیل کرنا ۔ کام تمام کرنا ۔ مار ڈالنا ۔ تباہ

کرنا ۔ برباد کرنا ۔ ضائع کرنا ۔ سمانا ۔ بھرنا ۔ جذب کرنا ۔ پلانا ۔
کھپت (ہ/امث) خرچ ۔ صرف ۔ سمائی ۔ گنجائش ۔ گزارا ۔
کھپٹ (ا/صف) بوڑھا ۔ بوڑھی ۔
کھپچی (ہ/امث) بانس کا ٹکڑا ۔ کھپاچ ۔ پھانس ۔ دُبلا ۔ پتلا ۔ لاغر ۔
کھپچی (ہ/امث) گود ۔ بغل ۔ آغوش ۔
کھپچی بھرنا (ہ) دونوں ہاتھوں سے گود میں اٹھا لینا ۔ آغوش میں لینا ۔
کھپر (ہ/امذ) سر کی ہڈی ۔ کپال ۔ کھوپڑی ۔ جوگیوں کی تونبی ۔ طشت خون جو دیوتاؤں کی نذر کیا جاتا ہے ۔
کھپرا (ہ/امذ) بکل ۔ چھال ۔ چھلکا ۔ پھل کے چھلکے ۔ قاش ۔ پھانک ۔ مٹی کا ٹھیکرا جو کھپریل پر بچھاتے ہیں ۔ ایک قسم کا کیڑا جو دھان کو لگ جاتا ہے ۔ دھان کی شسری ۔ چوڑے پھل کا تیر ۔
کھپریل (ہ/امث) کھپروں سے چھائی ہوئی چھت ۔
کھپنا (ہ) خرچ ہونا ۔ اٹھنا ۔ سمانا ۔ اٹنا ۔ جذب ہونا ۔ سوکھنا ۔ فروخت ہو جانا ۔ بک جانا ۔ کام آنا ۔ مارا جانا ۔ گھلنا ۔ تحلیل ہو جانا ۔
کھتا (ہ/امذ) غلہ بھر رکھنے کا گڑھا ۔ کھتی ۔ ڈھیر ۔ ذخیرہ ۔ انبار ۔ خزانہ ۔ گنج ۔
کتا (ہ/امذ) کہنے والا ۔ متکلم ۔ بولنے والا ۔
کہتر (ف) چھوٹا ۔ ادنیٰ ۔ مہتر کی ضد ۔
کھترانی (ہ/امث) کھتری کی مؤنث ۔ کھتری کی جورو ۔ کھتری قوم کی عورت ۔
کھترانا (ہ/امذ) کھتریوں کی برادری ۔ کھتری قوم کا ۔
کھتری (ہ/امذ) ہندوؤں کے چار برنوں میں سے ایک برن ۔ چھتری کا بگاڑ یا مبدل ہے ۔
کھتریٹا (ہ/امذ) کھتری بچہ ۔ کھتری زادہ ۔
کھتونی (ہ/امث) گاؤں کی زمین کا حساب کتاب مع تقسیم وغیرہ ۔
کھتی (ہ/امث) روپیہ پیسہ رکھنے کی گولک ۔
کھتی کا اناج (ا/امذ) خراب اناج ۔
کھتیانا (ہ) کھاتے میں رقم جمع کرنا ۔ روزنامچے سے نکال کر کھاتے میں درج کرنا ۔
کھٹ (س) چھ ۔ شش ۔ ۶ ۔ ۶ ۔
کھٹ بُنا (ا/امذ) چارپائی بُننے والا ۔
کھٹ پٹ (ا/امذ) جلد جلد چلنے کی آواز ۔ فساد ۔ لڑائی ۔ جھگڑا ۔
کھٹ پر (س) چھ پروں والا ۔ یعنی بھونرا ۔
کھٹ رس (س/امذ) چھ ذائقے یعنی تلخ ۔ کسیلا ۔ نمکین ۔ کھٹا ۔ میٹھا ۔ چرچرا ۔

کھٹ شاستر (س/امذ) چھ درشن ۔ گوتم کا نیائے شاستر ۔ کناد کا ویسے شک شاستر ۔ جیمنی کا پورو میمانسا ۔ بیاس کا اتر میمانسا ۔ کپل کا سانکھ شاستر ۔ پتنجلی کا جوگ شاستر ۔ بیاس کا اتر میمانسا ۔
کھٹ کرم (س/امذ) برہمنوں کے چھ فرض ۔ یعنی اشنان ۔ دھیان ۔ جپ ۔ ترپن ۔ پوجا ۔ گیان ۔
کھٹ راگ (س/امذ) ایک ایک راگ کا نام ۔ جس میں سب راگوں کے سُر شامل ہیں ۔ مجازاً الجھیڑا ۔ بکھیڑا ۔ جھگڑا ۔ ٹنٹا ۔ قضیہ ۔ جنجال ۔ جھمیلا ۔ لغویات ۔
کھڑاگ میں پڑنا (ہ) بکھیڑے میں پڑنا ۔ جنجال میں پھنسنا ۔ الجھاوے میں پڑنا ۔
کھٹ (ہ/امث) دو سخت چیزوں کے ملنے کی آواز ۔ کھاٹ بمعنی چارپائی کا مخفف ۔
کھٹ پٹ (ہ/امث) ان بن ۔ لڑائی بھڑائی ۔ ناچاقی ۔ کھڑاؤں وغیرہ پر جلدی جلدی چلنے کی آواز ۔
کھٹ پٹ کرنا (ہ) لڑائی جھگڑا کرنا ۔ لڑنا ۔ جھگڑنا ۔ فساد برپا کرنا ۔
کھٹ کھٹ (ہ/امث) دو سخت چیزوں کے ٹکرانے کی آواز ۔
کھٹ (ہ/امث) کسی چیز کے کھٹکنے کی آواز ۔ کھٹکا ۔ بچوں کے باری توڑنے کے وقت ناخن بجانے کی آواز ۔
کھٹ بڑھئی (ہ/امذ) ایک لمبی چونچ والے پرندے کا نام ۔ ہدہد ۔ کٹھ پھوڑا ۔
کھٹا (ہ) ترش ۔ چوک (مذکر) گلگل ۔ ترنج ۔ ایک ترش پھل کا نام ۔
کھٹا چوک (ہ) نہایت ہی کھٹا ۔ بہت ہی ترش ۔ چوک جیسا کھٹا ۔
کھٹا کھانا (ہ) گالی کھانا ۔ بری بات سننا ۔ ناراض ہونا ۔ خفا ہونا ۔
کھٹا میٹھا (ہ) کچھ کھٹا کچھ میٹھا ۔ ترش بھی اور میٹھا بھی ۔ ترشی دار شیریں ۔
کھٹا میٹھا ہونا (ہ) لالچ آنا ۔ جی للچانا ۔ منہ میں پانی بھر آنا ۔ ان بن ہونا ۔ برا بھلا بننا ۔ ناچاقی ہو جانا ۔
کھٹا ہو جانا ۔ یا ۔ ہونا (ہ) ترشی آ جانا ۔ اچار اٹھ جانا ۔ سڑ جانا ۔ دل یا جی کا بیزار ہونا ۔
کھٹا پٹ (ہ/امث) لڑائی ۔ ان بن ۔ ناراضی ۔ تکرار ۔ ہتھیاروں وغیرہ کے باہم ٹکرانے کی آواز ۔
کھٹا پٹی (ہ/امذ) ہتھیاروں کے باہم ٹکرانے کی آواز ۔ ناراضی ۔ ان بن ۔ لڑائی ۔ تکرار ۔
کھٹاس (ہ/امث) ترشی ۔ کھٹائی ۔ ناراضی ۔ ان بن ۔
کھٹاکا (ہ/امذ) گرنے یا ٹوٹنے کی آواز ۔ دو سخت چیزوں کے ٹکرانے کی آواز ۔ کھڑکا ۔
کھٹائی (ہ/امث) کھوٹاپن ۔ کھوٹ ۔ عیب ۔ اوگن ۔ بدی ۔ دغا ۔ فریب ۔ دھوکا ۔

کھٹائی کرنا (ہ) بدی کرنا - برائی کرنا - فریب کرنا - دغا کرنا - دھوکا دینا -
کھٹائی (ہ/ مث) کھٹا پن - ترشی - کچے آم کی سوکھی پھانکیں - امچور -
کھٹائی کھانا (ہ/ مذ) ترشی کا عادی - کھٹائی کھانے والا - مجازاً بھڑوا - دلّر - کسی نوچی کی کمائی کھانے والا - بے غیرت - بے حیا - بے شرم -
کھٹائی میں پڑنا (ہ) زیور کا صاف اور اجلا ہونے کے لیے ترشی میں ڈالا جانا - دیر لگنا - ٹال مٹول میں رہنا - بکھیڑے میں پڑنا - وعدہ وعید میں رہنا - جھمیلے میں پڑنا -
کھٹائی میں ڈالنا (ہ) زیور کو صاف کرنے کی غرض سے ترشی میں ڈالنا - دیر لگانا - ٹال مٹول کرنا - وعدے کر کے ٹالتے رہنا - توقف کرنا -
کھٹک (ہ/ مث) زڑک - چبھن - ٹیس - چبک - اندیشہ - خوف -
کھٹکا (ہ/ مذ) کسی چیز کے ٹکرانے کی آواز - کھڑکا - آہٹ - چبھن - کھٹک - پھل دار درخت میں جانوروں کو ڈرانے کے لیے باندھا ہوا بانس کا نلوا یا ٹین کا کنستر - ٹک - چٹکنی - چٹکنی - دل پر چوٹ لگانے والا - مجہول آواز کا جھٹکا - خوف - اندیشہ - ڈر - تردد - فکر - دغدغہ -
کھٹکا پڑ جانا (ا/ محاورہ) خوف یا اندیشہ ہونا -
کھٹکا گزرنا (ا/ محاورہ) اندیشہ ہونا -
کھٹکا لگا رہنا (ہ) تردد رہنا - فکر لگا رہنا - خطرے میں رہنا - تشویش میں رہنا -
کھٹکا ہونا (ہ) آہٹ ہونا - سوچ ہونا - اندیشہ ہونا - ڈر ہونا -
کھٹکا (ہ/ مذ) آہٹ - کھڑکا - ضرر - نقصان - گمان - شبہ - شک - دغدغہ - اندیشہ -
کھٹکار (ہ/ مث) آواز جو بجلی کی شست کو جنبش دینے سے ہوتی ہے -
کھٹک جانا (ہ) چبھ جانا - اثر کر جانا - برا لگنا - ناگوار گزرنا - بگڑ جانا - دوستی میں فرق آ جانا - اکھڑ جانا - اچنٹ جانا -
کھٹکنا (ہ) خلش ہونا - کھبنا - ٹیس مارنا - درد کرنا - دڑکنا - بجنا - کھڑکنا - لڑائی ہونا - بگڑنا - گراں گزرنا - ڈرنا - خائف ہونا - دبنا - کنیانا - چونکنا -
کھٹکنا (ہ) پرندے کے بچے کا انڈے میں چونچ مار کر باہر نکلنا - چھلکا اتارنا -
کھٹ کھٹ (ہ/ مث) لگاتار کوٹے جانے کی آواز -
کھٹکھٹا (ہ/ مذ) کام - دھندا - جھگڑا - بکھیڑا -
کھٹکھٹانا (ہ) کھڑکانا - دستک دینا - کھڑکھڑانا -
کھٹکی (ہ/ مث) ڈور یا دھاگے کو دانت سے کاٹ کر ٹوٹنے کے قابل کر دینا -

کھٹلے (ہ/ مذ) کانوں کے سوراخ جو زیور پہننے کے لیے چھیدوائی ہیں -
کھٹ مٹھا (ہ) کھٹے اور میٹھے کا مجموعہ - وہ میوہ جو ترش اور شیریں ہو -
کھٹمل (ہ/ مذ) چارپائی کا کیڑا - ایک سیاہی مائل سرخ رنگ کا کاٹنے والا کیڑا - ماگنوں -
کھٹنا (ہ) کمانا - حاصل کرنا -
کھٹو (ہ/ مذ) کمانے والا - کماؤ - محنتی -
کھٹولا (ہ/ مذ) کھٹیا - چھوٹی سی چارپائی -
کھٹے میٹھے دن (ہ/ مذ) کڑوے کسیلے دن - برے دن - ایام حمل -
کھٹی (ہ) کھٹا کی تانیث - ترش مجازاً بیزار - متنفر (مؤنث) کمائی - نفع - سود -
کھٹی چھاچھ سے بھی گئے (ہ/ محاورہ) ذرا سے فائدے کی امید تھی - اس سے بھی خالی رہے -
کھٹی میٹھی باتیں سننا (ہ) بری بھلی باتیں سننا - گالی گلوچ برداشت کرنا -
کھٹے چنے (ہ/ مذ) وہ چنے جن میں کھٹائی اور نمک مرچ پڑا ہو -
کھٹیا (ہ/ مث) کھاٹ کی تصغیر - چھوٹی چارپائی - پلنگڑی - چارپائی - مجازاً ارتھی - جنازہ - تابوت -
کھٹیا پر پڑنا (ا/ محاورہ) بیمار پڑنا -
کھٹیا نکلنا (ا/ محاورہ) جنازہ نکلنا -
کھٹیک (ہ/ مذ) چھڑا منگنے والا - ایک قوم کا نام - جس کا کام ہر قسم کے جانور پالنے اور رکھنے کا ہے اہیڑی -
کھج (ہ/ مث) چڑ - چھیڑ - رنجیدگی - ملال - رنج - ناراضی - خفگی -
کھجانا (ہ) چھیڑنا - جلانا - ناراض کرنا - خفا کرنا -
کھجانا - یا - کھجلانا (ہ) ناخن سے کھرچنا - سہلانا -
کھجلا (ہ/ مذ) ایک قسم کی خستہ پوری - جس میں چار چھید اور پرت پرت علیحدہ ہوتے ہیں -
کھجلاہٹ (ہ/ مث) کھاج - خارش - کھجل -
کھجل اٹھنا (ہ) خارش اٹھنا - کھجل پڑنا - مار کھانے یا پٹنے کو جی چاہنا - خواہش جماع کا زور کرنا -
کھجور (ہ/ مث) خرما تر - ایک قسم کا چھوٹا چھوہارا - درخت خرما - ایک قسم کی مٹھائی -
کھجور چھڑی (ہ/ مث) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس پر کھجور کی ٹہنیوں کی طرح چھڑیاں بنی ہوتی ہیں -
کھجورا (ہ/ مذ) نر کھجور جس میں پھل نہیں لگتا -
کھجوری چوٹی (ہ/ مث) لہردار مضبوط گندھے ہوئے بال -
کھچا (ہ) جکڑا - تنا ہوا - ناراض - کشیدہ خاطر - گراں - مہنگا -
کھچ جانا (ہ) بھاؤ چڑھتا جانا - مہنگا ہوتا جانا - لدا پھندا دساور کو چلا جانا - کشش کے سبب کسی کی طرف کو مائل ہوا جانا -

کِھچا رہنا (ہ) رُکا رہنا ۔ آزردہ رہنا ۔ ناراض رہنا ۔ دُور دُور رہنا ۔

کِھچا پِھچ (ہ) خُوب بھرا ہوا ۔ ٹھسا ٹھس ۔ کثرت سے ۔ با فراط ۔ بکثرت ۔

کِھچاؤ (ہ/مذ) کھینچ ۔ کشش ۔ کھچاوٹ ۔ کشیدگی ۔ تناؤ ۔ رُکاؤ ۔

کِھچاوٹ (ہ/مث) تناوٹ ۔ کشش ۔ کشیدگی ۔ رُکاوٹ ۔ کساؤ ۔

کِھچ جانا (ہ) خفا ہو کر ملاقات چھوڑ بیٹھنا ۔ رُک جانا ۔ کشیدہ ہو جانا ۔ کنارا کشی کر بیٹھنا ۔

کِھچڑی (ہ/مث) چاول اور دال آپس میں ملے ہوئے ۔ ایک ملائم اور نرم خوراک ۔ بیری کا پھول ۔ ناچ کی سائی ۔ اشرفیوں اور رُپیوں کا مجموعہ ۔ پوشیدہ صلاح و مشورہ ۔ خفیہ چرچا ۔ سیاہ اور سفید بال ۔ زچہ کے میکے سے چھٹی کے روز کی گٹھڑی ۔ مِلا جُلا ۔ خَلط مَلط ۔ گڈ مڈ ۔ درہم برہم ۔

کِھچڑی آنا (ہ) بیری کے درخت کو پھول آنا ۔ چھٹی کے روز زچہ کے میکے سے کھچڑی کی گٹھڑی آنا ۔

کھچڑی پکانا (ہ) دال اور چاول ملا کر پکانا ۔ خفیہ صلاح و مشورہ کرنا ۔ سازش کرنا ۔

کھچڑی کھاتے پہنچا اُترنا (ہ) مُعنت کی یا جھوٹی نزاکت جتانا ۔

کھچڑی ہو جانا ۔ (ہ) مل جُل جانا ۔ شیر و شکر ہو جانا ۔ بال گڑبڑ ہو جانا ۔ بالوں کا سفید اور سیاہ ہو جانا ۔

پچ کھچ (ہ/مث) کیچڑ میں چلنے کی آواز ۔

کھچنا ۔ یا ۔ کھنچنا (ہ) تننا ۔ جکڑ جانا ۔ گھسٹنا ۔ رُکنا ۔ ناراض ہونا ۔ الگ رہنا ۔ عرق نکلنا ۔ کشید ہونا ۔ طول پکڑنا ۔ نکلنا ۔ جیسے رُوح کھنچ گئی ۔ نقشہ اُترنا ۔ نقل ہونا ۔ مہنگا ہونا ۔ بھاؤ چڑھنا ۔ کشش ہونا ۔ میلان اور رغبت ہونا ۔

کھدانا (ہ/مذ) وہ گڑھا جہاں سے برتنوں یا اینٹوں کے لیے مٹی کھودتے ہیں ۔ بجری کی دکان ۔

کھدائی (ہ/مث) کھدوانے کی اُجرت ۔ کندہ کاری ۔

کھدبد (ہ/مث) کسی چیز کے ہانڈی میں پکنے کی آواز ۔

کھدبدانا (ہ) اُبلنا ۔ پکنا ۔ جوش ہونا ۔ کھولنا ۔

کھدبدا (ہ/صف) ناہموار ۔ وہ جس میں نشیب و فراز ہو ۔

کھدبدی (ہ/مث) ہل چل ۔ فکر و اندیشہ ۔

کھدرا (ہ) کھُردرا ۔ ناہموار ۔ اُونچا نیچا ۔

کھدر (ہ/مذ) موٹا ۔ سفید کھُردرا ۔ دیسی کپڑا ۔

کھدڑنا (ہ/مذ) ہانکنا ۔

کھدنا (ہ) نقش کیا جانا ۔ کندہ کیا جانا ۔ گرنا ۔ ڈھے جانا ۔ مسمار ہونا ۔

کھدنی (ہ/مث) کھدائی ۔ مال و دولت کی تلاش میں زمین کھودنا ۔

کھدوانا (ہ) نقش کرانا ۔ کندہ کرانا ۔ جڑ سے نکلوانا ۔ بُرا فعل کرانا ۔ زنا کرانا ۔

کھدوائی (ہ/مث) کھدوانے کی اُجرت ۔

کھدیا (ہ/مث) بھوک ۔ چاہ کھانے کی ۔ خواہشِ طعام ۔ اشتہا ۔

کھدیا لگنا (ہ) بھوک لگنا ۔ اشتہا لگنا ۔

کھدیڑ (ہ/مث) پیچھا ۔ تعاقب ۔

کھدیڑنا (ہ) پیچھا کرنا ۔ نکال دینا ۔ بھگانا ۔ رگیدنا ۔

کہہ دینا (ہ) بتا دینا ۔ جتا دینا ۔ ظاہر کر دینا ۔ عرض کر دینا ۔ بیان کر دینا ۔ سمجھا دینا ۔ متنبہ کر دینا ۔

کہہ دیں گے (ہ/محاورہ) کیا جلدی ہے ۔ پھر بتا دیں گے ۔ کسی امر کے ٹالنے کے موقع پر بولا جاتا ہے ۔

کھڈ (ہ/مذ) پہاڑ کی کھوہ ۔ دو پہاڑوں کے بیچ کی گہرائی ۔ خندق ۔ کھائی ۔ غار ۔ گڑھا ۔

کھڈی (ہ/مث) قدمچہ ۔ اینٹوں یا پتھروں کا بنایا ہوا اُچولا سا جس پر پاخانہ پھرنے کو بیٹھا کرتے ہیں ۔

کھڈی (پنجابی) جولاہوں کے بیٹھ کر کام کرنے کی جگہ ۔ کرگہ ۔ کارگہ ۔

کھُر (ہ/مذ) جُگالی کرنے والے جانوروں کے ناخن ۔ چرے ہوئے سُم ۔

کھُر بندی (ہ/مث) گھوڑے بیل وغیرہ کی نعل بندی ۔

کھُر (ہ/مث) کھانسی ۔ سُرفہ ۔

کھُر بدلی (ہ/مث) جلدی جلدی تبدیلی ۔

کھُر کھُر کرنا (ہ) کھانسنا ۔ کھُوں کھُوں کرنا ۔

کہُر (ہ/مث) آبی بخارات جو سردی کے موسم میں صبح اور شام کے وقت کثیف ہو کر دھند سی کر دیتے ہیں ۔

کہرا (ہ/مذ) کہر ۔ کہاسا ۔

کھُرا (ہ/مذ) ایک اوزار کا نام جس سے کپڑے میں چُنٹ ڈالتے ہیں کھُرپا ۔ کھنگر ۔ کھنگری ۔ چھاپے کے پتھر پر حرف اُڑانے کا مسالہ ۔ سخت ۔ دُرشت ۔ بدمزاج ۔ اکھڑ ۔

کھرا (ہ/مذ) لمبا چوڑا خط ۔ مسودہ ۔ کچا حساب کتاب ۔

کھرا (ہ) خالص ۔ بے ملاوٹ ۔ کھوٹا کی ضد ۔ صاف ۔ سچا ۔ خوش معاملہ آدمی ۔ صاف گو ۔ بے رُو رعایت کہہ ڈالنے والا ۔ اچھا ۔ عمدہ ۔ خُوب ۔ نقد ۔

کھراپن (ہ/مذ) صفائی ۔ خوبی ۔ عمدگی ۔ سچائی ۔ ایمانداری ۔ صداقت ۔

کھراپن بگھارنا (ہ) صاف گوئی کا دعویٰ کرنا ۔ صداقت اور ایمانداری کی شیخی مارنا ۔

کھرا کرنا (ہ) سنبھالنا ۔ ٹھکی لگانا ۔ پرکھنا ۔ جانچنا ۔

کھرا کھوٹا (ہ) بھلا بُرا ۔ ایسا ویسا ۔

کھرا کھیل (ہ/مذ) معاملہ کی صفائی ۔ خوش معاملگی ۔ جلد ۔ سُرعت ۔ فوراً ۔ جلدی ۔

کھرا کھیل فرخ آبادی (ہ/محاورہ) جلدی اور فوراً کام کو عمدہ طور سے بجا لانا ۔ فرخ آبادی روپے کے خالص ہونے کے باعث یہ محاورہ مشہور ہو گیا ۔

کھڑا نقشہ (ا/مذ) لمبا چہرہ۔
کہرام (ہ/مذ) رونا - چلّانا - واویلا - آفت - قیامت - گریہ زاری - آہ و نالہ۔
کہرام مچنا (ہ) ماتم ہونا - رونا پیٹنا پڑنا - آفت مچنا - شور و شر برپا ہونا۔
کھرب (ہ) سو ارب کی مقدار - دس ہزار کروڑ۔
کہربا (ف/مذ) ایک قسم کا زرد گوند جو گھاس کے تنکوں کو اپنی مقناطیسی طاقت سے کھینچ لیتا ہے۔
کہربائی (ف/مث) منسوب بہ کہربا - مقناطیسی قوت۔
کھرپا (ہ/مذ) گھاس کھودنے کا آلہ - رنبہ - مجازاً احمق - مودھو - بھونڈو۔
کھرپا جالی سنبھالنا (ہ) گھاس کھودنے کو تیار ہونا - سائیسی کرنا۔
کھرپی (ہ/مث) کھرپا کی تصغیر - چھوٹا کھرپا - کھرچنی۔
کھرتل (ہ) کھرا - صاف گو - بے لاگ - آزاد زرد۔
کھرتوا - یا - کھرتبوا (ہ/مذ) ایک بھوسے کی مشابہت والی گھاس ہے۔
کھرج (ہ/مث) علمِ موسیقی کے سب سے پہلے اور سب سے پست سُر کا نام۔
کھرچن (ہ/مث) ہانڈی کے پیندے پر جلی بھُنی جمی ہوئی چیز - تہ دیگی - ہانڈی کی بھوجھن - دودھ کی جمائی ہوئی مٹھائی - لپس ماندہ - جھوٹ کوٹ - بچا کھچا - سب سے آخری بچہ۔
کھرچنا (ہ) چھیلنا - کریدنا - (مذ) کھرچنے کا آلہ - رانپی - کھرپی۔
کھرچنی (ہ/مث) کھرچنا کی تصغیر - رانپی - حرف چھیلنے کا آلہ۔
کھردرا (ہ) ناہموار - اونچا نیچا - کھرکھرا - درشت - روڑھا۔
کھردراپن (ہ/مذ) کھرکھراہٹ - ناہموار - اونچان - نچان۔
کھرسا (ہ/مث) خشک موسم - قحط - کال - خشک سالی۔
کھرسیلا (ہ) خارش والا - کھجلی کا - بیمار - کھاج کا روگی۔
کھرک (ہ/مذ) گئوسالہ - چوپایوں کو بند کرنے کا باڑہ۔
کھرکھرا (ہ) کھردرا - ناہموار - اونچا نیچا۔
کھرل (ہ/مث) پتھر کی خاص طرز کی کونڈی - جو دوائیاں پیسنے کے کام آتی ہے۔
کھرل کرنا (ہ) کسی دوا کو کھرل میں رگڑنا - خوب باریک پیسنا۔
کھرلی (ہ/مث) مویشیوں کو چارہ بھوسہ اور کھلی کھلانے کی اونچی نالی۔
کھرن (ہ/مذ) سیاہ حلقہ جو ٹیلے پر بناتے ہیں۔
کھرنڈ (ہ/مذ) زخم کا انگور اچھا ہونے کے بعد اس کے اوپر جمی ہوئی خشکی۔
کھرنی (ہ/مث) ایک درخت اور اس کے زرد رنگ کے میٹھے پھل کا نام۔
کھروٹ (ہ/مذ) منڈی - وہ شہر جس میں منڈی ہو
کہروا (ہ/مذ) کہاروں کا ناچ اور گانا۔

کھڑی (ہ/مث) جوتی کے تلے کا ایڑی کے نیچے رہنے والا حصہ - جوتی میں نعل لگانے کی جگہ۔
کھرّی (ہ/مث) وہ چارپائی جس پر بچھونا نہ ہو۔
کھری (ہ) کھرا کی تانیث - خالص - صاف - عمدہ - صاف گو - خاصی - اچھی۔
کھری سُنانا (ہ) صاف صاف کہنا - بے لاگ کہنا۔
کھری مزدوری چوکھا کام (ا/مثل) نقد مزدوری دینے سے کام عمدہ اور جلدی ہوتا ہے۔
کھریا (ہ/مث) ایک قسم کی سفید مٹی۔
کھریا میں کوئلہ (ہ/محاورہ) ناموزوں اور بے میل جگہ بولتے ہیں۔
کھریرا - یا - کھرکھرا (ہ/مذ) گھوڑے کے بالوں کو صاف کرنے اور میل نکالنے کا لوہے کا کنگھا۔
کھڑ (ہ/مذ) گھاس - شیشے کا ٹکڑا۔
کھڑا (ہ) قائم - اُٹھا ہوا - سیدھا - عمودی - عمود - کچا - ادھ گلا - کچی سلائی کیا ہوا کپڑا۔
کھڑا پچھاڑیں کھانا (ہ) بچے کا اپنی ضد پر آکر ہلکان کرنا - کھڑا ہو ہو کر گر پڑنا۔
کھڑا داؤں (ہ/مذ) جواریوں کی اصطلاح - وہ داؤ جو چلتے چلتے لگایا جائے - آخری داؤ۔
کھڑا دونا (ہ/مذ) حضرت مولیٰ علیؓ مشکل کشا کی نیاز جو فوراً ادا کی جائے۔
کھڑا رہنا (ہ) استادہ رہنا - ٹھہرا رہنا - راہ تکنا - منتظر رہنا۔
کھڑا زبر (ا/مذ) عربی رسم الخط میں وہ چھوٹا الف جو کسی حرف پر ڈال دیا جاتا ہے۔
کھڑا زیر (ا/مذ) وہ زیر جو یائے مجہول کی طرح پڑھا جائے۔
کھڑا کرکے دکھانا (ہ) مانگنے کے جواب میں انگوٹھا کھڑا کرنا - صاف انکار کرنا۔
کھڑا کرنا (ہ) اُٹھانا - استادہ کرنا - برپا کرنا - روکنا - ٹھہرانا - قائم کرنا - جاری کرنا - جیسے کارخانہ کھڑا کرلیا - کچی سلائی کرنا - کمانا - حاصل کرنا جیسے دام کھرے کرنا - خیمہ گاڑنا - نصب کرنا۔
کھڑا کھیت (ہ/مذ) بن کٹا کھیت - سبز حامیدان۔
کھڑا کھیل (ہ/مذ) فوری معاملہ - پُھرتا پُھرت کا کام۔
کھڑاؤں (ہ/مث) لکڑی کی جوتیاں - کفش چوبیں۔
کھڑبڑ (ہ/مث) کھٹ پٹ - ٹاپ کی لگاتار آواز۔
کھڑگ (ہ/مث) باڑا - چوپایوں کے بند کرنے کا مکان۔
کھڑکا (ہ/مذ) آہٹ - دانت کریدنے کی سینک - خلال - دونا بنانے کا تنکا - کھٹکا۔
کھڑکانا (ہ) کھٹکھٹانا - کنڈی مارنا - دروازہ بجانا - بلانا - پکارنا - زنجیر ہلانا - جھڑکنا - دھمکانا - ڈرانا - بدکانا۔
کھڑکنا (ہ) بگاڑ ہونا - لڑائی ہونا - سوکھے پتوں کا بجنا - دیگوں کا

بجنا۔

کھڑکھڑ (ہ/مث) کھٹ کھٹ۔کسی چیز کے ٹکرانے چلنے یا گھسٹنے کی آواز۔

کھڑکھڑانا (ہ) بجانا۔ کھٹ کھٹ کرنا۔کھٹکھٹانا۔

کھڑکھڑاہٹ (ہ/مث) دیگوں یا سوکھے پتوں کے بجنے کی آواز۔

کھڑکھڑیا (ہ/مذ) بگھی کے گھوڑوں کو سیدھا کرنے اور سدھانے کی گاڑی۔

کھڑکی (ہ/مث) دریچہ۔جھروکا۔چھوٹا دروازہ۔مارواڑی پگڑیوں کا اگلا موکھا۔پنجرے کا دروازہ۔غنیم پر چھاپہ مارنے کا دروازہ۔

کھڑکی دار انگرکھا (ہ/مذ) وہ انگرکھا جس میں سینہ کھلا رہتا ہے۔

کھڑکی دار پگڑی (ہ/مث) مارواڑی پگڑی۔آگے کی طرف موکھے والی پگڑی۔

کھڑگ (ہ/مث) تلوار۔شمشیر۔تیغ۔

کھڑگنجا (ہ) گنجے سر والا۔بدصورت۔چیچک رو۔بدشکل۔

کھڑلا (ہ/مذ) ڈربہ۔مرغی خانہ۔

کھڑنجا (ہ/مذ) کھڑی اینٹوں کا فرش۔

کھڑے پانی نہ پینا (ہ) ذرا نہ ٹھہرنا۔فی الفور چلا جانا۔

کھڑے پاؤں } (ہ) فوراً۔تُرت۔اُسی وقت۔شتابی۔
کھڑے کھڑے }

کھڑے کرنا (ہ) حاصل کرنا۔نقد کرنا۔فروخت کرنا۔اُٹھانا۔

کھڑے سوکھا کرنا (ہ/ا/محاورہ) کسی کے انتظار میں دیر تک کھڑے رہنا۔

کھڑے قد (ہ/ا/مذ) انسان کے قد کے برابر۔

کھڑے کا کھڑا رہ جانا (ہ/ا/محاورہ) حیران رہ جانا۔

کھڑے گھاٹ کپڑے دُھلوانا (ہ) گھاٹ پر جا کر کپڑے دُھلوا لینا۔جلدی کپڑے دُھلوانا۔

کھُڑپینچ (ہ/مث) ہلکا سا زخم۔خفیف سا زخم۔دشمنی۔عداوت۔کینہ۔نکتہ چینی۔بے جا تکرار۔خواہ مخواہ کی چھیڑ چھاڑ۔

کھُڑپینچ رکھنا (ہ) دشمنی رکھنا۔کپٹ رکھنا۔کینہ رکھنا۔

کھُڑپینچ نکالنا (ہ) نکتہ چینی کرنا۔اعتراض کرنا۔چھیڑ نکالنا۔ناحق کی حجت کرنا۔

کہسار (ف/مذ) کوہسار کا مخفف۔پہاڑی ملک۔پہاڑ کی جگہ۔پہاڑی دیس۔

کھسرا (ہ/مث) ایک قسم کی چیچک۔ہنستی کھیلتی ماتا۔

کھُس پھُس } (ہ/مث) کانا باتی۔کانا پھوسی۔چھپکے چھپکے باتیں کرنا۔سرگوشی۔
کھُسر پھُسر }

کھسکانا (ہ) ٹالنا۔روانہ کرنا۔ہٹانا۔سرکانا۔پرے کرنا۔چھپانا۔اُڑا دینا۔رشوت میں چپکے سے کچھ دے دینا۔

کھسک جانا (ہ) ہٹ جانا۔چلا جانا۔ٹل جانا۔پھسل جانا۔رپٹ جانا۔

کھسکنا (ہ) ٹلنا۔روانہ ہونا۔ہٹنا۔سرکنا۔چلا جانا۔کنارا کرنا۔

کھسکو (ہ/محاورہ) جاؤ۔چمپت ہو۔دفع ہو۔ہٹ جاؤ۔

کھسلنا (ہ) پھسلنا۔رپٹنا۔کھسکنا۔

کھسوٹا (ہ/مذ) کشتی کے ایک داؤ کا نام۔

کھسوٹنا (ہ) بال وغیرہ کو اُکھاڑنا۔نوچنا۔چھیننا۔کھوسنا۔زبردستی لے لینا۔پتے وغیرہ اکھاڑنا۔

کھسیانا (ہ) شرمندہ۔نادم۔خفیف۔شرمسار۔رونی صورت کا۔رودینے والا۔چڑچڑا۔

کھسیانی (ہ) کھسیانا کی مونث۔

کھسیانی بلی کھمبا نوچے (ہ/مثل) عدم حصول مطلب کے بعد شرم سے اور طرف راغب ہونے کے موقع پر بولتے ہیں۔شکار نکل جانے کے باعث بلی شرمندہ ہو کر کھمبا نوچنے لگتی ہے۔

کھسیانی ہنسی (ہ/مث) زہرخند۔خجالت یا قہر یا غضب کے وقت کی ہنسی۔

کہف (ع/مذ) پہاڑ کی کھوہ۔غار۔

کہکشاں (ف/مث) اندھیری رات کے وقت آسمان پر چھوٹے چھوٹے ستاروں کی سڑک سی نظر آتی ہے۔اُسے کہکشاں کہتے ہیں۔

کھکھ (ہ) خالی۔کھوکھلا۔مفلس۔نادار۔

کھکھیڑ (ہ/مث) مصیبت۔سختی۔بپتا۔رنج۔دُکھ۔سخت تکلیف۔

کھکھیڑ اُٹھانا (ہ) مصیبت جھیلنا۔رنج و مصیبت سہنا۔

کہگل (ف) کاہ گل کا مخفف۔گارا۔پلستر کا گارا۔بھس ملی مٹی کا گارا۔

کھل (ہ/مث) کھلی۔تیل والے بیجوں کا پھوک جو تیل نکلنے کے بعد رہ جاتا ہے۔

کھل کھا کھل (ہ/محاورہ) دُکان دار لوگ سستا مال خریدنے والے گاہک کو چڑانے کے لیے بولتے ہیں۔

کھل (ہ/مث) کھال کا مخفف۔چمڑا۔چام۔چرم۔پوست۔

کہل (ع) اُدھیڑ عمر آدمی۔تیس اور پچاس برس کے درمیان کا آدمی۔

کہلہ (ع) اُدھیڑ عمر عورت۔

کھُلا (ہ) کشادہ۔وا۔باز۔بند کی ضد۔فراخ۔وسیع۔ننگا۔عریاں۔صاف۔بے بادل۔مشہور۔ظاہر۔علانیہ۔صیحح دار۔دل کشا۔

کھُلا کھُلا (ہ) صاف صاف۔کھرا کھرا۔دل کشا۔دُور دور۔فاصلے سے۔فراخ۔

کھُلا کھُلا پھرنا (ہ/ا/محاورہ) بے روک ٹوک پھرنا۔آزاد پھرنا۔

کہلا بھیجنا (ہ) پیغام بھیجنا۔بلا بھیجنا۔

کھِل جانا (ہ) خوشی سے پھولا نہ سمانا۔خوش و خنداں ہونا۔باغ باغ ہونا۔

کھلاڑ۔یا۔کھلاڑن (ہ) مردوں کے ساتھ کھیلنے والی فاحشہ عورت۔چنچل و شوخ۔فنونِ عیاشی سے ماہر عورت۔چھنال۔

کھلاڑی (ہ) کرتبی۔ماہر فن۔اُستاد۔کھیلنے والا۔جواری۔

سپیرا۔ سانپ کے کرتب کرنے والا ۔ بازی گر ۔ بھان متی ۔ کھلنڈرا۔ کھیل کا شوقین ۔

کھلاڑیاں (ہ) امث) شوخیاں ۔ کلول ۔ اُچھل کود ۔

کھلال (ا) صف) تر بتر ۔

کھلانا (ہ) کھانا کا متعدی ۔ تناول کرانا ۔ دعوت کرنا ۔ ضیافت کرنا ۔ بازی کرانا ۔ بہلانا ۔ سانپ کو منتروں سے خوش کرنا ۔ بھوت پریت کو سر پر لانا ۔ بچے کا دل خوش کرنا ۔

کھلانا پلانا (ا) محاورہ) ضیافت کرنا ۔

کہلانا (ہ) دوسرے شخص کی معرفت پیغام دینا ۔ اقرار کرا لینا ۔ سبق کو دوسری دفعہ پڑھوانا ۔ نامزد ہونا ۔ موسوم ہونا ۔ باجنا ۔

کھلاؤ (ہ) بہت کھلانے والا ۔ دریا دل ۔ سخی ۔

کھلائی (ہ) امث) معاوضہ ۔ بچوں کو کھلانے اور بہلانے کی اُجرت ۔ خورش ۔ خوراک ۔

کھلائی پلائی (ہ) امث) کھلانے پلانے کی قیمت ۔

کھلائیے سونے کا نوالہ دیکھئے شیر کی نظر (ا) مثل) اولاد کو خوراک تو دے نہایت عمدہ اور اعلیٰ مگر ادب و تہذیب کے لیے اپنا رُعب قائم رکھے ۔

کھلائے کا نام نہیں رُلائے کا اُلٹا اِلزام } (ا) نیکی اور احسان کی
کھلائے پلائے کا نام نہیں رُلائے کا نام ہے } داد نہیں ملتی ۔ بڑی بات فوراً پکڑلی جاتی ہے ۔

کھلابلی ۔ یا کھلبلی (ہ) امث) ہل چل ۔ فتنہ و فساد ۔ فتور ۔ شور و شر ۔ گھبراہٹ ۔

کھلبلی پڑنا ۔ یا ۔ مچنا (ہ) شور و شر برپا ہونا ۔ ہلچل مچنا ۔ گھبرانا ۔ بے قراری اور بے چینی ہونا ۔ جلدی پڑنا ۔

کھل بیٹھنا (ہ) اچھی طرح آرام سے چار زانو ہو کر بیٹھنا ۔

کھل پڑنا (ہ) شرم کو درمیان سے اُٹھا دینا ۔ بے تکلف ہو جانا ۔

کھل جانا (ہ) بستہ چیز کا وا ہونا ۔ ظاہر ہو جانا ۔ اُدھڑ جانا ۔ پھٹ جانا ۔ چلنے لگنا ۔ جاری ہونا ۔ رسی سے نکل جانا ۔ بے تکلف ہو جانا ۔ شرم اُٹھ جانا ۔ فراخ ہو جانا ۔ وسیع ہو جانا ۔ بادل نہ رہنا ۔ ضائع ہو جانا ۔

کھلنگڑ (ہ) امث) چمڑے کی تھیلی ۔ وہ بڑھیا جس کے بدن پر گوشت کی جگہ کھال ہی کھال ہو ۔

کھلڑی (ہ) امث) چمڑا ۔ کھال ۔ پوست ۔

کھل کر ۔ یا ۔ کھل کے (ہ) اچھی طرح سے ۔ آرام سے ۔ جی کھول کر ۔ بے حجابانہ ۔

کھل کھل (ہ) امث) قہقہے اور ٹھٹھے کی آواز ۔

کھل کھلا کر ہنسنا } (ہ) زور سے ہنسنا ۔ قہقہہ مارنا ۔
کھل کھلا کے ہنسنا } بہت ہنسنا ۔

کھل کھیلنا (ہ) بالکل آزاد ہو جانا ۔ شرم حیا کو بالائے طاق رکھ کر کوئی معیوب کام کرنا ۔

کھلنا (ہ) پھول کا شگفتہ ہونا ۔ کلی کا پھولنا ۔ پھول آنا ۔ پھبنا ۔ سجنا ۔ زیب دینا ۔ نکھرنا ۔ ہنسنا ۔ خوش ہونا ۔

کھلنا (ہ) کسی گرہ یا بندھی ہوئی چیز کا وا ہونا ۔ عقدہ حل ہونا ۔ پھٹنا ۔ شق ہونا ۔ دراڑ پڑنا ۔ ظاہر ہونا ۔ بھید کھلنا ۔ جاری ہونا ۔ بہنے لگنا ۔ اُدھڑ جانا ۔ بادل کا صاف ہو جانا ۔ فراخ اور وسیع ہو جانا ۔ رہا ہونا ۔ علیحدہ ہونا ۔ قبض دور ہونا ۔ انقباض نہ رہنا ۔ سجنا ۔ زیب دینا ۔ نکھر جانا ۔ چمکنا ۔ خوش ہونا ۔ گویائی ہونا ۔ گرہ سے جانا ۔

کھلنڈرا (ہ) کھیل کود میں مشغول رہنے والا ۔ کھلاڑی ۔

کھلنڈری (ہ) کھلنڈرا کی مؤنث ۔ کھلاڑن ۔ کھیل کود میں شاغل عورت ۔

کھلو (ہ) امث) خوش مزاج ۔ ہر وقت ہنستی رہنے والی ۔ ہنسوڑ ۔

کھلو باؤلی (ہ) بے موقع ہنسنے والی ۔ دیوانوں کی طرح ہنستی رہنے والی ۔

کہلوانا (ہ) سبق یا عبارت کا منہ سے نکلوانا ۔ پیغام دلوانا ۔

کھلونا (ہ) امذ) بچوں کے کھیلنے کی چیز ۔ نازک اور دکھاوے کی چیز ۔ خوش طبع اور مسخرا آدمی ۔

کھلی (ہ) امث) ٹھٹھا ۔ ہنسی ۔ مذاق ۔ تمسخر ۔ چہل ۔

کھلی اُڑانا ۔ یا ۔ کھلی کرنا (ہ) مذاق اُڑانا ۔ تمسخر کرنا ۔ چہل کرنا ۔ چھیڑنا ۔ چھیڑ خانی کرنا ۔

کھلی باز (ا) صف) مسخرا ۔ ظریف ۔

کھلی بازی (ا) امث) چھیڑ خانی ۔ مذاق ۔

کھلی (ہ) امث) سرسوں یا تیل وغیرہ کا پھوک ۔ جو تیل نکل چکنے کے بعد رہ جاتا ہے ۔

کھلے (ہ) کھلا بمعنی کشادہ کی جمع ۔ عیاں ۔ ظاہر ۔

کھلے بازار ۔ کھلے بند } (ہ) کھلم کھلا ۔ ڈنکے کی چوٹ ۔ علانیہ ۔
کھلے بندوں ۔ کھلے خزانے } آزادانہ ۔ ظاہر میں ۔ صاف صاف طور پہ ۔

کھلیان (ہ) امذ) اناج گاہنے اور برسانے کی جگہ ۔ بن کاٹے غلے کا انبار ۔ ڈھیر ۔ خرمن ۔ کوٹھی ۔

کھلیان ہو جانا (ہ) لاشوں کا ڈھیر لگ جانا ۔ گنج شہیداں ہو جانا ۔

کھم (ہ) امذ) ستون ۔ تھم ۔ منارہ ۔ لاٹھ ۔

کھماچ (ہ) امث) ایک راگنی کا نام ۔

کھمانا (ا) مص) جھکانا ۔

کھمبا (ہ) امذ) (دیکھو کھم)

کھمبی (ہ) امث) برسات میں از خود اُگی ہوئی سفید رنگ کی ایک نباتات کا نام ۔

کہن (ف) پرانا ۔ کہنہ ۔ سال خوردہ ۔

کہن سال (ف) بوڑھا ۔ بڑی عمر کا ۔ معمر ۔

کہن (ہ) امث) قول ۔ بچن ۔ کہاوت ۔

کہنا (ہ) بیان کرنا ۔ ذکر کرنا ۔ مطلع کرنا ۔ خبر کرنا ۔ نام رکھنا ۔ ظاہر کرنا ۔ کھولنا ۔ گالی دینا ۔ بُرا کہنا ۔ شعر بنانا ۔ تنبیہ کرنا ۔ نصیحت کرنا ۔ سمجھانا ۔

کہنا سننا (ہ) برا بھلا سنانا۔ گالی گلوچ دینا۔ بہکانا۔ ورغلانا۔
کہنا (ہ/مذ) قول۔ بچن۔ مقولہ۔ کہن۔ کہاوت۔ بات۔ نصیحت۔ فرمان۔ حکم۔ ارشاد۔ ذکر۔ بیان۔
کہنا سننا (ہ/مذ) پہنچ۔ رسائی۔ اختیار۔ حکم۔ دخل۔
کہنا کرنا۔ یا۔ ماننا (ہ) حکم ماننا۔ ارشاد بجا لانا۔ تعمیل فرمان کرنا۔ بات ماننا۔
کھنجری۔ یا۔ خنجری (ہ/مث) چھوٹی ڈفلی۔ ایک باجے کا نام۔ چھوٹا خنجر۔ ریشمی کپڑے کی لہردار دھاری۔
کھنچاؤ (ہ/مذ) کشیدگی۔ ناراضی۔ تناؤ۔ کھچاؤ۔ فکر۔
کھنچنا (ہ) کشیدہ ہونا۔ متفکر ہونا۔ الگ ہونا۔ علیحدہ ہونا (دیکھو کھچنا)
کھنڈلنا (ہ) پاؤں میں ملنا۔ مسلنا۔ کچلنا۔ پامال کرنا۔
کھنڈ (س/مذ) منزل۔ درجہ۔ مکان کا اندرونی حصہ۔ ملک۔ ضلع۔ دیس۔ کتاب کا پارٹ۔ کھانڈ۔ چینی۔ بورا۔ تنند۔
کھنڈا (ہ) کھانڈا کا مخفف۔ تلوار۔ تیغ۔ شمشیر۔ چاولوں کا پورا۔
کھنڈا (ہ) دھار گرا ہوا۔ کند (تیز کی ضد)
کھنڈانا (ہ) بکھیرنا۔ تتر بتر کرنا۔ پراگندہ کرنا۔
کھنڈت (ہ) کٹا ہوا۔ ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا۔ پراگندہ۔ بکھرا ہوا۔ تتر بتر (مؤنث) تردید۔ ابتری۔ شکستگی۔ حرج۔
کھنڈت پڑنا (ہ) حرج واقع ہونا۔ وظیفہ وغیرہ میں فرق آنا۔
کھنڈت کرنا (ہ) خلل ڈالنا۔ خرابی کرنا۔ تردید کرنا۔ رخنہ ڈالنا۔ توڑنا۔ رد کرنا۔
کھنڈر (ہ/مذ) ویران مکان۔ نہایت بوسیدہ مکان۔ پرانے ٹوٹے پھوٹے مکانوں کے نشانات۔ اجڑی ہوئی بستی کے غیر آباد مکانات۔
کھنڈلا (ہ/مذ) پھانک۔ قاش۔ قتلہ۔ پھل کا ٹکڑا۔
کھنڈلا۔ یا۔ کھنڈلا (ہ/مذ) حقارتاً چھوٹا سا گھر۔ جھونپڑا۔ حقیر سا مکان۔ ٹوٹا پھوٹا مکان۔
کھنڈن (ہ/مث) بت شکنی۔ تردید۔ تنسیخ۔
کھنڈنا (ہ) بکھرنا۔ پھیلنا۔ منتشر ہونا۔ پریشان ہونا۔ پراگندہ ہونا۔
کھنڈے استرے سے سر مونڈنا (ہ) بہت دکھ دینا۔ لوٹنا۔ صفایا کرنا۔ بن دھار کے استرے سے حجامت بنانا۔
کھنڈی (ہ) غیر تیز۔ گول اور بل کھائے ہوئے سینگوں والی بھینس۔
کھنس (ہ/مث) غصہ۔ بیر۔ حسد۔ دشمنی۔ کرودھ۔ ناراضی۔ کینہ۔
کھنسنا (ہ) ناراض ہونا۔ حسد کرنا۔ بیر کرنا۔ منہ بنانا۔ تیوری چڑھانا۔ چغلی کھانا۔ کان بھرنا۔
کھنک (ہ/مث) بجنے کی آواز۔ جھنکار۔ روپے کی آواز۔
کھنکار (ہ/مث) روپے اشرفی وغیرہ بجنے کی آواز۔
کھنکانا (ہ) روپیہ پرکھنے کے لیے اس کی آواز نکالنا۔

کھنکتی ہوئی آواز (ہ/مث) دلفریب آواز۔
کھنکنا (ہ) کھڑکنا۔ بجنا۔ برتنوں کا ٹکرانا۔ پرکھتے وقت روپے کا بجنا۔
کہنے سے بات پرائی ہو جاتی ہے (ہ/مثل) منہ سے نکلی بات پھر ہاتھ نہیں آتی۔
کہنے کو (ہ) برائے نام۔ ذکر کرنے کو۔ نام کو۔ عیب لگانے کو۔
کہنے کو بات رہ گئی (ہ/مثل) وقت گزر گیا۔ گلہ شکوہ باقی رہ گیا۔
کہنے کی باتیں ہیں (ہ/محاورہ) صرف باتیں ہی باتیں ہیں۔ عمل میں لانا مشکل ہے۔
کہنے میں (ہ) مطیع۔ تابع۔ فرماں بردار۔
کہنے میں آجانا (ہ) ورغلانے میں آجانا۔ بہک جانا۔ بہکاوے میں آجانا۔
کھنگار۔ یا۔ کھنکار (ہ/مث) کھانسی کی آواز۔ کھانسی۔ بلغم۔ کف۔
کھنکھارنا۔ یا۔ کھنکارنا (ہ) کھانسنا۔ کھانسنے کی آواز نکالنا۔ گلا صاف کرنا۔ کھانس کر تھوکنا۔ کھانسی کے ذریعے اشارہ کرنا۔
کھنکھنانا (ہ) ناک میں رونا۔
کھنگالنا (ہ) برتن میں پانی ڈال کر اسے ہلانا اور پھینک دینا۔ صرف پانی سے برتن کو صاف کرنا۔ سرسری طور پر کپڑے وغیرہ کو دھونا اور صاف کرنا۔
کھنگر (ہ/مذ) جلی ہوئی اینٹ۔ جلی اور جڑی ہوئی اینٹوں کا مجموعہ۔ دھات کا میل جو پگھلنے کے بعد نکلتا ہے۔ چھاپے کا پتھر بنانے کا کرنڈ۔ نہایت خشک اور سوکھی چیز۔
کھنگر لگ جانا (ہ) سوکھ کر کانٹا ہو جانا۔ صرف ہڈیاں رہ جانا۔ ہڈیاں نکل آنا (ف/مث) پرانا پن۔ بوسیدگی۔ بڑھاپا۔ پیری۔ قدامت۔
کہنہ (ف) پرانا۔ بوسیدہ۔ بوڑھا۔
کہنی (ہ/مث) کلائی اور بازو کا جوڑ۔ کلائی اور بازو۔
کہنی مارنا / کہنی چلانا (ہ) کہنی کے اشارہ سے منع کر دینا۔ کہنی کی ضرب لگانا۔ کہنی سے ہٹا دینا۔
کہنے پر جانا (ہ) کسی بات پر عمل کرنا۔ کسی کی بات کا خیال کرنا۔
کہول (ع/مذ) ادھیڑ عمر کا آدمی۔
کھو (ہ/مث) بھٹ۔ غار گڑھا۔ پہاڑ کے اندر کا کھوکھلا حصہ۔
کھوا (ہ/مذ) کندھا۔ مونڈھا۔ کتف۔ دوش۔ شانہ۔ شانہ کی ہڈی۔
کھو بیٹھنا (ہ) برباد کر دینا۔ گم کر دینا۔ ضائع کر دینا۔ تباہ کر دینا۔
کھوپرا (ہ/مذ) ناریل۔ کھوپا۔ مغز نارجیل۔ کاسۂ سر۔ کھوپری۔
کھوپری (ہ/مث) سر کی ہڈی۔ سر کے اوپر کا حصہ۔ کاسۂ سر۔

کھوپری چٹخنا ۔یا ۔چٹکنا (ہ) گرمی کی شدت یا کسی ضرب سے کھوپری کا پھٹ جانا ۔تالُو پھوٹنا کا سر کا شق ہونا ۔

کھوپری کھا جانا (ہ) دماغ کھا جانا ۔بھیجا کھانا ۔دِق کرنا ۔ستانا ۔ دوسرے کے مال کو ہضم کر جانا ۔لُوٹ کر کھا جانا ۔

کھوپری گنجی کرنا (ہ) بار بار کر سر کے بال اُڑا دینا ۔خوب مارنا ۔مار کر گنجا کر دینا ۔

کھوٹ (ہ/مث) ملاوٹ آمیزش ۔نقص ۔عیب ۔سُقم ۔خطا ۔قصور ۔نقصان ۔بدی ۔بُرائی ۔بد ذاتی ۔حرامزدگی ۔دغا ۔فریب ۔کینہ ۔کپٹ ۔

کھوٹا (ہ) غیر خالص ۔ملاوٹ والا ۔جعلی ۔بناوٹی ۔کھرا کی ضد ۔بُرا ۔بد ۔شریر ۔خراب ۔شیطان ۔بے ایمان ۔فریبی ۔مکّار ۔بدچلن ۔بد باطن ۔کپٹی ۔بدنیت ۔

کھوٹا پیسا اور کھوٹا بیٹا بھی وقت پر کام آجاتا ہے (ہ/مثل) اپنی نکمی اور ردّی چیز بھی وقت پر کام دے جاتی ہے ۔

کھوٹی (ہ/مث) کھوٹا کی تانیث ۔غیر خالص ۔جعلی ۔بناوٹی ۔بُری ۔ناقص ۔نکمی ۔

کھوٹی کرنا (ہ) بدی کرنا ۔بُرائی کرنا ۔نقصان پہنچانا ۔کھوٹ ملانا ۔

کھوج (ہ/مذ) آدمی کے پاؤں کا نشان ۔سراغ ۔نشان ۔پتہ ۔ٹھکانا ۔تلاش ۔جستجو ۔

کھوج پانا ۔یا ۔لگنا (ہ) پتہ پانا ۔سراغ لگنا ۔نشان ملنا ۔پتہ لگنا ۔تلاش سے معلوم ہونا ۔

کھوج ڈھونڈنا ۔یا ۔کرنا (ہ) خبر لگانا ۔جستجو کرنا ۔تلاش کرنا ۔پتہ لگانا ۔سراغ لگانا ۔

کھوج کرنا (ار/محاورہ) جستجو یا تلاش کرنا ۔

کھوج کھونا ۔یا ۔مٹانا (ہ) تباہ کرنا ۔برباد کر دینا ۔بیڑا غرق کر دینا ۔کسی کام کا نہ رکھنا ۔بیخ کنی کر دینا ۔ستیاناس کر دینا ۔

کھوج کھاج (ار/محاورہ) تفتیش ۔دریافت ۔

کھوج لگانا (ار/محاورہ) پتہ لگانا ۔سُراغ لگانا ۔

کھوج نکالنا (ہ) سُراغ رسانی کرنا ۔چوری کے مال کا پتہ لگانا ۔

کھوجڑا (ہ/مذ) کھوج کی حقارتاً تصغیر ۔نام و نشان ۔کھوج ۔سُراغ ۔

کھوجڑے بیا (ہ) اُجڑا ہوا ۔نگوڑا ۔خانہ خراب ۔مُوا ۔

کھوجی (ہ/مذ) کھوج لگانے والا ۔سُراغ لگانے والا ۔سُراغ رساں ۔

کھود (ہ/مث) خوید ۔ہرے جَو ۔کھلی ۔کھل ۔تلچھٹ ۔نرم چارا ۔مزے دار چارا ۔

کھود کر پوچھنا ۔یا ۔کھود کھود کر پوچھنا (ہ) نہایت چھان بین کرنا ۔طرح طرح کے سوالات سے پوچھنا ۔تفتیش کرنا ۔

کھودنا (ہ) گڑھا کرنا ۔جڑ سے اُکھاڑنا ۔نقاشی کرنا ۔کندہ کرنا ۔تحقیقات کرنا ۔تفتیش کرنا ۔کُریدنا ۔خالی کرنا ۔کھرچنا ۔

کھو دن کی مُنئے رات کی
کھو کھیت کی سُنئے کھلیان کی } (ہ/مثل) سوال دیگر جواب دیگر ۔سوال کے برخلاف جواب دینا ۔سوال کچھ جواب کچھ ۔

کھو دینا (ہ) گُم کر دینا ۔برباد کر دینا ۔ضائع کر دینا ۔گنوا دینا ۔غائب کر دینا ۔نکمّا کر دینا ۔کہیں کا نہ رکھنا ۔

کھور (ہ/مث) ڈنگروں کے چارہ کھانے یا پانی پینے کی نالی ۔کلاؤں ۔راستہ ۔گلی ۔سرپوش ۔ڈھکنا ۔ردّی ۔چارا ۔

کھودرو (ہ/مذ) کھُر دار جانوروں کی مست ہو کر زمین کھودنے اور خاک اُڑانے کی حالت ۔ٹکرانے کی حرکت ۔کسی چیز کی خواہش کی حرکت ۔شرارت ۔فساد ۔دنگا ۔جھگڑا ۔

کھورو لانا ۔یا ۔کرنا (ہ) زمین پر کھُر مار کر کسی خواہش کا اظہار کرنا ۔شور و غل کرنا ۔جھگڑا کرنا ۔شور مچانا ۔حرامزدگی کرنا ۔

کھوڑ (ہ/مذ) مُردہ بُزرگوں کی خفگی ۔آسیب ۔خلل ۔اثر ۔ہل کے ایک پھیرے کا زمین پر نشان ۔ہل کا ایک پھیرا ۔

کھوڑ (ہ/مث) شیوجی کے پُجاریوں کا صندل یا سیندور کا تلک ۔

کھوسا (ہ) بن ڈاڑھیا ۔وہ شخص جس کو جوانی میں بھی ڈاڑھی مونچھ نہ نکلے ۔کھودا ۔

کھوڑی (ہ/مث) رسّی کا بل ۔گرہ ۔گانٹھ ۔قصائیوں کی قیمہ کوٹنے کی لکڑی ۔

کھوسٹ (ا/مذ) بہت بوڑھا ۔پیر فرتوت ۔نہایت بدشکل ۔کم سن سال بوڑھا ۔

کھوس لینا
کھوسنا } (ہ) چھین لینا ۔زبردستی لے لینا ۔اُچکنا ۔جھپٹنا ۔

کھوکھا (ہ/مذ) ادا شدہ ہنڈی ۔جس کے روپے دیے جا چکے ہوں ۔لڑکا ۔طفل ۔

کھوکھلا ۔یا ۔کھوکلا (ہ) پولا ۔خالی ۔تھوتھا ۔بے مغز ۔

کھولانا (ہ) اُبالنا ۔جوش دینا ۔غم دینا ۔جلانا ۔تنگ کرنا ۔

کھول کر (ہ) واضح طور سے ۔آزاد ۔بے روک ٹوک ۔مفصّل ۔جب چاہیے ۔بخوبی ۔

کھول کیسہ کھا ہریسہ (ہ/محاورہ) گرہ سے دام خرچ کر اور دُنیا کا مزہ اُٹھا ۔

کھولتا ہوا (ار/صفت) اُبلتا ہوا ۔گرم ۔

کھولن (ہ/مث) جوش ۔اُبال ۔سوزش ۔زخم ۔جلن ۔ٹیس ۔

کھولن (ہ) جوش کھانا ۔اُبلنا ۔کھدبدانا ۔پکنا ۔دل ہی دل میں غم کھانا ۔جلنا ۔پھوڑے یا زخم وغیرہ میں درد اور ٹیس ہونا ۔

کھولنا (ہ) کسی بندھی ہوئی چیز کا وا کرنا ۔آزاد کرنا ۔ظاہر کرنا ۔واضح کرنا ۔مفصّل کہنا ۔بھانڈا پھوڑنا ۔چیرنا ۔پھاڑنا ۔ادھیڑنا ۔جاری کرنا ۔بہانا ۔فراغ کرنا ۔چوڑا کرنا ۔بادل یا گھٹا کا دُور کرنا ۔کمر سے ہتھیار جُدا کرنا ۔قفل کو زنجیر سے الگ کرنا ۔

کھونا (ہ) گم کرنا۔ بسرانا۔ برباد کرنا۔ گنوانا۔ بے اختیار کرنا۔ قابو کا نہ رکھنا۔ دُور کرنا۔ زائل کرنا۔

کھونپ (ہ/مث) ایک قسم کی سلائی۔ موٹے موٹے ٹانکے۔ شلنگا۔ بیلون۔

کھونٹ (ہ/مث) طرف۔ پہلو۔ جانب۔ سمت۔ کونہ۔ گوشہ۔ زاویہ۔ چکی کا ہتھا۔ کان کا میل۔ ملک کا حصّہ۔ دیس۔ دیوی دیوتا پر چڑھانے کی روٹیاں۔

کھونٹا (ہ/مذ) چوب۔ میخ۔ خیمہ یا گھوڑا وغیرہ باندھنے کی میخ۔ کولھو کی لاٹھ۔ چکی کا ہتھا۔ مددگار۔ معاون۔ سہارا۔

کھونٹا سا بیٹھ جانا / کھونٹا سا گڑ جانا (ہ) کھونٹے کی طرح جم جانا۔ مضبوطی سے قائم ہو جانا۔ جم کر بیٹھ جانا۔ مضبوط ہو جانا۔

کھونٹا کڑا ہونا (ہ) معاون زبردست ہونا۔ مددگار بڑا آدمی ہونا۔ سہارا پختہ ہونا۔

کھونٹا گڑنا (ہ) استحکام ہو جانا۔ مضبوطی پکڑنا۔ مدد اور سہارے کا پختہ ہو جانا۔

کھونٹے پر کودنا (ار/محاورہ) کسی کے بھروسے پر گھمنڈ کرنا۔

کھونٹے پر مارنا (ہ) پروا نہ کرنا۔ بیزار کی نوک پر مارنا۔ ٹھینگے پر مارنا۔

کھونٹے سے بندھنا (ہ) میخ سے بندھنا۔ نکاح یا شادی ہونا۔ پابند ہونا۔

کھونٹے کے بل کودنا (ہ) حمایتی کے سہارے پر اُچھلنا۔ کسی کی حمایت پر اترانا۔ کسی کے بھروسے پر گھمنڈ کرنا۔

کھونٹی (ہ/مث) چھوٹی کیل۔ چھوٹی میخ۔ بالوں کی جڑ۔ سارنگی یا ستار کے کان۔

کھونٹی لینا / کھونٹی نہ چھوڑنا (ہ) نہایت صفائی سے حجامت کرنا۔ بالوں کی جڑوں تک کو صاف کر دینا۔

کھونٹی مروڑنا (ہ) گوشمالی کرنا۔ ادب دینا۔ کان اینٹھنا۔ سارنگی کا تار کسنا۔

کھونچ (ہ/مث) کپڑے کی وہ پھٹی ہوئی جگہ جو کسی کیل یا کانٹے میں اُلجھ کر پھٹ جائے۔ چارپائی کی کان۔

کھونچ آنا۔ یا۔ لگنا (ہ) کپڑے کا کسی کیل کانٹے سے اُلجھ کر پھٹ جانا۔

کھونچا (ہ/مذ) بڑی کھونچ۔

کھونچا (ہ/مذ) ساڑھے چھ کا پہاڑہ۔

کھونچڑ (ہ) ناری۔ بدباطن۔ بددل۔ شریر۔

کھونچنا (ار/مص) پھاڑنا۔ کھونچ لگانا۔ ٹھونسنا۔

کھوندنا (ہ) پاؤں تلے ملنا۔ روندنا۔ کچلنا۔ پامال کرنا۔

کھونڈا (ہ) آگے کے دانت ٹوٹا ہوا شخص۔ سر اُمڑی ہوئی لاٹھی۔ گولائی دار سر اُمڑی ہوئی لاٹھی۔

کھونسڑا (ہ/مذ) پُرانی اور ٹوٹی ہوئی جوتی۔

کھوں کھوں کرنا (ہ) کھانسنا۔ دھانسنا۔

کھوُوُ (ہ) برباد کرنے والا۔ فضول خرچ۔ روپیہ ضائع کر دینے والا۔

کھوئی (ہ/مث) گنّے کا پھوک جو رس نکلنے کے بعد رہ جاتا ہے۔

کھوے (ہ/مذ) کھوا کی جمع۔ شانے۔ کندھے۔ مونڈھے۔

کھوے رہ جانا (ار/محاورہ) کندھے تھک کر بیکار ہو جانا۔

کھوے سے کھوا چھلنا (ہ) بہت بھیڑ ہونا۔ انبوہ کثیر ہونا۔ بے حد ہجوم ہونا۔

کھوے لگنا (ار/محاورہ) پہلوانوں کی اصطلاح میں اکھاڑے کی زمین سے کندھا چھو جانا۔

کھویّا (ہ) ناؤ کھینے والا۔ کشتی چلانے والا۔ ملّاح۔

کھویّا (ہ) بہت کھانے والا۔ پیٹو۔

کھویا (ہ/مذ) دُودھ کا ماوا۔ بھنے ہوئے دُودھ کی ربڑی۔

کھویا جانا۔ یا۔ کھوئے جانا (ہ) جاتا رہنا۔ گم ہو جانا۔ بدحواسی چھانا۔ گھبرا جانا۔ حیران ہونا۔ لاجواب ہو جانا۔ بےخود ہو جانا۔

کھویا کھویا رہنا (ار/محاورہ) کسی خیال میں محو رہنا۔

کھوئے سے گئے (ہ/محاورہ) گھبرا گئے۔ از خود رفتہ ہو گئے۔ سٹ پٹا گئے۔ بدحواس ہو گئے۔

کھِیے (ہ/مذ/مث) گونہہ۔ میلا۔ براز۔ پاخانہ۔ گندگی۔ کوڑا کرکٹ۔ خاک۔ دُھول۔

کھِیے کھانا (ہ) گونہہ کھانا۔ جھک مارنا۔ بکواس کرنا۔ بیہودہ بکنا۔

کہی (ہ/مث) بات۔ قول۔ بچن۔ کہا۔

کہی بدی (ہ/مث) قول و قرار۔ باہمی عہد و پیمان۔

کہی سُنی (ہ/مث) بہکانا۔ ورغلانا۔ لوگوں کا کہنا سُننا۔

کھیپ (ہ/مث) بیلوں وغیرہ پر لاد کر اسباب لے جانے والے قافلے کا اسباب۔ بھرتی۔ بوجھ۔ بحری یا دریائی سفر۔ دفعہ۔ بار۔ شمار۔ کھوٹ۔

کھیپ بھرنا (ہ) مال بھرنا۔ بوجھ لادنا۔ دساور کو مال لے جانا۔

کھیت (ہ/مذ) تخم ریزی کے قابل زمین۔ کشت۔ دیس۔ مُلک۔ خطّہ۔ جنگ و جدل۔ لڑائی۔ چاندنی۔ چاند کی روشنی۔ گھاٹا۔ نقصان۔

کھیت پتّر (ہ/مذ) زمین کا رہن نامہ۔ زمین کا کاغذ۔ خط زمین۔

کھیت پڑنا (ہ) لڑائی میں بہت سے آدمیوں کا مارا جانا۔ گھاٹا پڑنا۔

کھیت چٹھا (ہ/مذ) پٹواریوں کا خسرہ۔ پیمائش والوں کی کتاب۔

کھیت چھوڑنا۔ یا۔ چھوڑ جانا (ہ) میدانِ جنگ سے بھاگ جانا۔ شکست کھانا۔ پیٹھ دکھانا۔

کھیت رہنا (ہ) مارا جانا۔ قتل ہونا۔ جان دینا۔ فریفتہ ہونا۔

کھیت کاٹنا (ہ) فصل کاٹنا۔ اناج کاٹنا۔

کھیت کا لکھا پڑھا (ہ/مذ) کسان۔ دہقان۔ گنوار۔ دیہاتی۔

ہل جوتنا۔

کھیت کرنا (ہ) چاند نکلنا ۔ چاند کی روشنی پھیلنا ۔ بونا ۔ جوتنا ۔ زراعت کرنا۔

کھیت کھائے گدھا مارا جائے جولاہا (ہ/ اشل) قصور کوئی کرے سزا کسی کو ملے۔

کھیت ہاتھ ہونا (ہ) فتح مندی حاصل ہونا ۔ میدان ہاتھ رہنا ۔ فتح یابی ہونا۔

کھیتی (ہ/ مث) لہلہاتا ہوا کھیت ۔ زراعت ۔ کشت ۔ کاشتکاری ۔ فصل ۔ اناج ۔ غلہ۔

کھیتی باڑی (ہ/ مث) کسان پنا ۔ کسانی۔

کھیتی باڑی کرنا (ہ) کاشتکاری کرنا ۔ بونے جوتنے کا کام کرنا۔

کھیتی خصم سیتی (ہ/ اشل) کاروبار مالک کی توجہ سے درست ہوا کرتے ہیں ۔ ملازموں کے بھروسے پر کام کبھی ٹھیک نہیں ہوتا۔

کھیتی رکھے باڑ کو اور باڑھ رکھے کھیتی کو (ہ/ اشل) بادشاہ رعیت سے اور رعیت بادشاہ سے قائم رہتی ہے۔

کھید دس (امث) دُکھ ۔ درد ۔ پیڑ ۔ تکلیف ۔ غم ۔ ماتم ۔ سوگ ۔ سوچ ۔ فکر ۔ اندیشہ ۔ مرض ۔ روگ ۔ بیماری۔

کھیدا (ہ/ مذ) ہاتھیوں کو پکڑنے کا گھاس پھوس اور مٹی سے بنا ہوا گڑھا۔

کھیدنا (ہ) نکالنا ۔ ہانکنا ۔ دُور کرنا ۔ باہر کرنا ۔ ستانا ۔ تکلیف دینا۔

کھیر (ہ امث) دُودھ اور چاولوں کا پکا ہوا ایک عمدہ کھانا۔

کھیر چٹانا (ہ ا/ محاورہ) کھیر اُنگلی سے چٹانا۔

کھیر چٹائی (ہ/ امث) ایک رسم جو بچے کے دُودھ چھڑانے پر ادا کی جاتی ہے۔

کھیر کا دَلیا ہو جانا (ہ) بد اقبال ہونا ۔ تقدیر پلٹ جانا ۔ بنا کام بگڑ جانا ۔ کچھ سے کچھ ہو جانا۔

کھیرا (ہ/ مذ) بھورا رنگ ۔ خاکی سا ۔ بھوسلا ۔ ایک قسم کا کبوتر۔

کھیرا (ہ/ مذ) ایک قسم کی چھوٹی اور موٹی ککڑی۔

کھیرا ککڑی کرنا (ہ) بے دھڑک کوسنا ۔ نہایت بے دردی سے کوسنا۔

کھیری (ہ/ مث) بافکھ کا گوشت ۔ جانور کے تھنوں سے اُوپر کا گوشت جس میں دُودھ رہتا اور بنتا ہے۔

کھیرے ککڑی کی طرح کاٹنا (ہ ا/ محاورہ) بے حقیقت سمجھ کر کاٹنا۔

کھیڑا (ہ/ مذ) بستی ۔ چھوٹا سا گاؤں ۔ وہ کئی قسم کا مرکب غلہ ۔ کھنڈر ۔ اُجڑے اور غیر آباد ۔ ویران شدہ گاؤں کا نشان۔

کھیڑاپتی (ہ/ مذ) گاؤں کا چودھری ۔ نمبردار ۔ مقدم ۔ پجاری ۔ برہمن۔

کھیڑی (ہ/ مث) ایک قسم کا سخت اور عمدہ لوہا۔

کھیس (ہ/ مذ) اوڑھنے اور بچھانے کے قابل ایک قسم کا سُوتی کپڑا۔

کھیس (ہ/ مذ) بچہ پیدا ہونے کے تین دن تک کا دُودھ جو گاڑھا ہو جاتا اور پکانے سے کھیل کھیل ہو جاتا ہے اور پھٹ جاتا ہے۔

کھیسا (ہ/ مذ) تھیلی ۔ دب ۔ پاکٹ ۔ جیب ۔ ایک قسم کا جھالوان ۔ ہاتھ میں پہن کر جسم کا میل صاف کرنے کی تھیلی ۔ میل اُتارنے کی تھیلی۔

کھیسا کرنا (ہ) جسم پر کھیسا پھیرنا ۔ بدن سے میل اُتارنا۔

کھینے سے چند سوا ہوتی ہے (ہ/ اشل) آدمی جتنا کھاؤ اُتنا ہی ہٹ زیادہ کرتا ہے۔

کھے کھے (ہ/ مث) دانتا کلکل ۔ ہے ہے کا مترادف۔

کھیل (ہ/ مث) بھُنی ہوئی جوار، مکی یا چاول کا دانہ ۔ پھُلا ۔ مقدار ۔ قلیل ۔ ذرا سا بھُنا ہوا سوہاگہ یا پھول کی ہوئی دھانت۔

کھیل اُڑ کر مُنہ میں نہ جانا (ہ) کوئی چیز نہ کھانا ۔ بالکل نہ کھانا ۔ ذرا بھی مُنہ تک نہ جانا۔

کھیل کھیل ہونا (ہ) ٹکڑے ٹکڑے ہونا ۔ ریزہ ریزہ ہونا ۔ خستہ ہونا۔

کھیل (ہ/ مذ) بازی ۔ تماشہ ۔ کرتب ۔ سہل ۔ آسان ۔ سیر ۔ مشغلہ ۔ شغل ۔ نیرنگی ۔ کاریگری ۔ جیسے قدرت کے کھیل۔

کھیل بگڑ جانا }
کھیل بھنڈ ہونا } (ہ) بنے ہوئے کام کا خراب ہو جانا ۔ رنگ میں بھنگ ہو جانا ۔ کام بگڑنا ۔ مزے میں خرابی واقع ہونا۔
کھیل تنگ ہونا }

کھیل بنانا (ہ) بات بنانا ۔ کام بنانا ۔ یارانہ لگانا۔

کھیل جانا (ہ) گزار جانا ۔ جوکھوں۔

کھیل جاننا ۔ یا ۔ سمجھنا (ہ) بہت ہی سہل سمجھنا ۔ آسان جاننا ۔ سہج سمجھنا۔

کھیل کرنا (ہ) کھیلنا ۔ کودنا ۔ تماشا کرنا ۔ ہنسی سمجھنا ۔ مذاق میں ڈالنا ۔ دل سے نہ کرنا۔

کھیل کود (ہ/ مذ) اُچھل کود ۔ لہو و لعب ۔ کود پھاند۔

کھیل کھلانا (ہ) بازی کرانا ۔ حیران کرنا ۔ ستانا ۔ ناچ نچانا ۔ دِق کرنا۔

کھیل کھیلنا (ہ) کرنی کرنا ۔ کرتب کرنا ۔ بازی کرنا۔

کھیل کے دِن (ہ ا/ مذ) لڑکپن کا زمانہ۔

کھیل نکالنا (ہ ا/ محاورہ) نیا کھیل ایجاد کرنا۔

کھیل نہیں (ہ ا/ محاورہ) آسان نہیں دشوار ہے۔

کھیل ہاتھ لگنا (ہ ا/ محاورہ) مشغلہ ہاتھ آنا۔

کھیل ہے (ہ/ محاورہ) سہل بات ہے ۔ معمولی اور ادنیٰ بات ہے ۔ تماشہ ہے ۔ شغل ہے۔

کھیل کھایا (ہ) منجھا ہوا ۔ تجربہ کار ۔ آزمودہ کار۔

کھیلنا (ہ) کھیل کرنا ۔ دل بہلانا ۔ بازی کرنا ۔ اُچھلنا کودنا ۔ گزرنا ۔ بیتنا ۔ کام کرنا ۔ کوئی فعل کرنا ۔ لہو و لعب کرنا ۔ جُوا کھیلنا ۔ قمار بازی کرنا۔

کھیم کشل (ہ/مث) خیر صلا - خیر و عافیت - صحت - تندرستی - ہنسی - خوشی -
کہیں (ہ) کسی جگہ - کسی موقع پر - اور جگہ - دوسری جگہ - کسی طرف - کسی سمت - شاید - مبادا - ایسا نہ ہو -
کہیں تِل دھرنے کو جگہ نہیں (ہ) چیچک کی پھنسیوں کی کثرت یا انبوہ خلائق کے موقع پر بولتے ہیں - بالکل جگہ نہیں - ایسا بھی نہیں -
کہیں دائی سے بھی پیٹ چھپتا ہے (ہ/محاورہ) خاص اور تجربہ کار لوگوں سے راز پوشیدہ نہیں ہو سکتا -
کہیں ڈوبے بھی ترے ہیں (ہ/محاورہ) بگڑے ہوؤں کا درست ہونا محال ہے -
کہیں سے (ہ) کسی جگہ سے - کسی مقام سے -
کہیں کا نہ رہنا (ہ) بالکل نکما یا برباد ہو جانا - کسی کام کا نہ رہنا - سخت ذلیل ہو جانا - دین و دنیا سے جاتا رہنا -
کہیں کا ہو رہنا - یا - ہو جانا (ہ) کسی جگہ رہ پڑنا - جا کر واپس نہ آنا - جہاں جانا وہیں کا ہو رہنا -
کہیں کہیں (ہ) کسی کسی جگہ - بہت کم - بعض بعض جگہ -
کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا بھان متی نے کنبہ جوڑا (ہ/مثل) بے میل رشتہ جتانے کے موقع پر بولتے ہیں - یعنی بے ربط چیزیں اور غیر کفو رشتہ ہوا ہے -
کہیں ناخن سے بھی گوشت جدا ہوا ہے (ہ/مثل) رشتہ دار کسی طرح سے نہیں چھوٹا کرتا - اپنوں سے قطع تعلق مشکل ہے -
کہیں نہ کہیں (ہ) ضرور بالضرور - کسی نہ کسی جگہ -
کہیں ہاتھوں کی لکیریں بھی مٹی ہیں (ہ/محاورہ) تقدیر کا لکھا کہیں نہیں ٹلتا -
کھینا (ہ) کشتی چلانا - ناؤ کو چپو سے لے جانا - ڈانڈ یعنی بانس لگا کر کشتی چلانا -
کھینچ (ہ/مث) کشش - کھنچاؤ - کھنچاوٹ - کمی - قحط - قلت - کال -
کھینچ لانا (ہ) گھسیٹ لانا - پکڑ لانا -
کھینچنا (ہ) گھسیٹنا - تاننا - اینچنا - چوسنا - جذب کرنا - سونگھنا - عرق چوانا - کشید کرنا - مقطر کرنا - گراں کرنا - مہنگا کرنا - روکنا - سمیٹنا - اٹھانا - برداشت کرنا - سہنا - سہارنا - تلوار میان سے نکالنا - سونتنا - جلدی جلدی قلم چلانا - اکڑنا - غرور کرنا - گرفتار کرنا - پکڑوانا - نکالنا - باہر لانا - کمانا - بٹورنا - لگانا - چڑھانا - جیسے دار پر کھینچنا - گھیرنا - نقش کرنا - کاڑھنا - پانی کو کنویں وغیرہ سے اوپر لانا - جکڑنا - باندھنا -
کھیوا (ہ/مذ) کشتی کا کرایہ - ناؤ - بیڑا - کشتی - پایاب - عبور دریا - مجازاً کشتی میں بیٹھ کر عبور کرنے والوں کا گروہ - عبور کرنے والے لوگ -

کھیوا پار کرنا - یا - لگانا (ہ) بیڑا پار لگانا - نجات دینا - کشتی کو کنارے پر پہنچانا -
کھیوٹ (ہ/مث) خراج اور لگان کی قسط - گاؤں کی زمین کی کیفیت کا سرکاری رجسٹر - کاغذات بندوبست - ملاح - مانجھی - تجربہ کار -
کھیوٹ دار (ا/صف) گاؤں کا شریک - شریک حصہ -
کھیوٹ کھتونی (ہ/مث) زمین کے مالکوں اور ان کی زمینوں کے حساب کا رجسٹر - گاؤں کے بندوبست کا حساب کتاب -
کھیوٹیا / کھیون ہار / کھیویا } (ہ/مذ) مانجھی - ناؤ چلانے والا - کشتی بان - ناخدا - ملاح -
کھیئی (ہ/مث) جھڑبیری یا سوکھی جھاڑی جو باڑ لگانے یا جلانے کے کام آتی ہے -

ک ہ ے

کے (ہ) دو فعلوں کے درمیان برائے عطف - جیسے کھانا کھا کے جائے گا - حرفِ اضافت - برائے جمع - جیسے زید کے گھوڑے -
کئے (ہ) کتنے - چند -
کئے بار (ا) کتنی دفعہ - چند بار -
کئے دن کے لیے (ا/متعلق فعل) تھوڑے دنوں کے لیے -
کئے فاقوں میں سیکھے ہو (ا/مثل) جب کوئی شخص بدزبانی کرے یا طعنہ دے تو کہتے ہیں یعنی تم نے یہ بات بڑی مشکل سے سیکھی ہے -
کئی (ہ) کے ہی کا مخفف - کتنے ہی - چند - چار پانچ -
کئی ایک (ہ) چند - دو چار - چند - ایک - نو سے کم تعداد کے لیے -
کی (ہ) حرفِ اضافت برائے تانیث - جیسے عمر کی بلی -
کیا (ہ) کلمۂ استفہام - کیا - چہ - استفہام استخباری کے لیے جیسے یہ کیا ہے - مساوات کے لیے - جیسے کیا بھیڑ کیا بھیڑ کی لات وغیرہ مرکبات بہت سے معنی دیتا ہے -
کیا ادھار کی ماں مری ہے (ہ/محاورہ) اگر کوئی قرض لینے میں حجت کرے - تو اس وقت کہتے ہیں - یعنی دنیا سے لین دین کا دستور اٹھ تو نہیں گیا - تم نہیں دو گے کوئی اور دے دے گا - ادھار تو گھر کے پاس ہوتا ہے -
کیا آسمان کے تارے ہیں (ہ/محاورہ) یعنی نایاب اور نادر شے تو نہیں جو مل ہی نہ سکیں -
کیا اکھاڑ سکتا ہے (ہ/محاورہ) کچھ نقصان نہیں کر سکتا -
کیا آگ لگاؤں (ہ/محاورہ) نہایت کراہت اور نفرت کے وقت

کہتے ہیں یعنی اب کیا کروں ؟
کیا آگ لینے آئے تھے (ہ / محاورہ) فی الفور آ کر چلے جانے والے کو طنزاً کہتے ہیں۔
کیا آنکھوں میں خاک ڈالتے ہو (ذ / محاورہ) کیا صریح اور علانیہ دھوکا دیتے ہو۔
کیا اُن ہی کے سر ٹیکا ہے }
کیا اُن ہی کے سر سہرا ہے } (ذ / محاورہ) یہ کام انہیں پر منحصر اور موقوف تو نہیں اور لوگ بھی تو کر سکتے ہیں۔
کیا آئے کیا چلے (ہ / محاورہ) آنا نہ آنا برابر ہے۔ ایسی جلدی جانے بھی لگے۔
کیا بات ہے (ہ / محاورہ) کیا خوب ہے۔ سبحان اللہ۔ مرحبا۔ کیا کہنا ہے۔
کیا بات تھی (ذ / محاورہ) کوئی بڑی بات نہ تھی۔
کیا بات رہی (ذ / محاورہ) کیا آبرو رہی۔
کیا بساط ہے (ذ / محاورہ) کیا حیثیت ہے۔
کیا بگاڑا ہے (ذ / محاورہ) کیا نقصان کیا ہے۔
کیا بھروسہ ہے (ہ / محاورہ) کوئی اعتبار نہیں۔ کچھ ٹھکانا نہیں۔
کیا پاؤں میں مہندی لگی ہے (ہ / محاورہ) یہاں آنے سے کون سا باعث مانع ہے طنزاً متکبر شخص کی نسبت بولتے ہیں۔
کیا پدّی کیا پدّی کا شوربا }
کیا پدّی کیا پدّی کا شوربا } (ذ / محاورہ) بالکل بے حقیقت چیز کی نسبت بولتے ہیں۔ اس کی بساط ہی کیا ہے۔ کیا حیثیت رکھتا ہے۔ ناچیز ہے۔
کیا پروا ہے (ہ / محاورہ) کیا خوف ہے۔ کچھ ڈر نہیں۔ کچھ مضائقہ نہیں۔
کیا پوچھنا ہے (ہ / محاورہ) کیا کہنا ہے۔ کیا بات ہے۔
کیا تھا کیا ہوا ؟ کیا تھا کیا ہو گیا (ہ / محاورہ) بنا بنایا کام بگڑ گیا۔ زمانہ پلٹ گیا۔
کیا ٹوٹکا کرنے آئی تھیں (ہ / محاورہ) فوراً آ کر چلی جانے والی عورت کی نسبت بولتے ہیں۔ یعنی کیا ٹونا کرنے آئی تھیں جو آتے ہی چل دیں۔
کیا جاتا (ہ / محاورہ) کیا بگڑتا۔ کیا نقصان ہوتا۔ کونسا کام بگڑ جاتا۔ یعنی آپ کا تو کچھ نقصان نہ ہوتا۔
کیا جاتی دُنیا دیکھی (ذ / محاورہ) کیا وجہ ہوئی جو تم نے دُنیا کو فانی سمجھ کر خلافِ عادت بات کی۔
کیا جان ہے }
کیا جان باقی ہے } (ذ / محاورہ) کیا تاب ہے۔ کیا طاقت ہے۔ کیا مجال ہے۔ کیا مقدور ہے۔
کیا جانے۔ یا۔ کیا جانیے (ہ / محاورہ) واللہ اعلم۔ خدا جانے۔ خدا ہی جانے۔ مجھے خبر نہیں۔
کیا چاہیے (ہ / محاورہ) کیا بات ہے۔ کیا کہنا ہے۔ واہ وا ہے۔ کیا ضرورت ہے۔

کیا چوڑیاں ٹوٹ جائیں گی (ہ / محاورہ) اپنے ہاتھ سے کام نہ کرنے والے کی نسبت طنزاً کہا کرتے ہیں۔ یعنی کیا نقصان ہو جائے گا۔ کون سے ہاتھ دُکھ جائیں گے۔
کیا چیز ہے (ذ / محاورہ) بے قدر اور کم حقیقت چیز کی نسبت بولتے ہیں۔ یعنی کیا مال ہے۔ کیا اصل ہے۔ کونسی بڑی دولت ہے۔
کیا خاک ہے (ذ / محاورہ) کچھ بھی نہیں۔ بالکل بے حقیقت ہے۔
کیا خاک رہا (ذ / محاورہ) کچھ نہیں رہا۔ کچھ نہیں بچا۔
کیا خبر (ذ / محاورہ) کچھ معلوم نہیں۔ خدا جانے۔ واللہ اعلم۔
کیا خوب (ذ / محاورہ) ۔ طنزاً کہتے ہیں۔ واہ کیا بات ہے سبحان اللہ۔ عقل کی بات کرو۔ ہوش کی لو۔
کیا خوب آدمی تھا (ذ / محاورہ) مقامِ افسوس میں متوفی کے مرنے کے بعد کہتے ہیں۔ کیسا نیک آدمی تھا۔
کیا خو نکالی ہے (ذ / محاورہ) بُری عادت سیکھی ہے۔
کیا درزی کا کوچ کیا مقام (ذ / مثل) آزاد اور اکیلے آدمی کو سفر یا حضر میں کوئی تکلیف نہیں۔ نادار اور کم سامان شخص کو سفر کی تیاری نہیں کرنی پڑتی۔
کیا دل میں آئی (ذ / محاورہ) کیا بات ذہن میں آئی۔
کیاد (ع) مکار۔ حیلہ گر۔
کیا درجہ کر رکھا ہے }
کیا دھاڑا کر رکھا ہے } (ہ / محاورہ) کیا بُری حالت بنا رکھی ہے کیسی ردّی حالت میں ہو۔
کیا دن تھے (ہ / محاورہ) گزشتہ ایّام کیسے اچھے تھے۔ جو اب یاد آتے ہیں۔
کیا دھوپ میں بال سفید کیے ہیں (ذ / مثل) بوڑھے اور عمر رسیدہ ہونے پر بھی کوئی تجربہ نہ ہوا۔
کیا ڈر ہے (ہ / محاورہ) کوئی اندیشہ نہیں۔ کوئی خوف نہیں۔ کچھ پروا نہیں۔
کیا رہا ہے (ہ / محاورہ) کچھ باقی نہیں۔ حالت نزع میں ہے مرنے کے قریب ہے۔
کیا شان میں چھینٹے پڑ جائیں گے (ذ / محاورہ) کیا عزّت میں بٹّا لگ جائے گا۔ کیا آبرو میں فرق آ جائے گا۔
کیا غم ہے (ذ / محاورہ) کچھ ڈر نہیں۔ کیا فکر ہے۔ کیا مضائقہ ہے۔
کیا قاضی کی گدھی چرائی ہے (ذ / محاورہ) ہم نے کونسا قصور کر دیا ہے۔ جس کے سبب مُجرم ہیں۔
کیا قاضی گلہ کرے گا (ذ / محاورہ) کوئی شکوہ و شکایت نہیں کرے گا۔ کچھ نقصان نہیں ہوگا۔
کیا قیامت ہے (ذ / محاورہ) کیا ظلم ہے۔ کیسا غضب ہے۔ نہایت خوبصورت ہے۔ بڑا حسین ہے۔
کیا کروں (ذ / محاورہ) تعجب۔ حیرانی اور مجبوری کے وقت بولتے ہیں۔ یعنی کوئی تدبیر بتاؤ۔ میں حیران ہوں۔

کیا کرے گا - یا - کیا کرے گا (ہ /محاورہ) کچھ نہیں کر سکتا - کچھ بگاڑ نہیں سکتا۔
کیا کوسوں - یا - کیا کہہ کر کوسُوں (ہ /محاورہ) میں ایسا ناراض اور خفا ہوں کہ کوئی بد دُعا بھی ایسی نہیں جو اس رنج کو رفع کر دے۔
کیا کہنا ہے (ہ /محاورہ) طنز اور تحسین کا کلمہ ہے - کیا بات ہے - کیا پُوچھنا ہے۔
کیا کیا (ہ) کون کون سا - سب کچھ - کیسے کیسے - کس قدر۔
کیا کیا (ہ /محاورہ) حیرت - پریشانی - تعجب اور افسوس کے موقع پر بولتے ہیں - یعنی بڑا بُرا کیا - بڑی شرم کی بات ہے کونسا بُرا کیا - کوئی بے جا بات نہیں کی۔
کیا کیا کچھ کہا - یا - کیا کیا کچھ نہ کہا (ہ /محاورہ) سب ہی کچھ بُرا بھلا کہہ لیا - کوئی بات چھوڑ نہیں دی - کونسی بات نہیں کہی۔
کیا گزری (ا /محاورہ) کیا بیتی - کیوں کر ہوئی - کیوں کر بسر ہوئی۔
کیا گُل پھولا ہے / کیا گُل کھلا ہے (ا /محاورہ) کونسی عجیب اور نرالی بات ظاہر ہوئی - کیا فتنہ اُٹھا ہے - کیا بہتان لگا ہے - کیا خرابی نکلی ہے۔
کیا کیا نہ ہوا (ہ /محاورہ) کونسی بات رہ گئی - سب ہی کچھ تو ہو لیا۔
کیا کیا نہ کیا (ہ /محاورہ) کوئی کام نہ چھوڑا - سب ہی کچھ تو کیا۔
کیا گونگے کا گُڑ کھایا ہے (ہ /محاورہ) کیوں چُپ ہیں - کیوں نہیں بولتے - کیوں گونگے بن گئے۔
کیا لُو گے (ا /محاورہ) کیا فائدہ اُٹھاؤ گے - کیا حاصل کرو گے - کیا پاؤ گے۔
کیا مال ہے (ا /محاورہ) بالکل بے حقیقت چیز ہے - محض ناچیز ہے۔
کیا مال ہے (ا /مثل) بے حقیقت چیز ہے۔
کیا مجال ہے (ا /محاورہ) کچھ طاقت نہیں۔
کیا مذکور (ا / روزمرہ) کیا تعریف ہو۔
کیا مزہ ہو (ا / روزمرہ) عجب لطف ہو۔
کیا معنی؟ (ا /محاورہ) کیوں - کیا وجہ - کیا سبب - کیا غرض - کیا مراد - کیا حوصلہ - کیا مجال۔
کیا مُنہ پر پھٹکار برستی ہے (ہ /محاورہ) کیا لعنت برستی ہے - کیا مُنہ کا نُور اُڑ گیا۔
کیا مُنہ دکھاؤ گے (ہ /محاورہ) کیونکر سامنے ہو گے - کیا جواب دو گے۔
کیا مُنہ سے پھول جھڑتے ہیں (ہ /محاورہ) کیا شیریں گفتار ہے - کیا شیریں بیان ہے - طنزاً بدکلامی پر بھی بولتے ہیں۔
کیا مُنہ کا نوالہ ہے (ہ /محاورہ) یہ کام کچھ آسان تو نہیں ہے جو یُونہی سرسری ہو جائے گا۔
کیا مُنہ لے کر جاؤں (ہ /محاورہ) کونسی نیکی لے کر سامنے جاؤں۔
کس سرخروئی سے جاؤں۔
کیا مُنہ ہے (ہ /محاورہ) کیا حوصلہ ہے - کیا طاقت ہے - کیا مقدور ہے۔
کیا ناک لے کر بولتے - یا - بات کرتے ہو (ا /محاورہ) کس شرم و حیا سے مُنہ سامنے کرتے ہو - شرم کرو اور اپنے گریبان میں مُنہ ڈال کر دیکھو۔
کیا ننگی نہائے گی اور کیا نچوڑے گی (ہ /مثل) مُفلس آدمی کے پاس ہی کیا دھرا ہے - وہ کیا دے گا یا دلائے گا۔
کیا واسطہ (ا) کیا تعلق - کس لیے - کیوں۔
کیا ہوا (ہ /محاورہ) کیا بگڑ گیا - نقص کون سا ہو گیا - کیا بات ہے - کیا معاملہ ہے - کیا حال گزرا - کیا خوف ہے - کیا اندیشہ ہے - کچھ تعجب نہیں - کچھ مضائقہ نہیں۔
کیا ہوتا (ہ /محاورہ) کون سا کام بن جاتا - کیا فائدہ ہوتا - کیا حاصل ہوتا - کیا نقصان ہوتا - کیا بگڑ جاتا - کیا اچھا ہوتا - کیا مصیبت پڑتی۔
کیا ہو گا (ہ /محاورہ) کیا بگڑے گا - کیا گزرے گا۔
کیا ہو گیا (ہ /محاورہ) تعجب - حیرت اور افسوس کے موقع پر بولتے ہیں - کچھ ڈر نہیں۔
کیا ہے (ہ /محاورہ) کیا چیز ہے - کیا بات ہے - کون سی چیز ہے - کیا معاملہ ہے - نہیں - کون ہے - ناچیز ہے - کیا ہے - کیا حقیقت ہے - کیا کہتے ہو۔
کیا ہی (ہ /محاورہ) کثرت و افراط کے وقت بولتے ہیں - بکثرت - بہت ہی - بے حد - بہت ہی اچھی - نہایت عُمدہ۔
کیا بھیڑیے راہ مارتے ہیں (ہ /محاورہ) طنزاً کہتے ہیں - یعنی کیوں آنے سے ڈرتے ہو۔
کیا یاد رکھو گے یا کرو گے (ا /محاورہ) عرصہ تک یاد کرتے رہو گے - بہت یاد رکھو گے۔
کیاری (ہ /مث) کھیت یا باغ - ہر چھوٹا حصہ یا تختہ - قطعۂ باغ - باغ کا تختہ۔
کیاست (ع /مث) چترائی - دانائی - عقل مندی - ہوش و خرد۔
کیانی (ہ) کَے بادشاہوں سے نسبت رکھنے والا - کیانیوں کی چیز۔
کیپ کالونی - واقع جنوبی برٹش افریقہ - اس میں کار و اعظم پہاڑ ہے - یہاں سے اُون - شراب - پھل اور سونا باہر جاتا ہے - کیپ ٹاؤن دارالحکومت ہے اور بندرگاہ ہے - یہاں جہاز کوئلہ لینے کو ٹھہرتے ہیں۔
کیتُ (ہ /مذ) دُم دار ستارہ - جھاڑو تارہ - نوان گرہ۔

کَینَت وَ زَینَت (ع) چناں و چنیں۔
کَینٹ (ہ۔ مذ) بیل کے پھل جتنا کھٹ مِٹھا ذائقہ رکھنے والا۔ ایک درخت کا پھل اور درخت۔
کیتکی (ہ۔ مث) ایک مشہور خوبصورت پودے کا نام ہے جس کا پھول انڈے کی مانند ہوتا ہے۔
کیتلی (ہ۔ مث) چائے پکانے کا ایک ٹونٹی دار برتن۔ آفتابہ۔
کیٹ (ہ۔ مذ) چراغ کی گاد۔ چیکٹ۔ دُرد۔ تہ نشین۔ حقّہ کا میل۔ کیڑا مکوڑا۔
کیچ } کیچڑ } (ہ۔ مث) گارا۔ غلیظ مٹی۔ دلدل۔ سڑی مٹی۔ آنکھ کا میل۔ چیپڑ۔ چرک چشم۔
کیچوا (ہ۔ مذ) ایک قسم کا سرخ رنگ کا لمبا برساتی کیڑا ہوتا ہے۔ گل خورہ۔ ایک قسم کا پیٹ کا کیڑا بھی ہے۔ کرمِ شکم۔
کَید (ع۔ مذ) مکر۔ فریب۔ دھوکا۔ دغا۔
کیدار (ہ۔ مذ) کھیت جس میں پانی بھرا ہو یا زیرِ کاشت ہو۔ کیاری۔ پہاڑ۔
کِیر (ہ۔ مذ) کریل کا درخت۔
کَیرا (ع) کرنجی آنکھوں والا۔ نیلی آنکھوں والا۔
کیری (ہ۔ مث) آم کا کچا پھل۔ کچا آم۔ امبی۔ کرنجی آنکھ والی عورت۔ گلے میں لٹکانے کا عطردان۔
کیری آنکھ (ہ۔ مث) کرنجی آنکھ۔ چشمِ ازرق گوں۔
کیڑا (ہ۔ مذ) کرم۔ مکوڑا۔ حشرات الارض۔ رینگنے والا جانور۔ سانپ۔ ناگ۔ بچھو۔ کژدم۔ کنکھجورا وغیرہ زہریلے جانور۔ ننھا بچہ۔ نوزائیدہ بچہ۔
کیڑا دبانا (ہ) نفسانی خواہش کو مٹانا۔
کیڑا سا (ہ۔ صف) چھوٹا سا۔ دُبلا پتلا۔
کیڑا سی (ہ۔ صف) دُبلی پتلی۔ چھوٹی سی۔
کیڑا لگنا (ہ) دیمک لگنا۔ کتاب یا ریشمی یا اونی کپڑے کا کرم خوردہ ہونا۔ گھن لگنا۔
کیڑا (ہ) سخت کرخت۔ تند مزاج۔ مضبوط۔ مستحکم۔ کڑا۔
کیڑے بھنا (ہ) سر میں کثرت سے جوئیں پڑنا۔
کیڑے پڑنا (ہ) کسی چیز میں سڑ جانے سے کرم پیدا ہو جانا۔ عیب ہونا۔ خرابی ہونا۔ نقص ہونا۔
کیڑے پڑیں (ہ) گلے سڑے۔ گل جائے۔
کیڑی (ہ۔ مث) چیونٹی۔ مور۔ جونک۔
کیڑی والی (ہ۔ مث) جونکوں والی۔ جونکیں لگانے کا کام کرنے والی عورت۔ کلرن۔ کلرٹن۔
کیس (ہ۔ مذ) بال۔ موئے سر۔ سر کے لمبے لمبے بال۔ پیڑھے کی چوٹی۔
کیس (انگریزی۔ مذ) مقدمہ۔ معاملہ۔ قضیہ۔ فریم۔ سانچا۔ ڈھکنا۔ خانہ۔ بکس۔ ڈبیا۔
کیسا (ہ) کس طرح کا۔ کس قسم کا۔ کس بات کا۔ کس قدر۔ کتنا۔ کیوں۔ کس کام کا۔
کیسا ہی (ہ) کتنا ہی۔ کس قدر۔ حتی المقدور۔ کسی قسم کا ہی۔

کیسر (ہ۔ مث) ایک زرد رنگ کا نہایت خوشبودار پھول۔ زعفران۔
کیسری (ہ۔ مث) زرد رنگ کا۔ زعفرانی۔ کیسر کے رنگ کا۔
کیسری بانا (ہ۔ مذ) زعفرانی پوشاک جو ہندو دولہا کو پہناتے ہیں۔
کیسریا بانا کرنا۔ یا۔ پہننا (ہ) زرد لباس پہننا۔ جنگ کرنے کی رسم قدیم راجپوتان یعنی مرنے یا فتح کرنے کا وعدہ اور عہد کر کے لڑائی پر جاتے وقت زرد کپڑے پہننا۔
کیسے (ہ۔ مذ) کیسا کی جمع۔ کس بات کے۔ کس قسم کے۔ کس وضع کے۔ کیوں۔ کیوں کر۔ کتنے۔
کیسہ (ہ۔ مذ) جیب۔ پاکٹ۔ تھیلی۔
کیسہ بُر (ہ۔ مذ) گرہ کٹ۔ جیب کترا۔ اُچکا۔ بدمعاش۔
کیسی (ہ۔ مث) کیسا کی تانیث۔
کیش (ف۔ مذ) دین۔ پنتھ۔ مت۔ سبھاؤ۔ خو۔ عادت۔ بان۔ گن۔ وصف۔ طور۔ طریقہ۔ ترکش۔ تیروں کے رکھنے کا تلوا۔ تیر دان۔
کیش (ف) نام ایک شہر کا جو جزیرۂ بحرِ فارس میں ہے۔ نام ایک جانور کا جس کا پوستین پہنا جاتا ہے اور بعض درخت شمشاد۔ شطرنج میں جو کشت کہی جاتی ہے۔ وہ غلط ہے۔ کیش صحیح ہے۔ کیونکہ یہ امر کا صیغہ ہے۔ اس کے معنی ہیں دُور ہو۔
کَیش (انگریزی۔ مذ) نقد۔ نقدی۔ رو کڑ۔ روپیہ۔ پیسہ۔
کَیش بُک (انگریزی۔ مث) نقدی کے حساب کی کتاب۔ روکڑ بہی۔
کَیش بَکس (انگریزی۔ مذ) نقدی رکھنے کا صندوقچہ۔ نقدی کا صندوق۔
کَیف (ع) کس طرح۔ کیونکر۔ کیسا۔ نشہ۔ خمار۔ سرور۔
کیف وکم (ع۔ صف) کیسا۔ کتنا۔ مقدار اور خاصیت۔
کَیفر (ف۔ مذ) برے کام کا بدلہ۔ پاداشِ بدی۔ بدی کا بدلہ۔
کیفر کردار (ف۔ مذ) کیے کی سزا۔ برے کام کی سزا۔
کیفر کردار کو پہنچنا (ف) اپنے کیے کی سزا پانا۔ برے کام کی سزا بھگتنا۔ کیا بھوگنا۔
کَیفی (ع) متوالا۔ مدہوش۔ نشہ میں چور۔ نشہ باز۔
کیفیت (ع۔ مث) ماجرا۔ حال۔ حالت۔ حقیقت۔ رنگ ڈھنگ۔ تفسیر۔ تشریح۔ تفصیل۔ جوبن۔ بہار۔ مزہ۔ لطف۔ سواد۔
کیفیت آنا (اردو۔ محاورہ) لطف آنا۔
کیفیت اٹھانا (اردو۔ محاورہ) لطف حاصل کرنا۔
کیفیت طلب کرنا (ف) قانوناً پوچھنا۔ استفسار کرنا۔ جواب طلب کرنا۔ بازپرس کرنا۔
کَیقُباد (ف) لفظی معنی۔ عادل۔ نام بادشاہ کا جو بڑا عیاش تھا۔
کیکاؤس (ف) نام بادشاہ ایران کا۔ اس کے زمانے میں ہی رستم تھا۔

کیک (انگریزی ا مذ) ایک قسم کی کیہ ہے۔ انڈے اور میوے کی سانچے میں ڈھلی ہوئی پختہ روٹی یا مٹھائی۔
کیکر (ء ا مث ا مذ) ببول کا درخت۔
کیکری (ء ا مث) کیکر کا چھوٹا پیڑ۔ ایک قسم کی سلائی کنگری دار۔
کیکری بنانا۔ یا۔ کاڑھنا (ء) کپڑے پر کنگری بنانا۔ چیں بجانا۔
کیکڑا (ء ا مذ) بچھو کی شکل کے ایک آبی جانور کا نام ہے۔ سرطان بغر۔
کیکنا (ء) بندر کا کلکاری مارنا۔ چیخنا۔ چلانا۔
کیکئی (ء ا مث) کیکے حاکم کشمیر کی بیٹی۔ راجہ جسرتھ کی بیوی۔ سری رام چندر جی کی سوتیلی ماں کا نام ہے۔
کیل (ء ا مث) لوہے کی میخ۔ پریگ۔ ناک میں پہننے کا لونگ کی شکل کا زیور۔ مہاسے یا پھنسی کے اندر کی جمی ہوئی پیپ۔ منتر پڑھنا۔
کیل کا کھٹکا نہیں (ء ا محاورہ) ایسا امن اور رعب ہے کہ کسی چیز کا بھی اندیشہ نہیں۔ کسی شے کا خوف نہیں۔ ڈر نہیں۔
کیل ڈالنا (ء) منتر پڑھ کر قابو میں لانا۔ بس میں کر لینا۔ سانپ وغیرہ کو منتر کے زور سے ڈسنے کے قابل نہ رہنے دینا۔
کیل کانٹا (ء ا مذ) ہتھیار۔ اوزار۔ اسلحہ۔ ایک قسم کا زیور۔ بدخط۔ نہایت گھسیٹ کر لکھا ہوا بچوں کا ایک قسم کا کھیل۔
کیل نکالنا (ء) پھنسی یا مہاسے میں سے دبا کر پیپ نکالنا۔ مارتے مارتے گو نہ نکالنا۔ سخت مارنا۔ خوب ٹھیک بنانا۔
کیلا (ء ا مذ) بڑی میخ۔ کھونٹا۔ گوشت خور جانوروں کے وہ دونوں بڑے دانت جن سے شکار پکڑتے ہیں۔ کچلی۔
کیلا (ء ا مذ) ایک مشہور درخت اور اس کا پھل۔
کیلنا (ء) سانپ کو منتر کے زور سے قابو کرنا۔ کسی شخص کو برخلاف بولنے سے بزور جادو بند کرنا۔ زبان بند کرنا۔ تسخیر کرنا۔ کیلیں جڑنا۔ کیلیں ٹھوکنا۔
کیلے۔ فرانس میں رود بار انگلستان کے کنارے بندرگاہ ہے۔ جس کی قلعہ بندی کی ہوئی ہے۔
کیلے فورنیا۔ جزیرہ نما شمالی امریکہ میں بحر الکاہل کے کنارے ہے۔ یہاں پھل اور سونا کثرت سے ملتا ہے۔
کیلی (ء ا مث) لکڑی کی کھونٹی۔ کشتی کے ایک داؤ کا نام۔ لوہے کی لاٹھ۔ پیچ۔ اسکرو۔
کیلی بار اچلانا (ء) چرسے کے ذریعے کنویں میں سے پانی نکالنا۔ لاؤ چلانا۔

کیلی والا / کیلیا (ء ا مذ) کنویں کے بیل جوڑنے والا۔ لاؤ کے سرے کو بیلوں کے جوئے میں کیلی کے ذریعے سے اٹکانے والا۔ کنویں کے بیل ہانکنے والا۔
کیمخت (ف ا مث ا مذ) گدھے گھوڑے کا چمڑا۔ پیٹھ کی کھال۔
کیموس (یونانی ا مذ) رس۔ وہ پتلی سی چیز جو معدے میں کھانا ہضم ہونے کے بعد پیدا ہو۔
کیمیا (ع ا مث) رسائن۔ اکسیر۔ رانگ کو چاندی یا تانبے کو سونا بنانا۔ عناصر کے خواص اور ان کی باہمی طاوٹ کے اصول کا علم۔ علم کیمسٹری۔ نہایت مفید۔ تیر بہدف دوا۔ اہل تصوف شیخ کی نظر کو کہتے ہیں۔
کیمیا اثر (ع ا صف) کیمیا کا اثر رکھنے والی چیز۔
کیمیا بنانا (ل) رسائن بنانا۔ چاندی سونا بنانا۔ آسانی سے روزی کما لینا۔
کیمیا گر (ع ف ا مذ) رسائن بنانے والا۔ مہوس۔ اکسیر گر۔
کیمیا گری (ع ف ا مث) سونا چاندی بنانے کا ہنر۔ زرسازی۔
کیمیا سمجھنا (ل ا محاورہ) اکسیر جاننا۔ نہایت مفید۔
کیمیاوی (ف ا صف) کیمیا سے منسوب۔
کین (ف ا مث) نفاق۔ حسد۔ دشمنی۔ بیر۔ عداوت۔ کپٹ۔
کینیا (ا مذ) فریب دینے والا۔ دھوکا دینے والا۔
کینٹن۔ جنوبی چین کا سب سے بڑا شہر۔ دریائے سی کیانگ پر واقع ہے۔ یہاں سے پیداوار باہر جاتی ہے۔
کینچلی (ء ا مث) سفید جھلی جو سانپ ہر سال اپنے بدن سے اتارتا ہے۔ پوشاک۔ لباس۔
کینچلی اتارنا (ل ا محاورہ) سانپ کا اپنے جسم سے خشک پوست اتارنا۔
کینچلی بدلنا (ء) سانپ کا پرانا پوست اتارنا۔ ظرافتاً کپڑے بدلنا۔ پوشاک بدلنا۔ روپ نکالنا۔ نکھرنا۔
کینچلی میں آنا (ل ا محاورہ) سانپ کا کینچلی اتارنے کو ہونا۔ جب وہ بہت بھدا اور سست ہو جاتا ہے۔
کینچوا (ء ا مذ) دیکھو کیچوا۔
کینڈا (ء ا مذ) نمونہ۔ خاکہ۔ ڈول۔ سانچہ۔ پیمانہ۔ اندازہ۔ کسی چیز کا نقشہ درست کرنے کا اوزار۔
کینڈا کرنا (ء) ناپنا۔ ڈول ڈالنا۔ سرسری پیمائش کرنا۔
کینڈا لینا (ء) خاکہ اتارنا۔ اندازہ لینا۔ نمونہ لینا۔
کینل ورتھ۔ واروک (انگلینڈ) شہر سے چار میل ہے۔
کینہ (ف ا مذ) دیکھو کین۔
کینہ پرور (ف ا صف) دل میں بغض رکھنے والا۔
کینہ توز (ف) کپٹی۔ حاسد۔ دل میں بغض رکھنے والا۔ کینہ کش۔
کینہ رکھنا (ل) کپٹ رکھنا۔ عداوت رکھنا۔ بیر رکھنا۔

کینہ کش (ف/مذ) دشمنی رکھنے والا۔
کینہ ور (ف) دشمنی کرنے والا۔ حاسد۔ کینہ رکھنے والا۔
کیوان (ف/مذ) زُحل ستارہ جو بہت بلند ہے۔ سنیچر۔
کیوٹی (ہ/مث) وہ دال جو سب قسم کی ملا کر پکائی جائے۔
کیورائل۔ جاپان کے شمال میں جزائر ہیں۔ جہاں سے سرد رَو گزرتی ہے اور آب و ہوا کو سرد کر دیتی ہے۔
کیوڑا (ہ/مذ) ایک درخت اور اس کے خوشبودار پھول کا نام ہے کیوڑے کا عرق۔
کیوکا پچوانی (ہ/مث) چھٹنے کا سامان یعنی سونٹھ۔ میرہ۔ سونف۔ گھی۔ مکھانے۔ گوند وغیرہ۔
کیول (س) ایک۔ اکیلا۔ واحد۔ صرف۔ علم توحید۔ بالکل۔ تمام۔ کامل۔
کیول گیانی (س/مذ) مُوحّد۔ توحید کا ماننے والا۔
کیومَرث (ف) معرّب کیومرث کا۔ ترکیبی معنی مالک زمین کا۔ کیو بمعنی زمین اور مرث بمعنی ہوا۔ ایک بادشاہ کا نام جس نے دنیا میں سب سے پہلے شاہی کی ہے۔
کیوں (ہ) کس لیے۔ کس سبب سے۔
کیوں اندھا نیوتا کیوں دو بلاتے (ذ/محاورہ) اپنی بے وقوفی سے دُگنا نقصان اور خرچ اٹھانے کے موقع پر بولتے ہیں۔ یعنی نہ اندھے کو بلاؤ گے۔ نہ ایک کے بجائے دو آئیں گے کیونکہ اندھا آدمی دوسرے کی مدد کیے بغیر تو آ ہی نہیں سکتا۔
کیوں جان نکلتی ہے، کیوں دم نکلتا ہے (ذ/محاورہ) کیوں گھبرائے جاتے ہو۔ کس لیے مرے جاتے ہو۔ تمہیں کیا پڑی ہے۔
کیوں چبا چبا کر باتیں کرتے ہو (ہ/محاورہ) کیوں طنز کی باتیں کرتے ہو۔ کس لیے اتنے اِتراتے اور فخر کرتے ہو۔
کیوں کانٹوں میں گھسیٹتے ہو (ہ/محاورہ) کس لیے ندامت دلاتے ہو۔ کیوں شرمسار کرتے ہو۔
کیونکر (ہ) کس طرح۔ کیسے۔ کس ڈھنگ سے۔ کس انداز سے۔ کس لیے۔
کیونکہ (ف) اس لیے کہ۔ اس واسطے کہ۔ اس سبب سے کہ۔
کیوں مرے جاتے ہو (ذ/محاورہ) کیوں گھبراتے ہو۔
کیوں مغز کھاتا ہے (ذ/محاورہ) چپ رہو۔ بکواس نہ کرو۔
کیوں نہ ہو (ہ) واہ وا۔ کیا کہنا ہے۔ سبحان اللہ۔
کیوں نہیں (ہ) کیا وجہ۔ کیا باعث۔ ضرور بالضرور۔ درحقیقت۔ یقیناً۔ ایسا ہی ہے۔ کون انکار کر سکتا ہے۔
کیہل (ہ/مث) شدید گرمی۔ حبس۔

گ (ف/مذ) فارسی کا چھبیسواں اور اُردو کا اُنتیسواں۔ ہندی کا تیسرا حرف ہے۔ حساب جمل میں اس کے عدد ک، کے برابر یعنی ۲۰ مقرر ہیں۔

گ ۔ ا

گا (ء) علامت مستقبل ہے۔ مصدر گانا کا امر۔ امر تعظیم کی علامت بھی ہے۔

گابھ (ہ/مذ) جانداروں کا حمل۔

گابھ ڈالنا (ہ) حیوانات کا حمل اسقاط ہونا۔ کچا بچہ گرانا۔ ڈر یا رُعب کی وجہ سے قبل از وقت بچہ جننا۔

گابھا (ہ/مذ) درمیانی حصہ۔ لکڑی وغیرہ کا اندرونی گودا۔ درخت کا نیا پتا۔ کچا اناج۔ کھڑی کھیتی۔ پرانی رُوئی۔ لوگرٹ۔ رُوڑا۔

گابھن (ہ/مذ) حاملہ حیوان۔ پیٹ والی۔ گیابھن۔

گابھنی (ہ) پیٹ والی۔ حاملہ۔ زن باردار۔ گرب ونتی۔

گابھنی گابھ ڈالتی ہے (ہ/محاورہ) اس قدر رُعب اور دبدبہ ہے کہ حاملہ عورتوں یا حیوانوں کے حمل گرتے ہیں۔

گات (ہ/مث) بدن۔ سراپا۔ جسم۔ پنڈا۔ چھاتی۔ سینہ۔ چوچی۔ پستان۔ عورت کا اُوپر کا دھڑ۔ پیٹ۔ گابھ۔ حمل۔ وضع۔ طریقہ۔ اسلوب۔

گات اُگنا (ہ) جوبن بھرنا۔ چھاتیاں اُبھرنا۔

گات سے ہونا (ہ) حاملہ ہونا۔ پیٹ سے ہونا۔ گرب سے ہونا۔

گاتا (ہ/مذ) دہی کا چکتہ۔ دہی کا جما ہوا اور بہت گاڑھا تھکا۔ کتاب کی جلد۔ کتاب کا پٹھا۔ وصلی۔ بیلوں کے جوئے کا ادھر کا ڈنڈا۔

گاتی (ہ/مث) وہ طرز لباس جس میں چادر کو بغلوں کے نیچے سے نکال کر سینہ پر گرہ دے دیتے ہیں۔

گاتی باندھنا۔ مارنا۔ لگانا (ہ) چادر کو سینے اور کمر سے بطرز خاص باندھنا۔ کسی کام کے واسطے تیار ہونا۔ مستعد ہونا۔

گانے گاتے کلاونت ہو ہی جاتا ہے (ہ/محاورہ) ہر ایک کام اُس کی مشق پر موقوف ہے۔ بار بار کرنے سے آدمی اس کام میں مشاق اور ماہر ہو ہی جاتا ہے۔

گاج (ہ/مث) بجلی۔ برق۔ غضب و قہر الٰہی۔ جھاگ۔ کف۔ کانچ کی چوڑیاں۔

گاج پڑنا (ہ) بجلی گرنا۔ بجلی کے صدمہ سے مر جانا۔

گاج گرے (ا) بددعا۔ بجلی گرے۔ خدا کا قہر نازل ہو۔

گاج مارا (ہ/صف) وہ جس پر بجلی گرے۔ بدقسمت۔

گاجا باجا (ہ/مذ) ڈھول۔ نشانے۔ نقارے۔ دمامے وغیرہ کی دھوم دھام۔

گاجر (ہ/مث) ایک قسم کی میٹھی جڑ۔ گزر۔ زردک۔ تحقیراً کم قیمت اور ادنیٰ۔

گاجر مولی (ہ/مث) بے قدر۔ کم قیمت۔ ادنیٰ چیز۔

گاجر مولی کی طرح کاٹ کر رکھ دینا (ا/محاورہ) بہت سے آدمیوں کا قتل کر دینا۔

گاجنا (ہ) گرجنا۔ بادلوں میں سے رعد کی آواز آنا۔ شیر کا دھاڑنا۔ چنگھاڑنا۔ ڈکرانا۔ خوش و خرم ہونا۔ (پنجاب) ناگوار اور گراں گزرنا۔

گاچ (ہ/مث) ایک طرح کا باریک جالی دار ریشمی کپڑا۔

گاد (ہ/مث) تلچھٹ۔ تہ نشین۔ پانی کے نیچے۔ بیٹھی ہوئی گرد۔

تیل کا میل۔ تیل کا چیکٹ۔ نیچے کا گدلا اور گاڑھا تیل۔
گاد بیٹھنا (ہ) میل کا نیچے جم جانا۔ تلچھٹ کا نیچے جمع ہو جانا۔
گادڑ (ہ / مذ) گیدڑ۔ شغال۔ بھیڑ۔ گودڑ کے ساتھ تابع مہمل۔ جیسے گودڑ گادڑ۔
گاڈ (انگریزی / مذ) خدا۔ رب۔ پرمیشور۔
گاڈز (انگریزی / مذ) فرشتے۔ مؤکل۔ ربّ النّوع۔ دیوتا۔
گار (ف) علامت اسم فاعل ترکیبی جو اسم کے آخر میں آتی ہے۔ جیسے خدمت گار۔
گارا (ہ / مذ) گوندھی ہوئی مٹی جس سے اینٹیں وغیرہ بناتے ہیں۔
گارا بنانا۔ یا۔ کرنا (ہ) مٹی گوندھنا۔ مٹی میں پانی ڈال کر تغار بنانا۔
گارد (ا / مذ) انگریزی لفظ گارڈ کا بگاڑ ہے۔ سنتری۔ پہرے دار۔ لشکر کے گرد پہرہ دینے والا۔ دستۂ فوج۔ ایک افسر اور چار سپاہی یا چند سپاہیوں کا مجموعہ۔ سپاہیوں کے رہنے کی جگہ۔ چوکی۔
گارڈ (انگریزی / مذ) ریل کا محافظ۔ ریلوے ٹرین کا ذمہ دار نگہبان۔
گارڈن پارٹی (انگریزی / مث) باغ میں دیا ہوا جلسہ۔ جس میں پھل چائے وغیرہ کا اہتمام بھی ہو۔
گارڈین (انگریزی / مذ) محافظ۔ ولی۔ سرپرست۔ نگہبان۔
گارنٹی (انگریزی / مث) ضمانت۔ ذمہ داری۔
گاڑا (ہ / مذ) نومسلم راجپوتوں کی ایک قوم کا نام ہے۔ گھات کھانے والا۔ گھاتی۔
گاڑنا (ہ) دفن کرنا۔ زمین میں دبانا۔ قبر میں رکھنا۔ سمادھ بنانا۔ کھڑا کرنا۔ کھود کر جمانا۔ زمین میں قائم کرنا۔ کیل وغیرہ ٹھونکنا۔ دھسانا۔
گاڑھ (ہ / مث) مشکل۔ مصیبت۔ بھیڑ۔ غفلت۔ گاڑھاپن۔ (مذ) گرگہ۔ کیچڑ اُبلنے کی جگہ۔
گاڑھا (ہ) غلیظ۔ پتلا کی ضد۔ گندہ۔ غفص۔ ٹھونک کر تیار کیا ہوا کپڑا۔ گہرا۔ دلی۔ جانی۔ جیسے گاڑھا دوست۔ کٹھن۔ دشوار۔ مشکل۔ موٹا ہندوستانی کھدر۔ گزی۔ طاقتور۔ مضبوط (مذ) مست اور جنگلی ہاتھی۔
گاڑھی (ہ / مث) گاڑھا کی تانیث۔
گاڑھی چھننا (ہ) گہری دوستی ہونا۔ نہایت دشمنی ہونا۔ گہرا نشہ ہونا۔ کیچڑ کی سی گاڑھی بھنگ چھاننی۔
گاڑھے ہیں (ہ / محاورہ) زبردست ہیں۔ مضبوط ہیں۔ طاقتور ہیں۔ غالب ہیں۔ زیادہ ہیں۔
گاڑی (ہ / مث) گڑھیا۔ ارابہ۔ سواری یا اسباب لادنے کا چھکڑا۔ بہلی۔ رتھ۔ بگھی وغیرہ۔ ریلوے ٹرین۔ ریل گاڑی۔
گاڑی بان۔ یا۔ گاڑی وان (ا / مذ) گاڑی ہانکنے والا۔ کوچوان۔ گاڑی چلانے والا۔

گاڑی بھر (ہ) بہت سا۔ نہایت زیادہ۔ اتنا بوجھ جتنا گاڑی میں آ جائے۔
گاڑی بھر آشنائی جو بھر ناتا (ا / مثل) ذرا سی رشتہ داری بہت سی دوستی پر غالب آ جاتی ہے۔ رشتہ داری دوستی سے بہتر ہوتی ہے۔
گاڑی جوتنا (ہ) بگھی وغیرہ میں گھوڑے جوڑنا۔
گاڑی چھوٹنا (ہ) ریل گاڑی کا کسی سٹیشن سے روانہ ہونا۔
گاڑی خانہ (ا / مذ) بہلی یا بگھی رہنے کا مکان۔
گاڑی کو دیکھ کر پاؤں پھولنا (ہ) سہارا دیکھ کر ہمت توڑ بیٹھنا۔ سواری دیکھ کر تھکنے لگنا۔
گازر (ف / مذ) دھوبی کپڑے دھونے والا۔
گازری (ف / مث) دھوبی کا پیشہ۔
گازہ (ف) جھولا جس پر لڑکے وغیرہ جھولتے ہیں۔
گاژ (ف) جگہ۔ مقام۔
گاس (انگریزی / مث) گیس۔ ایک لچک دار ہوائی مادہ ہے۔ عام بول چال میں کول گیس کو کہتے ہیں۔ جس سے بجلی کی طرح مکانوں کو روشن اور گرم کرتے ہیں۔
گاگر (ہ / مث) لوہے۔ پیتل وغیرہ کا گھڑا۔
گال (ہ / مذ) رخسار۔ رُخسارہ (پنجاب) گالی کا مخفف ہے گنگنی کو بھی کہتے ہیں۔
گال بجانا (ہ) بکواس کرنا۔ بیہودہ بکنا۔ شیخی مارنا۔ ڈینگ مارنا۔
گال پچک جانا۔ یا۔ پٹک جانا۔ یا۔ پچک جانا (ہ) گالوں کا دُبلا ہو جانا۔
گال پر گال چڑھنا (ہ) خوب موٹا تازہ ہو جانا۔ گالیں پھول جانا۔
گال پر گال رکھ دینا (ا / محاورہ) پیار کرنا۔
گال پھُلانا (ہ) گالوں میں ہوا بھر کر اُونچا کر لینا۔ موٹا ہونا۔ خفا ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔
گال توڑنا (ہ) زبردستی بوسہ لینا۔ زور سے چوما لینا۔ گال میں چٹکی لینا۔
گال چھونا (ا / محاورہ) گال کو ہاتھ سے مس کرنا۔
گال سینکنا (ہ) مبارکباد دینا۔ بلائیں لینا۔ ہاتھوں کو گرم کر کے نئے دولہا کے رخساروں پر پھیرنا۔
گال کاٹنا (ہ) نقصان پہنچانا۔ ضرر پہنچانا۔ رخسارہ پر دانت مارنا۔
گال کرنا (ہ) زبان درازی کرنا۔ گالی گلوچ بکنا۔ بے ہودہ بکنا۔
گال والا جیتے مال والا ہارے (ہ / مثل) زبان دراز کے سامنے شریف کو خاموش ہی ہونا پڑتا ہے۔
گالا (ہ / مذ) دُھنکی ہوئی روئی کا گولا۔ نہایت سفید برف سا۔ لوڈھے کے اندر کی موٹی موٹی روئی۔

گالا سا (ہ) رُوئی جیسا نرم اور ملائم - برف سا سفید - چٹا -
گالاسے بال (ہ/مذ) بالکل سفید بال -
گالم گلوچ (ہ/مث) گالی گفتار - گالی گلوچ - گلوچ تابع مہمل ہے -
گالو (ہ/مذ) بے ہودہ گو - بکواسی - شیخی خورا - تھوتھا -
گالوں میں چاول بھرنا (ہ) چبا چبا کر باتیں کرنا - چراھ بیٹھنا -
گالے کوے میں گے پھر تریں بگے (ہ/مثل) کلجگ کی بابت کہتے ہیں یعنی شریف تو ذلیل ہوں گے اور کمینوں کی بن آئے گی - بے تمیز ارجمند و عاقل خوار -
گالی (ہ/مث) بدزبانی - دشنام - فحش بات - سیٹھنی -
گالی دینا - یا - سُنانا (ہ) بُری بات منہ سے نکالنا - دشنام دینا - فحش بکنا - بدزبانی کرنا -
گالی کھانا (ہ) بُری بات سہارنا - دشنام سُننا -
گالی گفتار }
گالی گلوچ } (ہ/مث) تُو تُو مَیں مَیں - آپس میں گالی گلوچ - دشنام دہی - گالیوں کی لڑائی -
گال نہیں (ہ/روزمرہ) بُری بات نہیں -
گالیاں بکنا (ار/محاورہ) فحش باتیں کرنا - بدزبانی کرنا -
گالیاں پڑنا (ار/محاورہ) گالیاں دی جانا -
گالیاں شہالیاں (ہ/مث) پیاروں یا معشوقوں کی گالیاں بھی اچھی لگتی ہیں -
گالیوں پر اُتر آنا (ہ) بُرا بھلا کہنے لگ جانا -
گالیوں پر مُنہ کھلنا (ہ) گالیاں دینا - بدزبانی کرنا -
گالیوں کا جھاڑ باندھنا }
گالیوں کی بوچھاڑ کرنا } (ہ) متواتر اور مسلسل گالیاں دیے جانا - گالیوں کا مینہ برسانا - برابر گالیاں دیے جانا -
گام (ف/مذ) پیر - پاؤں - قدم - گھوڑے کی ایک چال کا نام - لگام - لجام -
گام (ہ/ف) گاؤں - دیہہ - گرام -
گان (ف) سزاوار - لائق -
گانا (ہ) راگ بولنا - الاپنا - شہرت دینا - جیسے تم تو اس کو گاتے پھرتے ہو - سراہنا - تعریف کرنا - بیتی کہنا - جیسے اپنی اپنی سب گاتے ہیں (مذ) راگ - نغمہ - سرود -
گانا بجانا (ہ/مذ) راگ رنگ - راگ گانا - ڈوم پنا کرنا -
گانٹھ (ہ/مث) جوڑ - بند - گرہ - عقدہ - گنّے کی پوریاں ملنے کی جگہ - گلٹی - غدود - عداوت - نفاق - بَیر - عہد و پیمان - قول و قرار -
گانٹھ باندھنا (ہ) گرہ دینا - یاد رکھنا - نکاح کرنا - عقد کرنا - قول و اقرار کرنا -
گانٹھ پڑنا (ہ) گُتھی پڑنا - اَن بن ہونا - ناراضی آجانا - گُٹھلیاں پڑ جانا -
گانٹھ جوڑنا (ہ) گٹھ جوڑا کرنا - عقد باندھنا -
گانٹھ سے جانا (ہ) گرہ سے جانا - جیب سے نکل جانا - نقصان ہونا - پاکٹ سے خرچ ہونا -
گانٹھ کا پورا (ہ) مال دار - امیر - دولت مند - زردار -
گانٹھ کا پورا عقل کا اندھا (ہ/محاورہ) احمق - مال دار - بے وقوف - دولت مند - سستی چیز کو مہنگی خریدنے والا -
گانٹھ کا پیسہ (ہ/مذ) پلے کا روپیہ - ذاتی مال -
گانٹھ کا دینا اور لڑائی مول لینا (ہ/محاورہ) گرہ سے روپیہ قرض دینا اور لڑائی خریدنا برابر ہے - قرض محبت کی قینچی ہے -
گانٹھ کاٹنا }
گانٹھ کترنا } (ہ) جیب کترنا - ٹھگنا - زیادہ قیمت وصول کرلینا -
گانٹھ کا کھونا (ہ) نقصان کردینا - اپنا ذاتی مال برباد کردینا -
گانٹھ کٹنا (ہ) نقصان ہو جانا - کٹنا - ٹھگا یا جانا - جیب سے چوری ہو جانا - زیادہ قیمت دی جانا -
گانٹھ کرنا (ہ) پرایا مال مارنا - غیر کا مال کھا جانا - مال جمع کرنا - جوڑنا - غبن کرنا -
گانٹھ کھولنا (ہ) تھیلی یا کیسہ کی گرہ کھولنا - عقدہ کشائی کرنا - کینہ دور کرنا - صفائی کرلینا - گرہ دور کرنا - خوب دل کھول کر خرچ کرنا -
گانٹھ گرہ میں کچھ نہیں (ہ/محاورہ) بالکل قلاش ہے - مفلس محض ہے - پلے کچھ نہیں -
گانٹھ گٹھیلا (ہ/مث) بہت سی گانٹھوں والا - مضبوط - چاق چوبند - خوب پکا -
گانٹھ لینا (ار/محاورہ) قبضے میں لینا - ہم خیال کرلینا -
گانٹھ میں رکھنا (ہ) نقدی پاس رکھنا - مال دار ہونا - امیر ہونا -
گانٹھ میں زر ہے تو نر ہے نہیں تو خر ہے (ہ/مثل) اگر دولت پاس ہے تو دلیر دانا ہے - ورنہ بے وقوف اور گاؤدی ہو -
گانٹھ میں ہونا (ار/محاورہ) جیب میں ہونا -
گانٹھا (ہ/مذ) ڈنٹھل - بھس کے ڈنٹھل ملا غلّہ - لکڑی کا گرہ دار حصہ -
گانٹھنا (ہ) گرہ لگانا - باندھنا - جوڑنا - پیوند لگانا - مرمت کرنا - جیسے جوتی گانٹھنا - مضمون باندھنا - خیال جوڑنا - ملانا - دوست بنانا - سازش کرنا - قابو کرنا -
گانجا (ہ/مذ) بھنگ کے پھولوں کا نشہ جو حقے کی طرح پیا جاتا ہے -
گانجو (ہ/صف) وہ جو بہت گانجا پیئے -
گاندھار (ہ/مذ) راگ کے سات سُروں میں سے تیسرا سُر جو سینے سے نکلتا ہے -
گاندھاری (ہ) راجہ دھرت راشٹر کی بیوی اور دریودھن کی ماں کا نام - قندھار کا مُتعلق -
گانس لینا }
گانسنا } (ہ) قابو کرنا - جکڑ لینا - گھیر لینا - پرونا - بیندھنا - سوراخ کرنا -

گانسی (ہ/مث) تیر کی انی - نوک - پیکان۔
گانگن (ہ/مث) ایک قسم کا پھوڑا - دُنبل۔
گانو - یا - گانوں - یا - گاؤں (ہ/مذ) قریہ - گام - گرام - موضع - پنڈ - پردیس - غیر - وطن - غیر ملک۔
گانو بانٹ (ہ/مث) نمبرداروں کی تقسیم شدہ حدیں - تقسیم دہ - گاؤں کی مختلف حصوں میں تقسیم۔
گانہ (ف) واسطے - تعیّن تعداد کے بھی آتا ہے - جیسے دوگانہ۔
گانے والے کا منہ نہیں رہتا اور ناچنے والے کے پیر (ہ/مثل) عادت چھپانے سے چھپتی نہیں - آدمی جیسا ہو ظاہر ہو جاتا ہے۔ ہنر ظاہر ہو کر ہی رہتا ہے۔
گاؤ (ف/مذ) بیل (مث) گائے - گئو۔
گاؤ پچھاڑ (ہ/مذ) پہلوانوں کی کشتی کے ایک داؤ کا نام ہے۔
گاؤ پرواری (ف) وہ بیل جس کو عمدہ غذا کھلا کر موٹا کر لیتے ہیں۔
گاؤ تکیہ (ف/مذ) بڑا تکیہ جس سے کمر لگا کر فرش پر بیٹھتے ہیں۔
گاؤ چشم (ف) بڑی آنکھوں والا۔
گاؤ خانہ (ف/مذ) گوسالہ - باڑا - ڈنگر باندھنے کی جگہ۔
گاؤ خورد ہونا (ا) گائے کے چرنے میں آجانا - گائے کے پیٹ میں چلا جانا - برباد ہو جانا - جاتا رہنا - ضائع ہو جانا - نیست و نابود ہونا۔
گاؤ دُم (ف) گائے کی دُم کا سا - ایک سرے موٹا - دوسرے سے پتلا - مخروطی - گاجر کی شکل کا - ایک باجے کا نام بھی ہے - ترنم - ترکی۔
گاؤ دیدہ (ف/مذ) بیل کی آنکھ سے مشابہ - ایک قسم کی میدے کی خمیری روٹی ہوتی ہے۔
گاؤ دوشہ (ف) دودھ دوہنے کا برتن۔
گاؤ زبان (ف/مث) گائے کی زبان کی سی کھردرے پتوں والی ایک بوٹی ہوتی ہے۔
گاؤ زمین (ف/مث) عام ہندوستانیوں کے خیال کے مطابق وہ گائے جس کے سینگ پر زمین ٹکی ہوئی ہے - جب زمین گناہوں سے بھاری ہو جاتی ہے تو وہ سینگ بدلتی ہے اس سے زلزلہ آتا ہے۔
گاؤ زور (ف) نہایت زور آور - بہت طاقت ور۔
گاؤ زوری (ف/مث) زور آوری - توانائی - طاقت - شہ زوری - کشتی کے ایک داؤ کا نام بھی ہے۔
گاؤ عنبر (ف) سمندری گائے جس کے گوبر سے بخیال اہل فارس عنبر بنتا ہے - مجازاً مال دار - ہر شخص کو فائدہ پہنچانے والا۔
گاؤ میش (ف/مث) بھینس - جھوٹ۔
گاوا (ف/مذ) گائے کا - گو کا - جیسے گاوا دودھ۔
گاوارا (ف/مذ) گہوارہ۔
گاؤدی (ف) بے وقوف - احمق - کم سمجھ - کند ذہن - نادان - ابلہ۔
گاؤلی (ہ/صف) گوالا - گائے چرانے والا۔

گاہ (ف/مث) گدی - تخت - بادشاہی تخت - وقت زمان - صبح - فجر - جگہ - مقام - حضور - باری - بار - دفعہ - مرتبہ - کبھی - کسی وقت۔
گاہ بگاہ - یا - گاہ گاہ (ف) کبھی کبھی - کسی کسی وقت - کبھی کبھار۔
گاہ بےگاہ (ف) وقت بے وقت - وقتاً فوقتاً۔
گاہک (ہ/مذ) خریدار - سودا خریدنے والا - مشتری۔
گاہکی (ہ/مث) خریداری - سودا خریدنا۔
گاہنا (ہ) اناج پر بیلوں کو پھرانا - اناج اور بھوسہ الگ کرنا - ملنا - مَسلنا - ڈھونڈنا - چھاننا۔
گاہے (ف) بھولے چوکے - کسی وقت۔
گاہے تولہ گاہے ماشہ (ف/مقولہ) متلون مزاج شخص کے متعلق کہتے ہیں جو دم بدم طبیعت بدلتا ہے۔
گاہے گاہے (ف) دیکھو (گاہ گاہ)
گاہے ماہے (ف) کبھی کبھار - مہینے بیس دن بعد - گاہ بگاہ۔
گائے (ہ/مث) مادہ گئو - مجازاً نہایت غریب طبع - بے زبان۔
گائے جنے اور بیل کی دُم پھٹے (ہ/مثل) سخی دے اور حاسد کو صدمہ ہو۔
گائے کی بچھیا تلے اور بچھیا کی گائے تلے کرنا (ہ) تدبیر اور حکمت عملی سے کام نکالنا - دھوکے اور فریب سے مطلب برآری کرنا۔
گائے کو اپنے سینگ بھاری نہیں ہوتے (ہ/مثل) مالک کو اپنی تکلیف والی چیز بھی ناگوار نہیں گزرتی - ماں باپ کو اپنی اولاد کی پرورش بری معلوم نہیں ہوتی۔
گائے کی طرح کانپنا (ہ) نہایت ڈرنا - ڈر کے مارے کانپنا - اس طرح کانپنا جیسے قصائی کے سامنے گائے جان کے خوف سے کانپتی ہے۔
گائے نہ بچھی نیند آئے اچھی (ہ/مثل) نادار آدمی بے خطر آرام سے سوتا ہے۔
گائتری (س/مث) رگوید کا ایک نہایت متبرک دعائیہ منتر - ایک چھند کا نام بھی ہے۔
گائیدن (ف) عورت سے جماع کرنا۔
گائک (س/مذ) گانے والا - گویا - قوال - ڈوم - میراثی۔
گائن (س/مث) گائک کی تانیث - گانے والی - ڈومنی۔

گ - ب

گبدا (ہ) بھرا ہوا بدن - موٹا تازہ - فربہ - ملائم گوشت۔
گبر (ف/مذ) آگ کی پوجا کرنے والا - آتش پرست - پارسی۔
گبرا (ہ) قیمتی - بھاری - مال دار - امیر - دولت مند - معزز - متکبر۔
گبرو (ف) نوجوان - نوعمر - پٹھا - نوشہ - دولہا - خاوند - پتی - مالک - شوہر۔

گبرون (۱/مذ) ایک قسم کا موٹا کپڑا۔ لدھیانہ کلاتھ۔
گبریلا (۵/مذ) بھونرے جیسا کالے رنگ کا ایک کیڑا۔ گوبر کا بھونڈا۔
گبھا (۵/مذ) توشک۔ گدا۔ گدیلا۔ روئی دار۔ بستر۔
گبھونی (۵/ست) وہ زمین جو گاؤں کے ارد گرد ہو۔
گبھیلا (۵/صف) سخت چیز۔
گبھیلے (۵/مذ) سدے جو بعض کی وجہ سے انتڑیوں میں پڑ جاتے ہیں۔

گ۔پ

گپ (ف/مث) من گھڑت بات۔ افواہ۔ جھوٹی بات۔ ڈینگ۔ شیخی۔ بڑائی۔ بکواس۔ بک بک۔ بے ہودہ بات۔
گپ شپ (۱/مث) جھوٹی سچی دلچسپ باتیں۔ دل لگی کی باتیں (شپ تابع مہمل ہے)
گپ مارنا۔ یا۔ ہانکنا (ف) شیخی بگھارنا۔ ڈینگ مارنا۔ جھوٹ بولنا۔
گپ چپ (۵/مث) گپ بمعنی اندھیرا اور چپ بمعنی خاموش سے مرکب ہے۔ چپ چاپ۔ خاموشی۔ لڑکوں کے ایک کھیل کا نام بھی ہے۔
گپ چپ کی مٹھائی (۵/ست) ایک قسم کی مٹھائی جو منہ میں فوراً گھل جاتی ہے۔
گپاگپ (۵/مذ) جلد جلد کھانے کی اور نگلنے کی آواز۔ غپاغپ۔ بکثرت۔ بافراط۔
گپت دان (س/مذ) پوشیدہ خیرات۔ ایسا دان کہ کسی کو کانوں کان خبر نہ ہو۔
گپت مار (۵/مث) گپتی مار۔ بے نشان ضرب۔ طعنہ مہنہ۔ طعن تشنیع۔
گپت مال (۵/مذ) چھپا خزانہ۔ دفینہ۔
گپتی (۵/مث) وہ تلوار جو لکڑی کے اندر چھپی ہوئی ہو۔ عصائے شمشیر۔
گپڑ سپڑ (۵/مث) بکواس۔ لغو باتیں۔ بے ہودہ باتیں۔
گپڑ چوتھ (۵/مث) گڈمڈ۔ غلط ملط۔ سمجھ میں نہ آنے والی۔
گپھا (۵/مذ) غار۔ کھوہ۔ شیر یا فقیر کے رہنے کی جگہ۔ جھاڑی۔ جنگل۔ بنی۔ بیلا بند۔ جھونپڑی۔
گپھا (۵/مذ) پھندا یا ریشم یا زری کے تاروں کا پھندا۔ گلدستہ گچھا۔
گپھے دار (ف) پھندنے والا۔ گپھے دار۔ لمبے گھنے بالوں والا۔
گپھا (۵/مذ) بہت سی چیز۔ بہت سا مال۔ دونوں ہاتھوں کی لپ کے مقدار مال۔ بہت سا نفع۔ فائدہ۔ سود۔
گپھا لگنا۔ یا۔ ملنا (۵) بہت سا مال مل جانا۔ بہت نفع اٹھانا۔

گپی۔ یا۔ گپیا (۵) شیخی خورا۔ بیہودہ گو۔ لپاٹیا۔ جھوٹا۔ بطال۔

گ۔ت

گت (۵/مث) رفتار۔ چال۔ حرکت۔ کیفیت۔ حالت۔ کریا کرم۔ مار پیٹ۔ زدوکوب۔ سُر۔ تان۔ نغمہ۔ لے۔ ناچنے کا ٹھاٹھ۔ رسم۔ رواج۔ دستور۔ قاعدہ۔ تجویز۔ علاج۔ چارہ۔ نجات۔ مکتی۔
گت بجانا (۵) سُر کلان۔ ساز بجانا۔ نغمہ بجانا۔ لے چھیڑنی۔
گت بنانا (۵) طرز اختیار کرنا۔ وضع بنانا۔ ساز درست کرنا۔ برا حال کرنا۔ تمسخر اڑانا۔ بری بات کرنا۔ خراب حال کرنا۔ سزا دینا۔ خوب مارنا پیٹنا۔
گت بھرنا } گت ناچنا } (۵) کسی ناچ کا ٹھاٹھ بنانا۔ ناچ کو کسی اصول کے موافق ظاہر کرنا۔
گت کا (۵) ڈھنگ کا۔ طریقے کا۔ وضع دار۔ قابلِ تعریف۔ اچھا۔ عمدہ۔
گت کرنا (۵) کریا کرم کرنا۔ مردے کی تجہیز و تکفین کرنا۔ استعمال میں لانا۔ اونے پونے بیچ ڈالنا۔ مارنا پیٹنا۔
گت ہونا (۵) استعمال میں آنا۔ دام کھڑے ہو جانا۔ بک جانا۔ بیتنا۔ حال پیش آنا۔ مار کھانا۔ سزا پانا۔ نجات ہونا۔ مکتی ہونا۔ مردے کی رسم ادا ہونا۔
گتا (۵/مذ) موٹا پٹھا جس سے کتابوں کی جلدیں باندھتے ہیں۔
گتکا (۵/مذ) گدکا۔ چمڑا چڑھی ہوئی لکڑی۔ سونٹا۔ ختکہ۔ پٹا کھیلنے کی لکڑی۔
گتھ جانا (ا/محاورہ) بھڑ جانا۔ لڑ پڑنا۔ گتھم گتھا ہو جانا۔
گتھم گتھا (۵) گتھم گتھا۔ خلط پٹ۔ باہمی لپٹ کر جھڑپ۔
گتھنا (۵) غلط پٹ ہونا۔ آپس میں لپٹنا۔ پرو دیا جانا۔ نتھی ہونا۔ ہار گندھنا۔ خیال میں محو ہونا۔ ڈوبنا۔ غرق ہونا۔
گتھوان (۵) خوب بٹا ہوا۔ ملایا ہوا۔ گوندھا ہوا۔
گتھی (۵/مث) گرہ۔ الجھن۔ گلجھٹی۔ گنجلک۔
گتھی پڑنا (۵) الجھنا۔ گلجھٹی پڑنا۔ بات کا پیچیدہ ہو جانا۔ معاملہ الجھنا۔ دل میں فرق آنا۔ دل میں گرہ پڑنا۔
گتھی سلجھانا (ا/محاورہ) عقدہ حل کرنا۔
گتی (س/مث) نجات۔ مکتی۔
گتیا (۵/مذ) طبلہ۔ بجانے والا۔ طبلچی۔

گ۔ٹ

گٹّا (ہ/مذ) ٹخنا۔ ٹخنے کی ہڈی۔ ہاتھ پاؤں کی ہڈیوں کا جوڑ۔ کلائی کا جوڑ۔ گھٹنے اور پیچھے کی دونوں ٹلیوں کے ملاپ کی جگہ۔ کاک۔ ڈاٹ۔ بوتل کی ڈاٹ۔ ایک قسم کی مٹھائی۔ کثرت سجدہ سے پیشانی کا نشان۔ پیچھے پھسلنے کی روڑی یا کنکر۔ پاؤں کی وہ جگہ جو زیادہ رگڑ کھانے سے سخت ہو جاتی ہے۔

گٹّا (ہ) پست قد۔ ٹھنگنا۔ ناٹا۔ گٹکینی۔ گٹکی۔

گٹ پٹ (ہ) اگڑ بگڑ۔ غٹ پٹ۔ گتھم گتھا۔

گٹرگوں (ہ/مذ) نر کبوتر کے گونجنے کی آواز۔ صحیح غٹرغوں ہے۔

گٹک (ہ/مث) کاک۔ ڈاٹ۔ گٹّا۔ چلم کے سوراخ میں رکھنے کی کنکری۔ جھجّل (پنجاب) سخت گٹھلی۔ بونا۔ پستہ قد۔ گٹلی۔

گٹکا (ہ/مذ) دوا کی بڑی گولی۔ گولی۔ انٹا۔ شطرنج کا مہرہ۔ چوپڑ کی گوٹ۔ مختصر کتاب۔ پاکٹ بک۔ جادو منتر کی کتاب۔ دودھ کا ایک آدھ گھونٹ۔ بے چبائے نگلا جا سکنے والا لڈو۔ پارے کی طلسمی گولی۔ جس کی بابت منہ میں رکھ کر اڑ جانے کی طاقت آجانا مشہور ہے۔

گٹکری (ہ/مث) وہ پیچدار آواز جو گاتے وقت گویوں کے گلے سے لہرا کر نکلتی ہے۔ لہراتی ہوئی آواز۔

گٹکنا (ہ) نگلنا۔ گلے سے اتارنا۔ کبوتر کا بولنا۔ غٹرغوں کرنا۔

گٹ گٹ (ہ/مث) جلد جلد پینے کی آواز۔ پتلی چیز کے حلق سے اتارنے کی آواز۔ صراحی۔ بوتل وغیرہ چھوٹے منہ کے برتن سے پتلی شے کے نکلنے کی آواز۔

گٹھ (ہ/مث) گانٹھ کا مخفف ہے۔ گرہ۔

گٹھ جوڑا (ہ/مذ) ہندوؤں میں پھیروں کے وقت جو دولہا دولہن کے آنچلوں میں جوڑا لگانے کی غرض سے دی ہوئی گرہ۔ گرہ بندھن۔ میاں بیوی۔ دولہا دولہن۔ میل جول۔ ساتھ۔ محبت۔ ہمراہی۔

گٹھ کترا / گٹھ کٹا (ہ/مذ) اچکا۔ جیب کترا۔ گرہ بر۔ چوٹا۔

گٹھا (ہ/مذ) کسی چیز کا بڑا گٹھڑ۔ گچھا۔ پیاز۔ لہسن کی گانٹھ۔ تین گز کا طولانی پیمانہ۔ جریب کا بیسواں حصہ۔

گٹھانا (ہ) جوتے وغیرہ کی مرمت کرانا۔ پیوند لگوانا۔ سلوانا۔

گٹھاؤ باندھنا (ار/محاورہ) تعلق پیدا کرنا۔ انجمن بنانا۔

گٹھڑ (ہ/مذ) انبار۔ بوجھ۔ بڑی گٹھڑی۔

گٹھڑی (ہ/مث) بقچی۔ پوٹ۔ پونجی۔ جمع۔ اندازہ۔ مقدار۔ ایک قسم کی تیراکی۔

گٹھڑی باندھنا (ہ) پوٹ باندھنا۔ گناہوں کا انبار سر پر دھرنا۔ سرمایہ جمع کرنا۔ مال اکٹھا کرنا۔ سفر کو تیار ہونا۔ استر بستر باندھنا۔

گٹھڑی حلال بقچہ حرام / گٹھڑی حلال بقچہ مردار (ف/ش) بیگانہ زیادہ مال تو حلال سمجھ کر ہضم اور تھوڑی چیز حرام جان کر چھوڑ دیں۔ تھوڑے میں ایمان داری اور بہت میں بے ایمانی۔

گٹھل (ہ) بڑی گٹھلی والا پھل۔ بے مغز۔ کند ذہن (مذ) گانٹھ۔ گرہ۔ گلٹی۔ غدود۔ بڑی گٹھلی۔

گٹھلانا (ہ/مص) کند ہونا۔

گٹھلی (ہ/مث) پھل کا بیج۔ تخم ثمر۔ ثمرہ۔ گانٹھ۔ غدود۔ گلٹی۔

گٹھنا (ہ) پیوند لگنا۔ مرمت ہونا۔ موٹا تانکا بھرا جانا۔ جڑنا۔ ملنا۔ سازش ہونا۔ یار بننا۔ جفتی ہونا۔ جٹنا۔ نتھی ہونا۔ مضمون بندھنا۔ آواز ملنا۔ سجنا۔ زیب دینا۔

گٹھوند (ہ/مذ) امانت جو تھیلی میں رکھی ہو۔ تحویل۔

گٹھی (ہ/مث) گرہ۔ گانٹھ۔ جوڑ۔ بند۔

گٹھیا (ہ/مث) جوڑوں کا درد۔ وجع مفاصل۔ نقرس۔ گٹھڑی کی تصغیر۔ پوٹلی۔ چھوٹی گٹھڑی۔

گٹھیلا (ہ) گانٹھوں والا۔ گرہ دار۔ قوی۔ مضبوط۔ کمایا ہوا۔

گٹّی۔ یا۔ گٹّی (ہ/مث) پھرکی۔ ریل جس پر تاگا لپٹا ہوتا ہے۔ چلم کی روڑی۔ جھجّل۔ روڑ۔

گ۔ ج

گج (س/مذ) ہاتھی۔ فیل۔ پیل۔

گج باگ۔ یا۔ بانک (ہ/مذ) ہاتھی کو چلانے اور قابو میں رکھنے کا آلہ۔

گج پتی (س/مذ) ہاتھیوں کا راجہ۔ سب سے بڑا ہاتھی۔ مہاوت۔ فیلبان۔

گج دنت (س/مذ) ہاتھی دانت۔ عاج۔

گج راج (س/مذ) بڑا ہاتھی۔

گج موتی (ہ/مذ) بہت بڑا موتی۔ ہندوؤں کا خیال ہے کہ سب سے بڑا موتی ہاتھی کے سر سے نکلتا ہے۔

گج نال (ہ/مث) بہت بڑی جنگی توپ۔ قلعہ شکن توپ۔

گجال (ہ/مث) ایک قسم کی مچھلی۔ کھونٹی جس پر کپڑے ٹانگتے ہیں۔

گجر (ہ/مذ) چار و آٹھ دوبارہ بجنے پر گھنٹے کا دوبارہ بجنا۔ صبح ہونا۔ صبح صادق کے وقت گھڑیال بجنا۔

گجر دم۔ یا۔ گجر بجے (ہ/مذ) بہت سویرے۔ تڑکے۔ علی الصباح۔ سویرے سویرے۔

گجر (ہ/مث) گاجر کا مخفف۔ گزر۔

گجر بھت۔ یا۔ گجریلا (ہ/مث) کدوکش میں نکالی ہوئی گاجریں۔ چاولوں اور دودھ کے ساتھ پکی ہوئی۔

گجرا (ہ) گاجروں کا پتا۔ گاجر کا سبزہ۔ پھولوں کا ہار۔ کلائی میں پہننے کا زیور۔ پھولوں کے کنگن۔
گجری (ہ/مث) گوجر کی عورت۔ گوجری۔
گجگجا (ہ) گلگلا۔ نم دار۔ گیلا۔ کرارا کی ضد۔ کسی رینگنے والے کیڑے کے جسم کی نمی۔ کچا۔ نیم پختہ۔
گجگجانا (ہ) کیڑوں کا رینگنا۔ کیڑوں کا کلبلانا۔
گجھا (ہ/مذ) بہت سامال۔ دھن۔ دولت۔ خزانہ۔ ایک دم جمع شدہ بہت سامال۔ انبار۔ ڈھیر۔ تھیلا۔
گجھا (ہ/مذ) پوشیدہ۔ مخفی۔ چھپا ہوا۔
گجھی (ہ/مث) پوشیدہ۔ اندرونی۔ گپتی۔
گجھی گرمی (ہ/مث) حبس والی گرمی جو بظاہر معلوم نہ ہو۔
گجھی مار (ہ/مث) اندرونی ضرب۔ بھیتری مار۔ جس کا نشان ظاہر نہ ہو۔
گجئی (ہ/مث) کان سلائی۔ کنسلائی۔ ایک برساتی کیڑے کا نام ہے۔
گجئی (ہ/مذ) گوجرا۔ گوجرا۔ گندم اور جو باہم ملے ہوئے۔
گجیا (ہ/مث) سموسہ۔ ایک قسم کا پکوان۔ کان کی چھوٹی سی بالی۔

گ ۔ چ

گچ (ف/مذ) چونہ۔ پکی چھت۔ پکا فرش۔ پختہ دیوار۔
گچ کاری (ف/مث) چونے کا کام۔
گچا کا (ہ/مث) جوانی میں بھری ہوئی عورت۔ نوعمر عورت۔ نوجوان لونڈی۔
گچا گچ (ہ/مث) تلوار یا خنجر کے جسم میں گھسنے کی آواز۔ نرم گوشت میں کسی چیز کے گھسنے کی آواز۔
گچ پچ۔ یا۔ کچ پچ (ہ/مذ) بہت بھیڑ۔ ازدحام۔ کچا کچ۔
گچھا (ہ/مذ) اناج کی بالی۔ خوشہ۔ سنبلہ۔ بھیڑ۔ غول۔ انبوہ۔ پھندنا۔ چھتا۔ تاگوں کا ڈھیر۔ لچھا۔ مکھیوں یا حشرات الارض کا ڈھیر۔ مجمع۔ بھینسوں کا چھتا۔ ایک ہی شاخ میں کئی پھلوں کا مجموعہ۔
گچی (ہ/مث) چھوٹے منہ کا ذرا سا گڑھا۔ بچوں کا کوڑیاں کھیلنے کا گڑھا۔
گچی آنکھ (ہ/مث) چھوٹی آنکھ۔

گ ۔ د

گد (ہ/مث) کسی چیز کے زمین پر گرنے کی آواز۔ دھم۔ دھڑام۔
گدا۔ یا۔ گدھا (ہ/مذ) ایک قسم کی چلتی لے والا گیت۔
گدا (ف/مذ) منگتا۔ بھکاری۔ فقیر۔
گدا اگر تواضع کند خوئے اوست (ف/مثل) تواضع کرنا فقیر کی عادت ہے۔
گداگری (ف) بھیک مانگنا۔ بھیک مانگنے کا کام۔ فقیری۔ ٹکڑگدائی۔
گدا (ہ/مذ) گیہوں۔ جوار وغیرہ کا نیم پختہ خوشہ۔ گدرایا ہوا خوشہ۔ گدیلا۔ توشک۔ روئی دار بستر۔ چری کی پولی۔ مشت۔ قفا۔
گدا (ہ/مذ) موٹا ٹہنا۔ ڈالا۔ درخت کی موٹی اور مضبوط شاخ۔ ٹہنا۔ مکا۔
گداختہ (ف/صف) پگھلا ہوا۔ گلا ہوا۔
گداز (ف) گھلا ہوا۔ پگھلا ہوا۔ ملائم۔ نرم۔
گدا کا (ہ) فربہ اندام اور سڈول جسم والا۔ نوخیز معشوق۔ گبرو۔ پٹھا۔ نوخیز۔
گدا گد (ہ/مث) لگاتار گرنے کی آواز۔ مسلسل۔ لگاتار۔ متواتر۔
گدالا (ہ/مذ) دو رخی کدال جس سے زمین کھودتے یا دیوار گراتے ہیں۔
گدام (انگ/مذ) ذخیرہ۔ وہ مکان جس میں کسی چیز کا ذخیرہ رکھیں۔
گدائی (ف/مث) فقیری۔ بھیک مانگنا۔
گدائے شب کوک (ف) وہ فقیر جو رات کو بھیک مانگے اور ولایت کے وہ فقیر جو اپنے محلوں میں کسی درخت۔ کسی مینار۔ یا کسی ٹیلے پر بیٹھ جاتے ہیں اور محلے والوں کو نام بنام دعائیں دیتے ہیں اور صبح کو ہر شخص کے دروازے پر جاکر صدقہ بٹورتے ہیں۔
گدبد (ہ) لگاتار گرنے کی آواز۔
گدر (ہ) ادھ پکا۔ ادھ کچرا۔ نیم پختہ۔ گدرایا ہوا ملائم۔
گدرانا (ہ) پھل کا کچا پکا ہو جانا۔ نیم پختہ ہو جانا۔ گدر ہو جانا۔ جوانی میں بھرنا۔ بدن بھرنا۔ گداز ہونا۔ آنکھ میں گدلا پن آنا۔ آنکھ دکھنے کو آنا۔
گدرایا ہوا بدن (ہ/مذ) جوانی میں بھرا ہوا بدن۔ فربہ اندام۔
گدڑی (ہ/مث) بہت سے پیوندوں والا فقرا کا لباس۔ خرقہ۔ دلق۔ پھٹی ہوئی رضائی۔
گدڑی میں لال (ہ/مذ) نالائقوں میں لائق۔
گدڑیا (ہ) گدڑی رکھنے والا۔ پھٹے حال میں رہنے والا۔ پھٹے پرانے کپڑے بیچنے والا۔ گدڑی کی حقارتاً تصغیر بھی ہے۔
گدکا (ہ/مذ) دیکھو (گتکا)
گدگدا (ہ) نرم۔ ملائم۔ گداز۔
گدگدانا (ہ) پیٹ۔ بغل وغیرہ کو انگلیوں سے چھو کر ہنسی دلانا۔ خوش کرنا۔ ہنسانا۔ ابھارنا۔ بھڑکانا۔ چھیڑنا۔ مذاق کرنا۔

شوق بڑھانا ۔ گھوڑے کو ایڑ لگانا۔
گدگداہٹ (ہ) گدگدی ۔ گدگدی کا اثر۔
گدگدائیے وہاں تک جہاں تک ہنسی نہ آئے (ہ/مثل) ہنسی مذاق اس حد تک اچھا ہے کہ دوسرے کو ناگوار نہ گزرے۔
گدگدے (ہ/مذ) اُبلی ہوئی جوار ۔ جوار کی گھنگیاں ۔ گدگدا کی جمع۔
گدگدی (ہ/مذ) بغل یا تلوے یا پیٹ میں انگلیوں سے چھونے کی ہنسی ۔ لہر ۔ شوق۔
گدگدی کرنا (ہ) جسم کو چھو کر ہنسانا ۔ گدگدانا ۔ چھیڑنا۔
گدگدی دل میں ہونا (ہ) اُمنگ ہونا ۔ شوق پیدا ہونا ۔ خود بخود ہنسی آنا۔
گدلا (ہ) گارلا ہوا ۔ میلا ۔ مکدر ۔ گاڑھا ۔ غلیظ۔
گدلاپن (ہ/مذ) میل ۔ کدورت ۔ رنج۔
گدلانا (ہ) پانی کا میلا ہونا ۔ پانی کو مکدر کرنا ۔ گنگھولنا۔
گدمہ (ہ/مذ) نہایت ملائم پشم دار کمل۔
گدنا (ہ) ہاتھوں وغیرہ کو سوئی سے گود کر سرمہ یا نیل بھرا جانا۔
گدوانا (ہ/ا/مص) بدن پر بیل بوٹے بنوانا۔
گدھ (ہ/مذ) چیل کی قسم کا ایک مُردار خور پرندہ ۔ کرگس۔
گدھا (ہ/مذ) خر ۔ کھوتا ۔ دراز گوش ۔ بے وقوف ۔ مورکھ ۔ نادان ۔ احمق ۔ اُلو ۔ گدھے کا بوجھ ۔ بورا ۔ جیسے مٹی کے دو گدھے ڈلوا دو۔
گدھا برسات میں بھوکا مرے (ہ/محاورہ) اپنے وہم سے خود مصیبت میں پڑنے والے احمق کی نسبت بولتے ہیں۔
گدھاپن (ہ/مذ) بے وقوفی ۔ حماقت ۔ نادانی ۔ مورکھ پن۔
گدھا پیٹے گھوڑا نہیں ہوتا (ہ/محاورہ) احمق ادب دینے سے عاقل نہیں ہو سکتا۔
گدھا چند (ہ/ا/صف) بے وقوف آدمی۔
گدھا دلدل میں پھنسنا (ہ/ا/محاورہ) کسی کا ایسے جھگڑے میں پھنسنا جس سے نکلنا مشکل ہو۔
گدھا دھونے سے بچھڑا نہیں ہوتا (ہ/محاورہ) رذیل کبھی شریف نہیں ہو سکتا ۔ سجاوٹ اور آرائش سے بڑی چیز بڑی ہی رہتی ہے۔
گدھا کمر سا میں موٹا ہوتا ہے (ہ/محاورہ) احمق مفلسی میں دبلا نہیں ہوتا ۔ وہم اپنا اثر ہر چیز میں دکھا دیتا ہے۔
گدھا کیا جانے زعفران کی قدر (ہ/ا/محاورہ) احمق کبھی عزت و مرتبہ کی قدر نہیں جانتا۔
گدھا گھوڑا ایک بھاؤ } (ہ/ا/مثل) ظلم اور ناقدر شناسی اور بدتمیزی
گدھا گھوڑا برابر } کے موقع پر بولتے ہیں یعنی اچھے برے سب برابر ہو گئے ۔ سب کے ساتھ یکساں سلوک۔
گدھا مرے کمہار کا دھوبن ستی ہو (ہ/مثل) نقصان کسی کا ہو اور جی کوئی کڑھائے۔
گدھا پینچو (ہ/مذ) لڑکوں کے ایک کھیل کا نام ہے۔
گدھوں سے ہل چلیں تو بیل کیوں بسائیں (ہ/مثل) بے تمیزوں سے اگر ہنرمندوں کا کام نکلے تو ہنرمندوں کی کیا قدر ہو ۔ اُنہیں کون پوچھے۔
گدھوں کے ہل چلنا ۔ یا ۔ پھرنا (ہ) نہایت ویران ہونا ۔ کہ وہاں گدھے چرتے پھریں۔
گدھے پر کتابیں لادنا (ہ) علم پڑھ کر اس پر عمل نہ کرنا ۔ احمق کو علم پڑھانا۔
گدھے پر سوار کرنا ۔ یا ۔ چڑھانا (ہ) رسوا کرنا ۔ بدنام کرنا ۔ ذلیل کرنا ۔ تشہیر کرنا۔
گدھے کو انگوری باغ ۔ یا ۔ گدھے کو پوری حلوا ۔ یا ۔ خشکہ ۔ یا ۔ گلقند (ہ/ا/محاورہ) احمق کو اونچا مرتبہ ۔ نالائق کو بڑا کام ۔ بے وقوف کو اونچا رتبہ۔
گدھے کو حلوا کھلا کر لاتیں کھانا (ہ) بدوں سے بھلائی کر کے بُرائی پانا۔
گدھے کو گدھا کھجاتا ہے (ہ/محاورہ) احمق کو احمق ہی سراہتا ہے۔
گدھے کو گدھا کھجائے ترت بدلہ پائے (ہ/مثل) احسان کے فوری بدلے کے لیے بولتے ہیں۔
گدھے کو دیا تھا لون اُس نے کہا میری آنکھیں دکھتی ہیں ۔ یا ۔ آنکھیں ہی پھوڑ دیں (ہ/محاورہ) بے تمیز پر احسان کیا تھا اُس نے سمجھا بدسلوکی ہوئی ۔ احمق کے ساتھ نیکی کرنا نہ کرنا برابر ہے۔"
گدھے کے کھلائے کا پاپ نہ پُن (ہ/محاورہ) احمق سے نیک سلوک کرنا نہ کرنا دونوں برابر ہیں۔
گدھے کے ہل چلوانا (ہ) کسی شہر کو برباد اور تباہ کرانا ۔ آباد جگہ کو اُجاڑ دینا۔
گدھے کے منہ میں خشکہ (ہ/ا/مثل) نااہل کو کوئی اچھی چیز دینے کے موقع پر کہتے ہیں۔
گدھے والا (ہ/ا/صف) وہ شخص جو کرائے کے لیے گدھا رکھتا ہے۔
گدھی (ہ/مث) گدھا کی مؤنث ۔ مادہ خر ۔ کھوتی ۔ احمق عورت۔
گدھی گدھے کا بیاہ (ہ/مذ) دھوپ میں بارش ہونے کے وقت بچے اسے کہتے ہیں۔
گدھیا (ہ/مث) گدھی ۔ مادہ خر ۔ کھوتی۔
گدی (ہ/مث) سر کا پچھلا حصہ ۔ قفا ۔ پشت ۔ گردن۔
گدی ناپنا ۔ یا ۔ ناپنا (ہ) گدی پر دھپے لگانا ۔ چپت لگانا۔
گدی پیچھے مت ہونا (ہ) ناقص عقل ہونا ۔ سمجھ سے خالی ہونا۔

بے عقل ہونا۔
گدی سے زبان کھینچنا ۔ یا ۔ نکالنا (ہ) سخت سزا دینا ۔ سزائے موت دینا۔
گدی (ہ/مث) مسندِ حکومت ۔ تختِ شاہی ۔ سنگھاسن ۔ گدیلا ۔ مسند ۔ گدا ۔ کپڑے یا رُوئی یا کاغذ کی تہہ۔
گدی پر بیٹھنا (ہ) کسی پیر یا گرو یا بزرگ کے بعد اس کا جانشین ہونا ۔ راجہ ہونا ۔ تخت پر بیٹھنا ۔ مسندِ حکومت پر جلوہ فرمانا۔
گدی نشین (ا/مذ) تخت نشین ۔ حکومت کی گدی پر بیٹھنے والا ۔ درویشوں پیروں وغیرہ کا جانشین۔
گدی نشینی (ا/مث) تخت نشینی ۔ حکومت ۔ مُلکی اختیار ۔ پیر کی جانشینی ۔
گدیلا (ہ/مذ) توشک ۔ رُوئی کا گدا ۔ ہاتھی کے اُوپر رکھنے کا گدا۔

گ ۔ ڈ

گڈ (ہ/مث) گاڑی کا مخفف ۔ چھکڑا ۔ گاڑی ۔
گڈ والا (ہ/مذ) گاڑی بان ۔ بہلیاں ۔ بہلی یا چھکڑا چلانے والا۔
گڈ (انگریزی) اچھا ۔ عُمدہ ۔ خوب ۔ نفیس ۔ نیک ۔ پارسا ۔ اشراف ۔ شریف ۔ مُفید۔
گڈ آفٹر نُون (انگریزی/مث) انگریزوں کا تیسرے پہر کا سلام ۔ سہ پہر رات سے گزرے۔
گڈ ایوننگ (انگریزی/مث) انگریزوں کا شام کا سلام ۔ شام خیریت سے گزرے۔
گڈ بائی (انگریزی/مث) اللہ بیلی ۔ خدا حافظ ۔ اللہ نگہبان ۔ سلام رخصت ہے۔
گڈ فرائی ڈے (انگریزی/مذ) جمعہ کا دن جس میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام مصلوب ہوئے ۔ شبِ شہادتِ عیسیٰؑ ۔
گڈ مورننگ (انگریزی/مث) صبح کا سلام ۔ صبح سلامتی سے گزرے ۔
گڈ نائٹ (انگریزی/مث) رات کا سلام ۔ رات سلامتی سے گزرے ۔
گڈّا (ہ/مذ) بوجھ لادنے کی گاڑی ۔ چھکڑا ۔ مُٹھا ۔ بنڈل ۔ گٹھا ۔ پوٹلی۔
گڈّا (ہ/مذ) بُت ۔ پُتلا ۔ کپڑے کا بنا ہوا آدمی کی صُورت کا بُت ۔ جس سے لڑکیاں کھیلا کرتی ہیں ۔ رُسوائی اور بدنام کرنے کا پُتلا ۔ جو بھاٹ اور ڈوم بنا کر لکڑی سے باندھتے اور تشہیر کرتے ہیں ۔
گڈّا بنانا (ہ) رُسوا کرنا ۔ بدنام کرنا ۔ فضیحت کرنا ۔
گڈ بڈ (ہ) خلط ملط ۔ ملا جُلا ۔ گڈ مڈ ۔

گڈریا (ہ/مذ) بکریاں چرانے والا ۔ چرواہا ۔ راعی ۔ شبان ۔
گڈریا پیران (ہ/مذ) گڈریوں کے قصّے کہانیاں جو گڈریے سنائیں ۔
گڈریوں کا گیت (ہ/مذ) وہ گیت جو گڈریے گائیں ۔
گڈرن (ہ/مث) گڈریا کی جورُو ۔ گڈریا کی مؤنث ۔
گڈس آفس (انگریزی/مذ) مال کا دفتر ۔ ریلوے مال گودام کا دفتر ۔ مال روانہ کرنے اور آنے کا دفتر ۔
گڈس ٹرین (انگریزی/مث) مال گاڑی ۔ اسباب لاتے اور لے جانے والی ریل گاڑی ۔
گڈس کلرک (انگریزی/مذ) مال گودام کا بابو ۔
گڈ مڈ (ہ) ملا جُلا ۔ مخلوط ۔ خلط ملط ۔ گھلا ملا ۔
گڈ مڈ ہونا (ہ) مخلوط ہونا ۔ ملنا جُلنا ۔ گتھنا ۔ جُڑنا ۔
گڈھ ۔ یا ۔ گڑھ (ہ/مذ) قلعہ ۔ کوٹ ۔ حصار ۔ چھوٹا قلعہ ۔ گڑھی ۔
گڈ ہوپ ۔ یا ۔ راس اُمید ۔ جنُوبی افریقہ کے جنوب میں ہے ۔ پرتگیز جب ہندوستان کا بحری راستہ دریافت کر رہے تھے ۔ تو اس راس کا نام راس اُمید رکھا ۔ یہاں پہنچ کر ہندوستان پہنچنے کی اُمید ہو گئی تھی ۔
گڈھی (ہ/مث) گڈھ کی تصغیر ۔ چھوٹا قلعہ ۔ کوٹ ۔ کوٹلہ ۔
گڈّی (ہ/مث) مُٹھا ۔ پوٹلی ۔ بنڈل ۔ کاغذ کے دس دستوں کا مجموعہ ۔ گاڑی ۔ چھکڑا ۔
گڈّی (ہ/مث) گھٹنے کی ہڈی ۔ ہڈیوں کے جوڑ ۔ ایک قسم کا پتنگ ۔ ایک قسم کا چھوٹا تحفہ ۔ سُرسُرٹی ۔ پرندے کا دونوں بازو سمیٹ کر نیچے گرنے کی حالت ۔

گ ۔ ذ

نوٹ : فارسی میں حرف "ذ" نہیں اس لیے ذیل کے الفاظ کو "ز" سے لکھنا درست ہے ۔

گذارش (ف/مث) شرح ۔ تشریح کرنا ۔ اصطلاحاً عرض ۔ درخواست ۔ التجا ۔ بیان ۔ اظہار ۔
گذاشتنی (ف) چھوڑ دینے اور معاف کر دینے کے قابل ۔
گذشتنی (ف) گزرنے کے قابل ۔ فانی ۔
گذشتہ (ف) گزرا ہوا ۔ ماضی ۔ سابقہ ۔ پچھلا ۔
گذشتہ را صلوٰۃ آیندہ را احتیاط (ف/محاورہ) پچھلی باتیں جانے دو آئندہ محتاط رہو ۔
گذرگاہ (ف) گزرنے کی جگہ ۔ گھاٹی ۔
گذرنامہ (ف) راہداری کا پروانہ ۔

گ ـ ر

گِر (ہ/مذ) پہاڑ ـ پربت ـ کوہ ـ جبل ـ
گَر (ف) گار کا مخفف بجنی والا ـ کنندہ ـ عموماً پیشہ کے واسطے جیسے
نقلی گر ـ زرگر بنانے والا ـ جیسے بادشاہ گر ـ حرفِ شرط
اگر کا مخفف بھی ہے ـ
گُرو (ہ/مذ) گُرو کا مخفف ہے ـ پیر ـ مُرشد ـ رہنما ـ ہادی ـ اُستاد ـ
مُعلّم ـ گُیہ ـ قاعدہ ـ اُصول ـ نکتہ ـ باریکی ـ بزرگ ـ
مربّی ـ
گُروبھائی (ہ/مذ) پیر بھائی ـ ایک ہی گُرو کے چیلے ـ اُستاد بھائی ـ
کلاس فیلو ـ ہم جماعت ـ
گُرودوارہ (ہ/مذ) گُرو کے رہنے کی جگہ ـ سکھوں کا دھرم سالہ ـ
گرنتھ صاحب کا مکان ـ
گُرو گُرو بدیا بسر سرگیان (ہ) ہر شخص کی رائے جُدا جُدا ہوتی ہے ـ ہر
اُستاد کا علم جُدا اور ہر سر میں عقل مختلف ہوتی ہے ـ
گُرو گُڑ ہی رہے چیلے شکر ہوگئے (ہ/مثل) شاگرد اُستاد سے
بڑھ گیا ـ ادنیٰ اعلیٰ رتبہ کو پہنچ گیا ـ
گُروگیان (ہ/مذ) پیرانہ پند ـ پند بزرگان ـ مُرشد کی دینی تعلیم ـ
مُرشدانہ نصیحت ـ
گُرومکھی (ہ/مث) گُرو کی زبان ـ گُرو کی بولی ـ بابا نانک صاحب
کی پنجابی زبان جس میں گرنتھ لکھا گیا ہے ـ پنجابی زبان
کے ہندی حروف ـ
گُرومنتر (ہ/مذ) پیر کی ہدایت ـ تلقین مُرشد ـ گُرو اپدیش ـ
گِراپڑا (ہ) افتادہ ـ خوار ـ ذلیل ـ حقیر ـ بے قدر ـ کمینہ ـ
گَراس (ہ/مذ) نوالہ ـ لقمہ ـ
گراس (انگریزی/مث) ہری گھاس ـ گیاہ ـ
گراس کٹ } (انگریزی/مذ) گراس کٹ سے بگڑا ہے ـ گھسیارا ـ
گراس کٹر } گھاس کھودنے والا ـ سائیس ـ
گِرام (س/مذ) گاؤں ـ موضع ـ دِہ ـ قریہ ـ بستی ـ کھیڑا ـ راگ
کی اُٹھان ـ راگ کے سُروں کا مجموعہ ـ
گرامی (ف) عزیز ـ پیارا ـ لاڈلا ـ محبوب ـ بزرگ ـ محترم ـ مخدوم ـ
معظم ـ
گرامی قدر (ف/صف) بڑی عزت والا ـ معزز ـ
گرامی نامہ (ف/مذ) بڑے کا خط ـ
گِراں (ف) بھاری ـ بوجھل ـ ثقیل ـ خفیفت کی ضد ـ مہنگا ـ
بیش قیمت ـ ارزاں کی ضد ـ دوبھر ـ ناگوار ـ ناپسند طبع ـ
سخت ـ کڑا ـ جیسے گراں جاں ـ دشوار ـ کٹھن ـ مشکل ـ سست ـ کاہل ـ
گراں بار (ف) بھاری بوجھ میں لدا ہوا ـ پھل لانے والا ـ باردار ـ
حاملہ ـ امیر ـ دولت مند ـ

گراں باری (ف/مث) زیرباری ـ پریشانی ـ
گراں بہا (ف) بیش قیمت ـ بیش بہا ـ قیمتی ـ عمدہ ـ بڑھیا ـ
قابلِ قدر ـ
گراں بہ حکمت ارزاں بہ علّت (ف/مثل) جو چیز مہنگی ہوتی ہے اس
میں کوئی خوبی ہوتی ہے اور جو چیز سستی ہوتی ہے اس میں کوئی خرابی ہوتی ہے ـ
گراں جاں (ف) سخت جان ـ دیر میں مرنے والا ـ بوڑھا اور بے حیا
زندگی والا ـ بیمار ـ جان سے تنگ ـ
گراں جانی (ف/مث) بے حیائی ـ بے شرمی ـ سخت جانی ـ
گرانڈ کینال ـ یا ـ نہر اعظم ـ یہ نہر چین کی سب سے بڑی نہر ہے ـ
... میل لمبی ٹنسٹن سے ہانکو تک آمد و رفت ہوتی ہے ـ
فلورنس اٹلی میں نہر ہے جو انگریزی حرف S کی صورت میں
بہتی ہے ـ
گراں خاطر (ف) دوبھر ـ اجیرن ـ ناگوار طبع ـ ناراض ـ رنجیدہ ـ
مکدّر ـ
گراں گزرنا ـ یا ـ معلوم ہونا (ف) بُرا لگنا ـ دوبھر معلوم ہونا ـ ناپسند
ہونا ـ ناگوار گزرنا ـ
گراں ہونا (ف) ناگوار ہونا ـ دوبھر ہونا ـ مہنگا ہونا ـ بھاؤ چڑھنا ـ
نرخ بڑھنا ـ
گراں مایہ (ف) بیش قیمت ـ عمدہ ـ
گرانا (ہ) ڈالنا ـ پھینکنا ـ دے مارنا ـ ٹپکنا ـ ٹپکنا ـ ڈھانا ـ
منہدم کرنا ـ درجہ یا قیمت کم کرنا ـ گھٹانا ـ حمل اسقاط کرنا ـ
رواں کرنا ـ خون بہانا ـ بکھیرنا ـ لنڈھانا ـ نڈھال کرنا ـ
مضمحل کرنا ـ
گرانی (ف/مث) مہنگا پن ـ بھاؤ کی تیزی ـ کمی ـ توڑا ـ قلّت ـ
بدہضمی ـ پیٹ کا بوجھ ـ قحط ـ کال ـ خشک سالی ـ
گرانیٔ خاطر ـ یا ـ طبع (ف/مث) بیزاری ـ نفرت ـ طبیعت کی
ناراضی ـ ناپسندیدگی ـ
گراؤنڈ (انگریزی/مذ) میدان ـ زمین کا نقشہ ـ بنیاد ـ دلیل ـ
زمین ـ
گِراہ (ہ/مذ) مگرمچھ ـ گھڑیال ـ نہنگ ـ
گِرائی (ف/مث) گیرائی کا مخفف ـ پکڑ ـ گرفتاری ـ محکم ٹھگی ـ
گرب (س/مذ) گھمنڈ ـ غرور ـ تکبّر ـ گمان ـ حمل ـ بار ـ پیٹ ـ
گُربز (ف) مکّار ـ دغاباز ـ گرگ بز سے بنایا گیا ہے ـ
گُربہ (ف/مث) بلّی ـ پُوسی ـ چوہوں کو پکڑ کر کھا جانے والا
جانور ـ
گُربۂ آبی (ف/مث) اُود بلاؤ ـ دریائی بلّی ـ
گُربہ چشم (ف) کرنجی آنکھوں والا ـ نیلی آنکھوں والا ـ بلّی
جیسی آنکھوں والا ـ
گُربہ کُشتن روزِ اوّل (ف) رُعب پہلے ہی دن خوب بیٹھ سکتا ہے ـ
گُربۂ مسکین (ف) مکّار ـ فریبی ـ دیکھنے میں غریب اور افعال میں
شریر ـ

گربھ (س/مذ) حمل بار۔ پیٹ۔ کچا بچہ۔ جنین۔
گربھ استھان (ہ/مذ) عورت کا بچہ دان۔ رحم۔
گربھ پات (س/مذ) حمل گرنا۔ اسقاطِ حمل۔
گر پڑ کر۔ یا۔ گرتا پڑتا (ہ) خدا خدا کرکے۔ بڑی مشکل سے۔ مصیبت جھیل کر۔ بمشکل تمام۔
گرتا پڑتا (ہ) جلد و شتابی۔ دوڑتا لپکتا ہوا۔ اُفتاں و خیزاں۔
گر پڑنا (ہ) زمین پر آپڑنا۔ ڈھے جانا۔ نہایت کمزور ہو جانا۔ تباہ ہو جانا۔ برباد ہو جانا۔
گرج (ہ/مث) بجلی کی آواز۔ کڑک۔ ہاتھی کی چنگھاڑ۔ شیر کی دھاڑ۔ نام ایک ولایت کا۔ بہادروں کا نعرہ۔
گرج کر بولنا (ہ) چیخ کر بولنا۔ کڑاکے سے بولنا۔ خوب زور کی آواز سے نعرہ مارنا۔
گرجا دار (صف) وہ موتی جس میں بال پڑا ہوا ہو۔ ناقص موتی۔
گرجا (پرتگالی/مذ) عیسائیوں کا عبادت خانہ۔ کلیسا۔ چرچ۔
گرجتے ہیں سو برستے نہیں (ہ/مثل) شیخی خوروں کی باتیں ہی باتیں ہوا کرتی ہیں۔ ان سے بنتا بناتا کچھ نہیں۔
گرجنا (ہ) کڑکنا۔ بجلی کا آواز دینا۔ شیر کا دھاڑنا۔ ہاتھی کا چنگھاڑنا شور مچانا۔ چلا کر بولنا۔ کڑک کر بولنا۔
گرد (ف/مث) باریک ذروں والی مٹی۔ راکھ۔ دھول غبار۔ ناچیز۔ بے حقیقت۔
گرد اُڑانا (ہ) غبار اُڑانا۔ خاک اُڑانا۔ برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔
گرد آفتاب (ف/مث) ذرّے جو سورج کی کرنوں میں چمکتے ہیں۔
گرد آلود۔ یا۔ آلودہ (ف) خاک میں لتھڑا ہوا۔ دھول بھرا ہوا۔
گرد اُٹھنا (ار/محاورہ) ہوا کے زور سے غبار کا زمین سے بلند ہونا۔
گرد باد (ف/مذ) بگولا۔ ہوا کا چکر۔
گرد بیٹھنا (ا) غبار جم جانا۔ دھول کا نیچے بیٹھنا۔ آندھی کا کم ہو جانا۔ میل جمنا۔
گرد جھاڑنا (ا) غبار صاف کرنا۔ دھول اُتار دینا۔ سزا دینا۔ مارنا۔
گرد کو نہ پہنچنا (ا) ذرا بھی مقابلہ نہ کر سکنا۔ برابری نہ ہو سکنا۔ ساتھ نہ چل سکنا۔ پیچھے رہ جانا۔ کوئی بھی نسبت نہ ہونا۔
گرد و غبار (ف/مذ) خاک۔ دھواں۔
گرد ہونا (ا) مات ہونا۔ وہم پڑ جانا۔ ماند ہونا۔ بے حقیقت اور ناچیز ہو جانا۔ نہایت سہل اور آسان ہونا۔ شرمندہ اور نادم ہونا۔ مقابل نہ ہو سکنا۔ بے رونق ہونا۔
گرد (ف) گھیرا۔ گول حلقہ۔ پیچھے۔ سر۔ درپئے۔ چاروں طرف۔ اِدھر اُدھر۔ آس پاس۔ نواح۔ دَور۔ جمع۔ فراہم۔ اکٹھا۔ شہر۔ بستی۔ مدینہ۔
گرد گھما (ہ/مذ) آوارہ پھرنے والا۔ کسی کے گرد پھرنے والا۔ ہرزہ گرد۔ مُفلس۔ تماش بین۔
گرد نامہ (ف/مذ) بھاگے ہوئے کو واپس لانے کا خاص قسم کا تعویذ۔
گرد غبار (ف/مذ) خاک۔ دُھول۔
گرد و نواح (ف ع/مذ) آس پاس کا علاقہ۔ اطراف۔ سوادِ شہر۔ پڑوس۔
گرد ہونا (ا) سر ہونا۔ پیچھے پڑنا۔ درپے ہونا۔
گردا (ف/مذ) غبار۔ دھول۔ ریت۔ ریتا۔ بالو۔
گرداب (ف/مذ) پانی کا چکر۔ بھنور۔ ورطہ۔
گرداگرد (ف) چاروں طرف۔ چار کھونٹ۔ اردگرد۔ سب طرف۔ آس پاس۔
گرداں (ف) گردش کرنے والا۔ اُلٹا ہوا۔ پلٹا ہوا۔ واپس آمدہ۔
گردان (ف) ہلا ہوا۔ سدھا ہوا۔ مانوس کبوتر (مث) دَور۔ لوٹاؤ۔ ترتیب کے موافق صیغوں کو پڑھنا۔ قرآن شریف کو دُہرانا۔
گردان کرنا (ا) زمانہ اور وحدت و جمع کی ترتیب سے صیغوں کو پڑھنا۔ دُہرانا۔ مشق کرنا۔
گرداننا (ا) کسی فعل کے تمام صیغوں کو کہنا۔ دَور کرنا۔ دُہرانا۔ ماننا۔ تسلیم کرنا۔ فرض کرنا۔ لپیٹنا۔ پلانا۔ پھنسانا۔
گردانی (ار/مث) چادر یا دوپٹہ جو عورتیں نماز پڑھتے وقت خاص طریقے سے لپیٹتی ہیں۔
گرد آور۔ یا۔ گرد آور (ف/مذ) پٹواریوں کے حلقے یا چنگی کے علاقے میں پھر کر دیکھنے والا افسر۔ گشت کرنے والا عہدے دار۔
گرد بالش (ف/مذ) سوتے وقت رُخساروں کے نیچے رکھنے کا امیروں کا تکیہ۔
گردش (ف/مث) چکر۔ دَور۔ پھیر۔ حرکت۔ انقلاب۔ تغیر۔ تبدیلی۔ بدنصیبی۔ بداقبالی۔ آفت۔ سختی۔ مصیبت۔
گردش پڑنا (ار/محاورہ) اُفتاد پڑنا۔ مصیبت پڑنا۔
گردش کرنا (ا) گھومنا۔ پھرنا۔ چکر کھانا۔
گردش میں آنا (ہ) مصیبت یا تباہی میں پھنسنا۔ بلا کے چکر میں آنا۔
گردک (ف) خمیر۔ پہیلی۔ چیستان۔ ایک قسم کی روٹی۔
گردن (ف/مث) ناڑ۔ گلا۔ گلو۔
گردن اینٹھی رہنا (ا) اکڑا اور کھنچا رہنا۔ خفا رہنا۔ ناراض رہنا۔
گردن پر بوجھ ہونا (ا) احسان میں دبنا۔ بُرائی ذمہ رہنا۔ عذاب سر پر ہونا۔ ناگوار ہونا۔ گراں بار ہونا۔

گردن پر جوا رکھنا (ل) کسی بھاری کام کا ذمّہ لینا۔ بوجھ اُٹھانا۔ فرمانبرداری کرنا۔ اطاعت کرنا۔ جورُو والا بنانا۔ متاہل کرنا۔

گردن پہ خون ہونا (ل) کسی کے قتل کا عذاب یا گناہ سر پر ہونا۔ خون کا مجرم ہونا۔ بے گناہ قتل کرنا۔

گردن پہ سوار ہونا (ل) کسی کی گردن پر بیٹھنا۔ سر ہونا۔ سخت تقاضا کرنا۔ مجبور کرنا۔ تنگ کرنا۔ ڈرانا۔ دھمکانا۔ پیچھے پڑا رہنا۔

گردن پھنسانا (ل) گردن کو پھندے میں ڈالنا۔ اپنے آپ کو خطرے میں ڈالنا۔ ضامن ہونا۔ ذمّہ داری لینا۔

گردن پھیرنا (ل) سرکشی کرنا۔ حکم نہ ماننا۔ باغی ہونا۔ انکار کرنا۔

گردبُر (ف) بڑھئی کا برمہ۔

گردن جُھکانا (ل) گردن نیچے کرنا۔ بوجھ سے گردن خم کرنا۔ ادب سے سلام کرنا۔ تسلیم بجالانا۔ فرمانبرداری کرنا۔ اطاعت کرنا۔ نادم ہونا۔ شرمندہ ہونا۔ ممنون ہونا۔ احسان مند ہونا۔ عاجزی کرنا۔

گردن خم کرنا (ار/محاورہ) گردن جُھکانا۔

گردن دبانا (ار/محاورہ) مغلوب کرنا۔ قابو کرنا۔

گردن ڈالنا (ار/محاورہ) شرمندگی یا مجبوری سے گردن نیچی کرنا۔

گردن ڈھلنا۔ یا۔ ڈھلکنا (ل) گردن ٹوٹ جانا۔ منکا ڈھیلا پڑ جانا۔ مرنے کے قریب ہونا۔

گردن زدنی (ف) قتل کرنے کے لائق۔ کشتنی۔ واجب القتل۔

گردن سے جُوا اُتارنا (ل) فرمانبرداری اور اطاعت سے نکلنا۔ آزاد ہونا۔

گردن فراز (ف) معزز۔ صاحب رُتبہ۔

گردن کا منکا (ا/مذ) پیٹھ کی وہ ہڈی جہاں سے گردن شروع ہوتی ہے۔

گردن کا منکا ڈھلنا۔ یا۔ ڈھلکنا (ل) گردن کی پچھلی ہڈی کا لٹک جانا۔ مرنے لگنا۔

گردن کٹنا (ل) قتل ہونا۔ مارا جانا۔ گلا کٹنا۔ حلال ہو جانا۔ زبردستی نال لیا جانا۔

گردن کشی (ف/مث) بغاوت۔ نافرمانی۔ غرور۔ گھمنڈ۔ تکبر۔ گستاخی۔ شوخی۔ شرارت۔

گردن مارنا (ہ) قتل کرنا۔ ہلاک کرنا۔ مار ڈالنا۔

گردن مروڑنا (ل) گردن توڑنا۔ گلا گھونٹنا۔ بے ذبح کسی جانور کو گلا دبا کر مار ڈالنا۔

گردن ناپنا (ل) گردن اُڑانا۔ قتل کر ڈالنا۔ مار ڈالنا۔

گردن نہ اُٹھانا (ل) دم نہ مارنا۔ اُف نہ کرنا۔ شرم سے آنکھ سامنے نہ کرنا۔ انکار نہ کرنا۔ عُذر نہ کرنا۔

گردن ہلانا (ل) انکار کرنا۔ مکرنا۔ مُنکر ہونا۔

گردن ہلنے لگنا (ل) نہایت بوڑھا ہو جانا۔ کمزوری سے گردن کا کانپنا۔

گردنا (ا/مذ) ڈھول دھپّا۔ سیلی۔ تھپّا۔ موٹی اور تیار گردن۔ فربہ گردن۔ بکری کی گردن کا گوشت۔

گردنی (ف/مذ) گھوڑے کی گردن پر ڈالنے کا کپڑا۔ بالاپوش اسپ۔ کُشتی کے داؤ کا نام۔ گلے میں ڈالنے کا چاندی کا ہار۔ دھپّا۔ سیلی۔ کالس۔ کنگنی۔

گردوں (ف/مذ) پھرنے والا۔ مجازاً آسمان۔ فلک۔ آکاش۔ چرخ۔ گاڑی۔ چھکڑا۔ رتھ۔ بہل۔ چرخی۔ پہیّا۔

گِردہ (ف/مذ) حلقہ۔ گھیرا۔ دائرہ۔ کنڈلی۔

گُردہ (ف/مذ) جانداروں کے اندرونی عضو کا نام جس میں پیشاب چھنتا ہے۔ مجازاً جرأت۔ حوصلہ۔ دلیری۔ بہادری۔ ایک قسم کی چھوٹی توپ۔

گرُڑ (س/مذ) گدھ۔ پنجاب میں نیل کنٹھ کو کہتے ہیں۔ وشنو جی کی سواری۔

گرُڑ پران (ہ/مذ) ہندوؤں کے چھٹے پران کا نام ہے۔

گُرز (ف/مذ) سر پر مارنے کے ایک لوہے کے ہتھیار کا نام ہے۔ گدا۔ عمُود۔

گُرز بردار (ف/مذ) گُرز اُٹھانے والا۔ پہلوان۔ بہادر۔

گُرزِ گاؤسر (ف/مذ) وہ گرز جس کی شکل گائے کے سر کی ہو۔ فریدوں کے گُرز کا نام۔

گُرز مار (ا/مذ) گُرز رکھنے والے مسلمان فقیروں کا ایک گروہ۔

گروس (انگریزی/مذ) بارہ درجن چیزیں۔ ۱۴۴ چیزوں کا بنڈل۔ گردس کا بگاڑ۔

گزُسد (ہ/مذ) تحفہ۔ عطیہ۔ پیشکش۔

گرُسل (ہ/مث) مینا کی قسم کا ایک چھوٹا سا زرد چونچ والا جانور۔

گُرسنگی (ف/مث) بھوک۔ کھدیا۔ اشتہا۔

گُرسنہ (ف) بھوکا۔ کھدیا والا۔

گرِفت (ف/مث) پکڑ۔ قبضہ۔ دستہ۔ پکڑنے کی جگہ۔ اعتراض۔ مزاحمت۔ مطالبہ۔

گرفت کرنا (ل) پکڑنا۔ اعتراض کرنا۔ تھامنا۔ مزاحمت کرنا۔

گرفت میں آنا (ار/محاورہ) چنگل میں آنا۔ پکڑا جانا۔

گرفتار (ف) پکڑا ہوا۔ قیدی۔ اسیر۔ پھنسا ہوا۔ مبتلا۔ عاشق۔ دلدادہ۔

گرفتار کرنا (ل) پکڑنا۔ باندھ لینا۔ اسیر کرنا۔ قید کرنا۔ مشکیں باندھنا۔

گرفتاری (ف/مث) پکڑ۔ قید۔ نظربندی۔ جنجال۔ اُلجھاؤ۔

گرفتگی (ف/مث) پکڑ۔ رکاؤ۔ تتلاہٹ۔ توتلا پن۔

گرفتہ (ف) پکڑا ہوا۔

گُرگ (ف/مذ) بھیڑیا۔ ایک مشہور درندہ ہے۔ اور ایک شہر کا نام۔

گُرگ باراں دیدہ (ف) تجربہ کار۔ دلیر۔ خرانٹ۔ آزمودہ کار۔

گُرگِ کہن (ف) پُرانا بھیڑیا۔ مجازاً نہایت تجربہ کار۔ بڑا مکار۔ خرانٹ۔

گرگا (ہ امذ) چھوکرا۔ شاگرد۔ چیلا۔ ادنیٰ نوکر۔ ملازم۔ بدکار۔ بدوضع۔ نہایت شریر۔ پرلے درجے کا شیطان۔

گرگابی (ف امث) ایک قسم کا انگریزی جوتا۔

گرگٹ (ہ امذ) کرلا۔ ایک قسم کی بڑی چھپکلی۔

گرگٹ کے سے رنگ بدلنا / گرگٹ کی طرح رنگ بدلنا (ہ) ایک حالت پر نہ رہنا۔ تغیر و تبدل ہونا۔ رنگ متغیر ہونا۔ غصے کے مارے لال پیلا ہونا۔

گرگین (ب) خارش کا مریض۔ ایک ایرانی پہلوان کا نام۔

گر گئے دانت آم کھانے سے (ہ امثل) تعجب اور خلاف عقل بات کی بابت کہتے ہیں۔ یعنی اتنے نازک کہ آم جیسی نرم چیز کھانے سے دانت اکھڑ گئے۔

گرل سکول (انگریزی امذ) لڑکیوں کا مدرسہ۔

گرم (ف) تتا۔ جلتا ہوا۔ حار۔ تیز رفتار۔ میل جول رکھنے والا۔ تیز۔ مستعد۔ تند۔ خفا۔ ناراض۔ لال دہکتا ہوا۔ چالاک۔ شوخ۔ عیار۔ چلبلا۔

گرم بازاری (ف امث) خوب بکری۔ بڑی گاہکی۔ رونق بازار۔ لین دین کی زیادتی اور کثرت۔

گرم بولنا (ہ) تیز ہونا۔ تندی سے جواب دینا۔ بدمزاجی سے پیش آنا۔

گرم جوشی (ف امث) جوش۔ شوق۔ سرگرمی۔ تپاک۔ محبت۔ اختلاط۔ کوشش۔ سعی۔

گرم خبر (ہ امث) تیز افواہ۔ عام شہرت۔ دھوم۔ عام خبر۔

گرم خیز (ف) چالاک۔

گرم دل (ف امذ) عاشق۔

گرم سرد (ف) تتا ٹھنڈا۔ نیم گرم۔ برا بھلا۔ بد و نیک۔

گرم سرد اٹھانا۔ یا۔ سہنا (ہ) ہر قسم کا وقت دیکھنا۔ برا بھلا سہنا۔ ہر قسم کی باتیں سہنا۔ زمانہ کی مصیبتیں برداشت کرنا۔ تجربہ حاصل کرنا۔

گرم سفر (ف اصف) سفر میں سرگرم۔

گرم سیر (ف) گرم ملک۔ وہ ولایت جس کی آب و ہوا گرم ہو۔

گرم شتاب (ف اصف) تیزی کرنے والا۔

گرم فغاں (ف اصف) رونے دھونے میں مصروف۔

گرم کپڑے (ہ امذ) روئی دار یا اونی کپڑے۔ جاڑے کی پوشاک۔

گرم کرنا (ہ) تتا کرنا۔ جوش دینا۔ آگ لگانا۔ غصہ دلانا۔ دوڑنا۔ تیز کرنا۔

گرم مزاج (ف) تند خو۔ غصیل۔ تیز مزاج۔

گرم مزاجی (ف امث) تند خوئی۔ بد مزاجی۔

گرم مسالا (ہ امذ) سالن کو خوشبودار۔ اور چٹپٹا بنانے کا مسالا۔ یعنی زیرہ۔ مرچ سیاہ۔ لونگ۔ الائچی اور دارچینی۔

گرم ہونا (ہ) تتا ہونا۔ تپنا۔ جلنا۔ جوش ہونا۔ ابلنا۔ جوش میں آنا۔ خفا ہونا۔ تیز ہونا۔ بارونق ہونا۔

گرما (ف امذ) گرمی کا موسم۔ تابستان۔

گرمابہ (ف امذ) حمام۔ نہانے کا گرم مکان۔

گرمانا (ہ) جلنا۔ خفا ہونا۔ تتا ہونا۔ آگ بگولا ہونا۔ تیز ہونا۔ ستانا۔ گرم رفتار ہونا۔ لازم و متعدی دونوں معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

گرمائی (ہ امث) گرمی۔ تپش۔ گرم دوائی۔

گرمی (ف امث) تپش۔ حرارت۔ جلن۔ سوزش۔ موسم گرما۔ تابستان۔ اختلاط۔ میل جول۔ تپاک۔ ہمدردی۔ شوخی۔ چلبلاپن۔ گرم بازاری۔ رونق۔ تندی۔ تیزی۔ جوش۔ ولولہ۔ محبت۔ الفت۔ شہوت نفسانی۔ جوانی۔ امنگ۔ پسینہ۔ عرق۔ گرمی دانہ۔ آتشک۔ سوزاک کی بیماری۔

گرمی دانے (ہ امذ) چھوٹے چھوٹے دانے جو گرمی کے دنوں میں بدن پر نکل آتے ہیں (پنجابی) پت۔

گرمی کے کپڑے (ہ امذ) وہ ٹھنڈا لباس جو اکثر گرمی کے دنوں میں پہنتے ہیں۔

گرمی نکالنا (ہ) حرارت دفع کرنا۔ غصہ نکالنا۔ مار پیٹ کرنا۔ جماع کرنا۔ بھوک پیاس کرنا۔

گرمیاں (ہ امث) گرمی کی جمع۔ میل جول۔ تپاک۔ موسم گرما۔ خفگیاں۔ ناراضیاں۔

گرنا (ہ) اوپر سے نیچے آ پڑنا۔ پھل وغیرہ کا جھڑنا۔ پھسلنا۔ لڑھکنا۔ منہدم ہونا۔ نزلے وغیرہ کا اترنا۔ ٹپکنا۔ ڈھلکنا۔ نہایت مائل ہونا۔ لالچ کرنا۔ شکست کھانا۔ ہارنا۔ بیمار پڑنا۔ قدر نہ رہنا۔ برسنا۔ پانی پڑنا۔ بھاؤ کم ہونا۔ نرخ گھٹنا۔ ہجوم کرنا۔ کثرت سے خریداری کرنا۔ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔

گرنتھ (س امذ) مذہبی کتاب۔ شاستر۔ عام کتاب۔ پوتھی۔ سکھوں کی وہ مقدس کتاب جسے گرو نانک صاحب نے تصنیف فرمایا ہے۔

گرنج (ف) چاول جو دھان سے نکلتا ہے۔

گرنڈ (ہ امذ) چکی کا مٹی کا بنا ہوا گھیرا جس میں آٹا گرتا اور جمع ہوتا ہے۔

گرو (س امذ) مرشد۔ پیر۔ ہادی۔ استاد۔ معلم۔ اتالیق۔ بزرگ۔ کامل فن۔ شریر۔ مفسد۔ شہدا۔ ہشیار۔ خرانٹ۔ جگت استاد۔ ریشی منی۔

گرو گھنٹال (ہ امذ) سب کا پیر۔ سب کا استاد۔ بدمعاشوں کا سرغنہ۔ نہایت چالاک۔

گرو گڑ ہی رہے چیلے شکر ہو گئے (ہ) شاگرد کے استاد سے بڑھ جانے کے موقع پر بولتے ہیں۔

گرد (ف امذ) رہن۔ گہنے۔ گروی۔

گرو نامہ (ف امذ) رہن نامہ - گہنے رکھنے کا تمسک -

گروہ (ف امذ) ٹولی - جماعت - طائفہ - جتھا - پرا - غول - جھنڈ - جنس - قسم - جمع شدہ لشکر - فوج - درجہ - ذات -

گروہہ (ف) بندوق کی گولی - غلیل کا غلّہ -

گروی (ا امث) رہن - بندھک - گہنے - دھرور - مرہونہ چیز -

گروی پتّر (ہ امذ) رہن نامہ -

گروی دار (ا امذ) وہ شخص جس کے پاس کوئی چیز گروی رکھی جائے -

گروی ضبطی (ا امث) گروی چیز کا ضبط کر لینا -

گرویدہ (ف) فریفتہ - عاشق - دل دادہ - بسر - دربئے - مرید - پیرو - مطیع -

گرہ (ف امث) گانٹھ - گلبھٹی - بندھن - عقدہ - جیب - پاکٹ - کیسہ - تین انگل کی چوڑائی - گز کا سولھواں حصّہ - جوڑ - بند - کدورت - رنج و ملال - دقّت - دشواری - مشکل - گٹھلی - گلٹی - غدود - گنّے کی پوری کی حد - ہلدی وغیرہ کی گٹھی - بند کے آخر کا شعر - ٹیپ کا شعر -

گرہ باندھنا (ا) یاد رکھنا - یادداشت کے لیے کسی کپڑے میں گانٹھ لگا لینا - پلّے باندھنا - کسی چیز کو سنبھال کے رکھنا - ہوا نہ لگنے دینا -

گرہ پڑنا (ا) گلبھٹی پڑنا - الجھنا - دل میں بل پڑنا - عداوت ہونا - دشمنی ہونا -

گرہ دار (ف) گٹھیلا - بہت سی گانٹھوں والا -

گرہ دینا (ا) گانٹھ لگانا - یاد رکھنا -

گرہ سے جانا - یا - گرہ کا جانا (ا) جیب سے خرچ ہونا - ذاتی نقصان ہونا -

گرہ کھلنا (ا) مشکل حل ہونا - عقدہ کھلنا - جیب کا کترا جانا - ذاتی نقصان ہونا -

گرہ کھولنا (ا) مشکل حل کرنا - عقدہ وا کرنا - رفع کدورت کرنا - ملال دور کرنا -

گرہ گیر (ف) بل دار - پیچ دار - پیچیدہ - مڑا ہوا -

گرہ لگانا (ا) ایک مصرع پہ دوسرا مصرع لگانا - گانٹھ باندھنا - جوڑنا -

گرہ ہونا (ا) بند ہونا - مندنا - اٹکنا - پھنسنا -

گرہ (س امذ) گھر - مسکن - گھر والی - استری -

گرہ (س امذ) منحوس ستاروں کا جمع ہونا - ہندی جوتش کے نو ستارے یعنی سورج - چاند - منگل - بدھ - برہسپتی - شکر - سنیچر - راہو - کیت -

گرہ آنا (ہ) نحوست آنا - ادبار آنا - برا ستارہ آنا -

گرہست (س امث) عیالداری - تعیل داری - دنیاداری - خانہ داری - امورِ معاشرت

گرہستن (ہ امث) منکوحہ - بیوی - زوجہ - پردہ دار عورت - خاوند والی عورت - اشراف عورت - سگھڑ - سلیقہ والی -

گرہستی (ہ امذ) عیال دار - گھر باری صاحبِ خانہ مرد - کسان - زمیندار - گھر کا اسباب - سامانِ خانہ -

گرہن (س امذ) پکڑ - گرفت - چاند اور سورج کو راہو کو پکڑ لینے وقت کسوف و خسوف - گہن -

گرہن لگنا (ہ) داغ لگنا - عیب لگنا - کسوف یا خسوف کا واقع ہونا -

گری (ہ امث) مغز جیسے بادام وغیرہ کی گری - ناریل کا مغز - کھوپا - کھوپرا - گروہ (ف امذ) گلا - گلو -

گری ہوئی آواز (ا امث) پست آواز -

گریاں (ف) نالاں - روتا ہوا (ہ امث) گری کی جمع -

گریبان (ف امذ) گری بمعنی گلو - بان کلمہ محافظت سے مرکب ہے - کپڑے کا وہ حصّہ جو گلے کے گرد اگرد اور نیچے رہتا ہے -

گریبان پکڑنا - یا - گریبان میں ہاتھ ڈالنا (ا) گریبان پکڑ کر گھسیٹنا - گردن پکڑنا - تقاضا کرنا -

گریبان پھاڑنا } (ا) گریبان کی دھجیاں اڑانا - دیوانہ ہونا -
گریبان تار تار کرنا } غم و الم میں کپڑے پھاڑ ڈالنا - وحشت کے
گریبان چاک کرنا } باعث کپڑے پھاڑ ڈالنا - پاگل ہو جانا -

گریبان دریدہ (ف اصف) گریبان پھاڑے ہوئے -

گریبان گیر ہونا (ا) دعوے دار ہونا - دامن گیر ہونا - گریبان پکڑنا - مزاحم ہونا -

گریبان میں منہ چھپانا } (ا) کسی سے شرمندہ ہونا - سامنے نہ ہونا -
گریبان میں سر ہونا } آنکھیں نیچے ہونا - نادم ہونا -

گریبان میں منہ ڈالنا } (ا) اپنا فعل دیکھ کر شرمندہ ہونا -
گریبان میں منہ دے کر دیکھنا } نہایت شرمندہ اور خجل ہونا - اپنے قصور کا اقرار کرنا - شرم و ندامت سے گردن جھکا لینا - سر جھکانا - مراقبہ کرنا - گردن جھکا کر غور کرنا -

گریبان میں ہاتھ ڈالنا (ا امحاورہ) کسی کا گریبان پکڑنا - کسی چیز کا تقاضا کرنا -

گریٹ پلین - شمالی میدانِ اعظم - یہ میدان بحر اوقیانوس سے چل کر بحر الکاہل پر ختم ہو جاتا ہے - ایشیا میں سائبیریا اور سٹیپ کے میدان میں شامل ہے - آب و ہوا سرد ہے - سردیوں میں برف سے کئی مہینے جما رہتا ہے -

گریٹ سنٹرل پلیٹو آف ایشیا - سطح مرتفع ہے - شمالی میدان اور جنوب میں دریائی میدان ہیں - سطح پامیر سے مشرق و مغرب کو پہاڑی سلسلہ ہے - التائی - تھیان شان - بلولوئی - قراقرم - البرز - طارس - انٹی طارس اور کوہ ہمالیہ پھیلے ہوئے ہیں -

گریٹ سینٹ برناڈ - کوہستان الپس کی ایک چوٹی ہے جو ۱۱۰۸۰ فٹ بلند ہے - اس میں اسی نام کا ایک درہ ہے جو ۸۱۵۰ فٹ اونچا ہے - اس کے نزدیک سینٹ برناڈ کا گرجا ہے جہاں کے راہب بھولے بھالے مسافروں کو کتّوں کی مدد

سے لے آتے ہیں اور علاج معالجہ کے بعد رخصت کر دیتے ہیں۔
گریٹ وال ۔ یہ دیوار تقریباً پندرہ سو میل لمبی ہے ۔ کہیں پہاڑیوں کی چوٹیوں پر سے کہیں دریا کی گھاٹیوں میں ہے ۔ عجائباتِ عالم میں سے ہے ۔ چین اس دیوار کی وجہ سے دوسرے ملکوں سے الگ ہے ۔
گرینچ ۔ انگلینڈ میں ہے ۔ یہاں سے طول بلد شمار کرتے ہیں ۔
گریکوالینڈ ۔ مغربی جنوبی افریقہ میں ہے ۔ ۱۸۷۶ء میں آباد ہوا تھا ۔
گرین لینڈ ۔ جزیرہ ڈنمارک کے ماتحت ہے ۔ اور بحر اوقیانوس میں قطب شمالی کے نزدیک ہے ۔ سردیوں میں یہاں کئی مہینے برف بھی رہتی ہے ۔ اسکیمو لوگ رہتے ہیں ۔ جن کا مچھلیوں پر گزر ہے ۔ اس کے پاس ہی سے دریائی کی زرد گرین لینڈ بہتی ہے ۔
گریجوایٹ (انگریزی امذ) بی ۔ اے کے درجہ کی سند یافتہ ڈگری یافتہ ۔ درجہ دار ۔
گریڈ (انگریزی امذ) درجہ ۔ مرتبہ ۔
گریز (ف امث) بھاگنا ۔ بھاگ ۔ شکست ۔ علیحدگی ۔ پرہیز ۔ ایک مضمون سے دوسرے مضمون کی طرف واپسی ۔
گریزپا (ف اصف) بھاگنے والا ۔ بھگوڑا ۔ مفرور ۔
گریز کرنا (ہ) بھاگنا ۔ پرہیز کرنا ۔ متنفر رہنا ۔
گریزاں (ف) بھاگنے والا ۔ متنفر ۔
گریک (انگریزی امذ) یونان کا باشندہ ۔ یونانی ۔
گریمر (انگریزی امث) علم صرف و نحو ۔ صرف و نحو کی کتاب ۔
گریہ (ف امذ) رونا ۔ زاری ۔
گریۂ شادی (ف امذ) خوشی کی حالت میں رونا ۔
گریۂ شیشہ (ف امذ) شراب کا صراحی سے جام میں گرنا ۔
گریہ کناں (ف) روتا پیٹتا ۔ نالاں ۔ گریاں ۔ آہ و زاری کناں ۔
گریہ و زاری (ف امث) رونا دھونا ۔ رونا پیٹنا ۔ واویلا ۔ کہرام ۔ آہ و نالہ ۔ فریاد ۔ دہائی ۔ پٹیک پیٹنا ۔

گ ۔ ڑ

گڑ (ہ امذ) گنے کا رس جس کی بھیلیاں بناتے ہیں ۔ قند سیاہ ۔ میٹھا ۔ شیریں ۔
گڑ انبہ (ہ امذ) گڑ اور آم کی کیریوں کا بنا ہوا حریرہ ۔ (گڑنبھ)
گڑ دھانی (ہ امث) گرم بھنے ہوئے دھانوں یا گیہوں میں گڑ ملا کر لڈو سے بنے ہوتے ۔
گڑ دیے جو مرے تو زہر کیوں دیجیے (ہ امحاورہ) اگر کام نرمی سے نکلے تو سختی کی کیا ضرورت ۔ جو کام آسانی سے ہو سکتا ہے اُسے دقت میں کیوں ڈالے ۔
گڑ کلیا میں پھوڑنا (ہ) خفیہ مشورہ ہونا ۔ کسی ایسی بات کا پوشیدہ طور پر کرنا ۔ جو ظاہر ہونے والی ہو ۔
گڑ کھانا اور گلگلوں سے پرہیز کرنا (ہ) تھوڑی سی بدنامی سے بچنا اور بڑی کی پروا نہ کرنا ۔
گڑ کھائے گا تو اندھیرے میں آئے گا (ہ امثل) نفع کی امید پہ تکلیف بھی اٹھائے گا ۔
گڑ ہو گا تو مکھیاں بہت آ جائیں گی (ہ امحاورہ) دولت ہو گی تو حاجت مند اور غریب بہتیرے دست بستہ حاضر ہوں گے ۔
گڑا بٹائی (ہ امث) غلے کی وہ تقسیم جو تودا لگا کر اندازاً کی جائے ۔
گڑاکو (ہ امذ) گڑ ملا تمباکو ۔ بنا ہوا تمباکو ۔
گڑبڑ (ف امث) پیٹ کے بولنے کی آواز ۔ بکھیڑا ۔ افراتفری ۔ جھمیلا ۔ بدانتظامی ۔ کھلبلی ۔ گڑبڑ ۔ درہم برہم ۔
گڑبڑ کرنا (ہ) جھگڑا پھیلانا ۔ بکھیڑا ڈالنا ۔ گڑبڑ کرنا ۔ پیٹ بولنا ۔
گڑبڑی (ہ امث) کھلبلی ۔ افراتفری ۔
گڑپ (ہ امث) جلدی سے کسی ملائم چیز کی پانی وغیرہ میں گھس جانے کی آواز ۔ غڑاپ ۔ جلد ۔ جھٹ پٹ ۔
گڑپنکھ (ہ امذ) بڑے بڑے پروں والا پرندہ ۔ ڈھیلی پوشاک والا آدمی ۔
گڑتی (ہ امذ) ساتھی ۔ دوست ۔ یار ۔
گڑجانا (ہ) گڑ جانا ۔ دھس جانا ۔ دب جانا ۔ دفن ہونا ۔ نہایت شرم کے مارے سر جھکا لینا ۔ بے حد نادم ہونا ۔ قائم ہونا ۔ نصب ہونا ۔ جم جانا ۔ اڑ جانا ۔ پاؤں کا گاڑ دینا ۔ چبھ جانا ۔
گڑکوٹ (ہ امذ) قلعہ ۔
گڑگا (ہ امذ) پاجامہ ۔
گڑگج (ہ امذ) قلعہ کا وہ برج جس پر توپیں چڑھاتے ہیں ۔
گڑگڑ (ہ امث) حقے یا صراحی کے بولنے کی آواز ۔
گڑگڑ (ہ امث) پیٹ کے بولنے کی آواز ۔
گڑگڑا (ہ امذ) ایک قسم کا بڑا حقہ ۔
گڑگڑانا (ہ) حقے کا بولنا ۔ گرجنا ۔ کڑکنا ۔
گڑگڑانا (ہ) رونا ۔ منت سماجت کرنا ۔ عاجزی کرنا ۔ التجا کرنا ۔
گڑگڑاہٹ (ہ امث) کڑک ۔ حقے کے بولنے کی آواز ۔
گڑگڑی (ہ امث) ایک خاص بناوٹ کا چھوٹا سا حقہ ۔
گڑنا (ہ) دبنا ۔ دفن ہونا ۔ نصب ہونا ۔ قائم ہونا ۔ چبھنا ۔ شرمندہ ہونا ۔ کھڑا ہونا ۔
گڑنت (ہ امث) وہ صدقہ جس پر منتر پڑھ کر کسی کو تسخیر کرنے یا دشمن کو ہلاک کرنے کی غرض سے دفن کرتے ہیں ۔
گڑنگ (ہ امث) شیخی ۔ ڈینگ ۔ لاف ۔ بڑائی ۔

گڑوا (ہ/مذ) پانی کا برتن۔لوٹا۔لٹیا۔آبخورہ۔آفتابہ۔بن ٹونٹی کا لوٹا۔ سرسوں کے پھولوں کا گلدستہ۔
گڑوانا (ہ) دبوانا۔دفن کرانا۔
گڑولنا } (ہ/مذ) بچوّں کو چلنا سکھانے کی گاڑی۔
گڑولنا } گڈ بلنا۔
گڑونا (ہ) گاڑنا۔دھسانا۔گھسیڑنا۔چھیدنا۔سوراخ کرنا۔چبھونا۔
گڑھ (ہ/مذ) دمدمہ۔قلعہ۔کوٹ۔حصار۔
گڑھ توڑنا (ہ) قلعہ فتح کرنا۔کسی مشکل کام کو کرلینا۔کوئی بڑی مشکل حل کرلینا۔
گڑھ جیتنا (ہ) قلعہ فتح کرنا۔کسی مصیبت یا مشکل سے نجات پانا۔ مہم فتح کرنا۔
گڑھا (ہ/مذ) کھنڈ۔کھالی۔غار۔جھیرا۔گور۔قبر۔مجازاً۔ پیٹ۔شکم۔بطن۔
گڑھا بھرنا (ہ) گڑھے کو مٹی سے پُر کرنا۔بڑی بھلی چیز سے پیٹ پُر کرنا۔کمی یا گھاٹا پورا کرنا۔
گڑھل (ہ/مذ) ایک درخت اور اس کے پھل کا نام ہے۔
گڑھی (ہ/مث) گڑھ کی تصغیر ہے۔چھوٹا قلعہ۔کوٹلہ۔حصار کوچک۔
گڑھی لوٹنا (ا/محاورہ) قلعہ فتح کرنا۔
گڑھیا (ہ/مث) گڑھی کی تصغیر یا تحقیر ہے۔بہت چھوٹی سی گڑھی۔ کوڑا کرکٹ پڑنے کی جگہ۔کوڑی۔بہت بڑا نشیب۔ ڈلاؤ۔
گڑھیا (ہ/مذ) گاڑنے والا۔دفن کرنے والا۔
گڑھے بیٹھنا (ہ) گھات میں بیٹھنا۔چھپ کر گھات لگانا۔
گڑھے میں پڑنا (ہ/مذ) بددعا۔قبر میں جانے کے قابل۔مرن جوگا۔مرن ہار۔
گڑیا (ہ/مث) لڑکیوں کے کھیلنے کی کپڑے کی بنی ہوئی پُتلی۔
گڑیا کے بیاہ میں چنے کی بیل (ہ/محاورہ) حسب موقع خرچ جیسا دیکھنا ویسا برتنا۔
گڑیاں (ہ/مث) گڑیا کی جمع۔
گڑھیاں کھیلنا (ہ) لڑکیوں کا کپڑے کی پُتلیوں سے کھیلنا۔ لڑکیوں کا کھیل کھیلنا۔لڑکیوں کی سی باتیں کرنا۔
گڑے مُردے اُکھیڑنا (ہ) دبی دبائی بات کو چھیڑنا۔پُرانے فتنے جگانا۔مُردہ بزرگوں میں عیب نکالنا۔عیب جوئی کرنا۔
گڑیوں کا بیاہ (ہ/مذ) گڈے گڑیا کی شادی۔غریبانہ۔بے دھوم دھام کی شادی۔
گڑھیوں کا کھیل (ہ/مذ) آسان بات۔سہل کام۔
گڑھیوں کا میلا (ہ/مذ) ہندوؤں کے ایک میلے کا نام ہے جو لکھنؤ میں ہوتا ہے۔
گڑے مُردے اُکھاڑنا (ا/محاورہ) دبی ہوئی بات کو چھیڑنا۔پُرانا فتنہ جگانا۔

گ۔ز

گز (ف/مذ) کپڑا وغیرہ ناپنے کا لکڑی یا لوہے وغیرہ کا آلہ۔۱۶ گرہ۔ ۲ ہاتھ۔۳ فٹ۔۳۶ انچ کا پیمانہ۔بندوق میں پھیرنے کی لوہے کی سلاخ۔بے پیکان تیر۔جھاؤ کا درخت۔

گز بھر (ا) ایک گز۔ایک گز کے برابر۔
گزارا } (ف/مذ) بسر اوقات۔وجہ معیشت۔سمائی۔گنجائش۔
گزارہ } پہنچ۔رسائی۔دخل۔گزر۔
گزارا کرنا (ا) بسر اوقات کرنا۔دن کاٹنا۔نباہنا۔کام چلانا۔
گزارش (ف/مذ) ادا کرنا۔مجازاً عرض۔درخواست۔التجا۔جواب۔ پاسخ۔شرح۔تفسیر۔بیان۔اظہار۔
گزارش کرنا (ا) صورتِ حال بیان کرنا۔عرض کرنا۔خبر کرنا۔گوش گزار کرنا۔رپورٹ کرنا۔
گزارنا (ہ) بجالانا۔تعمیل کرنا۔ترک کرنا۔چھوڑنا۔مہلت دینا۔ بسر کرنا۔کاٹنا۔ضائع کرنا۔کھونا۔برباد کرنا۔پیش کرنا۔ سامنے رکھنا۔
گزارہ (ف/مذ) رستہ۔راہ۔گھاٹ۔دریا سے اُترنے کی جگہ۔ ناؤ یا گھاٹ کا کرایہ۔
گزاف (ف/مث) بے ہودہ بات۔بکواس۔لاف کے ساتھ بمعنی شیخی۔ڈینگ۔
گزبا (ف) سارس۔
گزٹ (انگریزی/مذ) خبر کا کاغذ۔اخبار۔وہ سرکاری اخبار جس میں گورنمنٹ کے ملازموں کے حکم احکام وسرکلر۔رزولیوشن وغیرہ کی خبریں درج ہوں۔
گزٹ ہو جانا (ہ) کسی سرکاری حکم یا خبر کا چھپ کر مشہور ہو جانا۔ گزٹ میں لکھا جانا۔
گزر (ف/مذ) رستہ۔راہ۔باٹ۔سڑک۔گھاٹ پایاب۔مداخلت۔ باریابی۔آمدورفت۔رسائی۔پہنچ۔پناہ۔گزران۔ اُترائی۔عبور۔لانگنا۔
گزر اوقات (ف/مث) گزر بسر۔
گزربان (ف/صف) شہر سے باہر جانے والے راستوں کے پہرے دار۔
گزر جانا (ا) چلا جانا۔بیت جانا۔نکل جانا۔مر جانا۔فوت ہو جانا۔وفات پانا۔
گزر عام (ف/مذ) شارعِ عام۔عام رستہ۔
گزر کرنا (ا) اتفاقاً جا نکلنا۔دن کاٹنا۔بسر اوقات کرنا۔نباہنا۔ انجام پر پہنچانا۔
گزرگاہ (ف/مذ) رستہ۔راہ۔سڑک۔شارعِ عام۔گھاٹی۔
گزرنامہ (ف/مذ) راہداری کا پروانہ۔
گزر (ف/مث) گاجر۔زردک۔گزر۔

گزران (ا/مث) گزراوقات - اوقات بسری -
گزران کرنا (ل) مصیبت جھگتنا - دن کاٹنا - تنگی ترشی سے بسراوقات کرنا -
گزارنا (ل) دینا - پیش کرنا - عرض کرنا - بیان کرنا -
گزرنا (ل) بیٹھنا - مرنا - موت ہونا - بچھوڑنا - پیش آنا - اتفاقاً کسی جگہ جانکلنا - بسر ہونا - تباہ ہونا - جانکلنا - رخصت ہونا - چلنا - پار ہونا - مجبور کرنا -
گزری (ف/مث) وہ بازار جو سرِ شام کسی سڑک پر لگتا ہے - گوڑی - چوک - بازار شام -
گزری سو دل پر گزری (ا/محاورہ) سارے صدمے دل ہی پر سہے - زبان سے اُف تک نہ کی -
گزشتہ (ف/مذ) ماضی - بیتا ہوا - گزرا ہوا - پچھلا -
گزک (ف/مث) نقل - نشہ کے بعد منہ کا مزا درست کرنے کی چیز -
گزم (ف) جھاؤ کا درخت -
گزند (ف/مذ) صدمہ - آفت - نقصان - رنج - دکھ - تکلیف - ایذا -
گزندہ (ف) ڈسنے والا - کاٹنے والا - ڈنک مارنے والا -
گزی (ا/مذ) ایک قسم کا کم قیمت موٹا سوتی کپڑا - دیسی گاڑھا - کھدر -
گزی گاڑھا (ا/مذ) موٹا جھوٹا کپڑا -
گزیر (ف/مذ) تدبیر - چارہ - علاج - اُپائے -

گ - س

گسار (ف) کھانے والا - غمگسار (کلمہ فاعلیت)
گسائیں (ہ/مذ) گوسائیں کا مخفف - گاڑیوں کا مالک - سوامی - سنت - جوگی - سنیاسی - فقیر - زاہد - ہندو فقیروں اور جوگیوں کا لقب -
گستاخ (ف) ڈھیٹھ - بے ادب - بے شرم - بے حیا - شریر -
گستاخ کر دینا (ا/محاورہ) اس قدر آزادی دینا کہ وہ گستاخ ہو جائے -
گستاخانہ (ف) بے ادبوں کی طرح بے باکانہ -
گستاخی (ف/مث) بے ادبی - بے حیائی - بے شرمی - شوخی - ڈھٹائی - تحقیر - بے عزتی - دنگا - شرارت -
گستاخی معاف (رفع/محاورہ) خطا معاف - جب کسی بڑے آدمی کی بات کو رد کرنا یا کوئی خلافِ ادب و اخلاق گفتگو زبان پہ لانی مقصود ہوتی ہے تو پہلے یہ کلمہ معذرت کے طور پر زبان پر لاتے ہیں -
گسنانگر (ا) مورکھ - بے وقوف - بے شعور - نادان - غیر مہذب ناشائستہ - جاہل -
گسستہ عناں (ف/صف) بے قید - کھلا -
گسلا (ہ/مذ) بچہ جو گائے کے پیٹ میں مرگیا ہو - گوسالہ کا مخفف -

گ - ش

گش (ف/مذ) خوش رفتار -
گشت (ف/مذ/مث) سیر - دور - چکر - دَور - روند -
گشت کرنا / گشت لگانا (ا) دورہ کرنا - چکر لگانا -
گشت سلامی (ف/مث) وہ نذرانہ جو حاکم کو دورہ کے وقت دیا جاتا ہے -
گشتی (ف) پھرنے والا - گشت کرنے والا -
گشتی چٹھی - یا - گشتی پروانہ - یا - گشتی حکم (ا/مذ) تمام دفتروں اور حاکموں کے پاس بھیجا جا کر اطلاع و دستخط کرائے جانے والا حکم - سرکلر
گشنی (ف) نر کی مادہ سے جفتی کھانی -

گ - ف

گف (ا) گاڑھا - موٹا - خوب ٹھونک کر بنا ہوا - دیکھو غف -
گفتار (ف/مث) بول چال - مقولہ - قول - گفتگو -
گفتگو (ف/مث) بات چیت - بول چال - تقریر - گفتار -
گفت و شنید (ف/مث) کہنا سننا - ذکر اذکار - ردّ و بدل -

گ - گ

گگری - یا - گگریا (ف/مث) گاگر کا مخفف - پانی رکھنے کا تانبے یا پیتل کا برتن -
گگن (ہ/مذ) آسمان - اکاش - فلک - لہر - موج - پانی کا اُچھلنا -
گگن ہونا (ہ) اونچا ہونا - بلند ہونا - آسمان سے لگنا - تارا بن جانا -

گ - ل

گل (ف/مذ) گلاب کا پھول - عام پھول - چراغ کی بتی کا تشبیہا

معشوق - دلرُبا - جلتا ہوا - یا جلا ہوا سرا - دھات گرم کر کے زخم پہ دیا ہوا داغ - جوتے کی ایڑی کا چمڑا -

گُل ابر (ف) بدلی کا ٹکڑا - لکۂ ابر -

گُل اشرفی (ف/مذ) ایک قسم کا گول پھول -

گُل آفتاب (ف/مذ) سورج مکھی کا پھول -

گُل احمر (ف/مذ) سُرخ پھول - گلاب کا پھول -

گُل اشرفی (ف/مذ) ایک قسم کا گول پھول - زرد رنگ کا پھول - گیندا -

گُل افشاں (ف) پھول بکھیرنے والا - خوش گفتار آدمی - آتشبازی کی پھلجھڑی -

گُل اندام (ف) پھول جیسے جسم والا - نازک بدن - معشوق -

گُل بار (ف/صف) پھول برسانے والا -

گُل بانگ (ف) شور شادی - قلندروں کی صدا - آواز خوشخبری -

گُل بدن (ف/مذ) ایک قسم کا دھاری دار ریشمی کپڑا - معشوق - نازک بدن -

گُل برگ (ف/مذ) پھول کی پنکھڑی - گلاب کی پتی - مجازاً - معشوقہ - معشوق -

گُل بکاؤلی (ا/مذ) ایک سفید رنگ خوشبودار پھول کا نام جس کا پودا ہلدی کا سا ہوتا ہے -

گُل بوٹا (ا/مذ) بیل بوٹا - پھول اور اس کا پودا - مجازاً زیب و زینت -

گُل پھولنا (ا) پھول کھلنا - گل کا کھلنا - کوئی نرالی بات ظاہر ہونا - تازہ فتنہ برپا ہونا -

گُل پیادہ (ف/مذ) بے خوشبو کا گلاب - سدا گلاب -

گُل پیرہن (ف/مذ) پھول جیسے لباس والا - معشوق - دلرُبا -

گُل جعفری (ف/مذ) گیندے سے مشابہ - ایک قسم کا زرد پھول - مجازاً - زرد رنگ -

گُل جھڑنا (ا) چراغ کی بتی کی راکھ گرنا - شمع کی خاکستر گرنا - بندوق کے توڑے کی راکھ گرنا -

گُل چاندنی (ا/مذ) ایک قسم کا پھول جو چاندنی رات میں کھلتا ہے - گُل مہتاب -

گُل چشم (ف) پھلی والا - وہ شخص جس کی آنکھ میں پھلی ہو -

گُل چین (ف/مذ) پھول توڑنے والا - مالی - باغبان -

گُل حکمت (ف) مٹی میں کپڑا لپیٹ کر برتن پر مٹی چڑھاتے ہیں - پھر آگ پر رکھتے ہیں -

گُل خطمی - یا - گُل خیرو (ا/مذ) نیلے رنگ کا ایک پھول جو دوا میں کام آتا ہے -

گُل خندہ (ف/مذ) ٹھٹھا - قہقہہ - مُنہ کھول کر ہنسنا -

گُل دار (ا) پھول دار - داغ دار - پھول پتے بنی ہوئی چیز -

گُل دان (ف/مذ) پھول دان - گلدستہ دان -

گُل داؤدی (ف/مذ) ایک قسم کے پھول کا نام -

گُل دستہ - یا - گلدستہ (ف/مذ) پھولوں کی ٹہنیوں کا گچھا -

گُل دُم - یا - گلدم (ا/مذ) ایک سیاہ رنگ کے خوبصورت پرندے کا نام ہے جس کی دُم کے نیچے سُرخ سا نشان ہوتا ہے - عندلیب - بُلبُل - یہ گلاب کی عاشق ہے -

گُل دینا (ا) کسی دھات کو گرم کر کے جسم پر داغ لگانا - داغ دینا -

گُل رُخ (ف/مذ) سُرخ رُخساروں والا - مجازاً معشوق - گلعذار -

گُل رعنا (ع/مذ) ایک قسم کا پھول جو اندر سے سُرخ اور باہر سے زرد ہوتا ہے -

گُل رنگ - یا - گلرنگ (ف) پھول کے رنگ - سُرخ - لال -

گُلرو - یا - گُل رُو (ف/مذ) دیکھو (گُل رُخ)

گُلریز (ف/مث) ایک قسم کی آتشبازی پھلجھڑی -

گُل زار - یا - گلزار (ف/مذ) پھلواڑی - چمن - گلشن - خوب آباد - پُر رونق -

گُل زار خلیلؑ - یا - ابراہیمؑ (ف/مذ) آتش نمرود جو حضرت ابراہیم علیہ السلام پہ چمن بن گئی تھی -

گُلستان (ف/مذ) پھلواڑی - چمن باغ - شیخ سعدی علیہ الرحمۃ کی مشہور کتاب کا نام بھی ہے -

گُل سوسن (ف/مذ) ایک نیلے آسمانی رنگ کا پھول -

گُل شبّو (ا/مث) رات کو کھلنے والے ایک پھول کا نام ہے -

گُلشن (ف/مذ) باغ - چمن - پھلواڑی - گلزار -

گُلشن آرا (ف/صف) باغ کو سجانے والا -

گُلشن سرا (ف/مذ) وہ مکان جو باغ میں ہو -

گُلشن قدس (ف/مذ) عالم جبروت -

گُل صدبرگ (ف/مذ) گیندے کا پھول -

گُل عباسی (ع/مذ) ایک پھول کا نام ہے -

گُلعذار (ع) گلاب جیسے رُخساروں والا - مجازاً معشوق - لال لال گالوں والا -

گُل عصفر (ع/مذ) کسم کا پھول -

گُل فام - یا - گلفام (ف) پھول کے رنگ کا خوبصورت معشوق -

گُلقند (ف/مذ) گُل شکر - کھانڈ اور گلاب کے پھولوں کا مرکب -

گُلکاری (ف/مث) بیل بوٹے کا کام - نقاشی -

گُل کترنا (ا) گلکاری کرنا - پھول تراشنا - جلی ہوئی بتی کاٹنی - عجیب و غریب کام کرنا - غضب ڈھانا - ستم کرنا - سبقت لے جانا - بڑھ جانا -

گُل کرنا (ا) چراغ بجھانا - دیا بڑا کرنا - چراغ بڑھانا -

گُل کھانا (عشق جتانے کے واسطے جسم پہ داغ کھانا - چرکا کھانا - دھنا -

گُل کھلانا (ا) پھول کھلانا - نیا فساد کھڑا کر دینا - آفت و مصیبت لانا - کوئی عجیب و غریب اور نرالا کام کرنا -

گل کھلنا (ل) پھول کا شگفتہ ہونا - نئی یا انوکھی بات ظاہر ہونا - راز فاش ہونا - بھید کھلنا - دھوم مچنا - فساد مچنا - مصیبت آنا -

گلگلہ (ف) عقیقہ کے دن خوشی منانا -

گلگشت (ف امذ) چمن کی سیر - سیر باغ -

گلگوں (ف) پھول کے رنگ کا - گلفام -

گلگونہ (ف امذ) ایک قسم کا اُبٹنا - منہ پر ملنے کا سُرخ رنگ -

گلگیر (ف امذ) چراغ یا شمع کا گل کترنے کی قینچی -

گل لالہ (ف امذ) خشخاش کا پھول - سُرخ رنگ کا ہزارہ -

گل لگانا (ل) جسم کو داغ دینا - دو کنپٹیوں کو داغنا -

گل و لالہ (ف امذ) معشوق لوگ - طوائف - ارباب نشاط -

گل ہزارہ (ف امذ) بہت سی پنکھڑیوں والا -

گل ہونا (ل) چراغ بجھنا - چراغ ٹھنڈا ہونا - یاروں کی تفریح طبع کا باعث ہونا -

گل (ہ امث) گولا کا مخفف - غلہ - گولہ - جیسے گل چھرا - بمبئی گولی اور چھرا - گرہ - گانٹھ - گٹھلی - گٹھلک -

گلبھٹی / گلبھڑی (ہ امث) گٹھلک - گرہ در گرہ - پیچ در پیچ - عُقدہ - شکن - چین - بل - مجازاً کدورت - رنج - ناراضی - طبیعت کا رکاؤ -

گلچھڑے اُڑانا (ہ) لغوی - بارود اور چھرے میں روپیہ برباد کرنا - مجازاً خوب عیش منانا - سیر و شکار میں مشغول رہنا -

گِل (ف امث) گیلی مٹی - گارا - کیچ - کیچڑ - دلدل -

گل ارمنی (ف امث) ایک قسم کی سیاہی مائل سُرخ مٹی کا نام ہے -

گلِ حکمت کرنا (ل) منہ خام کرنا - کپڑ مٹی کرنا - مٹی اور کپڑے سے بھاپ روک دینا -

گل خراسانی (ف امذ) کھڑیا مٹی -

گل خورہ (ف امث) کینچوا -

گل در گِل ہونا (ل) مٹی میں مٹی ملنا - قبر کھود کر اس میں بِنلا گارا بھر کر مُردے کو ڈال دینا - مسلمانوں میں مُردے کو دفن کرنے کا یہ بھی ایک طریقہ ہے -

گل مالہ (ف امذ) ایک آلہ جس سے مٹی پھیلتے ہیں -

گل (ہ امذ) گلا کا مخفف ہے - گردن - کنٹھ - ٹیٹوا - گلو - حلق - گال کا مخفف بمعنی رخسارہ - عارض - گالی کا مخفف - دشنام - لقمہ - گراس - مچھلی پکڑنے کا کانٹا - بک - پھانسی - سُول - دار - گلے کی بیماری - گھوڑ (پنجاب - بات) -

گلپھڑا (ہ امذ) مچھلی کا پھیپھڑا جس سے وہ سانس لیتی ہے - پرندوں کی چونچ کے نیچے کا لٹکتا ہوا گوشت -

گل پھولا (ہ) پھولے ہوئے گالوں والا - پکوری سے گالوں والا -

گل پھیڑ (ہ امذ) گلے کی گٹھلی - گلے کا غدود - گردن کی گٹھلی -

گل تکیہ (ل امذ) وہ چھوٹا سا گول تکیہ جو سوتے وقت رخساروں تلے رکھ لیتے ہیں -

گل تنی (ہ امث) بیلوں کی گردن تلے کی رسی - جوت کی رسی - منکتہ -

گل جنڈرا (ہ امذ) وہ رومال جس میں گرہ دے کر زخمی یا ٹوٹے ہوئے ہاتھ کو لٹکا لیتے ہیں - گلے کا ہار - ساتھ ہی ساتھ رہنے والا - ہمزاد -

گل جوٹ (ہ امث) وہ رسی جو دو بیلوں کے گلے میں جُٹے رہنے کی غرض باندھ دیتے ہیں - مجازاً کنٹھ جوڑا -

گل خپ (ہ امث) دست و گریبان - گتھم گتھا - ہاتھا پائی - بحث و مباحثہ - بے جا تکرار -

گل خپ ہو گیا (ل) (محاورہ) بُرا مانا - لڑ پڑا -

گل تور (ہ امث) مویشیوں کے گلے میں ڈالنے کی حلقہ دار رسی -

گل دینا (ل) پھانسی دینا - سُولی پر چڑھانا -

گل سیری (ہ امث) گلے کا ایک زیور -

گل گل چوتھ منانا (ہ) کھا کھا کر خوشیاں کرنا - تر مال کھانا - جلوے کھانا - مزے اُڑانا -

گل مالا (ہ امذ امث) کنٹھا - گلے کا ہار - گجرا -

گلا (ہ) خوب پکا ہوا - گلا ہوا - بے جان - بودا - بوسیدہ - مڑا ہوا - پگھلا ہوا -

گلا سڑا (ہ) نکما - خراب - بوسیدہ - داغ دار -

گلا (ل امذ) مکان دار یا بکری کی نقدی رکھنے کا برتن - غلہ کا بگاڑ ہے - مہاجن لوگ اناج - ان - جنس کے معنی میں بولتے ہیں -

گلا (ہ امذ) گردن - حلق - گلو - سُر - آواز - گریبان -

گلا اُٹھانا - یا - کرنا (ہ) حلق کے کوّے کو اُنگلی سے دبا کر اس کی اصلی جگہ پر لانا -

گلا آنا (ہ) گلے میں چھالے یا ورم ہو جانا - حلق کے کوّے کا لٹک جانا -

گلا بندھنا (ہ) قرض دار ہونا - دین دار ہونا -

گلا بیٹھ جانا - یا - پڑ جانا / گلا بیٹھنا - یا - پڑنا (ہ) آواز کا بھاری ہونا - آواز کا بند ہو جانا - نزلے وغیرہ کا آواز کو کم کر دینا -

گلا پکڑنا (ہ) کسی تیز چیز کا گلے میں کساؤ پیدا کرنا - گلے کو بھینچنا - گلے میں سوزش یا خراش کرنا - گردن پکڑنا - تنگ کرنا - ستانا - ٹیٹوا دبانا -

گلا پھاڑنا - یا - پھاڑ کر بولنا (ہ) چلانا - چیخ کر بولنا -

گلا پھرنا (ہ) گاتے وقت آواز کا حسبِ منشا مڑنا -

گلا پھانسنا (ہ) پھندے یا جال وغیرہ میں گلے کا پھنسا لینا - قرض لینا -

گلا پھولنا (ہ) گلا سوجنا - گلپھیڑ نکلنا - گلڑ نکلنا - گلے میں گلٹی نکلنا -

گلا خشک ہونا (ا / محاورہ) گلے میں رطوبت باقی نہ رہنا - پیاس لگنا -

گلا دبانا (ہ) گردن بھینچنا - گلا گھوٹنا - سانس بند کرنا - دم روکنا - گلے میں انگوٹھا دینا - بات کرنے سے روک دینا - بولنے سے منع کر دینا -

گلا کاٹ مرنا (ا / محاورہ) خودکشی کرنا -

گلا کاٹنا (ہ) گردن اڑانا - قتل کرنا - حق تلفی کرنا - کسی کا حق زبردستی سے لے لینا - ظلم کرنا - سختی کرنا -

گلا کاٹی (ا / مث) ایک قسم کا باجا جو سارنگی کے مشابہ ہوتا ہے -

گلا کھل جانا (ا / محاورہ) بیٹھی ہوئی آواز صاف ہو جانا -

گُلاب (ف / مذ) ایک مشہور پھول اور اس کے درخت کا نام - عرق گلاب کے پھولوں کا عرق -

گلابہ (ف) دیوار لیپنے کو پانی میں گھلی ہوئی مٹی -

گلاب پاش (ف / مذ) عرق گلاب چھڑکنے کا صراحی نما برتن -

گلاب جامن (ا / مث) ایک قسم کی مٹھائی کا نام - گلاب کی سی خوشبو والی ایک خاص قسم کی جامن -

گلاب کی پتی - یا - پنکھڑی (ہ / مذ) تشبیہاً نازک ہونٹ -

گلابو شتابو (ا / مث) کاٹھ کی دو پتلیاں جن کا پتلیوں والے تماشہ دکھاتے ہیں -

گلابی (ف) گلاب کے پھول کی طرح گہرا پیازی - لال - سرخ - گلگوں - گلفام - شراب کا جام - ساغر شراب - ہلکا - کم کم - جیسے گلابی جاڑا -

گلابی آنکھ (ا) مخمور آنکھ - نشیلی آنکھ - گلاب کے سے رنگ والی آنکھ -

گلابی جاڑا (ہ / مذ) ہلکا جاڑا - کم کم سردی - خوشگوار سردی - ابتدائے سرما کا موسم -

گلا دینا (ہ) پگھلا دینا - متعفن کر دینا - سڑا دینا - بوسیدہ کر دینا - ڈھیلا کر دینا - جیسے ہوا نے پھل گلا دیے - کھو دینا - گنوا دینا - ہار جانا - اتار دینا - دھسا دینا - جیسے کنوئیں میں کوٹھی گلا دی -

گِلاس (انگریزی / مذ) پیالہ - ساغر - ایک قسم کا آب خورہ - شیشہ - دربین - آئینہ - کانچ - عینک کا شیشہ -

گُلال (ہ / مذ) ایک سرخ رنگ کا پوڈر جو ہولی کے دنوں میں ہندو صاحبان ایک دوسرے پر چھڑکتے ہیں -

گُلال باڑی (ا / مث) محل سے ملحق شاہی باغ -

گلالہ (ف) گھونگر والے بال -

گلانا (ہ) گھلانا - پگھلانا - سڑانا - داغ دار کرانا - گنوانا - اتارنا - دھسانا -

گلاؤ (ہ) گھلنے والا - نازک - جلد سڑ جانے والا - قابل تحلیل -

گلاوٹ (ف / مث) گھلاوٹ - نرمی - گلا دینے والی چیز -

گلائی (ا / مث) گول ہونا -

گلبانگ (ف / مث) چہچہاہٹ - بلبل کی آواز - قلندروں کا نعرۂ خوشی - نعرۂ جنگ - خوشخبری - دھوم - چرچا - شہرت - آواز - صدا - ندا - خوشی کا شور -

گُلتھی } گُلٹ } (ہ / مث) ملائم - نرم - ابلے ہوئے چاول - پتلے اور نہایت ملائم گلے ہوئے چاول - نرم - ملائم -

گِلَٹ (ا / مذ) گلٹ سے بگڑا ہوا ملمع - کسی چیز پر سونا چاندی بجلی کے ذریعہ چڑھانا -

گِلٹی (ہ / مث) گرہ - غدود - گانٹھ - رسولی - گلے کے اندر تالو کے قریب کا پھوڑا - خناق -

گُلخن (ف / مذ) گل بمعنی آگ وخن بمعنی گھر سے مرکب - آگ کی جگہ - بھٹی - بھاڑ - کوڑی - کوڑہ پھینکنے کی جگہ -

گلگل (ف / مذ) ایک قسم کا بڑا اور لمبوترا لیموں - ترنج -

گُلگُلا (ہ / مذ) ایک قسم کا پکوان جسے آٹے میں میٹھا گھول کر گول گول تلتے ہیں -

گِلگِلا (ہ) گیلا گیلا - تر - نم دار -

گل مالہ (ف) کرنی - معماروں کے کام کرنے کا اوزار -

گلنا (ہ) ملائم ہونا - پک کر نرم ہونا - گل سڑنا - پگلنا - تپنا - ابلنا - جوش ہونا - سڑنا - داغدار ہونا - اترنا - دھنسنا - ضائع ہونا -

گُلنار (ف / مذ) انار کا پھول - سرخ شوخ رنگ - ایک قسم کا انار جس میں بڑے بڑے پھولوں کے سوا پھل نہیں لگتا -

گِلو (ہ / مث) ایک دافع بخار دوا کی بیل کا نام -

گِلو (ہ / مث) گلہری - کٹو -

گُلو (ف / مذ) گلا - گردن - حلق - کنٹھ - مجازاً آواز - لہجہ - لحن - سُر - لے -

گلو بریدہ (ف / صف) جس کا گلا کٹا ہوا ہو -

گلو بستہ (ف / صف) خاموش - ساکت -

گلو بند (ف / مذ) گلے میں باندھنے کا اونی یا ریشمی پٹکا -

گلو گیر (ف) گلے کو پکڑنے والی یعنی کسیلی چیز - سر ہو جانے والا - لالچی - طامع - مدعی - دعوے دار - دامن گیر - الزام لگانے والا - گردن پکڑنے والا -

گلوری (ہ / مث) بنا ہوا اور خاص طرز پر لپٹا ہوا پان - پان کی بیڑی - بیڑا -

گلولہ (ف / مذ) گولی - گولا - غلّا -

گِلوندا (ہ / مذ) مہوے کا پھول یا اس کی کلی -

گِلہ (ف / مذ) شکایت - شکوہ - اُلاہنا -

گِلہ ٹپکنا (ا / محاورہ) شکوہ ظاہر ہونا -

گلہ زبان پر لانا (ا / محاورہ) شکایت کرنا - شکوہ کرنا -

گلہ شکوہ (ف / مذ) اُلاہنا - شکوہ - شکایت -

گلہ گزاری (ف / مث) شکایت کرنا - شکوہ کرنا -

گلّہ (ف / مذ) جھنڈ - غول - مویشیوں کا ریوڑ - ڈار - دکانداروں کے

بکری رکھنے کا برتن۔

گلّہ بان (ف/مذ) ریوڑ والا۔ گڈریا۔ شبان۔ چرواہا۔ مویشی چرانے والا۔ گوجر۔

گلّہ بانی (ف/مث) گڈریاپن۔ مجازاً نگہبانی۔ محافظت۔ نگرانی۔

گلہرا (ہ/مذ) گلہری کا نر۔ پان یا گلوریاں رکھنے کا برتن۔

گلہری (ہ/مث) کٹو۔ گلّو۔ کالی دھاریوں والا چوہے کی قسم کا ایک جانور۔ مجازاً ننھا بچّہ۔

گلہری کا پیڑ ٹھکانا (ہ/مثل) ہر شخص اپنے آرام کی جگہ ہی پہنچتا ہے۔

گلّی بندھنا (ہ) پورا جوان ہونا۔ سنِ بلوغ کو پہنچنا۔

گلی (ا) گلدار۔ پھول دار۔ داغدار۔

گلی (ہ/مث) محلّے کے اندر کا راستہ۔ کوچہ۔ تنگ رستے۔

گلی کوچہ (ا/مذ) محلّہ۔ ٹولا۔

گلی گلی (ہ) کوچہ در کوچہ۔ دربدر۔ ہر گلی میں۔

گلی (ف) کچی مٹی کا۔ مٹی کا بنا ہوا۔ کچا ناپائدار۔

گلّی۔یا۔گلی (ہ/مث) دونوں کناروں سے نوک دار بیچ سے ابھری ہوئی چھوٹی سی لکڑی جس سے بچے کھیلتے ہیں اور ڈنڈے سے اچھالتے ہیں۔

گلّی ڈنڈا (ہ/مث) بچوں کے ایک کھیل کا نام۔ گلّی اور ڈنڈے سے کھیلا جاتا ہے۔

گلے (ہ/مذ) گلا کی جمع۔ بصورت عمل عوامل۔

گلے باز (ا) خوش آواز۔ خوش الحان۔ اچھی آواز والا۔

گلے باندھنا (ا/محاورہ) کسی کا زبردستی نکاح کرنا۔

گلے بندھنا (ا) ذمّہ پڑنا۔ بلا خواہش کسی چیز کا سر پڑنا۔ کسی ناپسند عورت سے نکاح ہو جانا۔ دوبھر معلوم ہونا۔

گلے پڑ کے سودا کرنا (ا) خواہ مخواہ کوئی چیز دینا۔ زبردستی بیچنا۔

گلے پڑنا (ہ) زبردستی کسی کام کا سر ہو جانا۔ متعلق ہونا۔ وابستہ ہونا۔ ذمّہ پڑنا۔ سر ہونا۔ بلا خواہش نکاح ہونا۔ زبردستی چمٹ جانا۔

گلے پڑے کا سودا (ا/مذ) نارضامندی کا سودا۔ مجبوری کا کام۔ زبردستی کا معاملہ۔

گلے تک بھرنا (ا/محاورہ) کسی ظرف کو پورا پورا بھرنا۔

گلے چپکنا / گلے ڈالنا (ا) ذمّہ ڈالنا۔ سر منڈھنا۔ زبردستی کسی چیز کو حوالے کر دینا۔

گلے سے لگانا (ا) پیار کرنا۔ معانقہ کرنا۔ چھاتی سے لگانا۔

گلے کا ہار (ا/مذ) گلے کی مالا۔ ہر وقت ماں کے گلے سے چمٹا رہنے والا بچہ۔ وبالِ جان۔ ناگوار۔ دوبھر۔

گلے کا ہار ہونا (ا) چمٹنا۔ بارِ خاطر ہونا۔ وبالِ جان ہونا۔ سر ہونا۔ پیچھے پڑنا۔

گلے لگنا (ا) چھاتی سے لگنا۔ لپٹنا۔ چمٹنا۔ بغلگیر ہونا۔ صفائی کر لینا۔ ملال دور کر کے معانقہ کرنا۔

گلے ملنا (ا) بغلگیر ہونا۔ ہمکنار ہونا۔ چھاتی سے لگنا۔ گلے لگنا۔ ملاقات کرنا۔ ملاپ کرنا۔ صفائی کرنا۔

گلے ملوا دینا (ا/محاورہ) صلح کروانا۔

گلے منڈھنا (ہ) سر کرنا۔ سر چپکنا۔ کوئی چیز بزور حوالہ کرنا۔ سر ڈالنا۔

گلے میں اترنا (ا/محاورہ) حلق سے اترنا۔

گلے میں اٹکنا (ہ) گلے میں رکنا۔ بدمزہ چیز کا حلق سے نہ اترنا۔ بچے کے بغیر کوئی چیز نہ کھانا۔

گلے میں بانہیں ڈالنا (ا/محاورہ) ہم آغوش ہونا۔

گلے میں جان اٹکنا (ا/محاورہ) نزع کا عالم ہونا۔

گلے میں زنجیر پڑنا (ا) قید ہونا۔ اسیر ہونا۔ بیاہ ہونا۔ متاہل ہونا۔

گلیا (ہ/مذ) کام کرتے کرتے بیٹھ جانے والا بیل۔ کام چور۔ کم حوصلہ۔ حیلہ جو۔

گلیارا (ہ/مذ) گلی کوچہ۔ محلہ ٹولا۔ چھوٹی گلی۔

گلیاں جھنکانا (ہ) گلیاں جھانکنا۔ حیران کرنا۔ آوارہ پھرانا۔ جگہ جگہ پھرانا۔ سرگشتہ و حیران کرنا۔

گلیٖڑ (ہ) گھوری۔ میلا کچیلا۔ سڑیل۔ گلا ہوا۔ بوسیدہ۔ سست۔ کاہل۔

گلیم (ف/مث) کملی۔ اونی کپڑا۔ کمل۔ لوئی۔

گ م

گم گم (ف) سرنگ لگانے میں زمین کھدنے کی آواز۔

گم (ف) کھویا ہوا۔ ضائع شدہ۔ تلف شدہ۔ غائب۔ الوپ۔ پوشیدہ۔ حیران پریشان۔ حواس باختہ۔ بھاگا ہوا۔ مفرور۔ فراری۔

گم شدہ (ف) ضائع شدہ۔ کھویا ہوا۔ مخفی۔ پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔ مفرور۔ فراری۔ بہکا ہوا۔ بھولا ہوا۔

گم کردہ آشیاں (ف/مذ) گھر بھولا ہوا پرندہ۔

گم کرنا (ا) چھپانا۔ ضائع کرنا۔ چرانا۔ بھلانا۔

گم گشتہ (ف) (دیکھو گم شدہ)

گمّا (ہ/مث) بہت موٹی اور بڑی اینٹ جو انگریزی عمارتوں میں لگتی ہے۔

گماشتہ (ف) مقرر کیا ہوا ایجنٹ۔ منیم۔ نائب۔ عامل۔ کارکن۔ کارندہ۔ وکیل۔ مختار۔

گمان (ف/مذ) بھرم۔ دبدھا۔ شک۔ شبہ۔ خیال۔ وہم۔ قیاس۔ رائے۔

گمانِ غالب (ع/مذ) پکا خیال۔ یقین کامل۔ پکی امید۔

گمان گزرنا۔یا۔ہونا (ا) شبہ ہونا۔ شک ہونا۔ خیال میں آنا۔

گمان (ہ/مذ) تکبّر - غرور - اکڑ - گھمنڈ - خود بینی - نخوت -
گمان کرنا (ہ) اِترانا - ناز کرنا - گھمنڈ کرنا - تکبّر کرنا - غرور کرنا - اینٹھنا - زور دکھانا - بل کرنا -
گُمانا (ا) کھونا - گُم کرنا - آپے میں نہ رہنا -
گمانی (ہ) متکبّر - مغرور - وہمی - بدظن -
گمبھیر (س) گہرا - عمیق - بُردبار - بھاری - بھرکم - سمائی والا - دھیما - بھاری - بوجھل - عقیل - فہیم (مذ) ایک قسم کا اندرونی مہلک پھوڑا جو پیٹھ یا گردن میں نکلتا ہے - خنازیر -
گمٹ (ا/مذ) گنبد کا بگڑا ہوا - بُرج گنبد -
گمٹی (ا/مث) گمٹ کی تصغیر - چھوٹا برج - مُمٹی -
گُمر (ہ/مذ) گھمنڈ - مان - گمان - تکبّر - غرور -
گمراہ (ا) راہ گُم کردہ - راستہ بھولا ہوا - بھٹکا ہوا - آوارہ - بدنصیب - محروم - خدا سے نہ ڈرنے والا - سرکش - منحرف - متکبّر - مغرور - بے دین - لامذہب - بے راہ -
گمراہ ہونا (ا) بہکنا - بھٹکنا - راستہ بھول جانا - سرکشی کرنا - منحرف ہونا - متکبّر ہونا - مغرور ہونا - بے دین ہونا - بدمذہب ہونا - دین چھوڑنا -
گمراہی (ا/مث) کج روی - بے راہی - سرکشی - لامذہبی -
گُم رہنا (ا/محاورہ) غائب رہنا - غیر حاضر رہنا -
گُم شُدہ (ف/صف) کھویا ہوا - بھاگا ہوا -
گُم صُم (ا) گُنگ صم کا بگاڑ - گونگا بہرا - چُپ چاپ - ششدر - حیران - ہکا بکا -
گُمک (ہ/مث) طبلے کی گونج - طبلے کی تھاپ - باجے کی آواز - ڈھول کی آواز - بادل کی گرج - کڑک - گانے والوں کے مُنہ سے بھاری ہو کر نکلنے والی آواز -
گُم کردہ (ف/صف) کھویا ہوا -
گُمنام (ا) غیر مشہور - گپت - مخفی - پوشیدہ - بغیر نام کے جس کا نام معلوم نہ ہو -
گُمنامی (ا/مث) نامعلومی - پوشیدگی - اِخفا - عدم شہرت -
گمیز (ف) پیشاب -

گ - ن

گُن (ہ/مذ) وصف - خوبی - جوہر - تاثیر - عادت - خُو - خصلت - سبھاؤ - ہُنر - فن - کرتوت - لچھن - اعمال - مدح - تعریف - عمدگی - نیکی - بھلائی -
گُن اوگُن (ہ/مذ) ہُنر و عیب - بُرائی - بھلائی - عیب و صواب -
گُن کرنا (ہ) اثر کرنا - تاثیر دکھانا - صحت بخشنا - بھلائی کرنا - نیکی کرنا -
گُن گانا (ہ) تعریف کرنا - وصف بیان کرنا - حمد و ثنا بیان کرنا - بڑائی کرنا -
گُن ماننا (ہ) اِحسان ماننا - شکر گزار ہونا - ممنون ہونا -
گن پاؤڈر (انگریزی/مذ) بارود - باروت -
گُنا (ہ/مذ) مرتبہ - بار - چند - جیسے دوگنا - چوگنا -
گنّا (ہ/مذ) ایکھ - پونڈا - نیشکر -
گِننا (ہ) گنتی کرنا - شمار کرنا - سمجھنا - خیال کرنا - خیال میں لانا -
گنانا (ہ) شمار کرانا - گنوانا -
گُناہ (ف/مذ) خطا - قصور - جُرم - پاپ - عصیان - اوگن - دوشں -
گناہ بخشنا (ا) خطا معاف کرنا -
گناہ بے لذّت (فع) بے فائدہ گناہ - وہ گناہ جس کے کرنے سے کچھ مزہ اور حظ حاصل نہ ہو - مُفت کا پاپ - ناحق کا دوشں -
گناہِ صغیرہ (فع/مذ) وہ قصور جو توبہ سے معاف ہو جائیں - ادنیٰ گناہ -
گناہِ کبیرہ (ف/مذ) بڑا گناہ - بھاری جُرم - سخت گناہ -
گناہگار - یا - گنہگار (ف) پاپی - بدکار - عاصی - خطا وار - مجرم - دوشی - اپرادھی - فاسق - فاجر -
گناہ گاری (ف/مث) قصور - جُرم - دوشں - اپرادھ - جُرمانہ - چٹی - تاوان - ٹوٹا - خسارہ - کسر - قانوناً وہ آمدنی جو مال عدالت کی طرف سے وصول کی جائے -
گُنبد (ف/مذ) مٹھ - بُرج - گمٹ - قبہ - لداؤ کی چھت والی گول عمارت -
گنبدِ آہو (ف/مذ) یعقوبی گنبد جو اُوپر سے قبر نما ہو -
گُنبد کی آواز (ا/مث) گنبد کی گونج - جیسا کہنا ویسا سُننا -
گنبدی (ف/مذ) گنبد کی شکل کا -
گنپت (ہ/مذ) لغوی بسردار جماعت - اصطلاحی دیوی دیوتاؤں کی جماعت کا سردار - گنیش کا لقب -
گِنت (س/مث) علم حساب - علم اعداد -
گِنت بدّیا (س/مث) علم ہندسہ - علم ریاضی -
گِنت کار (س/مذ) ریاضی دان - حساب دان - مہندس - نجومی -
گِنتی (ہ/مث) تعداد - شمار - حساب - اندازہ -
گِنتی کے (ہ) تھوڑے سے - چند - متعدد - معدودے -
گِنتی کے دن (ا/مذ) زندگی کے چند دن -
گِنتی گنوانا (ہ) برائے نام شمار کرنا - صرف گنتی کرا دینا حقیقت میں کچھ نہیں -
گِنتی لینا (ہ) گننا - شمار کرنا - تعداد معلوم کرنا - پڑتال کرنا - حاضری

لینا۔

گنتی میں لانا (ہ) حساب میں داخل کرنا۔ پروا کرنا۔ خاطر میں لانا۔ شمار میں لانا۔

گنٹا دار/مذ) تالاب۔

گنج (ف/مذ) خزانہ۔ دفینہ۔ گودام۔ ذخیرہ۔ مخزن۔ اناج کی منڈی۔ ہاٹ۔ بازار۔ ڈھیر۔ انبار۔ تودہ۔ لوگوں کو آباد کرنے کی زمین۔

گنج (ف) خسرو پرویز کے آٹھ خزانے تھے۔ ۱۔ گنج عروس۔ ۲۔ گنج بادآورد۔ ۳۔ گنج دیبا۔ ۴۔ گنج افراسیاب۔ ۵۔ گنج سوختہ۔ ۶۔ گنج خضرا۔ ۷۔ گنج شادآورد۔ ۸۔ گنج بار۔

گنج بان (ف/مذ) خزانچی۔

گنج بخش (ف) بڑا فیاض۔ فکہ دانا۔ لکھ بخش۔ خزانہ کے خزانے بخش دینے والا۔ قطب الدین ایبک کا لقب۔ حضرت مخدوم علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کا لقب جن کا مزار لاہور میں ہے۔

گنج ڈالنا (ہ) اناج کی منڈی آباد کرنا۔ انبار لگانا۔ گنج بنانا۔ بنانا۔ چھوٹے بازار کی بنیاد ڈالنا۔

گنج شہدا۔ یا۔ شہیداں (ف ع/مذ) شہیدوں کو اوپر تلے ڈال کر دفن کر دینے کا کھتا۔

گنج قارون (ف ع/مذ) قارون کا خزانہ۔ قارون نام ایک کنجوس آدمی کا خزانہ جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی امت میں تھا۔

گنج رواں (ف) مراد از خزانۂ قارون اس لیے کہ قیامت تک زمین میں دھنسا ہی چلا جائے گا۔

گنج (ف/مذ) ایک بیماری کا نام جس میں سر کے بال گر جاتے ہیں۔

گنجا (ہ) وہ شخص جس کے سر کے بال اڑ گئے ہوں۔ گنجے سر والا۔

گنجان (ا) پاس پاس آبادی۔ متصل۔ گھنا۔

گنجائش (ف/مث) سمائی۔ جگہ۔ ٹھکانا۔ فائدہ۔ بچت۔ کفایت۔ حوصلہ۔ مقدور۔ استطاعت۔

گنجائش رکھنا (ا/محاورہ) اتنی جگہ ہونا کہ اس میں سما سکے۔

گنجائشی (ہ/صف) جس میں گنجائش ہو۔

گنجفہ (ا/مذ) تاش کی قسم کا ایک کھیل ہے۔

گنجفہ باز (ا/مذ) گنجفہ کھیلنے والا۔ مکار۔ چالباز۔ فریبی۔

گنجفہ کا ورق (ا/مذ) گنجفہ کا پتا۔

گنجلک (ا/مث) سلوٹ۔ چین۔ شکن۔ گرہ۔ گانٹھ۔ عقدہ۔ جھگڑا۔ بکھیڑا۔ الجھن۔

گنجلک کی باتیں (ا/مث) پیچیدہ باتیں۔

گنجور (ف) خزانہ رکھنے والا۔

گنجہ (ف) تبریز اور ایران کے درمیان ایک مقام ہے جہاں کے نظامی مشہور ہیں۔

گنجیا (ہ/مث) میوہ بھر کر تلا ہوا سموسہ۔

گنجے کو خدا ناخن نہ دے جو سر کھجائے (ا/مثل) ادنیٰ لوگوں کو خدا اس قدر طاقت نہ دے کہ شریفوں کو تنگ کریں۔

گنجی کبوتری محلوں میں ڈیرا (ا/مثل) بدصورت اور کمینے کو کسی اعلیٰ رتبے پر دیکھ کر کہتے ہیں۔

گنجیا (ہ/مث) کان کے ایک زیور کا نام۔

گنجیا (ا/مذ) گھسیارے یا گاڑیبان وغیرہ کے اوزار دل کا تھیلا۔

گنجینہ (ف/مذ) گنج سے نسبت رکھنے والا۔ خزانہ۔ بہت زیادہ مال۔ دفینہ۔ برتن اور کھانا بحفاظت رکھنے کی الماری بھنڈارہ۔ مودی خانہ۔ مال گودام۔ ذخیرہ گاہ۔

گنجینہ دار (ف/مذ) خزانچی۔ خزانہ دار۔

گند (ف/مث) ناپاکی۔ پلیدی۔ نجاست۔ بدبو۔ تعفن۔ کوڑا کرکٹ۔ خراب اور نکمی چیز۔

گندا (ف) میلا۔ غلیظ۔ گھوری۔ ناپاک۔ نجس۔

گندا (ہ/مذ) گاؤں کے قریب کی زمین۔

گندر (ہ/مذ) چھتوں اور ادہڑ وغیرہ کو لگ جانے والا کیڑا۔ ڈھورا۔

گندک۔ یا۔ گندھک (ف/مث) گوگرد ایک کانی آتشی مادہ جو دوا میں کام آتا ہے۔

گندگی (ف/مث) غلاظت۔ ناپاکی۔ میلا۔ لید۔ گوبر وغیرہ۔ عفونت۔ بدبو۔ بساند۔ نجاست۔

گندم (ف/مذ) گیہوں۔ کنک۔

گندم گوں (ف) گندمی رنگ کا۔ سانولا۔ سلونا۔

گندم نما (ف/صف) دھوکے باز۔ مکار۔ چالاک۔

گندم نما جو فروش (ف) ظاہر کچھ اور باطن کچھ۔ مکار۔ فریبی۔ دغاباز۔ دھوکے باز۔

گندمی (ف) گندم کے رنگ کا۔ سانولا۔

گندنا (ف/مذ) لہسن سے مشابہ۔ ایک سبزی کا نام۔

گندوڑا (ہ/مذ) کھانڈ کی ٹکیا یا رروڑی شادیوں میں ہندو لوگ تقسیم کرتے ہیں۔

گندھ (س/مذ) بو۔ مہک۔ بدبو۔ گھسا ہوا صندل۔ سرخ صندل۔

گندہ۔ یا۔ گندا (ف) میلا۔ غلیظ۔ ناپاک۔ نجس۔ گھوری۔ بدبودار۔ متعفن۔ بسا ہوا۔ بد۔ برا۔

گندہ بروزہ (ا/مذ) چیڑ کے درخت کا بدبودار گوند۔

گندہ بغل (ف/صف) وہ شخص جس کی بغلوں سے بو آئے۔

گندہ بہار (ف/مث) وہ بارش جو موسم سرما میں ہو۔

گندہ دماغ (ف/مذ) مغرور۔ متکبر۔

گندہ دہن (ف) جس کے منہ سے بدبو آئے۔ فعل گند والا۔ مجازاً گالیاں بکنے والا۔

گندھار (ہ/مذ) راگ کے تیسرے سُر کا نام ہے۔

گندھرب (س/مذ) راجا اندر کے دربار کا گویا۔ مجازاً ہر گویا۔ قوال۔ ڈوم۔ مغنی۔ کوئل پرندہ۔ اچھا راگ۔ خوبصورت حسینہ جمیلہ۔

گُندھنا (ہ) آٹے میں پانی ڈال کر روٹی کے قابل بنانا۔ سر کے بالوں کا گُتھنا۔

گُندھوانا (ہ) بال یا ہار وغیرہ گُتھنا۔ آٹے کو روٹی کے قابل بنوانا۔

گندھی (ہ/مذ) عطر بیچنے والا۔ تیل پھلیل بیچنے والا۔ عطّار۔

گندی رُوح (ا/مث) ناپاک رُوح۔

گندیلا (ہ/صف) گوندوالا۔ وہ درخت جس سے گوند نکلے۔

گنڈا (ہ) لُچا۔ شہدا۔ بدمعاش۔ اوباش۔ بدکار۔

گنڈا (ہ/مذ) کڑا۔ چوڑی۔ حلقہ۔ چھلا۔ چار عدد۔ چار کوڑیاں۔ رفع مرض کے لیے بچوں کے گلے میں باندھنے کا منتر یا عمل پڑھا ہوا دھاگا۔ گھوڑوں کے گلے میں ڈالنے کا پٹا۔ ہاتھ میں باندھنے کا نیلا ڈورا۔

گنڈاسا (ہ/مذ) چارہ کترنے کا اوزار۔ کترا کرنے کا آلہ۔ تبر۔ لاٹھی میں لگا ہوا تیز ہتھیار۔

گنڈی (ہ) نامرد۔ ہیجڑا۔ ڈرپوک۔ بزدل۔ لوبیا۔

گنڈے دار (ل) دھاری دار۔ حلقہ دار۔ غیر مسلسل۔ بے قاعدہ۔ ناخن کے بیچ میں سفیدی چھوٹا ہوا۔

گنڈیری (ہ/مث) گنے کی چھوٹی پوری۔ پونڈے کے گول گول کٹے ہوئے ٹکڑے جو بے تکلف چوسے جا سکیں۔

گنڈیری دار (ل) مختلف رنگ کے گنڈے پڑا ہوا۔ گنڈے دار۔

گنگ (ا/مذ) دریائے گنگا۔ اکبر کے زمانہ کا ایک مشہور کبیشر یعنی شاعر۔

گُنگ (ف) گُونگا۔ زبان سے بول نہ سکنے والا۔

گنگا (س/مث) ہندوستان کے مشہور دریا کا نام جس کو ہندو لوگ متبرک اور مُقدّس مانتے ہیں۔

گنگا جل (س/مذ) دریائے گنگا کا پانی۔

گنگا جلی (ہ/مث) دریائے گنگا کا پانی لانے کا برتن۔

گنگا جلی اُٹھانا (ہ) گنگا جل ہاتھ میں لے کر قسم کھانا۔ حلف اُٹھانا۔ بڑی سخت قسم کھانا۔

گنگا جمنا (ہ/مث) ہندوستان کے دو مشہور اور مقدس دریاؤں کے نام۔ دو رنگا۔ ملا جُلا۔ آمیزش شدہ۔

گنگا ساگر (س/مذ) دریائے گنگا کا دہانہ۔ گنگا کے سمندر میں جا کر گرنے کی جگہ۔ آفتابہ۔ ہندوؤں کے استعمال کا ٹونٹی دار لوٹا۔

گنگا کس نے کھُدائی ہے (ہ/مثل) ایسے کام تو قدرتی ہوا کرتے ہیں۔

گنگا کو آنا تھا بھاگیرتھ کے سر جس (ہ/مثل) ایک بات تو ہونے والی ہی تھی مگر عزت تقدیر نے مُفت میں اور کو دے دی۔

گنگا گئے منڈ آئے بدھ (ہ/مثل) یہ مثل وہاں بولتے ہیں جہاں سے آدمی بے نقصان اُٹھائے نہ آئے۔

گنگا لابھ ہونا (ا/محاورہ) گنگا پر جا کر مرنا۔

گنگا مدار کا ساتھ ہونا (ہ/مذ) ہندو مسلم اتحاد ہونا۔

گنگا نہانا (ہ) دریائے گنگا میں اشنان کرنا۔ پاک ہونا۔ گناہ دُور ہونا۔ پاپ جھڑنا۔ ثواب کمانا۔ بیٹی کے فرض سے سبکدوش ہونا۔ قرضہ سے فارغ ہوجانا۔ کسی مشکل کام کو انجام پر پہنچانا۔

گنگال (ہ/مذ) کلسا۔ گاگر۔ ٹوکنا۔ پانی رکھنے کا بڑا برتن۔

گُنگُنا (ہ) ناک میں بولنے والا۔ غُنغُنا۔ نیم گرم۔ سیل گرم۔

گُنگُنانا (ہ) ناک میں بولنا۔ دھیمی آواز سے مُنہ ہی مُنہ میں گانا۔ گُن گُن کرنا۔

گن گن کر۔ یا۔ گن گن کے (ہ) ایک ایک کر کے۔ شمار کر کے۔ سنبھال سنبھال کے۔ جُوں توں کر کے۔ بڑی مشکل سے۔

گن گن کر آوے ٹوٹا پاوے (ہ/مثل) زیادہ ہوشیاری بھی آخر کو نقصان دیتی ہے۔

گن گن کر دن کاٹنا۔ یا۔ گزارنا (ہ) بپتا کے دن پورے کرنا۔ بڑی مشکل سے دن گزارنا۔

گن گن کے قدم رکھنا (ل) سہج سہج چلنا۔ ہولے ہولے چلنا۔ ہوشیاری اور دُور اندیشی سے کام لینا۔ نہایت احتیاط سے چلنا۔

گنوار (ہ/مذ) گاؤں میں رہنے والا۔ کسان۔ زمیندار۔ اَن پڑھ۔ جاہل۔ بے تمیز۔ غیر مہذب۔ بے سلیقہ۔ پھوہڑ۔ اناڑی۔ ناتجربہ کار۔

گنوارپن (ہ/مذ) بے وقوفی۔ نادانی۔ جہالت۔ بے تمیزی۔ ناتجربہ کار۔

گنوار کا لٹھ (ہ/مذ) کسان کی موٹی لاٹھی۔ ناشائستہ۔ اکھڑ۔ اُلّو۔ گدھا۔ اُجڈ۔ جاہل۔ احمق۔ بداخلاق۔

گنوار کا ہانسا توڑے پانسا (ا/مثل) احمق کا مذاق نقصان دیتا ہے۔

گنوار گنّا نہ دے بھیلی دے (ہ/مثل) بے وقوف شرافت سے کم نقصان پر راضی نہیں ہوتا۔ مگر مجبور ہو کر جہالت سے زیادہ نقصان گوارا کر لیتا ہے۔ گنوار کم لوٹے کی جگہ زیادہ اُٹھاتا ہے۔

گنوارُو (ہ) بھدا۔ ناموزوں۔ بدوضع۔ گنواروں کا سا۔

گنواری (ہ/مث) گاؤں کے رہنے والی۔ زمیندارنی۔ گنوار کی مؤنث۔ بھدی۔ بدزیب۔ بدوضع۔ ناموزوں۔

گنواری باتیں (ا/مث) دہقانوں کی سی باتیں۔

گنوانا (ہ) شمار کرانا۔

گنوانا (ہ) کھونا - برباد کرنا - ضائع کرنا - ناحق تباہ کر دینا - یونہی گزارنا -

گنونتی (ہ/مث) عالمہ - ہنر مند عورت - دانش مند -

گنہ (ف/مذ) خطا - قصور - دوش - جرم - گناہ کا مخفف ہے -

گنی (انگریزی/مث) انگریزی اشرفی - سونے کا سکہ -

گنی (ہ) عالم فاضل - ہنر مند - پنڈت - ولی اللہ - عارف - کامل - سانپ کا کھلاڑی - سپیرا - جادو ٹونا کرنے والا -

گنیا (ہ/مذ) ہنر مند - عقل مند - دانا - بڑھئی کا گونیا - سادھن - ٹیڑھی لکڑی یا چیز کی سیدھ دیکھنے کا آلہ - مضروب فیہ جس میں ضرب دیں -

گنی بوٹی نپا شوربا (ا/مثل) بالکل پورا - نہ کم نہ زیادہ - ضرورت کے موافق - قابل گزارا -

گنیش (ہ/مذ) مہادیو اور پاربتی جی کے بیٹے کا نام ہے - جو دانائی کا دیوتا اور مشکل کشا مانا جاتا ہے - اسی وجہ سے ہندو لوگ اس کی بڑی تعظیم کرتے ہیں -

گ - و

گو (ف) مانا کہ - گرچہ - اگرچہ - بالفرض - تشبیب -

گُو (ا/مذ) گوہ کا مخفف - پاخانہ - براز - چرکین - بیٹ -

گنواری باتیں (ا/مث) دہقانوں کی سی باتیں -

گو اچھالنا (ا/محاورہ) بدنام کرنا - بُری بات کو شہرت دینا -

گو سے نکال کر موت میں ڈالنا (ا/محاورہ) بہت ذلیل کرنا - رسوا کرنا -

گو کا پوت نوشادر (ا/محاورہ) رذیل برے شخصوں کی سادات ظاہر کرنے کے لیے کہتے ہیں -

گئو (س/مث) گائے - بیل کی مادہ - گاؤ مادہ - بقرہ - مسکین - غریب -

گوپال (س/مذ) گایوں کو پالنے والا - گھوسی - گوجر - کرشن جی کا لقب -

گئو دان (ہ/مذ) گائے کا پُن کرنا -

گئو رس (س/مذ) گائے کا دُودھ - دہی - چھاچھ - چھا -

گئو سالہ (ہ/مذ) گایوں کے رہنے کی جگہ - کھرک -

گئو مکھی (ہ/مث) بانات کی تھیلی - جس میں ہندو لوگ مالا ڈال کر جپتے ہیں - ہمالیہ پہاڑ کی ایک کھوہ جہاں سے گنگا نکلی ہے گنگا کا منبع - گنگوتری - گائے کے چہرے جیسی - گائے کے چہرے کی طرح لمبوتری -

گئو آر (ہ/مذ) ایک قسم کا غلہ جو مویشیوں کو دُودھ کی زیادتی کے لیے کھلاتے ہیں -

گوارا (ف) رچتا پچتا - پچنے کے قابل - زود ہضم - خوش مزہ - من بھاتا - من پسند - منظور نظر - قابل برداشت -

گوالا (ہ/مذ) گایوں کی پرورش کرنے والا - گھوسی - گوجر - دُودھ بیچنے والا - چرواہا -

گوالن (ہ/مث) گوالا کی تانیث - گوجری - گھوسن -

گوالیار - مہاراجہ سندھیا کے ماتحت گوالیار (ا) حکومت - یہاں کا قلعہ مشہور ہے - اور جواہر خمسہ عملوں کی کتاب کے مصنف حضرت شاہ غوثؒ یہیں کے تھے -

گواہ (ف/مذ) شاہد - گواہی دینے والا - ثبوت پہنچانے والا -

گواہ بنانا (ا) شاہد ٹھہرانا - گواہ قرار دینا - جھوٹا گواہ تجویز کرنا - گواہی کے لیے سکھانا پڑھانا -

گواہ تعلیمی (فع/مذ) سکھایا ہوا پڑھایا ہوا گواہ -

گواہ دینا (ا) دعویٰ کے ثبوت یا تردید کے لیے شاہد پیش کرنا -

گواہ عینی (فع/مذ) کسی معاملے کو اپنی آنکھ سے دیکھنے والا شاہد -

گواہ سماعی (فع/مذ) سُنی بات کی گواہی دینے والا -

گواہ کرنا (ا) شاہد بنانا - معاملہ سے واقف کرنا - جتانا -

گواہ مرقوم الحاشیہ (فع/مذ) تمسک کے حاشیہ پر گواہی کرنے والا -

گواہ مندرجہ دستاویز (فع/مذ) وہ گواہ جس کے دستخط کسی تمسک یا دستاویز پر موجود ہوں -

گواہی (ف/مث) شہادت - شاہدی - ساکھ -

گواہی اُلٹی ہو جانا (ا/محاورہ) شہادت کا خلاف ہو جانا -

گواہی کرنا - یا - لکھنا (ا) کسی دستاویز پر اپنے دستخط کرنا -

گوائی (ف/مث) گانے کی اُجرت -

گوبر (ہ/مذ) مویشیوں کا پاخانہ - مویشی کی خوراک کا فضلہ - سرگین - گائے وغیرہ کا گو -

گوبر کرنا (ہ) مویشی کا ہگنا - بزدلی دکھانا -

گوبردھن (ہ/مذ) گوردھن کا بگاڑ - مویشیوں کے محافظ دیوتا کا نام - دیوالی سے اگلے روز کا تہوار - متبرک پہاڑ کا نام -

گوبری (ہ/مث) گوبر ملی ہوئی نہایت پتلی مٹی - لپائی کے قابل -

گوبند (س/مذ) گووند کا بگاڑ ہے - گئور کھنے والا - وید کی زبان جاننے والا - کرشن جی کا مشہور لقب -

گوبھی (ہ/مث) ایک قسم کا کرم کلا - مشہور ترکاری -

گوپیٹ (س/مذ) گائیں چرانے والا - گوجر - رہبر -

گوپال (ف/مذ) گرز - گدا - لڑائی کا ایک ہتھیار -

گوپن - یا - گوپھن (ہ/مذ) گوپیا - فلاخن - جانوروں کو اُڑانے کے لیے پتھر یا مٹی کے گولے رکھ کر پھینکنے کا رسّی کا بنا ہوا آلہ -

گوپی (س/مث) گوجری - گھوسن - گوالن - آہیرنی - شیر فروش عورت - کرشن جی کی سہیلیاں -

گوپی ناتھ (س) گوپیوں کا خداوند ۔ گوپیوں کو خوشی رکھنے والا ۔ یہ دونوں سری کرشن جی کے لقب ہیں ۔
گوپیا چلانا (ار/محاورہ) فلاخن سے پرندوں کا اڑانا ۔
گوپیا (ہ/مذ) رسیوں کا بنا ہوا ایک ہتھیار جس میں ڈھیلا رکھ کر جانور یا دشمن کو مارتے ہیں ۔ گوپن ۔ گوپھن ۔
گوت (ہ/مذ) گھرانا ۔ خاندان ۔ نسل ۔ جنس ۔ کل ۔ قوم ۔ فرقہ ۔ کسی قوم کی شاخ ۔
گوتم (س/مذ) ایک رشی کا نام ہے ۔ جس نے نیائے شاستر بنایا تھا ۔ نیز بدھ مذہب کا بانی ساکی منی جو ریاست کپل وستو میں پیدا ہوا تھا ۔
گوتی (ہ) ہم نسل ۔ ایک کل کے ۔ ایک خاندان کے ۔
گوٹ (ہ/مث) کنارا ۔ حاشیہ ۔ مغزی ۔ کور ۔ سنجاف ۔ چوپڑ کی نرد ۔ چوپڑ کی گٹی ۔ دعوت ۔ ضیافت ۔ گاؤں ۔ گرام ۔ گروہ ۔ جتھا ۔ ٹولی ۔ ریل کا دھاگا لپیٹنے کی سوراخ دار لکڑی ۔
گوٹا (ہ/مذ) کناری ۔ لچکا ۔ سونے چاندی کے تاروں کا بافتہ ۔ تیلی لیس ۔
گوٹا کناری (ہ/مث) چاندی سونے کے تاروں کی لیس جو ریشم کے بانے سے بنی جاتی ہے ۔
گوٹے کا ہار (ار/مذ) ایک قسم کا ہار جو شادی اور تقریبات وغیرہ میں اہل محفل میں تقسیم کیا جاتا ہے ۔
گوٹے کی تھالی (ار/مث) وہ کپڑا جس پر گوٹا ٹانک کر خاصدان کی تھالی میں بچھا دیتے ہیں ۔
گوج (ار/مث) اسرار ۔ پوشیدہ بات ۔
گوٹنجن ۔ جرمنی میں ہے ۔ یہاں کی یونیورسٹی مشہور ہے ۔
گوجر (ہ/مذ) اہیر ۔ گوالا ۔ راجپوتوں کی ایک قوم کا نام ہے جس کا کام دودھ بیچنا ہے ۔
گوجرا (ہ/مذ) گیہوں اور جو کا ملا ہوا اناج ۔
گوجری (ہ/مث) گوجر کی بیوی ۔ گوجر قوم کی عورت ۔ گوالن ۔ گھوسن ۔
گوجھا (ہ/مذ) پاکٹ ۔ کیسہ ۔ جیب ۔ سموسہ ۔ ایک قسم کا پکوان ۔ ایک قسم کی کانٹوں والی گھاس ۔
گوچر (س/مذ) چراگاہ ۔ علف زار ۔ خیال ۔ وہم ۔ حواس سے پہچانی ہوئی چیزیں ۔
گود (ہ/مث) پہلو ۔ آغوش ۔ کنار ۔ کولی ۔ دامن ۔ آنچل ۔ متبنیٰ کرنا ۔
گودبان (ف) اونٹ کی پیٹھ کا کوب ۔
گود بھری جانا (ہ) حاملہ کے ساتویں مہینے کی خوشی کی رسم کا ادا کرنا ۔
گود بھری (ہ/مث) بچے والی عورت ۔ صاحبِ اولاد عورت ۔
گود بھری رہے (ہ) دعائیہ ۔ اولاد زندہ و سلامت رہے ۔ بچہ گود میں رہے ۔
گود پسار کے کوسنا (ہ) دامن پھیلا کے بددعا دینا ۔ ہاتھ پسار کے بڑا منانا ۔
گود پسارنا ۔ یا ۔ پھیلانا (ہ) دامن پھیلانا ۔ سوال کرنا ۔ مانگنا ۔
گود دینا (ہ) اپنا بچہ دوسرے کی گود میں ڈالنا ۔ فرزندی میں دینا ۔ اپنے بچے کو دوسرے کا متبنیٰ بنانا ۔
گود کا (ہ) دودھ پیتا ۔ شیرخوار بچہ ۔ گود والا بچہ ۔
گود کا پالا (ار/مذ) بہت پیارا ۔
گود کا چھوڑ کر پیٹ کی آس (ہ/محاورہ) اُدھار کے بھروسے پر نقد کو گنوانا ۔ موجودہ چیز کو کھو کر آیندہ نفع کی اُمید کرنا ۔
گود کا کھلا یا گود نہیں رہتا (ہ/مثل) انسان کی ہمیشہ ایک ہی حالت نہیں رہتی ۔
گود کھلانا (ہ) گود میں پالنا ۔ بچے کو گود میں رکھ کر بہلانا ۔ پرورش کرنا ۔ دودھ پلانا ۔
گود لینا (ہ) لے پالک بنانا ۔ متبنیٰ بنانا ۔
گود میں لڑکا شہر میں ڈھنڈورا (ار/مثل) چیز پاس ہو اور تلاش کہیں اور کی جائے ۔
گود میں لینا (ہ) آغوش میں لینا ۔ بچے کو گود میں لینا ۔ زانو پہ بٹھانا ۔
گودا (ہ/مذ) مغز ۔ مخ ۔ بھیجا ۔ گٹھلی کے اندر کا مغز ۔ اندرونی حصہ ۔ خلاصہ ۔ کسی چیز کا سب سے بہتر حصہ ۔ گری ۔
گودام (ملایا) مذکر ۔ کھلیان ۔ تودہ ۔ ڈھیر ۔ ذخیرہ ۔ مال گھر ۔ کوٹھی ۔ مودی خانہ ۔
گودڑ (ہ/مذ) پرانا اور ناکارہ کپڑا ۔ چیتھڑے ۔ لیترے ۔ پرانے کپڑوں کی پوٹلی ۔ پرانی روئی ۔ رُوڑ ۔
گودڑ کا لعل (ار/مذ) شریف ۔ مفلس ۔ چھپا رستم ۔ نامعلوم کامل ۔ غیر مشہور فاضل ۔ وہ حسین جو پھٹے پرانے لباس میں ہو ۔
گودڑ گادڑ (ہ/مذ) چیتھڑے ۔ گودڑے ۔ لیترے لتے ۔ دگادڑ تابع فعل ہے ۔
گودنا (ہ) کچوکے لگانا ۔ چبھونا ۔ بیندھنا ۔ زخم دینا ۔ جسم پر سوئی سے کھودنا ۔ نیل یا سرمہ بھرنا ۔ کھنا ۔ کندہ کرنا ۔ طعنے مہنے دینا ۔ چھیڑنا ۔
گودنا (ہ/مذ) کھڑیلی (پنجابی ۔ رمیا) ۔ گدائی ۔ کندیدگی ۔ سوئی سے جسم پر کام ۔
گودہ (ہ/مذ) کیلوں کا خوشہ ۔ کیلوں کا گھر ۔
گودی (ہ/مث) بغل ۔ کولی ۔ آغوش ۔ کنار ۔ مجازاً پاس ۔ قریب ۔
گودی پھیلا کر دعا دینا (ار/محاورہ) دل سے دعا دینا ۔
گودے دار (ار) گری دار ۔ پُر مغز ۔
گوڈا (ہ/مذ) گھٹنا ۔ زانو ۔
گوڈنا (ہ) کھودنا ۔ گودنا ۔ نلائی کرنا ۔
گوڈوں میں سر دینا (ہ) رنج و غم ظاہر کرنا ۔ غم کی صورت بنانا ۔
گور (ف/مث) قبر ۔ تربت ۔ مزار ۔ مٹھ ۔ سمادھ ۔ بہرام بادشاہ کا لقب ۔ گورخر ۔ جنگلی گدھا ۔ جنگل ۔ صحرا ۔

گور جھانکنا (ا) قریب مرگ ہونا - موت کا انتظار کرنا - جنا کنارے پہنچنا۔

گورِ غریباں (ف امث) بے کسوں کا قبرستان - مسافروں اور اجنبیوں کے دفن کرنے کی جگہ - کسی عاشق زار کی قبر۔

گور کا مُنہ جھانک کر آنا - یا - پھرنا (ا) مر مر کے بچنا - سخت بیماری سے شفا پانا - از سرِ نو زندگی پانا۔

گور کفن / گور گڑھا (ا/مذ) قبر اور کفن - تجہیز و تکفین - کفن میں لپٹنا اور قبر میں پڑنا۔

گورکن (ف/مذ) قبر کھودنے والا - مُردے کو دفنانے اور قبر کھودنے کا پیشہ کرنے والا۔

گور کنارے (ا) کوئی دم کا مہمان - جاں بلب - قریب مرگ۔

گور کے مُردے اُکھیڑنا (ا) اگلوں کو یاد کرنا - پچھلی باتوں کو یاد کرنا - پُرانے جھگڑے نکالنا - یا فتنہ کھڑا کرنا - یہ محاورہ صحیح گڑے مُردے اکھاڑنا ہے۔

گور کھائے (بد دُعا) مَرے۔

گور گڑھا کرنا (ا) تجہیز و تکفین کرنا - کفنانا - دفنانا - کریا کرم سے نمٹنا۔

گور میں انگارے بھرنا (ا) عذاب کمانا - گنہگار ہونا - بدی کرنا - غیبت کرنا۔

گور میں پاؤں لٹکائے بیٹھے ہیں (ا/محاورہ) مرنے کو تیار ہیں نہایت بوڑھے ہیں - چند روزہ مہمان ہیں۔

گور میں دُھواں اُٹھنا (ا) قبر میں جلنا - عذابِ قبر ہونا۔

گور میں کیڑے پڑیں (ا) قبر میں جسم سڑ کر کیڑے کلبلائیں۔

گور میں لات مار کے کھڑا ہونا (ا/محاورہ) مَر مَر کر جینا۔

گورا (ہ) سُرخ و سفید رنگ والا - چِٹّا - صبیح - اُجلا - دھولا - حسین و جمیل (مذ) فرنگی - یورپین سپاہی۔

گورا بدن (ا/مذ) سفید رنگ کا جسم۔

گوراپن (ا/مذ) سفیدی۔

گورا چِٹّا (ہ) نہایت حسین و جمیل - خوبصورت - سُرخ و سفید۔

گوراشاہی (ا) گوروں جیسا - گوروں کے کام کے قابل - گوروں کے استعمال کا - نہایت مضبوط بُوٹ یا کوٹ وغیرہ۔

گورخر (ف/مذ) گور بمعنی جنگلی اور خر بمعنی گدھا سے مرکب ہے - صحرائی گدھا - جنگلی گدھا۔

گورستان (ف/مذ) قبرستان - مُردوں کے دفن ہونے کی جگہ - شہرِ خموشاں - مرگھٹ۔

گورکھ دھندا (ہ/مذ) قفل وسواسی - قفل ابجد - گورو گورکھ ناتھ کا ایجاد کردہ قفل - مجازاً مشکل کام - پیچیدہ معاملہ - بکھیڑے والا معاملہ۔

گورنر (انگریزی/مذ) کسی مُلک پر حکومت با اختیار کرنے والا - حاکمِ اعلیٰ - صوبہ دار۔

گورنر جنرل (انگریزی/مذ) گورنر سے بڑا عہدہ دار - وائسرائے - نائب السلطنت۔

گورنمنٹ (انگریزی/مث) راج - بادشاہی حکومت - عمل داری - حکمرانی - جمہوری سلطنت۔

گوری (ہ/مث) معشوقہ - محبوبہ - خوبصورت عورت - حسینہ - گورا کی تانیث۔

گوری کا جوبن چٹکیوں میں جانا (ہ) کسی چیز کا نوعمری میں ہی ختم ہو جانا - کسی چیز کی خوبی یا کسی کے حُسن کا ضائع ہو جانا۔

گوری (س/مث) مہادیو کی استری - پاربتی - گورجا - آٹھ برس تک کی کنواری لڑکی - مالکوس راگ کی دوسری راگنی۔

گوریا (ہ/مث) چڑیا - کنجشک - مٹی کا چھوٹا حقہ۔

گوریلا (انگ/مذ) چھاپہ مار فوج کا ایک سپاہی۔

گوریلا جنگ (انگ/مث) چھاپہ مار جنگ۔

گوڑ (س/مذ) بنگال کا درمیانی حصہ - بنگال کے قدیم دارالخلافہ کا نام - شہر گور کا رہنے والا - برہمنوں کی ایک اعلیٰ قوم۔

گوڑ (ہ/مذ) پنڈلی - ٹانگ - ٹخنہ - شتالنگ - پاؤں - پیر - قدم۔

گوڑا (ہ/مذ) زانو - گھٹنے کی چپنی۔

گوڑنا (ہ) ہل باہنا - بیج بونے کے لیے زمین گودنا - زمین تیار کرنا - ملانا - گڈائی کرنا - گاہنا - بھس سے اناج علیحدہ کرنا۔

گوڑی (ہ/مث) لابھ - نفع - فائدہ - بلا محنت ملا ہوا مال۔

گوڑی کرنا (ا/محاورہ) کمانا - فائدہ اُٹھانا۔

گوڑی ہاتھ سے جانا (ہ) شکار ہاتھ سے نکل جانا - کچھ ہاتھ نہ آنا - فائدہ نہ ہونا۔

گوڑے (ہ/مذ) گھٹنے۔

گوڑے پسار جانا (ہ) پاؤں پھیلا جانا - مر جانا - جی چھوڑنا - ہمت ہار جانا - گوڑے پسارنا بھی بولتے ہیں۔

گوڑے ٹوٹ جانا (ہ) گھٹنے ٹوٹ جانا - چلتے چلتے ٹانگیں تھک جانا - چلنے کی ہمت نہ رہنا - حوصلہ نہ رہنا - نااُمید ہو جانا۔

گوڑیت (س/مذ) چوکیدار - مخبر۔

گوز (ف/مذ) پاد - باؤ - ریح - پھسکی - گندی ہوا۔

گوزِ شتر (ا) لغو - پوچ - واہیات - بادِ ہوائی۔

گوزِ شتر سمجھنا (ا) لغو خیال کرنا - فضول جاننا - بے وقعت سمجھنا - خیال میں نہ لانا۔

گوسالہ (ف/مذ) گائے کا ایک سال کا بچہ - بچھڑا - سامری جادوگر کا سونے کا بچھڑا۔

گوسفند - یا - گوسپند (ف/مث) بھیڑ - بھیڑی - دُنبہ - بکری - بکرا - بھیڑ بکری۔

گوش (ف/مذ) کان - سمع۔

گوش بر آواز (ف) کسی کی آواز کا منتظر - کسی خبر کا اُمیدوار - منتظر۔

گوش زد ہونا (ز) کان میں پڑنا ۔ سننے میں آنا ۔ سنا جانا ۔
گوش گزار ہونا (ز) اطلاع ملنا ۔ خبر ہونا ۔ سننے میں آنا ۔ کان میں پڑنا ۔
گوشت (ف/مذ) ماس ۔ شکار ۔ لحم ۔ گودا ۔ مغز ۔ گری ۔
گوشت خوار (ف) شکار کھانے والا ۔ ماسا دھاری ۔ درندہ ۔ گوشت پر ہی گزارہ کرنے والے جانور ۔
گوشت سے ناخن جدا کرنا (ز) دور رشتہ داروں میں تفرقہ ڈالنا ۔ اپنوں کو علیحدہ اور جدا کرنا ۔ جو ناممکن بات ہے ۔
گوشت سے ناخن جدا نہ ہونا (ز) اپنوں سے نہ چھوٹنا ۔ کمال کا میل ملاپ ہونا ۔ کسی کے بہکانے وغیرہ سے رشتہ داری میں فرق نہ آنا ۔
گوشمالی } (ف/مث) سزا ۔ کان مروڑنے کی سزا ۔ کان اینٹھنے کی سزا ۔
گوشمال } سزا دینا ۔ تعزیر ۔ چشم نمائی ۔
گوشوارہ (ف/مذ) لغوی معنی لائق گوش ۔ اصطلاحاً کان کا بالا ۔ آویزہ ۔ کنڈل ۔ وہ موتی جو سیپ کے اندر سے اکیلا ہی نکلتا ہے ۔ پگڑی کا طُرّہ ۔ جیغہ ۔ حساب کا خلاصہ ۔ انتخاب ۔ حساب ۔ میزان ۔ کسی نقشے یا رجسٹر کی پیشانی ۔
گوش ہوش (ف/مذ) ہوشیاری ۔
گوش ہوش سے سننا (ز/ محاورہ) غور سے سننا ۔
گوشہ (ف/مذ) منسوب بہ گوش ۔ کونہ ۔ کھونٹ ۔ کنارا ۔ علیحدگی ۔ طرف ۔ پہلو ۔ سمت ۔ کمان کا سرا ۔ کمان کی دونوں نوکیں یا سرے ۔
گوشیار (ف) لقب حکیم بوعلی سینا کے استاد کا ۔ جن کا نام ابوالحسن تھا ۔
گوشۂ تنہائی (ف/مث) تنہائی کی جگہ ۔ خلوت ۔
گوشۂ چشم (ف/مذ) آنکھ کا کویا ۔
گوشہ دار (ف/مذ) کونے والا ۔
گوشۂ دہن (ف/مذ) منہ کا کونا ۔
گوشۂ عافیت (ع/مذ) آرام کا کونا ۔ گوشۂ تنہائی ۔ امن کا کونہ ۔
گوشۂ کمان (ف/مذ) کمان کی نوک ۔ جس میں تانت باندھتے ہیں ۔
گوشہ نشین (ف) تنہائی میں رہنے والا ۔ تارک الدنیا ۔ سب سے الگ رہنے والا ۔
گوشہ نشینی (ف/مث) علیحدگی ۔ تنہائی ۔ خلوت و عزلت ۔
گوکھرو (ہ/مذ) ایک تین کونے کانٹے کا نام ہے ۔ گوکھرو کا پودا یا بیل ۔ لوہے کے کانٹے جو دشمن کے راستوں میں ڈال دیتے ہیں ۔ کان کا ایک زیور ۔ دھنک وغیرہ کا تکونا موڑا ہوا گوٹا ۔
گوگا (ہ/مذ) خاکروبوں کے پیر کا نام ہے ۔
گوگل (ہ/مذ) ایک نہایت تلخ اور بدبودار گوند ہوتا ہے ۔
گول (ہ) چکر دار ۔ کروی ۔ مدور ۔ مشکوک ۔ مشتبہ ۔ پیچدار بات ۔ بے وقوف ۔ احمق ۔ (مث) رسّی کا بڑا لٹکا ۔
گول گول (ہ) مشکوک ۔ مشتبہ ۔ مبہم ۔
گول گول کہنا (ہ) صاف صاف نہ کہنا ۔ ذومعنی کلام کرنا ۔ کئی مطلبوں والی بات کہنا ۔
گول مال (ہ) گڑبڑ ۔ گھپلا ۔ سازش ۔ الٹ سلٹ ۔ خیانت ۔ غبن ۔ غائب ۔ دال میں کالا ۔ مشتبہ ۔
گول مال کرنا (ہ) گھپلا دینا ۔ غائب ۔ غلہ کرنا ۔ غبن کرنا ۔ سازش کرنا ۔ الٹ سلٹ کرنا ۔
گول منہ (ہ/مذ) مدور چہرہ ۔ چکلا منہ ۔ آفتابی چہرہ ۔
گول ہو رہنا (ہ) ٹال جانا ۔ چپ ہو رہنا ۔ خاموش ہو بیٹھنا ۔ جواب نہ دینا ۔
گولا (ہ/مذ) بالف زائدہ ۔ پنڈا ۔ گھیرا جیسے دھاگوں کا گولا ۔ اناج کی منڈی ۔ گول شہتیر ۔ لٹھا ۔ ایک قسم کا کبوتر ۔ ناریل کے اندر کی ثابت گری ۔ بادسول ۔ بادگولہ ۔ ریوڑ ۔ گلہ ۔ پکا کنواں جو اندر باہر سے استرکاری کیا ہوا ہو ۔ توپ کا گولہ ۔
گولا اٹھانا (ہ) اپنی سچائی ثابت کرنے کو لوہے کا دہکتا ہوا لال گولا ہاتھ میں لے لینا ۔
گولا چلانا (ہ) توپ چھوڑنا ۔ گولا مارنا ۔
گولا ذن (ہ) نہایت موٹا تازہ ۔ گول مٹول ۔ فربہ اندام ۔
گولا دھار برسنا (ہ) سخت بارش ہونا ۔ موسلا دھار بارش ہونا ۔
گولا لاٹھی دینا ۔ یا ۔ کرنا (ہ) ہاتھ پاؤں باندھ کر گھٹنوں میں لاٹھی دے کر اٹھانا ۔ ایک قسم کی سزا ہے جو مکتبوں میں سخت قصور پر دی جاتی ہے ۔
گولائی (ہ/مث) گول پن ۔ چکر ۔ دور ۔
گولر (ہ/مذ) ایک درخت اور اس کے پھل کا نام ہے جو انجیر سے مشابہ ہے ۔ روئی کا ڈوڈا ۔ طینٹ ۔ کپاس کا ڈوڈا ۔
گولر کا پھول (ہ/مذ) گولر کے درخت کا پھول ۔ نہایت نایاب شے ۔ نادر ۔ کمیاب ۔ ناممکن الحصول ۔
گولر کا پھول پھولنا (ز/ محاورہ) عجیب بات ہونا ۔
گولر کا پیٹ پھڑوانا (ہ) راز فاش کروانا ۔ بھید کھلوانا ۔ دبی ہوئی عیب دار بات کو ظاہر کروانا ۔ پوشیدہ راز کو ظاہر کرانا ۔
گولر کا کیڑا (ہ/مذ) گولر کے پھل کے اندر کا کیڑا ۔ مجازاً گھر سے باہر نہ نکلنے والا آدمی ۔
گولر لیکنا (ہ) چبا چبا کر باتیں کرنا ۔ فخریہ اور طنزیہ بات کرنا ۔
گولک (ہ/مث) روزانہ بکری رکھنے کا برتن ۔ بکری رکھنے کی کپتی ۔ گلہ ۔ غلہ ۔ حرامی بچہ ۔
گولنداز (ف/مذ) گولہ انداز کا مخفف ۔ توپ چلانے والا توپچی

گولڈن گیٹ ۔یا۔سنہری دروازہ ۔ شہر سان فرانسسکو دکیلی فورنیا) گولڈگیٹ کے جنوبی سرے پر ہے ۔سونے کی وجہ سے یہ نام ملا ہے۔

گولہ (ف ا مذ) توپ کا گولہ ۔گلولہ ۔غلہ ۔ گوپھن میں چلاتے کا گولہ۔

گولہ انداز (ف اصف) توپ چلانے والا ۔ توپچی۔

گولہ باری (ا ا مث) گولے پھینکنے کا عمل۔

گولی (ہ امث) گولے کی تصغیر ۔ بندوق کی گولی ۔ دوا کی بٹی ۔ گلگلا ۔ حب ۔ بچوں کے کھیلنے کا انٹا ۔ گول دانہ ۔ روا ۔ پانی رکھنے کی بڑی ٹھلیا ۔ مٹکی۔

گولی بارود کہیں جائے طلب لینے سے کام (ا ا مثل) کسی کا کام بنے یا بگڑے اپنی تنخواہ اور مطلب سے غرض۔

گولی بچا جانا (ہ) کسی مشکل کام یا آفت کے وقت الگ ہو جانا۔

گولی بنانا (ا ا محاورہ) کسی چیز کو مدور شکل میں بنانا۔

گولی چلانا (ہ) گولی مار دینا ۔ کسی کو بندوق کی گولی کا نشانہ بنانا ۔ بندوق میں گولی بھرنا ۔ کسی کے جسم میں گولی داخل کرنا۔

گولی دینا (ہ) دوا کی بٹی کھلانا۔

گولی لگنا (ہ) گولی کا زخم یا ضرب آنا ۔ بندوق کا نشانہ لگنا۔

گولی لگے ۔یا۔ پڑے (ہ) بندوق سے مارا جائے۔

گولی مارنا (ہ) بندوق چھوڑنا ۔ جان سے مار ڈالنا ۔ گولی چلانا۔

گولیاں کھیلنا (ہ) گولیوں کا کھیل کھیلنا ۔ ایام طفلی ہونا ۔ بچپن کا زمانہ ہونا۔

گولیاں کھیلتے ہیں (ہ امحاورہ) ابھی تک بچے ہیں ۔ نا سمجھ ہیں ۔ بے عقل ہیں۔

گوم (ہ امذ) گھوڑے کے بالوں کا پیچیدہ ہونا جو منحوس سمجھا جاتا ہے۔

گوماچی (ا ا مث) گھوڑے کی کنگھی۔

گومڑ ۔یا۔ گومڑا (ہ امذ) گومل پھوڑا ۔ ورم ۔ سوجن ۔ سر میں ضرب لگنے کا ورم۔

گومڑی (ہ امث) چھوٹی پھنسی ۔ دانہ۔

گومکھی (ہ امذ) وہ تھیلی جس میں مالا ڈال کر جپتے ہیں۔

گومگو (ا) دبدھا ۔ تذبذب ۔ شک وشبہ ۔ وسوسہ ۔ مشکوک ۔ پوشیدہ ۔ مخفی ۔ خفیہ ۔ ناگفتہ بہ۔

گومل ۔ کوہ سلیمان کا ایک درہ ہے جس کی حفاظت ڈیرہ اسماعیل خان کی چھاؤنی کرتی ہے ۔ گومل ایک دریا بھی ہے جو سرحد ہی میں بہتا ہے۔

گوں (ف امذ) رنگ ۔ لون ۔ حرف تشبیہ بھی ہے۔

گون (ہ امث) بالوں یا رسیوں کا بنا ہوا تھیلا ۔ گدھوں بیلوں وغیرہ پر غلہ لادنے کی بوری ۔ خرپار ۔ تنگ۔

گوں (ہ امث) داؤ ۔ غرض ۔ گھات ۔ مطلب ۔ مقصد ۔ قابل ۔ لائق ۔ جوگ ۔ خواہش ۔ ضرورت ۔ حاجت ۔ اچھا۔

گوں پڑنا (ہ) مطلب پڑنا ۔ کام پڑنا ۔ تعلق اور واسطہ ہونا۔

گوں کا (ہ) غرض کا ۔ مطلب کا ۔ لوبھی ۔ لالچی ۔ خود غرض ۔ زود کام۔

گوں کا یار } گوں گیرا } (ا ا مذ) مطلب کا یار ۔ خود غرض ۔ مطلبی ۔ مطلب کا بندہ ۔ ابن الوقت۔

گوں نکل گئی ۔ آنکھ بدل گئی (ا ا مثل) مطلب نکلنے کے بعد بے پروا ہو گیا۔

گون (انگریزی امذ) ایک قسم کا ڈھیلا ڈھالا انگریزی زنانہ لباس ۔ پشواز ۔ یونیورسٹی کی ڈگری حاصل کرنے کے وقت کا خاص امتیازی لباس ۔ یعنی سیاہ جبہ۔

گونا (ہ امذ) مکلاوا ۔ دولہا کا اپنے سسرال میں جا کر دولہن کو وداع کرا کے لانا ۔ تخت کی رات ۔ سہاگ رات ۔ خلوت ۔ شب عروسی۔

گونا ہونا (ہ) مکلاوہ ہونا۔

گوناگوں (ف) طرح طرح کا ۔ رنگ برنگ کا ۔ الانواع و اقسام کا۔

گونج (ہ امث) گرج ۔ تصادم آواز ۔ آواز کا کسی صاف اور مجوف سطح سے ٹکرا کر پھر اسی طرح سنائی دینا ۔ سانپ کی پھنکار ۔ کبوتر یا قمری کی آواز ۔ شیر کی دھاڑ۔

گونج اٹھنا (ہ) آواز سے بھر جانا ۔ شور و فغاں سے پر ہونا ۔ بہت ہی شور و غل ہونا۔

گونجنا (ہ) گنبد سے آواز کا لوٹ کر آنا ۔ وہی آواز سنائی دینا ۔ کبوتر کا مستی میں بولنا ۔ شیر کی دھاڑ۔

گونچ (ہ مث) گھونگچی ۔ رتی ۔ سرخ ۔ ایک قسم کی مچھلی۔

گوند (ہ امذ) ایک طرح کا چپچپا دار مادہ جو درختوں سے نکلتا ہے ۔ صمغ۔

گوند پنجیری اور ہی کھائیں بچارا تی پڑی کراہیں (ہ امثل) دکھ کوئی سہے مزے کوئی اڑائے۔

گوندانی (ہ امث) بھیگا ہوا ۔ گوند رکھنے کا برتن۔

گوندکش (ف اصف) جس سے گوند دانی سے گوند نکالی جاتی ہے۔

گوندہ (ہ امذ) گیلی مٹی کا لوندا ۔ بھنے ہوئے چنوں کا گوندھا ہوا آٹا ۔ جو بلبل کو کھلایا کرتے ہیں۔

گوندا کھانا (ا ا محاورہ) بلبلوں کو باہم لڑنے کے لیے چارا دکھا کر بھڑکانا۔

گوندنی (ہ امث) ایک مشہور درخت اور اس کا زرد لیسدار پھل۔

گوندھنا (ہ) روٹی پکانے کے لیے آٹا سانتا ۔ آٹا ملنا ۔ مہندی گھولنا ۔ سر کے بالوں کی چوٹی بنانا ۔ موتیوں یا پھولوں کی لڑیاں پرونا ۔ ہار بنانا۔

گوندے کی دیوار (ا ا مث) وہ کچی دیوار جو خمیر کی ہوئی مٹی سے روے دے کر بناتے ہیں۔

گونڈ (س امذ) اونچی سونڈی والا ۔ ہندوستان کے اصلی باشندوں کے ایک قبیلے کا نام۔

گونڈا (ہ/مذ) بستی ۔ کھیڑا ۔ گاؤں ۔ دِہ ۔ موضع ۔ بڑی سڑک ۔ شاہراہ ۔ دُلہن کے گھر برات پہنچنے کے وقت کا نچھاور ۔ بکھیر ۔ نثار ۔ چرک ۔ صحن ۔ انگنائی ۔

گونڈا (ہ/مذ) بھیڑ بکریوں کا باڑا ۔ حیوانوں کے رکھنے کا مکان ۔ گئوسالہ ۔ کھڑک ۔ حظیرہ ۔

گونگا (ہ) زبان سے بول نہ سکنے والا ۔ گنگ ۔ خاموش ۔ چپ چاپ ۔

گونگی (ہ) گونگا کی تانیث ۔

گونگے کا اشارہ گونگا ہی سمجھے } (ہ/مثل) ہم جنس اپنی ہی جنس سے
گونگے کی پشتو اس کی ماں ہی جانے } خوب میل کھاتی ہے ۔ رمز و کنایہ کو خاص واقف ہی سمجھتا ہے ۔

گونگے کا خواب (ہ/مذ) کہنے میں نہ آنے کی بات ۔ زبان سے ادا نہ ہو سکنے والا لطف ۔ پوشیدہ بات ۔ مبہم اشارہ ۔

گونگے کا گڑ کھانا (ہ) گھُنّی سادھنا ۔ خاموشی اختیار کرنا ۔ چپ ہو رہنا ۔

گونگے کا گڑ کھٹا نہ میٹھا (ہ/محاورہ) ناقابلِ بیان ۔ ظاہر نہ کر سکنے کے قابل ۔

گونگے کی مٹھائی (ہ/مث) نہایت لطیف اور مزے دار چیز ۔

گونہ (ف/مذ) رنگ عورتوں کے رُخسارے پر ملنے کا سُرخ پوڈر ۔ غازہ ۔ گلگونہ ۔ جنس ۔ قسم ۔ نوع ۔ طور ۔ طرز ۔ وضع ۔ ڈھنگ ۔

گونہ گونہ (ف) طرح طرح کا ۔ قسم قسم کا ۔ مختلف الانواع و اقسام کا ۔

گونہار (ہ/مذ) دُلہن کے ساتھ میکے سے سُسرال میں آنے والی عورتیں ۔ ساتھ والیاں ۔

گوہ (ہ/مث) چھپکلی سے مشابہ ۔ مگر بہت بڑا ۔ دو زبانوں والا ۔ جنگلی جانور ہے ۔ نیولے سے بہت بڑا ہوتا ہے (ف) سوسمار ۔

گو (ف/مذ) پاخانہ ۔ پلیدی ۔ چھی چھی ۔ غلاظت ۔ ہگا ۔ بیٹ ۔ میلا ۔ چرک ۔

گو اُٹھانا (ہ) پاخانہ کمانا ۔ بہت بڑی خدمت کرنا ۔ نہایت خوشی اور عقیدت سے میلا کام کرنا ۔

گوہاٹی ۔ برہم پُتر ا کی وادی میں ہے اور تجارتی مرکز ہے ۔ لکڑی اور چائے یہاں سے باہر جاتے ہیں ۔

گوہار (ہ/مث) دُہائی تہائی ۔ واویلا ۔ شور و فریاد ۔ غُل غپاڑا ۔ کالا کا رول ۔ ایک آدمی کا کئی آدمیوں سے گالی گلوچ میں خوب مقابلہ ۔ گالی گلوچ ۔ لاٹھی کی لڑائی ۔ امدادی فوج ۔ کمکی فوج ۔

گوہاری (ہ/صف) ساتھی ۔ مددگار ۔

گو نہیں چھی چھی (ہ/مث) پلیدی ۔ نجاست ۔ بک بک ۔ بکواس ۔ گالی گفتار ۔ گالی گلوچ ۔ کلیس ۔ جھگڑا ۔ بکھیڑا ۔ رسوائی ۔ بدنامی ۔ فضیحت ۔ بحث تکرار ۔ ضد ۔

گوہان (ہ/مذ) گاؤں ۔

گوہانجنی (ہ/مث) آنکھ کی پھنسی جو پلک پر نکلا کرتی ہے ۔ انجنہاری ۔

گوہانی (ہ/مث) گاؤں کے آس پاس کی زرخیز زمین ۔

گوہر (ف/مذ) قیمتی پتھر ۔ جوہر ۔ موتی ۔ دُر ۔ مروارید ۔ مادہ ۔ ماہیت ۔ اصل ۔ نسل ۔ ذات ۔ جڑ ۔ بنیاد ۔ پوشیدہ بات ۔ بیٹا ۔ فرزند ۔

گوہر آگیں (ف/صف) وہ چیز جس میں موتی جڑے ہوں ۔

گوہر شب تاب ۔ یا ۔ شب چراغ (ف/مذ) ایک قسم کا لعل جو رات کو خوب چمکتا ہے ۔

گویا (ف) بولنے والا ۔ خوش گفتار ۔ غالباً ۔ ظاہراً ۔ مانند ۔ ہوبہو ۔ مثل ۔ بالفرض ۔ مانا کہ (مذ) بولنے والا حیوان ۔

گوّیا (ہ/مذ) گانے والا قوال ۔ ڈوم ۔ میراثی ۔ کلاونت ۔ گایک ۔

گوئیٹھا (ہ/مذ) اُپلا ۔ گوہا ۔ گوسا ۔

گوینده (ف/مذ) کہنے والا ۔ گویا ۔ خبر دینے والا ۔ مخبر ۔ جاسوس ۔

گوئے انگلہ (ف) گھنڈی اور تکمہ ۔

گ ۔ ہ

گہ (ہ/مث) کوٹھے کی اونچائی ۔ مکان کا درجہ ۔ کھنڈ ۔ منزل ۔ قبضہ ۔ دستہ ۔ موٹھ ۔

گہ بیٹھنا (ہ) تلوار کی موٹھ ۔ بیٹھ جانا ۔ ہاتھ میں جم جانا ۔

گھات (ہ/مث) داؤ ۔ تاک ۔ موقع ۔ ادا ۔ انداز ۔ طرز ۔ دھوکا ۔ فریب ۔ مطلب ۔ ارادہ ۔ شکار یا دشمن کے انتظار میں بیٹھنے کی جگہ ۔ کمین گاہ ۔ جادو ٹونا ۔ منتر ۔ قتل کرنے کی فکر ۔ قتل کا ارادہ ۔

گھات لگانا (ہ) تاک لگانا ۔ موقع کی تاک میں رہنا ۔ داؤ لگانا ۔ چھپ کے بیٹھنا ۔

گھات میں بیٹھنا (ہ) شکار مارنے یا دشمن پہ وار کرنے کی غرض سے چھپ کر بیٹھنا ۔ موقع تاکنا ۔

گھاتک } (ہ/مذ) گھات لگانے والا ۔ موقع تاکنے والا ۔ چال باز ۔
گھاتی } خونی ۔ خون کا پیاسا ۔ قاتل ۔ خود غرض ۔
گھاتیا } مطلبی ۔

گھاتیں بتانا (ہ) چالیں بتانا ۔ داؤ سکھانا ۔

گھاٹ (ہ/مذ) دریا ۔ تالاب یا کنوئیں کا پانی بھرنے کا کنارا ۔ جانوروں کو پانی پلانے کی جگہ ۔ مشرب ۔ دریا سے اُترنے کا چوڑا اور کم پانی والا مقام ۔ گزرگاہ ۔ دھوبیوں کے کپڑے دھونے کی جگہ ۔ تلوار کا خم شروع ہونے کی جگہ ۔ باڑھ سے اوپر کا

حصّہ۔ طرف۔ جانب۔ ڈول۔ ڈھنگ۔ وضع۔ راہ۔ رستہ۔ جڑ کی تابت گری۔ پُل کا محصول۔ کشتی کا کرایہ۔

گھاٹ گھاٹ کا پانی پینا۔ (ہ) جگہ جگہ کا سفر کرنا۔ تجربہ کار ہونا۔ مُلک میں جا کر تجربہ حاصل کرنا۔

گھاٹ مار (ا/ صف) جو چنگی اور راہداری کا محصول ادا نہ کرے۔

گھاٹ مارنا (ہ) کترائی کا محصول دے کر نہ جانا۔ پُل کا محصول ادا نہ کرنا۔

گھاٹ مانجھی (ہ/ مذ) کشتیوں کے کرایہ کا انتظام اور سواریاں جمع کرنے والا ملاح۔

گھاٹ والا (ہ/ مذ) گھاٹوں پر نہلانے اور ٹیکا لگانے والا برہمن۔

گھاٹا (ہ/ مذ) ٹوٹا۔ نقصان۔ کمی۔ خسارہ۔ کٹے اور چھڑے ہوئے جو کا پانی۔ آش جو۔

گھاٹا آنا (ا/ محاورہ) نقصان ہونا۔

گھاٹا بھرنا (ا/ محاورہ) نقصان پورا کرنا۔

گھاٹی (ہ/ مث) دو پہاڑوں کے بیچ کا راستہ۔ جالان۔ پروانہ راہداری۔ حلق۔ گلا۔ جیسے اترا گھاٹی ہوا ماٹی۔

گھاٹیا (ہ/ مذ) گھاٹ والا برہمن جو اشنان کراتا اور ٹیکا لگاتا ہے۔

گھار (ہ/ مث) دیکھو (گوہار)

گھاس۔ یا۔ گھانس (ہ/ مث) گراس۔ کاہ۔ گیاہ۔ پھونس۔ پولا۔ چارہ۔ ساگ۔ پات۔ سبزی۔ بُوٹی۔

گھاس پھوس (ہ/ مذ) کوڑا کرکٹ۔

گھاس کاٹنا (ہ) چارہ کاٹنا۔ جلد جلد پڑھنا یا بولنا کہ سمجھ میں نہ آسکے۔ بے تُکلفی سے پڑھنا۔ بیگار ٹالنا۔

گھاس کھا گھاس (ہ/ محاورہ) دکان دار گاہک کو طنزاً کہتے ہیں۔ تو اس کی قدر کیا جانے، یہ گھاس نہیں جو سستی بکے۔

گھاس نہ ڈالنا (ا/ محاورہ) پروا نہ کرنا۔ بات نہ پوچھنا۔

گھاگ (ہ) بہت پرانا۔ بوڑھا۔ ضعیف العمر۔ خرانٹ۔ سیانا۔ ہوشیار۔

گھاگرا (ہ/ مذ) لہنگا۔ گون۔ پشواز۔ ایک دریا کا نام۔ ایک قسم کا کبوتر۔

گھال میل (ہ) گڈ مڈ۔ ملا جلا۔ میل ملاپ۔ ربط ضبط۔

گھال میل رکھنا (ہ) میل ملاپ رکھنا۔ ربط ضبط بڑھانا۔

گھالنا (ہ) تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ ڈالنا۔ گھسیٹرنا۔

گھام (ہ/ مث) گرمی دانے۔ پت۔ سورج کی گرمی۔ گرمی کی تیزی۔ پسینہ۔ عرق۔

گھان (ہ/ مذ) غلہ کی وہ مقدار جو ایک دفعہ اوکھلی یا چکی میں ڈالی جائے۔ پکوان کی ایک دفعہ کی مقدار۔ کولھو میں تل وغیرہ کے ایک دفعہ پیڑنے کی مقدار۔ رس یا شربت کی ایک مقدار۔

گھان ڈالنا (ہ) ایک دفعہ کسی مقدار کا اوکھلی۔ چکی یا کڑاہی وغیرہ میں ڈالنا۔ کسی کام کو ہاتھ لگانا۔ کوئی کام شروع کرنا۔

گھانس (ہ/ مث) دیکھو گھاس۔

گھانی (ہ/ مث) تلوں وغیرہ کی وہ مقدار جو ایک دفعہ پیلنے کو کولھو میں ڈالی جائے۔ کولھو چلانے والا (پنجاب) مٹی کا تغار۔

گھاؤ (ہ/ مذ) چیر۔ زخم۔ جراحت۔ ریش۔ مجازاً خسارہ۔ ٹوٹا۔ نقصان۔

گھاؤ بھرنا (ہ) زخم کا مندمل ہونا۔ زخم کا اچھا ہونا۔ نقصان پورا ہو جانا۔

گھاؤ کرنا (ا/ محاورہ) زخم کرنا۔

گھاؤ کھانا (ا/ محاورہ) زخمی ہونا۔

گھاؤ گھپ (ہ) کھاؤ اُڑاؤ۔ نہایت فضول خرچ۔ مُسرف۔ بلانوش۔ سب کچھ کھا جانے والا۔ بندۂ شکم۔ پیٹو۔ خائن۔ وہ گھر جس میں جو کچھ آئے سب صرف ہو جائے۔

گھائی (ہ/ مث) دو انگلیوں کے درمیان کی جگہ۔ فریب۔ دھوکا۔ مغالطہ۔ جُل۔

گھائی بتانا (ا/ محاورہ) فریب دینا۔ دھوکا دینا۔

گھائیں مائیں کر دینا (ہ) غائب کر دینا۔ سرکا دینا۔ آج کل کرنا۔ ٹال مٹول کر دینا۔ اِدھر اُدھر کر دینا۔

گھائیاں بتانا (ہ) دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ ٹالنا۔ حملہ بچانا۔ جُل کرنا۔

گھائل (ہ) زخم خوردہ۔ زخمی۔ مجروح۔ عشق کا مارا۔ دل فگار۔

گھائل کرنا (ا/ محاورہ) زخمی کرنا۔

گھائل ہونا (ہ) زخمی ہونا۔ مجروح ہونا۔ عاشق ہونا۔ شیدا ہونا۔

گھبرانا (ہ) بوکھلانا۔ ہڑبڑانا۔ بے اوسان ہونا۔ تلملانا۔ بے قرار ہونا۔ خفقان ہونا۔ عاجز ہونا۔ ہکا بکا ہونا۔ اوسان ٹھکانے نہ رکھنا۔ مضطرب کر دینا۔ ڈرانا۔ خوف زدہ کرنا۔

گھبراہٹ (ہ/ مث) بے قراری۔ ہڑبڑاہٹ۔ پریشانی۔ بیکلی۔ عاجزی۔ خفقان۔

گھبرائی ڈومنی پھیر پھیر سہیلے گائے (ہ/ مثل) گھبراہٹ اور بے چینی میں عقل اوسان ٹھکانے نہیں رہتے۔ لہٰذا ڈومنی پھیر پھیر ایک ہی تعریفیہ گیت گاتی رہتی ہے۔

گھُپ (ہ) بہت۔ نہایت۔ اندھیرے کی تعریف میں بولتے ہیں۔

گھپلا (ہ/ مذ) گڑبڑ۔ جھگڑا۔ جھمیلا۔ حساب کی غلطی۔ شور و غل۔

گھٹ (ہ/ مذ) جی۔ من۔ ہردہ۔ دل۔ گھاٹ بمعنی کم کا مخفف

بھی ہے۔ گھاٹ یعنی ساحل کا مخفف۔ بدن۔ جسم۔ سرپیر۔ گھڑا۔ مٹکا۔ سبو۔ (پنجاب) بادل۔ ابرِ سیاہ۔

گھٹے کا مال (ا ر/مذ) کم قیمت مال۔

گھٹا (ہ/مذ) نقب۔ سیندھ۔ کوبھل۔ درز۔ شگاف۔ کثرتِ سجدہ سے ماتھے کا نشان (پنجاب) خاک۔ دھول۔ گرد و غبار۔

گھٹا (ہ/مث) کالا بادل۔ ابرِ سیاہ۔ بادل۔ مجازاً گرد و غبار۔ کدورت۔

گھٹا اُٹھنا (ہ) بادل کا آنا۔ سیاہ بادلوں کا نمودار ہونا۔ بادل چھانا۔

گھٹا ٹوپ (ہ/مذ) پالکی اور بہلی وغیرہ کا غلاف۔ بادلوں کے چھا جانے کا اندھیرا۔ ابر کی تاریکی۔ اندھیرا گھپ۔

گھٹانا (ہ) کم کر دینا۔ قیمت کمتی کر دینا۔ بھاؤ اُتارنا۔ درجہ توڑنا۔ مرتبہ کم کر دینا۔ دُور کرنا۔ زائل کرنا۔ علم حساب میں تفریق کرنا۔ منہا کرنا۔ دُبلا کرنا۔ لاغر کرنا۔

گُھٹانا۔ یا۔ گُھٹوانا (ہ) سر کے بال منڈوانا۔ چکنا کرانا۔ رگڑوانا۔ سر منڈوانا۔

گھٹاؤ (ہ/مذ) کسر۔ کمی۔ قلت۔ کوتاہی۔ تفریق۔ منہائی۔ دریا کا اُتار۔

گھٹاؤ بڑھاؤ (ہ/مذ) کمی بیشی۔ ترقی و تنزل۔

گھٹا ہوا (ہ) تجربہ کار۔ عیار۔ چالاک۔ ہوشیار۔ پختہ کار۔

گُھٹائی (ہ/مث) رگڑائی پالش۔ ریگ مال کی صفائی۔ کھرل کی پسائی۔

گھٹتی (ہ/مث) زوال۔ تنزل۔ تخفیف۔ کمی۔ نقص۔

گُھٹ گُھٹ کے (ہ) سانس بند ہو ہو کر۔ رُک رُک کر۔

گُھٹ گُھٹ کے مرنا (ہ) خاموشی یا تنہائی سے تنگ آنا۔ دم بلب ہو جانا۔ چُپ لگ جانا۔

گُھٹن (ا ر/مث) ہوا بند ہونے سے ایسی گرمی کہ دم گُھٹ جائے۔

گُھٹنا (ہ/مذ) جانگیے سے بڑا گھٹنوں تک کا پاجامہ۔ بہت اُونچے پائنچوں والا پاجامہ۔

گُھٹنا (ہ/مذ) ران اور پنڈلی کے بیچ کا جوڑ۔ گوڈا۔ گوڑا۔ زانو۔ رکبہ۔

گھٹنا (ہ) کم ہونا۔ تھوڑا ہونا۔ اُترنا۔ تنزل ہونا۔ زوال ہونا۔ لاغر ہونا۔ دُبلا ہونا۔ بھاؤ اُترنا۔ نرخ کم ہونا۔

گُھٹنا (ہ) پسنا۔ حل ہونا۔ کھرل ہونا۔ خوب گھل مل جانا۔ ایک جان ہو جانا۔ رگڑا جانا۔ گھِسا جانا۔ پالش ہونا۔ اُسترا پھرنا۔ سر مُنڈنا۔ دَم رُکنا۔ جی گھبرانا۔ چُپ لگنا۔ خاموش رہنا۔ نبھنا۔ موافقت ہونا۔ باتوں میں سخت مصروفیت ہونا۔

گھٹنوں کے بل چلنا (ہ) زانو کے سہارے چلنا۔ آہستہ آہستہ چلنا۔ رینگنا۔

گھٹنوں گھٹنوں (ا ر/متعلق فعل) گھٹنوں تک۔

گھٹنوں میں سر دے کے بیٹھنا (ہ) نہایت سوچ اور فکر میں بیٹھنا۔ مایوسی کی حالت میں بیٹھنا۔ غم سے سر جھکا کر بیٹھنا۔

گھٹنوں میں سر دے لینا (ہ) شرم کے مارے سر نہ اُٹھانا۔ شرما جانا۔

گھٹنے پیٹ ہی کو نہرتے ہیں (ہ/مثل) ہر شخص اپنوں کی پاسداری کرتا ہے۔

گھٹنے ٹیک دینا (ا ر/محاورہ) شکست تسلیم کر لینا۔

گھٹنے سے لگائے بیٹھے رہتے (ہ) پاس سے جُدا نہ ہونے دینا۔ اوجھل نہ ہونے دینا۔ ہر وقت پاس ہی رکھنا۔

گھٹنے سے لگی بیٹھی رہتی ہے (ہ/محاورہ) کبھی پاس سے نہیں سرکتی۔ ہر دم پاس ہی رہتی ہے۔

گھٹنیوں چلنا (ہ) بچوں کا زانوؤں کے بل چلنا۔ رینگنا۔ آہستہ آہستہ کوئی کام کرنا۔

گھٹواد (ا ر/مذ) ملاح۔ کشتی بان۔

گھٹی (ہ/مث) وہ دست آور دوا جو نوزائیدہ بچے کو پیٹ صاف کرنے کے لیے دیتے ہیں۔

گھٹی میں پڑنا (ہ) عادت میں ہونا۔ طبیعت میں داخل ہونا۔

گھٹیا۔ یا۔ گھٹیل (ہ) کم درجہ کا۔ کم قیمت۔ ارزاں۔ کمینہ۔ نیچ ذات کا۔

گھَر دَ (مذ) قیمتی پتھر۔ جوہر۔ اصل۔ نسل۔ اولاد۔ خاندان۔ زات۔ اصلیت۔ موتی۔

گھر (ہ/مذ) خانہ۔ مکان۔ مسکن۔ ڈیرا۔ جگہ۔ ٹھکانا۔ ٹھور۔ بھٹ۔ کھوہ۔ بل۔ گھونسلا۔ آشیانہ۔ خول۔ کیس۔ خاندان۔ گھرانا۔ وطن۔ دیس۔ جنم بھوم۔ جائے پیدائش۔ ساز و سامان۔ گودام۔ منبع۔ مخزن۔

گھر آباد کرنا (ا ر) بیوی کرنا۔ شادی کرنا۔ نکاح ہونا۔ گھر بسانا۔ بسنا۔ بسنا۔ مقام کرنا۔

گھر آ پڑنا (ا ر/محاورہ) کسی کے گھر میں جا کر ٹھہرنا۔

گھر اُجڑنا (ہ) خانہ خرابی ہونا۔ خانہ ویرانی ہونا۔ گھر برباد ہونا۔ گھر تباہ ہونا۔ گھر لٹنا۔ میاں بیوی میں ناچاقی ہونا۔ خاوند یا بیوی کا مر جانا۔ رانڈ ہونا۔ رنڈوا ہونا۔

گھر آئے کُتّے کو بھی نہیں نکالتے (ہ/محاورہ) اپنے گھر پر کسی کی بے عزتی نہیں کرتے۔

گھر آئے کی شرم۔ یا۔ لاج (ا ر/مث) گھر آنے کی حیا۔ گھر پر آنے کا لحاظ اور پاسداری۔

گھربار (ہ/مذ) خانہ۔ مکان۔ گھر۔ خانہ داری کا اسباب۔ اہل و عیال۔ بال بچے۔ خاندان۔ کنبہ۔

گھربار بسا لینا (ا ر/محاورہ) شادی کر لینا۔

گھربار کا ہونا (ہ) شادی ہونا۔ بیاہا جانا۔ جورو والا ہونا۔

گرہستی ہونا۔ عیال دار ہونا۔

گھر باری (ہ ا صف) گھر بار والا۔ عیال دار۔ صاحب خانہ۔ مالک مکان۔ بال بچے والا۔ کنبہ دار۔

گھر برباد ہونا (ل) گھر اُجڑنا۔ گھر تباہ ہونا۔ خاوند یا بیوی کا مر جانا۔ کسی بزرگ اور سرپرست ولی کا سر سے اُٹھ جانا۔

گھر بسنا (ہ) گھر آباد ہونا۔ شادی ہونا۔ نکاح ہونا۔ دُولہا دُلہن کا ہمبستر ہونا۔ گھر کا خرچ چلنا۔

گھر بسی (ا/ صفت) زوجہ۔ بیوی۔

گھر بگاڑنا (ہ) گھر تباہ کر دینا۔ گھر برباد کرنا۔ میاں بیوی میں فساد ڈالنا۔ اِغوا کرنا۔

گھر بہ گھر (ہ) خانہ بخانہ۔ دربدر۔ ہر گھر میں۔ ہر گھر پہ۔ مگر قواعد کی رُو سے غلط ہے۔

گھر بنانا (ہ) مکان بنانا۔ عمارت تعمیر کرنا۔ گھر بنانا۔ گھر سنوارنا۔ گھر کا انتظام کرنا۔ پاؤں جمانا۔ تسلی سے بیٹھنا۔ گھر آباد کرنا۔ شادی کرنا۔

گھر بولنا (ہ) چہکنا۔ بولی بولنا۔ خوش الحان پرندے کا چہچہانا۔ بلبل کا بولنا۔

گھر بھائیں بھائیں کرنا (ا/ محاورہ) گھر سنسان نظر آنا۔

گھر بھر (ہ) تمام گھر۔ گھر کے سب لوگ۔ خاندان کے تمام آدمی۔

گھر بھرنا (ہ) غلے یا اسباب یا دولت سے مکان کو پُر کرنا۔ دَولت کھسوٹنا۔ مال مارنا۔ گھاٹا پورا۔ بہت سے لوگوں کا مکان میں جمع ہونا۔

گھر بیٹھنا (ہ) تنہائی اختیار کرنا۔ بے کار ہو جانا۔ ملازمت سے ہٹ جانا۔ نوکری چھوڑنا۔ کام چھوڑنا۔ پنشن لینا۔ کسی رانڈ یا یا کسی کا دوسرے مرد سے نکاح کر لینا۔ مکان کا گر جانا۔ منہدم ہونا۔ مسمار ہونا۔ ڈھے جانا۔

گھر بیٹھے (ہ) گھر کے اندر۔ گھر میں۔ گھر ہی میں۔ بلا تردد۔

گھر بیٹھی روٹی (ہ/ مث) وظیفہ۔ مدد معاش۔ پنشن۔ کرایہ۔ بلا محنت تکلیف اور گھر سے باہر آئے جائے بغیر کی آمدنی۔

گھر بیٹھے کی تنخواہ (ا/ مث) وہ تنخواہ جو بغیر خدمت کے لے۔

گھر بے چراغ ہونا (ا/ محاورہ) گھر کا ویران ہونا۔

گھر پڑنا (ہ) کسی عورت کا مرد کے گھر میں بیٹھ جانا۔ نکاح میں آنا۔ گھر میں داخل ہونا۔

گھر پھونک تماشا دیکھنا (ہ) بہت کچھ ضائع کر کے تجربہ حاصل کرنا۔ روپیہ ضائع کر کے تجربہ حاصل کرنا۔ روپیہ ضائع کر کے آتشبازی چھوڑنا۔ فضول خرچی سے خوش ہونا۔ گلچھرے اُڑانا۔ برباد ہونا۔

گھر پیچھے (ہ) فی گھر۔ فی مکان۔

گھر تک پہنچانا (ہ) مکان تک چھوڑ کے آنا۔ انجام تک پہنچانا اچھی طرح قائل کرنا۔ کوئی حجت باقی نہ چھوڑنا۔

گھر تک پہنچنا (ہ) مکان تک جانا۔ ماں بہن کی گالی دینا۔

گھر جاتا رہنا (ہ) شوہر سے چھوٹ جانا۔ طلاق مل جانا۔ خاوند سے قطع تعلق ہو جانا۔

گھر جانا (ہ) اپنے مکان کو جانا۔ گھر اُجڑنا۔ خانہ بربادی ہونا۔ دوستی ختم ہو جانا۔ خاوند سے تعلق نہ رہنا۔ طلاق میں آنا۔

گھر جلے تو جلے پر چال نہ بگڑے (ا/ مثل) نقصان ہو تو ہو مگر وضع میں فرق نہ آئے۔

گھر جوت (ہ/ مث) اپنی کھیتی۔ ذاتی زراعت۔ گھر کی کھیتی۔

گھر جھکنی (ا/ مث) وہ عورت جو اپنے گھر آرام سے نہ بیٹھے بلکہ دُوسرے گھروں میں ماری ماری پھرتی رہے۔

گھر چلانا (ہ) گھر کا خرچ نباہنا۔ کاروبار جاری رکھنا۔ تمیز اور سگھڑاپے سے امور خانہ داری کا انتظام کرنا۔ گھر کا خرچ اُٹھانا۔ گھر سنبھالنا۔

گھر چلنا (ہ) گھر کا انتظام بخوبی ہونا۔ خرچ اُٹھنا۔

گھر چھوڑ خطیرہ قائم (ا/ مثل) محل چھوڑ کر جھونپڑا پسند کرنا۔ فائدہ چھوڑ کر گھاٹے کی طرف دوڑنا۔ گھاٹے کا سودا کرنا۔

گھر دار (ا/ مذ) عیال دار۔ بال بچے والا۔ گرہستی۔ دُنیا دار۔

گھر داری (ہ/ مث) دُنیا داری۔ گرہست۔ خانہ داری۔

گھر دواری (ہ/ مث) ایک قسم کا ٹیکس جو فی گھر لیا جاتا ہے۔

گھر دیکھ لینا (ہ) کسی کے گھر بار بار جانا۔ ہل جانا۔ مانوس ہو جانا۔ واقف ہو جانا۔

گھر ڈبونا (ہ) گھر کھونا۔ گھر برباد کرنا۔ خاندان کو داغ لگانا۔ بدنام کرنا۔

گھر رویا (ہ) خانہ خراب۔ کھو جڑے پیٹیا۔ نگوڑا ناٹھا۔

گھر سر پر اُٹھانا } (ہ) نہایت شور و غل مچانا۔ بات نہ سننے
گھر کو سر پر اُٹھانا } دینا۔ چیخم دھاڑ سے مکان پُر کر دینا۔ کان پڑی نہ سننے دینا۔

گھر سکھ تو باہر چین (ہ/ مثل) گھر میں راحت ہو تو باہر بھی آرام ملتا ہے۔ اسیری کی حالت میں گھر اور باہر دونوں مقام برابر ہیں۔

گھر سے (ہ) گرہ سے۔ پلے سے۔ جیب سے (مث) بیوی۔ گھر والی۔

گھر سے باہر پاؤں نکالنا } (ہ) بساط اور حیثیت سے بڑھ کر
گھر سے پاؤں نکالنا } کام کرنا۔ حد سے باہر چلنا۔

گھر سے باہر کرنا (ہ) گھر میں نہ رکھنا۔ قطع تعلق کرنا۔ طلاق دے دینا۔

گھر سے بے گھر ہونا (ا/ محاورہ) گھر سے باہر نکالا۔ خانہ برباد ہونا۔

گھر سے پاؤں نکالنا (ہ) باہر پھرنے کی عادت ڈالنا۔ حد سے باہر جانے لگنا۔

گھر سے دینا (ہ) پلے سے دینا۔ اپنی جیب سے خرچ کرنا۔

گرہ سے دینا۔ نقصان اٹھانا۔
گھر سے کھونا (ہ) گرہ سے خرچ کرنا۔ ضائع کرنا۔ نقصان اٹھانا۔
گھر سے کھویا تو آنکھیں کھلیں (ا/ محاورہ) نقصان اٹھا کر تجربہ حاصل ہوتا ہے۔
گھر کا (ہ) گھریلو۔ گھر کے متعلق۔ خانگی۔ اپنا۔ ذاتی۔ نج کا۔ رشتہ دار۔ قرابتی۔ کنبے کا۔
گھر کا آدمی (ا/ مذ) رشتہ دار۔ بھائی بند۔ قرابتی۔ نج کا نوکر۔ واقف کار۔ جان پہچان والا۔ معتبر۔
گھر سے مرتے دم نکلنا (ا/ محاورہ) ساری عمر گھر میں رہنا۔
گھر کا آنگن ہوجانا (ہ) خانہ ویرانی ہونا۔ گھر کا کھنڈر ہونا۔ مکان کا میدان بن جانا۔ گھر ویران ہوجانا۔
گھر کا اُجالا (ہ/ مذ) گھر کا نور۔ نہایت عزیز۔ نورِ چشم۔ لڑکا۔ پسر۔
گھر کا بامن (ہ/ مذ) گورو۔ پاندھا۔ پروہت۔ مذہبی پیشوا۔
گھر کا بوجھ اُٹھانا۔ یا۔ سنبھالنا (ہ) گھر کا انتظام کرنا۔ اخراجات خانگی اپنے ذمہ لینا۔ امورِ خانہ داری کا سرانجام کرنا۔
گھر کا بوجھ پڑنا (ہ) بیاہ ہوجانا۔ شادی ہو کر تمام انتظام و اخراجات کا اپنے سر پر آنا۔
گھر کا بھاڑا (ہ/ مذ) مکان کا کرایہ۔
گھر کا بھیدی (ہ/ مذ) راز دان۔ تمام گھر کے بھیدوں اور رازوں کو جاننے والا۔ محرم۔ ہمدم۔
گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے (ہ) رازدار کی دشمنی نہایت خطرناک ہوتی ہے۔ محرم کار ہی بنا بنایا کھیل بگاڑ دیا کرتا ہے۔
گھر کاٹے کھانے۔ یا۔ کاٹنے کو دوڑتا ہے (ہ/ محاورہ) گھر میں دل نہیں لگتا۔ جی گھبراتا ہے۔ کسی عزیز کے بغیر نہایت ڈراؤنا معلوم ہوتا ہے۔
گھر کا چراغ (ا/ مذ) گھر کا نور۔ گھر کی روشنی۔ اولاد۔ عزیز۔ پسر۔
گھر کا حساب (ا/ مذ) خانگی لین دین۔ اپنی ہی سمجھ کا حساب۔ خود ساختہ حساب۔
گھر کا راستہ۔ یا۔ رستہ (ا/ مذ) اپنے مکان کو جانے والا راستہ۔ نہایت آسان اور سہل کام۔
گھر کا راستہ سمجھنا (ہ) نہایت آسان سمجھنا۔
گھر کا رستہ بتانا (ا) ٹالنا۔ رخصت کرنا۔ بلا حصول مقصد گھر کو روانہ کرنا۔
گھر کا رستہ لو (ا/ محاورہ) جاؤ۔ سدھارو۔ چلو۔ رخصت ہو۔ لمبے بنو۔
گھر کا راستہ لینا (ا) حصولِ مدعا بغیر کسی جگہ سے واپس آنا۔ گھر کو سدھارنا۔
گھر کا گھر (ہ) گھر بھر۔ سارا گھر۔ گھر کے تمام لوگ۔ گھر کی ساری ملکیت۔ تمام اسباب۔
گھر کا مال (ا/ مذ) اپنا مال۔ ذاتی روپیہ۔ گھر کا اسباب۔ اثاثہ البیت۔
گھر کا مالک (ا/ مذ) گھر والا۔ صاحب خانہ۔ مالک مکان۔ خاوند۔ پتی۔ شوہر۔
گھر کا مرد (ا/ مذ) خاوند۔ پتی۔ میاں۔ خاندان یا کنبے کا آدمی۔ وہ آدمی جو اپنے گھر میں ہی بہادر ہو۔ گھر میں شیر اور باہر بھیڑ۔
گھر کا نام اُچھالنا (ا) گھر کے لوگوں کو بدنام کرنا۔ خاندان کی عزت برباد کرنا۔
گھر کا نام ڈبونا (ا) خاندانی عزت کو بٹا لگانا۔
گھر کا نائی (ہ/ مذ) پرانا نائی۔ قدیمی حجام۔
گھر کا نہ گھاٹ کا (ا/ صف) کہیں کا نہیں۔
گھر کا ہوا نہ در کا (ا/ صف) کہیں کا نہ رہا۔ نکما ہوگیا۔
گھر کتی کا (ہ) گھر کے کتے ہوئے سوت کا۔ گھر کا بنا ہوا سوت۔ مُفت کا۔ مفت برابر۔ بے قیمت کا۔
گھر کر ستر بلا سر دھر }
گھر کر گھر کر ستر بلا سر دھر } (ہ/ مثل) تنہائی اور تجرد ترک کر کے دنیا دار بننا بہت سی مصیبتوں میں گرفتار ہوتا ہے۔ بیوی کرنے سے سینکڑوں مصیبتیں اٹھانی پڑتی ہیں۔
گھر کرنا (ہ) سمائی کرنا۔ جگہ کرنا۔ گنجائش کرنا۔ بیٹھنا۔ کھبنا۔ چبھنا۔ گھسنا۔ رہنا۔ سہنا۔ گھر بنانا۔ گھر بسا کر رہنا۔ خاوند سے نباہ کرنا۔ گھر آباد کرنا۔ گھونسلا بنانا۔ بل بنانا۔ چھید کرنا۔ سوراخ کرنا۔ بیاہ کرنا۔ نکاح کرنا۔ جمنا۔ قیام کرنا۔ گھر کے اخراجات میں کفایت کرنا۔ روپیہ جمع کرنا۔ پیسہ جوڑنا۔
گھر کھوج مٹے (ہ) تباہ ہوجائے۔ گھر برباد ہوجائے۔
گھر کھوج مٹی (ہ/ مث) وہ عورت جس کے گھر کا تباہی سے نام و نشان مٹ گیا ہو۔
گھر کھود کر میدان کر دینا (ا/ محاورہ) گھر گرا دینا۔ منہدم کر دینا۔
گھر کھو کر تماشہ دیکھنا (ہ) گھر کی دولت تباہ و برباد کر کے عیش منانا۔
گھر کھونا (ہ) فضول خرچی اور واہیات باتوں میں گھر کی دولت برباد کر دینا۔ گھر تباہ کرنا۔ گھر اجاڑنا۔ خاوند سے نباہ نہ کرنا۔
گھر کھیر تو باہر بھی کھیر (ا/ مثل) آسودہ حال کی باہر بھی خاطر ہوتی ہے۔
گھر کی (ہ) گھر کی بنی ہوئی۔ خانگی۔ ذاتی۔ نج کی۔ آپس کی۔
گھر کی آدھی نہ باہر کی ساری (ہ/ مثل) گھر کی تھوڑی آمدنی باہر کی زیادہ آمدنی سے بہتر ہے۔ اپنے وطن کی آدھی باہر پردیس کی ساری روٹی سے اچھی ہے۔

گھر کی بیوی ہانڈنی گھر کتوں جوگا (ہ / مثل) جب گھر کی بیوی اِدھر اُدھر پھرے گی تو گھر میں کتے ہی پھریں گے۔

گھر کی بات (ہ / مث) راز کی بات۔ گھر کا بھید۔ واحد معاملہ۔ آپس کی بات۔ اپنے ہاتھ کا کام۔ آسان کام۔

گھر کی پھٹکی باسی ساگ (ہ / مثل) شیخی خورے کی نسبت بولتے ہیں یعنی نری شیخی ہی شیخی ہے گھر میں تو خاک بھی نہیں۔

گھر کی پونجی (ہ / مث) ذاتی سرمایہ۔ گھر کا مال و متاع۔ گھر کا سرمایہ۔

گھر کے پیروں کو تیل کا ملیدہ / گھر کے پیروں کو تیل کا حلوہ (ہ / ا / مثل) حق داروں اور اپنوں کے ساتھ کم سلوک اور غیروں کی بہت عزت و تکریم کے موقع پر بولتے ہیں۔

گھر کی جلی بن میں گئی بن میں لاگی آگ۔ بن بیچارا کیا کرے جو ہیں ہمارے بھاگ (ہ / مثل) بدنصیب بیچارے کو ہر جگہ مصیبت ہی مصیبت رہے گی۔

گھر کی جورو کی چوکسی کمان تک (ہ) ایک ہی گھر میں رہنے والے کی نگرانی نہایت مشکل ہے۔

گھر کی راہ لینا (ار / محاورہ) گھر کا راستہ لینا۔

گھر کی راہ نہ ملنا (ار / محاورہ) ایسا بدحواس ہو جانا کہ گھر کی راہ بھی نہ ملنا۔

گھر کی سوبھا گھر والے سے (ہ / مثل) خاوند کے ساتھ بیوی کی عزت ہوتی ہے۔ مالک ہی سے گھر کی زینت ہوتی ہے۔ مکین کے ساتھ مکان کی رونق ہے۔

گھر کی طرح بیٹھنا (ا) آرام سے بیٹھنا۔ فراغت سے بیٹھنا۔ پھیل کر بیٹھنا۔ مجازاً تھوڑی سی جگہ میں بیٹھنا۔ نچلا بیٹھنا۔ ٹکڑا کر بیٹھنا۔

گھر کی طرح رہنا (ا / مثل) بے تکلف ہو کر رہنا۔ شرم و حجاب نہ رکھنا۔ تکلف نہ کرنا۔ اپنا سا گھر سمجھ کر گزارہ کرنا۔

گھر کی عقل (ا / مث) اپنی ہی سمجھ۔ ذاتی عقل۔

گھر کی کھیتی (ہ / مث) بیج کی کھیتی باڑی۔ اپنا مال و اسباب۔ اپنی ہی چیز۔ ڈاڑھی مونچھوں کے بال۔ جن کا ہر وقت اختیار ہے۔

گھر کے گھر (ہ) گھر ہی میں۔ اندر ہی اندر۔ برابر سرابر۔ نفع میں نہ نقصان میں۔ بہت سے گھر۔ بہت سے خاندان۔

گھر کے گھر بند ہو گئے (ا / محاورہ) ظالم حاکم کے ظلم یا وبا یا طوفان سے بہت سے گھر اُجڑ گئے۔

گھر کے گھر بیٹھ گئے (ا / محاورہ) کثرت بارش سے بہت سے گھر گر گئے۔

گھر کی مرغی دال برابر (ا / مثل) گھر کی قیمتی شے بھی مفت برابر خیال کی جاتی ہے۔

گھر کے پاس نہ پھٹکنا (ار / محاورہ) گھر کی طرف مطلق رُخ نہ کرنا۔

گھر کے جالے لیتے پھرنا (ار / محاورہ) گھر کے کونے کونے کو جھانکتے اور ٹٹولتے پھرنا۔ بے فائدہ کام کرنا۔

گھر کے ہوئے نہ در کے (ا / مثل) نہ گھر جوگ رہے نہ باہر جوگے۔ کہیں کے نہ رہے۔

گھر گھاٹ (ہ / مذ) ٹھاٹھ باٹ۔ چال ڈھال۔ رنگ ڈھنگ۔ طور طریق۔ عادت۔ خُو۔ سبھاؤ۔ جائے سکونت۔ مقام۔ ٹھکانہ۔ ٹھور۔ پتہ۔ نشان۔

گھر گھاٹ معلوم ہونا (ہ) سب بھید معلوم ہونا۔ پورا پورا پتہ نشان معلوم ہونا۔ کوئی بات نہ چھپنا۔ طور طریق معلوم ہونا۔

گھر گھالنا (ہ) گھر برباد کرنا۔ گھر تباہ کرنا۔ اُجاڑنا۔ لوٹنا۔ دھوکے اور فریب سے مال مارنا۔ موہنا۔ فریفتہ کر لینا۔ عاشق و شیدا بنانا۔

گھر گھر (ہ) خانہ بخانہ۔ ہر گھر میں۔ سب جگہ۔ ہر مکان میں۔ سب کے گھروں میں۔

گھر گھر پھرنا (ار / محاورہ) مارا مارا پھرنا۔

گھر گھر چراغ جلنا (ار / محاورہ) عام خوشی ہونا۔

گھر گھر عید ہے (ہ / محاورہ) ہر گھر میں خوشی ہے۔ سب گھروں میں خوشی و خرمی ہے۔

گھر گھر مٹی کے چولہے ہیں (ہ / مثل) سب کا ایک ہی حال ہے سب یکساں ہیں۔ کہیں آسودگی اور فارغ البالی نہیں۔

گھر گھر مانگتے پھرنا (ار / محاورہ) دربدر بھیک مانگنا۔

گھر گھسڑو یا گھر گھُسنا (ا) عورتوں میں بیٹھا رہنے والا آدمی۔

گھر گھُنی (ہ / مث) بن گھری۔ نگھری۔ خانہ خراب۔ گھر اُجڑی۔

گھر گیا (ہ / مذ) خانہ خراب۔ اُجڑا۔ بگڑا۔ نگھرا۔

گھر مُوسنا (ہ) گھر میں چوری کرنا۔ گھر کا صفایا کرنا۔

گھر میں آگ لگانا (ار / محاورہ) گھر برباد کرنا۔

گھر میں آنا (ہ) مکان میں داخل ہونا۔ اپنی ذات کو فائدہ ہونا۔ اپنے ہاتھ لگنا۔ اپنے آپ کو نفع پہنچنا۔ کسی ستارے کا کسی برج میں داخل ہونا۔

گھر میں آئی جو ئے ٹیڑھی پگڑی سیدھی ہوئے (ہ / مثل) شادی اور نکاح ہوتے ہی سارا بانکپن نکل گیا۔ ساری شیخی کرکری ہو گئی۔

گھر میں نہیں بھونی بھنگ اور باہر نیوتے سات (ہ) مفلسی کی حالت میں شیخی بگھارنا یعنی گھر میں کھانے کو نہیں اور لوگوں کو دعوتیں دیتے پھرتے ہیں۔

گھر بیٹھے شکار کرنا ۔ یا ۔ کھیلنا (ا) گھر بیٹھے مال مارنا۔ اپنے گھر میں چھپ کر عیاشی کرنا۔ گھر کے اندر ہی کام نکالنا۔

گھر میں پڑ جانا (ہ) بیوی بننا۔ کسی بیوا کا پیشہ چھوڑ کر کسی سے نکاح کر لینا۔

گھر میں جورو کا نام بہو بیگم رکھ لینے سے کیا ہوتا ہے (ا) اپنے

مُنہ میاں مٹھو نہیں بنا جا سکتا - اپنے مُنہ سے اپنی تعریف یا عزت نہیں ہو سکتی۔
گھر میں چوہے لوٹتے یا قلا بازیاں کھاتے ہیں (۱/ محاورہ) گھر میں کچھ نہیں - سخت افلاس ہے - چوہوں کے کھانے کو بھی نہیں۔
گھر میں دھان نہ پان بیوی کو بڑا گمان (۱/ مفلسی میں غرور کرنے اور فضول اترانے کے موقع پر بولتے ہیں۔
گھر میں دیکھو چھلنی نہ چھاج باہر میاں تیر انداز (۱/ مثل) غریب شیخی خورے کے متعلق کہتے ہیں۔
گھر میں ڈال لینا (ف) کسی بازاری عورت کو گھر میں دے لینا - مدخولہ بنانا - نکاح کر لینا۔
گھر میں شیر باہر بھیڑ (۱/ مثل) اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو گھر والوں پر بے جا رُعب جمائے اور باہر والوں سے دب جائے۔
گھر میں نہ سمانا (ف) گھر میں نہ آ سکنا - بہت بڑھ جانا - گنجائش سے زیادہ ہونا۔
گھر میں نہیں ناگا البیلا مانگے تاگا (ف/ مثل) گھر میں تو مفلسی سے تاگا تک نہیں - مگر بیٹا بانکا بننے کو پگڑی مانگتا ہے۔
گھر نہ بار میاں محلے دار (۱/ مثل) مفت کی شیخی - بے بنیاد شیخی - خواہ مخواہ اترانا۔
گھر نہ بر (۱/ مثل) اکیلی عورت۔
گھر نہ ہونا (ف) آپس میں نہ بننا - موافقت نہ ہونا - گرہستی پن نہ ہونا - گھر نہ بسنا - گھر داری نہ ہونا۔
گھر والا (ف/ مذ) صاحب خانہ - مالک مکان - خاوند - شوہر - پتی - میاں۔
گھر والی (ف/ مث) مالکۂ مکان - گھر کی مالکہ - بیگم - بیوی - زوجہ - جورو - اہلیہ۔
گھر ویران ہونا (ف) گھر اجڑنا - گھر تباہ ہونا - بیوی کا مرنا - میاں بیوی میں ناچاقی رہنا۔
گھر ہونا (ف) نباہ ہونا - نبھنا - میاں بیوی میں موافقت ہونا - گھر میں انتظام ہونا - سوراخ ہونا - چھید ہونا - قیام ہونا - جمنا - جگہ ہونا - گنجائش ہونا۔
گھرّا (ف/ مذ) آنکھ کی ایک مرکب دوا کا نام - گھونگرو - غرغرہ - جانکنی کے وقت گلے میں سانس کے رُک رُک کر آنے کی آواز۔
گھرّا چلنا - یا - لگنا (ف) قریب مرگ ہونا - گھونگرو بولنا - اخیر دم ہونا - حالتِ نزع ہونا۔
گہرا (ف) ڈونگھا - ڈابو - عمیق - بے تھاہ - گڑھا - غار - مبالغہ اور کثرت ظاہر کرنے کے لیے - نہایت تیز جیسے گہرا نشہ - شوخ جیسے گہرا رنگ - بڑا بھاری - نہایت پکا جیسے گہرا یارانہ - بہت - بے حد - جیسے گہرا پردہ - دُور کا - غائر - جیسے گہرا خیال۔
گہرا پردہ (۱/ مذ) بہت پردہ - از حد پردہ - بڑی بھاری اوٹ۔

گہرا رنگ (۱/ مذ) شوخ رنگ۔
گہرا سہاگ - یا - اخلاص (۱/ مذ) میاں بیوی کا بے حد سلوک - نہایت پیار و موافقت۔
گہرا زخم (۱/ مذ) کاری زخم - بھاری گھاؤ۔
گہرا ہاتھ لگانا (ف) زور کا ہاتھ مارنا - کاری زخم لگانا - بھاری ضرب مارنا۔
گہرا ہاتھ مارنا (ف) خوب ہاتھ رنگنا - بہت سا مال مارنا - سخت چوری یا غبن کرنا - بہت نفع کمانا - کسی خاندانی یا حسین عورت کو بھگا کر لے جانا - کاری زخم لگانا۔
گہرا یارانہ (۱/ مذ) گہری دوستی - پکی دوستی - دلی دوستی۔
گھرال (ف/ مذ) پانی کا ریلا - ہلکا سا سیلاب - عیب - نقص - خرابی۔
گھرال نکالنا (ف) عیب نکالنا - عیب جوئی کرنا - نقص نکالنا۔
گھرامی (ف/ مذ) چھپر باندھنے والا۔
گھرّانا (ف) غرّانا۔
گہرانا (ف) ڈونگا ہونا - گہرا ہونا - عمیق ہونا۔
گھرانا (ف/ مذ) کل - جنس - خانوادہ - خاندان - ٹبر - کنبہ - کٹم - قبیلہ - نسب - سلسلہ - پیڑھی - نسل - اولاد۔
گھر آنا } (ف) چھا جانا - اُمنڈ آنا - ہجوم کر لینا -
گھر کر آنا } جھوم کر آنا - چھا کر آنا۔
گھراند (ف/ مث) پیشاب کی بُو - بدبُو۔
گہراؤ - یا - گہرائی (ف/ مث) ڈونگھا پن - عمق - قعر۔
گھُرکنا (ف) ڈانٹنا - دھمکانا - گھور کر دیکھنا - گھُرکی دینا - جھڑکنا۔
گھُرکی (ف/ مث) ڈانٹ ڈپٹ - جھڑکی - دھمکی - بھبکی۔
گھُرکی دینا (ف) بھبکی دینا - ڈانٹنا - جھڑکنا - گھُرکنا۔
گھُرکی کھانا (۱/ محاورہ) گھُرکی برداشت کرنا۔
گھرگھٹ (ف/ مذ) ایک قسم کی مچھلی۔
گھرگھر (ف/ مث) گھُمر گھُمر - چکی کی آواز۔
گھرگھرانا (ف/ سع) غرّانا۔
گھرنا (ف) محصور ہونا - گھیرے میں آنا - چھانا - جھومنا - اُمنڈنا۔
گھرنی (ف/ مث) پہیا - چرخی - چکر دینے کا آلہ - رسّی بٹنے کی کل - سر کا چکر - دوران سر - ایک آبی پرندے کا نام - دام چڑیا - لوٹن کبوتر۔
گھرنی کھانا (ف) گھومنا - چکر کھانا - چک پھیری پھرنا - گھمیریاں لینا۔
گھروا } (ف/ مذ) گھر کی تصغیر حقارتی - چھوٹا سا گھر -
گھروا } گڈیا - گھنڈولا -
گھروایا } جھونپڑا۔
گھروندا (ف/ مذ) گھرولیوں کا گھر۔
گہری (ف/ مث) ڈونگھی - عمیق - ڈونگا کی تانیث - گاڑھی۔
گہری بات (ف/ مث) دُور کی بات - باریک خیال - دقیق اور مشکل بات۔
گہری چھننا } (ف) خوب گاڑھی بھنگ چھننا - کمال دوستی ہونا -
گہری گھٹنا } نہایت بے تکلفی ہونا - پکا یارانہ ہونا - نہایت اخلاص ہونا - نہایت جنگ

ہونا۔ بے حد لڑائی ہونا۔ بڑی بحث ہونا۔

گہری نیند سونا (ہ) بالکل بے خبر ہو کر سونا۔ سُکھ نیند سونا۔ مر جانا۔

گھر سے چلو (ہ) ٹھگوں کا محاورہ، جلدی مُسافر کو مارو۔ مسافر کا کام تمام کر دو۔

گھر سے کرنا (ہ) مال مارنا۔ بڑا بھاری نفع اُٹھانا۔ بخوبی فائدہ حاصل کرنا۔

گھر سے ہونا (ہ) بخوبی نفع اُٹھانا۔ خوب مال ہاتھ لگنا۔ نہایت نفع اور فائدہ ہونا۔ حسب دلخواہ نفع کمانا۔

گھر سے یار ہیں۔ یا۔ گھر سے دوست ہیں (ا/ محاورہ) جانی دوست ہیں۔ نہایت بے تکلف دوست ہیں۔ ایک جان دو قالب ہیں۔

گھریا (ہ/مث) چاندی سونا گلانے کی کٹھالی۔ بوتہ۔

گھریا (ہ/مث) گھیرا کی تصغیر۔ نرغہ۔

گھریا میں گھرنا (ہ) نرغہ میں آنا۔ دشمنوں کی جماعت یا ہجوم میں گھرنا۔

گھرُو (ہ) گھر کا گھر بنا ہوا۔ خانگی۔ خانہ ساز۔ گھر میں پلا ہوا۔ پالتو جانور۔

گھڑ (ہ/مذ) گھوڑا کا مخفف۔

گھڑ بہل (ہ/مث) گھوڑوں کی بہل۔ گھوڑوں کی رتھ جو قدیم دستور تھا۔

گھڑ چڑھا (ہ/مذ) سوار۔ گھوڑے پر چڑھا ہوا۔ عمدہ سواری جاننے والا۔ پکا سوار۔

گھڑ چڑھی (ہ/مث) ایک قسم کی چھوٹی توپ۔ رہکلہ۔ خچر باتری۔ رسالہ۔ سواروں کی فوج۔ دُولہا کا سوار ہو کر دُلہن کے گھر جانا۔

گھڑ دوڑ (ہ/مث) گھوڑوں کی دوڑ۔ شرط بد کر گھوڑے سے دوڑانا۔ گھوڑے سے دوڑانے کا میدان۔ اسپ بازی کا میدان۔

گھڑ دوڑ کا گھوڑا (ہ/مذ) وہ گھوڑا جسے گھڑ دوڑ میں دوڑاتے ہیں۔

گھڑ سال (ہ/مذ) طویلہ۔ اصطبل۔

گھڑ مکھی (ہ/مث) گھوڑے کو تنگ کرنے والی ایک قسم کی مکھی۔

گھڑ مُنھا (ہ) لمبے مُنہ والا۔ گھوڑے جیسے مُنہ والا۔

گھڑا (ہ/مذ) کمہار کی بنائی ہوئی ٹھلیا۔ پانی رکھنے کا برتن۔ سبُوچہ۔ گاگر۔

گھڑانا (ہ) زیور وغیرہ بنوانا۔ گھڑوانا۔

گھڑائی (ہ/مث) معاوضہ۔ گھڑنے کی اُجرت۔ گھڑنے کی مزدوری۔ ساخت۔ گھڑت۔ بناوٹ۔

گھڑت۔ یا۔ گھڑتی (ہ/مث) بناوٹ۔ ساخت۔ تصنع۔ بنائی ہوئی بات۔ جھوٹی بات۔

گھڑج (ہ/مث) موسیقی کے ساز کی گھوڑی۔

گھڑ گھڑاہٹ (ہ/مث) چکی یا گاڑی کے چلنے کی آواز۔

گھڑنا (ہ) بنانا۔ بناوٹ۔ ساخت کرنا۔ اینٹ کو تراش کر درست کرنا۔ زیور بنانا۔ لوہے یا لکڑی سے کوئی چیز بنانا۔ روٹی بنانا۔ جھوٹی بات بنا لینا۔ مارنا۔ زد و کوب کرنا۔ خوب پیٹنا۔

گھڑوں پانی پڑ جانا (ہ) نہایت شرمندہ ہو جانا۔ شرم سے پسینہ پسینہ ہو جانا۔

گھڑونچی (ہ/مث) پانی کے گھڑے رکھنے کا لکڑی کا چوکھٹا۔

گھڑی (ہ/مث) ساٹھ پل یا چوبیس منٹ کا عرصہ۔ دن رات کا ساٹھواں حصہ۔ ساعت۔ سماں۔ وقت زمانہ۔ وقت بتانے کا آلہ۔ واچ۔

گھڑی بجنا (ا/ محاورہ) گھڑی کا وقفہ پورے ہونے پر گھڑیال بجنا۔

گھڑی بھاری ہونا (ا/ محاورہ) وقت گزارنا دوبھر ہونا۔

گھڑی بنانا (ہ) گھڑی کی مرمت کرنا۔ بگڑی گھڑی کو درست کرنا۔

گھڑی بھر (ہ) ذرا کی ذرا۔ تھوڑی دیر۔ ایک گھڑی۔ ساعت بھر۔ لحظہ بھر۔

گھڑی میں تولہ گھڑی میں ماشہ
گھڑی تولہ گھڑی ماشہ (ا/ محاورہ) متلون مزاج اور غیر مستقل۔ دم بھر میں کچھ۔ ہر دم طبیعت کو بدل لینے والا۔

گھڑی ساز (ا/ اسم مذکر فاعلی) گھڑی کو درست اور صاف کرنے والا۔ واچ میکر۔

گھڑی ساعت پر ہونا
گھڑی ساعت کا ہونا (ا/ فعل) قریب بمرگ ہونا۔ جان بلب ہونا۔ اخیر سانس ہونا۔

گھڑی ساعت کا نقشہ ہونا (ا/ محاورہ) جاں بلب ہونا۔

گھڑی کوکنا (ہ/ فعل) گھڑی کو کنجی لگانا۔ گھڑی کو چابی دینا۔ فنر کا چکر کس دینا۔

گھڑی گھڑی (ہ) تابع فعل۔ ہر وقت۔ ہر دم۔ ہر ساعت۔ ہر گھڑی۔ بار بار۔ دمبدم۔ متواتر۔

گھڑی ملانا (ا/ محاورہ) گھڑی کا وقت صحیح کرنا۔

گھڑی میں گھڑیال ہے (ا/ مثل) ایک دم میں کچھ کا کچھ ہو جاتا ہے زمانہ بدلتے دیر نہیں لگتی۔ مر جانے میں دیر نہیں لگتی زندگی کا کوئی بھروسہ نہیں۔

گھڑیا (ہ/ اسم مؤنث) گھوڑی کی تصغیر حقارتی ہے چھوٹے قد کی گھوڑی۔ ٹانگری۔

گھڑیال (ہ/ اسم مذکر) گھنٹہ بجانے کا پیتل کا بنا ہوا گول قرص۔ جرس۔ گھنٹی۔ مگرمچھ۔ نہنگ۔ مگر۔

گھڑیالی (ہ/ اسم مذکر) بیائے فاعلیت۔ گھڑیال بجانے والا۔

گھڑیوں (ہ/ اسم مؤنث) گھڑی کی جمع (بصورت تابع فعل) عرصہ دراز تک۔ دیر تک۔

گھسا (ہ/ اسم مذکر) رگڑ۔ رگڑا۔

گھسا دینا (اُردو محاورہ) رگڑا دینا۔ رگیدنا۔
گھسا لگنا (ہ/فعل) رگڑ آنا۔ رگڑا لگنا۔ گھسنے کا نشان پڑنا۔
گھسامیری (ہ/اسم مؤنث) ڈور ڈال کر گھسنے کا بچوں کا کھیل۔
گھِسا (ہ/اسم صفت مفعول) رگڑا ہوا۔ بوسیدہ۔ پُرانا۔ گھِسا ہوا۔ مستعمل۔
گھَسا (ہ/اسم صفت) جنا ہوا۔ نُطفہ۔ تخم۔ بیج۔ جیسے اُلّو کا گھسا یعنی احمق کا جنا۔
گھس آنا (ہ/فعل) اندر چلا آنا۔ بلا اجازت مکان میں داخل ہونا۔
گھسانا (ہ/فعل) داخل کرنا۔ گھسیڑنا۔ باڑنا۔ اندر پہنچانا۔ بھرنا۔ سمانا۔
گھساؤ یا گھسائی (ہ) اوّل مذکر، دوم مؤنث۔ حاصل مصدر گھِسنا سے۔ رگڑ۔ فرسودگی۔
گھس بیٹھنا (ہ/فعل) اندر چھپ بیٹھنا۔ قریب قریب بیٹھنا۔ پاس پاس بیٹھنا۔
گھس بیٹھ (ہ/اسم مؤنث) حاصل مصدر۔ گھسنا اور بیٹھنا سے۔ دونوں مرادف ہیں۔ رسائی۔ پہنچ۔ دخل۔ باریابی۔ مداخلت (بصورت تابع فعل) دخل پاکر۔ گھس کر۔ اندر پہنچ کر۔ یارانہ کر۔ دوستی پیدا کر کے۔
گھس بیٹھ کر (ہ) تابع فعل۔ یارانہ گانٹھ کر۔ راہ و رسم پیدا کر کے۔ زبردستی۔ کسی نہ کسی طرح۔ اندر پہنچ کر۔
گھسٹنا (ہ/فعل) کھینچ کر آنا۔ کھنچنا۔ کشاں کشاں چلنا۔ زمین سے رگڑتا ہوا چلنا۔
گھسٹے گھسٹے پھرنا (ہ/فعل) پکڑے پکڑے پھرنا۔ کھنچے کھنچے پھرنا۔
گھس گھس کر چلنا (ہ/فعل) کپڑے یا جوتے کا مدت تک اچھی طرح کام میں آنا۔ پنجابی دھنڈنا۔
گھس لگانے کو بھی نہیں (ہ/محاورہ) بالکل ندارد۔ اتنا بھی نہیں کہ گھس کر دوا دارو کے طور پر لگائیں۔ مجازاً نہایت کمی ہے۔ بالکل کمیاب ہے۔
گھِسنا (ہ/فعل) رگڑ کھانا۔ رگڑ لگنا۔ پُرانا ہونا۔ فرسودہ ہونا۔ کم ہونا۔ وزن میں گھٹنا۔ پسنا (بصورتِ متعدی) رگڑنا۔ پیسنا۔ حل کرنا۔ کھرل کرنا۔
گھُسنا (ہ/فعل) اندر پڑنا۔ اندر جانا۔ مداخلت کرنا۔ بیچ میں پڑنا۔ شریک ہونا۔ شامل ہونا۔
گھسن پٹی (ہ/اسم مؤنث) مارکوٹ۔ زد و کوب۔ مارکٹائی۔
گھسیارا (ہ/اسم مذکر فاعل) گھاس کھودنے والا۔ چارہ لانے والا۔ چرکٹا۔ گھس کھدا۔
گھسیاری (ہ/اسم مؤنث) گھاس کھودنے اور بیچنے والی عورت۔
گھسیٹا۔ گھسائی (ہ/اسم مؤنث حاصل مصدر) کھینچا تانی۔ اینچا تانی۔ کھینچ تان۔
گھسیٹنا (ہ/فعل) کھینچنا۔ زمین سے رگڑتے ہوئے لے جانا۔ اینچنا۔ جلدی جلدی بُرا بھلا لکھ دینا۔ شامل حال کرنا۔ پکڑوا بلانا۔ چوسنا۔ سوکھنا۔

گھسیڑنا (ہ/فعل) اندر داخل کرنا۔ باڑنا۔ بھرنا۔
گھگ کر بولنا (ہ/فعل) زور سے بولنا۔ للکار کر بولنا۔ بڑی محبت اور تپاک سے بولنا۔ سخت کلامی سے پیش آنا۔ تیز ہو کر بولنا۔ ترش ہو کر بولنا۔ (لغاتِ اضداد میں سے ہے)
گھکنا (ہ/فعل) تیز آواز سے بولنا۔ تپاک سے بولنا۔ چہکنا۔ خوشی میں آکر زور سے بولنا۔
گھگیر (ف) شریر گھوڑا۔
گھگری یا گھگریا (ہ/اسم مؤنث) گھاگرا کی تصغیر۔ چھوٹا لہنگا۔
گھگھو (ہ/اسم مذکر) اُلّو۔ بوم۔ چغد۔ رات والا دُخانی انجن کی آواز۔ پنجاب میں مٹی کے ایک کھلونے کو کہتے ہیں جو پھونکنے سے بجتا ہے۔
گھگی (ہ/اسم مؤنث) فاختہ۔ ٹُوٹرو۔ بارش سے بچنے کے لیے کپڑے کی چادر یا لوئی۔ کمبل یا بوری وغیرہ کو سنبوسہ کی شکل کا بنا کر ڈالتے ہیں۔ اسے گھگی یا گھونگی کہتے ہیں۔
گھِگی (ہ/اسم مؤنث) ہچکی۔ یکایک ڈر جانے سے مُنہ سے گھگی گھگی کی آواز نکلنا۔ بے حد خوف کی حالت۔ روتے روتے سانس رُک کر آنے کی آواز۔
گھگی بندھ جانا گھگیانا (ہ/فعل) خوف کے مارے بول نہ سکنا۔ روتے روتے سانس بند ہونے لگنا۔ ڈر کے مارے سکتہ کی سی حالت ہو جانا۔
گھُل (ہ/فعل) گھُلنا مصدر کا صیغۂ امر۔
گھُلانا (ہ/فعل) پگھلانا۔ تحلیل کرنا۔ گداز کرنا۔ نرم کرنا۔ پلپلانا۔ دُبلا کرنا۔ لاغر کرنا۔ ناتواں کرنا۔ گزارنا۔ بتانا۔ چوسنا۔ رس لینا۔
گھُلاوٹ (ہ/اسم مؤنث) گدازپن۔ ملائمت۔ نرمی۔ پلپلاہٹ۔
گھُلاوٹ کی آنکھ (اُردو مث) مائل کرنے والی نظر۔ محبت کی نگاہ۔
گھُلا ہوا (ہ/اسم صفت مفعول) پگلا ہوا۔ پلپلا۔ پتلی رس کا۔ صاف چلتا ہوا۔
گھُل جانا (ہ/فعل) پگھل جانا۔ نرم ہو جانا۔ پلپلا ہو جانا۔ بیٹھ جانا۔ تھک جانا۔ نکما ہو جانا۔ لاغر ہو جانا۔ بیت جانا۔ گزر جانا۔ جیسے برسوں گھُل گئے۔
گھُل گھُل کر (ہ/تابع فعل) دُبلا ہو کر۔ تحلیل ہو کر بیماری سے رنجھ رنجھ کر۔
گھُل گھُل کر مرنا (ہ/فعل) بیماری یا غم سے نہایت دُبلا اور لاغر ہو کر مرنا۔ سوکھ سوکھ کر مرنا۔
گھُل مل جانا (ہ/فعل) ایک جان ہو جانا۔ گہری دوستی گانٹھ لینا۔ نہایت اخلاص بڑھا لینا۔
گھُل مل کے بیٹھنا (ہ/فعل) محبت سے مل جل کر رہنا۔ اُلفت سے پیار کی باتیں کرنا۔
گھُلنا (ہ/فعل) پگھلنا۔ گداختہ ہونا۔ نرم ہونا۔ ملائم ہونا۔ پتلا ہونا۔ تحلیل ہونا۔ دُبلا ہونا۔ سوکھ کر کانٹا ہو جانا۔ گزرنا۔ بیت جانا۔ (پنجابی) لڑنا۔ جھگڑنا۔ کُشتی کرنا۔ گتھم گتھا ہونا۔

گھُلنا مِلنا (ہ / فعل) ایک جان ہو جانا ۔ محبت پیدا کرنا ۔ یارانہ گانٹھنا ۔ بے تکلف ہو جانا ۔

گھُلُّو مِٹھو ہو جانا (ہ / فعل) مل جل جانا ۔ ارتباط پیدا کرلینا ۔

گہماگہم ۔ یا ۔ گہماگہمی (ہ / اسم مؤنث) آبادی ۔ چہل پہل ۔ اوّل جول ۔ گرم بازاری ۔ رونق ۔ دُھوم دھام ۔

گھم (ا / مذ) آسمان ۔

گھُماؤں (پنجابی ، اسم مذکر) ۔ دو بیگھہ زمین کی مقدار ۔

گھُمانا (فعل) چکر دینا ۔ پھرانا ۔ سیر کرانا ۔

گھُماؤ (ہ / اسم مذکر) حاصل مصدر ۔ پھیر ۔ چکر ۔ بیلوں کی ایک جوڑی روزانہ جوت لینے کی مقدار ۔

گھُمر گھُمر (ہ / اسم مؤنث) صوت ۔ چکی چلنے کی آواز ۔

گھُمر یاں لینا (ہ / فعل) گھمریاں کھانا ۔ چکر کھانا ۔ گرد پھرنا ۔ چکھیریاں پھرنا ۔

گھمس (ا / مث) حبس ۔

گھمسان (ہ / اسم مذکر) گھمسان ۔ رن ۔ سخت لڑائی ۔ قتل ۔ کُشت و خُون ۔ ہجوم ۔ بھیڑ ۔ انبوہ ۔ بربادی ۔ لڑائی کی زیادتی ۔ تہہ و بالا ۔ اوپر تلے ۔

گھُمسان کا رن پڑنا (ہ / فعل) قتل و خونریزی ۔ کُشت و خُون کرنا ۔ ایسی سخت لڑائی ہونا جس میں اپنے پرائے کی تمیز نہ رہے ۔ جان توڑ کر لڑنا ۔

گھُمسان کرنا (ہ / فعل) قتل و خونریزی کرنا ۔ کشت و خُون کرنا ۔ کٹ کٹ کر لڑنا ۔ جان توڑ کر لڑنا ۔

گھُمسان کی لڑائی (ہ / اسم مؤنث) بڑے معرکے کی لڑائی ۔ بڑی بھاری لڑائی ۔

گھُمسان ہو جانا (ہ / فعل) کُشتوں کے پُشتے لگ جانا ۔ مقتولوں کے ڈھیر لگنا ۔ فوج کا ہجوم ہو جانا ۔ لشکر کا فراہم ہو جانا ۔

گھُمّم گھُمّم (ہ / اسم مؤنث) صوت ۔ رتھ کے چلنے کی آواز ۔

گھُمنڈ (ہ / اسم مذکر) غرور ۔ تکبر ۔ نخوت ۔ اکڑ ۔ مروڑ ۔ نخوت ۔ نمود ۔ خود نمائی ۔ ٹیپ ٹاپ ۔ خود پسندی ۔ فخر ۔ ناز ۔ بھروسہ ۔ سہارا ۔ آسرا ۔ بل ۔ زور ۔ طاقت ۔

گھُمنڈ پہ آنا (ا / محاورہ) شیخی کرنا ۔

گھُمنڈ کرنا (ہ / فعل) غرور کرنا ۔ فخر کرنا ۔ اترانا ۔ تکبر کرنا ۔ شیخی کرنا ۔

گھُمنڈ نکال دینا (ہ / فعل) بل نکال دینا ۔ شیخی کرکری کر دینا ۔ نیچا دکھا دینا ۔

گھُمنڈ ہونا (ہ / فعل) تکبر ہونا ۔ غرور ہونا ۔ شیخی ہونا ۔ ناز و فخر ہونا ۔

گھُمنڈ (ہ / اسم مذکر) بادلوں کا چھا جانا ۔ ابر کا ہجوم ۔ بادلوں کی کثرت ۔

گھُمنڈنا (ہ / فعل) بادل گھرنا ۔ ابر چھانا ۔

گھُمنڈی (ہ / اسم صفت) بیاسے ناعلیت ۔ مغرور ۔ متکبر ۔ خود پسند ۔ شیخی خورا ۔ ڈینگیا ۔ فخر کرنے والا ۔ اترانے والا ۔

گھُمنی (ا / مث) سر کا گھومنا ۔

گھُموری (ہ / مث) سخت گرمی ۔

گھمیر ۔ یا ۔ گھمیری (ہ / اسم مؤنث) دوران سر ۔ چکر ۔ درد سر ۔ سر پیڑ ۔

گھن (س / اسم مذکر) میگھ ۔ ابر ۔ بادل ۔ گھٹا ۔ بہت بڑا ہتھوڑا ۔ نہانی ۔ اہرن ۔ ایک خوشبودار گھاس ۔ فراخی ۔ وسعت ۔ پھیلاؤ ۔ مضبوطی ۔ استحکام ۔ بلغم ۔ کھنکار ۔ بھوڈل ۔ ابرق ۔ گھنٹہ گھڑیال ۔ ایک قسم کا ناچ ۔ جسم ۔ بدن ۔ سریر ۔ انگ ۔ (بحالت صفت) موٹا ۔ دبیز ۔ گاڑھا ۔ وزنی ۔ بھاری ۔ بوجھل ۔ سخت ۔ کڑا ۔ مضبوط ۔ بہت زیادہ ۔ کثیر ۔ نیک ۔ مبارک ۔ گنجان ۔ گھنا ۔ مستقل ۔ دائمی ۔ پُر ۔ معمور ۔ بھرا ہوا ۔

گھن پڑنا (ا / محاورہ) ہتھوڑے کی چوٹ لوہے پر پڑنا ۔

گھن چکر (ہ / اسم صفت) بہت پھرنے والا ۔ آوارہ گرد ۔ ہمیشہ پھرنے والا عقل کا بے وقوف ۔ احمق ۔ مودھو ۔ آتشبازی کا چکر ۔ چرخی ۔ سورج مکھی کا پھول ۔

گھن چکر میں آنا (ہ / فعل) گردش میں آنا ۔ مصیبت میں پھنسنا ۔

گھن کا سکّہ (ا / مذ) سکّہ رائج الوقت ۔

گھن کی چوٹ (ہ / اسم مؤنث) بڑے ہتھوڑے کی ضرب ۔ ضرب شدید ۔ بھاری چوٹ ۔ سخت چوٹ ۔ بڑا بھاری صدمہ ۔

گھن گرج (ہ / اسم مؤنث) بادلوں کی کڑک ۔ رعد کی آواز ۔ بجلی کی کڑک ۔ نہایت شور و غل ۔

گھن گھور (ہ / اسم مؤنث) ڈراؤنی گھٹا ۔ ہولناک بادل ۔ گہرا بادل ۔ ابر غلیظ ۔

گھنگھور گھٹا (ہ / اسم مؤنث) نہایت گہری گھٹا ۔ ڈراؤنی اور مہیب گھٹا ۔ بہت برسنے والی گھٹا ۔ کالی ۔ پیلی گھٹا ۔

گھنگھور لڑائی (ہ / اسم مؤنث) بڑی بھاری لڑائی ۔

گہن (ہ / اسم مذکر) گرہن ۔ کسوف و خسوف ۔ مجازاً عیب ۔ کلنک ۔ داغ ۔

گہن پڑنا یا لگنا (ہ / فعل) چاند یا سورج کا بے نور ہو جانا ۔ کسوف و خسوف ہونا ۔ بدنامی ہونا ۔ عیب لگنا ۔ کلنک لگنا ۔

گہن میں آنا (ہ / فعل) کسوف و خسوف میں آنا ۔ آدمی کے جسم کے کسی عضو کا ٹیڑھا یا نقص والا ہو جانا ۔ بخیال عوام حمل کے بچے پر کسوف و خسوف کا اثر ہونا ۔

گِھن (ہ / اسم مؤنث) نفرت ۔ کراہت ۔ اُلٹی ۔ متلی ۔ غثیان ۔

گِھن آنا (ہ / فعل) کراہت آنا ۔ نفرت آنا ۔

گِھن کھانا (ہ / فعل) نفرت کرنا ۔ کراہت کرنا ۔

گھُن (ہ / اسم مذکر) لکڑی کو کھانے والے ایک کیڑے کا نام ہے غلّے کو کھانے والے ایک کیڑے کا نام ہے ۔ غلّے کو کھا جانے والا کیڑا یعنی سُرسُری ڈھورا وغیرہ ۔ گھُن کھائی لکڑی کا میدہ سا آٹا ۔ مجازاً بہت پرانی بیماری جو آدمی کو اس طرح کھا جاتی ہے جیسے لکڑی کو گھُن ۔

گھُن لگ جانا (ہ/فعل) لکڑی یا غلّے میں گھُن کیڑے کا پیدا ہو جانا۔ کیڑا لگنا۔ کسی بیماری کا چمٹ جانا۔ روگ لگ جانا۔ غم یا فکر لگ جانا۔

گھنا (ا/صف) گھنا ہوا۔ جس کو گھُن لگ گیا ہو۔

گھنا (ہ/اسم صفت) بہت سا۔ ڈھیر۔ وافر۔ بے حد۔ گھن کا سایہ دار۔ گنجان۔

گنا (ہ/اسم مذکر) ٹوم۔ زیور (پنجاب میں) گرو۔ گروی۔ رہن۔

گنا (ہ/فعل) گہن لگنا۔ کسوف یا خسوف ہونا۔ پکڑنا۔ لینا۔ گرفت کرنا۔

گھُنّا (ہ/فعل) گھُن لگنا۔ کرم خوردہ ہونا۔

گُھنّا (ہ/اسم صفت) بات کا جان بوجھ کر جواب نہ دینے والا۔ چُپ۔ اَن بولا۔ کپٹی۔ کینہ ور۔ دل میں بغض رکھنے والا۔

گہنانا (ہ/فعل) گرہن لگنا۔ کسوف یا خسوف میں ہونا۔ روشنی کم ہونا۔ مدھم ہونا۔ پیدائشی طور پر کسی عضو کا ٹیڑھا ہونا۔

گھناؤنا (ہ/اسم صفت فاعلی) گھن آنے والا، وہ شے جس سے گھن آئے۔ مکروہ نفرت انگیز۔

گھنٹ (س/امذ) وہ گھنٹہ جو ہاتھی کے گلے میں ڈالا جاتا ہے۔

گھنٹا یا **گھنٹہ** (ہ/اسم مذکر) موگری سے بجانے کا پیتل کا توا۔ گلے میں لٹکانے کی ٹال۔ جرس۔ زنگولا۔ درا۔ کلاک۔ ٹائم پیس۔ وقت بتانے کا بڑا آلہ۔ ساٹھ منٹ یا اڑھائی گھڑی کا وقت (بازاری) عضو تناسل۔

گھنٹا بجانا (ہ/فعل) گھنٹہ پہ چوٹ لگانا۔ گھڑیال بجانا۔

گھنٹا گھر (ہ/اسم مذکر/ظرف) وہ اونچا مینار جس پہ کلاک کی سوئیاں دُور سے دکھائی دیتی ہیں۔

گھنٹا ہلانا (ہ/فعل) پوجا پاٹ کرنا۔ پوجا کے وقت گھڑیال کھڑکانا۔ وقت گزارنا۔ بے فائدہ کام کرنا۔

گھنٹالی (ہ/امذ) چھوٹی گھنٹی۔

گھنٹی (ہ/اسم مؤنث) گھنٹہ کی تانیث و تصغیر۔ ٹالی۔ ٹلی۔ پیتل کی چھوٹی سی ٹلیا جو پوجا کے وقت کام آتی ہے۔

گھنٹے ہور چھل سے اُٹھانا (ہ/فعل) بوڑھے آدمی کی ارتھی کو بڑی دھوم دھام سے مرگھٹ میں لے جانا۔

گھنچ (ہ/امذ) گردن۔ گلا۔ نرخرہ۔ حلق۔

گھنڈی (ہ/اسم مؤنث) سوتی بٹن۔ تکمہ۔ بٹن۔ بوتام۔ دھان کی دوسری دفعہ پھوٹی ہوئی جڑ (پنجاب میں) گرہ۔ گانٹھ۔ عقدہ۔ بل۔ کدورت۔ رکاوٹ۔ انقباض۔

گھنڈی کھولنا (ہ/فعل) بٹن کھولنا۔ گرہ کھولنا۔ کینہ نکال ڈالنا۔ شکایت دُور کرنا۔

گھنڈی لگانا (ہ/فعل) بٹن لگانا۔ تکمہ بند کرنا۔ گھنڈی ٹانکنا۔ گھنڈوری سینا۔

گھنگرالے (ہ/اسم صفت) بل دار بال۔ پیچیدہ بال۔ گھونگر والے بال۔

گھنگرو (ہ/اسم مذکر) زنگلہ۔ ایک قسم کا بجنے والا زیور جسے ناچنے والے پاؤں میں پہنتے ہیں۔ جانکنی کے وقت گلے کی آواز۔ چنے کی ٹاٹ۔ چنے کا ڈوڈا۔ سنی کا پھل جس میں بیج ہوتا ہے۔

گھنگرو باندھنا (ہ/محاورہ) ناچنے کو کھڑا ہونا۔ ناچنے کی تیاری کرنا۔ ناچنے میں شاگرد بنانا۔ ناچ سکھانے کا شاگرد بنانا۔

گھنگرو بجنا (ہ/مص/مرکب) گھنگرو کا آواز دینا۔

گھنگرو بندھائی (ہ/اسم مذکر) کنچن زادہ۔ کنچن بچہ۔ ناچنے والے ایک دوسرے کو آپس میں کہا کرتے ہیں۔

گھنگرو بولنا (ہ/فعل) گھنگروؤں کا چھنکنا۔ ناچ ہونا۔ جانکنی کے وقت سانس کا رُک رُک کر آنا۔ بلغم کا حلق میں بولنا۔ قریب بہ مرگ ہونا۔

گھنگرو سا لدا ہونا (ہ/محاورہ) سر سے پیر تک لدا ہونا۔

گھنگنیاں (ہ) اُبلے ہوئے چنے یا جوار یا گیہوں وغیرہ۔ باکلیاں۔

گھنگنیاں منہ میں بھر کر بیٹھنا (ہ/محاورہ) چُپ ہو رہنا۔ گھُنّی سادھنا۔ خاموشی اختیار کرنا۔

گھنگھنانا (ہ/فعل) چرخی یا پہیہ کے زور سے چکر کھانے کی آواز۔

گہنے (ہ/اسم مذکر) گہنا کی جمع۔ گرو۔ گروی۔ رہن۔

گہنے رکھنا (ہ/فعل) گرو رکھنا۔ رہن رکھنا (پنجاب میں)

گہنی (ہ/اسم مؤنث) پیدائشی نقص والی گائے۔ ناقص الخلقت گائے۔ چھوٹے قد کی۔

گھُنّی (ہ/اسم مؤنث) خاموشی۔ چُپ۔ اَن بولا۔ رانی۔ وہ عورت جو بات کو سن سمجھ کر جواب نہ دے۔ مکری عورت۔ کینہ توز۔ کپٹن بغض رکھنے والی۔

گھُنّی سادھنا (ہ/فعل) خاموشی اختیار کرنا۔ مکرا پن کرنا۔ جان کر جواب نہ دینا۔

گھُنّی مُنّی (ہ/اسم صفت مؤنث) صورت حرام۔ گربہ مسکین۔ غریب صورت۔ شیطان سیرت۔ چُپ بدذاتنی۔

گھنی چھاؤں (ہ/امث) گنجان سایہ۔

گھوآ (ہ/اسم مذکر) سرکنڈے کے اوپر کی روئی۔ بھوئی۔ کانس کا پھول۔ ایک پانی کے کنارے رہنے والے کیڑے کا نام۔

گہوارہ (ف/اسم مذکر) پالنا۔ جھولا۔ پنگوڑا۔ مہد۔ ہنڈولا۔ ہنڈولنا۔ وہ چارپائی جس پر عورتوں کے جنازے کے لیے محراب نما لکڑیاں باندھتے ہیں۔

گھوٹا (ہ/اسم مذکر) کاغذ گھوٹنے کا کانچ کا ڈنڈی دار مہرہ۔ سر کے بالوں کی اُسترے سے صفائی ڈاڑھی مونچھوں وغیرہ کا صفایا۔

گھوٹنا (ہ/فعل) کھرل کرنا۔ رگڑنا۔ حل کرنا۔ باریک پیسنا۔ مہرہ سے کاغذ کی صفائی کرنا۔ بار بار پڑھ کر ذہن نشین کرنا۔ خوب ازبر کرنا۔ رٹنا۔

گھورا (ہ/ اسم مذکر) بوا زِ معروف - کوڑا کرکٹ پھینکنے کی جگہ - کوڑی - کھتّا - گُوہ اور کوڑا کرکٹ وغیرہ (بصورت فعل) گھورنا مصدر سے ماضی مطلق غور سے دیکھا -

گھورا گھاری (ہ/ اسم مؤنث) دیدبازی - نظربازی - دیکھا دیکھی - ایک دُوسرے کو محبت کی نظر سے بغور دیکھنا -

گھوری (ہ/ اسم صفت بیائے فاعلیت) میل کچیل والا - میلا کچیلا - گندا - غلیظ -

گھوڑا (ہ/ اسم مذکر) اسپ - توسن - مرکب - بندوق کا طوطا - بندوق کا کتّا - شطرنج کا ڈھائی گھر آڑے چلنے والا مُہرہ -

گھوڑا اُٹھانا (ہ/ فعل) گھوڑا بھگانا - گھوڑا دوڑانا - سرپٹ دوڑانا - بگ ٹٹ دوڑانا -

گھوڑا اُڑانا (ار/ محاورہ) گھوڑے کو سرپٹ دوڑانا -

گھوڑا الاگنا (ہ/ فعل) نئے گھوڑے پر سواری کرنا - الیل بچھیرے کو سواری کے لیے سدھانا -

گھوڑا بھر جانا (ہ/ فعل) تھک کر گھوڑے کا بند بند جکڑ جانا -

گھوڑا پائے پر چڑھانا (ہ/ فعل) بندوق کے کتّے کو پٹاخے پر دور اور صدمہ پہنچانے کے لیے اُٹھانا -

گھوڑا پلانا (ہ/ فعل) گھوڑے پر جامہ کسنا - کاٹھی رکھنا -

گھوڑا پھینکنا } گھوڑا ڈالنا } (ہ/ فعل) کسی چیز کے پیچھے گھوڑا دوڑانا شکار وغیرہ پر سرپٹ دوڑانا -

گھوڑا چھوڑنا (ہ/ فعل) گھوڑے کو چرنے کے لیے کھلا چھوڑنا - جتتے ہوئے کو گاڑی سے نکال لینا - گھوڑے کو اس کی مرضی پر چھوڑنا - دوڑانا - گھوڑی پر بچہ کشی کے لیے چڑھانا -

گھوڑا گھاس سے آشنائی کرے تو بھوکا مرے (ا/ مثل) اپنا مطلب کوئی نہیں چھوڑتا - یعنی مزدور اگر مزدوری نہ لے تو بھوکا مر جائے -

گھوڑا گھڑسال ہی میں قیمت پاتا ہے (ا/ مثل) ہر چیز کی قدر اس کے مقام ہی پر ہوتی ہے -

گھوڑا مارنا (ہ/ فعل) گھوڑا بھگانا - گھوڑا دوڑانا -

گھوڑا ملا تو کوڑا ابھی مل جائے گا (ا/ مثل) بڑا کام ہو جائے تو چھوٹے کی کیا فکر؟ یعنی چھوٹا کام بھی ہو جائے گا -

گھوڑا نکالنا (ہ/ فعل) گھوڑا آگے لے جانا - گھوڑے کو سواری کے لیے سدھانا - کھڑ کھڑے میں جوتنا - محرم کے دنوں میں شیعہ لوگوں کا دُلدُل نکالنا -

گھوڑی (ہ/ اسم مؤنث) گھوڑا کی تانیث - اسپ مادہ - ٹٹوانی - طائری سپیوریاں توڑنے کا آلہ - گوٹے کا تانا کسنے کی لکڑی - بانس کی چری ہوئی کھپچی جو ختنہ کے وقت کام آتی ہے بیاہ کے وقت سہاگ کے گیت - بچوں کے کھیل کا نام ہے -

گھوڑی چڑھانا (ہ) بانس کی چری ہوئی لکڑی سے مقام مخصوص کے گوشت کو ختنہ کے لیے دبانا - ختنہ راضی ہونے کے بعد مختون کو کسی مسجد یا مقدس مقام میں لے جانے کی رسم - برات چڑھانا -

گھوڑے بیچ کر سونا (ہ/ فعل) بے فکر ہو کر سونا - پاؤں پھیلا کر سونا -

گھوڑے جوڑے کی خیر (ا) کلمۂ دُعائیہ - میاں بیوی اور سواری کا گھوڑا قائم رہے -

گھوڑے دوڑانا (ار/ محاورہ) پوری کوشش کرنا -

گھوڑے کو لات اور آدمی کو بات (ا/ مثل) نادان کو مار پیٹ اور دانا کو اشارہ ہی کافی ہوتا ہے -

گھوڑے کی شادی کرنا (ا/ فعل) گھوڑے بیچ ڈالنا - فروخت کر دینا -

گھوڑے کی دُم بڑھے گی تو اپنی ہی مکھی اُڑائے گا (ا/ مثل) اپنی دولت سے دولت مند ہی فائدہ اُٹھائے گا - ہر شخص اپنا ہی بھلا چاہتا ہے -

گھوڑے گھوڑے لڑیں موچی کا زین ٹوٹے (ا/ مثل) کرے کوئی بھرے کوئی - زبردست لڑیں کمزور مُفت میں نقصان اُٹھائے -

گھوڑے گئے گدھوں کا راج آیا (ہ/ مثل) شریف اور نامور لوگ تو مر گئے - رذیل اور کمینے با اختیار ہو گئے -

گھوڑیاں (ا/ مث) شادی کے گیت جو عورتیں شادی بیاہ میں گاتی ہیں -

گھوس (ہ/ اسم مؤنث) ایک قسم کا بہت بڑا چوہا - رشوت - مُنہ بھرائی -

گھوس پیچ (ہ/ اسم مذکر) رشوت - مُنہ بھرائی -

گھوس دان (ہ/ ف/ مذ) چوہے پکڑنے کا پنجرہ -

گھوسم گھاشا (ہ/ اسم مذکر) مُکا مکی - دُکا دُکی - دُکم دھکا - مار کٹائی -

گھوسن (ہ/ اسم مؤنث) دُودھ بیچنے والی مسلمان گوالن -

گھوسی (ہ/ اسم مذکر) دُودھ بیچنے والا - گوالیا -

گھوکنا (ہ/ مص) سبق کا بار بار پڑھا جانا - رٹنا - یاد کرنا -

گھوکس (ہ/ اسم مذکر) برج - فصیل - گرگج -

گھوگی (ہ/ اسم مؤنث) فاختہ - ٹوٹرو - گھگی - جیب - گوجھا -

گھول پینا (ہ/ فعل) شربت کو پانی میں ڈال کر پی جانا - کچھ بھی نہ سمجھنا - مار ڈالنا -

گھولنا (ہ/ فعل) کسی پتلی چیز - مثلاً پانی وغیرہ میں کوئی چیز ملانا - رس لینا - چوسنا -

گھولوا (ہ/ اسم مذکر) پانی میں حل شدہ افیون -

گھولا - پتیج - مانڈی - شوربا - حریرا -

گھولے میں پڑنا (ہ/ فعل) دقت میں پڑنا - بکھیڑے میں پڑنا - کسی ناقابل ختم کام میں مصروف ہونا -

گھولے میں ڈالنا (ہ/ فعل) بکھیڑے میں ڈالنا - حیران کرنا - ٹال مٹول کرنا - لیت ولعل کرنا -

گھومنا گھامنا (ار/ صف) پھرتا پھراتا -

گھومنا (ہ/فعل) چکر کھانا۔ چکرانا۔ گردش کرنا۔ گرد پھرنا۔ دردِ سر ہونا۔ بخارات کا دماغ کو لگنا۔
گھومنی (ہ/اسم مؤنث) دورانِ سر۔ سر چکرانا۔
گھونا (ہ/اسم صفت) تجربہ کار۔ ہوشیار۔ خرانٹ۔
گھونپنا (ہ/فعل) تلوار یا سنگین وغیرہ کی نوک جسم میں گھسیڑنا۔ آر لگانا۔ سوئی چبھونا۔ بُری طرح سے سینا۔ تلنگے بھرنا۔
گھونٹ (ہ/اسم مذکر) پانی یا دوا وغیرہ۔ رقیق چیز کی وہ مقدار جو ایک دفعہ حلق سے اُترے۔ جُرعہ۔ چُسکی۔ دمِ آب۔ حُقّہ کا دم نہایت کم مقدار۔ بہت قلیل۔
گھونٹ بھرنا (ہ/فعل) حُقّہ کا دم لگانا۔ چُسکی لگانا۔ پینا۔
گھونٹ گھونٹ کرکے اُتارنا۔ یا۔ پینا (ہ/فعل) تھوڑا تھوڑا کرکے پینا۔
گھونٹنا (ہ/فعل بوا و مجہول) گلا دبانا۔ ٹینٹوا دبانا۔ تنگ کرنا۔ بند کرنا۔ سانس نہ آنے دینا۔ رگڑنا۔ حل کرنا۔ کھرل کرنا۔ گھوٹنا۔
گھونسا (ہ/اسم مذکر) مُکّا۔ ڈُک۔ دھوکا۔ صدمہ۔ ضرب۔ چوٹ۔
گھونسا۔ چلانا۔ ٹکانا۔ سہی کرنا۔ لگانا۔ مارنا (ہ) ڈُک مارنا۔ مُکّا لگانا۔
گھونسلا (ا/اسم مذکر) پرندوں کا گھر۔ آشیانہ۔
گھونسلا نوچنا (ا/محاورہ) گھر برباد کرنا۔
گھونسم۔ گھالسا (ہ/اسم مذکر) (دیکھو گھوسم گھاسا)
گھونسوں کا کیا اُدھار (ہ/مثل) مُکّے کا جواب مُکّا۔ خطا کی سزا میں دیر کا کیا کام۔
گھونسوں لڑنا (ہ/فعل) ڈُک بازی کرنا۔ مُکّوں لڑنا۔ باہم مُکّے مارنا۔
گھونگا (ہ/اسم مذکر) سیپی اور سنکھ کی قسم کے ایک دریائی جانور کا گھر یا خول۔ خرمہرہ۔ سنکھ کوڑا۔
گھونگٹ (ہ/اسم مذکر) نقاب۔ بُرقع۔ پردہ۔ آنچل۔ چادر کا مُنہ پر پڑا ہوا کپڑا۔ روک۔ اوٹ۔ دروازے کی اندرونی دیوار۔ لاج۔ شرم۔ لحاظ۔
گھونگٹ اُٹھانا (ہ/فعل) گھونگٹ اُونچا کرنا۔ پردہ ترک کرنا۔ دُلہن کا سامنے آجانا۔
گھونگٹ اُلٹنا (ا/محاورہ) دُلہن کا بے حجاب ہونا۔
گھونگٹ کاڑھنا یا کرنا۔ یا۔ ڈالنا } (ہ/فعل) نقاب ڈالنا۔ کپڑے سے مُنہ چھپا لینا۔ پردہ کرنا۔ شرم کرنا۔ لحاظ کرنا۔
گھونگٹ کھانا (ہ/فعل) فوج کا شکست کھانا۔ زک اُٹھانا۔ پیٹھ دکھانا۔ مُنہ موڑنا۔ فوج کا میدانِ جنگ سے بھاگنا۔
گھونگٹ کی دیوار (ہ/اسم مؤنث) پردے کی دیوار۔ دروازے کے سامنے اندرونی دیوار۔

گھونگٹ لینا (ا/محاورہ) مُنہ چھپانا۔ نقاب ڈالنا۔
گھونگٹ والی (ہ/اسم مؤنث فاعلی) بُرقع پوش۔ باحیا۔ لاجونتی۔ دُولہن۔ بنی۔ بنڑی۔
گھونگر والے یا گھونگریالے بال (ہ/اسم مذکر) پیچ در پیچ بال۔ مُڑے ہوئے بال۔ مرغول۔
گھی (ہ/اسم مذکر) گرم کیا ہوا مکھن۔ روغنِ زرد (بحالتِ صفت) ملائم۔ نرم۔ چکنا۔
گھی داغ کرنا (ہ/فعل) گھی کا تڑکا لگانا۔ گھی کڑکڑانا۔
گھی سنوارے سالنا اور بڑی بہو کا نام (ہ/مثل) کام کوئی کرے اور نام کسی کا ہو۔ لڑے مرے فوج اور نام ہو سردار کا۔
گھی کہاں گیا کھچڑی میں (ہ/مثل) اپنا مال جب اپنے ہی عزیزوں یا اپنے ہی کام میں خرچ ہو جائے۔ اس وقت یہ مثل بولتے ہیں۔ یعنی بے جا صرف نہیں ہوا۔ پیاروں ہی کے کام آیا ہے۔
گھی کھچڑی (ہ/اسم صفت ترکیبی) گھلے۔ ملے۔ گہرے یار۔ جانی دوست۔ شیر و شکر۔ ہم نوالہ ہم پیالہ۔
گھی کے جلانا
گھی کے چراغ جلانا } (ہ/فعل) خوشی حاصل ہونا۔ مراد پوری ہونا۔ بن آنا۔ نہایت خوشی منانا۔
گھی کے سے گھونٹ آتے ہیں (ہ/محاورہ) یعنی اس چیز میں بہت گھی پڑا ہوا ہو اور بڑا ذائقہ ہے۔
گھی کے کُپّے سے جا لگنا (ہ/فعل) کسی امیر کے پاس تک رسائی ہو جانا۔ سونے کی چڑیا مل جانا۔
گھی گر پڑا مجھے رُوکھی ہی بھاتی ہے (ہ/فعل) اپنی ناچاری اور شرم کے چھپانے کے موقع پر بولتے ہیں۔ جیسے ہاتھ نہ لگی تھُو کوڑھی۔
گھی نکالنا (ا/محاورہ) مکھن سے گھی حاصل کرنا۔
گھی والا (ا/صفت) روغن فروش۔
گھیا (ہ/اسم مذکر) کدّو۔ ایک قسم کی ترکاری کا نام۔
گھیا تُرئی یا توری (ہ/اسم مؤنث) ایک قسم کی لمبی توری۔
گھیا کدّو (ا/مذ) ایک قسم کا لمبا کدّو۔
گھیا کش (ہ/اسم مذکر) کدّو کش۔ ایک آلے کا نام ہے۔
گھیپنا (ہ/فعل) خوب ملانا۔ آمیزش کرنا۔ سَننا۔ کھُرچنا۔ چھیلنا۔
گھیرا (ہ/اسم مذکر) دَور۔ چکر۔ پھیر۔ گردا۔ حلقہ۔ دائرہ۔ احاطہ۔ صحن۔ بگڑا۔ باڑا۔
گھیردار (ہ/اسم صفت ترکیبی) فراخ۔ کھُلا ڈُلا۔ ڈھیلا ڈھالا۔ دردرا۔
گھیر گھار کر لانا (ہ/فعل) سب طرف سے اکٹھا کر لانا۔ ہر طرف سے سمیٹ کر ایک جگہ لانا۔
گھیرا (ہ/اسم مذکر) کُنڈل۔ دائرہ۔ گولائی۔ حلقہ۔ گروہ۔

چار دیواری - فصیل - حصار - نرغہ - محاصرہ - باڑھ - چکر - محیط - منڈل -

گھیرا ڈالنا (ہ/فعل) چاروں طرف سے گھیر لینا - محاصرہ کرنا - کسی شہر یا قلعہ کو قابو کرنا -

گھیرنی (ہ/امث) چرخہ چلانے کا ہتھا -

گھیرنا (ہ/فعل) محصور کرنا - احاطہ کرنا - باڑ لگانا - جنگلا بنانا - چار دیواری بنانا - روکنا - بند کرنا - جکڑنا - پکڑنا -

گھیگوار (ہ/اسم مذکر) کنوار گندل پودے کا نام ہے -

گھینٹ (ہ/اسم مذکر) گلا - حلق - گلو -

گھینٹ کاڑھنا (ہ/فعل) گلا پھاڑ کر چلانا - چیخنا - غل مچانا -

گھینٹا (ہ/اسم مذکر) سُور کا بچہ - بچۂ خوک

گھینگا (ہ/اسم مذکر) گلّرا - گلا پھولنے کی ایک بیماری کا نام -

گھیور (ہ/اسم مذکر) ایک قسم کی مٹھائی جو گھی اور میدے سے تل کر بناتے ہیں -

گ ی

گی (ف) علامت اسم مصدری - فارسی اسم یا کلمہ کے آخر میں آکر مصدری معنی دیتی ہے جیسے بندگی بیچارگی -

گیا (س/اسم مذکر) صوبہ بہار کے ایک مشہور شہر کا نام ہے جو ہندوؤں کا بڑا تیرتھ ہے -

گیا وال (ہ/اسم مذکر) گیا جی کا پجاری - گیا جی کے مندروں کی سیوا کرنے والا گیا کا - گیا کا باشندہ - گیا کا بنا ہوا -

گیا (ہ/اسم صفت مفعولی) گزرا ہوا - رفتہ - بیتا ہوا - سابقہ - ماضی - جانا مصدر سے ماضی مطلق - چلا گیا - رخصت ہوا -

گیا بیتا (ہ/اسم صفت مفعولی) پچھلا - گزرا ہوا - ناکارہ - خراب - نکما - بُرا -

گیا گزرا (ہ/اسم صفت مفعولی) گزرا ہوا - معدوم - خراب - بُرا - نکما - ناکارہ - نہایت کمزور - ناتواں - بے حوصلہ - بُزدل - بدچلن - نالائق - غریب - مُفلس - ناقابل وصولی - بیکار - ناقابل استعمال - تباہ ہوگیا - برباد ہوگیا - ذلیل - رُسوا - بے عزت - حقیر -

گیا گزرا ہونا (ہ/ا محاورہ) بے کار ہونا - رقم ڈوب جانا -

گیا وقت (ہ/اسم مذکر) گزشتہ وقت - گزرا ہوا زمانہ - عیش رفتہ - خوشی میں کٹا ہوا وقت -

گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں (ہ/مثل) موقع بار بار ہاتھ نہیں آیا کرتا - گزرا ہوا سانس پھر میسّر نہیں ہوتا - فرصت کو غنیمت جانو -

گیابھ (ہ/اسم مذکر) گابھ - حیوانات کا حمل -

گیابھ ڈالنا (ہ/فعل) پیٹ گرانا - حمل اسقاط کرنا - قبل از وقت بچہ جننا - بے حد ڈرنا -

گیابھن یا گیابھنی (ہ/اسم مؤنث) پیٹ والی حاملہ - صرف حیوانات کے لیے بولتے ہیں -

گیارہ (ہ/اسم عدد) دس اور ایک - یازدہ ۱۱ -

گیارھواں (ہ/اسم صفت عددی) یازدہم - گیارہ حصوں میں سے ایک -

گیارھویں (ہ/اسم صفت مؤنث) حضرت غوث الاعظم کی مقرر کردہ نیاز -

گی آنا - غیر قوموں کے ماتحت ہے ایک حصہ انگریزوں کا ہے - دوسرا فرانس کا تیسرا ڈچ کا - گنا - کوکو اور کھانڈ اشیا باہر جاتی ہیں -

گیاست (ہ/امث) گیان پن -

گیان (س/اسم مذکر) واقفیت - دانش - علم - عرفان - علم الٰہی - علم معرفت - عقل - خرد - سمجھ بوجھ - بُدھی - ہوش - ظاہری - حواس خمسہ - پانچوں اندریاں -

گیان چوسر (ہ/اسم مؤنث) ایک قسم کے کاغذ پر چھپی ہوئی چوسر جو دو نردوں اور پانچ یا سات کوڑیوں سے کھیلی جاتی ہے -

گیان دوڑانا (ہ/محاورہ) بہت سوچ بچار کرنا -

گیان دان } (س/اسم صفت) عالم و فاضل - گنی - پنڈت - عارف -
گیانی }

گیاہ (ف/اسم مؤنث) ہری گھاس - ہرا چارہ - علف - اکاہ خشک - گھاس -

گیپا (ف/امذ) ایک قسم کا پلاؤ -

گیپائی (ف/صف) گیپا بیچنے والا -

گئی بو لُو دار کی اور رہی کھال کی کھال (ہ/مثل) مرتبہ اور دولت کھو کر جیسے تھے ویسے ہی رہ گئے -

گئے بیچارے رہے ایک کم تیس (ہ/مثل) جب پہلا روزہ رکھ لیا تو باقی بھی رکھے برابر سمجھو - مشکل کام کا جب ایک حصہ کر لیا تو وہ آسان نظر آنے لگا -

گیت (ہ/اسم مذکر) گانا - راگ - بھجن - سرود -

گیتا (س/اسم مؤنث) گیتوں اور بھجنوں کا مجموعہ - گیتوں کی کتاب - راگ - نغمہ - بھجن - بحث - مباحثہ - چرچا - قول - مقولہ - ذکر اذکار - معرفت الٰہی کی کتاب -

گئے تھے روزے بخشوانے نماز گلے پڑی } (ہ/مثل) ایک مشکل سے بچنا
گئے تھے نماز کو روزے گلے پڑے }
چاہا دوسری اور گلے پڑ گئی - ایک کام سے عذر کیا دوسرا اور سپرد ہوا -

گیتی (ف/اسم مؤنث) جہان - سنسار - جگت - دُنیا - عالم - زمانہ -

گیتی آرا (ف/اسم صفت فاعلی) دُنیا کو آراستہ کرنے والا - نہایت حسین - زنانہ نام بھی ہے - بصرہ کے ایک نہایت خوشبودار پھول کا نام جس کی بُو مُشک کی سی ہوتی ہے -

گیتی آفرین (ف / صف) جہاں کو پیدا کرنے والا۔
گیتی افروز (ف / اسم صفت فاعلی) دنیا کو روشن کرنے والا۔ عالم تاب (اسم مذکر) سورج۔ آفتاب۔ خورشید۔ زنانہ نام۔
گیتی بان (ف / صف) دنیا کا محافظ۔ دنیا کا بادشاہ۔
گیتی پناہ (ف / صف) بادشاہ۔
گیتی نورد (ف) جہاں کا پھرنے والا۔
گئے درجے (ا / تابع فعل) کم از کم۔ آخری درجہ ہار کے۔ مجبوراً۔
گیدڑ (ہ / اسم مذکر) کتے کی قسم کا ایک درندہ جانور ہوتا ہے۔ شغال۔ سیال۔
گیدڑ اچھلا اچھلا جب انگور کے خوشہ تک نہ پہنچا تو کہا اخ تھو کھٹے ہوتے ہیں۔ (ا / مثل) اپنی شرمندگی اور ندامت کے رفع کرنے کو یا شیخی قائم رکھنے کو کہہ دیا کرتے ہیں کہ یہ چیز کام کی نہیں خراب ہے۔ مگر حاصل کرنے کی تمام تدبیریں پہلے کر چکے ہیں۔
گیدڑ اوروں کو شگون بتائے آپ اپنی گردن کتوں سے نرڑوائے (ا / فعل) اپنی خبر نہیں اوروں کو شگون بتاتے ہیں۔
گیدڑ بولنا (ہ / فعل) گیدڑوں کا چیخنا۔ بدشگونی ہونا۔ کسی کام کے شروع کرتے گیدڑ کا بولنا منحوس سمجھا جاتا ہے۔
گیدڑ بھبکی (ہ / اسم مؤنث) گیدڑ کی طرح غرا کر حملہ کرنے کا ڈراوا دکھا دینے کی گھرکی۔ بے اثر دھمکی یا ڈراوا۔ بندر بھبکی بھی ہو سکتا ہے۔
گیدڑ بھبکی دکھانا (ا / محاورہ) جھوٹ موٹ ڈرانا۔
گیدڑ گر پڑا جھیرے میں۔ بولا آج یہیں مقام سہی (ا / مثل) جب کوئی آدمی اپنی کوشش اور تدبیر میں فیل اور ناکام ہو جاتا ہے اور اسے اپنی ناکامی نہیں سمجھتا تو اس کے چڑانے کی یہ مثل بولتے ہیں۔
گیدڑ کی کمبختی آئے تو گاؤں کو بھاگا جائے (ا / مثل) جب برے دن آتے ہیں تو تدبیریں بھی الٹی ہی سوجھتی ہیں۔
گیدی خر (ف / اسم صفت مرکب) نہایت بے وقوف۔ الو۔ گدھا۔ مودھو۔ احمق۔
گیرودار (ف / اسم مونث حاصل مصدر) از گرفتن۔ پکڑ دھکڑ۔ لڑائی بھڑائی۔ سیاست۔ حکمرانی۔ شان و شوکت۔
گیرائی (ا / اسم مونث) پکڑ۔ گرفتگی۔ ٹھگی کا محکمہ۔ خفیہ پولیس کا دفتر۔
گیرنا (ہ / فعل۔ بیائے مجہول) گرانا۔ لگانا۔ کاجل سارنا۔ اچار وغیرہ ڈالنا۔ جانا۔ ڈالنا۔
گیرو (ہ / اسم مذکر بیائے مجہول) ایک قسم کی لال مٹی۔ گل ارمنی۔
گیروا (ہ / اسم صفت بالف تشبیہی) گیرو جیسا۔ گیرو کے رنگ کا۔ جوگیا۔
گیڑی (ہ / اسم مؤنث) لڑکوں کے کھیلنے کی لکڑی جسے وہ ایک لکیر کھینچ کر ایک معمولی فاصلے پر رکھ دیتے ہیں اور دوسرا لڑکا اس لکڑی کو چوٹ مار کر لکیر سے باہر کر دیتا اور جیت لیتا ہے۔
گیسو (ف / اسم مذکر) کاکل۔ لٹ۔ عورتوں کے سر کے لمبے بال۔
گیسو بریدہ (ف) بے حیا عورت۔
گیسو چھٹکنا (ا / محاورہ) بالوں کا بکھر کر شانے پر لہرانا۔
گیسو دراز (ف / صف) وہ جس کے گیسو بہت لمبے ہوں۔
گیسو کترنا (ا / محاورہ) بالوں کا کاٹنا۔
گئے کٹک رہے اٹک (ہ / مثل) یعنی شہر کٹک جا کر واپس نہ آیا۔ شہر کٹک میں سمندر کے کنارے جگن ناتھ جی کا مندر ہے۔ بعد مسافت اور خراب آب و ہوا کے باعث یہ مثل بن گئی۔ ایسے مقام کی نسبت بولا کرتے ہیں جہاں سے واپس آنا مشکل ہو۔
گئی کرنا (ہ / فعل) معاف کرنا۔ جان کر چھوڑ دینا۔ پہلو تہی کرنا۔ چشم پوشی کرنا۔ سہارنا۔ بربادی کرنا۔ تغافل کرنا۔ چوکنا۔ غفلت کرنا۔
گیگلی (ہ / اسم صفت مؤنث) پھوہڑ عورت۔ احمق عورت۔ نادان۔ بے تمیز۔ بے سلیقہ۔
گیل (ہ / اسم مؤنث) سڑک۔ پگڈنڈی۔ بٹیا۔ راستہ۔ راہ۔ باٹ۔ گیلوں کا گچھا (بصورت تابع فعل) ہمراہ۔ ساتھ۔ سنگ۔
گیل جانا (ہ / فعل) ساتھ ساتھ جانا۔ ہمراہ جانا۔ سنگ جانا۔
گیل لگے پھرنا (ہ / فعل) پیچھا نہ چھوڑنا۔ ساتھ ساتھ پھرنا۔ پیچھے پیچھے لگے رہنا۔
گیلا (ہ / اسم صفت) نمدار۔ تیز۔ بھیگا ہوا۔ سیلا۔
گیلاپن (ا / امذ) گیلا ہونا۔
گیلری (انگ / اسم مؤنث) تصویر خانہ۔ کسی بڑے ہال یا مکان میں بیٹھنے یا گزرنے کی جگہ۔
گیلڑ (ہ / اسم صفت) پہلے خاوند کا لڑکا جو عورت کے ساتھ آئے۔ پچھ لگ۔ ساتھ کا بچہ۔
گیلن (انگ / اسم مذکر) مائع اور سیال اشیاء کے ناپنے کا پیمانہ جو ۲۷۲ چھٹانک کا ہوتا ہے۔
گین (ف / اسم صفت) آگین کا مخفف ہے۔ بھرا ہوا۔ پر۔ علامت اسم فاعل ترکیبی۔ جیسے غمگین۔ صاحب والا۔ مالک۔ خداوند کے معنی ہیں۔
گینا (ہ / اسم مذکر) چھوٹے قد کا بیل۔
گینتی (ہ / اسم مؤنث) زمین کھودنے کا ایک دونوں طرف سے نوک دار اوزار۔ کسی۔ کدال۔
گینڈ (ہ / اسم مذکر) بفتح اول۔ ہاتھی۔ گج۔ فیل۔
گیند (ہ / اسم مؤنث بیائے مجہول) لڑکوں کے کھیلنے کا کپڑے چمڑے یا ربڑ وغیرہ کا گولا۔ گوٹے (پنجابی) کھدو۔
گیند بلا (ہ / اسم مذکر) کرکٹ۔ ڈنڈے اور گیند کا کھیل۔ گوڈ چوگان۔

گیندا (ہ) اسم مذکر بیائے مجہول) ایک قسم کا زرد رنگ کا پھول۔ گل صد برگ۔
گینڈا (ہ) اسم مذکر) بفتح اول۔ بھینسے سے مشابہ ہاتھی کے پاٹھے کے برابر ایک جانور کا نام ہے۔ جس کی کھال ڈیڑھ انچ کے قریب موٹی اور ماتھے پر ایک نوک دار سینگ ہوتا ہے۔ کرگدن۔
گینڈلی (ہ) اسم مؤنث) سوت کی انٹی۔ لچھی۔ سوت کا لچھا۔ کنڈلی۔ سانپ کا حلقہ بنا کر بیٹھنا۔
گینی (ہ) اسم مؤنث) چھوٹے قد کی موٹی گائے۔ گینا کی مادہ۔

گیہان (ف) اسم) جہان۔ زمانہ۔ روزگار۔
گیہان خدیو (ف) اسم) جہان کا بادشاہ۔
گیہوں (ہ) اسم مذکر) کنک۔ گندم۔ ایک غلے کا نام ہے۔
گیہوں دے کر گاجریں کھانا (ارشل) عمدہ چیزیں دے کر ادنیٰ لینا جو بے وقوفی ہے۔
گیہوں کی بال نہیں دیکھی (ہ) محاورہ) نہایت نادان اور ناتجربہ کار ہے۔ گھر سے باہر قدم بھی نہیں نکالا۔
گیہوں کی روٹی کو فولاد کا پیٹ چاہیے (ارشل) نعمت کھا کر ہضم کرنے کو بھی حوصلہ درکار ہے۔ دولت پر پہنچ کر مست نہ ہونا بھی بڑے حوصلہ والے کا کام ہے۔
گیہوں کے ساتھ گھن پس جاتا ہے (ہ) محاورہ) مجرموں کے ساتھ بے خطا بھی مصیبت میں پھنس جاتے ہیں۔ امیروں کے ساتھ غریبوں کی بھی شامت آ جاتی ہے۔
گیہوں کے کھیت میں کرنجوا اُگا (ارشل) اچھے کی اولاد بری ہوئی۔

ل (ہ/ اسم مذکر) اُردو کا تیسواں فارسی کا ستائیسواں اور عربی کا تیئسواں حرف ہے۔ حساب جمل میں اس کے عدد تیس مقرر ہیں۔

ل - ا

لا (ع) کلمہ نفی۔ نہیں۔ نہ۔ بغیر۔ بنا۔ بن۔ بدُون۔

لا (انگ / اسم مذکر) قاعدہ۔ قانون۔ ضابطہ۔

لا (ہ) کلمہ نسبت۔ اوا آخر اسماء میں آتا ہے۔ ہٹیلا۔ رنگیلا وغیرہ۔ کلمہ تصغیر۔ جیسے کھٹولا۔ پردہ۔ تہہ کے معنی میں۔ جیسے دولائی۔

لااُبالی (ع / اسم صفت) لغوی معنی۔ مجھے خوف نہیں ہے مجازاً بے خوف۔ نڈر۔ دلیر۔ بے پروا۔ بے خبر۔ غافل۔ بے رحم۔ کھٹور۔ لا مذہب۔ خدا و رسول کا منکر۔ رند مشرب۔ شوخ۔ گستاخ۔ بے لحاظ۔ بے شرم۔ چالاک (بحالت اسم مؤنث) بے باکی۔ سنگدلی۔ بے خوفی۔ شوخی۔ آزادی۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ (ع) کلمہ۔ کلمہ طیّب۔ خدا کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بھیجے ہوئے رسول ہیں۔

لابُد (ع / تابع فعل) لا بمعنی نہیں۔ بُد بمعنی چارہ سے مرکب ہے۔ لاعلاج۔ بالضرور۔ بے شک۔ یقیناً۔ قطعی۔ ناچار۔ مجبوراً۔

لابُدی (ع / اسم مؤنث) ضروری۔ یقینی۔ لازمی۔

لابرلا (ف) تہہ بر تہہ۔

لابِن (ع) دُودھ والا۔

لاتعد ولاتحصی (ع / اسم صفت) بے شمار۔ بے حساب۔ اَن گنت۔

لات (ع) نام اُس بُت کا جس کو حضرت شعیبؑ کی قوم پوجتی تھی۔

لاثانی (ع / اسم صفت) بے مثل۔ بے نظیر۔ یکتا۔ فرد۔ یگانہ۔ اِکا۔

لَاجَرَمْ (ع / تابع فعل) لا بمعنی نہیں اور جَرَم بمعنی چارہ سے مرکب ہے بے شک۔ مجبوراً۔ لابُد۔

لاجواب (ع / اسم صفت) جس جیسا کوئی اور نہ ہو۔ لاثانی۔ بے مثل۔ فرد۔ یگانہ۔ اِکا۔ جواب سے معذور۔ خاموش۔ چپکا۔ چُپ۔ مات۔ عاجز۔ مغلوب۔

لاجواب کر دینا (ا / فعل) خاموش کر دینا۔ جواب نہ آنے دینا۔ تھکا دینا۔ ہرا دینا۔ بند کر دینا۔

لاچار (ا / اسم صفت) ناچار۔ لاعلاج۔ غریب۔ مُفلس۔ کنگال۔ محتاج۔ مجبور ہو کر۔ ہار کر۔ تھک کر۔ صحیح ناچار ہے۔

لاچارگی / لاچاری (ا / اسم مؤنث بہائے مصدری) مجبوری۔ تنگی۔ مُفلسی۔ غریبی۔ عاجزی۔ محتاجی۔

لاچار ہونا (ا / فعل) تنگ ہونا۔ مجبور ہونا۔ ہارنا۔ تھکنا۔ محتاج ہونا۔ مفلس ہونا۔

لاچاری پربت سے بھاری (ا / مثل) عاجزی۔ پہاڑ سے زیادہ بھاری اور گراں ہوتی ہے۔

لاحاصل (ع / اسم صفت) فضول۔ بے فائدہ۔ نکما۔ یونہی۔ بنجر۔ اوسر۔ ناکارہ۔

لاحول (ع) کلمہ نفرت۔ لغوی نہیں ہے۔ قوت مجازاً لعنت۔ پھٹکار۔ شیطان کے بھگانے کا کلمہ۔ بھوت پریت دُور کرنے کا منتر۔

لاحول بھیجنا (ا / فعل) نفرت ظاہر کرنا۔ لعنت بھیجنا۔

لاحول پڑھنا (ا / فعل) شیطان اور بھوت پریت کے بھگانے کو لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ پڑھنا۔

لاحول ولا قوت (ع / اسم مذکر) کلمۂ نفرت ۔ نفرت اور بیزاری کے اظہار کے موقع پر بولتے ہیں ۔
لاحول ولا قوت الّا باللہ (ع / کلمۂ نفرت) خدا تعالےٰ کے سوا کسی میں زور اور طاقت نہیں ۔ شیطان کے بھگانے اور جن پری کے آسیب کو دُور کرنے کا منتر ہے ۔
لاخراج (ع / اسم صفت) وہ زمین جس کا مالیہ اور لگان نہ دینا پڑے ۔
لادعویٰ (ع / اسم مذکر) (قانون) دست برداری ۔ بے تعلقی کی تحریر ۔ فارغ خطی ۔
لادعویٰ دینا (ار / محاورہ) کسی حق یا دعوے کو چھوڑ دینا ۔
لادوا (ہ / اسم صفت) لاعلاج ۔ وہ مرض جس کی دوا نہ ہو سکے ۔
لادنہ (ف / اسن کی رسی ۔
لاریب (ع / اسم صفت) بے شبہ ۔ بے شک ۔ یقیناً ۔
لازوال (ع / اسم صفت) فنا نہ ہونے والی ۔ غیر فانی ۔ قدیم ۔ ازلی ۔ ابدی ۔ اٹل ۔
لاسخن (عف / صف) خاموش ۔ بے زبان ۔ بدزبانی ۔ گستاخی ۔
لاسخن کہنا (ار / محاورہ) بُرا بھلا کہنا ۔ گالیاں دینا ۔
لاسلکی (ع / مث) بے تار برقی پیغام رسانی ۔ وائرلیس ۔
لاطائل (ع / اسم صفت) بے سود ۔ بے فائدہ ۔ لاحاصل ۔
لاعلاج (ع / اسم صفت) لادوا ۔ لاچار ۔ ناگزیر ۔
لاعلم (ع / اسم صفت) نہ جاننے والا ۔ بے خبر ۔ ناواقف ۔ انجان ۔
لاعلمی (ع / اسم مؤنث بیائے مصدری) بے خبری ۔ ناواقفیت ۔ انجان پنا ۔
لاکلام (ع / اسم صفت) وہ بات جس میں بولنے کی گنجائش نہ رہی ہو ۔ بے شبہ ۔ بے شک ۔
لاتناہی (ع / صف) لامحدود ۔ بے حد ۔ بے انتہا ۔
لامحالہ (ع / متعلق فعل) یقیناً ۔ ضرور ۔
لامذہب (ع / اسم صفت) بے دین ۔ دہریہ ۔ بے ایمان ۔ جس کا کوئی مذہب نہ ہو ۔
لامرکزیت (ع / مث) جس کا مرکز نہ ہو ۔
لامکان (ع / اسم صفت) خدا تعالیٰ کی تعریف کا کلمہ ۔ عالم قدس جس کی طرف اور جگہ معین نہ ہو ۔
لانسلّم (ع / کلمہ انکار) ہم نہیں مانتے ۔
لاوارث } (ع) بے وارثا ۔ جس کا کوئی وارث نہ ہو ۔
لاوارثا } (ل) نگوڑا ۔ وہ چیز جس پر دعویٰ کرنے والا نہ ہو ۔
لاوارثی (ا / اسم مؤنث) بے دعویٰ مال ۔ بے وارثی چیز ۔
لاولد (ع / اسم صفت) اُوت نپوت ۔ اُوتا پُوتا ۔ بے اولاد ۔ جس کی اولاد نہ ہو ۔
لاونعم (ع / کلمہ نفی و ایجاب) ہاں ۔ نہیں ۔
لاہوت (ع / اسم مذکر) سالک کو درجہ فنا فی اللہ حاصل ہونے کا مقام ۔
لایزال (ع / اسم صفت) ہمیشہ رہنے والا ۔ بے زوال ۔ غیر فانی ۔

لایعقل (ع / اسم صفت) بے وقوف ۔ نادان ۔ احمق ۔
لایعنی (ع / اسم صفت) بے معنی ۔ بے ہودہ ۔ فضول ۔ بچر ۔ پوچ ۔
لایموت (ع / اسم صفت) نہ مرنے والا ۔ غیر فانی ۔ وہ کھانا جس سے نہ مر سکے ۔
لابھ (س / اسم مذکر) فائدہ ۔ نفع ۔ سُود ۔ حاصل کرنا ۔ آمدنی ۔ یافت ۔ رشوت ۔ چاند کا گیارھواں گھر ۔ لالچ ۔ حرص ۔ لوبھ ۔ طمع ۔
لابھ بنا نہیں ہر کے (ہ / مثل) لالچ کے بغیر کوئی خدا کو نہیں پُوجتا ۔ یا فائدہ خدا کی مدد بغیر نہیں ہو سکتا ۔
لات (ہ / اسم مؤنث) لت ۔ لکد ۔ پاؤں کی ضرب ۔ ٹھوکر ۔
لات مار جانا (ہ / فعل) گائے بھینس وغیرہ کا دُودھ سے ہٹ جانا ۔
لات چلانا ۔ یا ۔ لگانا (ہ / فعل) ٹھوکر مارنا ۔ لتیانا ۔ دولتی پھینکنا ۔
لات مارنا (ہ / فعل) دولتی چلانا ۔ بے قدری کرنا ۔ نفرت ظاہر کرنا ۔ تیاگن ۔ ہاتھ اُٹھانا گستاخی اور بے ادبی کرنا ۔
لاتوں کے بھوت باتوں سے نہیں مانتے } (ہ / مثل) بد آدمی
لاتوں کا دیو باتوں سے نہیں مانتا } مار کھائے بغیر
نہیں مانتا ۔ شریر اور سرکش آدمی پٹ کر ہی دُرست ہوتا ہے ۔
لاٹ (ہ / اسم مؤنث) لاٹھ ۔ ایک قسم کا اُونچا مینار شعلہ ۔ لو ۔ آتش خیز پہاڑوں کی لپیٹ ۔
لاٹ (ا / اسم مذکر) لارڈ کا بگاڑ ۔ آقا ۔ ذمّہ دار ۔ کفیل ۔ صاحب ۔ حاکم ۔ ایک عزت کا خطاب ۔ رائے ۔ نواب ۔ نواب زادہ ۔ کنور ۔ میاں ۔ شوہر ۔ پتی ۔ ہندوستان کا صوبہ ۔ گورنر جنرل ۔
لاٹ پادری (ا / اسم مذکر) سب سے بڑا پادری ۔
لاٹ (ا نگ / اسم مذکر) مختلف یا متعدد چیزوں کا مجموعہ ۔ گٹھا ۔ گٹھا ۔ بنڈل ۔
لاٹھ (ہ / اسم مؤنث) کھنبا ۔ کھم ۔ کیل ۔ تھم ۔ پتھر یا اینٹوں کا یادگاری ستون ۔ لٹھ ۔ لاٹھی ۔ چکی کی کیلی ۔ کولھو کی لمبی اور موٹی لکڑی جس کے دباؤ سے تیل نکلتا ہے ۔ موگری ۔ دستہ ۔ موسل ۔ چرخے کے بیچ کی لمبی پتلی لکڑی جس سے ہتھڑی لگی ہوتی ہے اور جس سے چرخہ گھماتے ہیں ۔ تشبیہاً لمبے قد کا ۔ دراز قامت ۔ لمبو ۔
لاٹھی (ہ / مث) ہاتھ کی لکڑی ۔ عصا ۔ جریب ۔ چھڑی ۔
لاٹھی یا لٹھی (ہ / مث) مارپیٹ ۔ زدوکوب ۔
لاٹھی پونگا (ہ / مذ) لاٹھی سونٹا ۔ لٹھم لٹھا ۔ مارپیٹ ۔ زدوکوب ۔
لاٹھی ٹوٹے نہ باسن پھوٹے (ہ / مثل) نرمی سے کام نکالنا جس میں کسی کا نقصان نہ ہو ۔
لاٹھی ٹیک کے چلنا (ار / محاورہ) لاٹھی کے سہارے سے چلنا ۔

لاٹھی کے ہاتھ مال گزاری بے باق (۱/ مثل) سختی اور مار دھاڑ سے حساب جلد بے باق ہو جاتا ہے۔

لاٹھی لٹھول (ہ/ مث) جُوتی پیزار۔ مارکٹائی۔ جُوتم جُوتا۔ زدوکوب۔

لاٹھی مارے پانی جُدا نہیں ہوتا (۱/ مثل) ناخن سے گوشت جُدا نہیں ہوتا۔ کسی کے بہکانے سکھانے سے رشتہ داری یا قرابت میں فرق نہیں آیا کرتا۔

لاٹھی ہاتھ کی بھائی ساتھ کا (ہ/ مثل) مدد وہی اچھی ہوتی ہے جو موقع پر کام دے۔ بھروسا اُسی پر ہو سکتا ہے جو ساتھ ہو۔

لاج (انگریزی/ مذ) مکان۔ عمارت۔ منزل۔ رہنے سہنے کی جگہ۔

لاج (ہ/ مث) شرم۔ غیرت۔ حیا۔ عزت۔ آبرو۔ عار و ننگ۔ شرمندگی۔

لاج آنا (ا/ محاورہ) شرم آنا۔

لاج رکھنا (ہ) آبرو بچانا۔ شرم رکھنا۔ عزت بگڑنے نہ دینا۔

لاج لجانا (ا/ محاورہ) شرمانا۔

لاج لگنا (ا/ محاورہ) شرم لگنا۔

لاجنا (ا/ مص) شرمانا۔

لاج ونتی (ہ/ مث) غیرت والی یا شرم و حیا دار۔ پاک دامن۔ باعصمت۔ ایک بوٹی کا نام۔ چھوئی موئی۔

لاجورد (ف/ مذ) ایک نیلے رنگ کے خوشنما پتھر کا نام ہے۔ ولایتی نیل۔

لاجوردی (ف) نیلے رنگ کا۔ نہایت صاف نیلا۔ ایک رنگ کا نام۔

لاجوں مرنا (ہ) شرم کے مارے سر نہ اُٹھا سکنا۔ شرم سے زمین میں گڑ جانا۔

لاحق (ع) پیچھے سے آکر ملنے والا۔ چسپاں۔ جُڑا ہوا۔ چمٹا ہوا۔ تتمہ۔ ضمیمہ۔ کسی چیز کے پیچھے لگا ہوا۔

لاحقہ (ع) پیچھے لگا ہوا۔ وابستہ۔ ملحق۔

لاد (ہ/ مث) گدھے۔ خچر وغیرہ کا بوجھ۔ لدا ہوا بوجھ۔

لاد چلنا (ہ) بدھنا۔ بوریا باندھ کر رخصت ہونا۔ کوچ کرنا۔

لدا دے لدانے والا ساتھ دے (ہ/ مثل) اپنا تمام بوجھ دُوسرے پر ڈال دینے والے کی نسبت بولتے ہیں۔ یعنی ہم میں سے کچھ نہیں ہو سکتا۔ سب کام آپ کو کرنا پڑے گا۔

لادنا (ہ) بوجھ رکھنا۔ اسباب بھرنا۔ کوچ کی تیاری کرنا۔ بہت سا بوجھ رکھ دینا۔

لادو (ا/ صف) وہ جانور جس پر بوجھ لادتے ہیں۔

لادی (ہ/ مث) دھوبیوں کی گٹھڑی۔ بوجھ۔ بوجھا۔ بھار۔ لادنے کے قابل بوجھ۔

لادیا (ہ/ مذ) چھکڑے لاد کر لے جانے والا۔ بوجھ لاد کر لے جانے والا۔ باربردار۔

لاڈ (ہ/ مذ) پیار۔ لاڑ۔ محبت۔ ممتا۔ چاؤ۔ چوچلے میں پرورش کرنا۔

لاڈ پیار (ہ/ مذ) پیار اخلاص۔ لاڈ چاؤ۔

لاڈ لڈانا (ہ) ناز و نعمت میں پالنا۔ چاؤ چوچلے میں پرورش کرنا۔

لاڈا (ہ/ مذ) ایک سوانگ کا نام ہے۔ نیز نیل کا کچا پودا۔

لاڈلا (ہ) پیارا۔ محبوب۔ عزیز۔ دُلارا۔ لختِ جگر۔

لاڈلی (ہ/ مث) لاڈلا کی تانیث۔

لاڈو (ہ/ مث) لاڈلی۔ دُلہن۔ عروس۔

لاڈو لاڈ میں سر کھاڈ میں (ہ/ مثل) لاڈلی اولاد کو تکالیف بہت ہوتی ہیں۔

لار (ہ/ مث) اُونٹوں کی قطار۔ پرا۔ صف۔ قطار۔ مُنہ کی لار۔ تھوک۔ لعاب۔

لارا چھارا } (ہ/ مذ) لیت و لعل۔ ٹال مٹول۔
لارا لیری } (ہ/ مث) آلے بالے۔ حیلے بہانے۔

لارا لیری کا یار کبھی نہ اُترے پار }
لارے چھارے کا یار کبھی نہ اُترے پار } (ہ) حیلے بہانے بتانے والا۔ ہمیشہ ناکام رہتا ہے اس سے کوئی مطلب برآری نہیں ہو سکتی۔

لاڑھا (ہ/ مذ) شوقین۔ مشتاق۔ شیدا۔ مانوس۔

لاڑھیا (ہ) بڑی چیز کی تعریف کے پُل باندھ کر اسے بکوا دینے والا دلّال۔ مجازاً مکّار۔ فریبی۔ دغاباز۔ چھبیلا۔

لازب (ع/ صف) چپکنے والا۔

لازم (ع) چمٹا ہوا۔ ملحق۔ وابستہ۔ ضرور۔ بالضرور۔ واجب۔ فرض۔ ذِمّہ۔ تعلق۔ بہر۔ علم صرف و نحو میں وہ فعل جو صرف فاعل کو چاہے

لازم آنا (ا/ محاورہ) ضروری ہونا۔ یقینی نتیجہ نکلنا۔

لازم ملزوم (ع) ایک دُوسرے سے وابستہ ایک دُوسرے کے متعلق۔ واجب۔ ضرور۔ نہایت ضروری۔

لازمہ (ا/ مذ) جوڑ میل۔ سامان۔

لازمی (ع) ضروری۔ واجب۔ فرض۔ لابدی۔

لاس (ت) خراب ریشم۔

لاسا (ہ/ مذ) پودوں سے حاصل شدہ ایک لیسدار مادّہ۔ ملک تبت کے دارالحکومت کا نام۔ یہاں بُدھ مذہب کا گروہ رہتا ہے۔ یہاں سے اُون۔ دھاگا اور چرس باہر جاتی ہے۔

لاسا ہو جانا (ا/ محاورہ) چپک جانا۔

لاسٹک (ا/ مذ) ایلاسٹک انگریزی لفظ کا بگاڑ ہے۔ لچک دار ربڑ۔ بوٹوں میں لگنے کا ربڑ۔

لاسلکی (انگریزی/ مذ) بے تار برقی پیغام رسانی۔

لاسے پر لگانا (ہ) ہلانا۔ مانوس کر لینا۔ ڈور پر لگانا۔ یار بنانا۔ گرویدہ کر لینا۔

لاش (ت/ مث) مُردہ جسم۔ لوتھ۔ جنازہ۔ ارتھی۔

لاش پیٹی (ا/ مث) موت کی وجہ یا خون کی اطلاعی رپورٹ۔

لاشوں کے پشتے لگنا (ا/ محاورہ) لاشوں کے ڈھیر لگ جانا۔

لاشہ (ف/مذ) مُردہ جسم ۔ لاش ۔ لوتھ ۔ نعش ۔ دُبلا ۔ لاغر ۔ عاجز ۔ جسم ۔ تن ۔
لاطائل (ع) بے فائدہ ۔ طائل بمعنی فائدہ ۔
لاغر (ف) دُبلا ۔ ماڑا ۔ پتلا ۔ نحیف ۔ زار ونزار ۔
لاغری (ف/مث) دُبلاپن ۔ ضعف ۔ ناتوانی ۔ کمزوری ۔
لاف (ف/مث) ڈینگ ۔ شیخی ۔ بڑائی ۔ خودستائی ۔
لاف زن (ف) ڈینگیا ۔ شیخی خورا ۔ بڑبولا ۔ گپی ۔
لاف زنی (ف/مث) لاف ۔ شیخی ۔ ڈینگ ۔
لاف زنی کرنا } (ا) ڈینگ مارنا ۔ شیخی بگھارنا ۔ اِترانا ۔ اپنے مُنہ میاں مٹھو بننا ۔
لاف مارنا }
لاف وگزاف (ف/مث) شیخی اور بکواس ۔ بے ہودہ گوئی ۔ تعلّی ۔
لاکٹ (انگریزی/مذ) گھنڈی ۔ ٹکمہ ۔ ٹِک ۔ تعویذ ۔ ڈھولنا ۔
لاکھ (ہ) سو ہزار کی تعداد ۔ لکھ (۱۰۰۰۰۰) کثرت ظاہر کرنے کو ۔ بہتیرا ۔ بہت ہی ۔ کتنے ہی ۔ ازحد ۔ کتنا ہی ۔ کسی قدر ۔
لاکھ بات کی ایک بات (ا/محاورہ) پُرمغز بات ۔
لاکھ بسوئے (ہ) یقیناً ۔ ضرور ہی ۔ بلاشبہ ۔ بے شک ۔ ضرور بالضرور ۔
لاکھ پر بھاری ہے (ہ/محاورہ) سب سے زیادہ ہے ۔ سب سے زبردست ہے ۔ لاثانی ہے بے مثل ہے ۔
لاکھ پردوں میں چھید کرنا (ا/محاورہ) عورت کا آوارہ ہونا ۔
لاکھ چوہے کھا کر بلّی حج کو چلی (ا/محاورہ) بے شمار گناہ کرکے اب توبہ کا ارادہ کیا اور پارسا بن گئے ۔
لاکھ کا گھر خاک کردینا (ا) ساری دولت وعزت برباد کرڈالنا ۔ بالکل برباد اور تباہ ہوجانا ۔ بنا بنایا کام بگاڑ ڈالنا ۔
لاکھ من کا احسان (ا/مذ) بہت بڑا احسان ۔
لاکھ من کا ہونا (ہ) بہت وزنی اور بھاری ہونا ۔ با عزت و وقار ہونا ۔ بھاری بھرکم ہونا ۔
لاکھ میں (ہ) بہتیروں کے سامنے ۔ ضرور ۔ بے شک ۔ یقیناً ۔
لاکھوں میں (ہ) (دیکھو لاکھ میں)
لاکھ (ع/مث) ایک سُرخ رنگ کی عام مشہور چیز ہے ۔ جس کو پارسلوں وغیرہ پر لگا کر مُہر لگاتے ہیں ۔ یہ دانہ دار سا مادہ بیری ۔ برڑ اور پیپل کے درختوں کی ٹہنیوں پر جمع ہو جاتا ہے ۔
لاکھا (ہ/مذ) سُرخ رنگ جسے عورتیں خوبصورتی کے لیے ہونٹوں پر لگالیتی ہیں (پنجاب) لاکھ کے رنگ کا گھوڑا یا بیل ۔
لاکھی (ہ) لاکھ جیسے سُرخ رنگ کا ۔ لاکھ کا بنا ہوا ۔ گھوڑے کا ایک رنگ ۔
لاگ (ہ/مث) نسبت ۔ علاقہ ۔ تعلّق ۔ لگن ۔ محبّت ۔ چسکا ۔ مزہ ۔ شوق ۔ رغبت ۔ بَیر ۔ دشمنی ۔ عداوت ۔ کرتب ۔ طلسم ۔ جادو ۔ شعبدہ ۔ دوا ۔ دارو ۔ مدد ۔ سہارا ۔
لاگ دار (ہ/مذ) رشتہ دار ۔ ناتے رشتے کا ۔ بہنوئی ۔ بہن کا خاوند ۔ آشنا ۔ دوست یار ۔
لاگ رکھنا (ہ) علاقہ رکھنا ۔ دل میں بغض رکھنا ۔ دشمنی رکھنا ۔ عناد رکھنا ۔
لاگ کھلانا (ہ) جادو کرنا ۔ ٹونا کرنا ۔ جادو کی چیز کھلانا ۔ منتر وغیرہ سے فریفتہ کرنا ۔ موہنا (پنجاب) کُشتہ کھلانا ۔
لاگ لپیٹ (ہ/مث) پیچ ۔ حمایت ۔ طرفداری ۔ مُروّت رعایت ۔ مکر حیلہ ۔ دغا ۔ فریب ۔
لاگ لگنا (ہ) لگن لگنا ۔ عشق ہونا ۔ محبّت ہونا ۔ چسکا لگنا ۔ شوق ہونا ۔ پاپ لگنا ۔ ٹیکس لگنا ۔ نیا طریقہ نکلنا ۔
لاگ لگی تب لاج کہاں (ہ/مثل) جب عشق پیدا ہوگیا پھر شرم وحیا کا اللہ حافظ ۔ عشق میں شرم وحیا کافور ہوجاتی ہے ۔
لاگت (ہ/مث) خرچ ۔ صرف ۔ قیمت ۔ بھاؤ ۔ مول ۔ نرخ ۔
لاگت آنا ۔ یا ۔ بیٹھنا ۔ یا ۔ لگنا (ہ) خرچ ہونا ۔ صرف بیٹھنا ۔ خرچ اُٹھنا ۔
لاگو (ف) چاہنے والا ۔ خواہاں ۔ خبرگیر ۔ شریک ۔ ساتھی ۔ مددگار ۔ جیسے بڑے کا کوئی لاگو نہیں ۔ درپئے پیچھے پڑ جانے والا ۔ دوست ۔ یار ۔ آشنا ۔ طرف دار ۔ گاہک ۔ خریدار ۔ مُشتری ۔
لاگو ہونا (ہ) چاہنا ۔ خواہاں ہونا ۔ خواہش کرنا ۔ خریدار ہونا ۔ گاہک ہونا ۔ درپے ہونا ۔ سر ہونا ۔ پیچھے پڑنا ۔ طرفدار ہونا ۔ شریکِ حال ہونا ۔ مددگار ہونا ۔ مطلب رکھنا ۔ واسطہ ہونا ۔
لاگوٹ (ا/مث) محبّت ۔ پیار ۔
لال (ہ/مذ) سُرخ رنگ ۔ ایک قسم کا معدنی پتھر ۔ کئی رنگ ۔ لعل ۔ سُرخ ۔ سوہا ۔ احمر ۔
لال (ا/مذ) بالک ۔ چھوکرا ۔ لڑکا ۔ پسر ۔ فرزند ۔ بیٹا ۔ لعابِ دہن ۔ رال ۔ ایک چھوٹے سے سُرخ پرندے کو بھی کہتے ہیں ۔ سوہا ۔ سُرخ ۔ انگارا سا دہکتا ہوا ۔ غصّہ میں بھرا ہوا ۔ غضب ناک ۔ لاڈلا ۔ پیارا ۔ ناز پروردہ ۔
لال (ت) گونگا ۔ فارسی میں رنگ ۔
لال اُگلنا (ہ) عجیب وغریب باتیں کرنا ۔ مُنہ سے موتی جھڑنا ۔ گالی گلوچ ۔ بدزبانی کرنا ۔
لال انگارا (ہ) انگارے جیسا سُرخ ۔ نہایت سُرخ ۔ چہچہا ۔ غضب ناک ۔ غصّہ میں بھرا ہوا ۔
لال بجھکڑ (ہ) نہایت عقل مند ۔ پرلے درجے کا عاقل ۔ سب کا پیارا ۔ مجازاً بے وقوفوں کا سردار ۔ نہایت احمق ۔ اپنی عقل پر گھمنڈ کرنے والا ۔

لال بخار (ا/مذ) متعدی بخار جس میں جسم پر سرخ دانے نکل آتے ہیں۔

لال بھبوکا (ا/مذ) سرخ۔ نہایت سرخ۔ غصّہ کی وجہ سے سرخ چہرہ۔

لال بیگ (ا/مذ) خاکروبوں کے پیشوا کا نام۔ ایک پر دار سرخ کیڑا۔

لال بیگی۔ یا۔ لال بیگیا (ہ/مذ) منسوب بہ لال بیگ۔ چوہڑا۔ بھنگی۔ خاکروب۔ حلال خور۔ مہتر۔ لال بیگ کا مرید یا پیرو۔

لال پانی (ہ/مذ) سرخ رنگ کی شراب۔ حیض کا خون۔

لال پردہ (ا/مذ) خاص شاہی دروازہ کا سرخ رنگ کا پردہ۔

لال پری (ا/مث) لال کپڑے پہننے والی پری۔ اندر سبھا کے قصّے کی ایک پری کا نام ہے۔ مجازاً سرخ شراب۔ لال رنگ کی شراب۔

لال پری کی بیٹھک (ا/مث) ایک قسم کی نیاز جو عورتیں بالوں سے زمین جھاڑ کر دیتی ہیں تاکہ شوہر اور اولاد زندہ رہے۔

لال پڑیا (ا/مث) سرخ پڑیا جس میں عورتیں مہندی رکھتی ہیں۔

لال پلکا (ا/مذ) ایک قسم کا کبوتر جس کا پوٹا۔ دُم اور پا زرد سفید مگر رنگ سرخ ہوتا ہے۔

لال پیلا (ہ) نہایت غضبناک۔ سخت خفا۔ پُرخشم۔

لال پیلی آنکھیں کرنا۔ (ہ) نہایت خفا ہونا۔ غضب آلود نظر سے دیکھنا۔

لال خاں کا لکڑ (ا/مذ) مجرموں کو سزا دینے کا شکنجہ۔

لال خاں کے لکڑے سے باندھنا (ا/محاورہ) بہت سزا دینا۔

لال ڈورے (ہ/مذ) سرخ تاگے۔ سرخ تار۔ لال لال رگیں جو آنکھوں میں ہوتی ہیں۔

لال رکابی (ا/مث) حضرت فاطمہؓ کی نیاز۔ صحنک۔

لال سوداگر (ا/مذ) وہ کم مایہ تاجر جو ادھر مال لے اُدھر جھٹ کم نفع پر بیچ دے۔

لال کتاب (ا/مث) جاہلوں کے نزدیک ہر سوال کا حسب منشا جواب دینے والی کتاب۔ بندوبست کی کتاب اور پٹواریوں وغیرہ کی سرکاری کتاب۔

لال کُرتی (ا/مث) گوروں کی سرخ وردی پہننے والی پلٹن۔

لال گودڑ میں نہیں چھپتا (ہ/محاورہ) عمدہ چیز چھپائے نہیں چھپتی۔ جوہر پر خاک نہیں پڑتی۔

لال لگنا (ہ) کوئی انوکھی بات ہونا۔ سرخاب کا پَر لگنا۔

لال مرچ (ہ/مث) سرخ مرچ۔ فلفل دراز۔

لال ہونا (ہ) غضبناک ہونا۔ خفا ہونا۔ سرخ ہونا۔ بھبوکا ہونا۔ غصّے میں بھرنا۔ کسی پھل کا پختہ ہونا۔

لالٹین (ا/مث) لینٹرن کا بگاڑ ہے۔ شیشے کی قندیل۔ شیشے دار فانوس۔

لالچ (ہ/مث) طمع۔ لوبھ۔ حرص۔ آز۔ ہلاوا۔ پھسلاوا۔ ترغیب۔

لالچ بڑی بلا ہے (ا) لوبھ سے بڑھ کر کوئی مصیبت یا آفت نہیں۔

لالچ دینا (ہ) لوبھ دینا۔ طمع دینا۔ پھسلانا۔ ترغیب دینا۔

لالچ میں آنا (ہ) دھوکا کھاجانا۔ طمع میں پھنسنا۔ دم میں آنا۔

لالچی (ہ) لوبھی۔ لالچ والا۔ حریص۔ طامع۔

لالچی بندہ (ا/مذ) لوبھی۔ خود غرض۔ مطلبی۔

لالڑی (ہ/مث) لال کی تصغیر۔ چھوٹا لعل نامرادا۔ یا قوت۔ گھونگچی۔ رتی۔

لالوں کا لال (ہ/مذ) بہت ہی پیارا۔ لاڈلا۔ سیب جیسے رنگ والا۔

لالہ (ف/مذ) پوست کا لال پھول۔ خشخاش کا سرخ پھول۔ ہر قسم کا سرخ خورد پھول۔ مجازاً لب معشوق۔ عاشق کا دل لوجہ داغ۔ غلام۔ بڑا بھائی۔

لالہ رُخ۔ لالہ رُخسار۔ لالہ رُو۔ لالہ عذار (ف) سرخ چہرے والا۔ معشوق۔ دلربا۔

لالہ زار (ف/مذ) لالہ کا کھیت۔ چمن۔ گلزار۔ باغ۔

لالہ فام۔ لالہ گوں (ف) لالہ جیسا۔ سرخ۔ لال۔ لال رنگ کا۔

لالہ۔ یا۔ لالا (ہ/مذ) معزز ہندوؤں کا خطاب۔ جناب۔ صاحب۔ میاں۔ مہاجن۔ ساہوکار۔ ولیش۔ والا۔ ابا۔ بارا۔ پتا۔ عزیز۔ پیارا۔ خسر۔ خُسر۔

لالہ جی (ہ/مذ) ہندوؤں۔ بقالوں۔ بنیوں وغیرہ کا اعزازی لقب۔ عزت کا خطاب۔

لالی (ہ/مث) لالہ کی تانیث۔ پیاری۔ عزیزہ۔ بہن۔ ہمشیرہ۔ سرخی۔ حمرت۔ پسی ہوئی انیٹوں کی سرخی۔ بجری۔ بیٹی۔ دختر۔ لڑکی۔ عزت۔ آبرو۔

لالی رہ جانا (ہ) آبرو رہ جانا۔ عزت بچ جانا۔ بات بنی رہنا۔

لالے (ہ/مذ) آرزو۔ اشتیاق۔ تمنا۔ اچھا۔ ارمان۔ نہایت ناامیدی۔ سخت مایوسی۔

لالے پڑنا (ہ) ارمان ہونا۔ کمال حسرت ہونا۔ سخت مایوسی ہونا۔ مصیبت میں پھنسنا۔ مشکل ہونا۔ دشوار ہونا۔ ذراسی کامیابی کو اضطراب کے باعث غنیمت جاننا۔

لالے ہونا (ا/محاورہ) مشکل ہو جانا۔ کسی امر کا مشکل ہو جانا۔

لالۂ چشم (ف) کنایہ آنکھ کی پتلی سے۔ لالہ غلام کو کہتے ہیں اور غلام اکثر حبشی ہوتا ہے۔ کالا۔

لام (ترکی/مذ) فوج کا مجموعہ۔ بریگیڈ۔ سوار و پیدل فوج اور توپ خانہ کا مجموعہ۔ فوج کا دستہ۔

لام باندھنا (ا) چاروں طرف سے لشکر جمع کرنا۔ لڑائی کا سامان کرنا۔

لام (ع/مذ) دیکھو حرف ل۔ تشبیہاً زُلف۔

لام کاف (ہ، امذ) گالی گفتار - بُرا بھلا - فحش - بکواس - واہی تباہی - دُکھنا - بکنا - نکالنا - کرنا کے ساتھ مستعمل ہے۔
لام کاف بکنا (ا، محاورہ) گالی گلوچ کرنا - بدزبانی کرنا - فحش بکنا۔
لامِس (ع امص) چھونے والا۔
لامسہ (ع امث) چھونے کی قوت جو انسان کے تمام بدن میں ہے۔
لامع (ع امص) چمکنے والا - روشن - درخشاں۔
لان (ف) ایک پہاڑ کا نام۔
لانا (ہ) لے آنا - دے کرانا - سامنے کرنا - رُوبرو کرنا - پیش کرنا - برپا کرنا - اٹھانا - ماتم کرنا - خریدنا - مول لینا - لیپ لگانا - جوڑنا جیسے اس سے بیت لائی ہے (مذکر) کئی ہلوں کا مجموعہ - کاشت کاری کے لیے کئی ہلوں کی شراکت۔
لانا لگانا / لاؤ لگاؤ / لاؤ لانا (ہ) مقروض کا اپنے قرضہ کے عوض میں مویشی وغیرہ ساہوکار کو دے دینا - دھن کو قرضہ میں دے دینا - قرضہ میں مویشی وغیرہ لگانا۔
لانبا (ہ) لمبا - دراز قد - طویل۔
لانگ (ہ امث) کٹے ہوئے غلہ کا ڈھیر۔
لانگا (ہ امذ) وہ غلہ کا ڈھیر جس میں سے ابھی اناج نہ نکالا ہو - کھلیان - خرمن - بھوسہ - چوکر - کمر میان - ملک چھپ لیس لباس - تعداد مقدار۔
لانگ ڈالنا (ہ) اناج کاٹ کر اس کا ڈھیر لگا دینا۔
لانگ - یا - لانگڑ (ہ امث) دھوتی یا تہہ بند کا لپٹا ہوا اور چنا ہوا پلّا جو آگے لٹکتا رہتا ہے (پنجابی) - لڑ - دھاچکیسوار۔
لانگن - یا - لانگھن (ہ امث) لانگھنا کا مخفف - ملانگنا سے حاصل مصدر۔
لانگنا - یا - لانگھنا (ہ) لانگنا - اوپر سے گزر جانا - عبور کرنا - اوپر سے گزرنا - گھوڑے پر پہلے پہل سواری ہونا۔
لانی (ا اصف) رنگیلا۔
لاؤ (ہ امث) چرس کھینچنے کی موٹی رسی - لاس - موٹا رسّا - ناؤ کا رسّہ - زمین کی اتنی مقدار جو ایک لاؤ سے ایک ہی دن میں بھری جا سکے - مانگ - مطالبہ - طلب - کسی چیز کو گرو رکھ کر لیا ہوا قرضہ - مال مویشی جو قرض خواہ کو قرضہ میں دیا جائے۔
لاوا (ف امذ) گُلّی ڈنڈا۔
لاوک (ا امذ) خمیر اٹھانے کا کونڈا - سرمہ۔
لاؤلشکر (ا امذ) فوج اور اس کے ہمراہی - فوجی بھیڑ بھاڑ - انبوہ - اژدہام - ہجوم۔
لاون (ہ امذ) روٹی لگا کر کھانے کی چیز - دال - سالن - ترکاری - وغیرہ - دامن - ذیل۔
لاونی (ہ امث) ایک خاص قسم کے گیت - لائی فصل کا کاٹنا - فصل کاٹنے کی مزدوری - لائی کی اجرت - خراج - مال گزاری - معاملہ۔
لاہا (ہ امذ) فائدہ - نفع - لابھ - حاصل - پھل۔

لاہوت (ع) ذات الٰہی کا عالم - مرتبہ صفات کو جبروت اور مرتبہ اسماء کو ملکوت کہتے ہیں۔
لاہور (ہ امذ) پاک پنجاب کا دارالحکومت۔
لاہوریا (ا امذ) ایک قسم کا کبوتر۔
لاہی (ہ امث) ایک قسم کی سرسوں - ایک پودے کا نام - ایک طرح کا باریک ریشمی کپڑا۔
لائی (ہ امث) باڑی - فصل کا کاٹنا - بھنا ہوا غلہ - مرمرے - خوردہ دھان۔
لائی / لائے (ہ امث) حوض یا تالاب کی تہہ کی کیچڑ - کیچڑ - مجازاً شرب کی تلچھٹ - ایک قسم کا ریشمی چینی کپڑا۔
لائٹ (انگریزی امث) روشنی - اُجالا - چاندنا۔
لائبریری (انگریزی امث) کتب خانہ - کتاب گھر۔
لائسنس (انگریزی امذ) اجازت - حکم۔
لائسنس دار (ا امذ) صاحب اجازت - وہ شخص جسے کسی چیز کے رکھنے اور فروخت کرنے کی اجازت مل گئی ہو۔
لائق (ع) قابل - زیبا - واجب - روا - جائز - مباح - ٹھیک - بجا - درست (اُردو) کافی وافی - ضرورت کے مطابق - ہنرمند - گنی - گن والا - دانا - ہوشیار - اہل - ذی جوہر۔
لائن (انگریزی امث) خط - لکیر - لوہے کی بنی ہوئی ریل کی سڑک۔
لایعقل (ع) احمق - بے وقوف - حیوان کبھی عقل نہ آئے گی۔
لایعنی (ع) بے ہودہ - بے معنی۔

ل - ب

لُب (ع امذ) نچوڑ - ست - مغز - عطر - خلاصہ - گری۔
لُبِ لُباب (ع امذ) نہایت خالص - ست کا ست - عطر کا عطر - خلاصہ کا خلاصہ۔
لَب (ف امذ) ہونٹ - کنارا - جانب - طرف - دریا کا ساحل - کراڑا - حاشیہ - دَور - کنی - منڈیر - کگر - چھجا - تھوک - منہ کا لعاب - رال - ہونٹوں کے اوپر کے بال - مونچھیں۔
لبِ بام (ف امذ) کوٹھے کی چھت کا کنارا - منڈیر۔
لب بند ہونا (ا) منہ بند ہونا - خاموش ہونا - شیرینی سے ہونٹوں کا چپک جانا۔
لب پر آنا (ا، محاورہ) زبان پر آنا۔
لبِ دریا (ف امذ) دریا کا کنارا - ساحل - کراڑا۔
لب سڑک (ا امذ) سڑک کا کنارا۔
لبِ شیریں (ف امذ) میٹھے ہونٹ
لبِ نوشیں: معشوق کے ہونٹ۔

لب کھولنا (ف) بات کرنا - بولنا - کلام کرنا - مُنہ کھولنا -
لب گور ہونا (ف) مرنے کے قریب ہونا - قبر میں پاؤں لٹکانا - گور کنارے پہنچنا -
لب گویا (ف / مذ) بولنے والا لب -
لب لگانا (ف) تھوک لگانا - لعابِ دہن ملنا -
لب نہ ہلانا (ف) بالکل خاموش رہنا - بات نہ کرنا - چُپ رہنا - زبان نہ ہلانا -
لب و لہجہ (ف / مذ) گفتگو کا طرز - طرزِ کلام - تلفظ - خوش کلامی -
لبادہ (ف / مذ) رُوئی دار چوغہ - فرغل - جُبّہ - دگلہ - اوورکوٹ -
لَباڑ - یا - لَباڑی (ہ) جھوٹا - لپاڑی - دروغ گو - چٹورہ -
لِباس (ع / مذ) کپڑا - جامہ - پوشاک - بھیس - رُوپ - شکل -
لِباسی (ف) ظاہردار - دکھاوے کا - لفافہ - صورت کا - پوشاکی -
لباسُ الرجل (ع) کنایہ عورت سے -
لباسُ المراۃ (ع) کنایہ مرد سے -
لباسُ التقویٰ (ع) موٹے کپڑوں کی پوشاک - شرم حیا -
لبالب (ف) پُر - بھرا ہوا - لبریز - مُنہا مُنہ - کناروں تک بھرا ہوا -
لَبڈری (ہ / مث) تپلا گندھا ہوا آٹا - تپلا گارا -
لُبدی (ہ / مث) لُپڑی - پُلپلس - لگدی -
لبرٹی (انگریزی / مث) آزادی - حُرّیت -
لبرل (انگریزی) آزاد - خودمختار - مطلق العنان - خود رائے - پبلک کا خیرخواہ - عوام کا بہی خواہ -
لبریز (ف) لبالب - پُر - بھرا ہوا - کناروں تک بھرا ہوا -
لَبڑ عنفوٗ (ف) چٹورا - مزے دار چیز کو جھٹ پٹ کھا جانے والا - خوشامدی - بکواسی - سوادی -
لبڑ دھول دھول (ہ / مث) شور و غل - شور و شر - ہنگامہ - بے ایمانی - بدنظمی - بدعملی -
لَبڑ سَبڑ (ہ / مث) پھوہڑپن - بے ہودگی - بدسلیقگی -
لَبڑو (ہ / مث) بکواسن - بے ہودہ گو - لسّان - چرب زبان -
لَبلبا (ہ) چیپ دار - چپکنے والا - لچک دار -
لَبلبی (ہ / مث) بندوق کی کمانی -
لُبنی (ہ / مث) تاڑی یا سیندھی جمع کرنے کی مٹی کی چھوٹی سی ہدھنی یا ٹھلیا -
لُبُوب (ع / مذ) لب کی جمع - مغزیات - ایک طرح کی معجون -
لبوں پہ جان یا دم ہونا } (ف) گور کے کنارے ہونا - قریب مرگ ہونا - جانکنی ہونا - آخری سانس ہونا -
لبوں پہ دم آنا } نہایت تنگ ہونا -
لبوں پہ ہونا (ف) کسی کام کا خاتمہ پر ہونا - کنارا پر پہنچ جانا -

لُبھانا (ہ) پرچانا - للچانا - لالچ دینا - مائل کرنا - فریفتہ کرنا - موہنا - عاشق بنانا - بہکانا - اُکسانا - پھسلانا - بہلانا -
لُبھاؤ (ہ / مذ) لالچ - ترغیب -
لبھیڑا (ہ / مذ) ایک قسم کا لسوڑا -
لُبی (ہ / مث) گنّے کا اُبلا رس -
لبیب (ع / صف) عقل مند - دانا -
لبیدا (ہ / مذ) کتکا - سونٹا - لٹھ -
لبیرا (ہ / مذ) دھجّی - چیتھڑا - لیر -
لبیک (ع) حاضر ہوں - حاضر کھڑا ہوں - جی ہاں - حاضر جناب - حاجی لوگ میدانِ عرفات میں بار بار یہی کلمہ پکارتے ہیں -
لبیں بند ہونا (ف) کسی نہایت میٹھی چیز کی تعریف کے وقت بولتے ہیں - مُنہ بند ہونا - ہونٹ چپکنا -
لبیں لینا (ف) ہونٹوں کے اوپر کے بال کتروانا - مونچھیں کٹوانا - سخت سزا دینا - خوب مارنا -

ل - پ

لَپ (ہ / مث) مٹھی بھر - یک کف دست ایک ہاتھ کو پھیلا کر جتنی چیز اس کے اوپر آسکے - انگلیوں اور کھلی ہتھیلی کی مقدار -
لپ بھر (ہ / صف) مٹھی بھر -
لپا (ہ / مذ) لپڑ - تھپڑ - چانٹا -
لپاڈکی (ہ / مث) مکّوں اور تھپڑوں کی لڑائی - مار پیٹ -
لپا لپ (ہ) جلدی جلدی - بزودی - بہت جلدی -
لپائی (ہ / مث) لیپنے کا کام - پلستر - کہگل - لیپنے کی اُجرت -
لَپٹ (ہ / مث) لَو - آنچ - گرمی - شعلہ - ہوا کی لہر - مہک - خوشبو -
لپٹا (ہ / مذ) پتلا شیرا - راب - موٹے موٹے آٹے کا حلوا - ایک قسم کی گھاس - رشتہ ناطہ -
لپٹانا (ہ) جوشِ محبت میں چھاتی سے لگانا - چمٹانا - پیار کرنا - گلے لگانا - بیل کو درخت پر چڑھانا - ساتھ ملانا - ساتھ لگانا - چپکنا - بھڑانا - سپرد کرنا - پیچھے لگانا - سانٹنا - کسی مقدمہ یا جرم میں پھنسانا - شادی کرانا - رشتہ کرانا - کنکوا اڑانا - کشتی کرانا -
لپٹنا (ہ) چپکنا - چمٹنا - سر ہونا - پیچھے لگنا - ہم آغوش ہونا - گلے لگنا - عاشق ہونا - پھنسنا - اُلجھنا - بھڑنا - کشتی کرنا - کسی مقدمہ میں آجانا - بل کھانا - تہہ ہونا - ساتھ ہونا - ہمراہ ہونا - مصیبت میں پھنسنا -
لپٹنت (ہ / مث) بغل گیری - زورآزمائی - کشتی - فطنت -

لپ جھپ (ہ/مث) پھرتی - تیزی - جلدی - ہاتھ چالاکی - چوری فریب - عیاری - مکاری - تیز رفتاری - تیز - پھرتیلا - فوراً - سرعت - فی الفور - جھٹ پٹ -

لپ جھپ چال (ہ/مث) تیز بے ڈھنگی چال -

لپ چھنی (و/مث) خوشامد کرنے والی - بکواسن - بے ہودہ گو -

لپڑ (ہ/مذ) چانٹا - دھپا - تھپڑ - طمانچہ -

لپڑی (ہ/مث) پلٹس - لیپ - ضماد - بھرتا - پلستر - ڈکور کرنے کے لیے پیسے وغیرہ کی پوٹلی - حقارتاً سر کی پگڑی - ٹوپی -

لُپڑی (ہ/مث) کپڑا - جامہ - پھٹا پرانا - صافہ - پگڑی -

لپسی (ہ/مث) کم گھی والا حلوا - لپٹی - مجازاً بوڑھا کھوسٹ - پیر فرتوت -

لپک (ہ/مث) چمکارا - روشنی - کوند - لو - شعلہ - لپٹ - پھدکنا - پھدک - دھڑکن - دھڑک - دوڑ دھوپ - پھوڑے کی ٹیس - جھپک - لپک - مرغے کے تڑپنے دبنے اٹھنے کی طاقت - پھلانگ -

لپک جھپک (ہ/مث) پھرتی - چستی - تیزی - طراری - جلد بازی -

لپک جھپک سے (ار/متعلق فعل) پھرتی سے - چالاکی سے -

لپکا (ہ/مذ) لت - عادت - خو - بدعادت - مزہ - چسکا - چاٹ -

لپکا پڑنا (ہ) چسکا لگنا - مزہ پڑنا - بری عادت ہونا -

لپکانا (ہ) بھگانا - دوڑنا - سرپٹ ڈالنا - آگے کرنا - جلدی سے بڑھانا -

لپک کر (ہ) جلدی سے - دوڑ کر - سرعت - فوراً - فی الفور -

لپک کر آنا (ار/محاورہ) دوڑ کر آنا - جلدی آنا -

لپکنا (ہ) بھاگنا - دوڑنا - سرپٹ ہو جانا - جلدی سے آگے بڑھ جانا - حملہ کرنا - اچکنا - زخم میں ٹیس ہونا - بجلی چمکنا - بھڑکنا - دھڑکنا - اچھلنا - چھلانگ مارنا - دوڑ کر حملہ کرنا - بھاگ کر جانا -

لپکی (ہ/مث) شلنگا - کچی سلائی - ٹانکا - سیون - گوٹ - مغزی - کنارا -

لپکی بھرنا - یا - مارنا (ہ) کچی سلائی کرنا - ٹانکا لگانا -

لپ لپ (ہ/مث) بغیر چبائے نگلنے کی آواز - جیب سے چاٹنے یا پوپلے منہ کی آواز -

لپ لپ کرنا (ہ) بن چبائے یونہی نگل جانا - پوپلوں کی طرح کھانا - بکواس کرنا - بے ہودہ بکنا -

لپ لپ کھانا (ہ) جلد جلد کھانا - بن چبائے نگل جانا -

لپلپانا (ہ) خوف کے مارے مقعد کا کھلنا اور بند ہونا - ڈرنا - خوف کھانا -

لپنا (ہ) پلستر ہونا - استرکاری ہونا -

لپو (ہ/مث) پگڑی -

لپوڑیا (ہ/مذ) خوشامدی - منت کر کے کام نکالنے والا -

لپیٹے میں آجانا (ار/محاورہ) مشکل میں پھنس جانا -

لپوائی (ہ/مث) معاوضہ - کہگل کرانے کی اجرت - لپائی کی اجرت -

لپیٹ (ہ/مث) بل - پیچ - تہہ - مکر - فریب - دغا - جھانسا - گردا - گھیرا - محیط - جوشش - غلاف - ذومعنی بات - جنجال - الجھیڑا - بلا - مصیبت - بپتا - جھپٹ -

لپیٹ جھپیٹ - یا - لپیٹ سپیٹ (ہ/مث) داؤ پیچ - فند فریب - دھوکا -

لپیٹ کی باتیں (ار/مث) چالاکی اور فریب کی باتیں -

لپیٹ لینا (ہ) تہہ کرنا - باندھنا - گٹھا - شریک جرم کرنا - الجھا لینا - ملا لینا -

لپیٹن (ہ) پیچ - اونی کپڑا - لپیٹنے کی گول لکڑی - لوہے کا بیلن جس سے کپاس اوٹتے ہیں - جولاہوں کی کپڑا لپیٹنے کی بگر -

لپیٹنا (ہ) باندھنا - تہہ کرنا - لتھیڑنا - آلودہ کرنا - الجھنا - گلانا - چھپانا - ڈھانکنا - راضی کرنا - آمادہ کرنا - شریک کر لینا - پیچ میں لانا - موہنا - عاشق و مائل کر لینا -

ل - ت

لَت (ہ/مث) لات کا مخفف - لات - دولتی - لکد -

لَت (ہ/مث) بری عادت - عادت بد - لپکا - خو - خصلت -

لَت انبار (ت) بڑے پیٹ والا -

لَتاڑ (ہ/مث) ٹھوکر - لات مارنا - اصلاحی - لعنت - پھٹکار - دکھ - تکلیف - مصیبت - سنکٹ - کام کی کثرت - کام کی زیادتی - دوڑ دھوپ - پائمالی - روندن -

لَتاڑنا (ہ) لاتیں مارنا - بھگانا - پامال کرنا - ملامت کرنا - دھتکارنا -

لُترا (ہ) چغل خور - ادھر کی ادھر کہنے والا - غماز - بے وفا - بے مروت - طوطا چشم (پنجاب) بکواسی - بے ہودہ گو -

لُتری (ہ/مث) ادھر کی ادھر لگانے والی - چغل خور - پیٹ کی ہلکی -

لتھ پتھ - یا - لت پت - لتھڑ پتھڑ } (ہ) سنا ہوا - بھرا ہوا - آلودہ - شور بور - خستہ حالی - خراب حال - خراب حال ہونا -

لتھڑنا (ہ) رلنا - آمیز ہونا - لیپ لگنا - بھرنا - آلودہ ہونا - سننا -

لتھیڑنا (ہ) لیپ لگانا - بھر دینا - آلودہ کرنا - سانتا -

لتہ (ت/مذ) چیتھڑا - گودڑ - پارچہ - کپڑا - بستر -

لِتّے لینا (ہ) دھجیاں اُڑانا - پرزے پرزے اُڑانا - پرخچے اُڑانا - لتاڑنا - آڑے ہاتھوں لینا - سرزنش کرنا - ملامت کرنا -

لتیا (ہ) بُری عادت والا - دھتیا - خوگر - عادی -

لتیانا (ہ) لاتیں مارنا - لاتوں سے خوب سزا دینا - لاتوں سے خبر لینا -

لَتِیَّت (ہ/مذ) لاتیں مارنے والا گھوڑا یا بیل -

ل - ٹ

لَٹ (ہ/مث) بالوں کی لڑی - جُٹّا - زُلف - رسّی - ڈوری -

لٹ پٹانا (ا/مع) نقصان کرنا -

لٹ پیٹے دن (ا/مذ) مصیبت کے دن -

لَٹ دینا (ہ) کشتی دینا - قابو میں ہونا - نکیل ہاتھ میں ہونا -

لٹ دھلائی (ہ/مث) زچہ کا سر دُھلانے کا نیگ جو دُلہا کی بہن چھٹی کے دن لیا کرتی ہے -

لٹا (ہ) مارا - دُبلا - لاغر - بیماری سے کمزور شدہ جُٹّا - لٹ -

لٹا دھاری (ہ/مذ) بڑے بڑے بال لٹکائے رکھنے والا فقیر - جوگی - جٹا دھاری -

لٹا ہاتھی سوا لاکھ ٹکے کا (ہ/مثل) گیا گزرا امیر بھی غریب سے اچھا ہے -

لُٹا پٹا (ہ/مذ) اُستر بستر - بدھنا بوریا - اثاثہ -

لُٹا پِٹا (ہ) خراب وخستہ - اُجڑا بچھڑا -

لِٹانا (ہ) زمین پر گرانا - پسارنا - پھیلانا - زمین یا چارپائی پر ڈالنا - بچے کو سُلانا - قبر میں مُردے کو اُتارنا - پچھاڑنا - چت کرنا -

لُٹانا (ہ) بے دریغ روپیہ خرچ کرنا - اُڑانا - اُٹھانا - فضول خرچی کرنا - غارت کرنا - برباد کرنا - تباہ کرنا - ترسانا - بے قرار کرنا - خوب ہنسانا -

لٹاؤ (ہ) فضول خرچ - مُسرف - خوب لٹانے والا -

لَٹَر (ا/صف) بدوضع - بیہودہ مرد -

لُٹس (ہ/مث) لُوٹ مار - لُوٹ کھسوٹ -

لُٹس مچانا (ہ) لُوٹ مچانا - چھیننا - جھپٹنا - چھینا جھپٹی کرنا - غارتگری کرنا -

لٹک (ہ/مث) لٹکاؤ - آویزش - آن بان - ناز و نخرہ - موج - لہر - ترنگ - سایہ - بھوت پریت وغیرہ کا اثر -

لٹک کر چلنا (ہ) اِترا کر چلنا - ناز و نخرے سے چلنا - جھوم کر چلنا - مستانہ انداز سے چلنا -

لٹکانا (ہ) ٹانگنا - آویزاں کرنا - پھانسی دینا - سُولی چڑھانا - اٹکائے رکھنا - انتظار میں رکھنا - منتظر رکھنا -

لٹکن (ہ/مذ) گھنٹے کا لنگر - پنڈولم - جھاڑ - فانوس - ناک کا ایک زیور - بلاق - بُندا - چھوٹی گھڑونچی - ٹھلیا رکھنے کی تپائی - جھُولا - جھُولتی ہوئی چیز - لٹکتی ہوئی چیز -

لٹکنا (ہ) ٹنگنا - اُدھر ہونا - معلّق ہونا - سُولی پر چڑھنا - پھانسی لگنا - رُکنا - تعویق میں پڑنا - اُلجھنا - جھُولنا - راہ تکنا - انتظار کرنا - دیر تک بیمار رہنا - دُبلا ہونا - لاغر ہونا - بھٹک جانا - پیچھے رہنا - آگے نہ بڑھنا -

لٹنا (ہ) دُبلا ہونا - ماڑا ہونا - لاغر ہونا - کمزور ہونا - نحیف ہونا -

لُٹنا - یا - لُٹ جانا (ہ) تباہ ہونا - برباد ہونا - خاک میں ملنا - تاراج ہونا - غارت ہونا - دھوکا کھانا - ٹھگایا جانا - نقصان ہونا - گھر اُجڑنا - خانہ بربادی ہونا -

لَٹُّو (ہ/مذ) ایک گول کھلونا جو پھرانے سے دیر تک گھومتا رہتا ہے - پھرکی - بنگی - ساقول - عمارت کی سیدھ معلوم کرنے کا آلہ - گول بنی ہوئی چھوٹی چیز -

لٹو پٹو (ہ/مذ) مال و اسباب -

لٹو دار (ا/صف) گول -

لٹو دار پگڑی (ا/مث) گول پگڑی -

لَٹُّو ہونا (ہ) دلدادہ ہونا - شیدا ہونا - موہا جانا - مفتون ہونا - محو ہونا - مستغرق ہونا - گھرنی ہونا - چکر کھانا - چکرانا -

لُٹوانا (ہ) غارت کرانا - کھسوانا - برباد کرانا - اُجڑوانا - نقصان کرانا - مہنگا سودا دلوانا -

لٹورا (ہ/مذ) فاختہ سے چھوٹا ایک ابلق رنگ کا پرندہ جو چڑیا کا شکار کرتا ہے -

لٹورا (ہ/مذ) } لٹ کی تصغیر - جٹا - اُلجھے ہوئے بالوں کی لٹ -
لٹوری (ہ/مث) } جھنڈولا -

لٹوروں والی - یا - لٹوریوں والی (ہ/مث) چڑیل - ڈائن - چھلاوا - بھوتنی - ساحرہ -

لٹورے کھولے پھرنا (ا/محاورہ) ننگے سر پھرنا -

لَٹھ (ہ/مذ) ہاتھ کی موٹی لاٹھی - سونٹا - بیساکھی - مجازاً سخت کلام (پنجاب میں) چرخے کی لاٹھ - کولھو کی لاٹھ -

لٹھ باز (ا/مذ) لاٹھیوں سے لڑنے والا - لٹھیت -

لَٹھ بازی (ا/مث) لاٹھیوں کی لڑائی لڑنا - لٹھم لٹھا -

لَٹھ سا مار دینا (ہ) نہایت سخت بات کہہ دینا - پتھر سا اُٹھا مارنا -

لَٹھا (ہ/مذ) شہتیر - لکڑا - کُندا - سلیپر - جریب کا دسواں حصّہ -

لَٹّھا (ہ/مذ) ایک قسم کا سوتی کپڑا -

لٹھیا (ہ/مث) لاٹھی کی تصغیر - چھوٹی لاٹھی - چھڑی - چوب دستی -

لُٹی (ہ/مث) بیسوا ۔ کسبی ۔ بازاری عورت ۔
لُٹیا (ہ/مث) لوٹا کی تصغیر ۔ چھوٹا سا لوٹا ۔ گڑوی ۔
لُٹیا ڈبونا (ہ) پانی بھرنے کی گڑوی ۔ کنوئیں میں گرا دینا ۔ ناکام ہونا ۔ فیل ہونا ۔ بات کھلنا ۔ پت کھونا ۔ عزت برباد کرنا ۔ ہمت ہارنا ۔ جی چھوڑنا ۔ نقصان اُٹھانا ۔ اپنا دوالہ نکالنا ۔
لُٹیا ڈوبنا (ہ) گھاٹا آنا ۔ بربادی ہونا ۔ تباہی آنا ۔ کام بگڑنا ۔ پت جانا ۔ دوالہ نکلنا ۔ کارخانہ برباد ہونا ۔
لُٹے پِٹے دن کاٹنا (ہ) بپتا کاٹنا ۔ مصیبت سہنا ۔ بُرے بھلے دن گزارنا ۔ بڑی مشکل سے بسر اوقات کرنا ۔
لُٹیرا (ہ) لوٹ مار کرنے والا ۔ رہزن ۔ قزاق ۔ ٹھگ ۔ کم تولا ۔ دغاباز ۔ دھاڑوی ۔ چور ۔ ڈاکو ۔

ل ۔ ث

لَثّہ (ع) دانت کا مسوڑھا ۔

ل ۔ ج

لَج (ہ/مث) "لاج" کا مخفف ۔
لَجا (ہ/مث) لاج کی تصغیر یا مخفف ۔ حیا ۔ شرم ۔ غیرت ۔
لَجاجَت (ع/مث) منت سماجت ۔ عاجزی ۔ خوشامد درآمد ۔ جھگڑا ۔ ٹنٹا ۔ مبالغہ ۔ اصرار ۔ لڑائی ۔ خصومت ۔
لَجادَھر (ہ/صف) شرمیلا ۔
لَجالُو (ہ) حیادار ۔ شرمیلا ۔ باعزت ۔ باحیا ۔ آدمی کا ہاتھ لگنے یا گرم ہوا کے چھو جانے سے مرجھا جانے والا ایک پودا ۔ لاجونتی ۔ چھوئی موئی ۔
لَجام (معرب لگام) مؤنث ۔ لگام ۔ باگ ۔ عنان ۔
لَجانا (ہ) شرمندہ ہونا ۔ شرمانا ۔ شرم کرنا ۔ شرمندہ کرنا ۔ نادم کرنا ۔
لَجاوُ (ہ) حیادار ۔ شرمیلا ۔ باحیا ۔ غیرت مند ۔
لِجلِجا (ہ) لیسدار ۔ پلپلا ۔ گلگلا ۔ چیپ دار ۔
لِجلِجانا (ہ/مص) نرم ہونا ۔
لَجلاج (ع) ایک شطرنج کا کھلاڑی اور ماہر ہکلے کو بھی کہتے ہیں ۔
لَجونتی (ہ) شرم والی ۔ لاج والی ۔ غیرت مند ۔ چھوئی موئی بوٹی ۔ لجالو ۔
لُجّہ (ع/مذ) ندی ۔ رود ۔ دریا ۔
لُجّہ آفت (ہ/مذ) سخت مصیبت ۔
لَجیلا (ہ/صف) شرمیلا ۔ باحیا ۔ حیادار ۔

ل ۔ چ

لُچ بہادر (ا) نہایت لُچّا ۔ غنڈوں کا سردار ۔ بڑا بدمعاش ۔
لُچّا (ا) بے شرم ۔ بے باک ۔ آزاد طبیعت ۔ بدمعاش ۔ شہدا ۔ غنڈہ ۔ بدچلن ۔ بدکار ۔ فسادی ۔ جھگڑالو ۔ شریر ۔ بدذات ۔ عیبی ۔ عیب دار ۔
لُچّا گنڈا (ا) دونوں مترادف ہیں ۔
لَچانا (ہ) لچکانا ۔ جھکانا ۔ ٹیڑھا کرنا ۔
لَچر (ا) بے ہودہ ۔ لغو ۔ پوچ ۔ بے وقوف ۔ احمق ۔ اناڑی ۔ بے ربط ۔ بے معنی عبارت ۔
لَچک (ہ/مث) ملائمت ۔ نرمی ۔ لرزش ۔ کپکپاہٹ ۔ جھٹکا ۔ ہچکولا ۔ ضرب ۔ خم ۔ کجی ۔ خمیدگی ۔ جھکاؤ ۔
لَچک جانا (ہ) مڑ جانا ۔ بل کھا جانا ۔ کانپ جانا ۔
لَچکدار (ا) حرکت سے جنبش کرنے والی چیز ۔ لہردار ۔
لَچکا (ہ/مذ) جھٹکا ۔ ضرب ۔ ہچکولا ۔ موج ۔ چمک ۔ ایک قسم کا تیلا گوٹا ۔ بجرا ۔ کشتی ۔ چھوٹی ناؤ ۔
لَچکانا (ہ) ہلانا ۔ جنبش دینا ۔ لرزش دینا ۔ جھکانا ۔
لَچکنا (ہ) جھکنا ۔ مڑنا ۔ بل کھانا ۔ خمیدہ ہونا ۔ لرزنا ۔ کانپنا ۔ ہلنا جُلنا ۔
لَچلچا (ہ/مذ) کم شوربے والا ۔ سالن ۔ لعاب دار سالن ۔
لَچھا (ہ/مذ) سوت کی انٹی ۔ سوت کے دھاگوں کا حلقہ ۔ اُلجھی ہوئی ڈور ۔ سلسلہ وار اور پیچیدہ لپیٹے ہوئے تار ۔ ایک زیور کا نام ۔
لَچھمی (ہ/مث) دولت کی ملکہ ۔ دھن کی دیوی ۔ مجازاً دولت ۔ دھن ۔ مال و زر ۔ شان و شوکت ۔ دبدبہ ۔ حسن و جمال ۔ خوبصورتی ۔ بیٹے کی بیوی ۔ بہو ۔ لڑکیاں ۔ بیٹیاں ۔ سدام چندر جی کی بیوی سیتا ۔
لَچھمی بن آور کون کرے (ہ/مثل) بے دولت کو کوئی نہیں پوچھتا ۔ جورو کے سوا کوئی خاطرداری نہیں کرتا ۔
لَچھمی گھر میں آنا (ہ) دولت کا گھر میں آنا ۔ اقبال مند ہونا ۔ گھر میں مبارک قدم بہو کا آنا ۔ بیٹی کا پیدا ہونا ۔
لَچھمی نارائن کرنا (ا/محاورہ) کھانا شروع کرنا ۔
لَچھن (ہ/مذ) نشانی ۔ علامت ۔ انداز ۔ آثار ۔ طور ۔ ڈھنگ ۔ طریق ۔ کام ۔ فعل ۔ کرتوت ۔ عیب ۔ بدنامی ۔ حالت ۔ کیفیت ۔ حال ۔ عادت ۔ سبھاؤ ۔ خصلت ۔ خو ۔ روپ ۔ رنگ ۔ گن ۔ تعریف و توصیف ۔
لَچھن پکڑنا (ا/محاورہ) بُری عادت سیکھنا ۔
لَچھنا (ہ/مذ) ایک قسم کا اناج ۔
لَچھے دار (ا) پیچ دار ۔ پیچ در پیچ ۔ پیچیدہ ۔ مزے دار ۔ مسلسل ۔

متواتر - برابر - ڈورے دار - حلقہ دار - پیرت دار -
لچھے دار باتیں (ا/امث) مزے کی باتیں - مسلسل باتیں - پیچیدہ باتیں - پیچ دار باتیں -
لچھے کا ازار بند (ا/امذ) ایک قسم کا ازار بند -
لچی (ہ/امث) میدے کی نہایت پتلی اور نہایت نرم پوری جسے گھی میں تلتے ہیں - بے شرم عورت - بے باک عورت - شہدی عورت -

ل - ح

لحا (ع) جمع لحیہ بمعنی ڈاڑھی -
لحاظ (ع/امذ) کن انکھیوں سے دیکھنا - اصلاحی نگہ - نظر - ادب - درجہ کا پاس - حفظِ مراتب - حیا - شرم - مُروّت - ملاحظہ - پرہیز - بچنا - خیال - توجہ - دھیان - غیرت - حمیّت - ملاقات - جان پہچان - شناسائی -
لحاظ اُٹھا دینا (ف) بے حیا بن جانا - بے غیرت ہو جانا - بے شرم ہو جانا -
لحاظ والا (ا) بامروّت - شرم و حیا والا -
لحاف (ع/امذ) بہت رُوئی والی رضائی -
لحد (ع/امث) گور - قبر - تُربت - مزار - خصوصاً قبر کے اندر کا وہ گڑھا جس میں مُردے کو رکھتے ہیں -
لحظہ (ع/امذ) دم بھر - پل - لمحہ - دم کے دم - دم بھر -
لحظہ بھر (ع/متعلق فعل) دم بھر - لمحہ کے واسطے -
لحظہ بہ لحظہ (ع) گھڑی گھڑی - ہر دم - لمحہ بہ لمحہ -
لحم (ع/امذ) گوشت - ماس -
لحن (ع/امذ) آواز - سُریلی آواز - اچھی آواز - سُر - لے - نغمہ - خوش آوازی -
لحوق (ع/امذ) آمیزش -
لحیم شحیم (ع) موٹا تازہ - ہٹا کٹا - فربہ اندام - مشٹنڈہ - توانا -
لحیہ (ع/امث) ڈاڑھی -

ل - خ

لخ (ف) ایک گھاس جو لبِ دریا ہوتی ہے -
لخت (ف/امذ) ٹکڑا - حصّہ - پارہ - تھوڑی سی مقدار - لوہے کا گُرز -
لخچہ } لخشہ } (ف) انگارہ -
لختِ جگر (ف/امذ) جگر کا ٹکڑا - بیٹا - بیٹی - اولاد - نورِ چشم -
نظم - شعر وغیرہ -
لختِ جگر کھانا (ا/محاورہ) ایذا برداشت کرنا -
لخلخ (ف) لاغر - دُبلا - پتلا - ماڑا - (مؤنث) بھوک پیاس کے باعث حلق کی خشکی کی آواز -

ل - د

لدا پھندا (ہ) بوجھ میں دبا ہوا - خوب لدا ہوا - لدا لدایا - بھرپور -
لدانا } لدوانا } (ہ) بوجھ - دھروانا - بار کرانا - اسباب لدوانا -
لداؤ (ہ/مذ) بوجھ - بھار - بار - لادنے کا اسباب -
لداؤ کی چھت (ہ/امث) بن کڑیوں کی چھت - گنبد نما چھت - چونے کی ڈاٹ کی چھت -
لدادا } لادا } (ہ/مذ) بوجھ - بھار - بار -
لدجانا (ہ) بوجھ سے بھر جانا - بوجھ رکھا جانا - اُٹھ جانا - پھول پھولوں یا پھلیوں سے بھر جانا - بیت جانا - گزر جانا - مرنا - اِنتقال کرنا -
لدنا (ہ) بوجھ رکھا جانا - بار ہونا - پُر ہونا - خوب پھلنا - مرجانا - فوت ہونا -
لَدُنّی (ع) بمعنی نزدیک جو چیز بغیر سیکھے خدا کے فضل سے حاصل ہو -
لدّو (ہ) بوجھ اُٹھانے کے قابل - بار برداری کے لائق - بار برداری کا جانور -
لُدھیانہ - پنجاب بھارت کا مشہور شہر - سُوتی کپڑا - یہاں بہت تیار ہوتا ہے - غلّہ کی بھی منڈی ہے -
لَدھڑ (ہ) بوجھل - بھاری - موٹا تازہ - بھدا - بدوضع - بھاری اور بدنما چیز -

ل - ڈ

لڈو (ہ/مذ) ڈلا - ڈھیلا - پنڈ - بیسن یا مُونگ کے آٹے کی بنی ہوئی ایک قسم کی مٹھائی - مجازاً لابھ - نفع - فائدہ - سرمایہ - اصل پونجی - مُول پُونجی - اصل سرمایہ -
لڈو بانٹنا (ہ) کسی خوشی یا منت نذر وغیرہ میں مٹھائی تقسیم کرنا -
لڈو باندھنا (ا/محاورہ) کسی چیز کو گول شکل کا بنانا -
لڈو کہے سے مُنہ میٹھا نہیں ہوتا (ہ/مثل) صرف باتوں اور جاپلوسی سے کام نہیں بنا کرتا - کچھ خرچ بھی کرنا پڑتا ہے - دیے لیے بغیر کام نہیں چلتا -

لڈوا (ہ، مذ) لڈو کی تصغیر ہے۔ چھوٹا لڈو۔ تشبیہاً چھوٹے چھوٹے گول گول آم۔
لُڈی (پ، مث) ایک قسم کا پنجابی مردانہ ناچ۔

ل - ذ

لذائذ (ع، مث) لذت کی جمع۔ مزے۔ ذائقے۔
لذائذ نفسانی (ع ف، مث) نفس کے مزے۔ نفس کی خوشی۔
لذّت (ع، مث) مزہ۔ ذائقہ۔ سواد۔ چسکا۔ آنند۔ خوشی۔ موج۔ عیش و نشاط۔
لذت آشنا (ع ف) مزے سے واقف۔ مزہ چکھا ہوا۔
لذت اُٹھانا (ا، محاورہ) لطف حاصل کرنا۔
لذّتیت (ع، مث) لذت پرستی۔
لذیذ (ع) مزے دار۔ مزے کا۔ خوش ذائقہ۔ ذائقہ دار۔ خوشگوار۔ خوش آئندہ۔ پُر لطف۔ پیارا۔ عزیز۔ من بھاتا۔

ل - ر

لُر (ف) بے تمیز۔ جاہل۔ احمق۔
لرز جانا (ا) کانپ اُٹھنا۔ تھرا جانا۔ خوف سے رعشہ آجانا۔ ڈر جانا۔
لرزش (ف، مث) تھرتھراہٹ۔ کپکپی۔ جُنبش۔
لرزنا (ہ) تھرانا۔ کانپنا۔ کپکپانا۔ سردی یا ڈر سے بدن میں رعشہ ہونا۔
لرزہ (ف، مذ) تھرتھراہٹ۔ کپکپی۔ لرزش۔ جُنبش۔
لرزہ آنا (ہ) کپکپی آنا۔ تھرتھراہٹ آنا۔ کانپنا۔ زلزلہ آنا۔ بھونچال آنا۔ رُعب چھانا۔ خوف چھانا۔

ل - ڑ

لڑ (ہ، مث) لڑی۔ ہار۔ سلسلہ۔ ڈور۔ ڈوری۔ رسی کا بل۔ بھانج۔ صف۔ لائن۔ قطار۔ زنجیر۔ زنجیرہ۔ وسیلہ۔ تعلق۔ ٹولی۔ جماعت۔ (پنجاب) دامن۔ پلہ۔ کنارا۔ گرہ۔ گانٹھ۔ عُقدہ۔
لڑ میں رہنا (ہ) طرف دار بننا۔ کسی کے کہنے میں رہنا۔ ساتھ رہنا۔ ساتھی رہنا۔ گانٹھ میں ہونا۔ پیچھے ہونا۔ پاس ہونا۔
لڑاک (ہ) لڑنے والا۔ جھگڑالو۔ مُفسد۔
لڑاکا (ہ) بہت لڑنے والا۔ جنگ جو۔ شریر۔ جھگڑالو۔ فسادی۔ بدخو۔ غضبی۔ جھلا۔ تُند خو۔ جنگی بہادر۔ سوربیر۔ شریر عورت۔ بدمزاج عورت۔ لڑنے بھڑنے والی۔
لڑانا (ہ) لڑائی کرانا۔ بھڑانا۔ کشتی کرانا۔ لگانا۔ صرف کرنا جیسے جان لڑانا۔ نظر سامنے کرنا۔ گھورنا۔ ٹکرانا۔ ٹکر لگانا۔ زور کرنا۔
لڑائی (ہ، مث) جھگڑا۔ فساد۔ مارپیٹ۔ گتھم گتھا۔ مجادلہ۔ جنگ و جدل۔ مقابلہ۔ سامنا۔ مڈبھیڑ۔ کُشتی۔ لڑنت۔ دشمنی۔ بیر۔ عداوت۔ اَن بن۔ شکر رنجی۔ خفگی۔ بگاڑ۔
لڑائی باندھنا } (ہ) فساد کھڑا کرنا۔ دشمنی کرنا۔
لڑائی ٹھاننا } جنگ کی ٹھہرانا۔
لڑائی بگڑنا (ا، محاورہ) شکست ہونا۔
لڑائی بھڑائی (ہ، مث) دنگا فساد۔ جنگ و جدل۔
لڑائی پر آتر آنا (ا، محاورہ) لڑائی جھگڑے پر آمادہ ہونا۔
لڑائی پڑنا (ا، محاورہ) جھگڑا ہونا۔ فساد ہو جانا۔
لڑائی ٹل جانا (ہ) مہم سر پر آجانا۔ جنگ کا موقع قریب آجانا۔ لڑائی ٹھن جانا۔
لڑائی سر کرنا } (ہ) لڑائی جیتنا۔ شکست دینا۔ دشمن کو ہرا دینا۔
لڑائی مارنا } حریف کو بھگا دینا۔ فتح کرنا۔
لڑائی کا کھیت (ہ، مذ) لڑائی کا میدان۔ میدانِ جنگ۔
لڑائی کا گھر (ہ، مذ) فساد کی جڑ۔ بنائے فساد۔ جھگڑے کا بانی۔ فتنہ انگیز۔
لڑائی کا گھر ہانسی } (ہ، مثل) لڑائی کی بنا ہنسی مذاق سے ہوتی
روگ کا گھر کھانسی } ہے اور بیماری کی ابتدا کھانسی ہے۔
لڑائی کا گیت (ا، مذ) وہ گیت جو میدانِ جنگ میں گائے جاتے ہیں۔
لڑائی مول لینا (ہ) خواہ مخواہ دُوسرے سے لڑنا۔ چھیڑ خانی کرنا۔ خواہ مخواہ اُلجھنا۔ پاپ خریدنا۔ ناحق کی مصیبت اور دقت میں پڑنا۔
لڑائی میں لڈو نہیں بٹتے } (ہ) لڑائی خوشی کی جگہ نہیں ہے۔
لڑائی میں مٹھائی نہیں بٹتی } وہاں تو مارپیٹ اور کشت و خون ہوتا ہے۔ لڑائی آسان کام نہیں۔
لڑبڑا (ہ) لبیس دار۔ چیپ دار۔ مجازاً نامرد۔ زنخہ۔ ہیجڑا۔
لڑبڑانا (ہ) بولتے وقت زبان میں لکنت ہونا۔ رُک رُک کر بولنا۔ تتلانا۔ ہکلانا۔ لڑکھڑانا۔ ڈگمگانا۔
لڑکا (ہ، مذ) کم عمر بچہ۔ معصوم۔ چھوکرا۔ چھورا۔ پُوت۔ بیٹا۔ فرزند۔ خلف۔
لڑکا بالا (ہ، مذ) بال بچہ۔ آل اولاد۔ بیٹا۔ بیٹی۔ کم سن بچہ۔ چھوٹی عمر کا۔
لڑکا جنے بیوی اور پیٹی باندھیں میاں (ہ، مثل) دُکھ کوئی بھرے بہانے کوئی بنائے تکلیف کسی کو ہو اور فائدہ اُٹھائے کوئی اور

لڑکا ددو سے بالوں کو نائی رودے منڈائی کو (ہ/ مثل) اپنا اپنا دکھڑا ہر شخص روتا ہے۔
لڑکا گود لینا (ا/ محاورہ) کسی لڑکے کو متبنیٰ بنانا۔
لڑکپن (ہ/ مذ) زمانۂ طفلی۔ بچپن۔ طفلی۔ طفولیت۔ اوچھاپن۔ چھچھوراپن۔
لڑکپن کی باتیں (ا/ محاورہ) نادانی کی باتیں۔
لڑکوری (ا/ مث) صاحب اولاد عورت۔
لڑکوں کا کھیل (ہ/ مذ) بچوں کا دل بہلاوا۔ آسان کام۔ سہل بات۔ طنزاً ادنیٰ کام۔ بچوں کے پڑھنے کی ایک کتاب۔
لڑکوں کا کھیل چڑیوں کا مرن (ہ/ مثل) بے عقل کے نزدیک جان کی کوئی قدر نہیں۔
لڑکوں کا گھروندا (ا/ مذ) بے ثبات چیز۔
لڑکھڑانا (ہ) پاؤں کا کانپنا۔ ڈگمگانا۔ لرزنا۔ بہکنا۔ گمراہ ہونا۔ تھرانا۔ نیت بگڑنا۔ ایمان میں فرق آنا۔
لڑکی (ہ/ مث) بیٹی۔ کنیا۔ چھوکری۔ دُختر۔ نادان۔ کم عمر۔ کنواری۔ دوشیزہ۔ ناسمجھ۔ ناتجربہ کار۔
لڑکی والا (ہ/ مذ) لڑکی کا باپ۔ دُولھن کا باپ۔
لڑکے بالے (ہ/ مذ) بیوی بچے۔ بال بچے۔ کنبہ۔ عیال و اطفال۔
لڑمرنا (ہ) لڑتے لڑتے جان دے دینا۔ لڑ کر مرجانا۔ باہم تکرار اور جھگڑا کر بیٹھنا۔
لڑنا (ہ) تکرار کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ بھڑنا۔ ٹکرانا۔ جیسے بیل کا لڑنا۔ باہم ضد کرنا۔ کشتی کرنا۔ زور آزمائی کرنا۔ (پنجاب) کاٹنا۔ ڈنک مارنا۔ ڈسنا۔ جیسے سانپ لڑنا۔ حملہ کرنا۔ وار کرنا۔ رُوٹھنا۔ ناراض ہونا۔
لڑنا بھڑنا / لڑنا جھگڑنا } (ہ) آپس میں جھگڑا بکھیڑا کرنا۔ بحث تکرار کرنا۔ لڑائی جھگڑا کرنا۔
لُڑھانا (ہ) لوٹانا۔ پھسلانا۔ ڈھلکانا۔ گرانا۔ لنڈھانا۔ نیچے بہانا۔ بندوق وغیرہ کا نشانہ مار کر گرا دینا۔ مار ڈالنا۔
لُڑھکنا / لُڑھنا } (ہ) لُڑھکنی کھانا۔ پھسلنا۔ لیٹنا۔ سونا۔ پڑنا۔ لوٹ لگانا۔ لیٹ مارنا۔ جیسے آج زمین ہی پر لڑھک رہو۔ انتقال کرنا۔ دُنیا سے اُٹھ جانا۔ مرنا۔
لُڑھکنی (ہ/ مث) لوٹنی۔ لوٹ۔ غلطیدگی۔
لُڑھیانا (ہ) سیون کی کور دبانا۔ کنارا سینا۔ مروڑی دے کر سینا۔
لڑی (ہ/ مث) لڑ۔ ہار۔ مالا۔ سلک۔ سلسلہ۔ تسلسل۔ جھڑی جیسے آنسوؤں کی لڑی۔
لڑے فوج نام سردار کا۔ کاٹے باڑھ نام تلوار کا (ا/ مثل) چھوٹوں کا کام بڑوں کا نام۔ کام کسی کا اور نام کسی کا۔ چھوٹے کام کریں بڑے نام پائیں۔

ل - ز

لزبن - پرتگال کا دارالحکومت ہے یہاں انگور بہت ہوتے ہیں جن سے شراب بنتی ہے۔
لَزِج (ع) چیپ دار۔ لُعاب دار۔
لُزوجت (ع/ مث) چیپ۔ لیس۔ لُعاب۔
لُزوم (ع/ مذ) واجب۔ ضرور۔ لازم۔ لازم ہونا۔ ملزوم ہونا۔

ل - س

لَس (ہ/ مذ) چیپ۔ لُعاب۔ لیس۔ چپچپاہٹ۔
لس دار (ا/ ف) چیپ دار۔ لعاب دار۔ لیس دار۔
لِسان (ع/ مث) جیبھ۔ زبان۔ بولی۔ بھاشا۔ بھاکھا۔ بانی۔
لسان العصر (ع/ مث) اپنے زمانہ کا فصیح و خوش بیان۔ مولانا اکبر حسین صاحب اکبرآبادی مرحوم کا خطاب۔
لسان العصافیر (ع) اندرجو۔
لسان القوم (ع) ترجمان۔
لسان الثور (ع) گاؤزبان۔
لسان الغیب (ع/ مث) غیب کی زبان۔ خواجہ حافظ شیرازی کا لقب۔
لَسّان (ع) بہت بولنے والا۔ فصیح۔ خوش زبان۔ شیریں کلام۔ چرب زبان۔ چکنی چپڑی باتیں کرنے والا۔ بکواسی۔ بکّی۔
لَسٹری (ا/ مث) رسّی۔
لَسلَسا / لَسوڑا } (ہ/ مذ) ایک نہایت لیسدار پھل کا نام ہے۔ لسوڑا۔ سپستان۔ چیپ دار۔ لعاب دار۔ لیس دار۔
لَسلَسانا (ا/ صف) سرسبز۔ تر و تازہ۔
لَسَن (ہ/ مذ) لسن زتوم۔ (پنجابی تقوم) جسم پر پیدائشی بڑا ہوا سرخ یا سیاہ داغ۔
لِسنا (ہ) لیپنا۔ لتھڑنا۔ آلودہ ہونا۔ ٹھیک ٹھیک بیٹھنا۔
لَسّی (ہ/ مث) چھاچھ۔ دہی اور پانی کا مرکب۔ بہت سا پانی ملا ہوا دودھ۔ کچّا زخم۔

ل - ش

لَش (ا/ مث) گنگے کو کسی چیز پر چھپٹانے کی آواز۔
لش پش ہونا (ہ) مجروح چور ہونا۔ نہایت تھکنا۔ تھک کر

چور ہو جانا۔

لشتر (ا/صف) ناکارہ۔ سست۔

لشتم پشتم } (ا) جس طرح ہو سکا۔ جس طرح بن پڑا۔ جُوں توں۔
لشٹم پشٹم } بھلی بری طرح بہرحال۔ بہر نوع۔ بہر طور۔

لشکارنا (ہ) کُتّے کو جھپٹانے کے لیے لش لش کرنا۔

لشکر (ف/مذ) فوج۔ سپاہ۔ چھاؤنی۔ کیمپ۔ ہجوم۔ بھیڑ بھاڑ۔ انبوہ۔

لشکر آرا (ف/صف) لشکر تیار کرنے والا۔

لشکر کشی (ف/مث) چڑھائی۔ دھاوا۔ حملہ۔ فوج کشی۔

لشکری (ف) منسوب بہ لشکر۔ سپاہی۔ فوجی۔ تلنگا۔

ل - ص

لِص (ع) دزد۔ چور۔

ل - ط

لطافت (ع/مث) لغوی باریکی۔ پتلا پن۔ اصطلاحی معنی۔ خوبی۔ عمدگی۔ تحفگی۔ نرمی۔ ملائمت۔ نزاکت۔ خوشبوئی۔ صفائی۔ پاکیزگی۔ باریکی۔ نکتہ۔ ذائقہ۔ لذت۔ مزہ۔ فصاحت۔ سلیقہ۔ شائستگی۔

لطائف (ع/مذ) لطیفہ کی جمع۔ ہنسی کی باتیں۔ چٹکلے۔ خوبیاں۔ مزے۔

لطائف غیبی (ع/مذ) خدائے تعالیٰ کی طرف سے پہنچی ہوئی مہربانیاں اور عنایتیں۔

لُطف (ع/مذ) کرپا۔ دیا۔ مہربانی۔ عنایت۔ بھلائی۔ عمدگی۔ خوبی۔ نرمی۔ ملائمت۔ تازگی۔ لذت۔ بہار۔ خوشی۔ ذائقہ۔ مزا۔ خوش طبعی۔ ظرافت۔ ہنسی۔

لُطف اُٹھانا (ا/محاورہ) مزہ حاصل کرنا۔

لُطف یہ ہے (ا/روزمرہ) خوبی یہ ہے۔

لُطفی (ع) گود لیا ہوا۔ لے پالک۔ متبنیٰ۔

لطم (ع) تھپڑ مارنا۔

لطیف (ع) باریک۔ مہین۔ پتلا۔ رقیق۔ نازک۔ نرم۔ کثیف کی ضد۔ صاف۔ شفاف۔ لذیذ۔ مزے دار۔ خوب۔ عمدہ۔ تحفہ۔ پاکیزہ۔ ستھرا۔ پاک۔ مقدس۔ ہلکا۔ سُبک۔ ملائم جیسے لطیف غذا۔

لطیفہ (ع/مذ) چٹکلا۔ لُطف دار بات۔ دلچسپ چھوٹی سی بات۔ نازک اور عمدہ چیز۔ عجیب۔ انوکھا۔ شگوفہ۔ تعجب انگیز۔

لطیفہ چھوڑنا (ا) شگوفہ چھوڑنا۔ کوئی انوکھی بات بیان کرنا۔

لطیفہ گو (ع/صف) خوش مزاج۔ بذلہ سنج۔ ظریف۔ ٹھٹھولی۔ خوش دل۔

ل - ع

لُعاب (ع/مذ) چیپ۔ لیس۔ تھوک۔ مُنہ کا پانی۔ رال۔ بچے کے مُنہ کی رطوبت۔

لُعاب دار (ا/صف) چیپ دار۔ لیس دار۔ لسلسا۔

لِعان (ع) شوہر اپنی زوجہ کو زنا کی تہمت لگا کر الگ کر دے اور ایک دوسرے سے نفرت کریں۔

لعّان (ع/صف) بہت لعنت بھیجنے والا۔

لَعِب (ع/مذ) کھیل کود۔ دل بہلاوا۔ من پرچاوا۔ سیر۔ تماشا۔

لُعبت (ع/مث) پتلی۔ گڑیا۔ مورت۔ بُت۔ کھلونا۔ کھیل۔

لُعبت چین (ع ف/مث) چینی کی گڑیا۔

لَعل (ع/مذ) لال یعنی ایک قسم کا نہایت قیمتی پتھر۔ سُرخ۔ لال رنگ کا۔ تشبیہاً معشوق کا ہونٹ۔ لب معشوق۔

لعل اُگلنا (ا) خوش کلام ہونا۔ مُنہ سے پھول جھڑنا۔ طنزاً بدکلامی کرنا۔ گالی بکنا۔ بدزبانی کرنا۔

لعل توڑنا (ا) طنزاً کہا کرتے ہیں۔ نقصان پہنچانا۔ شان گھٹانا۔ جیسے اگر تم آ جاتے تو ہم کیا تمہارے لعل توڑ لیتے۔

لَعن (ع/مث) پھٹکار۔ دُرسیس۔ نفرین۔ ملامت۔ جھڑکی۔ سرزنش۔

لعن طعن (ع/مث) پھٹکار۔ دُھتکار۔ جھڑکی۔ سرزنش۔ لعنت ملامت۔

لعنت (ع/مث) سخت سست۔ بُرا بھلا۔ پھٹکار۔ دھتکار۔ نفرین۔ سرزنش۔

لعنت بھیجنا (ا) نفرین کرنا۔ بُرا بھلا کہنا۔ نفرت کرنا۔ کنارا کرنا۔ چھوڑنا۔ بددُعا دینا۔ کوسنا۔

لعنت کا شوروا پھٹ پھٹ کی روٹی } (ا/مثل) نہایت بے عزتی
لعنت کی روٹی پھٹ پھٹ کا شوروا } اور ذلت کی روٹی۔ وہ روٹی جو طعنے مہنے دے کر کھلائی جائے۔

لعنت کا مارا (ا) لعنتی۔ لعین۔ مردود۔ بدنصیب۔ بدبخت۔

لعنت کی بوچھاڑ (ا/مث) مسلسل لعنت۔

لعنت ملامت کرنا (ا) بُرا بھلا کہنا۔ ذلیل کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ دھتکارنا۔ خبر لینا۔ سرزنش کرنا۔ سخت سست کہنا۔

لعنتی (ا) لعنت برداشت کرنے والا۔ ملعون۔ بدبخت۔ لعین۔ مردود۔ شامت زدہ۔

لعنتی طوق پہننا (ا/محاورہ) رسوا ہونا۔

لعوق (ع/مذ) چٹنی۔ چاٹنے کی لیس دار دوا۔

لعین (ع) لعنتی۔ ملعون۔ راندۂ درگاہ۔ بدبخت۔ لعنت کا مارا۔

دھتکارا ہوا - پھٹکارا ہوا - دوزخی - ترکی -

ل - غ

لغایت (ع) اخیر تک - انجام تک - اس سرے تک - انتہا تک - ملا ہوا - شامل - داخل -
لغام (ف/مث) لگام - باگ - دہانہ - عنان -
لغت (ع/مذ) بولی - بھاشا - بھاکا - زبان - ڈکشنری - فرہنگ - لغات - لغت کی کتاب -
لغت تراش (ع ف/صف) لغت گھڑنے والا -
لغت تراشنا - یا - گھڑنا } (ل) مشکل اور غیر مانوس الفاظ کو اپنی
لغت تراشی } تحریر یا تقریر میں لانا - الفاظی کرنا -
لغت جھاڑنا (ل) اپنی علمیت جتانا - مشکل اور غیر مشہور الفاظ بولنا -
لغزش (ف/مث) پھسلن - پھسلاہٹ - جنبش - کپکپی - قصور - خطا - غلطی - بھول چوک - گمراہی - ضلالت -
لغزش آنا (ل) پھسلنا - ڈگمگانا - بہکنا - رپٹنا - کانپنا - استقلال نہ رہنا - بھٹکنا - گمراہ ہونا - بیان متقدمہ یا اظہار میں فرق آنا -
لغو (ع) بے ہودہ - لچر - واہیات - اوٹ پٹانگ - بے فائدہ - مہمل - بے معنی - بکواس - واہی تباہی (مذکر) بے ہودہ آدمی -
لغو بکنا (ل) واہیات باتیں زبان پر لانا - بے ہودہ بکنا - بے فائدہ اور بے معنی باتیں کہنا -
لغوشہ (ف) آرائش - گلگونہ -
لغوی (ع) منسوب بہ لغت - اصلی معنی - موضوعی -
لغویات (ع/مث) لغو کی جمع -
لغوی (ف) بے ہودہ گو -

ل - ف

لف (ع) تہ کیا ہوا - لپیٹا ہوا - شامل - منسلک -
لف و نشر (ع/مذ) منتشر اور پراگندہ چیزوں کو لپیٹنا - اصطلاح علم بیان میں ایک صنعت کا نام ہے - جس میں پہلے چند چیزوں کا مجمل یا مفصل ذکر کریں پھر اس کے بعد اور چیزیں پہلی چیزوں سے نسبت اور تعلق رکھنے والی بیان کریں مگر اس طرح پر کہ ہر ایک کی نسبت اپنے منسوب الیہ سے مل جائے - اس کی دو قسمیں ہیں - مرتب اور غیر مرتب - مرتب اشیائے منسوبہ ترتیب وار اور غیر مرتب میں بے ترتیب ہوتی ہے -

لفاظ (ع) خوش بیان - شیریں کلام - فصیح کلام بولنے والا - بمعنی لفظوں میں خوش کرنے والا -
لفاظی (ع/مث) لسانی - بک بک - بکواس - شیخی - ڈینگ - فصاحت - خوش بیانی -
لفافہ (ع/مذ) خول - غلاف - کاغذ کی تھیلی - چٹھی بند کرنے کا غلاف - بناوٹ - دکھاوا - ظاہری سامان - ناپائدار - جلد ٹوٹ جانے والی چیز - راز - دھوکا - قلعی - ملمع -
لفافہ بنا رکھنا (ل) ظاہری ٹیپ ٹاپ بنائے رکھنا - دھوکا دینا -
لفافہ سربمہر (ع ف/مذ) وہ لفافہ جو مہر لگا کر بند کر دیا گیا ہو -
لفافہ کرنا (ل) ہلکا سا خول یا ملمع چڑھانا - دکھاوا کرنا -
لفافہ کھل جانا (ل) چٹھی کے مضمون کا ظاہر ہو جانا - راز فاش ہو جانا - بھید کھل جانا -
لفت (ع) شلغم - مشہور ترکاری -
لفظ (ع/مذ) بات - کلمہ - شبد - لغت - وہ بامعنی یا بے معنی بول جو منہ سے نکلے -
لفظ بہ لفظ (ع) جوں کا توں - حرف بحرف - ایک ایک لفظ کر کے - صاف صاف - ہوبہو - تفصیل وار -
لفظ ٹپکنا (ل/محاورہ) زبان سے لفظ کا بے اختیار نکلنا -
لفظاً (ع) تفصیل وار - صاف صاف - از روئے لفظ -
لفظی (ع) اصلی - حقیقی - ٹھیک - باتوں کی - الفاظ کی -
لفظی ترجمہ (ع/مذ) بے محاورہ اور لفظ بہ لفظ ترجمہ -
لفنگا (ل) شیخی خورا - ڈینگیا - شہدا - لچا - گنڈا -

ل - ق

لق (ف/صف) صاف - جس پر بال نہ ہوں -
لق و دق (ف/صف) صاف - چٹیل -
لقا (ع/مث) چہرا - شکل - صورت - دیدار - دید - ملاقات -
لقا (ل/مذ) ایک قسم کا کبوتر ہوتا ہے جو اپنی گردن دم سے لگائے رکھتا ہے -
لقات (ل) نہایت لاغر - بہت دبلا - کانٹا - ماڑا -
لقاعہ (ع) پرگو حاضر جواب -
لقب (ع/مذ) وصفی نام جو کسی تعریف یا برائی کے باعث پڑ گیا ہو -
لقلق (ع) آبی پرند - سانپ اور مچھلی کھانے والا -
لقلقہ (ل/مذ) دبدبہ - رعب و داب - جبھا - حوصلہ - ہمت - جرأت - لب و لہجہ - خوش الحانی - ملم ڈھینگ کے زور سے بولنے کی آواز -
لقمان (ع/مذ) ایک مشہور حکیم کا نام ہے - مجازاً ہر ایک دانا -

عقل مند کو کہہ دیتے ہیں -
لقمان کو حکمت سکھانا (ف) کسی دانا کو تدبیر بتانا - نصیحت کرنا -
لقمان کے پاس دوا نہ ہونا (ا ر/ محاورہ) لاعلاج ہونا -
لُقمہ (ع/ مذ) کھانے کی ایک دفعہ مُنہ میں ڈالنے کی مقدار - نوالہ - گراس -
لُقمۂ اجل ہونا (ار/ محاورہ) مرجانا -
لُقمہ پھنسنا (ار/ محاورہ) حلق میں لقمہ اٹکنا -
لُقمۂ تر (ع ف/ مذ) اچھی غذا -
لُقمہ دینا (ف) مُنہ میں نوالہ رکھ دینا - بات کاٹنا - دُوسرے کی بات میں دخل دینا - حافظ کو بتانا - قرآن سُناتے وقت جو بھُول ہو اُسے بتانا - توپ میں گولہ بارود ڈالنا - رشوت دینا -
لُقندرا (ف/ مذ) (قلندرا کا بگاڑ) لُچا - بدمعاش - شہدا - بدچلن - بے ہودہ -
لق و دَق (ع/ مذ) چٹیل میدان - بیابان - صحرا - سُنسان جگہ - ہُو کا مقام - وہ جگہ جہاں آدمی ہو نہ آدم زاد - بلکہ درخت تک بھی نہ ہو -
لَقوہ (ع/ مذ) ایک بیماری کا نام ہے جس میں مُنہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے -
لقوہ مار جانا - یا - ہو جانا (ف) مُنہ ٹیڑھا ہو جانا - لقوہ کا مرض ہو جانا -
لُقّہ (ف) لُچا - بدمعاش - شہدا - غُنڈہ -
لقیط (ع) وہ نوزائیدہ بچہ جو کسی نے جَن کر راہ میں ڈال دیا ہو - اور کوئی پرورش کر لے -

ل - ک

لک (ف) بے وقوف - نادان -
لُک (ہ/ مذ) روغن - وارنش - جلا - شُعلہ - لُوکا - لَو -
لُکانا (ہ) چھپانا - پوشیدہ کرنا - مخفی کرنا -
لُکاٹی (ہ/ مث) ادھ جلی لکڑی - جلتی ہوئی لکڑی - چُغل خور عورت - فساد کرانے والی - آگ کریدنے کا اوزار - آگ کریدنی - کرچھا - کونچا -
لکچر (انگریزی/ مذ) زبانی تقریر - مضمون - وعظ - اُپدیش - درس - سبق -
لکچرار (انگریزی/ مذ) واعظ - اُپدیشک - درس دینے والا - زبانی تقریر کرنے والا -
لکد (ف/ مث) لات - دولتی - ٹھوکر -
لکڑ (ہ/ مذ) لکڑی کا بکتر - شہتیر - بڑا کندہ -
لکڑا } لٹھا - بورا -
لکڑ سان (ہ/ مذ) لکڑیوں کا ڈھیر - لکڑیوں کا ٹال - ذخیرہ وانبار - ہیزم -
لکڑ ہارا (ہ/ مذ) لکڑیاں لا کر بیچنے والا - لکڑیاں پھاڑنے والا - ہیزم فروش -
لکڑی (ہ/ مث) کاٹھ - چوب - ہیزم - ہاتھ میں رکھنے کی لاٹھی - عصا - سونٹا - چھڑی - گیڑی - مجازاً - سہارا - آسرا - پٹا - گٹکا - چوب بازی - سخت دل - کٹھور - نہایت دُبلا - لاغر -
لکڑی پھینکنا (ہ) پٹا کھیلنا - چوب بازی کرنا -
لکڑیاں دینا (ہ) مُردے کو جلانا - کریا کرم کرنا - چتا میں آگ دینا -
لکڑیاں کھانا (ہ) لاٹھیوں سے پٹنا - خوب سزا پانا - ڈنڈے کھانا -
لکشمن (س/ مذ) راجا رام چندر کے چھوٹے بھائی کا نام جس نے بن باس میں اس کا ساتھ دے کر وفاداری کا ثبوت دیا -
لکشمی (س/ مث) لچھمی - دولت - مایا - دھن -
لُک لُکاہٹ (ار/ مث) چمک - رونق -
لُکنا (ہ) چھپنا - پوشیدہ ہونا - نظر سے غائب ہونا - مخفی ہونا -
لُکنت (ع/ مث) تتلاہٹ - ہکلاپن - توتلاپن - رُک رُک کر بولنے کی حالت -
لُکنجن (ہ/ مذ) وہ سُرمہ جس کی نسبت یہ خیال ہے کہ اس کے لگانے سے آدمی دُوسروں کو نظر نہیں آتا -
لکھ (ہ/ مذ) لاکھ کا مخفف - سو ہزار کی تعداد - (۱۰۰۰۰۰)
لکھ بخش - یا - لکھ داتا (ف) لاکھوں روپے بخش دینے والا - نہایت سخی - بڑا فیاض - داتا - نہایت فیاضی اور سخاوت کے سبب قطب الدین ایبک کا لقب ہے - جو خاندانِ غلاماں کا بانی تھا -
لکھ پتی (ہ) نہایت امیر - بڑا دولت مند - لاکھوں روپے کی حیثیت رکھنے والا - لاکھ روپے کی آسامی -
لکھ پیڑا (ہ/ مذ) بہت سے پیڑ - خصوصاً آموں کے درختوں کے باغ -
لکھ لُٹ (ہ) کھاؤ اڑاؤ - بڑا فضول خرچ - مُسرف -
لکھا (ہ/ مذ) لکھا ہوا - سرنوشت تقدیر - نوشتہ - تحریر شدہ - قضا - بھاگ - پرالبدھ - قسمت - تقدیری امر شدنی بات -
لکھا پڑھا (ہ) خواندہ - تعلیم یافتہ - علم دار - تحریری اقرار -
لکھا پُورا کرنا (ہ) مصیبت کے دن کاٹنا - قسمت کے لکھے کو پورا کرنا - بُرے دن کاٹنا - بپتا بھوگنا - قسمت پیٹنا -
لکھانا (ہ) تحریر کرانا - لکھوانا - تحریری اقرار نامہ لینا - مشق کرانا - عبارت لکھوانا -

لکھائی (ہ/مث) معاوضہ - لکھنے کی مزدوری - لکھنے کی اجرت - لکھنے کا کام -
لکھت (ہ/مث) تحریر - نوشت - دستاویز - تمسک - اقرارنامہ -
لکھت پڑھت ہونا (ہ) تحریری اقرار مدار ہوجانا - باہمی دستاویز لکھی جانا -
لکھنا (ہ) دیکھنا بھالنا - نظر آنا - دکھائی دینا - لانگنا - اوپر سے گزرنا - عبور کرنا -
لکھنا (ہ) تحریر کرانا - لکھائی کرانا - درج کرنا (مذکر) دستخط - خط - تحریر - نوشت - ہینڈ رائٹنگ -
لکھنا پڑھنا (ہ/مذ) لکھائی پڑھائی - نوشت وخواند -
لکھند (ا/مث) قلم - کلک -
لکھنؤ - صوبہ جات متحدہ آگرہ و اودھ میں دریائے گومتی کے کنارے واقع ہے - شاہان اودھ کا دارالحکومت رہا ہے - یہاں یونیورسٹی ہے - کاغذ بنانے کا کارخانہ ہے - گوٹا کناری اور چکن کا کام بھی ہوتا ہے - ہندوستان کا پیرس ہے - امام باڑہ قابل دید بنا ہوا ہے - چڑیا گھر بھی ہے -
لکھنوات (ا/مث) تحریر -
لکھوانا (ہ) دیکھو (لکھانا)
لکھوٹ (ا/مذ) لوکاٹ -
لکھوٹا (ہ/مذ) لاکھا کی تصغیر - ہونٹوں پر جمی ہوئی پان وغیرہ کی سُرخی - لاکھ کی مُہر -
لکھوکھا (ا/عدد) لاکھ کی جمع - لاکھوں -
لکھی (ہ) لاکھ کی حیثیت رکھنے والا - لکھ پتی - لاکھوں کا سوداگر -
لکھیرا (ہ/مث) لاکھ کا کام کرنے والا - لاکھ کی چیزیں بنانے والا -
لکھے موسیٰ پڑھے خدا (ا/مثل) ایسی تحریر کی نسبت بولتے ہیں جو کسی سے پڑھی نہ جائے -
لکھے نہ پڑھے نام محمد فاضل (ا/مثل) عالمانہ وضع رکھنے والے جاہل کی بابت بولتے ہیں - یعنی لکھنا پڑھنا خاک نہیں جانتے اور فاضل نام بتاتے ہیں -
لکیر (ہ/مث) ریکھا - خط - لائن - لیک - لار - قطار - سلسلہ - سطر - مجازاً پرانا دستور - قدیمی رسم - سانپ کے چلنے کا نشان -
لکیر پر چلنا (ہ) پرانی وضع و رسم کا پابند ہونا - قدیم طریق کے موافق چلنا -
لکیر پیٹنا (ہ) پرانی رسم پر چلنا - افسوس کرنا - ہاتھ ملنا -
لکیر پر فقیر ہونا } (ہ) پرانی رسم کا پابند ہونا - معشوق کے نشان
لکیر کا فقیر ہونا } پر عاشق ہونا - گرویدہ ہونا - جوگ لینا - قدیم دستور پر چلنا -
لکیر کھینچنا (ہ) رول کرنا - خط کھینچنا - نشان لگانا - حد مقرر کرنا - مٹانا - کاٹ دینا - قلم زن کردینا - قلم پھیرنا - توبہ کرنا - عہد کرنا - کان پکڑنا -

ل - گ

لگ (ہ) پاس - قریب - تک - تلک -
لگ بھگ (ہ) قریب قریب - پاس - نزدیک - ملتا جلتا - مشابہ -
لگا (ہ/مذ) لگن - محبت - پیار - عشق - پریت - دوستی - لگاؤ - علاقہ - تعلق - نسبت - مناسبت - برابری - ہمسری - نظیر - ثانی - لمبی چھڑ - ناؤ کا ڈانڈ - چپو - کشتی کھینے کا لمبا بانس - ڈھنگ ڈول -
لگا سگا (ہ/مذ) (دونوں مرادف ہیں) میل جول - محبت - علاقہ - رابطہ - واقفیت - ڈھب - ڈھنگ - موقع -
لگا کھانا (ہ) برابری کرنا - ہمسری کرنا - مقابلہ کرنا - جوڑ ہونا - ٹکے کا ہونا - ہمسر ہونا - مقابل ہونا - برابر ہونا -
لگا نہ ہونا (ا/محاورہ) کچھ مناسبت نہ ہونا -
لگا (ہ) ملا ہوا - ساتھ - ہمراہ - سنگ - پیوستہ - چسپاں - گلا سڑا - داغیلا - داغ دار - جلا ہوا - داغ لگا ہوا -
لگا بندھا (ہ/مذ) فرمانبردار - مطیع - بنجوٹا - قدیمی - آشنا - یار - وابستہ - متعلق - قیدی - گرفتار - پابند - اسیر -
لگاتار (ہ) متواتر - پے در پے - مسلسل - نابڑ توڑ - پاس - متصل -
لگا تو تیر نہیں تو تُکا (ا/مثل) کام بن گیا تو بہتر نہیں تو خیر -
لگا چلنا (ہ) ساتھ ساتھ چلنا - ہمراہ رہنا -
لگا دینا (ہ) بستر کردینا - مل دینا - مالش کردینا - شامل کردینا - بہکانا - ابھار دینا - داؤ پر رکھ دینا - بیچ دینا - سجا دینا - چن دینا - ترتیب سے رکھنا - مقرر کرنا - ڈیرہ خیمہ نصب کرنا - گاڑنا - الزام دھرنا - تہمت دھرنا -
لگا رکھنا - یا - لگائے رکھنا (ہ) بچا رکھنا - اٹھا رکھنا - موقع کے لیے رکھ چھوڑنا - مشغول رکھنا - مصروف رکھنا - پاس سے جدا نہ ہونے دینا - امیدوار رکھنا -
لگا رہنا (ہ) ساتھ رہنا - چمٹا رہنا - تاک میں رہنا - جاری رہنا - مصروف رہنا - جما رہنا - مستقل رہنا -
لگا کر لے آنا } (ہ) بھگا کر لے آنا - ورغلا کر لے آنا - ساتھ
لگا لانا } لے آنا - دم دلاسا دے کر لے آنا - پھسلا کر لے آنا -
لگا لپا رہنا (ا/محاورہ) کسی کام میں بہت مشغول ہونا -
لگا لگایا (ہ) بنا بنایا - صرف شدہ - خرچ ہوا ہوا - لگا بندھا - درست شدہ - آراستہ -
لگا لینا (ہ) ساتھ کرلینا - یار بنا لینا - اپنے ڈھب کا بنا لینا - مشغول کرلینا - شروع کرلینا -
لگا مارنا (ہ) عیب دھرنا - تہمت دینا - بدنام کرنا - الزام دینا -

لگا ہوا (ہ) ملا ہوا - پاس - قریب - مشغول - جُٹا ہوا - سدھا ہوا - ہلا ہوا - خوگر - عادی -
لگام (ف/مذ) باگ - عنان - گھوڑے کو قابو میں رکھنے کے لیے لوہے کا بنا ہوا منہ میں دینے کا آلہ - گھوڑے کے منہ کا دہانہ -
لگام اُتارنا (ار/محاورہ) گھوڑے کے منہ سے لگام اُتار لینا -
لگام چڑھانا (ا) گھوڑے کے منہ میں دہانہ چڑھانا - روکنا - تھامنا - قابو کرنا - چُپ کرنا - بند کرنا -
لگام چھُوٹنا (ار/محاورہ) آزادی ہونا -
لگام لیے پھرنا (ا) کسی کو پکڑنے کے لیے ڈوری لیے پھرنا - پیچھے پیچھے پھرنا - ڈھونڈتے پھرنا -
لگان (ہ/مذ) سرکاری محصول - زمین کا معاملہ - خراج - باج - کر -
لگانا (ہ) جوڑنا - پیوستہ کرنا - وصل کرنا - پاس کرنا - منتھی کرنا - شامل کرنا - ساتھ جوڑنا - بیچنا - بونا - کشت کرنا - ٹانکنا - سینا - مارنا - ضرب کرنا - مشغول رکھنا - مصروف رکھنا - سدھانا - ہلانا - اُکسانا - اُبھارنا - چُغلی کھانا - سجانا - ترتیب وار رکھنا - داؤ پر رکھنا - مول تجویز کرنا - قیمت لینا - محسوب کرنا - مقرر کرنا - تہمت دھرنا - عیب لگانا -
لگانا بجھانا (ہ) لڑائی کرا کے ثالث بننا - غیبت اور بدگوئی کرانا - لڑائی کرانا -
لگانے میں آنا (ار/محاورہ) لگائی بجھائی کا اثر لینا - بہکانے میں آنا -
لگانے والا (ار/صف) چغل خور - غیبت کرنے والا -
لگاؤ (ہ/مذ) نسبت - تعلق - علاقہ - دخل - پہنچ - رسائی - رشتہ - ناطہ - یگانگت - آمیزش - لاگ - شراکت - شرکت - ایما - اِشارہ - میلانِ طبع - رجحان - جوڑ - ہمسری - مناسبت - میل ملاپ - راہ و رسم - محبت - پیار -
لگاوٹ (ہ/مث) لگاؤ - تعلق - علاقہ - میلان - رُجحان - دوستی - یارانہ - آشنائی - ناز - نخرہ - میل ملاپ - سازش -
لگاوٹ باز (ار/صف) لگاوٹ کرنے میں مشّاق -
لگائی (ہ/مث) لوگ کی مؤنث - عورت - اِستری - زن - بیوی - زوجہ - اہلیہ - رنڈی - بیسوا - کسبی -
لگائی بجھائی / لگائی لُتری } (ہ/مث) چُغلی - چُغل خوری - غمازی - ایک کی بُرائی دوسرے سے کہنا - تہمت - بہتان - اِلزام - بدگوئی -
لگتی (ہ/مث) چُبھتی - کھُبتی - کاٹ کرنے والی - زخم ڈالنے والی - ملتی جلتی - مشابہ - ہم شکل - اثر کرنے والی - مؤثر - بھانے والی -
لگتے ہاتھ (ہ) ہاتھ کے ساتھ - کسی کام کے ساتھ -
لگ جانا (ہ) رجوع ہو جانا - شروع ہو جانا - اثر کر جانا - کھٹک جانا - چُبھ جانا - مائل ہو جانا -

لگدی (ہ/مث) کسی گیلی پسی ہوئی چیز کی گولی یا ٹکیا -
لگڑ (ہ/مث) ایک قسم کا باز - ایک قسم کا شکرا -
لگمات - یا - لگماتر - یا - لگماترا (ہ) مث و مذ مؤنث مذکر - حرکاتِ ثلاثہ یعنی زیر - زبر - پیش - یار - آشنا - لگو -
لگن (ف/مذ) پرات - طاس - طشت - ٹب - اگردان - مجمر - شمع دان -
لگن (ہ/مث) نسبت - تعلق - خیال - چِت - دُھن - شوق - خواہش - عشق - محبت - پیار - (مذکر) وقت - سماں - مہورت - گھڑی - ساعت - شادی کا پیغام - شادی کی تاریخ - اور مقررہ وقت - سُورج کے برج حمل میں جانے کا وقت -
لگن دھرنا (ہ) بیاہ شادی کا دن مقرر کرنا -
لگن کُنڈلی (ہ/مث) جنم پتری - زائچہ -
لگن لگنا (ہ) محبت ہونا - پیار ہونا - پریت ہونا - لو لگنا - تصوّر بندھنا - خیال بندھنا -
لگنا (ہ) چپکنا - پیوستہ ہونا - ملنا - جڑنا - ٹانکا جانا - ٹنکنا - شامل ہونا - منتھی ہونا - جڑا ہوا ہونا - مرصع ہونا - بکنا - داؤ پر رکھنا - بازی پر لگانا - استعمال میں آنا - برتا جانا - خرچ ہونا - صرف ہونا - جمنا - قائم ہونا - اُگنا - پیدا ہونا - کنارے پر پہنچنا - تیز ہونا - دھار پر رکھا جانا - کھڑا ہونا - نصیب ہونا - کھُبنا - چبھنا - چوٹ آنا - ضرب پہنچنا - ذمّہ پڑنا - سر پڑنا - ٹکرانا - ٹکر کھانا - سجایا جانا - سیر ہونا - محسوس ہونا - مَس ہونا - جماع کرنا - ہم بستر ہونا - برابر ہونا - مقابل ہونا - ہضم ہونا - انگ لگنا - شروع ہونا - آغاز ہونا - جلنا - سُلگنا - مشتغل ہونا - باہم آشنائی ہونا - مؤثر ہونا - کارگر ہونا - اثر کرنا -
لگنت (ہ/مث) جماع - بھوگ - مجامعت -
لگنت بدیا (ہ/مث) کوک شاستر - ہندی علم طریق مجامعت -
لگنی (ا/مث) لگن کی تصغیر - چھوٹا لگن - آٹا گوندھنے کا چھوٹا سا برتن - پان رکھنے کی اندر سے گہری تھالی -
لگنی بیماری (ار/مث) وہ بیماری جو ایک شخص سے دُوسرے کو لگے - چھُوت کی بیماری -
لگو / لگوار } (ا) لگوار - آشنا - یار - دھگڑ -
لگو بندھو / لگوا } (ہ) آشنا - یار - دھگڑ - عورت کا دوست - مطلب کا یار - خود غرض - ابن الوقت -
لگی (ہ/مث) بنسی - بانس کی لمبی چھڑ - جس سے پھلیاں پکڑتے ہیں - کنکوا اُلجھانے کی بانس کی لمبی چھڑ - ناؤ کھینے کا لمبا بانس - کنکوے میں باندھنے کی لمبی دھجی - لیری -
لگی (ہ/مث) تمنا - کمال خواہش - آرزو - اِچھا - لگن - عشق

کی آگ - پریت - بھوک - گرسنگی - اشتہا - لاگ لپیٹ - پاس۔ خاطر - برقرار - قائم بنی ہوئی - سوزِ اُلفت - تپش - آگ - دل کی جلن -

لگی لگی (ا/ مث) آشنائی - خفیف میل جول -

لگی بجھنا (ف) تمنا پوری ہونا - پیٹ میں روٹی پڑنا - بھوک دبنا - غصّہ دُور ہونا -

لگی بُری ہوتی ہے / لگی بُری بلا ہے (ف/ محاورہ) عشق بڑی بلا ہے - اُلفت میں آدمی اندھا ہوتا ہے - محبت میں بھلا بُرا کچھ نہیں سُوجھتا -

لگی کو بجھانا (ف) آرزو پوری کرنا - عشق کی آگ کو دبانا - غصّہ فرو کرنا - جھگڑا فساد مٹانا - پیٹ میں ڈالنا - بھوک مٹانا - جلتی آگ کو فرو کرنا -

لگی کہنا (ف) خوشامد کی کہنا - طرف داری کی بات کرنا - موافق بات کہنا -

لگی لپٹی (ف) کسی کے موافق طرف داری کی - پاسداری کی -

لگی لپٹی رکھنا (ف) رعایت کرنا - طرف داری کرنا - صاف نہ کہنا - حق نہ کہنا - شک و شبہ میں رکھنا -

لگی میں اور لگا (ا/ محاورہ) مصیبت میں اور اضافہ کرنا -

لگی ہوئی بات (ا/ مث) منگنی - نسبت -

لگے (ف) پاس - قریب - نزدیک - ساتھ - ہمراہ - گیل -

لگے جانا (ف) ساتھ ساتھ جانا - پیچھے پڑے رہنا - چین نہ لینے دینا - پیچھے پیچھے چلا جانا -

لگے رہنا (ف) ساتھ رہنا - ہمراہ رہنا - پیچھے رہنا -

لگے لگے (ف) پاس پاس - پہلو بہ پہلو - قریب قریب - جلد جلد -

لگے ہاتھ - یا - لگے ہاتھوں (ف) ساتھ کے ساتھ اسی وقت - اسی سلسلہ میں -

لگے والے (ف) یار - دھگڑا - آشنا - عاشق - محبت والے - چاہنے والے -

ل - ل

لل انک (ا/ مذ) سُرخ چشم کبوتر -

لل پکا (ا/ مذ) ایک قسم کا کبوتر جس کی پلکیں سُرخ ہوتی ہیں -

لل پوٹا (ا/ مذ) وہ کبوتر جس کا پوٹا سُرخ ہوتا ہے -

للا (ا/ مذ) بالک - لڑکا - بچہ - لاڈلا - پیارا - ننھا - کمسن - نادان - کم عمر - احمق - بے وقوف - گاؤدی - بیٹا - پوت - کرشن جی کا لقب -

للچانا (ف) لالچ کرنا - لوبھ کرنا - طمع کرنا - آرزو کرنا - مائل ہونا - رال ٹپکانا - طمع دینا - ترغیب دینا -

للچاہٹ (ا/ مث) لالچ - طمع - خواہش -

للک (ا/ مث) اُمنگ - جوش - شوق - ولولہ - لوبھ - لالچ - طمع - حرص - خیال - لَو - دُھن - لہر - موج - ترنگ -

للکار (ا/ مث) ہانک - پکار - سخت آواز - شکار کو اُٹھانے یا مدد کے لیے پکارنے کی آواز - دھمکی - جھڑکی - بارُعب آواز - ڈراؤنی آواز -

للکارنا (ف) نعرہ لگانا - زور کی آواز سے پکارنا - ہانک لگانا - دھمکی دینا - دھمکانا - شکار کو ہوشیار کرنا - شیر کو جگانا - کڑک کر بولنا -

للکی (ف) لہری - موجی - شوقین - لالچی - حریص - ضدی -

للّو (ا/ مث) زبان - جیب - توتو - لسان - بولی - گفتگو - بول چال - چٹورپن - چاٹ - زبان کا چسکا -

للّو پتّو (ا/ مث) خوشامد درآمد - زبانی عزت - چاپلوسی - چکنی چپڑی باتیں - سخن سازی - میٹھی باتیں -

للّو پتّو کرنا (ف) زبانی عزت کرنا - مجازاً - سخن سازی کرنا - خوشامد درآمد کرنا -

للّو میں سانپ ڈسے (ف) بددعائیہ فقرہ ہے - جھوٹے یا بدزبان بدگو کے حق میں بولتے ہیں - یعنی ایسا جھوٹ ملانے والے کی زبان پر سانپ کاٹے -

للّو نہ رہنا (ف) بولے بغیر نہ رہنا - بولے ہی جانا - خاموش نہ ہونا -

لِلّٰہ (ع) خدا کے نام پر - خدا کے لیے - خیر خیرات - برائے خدا - خدا کے واسطے - انکسار کا کلمہ بھی ہے -

لِلّٰہِ الحمد (ع) سب تعریف خدا کے لائق ہے - خدا کا شکر ہے -

لِلّٰہِ الحمد والمنّۃ (ع) خدا کا شکر و احسان ہے - ہر طرح خدا کا احسان ہے -

للی (ا/ مث) لڑکی - چھوکری - دُختر - نامرد - ہیز - ہیجڑا - زنخہ -

ل - م

لِمَ (ع) کس واسطے -

لم (ف) لمبا کا مخفف - لانبا - دراز - طویل -

لمبوترا (ف) بیضوی - کتابی چیز - بیچ میں سے موٹا اور کنارے سکڑے ہوئے -

لم پرا (ا/ صف) لمبے پروں والا -

لم تڑنگا (ف) لمبے قد والا - دراز قد - طویل القامت -

لمترا (ف) موٹا - فربہ -

لم ٹنگا - یا - لم ٹنگو (ف) لمبی لمبی اور بڑی بڑی ٹانگوں والا - لم ڈھینگ - کلنگ -

لم چونچا (ا/صف) وہ پرندہ جس کی چونچ لمبی ہو۔
لم چھڑ (ہ) لمبی چھڑ - لمبا بانس - مجازاً - لمبا - دراز قد - طویل القامت۔
لم ڈھینگ (ہ/مذ) ایک لمبے قد کی آبی بطخ کا نام ہے - لم ٹنگو۔
لم ڈور (ا/صف) لمبی ڈور - شکار کی ڈور۔
لم گردنا (ا/صف) لمبی گردن والا۔
لم کنا (ہ) لمبے لمبے کانوں والا - خرگوش - سسا۔
لم یزلی (ع) لازوال - ہمیشہ رہنے والا - غیر فانی - خدا تعالیٰ کی ذات۔
لم دھرنا - یا - لگانا - یا - رکھنا (ہ) درش لگانا - تہمت لگانا - الزام سر دھرنا - عیب لگانا۔
لمبا (ہ) دراز - طویل - اونچا - بلند - دراز قد - طویل القامت - کثیر - بہت زیادہ - وافر - احمق - بے وقوف - نادان۔
لمبا بننا (ہ) رفوچکر ہونا - بھاگ جانا - ہوا کھانا - جانا۔
لمبا چوڑا (ہ) فراخ - کشادہ - کھلا ہوا - وسیع و فراخ - طویل و عریض۔
لمبا سفر کرنا (ا) دُور دراز سفر کرنا - دنیا سے کوچ کرنا۔
لمبا کرنا (ہ) طول میں بڑھانا - دراز کرنا - رخصت کرنا - روانہ کرنا - مار ڈالنا۔
لمبا ہونا (ہ) دراز ہونا - طویل ہونا - چل دینا - سدھارنا - مرنا - رخصت ہونا۔
لمبان (ہ/مث) لمبائی - طوالت - درازی۔
لمباؤ (ہ/مذ) بڑائی - لمبائی - طوالت - درازی۔
لمبائی (ہ/مث) طوالت - درازی - لمبان - بلندی - ارتفاع۔
لمبائی چوڑائی } (ہ/مث) عرض و طول -
لمبان چوڑان } جسامت - قد و قامت۔
لمبر (ا/مذ) صحیح نمبر - عدد - رقم - ہندسہ - آنک - وار - باری - نوبت - مرتبہ - درجہ - عہدہ - منصب - شمار - تعداد - گنتی - علامت - نشان۔
لمبردار (ا/مذ) گاؤں کا چودھری - مقدم - سرکاری لگان وصول کرنے اور داخل خزانہ سرکار کرنے والا - زمیندار - نمبردار۔
لمبر سے خارج ہونا (ا) داخل دفتر ہونا - نام کٹنا - فہرست سے خارج ہونا۔
لمبر قائم رہنا (ا) پہلی مسل پر ہی کارروائی ہونا - پہلی ہی مسل قائم رہنا۔
لمبروار (ا) ترتیب وار - درجہ وار - درجہ بدرجہ - سلسلہ وار - باری باری۔
لمبری دعویٰ - یا - نالش (ا) اول مذکر - دوم مؤنث - عام دعویٰ - عام نالش - شروع مقدمہ میں - سلسلہ وار نالش۔
لمبا (ہ) لمبا - طویل - دراز قد۔
لمبوترا (ا/صف) بہت لانبا - ایسا لانبا جو بدنما ہو۔

لمبی (ہ) لمبا کی تانیث - دراز - طویل - بلند - اونچی - بڑی - گھوڑے کا لمبا قدم - شہ گام۔
لمبی تاننا (ہ) بے خبر ہو کر دیر تک سونا - بے فکری سے سو جانا - سو رہنا - مدت تک اپنے ملک سے دور رہنا - دور کا سفر کرنا - مر جانا - دنیا سے سفر کرنا۔
لمبی چوڑی ہانکنا (ہ) بڑی داستان سنانا - شیخی بگھارنا - ڈینگ مارنا۔
لمبے سانس بھرنا } (ہ) بڑے بڑے سانس لینا - آہ سرد بھرنا -
لمبے لمبے سانس بھرنا } ٹھنڈی سانس لینا - دم توڑنا - کمال افسوس کرنا - بہت تاسف کرنا۔
لمحہ (ع/مذ) بجلی کی چمک - کوند - پلک جھپکنے کا وقفہ - مجازاً بہت تھوڑا سا وقت - پل - سیکنڈ - دقیقہ - ثانیہ۔
لمحے لمحے میں (ا/ا متعلق فعل) ہر گھڑی۔
لمحہ بھر (ا) ذرا سی دیر - ایک نظر - پل - چھن - ٹک۔
لمس (ع/مذ) چھونا - ہاتھ لگانا - مس کرنا - چھو کر معلوم کرنے کی قوت - قوت لامسہ۔
لمعان (ع/صف) چمکنے والا - چمکیلا۔
لمعہ (ع) وہ حصہ عضو جو وضو میں خشک رہ جائے۔
لمعہ (ع/مذ) چمک - روشنی - چمکار - نور - شعاع - کرن۔
لمکنا (ہ) لپک کر جانا - دوڑنا - جھپٹنا۔

ل - ن

لنبک (ف) نام ایک سقہ کا جو بڑا مہمان نواز تھا۔
لنبا (ہ) دیکھو (لمبا)
لنبان } (ہ/مث) دیکھو (لمبان)
لنباؤ } (ہ/مذ) دیکھو (لمباؤ)
لنبائی } (ہ/مث) دیکھو (لمبائی)
لن ترانی (ع/مث) لغوی معنی تو مجھے ہرگز نہیں دیکھ سکے گا۔ مجازی معنی خودستائی - شیخی یا ڈھینگ - تعلی - انانیت - بڑائی۔
لن ترانی کرنا - یا - مارنا } (ا) شیخی بگھارنا - ڈھینگ مارنا -
لن ترانی کی لینا } اترانا۔
لن ترانیاں (ا/مث) لن ترانی کی جمع - شیخیاں - تعلیاں۔
لنج - یا - لنجا (اول فارسی دوم اردو) ہاتھ پاؤں سے ناچار - لنگڑا - لولا۔
لنڈے پھندے (ا/مذ) مکر و فریب - دھوکے - دغا - فند - فریب۔
لنڈا بازار (ا/مذ) مجردوں کا بازار - لاہور کے ایک بازار کا نام۔
لنڈن - دریائے ٹیمز کے کنارے برطانیہ کا دارالحکومت ہے - محلات - عجائب گھر - یونیورسٹی - چڑیا گھر - سینٹ پال کا

گرجا۔ پارلیمنٹ ہاؤس قابل دید عمارات ہیں۔ آبادی تقریباً پون کروڑ ہے۔ یہ شہر اوّل درجہ کے شہروں میں سے ہے۔ بحری سامان کا گودام بھی ہے اور صنعت و حرفت کے کارخانے بھی۔

لُنڈ (ہ) بے سرا دھڑا۔ سر کٹا تن۔ بن سرا تڑا پتا ہوا جسم کٹا ہوا بن پتوں اور شاخوں کا درخت۔ سوکھا ٹھنٹھ۔

لنڈن ڈری۔ اناج کی بندرگاہ ہے۔

لُنڈ مُنڈ (ہ) چار ابرو کے صفائے والا۔ سر ڈاڑھی مونچھیں منڈی والا۔ بے تعلق۔ بے سروپا آدمی۔ بن پتوں اور شاخوں کا درخت۔ مُفلس۔ قلاش۔

لُنڈا (ہ) دُم کٹا۔ لنڈورا۔ ابتر۔ بے کس۔ بے یار و مددگار۔ نگوڑا ناٹھا۔ چھوٹے اور اونچے دامنوں کا انگرکھا۔ گھاس یا مونجھ کا مٹھا۔ جُونا۔

لنڈُورا (ہ) لُنڈا۔ بے کس۔ بے یار و آشنا۔ بن دُم کا۔ بن دُم کا پرندہ۔ مجازاً گنجا۔

لنڈوری (ہ) لنڈورا کی تانیث۔

لنڈوری ناختہ (ا/مث) بے کس عورت۔ نگوڑی ناٹھی۔ وہ عورت جس کا درد شریک وہوا خواہ کوئی نہ ہو۔ مجازاً گنجی۔

لُنڈھانا (ہ) اُنڈھانا۔ بہانا۔ انڈیلنا۔ کسی پتلی اور رقیق شے کو ایک برتن سے زمین پر گرانا۔ پچھاڑنا۔

لُنڈھنا (ہ) لڑھکنا۔ بہنا۔ غلطاں ہونا۔ مرنا۔ بچھڑنا۔

لُنک (ہ/مذ) تودہ۔ ڈھیر۔ انبوہ۔ انبار۔

لنک لگنا (ہ) تودہ لگنا۔ انبار لگنا۔ ڈھیر لگنا۔ ذخیرہ جمع ہو جانا۔

لنکا (س/مث) جزیرہ سراندیپ۔ راون کی راجدھانی۔ راون کا دارالحکومت اور اس کا قلعہ جو جزیرہ سیلون میں تھا۔ راون کا ٹاپو۔ قحبہ عورت۔ چلتّر باز۔ چالاک۔ عیّار۔ شریر۔ شوخ چشم۔ فتنہ انگیز۔

لنکا میں جو ہے سو باون ہی گز کا (ہ/مثل) جہاں سب آدمی فسادی۔ شریر۔ شیخی خورے ہوں وہاں یہ مثل بولتے ہیں۔

لُنکارا (ہ/مث) مکّار عورت۔ عیار عورت۔

لَنگ (ف) لنگڑا۔ لُولا۔ اپاہج۔ عیب دار۔ لنگڑا پن جیسے گھوڑا لنگ کرتا ہے۔

لنگ کرنا (ف) لنگڑانا۔ پورا پاؤں ٹیک کر نہ چل سکنا۔

لِنگ (س/مذ) عضوِ تناسل۔ جنس۔ صنف۔ قسم جیسے استری لنگ یعنی از قسم مؤنث۔

لُنگاڑا (ہ) ڈھیٹ۔ بے شرم۔ بے حیا۔ لُچّا۔ شہدا۔ گنڈا۔ فسادی۔ دنگئی۔

لنگاڑاپن (ہ/مذ) دنگئی پنا۔ بے شرمی۔ فساد۔ بے حیائی۔ ڈھٹائی۔ شرارت۔

لنگر (ف/مذ) برائے نسبتی از لنگ بمعنی استادن۔ مجازاً جہاز کا ٹھہرنا۔ قافلے کا قیام۔ بھاری لوہا یا پتھر جو جہاز یا کشتی کے ٹھہرانے کے لیے ہوتا ہے۔ وقار۔ بھاری بھرکم۔ ہر روز کھانا بٹنے کی جگہ۔ خیرات خانہ۔ خیرات۔ فقیروں مسکینوں کو بانٹنے کا کھانا۔ محافظ۔ نگہبان۔ مددگار۔ امیروں کا باورچی خانہ۔ پہلوانوں کا لنگوٹ۔ خیمہ کھڑا کرنے کا موٹا رسّہ۔ دھڑ کے نیچے کا حصّہ۔ کُولا۔ چوتڑ۔ بوجھ۔ بھار۔ وزن۔ کلاک کا لٹکن۔ پنڈولم۔

لنگر اُٹھانا (ف) جہاز روانہ کرنا۔ کشتی یا جہاز کا رسّہ کھول کر آگے چلنا۔

لنگر باندھنا (ف) پہلوانوں کا لنگوٹ کسنا۔ مستعد ہونا۔ تیار ہونا۔ جماع اور صحبت سے پرہیز کرنا۔ تجرد اختیار کرنے پر کمربستہ ہونا۔

لنگر بٹنا (ف) روزانہ کھانا تقسیم ہونا۔ سدا برت بٹنا۔

لنگر پر ہونا (ف/محاورہ) جہاز کا لنگر ڈالے ہونا۔

لنگر توڑنا (ف/محاورہ) قوی کو مغلوب کرنا۔

لنگر جاری کرنا (ف) سدا برت کھولنا۔ خیرات تقسیم کرنا۔

لنگر خانہ (ف/مذ) خیرات خانہ۔ باورچی خانہ۔ رسوئی۔ فقرا کو کھانا روزانہ تقسیم ہونے کی جگہ۔

لنگر ڈالنا (ہ) جہاز یا کشتی ٹھہرانا۔ قیام کرنا۔ ٹھہرانا۔

لنگر گاہ (ف/مذ) جہازوں کے ٹھہرنے کی جگہ۔ بندرگاہ۔

لنگر سنبھالنا (ف/محاورہ) بوجھ برداشت کرنا۔

لنگر کا بوجھ (ف/مذ) بہت وزنی۔

لنگر لنگوٹا (ف/مذ) پہلوانوں کا لنگوٹ۔ کاچھا۔

لنگر لنگوٹا باندھنا۔ یا۔ کسنا (ف) پہلوانوں کا کشتی لڑنے کو تیار ہونا۔

لنگر لنگوٹا دینا۔ یا۔ آگے رکھنا (ف) کسی پہلوان کا شاگرد ہونا۔ پہلوان کا کشتی کے فن میں شاگرد ہونا۔

لنگری (ف/مذ) مسکینوں اور محتاجوں کو لنگر خانے میں کھانا تقسیم کرنے والا۔ ایک خاص قسم کا طشت۔ پان رکھنے کی چھوٹی سی گہری تھالی۔ لگنی۔

لنگڑا (ف) ایک پاؤں سے معذور۔ اپاہج۔ پا شکستہ۔ بنارس کے ایک مشہور اور نہایت لذیذ آم کی قسم۔

لنگڑی (ہ) لنگڑا کی تانیث۔

لنگڑی کٹو آسمان پر گھونسلا (ف/مثل) اپنی طاقت اور استعداد سے بڑھ کر کام کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔ لنگڑی گلہری ہمیشہ اونچی جگہ گھونسلا بناتی ہے۔

لنگوٹ (ف/مذ) کاچھا۔ کچھنی۔ کوپین۔ فقیروں یا پہلوانوں کے باندھنے کا ذرا سے عرض والا کپڑا۔

لنگوٹ بند (ف) لنگوٹ باندھے رہنے والا۔ جتی۔ مجرد۔

لنگوٹ کا سچا (ف) جتی ستی۔ مجرد۔ پرہیزگار۔ پارسا۔

لنگوٹا (ف/مذ) کاچھا۔ کچھنی۔ کوپین۔ تہبند۔

لنگوٹی (ا/مث) لنگوٹا کی تصغیر۔

لنگوٹی باندھے پھرنا (ل) نہایت ناداری کی وجہ سے ننگا پھرنا۔ بچپن میں پھرنا۔

لنگوٹی بندھوا دینا (ل) لوٹ کھسوٹ کر ننگا کر دینا۔ قلاش بنا دینا۔ سب کچھ لوٹ لینا۔

لنگوٹی کھلنا (ل) پردے کی دیوار گرنا۔

لنگوٹی میں پھاگ کھیلنا (ل) مفلسی میں مزے اڑانا۔ غریبی میں شوقینی کرنا۔

لنگوٹی میں مست (ا/صف) افلاس میں خوش۔ بے فکرا۔

لنگوٹے کا ڈھیلا (ا/صف) عیاش۔ زانی۔

لنگوٹیا (ل) لنگوٹ بند۔ ساتھ کا کھیلا۔ بچپن کا یار۔ پرانا دوست۔

لنگوٹیا یار (ا/مذ) بچپنے سے یار۔ برابر کا پرانا یار۔ وہ شخص جس سے بچپن ہی میں یارانہ ہو۔

لنگور (ہ/مذ) ایک قسم کا کالے منہ اور لمبی دم والا بندر۔

لنگھن (س/مذ) عبور۔ پار اترنا۔ فاقہ۔

لنگھنا (ہ) پار ہونا۔ عبور کرنا۔ الانگھنا۔ پھلانگ جانا۔

لُنگی (ا/مث) دھوتی۔ تہبند۔ تہمت۔ لنگ۔ سر سے باندھنے کی رنگین یا دھاری دار پگڑی۔

لُنیا (ہ/مذ) ایک قوم جس کا پیشہ کنواں کھودنا ہے اور دیوار بنانا ہے۔

لُنیاں پُنیاں ہو کے دوڑنا (ہ) خوشی میں بے تابانہ دوڑ کر جانا۔

لن لنھ گو۔ سکاٹ لینڈ کا قصبہ ہے۔

ل - و

لو (ہ) سنبھالو۔ پکڑو۔ وصول کرو۔ قابو کرو۔ جیسے پیسے لو۔ اور چیز دے دو۔ اپنی طرف مخاطب کرنے کی غرض سے جیسے نہ ہو۔ دیکھو خیال کرو۔ جیسے لو اور نئی سوجھی۔ کلام کو خوبصورت بنانے کا کلمہ۔ جیسے لو آؤ چلو۔ کسی بات کو دعوے سے کہنے کا کلمہ۔

لُو (ہ/مث) موسم گرما کی نہایت گرم ہوا۔ بادِ گرم۔ سموم۔

لُو چلنا (ہ) گرم ہوا کا چلنا۔ بادِ سموم کا چلنا۔

لَو (ہ/مث) لپٹ۔ شعلہ۔ آگ کی لاٹ۔ بھبوکا۔ دل کا لگاؤ۔ توجہ۔ خیال۔ سُدھ۔ امید۔ آرزو۔ شوق محبت۔ چینک۔ کان کے نیچے کی طرف کی نوک۔ نرمہ گوش۔ یک طرفی۔ یک سوئی۔ یکجہتی۔

لَو اُٹھنا (ہ) لاٹ نکلنا۔ شعلہ بلند ہونا۔ بھبھک کا نکلنا۔

لو لگانا (ہ) رجوع ہونا۔ دھیان لگانا۔ توجہ دینا۔ خیال باندھنا۔ دل لگانا۔ عاشق ہونا۔ خواہش کرنا۔ آرزو مند ہونا۔

لَو لگنا (ہ) خواہش ہونا۔ اشتیاق ہونا۔ شوق ہونا۔ خدا کی عبادت یا ذکر میں مصروف و مشغول رہنا۔ توجہ ہونا۔ تصوّر بندھنا۔ دھیان جمنا۔ امید بندھنا۔ آس بندھنا۔ جلن ہونا۔ آگ لگنا۔ دیر تک ذکر کیے جانا۔ بار بار نام لینا۔

لِوا (ع/مذ) جھنڈا۔ علم۔ نیزہ۔ فوج کا نشان۔

لَواحق (ع/مذ) لاحق کی جمع۔ ساتھ لگے ہوئے متعلقین۔ رشتہ دار۔ یگانے۔ بھائی بند۔ نوکر چاکر۔

لواحقین (ع/مذ) لاحق کی جمع الجمع۔ بہت سے رشتہ دار۔ بہت سے بھائی بند۔ نوکر چاکر۔

لِوارا (ہ/مذ) بچھڑا۔ گائے کا بچہ۔ گوسالہ۔

لَوازم (ع/مذ) لازم کی جمع۔ ضروری اشیاء۔ اسباب۔ سروسامان۔

لوازمات (ع/مذ) لازم کی جمع الجمع۔ سامان۔ اسباب۔

لوازمہ (ع/مذ) لازم کی جمع۔ ضروری چیزیں۔

لواطت (ع/مث) لڑکوں کے ساتھ فعل بد کرنا۔ اِغلام۔

لوا لے جانا (ہ) ساتھ لے جانا۔ اٹھوا لے جانا۔ ہمراہ لے جانا۔

لوّامہ (ع/اسم مبالغہ) سخت ملامت کرنے والا۔

لوانا (ہ) اٹھوانا۔ خرید کروانا۔ مول لے دینا۔

لوبان (ع/مذ) ایک درخت کا خوشبودار گوند جو آگ پر رکھنے سے خوشبو دیتا ہے۔

لوبھ (س/مذ) لالچ۔ طمع۔ حرص۔ پرائے مال کی خواہش۔ تمنا۔ بھوکا۔

لوبھ کرنا (ل) حرص کرنا۔ لالچ کرنا۔ طمع کرنا۔

لوبھی (ہ) لوبھ والا۔ لالچی۔ حریص۔ طامع۔ بخیل۔ کنجوس۔ شوم۔ مشتاق۔ خواہاں۔ کسی بات کا بھوکا۔

لوبیا (ع/مذ) اس کی قسم کے ایک سفید رنگ غلہ کا نام ہے۔ جس کی کچی پھلیوں کی ترکاری اور دانوں کی گھنگنیاں ابالتے ہیں۔

لوپنا (ا/مص) بہلانا۔

لُوت (ف) ننگا۔

لوتھ (ہ/مث) لاش۔ نعش۔ مردہ جسم۔ تن بے جان۔

لوتھ پڑنا (ہ) مردہ ہو کر گرنا۔ لاش پڑنا۔

لوتھ پوتھ (ہ) تھک کر چور ہونا۔ شل نعش۔ شل مردہ۔

لوتھ ڈالنا (ہ) مار مار کر گرا دینا۔ مردہ کر دینا۔ جان نکال لینا۔ لاش ڈال دینا۔

لُوتھڑا (ہ/مذ) گوشت کا بڑا ٹکڑا جس میں ہڈی نہ ہو۔ مضغہ۔ پارچہ۔

لوٹ پوٹ (ہ) لڑھکتا پڑتا۔ لوٹنیاں کھاتا ہوا۔ عاشق۔ مفتون۔ پوٹ تابع مہمل ہے۔ بے قرار۔ بے چین۔ مضطرب۔ اوپر تلے۔ الٹ پلٹ۔

لوٹ پوٹ ہونا۔ یا۔ ہو جانا (ہ) تڑپ جانا۔ پھڑک جانا۔ بے قرار ہونا۔ بے چین ہونا۔ فریفتہ ہو جانا۔ عاشق ہونا۔

پھڑک کر دم نکل جانا۔ تڑپ کر دفعتاً مرجانا۔ پھٹکانہ کھانا۔

لوٹ جانا۔ لوٹ ہوجانا۔ لوٹ ہونا (ہ) زمین پر تڑپنے لگنا۔ تڑکنیاں کھانے لگنا۔ مرجانا۔ پھڑک جانا۔ مفتون ہونا۔ عاشق ہونا۔ تڑپ جانا۔ بے چین ہونا۔ بے قرار ہونا۔ پھر جانا۔ برگشتہ ہونا۔ مکر جانا۔ انکار کرنا۔ ٹلیانا۔ ریجھنا۔ بہت پسند کرنا۔ از حد خوش ہونا۔ تصدق ہونا۔ واری جانا۔ قربان ہونا۔

لوٹ لگانا } (ہ) لڑکنا پڑنا۔ لوٹنا پوٹنا۔ سونا۔ سو رہنا۔ لیٹنا۔
لوٹ مارنا } اینڈنا۔ دراز ہونا۔

لُوٹ (ہ/مث) چھینا جھپٹی۔ غارت۔ غنیمت۔ تاراج۔ ظلم۔ اندھیر۔

لُوٹ ڈالنا (ا/محاورہ) زبردستی کرنا۔ غارت گری کرنا۔

لُوٹ پڑنا (ہ) لٹنا۔ غارت گری ہونا۔ اندھیر مچنا۔ ظلم ہونا۔

لوٹ کا مال (ہ/مذ) غنیمت کا مال۔ یغما۔ چوری کا مال۔ مفت کا مال۔

لُوٹ کھانا (ا/محاورہ) کسی کا مال ہضم کر جانا۔

لُوٹ کھسوٹ۔ یا۔ لُوٹ مار (ہ/مث) رہزنی۔ قزاقی۔ ڈاکہ۔ غارت گری۔

لُوٹ لینا (ہ) چھین لینا۔ ہتھیا لینا۔ عاشق کرنا۔ فریفتہ کر لینا۔ موہ لینا۔ مال مار لینا۔ چوری کر لینا۔ ڈاکہ مار لینا۔

لُوٹ مچانا۔ یا۔ ڈالنا (ہ) چھین جھپٹ کرنا۔ لوٹنا مارنا۔ زبردستی کرنا۔

لُوٹ پر کمر باندھنا (ا/محاورہ) لُوٹ مار کا پیشہ اختیار کرنا۔

لُوٹ پر گرنا (ا/محاورہ) مالِ غنیمت پر گرنا۔

لُوٹ کا مال (ا/مذ) مالِ غنیمت۔ چوری کا مال۔

لُوٹ میں چرخہ بھی غنیمت ہے } (ہ) (ہ/ضرب المثل) مفت کی ادنیٰ سے
لُوٹ کے مُوسل بھی بھلے } ادنیٰ چیز بھی اچھی ہے۔ بن پیسوں کے جو چیز بھی مل جائے بہتر ہی ہے۔

لوٹا (ہ/مذ) ایک طرح کا ٹونٹی دار برتن۔ آفتابہ۔ بڑی لُٹیا۔

لوٹا اُٹھانا۔ یا۔ رکھنا (ہ) نہایت ادنیٰ درجہ کی نوکری کرنا۔ پاخانے میں لوٹا رکھنے کی ملازمت کرنا۔

لوٹا کھسوٹا (ہ) وہ آدمی جس کا مال لُوٹ لیا ہو۔ لُٹا ہوا۔ غارت زدہ۔

لوٹا لُوٹ (ہ/مث) لُوٹ مار۔ غارت گری۔ قزاقی۔ رہزنی۔ ظلم۔ اندھیر۔

لوٹا لوٹا پھرنا (ہ) بے حد تڑپنا۔ کسی درد یا صدمے سے بہت ہی تڑپنا۔ بے تابانہ پھرنا۔ نہایت بے چین اور بے قرار پھرنا۔

لَوٹانا (ہ) پھیرنا۔ واپس کرنا۔ نیچے کا کپڑا اُوپر اور اُوپر کا نیچے کرنا۔ اُوپر تلے کرنا۔

لُوٹ پوٹ (ہ/مث) ساتھ کے ساتھ دو طرفہ چھپائی۔ دو رُخی طباعت۔

لوٹتا پھرنا (ہ) نہایت تڑپنا۔ بے حد مضطرب ہونا۔ بے چین پھرنا۔ بے قرار رہنا۔

لوٹم لوٹ۔ یا۔ لُوٹم لُوٹ (ہ/مث) زبردستی کی چوری۔ اندھیر کھاتا۔ کمال بد انتظامی۔

لوٹن (ہ) لوٹنے والا۔ پچھاڑیں کھانے والا۔ تڑپنے والا۔ قلابازیاں کھانے والا۔

لَوٹنا (ہ) واپس ہونا۔ واپس پھرنا۔ ہٹنا۔ اُلٹنا۔ پلٹنا۔ کپڑے کا رُخ بدلنا۔ اندر کا کپڑا باہر اور باہر کا اندر کرنا۔

لوٹنا (ہ) لڑھکنا۔ تڑکنیاں کھانا۔ خاک مٹی میں لیٹنا۔ بچے کا ضد کرنا۔ مچلنا۔ مستی یا نشے میں زمین پر لڑھکا لڑھکا پھرنا۔ بے قرار ہونا۔ کسی درد یا صدمہ سے بے تاب رہنا۔ عاشق ہونا۔ شیدا ہونا۔ پاؤں پر گرنا پڑنا۔ مکر جانا۔ انکار کرنا۔ بہت ہی پسند کرنا۔ نہایت خوش ہونا۔ وجد اور حال میں آنا۔ رقص کرنا۔ واہ وا کرنا۔ کسی کے ہنر کا قائل ہونا۔

لوٹنا پوٹنا (ہ) جہاں چاہنا بے تکلف پڑ رہنا۔ سونا سلانا۔ لیٹنا۔ سو رہنا۔ پوٹنا تابع مہمل ہے۔

لُوٹنا (ہ) لُوٹ کھسوٹ کرنا۔ غارت گری کرنا۔ زبردستی چھیننا۔ عاشق بنانا۔ اپنا والہ و شیدا کر لینا۔ مزہ اُڑانا۔ تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ مال مارنا۔ غبن کرنا۔

لوٹنی (ہ/مث) پلٹی۔ قلابازی۔ لڑکنی۔ صاف جواب۔ بالکل انکار۔

لوٹنی لینا (ہ) صاف مکر جانا۔ بے ایمانی کرنا۔ چیز لے کر انکار کر دینا۔

لوٹنے کی جا ہے (ا/محاورہ) بڑا لُطف ہے۔ عجیب کیفیت ہے۔ قربان ہونے کا مقام ہے۔

لوٹنیاں کھانا (ہ) تڑپنا۔ پھڑکنا۔ بے قراری ہونا۔ پچھاڑیں کھانا۔ قلابازیاں کھانا۔ پلٹنیاں کھانا۔

لوٹنے کی جائے ہے } (ا/محاورہ) عجب لُطف ہے۔ نہایت
لوٹنے کی جا ہے } عجیب سیر و تماشا ہے۔ تڑپنے کی جگہ ہے۔ فدا ہونے کا مقام ہے۔ قربان ہونے کی جگہ ہے۔

لَوٹھا (ہ/مذ) موٹا۔ فربہ۔ سنڈا۔ سنڈ۔ مسٹنڈا۔ جوان آدمی۔ ہٹا کٹا۔

لوٹے ڈالنا (ہ) نہانا۔ غسل کرنا۔ نہا کر پاک ہونا۔

لوٹے میں نمک ڈالنا یا گھلانا } (ا) سخت قسم کھانا۔ قسمیہ عہد
لوٹے نوُن پانا۔ یا۔ ڈالنا } کرنا۔ یعنی عہد توڑنے والا۔ پانی میں نمک کی طرح گھل گھل کر مرے۔

لَوث (ع/مذ) ملاوٹ۔ ملاؤ۔ آمیزش۔ کھوٹ۔ آلودگی۔ مجازاً دھبہ۔ عیب۔ داغ۔ کلنک کا ٹیکا۔

لوث دینا (عف/مث) دنیا کی محبت۔

لوچ (ہ/مذ) لیس۔ چیپ۔ چپچپاہٹ۔ ملائمت۔ نرمی۔ لچک۔ حسن و خوبی (مؤنث) سر کے بالوں کو دراکھ لگا کر انگلیوں سے نوچنا۔

لوچ دار (ا) لیس دار۔ چیپ دار۔ چپچپا۔ نرم۔ ملائم۔ نازک۔ لچکدار۔

لوچ (پ/ہ) آٹے میں پانی ملا ملا کر مکیوں سے لس پیدا کرنا۔ مکی دے کر خوب گوندھنا۔

لوچن (س/مذ) آنکھ۔ دیدہ۔ نین۔ نیتر جیسے مرگ لوچن۔

لوح (ع/مث) پٹی۔ لکھنے کی تختی۔ پتھر یا لکڑی کی تختی۔

لوح پا (ع/ف/مث) وہ لکڑی کا ٹکڑا جس پر جولاہے کپڑا بُنتے وقت پاؤں رکھتے ہیں اور ہلاتے جاتے ہیں۔

لوح سادہ۔ یا۔ لوح پاک (ع/ف) کوری تختی۔ بن لکھی تختی۔ سادہ تختہ۔

لوح تربت (ع/ف/مث) قبر کے سرہانے کا پتھر جس پر مُردے کا نام وغیرہ لکھ کر لگا دیتے ہیں۔

لوحِ دل (ع/ف/مث) دل۔

لوحِ تعلیم۔ یا۔ لوح مشق (ع/ف/مث) بچوں کے مشق کرنے کی تختی۔ خط صاف اور پختہ کرنے کی پٹی۔ بکثرت مستعمل چیز۔ زیر مشق۔

لوحِ طلسم (ع/مث) طلسم کے کھولنے کا طریق۔ بارش کی حقیقت بتانے والی تختی جو دفن کر دیا کرتے ہیں۔

لوحِ محفوظ (ع/مث) وہ تختی جس پر اللہ تعالٰے نے ہر ایک فعل کی نسبت جو دُنیا میں ہونے والا ہے اوّل سے آخر تک لکھ رکھا ہے اور اسی کے موافق ہوتا ہے۔ علم الٰہی۔

لوح مزار۔ لوحِ تربت } (ع/مث) وہ پتھر جس کی سِل جو قبر کے
لوح قبر۔ لوح مرقد } سرہانے تاریخ وفات یا آیات قرآنی یا اشعار کندہ کر کے لگا دیتے ہیں۔

لوح وقلم (ع/مث) پٹی اور قلم۔ لوحِ محفوظ اور قلم قدرت۔

لودھ (س/مذ) ایک اسی نام کا درخت اور اس کی چھال۔ ایک قسم کی بوٹی جو رنگنے کے کام آتی ہے۔

لودھا (ہ/مذ) کاشتکاری اور کسانی کرنے والا ایک نو مسلم فرقہ۔

لودھی (ا/مذ) پٹھانوں کے ایک فرقے کا نام ہے جس کا آخری بادشاہ ابراہیم لودھی ہوا ہے جو بابر کے ساتھ جنگ کر کے مارا گیا۔

لورین۔ اس صوبہ میں لوہا اور کوئلہ بہت ہوتا ہے۔ فرانس کے ماتحت ہے۔

لوئر مصر۔ دریائے نیل کے دہانہ کا علاقہ بڑا زرخیز ہے۔ کئی نہریں ہیں۔ چاول۔ رکوئی۔ گنّا۔ تمباکو اور اناج پیدا ہوتا ہے قاہرہ دارالحکومت ہے۔

لوڈ (انگریزی/مذ) وزن۔ بوجھ۔ بار۔ بھار۔

لوئر (انگریزی) کمتیل۔ ادنیٰ۔ چھوٹا۔ ابتدائی۔ ماتحت۔

لوئر کلاس (انگریزی/مث) چھوٹی جماعت۔ چھوٹا درجہ۔ ابتدائی جماعت۔

لوری (ہ/مث) بچوں کو سُلانے کا گیت گانا۔ بچے کو لوری سُنا کر سُلانا۔

لوڑ (ہ/مث) (پنجاب میں) ضرورت۔ طلب۔ خواہش۔ حاجت۔ درکار۔ چاہ۔

لوڑھنا (ا/مص) کپاس سے بیج علیحدہ کرنا۔

لوڑھی (ہ/مث) ہندوؤں کے ایک تہوار کا نام ہے جو ماہ پوس کی ۲۹ تاریخ کو منایا جاتا ہے جس میں کالی دیوی کے نام پر رات بھر لکڑیاں جلاتے اور گیت گاتے ہیں۔

لوڑ بالشت (ا/مذ) گاؤ تکیہ۔

لوڑینا (ا/مص) لازم ہونا۔ فرض ہونا۔

لوز (ع/مث) بادام۔ ایک قسم کی مثلث نما گراشی ہوئی مٹھائی۔ یا ترچھی چوکور۔

لوزینہ (ع/مذ) منسوب بہ لوز۔ بادام کا حلوا۔

لوس (ا/مث) لیس کا بگاڑ ہے۔ گوٹہ پہلی یا سنہری کلابتون یا تاروں کا فیتہ۔

لوس نکلنا (ہ) دال ترکاری سالن میں تیز آگ کا اثر ہو جانا۔ بے ذائقہ ہو جانا۔ داغ لگ جانا۔ جل جانا۔ ہانڈی کا داغ کھا جانا۔ جھلس جانا۔

لوش (ف) بے خبر۔ کج دین۔ کیچڑ کی کالی مٹی۔

لوک (س/مذ) آدمی۔ انسان۔ بشر۔ لوگ۔ منش۔ بھون۔ پردہ۔ طبقہ۔ بعض کے نزدیک چودہ بعض کے نزدیک سات لوک ہیں۔ مگر تین بہت مشہور ہیں (۱) سُورلوک یعنی عالم ارواح (۲) مرتو لوک یعنی دُنیا (۳) پاتال یعنی تحت الثریٰ۔

لوک آچار } (ہ/مذ) دیس کی ریت مُلک کا دستور۔
لوک بیوہار } رسوم ملکی۔

لوک پال (س/مذ) جہاں پناہ۔ بادشاہ۔ راجہ۔

لوک کہانی (ہ/مث) عوامی کہانی۔ فاک سٹوری۔

لوک ناتھ (س/مذ) بادشاہ۔ راجہ۔ شیوجی مہادیو۔ برہما۔ وشنو۔

لوکا } (ہ/مذ) آگ کا شعلہ۔ لو۔ لاٹ۔ لپٹ۔ جھلسا۔ چنگٹی۔
لوک } جلی ہوئی لکڑی کا ٹکڑا۔

لوکا لگاؤں (ہ) آگ لگاؤں۔ چولہے میں دوں۔ جھلسا دوں۔

لوکا لگے (ہ) آگ لگے۔ بھاڑ میں پڑے۔ چولہے میں جائے۔

لوکاٹ (ملایا/مذ) ایک کھٹ میٹھا زرد رنگ کا مشہور میوہ۔

لوکالوک (س/مذ) حد کے طور پر دُنیا کے گرد اگرد مانا ہوا پہاڑوں کا فرضی سلسلہ۔

لوکٹ (ہ/مث) ادھ جلی لکڑی۔ لکٹی۔

لوکڑا (ہ/مذ) لوک کی تصغیر۔ لڑکا۔ بچہ۔ طفل۔ درگا دیوی کا خادم لڑکا۔

لوکل (انگریزی) ملکی۔ مقامی۔ موقع کا۔

لوکل سلف گورنمنٹ (انگریزی/مث) خود اختیاری حکومت۔ مجازاً میونسپل کمیٹیوں اور ڈسٹرکٹ بورڈوں کے انتظامی صیغے۔

لوکی (ہ/مث) لمبا گھیا۔ کدو۔

لوگ (ہ/مذ) بہت سے آدمی۔ اشخاص۔ خلقت۔ ذات۔ قوم۔ برن۔ خاوند۔ پتی۔

لوگ باگ (ا/مذ) عوام۔ عام لوگ۔

لوگ لگائی (ہ/مذ) مرد عورت۔ زن و مرد۔

لوگ ہنسائی (ہ/مث) رسوائی۔ عام بدنامی۔ جگت ہنسائی۔

لُولا (ہ) لنجا۔ بے پا۔ پیروں سے اپاہج۔

لُولُو (ع/مذ) موتی۔ دُر۔ مروارید۔ گوہر (ف) فارس کی ایک خوبصورت قوم کا نام جسے گرجی بھی کہتے ہیں۔ بچوں کو ڈرانے کی مہیب آواز۔ مجازاً بھوت۔ جن۔ پریت (اُردو) اُلّو۔ پاگل۔ احمق۔ بے وقوف۔ باولا۔

لُولُو بنانا (ا) احمق بنانا۔ اُلّو بنانا۔

لُولی (ف/مث) ناچنے گانے والی عورت۔ رقاصہ۔ کنچنی۔ رنڈی۔ بیسوا۔ فاحشہ۔ پاتر۔ عمدہ نازک۔ خوبصورت۔ خوش مزاج۔ فارس کی گرجی قوم کا دوسرا نام۔

لَولین (ہ) کسی خیال میں ڈوبا ہوا۔ محو۔ مستغرق۔ لو لگانے والا۔

لُومڑی (ہ/مث) روباہ۔ بلی کے برابر ایک جنگلی جانور کا نام۔ مجازاً مکار۔ فریبی۔ عیار۔ گربہ مسکین۔

لُومڑی کے شکار کو جائیے } (ا/مثل) چھوٹے سے کام کے
توشیر کا سامان کر لیجئے } لیے بھی معقول انتظام کرنا چاہیے۔

لَومہ (ع/مث) ملامت۔ رُسوائی۔

لَون (ع/مذ) رنگ۔ رُوپ۔ رنگت۔

لونی۔ یہ دریا اراولی پربت سے نکل کر خلیج کچھ میں گرتا ہے اور اس نام کا ایک قصبہ بھی یو پی (بھارت) میں ہے۔

لون (انگریزی) قرض۔ اُدھار۔ وام۔

لُون (ہ/مذ) کھار۔ نمک۔ ملح۔ کھارا۔

لون چھڑکنا (ا/محاورہ) زخم پر نمک چھڑکنا۔ تکلیف بڑھانا۔

لُون مرچ لگانا (ہ) بات کو لمبا کر کے بیان کرنا۔ بڑھانا۔ بھڑکانا۔ حاشیہ چڑھانا۔

لُو (ہ) گرم ہوا۔ بادِ سموم۔

لُونا (ہ) سلونا۔ نمکین۔ شور۔ کھاری کڑوا۔ تیز۔

لُونا چماری (ہ/مث) بنگال کی ایک مشہور جادوگرنی کا نام ہے۔

لَونجی (ہ/مث) پکوڑ۔ اچار کے لیے تیار کی ہوئی بکچے عام کی پھانکیں۔ کیروں کی پھانکوں کا اچار۔

لَونڈ (ہ/مذ) وہ تیرھواں مہینہ جو ہر سال کسرات کے عوض تیسرے سال شمسی حساب سے بڑھایا جاتا ہے۔ فضول۔ زیادہ۔ فاضل۔ فالتو۔ زائد۔

لَونڈ (ہ/مذ) گارے کی وہ مقدار جو دونوں ہاتھوں میں اُٹھائی جا سکے۔ گیلی مٹی کا ڈلا۔ گدی۔

لَونڈا (ہ/مذ) لڑکا۔ چھوکرا۔ بن داڑھیا لڑکا۔ بیٹا۔ پُوت۔ پسر۔ غلام۔ داس۔ بردہ۔ اُوپر کا کام کاج کرنے والا۔ ہرکارہ۔ نادان۔ ناتجربہ کار۔ سفلہ۔ چھچھورا۔

لَونڈاپن (ہ/مذ) چھچھوراپن۔ سفلہ پن۔ لڑکپن۔ بچپن۔

لونڈھائی (ا/صف) بچوں کی سی۔ بچوں سے صحبت رکھنے والی عورت۔

لونڈی (ہ/مث) باندی۔ چیری۔ کنیز۔ خدمت کرنے والی۔ سیوک۔

لونڈی اوروں کے پیر دھوئے } (ہ) اوروں کا کام کرتے رہنے والے
اپنے پیر دھوتی لجائے } اور اپنی خبر نہ رکھنے والے کی نسبت طنزاً بولتے ہیں۔

لونڈی بچہ } (ا/مذ) وہ شخص جو باندی یا لونڈی کے پیٹ
لونڈی کا جنا } سے ہو۔ کنیز زادہ۔

لونڈی کو لونڈی کہا رو دی } (ہ/مثل) رذیل اور شریف میں یہی
بیوی کو لونڈی کہا ہنس دی } فرق ہے کہ شریف کا حوصلہ زیادہ رذیل کا بہت کم ہوتا ہے۔

لونڈی کی خوشامد سے سسرال میں باس (ا/مثل) نوکروں اور خادموں کو خوش رکھنے سے آقا بھی راضی رہتا ہے۔

لونڈی ہو کر کمانا۔ بیوی بن کر کھانا (ا/مثل) محنت سے شرم نہ کرنے والا امیرانہ گزران کرتا ہے۔

لونڈے لاڑیے (ا/مذ) ناتجربہ کار بچے۔

لونڈے لپاڑیے (ا/مذ) کچی چھوکرے۔

لونڈیا (ہ/مث) لڑکی۔ چھوکری۔ بیٹی۔ دُختر۔ پُتری۔

لونگ (ہ/مث) ناک کے ایک زیور کا نام۔ ایک خوشبودار درخت کی نہایت تیز اور خوشبودار کلی۔ گرم مسالہ کے ایک درخت کا شگوفہ۔ قرنفل۔ کرن پھل۔

لونگ چڑے } (ہ/مذ) بیسن کی پھلکیاں۔ ایک طرح کے بیسن کے
لونچڑے } کباب۔

لُونی (ہ/مث) کھار۔ شور۔ دیہہ (پنجابی کلر)۔

لُونی جھڑنا (ا/محاورہ) دیوار سے شور جھڑنا۔

لُونی لگنا (ہ) دیوار کو شور لگ جانا۔ کھار ہونا۔

لُونیا (ہ/مذ) نمک بنانے والا۔ نمک فروش۔ نمک بیچنے والا۔ ایک قسم کا نمکین اور ترش ذائقے والا ساگ جسے نونی کھا بھی کہتے ہیں۔ خرفہ۔ کوچک۔

لوہ (ہ/مذ) لوہے کا مخفف ہے۔ آہن۔

لوہ چون (ہ/مذ) لوہے کا چورا۔ برادہ۔ آہن۔

لوہ سار (ہ/مث) لوہے کی دکان۔

لوہا (ہ/مذ) آہن۔ سخت۔ مضبوط۔ مستحکم۔ بھاری۔

لوہا بجانا (ہ) تلوار چلانا۔ تیغ زنی کرنا۔

لوہا برسنا (ہ) تلوار چلنا۔ تیغ باری ہونا۔ کشت و خون۔

لوہا تیز ہونا (ہ) غالب ہونا - ور ہونا - تلوار تیز ہونا - قابو چلنا - بس چلنا -
لوہا جانے لوہار جانے دھونکنے والے کی بلا جانے (ا/مثل) اپنے معاملے کو فریقین ہی اچھی طرح جانتے ہیں - غیر آدمی کو کیا خبر ہے -
لوہا دینا - یا - کرنا (ہ) استری کرنا - استری گرم کر کے سلائی بٹھانے یا شکن دور کرنے کی غرض سے کپڑے پر پھیرنا -
لوہا لاٹھ (ہ) نہایت سخت - نہایت مضبوط - بہت مستحکم -
بصورت تابع فعل مشکل قافیہ و ردیف میں مشکل زمین میں -
لوہا لاٹھ ہو جانا (ا/محاورہ) نہایت سخت اور مضبوط ہو جانا -
لوہا لوٹ جانا (ہ) تلوار کا وار خالی جانا - تلوار کا ٹیڑھا ہو جانا - تلوار کا دوہرا ہو کر کچھ کاٹ نہ کرنا - کام بگڑ جانا - قسمت بگڑ جانا -
لوہا ماننا - یا - مان جانا (ہ) کسی کی بہادری یا بے رحمی کا قائل ہونا - ماننا - تسلیم کرنا - رعب ماننا - ڈرنا - خوف کھانا - عاجز ہونا -
لوہار (ہ/مذ) لوہے کی چیزیں بنانے والا - آہن گر -
لوہار خانہ (ہ/مذ) بہت سے لوہاروں کے کام کرنے کی جگہ - کارخانۂ آہن -
لوہاری - یا - لوہارنی (ہ/مث) لوہار کی بیوی - لوہار قوم کی عورت -
لوہیا (ہ/مذ) لوہے کی چیزیں بیچنے والا -
لوہے کے چنے (ہ/مذ) سخت مشکل اور کٹھن کام -
لوہے کے چنے چبانا (ہ) نہایت مشکل اور دشوار کام کرنا - نہایت کٹھن کام کرنا - سخت اور دقیق علم پڑھنا -
لوہے کی چھاتی کر لینا (ہ) دل سخت کر لینا - پتھر کا جگر کر لینا - مصیبت جھیلنے کے قابل ہو جانا -
لوہے کے گھاٹ اتارنا (ہ) قتل کر دینا - تلوار سے اڑا دینا - دل توڑنا - ناامید کرنا - مایوس کرنا -
لوہے لگنے (ا/محاورہ) تکلیفیں اٹھانیں - مشکلیں پیش آئیں -
لوہے میں ڈوبا ہونا (ا/محاورہ) پوری طرح مسلح ہونا -
لوئی (ہ/مث) ایک قسم کا باریک کمل - اونی چادر - گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا - عزت کا کپڑا - جیسے اتر گئی لوئی تو کیا کرے گا کوئی (پنجاب) لو پھٹے - منہ اندھیرے - جیسے لوئی پھٹے مجھے جگا دینا -
لوے یا لاوے (ہ) پاس - قریب - نزدیک - متصل - دھورے -
لوے لگنا (ہ) پاس لگنا - قریب آنا - یقین ہونا - اعتبار ہونا - دل کو لگنا -

ل - ہ

لہات (ع) حلق کا کوا -
لہار (ا/مذ) نشہ - لہر -
لہار (ہ/مذ) آہن گر - لوہار - لوہے کی چیزیں بنانے والا -
لہارن / لہاری (ہ/مث) لوہار کی بیوی - لوہار قوم کی عورت -
لہاڑا (ہ) لین دین کا کھوٹا - معاملہ کا خراب - نادہند - لے کر نہ دینے والا - لیچڑ - لے لوٹ -
لہاس (ہ/مذ) بہت موٹا رسہ - جہاز کا رسہ - بڑا ٹوکرا - چھال - چھالا -
لہاسی (ہ/مث) کشتی کھینچنے کی چھوٹی رسی -
لہان (ہ) لوہے سے لتھڑا ہوا - خون آلودہ - خونم خون -
لہنبر (ہ/مذ) جبہ - لبادہ - چوغہ - ایک قسم کا لمبا اور لمبی گردن والا طوطا - چھڑ - نیزہ - علم - جھنڈا -
لہجہ (ع/مذ) لفظوں کی آواز - طرز کلام - تلفظ - بول چال - محاورہ - زبان مجمزئے -
لہجہ (ف) نہاری - طعام -
لہٰذا (ع) اسی واسطے - اسی لیے - بناں براں - الغرض - حاصل کلام -
لہر (ہ/مث) دریا کی موج - جوار بھاٹا - تلاطم - دھیان - کسی کی یاد یا خیال کا دل میں آنا - سبز پودوں کی جنبش - لہلہاہٹ - امنگ - ترنگ - وجد - حال - وہم خیال - دیوانگی - خبط - سودا - جنون - کشیدہ کی دھاری - بیل - خواہش - جماع - خرمستی - کسی زہر یا مرض وغیرہ کا دورہ - تڑک - چمک - ٹیس - تیزی - جلن - سوزش - چمنگ -
لہر اٹھنا (ہ) موج آنا - ترنگ آنا - جوش اٹھنا - شوق پیدا ہونا - ارادہ ہونا - خیال پیدا ہونا -
لہر آنا (ہ) موج آنا - تلاطم ہونا - شوق پیدا ہونا - خیال آنا - تصور بندھنا - زہر کے اثر سے پیچ و تاب کھانا - سانپ کے زہر سے جسم کا لہرانا -
لہر بہر (ہ/مث) خوش حالی - آسودگی - خوش اقبالی - کسی چیز کی زیادتی اور کثرت - برکت - بہبودی -
لہر بہر ہو جانا (ہ) قسمت جاگ اٹھنا - اقبال یاور ہو جانا - کام بن جانا - خوب زور کی بارش ہونا - روپے پیسے سے فراغ بالی ہونا -
لہر چڑھنا (ہ) پانی کا طغیانی پر ہونا - زوروں پر ہونا - زہر کا دورہ ہونا - زہر کا اثر ہونا -
لہر چھوٹنا (ہ) مستی آنا - غلبہ شہوت ہونا - جماع کو جی چاہنا -
لہرا (ہ/مذ) چلتی ہوئی لے - طبیعت میں ایک لہر پیدا کرنے والا سر - جوش پیدا کرنے والی لے - سر - آواز - نغمہ - ترانہ - متواتر زد و کوب - تڑا تڑ جوتیاں لگنے کی آواز -
لہرا اڑانا (ہ) تان اڑانا - سر نکالنا - راگ گانا - متواتر جوتیاں مارنا - خوب زد و کوب کرنا - جوتیاں تڑا تڑ لگانا -

لہرا بجانا (ہ) سارنگی بجانا۔ سُر نکالنا۔ جوش افزا لَے نکالنا۔
لہرا لگانا (ا ر / محاورہ) اکسانا۔ آمادہ کرنا۔
لہرا لینا (ہ) محبوب خبر لینا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔ ذلیل کرنا۔ مزے لینا۔ لطف اُٹھانا۔
لہرانا (ہ) دریا وغیرہ میں پانی کا لہریں مارنا۔ ہلکورے لینا۔ موج مارنا۔ جی للچانا۔ مائل ہونا۔ لہلہانا۔ ہلنا۔ جنبش کرنا۔ اُڑنا۔ فراٹے بھرنا۔ سانپ کا چلنا۔ بل مارنا۔
لہری (ہ) موجی۔ بے پروا۔ ترنگی۔ دل کا بادشاہ۔ بے رنج۔ خوش مزاج۔ ظریف۔ خوش دل (مذکر) ریچھ۔ بھالو۔ خرس۔
لہریا (ہ) لہروالا۔ آڑی ترچھی دھاریوں والا (مذکر) ایک قسم کا آڑی ترچھی دھاریوں والا کپڑا۔
لہریں لینا (ہ) جھوُلنا۔ ہلنا۔ جنبش کرنا۔ لہرانا۔ جھوُمنا۔ دریا کا موجیں مارنا۔ ہلورے لینا۔ دل ہی دل میں مزے لینا۔ آپ ہی آپ خوش ہونا۔
لَہسَن (ہ / مذ) لسن۔ ریہر۔
لَہک (ہ / مث) لہلہاہٹ۔ بہار۔ جوبن۔ سرسبزی کا جوش۔ لہر۔ لپیٹ۔ لاٹ۔ شعلہ۔ چمک۔ دُرخشانی۔
لہک کے بولنا (ہ) زور سے بولنا۔ بے باکانہ بولنا۔ ترنّخ کر کلام کرنا۔
لہک لہک کر (ا ر / متعلق فعل) جھوم جھوم کر۔
لَہکا (ہ / مذ) لچکا۔ گوھنک۔ تپلا گوٹا۔
لہکارنا (ہ) تھپکی دینا۔ گھوڑے کو چُمکارنا۔
لہکانا (ہ) اُبھارنا۔ اُکسانا۔ بھڑکانا۔ چمکوانا۔ صیقل کروانا۔ اُجلوانا۔ آگ دہکانا۔ آگ سُلگانا۔ کسی پرندے کو بلوانا۔ آواز لگوانا۔ شکارنا۔ شکاری کتے کو شکار کے پیچھے دوڑانا۔
لہکنا (ہ) چہچہانا۔ چہکنا۔ راگ گانا۔ پرندے کا خوش آوازی سے بولنا۔ آگ کا دہکنا۔ جلنا۔ شعلہ زن ہونا۔ چمکنا۔ دمکنا۔ روشن ہونا۔ لچکنا۔ لہرانا۔ موج مارنا۔ نباتات کی سرسبزی کا نمودار ہونا۔
لَہلوٹ (ہ) نادہند۔ لیچڑ۔ چیزوں کو دیکھ کر بے چین ہو جانے اور جس طرح ہو سکے مُفت لے لینے والا آدمی۔ مجازاً بے قرار۔ بے تاب۔ حریص۔ طامع۔
لہلہا (ہ) لہراتا ہوا۔ سبزہ۔ لہرماتا ہوا۔ موجیں مارتا ہوا۔ سرسبز۔ ہرا بھرا۔ پھلا پھولا۔ شگفتہ و شاداب۔
لہلہاتا (ہ) سبزہ لہراتا ہوا۔ جھوُمتا ہوا۔ جنباں۔ لچکتا ہوا۔ سرسبز۔ تروتازہ۔ ہرا بھرا۔ شگفتہ۔
لہلہانا (ہ) موج مارنا۔ لہرانا۔ جھوُمنا۔ کھلنا۔ پھلنا پھوُلنا۔
لہلہاہٹ (ہ / مث) موج۔ لہر۔ شادابی۔ سرسبزی۔
لہن (ا ز / مذ) وہ اجزا جنہیں خمیر کر کے شراب کھینچتے ہیں۔

لَہنا (ہ / مذ) بھاگ۔ قسمت۔ نصیب۔ تقدیر۔ شراکت۔ حصّہ۔ ساجھا۔ نفع۔ فائدہ۔ حاصل۔
لَہنا بَہنا (ہ / مذ) نصیب۔ حاصل۔ حصول۔ قسمت کا ساجھا۔
لہنگا (ہ / مذ) ہندو عورتوں کا پاجامہ۔ گھگرا۔ گوُن۔
لہنگا پہننا (ہ) زنانہ لباس پہننا۔ عورتوں کا بھیس بدلنا۔ عورت بننا۔
لَہوُ (ہ / مذ) لوہو کا مخفف ہے۔ خوُن۔ رکت۔ دَم۔ ایک خلط کا نام ہے۔ یگانہ۔ اپنا۔ ایک دادا کی اولاد۔ قریب کا رشتہ دار۔
لہوُ آنا (ا ر / محاورہ) خون کے دست آنا۔ خون نکلنا۔
لہوُ اُترنا (ہ) خون کا نیچے کی طرف آنا۔ بھر آنا۔ لال ہونا۔ سُرخ ہونا۔
لہوُ اُگلنا (ا ر / محاورہ) خوُن تھوکنا۔
لہوُ برسنا (ہ) غصّے کی حالت میں آنکھیں سُرخ ہو جانا۔ خوُن ٹپکنا۔ سخت غصّہ آ جانا۔
لَہوُ بگڑنا (ہ) خوُن میں خرابی آ جانا۔ کوڑھ ہو جانا۔ آتشک ہو جانا۔
لَہوُ بن کے دوڑنا (ا ر / محاورہ) رگ و پے میں سرایت کر جانا۔
لَہوُ بہانا (ہ) خوُن نکالنا۔ جان سے مار ڈالنا۔ قتل کر دینا۔ اپنی جان دے دینا۔ ہلاک ہونا۔ مر جانا۔ قتل ہو جانا۔
لہوُ بھرا (ہ) خوُن میں لتھڑا ہوا۔ خوُن میں لت پت۔ خوُن آلودہ۔
لَہوُ پانی ایک کرنا / لَہوُ پانی کرنا (ہ) خوُن اور پانی ملانا۔ کسی کام کے لیے اتنی محنت شاقہ اُٹھانا۔ کہ اس کی گرمی سے خوُن تپلا ہو جائے۔ سخت محنت اُٹھانا۔ بے حد رنج اُٹھانا۔ کمال جدوجہد کرنا۔ اپنی جان کو ہلکان کرنا۔ نہایت طیش کھانا۔ سخت ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ تکلیف دینا۔ ستانا۔ جلا کر کباب کر ڈالنا۔ نہایت رنج دینا۔
لَہوُ پسینہ ایک ہونا (ہ) مصیبت جھیلنا۔ کشٹ اُٹھانا۔ سختی سہنا۔
لَہوُ پینا (ہ) خوُن پینا۔ خوُن چوسنا۔ جان مارنا۔ تکلیف دینا۔ ستانا۔ قتل کرنا۔ مار ڈالنا۔ جان لینا۔ ہلاک کرنا۔
لَہوُ تھوکنا / لَہوُ ڈالنا (ہ) خوُن کی قے کرنا۔ مرض سِل ہو جانا۔ پھیپھڑے میں زخم پڑ کر مُنہ سے خوُن آنے لگنا۔ وقتِ مرگ قریب آ جانا۔
لَہوُ ٹپکنا۔ یا۔ چونا (ہ) لَہوُ بہنا۔ لَہوُ گرنا۔ نہایت سُرخ و سفید ہونا۔ بدن میں خوُن بکثرت ہونا۔ جلدی مرض کے باعث مواد گرنا۔ کوڑھ ہونا۔
لَہوُ خُشک ہو جانا۔ یا ہونا (ا) خوُن سوکھ جانا۔ خوف یا غم کے سبب بدن میں لَہوُ نہ رہنا۔ ڈر جانا۔ خوفزدہ ہو جانا۔ رُعب چھا جانا۔ جان نکلنے لگنا۔ خوُن کی حرکت بند ہو جانا۔ نہایت سخت صدمہ اُٹھانا۔
لَہوُ دینا (ہ) خوُن نکلنا۔ فصد کھولتے وقت رگ سے خوُن نکلنا۔

خون چھوٹنا۔
لہو رونا (ہ) بہت زیادہ رونا۔ آنکھوں سے آنسوؤں کی جگہ خون نکلنا۔
لہو سفید ہونا (ف) محبت نہ رہنا۔ ہمدردی نہ رہنا۔ رحم نہ رہنا۔ مروت نہ رہنا۔
لہو سوکھنا۔ یا۔ سوکھ جانا (ہ) دیکھو (لہو خشک ہوجانا)
لہو سیروں بڑھ جانا (ف/محاورہ) کسی خوشی کے سبب لہو بڑھ جانا۔
لہو کا بگاڑ (ف/مذ) خون کا فساد۔
لہو کا پیاسا (ہ/مذ) جان کا لاگو۔ جان کا خواہاں۔ جانی دشمن۔
لہو کا جوش (ف/مذ) ممتا۔ خاندانی اُلفت۔ مادری محبت۔ پدری اُلفت۔ ایک خون ہونے کی محبت۔
لہو کا ہلکا (ہ) وہ شخص جو صدمہ کی تاب نہ لا سکے۔ نرم دل۔ صاف اور لطیف خون والا۔ وہ آدمی جس کا خون جلد اثر قبول کرلے۔
لہو کا مینہ برسنا (ف/محاورہ) کثرت سے خونریزی کرنا۔
لہو کرنا (ہ) بدمزہ کرنا۔ تلخ کرنا۔ انگ نہ لگنے دینا۔
لہو کے سے گھونٹ پینا (ہ) غم کھانا۔ برداشت کرنا۔ صبر اختیار کرنا۔ غم و غصہ کو ضبط کرنا۔ غصے کو مار کر رہ جانا۔
لہو کے گھونٹ گھونٹنا (ہ) غم و غصہ کی برداشت کرنا۔ صبر و جبر کرنا۔ تکلیف اٹھا کر بھی شکایت نہ کرنا۔ رشک کرنا۔ حسد کرنا۔ جلنا۔ تلملانا۔ انگاروں پر لوٹنا۔
لہو کی ندیاں بہہ گئیں (ہ/محاورہ) بہت ہی خونریزی ہوئی۔ بکثرت خون جاری ہوا۔ بہت لوگ قتل ہوئے۔ نہایت کشت و خون ہونا۔
لہو لگا کر شہیدوں میں ملنا } (ف) ادنیٰ سے کام کرکے اپنے
لہو لگا کر شہیدوں میں داخل ہونا } آپ کو بڑا کام کرنے والوں میں شمار کرنا۔ کسی کام میں ذرا شریک ہوکر نام کرنا۔
لہو لہان (ہ) خون خون۔ خون سے لتھڑا ہوا۔ خون سے بھرا ہوا۔ سخت زخمی۔
لہو لہان کرنا (ہ) خون خون کرنا۔ ایسا زخمی کرنا کہ تمام بدن خون سے تر ہوجائے۔ خون کی ندیاں بہانا۔
لہو لینا } (ہ) خون لینا۔ فصد کھولنا۔
لہو نکالنا } فصد کھلوانا۔
لہو میں ڈوبنا (ہ) خون میں غرق ہونا۔ اکارت جانا۔ انگ نہ لگنا۔ جزو بدن نہ ہونا۔ ضائع ہوجانا۔
لہو میں ہاتھ رنگنا (ہ) قتل کرنا۔ ذبح کرنا۔ ہلاک کرنا۔ کسی کے خون سے ہاتھوں کو رنگین کرنا۔
لہو و لعب (ع/مذ) کھیل کود۔ ہنسی مذاق۔ سیر و تماشا۔ عیش و نشاط۔ تفریح۔ لغو اور بے فائدہ کام۔

ل ۔ ی

لَے (ہ/مث) سُر۔ آواز۔ لہجہ۔ آہنگ۔ لحن۔ تمنا۔ شوق۔ آرزو۔ خیال۔ دُھن۔ رَٹ۔ سلسلہ۔ تسلسل۔ تواتر۔
لَے بڑھنا۔ یا۔ لے پڑنا (ہ) عادت پڑنا۔ چسکا لگنا۔ عادی ہوجانا۔ مزہ پڑنا۔ لت لگنا۔ شوق زیادہ ہونا۔ اشتیاق بڑھنا۔
لَے بھول جانا (ف/محاورہ) عادت بھول جانا۔
لَے لگا دینا (ہ) شوق لگا دینا۔ بات سُجھا دینا۔
لَے لینا (ہ) تان لینا۔ سُر الاپنا۔ گانا۔ سُر نکالنا۔
لَے (ہ) پکڑ۔ سنبھال۔ قابو کر (حرف جر) شروع سے۔ ابتدا سے (حرف تنبیہ) خبردار۔ سُن۔ متوجہ ہو۔ معلوم کر۔ جان کر۔ لے کر کا مخفف۔
لَے اُڑنا (ہ) لے کر بھاگ جانا۔ اپنے ہاتھ سے لے کر اُڑ جانا۔ تیز کر۔ بھڑکا۔ نشے میں ہوش و حواس کھو دینا۔ مزے دار کرنا۔ مزہ دوبالا کر دینا۔ رونق زیادہ کردینا۔ طرز سیکھ لینا۔ نقل اُڑا لینا۔ لے جانا۔ بھیج دینا۔
لَے آنا (ہ) لانا۔ دوسری جگہ سے لے کر آ جانا۔ اُٹھا لانا۔
لے بھاگنا (ہ) کسی چیز کو لے کر رفوچکر ہو جانا۔ فرار ہو جانا۔ کسی عورت کو اغوا کر لینا۔ سیکھے بغیر ہی کوئی بات حاصل کر لینا۔
لے بیٹھنا (ہ) لے ڈوبنا۔ اپنے ہاتھوں دوسرے کو بھی تباہ و برباد کر دینا۔ دبا بیٹھنا۔ لے گرنا۔ ساتھ لے کر گرانا۔ کسی عورت کو گھر میں ڈال کر رکھنا۔
لے پالک (ہ/مذ) گود لیا ہوا۔ متبنیٰ۔ دھرم کا بیٹا یا بیٹی۔
لے پڑنا (ف/محاورہ) ساتھ لے کر لیٹ جانا۔
لے جانا (ہ) اُڑا دینا۔ گرا دینا۔ ٹھہرنے نہ دینا۔ قیام نہ کرنے دینا۔ برباد کر دینا۔ چھین لینا۔ لے لینا۔ سلب کر لینا۔
لے چلنا (ہ) ہمراہ لے لینا۔ ساتھ لے جانا۔ سنگ لے لینا۔ ساتھ کر لینا۔
لے دے (ہ/مث) لینا دینا۔ جلدی جلدی لینا اور دینا۔ مجازاً کوشش و سعی۔ جدوجہد۔ مارا مارا۔ دوڑ دھوپ۔ لعنت ملامت۔ پھٹکار۔ سرزنش۔
لے دے کے (ہ) نہایت کوشش سے۔ بڑی مشکل سے۔ بدقت تمام۔ بیباق کر کے ملا کر۔ فقط۔ صرف۔ بالکل۔ کلھم۔ جیسے لے دے کے اسکے پاس ایک ہی تو بچہ ہے۔
لے دے کرنا (ف/محاورہ) خوب کوشش کرنا۔ سرزنش کرنا۔
لے دینا (ہ) خرید کر دینا۔ مول لے دینا۔ خرید دینا۔
لے ڈالنا (ہ) مول لے کر چھوڑنا۔ خرید ڈالنا۔ خبر لینا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔ لے لینا۔ باقی نہ چھوڑنا۔ ختم کر ڈالنا۔ تمام کر دینا۔ مار رکھنا۔ جیت لینا۔ کمزور کر دینا۔
لے ڈوبنا (ہ) اپنے ساتھ دوسرے کا نقصان کر دینا۔ ڈبو دینا۔

غرق کر دینا۔

لے رکھنا (ا/محاورہ) جمع کرنا۔ بہم کرنا۔

لے اُوسٹ (ہ) اُدھار لے کر نہ دینے والا۔ نادہند۔ لیچڑ۔ لے کر مکر جانے والا۔

لے لینا (ہ) خرید کر لینا۔ مول خرید لینا۔ مار لینا۔ چھین لینا۔ دبا لینا۔ قابو کر لینا۔ سنبھال لینا۔ جا پکڑنا۔ پکڑ لینا۔ جا لینا۔ حاصل کر لینا۔ بہم پہنچانا۔ منزل طے کر لینا۔ منزل پر جا پہنچنا۔

لے مرنا (ہ) اپنے ساتھ دوسرے کو بھی نقصان پہنچانا۔ لے بیٹھنا۔ لے ڈوبنا۔ دبا لینا۔ مار لینا۔ حاصل کرنا۔ کما لینا۔ چوری لگانا۔ الزام دھرنا۔

لے نکلنا (ہ) لے بھاگنا۔ لے اُڑنا۔ کامیاب ہو جانا۔ حاصل کر لینا۔ پڑھ جانا۔ سیکھ جانا۔

لیے (ہ) جہت۔ واسطے۔ تکمیل فعل کے لیے جیسے کھا لیے۔ کر لیے وغیرہ۔

لیٹی (ہ/مث) پانی ملے میدے کا پکا ہوا لیسدار قوام۔ لیٹی۔ دراصل لیٹی ہے۔

لیے (ہ) لیے ہوئے۔ لے کر۔ گرفتہ۔ جیسے سُرخی لیے کالا رنگ۔

لیا (ہ) پکڑا۔ گرفت کیا۔ وصول کیا۔ حاصل کیا۔ خریدا۔ کمایا۔ شرمندہ۔ لیا۔ لجایا۔

لیا دیا (ہ/مذ) نیک کاموں کا پھل۔ کرنی کا پھل۔ وہ نیکی جو کبھی کی ہو۔

لیا دیا آگے آجانا (ہ) بھلائی کا نتیجہ ملنا۔ نیکی کا پھل مل جانا۔ نیک کاموں کا ثمرہ مل جانا۔ نیکی کا آڑے آجانا۔

لیا گیا (ہ) رُسوا ہوا۔ ذلیل ہوا۔ شرمندہ ہوا۔ لجایا۔ خجل ہوا۔ پا لیا۔ لے لیا۔

لیا ہی نہیں جاتا (ہ/محاورہ) قابو میں ہی نہیں آتا۔ سنبھالے نہیں سنبھلتا۔ ملائے نہیں ملتا۔ دھوکا نہیں کھاتا۔ فریب میں نہیں آتا۔

لیاقت (ع/مث) گُن۔ ہُنر۔ خوبی۔ جوہر۔ قابلیت۔ استعداد۔ حوصلہ۔ ظرف۔ سمائی۔ تہذیب۔ شائستگی۔ دانائی۔ ہوشیاری۔ چترائی۔ مقدور۔ استطاعت۔ کسی چیز کے حاصل کرنے کا مادہ۔

لیپ (ہ/مذ) پلستر۔ ضماد۔ پانی یا تیل میں گاڑھی ملی ہوئی دوا۔ کہگل۔ لپائی۔

لیپ چڑھانا۔ کرنا۔ لگانا (ہ) پلستر کرنا۔ لیپنا۔ ضماد کرنا۔

لیپا پوتا (ہ/مذ) لیپا ہوا۔ سنوارا بنایا ہوا۔ پلستر کیا ہوا۔ قلعی شدہ۔ بنا بنایا۔ کیا کرایا۔

لیپا پوتا برابر کرنا (ا/محاورہ) پردہ پوشی کرنا۔

لیپا پوتا پھر دیکھا تو ہاتھ ہی کالے (ہ/مثل) محنت بھی کی مگر فائدہ کچھ نہ ہوا۔

لیپنا (ہ) کہگل کرنا۔ قلعی کرنا۔ گوبری پھیرنا۔ پلستر کرنا۔ چوکا دینا۔ پوتنا۔

لیپنا پوتنا (ہ) پلستر کرنا۔ پوتا پھیرنا۔ (مذکر) لپائی پوتائی۔

لیپے میں آجانا (ہ) دوسرے کی مصیبت میں آپ بھی پھنس جانا۔ ناگہانی آفت میں پھنس جانا۔ آلودہ ہونا۔ سننا۔ آٹے کے ساتھ گھن پس جانا۔

لینا بھُولے نہ دینا (ہ/محاورہ) ہاتھوں ہاتھ کا سودا۔ نقد النقدی کا لین دین۔ سیدھا حساب۔ صاف حساب جس میں ایچ پیچ نہ ہو۔

لیترا۔ یا۔ لیترڑا (ہ/مذ) پُرانا لوٹا۔

لیترڑے پڑنا (ہ) گھڑنے لگنا۔ نہایت ذلیل ہونا۔ جوتیاں پڑنا۔

لیترڑے جھیتھڑے (ہ/مذ) پھٹے پرانے کپڑے۔ ٹوٹی پھوٹی جوتی۔

لیت ولعل (ع/مث) لغوی معنی ممکن اور ناممکن اصطلاحی ٹال مٹول۔ آج کل۔ حیلہ بہانہ۔ عذر۔ وعدہ وعید۔ حیلہ حوالہ۔

لیترڑے پڑنا (ا/محاورہ) جوتیاں پڑنا۔

لیتھ (انگ/مث) خرادنے کی مشین۔

لیتھونیا ۔ بحیرۂ بالٹک کے کنارے خود مختار سلطنت ہے۔

لیٹ (انگریزی/مث) دیر۔ بے وقت۔ وقت کے بعد۔ ٹائم کے پیچھے۔

لیٹ جانا (ہ) پڑ جانا۔ دراز ہونا۔ پسر جانا۔ ہمت ہار دینا۔ عاجزی کرنا۔ تھک جانا۔ آگے نہ چل سکنا۔

لیٹر (انگریزی/مذ) خط۔ چٹھی۔ نامہ۔ الفاظ۔

لیٹر بکس (انگ/مذ) ڈاک خانے کا سُرخ ڈبہ جس میں خط ڈالتے ہیں۔

لیٹنا (ہ) پسرنا۔ سیدھا ہو کر پڑنا۔ سونا پڑنا۔ آرام کرنا۔ خوشامد کرنا۔ پاؤں پڑنا۔ عاجزی کرنا۔ ہار ماننا۔ مغلوب ہونا۔ تھکنا۔ چُور ہونا۔

لیٹے جانا (ہ) بیچھے جانا۔ پسرے جانا۔ کم ہمت ہو جانا۔ نہایت خوشامد در آمد کرنا۔

لیج۔ یا۔ لیجو۔ یا۔ لیجو (ہ/مث) پانی بھرنے کی رسّی۔ ڈوری۔

لیجر (انگریزی/مث) روزنامچہ۔ بہی کھاتہ۔ روزانہ حساب کی کتاب۔

لیجسلیٹو کونسل (انگریزی/مث) قانون بنانے والی مجلس۔ مجلس واضع قوانین۔ ہر صوبے کی قانون وضع کرنے والی مجلس۔

لیجسلیٹو اسمبلی (انگریزی/مث) بڑی قانونی مجلس جو تمام صوبوں اور ملک بھر کے حالات سے واقف ہے۔

لیچڑ (ہ) کنجوس۔ بخیل۔ مُمسک۔ نادہند۔ قرضہ لے کر مشکل دینے

والا۔
لیچی (ہ/مث) ایک سُرخی مائل سبز اور ترش و شیریں پھل کا نام۔ اس کا پوست خاردار ہوتا ہے۔
لید (ہ/مث) گھوڑے۔ ہاتھی اور گدھے وغیرہ کا گوبر۔
لیدر (انگ/مذ) چمڑا۔ کمایا ہوا چمڑا۔
لیڈر (انگریزی/مذ) سرگروہ۔ سربراہ۔ سردار۔ ایڈیٹر کا لکھا ہوا مضمون۔
لیڈن۔ ہالینڈ میں ہے۔ یہاں یونیورسٹی بھی ہے۔
لیڈی (انگریزی/مث) بی بی۔ بیگم۔ خاتون۔ معزز عورت۔
لیڈی ڈاکٹر (انگریزی/مث) زنانہ ڈاکٹر۔ ڈاکٹرنی۔ زنانہ بیماریوں کا علاج کرنے والی عورت۔
لیر لیر کرنا (ہ) دھجیاں اُڑانا۔ پُرزے اُڑانا۔ پھاڑ ڈالنا۔
لیرے (ہ/مذ) چیتھڑے۔ پُرزے۔
لیرے لگنا (ہ) کپڑے پھٹ جانا۔ چیتھڑے لگنا۔ بھیڑوں بکریوں کے تھنوں پر گوبر میں لت پت کر کے دھجیاں چپٹنا۔
لیری (ہ/مث) کنکوے میں باندھنے کی لمبی دھجی۔ بکریوں کے تھنوں میں باندھنے کی دھجی۔
لیزم ہلانا (ہ) لیزم کی کثرت کرنا۔
لیس (ف) کمر کسا ہوا۔ کیل کانٹے سے درست۔ تیار۔ مستعد۔ موجود۔ آمادہ۔ وردی اور ہتھیاروں سے درست سپاہی (مذکر) ایک قسم کا لمبی اور بڑی نوک والا تیر۔ ایک قسم کا سرکہ۔ کمانی۔
لیس (ف/مث) ڈوری۔ چوڑی بنی ہوئی۔ بیچک۔
لیس (ف) چاٹنا۔ چاٹ۔ مزہ۔
لیس (ہ/مذ) چیپ۔ لس۔ چپچپاہٹ۔
لیس پوت (ا/مث) لیپنا پوتنا۔
لیس دار (ا) چپچپا۔
لیس دینا (ا/محاورہ) چپکا دینا۔ لپیٹ دینا۔
لیسنا (ہ) لیپنا۔ پلستر کرنا۔
لیک (ہ/مث) راستہ۔ سڑک۔ پٹیا۔ باٹ۔ گاڑی کے پہیوں کا نشان۔ ہل باہنے کا نشان۔ لکیر۔ دھاری۔ کمینوں کا نیگ۔ خدمتگاروں کا حق الخدمت۔ رسم۔ رواج۔ ریت۔ دستور۔ قاعدہ۔ داغ۔ کلنک۔ پیشہ۔ کسب۔ پیش۔ لیکھ۔
لیک پیٹنا (ہ) لکیر پیٹنا۔ پرانی رسم و دستور کا پابند ہونا۔ ریت و رسم پر مرنا۔ کسی بات کو بار بار دہرانا۔ لکیر کا فقیر ہونا۔
لیک سے بے لیک ہونا (ا/محاورہ) گمراہ ہونا۔ سیدھا راستہ چھوڑ دینا۔
لیک لیک چلنا (ہ) رستے رستے چلنا۔ راستے سے چلنا۔ پرانی رسوم کا پابند رہنا۔

لیک (ف) لیکن کا مخفف ہے۔
لیکن (ع) پر۔ مگر۔ اِلّا۔ اما۔ ولے۔
لیکورٹ (انگریزی/مث) ایک قسم کی شراب۔
لیکوڈیشن (انگریزی/مذ) کسی کمپنی کا دیوالیہ قرار دیا جانا۔
لیکھ (ہ/مث) جوں کا انڈا۔ چھوٹی جوں۔ ڈھک۔ آمد و رفت کا نشان۔ لکیر۔
لیکھ (ہ/مث) نوشتہ۔ تحریر۔ قسمت کا لکھا۔
لیکھا (ہ/مذ) حساب کتاب۔ گنتی۔ لین دین۔ حال۔ کیفیت۔ حالت۔ عادت۔ خو۔ سبھاؤ۔ لت۔ وحشت۔ برتاؤ۔ معاملہ۔ دستور۔ طریقہ۔ نرخ۔ بھاؤ۔
لیکھا بہی (ہ/مث) حساب کتاب کی بہی۔ لین دین کی کتاب۔
لیکھا جوکھا (ہ/مذ) (دونوں باہم مرادف) لین دین۔ حساب کتاب۔
لیکھا ڈیوڑھا برابر کرنا (ہ) حساب کتاب۔
لیکھا جوکھا برابر کرنا (ہ) صاف کر دینا۔ حساب بے باق کر دینا۔ حساب چکا دینا۔ لین دین کا فیصلہ کر دینا۔
لیکھا کرنا (ہ) گننا۔ حساب کرنا۔ شمار کرنا۔ لین دین کی رقم معلوم کرنا۔
لیکھنی (ہ/مث) قلم۔ خامہ۔ کلک۔
لیکھے (ہ/مذ) لیکھا کی جمع۔ نرخ۔ بھاؤ۔ در۔ جیسے کھانڈ دس کے لیکھے بک رہی ہے۔ حساب میں۔ نزدیک جیسے اندھے کے لیکھے دن رات برابر۔
لیکھے والا (ہ/صفت) ساہوکار۔ اکاؤنٹینٹ۔ محاسب۔
لَیل (ع/مث) رات۔ راتری۔ شب۔
لیل و نہار (ع/مذ) رات دن۔ شب و روز۔
لیلا (ہ) پنجاب میں بھیڑ یا بکری کے بچے کو بولتے ہیں۔ برہ۔
لیلا (س/مث) کھیل۔ لہو و لعب۔ تماشا۔ عیش و خوشی۔ سیر تماشا۔ قدرت کا تماشا۔ کرتب۔
لیلا رچانا (ا/محاورہ) سوانگ رچانا۔ تماشا کرنا۔
لیلا دھاری (ہ/مذ) کھلاڑی۔ ایکٹر۔ تماشا کرنے والا۔ تماشا گر۔
لیلۃ الاسریٰ (ع/مث) شب معراج۔
لیلۃ البدر (ع/مث) پورے چاند کی رات۔ چودھویں رات۔
لیلۃ القدر (ع/مث) شب قدر۔ سال بھر میں ایک دفعہ آنے والی متبرک رات۔ اس ایک رات کی عبادت کا ثواب ہزار مہینے کی عبادت سے زیادہ ہوتا ہے۔ یہ رمضان کے مہینے میں آتی ہے۔
لیلیٰ۔ لیلے۔ لیلا (ع/مث) لغوی معنی رات کی سی۔ شب رنگ۔ اصطلاحی۔ سانولی۔ سیاہ فام معشوقہ۔ قیس یعنی مجنوں کی معشوقہ کا نام ہے۔ مجازاً ہر معشوقہ۔ خوب صورت۔ حسین۔ جمیل۔
لیلیٰ زادہ (ع ف) خوبصورت معشوق۔ ماہ وش۔
لیلیٰ وش (ع ف) لیلیٰ جیسا۔ مجازاً خوبصورت حسین۔ جمیل۔

لئیم (ع) کمینہ - فرومایہ - سفلہ - بخیل - کنجوس - خسیس -

لئیم الطبع (ع) طبیعت کا کنجوس - وہ شخص جس کی طبیعت میں بخل ہو۔

لیمپ (انگریزی/مذ) دیا - دیوا - چراغ - ایک قسم کی کپی مع بتی اور چمنی وغیرہ -

لیمن (انگریزی/مذ) لیمو - نیبو - ترنج - عرق - لیموں اور سوڈا وغیرہ ملے ہوئے پانی کی بوتل۔

لیمو } (ف/مذ) نیبو - ترنج - ایک ترش پھل کا نام جو دافع صفرا
لیموں (ع) } ہے -

لیمو نچوڑ (ا/صف) مُفت خورا -

لیمونی (ع/صف) وہ چیز جس میں لیموں ڈالا گیا ہو -

لیمونیڈ (انگریزی/مذ) نیبو کا میٹھا پانی یا شربت۔

لین ڈوری (ف/مث) کوچ سے پہلے روانہ کیا ہوا فوجی سامان - وہ خیمہ جو آگے روانہ کیا جاتا ہے - پیش خیمہ -

لین کلیئر (انگریزی/مذ) سڑک صاف ہونے کی دستاویز - وہ پروانہ جو سٹیشن ماسٹر انجن ڈرائیور کو سڑک صاف اور قابل آمد و رفت ہونے کی بابت دیا کرتا ہے۔

لینا (ہ/مذ) لینے کے قابل روپیہ - آتا ہوا - گرفتنی - یافتنی۔

لینا (ہ) پکڑنا - گرفت کرنا - وصول کرنا - اُگاہنا - جیتنا - فتح کرنا - قرض لینا - پانا - حاصل کرنا - اخذ کرنا - خریدنا - تھامنا - سہارنا - سنبھالنا - سلب کرنا - قبض کرنا - کمانا - کھٹنا - فائدہ - اٹھانا - فلاح پانا - جیسے غریب کو مار کر کیا لو گے - ہوا کا بادل اُڑا دینا - ناخن کترنا - کاٹنا - سلام منظور کرنا - سانس بھرنا - گھونٹ بھرنا - حقہ کا دم کھینچنا -

لینا - پہاڑ سے نکل کر سائبیریا میں بہتا ہے اور بحر منجمد شمالی میں گرتا ہے - یہ دریا سردیوں میں منجمد رہتا ہے اس لیے تجارت کے لیے مفید نہیں۔

لینا ایک نہ دینا دو (ہ/محاورہ) نہ غرض نہ مطلب - واسطہ نہ تعلق - نہ ایک لیں گے نہ دو دینے پڑیں گے - مُفت کی علت - ناحق کی مصیبت - خواہ مخواہ کی بلا۔

لینا دینا (ہ) لین دین کرنا - داد و ستد کرنا - رمز کرنا - حساب کتاب - برتاؤ - معاملہ - لین دین -

لینا لوانا (ا/مذ) قابل وصول قرضہ۔

لینا نہ دینا باتوں کا مصالح } (ا/مثل) نری باتیں ہی باتیں ہیں -
لینا نہ دینا باتوں کا جمع خرچ } دینا دلانا خاک نہیں - فضول وقت ضائع کرنا - تضیع اوقات کرنا -

لینا نہ دینا کار سے نہ مطلب (ا/مثل) بالکل فضول - کچھ حاصل نہ حصول - مُفت کی تضیع اوقات -

لینت (ع/مث) نرمی - ملائمت -

لین دین (ہ/مذ) لینا دینا - حساب و کتاب - بیوہار - برتاؤ - معاملہ - خرید و فروخت - واسطہ - تعلق - سروکار - سوداگری - کاروبار - تجارت -

لینڈ (ہ/مذ) موٹی لینڈی - گندگی - گوہ - براز - فضلہ -

لینڈی (ہ/مث) لینڈ کی تصغیر - چھوٹا لینڈ - بندھا ہوا پخانہ - چھوٹا کتا جو قابل شکار نہیں ہوتا - ڈرپوک - بزدلا - نامرد -

لینڈی پھولنا (ا/محاورہ) مغرور ہونا۔

لینڈی تر ہونا (ہ) اِترانا - غرور کرنا - گھمنڈ کرنا - دماغ چلنا -

لینڈی جڑنا (ا/محاورہ) گہری دوستی ہونا -

لینڈی کتا (ہ/مذ) نکما کتا - بودا اور بزدل کتا - بازاری کتا - شکاری کتا - شکاری کتے کی ضد -

لینڈی کتے کی موت مارنا (ا) بہت ذلت سے مارنا - بہت آسانی کے ساتھ مار ڈالنا -

لینی (ہ/مث) دایہ کے پاس سے دودھ پینے والے بچے کو واپس لینے کی رسم -

لینے آنا (ا/محاورہ) کسی کے استقبال کو آنا -

لینے کو پھل دینے کو کانٹا (ہ/مثل) لیتے وقت عمدہ شے لینی اور دیتے وقت نکمی چیز دینی - لینے میں نرم اور دینے میں سخت -

لینے کے دینے پڑنا - یا - پڑ جانا (ہ) فائدے کی جگہ نقصان ہو جانا - جان کے لالے پڑ جانا - سخت مصیبت میں پھنسنا -

لینے دینے میں نہ ہونا (ہ) بالکل بے تعلق ہونا - کوئی واسطہ نہ ہونا - بے سروکار ہونا -

لینے کو بڑھنا (ا/محاورہ) استقبال کے لیے آگے آنا۔

لینے میں نہ دینے میں (ہ/محاورہ) بالکل بے تعلق - بے سروکار - بے واسطہ -

لیو چڑھانا (ہ) دیوار پر پلستر - مجازاً فربہ ہونا - موٹا ہونا - گوشت چڑھنا۔

لیوا (ہ) لینے والا - محصل - گائے بھینس کا باکھ - تھن -

لیوا دیوی (ہ) لین دین - لینا دینا -

لیوانٹ - بحیرۂ روم کا مشرقی حصہ اس کے کنارے بیروت جافہ بندرگاہیں ہیں -

لیوٹا (ہ/مذ) } لیوا کی تصغیر - بکری یا بھیڑ وغیرہ کے تھن -
لیوٹی (ہ/مث) } ذرا سا باکھ -

لیوڑا (ہ/مذ) لیو کی تصغیر - پلستر -

لیوسرن - سوئٹزرلینڈ کی جھیل جس کا نظارہ قابل دید ہے - دور دور سے سیاح آتے ہیں -

لیوی (انگریزی/مذ) بادشاہوں یا امیروں کے صبح کے وقت کی ملاقات کا دربار -

م

م (ع / مذ) اُردو کا اکتیسواں[۳۱] - ہندی کا پچیسواں[۲۵] - فارسی کا اٹھائیسواں[۲۸] - عربی کا چوبیسواں[۲۴] حرف ہے - حساب ابجد میں اس کے عدد چالیس[۴۰] مقرر ہیں -

م - ا

ما (ع) نہیں - مت - نا - ان - بے - کیا - کیا چیز - کون - کدام - کیوں - کیوں کر - جو - جو بھی - جو کچھ - کوئی چیز -

مابعد (ع) جو پیچھے آنے والا - پچھلا - پیچھے کا -

مابقا (ع) باقی رہا ہوا - بچا ہوا - جو باقی رہا ہو - پس خوردہ - اُلش - جھوٹا کھانا -

مالیون (ع) بولیبا - وہ آدمی جسے علت اُبنیٰ ہو -

مابہ الامتیاز (ع / مذ) وہ چیز یا بات جس سے شناخت ہو سکے - درمیانی فرق - باعث امتیاز -

مابہ النزاع (ع / مذ) جھگڑے والی چیز - وہ چیز یا بات جس پر جھگڑا ہو - بنائے فساد -

مابین (ع) جو درمیان ہو - وسط میں - بیچ میں (مذکر) وسط - بیچ - درمیان (صفت) بیچلا - بیچ کا - درمیانی -

مابین تحقیقات (عف / متعلق فعل) تحقیقات کے دوران میں -

مابین فریقین (ع / متعلق فعل) دو فریقوں کے درمیان -

ماتحت (ع) جو نیچے ہو - زیر فرمان (مذکر) مددگار - معاون - نائب - نچلے درجہ کا - ہاتھ بٹانے والا - اسسٹنٹ -

ماتقدم (ع) جو پہلے ہو چکا - اوّل کا - پہلے کا - مذکورہ بالا -

ماحصل (ع / مذ) جو کچھ حاصل ہو - حاصل شدہ - نتیجہ - پھل - ثمرہ - فائدہ - نفع - لابھ - پیداوار - اناج - کان - غلہ -

ماحضر (ع / مذ) جو کچھ حاضر ہو - موجودہ کھانا - دال دلیا -

ماحول (ع / مذ) گردوپیش -

مارمورا - بحیرہ آبنائے ڈارڈنلز اور آبنائے باسفورس کے درمیان ہے - قسطنطنیہ اس کے سرے پر آباد ہے -

ماسبق (ع) جو پہلے گزر چکا ہو - گزشتہ - گزرا ہوا -

ماسلف (ع) گزرا ہوا - گزشتہ - بیتا ہوا -

ماریشس - یہ جزیرہ بحر ہند میں افریقہ کے مشرق کی طرف ہے - یہاں سے لاکھوں من چینی باہر جاتی ہے -

ماسوا (ع) بجز - باورا - علاوہ - اس کے علاوہ اصطلاح تصوف میں خدائے تعالےٰ کے سوا باقی تمام اشیاء - موجودات - مخلوق -

ماشاءَ اللہ (ع) جو اللہ چاہے - جو خدا کو منظور ہے - خدا کی مرضی ہے - چشم بددور -

مافات (ع) جو فوت ہوا - جو گزر گیا -

مافوق (ع) جو اُوپر ہو - اونچا - بالا - بلند - برتر - فائق - بزرگ تر - اعلیٰ - ممتاز -

مافی الضمیر (ع / مذ) جو کچھ دل میں ہو - دل کی بات - منشا - ارادہ - نیت - مطلب - مدعا - غرض -

مافیہا (ع / مذ) جو کچھ اس میں ہے -

ماقبل (ع / مذ) جو پہلے ہو - پہلے کا - مابعد کی ضد -

ماقبل الذکر (ع / مذ) جس کا ذکر پہلے آ چکا ہو - مذکورہ بالا -

مالوہ - اراولی پربت کے مشرق میں سطح مرتفع ہے - جس میں پنا - بندیل - کھنڈ وغیرہ ہیں - افیون کی کاشت بہت ہوتی ہے -

مالا کلام (ع / مذ) جس میں اعتراض کی گنجائش نہ ہو -

مالایُطاق (ع ا مذ) خارج از طاقت - وہ چیز یا بات جو کسی کی طاقت سے باہر ہے -
مالاینحل (ع ا مذ) جو کھُل نہ سکے - نہایت مشکل اور دقیق مسئلہ - ناقابل حل -
ما مضیٰ (ع ا مذ) جو گزر گیا ہو - گزشتہ گزرا ہوا -
ماوراء (ع) بجز - اس کے علاوہ - علاوہ ازیں - علاوہ بریں - سوائے - ماسوا -
مایُعرف (ع ا صف) جو معلوم ہو - کل - کل شے منقبضہ -
مایُقرا (ع ا صف) وہ تحریر جسے انسان پڑھ سکے -
مآت (ع ا مذ) کئی سو - صدہا -
مآرب (ع ا مث) ضروری چیزیں - ضروریات -
ماء (ع ا مذ) پانی - جل - نیر - آب - رس - عرق -
ماء الجبن (ع ا مذ) دُودھ کو پھاڑ کر سفیدی الگ کر کے نکالا ہوا پانی -
ماء اللحم (ع ا مذ) گوشت کا پانی - شوربا - حلوان کی کشید کر کے نکالی ہوئی یخنی -
ما - یا - ماں (ہ ا مث) ماتا - متیا - مادر - والدہ - جننی - والدہ کو پکارنے کا لفظ ہے -
ما اپلی باپ تیلی بیٹا شاخ زعفران (ہ ا مثل) کمینے شیخی باز کی نسبت بولتے ہیں - نیز جب کوئی ادنیٰ آدمی فخرِ خاندان ہو جائے اس کی نسبت بھی -
ما باپ - یا - ماں باپ (ہ ا مذ) ماتا - پتا - والدین - مادر پدر -
ماں بہن (ہ ا مث) والدہ و ہمشیرہ -
ماں بہن کرنا (ہ) ماں بہن کی گالی دینا - سخت بدزبانی کرنا -
ماں بیٹیوں میں لڑائی ہوئی لوگوں نے جانا بیر پڑا (ہ ا مثل) اپنوں کی لڑائی لڑائی نہیں ہوا کرتی -
ماں بیٹیوں میں چھنالا نہیں چھپتا (ہ ا مثل) ہمسائیوں یا قریبیوں سے عیب نہیں چھپ سکتا -
ماں پسنہاری بھلی باپ ہفت ہزاری بُرا (ہ ا مثل) باپ کی محبت ماں کی ماتا سے کم ہونے کی نسبت بولتے ہیں - یعنی ماں کے برابر باپ کو محبت نہیں ہوتی -
ماں ٹینی باپ کلنگ بچے نکلے رنگ برنگ (ہ ا مثل) دوغلے اور نالائق خاندان کی بگڑی اولاد کی نسبت بولتے ہیں -
ماں جائی (ہ ا مث) ایک ماں باپ کی اولاد - مادینہ - سگی بہن - خواہر - ہمشیرہ -
ماں جائے سات پوت کرم دیے بانٹ (ہ ا مثل) سگے بھائیوں کی تقدیریں بھی یکساں نہیں ہوتیں -
ماں جایا (ہ ا مذ) سگا بھائی - برادرِ حقیقی -

مانسرور - کوہستان ہمالیہ میں خوبصورت جھیل ہے -
ماں سارنگی باپ طنبورہ (ہ ا مذ) کلانوت بچہ - ڈومنی بچہ - میراثی - جس کی ماں ڈومنی اور باپ ڈوم ہو -
ماں سے سوا چاہے تو کٹنی (ہ ا مثل) والدہ سے زیادہ محبت جتانے والی خالی از علت نہیں -
ماں فقیرنی پوت فتح خاں (ہ ا مثل) کم حیثیت مغرور آدمی کی نسبت بولتے ہیں -
ماں کا پیٹ کمہار کا آوا کوئی گورا کوئی کالا (ہ ا مثل) جس طرح کمہار کے آوے میں سے تمام برتن ایک ہی رنگ کے نہیں نکلتے کوئی سُرخ ہوتا ہے کوئی کالا - اسی طرح ماں کے پیٹ سے بھی تمام اولاد یکساں رنگ کی نہیں پیدا ہوتی -
ماں کا دُودھ (ہ ا مذ) شیر مادر - نہایت مفید - حلال - جائز - روا - مباح -
ماں کو نہ باپ کو جیسے گی آپ کو (ہ ا مثل) ہر شخص کو اپنے ہی اعمال کی سزا ملے گی - اور اپنی ہی کرنی بھوگنی ہوگی - کردنی خویش آمدنی پیش -
ماں کے پیٹ سے لے کر نکلنا (ہ) سیکھا سکھایا پیدا ہونا - سیکھے بغیر کچھ حاصل کرنا -
ماں مارے اور ماں ہی پکارے (ہ ا مثل) اپنا خواہ کتنی ہی تکلیف پہنچائے پھر بھی اپنا ہی ہے - اپنوں کی سختی بھی بُری نہیں لگتی - ماں کے مارتے وقت بچہ ماں ہی ماں پکارتا ہے -
ماں مرے ماسی جیے (ہ ا مثل) یعنی ماں اگر مر جائے گی تو خالہ پال لے گی - ماں اور ماسی میں فرق نہیں -
ماں نہ ماں کا جایا سبھی لوگ پرایا (ہ ا مثل) اس جگہ بولتے ہیں جہاں کوئی بھی واقف نہ ہو -
ماپ (ہ ا مث) ناپ - پیمائش - جریب کشی - پیمانہ - جانچ - اندازہ - طول و عرض کا تخمینہ -
ماپ تول (ہ ا مث) تول - جوکھ - جانچ پڑتال - مساحت - لمبائی چوڑائی کی پیمائش -
ماپ لینا (ار محاورہ) پیمائش کرنا - جانچنا - اندازہ کرنا -
ماپک (ہ ا مذ) ناپنے والا - مساح - جریب کش - رقبہ بندی - ناپ - پیمائش -
ماپنا (ہ) ناپنا - پیمائش کرنا - جانچنا - اندازہ کرنا - رقبہ جانچنا - طول و عرض کا اندازہ لگانا -
ماپھل (ہ ا مذ) مازو پھل -
ماپی (ہ ا مذ) متوالی -
مات (ہ ا مث) ماتا کا مخفف - ما - ماتا - مائی - مادر - والدہ -
مات پتا (ہ ا مذ) ماں باپ - والدین - مادر پدر -
مات (ع ا مث) لغوی معنی - وہ مر گیا - اصطلاحی ہار گیا - شکست - ہزیمت - ہار - زچ - کشت -
مات دینا (ا) ہرانا - شکست دینا - جیتنا -

مات کرنا (ل) بازی لے جانا ۔ مغلوب کرنا ۔ نیچا دکھانا ۔ شرمندہ کرنا ۔ نادم کرنا ۔ کسی کام میں بڑھ جانا ۔ سبقت لے جانا ۔

مات کھانا (ل) ہار جانا ۔ مغلوب ہونا ۔ شکست کھانا ۔ نادم ہونا ۔ نیچا دیکھنا ۔

مات ہونا / مات ہو جانا (ل) زچ ہو جانا ۔ ماند ہونا ۔ بےرُوپ ہو جانا ۔ مدھم پڑنا ۔ مغلوب ہونا ۔

ماتا (ہ/مث) امّاں ۔ ماں ۔ والدہ ۔ چیچک ۔ سیتلا (مذکر) بدمست ۔ متوالا ۔ مخمور ۔ نشہ میں چُور ۔

ماتا پِتا (ہ/مذ) والدین ۔ ماں باپ ۔ مادر پدر ۔

ماتا نکلنا (ا/محاورہ) سیتلا کی پُوجا کرنا ۔

ماتر (س/مث) تھوڑا سا ۔ کسی قدر ۔ اکیلا ۔ تنہا ۔ فقط ۔ بمقدارِ قلیل ۔ باندازہ قلیل ۔

ماتم (ع/مذ) بلا آفت ۔ بپتا ۔ مصیبت ۔ سوگ ۔ سیاپا ۔ شیون ۔ رنج و غم ۔ ملال و اندوہ ۔ بین ۔ بلاپ ۔ نوحہ ۔ کہرام ۔ گریہ و زاری ۔ اہلِ تشیع کا فعل سینہ کوبی ۔

ماتم پُرسی (ع ف/مث) پُرسہ ۔ سیاپا ۔ عیادت ۔ ورثائے میت کی غم خواری ۔

ماتم خانہ ۔ یا ۔ ماتم سرا ۔ یا ۔ ماتم کدہ (ع ف/مذ) سوگ کا گھر ۔ وہ گھر جس میں غمی یا مصیبت ہو گئی ہو ۔

ماتم دار (ع ف) سوگی ۔ سوگوار ۔ ماتمی ۔

ماتم داری (ع ف) سوگ ۔ غم و الم ۔

ماتم زدہ (ع ف) سوگوار ۔ سوگی ۔ ماتمی ۔ غمناک ۔ اندوہگین ۔

ماتمی (ع) سوگی ۔ سوگ کرنے والا ۔ ماتم کرنے والا ۔ منسوب بہ ماتم ۔

ماتمی لباس (ا/مذ) سیاہ یا نیلے کپڑے میلے کچیلے کپڑے جو ماتم کی حالت میں پہنے رہتے ہیں ۔

ماتمی باجا (ا/مذ) باجا جو سوگ کے وقت بجتا ہے ۔

ماتمی پوشاک (ا/مث) سیاہ یا نیلے رنگ کا لباس جو رنج و غم کی حالت میں پہنا جاتا ہے ۔

ماتھا (ہ/مذ) پیشانی ۔ مستک ۔ سر کا اگلا حصہ ۔ جہاز کا اگلا حصہ ۔ ناؤ وغیرہ کا اگلا حصہ ۔

ماتھا پیٹنا (ہ) سر پیٹنا ۔ ماتم کرنا ۔ پچھتانا ۔ افسوس کرنا ۔

ماتھا پیٹن کرنا (ا/محاورہ) ظاہرداری کا سلام کرنا ۔

ماتھا پیٹی (ہ/مث) ماتمی عورت ۔ چھپٹے اور بدنما ماتھے والی عورت ۔

ماتھا ٹیکانا (ہ) سجدہ کرنا ۔ سلام کرنا ۔ ڈنڈوت کرنا ۔ سر جھکانا ۔ آداب بجا لانا ۔

ماتھا ٹھنکنا (ہ) کسی کام کا بُرا انجام پہلے ہی سے معلوم ہو جانا ۔

ماتھا ٹیکنا (ا/محاورہ) سجدہ کرنا ۔

ماتھا رگڑنا (ہ) پیشانی گھسنا ۔ خوشامد کرنا ۔ ناک رگڑنا ۔ نہایت عاجزی کرنا ۔

ماتھُر (س/مذ) متھرا کا رہنے والا ۔ کایستھوں کی ایک قوم کا نام ۔

ماتھے جانا (ہ) الزام لگنا ۔ سر لگنا ۔ تھپنا ۔ تھوپا جانا ۔

ماتھے مارنا (ہ) واپس کرنا ۔ لوٹانا ۔ پھیرنا ۔ سر سے مارنا ۔

ماتی (ہ/مث) ماتا کی تانیث ۔ مست ۔ سرشار ۔ متوالی ۔ مخمور ۔ مدہوش ۔ نوجوان ۔ نوعمر ۔ بالغہ ۔ تر و تازہ ۔ شاداب ۔ بھرپُور ۔ کامل ۔

ماٹ (ہ/مذ) مٹکا ۔ خُم ۔ نیل کا حوض ۔

ماٹی (ہ/مث) مٹی ۔ خاک ۔ دھول ۔ گرد و غبار ۔ زمین ۔ دھرتی ۔

ماٹی میں رُلنا (ہ) خاک میں ملنا ۔ گڑنا ۔ دفن ہونا ۔ برباد ہونا ۔ تباہ ہونا ۔

ماثُورہ (ع) وہ دُعائیں جو حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم سے مروی ہیں ۔

ماثوم (ع) گنہگار ۔

ماجِد (ع/مذ) بزرگی والا ۔ بُزرگ ۔ قابلِ عزت آدمی ۔ بزرگوار ۔

ماجِدہ (ع/مث) ماجد کی تانیث ۔ مخدومہ ۔ بزرگ عورت ۔ معظّمہ ۔

ماجرا (ع/مث) لُغوی جو چیز جاری ہوئی ۔ اصطلاحی گزشتہ بات ۔ سرگزشت ۔ سربیتی ۔ احوال ۔ واقعہ ۔ حادثہ ۔ سانحہ ۔ حالت ۔ درجہ ۔ کیفیت ۔

ماجتا (ہ/مذ) پت ۔ آبرو ۔ عزت ۔ زنہار ۔

ماجُو (ہ/مذ) صحیح مازو ۔ ایک جو جیسے اور کسیلے بیج کا نام ہے ۔ جو دواؤں میں کام آتا ہے ۔

ماجُوج (عبرانی/مذ) ایک قوم کا نام ہے جو یافث بن نوح علیہ السلام کی اولاد سے ہے ۔ تاتاری لوگ ۔ یاجوج ماجوج ۔

ماجھی ۔ یا ۔ مانجھی (ہ/مث) ملّاح ۔ کشتی چلانے والا ۔ کشتی کھینے والا ۔

ماچا (ہ/مذ) بڑا پلنگ ۔ اُونچی اور بڑی چارپائی ۔ کھاٹ ۔ کھیت سے پرندے اُڑانے کی اُونچی جگہ ۔ ٹانڈ ۔

ماچا خَر (ہ/صف) بےوقوف ۔ احمق ۔

ماچھی (ہ/مث) مکھی ۔

ماچی (ہ/مث) چارپائی ۔ گاڑی کے پیچھے اسباب لگانے کا جالی دار تھیلا ۔ گاڑی کے پیچھے کی جگہ ۔ ہینگا ۔ میڑا ۔ پنجابی ۔ مجرا ۔ بیلوں کی گردن کی دو لکڑیاں جو ہل چلانے وقت رکھی جاتی ہیں ۔

ماحَضَر (ع) کھانے وغیرہ کی جو چیز حاضر ہو یا طعام قلیل و بے تکلف ۔

ماحی (ع/صف) نیست و نابود کرنے والا ۔

ماخَذ (ع/مذ) نکلنے کی جگہ ۔ منبع ۔ نکاس ۔ جڑ ۔ بنیاد ۔ اصل ۔ مُول ۔ مادّہ ۔ مبداء ۔

ماخُوذ (ع) گرفتار ۔ پکڑا ہوا ۔ لپٹا ہوا ۔ پیچ میں آیا ہوا ۔ جواب طلبی میں مُبتلا ۔

ماخوذ ہونا (ل) پکڑا جانا۔ گرفتار ہونا۔ پھنسنا۔
مادام (ع) جب تک۔ تاوقتیکہ۔ ہمیشہ۔ سدا۔ نت۔
مادح (ف/صف) تعریف یا مدح کرنے والا۔
مادر (ف/مث) ماں۔ اماں۔ والدہ۔ ماتا۔ میّا۔
مادر بخطا (ف/مذ) ایک سخت گالی ہے۔ حرامکار۔ کٹُنا۔ حرامی۔
مادر خواہی کرنا (ل) ماں کی گالی دینا۔ بُرا بھلا کہنا۔ ماں بہن کرنا۔
مادر زاد (ف) پیدائشی۔ جنم کا۔ ماں جایا۔ ماں کا جنا ہوا۔
مادری } (ف) منسوب بہ مادر۔ ماں کا۔
مادرانہ } ماں کی۔
مادری زبان (ف/مث) ماں باپ کی زبان۔ خاندانی بولی۔ اپنی بولی۔ ذاتی بولی۔
مادہ (ف) عورت۔ مادین۔ زن۔ نر کی ضد۔ استری۔ مؤنث۔ مذکر کی ضد۔
مادّہ (ع/مذ) ہر چیز کی اصل۔ ہر شے کے بنانے کا مسالا۔ جوہر۔ گن۔ ہیولا۔ قابلیت۔ استعداد۔ بابت۔ بات۔ ماخذ۔ رُوٹ۔ اصل۔ جڑ۔ منبع۔ سمجھنے کی قوت۔ عقل۔ بُدھ۔ بُدھی۔ جسم۔ بدن۔ وجود۔ پیپ۔ راد۔ مواد۔
مادھو (س/مذ) سری کرشن جی کا لقب۔
مادّی (ع) منسوب بہ مادّہ۔ قدرتی۔ طبعی۔ اصلی۔ ذاتی۔
مادیان (ف/مث) گھوڑی۔ گھوڑا کی مؤنث۔ اسپ مادہ۔
مادیّت (ع/مث) جسمانیت۔ جسمیّت۔
مادین (ف/مث) نر کی ضد۔ مادہ حیوانات۔
مار (ف/مذ) سانپ۔ ناگ۔ اژدہا۔ سرپ۔ تشبیہاً زلف۔ گیسو۔
مار پیچ (ف/مذ) جھنڈے کی چوٹی کا ریشم کا گچھا۔ پرچم۔ سانپ کی سی لہر۔ ٹیڑھا رستہ۔ چکردار رستہ۔ ہیر پھیر کا راستہ جو پہاڑوں پر بل کھاتا ہوا چڑھتا ہے۔
مار گزیدہ (ف/مذ) سانپ کا ڈسا ہوا۔
مارگیر (ف/مذ) سپیرا۔ سانپ پکڑنے والا۔
مار گیسو } (ف/مث) زلف کی ناگن۔ معشوق کی لٹ۔
مار زلف } پیچ دار زلف۔
مار (ہ/مث) ضرب۔ چوٹ۔ زدوکوب۔ صدمہ۔ دھکا۔ عذاب۔ دُکھ۔ رنج۔ تکلیف۔ مصیبت۔ پھٹکار۔ لعنت۔ ملامت۔ وبال۔ خدا کا غضب۔ آفت۔ کثرت۔ بہتات۔ شدّت۔ کوشش۔ سعی۔ مُصلح۔ مارگ جیسے کھجلی اور گندھک کی مار گھی ہے۔ بندوق کی زد۔ لوٹ کا مرادف جیسے لُوٹ مار۔ غصب۔ خیانت۔ جیسے تمہارا پیسہ کہیں مار میں تو نہیں۔ دھمکی۔ ڈراوا۔ جیسے بچے کو آنکھ کی مار کافی ہے۔
مار بھگانا (ہ) ہرا دینا۔ شکست دینا۔
مار بیٹھنا (ہ) مار لینا۔ چھین لینا۔ دبا لینا۔ غصب کر لینا۔ ٹھونک دینا۔ لکڑی سے پیٹ دینا۔
مار پٹائی (ہ/مث) مار پیٹ۔

مار پٹنا (ہ/محاورہ) زدوکوب ہونا۔ مارا جانا۔
مار پڑنا (ہ) پٹنا۔ پٹیا جانا۔ زدوکوب ہونا۔ آفت آنا۔ خدا کا غضب ٹوٹنا۔ بددُعا لگنا۔ سراپ پڑنا۔
مار پیٹ (ہ/مث) مار کٹائی۔ جُوتی پیزار۔ لڑائی جھگڑا۔ زدوکوب۔
مار پیچ کی باتیں (ہ/مث) فریب کی باتیں۔
مار پیچ کی راہ (ہ/مث) ٹیڑھا راستہ۔
مار پیچھے سنوار (ہ/مثل) لڑائی کے بعد انتقام مشکل سے لیا جاتا ہے۔ کام بگڑنے اور خراب ہونے کے بعد صلح و آشتی بے کار ہے۔ لڑائی کر لو۔ بعد میں جھگڑا دُرست کر لیا جائے گا۔
مار دھاڑ (ہ/مث) مار پیٹ۔ مار کٹائی۔ زدوکوب۔ لڑائی دنگا۔ جھڑک۔ ڈانٹ۔
مار دینا (ہ) مار بیٹھنا۔ ہاتھ چلا بیٹھنا۔ قتل کر دینا۔ ہلاک کر دینا۔ جان نکال دینا۔
مار ڈالنا (ہ) قتل کر ڈالنا۔ ہلاک کر ڈالنا۔ تباہ کر دینا۔ برباد کر دینا۔ بے تاب کر دینا۔ جھڑکا دینا۔ ہنسانے ہنساتے ٹل دینا۔ فریفتہ کر لینا۔ عاشق بنا لینا۔
مار سکنا (ہ) مارنے کے قابل ہونا۔ مارنے کی طاقت اور قابلیت رکھنا۔
مار سے بھوت بھاگتا ہے (ہ/محاورہ) مار پٹائی سب کو قابو کر لیتی ہے۔ مار کے آگے بھوت بھی ساری سرکشی بھول جاتا ہے۔
مار کٹائی (ہ/مث) مار دھاڑ۔ مار پیٹ۔ مارنا۔ کوٹنا۔ زدوکوب۔
مار کھانا (ہ) پٹنا۔ سزا پانا۔
مار کے (ہ) ضرب لگا کے۔ چوٹ لگا کے۔ کثرت ظاہر کرنے کے لیے بھی آتا ہے جیسے لُوٹ اتنی آئی مار کے ڈھیر لگ گئے۔
مار لینا (ہ) کسی کا مال دبا لینا۔ ناجائز قبضہ کر بیٹھنا۔ تباہ کرنا۔ لُوٹ لینا۔
مار مرنا (ہ) دوسرے کو قتل کر کے خود بھی مر جانا۔
مار مارنا (ہ) خوب پیٹنا۔ زدوکوب کرنا۔
مار موئے مار تیری ہتھڑی پر آئے میری عادت نہ جائے۔ (ہ/مثل) نہایت ضدی اور ڈھیل کی نسبت بولتے ہیں یعنی خواہ سزا دے لے تیرے ہی ہاتھ درد کریں گے میری عادت نہیں چھوٹنے کی۔
مارا } (ہ/مث) بارانی زمین جہاں صرف بارش کے پانی ہی سے
میرا } پیداوار ہو۔ بارانی علاقہ۔
مارا (ہ) مارا ہوا۔ زدہ۔ مقتول۔ قتل شدہ۔ ڈسا ہوا۔ مار گزیدہ۔ تباہ شدہ۔ دُکھی۔ دکھیا۔ ستایا ہوا۔
مارا جانا (ہ) قتل ہونا۔ جان سے جانا۔ ہلاک۔ ضائع ہونا۔ ڈوبنا۔ تلف ہونا۔ برباد ہونا۔
مارا مار (ہ/مث) زیادتی۔ کثرت۔ افراط۔ بہتات۔ نہایت کوشش۔ جد و جہد۔ مار دھاڑ۔ مار پیٹ۔ بھاگڑ۔ بھگدڑ۔ جلدی۔ شتابی۔

سخت تاکید۔
مارا مار کرنا (ا/ محاورہ) بہت کوشش کرنا۔
مارا مارا پھرنا (ہ) آوارہ پھرنا۔ خراب وخستہ پھرنا۔ دربدر پھرنا۔ واہی پھرنا۔ ٹھوکریں کھانا۔
مارا چہ ازیں قصہ کہ گاؤ آمد وخر رفت (ف/ مثل) ہمیں کیا غرض کون آیا کون گیا۔ اظہار بے تعلقی کے وقت بولتے ہیں۔
مارتا (ہ/ مذ) مارتا ہوا۔ پیٹتا ہوا۔ مارنے والا۔ ضرب لگانے والا۔
مارتوڑ (ہ/ مذ) صحیح مارتول۔ پرتگالی ہے۔ ہتھوڑا۔ ہتھوڑی۔ ٹھوکنے کا آلہ۔ موگرا۔ موگری۔
مارتے خاں (ا/ مذ) زور آور۔ ظالم۔ سفاک۔
مارتے خاں سے بہت ڈرتے ہیں (ا/ مثل) زبردست سے بہت خوف کھاتے ہیں۔
مارتے کے پیچھے بھاگتے کے آگے (ا/ مثل) بزدل کے متعلق کہتے ہیں۔
مارتے مارتے بھرکس کر دینا / **مارتے مارتے گٹھڑی بنا دینا** } (ہ) اتنا مارنا کہ چور چور کر دینا یا تھیلا بنا دینا۔ مدعا یہ کہ سخت ہی مارنا۔
مار مار کر بھرکس نکال دینا (ہ) خوب مارنا۔ اچار کر دینا۔ کچومر نکال دینا۔
مارنا (ہ) پیٹنا۔ ضرب لگانا۔ زدوکوب کرنا۔ لوٹنا۔ تباہ وبرباد کرنا۔ جڑنا۔ لگانا۔ وار کرنا۔ ہاتھ اٹھانا۔ بندوق وغیرہ چلانا۔ چھوڑنا۔ فیر کرنا۔ پچھاڑنا۔ نیچے گرا دینا۔ ٹیکنا۔ فتح کرنا۔ جیتنا۔ سزا دینا۔ ڈانٹنا۔ ہلاک کرنا۔ حملہ کرنا۔ قتل کرنا۔ ذبح کرنا۔ عاشق بنانا۔ رسوا کرنا۔ ذلیل کرنا۔ تھکانا۔ مغلوب کرنا۔ ہرانا۔
مارو (ہ/ مذ) مارنے والا۔ ہلاک کرنے والا۔ نقارۂ جنگ۔ لڑائی کا باجہ۔ لڑائی کے وقت گانے کی ایک راگنی۔ ایک قسم کا بڑا بینگن۔ سری راگ کی تیسری راگنی کا نام۔
مارواڑ (ہ/ مذ) جودھپور کا نام۔ ایک قسم کا کبوتر۔ خاص راجپوتانے کے ایک قسم کے گیت۔
ماروت (ع/ مذ) چاہِ بابل کے دو مقید فرشتوں میں سے ایک کا نام ہے جو زہرہ کنچنی پر عاشق ہو جانے کے باعث مبتلائے عذاب ہوئے۔
ماروں گھٹنا پھوٹے آنکھ (ہ/ مثل) مار کہیں پڑے اور لگے کہیں۔ جواب کچھ اور سوال کچھ۔
مارے (ہ) سبب۔ باعث۔ لیے۔ واسطے۔ کارن۔ پیٹے۔ ضرب لگائے۔ قتل کرے۔ جان لے۔ ہلاک کرے۔ تباہ۔ خراب وخستہ۔ دربدر۔

مارے مارے پھرنا (ہ) دربدر پھرنا۔ خدائی خوار پھرنا۔ دھکے کھاتے۔ دھکے کھاتے پھرنا۔
ماڑا (ہ) کمزور۔ ناتواں۔ ضعیف۔ کم طاقت۔ لاغر۔ دُبلا۔ پتلا۔ بوڑھا۔ پیر فرتوت۔ کنگال۔ نادار۔ مسکین۔ بے قدر۔ ہیچ۔ کمینہ۔ سفلہ۔ ادنیٰ۔ بیمار۔ مریض۔ ناخوش۔ تھوڑا سا۔ رتی بھر۔ ذرا سا۔
ماڑی (ہ/ مث) ماڑا کی تصغیر۔ دُبلی۔ لاغر۔ ضعیفہ۔ ماندی۔ ہیچ۔ کلف۔ اہار۔ چاولوں کا اُبلا ہوا پانی۔ اُوپر کی منزل۔ اٹاری۔ گوگے پیر کی قبر۔
مازاغ (ع) اشارہ طرف آیت مازاغ البصر یعنی شب معراج آنحضرتؐ نے نہ پھیری آنکھ طرف دوسری چیزوں کے اور نہیں کی نافرمانی۔
مازن (ع) چیونٹی کا انڈا۔
مازندران (ف) ملک ایران میں طبرستان کا علاقہ۔
ماس (س/ مذ) مہینہ۔ ماہ۔ چاند۔ چندرما۔ قمر۔ گوشت۔ لحم۔ نسکار۔ سالن۔
ماس بناسپ گھاس رسوئی (ہ) گوشت خور۔ گوشت پر ہی گزارہ کرنے والا۔
ماس سب کوئی کھاتا ہے۔ ہڈی گلے میں کوئی نہیں باندھتا (ہ/ مثل) بلا گوشت کھانے کا لطف نہیں۔ گوشت بغیر سب کھانے ہیچ۔
ماس کیار (ہ/ مذ) ماہواری گوشوارہ۔ ماہواری نقشہ۔ برآورد۔ سارے مہینے کا حساب۔ مہینے کا آخری دن۔
ماس نماس (ہ) ماہوار۔ ماہ بماہ۔ مہینے کے مہینے۔
ماس نوچنا (ہ) بوٹیاں کاٹنا۔ گوشت اتارنا۔
ماست (ف/ مذ) دوغ۔ چھاچھ۔
ماسی (ہ/ مذ) خالہ۔ ماں کی بہن۔ ماؤسی۔
ماش (س/ مذ) اُڑد۔ مونگ سے ذرا بڑا۔ سیاہ رنگ کا غلہ۔ جس کی دال بناتے ہیں۔
ماش کا پتلا (ا/ مذ) کنایۃً۔ گورا چٹا۔ خوبصورت۔
ماش مارنا (ہ) کسی پر جادو ٹونا چلانا۔ کسی پر افسوں پڑھ پڑھ کر ماش کے دانے مارنا۔
ماشا (ہ/ مذ) بنگالی بابو۔ مسٹر۔ حضرت۔ صاحب۔
ماشاءاللہ (ع) چشم بددور۔ بری نظر کا اثر نہ ہو۔ خدا نظر بد سے بچا کے۔ کیا کہنا۔ سبحان اللہ طنزاً کہا کرتے ہیں۔
ماشوی (ہ/ مذ) ایک پرندہ۔
ماشہ (ف/ مذ) آٹھ رتی کا وزن۔ تولے کا بارھواں حصہ۔
ماشہ بھر (ا) ذرا سا۔ بہت قلیل مقدار۔ ایک ماشہ جتنا وزن تھوڑا سا۔ رتی بھر۔
ماشی (ا) ماش کے رنگ کا۔ سیاہی مائل سبز۔
ماص (ع) چوسنے والا۔
ماضی (ع) گزشتہ۔ گزرا ہوا۔ بیتا ہوا۔ فعل کی وہ صورت جس کا تعلق

گزشتہ زمانہ سے ہو - اس کی چھ قسمیں ہیں -
ماضی احتمالی - یا - شکیہ (ع ف امث) جس سے زمانہ گزشتہ میں صدورِ فعل میں شک پایا جائے -
ماضی استمراری - یا - ناتمام (ع ف امث) جس سے گزشتہ زمانہ میں فعل کا تواتر سمجھا جائے -
ماضی بعید (ع امث) جس سے زیادہ گزرا ہوا زمانہ سمجھا جائے -
ماضی تمنائی - یا - شرطی (ہ امث) وہ ماضی جس سے پہلے کلمہ تمنا یا شرط ہو -
ماضی قریب (ع امث) جس سے قریب کا زمانہ گزشتہ سمجھا جائے -
ماضی مطلق (ع امث) وہ ماضی جس سے گزشتہ زمانہ بلاقید مفہوم ہو -
ماضیہ (ع) بیتا ہوا - گزرا ہوا - گزشتہ - اگلا - اب سے پہلے کا -
ماغ (ف امذ) ایک قسم کا کبوتر -
مافات (ع) جو چیز فوت ہو گئی - جو گزر گیا -
ماقل و مادل - کنایہ کلام قلیل سے جو وسیع المطلب ہو -
ماقوتی (ف امث) ایک قسم کا حلوہ -
ماکڑا (ہ اصف) مکڑی کی طرح دُبلا پتلا -
ماکنی (ہ امث) مکھی -
ماکھن (ہ امذ) مکھن - مسکہ - کچا گھی - بن تایا گھی - ربڑی - نہایت گاڑھا دودھ -
ماکھو (ہ امث) شہرت - چرچا - افواہ (پنجاب) شہد کی مکھی -
ماکھو دوڑنا (ہ) شہرت پھیل جانا - چرچا ہونا - افواہ ہونا -
ماگدھ (ہ امذ) مگدھ دیس یعنی بہار کا رہنے والا - بھاٹ - کڑکیت - راجاؤں کے گن گانے والا -
ماگھ (س امذ) ہندی سال کا گیارھواں مہینہ - ایک نچھتر کا نام بھی ہے -
ماگھ کا جاڑا جیٹھ کی دھوپ
بڑے کشٹ سے اُپجے رُکھ } (ہ اشل) ماگھ کی سردی اور جیٹھ کی دھوپ میں پودا بڑی دقت سے ہرا ہوتا ہے - یہ دونوں پودوں کے لیے مضر ہیں -
مال (ہ امث) چرخے کے تکلے کو چلانے والی ڈور - رہٹ کی ٹنڈوں والی رسیاں - مشین کے چرخے چلانے والے چمڑے وغیرہ کے پٹے -
مآل (ع امذ) جائے بازگشت - لوٹنے کی جگہ - مرجع اخیر - انجام - پھل - نتیجہ -
مآل اندیش (ع ف اصف) دور اندیش - انجام بین - اخیر نتیجہ کی سوچ بچار کرنے والا -
مآل کار (ع ف) انجام کار - آخر کو - انت کو - آخر کار -
مال (ع امذ) دھن - دولت - پونجی - نقدی - مایہ - زر و جواہر - اسباب - جائداد - جنس - سوداگری کی چیزیں - لگان - خراج - معاملہ - املاک - محصول - اصل - حیثیت - ہستی - قیمتی کھانا - نفیس اور عمدہ کھانا - جیسے آج خوب مال کھائے - پیداوار - آمدنی - زراعت - خوبصورت عورت - لونچی حسین آدمی -
مال اُڑانا (ہ) روپیہ لُٹانا - فضول خرچی کرنا - روپیہ خورد برد کرنا - نفیس اور عمدہ کھانے کھانا -
مال المال (ع امذ) علمِ حساب میں کسی عدد کی چوتھی طاقت کو کہتے ہیں - جیسے
۸۱ = ۳ × ۳ × ۳ × ۳ یعنی $۳^۴$ -
مالِ اموات (ع امذ) (قانونی اصطلاح ہے) لاوارث مال - وہ مال جس کا کوئی والی وارث نہ ہو -
مال برآمد (ع ف امذ) (قانون) وساور کو بھیجا ہوا مال - بھرتی - سوداگری مال - چوری کا مال - جو پایا گیا ہو - مالِ مسروقہ - بازیافتہ مسروقہ مال -
مال بے کھٹکے (ہ امذ) غیر مرہونہ - آزاد -
مال پر زکوٰۃ ہے (ا اشل) آمد ہی پر خرچ ہوا کرتا ہے - جونے ہی پر خیرات فرض ہے - ہوت کی جوت ہے -
مال پرست (ع ف اصف) وہ شخص جو ہر وقت مال حاصل کرنے کی فکر میں ہو -
مال تال (ا امذ) روپیہ پیسہ - مال دولت - مال متاع - (تال تابع مہمل ہے)
مال چکھنا (ا) غیر کا مال کھا جانا - دوسرے کے مال پر مزے اُڑانا - ترلولے کھانا -
مال چیرنا (ا) روپیہ کھا جانا - مال مارنا - چوری کرنا - غبن کرنا - ہاتھ مارنا -
مالِ حرام (ع امذ) ناجائز مال - چوری یا خیانت کا مال - مفت کا مال - ناجائز کمائی -
مالِ حرام بود بجائے حرام رفت (ف اشل) بُری کمائی تھی بُری ہی جگہ لگ گئی - بُری کمائی یونہی اُڑ جایا کرتی ہے -
مال حصہ داری
مالِ شراکت } (ا امث) ساجھے کی پونجی - شراکت کا مال -
مال دار (ع ف اصف) امیر - دولت مند - دھنی - دھنوتا -
مال دھنی (ع ا امذ) مالک -
مال زادہ (ا امذ) حرامی - حرام زادہ - کسبی کا جنا - بھڑوا - قلتبان - ایک قسم کی نہایت سخت گالی ہے -
مال زادی (ا امث) چھنال - قحبہ - رنڈی - کسبی - پاتر - بازاری - حرامزادی - کٹنی - دلالہ - نائکہ -
مال سائر (ع امذ) (قانون) مکان کے علاوہ دیگر محاصل - جیسے چنگی - سڑک - مدرسہ وغیرہ -
مال ضامن (ع امذ) نقدی کی ضمانت دینے والا - روپیہ ادا

کرنے کا ذمہ دار۔

مال ضامنی (ع ف/ا مث) مال کی ضمانت۔

مال ضبطی (ع/امذ) قرق کیا ہوا مال۔ سرکاری حکم سے قبضہ کیا ہوا مال۔

مالِ طیّب (ع/امذ) پاک مال۔ نیک کمائی کا مال۔ حلال مال۔ طنزاً بُری کمائی۔ مالِ حرام۔

مالِ غنیمت (ع ف/امذ) لُوٹ کا مال۔ لڑائی میں ہاتھ لگا ہوا دُشمن کا مال۔

مالِ غیر منقولہ (ع/امذ) وہ مال جو اُٹھا کر نہ لے جایا جا سکے۔ جیسے مکان، زمین وغیرہ۔

مال فرود (ع ف/امذ) (قانون) آڑھت۔ مال اُترنے کی جگہ۔ منڈی۔ دُکان کا مال۔

مال کا بندوبست (ا/امذ) بندوبست پیداوار کے محصول کا انتظام۔ خراج۔

مال گزار (ع ف/امذ) معاملہ دینے والا۔ خراج دینے والا۔ گاؤں کا چودھری۔ نمبردار۔ پٹی دار۔

مال گزاری (ع ف/امث) معاملہ۔ بٹّہ۔ جمع۔ سرکاری لگان۔

مال لاوارث (ہ) مال جس کا کوئی والی وارث نہ ہو۔ مال خالصہ۔

مال لُٹے سرکار کا مرزا کھیلے پھاگ (ا/ مثل) دوسروں کے مال پر عیش اڑانا۔ پرائے مال پر عیش۔

مال مارنا (ا) غبن کرنا۔ فریب سے مال لینا۔ ٹھگنا۔ چوری کرنا۔

مال محمولہ (ع/امذ) ناؤ۔ یا جہاز یا گاڑی پر لدا ہوا مال۔ کھیپ۔ باردانہ۔ بھرتی۔ بار جہاز۔

مال مردم خور (ع ف/صف) دُوسرے لوگوں کا مال ہضم کرنے والا۔ وہ شخص جو قرض لے کر ادا نہ کرے۔

مال مست (ع/ف) دولت گھمنڈ کرنے والا۔ دولت کے نشہ میں چُور۔ مال پر مغرور۔

مالِ مسروقہ (ع/امذ) چوری شُدہ مال۔

مالِ مُفت (ا) بلا محنت و مشقت ہاتھ لگا ہوا مال۔ بلا خرچ حاصل شُدہ مال۔

مالِ مُفت دلِ بے رحم (ا/ مثل) مُفت کی چیز کی قدر نہیں ہوتی۔ خواہ کیسی ہی قیمت کیوں نہ ہو۔

مال مقروقہ (ع/امذ) قرق شُدہ مال۔

مال منقولہ (ع/امذ) (قانون) ایک جگہ سے دُوسری جگہ جا سکنے والا مال جیسے روپیہ پیسہ۔ گھوڑا وغیرہ۔

مالِ موذی نصیب غازی (اف/ مثل) بخیل کا مال کسی کو مل جانے پر کہتے ہیں۔

مالِ وقف (ع/امذ) خدا کی راہ پر عام استعمال کے لیے چھوڑا ہوا مال۔ جیسے مسجد۔ مندر وغیرہ۔

مال (ف) مالش۔ رگڑ۔ مرکبات میں جیسے رومال۔ دستمال۔

مالا (ہ۔ مذ/مث) تسبیح۔ سمرن۔ سبحہ۔ ہار۔ گجرا۔ پھُولوں یا موتیوں وغیرہ کی پروئی ہوئی لڑی۔ سِلک۔ ایک درخت کا نام بھی ہے۔

مالایطاق (ع) وہ کام جس کے کرنے کی قُدرت نہ ہو۔

مالا پھیرنا۔ یا۔ جپنا (ہ) سمرن جپنا۔ تسبیح پڑھنا۔

مالا مال (ع) کثرت سے۔ کثیر۔ وافر۔ بہت۔ ات گت۔ پُر۔ لبریز۔ بھرا ہوا۔ مملُو۔ دولت مند۔ امیر۔ تونگر۔ خوش حال۔

مالا مال کر دینا (ا) امیر بنا دینا۔ دولت مند کر دینا۔ دولت سے بھر دینا۔

مال پُوآ (ہ/امذ) گُلگُلا۔ مال پُوڑا۔ میٹھا پکوڑا۔

مالٹا۔ یہ جزیرہ آبنائے جبرالٹر اور نہر سویز کے درمیان ہے پہلے انگریزوں کے قبضے میں تھا۔ اسی نام کا ایک پھل بھی ہے۔

مالتی (س/امث) ایک قسم کی بیل کا نام۔ ایک بوٹی۔ ایک پھُول کا نام۔ چنبیلی۔ یاسمن۔ دریا۔ چاندنی رات۔ جوان عورت۔

مالتی بسنت (س/امث) سونے کے ورق اور موتیوں سے بنایا ہوا ایک کُشتہ جسے تپ دق یا پُرانے بخار کے لیے اکسیر بتاتے ہیں۔

مالسری (ہ/امث) سری راگ کی پانچویں راگنی کا نام ہے جو دوپہر کو گائی جاتی ہے۔

مالش (ف/امث) ملنا۔ رگڑنا۔ جی کا متلانا۔ متلی۔ جی کچا ہونا۔ پالش۔ صیقل۔ جلا۔ کھریرا کرنا۔ گھوڑے وغیرہ کا بدن کھریرے سے صاف کرنا۔

مالش کرنا (ا) رگڑنا۔ ملنا۔ صاف کرنا۔ صیقل کرنا۔ جی متلانا۔ اُبکائی کرنا۔

مالک (ع/امذ) آقا۔ صاحب۔ خداوند۔ خدائے تعالےٰ۔ ایشور۔ پرماتما۔ رب۔ کسی چیز کی ملکیت رکھنے والا۔ والی۔ خصم۔ شوہر۔ پتی۔ خاوند۔ قابض۔ مختار۔ حاکم۔ افسر۔ سردار۔

مالک المُلک (ع/امذ) ملک کا مالک۔ بادشاہ۔ شہنشاہ۔ خدا تعالیٰ۔

مالک بنانا (ا) مختار کرنا۔ اختیار دینا۔ قبضہ دینا۔ مالک بنانا۔

مالک مکان (ع/امذ) گھر والا۔ صاحب خانہ۔ مکان دار۔

مالک ہونا (ا) والی ہونا۔ وارث ہونا۔ قابض ہونا۔

مالکانہ (ع ف/امذ) زمینداری کا حق۔ زمین کے مالک ہونے کا حق۔ حق زمینداری۔

مالکانہ رسوم (ہ/امث) حقیقت کا روپیہ۔ ملکیت کا روپیہ۔

مالکوس (ہ/امذ) ایک مشہور راگ کا نام ہے۔

مالکی (ع/مث) امام مالک کا پیرو۔
مالن (ہ/مث) مالی کی بیوی۔ مالی قوم کی عورت۔ پھول بیچنے والی۔ کا چھن۔
مالوف (ع) اُلفت گرفتہ۔ پیارا۔ انیس۔ خوگرفتہ۔ عادی۔
مالی (ع) منسوب بہ مال۔ متمول۔ مال گزاری۔
مالی پیش کار (ف/مذ) (قانون) معاملہ یا مالگزاری کا حساب جمع خرچ رکھنے والا۔ محرر مال گزاری۔
مالی کام (ف/مذ) زمین کے متعلق کام کاج۔ مالی کاروبار۔ بندوبست کا معاملہ۔ معاملاتِ مالی۔ محکمہ مال کے متعلق کاروبار۔
مالی (ہ/مذ) باغبان۔ پیوند لگانے والا۔ چمن اور باغ کو درست رکھنے والا۔ ایک قوم کا نام جس کا کام کھیتی باڑی کرنا ہے۔
مالیات (ع/مث) مالی امور۔ خزانہ۔
مالیت (ع/مث) جمع۔ پونجی۔ سرمایہ۔ دولت۔ دھن۔ در۔ مول۔ قیمت، قدر و منزلت۔ اصل۔ آنک۔ جانچ۔
مالیت جانچنا (ا) محاورہ) قیمت کی تشخیص کرنا۔ تخمینہ کرنا۔
مالیخولیا (یونانی/مذ) لغت میں صفرائے سیاہ و اصطلاح میں خلل دماغ۔ جنون۔ خفقان۔ وحشت۔
مالیدہ (ف) ملا ہوا۔ چوری۔ چورما۔ ایک قسم کا نہایت نرم کیا ہوا پشمینہ۔
مالیہ (ع/مذ) مالگزاری۔ خراج۔
مام (ہ/مذ) طاقت۔ مقدور۔ قدرت۔ حوصلہ۔ بوتا۔ بل بوتا۔ زور
(ف/مث) ماں۔ مادر۔
ماما (ہ/مذ) ماں کا بھائی۔ ماموں۔
ماما (ف/مث) مادر۔ والدہ۔ بڑھیا عورت۔ باورچن۔ خادمہ۔ ملازمہ۔ دائی۔ گھر کا کام کاج کرنے والی کنیز۔ باندی۔ لونڈی۔
ماما اصیل (ف/مث) لونڈی۔ باندی۔ کنیز و پرستار۔ چیل۔
ماما چختڑیاں کھاتا (ف) ناز و نعمت میں پلنا۔ مفت کا مال اڑانا۔ پکی پکائی روٹیاں توڑنا۔
ماماگری (ف/مث) ماما کا کام۔ روٹی پکانے کی خدمت۔ کھانا پکانے کی نوکری۔
مامتا (ہ/مث) محبت۔ پیار۔ اُلفت۔ مادرانہ شفقت۔ مہر مادری۔
مامن (ع/مذ) امن کی جگہ۔ آرام کی جگہ۔ ٹھکانا۔ جائے پناہ۔
مامناف (ف/مث) دائی۔ دایہ۔
ماموں (ہ/مذ) ماں کا بھائی۔ خال۔ سانپ۔ ناگ۔ سرپ۔ مار۔
مامور (ع) امر کیا گیا۔ اجازت دیا گیا۔ مقرر کیا ہوا۔ متعین کیا گیا۔
مامور کرنا (ف) مقرر کرنا۔ کوئی کام سپرد کرنا۔ متعین کرنا۔ دفتر میں نام چڑھانا۔ ملازموں کی فہرست میں داخل کرنا۔

مامون (ع) امن کیا گیا۔ محفوظ۔ بے خوف (مذکر) خلیفہ ہارون الرشید شاہ بغداد کے بیٹے کا نام۔
ماموں اللہ بخش (ف/مذ) عورتوں کا ایک فرضی جن جس کے نام کی نذر نیاز دیتی ہیں۔
مامی (ہ/مث) ماموں کی بیوی۔ ممانی۔
مامیراں (ف/مذ) ایک قسم کی سبزی مائل زرد جڑی جو آنکھ میں پڑتی ہے۔ ممیرا۔
ماں (ہ) میں۔ اندر۔ بھیتر۔ درمیان۔ بیچ۔
ماں (مؤنث) والدہ۔
ماں (ف/مذ) گھر۔ خانہ۔ مکان۔ گھر کا اسباب۔ اثاثہ۔
مان جانا | مان لینا (ہ) منظور کر لینا۔ تسلیم کر لینا۔ راضی ہو جانا۔ اجازت دے دینا۔ اقرار کر لینا۔ کامل یا استاد فن سمجھ لینا۔ قائل ہو جانا۔
مان (س/مذ) پت۔ عزت۔ قدر۔ آدر۔ آؤ بھگت۔ خاطر تواضع۔ گھمنڈ۔ غرور۔ تکبر۔ نخوت۔ گمان کا مرادف۔ ناز۔ نخرہ۔ غمزہ۔ چوچلا۔ نامناسب فخر۔ چاؤ۔ شوق۔ تمنا۔ محبت۔ اور پیار کی باتیں۔ عشقیہ باتیں۔ ناپ۔ اندازہ۔ پیمانہ۔
ماں ایلی باپ تیلی پوت شاخ زعفران (ف/مثل) کمینے شیخی باز کے متعلق کہتے ہیں۔
مان بھری (ف) مشتاق۔ خواہش مند۔ آرزومند۔ مغرور۔ مزاج دار۔ متکبر۔
مان ڈھینا (ہ) پت رکھنا۔ عزت رکھنا۔ آدر کرنا۔ تعظیم کرنا۔ آؤ بھگت کرنا۔ تمنا پوری کرنا۔ مراد بر لانا۔ بات ماننا۔ حکم بجالانا۔ ارشاد کی تعمیل کرنا۔ تسلیم کرنا۔ قبول کرنا۔
مان رہنا (ہ) عزت رہنا۔ پت رہنا۔ بات بنی رہنا۔ حرمت قائم رہنا۔ زیر سایہ رہنا۔ تابع فرمان رہنا۔ ادھین رہنا۔
مان کرنا (ہ) آؤ بھگت کرنا۔ خاطر تواضع کرنا۔ غرور کرنا۔ تکبر کرنا۔ اترانا۔ مزاج کرنا۔ کسی کو اپنے برابر نہ سمجھنا۔
مان گمان (ہ/مذ) غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ۔ تمکنت۔ کبر و ناز۔
مان مرجانا (ہ) دل مرجانا۔ جی بجھ جانا۔ تکبر نہ رہنا۔ گھمنڈ جاتا رہنا۔ اُمنگ نہ رہنا۔ ناچار ہو جانا۔ عاجز ہو جانا۔
مان مہت (س/مذ) ناز و نخرہ۔ تمکنت۔ غرور۔ ناز بے جا۔ آن بان۔ چاؤ چوچلا۔ تعظیم و تکریم۔ قدر و منزلت۔
مان مہت والی (ہ/صف/مث) غرور و تمکنت والی۔ ناز نخرے والی۔
مانا (ہ) فرض کیا کہ۔ مان لیا کہ۔ تسلیم کیا کہ۔ بالفرض۔

مانت (ع/مث) مطابقت ۔ مشابہت ۔
ماننا (ہ/مث) منّت ۔ اپنے اُوپر کسی بات کا فرض کرلینا ۔ یقین ۔
اعتقاد ۔ عقیدہ ۔ نیّت ۔ عہد ۔ قدردانی ۔ آؤ بھگت ۔
تعظیم وتکریم ۔
مانتا ہوں (ہ/محاورہ) قائل ہوں ۔ تمہاری بات تسلیم کرتا ہوں ۔
آپ کی ہوشیاری اور چالاکی کو تسلیم کرتا ہوں ۔ کیا کہنا ہے ۔
کیا بات ہے ۔ سبحان اللہ ۔
مانج (ہ/مث) دلدلی زمین ۔ ترائی ۔ کچھار ۔ دریا سے برآمد شدہ
زمین ۔
مانجنا (ہ) برتن صاف کرنا ۔ اُجالنا ۔ جلا کرنا ۔ صیقل کرنا ۔ ڈور یا
دھاگے کو نرکپڑے سے صاف کرنا ۔
مانجھ (ہ/مث) ایک راگنی کا نام ۔ بیچوں بیچ ۔ وسط ۔ عین ۔
درمیانی جگہ ۔
مانجھا (ہ/مذ) ڈور کی تیزی اور کاٹ پیدا کرنے کا کلف دار مسالہ ۔
(پنجاب) پلنگ ۔ کھاٹ ۔ چارپائی ۔ امرتسر ۔ ترنتارن ۔
بٹالہ ۔ جنڈیالہ وغیرہ کا علاقہ ۔ بھینس کا ۔ جیسے مانجھا
دُودھ اور گھی ۔ دُولہا کی طرف سے شادی سے پہلے کی
ضیافت ۔ درخت کا تنہ ۔ مائیوں کا زرد جوڑا جو مائیوں کے
دنوں میں دُولہا دُلہن کو پہناتے ہیں ۔
مانجھت (ہ/مث) صفائی ۔ چمک ۔ پالش ۔ شان وشوکت ۔
مانجھن (ہ/مث) ملاح کی بیوی ۔ کشتی چلانے والی عورت ۔
مانجھی (ہ/مذ) ناؤ کھینے والا ۔ کشتی چلانے والا ۔ ملّاح ۔ کھیویا ۔
ماند (ہ/مث) گوبر کا ڈھیر ۔ جما ہوا گوبر ۔ جسے اُپلوں کی طرح جلاتے
ہیں ۔ غار ۔ بھٹ ۔ کھوہ ۔ بے رُوپ ۔ بے رونق ۔ ناصاف ۔
پھیکا ۔ مدھم ۔ بے آب وتاب ۔
ماند پڑ جانا (ہ) مدھم ہوجانا ۔ چمک نہ رہنا ۔ پھیکا پڑ جانا ۔
رنگ اُتر جانا ۔
ماند مال (ہ/مذ) وہ مال جس کی چمک دمک ماند پڑ گئی ہو ۔
ماندا (ف/مذ) بیمار ۔ مریض ۔ روگی ۔ علیل ۔ سقیم ۔
ماندہ (ف) تھکا ہوا ۔ ماندا ہوا ۔ بچا ہوا ۔ رہا ہوا ۔ باقی بچا ہوا ۔
بیمار ۔ علیل ۔ روگی ۔
مانڈ (ہ/مذ) پیچ ۔ اُبلے ہوئے چاولوں کا پانی ۔ مانڈی ۔ کانجی ۔
کلف ۔ آہار ۔ ماوا ۔
مانڈا (ہ/مذ) ایک قسم کی پتلی ۔ بڑی روٹی ۔ پوری ۔ پھُلی ۔ آنکھ کی
پُتلی پر کا سفید جالا ۔
مانڈنا (ہ) کچلنا ۔ پامال کرنا ۔ پاؤں کے نیچے روندنا ۔ ملنا ۔ مسلنا ۔
سانا ۔ گوندھنا ۔ بنانا ۔ رچانا ۔ لکھنا ۔ تحریر کرنا ۔ ٹھاننا ۔
پکّا ارادہ کرنا ۔
مانڈی (ہ/مث) ماوا ۔ پیچ ۔ کلف ۔ آہار ۔
مانس (ہ/مذ) آدمی ۔ انسان ۔ مَنش ۔ منکھ ۔ بشر ۔
مانع (ع/مذ) منع کرنے والا ۔ ہٹانے والا ۔ روکنے والا ۔ باز
رکھنے والا ۔ سدِّ راہ ۔
مانع آنا (ع/محاورہ) روکنا ۔ مزاحم ہونا ۔
مانع ہونا (ع) ہٹانا ۔ روکنا ۔ باز رکھنا ۔ معترض ہونا ۔
مانک (س/مذ) رتن ۔ جوہر ۔ گوہر ۔ منی ۔
مانگ ٹیکا (ہ/مذ) ایک قسم کا موتی جڑا ہوا ماتھے کا زیور ۔
مانگ (ہ/مث) سر کے بالوں کے بیچ کی لکیر ۔ منگیتر ۔ منسوب شدہ ۔
کنواری لڑکی ۔ شوہر ۔ خاوند ۔ پتی ۔ خصم ۔ طلب کر ۔
مانگ اُجڑنا (ہ) بیوہ ہونا ۔ بدھوا ہونا ۔ رانڈ ہونا ۔
مانگ بھرنا (ہ) مانگ میں موتی یا سیندور بھرنا جو اکثر بیاہ شادی
کے موقع پر بھرتے ہیں ۔ بیاہ دینا ۔ شادی کردینا ۔
مانگ بھری (ہ/مث) شادی شدہ ۔ سہاگن ۔ خاوند والی ۔ پیاری ۔
عزیزہ ۔ بیوی ۔ جورو ۔
مانگ پٹی (ہ/مث) کنگھی ۔ چوٹی ۔ بالوں کی درستی ۔
مانگ پٹی میں لگا رہنا (ہ) بناؤ سنگار میں مصروف رہنا ۔ کنگھی
چوٹی میں مشغول رہنا ۔
مانگ پھاڑنا (اردو محاورہ) مانگ نکالنا ۔
مانگ تانگ کر کھانا (اردو محاورہ) بھیک پر گزارہ کرنا ۔
مانگ جلی (ہ/مث) رانڈ ۔ بیوہ ۔ وہ عورت جس کا خاوند مر
گیا ہو ۔
مانگ چڑنا (ہ) کنوارپن دُور ہونا ۔ ازالۂ بکر ہونا ۔ چیرا اُٹھنا ۔
مانگ سنوارنا (ہ) کنگھی چوٹی کرنا ۔ بالوں کو درست کرنا ۔
مانگ سے ٹھنڈی رہے (ہ) دُعائیہ فقرہ ۔ خاوند جیتا رہے
سہاگ بنا رہے ۔ سہاگن رہے ۔
مانگ کھلنا (ہ) بیاہی ہوئی عورت کا مرجانا ۔ منگیتر لڑکی یا لڑکے
کے مرجانے سے رشتہ نہ رہنا ۔
مانگ کیا مانگتا ہے (اردو محاورہ) امیر یا بادشاہ کسی پر مہربان ہوکر
کہتے ہیں ۔
مانگ نکالنا (ہ) پٹیوں کے بیچ میں سیدھی لکیر نکالنا ۔ بالوں کے
درمیان لکیر بنانا ۔
مانگ (ہ/مث) حاجت ۔ طلب ۔ خواہش ۔ چاہت ۔ چاہ ۔
گاہکی ۔ خریداری ۔ طلب کر ۔ چاہ ۔ مانگ لے ۔ زوُد طلبی ۔
لاڈ لاڈ کی پکار ۔
مانگ تانگ کر کام چلانا (ہ) اِدھر اُدھر سے لے لوا کر گزارہ کرنا ۔
قرض دام لے کر اپنا کام چلانا ۔
مانگ لینا (ہ) اُدھار لے لینا ۔ مستعار لینا ۔
مانگا (ہ) مانگا ہوا ۔ مستعار لیا ہوا ۔ عاریتاً لیا ہوا ۔ خواستہ ۔
مانگنا (ہ) طلب کرنا ۔ چاہنا ۔ درخواست کرنا ۔ اُدھار چاہنا ۔
قرض طلب کرنا ۔ سگائی چاہنا ۔ نسبت کی درخواست
کرنا ۔ تقاضا کرنا ۔ التجا یا دُعا کرنا ۔
مانگنی (ہ/مث) نسبت کی درخواست ۔ سگائی چاہنا ۔
مانگے (ہ) مستعار ۔ اُدھار ۔ دام ۔ قرض ۔

مانگے پر تانگا اور بڑھیا کی برات } (ہ/مثل) جب کوئی آدمی کوئی
مانگے پر تانگا مرے بیوتا چھانگا } چیز کسی شخص سے مانگ کر لایا ہو اور دوسرا آدمی وہی چیز اُس سے لے کر اپنا کام نکالنا چاہے تو اُس وقت یہ مثل بولا کرتے ہیں۔ یعنی میں تو خود ہی مانگ تانگ کر لایا ہوں۔ تم مجھ سے مانگتے ہو۔

مانگے دینا (ہ) اُدھار دینا۔ مستعار دینا۔ عاریتًا دینا۔ تھوڑی دیر کے لیے دینا۔

مانگے کا۔ یا۔ مانگے کی (ہ) اُدھار لی ہوئی۔ عاریت۔ مستعار۔

مانگے تانگے ٹکڑے اور گلیوں میں ڈکار (ہ/مثل) بھیک مانگ کر گزارہ کرنے والے اور اس پر شیخی دکھانے والے کی نسبت بولتے ہیں۔

مانگے کا تانگا اور بڑھیا کی برات (ہ/مثل) پرائی چیز پر شیخی مارنے والے کے حق میں بولتے ہیں۔

ماتمت (ہ/مث) شور و غل۔ چیخم دھاڑ۔ شر فساد۔ داد فریاد۔ دھوم۔ ہنگامہ۔

ماتمت مچانا (ہ) شور و غل کرنا۔ واویلا کرنا۔ قیامت برپا کرنا۔ فضیحتی کرنا۔ دھوم مچانا۔ ہنگامہ برپا کرنا۔

ماننا (ہ) منظور کرنا۔ تسلیم کرنا۔ قبول کرنا۔ فرض کرنا۔ قیاس کرنا۔ ٹھہرانا۔ اثر قبول کرنا۔ کسی کے جوہر باکمال کا معترف ہونا۔ کمالیت کا اقرار کرنا۔ بزرگوں کی ارواح کے لیے کچھ دینے کا وعدہ کرنا۔ نذر بھینٹ کا اقرار کرنا۔ بزرگ جاننا۔ تعظیم و تکریم کرنا۔ عزت کرنا۔ لحاظ کرنا۔ پاسداری کرنا۔ رعایت کرنا۔ پرستش کرنا۔ اعتقاد رکھنا۔ سمجھنا۔ راضی ہونا۔ خوش ہونا۔ منانا۔ رچانا۔ حکم کی تعمیل کرنا۔ کما کرنا۔ جاننا۔ خیال کرنا۔

مانند (ف) حرف تشبیہ۔ مثل۔ نظیر۔ جیسا۔ مشابہ۔ جوں۔ مطابق۔ بعینہٖ۔

مانو (ہ) حرف تشبیہ۔ گویا۔ جیسا۔ مثلاً۔ تسلیم کرو۔ جانو۔ فرض کرو۔ قبول کرو۔ عمل کرو۔ منظور کرو۔

مانو تو دیو نہیں بھیت کا لیو } (ہ/مثل) اعتقاد اور یقین ہی سے
مانو تو ایشر نہیں تو پتھر } کسی کی عزت و حرمت ہوتی ہے بلا اعتقاد کچھ بھی نہیں۔

مانوس (ع) ہلا ہوا۔ خوگر۔ خوکردہ۔ اُنس گرفتہ۔ مالوف۔ مائل۔ راغب۔ ہلا ملا۔ شیر و شکر۔

مانوس ہو جانا (ا/محاورہ) ہل مل جانا۔

مانی (ہ/مذ) ایک رومی مصور کا نام جس نے نبوت کا دعویٰ کیا تھا۔ کتاب ارژنگ اسی کی تصنیف ہے۔

مانی (ہ/مث) بچہ کو پالنے والی عورت۔ دایہ۔ آیا۔ بچے کی خادمہ۔

مانی (ہ) مان والا۔ مغرور۔ متکبر۔ گھمنڈی۔

مائیاں (ہ/مث) ماں کی جمع۔ غریب عورتیں۔ مسکین عورتیں۔ شادی کی ایک رسم جس میں دولہا دلہن کو زرد کپڑے پہنا کر گھر میں بٹھا دیتے ہیں۔ مانجھا۔

مانیٹر (انگریزی/مذ) مدرسہ یا مکتب کا خلیفہ۔ کپتان۔

ماوا (ع/مذ) جائے پناہ۔ ٹھکانا۔ گھر لوٹنے کی جگہ۔

ماوا (ہ/مذ) جوہر۔ اصل۔ مالیع۔ بھنا ہوا دودھ۔ کھویا۔ مانڈی۔ کلف۔ کانجی۔ اہار۔ نشاستہ۔ سامان۔ مسالہ۔ انڈے کی زردی۔ خمیر۔ سرشت۔

ماوس (ہ/مث) چاند کی تبدیلی۔ نیا چاند۔ اندھیرے پاکھ کی پندرھویں تاریخ۔

ماؤسا (ہ/مذ) موسا۔ خالو۔ ماں کی بہن کا خاوند۔ ماسڑ۔

مُأوّل (ع/صف) تاویل کیا گیا۔ ظاہری معنوں سے پھیرا گیا۔

مأویٰ (ع/مث) جائے پناہ۔ ٹھکانہ۔ گھر۔

ماہ (ف/مذ) چاند۔ چندرما۔ قمر۔ مہینہ۔ ماس۔

ماہ آب (ف/مذ) اکتوبر کا مہینہ۔

ماہ بماہ (ف) ہر مہینے۔ مہینے در مہینے۔ ماہوار۔ مہینے کے مہینے۔

ماہ پارہ (ف) چاند کا ٹکڑا۔ نہایت خوبصورت۔ حسین و جمیل۔

ماہ جبین۔ ماہ رُو۔ ماہ لقا (ف) چاند سی شکل والا۔ نہایت حسین۔ چندر مکھی۔ معشوق۔ من موہن۔

ماہ کامل (ف ع/مذ) پورا چاند۔ پورنماشی کا چاند۔ چودھویں رات کا چاند۔

ماہِ کنعان (ف ع/مذ) حضرت یوسف علیہ السلام سے مُراد ہے۔

ماہِ نخشب (ف/مذ) وہ چاند جو حکیم ابن عطا معروف بہ مقنع نے چند اجزا مثل پارہ وغیرہ کو ملا کر بنایا تھا۔ نخشب ماوراءالنہر کے ایک شہر کا نام ہے۔ جہاں یہ چاند بنایا گیا تھا۔

ماہتاب (ف/مذ) چاند کی روشنی۔ چاندنی۔ نور ماہ مجازاً چاند۔ قمر۔ چندرما۔

ماہتابی (ف/مث) ایک قسم کا تربوز۔ چکوترا۔ ایک قسم کا کپڑا۔ ایک قسم کی آتشبازی۔ ہوائے نسبتی۔ وہ چیز جس تک چاند کی روشنی پہنچی ہو۔

ماہ جبین (ف/صف) وہ جس کی پیشانی چاند کی مانند خوبصورت ہو۔

ماہ چہاردہ (ف/مذ) چودھویں رات کا چاند۔

ماہ روزہ (ف/مذ) رمضان کا مہینہ۔

ماہُر (ہ/مذ) زہر۔ بِس۔ ہلاہل۔ سم۔

ماہر (ع) واقف۔ تجربہ کار۔ کامل فن اُستاد۔ مشاق۔

ماہُو (ہ/مذ) کن سلائی۔ ایک برساتی کیڑا۔ جو کان میں گھس جاتا ہے۔ ہزار پا۔

ماہوار (ف) ہر مہینے۔ مہینے کے مہینے۔ ماہ بماہ۔ فی ماہ۔ مشاہرہ۔ تنخواہ۔

ماہواری (ف) مہینے کا۔ پورے مہینے کا۔

ماہُوت (ف/مث) بانات ۔ بنات ۔ ایک ملائم اُونی کپڑا ۔
ماہی (ف/مث) مچھلی ۔ مین ۔ حوت ۔ ایک آسمانی بُرج کا نام ۔ ساحل مالابار پر ایک شہر بھی ہے ۔
ماہی پروری (ف/مث) مچھلیوں کی پرورش ۔ ایک محکمہ جس کا کام مچھلی کی پرورش کو فروغ دینا ہے ۔
ماہی پُشت (ف/ گنبد نما ۔ قبہ دار ۔ اُبھرواں ۔ مچھلی کی پیٹھ سے مشابہ ۔ ایک قسم کا کارچوب ۔
ماہی خوار (ف/مذ) بگلا ۔ بوتیمار ۔
ماہی فروش (ف/مذ) مچھلی بیچنے والا ۔ مچھوا ۔
ماہی گیر (ف/مذ) مچھلی پکڑنے والا ۔ مچھوا ۔ ماچھی ۔ دھیمر ۔
ماہی مراتب (ف/مذ) وہ اعزازی نشان جو بادشاہوں کی سواری کے آگے آگے ہاتھیوں پر چلتے تھے ۔
ماہیانہ (ف/مذ) مشاہرہ ۔ تنخواہ ۔ مہینے کا ۔ ماہواری ۔
ماہیت (ع/مث) کیفیت ۔ چگونگی ۔ حقیقت ۔ اصل ۔ مادہ ۔ جوہر ۔ ہیولا ۔ حقیقت حال ۔
مائی (ع/ منسوب بہ ما ۔ آبی ۔ پانی کا ۔ پانی سے نسبت رکھنے والا ۔
مائی (ہ/مث) ماں ۔ اماں ۔ والدہ ۔ ماتا ۔ بڑھیا ۔ بڑی بی ۔ ضعیفہ ۔
مائی باپ (ہ/مذ) ماتا پتا ۔ والدین ۔ سردار ۔ اَن داتا ۔ خداوند نعمت ۔ ولی نعمت ۔
مائی کا پُوت } مائی کا لال } (ہ/مذ) ماں کا لاڈلا ۔ ناز کا پلا ہوا ۔ مجازاً بہادر ۔ سُورما ۔ سُوربیر ۔
مایا (س/مث) خدا کی قدرت ۔ ایشور کی شکتی ۔ نیچر ۔ فطرت ۔ کرپا ۔ رحم ۔ دیا ۔ پیار ۔ محبت ۔ دھوکا ۔ فریب جیسے مایاچار ۔ دولت ۔ دھن ۔ مایہ ۔ رونق بہار ۔ کیفیت ۔ دنیا ۔ مخلوق ۔ خلقت ۔ رُوح ۔ آتما ۔ جان ۔ کرامت ۔ کرشمہ ۔ سامان ۔ دستگاہ ۔
مایا تیرے تین نام ۔ پرسا ۔ پرسو ۔ پرسرام (ہ/مثل) عزت اور ناموری سب کچھ دولت کی ہے ۔
مایا پتر } مایا پاتر } (س/مث) امیر ۔ دھنونتا ۔ دھنی ۔ دولت مند ۔
مایا پتی (س/مذ) خدائے تعالیٰ ۔ ایشور ۔ پرماتما ۔ پرمیشور ۔
مایا چار (س) دھوکے باز ۔ فریبی ۔ چھلیا ۔ ریاکار ۔
مائع (ع/مث) پتلی چیز ۔ بہنے والی چیز ۔ رقیق شے جیسے پانی پیغیرہ ۔
مایحتاج (ع/مث) ضروریات ۔ وہ چیزیں جن کی آدمی کو حاجت پڑے ۔
مایُقرا (ع/مذ) ایسی تحریر جسے آدمی پڑھ سکے ۔ خوشخط تحریر ۔ پڑھنے کے قابل ۔
مائل (ع/ راغب ۔ رغبت رکھنے والا ۔ شائق ۔ میلان رکھنے والا ۔ خمیدہ ۔ جھکا ہوا ۔ ڈھلوان ۔ تھوڑا سا ۔
مائل کرنا (ف) متوجہ کرنا ۔ آمادہ کرنا ۔ جھکانا ۔ خمیدہ کرنا ۔ رجوع کرنا ۔
مائیں (ہ/مث) ایک قسم کا پھل جو مازو سے ملتا ہے ۔

مایُوس (ع/ ناامید ۔ نراسا ۔ بے آس ۔ نامراد ۔ دل شکستہ ۔
مایُوسی (ہ/مث) ناامیدی ۔ ناکامی ۔ نامرادی ۔ شکستہ دلی ۔
مایہ (ف/مث) پونجی ۔ سرمایہ ۔ اصل ۔ راس المال ۔ مادہ ۔ ہیولا ۔ مجازاً ۔ مقدار ۔ دستگاہ ۔ سامان ۔ مال و دولت ۔ واسطہ ۔ سبب ۔ نیو ۔ بنیاد ۔ ہر چیز ۔ دھن دولت ۔ زر ۔
مایہ دار (ف) دولت مند ۔ دھنی ۔ دھنونت ۔
مایہ ناز (ف/مذ) فخر و ناز کا سبب ۔ معشوق ۔

م ۔ ب

مُباح (ع) جائز ۔ حلال ۔ روا ۔ دُرست ۔
مُباح رکھنا (ف) جائز قرار دینا ۔ حلال سمجھنا ۔ دُرست جاننا ۔
مُباحثہ (ع/مذ) باہم بحث ۔ تکرار ۔ بحث ۔ ردوبدل ۔ مناظرہ ۔ سوال و جواب ۔
مُباحثہ کرنا (ف) مناظرہ کرنا ۔ بحث کرنا ۔
مُباحیت (ع/مث) مباح یا جائز ہونا ۔
مُبادا (ف) کلمہ دُعائیہ ۔ خدا نہ کرے ۔ خدانخواستہ ۔ ایسا نہ ہو ۔
مبادات (ع) ظاہر کرنا ۔
مُبادرت (ع/مث) شتابی ۔ جلدی ۔ تیزی ۔ سُرعت ۔ جرأت ۔ دلیری ۔ چالاکی ۔ چستی ۔ سبقت ۔
مُبادلہ (ع/مذ) باہم اَدل بدل کرنا ۔ بدلہ ۔ ادلہ بدلہ ۔ بدلائی ۔ اُلٹا ۔ پلٹا ۔
مُبادلہ کرنا (ف) بدلہ کرنا ۔ تبادلہ کرنا ۔ بدلنا ۔ ایک ملک کے سکے سے دوسرے ملک کا سکہ بدلنا ۔
مُبادی (ع/مث) بُنیاد ۔ اصل ۔ ابتدا ۔ آغاز ۔ شروع ۔ مبدا ۔
مُبارز (ع/ مقابلہ پر آنے والا سپاہی ۔ جنگ جُو ۔ بہادر ۔ دل چلا ۔ سُوربیر ۔ لڑاکا ۔
مُبارزت (ع/مث) لڑائی کے واسطے صف سے باہر آنا ۔ لڑائی ۔ جنگ ۔
مُبارک (ع) برکت دیا گیا ۔ باعث برکت ۔ یُمن ۔ بابرکت ۔ خوش نصیب ۔ بھاگوان ۔ نیک ۔ سعید ۔ سعد ۔ سازگار ۔ مبارکباد ۔ مرحبا ۔ جے جے کار ۔ خوشخبری ۔ بدھائی ۔ مژدہ ۔ تہنیت ۔
مُبارکباد (عف) دُعائیہ ۔ نیک ہو ۔ خدا برکت دے (مونث) خوشخبری ۔ مژدہ ۔ شادی یا خوشی کی بدھائی ۔ بدھاوا ۔ اشیرباد ۔ دُعائے خیر ۔
مُبارکباد دینا (ف) بدھائی دینا ۔ شادی کی تہنیت کرنا ۔
مُبارکبادی (ف/مث) شادیانہ ۔ مبارکی ۔ بدھائی ۔ مژدہ ۔ خوشخبری ۔ خوشی ۔ تہنیت ۔
مُبارک سلامت (ع/مث) بدھائی اور اس کا شکریہ ۔ مبارک سلامتی ۔ شادیانے ۔ شادی کی باہمی مبارک باد ۔
مُبارک ہو (ف) کلمہ دُعائیہ ۔ خدا نیک کرے ۔ لگتا بھنا کرے ۔ راس آئے ۔
مُباشرت (ع/مث) صحبت ۔ صحبت داری ۔ جماع ۔ بھوگ ۔

بلاس - مجامعت - ہم بستری - ہم خوابی - رنگ رلیاں -
مُباشرت کرنا (ف) صحبت کرنا - جماع کرنا - بھوگ کرنا - ہم بستر ہونا -
مباقِل (ع) ترکاریوں کے کھیت -
مُبالغ (ع امذ) مبلغ کی جمع - نقدی - رقمیں -
مُبالغہ (ع امذ) کسی کام میں سخت کوشش کرنا - بڑھا کر بات کہنا - زیادہ گوئی - تل کا پہاڑ بنانا - کسی بات کو بہت طوالت دے کر بیان کرنا -
مُبالغہ کرنا (ف) زیادہ گوئی کرنا - بڑھا کر بیان کرنا - اصل کے خلاف کہنا - حد سے زیادہ تعریف یا مذمت کرنا -
مُباہات (ع امث) بڑائی - شیخی - لاف - فخر -
مُباہلہ (ع امذ) ایک دوسرے کے حق میں بددعا کرنا - ایک دوسرے کو برا کہنا - نفرین کرنا -
مُبتدا (ع امث) - شروع - آغاز - پہل - اوّل - ابتدا - علم نحو میں جملہ اسمیہ کا پہلا جزو -
مُبتدا و خبر (ع امث) ابتدا و انتہا - شروع و اخیر - اوّل و آخر - اسم اور اس کی خبر - مسند الیہ اور مسند -
مُبتدَع (ع امذ) نئی ایجاد - وہ کام جو دین میں نیا نکالا گیا ہو -
مُبتدا و خبر ندارد } (ف امحاورہ) وہ بات جس کا نہ سر ہو نہ پیر -
مُبتدا خبر سے بیگانہ } بے سر و پا بات -
مُبتدی (ع امذ) شروع کرنے والا - ابجد خواں - سیکھدڑ - نو آموز -
مُبتذَل (ع) رسوا - حقیر - ذلیل - خوار - سفلہ - کمینہ - بدنام - بے قدر -
مُبتسم (ع اصف) کھلنے والا - ہنسنے والا -
مُبتلا (ع) گرفتار - پھنسا ہوا - الجھا ہوا - پکڑا ہوا - کسی بلا میں پڑا ہوا - گھرا ہوا - اٹکا ہوا - دل آیا ہوا - عاشق - فریفتہ - مصروف - لگا ہوا - مشغول -
مُبتلا ہونا (ف) گرفتار ہونا - پھنسنا - اٹکنا - عاشق ہونا - فریفتہ ہونا -
مَبدا و (ع امذ) جائے ابتدا - ظاہر ہونے کی جگہ - شروع - آغاز - ابتدا - نکاس - مُوَل - اصل - جڑ - منبع - مصدر -
مَبدا فیض (ع امذ) فیض کا سرچشمہ -
مُبدَّل (ع) بدلا ہوا - بدلا گیا - تبدیل شدہ - پلٹا ہوا - وہ اسم جس کے بعد ایک اور اسم اس کا بدل واقع ہو -
مُبَرّا (ہ) پاک شدہ - صاف - بے عیب - بری - معصوم - بیزار - متنفر -
مَبرَز (ع امث) پاخانہ نکلنے کی جگہ - شفرہ - مقعد - دُبر - پاخانہ -
مَبرُور (ع) نیکی کیا گیا - گناہوں سے بری کیا گیا - مرحوم - مغفور - جنتی - پاک - قدس - بیکنٹھ باشی -
مُبشِّر (ع) خوشخبری پہنچانے والا - بشیر - بشارت دینے والا - خوش خبر -
مُبصِّر (ع) دیکھنے والا - بینا - پرکھیا - پرکھنے والا - صراف - کھرا کھوٹا دیکھنے والا -
مَبعُوث (ع) اٹھایا گیا - پیدا کیا گیا - بھیجا گیا -

مُبلغ (ع) روپے کی رقم - روپے کے لیے ردیف اعداد ہے - کھرا - پرکھا ہوا - مقدار - تھوڑا سا جیسے مبلغ راہ -
مَبنی (ع) بنا کی جگہ - بنا رکھا گیا جس کے اوپر کسی بات کی بنیاد ہو -
مُبہَم (ع) ہکا بکا - بھوچکا - حیران - گم صم - نشہ میں چور - باولا - دیوانہ - سرشار -
مُبین (ع) صاف - کھلا - ظاہر - روشن - آشکار -
مُبیَّن (ع امذ) جتایا گیا - بیان کیا گیا (علم نحو میں) وہ اسم جس کا ایک جملہ اس کا بیان واقع ہو -

م - پ

مَپان (ہ امث) ناپ - ماپ - پیمائش - مپائی - مپنی -
مپت - یا - مپتی (ہ امث) ناپ - پیمائش - مپان -
مپنا (ہ) پیمائش ہونا - ناپا جانا - گز یا جریب وغیرہ سے اندازہ کیا جانا - مپائی ہونا -
مپوانا (ہ) ناپ کرانا - پیمائش کرانا - نپوانا -

م - ت

مَت (ہ) علامت نہی - نہ - نہیں - لا -
مَت پوچھو (ہ امحاورہ) ناقابل بیان ہے - تعریف سے باہر ہے -
مت کر ساس برائی تیرے بھی آگے جائی } (ہ امثل) بدی کا
مت کر ساس برائیاں تیرے بھی آگے جائیاں } نتیجہ بدی ہوتا ہے - ساس جس طرح اپنی بہو سے سلوک کرے گی - اس کی بیٹی کے ساتھ بھی ویسا ہی ہوگا - دوسری مثل میں ساس کو شیخی اور تفاخر سے منع کیا گیا ہے کہ تیرا دیا لیا بھی سب دیکھ لیں گے - زیادہ شیخیاں نہ بگھار -
مَت (ہ امث) عقل - سمجھ - بدھی - بدھ - ہوش - فہم - دانائی - چترائی - ہوشیاری - رائے - تجویز - نصیحت - عادت - (مذکر) مذہب - دھرم - پنتھ - فرقہ - یقین - عقیدہ - اعتقاد -
مَت الٹنا (ہ امحاورہ) عقل جاتی رہنا -
مَت بدلنا (ہ امحاورہ) طرز بدلنا -
مَت پھرنا (ہ) رائے بدلنا - رائے پلٹ جانا - سمجھ الٹنا - عقل ماری جانا -
مَت دینا (ہ) نصیحت کرنا - سکھانا - خیر خواہی کا مشورہ دینا - صلاح دینا - تدبیر بتانا - رائے دینا - عقل کی بات بتانا -
مَت کھو جانا (ہ امحاورہ) عقل زائل ہو جانا -
مَت مار دینا (ہ امحاورہ) عقل زائل کر دینا -

مت ماری جانا (ہ) عقل ماری جانا۔ بے وقوف ہو جانا۔ سُدھ بُدھ نہ رہنا۔

مت ہین (ہ) بے عقل۔ بے وقوف۔ مُورکھ۔ مودھو۔ لا مذہب۔ بے دین۔ ادھرمی۔

مَتَا (ہ/مذ) مشورہ۔ صلاح۔ رائے۔ خیال۔

مَتَا پکانا۔ یا۔ کرنا (ہ) صلاح کرنا۔ مشورہ کرنا۔ باہم سازش کرنا۔ تجویز ٹھہرانا۔

مُتَابَعَت (ع/مث) پیروی۔ تقلید۔ تابعداری۔ فرمانبرداری۔ اطاعت۔

مُتَاَثِّر (ع) اثر قبول کرنے والا۔ اثر پذیر۔ کارگر۔ دل کو لگ جانے والا۔ دل گداز۔ رقت انگیز۔

مُتَاَخِّرِین (ع/مذ) متاخر کی جمع۔ اخیر کے زمانے والے اب کے۔ اس زمانے کے لوگ۔ پچھلے لوگ۔ متقدمین کی ضد۔

مُتَاس (ہ/مث) پیشاب کرنے کی حاجت۔ موتنے کی ضرورت۔ بول کرنے کی خواہش۔

مُتَاع (ع/مذ) پُونجی۔ سرمایہ۔ سوداگری کا مال اسباب۔ مال تجارت۔

مُتَاعی (ع/مذ) اہل تشیّع۔ وہ عورت جس کے ساتھ متعہ کیا گیا ہو۔ چند روزہ بیوی۔ نکاح سے کم درجہ کی عورت۔

مُتَانا (ہ) بچے کو پیشاب کرانا۔ (مذکر) مثانہ۔ پیشاب رہنے کی جگہ۔ اندری۔ ذکر۔ پیشاب گاہ۔ مُوتنا۔

مَتَانَت (ع/مث) مضبوطی۔ پختگی۔ اُستواری۔ محکمی۔

مُتَاہِل (ع) کنبہ والا۔ جورُو والا۔ اہلیہ والا۔ قبیلہ دار۔ جورو بچے والا۔

مُتَبَایِن (ع) ان میل۔ باہم جُدا۔ بالکل مختلف۔ دو مخالف چیزیں جو ایک دُوسری پر صادق نہ آسکیں۔

مُتَبَحِّر (ع) علم کا دریا۔ بہت ہی بڑا عالم۔ فاضل اجل۔

مُتَبَدِّل (ع/صف) کسی چیز کا معاوضہ لینے والا۔ تبدیل کرنے والا۔

مُتَبَرَّک (ع) پاک۔ پوتر۔ برکت یافتہ۔ برکت والا۔ بزرگوار۔ قابلِ تعظیم۔ بزرگ۔ فرشتہ خصلت۔ نہایت نیک۔

مُتَبَسِّم (ع) مسکرانے والا۔ مُنہ میں ہنسنے والا۔ کھِلا ہوا۔ شگفتہ۔

مُتَّبِع (ع/صف) پیروی کرنے والا۔ پیچھے چلنے والا۔

مُتَبَنّیٰ (ع) بیٹا بنایا ہوا۔ گود لیا ہوا۔ فرزندی میں لیا ہوا۔ لے پالک۔

مُتَبَنّیٰ کرنا (ا) بیٹا بنانا۔ گود لینا۔ فرزند بنانا۔

مَتْبُوع (ع/صف) سردار۔ پیشوا۔

مُتَجَانِس (ع/صف) ہم جنس۔

مُتَجَاوِز (ع) اپنی حد سے بڑھ جانے والا۔ تجاوز کرنے والا۔

مُتَّحِد (ع) ملا ہوا۔ ایک۔ مخلوط۔ شامل۔ پیوستہ۔

مُتَحَرِّک (ع) حرکت کرنے والا۔ چلتا ہوا۔ جاری۔ رواں۔ منقولہ۔ علم نحو میں وہ حرف جس پر زبر۔ زیر یا پیش ہو۔

مُتَحَقِّق (ع) تحقیق کیا گیا۔ دُرست۔ صحیح۔ ٹھیک۔ مصدقہ۔

مُتَحَمِّل (ع) برداشت کرنے والا۔ سہنے والا۔ سنتوکھی۔ صابر۔ بُردبار۔ ثابت قدم۔ مستقل مزاج۔

مُتَحَیِّر (ع) ہکّا بکّا۔ متعجب۔ حیران۔ پریشان۔ ہکا بکا۔ دنگ۔

مُتَخَلخَل (ع) پولا۔ اندر سے خالی۔ ڈھیلا۔ ڈھیلا ڈھالا۔

مُتَخَلِّص (ع) تخلص رکھنے والا۔ المخاطب۔ معروف۔ موسوم۔ نامزد۔

مُتَخَیَّل (ع) خیال کیا گیا۔ موہوم۔

مُتَخَیِّلہ (ع/مذ) خیال کیا گیا۔ دماغ۔ قوتِ خیالی۔ متصورہ تصور۔ خیال۔ وہم۔ گمان۔

مُتَدَاوَل (ع) ہاتھوں ہاتھ پہنچی ہوئی چیز۔ باری باری آئی ہوئی۔ دست بدست پھری ہوئی چیز۔ مروّج۔ مروجہ۔

مُتَدَیِّن (ع) دین دار۔ دیانت دار۔ امین۔ امانت دار۔ مومن۔ دھرمی۔ دھرم آتما۔ بات کا پورا۔ معاملہ کا سچا۔

مُتَذَکِّرہ (ع) ذکر کیا گیا۔ بیان کیا گیا۔ مذکورہ۔ مظہرہ۔

متذکرہ بالا (عف) جس کا ذکر اُوپر آچکا ہو۔ مرقومہ بالا۔

مِتَّر (ہ/مذ) وہ لڑکا جو کھیل میں سردار بنایا جائے۔ سرگروہ سرغنہ۔

مُتَرَادِف (ع) ہم ردیف۔ ایک دُوسرے کے پیچھے سوار ہونے والا۔ ایسے الفاظ جو باہم ایک ہی معنی رکھتے ہوں۔ ہم معنی الفاظ۔

مُتَرجِم (ع/مذ) ترجمہ کرنے والا۔ ترجمان۔ ایک زبان سے دُوسری زبان میں بیان کرنے والا۔ ٹرانس لیٹر۔

مُتَرَدِّد (ع) آنے جانے والا۔ تردد کرنے والا۔ متفکر۔ سوچ کرنے والا۔ دُبدھا میں رہنے والا۔ سوچ میں رہنے والا۔ مضطرب۔ پریشان۔ بے قرار۔

مُتَرَشِّح (ع) ٹپکنے والا۔ مجازاً ظاہر ہونے والا۔ عیاں۔ آشکار۔

مُتَرَصِّد (ع) آس رکھنے والا۔ اُمید رکھنے والا۔ اُمیدوار۔ متوقع۔

مُتَرَنِّم (ع/صف) گانے والا۔

مَتْرُوک (ع) چھوڑ دیا گیا۔ ترک کیا گیا۔ دیکھا گیا۔ بے رواج۔ نامنظور۔ دل سے اُترا ہوا۔

مُتَزَائِد (ع) بڑھنے والا۔ زائد ہونے والا۔ زیادہ ہونے والا۔

مُتَزَلزِل (ع) لڑکھڑانے والا۔ ڈگمگانے والا۔ کانپنے والا۔ لرزاں۔

مُتَسَاوی (ع) ایک دوسرے کے برابر۔ مساوی۔ باہم برابر۔ ہم وزن۔ ہم رنگ۔ ہمسر۔ ہم قیمت۔

مُتَسَلِّط (ع) قبضہ کرنے والا۔ قابض۔ غالب ہونے والا۔ غالب۔ غلبہ کرنے والا۔ کل مختار۔ مختار کل۔

مُتَسَلّی (ع/صف) خوش اور بے غم۔

مُتَشَابِہ (ع) برابر۔ یکساں۔ ہم شکل۔ ہم صورت۔ نظیر۔ مقابل۔ مانند جس کے معنی میں کچھ شُبہ ہو۔ مشتبہ۔ مشکوک۔ بھول چوک۔

مُتَشَاعِر (ع) وہ شخص جو شاعر نہ ہو اور ظاہر کرے۔

متشابہ لگنا (ا) شُبہ پڑ جانا۔ بھُول پڑنا۔ چُوکنا۔ کہیں سے کہیں پڑھنے لگنا (یہ محاورہ قرآن شریف کے ساتھ مخصوص ہے)

مُتَشَدِّد (ع/صف) سختی کرنے والا۔

مُتَشَرِّع (ع) شریعت کا پابند۔ پارسا۔ پرہیزگار۔ بھگت۔ سادھو۔ سنت۔ یگانہ دیندار۔

مُتَشَکِّر (ع/صف) شکریہ ادا کرنے والا۔
مُتَشَکِّل (ع) شکل اختیار کرنے والا۔ کوئی صورت قبول کرنے والا۔
مُتَصَدِّی (ع) پیش آنے والا۔ دیوان۔ پیش کار۔ مُنشی۔ محرّر۔ کاتب۔
کاپی کرنے والا۔ دبیر۔ نقل نویس۔ حساب دان۔ محاسب۔
پٹواری۔ ذمّہ دار۔ کفیل۔ منتظم۔ انتظام کرنے والا۔
نائب۔ مُنیم۔ ایجنٹ۔ گماشتہ۔
مُتَصَرِّف (ع) قبضہ کرنے والا۔ تصرّف کرنے والا۔
مُتَّصَف (ع) صفت کردہ شدہ۔ موصوف۔ تعریف کیا گیا۔
مُتَّصِل (ع) ملاپ رکھنے والا۔ پاس۔ قریب۔ نزدیک۔ ملحق۔ برابر۔
لگاتار۔ پے درپے۔
مُتَصَوَّر (ع) تصوّر کیا گیا۔ سمجھا ہوا۔ خیال کیا گیا۔ سوچا ہوا۔
مُتَضَاد (ع) منافی۔ باہم مخالفت کرنے والا۔ مخالف۔ اُلٹا۔
برعکس۔ ناموافق۔ ایک صنعت کا نام ہے جس میں مخالف
معانی کے الفاظ لائے جاتے ہیں۔
مُتَضَمِّن (ع) پیٹ میں لینے والا۔ شامل۔ مشتمل۔ داخل۔ مشمولہ۔
مُتَعَارِف (ع) باہم تعارف رکھنے والا۔ جان پہچان۔ مشہور و معروف۔
مُتَعَاقِب (ع) تعاقب کرنے والا۔ پیچھے سے آنے والا۔ جانشین۔ اولاد۔
مُتَعَالِی (ع) بلند ہونے والا۔ عالی۔ بزرگ۔
مُتَعَجِّب (ع) تعجب کرنے والا۔ دنگ۔ ہکّا بکّا۔ حیران۔ ششدر۔
مُتَعَدِّد (ع) گنے ہوئے۔ چند۔ شمار شدہ۔ تھوڑے سے بہت۔ بہتیرے۔
جُدا جُدا۔ متفرق۔ مختلف۔
مُتَعَدِّی (ع) اُڑ کر لگنے والی بیماری۔ تجاوز کرنے والا (علم نحو)
مفعول کو چاہنے والا فعل۔
مُتَعَرِّض (ع) تعرض کرنے والا۔ روکنے والا۔ مزاحم ہونے والا۔
آگے آنے والا۔ اعتراض کرنے والا۔
مُتَعَسِّر (ع/صف) دشوار۔ مشکل۔
مُتَعَصِّب (ع) پیچ کرنے والا تعصّب دار۔ مذہب کا کٹّا۔
مُتَعَفِّن (ع) تعفّن یعنی بدبو رکھنے والا۔ بسا ہوا۔ سڑا ہوا۔ بدبودار۔
مُتَعَلِّق (ع) تعلق یعنی لگاؤ رکھنے والا۔ رشتہ دار۔ قریبی۔ شامل۔ مشمولہ۔
ماتحت۔ وابستہ۔ تابع۔
مُتَعَلِّق کرنا (ا) شامل کرنا۔ ملانا۔ لگانا۔ جوڑنا۔ چسپاں کرنا۔ ساتھ لگانا۔ سونپنا۔ سپرد کرنا۔
مُتَعَلِّقَات (ع) متعلق کی جمع۔ بال بچے۔ کنبہ۔ قبیلہ۔
مُتَعَلِّقِین (ع) متعلق کی جمع۔ تعلق رکھنے والے۔ مجازاً گھر کے لوگ۔
وابستگان۔ نوکر چاکر۔
مُتَعَلِّم (ع) تعلیم حاصل کرنے والا۔ طالب علم۔ مبتدی۔ شاگرد۔
مُتْعَہ (ع/مذ) چند روزہ نکاح۔ کسی عورت سے کچھ مدت کے لیے نکاح
کرنا۔
مُتَعَہَّد (ع) عہد کیا گیا۔ ذمّہ دار۔ کام میں مشغول۔ ولایت سے عہد کر کے
آنے والے انگریز افسر۔ ایک زمانے کے۔ ہم عصر۔
ٹھیکہ دار۔
مُتَعَیَّن (ع) تعیّن کیا گیا۔ مقرر کیا گیا۔ کسی کام پر لگایا گیا۔ کسی کام پر
مقرر کیا گیا۔
مُتَعَیَّن کرنا (ا) کسی کام پر لگانا۔ مقرر کرنا۔ نامزد کرنا۔
مُتَغَایِر (ع/صف) الگ۔ جُدا۔
مُتَغَزِّل (ع/صف) غزل کہنے والا۔ غزل گو۔
مُتَغَیِّر (ع) بدل جانے والا۔ تبدیل ہونے والا۔ بے ثبات۔ غیر مستقل۔
پلٹا ہوا۔ بدلا گیا۔ قابلِ تغیّر۔
مُتَغَیَّر (ع) تبدیل کیا گیا۔ بدلا گیا۔ پلٹا ہوا۔ منحرف۔
مُتَفَاوِت (ع) فرق کیا گیا۔ بعید۔ دُور دراز۔ مخالف۔ نیارا۔ متضاد۔
مُتَفَاوِل (ع) فال لینے والا۔ مگر یہ لفظ صحیح متفائل ہے۔
مُتَفَرِّق (ع) فرق کیا گیا۔ جُدا جُدا۔ الگ الگ۔ علیحدہ علیحدہ۔ پراگندہ۔
مُتَفَرِّقَات (ع/مث) علیحدہ علیحدہ چیزیں۔ حساب کی مختلف رقمیں۔
زمین کے وہ مختلف حصے جو ایک گاؤں یا املاک میں شامل ہوں۔
مُتَّفِق (ع) اتفاق کرنے والا۔ ایکا کرنے والا۔ ملا ہوا۔ شامل۔ راضی۔
رضا مند۔ ایک رائے۔ ایک زبان۔ ہم دل۔ ہم مشورہ۔
مُتَّفِقُ الرّائے (ع) ایک ہی رائے والے۔ ایک صلاح والے۔ ہم مشورہ۔
مُتَّفِقٌ علیہ (ع) سب کی رائے کے موافق۔ وہ بات جس پر اتفاق کیا گیا
ہو۔
مُتَّفِق ہونا (ا) ہم زبان ہونا۔ ایک دل ہونا۔ اتفاق کرنا۔ موافق ہونا۔
مُتَفَکِّر (ع) فکر والا۔ چنتا والا۔ فکرمند۔ اُداس۔ مغموم۔ دلگیر۔
مُتَفَنِّن (ع) چھلیا۔ دھوکے باز۔ مکّار۔ فطرتی۔ دغاباز۔ چالاک۔
مُتَفَنِّی (ع) مکّار۔ فریبی۔ دھوکے باز۔ چالاک۔ چھلیا۔
مُتَقَاضِی (ع) مانگنے والا۔ طلب کرنے والا۔ تقاضا کرنے والا۔
مُتَقَدِّم (ع) آگے بڑھنے والا۔ پیش ہونے والا۔ پہلے کا۔ سلف کا۔
پُرانا۔ اگلا۔ اگلے وقت کا۔ پہلے زمانے کا۔
مُتَقَدِّمِین (ع/مذ) مُتَقَدِّم کی جمع ہے۔ پُرانے زمانے کے لوگ۔
پہلے زمانے والے۔
مُتَّقِی (ع) گناہوں سے بچنے والا۔ پرہیزگار۔ خوفِ خدا رکھنے والا۔
عابد۔ پارسا۔ جتی ستی۔ بھگت۔ دھرمی۔ خدا پرست۔
مُتَکَبِّر (ع) تکبّر کرنے والا۔ گھمنڈی۔ مغرور۔ اِترانے والا۔
مُتَکَفِّل (ع) ضامن۔ ذمّہ دار۔ کفالت کرنے والا۔ کفیل۔
مُتَکَلِّف (ع) تکلّف کرنے والا۔ تکلیف دینے والا۔ کوشش کرنے والا۔
مُتَکَلِّم (ع) کلام کرنے والا۔ بولنے والا۔ بات کرنے والا۔
مُتَکَلِّمِین (ع/مذ) (متکلم کی جمع سالم) کلام کرنے والے لوگ۔
علم کلام جاننے والے۔ فصیح لوگ۔ خوش بیان۔ شیریں کلام۔
مُتَّکِی (ع/صف) بھروسہ کرنے والا۔ تکیہ کرنے والا۔
مُتَلَاشِی (ع) تلاش کرنے والا۔ ڈھونڈنے والا۔ کھوجی۔ سرگرداں۔
پریشان۔
مُتَلَاطِم (ع/صف) تلاطم برپا کرنے والا۔
مُتْلَانا (ا/مص) قے کرنے کو جی چاہنا۔
مُتَلَذِّذ (ع) لذّت اُٹھانے والا۔ لطف لینے والا۔ ذائقہ چکھنے
والا۔

مُتَلَوِّن (ع) رنگ برنگا۔ غیر مستقل مزاج۔ گھڑی میں تولہ گھڑی میں ماشہ۔ وہمی۔ وسواسی۔ موم کی ناک طرح طرح کا۔
مُتَلَوِّن مزاج (ع) اوچھا۔ وہمی۔ جس کی طبیعت میں استقلال نہ ہو۔
مَتْلی (ہ/مث) اُبکائی۔ طبیعت کا معدے سے خلط فاسد یا غذا کو دُور کرنا۔ جی کچا ہونا۔ غثیان۔ مالش۔
مُتَمادی (ع) لمبا۔ دراز۔ طویل۔ بعید۔
مُتَمَتِّع (ع) فائدہ اُٹھانے والا۔ مستفید۔ تمتع اُٹھانے والا۔
مُتَمَدِّن (ع/صف) بسنے والا۔ مہذب۔
مُتَمَرِّد (ع) تمرّد کرنے والا۔ سرکش۔ نافرمان۔ باغی۔ پھرا ہوا۔ باغی۔
مُتَمَلِّق (ع) تملّق کرنے والا۔ خوشامدی۔ خوشامد کرنے والا۔ ست بجنی۔
مُتَمَکِّن (ع) مکان لینے والا۔ جگہ پکڑنے والا۔ جاگزین۔ قائم۔
مُتَمَنّی (ع) تمنّا کرنے والا۔ آرزو رکھنے والا۔ خواہاں۔ مشتاق۔
مُتَمَوِّل (ع) مال دار۔ دولت مند۔ دولت والا۔ امیر۔
مَتْن (ع/مذ) پیٹھ۔ پُشت۔ مضبوط۔ محکم۔ سخت اور اونچی زمین۔ کتاب کی اصل عبارت جس کی شرح کی جائے۔ وسط۔ درمیان۔ بیچ۔ درمیانی حصّہ۔
مُتَنازَع (ع) تنازع کیا گیا۔ وہ چیز جس پر جھگڑا ہو۔
مُتَناسِب (ع) تناسب رکھنے والا۔ نسبت رکھنے والا۔
مُتَناقِض (ع) نقص یعنی خرابی رکھنے والا۔ کمی رکھنے والا۔ برعکس۔ منافی۔ اُلٹا۔ مخالف۔
مُتَناہی (ع) انتہا کو پہنچنے والا۔ آخیر سرے تک پہنچ جانے والا۔
مُتَنَبِّہ (ع) تنبیہ کیا گیا۔ جتایا گیا۔ ہوشیار۔ چوکس۔ آگاہ۔ واقف۔ مطیع۔
مُتَنَبِّہ کرنا (ف) خبردار کرنا۔ ہوشیار کرنا۔ جتانا۔ چوکس کرنا۔
مُتَنْجَن (ف/مذ) ایک قسم کا میٹھا پلاؤ جس میں لیمو کی ترشی بھی ڈالی جاتی ہے۔
مُتَنَفِّر (ع) نفرت کرنے والا۔ بیزار۔ کراہیت کرنے والا۔ بیزار ہونے والا۔
مُتَنَفِّس (ع) نفس رکھنے والا۔ جان دار۔ آدمی۔ انسان۔ بشر۔ ایک شخص۔
مُتَنگ (ا/مذ) ہاتھی۔
مَتْنی (ہ/مث) پیشاب کرنے کا عضو۔
مُتَواتِر (ع) لگاتار آنے والا۔ سلسلہ دار۔ مسلسل۔ پے در پے آنے والا۔
مُتَوازی (ع) برابر فاصلہ پر رہنے والا۔ باہم برابر رہنے والا۔
مُتَواضِع (ع) عاجزی کرنے والا۔ تواضع کرنے والا۔ فروتن۔ منکسر المزاج۔
مَتْوالا (ع) مستانہ۔ نشہ میں چُور۔ مست۔ خراب۔ مخمور۔ گھمنڈ کرنے والا۔ عاشق۔ دلدادہ۔
متوالا ہونا (ہ) نشہ میں چور ہونا۔ مست ہونا۔ مخمور ہونا۔ عاشق ہونا۔
مُتَوالی (ع) متواتر آنے والا۔ پے در پے آنے والا۔ بار بار آنے والا۔ لاتعداد۔

متوجہ ہونا (ف) مخاطب ہونا۔ دھیان دھرنا۔ ملتفت ہونا۔
مُتَوَحِّش (ع) بھاگنے والا۔ اَن ملا۔ وحشت کرنے والا۔ متنفر۔
مُتَوَرِّع (ع) پرہیزگاری اختیار کرنے والا۔ پارسا۔ پرہیزگار۔
مُتَوَرِّم (ع/صف) سُوجنے والا۔ ورم کرنے والا۔
متوڑا (ہ/مذ) بستر پر پیشاب کر دینے والا۔
مُتَوَسِّط (ع) درمیانی۔ بیچ کا۔ اوسط درجہ کا۔ درمیانے درجے کا۔ معمولی۔ رسمی۔ بُرا نہ بھلا۔
مُتَوَسِّل (ع) وسیلہ ہونے والا۔ یعنی مربی۔ وسیلہ ڈھونڈنے والا۔ وسیلہ بنانے والا۔ رغبت کرنے والا۔
مُتَوَطِّن (ع) وطن رکھنے والا۔ ساکن۔ رہنے والا۔ مقیم۔ باشندہ۔
مُتَوَفّی (ہ) مرا ہوا۔ وفات یافتہ۔ جہان سے گزرا ہوا۔
مُتَوَقِّع (ہ) توقع رکھنے والا۔ آس رکھنے والا۔ اُمیدوار۔
مُتَوَقِّف (ع) دیر کرنے والا۔ ٹھہرنے والا۔ وقف کرنے والا۔
مُتَوَکِّل (ع) توکّل کرنے والا۔ خدا پر بھروسہ کرنے والا۔ شاکر رہنے والا۔
مُتَوَکِّلانہ (ع ف/صف) خدا کے بھروسے پر۔
مُتَوَلّی (ہ) کام پر رہنے والا۔ سپرنٹنڈنٹ۔ نگراں کار۔ ولی۔ سرپرست۔
مُتَوَہِّم (ع) وہم کرنے والا۔ وہمی۔ وسواسی۔
متھانی } متھنی } (ہ/مث) رئی۔ مدھانی۔ بلونی۔ دہی بلونے کے ایک اوزار کا نام۔
متھرا (س/مذ) دریائے جمنا کے کنارے ہندوؤں کا مشہور تیرتھ۔ ایک مشہور شہر کا نام۔ یہاں کے پیڑے مشہور ہیں۔
مُتَّہَم (ع/مذ) تہمت لگایا گیا۔
متھنا (ہ) بلونا۔ مکھن نکالنے کے لیے دہی کو رڑکنا۔ مارنا۔ پیٹنا۔ کسی بات کو کھود کھود کر پوچھنا۔ ملنا۔ گوندھنا۔
مِتّی (ہ/مث) تاریخ۔ تیتھ۔ سُود کی تاریخ جس سے سُود لگایا جائے۔ روپیہ ادا کرنے کی تاریخ۔ نفع۔ سُود۔ بٹا۔ ہنڈی کی میعاد۔
متی پُگنا (ہ) ہنڈی کی میعاد کا ختم ہو جانا۔ روپیہ کی ادائیگی کی تاریخ کا پورا ہو جانا۔
متی چڑھانا (ہ) تاریخ لکھنا۔ تاریخ ڈالنا۔
متی کاٹا (ہ/مذ) کٹوتی۔ ڈسکونٹ۔ مہاجنوں کا ہنڈی پر مدت معینہ کا سود لگانے کا حساب۔
متی کاٹنا (ہ) سود وضع کرنا۔ کٹوتی کرنا۔ کٹوتی کاٹنا۔
متی وار (ہ) تاریخ کے مطابق۔ تاریخ وار۔
مُتیا (ا/صف) مست۔
متیرا (ہ/مذ) ایک قسم کا چھوٹا تربوز۔ چھوٹا ہندوانہ۔
مُتَیَقَّن (ع) یقین کیا گیا۔ وہ بات جس کا پورا یقین ہو۔
مَتین (ع) پکا۔ مضبوط۔ محکم۔ ٹھوس۔ بگر۔ مستقل مزاج۔ دقیق۔ مشکل۔

م ۔ ٹ

مَٹ (ا) (مذ) مکان۔
مٹاپا (ہ) (مذ) موٹاپن۔ موٹائی۔ فربہی۔ تیاری۔ پھیلاوٹ۔
مٹاپا چڑھنا (ہ) تیاری آنا۔ موٹا ہو جانا۔ فربہی آنا۔ جسم کا پھول جانا۔
مٹانا (ہ) کھرچنا۔ چھیلنا۔ دُور کرنا۔ زائل کرنا۔ کھونا۔ برباد کرنا۔ زائل کرنا۔ کھونا۔ برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔ رد کرنا۔ منسوخ کرنا۔ ناپید کرنا۔ معدوم کرنا۔ نابود کرنا۔
مٹائی (ہ) (مث) تیاری۔ پھیلاوٹ۔ فربہی۔ جسامت۔ دل۔ دبیزپن۔
مٹر (ہ) (مث) ایک قسم کا گول گول دانوں والا غلہ۔
مٹر سی آنکھیں (ہ) (مث) چھوٹی چھوٹی آنکھیں۔
مٹر سے دیدے (ہ) (مذ) ننھے ننھے دیدے۔
مٹرگشت (ف) (مذ) آوارہ گردی۔ واہیات پھرنا۔ کوچہ گردی۔
مٹرگشت کرنا (ف) بے ہودہ پھرنا۔ آوارہ پھرنا۔ ہوا خوری کرنا۔ بسر کرنا۔
مٹرکی (ہ) (مث) چھوٹا مٹر۔
مٹرلا چنا (ہ) (مذ) وہ چنے جس میں مٹر ملے ہوئے ہوں۔
مٹرالا۔ یا۔ مٹریلا (ہ) مٹر اور جو۔ یا۔ مٹر اور چنے ملا ہوا غلہ۔
مٹ بھیڑ ہونا (ہ) راستہ میں مڈبھیڑ ہو جانا۔ مقابل ہونا۔ آمنا سامنا ہونا۔ راہ میں مقابلہ و مجادلہ ہونا۔
مٹ جانا (ہ) تباہ و برباد ہو جانا۔ زائل ہو جانا۔ محو ہو جانا۔ عاشق ہو جانا۔ فریفتہ ہو جانا۔
مُٹر مُٹر دیکھنا (ہ) چھوٹے بچے کا چپکے پڑے ہوئے اِدھر اُدھر دیکھنا۔
مُٹر مُٹر کام کرنا (ہ) چھوٹے بچوں کا جلدی جلدی کام کرنا۔
مٹک (ہ) (مث) ہلنا۔ جنبش۔ ادا۔ ناز و نخرہ۔ چوچلا۔
مٹک چال (ہ) (مث) ناز و نخرہ کی چال۔
مٹکا (ہ) (مذ) بڑا گھڑا۔ خم۔ گاگر۔ گول۔
مٹکانا (ہ) گھمانا۔ حرکت دینا۔ جنبش دینا۔ چمکانا۔ گردش دینا۔ نچانا۔ ہلانا۔ انگلیوں کے جوڑوں سے آواز نکالنا۔ زیب تن کرنا۔ کوئی چیز پہن کر اترانا۔ بھاؤ بتانا۔
مٹکنا (ہ) نخرہ کرنا۔ اعضا کو حرکت دینا۔ ہاتھوں کو نچانا۔ معشوقانہ انداز دکھانا۔
مٹکنا (ہ) (مذ) کلہڑا۔ چھوٹا سا مٹکا۔ کوزہ۔ آبخورہ۔
مٹکینا: ناز و نخرے کرنے والا۔
مٹکنا (ہ) بوٹا سا قد۔ چھوٹا سا قد۔ بہت خوبصورت۔
مٹکنا سا قد (ہ) لمبا اور موزوں ننھا سا قد۔ بوٹا سا قد۔
مٹکو (ہ) (مث) مٹکنے والی عورت۔ ناز و نخرے سے چلنے والی عورت۔ آنکھیں مٹکا کر باتیں کرنے والی عورت۔

مٹکی (ہ) (مث) مٹکا کی تصغیر۔ مٹلیا۔ چھوٹا گھڑا۔ چاٹی (دُودھ بلونے کا مٹی کا برتن)۔
مٹکینا (ا) (مذ) آب خورہ۔ کوزہ۔
مٹ گیا (ہ) (مذ) بددعا۔ ام جڑا ہوا۔ خانہ خراب۔ مرن جوگا۔ مُنے جوگ۔
مٹلا (ہ) (مث) موٹا کی تصغیر۔ حقارتی۔ بھدا۔ بھاری جسم والا۔
مٹنا (ہ) کھرچا جانا۔ چھیلا جانا۔ معدوم ہونا۔ زائل ہونا۔ محو ہونا۔ تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ مفتون ہونا۔ عاشق ہونا۔ رد ہونا۔ منسوخ ہونا۔
مٹھ (ہ) (مذ) مڑھی۔ منڈھی۔ خانقاہ۔ دھرم سالہ۔ ہندو فقیروں کے رہنے کی جگہ۔ پوجا پاٹ کی جگہ۔ مذہبی مدرسہ۔ پاٹ شالہ۔ بیل کا حرف (ماٹھ کا مخفف)
مُٹھ مارا جانا (ہ) بیل کا ماٹ بگڑ جانا۔ مجازاً بگڑ جانا۔ ستیاناس ہو جانا۔ خراب ہو جانا۔
مٹھ (ہ) میٹھا کا مخفف۔ شیریں (مرکبات میں)
مٹھ بولا / مٹھ بولنا (ہ) میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا۔ شیریں کلام۔ خوش گفتار۔
مٹھ لونا / مٹھلونا (ہ) ہلکے نمک والا۔ کم نمک والا۔ جس میں نمکینی کے ساتھ کچھ میٹھا پن ہو۔
مُٹھ (ہ) (مث) مُٹھی۔ گھونسا۔ مشت۔ پنجہ۔ مٹھی۔ چنگل۔ دستہ۔ قبضہ۔ پکڑنے کی جگہ۔
مُٹھا (ہ) (مذ) گٹھا۔ بنڈل۔ گڈا۔ لپ۔ مٹھی بھر۔ مٹھی کاغذوں کا گٹھا۔ پشتارہ۔ مُوٹھ۔ قبضہ۔ دستہ۔ بنٹیا۔ ہل کی ہتھی۔ نداؤں کا موٹھیا جسے نانت پر مار مار کر روئی دُھنتے ہیں۔
مُٹھا باندھنا (ہ) گٹھا باندھنا۔ بنڈل یا گڈی بنانا۔
مٹھا (ہ) (مذ) ٹوٹا ہوا دہی۔ بلویا ہوا دہی۔ چھاچھ۔ پتلا دہی۔ بلویا ہوا دہی۔ ایک قسم کا پکوان۔ ڈھیلا۔ سست۔ تھکا ہوا۔ کم رفتار۔ کند ذہن۔ غبی۔ موٹی سمجھ کا۔
مٹھاپن (ہ) (مذ) سستی۔ کاہلی۔ کند ذہنی۔
مٹھارنا (ہ) گول بنانا۔ کور مارنا۔ دھار مارنا۔ آٹے کو لوچ دینا۔ چکنی دینا۔ بنا بنا کر باتیں کرنا۔ باتیں بگھارنا۔ فراغ کرنا۔ کشادہ کرنا۔ مفصل بیان کرنا۔
مٹھاس (ہ) (مث) شیرینی۔ میٹھاپن۔ رس۔ کھٹاس کی ضد۔
مٹھائی (ہ) (مث) شیرینی۔ گُڑ۔ کھانڈ۔ راب وغیرہ میٹھی چیزیں۔
مٹھائی بٹنا (ا) (محاورہ) شیرینی تقسیم ہونا۔ نعمت پانا۔
مٹھائی چڑھانا (ا) (محاورہ) قبروں اور مزاروں پر مٹھائی نذر کرنا۔
مٹھائی سے منہ بھر دینا (ا) (محاورہ) کنایۃً دل خوش کر دینا۔
مُٹھ بھیڑ (ہ) (مث) اتفاقیہ ملاقات۔ دیکھو مٹ بھیڑ۔
مٹھڑی (ہ) (مث) نمکین تلی ہوئی خستہ ٹکیا۔ مٹھی (دیکھو) میں میٹھی تلی ہوئی ٹکیا۔ دیسی بسکٹ۔

مُٹھو (ہ/مث) بچّوں کی چُومی۔ چُوما۔ بوسہ۔ بپّی۔ میٹھی۔
مِٹھُّو (ہ/مذ) لغت میں شیریں کلام۔ مجازاً طوطا۔ سوا۔ توتا۔
مِٹھُّو سا (ہ) خاموش۔ کم گو۔ متفکر۔ اپنے دل کا حال کسی سے نہ کہنے والا۔
مُٹھی (ہ/مث) بچّوں کا چُوما۔ بپّی۔ بوسہ۔ میٹھی کا مخفف بھی ہے۔
مُٹھّی (ہ/مث) اُکی۔ بند ہاتھ۔ مُشت۔ قبضہ۔ چُنگل۔ لپ کی مقدار۔ جیسے چنوں کی مُٹھی۔ طول ناپنے کے بند ہاتھوں کی مقدار۔ جیسے مُٹھی بھر اُونچا۔ مالش چپّی۔ ولک۔ چُسنی۔ جو بچے کو چوسنے کے لیے دیتے ہیں۔ چُوسی۔ گھوڑے کے سُم اور ٹخنے کے بیچ کا جوڑ۔ ٹخنے کے اُلٹی طرف کے بال جو گھوڑے کے پاؤں پر ہوتے ہیں۔
مُٹھی بھر (ہ) لپ بھر۔ کم مقدار۔ یک مُشت۔ بمقدار یک کف۔
مُٹھی بھر کی جان (ا/مث) بچّوں کے لیے استعمال ہے۔ تھوڑی سی جان۔
مُٹھی بھرنا (ہ) لپ بھرنا۔ پاؤں دبانا۔ چپّی کرنا۔ بدن کی مالش کرنا۔
مُٹھی کھُلی ہونا (ا/محاورہ) کنایۃً سوال کرنا۔
مُٹھی گرم کرنا (ہ) رشوت دینا۔ مُٹھی میں نقدی دینا۔ گھوس دینا۔
مُٹھی میں دل لینا (ا/محاورہ) قابو میں کرنا۔
مُٹھی میں دھرا ہونا (ا/محاورہ) پاس موجود ہونا۔
مُٹھی میں ہونا (ہ) بس میں ہونا۔ قابو میں ہونا۔ اختیار میں ہونا۔
مُٹھیا } (ہ/مذ) ہل کی مُوٹھ۔ کمان کی وہ جگہ جہاں ہاتھ رہتا ہے۔
موٹھیا } قبضہ۔ مُٹھ۔ گرگٹ کی پتی۔ گرگٹ کی ہتھیلی۔ کولھو میں گنّے کی گنڈیریاں ڈالنے والا آدمی۔
مُٹھیانا (ہ) ہاتھ میں پکڑنا۔ مُٹھی میں پکڑنا۔ قبضہ میں لانا۔ ہتھیانا۔
مِٹّی (ہ/مث) خاک۔ زمین۔ دھرتی۔ بھُوم۔ بھُومی۔ ارض۔ گارا۔ کیچ۔ کیچڑ۔ دلدل۔ پرتھی۔ سنسار۔ دُنیا۔ جہان۔ دُھول۔ گرد۔ غبار۔ ریت۔ راکھ۔ کُشتہ۔ خاکستر۔ مادہ۔ سرشت۔ خمیر۔ لاش۔ میّت۔ لاش۔ مُردہ جسم۔ گوشت۔ ماس۔ شکار۔ گُوہ۔ پاخانہ۔ جیسے حلق سے اُترا مٹی ہو گیا۔ سرد۔ ٹھنڈا۔ مثلاً دھرے دھرے کھانا مٹی ہو گیا۔ میلا۔ گرد آلود۔ جیسے ذرا دیر میں کپڑے مٹی ہو گئے۔
مِٹّی برباد کرنا (ا) بدنام کرنا۔ رُسوا کرنا۔ کسی کو ذلیل کرنا۔ میّت کو رُسوا کرنا۔
مِٹّی پکڑنا (ہ) زمین پکڑنا۔ جم جانا۔ ڈٹ جانا۔
مِٹّی پلید کرنا (ا) ذلیل و خوار کرنا۔ رُسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔ ستانا۔ تنگ کرنا۔ دِق کرنا۔ ہنسی اُڑانا۔ تمسخر کرنا۔ کریا کرم نہ کرنا۔ کفن دفن نہ کرنا۔ میّت کی بُری گت بنانا۔ لاشہ خراب کرنا۔ تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ خراب و خستہ حال کرنا۔
مِٹّی تھوپنا (ہ) پلستر کرنا۔ کہگل کرنا۔ مٹی چڑھانا۔ مٹی لینا۔
مِٹّی ٹھکانے لگانا (ہ) اچھی طرح سے کفن دفن کرنا۔ بخوبی گور گڑھا کرنا۔ قاعدے اور رسم کے مطابق تجہیز و تکفین کرنا۔ پورے طور سے کریا کرم کرنا۔

مِٹّی خرابہ (ا/مذ) بربادی۔ تباہی۔ خرابی۔ پائمالی۔ ستیاناس۔ رسوائی۔ ذلّت۔ بے عزتی۔ بے قدری۔
مِٹّی خراب کرنا } (ا) گور گڑھا نہ کرنا۔ تجہیز و تکفین اچھی طرح نہ
مِٹّی خوار کرنا } کرنا۔ کریا کرم خراب کرنا۔ ذلیل کرنا۔ دُرگت کرنا۔ بدنام کرنا۔ تکلیف دینا۔ ستانا۔ دِق کرنا۔ حیران کرنا۔ احمق بنانا۔ ہنسی اُڑانا۔ مخول کرنا۔ برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔ ستیاناس کرنا۔ بگاڑنا۔
مِٹّی خراب ہونا } (ا) میّت کا اچھی طرح نہ اُٹھایا جانا۔ ذلیل ہونا۔
مِٹّی خوار ہونا } رُسوا ہونا۔ بدنام ہونا۔ دُرگت ہونا۔ تکلیف اُٹھانا۔ حیران و پریشان ہونا۔ بُرا حال ہونا۔ آوارہ ہونا۔ بے قدر ہونا۔ تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ دِق ہونا۔ تنگ ہونا۔
مِٹّی دینا (ہ) دفنانا۔ دفن کرنا۔ دفن کرتے وقت تین مُٹھی مٹی ڈالنا۔ قبر میں گاڑنا۔
مِٹّی ڈالنا (ہ) کسی چیز کے چوری ہونے پر مشتبہ لوگوں سے پردہ داری کی غرض سے کسی پوشیدہ جگہ پر مٹی ڈلوانا۔ تاکہ وہ چیز مٹی میں ڈال دی جائے اور بات چھُپی رہے۔ پوشیدہ کرنا۔ چھُپانا۔ پردہ پوشی کرنا۔ لعنت بھیجنا۔ ٹالنا۔ معاف کرنا۔ درگزر کرنا۔ پردہ رکھنا۔ راز فاش نہ کرنا۔ بات کو دبا دینا۔
مِٹّی ڈھونا (ہ) مٹی اُٹھانے کی مزدوری کرنا۔ قُلی کا کام کرنا۔ بہت محنت کرنا۔ سخت مصیبت اُٹھانا۔
مِٹّی سوارت کرنا (ا/محاورہ) مٹی ٹھکانے لگانا۔
مِٹّی سُونگھنا (ا/محاورہ) پنڈوں پہ پانی ڈال کر خوشبو کے واسطے سونگھاتے ہیں۔
مِٹّی سے مٹی مل جانا (ا/محاورہ) میّت کا دفن ہو جانا۔ پیوند خاک ہو جانا۔
مِٹّی عزیز کرنا (ا) کسی مُردے کا دفن کفن اپنے ہاتھ سے اچھی طرح کرنا۔ دابنا۔ گاڑنا۔ مٹی ٹھکانے لگانا۔ درود فاتحہ کرنا۔ اچھی طرح سے کریا کرم کرنا۔
مِٹّی کا پُتلا } (ہ/مذ) گارے کا جسم۔ خاکی بدن۔ مجازاً آدمی۔
مِٹّی کا پنجر } انسان۔ بشر۔
مِٹّی کا تیل (ہ/مذ) ایک قسم کا تیل جو لیمپوں میں جلایا جاتا ہے۔ کیروسین آئل۔
مِٹّی کا گھڑا بھی ٹھونک بجا کر لیتے ہیں (ہ/مثل) انسان کو ادنیٰ چیز بھی خوب دیکھ بھال کر لینی چاہیے۔ نہایت احتیاط کے لیے بولا کرتے ہیں۔
مِٹّی کرنا (ہ) خاک میں ملانا۔ بگاڑنا۔ خراب کرنا۔ میلا کرنا۔ بے مزہ کر دینا۔ کھانا ٹھنڈا کر دینا۔ لُٹانا۔ برباد کرنا۔ ضائع کرنا۔
مِٹّی کی مُورت (ہ/مث) مٹی کی بنی ہوئی مُورتی۔ قالب خاکی۔ بے وقوف آدمی۔

مٹی کے مول (ہ) نہایت سستا - بہت ہی ارزاں - کوڑیوں کے مول -
مٹی میں لوٹنا (ہ) خاک میں رُلنا - زمین پر تڑپنا -
مٹی میں مٹی ملنا (ہ) مرکر خاک ہوجانا - فنا ہوجانا - جسم کا خاک ہوجانا -
مٹی میں ملنا } (ہ) نہایت عاجز ہونا - سخت تنگ ہونا - مرجانا -
مٹی میں مل جانا } سخت مصیبت اُٹھانا -
مٹی میں ملانا (مثلاً) خاک میں ملانا - بے نشان کر دینا - دفن کر دینا -
دابنا - برباد کرنا - کھو دینا - ضائع کرنا - بے مزہ کرنا - کرکرا کرنا -
مٹی ہوجانا (ہ) خاک میں مل جانا - راکھ ہوجانا - خاک ہوجانا - گشتہ ہو
جانا - بھسم ہوجانا - گل سڑ جانا - بگڑ جانا - خراب ہوجانا -
بے کار ہوجانا - نکما ہوجانا - بے رونق ہونا - چمک دمک نہ رہنا -
مُردہ دل ہوجانا - شرما جانا - شرمندہ ہوجانا - ٹھنڈا ہوکر
خراب ہوجانا - بہت متحمل ہوجانا - منکسر مزاج ہوجانا -
غصہ نہ رہنا -
مٹی ہونا (ہ) بھسم ہونا - راکھ ہونا - خراب ہونا - کام کا نہ رہنا - بے کار
ہونا - گلنا - سڑنا - مرنا - مٹنا - فنا ہوجانا - پھیکا پڑنا - چمک
دمک نہ رہنا - دفن ہونا - گڑنا -
مٹیا جھس (ہ) بہت ہی کاہل - نہایت سست - مٹی کی طرح ایک جگہ
پڑا رہنے والا -
مٹیار (ہ) گدلا - زمین جس میں مٹی بہت ہو -
مٹیالا (ہ) مٹی کے رنگ کا -
مٹیانا (ہ) مٹی میں ملنا - برباد ہونا - خاک برابر ہوجانا -
مٹیلا (ہ) سست - ناکارہ - نکما - بے قیمت -
مٹی برباد کرنا (ر) رسوا کرنا - بدنام کرنا -
مٹی پکڑنا (ہ) جگہ پکڑنا - قدم جما لینا - جم جانا -
مٹی پلید ہونا } (ر) خوار ہونا - رُسوا ہونا - ذلیل و بے عزت ہونا -
مٹی خراب ہونا } برباد ہونا - نہایت دُکھ میں ہونا - دُرگت بننا -
مٹی خوار ہونا } بدنام ہونا -
مٹی ٹھکانے لگنا (ر) مرنا - دفن ہونا -
مٹی خراب کرنا (ر) مُردہ کا کفن دفن اچھی طرح نہ کرنا - تباہ و برباد ہونا -
ہنسی اُڑانا - ستانا -
مٹی دینا (ہ) قبر پر مٹی ڈالنا - دفنانا - سپرد خاک کرنا -
مٹی ڈالنا (ہ) چھپانا - جانے دینا - لعنت بھیجنا -
مٹی کر دینا (ہ) ملیا میٹ کر دینا - خراب کر دینا - بگاڑ دینا -
مٹی کا مادھو (ہ) بے وقوف - احمق -
مٹی کی مورت (ہ) مٹی کی بنی ہوئی چیز - مٹی کا پتلا - انسان بے وقوف -
احمق آدمی -
مٹی میں ملانا (ہ) مٹانا - بے نشان کرنا - برباد کرنا -
مٹی میں مل جانا (ہ) جسم کا مٹی میں ملنا - تباہ و برباد ہوجانا -
مٹی میں مٹی ہونا (ہ) جسم جو مٹی سے بنا ہوا ہے خاک میں ملنا - فنا
ہوجانا -
مٹی ہوجانا (ہ) تباہ و برباد ہوجانا - مٹنا - نکما بن جانا - بے قدر
ہوجانا - مُردہ دل اور افسردہ طبیعت ہوجانا -

م - ث

مثاب (ع/مذ) اجر کے لائق - صلہ کے قابل -
مثابہ (ع) جائے پناہ - قیام گاہ - کارواں سرائے -
مثال (ع/مث) مانند - نظیر - تمثیل - نمونہ - صورت -
مثال دینا (ار/محاورہ) تشبیہ دینا -
مثالب (ع/مذ) عیوب -
مثالی (ع/صف) نمونے کا -
مثانہ (ع) پھکنا - پیشاب کی تھیلی -
مثبت (ع/مذ) ثابت کیا ہوا - نفی کی ضد - جمع کی علامت -
مثبتہ اسٹام (ار/انگ/مذ) وہ کاغذ جس پر اسٹام لگایا گیا ہو -
مُہر کیا گیا -
مثبوت (ع) پختہ - مضبوط - پائدار - متین -
مثقال (ع/مذ) ساڑھے چار ماشے کے برابر وزن کا پیمانہ -
مثل (ع/مث) مقدمے کی کارروائی کے کاغذات متعلق شدہ (مسل)
سین مُہملہ سے بھی درست ہے -
مثل (ع) مانند - نظیر -
مثل (ع/مث) کہاوت - تمثیل (پنجاب) اکھان کمانی -
مثلاً (ع) مثال کے طور پر - گویا - یعنی - جیسے -
مثل مرتب کرنا (ر) مقدمے کے کاغذات ترتیب دینا -
مثلث (ع) تین ضلعوں کی شکل - تکون -
مثلث حادّ الزوایا (ع/مذ) وہ مثلث جس کے تینوں زاویے قائمے
سے چھوٹے ہوں -
مثلث قائم الزاویہ (ع/مذ) وہ مثلث جس کا ایک زاویہ قائمہ ہو -
مثلث متساوی الاضلاع (ع/مذ) وہ تکون جس کے تینوں ضلعے
برابر ہوں -
مثلث متساوی الساقین (ع/مذ) وہ مثلث جس کے دو ضلعے آپس
میں برابر ہوں -
مثلث مختلف الاضلاع (ع) وہ مثلث جس کے تینوں ضلعے
نابرابر ہوں -
مثلث منفرجہ الزاویہ (ع/مذ) وہ تکون جس کا ایک زاویہ قائمہ
سے بڑا ہو -
مثلثی (ع) مثلث سے منسوب - تکونیا - کھونٹیا - تکونٹا -
مُثلہ (ع/صف) جس کے کان اور ناک کاٹ دیے جائیں -
مثلی (ر/مذ) وہ شخص جس کی مثل بنی ہوئی ہو - سزا یافتہ -
نامی چور - مشہور - بدمعاش - پُرانا مجرم -
مثل اُچکا - یا - مثل بدمعاش (ر/مذ) وہ چور یا بدمعاش جو کئی
دفعہ سزا پا چکا ہو - سزایاب اُچکا - سزا یافتہ چور -

نامی چور - نامی بدمعاش -

مُثمر (ع / صف) ثمردار - پھل دار -

مُثمّن (ع) آٹھ ضلعوں کی شکل - ہشت پہلو - آٹھ کونیا - آٹھ مصرعوں کا بند -

مَثمُور (ع / مفعول) بہت افراط - بے انتہا - لاتعداد -

مُثنّیٰ (ع) دوم بنایا گیا - دُوسرا دوبارہ کیا گیا (مذکر) دُوسری نقل - نقل مطابق اصل - مُثنّاد - مکرر نقل - جوڑا جوڑ - جُفت -

مثنوی (ع / مث) منسوب بہ مثنیٰ - دو دو کیا گیا - دو ہم قافیہ مصرعوں کی بیت - ایسی نظم جس کے ہر بیت کا قافیہ الگ الگ ہو - یہ تمام نظم ایک ہی وزن میں ہوتی ہے - اور اس کے لیے تعداد اشعار کوئی مقرر نہیں - مولانا رُوم رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور و معروف نظم کی کتاب -

م - ج

مُج (ع) سالم مُونگ -

مُجاب (ع / مفعول) جواب دیا گیا - منظور کیا گیا -

مُجادلہ (ع / مذ) لڑائی جھگڑا - بکھیڑا - تنازعہ - ہنگامہ - خونریزی - بحث تکرار - مباحثہ - عداوت - دشمنی - بیر - خصومت - رار - حُجت -

مجاریہ (ع) پاس شدہ - جاری شدہ - رواں - اِجرا یافتہ - نافذ شُدہ - مروجہ - مجریہ - نافذہ -

مجاری (ع / مذ) مجرا کی جمع - جاری ہونے کی جگہیں - بہنے کے رستے -

مجاز (ع / مذ) راہ گزرنے کی جگہ - وہ کلمہ جو اپنے حقیقی معنوں میں استعمال نہ ہو - حقیقت کی ضد - غیر موضوع جُملہ - معنوں میں مستعمل لفظ بشرطیکہ مجازی اور حقیقی معنوں میں کوئی تعلق ضرور ہو -

مَجازِ مُرسل (ع / مذ) لفظ کے اصلی اور مجازی معنوں میں اگر تشبیہ کا علاقہ نہ ہو تو مجاز مُرسل کہلاتا ہے - اگر تشبیہ کا علاقہ ہو تو استعارہ -

مجاز ہونا (ل) قانونی یا شرعی لحاظ سے کسی امر کا اختیار رکھنا - مُختار ہونا - با اختیار ہونا -

مجازاً (ع) مراداً - فرضاً - جوازاً - قانونی طور سے یا شرعی طور سے -

مجازی (ع / مث) غیر اصلی - غیر حقیقی - مُرادی - فرضی - جعلی - جھُوٹے - نقلی -

مَجال (ع / مث) چکر دینے کا میدان - دوڑانے کی جگہ - جولان گاہ - مجازاً حوصلہ - طاقت - ہمت - تاب - قابو - سامرتھ - بس - مقدور -

مجال رکھنا (ل / محاورہ) کسی بات کی تاب و طاقت رکھنا - قُدرت رکھنا -

مجالس (ع / مث) مجلس کی جمع - بیٹھنے کی جگہ - مجلسیں - سبھائیں - محفلیں - سوسائٹیاں -

مجالست (ع / مث) مل کر بیٹھنا - ہم نشینی -

مجامعت (ع / مث) بھوگ بلاس - ہم بستری - صحبت داری - جماع - مباشرت -

مجامعت کرنا (ل) ہم بستر ہونا - صحبت داری کرنا - بھوگ کرنا -

مُجانبت (ع / مث) کنارا کشی کرنا - الگ ہونا - اجتناب کرنا - علیحدگی -

مُجانست (ع / مث) ہم جنس ہونا - ہم جنسیت -

مُجاور (ع / مذ) پاس رہنے والا - پڑوسی - ہمسایہ - مقدس مقامات کا خادم - پجاری - محافظ - درگاہ یا مسجد -

مُجاورت (ع / مث) پڑوس - ہمسائگی -

مُجاہد (ع / مذ) کوشش کرنے والا - ساعی - مذہبی لڑائی میں لڑنے والا - غازی مرد -

مُجاہدہ (ع / مذ) کوشش - جہد - سعی - محنت - مشقت - مذہبی لڑائی -

مُجاہدین (ع / مذ) مجاہد کی جمع - مذہب پر لڑنے والے - مذہب کے لیے جان دینے والے - بہادر سپاہی -

مجبُور (ع) جبر کیا گیا - لاچار - ناچار - دبا ہوا - تنگ - دق - بے بس -

مجبُوراً (ع / متعلق فعل) مجبور ہو کر - تنگ آ کر -

مجبُور کرنا (ل) تنگ کرنا - دق کرنا - ستانا - دبانا - ناچار کرنا - بے بس کرنا -

مجبُور ہونا (ل) تنگ ہونا - ہارنا - تھکنا - عاجز ہونا - تنگ ہونا -

مجبُوراً (ع) ہار کر - تھک کر - ناچاری سے - جبر سے - عاجز ہو کر -

مجبُوری (ل / مث) بے بسی - ناچاری - دقت - تنگی - عاجزی -

مُجتمع (ع) اکٹھا کیا گیا - جمع کیا گیا -

مُجتنب (ع) پرہیز کرنے والا - بچنے والا - دُور رہنے والا - علیحدگی اختیار کرنے والا - اجتناب کرنے والا -

مُجتہد (ع) جدّ و جہد کرنے والا - ساعی - کوشاں - کوشش کرنے والا - عُمدہ اور صحیح راستہ نکالنے والا - منکروں سے جہاد کرنے والا (مذکر) اہل تشیعہ کا فاضل - امام - پیشوائے مذہب -

مُجدّد (ع) تجدید کرنے والا - پرانے کو نیا کرنے والا - ترمیم مذہب کرنے والا -

مُجدّداً (ع) نئے سرے سے - از سرِ نو -

مجذُوب (ع) کھینچا گیا - صاحب جذبہ - یادِ الٰہی میں غرق - محبت الٰہی میں مدہوش - مست - آپے سے بے خبر - بے ہوش -

(اُردو میں) دیوانہ ۔ پاگل ۔ سڑی ۔ سودائی ۔ مجنوں ۔
مُجذور (ع ۔ امذ) فی نفسہٖ ضرب کھایا ہوا ۔ مربع ۔ اگر کسی عدد کو اسی میں ضرب دیں تو حاصل ضرب مجذور اور وہ عدد جذر ہوگا ۔
مَجذُوم (ع ۔ امذ) جذامی ۔ کوڑھی ۔ کوڑھ کی بیماری میں گرفتار ۔
مُجرا (ع ۔ امذ) جاری کیا گیا ۔ رواں کیا گیا ۔ حساب میں لیا گیا ۔ کٹوتی ۔ منہائی ۔ (اُردو میں) آداب تسلیم ۔ سلام ۔ ڈنڈوت ۔ پرنام ۔ بندگی ۔ کورنش ۔ ناچ گانا جو سلام کے طور پر امراء کے رُوبرو شادی میں کیا جاتا ہے ۔ رُباعی یا غزل وغیرہ کی طرز پر لکھا ہوا مرثیہ جس کے پہلے شعر میں مجرا یا سلام کا لفظ آنا ضروری ہے ۔ ملازمت ۔ باریابی ۔
مُجرا پانا (ف) دخل پانا ۔ باریابی حاصل ہونا ۔ روپیہ بھر پانا ۔ وصول پانا ۔
مُجرا طلبی (ف ۔ امث) آمنے سامنے کا دعوٰی ۔ اُلٹا دعوٰی ۔ بالمقابل دعوٰی ۔
مُجرا دینا (ف) حساب میں سے وضع کر دینا ۔ حساب میں محسوب کر لینا ۔ حساب میں لگا دینا ۔ کاٹ دینا ۔ منہا کر دینا ۔
مُجرا عرض کرنا (ف ۔ محاورہ) سلام کرنا ۔
مُجرا کرنا (ف) حساب میں لگا لینا ۔ منہا کر دینا ۔ کاٹ دینا ۔ وضع کرنا ۔ آداب بجا لانا ۔ با ادب سلام کرنا ۔ سلام کے طور پر کسی امیر یا نوشہ کے آگے ناچنا گانا ۔
مُجرا گاہ (ع ف ۔ امث) بادشاہوں کے دربار میں وہ جگہ جہاں لوگ کھڑے ہو کر مُجرا عرض کرتے ہیں ۔
مُجرا لینا (ف) محسوب کر لینا ۔ کاٹ لینا ۔ حساب میں لگا لینا ۔
مُجرا ہونا (ف) وضع ہونا ۔ وصول ہونا ۔ بھر پانا ۔ کٹ جانا ۔ منہا ہونا ۔
مُجرائی } (ف ۔ امذ) سلامی ۔ مجرا کرنے والا ۔ سلام کرنے والا ۔
مُجرئی } صرف سلام کی تنخواہ پانے والا ۔ امتیازی لوگ ۔ جمع ۔ لگان ۔ منہائی ۔ کمی ۔ مرثیہ کا سلام پڑھنے والے ۔ مرثیہ خواں ۔
مُجرَّب (ع) تجربہ کیا گیا ۔ آزمایا ہوا ۔ کارگر ۔ تیر بہدف ۔ نہایت مؤثر ۔
مُجرَّبات (ع ۔ امذ) تجربہ کی ہوئی باتیں ۔ آزمودہ نسخے ۔ تیر بہدف دوائیاں ۔ یا وہ کتابیں جن میں نہایت آزمودہ نسخے درج ہوں ۔
مُجرَّد (ع) اکیلا رہا ہوا ۔ تنہا ۔ مادے سے پاک ۔ چھڑا چھٹانک ۔ ناکتخدا ۔ بن بیاہا ۔ بے زن و فرزند ۔ جتی ستی جوگی سنیاسی ۔ دنیا سے الگ رہنے والا شخص ۔
مُجرّد رہنا (ف) تارک الدنیا رہنا ۔ آزاد رہنا ۔ شادی نہ کرنا ۔ جتی رہنا ۔
مُجرَّدات (ع ۔ امذ) وہ اجسام جو مادے سے پاک ہوں ۔ غیر محسوس بے جسم وجود ۔ ملائک ۔ فرشتے ۔ ارواح ۔ عقول عشرہ ۔
مُجرّدی (ع ۔ امث) تنہائی ۔ آزادی ۔ کنوارپن ۔ جتی پن ۔
مُجرِم (ع) گنہگار ۔ جرم کرنے والا ۔ قصوروار ۔ پاپی ۔ خطاوار ۔ مُلزم ۔
مُجرم اشتہاری (ع ۔ امذ) وہ مجرم جس کی گرفتاری کا اشتہار ہو چکا ہو ۔
مُجرم ٹھہرانا ۔ یا ۔ قرار دینا (ف) خطاوار گرداننا ۔ مُلزم ٹھہرانا ۔ قابل سزا قرار دینا ۔
مُجرم عادی (ع ۔ امذ) وہ مجرم جسے بار بار جرم کرنے کی عادت پڑ گئی ہو ۔
مُجرم ہونا (ف) قصوروار ہونا ۔ خطاوار ہونا ۔ مُلزم ہونا ۔
مَجرُوح (ع) زخمی ۔ گھائل ۔ زخم خوردہ ۔ چوٹ کھایا ہوا ۔ ضرب رسیدہ ۔ میر مہدی حسین خلف میر حسن انگار دہلوی کا تخلص ہے جو غالب کے شاگرد تھے ۔
مجسٹریٹ (انگریزی ۔ امذ) منصف ۔ جج ۔ یا فوجداری کا با اختیار حاکم ۔ حاکم مجاز ۔
مجسٹریٹی (ف ۔ امث) جج کا عہدہ ۔ مجسٹریٹ کا کام یا آسامی ۔ حکومت ۔ اختیار ۔
مُجسَّم (ع) جسم دیا گیا ۔ وہ چیز جس میں طول و عرض اور عمق تینوں امتداد ہوں ۔ مسطحات ۔
مُجسَّمہ (ع ۔ امذ) بُت ۔
مَجَسّ (ع) وہ جگہ جہاں نبض پر طبیب ہاتھ رکھتے ہیں ۔
مَجعُول (ع ۔ صف) جعلی ۔ بنایا گیا ۔
مُجلّا (ع) جلا کیا ہوا ۔ چمکایا ہوا ۔ روشن ۔ صاف ۔ ظاہر ۔ آشکارا ۔
مُجلّد (ع) جلد بندی کیا ہوا ۔ جلد بندھا ہوا ۔ کتاب ۔ نسخہ ۔ جلد ۔
مَجلِس (ع ۔ امث) بیٹھنے کی جگہ ۔ آدمیوں کے جمع ہونے کی جگہ ۔ سوسائٹی ۔ سبھا ۔ سماج ۔ انجمن ۔ بزم ۔ جلسہ ۔ کونسل ۔ شہدائے کربلا کے ماتم اور فاتحہ کا مجمع ۔
مجلس برہم ہونا (ف ۔ محاورہ) مجلس کا انتظام خراب ہونا ۔
مجلس بگڑانا (ف ۔ محاورہ) مجلس میں نہلکہ ڈالنا ۔
مجلس جیران (ف ۔ امث) ایک قسم کی نہایت عمدہ مسّی جسے عورتیں ملتی ہیں ۔
مجلس خانہ (ع ف ۔ امذ) بزم گاہ ۔ مجلس لگنے کی جگہ ۔ دیوانِ عام ۔ دربار ۔ کسی مقبرہ پر مشائخ لوگوں کے قوالی سننے کی جگہ ۔
مَجلِسی (ع ۔ امذ) منسوب بہ مجلس ۔ شریک مجلس ہونے والا ۔ مجلس کا ۔ اہل مجلس ۔
مَجمَع (ع ۔ امذ) جمع ہونے کی جگہ ۔ مجلس ۔ اکھاڑا ۔ انبوہ ۔ جمگھٹ ۔ بھیڑ ۔ اژدحام ۔
مَجمَع البحرین (ع ۔ امذ) دو دریاؤں کا ملاپ ۔ مجازاً حضرت خضر اور موسیٰ علیہ السلام کی ملاقات کی جگہ ۔

مجمع الجزائر (ع/مذ) وہ سمندر جہاں بہت سے جزیرے پاس پاس واقع ہوں۔ ٹاپوؤں کا جھنڈ۔

مجمع خلافِ قانون (ع/مذ) (قانون) ناجائز بھیڑ۔ خلافِ قانون انبوہ۔

مجمع عام (ع/مذ) عام لوگوں کی بھیڑ۔ عام ہنگامہ۔ میلا۔ پبلک کا ہجوم۔

مُجمَل (ع) مختصر کیا ہوا۔ خلاصہ۔ انتخاب۔ سرسری۔ اجمال کیا گیا۔ محتاج۔ تفصیل۔ مفصّل کی ضد۔

مُجمَل حساب (ع/مذ) اکٹھا۔ مجڑا ہوا حساب۔ بلاتفصیل حساب۔ سرسری حساب۔ حساب کا گوشوارہ۔

مُجمَلاً (ع) از رُوئے اجمال۔ اجمالاً اختصار کے طور پر۔ فی الجملہ۔ الغرض۔

مجموعہ (ع) اکٹھا کیا گیا۔ جمع کیا ہوا (مذکر) کلیات۔ خزانہ۔ مخزن۔ ذخیرہ۔ جملہ۔ پشتارہ۔ مُرکب۔ عطر۔ جس میں بہت سی خوشبوئیں ملی ہوئی ہوں۔

مجموعہ قوانین (ع/مذ) قوانین کا ذخیرہ۔

مجموعی (ع/مث) تمام کی مجملگی۔ اجمالی۔

مجموعی قیمت (ع/مث) اکٹھی قیمت۔ تمام چیزوں کی قیمت شامل قیمت۔ اجمالی قیمت۔

مجنون (ع) پاگل۔ دیوانہ۔ جنون زدہ۔ سڑی۔ سودائی۔ باؤلا۔ (مذکر) قیس عامری کا لقب جو لیلیٰ کا عاشق تھا۔ مجازاً عاشق۔ شیدا۔ فریفتہ۔ نہایت دُبلا پتلا اور کمزور آدمی۔ ایک درخت کا نام جسے بید مجنوں کہتے ہیں۔ اس کی شاخیں جھکی ہوتی ہیں۔

مُجوَّزہ (ع) تجویز کیا گیا۔ جائز کیا گیا۔

مُجوِّز (ع) تجویز کرنے والا۔ جائز رکھنے والا۔ مُصِر۔ اصرار کرنے والا۔

مجوّزانِ قانون (ع/مذ) قانون بنانے والے۔ قانون تجویز کرنے والے۔ لیجسلیٹو کونسل۔ واضعان آئین و قوانین۔

مُجوّزہ (ع) تجویز کیا گیا۔ پیش کیا گیا۔ مقرر کیا گیا۔ ٹھہرایا ہوا۔ مُعیّنہ۔

مجوس (ف/مذ) مجوسی کی جمع۔ زردشت کا مُقلد۔ آتش پرست لوگ جو زردشت کے پیرو ہیں۔

مجوسی (ف/مذ) آتش پرست۔ آگ کی پُوجا کرنے والا۔ چاند سُورج کی پُوجا کرنے والا۔

مُجہلہ (ع/مذ) کوئی چیز جو بے وقوفی، غفلت یا جہالت ظاہر کرے۔ جھمیلا۔ جھگڑا۔

مُجھ (ہ) اپنی ذات کے لیے بولا جاتا ہے۔

مُجھ سے (ہ) میری ذات سے۔ میرے وجود سے۔ مجھ جیسے۔ میرے جیسے۔

مُجھ میں (ہ) میرے میں۔ میری ذات میں۔

مجھ میں آیا (ہ/محاورہ) میں ذمہ دار ہوں۔ میں نے اوڑھ لیا۔ میں ضامن ہوں۔

مجھلا (ہ/مذ) بکھیڑا۔ جھمیلا۔ کسی بات کا مشکل اور دشوار ہو جانا۔

مجہول (ع) نا معلوم۔ وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو۔ سُست۔ احدی۔ کاہل۔ مٹھا۔ نکھٹو۔ علم جبر و مقابلہ میں وہ مقدار جس کی قیمت معلوم کرنی مقصود ہو۔ غیر معلوم رقم۔

مجہول النسب (ع/مذ) وہ شخص جس کے حسب و نسب کا پتہ نہ ہو۔

مجھولا }
منجھولا } (ہ) درمیانہ۔ بیچ کا۔ وسطی۔ منجھلا۔ بڑا دیگچہ۔ چھوٹی دیگ۔

مجھولی۔ یا۔ منجھولی (ہ/مث) منجھلی۔ درمیانی۔ وسطی۔ ایک قسم کی چھوٹی ہندوستانی گاڑی۔

مجھے مُنہ نہ دکھا (ہ) دفع ہو۔ مجھے شکل نہ دکھا۔ میرے سامنے نہ آ۔

مجھیلا (ا/مذ) جھگڑا۔ تفضیہ۔

مُجیب (ع) جواب دینے والا۔ قبول کرنے والا۔

مجیب الدعوات (ع) دُعائیں قبول کرنے والا۔ خدائے تعالیٰ۔

مجیٹھ (ہ/مث) ایک قسم کی لکڑی جس کے لال رنگ سے کپڑے رنگے جاتے ہیں۔

مجید (ہ) بزرگوار۔ بزرگ۔ گرامی۔ عزیز۔

مجیرا (ہ/مذ) چھوٹی چھوٹی پیتل کی کٹوریاں جو طبلے کے ساتھ تال دینے کے واسطے دونوں ہاتھوں سے بجاتے ہیں۔

مُجیر (ع) دستگیر۔ پناہ دینے والا۔

م - چ

مُچا (ہ/مث) گوشت کا لوتھڑا۔ مضغہ۔ گوشت کا بن ہڈی کا ٹکڑا۔ جو بڑا سا ہوتا ہے۔

مچا مچ (ہ/مث) لبالب۔ مُنہا منہ۔ لبریز۔ کھچا کھچ۔ چارپائی کے چُوں چُوں کرنے کی آواز۔

مچان (ہ/مذ) ٹانڈہ۔ وہ اونچی جگہ جو دیوار میں تختے یا کڑیاں رکھ کر اسباب کے لیے بناتے ہیں۔

مچانا (ہ) کرنا۔ رچانا۔ عمل میں لانا۔ برپا کرنا۔

مُچانا (ا/مص) بند کرانا۔

مُچرّب (ا/صف) چربی والا۔ چرب کیا گیا۔

مچک (ہ/مث) لچک۔ لرزش۔

مچکا (ہ/مذ) سستا پن۔ ارزانی۔ ڈھیل۔ وقفہ۔ فرق۔ تفاوت۔ روک۔

مچکا پڑنا ۔ یا ۔ کھانا (ہ) بازار کا مندا ہو جانا ۔ سستا ہو جانا ۔ کسی کی آمدنی کا رُک جانا ۔ وقفہ پڑ جانا ۔ ڈھیل پڑ جانا ۔

مچکانا (ہ) آنکھ مارنا ۔ جھپکانا ۔ پلک مارنا ۔ آنکھ کا میچنا اور کھولنا ۔ آنکھ کا دبانا ۔

مُچکانا (ہ) حرکت دینا ۔ ہلانا ۔ لچکانا ۔ جھلکانا ۔

مُچکنا (ہ) تھرانا ۔ کانپنا ۔ لچکنا ۔ چارپائی کا بولنا ۔ چوں چوں کرنا ۔ چڑچڑانا ۔

مچلا (ہ) گھنا ۔ ڈھیٹ ۔ ضدی ۔ نٹ کھٹ ۔ خاموش ۔ مگرا ۔ چپ حرام ۔

مچلاپن (ہ/مذ) گھنا پن ۔ ضد ۔ ہٹ ۔ اڑ ۔ ڈھٹائی ۔ خاموشی ۔

مچلانا (ہ) جی متلانا ۔ اُبکائی آنا ۔ مالش کرنا ۔ غثیان کرنا ۔

مُچلانا (ہ) مگراپن ۔ خاموشی اختیار کرنا ۔ ٹال مٹول کرنا ۔ حیلہ بہانہ کرنا ۔ ضد کرنا ۔ ہٹ کرنا ۔ اڑنا ۔ اصرار کرنا ۔ ٹالنا ۔

مچلائی (ہ/مث) ہٹ ۔ ضد ۔ شوخی ۔ ڈھٹائی ۔ ڈھیٹ پن ۔

مچل پڑنا } (ہ) ہٹ پر آنا ۔ اڑ جانا ۔ بچھر جانا ۔ لوٹ جانا ۔ ضد
مچل جانا } پر آجانا ۔ کسی چیز کے لینے کی ضد کرنا ۔ لوٹ لوٹ کر اصرار کرنا ۔ سر ہو جانا ۔

مُچلکا ۔ یا ۔ مُچلکہ (ت/مذ) اقرار نامہ ۔ عہد نامہ ۔ کسی کام کے نہ کرنے کا تحریری عہد ۔ مجرموں کا عہد نامہ ۔ بچن ۔ قول قرار ۔

مُچلکا دینا (ل) عہد نامہ لکھ دینا ۔ قول دینا ۔ بچن دینا ۔ کسی امر سے باز رہنے کا تحریری اقرار کرنا ۔

مُچلکا لکھوانا ۔ یا ۔ لکھانا (ل) عہد نامہ یا اقرار نامہ تحریر کرانا ۔ تحریری اقرار لینا ۔

مچلکہ لینا (ار/محاورہ) کسی امر کے نہ کرنے کا تحریری اقرار نامہ لینا ۔

مچلکہ نکلنا (ار/محاورہ) مچلکہ لینے کا حکم صادر کرنا ۔

مُچلنا (ہ) ہٹ کرنا ۔ اصرار کرنا ۔ ضد کرنا ۔ اڑنا ۔ بپھرنا ۔ حیلہ بہانہ کرنا ۔ ٹال مٹول کرنا ۔ ٹالنا ۔ جان کر انجان ہو جانا ۔ خاموشی اختیار کرنا ۔

مُچلی (ہ) مچلا کی مؤنث ۔ مگری ۔ حیلہ باز ۔ گھنی ۔ شوخ ۔ ڈھیٹ ۔ ضدن ۔

مچمچی (ہ) مستی ۔ گرمائی ۔ شہوت کا زور ۔ مستی کی ترنگ ۔

مچمچانا (ہ) سنسنانا ۔ مست ہونا ۔ گرمانا ۔ شہوت یا مستی کے جوش میں آنا ۔

مچنا (ہ) مُندنا ۔ بند ہونا ۔

مچنا (ہ) ہونا ۔ عمل میں آنا ۔ کیا جانا ۔

مچنگ ۔ ستار کی قسم سے تکونی شکل کا باجا ۔ بربط ۔

مچنگڑ (ار/مذ) بڑی روٹی ۔ ہاتھی کی روٹی ۔

مچوانا (ہ) مُندوانا ۔ بند کرانا ۔

مچوانا (ہ) کرانا ۔ کروانا ۔

مچھ (ہ/مذ) مچھلی کا اسم مکبر ۔ بڑی مچھلی ۔ وشنوجی کا پانچواں اوتار ۔

مچھر (ہ/مذ) ایک چھوٹے سے پردار زہریلے اُڑنے والے جانور کا نام جو ڈنک مارتا ہے اور خون چوستا ہے ۔

مچھر کی جھول (ہ/مث) نہایت حقیر چیز ۔ بالکل کم قدر اور کم قیمت چیز ۔ نہ ہونے کے برابر ۔

مچھر کی جھول کا چور (ہ/مذ) بالکل حقیر چیز چرانے والا ۔ ادنیٰ چور ۔ اُٹھائی گیرا ۔

مچھراند (ار/مث) مچھلی کی بو ۔

مچھرنگا (ہ/مذ) ایک آبی پرندہ جو مچھلیوں پر گزارہ کرتا ہے ۔ ماہی گیر ۔

مچھلہارا (ار/مذ) مچھیرا ۔

مچھلی (ہ/مث) مچھی ۔ ماہی ۔ مین ۔ حوت ۔ سمک ۔ بازو اور پنڈلی کا گوشت ۔ ڈولا ۔ ایک قسم کا کان میں پہننے کا سنہری زیور ۔ ناک کا بلاق ۔ جانوروں کی پنڈلی کا گوشت ۔

مچھلی پکڑنا (ہ) مچھلی پکڑنے کو بنسی یا ڈوری لگانا ۔ مچھلی کا شکار کرنا ۔

مچھلی پکڑنے کا کانٹا (ار/مذ) مچھلی کا شکار کرنے کی بنسی ۔

مچھلی پٹم ۔ احاطہ مدراس میں ہے ۔ یہاں چھینٹ تیار ہوتی ہے ۔ مسولی پٹم اس کا دوسرا نام ہے ۔

مچھلی تو نہیں کہ سڑ جائے گی (ہ/مثل) اکثر از فات بیٹی کی شادی اور نسبت کے وقت بولتے ہیں یعنی کیا جلدی پڑی ہے ۔ دیکھ کر کریں گے ۔ کون سا کام بگڑا جاتا ہے ۔

مچھلی کا بجرا (ار/مذ) مچھلی کی شکل کی چھوٹی کشتی ۔

مچھلی کا تیل (ہ/مذ) ایک خاص قسم کی مچھلی کے کلیجہ کا تیل جو سینے کے امراض میں مفید ہے ۔ انگریزی میں کوڈلیور آئل کہتے ہیں ۔

مچھلی کی طرح تڑپنا (ہ) نہایت بے تاب ہونا ۔ بالکل بے قرار ہونا ۔ بیاکل ہونا ۔

مچھلی والا (ہ/مذ) مچھلی پکڑنے والا ۔ ماہی فروش ۔ ماہی گیر ۔ مچھوا ۔ دھنبور ۔ جھیور ۔

مچھلیاں پڑنا (ہ) کسرت اور ورزش کے باعث رانوں اور بازوؤں کے گوشت کا اُبھر آنا ۔ ڈنڑوں پر تیاری آجانا ۔ ڈنڑ موٹے ہو جانا ۔

مچھندر (ہ/مذ) بڑی بڑی مونچھوں والا ۔ مسخرہ ۔ بے ہودہ آدمی ۔ دلیٹ ۔ بدوضع ۔ مچھوا ۔ موشن ۔

مچھوا (ہ/مذ) مچھلی پکڑنے والا ۔ ماہی گیر ۔

مچھی (ہ/مث) مچھلی ۔ ماہی ۔ بوسہ ۔ اطفال ۔ چُما ۔ مٹھی ۔ پپی ۔

مچھی بھون (ہ امذ) بادشاہوں۔ راجاؤں یا اُمراء کے محلوں کا وہ تالاب جس میں رنگ دار چھوٹی چھوٹی مچھلیاں چھوڑی جاتی ہیں۔

م - ح

مُح (ع) مُرغی کے انڈے کی زردی۔
مُحابا (ع امذ) لغت میں باہم نزدیک ہونا ہے۔ مجازاً صُلح۔ لحاظ۔ مروّت۔ پاسداری۔ نگہداشت۔ اعانت۔ مدد۔
مُحاذ (ع امذ) محاذات کا مخفّف ہے۔ رُوبرُو ہونا۔ مقابل ہونا۔ رُوبرُو۔ سامنے۔ مقابل۔
مُحاذی (ع) برابر ہونے والا۔ برابر۔ آمنے سامنے رُوبرُو۔
مُحاربہ (ع امذ) لڑائی۔ جُدھ۔ یُدھ۔ معرکہ۔ جنگ و جدل۔ مُجادلہ۔ آپس میں لڑنا۔
مُحاسِب (ع امذ) حساب جاننے والا۔ علم حساب سے واقف۔ پڑتالیا۔ پڑتال کرنے والا۔ حساب کرنے والا۔ جانچنے والا۔
مُحاسِب (عف امذ) گاؤں کا حساب رکھنے والا۔ پٹواری۔
مُحاسَبہ (ع امذ) کسی سے حساب لینا یا کرنا۔ حساب۔ شمار۔ مجازاً بازپُرس۔ جواب طلبی۔ پُوچھ گچھ۔
مُحاسَبہ کرنا (ف) روپے کی پُوچھ گچھ کرنا۔ مطالبہ کرنا۔ حساب طلب کرنا۔
محاسبہ لینا (ار امص مرکب) حساب لینا۔ پرسش کرنا۔
مَحاسِن (ع امث) حُسن کی جمع۔ نیکیاں۔ خُوبیاں۔ بھلائیاں۔ عادتیں۔ خصائل۔ مردوں کی داڑھی یا مُونچھیں۔
مُحاصِر (ع) گھیرنے والا۔ گھیرا ڈالنے والا۔ محاصرہ کرنے والا۔
مُحاصَرہ (ع امذ) گھیرا ڈالنا۔ ناکہ بندی۔ گھیرا۔ تسخیر۔ قلعہ بندی۔
مُحاصَرہ اُٹھانا (ف) گھیرا ہٹا لینا۔ ناکہ بندی چھوڑ دینا۔
مُحاصَرہ کرنا (ف) گھیرا ڈالنا۔ ناکہ بندی کرنا۔ دشمن کے قلعہ کو گھیر لینا۔
مُحاصَرہ میں آ جانا (ار امص مرکب) چاروں طرف سے گِھر جانا۔ قلعہ بند ہو جانا۔
مَحاصِل (ع امث) (محصل کی جمع) ذرائع آمدنی۔ مجازاً آمدنی۔ نفع۔ پیداواری۔ زر لگان۔ یافت۔ خراج۔ باج۔ بکری کا روپیہ۔ بکری۔ فروخت۔
محاصل خام (عف امث) کچی آمدنی۔ غیر مستقل آمدنی۔ کچا معاملہ۔
محاصل دہ (عف امث) گاؤں کی آمدنی۔ زر معاملہ۔ لگان کا روپیہ۔

مُحاضِر (ع اصف) وہ جو سامنے کھڑا ہو۔
مُحاضرات (ع) معلومات یاد رکھی ہوئی باتیں۔ علم تواریخ۔
مُحافِظ (ع) نگہبانی کرنے والا۔ نگران۔ چوکیدار۔ رکھوالا۔ پاسبان۔ سرپرست۔ مُربّی۔ امین۔ مہتمم۔ ولی۔
مُحافظِ حقیقی (ع) اصلی حفاظت کرنے والا۔ خدائے تعالیٰ۔
محافظ خانہ (عف امذ) دفتر خانہ۔ مِثلوں کا دفتر۔ ریکارڈ آفس۔ فیصل شدہ مثلوں اور کاغذوں کے رکھنے کا دفتر۔
محافظ دفتر (ف امذ) مثلوں کی حفاظت والا۔ نگران دفتر۔ ریکارڈ کیپر۔
محافظت (ع امث) پاسبانی۔ رکھوالی۔ حفاظت۔ سرپرستی۔ بندوبست۔
مَحافِل (ع امث) محفل کی جمع۔ مجلسیں۔ انجمنیں۔ سبھائیں۔
مُحاق (ع امذ) چاند کا گھٹنا۔
مُحاکمہ (ع امذ) معاملہ نمٹانے کے لیے کسی مُنصف کے پاس جانا کسی امر کے فیصلے کے لیے حاکم کے پاس جانا۔ دعویٰ۔ انصاف طلبی۔ فیصلہ۔ مُنصف بن کر جھگڑا نبیڑنا۔
مُحاکات (ع) بات چیت کرنا۔ باہم حکایت کرنا۔
مَحال (ع امذ) محل کی جمع۔ مکانات۔ مقامات۔ پرگنے۔ ضلعے۔ جاگیریں۔ غیر منقولہ جائداد۔
مُحال (ع) غیر ممکن۔ اَن ہونی۔ ناممکن۔ مشکل۔ کٹھن۔ سخت۔ دشوار (ان) آسمان کی کھیلوں کا بچھا۔
مُحالات (ع امث) محال کی جمع۔ ناممکن باتیں۔ دشواریاں۔ دقتیں۔
مَحامِد (ع امث) محمد کی جمع۔ خُوبیاں۔ اچھی خصلتیں۔ اوصاف حمیدہ۔
مُحاورات (ع امذ) محاورہ کی جمع۔
مُحاوَرہ (ع امذ) بات چیت۔ ہمکلامی۔ باہمی گفتگو۔ بول چال۔ روزمرّہ۔ وہ کلمہ یا کلام جسے لغوی معنوں کی مناسبت یا غیر مناسبت سے کسی خاص معنی کے لیے مخصوص کر لیا جائے۔ عادت۔ لپکا۔ مشق۔ مہارت۔
مُحاورہ پڑنا (ف) مشق ہو جانا۔ روزمرّہ کی عادت ہو جانا۔
مُحاورہ ڈالنا (ہ) عادت ڈالنا۔ مشق کرانا یا کرنا۔ مہارت پیدا کرنا۔
مُحاورے میں گفتگو کرنا (ار امحاورہ) کسی خاص قوم کی طرح باتیں کرنا۔
مُحِبّ (ع امذ) محبّت رکھنے والا۔ عاشق۔ یار۔ دوست۔ آشنا۔ مُشفق۔
محبّ الوطن (ع اصف) وطن دوست۔
مُحبّت (ع امث) پیار۔ لاڈ۔ چاہ۔ پریم۔ پریت۔ دوستی۔ آشنائی۔ عشق۔ لَو۔ لگن۔ ملاپ۔
مُحبّت اُچھلنا (ف) جوش محبّت ہونا۔ ممتا کا جوش ہونا۔
مُحبّت آمیز (عف) محبت بھری۔ اُلفت کی۔ پیار کی۔
مُحبّت آنا (ار امحاورہ) پیار آنا۔ پیار کرنے کو جی چاہنا۔
مُحبّت اُبلنا (ار امحاورہ) مُحبّت کا جوش مارنا۔

مُحبّت رکھنا (ل) پیار کرنا۔ دوستی رکھنا۔ عزیز جاننا۔ چاہنا۔
مُحبّت کا دم بھرنا / مُحبّت کا دم مارنا (ل) مُحبّت کا دعویٰ کرنا۔ مُحبّت کا نام لینا۔ عشق جتانا۔ مُحبّت کا اقرار کرنا۔
مُحبّت کرنا (ل) پیار کرنا۔ لاڈ کرنا۔ چاہنا۔
مُحبّتِ کُل (ع۔ امث) سب سے برابر مُحبّت کرنے کا درجہ۔ صُوفیا کی اصطلاح میں صلحِ کُل رہنا۔ سب سے یکساں مُحبّت کرنے کا مرتبہ۔
مَحبَس (ع۔ امذ) جیل خانہ۔ قید خانہ۔ زندان۔ بڑا گھر۔
محبُوب (ع) مُحبّت کیا گیا۔ معشوق۔ پیارا۔ لاڈلا۔ عزیز۔ دوست۔ دلدار۔ دِلرُبا۔ منظورِ نظر۔
محبُوبہ (ع۔ امث) پیاری۔ عزیزہ۔ لاڈلی۔ معشوقہ۔ دِلرُبا۔ چاہتی۔
محبُوس (ع) قید کیا گیا۔ قیدی۔ اسیر۔ مقیّد۔
مُحتاج (ع) غریب۔ ضرورت مند۔ حاجت مند۔ بھوکا۔ اپاہج۔ کنونڈا۔ مُفلس۔ نردھن۔ پابند۔ موقوف۔ منحصر۔ فقیر۔ بھکاری۔ گدا۔ کنگلا۔
مُحتاج خانہ (ل۔ امذ) غریب خانہ۔ لاوارثوں اور مُفلسوں کے رہنے اور پرورش پانے کی جگہ۔ پادر ہاؤس۔
مُحتاج ہونا (ل) مُفلس ہونا۔ کنگال ہونا۔ حاجت مند ہونا۔ اپاہج ہونا۔ کنونڈا ہونا۔ کسی عضو بدن سے عیب دار ہونا۔
مُحتاط (ع) احتیاط کیا گیا۔ وہ شخص جو بہت احتیاط رکھے۔
مُحتال (ع) فریبی۔ حیلہ باز۔ مکّار۔
مُحترم (ع) عزّت کیا گیا۔ احترام کیا گیا۔ معزّز۔ بزرگ۔ واجب التعظیم۔
مُحتسِب (ع۔ امذ) حساب لینے والا۔ خلافِ شرع باتوں سے روکنے والا۔ کوتوال۔ حاکمِ شرعی۔
مُحتشِم (ع) صاحبِ حشمت۔ جاہ و جلال والا۔ بڑی شان و شوکت والا۔ بہت سے نوکروں چاکروں والا۔ دولتمند۔ امیر۔ رئیس۔
مُحتشی (ع۔ صف) بھرا ہوا۔ لبالب۔
مُحتکِر (ع) وہ غلّہ کا سوداگر جو گرانی کی نیّت سے غلّہ کو رکھ چھوڑے۔
مُحتلِم (ع۔ صف) وہ جسے احتلام ہو جائے۔ وہ جو سنِ بلوغت کو پہنچ جائے۔
مُحتمَل (ع) احتمال کیا گیا۔ گمان کیا گیا۔ مُشتبہ۔ مشکوک۔
مُحتمِلُ الضّدین (ع۔ صف) جس کے دو متضاد معنی ہوں۔
مُحتملات (ع۔ امذ) اشتبہات۔
مَحجُوب (ع) چُھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ مخفی۔ حجاب کیا گیا۔
مُحدّب (ع) اُبھرا ہوا۔ ماہی پُشت۔ اُبھروال۔ قبہ دار۔
مُحدِّث (ع۔ امذ) علمِ حدیث جاننے والا۔ حدیث گو۔ راوی۔ فقیہ۔ اقوالِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے واقف۔

مَحدُود (ع) گھیرا گیا۔ حدبندی کیا گیا۔ حد لگایا ہوا۔ محصُور۔ مقیّد۔
مَحدُود کرنا (ل) حد مقرر کر دینا۔ حد باندھنا۔ روکنا۔ احاطہ کرنا۔
مَحذُوف (ع) حذف کیا گیا۔ نکالا گیا۔ علیحدہ کیا گیا۔ گرایا ہوا۔
مِحراب (ع۔ امث) لغوی معنی ہتھیار۔ اصطلاح میں۔ مسجد میں کعبہ کی طرف امام کے کھڑا ہونے کی مقدس جگہ۔ گھر۔ طاق۔ کمانچہ۔ ڈاٹ۔ گول دروازہ۔ حجرہ۔ بادشاہی خلوت گاہ۔ خلوت خانہ۔ محراب کی صورت ایک آلہ بھی ہے شیطان سے لڑائی کا۔
مِحراب دار (عف) قوس نما۔ کمان کی شکل کی۔
مُحرّر (ع۔ امذ) لکھنے والا۔ تحریر کرنے والا۔ کاتب۔ مُنشی۔ راقم۔ نویسندہ۔
مُحرّری (ع۔ امث) منشی گری۔ لکھائی کے کام کا عہدہ۔ کلرکی۔
مُحرّف (ع) راستی سے پھرا ہوا۔ ٹیڑھا۔ اُلٹا۔ کج۔ جگہ سے ہٹا ہوا۔
مُحرّک (ع) حرکت دینے والا۔ تحریک کرنے والا۔ ہلانے والا۔ بہکانے والا۔ اُبھارنے والا۔
مَحرم (ع۔ امذ) وہ شخص جس کے ساتھ نکاح جائز نہ ہو۔ جیسے باپ، دادا، نانا، خالو وغیرہ۔ رازدار۔ ہمراز۔ وہ شخص جس سے پردہ جائز اور ضروری نہ ہو۔ واقف۔ جان پہچان۔ انگیا کی کٹوری۔ انگیا۔ سینہ بند۔
مَحرمِ اسرار / مَحرمِ راز (ع) رازدار۔ دلی دوست۔ ہمراز۔ جانی دوست۔ گاڑھا یار۔
مَحرمِ کار (عف) کام سے واقف۔ واقف کار۔
مَحرم ہونا (ل) واقف ہونا۔ جاننا۔
مُحرّم (ع۔ امذ) حرام کیا گیا۔ تعظیم کیا گیا۔ عربی سال کا پہلا مہینہ جس میں حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ یزید کے حکم سے شہید کیے گئے۔
مُحرّم کا سپاہی (ل۔ امذ) دو دن کا بہادر۔ چند روزہ سپاہی۔ وہ آدمی جو محرم کے ایام میں لڑنے مرنے کو مستعد ہو اور بعد میں کچھ بھی نہیں۔
مُحرّم کی پیدائش (ل۔ امث) جو سوگ اور غم کے مہینے میں پیدا ہوا۔ مجازاً رونی صُورت والا۔ ہمیشہ غمناک اور رنجیدہ رہنے والا۔
مُحرّمات (ع۔ امث) ایک قسم کا لال لال دھاریوں والا کپڑا۔ گوٹے وغیرہ سے مرصّع کپڑا۔
مَحرُور (ع) حرارت یافتہ۔ گرم۔ تتّا۔
مَحرُورُ المزاج (ع) گرم مزاج والا۔ تیز طبیعت والا۔
مَحرُوسہ (ع) حراست کیا گیا۔ نگہبانی کیا گیا۔ ماتحت۔ مقبوضہ۔

مَحرُوف (ع/مذ) اُڑایا ہوا۔

مَحرُوق (ع/مذ) جلا ہوا۔

مَحرُوم (ع) رد کیا گیا۔ حرام کیا گیا۔ منع کیا ہوا۔ نامراد۔ مایوس۔ ناکام۔ نااُمید۔ بدبخت۔ خالی۔ بے بہرہ۔ ترِ بھاگ۔ اُبھاگی۔

مَحرُومُ الارث (ع/مذ) وہ شخص جو حق وراثتِ پدری سے محروم کر دیا گیا ہو۔

مَحرُوم رکھنا / مَحرُوم کرنا (ا) خالی رکھنا۔ بدنصیب رکھنا۔ مایوس رکھنا۔ حق نہ دینا۔

محرومی۔ یا۔ مَحرُومِیّت (ع/مث) بدنصیبی۔ ناکامی۔ نااُمیدی۔ مایوسی۔ خالی رہنا۔

مَحزُون (ع) غمناک۔ غمگین۔ دلگیر۔ مغموم۔ رنجیدہ۔

مُحسِن (ع) احسان کرنے والا۔ سخی۔ فیاض۔ داتا۔ مددگار۔ مربی۔ معاون۔

مُحسِن کُش (عف) احسان کرنے والے کو مار ڈالنے والا۔ مجازاً ناشکرا۔ احسان نہ ماننے والا۔ احسان کرنے والے کے ساتھ برا سلوک کرنے والا۔

مُحسنات (ع/مث) مُحسنہ کی جمع۔ نیکیاں۔ بھلائیاں۔ خوبیاں۔ اِحسانات۔

مَحسُوب (ع) حساب کیا گیا۔ حساب میں لیا گیا۔ منہا کیا گیا۔ وضع کیا گیا۔

مَحسُوب ہونا (ا) حساب میں شامل کیا جانا۔ گن لیا جانا۔ وضع کیا جانا۔ مجرا ہو جانا۔

مَحسُود (ع) حسد کیا گیا۔ رشک کیا گیا۔ وہ آدمی جس پر کوئی حسد کرے۔

مَحسُوس (ع) پہچانا گیا۔ معلوم کیا گیا۔ حس کیا گیا۔ وہ چیز جو حواس خمسہ کے ذریعہ معلوم ہو۔ ظاہر۔ آشکارا۔ عیاں۔

محسوس ہونا (ا) پہچانا جانا۔ حس میں آنا۔ معلوم ہونا۔ ظاہر ہونا۔

مَحسُوسات (ع/مث) محسوسہ کی جمع۔ معلوم ہونے کے قابل چیزیں۔ وہ چیزیں جو محسوس ہو سکیں۔

مَحشَر (ع/مذ) اکٹھے جمع ہونے کی جگہ۔ مجازاً روزِ قیامت۔ قیامت کا میدان۔ حشر۔

محشر آرا (ع/صف) لوگوں کو قیامت کے دن اکٹھا کرنے والا۔

محشر پناہ (عف/صف) وہ جو قیامت کے دن پناہ دے۔

مُحشّٰی (ع) حاشیہ چڑھا ہوا۔ شرح لکھا ہوا۔ شرح کے ساتھ۔ مُنشرح۔

مُحشّی (ع) حاشیہ چڑھانے والا۔

مُحصِّل (ع) حاصل کرنے والا۔ محصول وصول کرنے والا۔ اُگاہنے والا۔

مَحصُور (ع) گھِرا ہوا۔ گھیرے میں آیا ہوا۔ قلعہ بند۔

محصور ہونا (ا) گھر جانا۔ گھیرے میں آنا۔ قلعہ بند ہونا۔

مَحصُول (ع) حاصل کردہ شے۔ مالگزاری۔ لگان۔ معاملہ۔ ٹیکس۔ کرایہ۔ اُجرت۔ آمدنی۔ کرخرچ۔

مُحصَن (ع) پرہیزگار۔ بیوی والا مرد۔

مُحصَنات (ع/مث) مُحصَنہ کی جمع۔ نیک بیویاں۔ پاکدامن بیویاں۔ باعصمت بیویاں۔

مَحض (ع) نرا۔ فقط۔ صرف۔ بے غش۔ خالص۔ تمام۔ بالکل۔ سرتاسر۔

مَحضَر (ع/مذ) حاضر ہونے کی جگہ۔ شرعی تمسک۔ شرعی حکم نامہ۔ قاضی کی مہر لگا ہوا کاغذ۔ عام لوگوں کی شہادت کا کاغذ یعنی عرضداشت۔ رُوبرُو۔ سامنے۔ پیش رُو۔

مَحضَر نامہ (عف/مذ) مہروں اور شہادتوں سے تصدیق کیا ہوا کاغذ۔ عرض حال۔ نوشتہ۔ عرضداشت۔

مَحظُوظ (ع) صاحبِ نصیب۔ بہرہ مند۔ نیک بخت۔ مگن۔ خوش وخرم۔ باغ باغ۔ لذت پانے والا۔ لطف اُٹھانے والا۔

محظوظ ہونا (ا) لذت پانا۔ مزہ اُٹھانا۔ لطف اٹھانا۔ خوش ہونا۔ باغ باغ ہونا۔ شادماں ہونا۔

مَحفِل (ع/مث) لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ مجلس۔ سبھا۔ سماج۔ سوسائٹی۔ انجمن۔

محفل برخاست کرنا (ا/مص مرکب) جلسہ ختم کرنا۔

محفل پر چھانا (ا/مص مرکب) اہل محفل پر رنگ جمانا۔

محفل رقص وسرود (عف/مث) ناچنے اور گانے کی مجلس۔

محفل عروسی (ع/مث) ناچنے اور گانے کی مجلس۔

محفل ماتم (تنگ دف) کنایہ قیامت سے۔

محفل رقص وسرود (عف/مث) ناچ رنگ کی مجلس۔ ناچنے گانے کی محفل۔

محفل کرنا (ا) مجلس کرنا۔ ناچ کرنا۔ لوگوں کو جمع کرنا۔ ناچ کی مجلس کرنا۔

محفوظ (ع) بچایا گیا۔ نگرانی کیا گیا۔ بچا ہوا۔ حفاظت میں رکھا ہوا۔

مُحقِّق (عف) بات کو تحقیق کرنے والا۔ دلیل سے ثابت کرنے والا۔ حکیم۔ فلاسفر۔ فیلسوف۔

مُحقَّق (ع) تحقیق شدہ بات۔ کھودی کریدی بات۔

مِحَک (ع/مث) کسوٹی۔ سونے کا کس دیکھنے کا پتھر۔

مُحکَم (ع) پائدار۔ مضبوط۔ اٹل۔ برقرار۔ مستقل۔ مستحکم۔

مَحکَمہ (ع/مذ) فیصلہ کرنے کی جگہ۔ انصاف کرنے کی جگہ۔ کچہری۔ عدالت۔ دربار۔ سررشتہ۔ ڈیپارٹمنٹ۔ صیغہ۔

مَحکُوم (ع) حکم کیا گیا۔ تابع۔ ماتحت۔ زیر فرمان۔ رعیت۔ پرجا۔ نوکر چاکر۔

مَحکُومہ (ع) حکم کیا گیا۔ فرمان دیا گیا۔

مَحَل (ع/مذ) اُترنے کی جگہ۔ مکان۔ گھر۔ جگہ۔ ٹھکانا۔ وقت۔ اور جگہ۔ موقع۔ بادشاہوں یا امیروں کا مکان۔ محلسرا۔

ایوان - راج بھون - راج مندر - اُمراء و ملوک کے رہنے کا زنانہ مکان - زنان خانہ - حرم سرا - رانی - ملکہ - بیگم -
محلِ خاص (ا/مث) تمام بیگمات میں افضل اور سردار - پٹ رانی - ملکۂ خاص محل - چاہیتی رانی - بڑی بیگم -
محل سرا - یا - محلسرا (عف/مث) رانواس - محل - راجاؤں کے رہنے کا مکان - دولت سرا - حرم سرائے سلطانی -
مُحلّات (ع/مذ) محلّہ کی جمع -
مُحلّل (ع) تحلیل کر ڈالنے والی چیز - گلا دینے والی شے - حل کر دینے والی چیز -
مُحلول (ع) حل کیا ہوا - حل کردہ شدہ - گھولا ہوا -
مُحلّہ (ع/مذ) اُترنے کی جگہ - آدمیوں کا مقام - مسکن - مجازاً شہر کا کوئی حصّہ - ٹولہ - گلی -
مُحلّہ دار (عف/مذ) محلّہ کا بڑا آدمی - چودھری - میر محلّہ - خاکروب - چوہڑا - بھنگی - مہتر -
محلّہ دیکھنا (ف) محلّہ کمانا - محلّہ میں جا کر صفائی وغیرہ کرنا - جھاڑو بہارو کرنا -
مُحمّد (ع) بہت تعریف کیا گیا - نہایت سراہا گیا (مذکر) حضرت رسولِ مقبول پیغمبر آخر الزماں صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک - پیدائش ۵۷۱ء وفات ۶۳۲ء -
مُحمّدت (ع/مث) تعریف - ستائش -
مُحمّدی (ع) وہ شخص جو محمدؐ کی اُمت سے ہے - محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا پیرو -
مَحمِل (ع/مذ) کجاوہ - اُونٹ کا ہودہ - لیلیٰ کی سواری -
محمل کش (ع/صف) محمل اُٹھانے والا -
محمل نشیں (ع/صف) محمل میں بیٹھنے والا -
محمود (ع) سراہا گیا - تعریف کیا گیا - غزنی کے مشہور بادشاہ ناصر الدین ابن سبکتگین کا نام -
محمودی (ع/مث) ایک قسم کی باریک ململ - عرب کا ایک چاندی کا سکہ جس کی قیمت ڈھائی آنے کے برابر ہے -
محمول (ع) لادا گیا - لدا ہوا - خیال کیا گیا - گمان کیا گیا - ظن کردہ شدہ - علم منطق وہ خبر جو مبتدا کے مقابل واقع ہو -
محمول علیہ (ع/صف) جس پر قیاس کیا جائے -
محمولہ (ع) لدا ہوا - بار شدہ -
مِحنت (ع/مث) مزدوری کا کام کاج - روزینہ، کام کی اُجرت - کوشش - سرگرمی - مشقت - ریاضت - رنج - دُکھ - تکلیف -
محنت اُٹھانا (ف) تکلیف جھیلنا - دُکھ سہنا - کوشش کرنا - جان مارنا -
محنت شاقہ (ع) مشکل کام - سخت محنت - کٹھن کام -

محنت کرنا (ف) مزدوری کرنا - کام کرنا - کوشش کرنا - سعی کرنا - دشوار کام کرنا - کھیتی باڑی کرنا - ہل چلانا - کاشت کرنا -
محنت مزدوری (ا/مث) کام کاج - کاروبار - محنت مشقت -
محنتانہ (عف/مذ) اُجرت - مزدوری حق الخدمت - معاوضہ - صلہ - پھل -
محنتی (ع) سختی برداشت کرنے والا - جفاکش - میرا - مزدور - قلی -
مَحو (ع) بھولا ہوا - گم - نقش مٹانا - حرفوں کو چھیل ڈالنا - مٹانا - فنا کرنا - ناپید کرنا - عاشق - شیدا - مفتون - فریفتہ -
محو کر دینا (ف) مٹا دینا - گم کر دینا - گم صم کر دینا - حیران کر دینا - بُت بنا دینا - شیفتہ کر لینا - عاشق بنا لینا -
محو ہو جانا (ف) مٹ جانا - جاتا رہنا - اُڑ جانا - غائب ہو جانا - فنا ہو جانا - مر مٹنا - گم صم ہو جانا - عاشق ہونا - فریفتہ ہونا - متحیر ہونا - بُت بن جانا -
مِحوَر (ع/مذ) کیلی - دُھرا - دُھری جس پر پہیّہ گھومتا ہے -
محورِ زمین (عف/مذ) زمین کا دُھرا - قطبین کے بیچ کا خط - جس پر زمین گھومتی ہے جو اس کے مرکز سے گزرتا ہے -
مُحیط (ع) گھیرنے والا - ارادہ کرنے والا (مذکر) گھیرا - چکر - احاطہ - دائرے کا گردہ - گول خط -
محیط ہونا (ف) چھانا - غالب ہونا - حاوی ہونا - گھیرنا - احاطہ کرنا -
مُحیل (ع/صف) فریبی - مکّار - حیلہ گر -

م - خ

مُخ (ع) ہر چیز کا خلاصہ - سر کا بھیجا - ہڈی کا گودا -
مُخابرہ (ع/مذ) خبر رسانی - باہم خبریں پہنچانا -
مَخارج (ع/مذ) مخرج کی جمع - نکلنے کی جگہ - جڑ - نکاس -
مُخاصمت (ع/مث) آپس کا بیر - باہمی دشمنی - لاگ - مخالفت -
مُخاطِب (ع/مذ) خطاب کرنے والا - بات کہنے والا - سامنے گفتگو کرنے والا - خفا ہونے والا - عتاب کرنے والا -
مخاطب ہونا (ف) متوجہ ہو کر بات کرنا - کسی خاص آدمی کو سامنے کر کے کلام کرنا - رجوع کرنا -
مُخاطَب (ع/مذ) خطاب کیا گیا - عتاب کیا گیا جس پر غصہ کیا جائے - جس سے بات کی جائے -
مُخاطَبت (ع/مث) کلام - بات - خطاب -

مخاطرہ (ع/مذ) ڈر۔ خوف۔ اندیشہ۔ بھے۔ چنتا۔ جوکھوں۔ ذہن میں آجانے والی بات۔ دل میں گزرنے والی بات۔
مُخافت (ع/مث) ڈر۔ بھے۔ اندیشہ۔ خطرہ۔ جائے خوف۔
مُخالطت (ع/مث) میل ملاپ۔ دوستی۔ میل جول۔ اتحاد۔ اختلاط۔
مُخالِف (ع/مذ) دشمن۔ بیری۔ خلاف کرنے والا۔ اُلٹا۔ برخلاف۔ برعکس۔
مُخالِف ہونا (ا) پھرنا۔ برخلاف ہونا۔ باغی ہونا۔
مُخالَفت (ع/مث) دشمنی۔ عداوت۔ بیر۔ ضد۔ برخلاف ہونا۔ برعکس چلنا۔ مخالفت کرنا۔ اعتراض کرنا۔ اختلاف کرنا۔
مُخبر (ع/مذ) خبر دینے والا۔ جاسوس۔ دوت۔ خفیہ اطلاع بھیجنے والا۔
مُخبری (ع/مث) جاسوسی۔ خبر رسانی۔ دُوت پن۔
مخبر صادق (ع) کنایہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے۔
مخبُوط (ع) خبطی۔ جنونی۔ بدحواس۔ مجنون۔
مخبوط الحواس (ع) جس کے ہوش و حواس مارے گئے ہوں۔ سڑی۔ پاگل۔ دیوانہ۔ باؤلا۔ سودائی۔ مجنون۔
مُختار (ع) پسند کیا گیا۔ چنا گیا۔ چھانٹا گیا۔ با اختیار۔ مالک۔ آزاد۔ اختیار دیا گیا۔ (مذکر) گماشتہ۔ ایجنٹ۔ وکیل۔ کارکن۔ متولی۔ سربراہ۔
مُختارِ عام (ع/مذ) وہ ایجنٹ جسے عام کاروبار کا اختیار دیا گیا ہو۔
مُختار کار (عف/مذ) مہتمم۔ سپرنٹنڈنٹ۔ متولی۔ سربراہ کار۔
مُختار کرنا (ا) اختیار دینا۔ اجازت دینا۔ مجاز کرنا۔
مُختارِ کل۔ یا۔ مُختارِ مطلق (ع/مذ) پورے اختیار والا۔ حاکم مطلق۔ مدار المہام۔
مُختار نامہ (عف/مذ) وہ تحریر جس کے ذریعہ کسی کو اختیار دیا گیا۔ اختیار کی سند۔
مُختاری (ع/مث) وکالت۔ سربراہی۔ وکیل کا پیشہ۔
مُختال (ع/صف) مغرور۔ متکبر۔ جو اپنے آپ کو بہت بڑا سمجھے۔
مُختَرِع (ع) اختراع کرنے والا۔ موجد۔ نئی بات نکالنے والا۔ واضع۔
مُختَرَعات (ع/مث) نکالی ہوئی چیزیں۔ ایجاد شدہ اشیاء۔ مخترعہ کی جمع۔
مُختَصَر (ع) انتخاب۔ خلاصہ۔ اختصار شدہ۔ طویل کی ضد۔ تھوڑا سا۔ کسی قدر۔ ذرا سا کم۔
مُختصَر طور پہ (ا/متعلق فعل) بالاختصار۔ قصہ کوتاہ۔
مُختصَر کرنا (ا) کم کرنا۔ چھوٹا کر دینا۔ گھٹا دینا۔ چھانٹنا۔
مُختَص (ع) مخصوص۔ خاص کیا گیا۔
مُختَفِی (ع) چھپا ہوا۔ خفیہ۔ پوشیدہ۔
مُختَل (ع) بگڑا ہوا۔ خراب۔ درہم برہم۔ خلل دار۔

مُختل الحواس / مُختل حواس (ع) وہ آدمی جس کے حواس میں خرابی واقع ہو گئی ہو۔ حواس باختہ۔ بے اوسان۔ بڑی عمر کا۔ سترا بہترا۔
مُختَلِف (ع) بےمیل۔ بےجوڑ۔ جدا۔ نیارا۔ علیحدہ۔ ناموافق۔ اختلاف کرنے والا۔ قسم قسم کا۔ بھانت بھانت کا۔
مختلف الاضلاع (ع/صف) جس کے اضلاع یا پہلو ایک جیسے نہ ہوں۔
مختلف العقائد (ع/صف) جدا جدا عقیدوں کے۔
مختوم (ع) مُہر لگایا ہوا۔ بند کیا ہوا۔ مقفل۔ لپیٹا ہوا۔ کپڑ ڈھی کیا ہوا۔ گل حکمت کیا ہوا۔
مختون (ع) ختنہ کیا گیا۔ سنت کیا گیا۔ سُنتیا۔
مُخدّر (ع) پردہ نشین۔ پردہ دار۔ پردہ میں بیٹھنے والی۔ نیند لانے والی۔ خواب آور۔ بےحس و حرکت کر دینے والی۔
مُخدّرات (ع/مث) پردہ نشین عورتیں۔ بےحس کر دینے والی دوائیاں۔ مخدر کی جمع۔
مخدّرات مقدسہ (ع/مث) اسرار الٰہی۔
مخدوم (ع) خدمت کیا گیا۔ بزرگ۔ مربی۔ قابل تعظیم۔
مخرج (ع/مذ) نکلنے کی جگہ۔ نکاس۔ اصل۔ جڑ۔ مادہ۔ روٹ۔ مصدر۔
مخروط (ع) تراشا گیا۔ چھیلا گیا۔ گاجر کی شکل کا۔ گاؤدم شکل کا۔
مخروطی (ع) گاؤدم۔ گاجر کی شکل کا۔
مخراق (ع) دُرّہ جو مارا جاتا ہے سزا کے لیے۔
مخزن (ع/مذ) جمع کرنے کی جگہ۔ گنج۔ ذخیرہ۔ گودام۔ گھر۔ میگزین۔
مخصوص (ع) خاص کیا گیا۔ مکرر کیا گیا۔ نامزد کر دیا گیا۔
مخصوص کرنا (ا) نامزد کرنا۔ خاص کرنا۔
مُخطّط (ع) خط کشیدہ۔ خط دار۔ لکیریں کھنچی ہوئی چیز۔ دھاری دار۔
مخطور (ع) دل میں گزری ہوئی بات۔ جی میں آیا ہوا خیال۔ اندیشہ کیا گیا۔ خطرہ کیا گیا۔
مُخفّف (ع) کم کیا گیا۔ گھٹایا گیا۔ تخفیف کیا گیا۔ اختصار کیا گیا۔
مُخفی (ع) چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ خفیہ۔ اورنگ زیب کی دختر شہزادی زیب النساء کا تخلص ہے جو شعر و سخن کی بڑی شائق تھی۔
مخفی رکھنا۔ یا۔ کرنا (ا) چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔ ظاہر نہ کرنا۔ پردہ رکھنا۔
مُخل (ع) خلل ڈالنے والا۔ فتور ڈالنے والا۔ فتنہ پرداز۔ مفسد۔ خلل انداز۔
مُخل ہونا (ا) رخنہ انداز ہونا۔ خلل انداز ہونا۔ فساد ڈالنا۔

مُخلِص (ع) سچا - خالص - راست باز - صادق - یار (فا مذکر) سچا دوست - یار جانی - صادق دوست - پکا دوست -
مُخلَص (ع ا ر) کیا گیا - پاک کیا گیا - خلاصہ کیا گیا - جائے اخلاص - آزادی - خلاصی -
مخلوط (ع) ملا جلا - گڈ مڈ - باہم آمیختہ شدہ -
مخلوط النسل (ع امذ) دو نسلا - دوغلا - جس کی نسل میں میل ہو گیا ہو -
مخلوق (ع) خلق کیا گیا - پیدا کیا گیا (مؤنث) دُنیا - سنسار - ہستی - کائنات - جگ - جہان - خلقت -
مخلوقات (ع امث) مخلوق کی جمع -
مخلوقیت (ع امث) پیدا کیے جانے کی حالت -
مُخَلّیٰ (ع) خالی کیا گیا - رہا کیا گیا - آزاد کیا گیا - چھوڑا گیا -
مُخَمَّر (ع) خمیر کیا گیا -
مُخَمَّس (ع) پنج گوشہ (مذکر) پانچ ضلعوں کی شکل - ایک قسم کی نظم جس میں پانچ پانچ مصرعوں کا ایک ایک بند ہوتا ہے -
مَخمَصہ (ع امذ) بھوک کی آگ - گرسنگی - بھوک - گھدیا - مجازاً بکھیڑا - جھمیلا - بے چین کرنے والا غم - مشکل - فکر - تردد - جھگڑا - راڑ - ٹنٹا -
مخمصے میں پڑنا (ا) بکھیڑے میں پڑنا - مشکل اور دقت میں پھنسنا - جھمیلے میں پڑنا -
مَخمَل (ع امث) ایک قسم کا ملائم اور نرم روئیں دار کپڑا - ایک سُرخ رنگ اور ملائم پھول کا نام -
مخمل دوخوابہ (ع امث) وہ مخمل جس کی دونوں طرفیں روئیں دار ہوتی ہیں -
مخمل سا (ا ر صف) بہت نرم - بہت ملائم -
مَخمُور (ع) نشہ میں چور - بدمست - مدہوش - متوالا -
مُخَنَّث (ع) خنثیٰ بنا ہوا - ہیجڑا - زنخہ - زنانہ - نامرد - خوجہ -
مخنث کرنا (ا ر امحاورہ) ہیجڑا بنانا - خصیے نکال دینا -
مَخوَل (ا امذ امث) چھیڑ خانی - ٹھٹھا - مذاق -
مخول کرنا (ا) چھیڑ خانی کرنا - ٹھٹھا کرنا - مذاق کرنا - کھیل اُڑانا -
مخولیا (ا) ٹھٹھول - مسخرا - ہنسی باز - ٹھٹھے باز -
مُخَیِّر (ع) بہت خیرات کرنے والا - سخی - داتا - فیاض - نیک -
مُخَیِّلہ (ع امذ) قوتِ خیال - خیال کرنے کی طاقت -
مُخَیَّم } مُخَیِّم (ع امذ) خیمہ کھڑا کرنے کی جگہ - خیمہ گاہ - کیمپ - پڑاؤ - قیام کرنے کی جگہ -

م - د

مُد (ع) نام ایک پیمانے کا جو دو رطل ہوتا ہے -
مَد (ع امث) درازی - پھیلاؤ - کھنچاؤ - کشش - جزر کی ضد - جوار بھاٹا کی ضد - لمبا خط جو عرضی یا حساب میں کھینچ کر اس کے نیچے سے مضمون یا حساب شروع کرتے ہیں - سررشتہ - محکمہ - فن - پیشہ - الف ممدودہ کو کھینچ کر پڑھنے کی نشانی - جیسے (آ) - سرنامہ - عنوان - پیشانی - ہیڈنگ - باب - فصل - رقم -
مدِ امانت (ع امث) امانت کا حساب - امانت کی رقم -
مدِ مقابل (ع امذ) فریقِ مقابل - مخالف - حریف - دعوے دار - دشمن - برابر کا جوڑ - ہمسر - ہم پایہ - برابر کی چوٹ - رقیب - عدو -
مدِ نظر (ع امذ) نظر کے سامنے - پیشِ نظر - قصد - ارادہ - منصوبہ - منظورِ نظر - منظور -
مَدّ (س امث) شراب - مدرا - دارو - مے - بادہ - متوالا پن - نشہ - مستی - مدہوشی - بدمستی - خوشی - فرحت - مسرت - آنند - جنون - دیوانگی - سودا - غرور - تکبر - گھمنڈ - ندی - نالہ - دریا - بحر - شہوت - ولولہ - شوق - جوش - منی - نطفہ - شہد - عسل - مست - اُلس - عرق - عطر -
مد پر آنا (ہ) جوبن پر آنا - بلوغت کو پہنچنا - جوان ہونا - مستی پر آنا - اُمنگ پر آنا -
مدِ سُرمہ (ع امث) سُرمے کا خط جو آنکھوں میں کھینچا جاتا ہے - تحریرِ سُرمہ -
مدِ فاضل (ع امث) فضول اور بے کار چیز - وہ مد جو بے کار ہو -
مدماتا (ع) نشہ میں چور - مخمور - متوالا - بدمست - جوبن پر آیا ہوا -
مَدّاح (ع) بہت مدح کرنے والا - ثنا خواں - خوشامدی - بھاٹ - اُستتی گانے والا -
مدّاحی (ع امث) تعریف کرنا - ثنا خوانی - مدح سرائی -
مَداخل (ع امث) مدخل کی جمع - مخارج کی ضد - مقاماتِ آمد - آمدنی کی جگہیں - آمدنی - محصول - خراج - محل وغیرہ پر کیا ہوا طلائی کام -
مداخل مخارج (ع امث) آمد و خرچ - درآمد و برآمد -
مُداخلت (ع امث) دست اندازی - دخل - مزاحمت - قابو - قبضہ - تصرف -
مداخلت بلا مرضی (ع امث) بلا اجازت کسی کے مکان میں داخل کرنا -
مداخلت بے جا (ع ف امث) دخل بے جا - خلافِ قانون دست اندازی - ناواجب دخل -
مداخلتِ صریح (ع امث) کھلم کھلا دخل بے جا - زبردستی کسی کے مکان میں گھس جانا -
مداخلت کرنا (ا) دخل دینا - دست اندازی کرنا - بیچ میں بولنا - دخل دینا -
مِداد (ع امث) دوات کی سیاہی - روشنائی - فارسی والے پنسل کو کہتے ہیں -
مِداد پاک کُن (ف امذ) ربڑ - پنسل کے حروف مٹانے کا آلہ -

مدار (ہ امذ) آکھ کا درخت۔ آک جس کے پتوں سے دودھ اور ڈوڈوں سے رُوئی جیسا رواں نکلتا ہے۔

مدار کا بُڈّا (ہ امذ) آک پر بیٹھنے والا سبز رنگ کا کیڑا جس کے پَر سُرخ ہوتے ہیں۔

مدار کی بُڑھیا (ہ امث) آک کی رُوئی جو اس کے ڈوڈوں میں سے نکلتی ہے۔

مدار (ع امذ) دورہ کرنے کی جگہ۔ جائے گردش۔ چُول۔ دُھری۔ کیل۔ منحصر کیا گیا۔ جس پر کوئی بات موقوف ہو۔ انحصار۔ حلقہ۔ دائرہ۔ دَور۔ چکّر۔ ٹھہراؤ۔ اٹکاؤ۔ قرار کی جگہ۔ قرار۔

مدار کا چاند (ہ امذ) عورتوں کی زبان میں جمادی الاولیٰ کا مہینہ۔

مدار کار (عف امذ) کام کا انحصار۔ جس بات پر کوئی کام موقوف ہو۔

مدارا۔ مدارات (ع امث) ظاہری آؤبھگت۔ خاطر تواضع۔ ظاہری خاطر داری۔ صُلح۔ رعایت۔

مدارج (ع امذ) مدرج کی جمع۔ درجے۔ مرتبے۔ عہدے۔ منصب۔

مدارس (ع امذ) مدرسہ کی جمع۔ بہت سے مکتب۔

مداری (ہ امذ) ہاتھ چالاکی کرنے والا۔ چالاکیوں سے کھیل اور کرتب دکھانے والا۔ شعبدہ باز۔ مکار۔ فریبی۔ بازی گر۔ نظر بند۔

مداریا (ہ امذ) شاہ مدار صاحب سے نسبت والا فقیروں کا گروہ۔ شاہ مدار صاحب کے پیرو اور معتقد۔ فقیروں کا چھوٹا سا حقّہ اور سُلفہ۔ گرہ گڑی۔

مُدَافِع (ع اصف) دفع کرنے والا۔ ہٹانے والا۔ دفاع کرنے والا۔

مُدَافَعَت (ع امث) دُور کرنا۔ دفع کرنا۔ تردید کرنا۔ شکست۔ روک۔ ہزیمت۔

مُدام (ع) نت۔ سدا۔ ہمیشہ۔ برابر۔ بلا ناغہ۔

مُداوا } (ع امذ) علاج۔ معالجہ۔ دوا درمن۔ چارہ۔
مُداوات } تدبیر۔ علاج۔ جتن۔

مُداوَمَت (ع امث) ہمیشگی۔ دوام۔ استمرار۔ قیام۔ ثبات۔

مَداونتی (ہ امث) وہ عورت جو شادیاں کرائے۔

مُدبِر (ع) وہ آدمی جس کو قسمت نے پیٹھ دکھادی ہو۔ بد قسمت۔ بے نصیب۔ بد بھاگ۔

مُدَبِّر (ع) تدبیر کرنے والا۔ صاحبِ صلاح۔ مشیر۔ صلاح کار۔ دانش مند۔ عاقل۔

مُدَبَّری (ع امث) انتظام۔ انصرام۔ مدبر کا عُہدہ۔

مُدَبّرانِ سَلطنت (ع امذ) ارکینِ سلطنت۔ مدار المہام۔ حکومت کو مشورہ دینے والے۔

مُدّت (ع امث) دیر۔ عرصہ۔ مہلت۔ میعاد۔ زمانہ۔ وقت۔ وقفہ۔ ڈھیل۔ جُگ۔ عرصہ دراز۔ قرن۔ صدی وغیرہ۔

مُدّتِ عِدّت (ع امث) طلاق کے بعد کی مُدّت جس میں عورت کو نکاح کرنے کی اجازت نہیں۔

مُدّت کا (ل) برسوں کا۔ صدیوں کا۔ پُرانا۔ عرصہ دراز۔

مُدّت گزرنا (ار/ محاورہ) زمانہ گزرنا۔ میعاد گزرنا۔

مُدّت مدید (ع امث) بہت لمبی مُدّت۔ عرصۂ دراز۔

مُدّت ہوئی (ل/ محاورہ) مُگ بیت گئے۔ بہت عرصہ گزر گیا۔ دیر ہوئی۔ زمانہ ہوا۔

مدح (ع امث) تعریف۔ توصیف۔ ثنا۔ اُستتی۔ شاعری کی وہ نظم جس میں کسی کی تعریف و توصیف ہو۔

مدح خواں } (عف امذ) تعریفیہ شعر پڑھنے والا۔ تعریف کرنے والا۔
مدح سرا } ڈوم۔ بھاٹ۔

مدح خوانی } (عف امث) تعریف گوئی۔ ثنا خوانی۔ وصف بیان
مدح سرائی } کرنا۔

مِدحَت (ع امث) تعریف۔ توصیف۔ ستائش۔ ثنا۔

مَدخَل (ع امث) داخل ہونے کی جگہ۔ دخل کی جگہ۔ آمدنی۔ معاملہ۔ لگان۔ درآمد۔

مَدخُولہ (ع امث) وہ عورت جسے گھر میں ڈال لیا ہو۔ آشنا عورت۔ حرم۔

مَدد (ع امث) حمایت۔ کمک۔ سہارا۔ سہائتا۔ خوراک۔ رسد۔ راتب۔ راج مزدور۔ کار تعمیر۔

مدد اللہ (ع امث) جاہل فقیر سلام علیک کے جواب یعنی وعلیکم السلام کی جگہ بولتے ہیں اور السلام علیکم کی جگہ عشق اللہ کہتے ہیں۔

مدد بانٹنا (ل) راج مزدوروں کی اُجرت تقسیم کرنا۔ مزدوری بانٹنا۔ روز دینا۔

مدد خرچ (عف امث) خرچ میں مدد دینا۔ کچھ بطور امداد دینا۔ پیشگی روپیہ دینا۔

مددگار (عف امذ) مدد کرنے والا۔ سہارا دینے والا۔ معاون۔ سہائک۔

مدد مانگنا (ل) امداد چاہنا۔ کمک طلب کرنا۔

مدد محرّر (ع امذ) اسسٹنٹ کلرک۔ نائب محرّر۔

مَدَر (ع) مٹی کا ڈھیلا۔

مُدِر (ع) پیشاب لانے والی دوا۔ پیشاب کرنے والی چیز۔

مُدرا (ہ امث) مُندری۔ چھلّا۔ مُہر والی انگوٹھی۔ جوگیوں کے کانوں کا کُنڈل۔

مُدِرات (ع امث) پیشاب جاری کرنے والی دوائیں۔ مُدِر کی جمع۔

مُدَرِّس (ع امذ) درس دینے والا۔ پڑھانے والا۔ مولوی۔ ادیب۔ اتالیق۔ اُستاد۔ ٹیچر۔

مَدرَسہ (ع امذ) پڑھانے کی جگہ۔ مکتب۔ پاٹ شالا۔ سکول۔

مدرسہ چھوڑنا (ار/ محاورہ) سکول جانا بند کر دینا۔ تعلیم ترک کر دینا۔

مُدَرِّسی (ع امث) پڑھانے کا پیشہ۔ لڑکے پڑھانے کا کام۔ ٹیچری۔

مُدرِک (ع) مطلب کو سمجھ جانے والا - بات کی تہہ کو پا جانے والا - ذہین - سمجھ دار - ذکی -
مُدرِکہ (ع/مث) حقیقت اشیاء معلوم کرنے کی قوت - ذہن ذکا - دماغی قوت - فہم کی طاقت -
مُدرُوس (ع/صف) پھٹا پرانا - بے رونق - غائب -
مُدرِیا (ا/مذ) مٹی کا حُقّہ -
مُدّعا (ع/مذ) مراد - مطلب - غرض - ارادہ - منشا - خواہش - مرضی - ارتھ - مال مسروقہ - چوری کا مال - ملکیت -
مُدّعا بر آنا (ا/محاورہ) مطلب پورا ہونا -
مُدّعا بِہا (ع/مذ) (قانون) وہ چیز جس پر دعویٰ دائر کیا جائے -
مُدّعا پکڑنا (ا) چوری پکڑنا - چوری نکالنا - چوری کا مال تلاش کر لینا -
مُدّعا حاصل ہونا (ا) مراد پوری ہونا - مقصود کو پہنچنا - مطلب برآری ہونا -
مُدّعا علیہ (ع/مذ) وہ شخص جس پر دعویٰ کیا گیا ہو - فریق مخالف - مقدمہ کا فریق ثانی -
مُدّعا علیہ گرداننا (ا) مجرم ٹھہرانا - ملزم بنانا - الزام دھرنا - مجرم قرار دینا -
مُدّعی (ع/مذ) نالش کرنے والا - دعویٰ کرنے والا - دعویدار - نالشی - سائل - مستغیث - رقیب - حریف - غیر -
مُدّعی سُست گواہ چُست (ا/مثل) غرض مند سستی کرے اور ساتھ والے تیار اور مستعد ہوں - اس موقع پر یہ مثل بولتے ہیں -
مُدّعی مُدّعا علیہ (ع/مذ) مقدمے کے دونوں فریق - فریقین -
مُدّعی ہونا (ا) دعوے دار ہونا - نالشی ہونا - مستغیث بننا -
مُدّعیہ (ع/مث) دعوے دار عورت - نالشی عورت -
مدغم (ع/مذ) ادغام کیے گئے - دو ہم جنس یا قریب المخرج حروف باہم ملا کر پڑھے گئے -
مدفن (ع/مذ) دفن ہونے کی جگہ - قبر - مقبرہ - گور - گڑھا -
مدفون (ع) دفنایا ہوا - گاڑا ہوا - پوشیدہ - پنہاں - چھپا ہوا -
مُدقّق (ع/صف) دقیقہ رس -
مدقوق (ع) تپ دق کا بیمار - وہ شخص جسے دق ہو گئی ہو -
مَدَک (ہ/مث) پان اور افیون سے مرکب ایک نشے کا نام ہے جسے تمباکو کی طرح چلم میں بھر کر اُڑاتے ہیں -
مَدَکی (ہ/مذ) مدک باز - مدک پینے والا -
مُدلّل (ع) دلیل سے ثابت کیا ہوا - ٹھیک - درست - معقول - بجا -
مَدَن بان (ہ/مذ) بیلے کی قسم کے ایک پھول کا نام ہے - کام دیو کا بان -

مدن گور (ہ/مث) ایک قسم کا خوش آواز طوطی -
مدنی الطبع (ع/صف) فطرتاً اپنے ساتھیوں سے مل جل کر رہنے والا -
مدنیت (ع/مث) شہری ہونا - شہری پن -
مُدّا / مُدّو } (ہ/مذ) کوہان - کُبھ - اونٹ یا سانڈ کی پیٹھ کا اُبھرا ہوا حصّہ - گھوڑے کی پیٹھ کی اُبھری مینڈ کی یعنی پُشت اسپ کا زخم -
مُدّو پکنا - یا - آنا (ہ) گھوڑے کے کندھے پر اوپر کی طرف زخم ہو جانا -
مُدّ و جزر (ع) سمندر کا جوار بھاٹا - چڑھاؤ اُتار -
مُدوّر (ع) گول - حلقہ دار - دائرہ کی شکل کا -
مدورا - احاطہ مدراس کا مشہور شہر ہے - یہاں پیتل کے برتن - سر کے دوپٹے اور پگڑیاں بنتی ہیں - مندر قابل دید ہیں - اس لیے کہ قدیم زمانے میں یہ شہر پانڈیا خاندان کا دارالحکومت تھا -
مُدوکڑی - یا - مدھوکڑی (ہ/مث) روٹی - ٹکی - نان -
مدھ (س) بیچ - درمیان - وسط (مؤنث) شراب - مدرا - دارو وغیرہ -
مُدھر (س) مزے دار - شیریں - سُریلا - پیارا - دل پسند - معشوقانہ رفتار - خرامش ناز - نرم - ملائم - دھیما -
مُدھر بانی (ہ/مث) میٹھا بول - میٹھا بول - شیریں کلامی -
مُدھر بولن (ہ) میٹھا بولنا - شیریں کلامی سے پیش آنا -
مدھرا (ہ) درمیانے قد کا - درمیانی بیچ کی راس کا - نہ اونچا نہ چھوٹا -
مدھری (ہ/مث) متوسط قد کی - میٹھی - رسیلی - مرغوب - سُہانی -
مدھم (ہ) آہستہ - دھیما - اچھا نہ بُرا - درمیانہ - متوسط - خفیف - ہلکا - کم نیچا - ماند - پھیکا - بے آب - سُست - کاہل - مندا - گھرا ہوا - گھٹا ہوا -
مدھم سُر (ہ/مذ) نیچا سُر - دھیما سُر - راگ کا چوتھا سُر -
مدھم کرنا (ہ) گھٹانا - کم کرنا - آہستہ کرنا - دھیما کرنا - بے آب اور پھیکا کرنا -
مدھو (س/مذ) شہد - عسل - شراب - دارو - بسنت رُت - موسم بہار - پانی - پھل - آب - دودھ - شیر - میٹھا - شیریں - مٹھاس - مہوے کا درخت - ایک راکشس کا نام جسے سری کرشن جی نے ہلاک کیا تھا -
مدھوبن (ہ/مذ) مدھو راکشس کے رہنے کی جگہ - ایک بن جو متھرا کے قریب ہے -
مدھوپری (ہ/مث) مدھو راکشس کا شہر - کرشن جی کی جائے پیدائش -
مدھو ماکھی (ہ/مث) شہد کی مکھی - مگس نحل -
مدھوکر (ا/مذ) بھونرا -
مدہوش (ہ) دہشت زدہ - خوف زدہ - حیران پریشان - ہکا بکا

(مجازاً) بدمست - بے ہوش - متوالا - بے سُدھ - مخمور -
مدہوشی (ا/مث) متوالا پن - بے ہوشی - بدمستی -
مُدیر (ع) ادارہ کنندہ - انتظام کرنے والا - مہتمم - اخبار یا رسالے کا ایڈیٹر -
مدینہ (ع/مذ) نگری - نگر - شہر - بلدہ - عرب کے ایک نہایت مشہور شہر کا نام ہے - یہاں مسلمانوں کے مقدس رسول حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا روضہ بھی ہے - کھجوروں کا مرکز ہے -
مدینۃ السلام (ع/مذ) بغداد کا لقب -
مدینۃ العلم (ع/مذ) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا خطاب -
مُدیُون (ع/مذ) مقروض - قرض دار - دین دار -

م - ڈ

مڈاسا (ہ/مذ) پگڑی - دستار - دوپٹہ - صافہ - سر کا پھینٹا - منڈاسا -
مڈل (انگریزی/مذ) درمیانہ درجہ - وسط - بیچ کا درجہ - بیچ -
مڈلچی (ا) حقارتاً اُس شخص کو کہتے ہیں جس نے صرف مڈل پاس کیا ہو - مڈل پاس -
مُڈھ (ہ) بوڑھا - کہن سال - معمر (مث) کسی چیز کا نچلا حصہ - جڑ - بنیاد -
مُڈھا (ہ/مذ) کنکوے کا سرا - پتنگ کا سرا - (پنجاب) سوت کی لکڑی جو تکلے پر بنتی ہے -
مڈیرا - بحر اوقیانوس میں بجانب شمال جزیرہ ہے - پرتگیزوں کے ماتحت ہے - جو جہاز جنوبی افریقہ کو جاتے ہیں وہ یہاں کوئلہ لینے کے لیے ٹھہرتے ہیں -

م - ذ

مذاق (ع/مذ) چکھنے کی جگہ - چکھنا - قوت ذائقہ - مزہ - سواد - چسکا - لذت - آپس کی چہل - باہمی اختلاط - ہنسی ٹھٹھا - دل لگی - ظرافت - تمسخر - تکلف - سلیقہ - میلان - رغبت - رجحان -
مذاق اُڑانا (ا/محاورہ) ہنسی کرنا - تمسخر کرنا -
مذاق سے (ا) ہنسی سے - ظرافتاً - دل لگی سے - ٹھٹھے سے -
مذاق کا آدمی (ا/مذ) زندہ دل - دل لگی کا آدمی - ظریف - خوش طبع -
مذاقیہ (ا) ہنسی کے طور پر - ہنسی سے ٹھٹھے سے -
مذاکرہ (ع/مذ) باہم ذکر کرنا - مباحثہ -

مُذبذب (ع) دو دل والا - غیر مستقل مزاج - ایک حال اور ایک جگہ قرار نہ پکڑنے والا - غیر مصمم ارادے والا - ڈھکڑ پکڑ کرنے والا -
مذبُوح (ع) ذبح کیا ہوا - کاٹا ہوا - مقتول - قتل کیا ہوا -
مذکر (ع) نر - مرد - مؤنث کی ضد -
مذکور (ع) ذکر کیا گیا - بات چیت - گفتگو - ہمکلامی - چرچا - شہرہ - شہرت - افواہ -
مذکور آنا (ا/محاورہ) ذکر ہونا -
مذکور نکالنا (ا/محاورہ) ذکر چھیڑنا -
مذکورہ (ع) ذکر کیا گیا -
مذکورہ بالا / مذکورۃ الصدر (ع) وہ شخص یا بات جس کا اُوپر کی عبارت میں ذکر آ چکا ہو - اُوپر ذکر کیا گیا - جس کا اُوپر ذکر آ چکا ہو -
مذکوری (ا/مذ) زر لگان وصول کرنے والا - بلا تنخواہ چپراسی یا سپاہی -
مُذِل (ع/صف) ذلیل کرنے والا -
مَذلّت (ع/مث) رسوائی - بدنامی - خواری - سُبکی - ذلت - اہانت - خفت -
مذمت (ع/مث) بُرائی - بدی - نندیا - ہجو -
مذموم (ع) بُرائی کیا گیا - تشہیر کیا گیا - ہجو کیا گیا - بُرا - خراب - بد -
مذمومہ (ع/مث) بُری - خراب - زشت - بد - نندا کی گئی -
مذہب (ع/مذ) چلنے کی جگہ - راہ - طریقہ - پنتھ - دین - دھرم - مت - کیش - مشرب -
مذہبی - یا - مذبی (ع/مذ) بھنگی - سکھ - چوہڑا - سکھ - وہ سکھ جو چوہڑے سے سکھ ہو گیا ہو -
مذہبی (ع) منسوب بہ مذہب - مذہب کا - مذہب کے متعلق -
مذی (ع) رطوبت لیسدار جو غلبہ شہوت میں ذکر سے نکلتی ہے -

م - ر

مُر (ع) رستی - کلماٹی -
مرآت (ع/مذ) آئینہ - آرسی - منہ دیکھنے کا شیشہ -
مراتب (ع/مذ) مرتبہ کی جمع - مرتبہ کی جگہیں - درجے - رُتبے -
مراتب طے کرنا (ا) پوچھنے کے قابل باتوں کا فیصلہ کرنا - دریافت طلب باتوں کو طے کرنا - درجہ کو پہنچ جانا -
مراثی (ع) جمع مرثیہ کی -
مراجعت (ع/مث) لوٹنا - واپسی - رجوع -
مراجعت کرنا (ا) لوٹنا - واپس آنا - اُلٹا پھرنا -
مراحل (ع/مذ) مرحلہ کی جمع - منزلیں - درجے - مدارج - منازل -

مراحم خسروانہ (ع ا مث) عطایائے شاہی۔ بادشاہی مہربانیاں۔
مُراد (ع ا مث) ارادہ کیا گیا۔ مجازاً مطلب۔ مقصد۔ مُدّعا۔ آس۔ خواہش۔ چاہ۔ اِچھا۔ آرزو۔ منّت۔ نذر۔ بھینٹ۔ منشا۔ مفہوم۔
مُراد پانا (ف) مطلب برآنا۔ مُراد کو پہنچنا۔ آس پوری ہو جانا۔
مُراد پوری کرنا (ف) کام نکالنا۔ کام کا انجام پر پہنچا دینا۔
مُراد حاصل ہونا (ف ا مص مرکب) تمنا پوری ہونا۔
مُراد دعویٰ (ع ا مذ) (قانون) نالش کرنے کی اصل غرض۔ استغاثہ کا مقصد۔
مُراد دینا (ف ا محاورہ) غرض پوری کرنا۔
مُراد لینا (ف) معنی لینا۔ قیاس کرنا۔ نتیجہ نکالنا۔ کام بنوانا۔ مقصد پورا کرنا۔
مُراد ملنا (ف ا محاورہ) دل کا مقصد پورا ہونا۔
مُراد ماننا (ف) منّت ماننا۔ نیت کرنا۔ عہد کرنا۔ نذر ماننا۔
مُرادمند (ع عف) حاجت مند۔ محتاج۔ خواہاں۔ درماندہ۔
مُراد ہے (ف ا محاورہ) مطلب ہے۔ منشا ہے۔ غرض ہے۔
مُرادوں کے دن (ف ا مذ) جوانی کے دن۔ جوبن کا موسم۔ بہار کے دن۔ مرضی کے موافق ایّام۔
مُرادی (ف) مجازی۔ فرضی۔ اصطلاحی۔ حسبِ منشا۔ مُراد کے موافق۔
مُرادِف (ع ا مذ) پیچھے بیٹھنے والا۔ پیچھے سوار ہونے والا۔ ہم معنی الفاظ۔ ایک معنی والے لفظ۔ مترادف۔
مُرار (ہ ا مث) بانسری۔
مُراری (س ا مذ) لغوی معنی راکشس کا دشمن۔ سری کرشن جی کا لقب۔
مُراسلات (ع ا مذ) مراسلہ کی جمع۔ چٹھیاں۔ خط جو برابر والوں کو لکھی جائیں۔ خط وکتابت۔ چٹھی پتری۔ چٹھی چپاٹی۔
مُراسلہ (ع ا مذ) برابر والے کا خط۔ رُقعہ۔ شقّہ۔ پیغام۔
مراسم (ع ا مث) مرسوم یا مرسم کی جمع۔ رسمیں۔ نشانیاں۔ رسومات۔ برتاؤ۔ ربط۔ قاعدہ۔ معمول۔ ضابطہ۔
مراعات (ع ا مث) نگاہ رکھنا۔ توجہ۔ لحاظ۔ مروّت۔ سلوک۔ رعائتیں۔
مُرافعہ (ع ا مذ) حاکم کے سامنے اپنا دعویٰ پیش کرنا۔ اپیل۔ استغاثہ۔ نظرثانی۔ دوبارہ نالش۔ دوسرے حاکم کے پاس داد خواہی۔
مُرافعہ کرنا (ف) ایک حاکم کے ہاں مقدمہ ہار کر دوسرے بڑے حاکم کے ہاں داد خواہی کرنا۔
موافقت (ع ا مث) آپس کا میل جول۔ باہمی رفاقت۔ اتحاد۔ ہم نشینی۔
مُراقبہ (ع ا مذ) سوچ بچار۔ غور و فکر۔ گیان دھیان۔ گردن جھکا کر حضوری دل کا دھیان کرنا۔ خدا کی طرف دھیان لگانا۔

مُراہم (ع ا مذ) مُراد۔ مقصد۔ مطلب۔
مراہم (ع ا مذ) مرہم کی جمع۔
مُربّع (ع ا مذ) چوکھونٹا۔ وہ سطح جس کے چاروں ضلعے برابر اور چاروں زاویے قائمے ہوں۔
مُربّع بیٹھنا (ف) چار زانو بیٹھنا۔ آلتی پالتی مار کر بیٹھنا۔
مَربُوط (ع) ربط دیا گیا۔ لگایا گیا۔ بندھا ہوا۔ جڑا ہوا۔ وابستہ۔
مربّے۔ یا۔ مُربّا (ع) پالا ہوا۔ شکر قند کے قوام میں رکھا اور پکایا ہوا کوئی میوہ۔ جام۔
مُربّی (ع ا مذ) پالنے والا۔ تربیت کرنے والا۔ سرپرست۔ مددگار۔ حامی۔ پیٹرن۔
مُربّی بنانا (ف) سرپرست قرار دینا۔ پیٹرن قرار دینا۔ مددگار ٹھہرانا۔
مرتے چور پڑے دھن پہ (ہ ا مثل) بیگانی دولت پر جان دینا پڑے درجے کی بے وقوفی ہے۔ پرایا مال مارنا آسان نہیں۔
مرپٹ کر (ہ) بڑی مشکل سے۔ بصد مشکل۔ بڑی دقت سے۔ بدقت تمام۔
مرپچنا (ہ) بڑی محنت اُٹھانا۔ جان توڑ کر کوشش کرنا۔ سخت مشقت جھیلنا۔
مرت (س ا مث) موت۔ کال۔ مرگ۔
مرت لوک (ہ ا مذ) فانی دنیا۔ جہانِ فانی۔
مُرتاض (ع ا مذ) ریاضت کرنے والا۔ زاہد۔ تپشی۔ علم و ہنر میں مشقت اُٹھانے والا۔ تصوف میں نفسِ سرکش کو مارنے والا۔
مرتا کیا نہ کرتا (ہ ا مثل) جس کی جان پر آ بنے وہ جو کچھ بھی کرے تھوڑا ہے۔
مرتا ہے (ف ا محاورہ) بڑا شوقین ہے۔ بڑا عاشق ہے۔
مُرتاض (ع ا صف) ریاضت کرنے والا۔
مُرتّب (ع) ترتیب دیا گیا۔ باقاعدہ۔ دُرست۔ قرینہ اور سلیقہ سے لگایا ہوا۔ تالیف کیا گیا۔ اکٹھا کیا گیا۔
مُرتّب کرنا (ف) ترتیب دینا۔ دُرست کرنا۔ تیار کرنا۔ تالیف کرنا۔ ڈھنگ سے لگانا۔
مرتبان (ف ا مذ) مٹی یا چینی کا برتن جس میں اچار مربے وغیرہ رکھتے ہیں۔
مرتبان خلیج۔ دریائے ایراوتی برہما کا دریا اس خلیج میں ڈیلٹا بنا کر گرتا ہے۔
مرتبت (ع ا مذ) درجہ۔ مرتبہ۔ رتبہ۔
مرتبہ (ع ا مذ) درجہ۔ رُتبہ۔ منصب۔ عہدہ۔ دفعہ۔ بار۔ باری۔ نوبت۔
مُرتد (ع ا مذ) مذہبِ اسلام سے پھرا ہوا۔ مُنکر۔ منحرف۔ کافر۔ بے دین۔ ادھرمی۔ مُلحد۔
مُرتد ہو جانا (ف) دین سے پھر جانا۔ کافر ہو جانا۔ ملحد ہو جانا۔

مُرتشی (ع) رشوت کھانے والا۔ رشوت لینے والا۔ گھوس لینے والی۔ راشی غلط العام ہے۔

مُرتضیٰ (ع) مقبول شدہ۔ پسندیدہ۔ حضرت علی کرم اللہ وجہ کا لقب۔

مُرتعِش (ع/صف) کانپنے والا۔ لرزاں۔

مُرتفع (ع) بلند کیا گیا۔ اُٹھایا گیا۔ اُونچا۔

مُرتک (س/مذ) مُردہ۔ نعش۔ لاش۔

مُرتکب (ع) کسی کام کا اختیار کرنے والا۔ اِرتکاب کرنے والا۔ قصور کرنے والا۔ مجرم۔ قصوروار۔ گنہگار۔

مُرتہن (ع) کسی چیز کو رہن لینے والا۔ گرو لینے والا۔ گہنے لینے والا۔

مُرتہن قابض (ع/مذ) رہن شدہ جائداد پر قبضہ رکھنے والا۔ گرودار۔

مرتُو (س/مث) مَوت۔ قضا۔ کال۔ مرگ۔

مَرتے جیتے (ہ) جُوں تُوں کرکے جس طرح کس طرح۔ بڑے بھلے طور پر۔

مَرتے دم (ل) نزع کی حالت میں۔ مرنے وقت۔ بوقت مرگ۔

مرتے کو ماریں شاہ مدار (ا/مثل) کنگال پر ہر شخص کا زور چل جاتا ہے۔ مصیبت ہی میں دُوسری مصیبت آتی ہے۔

مرتے مرتے (ل) مرنے کے وقت۔ حالتِ نزع میں۔ آخیر وقت میں۔

مَرثیہ (ع/مذ) میّت کی صفت۔ میت کا ایسا بیان جس سے درد اور رحم پیدا ہو۔ ماتم۔ رونا پیٹنا۔ سیاپا۔ شہادت امام حسین علیہ السلام کے رنج و غم کا بیان (یہ لفظ رثی سے مشتق ہے۔ جس کے معنی درد اور رحم کے ہیں۔)

مَرثیہ پڑھنا (ا) نوحہ پڑھنا۔ ماتم کی نظم پڑھنا۔ رونا پیٹنا۔ بَین کرنا۔

مَرثیہ خواں (عف/مذ) مرثیہ پڑھنے والا۔ نوحہ خواں۔

مرثیہ خوانی (عف/مث) مرثیہ پڑھنے کا کام۔ نوحہ خوانی کا پیشہ۔

مرثیہ کہنا (ا/محاورہ) کسی شخص کی وفات یا یادگار میں نظم لکھنا۔

مَرَج (ع/مذ) ہرج کا مرادف اور اس کے ساتھ ہی مستعمل ہے۔ بربادی۔ بے چینی۔ بیماری۔ اتفاقیہ حادثہ۔

مَرجاد (ہ/مث) چلن۔ رواج۔ رسم۔ ریت۔ چال۔ طور۔ برتاؤ۔ طریقہ۔

مَرجان (ع/مذ) ایک قسم کا سرخ رنگ کا سوراخ دار درخت جیسے سمندری کیڑے بناتے ہیں۔ اور دوائیوں میں کام آتا ہے۔ یا تسبیحیں بناتے ہیں۔

مرجانی (ف/صف) مونگے کی۔

مَرجانا (ہ) فنا ہو جانا۔ اِنتقال کر جانا۔ دُنیا سے چل بسنا۔ کسی دعا کا کُشتہ ہو جانا۔ دا کھ ہو جانا۔ پھول وغیرہ کا کملا جانا۔ پژمردہ ہو جانا۔ بچھونے وغیرہ کا خراب ہو جانا۔ اصلی حالت پر نہ رہنا۔ بگڑ جانا۔ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہو جانا۔ محو ہو جانا۔ پِٹ جانا۔ برباد ہو جانا۔ لُٹ جانا۔ تباہ ہو جانا۔ نہایت شرمندہ ہو جانا۔ کبڈی وغیرہ میں ہار جانا۔ کھیلنے کے قابل نہ رہنا۔ مُہرے کا پِٹ جانا۔ بھوک وغیرہ خواہش کا نہ رہنا۔ دب جانا۔ خواہش جاتی رہنا۔ پیاس وغیرہ بجھ جانا۔ فرو ہو جانا (مذکر) مرجانے کے قابل۔ مرن جوگا۔ مرنہار۔ مرجانے والا۔

مُرجح (ع) ترجیح دیا گیا۔ بڑھایا گیا۔ بڑھ کا۔ غالب۔ افضل۔ اَتم۔

مَرجع (ع/مذ) جائے بازگشت۔ ٹھکانا۔ پناہ۔ جائے پناہ۔ ملجا۔ ماوا۔

مَرجع خلائق } مَرجع عوام } (ع/مذ) تمام دُنیا کا ٹھکانا۔ خلقت کے آسرے کی جگہ یا شخص۔ وہ جگہ یا آدمی جہاں سب لوگ دوڑ دوڑ کر آئیں۔

مَرجعیت (ع/مث) مرکزیت۔

مَرجُوع } مَرجُوعہ } (ع) لوٹا گیا۔ رجوع کیا گیا۔

مَرجُوعہ کم ہو جانا (ا/محاورہ) لوگوں کا آنا کم ہونا۔

مُرجھانا (ہ) کملانا۔ پژمردہ ہونا۔ دُبلا ہونا۔ لاغر ہونا۔ سُوکھنا۔ خشک ہونا۔ افسوس کرنا۔ غمناک ہونا۔

مُرچڑا (ہ) منڈ چڑا کا بگاڑ ہے۔ اپنا سر چیر لینے والا۔ مجازاً ضدی۔ ہٹیلا۔ ایک فقیروں کا فرقہ جو اپنا سر چیر کر بھیک مانگتے ہیں۔

مُرچڑاپن (ہ/مذ) مُرچڑے فقیر کی سی ضد۔ ہٹ۔ سینہ زوری۔

مَرچنٹ (انگریزی/مذ) سوداگر۔ تاجر۔ تجارت کرنے والا۔

مَرچلنا (ہ) مرنے کے قریب ہونا۔ مرنے لگنا۔ مرکر رُخصت ہونا۔

مَرچیا (ل) پستہ قد۔ بونا۔ ٹھنگنا۔ مرچ جیسے چھوٹے قد والا۔

مرچیں سی لگنا۔ یا۔ لگ جانا (ہ) کسی بات کو سُن کر پتنگے لگ جانا۔ نہایت ناگوار گزرنا۔ کباب ہو جانا۔ جھنجھلا جانا۔ برافروختہ ہو جانا۔ جھلا اُٹھنا۔ برداشت نہ کرسکنا۔

مَرحَب (ع) کشادہ ہونا۔ نام ایک کافر پہلوان عرب کا۔

مَرحبا (ع) آفرین۔ شاباش۔ کیا کہنا۔ واہ وا۔ دھن ہو۔ بل بے۔

مَرحلہ (ع/مذ) کوچ کی جگہ۔ منزل۔ پڑاؤ۔ سفر۔ کوچ۔ ایک دن کا

سفر۔ درجہ۔ رُتبہ۔ مرتبہ۔ مقام۔

مُرحلہ دار (عف/مذ) وہ چوکیدار جو دو پڑاؤں کے درمیان کے راستہ کا محافظ ہو۔

مُرحلہ طے کرنا (ا) منزل پوری کرنا۔ کام نمٹانا۔ معاملہ ختم کرنا۔

مَرحمت (ع/مث) مہربانی۔ عنایت۔ نوازش۔ کرم۔ دیا۔ کرپا۔

مَرحمت نامہ (عف/مذ) بڑے کا خط چھوٹے کے نام۔ عنایت نامہ۔

مَرحُوم (ع) رحم کیا گیا۔ بخشا گیا۔ مغفور۔ سرگباشی۔ مجازاً متوفی۔ مرا ہوا۔ فوت شدہ شخص کے لیے بولتے ہیں۔

مُرخّص (ع) رُخصت کیا گیا۔ روانہ کیا گیا۔ رُخصت۔ اجازت۔

مُرخّص ہونا (ا) روانہ ہونا۔ چل پڑنا۔ اجازت پانا۔ سدھارنا۔ کوچ کرنا۔

مَرد (ف/مذ) نر۔ آدمی۔ مَنش۔ بشر۔ آدم زاد۔ شخص۔ خاوند۔ پتی۔ شوہر۔ سُورما۔ دلیر۔ بہادر۔ شجاع۔ ذات۔ کُل۔ قوم۔ جیسے تم کون مرد ہو۔ شریف۔ عالی خاندان۔ بڑے گھرانے کا۔

مَرد آدمی (ا/مذ) بھلا مانس۔ اشراف۔ جنٹلمین۔ بہادر۔ دلیر۔ سُورما۔

مرد آسا (ف/صف) مرد کی طرح۔

مردِ خدا (ف/مذ) پارسا۔ عارف۔ خداشناس۔ خدا کا بندہ۔

مرد کی ذات }
مرد کی صُورت } (ا/مذ) مرد کی جنس۔ ذکور۔ نر۔ مجازاً۔ پرکھ۔ منش۔ مانس۔ مرد۔

مرد کی صُورت نہ دیکھنا (ا) عورت کا مجرد رہنا۔ مرد کے پاس تک نہ جانا۔ مرد سے ناآشنا ہونا۔

مرد کی موت نامرد کے ہاتھ (ا/مثل) کسی بہادر آدمی کے کسی کمزور اوسکتے آدمی کے ہاتھ سے مارے جانے یا شکست کھانے کے وقت بولتے ہیں۔

مرد مانس گھر ہی بھلے (ا/مثل) شریف آدمی وہی ہے جو گھر ہی رہے۔ تاکہ آوارہ اور بدچلن نہ ہو۔

مردِ میدان (ف/مذ) جری۔ بہادر۔ سُورما۔ سُوربیر۔ حریف۔ مقابل۔

مرد مرے نام کو نامرد مرے نان کو (ا/مثل) بہادر اور شریف آدمی عزّت اور ناموری کی خاطر جان تک کی پروا نہیں کرتا۔ مگر نامرد اور بزدل صرف روٹی کے لیے عزّت برباد کر دیتا ہے۔

مردِ معقُول (ع) سمجھدار آدمی۔ عقل مند۔ دانا۔ مہذّب۔ بھلا مانس۔

مُردار (ف) حرام۔ ناپاک۔ ناجائز۔ مُردہ بے جان (مذکر) اپنی موت سے مرا ہوا جانور۔ مُردہ جانور۔ نالائق۔ نابکار۔ پلید۔ بدبخت۔ بدنصیب۔ ناکارہ۔ ناجنس۔ قحبہ۔ قابل نفرت و ملامت۔

مُردار ہو جانا (ا) ناجائز ہو جانا۔ ذبح کے قابل نہ رہنا۔ حلال نہ ہوسکنا۔

مُرداری (ا/مث) چھپکل۔ چلپاسہ۔

مَردا مَردی (ا/مث) زبردستی۔ سینہ زوری۔ دھینگا دھینگی۔

مردانِ خُدا (ف/مذ) خدا کے خاص بندے۔ بہادر لوگ۔

مردانگی (ف/مث) منسوب بہ مردان۔ مردمی۔ بہادری۔ جواں مردی۔ دلیری۔

مردانہ (ا/مذ) مردوں کے بیٹھنے کی جگہ۔ بیٹھک کی جگہ۔ بیٹھک۔ دیوان خانہ۔ مرد سے نسبت رکھنے والا۔ مرد کی طرح۔ بہادری سے۔ جراءت کے ساتھ۔ دلیری سے۔ مرد کا سا۔ مرد جیسا۔

مردانہ بھیس (ا/مذ) مرد کا سا بھیس۔ مردوں کا سا رُوپ۔

مردانہ جوڑا (ا/مذ) مردوں کے پہننے کے کپڑے۔

مردانہ چال (ا/مث) مردوں کی سی چال۔

مردانہ مکان (ا/مذ) وہ مکان جس میں مرد رہتے ہیں۔

مردانہ وار (بہادرانہ۔ بہادروں کی طرح۔ دلیروں جیسا۔

مردانی (ا/مث) چالاک۔ مردوں کے سے کام کرنے والی۔ وہ عورت جو اپنے آپ کو مردوں کے مشابہ بنائے۔ مرد سے نسبت رکھنے والی۔ منسوب بہ مرد۔ جیسے مردانی جُوتی۔

مَردک (ف/مذ) مرد کی تصغیر۔ حقارتی۔ مردوا۔ چھوٹا مرد۔ ٹھنگنا۔ بونا۔ ذلیل و خوار آدمی۔

مُردگان (ف/مذ) مُردہ کی جمع۔ مرے ہوئے لوگ۔

مُردُم (ف/مذ) عام لوگ۔ مرد۔ منش۔ آدم۔ انسان۔ شائستہ آدمی۔ مہذب آدمی۔ (مؤنث) آنکھ کی پتلی۔ مینک۔ دھیری۔

مَردُم آبی (ف/مذ) جل مانس۔ پانی کی ایک مخلوق جو شکل سے آدمی سے مشابہ ہے۔

مَردُم آزار (ف) ظالم لوگوں کو ستانے والا۔ بے رحم۔ موذی۔ نردئی۔ انیائی۔

مردم آمیز (ف/صف) خلیق۔ متواضع۔ ملنسار۔

مردم خیز (ف/مذ) وہ خطہ جہاں اچھے آدمی پیدا ہوں۔ قابل لوگوں کے پیدا ہونے کی جگہ۔

مَردُم شماری (ف/مث) لوگوں کی گنتی۔ آبادی کی تعداد۔

مَردُمک (ف/مث) مرد کی تصغیر۔ آنکھ کی پتلی۔ مینک۔ دھیری۔

مَردُمی (ف/مث) آدمیت۔ مروّت۔ خُلق۔ رعایت۔ اخلاق۔ اہلیت۔ جوانمردی۔ بہادری۔ شجاعت۔

مِردَنگ (ہ/مث) طبلہ نما ڈھولک۔ شیشہ کا ایک قسم کا فانوس بہ شکل مردنگ۔

مردنگی (ا) مردنگ بجانے والا۔

مُردنی (ا/مث) مرنے کی علامت۔ موت کے نشان۔ چہرے

کی زردی جو مرتے وقت ہوتی ہے -

مُردنی پھرنا - چھانا - یا - چھا جانا (ل) چہرے پر علامتِ مرگ کا ظاہر ہونا - زندگی سے نا اُمید ہونا - چہرے کی رنگت زرد پڑ جانا -

مردُوا (و/مذ) مرد کی تصغیر حقارتی - غیر آدمی -

مردُود (ع) نکالا گیا - خارج کیا گیا - رد کیا گیا - ملعون - راندا گیا - نالائق - بدنصیب - پاجی - نکما -

مردُود ہو جانا (ل) نکالا جانا - راندا جانا - ملعون ہو جانا -

مُردوں کی ہڈیاں اُکھیڑنا (ل) مُردوں کو بُرائی سے یاد کرنا - پُرانے مضامین باندھنا - بزرگوں کے کلام میں نکتہ چینی کرنا - مرے ہوئے لوگوں کے عیب ظاہر کرنا -

مُردہ (ف) مرا ہوا - مُوا ہوا - بے جان - بے رُوح - متوفی - مجازاً کمزور - ناتواں - ضعیف - سُست - بودا - نہایت بوڑھا - عمر رسیدہ - افسردہ - پژمُردہ - مُرجھایا ہوا - جنازہ - لاش - میت -

مُردہ اُٹھانا (ار/محاورہ) تجہیز و تکفین کرنا -

مُردہ بدستِ زندہ (ف/مثل) مری لاش کو زندہ جس طرح چاہے رکھے - وہ ناچار بے اختیار - مجازاً بے بس - مجبور - ناچار - مظلوم -

مُردہ بنانا (ار/محاورہ) مارنا - بے جان کرنا -

مُردہ بھاری ہونا (ل) میت کا وزنی ہونا - کمزور پر کبھی زبردست پر غالب آنا - نہایت گنہگار ہو کر مرنا - کہتے ہیں کہ گنہگار کا لاشہ بھاری ہوتا ہے -

مُردہ پسند (ف/صف) مرنے کے بعد قدر کرنے والا -

مُردہ جِلانا (ل) مُردہ کو زندہ کرنا - مایوس کو بامُراد کرنا -

مُردہ خراب ہونا (ل) مُردے کا رسوا ہونا - میت کی مٹی پلید ہونا -

مُردہ خوار (ف/صف) مُردہ کھانے والا - غیبت کرنے والا -

مُردہ دِل (ل) مرے ہوئے دل والا - اُداس - مغموم - غم زدہ - بے دل - کم ہمت - سُست -

مُردہ دوزخ میں جائے یا بہشت میں اپنے حلوے مانڈے سے کام (ا/مثل) دُوسرا خواہ آرام سے رہے یا دُکھ سہے مگر خود غرض کو اپنے مطلب اور نفع سے کام -

مُردہ شو کے حوالے } (ا/محاورہ) مرجائے - دُنیا سے جاتا رہے
مُردہ شو کے جائے } غسال کے سپرد ہو - گور میں پڑے -

مِردھا (ا/مذ) میردہ کا بگاڑ ہے - گاؤں کا مقدم - چودھری - نمبردار - مُکھیا - سردارِ دِہ - جریب کش - پیادہ -

مَردی (ف/مث) مردپن - بہادری - مردانگی - رجولیت - قوتِ باہ -

مِردی (ف) ملاحوں کا بانس جس سے کشتی کھیتے ہیں -

مُردے پر جیسے سو من مٹی ویسے ہزار من (ا/مثل) جب مصیبت ہی آگئی ہے تو جیسے تھوڑی ویسی بہت - جہاں سو وہاں سوا سے -

مُردے سے یا مُردوں سے شرط باندھ کر سونا (ل) بے فکر ہو کر سونا - جاگنے کا نام تک نہ لینا - غافل ہو کر سونا - گھوڑے بیچ کر سونا -

مُردے کا مال (ل/مذ) سستا بکتا ہوا مال - لاوارثی مال - بہت سستا مال -

مر رہنا (ہ) مرجانا - موت آجانا - مجازاً بیٹھ رہنا - دیر لگانا - جہاں جانا وہیں کا ہو رہنا - سو جانا - بے خبر ہو جانا - لیٹ رہنا - پڑ رہنا -

مِرزا (ف/مذ) میرزادہ کا مُخفف ہے - سردار کا بیٹا - امیرزادہ - شہزادہ - کنور - راج کمار - مغلوں کے نام کا ایک جزو - تیموریہ خاندان کے شہزادوں کا لقب -

مِرزا پُور - صوبجات آگرہ میں ہے - یہاں کے قالین اور پیتل کے برتن مشہور ہیں -

مِرزا پِھویا (ا/مذ) بہت ہلکا پھلکا - نہایت نازک بدن - بہت لاغر اور دُبلا - آرام طلب اور تن آسان آدمی -

مِرزا منش (ف/مذ) نازک مزاج - نازک طبع - امیر طبیعت والا -

مرزائی (ف/مث) بڑائی - بزرگی - شہزادگی - حاکمانہ طبع - تکبر - غرور - نخوت - حکومت - سرداری - کُرتی - صدری - واسکٹ - جاکٹ - آدھی یا پوری آستینوں کی کُرتی - نیم جامہ -

مرزبُوم (ف) جائے پیدائش -

مرزن جوش (ف/مث) ایک خوشبودار گھاس -

مرزوق (ع/صف) رزق دیا گیا -

مِرزئی (ا/مث) مرزائی کا مخفف - نیم جامہ -

مُرسَل (ع/مذ) بھیجا ہوا - نبی - پیغمبر - رسُول - ارسال کیا گیا - فرستادہ -

مُرسِل (ع/مذ) ارسال کرنے والا - بھیجنے والا -

مُرسَل الیہ (ع/مذ) جس کی طرف بھیجا جائے -

مُرسَلہ (ع) روانہ کیا ہوا - ارسال کیا ہوا - فرستادہ - بھیجا ہوا -

مُرسلہ بند (عف/مذ) ہار کا کنٹھا -

مُرسلین (ع/مذ) مُرسل کی جمع - بہت سے پیغمبر - بہت سے رسُول -

مَرسُوم (ع) قاعدہ باندھا ہوا - رسم ڈالا گیا - نشان کیا گیا - مجازاً تنخواہ - مشاہرہ - روزینہ - وظیفہ -

مُرشِد (ع/مذ) اِرشاد کرنے والا - نیک رستہ بتانے والا - رہنما - ہادی - پیر - پروہت - گرو - مہنت - اُستاد - ہشیار - چالاک - شریر - فریبی -

مُرشد اللہ (ع/مذ) فقرا کی اِصطلاح - گروجی - پیرومُرشد - رہنما -

مُرصّع (ع) جُڑا ہوا - جڑاؤ - ترصیع کیا گیا - آراستہ (مؤنث)

بالمقابل۔ ہم وزن وہم قافیہ الفاظ سے بنی ہوئی نظم یا نثر۔
مَرَض (ع امذ) بیماری۔ دُکھ۔ روگ۔ مجازاً بُری عادت۔ لت۔
مَرَضُ الموت (ع امذ) موت کی بیماری۔ وہ بیماری جس سے آدمی مر جائے۔
مرض لاحق (ع امذ) موجودہ بیماری۔
مرضِ متعدّی (ع امذ) لگتی بیماری۔ چھُوت کی بیماری۔ ایک سے دُوسرے کو لگ جانے والی بیماری۔
مَرضِ مُہلک (ع امذ) وہ بیماری جس سے جانبر ہونا مُشکل ہو۔ خطرناک بیماری۔
مَرضا (ع امذ) مریض کی جمع۔ مَرضیٰ کا بگاڑ ہے۔
مَرضی (ع امث) خوشی۔ قبولیّت۔ منظوری۔ اتفاق رائے۔ اجازت۔ رُخصت۔ پروانگی۔ خواہش۔ اچھا۔ ضرورت۔
مرضیٔ مولیٰ از ہمہ اولےٰ (عف امحاورہ) خُدا کی خوشی سب سے بہتر ہے جو چاہے سو کرے۔ مالک کی رائے سب سے اچھی ہے۔
مرضی پٹنا } (ا) باہم رضامند ہونا۔
مرضی ملنا } باہم اتفاق رائے ہونا۔ ایک دل ہونا۔
مرضی ملے کا سودا ہے (ا امحاورہ) آپس میں راضی ہو جانے کی بات ہے۔ رضامندی کا معاملہ ہے۔
مرضی میں آنا (ا) رائے میں آنا۔ پسند ہونا۔ خواہش ہونا۔
مِرط (ع) بالوں کی کملی۔ ایک قسم کی چادر۔
مَرطُوب (ع) نمدار۔ گیلا۔ بھیگا ہوا۔ بسیلا ہوا۔
مُرغ (ف امذ) اُڑنے والا جانور۔ پرندہ۔ پنکھیرو۔ مُرغا۔ کُکڑ۔ خروس۔ تشبیہاً ہلنے والی چیز۔ متحرک شے۔
مَرغ (ع) آب دہن۔ تھوک (ف) زمین پر چوپایہ کا لوٹنا۔
مرغاب (ف) خراسان کی ایک ندی کا نام۔
مُرغِ آتش خوار (ف) کبک۔ چکور۔ بعض سمندری کیڑے کو بھی کہتے ہیں۔ جو آگ ہی میں زندہ رہتا ہے۔
مُرغِ انداز (ف اصف) وہ شخص جس کو بغیر چبائے نگل جائیں۔
مُرغانِ اولیٰ اَجنحہ (ف) طائرانِ صاحب بازو۔ کنایہ از ملائک۔
مُرغِ بادنُما (ف امذ) ٹین کا بنا ہوا وہ مُرغ جو ہوا کا رُخ بتاتا ہے۔
مُرغِ حق گو (ف) ایک پرندہ جو رات کو اُلٹا لٹک کر حق حق کہتا ہے۔ بعض ابلیس سے مُراد لیتے ہیں۔
مُرغِ مجنوں (ف) وہ پرند جس نے مجنوں کے سر میں آشیانہ بنا لیا تھا۔
مُرغ باز (ف امذ) مُرغ لڑانے والا۔ مُرغ کا کھلاڑی۔
مُرغ بازی (ف امذ) مُرغ لڑانا۔
مُرغِ بام (ف امذ) بُلبل۔ فاختہ۔
مُرغِ بسم اللہ (فع امذ) مُرغ کی صُورت میں لکھی ہوئی بسم اللہ۔

مُرغِ چمن (ف امذ) بُلبل۔ گلدم۔ عندلیب۔ ہزار داستان۔
مُرغِ خانگی (ف امذ) پالتو مُرغ۔ گھر کا پلا ہوا مُرغ۔
مُرغِ دست آموز (ف امذ) ہاتھ پر پلا ہوا پرندہ۔ چھوڑنے کے بعد پھر ہاتھ پر آ بیٹھنے والا پرندہ۔
مُرغِ سَحر۔ یا۔ مُرغِ صُبح (فع امذ) کُکڑ۔ خروس۔ صبح کے وقت اذان دینے والا مُرغ۔ بُلبل۔ گلدم۔ فاختہ وغیرہ صبح کو بولنے والے جانور۔
مُرغِ سُلیمان (فع امذ) ہُدہُد۔ چکی دا۔ ایک چوٹی دار خوبصورت پرندہ۔ کھٹک بڑھیا۔ کھٹ بڑھئی۔
مُرغِ عرشی (فع امذ) حضرت جبرائیل علیہ السلام سے مُراد ہے۔
مُرغِ عیسیٰ۔ یا۔ مسیحا (فع امذ) چمگادڑ۔ شب پرہ۔ چمگادڑ۔
مُرغِ قبلہ نُما (ف امذ) آلہ قبلہ نُما کا جانور۔ قبلہ نُما آلے کے اندر قبلہ کی طرف مُنہ کرتے اور اُس کی سمت دکھانے والا جانور۔ قبلہ نُما کی سُوئی۔
مُرغ کی ایک ٹانگ (ا امثل) اپنی جھوٹی بات کی پچ کرنے کے وقت بولتے ہیں۔
مُرغِ مصلّیٰ (فع امذ) ظاہر میں نمازی اور باطن میں مکّار شخص۔
مُرغِ نامہ بر (ف امذ) قاصد کا کام دینے والا۔ سدھایا ہوا کبوتر۔
مُرغا (ا امذ) کُکڑ۔ خروس۔ نرِ ماکیان۔ مجازاً معقول۔ مردک۔
مُرغابی (ف امذ) کُکڑ۔ قاز۔ ایک مشہور پرندہ ہے۔
مُرغاں (ف امذ) مُرغ کی جمع۔ بہت سے پرندے۔ پنکھیرو۔
مُرغزار (ف امذ) (مُرغ بمعنی سبز دُوب زار کلمۂ ظرفیت) سبزہ زار۔ چراگاہ۔ ہری دُوب کی جگہ۔
مَرغُوب (ع) دل پسند۔ من بھاتا۔ پسندیدہ۔ دلرُبا۔ دلکش۔ پیارا۔ لذیذ۔
مرغوب الطبع } (ع) مَن بھاتا۔ جو دل کو بھائے۔
مرغوب طبع } پسند طبع۔
مرغول۔ یا۔ مرغولہ (ف) پیچ در پیچ۔ پیچیدہ۔ خمدار۔ ٹیڑھا۔ مُڑا ہوا۔ بل کھایا ہوا۔ گھنگرالا۔ گول بنا ہوا قسم۔ مدوّر ستون۔ ڈنڈی دار محراب۔ پیچیدہ آواز۔ گٹکری۔
مُرغوں کی پالی (ا امذ) مُرغ لڑانے کا اکھاڑا۔ مُرغوں کے لڑنے کی جگہ۔
مُرغوں کے خواب میں دانہ ہی دانہ (ا امثل) جو دل میں ہوتا ہے وہی خواب میں نظر آتا ہے۔
مُرغی (ا امث) ماکیان۔ مُرغا کی مادہ۔ ککڑی۔ مادہ خروس۔
مُرغی اپنی جان سے گئی کھانے والے کو مزہ نہ آیا (ا امثل) غریب نے تو اپنی جان مار کر کوئی کام کیا مگر دُوسرے کی پسند میں نہ آیا۔ کوشش کی قدر نہ ہونے کے موقعہ پر بولتے ہیں۔

مُرغی انڈے کی بحث (ا/مث) فضول تکرار - بے فائدہ اور بے نتیجہ گفتگو۔
مُرغی بٹھانا (ا/محاورہ) مُرغی کو انڈے سینے کے لیے بٹھانا۔
مُرغی کا } (ا/مذ) گال کی جگہ بولتے ہیں۔
مُرغی سنجاونی کا } چڑیا کا - چڑیا والا۔
مُرغی منجیر (ا/مذ) تمسخر کے طور پر کہا کرتے ہیں - مُرغیاں پالنے والا۔ مُرغوں کی سوداگری کرنے والا۔
مرفق (ع/مث) کہنی۔
مَرفُوع (ع) اُٹھایا گیا - بلند کیا گیا - رفعت دیا گیا - علم نحو میں وہ حرف جس پر پیش ہو - مضموم حرف۔
مَرفُوع القلم (ع/مذ) معذور - لکھنے سے ناقابل تصور - وہ شخص جس کے جرم قابل تحریر نہ ہوں - پاگل یا دیوانے کی حالت۔
مُرفہ (ف/مذ) ڈھول - طبل۔
مُرفہ (ع) خوش حال - کھاتا پیتا - آسودہ - روزی سے بے فکر۔
مُرفہ حال (ع) فارغ البال - آسودہ حال - امیر۔
مَرق (ع) شوربا۔
مِرقات (ع) زینہ - سیڑھی۔
مَرقَد (ع/مذ) سونے کی جگہ - آرام کرنے کا مقام - خواب گاہ - مجازاً قبر - گور - تُربت - مزار۔
مُرقّع (ع) تصویروں کی پیوند لگی گدڑی - قطعات رکھنے کی کتاب - تصویروں کی کتاب - البم۔
مُرقّع اُتارنا (ا/محاورہ) تصویر بنانا۔
مُرقّع اُلٹ جانا (ا/محاورہ) دُنیا درہم برہم ہونا۔
مَرقُوم (ع) لکھا ہوا - تحریر شدہ - رقم کیا گیا۔
مَرقُوم الحاشیہ (ع/مذ) (قانون) حاشیہ پر لکھا ہوا گواہ - حاشیہ والے گواہ۔
مَرقُومہ (ع) تحریر شدہ - لکھا ہوا - رقم کیا گیا۔
مَرقُومہ بالا (عف/مذ) اُوپر لکھا ہوا - مسطورہ بالا۔
مُرکانا (ہ) بل دینا - موڑنا - مروڑنا۔
مَرکب (ع/مذ) سواری - سوار ہونے کی چیز جیسے کشتی - گھوڑا وغیرہ۔
مُرکّب (ع) ترکیب یافتہ - ملا ہوا - جُڑا ہوا - مخلوط - دوات کی سیاہی - مداد۔
مُرکّبات (ع/مذ) مُرکّب کی جمع - ملی ہوئی دوائیاں۔
مَرکر - یا - مَرکے (ہ) بڑی دقت سے - بڑی مشکل سے - بڑے جوکھوں سے - قریب مرگ ہوکر۔
مَرکر بچنا - یا - مرکے بچنا (ہ) مَرتے مَرتے بچنا۔

بمشکل تمام جانبر ہونا - دوبارہ جنم لینا - نئے سرے سے زندگی پانا۔
مرکر چھوٹنا (ہ) مرکر خلاصی پانا - جھگڑوں اور بکھیڑوں سے مرکر چھٹکارا پانا۔
مَرکز (ع/مذ) کسی چیز کے کھڑا ہونے کی جگہ - گاڑنے کی جگہ - مجازاً منجھ - درمیان - عین بیچ - بالکل - وسط - ناف - سنٹر - دائرہ کا وہ نقطہ جو اس کے اندر ہو اور جس سے محیط تک کھینچے ہوئے تمام خط باہم برابر ہوں - صدر مقام - کیمپ - جائے سکونت - جائے قرار - حرف کاف یا گاف پر کھینچی ہوئی آڑی لکیر - دورہ کرنے کی جگہ - کیلی - مانی میں آنے والی کیلی - دُھری۔
مرکز ثقل (ع/مذ) کسی جسم کا وہ نقطہ جس پر تمام اجزا ٹکے رہیں اور جسم گرنے نہ پائے۔
مرکز چرخ (ع/مذ) آسمان کا مرکز۔
مرکز خورشید (عف/مذ) شوربج کا مرکز - چوتھا آسمان۔
مرکز دولت (عف/مذ) پایہ تخت۔
مرکز زمین (عف/مذ) زمین کا وسط - کرۂ ارض کا بیچ۔
مُرکنا (ہ) ٹوٹنا - بل کھانا - مُڑنا۔
مَرکُوز (ع) گڑا ہوا - مضبوط کیا ہوا - مجازاً دل نشین - دل میں جمی ہوئی بات - پوشیدہ کیا گیا - منظور بات۔
مرکوز کرنا (ا/معں مرکب) ایک نقطہ پر جمع کرنا۔
مَرکھپنا (ہ) مرکر پیوند زمین ہو جانا - مرمرا جانا - مرکر تمام ہو جانا۔
مرکھیں (ہ) کلمۂ نفرت و بددعائیہ - محاورہ - غارت ہو - گم ہو - ناپید ہو - دفان ہو - دفع ہو۔
مُرکی (ہ/مث) کان میں پہننے کا ایک زیور - گوکھرو - دریچہ - کان کی لو - جیسے مُرکیاں بندھوا لو۔
مَرگ (ف/مث) موت - قضا - اجل - مرتو - کال۔
مرگِ انبوہ جشنے دارد (ف/مثل) عالمگیر مصیبت میں رنج کسی کو نہیں ہوتا - کیونکہ سب سے ایک ہی معاملہ ہوتا ہے۔
مرگِ مفاجات } (ف/مث) اتفاقی موت - وہ موت جو اچانک آجائے۔
مرگِ ناگہانی }
مرگِ ناگہاں } بے وقت کی موت۔
مرگ (ہ/مذ) ہرن - آہو کے نر - پانچواں نچھتر - حیوان - چوپایہ۔
مرگ ترشنا (ہ/مذ) سراب۔
مرگ چڑا (ہ/مذ) ایک چھوٹے سے پرندے کا نام جو ریت میں گھر بنا کر رہتا ہے۔
مرگ راج - یا - مرگ پتی (ہ) شاہِ حیوانات - شیر - سنگھ - اسد - باگھ۔
مرگ سالا (ہ/مذ) رمنا - ہرن کا کھیت - ہرن کے رہنے کی جگہ۔
مرگ لوچنی } (ہ) ہرن کی سی آنکھوں والا - آہو چشم - خوب صورت عورت - سندر استری۔
مرگا نینی }
مرگ نین }

مرگ مارنا (ہ) ہرن کا شکار کرنا۔ لڑکا پیدا ہونے پر باپ کا زچہ خانے میں کھڑا ہو کر چھت میں تیر مارنا اور اُسے نیک فال سمجھنا۔ یہ ایک رسم ہے۔

مرگ مدھ } (ہ/مث) کستوری۔ مُشک۔ مشک نافہ۔
مرگ نابھ } مذ } ہرن کی ناف۔

مرگھٹ (ہ/مذ) شمشان۔ مسان۔ ہندوؤں کے مُردے جلانے کی جگہ۔

مرگی (ہ/مث) ایک بیماری کا نام۔ اُم الصبیان۔ صرع۔

مرگی آنا۔ یا۔ اُٹھنا (ہ) مرض صرع کا دَورہ ہونا۔ غش آنا۔ بے ہوش ہو جانا۔

مرگیا (ہ/مذ) مرگی والا۔ وہ شخص جس کو مرگی کی بیماری ہو۔

مُرلا (ہ/مذ) مور کی تصغیر برائے محبت۔ پیارا مور۔ پیارا طاؤس۔ جس کے مُنہ میں دانت نہ ہو۔ پولا۔ پنجابی بھُچھا۔

مُرلی (ہ/مث) مُنہ سے بجانے کا ایک باجہ۔ بانسری۔ الغوزہ۔ بنسری۔

مُرلی بجنا (ہ) بانسری بجنا۔ اقبال یاور ہونا۔ طوطی بولنا۔ عیش سے گزارنا۔ دَور دورہ ہونا۔

مُرلی دھر (ہ/مذ) مُرلی والا۔ کرشن جی کا لقب ہے۔

مُرلیا (ہ/مث) مُرلی کی تصغیر۔

مُرلیا باجنا (ا/محاورہ) مُرلی کا بجنا۔ دست آنا۔

مُرکی (ع/مذ) ایک درخت اور اُس کے گوند کا نام۔ اس کا ذائقہ کڑوا ہونے کی وجہ سے یہ نام ہو گیا ہے۔

مُرم (ہ/مث) پتھریل مٹی۔ کنکریلی مٹی۔ وہ چکنی مٹی جو کنکروں میں سے جھاڑ جھاڑ کر نکال کر بارش کے دنوں میں چھتوں پر ڈالتے ہیں۔

مَرمّت (ع/مث) پھٹے پُرانے کی دُرستی۔ ٹوٹی پھوٹی چیز کو سنوارنا۔ دُرستی۔ ترمیم۔ سزا۔ مارپیٹ اور مار دھاڑ۔

مَرمّت طلب (ع) قابل دُرستی۔ ٹوٹا پھوٹا۔ ناقص۔ نا دُرست۔ دُرستی طلب۔

مَرمت کرنا (ف) دُرستی کرنا۔ سنوارنا۔ نقص دُور کرنا۔ سزا دینا۔ خوب پیٹنا۔ ٹھیک بنانا۔

مَرمٹنا (ہ) مرکر گُم ہو جانا۔ فنا ہو جانا۔ نیست و نابود ہو جانا۔ جان دے دینا۔ کسی پر عاشق ہونا۔

مرمد (ع/مذ) وہ شخص جس کی آنکھیں دُکھتی ہوں۔

مَرمَر (یونانی) ایک قسم کا چکنا پتھر جو سفید یا نیلگوں چمک دار ہوتا ہے۔

مَرمَر۔ یا مَرمَر کے۔ یا۔ مَرمَر کر (ہ) جان جوکھوں سے۔ بڑی مشکل سے۔ بدقت تمام۔ جان توڑ توڑ کر۔

مَرمَر بُڑھیا گیت گاوے بھولے لوگ تماشے آویں } (ا/مثل) ایک
مَرمَر ڈُوم گیت گاوے وتار کو ہانسی آوے } آدمی کے بعد مشکل ایک کام کو کرنے اور دُوسرے لوگوں کے اُس پر ہنسی اُڑانے کے وقت بولتے ہیں۔

مَرمَر کے بچنا۔ یا۔ جِینا (ہ) کسی مہلک مرض سے نجات پانا۔ مشکل سے جانبر ہونا۔ گور کا منہ جھانک کر آنا۔ نئے سرے سے زندگی پانا۔

مُرمُرا (ہ/مذ) بھُنے ہوئے چاول جنہیں چبانے وقت مُرمُر کی آواز نکلتی ہے۔

مُرمّم (ع) ترمیم کیا گیا۔ اصلاح کیا گیا۔ دُرست کیا گیا۔ سنوارا گیا۔ مرمّت کیا ہوا۔ ٹھیک کیا ہوا۔

مُرمّمہ (ع/مث) دُرست کی ہوئی چیز۔ ترمیم شدہ شے۔ مرمت کی ہوئی۔ اصلاح شدہ۔

مرموز (ع/صف) رمزیہ۔

مَرمُوئے (ہ/محاورہ) کلمۂ تنفر و دُعائے بد۔ غارت ہو کم بخت۔ مرمرد کے۔ دفع ہو۔

مَرن (ہ/مذ/مث) موت۔ مرگ۔ مرتو۔ قضا۔ مرنے کا وقت۔ وقت مرگ۔ جان دینا۔ مرنا۔

مَرن چلی اور شوک سامنے (ہ/مثل) حماقت تو دیکھو کہ مرنے لگ رہی ہے اور اس کے شگون دیتی ہے۔ یعنی مرنے کے واسطے بھی فال ڈھونڈتی ہے۔

مَرنا (ہ) جان دینا۔ فوت ہونا۔ وفات پانا۔ نہایت محنت کرنا۔ سخت کوشش کرنا۔ پسند ہونا۔ بھانا۔ دل میں بسنا۔ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ مائل ہونا۔ کشتہ ہونا۔ راکھ ہو جانا۔ سونا۔ نیند کرنا۔ تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ مرجھانا۔ کمُلانا۔

مَرنا جینا (ہ/مذ) موت اور زندگی۔ شادی غمی۔ رنج و راحت۔

مَرنا جینا لگ رہا ہے (ہ/محاورہ) زندگی کا کوئی اعتبار نہیں۔ دم میں کچھ ہے پل میں کچھ۔

مرنا مٹنا (ا/محاورہ) تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔

مرنج و مرنجاں (ف/صف) وہ شخص جو ہر حالت میں خوش رہے۔

مُرنڈا (ہ/مذ) بھُنے ہوئے گیہوں میں گُڑ ملا کر لڈو سے بنائے ہوئے۔ سوکھا ہوا۔ چُرمُر۔

مُرنڈا بنا دینا } (ہ) توڑ مروڑ کر گٹھڑی کر دینا۔ چُرمُر کر دینا۔
مُرنڈا کرنا۔ یا۔ کر دینا } سُکھا دینا۔ بھُونسنا۔ موہ لینا۔ عاشق بنا لینا۔ فریفتہ کر ڈالنا۔

مرنے تک کی فرصت نہیں } (ا/محاورہ) سخت مصروفیت ہے۔
مرنے کی بھی فرصت نہیں } دم بھر کی فرصت نہیں۔ ذرا دیر کی بھی مہلت نہیں ہے۔

مرنے جائیں ملار گائیں (ہ/مثل) بے پروا اور بے فکر آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔ یعنی مرنے کو بھی کھیل اور ہنسی سمجھ کر گیت گاتے جاتے ہیں۔

مرنے کو (ہ) مرنے پر تیار۔ مرنے کو مستعد۔ مرناؤ۔ گور میں پاؤں لٹکائے۔

مرنے کو بیٹھا ہے (ہ/محاورہ) مرنے والا ہے۔ کوئی دن کا مہمان۔ قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھا ہے۔

مرنے کو جی کرے کفن کا لوٹا۔ یا۔ مرنے کو چلے (ہ/مثل) نہایت غریب اور بہانہ خور آدمی کی بابت بولا جاتا ہے یعنی مرنے کو جاتا ہے اور کفن نہ ہونے کا بہانہ بناتا ہے۔ یا ایسا غریب ہے کہ کفن تک بھی نہیں لے جا سکتا۔

مرنے لگنا (ہ) جان دینے لگنا۔ کسی پر عاشق ہو جانا۔ فریفتہ ہو جانا۔

مرنے والا (ہ/مذ) متوفی - مرحوم - مغفور - مرا ہوا عاشق - شیدا - دلدادہ - بہادر - شجاع - سورما - جان جوکھوں میں پڑنے والا - موت پر آمادہ - مرنے کو تیار -

مَرو - یہاں روس اور افغانستان کی سرحد ملتی ہے - اور ٹرانس کیسپین ریلوے کی لائن بھی آتی ہے -

مَروا (ہ/مذ) ایک قسم کا خوشبودار پودا - ایک خوشبودار تلخ گھاس -

مَروارید (ف/مذ) موتی - لؤلؤ - دُرگوہر - سیپی کے اندر سے نکلے ہوئے گول گول دانے -

مَروانا (ہ) قتل کرانا - ہلاک کرانا - بُرا کام کرانا -

مُرَوّت (ع/مث) جوانمردی - بہادری - مردانگی - رعایت - لحاظ - سخاوت - فیاضی - توفیق - بھلمنسائی - انسانیت - اخلاق - خوش خلقی -

مُرَوّت کرنا - یا - برتنا (ہ) اخلاق سے پیش آنا - رعایت کرنا - لحاظ کرنا -

مُرَوّج (ع) رواج دیا گیا - رواج پایا ہوا - چلنا - رائج - جاری - موجودہ زمانہ کا - مستعمل - رسمی - معمولی -

مَرُوج (ہ/مذ) سُہاگ پڑنے کی خوشبودار چیزیں جو دلہن کی مانگ میں لگتے ہیں -

مروحہ (ع/مذ) دستی پنکھا -

مُرور (ع/مذ) گزرنا - چلا جانا - بیت جانا -

مَروڑ (ہ/مث) پیچ - بل - خم - پیچش - زحیر - غرور - اکڑ - اینٹھ - بل - نخوت - اینٹھن - کیڑے - کڑکڑی - غصّہ - خشم -

مروڑ باز (ہ/مذ) اینٹھے خاں - مغرور - متکبّر - اکڑ باز -

مروڑ پھلی (ہ/مث) ایک قسم کی بل دار پھلی جو پیچش کی دوا میں برتتے ہیں -

مروڑ پھینکنا (ہ) (محاورہ) موڑ توڑ کر پھینک دینا -

مروڑ کی بات (ہ/مث) پیچ دار بات - طعنے کی بات - بل دار بات - طنز کی بات -

مروڑا (ہ/مذ) اینٹھن - پیچش - وہ درد جو پاخانہ آتے وقت بے قرار کر دیتا ہے اور پیچ و تاب کے ساتھ اٹھتا ہے -

مروڑ اٹھنا (ہ) قراقر ہونا - پیچ و تاب ہونا - انتڑیوں میں سخت درد ہونا -

مروڑنا (ہ) بل دینا - موڑنا - اینٹھنا - پھیرنا - دبانا - دبوچنا - نچوڑنا - مسوسنا - توڑنا - کھانا - چٹ کرنا -

مروڑی (ہ/مث) بل - پیچ - گانٹھ - گرہ - آٹے کی وہ بتی جو روٹی پکاتے وقت ہتھیلیوں اور انگلیوں پر سے مل کر اتاری جاتی ہے -

مروڑی دینا (ہ) (محاورہ) موڑ توڑ کر پھینک دینا -

مروڑی کھانا (ہ) (محاورہ) بل کھانا -

مروڑے (ہ/مذ) مروڑا کی جمع -

مروڑیاں کھانا (ہ) (محاورہ) پیچ و تاب کھانا -

مُرَوّق (ع) صاف کیا ہوا - مُصفّا - مقطر - ٹپکایا ہوا - چھنا ہوا - خالص -

مُرَوَہ (ع/مذ) مکہ معظمہ کے قریب ایک پہاڑی کا نام - ایک بوٹی کا نام بھی ہے -

مُرہا (ہ/مذ) یتیم - نگوڑا ناٹھا - ڈھگی - شریر - نٹ کھٹ -

مرہٹا - یا - مرہٹہ (ہ/مذ) مہاراشٹر کا باشندہ - مہاراشٹر کے بہادر راجپوت - مرہٹہ قوم کا -

مرہٹی گھس گھس (ہ/مث) افراتفری - کھلبلی - بدنظمی - اندھیر - ہنگامہ - بلوہ -

مَرہم (ع/مذ) زخم پر لگانے یا پھاہے پر لگا کر زخم پر رکھنے کی گاڑھی اور چکنی دوا - مجازاً پٹی - پلستر - لیپ -

مرہم پٹی (ہ/مث) زخم کی دوا - زخم کا علاج -

مرہم دان (ع ف/مذ) مرہم رکھنے کا ڈبّا - مرہم کا بکس -

مُرہن (ہ/مث) تمباکو کا چورا - سوکھا کٹا ہوا تمباکو -

مرہون (ع) رہن کیا گیا - گرو رکھا ہوا -

مرہون منّت (ع) احسان کے بدلے گرو - ممنون - شکر گزار - ممنون -

مرہونہ (ع/صف) گرو رکھی ہوئی - رہن کی ہوئی چیز -

مُری (ہ/مث) وہ مروڑی جو ڈور بٹتے وقت اس میں پڑ جاتی ہے - گانٹھی - گنجلک -

مَری (ہ/مث) وبا - عام بیماری - مرگ عام - جیسے چیچک - ہیضہ - طاعون وغیرہ - ماری گئی - مُردہ ہوئی چیز - جانوروں کی بیماری - مرگا مرگ -

مری (ہ) ایک پہاڑ کا نام جہاں لوگ تبدیل آب و ہوا کے لیے آتے ہیں - جائے وقوع پاکستان، قریب راولپنڈی -

مری پڑنا (ہ) وبا پھیلنا - بکثرت اموات ہونا -

مری جوں (ہ) جوں جیسا سست - بے حد کاہل - کم رفتار - مُردہ سا -

مری لیا (ہ) موت لیا - مرن جوگا - مرنے کے قابل -

مُرِی (ع/مث) نرم ہڈی - چینی ہڈی - زخرہ گلے سے معدے تک کی نلی -

مری جان (ہ) محبت کا کلمہ - میرے پیارے - میری جان - عزیز من -

مِرّیخ (ع/مذ) ساتویں آسمان پر ایک ستارہ - منگل ستارہ - جلّاد فلک - لڑائی کا دیوتا -

مُرید (ع) ارادت رکھنے والا - عقیدت مند - معتقد - چیلا - بالکا - مطیع - فرمانبردار - تابع -

مَرید (ع) سرکش - نافرمان -

مُرید کرنا (ہ) بالکا بنانا - چیلا مونڈنا - تابع کرنا - فرمانبردار بنانا -

مریض (ع/مذ) روگی - بیمار - علیل - سقیم -

مَریل (ہ) نہایت دُبلا - بہت لاغر - مُردہ سا - نہایت ضعیف -

مریم (ع) لغوی معنی - کنواری کنیا - باکرہ - اصطلاحی پارسا - پاک دامن - اچھوتی - باعفّت - حضرت مسیح علیہ السلام کی والدہ کا نام -

مَرینو (انگریزی/مذ) میرینو بھیڑ کے اُون کا بنا ہوا کپڑا - مجازاً ہر ایک اُونی کپڑا (میرینو ملک سپانیہ میں ہوتا ہے - عوام جسے ملیشہ کہتے ہیں -

م - ڑ

مُڑ آنا (ہ) واپس آجانا - لوٹ آنا - اُلٹا چلا آنا -
مُڑ جانا (ہ) واپس ہو جانا - پھر جانا - خم کھا جانا - ٹیڑھا ہو جانا - خمیدہ ہو جانا -
مَڑاک (ہ/مث) بل - مروڑ - اینٹھ - اکڑ - کجی - ٹیڑھ - گُلبہ - قاعدہ - گُر - نتیجہ - کَل - توڑ جوڑ - جُگت - داؤ - گھات - حکمتِ عملی - جُوتے کی چُوں چُوں کی آواز -
مُڑ کر کروٹ نہ لینا (ہ/محاورہ) توجہ نہ کرنا - کچھ خبر نہ لینا -
مُڑ کر نہ دیکھنا (ہ) مُنہ پھیر کر نہ دیکھنا - بات نہ پوچھنا - پروا نہ کرنا -
مُڑ مُڑ کر دیکھنا (ہ) بار بار دیکھنا - پھر پھر کر دیکھنا - جُدائی کا افسوس ظاہر کرنا -
مُڑکن (ہ) ٹوٹنا - چٹکنا - آواز دینا -
مُڑنا (ہ) خم کھانا - خمیدہ ہونا - واپس ہونا - لوٹنا - پھرنا - اُلٹا پھرنا -
مُڑوانا (ہ) خمیدہ کرانا - واپس کرانا - لوٹانا - اُلٹا پھروانا -
مڑوڑنا (ہ) بل دینا - مروڑنا -
مڑوڑی (ہ/مث) مروڑی -
مڑھنا (ہ) منڈھنا - غلاف چڑھانا - پوشش کرنا - کھال چڑھانا -
مڑھی (ہ/مث) فقیر کی جھونپڑی - کُٹی - کُٹیا - مندر - معبد - منڈھی -
مڑی (ہ/مث) باغ کی کیاری - کھیت -

م - ز

مِز (ع) ترابُتی -
مَز (ع) پُجوسنا
مُز (ع) کھٹ مِٹھا -
مَزا (ف/مذ) سواد - لذّت - ذائقہ (فارسی لفظ مزہ سے بگڑا ہوا ہے -
مِزاج (ع/مذ) ترکیب - ملاوٹ - بناوٹ - ساخت - میل - ملاؤ - سرشت - خمیر - خاصیت - اثر -
مزاج آشنا (عف/صف) مزاج پہچاننے والا -
مزاج آنا (ہ) غرور آنا - دماغ ہونا - نخوت ہونا - تکبر ہونا -
مزاج اُٹھانا (ہ/محاورہ) ناز برداری کرنا -
مزاج بدلا ہونا (ہ/محاورہ) طبیعت کا رنگ کچھ کا کچھ ہونا -
مزاج برہم ہونا / مزاج بگڑنا } (ہ) مزاج پہ غصّہ طاری ہونا - طبیعت بگڑنا - دل ناراض ہونا - مزاج خراب ہونا -
مزاج بگاڑنا (ہ) رُخصت بگاڑنا - عادت خراب کرنا - طبیعت میں غصّہ پیدا کر دینا -
مزاج بے مزہ ہونا (ہ/محاورہ) بیمار ہونا - علیل ہونا -
مزاج پانا (ہ) طبیعت معلوم کرنا - رُخ پانا - توجہ پانا - دھیان پانا -
مزاج پُرسی کرنا (ہ) خیریت پوچھنا - طبیعت کا حال دریافت کرنا - سزا دینا - خبر لینا -
مزاج پیٹی (ہ) مزاج ٹک چڑھی - دماغ دار - مغرور -
مزاج تیز ہونا (ہ/محاورہ) غصّہ ور ہونا -
مزاج دار (ف) تمکنت والا - خود پسند - متکبر - مغرور - نازک طبع -
مزاج داں / مزاج شناس } (ف) عادت سے واقفیت والا - مزاج سے خبردار - مزاج میں دخیل - کسی کے مزاج اور سبھاؤ پر تصرف رکھنے والا -
مزاج شریف / مزاج مُبارک / مزاج عالی } (ہ/محاورہ) آپ کے مزاج اچھے ہیں - آپ خیریت سے ہیں - آپ کی طبیعت اچھی ہے -
مزاج کرنا (ہ) اِترانا - نخوت کرنا - ناک چڑھانا - غرور دکھانا - دماغ کرنا -
مزاج کے مارے (ہ/محاورہ) تکبر اور غرور کے باعث - تمکنت کے سبب سے -
مزاج میں آنا (ہ) دل میں آنا - خیال میں آنا - سمجھ میں آنا - نخوت کرنا - غرور کرنا - اِترانا - تمکنت دکھانا -
مزاج نہ پانا - یا - مزاج نہ ملنا (ہ) نہایت مغرور و متکبر ہونا - بے حد اِترانا - اپنے آپ کو دُور کھینچنا - مزاج سمجھ میں نہ آنا - غرور کے باعث مزاج کا حال معلوم نہ ہو سکنا -
مزاج والا (ہ) مغرور - متکبر - بدمغ - تمکنت والا -
مزاج ہونا (ہ) غرور ہونا - دماغ ہونا - تمکنت ہونا - نخوت ہونا -
مزاجاً (ع) طبیعت کے لحاظ سے - از رُوئے مزاج خاصیت میں - بالخواص -
مزاجن / مزاجو } (ہ/مث) خود پسند - مزاج دار - دماغ دار عورت - تمکنت والی -
مُزاح (ع/مث) ہنسی - ٹھٹھا - ظرافت - خوش طبعی - مذاق - چہل -
مزّاح (ع) خوش طبعی کرنے والا -
مزاحفات (ع) وہ بحر جس میں زحافات موجود ہوں - زحاف حرف گرنے کو کہتے ہیں جو زائد ہو -
مُزاحم (ع) اٹکانے والا - روکنے والا - مانع - عارج - معترض - حائل - آڑے آنے والا - سدِّ راہ -
مُزاحم ہونا (ہ) مانع ہونا - حائل ہونا - عارج ہونا - ہوتے کام کو بگاڑنا - چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا -
مُزاحمت (ع/مث) رکاوٹ - روک ٹوک - اٹکاؤ - ممانعت -
مزاحمت بے جا (عف/مث) قانون کے خلاف روک ٹوک -

مُزار (ع امذ) زیارت گاہ - بزرگوں کا مقبرہ - آستانہ - درگاہ - ظرانتہ ٹھکانا - جائے سکونت - مسکن - مکان -
مُزارِع (ع امذ) کھیتی باڑی کرنے والا - کسان - کاشتکار - جوتنا - زراعت کرنے والا -
مُزارِع چھپر بند (ا ر امذ) وہ کاشتکار جس کا حق قدیم سے چلا آتا ہو -
مزامیر (ع امذ) مزمور کی جمع - سازنگیاں - بانسریاں - نَے - مُرلی - راگ - گیت - مجازاً مراثیوں کے ساز - بھجن - استتی - راگ کے طور پر دُعا - داؤدؑ کا راگ - زبور -
مُزاولت (ع امث) کسی کام کو روز کرنا - روزمرّہ برتاؤ - مشق - استعمال - ورد - کوشش -
مَزبَلہ (ع امذ) وہ جگہ جہاں نجاست اور کوڑا کرکٹ پھینکتے ہیں -
مَزبُور (ع) اُوپر لکھا ہوا - جس کا ذکر اُوپر آچکا ہو - مذکورہ بالا -
مُزجات (ع) ہیچ پوچ - بے اعتبار - تھوڑا - اندک - ادنیٰ - ناچیز -
مُزخرَف (ع امث) جھوٹی بات - جعلی بات - بناوٹی بات - وہ جھوٹی بات جو سچی معلوم ہو -
مُزد (ف امث) اُجرت - مزدوری - تنخواہ - محنتانہ - صِلہ - بدلہ - جزا - پاداش -
مَزدُور (ف اتلی) اُجرت پہ کام کرنے والا - مزدوری کرنے والا - باربردار - پانڈیا - بوجھ اُٹھانے والا -
مزدُوری (ف امث) محنت - مشقت - کام - خدمت - اُجرت - محنتانہ - کام کا صِلہ -
مزدُوری لنڈوری (ر امحاورہ) مزدوری غیر مستقل چیز ہے - کبھی مل جاتی ہے کبھی نہیں ملتی -
مزرَع / مزرَعہ } (ع امذ) کھیت - کھیتی - کشت - چھوٹا گاؤں - زراعت کی جگہ -
مزرعِ آخرت (ع امث) آخرت کی کھیتی - بھلائی - نیکی - دُنیا سے بھی مراد ہوتی ہے -
مَزرُوعہ (ع) بوئی جُتی زمین - بویا ہوا کھیت - جوتا ہوا -
مُزَعفَر (ع امذ) زعفرانی زردہ - ایک قسم کا میٹھا پلاؤ جس میں کیسر زیادہ پڑتی ہے -
مَزعُوم (ع اصف) گمان کیا ہوا - زعم کیا ہوا -
مُزمِن (ع) زمانہ دراز کا - پُرانا - کہنہ - عموماً بیماری کی صفت میں آتا ہے -
مُزمّہ (ع امذ) گھوڑے کی گامچی یا مُونٹھ میں پچھاڑی کے ساتھ لگا ہوا چمڑے یا رسّی کا حلقہ جو گھوڑے کو آگے نہیں بڑھنے دیتا -
مُزمّہ لینا / مُزمّے لینا } (ر) تنگ کرنا - خبر لینا - ٹھیک بنانا - آڑے ہاتھوں لینا -
مزوَر (ف امذ) مزدُور کا مخفف - قلی - پانڈیا - بارکش -
مُزدلفہ - مکّہ معظمہ میں ایک مقام کا نام جہاں عرفات کو جاتے ہوئے ٹھہرتے ہیں -
مزہ (ف امذ) سواد - ذائقہ - لُطف - چسکا - لذّت - چاٹ - بہار - رس - جوبن - شباب - خوشی - خرّمی - عیش و نشاط - آنند - بھوگ - بلاس - حظّ - عادت - خُو - لت - رغبت - لپکا - سیر - تماشا - گت - درجہ - حالت - کیفیت - سزا - جزا - بدلہ -
مزہ اُٹھانا (ر) حظ اُٹھانا - لطف لینا - بُرے کام کا بدلہ پانا - دُکھ سہنا -
مزہ اُڑانا (ر) عیش منانا - لُطف حاصل کرنا - جوبن لُٹنا - بہار لُوٹنا -
مزہ آنا (ر) لذت آنا - لُطف آنا - حقیقت کُھلنا - کیفیت معلوم ہونا -
مزہ بھُولنا (ر امحاورہ) ذائقہ یاد نہ رہنا -
مزہ پانا (ر) کیے کی سزا بھوگنا - لُطف حاصل کرنا - حظ اُٹھانا -
مزہ پڑنا (ر امحاورہ) عادت پڑنا - چاٹ پڑنا -
مزہ تو یہ ہے (ر امحاورہ) لُطف اس بات میں ہے -
مزہ ٹپکنا (ر امحاورہ) لُطف کا نمایاں ہونا -
مزہ چکھانا (ر) سواد معلوم کرانا - ذائقہ چکھانا - سزا دینا - کیے کو پہنچانا -
مزہ دیکھنا (ر) ذائقہ معلوم کرنا - تماشا دیکھنا - سیر دیکھنا -
مزہ دینا (ر) لذت دینا - ذائقہ بخشنا -
مزہ کرکرا یا کھنڈت کرنا (ر) لُطف کھو دینا - رنگ میں بھنگ ڈالنا - بے لطفی کرنا - عیش کو خراب کر دینا -
مزہ لُوٹنا (ر) بہار لُوٹنا - عیش منانا - لُطف حاصل کرنا -
مزہ ہے / مزہ ہے } (ر امحاورہ) عجیب لُطف ہے - بڑا لُطف ہے -
مزہ اُڑانا (ر) عیش منانا - گلچھرّے اُڑانا - ہوس پوری کرنا -
مزے دار (ر) لذیذ - پُرلذّت - باذائقہ - نہایت پُرلُطف -
مزے کرنا (ر) لُطف اُڑانا - عیش منانا -
مزے کی بات (ر امث) ہنسی کی بات - پُرلُطف بات - تماشے کی بات -
مزے لُوٹنا (ر) حظ اُٹھانا - لذّت حاصل کرنا - لُطف اُڑانا - عیش منانا -
مزے میں آنا (ر) چاؤ میں آنا - خوشی میں آنا - اِترانا - ناز کرنا -
مَزید (ع امذ) زیادتی - افزونی - بڑھوتری - اضافہ - بڑھا ہوا - زیادہ کیا گیا - زیادہ کیا ہوا -
مزید برآں (ف) اس کے علاوہ - اس کے سوا - علاوہ ازیں -
مزیّن (ع) آراستہ کیا ہوا - سجایا گیا - زینت دیا گیا - مکلّف - سجا سجایا -
مزیدن (ف) چوسنا -

م - ژ

مُژدہ (ف امذ) خوشخبری - بشارت - مبارک باد - مُبارک ہو - تہنیت -

مُژدگان (ف امذ) قاصد کا انعام - خوش خبری لانے والے کی خوشی میں جو انعام دیا جائے -
مُژگان (ف امث) مژہ کی جمع - پلکیں -
مِژہ (ف امث) پلک برنی - پپنی -

م - س

مِس (ف امذ) تانبا - ایک معمولی دھات جس کے برتن بناتے ہیں -
مِس خام (ف امذ) کچا تانبا - کان سے نکالنے کے بعد صاف نہ کیا ہوا تانبا -
مِس گر (ف امذ) کسیرا - ٹھٹیرا - تانبے کے برتن بنانے والا -
مِس (ہ امذ) حیلہ - بہانہ -
مِس (ہ امث) روشنائی - سیاہی - مرکب - دوات کی سیاہی -
مِس (انگریزی امث) کنیا - کنواری - باکرہ - دوشیزہ - لڑکی - دُختر جوان لڑکی - بن بیاہی -
مَس (ہ امث) ہساری - فی ہل - بڑھیوں اور لوہاروں کا ششماہی اناج مقررہ فی ہل - ہل کی موٹھ - ہل کا خم دار اوپر کا حصہ -
مَس (ہ امث) مونچھوں کا رُونگٹا - سبزہ بروت - مونچھوں کا آغاز - رُواں -
مَس (ع امذ) چھونا - ہاتھ لگانا - بھوگ - جماع - رغبت - لگاؤ - رجحان - میلان -
مَس کرنا (ف) چھونا - ہاتھ لگانا - ٹٹولنا - معلوم کرنا - لمس کرنا -
مَس ہونا (ف) لگاؤ ہونا - میلان ہونا - رغبت ہونا - رُجحان ہونا -
مَسا (ع امذ) شام - شام کا وقت - صبح کی ضد -
مَسا کر کے (ہ) حد درجے کے - بہ مشکل تمام - زیادہ سے زیادہ - بہت سے بہت - کھینچ تان کے - مجازاً - بہت تھوڑا - قدرے قلیل -
مِسا (ہ امذ) موٹا اناج - سستا اناج - غریبوں کے کھانے کا اناج - خصوصاً چنا - اڑد - موٹھ - مونگ - لوبیے وغیرہ کا غلہ - گندم اور چنے کا ملا ہوا اناج -
مُسابقت (ع امث) باہم سبقت لے جانا - سبقت -
مساج (انگ امذ) جسم کو ہاتھوں سے ملنا تاکہ اعصاب کو تقویت پہنچے - مالش -
مَساجد (ع امث) مسجد کی جمع -
مَسّاح (ع) پیمائش کرنے والا - ناپنے والا -
مَساحت (ع امث) زمین کی پیمائش - زمین کی ماپ -
مَساس (ع امذ) چھونا - ہاتھ پھیرنا - ہاتھ سے ملنا - جماع - بھوگ بلاس -
مُساعِد (ع) مددگار - یاور - معاون - مجازاً - موافق - حسب مُراد -
مُساعدت (ع امث) مدد - یاری - یاوری - اعانت -

مَساعی (ع امث) مسعات کی جمع - کوششیں -
مساعیِ جمیلہ (ع امث) نیک کوششیں -
مسافت (ع امث) بیابان کی دُوری - منزل کا فاصلہ - دُوری - سفر - بُعد - سفر کی تکان -
مسافت اُٹھانا (ا ر / محاورہ) سفر کی تکان برداشت کرنا -
مسافت طے کرنا (ا ر / محاورہ) فاصلہ طے کرنا -
مُسافر خانہ (ع ف امذ) مسافروں کے ٹھہرنے کی جگہ - سرائے - کارواں سرائے -
مُسافرانہ (ع) مسافروں کی طرح - پردیسیوں کی طرح - مسافروں کی مانند -
مسافرت (ہ امث) سفر کرنا - سیاحی - مسافری - پردیس -
مُسافری (ا ر / امث) سفر - پردیس - سیاحی -
مَساکن (ع امذ) مسکن کی جمع - مقامات - جائے سکونت - مکانات -
مَساکین (ع امذ) مسکین کی جمع - کنگال - مُفلس - غریب - محتاج - فقیر - غُربا -
مَسالا (ع امذ) مصالح کا بگاڑ - کسی چیز کی تیاری کی ضروریات - سامان - نمک - مرچ - ہلدی - دھنیا - پیاز - لہسن وغیرہ - گوٹا - کناری - گوکھرو وغیرہ -
مَسالک (ع امذ) مسلک کی جمع - رستے - سڑکیں - راہیں -
مَسام (ع امذ) جسم سے پسینہ نکلنے کے سوراخ - بدن کا چھید -
مُسامحت (ع) چشم پوشی کرنا - طرح دینا - کسی چیز پر سوچ سمجھ کر توجہ نہ کرنا -
مَسا مَسا کر (ا ر / متعلق فعل) کھینچ تان کے - بڑی مشکل سے -
مَسان (ہ امذ) شمشان - مرگھٹ - بچوں کی ایک بیماری کا نام - جنوں اور ناپاک رُوحوں کو قابو کرنے کا علم - بھوت پدیا -
مُساندڑ (ا ر / امذ) خیال -
مَسانی (ہ امث) سیتلا کی ایک قسم - کھسرا - چھوٹی ماتا - سیتلا دیوی کی ایک بہن کا نام -
مُساوات (ع امث) باہم برابر کرنا - مساوی ہونا - برابری - ہمسری - یکساں ہونا - ہم وزن ہونا -
مُساوی (ع) ایک جیسا - برابر - یکساں - ہموزن - ہمسر -
مُساہمت (ع امث) شرکت - ساجھا - قرعہ اندازی -
مَسائل (ع امذ) مسئلہ کی جمع - پوچھنے کے قابل باتیں - دریافت طلب امور - سوال - مسئلے - مذہبی احکام - اصول - مذہب - مذہبی قاعدے - طریقے -
مُسبَّب (ع) سبب کیا گیا - باعث - وجہ - سبب -
مُسبِّب (ع امذ) سبب پیدا کرنے والا - وجہ بتا دینے والا -
مُسبِّبُ الاسباب (ع امذ) کسی کام کے ہونے کا سبب پیدا کر دینے والا - کوئی سبب بنا ڈالنے والا - خدا وند کریم -
مُسبِّبِ حقیقی (ع امذ) اصل مُسبِّب - قادرِ مطلق - سرب شکتی مان -
مَسبُوق (ع) گزشتہ - گزرا ہوا -
مسبُوق الذکر (ع امذ) جس کا ذکر پہلے گزر چکا ہو -

مَست (ف) نشہ میں چُور۔ مدھ ماتا۔ شرابی۔ متوالا۔ مخمور۔ مدہوش۔ سرشار۔ بے ہوش۔ مجذوب۔ دیوانہ۔ بے پروا۔ بے فکر۔ متکبر۔ مغرور۔ پُرشہوت۔ مد پر آیا ہوا۔ جوبن پر آیا ہوا۔ فارغ البال۔

مَست آواز (ف/مث) وہ آواز جو سننے والے میں سرور پیدا کرے۔

مَستِ الست / مَستِ ازل / مَستِ ازلی (ع/مذ) وہ شخص جو روزِ ازل سے مست ہو۔ اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ کا خدائی قول سننے کے روز سے ہی مست۔ قدرتی مست۔ اناری مست۔

مَست بوک (ف/مذ) مستی میں بھرا ہوا بکرا۔ بالکل جوان بکرا۔

مَست قلندر / مَست مولا (ف/مذ) بے پروا۔ آزاد۔ بے فکرا درویش۔ بے سُدھ آدمی۔ بے پروا آدمی۔

مَست ہو جانا (ف) متوالا ہو جانا۔ نشے میں چُور ہو جانا۔ مدہوش ہونا۔ بے سُدھ ہونا۔ پھولنا۔ اترانا۔ گھمنڈ کرنا۔ متکبر ہونا۔ شہوت سے پُر ہو جانا۔ جوبن میں بھرنا۔ مدماتا ہونا۔ مگن ہونا۔ خوش ہونا۔ اَمند ہونا۔ دیوانہ ہونا۔ مجذوب ہونا۔ پاگل ہونا۔

مُستَاجِر (ع/مذ) ٹھیکہ دار۔ اجارہ دار۔ پٹی دار۔ کاشت کار۔ زمیندار۔

مُستَاجری (ف/مث) ٹھیکیداری۔ اجارہ داری۔

مُستَاصَل (ع/مذ) جڑ سے اکھڑا ہوا۔ برباد۔

مُستَاصِل (ع/مذ) جڑ سے اکھاڑنے والا۔

مُستان (ف/مذ) سڑی۔ مجذوب۔ مست۔ دلابیقل آدمی۔

مُستا جانا (ف) مست ہونا۔ مد پر آنا۔ اُمنگ پر آنا۔ اُٹھنا۔ مدھ ماتا ہو جانا۔ مستی میں بھرنا۔

مستانہ (ف) مستوں کی طرح۔ مثلِ مستاں۔ متوالوں کی مانند۔ وہ آدمی جس کی حرکات و سکنات مستوں کی سی ہوں۔

مستانہ چال (ف/مث) جھومتی جھامتی چال۔ متوالے کی سی رفتار۔

مستانی (ف/مث) مدماتی۔ پُرشہوت عورت۔ دیوانی۔ باؤلی۔

مُستَبشِر (ع/مذ) خوشخبری چاہنے والا۔

مُستَتِر (ع) پردے میں ہونے والا۔ چھپنے والا۔ وہ ضمیر فاعلی جو ظاہر نہ ہو۔

مُستَثنےٰ (ع) چھانٹا گیا۔ علیحدہ کیا گیا۔ الگ کیا گیا۔ ماسوا۔ بجز۔ اِلّا۔

مُستَثنےٰ کرنا (ف) کئی چیزوں میں سے ایک چیز کو الگ کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ چھوڑ دینا۔

مُستَثنےٰ مِنہ (ع/مذ) جن میں سے نکالا گیا ہو۔ وہ اشیاء یا آدمی جن میں سے کسی کو الگ کر لیا گیا ہو۔

مُستَجاب (ع) جواب دیا گیا۔ مجازاً مانا گیا۔ منظور کیا گیا۔ قبول کیا گیا۔

مُستَجمَع (ع/مث) جمع ہونے کی جگہ۔

مُستَجیر (ع) پناہ ڈھونڈنے والا۔

مُستَحَب (ع) پسند کیا گیا۔ پسندیدہ۔ محبت کیا گیا۔ اصطلاحِ شرعی میں وہ فعل جسے رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پسند فرما کر کبھی خود کیا یا اس کا ثواب بیان فرمایا ہو۔

مُستَحسَن (ع) نیک کیا گیا۔ پسندیدہ۔ بہتر۔ عمدہ۔ نیک۔

مُستَحِق (ع) حق دار۔ حق پانے والا۔ حق رکھنے والا۔ دعویدار۔ سزاوار۔ قابل۔ لائق۔ مستوجب۔ درویش۔ مفلس۔ نادار۔ کنگال۔

مُستَحِق ٹھہرانا (ف) کسی کو حق دار قرار دینا۔ قابل جاننا۔ لائق سمجھنا۔

مُستَحکَم (ع) قائم رہنے والا۔ مضبوط۔ سخت۔ پائدار۔ پکا۔ اٹل۔ اچل۔

مُستَدعی (ع) خواہش مند۔ چاہنے والا۔ استدعا کرنے والا۔ ملتجی۔ متمنی۔

مُستَدیر (ع) گول۔ مدوّر۔ گولائی دار۔

مُستَرد (ع) رد کیا گیا۔ لوٹا گیا۔ واپس کیا گیا۔

مِستری (ف) ماسٹر کا بگاڑ۔ کاریگروں کا سردار۔ دستکاروں کا افسر۔ مجازاً ہر ایک کاریگر۔ کسی پیشہ کا کاریگر۔

مُستَسقی (ع) سیرابی مانگنے والا۔ استسقاء کی بیماری والا۔ پیاسا۔ تشنہ۔ جلندر کی بیماری والا۔ جلندری۔ جلودری۔

مُستَطاب (ع) پاک آیا ہوا۔ خوش۔ عمدہ۔ اچھا۔ مبارک۔ خوب۔

مُستَطیل (ع/مذ) لمبا جسم۔ طویل سطح۔ وہ سطح جس کا طول زیادہ اور عرض کم اور چاروں زاویے قائمے ہوں۔

مُستَعار (ع) اُدھار لیا ہوا۔ مانگے لیا ہوا۔ مانگا ہوا۔

مُستَعار دینا (ف) مانگے دینا۔ اُدھار دینا۔

مستعجل (ع) جلدی کرنے والا۔ تعجیل کرنے والا۔ جلدباز۔

مستعجلانہ (عف/صف) جلدبازانہ۔

مُستَعِد (ع) تیار۔ آمادہ۔ کمربستہ۔ چُست۔ چالاک۔ ہوشیار۔

مُستَعِد ہونا (ف) تیار ہونا۔ کمربستہ ہونا۔ موجود ہونا۔ لائق ہونا۔ قابل ہونا۔

مُستَعفی (ع) استعفا دینے والا۔ نوکری چھوڑنے والا۔

مُستَعمَرہ (ع/صف) آبادی۔ کالونی۔

مُستَعمَل (ع) عمل میں لایا ہوا۔ برتا ہوا۔ کام دیتا ہوا۔ مروّج۔ سیکنڈ ہینڈ۔

مُستَعین (ع/صف) مدد چاہنے والا۔

مُستَعیر (ع) رعایت چاہنے والا۔

مُستَغاث (ع/مذ) وہ جس سے فریاد چاہیں۔

مُستَغرِب (ع/صف) وہ مشرقی جو مغربی علوم کا ماہر ہو۔

مُستَغرَق (ع) ڈوبا ہوا۔ غرق شدہ۔ نہایت مصروف۔

مُستَغفِر (ع) گناہوں کی بخشش چاہنے والا۔

مُستَغنی (ع) بے پروا۔ دولت مند۔ غنی۔ مال دار۔ فارغ البال۔ آسودہ حال۔ مطمئن۔

مُستَغیث (ع/مذ) استغاثہ کرنے والا۔ فریادی۔ نالشی۔ مدّعی۔ دعوے دار۔ سائل۔ اپیلانٹ۔

مُستَغیث الیہ (ع/مذ) جس کی طرف دعویٰ کیا گیا ہو۔ مدّعا علیہ۔ فریقِ مخالف۔ طرفِ ثانی۔ رسپانڈنٹ۔

مُستَفسِر (ع) پوچھنے والا۔ کھوجی۔ تحقیق کرنے والا۔ استفسار کرنے والا۔

مُستَفِید (ع) فائدہ کا طالب۔ فائدہ چاہنے والا۔
مُستَفِیض (ع) فیض کا خواہاں۔ طالب۔ فائدہ چاہنے والا۔
مُستَقبِل (ع) سامنے آنے والا۔ آئندہ۔ آگے آنے والا۔ زمانۂ آئندہ وقت۔ وہ فعل جس میں زمانۂ آئندہ پایا جائے۔
مُستَقَر (ع/مذ) جائے قرار۔ ٹھکانا۔ مُقَر۔
مُستَقِل (ع) پکا۔ پائدار۔ مضبوط۔ مُستحکم۔ اٹل۔ اچل۔ ہمیشہ۔ استوار۔ قائم۔
مُستَقِل مزاج (ل) ثابت قدم۔ دھیما۔ متین۔
مستقیم (ع) سیدھا۔ راست۔ کج کی ضد۔ سیدھا کھڑا ہوا۔ عمود وار۔
مُستَکبِر (ع) گھمنڈی۔ مغرور۔ متکبر۔ بدمغ۔
مُستَلزِم (ع) لازم پکڑنے والا۔ کسی کام کو اپنے اوپر لازم کر لینے والا۔
مُستَلزِم سزا (عف) قابل سزا۔ سزا کے لائق۔ واجب التعزیر۔
مُستَمِر (ع) ہمیشہ رہنے والا۔ دائم۔ پائدار۔ مستقل۔ مضبوط۔ پیوستہ۔
مُستَمَند (عف) (ست بمعنی غم اور مند بمعنی والا) غمگین۔ غمناک۔ مجازاً حاجت مند۔ محتاج۔
مُستَنَد (ع) سند یافتہ۔ مُعتمد۔ تصدیق کیا گیا۔ سندی۔ ٹھیک۔ معتبر۔ قابل اعتبار۔ قابل اعتماد۔
مُستَنبَط (ع) باہر لایا گیا۔ نکالا گیا۔ اخذ کیا گیا۔ چُنا گیا۔
مُستَوجِب (ع) واجب۔ لائق۔ قابل۔ عائد ہونے والا۔ لازم ہونے والا۔
مُستَودِع (ع) امانت نگاہ رکھنے والا۔
مُستُور (ع) چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ مخفی۔
مَستُورات (ع/مث) پردہ میں بیٹھنے والیاں۔ پردہ نشیں۔ مجازاً عورتیں۔ زنانے۔
مَستُور (ع) چھپا ہوا۔ پوشیدہ شدہ۔
مَستُول (پرتگالی/مذ) جہاز کا بادبان۔ کشتی یا جہاز کا ستون۔
مُستَوِی (ف/مذ) ہموار۔ برابر۔ یکساں۔
مستوں کے گھوڑے (ل/صف) احمق۔ بے وقوف۔
مُستَہام (ع/صف) سرگشتہ۔ حیران۔ پریشان۔
مَستی (ف/مث) بے ہوشی۔ مدہوشی۔ نشہ۔ خُمار۔ مدھ۔ شہوت کا جوش۔ چہل۔ خواہش نفسانی۔ خوشی کی حرکات۔ آنند۔ وہ پانی جو جوش کی حالت میں کسی درخت یا پہاڑ یا حیوان سے ٹپکتا ہے۔ حیوانات کی منی۔
مَستی آنا (ل) گرم ہونا۔ شہوت میں بھرنا۔ ستایا جانا۔ مدماتا ہونا۔
مَستی چڑھنا (ل) شہوت کا جوش مارنا۔ متوالا ہونا۔ مستی میں ہونا۔
مَستی اُٹھنا } (ل) آنگ پر آنا۔ شہوت کا زور کرنا۔
مَستی چھُوٹنا } جماع کی رغبت ہونا۔
مستی ہونا } شہوت کی لہر اُٹھنا۔
مَستی جھاڑنا (ل) مستی نکالنا۔ نشہ اُتارنا۔

مستی نکالنا۔ شرارت نکالنا۔ نشہ ہرن کرنا۔
مُسَنٹ (س/مث) خاموشی۔ سکوت۔
مسٹ مارنا (ل/محاورہ) سنّاٹا بن جانا۔
مِسٹر (انگریزی/مذ) صاحب۔ میاں۔ لالہ۔ مہاشہ۔ حضرت۔ جناب۔
مُسٹنڈا (ہ/مذ) (حقارتاً) بہت موٹا۔ ہٹّا کٹّا۔ جسیم۔ تیار۔ فربہ اندام۔ سنڈ۔ مُسٹنڈا۔
مُسٹنڈی (ہ/مث) موٹی عورت۔ ہٹی کٹی۔ موٹی تازی عورت۔
مَسجِد (ع/مث) سر جھکانے کی جگہ۔ سجدہ کی جگہ۔ نماز پڑھنے کی جگہ۔ عبادت خانہ۔ مسلمانوں کی عبادت گاہ۔ خدا کا گھر۔
مَسجِد ٹھنڈی کرنا } (ل) مسجد گرانا۔ خدا کا گھر گرانا۔
مَسجِد ڈھانا } بڑا بھاری گناہ کرنا۔
مَسجِد ڈھے گئی محراب رہ گئی (ل/مثل) اصل چیز جاتی رہی۔ صرف نشانی اور نام باقی رہ گیا۔
مُسَجَّع (ع) قافیہ بند۔ باقافیہ بات۔ مقفیٰ عبارت۔ تُک بندی والی بات۔ وہ عبارت جس کے الفاظ ہم قافیہ یا ہم وزن ہوں۔
مُسَجَّل۔ (ع/مذ) حاکم یا قاضی کی مُہر لگا ہوا کاغذ یا نامہ۔
مَسجُود (ع) سجدہ کیا گیا۔ جسے سجدہ کریں۔
مَسح (ع/مذ) ہاتھ پھیرنا۔ ہاتھ ملنا۔ وضو کرتے وقت پانی ہاتھوں پر ڈال کر پیشانی کی جڑ سے لے کر تمام سر پر ہاتھ پھیرنا۔
مَسحی (ع/مث) صابر یا چمڑے کا موزہ جس پر مسح جائز ہو۔
مَسخ (ع) صُورت بدل کر بدشکل ہو جانا۔ انسانی صُورت سے حیوان ہو جانا۔ اچھی شکل سے بُری شکل ہو جانا۔
مَسخ ہو جانا (ل) اچھی سے بُری صورت ہو جانا۔ صُورت بگڑنا۔ چہرہ لپٹنا۔ چہرہ پلٹ جانا۔ تیرہ (۱۳) شخص ہیں جن کو خدا تعالےٰ نے افعالِ بد کی وجہ سے سزا دی ہے۔ اور چہرہ مسخ کیا گیا ہے۔
۱۔ ہاتھی۔ یہ مرد اِغلام کرتا تھا۔
۲۔ ریچھ۔ یہ مرد مردوں کو خنثہ بناتا تھا۔
۳۔ خرگوش۔ یہ عورت بعد حیض غسل نہ کرتی تھی۔
۴۔ بچھو۔ یہ مرد چغل خور تھا۔
۵۔ سوسمار۔ یہ مرد ڈاکو تھا۔
۶۔ سُوّر یا خنزیر۔ یہ مرد پیمبر وقت کا استہزا کرتا تھا۔
۷۔ لومڑی۔ یہ مرد چور تھا۔
۸۔ کچھوا۔ یہ مرد حرام کار تھا۔
۹۔ کوّا۔ یہ مرد مغرور تھا۔
۱۰۔ ناختہ۔ یہ چغل خور تھی۔
۱۱۔ چڑیا۔ یہ حرام کا مال کھاتی تھی۔
۱۲۔ چمگادڑ۔ یہ عورت اُجرت لے کر نوحہ کرتی تھی۔
۱۳۔ اُلّو۔ یہ مرد مذہب بدل کر کافر ہو گیا تھا۔
مُسَخَّر (ع) قبضہ کیا گیا۔ فتح کیا گیا۔ تابع کیا گیا۔ تسخیر کیا گیا۔
مَسخَرہ (ع/مذ) ٹھٹھے باز۔ مخولیا۔ ظریف۔ مذاقیا۔

مُسخرہ بازی (ع ف/مث) مسخرہ پن۔
مُسخرہ پن (ف/مذ) ہنسی۔ ٹھٹھا۔ مذاق۔ ظرافت۔
مسخری کرنا (ا/محاورہ) مذاق کرنا۔ ہنسی اڑانا۔
مسخری میں اڑا ڈالنا (ا/محاورہ) کسی بات کا مذاق میں ٹال جانا۔
مُسَدّس (ع) چھ ضلعوں والی شکل۔ چھ کونیا۔ وہ نظم جس کے چار مصرعے ہم قافیہ اور آخری بیت گرہ کے طور پر دوسرے قافیے کی ہو۔
مَسدُود (ع) روکا ہوا۔ روکا گیا۔ بند۔ رُکا ہوا۔
مُسَدّس (ع/مث) خوشی۔ خرمی۔ شادمانی۔ فرحت۔
مَسَرّت (ع/مث) خوشی۔ شادمانی۔ انبساط۔
مُسرِف (ع) اسراف کرنے والا۔ فضول خرچ۔ کھاؤ لٹاؤ۔ بے جا خرچ کرنے والا۔
مَسرُور (ع) مگن۔ خوش و خرم۔ شاد۔ شادمان۔
مُسَطّح (ع) بچھا ہوا۔ پھیلا ہوا۔ چوڑا۔ کھلا۔
مِسطَر (ع/مذ) سطریں کھینچنے کا آلہ۔ رول کرنے کا آلہ۔ سطروں کے لیے ڈوریں سیا ہوا کاغذ۔ بلیک لائن۔ چیپٹی۔ لوہے کی پٹی۔
مَسطُور (ع) سطر کیا گیا۔ سطریں کھینچا ہوا۔ اوپر لکھا ہوا۔ تحریر شدہ۔ مرقومہ بالا۔
مسعود (ع) نیک۔ نیک بخت۔ بختاور۔ سعادت مند۔
مَسقَطُ الرّاس (ع/مذ) جائے پیدائش۔ جنم بھوم۔ جنم استھان۔ مولد۔ وطن۔
مُسَقّف (ع) چھت ڈالا ہوا۔ پٹا ہوا۔ پاٹا گیا۔
مَسک (ہ/مث) کسی دباؤ یا زور سے کپڑے کا ذرا سا پھٹ جانا۔
مَسک جانا (ہ) ذرا سا پھٹ جانا۔ چاک ہو جانا۔
مُسکا (ہ/مذ) چوپایوں کے منہ پر چڑھا ہوا چھینکا تاکہ وہ کھڑی کھیتی یا اناج پر منہ نہ ڈالیں۔
مُسکانا (ہ) ٹوٹنا۔ چوڑیوں وغیرہ کا چٹ چٹ ہو جانا۔
مُسکِر (ع/مث) سُکر یعنی نشہ لانے والی چیز۔ مستی لانے والی شے۔
مُسکِرات (ع/مث) مسکر کی جمع۔ نشہ لانے والی اشیاء۔
مُسکرانا (ہ) منہ ہی منہ میں ہنسنا۔ تبسم کرنا۔ کم کم ہنسنا۔
مسکراہٹ (ہ/مث) تبسم۔ وہ ہنسی جس میں دانت نہ کھلیں۔
مَسکَن (ع/مذ) رہنے کی جگہ۔ مکان۔ گھر۔ جائے سکونت۔ ٹھور ٹھکانا۔ مقام۔ قیام گاہ۔
مُسَکّن (ع) تسکین دینے والا۔
مُسکنا (ہ) تڑکنا۔ چٹ ہونا۔ تڑقنا۔ ٹوٹنا
مَسکَنَت (ع/مث) مسکینی۔ غریبی۔
مِسکوٹ (ہ/مث) ایک ہی دسترخوان پر کھانے والے۔ ہم طعام۔ ہم پیالہ و ہم نوالہ۔ صلاح۔ مشورہ۔ کھانا۔ طعام۔ گروہ۔ جماعت۔

مِسکوٹ کرنا (ا) صلاح کرنا۔ مشورہ کرنا۔ پنچایت جوڑنا۔
مَسکورا (ا/مذ) سوڑھا۔
مُسکوڑا (ہ/مذ) کروٹ کے رخ کا دھچکا۔ بل۔
مُسکوڑا لینا۔ یا۔ مارنا (ہ) دفعتہً کروٹ بدلنا۔ دھچکے سے پہلو بدلنا۔
مَسکُوک (ہ) سکہ زدہ۔ سکہ کیا گیا۔ ٹھپا لگا ہوا۔ سرکاری چھاپ کا سکہ۔
مَسکُون (ع/صف) آباد۔ رہنے کے قابل۔
مَسکہ (ف/مذ) بن تایا گھی۔ مکھن۔ کچا۔ خوشبودار گھی۔
مسکہ لگانا (ا/محاورہ) خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔
مِسکین (ع) نہایت بے حرکت۔ مجازاً فاقہ سے ناطاقت شدہ۔ غریب۔ کنگال۔ نادار۔ مفلس۔ نمانا۔ خاکسار۔ گئو۔ آدھین۔ بردبار۔ حلیم۔ فروتن۔
مِسکین صورت (ف/مذ) غریبانہ صورت والا۔ طنزاً شریر آدمی۔ گربہ مسکین۔ غریب بدمعاش۔ مسکین شکل کا۔
مِسکین طبع (ف/مذ) فروتن۔ متواضع۔ نرم طبیعت والا۔ بالکل بے شر۔
مِسگر (ف/مذ) ٹھٹیرا۔ برتن بنانے والا۔
مِسَل (ہ/مث) مقدمہ کے کاغذات کا مجموعہ۔ روداد مقدمہ۔ مقدمہ کی کیفیت۔
مَسَل ڈالنا (ا) کچل ڈالنا۔ مل ڈالنا۔ پاؤں سے روند ڈالنا۔
مَسَل کر (ہ) روند کر۔ توڑ مروڑ کر۔ مل دل کر۔ چُرمُر کر کے۔
مُسَلّح (ع) ہتھیار بند۔ کمربستہ۔ شستر لگائے۔ شستر دھاری۔
مُسَلّح ہونا (ا) شستر لگا کر تیار ہو جانا۔ ہتھیار لگا لینا۔ کمربستہ ہونا۔ لڑنے کو کیل کانٹے سے لیس ہونا۔
مُسَلسَل (ع) سلسلہ بندی کیا گیا۔ مجازاً ایک کے بعد دیگرے۔ متواتر۔ لگاتار۔
مُسَلّط (ع) قبضہ کرنے والا۔ قابض۔ غالب۔ طاقتور۔ زورآور۔
مَسلَک (ع/مذ) جائے سلوک۔ چلنے کی جگہ۔ رستہ۔ راہ۔ سڑک۔ قاعدہ۔ طریقہ۔
مُسَلّم (ع) برقرار رکھا گیا۔ کامل۔ پورا۔ ثابت۔ سموچا۔ سب۔ سارا۔ مانا گیا۔ تسلیم کیا گیا۔ ماننے کے قابل۔ بلا اعتراض۔ درست۔ بجا۔ ٹھیک۔ ضرور۔ واجب۔ فرض۔ برقرار۔ بحال۔ یقین کیا گیا۔ اعتبار کیا گیا۔ سونپا گیا۔ سپرد کیا گیا۔ امانت دیا گیا۔ چھت پاٹنے کا تختہ۔
مُسلِم (ع) اسلام رکھنے والا۔ مسلمان۔ محمدی۔ اہل اسلام۔ حضرت علیؑ کے بھتیجے کا نام جو کوفے والوں کے ہاتھ سے شہید ہوئے تھے۔
مُسلمان (ف/مذ) مذہب اسلام کا پیرو۔ دین محمدی کا پیرو۔ مومن۔
مسلمان کرنا (ا/محاورہ) غیر مذہب کے کسی شخص کو اسلام میں داخل کرنا۔

مُسلمان ہونا (ل) اسلام لانا - اسلام پر ایمان لانا - دینِ محمدی میں شامل ہونا -

مُسلمانی (ف) اسلام سے نسبت رکھنے والا - اسلام - اسلامیت - ختنہ - سُنّت - مسلمان کی عورت - مسلمان عورت -

مُسلمانیاں (ل / مث) ختنہ - سُنّتیں - مسلمان عورت -

مُسلِمہ (ع / صف) مسلمان عورت -

مُسَلَّمہ (ع / صف) تسلیم شدہ امور -

مَسلنا (ہ) ہاتھوں سے رگڑنا - مَلنا - دَلنا - روندنا - پامال کرنا - کچلنا - دبانا - پیسنا -

مُسلِمین (ع / مذ) مسلم کی جمع - مسلمان لوگ -

مَسلوب (ع) چھین لیا گیا - سلب کیا گیا - مٹایا گیا - مٹایا ہوا - نیست و نابود کیا گیا -

مَسلُوبُ الحواس / مَسلُوبُ العقل (ع / مذ) وہ شخص جس کے ہوش و حواس چھین لیے گئے ہوں - دیوانہ - پاگل - مجنون - سودائی - مخبوط الحواس -

مَسلُوک (ع) سلوک کیا گیا - احسان کیا گیا - جاری کیا گیا - رواں کیا گیا -

مَسلُول (ع) سِل زدہ - سِل کی بیماری والا - سِل کا بیمار -

مَسئلہ (ع / مذ) سوال - پوچھی ہوئی بات - مذہبی اصول - دینی قانون -

مُسمّاۃ (ع / مث) عورت کے لیے ردیفِ اسم - نام رکھی گئی -

مِسمار (ع / مث) میخ - کیل - کیلی -

مِسمار کرنا (ل) ڈھانا - گرانا - تباہ کرنا - اینٹ سے اینٹ بجانا - اُجاڑنا -

مِسماع (ع / مذ) سُننے کا آلہ -

مُسمُسی (ہ) دیکھنے میں غریب - ظاہر میں مسکین - گھُنّا - چُپ - حرام زادی -

مَسمُوع (ع) سُنا گیا - سماعت کیا گیا - قبول کیا گیا -

مَسمُوم (ع) زہر دیا گیا - وہ شخص جس کو زہر کھلا دیا گیا ہو -

مُسمّٰی (ع) نام رکھا گیا - موسوم - نامی -

مِسمریزم (انگریزی / مذ) ایک علم کا نام ہے جس میں تصور یا خیال باندھ کر انسان یا حیوان کو بے ہوش کر دیتے ہیں -

مُسِن (ع) بُوڑھا - پُرانا - کہنہ - پراچین - عمر رسیدہ - سن رسیدہ - تجربہ کار - دانا کاروان -

مُسنا (ہ) کملا ڈلا جانا - ملنے میں آنا - بل پڑنا - موچ آجانا - لُٹنا - غارت ہونا -

مَسنَد (ع / مث) تکیہ - تکیہ لگا کر بیٹھنے کی جگہ - امیرانہ گدی - سنگھاسن - تخت -

مَسنَد آرا (ع ف / مذ) مسند کو سجانے والا - مسند نشین - زیبِ مسند -

مَسنَد تکیہ (ع ف / مذ) گدی اور تکیہ -

مَسنَد نشین ہونا (ل) گدی پر بیٹھنا - تخت پر بیٹھنا - تخت یا گدی کا وارث ہونا -

مَسنَد نشینی (ل / مث) راج تلک - راج گدی - تخت نشینی - جلوس -

مُسنَد (ع / مذ) لغت میں ٹیک لگا کر - اصطلاح میں خبر جو مبتدا کی ضد ہے - سنے پالک بیٹا -

مُسنَد الیہ (ع / مذ) علمِ نحو میں مبتدا -

مَسنُون (ع) سُنّت کی گئی - جائز - وہ فعل جو شرعاً جائز اور منسوب بہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہو -

مِسواک (ع / مث) داتن - دتون - دانت صاف کرنے کی لکڑی -

مِسواک کرنا (ل) دانتوں کو داتن سے صاف کرنا -

مُسوانا (ہ) لٹوانا - چوری کروانا - غارت کرانا - ملانا - مسکوانا -

مُسوّدہ (ع / مذ) لکھا ہوا - مجازاً سرسری تحریر - رف کاپی - مضمون - مطلب - مُدّعا - ارادہ - منصوبہ -

مُسوّدہ گانٹھنا (ل) مضمون سوچنا - مضمون بنانا - منصوبہ گانٹھنا -

مَسور (ہ / مث) ایک قسم کا غلّہ جس کو دال بنا کر یا ثابت ہی سالن کی طرح پکاتے ہیں - عدس -

مَسوڑا (ہ / مذ) دانتوں کی جڑوں کا گوشت - دانتوں کی جگہ -

مَسوس (ہ / مث) مروڑ -

مَسوسنا (ہ) بل دینا - اینٹھنا - مروڑنا - دبانا - نچوڑنا - تھامنا - روکنا - ضبط کرنا - شکایت نہ کرنا - پچھتانا - غم کرنا - غم کھانا - جبراً صبر کرنا - کسی صدمے کے باعث دل پر ہاتھ رکھنا -

مسولنگھی - انگریزی شاعر بائرن کے وفات پانے کا مقام -

مَسہری (ہ / مث) چھپر کھٹ - ایک قسم کا پلنگ جس پر مچھروں اور مکھیوں سے بچنے کے لیے جالی کا پردہ تنا ہوتا ہے - کمرۂ خواب گاہ -

مُسہِل (ع) دست آور - اسہال لانے والی دوا - جلاب -

مُسہِل لینا (ل) دست آور دوا کھانا - جلاب لینا -

مَسئلہ (ع / مذ) سوال - پوچھی ہوئی بات - دینی قانون -

مسئلہ کھُل جانا (ل / محاورہ) مسئلہ حل ہو جانا - بات صاف ہو جانا -

مَسئُول (ع / مذ) جواب دہ - ذمّہ دار -

مَسی (س / مث) روشنائی - سیاہی - مداد - انک -

مِسی (ف) تانبے کا - تانبے کا بنا ہوا -

مِسّی (ہ) موٹے چھوٹے اناج کی - چنے - موٹھ - مونگ وغیرہ کی -

مِسّی کُٹّی (ہ) موٹے اناج کی روٹی - غریبانہ روٹی - دال دلیا -

مِسّی - یا - مِسی (ل / مث) دانتوں کو چمکدار اور ان کی ریخوں کو سیاہ کر دینے والا ایک قسم کا منجن -

مِسّی کی دھڑی (ل / مث) مِسّی کی تہہ جسے عورتیں ہونٹوں پر جماتی ہیں -

مَسیت (ل / مث) مسجد کا بگاڑ ہے - سجدہ گاہ -

مَسیح (ع / مذ) ملا گیا - مسح کیا گیا - چونکہ فرشتوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے سر پر تیل ملا تھا - اس وجہ سے اس لقب سے ملقب ہو گئے -

مُردے کو زندہ کرنا آپ کا معجزہ تھا۔
مَسِیحا (ع ا مذ) مسیح کا مزید علیہ اور الف زائدہ۔
مَسِیحائی (ع ا مث) مسیح کا کام۔ مُردہ جلانا۔ حیات بخشی۔ مُردے کو زندہ کرنا۔
مسیحائی کرنا (ف) جلانا۔ زندہ کرنا۔ مرتے کو بچانا۔ بیمار کو تندرست کرنا۔
مَسِیخ (ع) بے مزہ۔
مَسیں (ہ ا مث) سبزہ آغاز۔ مونچھوں کا رُواں۔
مَسیں بھیگنا (ہ) مونچھوں کے رُوئیں نکلنا۔ جوانی شروع ہونا۔ سبزہ آغاز ہونا۔

م - ش

مُشابِہ (ع) حرف تشبیہ۔ مثل۔ مانند۔ نظیر۔ ہمتا۔ یکساں۔ جوں۔ جیسا۔
مُشابہت (ع ا مث) ہم شکلی۔ موافقت۔ مطابقت۔ شکل۔ رُوپ۔
مشابہت رکھنا (ار محاورہ) مطابقت رکھنا۔ مانند ہونا۔
مشاتمت (ع ا مث) ایک دُوسرے کو گالیاں دینا۔
مشار (ع) اشارہ کیا گیا۔
مشارٌ الیہ (ع ا مذ) وہ چیز جس کی طرف اشارہ کیا گیا جس کا اُوپر اشارہ ہو گیا ہے۔ مذکورۃ الصدر۔
مشارِب (ع ا مذ) گھاٹ۔
مُشارکت (ع ا مث) حصہ داری۔ شراکت۔
مشاطہ (ع ا مث) دُلہن کو کنگھی چوٹی کرکے بناؤ سنگار کرکے بٹھانے والی عورت۔ نائن۔ بیاہ شادی کروانے والی عورت۔ دلالہ۔ نائنہ۔
مُشاعَرہ (ع ا مذ) باہم شعر خوانی کرنا۔ شاعروں کا جمع ہو کر باہم شعر خوانی کرنا۔
مشاغِل (ع ا مذ) شغل کی جمع۔ کام۔ شغل۔ مشغلے۔ کاروبار۔
مُشافَہہ (ع ا مذ) رُو در رُو۔ آمنے سامنے۔ سنمکھ۔ رُوبرو بات کہنا۔
مَشّاق (ع) مُبالغہ۔ بہت مشق رکھنے والا۔ نہایت مہارت رکھنے والا۔ تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔ چالاک۔ ماہر کامل۔
مَشّاقی (ع ا مث) نہایت مشق۔ بڑا تجربہ۔ مہارت۔ دسترس۔
مَشام (ع ا مذ) سُونگھنے کی قوت۔ دماغ۔ قوتِ شامہ کا مقام۔
مُشاوَرت (ع ا مث) باہم صلاح مشورہ کرنا۔ پنچایت۔ مساوٹ۔ کونسل۔ باہمی مشورہ کرنا۔
مُشاہَدہ (ع ا مذ) دیکھنا۔ دید۔ درشن۔ معائنہ۔ تصوف کی اصطلاح میں انوار الٰہی کا نظارہ۔

مُشاہَدہ کرنا (ف) دیکھنا۔ بھالنا۔ معائنہ کرنا۔ دیکھ کر آزمانا۔
مُشاہَرہ (ع ا مذ) ماہوار تنخواہ۔ طالب رسوم۔ ماہانہ وظیفہ۔
مَشاہیر (ع ا مذ) مشہور کی بے قاعدہ جمع۔ مشہور اور نامی لوگ۔ بڑے نامور آدمی۔
مشائخ (ع ا مذ) شیخ کی جمع۔ عالم۔ صُوفی۔ پرہیزگار۔ نیک بخت۔ مجتہد۔ پیر۔ مُرشد۔
مُشایَعت (ع ا مث) کسی کو رخصت کرنے کو تھوڑی دُور تک ساتھ جانا۔ پیروی۔ تقلید۔ تھوڑی دُور پہنچانے جانا۔
مَشّائین (ع ا مذ) مشائی کی جمع۔ چلنے والے وہ حکیم جنہوں نے ایک دُوسرے کے پاس جا کر علم سیکھا ہے۔ اور ملک میں پھرے ہیں۔
مُشَبَّہ (ع) تشبیہ دیا گیا۔ مقابلہ کیا گیا۔ نسبت دیا گیا (علم نحو میں) وہ چیز جس کے ساتھ کسی چیز کو تشبیہ دیں۔
مُشَبَّہ بہ (ع) وہ چیز جس کے ساتھ کسی چیز کو تشبیہ دیں۔
مُشت (ف ا مذ) گھونسا۔ ڈُک۔ مُٹھی۔ مُکّا۔
مُشتِ اُستخواں (ف ا مذ) تھوڑی سی ہڈیاں۔ مٹھی بھر ہڈیاں۔ مجازاً نہایت کمزور۔ دُبلا پتلا آدمی۔
مُشتِ خاک (ف ا مث) خاک کی چٹکی۔ مُٹھی بھر خاک۔ انسان جو مٹی سے بنا ہے۔
مُشتِ غبار (ف ا مث) مُٹھی بھر دھول۔ مراد انسان کی خاک۔
مُشتِ گِل (ف ا مث) مُشتِ غبار۔
مُشتِ مال۔ یا مُشت مالی (ف) مالش جو نائی لوگ حمام میں کرتے ہیں۔ دلّاکی۔ ملائی۔ چپّی۔
مُشت مالی کرنا (ف) نہانے سے پہلے جسم کی مالش کرنا۔ چپّی کرنا۔ حمامیوں کا غسل سے پہلے نہانے والوں کا جسم ملنا دلنا۔
مُشتاق (ع) اشتیاق رکھنے والا۔ شائق۔ طالب۔ خواہاں۔ منتظر۔ انتظار کرنے والا۔
مُشتاقانہ (ع) مشتاقوں کی طرح۔ مشتاقوں کی مانند۔
مُشتَبِہ (ع) جس میں شُبہ پایا جائے۔ شک کیا گیا۔ مبہم۔ ظنی۔
مُشتَّت (ع ا صف) پراگندہ۔ پریشان۔ متردد۔
مُشتَرک (ع) اشالات کا۔ ساجھے کا۔ ملا ہوا۔ مشمولہ۔
مُشتَری (ع ا مذ) خریدار۔ گاہک۔ مول لینے والا۔ چھٹے آسمان پر ایک ستارہ ہے۔ قاضی فلک۔ برجیس۔ برہسپت۔ کیمیاگروں کی اصطلاح میں رانگ۔ قلعی۔
مُشتَعِل (ع) بھڑکنے والا۔ شعلہ مارنے والا۔ شعلہ زن۔ سوزاں۔
مُشتَق (ع) نکلا ہوا۔ وہ لفظ جو مصدر سے بنایا گیا ہو۔ ماخوذ۔
مُشتکی (ع ا صف) شکایت کرنے والا۔

مُشتمل (ع) شامل ہونے والا (بفتح میم) مشترکہ - مشمولہ - شامل - شریک -

مُشتہَر (ع) شہرت دیا گیا - مشہور کیا گیا - منادی کیا گیا -

مُشتہَر کرنا (ا) مشہور کرنا - منادی کرنا - شہرت دینا - اشتہار دینا -

مُشتہِر (ع) ڈھنڈوری پیٹنے والا - شہرت دینے والا - مشہور کرنے والا -

مُشتہی (ع) آرزومند - خواہاں - خواہش کرنے والا - بھوک لگانے والا - اشتہا پیدا کرنے والا -

مُشتے کہ بعد از جنگ یاد آید بر کلۂ خویش باید زد (ف) (مثل) لڑائی کے بعد جو داؤ یاد آئے وہ بے فائدہ ہے - جب موقع نکل جائے تو پچھتانا بے فائدہ - مار پیچھے سنوار مشکل ہوتی ہے -

مَشَٹ (ہ/مث) خاموشی - چپ - کم بولنا -

مَشَٹ مارنا (ہ) خاموش رہنا - چپ رہنا - گھنی سادھنا - جواب ہی نہ دینا -

مَشَٹ مارے جانا (ہ) اپنے خیال میں چپ چاپ چلے جانا -

مِشٹ (س) میٹھا - شیریں -

مِشٹان (س/مذ) پکوان - شیرینی - مٹھائی (مشٹ بمعنی شیریں - ان بمعنی اناج)

مُشٹنڈا (ہ/مذ) قوی ہیکل - زور آور - طاقت ور - بہت موٹا - فربہ اندام - ہٹا کٹا -

مُشَجَّر (ع/مذ) بیل دار کپڑا - بیل بوٹے نکالا ہوا کپڑا - پھول دار کپڑا -

مُشَخَّص (ع) جانچا گیا - تجویز کیا گیا - تشخیص کیا گیا - آنکا ہوا - اندازہ کیا گیا -

مُشَدَّد (ع) تشدید والا حرف - جکڑا ہوا - خوب کسا ہوا -

مِشر (س/مذ) ملا ہوا - ملا جلا - گڈ مڈ - مخلوط - شریف - معزز - عزت دار آدمی - بید - حکیم - پنڈت - طبیب - برہمنوں کا خطاب - برہمن کے نام کا جزو - رسوئی کرنے والا - رسوئیا - پانی پلانے والا -

مِشرانی (ہ/مث) مشر کی مؤنث - برہمنی - پنڈتانی - مشر کی بیوی -

مَشرَب (ع/مذ) پانی پینے کی جگہ - چشمہ - تالاب - جھیل - جوہڑ - مذہب - دھرم - دین - پنتھ - طور - طریقہ - ڈھنگ - طرز -

مِشرَب (ع) پانی پینے کا برتن -

مُشَرَّف (ع) عزت دیا گیا - بزرگ - ممتاز - شرف دیا گیا - بزرگی دیا ہوا -

مُشَرَّف بہ اسلام ہونا (ا) دین محمدی میں آنا - مسلمان ہونا - مسلمان ہونے کی عزت پانا -

مُشَرَّف ہونا (ا) عزت حاصل کرنا - امتیاز پانا -

مُشرِف (ع/مذ) نگراں - خبردار - ناظر - میر منشی - ہیڈ کلرک - بلند ہونے والا - بلندی پر پڑھنے والا - بڑے بھلے کام کے قریب پہنچنے والا - محبا زاً بلند جگہ - اونچی جگہ -

مَشرِق (ع/مث) روشنی نکلنے کی جگہ - سورج نکلنے کی جگہ - طلوعِ آفتاب کا مقام - پورب سمت - طلوع شمس - مغرب کی ضد -

مَشرِقی (ع) منسوب بہ مشرق - پوربی - فرنگیوں کے نزدیک تمام ایشائی ممالک -

مُشرِک (ع) عبادت میں خدا کے ساتھ کسی اور کو بھی شریک کرنے والا - بت پرست -

مُشرِکہ (ع/صف) مشرک عورت -

مَشروب (ع/صف) پیا ہوا - پینے کی چیز -

مشروح (ع/صف) کھول کر بیان کیا گیا -

مَشرُوط (ع) بشرط کیا گیا - مجازاً محدود - کسی شرط پر موقوف -

مَشرُوع (ع) موافق شرع جائز - ایک قسم کا ریشمی کپڑا جو شرعاً مرد کو بھی پہننا جائز ہے -

مَشرُوعیت (ع/مث) شرعی جواز -

مُشعِر (ع) خبر دینے والا -

مَشعَل (ع/مث) شعلہ کی جگہ - اصطلاح میں بڑی موٹی بتی - بہت موٹا فتیلہ - شمع -

مَشعَل جلانا (ا) فتیلہ جلانا - شمع روشن کرنا -

مشعل کی لو دماغ میں سمائی ہے (ا) (مثل) مفلسی میں بھی امیری کی سوجھتی ہے - غریبی میں نکنت ہے -

مَشعلچی (ع ف/مذ) مشعل بردار - مشعل جلانے اور دکھانے والا -

مَشعلچی اندھا ہوتا ہے (ا) (مثل) مشعل دکھانے والے کو اس کے پاس ہونے کے باعث دکھائی نہیں دیا کرتا - دوسروں کا رہنما اور آپ گمراہ -

مشعلچی آپ ہی اندھا ہے (ا) (مثل) خود گمراہ اور دوسروں کی رہبری کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں - یعنی رہنما آپ ہی بے راہ ہے - خود میاں فضیحت - دیگراں را نصیحت -

مَشغَلہ (ع/مذ) جی بہلاوا - من پرچاوا - کام - شغل - دل لگی - ہنسی مذاق - چہل -

مَشغُول (ع) مصروف - کام میں لگا ہوا -

مَشغُولہ (ا/مذ) مشغلہ کا بگاڑ ہے -

مَشغُولی (ف/مث) مصروفیت - مشغولیت - بے کاری کی ضد -

مُشفِق (ع) مہربان - شفقت کرنے والا - دوست - رفیق -

مُشفِقانہ (ع ف) دوستوں کی طرح - رفیقوں کی طرح - مہربانوں کی مانند -

مُشق (ع/مث) عادت - مہارت - ربط - کسی کام کو بار بار کرنا - بار بار لکھنا -
مشق بڑھانا (ا/محاورہ) کسی کام میں مہارت پیدا کرنا -
مشق زوروں پر چڑھنا (ا/محاورہ) بہت مشاق ہونا -
مشق کرنا (ل) کسی کام کو بار بار کیے جانا - مہارت کرنا - عادت ڈال لینا -
مُشقاب (ف/مذ) تھلاپن - پلیٹ - رکابی -
مُشقت (ع/مث) دکھ - تکلیف - محنت - ریاضت - مزدوری کام کاج -
مُشقت اٹھانا (ا/محاورہ) دکھ اٹھانا - تکلیف اٹھانا -
مشقی (ع/مث) مشق کرنے کے قابل - وصلی - مشق کرنے کا موٹا کاغذ -
مَشک (ف/مث) پانی بھرنے کی کھال - چھاگل -
مَشک چھوڑنا (ل) مشک کا پانی کسی کے نام پر بہانا - چھڑکاؤ کر دینا -
مُشک (ف/مذ) کستوری - کستورے ہرن کی ناف سے نکلا ہوا خوشبودار سرخی مائل سیاہ مادہ - تشبیہاً زلف معشوق بوجہ سیاہی و خوشبو -
مُشک بلاؤ - یا مُشک بلائی (ل) اول - مذکر - دوم مؤنث - ایک قسم کا جنگلی بلا جس کے خصیوں کا پسینہ نہایت خوشبودار ہوتا ہے -
مُشک بو - مشکبو (ف) نہایت خوشبو والا - معطر - مُشک کی سی خوشبو -
مُشک نافہ (ف/مذ) کستوری - ہرن کی ناف جس میں مُشک رہتا ہے -
مُشکل (ع) کٹھن - سخت (مؤنث) دقت - سختی - مصیبت - بپتا - اڑی - دشواری - پیچیدہ - الجھا ہوا - دقت طلب -
مُشکل آسان ہونا (ل) اڑی نکلنا - مصیبت سے نجات ملنا - سختی دور ہونا - پیچیدگی دفع ہونا - تکلیف سے چھوٹنا - جان نکلنا - پران چھوٹنا - مرنا - دم نکلنا - جان کنی سے نجات پانا -
مُشکل آنا (ل) کٹھنی آنا - مصیبت آنا - دقت پیش آنا -
مشکل بننا - یا - پڑنا (ل) بپتا پڑنا - دقت پیش آنا - مصیبت پڑنا - جان پر بننا - لالے پڑنا -
مشکل پسند (ع ف) مشکل الفاظ لکھنے والا - دقت پسند - وہ شخص جو اپنی نظم یا نثر میں مشکل اور دقیق الفاظ زیادہ استعمال کرے -
مُشکل سے (ل) جوں توں کر کے - بدقت - دشواری کے ساتھ -
مُشکل کُشا (ع ف) مشکل حل کرنے والا - مُشکل دور کرنے والا (مذکر) حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا لقب -
مشکل کشائی کرنا (ل) کسی کا اڑا ہوا کام بنا دینا - بپتا سے نجات دینا - مصیبت دور کرنا -
مشکلات (ع/مث) مشکل کی جمع -
مشکوک (ع) بھرم کیا گیا - شک کیا گیا - گمان کیا ہوا - مشتبہ -

مشکوئے - یا - مُشکو } (ف/مذ) لغوی - بت خانہ - اصطلاح میں امرا
مشکوئے معلّیٰ } و بادشاہوں وغیرہ کا دولت خانہ - محلسرائے سلطانی - محل - بالاخانہ - کوٹھا - حرم شاہی -
مشکوٰۃ (ع) چراغ دان - فانوس - بڑا طاق جس پہ چراغ رکھیں - حدیث پاک کی کتابوں میں سے ایک کا نام -
مُشکی (ف) مُشک کے رنگ کا - کالا - سیاہ فام - کالے رنگ کا گھوڑا -
مُشکی رنگ (ف/مذ) کالا رنگ - سیاہ رنگ -
مشکیزہ (ف/مذ) مشک کی تصغیر - چھوٹی سی مشک -
مُشکیں (ف) معطر - خوشبودار - مشک کی سی خوشبو والا - مُشک کے سے رنگ کا سیاہ -
مُشکیں (ا/مث) دونوں بازو - دونوں مونڈھے دونوں شانے -
مشکیں چھوٹنا (ا/محاورہ) پانی سے دست آنا -
مشکیں باندھنا - یا - کسنا (ا) دونوں بازوؤں کو پیٹھ کی طرف لا کر جکڑ دینا - گرفتار کرنا - پکڑنا - بے قابو کر دینا -
مَشلول (ع/صف) جس کے ہاتھ پیر بے حس ہو گئے ہوں اپاہج -
مشمول (ع) شامل کیا گیا - ملایا ہوا - شریک کیا گیا -
مشمولہ (ع) شامل - ملا ہوا - شریک - ملحق -
مشنری (انگریزی) مذہبی تلقین کرنے والے -
مشواذ (ع) دستار - پگڑی -
مشورت } (ع/مث) صلاح - باہمی تجویز -
مشورہ } (ع/مذ) پنچایت - مکوٹ - کونسل - کمیٹی - سازش - گٹھ جوڑ -
مشورہ لینا (ل) تدبیر پوچھنا - صلاح لینا - مصلحت لینا -
مُشوَّش (ع) تشویش میں ڈالا گیا - پریشان - حیران - مضطرب -
مُشوِّش (ع) پریشان کرنے والا - حیرانی میں ڈالنے والا -
مشوی (ع) بھنا ہوا -
مَشہود (ع) حاضر کیا گیا - ظاہر - پرگھٹ - موجود - ثابت کیا گیا - تحقیق کیا گیا -
مَشہور (ع) شہرت دیا گیا - نامور - نامی - معروف - نام دار -
مشہور و معروف (ع) جانا بوجھا - نامور - نامدار - نامی -
مشہور ہے (ل/محاورہ) کہتے ہیں - افواہ ہے - زبانِ زد خلائق ہے -
مُشہی (ع/صف) اشتہا پیدا کرنے والا - بھوک لگانے والا -
مشی (ع/مذ) پیادہ پا چلنا -
مشیّت (ع/مث) ارادہ - مرضی - خواہش - تقدیر - قسمت -
مشیّت ایزدی (ع ف/مذ) خدا تعالیٰ کا ارادہ - حکم الٰہی - خدا کی مرضی - خواہش ربی -
مشیخت (ع/مث) بزرگی - بڑائی - غرور - تکبر - شیخی -
مشیخت مآب (ع/مذ) غرور و تکبر کا ٹھکانا - نخوت سے پُر -

مشخت سے پُر۔ مشخت پناہ۔ بڑائی کی جگہ۔
مُشیر (ع امذ) مشورہ دینے والا۔ اشارہ کرنے والا۔ صلاح دینے والا۔ رائے دینے والا۔ وزیر۔ دیوان۔ منتری۔ کارکن۔ مصاحب۔
مُشیرِ خاص (ع امذ) خاص مصاحب۔ پرائیویٹ سیکرٹری۔
مُشیرِ مال (ع امذ) وزیر مال۔ وہ شخص جو محکمہ مال کا افسر ہو۔
مُشیران (ف امذ) مشیر کی جمع۔ اراکین۔ وزراء۔ امراء۔
مشیرانِ سلطنت (ف امذ) اراکینِ دربار۔ راج منتری۔ وزرائے سلطنت۔
مَشیمہ (ع) وہ جھلی جس میں بچہ ہوتا ہے اور آنکھ کے چھٹے پردے کا نام بھی ہے۔
مشین (انگریزی امث) کل۔ انجن۔ جرِ ثقیل کا آلہ جس کے کئی پرزے ہوتے ہیں۔ اور ہر ایک برائے کام مشین ہوتا ہے۔

م ص

مُصاب (ع اصف) مصیبت زدہ۔ دکھیارا۔
مصابرت (ع اصف) صبر کرنا۔ صبر۔
مصابیح (ع امذ) چراغ۔
مُصاحِب (ع امذ) سنگی۔ ہم نشین۔ پاس بیٹھنے والا۔ ساتھی۔ رفیق۔ ندیم۔
مُصاحبت (ع امث) پاس بیٹھنا۔ اُٹھنا۔ سنگت۔ ہم نشینی۔ ساتھ۔ رفاقت۔
مَصادِر (ع امذ) مصدر کی جمع۔
مَصارِف (ع) مصرف کی جمع۔ خرچ کی جگہیں۔ خرچ کے موقع پر۔ مجازاً بہت سے خرچ۔
مَصاف (ع امذ) مصف کی جمع۔ صف باندھنے کی جگہیں۔ مجازاً میدانِ جنگ۔ لڑائی کا میدان۔ جنگ۔ لڑائی جھگڑا۔ رزم۔
مُصافحہ (ع امذ) دست بوسی۔ ملاقات کے وقت ہاتھ ملانا۔
مَصالِح (ع امث) مصلحت کی جمع۔ نیکیاں۔ بھلائیاں (مذکر) ہر چیز کا سامان۔ سامانِ عمارت۔ گوٹا کناری وغیرہ۔
مَصالِح دار (عف امذ) مصالح دینے والا۔ سامان عمارت پہنچانے والا۔ چونہ۔ اینٹ۔ گارا وغیرہ دینے والا مزدور۔ قُلی۔ مصالح یعنی نمک۔ مرچ۔ لہسن۔ گرم مصالح وغیرہ پڑا ہوا۔ چٹ پٹا۔ کامدار یعنی گوٹا کناری لگی ہوئی چیز۔
مصالح کا تیل (ع امذ) خوشبودار چیزیں ڈال کر بنایا ہوا تیل۔ بالچھڑ۔ صندل وغیرہ پڑا ہوا تیل۔
مُصالحت (ع امث) میل ملاپ۔ آپس میں صلح کرنا۔ باہمی صلح صفائی۔
مُصاہرت (ع) خسر کرنا اور داماد کرنا ہر دو معنی میں استعمال ہوتا ہے۔

مَصائب (ع امث) مصیبت کی جمع۔ تکلیفیں۔ سختیاں۔ بلائیں۔ آفتیں۔
مِصباح (ع امث امذ) دیا۔ دیوا۔ لیمپ۔ چراغ۔ صبح کے وقت شراب پینے کا پیالہ۔ جامِ صبوحی۔
مُصَحِّح (ع امذ) درستی کرنے والا۔ کاپی اور ہر ورق پڑھ کر دیکھنے والا۔
مُصحَف (ع امذ) وہ کتاب جس میں رسالے اور صحیفے جمع ہوں۔ قرآن شریف۔ کلام اللہ۔ مجازاً رخسار معشوق۔ چومنے کے قابل کتاب۔
مُصحفِ مجید (ع امذ) بزرگ کتاب۔ قرآن شریف۔ کلام اللہ۔
مُصحَفی (ع) منسوب بہ مصحف۔ قرآنی۔ قرآن کا۔ غلام ہمدانی شاعر کا تخلص۔
مَصحُوب (ع امذ) ساتھ کیا گیا۔ ساتھ۔ ہمراہ۔ ہم دست۔ ہاتھ۔
مِصداق (ع امذ) صادق آنے کا اوزار۔ یعنی وہ شے جس پر کوئی معنی صادق آسکیں۔ مجازاً موافق۔ مطابق۔ گواہی۔ شہادت۔ دلیل۔
مَصدَر (ع امذ) صادر ہونے کی جگہ۔ نکلنے کی جگہ۔ چشمہ۔ بنیاد۔ اصل۔ جڑ۔
مَصدرِ لازم (ع امذ) وہ مصدر جس کے افعال صرف فاعل پر ختم ہو جائیں۔
مَصدرِ متعدّی (ع امذ) وہ مصدر جس کے فعل فاعل کے علاوہ مفعول کو بھی چاہیں۔
مَصدرِ وصفی (ع امذ) وہ مصدر جو اصل میں مصدری معنوں کے لیے بنایا گیا ہو۔
مُصَدِّق (ع) تصدیق کرنے والا۔ ثبوت دینے والا۔ ثابت کرنے والا۔ سچائی کی گواہی دینے والا۔ برقرار رکھنے والا۔
مُصَدَّق (ع) تصدیق کیا ہوا۔ جانچا ہوا۔ پرتالا ہوا۔ آزمائش کیا گیا۔
مُصَدَّقہ (ع) تصدیق شدہ۔ جس کی تصدیق ہو گئی ہو۔
مصدور (ع اصف) صادر کیا گیا۔
مِصترہ (ہ) پنڈت۔ پانی پلانے والا۔
مِصر (ع امذ) شہر۔ نگر۔ نگری۔ ایک مشہور شہر اور ملک کا نام۔ اس کی جمع امصار ہے۔

مصر کا بازار (ار امذ) وہ بازار جس میں حضرت یوسف علیہ السلام کو قافلہ والوں نے فروخت کیا تھا۔
مُصِر (ع) اصرار کرنے والا۔ اڑیل۔ ضدی۔ ہٹیلا۔ کسی بات پر اڑ جانے والا۔
مِصراع - مِصرع - مِصرعہ } (ع امذ) لغت میں ایک کواڑ یا پٹ۔ اصطلاح میں آدھی بیت۔ آدھا شعر۔ شعر کا ایک حصہ۔
مَصرِف (ع امذ) صرف کرنے کی جگہ۔ جائے خرچ۔ خرچ۔ کام۔ غرض۔ مطلب۔

مُصْرِف (ع) خرچ کرنے والا - صرف کرنے والا - جو شخص خرچ تو کرے مگر بے جا نہ ہو -
مَصْرُوف (ع) پھرا ہوا - صرف کیا گیا - کام میں لگا ہوا - مشغول -
مصروف ہونا (ف) کلام میں مشغول ہونا - کام میں لگا ہونا - فارغ نہ ہونا -
مِصْری (ع) منسوب بہ مصر - مصر کا - مصر کا رہنے والا - باشندۂ مصر (مؤنث) قلم - تلوار - راب - نبات - دانہ دار کھانڈ کی ڈلیاں -
مِصْری کا کوزہ (ف/مذ) مصری کا بنا ہوا گول سا ڈلا - کوزۂ نبات - تشبیہاً نہایت میٹھا خربوزہ -
مِصری کھلانا (ف) تلوار یا خنجر سے قتل کرنا - تلوار مارنا - کٹار مارنا - منگنی کرنا - سگائی کی رسم ادا کرنا - مُنہ میٹھا کرنا -
مُصْطَفیٰ (ع) چُنا ہوا - چھانٹا ہوا - بُری خصلتوں سے پاک صاف کیا گیا - پسندیدہ - مقبول - منظور نظر - حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب -
مُصْطَگی (ع)، مُصْطَگی (ا) } (مث) ایک قسم کا زرد گوند جو دوائیوں میں کام آتا ہے -
مُصْطَلَح (ع) اصطلاح کیا گیا - محاورہ -
مُصْطَلَحات (ع/مث) مُصْطَلَح کی جمع - اصطلاحیں - محاورے -
مُصَغّر (ع/مث) چھوٹا کیا گیا - وہ اسم جس میں چھوٹا پن پایا جائے -
مُصَفّا (ع) صاف کیا ہوا - نرمل - نتھرا ہوا - صاف -
مُصَفّی (ع) صاف کرنے والا - نتھارنے والا -
مُصَفّیِ خون (عف/مذ) خون صاف کرنے والا -
مِصْقَلَہ (ع/مذ) ریتی - صیقل کا اوزار -
مُصَلّا - یا - مُصَلّیٰ (ع/مذ) نماز پڑھنے کی جگہ - عبادت گاہ - مسجد - جائے نماز - نماز پڑھنے کی دری یا کپڑا وغیرہ - عید گاہ - خصوصاً شیراز کی عید گاہ -
مُصْلِح (ع/مذ) دُرست کرنے والا - نیکی کی طرف لانے والا - نقص دُور کرنے والا - (طب) مضر نقصان سے بچانے والا مُضر کی ضد -
مَصْلَحَت (ع/مث) اچھی تجویز - نیک صلاح - خوبی - عمدگی - بھلائی - صلاح مشورہ پالیسی -
مَصْلَحَت اندیش (عف/صف) مناسب اور معقول بات سوچنے والا -
مَصْلَحَتِ مُلکی (ع/مث) تدبیر مملکت - مُلکی پالیسی - حکمت عملی -
مَصْلَحَتِ وقت (ع/مث) حسب موقع - مناسب وقت -
مَصْلَحَتاً (ع) از رُوئے مصلحت - وقت کے مطابق -
مَصْلُوب (ع) سُولی دیا گیا - پھانسی پر چڑھایا گیا -
مُصَلّی (ع) نمازی - نماز گزار - نماز پڑھنے والا - مسلمان - خاکروب - نومسلم خاکروب - فی سبیل اللہ لینے والا - فاتحہ کا کھانا کھانے والا -
مُصْمَت (ع/صف) خاموش - حرف علّت -

مُصَمَّم (ع) پختہ کیا گیا - پکا - مضبوط - محکم - اُستوار -
مُصَمَّم ارادہ (ع/مذ) پکا ارادہ - عزم بالجزم -
مُصَنِّف (ع/مذ) تصنیف کرنے والا - کتاب بنانے والا -
مُصَنَّع (ع) نرمی - حرص -
مَصْنُوع (ع) کاریگری سے بنائی ہوئی - بنائی ہوئی - رچی ہوئی -
مَصْنُوعی (ع) بنائی ہوئی - ساختہ - بناوٹی - جعلی - اصلی کی ضد -
مُصَوِّر (ع/مذ) تصویر بنانے والا - نقاش - رنگ آمیزی کرنے والا بیل بوٹے بنانے والا -
مُصَوِّری (ع/مث) تصویر بنانے کا کام - نقاشی -
مَصْئُون - یا - مَصْئُونہ (ع) صیانت کردہ شدہ - نگہبانی کیا گیا - محفوظ - بچا ہوا -
مُصِیب (ع/صف) بات کی تہ تک پہنچنے والا - ٹھیک کہنے والا -
مُصِیبَت (ع/مث) درد - دُکھ - تکلیف - بلا - بپتا - کشٹ - آفت - نحوست - مشکل - دشواری - دِقت - سختی -
مُصِیبَت اُٹھانا (ف) دُکھ بھوگنا - سختی اُٹھانا - تکلیف سہنا - کشٹ اُٹھانا -
مُصِیبَت بن جانا (ف) عذاب جان ہو جانا - بپتا پڑ جانا - آفت میں پھنس جانا -
مُصِیبَت بھرنا - یا - بُھگتنا (ف) سختی جھیلنا - دُکھ سہنا - کشٹ اُٹھانا - بپتا بھوگنا -
مُصِیبَت پڑنا (ف) آفت نازل ہونا - کوئی حادثہ پیش آنا - بپتا پڑنا -
مُصِیبَت بیٹنا (ف) تنگی سے گزارہ کرنا - بمشکل بسر اوقات کرنا - دُکھڑا پیٹنا - سخت محنت کرنا -
مُصِیبَت جھیلنا (ف) دُکھ سہنا - آفت برداشت کرنا - صدمہ اُٹھانا - دُکھ بھوگنا -
مُصِیبَت زدہ (عف)، مُصِیبَت کا مارا (ف) } آفت کا مارا - خستہ حال - تباہ - مُفلس - بدبخت - خراب - خستہ - بدنصیب -
مُصِیبَت کے دن کاٹنا (ف) سختی کے دنوں کو گزارنا - غم و الم کے دن بسر کرنا - نحوست کے دن گزارنا -
مُصِیبَت مارا (ف/صف) مصیبت زدہ -
مُصِیبَت مول لینا (ف/محاورہ) خواہ مخواہ کوئی جھگڑا اپنے سر لینا -
مُصِیبَت میں پڑنا (ف) آفت میں پڑنا - بپتا میں گرنا - آفت میں مبتلا ہونا -
مُصِیبَتِ ناگہانی (ف/مث) بے خبری میں پیش آنے والا حادثہ یا صدمہ - اچانک آ جانے والی بلا -
مُصَیْقَل (ع/صف) روشن کیا گیا - زنگ وغیرہ سے صاف کیا گیا -

م - ض

مُضَاربت (ع امث) نفع میں شریک بنا کر کسی کو تجارت کے لیے مال دینا۔
مُضَارِع (ع امذ) مانند۔ مشابہ۔ دو بچوں کو دُودھ پلانے والی دایہ۔
وہ فعل جس میں حال اور مستقبل دونوں زمانے مفہوم ہوں۔ علم
عروض میں ایک بحر کا نام ہے۔
مُضَاعَف (ع) دوگنا۔ دوچند۔ ڈبل۔ دوہرا۔ علم صرف میں وہ کلمہ
جس کے آخر میں ایک ہی جنس کے دو حرف آئیں۔
مُضَاف (ع) لگا ہوا۔ مِلا ہوا۔ نتھی کیا ہوا۔ جڑا ہوا۔ پیوستہ۔
شامل۔ ملحق۔ علم نحو میں وہ اسم جو کسی دُوسرے اسم کے ساتھ
لگایا گیا ہو۔ متعلق۔ منسُوب۔
مُضَاف اِلیہ (ع امذ) وہ اسم جس کے ساتھ کوئی اور اسم لگایا جائے۔
مضافات (ع امث) مضاف کی جمع۔ متعلقات۔ ضمیمہ۔ تتمہ۔
آس پاس۔ گرد و نواح۔ قلب و جوار اطراف۔ مضافات۔
شہر کے آس پاس۔ گاؤں۔ قصبے۔
مضافاتِ شہر (ع امث) شہر کے آس پاس کے گاؤں کوٹ وغیرہ۔
سوادِ شہر۔ شہر کا نواح۔
مضامین (ع امذ) مضمون کی جمع۔ مطالب۔ معانی۔
مضائقہ (ع امذ) ایک دوسرے کو تنگ کرنا۔ باہمی دقت۔ تنگی۔
دشواری۔ قباحت۔ ہرج۔ ڈر۔ اندیشہ۔ خوف۔ خطرہ۔
پروا۔
مَضبُوط (ع) ضبط کیا گیا۔ قبضہ کیا گیا۔ پکّا۔ اٹل۔ تھِر۔ اُستوار۔
دیرپا۔ پائدار۔ شہ زور۔ قوی۔ سخت۔ تناور۔ تکڑا۔
بلی۔ طاقت ور۔ تندرست۔ توانا۔ ہٹا کٹا۔ بھاری بھرکم۔
متین۔ مستقل مزاج۔
مَضبُوط رہنا (ف) جما رہنا۔ قائم رہنا۔ مستقل رہنا۔ ثابت قدم
رہنا۔
مَضبُوط کرنا (ار مص مرکب) پکّا کرنا۔ جمانا۔ آمادہ کرنا۔
مَضبُوطی (ع امث) پائداری۔ توانائی۔ پختگی۔ تسلّی۔ اطمینان۔
مُضحِکہ (ع امذ) کھِلّی۔ ٹھٹھا۔ مخول۔ ہنسی۔ مسخرہ۔ وہ شخص جس کی
کھِلّی اُڑائیں۔
مُضحکہ اُڑانا یا۔ کرنا (ف) کسی پر ہنسنا۔ ٹھٹھا کرنا۔ ذلیل کرنا۔
مسخرہ بنانا۔
مُضِر (ع) ضرر پہنچانے والا۔ دُکھدائی۔ نقصان دینے والا۔
غیر مفید۔ زہریلا۔ زہردار۔ سمّی۔ خراب۔
مِضراب (ع امذ) ضرب لگانے کا آلہ۔ ساز بجانے کا آلہ۔ لوہے
کا مثلثی تار جو اُنگلی میں ستار بجانے کو ڈالتے ہیں۔ ناخنہ۔
ڈنکا۔ زخمہ۔
مُضرّات (ع امث) نقصان دہ اشیاء۔ ضرر پہنچانے والی چیزیں۔
مُضرّت (ع امث) نقصان۔ ضرر۔ تکلیف۔
مُضرّت رسانی (ع ف امث) تکلیف پہنچانا۔ ایذا دہی۔ تکلیف رسانی۔
مَضرُوب (ع) ضرب دیا گیا۔ جس عدد کو کئی بار جمع کرنا منظور ہو
(ریاضی)۔ چوٹ کھایا ہوا۔ ضرب رسیدہ۔ زخمی۔ گھائل۔ مجروح۔

مَضرُوب فِیہ (ع امذ) جس میں ضرب دیں جتنی دفعہ جمع کرنا منظور ہو۔
مُضطَر (ع) ضرر رسیدہ۔ مجازاً بے اختیار۔ بے بس۔ بے قابو۔
بے چارہ۔ بے تاب۔ بے چین۔ بے قرار۔ پریشان۔
مُضطَرِب (ع) اضطراب والا۔ بیتاب۔ پریشان۔ بیاکل۔ بے آرام۔
بے کل۔ بے چین۔ ہکّا بکّا۔ حیران۔ گھبرایا ہوا۔
مُضطَربُ الحال (ع) گھبرایا ہوا۔ خستہ حال۔ پریشان حال۔
مُضعِف (ع اصف) ضعیف کرنے والا۔ دوگنا کرنے والا۔
مُضغہ (ع امذ) گوشت کا ٹکڑا۔ لُقمہ۔ نوالا۔ گراس۔ گسّا۔ لوتھڑا۔
کچّا بچّہ۔ پیٹ کے اندر کا وہ بچّہ جس میں ابھی جان نہ پڑی ہو۔
جنین۔
مُضغہ گوشت (ع امذ) گوشت کا لوتھڑا۔ نکمّا آدمی۔ بے کار آدمی۔
بے حس و حرکت۔
مُضِلّ (ع اصف) ضعیف کرنے والا۔ دوگنا کرنے والا۔
مُضَلّت (ع امث) گمراہی۔
مضمار (ع امذ) ہموار اور وسیع زمین۔ میدان۔ چوگان۔ میدانِ جنگ۔
رزم گاہ۔
مُضمَحِل (ع) گم ہونے والا۔ سُست۔ ناچیز۔ کمزور۔ ناتوان۔
تھکا ہوا۔ ہارا تھکا۔ ماندا۔ لاغر۔ دُبلا۔ اُداس۔
مغموم۔ دل گرفتہ۔
مُضمحِل کر دینا (ف) تھکا دینا۔ کمزور کر دینا۔ ناتوان کر دینا۔
مُضَمَّن (ع اصف) شامل کیا گیا۔
مُضمَر (ع) دل میں رکھا ہوا۔ مخفی۔ پوشیدہ۔ گپت سپت۔
مَضمُوم (ع) پیش دیا گیا۔ وہ حرف جس پر پیش کی حرکت ہو۔
مَضمُون (ع امذ) لغوی۔ ضمن میں لیا ہوا۔ درمیان میں ڈالی ہوئی
چیز۔ مجازاً بیان۔ عبارت۔ معنی۔ مطلب۔ انشا۔ جواب
مضمون۔ آرٹیکل۔ بچن۔ بات۔ سخن۔ قول۔
مضمون آفرین (ع ف اصف) نئی بات پیدا کرنے والا۔
مَضمُون لڑنا (ف) مضمون کا مطابق ہونا۔ معنی وغیرہ کا باہم مل
جانا۔ مضمون ملنا۔
مَضمُون نگار (ع ف امذ) مضمون لکھنے والا۔ ایڈیٹر۔ انشا پرداز۔
مضمون نویس۔
مَضمُون نگاری (ع ف امث) ایڈیٹری۔ انشا پردازی۔
مضمون نویسی۔
مضمونِ واحد (ع امذ) ایک ہی حال۔ ایک مطلب۔ ہم مقصود۔
ہم مطلب۔ ایک ہی غرض میں دو آدمیوں کا مبتلا
ہونا۔
مضی (ع) گزرا ہوا۔ گزشتہ۔ بیتا ہوا۔ بیت گیا
ہوا۔
مَضیٰ مامضیٰ (ع فقرہ) جو ہوا سو ہوا۔ گزشت آنچہ گزشت۔
جو ہو چکا سو ہو چکا۔ گزرا سو گزرا۔

م - ط

مطا (ع) پُشت - پیٹھ -

مطابع (ع امذ) مطبع کی جمع - چھاپے خانے - بہت سے پریس -

مُطابِق (ع) یکساں - برابر - مانند - مشابہ - بموجب - بلحاظ -

مطابق کرنا (ف) ملانا - ایک جیسا کرنا - یکساں کرنا - میلان کرنا -

مُطابَقت (ع امث) موافقت - برابری - یکساں ہونا - مشابہت -

مُطارِح (ع) چڑی ماروں کے پھیلے جس میں پرند گرفتار ہوتے ہیں -

مُطاع (ع) اطاعت کیا گیا - وہ شخص جس کی اطاعت کی جائے - سردار - بزرگ - مخدوم - مُربّی -

مطاعن (ع) طعنے - تشنے

مطاف (ع) طواف کرنے کی جگہ -

مَطالِب (ع امذ) مطلب کی جمع - مرادیں - مقاصد -

مُطالبہ (ع امذ) اپنا حق طلب کرنا - نالش - دعویٰ - استغاثہ - وصولی روپیہ کی درخواست - مانگ - تقاضا - طلبی - مواخذہ - قرضہ - واجب الطلب روپیہ -

مُطالبہ خفیفہ (ع امذ) جی - سمال کاز کورٹ -

مطالبہ کرنا (ف) مانگنا - طلب کرنا - تقاضا کرنا - دعوے دار ہونا - استغاثہ کرنا -

مُطالعہ (ع امذ) کسی چیز کی واقفیت پیدا کرنے کے لیے اُسے بغور دیکھنا - دھیان سے دیکھنا پڑھنا - کتاب بینی - تامّل - سوچ بچار - غور - توجہ -

مطالعہ دیکھنا (ار امحاورہ) طالب علم کا سبق پڑھنے سے پیشتر سبق کو غور سے پڑھنا -

مطالعہ کرنا (ف) کتاب دیکھنا - کتاب پڑھنا - آگے سبق نکالنا -

مُطاوَعت (ع امث) اطاعت کرنا - فرمانبرداری -

مُطایَبہ (ع امذ) ٹھٹھا - مخول - ہنسی - مذاق - خوش طبعی - ظرافت - مطایبات جمع ہے -

مَطَب (ع امذ) طبیب کے بیٹھنے کی جگہ - حکیم کا دیوان خانہ -

مَطَب سرد ہونا (ار امحاورہ) مطب میں رونق نہ ہونا - مریض کم آنا -

مَطبخ (ع امذ) کھانا پکانے کی جگہ - رسوئی گھر - باورچی خانہ -

مَطبخی (ع اصف) باورچی - کھانا پکانے والا -

مطبع (ع امذ) طبع ہونے کی جگہ - چھاپہ خانہ - پریس -

مَطبوخ (ع) پکائی ہوئی - اُبالی ہوئی - جوشاندہ - جوش دی ہوئی دوا -

مَطبوع (ع) طبع کردہ شدہ - چھاپا ہوا - پسند کی گئی - پسند خاطر - پسندیدہ - پسند طبع - دل پسند - منظورِ نظر -

مَطبُوعہ (ع) چھپا ہوا - طبع شدہ -

مِطحَن (ع امث) چکی - پیسنے کا آلہ -

مُطرِب (ع امذ) خوش کرنے والا - گانے والا - ڈوم - میراثی - کلاونت - قوال - صوفیوں کی اصطلاح میں مُرشد کامل - پیر روشن ضمیر -

مَطعُون (ع) لغوی - نیزہ مارا گیا - برچھی کھایا ہوا - اصطلاح میں عیب لگایا گیا - مہنہ دیا گیا - معیوب - رُسوا - بدنام - ملامتی - خوار - ذلیل -

مَطعُونِ خلائق (ع امذ) رُسوائے عام - رُسوائے خلق - وہ شخص جسے دنیا لعنت ملامت کرے -

مُطَلّا (ع) طلا کیا گیا - ملمع کیا ہوا - طلا پوش - زراندودہ - سنہری - زرّیں -

مَطلَب (ع امذ) طلب کی جگہ - غرض - منشا - خواہش - مُراد - گویا - معنی - ارتھ - مقصد - ارادہ - خود غرضی -

مطلب برآری (ع ف امث) کام نکالنا - حاجت روائی کرنا - کام پورا کر لینا -

مَطلَب برآری کرنا }
مطلب بر لانا } (ف) منشا پُورا کرنا - اپنا کام نکال لینا - مُراد پُوری کرنا - مُراد بر لانا - مقصد پُورا کرنا -

مَطلَب رکھنا (ف) غرض رکھنا - واسطہ رکھنا - کام رکھنا -

مطلب کا یار }
مطلب کا غرضی } (ف امذ) گوں کا یار - غرض کا دوست - خود غرضی - مطلبی -

مطلب کو پہنچانا (ف) مطلب بر لانا - مُراد کو پہنچانا - کام پُورا کرنا - مطلب برآری کرنا -

مطلب کی گھات چلنا (ف) غرض کا کام کرنا - اپنا فائدہ دیکھنا - اپنی غرض کا ہی دھیان رکھنا -

مَطلَب ہو جانا (ف) کام بن جانا - غرض کا حاصل ہو جانا - مُراد پُوری ہو جانا - کام تمام ہو جانا - دم نکل جانا - بُرا حال ہو جانا - کام ہو جانا -

مَطلَبی - مَطلَبیا (ف) مطلب کا یار - خود غرض - ابن الوقت -

مَطلَع (ع امذ) طلوع ہونے کی جگہ - ستاروں اور چاند سُورج وغیرہ کے چڑھنے کی جگہ - مشرق - پُورب - مجازاً آسمان جیسے آج مطلع صاف ہے - غزل یا قصیدے کی پہلی بیت جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں - مجازاً شروع - آغاز - ابتدا -

مَطلَع صاف کرنا (ار امحاورہ) گرد و غبار صاف کرنا -

مطلع صاف ہونا (ف) آسمان کا گرد و غبار - بادل - کہر وغیرہ سے بالکل صاف ہونا - ہلال کی جگہ سے آسمان صاف ہونا - کسی چیز کا مقام اس کی جگہ سے صاف ہونا - حریفوں اور رقیبوں سے جگہ کا خالی ہونا - کوئی مانع نہ رہنا - صفایا ہو جانا - آسمان کا کھلا ہوا اور صاف ہونا - آسمان کے اوپر بادل کا نشان تک نہ ہونا -

مُطّلِع (ع) خبر پایا گیا - جتایا ہوا - واقف - خبردار - محرم -
مُطّلِع کرنا (ا) خبر دینا - رپورٹ کرنا - جتانا - واقف کرنا - آگاہ کرنا -
مُطلَق (ع) جاری شدہ - رواں کیا گیا - بالکل - قطعی - آزاد - بے قید - بے تعلق (مذکر) آیت مطلق - قرآن شریف کی وہ آیت جہاں ٹھہرنا واجب ہے -
مُطلَق الرِجلَین (ع/مذ) وہ گھوڑا جس کے پاؤں کا رنگ بدن کے رنگ سے مختلف ہو -
مُطلَقُ العِنان (ع/مرکب) جس کی باگیں چھوڑی ہوئی ہوں - آزاد - خود مختار - بے لگام - بے قید - خودسر - خودرائے - موجی جیوڑا - دل کا مختار -
مُطلَق الیَدَین (ع/مذ) وہ گھوڑا جس کے دونوں اگلے پاؤں یعنی ہاتھ سفید ہوں -
مُطلَق الیَمین (ع/مذ) وہ گھوڑا جس کا دایاں پاؤں سفید ہو -
مُطلَق الیسار (ع/مذ) جس کا بایاں پاؤں سفید ہو -
مُطلَقاً (ع) قطعی - بالکل - اصلاً -
مُطَلَّقَہ (ع/مث) طلاق دی ہوئی عورت - طلاقن - جسے مالک نے چھوڑ دیا ہو -
مَطلُوب (ع) مانا گیا - خواہش کیا گیا - چاہا گیا - مُراد - مقصد - معشوق -
مَطمَع (ع/مذ) نظر پڑنے کی جگہ - لالچ کی جگہ -
مطمحِ نظر (ع/مذ) ترکیب فارسی) مرکز نگاہ - اصلی مقصد -
مَطمُوس (ع/صف) مٹایا گیا - مٹا ہوا -
مُطنِب (ع) درازی دینے والا -
مَطوَف (ع/صف) طواف کرنے والا -
مُطَوَّق (ع) طوق پڑا ہوا - گنڈے دار - حلقہ دار - گنڈا پڑا ہوا -
مُطَوَّقہ (ع) وہ پرندہ جس کے گلے میں قدرتی گنڈا بنا ہوا ہو -
مُطَوَّل (ع/صف) لمبا - دراز - طویل -
مُطَہِّر (ع) پاک کرنے والا - پوتر کرنے والا -
مُطَہَّر (ع) پاک کیا گیا - صاف - پاک - پوتر - نرمل - مبرّا -
مُطہِر (ع) پوتر کرنے والا - پاک کرنے والا -
مِطہَرہ (ع/مذ) وضو کرنے کا لوٹا - آفتابہ - چھاگل -
مُطَیِّب (ع) خوشبو دینے والا - خوشبودار - معطّر - پاک ہونے والا -
مُطَیَّب (ع) پاک کیا گیا - خوشبودار کیا گیا -
مَطِیر (ع) برسنے والا - برسن ہار - بارش کرنے والا -
مُطِیش (ع) شرمندہ -
مُطِیع (ع) اطاعت کرنے والا - تابعدار - حکم ماننے والا - امر بجالانے والا - ماتحت -
مُطِیع کرنا (ا) ماتحت کرنا - قابو میں لانا - سر کرنا - فتح کرنا - تابع کرنا - فرمانبردار بنانا - ماتحت بنانا -

---

م - ظ

مَظالِم (ع/مذ) مَظلَمہ کی جمع - ظالموں کو سزا دینے کی جگہ - مجازاً عدالتیں - کچہریاں - بے انصافیاں - جفاکاریاں - سختیاں -
مَظاہِر (ع/مذ) مظہر کی جمع - ظہور کے مقامات - نظارے -
مُظاہِر (ع) کسی کو مدد دینے والا -
مُظاہَرہ (ع/مذ) مدد دینا - کسی خاص امر میں اظہار تائید کے لیے جمع ہونا اور جمع ہو کر گشت کرنا - کسی بات کی مخالفت یا موافقت کے لیے جوش اور جذبات کا اظہار - اظہار - نمائش -
مظروف (ع) وہ چیز جو کسی برتن میں رکھی جائے -
مُظَفَّر (ع) فتح مند - ظفریاب - ظفر یافتہ - جیتا ہوا - فتح یاب - منصور - غالب -
مَظلَمہ (ع/مذ) بے انصافی - اندھیر - ظُلم - ستم - جفا - تلخی - جوَر -
مَظلُوم (ع) جس پر بے انصافی ہوئی ہو - دُکھی - ظلم رسیدہ - ستایا ہوا -
مَظنُون (ع) ظن کیا گیا - گمان کیا گیا - مشکوک - مشتبہ -
مَظِنّہ (ع/مذ) مقام - ظن - شبہ کرنے کی جگہ - خیال - گمان - قیاس - رائے - احتمال -
مَظہَر (ع/مذ) ظاہر ہونے کی جگہ - تماشا دکھانے کا چبوترا - اکھاڑہ - اسٹیج - جھانکی کی جگہ - جائے ظہور - تماشا گاہ -
مُظہِر (ع) ظاہر کرنے والا - اظہار دینے والا - بیان کرنے والا - گواہ - شاہد - مُخبر - جاسوس - خبر دینے والا -

---

م - ع

مَعَ (ع) ساتھ - سنگ - گیل - ہمراہ - مشمول - سمیت -
مَعَ الحدیث - یا - مع القصہ (ع) الغرض - القصہ - قصہ کوتاہ - الی اصل -
مع الخیر (ع) خیریت سے - سلامتی سے - بخیر و عافیت - خیر کے ساتھ -
مع ہٰذا - معہٰذا (ع) ساتھ اس کے ساتھ ہی - علاوہ ازیں - ماسوا - با ایں ہمہ - علاوہ بریں -
مَعًا (ع) مل کر - باہمدگر - ایک ساتھ - بشمول - ساتھ ہی - فوراً - فوراً - اُسی وقت - ایک دفعہ ہی - یک بارگی - ایک ہی وقت میں -
مَعابِد (ع/مذ) مَعبَد کی جمع - عبادت خانے - مسجدیں - مندر - شوالے - ٹھاکر دوارے - گرجے -
مَعابِر (ع/مذ) معبر کی جمع - جائے عبور - دریا سے پار اترنے کے

مقامات ۔

مُعَاقِب (ع) عتاب کرنے والا ۔ سزا دینے والا ۔ خفا ہونے والا ۔

مُعَاقَب (ع) وہ شخص جس پر عتاب کیا گیا ہو ۔ معتوب ۔ عتاب کیا گیا ۔

مُعَاتَبت (ع امث) عتاب کرنا ۔ غصّہ کرنا ۔ سرزنش ۔ غصّہ ۔

مَعَاجِم (ع امذ) معجم کی جمع ۔

مَعَاجِین (ع امث) معجون کی جمع ۔

مَعَاد (ع امذ) عود کرنے کی جگہ ۔ واپس جانے کا مقام ۔ جائے بازگشت ۔ مجازاً عقبیٰ ۔ عالمِ آخرت ۔ قیامت ۔

مُعَادِل (ع) مساوی ۔ برابر ۔

مُعَادَلت (ع امث) مُساوات ۔ برابری ۔ انصاف ۔ عدل ۔ نیاؤ ۔

مَعَادِن (ع امث) مَعدن کی جمع ۔ کانیں ۔ کھانیں ۔

مَعَاذ (ع امث) جائے پناہ ۔ بچاؤ کی جگہ ۔ شرن کی جگہ ۔

مَعَاذَاللّٰہ (ع) خدا کی پناہ ۔ توبہ ۔ خدا بچائے ۔ خدا محفوظ رکھے ۔

مَعَاذِیر (ع) عذر ۔ بہانے ۔

مَعَارِج (ع امث) معراج کی جمع ۔ زینے ۔ سیڑھیاں ۔

مُعَارِض (ع) جھگڑا کرنے والا ۔ حریف ۔ مقابل ۔ مخالف ۔ مخاصم ۔ مُدّعی ۔ بِرودھی ۔

مُعَارَضہ (ع امذ) جھگڑا ۔ بکھیڑا ۔ ٹنٹا ۔

مَعَارِف (ع) جان پہچان کے لوگ ۔ اہل علم و فضل ۔

مَعَارِک (ع امذ) معرکہ کی جمع ۔ جنگ کے میدان ۔ لڑائی کی جگہیں ۔

مُعَارَکہ (ع امذ) لڑائی ۔ یُدھ ۔ جنگ و جدل ۔

مَعَاش (ع امث) جائے زندگانی ۔ دُنیا ۔ اراضی ۔ جائداد ۔ زمین ۔ رزق ۔ روزی ۔ خوراک ۔ اوقات بسری ۔ زندگی بسر کرنے کی چیز ۔

مَعَاش دار (ع اصف) جاگیردار ۔

مُعَاشَرت (ع امث) اوقات بسری ۔ باہم مل جُل کر زندگانی بسر کرنا ۔ کسی کے ساتھ عیش کرنا ۔

معاشی (ع اصف) روزی اور بسر اوقات کے متعلق ۔

معاشیات (ع امث) اقتصادیات کا وہ علم جس میں دولت کی پیدائش اور تقسیم سے بحث کی جاتی ہے ۔

معاشیات داں (عف امث) علم معاشیات کا ماہر ۔

مُعَاصِر (ع) ہم عصر اپنے زمانے کا ۔ ایک ہی زمانے کا ۔

مُعَاصِرین (ع امذ) ہم عصر لوگ (معاصر کی جمع سالم)

مُعَاصِی (ع) گنہگار ۔ قصوروار ۔ عصیاں کار ۔ مُجرم ۔

مَعَاصِی (ع امذ) گناہ ۔ پاپ ۔ جُرم ۔ معصیت ۔

مُعَاطَفت (ع امث) مہربانی ۔ عطوفت ۔ کرم ۔ کرپا ۔ دَیا ۔ عنایت ۔ نوازش ۔

مُعَاف (ع) بخشا گیا ۔ عفو کیا گیا ۔ آزادی ۔ بری ۔ بخشش ۔ عفو ۔ درگزر ۔

معاف رکھنا (ا) محاورہ) باز رکھنا ۔ درگزر کرنا ۔

معاف کرنا (ف) چھوڑنا ۔ درگزر کرنا ۔ بخشنا ۔ جانا ۔ رخصت ہونا ۔ تشریف لے جانا ۔

مُعاف کرو (ا) محاورہ) جاؤ ۔ سدھارو ۔ رُخصت ہو ۔ اور جگہ مانگو ۔ دوسری جگہ دیکھو ۔

معافی (ع امث) عفو کیا گیا ۔ بخشا گیا ۔ بخشش ۔ خلاصی ۔ مُکتی ۔ مغفرت ۔ عفو ۔ وہ زمین جس کا معاملہ سرکار کی طرف سے معاف ہو ۔ چھوٹ ۔ انعامی جاگیر ۔ پنشن میں ملی ہوئی جائداد ۔

معافی چاہنا (ف) جُرم کا اقرار کر کے چھوڑ دینے کی التجا کرنا ۔ معذرت کرنا ۔ عفو تقصیر چاہنا ۔

معافی حین حیات (ع امث) وہ زمین جو تازیست معاف کی جائے ۔

مُعافی دار (عف امذ) جاگیردار ۔ معاف شدہ زمین کا مالک ۔

معافی دائمی ۔ یا ۔ **اِستمراری** (ع امث) وہ زمین جو ہمیشہ کے لیے معاف کر دی جائے ۔

معافی مانگنا (ف) درگزر چاہنا ۔ عذر معذرت کرنا ۔ قصور مُعاف کرنے کا خواستگار ہونا ۔

مُعالِج (ع امذ) علاج کرنے والا ۔ ڈاکٹر ۔ طبیب ۔ حکیم ۔ بَید ۔

مُعَالَجہ (ع امذ) دوا درمن ۔ علاج ۔ دوا دارو ۔

مُعَامَلات (ع امذ) معاملہ کی جمع ۔ کاروبار ۔

معاملاتِ مُلکی (ع امث) شاہی کاروبار ۔ پولیٹیکل باتیں ۔ اُمور سلطنت ۔

مُعَامَلت (ع امث) باہمی معاملہ ۔ لین دین ۔ بیوپار ۔ کسی کام کی تکلیف دہی ۔

مُعَامَلہ (ع امذ) باہمی کاروبار ۔ دھندا ۔ لین دین ۔ سوداگری ۔ تجارت ۔ بات ۔ عہد و پیمان ۔ فیصلہ ۔ قول و قرار ۔ قضیہ ۔ جھگڑا ۔ جمع ۔ لگان ۔ خاص بات ۔ تعلّق ۔ واسطہ ۔ حساب کتاب ۔

معاملہ بنانا (ف) کام درست کرنا ۔ سودا چکانا ۔ سودا بنانا ۔ مطلب حاصل کرنا ۔ راضی رضا کرنا ۔

معاملہ بنتا (ف) سودا بننا ۔ بات ٹھیک ہونا ۔ کام بننا ۔ سودا چکنا ۔ منقطع ہونا ۔

معاملہ پڑنا (ف) واسطہ پڑنا ۔ کام پڑنا ۔ تعلّق ہونا ۔

معاملہ داں / **معاملہ شناس** / **معاملہ فہم** (عف) بات کی تہہ کو پہنچ جانے والا ۔ تجربہ کار ۔ واقف کار ۔ ڈھنگ سے واقف ۔ نکتہ رس ۔

مُعاملہ کا سچا ۔ یا ۔ **کھرا** (ف) لین دین کا کھرا ۔ بات کا پُورا ۔ دیانت دار ۔

معاملہ کا کھوٹا (ف) بے ایمان ۔ بات کا کچا ۔ دغا باز ۔ لین دین کا کھوٹا ۔

معاملہ کرنا (ف) لین دین کرنا ۔ سودا ٹھہرانا ۔ فیصلہ کرنا ۔ قول و قرار کرنا ۔ آپس میں مل جُل کر کوئی کام کرنا ۔ بات ٹھیک کرنا ۔ بات چیت کرنا ۔

معاملہ ہونا (ف) کام دُرست ہونا ۔ کام بننا ۔ کام نکلنا ۔ سودا بننا ۔ بھاؤ چکنا ۔ فیصلہ ہونا ۔ بات طے ہونا ۔

مُعَانِد (ع) عناد کرنے والا۔ دُشمن۔ بَیری۔ مُخالف۔
مُعَانَدَت (ع/مث) عداوت۔ دُشمنی۔ بَیر۔ جھگڑا۔
مُعَانِس (ع) بن بیاہی جوان عورتیں۔
معانِق (ع/صف) گلے ملنے والا۔ بغل گیر ہونے والا۔
مُعَانَقَہ (ع/مذ) گلے ملنا۔ بغل گیر ہونا۔
مُعَانی (ع/مث) معنی کی جمع۔ مقاصد۔ مطلب۔ مرادیں۔ وہ علم جس سے مطلوبہ معنی ادا کرنے میں غلطی سے بچ جائیں اور عبارت بھی سخت اور دشوار نہ ہو۔ یعنی جس سے لفظوں کا صحیح موقعہ اور معنی مطلوبہ کا دُرست ہونا معلوم کیا جاسکے۔
مُعَاوِد (ع/صف) پھر آنے والا۔ واپس آنے والا۔
مُعَاوَدَت (ع/مث) واپسی لوٹ آنا۔ لوٹنا۔ پھر کر آنا۔ واپس آنا۔
مُعَاوَضَت (ع/مث) بدلہ۔ تاوان۔ عوضانہ۔
مُعَاوَضَہ (ع/مذ) بدلہ۔ عوض۔ مبادلہ۔ تاوان۔
مُعَاوَضَہ دِلانا (ف) بدلہ دلانا۔ عوض دلوانا۔ بدلے میں کچھ دینا۔
مُعَاوِن (ع/مذ) مدد دینے والا۔ مددگار۔ سہارا دینے والا۔ حمایت کرنے والا۔
مُعَاوَنَت (ع/مث) مدد۔ حمایت۔ سہاتیا۔ دستگیری۔ امداد۔ تائید۔
معاونت کرنا (ف) مدد کرنا۔ حمایت کرنا۔ سہاتیا کرنا۔ امداد کرنا۔ دستگیری کرنا۔
مُعَاہِد (ع) باہم عہد کرنے والا۔ قول و قرار کرنے والا۔
مُعَاہَدَہ (ع/مذ) باہمی عہد و پیمان۔ قول و قرار۔ بچن۔ تحریر۔ عہد نامہ۔ قسماقسمی۔
مُعَاہدہ ساقط النّفاذ (ع/مذ) وہ معاہدہ جو جاری نہ ہوسکے۔
مُعَاہدہ ممکن الانفساخ (ع/مذ) ٹوٹ سکنے والا معاہدہ۔
مَعَائِب (ع/مذ) عیب کی جمع۔ عیوب۔ نقائص۔ بہت سے عیب۔ خرابیاں۔
معائِنہ (ع/مذ) نظر کرنا۔ اپنی آنکھوں سے دیکھنا۔ نظر ڈالنا۔ آزمانا۔ پڑتال کرنا۔ امتحان کرنا۔ ملاحظہ کرنا۔
معائنہ کرنا (ف) دیکھنا۔ پڑتال کرنا۔ مشاہدہ کرنا۔ ملاحظہ کرنا۔
مَعْبَد (ع/مذ) عبادت گاہ۔ پرستش گاہ۔ مسجد۔ مندر۔ شوالہ۔ گرجا۔ کلیسا۔
مَعْبَر (ع/مذ) عبور کرنے کی جگہ۔ گھاٹ۔ گزر۔ دریا۔
مِعْبَر (ع/مذ) دریا سے پار اترنے کی سواری۔ کشتی۔ ڈونگا۔ ناؤ۔ بیڑی۔
مُعَبِّر (ع/مذ) خواب کی تعبیر بتانے والا۔ سپنے کا پھل بیان کرنے والا۔ تعبیر گو۔
مَعْبُود (ع/مذ) پوجا کیا گیا۔ عبادت کیا گیا۔ عبادت کے قابل۔ خدا تعالیٰ۔ اللہ جل شانہٗ۔
مُعْتَاد (ع/مذ) عادت کیا گیا۔ عادی (مث) خوراک کی مقدار۔ اندازہ۔
مُعْتَبَہ (ع) اعتبار کیا گیا۔ قابل اعتبار۔ دُرست۔ سچی۔ ٹھیک۔ راست۔ بھروسے کا۔
مُعتبر جاننا (ا/محاورہ) قابل اعتبار سمجھنا۔ صحیح سمجھ
مُعْتَد (ع) گنا ہوا۔ حساب کیا گیا۔ شمار کیا ہوا۔
مُعْتَدٌبِہٖ (ع) قابل اعتبار۔ شمار میں آیا ہوا۔ بھروسے کا۔
مُعْتَدِل (ع) اعتدال والا۔ وہ چیز جس میں کمی بیشی نہ ہو۔ اوسط درجہ کا۔ درمیانی۔ موافق۔
مُعتدل مزاج (ع) وہ شخص جس کے مزاج میں گرمی سردی خشکی تری مناسب اندازہ پر ہوں۔
مُعتدل ہونا (ف) برابر ہونا۔ یکساں ہونا۔ مساوی ہونا۔ موافق ہونا۔ مدھم ہونا۔
مُعْتَرِض (ع/مذ) اعتراض کرنے والا۔ روک ٹوک کرنے والا۔ مزاحم۔ گرفت کرنے والا۔
مُعترض ہونا (ف) روکنے والا ہونا۔ سدِّ راہ ہونا۔ مزاحم ہونا۔ روکنا۔
مُعْتَرِف (ع/مذ) اعتراف کرنے والا۔ اقرار کرنے والا۔ قصور ماننے والا۔ مان لینے والا۔ مُقِر۔ اقبالی۔
مُعترف ہونا (ف) اِقرار کرنا۔ اِقبال کرنا۔ قصور ماننا۔ ہامی بھرنا۔
مُعْتَزِل (ع/صف) جُدا ہونے والا۔ اختلاف کرنے والا۔
مُعْتَزِلَہ (ع/مذ) مسلمانوں کا ایک فرقہ جو عقلیت پسند کہلاتا ہے۔ ان کے نزدیک قرآن مخلوق ہے۔ ان کا ایمان ہے کہ اللہ تعالیٰ کی توحید عقلاً معلوم ہوسکتی ہے۔ اس لیے وحی کے بغیر ہی اہل عقل و حکمت توحید پر ایمان لاسکتے ہیں۔ یہ لوگ اللہ تعالیٰ کو منزہ صفات خیال کرتے ہیں۔ یعنی خدا میں متضاد صفات نہیں ہوسکتیں۔ مامون الرشید کے عہد میں یہ سرکاری مذہب بن گیا تھا۔
مُعْتَقِد (ع/مذ) اعتقاد رکھنے والا۔ یقین رکھنے والا۔ ماننے والا۔ مُرید۔ چیلا۔ بالکا۔
مُعتقد ہونا (ف) ایمان لانا۔ ماننا۔ پیروی کرنا۔ اعتقاد لانا۔
مُعْتَکِف (ع/مذ) گوشہ نشین۔ اعتکاف میں بیٹھنے والا۔ عبادت کے واسطے مسجد میں بیٹھنے اور وہاں سے باہر نہ نکلنے والا۔ دُنیا سے کنارا کش۔
مُعْتَمِد (ع) بھروسا رکھنے والا۔ اعتماد رکھنے والا۔
مُعْتَمَد (ع) جس پہ بھروسا کیا جائے۔ قابل اعتبار۔
معتمد علیہ (ع/مذ) بھروسے کا۔ قابل اعتبار۔ مُعتبر۔ وہ شخص جس پر بھروسا کیا گیا ہو۔
مُعْجِب (ع) غرور کرنے والا۔ مغرور۔ متکبر۔ اکڑباز۔ گھمنڈی۔
مُعْجِب (ع) تعجب میں ڈالنے والا۔ ہکا بکا کر دینے والا۔ حیران کر دینے والا۔
مِعْجَر (ع) اوڑھنی اوڑھنے کی۔ دوپٹہ عورت کا۔
مُعْجِز (ع) عاجز کرنے والا۔ لاجواب کرنے والا۔ فوق العادت۔ انسانی طاقت سے بڑھ کر۔
مُعجزات (ع/مث) مُعجزہ کی جمع۔
مُعجزہ (ع/مذ) عاجز کر دینے والی بات۔ انوکھی بات۔ کرامات۔

نبیوں کے فوق العادت کام - کرشمے -
معجزہ دکھانا (ف) کسی نبی یا پیغمبر کا انسانی طاقت سے باہر کوئی کام دکھانا -
مُعَجِّل (ع) جلدی کرنے والا - جلد باز - تعجیل کرنے والا -
مُعَجَّل (ع) جلدی کیا گیا - فوراً - دست بدست - ہاتھوں ہاتھ -
مُعْجَمَہ (ع) نقطہ دیا گیا - نقطہ دار حرف - وہ حرف منقوط - جس کی شکل کا کوئی بے نقط حرف بھی ہو -
مَعْجُون (ع/مث) گوندھا ہوا - گوندھی ہوئی چیز - مرکب - باہم ملی ہوئی - شہد یا کھانڈ کے قوام میں پیس کر ملائی ہوئی دوائیاں -
مَعْجُونِ فلاسفہ (ع/مث) ایک قسم کی نہایت گرم معجون کا نام -
مَعْدِلَت (ع/مث) انصاف - نیاؤ - عدل -
مَعْدِن (ع/مث) مذکر بھی بولتے ہیں - کان - دھاتوں کے نکلنے کی جگہ -
مَعْدَنی (ع) منسوب بہ معدن - کان سے نکلی ہوئی دھاتیں - کانی - کھانی -
مَعْدَنِیات (ع/مث) کانی چیزیں - فلزات - دھاتیں - معدنی کی جمع -
مَعْدُود (ع) گنا گیا - شمار کیا گیا - چند گنتی کے - بہت تھوڑے -
معدودے چند (عف/صف) گنتی کے - بہت تھوڑی تعداد میں -
مَعْدُولہ (ع/مذ) وہ واؤ جو لکھنے میں آئے مگر پڑھنے میں نہ آئے -
مَعْدُوم (ع) گم کیا گیا - نیست و نابود کیا گیا - ناپید - گم نام ہی نام -
مِعْدَہ (ع/مذ) کھانا ہضم ہونے کی جگہ - اوجھ - اوجھڑی - پٹیا -
مُعَذَّب (ع/صف/مفعولی) عذاب دیا گیا - عذاب کیا گیا -
مُعَذِّب (ع/صف) عذاب دینے والا -
مَعْذِرَت (ع/مث) مس - بہانہ - حیلہ - عُذر -
مَعْذُور (ع) عُذر کیا گیا - حیلہ کیا گیا - ناچار - مجبور - بے بس - قابل معافی - معاف کیا گیا - اپاہج - کنونڈا -
مَعْذُور رکھنا (ف) عُذر کے قابل سمجھنا - معاف رکھنا -
مُعَذَّب (ع) عذاب کیا گیا -
مُعَرّا (ع) عُریاں کیا گیا - ننگا - سادہ - خالی - وہ کتاب جس پر ترجمہ یا حاشیہ نہ لکھا گیا ہو - آزاد - کھلا ہوا - پاک - صاحب -
مِعْراج (ع/مث) اوپر چڑھنے کی چیز - سیڑھی - زینہ - نردباں - رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا عالم الملکوت میں انوارِ الٰہی دیکھنے کا موقع - اعلیٰ رتبہ - بلند پایہ - وہ مرتبہ جس سے زیادہ خیال میں بھی نہ آ سکے -
مِعْراج کی رات - یا - رتبیا (ف/مث) رجب کی ستائیسویں رات جس میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج ہوئی تھی -
مُعَرَّب (ع/مذ) عربی بنایا گیا - وہ غیر زبان کا لفظ جسے عربی بنا لیا ہو -
مَعْرِفَت (ع/مث) جان پہچان - شناخت - خدا شناسی - قانونِ قدرت یا قدرتی چیزوں کی واقفیت - ذریعے سے - وسیلے سے - بوساطت -

مَعْرِفہ (ع/مذ) کسی معیّن شے کا نام -
مُعَرِّق (ع) پسینہ لانے والی شے -
مَعْرَکہ (ع/مذ) میدانِ جنگ - رزم گاہ - لڑائی کا کھیت - دنگل - میدان کارزار - مجازاً - لڑائی - رَن - جنگ - یُدھ - جھگڑا - ٹنٹا - تنفیہ - ہجوم - بھیڑ - ہنگامہ - انبوہ - خلائق -
مَعْرَکہ آرا (عف) میدانِ جنگ کو آراستہ کرنے والا - دنگل جمانے والا - جنگ آور - جنگ جو - صف آرا -
مَعْرَکہ آرائی (عف/مث) صف آرائی - جنگ آوری - لڑائی - جنگ -
مَعْرَکہ پڑنا (ف/محاورہ) لڑائی ہونا - جنگ ہونا -
مَعْرَکہ جیتنا (ف/محاورہ) مقابلہ میں فتح حاصل کرنا -
مَعْرَکہ کا (ف) مشکل - دُشوار - اہم - بھاری - دھڑلے کا - دُھوم دھام -
مَعْرَکہ کا آدمی (ف/مذ) بہادر آدمی - دلیر - بڑا آدمی - بڑی لیاقت کا آدمی - بڑے رُعب داب کا آدمی -
مَعْرُوض (ع) پیش کیا گیا - عرض کیا گیا - گزارش - پرارتھنا - التماس - درخواست -
مَعْرُوضہ (ع) گزارش کیا گیا - عرض کیا گیا - عرضی - عریضہ - عرضی لکھنے کی تاریخ - مؤرخہ مرقومہ -
مَعْرُوف (ع) مشہور - ظاہر - معلوم - پرگھٹ - وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو - وہ واؤ جس کے پہلے ضمہ خالص ہو - جیسے نور - وہ یا جس کے پہلے کسرہ ہو - جیسے عید - نواب الٰہی بخش خاں دہلوی کا تخلص - نام ایک ولی مشہور کا -
مُعَزَّز (ع) عزت کیا گیا - بڑا - بزرگ - شریف - ساکھ والا - با اعتبار -
مُعَزَّز عُہدہ (ع/مذ) بڑا عہدہ - عزت کا عُہدہ -
مَعْزُول (ع) اُتارا گیا - برطرف کیا گیا - نوکری سے موقوف شدہ - بے کار - مُعطّل - تخت یا گدی سے اُتارا گیا -
مَعْزُول کرنا (ف) تخت سے اُتارنا - موقوف کرنا - برطرف کرنا - مُعطّل کرنا -
مَعْزُولی (ع/مث) برطرفی - موقوفی - بیکاری -
مُعَسْکَر (ع/مذ) لشکر اترنے کی جگہ - کیمپ - چھاؤنی - پڑاؤ - لشکر گاہ -
مَعْشَر (ع/مذ) عزیزوں کا گروہ - سوسائٹی - گروہ -
مَعْشُوق (ع/مذ) وہ شخص جس پر کوئی دُوسرا شخص عاشق ہو - پیارا - محبوب - من موہن - دلرُبا - دل جانی - یار - دلبر - نازنین - نازک بدن -
مَعْشُوقانہ (عف) معشوق کی طرح - منسوب بہ معشوق دلفریب - دلکش -
مَعْشُوقانہ انداز (ف/مذ) دل لبھانے والا انداز -
مَعْشُوقہ (ع/مث) پیاری - محبوبہ - عزیزہ - آشنا -

معشوقی (ع امث) دوستی۔ محبت۔ دلربائی۔ معشوق پن۔
معشوقیت (ع امث) دلربائی۔ معشوق پن۔ دلفریبی۔
مُعَصْفَر (ع اصف) کسم سے رنگا ہوا۔
مُعَصْفَری (ع اف اصف) زرد۔ سُرخ۔
مَعْصُوم (ع) گناہ سے بچا ہوا۔ بے گناہ۔ پاک۔ صاف۔ بے قصور۔ پاک دامن۔ سیدھا سادا۔ بھولا۔ چھوٹا بچہ۔ ناسمجھ بچہ۔
مَعْصُومی } (ع امث) پاک دامنی۔ بے گناہی۔
مَعْصُومیت } بچپن۔ طفولیت۔
مَعْصِیت (ع امث) گناہ۔ قصور۔ خطا۔ پاپ۔ نافرمانی۔
مُعَطَّر (ع) خوشبودار۔ خوشبو میں بسا ہوا۔ مہکتا ہوا۔
مُعَطَّل (ع) کام سے خالی۔ بے کار۔ سست۔ ڈھیلا۔ کاہل۔ نکمّا۔ کچھ دنوں تک کام سے علیحدہ۔ بنجر۔ زمین۔ زمین بائر۔ غیر مزروعہ۔
مُعَطَّل کرنا (ف) کچھ دنوں کے کام سے الگ کر دینا۔ بیکار کر دینا۔
مُعَطَّلی (ع امث) بیکاری۔ بے شغلی۔ اِلتوا۔ معزولی۔ چند روزہ موتوفی۔
مَعْطُوف (ع) لپٹا ہوا۔ کسی طرف موڑا گیا۔ وہ کلمہ یا کلام جو حرف عطف یا وصل یا تردید کے بعد واقع ہو۔
معطوف علیہ (ع امذ) وہ کلمہ یا کلام جو حرف عطف کے پہلے واقع ہو۔
مُعْطِی (ع اصف) عطا کرنے والا۔
مُعَظَّم (ع) بزرگی دیا گیا۔ بڑا بزرگ۔ شریف۔ واجب التعظیم۔
مُعَقَّد (ع اصف) پیچیدہ۔
معقول (ع) عقل میں لایا گیا۔ پسندیدہ عقل۔ مناسب۔ ٹھیک۔ بجا۔ درست۔ طنزاً کیا خوب۔ قابل تسلیم۔ بھلا۔ اچھا۔ لائق۔ تعلیم یافتہ۔ من مانا۔ زیبا۔ سجتا ہوا۔ فہمیدہ۔ شائستہ۔ سنجیدہ آدمی۔ تسلیم کرنے والا۔ ماننے والا۔ لاجواب۔ فلسفی۔ علم حکمت۔
معقول آدمی (ف امذ) سمجھ دار آدمی۔ بھلا آدمی۔ مہذب آدمی۔ شائستہ آدمی۔
معقول تنخواہ (عف امث) اچھی تنخواہ۔ خاطر خواہ مشاہرہ۔ کافی تنخواہ۔
معقول کرنا (ف) قائل کرنا۔ عاجز کرنا۔ لاجواب کرنا۔
معقولات (ع امث) معقول کی جمع۔ علوم طبیعیات منطق فلسفہ اور حکمت۔
مَعْقُولیت (ع امث) سمجھ بوجھ۔ مناسبت۔ پسندیدگی۔ انسانیت۔
مَعْکُوس (ع) اُلٹا عکس کیا گیا۔ اوندھا۔ ٹیڑھا۔
مُعَلّا۔ مُعَلّی (ع) اونچا کیا گیا۔ بلند۔ عالی مرتبہ۔ بزرگ۔ معظم۔
مُعَلَّی القاب (ع امذ) بڑے القاب والا۔ عالی مرتبہ۔ عالی جاہ۔ بلند مرتبہ والا۔
مُعَلَّق (ع) لٹکایا گیا۔ لٹکا ہوا۔ ادھر۔ آویزاں۔
مُعَلَّقہ (ع اصف امث) وہ عورت جس کو شوہر نہ طلاق دے اور نہ اس سے تعلق قائم رکھے۔
مُعَلِّم (ع امذ) تعلیم دینے والا۔ اُستاد۔ علم سکھانے والا۔ گرو۔ پنڈت۔ پاندھا۔ پانڈا۔ مُلّا۔ مولوی۔ ٹیچر۔ مدرس۔ ماسٹر۔
مُعَلِّم الملکوت (ع امذ) شیطان جو پہلے فرشتوں کو تعلیم دیا کرتا تھا۔
مُعَلِّم اوّل (ع امذ) حکیم ارسطو سے مُراد ہے۔ جس نے علم حکمت کو سب سے پہلے لکھ کر پڑھانا شروع کیا۔
مُعَلِّم ثانی (ع امذ) حکیم ابونصر فارابی کا لقب جس نے ارسطو کی کتابوں کا عربی میں ترجمہ کر کے تعلیم دینی شروع کی۔
مُعَلِّم ثالث (ع امذ) حکیم بوعلی سینا کا لقب۔ جس نے فارابی کے بعد سو کے قریب کتابیں تصنیف کیں۔
مُعَلِّمہ (ع امث) مُعلّم کی تانیث۔ پڑھانے والی عورت۔ اُستانی۔ لڑکیوں کو تعلیم دینے والی عورت۔
مُعَلِّمی (ع امث) مدرّسی۔ اتالیقی۔ لڑکوں یا لڑکیوں کو پڑھانے کا پیشہ۔
مُعْلِن (ع اصف) اعلان کرنے والا۔
مَعْلُول (ع) علت کیا گیا۔ سبب یا باعث والی چیز۔ علت و معلول سے ثابت کی ہوئی چیز (علم منطق میں) نتیجہ۔ پھل۔ ثمرہ۔ حاصل۔
مَعْلُوم (ع) جانا گیا۔ تمیز کیا ہوا۔ روشن۔ ظاہر۔ کھلا۔ عیاں۔ واضح۔ نمودار۔ مشہور و معروف۔
معلوم دینا (ف ا محاورہ) نظر آنا۔ دکھائی دینا۔ سوجھنا۔
معلوم کرنا (ف) کھوج لگانا۔ پتا لگانا۔ دریافت کرنا۔ جاننا۔ سمجھنا۔ خیال میں لانا۔ تمیز کرنا۔ پہچاننا۔ جانچنا۔ تجربہ کرنا۔ آزمائش کرنا۔
معلوم نہیں (ف ا محاورہ) خدا جانے۔ پتہ نہیں۔ کیا جانے۔ واللہ اعلم۔ کیا خبر۔
معلوم ہوتا ہے (ف ا محاورہ) خیال ہے۔ نظر آتا ہے۔ دکھائی دیتا ہے۔
معلوم ہونا (ف) سوجھنا۔ نظر آنا۔ دکھائی دینا۔ بھید کھلنا۔ ظاہر ہونا۔ پہچان میں آنا۔ شناخت ہونا۔ تمیز ہونا۔ محسوس ہونا۔ خیال آنا۔ خیال میں گزرنا۔
معلومات (ع امث) معلوم کی جمع۔ علمی تجربے۔ واقفیتیں۔ محسوسات۔ علم۔ گیان۔
معلومہ (ع امث) جانی گئی۔ وہ چیز یا بات جس کا حال پہلے سے معلوم ہو۔
مَعْلَی (ع اصف) بلندی۔ بزرگی۔
مُعَلّی القاب (ع اصف) بڑے القاب والا۔ عالی رتبہ۔
مُعَمّا (ع امذ) چھپایا گیا۔ مخفی۔ پوشیدہ۔ مبہم۔ اندھا کیا گیا۔ مجازاً پہیلی۔ چیستان۔ رمز کے طور پر بیان کی ہوئی بات۔ اُلجھا مسئلہ۔ پیچیدہ بات۔

مُعَمّا حل کرنا (ف) پہیلی بُوجھنا - چیستان بجھنا - پیچیدہ یا مشکل بات طے کرنا -

مُعَمّا کھلنا (ف) مشکل حل ہونی - پوشیدہ بات ظاہر ہونی - راز فاش ہونا -

مِعْمَار (ع / مذ) راج - عمارت بنانے والا مستری -

مِعْمَاری (ع / مث) راج گیری - عمارت بنانے کا کام - تعمیر - دُرستی - آئین -

مَعْمَان (ع) گرمی کی شدّت -

مُعَمَّر (ع) عمر رسیدہ - بوڑھا - دیرینہ سال بوڑھا -

مَعْمُور (ع) بھرا ہوا - پُر - لبالب - بھرپُور - بسا ہوا آباد - بند - مُقفل -

مَعْمُور کرنا (ف) پُر کرنا - بھرنا - آباد کرنا - بسانا - قُفل لگانا - بند کرنا - کنڈی لگانا -

مَعْمُورَہ (ع / مذ) آباد - بستی - نگر - بوئی ہوئی زمین - کاشت شدہ زمین -

مَعْمُول (ع) عمل میں لایا گیا - عمل کیا گیا - ریت - رسم - رواج - دستور - قاعدہ - عادت - سبھاؤ - خُو - خصلت - پردنیم - وہ بات جو روزمرّہ کی جائے -

مَعْمُول باندھنا (ف) قاعدہ مقرر کرنا - دستور باندھنا - روایہ اختیار کرنا -

مَعْمُول بموجب (عف / متعلق فعل) قاعدے کے مطابق - دستور کے مطابق -

مَعْمُول کے دن (ف / مذ) ایام حیض - ماہواری دن - حیض کے دن -

مَعْمُولی (ع) مروّجہ - عادت کے موافق - مقررہ - رسمی -

مَعْمُولی بات (ف / مث) رسمی بات - ادنیٰ بات -

مَعْمُولی کارروائی (عف / مث) مقررہ طریقہ - ضابطہ کی کارروائی -

مُعَنْبَر (ع) عنبر بسایا ہوا - خوشبودار بنایا ہوا - مُعطّر - خوشبودار -

مُعَنْوَن (ع / صف) عنوان کیا گیا - کسی کے نام منسوب کیا گیا -

مَعْنَوِی (ع) منسوب بہ معنی - باطنی - اندرونی - ذاتی - اصلی - ذاتی - حقیقی - یقینی -

معنوی فرزند (ع ف / مذ) روحانی اولاد - مرید یا شاگرد -

مَعْنی - یا - معنےٰ (ع / مث) (ث مذکر) مُدعا - منشا - مقصد - ارادہ - مطلب -

معنی بیان کرنا (ف) ترجمہ کرنا - مطلب سمجھنا -

معنیٔ بیگانہ (عف / مذ) وہ تازہ مضمون جو پہلے کسی نے نہ باندھا ہو -

معنی دینا (ف) معنی رکھنا - جتانا - مطلب سمجھانا - دلالت کرنا -

مَعْنِیین (ف / مذ) معنی کی جمع - مطلب - مطالب - مقاصد -

مَعَ ہٰذا (ع) باوجود اس بات کے -

مَعْہُود (ع) عہد کیا گیا - ٹھہرایا گیا - اقرار کیا گیا - مشروط - قدیم - پُرانا - مشہور - نامی - نامور -

مِعْیَار (ع / مث) کسوٹی - سونا کھرا کھوٹا دیکھنے کا پتھر - محک - پیمانہ - اندازہ - انصاب - کورس - قاعدہ - جانچ - پرکھ -

مَعِیَّت (ع / مث) ساتھ - ہمراہی -

مَعِیشَت (ع / مث) جینا - زندگی - زندگانی - زیست - روزی - روزگار - وجہ معاش -

مُعِین (ع) مدد کرنے والا - معاون - مددگار -

مُعِین و مددگار (عف) دونوں مترادف - معاون - مددگار -

مُعَیَّن (ع) ٹھہرا گیا - مقرر کیا گیا - معہود (علم اقلیدس) وہ چوکور شکل جس کے چاروں ضلعے تو برابر ہوں - مگر زاویے قائمے نہ ہوں -

مُعَیَّن کرنا (ف) ٹھہرانا - قائم کرنا - مقرر کرنا -

مَعْیُوب (ع) عیب کیا گیا - عیب دار - نکما - بُرا - عیبی - کنونڈا - بکھیڑ - باعثِ ندامت - قابلِ شرم -

م - غ

مُغ (ف) گہراؤ -

مُغ (ف / مذ) آگ کی پُوجا کرنے والا - آتش پرست - مجوسی -

مُغ بچہ (ف / مذ) آتش پرست کا بچہ - مجوسی لڑکا - خوب صورت لڑکا - کلال کا بچہ - شراب بیچنے والے کا لڑکا -

مَغَار (ع / مذ) پہاڑ کی کھوہ - غار - گڑھا - کھڈ - جھیرا - گڑھا - گھاٹی -

مَغَاک (ف / مذ) (مغ بمعنی گڑھا اور اک کلمۂ نسبت) بمعنی مَغار -

مُغَالَطَہ (ع / مذ) غلطی میں ڈالنا - غلطی - دھوکا - فریب - چھل بٹا - دغا - دم - جھانسا -

مُغَالَطہ دینا (ف) بتّا دینا - دھوکا دینا - فریب دینا - گمراہ کرنا -

مُغَالَطہ ڈالنا (ف) شبہہ ڈالنا - غلطی ڈالنا -

مُغَاں (ف / مذ) مغ کی جمع - بہت سے آتش پرست واحد بھی آتا ہے -

مُغَایِر (ع / صف) مخالف - ناموافق - غیر -

مُغَایَرَت (ع / مث) مخالفت - جُدائی - دُوری - غیریت - باہم غیر ہونا -

مُغْتَنَم - یا - مُغْتَنَمَہ (ع) غنیمت جانا گیا - مالِ مُفت - قابلِ قدر - نعمت غیر مترقبہ -

مُغْتَنَمَات (ع / مث) مغتنم کی جگہ -

مَغْرِب (ع / مث) سُورج کے چھپنے کی جگہ - پچھم - سُورج چھپنے کا وقت - شام - جھٹ پٹا -

مَغْرِب کی نماز (ف / مث) شام کے وقت کی نماز - نمازِ شام -

مَغْرِبی (ع) پچھم کا - پچھمی - پُورب کا - شامی - پچھم کا باشندہ - مہر - اشرفی -

مغربیت (ع/مث) یورپ کے انداز و اطوار۔
مغربی آسٹریلیا - آسٹریلیا کی ایک ریاست ہے۔ جہاں صحرائے دکٹوریہ پھیلا ہوا ہے۔ باشندے ساحلی میدان میں رہتے ہیں۔ کول گرلی اور کول کارڈی میں سونے کی کانیں ہیں۔ پرتھ دارالحکومت ہے۔
مِغرفہ (ع) ڈوئی۔ کف گیر۔
مُغْرَق (ع) پانی میں ڈوبا ہوا۔ چمکول۔ جگمگاتا ہوا۔ دمکتا ہوا۔ سونے یا چاندی میں لپا ہوا۔
مَغْرُور (ع) متکبر۔ گھمنڈی۔ خود بین۔ بددماغ۔
مغرور ہونا (ا) اترانا۔ شیخی میں آنا۔ متکبر ہونا۔ غرور کرنا۔
مغروری (ا/مث) تکبر۔ غرور۔ گھمنڈ۔ نخوت۔ دماغ۔
مَغْز (ع/مذ) بھیجا۔ دماغ۔ گودا۔ گری۔ کسی چیز کا اندرونی حصہ۔ مجازاً عقل۔ سمجھ۔ فراست۔ فہم۔ غرور۔ تکبر۔ دماغ۔ جڑ۔ اصل۔ انجام۔ خلاصہ۔
مغز اڑا جانا (ا) دماغ کا بدبو یا شور سے پریشان ہونا۔ دماغ پریشان ہونا۔
مغز اُڑانا (ا) دماغ پریشان کرنا۔ بکواس سے مغز چاٹنا۔
مغزِ استخواں (ع ف/مذ) ہڈی کا گودا۔
مغز بھنّانا (ا) دماغ چکرانا۔ سر چکرانا۔ دماغ پریشان ہونا۔
مغز بھونکانا } (ا) دیر تک سمجھنا۔ پکے جانا۔
مغز پھرانا } سر پھرانا۔ سر مارنا۔
مغز پچانا } (ا) بہت سر کھپانا۔ سر مارنا۔
مغز پچی کرنا } مغز مارنا۔ بحث و تکرار کرنا۔ بہت بک بک کرنا۔
مغز چاٹنا (ا) باتوں سے سر کھانا۔ دماغ کھانا۔ خالی کرنا۔
مغز چٹ (ا/مذ) بکواسی۔ بک بک کرنے والا۔ بکی۔
مغز چٹی (ا/مث) بک بک۔ جھک جھک۔
مغز چلنا (ا) پاگل ہونا۔ دیوانہ ہونا۔ اترانا۔ بڑھ کر چلنا۔ بہکنا۔ بددماغ ہونا۔
مغز خالی کرنا (ا) دیکھو (مغز بھونکانا)
مغز دار (ع ف/صف) گودے دار۔ چرب اور فصیح۔
مغز روشن (ا/مث) کنایۃً نسوار۔
مغز سے اتارنا (ا) سوچ کر عمدہ بات نکالنا۔ دماغ سے نئی بات پیدا کرنا۔
مغز سے نکالنا (ا) مغز سے اتارنا۔ کسی بات کو دماغ سے دور کر دینا۔
مغز کا (ا) دماغ والا۔ سمجھدار۔ عالی دماغ۔ عقلمند۔ دور اندیش۔
مغز کو چڑھ جانا (ا) کسی چیز کا دماغ میں جا کر تیزی کرنا۔ اترانا۔ مغرور ہو جانا۔ پاگل ہو جانا۔ دیوانہ ہو جانا۔
مغز کھانا (ا) بکواس کرنا۔ بک بک کر کے مغز چاٹنا۔ دماغ پریشان کرنا۔
مغز کے کیڑے اُڑانا (ا) بک بک سے دردِ سر کرنا۔ مغز کھانا۔ دماغ پریشان کرنا۔
مغز کے کیڑے جھڑنا } (ا) سزا پانا۔ غرور ڈھینا۔ ٹھیک ہونا۔ سیدھا
مغز کی کیل نکالنا } ہونا۔
مغز کے کیڑے نہ اُڑاؤ (ا/محاورہ) بک بک کر کے مغز نہ کھاؤ۔ بہت نہ بولو۔ دماغ نہ چاٹو۔
مغزی (ا/مث) کور۔ پتلی گوٹ۔
مِغْفَر (ع/مذ) لوہے کی ٹوپی جو لڑائی کے وقت پہنا کرتے ہیں۔ خود۔ لوہے کا ٹوپ۔
مَغْفِرَت (ع/مث) چھٹکارا۔ گناہ کی بخشش۔ خلاصی۔ رہائی۔ نجات۔ عفو تقصیر۔
مَغْفُور (ع) بخشا ہوا۔ مرحوم۔ بہشتی۔ بیکنٹھ باشی۔ مجازاً متوفی۔
مُغَل (ف/مذ) } سادہ دل۔ تاتاری ترکوں کے ایک عمدہ اور اعلیٰ فرقہ
مُغُل (ا) } کا نام۔
مغل پٹھان (ا/مذ) مسلمانوں کا ایک فرقہ جو پٹھانوں سے افضل شمار کیا جاتا ہے۔
مِغْلاق (ع/مث) دروازے کی زنجیر۔
مُغلانی (ا/مث) مغل قوم کی عورت۔ خادمہ۔ ملازمہ۔ درزن۔ کپڑے سینے والی عورت۔
مُغلائی (ا) مغلوں کی طرز کی چیز۔ مغلوں کے فیشن کا۔ یا طرز کا۔
مُغَلَّظ (ع) موٹا۔ دبیز۔ سِطبر۔ گندا۔ میلا۔ گدلا۔ گاڑھا۔ جما ہوا۔ رقیق کی ضد۔ ناپاک۔ نجس۔
مُغَلَّظات (ع/مث) مغلظ کی جمع۔ گندی گالیاں۔ قابلِ شرم باتیں۔ فحش باتیں۔
مغلظات بکنا } (ا) فحش گالیاں دینا۔
مغلظات سنانا } کھلی کھلی گالیاں دینا۔
مُغْلَق (ع) بند کیا ہوا دروازہ۔ تالا لگا ہوا۔ مقفل۔ مجازاً ادق کلام۔ مشکل کلام۔ وہ کلام جو مشکل سے سمجھ میں آئے۔ سخت اور دور از فہم الفاظ۔
مُغْلِم (ع/صف) اغلام کرنے والا۔ لوطی۔ لونڈے باز۔
مَغْلُوب (ع) غلبہ کیا گیا۔ ہارا ہوا۔ شکست خوردہ۔ عاجز۔ مفتوح۔ دبا ہوا۔ بس میں آیا ہوا۔
مغلوب الحال (ع ا ف/صف) مجذوب۔
مغلوب الغضب (ع) غصے کے بس میں آیا ہوا۔ تیز مزاج۔ ذرا سی بات پر خفا ہو جانے والا۔ بدمزاج۔ غصیل۔
مغلوب کرنا (ا) عاجز کرنا۔ ہرانا۔ دبانا۔ فتح کر لینا۔ تھکانا۔
مغلوبیت (ع/مث) دباؤ۔ فرمانبرداری۔ عاجزی۔ اطاعت۔
مَغْلُوط (ع/صف) غلط کیا گیا۔
مَغْلُوق (ع/صف/مفعولی) دروازہ بند کیا گیا۔
مَغْلُول (ع/صف) جس کی گردن میں طوق ڈالا گیا ہو۔

مُغلئی (ا) منسوب بہ مُغل - مُغلوں کی طرز کا - لیس ٹکی ہوئی چیز - تیموری حکومت کا زمانہ - مُغلیہ خاندان کی حکومت (مُغلائی کا مخفف ہے)

مُغلئی ٹوپی (ا/مث) اُونچے اُونچے گوشوں والی ایک خاص قسم کی ٹوپی -

مُغلی (ا) مُغلوں سے منسوب - مُغلوں کی طرح کا (مث) بچّوں کی ایک بیماری کا نام ہے ۔

مُغلی بیماری (ا/مث) کیڑے کا مرض - بچّوں کی بیماری جس میں ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو جاتے ہیں - اُم الصبیان - پسلی کا خلل -

مُغلیہ (ف) مُغلوں کے خاندان سے منسوب - مُغلوں کا خاندان - مُغلوں کی حکومت - مُغل قوم کے لوگ -

مَغمُوم (ع) رنجیدہ - غمزدہ - آزُردہ - غمگین - اُداس - ملُول - دلگیر -

مُغَنّی (ع/ا) گویا - گانے والا - ڈوم - کلاونت - میراثی -

مُغَنّیہ (ع/مث) میراثن - گانے والی - ڈُومنی -

مُغوِی (ع/صف) گمراہ کرنے والا - اغوا کرنے والا -

مُغیلان (ع/مذ) کیکر کا درخت - ببول کا درخت - ایک کانٹے دار درخت کا نام -

م - ف

مَفاتِیح (ع/مث) مِفتاح کی جمع - چابیاں - کنجیاں - تالیاں -

مُفاجات (ع) دفعتہً - یکبارگی - اچانک - اچانچک - ناگہاں - ناگاہ -

مُفاخرت (ع/مث) شیخی - فخر - بڑائی - غرور - نخوت - ڈینگ - کسی چیز پر اترانا -

مفاد (ع/مذ) فائدہ - نفع -

مفاد پرست (ع ف/صف) مطلبی - خود غرض -

مُفارقت (ع/مث) جُدائی - علیحدگی - فرقت - بچھوڑا -

مَفاسِد (ع/مث) مفسدہ کی جمع - فتنے - جھگڑے - بُرائیاں - خرابیاں - فساد -

مَفاصِل (ع/مث) مفصل کی جمع - جوڑ بند - بدن کے اعضا - گرہ - گانٹھ - پوری - ہاتھ پاؤں وغیرہ کے بند -

مُفاصَلہ (ع/مذ) فاصلہ دُوری - فرق باہمی - دیر - وقفہ - عرصہ - وقت -

مُفاوضات (ع/مث) مفاوضہ کی جمع - بزرگوں یا برابر والوں کے لکھے ہوئے خطوط - مکتوبات - مراسلات کی ضد جو ادنیٰ کی طرف سے اعلیٰ کو لکھے جاتے ہیں -

مُفاوضہ (ع/مذ) اعلیٰ کی طرف سے ادنیٰ کی طرف لکھا ہوا خط - نامہ - مکتوب - چٹھی - فرمان -

مُفت (ف) بے مول - بلا قیمت - بن داموں - ناحق - بے فائدہ - لاحاصل - ضائع - اکارت - بے تھا - بلا وجہ - بے قصور - بے سبب - بلا محنت و مشقت -

مُفت آنا (ا/محاورہ) بلا قیمت حاصل ہونا -

مُفت بر (ف) یُونہی - لے جانے والا - بلا عوض لے جانے والا - مُفت خورا -

مُفت بہا دینا (ا/محاورہ) قیمتی چیز سستی بیچ ڈالنا -

مُفت خور - یا - مُفت خورا (ف) بلا اُجرت و محنت مال ہضم کر جانا - بن داموں کھا جانے والا - نِیبو نچوڑ - ہر دیگ چمچہ - طفیلی - روٹی کھادا -

مُفت را چہ گفت (ف/مثل) بن داموں چیز کو فوراً لے لینا چاہیے -

مُفت کی شراب (ا/مث) بلا قیمت چیز - بن داموں کی چیز -

مُفت کی قاضی کو بھی حلال ہے
مُفت کی قاضی نے بھی حلال کی ہے } (ا/مثل) بلا قیمت چیزیں باشرع لوگوں کو حرام کا خیال نہیں رہتا -

مُفت میں (ا) بن داموں - بلا اُجرت - یونہی - بلا سبب - بے قصور - بیگار میں - ضائع - اکارت -

مُفت ہاتھ لگنا
مُفت ہاتھ آنا } (ا) یُونہی مِل جانا - بن داموں ہاتھ میں آ جانا -

مِفتاح (ع/مث) آلہ - کنجی - چابی - تالی -

مُفتِح (ع) جیتنے والا - فتح کرنے والا - کھولنے والا - سُدوں کو نکالنے والی دوا -

مُفتِحات (ع/مث) مفتح کی جمع - پتھری اور سُدوں کو کھلا دینے والی دوائیاں -

مُفتخر (ع) فخر کرنے والا - شیخی خورا - لپاٹیا - ڈینگیا -

مُفتَرِی (ع) افترا باندھنے والا - بہتان لگانے والا - دوش دینے والا - الزام دھرنے والا - شریر - فسادی - فریبی - دغا باز -

مُفتَنِش (ع) تفتیش کرنے والا - ڈھونڈنے والا -

مُفتَقِر (ع/صف) فقیر - کنگال - غریب -

مَفتُوح (ع) کھولا گیا - فتح کیا گیا - زبر کیا ہوا - جیتا ہوا وہ حرف جس پر زبر دیا گیا ہو - زبر والا حرف - منصُوب -

مَفتُون (ع) فتنہ میں ڈالا گیا - مُبتلا - عاشق - شیدا - فدا - قربان -

مَفتُون کرنا (ا) فریفتہ کرنا - شیدا بنانا - عاشق کر لینا -

مُفتی (ع/مذ) فتویٰ دینے والا - شرعی حاکم - قاضی سے اُوپر کا عہدہ - دھرم شاستری - مجازاً قاضی - جج -

مُفتَخَر (ع) فخر کیا گیا - معزز - بہت بُزرگ -

مَفَر (ع/مذ) بھاگنے کی جگہ - فرار گاہ -

مُفَرِّح (ع) فرحت بخش - طبیعت کو خوش کرنے والی دوا -

مُفَرِّح قلب (ع/مث) دِل کو فرحت دینے والی دوا -

مُفَرِّحَات (ع اسث) طبیعت کو فرحت اور خوشی بخشنے والی دوائیاں۔
مُفرَد (ع) تنہا - علیحدہ - اکیلا - ایک واحد - غیر مرکب - یکتا - یگانہ - لاثانی۔
مُفرَدات (ع اسث) مُفرد کی جمع - وہ کتاب جس میں مُفرد دوائیوں کا حال لکھا ہو۔
مُفَرَّس (ع اصف امفعولی) غیر زبان کا لفظ جو فارسی بنا لیا گیا ہو۔
مُفرِط (ع) بے حد زیادہ - بہت زیادہ - کثیر - بسیار۔
مَفرُور (ع) بھاگا ہوا - فراری - رُوپوش۔
مَفرُوش (ع اصف) بچھایا گیا۔
مَفرُوض - مفرُوضہ (ع) مانا گیا - تسلیم کیا گیا - فرض کیا گیا - قیاسی - فرضی۔
مَفرُوق (ع) جُدا کیا گیا - تمیز کیا گیا - مفرُوق منہُ سے تفریق کیا ہوا۔
مَفرُوق مِنہُ (ع امذ) وہ عدد جس میں سے کوئی عدد گھٹایا جائے۔
مُفسِد (ع) فساد کرنے والا - جھگڑالو - شریر - سرکش - دنگئی - باغی - منحرف - آگ لگاؤ - دو آدمیوں کو لڑوا دینے والا۔
مُفسِدانہ (ع) باغیوں کی طرح - فسادیوں کی مانند۔
مَفسَدہ (ع امذ) فساد - جھگڑا - غدر - بلوہ - دنگا - بدی - تباہی۔
مفسدہ اُٹھانا (ا امحاورہ) جھگڑا کھڑا کرنا۔
مفسدہ برپا کرنا (ا) جھگڑا کھڑا کرنا - فساد اٹھانا۔
مفسدہ پرداز (ع ف) جھگڑالو - فسادی - دنگئی - شریر۔
مُفَسِّر (ع) تفسیر کرنے والا - معنی بیان کرنے والا - مترجم - شارح - ترجمان۔
مَفصِل (ع امذ) بدن کا جوڑ - جوڑ کی جگہ - اعضاء کے جوڑ کا مقام۔
مُفَصَّل (ع) تفصیل کیا گیا - کھُلا کھُلا - مشرح - تفصیل وار۔
مُفَصَّل بیان کرنا - یا کہنا (ا) کھول کر بیان کرنا - تفصیل وار کہنا - ایک ایک کر کے کہ دینا - جُدا جُدا کہنا۔
مُفَصَّلات (ع امذ) اردگرد کے گاؤں - دیہات - مضافات - نضبات۔
مُفطِر (ع) روزہ کھولنے والا۔
مَفعُول (ع) کام کیا گیا - جس پر کام واقع ہو - بدفعلی کرانے والا - بُرا کام کرانے والا۔
مَفعُول بِہٖ (ع امذ) وہ مفعول جس پر کام واقع ہو۔
مَفعُول ثانی (ع امذ) فعل متعدی کا دوسرا مفعول۔
مَفعُول فیہ (ع) وہ جگہ یا وقت جس میں فعل کیا گیا ہو۔
مفعول لہٗ (ع امذ) وہ لفظ جو فعل کے سبب پر دلالت کرے۔
مفعول مالم یُسَمَّ فاعلہٗ (ع امذ) وہ مفعول جو فاعل کا قائم مقام ہو۔
مَفعُولِ مُطلَق (ع امذ) فعل کا مصدر یا حاصل مصدر یا اس کا مرادف لفظ جو فعل کے ساتھ مذکور ہو۔
مَفعُول معہٗ (ع امذ) وہ مفعول جو ہمیشہ مفعول بہ کا شریک حال ہو۔
مَفعُول منہ (ع امذ) وہ لفظ یا مفعول جو فعل کے آلہ ہونے پر دلالت کرے۔
مَفقُود (ع) کھویا گیا - گم شُدہ - ناپید - غائب - الوپ - ندارد۔
مَفقُود الخبر (ع) جس کی کچھ خبر نہ ہو - گم شُدہ - جس کا پتہ نہ لگے۔
مفقود ہونا (ا) کھویا جانا - ناپید ہونا - غائب ہونا - گم ہونا۔
مُتفکّر (ع اصف) فکر کرنے والا - سوچنے والا۔
مُفلِس (ع) نادار - کنگال - جس کے پاس کچھ نہ ہو - غریب - فقیر - تہی دست۔
مُفلس سے سوال حرام ہے (ا امثل) غریب کو تکلیف جائز نہیں۔
مُفلس کا مال ہے (ا امحاورہ) سستا مال ہے - ارزاں مال ہے۔
مُفلس بیگ (ا امذ) ننگا - بھوکا - کنگلا۔
مُفلِسی (ف امث) غریبی - ناداری - کنگالی - محتاجی - تہیوت۔
مُفلِسی آنا (ا امحاورہ) محتاج ہونا۔
مُفلِسی چھانا (ف) تہیوت میں مبتلا ہونا - غریبی میں پھنسنا - ناداری میں گرفتار ہونا۔
مُفلِسی میں آٹا گیلا ہونا (ا) نقصان پر نقصان ہونا - تکلیف میں تکلیف ہونا - ناداری میں اولاد کی کثرت ہونا۔
مُفلِسی میں شوق نبھانا (ا امحاورہ) غربت میں فضول خرچی کا حوصلہ کرنا۔
مَفلُوج (ع) فالج کی بیماری کا مارا ہوا - ادھرنگی - فالج کا مریض۔
مَفلُوک (ع) فلک زدہ غریب - محتاج - تباہ حال - خستہ۔
مَفلُوک الحال (ع) تباہ حال والا - خستہ حال۔
مُفَوَّض - مُفَوَّضہ (ع) سپرد کیا گیا - حوالہ کیا گیا - امانت رکھا ہوا۔
مفہوم (ع) سمجھا گیا - جو سمجھ میں آ جائے - سمجھ - عقل - منصوبہ - منشاء - ارادہ - مُدّعا۔
مَفہُوم ہونا (ا) سمجھا جانا - معلوم ہونا - خیال میں آ جانا۔
مُفِید (ع) فائدہ مند - سود مند - فائدہ دینے والا۔
مفید پڑنا - یا - ہونا (ا) موافق پڑنا - فائدہ ہونا - فائدہ بخش ہونا۔

م - ق

مَقَابِر (ع امذ) مقبرہ کی جمع - وہ مقام جہاں بہت سی قبریں اور مقبرے ہوں۔

مُقابِل (ع) سامنے آنے والا۔ سامنے رُوبرُو۔ حریف۔ دشمن۔ مخالف۔ مثل۔ مانند۔ نظیر۔ برابر۔ مُساوی۔ یکساں۔
مُقابِل ہو جانا (ف) لڑنے کے لیے سامنے آجانا۔ سامنا کر بیٹھنا۔ بھڑ جانا۔
مُقابِل ہونا (ف) سامنے ہونا۔ برابری کرنا۔ گستاخی سے پیش آنا۔ مُنہ چڑھنا۔ رُوبرُو ہونا۔
مُقابَلہ (ع امذ) مُٹھ بھیڑ۔ آمنا سامنا۔ مخالفت۔ ضد۔ اختلاف۔ ہمسری۔ برابری۔ مطابقت۔ جانچ پڑتال۔ تکرار۔ بحث۔ لڑائی۔ جھگڑا۔ جنگ وجدل۔
مُقابلہ کرنا (ف) مطابقت کرنا۔ ملانا۔ بحث کرنا۔ تکرار کرنا۔ برابری کرنا۔ گستاخی سے پیش آنا۔ لڑائی جھگڑا کرنا۔ جانچنا۔ پڑتال کرنا۔ دھڑا باندھنا۔ دو لوجوانوں کا آپس میں لڑنا۔
مُقابلے پر آنا (ف) سامنے آنا۔ رُوبرو آنا۔ دو فوجوں کا لڑائی کے لیے سامنے آنا۔
مقابلے پر کھڑا ہونا (امحاورہ) الیکشن میں کسی اُمیدوار کے ساتھ مقابلہ کرنا۔
مُقابہ (امذ) کنگھی۔ سُرمہ۔ عطر۔ تیل وغیرہ رکھنے کا صندوقچہ۔ سنگاردان۔
مُقابِح (ع) برائیاں۔ خرابیاں۔
مُقاتِل (ع اصف) کسی کے ساتھ لڑنے والا۔ مقابلہ پہ قتل کرنے والا۔
مُقاتلہ (ع امذ) باہم کُشت وخُون کرنا۔ قتل کرنا۔ خون ریزی کرنا۔
مَقادِیر (ع امث) مقدار کی جمع۔ تعداد۔ شُمار۔ اندازہ۔
مقادیر ابعاد (ع امث) طول۔ عرض اور گہرائی کی مقداریں۔
مقادیر غیر متماثلہ (ع امث) (جبر و مقابلہ) وہ مقداریں جس کے حروف مختلف ہوں۔
مَقادیرِ مجہُولہ (ع امث) غیر معلوم مقداریں۔ نامعلوم مقداریں۔
مَقادیرِ معلومہ (ع امث) وہ مقداریں جو معلوم ہوں۔
مُقارَبت (ع امث) باہمی قرابت۔ نزدیکی صحبت۔ ہم
مُقارِن (ع اصف) نزدیک۔ قریب۔ دوران۔
مُقارَنت (ع امث) قرین ہونا۔ نزدیک ہونا۔ نزدیکی۔
مقاصد (ع امذ) مقصد کی جمع۔ مطالب۔
مقاطعہ جوئی (ع امذ) جھوک پڑتال۔
مَقال (ع امث) کلام۔ گُفت گو۔ بات چیت۔
مَقالہ (ع امذ) کہی ہوئی بات۔ مقولہ۔ قول۔ تحریر۔ اقلیدس کے ہر حصے کا نام۔ کتاب کا باب۔ حصّہ۔ فصل۔ ادھیائے۔
مَقام (ع امذ) ٹھہرنے کی جگہ۔ مکان۔ مسکن۔ گھر۔ ٹھکانا۔ اُترنے کی جگہ۔ منزل۔ پڑاؤ۔ قیام گاہ۔ موقع۔ وقت۔ محل۔ راگ کے پردے۔
مقامِ ابراہیم یا مُصلّیٰ (ع امذ) مکہ معظمہ کے اس مقام کا نام ہے جہاں حضرت ابراہیم خلیل اللہ کی بیوی ہاجرہ نے پتھر پہ آپ کے پاؤں دُھلائے تھے۔
مقام بولنا (ف) ٹھہرنے کا حکم دینا۔ ٹھہرانا۔ ہالٹ کرنا۔
مقام دینا (ف) ماتم پُرسی کو جانا۔ تعزیت کے لیے کسی کے گھر جانا۔ سیاپے جانا۔
مقام کرنا (ف) ٹھہرنا۔ اُترنا۔ قیام کرنا۔
مقامِ محمُود (ع امذ) نیکیوں کا سب سے اعلیٰ درجہ۔ وہ مقام جہاں حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم معراج کی رات پہنچے تھے۔
مقامِ مُعیّن (ع امذ) خاص جگہ۔ مقرر کیا ہوا مقام۔ مقررہ جگہ۔
مقام ہونا (ف) ٹھہرنا۔ قیام ہونا۔ اُترنا۔
مُقامِر (ع) جُوئے باز۔ جواری۔ قمار باز۔
مقامی (ع) ٹھہرا ہوا۔ سفری کی ضد۔ لوکل۔ کسی خاص جگہ کے متعلق۔ ساکن۔ قائم۔
مَقبَرہ (ع امذ) قبر کی جگہ۔ گور۔ قبر۔ آستانہ۔ مزار۔ کسی بزرگ کا مدفن۔ روضہ۔ تربت۔
مُقبِل (ع) لُغوی معنی سامنے ہونے والا۔ فرمان قبول کرنے والا۔ اصطلاحی دولت مند۔ بھاگوان۔ اقبال مند۔ امیر۔ ماننے والا۔
مُقبَل (ع) مانا گیا۔ منظور شدہ۔ قبُول کیا گیا۔ معزز آدمی جس کی بات حاکم مانے۔
مقبُوضہ (ع) وہ چیز جس پر قبضہ کیا جائے۔ قبضہ کیا گیا۔
مقبُول (ع) قبول کیا گیا۔ برگزیدہ۔ پیارا۔ محبُوب۔ پسندیدہ۔ مانا گیا۔
مقبُول بارگاہ (ع صف) خدا کا پیارا۔ محبوب خُدا۔ محبوب الٰہی۔
مقبُول ہونا (ف) منظور ہونا۔ قبول ہونا۔ پسند ہونا۔ پسندیدہ ہونا۔
مقبُولیت (ع امث) منظوری۔ اجابت۔ قبولیت۔ مانا جانا۔
مقتبس (ع) روشنی لینے والا۔ اقتباس کرنے والا۔ دوسرے شخص سے فائدہ اُٹھانے والا۔
مَقت (ع) دشمنی۔
مقتحم (ع) غالب۔ ظالم۔
مُقتدا (ع) وہ شخص جس کی لوگ پیروی کریں۔ پیروی کیا گیا۔ امام۔ پیشوا۔ رہنما۔
مُقتدر (ع) طاقت ور۔ قوی۔ زور آور۔ زبردست۔ اقتدار رکھنے والا۔
مقتدی (ع) کسی کی پیروی کرنے والا۔ مقلد۔ پیچھے چلنے والا۔ امام کے پیچھے کھڑا ہونے والا۔
مُقتصر (ع) مختصر کرنے والا۔ تھوڑے پر صبر کرنے والا۔

مُقتضا (ع) چاہا گیا۔ خواہش کیا گیا۔ مجازاً مراد۔ موقع۔ مصلحت مناسب۔
مُقتضائے انصاف (ع) از رُوئے انصاف۔ حسب انصاف۔ انصافی طور پر۔
مُقتضائے وقت (ع) حسب موقع۔ مناسب وقت۔ مصلحت وقت۔ پالیسی۔
مُقتضی (ع) خواہش کرنے والا۔ چاہنے والا۔ تقاضا کرنے والا۔
مَقتل (ع امذ) قتل کی جگہ۔ مسلخ۔ کمیلا۔ آدمی کے جسم کی وہ جگہ جہاں زخم لگنے سے انسان زندہ نہ رہ سکے۔
مَقتول (ع) قتل کیا گیا۔ مارا گیا۔ کُشتہ۔ مجازاً عاشق۔ شہید۔
مِقدار (ع امث) اندازہ۔ شمار۔ وزن۔ تول۔ جسامت۔ ڈیل ڈول۔ میزان۔ جوڑ۔ حاصل۔ مجموعہ۔ تعداد۔
مقدار مُثبتہ (ع امث) وہ مقدار جس کے پہلے جمع کی علامت ہو۔
مقدار مجہول (ع امث) نامعلوم مقدار۔
مقدار مُرکب (ع امث) کئی اجزا سے بنی ہوئی ایک مقدار۔
مقدار معروف (ع امث) معلوم مقدار۔
مقدار منفیہ (ع امث) وہ مقدار جس سے پہلے نفی کی علامت ہو۔
مُقَدَّر (ع) نوشتۂ ازلی۔ پہلے سے لکھا ہوا۔ تقدیر کا لکھا۔ وہ حروف جو عبارت میں نہ ہوں مگر اُن کے معنی لیے جائیں (مذکر) کرم۔ لیکھا۔ ہونی۔ بھاگ۔ پرالبد۔ قسمت کا لکھا۔
مُقَدَّر آزمانا (ف) تقدیر کی آزمائش کرنا۔ نصیب کا امتحان کرنا۔
مُقَدَّر بدلنا (ف ل محاورہ) تقدیر کا بدل جانا۔ حالات دُوسرے ہو جانا۔
مُقَدَّر برگشتہ ہونا (ف) قسمت بگڑنا۔ تقدیر پلٹنا۔ نصیب کا برگشتہ ہونا۔ بھاگ پھوٹنا۔
مُقَدَّر پر پتھر پڑنا (ف ل محاورہ) تقدیر بگڑ جانا۔
مُقَدَّر پھوٹنا (ف ل محاورہ) تقدیر بگڑنا۔
مُقَدَّر پھوڑنا (ف ل محاورہ) تقدیر آزمائی کرنا۔
مُقَدَّر جاگنا (ف ل محاورہ) دن پھرنا۔ اچھے دن آنا۔
مُقَدَّر سامنے ہونا (ف) اقبال یاور ہونا۔ تقدیر سیدھی ہونا۔ قسمت یاور ہونا۔
مُقَدَّس (ع) پوتر کیا گیا۔ بے گناہ۔ معصوم۔ بزرگ۔ پارسا۔ فرشتہ خو۔
مُقَدَّم (ع) پیش کیا گیا۔ آگے بڑھا ہوا۔ آگے کیا گیا۔ پہلا۔ گزشتہ۔ اگلا۔ قدیم۔ برتر۔ اعلیٰ۔ اونچا۔ لازم۔ مناسب۔ ضروری۔ فرض۔ واجب۔ گاؤں کا نمبردار۔ چودھری۔ مکھیا۔ پٹواری۔ سردار۔ حساب کی رقم۔ زمینداروں کی عزت کا لقب۔ آگے کا حصہ۔ جسم کا اگلا حصہ۔ (منطق میں) شرطیہ قضیہ کا پہلا جزو۔
مُقَدَّم جاننا۔ یا۔ سمجھنا (ف) اچھا جاننا۔ لازم سمجھنا۔ قابل ترجیح خیال کرنا۔ کسی کام کو سب سے اوّل خیال کرنا۔

مُقَدَّم ہونا (ف) کسی کام کا پہلے کرنا۔ فرض اور ضروری ہونا۔
مَقْدَم (ع امذ) پاؤں رکھنے کی جگہ۔ قدم رکھنے کا وقت۔ تشریف آوری۔ قدم رنجہ فرمانا۔
مُقَدَّمات (ع امذ) مقدمہ کی جمع۔ مقدمے۔ معاملے۔
مُقَدَّمہ (ع امذ) پیش کیا گیا۔ آگے لایا گیا۔ مجازاً ابتدا۔ آغاز۔ دیباچہ۔ عنوان۔ سرنامہ۔ دعویٰ۔ فریاد۔ استغاثہ۔ معاملہ۔ موقع۔ مسئلہ۔ بات۔ ماجرا۔ وقوعہ۔ حادثہ۔ واردات۔
مُقَدَّمہ بازی (ف امث) نالش۔ والش۔ عدالتی چارہ جوئی۔
مُقَدَّمہ باز (ع ف صف) وہ شخص جس کو مقدمے لڑنے کا بہت شوق ہو۔
مُقَدَّمہ بنانا۔ یا۔ اُٹھانا (ف) جھوٹا دعویٰ بنانا۔ جھگڑا کھڑا کرنا۔
مُقَدَّمہ جیتنا (ف) دعوے میں کامیاب ہونا۔
مُقَدَّمہ قابل دست اندازی پولیس (ع ف امذ) وہ مقدمہ جس میں پولیس افسر بغیر وارنٹ کے گرفتار کر سکے۔
مُقَدَّمہ لڑنا (ف ل محاورہ) نالش کرنا۔ دعویٰ پیش کرنا۔
مُقَدَّمہ مرتب کرنا (ف ل محاورہ) مقدمہ کو ترتیب دینا۔
مُقَدِّمہ (ع) آگرا۔ آگے جانے والا۔ تمہیدی طور پر۔ پہلے بیان شدہ مضمون۔ لشکر کا وہ حصہ جو آگے بھیج دیا ہو۔
مُقَدِّمۃ الجَیش (ع امذ) آگے بھیجا ہوا لشکر۔ پیش خیمہ۔ آگے کی فوج۔ ہراول۔ لشکر میں سب سے آگے چلنے والا۔ بہادر۔ سپہ سالار۔ کمانڈر انچیف۔ فوج کا افسر اعلیٰ۔
مَقْدُور (ع امذ) وہ چیز جس پر قدرت ہو۔ طاقت۔ سامرتھ۔ مجال۔ شکتی۔ بل۔ زور۔ قوت۔ حوصلہ۔ بوتا۔ بس۔ قابو۔ پہنچ۔ رسائی۔ جرأت۔ دلیری۔ وسیلہ۔ ذریعہ۔ گنجائش۔ حیثیت۔ قابلیت۔ دولت۔ ثروت۔ پونجی۔ چارہ۔ علاج۔ کم پائے تدبیر۔
مقدور بھر (ف) جہاں تک ممکن ہو۔ حتی الامکان۔ حتی الوسع۔
مقدور چلنا (ف) قابو چلنا۔ بس چلنا۔ زور چلنا۔
مقدور سے باہر پاؤں رکھنا (ف) بساط سے بڑھ کر چلنا۔ حیثیت سے باہر کام کرنا۔
مقدور کی بات (ف امث) دولت کی بات۔ روپے کا کھیل۔ ہوت کی بات۔
مقدور نہ رکھنا (ف) مجال نہ ہونا۔ تاب نہ رکھنا۔ حوصلہ نہ رکھنا۔ قابو نہ رکھنا۔ ناچار ہونا۔ بے بس ہونا۔ نادار ہونا۔ بے زر ہونا۔
مقدور والا (ف) دولت مند۔ غنی۔ مال دار۔ امیر۔ پونجی والا۔ دھن ونت۔
مقدور ہونا (ف) حوصلہ ہونا۔ مجال ہونا۔ بس ہونا۔ قابو ہونا۔ مال و زر ہونا۔ دولت ہونا۔ گنجائش ہونا۔ سمائی ہونا۔ طاقت ہونا۔ زور ہونا۔ بل ہونا۔
مُقِر (ع) اقرار کرنے والا۔ اقراری۔ اعتراف کرنے والا۔ اقبالی۔ ماننے والا۔
مُقِر ہونا (ف) ماننا۔ تسلیم کرنا۔ اقراری ہونا۔ اقرار کرنا۔ اقبال کرنا۔

مُقَرّ (ع/مذ) قرارگاہ۔ ٹھہرنے کی جگہ۔ مسکن۔ استھان۔ مقام۔ آرام گاہ۔
مُقَرِّ خلافت (ع/مث) راجدھانی۔ پایہ تخت۔ صدر مقام۔ دارالسلطنت۔
مِقْراض (ع/مث) کترنے کا آلہ۔ قینچی۔ کترنی۔
مِقْراضہ (ع/مذ) ایک قسم کا دوشاخہ تیر۔ چراغ کا گل کترنے کی قینچی۔ ایک قسم کا حلوا۔
مُقَرَّب (ع) بزرگی دیا گیا۔ قریب کیا گیا۔ قریب والا آدمی۔ مصاحب خاص۔ ہمراز۔ منہ چڑھا۔ ناک کا بال۔
مُقَرَّبِ بارگاہ (عف/مذ) وہ آدمی جسے دربار میں آنے کی اجازت ہو معزز درباری۔ بادشاہ کے پاس رہنے والا۔
مُقَرِّر (ع) تقریر کرنے والا۔ لیکچر دینے والا۔ بولنے والا۔
مُقَرَّر (ع) چکایا گیا۔ منقطع کیا گیا۔ بالمقطع۔ ٹھہرایا گیا۔ اقرار کیا گیا متعین۔ تعینات۔ قول دیا گیا۔ اقرار و مدار کیا گیا۔ بے شک۔ بلا یقین۔ لاکلام۔ ضرور بالضرور۔
مُقَرَّر کرنا (ف) ٹھہرانا۔ قائم کرنا۔ متعین کرنا۔ جگہ دینا۔ نوکر رکھنا۔ لگانا۔
مُقَرَّر ہونا (ف) تجویز ہونا۔ چکنا۔ منقطع ہونا۔ لگنا۔ نوکر ہونا۔ ملازمت ملنا۔
مُقَرَّرہ (ع) قرار دیا گیا۔ قائم کیا گیا۔ ٹھہرایا ہوا۔ حسب دستور۔ مروجہ۔ معمولی۔ مجوزہ۔
مُقَرَّری (ع/مث) تعیناتی۔ تقرری۔ معاملہ۔ جمع۔ لگان۔ تنخواہ۔ طلب۔ مشاہرہ۔ وظیفہ۔
مُقَرَّض (ع/صف) کاٹا ہوا۔ قینچی سے کاٹا ہوا۔
مَقْرُوض (ع) وہ شخص جس نے قرضہ لیا ہو۔ دین دار۔ مدیون۔ قرض دار۔
مَقْرُوق (ا/صف) قُرق کیا گیا۔ ضبط کیا گیا۔
مَقْرُون (ع) نزدیک کیا گیا۔ پاس۔ نزدیک۔ قریب۔
مَقْسُوم (ع) بانٹا گیا۔ تقسیم کیا گیا۔ علم حساب میں وہ عدد جس کو تقسیم کیا جائے (مذکر) حصّہ۔ بخرہ۔ نصیب۔ بھاگ۔ قسمت۔ بہرالیہ۔ کرم۔ رزق۔
مقسوم پر پتھر پڑنا (ا/محاورہ) قسمت پھوٹنا۔
مَقْسُوم جاگنا } (ف) دن پھرنا۔ بھاگ کھلنا۔
مَقْسُوم چمکنا } اقبال یاور ہونا۔
مَقْسُوم عَلَیہ (ع/مذ) بانٹنے والا عدد۔ وہ عدد جس پر تقسیم کیا جائے۔
مقسوم علیہ اعظم (ع/صف) وہ بڑے سے بڑا عدد جو کئی عددوں کو پورا پورا تقسیم کر دے۔ عاد اعظم۔
مَقْسُوم کا لکھا (ا/مذ) تقدیر کا لکھا۔ کرم ریکھا۔ کرم لیکھ۔
مُقَشَّر (ع) چھلکا اتارا ہوا۔ پوست اتارا ہوا۔ چھیلا ہوا۔
مَقْصَد (ع/مذ) قصد کرنے کی جگہ۔ مُراد۔ مطلب۔ غرض۔ نیت۔ منصوبہ۔ ارادہ۔
مَقْصَد بر آنا (ف) مراد پوری ہونا۔ مطلب پورا ہونا۔
مُقَصِّر (ع) کم رہنے والا۔ کوتاہی کرنے والا۔ قصوروار۔ تقصیر اور کم کرنے والا۔
مَقْصُود (ع) قصد کیا گیا۔ مجازاً غرض۔ مدعا۔ مطلب۔ موقوف منحصر۔
مَقْصُور (ع) قصر کیا گیا۔ کم کیا گیا۔ چھوٹا کیا گیا۔
مَقْصُورہ (ع) وہ الف جس پر مد نہ ہو۔ گھٹایا گیا۔ کم کیا گیا۔ چھوٹا کیا ہوا۔
مُقَطَّر (ع) قطرہ قطرہ ڈالا ہوا۔ ٹپکایا ہوا۔ چوایا ہوا۔ بوند بوند کر کے گرایا ہوا۔
مُقَطَّع (ع) قطع کیا ہوا۔ کاٹا ہوا۔ چھانٹا ہوا۔ زوائد سے صاف ہوا۔ مجازاً سنجیدہ۔ گمبھیر۔ معتبر۔ ثقہ۔ شائستہ۔ مہذب۔
مُقَطَّع ڈاڑھی (ا/مث) ثقہ ڈاڑھی۔ شرع کے مطابق کٹی ہوئی ڈاڑھی۔ لمبی ڈاڑھی۔
مَقْطَع (ع/مذ) ختم ہونے کی جگہ۔ غزل یا قصیدے کا آخری شعر۔ جس میں شاعر کا تخلص ہو۔
مَقْطَع کا بند (ا/مذ) شاعر کے تخلص والا نظم کا آخری بند۔ وہ فقرہ۔ فقرہ یا کلام جو بار بار زبان پر لایا جائے۔ سخن باز کا تکیہ کلام۔
مُقَطَّعات (ع/مذ) چھوٹے چھوٹے ریشمی کپڑے۔ ہلکے وزن کے اشعار بحر رجز کے شعر۔ قرآن پاک کے مخصوص کنائے۔
مَقْعَد (ع/مث) پیندا۔ پیندی۔ نشست گاہ کی جگہ۔ گوبر۔ کون۔ پاخانے کی جگہ۔
مُقَعَّر (ع) ڈونگا۔ گہرا۔ گڑھا۔ کھودا ہوا۔ قعر کیا گیا۔
مُقَفَّل (ع) تالا دیا ہوا۔ بند۔ قفل لگایا ہوا۔
مُقَفَّل کرنا (ع) تالا لگانا۔ قفل لگانا۔ بند کرنا۔ جندرا مارنا۔
مُقَفّیٰ (ع) قافیہ دار بنایا ہوا۔ تک بندی کیا ہوا۔ قافیہ دار۔
مُقَلِّب (ع) ہٹا دینے والا۔ پلٹ دینے والا۔ بدل ڈالنے والا۔ پھیر دینے والا۔
مُقَلِّبُ القُلُوب (ع) دلوں کو پھیر دینے والا۔ ارادہ بدل دینے والا۔ خدائے تعالیٰ۔
مُقَلِّد (ع) تقلید کرنے والا۔ پیرو۔ پیروی کرنے والا۔ مرید۔ مسلمانوں کا وہ فرقہ جو چاروں اماموں میں کسی ایک کو مانتا ہو۔ غیر مقلد کی ضد۔
مَقْلُوب (ع) الٹا ہوا۔ پلٹا ہوا۔ علم بیان میں ایک صنعت کا نام ہے جس کی عبارت الٹی سیدھی یکساں پڑھی جائے۔
مقلوب بعض (ع/مذ) علم بیان کی وہ صنعت جس میں کہیں کے حرف کہیں لا کر عبارت موزوں ہو جائے۔ جیسے رشک سے شکر۔
مَقْلُوبِ کُل (ع/مذ) علم بیان کی وہ صنعت جس میں لفظ کی تبدیلی با ترتیب

ہو جیسے بات تاب رُوح حُور۔

مَقلُوب مُستَوِی (ع/مذ) علم بیان کی وہ صنعت جس میں لفظ یا کلام کو تمام و کمال اُلٹ کر پڑھ سکیں۔ جیسے مراد سے دارم۔ برا بد یا رب وغیرہ۔

مِقنَاطِیس (یونانی/مذ) ایک قسم کا پتھر جو اپنی کشش سے لوہے کو اُٹھا لیتا ہے۔ سنگ آہن رُبا۔

مِقنَاطِیسی (ع/مذ) مُنہ پر ڈالنے کا کپڑا۔ پردہ۔ نقاب۔ گھونگٹ۔ بُرقع۔

مِقنَاطِیسِیّت (ع/مث) مقناطیسی کشش۔ دلکشی۔

مِقنَعَہ (ع/مذ) مُنہ پر پردہ ڈالنے کا کپڑا۔ پردہ۔ نقاب۔ گھونگٹ۔ بُرقع۔

مُقَنِّن (ع/صف) قانون بنانے والا۔

مِقوَد (ع/مث) رسّی۔ ڈوری۔ باگ ڈور۔ کشتی کا رسّہ۔ جہاز کا رسّہ۔

مقوقس (ع) ایک پرند کا نام جس کے گلے میں طوق ہوتا ہے۔ حاکمِ مصر کا لقب جو ترسا تھا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لایا تھا۔ اب ہر بادشاہِ مصر کو خدیو اور مقوقس کہتے ہیں۔

مَقُولَہ (ع/مذ) دُوسرے کا قول۔ بات۔ کہاوت۔ بچن۔ کہن۔ سخن۔ ضرب المثل۔

مُقَوِّم (ع/صف) قیمت مقرر کرنے والا۔ راست اور سیدھا رکھنے والا۔

مُقَوِّی (ع) طاقت دینے والا۔ قوت بخشنے والا۔

مُقَوِّی باہ (ع/مث) شہوت بڑھانے والی دوا۔ باہ بڑھانے والی دوا۔

مُقَوِّی معدہ (ع/مث) ہاضمہ بڑھانے والی۔ معدہ کو طاقت بخشنے والی دوا۔

مَقہُور (ع) قہر کیا گیا۔ مردُود۔ راندۂ درگاہ۔ معتوب۔ وہ شخص جس پر بادشاہ یا خدا کا قہر و غضب نازل ہوا ہو۔

مُقَیِّی (ع) قے لانے والی دوا۔ قے آور دوا۔

مِقیَاس (ع/مذ) اندازہ لگانے والا آلہ۔ پیمانہ۔ گھڑی کی سُوئی۔ اندازہ۔

مِقیَاسُ الحَرارت (ع/مذ) گرمی کا اندازہ معلوم کرنے کا آلہ۔ تھرمامیٹر۔

مقیاس اللبن (ع/مذ) دُودھ جانچنے کا آلہ۔

مقیاس الماء (ع/مذ) پانی کے اُتار چڑھاؤ کا اندازہ لگانے کا آلہ۔ نیسال۔

مقیاس الموسم (ع/مذ) ہوا کا وزن۔ یا۔ موسموں کا تغیر و تبدل معلوم کرنے کا آلہ۔ بیرومیٹر۔

مقیاس الہوا (ع/مذ) بیرومیٹر۔ ہوا کی رطوبت اور طوفان کی آمد معلوم کرنے کا آلہ۔

مُقَیَّد (ع) قید کیا گیا۔ قیدی۔ اسیر۔ پابند۔

مُقَیَّش (ع/مذ) دبا ہوا چاندی یا سونے کا تار۔ بادلہ۔ سونے یا چاندی کے تاروں کا بنا ہوا کپڑا۔ زربفت۔

مُقَیَّشی (ع) زری کا۔ بادلہ کا۔ زربفت۔ چاندی یا سونے کے تاروں کا۔

مُقَیَّشی ڈاڑھی (ع/مث) زردی مائل سفید ڈاڑھی۔ خوبصورت سفید براق ڈاڑھی۔

مُقَیَّشی گوکھرو (ع/مذ) صرف تاروں کو موڑ کر بنایا ہوا باریک گوکھرو۔

مُقِیم (ع) رہنے والا۔ ٹھہرنے والا۔ اقامت کرنے والا۔ اُترنے والا۔ قائم۔ قیام پذیر۔ سبزی منڈی کا آڑھتی۔ سبزی کا تھوک فروش۔

مُقِیم ہونا (ا) رہنا۔ بسنا۔ ٹھہرنا۔ اقامت کرنا۔ اُترنا۔ فروکش ہونا۔

م - ک

مَک (ع) چُوسنا۔

مُکّا (ہ/مذ) مکئی کا اسم مکبر۔ بڑی موٹی مکئی۔ بڑی جوار۔

مُکّا (ہ/مذ) مُکّ۔ گھونسا۔ دھموکا۔ مُشت۔

مُکّا لگانا۔ یا۔ مارنا (ہ) گھونسا لگانا۔ مُکّ لگانا۔ مُک جڑنا۔

مُکَابَرہ (ع/مذ) غرور۔ شیخی۔ گھمنڈ۔ جھگڑا۔ ٹنٹا۔ لڑائی۔ مقابلہ۔ مجادلہ۔

مُکاتَب (ع/مذ) وہ غلام جس نے لکھت کر لی ہو۔ کہ جب اتنے روپے ادا کر دے گا۔ تو آزاد ہو جائے گا۔

مَکاتِب (ع/مذ) مکتب کی جمع۔ بہت سے مدرسے یا مکتب۔

مُکاتَبَت (ع/مث) لکھت۔ پڑھت۔ خط و کتابت۔ باہم خط و کتابت کرنا۔

مَکّار (ع) بہت مکر کرنے والا۔ چھلیا۔ فریبی۔ دغاباز۔ عیّار۔ دھوکے باز۔

مَکارِم (ع/مذ) مکرمت کی جمع۔ بزرگیاں۔ عنایتیں۔ نوازشیں۔ مہربانیاں۔ قابلِ تعریف کام۔ خُوبیاں۔

مَکّارَہ (ہ/مث) مکر کرنے والی عورت۔ عیّارہ۔ فریب کرنے والی۔

مَکّاری (ع/مث) دھوکے بازی۔ پاکھنڈ۔ چلتر بازی۔ فریب۔ دغابازی۔

مکاسر۔ مجمع الجزائر مشرقی میں سلیبز ایک جزیرہ ہے اس کے پاس ہی آبنائے مکاسر ہے۔ مکاسر ایک تجارتی شہر ہے۔

مُکاشَفَت (ع/مث) بھید کھولنا۔ افشائے راز کرنا۔ انکشاف۔ غیبی بھیدوں کا جاننا۔

مُکاشَفَہ (ع/مذ) رازوں کا ظاہر ہونا۔ اولیاء اللہ کو غیبی باتوں کا معلوم ہو جانا۔ کشف کرامات۔

مُکافات (ع/مث) باہم برابر ہونا۔ معاوضہ۔ عوض۔ بدلا۔

ڈنڈ - جُرمانہ - پاداش - سزا - جزا - کرنی کا پھل -

مُکافات کو پہنچنا } (ا) کیے کی سزا پانا -
مُکافات ملنا } سزا ملنا - پھل پانا -

مُکالمہ (ع / مذ) ہم کلام ہونا - بات چیت - گفتگو - ڈرامہ - ناٹک - ہمکلامی -

مَکان (ع / مذ) رہنے کی جگہ - گھر - مسکن -

مکان بدلنا (ل) ایک گھر سے دُوسرے میں منتقل ہونا - گھر بدلنا - جگہ بدلنا -

مکان بیٹھنا (ل) بارش یا زلزلہ وغیرہ سے مکان کا گر جانا -

مکان دار (ف / مذ) گھر والا - گھر کا مالک -

مکان دیکھنا (ار / محاورہ) خریدنے یا کرائے پر لینے کے لیے گھر کا معائنہ کرنا - مکان تلاش کرنا -

مکان دینا (ار / محاورہ) گھر کرائے پر دینا - گھر فروخت کرنا -

مکان روشن کرنا (ار / محاورہ) مکان وسیع ہونا - مکان میں اندھیرا نہ ہونا - مکان میں رونق ہونا -

مکان لینا (ا) گھر کرایہ پر لینا - گھر خریدنا - مکان مول لینا -

مکانات (ع / مذ) مکان کی جمع - بہت سے مکان -

مکاہنت (ع) غیب کی خبریں بتانا -

مکان ضرور (ع ف / مذ) بیت الخلاء -

مُکائد (ع / مذ) کیدہ کی جمع - فریب - مکر - مغالطہ - چھل بٹا -

مُکبّر (ع / صف) تکبیر کہنے والا - اللہ اکبر کہنے والا - بلند کرنے والا -

مُکبّر الصّوت (ع / مذ) آواز کو بلند کرنے والا - لاؤڈ سپیکر -

مُکتی (ہ / مذ) رہائی - نجات - چھٹکارا - آواگون سے نجات -

مُکت پانا (ہ) چھٹ جانا - نجات پانا - خلاصی پانا - بے فکر ہو جانا - آزاد ہو جانا -

مُکت داتا (ہ / مذ) نجات دینے والا - شفاعت کرنے والا - شفیع -

مُکتا (ہ) بہت سا - کافی - بافراط - بکثرت -

مُکتا (س / مذ) موتی - گوہر - مروارید - دُر -

مَکتب (ع / مذ) لکھنے کی جگہ - کتاب پڑھنے کی جگہ - مدرسہ - پاٹ شالا - سکول - درس گاہ -

مکتب پڑھانا (ار / محاورہ) مکتب میں تعلیم دینا - بچوں کو پڑھانا -

مکتب خانہ (ع ف / مذ) مدرسہ - سکول - لڑکوں کے لکھنے پڑھنے کی جگہ - یہ لفظ غلط ہے - مکتب صحیح ہے -

مکتبہ (ع / مذ) دفتر - کتب خانہ -

مکتسب (ع) کماؤ - اپنی کوشش سے حاصل کرنے والا - کسب کرنے والا -

مکتفی (ع) کفایت کرنے والا - کافی ہونے والا - کافی وافی -

مکتوب (ع / مذ) لکھا ہوا - خط - چٹھی - مرقوم / مذ خطوں کا طومار جو لڑکوں کو پڑھانے کی مشق کے لیے جوڑ لیا کرتے ہیں -

مکتوب الیہ (ع / مذ) جس کی طرف خط لکھا جائے - چٹھی پانے والا -

مکتوبی (ع / صف) وہ حرف جو لکھا جائے لیکن پڑھا نہ جائے -

مکتوم (ع) چھپا ہوا - مخفی - پوشیدہ - مجازاً - بھید - راز -

مکٹ - یا - مُکٹ (ہ / مذ) تاج - مَور - وہ ٹوپی یا تاج جو ہندوؤں میں دولہا کے سر پر رکھتے ہیں -

مکٹا (ہ / مث) پوجا کرنے کی ریشمی دھوتی - پیتامبری دھوتی -

مکث (ع / مذ) دیر - وقفہ - ڈھیل - تاخیر - التوا - انتظار - سہل انکاری -

مکدّر (ع) کدورت والا - گدلا - میلا - ملول - ناراض - غمگین - رنجیدہ -

مکر (س / مذ) ایک آبی جانور - گھڑیال - مگرمچھ - ناکو - نہنگ - آسمان کے دسویں بُرج کا نام - جدی -

مکر منڈل - یا - مکر چکر (ہ / مذ) خط جدی -

مکر (ع / مذ) چھل - بٹا - حیلہ - بہانہ - فریب - دغا - دھوکا - کید - بہروپ - بھیس - بھگل - جھوٹ - کذب - دورنگی - نفاق - عیاری - چالاکی -

مکران (ف) سندھ کے ایک شہر کا نام جہاں کے لوگوں کو مکرانی کہتے ہیں -

مکر چاندنی (ار / مث) تھوڑی سی - ہلکی چاندنی - پچھلی رات کی ملگجی سی چاندنی جس سے صبح ہونے کا دھوکا ہو جاتا ہے - صبح کاذب - جھوٹی چاندنی -

مکر چکر (ا / مث) دغا - دھوکا - فریب -

مکر چکر کی کہانی - آدھا تیل آدھا پانی (ہ / مثل) فریب کی باتوں میں آدھا سچ آدھا جھوٹ ہوتا ہے -

مکر کرنا (ا) پاکھنڈ مچانا - فریب کرنا - دھوکا دینا - چھل کرنا - مُبتلا دینا -

مکرانا (ل) جھٹلانا - جھوٹا ثابت کرنا - سچے کو جھوٹا بنانا - انکار کرانا -

مکر جانا } (ہ) انکار کر دینا - قول سے پھر جانا - دوسرے کا مال مار لینا -
مکرنا } بے ایمانی کرنا - خیانت کرنا -

مکرّر (ع) دوبارہ - پھر - بار دیگر -

مکرّر سہ کرّر - مکرّر سکرّر (ا) دوبارہ - سہ بارہ - کئی دفعہ - بار بار - پھر پھر کر - پھر پھر کر -

مکرّم (ع) اکرام کیا گیا - عزت کیا گیا - بزرگ - قابلِ عزت - قابلِ تعظیم - معزز -

مکرّم بندہ (ع ف / مذ) بندہ پرور - میرے قابلِ تعظیم بزرگ - جناب والا - جناب من - بزرگوں کا القاب -

مکرُمت (ع / مث) مہربانی - بزرگی - عنایت - نوازش -

مکرنا (ار / مص) اپنے قول سے پھرنا - اقرار سے انکار کرنا -

مکروہ (ع) نفرت کیا گیا - بھونڈا - گھناؤنا - ناپسند - بُرا - بدنما - شرعاً ناجائز چیز - وہ چیز جو بعض اماموں کے نزدیک حلال اور بعض کے نزدیک ناجائز ہو -

مکروہ تحریمیہ (ع / مذ) وہ مکروہ جو حرام کے قریب ہو - بالکل ناجائز -

مکروہ تنزیہی (ع/مذ) بترکیب فارسی) وہ مکروہ جو حلال کے قریب ہو۔
مکروہات (ع/مث) مکروہ کی جمع۔ گھناؤنی چیزیں۔ نفرت والی اشیاء واہیات۔ بے ہودہ باتیں یا کام۔ دنیادی جھگڑے بکھیڑے۔
مکڑی۔ یا مُکرنی (ہ/مث) کہ مکرنی۔ ایک قسم کی ہندی چو مصرعہ پہیلی جس کے پہلے تین مصرعوں کے بیان کو چوتھا مصرعہ کسی اور طرف منسوب کر کے بالکل اُلٹ دیتا ہے۔ سکھیاں۔
مکڑا (ہ/مذ) مکڑی سے اسم مکبر۔ بڑی مکڑی۔ میز مکڑی۔
مکڑانا (ہ) اترانا۔ تکبر کرنا۔ غرور کرنا۔ اکڑ کر چلنا۔
مکڑنا (ہ) اکڑنا۔ غرور کرنا۔ اینٹھنا۔
مکڑی (ہ/مث) مکڑ کی مادہ۔ ایک قسم کے کیڑے کا نام ہے۔ جو اپنے مُنہ کے لعاب سے جالا تنتی اور مکھیاں پکڑ کر کھاتی ہے۔ عنکبوت۔
مکڑی کی طرح جھاڑ ڈالنا (ہ/محاورہ) عیب گنانا۔ بُرا بھلا کہنا۔
مُکَسّر (ع) کسر کیا گیا۔ ٹوٹا ہوا۔ شکستہ۔ مکعب۔
مکسوبہ (ع/صف) حاصل کیا گیا۔ حاصل کیا ہوا۔
مکسور۔ یا۔ مکسورہ (ع/مذ) کسرہ دیا گیا۔ وہ حرف جس کے نیچے زیر ہو۔ مُفرد کسر۔
مکشوف (ع) ظاہر شدہ۔ کھولا گیا۔ واضح۔ ظاہر۔
مکفول (ع) ضمانت میں دیا ہوا۔ کفالت میں دیا گیا۔ آڑ رکھا گیا۔ گرو رکھا ہوا۔
مکفول کرنا (ہ) گرو رکھنا۔ آڑ رکھنا۔ رہن کر دینا۔ ضمانت میں دینا۔
مُکلاوہ (ہ/مذ) شادی کے بعد دُلہن کی رُخصت۔ وداع۔ گونا۔ چالا۔
مُکَلَّف (ع) آراستہ۔ سجا ہوا۔ بھڑکیلا۔ تکلف کا۔ مُزیّن۔ سجا سجایا۔ تکلیف دیا گیا۔
مُکَلِّف (ع) تکلیف دینے والا۔ بُلانے والا۔ دعوت کرنے والا۔ کسی تقریب کی شمولیت کے لیے تکلیف دینے والا۔
مُکَلَّل (ع) تاج رکھا گیا۔ تاجدار۔ مرصع کیا گیا۔ چمکایا گیا۔ چمک دار۔ چمکیلا۔
مُکَمَّل (ع) پورا کیا گیا۔ کامل کیا گیا۔ پورا۔ ثابت۔ تمام۔ کُل۔ کامل۔ سپنپورن۔
مُکَمِّل (ع) پورا کرنے والا۔ کامل کرنے والا۔
مکنت (ع/مث) شکتی۔ توانائی۔ طاقت۔ قدرت۔ امیری۔ تونگری۔
مکند۔ یا۔ مُکند (س/مذ) وشنو۔ بھگوان۔ پارہ۔ سیماب۔ ایک قسم کا گوند بھی ہوتا ہے۔
مکنون (ع) چھپا ہوا۔ مخفی۔ پوشیدہ۔ سربستہ۔
مکنونِ خاطر (ع/مث) دل کی پوشیدہ اور مخفی باتیں۔ مرکوزِ خاطر۔
مکو (ہ/مث) ایک بوٹی کا نام یا اُس کا پھل۔

مکوڑا (ہ/مذ) بڑا چیونٹا۔ بڑا کیڑا۔ کیڑے کا مرادف بھی ہے۔ مجازاً دُبلا۔ نحیف۔ ناتواں۔
مکول (ہ/مث) ایک قسم کی سفید پہاڑی کھریا مٹی۔
مُکھ (ہ/مذ) مُنہ۔ دہن۔ دہانہ۔ فم۔ فوہ۔
مُکھ بند (ہ/مذ) گھوڑے کی ایک بیماری کا نام۔
مُکھ پان (ہ/مذ) پان وغیرہ کی شکل کا ٹکڑا جسے خوب صورتی کے لیے قفل پر چابی لگانے کی جگہ لگا دیتے ہیں۔
مُکھ منتری (ہ/مذ) وزیر اعلیٰ۔
مکہ (ع/مذ) عرب کے مشہور شہر کا نام۔ کعبہ۔ کعبۃ اللہ حج کرنے کا مقام۔
مکہ میں رہتے ہیں پر حج نہیں کیا (ہ/مثل) نیک جگہ رہ کر بھی نیکی نہ کمائی اچھی صحبت میں رہ کر بھی نیک کام نہ کیے۔
مکھا (ہ/مذ) مکھی کا نر۔ مکھی سے اسم مکبر۔ بڑی مکھی۔
مکھانا (ہ/مذ) کنول کے پھول کا سوکھا ہوا بیج۔
مُکھڑا (ہ/مذ) مُکھ کی تصغیر یا محبت۔ پیارا مُنہ۔ پیارا پیارا چہرہ۔
مُکھڑا آلوؤں کو نہ پہنچے (ہ/مثل) انسان کے گورے رنگ کی تعریف میں کہتے ہیں۔
مکھن (ہ/مذ) کچا گھی۔ بن تایا گھی۔ مسکہ۔
مکھن نکالنا (ہ) دہی یا کچے دودھ کو بلو کر مسکہ نکالنا۔
مکھنا (ہ/مذ) بن دانت کا ہاتھی۔ ایک قسم کا بڑا ہاتھی جو جھوم جھوم کر چلتا ہے۔ بن خار کا مُرغ۔ وہ مُرغ جس کے خار نہ نکلے ہوں یا ٹوٹ گئے ہوں۔
مکھنڈ (ہ/صف) عقل مند۔
مکھنیا (ہ/مذ) مکھن فروش۔ مکھن بیچنے والا۔
مکھی (ہ/مذ) ایک قسم کا کبوتر۔ جس کا سر اور بازوؤں کا ایک یا دونوں پر سفید ہوں۔
مکھی (ہ/مث) مگس۔ بندوق کا وہ اُبھرا ہوا نشان۔ جسے نظر کی سیدھ میں رکھ کر نشانہ لگاتے ہیں۔
مکھی چوس (ہ) نہایت بخیل۔ پرلے درجے کا کنجوس۔
مکھی چھوڑنا اور ہاتھی نگلنا (ہ) چھوٹی باتوں میں ایمان داری جتانا۔ اور بڑی باتوں میں بے ایمانی کرنا۔
مکھی کا چھینک جانا (ہ) (مذاقیہ) بدشگونی ہو جانا۔ کسی بدشگونی کا پیش آ جانا۔ بلی کا چھینک جانا بھی اسی معنی میں بولتے ہیں۔
مکھی کی طرح نکال ڈالنا (ہ) بالکل تعلق نہ رکھنا۔ دودھ میں سے مکھی کی طرح نکال پھینکنا۔
مکھی پر مکھی مارنا (ہ) پوری طرح نقل کرنا۔ بے سوچے سمجھے نقل کرنا۔
مکھی مار (ہ/مذ) مکھی کو جان سے مار ڈالنے والا۔ مکروہ آدمی۔ وہ شخص جسے دیکھ کر نفرت آئے۔ جُوں کی توں بے سمجھے نقل کرنے والا۔ ایک کیڑا جو مکھیوں کو مار کر کھا جاتا ہے۔ مکھیاں اڑانے کی

چھڑی۔

مکھی مار بڑا چمار ۔یا ۔مکھی مار چو ہڑا چمار (ہ/مثل) نہایت قابلِ نفرت ۔ بہت گھناؤنا ۔چوہڑوں چماروں سے بدتر۔ غریبوں کو ستانے والا ۔ نہایت کمینہ ۔

مکھی ناک پر نہیں بیٹھنے دیتے (ہ/محاورہ) نہایت نازک مزاج اور بد ماغ ہیں ۔کسی کا ذرہ بھر بھی احسان نہیں اٹھاتے ۔

مکھی نگلنا (ہ) عذاب خریدنا ۔آفت میں پھنسنا ۔ دیدہ و دانستہ بے جا حرکت کرنا ۔

مکھیا ۔یا۔ مُکھی (ہ/مذ) چودھری ۔سرغنہ ۔ سرگروہ ۔ سردار ۔ نمبر دار ۔ بانی مبانی ۔پیشوا ۔

مکھیاں اُڑانا (ہ) مکھیاں دُور کرنا ۔نہایت خوشامد سے مکھیاں جھلنا ۔ بے کار رہنا ۔ مندا ہونا ۔خالی رہنا ۔آتشک کی بیماری میں مبتلا ہونا۔ نیم کی ٹہنی ہاتھ میں لینا ۔اعلیٰ درجہ کا نشانہ مارنا ۔نشانے سے مکھی تک مار ڈالنا ۔

مکھیاں بھنکنا (ہ) مکھیوں کا کسی چیز پر بھن بھن کرنا ۔مکھیوں کا جمع ہو جانا ۔ گھناؤنا ۔ سخت قابلِ نفرت ہونا ۔ سرد بازاری ہونا ۔ مندا ہونا ۔

مکھیاں جھلنا (ہ) چنور کرنا ۔ مکھیاں ہٹانا ۔ بیکار ہونا ۔ خالی ہونا ۔ مندا ہونا ۔ سرد بازاری ہونا ۔آتشک کی بیماری میں مبتلا ہونا۔ ٹہنی ہلانا ۔

مکھیاں مارنا (ہ) خالی رہنا ۔ ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہنا ۔بے شغل رہنا ۔کساد بازاری ہونا ۔

مکھیر (ہ/مذ) شہد ۔ انگبین ۔عسل ۔

مکھیوں کا چھتا (ہ/مذ) بہت سی مکھیوں کا جھنڈ ۔شہد کا چھتا ۔ مُہال ۔

مکھیوں کے چھتے کو چھیڑنا (ار/محاورہ) بھڑ کے چھتے کو چھیڑنا ۔شریروں کو چھیڑنا ۔

مُکّی (ہ/مث) مُکا کی تانیث ۔مُٹھی ۔مشت ۔جسم کی مالش ۔

مُکّی دینا (ہ) آٹا گوندھنا ۔آٹے میں پانی ملا کر مُکّی سے اسے ملائم کرنا ۔

مُکّی لات (ار/مث) مار پیٹ ۔

مُکّی لگانا (ہ) آٹے کو ملائم کرنا ۔ مکیانا ۔ چمپی کرنا ۔ ہاتھ پاؤں دبانے ۔ مٹھیاں بھرنا ۔

مکیال (ع/مذ) ناپنے کا آلہ ۔غلہ ناپنے کا پیمانہ ۔

مُکیانا (ہ) مُکی لگانا ۔

مکیدہ (ع/مذ) بد اندیشی ۔ بدخواہی ۔ مکر ۔ فریب ۔

مکینکس (انگریزی/مذ) کلوں کا علم ۔ علم جرِ ثقیل ۔

مکینیکل انجینئر (انگریزی/مذ) کلوں کے علم کا ماہر ۔ علم جرِ ثقیل کا پورا پورا واقف ۔

مکین (ع/مذ) مکان دار ۔صاحبِ خانہ ۔مکان میں رہنے والا ۔ساکن ۔ قائم ۔مقیم ۔

مکین ہونا (ا) رہنا ۔مقام کرنا ۔ آباد ہونا ۔ بسنا ۔ ٹھہرنا ۔

م ۔ گ

مگ (ہ/مذ) راہ ۔ باٹ ۔ ڈگر ۔ رستہ ۔ سڑک ۔ راستہ ۔ انتظار ۔ (ہ) کبوتر جو جنگلی کبوتر کی مادہ کو اُڑا کر اپنے گھر لے آئے ۔

مگ دیکھنا (ہ) انتظار کرنا ۔راہ دیکھنا ۔ منتظر رہنا ۔

مگد (ہ/مذ) گھی ۔ میدے اور کھانڈ کے ۔
مگد کے لڈو } ایک قسم کے لڈو جو ہندو لوگ کسی کے مرنے پر تقسیم کیا کرتے ہیں ۔

مگدر (ہ/مذ) ورزش کے لیے ہلانے کی گاؤدُم خراد دی ہوئی لکڑی کی موگری ۔

مگدر ہلانا (ہ) موگری ہلانا ۔ موگریاں پھیرنا ۔مگدروں کی جوڑی گھمانا ۔

مگدھ (س/مذ) صوبہ بہار کا جنوبی حصہ ۔ ہندوستان کا وہ حصہ جس میں پٹنہ بہار شامل ہے ۔مگھا ۔

مگدھ بھاشا (ہ/مث) پالی زبان ۔ مگھا کی زبان جو خاص کر صوبہ بہار میں بولی جاتی ہے ۔

مگدھی ۔ یا ۔ ماگدھی (ہ) مگدھ کا رہنے والا ۔بہار کے کسانوں کی ایک قوم کا نام بھی ہے ۔صوبہ بہار کی بولی ۔

مگر (ف) حرفِ استدراک ۔پر ۔لیکن ۔اِلّا ۔ سوا ۔ ماسوا ۔ بجز ۔ البتہ ۔ ہاں ۔ بے شک ۔ مزور ۔ شاید ۔

مگر (ہ/مذ) مگرمچھ ۔ نہنگ ۔ گھڑیال ۔ ناکہ ۔ سنسار ۔ ایک قسم کا کان کا زیور ۔ آویزہ ۔

مگرا (ہ) مکار ۔ گھنا ۔ چندرا ۔ اپنے غرور اور تکبر میں کسی کی بات نہ سننے والا ۔ مغرور ۔ متکبر ۔ گھمنڈی ۔ کام چور ۔ کاہل ۔ ضدی ہٹیلا ۔ سرکش ۔ کج بحث ۔

مگراپن (ہ/مذ) مکاری ۔ گھناپن ۔ ڈھٹائی ۔ سرکشی ۔تمرد ۔ غرور ۔ تکبر ۔

مگرمچھ (ہ/مذ) مگر ۔ گھڑیال ۔ ناکہ ۔ سنسار ۔ شیر آبی ۔ نہنگ ۔

مگری (ہ/مث) چھپر کا سب سے اُوپر والا ۔ اور ماہی پشت بناوٹ کا حصہ ۔

مگس (ف/مث) مکھی ۔ ماکھی ۔

مگس ران (ف/مذ) مورچھل ۔ چنور ۔ چنوری ۔

مگس رانی (ف/مث) چنوری کرنے کی خدمت ۔مکھیاں اُڑانے کی نوکری ۔

مگس کی قے (ار/مث) شہد ۔ انگبین ۔

مگسی (ف) مکھی کے رنگ کا سیاہی مائل رنگ ۔گھوڑے کے خاص رنگ کا نام ۔

مگن (س) پرسن ۔ انند ۔ خوش ۔ شاد ۔ مست ۔ بے خود ۔ غرق ۔ محو ۔ مستغرق ۔ ڈوبا ہوا ۔

مگن (ہ امث) خوشی - شادمانی - خرّمی - انبساط -
مگھم (ہ) ذومعنی بات - مخفی - پوشیدہ - مبہم کا بگاڑ ہے - خفیہ - درپردہ - جواریوں کی اصطلاح میں برابر سرابر - ہار نہ جیت -
مگھم رہنا (ر) راز فاش نہ ہونا - برابر سرابر رہنا - نہ ہارنا نہ جیتنا - عزت بنی رہنا -
مگھم میں (ر) رمزوں میں - اشاروں میں - اشارتاً - کنایۃً -
مگھم میں کہنا (ار محاورہ) گول مول بات کہنا - کنائے میں بات کرنا -
مگنیشیا - یا - **منشیا** - ایشیائے کوچک میں واقع ہے اس نام کی دوا بھی دست آور ہوتی ہے -

م - ل

مُل (ف امث) شراب - دارو - مے - بادہ -
مُل (ہ) حرفِ استثنار - مگر - پر - لیکن - الغرض - القصہ - کوتاہ - الحاصل -
مَل (س امذ) پاخانہ - میلا - مجرک - فضلہ - پہلوان - کشتی گیر - دوغلا کھتری - تلچھٹ - گاد - عمدہ - اچھا - چنا ہوا - برگزیدہ - بنئے بقالوں کا خطاب - بہادر - سورما - شجاع - دلیر -
مَل جُدھ (س امذ) پہلوانوں کی کشتی -
مَل جی (ہ امذ) لالہ جی - لالہ صاحب - رائے صاحب -
مَل مُوتر (س امذ) گو موت - بول و براز -
مَلا (ع امذ) سردار - سرگروہ - اشراف لوگ -
مَلا (ع) بھرا ہوا - پُر - مالامال - مملو - کھلا - آشکار - ظاہر - واضح -
مَلا ءِ اعلیٰ (ع امذ) فرشتے -
مُلّا (ع) بہت لکھنے والا - نہایت املا کرنے والا - عالم - فاضل - بہت پڑھا ہوا - فقیہ - مسجد میں رہنے والا - نماز پڑھانے والا - بچوں کو پڑھانے والا -
مُلّا دوپیازہ (ا امذ) دربار اکبری کے خوش طبع ظریف درباری کا لقب ہے - جس کا نام ابوالحسن تھا -
مُلّا کی دوڑ مسجد تک (ا امثل) ہر شخص کی رسائی اپنی مقدور اور حوصلے تک ہوتی ہے جہاں تک کسی کی دسترس ہو - اس سے آگے نہیں جاسکتا -
مُلّا کی داڑھی تبرک ہی میں گئی (ا امثل) بے سود اور بے فائدہ خرچ ہونے کے موقع پر بولتے ہیں -
مُلّا کی ماری حلال (ا امثل) بڑوں کا برا کام بھی اچھا سمجھا جاتا ہے - ملا کی جگہ قاضی بھی بولتے ہیں -
مُلّا نہ ہوگا تو کیا مسجد میں اذان نہ ہوگی (ا امثل) کوئی ضروری کام کسی خاص شخص کے نہ ہونے سے رُک نہیں سکتا -
مُلّاگری (عف امث) پڑھانا - معلمی - مدرسی -
مُلابست (ع امذ) مشابہت - تعلق -

مِلاپ (ہ امذ) میل جول - اتفاق - صلح صفائی - باہمی رضامندی - وصل - وصال - سنجوگ - محبت - دوستی - ربط ضبط - سلوک - اخلاص - آمیزش - سازوں کی ہم آہنگی -
مِلاپ وار - یا - **مِلاپی** (ا امذ) جان پہچان - ملاقاتی - واقف کار - دوست - آشنا -
مِلاپ رکھنا (ہ) سلوک رکھنا - آشتی رکھنا - صلح رکھنا -
مِلاپ کروانا (ہ) تصفیہ کرانا - صلح کرانا - صفائی کرانا -
مِلاپ ہونا (ہ) ملاقات ہونا - مواصلت ہونا - صفائی ہونا - صلح ہونا -
مِلاپی (ا امذ صف) ملاقاتی -
مِلا جُلا (ہ) گڈمڈ - رلا ملا - مخلوط -
مِلا جُلا رہنا (ہ) سلوک سے رہنا - مل جُل کر رہنا - پیار و محبت سے رہنا -
مَلّاح (ع امذ) کشتی چلانے والا - کشتی بان - کھیویا - ناخدا -
مَلّاح درچین است کشتی در فرنگ (ف امثل) دو شخصوں یا دو چیزوں کے درمیان فاصلہ ہونے پر بولتے ہیں -
مَلاحت (ع امث) نمکینی - سانولاپن - خوبصورتی -
مُلاحظہ (ع امذ) لغوی - کن آنکھوں سے دیکھنا - معائنہ کرنا - التفات کرنا - غور کرنا - توجہ - مروت - پاسداری - لحاظ - سامنے - پیش -
مُلاحظہ سے گزرنا (ا) دیکھنے میں آنا - نظر سے گزرنا -
مُلاحظہ شُد (عف امف) دیکھا گیا - دیکھ لیا گیا -
مُلاحظہ کا / **مُلاحظہ والا** } (ا) لحاظ دار - مروت والا - بامروت - سفارشی - رسوخ والا -
مُلاحظہ کرنا (ا) دیکھنا - لحاظ کرنا - پاسداری کرنا - پڑتال کرنا - جانچنا - مطالعہ کرنا -
مُلاحظہ میں آنا (ا) دیکھا جانا - نظر سے گزرنا - کسی افسر کی نظر سے گزرنا - لحاظ میں آنا -
مُلاحظہ میں ہونا (ا) کاغذات کا حاکم کی پیشی میں یا زیر نظر ہونا -
مُلاحظہ ہونا (ا) معائنہ ہونا - دیکھا جانا - پیش ہونا - جانچ ہونا - لحاظ ہونا - مروت ہونا -
مَلّاحی (ع امث) بار اترائی - ناؤ چلانے کی مزدوری - کشتی بانی - ملاح کا کام - گالی گلوچ - لعنت ملامت -
مَلّاحی سُنانا (ا) گالی گلوچ کرنا - لعنت ملامت کرنا - مغلظات سنانا - بغیر نام سے گالی دینا -
مَلّاحی کی مَلّاحی دی - بالشن کے بالش کھائے (ا امثل) چیز بھی کھوئی اور مار بھی کھائی -
مَلّاحی گالی (ا امث) فحش گالی - سخت گالی بغیر نام لیے گالی - بازار کا گالی -
مَلّاحی ہاتھ (ا امذ) تیرنے کا ایک خاص طریق جس میں لمبے ہاتھ مار کر دریا کا راستہ جلد طے کرلیا جاتا ہے -
مَلّاخ (ف) ایک جزیرے کا نام -

مُلاوَلا - یا - ملا دلا ہوا (ہ) کام میں لایا ہوا - مستعمل - ملا ہوا - مساس کیا ہوا۔

مَلاذ (ع امذ) بچاؤ کی جگہ - جائے پناہ - امن کی جگہ - امن

مَلاذ (ع) جھوٹا - کذاب -

مَلار (ہ امذ) برسات کے موسم کا گیت - میگھ راگ کی چوتھی راگنی - خوشی کا گیت -

ملار گانا (ہ) برساتی گیت گانا - آنند منانا - خوشی منانا - خوشی کا راگ گانا -

مُلازِم (ع امذ) پیوستہ رہنے والا - پاس رہنے والا - اصطلاحاً نوکر - خادم - شاگرد - خدمتگار - اہلکار - پیش خدمت - حاضر باش -

مُلازِم خاص (ع امذ) نجی کا نوکر - اپنا خاص آدمی -

مُلازِم سرکار (ع ف امذ) شاہی نوکر - حاکم کا نوکر -

مُلازِم کرنا (ع ا مُحاورہ) نوکر رکھنا -

مُلازِم مُتعہّد (ع امذ) وہ ملازم جس کو خاص شرائط اور معاہدے پر عہدہ ملا ہو -

مُلازَمت (ع امث) کسی کے پاس ہمیشہ رہنا - حاضر باشی - خدمت - سیوا - ٹہل - نوکری چاکری

مُلازَمت اختیار کرنا (ا) نوکر ہونا - نوکری قبول کرنا - نوکری چاکری پسند کرنا -

مُلازَمت پیشہ (ا امذ) وہ آدمی جس کا پیشہ ملازمت ہو - نوکریاں کرنے والا - نوکری پیشہ -

مُلازَمت حاصل کرنا (ا) کسی امیر کی خدمت میں حاضر ہونا - باریاب ہونا - حاضر ہونا - ملاقات کرنا -

مُلاطَفت (ع امث) مہربانی - کرم - کرپا - دیا - لطف و کرم - عنایت - نوازش - نیکی - بھلائی -

مُلاطَفہ (ع امذ) نیکی - بھلائی - مجازاً چٹھی - رقعہ - عنایت نامہ - مکتوب یعنی محبت سے خطوں کا طومار -

مُلاعَبت (ع امث) کھیل کود - ہنسی مذاق -

مُلاعَنت (ع امث) ایک دوسرے پر لعنت کرنا -

مُلاقات (ع امث) باہم ملنا - آنا جانا - میل ملاپ - ربط ضبط - ایک دوسرے سے ملنا - صحبت - وصل - صحبت داری - ہمبستری - مجالست - ہم نشینی - بات چیت - جان پہچان - صاحب سلامت - آشنائی - سلام علیک -

مُلاقات بازدید (ع ف امث) واپسی ملاقات - اخیر ملاقات - ملاقات دوم - یعنی اپنے ہاں مل لینے کے بعد دوسری دفعہ اسی شخص کے مکان پر جا کر ملنا - ملاقات کا معاوضہ -

مُلاقات پیدا کرنا (ا) میل ملاپ بڑھانا - شناسائی ہم پہنچانا - دوستی کرنا - صاحب سلامت بنانا - ربط ضبط پیدا کرنا -

مُلاقات رکھنا (ا ا محاورہ) صاحب سلامت کرنا - میل جول رکھنا -

مُلاقات کرنا (ا) دوستی کرنا - وشن کرنا - زیارت کرنا - وصل کرنا - ہم بستری کرنا -

مُلاقاتی (ا امذ) ملنے والا - صاحب سلامتی - جان پہچان - یار آشنا -

مُلاقی (ع امذ) ملاقات کرنے والا - ملنے والا -

مُلاقی ہونا (ا) ملنا - ملاقات کرنا -

ملاگیر (ہ امذ) دکن کے ایک مشہور پہاڑ کا نام جہاں کا صندل نہایت نفیس ہوتا ہے - لونڈیوں کا نام - ایک پہاڑی پرندے کا نام -

ملاگیری (ہ امذ) ملاگیر کا صندل - صندل کے رنگ کا ایک خوشبودار رنگ کا رنگا ہوا - اگری -

مَلال (ع امذ) رنج - الم - غم - فکر - اداسی - طبیعت کا اکتانا - تھکان - کلفت -

ملال آنا (ا ا محاورہ) رنج ہونا - دل میں کدورت آنا -

ملال جانا (ا ا محاورہ) دل سے رنج دور ہونا -

ملالت (ع امث) اداسی - رنج - کلفت -

ملالینا (ہ) گانٹھ لینا - شامل کرلینا - شریک کرلینا - ہمراز بنالینا - مخالف آدمی کو اپنی طرف کرلینا - مرکب کرلینا - آمیز کرلینا - باہمی پڑتال کرلینا - مقابلہ کرلینا -

ملام (ع امذ) دھتکار - پھٹکار - لعنت ملامت - سرزنش - ملامت -

ملامت (ع امث) سرزنش - جھڑک - ڈانٹ - ڈپٹ - برا بھلا - الاہنا - لعن طعن - دور دبک -

ملامتی (ع) لعنتی - مردود - قصوروار - گنہگار - فقیروں کا ایک فرقہ جو اپنا جنہر دکھلاتے نہیں - اور عیب چھپاتے نہیں -

ملان (ہ امذ) مقابلہ - تقابل - آمیزش - ملاپ - اتفاق - اتحاد - میلان - جوڑ - فیصلہ - تصفیہ -

ملانا (ہ) مقابلہ کرنا - مطابقت کرنا - فرق نکالنا - گڈمڈ کرنا - مرکب کرنا - مخلوط کرنا - آمیز کرنا - سانا - شامل کرنا - شریک کرنا - واقفیت کرنا - شناسائی کرنا - ملاقات کرانا - آشنائی کرانا - وصل کرانا - مواصلت کرانا - لڑانا - مقابلہ کرانا - گانٹھنا - رازدار بنانا - چپکانا - جوڑ - سٹانا - جوڑ لگانا - نتھی کرنا - شامل مسل کرنا -

مُلانہ (ا امذ) ملا کی تصغیر - ملا جیسا - مسجد میں بیٹھنے والا - سادہ لوح - صرف دین کی باتیں جاننے والا - سادہ لوح - صرف دین کی باتیں جاننے والا - پکا دیندار - شرع کا پابند -

مُلانی (ا امث) ملا کی مؤنث - ملا کی بیوی - معلمہ - استانی -

ملاوٹ (ا امذ) ملاوٹ - کھوٹ - آمیزش -

ملاہی (ع امث) ملہی کی جمع - یا - ملاعبہ کی - کھیل کود - لہو و لعب - مذیاں -

ملائی (ہ امث) دودھ کے اوپر کی پپڑی - بالائی دودھ کا جوہر - مالش کی اجرت - کھرے - فیدائی مالش -

ملایا نسل - جزیرہ نما ملایا میں بسنے والے رنگ کے سیاہ ناک چپٹی آنکھیں چھوٹی ہوتی ہیں -

ملایا جزیرہ نما - یہ جزیرہ آبنائے ملایا پر ہے اور ریاستیں بھی اس میں شامل ہیں - سنگاپور جارج ٹاؤن مشہور شہر ہیں - ربڑ - ناریل - اور سانگوان پیدا وار ہے -

ملائیاں اُڑانا / ملائیاں چیٹ کرنا - کھانا (ہ) چٹورپن کرنا - تر مال کھانا - مال چرنا - کسی کا مال کھا جانا -

ملائک یا - ملائکہ (ع / مذ) مَلک کی جمع - فرشتے -

ملائم (ع) لغوی معنی لائق - جوگ - مناسب - مجازاً نرم - پلپلا - بُردبار - حلیم - نازک - پتلا - ہلکا - مندا - تیزی کی ضد -

ملائم کرنا (و) غصّہ فرو کرنا - ٹھنڈا کرنا - دھیما کرنا - نرم کرنا - نرمانا -

مُلائمت (ع / مث) موافقت - مطابقت - نرمی - نزاکت - لاغری -

ملبا / ملبہ (ہ / مذ) میل - مٹی - کوڑا کرکٹ - خس و خاشاک - گرے ہوئے مکان کی مٹی وغیرہ - سرکاری ملازموں کی آؤ بھگت کے واسطے کاشتکاروں سے وصول کی ہوئی زائد لگان رقم -

ملبہ خرچ - یا - ملبا خرچ (ا / مذ) وہ رقم جو گاؤں کے نمبردار کاشتکاروں سے حکّام کی آؤ بھگت کے واسطے جمع کر رکھتے ہیں - اخراجاتِ دہ -

مُلبَب (ع) بھرا ہوا - پُر - لبالب - بھرپور - لبریز - منہا منہ -

مُلبَّس (ع / صف / مفعول) پہنایا گیا - پوشیدہ -

مُلبِّس (ع / صف / فاعل) پوشیدہ کرنے والا - مکر و عیب چھپانے والا -

مِلبَن (ع / مذ) اینٹ بنانے کا سانچہ - قالب -

مُلبِّن (ع / صف / فاعل) اینٹ بنانے والا - پتھیرا -

مَلبَنہ (ع / مذ) دودھ کا ذخیرہ - دودھ کا کارخانہ -

مِلبورن - وکٹوریہ کا دارالحکومت اور فورٹ پلیپ بندرگاہ ہے - شہر میں یونیورسٹی بھی ہے -

مَلبُوس (ع / مذ) پہنے ہوئے کپڑے - اُترن - اُتارے ہوئے کپڑے - پہننے کے کپڑے -

مَلبُوسات (ع / مذ) ملبوس کی جمع - جوڑے - پوشاکیں -

مِل بیٹھنا (ہ) سلوک سے رہنا - محبت سے بیٹھنا - سر جوڑ کر بیٹھنا -

مِلّت (ع / مث) دھرم - مت - مذہب - شریعت - دین - فرقہ - قوم - پنتھ - ذات -

مِلَّت (ہ / مث) میل جول - میل ملاپ - راہ و رسم - صحبت - جتھا - منڈلی - اپنے میل کے - ملنساری - رَل مل کر رہنا -

مِلّت کا آدمی (ا / مذ) ملنسار آدمی - لحاظ و مروّت والا -

مَلَث (ہ) مَلا ہوا - گِھسا ہوا - مِن گِھسا ہوا سکّہ -

مُلتانی (ہ) گاچنی مٹی - ایک قسم کی چکنی مٹی جو ملتان کی طرف سے آتی ہے - ملتان کا رہنے والا - ملتان کی بنی ہوئی چیز -

مُلتجی (ع) التجا کرنے والا - تلاش کرنے والا - آرزو مند - عاجز - عاجزی کرنے والا - منّت سماجت کرنے والا -

مُلتزِم (ع) اپنے اوپر لازم کر لینے والا - ساتھ رہنے والا - محصول وصول کرنے والا - گھاٹ یا سڑک کا محصول - خانہ کعبہ کے سامنے رکن یمانی کے پاس ایک مقام کا نام ہے -

مُلتصِق (ع) لگا ہوا - ملا ہوا - پیوستہ -

مُلتفت (ع) توجہ کرنے والا - التفات کرنے والا -

مُلتمِس (ع) التماس کرنے والا - سائل - سوال کرنے والا - عرض کرنے والا -

مُلتوی (ع) دیر کرنے والا - رُکنے والا - توقف کرنے والا - ٹھہرنے والا - پیچیدہ ہونے والا - بعض کی پیچیدہ حرکت -

مُلتوی کرنا (ا) دیر میں ڈالنا - ڈھیل میں ڈالنا - روکنا - ٹھہرانا -

مُلتہب (ع) بھڑکی ہوئی آگ - بھڑکا ہوا شعلہ - شعلہ زن -

مُلتہِب (ع) بھڑکنے والا - بھڑکانے والا -

مُلتِّی (ا / مذ) کتاب کا پٹھا - موٹا کاغذ - وصلی -

مِلٹری (انگریزی) فوجی - فوج کا -

مِلٹری پولیس (انگریزی / مث) فوجی پولیس - جنگی سپاہ -

مِلٹری لاء (انگریزی) جنگی قانون - مارشل لاء -

مَلجا (ع) جائے پناہ - ٹھکانا - پناہ کی جگہ - بسنے کی جگہ - ماوا - جائے بازگشت -

مِلجانا (ہ) جڑ جانا - پیوستہ ہو جانا - صلح صفائی ہو جانا - گڈمڈ ہو جانا - رَل مل جانا - شامل ہو جانا - شریک ہو جانا - حاصل ہو جانا - ملاقات ہو جانا - دوچار ہونا - سامنے آجانا -

مِل جُل کر - یا - مل جُل کے (ہ) مل ملا کر - اتفاق سے اکٹھے ہو کر - بالاتفاق - سلوک سے - اتحاد سے -

مَلیچھ (ہ) کھوری - میلا - ناپاک - پلید قوم - جنگلی آدمی - بلانوش - وحشی -

مِلح (ع / مذ) نمک - نون - شور - کھار - لون -

مُلحد (ع / مذ) خدا کی راہ سے پھر جانے والا - سیدھی راہ سے گمراہ ہو جانے والا - بے دین - کافر - فاسق -

مُلحَق (ع) لگا ہوا - جڑا ہوا - متصل - نزدیک - سٹا ہوا -

مُلحِق (ع) پیچھے لگ جانے والا - شریک - شامل - داخل -

مُلحق کرنا (ا) شامل کرنا - داخل کرنا - ملانا - الحاق کرنا -

مُلحقات (ع / مذ) وہ چیزیں جو بعد کو ملا دی گئی ہوں -

مَلحوظ (ع) دیکھا گیا - لحاظ کیا گیا - دھیان رکھا گیا - خیال کیا گیا - غور کیا ہوا -

مَلحوظِ خاطر (ع) دل میں خیال کر لیا ہوا - خیالِ دلی - دلی توجہ - توجہ خاطر - مدِّ نظر -

ملحوظ رکھنا (ا) خیال رکھنا - یاد رکھنا - پیشِ نہاد خاطر رکھنا - مدِّ نظر رکھنا - دھیان رکھنا -

مَلخ (ف / مث) ٹڈی -

مُلخّص (ع) خالص - پاک - خلاصہ کیا گیا - خلاصہ - مختصر -

مُلذِذ (ع) مزے دار - لذت دار - لذیذ - مزے کا -

ملر ملر (ل) بھولے پن سے - مسکینی سے -

مُلزَم (ع) الزام لگایا گیا۔ گنہگار۔ قصور وار۔ مجرم۔ دوشی۔
مُلزُوم (ع) لازم کیا گیا۔ چسپاں کیا گیا۔ شریک حال۔
مُلصَق (ع) جڑا ہوا۔ جڑواں۔ پیوستہ۔ متصل۔ قریب۔ سٹا ہوا۔
ملا ہوا۔
مُلطِّف (ع امث) لطیف کردینے والی دوا۔ پتلا کر دینے والی دوا۔ رقیق
کرنے والی۔
مُلطِّفات (ع امث) مُلطِّف کی جمع۔
مَلعَب (ع امذ) کھیل کی جگہ۔ پلے گراونڈ۔
مَلعَنہ (ع امث) پامال راستہ۔ پلیدی۔ لعنت کا سبب۔
مَلعُون (ع) راندہ گیا۔ لعنت کیا گیا۔ مردود۔ نکالا ہوا۔ لعین شیطان۔
ابلیس۔ عزازیل۔ خناس۔
مَلغُوبا (ف امذ) کوڑا کرکٹ۔ اَلَم غَلَم۔ آلائش۔ آلودگی۔ مواد۔
پیپ۔ راد۔ ٹوٹی پھوٹی چیزیں۔ گودڑ۔ گاد۔ تلچھٹ۔ میل۔ دُرد۔
مِلغ (ع) احمق۔ بدزبان۔
مَلفُوظ (ع امذ) اولیاء اللہ کا کلام۔ بڑوں کی باتیں۔ وہ کتاب جس میں
کسی بزرگ کی باتیں اور کیفیت۔ ان کی اپنی زبانی لکھی گئی
ہو۔
مَلفُوظات (ع امذ) ملفوظ کی جمع۔
مَلفُوظی (ع اصف) وہ حرف جو پڑھنے اور بولنے میں آئے۔
مَلفُوف (ع) لف کیا گیا۔ لپیٹا ہوا۔ ڈھکا ہوا۔ لفافہ میں بند
کیا ہوا۔
مَلَق (ع) ہموار زمین۔
مُلقَّب (ع) لقب دیا گیا۔ خطاب دیا گیا۔ مخاطب۔ عرف۔
لقب۔ نامزد۔ معروف۔ بامعنی صفتی نام دیا گیا۔
مُلتَقَط (ع اصف) دست پناہ۔ چمٹا۔
مَلَک (ع امذ) فرشتہ۔ پاتف۔ دُوت۔ دیوتا۔
مَلَکُ الموت (ع امذ) جان نکالنے والا فرشتہ۔ موت کا فرشتہ۔
جم دُوت۔ عزرائیل۔
ملک الموت کا گھر دیکھ لینا (ا/ محاورہ) لگاتار موتیں ہو
جانا۔
مِلک (ع امث) جاگیر۔ ملکیت۔ زمینداری۔ معافی۔ جائداد۔ حق۔
حقیقت۔ مال اسباب۔
مِلکِ یمین (ع امث) لونڈی۔ غلام۔
مُلک (ع امذ) دیس۔ ولایت۔ کشور۔ راج۔ سلطنت۔ علاقہ۔
عمل داری۔ احاطہ۔ پرگنہ۔ صوبہ۔ لوگ۔ خلقت۔ شہر۔ نگر۔
بہت سا۔ نہایت۔ بے حد۔ بہت زیادہ۔
مُلک بدر کرنا (ا/ محاورہ) جلاوطن کرنا۔
مُلک ستانی } (ع ف امث) مُلک لینا۔ مُلک فتح کرنا۔ فتح یابی۔
مُلک گیری } بادشاہی۔ حکمرانی۔ فتح۔ جیت۔ تسخیر۔
مَلِک (ع امذ) بادشاہ۔ راجہ۔ شہریار۔ حاکم۔ فرمانروا۔
مَلِکُ التجار (ع) سوداگروں کا بادشاہ۔ بہت بڑا سوداگر۔

مَلِکُ الشعراء (ع امذ) شاعروں کا بادشاہ۔ راج کوی۔ بہت بڑا
شاعر۔
مَلِک زادہ (ع ف امذ) کنور۔ بادشاہ زادہ۔ شہزادہ۔ صاحب عالم۔
مَلکا۔ مجمع الجزائر مشرقی کا جزیرہ۔ ہالینڈ کے ماتحت ہے۔ یہاں
ربڑ۔ چاول۔ گنا۔ گرم مصالحہ ہوتا ہے۔ آبنائے ملکا بھی
پاس ہی ہے۔
مَلَکات (ع امذ) مَلَکہ کی جمع۔ لیاقتیں۔ قابلیتیں۔ عادتیں خصلتیں۔
سبھاؤ۔ گن۔ مزاج۔ جوہر۔ سرشت۔ فہم ادراک۔
مَلَکاتِ رَدِیّہ (ع امذ) بُری عادتیں۔ بُری قوتیں جو حسد۔ بغض۔
تکبّر وغیرہ آٹھ ہیں۔
مَلَکاتِ فاضلہ (ع امذ) اچھی عادتیں۔ عمدہ قوتیں جو حکمت۔
شجاعت۔ عفت۔ عدالت چار ہیں۔
مَلکانا (ہ) بنا بنا کر بولنا۔ ایک نو مسلم قوم کا نام۔
مُلکَٹ (ہ امذ) انگیا کی کٹوری۔ جس میں پستان رہتی ہیں۔
مِل کر چلنا (ہ) ہمراہ چلنا۔ ساتھ ہو کر چلنا۔ شریک ہو کر چلنا۔ سلوک سے
رہنا۔
مَلکنا (ہ) مٹکنا۔ اترانا۔ اٹھلانا۔
مَلَکُوت (ع امذ) بادشاہی۔ حکمرانی۔ فرشتوں کے رہنے کی جگہ۔ فرشتے۔ ملائکہ۔ عالم ارواح۔
عالم غیب۔ عالم معنی۔
مَلَکُوتی صفات (ع امث) فرشتوں کی سی خصلتیں۔ نیک عادتیں۔
مَلَکہ (ع امذ) ہر ایک شے کے حاصل کرنے کی قوت۔ لیاقت۔ قابلیت۔ استعداد۔
ہنر۔ اُستادی۔ مہارت۔ کمال۔ تجربہ۔ عقل۔ فہم۔ ادراک۔
مَلَکہ حاصل ہونا (ا) نہایت تجربہ ہونا۔ مہارت حاصل ہونا۔ قدرت
حاصل ہونا۔
مَلِکہ (ع امث) مَلِک کی مؤنث۔ بادشاہ کی بیوی۔ رانی۔ حکمران عورت۔
حکومت کرنے والی عورت۔ قیصرہ۔ سلطانہ۔ بادشاہ بیگم۔ بادشاہ
زادی۔ شہزادی۔ مہال کی سب سے بڑی مکھی جس کے ساتھ
باقی مکھیاں خادمانہ طور پر رہتی ہیں۔
مَلِکہ مسُور (ا/ امث) بڑی قسم کی مسور۔ جس کے دانے موٹے موٹے
ہوتے ہیں۔
مَلِکہ معظمہ (ع) بڑی ملکہ۔ سب سے بڑی سلطانہ۔ ملکہ بزرگ۔
قیصرہ۔
مَلِکہ وکٹوریہ (ا/ امث) قیصرۂ ہند آنجہانی کا نام ہے۔
مِلکی (ع امذ) مِلک والا۔ جاگیردار۔ حقیقت دار۔ معافی دار۔
صاحب جائداد۔ زمیندار۔
مِلکی کیا جانے پرائے دل کی (ا/ مثل) جاگیردار لوگ خود غرض
ہوتے ہیں۔ انھیں دوسرے کی کیا پروا۔
مِلکی نہ کہے دل کی (ا/ مثل) زمیندار دل کا بھید نہیں
دیتا۔
مُلکی (ع) مُلک کا۔ مُلک سے تعلق رکھنے والا۔ قومی۔ دیسی۔ سلطنت
کے متعلق۔ حکومت سے تعلق رکھنے والا۔

مُلکی لارڈ - یا - لاٹ (ا/مذ) وائسرائے - گورنر جنرل - نواب - نائب السلطنت -
مَلَکی (ع) منسوب بہ مَلَک - فرشتہ والی - فرشتہ جیسی -
مِلکیّت (ع/مث) اِملاک - زمینداری - قبضہ - تصرف - مال اسباب - اَثاثہ -
مَلگجا (ہ) مَیلا - غبار آلود - نہ بہت مَیلا - نہ بہت اُجلا (مَل بمعنی میل - گج بمعنی ہاتھی - ہاتھی جیسا مَیلا -
ملگجی (ہ/مث) ملگجا کی تانیث -
مِل گئے کی بات (ار/مقولہ) اتفاقیہ امر ہے - آ کر مل گئے تو ملاقات ہے ورنہ کچھ نہیں -
ملگی (ار/مذ) دُکان - خیرات نامہ -
مَلَل (ع/مذ) اندوہ - غم - تنگی -
مِلَل (ع/مذ) مِلّت کی جمع - بہت سے مذہب - مذاہب - ادیان -
مَلَم (ار/مث) مرہم -
مَلَماس (ہ/مذ) منحوس - مہینہ - نحس مہینہ - جس میں خوشی کی رسمیں نہیں کرتے ہیں - لوند کا مہینہ -
مَلَماں - یا - مَلَمہ (ار/مذ) غلّہ وغیرہ سامانِ رسد جو ایک مہینے کے لیے مودی خانہ میں رکھ دیا جائے -
مُلَمّع (ع) روشن کیا گیا - چمکتا ہوا - گلٹ کیا ہوا - جھول پھیرا ہوا - جھول - گلٹ - سونے یا چاندی کا ورق - پترہ یا پانی جو کسی چیز پر چڑھایا جائے - قلعی - محض دکھاوا - بناوٹ - ظاہری ٹیپ ٹاپ -
مُلَمّع ساز (عف/مذ) ملمع کرنے والا -
مُلَمّع کرنا (ا) گلٹ کرنا - سونا یا چاندی چڑھانا - چمکانا - جِلا کرنا - آب دینا -
مَلمَل (ہ/مث) ایک قسم کا باریک سُوتی کپڑا -
مَلَملا (ہ) ذرا کھاری نمکین - شوردار - اُداس - غمگین - دلگیر -
مَلَملانا (ہ) پشیمان ہونا - پچھتانا - افسوس کرنا -
مَلَملاہٹ (ہ/مث) غمگینی - اُداسی - دریغ - حسرت - افسوس - پچھتاوا -
مَلَملاہٹ آنا (ہ) افسوس آنا - دریغ آنا - پچھتاوا لگنا -
مِل مِل کر رونا (ہ) لپٹ لپٹ کر رونا - گلے لگ کر رونا - بغلگیر ہو کر رونا -
مِل گئے کی بات ہے (ہ/محاورہ) اتفاقیہ امر ہے - اگر مل گئے تو ملاقات ورنہ کچھ بھی نہیں -
مِلَن (ہ/مث) مُلاقات - میل -
مِلَن ملنے نہیں سے کیسی - دل میں پھانکیں کھیرے کیسی (ہ/مثل) بظاہر تو اچھی طرح ملتے ہیں - مگر دل میں کھوٹ اور شکستگی ہے -
مِلنا (ہ) ایک ہونا - پیوستہ ہونا - چسپاں ہونا - ملحق ہونا - عنایت ہونا - عطا ہونا - قابو میں آنا - مُرکب ہونا - آمیز ہونا - خلط ملط ہونا - گڈ مڈ ہونا - مشابہ ہونا - مطابق ہونا - مُلاقات ہونا - سامنا ہونا - اکٹھا ہونا - جمع ہونا - شامل ہونا - سازش کرنا - حاصل ہونا - ہاتھ میں آنا - واسطہ رکھنا - سابقہ رکھنا - رو برو ہونا - مقابل ہونا - چھوا جانا - لگنا - کھوج لگنا - دریافت ہونا - (مذکر) ملاقات - راہ ورسم -
مِلنا جُلنا (ہ/مذ) میل ملاپ - راہ ورسم - ربط ضبط -
مَلنا (ہ) مَسَل - رگڑنا - گھسنا - مالش کرنا - مانجھنا - چمکانا - مالیدہ کرنا -
مَلنا دَلنا (ہ) استعمال میں لانا - مسلنا - مالش کرنا -
مَلَند (ف) صیغۂ نہی یعنی جھوٹ نہ بول - غپ نہ مار -
مِلنسار (ہ) ہر ایک سے ملنے والا - خوش اخلاق - محبت والا -
مِلنساری (ہ) میل جول - محبت - اِخلاص - خوش خلقی - راہ ورسم -
مَلَنگ (ف/مذ) مجرّد آدمی - آپے سے باہر - بے ہوش - مجرّد فقیروں کا فرقہ - ایک پرندے کا نام -
مِلنی (ہ/مث) درشن - ملاقات - استقبال - پیشوائی - شادی کے بعد سمدھیوں کے ملنے کی رسم - وہ روپیہ جو دُلہن والے دُولہا کو ملنے کے وقت دیتے ہیں -
مِلنے جلنے کو آنا (ار/محاورہ) ملاقات کو آنا - استعمال کو آنا -
مِلنے کو جانا (ہ) ملاقات کو جانا -
مَلہو (ہ/مذ) ریچھ - خرس - بھالو - بندر - لوزنہ -
مَلو (ا/مذ) وہ پرندہ جس کے پَر باندھ کر جال میں ڈال دیں تاکہ اور پرندے بھی آ پھنسیں -
مَلوانا (ہ) مالش کرانا - منجھوانا - صیقل کرانا - صاف کرانا - پامال کرانا - کچلوانا - روندوانا -
مِلوانا (ہ) صلح کرانا - ملاقات کرانا - مواصلت کرانا - شریک کرانا -
مُلَوّث (ع) آلودہ - سَنا ہوا - لتھڑا ہوا - ناپاک - نجس - پلید - رشوت خوار - قصوروار - گنہگار - تردامن -
ملوکیہ - یا - مُلوخیا (ف/مذ) ایک قسم کی خبازی - ایک خاص قسم کا ساگ جسے عرب لوگ پکاتے ہیں -
مَلُوک (ہ) عُمدہ - اچھا - نفیس - سُندر - خوبصورت - نازک - حسین - جمیل - شکیل -
مُلوک (ع/مذ) مَلِک کی جمع - بہت سے بادشاہ -
مُلوکانہ (عف) بادشاہوں جیسا - خسروانہ -
مُلوکیت (ع/مث) شہنشاہی -
مَلُول (ع) اُداس - غمگین - رنجیدہ - غمناک -
مَلُولا (ار/مذ) مَلَملاہٹ - افسوس - دریغ - حسرت - رنج وغم -
ملولا آنا (ا) افسوس آنا - رنج آنا - ارمان آنا -
مَلولے بھرے ہونا (ار/محاورہ) بہت سے ارمان ہونا - ململاہٹ آنا -
مُلَوّن (ع) رنگ برنگ کا - رنگ رنگ کا - بوقلموں - گوناگوں -
مِلَونی (ہ/مث) ملاوٹ - کھوٹ - ملاؤ - آمیزش -

مُلّا (ف امذ) شکل ۔ تموّ ۔ جال میں پر باندھ کر ڈالا ہوا پرندہ ۔
مُلیٹھی (ہ امث) گھونگچی کی جڑ ۔ چرمٹی کی جڑ ۔ اصل السوس ۔ گھونچی کے درخت کی جڑ ۔
مُلہِم (ع) اِلہام کرنے والا ۔ دل میں کوئی بات ڈالنے والا ۔ خدا تعالےٰ ۔
مُلہِم غیب (ع امذ) غیب کی بات دل میں ڈالنے والا ۔ پوشیدہ خبر دینے والا ۔ سروش ۔ ہاتف ۔
مُلہَم (ع) اِلہام کیا گیا ۔ وہ شخص جس کے دل میں غیب کی بات ڈالی جائے ۔
مَلیامیٹ (ہ) روندا ہوا ۔ ناپید ۔ معدوم ۔ تباہ و برباد ۔ ستیاناس ۔ ویران ۔ کلا ہٹا ہوا ۔
مَلیامیٹ کرنا (ہ) تباہ کرنا ۔ نیست و نابود کرنا ۔ ستیاناس کرنا ۔ ویران کرنا ۔
مِلی بھگت (ہ امث) اٹ سٹ ۔ سازش ۔ گٹھ جوڑ ۔ ہمرازی ۔ ایکا ۔ اِتفاق ۔
مَلے پنج (ا) بوڑھا گھوڑا ۔ آٹھ برس سے زیادہ عمر کا ۔ عمر سے اترا ہوا گھوڑا ۔
مَلیچھ (ہ امذ) ناپاک آدمی ۔ پلید ۔ نجس ۔ گندے لوگ ۔ جنگلی ۔ وحشی ۔ بے دین ۔ کافر ۔
مَلیح (ع) نمکین ۔ سلونا ۔ سانولے رنگ کا ۔ خوبصورت ۔ صبیح کی ضد ۔
مَلیدہ (مفرس امذ) مالیدہ کا مخفف ۔ ایک قسم کا ملائم اونی کپڑا ۔ چوری ۔ مچورما ۔ شکر اور گھی ڈال کر ملی ہوئی روٹی ۔
مَلیریا (انگ امذ) موسمی بخار جو مچھر دل سے ہوتا ہے ۔
ملیشیا (انگ امث) رضا کار فوج ۔ ایک سیاہی مائل کپڑا ۔
مُلیِّن (ع) نرمی کرنے والا ۔ ملائم کرنے والا ۔ منضج ۔ قبض کشا دوا ۔
مَلین (ہ) ملگجا ۔ نجس ۔ ناپاک ۔ پلید ۔ میلا ۔ گھناؤنا ۔ غلیظ ۔ سست ۔ اداس ۔ تاریک ۔ کند ذہن ۔ کوڑھ مغز ۔ مکدر ۔ منقبض ۔
مِلین (انگریزی امذ) دس لاکھ ۔

م ۔ م

مَم یا ۔ مَمّا (ہ امذ) چھوٹے بچوں کا کلمہ ہے ۔ پانی ۔ چھاتی ۔ دودھی ۔ چوچی ۔
مَمات (ع امث) مرنا ۔ موت ۔ مرگ ۔ مرن ۔
مماثِل (ع) مانند ۔ مثل ۔ اس جیسا ۔ برابر ۔ نظیر ۔ ثانی ۔ ہم شکل ۔ متقابل ۔
مماثلت (ع امذ) مشابہت ۔ مانند ہونا ۔
ممارست (ع امث) مشق ۔ تجربہ ۔
مُماس (ع امث) ازمس ۔ آپس میں گھسا ہوا ۔ رگڑا ہوا ۔ چھوا ہوا ۔ وہ خط جو کسی دوسرے خط کو چھوتا ہوا یا دائرے کو چھوتا ہوا گزرے ۔
ممّاکھی (ہ امث) شہد کی مکھی ۔
مَمالک (ع امذ) مملکت کی جمع ۔ ملک ۔ سلطنت ۔ بادشاہی ۔ مقامات ۔
ممالک غیر (ع امذ) وہ ملک جو اپنے ملک یا سلطنت سے باہر ہو ۔
ممالک محروسہ ۔ یا ۔ مقبوضہ (ع امذ) وہ ملک جو کسی بادشاہ کے قبضے یا حراست میں ہوں ۔ ماتحت سلطنتیں ۔
ممالک مفوضہ (ع امذ) سپرد کیے ہوئے ملک ۔
مَمالیک (ع امذ) مملوک کی جمع ۔ غلام ۔ بندے ۔
مُمانعت (ع امث) منا ہی ۔ روک ٹوک ۔ مزاحمت ۔ بندش ۔ منع کرنا ۔
مُمانی (ہ امث) ماموں کی بیوی ۔ مامی ۔ ماں کے بھائی کی بیوی ۔
ممباسہ ۔ برٹش ایسٹ افریقہ میں ہے ۔ یہاں ہاتھی دانت ۔ گوند ۔ گینڈے کی کھالوں اور سینگوں کی تجارت ہوتی ہے ۔
مِمبر (انگریزی) عضو ۔ جوڑ ۔ بند ۔ مجلس کا رکن ۔ صاحب ۔ اہل جلسہ ۔ شریک مجلس ۔ حصہ دار ۔ پتی دار ۔ ساجھی ۔ شریک ۔
مُمتاز (ع) امتیاز دیا گیا ۔ جدا کیا گیا ۔ مجازاً شریف نامی ۔ نامور ۔ مشہور ۔ اعلیٰ ۔ افضل ۔ عالی رتبہ ۔ برگزیدہ ۔ بڑھیا ۔ اعلیٰ درجہ کا ۔
مُمتاز فرمانا (ا) عزت بڑھانا ۔ معزز کرنا ۔ مرتبہ بڑھانا ۔
مُمتحِن (ع امذ) امتحان لینے والا ۔ پرکھنے والا ۔ جانچنے والا ۔ جانچو ۔ پرکھیا ۔ پڑتال کرنے والا ۔
مُمتدّ (ع) دراز کیا گیا ۔ تانا گیا ۔ کھینچا گیا ۔ دراز ۔ لمبا ۔ طویل ۔
مُمتلی (ع) بھرا ہوا ۔ پُر ۔ لبریز ۔ اٹا ہوا ۔ معمور ۔
مُمتنع (ع) منع کیا گیا ۔ ہٹایا گیا ۔ روکا گیا ۔
مُمتنع الجواب (ع امف) جس کا جواب نہ ہو ۔
مُمثّل (ع امذ) اداکار ۔ ایکٹر ۔
مُمِدّ (ع) مدد کرنے والا ۔ مددگار ۔ معاون ۔ یار ۔
مَمدوح (ع) تعریف کیا گیا ۔ مدح کیا گیا ۔ وہ شخص جس کی تعریف کی جائے ۔ موصوف ۔
مَمدُود (ع) لمبا کیا گیا ۔ دراز کیا گیا ۔ کھینچا گیا ۔ پھیلایا گیا ۔
مَمدُودہ (ع) مدد دیا گیا ۔ وہ الف جس پر مد ہو ۔ دراز کیا ہوا الف ۔
مَمَرّ (ع امذ) گزرنے کی جگہ ۔ رستہ ۔ راہ ۔ طور ۔ طریق ۔ رہ گزر ۔
مِمراض (ع) ہمیشہ کا مریض ۔ روگی ۔
ممریز (ا امث) مہمیز کا بگاڑ ۔ لوہے کی دندانہ دار پھرکی ۔ جو سواروں کے بوٹ میں چابک کا کام دینے کے واسطے لگاتے ہیں ۔
مَمزُوج (ع) ملایا ہوا ۔ مخلوط شدہ ۔ پانی یا عرق میں ملی ہوئی شراب ۔
مُمسِک (ع امذ) خرچ نہ کرنے والا ۔ کنجوس ۔ بخیل ۔ شوم ۔ مکھی چوس ۔ نکلنے سے روکنے والا ۔

ممسوس (ع/صف) چھوا ہوا۔
ممکن (ع) امکان والا۔ ہوسکنے والا۔ ہونے والی بات۔ شدنی۔ قابل امکان۔
ممکن الحصول۔ یا۔ ممکن الوصول (ع) حاصل ہونے کے قابل۔ وصول ہونے کے لائق۔
ممکن الوجود (ع) جس کا ہونا نہ ہونا برابر ہو۔ جس کا نہ تو ہونا ضروری ہو نہ نہ ہونا۔ مخلوقات۔
ممکن الوقوع (ع) ہونی۔ ہونے جوگ۔ ہونہار۔ شدنی۔
ممکنات (ع/مث) ممکن کی جمع۔ وجود۔ مخلوق۔ قابل الحصول۔
ممل (ع/صف) طول کرنے والا۔
مملکت (ع/مث) بادشاہت۔ سلطنت۔ حکومت۔ راج۔ ریاست۔ ملک۔
مملو (ع) پُر۔ بھرا ہوا۔ بھرپور۔ اَٹا ہوا۔
مملوک (ع/مذ) غلام۔ بندہ۔ زرخرید۔
مملوکہ (ع) مقبوضہ چیز۔ خرید کی ہوئی چیز۔ ملک میں آیا ہوا۔ قبضہ کیا ہوا۔
مملوکہ و مقبوضہ (ع) خریدا اور قبضہ کیا گیا۔
ممنوع (ع) منع کیا گیا۔ ہٹایا گیا۔ روکا گیا۔ خلاف قانون۔ ناجائز۔ ناروا۔ قابل مواخذہ۔
ممنون (ع) احسان کیا گیا۔ شکر گزار۔ احسان مند۔ نعمت دیا گیا۔
ممنون ہونا (ف) شکر گزار ہونا۔ احسان مند ہونا۔ شکریہ ادا کرنا۔
ممولا (ہ/مذ) ایک چھوٹے پرندے کا نام۔ چھانپو۔ سربچہ ممولہ۔ مجازاً پیارا بچہ۔
ممولے چکنا (ہ) نہایت خاطر تواضع کرنا۔
ممیا خسر (ہ/مذ) خاوند کا ماموں۔ مولسرا۔
ممیا ساس (ہ/مث) خاوند کی ممانی۔ مولس۔
ممیانا (ہ) بکری کا بولنا۔ بکری کا میں میں کرنا۔
ممیرا (ہ/مذ) ماہیران کا بگاڑ۔ ہلدی سے مشابہ اور گٹھیلی جڑ کا نام جو آنکھ کے لیے مفید ہوتا ہے۔
ممیرا (ہ) ماموں کا بیٹا۔ ماموں زادہ۔
ممیز (ع) برے کو بھلے سے اور نیک کو بد سے تمیز کرنے والا۔ ناقد۔ بھانپو۔
ممیزہ (ع) تمیز کرنے والی۔ پہچاننے والی۔

م - ن

من (ع) کون ہے۔
مَن (ہ/مذ) دل۔ جی۔ جیوڑا۔ قلب۔ چالیس سیر کا وزن۔ سانپ کا مہرہ۔
مَن اٹکا تن جھٹکا (ہ/مثل) عشق ہوا اور دُبلا پن آیا۔ عشق کے غم میں لاغری ضروری ہے۔
مَن اٹکنا / مَن اُلجھنا (ہ) دل آنا۔ عاشق ہونا۔ پریت ہونا۔ آنکھ لگنا۔ دل پھنسنا۔
مَن اُکتانا (ہ) دل بیزار ہونا۔ جی گھبرانا۔
من اُگلنا (ہ) سانپ کا اپنے مہرے کو منہ سے باہر نکالنا۔
مَن اُمراؤ کرم دلدری (ہ/مثل) دل تو امیر ہے۔ مگر قسمت ہیٹی ہے۔
مَن بسنا (ہ) دل میں رہنا۔ دل میں سمانا۔
مَن بھاتا (ہ) دل پسند۔ مرغوب خاطر۔ جیسے من بھاتا کھائیے جگ بھاتا پہنیے۔
مَن بھاری کرنا (ہ) اُداس ہونا۔ کُڑھنا۔ دل میلا کرنا۔ غمگین ہونا۔
مَن بھاؤن / من بھاؤنا (ہ) دل پسند۔ پیارا۔ محبوب۔ عزیز۔ ساجن۔ دل کو پسند آنے والا۔ جی کو بھانے والا۔
مَن بھر (ہ) پورا چالیس سیر۔ ایک من۔ جی بھر کر۔ خاطر خواہ۔
مَن بھر کا سر ہلاتے ہیں پیسہ بھر کی زبان نہیں ہلائی جاتی (ہ/محاورہ) مغروروں کی نسبت بولتے ہیں۔ جو سلام کا جواب سر ہلا کر ہی دے دے اور زبان سے کچھ نہ بولے۔
مَن بھر جانا (ہ) طبیعت کا بھر جانا۔ اُکتا جانا۔ دل سیر ہو جانا۔ جی بیزار ہو جانا۔
مَن پھٹ جانا (ہ) کسی سے نفرت ہو جانا۔ دل بیزار ہو جانا۔
مَن چلنا (ہ) جی چاہنا۔ کسی چیز پر ریجھ جانا۔ دل کا راغب ہو جانا۔ دل قابو میں نہ رہنا۔ دیوانہ ہونا۔
مَن چلا (ہ) سُورما۔ بہادر۔ دلیر۔ دل چلا۔ بے باک۔ نِڈر۔ بے خوف۔
مَن چنگا تو کٹھوتی میں گنگا (ہ/مثل) اگر دل اچھا ہے اور عقیدہ صحیح اور درست ہے تو ہر جگہ خدا ہے۔
مَن چھوڑنا (ہ/محاورہ) سانپ کا من نکال کر رکھ دینا۔
مَن رنجن (ہ/صف) خوشگوار۔ دل کو خوش کرنے والا۔
من سانچا تو سب سانچا (ہ/مثل) اعتقاد ٹھیک ہونا ہے تو سب ٹھیک ہوتا ہے۔
من سمجھوتہ (ہ/مذ) دل کا سمجھا لینا۔ دل کی تسکین۔ تسکین خاطر۔
من سمجھوتہ کرنا (ہ) دل کو سمجھا لینا۔ اپنی تسلی کر لینا۔ اطمینان کر لینا۔ تسلی کر لینا۔
من کا چیتا (ہ/مذ) دل کی خواہش۔ دل کا چاہا۔
من کا میلا (ہ) دل میں کھوٹ رکھنے والا۔ منافق۔ ریاکار۔ بد باطن۔
من کے چیتے ہونا (ہ) دل کی مرادیں پوری ہونا۔
من کے لڈو پھوڑنا (ہ) دل ہی دل میں خوش ہونا۔ خیالی پلاؤ پکانا۔
مَن کی ماری (ہ) مردہ دل۔ افسردہ خاطر۔

مَن کی مَن میں رہنا (ہ) جی کا ارمان جی میں ہی رہ جانا۔ ارمان نہ نکلنا۔ دل میں حسرت رہ جانا۔ شوق پورا نہ ہونا۔
مَن کی موج (ہ/ مث) دل کی لہر۔ دل کی ترنگ۔ دل کا جوش۔
مَن کی ہارے ہار ہے مَن کے جیتے جیت (ہ/ مثل) دل چھوڑ بیٹھنے سے کچھ نہیں بنتا۔ حوصلہ سے ہی کام ہوتا ہے۔
مَن لُبھانا (ہ) مَن موہ لینا۔ دل فریفتہ کرنا۔ دل کو مائل کرنا۔
مَن للچانا (ہ) دِل میں خواہش پیدا ہونا۔ دل کا خواہش کرنا۔ دِل چلنا۔
مَن لینا (ہ) دل موہ لینا۔ فریفتہ کر لینا۔ دِل چھین لینا۔ ارادہ معلوم کرنا۔ خیال بھانپنا۔ عندیہ معلوم کرنا۔
مَن مار رہنا (ہ) دِل کو مسوس کر رہنا۔ مجبوراً صبر کرنا۔ خواہش کو جبراً دبانا۔
مَن مار کے بیٹھ رہنا (ہ) نا اُمید ہو کر بیٹھ رہنا۔ صبر کر بیٹھنا۔ جی مار کے بیٹھ جانا۔
مَن مارنا (ہ) خواہش کو دبانا۔ نفس کشی کرنا۔ صبر اختیار کرنا۔
مَن مانا (ا/ صف) خاطر خواہ۔ حسبِ منشا۔
مَن مانتا (ہ) من بھاتا۔ خواہش کے مطابق۔ حسبِ مُراد۔ حسبِ دل خواہ۔
مَن مانی (ہ/ مث) خود مختاری۔ حسبِ منشا۔ مرضی کے مطابق۔
مَن مانی گھر جانی (ا/ مثل) بے جا ضد پر کہتے ہیں۔
مَن مانی مُراد پانا (ا/ محاورہ) خاطر خواہ آرزو پوری ہونا۔
مَن مانے (ہ) دِل چاہے۔ دِل میں آئے۔
مَن مست (ا) من موجی۔ زندہ دل۔
مَن مِلنا (ہ) دِل ملنا۔ دل کا موافق ہونا۔
مَن میں آنا (ہ) دِل میں آنا۔ خیال میں گزرنا۔ دِل میں سمانا۔ خواہش ہونا۔
مَن میں شیخ فرید بغل میں اینٹیں (ہ/ مثل) ظاہر اچھا۔ باطن خراب۔ ظاہر کچھ۔ باطن کچھ۔
مَن موجی (ہ) آزاد طبع۔ من مست۔ دِل کا بادشاہ۔
مَن موہن (ہ) دل موہ لینے والا۔ معشوق۔ محبوب۔ پیارا۔
مَن میلا کرنا (ا/ محاورہ) اُداس ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔
مَن ہرن (ہ) دِل چُرانے والا۔ چیت چور۔ معشوق۔
مَن ہرنا (ہ) دِل کو چُرانا۔ دِل چھین لینا۔
مَنّ (ہ/ مذ) اِحسان۔ مِنّت۔ ضرر۔ کمی۔ نقصان۔ ترنجبین۔ شیر خشت۔ شہد۔ انگبین۔ سولہ چھٹانک۔ یعنی دو رطل کا وزن۔
مَن و سلوٰی (ع/ مذ) ترنجبین اور بٹیرے۔ خوانِ نعمت۔ وہ نفیس اور عمدہ کھانے جو بنی اسرائیل پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دُعا سے بھوک اور پیاس کے زمانے میں ایک جنگل میں اُترے۔
مَن (ف) واحد متکلم کے صیغہ کی نسبت کے لیے جیسے دشمن (مذکر) تو دہ۔ ڈھیر۔ جیسے خرمن ترازو کی ڈنڈی کے بیچ کا سوراخ جس میں موٹھ باندھتے ہیں۔
مِن (ع) حرف جار۔ از۔ سے۔ پر۔ کا۔ ساتھ۔ مع۔ در۔ میں۔ مشابہ۔ مانند۔ بمقابلہ اس کے۔ ماسوا۔
مِن اوّلہٖ الیٰ آخرہٖ (ع) شروع سے لے کر آخر تک۔ ابتدا سے انتہا تک۔
مِن بعد (ع) اس کے بعد۔ بعد ازاں۔ پس ازاں۔ آئندہ کو۔ آگے کو۔ ابھی۔ فوراً۔ تُرت۔
مِن جانب اللہ (ہ) غیب سے۔ خُدا کی طرف سے۔ خُود بخُود۔ آپ ہی آپ۔
مِن جُملہ (ع) سب میں سے۔ تمام میں سے۔ کُل میں سے۔
منچوریا۔ سلطنتِ چین کا ایک حصّہ۔ اِس کے شمالی حصّہ میں دریائے امور کا معادن سنگاری سیراب کرتا ہے۔ پہاڑی علاقہ میں شہتوت کے درخت پائے جاتے ہیں۔ اور ریشم کے کیڑوں سے کچّا ریشم حاصل کیا جاتا ہے۔ گیہوں، جَو اور سن یہاں پیدا ہوتا ہے۔ موکڈان دارالحکومت ہے۔
مِن کُل وجُوہ (ع) ہر طرح سے۔ ہر صورت سے۔ ہر طور پر۔ ہر طریق پر۔
مِن وجہ (ع) ایک صُورت سے۔ ایک طرح سے۔ ایک صُورت میں۔
مِن وعَن (ع) ہُو بہُو۔ جُوں کا توُں۔ مفصّل۔ حرف بحرف۔ پورے وار۔
مُنی (س/ مذ) رِکھی۔ رِشی۔ مُنی۔ گیانی۔ دھیانی۔ سادھو۔ جوگی۔ مرتاض۔ ولی۔ اولیا۔
مُن (ا/ مذ) منہ۔
مَن (س/ مذ) جوہر۔ قیمتی پتھر۔ نگ۔ رتن۔ مَنی۔
مَننا (ہ) خفگی دُور ہونا۔ راضی ہونا۔ خوش ہونا۔ رنجیدگی دُور ہونا۔
مُنّا (ہ/ مذ) چھوٹا بچّہ۔ دُلارا۔ لاڈلا۔ چہیتا۔ ننھا۔
مِنا (ع) مکّہ معظمہ کے قریب ایک مقام کا نام جہاں حاجی لوگ رمی اور قربانی کرتے ہیں۔
مناب (ع/ مذ) کھڑے ہونے کی جگہ۔ قائم مقام ہونا۔
مَنابر (ع/ مذ) منبر کی جمع۔ سیڑھی دار چبوترہ۔ جس پر کھڑے ہو کر جمعہ کے روز امام خطبہ پڑھتا ہے۔
مَنابع (ع/ مذ) منبع کی جمع۔
مَنات (ع/ مذ) عرب کے مشہور بُت کا نام جس کی زمانہ جاہلیت میں پُوجا ہوتی تھی۔
مُناجات (ع/ مث) کانا پھُوسی۔ سرگوشی۔ مجازاً دُعا۔ التجا۔ بھجن۔ دُعائیہ نظم۔
مُناجات پڑھنا (ا) بھجن گانا۔ خدا کی بزرگی اور بڑائی کے گیت گانا۔
مُناجاتی (ع/ مذ) مُناجات پڑھنے والا۔

مُنَادَمَت (ع/مث) ہم نشینی۔ مصاحبت۔
مَنادیٰ (ع/مذ) پکارا۔ ندا کیا گیا۔ وہ شخص جسے پکاریں۔
مُنادی (ع/مذ) حکم حاکم سنانے کو پکارنے والا۔ ڈھنڈورچی۔ ڈونڈی پیٹنے والا۔
مَنادی (ا/مث) ڈھنڈورا۔ ڈونڈی۔ کسی بات کی ممانعت کا اعلان۔ وعظ۔ تلقین مذہب۔
مَنادی پھرنا (ا) اعلان ہونا۔ ڈونڈی پٹنا۔
مَنادی کرنا (ا) شہرت دینا۔ مشہور کرنا۔ وعظ کرنا۔ اُپدیش کرنا۔ ڈونڈی پیٹنا۔
مَنادِیل (ع/مث) مندیل کی جمع۔ رومال۔
مَنار۔ منارہ (ع/مذ) نور کی جگہ۔ روشنی کی جگہ۔ چراغ دان۔ لاٹھ۔ اُونچا ستون۔ پیل پایہ۔ کھم بھم۔ جہاز کو روشنی دکھلانے کا اونچا ستون۔
منار خلیج۔ ہندوستان اور لنکا کے درمیان ہے یہاں سے موتی باہر جاتے ہیں۔
مُنازَعَت (ع/مث) تکرار۔ جھگڑا۔ ٹنٹا۔ بکھیڑا۔ بحث۔ قضیہ۔
مُنازع فیہ (ع/مذ) وہ بات جس کے لیے جھگڑا ہو۔
مَنازِل (ع/مث) منزل کی جمع۔ پڑاؤ۔ اُترنے کی جگہ۔ مسکن۔ مقامات۔ مکانات۔
مَنازِل قمر (ع/مث) نچھتر۔ چاند کے ستائیس گھر۔ مقاماتِ قمر۔
مُناسِب (ع) نسبت رکھنے والا۔ زیبا۔ موزوں۔ لائق۔ شایاں۔ ٹھیک۔ معقول۔ درست۔ جائز اور لازم۔
مُناسَبَت (ع/مث) باہمی تعلق۔ آپس کا لگاؤ۔ علاقہ۔ نسبت۔ موزونیت۔
مُناسَخہ (ع/مذ) فقہ اسلامی کا ایک قاعدہ جس کی رُو سے ورثا کے حصے مقرر کیے جاتے ہیں۔
مَناصِب (ع/مذ) منصب کی جمع۔ کھڑا ہونے کے مقامات۔ مجازاً مرتبے۔ عہدے۔ رُتبے۔
مُناصَفَت (ع/مث) آدھم آدھ۔ آدھوں آدھ۔ نصفا نصفی۔ برابر کے دو حصے۔ دو ٹوک۔ برابر۔
مُناصَفہ (ع) کسی چیز کا برابر بانٹنا۔
مَناط (ع/مذ) مقصد۔ بُنیاد۔
مَناطِ دعویٰ (ع/مذ) بترکیب فارسی، بنائے دعویٰ۔
مُناظِر (ع) بحث مباحثہ کرنے والا۔ حجتی۔ جھگڑالو۔ معترض۔
مَناظِر (ع/مذ) منظر کی جمع۔ تماشہ گاہیں۔ نظارے۔
مُناظَرہ (ع/مذ) باہم نظر کرنا۔ آنکھ لڑانا۔ مانند ہونا۔ مشابہ ہونا۔ جدائی کرنا۔ باہم بحث کرنا۔ بحث و تکرار۔ مذہبی اُمور کے متعلق بحث کرنا۔ مباحثہ کے قوانین کا علم۔
مُناظمہ (ع/مذ) آپس میں نظمیں پڑھنا۔
مُنافات (ع/مث) ایک دُوسرے کے ضد ہونا۔ ایک دُوسرے کی نفی کرنا۔

مَنافِذ (ع/مذ) منفذ کی جمع۔ جاری ہونے کی جگہ۔ جائے نفوذ۔ نکاس کی جگہ۔ راہ۔ گزرگاہ۔
مُنافِع (ع) نفع دینے والا۔ فائدہ دینے والا۔
مَنافِع (ع/مذ) منفعت کی جمع۔ فائدے۔ نفعے۔
مُنافِق (ع/مذ) نفاق والا۔ کپٹی۔ ریاکار۔ مکار۔ کافر۔ بے دین۔ ملحد۔
مَناقِب (ع/مث) منقبت کی جمع۔ تعریفیں۔ خوبیاں۔ بھلائیاں۔ مجازاً۔ اہلبیت اور اصحاب کبار کی تعریف۔
مُناقِبت (ع/مث) حمد و ثنا۔ توصیف و تعریف۔ مجازاً اہلبیت اور اصحاب کبار کی ثنا۔
مُناقشہ (ع/مذ) جھگڑا۔ بکھیڑا۔ ٹنٹا۔ قضیہ۔ قصہ۔ نزاع۔
مُناقِض (ع) توڑنے والا۔ مخالف۔ ناموافق۔
مناقضہ (ع) اعتراض۔ جھگڑا۔
مناکحت (ع/مث) مرد و عورت کا نکاح۔ باہم نکاح ہونا۔ عقد۔ نکاح۔ گٹھ بندھن۔
مَنال (ع/مذ) حاصل ہونے کی جگہ۔ پانے کی جگہ۔ مجازاً جاگیر۔ جائداد۔ باغ۔ کھیتی وغیرہ۔ مجازاً مال کا مرادف۔
مُنال (ہ/مذ) مرغ زریں۔ ایک نہایت خوبصورت پرندے کا نام جس کی گردن میں سبز لاجوردی کنٹھا اور سر پر تاج ہوتا ہے۔ مور سے مشابہ ہوتا ہے۔
مَنانا (ہ) رضامند کرنا۔ خوش کرنا۔ رُوٹھے کو راضی کرنا۔ رنجیدہ کو خوش کرنا۔ رچانا۔ کرنا۔ عمل میں لانا۔ منت ماننا۔ دُعا کرنا۔ چاہنا۔ نام لینا۔ سمرنا۔ بھجنا۔ عقیدہ رکھنا۔ پُوجا کرنا بھینٹ چڑھانا۔ اشا کرنا۔
مَنّان (ع) بہت احسان کرنا۔ نیکوئی کرنا۔ مراداً خدا تعالیٰ۔
مناہج (ع/مث) منہج کی جمع۔ راستے۔ راہیں۔
مناہی (ع/مث) خلاف شرع باتیں۔ ناجائز باتیں۔ روک ٹوک۔ بندی۔ ممانعت۔
منائی (ا/مث) مناہی کا بگاڑ۔ روک ٹوک۔ بندی۔ بندش۔ منع کرنا۔ ممانعت۔
مُنبَت (ع) اگایا ہوا۔ اُبھرا ہوا۔ اپنی سطح سے ذرا اُونچا اُٹھا ہوا نقش۔ اُوپر اُٹھا ہوا نقش۔
مِنبَر (ع/مذ) اُونچی جگہ۔ مسجد کا وہ سیڑھی دار اُونچا مقام جہاں خطیب خطبہ پڑھتا ہے۔
مُنبَسِط (ع) پھیلنے والا۔ مجازاً خوش۔ بشاش۔ آنند۔ مسرور۔ خوشحال۔
مَنبَع (ع/مذ) پانی نکلنے کی جگہ۔ چشمہ۔ سوتا۔ مجازاً مطلق نکلنے کی جگہ۔ مصدر۔ بمبا۔ پمپ۔ پانی کا نل۔ پانی کا خزانہ۔
مِن بعد (ع) اس کے بعد۔
مِنّت (ع/مث) احسان۔ بھلائی۔ سلوک۔ بے بنتی۔ خوشامد۔ چاپلوسی۔

مِنّت اُٹھانا (ف) احسان اُٹھانا۔ ممنون ہونا۔
مِنّت دار (ف) احسان مند۔ ممنون۔ عاجزی کرنے والا۔ گڑگڑانے والا۔
مِنّت سماجت (ف/مث) خوشامد۔ درآمد۔ چاپلوسی۔ لَلّو پتّو۔
مِنّت کرنا (ف) عاجزی کرنا۔ گڑگڑانا۔ بنتی کرنا۔ ناک رگڑنا۔ لَلّا کھانا۔
مِنّت کش ہونا (ف) احسان مند ہونا۔ کسی کا شرمندہ ہونا۔
مَنّت (ع/مث) ماننا۔ نذر۔ نیاز۔ بھینٹ۔ منکھنا۔ عہد۔ وہ وعدہ جو کسی بزرگ یا خُدا سے کیا جائے۔
مَنّت بڑھانا۔ یا۔ چڑھانا (ہ) ماننا ادا کرنا۔ عہد پُورا کرنا۔ مُراد پُوری ہونے پر مَنّت ادا کرنا۔ گنڈا تعویذ یا طوق بیڑی اُتارنا۔
مَنّت پوری ہونا (ف) محاورہ۔ مانگی ہوئی مُراد حاصل ہونا۔
مَنّت کا جھلّا اُٹھانا (ف) محاورہ۔ عورتیں چاندی کا چھلّا دھو کر اُٹھا رکھتی ہیں اور مَنّت پُوری ہونے پر اس کو فروخت کر کے نذر و نیاز کرتی ہیں۔
مَنّت کا طوق (ف/مذ) کسی پیر یا دیوتا وغیرہ کے نام کا تعویذ یا گنڈا وغیرہ جو بچّے کے گلے میں میعاد مقررہ تک پڑا رہتا ہے۔
مَنّت کا گنڈا (ف/مذ) وہ گنڈا جو بطور مَنّت کے پہناتے ہیں۔
مَنّت کے بال (ہ/مذ) کسی بزرگ کے نام پر کچھ عرصے کے لیے رکھے ہوئے بال۔
مَنّت ماننا (ہ) عہد کرنا۔ بھینٹ ماننا۔ چڑھاوا ماننا۔ ماننا کرنا۔ نیاز ماننا۔ نذر ماننا۔
مَنّتا (ف/ق) مَنّت۔
مُنتِج (ع) نتیجہ دینے والا۔ ثمرہ دینے والا۔
مُنتَج (ع) بانتیجہ۔ نتیجہ دیا گیا۔
مُنتخَب (ع) چُنا گیا۔ چُنا ہوا۔ انتخاب کیا گیا۔ چھانٹا ہوا۔ چیدہ۔ پسندیدہ۔ عجیب۔ طُرفہ۔ یکتا۔ نایاب۔ برلا۔ خال خال۔
مُنتخَب کرنا (ف) چھانٹنا۔ چُننا۔ خُلاصہ کرنا۔ پسند کرنا۔ اخذ کرنا۔ اختیار کرنا۔
مِنتری (ہ/مذ) رشتہ دار۔ پیارا۔ محبوب۔ یار۔ دوست۔ آشنا۔ عزیز۔
مَنتر (س/مذ) جادُو۔ سحر۔ مُوٹھ۔ ٹونا۔ افسوں۔ ٹوٹکا۔ کلام۔ عمل۔ وِدّیا۔ وید کے ایک حصّہ کا نام۔
مَنتر پڑھنا (ہ) عمل۔ وِدّیا۔ وید کے ایک حصّہ کا نام۔
مَنتر پھونکنا (ہ) جادُو پڑھ کر دم کرنا۔ افسوں پڑھنا۔
مَنتر جنتر (س/مذ) جادُو ٹونا۔ تعویذ گنڈا۔ جھاڑ پھونک۔ بھُوت بدیا۔
مَنتر چلانا | مَنتر مارنا (ہ) جادُو کرنا۔ ٹونا کرنا۔ مُوٹھ چلانا۔
مَنتر دینا (ہ) مُرید کو دینی ہدایات سمجھانا۔ تلقین کرنا۔ گرو منتر بتانا۔
مَنتری (س/مذ) تلقین کرنے والا۔ ہادی۔ پیر۔ مُرشد۔ اُپدیشی۔ نیک صلاح دینے والا۔ مشیر۔ وزیر۔ کونسلر۔ سکرٹری۔ جادُوگر۔ ساحر۔
مُنتسِب (ع) نسبت رکھنے والا۔ لگاؤ رکھنے والا۔
مُنتشِر (ع) بکھرنے والا۔ پراگندہ ہونے والا۔ تتر بتر ہونے والا۔ پراگندہ۔ متفرّق۔
مُنتشِر کرنا (ف) بکھیرنا۔ پراگندہ کرنا۔ کھنڈانا۔ تتر بتر کرنا۔
مُنتظِر (ع) انتظار کرنے والا۔ راہ تکنے والا۔ اُمیدوار۔ متوقّع۔ آس لگنے والا۔ اُڈیکنے والا۔
مُنتظِر رکھنا (ف) انتظار میں رکھنا۔ آس میں رکھنا۔ اُمید میں رکھنا۔
مُنتظِر رہنا (ف) باٹ دیکھنا۔ اُڈیکنا۔ آس میں رہنا۔ اُمید میں رہنا۔ انتظار کرنا۔
مُنتظِم (ع) انتظام کرنے والا۔ پرویا جانے والا۔ بندھنے والا۔ کفایت شعار۔ جزورس۔ گماشتہ۔ کارندہ۔ کارکُن۔ سربراہ کار۔
مُنتفِع (ع) فائدہ حاصل کرنے والا۔ نفع اُٹھانے والا۔
مُنتفی (ع) فنا ہونے والا۔ نیست و نابود ہونے والا۔ ہو چکنے والا۔
مُنتقِل (ع) انتقال کرنے والا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ چلا جانے والا۔ جگہ بدلنے والا۔
مُنتقَل اِلیہ (ع/مذ) (قانون) وہ شخص جس کے نام پر کوئی چیز منتقل کی جائے۔
مُنتقِل کرنا (ف) تبدیل کرنا۔ بدلنا۔ بیع کرنا۔ ایک کے نام سے دوسرے کے نام پر کرنا۔
مُنتقِم (ع) بدلا لینے والا۔ عوض لینے والا۔ انتقام لینے والا۔
مُنتقِم حقیقی (ع/مذ) اصل سزا دینے والا۔ خدا تعالیٰ۔ قادر مطلق۔ اصلی بدلا لینے والا۔
مُنتقِم مجازی (ع/مذ) ظاہرا بدلہ لینے والا۔ مراداً بادشاہ۔ حاکم۔ افسر۔
مُنتَہی (ع) انتہا کیا گیا۔ انجام کو پہنچا ہوا۔ کامل۔ تمام۔ پُورا۔ مکمل۔
مُنتہِی (ع) انتہا کو پہنچنے والا۔ تحصیل علم کو پُورا کر چکنے والا۔ لائق۔ عالم فاضل۔
مِنتی (ف/مث) بنتی کا بگاڑ۔ عاجزی۔ خوشامد۔ درآمد۔
مَنّتیں (ہ/مث) مَنّت بمعنی عہد کی جمع۔ وعدے۔ اقرار۔ نذریں۔ نیازیں۔
مَنّتیں ماننا (ہ) نذریں ماننا۔ وعدے وعید کرنا۔
مِنّتیں کرنا (ع) عاجزیاں کرنا۔ گڑگڑانا۔ خوشامدیں کرنا۔
مِنٹ (انگریزی/مذ) لمحہ۔ گھنٹے کا ساٹھواں حصّہ۔ درجہ۔

روئداد۔ حقیقت۔

مَنْثُوْر (ع/مث) نثر۔ منظوم کی ضد۔ پراگندہ۔ اَن بندھ موتی۔

مَنْج (ا/ز/صف) بے نور۔

مَنْجا (ہ/مذ) پلنگ۔ چارپائی۔

مَن جانا (ہ) خوش ہو جانا۔ رُوٹھا ہوا نہ رہنا۔ راضی ہو جانا۔

مُنْجَذِب (ع/صف) جذب ہونے والا۔

مُنْجَلی (ع) ظاہر۔ روشن۔ آشکارا۔ مجازاً حل۔

مَنْجلاب (ف) پانی ڈالنے کی جگہ مراداً وہ حوض یا گڑھا جہاں خراب پانی جمع رہتا ہو۔

مُنَجِّم (ع/مذ) نجومی۔ ستاروں کا علم جاننے والا۔ جوتشی۔ پترا بنانے والا۔ جنتری بنانے والا۔

مُنْجَمِد (ع) جما ہوا۔ ٹھٹھرا ہوا۔ بستہ۔ غلیظ۔ قطبین کے قریب کا سمندر۔

مُنْجَمِد ہونا (ا) سردی سے کسی مائع کا جم جانا۔ جمنا۔ بستہ ہونا۔

مَنْجَن (ہ/مذ) دانتوں کو صاف کرنے کا سفوف۔ دانتوں کا پوڈر۔ دانت مانجھنے کی دوا۔

مَنْجھنا (ہ) تانبے۔ پیتل وغیرہ کے برتنوں کا صاف ہونا۔ کسی علم یا ہنر میں مشاق ہونا۔ صیقل ہونا۔

مَنْجَنِیق (ع/مذ) فلاخن۔ گوپیا۔ قلعہ شکنی کا ایک آلہ۔ جس سے دیوارِ قلعہ پر بڑے بڑے پتھر پھینکا کرتے تھے۔

مَنْجھ (ہ) بیچ۔ درمیان۔ وسط۔ بیچوں بیچ۔

مَنْجھدار (ہ/مث) دریا کے بیچ کی دھار۔ وسط دریا۔ درمیانی دھار۔

مَنْجھدار میں پڑنا (ہ) دریا کے بیچ میں پھنسنا۔ بڑی مصیبت میں پڑنا۔

مَنْجھا (ہ/مذ) چوکی۔ لکڑی کا تخت۔ چرخے کا وہ بیچ کا حصّہ جس پر مال پھرتی ہے۔ اٹیرن کے بیچ کی لکڑی۔ پلنگ۔ منجا۔ مرثیہ۔ مسدس کا تیسرا حصّہ۔

مَنْجھلا } (ہ) بچلا۔ بیچ کا۔ وہ لڑکا جو اوّل اور سوم کے درمیان
مَنْجھو } میں پیدا ہو۔

مَنْجھلی (ہ/مث) منجھلا کی تانیث۔ بیچ کی۔ درمیانی۔

مَنْجھنا (ہ) صیقل ہونا۔ صاف ہونا۔ چلا ہوا۔ شائستہ ہونا۔ تجربہ کار ہونا۔ مشتاق ہونا۔ لٹ کھسٹ کر غریب ہو جانا۔

مَنْجھولا (ہ/مذ) درمیانہ۔ متوسط۔ بڑا نہ چھوٹا۔

مَنْجھولی (ہ/مث) ایک قسم کی چھوٹی بہلی۔ میانہ قد عورت۔

مَنْجھیلا (ہ/مذ) ڈھیل۔ وقفہ۔ دیر۔ التوا۔ تعویق۔

مَنْجھیلا پڑنا (ا/محاورہ) ڈھیل پڑنا۔ وقفہ ہونا۔

مَنْجھیلا ڈالنا (ہ) کسی کام میں دیر لگانا۔ کسی کام میں تعویق کرنا۔

مَنْجھیلی (ہ/مث) دوپہر۔ مجازاً۔ چپ چاپ۔ سنسان۔ ڈراؤنی۔

مَنْجھیلی رات (ا/مث) سنسان رات۔ ڈراونی رات۔

مَنْجیرا (ہ/مذ) پیتل کی دو کٹوریاں جو طبلے کے ساتھ بجائی جاتی ہیں۔

مُنْحَرِف (ع) پھرنے والا۔ ٹیڑھا۔ ترچھا۔ باغی۔ غدّار۔ سرکش۔

مُنْحَصِر (ع) احاطہ کیا ہوا۔ محدود۔ گھیرا ہوا۔ موقوف۔ وابستہ۔ متعلق۔ حصر کیا گیا۔

مُنْحَنی (ع) کبڑا۔ جھکا ہوا۔ ٹیڑھا۔ خمیدہ۔ قوسی۔ گولائی دار۔ دُبلا۔ لاغر۔ کمزور۔

مَنْحُوس (ع) بدنصیب۔ بدبخت۔ چندرا۔ بُرا۔ زبوں۔ مکروہ۔ گھناؤنا۔

مَنْخَر (ع/مذ) ناک کا سوراخ۔ نتھنا۔ ناک کا چھید۔

مُنْخَنِقہ (ع/صف) وہ جانور جو گلا گھٹنے سے مرا ہو۔

مُنْخُل (ع) چھاننے کی چھلنی۔

مَنْخُور (ع) ناک کا نتھنا۔

مَنْد (ف) صاحب۔ مالک۔ والا۔ (اسم کے ساتھ مرکب ہو کر یہ معنی دے گا)

مَنْدا (ا) ہلکا۔ مدھم۔ اُترا ہوا۔ سستا۔ ارزاں ہونا۔ سُست ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔

مندا پڑ جانا (ا/محاورہ) دھیما ہونا۔ مدھم ہونا۔ کساد بازاری ہونا۔

مَنْدِر (س/مذ) مکان۔ گھر۔ محل۔ شوالہ۔ عبادت گاہ۔ پوجا کی جگہ۔ یہ بلفظ دال غلط مشہور ہو گیا ہے۔

مُنْدَرا (ہ/مذ) جوگیوں کے کان کا کنڈل۔ کان کا ایک زیور۔

مُنْدَرِج (ع) درج کیا گیا۔ لکھا گیا۔ داخل کیا گیا۔

مُنْدَرِس (ع/مث) پُرانا۔ کہنہ۔ فرسودہ۔ خصوصاً اترے ہوئے کپڑے بھیگے ہوئے کپڑے۔ اُترن۔

مُنْدَری (ہ/مث) چھلّا۔ انگوٹھی۔ انگشتری۔ خاتم۔ مُہر۔ چھاپ۔ خاص شاہی مُہر۔

مُنْدَریا (ہ/مث) مُندری کی تصغیر۔ چھوٹی انگوٹھی۔

مُنْدَفِع (ع) دفع ہونے والا۔ دُور ہونے والا۔

مَنْدَل (ہ/مذ) ڈھول۔ دھونسا۔ طبلہ۔ پکھاوج۔ سونا۔ چشمہ۔ منبع۔ چرخے کا بیچ کا حصّہ۔ جس پر مال پھرتی ہے۔ منڈل گاہ۔ وہ حصار یا حلقہ جو جادوگر اپنے گرد اگرد کھینچ لیا کرتے ہیں۔

مَنْدَلا (ہ/مذ) درخت کا موٹا حصّہ جو جڑ سے ٹہنیوں تک ہوتا ہے۔ دھڑ۔

مُنْدنا (ہ) مچنا۔ بند ہونا۔ بھڑنا۔ جیسے دروازہ مندنا۔ غائب ہونا۔ چھپنا۔

مُنْدَمِج (ع) مندرج کا مرادف۔ درج شدہ۔ داخل کیا گیا۔ گھسا ہوا۔

مُنْدَمِل (ع) زخم بھرنے والا۔ گھاؤ بھرنے والا۔ وہ زخم جو انگور لے آئے۔

مَندُوب (ع/مذ) نمائندہ - ممبر جو کام کے لیے بُلایا گیا ہو - ڈیلیگیٹ -
مَندِی (ع/مث) مندا کی تانیث - ہلکی - مدھم - دھیمی - کم - سستی -
مَندِیل (ع/مث) پیٹی - کمر کا پٹکا - رُومال - انگوچھا - بن سِلا کپڑا - طلائی - پگڑی - زرّیں عمامہ -
مُنڈ (ہ/مذ) مُونڈ کا مخفف - سر - کھوپڑی - سرگروہ - سردار - سرغنہ - اُستاد - ایک راکشس کا نام -
مُنڈچِرا (ہ/مذ) فقیروں کا ایک گروہ جو سر اور ماتھے کو زخمی کر کے بھیک مانگتے ہیں - ضدّی - ہٹیلا -
مُنڈچِراپن (ہ/مذ) ضِد - ہٹ - زبردستی -
مُنڈا (ہ) سر منڈا ہوا - صفاچٹ - وہ شخص جس کے سر کے بال مُنڈے ہوئے ہوں (مذکر) بے نوک جُوتا - بکُھا جُوتا (پنجاب) لڑکا - لونڈا - طفل - چیلا - مُرید - بالکا - شاگرد - بن سینگوں کا جانور - بے اعراب کا ہندی حرف - بن شاخوں پتّوں کا درخت -
مَنڈا (ہ/مذ) ایک خاص قسم کی عُمدہ مٹھائی - مانڈا کا مخفف - ایک قسم کی چپاتی - پھُلکا - پتلی روٹی - آنکھوں کا جالا - پردہ - آنکھ کی جھلّی -
مُنڈاسا (ہ/مذ) پگڑی - پھینٹا - عمامہ - دستار -
مُنڈاسا باندھنا (ا/محاورہ) پگڑی باندھنا - سر چڑھنا -
مُنڈاسا پھرانا (ا/محاورہ) برہم ہونا - بے مروّت کرنا -
مُنڈانا (ہ) سر پر اُسترا پھرانا - سر گھٹوانا - مونڈن کرانا -
مُنڈائی (ہ/مث) حجامت بنوائی - سر منڈوانے کی اُجرت -
مَنڈپ (س/مذ) بیاہ یا میلے وغیرہ کے موقع پر آراستہ شدہ مکان وسیع - بیاہ کا کام کاج ہونے کی جگہ - مندر - دَیر - معبد - گرجا - شوالہ -
مَنڈف (ا/مذ) شامیانہ -
مَنڈک (س/مذ) نائی - حجام - دلّاک -
مُنڈکڑی مارنا (ہ) گھٹنوں میں سر دے کے سونا - غمگین حالت میں سونا - اٹوائی کھٹوائی لے کر پڑ رہنا -
مَنڈل (س/مذ) گھیرا - چکّر - گولا - دائرہ - گول خیمہ یا تنبو - احاطہ - صُوبہ - ضلع - پرگنہ - گاؤں کا پٹواری - نمبردار - چہرے کے اُوپر کا لوہے کا گھیرا - جس میں لاٹو باندھتے ہیں -
مَنڈل باندھنا (ہ) جھُرمٹ باندھنا - حلقہ باندھنا - چہرے پر گھیرا باندھنا - اندھیرا چھانا - تاریکی ہو جانا -
منڈلاتے منڈلاتے پھرنا (ا/محاورہ) ڈانواں ڈول پھرنا - اردگرد چکّر کھانا -
منڈلانا (ہ) گھومنا - چکّر لگانا - اِدھر اُدھر پھرنا - گرد پھرنا - چیلوں کا مُردار وغیرہ کے گرد اُڑتے پھرنا - چہرے پر منڈل باندھنا -
مَنڈلی (ہ/مث) جتھا - جھُنڈ - جماعت - مجمع - ٹولی - گروہ - سبھا - مجلس -
مُنڈنا (ہ) حجامت بننا - بال مُونڈے جانا - لُٹنا - فریب میں آ کر خسارہ اُٹھانا -

مَنڈوا (ہ/مذ) ایک ادنیٰ قسم کا اناج - تھیٹر - تماشا گاہ -
مُنڈوانا (ہ) حجامت بنوانا - بال اُتروانا - لُٹوانا - ٹھگوانا - فریب سے خرچ کروانا - چوری کروانا -
مَنڈھا (ہ/مذ) وہ سائبان یا شامیانہ جو شادی کے روز رسم کے طور پر تانا جاتا ہے - وطن کی وداعگی کے وقت کے گیت -
مَنڈھا چھوانا (ہ) شادی کا شامیانہ تنوانا -
مَنڈھ جانا (ہ) کسی کام کو نہایت تُندی سے کرنا - جُٹ جانا - کسی کام کے سر پڑ جانا -
مَنڈھنا (ہ) پوشش کرنا - کاغذ یا چمڑا یا کپڑا چڑھانا - ذمّہ ڈالنا - منڈھنا - ڈھانکنا - سر ڈالنا -
مَنڈھوائی (ہ/مث) منڈھنے کی اُجرت -
مَنڈھی (ہ/مث) } چھوٹی سی کٹیا - گنبد نما مکان جس میں جوگی
منڈھیا (ہ/مث تصغیر) } رہتے ہیں - کُٹی - جھونپڑی -
مَنڈی (ہ/مث) تھوک فروشی کا بازار - تجارت گاہ - بڑا بازار - پینٹھ -
منڈی لگانا (ا/محاورہ) منڈی قائم کرنا - بازار لگانا -
مُنڈی (ہ) سر منڈی ہوئی - بن بالوں کی - بن سینگوں کی گائے - بن نوک کی جُوتی - گرگابی - (مؤنث) ایک مصفّیٔ خون نباتاتی دوا کا نام -
مُنڈی - یا - مُنڈیا (ہ/مث) مُونڈ کی تصغیر - سر - گردن -
مُنڈی توڑنا (ا/محاورہ) غرور سے سر اُونچا کرنا -
مُنڈیا مروڑ کے پڑ رہنا (ا/محاورہ) چُپ چاپ خاموش لیٹے رہنا -
مَنڈیانا (ہ) مارا چڑھانا - کلف لگانا - چاولوں کی پیچ یا نشاستہ سے کپڑے وغیرہ کو سخت کرنا -
مُنڈیر (ہ/مث) دیوار کا ڈھلوان - بنا ہوا بالائی حصّہ - سر دیوار - پُشتہ - ڈولا - مینڈ - کھیت یا کیاری کی اُونچی حد -
مُنڈیر باندھنا (ہ) مینڈ باندھنا - پُشتہ باندھنا - کھیت کی حد قائم کرنا -
منڈیری (ہ/مث) منڈیر کی تصغیر - دیوار کا ڈھلوان - سرا - کھیت کا پُشتہ - ڈولا -
مُنڈیپا (ا/صف) شوخی - بے حیائی -
مَنزِل (ع/مث) اُترنے کی جگہ - ٹھہرنے کی جگہ - سرائے - پڑاؤ - مسافرخانہ - ایک دن کا سفر - مرحلہ - گھر - مکان - مقام - مسکن - ہر عدد جو مکان یا کشتی کی گنتی کے ساتھ آیا کرتا ہے - چھتر - چاند کا گھر - قرآن شریف کے سات حصّوں میں سے ایک حصّہ - مکان کا ایک درجہ -
منزل اُٹھانا (ا/محاورہ) مکان بنانا -
منزلِ اوّل (ع/مث) پہلی منزل - پہلا پڑاؤ - مجازاً قبر - موت - سفرِ آخرت -
منزل بہ منزل (ع) ایک پڑاؤ - پڑاؤ در پڑاؤ - درجہ بدرجہ -
منزل پر پہنچانا (ا) اصل مقام پر پہنچانا - ٹھکانے پر پہنچانا -
منزل دینا (ا) جنازے کو راستہ میں ذرا سی دیر کے لیے رکھ دینا -

مُردے کو آرام دینا۔

منزل طے ہونا (ا) سفر پورا ہونا۔ ٹھکانے پر پہنچنا۔ پڑاؤ پر پہنچنا۔

منزل کاٹنا (ا) مسافت طے کرنا۔ سفر طے کر لینا۔ مرحلہ طے کرنا۔

منزل کرنا (ا) ایک پڑاؤ کا رستہ چلنا۔ قیام کرنا۔ ٹھہرنا۔ اُترنا۔ انزال کرنا۔

منزل کھوٹی ہونا (ا) دیر ہونا۔ دیر لگنا۔ پڑاؤ تک نہ پہنچ سکنا۔ مقام مقصود تک پہنچنے میں دیر ہو جانا۔ منزل پر وقت معینہ پر نہ پہنچ سکنا۔

منزل مارنا (ا) سفر کرنا۔ مسافت کرنا۔ مشکل حل کرنا۔ مہم طے کر لینا۔

منزلِ مقصود (ع/مث) وہ جگہ جہاں پہنچنے کا ارادہ ہو۔ علتِ غائی۔ مقامِ مقصود (مذکر) مطلب۔ مقصد۔ مُراد۔

مَنزِلَت (ع/مث) درجہ۔ قدر۔ عزت۔ رُتبہ۔ مرتبہ۔ پایہ۔ منصب۔ عُہدہ۔ اعزاز۔

مَنزِلَہ (ع) درجہ کا۔ کھنڈ والا۔ مقام۔ جائے۔ جیسے بمنزلہ۔

مَنزَوِی (ع) زاویہ نشیں۔ گوشہ نشین۔ گوشہ اختیار کرنے والا۔ خلوت گزیں۔

مُنَزّہ (ع) پاک۔ صاف۔ بے لاگ۔ مقدس۔ بری۔ آزاد۔ مُبرا۔

مَنشا (ہ/مث) مُراد۔ مطلب۔ خواہش۔ آس۔ آسا۔ مقصد۔ چاہ۔ اِچھا۔

مَنشا پُورن کرنا (ہ) مطلب پُورا کرنا۔ مُراد بر لانا۔ غرض نکالنا۔ کام نکالنا۔

مَنسا دیوی (ہ/مث) سانپ قوم کی دیوی۔ جس کو سانپ کے کاٹے کی خاطر مناتے ہیں۔ اُس کی مہربانی سے زہر نہیں چڑھتا۔ یہ خیال عوام کرتے ہیں۔

مَنسَک (ع/مذ) عبادت گاہ۔ قربان گاہ۔ حاجیوں کی قربانیوں کی جگہ یعنی موضع منا۔ جہاں حاجی لوگ قربانیاں کرتے ہیں۔

مُنسَلِک (ع) نتھی کیا ہوا۔ پرویا ہوا۔ شامل۔ مشمول۔

مَنسُوب (ع) نسبت کیا گیا۔ متعلق۔ جس سے منگنی ہوئی ہو۔

مَنسُوب کرنا (ا) منگنی کرنا۔ نکاح میں لانا۔ بیاہنا۔ سگائی کرنا۔ نسبت کرنا۔

مَنسُوبَہ (ع) نسبت دی ہوئی۔ متعلقہ۔ جس سے منگنی ہوئی ہو۔ منگیتر۔

مَنسُوج (ع) بُنا ہوا۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

مَنسُوخ (ع) نسخ کیا گیا۔ رَد کیا گیا۔ ناجائز۔ متروک۔

مَنسُوخ کرنا (ا) تیسخ کرنا۔ مٹانا۔ متروک کرنا۔ رَد کرنا۔ باطل کرنا۔ موقوف کرنا۔

مَنسُوخ ہونا (ا) موقوف ہونا۔ ناجائز ہونا۔ رد ہونا۔ باطل ہونا۔ متروک ہونا۔

مَنِش (ف/مث) مزاج۔ خُو۔ طبیعت۔

مَنُش (س/مذ) آدمی۔ مرد۔ شخص۔ انسان۔ بشر۔ مانس۔ خاوند۔ پتی۔ خصم۔ گھر والا۔

مَنشا (ع/مذ) پیدا ہونے کی جگہ۔ پرورش پانے کی جگہ۔ مجازاً سبب۔ باعث۔ عندیہ۔ ارادہ۔ مفہوم۔ مُدعا۔ مراد۔ مطلب۔ ارتھ۔ منشا کے آخر میں ہمزہ لکھنا غلط ہے۔

مِنشار (ع/مذ) لکڑی چیرنے کا آرہ۔ اِرّہ۔ بہت بڑی آری۔

مُنشَرِح (ع) کھلا ہوا۔ شرح کیا گیا۔ خوش۔ بشاش۔ آشکارا۔

مُنشَعِب (ع) پھیلا ہوا۔ منتشر۔ پراگندہ۔

مُنتشِر (ع) بکھرا ہوا۔ پراگندہ۔ تتر بتر (مذکر) بادشاہی حکم۔ پروانہ۔ آل تمغا۔ جاگیر۔ معافی۔ مشہور و معروف۔

مَنشُور مُثَلّثی (ع/مذ) سہ پہلو شیشہ جس سے سُورج کی روشنی کا کئی رنگوں سے مرکب ہونا دیکھا کرتے ہیں۔

مُنشی (ع) دل سے بات پیدا کر لینے والا۔ پیدا کر لینے والا۔ محرّر۔ کاتب۔ انشا پرداز۔ مضمون نویس۔ خوش قلم۔ اہل قلم کا اعزازی خطاب۔

مُنشی چرخ (عف/مذ) عطارد ستارہ۔

مُنشی خانہ (عف/مذ) اُردو کا دفتر۔ دیسی دفتر۔ منشیوں کے بیٹھ کر کام کرنے کی جگہ۔

مُنشی گری (عف/مث) تحریر کا کام۔ انشا پردازی۔ مضمون نویسی۔ محرّری۔ کتابت۔

مُنَشّی (ع/مذ) نشہ لانے والی چیز۔

مُنشیانہ (عف) منشیوں کی طرح۔ منشیوں جیسا۔ وکلا کے منشیوں کا محنتانہ۔

مَنصَب (ع/مذ) کھڑا ہونے کی جگہ۔ مجازاً بڑا رُتبہ۔ عُہدہ۔ اُونچا رتبہ۔ اُمراء کو دینے کا عُہدہ۔ ڈیوٹی۔ خدمت۔ کام۔ حکومت۔ مجسٹریٹی۔ حد ادب۔ درجہ۔ حوصلہ۔ طاقت۔ مجال۔ جین۔ جیات یا نسلاً بعد نسل وظیفہ۔

مَنصَب دار (عف/مذ) کارکن۔ عُہدہ دار۔ حاکم۔ مجسٹریٹ۔ وظیفہ خوار۔

مُنصَرِف (ع) پھر جانے والا۔ ایک حال سے دُوسرے پر لوٹ جانے والا۔

مُنصَرِم (ع) انصرام کرنے والا۔ گماشتہ۔ پیش کار۔ مُنیم۔ منیجر۔ منتظم۔ بندوبست کے محکموں کا سرکاری عہدہ دار۔ پٹواریوں کو کام سکھانے والا۔ قائم مقام۔ عوض۔ خدمت۔

مُنصِف (ع) نیاؤ کرنے والا۔ نیائی۔ اِنصاف کرنے والا۔ عادل۔ محکمہ دیوانی کا عہدہ دار۔ جج کا ماتحت عہدہ دار۔ ثالث۔ پنچ۔ بچولیا۔ تصفیہ کرا دینے والا۔

مُنصِف مِزاج (ع) صاف گو۔ انصاف پسند آدمی۔ کھرا۔ بے لگاؤ۔ آزاد طبع۔

مُنصِفانہ (عف) ازرُوئے اِنصاف۔ انصاف والوں کی طرح۔ انصاف پسند۔ جیسا عادلانہ۔

مُنصِفی (ع/مث) اِنصاف۔ نیاؤ۔ تصفیہ۔ مُنصِف کی عدالت۔ نائب جج کی کچہری۔ مُنصِف کا عُہدہ۔

مُنصفی شرط ہے (ا) (محاورہ) انصاف کرنا چاہیے۔
مُنصفی کرنا (ف) نیاؤ کرنا۔ تصفیہ کرنا۔ انصاف کرنا۔
مَنصُوب (ع) کھڑا کیا گیا۔ لگایا گیا۔ نصب کیا گیا۔ سیدھا۔ قائم۔ وہ حرف جسے زبر دیا جائے۔ مفتوح۔
مَنصُوبہ (ع امذ) کھڑی کی ہوئی چیز۔ جُگت۔ توڑ جوڑ۔ علاج۔ اُپائے۔ حکمت۔ تدبیر۔ خواہش دلی۔ ارادہ۔ قصد۔ منشا۔
مَنصُوبہ باز (ف) مُدبّر۔ دُور اندیش۔ تدبیریں سوچنے والا۔
مَنصُوبہ باندھنا } کسی بات کو دل میں پختہ کر لینا۔
مَنصُوبہ ٹھہرانا } ٹھان لینا۔ ارادہ کرنا۔
منصوبہ بندی (عف امث) تجویز کرنا۔ تدبیر کرنا۔
منصوبہ کرنا (ف) قصد کرنا۔ ارادہ کرنا۔ تدبیر کرنا۔ ٹھہرانا۔
مَنصُور (ع) نصرت دیا گیا۔ مدد کیا گیا۔ فتح مند۔ مظفر۔ فاتح۔ تحیاب۔ حسین بن منصور۔ الملقب بہ حلاج کا نام ہے۔ جو باپ کے نام سے مشہور ہو گیا۔
مَنصُور و مُظفّر (ع) فتح یاب اور فاتح۔ فتح نصیب۔
منصوص (ع امذ) تحقیق کیا گیا۔ ناقابل تاویل آیت قرآنی۔ وہ حدیث جو کامل طور پر ثابت ہو گئی ہے۔
مَنَصّہ (ع امذ) چوکی یا تخت جس پر دُلھن کو بٹھا کر جلوہ کراتے ہیں۔ جلوہ گاہ عروس۔ کسی چیز کے ظاہر ہونے کی جگہ۔
مُنضِج (ع امذ) مادے کو پکانے والی دوا۔ فاسد خلط کو قابلِ اخراج بنانے والی دوا۔ جو مسہل سے پہلے دی جاتی ہے۔
مُنضَم (ع) ملایا گیا۔ ملا ہوا۔ پیوستہ۔ شامل۔ شامل کیا گیا۔
مُنطَبِع (ع) چھپنے والا۔ منقوش ہونے والا۔ مجازاً۔ چھپائی والا۔
مُنطبِق (ع) مطابقت کیا گیا۔ مطابق آنے والا۔ برابر۔ موافق۔ اوپر تلے رکھ کر بالکل برابر آنے والا۔ یکساں۔ ہموار۔
مُنطفی (ع) بجھنے والا۔ فرو ہونے والا۔ بجھا ہوا۔
مَنطِق (ع امث) بات۔ گفت گو۔ گویائی۔ بات چیت۔ بول چال۔ فصاحت۔ خوش کلامی۔ لہجہ۔ تلفظ۔ وہ علم جو عقلی دلیلوں سے سچ کو سچ اور جھوٹ کو جھوٹ ثابت کر دیتا ہے۔ علم۔ دلیل۔ علم مناظرہ۔
منطق بگھارنا } (ف) حجت کرنا۔ باتیں بنانا۔
منطق چھانٹنا } چُنّاں چنیں کرنا۔ دلیل بنانا۔
مِنطَقہ (ع امذ) پٹکا۔ پیٹی۔ کمربند۔ وہ خیالی خطوط جو زمین کے گرداگرد پٹکے کی طرح واقع ہیں۔
مِنطَقۃُ البُرُوج (ع امذ) راس چکر۔ وہ بڑا دائرہ جس پر آسمانی بارہ بُرج واقع ہیں۔ راس منڈل۔
مِنطَقہ بارِدہ جنُوبی (ع امذ) جنوبی ٹھنڈا گھیرا۔ وہ منطقہ جو دائرہ قطب جنوبی سے ½ ۲۳° جنوب کو ہے جہاں ہمیشہ برف جمی رہتی ہے۔
مِنطَقہ بارِدہ شمالی (ع امذ) شمالی ٹھنڈا چکر۔ جو دائرہ قطب شمالی سے ½ ۲۳ درجے شمال کو ہے۔ یہاں بھی ہمیشہ برف جمی رہتی ہے۔

منطقہ حارہ یا محرقہ (ع امذ) گرم پٹکا۔ وہ وسطی حصہ زمین جو خطِ سرطان اور خطِ جدی کے درمیان ۴۷ درجہ میں واقع ہے۔ یعنی خطِ استوا سے ½ ۲۳° شمال اور اسی قدر جنوب کو۔
مِنطقہ معتدلہ جنوبی (ع امذ) جو دائرہ قطب جنوبی اور خطِ جدی کے درمیان ۴۳ درجہ میں ہے۔ اس میں گرمی سردی اعتدال پر رہتی ہے۔
منطقہ معتدلہ شمالی (ع امذ) وہ منطقہ جو دائرہ قطب شمالی اور خط سرطان کے درمیان ۴۳ درجہ میں ہے۔ اس میں گرمی سردی اعتدال پر رہتی ہے۔
مَنطقی۔ یا۔ مَنطقیا (ع امذ) علم منطق جاننے والا۔ منطق دان۔ خوش بیان۔ فصیح۔ حجتی۔ جھگڑالو۔ معترض۔ بحث کرنے والا۔
مَنطُوق (ع امذ) کلام۔ بچن۔ قول۔ سخن۔ بات چیت۔ مضمون۔
مُنطَوی (ع) لپٹا ہوا۔ پیچیدہ۔ ملفوف۔
مَنظر (ع امذ) جائے نظر۔ نظرگاہ۔ آنکھ۔ چشم۔ نظر۔ شکل۔ صورت۔ چہرہ۔ نظارہ۔ دید۔ سیرگاہ۔ حدِ نظر۔ حدِ نگاہ۔ کھڑکی۔ سوراخ۔ روزن۔ دریچہ۔ اونچی عمارت۔ لاٹھ۔ مینارہ۔
منظرِ چشم (ع ف) آنکھ کی پتلی۔
منظرِ عام (ع امذ) کھلی جگہ۔ گزرگاہ عام۔ عام راستہ۔ شارع عام۔
منظُور (ع) نظر کیا گیا۔ دیکھا گیا۔ مقبول۔ پسند۔ پسندیدہ۔ مانی ہوئی بات۔
منظورِ خاطر (عف اصف) دل پسند۔ مقبول۔ پسندیدہ۔
منظورِ خدا (عف امذ) خدا کو جو پسند ہو۔ مرضیٔ مولا۔ مشیّت ایزدی۔
منظور کرنا (ف) ماننا۔ تسلیم کرنا۔ قبول کرنا۔ اجازت دینا۔
منظورِ نظر (ع) پسند۔ پسندیدہ۔ مقبول۔ مرغوب خاطر۔ دل پسند۔ دل کو بھایا ہوا (مذکر) وہ شخص جس پر کسی حاکم کی نظر عنایت ہو۔ (عنایتی۔ پیارا۔ محبوب۔ عزیز۔ مرغوب۔
منظورِ نظر ہونا (ف) دل کو بھانا۔ دل میں کھبنا۔ دل کو پسند آنا۔
مَنظُوری (ع امث) مرضی۔ اجازت۔ رضامندی۔ آگیا۔ پروانگی۔ اجابت۔ اختیار۔
منظوری کی اسامی (ف امث) پنشن والی ملازمت جس کی گورنمنٹ نے اجازت دی ہو۔
مَنظُوم (ع) پرویا گیا۔ منسلک کیا گیا۔ نظم کیا گیا۔ نظر۔ اشعار میں لایا گیا۔
مُنظُومہ (ع) نظم کیا گیا۔ نظم کیا ہوا۔
مَنع (ع امذ) ہٹایا گیا۔ روکا گیا۔ ممنوع۔ بُرا۔ زبون۔ ناروا۔ ناجائز۔ بے جا۔ نامناسب۔ خلافِ شرع۔ خلافِ رسم۔ خلافِ قانون۔
مَنع کرنا (ف) ہٹانا۔ روکنا۔ ممانعت کرنا۔ انکار کرنا۔ منکر ہونا۔ صاف جواب دینا۔

مُنعدِم (ع) فنا ہونے والا ۔ ناپید ۔ نیست ونابود ۔ گم ۔ فنا ۔
مُنعطِف (ع) پھرنے والا ۔ مڑنے والا ۔ خم کھانے والا ۔ واپس ہونے والا ۔
مُنعطِف کرنا (ا ر/مص مرکب) موڑنا ۔ پھیرنا ۔
مُنعقِد (ع) انعقاد پانے والا ۔ بندھنے والا ۔ مجازاً مقرر ہونے والا ۔ متعین ہونے والا ۔ ٹھہرنے والا ۔
مُنعقِد ہونا (ا ر/محاورہ) قرار پانا ۔ ٹھہرنا ۔ ہونا ۔
مُنعقِد ہونا (و) قرار پانا ۔ قائم ہونا ۔ ٹھہرنا ۔ جڑنا ۔ متعین ہونا ۔ اکٹھا ہونا ۔
مُنعکِس (ع) عکس قبول کرنے والا ۔ اُلٹا ۔ اوندھا ۔ پلٹا ہوا ۔ سرنگوں ۔ وہ شعاع جو اُلٹ کر آئی ہو ۔ لوٹ کر آنے والی ۔
مُنعِم (ع) نعمت دینے والا ۔ تونگر ۔ دولت مند ۔ زردار ۔ غنی ۔ مربی ۔ آقا ۔ سخی ۔ فیّاض ۔
مُنغّص (ع) گدلا ۔ مکدر ۔ ناراض ۔ افسردہ ۔ رنجیدہ ۔ ملول ۔
مَنفَذ (ع/مذ) جائے نفوذ ۔ راستہ ۔ گزرگاہ ۔ اندر گھس جانے کی جگہ ۔ سوراخ ۔ چھید ۔ روزن ۔ رخنہ ۔ مسام ۔
مُنفرِج (ع) کھلا ہوا ۔ کشادہ ۔ وسیع ۔
مُنفرِجہ (ع) کشادہ ۔ پھیلا ہوا ۔ وسیع ۔
مُنفرِح (ع) فرحت بخشنے والا ۔ خوش ۔ شاد ۔ خوشی دینے والا ۔
مُنفرِد (ع) اکیلا ۔ مُفرد ۔ فرد ۔ تنہا ۔ یکتا ۔ یکا ۔
مُنفصِل (ع) الگ ہونے والا ۔ جُدا ہونے والا ۔
مُنفصلہ (ع) فیصل شدہ ۔ الگ کیا گیا ۔ جُدا شدہ ۔ تصفیہ شدہ ۔
مَنفعت (ع/مث) نفع ۔ سود ۔ فائدہ ۔ لابھ ۔ اوت ۔ بچت ۔ بڑھوتری ۔ بیشی ۔
مُنفعِل (ع) اثر قبول کرنے والا ۔ شرمندہ ۔ شرمسار ۔ نادم ۔ خجل ۔
مُنفِق (ع/صف) خرچ کرنے والا ۔ کسی کو روٹی کپڑا دینے والا ۔
مُنفک (ع) الگ کیا گیا ۔ علیحدہ کیا گیا ۔ جُدا شدہ ۔
مَنفی (ع) انکار شدہ ۔ نفی کیا گیا ۔ نیست کیا گیا ۔ ممنوع ۔ تفریق کیا گیا ۔ نکالا گیا ۔
مُنقاد (ع) فرماں بردار ۔ عاجزی کرنے والا ۔ تابع ۔ مطیع ۔
مِنقار (ع/مث) پرندے کی چونچ ۔ ٹھونگ ۔
منقار زیر پر رہنا (ا ر/محاورہ) خاموش رہنا ۔ دُبکے رہنا ۔
مِنقاش (ع) موچنا بال اُکھاڑنے کا ۔ نہرنا ناخن کاٹنے والا ۔
مَنقب (ع/مذ) ایک اوزار جس سے پیٹ کا پانی نکالتے ہیں ۔
مَنقبت (ع/مث) بزرگوں کی حمد و ثنا ۔ تعریف و توصیف ۔ سراہنا ۔ وصف و ثنا ۔
مُنقبِض (ع) سمٹا ہوا ۔ سکڑا ہوا ۔ بھچا ہوا ۔ کس کر باندھا ہوا ۔ ناراض ۔ ناخوش ۔ افسردہ ۔
مُنقّح (ع) جھوٹ سے پاک کیا ہوا ۔ سچ سچ ۔ صاف سچی بات ۔

مُنقسَم (ع) بانٹا ہوا ۔ تقسیم کیا گیا ۔ تقسیم شدہ ۔
مُنقسِم (ع) تقسیم ہونے والا ۔
مُنقّش (ع) نقش و نگار کیا گیا ۔ چتر کاری کیا گیا ۔ بیل بوٹے دار ۔
مُنقصت (ع/صف فاعلی) کاٹا گیا ۔ جُدا کیا گیا ۔ جو اپنی جگہ سے ہٹ جائے ۔
مُنقضِب (ع/مث) عروض کی ایک بحر کا نام ۔
مُنقضی (ع) گزرنے والا ۔ گزشتہ ۔ گزرا ہوا ۔ بیتا ہوا ۔ قضا شدہ ۔
مُنقطِع (ع) کاٹا ہوا ۔ قطع کیا گیا ۔ فیصل شدہ ۔ ختم شدہ ۔ طے شدہ ۔
مُنقطِع ہونا (ا ر) انجام کو پہنچنا ۔ طے ہونا ۔ فیصلہ ہو جانا ۔ چکنا ۔
مُنقلا (ع/مذ) فوج کا وہ حصہ جو لشکر کے آگے رہے ۔ ہراول ۔
مُنقلِب (ع) اُلٹنے والا ۔ گردش کرنے والا ۔
مَنقُوش (ع) نقش و نگار کیا ہوا ۔ لکھا ہوا ۔ نقش کیا گیا ۔ کندہ کیا ہوا ۔
مَنقُوط ۔ یا ۔ مَنقُوطہ (ع) نُقطہ والا ۔ وہ نقطہ دار حرف جس کی صُورت کا کوئی بے نقطہ حرف بھی ہو ۔
مَنقُول (ع) نقل کیا گیا ۔ اُتارا گیا ۔ لکھا گیا ۔ ذکر کیا گیا ۔ ایک جگہ سے دُوسری جگہ لے جایا گیا ۔
منقول عنہ (ع/مذ) جس سے نقل کریں ۔
مَنقُولہ (ع) قابل انتقال ۔ ایک جگہ سے دُوسری جگہ لے جانے کے قابل ۔
منقولہ جائداد (ا ر/مث) آ قانون ۔ ایک جگہ سے دُوسری جگہ لے جانے کے قابل جائداد ۔ یعنی روپیہ پیسہ وغیرہ ۔
مُنقّٰی (ع) بیج نکالا ہوا ۔ صاف کیا گیا ۔ صاف شدہ ۔ مُنقا ۔ ایک قسم کی بڑی کشمش یعنی مویز کو بھی کہہ دیتے ہیں ۔
مُنقّی (ع) صاف کرنے والا ۔
منکا (ہ/مذ) تسبیح کا دانہ ۔ کانچ کا موتی ۔ نگینہ کا موتی ۔ گردن کا مُہرہ ۔ پیٹھ کا مُہرہ ۔ ریڑھ کی ہڈی کا بالائی حصہ ۔ مالا ۔ سمرن ۔ تسبیح ۔
منکا پھیرنا (ا ر/محاورہ) مالا پھیرنا ۔ تسبیح پھیرنا ۔
منکا ٹھنکا (ہ/مذ) سلیمانی دانے جو اکثر فقیر اور آزاد لوگ گلے میں پہنتے ہیں ۔
منکا ڈھل جانا / منکا ڈھلکنا / منکا ڈھلنا (ہ) مرتے وقت گردن کا ایک طرف گر جانا ۔ گردن مڑ جانا ۔ دم توڑنا ۔ گردن کا قابو میں نہ رہنا ۔ علامت مرگ ظاہر ہونا ۔ دم نزع ہونا ۔
مُنکدِر (ع/فاعل) جلدی کرنے والا ۔ تیز رفتار ۔ گدلا ۔
مُنکِر (ع) انکار کرنے والا ۔ مکر جانے والا ۔ نہ ماننے والا ۔ خُدا کی خُدائی سے انکاری ۔ بے دین ۔ لا مذہب ۔ دہریہ ۔ ملحد ۔
مُنکرِ نعمت (ع/مذ) ناشکرا ۔ احسان نہ ماننے والا ۔ ناشکر گزار ۔
مُنکر ہونا (ا ر) مکرنا ۔ قول سے پھرنا ۔ انکاری ہونا ۔ نہ ماننا ۔ انکار کرنا ۔

مُنکَر (ع) اِنکار کیا گیا - خلافِ شرع کام - خراب - مکروہ - کھوٹا - زُبون - عیب دار - قبر میں آنے والے دو فرشتوں میں سے ایک کا نام -

مُنکَر نکیر (ع/مذ) قبر میں آ کر مُردے سے سوال کرنے والے دو فرشتے -

مُنکسِر (ع) عاجز - مسکین - ٹوٹا ہوا - شکستہ -

مُنکسِر المزاج (ع) غریب مزاج - خاکسار - مسکین طبیعت والا -

مُنکشِف (ع) اِنکشاف ہونے والا - کھلنے والا - برہنہ - ننگا - ظاہر - آشکارا -

مَنکوب (ع/صف) خراب - بدحال - مفلس -

مَنکوحہ (ع/مث) نکاح کی ہوئی - نکاحی بیوی - جورُو - لُگائی - گھر والی - اہلیہ - مہارُو -

منگانا (ہ) طلب کرانا - منگوانا - گداگری کرانا -

منگتا (ہ/مذ) بھیک مانگنے والا - بھکاری - کنگال - کنگلا - فقیر -

مَنگسِر (ہ/مذ) ہندی سال کا آٹھواں مہینہ - اگہن -

منگل (س/مذ) خوشی - آنند - خوشی کا گیت - تیسرا گرہ - مریخ - جدھ کا دیوتا - جلاد فلک - سہ شنبہ کا دن - پیر کے بعد کا دن - اچھا - نیک وقت - مبارک - چہل پہل - رونق - صحت - تندرستی - خیر و عافیت - چوکسی - خبرداری - شیوجی کی استری کا نام -

منگل گانا (ہ) خوشی کے گیت گانا - خوشی منانا - مبارک باد گانا - رنگ رلیاں منانا -

منگلا چار (س/مذ) مبارک باد - خوشی - تہنیت - بدھاوا - نوید -

منگلا مکھی (س/مذ) خوشی منانے والے - مطرب - اربابِ نشاط -

منگلور - ساحل مالابار کے کنارے بندرگاہ ہے - یہاں سے ناریل اور گرم مسالہ باہر جاتا ہے -

منگلی (ہ/مث) منگل کی پیدائش - غصیل - تُند مزاج لڑکی -

منگنی (ہ/مث) سگائی - نسبت - مرد کو عورت سے اور عورت کو مرد سے منسوب کرنے کی رسم - سودے کے علاوہ کوئی اور چیز مانگنا - ردکن - اُدھار - قرض - دام - مانگے - مستعار - عاریتی -

منگنی کی چادر تانے بیچاس کی آدر (ادا/مثل) کم ظرف کی نسبت بولتے ہیں -

منگوانا (ہ) منگانا - طلب کرانا - بلوانا - سوال کرانا -

منگوچی (ہ/مث) مونگ کی دال کی تلی ہوئی بڑیاں -

منگیتر (ہ/مذ/مث) منسوب شدہ مرد یا عورت - وہ لڑکا یا لڑکی جس کی سگائی کی گئی ہو -

مِن مِن (ہ) آہستگی سے - ہولے ہولے - سہج سہج - دیر سے - ڈھیل سے -

مِن مِن کرنا (ہ) کسی کام کو نہایت آہستگی سے سوچ سوچ کر کرنا -

مُنمنا (ہ/مذ) ایک قسم کے چھوٹے چھوٹے کالے رنگ کے دانے جو گندم کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں - جنہیں پنجاب میں پیاجی یا مُمنی بولتے ہیں -

مُنّا سا (ہ) بہت چھوٹا - باجرے کے برابر - رائی سا - نہایت حقیر اور پستہ قد آدمی -

من منا دینا (ہ) راضی کر دینا - خوش کر دینا -

ممنانا (ہ) سُستی سے کھانا - سہج سہج کھانا - بڑبڑانا - بھنبھنانا -

مُنمُنی (ہ/مث) نہایت حقیر - بالکل پست قد - ننّی مُنّی - نہایت چھوٹی -

منمنی (ہ) نہایت سُست - کاہل وجود -

منمنی آواز (ہ/مث) وہ آواز جو ناک سے نکلتی ہوئی معلوم ہو -

مَنُو (س/مذ) منوسمرتی کا بنانے والا - ہندوؤں میں ایک فاضل شخص گزرا ہے - جس نے دھرم شاستر بنایا ہے - یہی قانون آج کل ہندوؤں کا معمول ہے -

مَنُّو (ہ/مذ) بندر - بوزنہ - بعض آدمیوں کا نام بھی ہوتا ہے -

منوکا - فرانس میں ہے - سردیوں میں یہاں لوگ صحت کی بحالی کے لیے آتے ہیں -

مَنوا (ہ/مذ) من بمعنی دل کی تصغیر - آتما - رُوح - دل - ضمیر - ہیا - ہردہ -

مَنوا کے چھوڑنا (ہ) اپنی بات کو تسلیم کرا لینا - اقرار لے کر جانے دینا - کہلوا ہی لینا -

مِنوال (ع/مذ) وہ لکڑی جس پر جولاہے کپڑا بُن بُن کر لپیٹتے جاتے ہیں - نیز - مجازاً طور - ڈھنگ - طریق - دستور - رسم - وضع - طرز -

مَنوانا (ہ) تسلیم کرانا - قبول کرانا - منظور کرانا - اقرار کرانا -

مَنوتی (ا/مث) تسلّی - ضمانت - رضامندی -

منوتی دار (ہ/مذ) ضامن - وہ شخص جو سرکاری مال گزاری کا ذمہ دار ہو -

مِنو چہر (ف/صف) آسمان جیسے چہرے والا - خوبصورت -

مُنوّر (ع) نور دیا گیا - روشنی دیا گیا - نورانی - روشن - تاباں - درخشاں - چمکتا ہوا - اُجاگر - چمکیلا -

مَنورتھ (س/مذ) دِلی دُعا - مطلب - مقصد - خواہش - ارادہ - اچھا -

منورتھ سِدھ - یا - سپھل ہونا (ہ) دُعا - دلی ارادے خدا پورے کرے - مقصد پورا ہو -

مَنوہر (س) من موہن - دِلرُبا - من ہرن - سُندر - خوبصورت - خوب رُو - سوہنا - من بھاونا - مرغوبِ دل - قبول صورت - شکیل جمیل -

مُنھ - یا - مُونہہ (ہ/مذ) بل - سُوراخ - چھید - موری - موکھا - کھڑکی - دریچہ - سمت - طرف - جانب - دروازہ - دَر - غار - گڑھا - گہراؤ - تہہ - نوک - اَنی - دھار - رُوبرو - سامنے - راستہ - راہ - نکاس - گزر - لیاقت - قابلیت - ہُنر - خوبی - زبان - کلمہ - کلام - جیسے ایک مُنھ دو باتیں - خواہش - لالچ - لوبھ - طمع - چہرہ - مُکھ - رُو - دہن - مکھ - دہانہ - پاس - لحاظ -

خاطر۔ ملاحظہ۔ شکل۔ صُورت۔ عزت۔ حُرمت۔ قدر۔ تاب۔ مجال۔ طاقت۔ جُرأت۔

مُنہ اُترنا۔یا۔اُتر جانا (ہ) چہرہ لاغر اور بے رونق ہو جانا۔ چہرے کا رنگ رُوپ جاتا رہنا۔

مُنہ اُٹھا کر چلنا (ہ) اندھا دھند چلنا۔ بے سوچے بے پروائی سے چلنا۔ بے ہوش اور بے خبر ہو کر چلنا۔ رستہ دیکھ کر نہ چلنا۔

مُنہ اُٹھانا (ہ) کسی طرف کو چل دینا۔ کسی طرف رُخ کرنا۔ کہیں کا ارادہ کرنا۔

مُنہ اُٹھائے (ہ) اندھا دُھند۔ اندھوں کی طرح۔ بے پروائی۔ شتر بے مُہار۔

مُنہ اُٹھائے چلے آنا (ہ) بے دھڑک چلے آنا۔ بن دیکھے بھالے چلے آنا۔

مُنہ اُٹھ جانا (ہ) رُخ ہو جانا۔ بلا ارادہ کسی سمت کو چلا جانا۔

مُنہ اُٹھے } (ہ) دن نکلے۔ سویرے۔ علی الصباح۔
مُنہ اُجالے } مُنہ اندھیرے کی ضد۔

مُنہ آجانا (ہ) مُنہ میں چھالے پڑ جانا۔ مُنہ اُبل آنا۔ مُنہ میں چھلکے پڑ جانا۔

مُنہ اُجلا ہو جانا (ہ) چہرہ نکھر جانا۔ عزت رہ جانا۔ سُرخ رُوئی قائم رہنا۔

مُنہ اُداس ہونا (ہ) چہرے پر غمگینی کا نمایاں ہونا۔ چہرہ اُداس ہونا۔

مُنہ اِدھر کو کرنا (ا/ محاورہ) رُخ اس جانب کرنا۔

مُنہ اس قابل ہونا (ا/ محاورہ) اتنی لیاقت ہونا۔

مُنہ اشکِ ندامت سے دھونا (ا/ محاورہ) بہت نادم ہونا۔

مُنہ اَکھری (ہ) مُنہ زبانی۔ لفظی۔ ملفوظی۔ زبانی۔

مُنہ آنا (ہ) مُنہ اُبلنا۔ مُنہ میں چھالے پڑنا۔ مُنہ میں زخم پڑنا۔ طعنہ مارنا۔ بول مارنا۔ آوازہ کسنا۔ سر چڑھنا۔ دلیر ہونا۔ بے باک ہونا۔ گستاخ ہونا۔ سامنے بولنا۔

مُنہ اندھیرے (ہ) سویرے سویرے۔ علی الصّباح۔ پَو پھٹے۔ تڑکے ہی۔ صبح صادق کے وقت۔

مُنہ بانا (ہ) مُنہ کھولنا۔ مُنہ پھاڑنا۔ جمائی لینا۔ ندامت کی وجہ سے ہنسنا۔ خجالت اُٹھانا۔ اپنی بے وقوفی پر ہنسنا۔ مر جانا۔ چل بسنا۔ مُنہ کے رستہ دم نکلنا۔

مُنہ باندھ کے بیٹھنا (ہ) چُپ رہنا۔ خاموش رہنا۔ مُنہ بند کر کے بیٹھنا۔

مُنہ باندھنا (ہ) مُنہ بند کرنا۔ خاموش کرنا۔ چُپ کرنا۔ ساکت کرنا۔

مُنہ بدورنا (ا/ محاورہ) مُنہ بگاڑنا۔

مُنہ بُرا بنانا (ہ) ناراضگی ظاہر کرنا۔ ناخوشی سے تیوری چڑھانا۔ خفگی کا اظہار کرنا۔

مُنہ بسُورنا (ہ) رُونی صُورت بنانا۔ مُنہ بنانا۔

مُنہ بگاڑ دینا (ہ) تھپڑ یا جُوتے سے مُنہ ٹیڑھا کر دینا۔ چہرہ بگاڑ دینا۔ مُنہ سُجا دینا۔

مُنہ بگاڑنا (ہ) مُنہ بنانا۔ مُنہ ٹیڑھا کرنا۔ طمانچے کی سزا دینا۔ تیوری چڑھانا۔ مُنہ ٹیڑھا کر کے ہنسنا۔ لقوہ والوں کی طرح ہنسنا۔ مُنہ کا مزہ خراب کرنا۔

مُنہ بننا۔یا۔بن جانا (ہ) تیوری چڑھنا۔ خفگی ہونا۔ ناپسند ہونا۔ صُورت بگڑنا۔ مُنہ چھننا۔

مُنہ بنا بیٹھنا } (ہ) ناراض ہو جانا۔ مُنہ بگاڑ لینا۔
مُنہ بنا کر بیٹھنا } مُنہ سجا کر بیٹھنا۔
مُنہ بنائے بیٹھنا } چیں بہ جبیں ہو کر بیٹھنا۔

مُنہ بنا لینا (ہ) خفا ہو جانا۔ ناراض ہو جانا۔ تیوری چڑھا لینا۔

مُنہ بنانا (ہ) چہرے کو بدنما کر لینا۔ بُری صُورت بنانا۔ رونی صورت بنانا۔ ناراض ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ غصّے کی شکل بنانا۔ کسی بدمزہ چیز کے کھاتے پیتے وقت چہرے کی ہیئت بگاڑنا۔ طمانچہ مار کر چہرہ بگاڑنا۔

مُنہ بند (ا) بستہ لب۔ دہن بستہ۔ خاموش۔ چُپ۔ کنواری۔ باکرہ۔ دوشیزہ۔

مُنہ بند کر لینا (ا) خاموش ہو جانا۔ چُپ سادھنا۔ مُنہ ڈھانک لینا۔ مُنہ پر ہاتھ یا کپڑا رکھ لینا۔

مُنہ بند کرنا (ا) خاموش کرنا۔ بولنے سے روکنا۔ رشوت دے کر اپنے خلاف کہنے سے روکنا۔

مُنہ بند کلی (ا/ مث) بن کھلا پھول۔ شگوفہ۔ کنواری۔ اچھیڑ۔ دوشیزہ۔ باکرہ۔

مُنہ بند ہونا (ا) بستہ لب ہونا۔ چُپ ہونا۔ خاموش ہونا۔ بات نہ کر سکنا۔ زخم بھرنا۔ کسی کی بدی یا چغلی سے رُکنا۔

مُنہ بندھے (ہ/ مذ) جَین مت کے درویش جو جیو رکھشا کے خیال سے اپنے مُنہ کے آگے کپڑا باندھے رکھتے ہیں۔ بھابڑوں کے گرو۔

مُنہ بنوا رکھو } (ا) محاورات۔ مُنہ دھو رکھو۔ مُنہ دھو کر رکھو۔
مُنہ بنوا لو } مُنہ دُرست کر رکھو۔ یعنی اُمید نہ رکھو۔ اس خیال
مُنہ بنواؤ } سے باز آؤ۔

مُنہ بنوانا (ہ) کسی کام کے لائق ہونا۔ لیاقت پیدا کرنا۔ مُنہ کو دُرست کرانا۔

مُنہ بولا (ہ) مُنہ سے کہا ہوا۔ زُبان سے بنایا ہوا۔ پگڑی بدل۔

مُنہ بولا بھائی (ہ/ مذ) وہ شخص جسے اپنی زُبان سے بھائی کہہ لیا ہو۔ بھائی بنایا ہوا۔ برادر خواندہ۔

مُنہ بولتی (ہ) باتیں کرتی ہوئی۔ گویا بولتی ہوئی۔ ناطق۔ تصویر کی عمدگی کے مبالغے کے طور پر بولتے ہیں۔ ایسی تصویر گویا ابھی مُنہ سے بول کر بولی۔

مُنہ بولتی تصویر۔یا۔مُورت (ا/ مث) نہایت عمدہ تصویر یا مورت۔

آدمی - انسان - بشر -
منہ بولی (ہ) منہ بولا کی تانیث - منہ سے کہی ہوئی - زبان سے بنائی ہوئی -
منہ بولی بہن (ہ/مث) سہیلی - وہ عورت جسے منہ سے بہن کہہ لیا ہو -
منہ بھر آنا / منہ بھر آنا (ہ) منہ میں پانی یا رطوبت کا چلا آنا - متلی ہونا - جی کا مالش کرنا - جی کچا ہونا -
منہ بھرائی (ہ/مث) رشوت - دلہن بندی -
منہ بھرائی دینا - یا - منہ بھر دینا (ہ) رشوت دینا -
منہ بھر کے (ہ) لبالب - لبریز - بخوبی - حسب دلخواہ - خاطر خواہ - ات گت - نہایت از حد - بھرپور - تمام و کمال -
منہ بھر کے کہنا (ہ/محاورہ) صاف صاف کہنا - بے دریغ کہنا -
منہ بھر کے گالی دینا (ہ) فحش بکنا - نہایت شرمناک گالی دینا - سخت گالی دینا -
منہ بھرنا (ہ) منہ میں لقمہ دینا - منہ چپ کرنا - منہ بند کرنا - چپ کرانا - رشوت دینا -
منہ بھری (ہ/مث) رشوت -
منہ پانا (ہ) رُخ پانا - توجہ پانا - خوشی پانا - راضی پانا - رضامندی معلوم کرنا -
منہ پاؤں پر گرنا (ہ/محاورہ) منت سماجت کرنا -
منہ پر (ہ) رُوبرو - سامنے - بالمقابل - ہونٹوں پر - لب پر - چہرے پر -
منہ پر آنا (ہ) ظاہر ہونا - نمودار ہونا - زبان پر آنا - آگے آنا - پیش آنا -
منہ پر آئی بات (ہ/مث) زبان پر آئی ہوئی بات - وہ بات جو دل سے ہونٹوں تک پہنچ چکی ہو -
منہ پر آئی ہوئی نہیں رُکتی (ہ/مثل) ذہن میں آئی ہوئی بات کہنی ہی پڑتی ہے -
منہ پر بات لانا (ہ) بھید کھولنا - کسی بات کا ظاہر کرنا - بات بیان کرنا -
منہ پر برسنا (ہ) صورت سے پایا جانا - چہرے سے عیاں ہونا -
منہ پر بسنت پھولنا - یا - کھانا (ہ) چہرے پر زردی چھا جانا - منہ کا رنگ پیلا ہو جانا - زردی چھانا - خوف چھانا - رنگ فق ہونا -
منہ پر پانی پھر جانا (ہ) منہ پر تر و تازگی آ جانا - نور آ جانا - تندرستی کی علامت کا ظاہر ہونا - چہرہ بھر جانا -
منہ پر پھینک مارنا (ہ) ناراضگی سے کوئی چیز واپس کر دینا - سر مارنا - منہ پر مارنا -
منہ پر تھوک دینا (ہ) نہایت ذلیل کرنا - شرمندہ کرنا - شرما دینا - عیب صاف کہہ دینا -
منہ پر جانا (ہ) کسی کا لحاظ کرنا - کسی کا خیال کر کے مروت برتنا -
منہ پر چڑھنا (ہ) سامنے آنا - رُوبرو آنا - مقابلہ کرنا - لڑنے کو کھڑا ہو جانا - مصاحب بننا - منہ لگنا - گستاخ ہونا - بے ادب ہونا - برابری کرنا -
منہ پر خاک اُڑنا (ہ) منہ کا نور جاتے رہنا - چہرے کا بے رونق ہو جانا - بدرنگ و بے رونق ہونا -

منہ پر خاک ملی ہے (ہ/محاورہ) مفلسی ظاہر کر کے دولت کو چھپایا ہے - کبھی اچھی چیز کو بُرے طور پر رکھا ہے -
منہ پر خوشامد نہ کرنا (ہ) سچا اور صاف گو ہونا - لگی لپٹی نہ رکھنا - پاسداری نہ کرنا -
منہ پر دانہ نہ رکھنا (ہ) ذرا نہ کھانا - رزق کے پاس تک نہ جانا - بالکل نہ کھانا -
منہ پر رکھ دینا (ہ) سامنے کہہ دینا - ظاہر کر دینا - رُوبرو کہہ دینا -
منہ پر رکھنا (ہ) چکھنا - زبان پر رکھنا - سامنے کہہ دینا - ذکر کرنا -
منہ پر رونق آ جانا (ہ/محاورہ) چہرہ بشاش ہونا -
منہ پر زردی پھر جانا (ہ) چہرہ زرد ہو جانا - منہ فق ہو جانا - چہرے کا سفید پڑ جانا -
منہ پر زردی کھنڈ جانا (ہ) مُردنی چھا جانا - چہرے پر زردی آ جانا -
منہ پر سب کچھ دل میں خاک نہیں (ہ/مثل) ظاہر داری کرنے والے کی نسبت کہتے ہیں -
منہ پر سخن آنا (ہ/محاورہ) زبان پر بات آنا -
منہ پر سُرخی ہونا (ہ/محاورہ) بشاش ہونا -
منہ پر شفق پھولنا (ہ) منہ پر سُرخی آنا - خوشی کے مارے منہ سُرخ ہو جانا -
منہ پر فاختہ اُڑ جانا (ہ) منہ فق ہونا - چہرے پر ہوائیاں اُڑنے لگنا - منہ کا رنگ اُڑنے لگنا -
منہ پر قفل لگ جانا (ہ) خاموشی چھا جانا - منہ بند ہو جانا -
منہ پر کچھ پیٹھ پر کچھ / منہ پر اور پیٹھ پیچھے اور (ہ/محاورہ) ظاہر میں کچھ باطن میں کچھ - ظاہر میں دوست - باطن میں دشمن -
منہ پر کہہ بیٹھنا (ہ) سامنے کہہ دینا - رُوبرو کہہ دینا - منہ در منہ کہہ دینا -
منہ پر کہنا (ہ) سامنے بیان کرنا - رُوبرو کہنا - سنگ کہنا -
منہ پر کہنا خوشامد ہے (ہ/مثل) آپ کی تعریف آپ کے سامنے کرتے ہیں - یہ امر واقعی ہے خوشامد نہیں - آپ کا ظاہر باطن ہر صفت موصوف ہے -
منہ پر کہے سو مونچھ کا بال (ہ/مثل) مرد وہی ہے جو منہ پر سچ بات کو بلا لحاظ صاف صاف کہہ دے -
منہ پر کی ساری باتیں ہیں (ہ/محاورہ) سامنے تو اُلفت ہے اور پیٹھ پیچھے نفرت اور دشمنی حاضر و غائب یکساں نہ ہونے والے کے واسطے کہا کرتے ہیں -
منہ پر لانا (ہ) احسان جتانا - بیان کرنا - ظاہر کرنا - زبان پہ رکھنا -
منہ پر مارنا (ہ) کسی کی چیز کو واپس پھیرنا - خفا ہو کر لوٹا دینا -
منہ پر مُردنی پھرنا - یا - چھانا (ہ) چہرہ بے رونق ہو جانا - زردی چھا جانا - موت کی علامتوں کا ظاہر ہونا -
منہ پر مُہر کرنا - یا - کر دینا (ہ) منہ بند کر دینا -

مُنہ پر مُہر لگا دینا - بولنے نہ دینا - خاموش کرنا - ساکت کرنا - چُپ رہنے کا حکم دینا - مُنہ سی دینا -

مُنہ پر ناک نہ ہونا (ہ) حیا نہ ہونا - شرم نہ ہونا - لاج نہ ہونا - بے غیرت ہونا - عزّت اور ننگ و ناموس کا خیال نہ ہونا -

مُنہ پر نہ رکھنا (ہ) بالکل نہ چکھنا - زبان پر نہ رکھنا - بدمزگی کے باعث کسی چیز کو مُنہ تک نہ لے جانا - سامنے نہ کہنا - رُو برُو نہ کہنا -

مُنہ پر ہاتھ پھیرنا (ہ) بدلہ اور انتقام لینے کا اشارہ کرنا - جتانا اور آگاہ کرنا - کسی کی گالوں پر محبت یا عشق سے ہاتھ لگانا -

مُنہ پر ہاتھ رکھنا (ہ) بولنے نہ دینا - بولنے سے روکنا - مُنہ بند کرنا - بات نہ کرنے دینا -

مُنہ پر ہوائیاں اُڑنا - یا - چھُوٹنا (ا) حواس باختہ ہونا - گھبرا جانا - چہرے کا رنگ اُڑنا - مُنہ فق ہونا -

مُنہ پڑنا (ہ) کھانے میں آنا - جرأت ہونا - حوصلہ ہونا - چرچا ہونا - مشہور ہونا - افواہ ہونا - کسی سے محبّت ہونا -

مُنہ پڑی (ہ) مُنہ پھیلا کر دوڑنا - کسی چیز کے کھانے کے لیے مُنہ کھول کر دوڑنا -

مُنہ پسار کر رہ جانا (ہ) حیران رہ جانا - ہکا بکا رہ جانا - کسی چیز کی آرزو میں تکتے رہ جانا -

مُنہ پسارنا (ہ) طمع کا مُنہ پھیلانا - لالچ کرنا - لوبھ کرنا - رال ٹپکانا - حرص کرنا -

مُنہ پکڑنا (ہ) مُنہ بند کرنا - بولنے سے روکنا -

مُنہ پونچھنا (اردو محاورہ) مُنہ صاف کرنا -

مُنہ پھاڑنا (ہ) مُنہ کھولنا - بولنا - مُنہ بنانا - مُنہ پھیلانا - اپنی بے وقوفی پر ہنسنا - زبان درازی کرنا - مُنہ بنانا - زبان ہلانا -

مُنہ پھٹ (ہ) بدزبان - موقع بے موقع بولنے والا - بد لحاظ - زبان دراز - مُنہ زور - بدلگام - مُنہ کا پھوہڑا - بے ہودہ گو -

مُنہ پھٹنا (ہ) کسی تیز چیز مثلاً چونے وغیرہ سے مُنہ میں دانے پڑنا -

مُنہ پھرانا (ہ) بے رُخی کرنا - صُورت سے بیزار ہونا - مُنہ دُوسری طرف موڑ لینا -

مُنہ پھر جانا (ہ) لقوہ کا مرض ہونا - مُنہ کا ٹیڑھا ہو جانا - مُنہ کا سامنے نہ ٹھہرنا - سامنے ٹھہرنے کی تاب نہ لانا - شکست کھا جانا - سیر ہو جانا - خواہش نہ رہنا - جی اُکتا جانا - دھار مُڑ جانا - نوک مُڑ جانا - توجہ نہ رہنا - خیال بٹ جانا - دُوسری طرف دھیان لگ جانا - رُخ بدل جانا - نظر بدل جانا - پہلو یا جانب بدل جانا -

مُنہ پھُلانا (ہ) ناراض ہونا - خفا ہونا - مُنہ سُجانا - خفگی کی علامت ظاہر کرنا -

مُنہ پھوڑ کر (ہ) بے شرم ہو کر - بے غیرتی سے - بے حیائی سے - آزادانہ -

مُنہ پھوڑ کر کہنا (ہ) بے حیا ہو کر کہنا - بے شرم بن کر کہنا - آزادانہ کہنا - راز کو بے باکانہ ظاہر کر دینا - کہنے میں کسی کی کچھ شرم و حیا نہ کرنا -

مُنہ پھوڑ کر مانگنا (اردو محاورہ) بے حیا بن کر مانگنا -

مُنہ پھولنا (ہ) خفا ہونا - مُنہ سوجھنا - ناراض ہونا -

مُنہ پھیر دینا (ہ) مُنہ موڑ دینا - چہرہ پھیر دینا - طبیعت سیر کر دینا - جی بھر دینا - مغلوب کر دینا - ہٹا کر دینا -

مُنہ پھیر لینا (ہ) مُنہ موڑ لینا - چہرہ پھیر لینا - رُخ بدل لینا - رُوگردانی کرنا -

مُنہ پھیرنا (ہ) رُوگردان ہونا - مُنہ موڑنا - بے وفائی کرنا - بے مروّتی کرنا - انکار کرنا - پھرنا - ہٹنا - ناراض ہونا - بیزار ہونا -

مُنہ پھیلانا (ہ) بہت لالچ کرنا - زیادہ مانگنا - مُنہ کھولنا - مُنہ پسارنا - زیادہ قیمت مانگنا - زیادہ مانگنے پر اڑنا -

مُنہ پھیلائے بیٹھنا (ہ) خواہش مند رہنا - منتظر رہنا - مانگنے یا لینے کے لیے تیار ہونا -

مُنہ پیٹ کر نیلا کرنا (اردو محاورہ) مُنہ اتنا پیٹنا کہ نیلا ہو جائے -

مُنہ پیٹنا (ہ) اپنے چہرے پر تھپّڑ لگانا - سخت افسوس یا نہایت غصّے کی حالت میں یہ کیفیت ہوتی ہے -

مُنہ پیلا پڑ جانا (اردو محاورہ) مُنہ پر زردی چھا جانا -

مُنہ تک آنا (ہ) کناروں تک بھرنا - لبریز ہونا - زبان تک آنا - لب تک آنا -

مُنہ تک بھرنا (ہ) مُنہا مُنہ بھرنا - لبالب بھرنا - گلے تک پُر کرنا - لبریز کرنا -

مُنہ تک جگر آنا (ا) دم گھبرانا - دم اُلٹنا - کلیجہ مُنہ کو آنا -

مُنہ تک کے رہ جانا (اردو محاورہ) حیرت سے خاموش رہ جانا -

مُنہ تکنا (ہ) مُنہ دیکھنا - صُورت دیکھنا - چہرے کی طرف نظر کرنا - جواب کا انتظار کرنا - منتظر رہنا - نگاہِ یاس سے دیکھنا - تاسف اور افسوس کی نگاہوں سے دیکھنا - تعجب اور حیرانگی سے دیکھنا - حیران و ششدر رہ جانا - لاجواب ہو جانا - جواب بن نہ آنا -

مُنہ تلخ ہو جانا (اردو محاورہ) مُنہ کڑوا ہو جانا -

مُنہ تمتمانا (ہ) چہرے کا غصّہ یا بخار وغیرہ سے سُرخ ہو جانا -

مُنہ تو دیکھو - یا - مُنہ تو دیکھیے (ہ محاورہ) طنزاً - صُورت تو دیکھو - پہلے اس قابل تو ہو جاؤ - قابلیت تو پیدا کر لو - تمہاری مجال ہی کیا ہے - اپنے ارادے اور دعوے کے موافق پہلے اپنے مُنہ کو تو دیکھو - اپنی حیثیت تو دیکھو -

مُنہ توڑ کے جواب دینا (ا) بے لاگ جواب دینا - آزادی سے بے باکانہ جواب دینا - صاف جواب دینا -

مُنہ توڑنا (ہ) مُنہ میں ضرب لگانا۔

مُنہ ٹوٹ جائے (ا) کلمہ بددُعا) مُنہ میں چوٹ آئے۔

مُنہ مسل ڈالنا (ہ) دانت جھاڑ دینا۔ دندان شکن جواب دینا۔ مُنہ کچل دینا۔

مُنہ تھتھانا (ہ) تیوری چڑھانا۔ مُنہ سُجانا۔ ناراض ہوکر خفگی کی صُورت بنانا۔

مُنہ ٹیڑھا کرنا (ہ) مُنہ بگاڑنا۔ بے رُخ ہونا۔ تیوری چڑھانا۔ تیوری پر بل ڈالنا۔ مُنہ میں خم ڈالنا۔ مُنہ پھیر دینا۔ سخت سزا دے کر بدشکل کر دینا۔

مُنہ جوڑنا (ہ) کانا پھُوسی کرنا۔ چُپکے چُپکے چرچا کرنا۔ گلہ کرنا۔ شکایت کرنا۔ طعنہ مہنا دینا۔ غیبت کرنا۔ بدگوئی کرنا۔

مُنہ جھٹال کرکھڑے ہوجانا (ا) محاورہ) تھوڑا سا کھا کر چلا جانا۔

مُنہ جھٹالینا (ہ) صرف مُنہ جھوٹا کرلینا۔ برائے نام کھانا۔ ذرا سا چکھ لینا۔ نام گنانے کو ذرا سا کھا لینا۔

مُنہ جھٹک جانا (ہ) مُنہ اُتر جانا۔ کُرلا ہوجانا۔ چہرہ سُست ہوجانا۔

مُنہ جھُلسنا (ہ) مُنہ کو آگ لگانا۔ مُنہ کو لُوکا لگانا۔ مُنہ کو جلا کر سیاہ کردینا۔ لعنت بھیجنا۔ بالکل کچھ نہ دینا۔ لعنت بھیجنا۔ بالکل کچھ نہ دینا۔ پاپ کاٹنا۔ فرض چکانا۔ نمٹانا۔ کچھ تھوڑا بہت کھانے کو دے دینا۔ بادلِ نخواستہ دینا۔ رشوت دینا۔ مُنہ بھرائی دینا۔

مُنہ چاٹنا (ہ) پیار کرنا۔ چمکارنا۔ نازبرداری کرنا۔ خوشامد کرنا۔ کسی کا مُنہ اپنی زبان سے صاف کرنا۔

مُنہ چاہیے (ہ) محاورہ) ہمّت اور حوصلہ چاہیے۔ دِل گُردہ درکار ہے۔

مُنہ چپوٹل (ہ) مث) چُوما چاٹی۔ پیار محبّت۔ بکواس۔ بک بک۔

مُنہ چڑانا (ہ) دُوسرے کے مُنہ کی نقل بھونڈی طرح کرکے اُسے کھجانا۔ تمسخر کرنا۔ مُنہ بگاڑ کر چھیڑنا۔ جھوٹ تقلید کرنا۔ ہنسی اُڑانا۔ بدنام کرنا۔ تضحیک کرنا۔ مضحکہ اڑانا۔

مُنہ چڑھا (ہ) گستاخ۔ بے ادب۔ بے باک۔ سر چڑھا۔

مُنہ چڑھانا (ا) محاورہ) عزّت دینا۔ ناپسند کرنا۔

مُنہ چڑھنا (ہ) رفیق بننا۔ مصاحب بننا۔ مُنہ لگنا۔ تیوری چڑھنا۔ بے ادب ہونا۔ گستاخ بننا۔ سامنے آنا۔ مقابل آنا۔ برابری کرنا۔ زبان پر چڑھنا۔ سر ہونا۔ درپے ہونا۔ پیچھے پڑنا۔ مُنہ پر آنا۔ مشہور ہونا۔ چہرے پر نمایاں ہونا۔

مُنہ چڑھائے ہوئے ہونا (ا) محاورہ) غصّے میں ہونا۔ ناراض ہونا۔

مُنہ چکنا پیٹ خالی (ا) محاورہ) ظاہر میں دُرست باطن میں خستہ و خراب۔

مُنہ چلانا (ہ) مُنہ کو ہلانا۔ چبانا۔ کھانا۔ گھوڑے کا کاٹنا۔ مُنہ سے پکڑنا۔ مُنہ ڈالنا۔ گالیاں دینا۔ بدزبانی کرنا۔ جگالی کرنا۔

مُنہ چلنا (ہ) مُنہ کا ہلنا۔ متحرک ہونا۔ کھاتے رہنا۔ زبان چلنا۔ بک بک کرتے رہنا۔ چُپ نہ بیٹھنا۔ جگالی ہونا۔

مُنہ چلے سَر بلا ٹلے (ا) محاورہ) انسان یا حیوان میں ساری طاقت کھانے پینے سے ہی آتی ہے۔

مُنہ چور (ہ) شرمیلا۔ حیادار۔ لجالُو۔ کم نظرا۔ وہ شخص جو شرم کے مارے کسی کے سامنے مُنہ نہ کرے۔

مُنہ چُوم کے چھوڑ دینا (ہ) کام نکال کے ٹرخا دینا۔ ذلیل اور شرمندہ کرکے چھوڑ دینا۔

مُنہ چھپانا (ہ) مُنہ ڈھکنا۔ مُنہ ڈھانکنا۔ پردہ کرنا۔ نقاب ڈالنا۔ پہلوتہی کرنا۔ کنارہ کشی کرنا۔ آنکھ چُرانا۔ نظر بچانا۔ شرمندہ ہونا۔ خجل ہونا۔ شرمسار ہونا۔ شرم کے مارے رُوپوش ہونا۔ دبکی مارنا۔ چھُپ جانا۔ چھُپا رہنا۔ رُوپوش ہونا۔ چشم پوشی کرنا۔ اغماض کرنا۔

مُنہ چھُٹ (ہ) بے لگام۔ مُنہ پھٹ۔ مجازاً اَت گت۔ وافر۔ بُہت۔ بہت زیادہ۔ یہ لفظ ان معنوں میں کھانے پینے کی اشیاء میں آزادی دینے کے موقع پر بولتے ہیں۔

مُنہ چھُوانا (ہ) برائے نام بلا وا دینا۔ جھوٹ مُوٹ کہنا۔ اوپرے دل سے کہنا۔ جھوٹی خاطر کرنا۔ جھوٹ مُوٹ کی تواضع کرنا۔ صرف ظاہرداری برتنا۔

مُنہ چھوٹا اور بات بڑی (ہ) مثل) حوصلہ کم اور بات بڑی۔ حیثیت سے بڑھ کر بات کرنا۔ یا کمینے آدمی کے کسی بڑے کام کی شیخی مارنے کے وقت بولتے ہیں۔

مُنہ چھُونا (ہ) جھُوٹوں کہنا۔ اوپری دل سے کہنا۔ دل سے نہ کہنا۔ ظاہری تواضع کرنا۔ ذرا بات کرنا۔ ذرا بولنا۔

مُنہ چھیتنا (ہ) تھپڑ مارنا۔ مُنہ ہی مُنہ پیٹنا۔ طمانچوں سے مُنہ کو زخمی کرنا۔

مُنہ خام کرنا (ا) مُنہ بند کرنا۔ کپرو ٹی کرنا۔ آٹے یا مٹی سے کسی چیز کا سُوراخ بند کرنا۔ گِل حکمت کرنا۔

مُنہ خراب کرنا (ا) مُنہ کا بدمزہ کرنا۔ مُنہ بگاڑنا۔

مُنہ خشک ہوجانا (ا) مُنہ سُوکھ جانا۔ پیاس اور گرمی کی شدّت سے زبان کا تر نہ رہنا۔ خوف کے باعث مُنہ فق ہوجانا۔ چہرہ زرد پڑجانا۔ ڈر جانا۔ خائف ہوجانا۔

مُنہ در مُنہ (ا) سامنے۔ رُوبرُو۔ دُوبدُو۔ پیشگہ۔ مُنہ پر۔ بالمواجہ۔

مُنہ در مُنہ کہنا (ا) سامنے کہنا۔ رُوبرُو بالمواجہ کہنا۔ مُنہ پر کہنا۔

مُنہ دکھانا / مُنہ دکھلانا (ہ) مُنہ رُوبرُو کرنا۔ ملاقات کرنا۔ سامنے آنا۔ رُوبرُو ہونا۔ ملنا۔ مقابل ہونا۔ پیشگہ ہونا۔ پاس ہونا۔

مُنہ دکھانا مشکل ہے۔ یا۔ ہوگیا (ا) محاورہ) اتنی شرمندگی ہے کہ جس سے مُنہ رُوبرُو نہیں کرسکتے۔

مُنہ دکھانے کی صُورت نہ رہنا (ا) سخت شرمندگی کی وجہ سے سامنے

آنے کے لائق نہ رہنا۔
مُنہ دکھانے کے قابل نہ رہنا۔ نہایت شرمندہ ہونا۔
مُنہ دکھائی۔ یا۔ مُنہ دکھلائی (ہ۔ امث) رُونمائی۔ وہ نقدی یا نذرانہ جو دُلہن کا مُنہ اوّل ہی اوّل دیکھ کر اس کی سسرال والے رشتہ دار اُسے دیتے ہیں۔
مُنہ دھو رکھو (ہ۔ امحاورہ) مایوس ہو رہو۔ اس کی توقع نہ رکھو۔ تم اس کام کے لائق نہیں۔
مُنہ دھونا (ہ) مُنہ دھلانا۔ مُنہ صاف کرانا۔ اپنا مُنہ صاف کرنا۔ چہرہ صاف کرنا۔
مُنہ دے کر بات کرنا (ا) متوجہ ہو کر بات کرنا۔ التفات سے بات کرنا۔ رُخ دے کر بولنا۔
مُنہ دیکھ (ہ۔ امحاورہ) لیاقت پیدا کر۔ قابلیت دیکھ۔ کیا بکتا ہے۔ تجھے مناسب نہیں۔
مُنہ دیکھتا رہ جانا (ہ) مُنہ تکتے رہ جانا۔ آس ہی آس میں رہنا۔ حیران ہو جانا۔ ہکا بکا رہ جانا۔ ششدر رہ جانا۔
مُنہ دیکھ کر اُٹھنا (ہ) صبح سوتے ہوئے اُٹھ کر کسی کا مُنہ دیکھنا۔ صبح ہی صبح اُٹھ کر کسی کا مُنہ دیکھنا۔ خیال کرتے ہیں کہ صبح اُٹھتے ہی اگر کسی بھاگوان کا مُنہ دیکھ لیا تو تمام دِن خوشی میں اور اگر کسی بدبخت کا مُنہ دیکھا تو سارا دِن غم میں گزرے گا۔
مُنہ دیکھ کر بات کرنا (ہ) خوشامد کی بات کرنا۔ لحاظ کی بات کرنا۔ لاجواب ہونا۔ جواب بن نہ آنا۔
مُنہ دیکھنا (ہ) صُورت دیکھنا۔ چہرہ دیکھنا۔ آئینہ میں شکل دیکھنا۔ حیرت سے مُنہ تکنا۔ حسرت سے مُنہ دیکھنا۔ تعجب سے نظر کرنا۔ جواب کے انتظار میں مُنہ تکنا۔
مُنہ دیکھو (ہ۔ امحاورہ) طنزاً۔ اُن کی قابلیت تو دیکھو۔ کیا طاقت۔ کیا مقدور۔
مُنہ دیکھی (ہ۔ امث) سامنے کی۔ رعایت کی۔ لحاظ کی۔ خوشامد کی۔
مُنہ دیکھی سب کہیں خدا لگتی کوئی نہیں کہتا (ہ۔ امثل) خوشامد کی سب کہتے ہیں۔ انصاف کی بات کوئی نہیں کہتا۔
مُنہ دیکھی کہنا (ہ۔ امحاورہ) طرف داری کی بات کہنا۔
مُنہ دیکھے کا (ہ۔ امحاورہ) ظاہری۔ اوپرا۔
مُنہ دیکھے کی (ہ) ظاہری۔ اوپری۔ سامنے کی۔ خوشامد کی۔ رعایت کی۔ دکھاوے کی۔ لحاظ کی۔
مُنہ دیکھے کی اُلفت۔ پریت۔ چاہ۔ محبّت (ہ۔ امث) دکھاوے کی محبّت۔ جھوٹی محبّت۔ اوپری محبّت۔
مُنہ دیکھے کی باتیں (ہ۔ امث) جھوٹ موٹ کی باتیں۔ دکھاوے کی باتیں۔ ظاہری باتیں۔
مُنہ دیکھے کی تعریف (ہ۔ امحاورہ) خوشامدانہ تعریف۔
مُنہ دینا (ہ) دھیان دینا۔ توجہ دینا۔ کسی برتن میں جانور وغیرہ کا مُنہ ڈالنا۔

مُنہ ڈالنا (ہ) لڑنا۔ حملہ کرنا (مُرغ بازوں کے محاورے میں) کسی جانور کا کسی چیز میں مُنہ داخل کرنا۔ محبّت پیدا کر لینا۔
مُنہ ڈھانپنا (ہ) مُنہ پر رُومال ڈالنا۔ مُنہ پہ کپڑا یا رُومال ڈال کر رونا۔ زار زار رونا۔
مُنہ ڈھانکنا۔ یا۔ ڈھکنا (ہ) مُنہ پہ پردہ ڈالنا۔ نقاب ڈالنا۔ مُنہ چھپانا۔ ماتم کرنا۔ رونا۔ گریہ و زاری کرنا۔
مُنہ ذرا سا نکل آنا (ہ) چہرہ کا دُبلا اور کمزور پڑ جانا۔ نہایت لاغر و ناتواں ہو جانا۔
مُنہ رکھنا (ہ) توجہ رکھنا۔ لحاظ رکھنا۔ پاس رکھنا۔ رُو رعایت کرنا۔ میل ملاپ رکھنا۔
مُنہ روشن ہونا (ہ۔ امحاورہ) مُنہ پر رونق آنا۔
مُنہ زبانی (ہ) بلا تحریر۔ بے لکھے۔ زبانی۔ حفظ۔ نوکِ زبان۔
مُنہ زرد ہو جانا (ہ) خوف یا دہشت سے مُنہ پیلا پڑ جانا۔ مُنہ کا سفید پڑ جانا۔ چہرہ اُداس ہو جانا۔
مُنہ زور (ہ) بدزبان۔ مُنہ پھٹ۔ بُرا بھلا بکنے والا۔ بکی۔ بکواسی۔ چُپ نہ رہنے والا۔ شریر گھوڑا۔ وہ گھوڑا جو روکے نہ رُکے۔ وہ گھوڑا جو لگام کو نہ مانے۔
مُنہ زہر ہو جانا (ہ) مُنہ نہایت کڑوا ہو جانا۔ تلخ ہو جانا۔
مُنہ سامنے نہ کرنا (ہ۔ امحاورہ) حجاب یا شرم سے سامنے نہ آنا۔
مُنہ سُت جانا (ہ۔ امحاورہ) چہرے کا دُبلا ہو جانا۔
مُنہ سُجانا (ہ) مُنہ تھتھانا۔ تیوری چڑھانا۔ اُداس ہونا۔ ناراض ہونا۔ غمگین ہونا۔ مُنہ پیٹنا۔ تھپیڑوں سے مُنہ لال کرنا۔
مُنہ سُرخ ہونا۔ یا۔ ہو جانا (ہ) مُنہ تمتما جانا۔ غُصّے کے سبب سے مُنہ لال ہو جانا۔ غضب ناک ہو جانا۔
مُنہ سڑے (ہ۔ ا بددُعا) مُنہ زخمی ہو۔
مُنہ سفید پڑ جانا۔ یا۔ ہو جانا (ہ) خوف چھا جانا۔ متحیّر ہو جانا۔ مُنہ فق ہو جانا۔
مُنہ سُکڑ جانا (ہ) چہرے پر دُبلاہٹ چھانا۔ مُنہ کی رونق نہ رہنا۔
مُنہ سکوڑنا }
مُنہ سکیڑنا } (ہ) ناک بھوں چڑھانا۔ تیوری چڑھانا۔ ناراض ہونا۔ مُنہ ٹیڑھا کرنا۔ مُنہ بنانا۔ بگڑنا۔
مُنہ سنبھالنا (ہ) زُبان کو لگام دینا۔ زُبان کو قابو کرنا۔
مُنہ سنبھالو (ہ۔ امحاورہ) زبان درازی نہ کرو۔ سخت کلامی سے باز آؤ۔ زُبان روکو۔ سوچ سمجھ کر بات کرو۔
مُنہ سوکھنا۔ یا۔ سُوکھ جانا (ہ) دہشت اور ڈر کے مارے مُنہ خشک ہو جانا۔ مُنہ میں طراوت نہ رہنا۔ دُبلا ہونا۔ کمزور ہونا۔ لاغر ہونا۔
مُنہ سُوئی پیٹ کوٹھی (ہ۔ امثل) مُنہ ذرا سا پیٹ بڑا۔ بڑا کھاؤ اور پیٹو۔ آمدنی کم اور خرچ زیادہ۔
مُنہ سے (ہ) زُبان سے۔ رعایت سے۔ خاطر سے۔ لحاظ سے۔
مُنہ سے آواز نکالنا (ہ۔ امحاورہ) زبان سے کچھ کہنا۔

مُنہ سے آواز نہ نکلنا (ا/محاورہ) بات چیت نہ ہوسکنا۔ ڈر کے مارے گگھی بندھ جانا۔
مُنہ سِیا جانا (ہ) مُنہ پر قفل لگایا جانا۔ چُپ کیا جانا۔ مُنہ بند کیا جانا۔
مُنہ سے اُگلنا (ہ) مُنہ سے باہر نکالنا۔ مُنہ سے نکالنا۔
مُنہ سیاہ کرنا (ہ) مُنہ کالا کرنا۔ سیاہی ملنا۔ خضاب لگانا۔ کلنک لگانا۔ عیب کرنا۔ گُناہ کرنا۔
مُنہ سے بات لپکنا۔ اُچکنا۔ چھیننا۔ لینا (ہ) جو بات دُوسرا کہنے لگا ہو۔ اُس سے پہلے آپ وہ بات کہہ دینا۔
مُنہ سے بات نکلنا (ہ) ہونٹوں سے بات نکلنا۔ زُبان پر بات آنا۔ کہا جانا۔
مُنہ سے بات نہ نِکلنا (ہ) خوف یا غصّے کے سبب بول نہ سکنا۔
مُنہ سے بس کرنا (ہ) زُبان سے انکار کرنا۔ کافی سمجھنا۔ مُنہ سے روکنا۔
مُنہ سے بولنا (ہ) زبان سے بات کرنا۔ جواب دینا۔
مُنہ سے بولو۔ سر سے کھیلو (ہ/محاورہ) بات کلام کرو۔ خاموش نہ رہو۔ چُپ نہ رہو۔ بات چیت کرو۔
مُنہ سے بولے نہ سر سے کھیلے (ہ/محاورہ) بالکل خاموش اور چُپ۔ بالکل بے ہوش ہے۔ بات ہی نہیں کرتا۔ بُت بن گیا۔
مُنہ سے بھاپ نکالنا (ہ) مُنہ سے اُف کرنا۔ زبان سے اُف نکالنا۔ زُبان سے بات کرنا۔ کسی بات کا جواب دینا۔ راز افشا کرنا۔
مُنہ سے پھُوٹنا (ہ) بولنا۔ جواب دینا۔ زبان سے کچھ کہنا (نفرت اور کراہت کے وقت)
مُنہ سے پھُول جھڑنا (ہ) نہایت خوش بیان اور شیریں کلام ہونا۔ میٹھی میٹھی باتیں کرنا۔ فصیح ہونا۔ طنزاً بدزُبان ہونا۔
مُنہ سے تو پھُوٹو۔ یا۔ مُنہ سے پھُوٹو (ہ/محاورہ) نفرت کے طور پر بولتے ہیں۔ کچھ بولو تو سہی۔ جواب تو دو۔ ہاں نہیں کچھ تو کہو۔
مُنہ سے تو کہو (ہ/محاورہ) بات تو کرو۔ زبان سے تو کہو۔
مُنہ سے دُودھ ٹپکنا (ہ) بالکل بچّہ اور نادان ہونا۔
مُنہ سی دینا (ہ) چُپ کر دینا۔ خاموش کر دینا۔ مُنہ بند کر دینا۔
مُنہ سے رال ٹپک پڑنا (ہ) نہایت جی للچانا۔ بے حد خواہش اور رغبت ہونا۔
مُنہ سے سُننا چاہتے ہو (ہ/محاورہ) کیا گالیاں کھانے کو جی چاہتا ہے؟ کیا بُرا بھلا سُننا چاہتے ہو۔
مُنہ سے فرمانا (ا/محاورہ) کہنا۔ زبان سے کہنا۔
مُنہ سے کچھ سے کچھ نکلنا (ا/محاورہ) کہنا کچھ چاہنا اور زبان سے کچھ نکلنا۔
مُنہ سے کلیجہ نکل پڑنا (ہ) گھبرا کر دم خطا ہو جانا۔ دل گھبرا جانا۔ جی اُکتا جانا۔

مُنہ سے لعل اُگلنا (ہ) نہایت شیریں کلام اور رنگیں گفتار ہونا۔
مُنہ سے لینا (ہ) دُوسرے کے دل کی آئی بات خود کہہ دینا۔
مُنہ سے مُنہ ملانا (ہ) چُوما چاٹی کرنا۔ بوس و کنار کرنا۔ ہم کلام ہونا۔ زبان سے زبان ملانا۔
مُنہ سے مانا ہے (ا/محاورہ) محبت سے محبت اور خاطر سے خاطر ہے۔
مُنہ سینا (ہ) خاموش ہو رہنا۔ چُپ سادھنا۔ بات نہ کرنا۔ مُنہ بند کرنا۔ خاموش کر دینا۔ رشوت دینا۔ مُنہ بھرائی دینا۔
مُنہ سے مُنہ لگانا (ا/محاورہ) پیار کرنا۔
مُنہ سے نیک و بد نکالنا (ا/محاورہ) کسی کو بُرا بھلا کہنا۔
مُنہ فق ہونا۔ یا۔ ہو جانا (ا) مُنہ پر زردی آ جانا۔ خوف زدہ ہو جانا۔ گھبرا جانا۔ مُنہ پر ہوائیاں چھُوٹنا۔ حواس باختہ ہو جانا۔ ڈر جانا۔ رُعب میں آ جانا۔ ہکّا بکّا ہو جانا۔ حیرت زدہ ہو جانا۔ کسی ناگہانی صدمے سے دفعتاً مُنہ پر سفیدی آ جانا۔
مُنہ کا پھوہڑا (ہ) گندہ دہن۔ بدزُبان۔ بے لگام۔ مُنہ پھٹ۔
مُنہ کا کچا (ہ) نرم مُنہ کا گھوڑا۔ لگام کا جھٹکا نہ سہار سکنے والا گھوڑا۔ اصیل مُرغ۔ وہ آدمی جس کی زبان کا اعتبار نہ ہو۔
مُنہ کا کڑا (ہ) مُنہ کا کڑا مُنہ زور۔ سخت دہان۔ مضبوط دہانہ کا۔
مُنہ کالا کرنا (ہ) مُنہ کو سیاہی لگانا۔ مُنہ سیاہ کرنا۔ زنا کرنا۔ بدفعلی کرنا۔ عیب کرنا۔ کلنک لگانا۔
مُنہ کا مُنہ میں ہاتھ کا ہاتھ میں نوالہ رہ گیا (ا/مثل) جب کوئی آدمی کھانا کھاتے وقت کسی ناگہانی صدمہ کی خبر سُن کر کھانا چھوڑ کر حیران و ششدر رہ جائے تو اس موقع پر یہ فقرہ کہا کرتے ہیں۔
مُنہ کا میٹھا (ہ) زبان کا میٹھا۔ نرم گفتار۔ خوش خُلق۔
مُنہ کا میٹھا۔ پیٹ کا پھیکا (ہ) مُنہ پر تعریف کرنے اور پیٹھ پیچھے بُرا کہنے والا۔ ظاہر میں دوست باطن میں دُشمن۔
مُنہ کا نوالہ (ا/مذ) لُقمہ۔ آسان کام۔ خفیف اور ادنیٰ کام۔ نرم چارہ۔ سہل کام۔
مُنہ کا نوالہ ہو جانا (ا) کام کا سہل اور آسان ہو جانا۔ مُنہ میں چلا جانا۔ لُقمہ بن جانا۔
مُنہ کا نُور اُڑ جانا (ا) چہرے کی آب و تاب نہ رہنا۔ چہرہ بے رَونق ہو جانا۔
مُنہ کرنا (ہ) چھید کرنا۔ سُوراخ بنانا۔ زخم یا پھوڑے یا ناسور کا روزن پیدا کرنا۔ پھُوٹنا۔ پاس خاطر کرنا۔ لحاظ کرنا۔ مُنہ سامنے کرنا۔ رُخ کرنا۔ لالچ کرنا۔ سامنے ہونا۔
مُنہ کھُلنا (ہ) مُنہ بند ہونا۔ مُنہ کیلا جانا۔ کسی کے برخلاف کہنے سے زبان رُکنا۔
مُنہ کو بنوانا (ہ) اپنے آپ کو کسی کام کے لائق بنانا۔ لیاقت پیدا کرنا۔ حوصلہ پیدا کرنا۔
مُنہ کو جھُلسا لگانا (ہ) (تنفر اور کراہت) مُنہ کو آگ لگانا۔ غرض نہ

رکھنا۔ مطلب نظر رکھنا۔

مُنہ کو خُون لگنا } (۱) خون کا مزہ پڑنا۔ خون کا چسکا پڑنا۔ رشوت کی عادت
مُنہ کو لہُو لگنا } ہو جانا۔ خون کی چاٹ لگ جانا۔

مُنہ کو سنبھالنا (ہ) زبان کو بدتہذیبی سے روکنا۔ بدزبانی سے باز آنا۔ رنج دہ باتیں نہ کرنا۔

مُنہ کو سات توؤں کی کالک لگ جانا (۱/ محاورہ) سخت بدنامی ہونا۔ رسوائی ہونا۔

مُنہ کو قفل دینا۔ یا۔ لگا دینا (۱) خاموشی اختیار کرنا۔ ساکت ہو رہنا۔ مُنہ کو بند کرنا۔ کھانے پینے یا بولنے سے مُنہ روک لینا یا روک دینا۔

مُنہ کو قفل لگنا (۱/ محاورہ) خاموش ہو جانا۔

مُنہ کو کالک لگانا (ہ) بدنام کرنا۔ رُسوا کرنا۔ رُوسیاہ کرنا۔ کلنک لگانا۔

مُنہ کو کلیجہ آنا (ل) دم اُلٹنا۔ غم و غصّہ ضبط نہ ہو سکنا۔ دل کا نہایت بیزار ہونا۔ جی کا بہت گھبرانا۔

مُنہ کو لگام دو (۱/ محاورہ) زُبان سنبھال کر بولو۔ بدزُبانی سے باز آؤ۔

مُنہ کو لگام نہیں (۱/ مثل) چُپ نہیں رہتا۔ بے سوچے سمجھے جا بے جا بول اُٹھتا ہے۔

مُنہ کو لگنا (ہ) چسکا پڑنا۔ چاٹ لگنا۔ مزہ پڑنا۔ خوش ذائقہ معلوم دینا۔

مُنہ کو مزہ لگا دینا (ہ) مُنہ کو چسکا لگا دینا۔ چٹورا بنا دینا۔

مُنہ کو موڑنا (ہ) مُنہ پھیرنا۔ اِعراض کرنا۔ رُکھائی کرنا۔ بے مروّتی کرنا۔

مُنہ کہاں ہے (ہ/ محاورہ) کیا تاب ہے۔ کیا مجال ہے۔

مُنہ کھائے آنکھ لجائے (ہ) محسن کے آگے آنکھ سامنے نہیں ہو سکتی۔ احسان مندی عاجزی کا سبب ہوتی ہے۔

مُنہ کھُل جانا (ہ) دہن کشادہ ہو جانا۔ گستاخ ہو جانا۔ بدلگام ہو جانا۔ مُنہ پھٹ ہو جانا۔ پھلّے وغیرہ کی کونج کھُل جانا۔ ازالۂ بکر ہو جانا۔

مُنہ کھُلنا (ہ) مُنہ کشادہ ہونا۔ بدلگام ہو جانا۔ کہنے یا بیان کرنے پر تیار ہو جانا۔ بکارت ٹوٹنا۔ چیرا ٹوٹنا۔ کونج کھُلنا۔ چھلّے وغیرہ کا چھال کھُل جانا۔

مُنہ کھُلوانا (ہ) بولنے پر مجبور کرنا۔ زبان کھلوانا۔ دہن فراخ کرنا۔ گستاخ بنانا۔ بے ادب بنانا۔ سامنے بولنے یا بات کرنے کی جرأت دینا۔ زبان سے نکلوانا۔ سوال کرانا۔ منگوانا۔ ازالۂ بکر کرانا۔ سخت سُست کہلوانا۔

مُنہ کھول کر رہ جانا (ہ) مشتاق رہ جانا۔ آس کر کے رہ جانا۔ کچھ کہتے کہتے خاموش ہو جانا۔ منتظر رہ جانا۔ ہراساں رہ جانا۔ مایوس ہو جانا۔

مُنہ کھولنا (ہ) بولنا۔ کہنا۔ بات کرنا۔ گالیاں دینے لگنا۔ باتیں سُنانا۔

زبان چلانا۔ نقاب اُٹھانا۔ گھونگٹ اُٹھانا۔ مُنہ دکھانا۔ گھونگٹ کھولنا۔

مُنہ کیا ہے (ہ/ محاورہ) کیا مجال ہے۔ کیا تاب ہے۔ کیا حوصلہ ہے۔

مُنہ کے بل گرنا (ہ) اوندھے مُنہ گرنا۔ بے عزت ہونا۔ رُسوا ہونا۔ ذلّت اُٹھانا۔

مُنہ کی ٹکیا (۱/ مث) چہرہ۔

مُنہ کی سچّی (۱/ صف) وہ جس کا مُنہ نہ پھرے۔ یعنی تلوار وغیرہ کا مُنہ۔

مُنہ کی کھانا (ہ) چہرے پر ضرب کھانا۔ مُنہ پر چوٹ کھانا۔ تھپّڑ کھانا۔ طمانچہ کھانا۔ مار کھانا۔ سزا پانا۔ نقصان اُٹھانا۔ اپنے مُنہ آپ قائل ہونا۔ سر کے بل گرنا۔ اوندھے مُنہ گرنا۔ شرمندہ ہونا۔ بدنامی اُٹھانا۔ خفّت حاصل کرنا۔ ہارنا۔ شکست کھانا۔ فریب کھانا۔ جھّل میں آنا۔ صریح دھوکا کھانا۔

مُنہ کیل دینا۔ یا۔ کیلنا (ہ) منتر یا جادو سے مُنہ کو بند کر دینا۔ زہریلے جانور کے مُنہ کو کاٹنے کے قابل نہ چھوڑنا۔ چُپ کرا دینا۔ خاموش کرانا۔ رشوت دے دینا۔ دھونس دے کر خلاف کہنے سے روک دینا۔

مُنہ کی لوئی جانا (ہ) بے غیرتی چھا جانا۔ شرم و حیا کا جاتا رہنا۔ بے شرم ہونا۔

مُنہ کی مکھی نہ اُڑا سکنا (ہ) نہایت کمزور ہو جانا۔ بالکل ناتواں ہو جانا۔

مُنہ لال کرنا۔ یا۔ کر دینا (ہ) پان وغیرہ کھا کر مُنہ سُرخ کرنا۔ مُنہ پر تھپّڑ مار کر چہرہ سُرخ کر دینا۔

مُنہ لال ہو جانا (ہ) غصّہ یا تپش سے چہرہ سُرخ ہو جانا۔ ناموری حاصل ہو جانا۔ تھپّڑ وغیرہ کی ضرب سے چہرہ سُرخ ہو جانا۔

مُنہ لپیٹ کر پڑنا۔ یا۔ پڑا رہنا (ہ) غمگین اور اُداس ہو کر پڑا رہنا۔ وفورِ غم سے مُنہ پر کپڑا لے کر لیٹ رہنا۔

مُنہ لگا (۱/ صف) سر چڑھا۔

مُنہ لگانا (ہ) مُنہ سے مَس کرنا۔ مُنہ سے چھونا۔ جُھٹا لینا۔ مُنہ سے جُھوٹا کرنا۔ کھانا۔ چکھنا۔ زُبان پر رکھنا۔ گستاخ بنانا۔ بے ادب کرنا۔ سر چڑھانا۔ عنایت کرنا۔ مہربانی سے پیش آنا۔ عزّت دینا۔ توجّہ کرنا۔ یار بنانا۔ مصاحب بنانا۔ دوست بنانا۔ خاطر کرنا۔

مُنہ لگائی ڈومنی گاوے تال بے تال } (ہ/ مثل) جب کوئی ذراسی
مُنہ لگائی ڈومنی بال بچوں سمیت آئی } مہربانی سے بہت سر چڑھ جائے تو وہاں یہ مثل بولتے ہیں۔

مُنہ لگنا (ہ) مُنہ سے چھُوا جانا۔ مُنہ سے مَس ہونا۔ گستاخ بننا۔ بے ادب ہونا۔ یار بننا۔ دوست بننا۔ ہمراز ہونا۔ متوجّہ ہونا۔ مخاطب ہونا۔ عزّت سے پیش آنا۔ عنایت و مہربانی کرنا۔ توجّہ فرمانا۔ ہمسری کرنا۔ برابری کرنا۔ مزہ پانا۔ چاٹ لگنا۔ چسکا پڑنا۔ باہم باتیں کرنا۔ ہم کلام ہونا۔

مُنہ لے کے آنا (ار/محاورہ) صُورت دکھانا۔

مُنہ لے کے پھر جانا (ہ) اُمید اور اعتماد کے خلاف مایوس ہو کر لوٹنا۔ توجہ نہ ہونے کے سبب سے محروم واپس جانا۔

مُنہ لے کے رہ جانا (ہ) اپنی اُمید اور دعوے کے برخلاف جواب پانے سے شرمندہ ہو جانا۔

مُنہ مارنا (ہ) کاٹنا۔ ڈنک مارنا۔ ڈسنا۔ شکار کو مُنہ سے پکڑنا۔ چونچ مارنا۔ ٹھونگ مارنا۔ مُرغ یا بٹیر کا آپس میں لڑنا۔ منہ بند کرنا۔ خاموش کرنا۔ تھیلی وغیرہ کا مُنہ سینا۔ ٹانکے لگا کر مُنہ بند کرنا۔ کھانے سے روکنا۔ جانور کا چارے کو جلد جلد کھانا۔ چبھتی ہوئی کہنا۔ طنز کی بات کہنا۔ بکواس کرنا۔ رشوت دینا۔ مُنہ کیل دینا۔ کاٹنے کے قابل نہ رہنے دینا۔ دھار کُند کر دینا۔ لاجواب کر دینا۔ جواب نہ آنے دینا۔

مُنہ مانگا (ہ) من مانا۔ حسبِ مُراد۔ حسبِ منشا۔ دل کی مرضی کے موافق۔ جیسا مُنہ سے کہا تھا۔ حسبِ خواہش۔

مُنہ مانگا بَر پایا (ہ/محاورہ) اپنی خواہش کے موافق شوہر ملا۔ حسبِ مُراد کام ہوا۔ حسبِ دل خواہ کام بنا۔ جو چاہا سو ہوا۔

مُنہ مانگنا (ار/محاورہ) فریاد کرنا۔

مُنہ مانگے دام (د/مذ) مُنہ سے مانگی ہوئی قیمت۔ مُنہ کا مانگا ہوا۔

مُنہ مانگی مُراد (د/مث) من مانتی مُراد۔ دِلی خواہش۔ دِلی مُراد۔

مُنہ مانگی مُراد ملے (ار/مقولہ) فقیروں کی دُعا۔ حسبِ خواہش کام ہو جائے۔

مُنہ مانگی مُراد نہیں ملتی (ا/مثل) اپنا چاہا نہیں ہوتا۔ خُدا کا چاہا ہوتا ہے۔

مُنہ مانگی مَوت (د/مث) اپنے مُنہ سے مانگی ہوئی موت۔

مُنہ مانگی موت نہیں مِلا کرتی۔ یا۔ ملتی (ا/مثل) آدمی جو چاہتا ہے وہ نہیں ہوا کرتا۔ جو خواہش خدا از دی ہوتی ہے وہ ظاہر ہوا کرتی ہے۔

مُنہ موڑنا (ہ) مُنہ ہٹانا۔ رُوگردانی کرنا۔ اِعراض کرنا۔ کنارہ کشی کرنا۔ رُخ پھیرنا۔ مُڑنا۔ سمت بدلنا۔ توجہ نہ کرنا۔ بغاوت کرنا۔ باغی ہونا۔ پرہیز کرنا۔ باز رہنا۔ اِجتناب کرنا۔ شریکِ حال نہ ہونا۔ پہلو تہی کرنا۔ رُخ نہ دینا۔ توجہ نہ دینا۔ شکست کھانا۔ پسپا ہونا۔ انکار کرنا۔ بے مروّتی کرنا۔ ٹالنا۔ بے وفائی کرنا۔

مُنہ میٹھا کرنا (ہ) مٹھائی کھلانا۔ شیرینی کھلانا۔ مٹھائی کھانا۔ شیرینی کھانا۔ کچھ بخشنا۔ عطا فرمانا۔ عنایت کرنا۔ نذرانہ دینا۔ پان کھانے کو دینا۔ مؤکل کو مقدمہ جیتنے کی خوشی میں اپنے وکیل کو کچھ دینا۔ رشوت دینا۔ مُنہ بھرائی دینا۔ نسبت کرنا۔ سگائی کرنا۔ منگنی کرنا۔ نسبت ٹھہرانا۔

مُنہ میں آنا (ہ) زبان سے نکلنا۔ زُبان پر آنا۔

مُنہ میں بولنا۔ یا۔ بات کرنا (ہ) غُنغُنانا۔ اس طور سے بولنا کہ دُوسرے کی سمجھ میں نہ آسکے۔

مُنہ میں پان پھیکا ہونا (ار/محاورہ) صحیح ہونا۔ نرڑ کا ہونا۔

منہ میں پانی بھر آنا (ہ) کسی عُمدہ چیز کی خواہش یا ترشی کے خیال سے مُنہ میں رطوبت پیدا ہو جانا۔ جی للچانا۔ رال ٹپکنا۔ نہایت خواہش ہونا۔ کسی چیز پر از حد مائل و راغب ہونا۔ شوق پیدا ہو جانا۔ مزہ یاد آنا۔ رشک آنا۔ حسد ہونا۔ جلنا۔

مُنہ میں پانی چُوانا (ہ) مرتے وقت مُنہ میں پانی ٹپکانا۔ قریبِ مرگ ہونا۔

منہ میں پڑنا (ہ) کھانے میں آنا۔ مُنہ میں جانا۔ مشہور ہونا۔ زبان پر چڑھنا۔ قابو میں آنا۔ بس میں پڑنا۔

منہ میں پڑھنا (ہ) چُپکے چُپکے پڑھنا۔ گُنگنانا۔ ہونٹوں میں پڑھنا۔

مُنہ میں تنکا لینا (ہ) دانتوں میں تنکا دبانا۔ عاجزی کرنا۔ پیروں پڑنا۔ ہاتھ جوڑنا۔ یہ ظاہر کرنا کہ ہم تمہاری گائے ہیں۔ یعنی تمہارے سامنے بالکل عاجز ہیں۔

مُنہ میں تھوک بلونا (ار/محاورہ) بے ہودہ اور بے معنی باتیں کرنا۔

مُنہ میں تھوک لپٹے جانا (ہ) خشکی کے باعث مُنہ میں پپڑیاں بندھ جانا۔ مُنہ سے بات نہ نکلنا۔ بے اوسان ہوئے جانا۔

مُنہ میں جو آئے کہنا (ار/محاورہ) بے دھڑک بک دینا۔ بے سوچے سمجھے بک دینا۔

مُنہ میں خاک (ا) بد دُعا۔ بالکل اِنکار کے وقت یا اپنے برخلاف کہنے والے کے حق میں بولتے ہیں۔ جیسے اُس کے مُنہ میں خاک۔

مُنہ میں دانت نہ پیٹ میں آنت (ہ/مثل) نہایت بڑھا یعنی ایسا بوڑھا کہ مُنہ میں دانت نہیں اور پیٹ ہضم کرنے کے قابل انتڑیاں نہیں۔

مُنہ میں زُبان حلال ہے (ا/محاورہ) مُنہ میں زبان حق کہنے اور سچ بولنے کے لیے ہے۔ کیونکہ آدمی حلال چیز کو ہی مُنہ تک لے جاتا ہے۔ اگر یہ حرام ہوتی تو مُنہ میں نہ رہتی۔

مُنہ میں زُبان ہونا (ل) بولنے کے قابل ہونا۔ جواب دینے کی طاقت رکھنا۔

مُنہ میں زُبان نہ ہونا (ل) بول نہ سکنا۔ بات نہ کر سکنا۔ خاموش ہونا۔ گونگا ہونا۔

مُنہ میں زُبان نہیں (ا/محاورہ) نہایت غریب مزاج اور کم گو ہے۔ بول نہیں سکتا۔ خاموش ہے۔ چُپ ہے۔ ساکت ہے۔ بالکل بھولے بھالے کے لیے بولتے ہیں۔

مُنہ میں قفل لگ جانا (ار/محاورہ) خاموش ہو جانا۔ کچھ نہ بولنا۔

مُنہ میں کالک لگ جانا (ہ) ذِلّت ہونا۔ رُسوائی ہونا۔ بدنامی ہونا۔

مُنہ میں کے دانت ہیں (ار/مثل) کیا مجال ہے۔ کیا طاقت ہے۔

مُنہ میں گُنگُنانا (ار/مص مرکب) آہستہ آہستہ گانا۔

مُنہ میں گُھنگھنیاں بھر کر بیٹھنا (ہ) خاموشی اختیار کرنا۔ خاموش

جو کر بیٹھ رہنا۔

مُنہ میں گھنگھنیاں بھرنا (ہ) گونگا بن جانا۔ چپ ہونا۔ خاموشی اختیار کرنا۔

مُنہ میں گھی شکر (اردشل) کوئی خوشی کی بات سنائے تو کہتے ہیں۔

مُنہ نپوڑنا (ہ) دانت نکالنا۔ بے وقوفوں کی طرح ہنسنا۔ منہ بنانا۔ جواب نہ بن پڑنا۔

مُنہ نکل آنا (ہ) چہرہ اُتر جانا۔ مُنہ شکست ہو جانا۔ کمزور و ناتواں ہو جانا۔ لاغر اور دُبلا ہو جانا۔ گال پچک جانا۔

مُنہ نوچ لینا (ہ) چہرے کو ناخنوں سے کھُرچ لینا۔ غم یا غُصّے کی حالت میں مُنہ پر نہٹے مار لینا۔

مُنہ نہ پڑنا (ہ) جرأت نہ ہونا۔ حوصلہ نہ پڑنا۔ کہنے کی جرأت نہ ہونا۔

مُنہ نہ دکھانا۔ یا۔ دکھلانا (ہ) شرم کے مارے رُوپوش ہو جانا۔ مُنہ سامنے نہ لانا۔ آگے نہ لانا۔ صُورت نہ دکھانا۔ سامنے نہ آنا۔

مُنہ نہ دیکھنا (ہ) صُورت سے بیزار ہونا۔ بے حد نفرت کرنا۔ شکل تک کا روادار نہ ہونا۔

مُنہ نہ کھلواؤ (ہ/محاورہ) ہمارے مُنہ سے کچھ نہ کہلواؤ۔ پوشیدہ عیب ظاہر نہ کرواؤ۔ ہمارے مُنہ سے نہ سُنو۔

منہ نہ لگانا (ہ) مُنہ تک نہ لانا۔ مُنہ سے نہ چھُونا۔ مُنہ کے پاس تک نہ لانا۔ بات نہ پوچھنا۔ توجّہ نہ کرنا۔ خاطر میں نہ لانا۔ محبّت سے بات نہ کرنا۔ صحبت سے نفرت کرنا۔ یار نہ بنانا۔ سر نہ چڑھانا۔ گستاخ نہ بنانا۔ بے ادب نہ کرنا۔

مُنہ نہ موڑنا (ہ) مُنہ نہ پھیرنا۔ رُخ نہ پھیرنا۔ انکار نہ کرنا۔ بے وفائی نہ کرنا۔ بے مروّتی نہ کرنا۔ رُو گردانی نہ کرنا۔ پیچھے نہ ہٹنا۔

مُنہ نہ ہونا (ہ) مجال نہ ہونا۔ تاب نہ ہونا۔ کسی کام کی لیاقت یا حوصلہ نہ ہونا۔ رغبت نہ ہونا۔ محبّت نہ ہونا۔ بے پروائی ہونا۔ سُوراخ نہ ہونا۔ چھید نہ ہونا۔ طاقت نہ ہونا۔

مُنہ ہاتھ دھونا (ہ) پانی سے مُنہ اور ہاتھوں کو صاف کرنا۔

مُنہ سے (ہ/محاورہ) کیا طاقت ہے۔ کیا مُنہ ہے کیا مجال ہے۔

مُنہ ہی مُنہ میں (ہ) چُپکے چُپکے۔ ہونٹوں ہی ہونٹوں میں۔

مُنہ ہی مُنہ میں کہنا (ہ) ایسے طور سے بولنا کہ دُوسرا نہ سمجھے۔ چُپکے چُپکے کہنا۔

مُنہ کی جھڑی (ہ/مث) لگاتار بارش۔ مسلسل بارش۔

مُنھا مُنہ (ہ) لبریز۔ بھرپُور۔ لبالب۔ پُرم پُور۔

مِنھا (ع/مذ) تفریق۔ گھٹاؤ۔ نفی۔ منفی۔ مجرا۔ وضع۔

مِنھا کرنا (ہ) منفی کرنا۔ گھٹانا۔ تفریق کرنا۔ مجرا کرنا۔

مِنہاج (ع/مذ) رستہ۔ راہ۔ سڑک۔

مِنہار (س/مذ) کانچ کی چُوڑیاں بنانے اور بیچنے والا۔ شیشہ گر۔

مِنہاری (ہ/مث) مِنہار کی جورُو۔ چوڑیاں پہنانے والی۔ چوڑیاں بیچنے والی۔ مِنہار کا پیشہ۔ چوڑیاں بنانے کا کام۔ کانچ کی چوڑیاں بنانے کا کام۔ شیشہ گری۔

مِنہائی (ع/مث) گھٹاؤ۔ تفریق۔ نفی۔ کٹوتی۔

مِنہائی دار (عف/صف) قابل لگان زمین رکھنے والا۔

مُنہدم (ع) ویران ہونے والا۔ گرا ہوا مکان۔ خراب۔ مسمار۔ برباد۔ تباہ۔

منہدم ہونا (ہ) اُجڑنا۔ ویران ہونا۔ گرنا۔ ٹوٹنا پھُوٹنا۔ ڈھے جانا۔ مسمار ہونا۔ تباہ ہونا۔ اینٹ سے اینٹ بجنا۔

مِنہدی (ہ/مث) حنا۔ ایک پودا جس کے پتّوں کو پیس کر لگانے سے ہاتھ سُرخ ہو جاتے ہیں۔ ساچق سے ایک روز پہلے کی رسم۔ محرم کی ساتویں تاریخ کی رسم جس میں حضرت قاسمؓ کی مہندی کی طرف غلط اشارہ ہے۔

مِنہدی رچانا۔ یا۔ لگانا (ہ) ہاتھوں میں مہندی لگانا۔

مہندی کا چور (ا/مذ) ہاتھ پاؤں کی ذراسی جلد جو کہیں کہیں مہندی نہ لگنے سے ظاہر ہو۔

مُنہزم (ع) بھاگنے والا۔ شکست کھانے والا۔ بھاگا ہوا۔ لڑائی سے بھاگ جانے والا۔

مُنہضم (ع) پچنے والا۔ ہضم ہونے والا۔

مُنہمک (ع) کسی کام میں بڑی کوشش کرنے والا۔

مُنہنال (ہ/مث) مُنہ اور نال سے مرکّب ہے۔ پیتل یا چاندی وغیرہ کی وہ نل جو حُقّے کی نَے پر آگے کی طرف لگاتے ہیں۔ تلوار وغیرہ کے میان کے سرے پر لگا ہوا تانبا یا پیتل وغیرہ سرنعل۔

مِنھی (ہ/مذ) آدمی۔ شخص۔ انس۔ بشر۔ پُوربیا۔ پڑبیا۔ پُورب کا رہنے والا۔ مشرقی۔

مَنی (ع/مث) دھات۔ نطفہ۔ عضوِ تناسل سے نکلنے والی سفید رطُوبت۔

مَنی (ف/مذ) خودی۔ غرُور۔ تکبّر۔ نخوت۔ خُود بینی۔

مُنی (س/مذ) رِشی۔ جتی۔ زاہد۔ تپسّی۔

مُنّی (ہ/مث) چھوٹی بچّی۔ چھوٹی چیز۔

مُنیلا۔ جزائر فلپائن کا دارالحکومت ہے۔ یہاں سگرٹ بہت بنتے ہیں۔

مُنیا (ہ/مث) لال جانور کی مادین چڑی۔

مُنیا بول جانا (ہ) اچھا شگون ہونا۔ فال نیک سامنے آنا۔

مُنیب (ع/مذ) نائب رکھنے والا۔ مالک۔ آقا۔ مُربّی۔

مُنیر (ع) روشنی دینے والا۔ نُور دینے والا۔ چمکتا ہوا۔ چمک دار۔ روشن۔

مینیجر (انگریزی/مذ) منتظم۔ انتظام کرنے والا۔ کارندہ۔

مینیجمنٹ (انگریزی/مذ) انتظام۔ بندوبست۔

مینیجنگ پروپرائٹر (انگریزی/مذ) مالکانہ حیثیت سے انتظام کرنے والا۔

مینیجنگ ڈائرکٹر (انگریزی/مذ) وہ شخص جو مالکانہ طور سے انتظام

کرے۔ اور ہدایات جاری کرے۔
مینیجنگ کیٹی (انگریزی/مث) جماعت منتظمہ۔ انتظام کرنے والی جماعت۔
مُنیم (ا/مذ) حساب کتاب رکھنے والا۔ محاسب۔ محرّر۔ گماشتہ۔ مینجر۔

م - و

مُو (ف/مذ) بال۔ کیس۔ بلّی کی آواز کی نقل۔ نُقص۔ عیب۔ باریک شگاف۔
مُو پر آنا (ا/محاورہ) جوانی بھرنا۔ جوبن پہ آنا۔ پختہ ہونا۔
مُوباف (ف/مذ) وہ فیتہ یا پٹی یا دھجّی وغیرہ۔ جسے عورتیں چوٹی میں ڈال کر گوندھتی ہیں۔
مُوبمُو (ف) بال بال۔ ذرا ذرا۔ بالتفصیل۔ حرف بحرف۔
مُوپریشاں (ف/صف) جس کے بال بکھرے ہوئے ہوں۔
مُوتراش (ف/مذ) بال کاٹنے والا۔ اُسترہ۔
مُوشگاف (ف) بال کی کھال کھینچنے والا۔ باریک بین۔ نُکتہ رس۔
مُوشگافی (ف/مث) چھان بین۔ باریک بینی۔
مُوقلم (فع/مذ) باریک بُرش۔ بالوں کی قلم جس سے مصوّر لوگ رنگ بھرتے ہیں۔
مُوکشاں (ف/صف) سر کے بال کھینچتے ہوئے۔
مُومُبارک (فع/مذ) کسی بزرگ کے مُقدّس بال جو تبرّک اور نشانی کے طور پر رکھے جائیں۔
مُوہ (ہ/مث) جوبن۔ شباب۔ جوانی۔ بہار۔ خوشی۔ مرضی۔
مُوپر آنا (ہ) جوانی میں بھرنا۔ جوبن پہ آنا۔ بہار پہ آنا۔ پکنا۔ پختہ ہونا۔ پختگی پر آنا۔
مُوّادہ (ہ/مذ) ایک درخت اور اُس کے پھل کا نام۔
مُوا (ہ) مُردہ۔ مرا ہوا۔ بے جان۔ کم بخت۔ نگوڑا۔ بے نصیب۔ نامُراد۔ اُجڑا۔ پُجڑا۔ خانہ خراب عورتیں بہ لفظ ناز۔ نفرت اور آزردگی کے وقت بولا کرتی ہیں۔ مر گیا۔ فوت ہوگیا۔ جاں بحق ہوگیا۔
مُوا بادل (ہ/مذ) ابر مُردہ۔ اسفنج۔ اسپنج۔
مُوا جاتا ہے (ہ/محاورہ) جان نکلی جاتی ہے۔ دم نکلا جاتا ہے۔ مرا جاتا ہے۔ مٹا جاتا ہے۔ فریفتہ ہوا جاتا ہے۔
مَواثیق (ع/مذ) میثاق کی جمع۔ عہد و پیمان۔
مَوّاج (ع) بہت لہریں مارنے والا۔ تیز و تند۔ طوفان خیز۔
مَواجب (ع/مذ) مُوجب کی جمع۔ لازم کیا گیا۔ مجازاً تنخواہ۔ مشاہرہ۔ طلب۔
مُواجہہ (ع/مذ) رُو در رُو۔ مقابل۔ سامنے۔
مُواخِذ (ع) پکڑنے والا۔ گرفت کرنے والا۔
مُواخذہ (ع/مذ) گرفت۔ پکڑ۔ بازپُرس۔ جواب طلبی۔ بدلہ۔ عوض۔
مُواخَذہ دار (عف/مذ) ذمّہ دار۔ جواب دِہ۔
مُواخذہ سے چھُوٹنا (ا/محاورہ) مواخذہ سے نجات پانا۔
مواخذہ کرنا (ا) بازپُرس کرنا۔ جواب طلبی کرنا۔ پکڑنا۔ گرفت کرنا۔
مَوّاد (ع/مذ) مادّہ کی جمع۔ سامان۔ مصالح۔ اسباب۔ پیپ۔ راد۔ آلائش زخم۔ دلائل۔ دلیلیں۔ چیزیں۔ اشیاء۔ فارسی میں بغیر تشدید مستعمل ہے۔
مَواد آنا (ا/محاورہ) پیپ نکلنا۔
موادِ فاسد (ع/مذ) خراب مادّہ۔ نکمّا مادّہ۔
مُوازَنہ (ع/مذ) دو چیزوں کا ہم وزن کرنا یا ہونا۔ برابری۔ ہم وزنی۔ ہم وزن ہونا۔
مُوازِی (ع) مقابل۔ برابر۔ ہم قیمت۔ ہم نرخ۔ مساوی۔ تخمیناً۔ قیاساً۔ یہ لفظ آنوں اور گزوں کی تعداد ظاہر کرنے کے واسطے اُن کے شروع میں آتا ہے۔
مَواشی (ع/مذ) ماشیہ کی جمع۔ بہت چلنے والا۔ چوپائے۔ بیل۔ گھوڑا۔ گدھا۔ گائے۔ بھینس وغیرہ۔ بوجھ ڈھونے والے جانور۔
مُواصَلت (ع/مث) مُلاقات۔ باہم مِلنا۔ وصل۔ پیوستگی۔
مَواضع (ع/مذ) موضع کی جمع۔ جگہیں۔ جائیں۔
مواطِن (ع/مذ) مُوطن کی جمع۔ بہت سے وطن۔
مَواعِظ (ع/مث) موعظت کی جمع۔ نصائح۔ پند ہا۔ نصیحتیں۔
مُوافِق (ع) موافقت کرنے والا۔ مطابق۔ برابر کا۔ ٹھیک۔ لائق۔ مناسب۔ سزاوار۔ مشابہ۔ ہم شکل۔ حسب۔
موافق آنا (ا) ٹھیک آنا۔ دُرست آنا۔ راس آنا۔ مزاج یا طبیعت کے مناسب ہونا۔
مُوافقَت (ع/مث) اِتفاق۔ دوستی۔ رسائی۔ برابری۔ ساتھ۔ مطابقت۔
مُوافقَت آنا (ا) مزاج ملنا۔ راس ملنا۔ مزاج کے موافق ہونا۔
مُوافقَت رکھنا (ا) دوستی رکھنا۔ ملاپ رکھنا۔ میل رکھنا۔ رسائی رکھنا۔
مُوافقَت کرنا (ا) اتفاق کرنا۔ ملنا۔ دوستی کرنا۔ میل جول کرنا۔
مُوافقَت ہونا (ا) رسائی ہونا۔ مزاج ملنا۔ اتفاق ہونا۔ راس ملنا۔
مَواقِع (ع/مذ) موقع کی جمع۔ جائے وقوع۔ محل۔
مَواقِف (ع/مذ) موقف کی جمع۔ ٹھہرنے کی جگہ۔
مَواکِب (ع/مذ) مَوکب کی جمع۔ فوج اور سواروں کا لشکر۔ رسالے۔ تُرپ۔ سواروں کی جماعت۔
مُواکَلت (ع/مث) آپس میں مل کر کھانا۔
موالات (ع/مث) آپس میں دوستی اور محبت رکھنا۔ باہمی اتحاد۔

مُوالفت (ع/مث) کسی کے ساتھ اُلفت کرنا۔
مَوالی (ع/مذ) مولی۔ بمعنی خداوند کی جمع۔ یار و مددگار مراداً نوکر۔ چاکر۔ غلام۔ چیلے۔ بندے۔
مَوالید (ع/مذ) مولود کی جمع۔ پیدا شدہ اشیاء۔ بچے۔ لڑکے۔
مَوالیدِ ثلاثہ / موالیدِ ثلٰثہ (ع/مذ) تین طرح کی مخلوق۔ یعنی حیوانات۔ نباتات۔ جمادات۔
مُوانسَت (ع/مث) آپس میں محبت رکھنا۔ باہمی اُنس۔ محبت۔ دوستی۔ یارانہ۔ اتحاد۔ اُلفت۔ پیار۔ اخلاص۔
موانالوا۔ جزیرہ ہوائی یا سینڈ وچ میں پہاڑ ہے۔ جو ۱۳۶۰۰ فٹ بلند ہے۔
مَوانع (ع/مذ) مانع کی جمع۔ منع کرنے والی اور روکنے والی چیزیں۔ رُکاوٹیں۔
مَواہب (ع/مث) موہبت کی جمع۔ بخششیں۔ عطائیں۔
مَواہبَت (ع/مث) داد و دہش۔ خیر۔ خیرات۔ سخاوت۔ فیاضی۔
مَوائد (ع/مذ) مائدہ کی جمع۔ چُنے ہوئے۔ دسترخوان کھانے کے بھرے ہوئے دسترخوان۔
مُوبد (ف/مذ) فلاسفر۔ حکیم۔ دانشمند۔ دانا۔ پارسیوں کا مُلّا۔
مُوبِ (ا/مذ) ساز و سامان۔
مُوپلا (ا/مذ) جنوبی ہند میں ایک مسلمان قوم جو عرب نسل سے ہے۔
مُوت (ہ/مذ) پیشاب۔ بول۔ نطفہ۔ منی۔ تخم۔ ناخلف بیٹا۔ بُری اولاد۔ بدچلن لڑکا۔ کپوت۔
مُوت آنا (ا/محاورہ) پیشاب کی حاجت ہونا۔
مُوت اُکنا (ا/محاورہ) پیشاب بند ہونا۔
مُوت پاتر (ہ/مذ) موت کا برتن۔ حاجتی۔ پیشاب کرنے کا برتن۔
مَوت (ع/مث) مرگ۔ قضا۔ اجل۔ کال۔ وفات۔ اِنتقال۔ شامت۔ خرابی۔
مَوت آ جانا (ا) مر جانا۔ گزر جانا۔ چل بسنا۔ مجازاً دیر لگا دینا۔ وقت پر موجود نہ ہونا۔ فنا ہو جانا۔
مَوت آنا (ا) مرنا۔ جان نکلنا۔ کھا لے جانا۔ مارے ڈالنا۔ آفت آنا۔ شامت آنا۔ خرابی پڑنا۔
مَوت بھلی کہ جان کندنی (ا/مثل) جان کنی سے موت اچھی ہے۔ روز روز کی تکلیف سے مر جانا ہی بہتر ہے۔
مَوت پڑنا (ا) ناگوار گزرنا۔ جان پر بننا۔ دم نکلنا۔ سخت گھبرانا۔ ڈرنا۔ خوف کھانا۔ شاق گزرنا۔ نہایت دشوار معلوم ہونا۔
مَوت چاہنا (ا) مرگ کی تمنا کرنا۔ مرنے پر راضی ہونا۔ موت قبول کرنا۔ شامت چاہنا۔
مَوت کا پسینہ (ا/مذ) ٹھنڈا پسینہ جو مرنے کے وقت انسان کے چہرے پر آ جایا کرتا ہے۔
مَوت کا پسینہ آنا (ا) جان کنی کی حالت میں ہونا۔ ٹھنڈا پسینہ آنا۔ موت کی حالت یا کمزوری سے چہرے کا عرق آلودہ ہو جانا۔
موت کا سامان (ا/مذ) کمال مصیبت کی جگہ بولتے ہیں۔
موت کا سر پر کھیلنا۔ یا۔ سوار ہونا (ا) مرنے کا وقت قریب آنا۔ موت کا وقت آ پہنچنا۔ شامت آنا۔
موت کا طمانچہ (ا/مذ) موت کا صدمہ۔ موت کا تھپیڑ۔
مَوت کا کھانا (ا/مذ) وہ کھانا جو میت ہو جانے پر لوگوں کو کھلایا جاتا ہے۔
مُؤتفِکات (ع) وہ ہوائیں جو ہر طرف سے چلیں۔ انھیں ہواؤں نے حضرت لوط علیہ السلام کی قوم بحکم خدا زمین پر اُلٹی تھی۔
مَوت کا مرض (ا/مذ) وہ بیماری جس سے آدمی مر جائے۔ کال روگ۔
مَوت کا ہنسنا (ہ) انسان فانی کی باتوں پر موت کو ہنسی آنا۔ قضا کا حرکاتِ انسانی پر ٹھٹھا لگانا۔
مَوت کو پکڑا تو زحمت قبول کی / موت کو پکڑا تو بخار پر راضی ہوا / مَوت کو پکڑیے تو تپ کو راضی ہو (ا/مثل) مشکل کام پر مجبور کریں گے تو آسان کام پر راضی ہوگا۔ جب آدمی بڑی تکلیف میں پھنستا ہے تب تھوڑی محنت کو غنیمت اور بہتر سمجھتا ہے۔
مَوت کے دن پورے کرتے ہیں (ا/محاورہ) بدمزگی میں عمر کٹتی ہے۔ مشکل سے گزارہ کرتے ہیں۔ بُری حالت میں زندگی گزرتی ہے۔
مَوت کے کنارے (ا/مذ) مرنے کے قریب۔
مَوت کے گھاٹ اُتارنا (ا/محاورہ) مار ڈالنا۔ قتل کر دینا۔
مَوت کے مُنہ جانا (ا/محاورہ) خطرے میں پڑنا۔
مَوت لائی ہے (ا/محاورہ) شامت گھیر لائی ہے۔ قضا آئی ہے۔ موت نے بلایا ہے۔
مَوت نے گھر دیکھ لیا ہے۔ یا۔ موت گھر دیکھ گئی ہے (ا/محاورہ) مصیبت نے ہمارے گھر کا راستہ دیکھ لیا ہے۔ اب جب آئے گی ادھر ہی چلی آئے گی۔ دشمن نے گھر دیکھ لیا ہے۔
مَوت ہونا (ا) میت ہونا۔ کسی کا کوئی مر جانا۔ خرابی ہونا۔ مصیبت ہونا۔
مُوتا (ہ/مث) میت۔ موت کا داغ۔ میت کی رسم۔ تعزیتِ میت۔
مُوتنا (ہ) پیشاب کرنا۔ مجازاً نفرت کی حالت میں توجہ کرنا۔ تھوک ڈالنا۔
موتھا (ہ/مذ) ایک قسم کی گھاس ہے جس کی جڑ میں سے دانے نکلتے ہیں۔ مروڑا۔ بل۔ اینٹھ۔ اینٹھنا۔
موتھا دینا (ہ) مروڑنا۔ بل دینا۔ اینٹھا دینا۔ چوری وغیرہ کو ملنا۔ گوندھنا۔
موتھرا (ہ/مذ) گھوڑے کی ایک بیماری کا نام۔
موتی (ہ/مذ) دُر۔ مروارید۔ لؤلؤ۔ تشبیہاً گول چیز۔ صاف۔ شفاف۔ آب دار۔

موتی پاگ (ہ/مذ) ایک قسم کی مٹھائی کا نام۔
موتی پرونا (ہ) موتیوں کی لڑی بنانا۔ نہایت خوشخط لکھنا۔ کوئی باریک کام نہایت عمدگی اور خوش اسلوبی سے کرنا۔ لگاتار اور متواتر رونا۔
موتی ٹھنڈے ہونا (ہ) پو پھٹنے کی علامتیں ہونا۔ صبح ہونا۔ بھور ہونا۔
موتی چور (ہ) چمکیلا۔ چمک دار۔ ایک قسم کی مٹھائی جس میں موتی سے دانے اُبھرے ہوتے ہیں (مؤنث) کابلی کبوتر کی آنکھیں۔
موتی چور کے لڈو (ہ/مذ) ایک خاص قسم کے لڈو۔ نکتیوں کے لڈو۔
موتی چور کی زنجیر (ا/مث) ایک قسم کی خاص زنجیر۔
موتی چھیدنا۔ یا۔ بیندنا (ہ) موتیوں میں سوراخ کرنا۔ ازالہ بکر کرنا۔ چیرا توڑنا۔
موتی خاک میں رولنا (ا/محاورہ) اچھی چیز کی بے قدری کرنا۔
موتی رولنا (ہ) موتی جمع کرنا۔ بلا محنت بہت سی دولت حاصل ہونا۔ مفت کے مال مارنا۔ خوب روپیہ کمانا۔ دولت سمیٹنا۔
موتی زبان سے جھڑنا (ا/محاورہ) فصاحت اور خوش بیانی سے بولنا۔
موتی سی آبرو (ا/مث) وہ آبرو جو بے عیب ہو۔
موتی سے مانگ بھرنا (ا/محاورہ) مانگ کے بالوں میں موتی پرونا۔
موتی کوٹ کوٹ کر بھرے ہیں (ہ/محاورہ) نہایت رسیلی آنکھیں ہیں۔ خوبصورت اور چمک دار آنکھ ہے۔
موتی کی آب (ا/مث) موتی کی چمک۔ موتی کا زیب۔ مجازاً نہایت نازک۔
موتی کی سی آب (ا/مث) نہایت نازک آبداری۔
موتی کی سی آب ہے (ا/محاورہ) عزت نہایت نازک چیز ہے۔ ذرا سی بے احتیاطی سے جاتی رہتی ہے۔
موتی کی سی آب اُتر جانا۔ یا۔ جاتا (ا) عزت کا جانا رہنا۔ عزت و حرمت نہ رہنا۔
موتی کی لڑی (ہ/مث) موتی کا ہار۔ موتی کی مالا۔ (تشبیہاً) مسلسل و آتشیں کی تعریف کے لیے بولا کرتے ہیں۔
موتی محل (ا/مذ) دہلی کے قلعہ معلیٰ کے ایک محل کا نام ہے جو سنگ سُرخ اور سنگ مرمر کا بنا ہوا اب تک موجود ہے۔
موتی مسجد (ا/مث) ایک نہایت خوبصورت سنگ مرمر کی بنی ہوئی مسجد ہے جو دہلی کے لال قلعہ میں ہے۔ اور قابلِ دید ہے۔
موتیا (ہ/مث) ایک قسم کا خوشبودار پھول ہوتا ہے۔ ایک قسم کی چیچک جس میں سُرخ اور چمک دار پھنسیاں نکلتی ہیں۔ موتی کے مانند۔ موتی سے مشابہ۔
موتیا بند (ہ/مذ) آنکھ کی ایک بیماری کا نام ہے جس سے بینائی جاتی رہتی ہے۔

موتیوں سے مانگ بھرنا (ہ) نہایت آرائش و سنگار کرنا۔ مانگ میں موتی بھرنا۔
موتیوں سے مُنہ بھرنا (ہ) نہال کر دینا۔ خوشخبری یا خوش گفتاری کے انعام میں جواہرات سے مالا مال کر دینا۔
موتیوں کا نوالہ (ا/مذ) نہایت عمدہ غذا۔ تر مال۔ عمدہ خوراک۔ مقوی غذا۔
موتیوں کا ہار (ہ/مذ) موتیوں کی مالا۔
موٹھ (ہ/مث) ایک قسم کا غلہ جس کی دال دَلتے ہیں۔ گھوڑی۔ لُعبہ۔ بستہ۔ چرس۔ ڈول۔ بڑا لوکا۔
موٹھ کا دانہ (ہ/مذ) دَلی ہوئی دال۔ موٹھ کی دال۔
موٹا (ہ/مذ) فربہ۔ سنڈا۔ مشٹنڈا۔ تنومند۔ تیار۔ دبیز۔ دَل دار۔ سطر۔ گاڑھا۔ غفص۔ جیسے موٹا کپڑا۔ گھٹ کا۔ ادنیٰ درجہ کا۔ ناگوار۔ سخت۔ مضبوط۔ قوی۔ کٹھا۔ جلی۔ خفی کی ضد۔
موٹا اناج (ہ/مذ) غربا کے کھانے کا غلہ۔ سستا اناج۔
موٹاپن (ہ/مذ) فربہی۔
موٹا تازہ (ا) فربہ اندام۔ تیار۔ تناور۔ لحیم و شحیم۔
موٹا جھوٹا (ہ) گھٹیا۔ ادنیٰ درجہ کا۔ گھٹکا۔
موٹا دکھائی دینا (ہ) کم نظر آنا۔ صاف دکھائی نہ دینا۔
موٹا قلم (ا/مذ) جلی قلم۔ بڑے بڑے حروف لکھنے کا قلم۔
موٹا کام (ا/مذ) وہ کام جو باریک نہ ہو۔ وہ کام جس میں زیادہ غور و فکر اور عقل کی ضرورت نہ ہو۔
مُوٹھ (ہ/مث) دستہ۔ قبضہ۔ بینٹا۔ دستی۔ گرفت۔ مُٹھی۔ مُشت۔ جادو۔ ٹونا۔ سحر۔ جواری کی بند مُٹھی۔
مُوٹھ چلانا (ہ) ٹونا کرنا۔ جادو چلانا۔ منتر پھونکنا۔
مُوٹھ کرنا (ہ) بٹیروں کو مُٹھی میں رکھ کر سدھانا۔ اور تیار کرنا۔
مُوٹھ مارنا (ہ) کبوتر کو مُٹھی سے پکڑ لینا۔ مُٹھی بھر لینا۔ سحر کرنا۔ جادو کرنا۔ ہتھ دستی کرنا۔ جلق لگانا۔ مٹھولے مارنا۔
مُوٹھڑا (ہ/مذ) ایک قسم کے موٹے سوتی ریشمی کپڑے کا نام ہے جس میں دھاریاں ہوتی ہیں۔ تلوار یا ڈھال کے قبضے پر بنا ہوا رُوپہلی یا سُنہری زنجیرہ۔ ایک قسم کا زیور۔
موٹی آواز (ا/مث) بھدی آواز۔ بھاری آواز۔
موٹی اسامی (ا/مث) دولت مند آدمی۔ دھن دولت والا۔ سونے کی چڑیا۔ زردار۔
موٹی بات (ہ/مث) ظاہر بات۔ صریح اور عام فہم بات۔ سیدھی بات۔
موٹی سمجھ (ا/مث) بھدی سمجھ۔
موٹی گالی (ہ/مث) سخت گالی۔ نہایت فحش گالی۔
مُؤثِّر (ع) تاثیر کرنے والا۔ اثر کرنے والا۔ کارگر۔
مُؤثَّر (ع) تاثیر کیا گیا۔ اثر کیا گیا۔

مُوثق (ع امذ) پکّا - مضبوط -
مَوج (ع امث) لہر - ترنگ - تلاطم - لَیَہ - طبیعت کی خوشی - اُمنگ -
جوش - ولولہ - وہم - خیال - بہتات - کثرت -
افراط -
مَوج آنا (ا) لہر آنا - ترنگ آنا - شادابی اور سرسبزی ہونا - طبیعت میں
ولولہ آنا - دھن بندھنا - خیال آجانا -
مَوجِ تبسّم (ع امث) وہ لکیر سی جو مسکراتے وقت ہونٹوں پر نمودار ہوتی ہے -
مَوج زن ہونا (ا) لہریں مارنا - تلاطم ہونا -
مَوج کرنا (ا) مزے اڑانا - عیش و عشرت کرنا -
مَوج مارنا (ا) لہریں مارنا - لہرانا - عیش و عشرت کرنا - مزے اُڑانا -
مَوج میں آنا (ا) لہر میں آنا - ترنگ میں آنا - مزے میں آنا -
دُھن میں آنا -
مُوجِب (ع امذ) واجب کرنے والا - لازم کرنے والا - سبب -
باعث - وجہ - کارن - موافق - حسب - لائق - فرض -
واجب - لازم -
مُوجبہ (ع امذ) (منطق) مُثبت - اقراری - مثبتہ - اثباتی -
مُوجِد (ع امذ) ایجاد کرنے والا - پیدا کرنے والا - نمونے کے بغیر
اپنی طبیعت سے کوئی نئی بات پیدا کرنے والا - بانی -
کرتا - بنا کرنے والا -
مُوجَز (ع) مختصر - خلاصہ - کوتاہ شدہ -
مُوَجّل (ع) مُہلت دیا گیا - وہ مہر جو نکاح کے بعد کبھی ادا کیا جائے -
مُعجّل کی ضد جو نکاح کے بعد ہی ادا کرنا پڑتا ہے -
مَوجود (ع) پیدا شدہ - وجود کیا گیا - سامنے - حاضر - رُوبرُو -
آگے - حال کا زمانہ - اب - اس وقت - تیار - آمادہ -
مُستعد - لیس - برقرار - قائم - حاصل - حصول - دستیاب -
پاس - قریب - ڈھب میں -
مَوجود رہنا (ا) پاس رہنا - حاضر رہنا - کھڑے رہنا - برقرار رہنا -
ٹھہرے رہنا -
مَوجود کرنا (ا) حاضر کرنا - منگانا - رُوبرو کرنا - پیش کرنا - بہم پہنچانا -
پیدا کرنا - رچنا - آمادہ کرنا - تیار کرنا - مہیا کرنا -
مَوجُودات (ع امث) موجُودہ کی جمع - مخلوق - دُنیا - کائنات - سنسار -
پرتھوی - جگ - کُل چیزیں جو خدا نے پیدا کی ہیں - نیچر -
حاضری - گنتی - شمار -
مَوجُوداتِ خارجی (عف امث) وہ چیزیں جو محض ذہن میں نہیں
بلکہ خارجی طور پر موجود ہوں -
مَوجُودات لینا (ا) شمار کرنا - معائنہ کرنا - حاضری لینا - گنتی کرنا -
پڑتال - جانچنا - جائزہ لینا - حساب لینا - اسباب وغیرہ
سنبھالنا اور دیکھنا -
مَوجُودگی (عف امث) حضوری - حاضر باشی - حاضری - شمار -
سامنا - مقابلہ -
مَوجُودگی میں (ا) سامنے ہونے ہوئے - ہوتے سوتے - ہوت میں -

مَوجُودہ (ف) حاضر الوقت - اس وقت کا - حال کا - لاحقہ جیسے مرض
موجودہ -
مُوَجّہ (ع) شکل دار - پسندیدہ - عمدہ - خوب - قابل توجہ - جس کی طرف
منہ کیا جائے -
مَوجی (ا) لہری - خوش طبع - زندہ دل - من کا رسیا - خوش دل -
خود مختار -
مَوجی بندہ / مَوجی پٹھا / مَوجی جیوڑا (ا امذ) آزاد طبع - دل کا رسیا - دل کی خوشی کا تابع - مرضی کا مالک - آزاد منش - خوشی خواں -
موجیں دکھانا (ا / محاورہ) زور دکھانا - جوشش اور ولولہ ظاہر
کرنا -
مَوجیں کرنا - یا - مارنا (ا) لہریں مارنا - خوشیاں کرنا - خوشیاں منانا -
عیش اڑانا - بے فکری سے گزارنا -
موچ (ہ امث) لچک - چمک - کجی - بے موقعہ پڑ جانے سے پاؤں کا
مُڑ جانا -
موچ آنا (ہ) پاؤں کا ٹیڑھا ہو جانا - کجی آجانا - پاؤں کے پٹھے کا
پھڑک جانا - پاؤں مُڑ جانا -
موچا (ہ امذ) کیلے کا درخت - کونپل - پھٹاؤ -
موچرس (ہ امذ) سنبھل کے درخت کا گوند -
موچڑی (ہ امث) جُوتی - جوتا -
موچن (ہ امث) موچی کی بیوی - موچی قوم کی عورت -
موچنا (ہ امذ) فارسی لفظ موچینہ سے - یعنی بال اکھاڑنے کا آلہ - بک
چونٹی - چھوٹی چمٹی -
مُوچھنا (ا) کاٹنا - اُڑانا - پیرا یا مال مارنا - نرم نرم سبزے کو اُوپر سے
توڑنا - مروڑنا - توڑنا -
مُوچھ (ہ امث) ہونٹوں کے اُوپر کے بال - بُروت سُبلت -
مُوچھ کا بال (ہ امذ) ناک کا بال - نہایت بارسوخ اور مقرب آدمی -
صاف کھرا - سچا آدمی - مُنہ پر کہہ دینے والا آدمی -
مُوچھ مروڑا (ہ امذ) مونچھوں کو تاؤ دینے والا - شیخی باز بہادری جتانے
والا -
مُوچھ مروڑا روٹی توڑا (ا / مثل) اس موقع پر یہ مثل بولتے ہیں جب
کوئی مفت کی روٹی کھائے اور بہت شیخی بگھارتا پھرے -
مُوچھ مُنڈا - یا - مُنڈہ (ہ امذ) وہ شخص جس کی مونچھیں مُنڈی ہوئی
ہوں - سخت لچا - شہدا -
مُوچھ نیچی کرنا (ا / محاورہ) شکست تسلیم کرنا -
مُوچھا کڑے (ہ امذ) موچھ کی تکبیر و تصغیر - بڑی بڑی مُوچھیں -
مچھے -
مُوچھوں پر - یا - مُوچھوں کو تاؤ دینا (ا) مُوچھوں کو بل دینا -
مُوچھوں پر ہاتھ پھیرنا - غرور کرنا - اینٹھنا - بل اور گھمنڈ کرنا -
اکڑنا - کسی بڑے کام کا ارادہ کرنا -
مُوچھوں سے چنگاریاں نکلنا (ہ) نہایت غصّہ اور قہر کا اظہار ہونا -

بے حد غصے اور غضب ناک ہونا۔
مُونچھیں اُکھڑوانا (ف) سخت ذلیل و خوار کرنا۔ شیخی کرکری کرنا۔ کسی جرم کی سزا میں مونچھیں منڈوانا۔
مُوچھا (ف امذ) ٹکڑا۔ لکڑی کے کنارے کا ٹکڑا۔
مُوچھا لگانا (ف) آرے سے لکڑی کا ٹکڑا کاٹنا۔ آرے سے لکڑی چیر کر ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔
موچی (ف امذ) جُوتیاں بنانے اور سینے والا۔ چمار۔ چرم دوز۔ چمڑا سینے والا۔
موچی کے موچی رہے (ا ر مثل) کوئی ترقی نہیں کی۔
مُوَحِّد (ع امذ) توحیدیہ۔ خدا کو ایک جاننے والا۔ پکا مسلمان۔ سچا مسلمان۔ دینداری۔
مُوَحِّدانہ (ع) موحدوں کی طرح۔ موحدوں کی مانند۔
مُوحِش (ع) وحشت انگیز۔ فکرمند کرنے والا۔ وحشت میں ڈالنے والا۔
مُؤخَّر (ع) آخر کیا گیا۔ پچھلا۔ آخر کا۔ مُقدّم کی ضد۔
مُؤخّر الذکر (ع اصف) جس کا ذکر بعد میں آئے۔
مُؤدّب (ع) ادب دیا گیا۔ باادب۔ ادب کرنے والا۔ تعلیم یافتہ۔ مہذب۔ شائستہ۔ تمیزدار۔ باتمیز۔ علم مجلس سے واقف۔
مُوَدّت (ع امث) پیار۔ پریت۔ محبت۔ دوستی۔ اخلاص۔
مودھو (ف) سیدھا سادہ۔ احمق۔ بے وقوف۔ اُلّو۔ مُورکھ۔ بھونڈو۔
مُودی (ف امذ) اناج کا سوداگر۔ غلہ فروش۔ پرچونیا۔ بنیا۔ بقال۔ نوکروں کو بھرتی کرنے والا۔ مہاجن میں سودا دینے والا بنیا۔
مُودی خانہ (ف امذ) ذخیرہ رہنے کی جگہ۔ گودام گھر۔ بھنڈار۔
مُؤذِّن (ع امذ) اذان دینے والا۔ نماز کے واسطے لوگوں کو بلانے والا۔ بانگ دینے والا۔
مُوذی (ع) ایذا دینے والا۔ دُکھ دینے والا۔ ظالم۔ جابر۔ مارنے والا۔ ہلاک کرنے والا۔ کنجوس۔ شریر۔ بدذات۔ نٹ کھٹ۔
مُوذی پنا (ف امذ) تکلیف دینا۔ ایذا رسانی۔ بخیلی۔ کنجوسی۔ شرارت۔ شوخی۔
موذی کا چنگل (ف امذ) ظالم کا پنجہ۔ زبردست کا پنجہ۔
مُوذی کا مال (ف امذ) کنجوس کا مال۔ ظالم کا مال۔
موذی کو نماز چھوڑ کر مارئیے (ف ا مثل) ایذا دینے والے کو ہر حالت میں مار ڈالنا چاہیے۔
مور (ف امث) چیونٹی۔ کیڑی۔
مور و ملخ (ف امث) چیونٹی اور ٹڈی دَل۔ لشکر کی صفت میں آتا ہے۔ بے شمار۔ اَن گنت۔
مور (ف امذ) طاؤس۔ مرلا۔ ایک خوشنما پرندے کا نام ہے۔
مور پنکھی (ف امث) ایک قسم کی خوبصورت ناؤ۔ نواڑا بجرا۔ مور کے پروں کی سورج مکھی۔ مور کے پروں کا پنکھا۔ ایک قسم کی پنکھی جو کھولنے سے مور کے پروں کی مانند ہو جاتی ہے۔

مور چال (ف امث) بازی گروں۔ نٹوں یا پہلوانوں کی وہ چال جو دونوں ہاتھوں کے بل ٹانگیں اونچی اور خمیدہ کر کے چلتے ہیں۔ ایک خاص قسم کا ناچ۔
مور چنگ (ف امذ) ایک ساز۔
مور چھل (ف امذ) بادشاہوں یا راجاؤں کے سر پر ہلانے کا مور کے پروں کا چنور۔
مور کی چال (ا ر امث) مستانہ چال۔
مور کی سی گردن (ا ر امث) صراحی دار گردن۔ نہایت خوب صورت اور لمبی گردن۔
مور مکٹ (ف امذ) مور کا سا تاج۔
مور ناچنا ناچنا جب اپنے پاؤں دیکھتا ہے تو رو دیتا ہے۔ (ا ر محاورہ) عیب خواہ کیسا ہی قلیل کیوں نہ ہو۔ بُرا معلوم ہوتا ہے۔ اچھوں کو ذرا سا عیب بھی ناخوش کر دیتا ہے۔
مَور (ف امذ) آم کا پھل۔ بُور۔ آم کا شگوفہ۔
مَور آنا (ف) آم کے درخت میں بور آنا۔ شگوفے نکلنا۔
مَور (ف امذ) تاج۔ مکٹ۔ جیغہ۔ کلغی۔ افسر دیہیم۔
مَورا (ف امذ) مور کی تصغیر برائے محبت۔ مرلا۔ پیارا مور۔
مُورت / مُورتی (ف امث) صُورت۔ پتلی۔ لعبت۔ بُت۔ صنم۔ تصویر۔
مُورتی پوجن (ا ر امث) بُت پرستی۔ بتوں کی پوجا۔
مُورِث (ع امذ) وارث کرنے والا۔ وہ شخص جس سے ورثہ یا ترکہ ملے۔ وصیت کرنے والا۔ فارسی میں معنی باعث۔ سبب۔ وجہ۔
مُورثِ اعلیٰ (ع امذ) سب سے بڑا مُورِث۔ جدِّ اعلیٰ۔ وہ سب سے بڑا شخص جس سے ورثہ پہنچا ہو۔ کسی ورثہ کا سب سے پہلا مالک۔ مُورِثِ اوّل۔
مُورِثِ نا سد (ع امذ) نانا
مورچا (ف) آڑ۔ وہ گڑھا جو قلعے کے چاروں طرف کھود دیتے ہیں۔ خندق۔ کھائی۔ وہ فوج جو مورچے پر لڑنے کے لیے رہتی ہے۔
مورچا باندھنا / مورچا بندی کرنا (ف) لڑائی کے واسطے خندق وغیرہ کھودنا۔ لڑائی کے واسطے دمدمہ تیار کرنا۔
مورچا لینا۔ یا۔ مارنا / مورچا جیتنا (ف) دشمن کے مورچے کی جگہ لے لینا۔ جیتنا۔ مقابلہ کرنا۔ لڑنا۔ فتح پانا۔ حجت اور بحث میں غالب آنا۔ تکرار کرنا۔
مورچال (ف امذ) خندق۔ کھائی۔ دمدمہ۔ آڑ۔ وہ گڑھا جو قلعہ لینے کے لیے اس کے چاروں طرف کھود دیتے ہیں۔
مورچہ (ف امذ) مور کی تصغیر۔ چھوٹا چیونٹا۔ چیونٹی۔ زنگ۔ جُر۔ پھپھوندی۔ زنگار۔
مورچہ دوڑنا (ا ر محاورہ) زنگ لگنا۔ پھپھوندی لگنا۔
مورچہ لگنا (ف) زنگ لگنا۔ جُر لگنا۔
مُورچھا (ف امث) بے ہوشی۔ غشی۔ بے خودی۔
مُورچھا کھانا۔ یا۔ آنا (ف) بے ہوش ہونا۔ غش آنا۔ ہوش نہ رہنا۔

غشی طاری ہونا۔

مُورچھاگت (ہ/مث) حالت بے خودی۔ بے ہوشی کی حالت۔

مُورچھت (ہ) بے ہوش۔ بے سُدھ۔

مورچے پر جانا (ا ر محاورہ) لڑائی پر روانہ ہونا۔ دشمن کے مقابلے کے لیے جانا۔

مورچے پر رکھنا (ا) نشانہ بنانا۔ نشانے پر رکھنا۔ سامنے رکھنا۔ مہلک جگہ بھیجنا۔

مُورّخ (ع/مذ) تاریخ لکھنے والا۔ تاریخ نگار۔ وقائع نویس۔ اہل سیر۔

مُؤرّخہ (ع) لکھا ہوا۔ تاریخ ڈالا ہوا۔ محررہ۔ معروضہ۔ مرقومہ۔

مَورِد (ع/مث) پانی پینے کی جگہ۔ چشمہ۔ تالاب۔ جوہڑ۔ اُترنے کی جگہ۔ وارد ہونے کی جگہ۔ جائے نزول۔ فرودگاہ۔

مَورِدِ عنایت یا لُطف و کرم (ع/مث) وہ شخص جس پر خاص مہربانی کی جائے۔

مُورکھ (ہ) بے وقوف۔ احمق۔ جاہل۔ گاؤدی۔ نادان۔ ناواقف۔ مودھو۔

مُورکھ پن (ہ/مذ) بے وقوفی۔ حماقت۔ جہالت۔ نادانی۔ احمق پن۔

مُورکھ سمجھاؤنی (ہ/مث) جاہلوں کو سمجھانے والی۔ مجازاً۔ بید۔ چھڑی۔ چابک۔ کوڑا۔ لاٹھی۔

مُورکھ کی ساری رَین چتر کی ایک گھڑی (ہ/مثل) نادان جس کام پر تمام رات صرف کر دیتا ہے۔ عقل مند اُس کو ذرا سی دیر میں عمدگی سے کر لیتا ہے۔ احمق کی صحبت سے ساری رات میں وہ لُطف نہیں آتا جو کسی دانش مند سے ایک گھڑی میں آ جاتا ہے۔

مورنی (ہ/مث) مور کی مادہ۔

مَورُوث (ع) وراثت میں دیا گیا۔ وارث کیا گیا۔

مَورُوثی (ع) باپ دادا کا۔ جدی۔ آبائی۔ پشتینی۔ نسلی۔

موری (ہ/مث) نالی۔ بدرَو۔ پانی کے نکلنے کی جگہ۔ موکھا۔ مُنہ۔ دھانہ۔ سُوراخ۔ (روزن (فارسی میں انہی معنوں میں مستعمل ہے۔)

موری (ا) یہ نیوزی لینڈ کے باشندوں کا لقب ہے۔ یہ لوگ زیادہ عقلمند ہوتے ہیں۔

موری کی اینٹ چوبارے چڑھی (ہ/مثل) کمینہ کو بڑا درجہ مل گیا۔ سفلہ آدمی کو اعلیٰ رتبہ ملا۔

موڑ (ہ/مذ) گھماؤ۔ چکر۔ پھیر۔ وہ جگہ جہاں سے ایک طرف سے دوسری طرف رستہ پھرے۔ پیچ۔ خم۔ بل۔ پیچ و تاب۔ واپسی۔ لٹاؤ۔

موڑ توڑ (ہ/مذ) پھیر۔ گھماؤ۔ چکر۔

موڑ دینا (ہ) واپس کر دینا۔ پھیر دینا۔ لوٹا دینا۔ بل یا خم دینا۔ خمیدہ کر دینا۔ ہٹا دینا۔ ایک طرف سے دوسری طرف رُخ پھیر دینا۔

موڑنا (ہ) چکر دینا۔ گھمانا۔ پھیر دینا۔ واپس کرنا۔ اُلٹا پھیرنا۔ واپس لانا۔ رُخ بدلنا۔

مُوڑ (ہ/مذ) ایک خاص قسم کا تاج جو دولہا کے سر پر رکھ کر باندھتے ہیں۔ تاج نوشہ۔

مُوڑھ (ہ) نالائق۔ بے وقوف۔ مودھو۔ احمق۔ نادان۔ جاہل۔

مُوڑھا (ہ/مذ) سرکنڈوں کی بنی ہوئی کرسی۔ سرکنڈوں کا پیڑھا۔

مَوزُوں (ع) وزن کیا گیا۔ تُلا ہوا۔ جچا ہوا۔ پھبتا۔ زیبا۔ مناسب۔ واجب۔ حسبِ حال۔ وہ شعر جو بحر اور عروض کے موافق ہو۔ پسندیدہ۔ مقبول۔ سنجیدہ۔

مَوزُوں طبع (ع ف/صف) وہ شخص جس کی طبیعت موزوں ہو۔ جو شخص شعر کہہ سکتا ہو اگرچہ شاعر نہ ہو۔

مَوزُوں کرنا (ا) شعر کو وزن اور بحر سے دُرست کرنا۔ ارکانِ عروض کے موافق کرنا۔ ٹھیک اور دُرست بنانا۔ سڈول اور زیبا کرنا۔

موزنبیق۔ یہ علاقہ افریقہ کے مشرقی ساحل پر ہے۔ موزنبیق سے گرم پانی کی رو گزر کر آب و ہوا کو گرم کرتی ہے۔ اندرونی حصّوں میں گوند، کھالیں اور وائل ہوتے ہیں۔ وہ باہر جاتے ہیں۔

موزُوں ہونا (ا) پھبنا۔ خوشنما معلوم ہونا۔ زیبا ہونا۔ واجب ہونا۔ دُرست ہونا۔ شعر کا بحر اور عروض کے موافق ہونا۔ تُلنا۔ جچنا۔

مَوزُونت } (ع/مث) پھبن۔ زیبائش۔ خوبصورتی۔ دُرستی۔ پسندیدگی۔
مَوزُونیت }

مَوزہ (ف/مذ) جُراب۔ پاؤں میں پہننے کی تھیلی۔ انگریزی جوتا۔ بوٹ۔

مَوزہ ساز (ف/صف) چمڑے کی جرابیں بنانے والا۔ جوتے بنانے والا۔

مَوزہ گیر (ف/مذ) وہ گھوڑا جو اپنے سوار کی ٹانگ کو کاٹے یا موزہ کو مُنہ مارے۔

مَوزے کا گھاؤ رانی جانے یا راؤ }
موزے کا گھاؤ میاں جانے یا پاؤں } (ا/مثل) اندرونی حالات کی خبر اپنے سوا کسی اور کو نہیں ہوتی۔

مَوسا (ہ/مذ) اسی کا خاوند۔ ماں کی بہن کا شوہر۔ خالو۔

مُوسا (ہ/مذ) چُوہا۔ مُوش۔ فار۔

مُوسائی (ا) منسوب بہ مُوسیٰ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پیرو۔ موسیٰؑ کے اُمتی۔ یہودی۔

مُوسِر (ع) دولت مند۔

مُؤسِّس (ع/صف) بنیاد رکھنے والا۔ بانی۔

مُوسَل (ہ/مذ) اناج کوٹنے کا آلہ۔ سونٹا۔

مُوسلا (ہ/مذ) مُوسل کی تصغیر۔ موٹی جڑ۔ اصل۔ چھڑ۔ چھڑی۔ بید۔ چوب۔ عصا۔ مُوسل سے نسبت و تعلق رکھنے والا۔ منسوب بہ مُوسل۔ مُوسل کی مانند۔

مُوسلا دھار (ہ) مُوسل جیسی دھار والا۔ شدت اور زور کا مینہ۔ یہ لفظ عموماً بارش کی صفت میں آتا ہے۔

مُوسلا دھار برسنا۔ یا۔ پڑنا (ہ) شدید بارش ہونا۔ زور کا مینہ برسنا۔

مُوسلوں ڈھول بجانا (ا) ڈھنڈوری پیٹنا۔ کسی بات کی تشہیر پکار پکار کر کرنا۔
مُوسلی (ہ/مث) مُوصل کی تصغیر و تانیث۔ جڑ۔ بیخ۔ اصل۔ مُول۔
مُوسم (ع/مذ) وقت۔ سماں۔ سما۔ ایّام۔ موقع۔ دن۔ زمانہ۔
موسمِ بہار (عف/مذ) بہار کا موسم۔ فصلِ گُل۔ ربیع۔ پھاگن۔ مارچ۔
موسمِ خزاں (عف/صف) پت جھڑ کا موسم۔
موسمِ گُل (عف/مذ) بہار کا موسم۔
موسمی (و/مث) موسم کا۔ رُت کا۔ موقع کا۔ منسوب بہ موسم۔
موس کے کھا جانا (ہ) دغا اور فریب سے کسی کا مال کھا جانا۔ ٹھگ کر کھا جانا۔ لُوٹ کے کھا جانا۔ توڑ مروڑ کر کھا جانا۔
موسنا (ہ) کھوسنا۔ چھیننا۔ چھین کر کھا جانا۔ مال مارنا۔ لُوٹنا۔ دغا اور فریب سے کھا جانا۔ ٹھگ لینا۔ چھل کر کھا جانا۔ چرانا۔
موسا (ہ) دیکھو موسنا۔
مَوسُوم (ع) نام رکھا گیا۔ نشان دیا گیا۔ مخاطب۔ مُلقب۔ منقوش۔ نقش کیا گیا۔
مُوسَوی (ع) منسوب بہ موسیٰؑ۔ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی اولاد۔ نیز حضرت موسیٰ علیہ السلام پیغمبر کے پیرو۔ یہودی۔
مَوسی (ہ/مث) خالہ۔ ماں کی بہن۔
مُوسیٰ (ع/مذ) ایک مشہور پیغمبر کا نام ہے جن پر توریت نازل ہوئی تھی۔ یہودی انھیں کے پیرو ہیں۔ مُو بمعنی تابوت۔ سا بمعنی آب سے مرکب ہے۔ کیونکہ فرعون نے اُن کو دریائے نیل سے پایا تھا۔ اُسترہ۔ بال مونڈنے کا آلہ۔
مَوسیر۔ یا۔ موسیرا (ہ/مذ) موسی کا پُوت۔ ماں کی بہن کا بیٹا۔ خالہ زاد بھائی۔
موسیقار (ف/مذ) ایک پرندے کا نام جس کی چونچ میں بہت سے سوراخ ہوتے ہیں۔ جن سے طرح طرح کی آوازیں نکلتی ہیں۔ قُقنس بھی اُسی کو کہتے ہیں۔ ایک باجے کا نام بھی ہے۔
موسیقی (ع/مذ) راگ کا نام۔ گانے بجانے کا علم۔
موسیو (فرانسیسی/مذ) مسٹر۔ لالہ۔ حضرت میاں صاحب وغیرہ وغیرہ۔
مُوش (ف/مذ) چوہا۔ مُوسا۔ فار۔
موشِ دشتی۔ یا۔ صحرائی (ف/مذ) جنگلی چوہا۔
مُوشّح (ع) بدّھی پہنایا گیا۔ مزیّن۔ زیور سے آراستہ کیا گیا۔
موش خور (ع) چیل یا گِدھ۔
موش خرما (ف) گلہری۔
موشک پرّان (ف/مث) چمگادڑ۔ شپرہ۔
مُوشک دوانی (ف/مذ) ایک آتشبازی۔ چھچھوندر۔ فتنہ انگیزی۔
مُوشک کور۔ یا۔ مُوش کور (ف/مث) چھچھوندر۔
مُوش گیر (ف/مذ) ایک شکاری پرندہ جو چوہے پکڑ کر کھاتا ہے۔

مُوشگافی (ف/مث) باریک بینی۔ بال کی کھال نکالنا۔ چھان بین۔
مُوشی (ف/مذ) جنگلی چوہے کے رنگ کا گھوڑا جو منحوس سمجھا گیا ہے۔
مَوصُوف (ع) تعریف کیا گیا۔ ممدُوح۔ متصف کیا گیا۔ مجازاً۔ مذکور۔ مزبور۔
مَوصُوف اِلیہ (ع/مذ) وہ شخص جس کی تعریف کی گئی ہے۔
مَوصُول (ع/مذ) وہ شخص جس کی تعریف کی گئی ہے۔
موصیٰ } (ع/مذ) وہ شخص جس کو وصیّت کی گئی ہو۔
موصیٰ اِلیہ }
موصیٰ بہ (ع/مذ) وہ چیز جس کے دینے کی وصیّت کی گئی ہو۔
موصی (ع/مذ) وصیّت کرنے والا۔
موصیہ (ع/مث) وصیّت کرنے والی عورت۔
مُوضح (ع/صف) واضح کرنے والا۔ روشن کرنے والا۔
مَوضع (ع/مذ) گاؤں۔ مکان۔ مقام۔
مَوضع وار (عف) گاؤں وار۔ گاؤں کی ترتیب سے۔
مَوضُوع (ع/مذ) وضع کیا گیا۔ رکھا گیا۔ مضمون۔ مُدّعا۔ علم منطق میں وہ مبتدا جو خبر کے مقابل میں ہو۔ بامعنی لفظ۔
مَوطِن (ع/مذ) وطن کی جگہ۔ زاد بُوم۔ جنم بھوم۔ اپنا دیس۔
مَوعِدَت (ع/مذ) عہد و پیمان۔ اِقرار مدار۔ وعدہ و قرار۔
مَوعِظَت (ع/مث) پند۔ نصیحت۔
مَوعُود (ع) وعدہ کردہ شُدہ۔ وہ چیز جس کا وعدہ کیا ہو۔ اِقرار کیا گیا۔
مُوَفَّق (ع) توفیق دیا گیا۔ وہ شخص جس کے لیے خدائے تعالےٰ نے نیکیوں کا سامان مہیّا کر دیا ہو۔ نیکیوں کا سامان دیا گیا۔
مَوفُور (ع) زیادتی کیا گیا۔ بہت۔ بکثرت۔ نہایت۔ ات گت۔ بے انتہا۔
مُوَقَّت (ع) کسی وقت پر منحصر کیا گیا۔
مُوَقّت الشیوع (ع/مذ) ٹھیک وقت پر شائع ہونے والا۔
مُوَقَّر (ع) توقیر کیا گیا۔ عزّت والا۔ معزّز۔ عزّت دار۔
مَوقَع (ع/مذ) جائے وقوع۔ واقع ہونے کی جگہ۔ خاص وقت۔
مَوقع پر (ا) عین وقت پر۔ مناسب وقت پر۔ خاص وقت پر۔
مَوقع پکڑنا (ا/محاورہ) وقت سے فائدہ اُٹھانا۔ موقع ہاتھ سے نہ جانے دینا۔
مَوقع تکنا۔ یا۔ دیکھنا (ا) داؤ گھات میں رہنا۔ وقت کا منتظر رہنا۔
موقع جانے دینا (ا/محاورہ) وقت پر فائدہ نہ اُٹھانا۔ موقع کھو دینا۔
موقع دینا (ا) مناسب وقت دینا۔ مُہلت دینا۔
مَوقع سے (ا) مناسب وقت پر۔ وقت دیکھ کر۔ وقت کے موافق۔ ڈھنگ سے۔

موقع کی (ا) لائق - مناسب - ڈھنگ کی - وقت کی - حسب منشا -
موقع نکل جانا (ا) وقت ہاتھ سے نکل جانا -
موقع واردات (ع / مذ) کسی جرم کے واقع ہونے کی جگہ -
مَوْقِف (ع / مذ) کھڑے ہونے کی جگہ - مقام - مکہ سے دو فرسنگ پر ایک مقام کا نام ہے -
مَوْقُوف (ع) ٹھہرایا گیا - کھڑا کیا گیا - برخاست شدہ - نوکری سے ہٹایا گیا - منسوخ کیا گیا - منحصر - انحصار کیا گیا - ملتوی کیا گیا - ترک کیا گیا - چھوڑا گیا - وہ غیر متحرک حرف جس سے پہلا حرف ساکن ہو - خدا کے نام پر چھوڑا گیا - وقف کیا گیا -
مَوْقُوف الیہ (ع / مذ) وہ شخص جس کے لیے وقف کیا گیا ہو - متولی -
موقوف رکھنا (ا) ملتوی کرنا - کسی پر منحصر کرنا -
موقوف علیہ (ع / مذ) وہ شخص جس پر کسی بات کا فیصلہ منحصر کیا گیا ہو - ثالث - پنچ - منصف -
مَوْقُوف کرنا (ا) علیحدہ کرنا - برطرف کرنا - ملتوی رکھنا - باز رکھنا - کسی پر منحصر کرنا -
مَوْقُوف ہونا (ا) منحصر ہونا - ملتوی ہونا - نوکری سے ہٹ جانا - برخاست ہونا -
مَوْقُوفی (عف / مث) علیحدگی - برطرفی - برخاستگی - معزولی - ڈھیل - توقف - التوا -
مَوْکَش (س / مث) رہائی - نجات - رستگاری - خلاصی - آزادی - چھٹکارا -
مَوْکِب (ع / مذ) اردل کے سوار اور پیادے -
مَوْکَب (ع / مذ) فوج - سپاہ - لشکر -
مُؤَکِّد (ع / مذ) تاکید کرنے والا -
مُؤَکَّد (ع) تاکید کیا گیا -
مُوَکَّل (ع / مذ) وہ شخص جس کے سپرد کوئی کام کیا جائے - امانت دار - محافظ - ذمہ دار - پہرہ - وہ فرشتہ جو کسی کام پر مقرر ہو -
مُوَکِّل (ع / مذ) وکیل کرنے والا - مقدمہ سپرد کرنے والا - اسامی -
موکلا (ہ) کھلا ہوا - کشادہ - کافی - چکتا -
موکو (ہ) مجھے - مجھ کو - میرے تئیں -
موکو نہ توکو لے بھاڑ میں جھوکو (ہ) نہ ہم استعمال کریں نہ تمہیں کرنے دیں - یونہی ضائع ہونے دو - نہ میرے کام کا نہ تمہارے کام کا - جانے دو -
موکھ (ہ / مث) کرنا - گوشہ - ٹکڑا -
موکھا } (ہ / مذ) بڑا سوراخ -
موگھا } روشندان -
موگرا (ہ / مذ) ایک پھول کا نام ہے - بڑی موگری - موسل - توپ کا گنبذ -
موگری (ہ / مث) زمین کوٹنے اور کپڑوں کو کندی کرنے کا آلہ - کلوخ کوب - کوبہ -

مُول (س / مذ) جڑ - بیخ - اصل - بنیاد - پونجی - سرمایہ - زر اصل جس پر سود لیا جائے - جذر - دوسرے درجے کا گھٹاؤ - انیسواں نچھتر جو بے حد منحوس سمجھا جاتا ہے - مضمون کتاب - جد اعلیٰ - نسل - اولاد - بنس - خاندان - کل - دھاتو - مادّہ -
مُول سے بیاج پیارا ہوتا ہے (ہ / محاورہ) اصل مال کی نسبت اس کی آمدنی زیادہ عزیز ہوتی ہے - بیٹے کی نسبت اس کی اولاد زیادہ عزیز ہے -
مُول (ہ / مذ) دام - قیمت - نرخ - بھاؤ -
مُول بڑھانا (ہ / محاورہ) قیمت یا نرخ زیادہ کرنا -
مُول بڑھنا (ہ / محاورہ) قیمت زیادہ ہو جانا -
مُول بنانا (ہ / محاورہ) قیمت طے کرنا -
مُول بننا (ہ) سودا ہونا - قیمت طے ہونا -
مُول پوچھنا (ہ / محاورہ) قیمت دریافت کرنا -
مُول توڑنا (ہ / محاورہ) قیمت گھٹانا -
مُول تول (ہ / مذ) سودا - قیمت کا تعین -
مُول ٹھہرانا - یا - چکانا (ہ) سودا کرنا - نرخ معین کرنا - قیمت چکانا -
مُول دینا (ہ) قیمت دینا - دام لے کر دینا - قیمت ادا کرنا - قیمت بے باق کرنا -
مُول لگانا (ہ) سودا کرنا - نرخ مقرر کرنا - دام لگانا -
مُول لینا (ہ) خریدنا - زر خرید کرنا - غلام بنانا - سودا کرنا - چکانا -
مَولا - یا - مَولیٰ (ع / مذ) آقا - صاحب - مالک - سردار - والی - خدائے تعالیٰ - ایشور - اللہ - داتا - غلام - داس - مددگار - شریک - دوست - معاون - ہمسایہ - پڑوسی -
مَولیٰ علی (ع / مذ) حضرت علی کرم اللہ وجہہ -
مولانا (ع / مذ) فاضل اجل - عالموں اور فاضلوں کا اعزازی خطاب - کبھی مولانا جلال الدین رومیؒ سے مراد ہوتی ہے -
مولائی (ع / مث) سرداری - امیری - شیعی - عورتوں کا نام - مولائے من - میرا آقا - میرا سردار -
مَولِد (ع / مذ) جائے ولادت - پیدائش کی جگہ - جنم بھومی - ولادت گاہ - مسقط الراس -
مَولڑا (ہ / مذ) مول لیا ہوا - زر خرید -
مولسرا (ہ / مذ) بیوی یا میاں کا ممیا خسر -
مولسری (ہ / مث) ایک درخت اور اس کے پھل کا نام ہے - جس کے پھولوں کی خوشبو بھینی بھینی اور بڑی خوشگوار ہوتی ہے - ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس پر مولسری کے پھولوں کے ہم شکل پھول کڑھے ہوتے ہیں -
مُؤَلِّف (ع / مذ) تالیف کرنے والا - جمع کرنے والا - مختلف کتابوں کی مدد سے کتاب بنانے والا -
مُؤَلَّفات (ع / مث) تالیف کی ہوئی کتابیں - مؤلفہ کی جمع -
مُؤَلَّفہ (ع / مث) تالیف کی ہوئی - جمع کی ہوئی - بنائی ہوئی - ترتیب

دی ہوئی۔

مُولِم (ع امذ) درد دینے والا۔ الم دینے والا۔

مولھی (ا/ امذ) دیوانہ۔ بدمزاج۔

مَولنا (ہ) آم کے درخت میں پھول آنا۔ شگوفہ آنا۔ مَور آنا۔ مَول آنا۔ پھُولنا۔

مَولُود (ع امذ) جنا ہوا۔ زائیدہ۔ زادہ۔ جایا۔ جنم دن۔ وقت ولادت۔ پیدا ہونے کا زمانہ۔ حضرت رسول کریمؐ کی ولادت باکرامت کا بیان۔ مجلس میلاد نبی صلی اللہ علیہ وسلم۔ بیٹا۔ لڑکا۔ پُوت۔ فرزند۔ پسر۔

مَولُود خواں (ع امذ) وہ شخص جو حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش کا بیان پڑھ کر لوگوں کو سُنائے۔

مَولُود مسعود (ع امف) خوش نصیب بچہ۔

مَولَوی (ع امذ) منسوب بہ مولا۔ شریعت کی باتوں کا عالم۔ احکام شرعی جاننے والا۔ فقیہ۔ فاضل۔ پکا دیندار۔ متشرع۔ مدرس۔ معلم۔ عالموں فاضلوں کا لقب۔

مُوَلَّہ (ع امذ) والہ۔ شیفتہ۔ عاشق۔ بید مجنوں کا دُوسرا نام۔

مَولیٰ (ع امذ) اللہ تعالےٰ۔ خدا۔ رب۔ ایشور۔ پرمیشور۔ داتا۔

مولیٰ بھلا کرے گا (ا) فقرا کی دُعا۔ اللہ نیک بدلہ دے گا۔ ثواب دے گا۔

مَولی (ہ امث) سُرخ و سفید رنگا ہوا۔ کچا سُوت۔ جو شادی کے موقعہ پر ساچق کے ساتھ جایا کرتا ہے۔ ڈوری۔

مُولی (ہ امث) ایک قسم کی جڑ کا نام ہے جس کو کھاتے اور ترکاری بناتے ہیں۔

مُولی اپنے ہی پتّوں بھاری (ہ/ مثل) اپنا ہی بوجھ نہیں اُٹھتا۔ دوسرے کی خبر کیا لیں گے۔

مُولی کے چور کو سُولی (ا/ مثل) چھوٹے جرم پر بڑی سزا۔

مولی گاجر کی طرح (ا/ متعلق فعل) نہایت بے قدری سے۔

مُولیا (ہ امذ) مول نچھتر کی پیدائش۔ نہایت منحوس طالع۔

مَولیرا (ہ امذ) ماموں زاد بھائی۔

موم (ف امذ) ایک قسم کا چکنا اور نرم مادہ جسے شہد کی مکھیاں شہد کے ساتھ جمع کیا کرتی ہیں۔ تشبیہاً نہایت نرم اور ملائم چیز۔

موم بتّی (ا/ امث) مومی شمع۔ وہ بتی جو موم کے مرکب سے بنائی گئی ہو۔

موم تو نہیں ہو کہ پگھل جاؤ گے (ا/ محاورہ) ایسے نازک اور نامرد نہ بنو کہ ذرا سے کام میں مرجاؤ۔

موم جامہ (ا/ امذ) ترپال۔ مومی کپڑا۔ وہ کپڑا جس پر موم کا روغن ہوا ہو۔

موم دل (ا) نرم دل والا۔ رحمدل۔ ترس کھانے والا۔ دیالو۔

موم روغن (ا/ امذ) ایک قسم کا تیل جو موم اور چنبیلی کے تیل سے بنتا ہے۔

موم کا (ا) موم کا بنا ہوا۔ نہایت نرم۔ بہت نازک۔ اور ملائم۔ موم کی طرح۔ موم کی مانند۔

موم کرنا (ا) نرم کرنا۔ سختی دُور کرنا۔ پگلانا۔ ملائم کرنا۔ نرم دل کرنا۔ گلانا۔ پانی کرنا۔

موم کی مریم (ا/ امث) نہایت نازک عورت۔

موم کی ناک (ا) متلون مزاج۔ غیر مستقل۔ ہر ایک کے کہنے پہ چلنے والا اور اپنے پہلے قول کا پاس نہ کرنے والا۔

موم ہو جانا (ا) رحمدل ہو جانا۔ پگھل جانا۔ ملائم ہو جانا۔

مُومِن (ع امذ) ایمان والا۔ ایمان دار۔ ایمان لانے والا۔ سچا مسلمان۔ حکیم مومن علی خان دہلوی کا تخلص۔ مجازاً شیعوں کا لقب۔

مومنا (ا) نہایت نازک۔ موم جیسا۔ بہت ہی نازک۔

مومنا چومنا (ا) نہایت نرم و نازک۔

مومنین (ع امذ) مومن کی جمع۔

مومی (ف) منسوب بہ موم۔ موم کا بنا ہوا۔

مومی چھینٹ (ا/ امث) نہایت نرم اور ملائم چھینٹ۔

مومی شمع (ا/ امث) موم کی بنی ہوئی بتی۔

مومی موتی (ا/ امذ) ایک قسم کا چھوٹا موتی۔ جو موم کی لاگ سے بنایا جاتا ہے۔

مومیٰ (ع) ایماکیا گیا۔ اشارہ کیا گیا۔

مومیٰ الیہ (ع امذ) وہ شخص جس کی طرف اشارہ کیا جائے۔

مُومیا (ع/ ف امذ) مسالہ لگی اور سُوکھی ہوئی لاش۔ موم کی شکل کی بنی ہوئی سیاہ چکنائی جو چوٹ یا حضر سبر کے موقع پہ دُودھ میں پلاتے ھیں۔ انگریزی خواں ممی کہتے ہیں۔

مومیائی (ف امث) ایک دوا کا نام ہے جو سیاہ رنگ کی موم کی مانند اور چکنائی دار ہوتی ہے۔ اور چوٹ اور زخم کے واسطے بڑی مفید اور سُودمند ہے۔

مومیائی نکالنا (ا) تیل نکالنا۔ سخت محنت لینا۔ چربی نکالنا۔ بہت سخت مارنا۔

مَون (س امذ) خاموشی۔ چُپ۔

مَون برت (س امذ) چُپ رہنے کا وعدہ۔ خاموشی کا وعدہ۔

مونٹی ویڈیو۔ ملک یوروگوئے کا دارالحکومت پہاڑ کے میدان میں واقع ہے۔ منجمد گوشت، اُون اور کھالیں باہر جاتی ہیں۔

مَون سادھنا (ہ) چُپ رہنا۔ خاموشی اختیار کرلینا۔

مَونا (ہ امذ) بڑا برتن۔ گھڑا۔ مٹکا۔ گول ٹوکرا۔ سانپ کا پٹارا۔

مُونا (س) مرنا۔ فوت ہونا۔ اِنتقال کرنا۔

مَونا رانی (ہ امث) چُپ رہنے والی عورت۔ خاموش ملکہ۔

مَونتا (س امث) خاموشی۔ چُپ۔

مُؤنث (ع) مادہ عورت۔ اِستری۔ نر کی ضد۔ مادین۔ زنانہ۔

مُونج (ہ امث) ایک قسم کی گھاس جس کی رسیاں بٹتے ہیں۔

مونج کا بان (ہ/مذ) مونج کی بٹی ہوئی رسیاں جن سے چارپائیاں بُنتے ہیں۔

مُونجھ / مُونجھا (ہ/مذ) مولشیوں کی ایک بیماری کا نام ہے جو اُن کی آنکھ کے نیچے غدود سا ہو کر پھوٹ جاتا ہے۔ اور سیاہ رنگ کا خون بہنے لگتا ہے۔

مُوندنا (ہ) بند کرنا۔ ڈھانپنا۔ معمُور کرنا۔ بند کرنا۔

مُونڈ (ہ/مذ) سر۔ سیس۔ منڈیا۔

مُونڈ کر کھانا (ہ/ا/محاورہ) لوگوں کی حجامت بنا کر روزی کمانا۔ لُوٹ کر کھانا۔

مُونڈ مارنا (ہ/ا/محاورہ) گردن مارنا۔ سر کاٹنا۔ قتل کرنا۔

مُونڈ مُنڈانا (ہ) حجامت کرانا۔ فقیری لینا۔ منحصر ہونا۔ انحصار کرنا۔

مُونڈا (ہ/صف) مُنڈا ہوا۔

مُونڈن (ہ/مث) ایک خاص رسم کا نام ہے جس میں ساتویں دن بچے کے سر کے بال منڈاتے ہیں۔ ہندوؤں کی ایک رسم بھی ہے جس میں پہلے پہل کسی دیوتا کے مندر میں لڑکے کے بال منڈواتے ہیں۔

مُونڈنا (ہ) حجامت کرنا۔ خط بنانا۔ مُرید کرنا۔ چیلا بنانا۔ تلقین کرنا۔ ہدایت کرنا۔ شاگرد بنانا۔ رہنمائی کرنا۔ لُوٹنا۔ فریب دے کر مال مارنا۔ تباہ کرنا۔ دھوکے سے لے لینا۔ برباد کرنا۔

مونڈھا (ہ/مذ) کندھا۔ شانہ۔ دوش۔ کتف۔ کرسی۔ چوکی۔ سٹول۔

مونڈھنے والی (ہ/مث) رنڈی۔ کسبی۔ پاتر۔ پیشہ کرنے والی۔

مُونڈی (ہ/مث) مونڈ کی تصغیر۔ سر۔ منڈیا۔ مونڈی ہوئی۔ ستردہ۔

مُونڈی بھیڑ (ہ/ا/مث) وہ بھیڑ جس کے بال کٹے ہوئے ہوں۔ مفلس۔

مونڈی کاٹا (ہ) سر بُریدہ۔ سرکٹا۔ بن سر (کلمۂ نفرین) مُوا۔ مرن جوگا۔ واجب القتل۔

مُونِس (ع/مذ) اُنس رکھنے والا۔ محبت کرنے والا۔ دلی دوست۔ غم خوار۔ ساتھی۔ ہمدم۔ رفیق۔ آرام دینے والا۔ میر انیس کے چھوٹے بھائی میر نواب مرثیہ گو ولد میر مستحسن لکھنوی کا تخلص بھی ہے۔

مُونِس تنہائی (ع ف/مذ) تنہائی کا ساتھی۔ خلوت کا دوست۔ غم بٹانے والا۔

مُونگ (ہ/مث) ماش کی قسم کا ایک غلّہ جس کی دال دلتے ہیں۔

مُونگ مُوٹھ میں چھوٹا بڑا کون (ہ/مثل) برادری میں سب ہی برابر ہیں۔

مونگ پلاؤ (ہ/ا/مذ) مونگ اور چاولوں کی کھچڑی۔

مونگ پھلی (ہ/مث) مونگ کی پھلی جس سے دانے نکلتے ہیں۔ ایک قسم کا میوہ جس کی پھلیوں سے بادام کے سے دانے نکلتے ہیں۔

مُونگ چھاتی پر دلنا (ہ/ا/محاورہ) غیرت دلانا۔ عذاب دینا۔ کسی کے سامنے ایسا کام کرنا جو اُسے سخت ناگوار ہو۔

مونگ سونگھنی نار بکرے کھا وے چار (ہ/مثل) مکّار اور فریبی عورت کی نسبت بولتے ہیں جو بظاہر تو بھلی مانس مگر درحقیقت بدمعاش اور دھوکے باز ہو۔

مونگ کی دال (ہ/مث) دلے ہوئے مُونگ۔

مونگ کی دال کھانے والا (ہ/مث) مجازاً بودا۔ ڈرپوک۔ بُزدل۔ گوشت نہ کھانے والا۔

مُونگا (ہ/مذ) مرجان۔ ایک قسم کا درخت جو سمندر میں پیدا ہوتا ہے۔ دراصل سمندری کیڑوں کے گھر ہوتے ہیں۔

مُونگیا (ہ/مذ) دھانی رنگ۔ ایک قسم کا ہلکا سبز رنگ۔

مونگے کی جڑ (ہ/مث) بیخ مرجان۔

مُونہہ (ہ/مذ) دیکھو مُنہ۔

مُونہاں (ہ/مذ) گھوڑے کی ایک بیماری کا نام ہے۔ جس میں مُنہ کے اندر چھالے پڑ جاتے ہیں۔

مَونی (ہ/مذ) چپ چاپ آدمی۔ جوگیوں کا ایک خاموش رہنے والا فرقہ۔ ٹوکری۔ پوٹیا۔

مَوہ (س/مث/مذ) پیار۔ محبت۔ نیہ۔ پریت۔ عشق۔ پریم۔ فریفتگی۔ لاڈ۔ ناز۔ لوبھ۔ خواہش۔ جادو۔ ٹونا۔ منتر۔ سحر۔ افسوں۔

موہ جانا (ہ) عاشق ہو جانا۔ فریفتہ ہو جانا۔ مفتون ہو جانا۔

موہ رُوپی (ہ) دلفریب صورت والا۔ دھوکے میں ڈالنے والا۔ صورت دکھا کر فریفتہ کر لینے والا۔

موہ کرنا (ہ/ا/محاورہ) لبھانا۔ پیار کرنا۔

موہ لینا (ہ) عاشق کر لینا۔ مائل کر لینا۔ لبھا لینا۔

موہ میں آنا (ہ/ا/محاورہ) فریفتہ ہونا۔

موہِب (ع) بخشنے والا۔ عطا کرنے والا۔ دان کرنے والا۔ ہبہ کرنے والا۔ خیر و خیرات کرنے والا۔

مَوہَب (ع/مث) بخشش۔ خیرات۔

مَوہِبَت (ع/مث) بخشش۔ عطا۔ نذر۔ بھینٹ۔ نعمت۔

مَوہِبَت عُظمیٰ (ع/مث) بہت بڑی بخشش۔ بہت بڑی نعمت۔

موہت (س) جادو سے مُوا ہوا۔ شیدا۔ والہ۔ عاشق۔ بے ہوش۔ بے حس و حرکت۔

موہن (س) موہنے والا۔ لبھا لینے والا۔ فریفتہ کرنے والا۔ جادو سے بس میں کرنے والا۔ دلفریب۔ نہایت خوبصورت۔ عربی میں سست کرنے والا۔

موہن بھوگ (ہ/مذ) پرشاد۔ کڑاہ۔ حلوے کی ایک قسم۔

موہن لتا (ہ/مذ) ایک قسم کا پودا جس کی بابت مشہور ہے کہ اس میں فریفتہ کرنے کی خاصیت ہے۔

موہن مالا (ہ/مث) سونے یا مونگے یا موتیوں کا کنٹھا۔ کنٹھی۔

موہنا (ہ) عاشق کر لینا۔ فریفتہ کر لینا۔ لبھانا۔ بس میں کرنا۔ جادو کرنا۔ ٹونا کرنا۔

موہنی (س/مث) دلربا۔ دلفریب۔ نہایت ہی خوبصورت عورت۔

موہنے والی - ساحرہ - جادوگرنی - پیاری - دلربائی - دلبری - دلفریبی -

مَوہُوب (ع) ہبہ کیا گیا - بخشا گیا - عنایت کیا گیا -

مَوہُوب الیہ (ع امذ) جس کے نام ہبہ کیا گیا ہو -

مَوہُوم (ع) وہم کیا گیا - وہمی - فرضی - خیالی - قیاسی -

مَوہُومی (عف امث) خیالی - فرضی - وہمی -

مُوئی (ہ امث) مری ہوئی - مُردہ - نگوڑی - اُجڑی - خانہ خراب -

موئی جُون (ہ امث) نہایت غریب اور مسکین - شکستہ قدم - سست الوجود - کاہل -

موئی کیوں کہ سانس نہ آیا (ہ امثل) زندگی دم کے ساتھ ہے - جہاں دم نکل گیا آدمی مر گیا - مشکل تو یہی ہے کہ مصیبت میں پھنس گیا -

موئی مائی ٹوٹی سگائی (ہ اکہاوت) بزرگوں کے دم کو سارے رشتے ہیں - جہاں بزرگ مر گئے سب رشتے منقطع ہو گئے -

موئی مٹی (ہ امث) مُردہ لاش - میت - نعش - متوفی - مرا ہوا - مرحوم - مغفور -

موئی مٹی کی نشانی (و امث) مرے ہوئے باپ یا ماں کی اولاد - مرے ہوئے آدمی کی نشانی -

مُوئے (ہ امذ) مُوا کی جمع - نگوڑے - بدبخت - بے نصیب - خانہ خراب - مر گئے - فنا ہو گئے -

مُوئے باپ کی بڑی بڑی آنکھیں (ہ امثل) مرے ہوئے رشتہ دار کی حد سے زیادہ تعریف کیا کرتے ہیں -

موئے پر تین دن بھاری (امثل) مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق مُردے سے تین دن تک اعمال کی پوچھ گچھ ہوتی رہتی ہے -

موئے مُردے پر سو دُرّے (ا) مرنے کے بعد بھی قابلِ سزا ہے - مصیبت پر مصیبت آئی ہے - مرے کو مارے شاہ مدار -

موئے جیتے (ہ امذ) مرے ہوئے اور جیتے رشتہ دار -

موئے جیتے اکھاڑ ڈالنا (ہ) کسی کے مُردوں اور زندوں کے عیب ظاہر کرنا -

موئے شیر سے جیتی بلی بھلی (امثل) مرے ہوئے زور آور سے کمزور زندہ بہتر ہے - ادنیٰ زندہ آدمی اعلیٰ مُردہ شخص سے بہتر ہے -

مُوئے کا کوئی نام نہیں جیتے کا سب کوئی (ہ امثل) زندہ کی سب خوشامد کرتے ہیں - مُردہ کا کوئی نام بھی نہیں لیتا -

مُوئے کی قبر اور جیتے کا گھر (امثل) ہر شخص اپنے ٹھکانے ہی آرام سے رہتا اور زیب دیتا ہے - یعنی مُردے کو قبر میں اور زندہ کو گھر میں آرام ہے -

مُوئے (ف امذ) بال - مُو - اضافت یا صفت کے وقت کسرہ اضافی یا توصیفی کے بجائے یائے مجہول زیادہ کر دیتے ہیں - جیسے موئے سر - موئے مُبارک وغیرہ -

موئیا (ہ امذ) کچے سُوت کا لچھا - سُوت کی چھوٹی انٹی -

موئیا سا پیٹ (ا امذ) نہایت نرم اور نازک پیٹ -

موئیدن (ف) مُردے پر نوحہ کرنا -

مُؤیِّد (ع) تائید کرنے والا - مددگار - مدد کرنے والا -

مُؤیَّد (ع) تائید کیا گیا - حمایت کیا گیا - مدد کیا گیا -

مَویز (ف امذ) ایک قسم کے بڑے بڑے سوکھے ہوئے انگور - داکھ - بڑی کشمش -

مَویز منقّیٰ (ع امذ) بیج نکال کر صاف کی ہوئی داکھ -

مویشی (ع امذ) مواشی کا جمع ماشیہ کا امالہ ہے - ڈنگر ڈھور - چوپائے - گائے بھینس وغیرہ -

مویشی آوارہ ہونا (ا امحاورہ) مویشی کا اپنا ٹھکانہ چھوڑ کر ادھر ادھر چلا جانا -

مویشی خانہ (ف امذ) ڈنگر باندھنے کا مکان - باڑا - کھڑک - احاطہ -

م - ہ

مِہ (ف) بڑا - کلاں - سردار -

مہ آباد (ف امذ) پارسیوں کے سب سے بڑے اور سب سے پہلے پیغمبر کا نام ہے جس پر کتاب دساتیر نازل ہوئی -

مَہ (ف امذ) ماہ کا مخفف - چاند - چندرماں - قمر - مہینہ - ماس -

مَہ پارہ (ف) چاند کا ٹکڑا - نہایت خوبصورت معشوق -

مَہ جبین - یا - مہ رُو (ف) چاند سے مکھڑے والا - چاند کی سی پیشانی والا - خوبصورت - حسین - معشوق -

مہ لقا (فع امذ) چاند کی شکل والا معشوق -

مَہا (س) بزرگ - بڑا - اعلیٰ - معزز - کلاں - عظیم - شریف - خاندانی -

مَہا اپرادھ (س امذ) گناہ بزرگ - گناہ کبیرہ - بڑا بھاری پاپ -

مَہا اشٹمی (ہ امث) نوراتروں کی آٹھویں تاریخ - دُرگا اشٹمی -

مَہا اُوت (ہ) پرلے درجے کا بے وقوف - نہایت احمق -

مَہا برہمن (ہ امذ) اچارج - مُردے کا دان لینے والا - بُرا بامن - ہندو مُردوں کی کریا کرم کرنے والا -

مَہابلی (ہ) بڑی طاقت والا - بڑا طاقتور - شہ زور - نہایت زبردست -

مَہا بھارت (س امذ) معرکہ عظیم - بڑی بھاری لڑائی - وہ جنگِ عظیم جو کوروں اور پانڈوں میں کروکھیتر کے مقام پر اٹھارہ دن تک رہی - منظوم کتاب مصنفہ ویاس دیوجی کا نام -

مَہا بھاگ (ہ امذ) بڑا خوش نصیب -

مَہا بیر (س امذ) بڑا بہادر - بڑا سور بیر - ہنومان جی کا خطاب -

مَہا پاپ (ہ امذ) بڑا بھاری گناہ - گناہ کبیرہ -

مہا پاپی (ہ/مذ) سخت گناہگار۔ بدکار۔ فاسق۔
مہا پرشاد (س/مذ) متبرک کھانا۔ دیوتا کا بھوگ۔
مہا پُرش (س) بھگت۔ مہاتما۔ مقدس۔ معصوم۔ (مجازاً) بدمعاش۔ شریر۔ چالاک۔ پانچوں عیب والا۔
مہا پکشی (س/مذ) اُلّو۔ بُوم۔ مُچغد۔
مہا پُورا (ہ) سب گنوں پُورا۔ چلتا پُرزہ۔ آٹھوں گانٹھ کمیت۔
مہا پرلے (س/مث) قیامت کبریٰ۔ دُنیا کے فنا ہونے کا دن۔ جو ہندوؤں کے خیال کے مطابق تینتالیس ارب بیس کروڑ برس کے بعد واقع ہوتا ہے۔
مہاتل (س/مذ) زمین کا پانچواں طبقہ۔ پانچواں پاتال۔
مہاتم (ہ/مذ) مہاآتما کا مخفف۔ بڑائی۔ عظمت۔ ثواب۔ اجر۔ نیک بدلہ۔ نیک اجر۔
مہاتما (ہ/مذ) ولی۔ نیک آدمی۔ نیک۔ اچھا۔ سعید۔
مہاجات (ع/مث) باہمی ہجوگوئی۔
مہاجال (ہ/مذ) مچھلیاں پکڑنے کا بڑا جال۔
مہاجن (ہ/مذ) بڑا آدمی۔ ساہوکار۔ سوداگر۔ بیوپاری۔ خزانچی۔ صرّاف۔ دولت مند۔ غنی۔
مہاجنتر (ہ/مذ) بڑا تالا۔ بڑا قفل۔ کلوں کا کارخانہ۔ جرِ ثقیل کا کارخانہ۔
مہاجنی (ہ/مث) ساہوکاری۔ سوداگری۔ بنج بیوپار۔
مہاجنی پرچہ۔ یا۔ چِٹھی (ہ/مذ/مث) ہنڈی۔ چیک۔ کاغذ زر۔
مہادنت (س/مذ) ہاتھی یا سؤر کا دانت۔
مہادھات (ہ/مث) سب دھاتوں سے اعلیٰ دھات۔ مجازاً سونا۔ طلا۔ زر۔
مہادھن (ہ/مذ) سونا۔
مہادیو (ہ/مذ) بڑا دیوتا۔ شیوجی۔ مہیش۔ ہندو مراد حضرت آدمؑ سے لیتے ہیں۔
مہاڈول (ہ/مذ) ایک قسم کی پالکی۔ بڑا اور عمدہ ڈولا۔ محمل۔
مہاراج (ہ/مذ) بڑے راج والا۔ بڑا راجہ۔ قیصر۔ شہنشاہ۔ برہمنوں اور عالی خاندان والوں کا خطاب۔ حضرت۔ جناب۔ خداوند۔
مہاراجہ (ہ/مذ) بڑا بادشاہ۔ بڑا راجہ۔ قیصر۔ شہنشاہ۔ خاقان۔
مہاراجہ اَدھِراج (ہ/مذ) راجاؤں کا راجہ۔ سب سے زبردست راجہ۔ تمام راجاؤں کا سردار۔
مہارانی (ہ/مث) ملکہ معظمہ۔ بڑے مرتبے کی عورت۔ لیڈی۔ بیگم وغیرہ۔
مہاسبھا (ہ/مث) بڑی انجمن۔ کھانے کا بڑا کمرہ۔
مہاسنگھ (ہ) گنتی کا سب سے بڑا اور آخیری درجہ۔ یعنی سو کروڑ ارب۔ مُردے کی کھوپڑی۔
مہاشا (ہ/مذ) کرشن جی کے ایک بیٹے کا نام۔
مہاشیر (ہ/مث) ایک قسم کی عمدہ بڑی مچھلی۔

مہاکالی (س/مث) پاربتی۔ شیوجی کی استری۔ دُرگا دیوی۔
مہاکوپ (س/مذ) گہرا کنواں۔ بڑا کنواں۔
مہاکوڑھ (ہ/مذ) بڑا جذام۔ وہ کوڑھ جس سے آدمی کا تمام بدن بگڑ جائے۔
مہامائی (ہ/مث) درگا دیوی۔ دیبی ماتا۔
مہامنتری (س/مذ) وزیرِ اعظم۔ صدرِ اعظم۔ مدارالمہام۔
مہانومی (ہ/مث) دُرگا دنومی۔ نوراتروں کی نویں تاریخ۔ ماہِ اسوج کے شدی پاکھ کی نویں تاریخ۔
مہابت (ع/مث) ڈر۔ خوف۔ دہشت۔ بھئے۔ رُعب۔ ہیبت۔ شان وشکوہ۔ جاہ وحشم۔ غصّہ۔ جلال۔ غضب۔ سنجیدگی۔ متانت۔ تمکنت۔
مہاجر (ع/مذ) ہجرت کرنے والا۔ اپنے اقربا اور گھر سے جُدا ہونے والا۔ ایک جگہ چھوڑ کر دُوسری جگہ چلا جانے والا مُسافر۔ وہ لوگ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مکّہ سے مدینہ چلے گئے۔
مہاجرت (ع/مث) جُدائی۔ ہجرت۔ مُفارقت۔ ایک جگہ سے دُوسری جگہ جا بسنا۔ ترکِ وطن۔ علیحدگی۔ بچھوہا۔ دُوسرے دیس میں جا رہنا۔
مُہار (ف/مث) اُونٹ کی نکیل۔
مہاراشٹر (ہ/مذ) مرہٹوں کا وطن جو مُلک دکن میں ہے۔ یعنی ملک برار علاقہ نظام کا بڑا حصّہ۔ اِحاطہ بمبئی کا جنوبی حصّہ۔ ممالک متوسط۔
مَہارت (ع/مث) مشق۔ کثرت۔ ربط۔ عادت۔ خُو۔ لیاقت۔ دخل۔ پہنچ۔ رسائی۔ علم۔ شعور۔ سلیقہ۔ گُن۔ اُستادی۔ کاریگری۔ تیزدستی۔ چابک دستی۔
مُہارنی (ہ/مث) لڑکوں کو پہاڑے اور گنتی یاد کرانے کا طریقہ جس میں ایک لڑکا پہلے کہتا ہے اور باقی سب اُس کے ساتھ کہتے ہیں۔
مُہاسا (ہ/مذ) جوشِ جوانی کی پھنسی۔ وہ دانے جو جوانی کے آغاز میں مُنہ پر نکل آتے ہیں۔
مُہاسے نِکلنا (ہ) چہرے پر جوشِ جوانی کے سبب سے پھنسیاں نکلنا۔
مہال (ہ/مث) مھو بمعنی شہد اور آل بمعنی جگہ۔ شہد کی مکھیوں کا چھتّا۔
مَہالِک (ع/مث) مُہلکہ کی جمع۔ ہلاک ہونے کی جگہ۔ خطرناک مقام۔ ہلاکت کے موقع۔
مَہامّ (ع/مذ) مہم کی جمع۔ مُہمّیں۔ دشوار کام۔ بڑے بڑے معاملات۔ بڑے بڑے کام۔
مہاماتر (س/مذ) مہاوت۔ فیلبان۔
مہانا (ہ/مذ) دریا کا دہانہ۔ دریا کا مُنہ۔
مہاندی۔ دکن کا دریا جو امرکنٹک پہاڑیوں سے نکلا ہے اور دہانہ پر ڈیلٹا بناتا ہوا خلیج بنگال میں گرتا ہے۔ ۵۲۰ میل لمبا ہے۔

مہاوت (ہ/مذ) ہاتھی بان - فیلبان - مہاماتر۔
مہاوٹ (ہ/مث) ماگھ کے مہینے کی بارش - جاڑے کی بارش۔
مہاوٹ برسی اور ساڑھی برسی (ا/مثل) ماگھ کے مہینے میں بارش ہونے سے فصل بہت اچھی ہوتی ہے۔
مہاوڑ (ہ/مذ) ایک قسم کا سُرخ رنگ جو لاکھ سے تیار کیا جاتا ہے۔
مہاوڑ کی ٹکیا (ہ/مث) سُرخ رنگ میں بھگوئی ہوئی روئی کی گدی۔
مَہْبَط (ع) اُترنے کی جگہ۔
مہت (س) بڑا - بزرگ - اہم - معزز - عالی قدر (مؤنث) بڑائی - بزرگی - ناز - پیار - لاڈ۔
مہتا (ہ/مذ) سردار - بڑا آدمی - زمیندار - منشی - کاتب - محرر۔
مہتاب (ف/مث) چاندنی - چاند کی روشنی - (مذکر) چاند - قمر - ایک قسم کی آتشبازی۔
مہتاب چھوٹنا (ا/محاورہ) ہوائی اُڑنے لگنا۔
مہتابی (ف/مث) ایک قسم کی آتشبازی - بادلہ - زرلفت - زری - بڑا اُونچا - کٹہرے دار چبوترہ۔
مہتاری (ہ/مث) والدہ - ماتا - ماں - مائی۔
مہتدی (ع) سیدھے راستے پر چلنے والا - ہدایت یافتہ۔
مہتر (ف/مذ) بزرگ - سب سے بڑا - سردار - آقا - مالک - حاکم - مخدوم - سرگروہ - سرغنہ - بھنگی - خاکروب - چوہڑا - چمار - موچی - سرائے کا بھٹیارا - بھٹیارا۔
مہترانی (ہ/مث) بھنگن - خاکروبہ - حلالخوری - بھٹیاری - چماری - چمار قوم کی عورت۔
مہتاب دُلہن (ف/مث) چاند جیسی دُلہن۔
مہتمم (ا/مذ) بندوبست کرنے والا - اہتمام کرنے والا - منتظم - منیجر - نگراں۔
مہتمم (ع) سپرنٹنڈنٹ - نگہبان - پیش کار۔
مہتمم اخبار (ا/مذ) اخبار کا اہتمام کرنے والا - اخبار کا ایڈیٹر۔
مہتمم بندوبست (ا/مذ) محکمۂ بندوبست کا نگراں - منصرم۔
مہتمم مطبع (ا/مذ) چھاپہ خانہ کا منیجر - نگران مطبع۔
مہجور (ع) چھوڑا گیا - ہجراں زدہ - ہجر کا مارا ہوا۔
مہجوری (عف/مث) جُدائی - علیحدگی - فراق - ہجر - ہجرہ۔
مہد (ع/مذ) پنگوڑا - پالنا - جھولنا - گہوارہ - بستر - بچھونا - مجازاً ڈولا - پالکی - سکھپال - مسہری وغیرہ - پردے کی سواریاں۔
مہد سے لحد تک (ا/متعلق فعل) بچپن سے مرتے دم تک۔
مہدِ علیا - یا - ستر کبریٰ (ع/مث) بڑا پردہ - اُونچے ڈولے والی عورت - پردہ دار - تعظیماً بادشاہوں یا امیروں کی بیگمات کے لیے اُن کے نام کے بجائے یہ لفظ استعمال ہوتے ہیں۔
مہدی (ع/مذ) رہنما - ہدایت کرنے والا - مسلمانوں کا بارھواں امام جس کا ظہور قرب قیامت ہوگا۔

مُہذّب (ع) تہذیب یافتہ - شائستہ - آراستہ - عیبوں سے پاک - نیک خصلت - خوش اخلاق - تعلیم یافتہ - ثقہ - خلیق۔
مہر (ع/مذ) حق زوجیت - کابین - وہ روپیہ یا جنس جو مسلمانوں کے نکاح کے وقت مرد کے ذمّہ عورت کو دینا مقرر کیا جاتا ہے۔
مہر باندھنا (ا) مہر کا روپیہ مقرر کرنا۔
مہر بخشنا (ا) زوجیت کا روپیہ معاف کر دینا۔
مہر شرعی (ع/مذ) وہ مہر جو شرع محمدی کے مطابق باندھا جائے یہ مرد کی حیثیت اور مقدور کے موافق ہوتا ہے - مگر آج کل اس کے خلاف عمل ہے۔
مہر فاطمہ (ع/مذ) کم سے کم مہر جو حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کا مقرر ہوا تھا۔
مہر مثل (ع/مذ) وہ مہر جو عورت کے باپ کے خاندان میں مروج ہو اور دیا جائے۔
مہر معجّل (ع/مذ) وہ مہر جو نکاح کے ساتھ ہی خلوت سے پہلے ادا کیا جائے۔
مہر مؤجّل (ع/مذ) وہ مہر جو کسی اور وقت بعد طلاق ادا کیا جائے - غیر معجّل مہر۔
مہر نامہ (عف/مذ) کابین نامہ - نکاح نامہ - وہ کاغذ جس پر نکاح کے متعلق شہادت اور مہر کی تعداد درج ہو۔
مِہر (ف/مث) محبت - پریت - دوستی - اتحاد - اُلفت - پریم - پیار - اخلاص - ہمدردی - رحم - ترس - دیا - ممتا - مادری اُلفت - لہر بہر - اوج موج (مذکر) سورج - آفتاب - شمس - شمسی مہینوں میں سے ساتویں مہینے کا نام ستمبر کا مہینہ - ماہ اسوج - خزاں کا پہلا مہینہ ہر شمسی مہینے کی سولھویں تاریخ۔
مہر کرنا (ا) رحم کرنا - عنایت کرنا - ہمدردی کرنا۔
مہر ہے پر دودھ نہیں (ا/مثل) نرمی - خاطرداری - دینا لینا کچھ نہیں۔
مُہر (ف/مث) چھاپ - کسی چیز پر کھدا ہوا نام - خاتم - اشرفی سونے کا ایک سکّہ۔
مہر اُٹھنا (ا) مہر کا روشن ہونا - مہر کے نقوش کا نمایاں ہونا۔
مہر بردار (ف/مذ) وہ معتبر شاہی ملازم جس کے پاس بادشاہی مہر رہتی ہے - محافظ مہر۔
مہر بر لب (ف/مث) خاموشی۔
مہر بند (ف/صف) جس پر مہر لگا کر بند کر دیا گیا ہو۔
مہر ثبت کرنا (ا/محاورہ) مہر لگانا۔
مہر حاکم - یا - مہر منصبی (ع/مث) مہر عدالت۔
مہر خاص - یا - مہر دستی (ف/مث) انگوٹھی کی مہر - چھاپ - مندری۔
مہر سلیمان (ف/مث) حضرت سلیمان علیہ السلام کی مہر جس پر اسم اعظم کندہ تھا۔

مہرِ شاہی (ف/مث) بادشاہی مُہر۔ گورنمنٹ کی مُہر۔
مُہرِ شفاف (ف) اگنڈہ جو عامل لوگ گلے میں پہناتے ہیں۔
مُہر کرنا۔ یا۔ لگانا (ر) کاغذ پر چھاپ لگانا۔ مُہر چسپاں کرنا۔ بند کرنا۔ سربند کرنا۔ تصدیق کرنا۔ گواہی کرنا۔ ٹکٹ لگانا۔
مُہرکَن (ف/مذ) مُہر کھودنے والا۔ حکاک۔
مُہر نامہ (ف/مث) وہ مُہر جو اعتبار کے واسطے کاغذ کی پیشانی پر لگا دیتے ہیں۔ مُہر پیشانی۔ مُہر حکم نامہ۔
مُہرِ نبوّت (ع/مث) وہ نقش جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دوشِ مبارک پر تھا۔
مُہرا (ہ/مذ) ڈولی یا پالکی اُٹھانے والا۔ کہار۔ حمال۔ کہاروں کا افسر۔ کہاروں کا میٹ۔
مُہرا (ہ/مذ) سامنا۔ مقابلہ۔ پیش رُو۔ آگا۔ نشانہ۔ زد۔
مُہرا آنا (ہ) طعنہ مارنا۔ طنز کرنا۔ بولی ٹھولی مارنا۔
مُہرانا (ا/مذ) مُہر یا گواہی کی اُجرت۔ مُہر لگوانے کی اُجرت۔
مہرارُو۔ یا۔ مہریا (ہ/مث) عورت۔ استری۔ زن۔
مُہرہ چیں (ف) حقہ باز۔ بازی گر۔
مُہرۂ سفید (ف) سنکھ۔ ناقوس۔
مُہرۂ لاجورد (ف/مذ) کنایۃً آسمان۔
مُہرہ لینا (ا/محاورہ) کسی کام کا بیڑا اُٹھانا۔
مُہرۂ مار (ف/مذ) وہ پتھر کا ٹکڑا جس کے ذریعے سانپ کا زہر دفع کرتے ہیں۔
مُہرۂ نماز (ف) سجدہ گاہ جس کو شیعہ حضرات نماز میں سجدے کی جگہ رکھتے ہیں۔
مہربان (ف) محبت کرنے والا۔ مُحِب۔ کرپا کرنے والا۔ دیالُو۔ توجہ کرنے والا (مذکر) دوست۔ یار۔
مہربان ہونا (ا) توجہ کرنا۔ دوست ہونا۔
مہربانی (ف/مث) نوازش۔ عنایت۔ کرپا۔ دَیا۔ توجہ۔ دھیان۔ خیال۔
مہربانی سے پیش آنا (ا) توجہ فرمانا۔ اچھا برتاؤ کرنا۔ خوش خلقی سے پیش آنا۔
مہربانی کرنا (ر) نوازش کرنا۔ عنایت کرنا۔ رغبت کرنا۔ توجہ کرنا۔ لُطف کرنا۔
مہربانی نامہ (ف/مذ) عنایت نامہ۔ دوستانہ خط۔ الطاف نامہ۔
مُہرہ (ف/مذ) گھوٹا۔ کاغذ وغیرہ گھوٹنے کا آلہ۔ شطرنج کا مہرہ یعنی پیادہ۔ فیل وغیرہ۔ بِٹی۔ نرد۔ ایک قسم کا پتھر، سانپ کا من۔ گول ہڈی۔ ہڈی کا جوڑ۔ منکا۔ کوڑی۔ سیپ۔ صدف۔ سنکھ۔ گھونگا۔
مُہرہ کرنا (ا) وصلی یا کاغذ وغیرہ کو مُہرے سے چمکانا۔ گھوٹا پھیرنا۔ پالش کرنا۔
مُہری (ف) مُہر کیا ہوا۔ چھاپ لگایا ہوا۔ دستخطی۔ مُہرہ کیا ہوا۔ گھٹا ہوا۔ گھوٹا پھیرا ہوا۔

مُہری (ہ/مث) کہاری۔ دھیتوری۔ پانی بھرنے اور برتن مانجھنے والی عورت۔
مُہرے آنا (ا/مصدر مرکب) آگے آنا۔
مہزوم (ع/صف) شکست خوردہ۔
مہک (ہ/مث) تیز۔ خوشبو۔ خوشبو۔ سگندھ۔ بھینی بھینی خوشبو۔ بو۔ باس۔
مہک جانا (ہ) معطر ہو جانا۔ خوشبو میں بس جانا۔
مہکانا (ہ) معطر کرنا۔ خوشبودار کرنا۔ خوشبو سے بسا دینا۔ خوشبو کو پھیلانا۔
مہکنا (ہ) خوشبو میں بسنا۔ خوشبودار ہونا۔ دُرگند پھیلنا۔ بدبو پھیلنا۔
مہکیلا (ہ) مہکتا ہوا۔ خوشبودار۔ خوشبو والا۔
مُہلَت (ع/مث) وقفہ۔ ڈھیل۔ توقف۔ دیر۔ درنگ۔ تعطیل۔ چھٹی۔ خالی وقت۔ سُبینا۔ سوفتہ۔ فُرصت۔ فراغت۔
مُہلَت دینا (ر) موقع دینا۔ فُرصت دینا۔ ڈھیل کرنا۔ توقف کی اجازت دینا۔
مُہلَت ملنا (ر) فرصت ملنا۔ اجازت ملنا۔ فرصت پانا۔ موقع ملنا۔
مُہلِک (ع) ہلاک کر ڈالنے والا۔ مار ڈالنے والا۔ قاتل۔ مُضر۔
مُہلک بیماری }
مُہلک مرض } (ر/مث) ہلاک کر دینے والا روگ۔
مُہلَک (ع) ہلاک ہونے کی جگہ۔ جان جوکھوں کا مقام۔ ہلاکت گاہ۔
مُہلّل (ع/صف) تہلیل کرنے والا۔ کلمہ طیبہ پڑھنے والا۔
مُہِم (ع/مث) غم میں ڈالنے والا کام۔ مجازاً بڑا کام۔ مشکل اور سخت کام۔ جان جوکھوں کا کام۔ ضروری کام۔ جنگ۔ لڑائی۔ یُدھ۔
مُہم جیتنا }
مُہم سر کرنا } (ر) لڑائی فتح کرنا۔ نہایت سخت اور مشکل کام کا آسان کر لینا۔ امر مشکل کو سرانجام دینا۔
مُہما (ہ/مث) بزرگی۔ عظمت۔ بڑائی۔ مروّت۔ نوازش۔ مہربانی۔ عنایت۔ تعریف۔ مدح۔ صفت و ثنا۔
مہما سے بولنا (ہ) مہربانی سے گفتگو کرنا۔ خوش خلقی سے بولنا۔ نرمی سے بات چیت کرنا۔
مہما کرنا (ہ) سراہنا۔ مدح و ثنا کرنا۔ تعریف کرنا۔ تعظیم و تکریم کرنا۔ آؤ بھگت کرنا۔
مُہمّات (ع/مث) مہم کی جمع۔ ضروری کام۔ بڑے بڑے کام۔ لڑائیاں۔ جنگیں۔
مہمان (ف/مذ) (مہمیز ہی کا امالہ ہے) سواروں کے موزے پر لگی ہوئی گھوڑے کو ایڑ کرنے کی پھِرکی۔
مہمان (ف/مذ) مہ بمعنی بزرگ اور ماں کلمہ تشبیہ سے مرکب ہے۔ پاہُنا۔ پاہونا۔ وہ غیر شخص جو کسی کے گھر آ کر اترے۔ ضیافت میں آنے والا۔ مدعو۔ جنواتی (پنجابی)۔

مہمان اُترنا (ا/ محاورہ) بچہ پیٹ میں آنا - حمل ٹھہرنا -
مہمان بُلانا (ا/ محاورہ) کسی کو چند روز کے لیے اپنے ہاں بُلانا -
مہمان پروری (ف/ مث) مہمان کی آؤ بھگت کرنا -
مہمان خانہ } (ف/ مذ) مسافر خانہ - ہوٹل -
مہمان سرا } ڈاک بنگلہ -
مہمان دار (ف/ مذ) مہمان بُلانے والا - میزبان - مہمانوں کی خاطر مدارات کرنے والا - شاہی نوکر یا اہل کار - مہمان نواز -
مہمان داری (ف/ مث) مہمانوں کو جمع کرنا - دعوت - ضیافت -
مہمان رکھنا (ف) ٹھہرانا - دعوت کرنا - ضیافت کرنا -
مہمان کرنا (ا/ محاورہ) مہمان رکھنا - گھر بُلانا -
مہمان نواز (ف) مہمانوں کی خاطر تواضع کرنے والا - مسافروں کو اپنے گھر اُتارنے اور اُن کی آؤ بھگت کرنے والا - مسافر پرور - سخی -
مہمان نوازی (ف/ مث) مسافر پروری -
مہمانی (ف/ مث) ضیافت - دعوت - تواضع - مسافر پروری -
مُہمَل (ع) ترک کیا ہوا - چھوڑ دیا ہوا - مجازاً بے کار - بے فائدہ - نکما - بے معنی - بے ہودہ - لوچ - مجہول - سست - کاہل -
مُہمَلہ (ع) خالی (مذکر) وہ بے نقطہ حرف جس کی شکل کا کوئی نقطہ دار حرف بھی ہو - جیسے د - ر -
مَہمُوز (ع) عیب دار - معیوب - عربی کا وہ کلمہ جس کے اصلی حروف میں سے ایک حرف ہمزہ ہو -
مَہمُوسہ (ع) وہ حروفِ تہجی جو زبان سے آسانی سے اور نرمی سے ادا ہوں جیسے ت ث ح خ س ش ص ف ک ہ اور باقی سب مجہورہ ہیں -
مہمیز (ف/ مث) سوار کی ایڑی میں لگی ہوئی لوہے کی پھرکی - کانٹا - خار -
مہمیز کرنا (ا) ایڑ لگانا - گھوڑے کو تیز چلانا - کوڑا لگانا -
مِہنا (س/ مذ) طعنہ - طنز - سرزنش - تشنیع -
مُہنال (ہ/ مذ) حُقّے کی نے کے آگے لگانے کی چاندی یا پیتل کی نلی - مُنہنال -
مَہَنت (س/ مذ) جوگی - فقیروں کا سردار - گُسائیں - مجازاً بہت موٹا آدمی - موٹا - پیٹیں - عزت - طلب - جاہ طلب -
مہنتائی (ہ/ مث) نیچہ داری - مہنت کا کام -
مُہَندِس (ع/ مذ) علم ہندسہ جاننے والا - اقلیدس جاننے والا - منجم - نجومی - جوتشی -
مہندسِ فلک (ف/ مذ) کنایۃً زحل ستارہ -
مہندی (ہ/ مث) سبز پتے جن سے ہاتھوں کو رنگتے ہیں - حنا بندی جو ساچق کے دوسرے روز عمل میں آتی ہے - تعزیہ نما - کاغذ کا ڈھانچہ جو حضرت قاسم علیہ السلام کی رسم حنا بندی کی یادگار میں ساتویں محرم کو منایا جاتا ہے -
مہندی تو پاؤں میں نہیں لگی ہے (ہ/ محاورہ) معذور تو نہیں ہو آتے کیوں نہیں - مُفت کے بہانے بناتے ہو -
مہندی رچنا (ہ) مہندی کا رنگ دینا - مہندی لگنا - مہندی کا رنگ آنا -
مہندی کی ٹٹّی (ہ/ مث) مہندی کی باڑ - وہ قطار درخت حنا جو باغوں کی روشوں پر لگائی ہوتی ہے - مہندی کی کیاری - مہندی کا تختہ -
مہنگ (ا/ مث) گرانی - مہنگائی -
مہنگا (ہ) زیادہ مول کا - قیمتی - گراں -
مہنگا سماں (ا/ مذ) گرانی کا سماں - قحط - کال -
مہنگا ہونا (ہ) اکرا ہونا - زیادہ مول سے بکنا - گراں ہونا -
مَہُوا (ہ/ مذ) ایک درخت کا نام جس کے پھولوں کو کھاتے، پھلوں کی شراب بناتے اور بیجوں کا تیل نکالتے ہیں -
مَہُوا ٹپکنا (ہ) مہوے کے پھلوں کا لگاتار گرنا - مہوے کے پھلوں کا ٹپکا لگنا -
مَہُور (ا/ مث) مُہر -
مَہُورت (ہ/ مذ) شُبھ گھڑی - شُبھ لگن - مناسب وقت - ساعت سعید - مُبارک گھڑی -
مُہُورت بچارنا } (ہ) ستاروں کی رفتار کے موافق کسی کام کے لیے
مُہُورت دیکھنا } مناسب وقت دیکھنا - سنجوگ دیکھنا -
مُہَوِس (ہ/ مذ) لالچی - حریص - حرصی - کیمیاگر - چاندی کو سونا بنانے والا -
مُہَوِسی (ا/ مث) کیمیاگری - لالچی پن - حرص -
مَہوَش (ف) چاند کی سی شکل والا - نہایت خوبصورت معشوق -
مَہی (س/ مث) دیس - مُلک - ولایت - زمین - چھاچھ - لسّی دہی کی -
مہی پتی - یا - مہی پال (س/ مذ) بادشاہ - زمین کا مالک - راجہ - سُلطان -
مُہَیّا (ع) تیار - لیس - موجود - آمادہ - حاضر - فراہم -
مُہیّا کرنا (ا) تیار کرنا - حاضر کرنا - بہم پہنچانا - فراہم کرنا -
مُہیب (ع) ہیبت ناک - ڈراؤنا - خطرناک - بھیانک -
مہیج (ع/ صف) اُٹھانے والا - ہیجان خیز - غبار پیدا کرنے والا -
مہیری (ہ/ مث) چھاچھ میں پکایا ہوا باجرہ -
مہیش } (س/ مذ) شیوجی کا نام - مہادیو - ہلاک کرنے والا دیوتا - مہا
مہیشور } اور ایشور سے مرکب ہے - مارنے والا دیوتا -
مہیلا (ہ/ مذ) گھوڑوں کا اُبلا ہوا دانہ جس میں گڑ بھی ملا ہوتا ہے - سانی - مجازاً بے مزہ کھانا -
مہین (ا) باریک - دقیق - پتلا - نازک - لاڈلا - نازپروردہ -
مہین آواز (ا/ مث) باریک آواز - نرم آواز -
مہینہ (ا/ مذ) سال کا بارھواں حصّہ - ماہ - ماس - تیس یا کم و بیش دنوں کی مدت - تنخواہ - طلب - مشاہرہ - روزینہ - ماہوار -
مہینہ بھاری ہونا (ا/ محاورہ) مہینہ منحوس ہونا -

مہینہ بھر (۱) تمام مہینے تک۔
مہینہ دار (۱/مذ) ماہواری تنخواہ کا نوکر۔
مہینے سے ہونا (ہ) حیض سے ہونا۔ کپڑوں سے ہونا۔ ماہواری ایام سے ہونا۔
مہینے کے مہینے (۱) چاند کے چاند۔ ماہوار۔ ہر تیس دن کے بعد۔

م ی

مے (ف/مث) شراب۔ دارُو۔ مُل۔ بادہ۔ صہبا۔
مے آتشیں (ف/مث) سُرخ رنگ کی شراب۔
مے آشام } (ف/مذ) شرابی۔ شراب پینے والا۔
مے نوش } شراب کا عاشق۔ شراب خور۔
مے انگوری (ف/مث) انگور کی شراب۔
مے پرست (ف/مذ) بہت شراب پینے والا۔ شراب کا عاشق۔ شراب خور۔
مے پرستی (ف/مث) شراب خوری۔ بادہ پیمائی۔ مے نوشی۔ شراب پینا۔
مے خانہ } (ف/مذ) شراب بکنے اور بیٹھ کر پینے کی جگہ۔
مے کدہ } کلال خانہ۔ شراب خانہ۔
مے خوار } (ف/مذ) شراب خوار۔ شراب پینے والا۔ شراب کا
مے گسار } عادی۔ بادہ پرست۔
مے کش } شرابی۔
مے خواری (ف/مث) شراب پینا۔ شراب خوری۔ شراب نوشی۔
مے فروش (ف/مذ) کلال۔ شراب بیچنے والا۔
مے گوں (ف) شراب کے رنگ کا۔ سُرخ۔ سُرخی مائل۔
مئی (ہ/مذ) بیڑا۔ ہینگا۔ کھیت کی مٹی باریک کرنے کا آلہ۔
مئی (انگریزی/مذ) انگریزی سال کا پانچواں مہینہ۔ جو اکتیس دن کا ہوتا ہے۔
مَیّا (ہ/مث) ماں کی تصغیر۔ امّاں۔ والدہ۔ (محبت اور تحقیر دونوں جگہ مستعمل ہے)
مَیامن (ع/مث) میموں کی جمع۔ برکت والی اشیا۔ بابرکت آدمی۔
میان (ف/مذ) بیچ درمیان۔ وسط۔ کمر۔ تلوار رکھنے کا خول۔ تلوار رکھنے کا خانہ۔ نیام۔
میان سے باہر ہونا } (۱) تلوار کا غلاف سے نکل آنا۔ غصے کے
میان سے باہر نکلنا } مارے آپے سے باہر ہونا۔ آپے میں نہ رہنا۔
میان سے کھینچنا۔ یا۔ لینا (۱) تلوار کو غلاف سے باہر نکال لینا۔ مرنے مارنے کو تیار ہونا۔
میان میں کرنا (۱) تلوار کو غلاف میں ڈال لینا۔ صلح کرنا۔ لڑائی ترک کر دینا۔

میاں (۱/مذ) مالک۔ خداوند۔ آقا۔ والی۔ وارث۔ سرکار۔ حضور۔ سردار۔ حاکم۔ خاوند۔ خصم۔ شوہر۔ پتی۔ صاحبزادے۔ بیٹا۔ پیارے۔ جناب عالی۔ جناب۔ اُستاد۔ مُعلّم۔ مدرّس۔ پڑھانے والا۔ ٹھاکر۔ پہاڑی راجاؤں کے خاندانی لوگ۔ راجپوت۔ کنور۔ امیرزادہ۔ صاحب عالم۔ شہزادہ۔ یار دوست۔ بھائی۔ معشوق۔ بڑا گویا۔ کلاونت۔
میاں بھائی (۱/مذ) محبت اور خوشامد کا کلمہ جو کسی برابر والے یا چھوٹے کو سمجھاتے وقت زبان پر لاتے ہیں۔
میاں بیوی (۱/مذ) خصم جورو۔ زن و شوہر۔
میاں بیوی راضی تو کیا کرے گا قاضی (۱/مثل) جب دو شخص کسی امر میں متفق ہوں۔ تو تیسرے کا درمیان میں دخل کیا معنی۔ دونوں کے اتفاق کی صورت میں تیسرے کا دخل در معقولات فضول ہے۔
میاں پھریں لال گلال بیوی کے بڑے احوال (۱/مثل) شوہر تو بنے ٹھنے پھرتے ہیں اور گھر میں بیوی کے پاس کچھ نہیں۔
میاں جی (۱/مذ) مُلّا۔ عالم۔ مدرّس۔ پڑھانے والا (بزبان فارسی) بچولیا۔ درمیانی آدمی۔ بھڑوا۔ ایلچی۔ دوست۔ قاصد۔ خبر رساں۔
میاں جی گری (۱/مث) مدرّسی۔ مُلّاگری (فارسی زبان میں) بھڑوا پن۔ دلالی۔ خبر رسانی۔ ایلچی گری۔ پیغامبری۔
میاں صاحب (۱/مذ) جناب عالی۔ حضرت سلامت۔ عابد۔ زاہد۔ پیر و مرشد۔ قبلہ و کعبہ۔
میاں کماؤ بیوی اُڑاؤ (۱/مثل) شوہر کما کر لاتا ہے اور بیوی فضول خرچی میں اُڑا دیتی ہے۔
میاں کی ڈاڑھی واہ ہی واہ میں گئی (۱/مثل) بے فائدہ اور بے نتیجہ خرچ کے موقع پر بولتے ہیں۔
میاں مٹھو (۱/مذ) پیار سے طوطے کو کہا کرتے ہیں۔ میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا۔ مٹھ بولا۔ احمق۔ گاؤدی۔ سادہ لوح۔ بھولا بھالا۔ بے سیکھے پڑھے والا۔
میانا (۱/مذ) ایک قسم کی زنانہ سواری۔ ڈولا۔ پینس۔ پالکی۔ گاڑی کا بانس۔ جوب بم۔
میانہ (ف) اوسط درجہ کا۔ بیچ بیچ کا۔ وسطی۔ بیچ۔ راس۔ درمیان۔ مدھرا قد (مذکر) دُھری۔ کیلی۔ ٹٹو۔ چھوٹے قد کا گھوڑا۔
میانہ رَو (ف) درمیانی چال چلنے والا۔ اعتدال پسند۔ قول و فعل میں متوسط۔ کفایت شعار۔ جزرس۔
میانہ روی (ف/مث) اعتدال۔ اوسط۔ کفایت شعاری۔ جزرسی۔ اوسط درجہ کی چال۔ کمی زیادتی سے بچنا۔
میانہ قد (ف ع/مذ) ٹوٹا سا قد۔ مدھرا قد۔ نہ بہت لمبا۔ نہ بہت چھوٹا۔
میانی (ف/مث) دونوں پائچوں کے درمیان کا کپڑا۔ خشتک۔ پائجامہ کا

رومال۔
میاؤں (ہ رمث) بلی کی آواز کی نقل۔
میپ (انگریزی امذ) ملک یا زمین کا نقشہ۔
میپ ڈرائینگ (انگریزی امذ) نقشہ کشی۔ نقشہ بنانے کا طریق۔
میپ سٹینڈ (انگریزی امذ) نقشہ لٹکانے کا چوکھٹا۔
مَیّت (ع امث) مرے ہوئے شخص کی لاش۔ مُردہ لوتھ۔ نعش۔ مُردہ جسم۔
مِیت (ہ امذ) دوست۔ ساتھی۔ یار۔ مشفق۔ رفیق۔ شفیق۔ عاشق۔ دلدادہ۔ مفتون۔
میتھی (ہ امث) ایک قسم کی سبزی اور اس کے پیلے رنگ کے بیج۔
میٹ (انگریزی امذ) ساتھی۔ شریک۔ ہم صحبت۔ رفیق۔ ہمراہی۔ قلیوں کا افسر۔ مزدوروں کا سرگروہ۔ قلیوں کا مددگار۔ مٹانے والا۔ گم کرنے والا۔ تباہ کر ڈالنے والا۔ برباد کر دینے والا۔
میٹر (انگریزی امذ) ایک فرانسی۔ طولانی پیمانے کا نام ہے۔ ناپنے کا آلہ۔
میٹر ہارن۔ نیپالی الپس کی چوٹی جو سوئٹزر لینڈ میں ہے۔ ۱۴۷۸۰ فٹ سطح سمندر سے بلند ہے۔
میٹریکیولیشن (انگریزی امذ) امتحان انٹرنس۔ دسویں جماعت کا امتحان۔
میٹنا (ہ) مٹانا۔ گم کرنا۔ نیست و نابود کرنا۔ خاک میں ملانا۔ چھیلنا۔ قلم پھیرنا۔ دور کرنا۔ کھونا۔ ضائع کرنا۔ برباد کرنا۔
میٹنگ (انگریزی امث) جلسہ۔ انجمن۔ سبھا۔ مجلس۔ مجمع۔ جمگھٹا۔ پنچایت۔ صلاح۔ مشورہ۔ کمیٹی۔
میٹھا (ہ) شیریں۔ مزے دار۔ پُر لطف۔ باذائقہ۔ لذیذ۔ ایک قسم کا شیریں لیموں۔ سست رفتار۔ دھیما۔ ڈھیلا۔ کاہل۔ کند ذہن۔ مٹھائی۔ شیرینی۔ گڑ۔ قند سیاہ۔ حلوہ۔ موہن بھوگ۔ نرم نرم۔ ہلکا سا۔ بُردبار۔ وہ آدمی جس کو غصہ نہ آئے۔ دھیمے مزاج کا آدمی۔
میٹھا اور بھر کٹوری (ہ ا شل) اچھی چیز اور بہت سی۔
میٹھا برس۔ یا۔ سال (ہ امذ) عمر کا اٹھارھواں سال۔ جوانی کا سال۔ بعض تیرھویں اور آٹھویں سال کو بوجہ وہم و شگون کہتے ہیں۔
میٹھا بولنا (ہ) شیریں کلامی کرنا۔ شیریں زبانی سے پیش آنا۔ نرمی سے پیش آنا۔
میٹھا پانی (ہ امذ) آبِ شیریں۔ خوشگوار پانی۔ لیمونیڈ۔ ولایتی شربت۔ لیموں کا عرق اور شیرہ ڈال کر کل کے ذریعہ بوتلوں میں بھرا ہوا پانی۔
میٹھا پوئیا (ہ امذ) گھوڑے کی وہ چال جو نہ بہت تیز ہو نہ بہت سست۔
میٹھا تمباکو (ہ امذ) پینے کا تمباکو جس میں گڑ زیادہ ڈالتے ہیں۔
میٹھا تیل (ہ امذ) تلوں کا تیل۔ السی اور خشخاش کا تیل۔
میٹھا تیلیا (ہ امذ) ایک قسم کی زہریلی جڑی بوٹی کا نام ہے۔
میٹھا ٹھگ (ہ امذ) میٹھی میٹھی باتیں بنا کر ٹھگنے والا۔ دغا باز یار۔ جھوٹا دوست۔ میٹھا تیلیا کھلانے والا۔ ٹھگ۔
میٹھا درد (ہ امذ) ہلکا درد۔ دھیما درد۔
میٹھا زہر (ہ امذ) ایک قسم کا زہر جو آہستہ آہستہ اثر کرتا ہے۔
میٹھا گھیا (ہ امذ) سیتا پھل۔ کدوئے شیریں۔ گول گھیا۔
میٹھا منہ (ہ امذ) تلوار یا کسی ہتھیار کی دھار کا کند ہونا۔
میٹھا منہ کرانا (ہ) مٹھائی کھلانا۔ شکرانہ دینا۔ رشوت دینا۔
میٹھا میٹھا (ہ) کم کم۔ ہلکا ہلکا۔ تھوڑا تھوڑا درد۔
میٹھا میٹھا درد (ہ امذ) ہلکا ہلکا سا درد۔ تھوڑا تھوڑا درد۔
میٹھا میٹھا ہپ اور کڑوا کڑوا تھو (ہ ا شل) اچھی چیز لے لینا اور بُری چیز سے نفرت کرنا۔
میٹھا ہونا (ہ) شیریں ہونا۔ تھوڑا ہونا۔ کم ہونا۔ پھیکا ہونا۔ دل پسند ہونا۔ قابلِ برداشت ہونا۔ گوارا ہونا۔
میٹھی بات (ہ امث) نرم بات۔ دلچسپ بات۔ ملائم بات۔
میٹھی باڑھ (ہ امث) نوٹی باڑھ۔ کم تیز اور کند دھار۔
میٹھی بولی (ہ امث) فصیح زبان۔ شیریں زبان۔ ملائم اور نرم زبان۔
میٹھی چھری (ہ امث) بظاہر دوست اور باطن میں دشمن۔ مارِ آستین۔ دوست نما دشمن۔
میٹھی زبان (ہ امث) خوش گفتاری۔ شیریں کلامی۔ خوش بیانی۔
میٹھی گالی (ہ امث) ناگوار معلوم نہ ہونے والی گالی۔ معشوق کے منہ کی گالی۔
میٹھی مار (ہ امث) گجھی مار۔ وہ مار جو ظاہر میں معلوم نہ ہو۔ باطنی تکلیف۔
میٹھی مار دینا (ہ) اندرونی تکلیف پہنچانا۔ گجھی مار مارنا۔
میٹھی مراد (ہ امث) اچھی مراد۔ دل پسند مراد۔ مراد خوش۔
میٹھی میٹھی باتیں کرنا (ہ) مزے مزے کی باتیں کرنا۔ شیریں کلام کرنا۔ خوش گفتاری سے پیش آنا۔
میٹھی میٹھی پھوار (ہ امث) ہلکی ہلکی پھوار۔
میٹھی نگاہ۔ یا۔ نظر (ہ امث) محبت کی نظر۔ عاشقانہ نظر۔
میٹھی نیند (ہ امذ) بے فکری کی نیند۔ سکھ کی نیند۔ خواب راحت۔
میٹھے سے مرے تو زہر کیوں دے (ہ ا شل) اگر نرمی سے کام نکل سکتا ہو۔ تو سختی کیوں کرے۔
میٹھے کھٹے کو جی چاہنا۔ (ہ ا محاورہ) مجامعت کی رغبت ہونا۔ ہم بستری کی خواہش ہونا۔
میٹھے والے (ہ امذ) میٹھا تیلیا کھلا کر بے ہوش کر دینے والے ٹھگ۔
میٹھے ہیں (ہ ا محاورہ) شیریں زبان ہیں۔ بُردبار ہیں۔ بزدل اور ڈرپوک ہیں۔
میثاق (ع امذ) عہد و پیمان کی پختگی۔ قول قرار۔ وعدۂ ازل۔

اقرار۔

میجان کھانڈ (ہ/مذ) کچی کھانڈ - اسے مینجا کھانڈ اور میزان کھانڈ بھی کہتے ہیں۔

میجر (انگریزی/مذ) فوج کے عہدے کا نام ہے۔

میجسٹی (انگریزی/مذ) بادشاہ یا راجہ کا اعزازی لقب۔

میجنا - یا - مینجنا (ہ) ملانا - آمیز کرنا - مَسلنا - ملنا۔

میچ (انگریزی/مذ) شرط - بازی - کھیل - مقابلہ - کرکٹ یا گیند بلّے وغیرہ کا مقابلہ - ماچس - دیا سلائی۔

میچز (انگریزی/مث) دیا سلائی - ماچس۔

میچ (ہ/مث) موت - کال - قضا۔

میچنا (ہ) بند کرنا - مُوندنا۔

میخ (ف/مث) پریگ - کیل - کھونٹی - کھونٹا - چوب۔

میخ اُکھاڑنا (ا) کھونٹا اکھاڑنا - سواروں کی نیزہ بازی کا ایک کرتب۔

میخ ٹھونکنا (ا) کیل ٹھونکنا - کھونٹی گاڑنا - کیل جڑنا - ہاتھ پاؤں میں کیل گاڑنا - سخت بے رحمی کی سزا دینا - مغلوب کرنا - دبانا - بنگا ٹھونکنا - توپ کو بے کار کرنا۔

میخ مارنا (ا) کھونٹی گاڑنا - کیل ٹھونکنا - ہرانا - مغلوب کرنا - ہرج کرنا - نقب زنی کرنا - سیندھ لگانا - توپ کے نپل میں کیل ٹھونک کر اُسے بے کار کرنا - بھانجی مارنا۔

میخچو (ا/مذ) آلہ - موگری - میخ ٹھونکنے کا موگرا - میخ کوب۔

مَیدان (ع/مذ) صاف اور ہموار زمین وسیع اور چٹیل زمین - عرصہ - فضا - لڑائی - جنگ - مقابلہ - صف آرائی - جوہریوں کی اصطلاح میں زمرد، یاقوت وغیرہ کا طول و عرض - شعر، نظم - جیسے قصے کا میدان۔

مَیدان جانا (ا) جنگل جانا - پاخانے جانا - ٹٹّی جانا - جھاڑے جانا۔

مَیدانِ جنگ - یا - صف آرائی - یا - کارزار (عف/مذ) لڑائی کی جگہ - لڑائی کا کھیت - وہ جگہ جہاں لڑائی ہو - معرکہ - بحث کرنے کی جگہ۔

مَیدان جیتنا (ا/محاورہ) جنگ فتح کرنا - معرکہ سر کرنا۔

مَیدان چھوڑنا (ا) جگہ چھوڑنا - پرے ہٹ جانا - جگہ فراخ کرنا - مرقع جنگ سے بھاگ جانا - لڑائی کا موقع چھوڑ کر بھاگ نکلنا - شکست کھانا۔

مَیدان دینا (ا) رستہ دینا - جگہ چھوڑنا - پرے ہٹ جانا - سرک کر کھڑے ہونا۔

مَیدان روکنا (ا/محاورہ) مَیدان پر قابض رہنا۔

مَیدان سے قدم اُکھڑنا (ا/محاورہ) ہمت ہارنا۔

مَیدان صاف ہے (ا/محاورہ) بالکل خوف و خطر نہیں - کوئی روک ٹوک نہیں - جگہ خطرے سے خالی ہے۔

مَیدانِ قلم (ع/مذ) قلم کی تراشش - خانۂ قلم - زمین قلم۔

مَیدان کا دھنی (ا/مذ) شجاع - بہادر۔

مَیدان کا رُخ کرنا (ا/محاورہ) میدان کی طرف توجہ کرنا۔

مَیدان کرنا (ا) مسمار کرنا - ڈھا دینا - گرا دینا - جنگ کرنا - لڑنا۔

مَیدان مارنا (ا) لڑائی فتح کرنا - ظفریاب ہونا - جیتنا - فتح یاب ہونا - معرکہ مارنا۔

مَیدان میں اُترنا (ا) لڑنے کے لیے میدان میں آنا - اکھاڑے میں اُترنا۔

مَیدان میں آنا (ا) مقابلہ کو آنا - لڑنے کو نکلنا۔

مَیدان ہاتھ میں آنا - یا - رہنا (ا) لڑائی جیتنا - فتح پانا - لڑائی مارنا۔

میدان ہاتھ سے جانا (ا) شکست کھانا - ہارنا - نکل جانا۔

میدان ہونا (ا) معرکہ ہونا - لڑائی ہونا - مقابلہ ہونا - جنگ ہونا۔

مَیدنی (س/مث) دھرتی - بھوم - برتھوی - زمین - ارض - جاترا - یا میلے کی تماشائی - سیلانی - پیدل چل کر کسی مقدس مقام کی زیارت کرنے والا گروہ - جاتریوں کا جتھا۔

مَیدہ (ف/مذ) نہایت باریک آٹا۔

مَیدہ سا (ا) میدے جیسا - نہایت باریک - سُرمہ سا - بہت مہین۔

میدہ لکڑی (ا/مث) دوا کی ایک جڑ کا نام۔

میدہ و شہاب (ا) گورا چٹا - نہایت خوبصورت آدمی کے رنگ کی صفت میں بولتے ہیں۔

میدھ (ہ/مذ) قربانی - بل دان - جگ - یگ۔

میڈرڈ - سپین کا دارالحکومت - ریلوں کا مرکز ہے۔

میر (ع/مذ) امیر کا مخفف - سردار - افسر - سرخیل - سرگروہ - سالار - امام - مکھیا - بزرگ - مہنت - رہنما - ہادی - پیشوائے دین - سیّدوں کا اعزازی لقب - بادشاہ زادہ - تاش کا بادشاہ - میر محمد تقی اکبرآبادی کا تخلص۔

میر آتش (عف/مذ) داروغہ توپ خانہ - آگ کا داروغہ۔

میر آخور (عف/مذ) اصطبل کا داروغہ۔

میر بار (ف/مذ) داروغہ دربار - لوگوں کو امراء کے دربار میں حاضر ہونے کی اجازت اپنے اطمینان پہ دینے والا افسر۔

میر بحر (ع/مذ) داروغہ دریا - بحری انتظام کا افسر - دریا کے گھاٹوں کا داروغہ - جہازی سپہ سالار۔

میر بحری (ع/مذ) بندرگاہوں کا منتظم (مؤنث) محکمہ جہازرانی کی عہدہ داری - گھاٹوں کی داروغگی۔

میر بخشی (ف/مذ) تنخواہ بانٹنے والا افسر۔

میر بھجڑی (ا/مذ) ایک نامعلوم الاصل شخص کا نام ہے جس کو ہیجڑے لوگ اپنا مورث اعلیٰ خیال کرتے ہیں - ہیجڑوں کا سلسلہ چلانے والا۔

میر تُزک (ف/مذ) سردار لشکر - سپہ سالار - فوج کا انتظام کرنے والا افسر۔

میرٹھ - صوبجات آگرہ میں ہے - ۱۸۵۷ء میں غدر کی ابتدا یہیں سے ہوئی تھی - یہاں ہر سال نوچندی کا مشہور میلا ہوتا ہے - لوہے کی قینچیاں بہت اچھی بنتی ہیں۔

میرجی (ا/مذ) میراثیوں کا خطاب۔ سید صاحب۔ میر صاحب۔
میر حاج (ع/مذ) حاجیوں کا سردار۔
میردہ (ف/مذ) نمبردار۔ مقدم۔ گاؤں کا سردار۔ جریب کش۔ ایک قوم کا نام۔
میر دیوان (ف/مذ) سررشتہ دار۔ پیشی کا محرر نائب۔ پیشکار۔
میر سامان / میر مطبخ (ف/مذ) خانساماں۔ امراء و سلاطین کے کھانوں کا منتظم۔
میر شکار (ف/مذ) شکاری جانوروں کی نگرانی رکھنے والا افسر۔
میر عرب (ف/مذ) کنایۃً حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم۔
میر عرض (ع/مذ) لوگوں کی عرض معروض بادشاہ کے حضور میں پیش کرنے والا افسر۔
میر عمارت (ع/مذ) انجینئر۔ اوورسیر۔ معماروں کا سردار۔ افسر تعمیر۔ داروغہ عمارات۔
میر فرش (ف/مذ) فرش کو دبانے کے بھاری بھاری گول پتھر جو اس کے چاروں کونوں پر رکھے جاتے ہیں۔ سنگِ قالین۔
میر قافلہ (ف/مذ)
میر کلام (ف/مذ) نہایت اچھا مقرر۔ جادو بیان خطیب۔
میر مجلس (ف/مذ) صدر مجلس۔ پریذیڈنٹ۔ صدر انجمن۔ چیئرمین۔
میر محکمہ (ف/مذ) سررشتے کا افسر۔
میر محلہ (ع/مذ) محلے کا سردار۔
میر مشاعرہ (ف/مذ) وہ شخص جو مشاعرے کی محفل میں صدر قرار دیا جائے۔
میر منزل (ع/مذ) لشکر کے پہنچنے سے پہلے منزل کا سامان کرنے والا افسر۔ کیمپ کلرک۔
میر منشی (ع/مذ) محرر۔ صدر۔ پیشکار اعلیٰ۔ سررشتہ دار۔ ہیڈ کلرک۔ سپرنٹنڈنٹ۔
میرا (ہ) اپنی ذات کا۔ اپنا۔ خود کا۔
میرا سلام ہے (ا/محاورہ) میں جاتا ہوں۔ میں باز آیا۔ مجھے منظور نہیں۔
میرا کیا گیا (ہ/محاورہ) میرا کیا بگڑا۔ میرا کیا نقصان ہوا۔
میرا لہو پیئے (ہ/محاورہ) سخت قسم ہے۔ یعنی اگر اس کام کو کرے یا نہ کرے تو ہمارا خون پیئے۔ ہمیں مُردہ پائے۔
میراث (ع/مث) ترکہ۔ وہ روپیہ اور جائداد وغیرہ جو متوفی کے بعد اس کی ملکیت سے حق داروں کو ملے۔ ورثہ۔
میراثی (ا/مذ) ڈوم۔ گویا۔ مُطرب۔ مغنی۔
میراثن (ا/مث) میراثی کی تانیث۔ ڈومنی۔ مطربہ۔ گانے والی عورت۔
میراں (ف/مذ) سرداروں کا سردار۔ بہت بڑا بزرگ۔ شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ اور خواجہ معین الدین چشتی کا لقب۔ بڑے پیر کا لقب۔ سیدوں کا لقب۔
میراں جی (ا/مذ) بارہ وفات کے بعد کا مہینہ۔ ربیع الآخر۔ حضرت خواجہ معین الدین صاحب چشتیؒ اور شیخ عبدالقادر صاحب جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا لقب۔

میراں جی کا چاند (ا/مذ) ربیع الآخر کا مہینہ۔ مسلمانوں کے قمری سال کا چوتھا مہینہ۔
میرزا (ف/مذ) میرزادہ کا مخفف۔ سردار زادہ۔ سردار کا بیٹا۔ مُغل زادہ۔ رئیس کا بیٹا۔ شہزادوں اور مُغلوں کا لقب۔ ملک زادہ۔
میرزا منش (ف) شاہانہ مزاج کا آدمی۔ تُنک مزاج آدمی۔ نازک مزاج۔ شہزادوں کی سی خُو بُو والا۔
میرزائی (ف/مث) شرافت۔ بزرگی۔ بڑائی۔ شہزادگی۔ نجابت۔ واسکٹ۔ صدری۔ کُرتی۔ نیم جامہ۔ نازک مزاجی۔ ناز۔ گھمنڈ۔ تکبر۔
میرے لُوٹ کی بلی بائیں (ہ/مثل) اپنی چیز کو ہر شخص سراہا کرتا ہے۔
میرے مُنہ سے۔ یا۔ میرے مُنہ کو (ہ/محاورہ) میری خاطر سے۔ میری وجہ سے۔ میرے ہی طفیل سے۔
میرے سے سو راجہ کے نہیں اور راجہ میرا منگتا (ہ/مثل) نہایت شیخی خورے کی نسبت بولا کرتے ہیں۔ جو کسی چیز پر بہت ہی گھمنڈ کرتا ہو۔
میرے ہی نام پر آگ لائی اور نام رکھا بیسندر (ہ/مثل) اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو کسی شخص کا نام لے کر کوئی چیز حاصل کرے۔ اور پھر اُسی سے پوشیدہ رکھے۔
میری (ا/مذ) سب پر فوقیت لے جانے والا۔ سب سے اوّل پہنچنے والا۔
میری (ہ) میرا کی تانیث۔ میری ملکیت سے۔
میری آنکھوں سے دیکھو (ہ/محاورہ) جب کسی چیز کی بُرائی یا بھلائی جتانے پر بھی دوسرا آدمی اُس کے عیب و صواب کو نہ دیکھ سکے تو اس وقت بولا کرتے ہیں کہ خدا نے تمہیں آنکھیں نہیں دیں۔ ہماری آنکھوں سے دیکھو۔
میری بلی اور مجھی سے میاؤں (ا/مثل) میرا مطیع اور مجھ سے ہی مقابلہ کرے۔
میری توبہ (ا/کلمۂ قسم) میں باز آیا۔ میں بیزار ہوں۔
میری بیزار سے / میری جُوتی سے (ا/محاورہ) میری بلا سے۔ مجھے کچھ پروا نہیں۔ مجھے کچھ غرض نہیں۔
میری جان گئی (ا/بول چال) میری زندگی چلی۔ میں مرا۔ میری جان پر آ بنی۔
میری جُوتی میرے ہی سر (ا/مثل) ہمارا ہی کھائے اور ہمیں ہی غرّائے۔ ہماری ہی چیز اور اُلٹی ہمارے ہی ذمے۔
میری طرف بھی دیکھنا (ا/محاورہ) مجھ پر بھی نظر کرم رکھنا۔ میرا بھی لحاظ اور خیال رکھنا۔
میڑا (ہ/مذ) سوہاگہ۔ جس سے زمین کو ہموار کرتے ہیں۔ باہے ہوئے کھیت کے ڈھیلے وغیرہ ہموار اور باریک کرنے کا آلہ۔
میڑا پھیرنا (ہ) کھیت کی زمین کو سوہاگے سے ہموار کرنا۔

میز (ف/مث) کتابیں وغیرہ رکھنے یا کھانا وغیرہ کھانے کا تختہ ۔ ٹیبل ۔

میزبان (ف/مذ) مہمان دار ۔ مہمان بلانے والا ۔ دعوت کھلانے والا ۔ مہمان نواز ۔

میزبانی (ف/مث) مہمان نوازی ۔ مہمان داری ۔ دعوت ۔ مہمانی ۔

میز لگانا (ا/مذ) میز پر کھانا اور کھانے کا سامان چھری کانٹا وغیرہ رکھنا ۔

میزاب (ع/مذ) پرنالہ ۔

میزان (ع/مث) وزن کرنے کا آلہ ۔ ترازو ۔ تکڑی ۔ تلا راس ۔ آسمان کے ساتویں برج کا نام ۔ جوڑ ۔ جمع ۔ مجموعہ ۔

میزان بننا (ا) سودا ہونا ۔ بھاؤ بننا ۔ موافقت ہونا ۔ دل سے ملنا ۔

میزان کل (ع/مث) تمام رقموں یا عددوں کا مجموعہ ۔ کل جمع ۔

میزان ملنا (ا) مجموعہ درست ہونا ۔ موافقت ہونا ۔ مرضی ملنا ۔ رائے ہونا ۔

مُیَسّر (ع) آسان کیا گیا ۔ سہل کیا گیا ۔ حاصل ۔ دستیاب ۔ موجود ۔ حاضر ۔

مُیَسّر ہونا (ا) حاصل ہونا ۔ دستیاب ہونا ۔ ہاتھ لگنا ۔ جُڑنا ۔ ملنا ۔

مَیسَرہ (ع/مث) بائیں طرف ۔ بائیں بازو کی فوج ۔

میکسیکو ۔ شمالی امریکہ کی جمہوری ریاست ہے ۔ خلیج میکسیکو کے کنارے پر ہے ۔ سطح پہاڑی ہے ۔ میکسیکو دارالحکومت ہے ۔ چاندی کی کان یہاں پائی جاتی ہے ۔

میسور ۔ ہندوستان میں ایک ریاست ہے ۔ بنگلور کا شہر بھی اسی ریاست میں ہے ۔ کولار میں سونے کی کانیں ہیں ۔

میش (ف/مث) بھیڑ ۔ بھیڑی ۔ گوسفند ۔ بھینس ۔ گاؤمیش ۔

میش چشم (ف) بھیڑ کی سی آنکھوں والا ۔ شرمالو ۔ نیچی نظروں والا ۔

میشا (ا/مذ) بھیڑ یا بکری کے بچے کا ملائم چمڑا ۔ رنگا ہوا نرم چمڑا ۔

میعاد (ع/مث) وعدہ کا وقت ۔ وقت مقررہ ۔ مُدّت ۔ ایام مقررہ ۔ مُدّت معینہ ۔

میعاد بڑھانا (ا/محاورہ) مقررہ مُدّت کو وسعت دینا ۔

میعاد بولنا (ا) قید کا حکم لگانا ۔ قید کرنا ۔

میعاد کاٹنا (ا/محاورہ) قید کی مُدّت پوری کرنا ۔

میعاد گاہ (ع،ف/مث) وعدہ گاہ ۔

میعاد مقرّرہ (ع/مث) قرار دی ہوئی مُدّت ۔ محدود وقت ۔ معمولی مُدّت ۔

میعادی (ا) قیدی ۔ سزا یافتہ ۔ سزایاب ۔ مقررہ ۔ معینہ ۔

میعادی بخار (ا/مذ) وہ بخار جو خاص مُدّت تک رہے ۔

میعادی ہنڈی (ا/مث) وہ ہنڈی جس کی ادائیگی کے لیے وقت مقرر ہو ۔

میغ (ف/مذ) بادل ۔ کالی گھٹا ۔

میقات (ع/مذ) وقت ۔ کسی کام کا وقت ۔ وہ مقام جہاں سے حاجی لوگ حج کا احرام باندھتے ہیں ۔

مَیکا (ہ/مذ) عورت کے ماں باپ کا گھر ۔

مَیکا بسانا (ہ) عورت کا سُسرال کو چھوڑ کر اپنے ماں باپ کے گھر جا رہنا ۔

میکائیل (ع/مذ) ایک فرشتہ کا نام جس کے ذمے خلق خدا کو رزق رسانی کی خدمت میں لگی ہوئی ہے ۔

مَیکے والیاں (ہ/مث) دُلہن کی رشتہ والی عورتیں ۔

میکھ (س/مذ) بیش نر ۔ مینڈھا ۔ بھیڑا ۔ مینڈھے کی شکل کا پہلے آسمان کا ایک برج بھی ہے ۔ بیساکھ کا مہینہ ۔ عیب ۔ جُرم ۔ بُرائی ۔

مکینیکل سائنس (ہ/مذ) کلوں کا علم ۔ علم جر ثقیل ۔

میگڈمبر (ہ/مذ) ہاتھی پر رکھنے کی ایک قسم کی بہت بڑی عماری ۔ ایک قسم کا بہت اُونچا خیمہ ۔

میگزین (انگریزی/مذ) سلاح خانہ ۔ بارود خانہ ۔ خزانہ ۔ گنجینہ ۔ مخزن ۔ گودام ۔ متفرق اور مختلف مضامین کا رسالہ ۔

میگھ (س/مذ) گھٹا ۔ ابر ۔ بدلی ۔ بادل ۔ بارش ۔ باراں ۔ مینہ ۔ ایک ہندی راگ ۔ ایک راکشس کا نام بھی ہے ۔

میگھ راج ۔ یا ۔ میگھ پتی (س/مذ) بادلوں کا دیوتا ۔ مینہ برسانے والا دیوتا ۔

میگھ راگ (س/مذ) ایک راگ کا نام ہے جو ساون بھادوں میں گایا جاتا ہے ۔

میگھ ناد (س/مذ) بادل کا سنکھ یعنی رعد ۔ کڑک ۔ گرج ۔ بجلی کی سی گونج والا ۔ رعد کی سی آواز والا ۔

میگھا (ہ) کج چشم ۔ احول ۔ بھینگا ۔

میگھا گھام (ہ/مذ) ابر کی گرمی ۔ حبس ۔ اُمس ۔ حبس ۔ برسات کے دنوں میں جسم انسان پر نکلے ہوئے گرمی کے دانے ۔ پت ۔

مَیل (ع/مذ) جھکاؤ ۔ خمیدگی ۔ توجہ ۔ رغبت ۔ میلان ۔ خواہش ۔ رجوع ۔ رعایت ۔ پاسداری ۔ جانبداری ۔

میلان ۔ اٹلی کے لمبارڈی میدان میں واقع ہے ۔ یہاں ریشم بنانے کے کارخانے ہیں ۔

مَیل خاطر (ع/مذ) التفات ۔ توجہ ۔ خاطر ۔ دل کی توجہ ۔

مَیل (ہ/مذ) چرک ۔ گاد ۔ کیچڑ ۔

مَیل آنا (ا/محاورہ) کدورت پیدا ہونا ۔ ناراض ہونا ۔

مَیل بیٹھنا (ا/محاورہ) گرد جم جانا ۔ زنگ لگ جانا ۔

مَیل چھانٹنا (ا/محاورہ) مَیل دُور کرنا ۔ اُجلا کرنا ۔

مَیل چھٹنا (ہ) مَیل دُور ہونا ۔ صاف ہونا ۔ چرک دُور ہونا ۔

مَیل خورا (ا) مَیل کو چھپا لینے والا رنگ ۔ خاکی رنگ کا کپڑا ۔ پہنا ہوا کپڑا ۔

مَیل کا بیل بنانا (ہ) بات کا بتنگڑ بنانا ۔ بات کو بڑھا دینا ۔

مَیل کاٹنا (ہ) اُجلا کرنا ۔ صاف کرنا ۔ مَیل دُور کرنا ۔

میل کچیل (ہ/ست) خاک - دھول - غبار - کدورت - کیچڑ - مٹی -
میل کی بتی (ا/ست) میل کی وہ بتی سی جو جسم کو ہاتھ سے ملنے سے بن جاتی ہے -
میل لانا (ہ) رنج لانا - کدورت لانا -
میل (ع/مذ) سُرمہ لگانے کی سلائی - وہ پتھر جو ایک میل کے فاصلہ پر نصب کر دیتے ہیں - تھم کھم - ستون (انگریزی) ۱۷۶۰ گز زمین کا ناپ -
میل (انگریزی/مث) ڈاک - ڈاک کا تھیلا - ہرکارہ - ڈاک گاڑی -
میل ٹرین (انگریزی/مث) ڈاک گاڑی - خطوط وغیرہ لے جانے والی ریل گاڑی -
میل (ہ/مذ) ملاپ - اِتحاد - دوستی - آمیزش - قرابت - رشتہ داری - ناتہ - لاؤ - رلاؤ - قسم - جنس - نوع - موافقت - سنجوگ - نسبت - مناسبت - مشابہت - ہمسری - ہمتائی - جوڑ - ذات - رقم - فیشن - شادی کے موقع پہ مہمانوں کا اجتماع -
میل جول (ہ/مذ) پیار - اخلاص - اِختلاط -
میل دینا (ا/محاورہ) اتفاق اور ربط وضبط پیدا کرنا -
میل رکھنا (ف) راہ ورسم رکھنا - پیار اخلاص رکھنا -
میل کا (ہ) قسم کا - جنس - رقم کا - ڈھنگ کا - طرز کا -
میل کرنا (ہ) ملاپ کرنا - آمیزش کرنا - ملانا - اِخلاص کرنا - بیاہ کے موقع پہ مہمانوں کو بُلانا -
میل کھانا (ف) مناسب ہونا - مطابق ہونا - موزوں ہونا -
میل ملاپ (ہ/مذ) میل جول - اِرتباط - اِتحاد - اِختلاط -
میلا (ہ/مذ) بھیڑ بھاڑ - اژدھام - انبوہ - ہجوم - سیر - تماشا کسی خاص جگہ پر ہر قسم کے لوگوں کا اِجتماع ہونا -
میلا ٹھیلا (ہ/مذ) بھیڑ بھاڑ - سیر و تماشا -
میلا کرنا (ہ) سیر و تماشے میں شامل ہونا - میلے میں جانا -
مَیلا (ہ) میل والا - غلیظ - ناپاک - پلید - نجس - غبار آلودہ - گدلا - چیکٹ - مکدر - فضلہ - گوہ - بول و براز - کوڑا کرکٹ -
مَیلا پن (ہ) غلاظت - نجاست - کدورت -
میلا سر ہونا
میلے سر سے ہونا } (ف) حیض سے ہونا - کپڑوں سے ہونا - ماہواری ایام سے ہونا -
میلا کرنا (ہ) غبار آلودہ کرنا - بے آب کرنا - گدلا کرنا - پاخانہ کرنا - براز کرنا - غلیظ کرنا - گندہ کرنا -
مَیلا کچیلا (ہ) خاک دھول میں بھرا ہوا - غبار آلودہ -
مَیل مَیل (ہ/مذ) ہاتھی کے ہانکنے اور چلانے کا کلمہ -
میلاد (ع/مذ) پیدا ہونے کا وقت - پیدا ہونے کا زمانہ -
مَیلان (ع/مذ) خواہش - رغبت - توجہ - اِلتفات - رجحان -
میلنا (ہ) ملانا - جوڑنا - شامل کرنا - ڈالنا - داخل کرنا -
مَیلے (ہ/مذ) میل کی جمع -

میلے کا بھائی نوشادر (ا/محاورہ) دونوں یکساں ہیں - جیسا یہ ویسا وہ دونوں گندے ہیں -
میم (ع/مذ) دیکھو میم - تشبیہاً دہانِ معشوق - کنواں - چاہ -
میم (ا/مث) میڈم کا مخفف - خاتون - بانو بیگم - خانم - لیڈی -
میمفیز - تھبیز کے زوال کے بعد مصر کا دارالخلافہ تھا - مگر آج کل قاہرہ ہے -
میمانسا (س/مذ) ایک شاستر کا نام ہے -
میم کا تب (ف) کنایۃً اندھے سے -
میمنا (ہ/مذ) بکری کا بچہ - حلوان - بزغالہ -
مَیمَنَت (ع/مث) برکت - اقبال مندی - سعادت - کامیابی - عروج - مبارکی - خوشی - کامرانی -
مَیمَنَہ (ع/مذ) دائیں طرف - دائیں بازو کی فوج -
میمون (ع) مبارک - برکت والا - کامیاب - اقبال مند - بھاگوان - نیک بخت (بزبان فارسی) لوزنہ - بندر -
مِیں (ہ) اندر - بھیتر - درون - در - بکری کی آواز -
میں (ہ) اپنی ذات - خود آپ - اپنی ذات خاص - بکری کی آواز -
مَیں بھروں سرکار کے میرے بھرے سقہ (ا/مثل) اُس شخص کی بابت بولا کرتے ہیں - جو اوروں کا کام تو خود کرے اور اپنا کام دوسروں سے کرائے -
مَیں بھی رانی تو بھی رانی کون ڈالے سر پہ پانی (ا/مثل) سست الوجود اور کاہل آدمیوں کی نسبت بولا کرتے ہیں - جو بہانے ہی کیا کرتے ہیں -
مَیں تھکی تو ناخوش (ا/مثل) کوئی مشفقت کرے اور دوسرے کو پسند نہ ہو -
مَیں کون تو کون (ا/محاورہ) میں کیا جانوں تو کون ہے - میرا تیرا واسطہ ہی کیا -
مَیں تیرے صدقے (ا/محاورہ) واری جاؤں - قربان جاؤں - خوشی اور خوشامد کے وقت عورتیں اکثر پیار سے بولا کرتی ہیں -
مَیں خوش میرا خُدا خوش (ا/محاورہ) میں صدقِ دل سے منظور کرتا ہوں - میں راضی ہوں - میری عین خوشی ہے -
مَیں کچھ نہیں کہہ سکتا (ا/بول چال) میں شکوہ نہیں کرتا -
میں کہاں تو کہاں (ا/بول چال) ایک دوسرے میں بہت فرق ہے -
میں کیا میری اوقات ہی کیا (ا/بول چال) میری کیا ہستی ہے میں بہت کم رتبہ ہوں -
مَیں مَیں (ا/مذ) خودی - خودستائی - غرور - تکبر اور نخوت کا کلمہ ہے -
میں نہ مانوں (ہ/محاورہ) مجھے یقین نہیں - میں اعتبار نہیں کرتا -
مِیں (س/ست) مچھلی - مچھی - ماہی - حوت - آسمان کے بارھویں برج کا نام جو مچھلی کی شکل کا ہے - عیب - بُرائی -
مین میکھ نکالنا (ہ) عیب جوئی کرنا - نکتہ چینی کرنا - عیب نکالنا -
مین ہے نہ میکھ (ہ/محاورہ) پاک صاف ہے - بے عیب ہے - کوئی

خرابی نہیں۔

مینا (ف امذ) شیشہ۔ مختلف رنگ کا شیشہ۔ صراحی۔ شراب کی بوتل۔ قرابہ۔ ایک قسم کے پتھر کا نام۔ نقش و نگار۔ مرصع کاری۔

مینا بازار (ف امذ) وہ بازار جو بادشاہوں کی سیر کے لیے انواع و اقسام کی چیزیں لگا کر سجایا جائے۔ زنانہ بازار۔ عورتوں کا بازار۔ وہ بازار جہاں عورتیں ہی ہر قسم کا سودا بیچتی ہیں۔

مینا خانہ (ف امذ) شیشہ خانہ۔

مینا رنگ (ف امذ) سبز رنگ۔

میناکار (ف امذ) جڑاؤ کا کام کرنے والا۔ مرصع کار۔

میناکاری (ف امث) چاندی سونے پر مرصع سازی بیکھنے کا کام۔ باریکی۔ بال کی کھال۔

مینا (ہ امذ) راجپوتانے کی ایک ہندو قوم کا نام۔ جس کا پیشہ چوری ہے۔

مینا (ہ امث) ایک خوش آواز پہاڑی پرندے کا نام ہے۔

مینجنا (ہ) ملانا۔ ملنا۔ گوندنا۔

مینار۔ منارا۔ منارہ (ف امذ) ستون۔ تھم۔ لاٹھ۔ کھمبا۔ برج۔

مینار کا (انگ امث) ایک ولایتی مرغی۔

مینائے لاجورد (ف امذ) کنایۃً آسمان۔

مین پھل (ہ امذ) خربوزے کی شکل کے ایک نہایت کڑوے پھل کا نام ہے۔ اندرائن۔ حنظل۔ بیر سیندوا۔

مینڈھی (ہ امث) جٹا۔ بالوں کی لٹ۔ مینڈی۔

مینڈ (ہ) کھیت کی منڈیر۔ ڈولا۔ پشتہ۔ حد۔ کنارا۔ باڑ۔ موج۔ لہر۔ گھاٹ۔ کنوئیں کی من۔ منڈیر۔

مینڈبندی (ہ امث) کھیت کی حد بندی۔

مینڈ پڑنا (ہ) لہریں اٹھنا۔ پانی کی لہریں اٹھنا۔ موجیں اٹھنا۔

مینڈ کٹان (ہ امذ) پیمائش کے وقت جریب کا کسی کھیت کی مینڈ پر سے گزرتے وقت کاٹا ڈ اور نشان معہ پیمائش۔

مینڈک (ہ امذ) ڈڈو۔ غوک۔ ایک آبی جانور کا نام ہے جو برسات کے دنوں میں تالابوں اور جوہڑوں کے کنارے پر ٹرایا کرتا ہے۔

مینڈکی (ہ امث) مینڈک کی تانیث۔ مادہ مینڈک۔ چھوٹا مینڈک۔

مینڈکی چلی مدار کو (ہ امثل) ادنیٰ اور نکمے آدمی نے بڑا حوصلہ کیا۔

مینڈکی کو بھی لوٗ کام ہوا (ہ امحاورہ) اپنی حیثیت سے بڑھ کر شیخی مارتے والے سفلے کی نسبت بولا کرتے ہیں کہ شیخی سے ایسے کام کا ارادہ رکھتا ہے جس کی اس میں طاقت نہ ہو۔

مینڈنا (ہ) مَلنا۔ لتھیڑنا۔ آلودہ کرنا۔

مینڈھا (ہ امذ) بھیڑا۔ دُنبہ۔ میش نر۔ بھیڑ کا نر۔ آسمان کا گیارھواں برج۔ میکھ راسی۔ لہر۔ تلاطم۔ موج۔

مینڈھا اچھلنا (ہ) لہر کا اونچا اٹھنا۔ تلاطم ہونا۔ موجیں اٹھنا۔

مینڈھا لڑانا (ہ) دو بھیڑوں کو لڑانا۔ مجازاً دو آدمیوں کو لڑا دینا۔ شراکت کرنا۔ ساجھا کرنا۔

مینڈھے لڑانا (ہ) دُنبے لڑانا۔ دو مینڈھوں کو لڑا کر ان کا تماشا دیکھنا۔ دو آدمیوں میں باہم لڑائی کرا دینا۔

مینڈھی / مینڈی (ہ امث) سر کے گندھے ہوئے بالوں کی لٹ۔

مینڈیاں گوندھنا (ہ) بالوں کی لٹیں بنا کر سر گوندھنا۔

مینک (ہ) آنکھ کی پتلی۔ کلیجہ کی ٹھنڈک۔

مینگنی۔ مینگن (ہ امث) بھیڑ۔ بکری۔ ہرن۔ خرگوش اور اونٹ وغیرہ کا فضلہ جو گول گول گولیوں کی طرح ہوتے ہیں۔

میں میں (ہ امث) بکری کی آواز۔

میں میں کرنا (ہ) بکری کا بولنا۔ بکری کا ممیانا۔

مینو (ف امذ) بہشت۔ جنت۔ فردوس۔ وہ رنگین نگینہ یا جواہر جو زیور پر جڑتے ہیں۔ فلک۔ چرخ۔ آسمان۔

مینہ (ہ امذ) بارش۔ باراں۔ برکھا۔

مینہ آنا (ار محاورہ) بارش شروع ہونا۔

مینہ برسنا (ار محاورہ) بارش ہونا۔

مینہ کا جھمکا لگنا (ار محاورہ) مینہ کی جھڑی لگنا۔

مینہ کھلنا (ار محاورہ) بارش بند ہونا۔

مینیجر (انگریزی امذ) انتظام کرنے والا۔ منتظم۔ کارگزار۔ مہتمم۔

میو (ہ امذ) میوات کی رہنے والی ایک بہادر مگر جاہل اور اکھڑ قوم کا نام۔

میوزیم (انگریزی امذ) عجائب گھر۔ وہ جگہ جہاں قسم قسم کی مصنوعات نمائش کے لیے رکھی ہوئی ہوں۔

میونسپل کمشنر (انگریزی امذ) میونسپل کمیٹی کا ممبر۔

میونسپل کمیٹی / میونسپلٹی (انگریزی امث) چیدہ شہری لوگوں کی وہ جماعت جو شہر کے متعلق صفائی۔ پانی اور روشنی کا انتظام کرتی ہے۔ کمیٹی۔ میونسپل کمشنروں کے اجلاس اور کمیٹی کرنے کی جگہ۔ کمیٹی گھر۔

میو مواجب جانیے جب وا کا تیجا ہوئے (ہ امثل) یعنی میو قوم ایسی دغاباز اور مکار ہے کہ ان کا مر جانا بھی اعتبار کے قابل نہیں جب تک کہ تین دن مرے ہوئے نہ گزر جائیں۔

میواڑ (ہ امذ) راجپوتانہ کی ایک ریاست کا نام۔ ملک متوسط۔

میوہ (ف امذ) پھل۔ بار۔ ثمر۔

میوہ جات (ف امذ) میوہ کی جمع۔ میوے۔ فواکہ۔

میوہ دار (ف امذ) ثمردار۔ پھل دار۔ وہ درخت جس میں میوہ آتا ہو۔ یا لگا ہوا ہو۔

میوہ فروش (ف امذ) پھل بیچنے والا۔ پھل پھلواری بیچنے والا۔ فروٹ بیچنے والا۔

ن (ع امذ) اُردو کا بتیسواں [32] - ہندی کا تیسواں [30] - فارسی کا اُنتیسواں اور عربی کا پچیسواں [25] حرف - ابجد میں اس کے پچاس عدد قرار دیے گئے ہیں -

ن - ا

نا (ع) ہم عورتیں - ہم لوگ -

نا (ہ/مذ) ہندی مصدر کی علامت جو اخیر میں آتی ہے - حرف نفی بھی ہے بمعنی نہ - نہیں - انکار کی علامت اسم کے شروع میں آتی ہے -

ناب (ع) وہ دانت جسے کچلی کہتے ہیں -

نااتفاقی (فع/مث) پھوٹ - بگاڑ - رنجیدگی - نفاق - عداوت - دشمنی -

ناآزمودہ (ف) نادان - ناتجربہ کار - اناڑی - ناواقف - کچا - نوآموز - بغیر دیکھے بھالے - بن تجربہ - بن دیکھا - بغیر آزمائش -

ناآزمودہ کار (ف) ناپختہ کار - اناڑی - ناتجربہ کار - خام - کچا -

ناآشنا (ف) انجان - ناواقف - اجنبی - نامحرم - بے جا پہچان - بے وفا - بے مروت - خشک - روکھا - تیز مزاج - بداخلاق - جو تیراک نہ ہو یعنی تیرنا نہ جانتا ہو -

ناآشنائے محض (فع) بالکل ناواقف - قطعی نامحرم - بالکل اجنبی -

نااتفاقی (ف/مث) نفاق - پھوٹ -

نااُمید (ف) مایوس - بے آس - نراسا - ناکام -

نااُمیدی (ف/مث) ناکامی - مایوسی -

ناآمیزگار (ف) نا ملنسار - وہ آدمی جو کسی سے ملنا جلنا پسند نہ کرتا ہو -

ناانصاف (فع) انصاف نہ کرنے والا - انیائی - ظالم - نامنصف -

ناانصافی (فع) بے انصافی - ظلم - اندھیر - انصاف نہ کرنا -

ناانصافی کرنا - یا - برتنا (ہ) ظلم کرنا - عدل نہ کرنا - بے انصافی کرنا -

نااہل (فع) نالائق - ناموزوں - غیر مہذب - ناشائستہ -

نابالغ (فع) کم عمر - کمسن - اٹھارہ سال سے کم عمر کا - نادان - ناسمجھ -

نابالغی (ف/مث) کم سنی - صغر سنی - خورد سالی -

ناکارہ (ف) نکما - بے فائدہ - بے کار - غیر معروف - نالائق - شریر - بدذات - بدکار - عیب دار - معیوب - نازیبا - خراب - بے ہودہ -

نابلد (فع) ناآشنا - انجان - ناواقف - اناڑی - اُجڈ - کسان - دہقانی - گنوار -

نابود (ف) ناپید - معدوم - فانی - نیست - گم -

نابینا (ف) اندھا - کور - جسے سجھائی نہ دے -

ناپاک (ف) میلا - گندا - پلید - نجس - وہ شخص جس پر نہانا فرض ہو -

ناپاک ہونا (ہ) گندا ہونا - پلید ہونا - واجب الغسل ہونا - نجس ہونا -

ناپاکی (ف/مث) گندگی - پلیدی - نجاست -

ناپائدار (ف) کمزور - بودا - فانی - بے ثبات - غیر مستحکم -

ناپائداری (ف/مث) کمزوری - بوداپن - بے ثباتی -

ناپدید (ف) جو ظاہر نہ ہو - غائب - مخفی - پوشیدہ - چھپا ہوا -

ناپرساں (ف/صف) بے پروا -

ناپرہیزگار (ف) خطاوار - گناہگار - بے عصمت -

ناپسند (ف) نامقبول - ناگوار - نامرغوب -

ناپسند کرنا (ہ) قبول نہ کرنا - پسند نہ کرنا -

ناپسندیدہ (ف) ناگوار - نامنظور - نامرغوب - بارِ خاطر - دوبھر -

ناپید (ف) فنا۔ نیست و نابود۔ معدوم۔ عنقا۔ کمیاب۔ نادر۔
ناپید کرنا (ا) گم کردینا۔ برباد کردینا۔ مٹا ڈالنا۔ فنا کردینا۔ کھونا۔
ناپید ہونا (ا) گم ہونا۔ مٹ جانا۔ تباہ و برباد ہوجانا۔ کمی ہونا۔ قحط ہونا۔ میسر نہ ہونا۔ پایا نہ جانا۔
ناپیدا (ف) جو ظاہر نہ ہو۔ غائب۔ پوشیدہ۔ مخفی۔ چھپا ہوا۔
ناپیدا کنار (ف) ایسا بڑا سمندر جس کا کنارا بالکل دکھائی نہ دیتا ہو۔ بہت ہی لمبا چوڑا سمندر۔
ناتجربہ کار (ف) کچا۔ اناڑی۔ انجان۔ ناواقف۔
ناتراش / ناتراشیدہ (ف) ان گھڑ۔ بن چھلا۔ جاہل۔ بے ادب۔ کمینہ۔ سفلا۔
ناتراشیدہ کندہ (ف امذ) بے وقوف۔ جاہل آدمی۔
ناتربیت یافتہ (ف) ناشائستہ۔ غیر مہذب۔ بدتہذیب۔
ناتمام (ف ع) ادھورا۔ نامکمل۔ ناقص۔ کچا۔ خام۔
ناتوان (ف) ناطاقت۔ کمزور۔ ماڑا۔ بودا۔ ضعیف۔ لاغر۔ دُبلا۔
ناتوانی (ف امث) کمزوری۔ ناطاقتی۔ دُبلاپن۔ لاغری۔ بوداپن۔
ناجائز (ف ع) شریعت یا قانون کے خلاف۔ ناروا۔ نامناسب۔ غیر مباح۔ نادرست۔
ناجائز قرار دینا (ا) (مص مرکب) کسی بات کے کرنے سے روک دینا۔
ناجائز مال (ف ع) شریعت یا قانون کے لحاظ سے جو مال حب کر نہ ہو۔
ناجنس (ف ع) غیر جنس۔ ناموافق۔ ان میل۔ کم اصل۔ سفلہ۔ اوچھا۔ ناشائستہ۔ بے ادب۔
ناجوازی (ف امث) نادرستی۔ کسی بات کا ناجائز ہونا۔
ناجی (ع) نجات پانے والا۔
ناچار (ف) عاجز۔ بے چارہ۔ مجبوراً۔ لاچار۔ لاعلاج۔ بالضرور۔ مفلس۔ غریب۔ محتاج۔ نادار۔ ناامید۔ مایوس۔ اپاہج۔ معذور۔ مجبوراً۔ ہار کر۔ مجبور ہوکر۔
ناچاری (ف امث) عاجزی۔ مجبوری۔ بے چارگی۔ مفلسی۔ غربت۔ بے لبی۔ مایوسی۔ ناداری۔
ناچاری پریت سے بھاری (ا) (مثل) مفلسی بڑی کٹھن اور دشوار چیز ہے۔ لاچار آدمی کچھ نہیں کرسکتا۔
ناچاق (ف) بیمار۔ علیل۔ ناتندرست۔ بدمزہ۔ دُبلا۔ لاغر۔
ناچاقی (ف امث) نااتفاقی۔ بیماری۔ بدمزگی۔ رنجش۔ ان بن۔ بگاڑ۔
ناچیز (ف) جو کچھ حیثیت نہ رکھتا ہو۔ ناکارہ۔ نکما۔ نالائق۔ نااہل۔ ناقابل۔
ناحق (ف ع) جو مناسب نہ ہو۔ ناواجب۔ بے فائدہ۔ حق کے خلاف۔ بے انصافی سے۔ بے جا۔ نامناسب۔ بلاسبب۔
ناحق شناس (ف ع) حق نہ پہچاننے والا۔ بے انصاف۔ ظالم۔ انیائی۔ نمک حرام۔
ناحق شناسی (ف امث) نمک حرامی۔ ظلم۔ بے انصافی۔

ناحق کا (ا) (صف) بے فائدہ۔ فضول۔
ناحق کرنا (ا) ظلم کرنا۔ نامناسب کرنا۔ ناانصافی کرنا۔
ناحق کہنا (ا) حق کے خلاف کہنا۔ جھوٹ کہنا۔ جھوٹ بولنا۔
ناخداترس (ف صف) خدا کا خوف نہ کرنے والا۔ سنگدل۔ ظالم۔ سخت دل۔ بے رحم۔ خدا کے قہر سے نہ ڈرنے والا۔
ناخلف (ف ع) نالائق بیٹا۔ وہ بیٹا جو باپ کے موافق نہ ہو۔ بدچلن۔ عیبی۔ ناشائستہ۔ نااہل۔
ناخلف بیٹے سے بیٹی بھلی (ا) (مثل) بُرے لڑکے سے لڑکی بہتر ہے۔
ناخواندہ (ف) ان پڑھ۔ بن پڑھا۔ بے علم۔ جاہل۔ بن بلایا۔ جسے بلایا نہ گیا ہو۔
ناخواندہ مہمان (ف امذ) وہ شخص جو بن بلائے کسی کے ساتھ ہولے۔ طفیلی۔ بن بلایا مہمان۔
ناخوش (ف) ناراض۔ رنجیدہ۔ جو راضی نہ ہو۔ متنفر۔ بیزار۔ بیمار۔ مریض۔ ناتندرست۔
ناخوش ہونا (ا) خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔ بیزار ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔
ناخوشی (ف امث) خفگی۔ ناراضی۔ بیزاری۔ رنجش۔
نادار (ف) کچھ نہ رکھنے والا۔ مفلس۔ غریب۔ کنگال۔ محتاج۔
ناداری (ف امث) مفلسی۔ کنگالی۔ غریبی۔ تنگدستی۔
نادان (ف) انجان۔ جاہل۔ بے سمجھ۔ بے وقوف۔ چھوٹی عمر کا بچہ۔ کم سن بچہ۔ بچہ۔
نادان بات کرے دانا قیاس کرے (ا) (مثل) عقلمند ہر بات کو تاڑ لیتے ہیں۔ دانا آدمی جاہلوں کی بات سے بھی نصیحت اخذ کرلیتے ہیں۔
نادان بننا (ا) (محاورہ) تجاہل عارفانہ کرنا۔
نادان پن (ا امذ) بے وقوفی۔ نادانی۔ جہالت۔
نادان دوست سے دانا دشمن بھلا (ا) (مثل) دانا دشمن سے اتنا نقصان نہیں پہنچتا جتنا نادان دوست کی نادانی سے پہنچ جاتا ہے۔
نادان کی دوستی جی کا زیاں / نادان کی دوستی جان کا خطرہ (ا) (مثل) بے وقوف کی دوستی میں جان کا خطرہ ہی ہوتا ہے۔
نادانستگی (ف امث) نادانی۔ بے خبری۔ لاعلمی۔ جہالت۔
نادانستہ (ف) ان جان پنے سے۔ ناواقفیت سے۔ بن جانے۔
نادانی (ف) بے سمجھی۔ جہالت۔ بے وقوفی۔
نادرست (ف) جو ٹھیک نہ ہو۔ غلط۔ نامناسب۔ بے جا۔ ناجائز۔
نادہند (ف) نادہندہ کا مرخم ہے۔ قرض دام لے کر نہ دینے والا۔ لے مر۔
نادیدنی (ف امث) وہ چیز جو قابل دیکھنے کے نہ ہو۔
نادیدہ (ف) بن دیکھا۔ ان دیکھا۔ ندیدہ۔ وہ شخص جس نے کبھی کچھ نہ دیکھا ہو۔ لالچی۔ حریص۔
ناراست (ف) جو سیدھا نہ ہو۔ ٹیڑھا۔ کج۔
ناراض (ف ع) ناخوش۔ رنجیدہ۔
ناراضی (ف ع امث) رنجیدگی۔ رنجش۔ رنج۔

ناراضگی - ناخوشی (ناراضگی دُرست نہیں ہے)
نارتھ ویسٹرن سرحدی صُوبہ - یہ صُوبہ سرحدی علاقہ سے ملحق ہے - صدر مقام پشاور ہے - سرحدی قبائل اس میں آباد ہیں - کوہاٹ - ہزارہ - بنّوں - ڈیرہ اسماعیل خاں اس میں شامل ہیں -
نارسا (ف) نہ پہنچنے والا - بے اثر - نامُراد -
نارسائی (ف) پہنچ نہ ہونا - پہنچ نہ سکنا - نابار یابی -
نارسیدگی (ف/مث) خاص آزمودہ کار نہ ہونا -
نارسیدہ (ف/صف) نہ پہنچا ہوا - خام - ناکمل - نابالغ -
ناروا (ف) ناجائز - غیر شرع - بے جا - مذہب کے خلاف - دین کے برخلاف - ممنوع - نامناسب - غیر مروّج - وہ سکّہ جس کا چلن نہ ہو - نامُراد - ناکام - محرُوم - ناپسند - نامقبُول -
نازیب } (ف) بدنُما - غیر موزُوں -
نازیبا } بدزیب - بے میل -
نازبالش (ف) نرم تکیہ -
نازل منزلہ (ع) قائم مقام -
ناساز (ف) برعکس - مخالف - برخلاف - بیمار - علیل - مریض - ناراست - ناتندرُست -
ناسازگار (ا) برخلاف - مُخالف - برعکس - ناموافق - بدنصیب - منحوس - چندرا -
ناسازگاری (ا/مث) مخالف - ناموافقت - بدنصیبی - نحوست - بیماری - علالت - کسل - کسالت -
ناسپاس (ف) ناشکرا - ناشکرگزار - نمک حرام - کافرنعمت - گُن میٹ - احسان نہ ماننے والا -
ناسپاسی (ف/مث) ناشکری - نمک حرامی - کُفرانِ نعمت -
ناسزا (ف) نالائق - نامناسب - ناموزُوں - نازیبا - بے جا - ناواجب - سفلہ - کمینہ -
ناسزاوار (ف) نازیبا - ناموزوں - نامناسب - غیر مہذّب - نالائق - بے جا -
ناسُفتہ (ف) اَن بندھا - بن چھدا - جس میں سُوراخ نہ ہوا ہو - جو پرویا نہ گیا ہو -
ناسک - احاطہ بمبئی میں ہندؤں کا مُقدّس مقام - یہاں لچھمن جی نے راون کی بہن سروپ نکھا کی ناک کاٹی تھی -
ناسمجھ (ا) احمق - مُورکھ - نادان - غبی - کند ذہن - بے وقوف - سادہ لوح - کم عُمر - کم سِن - بچّہ -
ناشاد (ف) رنجیدہ - ناراض - ناخوش - سوگوار - بدبخت - بے نصیب - نامُراد - بدقسمت - مصیبت زدہ -
ناشاد جانا (ا) نامُراد جانا - ناخوش جانا - پُرارمان جانا -
ناشاد و نامُراد (ف) بدقسمت - بے نصیب - بدبخت -
ناشاد و نامُراد جائے (ا) بددُعا - بے اولاد مرے - ارمان لے کر جائے - بے حصُول مراد مرے -
ناشائستگی (ف/مث) نالائقی - بدتہذیبی - بداسلوبی -

ناشائستہ (ف) ناموزُوں - نالائق - بدزیب - نامناسب - ناسزاوار - نازیبا - غیر مہذّب - گُستاخ - بے ادب - بے تمیز - ناقابل -
ناشُدنی (ف) نہ ہونے کے لائق - اَن ہونی - ناممکن - محال (ا) بدنصیب - کم بخت - ناخلف - مَرن ہار - مرنے جوگا -
ناشط (ع) خوشی کرنے والا -
ناشکر } (ف) نمک حرام - بے شُکرا - ناسپاس -
ناشکرا } (ا) بے احسانا - گُن میٹ - کری کھو - کورنمک -
ناشکری (ف/مث) نمک حرامی - ناسپاسی - ناحق - ناشناسی -
ناشکری کرنا - یا - کھینچنا (ا) نمک حرامی کرنا - احسان نہ ماننا - نیکی کا احسان نہ جاننا -
ناشکیب - ناشکیبا - ناصبُور (ف) بے صبرا - بے صبر - بے قرار - مُضطر -
ناشگفتہ (ف/صف) نہ کھلی ہوئی - دوشیزہ - کنواری -
ناشناس (ف/صف) نہ پہچاننے والا -
ناشنوائی (ف/مث) کس مپرسی -
ناصاف (فع/صف) جو پاک و صاف نہ ہو -
ناطاقت (فع) ناتوان - کمزور - بے زورا - ماڑا - بودا - سُست - ضعیف - لاغر -
ناطاقتی (فع/مث) ناتوانی - کمزوری - لاغری - ضُعف -
ناطع (ع) سینگ مارنے والا چوپایہ -
ناعاقبت اندیش (ف) بات کے اخیر انجام کو نہ سوچنے والا - کوتہ اندیش (صحیح عاقبت نااندیش ہے)
نافرمان (ف) حکم نہ ماننے والا - سرکش - متمرّد - (مذکر) ایک اودے رنگ کے پھُول کا نام -
ناف خاک (ف) مکّہ معظمہ -
نافرمانی (ف/مث) سرکشی - عدُول حُکمی - فرماں بردار نہ ہونا - حکم نہ ماننا - بغاوت - اِنحراف - گُل نافرمان کے رنگ کا - اودے رنگ کا -
نافرمانی کرنا (ا) حُکم عدول کرنا - حُکم نہ ماننا - سرکشی کرنا - بغاوت کرنا -
نافہم (فع) ناسمجھ - بے وقوف - نادان - کم عقل -
ناقابل (ف) نالائق - ناشائستہ - ناموافق - ناموزُوں - اَن پڑھ - انجان -
ناقابل برداشت (ف) سہارنے کے ناقابل - جو برداشت کرنے کے لائق نہ ہو -
ناقابلیت (فع/مث) نالائقی - کم لیاقتی - بے استعدادی -
ناقدر } (فع) گُن نہ ماننے والا - جو کسی کی قدر نہ سمجھے -
ناقدرا } مُنہ ناشناس -
ناقدری (ا/مث) بے قدری - بے وقعتی -
ناک (ف) بھرا ہوا - صاحب - مالک - آلودہ - مگر یہ لفظ کسی موصوف کے

صفت کے لیے آخر میں بولتے ہیں۔ مثلاً غمناک۔ خوف ناک۔
ناکارہ (ف) نکما۔ بُرا۔ خراب۔ جو کسی کام کا نہ ہو۔
ناکام (ف) نامُراد۔ مایوس۔ محرُوم۔ نااُمید۔
ناکامی (ف/مث) مایوسی۔ محرومی۔ نااُمیدی۔ مقصد پُورا نہ ہونا۔
ناکامیاب (ف/صف) ناکام۔
ناکدخُدا } (ف) بن بیاہا۔ کنوارا۔ کنواری۔
ناکتخُدا } جس کی شادی نہ ہوئی ہو۔
ناکردنی (ف) نا کرنے کے قابل بات۔ وہ کام جو کرنے کے لائق نہ ہو۔
ناکردہ کار (ف) ناتجربہ کار۔ کچّا۔ ناواقف۔ انجان۔ اناڑی۔ خام۔
ناکردہ جُرم } (فع/مذ) بے گُناہ۔ بے خطا۔
ناکردہ گناہ } (ف) بے قصُور۔ ناحق۔
ناکردنی (ف/صف) جو کرنے کے لائق نہ ہو۔
ناکس (ف) کمینہ۔ سِفلہ۔ نیچ۔ پاجی۔ نالائق۔ فرومایہ۔
ناکسی (ف/مث) نالائقی۔ ناقابلیت۔ سِفلہ پن۔ کمینگی۔ اوچھاپن۔
ناکند (ف) ناکندہ کا مرخم ہے۔ وہ بچھیرا جس کے دُودھ کے دانت نہ ٹوٹے ہوں۔ دو سال تک کی عمر کا گھوڑا۔ مجازاً نادان۔ ناسمجھ۔ ناتجربہ کار۔
ناگزیر (ف) ناچار۔ لاعلاج۔ مجبُور۔ لازم۔ ضرور۔ واجب۔
ناگوار (ف) ناقص۔ ناپسند۔ وہ کھانا جو معدے میں ہضم نہ ہوا ہو۔ بدہضمی۔ امتلا۔ سوءِ ہضم۔ بُرا۔ مکروہ۔ بدمزہ۔ بے ذائقہ۔
ناگفتہ دال (ف) عالمُ الغیب۔
ناگوارا (ا) ناپسند۔ نامرغوب۔ خلافِ طبع۔
ناگوار گزرنا۔ یا۔ ہونا (و) بُرا معلوم ہونا۔ اچھا نہ لگنا۔ ناپسند ہونا۔ بُرا لگنا۔
ناگاہ } (ف) بے وقت۔ اچانک۔ دفعتہً۔ بے موقع۔
ناگہاں } بے خبری میں۔ ناگاہ کا مخفف ہے۔
ناگہانی (ف/مث) اتفاقی۔
نال (ف) وہ چیز جو مثل سُوت کے قلم تراشنے میں نکلتی ہے۔ اور بمعنی گنّا بھی بولتے ہیں۔
نالائق (ف) جو لائق نہ ہو۔ بے ہُنر۔ بے لیاقت۔ ناقابل۔ غیر مہذب۔ ناخواندہ۔ جاہل۔ کمینہ۔ سِفلہ۔
نالائق پن } (ا/مذ) کمینگی۔ سِفلہ پن۔
نالائقی } (ا/مث) بے ہُنری۔
نامانوس (فع/صف) ناآشنا۔
نامبارک (فع) منحوس۔ چندرا۔ نامسعود۔
نامتناہی } (فع) بے انتہا۔ جس کی کوئی حد نہ رہے۔ جس کی انتہا نہ ہو۔
نامحدود } بے حد۔ بے تھاہ۔ بے کنار۔
نامحرم (فع) ناواقف۔ انجان۔ ناآشنا۔ غیر۔ اجنبی۔ وہ رشتہ دار یا شخص جس سے شرعاً نکاح دُرست اور عورت کو پردہ واجب ہو۔

نامُراد (ف) بے مُراد۔ ناکام۔ محرُوم۔ بے نصیب۔
نامُراد جانا (ا/محاورہ) مُراد پوری ہوئے بغیر مر جانا۔
نامُرادی (ف/مث) محرومی۔ ناکامی۔ بے نصیبی۔
نامربُوط (فع) بے ربط۔ بے میل۔ ناموزُوں۔ بے جوڑ۔ بے ترتیب۔
نامرد (ف) ہیجڑا۔ زنانہ۔ زنخہ۔ بودا۔ ڈرپوک۔ بُزدل۔ بے حوصلہ۔ سُست۔
نامرد کرنا (و) ہیجڑا بنانا۔ اختہ کرنا۔ خصّی کرنا۔ رجولیت کھو دینا۔ خوجہ کرنا۔
نامردی (ف/مث) بُزدلی۔ ہیجڑاپن۔
نامشخص (فع) بے تحقیق۔ غیر معیّن۔ جو ایک وضع اور ایک حالت پر نہ ہو۔
نامعتبر (فع) بے اعتبار۔ جس کا اعتبار نہ ہو۔
نامعقول (فع) جو عقل میں نہ آئے۔ بے وقوفی کی بات۔ بعید از عقل بات۔ نامناسب۔ بے جا۔ نالائق۔ ناشائستہ۔
نامعلوم (فع) بے خبر۔ بن جانے۔ غیر مشہور۔ انجان۔ مجہول الاسم۔
ناملائم (ف) جو نرم نہ ہو۔ سخت۔ کڑا۔ نامناسب۔ نازیبا۔ غیر واجب۔
نام بُردہ (ف) ذکر کیا گیا۔ جس کا نام اُوپر لیا جا چکا ہے۔
نامُقِر (فع) اقرار نہ کرنے والا۔ انکاری۔
ناممکن (فع) نہ ہونے والی بات۔ خارج از امکان۔ اَن ہونی۔
ناممکنات (فع/صف) جس میں لکیریں / نالیاں ہوں۔
نامناسب (فع) بے جا۔ بے موقع۔ ناموزوں۔ بے ہُودہ۔ نازیبا۔
نامنظُور (فع) انکار کیا گیا۔ ناپسند۔ نامقبُول۔
نامنظور کرنا (و) نہ ماننا۔ قبُول نہ کرنا۔ انکار کرنا۔
نامنظوری (و/مث) انکار۔ منسُوخی۔ تردید۔ وہ نوکری جس میں پنشن کا حق نہ ہو۔
ناموافق (فع) جو موافق نہ ہو۔ مخالف۔ خلاف۔ ناگوار۔
ناموافق ہونا (ا) مطابق نہ ہونا۔ راس نہ آنا۔ خلاف ہونا۔
ناموافقت (فع/مث) بگاڑ۔ اَن بَن۔ رنجش۔ شکر رنجی۔ مخالفت۔ اختلاف۔
ناموزُوں (فع) بے جوڑ۔ بے میل۔ نازیبا۔ ناموافق۔ بے سُرا۔ بے تالا۔ سُر اور تال کے بغیر۔
ناموس (ع) عصمت۔ عِزّت۔ عِفّت۔ نیک نامی۔ شریعت۔ حضرت جبریل علیہ السلام۔ قاعدہ۔ دستُور۔ آواز۔ مکر۔ پوشیدہ۔ حیلہ۔
نامہربان (ف) جو مہربان نہ ہو۔ بے درد۔ بے رحم۔ بے مروّت۔ دشمن۔ بیری۔ بدخواہ۔ عدُو۔
نامہربانی (ف/مث) بے رحمی۔ بے مروّتی۔ دشمنی۔ عداوت۔
نامُیسّری (و/مث) مُفلسی۔ تنگدستی۔ ناہوت۔ افلاس۔ غریبی۔
نانکر (و/مث) انکار۔ نہیں۔ حِیل حُجّت۔ حیلہ۔ حوالہ۔ بہانہ۔
نانکر کرنا (و) حیلے بہانے بنانا۔ انکار کرنا۔ حیلے حوالے کرنا۔

ناواجب (ع) بیجا - نامناسب - نازیبا - ناجائز -
ناواقف (ع) انجان - غیر - جاہل - ناتجربہ کار - نادان -
ناواقفیت (ع/ث) ناتجربہ کار - نادانی - جہالت -
ناوقت (ع) بے موقع - بے وقت - بے محل -
ناہموار (ف) نابرابر - اونچا نیچا - غیر مساوی - نالائق - بے ہودہ -
ناہمواری (ف/ث) نابرابری - کھردرا پن - نالائقی - اونچ نیچ -
ناہنجار (ف) بدچلن - بے راہ - بدذات - بداصل - بے ہودہ - نابکار -
نایاب (ف) ناپید - ناپید - عمدہ - کم یاب - نادر -
ناب (ف) صاف - بالکل خالص - نرمل - پاک - شدھ - پُر - بھرا ہوا -
لبریز (مؤنث) تلوار کی نالی جو نوک سے قبضہ تک دو طرفہ ہوتی ہے -
نابدار (ف/صف) جس میں لکیریں / نالیاں ہوں -
نابدان (ف/مذ) وہ زمین دوز موری جس سے گندہ پانی نکلے -
نابغہ (ع/مذ) عرب کے ایک مشہور شاعر کا نام - بہت ذہین فطین -
نابھ - یا - نابھی (ہ/ث) ناف - سونڈی گاڑی یا چھکڑے کے پہیوں کی وہ درمیانی لکڑی جس میں دُھرا اڑا دیا جاتا ہے -
نابھارت (ہ/ث) گھوڑے کی ناف کے پیچھے کی بھونری جو نہایت معیوب سمجھی جاتی ہے -
ناپ (ہ/ث) پیمائش - نسبت - پیمانہ - اندازہ - (عام لوگ ماپ بولتے ہیں)
ناپ بدیا (ہ/ث) علم مساحت - پیمائش کا علم -
ناپ کا پورا (ہ) وہ آدمی یا گھوڑا جو فوج کی مقررہ ناپ میں ٹھیک ہو -
ناپنا (ہ) پیمائش کرنا - اندازہ لگانا - کاٹنا - قلم کرنا -
ناتا کانہ گوت کا بانٹا مانگے لوتھ کا - اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو خواہ مخواہ رشتہ داری جتائے -
ناتا (ہ/مذ) رشتہ - قرابت - بھائی بندی - نسبت - علاقہ - تعلق - واسطہ -
ناتا توڑنا (ار/محاورہ) تعلق نہ رکھنا -
ناتا ٹوٹنا (ہ) تعلق نہ رہنا - رشتہ اور بھائی بندی نہ رہنا -
ناتا جوڑنا (ہ) قرابت نکالنا - رشتہ گانٹھنا -
ناتا چھوٹنا (ار/محاورہ) رشتہ داری ترک کرنا -
ناتن (ہ/ث) نواسی -
ناتھ (س/مذ) خاوند - پتی - دھنی - آقا - مالک - جوگیوں کا لقب - وہ رسی جو بیلوں کے ناک میں پڑتی ہے - عورتوں کا ناک میں پہننے کا ایک زیور - نتھ -
ناتھنا (ہ) بیندھنا - چھیدنا - سوراخ کرنا - بیل کے نتھنے میں رسی ڈالنا - بس میں کرنا - قابو میں کرنا -
ناتی (ہ/مذ) نواسا - بیٹی کا بیٹا - دوہتا -
ناٹا (ہ) پستہ قد - بونا - باؤنا - ٹھنگنا - کوتہ قد - پست قامت -
ناٹک (س/مذ) نٹ کا تماشا - نٹ کا کام - روپ - سوانگ - نقل - ڈرامہ - کھیل - لیلا -
ناٹک شالا (س/ث) ناچ گھر - منڈوا - تھیٹر -
ناٹکیا (ہ/مذ) بہروپیا - ایکٹر - سوانگی -
ناٹنا (ہ) نٹ نا - انکار کرنا - مکر جانا -
ناٹی (ہ/ث) ناٹا - ٹھنگنی عورت - بونی - پستہ قد عورت -
ناٹی (انگریزی) شریر - ڈھگی - نٹ کھٹ - عیار - فتنہ پرداز - متفنی -
ناثر (ع) نثر لکھنے والا - مضمون نویس -
ناج (ہ/مذ) اناج - غلہ - جیسے ناج رکھے لاج - یعنی غلہ ہی سے شرم حیا رہتی ہے -
ناج کاٹنا (ہ) فصل کاٹنا -
ناجو (ہ) نازو کا بگاڑ - لاڈلی - پیاری - نازپروردہ -
ناجی (ہ) نجات پانے والا - رستگار - مغفور - مبرور - گناہ معاف کیا ہوا -
ناچ (ہ/مذ) خوشی میں آ کر اچھلنا کودنا - رقص - نرت -
ناچ دکھانا (ہ) کسی کے آگے ناچنا - رقص کرنا -
ناچ رنگ (ہ/مذ) گانا - ناچنا - رقص و سرود -
ناچ گھر (ہ/مذ) سوانگ گھر - تھیٹر - تماشا گاہ -
ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا (ہ/مثل) ناچنا تو خود نہیں جانتی - صحن میں عیب نکالتی ہے - کام نہ کرنے والے اور بے جا عذر پیش کرنے والے کی نسبت بولا کرتے ہیں - حیلہ جو - کام تو آپ نہ کر سکنا اور دوسرے پر الزام دھرنا -
ناچ نچانا (ہ) ستانا - حیران کرنا - دق کرنا - تواجد کرنا - ہیرا پھیری کرنا -
ناچنا (ہ) رقص کرنا - نرت کرنا - تھرکنا - خفگی یا غصے میں آ کر اچھلنا کودنا -
ناخدا (ف/مذ) ناؤ خدا کا مخفف - کشتی بان - ملاح - کشتی چلانے والا -
ناخن (ف/مذ) انگلیوں کے سروں کی ہڈی - نہ - ناخون - پرندوں کے پنجوں کے اوپر کی ہڈی - چوپایوں کے کھر - یا سُم -
ناخن سے گوشت جدا کرنا (ل) رشتہ داروں میں نفاق ڈالنا - اپنوں کو بچھڑانا -
ناخن شمشیر (ف/مذ) تلوار کی دھار - تلوار کی باڑ -
ناخن گڑنا (ل) بات جمنا - نقشہ جمنا - اختیار ہونا -
ناخن گیر } **ناخون گیر** } (ف/مذ) ناخن لینے کا اوزار - نہرنا - نہرنی -
ناخن لینا } **ناخون لینا** } (ل) ناخن کاٹنا - ناخن تراشنا - گھوڑے کا ٹھوکر لینا -
ناخنہ (ف/مذ) ستار بجانے کا حلقہ - چھلا - مضراب - زخمہ - آنکھ - آنکھ کے کونے میں نمودار ہوا ہوا ناخن سے مشابہ سفیدی مائل گوشت - گھوڑے کی آنکھ میں پیدا شدہ سرخ پیتے - چیرا باندھنے کا انگشتانہ -

ناخنے کا گلیدان (ا/مذ) ایک قسم کا کپڑا۔
ناخُون (ف/مذ) ناخن کا اشباع ہے۔ نہ۔ ناخن۔ اُنگلیوں کے سروں کی ہڈی۔
ناخُون پر لکھنا (ف) یادداشت کے طور پر ناخن پر لکھ لینا۔
ناخُون سے لکھنا (ا) سفید کاغذ پر ناخن سے نقش و نگار کرنا۔ تحریر کرنا۔
ناخُون کاٹنا (ف) ناخون قلم کرنا۔ ناخن تراشنا۔
ناخُون نیلے ہونا (ا) زہر چڑھنا۔ مرنے کی علامت نمودار ہونا۔
ناخنوں سے گوشت جُدا نہیں ہوتا (ا/مثل) رشتہ دار رشتہ داروں سے چھُوٹ نہیں سکتے۔ اپنے کسی حال میں غیر نہیں ہو سکتے۔ یگانوں کی عداوت قائم نہیں رہا کرتی۔
ناخُونوں میں پڑے ہیں / ناخُونوں میں رکھ چھوڑے ہیں (ا/محاورہ) دیکھے بھالے ہیں۔ جیب میں پڑے ہیں۔ بالکل بے حقیقت ہیں۔ نہایت ادنیٰ اور آسان بات ہے۔
ناد (س/مذ) آواز۔ گرج۔ صدا۔ گونج۔ سُر۔ نرسنگے یا سنکھ کی آواز۔
نادِر (ع) تھوڑا۔ کم۔ کم تر۔ کمیاب۔ قلیل۔ نایاب۔ عُمدہ۔ تحفہ۔ نرالا۔ انوکھا۔ عجیب و غریب۔
نادر پاٹ (ہ/مذ) ایک قسم کا کپڑا جو بڑے عرض کا ہوتا ہے۔
نادِر شاہ (ف/مذ) ایک نہایت جابر اور سخت گیر بادشاہ ایران کا نام۔ جو ۱۱۵۳ھ میں ہندوستان پر خواہ مخواہ بہانہ بنا کر چڑھ آیا۔ دہلی میں قتلِ عام کیا۔ خوب لُوٹا۔ تختِ طاؤس وغیرہ دیگر قیمتی جواہرات کو ایران لے گیا۔
نادِرگردی۔ یا۔ نادِرشاہی (ف/مث) نادرشاہ کے وقت جیسی بد انتظامی اور لُوٹ مار کھلبلی۔
نادرن (انگریزی) شمال۔ شمال کی طرف کا۔
نادِرہ (ع/ف) عجیب۔ انوکھا۔ عُمدہ۔ عجُوبہ۔
نادِری (ف/مث) ایک قسم کی صدری۔ گنجفہ کا اِکّا۔ منسوب بہ نادرشاہ۔
نادِری حکم (ع/مذ) نادرشاہ کا سا حکم۔ نہ ٹلنے والا حکم۔
نادری چڑھانا (ف) نہایت شرمناک مات دینا۔ گنجفہ کے اِکّے جتنی میانی کٹوا دینا۔
نادِعلی (ع/مث) ایک مشہور دُعا کا نام ہے۔ جو چاندی کے پترے یا زہر مُہرے پر کھُدوا کر بچّوں کے گلے میں ڈالتے ہیں۔
نادِم (ع) شرمندہ۔ شرمسار۔ پشیمان۔ خجل۔
نادِم ہونا (ف) شرمندہ ہونا۔ شرمانا۔
نادھنا (ہ) جُوتنا۔ جُوئے میں لگانا۔ جوڑنا۔ شروع کرنا۔ آغاز کرنا۔ غلام بنانا۔ پابند کرنا۔
نادِیا (ہ/مذ) وہ بیل جس کے جسم میں کوئی عضو زیادہ ہو۔ مہادیو کی سواری کا بیل۔
نادِیہ (س/صفت) دریائی۔ آبی۔ بحری۔

نار (ع/مث) آگ۔ اگنی۔ آتش۔ بیسندر۔
نار (ف/مذ) انار کا مخفف۔ جو ایک مشہور درخت ہے۔
نار (ہ/مث) عورت۔ اِستری۔ تریا۔ لگائی۔ زن۔ بیوی۔ جورُو۔ زوجہ۔ جولاہوں کی نال جس میں سُوت کی نل رہتی ہے۔
نارپستان (ف/صفت) وہ لڑکی جس کی چھاتیاں ڈھلکی نہ ہوں۔
نارِ سعیر (ع/مث) دوزخ کی آگ۔
نارائن (س/مذ) قدیم۔ ہمیشہ رہنے والا۔ وشنو جی کا نام۔ خدائے لایزال۔ بھگوان۔ پرمیشور۔
نارائن تیل (ہ/مذ) ایک قسم کا روغن جو بُوٹیوں سے نکالا جاتا ہے۔ مومیائی۔
نارائنی (ہ/مث) دُرگا دیوی۔ لچھمی۔ وہ گائے جس کا دُودھ نذر مانا گیا ہو اور آگ پر نہ رکھا جائے۔
نارتھ (انگریزی/مذ) شمال۔ قطب کے رُخ۔
نارجیل (ف/مذ) ناریل۔ کھوپرا۔ کھوپا گری۔ جوزِ ہندی۔
نارد (س/مذ) گیان دینے والا۔ برہما جی کا بیٹا۔ لڑائی کرانے والا۔ لاوا لُترا۔ اِدھر اُدھر کی لگانے والا۔
نارنج (ع/مذ) نارنگ کا معرّب۔ نارنگی۔ رنگترا۔ کولا۔ سنترا۔
نارنجی (ف) سُرخی مائل زرد رنگ۔
نارنگی (ف/مث) چھوٹا رنگترا۔ مجازاً اُبھری ہوئی چھاتیاں۔
نارُو / ناروا (ہ/مذ) ایک بیماری کا نام ہے جس سے آدمی کے جسم پر دانے سے ہو کر اُن میں سے تاگا سا نکلتا ہے۔ نہروا۔ ناہرُو۔
ناری (ع) منسوب بہ نار۔ دوزخی۔ آگ کا۔ آتشی۔
ناری (ہ/مث) عورت۔ اِستری۔ لگائی۔ بیوی۔ زوجہ۔
نارِیل (ہ/مذ) (دیکھو نارجیل) ایک قسم کا چھوٹا سا حقّہ جو نارجیل کو خالی کر کے بناتے ہیں۔
ناریل کا پانی (ا/مذ) وہ پانی جو ناریل کے اندر سے نکلتا ہے۔
ناریل کا تیل (ہ/مذ) کھوپرے کا تیل۔ گری کا تیل۔
ناریل کا گُڑ (ا/مذ) ایک قسم کا گُڑ جو ناریل کے درخت کے رس سے بنتے ہیں۔
ناڑ (ہ/مث) گردن۔ گلا۔ گلو (مذکر) گاڑی میں جُوا باندھنے کا رسّہ۔
ناڑا (ہ/مذ) ازاربند۔ پاجامے کے اندر ڈالنے کی رسّی یا ڈوری۔ کلاوہ۔ مولی۔ کچّا گنڈے دار لال اور زرد رنگا ہوا سُوت۔
ناڑا چھوٹ کرنا (ہ) پیشاب کرنا۔ مُوتنا۔
ناڑا کھولنا (ہ) ازاربند کھولنا۔ جماع کرنا۔ زِنا کرنا۔
ناڑی (ہ/مث) بندوق کی نال۔ نبض۔ شریان۔ رگِ جہندہ۔
ناڑی چھُوٹنا۔ یا۔ ناڑی نہ بولنا (ہ) نبض کا جاتا رہنا۔ مرجانا۔ دم نکل جانا۔ سکتہ ہو جانا۔
ناڑیا (ہ/مذ) وید۔ طبیب۔ حکیم۔ نبض دیکھنے والا۔
ناز (ف/مذ) معشوقانہ ادا۔ غمزہ۔ نخرہ۔ چوچلا۔ پیار۔ لاڈ۔ غرور۔ گھمنڈ۔ نخوت۔ بھروسا۔ حمایت۔ برتا۔ بڑائی۔ عزّت۔

فخر۔

ناز اُٹھانا (ف) نخرے اور چوچلے برداشت کرنا۔ نازبرداری کرنا۔

نازبرداری (ف امث) نخرے اور چوچلے کی برداشت۔

نازپرور۔ نازپروردہ (ف امذ) لاڈلا۔ ناز میں پلا ہوا۔

ناز سے چلنا (ف) خراماں خراماں چلنا۔ انداز سے چلنا۔

ناز کرنا (ف) غرور کرنا۔ فخر کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔ اترانا۔ نخرہ کرنا۔ لاڈ کرنا۔ نازاں ہونا۔

ناز و نخرہ (ف امذ) لاڈ۔ پیار۔ چاؤ چوچلا۔

ناز و نعمت میں پالنا (ف) لاڈ پیار میں پرورش کرنا۔ اچھے کھانے اور عمدہ غذائیں کھلا کر پالنا۔

ناز و نیاز (ف امذ) لاڈ چاؤ۔ لاڈ پیار۔ محبت اِخلاص۔

ناز ہونا (ف) فخر ہونا۔ غرور ہونا۔ گھمنڈ ہونا۔

نازا (ف امذ) صحیح لفظ نائزہ ہے۔ سوراخِ ذکر۔ مجازاً آلہ تناسل۔

نازاں (ف) ناز کرنے والا۔ فخر کرتے والا۔ گھمنڈی۔ مغرور۔

نازاں ہونا (ف) اِترانا۔ گھمنڈ کرنا۔

ناز بالِش (ف امذ) ملائم اور نرم تکیہ۔

نازِش (ف امث) فخر۔ گھمنڈ۔ غرور۔ اِترانا۔

نازِشش (ف امث) فخر۔ گھمنڈ۔ بدماغی۔

نازک (ف) پُرنزاکت۔ کامنی۔ کومل۔ جلد ٹوٹ جانے والا۔ لطیف۔ نفیس۔ دُبلا۔ پتلا۔ باریک۔ چھریرا۔ خفیف۔ کمزور۔ بودا۔ کم طاقت۔ دقیق۔ دِقّت طلب۔ تیز۔ تند۔ خوش وضع۔ خوبصورت۔

نازک اندام } (ف) نازک جسم والا۔ دُبلا۔ پتلا۔ چھریرا۔
نازک بدن } ایک قسم کا ڈوریا۔ ایک قسم کا لالہ کا پھول۔ کاغذی عناب۔

نازک جگہ (ا امث) وہ اعضا جن کی چوٹ سے آدمی مر جائے۔ وہ مقام جہاں جان کا خطرہ ہو۔

نازک خیال (ف ع) نہایت عمدہ خیالات والا۔ باریک مضامین لکھنے والا۔

نازک دماغ (ف ع امذ) مغرور۔ خودپسند۔ تیز مزاج۔ چڑچڑا۔ دماغ دار۔ مدمغ۔

نازک دماغی (ف امث) خودبینی۔ غرور۔ چڑچڑاپن۔

نازک کلامی (ف ع امث) خوش گفتاری۔ نکتہ سنجی۔ مغز گوئی۔ عمدہ کلام کرنا۔

نازک مزاج } (ف) تند مزاج۔ چڑچڑا۔ زُودرنج۔ دماغ دار۔
نازک طبع } مغرور۔ خودپسند۔ عالی دماغ۔

نازک مسئلہ (ف ع امذ) باریک مسئلہ۔ مشکل امر۔ دقیق اور دقت طلب بات۔

نازک معاملہ (ف ع امذ) ایسا معاملہ جس میں عقل حیران ہو جائے۔ مشکل امر۔ خطرناک معاملہ۔ ٹیڑھی کھیر۔ خوفناک مسئلہ۔

نازک وقت (ف ع امذ) خطرے کا وقت۔ جان جوکھوں کا وقت۔ بُرا وقت۔ نوکہ کا وقت۔ بڑی مشکل کا وقت۔ کٹھن وقت۔ اِمتحان کا وقت۔

نازکی (ف امث) نزاکت۔ نرمی۔ ملائمی۔ ملائمت۔ لوچ۔ عمدگی۔ خودپسندی۔ خوبی۔ نفاست۔ لطافت۔ کومل پن۔

نازِل (ع ام) اترنے والا۔ نیچے آنے والا۔ گزرنے والا۔ وارد ہونے والا۔

نازِل ہونا (ا) اُترنا۔ نیچے آنا۔ وارد ہونا۔ آسمان سے آنا۔

نازِلہ (ع ا) نازل شدہ۔ مصیبت۔ حادثہ۔ سانحہ۔ شامت۔

نازنین (ف) مرکب از ناز۔ نین۔ دلفریب۔ خوبصورت۔ خوش وضع۔ سُندر۔ کامن۔ خوش ادا۔ نازک۔ پیارا۔ البیلی۔ رنگیلی۔ چھبیلی۔ مرزا علی بیگ دہلوی کا تخلص تھا جو ۱۲۷۱ھ تک زندہ رہا۔

نازوں سے پالنا (ا محاورہ) لاڈ پیار میں پرورش کرنا۔

نازوں کا پالا (ا صف) لاڈ پیار سے پرورش کیا ہوا۔

ناز و نیاز (ف امذ) عاشق و معشوق کی باہمی حرکات۔ چھیڑ چھاڑ۔ لاڈ پیار۔ ناز و نخرہ۔

ناس (ع امذ) اِنسان کا صیغہ اسم جنس جو واحد اور جمع پر یکساں بولا جاتا ہے۔ آدمی۔ منش۔ منکھ۔ مانس۔

ناس (ہ امث) نسوار۔ سُونگھنی۔ ہلاس۔ روشن دماغ۔ وہ پسا ہوا تمباکو یا دوا۔ جو چھینکیں لینے کے لیے سونگھتے ہیں۔ سعُوط۔ نتھنا۔ ناک کی ایک طرف۔

ناس دانی (ہ امث) ہلاس رکھنے کا ظرف۔ نسوار کی ڈبیا۔

ناس (ہ امث) خرابی۔ تباہی۔ بربادی۔ ویرانی۔ نشٹ۔ نیست و نابُود۔ معدُوم۔

ناس کر دینا۔ کھو دینا۔ یا۔ ملا دینا (ہ) تباہ کر دینا۔ برباد کر دینا۔ بگاڑ دینا۔ خراب کر دینا۔ نقصان پہنچا دینا۔ غارت کر دینا۔ نابود کر دینا۔

ناس ہو جانا (ہ) تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ غارت ہونا۔ نابُود ہونا۔

ناسا (ہ امذ) بڑی ناک۔ ناکڑا۔

ناسی (ہ) ناس کرنے والا۔ تباہ کر دینے والا۔

ناسپال (ف امذ) پوست انار۔ کچے انار کا چھلکا۔ انار خام۔ کچا انار۔ ایک قسم کی آتشبازی۔

ناسپالی (ف) ناسپال کے رنگ کا۔ زرد رنگ کا۔ نسواری رنگ کا۔

ناستک (س امذ) خُدا کو نہ ماننے والا۔ منکرِ خدا۔ ملحد۔ زندیق۔ بے ایمان۔ دہریہ۔ خُدا پر یقین نہ رکھنے والا۔

ناستک مت (ہ امث) دہریہ مت۔

ناسخ (ع امذ) لکھنے والا۔ کاپی نویس۔ رَدّ کرنے والا۔ منسُوخ کرنے والا۔ لکھنؤ کے مشہور شاعر شیخ امام بخش ولد شیخ خدا بخش کا تخلص بھی تھا۔

ناسک (ہ امذ) دیوار۔

ناسکا (س اصف) ناک۔ نتھنا۔ ہاتھی کی سُونڈ۔

ناسُوت (ع/مذ) عالمِ اجسام - دُنیا - مجازاً ظاہر عبادت اور شریعت -
ناسُور (ع/مذ) وہ زخم جو ہمیشہ رِستا رہے اور کبھی اچھا نہ ہو -
ناسُور بھرنا (ف) ہمیشہ رِسنے والے زخم کا اچھا ہو جانا -
ناسُور بہنا (ف/محاورہ) ناسُور سے پیپ جاری ہونا -
ناسُور پڑنا (ف) ایسا زخم پڑ جانا جو کبھی اچھا نہ ہو - قرحہ پڑنا -
ناسُور پیدا ہونا (ف/محاورہ) ہمیشہ جاری رہنے والا زخم ہو جانا -
ناسُور ڈالنا (ف) زخم ڈالنا - گھاؤ ڈالنا -
ناسُور کا مُنہ (ف/مذ) ناسُور کا وہ سُوراخ جس سے پیپ بہتی رہے -
ناسُور کی بتّی (ف/مث) وہ دھاگا جو دوا سے تر کرکے ناسُور کے سُوراخ کے اندر رکھ دیتے ہیں -
ناسَرہ (ف) کھوٹا - کھوٹ ملا ہوا - جو خالص نہ ہو -
ناشپاتی (ف/مث) ایک مشہور میٹھے پھل کا نام -
ناشتہ (ف/مذ) صبح کے وقت کا تھوڑا سا کھانا - چاشت - نہاری -
ناشتہ کرنا (ف) نہار مُنہ تھوڑا سا کچھ کھا لینا - صبح کو ذرا سا کچھ کھا لینا -
ناصح (ع) نصیحت کرنے والا - پند دینے والا - اُپدیشک - واعظ -
ناصر (ع) مدد کرنے والا - معاون - حامی - مددگار -
ناصیہ (ع/مث) لغت میں پیشانی کے بالوں کو کہتے ہیں - مجازاً پیشانی - ماتھا - جبین -
ناصیہ سائی (ع ف/مث) ماتھا رگڑنا - جبہ سائی - جبیں سائی -
ناطق (ع/مذ) بولنے والا - گویا - عقل مند - صاحب شعور - منطق چھانٹنے والا - قطعی - قرار واقعی - مضبوط - مستحکم - اٹل -
ناطقہ (ع/مذ) بولنے کی طاقت - بات چیت کرنے کا ملکہ - بولنا -
ناطقہ بند کرنا (ف) بولنے کی مجال نہ رہنے دینا - بولنا بند کرنا - دم بند کرنا -
ناظر (ع/مذ) نظر کرنے والا - دیکھنے والا - نگران - نگہبان - محافظ - ہیڈ محرّر - ہیڈ کلرک - خوجہ - خواجہ سرا - مخنّث -
ناظرہ خوان (ع ف/مذ) دیکھ کر پڑھنے والا - جو حافظ نہ ہو - اور صرف دیکھ کر قرآن پڑھ سکتا ہو -
ناظرین (ع/مذ) ناظر کی جمع - دیکھنے والے - پڑھنے والے - مطالعہ کرنے والے -
ناظم (ع/مذ) لڑی بنانے والا - پرونے والا - انتظام کرنے والا - سربراہ - کارکن - نظم بنانے والا - شاعر - نظم کہنے والا -
ناظورہ (ع/صف) جس کی سب سے بڑھ کر عزّت کی جائے - خوبصورت عورت -
ناعل (ع/فاعل) جُوتا پہننے والا - وہ جس کے پاس بہت سے جُوتے ہوں - جنگلی گدھا -
ناعم (ع/فاعل) نرم - نازک - خوشگوار - خیبر کا ایک قلعہ -
ناعور (ع/مذ) پانی یا ہوا کی چکی - وہ رگ جس کا خون بہتا ہو - چکی کا بادبان -
ناغہ (ف/مذ) غیر حاضری - خالی - بے کاری - تعطیل -
ناغہ کرنا (ف) غیر حاضری کرنا - خالی رہنا - بے کار رہنا -
ناف (ف/مث) نابھ - سونڈی - ڈھونڈی -

ناف ٹلنا - جانا - یا - ڈگنا (ف) دھرن ٹلنا - ناف کے پٹھوں کا بوجھ وغیرہ کی کثرت سے اپنی جگہ سے ہل جانا -
ناف زمین (ف/مث) زمین کا مرکز - دھرتی کا بیچ - مکّہ معظمہ سے مُراد بھی ہوتی ہے -
ناف بیابان (ف/مث) صحرا کا درمیان -
ناف ٹال دینا (ف/محاورہ) ناف کو اس کی جگہ سے ہٹا دینا -
نافِذ (ع) جاری ہونے والا - صادر ہونے والا -
نافِذ کرنا (ف) جاری کرنا - صادر کرنا -
نافِر (ع) نفرت کرنے والا - گھن کرنے والا -
نافرجام (ف) بد اصل - بد انجام -
نافرمان (ف/مذ) ایک قسم کا اُودے رنگ کا پھول - لالہ کی ایک خاص قسم - حکم نہ ماننے والا - گستاخ - باغی -
نافع (ع) مُفید - فائدہ مند - نفع دینے والا - سُود مند -
نافہ (ف/مذ) مُشک کی تھیلی - کستوری کی تھیلی - مُشک نافہ -
ناقِص (ع) ناتمام - اُدھورا - نامکمل - کم - عیب دار - معیوب - عیبی - کھوٹا - غیر خالص - نکما - خراب - ناکارہ -
ناقِصُ الخلقت (ع) جنم کا عیبی - وہ شخص جس کا کوئی عضو پیدائشی طور پر بگڑا ہوا ہو -
ناقِصُ العقل (ع) کم عقل - بے سمجھ - کند ذہن - جس کے قوائے عقلیہ میں فتور ہو - مجازاً عورت -
ناقِص کرنا (ف) بگاڑنا - خراب کرنا - کھوٹ ملانا - نکما کرنا -
ناقِل (ع) نقل کرنے والا - بیان کرنے والا - راوی - روایت کرنے والا -
ناقُوس (ع/مذ) خرمُہرہ - سنکھ - جسے ہندو لوگ پُوجا کے وقت بجایا کرتے ہیں - نرسنگا -
ناقہ (ع/مث) سانڈنی - اونٹنی - مادہ شتر -
ناقہ سوار (ع ف/مذ) سانڈنی سوار - مجازاً قاصد -
ناک (ف) بھرا ہوا - پُر - جیسے غمناک -
ناک (ہ/مث) بینی - ایک عضو کا نام جس کے رستے سانس آتی جاتی ہے - چوٹی کی چیز - نمائش و نمود کی چیز - غیرت - شرم و زینت - آرائش - آبرو - بزرگی -
ناک اِدھر کہ اُدھر (ہ/مثل) ہر طرح سے مطلب ایک ہی ہے -
ناک اُونچی ہونا (ہ) سرخروئی ہونا - عزّت بڑھنا -
ناک بند (ف/مذ) گھوڑے کی پوزی -
ناک بند ہونا (ف) زُکام ہونا - زکام کے سبب سے سانس کا تنگی سے آنا -
ناک بہنا (ہ) ناک سے رطوبت ٹپکنا - زُکام کے باعث ناک سے رینٹ بہنا -
ناک بھوں چڑھانا - یا - سکیڑنا (ہ) تیوری چڑھانا - خفا ہونا - ناراض

ہونا - بگڑنا - بیزار ہونا - رنجیدہ ہونا - تُرش رُوئی سے پیش آنا -

ناک بیٹھنا - یا - پچکنا (ہ) کسی چوٹ کے صدمے یا مرض سے ناک کا چپٹا ہو جانا -

ناک بیندھنا (ہ) ناک میں سوراخ کرنا - ناک چھیدنا -

ناک پاک کرنا (ہ) ناک سنکنا - ناک صاف کرنا -

ناک پر انگلی رکھ کر بات کرنا (ہ) زنانہ گفتگو کرنا - عورتوں یا زنخوں کی طرح باتیں کرنا -

ناک پر پہیّہ پھر جانا (ا/ محاورہ) ناک کا چپٹا ہونا - ناک کا بیٹھ جانا -

ناک پر دیا جلا کر آنا (ہ) سُرخ رُو بننے کے لیے تنگ وقت پر آنا - خیر خواہ بننے کو آنا - وقت گزر جانے کے قریب رسُوخ جتانے کے لیے آنا -

ناک پر رکھ دینا (ہ) کسی چیز کے دام یا قیمت فوراً ادا کر دینا -

ناک پر سپاری توڑتی ہیں (ا/ مثل) بہت تنگ مزاج ہیں -

ناک پر غصّہ ہونا (ل) بات بات پر خفا ہونا - زُود رنج ہونا - بہت جلدی خفا ہونا -

ناک پر مکھی نہ بیٹھنے دینا (ہ) نہایت غیرت مند ہونا - کسی کا ذرا احسان نہ اُٹھانا - تنگ مزاج ہونا -

ناک پکڑے دم نکلنا (ہ) نہایت لاغر اور کمزور ہونا - بالکل بے جان ہونا -

ناک پُھلانا (ا/ محاورہ) غرور یا غصّے سے ناک کو چوڑا کر لینا -

ناک تو کٹی پر وہ بھی مر مٹے (ہ/ محاورہ) ہمارا تو تھوڑا سا نقصان ہو گیا - مگر وہ بالکل ہی برباد ہو گئے - یعنی اُن کا زیادہ نقصان ہوا -

ناک چڑھانا / ناک سکیڑنا / ناک سکوڑنا } (ہ) تیوری چڑھانا - ناراض ہونا - بگڑنا - نفرت کرنا - گِھن کرنا - حقیر جاننا - کراہت کرنا - ناپسند کرنا -

ناک چڑھی رہنا (ہ) تیوری چڑھی ہی رہنا - بدمزاج بنا رہنا -

ناک چنے چبوانا (ہ) نہایت تکلیف دینا - سخت عاجز اور تنگ کرنا - از حد دِق کرنا -

ناک چوٹی کا ڈر (ا/ محاورہ) بے عزّتی کا خوف ہونا -

ناک چوٹی کاٹ کر ہاتھ دینا (ہ) نہایت ذلیل کرنا - سخت سزا دینا - سخت رُسوا کرنا -

ناک چوٹی کاٹنا (ہ) رُسوا کرنا - سخت بے عزّت کرنا - بہت ذلیل و خوار کرنا -

ناک چوٹی میں گرفتار ہونا (ہ) اپنی ہی آرائش سے فُرصت نہ ملنا - اپنے ہی بکھیڑوں میں گرفتار رہنا - مغرور اور غیرت مند ہونا - بے حد نازک مزاج اور دماغ دار ہونا -

ناک رکھ لینا (ہ) عزّت رکھ لینا - ساکھ رکھ لینا - بات رکھ لینا - آبرو بچا لینا -

ناک رکھنا (ہ) عزّت رکھنا - غیرت رکھنا - لحاظ رکھنا - صاحبِ غیرت ہونا -

ناک رگڑنا (ہ) عاجزی کرنا - منّت کرنا - خوشامد درآمد -

ناک رگڑے کا بچّہ (ا/ مذ) پیرطرکے کی اولاد - وہ بچّہ جو بڑی منّتوں اور دُعاؤں کے بعد ہوا ہو -

ناک سنکنا (ہ) ناک میں سے سنک گرانا - ناک صاف کرنا -

ناک کا بال (ا/ مذ) نہایت مُقرّب منہ چڑھا آدمی - معتمد علیہ - وہ شخص جس کی بات مانی جائے -

ناک کا بانسا (ا/ مذ) دونوں نتھنوں کے بیچ کی دیوار -

ناک کا بانسا پھر جانا (ہ) دیوار بین المنخرین کا ٹیڑھا ہو جانا - علامت مرگ ظاہر ہونا - ناک کی دیوار کا ٹیڑھا ہو جانا -

ناک کا تنکا (ا/ مذ) وہ تنکا جو عورتیں ناک کے چھید میں ڈال لیتی ہیں تاکہ سوراخ بند نہ ہو -

ناک کاٹ کر چوتڑوں تلے رکھنا - یا - رکھ لینا (ہ) پرلے درجے کی بے شرمی اور بے حیائی اختیار کرنا -

ناک کاٹنا (ہ) ناک قلم کرنا - بے عزّت کرنا - رُسوا کرنا - ذلیل کرنا - بدنام کرنا -

ناک کاٹی مبارک کان کاٹی سلامت (ا/ مثل) سخت بے غیرت اور بے حیا آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں جسے سزا کی بھی کچھ پرواہ نہ ہو -

ناک کان کاٹنا (ہ) نکٹا اور لُچا بنانا - بے عزّت کرنا - رُسوا کرنا -

ناک کٹانا (ہ) بدنام ہونا - رُسوا ہونا -

ناک کٹنا (ہ) نکٹا ہونا - بے عزّتی ہونا - رُسوائی ہونا - آبرو جانا - ذلیل و خوار ہونا -

ناک کٹے (ہ/ محاورہ) دُعائے بد - اُس کی رُسوائی ہو - عزّت جائے -

ناک کٹی - یا - نک کٹی (ا/ مث) بے عزّتی - رُسوائی - بدنامی - خواری - ذلّت -

ناک کٹی بازار میں میرے گھر خبر نہ کرنا (ا/ مثل) اپنی رُسوائی اور بدنامی پر پردہ ڈالنے کی بے سود کوشش کرنا -

ناک کٹی پر ہاٹ نہ ہاٹے (ہ/ مثل) ہٹ بمعنی ضد - اور ہاٹے بمعنی ہٹے - خواہ کچھ ہی کیوں نہ ہو جائے پر ضد نہ جائے - جان جائے پر آن نہ جائے -

ناک کٹی ہونا - یا - نک کٹی ہونا (ہ) رُسوائی ہونا - بدنامی ہونا - ذلّت ہونا -

ناک کی سیدھ / ناک کی سیدھ میں } (ہ) بالکل سامنے - ٹھیک سیدھ میں - سیدھے خط میں -

ناک کے رستے نکلنا (ا/ محاورہ) شیخی کرکری ہو جانا - کسی بات کا جاتا رہنا - زائل ہو جانا -

ناک گھسنا (ہ) عاجزی کرنا - منّت سماجت کرنا -

ناک لگا کر بیٹھنا (ہ) ذی عزّت ہونا - معزز بننا - عزّت لے کر بیٹھنا -

ناک مارنا (ہ) ناپسند کرنا - نظرِ حقارت سے دیکھنا - کراہت کرنا -

ناک میں بولنا (ہ) گنگنانا - غنغنانا -

ناک میں تیر دینا ۔ یا کرنا (ف) نہایت دق کرنا ۔ سخت حیران کرنا ۔ ناک چھیدنا ۔ نہایت تنگ کرنا ۔ ناک چنے چبوانا ۔
ناک میں دم آنا ۔ یا ۔ آجانا (ف) تنگ ہونا ۔ دق ہونا ۔ عاجز ہونا ۔ گھبرانا ۔
ناک میں دم کرنا (ف/محاورہ) ستانا ۔ دق کرنا ۔ حیران کرنا ۔
ناک میں دم ہونا (ف) تنگ ہونا ۔ بیزار ہونا ۔ نہایت آزردہ اور خفا ہونا ۔ ہونا ۔
ناک نقشہ (ف/مذ) چہرے کے خط و خال ۔
ناک نہ دی جانا (ف) سخت بدبو کے باعث کسی جگہ ناک نہ دے سکنا ۔ کسی چیز کو بدبو کے سبب سونگھ نہ سکنا ۔
ناک نہ رہنا (ف) عزت نہ رہنا ۔ آبرو نہ رہنا ۔
ناک والا (ف/مذ) ذی عزت ۔ عزت والا ۔ غیرت والا ۔
ناک والی (ف/مث) عزت والی ۔ غیرت والی ۔
ناکا (ف/مذ) رستہ ۔ راستہ ۔ راہ ۔ مُہرا ۔ داخلہ ۔ گزرگاہ ۔ دروازہ ۔ گلی کوچہ یا شہر کا دروازہ ۔ اِنتہا ۔ انجام ۔ اخیر ۔ سُوئی کا چھید ۔ روزن ۔ روزنِ سوزن ۔ راستہ کی حد ۔
ناکابندی (ف/مث) حد بندی ۔ راستہ بند کرنا ۔
ناکادار (ف) وہ سوئی جس میں ناکا ہو ۔ ضلعدار ۔ علاقہ دار ۔ محرّر ۔ جو راستوں پر محصول لیتا ہے ۔
ناکح (ع) نکاح کرنے والا ۔ بیاہ کرنے والا (لُغوی) چھید کرنے والا ۔
ناکڑا (ف/مث) بڑی ناک ۔
ناکو (ف/مذ) بڑی ناک والا ۔ مجازاً مگرمچھ ۔ گھڑیال ۔ نہنگ ۔ ناکا ۔
ناکوں ناک (ف) مُنہا مُنہ ۔ لبالب ۔ لبریز ۔
ناکوں ناک بھرنا ۔ یا ۔ بھر دینا (ف) لبالب بھرنا ۔ کسی برتن کو مُنہا مُنہ بھر دینا ۔ لبریز کر دینا ۔
ناکوں ناک پیٹ بھرنا ۔ یا ۔ کھانا (ف) ٹھونس ٹھونس کر کھانا ۔ حلق تک پیٹ بھر کر کھانا ۔ خوب جھک کر کھانا ۔
ناکے میں سے ۔ یا ۔ ناکے میں کو نکالنا (ف) تنگ کرنا ۔ مجبور کرنا ۔ درست کرنا ۔ سیدھا کرنا ۔ سُوئی کے روزن میں سے نکالنا ۔
ناگ (س/مذ) کالا سانپ ۔ پھن والا سانپ ۔ مارِ سیاہ ۔
ناگ بیل (ف/مث) پان کی بیل ۔
ناگ بھاشا (ف/مث) پاتال والوں کی بولی ۔ امریکہ کے اصلی باشندوں کی بولی ۔
ناگ پنچمی (ف/مث) ساون سُدی پنچمی جس میں ہندو لوگ سانپ کو پوجتے ہیں اور دُودھ پلاتے ہیں ۔
ناگپور ۔ صُوبہ جات متوسط کا دارالحکومت ۔ رُوئی کی پیداوار یہاں ہوتی ہے ۔ اس لیے سُوتی کپڑا بُننے کے کارخانے بھی ہیں ۔
ناگ پھانس (ف/مذ) پھندا ۔ کمند ۔ پھانسی ۔
ناگ پھنی (ف/مذ) ایک قسم کا تھوہڑ جس کے پتے سانپ کے پھن سے مشابہ ہوتے ہیں ۔
ناگ دون (ف/مذ) ایک قسم کی خاردار لکڑی جو سانپ بچھو کے زہر کو دفع کر دیتی ہے ۔ مارچوب جس کے گھر میں رکھنے سے سانپ نہیں آتا ۔
ناگ کھلانا (ف) نہایت خطرناک کام اختیار کرنا ۔ نہایت بدمزاج حاکم کی نوکری کرنا ۔ دھات پھونکنا ۔ نہایت نازک یا مشکل کام کرنا ۔
ناگا (ف/مذ) جوگی ۔ سنیاسی ۔ فقیر جو ننگے رہتے ہیں ۔ ایک وحشی قوم جو آسام کے جنوبی پہاڑوں میں رہتی اور ناگ کی پوجا کرتی ہے ۔
ناگاساکی ۔ جاپان کی مشہور بندرگاہ ہے ۔ جہاز سازی کے کارخانے بھی ہیں اور جہاز کوئلہ لینے کے لیے ٹھہرتے ہیں ۔
ناگر (ف/مذ) شہر ۔ قصبہ ۔ آبادی ۔ کلاں ۔ بُزرگ ۔ چالاک ۔ ہوشیار ۔ گجراتی برہمنوں کی ایک ذات ۔ دیوار کی ٹیڑھ جو زمین کی کمی بیشی کے سبب ہوتی ہے ۔ پان ۔
ناگر بیل (ف/مث) پان کا پودا ۔ پان کی بیل ۔
ناگر پان (ف/مذ) پان کا پتہ ۔ عُمدہ اور بڑا پان ۔
ناگر موتھا (ف/مذ) ایک قسم کی خوشبودار گھاس کی جڑ ۔
ناگرانی (ف/مث) ناگر قوم کی عورت ۔ ناگر کی بیوی ۔
ناگری (س/مث) سنسکرت کے حرُوفِ تہجی ۔ ہندی بھاشا ۔
ناگل (ف/مذ) ہل ۔ قلبہ ۔ بیل جوڑنے کی جُوئے کی رسّی ۔
ناگن } (ف/مث) ناگ کی مادہ ۔ سانپن ۔ گردن کے بالوں کی بھونری جسے نہایت منحوس سمجھتے ہیں ۔ تشبیہاً زُلفِ سیاہ ۔
ناگنی }
ناگ ڈس جانا (ف/محاورہ) سانپن کا کاٹنا ۔
ناگور (ف/مذ) مارواڑ کے ایک شہر کا نام ۔ یہاں کے بیل ڈیل ڈول ۔ قد و قامت اور شکل و صُورت میں تمام ہندوستان کے بیلوں سے بہتر ہوتے ہیں ۔
ناگوری (ف) منسُوب بہ ناگور ۔ ناگور کا ۔
ناگوری بیل (ف) ناگور علاقہ اجمیر کا بیل جو قد آور ۔ مضبوط اور موٹا تازہ ہوتا ہے ۔ لمبا ۔ مضبُوط ۔ گاوُدی ۔
ناگوری گوند (ف/مذ) ایک قسم کا سفید اور صاف گوند ۔ کیکر کا گوند ۔ صمغ عربی ۔
ناگیسر } (ف/مذ) ایک قسم کا خوشبودار پھول اور اُس کا پودا ۔
ناگ کیسر }
نال (ف/مث) بندوق کی نالی ۔ گندم کے درخت کی ڈنڈی ۔ گھاس وغیرہ کی ڈنڈی ۔ جولاہوں کے کپڑا بُننے کی نالی جس میں نلی رکھتے ہیں ۔ بانس کا کھوکھلا نلوا (مذکر) ناف ۔ آنول نال (ف) آنت جسے دائی بچے کی ناف میں سے کاٹتی ہے ۔ نرسل ۔ قلم کے اندر کا ریشہ جو اس کے تراشتے وقت اندر سے نکلا کرتا ہے ۔ پہلوانوں کے اٹھانے کا پتھر یا لکڑی کا بنا ہوا گدا (پنجاب) ہمراہ ۔ ساتھ ۔
نال اُٹھانا (ف/محاورہ) کسرت کرنا ۔
نال کاٹا ہے (ف/محاورہ) تو ہی دائی ہے ۔ تو نے ہی جنایا ہے ۔ طنزاً تو ہی میرا بڑا ہے ۔

نال کٹائی (ہ/مث) دائی کا حق ۔ نال کاٹنے کا نیگ ۔ نال کاٹنے کی اُجرت ۔

نال گڑنا (ہ) آنول نال دفن ہونا ۔ بچے کی ناف کاٹ کر دبائی جانا ۔ جنم بھوم ہونا ۔ زاد بھوم ہونا ۔ کسی جگہ پر استحقاق ہونا ۔ تعلق ہونا ۔ دعوٰی ہونا ۔

نال نکالنا (ا/ر/محاورہ) قمار خانہ کے مالک کا ہر داؤ پر مقررہ رقم لینا ۔

نالا (ہ/مذ) رنگ دار گنڈے دار سوت ۔ مولی ۔ ازار بند ۔ برساتی ندی ۔ چھوٹا دریا ۔ کھالا ۔

نالاں (ف) روتا ہوا ۔ واویلا کرنے والا ۔ فریادی ۔ تنگ ۔ عاجز ۔ شاکی ۔

نالش (ف/مث) رونا ۔ گریہ زاری ۔ فریاد ۔ دُہائی ۔ شکایت ۔ دعوٰی ۔ استغاثہ ۔ حق طلبی ۔

نالش داغنا ۔ یا ۔ کرنا (ا) دعوٰی دائر کرنا ۔ عدالت میں عرضی کرنا ۔ فریاد کرنا ۔ شکایت کرنا ۔ استغاثہ کرنا ۔

نالشا نولشی (ا) باہمی تنازع کے باعث عدالت میں دوڑنا ۔ کچہری بازار ۔

نالشی (ف/مذ) فریادی ۔ شکایت کرنے والا ۔ دعوے دار ۔ مستغیث ۔

نالک (ہ/مذ) ایک قسم کا پیتل ۔ پیتل کا برتن پُرانا ۔

نالکی (ہ/مث) تام جھام ۔ ایک قسم کی کھُلی سواری اُمراء کے سوار ہونے کے لیے ۔

نالندہ (ف/مذ) رونے والا ۔ شور کرنے والا ۔

نالوٹ (ہ/مذ) انکاری ۔ مُنکر ۔ مُکر جانے والا ۔ لے لوٹ ۔

نالوٹ ہو جانا (ا) مُکر جانا ۔ نا مقر ہونا ۔ کسی چیز کو لے کر انکار کر جانا ۔

نالہ (ف/مذ) رونا پیٹنا ۔ آہ و بکا ۔ گریہ زاری ۔ واویلا ۔ اُودھم ۔ ہائے ہو ۔ شور و فغاں ۔ نالہ کھینچنا ۔

نالہ سر کرنا ۔ یا ۔ کرنا (ا) آہ سرد کھینچنا ۔ آہ بھرنا ۔ آہ کرنا ۔ گریہ زاری کرنا ۔

نالی (ہ/مث) موری ۔ بدرو ۔ ڈنڈ پیلنے کا گڑھا ۔ گھوڑے کی پیٹھ کا گڑھا ۔

نام (س/مذ) ظاہر ۔ پرگھٹ ۔ روشن ۔ اسم ۔ ناؤں ۔ خیال ۔ سبھاؤ ۔ غصہ ۔ خشم ۔ کرودھ ۔ گیان ۔ علم ۔ ممکن بات ہونا ۔ رتبہ ۔ عظمت ۔ درجہ ۔ عہدہ ۔ شہرت ۔ رسم ۔ ریت ۔ یاد ۔ یادداشت ۔ پھٹکار ۔ زجر ۔ توبیخ ۔ رُسوائی ۔ بدنامی ۔

نام (ف/س/مذ) اسم ۔ ناؤں ۔ خطاب ۔ لقب ۔ کنیت ۔ عُرف ۔ شہرت ۔ ناموری ۔ دھاک ۔ ساکھ ۔ آبرو ۔ عزت ۔ حُرمت ۔ یادگار ۔ یاد ۔ اولاد ۔ نسل ۔ خاندان ۔ نسل ۔ تہمت ۔ الزام ۔

نام اُٹھنا (ا) نام روشن کرنا ۔ مشہور کرنا ۔ شہرہ کرنا ۔ رُسوائی کرنا ۔

نام اُچھالنا (ا) نام روشن کرنا ۔ مشہور کرنا ۔ شہرہ کرنا ۔ رُسوائی کرنا ۔

نام اُڑ جانا (ا/ر/محاورہ) نشان تک نہ رہنا ۔ نیست و نابود ہو جانا ۔

نام آور (ف) مشہور ۔ نامی گرامی ۔ نامور ۔ مشہور و معروف ۔

نام آوری (ف/مث) شہرت ۔ مشہوری ۔

نام باقی رہنا (ا) قائم مقام رہنا ۔ نسل اولاد باقی رہنا ۔ نام ہی نام رہنا ۔ نام کے سوا کچھ نہ رہنا ۔

نام بتانا (ا) نام ظاہر کرنا ۔ نام لینا ۔ واقفیت جتانا ۔

نام بدنام کرنا (ا) رُسوا کرنا ۔ عیب لگانا ۔ الزام سر تھوپنا ۔

نام بد ہونا (ا) رُسوا ہونا ۔ نام نکلنا ۔ عیب لگنا ۔ کلنک لگنا ۔ برائی کے ساتھ مشہور ہونا ۔

نام بُردہ (ف) وہ شخص جس کا نام اوپر لیا جا چکا ہو ۔ مذکورہ ۔ ذکر شدہ ۔

نام بڑا اور درشن چھوٹے (ا/مثل) جتنا نام ہے اتنا کام نہیں ۔ نام کے موافق حیثیت نہیں ۔

نام بڑا اُونچی کانوں سے بُوچا (ا/مثل) خاندان کے نام پر دھبّا ہے ۔ خاندان کی بدنامی کا باعث ہے ۔

نام بکنا (ا) نام سے کام بننا ۔ نام کی چیز بکنا ۔ نام کی قدر ہونا ۔

نام بگاڑنا (ا) نام کو بٹّہ لگانا ۔ نام بدنام کرنا ۔ بُری طرح نام لینا ۔

نام بہ نام (ف) اسم وار ۔ نام وار ۔ نام کی ترتیب سے ۔ ایک ایک کو ۔ ہر ایک کو ۔ ہر ایک نام کے ساتھ ۔

نام پانا (ا) شہرت پانا ۔ مشہور ہونا ۔ ناموری حاصل کرنا ۔

نام پر (ا) شہرت کے لیے بمعنی برائے ۔ واسطے ۔ جیسے اللہ کے نام پر ۔

نام پر بیٹھنا (ا) نام کی وجہ سے مستقل رہنا ۔ بھروسہ کرنا ۔ توکّل کرنا ۔

نام پر جانا (ا/ر/محاورہ) نام کا لحاظ رکھنا ۔ نام کی رعایت کرنا ۔

نام پر جان دینا (ا) شہرت کے لیے مرمٹنا ۔ اپنی شہرت کے لیے ازحد کوشش کرنا ۔ نام پر مرمٹنا ۔

نام پر حرف آنا (ا/ر/محاورہ) بدنام ہونا ۔ رسوا ہونا ۔

نام پر مٹنا (ا) کسی چیز کے نام پر عاشق ہونا ۔ بے حد مائل ہونا ۔

نام پڑ جانا (ا) لقب پڑ جانا ۔ عُرف ہو جانا ۔ کسی نام سے مشہور ہو جانا ۔

نام پکارنا (ا) نام سے بُلانا ۔ نام لے کر آواز دینا ۔

نام پیدا کرنا (ا) شہرت حاصل کرنا ۔ مشہور ہونا ۔ نام ہو جانا ۔ ناموری حاصل کرنا ۔

نام جپنا (ا) نام کی تسبیح کرنا ۔ نام رٹنا ۔ بار بار نام لینا ۔

نام جو ۔ یا ۔ نامجو (ف) نام کا خواہاں ۔ شہرت کا طالب ۔ ناموری چاہنے والا ۔

نام چار کو (ا) برائے نام ۔ نام گنانے کو ۔ ذرا سا ۔

نام چڑھنا (ا) نام درج ہونا ۔ دفتر میں نام لکھا جانا ۔

نام چلنا (ا) نام قائم رہنا ۔ نام کی یادگار باقی رہنا ۔

نامِ خدا (ف) کلمۂ دعائیہ ۔ مجازاً ماشاء اللہ ۔ چشم بد دور ۔ خدا بُری نظر سے بچائے ۔ کیا کہنے ہیں ۔ کیا بات ہے ۔ واہ وا ۔ مرحبا ۔ شاباش ۔ سبحان اللہ ۔ آفرین ہے ۔

نام خراب کرنا (ا) نام بدنام کرنا ۔ بدنام ہونا ۔ رُسوا ہونا ۔ رُسوا کرنا ۔

نام دار (ف) نامی ۔ مشہور ۔ نامور ۔

نام دُنیا سے اُٹھ جائے (بددُعا) مر جائے - فنا ہو جائے -

نام دھرنا (رمز) نام رکھنے والا - باپ - پدر - والد -

نام دھرنا (د) نام رکھنا - نام تجویز کرنا - مقرر کرنا - عیب لگانا - نکتہ چینی کرنا - بُرا کہنا - اِلزام رکھنا - مُول مانگنا - قیمت مقرر کرنا -

نام دینا (ا/محاورہ) نام رکھنا - مشہور کرنا -

نام ڈبونا (د) بدنام کرنا - رُسوا کرنا - عزّت کھونا -

نام ڈوبنا (د) بدنام ہونا - رُسوا ہونا - رُسوائی ہونا - عزّت جانا -

نام رٹنا (ا/محاورہ) بار بار نام لینا -

نام رکھنا (د) (دیکھو نام دھرنا)

نام روشن کرنا (د) نام اُچھالنا - نیک نامی کے ساتھ مشہور کرنا - طنزاً بدنام کرنا - رُسوا کرنا -

نام روشن ہونا (ا/محاورہ) شہرت ہونا -

نام روک لینا (ا/محاورہ) ترقی وغیرہ کے لیے نام نہ بھیجنا -

نام رہ جانا - یا - رہنا (د) یادگار باقی رہ جانا - نام باقی رہ جانا - نام و نشان باقی نہ رہنا -

نام زد - یا - نامزد (دف) موسُوم - معروف - نامی - مشہور -

نامزد کرنا (د) کسی کے نام پر کرنا - ڈیڈی کیٹ کرنا - معنون کرنا - نام رکھنا - مقرر کرنا - منسوب کرنا -

نام زد ہونا (د) مشہور ہونا - موسوم ہونا - منسُوب ہونا -

نام زندہ کرنا (د) نام یاد دلانا - گمنامی سے نکالنا - نام روشن کرنا -

نام سُننا (د) صرف نام سے واقف ہونا - صرف نام کی جان پہچان ہونا - صُورت آشنا نہ ہونا -

نام سے (د) نام لے کر - نام کے ذریعے سے - نام پر - نام کے طفیل - نام کی بدولت - نام لینے سے - نام کے ساتھ - بہانے سے - حیلے سے - لقب سے - خطاب سے -

نام سے بکنا (د) خوبی میں کسی چیز کا نام ہونا - نہایت قدر ہونا -

نام سے بیزار ہونا (د) سخت بیزار ہونا - نام تک کا روادار نہ ہونا -

نام سے دم نکلنا } (د) کسی سے بہت ہی ڈرنا -
نام سے کانپنا } بے حد خوف کھانا -

نام سے نفرت ہونا (د) کمال نفرت ہونا - نام سے ہی چڑ جانا -

نام کا کُتا نہ پالنا (د) کمال بیزار ہونا - ازحد متنفّر ہونا -

نام کر جانا (د) شہرت حاصل کر جانا - یادگار زمانہ ہو چکنا - یادگار چھوڑ جانا - شہرۂ آفاق ہو جانا - مشہور ہو جانا -

نام کرنا (د) دُوسرے کے نام لگانا - دُوسرے پر تھوپنا - زمین جائداد وغیرہ کو دُوسرے کے نام لگوا دینا - شہرت پانا - ناموری حاصل کرنا - نام ٹھہرانا - نام مقرر کرنا - نام رکھنا -

نام کو (د) برائے نام - کہنے کو - نام نہاد - اپنی ذات کا - اپنی بات اور قول کا -

نام کو دھبّا لگانا (د) نام کو بٹّہ لگانا - نام بدنام کرنا - عیب لگانا -

نام کو مرنا (د) عزّت کی پاسداری کرنا - نام کے لیے جان دینا - شہرت پر مٹنا -

نام کو نہ چھوڑنا (د) بالکل نہ چھوڑنا - ذرا باقی نہ رکھنا - خاتمہ کر دینا - نابید کر دینا -

نام کو نہ رہنا (د) بالکل نہ رہنا - ذرا نہ رہنا - بالکل معدُوم ہو جانا -

نام کو نہ ہونا (د) ذرا نہ ہونا - بالکل بھی نہ ہونا -

نام کو نہ ملنا (د) بالکل نہ پانا - بالکل نہ ملنا - ہرگز دستیاب نہ ہونا -

نام کو نہیں (د/محاورہ) بالکل نہیں - مُطلق نہیں - برائے نام بھی نہیں -

نام کی بھُول چُوک (د/مث) نام کی غلطی - نام کی سہو - سہو نام -

نام لکھنا (د) نام تحریر کرنا - نام چڑھانا - نام درج کرنا -

نام لگانا (د) تہمت دھرنا - اِلزام لگانا - قصور ذِمّہ ڈالنا -

نام لگنا (د) الزام لگنا - تہمت لگنا -

نام لے بیٹھنا (ا/محاورہ) بے سوچے سمجھے کسی کا نام لینا -

نام لے دینا (ا/محاورہ) کسی پر الزام لگانا - کسی کا نام بتانا -

نام لے کر (د) نام کی بدولت - نام سے - کسی بزرگ کے طفیل -

نام لے کر پکارنا (ا/محاورہ) کسی کو اس کے نام سے بُلانا -

نام لینا (د) نام رٹنا - نام جپنا - نام کی تسبیح جپنا - نام بار بار زبان پر لانا - نام پکارنا - الزام دینا - تہمت لگانا - ذکر کرنا - نام زبان پر لانا - گُن گانا - تعریف کرنا -

نام لیوا (د) نام لینے والا - نام یاد کرنے والا - مجازاً بیٹا - اولاد - یادگار - وارث -

نام لیوا رہا نہ پانی دیوا (د/مثل) سب تباہ و برباد ہو گئے - کوئی باقی نہ رہا - سب مر گئے -

نام مٹنا (د) نام نہ رہنا - نام کا نیست و نابود ہو جانا - ناپید ہو جانا - گمنام ہو جانا -

نام میرا گاؤں تیرا (د/مثل) کوئی کما لے - کوئی اڑا لے - آپ مال مار لینا - دُوسروں کو دھوکے میں رکھنا -

نام نکالنا (د) شہرت دینا - مشہور کرنا - بدنام کرنا - رُسوا کرنا - بُرائی کے ساتھ مشہور کرنا - کسی عمل سے چور کا نام معلوم کرنا - کسی مقدس کتاب سے بچے کا نام تجویز کرنا -

نام نکل جانا (د) بُرائی یا بھلائی میں مشہور ہو جانا - بدنام ہو جانا - نام پڑ جانا - معرُوف ہو جانا -

نام نکلنا (د) شہرت پانا - مشہور ہونا - لقب پانا - رُسوا ہونا - بدنام ہونا - عمل یا منتر سے چور کا نام معلوم ہو جانا - بُرائی یا بھلائی کے ساتھ مشہور ہونا -

نام و نمود (د/مث) ظاہری ٹھاٹ باٹھ - ٹیپ ٹاپ - عزّت و نمائش -

نام نہاد (دف) نامزد - موسُوم -

نام نوبت ہونا (ا/محاورہ) سر سہرا ہونا -

نام نہ آنا (ا/محاورہ) نام معلوم نہ ہونا - نام نہ جاننا - زبان سے کسی کا نام ادا نہ ہونا -

نام نہ لینا (د) نام زبان پر نہ لانا - نہایت بیزار ہونا -

نام نہیں (ا/محاورہ) بے نشان ہے۔ ٹھکانہ نہیں۔ پتہ نہیں۔
نام ور } (ف) نام والا۔ نامی۔
نامور } مشہور و معروف۔ نامزد۔
نام وری ۔یا۔ناموری (ف/مث) نیک نامی۔شہرت۔
نام وہ ہے جو خدا کہلوائے (ا/مثل) اپنے منہ میاں مٹھو بننے سے کچھ نہیں ہوتا۔شہرت وہ ہے جو خدا کی طرف سے نصیب ہو۔
نام و نشان (ف/مذ) ٹھور ٹھکانا۔اَتا پتا۔
نام و نشان باقی نہ رہنا (ا) گم ہو جانا۔نیست و نابود ہو جانا۔کوئی نہ رہنا۔
نام ہو جانا (ل) شہرت ہو جانا۔ناموری ہو جانا۔واہ وا ہو جانا۔ نام لگ جانا۔الزام لگ جانا۔نام پہ لکھا جانا۔
نام ہونا (ل) شہرہ ہونا۔شہرت ہونا۔نیک نامی ہونا۔ناموری ہونا۔ واہ وا ہونا۔قرار پانا۔ٹھہرنا۔مانا جانا۔تہمت لگنا۔الزام لگنا۔نام پہ لکھا جانا۔نام پہ ہونا۔ذمہ ہونا۔سر پڑنا۔شرکت ہونا۔شمولیت ہونا۔
نانکر (ل) نامُنکر کا بگاڑ۔اقرار نہ کرنے والا۔انکاری۔
ناموس (ع) عزت۔حُرمت۔عفت۔عصمت۔نیک نامی۔فرشتہ۔ ملائک۔احکام الٰہی۔جبرئیل علیہ السلام کا لقب۔رازدار۔زنانہ۔ زنان خانہ۔گھروالا۔گھر کا مالک۔شرم۔لاج۔غیرت۔ بے عزتی۔
ناموسِ اکبر (ع) سب سے بڑا قاعدہ اور دستور۔مجازاً شریعت۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام کا لقب۔
ناموس بگاڑنا (ا/محاورہ) ایسا فعل کرنا جس سے آبرو پر حرف آئے۔
ناموسی (ا/مث) بے عزتی۔ذلت۔رسوائی۔خواری۔شرم۔لاج۔ لحاظ۔
نامہ (ف/مذ) چٹھی۔خط۔نوشتہ۔تحریر۔پوتھی۔پُستک۔رسالہ۔شاستر۔ کتاب۔نسخہ۔دفتر۔طومار۔رجسٹر۔قرضہ۔نام لکھی ہوئی رقم۔نانواں۔
نامہ آنا (ا/محاورہ) چٹھی آنا۔خط آنا۔
نامۂ اعمال (ف ع/مذ) اعمال نامہ۔چال چلن کا رجسٹر۔وہ سرکاری رجسٹر جس میں ملازموں کا چال چلن اور کارگزاری درج ہوتی ہے۔
نامۂ اعمال بڑھنا (ا/محاورہ) گناہوں کا زیادہ ہونا۔
نامۂ اعمال دھویا جانا (ا/محاورہ) گناہوں کا اللہ کے حکم سے مٹایا جانا۔
نامہ بر (ف/مذ) قاصد۔ہرکارہ۔پیک۔ڈاکیہ۔چٹھی رساں۔پیام بر۔
نامہ بھیجنا (ا/محاورہ) خط بھیجنا۔چٹھی لکھنا۔
نامہ نگار (ف/مذ) خبر لکھنے والا۔پرچہ نویس۔کارسپانڈنٹ۔
نامہ و پیام ۔یا۔پیغام (ف/مذ) خط و کتابت۔پیغام سلام۔ کارسپانڈنس۔
نامی (ف) نامور۔مشہور۔معروف۔موسوم۔نام والا۔(عربی میں) بڑھنے والا۔نمو کرنے والا۔

نامی چور (ا/مذ) مشہور چور۔بڑا بھاری چور۔
نامی گرامی } (ف) سب کا جانا بوجھا۔
نامی نامزد } نہایت مشہور و معروف۔
نامیہ (ع/مث) نمو کرنے والی طاقت۔بڑھنے والی طاقت۔اشیاء کو بڑھانے والی طاقت۔
نان (ف/مث) روٹی چپاتی۔پھلکا۔بڑی اور موٹی تنور کی روٹی۔
نانبا ۔یا۔نانوا ۔یا۔نان پز ۔یا۔نانبائی ۔یا۔نانوائی (ف/مذ) روٹی پکانے والا۔روٹی شوربہ وغیرہ بیچنے والا (نان اور با سے مرکب ہے جس کے معنی روٹی اور شوربا ہیں)
نان پاؤ (ا/مث) ایک قسم کی خمیری روٹی۔
نانِ جویں (ف/مث) غریبانہ روٹی۔روکھی سوکھی روٹی۔جو کی روٹی۔ دال دلیا۔
نان خطائی (ف/مث) ایک خاص قسم کی مٹھائی جو کھانڈ۔میدے اور گھی سے بنائی جاتی ہے۔
نان و نفقہ (ف ع/مذ) روٹی کپڑا۔روٹی اور گھربار کا خرچ۔بال بچوں اور بیوی کو روٹی کپڑا وغیرہ دینا۔
نانا (ہ/مذ) ماں کا باپ۔
نانا (س) طرح طرح کا۔انواع و اقسام کا۔
نانکٹھ (ہ/مذ) لاوارث مال۔وہ مال جس کا کوئی وارث نہ ہو۔
نانکٹھ پر بیٹھنا (ہ) لاوارثی مال پر قابض ہونا۔
نانٹھا ۔یا۔ناٹھا (ہ) وہ شخص جس کا کوئی وارث نہ ہو۔بے وارثا۔
ناند (ہ/مث) بڑا کونڈا۔تغار سفالین۔
ناندھنا (ہ) چھیڑنا۔شروع کرنا۔آغاز کرنا۔بیان کرنا۔کوئی کام شروع کرنا۔اختیار کرنا۔
نانس (ہ/مث) ساس کی ماں۔ننیا ساس۔
نانسرا (ہ/مذ) ننیا خسر۔ساس کا باپ۔
نانکن ۔ چین کا موجودہ دارالحکومت۔ریل کے ذریعہ سے شنگھائی اور ٹینٹ سن سے ملا ہوا ہے۔یہاں ریشم کا کام بہت ہوتا ہے۔
نانک (ہ/مذ) ایک مشہور خدا پرست درویش کامل کا نام جو سکھوں کے فرقہ کا بانی اور بابر بادشاہ کے عہد میں گزرے ہیں۔
نانک پنتھی (ہ/مذ) گرو نانک صاحب کا پیرو سکھ۔
نانک شاہی (ہ/مذ) فقراء کا ایک گروہ۔سکھوں کے عہد کا ایک سکہ جو پیسے کی جگہ چلتا تھا۔
نانو ۔یا۔نانوں (ہ/مذ) نام۔اسم۔
نانواں ۔یا۔نانوہ (ہ/مذ) وہ رقم جو کسی کے نام لکھی ہوئی ہو۔ (۲) قرضہ واجب الادا۔
نانواں چکانا (ل) قرضہ ادا کرنا۔حساب بے باق کرنا۔
نا ۔یا۔ نہ (ہ) حرف نفی۔نہیں۔لا بمعنی نہیں۔
نانہیال (ہ/مذ) نانا کا گھر۔نانا کا کنبہ۔نانا کا گھرانہ اور خاندان (ننھیال)

نانی (ہ/مث) نانا کی بیوی - ماں کی ماں۔
نانی کے آگے ننھیال کی باتیں (ہ/مثل) کسی عزیز کی شکایت اُسی کے رُوبرُو یا ایک عزیز کی شکایت دُوسرے کے سامنے۔
نانی کے ٹکڑے کھائے دادا کا پوتا کہلائے (ہ/مثل) خرچ کوئی کرے نام کسی کا ہو۔
نانی مری نانا ٹوٹا (ار/مثل) نانی کے مرنے پر انسان کی قدر ننھیال میں نہیں رہتی۔
نانی نے خصم کیا نواسا چٹی بھرے } (ہ/مثل) قصور کوئی کرے ذمّہ کسی کا لگے - کرے کوئی خمیازہ بھرے کوئی - کسی کا قصور کسی کے ذمّہ۔
نانی خصم کرے نواسا چٹی بھرے }
نانی یاد آ جانا (ہ) مصیبت میں پھنس کر قدرِ عافیت معلوم ہونا - محنت سے گھبرا جانا - اور آرام کا زمانہ یاد آ جانا - مصیبت سے تنگ آ جانا۔
ناؤ (ہ/مذ) حجام - نائی - اُستاد۔
ناؤ (ف/مث) کشتی - دریا سے پار اُترنے کی سواری - سفینہ۔
ناؤ خشکی میں نہیں چلتی (ہ) لیے دیے بغیر کام نہیں چلتا - سخاوت کے بغیر کوئی امیر ناموری حاصل نہیں کر سکتا۔
ناؤ کس نے ڈبوئی کہ خواجہ خضر نے (ہ/مثل) جب خود رہبر اور ہادی ہی تباہی کا باعث ہوں - تو وہاں یہ مثل بولا کرتے ہیں۔
ناؤ کھینا (ہ) کشتی چلانا۔
ناؤ میں خاک اُڑانا (ہ) سفید جھوٹ بولنا - بالکل جھوٹا الزام لگانا - ناحق تہمت دھرنا۔
ناوَرد (ف/مث) لڑائی - جنگ وجدل۔
ناوَک (ف/مذ) تیر - بان - خدنگ۔
ناوک انداز (ف/صف) تیر انداز - تیر چلانے والا۔
ناوک بیٹھنا (ار/محاورہ) تیر نشانے پر بیٹھنا۔
ناوک زن (ف/صف) تیر انداز - تیر چلانے والا۔
ناوک سا تیر نکل جانا (ار/محاورہ) صاف نکل جانا۔
ناوکی (ہ/مذ) ملاح - مانجھی - کشتی بان۔
نا ؤنوش (ف/مذ) (نا بمعنی نے - یعنی راگ اور نوش بمعنی پینا سے مرکب) یعنی گانا سُننا اور شراب پینا - مجازاً عیش و عشرت - راگ رنگ - عیش و نشاط۔
ناہار (ف اس/مذ) (نا حرفِ نفی اور ہار بمعنی کھانا) ناشتہ - نہار مُنہ کھانا۔
ناہر (ہ/مذ) شیر ببر - سنگھ - باگھ - کہری - اسد - ضیغم۔
ناہر سالس (ہ/مث) گھوڑے کی ایک بیماری کا نام جس کے سبب سے سواری کے وقت اُس کے مُنہ سے غرغراہٹ کی آواز نکلتی ہے اور دُم پھول جاتا ہے۔
ناہرو (ہ/مث) رشتہ کی بیماری - نہروا۔
ناہید (ف/مذ) زُہرہ ستارہ - لوٹیے فلک شکر - سوکھ - تیسرے آسمان پر ایک ستارے کا نام۔
ناہیں (ہ، کلمہ نفی) - نہیں۔
نائی (ہ/مذ) حجام - اُستا - مُوتراش۔
نائی کی برات میں سبھی ٹھاکر (ہ/مثل) اپنی قوم میں ہر کوئی ذی عزت ہوتا ہے - ایسے موقع پر بولا جاتا ہے - جہاں سب لوگ امتیازی ہوں اور کاروبار کرنے والا کوئی نہ ہو۔
نایاب (ف/مذ) کمیاب - نادر الوجود - معدُوم - عُمدہ - مختصر - قابلِ تعریف۔
نائب (ع/مذ) قائم مقام - اسسٹنٹ - معاون - مددگار - مُنیم - ماتحت - مختار - سفیر - ڈپٹی - ایجنٹ۔
نائب الرئیس (ع/مذ) رئیس کا نائب۔
نائب السلطنت (ع/مذ) وائسرائے - گورنر - صوبے دار۔
نائب دیوان (ع/مذ) خزانچی کا نائب۔
نائب منیب (ع/مذ) نائب اور اُس کا افسر۔
نائیجر شمالی افریقہ کا دریا جو کوہ کانگ سے نکل کر خلیج گنی میں گرتا ہے - ٹمبکٹو اس کے کنارے پر ہے جو فرانسیسی سوڈان کا صدر مقام ہے۔
نائیجر ریاست - آب و ہوا گرم مرطوب - پیداوار تاڑ کوکو - ربڑ اور ہاتھی دانت - لاگوس بندرگاہ ہے - جو ریل کے ذریعے کئی مقام سے ملتی ہے۔
نائرہ (ہ/مذ) لاٹ - لَو - لپٹ - آگ کا شُعلہ۔
نائزہ (ف/مذ) پیشاب آنے کی نالی - مجازاً عُضوِ تناسل۔
نائک (ہ/مذ) سردار قافلہ - قافلہ سالار - مُربّی - سرتاج - فنِ موسیقی کا ماہر کامل - بہت بڑا گویا - ایک فوجی عہدے کا نام۔
نائیکا (س/مث) نائک کی اِستری - کُٹنی - رنڈیوں کے گھر کی مالک۔
نائن (ہ/مث) نائی کی بیوی - نائی قوم کی عورت۔

ن - ب

نب (انگریزی/مذ) زبانِ قلم - انگریزی قلم کی چونچ - ڈنک - فولادی قلم۔
نَبات (ع/مث) سبزی - بُوٹی - ترکاری - روئیدگی - سبزہ - مصری - قند۔
نباتات (ع/مث) نبات کی جمع - پودے - سبزی - ترکاریاں۔
نباتی (ع) جڑی بوٹی کا - گھاس پات کا - روئیدگی کا۔
نباح (ع/مث) کُتّے کے رونے کی آواز۔
نبّاش (ع) قبر کھود کر کفن چُرانے والا - کفن چور۔
نبّاض (ع/مذ) نبض دیکھنے والا - حکیم - وَید - طبیب۔
نبّاضی (ع/مث) نبض شناسی۔

نباہ (ہ امذ) تکمیل۔ کسی کام کو حد تک پہنچانا۔ انجام گزارا۔ وفاداری۔ کمال۔

نباہ دینا (ہ) گزار دینا۔ کسی کے ساتھ اخیر دم تک کر دینا۔ انجام تک پہنچا دینا۔

نباہ کرنا (ہ) کسی کے ساتھ بسر کرنا۔ وفاداری کرنا۔ گزارا کرنا۔ گزار دینا۔

نباہنا (ہ) گزارنا۔ کسی کے ساتھ بسر کرنا۔

نباہو (ہ امذ) نباہ دینے والا۔ بسر کر دینے والا۔ وفادار۔ مخلص۔ اخیر تک گزار دینے والا۔

نبٹانا (ہ) بھگتانا۔ چکانا۔ ادا کر دینا۔ بے باق کر دینا۔ نمٹانا۔

نبٹاؤ (ہ امذ) نمٹاؤ۔ فیصلہ۔ تصفیہ۔ انفصال۔ بے باقی۔

نبٹنا۔ یا۔ نبٹ جانا (ہ) بے باق ہونا۔ نمٹنا۔ چھٹکارا پانا۔ فرصت پانا۔ فارغ ہونا۔ پورا ہونا۔ ختم ہونا۔ جھگڑا طے ہو جانا۔ فیصلہ ہو جانا۔ تکرار باقی نہ رہنا۔ کٹنا۔ انجام پر پہنچنا۔

نبیڑا (ہ امذ) نبٹاؤ۔ فیصلہ۔ تصفیہ۔ نبیڑا۔

نبختا (ہ) بدبخت۔ بے نصیب۔ کم بخت۔ نربھاگ۔ نگوڑا۔ مُوا۔

نبختی (ہ امث) بدبخت۔ بے نصیب۔ مُوئی۔ نگوڑی۔

نبراس (ع) چراغ۔ لالٹین۔ شمع۔

نبرد (ف امث) لڑائی۔ جنگ۔ یُدھ۔

نبرد آزما (ف) جنگ آزمودہ۔ جنگی لڑائیوں میں رہا ہوا۔ دلاور۔ بہادر۔ شجاع۔

نبرد پیشہ (ف اصف) جنگ آزمودہ۔ پرانا جنگجو۔

نبردگاہ (ف امذ) میدانِ جنگ۔ لڑائی کا کھیت۔ لڑائی کی جگہ۔

نبڑ جانا (ہ) خرچ ہو جانا۔ ختم ہو جانا۔ تمام ہو جانا۔ نمٹ جانا۔ باقی نہ رہنا۔ انجام کو پہنچ جانا۔

نبڑنا (ہ) خرچ ہونا۔ تمام ہونا۔ باقی نہ رہنا۔ نمٹنا۔

نبض (ع امث) ناڑی۔ ہاتھ کی وہ رگ جو حرکت کرتی ہے۔ شریان۔ رگ جہندہ۔

نبض اُبھرنا (ار امحاورہ) نبض کی حرکت کا کم ہو کر چلتی ہوئی محسوس کرنا۔

نبض بارد (ار امث) وہ نبض جس کا مقام چھونے سے سرد معلوم ہو۔ یہ حرکت کی کمی کی دلیل ہے۔

نبض بطی (ع امث) سست حرکت کرنے والی نبض جو کمزوری کی علامت ہے۔

نبض دیکھنا (ا) نبض پر ہاتھ کی اُنگلیاں رکھ کر اُس کی رفتار معلوم کرنا۔ ناڑی دیکھنا۔ خبر لینا۔

نبضیں چھوٹنا۔ یا۔ چھٹنا (ا) ناڑیوں کی حرکت بند ہو جانا۔ قریب بمرگ ہونا۔ نزع کی حالت ہونا۔ مُردہ سا ہو جانا۔ خبر نہ رہنا۔ دم خشک ہو جانا۔ گھبرا جانا۔ حواس باختہ ہو جانا۔

نبل (ہ) ن نفی اور بل بمعنی زور۔ کم طاقت۔ بے زورا۔ ماڑا۔ ناقص۔ خراب۔ بے کس۔ بے یار و مددگار۔ نربل۔ دُربل۔

نبوت (ع امث) خبر رسانی۔ پیغمبری۔ رسالت۔ احکام الٰہی کا بندوں تک پہنچانا۔

نبولی (ہ امث) نیم کے درخت کا پھل۔ تخم درخت نیم۔

نبوی (ع) منسوب بہ نبی۔ نبی سے نسبت رکھنے والا۔

نبھ (س امذ) آکاس۔ آسمان۔ گگن۔ بادل۔ کرہ ہوائی۔ ساون کا مہینہ۔ برسات کا مہینہ۔

نبھاگا (ہ امذ) بدنصیب۔ کم بخت۔

نبھانا (ہ) نباہنا۔ باہم بسر کرنا۔ ایک دوسرے کے ساتھ باہم گزارنا۔

نبھاؤ (ہ امذ) گزارا۔ وفاداری۔ استقلال۔ ثابت قدمی۔

نبھرما (ہ) جس کا بھرم نہ ہو۔ غیر معتبر۔ بے اعتبارا۔

نبھنا (ہ) باہم گزرنا۔ بسر ہونا۔ انجام کو پہنچنا۔ اخیر تک رہنا۔

نبی (ع امذ) خبر پہنچانے والا۔ رسول۔ پیغمبر۔

نبی مرسل (ع امذ) صاحبِ کتاب نبی۔ وہ پیغمبر جس پر کوئی آسمانی کتاب نازل ہوئی ہو۔

نبیرہ (ف امذ) پوتا۔ بیٹے کا بیٹا۔ نواسا۔ بیٹی کا بیٹا۔

نبیڑ لینا (ہ) پورا کر لینا۔ گزار لینا۔ بسر کر لینا۔ تمام کر لینا۔ ختم کر لینا۔

نبیڑنا (ہ) تمام کرنا۔ پورا کرنا۔ نمٹانا۔ بسر کرنا۔ گزارنا۔

نبیڑو (ہ) پورا کرنے والا۔ نمٹانے والا۔

ن - پ

نپا۔ یا۔ نپا ہوا (ہ) اندازہ کیا ہوا۔ ناپا ہوا۔

نپا شوربا اور گنی بوٹی (ا مثل) بالکل پورا رتی بھر بھی کم و بیش نہیں۔ گزارا سے کم۔

نپت (ہ امث) پیمائش۔ ماپ۔ ناپ۔ میتی۔ نپت۔

نپٹ (ہ) بالکل۔ محض۔ نرا۔ تمام۔ سراسر۔ بہت۔ نہایت۔ اُت گت۔

نپنا (ہ) پیمائش ہونا۔ پینا۔ ناپا جانا۔ لڑائی ہونا۔ جھگڑا ہونا۔

نپنسک (س) ہیجڑا۔ نامرد۔ مخنث۔ زنخہ۔ خنثہ۔

نپوتا (ہ امذ) بے اولاد۔ لاولد۔ (کلمۂ لعنت) مُوا۔ نگوڑا۔

نپوتی (ہ امث) وہ عورت جس کے کوئی بال بچہ نہ ہو (لعنت) مُوئی۔ نگوڑی۔ نالائق۔

نپوتی رووے پوتوں کو سپوتی رووے ٹوٹوں کو (ہ امثل) دُنیا میں کوئی خوش نہیں۔ بے اولاد، اولاد کے لیے روتی ہے اور اولاد والی ٹکڑوں کی محتاج ہے۔

نپوڑنا (ہ) دانت نکوسنا۔ مُنہ بگاڑنا۔ کھسیانی ہنسی ہنسنا۔ زہرخند کرنا۔

ن - ت

نت (ہ) سدا۔ ہمیشہ۔ مدام۔ ہر روز۔ آئے دن۔ دائم۔

نت اُٹھ (ہ) ہمیشہ اُٹھ کر۔ ہر روز۔ روز کے روز۔ آئے دن۔

نت کھودنا نت پانی پینا (ہ) روز مزدوری کرنا اور روز کھانا۔ جتنا کمانا اُتنا ہی کھانا۔

نت کی دُکھیا کرموں دوس (ہ/ شل) ہمیشہ کی مصیبت زدہ اور تقدیر پر الزام۔

نتن (ع) بدبُو

نت نت (ہ) تکرار دُعا۔ جم جم کا مترادف۔ سدا۔ ہمیشہ۔

نت نئی چال چلنا (ا/محاورہ) ہر روز نئی تدبیر عمل میں لانا۔

نت نیا (ہ) ہمیشہ نئی بات۔ تازہ بتازہ۔ ہر روز نیا۔ انوکھا۔ عجیب و غریب۔

نتارنا (ہ) دھارنا۔ چھاننا۔ صاف کرنا۔ کدورت دُور کرنا۔ نسود یا پانی نکالنا۔ آب زلال لینا۔ نتھارنا۔

نتنی (ہ/مث) نواسی۔ بیٹی کی بیٹی۔

نتھ (ہ/مث) ناک کا چھلا۔ ناک میں پہننے کا سونے کا حلقہ۔ جو سہاگ کے دن عورتیں پہنا کرتی ہیں۔

نتھ بڑھانا (ہ/مث) نواسی۔ بیٹی کی بیٹی۔

نتھ چوڑی برقرار رہے (ا/محاورہ) دُعائیہ۔ سہاگ قائم رہے۔

نتھا ہوا (ا/صف) جس کی ناک میں رسی پڑی ہو۔

نتھارنا (ہ) صاف کرنا۔ آب زلال لینا۔ پانی کو نرل کرنا۔ صاف کرنا۔

نتھرا (ہ) صاف۔ نرل۔ آب زلال۔

نتھلی (ا/مث) نتھ کی اسم تصغیر۔

نتھنا (ہ/مذ) ناک کا ایک طرف کا خانہ۔ منخر۔

نتھنوں میں تیر دینا (ا) نہایت تنگ کرنا۔ بہت دق کرنا۔

نتھنوں میں دم کرنا (ا) ناک میں دم کرنا۔ ستانا۔ تنگ کرنا۔

نتھنی (ہ/مث) چھوٹی نتھ۔ تلوار کے قبضے کی کڑی۔ ناتھ۔ نکیل۔ بیل کی ناک کی رسی۔

نتھنی اُتارنا (ہ) چیرا اُتارنا۔ کسی کا ازالہ بکر کرنا۔

نتھنی اُترنا (ا/محاورہ) بیوہ ہونا۔ خاوند مرجانا۔ ازالہ بکر ہونا۔ بے عزت ہونا۔

نتھنے پھلانا (ہ) ناک پھُلانا۔ ناک چڑھانا۔ تیوری چڑھانا۔ ناراض ہونا۔ سخت محنت کے بعد ناک سے لمبے لمبے سانس لینا۔

نتھنے چڑھانا (ا) ناک چڑھانا۔ ناراض ہونا۔

نتھی (ہ) کاغذ ٹانکنے کی ڈور۔ وہ ڈورا جو کئی کاغذوں کے سرے میں ڈالا جائے۔

نتھی شدہ (ا) ساتھ ٹنکا ہوا۔ شامل۔ منسلک۔

نتھی کرنا (ا) کاغذ میں ڈورا ڈال کر اُس کے ساتھ دُوسرا کاغذ شامل کرنا۔ منسلک کرنا۔

نتیجہ (ع/مذ) غرض۔ مطلب۔ اخیر۔ انجام۔ حاصل۔ ماحصل۔ انتہا۔ غائت۔

نتیجہ دیکھنا (ا/محاورہ) کیے کی سزا پانا۔

ن - ٹ

نٹ (ہ/مذ) قلاباز۔ بازی گر۔ قلا کرنے والا۔ وہ لوگ جو ڈھول بجا کر رسی اور بانس وغیرہ پر چڑھ کر تماشا دکھلاتے ہیں۔ ایک قوم کا نام۔ ایک راگنی کا نام۔

نٹال۔ برٹش جنوبی افریقہ کا مُلک۔ یہاں ہندوستانی مزدوری اور تجارت کرتے ہیں۔ گنّا اور مکّی پیداوار ہے۔ پیٹر ماٹزبرگ دارالحکومت ہے۔

نٹ کھٹ (ہ) نکھٹو۔ جو کماؤ نہ ہو۔ مکّار۔ دغاباز۔ عیّار۔ چالاک۔ فریبی۔ لڑاکا۔ شریر۔ بے باک۔ گستاخ۔ کپٹی۔ پاکھنڈی۔

نٹ کھٹی (ہ) شوخی۔ عیّاری۔ دغابازی۔ چالاکی۔ فریب۔ شرارت۔ پاکھنڈ۔ گستاخی۔

نٹنا (ہ) ناٹنا کا مخفف۔ انکار کرنا۔ مُنکر ہونا۔ مُکر جانا۔

نٹنی (ہ/مث) بازی گرنی۔ قلا کرنے والی عورت۔ نٹ کی بیوی۔ نٹ قوم کی عورت۔ کسبی۔ رنڈی۔

نٹھر (ہ) سخت۔ کٹھور۔ سنگ دل۔ اکھڑ۔ نردئی۔ بے رحم۔

نٹھلا (ہ) خالی۔ بے کار۔ بے شغل۔

نٹیا (ہ/مذ) چھوٹے قد کا بیل۔ چھوٹی نسل کا بیل۔

ن - ث

نثار (ع/مذ) نچھاور۔ بکھیر۔ صدقے کے طور پر کسی کے سر پر سے بکھیری ہوئی چیز۔

نثار (ع/مذ) نچھاور کرنا۔ صدقے۔ قربان۔ تصدق داری۔

نثار کرنا (ا) بکھیرنا۔ وارنا۔ صدقے کرنا۔ قربان کرنا۔ نچھاور کرنا۔

نثار ہونا (ا) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ قربان ہونا۔ صدقے ہونا۔ واری جانا۔

نثر (ع/مث) پراگندہ۔ بکھرا ہوا۔ تتر بتر۔ وہ عبارت جو نظم نہ ہو۔

نثرہ (ع/مذ) ایک نہایت روشن اور چمکدار ستارے کا نام۔

ن - ج

نج (ہ) اپنا۔ ذاتی۔ گھر کا۔ خانگی۔ پرائیویٹ۔ سکونتی مکان۔ ایک حرف نفی بھی ہے۔

نج نج سے (ا/متعلق فعل) درستی سے۔ ٹھیک طور سے۔

نج کا حساب (ہ/مذ) ذاتی حساب۔ ذاتی لین دین۔

نج کا کام (ہ/مذ) ذاتی کام۔

نج کا مال (ا/مذ) اپنا مال۔ ذاتی مال۔

نج کا نوکر (ا/مذ) خاص مُلازم۔ گھر کا نوکر۔

نج کی راندہ (ہ/مث) وہ رستہ جس پر گزرنے کا غیروں کو حق نہ ہو۔

نجابت (ع/مث) بزرگی۔ بزرگواری۔ شرافت۔ اصالت۔

نجات (ع/مث) رہائی - چھٹکارا - خلاصی - مکت - کمتی - عفو گناہ - نروان -
نجار (ع/مذ) بڑھئی - ترکھان - کھاتی -
نجاری (ف/مث) بڑھئی کا کام - کھاتی کا کام - نجار کا پیشہ -
نجاست (ع/مث) ناپاکی - پلیدی - گندگی - غلاظت - آلودگی - میلا پن - بول و براز -
نجانے (ہ/محاورہ) معلوم نہیں - مجھے معلوم نہیں - میں نہیں جانتا - خدا جانے - کیسے خبر ہے -
نُجَباء (ع/مذ) نجیب کی جمع - برگزیدہ لوگ - شریف لوگ -
نجد (ع/مذ) اونچی زمین - عرب کے ایک مشہور شہر کا نام جہاں سے وہابیہ فرقے کی ابتدا ہوئی -
نجدی (ع/صف) عرب کے علاقہ نجد سے منسوب - عبدالوہاب نجدی کا پیرو - وہابی -
نجس (ع) گھوری - گندہ - ناپاک - پلید -
نجس العین (ع) بالکل ناپاک - جبلاً ناپاک - جو کبھی پاک نہ ہو سکے - کتا - شراب وغیرہ -
نجف (ع/مذ) وہ اونچا ٹیلا جس پر پانی نہ چڑھ سکے - عرب کا ایک مشہور شہر جہاں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا مزار مبارک ہے - نجف اشرف -
نجم (ع/مذ) ستارا - تارا - سیارہ -
نجم الثاقب (ع/مذ) روشن ستارہ - چمکتا ہوا تارہ -
نجم الہند (ع/ہ) خطاب - ایک شاہی خطاب جو گورنمنٹ کی طرف سے رؤسا کو ملتا ہے - ستارۂ ہند -
نجنی نووگورڈ - روس میں دریائے والگا پر ہے - سالانہ میلے ہوتے ہیں - جن میں یورپی اور ایشیائی تاجر چیزیں لاتے ہیں اور نفع اٹھاتے ہیں -
نجوم (ع/مذ) نجم کی جمع - ستارے - تارے - سیارے - جوتش -
نجومی (ع/مذ) علم جوتش جاننے والا - جوتشی - نجوم کا علم جاننے والا - اختر شناس - ستاروں کے تاثیر و رفتار کے علم کو جاننے والا -
نجیب (ع/مذ) شریف - برگزیدہ - بھلا مانس - اشراف - ہندی سپاہی - دربان - چوکی پر پہرہ دینے والا سپاہی -
نجیب الطرفین (ع) وہ شخص جو ماں اور باپ دونوں کی طرف سے اصل نسل شریف ہو - کھری نسل کا - صحیح النسب -

ن - چ

نُچا (ا/صف) نوچا ہوا -
نُچا کھچا (ا/صف) نوچا کھسوٹا ہوا -
نچان (ہ) پستی - ڈھلان - ڈھال کی ضد - نشیب -
نچا مارنا (ہ) ستا مارنا - تنگ کر ڈالنا - دق کر دینا -

نچانا (ہ) ناچ کرانا - رقص کرانا - ستانا - ناک میں دم کرنا - دق کرنا -
نچڑنا (ہ) ٹپکنا - دبنے یا بھینچنے سے عرق نکلنا - لاغر ہونا - دبلا ہونا -
نچلا (ہ) چپ چاپ - خاموش - ساکت - بے حرکت - جو ہلے نہ حرکت کرے - ساکن - برقرار - شائستہ - نچلے درجے کا - نیچے کی طرف کا - کم درجہ کا -
نچلا بیٹھنا - یا - رہنا (ہ) چپکا بیٹھنا - خاموش بیٹھنا - چپ چاپ بیٹھنا -
نُچنا (ہ) نوچا جانا - کھسوٹا جانا -
نچنت (ہ) فارغ - بے فکر - قرار و سکون والا - بے پروا - بے کھٹکے - مطمئن -
نچنت ہونا (ہ) بے فکر اور مطمئن ہونا -
نچنیا (ہ/مذ) ناچنے والا لڑکا - بھگتیا - بھانڈ - زنخہ -
نچوڑ (ہ/مذ) رس - افشرہ - فشردہ - مجازاً خلاصہ - حاصل - لب لباب - ست - عطر - جوہر - نتیجہ - مادہ - اصل جزو - کسی کام کی انتہا - انجام کار - اخیر -
نچوڑ لینا (ہ) دبا کر عرق نکالنا - سونت لینا - دودھ نکال لینا - مفلس بنا دینا - چوس لینا - پی لینا - عطر لے لینا - خلاصہ کر لینا - جوہر نکال لینا -
نچوڑنا (ہ) دبا کر عرق نکالنا - رس نکالنا - کچھ باقی نہ رکھنا - مفلس بنانا - چوسنا - خون پینا - سونتنا -
نچھاور (ہ/مذ) نثار - اتارا - بکھیرا - وہ جنس یا نقدی جو کسی کے اوپر سے بطور صدقہ بکھیری جائے -
نچھاور کرنا (ہ) تصدق کرنا - نثار کرنا - بکھیرنا - وارنا -
نچھتر (ہ/مذ) لغت میں پہنچنا یا جانا - مجازاً ستارہ - طالع - کرم - راس - برج - منازل قمر - راس کا حصہ -
نچھتری (ہ) اچھے طالع کی پیدائش - بھاگوان - با اقبال - خوش نصیب -
نچھل (ا/صف) پاک - صاف -

ن - ح

نُحاس (ع/مذ) تانبا - مس -
نَحافت (ع/مث) لاغری - دبلا پن - ناتوانی -
نحت (ع/مذ) چھیلنا - چھلائی -
نحس (ع) بھونڈا - نامبارک - چندرا - منحوس - بدشگون -
نحر (ع/مذ) ذبح کرنا - قربانی -
نحل (ع/مث) شہد کی مکھی - مہال کی مکھی -
نحو (ع/مث) راہ - طرز - ڈھنگ - طریق - طور - وہ علم جس سے اجزائے کلام کو صحیح جوڑنا اور کھولنا آئے - اور ان کا باہمی

تعلق اور لگاؤ معلوم ہو - دیا کرن -
نحوی (ع امذ) ماہر علم نحو -
نحویت (ع امث) نحوی کا فن -
نحوست (ع امذ) نامبارکی - بدنصیبی - بدشگونی - دلدر - چندراپن -
نحوست چھانا (ا ر امحاورہ) بُرا اثر پڑنا - منحوس ہونا -
نحیف (ع) دُبلا - لاغر - ناتواں - کمزور - نازک -

ن - خ

نخ (ف امث) کچا ریشم - ریشم کا تار یا سُوت - پتنگ کی ڈور -
نخاس (ع امذ) چوپایوں یا غلاموں کی منڈی - وہ بازار جہاں حیوان یا انسان فروخت ہوں -
نخاس پر بھیجنا (ا) بازار دکھانا - بازار میں بیچنے کے لیے بھیجنا - بکری کے لیے بھیجنا -
نخاس چڑھنا (ا) بازار میں بکنے یا مشہور ہونے کو جانا - رسوائے عام ہونا -
نخاس کی گھوڑی (ا امث) عام بکری کی گھوڑی - بازاری گھوڑی - مجازاً کسبی - رنڈی - فاحشہ - چھنال - قحبہ - کٹنی -
نخاس والی (ا امث) بازاری عورت - بیسوا - کنچنی - رنڈی - کٹنی - طوائف -
نخاع (ع) حرام مغز -
نخالص (ا) جو خالص نہ ہو - ملاوٹ کا - کھوٹا (غلط العام) خالص - کھرا - بزل - بے ملاوٹ -
نخچیر (ف امذ) جنگلی جانور - وحشی جانور - شکار - صید - شکار کیا ہوا جانور -
نخچیر گاہ (ف امذ) شکارگاہ - شکار کی جگہ - رمنا - صیدگاہ -
نخرا - یا - نخرہ (ف امذ) ناز - خاص معشوقانہ حرکات و سکنات - عشوہ - غمزہ - ادائے خاص - نکتوڑا - چوچلا -
نخرہ باز - یا - نخرے باز (ا) چوچلا باز - عشوہ گر - تمکنت والی - اترانے والی -
نخرہ بازی (ا امث) لاڈ - چوچلا - ناز معشوقانہ - عشوہ سازی -
نخرہ بگھارنا (ا ر امحاورہ) حیلہ کرنا - بہانہ کرنا -
نخرہ تلّا (ا امذ) لاڈ - پیار - چاؤ - چوچلا - ناز و نخرہ - ناز و کرشمہ -
نخرہ ڈھیلا کرنا (ا) سزا دینا - لاڈ پیار کی قدر نہ کرنا - غرور توڑ دینا - تمکنت پر رہنے دینا -
نخرہ کرنا - یا - بگھارنا (ا) لاڈ پیار کرنا - چوچلے دکھلانا - اترانا - مفت کا غمزہ کرنا -
نخرہ نکالنا (ا) لاڈ نکالنا - لاڈ میں آنا - سر چڑھنا -
نخل (ع امذ) کھجور کا درخت - مجازاً ہر ایک درخت -
نخل بند (ع ف امذ) مالی - باغبان - درختوں کو پیوند لگانے والا - موم کے درخت بنانے والا -
نخل تابوت (ع ف) ایک قسم کی آرائش کا نام - جو مردوں کے تابوت پر کی جاتی ہے -
نخل تمنا (ع امذ) تمنا کا نخل سے استعارہ کرتے ہیں -
نخلستان (ف امذ) کھجور کے درختوں کا جنگل - چھوہارے کے درختوں کا جنگل - وہ سرسبز خطۂ زمین جو صحرا کے درمیان واقع ہو -
نخل طُور (ع امذ) وہ درخت جس پر حضرت موسیٰ کے لیے انوار حق کا ظہور ہوا -
نخوت (ع امث) غرور - تکبر - گھمنڈ - گمان - خودپسندی - خودبینی -
نخود (ف امذ) چنا - چھولا -
نخود آب (ف امذ) آب نخود - ایک قسم کا شوربا جو گوشت اور چنے کی دال سے بیماروں کے لیے بنایا جاتا ہے -
نخیر (ع) ناک کی سُوں سُوں کی آواز -
نخیل (ع امذ) درخت - کھجور کا درخت -

ن - د

ندّ (س امذ) ندی - نالہ - سمندر - دریا -
ندا (ع امذ) آواز - صدا - پکار - بانگ - بلانے اور پکارنے کا حرف -
ندا آنا (ا ر امحاورہ) آواز آنا - بلایا جانا -
ندارد (ف) خالی - کورا - نہیں - غیر موجود - غیر حاضر -
نداف (ع امذ) دُھنیا - رُوئی دُھننے والا - پینجا -
ندافی (ع امث) رُوئی دُھننے کا کام - دُھنیے کا کام -
ندامت (ع امث) شرمندگی - شرم - انفعال - خجالت - پشیمانی - پچھتاوا - تاسف - سُبکی -
ندامت اُٹھانا (ا ر امحاورہ) شرمندگی ہونا - خجالت ہونا -
ندان (ہ) آخرکار - انت میں - بعد میں - آخرکار - پیچھے -
ندبہ (ع امذ) سیاپا - کہرام - ماتم - نوحہ - شیون - وہ حروف جو کسی کو یاد کر کے رونے کے وقت بولتے ہیں -
ندرا (ہ امث) خواب - نیند - نندیا - نوم -
ندرالو (ہ) نیند میں بھرا ہوا - خواب آلودہ -
ندرت (ع امث) کمیابی - کمی - شاذ و نادر ہونا - عمدگی - تحفہ ہونا - انوکھاپن - یکتائی - نادرپن -
ندرت طراز (ع ف اصف) عمدہ چیزوں سے سجانے والا -
ندما (ع امذ) ندیم کی جمع - مصاحب - جلیس - ہم نشین لوگ -
ندلا (ہ امذ) ناند کی تصغیر - چھوٹی ناند - کونڈی - مٹی کے ایک برتن کا نام -
ندھ (س امذ) خزانہ - بھنڈار - گودام - ذخیرہ -
ندھڑک (ا ر اصف) بے خوف - بے خطر -

ندی - یا - ندّی (ہ/مث) بہتا ہوا پانی - بڑی نہر - چھوٹا دریا - برساتی نالہ - کھالا -

ندی ناؤ سنجوگ } (ہ/محاورہ) اتفاقی خوشی - اتفاقیہ ملاقات -
ندی ناؤں سنجوگ } تھوڑی سی ملاقات اور دم بھر کی صحبت بھی غنیمت ہے -

ندیدہ (ف) نادیدہ کا مخفف - ان دیکھا - بغیر دیکھا ہوا - حریص - لالچی - لوبھی - وہ شخص جس نے کوئی چیز نہ دیکھی ہو - تنگ - لئیم - بخیل -

ندیم (ع/مذ) ہم نشین - مصاحب - جلیس - ساتھی -

ن - ڈ

نڈر (ہ) بے خوف - بے باک - دلیر - جری - بہادر -

نڈھال (ہ) تھکا ماندہ - سست - کسلمند - ناتواں - مضمحل -

ن - ذ

نذر (ع/مث) منّت - اقرار - عہد و پیمان - اپنے اوپر کوئی چیز واجب کرنا - تحفہ - پیش کش - امرا و زرا وغیرہ کی بھینٹ -

نذر پکڑنا (ا) ہدیہ لینا - تحفہ کے طور پر لینا - پیشکش قبول کرنا -

نذر دکھانا } (ا) کسی حاکم یا رئیس وغیرہ کے روبرو ملاقات
نذر دکھلانا } کے وقت کچھ نقدی وغیرہ پیش کرنا - نذر پیش کرنا -

نذر دینا - یا - گزارنا (ا) پیش کش کرنا - تحفہ دینا - رشوت دینا - پوجنا -

نذر کرنا (ا) پیش کرنا - بھینٹ دینا - رشوت دینا - پوجنا - حوالہ کرنا - سپرد کرنا -

نذر ماننا (ا) منّت ماننا - کسی بات یا عہد کو اپنے اوپر واجب گردانا -

نذر و نیاز (ع+ف/مث) درود و فاتحہ - وہ جنس یا شیرینی وغیرہ جو کسی بزرگ کے نام پر دی جائے - بھینٹ -

نذر ہونا (ا/محاورہ) تحفہ دیا جانا - پیش کش ہونا -

نذر ہے (ا/محاورہ) حاضر ہے - نثار ہے - موجود ہے -

نذرانہ (ع+ف/مذ) بھینٹ - تحفہ - ہدیہ - وہ چیز جو پیشکش کے طور پر دی جائے -

ن - ر

نر (ف/س/مذ) مرد - مذکر - مادہ کی ضد - پُرش - مانس -

نربدھ - یا - نر ہتیا (ہ/مذ) قتل - انسان کی قربانی -

نرپتی (ہ/مذ) مردوں کا حاکم - راجہ - بادشاہ -

نرگاؤ (ف/مذ) بیل - بلد - ڈھگا - گئو کا جایا -

نرمادگی (ا/مث) پیٹی کا کیل کانٹا - پیٹی کا ہُک اور حلقہ - کواڑ یا صندوق کا قبضہ - بازو -

نرمادہ } (مذ/مث) طبلہ کا دایاں بایاں رُخ -
نرمادین } ڈھولک کا دایاں بایاں رُخ -

نربیش (ف/مذ) مینڈھا - دُنبہ -

نِر (س) حرفِ نفی - نہ - نہیں - بے - بغیر - بلا - ان بن -

نِراپائے (ہ) لاعلاج - ناممکن - محال - ناممکن الحصول -

نِراپرادھ (س) بے گناہ - بے قصور -

نِرآدر (ہ/مذ) بے عزت - بے حرمت - کمینہ - حقیر - ذلیل - خوار - بے حرمتی -

نِرآدھار (ہ) جس کا کوئی وسیلہ نہ ہو - بے وسیلہ - بے مدد - بے یار و مددگار -

نِرآس } (ہ) ناامید - بے آس -
نِرآسا } مایوس -

نِرانتر (ہ) متواتر - پے در پے - لگاتار -

نِرانکار - یا - نرنکار (ہ) بے رُوپ - جس کی کوئی شکل و صورت نہ ہو - پرمیشر - پرمیشور -

نِربل (ہ) کمزور - لاغر - ناتواں - ضعیف - ماڑا - کم طاقت -

نِربدھ (ہ) بے عقل - بے وقوف - مودھو - نادان -

نِربندھ کرنا (ہ/محاورہ) اصرار کرنا - ضد کرنا -

نِربوجھ (ہ/صف) جو سمجھ میں نہ آسکے -

نِربھاگ - یا - نربھاگی (ہ) بدنصیب - بدقسمت - بدبخت -

نِربھئے (ہ) نڈر - بے خوف - بے باک -

نِرپھل (ہ) بے نتیجہ - بے فائدہ - اکارت - بے حصول -

نِرجل (ہ) سوکھا - خشک (مذکر) وہ برت جس میں پانی نہ پیا جائے - جیسے نرجلا اکادشی - ریگستان - بھوبل کا ملک -

نِرجلا (ہ) وہ برت جس میں پانی تک نہ پیا جائے بن پانی والا -

نِرجیو (ہ) بے جان - غیر ذی رُوح -

نِردوشش - یا - نردوکھ (ہ) بے خطا - بے قصور - بے گناہ - معصوم -

نِردھن (ہ) بے روپیہ - مفلس - کنگال - نادار - تہی دست -

نِردھن کے دھن گردھاری (ہ/مثل) غریب کا خدا حافظ -

نِردئی (ہ) جس میں دیا نہ ہو - بے رحم - کٹھور -

نِرسا (ہ) جس میں رس نہ ہو - بے مزا - ملاوٹ کا - کھوٹا - خراب -

نِرگن (ہ) وہ ذات جو صفات انسانی سے مبرا ہو - پرمیشر - بے ہنر - بے سلیقہ - مورکھ -

نِرگُن بھجن (ہ/مذ) توحید کی بھجن - وہ بھجن جن میں صرف ذاتِ الٰہی کا بیان ہو -

نرگندھ (ہ/صف) جس میں بُو نہ ہو۔
نرگھن (ہ/صف) بے رحم۔ بے شرم۔ قابل نفرت۔
نرگنیا (ہ/مذ) صرف الٰہی کو ماننے والا۔ مُوحّد۔ ویدانتی۔ جاہل۔ بے وقوف۔
نادان۔ بے سمجھ۔ مُورکھ۔
نرلاج } (ہ) بے حیا۔ بے شرم۔ بے غیرت۔
نرلجا } جبّت۔
نرمل (ہ) جو میلا نہ ہو۔ بے مَیل۔ صاف۔ اُجلا۔ شفاف۔
نرمُول (ہ) بے جڑ۔ بے اصل۔ بے بُنیاد۔
نرموہی (ہ) سنگدل۔ بے مہر۔ بے رحم۔ بزدلی۔ سرد مہر۔
نرجان (س/مذ) لُغت میں چراغ حیات کا فنا ہونا۔ یعنی فنا نیستی۔
معدومیت۔ فنائی اللہ۔ نجات۔ مکتی۔ رہائی۔ خلاصی۔
نرا (ہ) صرف۔ محض۔ اکیلا۔ تنہا۔ خالص۔ بے میل۔ سراسر۔ بالکل۔
نرا جولت پور کا قاضی ہے (ا/محاورہ) بڑا بے وقوف ہے۔
نرا عقل کا دشمن ہے (ا/محاورہ) بڑا بے وقوف ہے۔
نرا کاٹھ کا اُلّو ہے (ا/محاورہ) بڑا بے وقوف ہے۔
نرالا (ہ/مذ) انوکھا۔ عجیب و غریب۔ نادر۔ نئی وضع کا۔ سب سے
الگ۔ جُدا۔ علیحدہ۔ وہ شخص جس کے اوضاع و اطوار
سب سے جُدا ہوں۔
نرالی (ہ/مث) نرالا کی تانیث۔ انوکھی۔ انوٹھی۔ اوضاع و اطوار
سب سے الگ رکھنے والی عورت۔
نرلیسی (ہ/مث) جدوار۔ ایک کڑوی جڑی بوٹی جو ہیضہ وغیرہ وبائی
امراض کے زہر کو دُور کرتی ہے۔
نرت (ہ/مذ) ناچ۔ رقص۔ بھاؤ۔ انداز۔
نرت کرنا (ہ) ناچ میں راگنی کا رُوپ سرُوپ دکھانا۔ انداز دکھانا۔
بھاؤ بتانا۔ ناچنا۔
نرخ (ف/مذ) کسی چیز کا مول۔ قیمت۔ بھاؤ۔ شرح۔ در۔
نرخ بندی } (ف) بھاؤ نکالنا۔ قیمت کا فیصلہ کرنا۔
نرخ مقرر کرنا } (ا) دَر مقرر کرنا۔
نرخ نامہ (ف/مذ) بازاری نرخ کی فہرست۔ فہرست نرخ۔
نرخرا (ا) ٹیٹوا۔ گلے کی نل۔ سانس کی نالی۔ حلقوم۔
نرخرا بولنا (ہ) مرتے وقت حلق سے بلغم کی سی آواز نکالنا۔ گھر الگنا۔
گھر اٹھا چلنا۔
نَرد (ف/مذ) شطرنج کا مُہرہ۔ چوسر کی گوٹ۔ بٹی۔ ایک بازاری کا نام
جسے تختۂ نرد کہتے ہیں۔
نَرد مارنا (ا) بازی جیتنا۔ گوٹ پیٹنا۔
نردبان (ف/مث) سیڑھی۔ کاٹھ کی سیڑھی۔ زینہ۔ سُلّم۔
نَرزہ (ا/مذ) چھوٹی ترازو۔
نَرس (انگریزی) دایہ۔ دُودھ پلانے والی آیا۔ تیمارداری کرنے
والی۔
نَرسل (ہ/مذ) سر۔ نرکل۔ سرکنڈا۔
نرسنگا (ہ/مذ) ایک قسم کا بجانے کا سینگ۔ کرنائے۔ بگل۔ تُرہی۔

ڈھولک۔ ترم۔
نرسنگھ (س/مذ) وشنو جی کا چوتھا اوتار۔ جس کا سر شیر کا تھا۔ مجازاً
شہ زور اور بہادر آدمی۔ رہبر۔ مؤکل۔
نرسوں (ہ/مث) پرسوں کے بعد کا دن۔ چوتھا دن۔ انترسوں۔
نرغہ (ا/مذ) گھیرا۔ شکار کے وقت آدمیوں کا حلقہ۔ احاطہ۔ بھیڑ۔
ہجوم۔ انبوہ۔ ٹھٹ۔ ہنگامہ۔ دقت۔
نرغا کرنا (ا) گھیرا ڈالنا۔ گھیرنا۔ چاروں طرف سے پیچھے پڑنا۔ احاطہ
کرنا۔
نرغہ میں آنا } (ا) گھیرے میں آ جانا۔ مصیبت میں پھنس جانا۔ چاروں
نرغے میں آنا } طرف سے گھر جانا۔ آفت میں مبتلا ہونا۔
نرک (س/مذ) پاپیوں کے رہنے کا مقام۔ گناہگاروں کے رہنے کی جگہ۔
تحت الثریٰ۔ دوزخ۔ جہنم۔ پاتال۔ اسفل السافلین۔ دوزخ کا
سب سے نچلا طبقہ۔ میلا۔ گوہ۔ بول و براز۔
نرک چودس (ہ/مث) دیوالی کی چودس۔ جس میں ہندو اپنا دلدر اتارتے
ہیں۔ مجازاً ناپاکی۔ نحوست۔ دلدر۔
نرک دوارہ (ہ/مذ) دوزخ کا دروازہ۔
نرک کُنڈ (ہ/مذ) دوزخ کا غار۔ دوزخ کا کنواں۔
نرک میں پڑنا۔ یا۔ جانا (ہ) جہنم رسید ہونا۔ دوزخ میں پڑنا۔
نرکٹ (س/مذ) علم صرف جس سے کلموں کا تغیر و تبدل اور ان کی شناخت
حاصل ہوتی ہے۔
نرکس (ہ/مذ) حلقوم۔ حلق کی نالی۔
نرکل (س/مذ) نرسل۔ نے۔
نرکی (ہ) دوزخی۔ جہنمی۔
نرگس (ف/مث) ایک قسم کا پھول جو اندر سے زرد اور باہر سے سفید
اور آنکھ سے مشابہ ہوتا ہے۔ مجازاً معشوق کی آنکھ۔
نرگسی (ف) ایک قسم کا تلیہ جو مُرغی کے انڈوں سے پکتا ہے اور
ایک قسم کا پلاؤ بھی ہوتا ہے۔
نرگس بیمار (ف/مث) مست آنکھ۔ چشم نیم باز۔
نرگس شہلا (ف/مث) وہ نرگس جس میں زردی کی جگہ سیاہی ہو۔
اور آنکھ سے بہت مشابہ ہو۔
نرگس طناز (ف/مث) معشوق کی آنکھ سے استعارہ کرتے ہیں۔
نرگس مخمور (ف/مث) نشیلی آنکھ۔ متوالی آنکھ۔
نرگس نیم خواب (ف/مث) وہ آنکھ جو معشوقانہ انداز سے جھکی ہوئی ہو۔
نرگسی (ف) نرگس سے مشابہ۔ منسوب بہ نرگس۔ ایک قسم کا کپڑا جس
میں نرگس کے پھول بنے ہوتے ہیں۔ ایک قسم کا تلا ہوا
انڈا۔
نرگسی پلاؤ (ف/مذ) وہ پلاؤ جس میں اُبلے ہوئے انڈوں کو کو فتوں میں
پکا کر اور درمیان میں دو کر کے رکھ دیتے ہیں۔
نرم (ف) ملائم۔ پلپلا۔ گلگلا۔ لوچ دار۔ ڈھیلا۔ مندا۔ مدھم۔
دھیما۔ سُست۔ کاہل۔ لطیف۔ مُنبک۔ ہلکا۔ آسان۔ سہل۔
نازک۔ متحمل۔ بُردبار۔ حلیم۔

نرم چارہ (ا / مذ) زود ہضم کھانا - ملائم خوراک -
نرم دِل (ف) رحم دل - موم دِل - رقیق القلب -
نرم کرنا (ا) دھیما کرنا - ملائم کرنا -
نرم گرم (ف) بُرا بھلا - سخت سُست -
نرم گرم اُٹھانا - یا - سہنا (ا) بُری بھلی بات سہنا - سخت سُست کی برداشت کرنا - زمانے کے رنج و راحت کو سہنا -
نرما - یا - نرمہ (ا / مذ) ایک قسم کی رُوئی اور اُس کا درخت - ایک ملائم قسم کے کپڑے کا نام -
نرمانا (ا) نرم کرنا - ملائم کرنا - دھیما کرنا - سختی ہٹا دینا - موم کرنا -
نرماہٹ - یا - نرمائی (ا / مث) ملائمت - نرمی -
نرملی (ہ / مث) ایک قسم کا بیج جس سے گدلا پانی صاف ہو جاتا ہے -
نرمہ گوش (ف / مث) کان کی لَو - بنا گوش -
نرمی (ف / مث) ملائمت - نزاکت - پلپلاپن - مہربانی - رحمدلی - شفقت - لطافت - سہولت - آسانی - بُردباری - تحمل - سہار - آہستگی -
نرنجن (س) خواہش اور غضب سے بری - بے عیب - بے داغ - پاک صاف - مبرا - منزہ - مجازاً خدائے تعالےٰ - پرماتما - پرمیشور -
نرنے (ہ) نہار منہ - بغیر کھائے -
نرنکار (س / مذ) پرمیشر - پرماتما - ایشور -
نروٹھا (ہ) بدصورت - بدشکل - کریہہ المنظر - بدخو -
نروگا - یا - نروگی (ہ) بے روگ - بیماری سے بچا ہوا - تندرست - بھلا چنگا - نقصان نہ کرنے والا -
نروید (س) وید کو نہ ماننے والا -
نری (ہ) نرا کی تانیث - محض - بالکل - صرف -
نری (ف / مث) بکری یا بکرے کا رنگا ہوا چمڑا -
نریمان (ف) رستم کے دادا کا نام -
نرینہ (ف) نر سے نسبت رکھنے والا - مادین کی ضد -

ن - ڑ

نرڑا (ہ / مذ) گاجر کے اندر کا سخت اور ناقابل استعمال حصہ - حقہ کی موٹی بانسی - صحیح نیڑہ ہے -
نرڑی (ہ / مث) نے - حقہ کی نلی - ایک قسم کے لمبی گردن والے آبی جانور کا نام - ایک آتشبازی -

ن - ز

نزار (ف) دُبلا - کمزور - لاغر - نازک - مفلس - قلاش -
نزاع (ع / مث) جھگڑا - تکرار - تنازع - بیر - دشمنی - عداوت - قضیہ - فساد - ٹنٹا -
نزاعِ لفظی (ا / مث) لفظوں کا جھگڑا - باتوں کا جھگڑا - زبانی بحث و تکرار -
نزاع میں پڑنا (ا / محاورہ) جھگڑے ہونا - فسادات ہونا -
نزاکت (ف / مث) نازک پن - نازکی - خوبی - ناز و ادا - آن بان - کمزوری - ناتوانی - نازک مزاجی -
نزاہت (ع / مث) عیب سے پاک ہونا - پاکیزگی -
نزد (ف) پاس - نیڑے - دھورے - قریب - نزدیک - آگے - پیش -
نزدیک (ف) لیکھے - رائے میں - پاس - نیڑے -
نزدیک پھٹکنا (ا / محاورہ) قریب آنا - پاس آنا -
نزدیک جانا (ا) پاس جانا - قریب جانا - پلنگ پر جانا - مباشرت کرنا - ہم بستر ہونا -
نزدیکی (ا / مث) قربت - پاس -
نزع (ع) جان کھنچنا - جان کنی - جان کندنی - دم ٹوٹنا -
نزع کی حالت میں ہونا (ا / محاورہ) جان بلب ہونا - مرنے کے قریب ہونا -
نزلہ (ع / مذ) لغت میں ایک ہی دفعہ گرنا - زکام - سردی - ہوا زدگی - ایک مرض کا نام -
نزلہ بند (ف / مذ) وہ گول پھاہا جو نزلہ کی روک کے لیے کنپٹیوں پر لگاتے ہیں -
نزلہ گرنا (ا) نزول ہونا - آفت آنا - شامت آنا -
نزول (ع / مذ) اُترنا - فروکش ہونا - نزلہ یعنی زکام کی قسم کی ایک بیماری - آنکھ کی ایک بیماری - موتیا بند - فوطوں کا بڑھ جانا - فوج لشکر شاہی کا فروکش ہونا - سرکاری زمین - ضبط کی ہوئی زمین -
نُزُولِ اجلال } (ع / مذ) بادشاہ سلامت کا ورود -
نُزُولِ اقبال } بادشاہ کا تشریف لانا -
نُزُولی (ع / مث) فوج کا پڑاؤ -
نُزہت (ع / مث) تر و تازگی - خوشی - آنند - سُرور - فرحت - عیش و نشاط -
نزہتِ خاطر (ع / مث) دل بہلاوا - من پرچاوا - خوشدلی - انبساطِ خاطر -
نزہت گاہ (ع ف / مث) سیرگاہ - تر و تازہ - اور سرسبز جگہ - تماشاگاہ -
نزیل (ع) مسافر جو سرائے میں فروکش ہو -

ن - ژ

نژاد (ف / مث) نسل - خاندان - اصل - حسب نسب - تخم - نطفہ -
نژند (ف) اوندھا - سرنگون -

ن ۔ س

نِس (ہ) حرفِ نفی ۔ نہ ۔ نا ۔ بے خبر ۔
نِس دِن (ہ/مذ) ہمیشہ ۔ دن رات ۔ لیل و نہار ۔ آئے دن ۔ ہر روز ۔
نِس سندیہ (ہ) بے شبہ ۔ بے شک ۔ یقیناً ۔ بالیقین ۔
نِس کپٹ (ہ) بے کینہ ۔ صاف دل ۔
نِس کلنک (ہ) بے داغ ۔ بے عیب ۔
نَس (ہ/مث) رگ ۔ خون کی نلی ۔ عرق ۔ پٹھا ۔ پے ۔ عصب ۔ عضوِ تناسل ۔ ذکر ۔ پیشاب آنے کی نالی ۔ زلیثہ ۔ پھولسٹر ۔ تس ۔
نَس پھڑکنا (ہ) رگ یا پٹھا چڑھ جانا ۔ کسی صدمے سے پٹھے کا کھڑا ہو جانا ۔ دیوانہ ہونا ۔ پاگل ہونا ۔
نَس دار (ا) رگ دار ۔ بہت رگوں والا ۔ رگیلا ۔
نَس کٹا (ہ/مذ) خواجہ سرا ۔ خوجہ ۔ مخنث ۔ ہیجڑا ۔ زنخہ ۔
نَس مرنا (ہ) پٹھے کا کمزور ہو جانا ۔ رگ کا ضعیف ہونا ۔ رگ مرنا ۔
نِساء (ع/مث) اِمراۃ کی جمع خلافِ قیاس ہے ۔ عورتیں ۔ استریاں ۔ ناریاں ۔ بیویاں ۔
نَساجال (ہ/مذ) رگوں کا جال ۔ رگوں کا گچھا ۔ مجازاً ۔ بہت بڑا جال جس سے نکلنا مشکل ہو ۔
نِساچر (ہ/مذ) رات کو چرانے والا ۔ مجازاً بھوت ۔ پریت ۔ جن ۔ دیو ۔ چور ۔ قزاق ۔
نِساچری (ہ/مث) نساچر کی تانیث ۔ چڑیل ۔ بھوتنی ۔
نَسّاب (ع/صفت) علمِ نسب کا جاننے والا ۔
نَسّاج (ع/مذ) جولاہا ۔ مجازاً جھوٹا ۔ سخن ساز ۔
نِساڈرا (ہ/مذ) ایک قسم کا کبوتر جس کے دونوں بازو اور باقی رنگ سبز ہو ۔ قاصد ۔ کبوتر ۔ تشبیہاً جوڑا ۔
نَسائِم (ع/مذ) نسیم کی جمع ۔ خوشبودار ٹھنڈی ہوائیں ۔ بھینی بھینی ہوائیں ۔
نَسَب (ع/مذ) نسل ۔ اصل ۔ خاندان ۔ جنس ۔ باپ کی طرف سے نسب ۔ حسب کی ضد ۔
نَسَب نامہ (ع ف/مذ) خاندانی شجرہ ۔ کرسی نامہ ۔ بنس پتر ۔
نَسَب نما (ع ف/مذ) علمِ حساب میں اُس عدد کو کہتے ہیں جس سے معلوم ہو کہ اکائی کے اتنے برابر حصے کیے ہیں ۔ کسر کا مخرج ۔ بانٹنے والا عدد ۔
نِسْبَت (ع/مث) لگاؤ ۔ علاقہ ۔ تعلق ۔ واسطہ ۔ سگائی ۔ منگنی ۔ پیغامِ شادی ۔ مناسبت ۔ مطابقت ۔ حسب و نسب ۔ خاندان ۔ صفت کی تفضیل بعض کے لیے ۔ جیسے یہ اُن کی نسبت اچھے ہیں ۔ عرفانِ الٰہی ۔ معرفت ۔ جیسے وہ بزرگ صاحبِ نسبت ہے ۔
نِسْبَت آنا (ا) شادی کا پیغام آنا ۔ سگائی آنا ۔
نِسْبَت بھیجنا (ا/محاورہ) منگنی کا پیغام دینا ۔
نسبت تناسب (ع/مذ) ارلبع ستہ ۔
نسبت ٹھہرنا (ا) بات ٹھہرنا ۔ شادی کا پیغام مانا جانا ۔ سگائی ٹھہرنا ۔
نسبت دینا (ا) حوالہ ۔ نظیر دینا ۔ مشابہت دینا ۔ تعلق ظاہر کرنا ۔
نسبت رکھنا (ا/محاورہ) تعلق رکھنا ۔ لگاؤ رکھنا ۔
نسبت کرنا (ا) منگنی کرنا ۔ منسوب کرنا ۔ سگائی کرنا ۔
نسبت ناتا (ا/مذ) رشتہ داری ۔ شادی بیاہ ۔
نسبت ہونا (ا) مناسبت ہونا ۔ تعلق ہونا ۔ مشابہت ہونا ۔ مطابقت ہونا ۔ بات قرار پانا ۔ منگنی ہونا ۔ سگائی ہونا ۔
نِسْبَتی (ا) نسبت رکھنے والا ۔ قرابتی ۔ رشتہ دار ۔
نِسْبَتی بھائی (ا/مذ) دولہا بھائی ۔ بہنوئی ۔ سالا ۔ جورو کا بھائی ۔
نِستارا (ہ/مذ) چھٹکارا ۔ نجات ۔ رہائی ۔ مخلصی ۔ خلاصی ۔ مکتی ۔
نَسْتَرَن (ف/مث) سیوتی ۔ ایک قسم کا خوشبودار سفید جنگلی گلاب ۔
نستعلیق (ع/مذ) نسخ اور تعلیق سے مرکب ۔ فارسی کا خط جو نہایت خوشنما اور صاف ہوتا ہے ۔ فصیح ۔ بلیغ ۔ خوش کلام ۔ خوش گفتار ۔ شائستہ ۔ مہذب ۔ خلیق ۔ سلجھا ہوا ۔
نستعلیق گو (ف/مذ) فصیح و بلیغ آدمی ۔ خوش بیان آدمی ۔
نستلک (س/مذ) مویشی کی ناک جس میں رسی ڈالتے ہیں ۔
نسج (ع/مذ) کپڑا بُننا ۔
نسخ (ع/مذ) نقل ۔ عبارت کی نقل ۔ کاپی ۔ کتابت ۔ تحریر ۔ تردید ۔ تنسیخ زائل کرنا ۔ رد کرنا ۔ دور کرنا ۔ ایک قدیمی مشہور تحریر کا نام ہے جس کا موجد عمادالدین یاقوت معتصمی تھا ۔
نُسَخ (ع/مذ) نسخہ کی جمع ۔ دوائیوں کے پرچے ۔ کتابیں ۔ رسالے ۔
نسخ کرنا (ا/محاورہ) لکھنا ۔ منسوخ کرنا ۔ نامنظور کرنا ۔
نُسخہ (ع/مذ) تحریر ۔ نوشتہ ۔ لکھا ہوا ۔ مرقومہ ۔ جلد ۔ کتاب ۔ رسالہ ۔ پوتھی ۔ نسک ۔ کاغذ کا وہ پرچہ جس پر دوائیاں لکھی ہوئی ہوں ۔ کسی شعر کا وہ لفظ جو بعض کتابوں میں دوسری طرح آیا ہو ۔ کمانے کا ڈھنگ ۔ ترکیب ۔ چٹکلہ ۔ ٹٹکا ۔
نسخہ باندھنا (ا) عطار کا لکھے ہوئے پرچہ کے مطابق دوائیاں جمع کر کے پُڑیاں باندھنا ۔
نسخہ لکھنا (ا) پرچہ پر دوائیاں لکھنا ۔ دوائیوں کی مقدار اور ترکیب لکھنا ۔
نُسخہ نویس (ع ف/مذ) نسخہ لکھنے والا ۔
نَسر (ع/مذ) گدھ ۔ نرگس ۔ ایک مردار خور پرندے کا نام ۔ ایک بُت کا نام ۔
نَسرِ چرخ (ع ف/مذ) آسمان کا گدھ ۔ دو ستاروں کا نام ہے جو اپنی شکل و صورت کے باعث اس نام سے موسوم ہو گئے ۔
نَسرِ طائر (ع/مذ) اُوپر کو اُڑنے والا گدھ ۔ ستاروں کا ایک گچھے کا نام جن کی شکل سے مذکورہ بالا تصویر سی بن جاتی ہے ۔
نَسرِ واقع (ع/مذ) نیچے کو آتا ہوا گدھ ۔ ستاروں کا ایک گچھا جن کی شکل نیچے کو گرتے ہوئے گدھ سے مشابہ ہے ۔
نَسرین (ف/مذ) سیوتی ۔ ایک قسم کا جنگلی گلاب ۔

نَسَق (ع/مذ) دستور - طریقہ - بندش - انتظام - بندوبست - ترتیب -
نَسقِچی (ع-ف/صف) انتظام کرنے والا - صاحب دیوان -
نَسک (ف) ایک قسم کا غلہ جس کا نام مسوّر ہے - عدس -
نَسل (ع/مث) آل اولاد - بال بچے - خاندان - جنس - ستتان - اصل - قوم - تخم -
نَسلِ انسانی (ع/مث) انسان کی اولاد - انسان -
نسل دار (ع-ف) اچھی نسل کا - خوبصورت - خوش شکل - اچھی قوم کا -
نَسلاً بعد نَسلٍ (ع) پیڑھی در پیڑھی - پشت بہ پشت -
نَسنا (ہ) (پنجاب میں) بھاگنا - دوڑنا - بھاگ جانا -
نَسناس (ع/مذ) بن مانس - ایک قسم کا جنگلی جانور جو انسان سے مشابہ ہے -
نسنکھ (ہ) بے فکر - فارغ - نچنت - آزاد -
نسوار (ہ/مث) ہُلاس - ناس - روشن دماغ - سُونگھنی - دماغ کی صفائی کے لیے سونگھنے کی چیز -
نِسوان (ع/مث) نساء کی جمع - عورتیں - بیویاں - استریاں - لگائیاں - مستورات -
نِسوانی (ع/صف) عورتوں سے منسوب -
نسوت (ہ) خالص - نتھرا ہوا - صاف - بے ملاوٹ - نِرا - کھرا - (مذکر) ایک دوا کا نام - نِجربد -
نسوڑھیا (ہ/صف) منحوس -
نَسیاً منسیاً (ع) نہایت بھُولا بِسرا ہوا - فراموش - از یاد رفتہ -
نِسیان (ع/مذ) بھُول چوک - فراموشی - سہو - خطا -
نسی (ہ) (در اصل نشا) مؤنث - راتری - شب - رین -
نسیٹھ (ہ/صف) منحوس -
نسیم (ع/مذ) ٹھنڈی اور نرم ہوا - بھینی بھینی ہوا - پنڈت دیا شنکر لکھنوی - مصنف مثنوی گلزار نسیم کا تخلص -
نسیمِ سحر - یا - نسیمِ سحری (ع/مث) صبح کے وقت کی ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا - بادِ صبا - پچھلی رات کی ہوا -
نسیتی (ہ/مث) لکڑی کی سیڑھی - لکڑی کا زینہ -

ن - ش

نَش (ع) وہ مقام جہاں سایہ دار درخت ہوں -
نشاء (مذ) لغوی معنی پیدا کرنا - نیا پیدا کرنا - مجازاً جہان - دُنیا - عالم - سنسار - جگ -
نشا (ا/مذ) عربی نشہ کا بگاڑ - متوالا پن - مستی - بے ہوشی - خمار - کیف - سرور - سُکر - مجازاً غرور - گھمنڈ - تکبر - خود بینی - مستی - ولولہ - جوش - ترنگ -
نشا اُترنا (و) غفلت سے نکلنا - ہوش میں آنا - خمار جاتا رہنا -
نشا پانی (و) اَمل پانی - نشے کی چیزیں -
نشا پانی کرانا (و) نشہ کی چیزیں پلانا - کھلانا - نشہ پلوانا - اَمل کرانا - رشوت کے طور پر کچھ دینا -
نشا پانی کرنا (ا) نشہ کھانا پینا - اَمل پانی کرنا -
نشاتین (ع) دنیا و آخرت - دونوں جہان -
نشا جمانا (ا) کوئی نشے کی چیز کھانا یا پینا - خمار حاصل کرنا - مخمور ہونا -
نشا چھانا (و) نشہ غالب ہونا - مدہوش ہونا - غرورِ دولت اور تکبر سے مست ہونا - مستی چھانا -
نشا چڑھنا (ا) نشے کا عمل ہونا - بے ہوشی چھانا - متوالا ہونا -
نشا کرکرا کرنا (ا) رنگ میں بھنگ ڈالنا - عیش و خوشی میں خرابی ڈالنا - مزہ بگاڑنا -
نشا ہرن ہونا (ا) بے ہوشی سے ہوش میں آنا - کسی خوف یا صدمہ سے نشہ کافور ہو جانا - نشہ اُترنا - غرور جاتا رہنا -
نشا خاطر (ا/مث) (خاطر نشان سے بگاڑا ہوا) تسلی - اطمینان - دل جمعی - خاطر جمعی -
نشاستہ (ف/مذ) گُفت میں جمایا ہوا - گیہوں کا ست - مغزِ گندم - کلف - مانڈی - تیج - ارا -
نشاط (ع/مث) آنند - خوشی - فرحت - انبساط - شادی - مزا - لُطف - عیش - مرزا عبدالوہاب معتمد الدولہ ایرانی کا تخلص جو فتح علی شاہ قاچار کے زمانے میں ہوا ہے -
نشاط کار (ع-ف/مذ) کام کرنے کی خوشی - کام کرنے کی اُمنگ -
نشّاف (ع/صف) جاذب - جذب کرنے والا -
نِشان (ف/مذ) کھوج - پتا - ٹھپا - چھاپا - علامت - آثار - نقش - یادگار - نشانی - جھنڈا - باوٹا - علم - رایت - لوا - ٹھکانا - مقام - سرنامہ - داغ - دھبہ - نشانہ - ہدف - نصیب - حصہ - بہرہ - شہزادے کا حکم - تمغہ - انگوٹھی - چھلا جو منگنی کے روز طرفین کے لوگ دولہا دلہن کو پہناتے ہیں -
نشان باقی نہ چھوڑنا (ا/محاورہ) نیست و نابود کرنا - برباد کرنا -
نشان بردار - یا - نشانچی (ف/مذ) جھنڈا لے کر چلنے والا - علم بردار -
نشان برداری (ف/مث) علم برداری -
نشان پا (ف/مذ) پاؤں کا نشان - کھُرا - کھوج -
نشان پانا (ا/محاورہ) پتا پانا - سراغ پانا -
نشان پڑنا (ا) دھبہ پڑنا - داغ پڑنا - زخم یا چوٹ کی علامت باقی رہنا -
نشان چڑھانا (ا) منگنی یا ساچق کے دن انگوٹھی چھلا وغیرہ دُلہن کو پہنانا -
نشان دہی (و/مث) پتا لگانا - ٹھکانا بتانا - سراغ رسانی -
نشان دینا (و) کوئی علامت بتانا - پتا بتانا - تصدیق کرنا - صحیح کرنا -
نشان ڈالنا (ا/محاورہ) پتا بتانا - سراغ پانا -
نشان رہ جانا (ا/محاورہ) یادگار باقی رہنا - دھبہ رہ جانا -
نشان کرنا (ا) کوئی علامت کر دینا - سائن کر دینا - داغ دینا - مارک بنانا -

نیز ڈالنا۔
نشانہ (ف/مذ) ہدف۔ وہ علامت جو تیر مارنے کے لیے بنا دیتے ہیں۔ گولی یا تیر مار کی جگہ۔ شست زد۔ ٹھکانا۔ نازل ہونے کی جگہ۔ مقام۔
نشانہ انداز (ف/مذ) بالکل صحیح نشانہ لگانے والا۔ قادر انداز۔
نشانہ کرنا۔ یا۔ لگانا۔ یا۔ مارنا (ف) نشانہ بنانا۔ تیر یا گولی کا وار کرنا۔ چاند ماری کرنا۔ شکار کو گولی یا تیر مارنا۔
نِشانی (ف) یادگار۔ علامت۔ پہچان۔ شناخت۔ نسل۔ آل اولاد۔ بال بچے۔ خاندان۔
نشانی کا چھلا (و/مذ) وہ چھلا جو معشوق اپنے عاشق کو یادگار کے طور پر دے۔
نِشتر (ع/مذ) نیشتر کا مخفف۔ زخم چیرنے یا فصد کھولنے کا نوک دار اوزار۔
نَشٹ (س) ناش۔ نیست و نابود۔ گم۔ تباہ۔ برباد۔ فنا۔ پامال۔ خراب۔ ستیاناس۔ ضائع۔ تلف۔ معدوم۔
نشٹ کرنا (ہ) تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ فنا کرنا۔ ستیاناس کرنا۔ نیست نابود کرنا۔
نِشچے (س/مذ) تسلی۔ اطمینان۔ یقین۔ خاطر جمع۔ بھروسا۔ اعتبار۔ ٹھیک۔ اصل۔ سچ مچ۔
نشچے کرنا (ہ) تسلی رکھنا۔ خاطر جمع کرنا۔ اعتماد کرنا۔ بھروسا کرنا۔ یقین کرنا۔
نَشر (ع/مذ) پھیلاؤ۔ کشادگی۔ وسعت۔ فراخی۔ پراگندگی۔ درازی۔ بہاؤ۔ افشائے خبر۔ مجازاً زندگی۔
نَشر (ع) آوارہ۔ پراگندہ۔ پریشان۔
نِشست (ف/مث) بیٹھک۔ موزونی۔ کرسی۔ صحبت۔ ہم نشینی۔
نشست برخاست (ف/مث) علم مجلسی۔ اٹھنے بیٹھنے کی تمیز۔ آداب مجلس۔ اٹھنے بیٹھنے کا طریقہ۔
نشست گاہ (ف/مث) بیٹھنے کی جگہ۔ دیوان خانہ۔ بیٹھک۔
نَشط (ع) سانپ کا کاٹنا۔ کنویں سے پانی بھرنا۔ آسانی سے گرہ کھولنا۔
نَشق (ع) خوشبو سونگھنا۔ ہرن کا دام میں پھنسنا۔
نشلیج (ف) جھنگل لینا۔
نَشو (ع/مذ) بیٹھنا۔ اگنا۔ پیدا ہونا۔ بڑا ہونا۔
نشو و نما (ع/مذ/مث) بڑھنا۔ اگنا۔ پرورش پانا۔ روئیدگی۔ بالیدگی۔ رونق۔ سرسبزی و شادابی۔ ترقی۔ ظہور۔
نشو و نما پانا (و) بڑھنا۔ پرورش پانا۔ ظہور ہونا۔ سرسبز ہونا۔ شاداب ہونا۔
نُشور (ع/مذ) مُردوں کا قیامت کے روز اٹھنا۔
نَشہ (ف/مذ) دیکھو (نشا)
نشہ باز (ف/مذ) شراب خور۔ نشہ کا شوقین۔
نشہ بودا ہونا (ا/محاورہ) ایسا نشہ ہونا جس میں ہمت یا حرارت نہ رہے۔
نشہ پانی (ا/مذ) نشہ آور چیزوں کا استعمال۔
نشہ جوان ہونا (ا/محاورہ) نشے کا تیزی پر آنا۔
نشہ جوانی (ا/مذ) جوانی کا جوش۔
نشہ ہونا (و) متوالا ہونا۔ بدمست ہونا۔ مدہوش ہونا۔ آنکھوں میں سرخی آنا۔
نشے کے ڈورے (و/مذ) آنکھ کی رگوں کی سرخی۔
نشے کی ترنگ } (و/مث) نشے کا جوش۔
نشے کی لہر } نشے کی موج۔ نشے کا لطف۔
نشے میں چور ہونا (و) نشے میں غرق ہونا۔ خوب بدمست اور مدہوش ہونا۔ نہایت مخمور اور سرشار ہونا۔
نشیب (ف) پستی۔ نچان۔ ڈھلوان۔
نشیب و فراز (ف/مذ) اتار چڑھاؤ۔ اونچ نیچ۔
نشید (ف/مذ) لے۔ الاپ۔ گانے کی آواز۔ سرود۔
نشید خوان (ع/صف) نغمہ سنج۔
نشیلا (و/مذ) نشہ میں بھرا ہوا۔ نشہ میں سرشار۔ متوالا۔ مست۔
نشیلی (و/مث) نشیلا کی تانیث۔ مدماتی۔ نشہ میں بھری ہوئی۔ مست۔ متوالی۔
نشیلی آنکھیں (و/مث) متوالی آنکھیں۔ مست آنکھیں۔ نشہ میں چور آنکھیں۔ خمار آلودہ آنکھیں۔
نشیمن (ف/مذ) آرام کی جگہ۔ تنہائی کی جگہ۔ پرندوں کا گھونسلا۔ آشیانہ۔ مکان۔ مسکن۔ حویلی۔ محل سرائے۔
نشیمن گاہ (ف/مث) آرام گاہ۔ خلوت خانہ۔ خلوت گاہ۔
نِشیں (ف) مرکبات میں آخر میں آتا ہے۔ بیٹھنے والا۔ جیسے کبادہ نشیں وغیرہ۔

ن - ص

نَص (ع/مث) لغت میں چھان بین کرنا۔ کھود کھود کر پوچھنا۔ مجازاً بلندی۔ ظاہر۔ آشکار۔ اظہار۔ قطعی محکم۔ محکم ناطق۔ قرآن کریم کی وہ آیتیں جو متشابہ امور کے نیک و بد کو ظاہر کرتی ہیں کبھی ظاہر اور صریح آیات پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے۔
نِصاب (ع/مذ) پونجی۔ سرمایہ۔ مایہ۔ اتنا مال جس پر زکوٰۃ فرض ہو۔ جڑ۔ بنیاد۔ پڑھائی کا مقررہ کورس۔ انداز۔ جانچ۔ تول۔ معیار۔ کسوٹی۔ ترازو کی موٹھ۔ تلوار کا قبضہ۔ چاقو کا دستہ۔
نصاریٰ۔ یا۔ نصارا (ع/مذ) عیسائی مذہب عیسوی کا پیرو۔
نصائح (ع/مث) نصیحت کی جمع۔ نصیحتیں۔
نصب (ع/مذ) کھڑا کرنا۔ گاڑنا۔ قائم کرنا۔ لگانا۔ برپا کرنا۔
نصب العین (ع) آنکھ نظر۔ منظور چشم۔ مقابل چشم۔
نَصر (ع/مث) مدد۔ حمایت۔ یاری۔ پشتی۔ فتح۔ ظفر۔ جیت۔
نَصرانی (ع/مذ) وہ شخص جو عیسائی مذہب رکھتا ہو۔
نُصرت (ع/مث) حمایت۔ یاری۔ مدد۔ معاونت۔ کمک۔ جیت۔ فتح۔ ظفر۔

نِصف (ع) آدھا - نیم - ½ -
نِصف النَّہار (ع/مذ) وہ فرضی خطوط جو دونوں قطبوں کے درمیان کھینچے گئے ہیں اور خطِ استوا پر عموداً واقع ہیں -
نِصفا نصف } (ع) آدھوں آدھ - آدھم آدھ -
نِصفا نِصفی } ٹھیک آدھا -
نَصَفَت (ع/مث) انصاف - عدل - داد - نیاؤ -
نَصَفَت نِشان (ع/صف) انصاف کرنے والا - مُنصِف -
نَصُوح (ع) خالص - صاف - پکی توبہ - ایسی پکی توبہ کہ پھر گناہ نہ کرے -
نَصُوحا کی توبہ (ا/مث) ایسی توبہ جو پکی ہو -
نُصُوص (ع/مذ/مث) نص کی جمع -
نَصِیب (ع/مذ) قسمت - حصّہ - کرم - تقدیر - بھاگ - مقدر - حاصل - میسّر - مبارک -
نصیب آزمانا (ا) قسمت آزمائی کرنا - توکل پہ کوئی کام کرنا -
نصیب اعدا } (ع) دشمنوں کے نصیب ہو -
نصیب دشمناں } جب کسی عزیز کی بیماری یا بُری خبر کا ذکر کرتے ہیں تو اس وقت یہ کلمہ اس کے ساتھ بولتے ہیں -
نصیب بگڑنا (ا) شامت آنا - قسمت پھوٹنا - تقدیر کا یاور ہونا -
نصیب پانا (ا/محاورہ) قسمت پانا -
نصیب پلٹنا (ا/محاورہ) خوش قسمتی کا بدقسمتی سے بدل جانا -
نصیب پھوٹ جانا (ا) قسمت بگڑنا - تقدیر بگڑنا - بدنصیب ہو جانا - بُروں سے پالا پڑنا - ادبار آ جانا - بُرے گھر بیاہا جانا -
نصیب جاگنا (ا) قسمت کُھلنا - اقبال یاور ہونا -
نصیب چمکنا (ا) تقدیر جاگنا - اقبال کا ستارہ طلوع ہونا -
نصیب کا لکھا (ا/مذ) قسمت کا لکھا - نوشتہ ازلی بدنصیبی اور بدطالعی کے موقع پر بولتے ہیں -
نصیب کُھل جانا - یا - کُھلنا (ا) قسمت پھرنا - اقبال مند ہونا - بختاور ہونا -
نصیب لڑانا (ا) قسمت آزمائی کرنا - نصیب کا مقابلہ کرنا -
نصیب لڑنا (ا) تقدیر یاور ہونا - اقبال مند ہونا - ایک ہی بات کی امید میں دو شخصوں کا اتفاق ہونا -
نصیب ہونا (ا) حاصل ہونا - ملنا - دستیاب ہونا - ہاتھ لگنا - بہم پہنچنا -
نصیبا - یا - نصیبہ (ا/ع/مذ) حصّہ - بہرہ - قسمت - پرابد - نصیب - کرم - بھاگ -
نصیبا اُلٹنا (ا) بدقسمتی ہونا - تقدیر کا یاور نہ ہونا - قسمت پلٹ جانا - بدبختی آنا -
نصیبا پھرنا - یا - پھر جانا (ا) قسمت پھرنا - بخت یاور ہونا - نصیب جاگنا - بھلے دن آنا -
نصیبوں جلا (ا/مذ) بدنصیب - کم بخت - نربھاگ - بدقسمت -
نصیبوں جلی (ا/مث) اَبھاگی - کم بخت عورت - بدنصیب عورت -
نصیبوں سے ملنا (ا) خوش قسمتی اور نیک نصیبی سے کسی چیز کا حاصل ہونا -
نصیبوں کو دُعا دو (ا/محاورہ) تقدیر کا گُن مانو - قسمت کا احسان جانو - نصیب کے شکرگزار ہو -
نصیبوں کو رونا (ا) قسمت کے لکھے پر افسوس کرنا -
نصیبوں کی شامت (ا/مث) قسمت کی بُرائی -
نصیبے میں (ا) پرالبدھ میں - تقدیر میں - قسمت میں -
نصیبے ور (ا) بھاگوان - قسمت والا - صاحب نصیب - خوش قسمت -
نصیحت (ع/مث) اچھی صلاح - خیر خواہی - بھلے کی بات - پند - اُپدیش - سیکھ - گوشمالی - سیاحت - سزا - تنبیہ - گوشمالی - فہمائش - عبرت -
نصیحت آمیز (عف) وہ بات جس میں نیک صلاح شامل ہو - عبرت دینے والا کھیل تماشا -
نصیحت پذیر (عف) سیکھ ماننے والا - نصیحت ماننے والا -
نصیحت دینا - یا - کرنا (ا) بھلی بات بتانا - سمجھا دینا - تنبیہ کرنا - گوشمالی کرنا - عبرت دینا -
نصیحت گر (عف/صف) نصیحت کرنے والا -
نصیحت نامہ (عف/مذ) وہ تحریر جس میں نصیحت ہو -
نصیحت ہونا (ا) نیک بات کا حاصل ہونا - سمجھ آ جانا - کان ہونا - عبرت پکڑنا - تنبیہ ہونا -
نَصِیر (ع/مذ) مدد کرنے والا - مدد دینے والا - مددگار - دوست - خدا تعالیٰ کا وصفی نام - شاہ نصیر الدین ولد شاہ غریب اللہ دہلوی کا تخلص -
نُصَیری (ع/مذ) منسوب بہ نصیر عربی فدائے حضرت علی کرم اللہ وجہہ ایک فرقہ کا نام ہے جو حضرت علیؓ کو خدا مانتے ہیں - مجازاً فدائی - فدوی - جاں نثار - پکے اعتقاد والا -

ن - ض

نَضارت (ع/مث) تازگی - چمک دمک -
نُضج (ع/مذ) پختگی - پکائی - مادے یا زخم یا خلط کا پکنا - طبیبوں کی اصطلاح میں فاسد خلط یا مادے کا پتلا یا گاڑھا ہو کر نکلنا -
نَضِیج (ع/مذ) حوض - پختہ -
نضیج الرائے (ع/صف) پختہ رائے -

ن - ط

نُطفہ (ع/مذ) لغت میں صاف اور شفاف پانی - اصطلاح میں مرد کا پانی - منی - تخم - بیج - اولاد - بند - جنا - نزائیدہ -

نطفہ ٹھہرنا - یا - قرار پانا (ل) حمل ٹھہرنا - حمل ہو جانا - پیٹ میں بچہ ہونا -
نُطق (ع - امذ) بولنے کی طاقت - گویائی - بات - گفتگو -
نطاق (ع) کمر کا پٹکا -
نطول (ع - امذ) پانی کا تریڑا - گرم پانی یا دوائیوں کے جوشاندہ کو دھار باندھ کر جسم پر ڈالنا -

ن - ظ

نظارگی (ع ف - امث) نظارہ - دید بازی - دیکھنے والا - ناظر -
نظّارہ (ع - امذ) دیکھنا - نظر ڈالنا - نظر بازی - دید بازی - نظر - نگاہ - چتون - درشن - دیدار - گھورا گھارو -
نظارہ باز (ع ف - صف) نظر بازی کرنے والا - تاڑنے والا -
نظارہ کرنا (ل) دیکھنا - نظر بازی کرنا - دید بازی کرنا -
نظارہ مارنا (ل) گھورا گھاری کرنا - دیکھنا - دید بازی -
نظافت (ع - امث) پاکیزگی - صفائی -
نظام (ع - امذ) موتیوں کی لڑی - سلک - جواہرات - جڑ - اصل - بنیاد - انتظام - بندوبست - سلسلہ ترتیب - آراستگی - موجودہ فرمانروایانِ دکن کا آبائی و اجدادی خطاب -
نظامِ بطلیموسی (ع - امذ) وہ نظام جس کو حکیم بطلیموس یونانی نے مرتب کیا ہے - جس میں زمین کو مرکزِ عالم اور ساکن مانا ہے -
نظامِ شمسی (ع - امذ) علم ہیئت ستاروں اور سیاروں کی ترتیب - علم مناظر و مرایا -
نظامِ فیثا غورسی (ع - امذ) وہ نظام جسے حکیم فیثا غورس یونانی نے مرتب کیا - اس میں زمین کو متحرک اور سورج کو مرکزِ عالم قرار دیا ہے -
نظامت (ع - امث) انتظام - بندوبست - نظم و نسق - ناظم کا پیشہ اور کام - ناظم کا محکمہ اور دفتر -
نظائر (ع - امث) نظیر کی جمع - امثال -
نظر (ع - امث) غور سے دیکھنا - دید - نگہ - نگاہ - آنکھ - چشم - بصارت - روشنی چشم - غور و فکر - تامل - نگرانی - دیکھ بھال - جانچ - شناخت - تمیز - مہربانی - کرپا - عنایت - توجہ - مشاہدہ - معائنہ - ملاحظہ - اندازہ - اٹکل - تخمینہ - ارادہ - نیت - قصد - توقع - آس - امید - بھوت پریت کا اثر - سایہ جن و پری - نظرِ بد - چشم زخم - آسیب نظر -
نظر اتارنا (ل) نظرِ بد کا دفعیہ کرنا - صدقہ دینا -
نظر اٹھانا (ل) نظر اونچی کرنا - اوپر دیکھنا -
نظر اٹھ جانا (ل - محاورہ) نگاہ کی قوت زیادہ ہونا -
نظر آنا (ل) سوجھنا - معلوم ہونا - دکھائی دینا - ملنا - پانا -
نظر انداز کرنا (ل) دیکھنے سے چھوڑنا - خیال نہ کرنا - توجہ نہ کرنا - نظر سے گرانا - ناپسند کرنا - منظور نہ کرنا -
نظر باز (ع ف) بُرے بھلے کو فوراً جانچ لینے والا - تاڑو - جانچو - چالاکوں اور عیاروں کو بھانپ لینے والا - صرف دید کا مزا لینے والا - حسن پرست -
نظر بازی (ع ف - امث) دید بازی - نظارگی - گھورا گھاری -
نظر باندھنا (ل) نظر بندی کرنا - جادو کے زور سے عجیب و غریب کرتب دکھانے -
نظر بچانا (ل) آنکھ چرانا - کترانا - ٹالنا - بچ کر نکلنا - کنیانا - چشم پوشی کرنا -
نظرِ بد (ع ف - امث) بُری نظر - نظر کا اثر - چشم زخم -
نظر بدلنا (ل) نظر میں فرق آنا - تیور بدلنا - ارادہ بدلنا - نیت ہونا -
نظر بڑھنا (ل - محاورہ) نگاہ کی قوت زیادہ ہونا -
نظر بند (ع ف - امذ) بے زنجیر قیدی - وہ قیدی جو بظاہر آزاد ہو - مگر درحقیقت اس کی نگرانی کی جائے - جادوگر - شعبدہ باز - نظر باندھنے والا -
نظر بندی (ع ف - امث) نگہبانی - پاسبانی - حراست - جادوگری - شعبدہ بازی -
نظر بھر کر دیکھنا (ل) کسی چیز کو غور سے دیکھنا - سیر ہو کر دیکھنا - اچھی طرح سے دیکھنا - بہ نظرِ تعمق دیکھنا -
نظر پتھر میں تاثیر کرتی ہے (ل - مثل) نظرِ بد کا اثر پتھر سی سخت چیز پر بھی ہوتا ہے -
نظر پتھرا جانا (ل - محاورہ) بینائی جاتی رہنا - مرتے وقت آنکھوں کا بے نور ہو جانا - نگاہ کا ایک ہی جگہ ٹھہر جانا -
نظر پر چڑھنا (ل) دل کو بھانا - پسند آنا - کسی کی نگاہ میں معزز ہو جانا - جچنا - اندازہ آنا - اندازہ کیا جانا - نگاہ ٹھہرنا - ذلیل ہونا - حقیر ہونا - ٹوک میں آنا -
نظر پڑنا (ل) دکھائی دینا - معلوم ہونا - دیکھنے میں آنا - دیکھنے کا اتفاق ہونا -
نظر پھر جانا (ل) بے رُخ ہو جانا - بے مروّت ہو جانا - بے وفا ہو جانا -
نظر پھسلنا (ل) نگاہ نہ ٹھہرنا - بے حد آب و تاب پر ہونا - چمک دمک کے سبب آنکھ نہ ٹھہرنا - کسی چیز کا نہایت صاف شفاف ہونا -
نظر پھینکنا (ل) چاروں طرف نظر دوڑانا - اِدھر اُدھر دیکھنا -
نظرِ ثانی (ع - امث) دوبارہ دیکھنا - پڑتال - ترمیم - تصحیح - دوسری دفعہ غور کرنا -
نظرِ ثانی کرنا (ل) کسی مقدمہ کے فیصلہ کو دوبارہ بغور دیکھنا - پڑتال کرنا - تصحیح کرنا -
نظر جلانا (ل) چھوت جھاڑنا - نظرِ بد کا دفعیہ کرنا - کپڑے کو توے کی سیاہی میں کالا کر کے اور اسے تیل میں بھگو کر نظرِ بد کے دفعیہ کے لیے بیمار کے سامنے جلانا -
نظر جمانا (ل) ٹکٹکی باندھنا - نگاہ قائم کرنا -

نظر جمنا (ل) کسی چیز پر نظر ٹھہرنا۔ پسند آنا۔ نگاہ قائم ہونا۔ نگاہ ٹھہرنا۔
نظر جھاڑنا (ل) منتر اور افسوں وغیرہ سے بدنظر کا دفعیہ کرنا۔ جھوٹ جھاڑنا۔
نظر چُرانا (ل) آنکھ چُرانا۔ نظر بچانا۔ نظر ملا کر نہ دیکھنا۔ کترانا۔ آنکھ بچانا۔
نظر چڑھنا (ل) پسند نظر ہونا۔ دل کو بھانا۔ نظر پڑنا۔ دیکھنے میں آنا۔ نگاہ میں جمنا۔ خیال میں آنا۔ خاطر پسند ہونا۔ نظر بد لگنا۔ ٹوک میں آنا۔ معزز ہونا۔ عزت پانا۔ حقیر ہونا۔ رُسوا ہونا۔
نظر دوڑانا (ل) تلاش کرنا۔ چاروں طرف دیکھنا۔
نظر ڈالنا (ل) دیکھنا۔ نگاہ کرنا۔ معائنہ کرنا۔
نظر رکھنا (ل) محبت کی نظر سے دیکھنا۔ عاشقانہ نگاہ ڈالنا۔ توجہ رکھنا۔ اُمید رکھنا۔ آس کرنا۔ توقع رکھنا۔ نگرانی رکھنا۔ خبر رکھنا۔ ارادہ رکھنا۔ نیت رکھنا۔ تمیز رکھنا۔ دھیان رکھنا۔ شناخت رکھنا۔
نظر سے اُترنا۔ یا۔ گرنا (ل) ذلیل ہونا۔ حقیر ہونا۔ خفیف ہونا۔ بے عزت ہونا۔ جی سے اُترنا۔ بے قدر ہونا۔
نظر سے اوجھل ہونا (ل) (محاورہ) پاس سے الگ ہونا۔
نظر سے ٹپکنا (ل) (محاورہ) نگاہ سے ظاہر ہونا۔ تیور سے ظاہر ہونا۔
نظر سے گزرنا (ل) (محاورہ) تجربہ ہونا۔ دیکھا جانا۔
نظر سے نظر ملنا (ل) آنکھ سے آنکھ ملنا۔ رُوبرو ہونا۔ چار آنکھیں ہونا۔ دو چار ہونا۔ شناخت ہونا۔
نظر سے نکلنا (ل) دیکھنے میں آنا۔ نظر سے گزرنا۔ نظر سے دُور ہونا۔ نظر سے غائب ہونا۔
نظر غلط انداز (ف/مث) عاشقوں کو دھوکا دینے والی نظر۔ غلطی میں ڈالنے والی نظر۔ ہر عاشق کو اپنی ہی طرف پڑ جانے کا خیال دلانے والی نظر۔
نظر فریب (عف/صف) نظر کو لُبھانے والا۔
نظر کا ٹوٹکا (ل) نظر بد کا افسوں۔ دفعیہ نظر بد کا منتر یا ٹونا وغیرہ۔
نظر کا نظر سے دوچار ہونا (ل) آنکھیں لڑنا۔ آنکھ کا آنکھ سے ملنا۔
نظر کرنا (ل) دیکھنا۔ اشارہ کرنا۔
نظر کھا جانا (ل) نظر بد کا اثر ہو جانا۔ ٹوک میں آجانا۔ نظر بد سے تباہ ہو جانا۔ بدنظری سے سخت نقصان پہنچنا۔
نظر گاہ (ف/مث) سیرگاہ۔ تھیٹر۔ تماشا گاہ۔
نظر گزر (ل/مث) چشم بد کا اثر۔ بھوت پریت کا سایہ۔
نظر ہو جانا (ل) جن و پری کا سایہ ہونا۔ نظر بد کا اثر ہو جانا۔
نظر مارنا (ل) آنکھ مارنا۔ اشارہ کرنا۔
نظر میں (ل) نگاہ میں۔ خیال میں۔ دھیان میں۔ رُوبرو۔ سامنے دیکھنے بھالنے میں۔ شناخت میں۔ تمیز میں۔
نظر میں آنا (ل) ٹوک میں آنا۔ نظر بد سے متاثر ہو جانا۔ معلوم ہونا۔ سُوجھنا۔ سجھائی دینا۔ دھیان آنا۔ خیال میں آنا۔
نظر میں پھر جانا (ل) خیال میں آجانا۔ تصور میں آجانا۔ آنکھوں کے سامنے دکھائی دیے جانا۔
نظر میں چبھنا۔ یا۔ چُبنا۔ یا۔ کھُبنا (ل) آنکھوں میں کھٹکنا۔ آنکھوں میں ناگوار دکھائی دینا۔ بُرا لگنا۔ پسند خاطر نہ ہونا۔
نظر میں سمانا (ل) بھلا لگنا۔ پسند طبع ہونا۔ نظر میں گھر کرنا۔ آنکھوں میں بسنا۔
نظر میں کھٹکنا (ل) بُرا لگنا۔ نظروں میں خار گزرنا۔ آنکھوں میں ناگوار گزرنا۔
نظر ہایا (ل/مذ) نظر لگنے والا۔ نذیرہ۔
نظر ہائی (ل/مث) نذیری۔ نظر لگانے والی۔
نظر ہو جانا (ل) نظر لگ جانا۔ چشم بد سے نقصان پہنچ جانا۔
نظر ہونا (ل) پرکھ ہونا۔ شناخت ہونا۔ چشم بد کا اثر ہونا۔ نظر لگنا۔ توجہ ہونا۔ خیال ہونا۔ دھیان ہونا۔
نظروں میں غائب ہو جانا (ل) دیکھتے دیکھتے گم ہو جانا۔ آنکھوں کے سامنے جاتا رہنا۔
نظروں میں کھائے جانا (ل) نگاہوں میں تباہ کیے دینا۔ چپکی مار مارنا۔ نگاہوں میں مارنا۔
نظروں نظروں میں (ل) آنکھوں کے سامنے۔ آنکھوں آنکھوں میں۔
نظرے (ف/مث) ایک نگاہ۔
نظرے خوش گزرے (ف/صف) اُڑتی ہوئی نظر۔
نظم (ع/مث) پرونا۔ موتیوں کو تاگے میں پرونا۔ لڑی۔ سلک۔ اِنتظام۔ بندوبست۔ کلام موزوں۔ شعر۔ چھند۔ کبت۔
نظم آزاد (عف/مذ) نظم کی وہ قسم جس میں مصرعے چھوٹے بڑے ہوتے ہیں اور قافیہ نہیں ہوتا۔
نظم گستر (ف/صف) شاعر۔
نظم معرّی (ع/مث) ایسی نظم جس میں قافیے نہ ہوں۔
نظم و نسق (ع/مذ) بندوبست۔ دار و گیر۔ حکمرانی کا قاعدہ۔ راج نیتی۔ راج نیم۔ حُسنِ انتظام۔ راج کرنے کا ڈھنگ۔
نظیر (ع/مث) مثال۔ تمثیل۔ حوالہ۔ نمونہ۔ مثل۔ مانند۔ ولی محمد صاحب اکبر آبادی کا تخلص ہے جو نہایت رنگین مزاج اور خدا پرست شاعر تھے۔
نظیر دینا (ل) حوالہ دینا۔ تمثیل دینا۔ مثال دینا۔

ن - ع

نعاب (ع) کوّے کا بچہ۔
نِعال (ع/مذ) نعل کی جمع۔ لوہے کے حلقے جو گھوڑے وغیرہ کے سُموں میں لگائے جاتے ہیں۔ جوتیاں۔
نعامہ (ع) شتر مرغ۔
نعت (ع/مث) تعریف۔ ثنا۔ مدح۔ اُستُتی۔ مجازاً سیدالمرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف۔

نَعرَہ (ع امذ) للکار۔ زور کی آواز۔ شور۔ آہ۔ ہائے۔ ہو۔ درد کی آواز۔ چیخ۔
نعرہ زَن (عف) نعرہ مارنے والا۔ للکارنے والا۔
نعرہ کرنا۔ یا۔ مارنا (ل) چیخ مارنا۔ للکارنا۔ زور سے آواز نکالنا۔ فریاد کرنا۔ شور کرنا۔ نالہ کرنا۔ چیخنا۔
نَعش (ع امث) تابُوت۔ ارتھی۔ مُردہ جسم۔ لوتھ۔ جنازہ۔
نَعل (ع امذ) جُوتی۔ کفش۔ پاپوش۔ جُوتا۔ بیلوں۔ گھوڑوں وغیرہ کے پاؤں میں لگانے کا لوہے کا حلقہ۔ جُوتی کی کھُری میں لگانے کا حلقہ۔ وہ نقدی جو جُوئے باز لوگ داؤں جیتنے وقت دیتے ہیں۔ باج۔ خراج۔ محصُول۔ وہ نذرانہ جو ماتحت بادشاہ یا ریاست اپنے سے بڑے بادشاہ کو دے۔
نَعل بند (عف امذ) نعل لگانے والا۔ نعل باندھنے والا۔
نَعل بندی (عف امث) نعل باندھنے کا کام۔
نَعل بندی دینا (ل) خراج دینا۔ نذرانہ دینا۔
نَعل بہا (عف امذ) وہ خراج یا ٹیکس جو نواب یا رئیس اپنے مُلک کی آمدنی میں سے شہنشاہ یا زبردست بادشاہ کو دیتے ہیں۔ باج۔ خراج۔
نَعل در آتش (ف) بے قرار۔ بے چین۔ گھبرایا ہوا۔ تلملایا ہوا۔
نَعلین (ع امذ) نعل کی جمع۔ جُوتوں کا جوڑا۔ دونوں جُوتیاں۔
نَعلین تحت العَین (ع مثل) دونوں جُوتیاں اپنی آنکھوں کے سامنے رکھی جائیں تاکہ کوئی چُرا نہ لے۔ اپنا مال اپنے سامنے ہی بہتر ہے۔
نعلین چوبیں (ف) کھڑاؤں۔
نِعَم (ع امث) نعمت کی جمع۔ نعمتیں۔
نِعم البدل (ع امذ) اچھا عوض۔ اچھا بدلہ۔ وہ عمدہ بدلہ جو کسی کے عوض میں مل جائے۔
نِعمت (ع امث) مال۔ دَولت۔ عطا۔ بخشش۔ عطیّہ۔ لذیذ چیزیں۔ مزے دار کھانا۔ آرام۔ آسائش۔ لاڈ۔
نِعمتِ غیر مُترقّبہ (ع امث) وہ نعمت جس کی اُمید نہ ہو۔ خداداد مال۔ مُفت ملی دولت۔ مُفت مال۔
نِعمت کدہ (عف امذ) نعمت کا گھر کنایۃً بہشت۔
نِعمت کی ماں کا کلیجہ (ا امذ) کوئی عمدہ چیز۔
نعناع (ع امذ) پودینہ۔
نعوذ باللہ (ع) کلمہ ندا۔ پناہ مانگتے ہیں ہم خدا کی۔ ہم خُدا کی پناہ چاہتے ہیں۔ اللہ بچائے۔ خدا کی پناہ۔
نَعُوظ (ع) استادگیٔ عضوِ مخصوص۔

ن - غ

نَغز (ع) خُوب۔ عمدہ۔ اچھا۔ افضل۔ اعلیٰ۔ نفیس۔

نَغزَک (ف امذ) لغت میں عمدہ اور لطیف چیز۔ مجازاً آم۔ انبہ۔
نَغَم (ع امذ) نغمہ کی جمع۔ راگ۔ گیت۔
نغمگی (عف امث) نغمے کی کیفیت۔ نغمہ پن۔
نَغمات (ع امذ) نغمہ کی جمع۔ سُریلی آوازیں۔
نَغمہ (ع امذ) سُریلی آواز۔ راگ۔ سُر۔ میٹھی آواز۔ ترانہ۔
نَغمہ پرداز (عف امف) اچھا گانے والا۔ اچھا شعر کہنے والا۔
نَغمہ سَرا (عف امذ) گانے والا۔ گویا۔
نَغمہ سَرائی (عف امث) گانا۔ ترنم۔

ن - ف

نَفّاخ (ع) نفخ کرنے والا۔ پھُلانے والا۔ پیٹ میں ہوا پیدا کرنے والا۔ بادی۔
نَفاذ (ع امذ) اجرا۔ صدُور۔ کسی حکم یا پروانے وغیرہ کا جاری ہونا۔
نَفّار (ع) بہت نفرت کرنے والا۔ نہایت بیزار۔
نِفاس (ع امذ) وہ خون جو چالیس روز تک زچہ کے اندامِ نہانی سے ٹپکتا ہے۔ سُوتک۔ سوڑ۔ جننے کی ناپاکی۔
نفاست (ع امث) صفائی۔ پاکیزگی۔ خوبی۔ عمدگی۔ لطافت۔
نِفاق (ع امذ) پھُوٹ۔ دشمنی۔ بغض۔ کینہ۔ کپٹ۔ ظاہر میں دوست۔ باطن میں دشمن۔ بگاڑ۔
نفاق پڑنا (ل) عداوت ہونا۔ پھُوٹ پڑنا۔ آپس میں بگاڑ ہونا۔
نفاقتہ (ا امذ) منافق۔ دوغلا۔ مکّار۔ کپٹی۔ پاکھنڈی۔
نفائس (ع امث) نفیسہ کی جمع۔ عمدہ چیزیں۔
نِفت (ف امذ) ایک قسم کے تیل کا نام۔ کیروسین تیل جیسا۔ جلد آگ قبول کرنے والا۔ مجازاً مٹی کا تیل۔
نَفتہ (ا امذ) کالی چتیوں والا۔ سفید کبوتر۔
نفح (ع امث) خوشبو۔
نفحات (ع امث) نفح کی جمع۔ خوشبوئیں۔
نفخ (ع امذ) اپھارہ۔ پیٹ کا پھُولنا۔ پیٹ میں ریح کا جمع ہوجانا۔
نَفَر (ع امذ) چند آدمیوں کی جماعت۔ مجازاً نوکر چاکر۔ سائیس۔ ادنیٰ نوکر۔ (فارسی میں) آدمی۔ کام کرنے والا قلی۔ مزدور۔ ایک آدمی۔ شخص واحد۔
نَفَر (ا امذ) ادنیٰ سے ادنیٰ چاکر۔ نہایت ذلیل۔ نوکر۔ ناکس۔
نفرت (ع امث) گھِن۔ کراہت۔ بیزاری۔ ناگواری۔ رغبت کی ضد۔
نفرت انگیز (عف) نفرت بڑھانے والا۔ گھِن دلانے والی چیز۔
نفرت کرنا۔ یا۔ کھانا (ل) گھِن کرنا۔ کراہت کرنا۔ بیزاری ظاہر کرنا۔

نفری (ا/مث) روزانہ مزدوری - اُجرت روزانہ - مزدور - فی کس - فی سر - ہر ایک کے لیے -
نفرین (ف/مث) کوسنا - بددُعا - پھٹکار - لعنت ملامت -
نفرین اُٹھانا (ار/محاورہ) لعنت ملامت برداشت کرنا -
نفرین کرنا (ف) پھٹکارنا - کوسنا - لعنت ملامت کرنا -
نفَس (ع/مذ) دم - تنفس - گھڑی - ساعت - لمحہ - لحظہ - دقیقہ -
نفس پرور (ع ف) جان کو آرام دینے والا - جانفزا -
نفس درازی (ع ف/مث) زیادہ گوئی -
نفس شماری (ع ف/مث) جان کندنی کی حالت - حالتِ نزع - دم شماری -
نفَس واپسیں (ع ف/مذ) آخری سانس - مرتے وقت کا سانس -
نَفْس (ع/مذ) جان - رُوح - آتما - ہستی - وجُود - ذات - اصلیت - حقیقت - شے - جوہر - ست - لُبِّ لباب - آلہ تناسل یعنی ذکر - عورت کا بدن - تن -
نفس الامر (ع) درحقیقت - دراصل - اصل مُدّعا - واقعی بات - تحقیق -
نفسِ امّارہ (ع/مذ) بہت حکم دینے والی جان - مجازاً وہ خواہش جو آدمی کو زبردستی برے کاموں یا عادتوں کی طرف مائل کرے - انسان کی شیطانی صفت -
نفسِ بہیمی (ع ف/مذ) چوپایوں کی جان - حیوانی خواہش - وہ خواہش جو حیوانات کو برائی کی طرف زبردستی کھینچتی ہے -
نفس پرست (ع ف) شہوت پرست - رسیا - عیاش - نفس پرور -
نفس پرور
نفس پرستی (ع ف/مث) شہوت پرستی - عیاشی - خود غرضی -
نفس رُبا (ع ف/صف) وہ کلام جس کا تلفظ آسان ہو - جس کا پڑھنا آسان ہو -
نفس تنگ کرنا (ف) ناک میں دم کرنا - ستانا - دِق کرنا - عاجز کرنا -
نفس کُش (ع ف) نفسانی خواہشات کو مارنے والا - پرہیزگار - زاہد - پارسا -
نفس کُشی (ع ف/مث) من مارنا - پارسائی - خواہشات کی روک تھام - زُہد - تقوی - پرہیزگاری -
نفسِ لوّامہ (ع/مذ) گناہ سرزد ہونے پر اپنے آپ کو ملامت کرنے والی جان - پاک لوگوں کی جان -
نفس مارنا (ف) من مارنا - خواہشات کو روکنا - پتّا مارنا - پرہیزگاری اختیار کرنا -
نفس مطلب (ع/مذ) اصل مُدّعا - اصلی مطلب - منشا - مفہوم -
نفسِ مُطمئنہ (ع/مذ) وہ نفس جو بُری عادتوں سے بالکل پاک صاف ہو کر اطمینان سے خدا کو تلاش کرے - انبیاء و صلحا کی جان - نفس ملکی -
نفسِ مُلہمہ (ع/مذ) الہامی رُوح - وہ نفس جس کے ذریعے سے الہام ہو - الہام کی طاقتوں والا نفس -
نفسِ ناطقہ (ع/مذ) بولنے والی رُوح - رُوحِ انسانی - بولتا -
نفسِ نباتی (ع/مذ) وہ رُوح جو نباتات میں ہوتی ہے -
نفسِ نفیس (ع/مذ) مقدّس ذات - برگزیدہ ذات - مجازاً ذاتِ خاص - اپنی ذات -

نفسا نفسی (ا/مث) اپنی اپنی - آپا دھاپی - خود غرضی - اپنی غرض و مطلب سے کام رکھنا -
نفسی نفسی کا دن (ار/مذ) روزِ قیامت -
نفسانی (ع) منسوب بہ نفس - نفس کا -
نفسانیت (ع/مث) خود غرضی - غرور - نخوت -
نفسی (ع) اپنا - منسوب بہ نفس -
نفسی نفسی (ع) اپنے اپنے دم کی - اپنی اپنی جان کی - آپا دھاپی - خود غرضی -
نفط (معرب نفت/مذ) مجازاً مٹی کا تیل - رال -
نفسیاتی تجزیہ (ع/مذ) انسان کے ذہنی محرکات اور اعمال کی جانچ پڑتال -
نفع (ع/مذ) فائدہ - سُود - لابھ - حاصل - پھل - ثمرہ - نتیجہ -
نفع اُٹھانا (ف) فائدہ حاصل کرنا -
نفع دیکھنا (ار/محاورہ) فائدہ دیکھنا -
نفع رساں (ع ف/صف) فائدہ پہنچانے والا -
نفع کرنا (ف) فائدہ پہنچانا - صحت بخشنا -
نفع نقصان (ع/مذ) ہان - لابھ - فائدہ اور گھاٹا - بُرائی بھلائی - علم حساب کے ایک قاعدے کا نام بھی ہے -
نَفَقہ (ع/مذ) بال بچوں کا خرچ - اخراجات خانگی - بیوی کا روٹی کپڑا - اخراجات اولاد -
نفل (ع/مذ) زیادہ عطیہ - وہ زاید عبادت جو شکریہ یا ثواب کی نیت سے کی جائے -
نفوخ (ع/مذ) دوا کو باریک پیس کر ناک میں پھونکنا -
نفوذ (ع/مذ) جاری ہونا - گزرنا - صدورِ حکم - مؤثر - اثر کرنے والا - گھُسنے والا - سرایت کرنے والا - اندر بیٹھنے والا -
نفوذ کرنا (ف) سرایت کرنا - اندر گھس جانا - رچنا - سوکھ جانا - جذب ہونا -
نفور (ع/مذ) بھاگنے والا - نفرت کرنے والا - گھن کرنے والا - کراہت کرنے والا -
نفوس (ع/مذ) نفس یعنی رُوح کی جمع - جانیں - ذاتیں - رُوحیں -
نفوسِ ثلاثہ (ع/مذ) تینوں رُوحیں یعنی اہلِ تصوف کے نزدیک نفسِ امّارہ - لوّامہ - مطمئنہ - کنایۃً رُوحِ حیوانی - رُوحِ نباتی - رُوحِ جمادی -
نفوس قدسیہ (ع/مذ) پاک رُوحیں - بزرگانِ دین - فرشتے اور ملائکہ -
نفی (ع/مث) دُوری - اخراج - انکار - نہیں - نا - اثبات کی ضد -
نفی کرنا (ف) خارج کرنا - تفریق کرنا - منہا کرنا - گھٹانا - انکار کرنا - نامنظور کرنا -
نفی میں جواب دینا (ف) صاف انکار کر دینا - نامنظور کر دینا -
نفیر (ع) نفرت کرنے والا - متنفّر - گھن کرنے والا (مؤنث) فریاد - شور - واویلا - چیخ و پکار (فارسی میں مؤنث) کرنا - تُرہی - شہنائی - نفیری -

نفیرچی (ف/صف) نفیری بجانے والا۔
نفیری (ف/مث) تری۔ شہنائی کرنا۔
نفیس (ع) عمدہ۔ قیمتی۔ بیش بہا۔ بڑھیا۔ ستھرا۔ پاک۔

ن - ق

نقا (ع) پاکیزگی۔
نقاب (ع/مذ/مث) برقع۔ گھونگھٹ۔ منہ پر ڈالنے کا پردہ۔
نقاب (ع) سُرنگ لگانے والا۔
نقاب اُٹھانا / نقاب اُلٹنا (ل) منہ پر سے پردہ اُٹھانا۔ گھونگھٹ کھولنا۔ منہ کھولنا۔
نقاب پوش (ع ف) منہ پر نقاب ڈالے رکھنے والا۔
نقاد (ع) پرکھنے والا۔ پرکھیا۔ کھوٹا کھرا جانچنے والا۔
نقارچی (ف/مذ) نقارہ بجانے والا۔ نوبت بجانے والا۔
نقارخانہ (ف/مذ) نوبت خانہ۔ وہ جگہ جہاں نوبت نقارے بجتے رہیں۔
نقارخانہ میں طوطی کی آواز کون سنتا ہے (ل) بڑوں کے سامنے چھوٹوں کی کچھ سماعت نہیں ہوتی۔ بہت سے شور و غل میں خوش آواز کی پہچان کہاں۔
نقارہ (ف/مذ) نوبت۔ ٹمک۔ دمامہ۔ دھانسا۔ طبل۔ کوس۔
نقارہ بجاتے پھرنا (ل) منادی کرتے پھرنا۔ مشتہر کرتے پھرنا۔
نقارہ بجا کے ۔یا۔ نقارے کی چوٹ ۔یا۔ ڈنکے کی چوٹ (ل) اعلانیہ۔ کھلم کھلا۔ کھلے بندوں ڈھنڈوری پیٹ کے۔
نقارہ ہونا (ل) ریح کے باعث پیٹ کا اپھر جانا۔ پیٹ کا پھول جانا۔
نقارے کی چوٹ (ا/مث) کھلے بندوں۔ اعلانیہ۔
نقاش (ع/مذ) نقش و نگار کرنے والا۔ رنگ ساز۔ مصوّر۔ نقشہ نویس۔ گلکار۔
نقاشِ ازل (ع/مذ) کنایۃً خدا۔
نقاشی (ع/مث) نقش کرنے کا کام۔ نقش کرنے کا پیشہ۔ گلکاری۔ مصوری۔ نقشہ نویسی۔
نُقاط (ع/مذ) نقطہ۔
نقال (ع/مذ) نقل کرنے والا۔ بھانڈ۔ بہروپیا۔ مسخرا۔ سوانگی۔
نقالی (ا/مث) بھانڈپنا۔ نقل کرنے کا پیشہ۔
نقاہت (ع/مث) وہ کمزوری جو بیماری سے ہو جاتی ہے۔ ناطاقتی۔ کمزوری۔ بیماری سے اُٹھنا۔
نقائص (ع/مذ) نقیصہ کی جمع۔ نقص۔ عیب۔ برائیاں۔ کھوٹ۔
نَقب (ع/مث) شگاف۔ سُرنگ۔ کوہل۔ سیندھ۔ پھاڑ جو چور دیوار میں دیا کرتے ہیں۔
نقب دینا ۔یا۔ لگانا (ل) کوہل دینا۔ سیندھ لگانا۔ فصیل یا دیوار میں شگاف کرنا۔
نَقب زن (ع ف/مذ) سیندھ لگانے والا۔ سُرنگ لگانے والا۔
نقب زنی (ع ف/مث) نقب دینا۔ سیندھ لگانا۔ سُرنگ کھودنا۔
نقب لگانا (ا/محاورہ) دیوار یا فصیل میں سوراخ کرنا۔ دیوار شق کرنا۔
نُقبہ (ع) کھجلی۔ خارش۔
نقد (ع/مذ) پرکھنا۔ کھرا کھوٹا دیکھنا۔ تیاری۔ موجودگی۔ آمادہ۔ حاضر۔ تیار۔ مستعد۔ روپیہ۔ پیسہ۔ سکّہ۔ روکڑ۔ نقدی۔ روپیہ کھرا۔ پونجی۔ سرمایہ۔ فی الحال۔ سردست۔
نقد دم رہنا (ل) اکیلا رہنا۔ مجرد رہنا۔ تن تنہا رہنا۔
نقدِ جان (ع ف/مث) روح۔ آتما۔ پران۔ نفسِ ناطقہ۔
نقد مال (ا/مذ) کھرا مال۔ تر مال۔ عمدہ مال۔
نقد و جنس (ع/مذ) مال و دولت۔ دھن دولت۔ مال و اسباب۔
نقد نامہ (ع ف/مث) نقد ادائگی کا سرٹیفکیٹ۔
نقداً نقد (ا) ہاتھوں ہاتھ۔ دست بدست۔ فوراً نقد قیمت ادا کرنے کی نسبت بولتے ہیں۔
نقدہٗ و حرمتہٗ (ا/محاورہ) قیمت نقد دینے میں عزت ہوتی ہے۔ نقد دینے والے کی عزت بنی رہتی ہے (یہ فقرہ غلط العام ہو گیا)۔
نقدی (ع/مث) روپیہ۔ پیسہ۔ روکڑ۔ نقدی۔ مال و زر۔ جوکھوں۔
نقدی بنانا (ا/محاورہ) نقد رقم حاصل کرنا۔ روپیہ پیدا کرنا۔
نِقرس (ع/مذ) پاؤں کی انگلیوں اور ٹخنوں کے ایک تحت درد کا نام۔ ایک قسم کی گٹھیا۔ وجع مفاصل۔
نُقرہ (ع/مذ) چاندی۔ روپیہ۔ سیم۔ گلی ہوئی چاندی سفید رنگ کا گھوڑا۔ چٹا گھوڑا۔ سفید رنگ کا چٹا۔ ڈھولا۔
نُقرہ خام (ع ف) خالص چاندی۔
نُقرئی (منسوب بہ نقرہ) روپہلی۔ ڈھولا۔ چاندی کے رنگ کا۔
نقش (ع/مذ) صورت۔ مورت۔ تصویر۔ مورتی۔ نگار۔ تحریر۔ مُہر۔ چھاپ۔ ٹھپا۔ چھاپا۔ بیل بوٹے کا کام کھدائی۔ گلکاری۔ منبت کاری۔ کندہ کام۔ (فارسی میں) جیت کا داؤ۔ پوبارہ۔ ایک قسم کا جُوا۔ کھوج۔ نشان۔ علامت۔ تعویذ۔ جادو۔ ٹونا۔ افسوں۔ لکھا ہوا۔ کندہ شدہ۔ کھدا ہوا۔ منقوش۔ تاثیر۔ اثر۔ خیال۔ تصور۔ سکہ شاہی۔ شاہی اسٹامپ۔
نقش آب / نقش برآب (ع ف) پانی پر کا نقش۔ ناپائدار۔ فانی۔ بے ثبات۔ جلد مٹ جانے والا۔
نقش اُبھرنا (ا/محاورہ) نقش کا سطح سے اونچا ہو جانا۔
نقشِ اوّل (ع ف/مذ) مسودہ۔ پہلی تحریر۔
نقشِ باطل (ع ف/مذ) نقش جو مٹا دینے کے قابل ہو۔ فانی۔ مٹ جانے والا۔
نقش بٹھانا ۔یا۔ بٹھلانا (ل) سکہ بٹھانا۔ رُعب جمانا۔ اعتبار حاصل کرنا۔ بات جمانا۔ گھر کرنا۔ اثر جمانا۔ دل میں بٹھانا۔
نقش بدیوار ۔یا۔ نقشِ بر دیوار (ف) حیران۔ ہکا بکا۔ بھوچکا۔ ٹک ٹک۔ ساکت۔ بے حس و حرکت۔
نقش بند (ع ف/مذ) مصوّر۔ رنگ ساز۔ نقاش۔

نقش بندی (ع ف ا مث) مصوری - رنگ سازی - نقاشی -
نقش بندیہ خاندان (ا ا مذ) صوفیوں کے ایک مشہور خاندان کا نام ہے جس کا سلسلہ حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبند سے چلا ہے جو ساتویں صدی ہجری میں ہوئے ہیں -
نقشِ پا - نقشِ قدم (ع ف) پاؤں کا نشان - کھوج - سُراغ - پیڑ -
نقش بر داز (ع ف ا مذ) نقش جو مٹا دینے کے قابل ہو - فانی - مٹ جانیوالا -
نقش تسخیر (ع ا مذ) وہ تعویذ جس سے محبوب قابو میں آ جائے -
نقش کالحجر (ع ا مذ) پتھر کے نقش کی طرح - پتھر کی لکیر - نہایت پائدار -
نقش کالحجر ہو جانا (ا) نہایت متاثر ہو جانا - دلنشین ہو جانا - اسٹ ہو جانا - پتھر کی لکیر ہو جانا -
نقش کرنا (ا) بیل بوٹے کھودنا - چھاپنا - بٹھانا - جمانا -
نقش و نگار (ع ف ا مذ) پھول پتی کا کام - بیل بوٹے - زیب و زینت - قلم کاری -
نقش ہو جانا (ا) کسی بات کا دل میں جم جانا - دل نشین ہو جانا -
نقش ہونا (ا) کھُدنا - کھود جانا - کندہ ہونا - دل پر جمنا - بیٹھنا - رقم ہونا - تحریر ہونا - لکھا جانا -
نقشہ (ع ا مذ) تصویر - فوٹو - عکس - شبیہ - مورت - صورت - شکل - چہرا مہرا - قطع - وضع - سج دھج - تراشش خراش - بناوٹ - ترکیب - حلیہ - چہرے کا خط و خال - خاکہ - چربہ - مثال - نمونہ - فہرست فرد - قبض الوصول - ناموں کی فہرست - ناموں کا رجسٹر - چالان - روزنامہ مال کی خانہ پُری - خلاصہ - گوشوارہ - طرز - طریق - ڈھب - برا حال - بڑا درجہ - حال - حالت کیفیت - عالم - سانچہ - قالب - ڈھانچ -
نقشہ اُتارنا (ا) خاکہ لینا - فوٹو لینا - تصویر کھینچنا -
نقشہ بگاڑنا (ا) صورت بگاڑنا - حال سے بے حال کرنا -
نقشہ بگڑنا (ا) حالت خراب ہو جانا - بدنظمی اور بدانتظامی ہو جانا -
نقشہ بنانا (ا) کسی چیز کی تصویر بنانا - خاکہ اُتارنا -
نقشہ تیز ہونا (ا) اقبال یاور ہونا - بات بننا -
نقشہ جمانا (ا) کسی چیز کی بنیاد ڈالنا - رسائی کرنا - ڈھب لگانا - اعتبار حاصل کرنا - رسوخ بڑھانا - موقع نکالنا - تدبیر کرنا - ترکیب لڑانا - تصوّر جمانا - اُمید بندھنا -
نقشہ جمنا (ا) بات بننا - کسی چیز کی بنیاد پڑنا - رسائی ہونا - اعتبار ہونا - رسوخ ہونا - تصوّر جمنا - خیال بندھنا - مطلب حاصل ہونا -
نقشہ کھنچ جانا (ا) صورت سامنے آ جانا - عکس دل نشین ہو جانا - تصویر کھچ جانا -
نقشہ نویس (ع ف ا مذ) نقشہ بنانے والا - مصوّر - نقاش -
نقشی (ا) منسوب بہ نقش - نقش والا - منقش - نقش کیا ہوا برتن -
نقشین (ف) گلکاری کیا ہوا - نقش کیا ہوا - منقش -
نقص (ع ا مذ) کمی - اُدھورا پن - کسر - خامی - ناتمامی - اَدگن - عیب داغ - دھبا - بُرائی - کلنک - کھوٹ - سُقم -
نقص نکالنا (ا) عیب نکالنا - اعتراض کرنا - کھوٹ نکالنا -
نُقصان (ع ا مذ) کمی کوتاہی - ضرر - تکلیف - زیان - حرج - خرابی - ٹوٹا - گھاٹا - خسارہ - بربادی - تباہی - ضائع - رائگاں - رخنہ - خلل - فتور -
نُقصان اُٹھانا (ا) گھاٹا بھرنا - خسارہ دینا - گرہ سے بھرنا - ٹوٹا برداشت کرنا -
نُقصان بھرنا (ا / محاورہ) گھاٹا دینا - خسارہ پورا کرنا -
نُقصان پہنچانا (ا / محاورہ) ایذا دینا - ضرر پہنچانا -
نُقصان بالقصد (ع ا مذ) اپنے ہاتھوں خسارہ بھرنا - جان بوجھ کر گھاٹا بھرنا -
نُقصان رساں (ع ف / صف) نُقصان پہنچانے والا -
نُقصان رسانی (ا / مث) تکلیف دینا - گھاٹے میں ڈالنا - ایذا رسانی -
نُقصان کرنا (ا) کام بگاڑنا - حرج کرنا - فائدہ نہ ہونے دینا - تکلیف دینا - بگاڑنا - ضرر پہنچانا - کھونا - ضائع کرنا -
نُقصان مایہ (ع ف ا مذ) مال کا نُقصان - روپیہ کی تباہی - پونجی کا ضائع ہونا -
نُقصان مایہ و شماتت ہمسایہ (ف / مثل) اپنے نُقصان اور دوسرے کی لعنت ملامت کے احتمال پر بولتے ہیں -
نقض (ع ا مذ) بگاڑ - ٹوٹ - پھوٹ - توڑنا - شکستگی -
نقضِ عہد (ع ا مذ) وعدہ وفا نہ کرنا - اقرار توڑ ڈالنا - بدعہدی کرنا -
نُقَط (ع ا مذ) نُقطہ کی جمع - بندیاں - نُقطے -
نُقطہ (ع ا مذ) بندی - صفر - مرکز - خط کی انتہا - مجازاً داغ - دھبا - عیب -
نُقطۂ پرکار (ع ف ا مذ) دائرہ کا مرکز - مرکز -
نُقطۂ تقاطع (ع ا مذ) وہ نُقطہ جہاں دو خط ملیں -
نُقطۂ سُوَیدا (ع ا مذ) دل کے اندر کا سیاہ نقطہ - اسے خال سُویدا بھی کہتے ہیں -
نُقطہ لگانا (ع) عیب لگانا - دھبّہ لگانا - کلف لگانا - کلنک لگانا -
نُقطۂ موہُوم (ع ا مذ) فرضی نُقطہ - جو بظاہر نہ ہو -
نُقل (ع) گزک - وہ چیز جو شراب کے پینے کے بعد مُنہ کا ذائقہ بدلنے کے لیے کھاتے ہیں - سانچق میں لے جانے کی ایک قسم کی مٹھائی -
نُقلِ مجلس - نُقلِ محفل (ا ا مذ) غذائے محفل - مسخرا - خوش مسخرا -
نُقلِ مجلس بنانا (ا) مسخرا بنانا -
نَقل (ع ا مث) تبدیل - چالا - ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا - جاترا - کوچ - روانگی - حاضر جوابی - کاپی - مثنیٰ - اصل کی ضد - نمونہ - نظیر - جواب - مثل - تمثیل - روایت - کہانی - حکایت - ذکر - بیان - لطیفہ - چٹکلہ - ہنسی کی حکایت - بہروپ - سوانگ - لیلا - ناٹک -

نَقل کرنا (ف) کاپی کرنا - کسی مسودہ یا لکھی ہوئی چیز کو دُوسرے کاغذ پر اُتارنا - رُوپ بھرنا - سوانگ اُتارنا - ذکر کرنا - بیان کرنا - حکایت کرنا - حرکت کرنا - ایک جگہ سے دُوسری جگہ جانا -
نَقلِ مذہب (ع امذ) ایک مذہب سے دُوسرے مذہب میں جانا -
نَقلِ کُفر کُفر نہ باشد (عف) ضرب المثل - کُفر کے بیان کرنے سے آدمی کافر نہیں ہوجاتا -
نَقل لینا (ف) کسی حکم یا کتاب وغیرہ کو دُوسرے کاغذ پر اصل کے مطابق لکھوانا -
نُقلِ مکان (ع امذ) مکان بدلنا - تبدیل مکان - ایک مکان چھوڑ کر دُوسرے میں جا رہنا -
نَقل نویس (عف امذ) نقل کرکے دینے والا - مُنشی - محرّرِ عدالت -
نَقل نویسی (عف امث) نقل کرنے کا کام - مُنشی گری - محرّری -
نَقل وحمل (عف امذ) اُٹھانا اور لے جانا - باربرداری - اُٹھانے اور لے جانے کا کام -
نَقل ہے (ف امحاورہ) ذِکر ہے - کہتے ہیں - لکھا ہے منقول ہے -
نَقلی (ع) نقل دار - جھُوٹا - جعلی - بناوٹی - کھوٹا - زبانی - روایتی - سماعی -
نَقلیا (ف اصف) نقال - بھانڈ -
نِقمَت (ع امث) عذاب - سزا - بدلہ - انتقام - تکلیف - دُکھ - درد -
نُقُود (ع امث) نقد کی جمع - نقدیاں -
نُقُوش (ع امذ) نقش کی جمع -
نُقُوع (ع امذ) بھیگی ہوئی دوا - بھیگا ہوا میوہ - دوا بھگونے کا پانی -
نُقُول (ع امث) نقل کی جمع -
نُقی (ع) ہڈی کا گودا -
نَقیب (ع امذ) لوگوں کے حالات اور خاندان سے واقف - خبر کرنے والا - شُہرت کرنے والا - مدح خواں - ہرکارہ - چوب دار - سپاہی - وہ لوگ جو بادشاہوں یا اُمرا کی سواری کے آگے آواز لگاتے جاتے ہیں - یا کسی کی باریابی دربار کے موقع پر بلند آواز سے پُکارتے ہیں -
نَقیر (ع) وہ گڑھا جو کھجُور کی گٹھلی میں ہوتا ہے - شگاف خُرما -
نَقیض (ع) توڑنے والا - عمارت گرانے والا - مخالف - خلاف - ضد - برعکس - اُلٹا - متبائن - اصطلاح منطق میں کسی شے کا رفع کرنا -
نَقیہ (ع) کمزور - ناتواں ضعیف - نحیف - لاغر - دُبلا -

ن ک

نَکث (ہ امث) ناک کا مخفف - بینی -
نَک بال (ہ امذ) ناک کا بال - مُوئے بینی -
نَک بہنا (ف اصف) جس کی ناک بہتی رہے -
نَک بیسر (ہ امث) ناک کے ایک زیور کا نام - ایک قسم کی نتھنی - چھولنی - بلاق -
نَک توڑا (ہ امذ) (نک بمعنی ناک اور توڑا بمعنی حرکت) حرکت بینی - ناز نخرہ - آزادگی - بول ٹھول - نخوت - تکبّر - غرور - احسان ومنّت -
نَک توڑے اُٹھانا (ف امحاورہ) ناز نخرے برداشت کرنا - ناز اُٹھانا -
نَک چڑھا (ہ امذ) مغرور - متکبّر - خود پسند - کسی کو خاطر میں نہ لانے والا -
نَک چڑھی (ہ امث) دماغ دار عورت - بدمزاج عورت -
نَک چھکنی (ہ امث) ایک دوا کا نام ہے جس کے سونگھنے سے چھینکیں بہت آتی ہیں -
نکراگوا - وسطی امریکہ کی جمہوری ریاست ہے - اسی نام کی جھیل کے کنارے شہر آباد ہے - ریاست کا رقبہ ۵۱۶۰۰ مربع میل ہے - اس حصّے میں مچھر بہت ہوتے ہیں - آب و ہوا مضرِ صحت ہے -
نَک کٹا (ہ) ناک کٹا ہوا - نکٹا -
نَک کٹی (ہ) ناک کٹی ہوئی عورت - نکٹی -
نَک کٹی ہونا (ہ) بے عزّتی ہونا - بدنامی ہونا - ذِلّت ہونا - خواری ہونا -
نَک گھسنی (ع امث) عاجزی - مِنّت سماجت - خُوشامد - دستآمد - ناک رگڑنا -
نَکّا (ہ امذ) کوڑی - چھوٹا سنکھ - خرمہرہ - کعبتین - پانسہ - دانہ -
نَکّا دوا - یا - نَکّا موٹھ (ہ امذ) ایک قسم کا جُوا جو کوڑیوں کو مُٹھی میں چھپا کر کھیلتے ہیں -
نِکّا (ہ) چھوٹا - خُرد - ننھا - مختصر - کم - قلیل - نازک - باریک - ادھورا - ناقص - ٹھنگنا - پستہ قد - ادنیٰ - خفیف -
نُکّا (ہ امذ) نوک دار - نُکیلا - خم دار - گیڑی -
نِکات (ع امذ) نکتہ کی جمع - نُکتے - باریکیاں - پاکیزہ اور بلیغ کلام جو ہر ایک کی سمجھ میں نہ آسکے -
نِکاح (ع امذ) مجازاً عقد - بیاہ - شادی - پھیرے - گٹھ بندھن -
نِکاح باندھنا - یا - پڑھانا - یا - کرنا (ف) عقد کرنا - شادی کرنا - گھر میں ڈالنا - دو بول پڑھانے مرد عورت کا ازدواج کرنا -
نِکاح پڑھا جانا (ف امحاورہ) نکاح ہونا - بیاہ ہونا -
نِکاح پڑھائی (ف امعاوضہ) نکاح پڑھانے کی اُجرت -
نِکاح ثانی (ع امذ) دُوسری شادی -
نِکاح کی شرطیں کرنا (ف) نہایت پُختہ کرنا - بہت ہی حجت کرنا - بخوبی پختگی کرنا -
نِکاح مُتعہ - یا - موقت (ع امذ) وہ نکاح جو کسی میعاد مقررہ تک کیا جائے - چند روزہ نکاح -
نِکاح مُوقّت (ع امذ) وہ نکاح جو کسی خاص مدت کے لیے کیا جائے نکاح متعہ -
نِکاح نامہ (عف امذ) کابین نامہ - وہ کاغذ جو نکاح کے وقت بقید تاریخ و تعداد مہر رُو برُوئے گواہاں لکھا جاتا ہے -

نکاح ہونا (ف) بیاہ ہونا۔ شادی ہونا۔ عقد ہونا۔
نکاحتا۔ یا۔ نکاحی (ف) نکاح کی ہوئی عورت۔ منکوحہ بیاہتا کی ضد۔ گھر میں ڈالی ہوئی۔
نکاحی نہ بیاہی منڈھے بہو کہاں سے آئی (مثل) خواہ مخواہ آکر رشتہ دار بن بیٹھنے والے کی نسبت بولا کرتے ہیں۔
نکاس (ہ/مذ) جڑ۔ بنیاد۔ اصل۔ مُول۔ بیج۔ ابتدا۔ آغاز۔ شروع۔ منبع۔ سوت۔ مجری۔ مبدا۔ مادّہ۔ دُوربط۔ مورث اعلیٰ۔ جدِّ اعلیٰ۔ خاندان کا بانی۔ اشتقاق۔ اخذ۔ استخراج۔ صدُور۔ ظہور۔ نژاد۔ نسل۔ بنس۔ خاندان۔ برآمد۔ خرُوج۔
نکاسی (ہ/مث) کھیتی کی پیداوار۔ محاصل آمدنی۔ حاصل۔ فائدہ۔ نفع۔ بکری۔ مال کی فروختگی۔ لدائی۔ بھرتی۔ روانگی۔ برآمد۔ رسادر۔ کھپت۔ خرچ۔ مچنگی۔ محصُول راہ۔ سرحد۔ حدبست۔ گاؤں کا سوانا۔ علاقہ۔ رونہ۔ چپالان۔ راہداری۔ اخراج۔
نکال (ع/مذ) رنج۔ دُکھ۔ عذاب۔ سزا۔ تکلیف۔
نکال دینا (ہ) جُدا کر دینا۔ باہر کر دینا۔ موقوف کر دینا۔ جواب دے دینا۔ کوئی چیز گھر سے دینا۔ طلاق دے دینا۔
نکال لانا (ہ) کسی عورت کا بھگا لانا۔ بھگا کر لے جانا۔
نکالا (ہ/مذ) شہر بدر۔ جلاوطن۔ اخراج۔ خارج۔
نکالا ملنا (ہ) نکالا جانا۔ جلاوطن کیا جانا۔ شہر بدر کیا جانا۔
نکالنا (ہ) باہر کرنا۔ خارج کرنا۔ دُور کرنا۔ چھانٹنا۔ چُننا۔ منتخب کرنا۔ تفریق کرنا۔ منہا کرنا۔ دل سے کوئی بات پیدا کرنا۔ اختراع کرنا۔ ایجاد کرنا۔ اُکھیڑنا۔ باہر لانا۔ سلجھانا۔ حل کرنا۔ کاڑھنا۔ بیل بوٹا وغیرہ بنانا۔ سدھانا۔ رواں کرنا۔ گھوڑے کو گاڑی وغیرہ میں جوتنے کے قابل بنانا۔ موقوف کرنا۔ جواب دینا۔ برطرف کرنا۔ چھڑا لینا۔ کاٹنا۔ اُدھیڑنا۔ باہر لانا۔ بھگا کر لے جانا۔ مقرر کرنا۔ نرخ ٹھہرانا۔ جلاوطن کرنا۔ شہر بدر کرنا۔ انڈا کھٹکنا۔ پیدا کرنا۔ ڈھونڈنا۔ راستہ معلوم کرنا۔
نکانا (ہ) نلانا۔ گھاس پھُونس دُور کرنا۔ نلائی کرنا۔
نکبت (ع/مث) بدبختی۔ بدحالی۔ خستگی۔ خستہ حالی۔ مُفلسی۔ افلاس۔ فلاکت۔
نکبہ (ع) تین طرف سے چلنے والی ہوا۔ یہ ہوا جہازوں کے حق میں مُضر ہوتی ہے۔
نُکتہ (ع/مذ) باریک بات۔ باریکی۔ بلیغ اور پاکیزہ کلام۔ راز۔ بھید۔ مخفی بات۔ سِتر۔ سمجھ کی بات۔ عقل کی بات۔ عیب۔ رخنہ۔ خرابی۔ مین میکھ۔ چٹکلہ۔ لطیفہ۔ گھوڑے کی مہری۔ سر دُوالی۔ سربند۔ کار آمد بات۔
نُکتہ پرور۔ یا۔ نُکتہ پرداز (ع ف) ہوشیار۔ شاعر۔ سخن شناس۔ سخن فہم۔ سخنور۔ زبان آور۔ خوش گفتار۔ نغز گو۔
نکتہ بین } (ع ف) عیب جُو۔ خُردہ گیر۔
نُکتہ چین } مین میکھ نکالنے والا۔
نکتہ چینی (ع ف/مث) عیب جوئی۔ خُردہ گیری۔
نکتہ خفی (ع/مذ) پوشیدہ راز۔ سِرِّ خفی۔ رازِ پنہاں
نکتہ داں (ع ف/صف) باریک
نُکتہ رس (ع ف) تیز طبع۔ ذکی۔ زیرک۔ تیز فہم۔ دقیقہ رس۔
نکتہ سنج (ع ف) اچھی بات کہنے والا۔ تُلی ہوئی بات کہنے والا۔ عقل مند۔ ہوشیار۔ مجازاً شاعر۔ سخنور۔ خوش گفتار۔
نکتہ سنجی (ع ف/مث) سخنوری۔ سُخن فہمی۔ فصاحت۔ خوش بیانی۔
نکتہ شناس۔ یا۔ نُکتہ داں (ع ف) ذہین۔ دانا۔ سیانا۔ عقل مند۔ تیز فہم۔
نُکتہ گیر (ع ف) عیب جُو۔ خُردہ بین۔ نُکتہ چین۔
نکتہ نواز (ع ف/صف) لطیف بات کی قدر کرنے والا۔
نُکتی (ہ/مث) ایک قسم کی مٹھائی جو چنے کی دال پیس کر بنائی جاتی ہے۔
نُکتے نکالنا (ف) عیب نکالنا۔ مین میکھ نکالنا۔ اعتراض کرنا۔
نکٹ (ع) قریب۔ پاس۔ نزدیک۔
نکٹا (ہ) ناک کٹا۔ بینی بُریدہ۔ بےشرم۔ بےغیرت۔ ایک قسم کا چلتی لے کا گیت۔ چپٹی ناک والا۔ چوڑی ناک والا۔ جُوا کھیلنے کی کوڑی۔
نکٹا بوچا سب سے اُونچا (ف/مثل) عیب دار ہونے کے باوجود بڑا دعویٰ کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔
نکٹا جیا بُرے احوال (ف/مثل) کنونڈا آدمی خستہ حالی سے زندگی گزارا کرتا ہے۔
نکٹائی (انگ/مث) مغربی وضع کی پٹی جو گلے میں قمیص کے کالر پر ڈالتے ہیں۔
نکٹورا (ف/مذ) غمزہ۔ نخرا۔
نکٹی (ہ) ناک کٹی عورت۔ چپٹی ناک والی۔ ناک بیٹھی عورت۔ بےغیرت۔ بےشرم۔ بلّی۔ گُربہ۔
نکٹے کا کھائیے اوچھے کا نہ کھائیے (ف/مثل) بےحیا کا احسان اُٹھانا اِتنا بُرا نہیں جتنا کم ظرف کا اُٹھانا۔
نکٹے کی ناک کٹی سوا گز اور بڑھی (ہ/مثل) بےغیرت کی عزت گئی اور وہ اُلٹا خوش ہوا۔ بےعزت کو عزت جانے کی خوشی ہوا۔
نکرہ (ع/مذ) ناشناسی۔ معرفہ کی ضد۔ وہ اسم جو غیر معیّن چیز پر بولا جائے۔
نُکڑ (ہ/مذ) نوک سے اسم تصغیر۔ نوک۔ سِرا۔ انتہا۔ اخیر۔ کونہ۔ گوشہ۔
نُکس (ع/مذ) بیماری کا عود کر آنا۔ پھر بیمار ہو جانا۔
نکسنا (ہ) نکلنا۔
نکسیر (ہ/مث) ناک سے خون گرنا۔ گرمی کے سبب ناک سے خون جاری ہونا۔
نکسیر بھی نہیں پھُوٹی (ہ/محاورہ) بال تک بھی بیکا نہیں ہوا۔ ذرا بھی صدمہ نہیں پہنچا۔

نکسیر پھوٹنا (ہ) ناک سے خون بہنا۔
نکل (انگریزی امذ) سفید تانبا۔ ملمع کرنا۔
نکل آنا (ہ) باہر ہونا۔ ظاہر ہونا۔ باہر ہو جانا۔ پیدا ہونا۔ کھڑا ہونا۔ برپا ہونا۔ پھوٹنا۔ اُبھرنا۔ زمین سے باہر آنا۔
نکل بھاگنا (ہ) فرار ہونا۔ چلا جانا۔ چل دینا۔ قابو سے چلا جانا۔ بچ کر چلا جانا۔ چمپت ہو جانا۔ صاف بچ جانا۔ رفو چکر ہو جانا۔ کافور ہو جانا۔
نکل پڑنا (ہ) ظاہر ہو جانا۔ نمایاں ہو جانا۔ پیٹ گر جانا۔ حمل استقاط ہو جانا۔ چل دینا۔ باہر آنا۔ اُوپر آ جانا۔ میوے کا پک کر ٹپک پڑنا۔ کھل پڑنا۔ جوتے لگنا۔ تلوار کا نکل پڑنا۔
نکلتے بیٹھتے دِن (ارامذ) فصل کی تبدیلی کا زمانہ۔
نکل جانا (ہ) فرار ہو جانا۔ بھاگ جانا۔ رُوپوش ہو جانا۔ کافور ہو جانا۔ دُور چلا جانا۔ زائل ہونا۔ جاتا رہنا۔ بڑھ جانا۔ سبقت لے جانا۔ قابو سے باہر ہو جانا۔ قبضہ سے چلا جانا۔ وقت کا گزر جانا۔ کسی چیز کا ہاتھ سے جاتا رہنا۔ کام پورا ہو جانا۔ حاصل ہو جانا۔ برآمد ہونا۔ سُرخرو ہونا۔ پاؤں کا پھسل جانا۔ نافرمان ہو جانا۔
نکل چلنا (ہ) اپنی حیثیت اور بساط سے بڑھ کر چلنا۔ اِترا جانا۔ مغرور ہو جانا۔
نکل کھڑا ہونا (ہ ار محاورہ) چل دینا۔ رُخصت ہونا۔ باہر جانا۔
نکلنا (ہ) پھوٹنا۔ اُگنا۔ اُوپر آنا۔ رِسنا۔ بہنا۔ جاری ہونا۔ جنم لینا۔ پیدا ہونا۔ ظاہر ہونا۔ عیاں ہونا۔ نمودار ہونا۔ ایجاد ہونا۔ نئی بات معلوم ہونا۔ بڑھ جانا۔ سبقت لے جانا۔ خارج ہونا۔ باہر کر دینا۔ چلا جانا۔ بھاگنا۔ فرار ہونا۔ زائد ہونا۔ زیادہ ہونا۔ باہر چلا جانا۔ رُخصت ہونا۔ طلوع ہونا۔ اُٹھنا۔ بلند ہونا۔ چھن جانا۔ زبردستی لیا جانا۔ قبضہ اور قابو سے باہر ہو جانا۔ پھوڑے پھنسی وغیرہ کا نمایاں ہونا۔ ارمان وغیرہ پورا ہونا۔ انجام کو پہنچنا۔ دستور وغیرہ نیا جاری ہونا۔ ثابت ہونا۔ ثبوت کو پہنچنا۔ رفع ہونا۔ رفع ہونا۔ جاتا رہنا۔ دُور ہونا۔ جُدا ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ تیل وغیرہ نچڑنا۔ پیدا ہونا۔
نکلنا بیٹھنا (ہ ار محاورہ) آمد و رفت رکھنا۔
نکلوانا (ہ) باہر کرانا۔ خارج کرانا۔ معلوم کرنا۔
نکلی ہونٹوں چڑھی کوٹھوں (ہ ار مثل) منہ سے نکلے تو بات مشہور ہو جاتی ہے۔
نکلے ہوئے دانت پھر اندر نہیں جاتے (ہ ار مثل) جو بھید کھل جاتا ہے وہ پھر نہیں چھپتا۔ گیا وقت پھر ہاتھ نہیں آتا۔ عزت برباد ہو کر پھر نہیں بندھتی۔
نکما (ہ) بے کار۔ بے مصرف۔ خالی۔ معطل۔ بے شکل۔ بُرا۔ خراب۔ ناچیز۔ حقیر۔
نکما کر دینا (ہ) کسی کام کا نہ رکھنا۔ ناکارہ کر دینا۔ خراب کر دینا۔
بگاڑ دینا۔ کسی قابل نہ رکھنا۔ بالکل بے کار اور معطل کر دینا۔
نکو (ہ) بڑی ناک والا۔ معزز۔ عزت والا۔ صاحب غیرت۔ رُسوا۔ بدنام۔ معیوب۔ داغی۔
نکو بنانا۔ یا۔ کرنا (ہ) رُسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔ انگشت نما کرنا۔ رُسوائے عام کرنا۔ نام نکالنا۔
نکوا (ہ امذ) سوئی کا چھید۔ سوئی کا ناکا۔ ترازو کی ڈنڈی کا سوراخ جس میں ڈوبیں ڈالتے ہیں۔
نکوہش (ف امذ) دھمکی۔ سرزنش۔ ملامت۔ جھڑک۔ ڈانٹ۔
نکوئی (ف امث) بھلائی۔ نیکی۔ اچھا سلوک۔ مہربانی۔ خوبی۔ عمدگی۔
نکھ (ہ امذ) ناخن۔ ذرہ۔ پاؤں کا ناخن۔ دوا کا نام۔ ابریشم۔ کچا ریشم۔ نخ۔
نکھ سکھ سے (ہ) پاؤں کے ناخن سے سر تک۔ سرتاپا۔ سر پاؤں سے۔
نکھ سکھ سے دُرست (ری) سر سے پاؤں تک بے عیب۔ سب طرح آراستہ و پیراستہ۔
نکھاد (ہ امذ) سب سے اُونچا اور بلند سر۔
نکھار (ہ امذ) اُجلاپن۔ صفائی۔ بناؤ سنگار۔ آرائش و زیبائش۔ زیب و زینت۔
نکھار کرنا (ہ) بناؤ سنگار کرنا۔ زیب و زینت کرنا۔
نکھارنا (ہ) اُجلا کرنا۔ صاف کرنا۔ میل دُور کرنا۔ میل کاٹنا۔
نکھت (ہ امذ) ہر مہینے کے پندرہ روز جن سے بارش کا حساب کرتے ہیں۔
نکہت (ع امث) خوشبو۔ مہک۔ سگندھی۔ مرزا نیاز علی بیگ دہلوی کا تخلص۔
نکھٹو (ہ) کچھ نہ کرنے والا۔ ناکارہ۔ ہیچ کارہ۔ نکما۔ سست۔ احدی۔ احمق۔ بے وقوف۔ نہایت مفلس۔ بالکل غریب۔ تنگدست۔
نکھٹو کی جورو سدا ننگی (ہ ار مثل) سست اور نکمے کے گھر میں ہمیشہ مفلسی ہی رہتی ہے۔
نکھٹو گئے ہاٹ منگائی ترازو لائے باٹ (ہ ار مثل) احدی آدمی ہمیشہ اُلٹے ہی کام کرتا ہے۔
نکھد (ہ) سب سے خراب۔ بڑا نکما۔ ناکارہ۔ بدتر۔ بہت ہی بُرا۔
نکھرا ہوا (ہ) صاف۔ ستھرا۔ اُجلا۔ بے میل۔ بنا ٹھنا۔
نکھرنا (ہ) صاف ہونا۔ میل سے دُور ہونا۔ بے میل ہونا۔ اُجلا ہونا۔ چمکنا۔ رُوپ نکلنا۔ رُوپ آنا۔ جوبن نکلنا۔ بننا۔ سنورنا۔ آراستہ ہونا۔
نکھنڈ (ہ) آدھا۔ بیچ۔ نیم۔ نصف۔ ٹھیک۔ عین۔
نکھنڈ آدھی رات ہے (ہ ار محاورہ) ٹھیک آدھی رات ہے۔
نکھری بزم (ہ ار مث) صاف ستھری اور آراستہ محفل۔
نکی (ہ امث) ناک میں بولنے والا۔ جوئے کی کوڑی۔ جوئے کا ایک داؤ۔ ایک قسم کا جوا۔
نکی موٹھ (ہ امث) ایک قسم کا جوا جو کوڑیوں سے کھیلا جاتا ہے۔

نکی آدا (ہ) لڑکوں کے ایک کھیل کا نام۔
نکیر (ع امذ) قبر میں سوال و جواب کرنے والا فرشتہ۔ منکر نکیر۔
نکیر کرنا (ا ر امص مرکب) روکنا۔ ٹوکنا۔
نکیرین (ع امذ) مُردے سے قبر میں سوال کرنے والے دو فرشتے۔
نکیل ہاتھ میں ہونا (ہ) قبضہ ہونا۔ قابو ہونا۔ اختیار ہونا۔ لگام ہاتھ میں ہونا۔
نکیلا (ہ) نوک دار۔ گاڈُم۔ نگاجرسا۔ بانکا ترچھا۔ خوبصورت۔ خوش وضع۔
نکیلاپن (ہ امذ) بانکپن۔ خوبصورتی۔ خوش وضعی۔
نکیلی (ہ) نکیلا کی تانیث۔ چو پیچ دار۔ خوبصورت۔ بانکی۔ طرح دار۔ وضع دار۔

ن - گ

نگ (ا امذ) نگینہ۔ انگوٹھی میں جڑنے کا قیمتی پتھر۔ پہاڑ۔ پربت۔ کوہ۔ جبل۔
نگ جڑنا (ا) نگینہ۔ چسپاں کرنا۔ نگینہ بٹھانا۔
نگ کی چوڑیاں (ا امث) ایک قسم کا نگینہ والی چوڑیاں۔
نگار (ف امذ) نقش کا مرادف۔ تصویر۔ مورت۔ بُت۔ مورتی۔ معشوق۔ محبوب۔ خوبصورت۔ مہندی کا وہ نقش جو عورتیں اپنے ہاتھوں پر بنا لیتی ہیں۔ زیب و آرائش۔ بناوٹ و سجاوٹ۔
نگار ارمنی (ف امث) فرہاد کی معشوقہ شیریں۔
نگار بندی (ف امث) حنا بندی۔ مہندی لگانا۔
نگار خانہ (ف امذ) تصویروں کا مکان۔ عجائب گھر۔ تصویر خانہ۔
نگارستان (ف امذ) فلم سٹوڈیو۔
نگارِ عالم (فع امذ) دُنیا میں سب سے زیادہ خوبصورت۔ نہایت خوش وضع۔
نگارش (ف) تحریر۔ لکھنا۔ نقشہ کشی۔
نگارین (ف) منسوب بہ نگار۔ مہندی لگا ہوا۔ مجازاً معشوق۔ دلبر۔ محبوب۔
نگاہ (ف امث) نظر۔ چتون۔ تیور۔ بصارت۔ آنکھ۔ چشم۔ شناخت۔ پرکھ۔ مداخلت۔ مہربانی۔ توجہ۔ اِلتفات۔ عنایت۔ خیال۔ اُمید۔ بھروسا۔ نظارہ۔ دید۔ چوکسی۔ رکھوالی۔ نظر بندی۔ نگرانی۔ خبرداری۔
نگاہ اُٹھا کر نہ دیکھنا (ا) نہایت مغرور ہونا۔ کسی کو خیال میں نہ لانا۔ بات نہ پوچھنا۔ بے رُخی کرنا۔ التفات اور توجہ نہ کرنا۔
نگاہ بد کرنا (ا ر امحاورہ) بُری نظر سے دیکھنا۔
نگاہ بدلنا (ا ر امحاورہ) ناخوش ہونا۔ بے توجہ ہونا۔
نگاہ پڑنا (ا) نظر آنا۔ دیکھنے میں آنا۔ دیکھا جانا۔

نگاہ پھرنا (ا) التفات نہ ہونا۔ بے توجہی ہونا۔ توجہ نہ رہنا۔ نظر کا اِدھر اُدھر دیکھنا۔
نگاہ چڑھنا (ا) نظر چڑھنا۔ جچنا۔ پسند خاطر ہونا۔ نظر میں سمانا۔
نگاہ رکھنا (ا) نظر رکھنا۔ توجہ رکھنا۔ دھیان رکھنا۔ خیال رکھنا۔ دیکھتے رہنا۔ پہچان رکھنا۔ شناخت رکھنا۔ حفاظت کرنا۔
نگاہ کرنا (ا) دھیان کرنا۔ دیکھنا۔ نظر کرنا۔ ملاحظہ کرنا۔ سوچنا۔ خیال کرنا۔ اندازہ کرنا۔ جانچنا۔ پرکھنا۔
نگاہ لڑانا (ا) نظر کا باہم ملانا۔ نظریں لڑانا۔ نظر بازی کرنا۔ آنکھیں لڑانا۔ دید بازی کرنا۔ نظر سے نظر ملانا۔
نگاہِ ناز (ف امث) معشوقانہ نظر۔ ناز و انداز کی نظر۔
نگاہِ مہر (ف امث) محبت اور پیار کی نظر۔ رحم کی نظر۔
نگاہداشت (ف امث) چوکسی۔ ہوشیاری۔ حفاظت۔ نگرانی۔ محافظت۔
نگاہ بان (ف امذ) چوکیدار۔ سنتری۔ پاسبان۔ محافظ۔ پہرے دار۔ خبر رکھنے والا۔ خبردار۔
نگاہبانی (ف امث) چوکیداری۔ پاسبانی۔ حفاظت۔ خبرداری۔
نگاہوں پہ چڑھنا (ا) نظروں میں کھُبنا۔ نظروں میں جچنا۔ نظر میں آنا۔
نگاہیں پھرنا (ا) رُخ پھرنا۔ توجہ نہ رہنا۔ کم توجہی ہونا۔
نگر (ہ امذ) شہر۔ قصبہ۔ بلدہ۔
نگرناری (ہ امث) بستی کی بہو بیٹیاں۔ مستورات شہر۔
نگرنائک (ہ امذ) بھاٹوں کا سردار۔ ڈوموں کا سردار۔
نگرّ (ہ) ٹھوس۔ بھاری۔ سخت۔ وزنی۔ مضبوط۔ پکا۔ بھرا ہوا۔ بڑا۔
نگران (ف) دیکھنے والا۔ ناظر۔ نگہبان۔ محافظ۔ منتظر۔ چشم براہ۔
نگرانی (ف امث) دیکھ بھال۔ خبر گیری۔ نگہبانی۔ حراست۔ اہتمام۔ اِنتظام۔
نِگلنا (ہ) ہڑپ کر لینا۔ حلق سے نیچے اُتار جانا۔ ڈکار جانا۔ سڑکو سنا۔ کھانا۔ ٹھونسنا۔ غبن کرنا۔ تغلب کرنا۔
نگم (س امذ) پاک۔ مقدس۔ آسمانی کتاب۔ عارف۔ ولی۔ صاحب دل۔
نگند (ہ امذ) ایک مستعمل خوش بوٹی کا نام۔
نگندنا (ا) نگندے ڈالنے۔ لمبے لمبے ٹانکے لگانا۔
نگندہ (ف امذ) لغت میں بخیہ۔ مگر اصطلاح میں رضائی یا لحاف میں روئی کے بچاؤ کے لیے لمبے ٹانکے اور ڈورے ڈورے سیون۔
نگندے ڈالنا (ا) روئی دار کپڑے میں لمبے لمبے ٹانکے بھرنا۔
نگوڑا (ہ) لنگڑا۔ لولا۔ اپاہج۔ نکما۔ کم بخت۔ بدقسمت۔ منحوس۔ چندرا۔ نامراد۔ اُجڑا۔ بچھڑا۔ محتاج۔ دست نگر۔ تنہا۔ اکیلا۔
نگوڑا ناٹھا (ہ) بے اولاد۔ لاوارثا۔ وہ شخص جس کے آگے پیچھے کوئی نہ ہو۔ بے زن و فرزند۔
نگوڑی (ہ) نگوڑا کی تانیث۔
نگوڑی ناٹھی (ہ امث) بے کس عورت۔ بے اولاد عورت۔

نگوں (ف) خمیدہ - جھکا ہوا - اُلٹا - اوندھا - لٹکا ہوا - واژون -
نگوں بخت (ف) بدقسمت - بے نصیب - بدنصیب -
نگون سار (ف) سر کے بل - اوندھا -
نگون ہمت (ف) بے ہمت - کم ہمت - پست ہمت -
نگہ (ف امذ) نگاہ کا مخفف - نظر - چتون -
نگہبان (ف) دیکھو نگاہبان -
نگہبانی (ف امث) دیکھو نگاہبانی -
نگینہ (ف امذ) نگ - قیمتی پتھر - نگین - جوہر - جواہرات - جسپان - موزون - ٹھیک بیٹھا ہوا - ہندوستان کے ایک شہر کا نام - کانچ کے بنے ہوئے نگ -
نگینہ ساز (ف اصف) جواہرات تراشنے والا -
نگینہ سازی (ف امث) نگینہ ساز کا کام یا پیشہ -
نگینہ کی چوڑیاں (ا امث) وہ چوڑیاں جن میں نگ جڑے ہوتے ہیں -

ن - ل

نل (ہ امذ) لوہے یا مٹی کا خالی نلوہ جو پانی کے لیے لگایا جائے - موٹی چیز - اندر سے کھوکھلی اور لمبی چیز - نال - بانس کا نلوہ - نرکل - سرکنڈا -
نل کنواں (ا امذ) وہ کنواں جس سے نل کے ذریعے پانی نکالا جائے - ٹیوب ویل -
نلا (ہ امذ) پیشاب کی نالی - موت کی ناڑی - ناف جیسے ایک پٹھے کا نام - پاؤں کی ہڈی - پنڈلی کی ہڈی -
نلا ٹلنا (ہ) ناف کا اپنی جگہ پر نہ رہنا - اِدھر اُدھر ہو جانا -
نلانا (ہ) کھیت میں سے گھاس پھونس دور کرنا - اکھاڑنا - نکالنا -
نلائی (ہ امث) نلانے کا کام - نلانے کی اُجرت - صفائی -
نلجا (ہ) بے لاج - بے شرم - بے غیرت -
نلوا (ہ امذ) نل کی تصغیر - چھوٹا سا نل - کاغذات وغیرہ رکھنے کے لیے ٹین یا پیتل کا بنا ہوا نل -
نلوانا (ہ) نلائی کرانا - کھیت کی صفائی کرانا -
نلوائی (ہ امث) کھیت نلانے کی اُجرت -
نلوہ (ہ) بے کوشش، صاف - بے گزند - خالص - مفت - بے آسیب - بلا مزاحمت مزا - نفع - خالص نفع - صاف - بے مشقت -
نلوہ جانا (ہ) صاف چلا جانا - بے روک ٹوک چلا جانا - بے گزند چلا جانا -
نلی (ہ امث) پنڈلی کی ہڈی - نَے - نال - بندوق کی نال - جولاہے کی نال -
نلے (ہ امذ) نلا کی جمع -
نلے ٹل جانا (ہ) ناف ٹل جانا - ناف سرک جانا - بیکل ہو جانا -
نلیا (ہ امذ) چڑی مار - صیاد - شکاری (امث) چھوٹی نلی - نال کی تصغیر -

ن - م

نم (ف امذ) رطوبت - سیل - تری - گیلاپن - گیلا - مرطوب -
نم گیر (ف اصف) نمی جذب کرنے والا -
نمناک (ف) طراوت دار - مرطوب - گیلا - بھیگا ہوا -
نما (ف) دکھانے والا - ظاہر کرنے والا - جیسے قطب نما وغیرہ -
نما (ع امذ) نشو و نما - بڑھنے کی قوت - بڑھانے والی طاقت -
نماز (ف امث) نیاز - عاجزی - انکساری - پرستش - خدمت - ٹہل - سیوا - جبہ سائی - سجدہ - اہل اسلام کی عبادت - صلوٰۃ -
نماز ادا کرنا (ا محاورہ) نماز پڑھنا -
نماز استسقا (ع امث) وہ نماز جس میں بارش ہونے کے لیے دعا مانگی جائے -
نماز با جماعت (ع امث) وہ نماز جو جماعت کے ساتھ پڑھی جائے -
نماز پڑھنا (ہ) فرض ادا کرنا - خدا کی عبادت کرنا - صلوٰۃ ادا کرنا -
نماز پنجگانہ (ف امث) پانچوں وقت کی نماز یعنی فجر - ظہر - عصر - مغرب - اور عشاء کی نماز -
نماز پیشین - یا - پختین (ف امث) ظہر کے وقت کی نماز - تیسرے پہر کی نماز - دن کی نماز -
نماز جنازہ (ع امث) مرے کی نجات کے لیے اس کی لاش پر جو نماز پڑھتے ہیں -
نماز چاشت (ف امث) وہ نماز جو طلوع آفتاب کے کچھ دیر بعد پڑھی جاتی ہے -
نماز خسوف (ع امث) چاند گرہن کے وقت کی نماز -
نماز خفتن } (ف امث) وہ نماز جو سوتے وقت پڑھتے ہیں - سونے
نماز عشاء } سے پہلے کی نماز -
نماز دیگر (ف امث) عصر کی نماز - ظہر کے بعد کی نماز -
نماز عیدین (ع امث) وہ نماز جو عید الفطر اور عید الضحیٰ کے روز پڑھی جاتی ہے -
نماز قصر (ع امث) سورج گرہن کے وقت کی نماز -
نماز قضا (ف امث) وہ نماز جو قضا ہو گئی ہو جو بروقت نہ پڑھی گئی ہو -
نماز کسوف (ع امث) سورج گرہن کے وقت کی نماز -
نماز کو بخشوانے گئے روزے گلے پڑے (ا مثل) ایک کام سے پیچھا چھڑانا چاہا تھا - دوسرا کام اور ذمہ پڑا -
نمازی (ف امذ) نماز پڑھنے والا - مصلی - پارسا - پرہیزگار -
نمازی کا ٹسکا (ا محاورہ) بدی کا بدلہ - فعل بد کی سزا - ایسی بات جس کا بدلہ مزدور بالضرور حل کر رہے -
نمازی کپڑے (ا امذ) پاک صاف کپڑے - ایسے کپڑے جن سے نماز پڑھ سکیں -
نماز شام (ا امث) جھٹ پٹے کا وقت - مغرب کی نماز کا وقت -
نمام (ع امذ) چغل خور - لُترا - سخن چین -
نمامی (ع امث) چغل خوری - غمازی -

نمانا (ہ) (نہ حرف نفی اور مانا بمعنی مان والا) مسکین ۔ غریب بھولا ۔ بھالا ۔ سیدھا ۔ سادا ۔ شرمالو ۔ شرمگیں ۔ بزدل ۔ ڈرپوک ۔

نمایاں (ف) ظاہر ۔ علانیہ ۔ پرگھٹ ۔ مشہور ۔ نامور ۔ فاش ۔ عیاں ۔ کھلا ۔ کھلا ہوا ۔ اُبھرا ہوا ۔

نمائش (ف ا مث) دکھاوا ۔ نمود ۔ ظہور ۔

نمائش گاہ (ف امث) صنعت و حرفت کی چیزوں کے دکھانے کی جگہ ۔ تماشا گاہ ۔ نمائش ۔ میلہ ۔

نمائشی (ا) دکھاوے کا ۔ ظاہر میں اچھا ۔

نمبر (انگریزی امذ) تعداد ۔ درجہ ۔ باری ۔ نوبت ۔ ملبر ۔

نمت (س امذ) سبب ۔ لیے ۔ واسطے ۔ باعث ۔ کارن ۔ نصیب ۔ حصّہ ۔ بھاگ ۔ مراد ۔ منشا ۔

نمٹانا (ہ) چکانا ۔ بھگتانا ۔ بے باق کرنا ۔ خالی کرنا ۔ فرصت پانا ۔ کام پورا کرنا ۔ کام ختم کرنا ۔ انجام کو پہنچانا ۔ فراغت پانا ۔

نمٹا ہوا (ہ) بھگتا ہوا ۔ تجربہ کار ۔ جہاں دیدہ ۔

نمٹنا (ہ) فرصت پانا ۔ فارغ ہونا ۔ آزاد ہونا ۔ چھٹنا ۔ بھگتنا ۔ بھگتان کرنا ۔

نمیڑا (ہ امذ) بے باقی ۔ بھگتان ۔ ادائیگی ۔ فرصت ۔ نجات ۔ چھٹکارا ۔ تکمیل ۔ انجام ۔

نمچھا (ہ امذ) نوجوان ۔ گبرو ۔ وہ شخص جس کی مونچھیں نہ ہوں ۔

نمد (ف امذ) نمدہ ۔ اون یا پشم کا بستر ۔ ملائم بالوں کا بستر ۔

نمد پوش (ف امذ) کمل پوش ۔ بھیڑیا پوستین پہننے والا ۔

نمد زین (ف امذ) زین کے نیچے گھوڑے کی پشت پر ڈالنے کا نمدہ ۔

نمدہ (ف امذ) نمد ۔ وہ اونی کپڑا جو گھوڑوں پر ڈالتے ہیں ۔

نمدہ بندھ جانا (ا) مفلس ہو جانا ۔ دیوالہ نکل جانا ۔

نمدہ بندھوانا (ا امحاورہ) دیوالیہ نکال دینا ۔ قلاش اور مفلس کر دینا ۔

نمرود (ف امذ) ایک کافر بادشاہ کا نام جس نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالا تھا اور وہ آگ خدا کے حکم سے گلزار ہو گئی تھی ۔ مجازاً کافر ۔ ظالم ۔ سخت ۔ بے دین ۔ پرلے درجے کا کافر ۔

نمستے (ہ امذ) بندگی ۔ تسلیم ۔ آداب ۔ کورنش ۔

نمسکار (س امث) سجدہ ۔ ڈنڈوت ۔ کورنش ۔ بندگی ۔ تسلیم ۔

نمسکار کرنا (س امث) سلام کرنا ۔ بندگی کرنا ۔ رام رام کرنا ۔

نمش (ا امث) دودھ کی جھاگ میں مصری ملائی ہوئی قلفی ۔

نمط (ع امذ) رنگین فرش یا بچھونا ۔ دستور ۔ قاعدہ ۔ طریقہ ۔ ڈھنگ ۔ وضع ۔ قطع ۔ طور ۔

نمک (ف امذ) نون ۔ لون ۔ کھار ۔ کھاری پن ۔ شور ۔ نمکینی ۔ ملاحت ۔ سانولا پن ۔ مجازاً روزی ۔ روزینہ ۔ تنخواہ ۔ سلونی چیز کا ذائقہ ۔

نمک افشاں (ف اصف) نمک چھڑکنے والا ۔ دُکھ دینے والا ۔

نمک آلود (ف اصف) وہ چیز جس کو نمک میں غلطاں کیا ہوا ۔

نمک بند (ف امذ) وہ زخم جس میں نمک بھر کر بند کر دیں ۔

نمک پاشی کرنا (ا) نون چھڑکنا ۔ نمک لگانا ۔ ستانا ۔ جلانا ۔ تکلیف دینا ۔

نمک پروردہ (ف امذ) روٹیوں کا پلا ہوا ۔ خانہ زاد ۔ کسی کے ٹکڑے کھا کر پلا ہوا ۔ نوکر ۔ خادم ۔ غلام ۔

نمک پھوٹ کر نکلنا ۔ پھوٹ پھوٹ کر نکلنا (ا) سارا کھایا پیا پھوڑے پھنسیوں کے رستے نکلنا ۔ نمک حرامی کی سزا ملنا ۔

نمک چش (ف اصف) نمک چکھنے والا ۔

نمک چشی (ف امث) نمک چکھنا ۔ نمک دیکھنا ۔ ذائقہ ۔ لذت ۔ مزہ ۔ چاشنا ۔ چہول ۔ پہلے پہل ۔ بچے کو چٹانے کی رسم ۔

نمک چکھانا (ا ا محاورہ) کھانا چکھانا تاکہ کھانے میں نمک کی کمی بیشی معلوم ہو ۔

نمک چھڑکنا (ا) لون لگانا ۔ تنگ کرنا ۔ ستانا ۔ جلانا ۔ تکلیف دینا ۔

نمک حرام (نع) ناشکرا ۔ بے وفا ۔ بے مروت ۔ سرکش ۔ محسن کش ۔ وہ شخص جو نیکی کے عوض بدی کرے ۔

نمک حرامی (ا امث) بے وفائی ۔ ناشکری ۔ دغابازی ۔ بے مروتی ۔ بغاوت ۔ حرام خوری ۔

نمک حلال (نع) شکر گزار ۔ آقا کا خیر خواہ ۔ احسان مند ۔ حق شناس ۔

نمک حلالی (ا امث) خیر خواہی ۔ شکر گزاری ۔

نمک حلالی کرنا (ا امعں مرکب) اپنے مالک کی خیر خواہی اور ہمدردی کرنا ۔

نمک خوار (ف امذ) غلام ۔ خانہ زاد ۔ نمک پروردہ ۔ ملازم ۔ نوکر ۔

نمک خوردن و نمکدان شکستن (ف اشل) محسن کشی کرنا جس کا کھانا اسی کو نقصان پہنچانا ۔ جس ہانڈی میں کھانا اسی میں چھید کرنا ۔

نمک دان } (ف امذ) نمک رکھنے کا برتن ۔
نمک دانی } پسا ہوا نرم رکھنے کا ظرف ۔

نمک سار (ف امذ) نمک پیدا ہونے کی جگہ ۔ نمک کی کان ۔ نمکین ۔ سلونا ۔

نمک زہر کر دینا (ا امحاورہ) بہت سا نمک ڈال دینا ۔

نمک سنگ (ف امذ) ایک قسم کا نمک ۔

نمک سود (ف اصف) وہ چیز جس میں نمک چھڑکا گیا ہو ۔

نمک کا اثر (ا امذ) وہ اثر جو کسی کی دی ہوئی روزی کھانے سے ہو ۔

نمک کا حق ادا کرنا (ا) وفاداری کرنا ۔ نمک حلال کرنا ۔

نمک کی کنکری حرام ہونا (ا) بالکل فاقے سے رہنا ۔ نمک تک منہ میں نہ جانا ۔

نمک کی مار پڑنا (ا) نمک حرامی کی سزا ملنا ۔ نمک پھوٹ پھوٹ کر نکلنا ۔

نمک مرچ لگانا (ا) چٹکیلا بنانا ۔ مزے دار بنانا ۔ بات بڑھا کر کہنا ۔ مبالغہ کرنا ۔ جلانا ۔ بھڑکانا ۔ اُکسانا ۔ چھیڑنا ۔

نمکین (ف) سلونا ۔ نمک دار ۔ چٹ پٹا ۔ سانولا ۔ ملیح ۔ سیام برن ۔ تیز ۔ چرپرا ۔ کھارا ۔ کھاری ۔ شور ۔

نمکینی (ا امث) سلونا پن ۔ ملاحت ۔

نمگیرہ (ف امذ) وہ کپڑا جو اوس کی نمی سے بچنے کے لیے پلنگ پر چھت گیری کی طرح لگا دیتے ہیں ۔ مجازاً سائبان ۔ شامیانہ ۔ شہ بالا

نمناک (ف) نمدار ۔ گیلا ۔ سیلا ۔ تر ۔ مرطوب ۔

نمو (ع امذ) بڑھنا ۔ اُگنا ۔ اضافہ ۔ افزائش ۔ بالیدگی ۔ روئیدگی ۔

نمُود (ف/مث) دکھاوا - اظہار - ظہور - بالیدگی - علامت - آثار - نشان - قبر کا نشان - ڈھیر - نظارہ - درشن - دید - دیدار - جلوہ - تجلی - ظہور - وجود - ہستی - قیام - پیدائش - مخلوق - کائنات - شہرت - ناموری - شیخی - لاف - ڈینگ - تعلّی - صُورت - ہیئت - شان و شوکت - کرّوفر - دھاک - ہوا -

نمُود کرنا (ل) شیخی بگھارنا - ڈینگ مارنا - اِترانا - تعلّی کرنا -

نمُود ہونا (ل) ظاہر ہونا - دکھائی دینا - اُبھرنا - اُگنا - نمُو ہونا - صُورت پکڑنا - وجُود ہونا - ہستی ہونا - نام ہونا - شہرت ہونا - اعلان ہونا - شیخی ہونا - ڈینگ ہونا - فروغ ہونا - عزّت ہونا - چمکنا - آثار قائم رہنا - علامت یا نشان موجود ہونا -

نمُودار (ف) پرگھٹ - عیاں - ظاہر - آشکارا -

نمُودار ہونا (ل) لازم - پرگھٹ ہونا - ظاہر ہونا - عیاں ہونا - سامنے آنا - باہر آنا - برآمد ہونا - طلوع ہونا -

نموذج (ع) نمُونہ -

نمُونہ (ف/مذ) بانگی - نظیر - مثال - سانچا - ڈھانچا - قالب - نقل - نقشہ - ڈول - قطع -

نمُونیا (انگریزی/مذ) ذات الجنب - ایک بیماری کا نام ہے جس میں پھیپھڑا خراب ہو جاتا ہے -

نمُوہا (ہ/مذ) (ن حرفِ نفی اور مرہا بمعنی مُنہ والا) کم زبان - چُپ - کم گو - خاموش - مجازاً غریب -

نمُوہی (ہ/مث) کم گو - کم سخن - چُپ چاپ - خاموش -

نمی (ف/مث) رطوبت - تری - گیلا پن -

نمیقہ (ع/مذ) چٹھی - خط - نامہ - نوشتہ - تحریر - مرقُومہ -

ن - ن

ننّا (ہ) چھوٹا - خرد - کم - ٹھِنگنا - پستہ قد - ننّھا - نادان - بے وقوف - بچہ - ناسمجھ - مجازاً لاڈلا - پیارا -

ننّا بھولا (ا/صف) نادان - کم عقل -

ننّا کاتنا (ہ) باریک سُوت کاتنا - بہت کفایت چاہنا - جزرس ہونا - کنجوس ہونا - تنگدل اور بخیل ہونا -

ننّا سا مُنہ گز بھر کی زبان (ا/مثل) چھوٹا مُنہ - بڑی بات -

ننّا مُنّا (ہ) بہت ہی چھوٹا - نہایت خرد -

ننانوے (ہ) نوّے اور نو - ایک کم سو - نود و نہ - ٩٩ -

ننانوے کے پھیر میں آنا - یا - پڑنا (ہ) لالچ کے باعث تکلیف میں پھنسنا - روپیہ بڑھانے کی فکر میں پڑنا -

ننانواں (ہ/مذ) نام نہ لینے کے قابل - وہ چیز جس کا نام لینا اچھا نہ ہو - ہیضہ کی بیماری - وہ آدمی جس کی بدی کے باعث اُس کا نام نہ لیں - مُنہ کا چھالا - تبخالہ -

ننانویں (ہ/مث) وہ چیز جس کے نام لینے کو بُرا سمجھیں - چڑیل - بچھلپائی - مجتنی - بخیل اور کنجوس عورت - سورۂ یٰسین جو مرتے وقت سناتے ہیں - ناک کے کیڑے جھڑنے کی بیماری -

نن پن (ا/صف) ننھا پن -

نَند (ہ/مث) خاوند کی بہن - خواہر شوہر -

نَند (ہ/مذ) کرشن جی کے پالنے والے باپ کا نام - جسے نند مہر بھی کہتے ہیں -

نِندا (ہ/مث) بُرائی - عیب - بدگوئی - ہجو - غیبت -

نِندا کرنا (ہ) غیبت کرنا - بدگوئی کرنا - ہجو کرنا - پیٹھ پیچھے بُرا کہنا -

نِندا سا (ہ) اُنیندا - خواب آلُودہ - بے خواب -

نِندڑیاں (ہ/مث) نیند کی تصغیر -

نَندن (ہ/مذ) بیٹا - پُوت - فرزند - پسر - جیسے اُودی نندن -

نِندوسا (ہ/صف) نیند سے بھرا ہوا - خواب آلُود -

نِندولا (ہ/مذ) ناند کی تصغیر - مٹی کا کُونڈا -

نندوئی - یا - نندوئیا (ہ/مذ) نند کا خاوند - شوہر کا بہنوئی -

نَندی (ہ/مث) دیکھو نند بمعنی خواہر شوہر -

نَندیا (ہ/مث) نندی کی تصغیر -

نِندیا (ہ/مث) نیند کی تصغیر بہ الف ہے -

ننگ (ف/مذ) شرم - لحاظ - غیرت - حیا - عیب - کلنک - رُسوائی - ذِلت - بدنامی - سُبکی - فضیحت -

ننگِ آدمی (ف/صف) بنی نوعِ انسان کے لیے شرم کا باعث -

ننگِ خاندان (ف) خاندان کو بٹّا لگانے والا خاندان کو بدنام کرنے والا - باعثِ عار - کلنک کا ٹیکا -

ننگِ مخلوق - یا - خلائق (ف ع) دُنیا کی بدنامی کا مُوجب - باعثِ شرمِ عالم - تمام دُنیا کی بدنامی اور ذِلت کا سبب -

ننگ و نامُوس } (ف/مث) حیا و شرم - غیرت و لحاظ - عزّت و حرمت -
ننگ و نام } حمیّت و حیا - پاک دامنی اور عفت -

ننگ (ہ/مذ) ننگا - برہنہ - عُریاں - شُہدا - لُچّا - بے حیا - بے شرم - قلاش - نہایت کنگال - بالکل مُفلس -

ننگ دھڑنگ (ہ/مذ) بالکل ننگا - بالکل برہنہ - نہایت بے شرم - بڑے درجے کا بے حیا - قلاش - مُفلس -

ننگا کرنا - یا - کر دینا (ہ) برہنہ کرنا - کپڑے اُتار لینا - زیور چھین لینا - لُوٹ لینا - کچھ نہ چھوڑنا -

ننگا لُچّا (ہ) بے ننگ و نام - نہایت شُہدا - غریب - مُفلس - بے ساکھ آدمی -

ننگا مادرزاد } (ہ) بالکل ننگا - ایسا ننگا جیسا کہ ماں کے پیٹ سے
ننگا الف } پیدا ہوتا ہے - الف کی طرح ننگا لٹھ - چٹم ننگا -

ننگانا (ا/مص) خُوب لُوٹنا -

ننگوں کو بھُوکوں نے لُوٹ لیا (ہ/مثل) دونوں یکساں ہو گئے - چوروں کے گھر مور پڑ گئے - بدمعاشوں کی خیر بدمعاشوں نے لے لی -

ننگے پاؤں - یا - ننگے پیروں (ہ) جُوتی پہنے بغیر - پا برہنہ -

ننگے پاؤں ننگے سر (ہ) پریشان حال ۔ سَر اور پاؤں سے ننگا ۔
ننگی (ہ/مث) برہنہ ۔ عُریاں ۔ بے زیور ۔ بن گہنے پاتے ۔ مُفلس ۔ نادار ۔ تہی دست ۔
ننگی تلوار (ہ/مث) میان سے نکلی ہوئی تلوار شمشیر برہنہ ۔ بے خوف ۔ نڈر ۔ بے باک ۔ آزاد ۔ صاف گو ۔
ننگی دھڑنگی (ہ/مث) برہنہ ۔ بالکل ننگی ۔
ننگی شمشیر (ہ/مث) ننگی تلوار ۔ بے خوف ۔ نڈر ۔ بے محابا ۔ صاف گو ۔ با جلال ۔ صاحب تاثیر تقریر ۔ ستونتی ۔ ستیاستی ۔ با عفت و عصمت ۔
ننگی ناچنا (ا/ محاورہ) عورت ہو کر لُچپن کرنا ۔
ننگی کیا نہائے گی کیا نچوڑے گی (ہ/ مثل) غریب مُفلس ۔ اگر حوصلہ بھی رکھے تو خرچ کیا کرے گا ۔ کنگال کی کچھ حقیقت نہیں ہوتی ۔
ننگی لُچی (ہ/مث) بے جامہ و بے زیور عورت ۔ مُفلس ۔ کنگال ۔ برہنہ ۔
ننھّا (ہ/مذ) دیکھو ننّا ۔
ننھال (ہ/مث) نانا کا گھر ۔ ماں کے باپ کا خاندان ۔ نانی کا گھر ۔
ننّھے میاں (ا/مذ) چھوٹے صاحب ۔ چھوٹے میاں ۔ چھوٹے آقا ۔ عورتوں کے ایک فرضی ولی یا جن کا نام ۔
ننّھے ننّھے ۔ یا ۔ ننھے ننھے (ہ) چھوٹے چھوٹے ۔ نہایت خُرد ۔
ننّھی ۔ یا ۔ ننھی (ہ) چھوٹی ۔ خُرد سالہ ۔ لڑکی ۔ بالی ۔ ادنیٰ ۔ کمینہ ۔ نیچ ۔ نادان ۔ ناسمجھ ۔ بے وقوف ۔ انجان ۔
ننیانا (ا/مص) منت کرنا ۔ عاجزی کرنا ۔

ن ۔ و

نَو (ہ) ایک کم دس ۔ نُہ ۔ نو ۔
نو باتیں چھونا (ہ) اصل ۔ نبات چھونا یعنی مصری چھونا کا بگاڑ ۔ مسلمانوں کی ایک رسم کہ شادی کے روز دُلہن کے دونوں مونڈھوں ۔ کہنیوں ۔ گھٹنوں ۔ ہاتھوں اور پیٹھ پر مصری کی ڈلیاں رکھ کر دُولہا سے چھواتے ہیں اور کھلواتے ہیں ۔ یہ فرمانبرداری کا ٹوٹکا اور امتحان خیال کیا جاتا ہے ۔
نَو تیرہ بائیس بتانا (ہ) لیت و لعل کرنا ۔ جیلے حوالے بنانا ۔ ٹالنا ۔
نو تیری (ہ/مث) ایک قسم کا جُوا جو پاسوں سے کھیلا جاتا ہے ۔
نوٹنکی (ہ/مث) ایک قسم کا ناچ تماشا جس میں اکثر ہندوؤں کے تاریخی واقعات کا چربہ اُتارا جاتا ہے ۔
نوجیہ (ف) نوجوان ۔
نوراترے ۔ یا ۔ نوراتنے (ہ/مذ) دُرگا دیوی کی پُوجا کے نو دن جیسے نو نوراتنے ۔ دسواں دسہرہ ۔
نَورتن (ہ/مذ) نو جواہر ۔ نو قسم کے جواہرات ۔ نو عقل مندوں کی جماعت جیسے اکبری نورتن ۔ یعنی ابوالفضل وغیرہ ۔ ایک قسم کی عُمدہ چٹنی ۔ ایک قسم کا سالن ۔
نو سو چوہے کھا کر بلی حج کو چلی (ہ/ مثل) ساری عُمر گناہ کمائے آخر میں پرہیزگار بن بیٹھے ۔
نو کھنڈ (ہ/مذ) رُوئے زمین کے نو بڑے بڑے حصے ۔ ہندی تقسیم کے مطابق زمین کے نو قطعے ۔
نوگرہ (ہ/مذ) نو ستاروں کی گردش اور اُن کا اثر ۔ جنم پتری کے نو ستارے ۔
نوگُٹی (ا/مث) ایک کھیل جس میں زمین پر چند خانے بنا کر ۹ ٹھیکریوں سے کھیلتے ہیں ۔
نولکھا (ہ) نو لاکھ روپے کی قیمت کا ۔ نہایت بیش قیمت ۔ بیش بہا ۔
نولکھا ہار (ہ/مذ) نہایت بیش قیمت ہار ۔ نو لاکھ روپے کی قیمت کا ہار ۔
نولکھا ہار پہنانا (ا/ محاورہ) نہال کر دینا ۔ مالامال کر دینا ۔
نوماسہ (ہ/مذ) وہ رسم جو حمل کے نویں ماہ میں ادا کی جاتی ہے ۔
نو میں نہ تیرہ میں (ہ/ محاورہ) کسی شمار اور گنتی میں نہیں ۔ کوئی ہستی نہیں ۔ شمار سے باہر غریب کو کوئی نہیں پوچھتا ۔
نوندھ بارہ سدھ ہو جانا (ہ/ محاورہ) نہایت بامُراد ہو جانا ۔ مُراد حاصل ہو جانا ۔ کام حسب منشا ہو جانا ۔
نو نقد نہ تیرہ اُدھار (ا/ محاورہ) قرض کے تیرہ سے نقد کے نو اچھے ۔ دیر کے بہت ملنے سے دست تھوڑے ہی مل جانا بہتر ہے ۔
نونگا (ہ/مذ) بازوؤں کا ایک زیور جس میں نو نگینے جڑے ہوتے ہیں ۔
نو نیزے پانی چڑھانا (ا/ محاورہ) طول دینا ۔ لڑائی جھگڑے کو طول دینا ۔
نو (انگریزی) حرفِ نفی ۔ نہیں ۔ نا ۔ نہ ۔
نَو (ف) نیا ۔ تازہ ۔ جدید ۔ نئی رُت کا ۔ کُہنہ کی ضد ۔
نوآباد (ف) ابھی بسایا ہوا ۔ نو توڑ زمین ۔ تازہ قابلِ زراعت ۔
نوآموز (ف) شروع کرنے والا ۔ سیکھنے والا ۔ مبتدی ۔ کچا ۔ اناڑی ۔ ناتجربہ کار ۔ خام ۔
نوباوہ (ف/مذ) نیا پودا ۔ نیا میوہ ۔ نیا درخت ۔ نئی چیز ۔ طُرفہ ۔ تحفہ ۔
نَوبنو (ف) نئی رُت کا ۔ ابھی کا ۔ تازہ بتازہ ۔
نوبہار (ف/مث) بہار کا شروع ۔ بسنت رُت کا آغاز ۔ مجازاً موسم بہار ۔ بسنت رُت ۔
نو توڑ (ا/مث) تازہ توڑی ہوئی زمین ۔ وہ زمین جس میں ابھی کاشت شروع کی ہو ۔
نَوجوان (ف/مذ) گبرو ۔ نو عُمر ۔ پٹھا ۔ جس کے ابھی داڑھی نہ نکلی ہو ۔
نَوجوانی (ف/مث) نو عُمری ۔ بلُوغ ۔ عالمِ شباب ۔
نوچندہ (ا/مذ) وہ دن جو چاند کے دُوسرے روز واقع ہو ۔
نوچندی (ا/مث) چاند کے دُوسرے دن کی جمعرات ۔ چاند رات کی پہلی جمعرات ۔
نوخاستہ ۔ یا ۔ نوخیز (ف) نوجوان ۔ نو عُمر ۔ پٹھا ۔

نوخط (ع امذ) وہ نوخیز جوان جس کی مسیں بھیگتی ہوں۔ سبزہ آغاز۔
نودولت (ع) تازہ نواب۔ وہ شخص جسے ابھی دولت ملی ہو۔
نوروز (ف امذ) نیا دن۔ نیا سال شروع ہونے کا پہلا دن۔
نوروزی (ف) منسوب بہ نوروز۔ نوروز کا۔ نوروز سے متعلق۔
نوشہ (ف امذ) نیا بادشاہ۔ مجازاً دولہا۔ بنڑا۔ مرزا غالب کا لقب۔
نوعمر (ع امذ) بالا۔ نوجوان۔ خرد سال۔ کم سن۔
نوگرفتار (ف امذ) نیا پکڑا ہوا۔ جنگلی۔ تازہ گرفتار۔
نومسلم (ع امذ) نیا مسلمان۔ غیر مذہب کا وہ آدمی جس نے ابھی اسلام قبول کیا ہو۔
نومشق (ع امذ) سیکنتھرٹ۔ ناتجربہ کار۔ نوآموز۔ مبتدی۔ اناڑی۔
نونہال (ف امذ) درخت کا نیا پودا۔ نوجوان۔ گبرو۔ نوعمر۔
نووارد (ع امذ) اجنبی۔ مسافر۔ ابھی کا آیا ہوا۔ تازہ ولایت۔
نوا (ف امث) سُر۔ لے۔ راگ۔ سُرود۔ آواز۔ گیت۔ ندا۔ کوک۔
نالہ۔ صدا۔ خوراک۔ روزی۔ وظیفہ۔ مبتلا۔ گرفتار۔ پابند۔
فرزند۔ پوتا۔ نبیرہ۔
نوا (ہ امذ) نائی۔
نواب (ع امذ) مبالغہ۔ بہت نیابت کرنے والا۔ رئیس۔ حاکم۔ سردار۔
عامل۔ عزت کے لیے شاہی خطاب۔ نائب السلطنت۔ والسرائے۔
فضول خرچ۔ شیخی میں آجانے والا۔ نیا امیر۔ نودولت۔
نواب بننا (ا/ محاورہ) نواب کا خطاب ملنا۔ کسی علاقے کا حاکم ہوجانا۔
نواب بے ملک (ع امذ) دولت بغیر نوابوں جیسا دماغ رکھنے والا۔
امیری کی شیخی مارنے والا۔ نودولت۔
نواب زادہ (ع ف امذ) نواب کا بیٹا۔
نوابی (ف امث) نیابت۔ نظامت۔ قائم مقامی۔ حکومت۔ ریاست۔
امیری۔ دولت مندی۔ نواب پنا۔ فضول خرچی۔ اسراف۔
بدانتظامی۔ طوائف الملوکی۔
نوابی ٹھاٹھ (ا/ امذ) رئیسانہ ساز و سامان۔ امیرانہ ٹھاٹھ۔
نوابی کرنا (ا) حکومت کرنا۔ امیری کرنا۔ عیش اڑانا۔ امیرانہ طور سے رہنا۔ حد سے بڑھ کر چلنا۔
نواح (ع امث) ناحیہ کی جمع۔ اطراف۔ جوانب۔ اضلاع۔ مضافات۔
نوادر (ع امث) نادرہ کی جمع۔ عجیب چیزیں۔ نادر اشیاء۔
عجائب و غرائب۔
نوار (ا امث) مخالفت۔
نوارنا (ا امص) آوارہ پھرنا۔ سیر کرنا۔ سفر کرنا۔
نواڑ (ا امث) پلنگ بُننے کا موٹا اور چوڑا فیتہ۔
نواڑا (ہ امذ) چھوٹی کشتی۔ چھوٹی سی ناؤ۔ بجرا۔
نواڑا کھیلنا (ہ) بجرے پر سوار ہوکر دریا کی سیر کرنا۔
نوازش (ف امث) مہربانی۔ عنایت۔ بخشش۔ لطف و کرم۔
نوازش کرنا (ا) مہربانی کرنا۔ عنایت کرنا۔ مدد کرنا۔ پرورش کرنا۔

نوازنا (ا) سربلند کرنا۔ عزت دینا۔ پالنا پوسنا۔ پیار کرنا۔ بخشنا۔
انعام دینا۔ پرورش کرنا۔ ممتاز فرمانا۔
نواس (ہ امذ) مکان۔ گھر۔ خانہ۔ محل۔ مقام۔ حویلی۔ مسکن۔ ٹھکانا۔
نواسہ (ف امذ) بیٹی کا بیٹا۔ دختر زادہ۔ ناتی۔
نواسی (ا امث) بیٹی کی بیٹی۔ دختر زادی۔
نواسی (ہ) نو اور اسی۔ ایک کم نوے۔ ہشتاد و نہ۔ ۸۹ - ۸۹۔
نواسیر (ع امث) ناسور کی جمع۔ وہ زخم جو اچھے نہ ہوں۔ مقعد کا ناسور۔
نواصب (ع امذ) ناصبی کی جمع۔ مسلمانوں کا ایک گروہ جو حضرت علیؓ سے دشمنی رکھتا ہے۔
نوافل (ع امذ) نافلہ کی جمع۔ مطلب سے زیادہ چیزیں۔ فرض اور سنت کے بعد کی زائد رکعتیں۔
نوال (ع امث) مہربانی۔ عنایت۔ کرپا۔ کرپا۔ بخشش۔ عطا۔ داد و دہش۔
نوالہ (ف امذ) لقمہ۔ گراس۔ لقمہ کے برابر چیز۔ ذرا سی شے۔
نوالہ اگلنا (ا/ محاورہ) منہ سے لقمہ نکال دینا۔
نوالہ حلق میں پھنسنا (ا/ محاورہ) گلے میں لقمہ اٹک جانا۔
نوالہ نگلنا (ا/ محاورہ) نوالہ کا حلق کے نیچے اتارا جانا۔
نوالہ کرنا۔ یا۔ مارنا (ا) چٹ کرنا۔ کھانا۔ نگلنا۔ ہڑپ کرنا۔
لقمہ کر جانا۔
نوامید۔ نومید (ف) مایوس۔ نا امید۔ نراس۔
نوامیدی } (ف) نراس پن۔ مایوسی۔
نومیدی } نا امیدی۔
نواں (ہ) نہم۔ نویں درجے کا۔
نواں (ہ) نیچا۔ جھکا ہوا۔ خمیدہ۔
نوانا (ہ) جھکانا۔ خمیدہ کرنا۔ موڑنا۔
نواہی (ع امث) نہی کی جمع۔ ناجائز باتیں۔ ممنوعات۔ غیر مباح باتیں۔
نوائی (ہ) گرم۔ تتی (مؤنث) گرمی۔ حدت۔ حرارت۔
نوایا (ہ) گرم۔ تتا۔ حرارت دار۔ محرور۔
نوائب (ع امث) نائبہ کی جمع۔ حادثے۔ تکالیف۔ مصیبتیں۔ زحمتیں۔
نوبت (ع امث) باری۔ کسی چیز کا وقت۔ وقت مقررہ سا۔ دفعہ
(فارسی میں) حالت۔ درجہ۔ عالم۔ کیفیت۔ نقارہ۔ ڈھولسا۔
دمامہ۔ باجہ۔ مہلت۔ فرصت۔ وقفہ۔ موقع۔ قابو۔ واقعہ۔
سانحہ۔ حادثہ۔ مصیبت۔ چوکی۔ پہرہ۔ پاسبانی۔ نگرانی۔
چوکیداری۔ نگہبانی۔ خیمہ۔ ڈیرہ۔ خرگاہ۔
نوبت آنا (ا) باری آنا۔ دوسرا آنا۔ نمبر آنا۔
نوبت بجنا (ا) نقارہ بجنا۔ شادی ہونا۔ بیاہ رچنا۔ شادیانہ بجنا۔
نوبت بنوبت (ف) باری باری سے۔ ایک کے بعد ایک۔ یکے بعد دیگرے۔
نوبت بہ اینجا رسید (ف/ مثل) یہاں تک نوبت پہنچی۔
نوبت پہنچنا (ا) باری آنا۔ موقع آنا۔ حالت یا درجہ پہنچنا۔
نوبت خانہ (ف امذ) نقارخانہ۔ نوبت بجنے کا مکان۔

نوبت زن (ف/صف) نقارچی۔
نوبت کا بخار (ا/مذ) باری کا تپ۔ تیئیا یا چوتھیا بخار۔
نوبت کو پہنچنا (ل) حالت کو پہنچنا۔ گت ہونا۔ نگتی ہونا۔
نوبت کی ٹکور (ا/مث) نوبت یا ڈنکے کی آواز۔
نوبت گاہ (ف) پہرے کی جگہ۔ حوالات۔ بندی خانہ۔ نوبت خانہ۔ نقارخانہ۔
نوبتی (ف) نوبت کا۔ باری کا (مذکر) نوبت بجانے والا۔ نقارچی۔ سنتری۔ چوکی دار۔ پہرے دار۔ کوتل گھوڑا۔ خالی گھوڑا۔ بڑا خیمہ شاہی۔ باری دار۔ دربان۔
نوتا (ہ/مذ) نیوتا۔ وہ نقدی جو شادی میں صاحب خانہ کو بطور رسم دی جاتی ہے۔ بلاوا۔ دعوت مطلب۔
نوتنا (ہ) بلاوا دینا۔ بلا بھیجنا۔ مدعو کرنا۔ طلب کرنا۔ شادی کا بلاوا دینا (مذکر) نیا پودا۔ نیا بوٹا۔ نیا درخت۔ نوجوان آدمی۔
نوتنی (ہ/مث) شادی کے وقت نیوتنہ والوں کی ضیافت۔ نئی اُگی ہوئی شاخ۔ نئی نکلی ہوئی ٹہنی۔ نہایت شاداب شاخ۔
نوتاری۔ یا۔ نوتھاری (ہ/مذ) بلایا ہوا مہمان۔ مہمان خوانده۔
نوٹ (انگریزی/مذ) وہ سرکاری کاغذ جو سکہ کی جگہ رائج ہے۔ ہنڈی۔ پرمیسری۔ نوٹ۔ یادداشت۔ ٹانک لینا۔ پرچہ۔ چٹھی۔ ہاتھ کا لکھا ہوا رقعہ۔ حاشیہ۔ جو کسی کتاب پر چڑھایا جائے۔ تشریح۔ شرح۔ تفسیر۔ سند۔ تمسک۔ دستاویز۔
نوٹ بک (انگریزی/مث) کتاب یادداشت۔ بیاض۔ کاپی۔ یادداشت۔
نوٹ پیپر (انگریزی/مذ) چٹھی کا کاغذ۔ خط لکھنے کا کاغذ۔
نوٹ جاری کرنا (ا/محاورہ) حکومت کی طرف سے نوٹوں کا اجرا کرنا۔
نوٹ کرنا (ل) یادداشت میں لکھنا۔
نوٹ لینا (ل) یادداشت میں لکھنا۔ درج یادداشت کرنا۔ ٹانکنا۔
نوحؑ کا طوفان (ا/محاورہ) وہ طوفان جو حضرت نوح علیہ السلام کے وقت آیا تھا۔
نوج (ل) کلمۂ دُعا (نعوذ کا بگاڑ) ایسا نہ ہو۔ خدا نہ کرے۔ مُبادا۔ خدانخواستہ۔
نوچا نوچی (ہ/مث) چھینا جھپٹی۔ کھسوٹا کھسوٹی۔
نوچ کھسوٹ (ہ/مث) لوٹ مار۔ غارت گری۔
نوچنا (ہ) پنجہ مارنا۔ ٹھہنا مارنا۔ کھسوٹنا۔ کھرچنا۔ موسنا۔ لوٹنا۔ ٹھگنا۔ چھینا۔ غارت گری کرنا۔
نوچنا کھسوٹنا (ہ) لوٹنا مارنا۔ چنگل مارنا۔ پنجہ مارنا۔ کھوسنا۔ چھیننا۔ جھپٹی کرنا۔
نوچُو (ہ/مذ) مال مارنے والا۔ لوٹنے کھسوٹنے والا۔ راشی۔ رشوت خور۔

نوچی (ہ/مث) بازاری عورتوں کی لڑکی یا لونڈی جس سے کسب کرا کر کھاتی ہیں۔ کنواری بازاری لڑکی۔
نوح (ع/مذ) لغت میں بہت نوحہ کرنے والا۔ رونے والا۔ ایک مشہور پیغمبر کا نام جن کے عہد میں بڑا بھاری طوفان آیا تھا۔ ہندوستان کے ایک مشہور شاعر کا نام۔
نوحؑ کا طوفان (ا/محاورہ) وہ طوفان جو حضرت نوح علیہ السلام کے وقت آیا تھا۔
نوحہ (ع/مذ) ماتم۔ گریہ وزاری۔ رونا پیٹنا۔ بین کرنا۔
نوحہ خواں (ع ف/صف) ماتم کرنے والا۔
نوحہ گر (ع ف/مذ) ماتم کرنے والا۔ سیاپا کرنے والا۔ مُردے کا بیان کر کے رونے اور رُلانے والا۔
نوحہ گری (ع ف/مث) ماتم۔ سیاپا۔ رونا پیٹنا۔
نوَد (ف) نوّے۔ دس کم سَو۔ ۹۰۔
نودھا (ہ/مذ) نیا پودا۔ نیا بوٹا۔ نیا باغ۔ نوتنا۔ پیڑ۔
نُور (ع/مذ) چمک۔ روشنی۔ اُجالا۔ چاندنی۔ تاب۔ جلوہ۔ تجلی۔ رونق۔ رُوپ۔ چہرے کی چمک دمک۔
نُور العین (ع/مذ) آنکھوں کی روشنی۔ نور چشم۔ بیٹا۔ پسر۔ لختِ جگر۔
نُور باف (ع ف/مذ) جولاہا۔ پارچہ باف۔ کپڑا بُننے والا۔
نُور بافی (ع ف/مث) جولاہے کا کام۔
نُور آ جانا (ا/محاورہ) روشنی پیدا ہو جانا۔ رونق آ جانا۔
نُور برسنا (ل) روشنی کا نمایاں ہونا۔ چہرے پر رونق ہونا۔
نُور جہاں (ع ف/مث) مرزا غیاث کی بیٹی۔ مہرالنساء کا خطاب جو جہانگیر کی بڑی چہیتی بیگم تھی۔
نُور چشم } **نُور دیدہ** } (ع ف/مذ) آنکھوں کی روشنی۔ آنکھوں کا نُور۔ بیٹا۔ فرزند۔
نُور ظہور کا وقت (ا/مذ) پو پھٹنے کا وقت۔ علی الصبح۔ صبح صادق کا وقت۔
نُور ظہور کے تڑکے } **نُور کے تڑکے** } (ل) بہت سویرے۔ منہ اندھیرے۔ علی الصبح۔
نُورٌ علیٰ نُور (ع) کلمۂ تعریف۔ نُور بر نُور۔ خوبی بر خوبی۔ ایک سے ایک بڑھ کر۔ سب سے بہتر۔ سب سے بڑھ کر۔ سبحان اللہ۔ کبھی طنزاً بھی بولا کرتے ہیں۔
نُور کا تڑکا (ا/مذ) صبح صادق۔ علی الصباح۔ بہت سویرا۔ منہ اندھیرے کا وقت۔
نُور کے تڑکے (ل) سُورج نکلنے سے پہلے۔ بہت سویرے۔ صبح ہی صبح۔ علی الصباح۔
نُور کے سانچے میں ڈھالنا (ل) نہایت خوبصورت اور حسین بنانا۔ سراپا نُور ہی نور بنانا۔
نُورانی (ع) روشن۔ چمک دار۔ تاباں۔ دُرخشاں۔ گورا چٹا۔ رُوپ والا۔ رُوحانی۔ آسمانی۔ شہوت سے پاک۔

نورانی چہرہ ۔ یا ۔ صورت (۱) اوّل مذکر ۔ دوم مؤنث ۔ پاکیزہ چہرہ ۔ رُوپ دار چہرہ ۔ عمدہ صورت ۔
نَورَس (ف) نیا پکا ہوا پھل ۔ تازہ میوہ ۔ نوخیز ۔ نوعمر ۔ نوجوان ۔
نورمل سکول (انگریزی/مذ) باقاعدہ تعلیم سکھانے کا مدرسہ ۔ مدرسہ تعلیم المعلمین ۔
نورہ (ع/مذ) چُونہ اور ہڑتال جو بال اُکھاڑنے کے کام آتا ہے ۔
نُوزدَہ (ف) اُنیس ۔ دس اور نو ۔ ۱۹ ۔
نوش (ف/ل) ۔ مرکبات میں پینے والا ۔ میٹھا ۔ شیریں ۔ گوارا (مذکر) آبِ حیات ۔ شہد ۔ عسل ۔ حیات ۔ زندگی ۔ تریاق ۔ زہر مہرہ ۔ راس ۔ موافق ۔ انگ لگنے والا ۔ جزو بدن ہونے والا ۔
نوش جان فرمانا ۔ یا ۔ کرنا (ل) کھانا ۔ تناول فرمانا ۔
نوشِ جان ہو (ل/محاورہ) انگ لگے ۔ گوارا ہو ۔ راس آئے ۔ موافق ہو ۔
نوش خند (ف/مذ) خندہ شیریں ۔
نوش دارُو (ف/مث) زہر مہرہ ۔ تریاق ۔ شراب ۔ مے ۔ طب میں وہ معجون جو امراض کو شفا اور اعضا کو قوت بخشے ۔
نوش کے بعد نیش درنیش (ف/مثل) خوشی کے بعد رنج ہوتا ہے ۔
نوشابہ (ف/مذ) امرت جل ۔ آبِ حیات ۔ ملک بردع کی ملکہ کا نام جسے سکندر اعظم نے رُوس سے چھڑایا تھا ۔
نوشاد (ف/مذ) ایک حُسن خیز شہر کا نام ۔
نوشادر (ف/مذ) (نوش اور آدر بمعنی تریاق آتش سے مرکب) ایک سفید کانی دوائی کا نام ۔ جو ایک قسم کا کھار یا نمک ہے ۔ اور ہندوستان میں پزاوں کے مُنہ پر اکٹھا ہو جاتا ہے ۔
نوشانوش (ف/صف) پے درپے پینا ۔
نوِشت (ف/مث) تحریر ۔ لکھت ۔ کتابت ۔ عبارت ۔ تحریری سند ۔ تمسک ۔ خط ۔
نوشت خواند (ف/مث) لکھت پڑھت ۔
نوشت ہونا (ل) تحریر ہونا ۔ دستاویز ہونا ۔ لکھت ہونا ۔
نُوِشتہ (ف/مذ) لکھا ہوا ۔ قلمی ۔ مچلکہ ۔ دستاویز ۔ تحریری سند ۔ تقدیر ۔ پرالبدھ ۔
نوشتۂ تقدیر (ع/مذ) قسمت کا لکھا ۔ اٹل بات ۔
نوشتہ دینا (ل/محاورہ) تحریری سند دینا ۔
نوشیرواں (ف/مذ) نوشیں بمعنی شیریں اور رواں بمعنی جان سے مرکب ۔ بوجہ کثرت سخا اور عدل لوگ اسے جان کے برابر عزیز سمجھتے تھے ۔ ایک مشہور عادل اور سخی بادشاہ کا نام جسے کسریٰ بھی کہتے تھے ۔
نوشیں (ف) شیریں ۔ میٹھا ۔ شہد سا ۔ مصری جیسا ۔
نوع (ع/مث) قسم ۔ جنس ۔ بھانت ۔ وضع ۔ ڈھنگ ۔ شکل ۔ صورت ۔ طرز ۔ طور ۔ (منطق میں) وہ کُل جو اپنے تمام افراد پر شامل ہو ۔

نوک (ف/مث) سِرا ۔ سر ۔ چونچ ۔ پُھننک ۔ ڈنگ ۔ نیش ۔ انی ۔ بھال ۔ وضعداری ۔ شیخی ۔ ڈینگ ۔ چھیڑ چھاڑ ۔ ناک ۔ عزت ۔ آن ۔ انداز ۔ ادا ۔
نوک پلک (ل/مث) آنکھ ۔ ناک ۔ دلکش نقشہ ۔ ٹھیک ٹھیک سے دُرست ۔
نوک پلک سے دُرست
نوک پنچے سے دُرست } (ل/محاورہ) سب طرح دُرست ۔ سجا سجایا ۔ ٹھیک ۔ آراستہ پیراستہ ۔ موزوں ۔
نوک جھوک (ل/مث) طعنہ مہنہ ۔ شوخی ۔ رمز و کنایہ ۔ چھیڑ چھاڑ ۔ آوازہ توازہ ۔
نوک جھونک (ل/مث) چھیڑ چھاڑ ۔ شوخی ۔ شرارت ۔ اشارہ کنایہ ۔ آن و ادا ۔
نوک دار (ف) نکیلا ۔ پینا ۔ انی دار ۔
نوک دُم بھاگنا (ل) دُم دبا کر بھاگنا ۔ بالکل بھاگنا ۔ بے تحاشا بھاگنا ۔
نوک رکھ لینا (ل/محاورہ) آبرو بچا لینا ۔ عزت رکھ لینا ۔
نوک رہ جانا (ل) آبرو رہ جانا ۔ عزت رہ جانا ۔ ٹیک رہ جانا ۔ ناک رہ جانا ۔
نوکِ زُبان (ل/مث) زُبان کا سِرا ۔ زبان کی نوک ۔ مجازاً حفظ ۔ ازبر ۔ زبانی یاد ۔
نوکِ زُبان کرنا (ل) حفظ کرنا ۔ ازبر کرنا ۔ زبانی یاد کرنا ۔
نوکِ زبان ہونا ۔ یا ۔ رہنا (ل) ازبر ہونا ۔ حفظ ہونا ۔ ہر وقت زبان پر جاری رہنا ۔
نوک کی لینا (ل) اِترانا ۔ فخریہ دعویٰ کرنا ۔ ڈینگ مارنا ۔ لاف زنی کرنا ۔ اُستادی کا کام کرنا ۔ قابلِ فخر کام کرنا ۔ وضعداری نباہنا ۔
نوکِ قلم پر آنا (ل/محاورہ) لکھا جانا ۔ تحریر ہونا ۔
نوکا جھوکی (ل/مث) چھیڑ چھاڑ ۔ طعن و طنز ۔ شوخی ۔ شرارت ۔ آوازہ توازہ ۔
نوکر (ف/مذ) چاکر ۔ ملازم ۔ خادم ۔ خدمتگار ۔
نوکر آگے چاکر ۔ چاکر آگے کوکر (ل/محاورہ) اُس بہانہ جو نوکر کی نسبت بولتے ہیں جو اپنا کام دُوسروں پر ٹالے اور دُوسرا اوروں پر ۔
نوکر رکھنا (ل) ملازم رکھنا ۔ خدمت گار بنانا ۔
نوکر ہونا (ل/محاورہ) مشاہرے کے عوض کسی کی کارفرمائی کے تابع ہو جانا ۔
نوکرانی (ل/مث) نوکر کی تانیث ۔ خادمہ ۔ ملازمہ ۔ ماما ۔
نوکری (ل/مث) خدمتگاری ۔ ملازمت ۔ ٹہل ۔ سیوا ۔ کام ۔ دھندا ۔ کاروبار ۔ تنخواہ ۔ مشاہرہ ۔
نوکری ارنڈ کی جڑ ہے (ل/محاورہ) ملازمت قابلِ اعتبار نہیں ۔ بالکل ناپائدار چیز ہے ۔
نوکری بانٹنا (ل/محاورہ) خدمت مقرر کرنا ۔ کام پر تعینات کرنا ۔

تنخواہ تقسیم کرنا۔

نوکری بجانا (ا/ محاورہ) خدمت انجام دینا۔

نوکری برطرف روزی ہر طرف (ا/ محاورہ) نوکری کے ہٹ جانے پر آدمی کو پریشان نہیں ہونا چاہیے۔ یہاں نہ سہی دوسری جگہ سہی۔ روزی تو خدا کے اختیار میں ہے۔

نوکری بڑی کیمیا ہے (ا/ محاورہ) نوکری نہایت ہی اکسیر چیز ہے۔ بلکہ اس سے بہتر ہے کہ ہر وقت سوتے جاگتے اٹھتے بیٹھتے تنخواہ چڑھتی رہتی ہے۔

نوکری پیشہ (ا/ مذ) نوکری کر کے کھانے والا۔ وہ شخص جس کا پیشہ ملازمت ہو۔

نوکری خالہ جی کا گھر نہیں (ا/ محاورہ) نوکری آسان کام نہیں۔ اس میں پابندی نہایت ضروری ہے۔

نوکری دینا (ا) متعلقہ کار بجالانا۔ ڈیوٹی دینا۔

نوکری کرنا (ا) ملازمت کرنا۔ شغل کرنا۔ خدمت بجالانا۔

نوکری کی جڑ اڑھائی ہاتھ اونچی ہے
نوکری کی جڑ زبان پر ہے } (ا/ محاورہ) نوکری کا کوئی اعتبار اور بھروسا نہیں۔ بالکل بے بنیاد چیز ہے۔

نوگری۔ یا۔ نوگیری (ہ/ مث) پہنچی۔ ہاتھوں کے ایک زیور کا نام۔

نول (ہ) نیا۔ نوخیز۔ نوعمر۔ دلربا۔ نادر۔ کمیاب۔ سُندر۔

نول (ہ/ مذ) نیولا۔ راسو۔

نول (ع/ مث) نوال کا مفرد۔ عطا۔ بخشش۔

نوم (ع/ مث) نیند۔ نندرا۔ نندریا۔ خواب۔

نومی (ہ/ مث) ہندی کی نویں تاریخ۔ نویں۔ نہم۔

نون (ع/ مذ) عربی کا پچیسواں اور اردو کا بتیسواں حرف۔ مچھلی۔ ماہی۔ تلوار۔ شمشیر۔ دوات اور سیاہی۔

نون (ہ/ مذ) نمک۔ لون۔ ملح۔

نون پانی ٹھیک ہونا (ا/ محاورہ) ذائقہ درست ہونا۔

نون تیل (ہ/ مذ) گھر کا سودا سلف۔ معاشرت کی ضروری اشیاء۔

نون غنہ (ع/ مذ) وہ نون جو ناک میں بولا جائے اور صاف نہ پڑھا جائے۔

نون قطنی (ع/ مذ) وہ چھوٹا نون جو عربی میں ساکن یا مشدد حروف سے پہلے تنوین والے حروف پر لکھا جاتا ہے۔

نونا
نیونا } (ہ) جھکنا۔ خمیدہ ہونا۔ ٹیڑھا ہونا۔ خم کھانا۔ متواضع ہونا۔

نوناچماری (ہ/ مث) بنگالے کی ایک مشہور جادوگرنی کا نام۔

نونی (ہ/ مث) مکھن۔ مسکہ۔ کچا گھی۔ کھار۔ شور۔ شوریت۔ ریہ۔

نونی لگنا (ہ) دیوار کی مٹی کا شوریت کے باعث جھڑنا۔ ریہ لگنا۔ شور لگنا۔

نونیا (ہ/ مذ) نمک بنانے والا۔ نمک تیار کرنے والا۔ ایک قسم کا ساگ۔

ناول (انگریزی/ مذ) داستان۔ عشق آمیز قصہ۔

ناولٹی (انگریزی) نئی چیز۔

نوید (ف/ مث) خوشخبری۔ مژدہ۔ بشارت۔ تقریب شادی۔

نویس (ف) لکھنے والا۔ تحریر کرنے والا۔

نویسندہ (ف) لکھنے والا۔ منشی۔ محرر۔ مصنف۔ مؤلف۔

نویسی (ف) لکھنے کا کام۔

نویل (ہ/ مذ) بلاوا۔ نیوتا۔ شادی کا پیغام شرکت۔

نویلا (ہ) نیا کا مرادف۔ نیا۔ تازہ۔ جدید۔ ایجاد کیا ہوا۔ انوکھا۔ نرالا۔ جدا۔ بانکا۔ البیلا۔ عجیب۔ سب سے الگ۔

نویلی (ہ/ مث) نویلا کی تانیث۔ نئی نرالی۔ انوکھی۔ البیلی۔ بانکی۔ ترچھی۔ نوعمر۔ اچھوتی۔ کنواری۔ کنیا۔ انجان۔ اجنبی۔

ن - ہ

نہ (ف) نو۔ ایک کم دس۔

نُہ (ہ/ مذ) ناخن۔ وہ ہڈی جو انگلیوں کے اخیر سرے پر ہوتی ہے۔

نہ (ف) فارسی میں حرف نفی۔ نہیں۔ نا۔ مت۔ لا۔

نہ آؤ نہ تاؤ (ا/ متعلق فعل) بغیر سوچے سمجھے کام کرنے کے موقع پر کہا جاتا ہے۔

نہ اینٹ ڈالیے نہ چھینٹ کھائیے (ا/ محاورہ) نہ برا کہو نہ برا سنو۔ نہ موری میں اینٹ ڈالو گے نہ چھینٹ پڑے گی۔

نہ باسی بچے نہ کتا کھائے (ا/ محاورہ) نہ زیادہ ہوگا نہ ضائع جائے گا۔

نہ بولی نہ بولی۔ بولی تو پتھر کھینچ مارا (ا/ محاورہ) بدمزاج اور کج خلق عورت کی شان میں کہا کرتے ہیں۔ کہ اول بولتی ہی نہیں۔ اگر بولی بھی تو اس تیزی سے گویا پتھر کھینچ مارا۔

نہ پوچھو (ا) کلمہ مدح و ذم۔ سوال نہ کرو۔ بیان سے باہر ہے۔ کہنے کے قابل ہی نہیں۔

نہ تھوکنا (ا) خاطر میں نہ لانا۔ بہت ہی ذلیل اور حقیر سمجھنا۔

نہ جنتی نہ ڈھول بجتا (ا/ محاورہ) اس پیدا ہونے سے نہ پیدا ہونا بہتر تھا۔ نہ ماں جنتی نہ اس قدر بدنامی ہوتی۔

نہ رہے ماں نہ رہے منی۔ آخر دنیا فانی (ا/ محاورہ) آدمی کا فخر و غرور اور نخوت و تکبر دنیا میں نہیں رہتا۔ ایک دن سب فنا ہو جاتے ہیں۔

نہ سانپ مرے نہ لاٹھی ٹوٹے (ا/ مثل) نقصان کے بغیر ہی کام بن جائے۔

نہ کتا دیکھے گا نہ بھونکے گا (ا/ مثل) نہ دشمن کے سامنے جائے گا نہ وہ غرائے گا۔

نہ گائے کے تھن نہ گسائیں کے بھانڈا (ا/ محاورہ) دونوں کنگال ہیں۔ نہ کوئی چیز ہی ہے نہ رکھنے کا سامان۔

نہ گندی گلی جائے نہ کتا کاٹے (ا/ محاورہ) کسی طرح دور نہ ہونے

والی مصیبت کی نسبت بولا کرتے ہیں - اور مضبوط کے لیے بھی -
نہ لینا نہ دینا (ا ر / محاورہ) کچھ حاصل نہ حصول -
نہ مارے مرے نہ کاٹے کٹے (ا ر / مثل) جو مصیبت کسی سے دُور نہ ہو -
نہ معلوم (ا ر / متعلق فعل) خدا جانے -
نہ مُنہ میں دانت نہ پیٹ میں آنت (ا ر / مثل) نہایت بوڑھے آدمی کی نسبت بولتے ہیں -
نہ میں دوں نہ خدا دے (ا ر / مثل) اس کی نسبت کہتے ہیں جو خود فائدہ دے اور نہ دُوسروں سے پہنچنے دے -
نہ میں کہوں تیری نہ تو کہہ میری (ا ر / محاورہ) آپس کی رازداری اور ایک دُوسرے کو بُرا نہ کہنے کی بابت بولتے ہیں - یعنی جو کسی پر بُہتان نہیں دھرتا - دُوسرے بھی اُس پر کوئی الزام نہیں لگاتے -
نہ نام لیوا نہ پانی دیوا (ا ر / محاورہ) اکیلی جان - تن تنہا - وہ آدمی جس کا آگا پیچھا کوئی نہ ہو -
نہ نگلے بنتی ہے نہ اُگلے (ا ر / محاورہ) ہر طرح خرابی ہے - نہ کرتے ہی بنتی ہے نہ چھوڑتے ہی - نہ پائے رفتن نہ جائے ماندن -
نہ نو من تیل ہوگا نہ رادھا ناچے گی (ا ر / مثل) ایسی شرط لگانا جس کا پورا کرنا مشکل ہو - نہ اتنا سامان ہوگا - نہ یہ کام پُورا ہوگا -
نہ (ہ) حرفِ تاکید و نفی - نا - نہیں - برائے تاکید کلام و استحکام کلام - زاید بھی آتا ہے - تکیہ کلام بھی ہے -
نِہاد (ف / مث) بُنیاد - جڑ - نیو - اصل - خلقت - پیدائش - نسل - طینت - خصلت - سیرت - سبھاؤ - باطن - دل - اندرُون -
نَہار (ع) روز - دن - یوم - صبح سے شام تک کا وقت -
نِہار (ف / س) ناآہار کا مخفف - لُغت میں بن کھائے ناخوردہ - اِصطلاح میں بن کھائے - ناشتا - صبح کا کھانا - صبح کو کچھ عرصہ تک نہ کھانا - بھُوکا - گرسنہ - نِرنے -
نہار توڑنا (ا) ناشتہ کرنا - صبح کو کچھ کھانا -
نہار رہنا (ا) بھُوکا رہنا - گرسنہ رہنا - بن کھائے رہنا -
نہار مُنہ } (ہ / مذ) نِرنے مُنہ - وہ شخص جس نے صبح سے کچھ نہ کھایا ہو -
نہار کلیجے } ناشتا کھائے بغیر - بن کھائے - ناشتہ کیے بغیر -
نہار مُنہ نام نہ لینا (ا) بن کھائے نام نہ لینا - منحوس اور کنجوس شخص کی بابت کہا کرتے ہیں - کہ صبح صبح اُس کا نام نہ لینا - ورنہ تمام دن فاقے سے گزرے گا -
نہار ہونا (ہ) صبح سے بن کھائے رہنا - جیسے ؎
جب دیکھا تجھے تو ہے نہار
نَہاری (ف / مث) تھوڑا کھانا جو صبح کے وقت کھا لیا جاتا ہے - ناشتا - حاضری - چاشت - ایک قسم کا شوربا یا سالن جو خمیری روٹی کے ساتھ کھاتے ہیں - گھوڑوں کو کھلانے کا گُڑ اور آٹا - خسار (ا ر / انگام) - کانسٹے (ا ر / دلیہ) - قرنی -

نہاری کھانا (ا) ناشتہ کھانا - حاضری کھانا - نیم دوپہر کو کچھ نہ کھانا -
نُہاق (ع) گدھے کی آواز -
نِہال (ف) تازہ لگایا ہوا پودا - درخت نورستہ - موزوں درخت - مجازاً ہر درخت - بستر - توشک - گدرا - صید - شکار - مجازاً مالا مال - خوش حال - کامیاب - بامُراد - خوش و خرّم -
نہال کرنا (ا) امیر بنا دینا - مالا مال کر دینا - غنی بنا دینا - نوازنا - لہر بہر کر دینا - خوش کرنا - مُراد کو پہنچا دینا - کامیاب کرنا - سرسبز و شاداب کرنا -
نہال لوچن (ا / مذ) وہ گھوڑا جس کی ایال آدھی دائیں طرف اور آدھی بائیں طرف ہو - یہ منحوس خیال کیا جاتا ہے -
نہال ہونا - یا - ہو جانا (ا) امیر بن جانا - مالا مال ہو جانا - بے پروا ہو جانا - مال دار بن جانا - مُراد کو پہنچ جانا - کامیاب ہو جانا - خوش و خرّم ہو جانا - سیراب ہونا - تازگی حاصل کرنا -
نہالچہ (ف / مذ) نہال کی تصغیر - چھوٹی توشک - گدڑی - بچّوں کا بچھونا - غالیچہ -
نہالی (ف / مث) توشک - رُوئی دار بچھونا - لحاف - رضائی -
نِہاں (ف) پوشیدہ - چھُپا ہوا - گُپت - پنہاں - مخفی -
نہاں خانہ (ف / مذ) پوشیدہ گھر - تہہ خانہ -
نہاں رکھنا (ا ر / محاورہ) چھُپا رکھنا - پوشیدہ رکھنا -
نہان (ہ / مذ / اسم آلہ) کھاتیوں کا ایک اوزار جس سے چارپائی کے پایوں وغیرہ میں سوراخ کھودتے ہیں -
نہان (ہ / مذ) غسل - اشنان - حمام کرنا - جسم دھونا -
نہان کا میلہ (ا / مذ) وہ مجمع جو نہانے کے لیے دریا کے کنارے ہو -
نہانا (ہ) جسم کو دھونا - غسل کرنا - اشنان کرنا - بھیگنا - شرابور ہونا - تر بتر ہونا - ڈوبنا - غرق ہونا - حیض سے فارغ ہونا - پاک صاف ہونا -
نہانا دھونا (ا ر / مص) غسل کرنا -
نِہانی (ف) منسوب بہ نہاں - پوشیدہ طور پر - پوشیدہ طور - خفیہ - خُفیہ -
نِہانی (ہ / مث) نہان کی تصغیر و تانیث - سوراخ کھودنے کا چھوٹا آلہ -
نہائی (ہ / مث) اَہرن - سندران - گرم لوہا کوٹنے کا آلہ -
نہایت (ہ / مث) بکثرت - از حد - بے حد - بہت - بے انتہا - انجام - انت - آخر - حد - انتہا -
نہائی دھوئی پھسل پڑی (ہ / محاورہ) ہر طرح تیار ہو کر ارادہ موقوف کر دیا -
نہتّا (ہ) بے ہتھیار - خالی ہاتھ - بے اوزار - جس کے پاس کوئی ہتھیار نہ ہو -
نہٹا (ہ / مذ) ناخن سے نوچنے کا نشان - جانور کے پنجے کا نشان - خراش ناخن - ظفرہ -
نہٹا مارنا (ہ) نوچنا - پنجہ مارنا -
نہج (ع / مذ) کھرا رستہ - سیدھا رستہ - راہ - طریق - طور - ڈھنگ -

نہر (ع/مث) دریا کی شاخ - نالی - ندی - آب جو۔
نہر توڑنا (ار/محاورہ) نہر کا کنارہ توڑ کر پانی ضائع کر دینا۔
نہر کاٹنا (ا) دریا سے شاخ نکالنا - دریا سے نالی نکالنا۔
نُہرنا - یا - نِہُرنا (ہ) جھکنا - خمیدہ ہونا - فروتنی کرنا - متواضع ہونا۔
نُہرنا (ہ/مذ) ناخن کاٹنے کا آلہ - ناخن گیر۔
نُہرنی (ہ/مث) چھوٹا ناخن گیر - نہرنا کی تصغیر۔
نہروا (ہ/مذ) رشتہ کی بیماری - وہ گول تاگا سا کیڑا جو بعض مقامات کے پانی کی خرابی کے سبب بدن کے اندر سے نکلتا ہے۔
نہری (ا/مث) نہر کے پانی سے سیراب ہونے والی زمین۔
نُہضت (ع/مث) کوچ - رخصت - چل چلاؤ - روانگی۔
نُہضت کرنا (ا) کوچ کرنا - روانہ کرنا۔
نہفتہ (ف) چھپا ہوا - پوشیدہ - مخفیہ۔
نہلا (ہ/مذ) سفیدی گھوٹنے کی چھوٹی سی کرنی - مجھولا تاش یا گنجفہ کا نو بندیوں والا پتا۔
نہلانا - نہلوانا (ہ) غسل کرانا - اشنان کرانا - تر بتر کرنا - مُردے کو غسل دینا۔
نہلائی (ہ/مث) نہلانے کی اجرت - غسل کرائی۔
نہلسٹ (انگریزی/مذ) کسی بے قانون سلطنت کو تباہ و برباد کرنے والا فرقہ۔
نُہم (ف/اس) نواں - نواں حصہ - نواں درجہ۔
نہنگ (ف/مذ) ناکو - مگرمچھ - گھڑیال - شیر دریا - مجازاً تلوار - تیغ (اُردو میں) آزاد - مجرد - تن تنہا - نگوڑا ناٹھا۔
نہنگِ اجل (ف ع/مذ) موت کا مگرمچھ - مجازاً ملک الموت - موت کا فرشتہ - جم دُوت۔
نہنگ اجل کا شکار ہونا (ار/محاورہ) مر جانا - موت کی نذر ہو جانا۔
نہنگ (ہ) ننگا - برہنہ - بے غیرت - بے حیا - بے شرم۔
نہنگ لاڈلا (ہ/مذ) نہایت ناشائستہ اور بے حیا لڑکا - بالکل نازپروردہ - بے سرا۔
نہنوار (ار/مذ) بچہ - ننھا۔
نہنوادگی (ار/مث) بچپن۔
نُہوت (ہ/مث) نہ ہونا - مفلسی - ناداری - تنگی - غریبی۔
نہورا - یا - نہوڑا (ہ/مذ) خوشامد - منت سماجت - عاجزی - احسان مندی - گلہ شکوہ - ممنون ہونا۔
نہورا ماننا (ہ) احسان ماننا - ممنون ہونا - شکرگزار ہونا۔
نہوڑانا (ہ) جھکانا - خمیدہ کرنا - خم کھانا۔
نہی (ع/مث) منع کرنا - روک - ممانعت - اِمتناع - کام کے نہ کرنے کا حکم۔
نہی عن المنکر (ع/مذ) ان چیزوں سے روکنا جن کی شرعاً ممانعت ہو۔
نہیب (ع/مذ) ڈر - بھے - خوف - دہشت - بیم - لوٹ - غارت گری۔

نہیئر (ہ/مذ) میکا - مرد کی سسرال - عورت کی ماں کا گھر اور اُس کا کنبہ۔
نہیں (ہ) کلمہ نفی - نہ - نے - لا - نا - اِنکار - بجائے حرفِ شرط - دگرنہ - ورنہ۔
نہیں تو (ہ) دگرنہ - ورنہ۔
نہیں سہی (ا) کچھ پروا نہیں - کیا ڈر ہے۔
نہیں کرنا (ہ) ناکرنا - اِنکار کرنا۔
نہیں ہونا (ار/محاورہ) اِنکار ہونا۔

ن - ی

نَے (ف/مث) نَی - بانسلی - حقے کی نَی - سرکنڈا - بانسری۔
نی (ہ) حرفِ ندا - (پنجاب میں) اری - اری او - اے - او - ری۔
نئے (ہ) نیا کی جمع - بمعنی جدید۔
نئے پنج (ا/مذ) جوان گھوڑا - جس کو پانچواں سال شروع ہوا ہو۔
نئے جنم سے (ا) دوبارہ - پھر کے سے - مر کر۔
نئے سرے - یا - نئے سِرے سے (ہ) پھر سے - دوبارہ - از سرِ نَو - شروع سے۔
نئے سرے سے جنم پانا (ہ) مر کر بچنا - دوبارہ زندگی پانا۔
نئے نواب آسمان پہ دماغ (ا/محاورہ) مغرور - نَو دولت کی نسبت بولا کرتے ہیں۔
نئے نو دام پرانے چھ دام (ا/محاورہ) نئی چیز کی ہمیشہ قدر ہوا کرتی ہے - تازہ مال زیادہ قیمت پاتا ہے۔
نئی (ہ/مث) نیا کی تانیث - جدیدہ۔
نئی اَوَستھا (ہ/مث) نابالغی - نوعمری - خُردسالی۔
نئی جوگن کاٹھ کی مُندری (ہ/مثل) نئے شوقین کی ہر شے نرالی ہوتی ہے - طنزاً بولتے ہیں۔
نئی جوانی (ا/مث) نوعمری - صغرسنی - کم سنی - نئی اوستھا۔
نئی جوانی اور مانجھا ڈھیلا (ہ/مثل) شروع جوانی اور اتنی بے ہمتی کہ چارپائی بھی نہ کس سکے۔
نئی جُوتی بیٹھنا (ار/محاورہ) نئی شادی کرنا۔
نئی جوگن کاٹھ کی مُندری (ار/مثل) نئے نئے شوقین کی ہر بات اور چیز نرالی ہوتی ہے۔
نئی روشنی (ا/مث) نئی تہذیب - زمانہ حال کی شائستگی - علوم و فنون جدیدہ۔
نئی سُوجھی (ار/روزمرہ) انوکھی بات سُوجھی۔
نئی سیر (ار/مث) نیا لطف - نیا تماشا۔
نئی کہانی گڑ سے میٹھی (ہ/مثل) نئی بات - نہایت پسندیدہ خاطر ہوا کرتی ہے۔
نئی کہی (ار/روزمرہ) انوکھی بات کہی۔
نئی نائن بانس کی نہرنی (ہ/مثل) طنزاً - نئے شوقین کی ہر بات نرالی۔

نئی نویلی (ہ/مث) بھولی بھالی - ناتجربہ کار - نئی دلہن - دو چار دن کی بیاہی - انوکھی - نرالی - عجیب -

نئی نویلی نیا ڈھنگ (ہ/محاورہ) انوکھی کے انوکھے ڈھنگ - نئی بیوی کے نرالے لچھن - نئے شوقین کی نئی نئی باتیں -

نیا (ہ) تازہ - ابھی کا - تُرت کا - نرالا - انوکھا - عجیب - اجنبی - ناواقف - انجان -

نیا بانکا تاڑ کی تلوار (ہ/مثل) اوچھا آدمی اوچھاپن دکھائے بغیر نہیں رہتا - نئے حوصلے والے کی نرالی باتیں -

نیا پھل (ہ/مذ) تازہ پھل - وہ پھل جو ابھی چلا ہو - یا درخت سے ابھی اُترا ہو -

نیا پھل دانت تلے دُشمن پاؤں تلے (ہ/محاورہ) تازہ پھل کھاتے وقت عورتیں اکثر یہ فقرہ بولا کرتی ہیں -

نیا حکیم دے افیم (ہ/محاورہ) ناتجربہ کار سے نقصان ہی ہوتا ہے - نیم حکیم خطرۂ جان -

نیا راگ لانا (ہ) کوئی عجیب یا انوکھی بات نکالنا - تازہ فتنہ اُٹھانا - تازہ جھگڑا کھڑا کرنا -

نیا رنگ لانا (ہ) نیا شگوفہ کھلانا - نیا جھگڑا نکالنا - نئی بات پیدا کرنا -

نیا فتنہ اُٹھانا (ہ) تازہ قیامت مچانا - نیا جھگڑا کھڑا کرنا -

نیا کرنا (ہ) تازہ پھل یا غلہ یا ترکاری کو پہلی دفعہ کھانا - موسم کی چیز پہلے پہل چکھنا -

نیاگرا آبشار - دریائے سینٹ لارنس شمالی امریکہ کا مشہور آبشار - یہاں دریا کا پاٹ نصف میل ہے - اور ١٧٠ فٹ نیچے گرتا ہے - یہاں بجلی حاصل کرنے کے کارخانے ہیں جن کی وجہ سے اضلاع متحدہ اور کنیڈا کے بہت سے کارخانے چلتے ہیں -

نیا گل کھلانا (ہ) انوکھی خبر اُڑانا - تازہ فتنہ اُٹھانا - نیا صدمہ پہنچانا -

نیا نو دن پرانا سو دن (ہ/کہاوت) نئی چیز کی بھڑک چند دن ہی رہتی ہے - پھر وہی پرانی کی پرانی ہو جاتی اور دیر تک رہتی ہے - نئے آدمی کی قدر چند روز ہی ہوا کرتی ہے -

نیا نویلا (ہ/مذ) نوعمر - نوخیز - بانکا - ترچھا - جوان - انوکھا آدمی - ناتجربہ کار -

نیابت (ع/مث) نائب ہونا - سفارت - قائمقامی - ایجنٹی - منیم پنا -

نیار (ہ/مذ) مویشیوں کا چارہ - گھاس - پات - بُھس - چری -

نیارا (ہ) جُدا - الگ - علیحدہ - مختلف - متفرق - چھانٹا ہوا - انتخاب کردہ - منتخب - علاوہ - بجز - سوائے - ماسوا - چاندی سونے کے ذرّے ملی ہوئی راکھ مٹی وغیرہ - سُناروں کی راکھ -

نیارا رہنا (ہ) الگ رہنا - ساتھ نہ رہنا - دوسرے گھر میں رہنا - علیحدہ رہنا -

نیارا دھونا (ہ) خاک دھول سے دھو کر چاندی سونے کے ذرّے الگ کرنا -

نیاریا (ہ/مذ) راکھ وغیرہ کو دھو کر چاندی سونا نکال کر الگ کرنے والا - مٹی دھو کر چاندی وغیرہ کے ذرّے نکالنے والا - بڑا چالاک - ہوشیار - نہایت چھان بین کرنے والا -

نیاز (ف/مث) تمنا - آرزو - حاجت - احتیاج - خواہش - رغبت - اظہار محبت - فروتنی - مسکینی - عاجزی - انکسار - تبرک - پرشاد - درویشوں کا تحفہ (اردو میں) درود فاتحہ - مُردے کے نام پر کھانا وغیرہ دینا - نذر - بھینٹ - چڑھاوا - منت - التجا - ملاقات - واقفیت - رُوشناسی -

نیاز پیدا کرنا (ف/محاورہ) راہ و رسم پیدا کرنا -

نیاز حاصل کرنا (ف) بزرگوں کی ملاقات کرنا - ملنا - واقفیت بہم پہنچانا - ملازمت حاصل کرنا -

نیاز دلوانا (ف) فاتحہ درود دلوانا - فاتحہ دلوانا -

نیاز کرنا (ف) فاتحہ دلانا - کسی بزرگ کے نام کا کھانا کرنا - نذر چڑھانا - نذر کرنا - صدقہ کرنا - قربان کرنا - نثار کرنا - دینا - حوالہ کرنا -

نیاز کیش (ف/صف) عاجزی جس کی عادت ہو -

نیاز مند (ف) حاجت مند - محتاج - مشتاق - آرزو مند - متمنی - تابع - فرماں بردار - مطیع - مسکین - عاجز - غلام - ایک ادنیٰ غلام -

نیاز مندی (ف/مث) محتاجی - اشتیاق - تمنا - مسکینی - عاجزی - غلامی - ملازمت - خدمت -

نیازہ (ف/مذ) دیکھو نازہ - ڈنڈی - عضو تناسل -

نیاک (ع) بڑا اجماع کرنے والا -

نیام (ف/مذ) تلوار کا غلاف - میان شمشیر -

نیام سے تلوار لینا (ف/محاورہ) غلاف سے تلوار نکالنا -

نیاؤ (ہ/مذ) انصاف - عدل - داد - فیصلہ - تصفیہ -

نیاؤ سبھا (ہ/مث) کچہری - عدالت -

نیاؤ کرنا (ہ) انصاف کرنا - فیصلہ کرنا - جھگڑا چکانا -

نیائے (س/مذ) علم منطق - علم مناظرہ - علم دلیل - معقول - علم کلام -

نیائے شاستر (س/مذ) ہندوؤں کی ایک مذہبی منطقی کتاب کا نام -

نیایش (ف/مث) خدا تعالیٰ کی حمد و ثنا - تحسین و آفرین - گریہ وزاری - وہ دُعا جو عاجزی اور تضرع سے کی جائے - دَیا - کرپا - مہربانی -

نیایک (س/مذ) منطقی - معقولی -

نیب (ہ/مذ) نیم کا درخت - ایک سرد طبع تلخ درخت کا نام -

نیبو (ہ/مذ) لیموں - لیمو - ایک ترش پھل اور اُس کے درخت کا نام -

نیبو نچوڑ (ہ/مذ) لیموں نچوڑنے والا - ناخواندہ مہمان - مُفت خورا - طفیلی - طفیلیا -

نیّت (ع امث) ارادہ ۔ قصد ۔ عزم ۔ دلی منشا ۔ غرض ۔ مقصد ۔ مطلب ۔ مُراد ۔
نیّت باندھنا (ف) اللہ اکبر کہہ کر نماز شروع کرنا ۔ نماز میں مشغول ہو جانا ۔ اِرادہ کرنا ۔ عہد باندھنا ۔ احرام باندھنا ۔
نیّت بخیر ہونا (ا ر ا محاورہ) کسی کارِ خیر کا دِلی ارادہ ہونا ۔ اچھی نیّت سے کوئی کام کرنا ۔
نیّت بدل جانا (ف) ارادہ پھر جانا ۔ نیّت بد ہو جانا ۔ دِل ڈانواں ڈول ہو جانا ۔ منصُوبہ ٹوٹ جانا ۔
نیّت بد کرنا (ا ر ا محاورہ) بُرائی کا ارادہ کرنا ۔
نیّت بد ہونا (ف) ایمان ڈانواں ڈول ہو جانا ۔ ارادہ فاسد ہو جانا ۔
نیّت بگڑنا } نیک نیتی میں فرق آنا ۔
نیّت بھرنا (ف) جی بھرنا ۔ سیر ہونا ۔ دِل بھرنا ۔
نیّت ثابت رکھنا (ف) اپنے ارادے پر قائم رہنا ۔ منصُوبے پر جمے رہنا ۔ وعدے پر مضبوط رہنا ۔
نیّت ثابت منزل آسان (ا ر ا مثل) جس کی نیّت اور ارادہ مضبوط ہو ۔ اس کا کام نہایت آسان ہو جاتا ہے ۔
نیّت ڈانواں ڈول کرنا (ا ر ا محاورہ) بدنیتی کرنا ۔
نیّت سیر کرنا (ا ر ا محاورہ) نیّت بھر دینا ۔
نیّت کرنا (ف) ارادہ کرنا ۔ مدِّ نظر رکھنا ۔ دِل میں ٹھاننا ۔ عہد باندھنا ۔ احرام باندھنا ۔ سنکلپ کرنا ۔
نیّت کیل برکت (ا ر ا مثل) برکت نیک نیتی پر موقوف ہے ۔
نیّت لگی رہنا (ف) دھیان رہنا ۔ خیال لگا رہنا ۔
نیّت میں خلل ہونا (ا ر ا محاورہ) بدنیّت ہونا ۔
نیّت میں فرق آنا (ف) نیّت بگڑنا ۔ ناجائز طریقے سے فائدہ اُٹھانے کو جی چاہنا ۔
نیّت ہونا (ف) پکا ارادہ ہونا ۔ منشا ہونا ۔
نیت ۔ یا ۔ نیتی (ہ امث) قاعدہ ۔ دستُور ۔ آئینِ طرزِ حکومت ۔ قانون ۔ ضابطہ ۔ حُسنِ اخلاق ۔ چال چلن ۔ طور و طریقہ ۔ حکمتِ عملی ۔ حُسنِ انتظام ۔ تدبیرِ مُلکی ۔
نیت شاستر (ہ امذ) علمِ اخلاق کی کتاب ۔ اخلاق کے اصول کی کتاب ۔
نیتر (س امذ) آنکھ ۔ نین ۔ چشم ۔ عین ۔
نیتی (ہ امث) دہی بلونے کی رسّی ۔
نیج ۔ یا ۔ نیجُو (ہ امث) پانی بھرنے کی ڈوری ۔ رسّی ۔ جیوڑی ۔ ریسمان ۔ نیج ۔
نیچ (ہ) ادنیٰ ۔ کمینہ ۔ رذیل ۔ سِفلہ ۔ پاجی ۔ اوچھا ۔ فرومایہ ۔ نشیب ۔ پستی ۔ ڈھلان ۔ نالائق ۔ بے جوہر ۔ شودر ۔ ٹُھلوا ۔ خدمتی ۔
نیچ اُونچ (ہ امث) نیکی ۔ بدی ۔ بُرائی بھلائی ۔ نشیب و فراز ۔ پستی و بلندی ۔
نیچ نہ چھوڑے نیچائی ۔ نیم نہ چھوڑے تتائی (ا ر ا مثل) کمینے سے سِفلہ پن اور نیم سے تلخی کبھی نہیں جا سکتی ۔ ہر شے اپنے اصل کو نہیں چھوڑ سکتی ۔

نیچا (ہ) پست ۔ اوچھا ۔ کوتہ ۔ گہرا ۔ عمیق ۔ کم ۔ ادنیٰ ۔ مدھم ۔ نرم ۔ دھیما ۔
نیچا اُونچا (ہ) ناہموار ۔ نشیب و فراز ۔ پست و بلند ۔ اُتار چڑھاؤ ۔
نیچا اُونچا دیکھنا (ف) اُتار چڑھاؤ دیکھنا ۔ نشیب و فراز دیکھنا ۔ آل اندیشی کرنا ۔ کسی چیز کو پُوری طرح سے دیکھنا ۔ بغور و تامّل دیکھنا ۔
نیچا پڑنا (ہ) مغلُوب ہونا ۔ عاجز ہونا ۔ گرنا ۔ دبنا ۔ اُبھار کم ہونا ۔ پچکنا ۔
نیچا دکھانا (ہ) گرا دینا ۔ مغلوب کرنا ۔ زک دینا ۔ شرمندہ کرنا ۔ داغ لگانا ۔ ذلیل کرنا ۔ غرُور ڈھانا ۔
نیچا دیکھنا (ہ) گرنا ۔ شرمندہ ہونا ۔ شکست کھانا ۔ شرمندگی اُٹھانا ۔ ذلیل ہونا ۔
نیچا سُر (ا ر ا مذ) مدھم سُر ۔
نیچر (انگریزی امث) فطرت ۔ پیدائش ۔ دُنیا ۔ موجودات ۔ عالم ۔ قانونِ قُدرت ۔ قُدرت ۔
نیچرل (انگریزی) فطرتی ۔ پیدائشی ۔ قُدرتی ۔
نیچری (ا ر امذ) نیچر کو ماننے والا ۔ قانونِ قُدرت پر چلنے والا ۔ نئی روشنی والوں کا فرقہ ۔
نیچہ (ف امذ) نَے کی تصغیر ۔ حقّے کی نے ۔ حقّے کی نلیاں ۔
نیچہ بند (ف امذ) نیچہ باندھنے والا ۔ نیچہ بنانے والا ۔
نیچہ بندی (ف امث) نیچہ باندھنے کا کام ۔
نیچہ تازہ کرنا (ا ر ا محاورہ) نیچہ میں تازہ پانی ڈالنا ۔
نیچے (ہ) پستی میں ۔ نشیب میں ۔ تلے ۔ زیر ۔ تحت ۔ ماتحت ۔ نائب ۔ اسسٹنٹ ۔ مددگار ۔ دھیما ۔ مدھم ۔ گھٹیل ۔ کم درجے کا ۔ ادنیٰ ۔
نیچے اُوپر (ہ) اُوپر تلے ۔ ایک پر ایک ۔ اُلٹ پلٹ ۔ اتھل پتھل ۔ ایک نیچے ایک اُوپر ۔
نیچے اُوپر کرنا (ا ر ا محاورہ) تہ و بالا کرنا ۔ اُوپر نیچے کرنا ۔
نیچے اُوپر ہونا (ہ) اُلٹ پلٹ ہونا ۔ اُوپر تلے ہونا ۔ گرنا ۔ گرانا ۔ کُشتی کرنا ۔ گتھم گتھا ہونا ۔
نیچے اُوپر ہو جانا (ہ) تہ و بالا ہو جانا ۔ انقلاب ہو جانا ۔ اُتھل پتھل ہو جانا ۔
نیچے سُر (ہ امذ) دھیما سُر ۔ مدھم سُر ۔ نرم آواز ۔ دُون کی ضد ۔
نیچے سے (ہ) بُنیاد سے ۔ تلے سے ۔ جڑ سے ۔
نیچے سے اُوپر تک (ہ) اوّل سے آخر تک ۔ سر سے پاؤں تک ۔
نیچے کا پاٹ بھاری ہے (ا ر ا مذ) جو رُکو زبردست اور غالب ہے ۔
نیچے کا دھڑ (ہ امذ) بدن کا نچلا حصّہ ۔
نیچے لانا (ہ) کُشتی میں دبا لینا ۔ پچھاڑنا ۔ چت کرنا ۔
نیچی (ہ امث) نیچا کی تانیث ۔ نشیب ۔ پست ۔ اوچھی ۔ گھٹیا ۔ ادنیٰ ۔

رذیل - تلے کی - زیریں -
نیچی نظر کرنا (ف) شرم وحیا سے اُوپر آنکھ نہ کرنا - حیادار ہونا - مُنہ نہ اُٹھانا -
نیچی نظروں سے دیکھنا (ف) آنکھیں نیچی کر کے دیکھنا - تل نظروں کی طرح دیکھنا -
نیچی نظر ہونا (ل) آنکھ اُونچی نہ ہونا - لجانا - شرمندہ ہونا - اِحسان مند ہونا - ممنون ہونا - کسی کا کنوڈا ہونا -
نیچی نگاہیں - یا - نظریں (ا/مث) شرماؤ نظریں - شرمیلی نگاہیں - شرمگیں آنکھیں -
نیچی نیچی نظروں سے دیکھنا - (ف) شرمیلی نظروں سے دیکھنا - آنکھیں چُرا چُرا کر دیکھنا -
نیر (س امذ) پانی - جل - آب - ندی - نالہ - دریا - سمندر -
نیر بہانا (ل/محاورہ) آنسو بہانا - رونا -
نیّر (ع امذ) بے حد چمکتا ہوا ستارہ - نہایت روشن ستارہ -
نیّر اصغر (ع امذ) چھوٹا چمکتا ہوا ستارہ - مجازاً چاند - قمر - ماہ -
نیّر اعظم (ع امذ) نہایت روشن اور بڑا ستارہ یعنی سُورج مہر - آفتاب -
نیّر رخشاں (ع ف امذ) نواب ضیاء الدین احمد خاں ولد نواب احمد بخش خاں رئیس لوہارو کا تخلص -
نیرنگ (ف امذ) فریب - مکر - حیلہ - دھوکا - دغا - شعبدہ - جادو - سحر - طلسم - چالاکی - عجائبات - ہر شے کا مادّہ - کسی تصویر کا خاکہ -
نیرنگِ زمانہ (ف امذ) زمانہ کا جادو - مجازاً تغیّرِ زمانہ - زمانہ کا اِنقلاب - زمانہ کے تماشے -
نیرنگ ساز (ف امذ) جادوگر - مکّار - فریبی - ساحر - شعبدہ باز -
نیرنگ سازی (ف امث) جادوگری - شعبدہ بازی - سحر - مکر و فریب -
نیرنگِ عشق (ف امذ) عشق کی عجیب باتیں ہیں -
نیرنگی (ف امث) جادوگری - دغابازی - چالاکی - عیاری - اِنقلاب - تلوّن مزاجی - تماشا - نئے نئے رُوپ -
نیرنگیٔ زمانہ (ف امث) (دیکھو نیرنگِ زمانہ)
نیرنگیاں (ا/مث) اُردو قاعدے سے نیرنگی کی جمع - چالاکیاں شعبدہ بازیاں - طلسمات -
نیّرین (ع امذ) دو نہایت روشن ستارے - مُراد چاند - سُورج - مہر و ماہ - آفتاب و ماہتاب -
نیڑنا (ل/مص) ختم ہونا -
نیڑے (ہ) پاس - نزدیک - دھورے - قریب - عنقریب - متصل - ابھی - تھوڑی دیر میں -
نیز (ف) بھی - اور - دیگر - ہم -
نیزہ (ف امذ) نوک - اَنی - سنان - برچھی - بھالا - عَلَم - بَلَم - کلک - قلم - ایک قسم کا نرسل - سرکنڈا - قلم کی چھڑ -
نیزہ باز (ف امذ) بلم کے کرتب جاننے والا - نیزہ بردار -
نیزہ بازی (ف امث) بلم کے کرتب - برچھا ہلانا - برچھے کے داؤ پیچ -
نیزہ بردار (ف امذ) بلم بردار - بھالا بردار -
نیزہ خطّی (ف/صف) عُمدہ نیزہ -
نیزہ دار (ف/صف) نیزہ باز -
نیزہ کھانا (ل/محاورہ) نیزہ کی چوٹ کھانا -
نیزہ ہلانا (ف) بلم یا برچھے کا پھرانا -
نیس - فرانس میں بحیرہ رُوم کے کنارے کی بندرگاہ، سردیوں میں اُمرا یہاں سے چلے جاتے ہیں -
نیساں (ف امذ) رُومیوں کے ساتویں مہینے اور اس کی بارش کا نام (ہندی) بیساکھ اور انگریزی اپریل سے ملتا ہوا مہینہ -
نیست (ف) نہ ہونا - عدم - ہست کی ضد - خالی - معدوم - فنا -
نیست کرنا (ف) برباد کرنا - اُجاڑنا - تباہ کر دینا -
نیست و نابود کرنا (ف) بالکل فنا کرنا - بیخ و بنیاد سے کھودنا - بالکل مٹا دینا -
نیست و نابود ہونا (ل) فنا ہونا - تباہ و برباد ہونا - جڑ بنیاد سے جاتا رہنا -
نیستان (ف امذ) نے کا جنگل - سرکنڈوں کا جنگل یا کھیت - وہ جنگل جہاں نرسل یا گنے ہوں -
نیستی (ف امث) ناپید ہونا - فنا ہونا - عدم - ہستی کی ضد - نحوست - بداقبالی - بدنصیبی - مُفلسی - ناداری - تنگدستی - افلاس - بُطلان - ناس -
نیستی بھرا / نیستی کا مارا (ف) بدنصیب - بدبخت - نربھاگ - دلدّری - منحوس - بداقبال -
نیستی چھانا (ل) ساڑستی آنا - بداقبالی اور نحوست کا سلسلہ شروع ہونا - نحوست چھانا -
نیستی میں برخورداری (ل/محاورہ) مُفلسی میں اولاد - تنگدستی میں اولاد کا خرچ کثیر -
نیش (ف امذ) نوک کی تیزی - نوک - اَنی - بھڑ یا بچھو کا ڈنک - کانٹا - سُول -
نیش زن (ف/صف) ڈنک مارنے والا - بُرائی کرنے والا -
نیش زنی (ف امث) ڈنک مارنا - رُکاوٹ پیدا کرنا - رُکاوٹ - بھانجی - بُرائی -
نیش زنی کرنا (ف) کانٹا چبھونا - ڈنک مارنا - کسی کے حق میں بُرائی کرنا - بھانجی مارنا -
نیشِ عقرب (ف امذ) بچھو کا ڈنک - کنایۃً دشمنوں کی شرارت -
نیشتر (ف امذ) فصد کھولنے اور زخم چیرنے کا آلہ - ڈنک - نوک دار اوزار -
نیشتر لگانا (ف) نشتر مارنا - نوک چبھونا - زخم پہنچانا -
نیشکر (ف امذ) گنّا - پونڈا - اِیکھ - اُوکھ -
نیشن (انگریزی امث) قوم -
نیشنل (انگریزی) قومی -

نیشنلٹی (انگریزی امث) قومیت۔
نیفہ (ف امذ) پاجامے کے گھیر کا وہ حصہ جس میں ازار بند رہتا ہے۔
ازار بند کا غلاف۔
نیفن۔ سلطنت جاپان کا دوسرا نام۔
نیفے میں اُڑسنا (و) نقدی یا کسی چیز کو نیفے میں رکھ کر لپیٹ دے لینا۔
نیک (ف) بھلا۔ اچھا۔ خوب۔ سعادت مند۔ سعید۔ بد یا نحس کی ضد۔
پرہیزگار۔ پارسا۔ بھگت۔ عابد۔ زاہد۔ دین دار۔ پاک دامن۔
خوش اطوار۔ اچھے چلن والا۔ بھلا مانس۔ شریف۔ مہذب۔ شائستہ۔
حمدل۔ فرماں بردار۔ خوش خصال۔ اچھی عادت والا۔
نیک اختر } (ف) نیک نصیب۔ نیک بخت۔ بھاگوان۔ خوش طالع۔
نیک بخت } اقبال مند۔ بختاور۔ پارسا۔ سیدھا۔ سچا۔ سپوت۔
سعادت مند۔
نیک انجام (ف) وہ شخص جس کا اخیر اچھا ہو۔ خاتمہ بالخیر والا۔
عاقبت بخیر والا۔
نیک اندیش (ف) بھلائی سوچنے والا۔ نیک نیت۔ خیر اندیش۔
نیک بختی (ف امث) بھلائی۔ سعادت مندی۔ پرہیزگاری۔ پارسائی۔
بھلمنسائی۔
نیک چلن (ا) بھلا مانس۔ شائستہ۔ نیک بخت۔ وہ شخص جس کا رویہ
اچھا ہو۔
نیک چلنی (و امث) بھلمنسائی۔ نیک اطواری۔ نیک بختی۔
نیک خصلت (ع) نیک نہاد۔ پاک سیرت۔ نیک طینت۔
نیک خواہ (ف) نمک حلال۔ خیر خواہ۔ بہی خواہ۔ وفادار۔
نیک دل (ف اصف) اچھی نیت رکھنے والا۔
نیک ذات (ف اصف) نیک نہاد۔
نیک راہ پر لگانا (ا ا محاورہ) اچھی وضع سکھانا۔
نیک روز (ف اصف) اچھے دن۔ خوش نصیب۔
نیک صلاح کا پوچھنا کیا (ا محاورہ) نیک کام میں صلاح و مشورے
کی ضرورت نہیں فوراً شروع کر دینا چاہیے "در کار خیر
حاجت ہیچ استخارہ نیست۔"
نیک فال (ا) اچھا شگون۔ مبارک فال۔
نیک قدم (ا) وہ شخص جس کا گھر میں آنا مبارک ہو۔ مبارک قدم۔
نیک محضر (ع) نیک طینت۔ نیک ذات۔ نیک نہاد۔
نیک مرد (ف امذ) بھلا آدمی۔ بھلا مانس۔ پرہیزگار۔ پارسا۔
نیک مزاج (ف اصف) اچھی طبیعت والا۔
نیک نفس (ف) نیک خصلت۔ سعادت مند۔ نیک طبع۔
نیک منظر (ع) حسین۔ خوبصورت۔ سوہنا۔
نیک نام (ف) نامی۔ نامور۔ وہ شخص جس کا نام بھلائی میں مشہور ہو۔
نیک نامی (ف امث) ناموری۔ شہرت۔ کارگزاری۔
نیک نامی کی سند (ا امث) حسن کارگزاری کی چٹھی۔ حسن خدمت کا
سرٹیفکیٹ۔
نیک نہاد (ف) پاک خصلت۔ پاک سیرت۔ پاک طینت۔

نیک نیت (ع) اچھے ارادے کا۔ اچھے ارادے والا جس کی نیت میں
فتور نہ ہو۔ نیک نہاد۔ نیک خصال۔
نیک نیتی (ع امث) نیک اندیشی۔ خوش بینی۔
نیک و بد (ف امذ) برا بھلا۔ برائی۔ بھلائی۔
نیکا (ہ) بھلا۔ خوب۔ خوبصورت۔ اچھا۔ عمدہ۔ سہانا۔
نیکو (ف) اچھا۔ خوب۔ عمدہ۔ نفیس۔ تحفہ۔ سوہنا۔ سندر۔
روپ۔ خوبصورت۔
نیکو شمائل (ع) اچھی خصلت والا۔ نیک خصائل۔ خوش اطوار۔ خوش وضع۔
نیکوکار (ف) اچھے کام کرنے والا۔ خوش خلق۔ خوش اطوار۔
نیکوان (ا امذ) نیک کی جمع۔ بھلوں۔ اچھوں۔
نیکوں کو سول بدوں کو پھول (ا امثل) اچھوں کے ساتھ برائی اور
بروں کے ساتھ بھلائی۔
نیکوئی (ف امث) بھلائی۔ خوبی۔ عمدگی۔
نیکی (ف امث) خوبی۔ بھلائی۔ عمدگی۔ احسان۔ کار خیر۔ نیک بختی۔
سعادت مندی۔ پارسائی۔ پرہیزگاری۔
نیکی اور پوچھ پوچھ (ا امثل) نیک کام میں مشورہ کی ضرورت نہیں۔
کار خیر میں صلاح کی کیا حاجت۔
نیکی بدی (ف امث) بھلائی برائی۔ نفع نقصان۔ عیب صواب۔
دوستی۔ دشمنی۔
نیکی بدی کے فرشتے (ا امذ) وہ فرشتے جو انسان کے اعمال
لکھتے ہیں۔
نیکی برباد گناہ لازم (ا امحاورہ) جہاں نیکی کے بدلے الٹی برائی پلے
پڑے وہاں بولا کرتے ہیں۔
نیکی کا زمانہ نہیں (ا امثل) اس زمانہ میں نیکی کی قدر نہیں۔
نیکی کا فرشتہ (ا امذ) وہ فرشتہ جو اچھے اعمال لکھتا ہے۔
نیکی کرنا (ا امحاورہ) احسان کرنا۔ اچھا سلوک کرنا۔
نیکی کر اور دریا میں ڈال } (ا امثل) احسان کر کے بھلا دینا
نیکی کر اور کنوئیں میں ڈال } چاہیے۔ نیکی کا جتانا ٹھیک نہیں۔
نیکی کر اور صلہ کی امید نہ رکھ جس نیکی کا عوض نہ ملے اس کی بابت بولتے ہیں۔
نیکی کر و خدا سے پاؤ (ا امثل) نیکی کا اجر خدا ضرور دیتا ہے نیکی
کرو مگر اس شخص سے عوض کی تمنا خدا سے رکھو۔
نیگ (ہ امذ) حصہ۔ بخرہ۔ باٹنا۔ نذر۔ دستور۔ قاعدہ۔ حق الخدمت۔
رسم۔ بیاہ۔ بادشاہی میں رشتہ داروں کو حق حقوق یا خدمتگاروں
کو جو انعام و اکرام دیا جاتا ہے۔
نیگ جوگ (ہ امذ) بیاہ شادی کے موقع کا حق۔
نیگ دینا (ہ) بدھائی دینا۔ مبارکباد کا انعام دینا۔ حسب قاعدہ
رشتہ داروں کو حقوق دینا۔
نیگ لگانا (ہ) خوشی کی جگہ خرچ کرنا۔ اچھے کام پر صرف کرنا۔
مجازاً برباد کرنا۔ ضائع کرنا۔
نیگی جوگی (ہ امذ) نیگ جوگ کے حق دار۔ انعام شادی کے مستحق۔
نیل (ہ امذ) پانا۔ حاصل کرنا۔ دسترس۔ حصول۔

نیل مرام (ع امذ) مُراد حاصل ہونا۔ مُراد پانا۔ حصُولِ مقصد۔
نیل ۔ افریقہ کا سب سے بڑا دریا ہے اور پُرانی دُنیا میں اوّل درجہ پر ہے لمبائی ۳۷۰۰ میل ہے۔ جھیل وکٹوریہ نائنزا سے نکل کر ڈیلٹا بناتے ہوئے بحیرۂ روم میں گرتا ہے۔ نیل ابیض نیل ازرق اور اتبارا اُس کے معاون ہیں۔ بڑی زرخیز وادی ہے۔ مصر کی شہرت کا بانی یہی دریا ہے۔ اگر اس میں بائیس فٹ سے کم گہرا پانی رہ جائے تو ملک میں قحط پڑ جاتا ہے۔ طغیانی سے کھیت سرسبز ہوتے ہیں اور لوگ پانی جمع کر کے ڈھیکلی سے آب پاشی کرتے ہیں۔
نیل (ف اس امذ) نیلا رنگ۔ وسمہ۔ ایک قسم کی پتی جس سے نیلا رنگ حاصل کرتے ہیں۔ چوٹ کا نشان۔ ضرب کا داغ۔ بدّھی۔
نیل بگڑنا
نیل کا ماٹ بگڑنا } (ا) نیل کا قوام دُرست نہ ہونا۔ بہت نقصان دہ بات کا ظہور میں آنا۔ جھوٹی اور بے پَر کی اُڑانا۔ چال چلن دُرست نہ رہنا۔ بے راہ ہونا۔ چلن بگڑنا۔ عقل نہ رہنا۔ پاگل ہو جانا۔ بے رونقی ہو جانا۔ کم بختی آنا۔ شامت آنا۔ بڑا بھاری نقصان ہونا۔
نیل پڑنا ۔یا۔ پڑ جانا (ا) جسم پر چوٹ یا ضرب کا نیلا داغ پڑ جانا۔ مار کا نشان جسم پر پڑ جانا۔
نیل جلانا (ا) بارش کے روکنے کا ٹوٹکا کرنا۔ جہلا کا خیال ہے کہ نیل جلانے سے بارش کا زور کم ہو جاتا ہے۔
نیل ڈالنا (ا) مار مار کر بدھیاں ڈالنا۔ مار مار کر نیلا کر دینا۔
نیل ڈھلنا (ا) دراصل نیر ڈھلنا ہے۔ موت کے آثار ہونا۔ موت کے وقت آنکھوں سے آنسو ٹپکنا۔ نزع کا وقت ہونا۔ لاج نہ رہنا۔ بے شرم ہونا۔
نیل کا ٹیکا (ا امذ) بدنامی کا داغ۔ کلنک کا ٹیکا۔ رُوسیاہی۔ سیاہی یا نیل کا وہ نشان جو بچوں کے رخسار سے یا ماتھے پر نظرِ بد کے بچاؤ کے لیے لگا دیتے ہیں۔
نیل کنٹھ (ا امذ) ایک خوبصورت نیلی گردن اور نیلے پَروں والا پرندہ جس کا دسہرے کے دن دیکھنا ہندو لوگ مبارک خیال کرتے ہیں۔ فارسی میں سبزک اور نیلا زاغ بولتے ہیں۔
نیل کنٹھی (ا امث) پُرانے بخاروں کو توڑنے والی ایک نہایت کڑوی بُوٹی کا نام۔
نیل کی سلائی آنکھوں میں پھیرنا (ا) اندھا کر دینا۔ نابینا کر دینا۔
نیل کی کوٹھی (ا امث) نیل بنانے کا کارخانہ۔
نیل گائے (ہ امث) ہرن سے مشابہ ایک قسم کی جنگلی گائے۔
نیل گر (ف امذ) نیل بنانے والا۔ نیل کا کام کرنے والا۔ رنگریز۔
نیل گون (ف) نیلے رنگ کا۔ آسمانی۔ آبی۔
نیل گھوٹنا (ا) نیل کو باریک کرنا۔ نیل کو بلونا۔ لڑائی ڈالنا۔ کہرام مچانا۔ کلیس کرنا۔
نیلا (ا) نیلگون۔ نیلے رنگ کا۔ آبی۔ آسمانی۔ کبود۔ ایک قسم کا کبوتر۔

نیلا پڑ جانا (ا) کالا پڑ جانا۔ نیلگوں ہو جانا۔
نیلا پیلا (ا) زرد اور پیلا۔ نیلگوں اور زرد۔
نیلا پیلا ہونا (ا) بہت خفا ہونا۔ غصّے ہونا۔ لال پیلا ہونا۔ آنکھیں نکالنا۔ بگڑنا۔
نیلا تاگا (ا امذ) نیلا دھاگا نظرِ بد کے لیے بازو میں باندھتے ہیں۔
نیلا تھوتھا (ا امذ) توتیائے سبز۔ ایک نیلے رنگ کی دوا کا نام۔ یہ ایک قسم کا زہر ہوتا ہے۔
نیلا ڈورا باندھنا (ا) نظرِ بد سے بچنے کے لیے نیلے رنگ کا دھاگا باندھنا۔
نیلاب (ا امذ) دریا۔
نیلا جا (ا امذ) بے شرم۔ بے حیا۔
نیلامچی (ف اصف) نیلام کرنے والا۔
نیلام (پرتگالی امذ) بول بول کر بیچنا۔ اوکشن۔
نیلام گھر (ا امذ) چیزیں نیلام کرنے کی جگہ۔
نیلاہٹ ۔یا۔ نلاہٹ (ہ) نیلاپن۔
نیلم (ف امذ) ایک قسم کے نیلے رنگ کا قیمتی اور خوشنما پتھر۔
نیلم پری (ا امث) اندر سبھا کے تماشے کی ایک فرضی پری کا نام۔
نیلوفر (ف امذ) ایک قسم کے نیلے رنگ کے پھول کا نام۔
نیلی (ہ امث) نیلے رنگ کی چیز۔ آسمانی۔ آبی۔ نیلگوں۔
نیم (ہ امذ) ایک نہایت کڑوے درخت کا نام۔ نیب۔
نیم کا بھرتا (ہ امذ) زخم پر باندھنے کی نیم کی پلٹس۔
نیم کی ٹہنی ہلانا (ہ) آتشک کی بیماری میں مبتلا ہونا۔ نیم کی ٹہنی سے زخم کی مکھیاں اُڑانا۔
نیم کی نبولی (ہ امث) تخم نیم۔ نمکولی۔
نیم (ف) آدھا۔ نصف۔ بیچ۔ درمیان۔ میان۔ وسط۔ مابین۔
نیم باز (ف) آدھی کھلی آدھی بند۔ نیلی۔ مخمور۔ غنودہ آنکھ۔
نیم برشت (ف) آدھ بھنا۔ آدھ کچرا۔ آدھ پکا۔
نیم بسمل (ف) آدھ موا۔ گھائل۔ مجروح۔ آدھا ذبح کیا ہوا۔
نیم ٹر (ا) ناتجربہ کار۔ کوئی سا پڑھا ہوا۔ حرف شناس۔ شُدبُد رکھنے والا۔
نیم جان (ف) آدھ موا۔ قریب المرگ۔ نیم مردہ۔
نیم جوش (ف) تھوڑا سا اُبالا ہوا۔ آدھ پکا۔
نیمچہ (ف امذ) چھوٹی تلوار۔
نیمچہ تاننا (ا امحاورہ) نیمچہ مارنے کا ارادہ کرنا۔
نیمچہ کھانا (ا امحاورہ) نیمچہ کی چوٹ کھانا۔
نیمچہ کھینچنا (ا امحاورہ) مارنے کے لیے تازیانہ اُٹھانا۔
نیمچہ نکالنا (ا امحاورہ) تلوار نیام سے باہر نکالنا۔
نیم حکیم (ع امذ) ادھورا حکیم۔ عطائی حکیم۔ بے علم طبیب۔ ناتجربہ کار۔ ان پڑھ۔
نیم حکیم خطرۂ جان۔ نیم مُلا خطرۂ ایمان (ف امثل) ناتجربہ کار سے کام کے بگڑنے کا خطرہ ہی ہوتا ہے۔
نیم خواب (ف) آنکھ کی صفت۔ آدھ کھلی۔ کچی نیند۔
نیم خوردہ (ف) جھوٹا۔ پس خوردہ۔ اُلش۔

نیم راضی (ف) آدھا رضامند۔
نیم روز (ف/مذ) دوپہر۔
نیم سوختہ (ف) آدھا جلا ہوا۔
نیم کش (ف) نیم کشیدہ۔ آدھا اندر۔ آدھا باہر تیر۔ وہ تیر یا تلوار جسے پورا نہ کھینچ لیا ہو۔
نیم گرد سوہن (ا/مذ) آدھا گول اور آدھا چپٹا۔ سوہن یا ریتی۔ آدھی گول ریتی۔
نیم گرم (ف) گنگنا۔ شیر گرم۔ وہ پانی جو بہت گرم نہ ہو۔
نیم مست (ف) باخبرمست۔ آدھا ہوشیار۔ آدھا مست۔
نیم ملا (ع/مذ) کچا ملا۔ ناقص العلم۔
نیم (ہ/مذ) ہٹ۔ ضد۔ اڑ۔ اصرار۔ دینی عہد۔ منت۔ اقرار۔ قول۔ بچن۔ فرض۔ رضا۔ قبولیت۔ ورد۔ معمول۔ دستور۔ برت۔ روزہ۔ ونت۔ چیلا ادسر۔
نیم باندھنا (ہ) دستور باندھنا۔ روزانہ بجالانا۔ معمول باندھنا۔ عہد کرنا۔ منت ماننا۔ حکم بجالانا۔ اطاعت کرنا۔
نیم پتر (ہ/مذ) اقرار نامہ۔
نیم دھرم (ہ/مذ) ایمان داری۔ پرہیزگاری۔ زہد۔ تقوٰی۔ اچھا چلن۔ برت۔ روزہ۔
نیمیں (ہ) مضبوط۔ گٹھیلا۔ زورآور۔ بلونت۔ قوی۔ اُستوار۔ محکم دیرپا۔ پکا۔ نگر۔ ٹھوس۔ بھاری۔
نیمہ (ف/مذ) آدھا۔ نصف۔ ادھواڑ۔ برقع۔ طرف۔ جانب۔ ایک قسم کا اونچا پاجامہ۔ ایک طرح کی اونچی پوشاک۔
نیمدلت (ف) چھوٹی مسند۔
نیم آستین (ف/مث) آدھی آدھی آستینوں کی واسکٹ۔ جاکٹ۔ صدری۔
نیمی (ہ) پاک دامن۔ پارسا۔ ایمان دار۔ پرہیزگار۔ پابند اوقات۔ قاعدے کا پابند۔ دیانت دار۔ خداترس۔ صاف دل۔
نیمن ٹمنز۔ فرانس کے جنوبی حصہ کی بندرگاہ ہے۔ یہاں کھانڈ، شراب اور اناج کی تجارت ہوتی ہے۔ یونیورسٹی بھی ہے۔ خلیج نیپلز کے شمال کی طرف ہے۔ نزدیک ہی پمپئی کے کھنڈرات ہیں۔
نین (ہ/مذ) آنکھ۔ دیدہ۔ چشم۔ نظر۔ نگاہ۔ عین۔
نین گنوانا (ہ) آنکھیں کھونا۔ اندھا ہونا۔ محتاج ہونا۔ اپنی دولت گنوانا۔
نین متنا (ہ/مذ) بات بات پر رونے والا۔
نین متنی (ہ/مث) بات بات پر رو دینے والی۔ چڑچڑی۔ ہر بات پر خفا اور آزردہ ہونے والی۔
نینا (ہ/مذ) نین کی تصغیر۔ آنکھ۔
نیند (ہ/مث) خواب۔ نوم۔
نیند آجانا } (ہ) سونے کو جی چاہنا۔ نیند محسوس ہونا۔ آنکھ لگ جانا۔
نیند آنا } سوجانا۔ اونگھ جانا۔
نیند اُچٹنا۔ یا۔ اُچٹ جانا (ہ) نیند کا جاتا رہنا۔ آنکھ کھل جانا۔ جاگ پڑنا۔
نیند بھر سونا } (ہ) بخوبی سونا۔ بے فکری سے سونا۔
نیند بھر کر یا بھر کے سونا } حسب دلخواہ سونا۔ پاؤں پھیلا کے سونا۔ اپنی نیند سونا۔ سکھ نیند سونا۔
نیند بھرنا (ہ) بخوبی سولینا۔ اچھی طرح سولینا۔ نیند پوری ہونا۔ خمار آنا۔ خمار میں بھرنا۔
نیند پڑنا (ا/محاورہ) نیند آنا۔ سوجانا۔
نیند جانا (ا/محاورہ) نیند نہ آنا۔ نیند اُڑ جانا۔
نیند حرام کرنا (ا) سوتے میں دق کرنا۔ سوتے سے جگا دینا۔ نیند کھونا۔ جگانا۔
نیند کا دُکھیا (ہ/مذ) بہت سونے کا عادی۔ بہت سونے والا۔ مغلوب خواب۔
نیند کافور ہونا (ا/محاورہ) نیند اُڑ جانا۔
نیند کا ماتا (ہ/مذ) خواب آلودہ۔ نیند میں بھرا ہوا۔ مست خواب۔
نیند کی جھپکی (ا/مث) غنودگی۔ ذرا سی دیر آنکھ جھپکنا۔
نیند میں ہونا (ا) خواب آلودہ ہونا۔ اُنیندا ہونا۔ مست خواب ہونا۔
نیندڑیاں (ہ/مث) نیند کی تصغیر۔ سکھ نیند۔ خواب راحت۔
نیندو (ہ/مذ) بہت سونے والا۔
نین سکھ (ہ/مذ) ایک قسم کا نہایت عمدہ اور باریک کپڑا۔ خاصہ۔ تنزیب۔ ململ۔
نینو (ہ/مذ) ایک قسم کا سوتی کپڑا۔ جس پہ آنکھ کی مانند تار سے بنے ہوتے ہیں۔ پھول دار کپڑا۔
نیو (ہ/مث) جڑ۔ بنیاد۔ بیخ۔ اصل۔ شروع۔ آغاز۔ ابتدا۔ استحکام۔ قیام۔
نیو جمانا۔ یا۔ ڈالنا (ہ) بنیاد ڈالنا۔ بنیاد رکھنا۔ گھر بنانا۔ قائم کرنا۔ مضبوطی حاصل کرنا۔ شروع کرنا۔ ابتدا کرنا۔ نقشہ جمانا۔ ڈھنگ ڈالنا۔ تمہید اُٹھانا۔
نیوا (ہ/مذ) چپ۔ خاموش۔
نیوا ناس (ہ/مذ) تباہ و برباد۔ ستیاناس۔ بیخ و بنیاد کی تباہی۔
نیو اورلینز۔ دریائے مسسی پی کے دہانے سے ۱۰۰ میل کے فاصلے پر دریائی بندرگاہ ہے۔ کھانڈ، چاول۔ تمباکو۔ روئی۔ مکی۔ شراب۔ غلہ اور سُور کا گوشت باہر کو جاتا ہے۔
نیوا ناس جانا (ہ) برباد ہونا۔ اُجڑنا۔ ستیاناس ہونا۔
نیوا ناس گیا (ہ) اُجڑا بگڑا۔ کھوج مٹا۔ کھو جڑے گیا۔ خانہ خراب۔
نیوتا (ہ/مذ) نوتا۔ تنبول۔ بیاہ شادی کے موقع پر نقدی لینے دینے کی رسم۔
نیورن برگ۔ جرمنی کا مشہور شہر۔ کھلونے بناتے اور دھاتوں کا کام ہوتا ہے۔
نیوڑانا۔ یا۔ نیوڑا کر دھونا (ہ) خوب ملنا۔ خوب مل کر دھونا۔
نیوز (انگریزی) خبر۔ اخبار۔
نیوز پیپر (انگریزی/مذ) اخبار۔ روزنامہ۔
نیوگ (ہ/مذ) ہندوؤں میں اولاد حاصل کرنے کی غرض سے نطفہ لینے

کی ایک رسم۔

نیوگنی - یہ جزیرہ بحرالکاہل میں ہے۔ رقبہ ۳۰۶۰۰۰ مربع میل ہے - مختلف ریاستوں کے ماتحت ہے۔

نیوفونڈلینڈ - شمالی امریکہ کے مشرق کی طرف بڑا جزیرہ ہے۔ یہاں مچھلی بہت پکڑی جاتی ہے اور سکھا کر باہر بھیجی جاتی ہے۔ یاس ہی گرم رَو اور سرد رَو ملتی ہے۔ سینٹ جانتز دارالحکومت ہے۔

نیولا (ہ ا مذ) نیو کھودنے والا جانور۔ ایک قسم کا بڑے چوہے جتنا جانور جو سانپ کو مار ڈالتا ہے۔ راسُو۔ نِول۔

نیولی (ہ ا مث) ہمیانی۔ روپے رکھنے کی لمبی تھیلی۔

نیویارک - اضلاعِ متحدہ کے مشرقی ساحل پر بندرگاہ ہے۔ دُنیا میں دوسرے درجہ پر ہے۔ تجارتی اور صنعتی مرکز ہے۔ من ہاٹن جزیرے کے کنارے نیویارک ریاست میں واقع ہے۔

نئی وید (س امث) نیاز۔ نذر مولا۔ بھینٹ۔ قربانی۔ دیوتا کا بھوگ پرشاد۔

نیہ (ہ ا مذ) پیار۔ محبت۔ موہ۔ پریت۔ اُلفت۔ عشق۔

نیہ لگانا - یا - **نیہا لگانا** (ہ) محبت کرنا۔ آنکھ لگانا۔ عاشق ہونا۔

نیہی (ہ ا مذ) پیار کرنے والا۔ پریمی۔ چاہنے والا۔ عاشق۔ محبّ۔

نیہر (ہ ا مذ) عورت کے ماں باپ کا گھر۔ میکا۔ جسے پیہر بھی کہتے ہیں۔

و

و (ع/مث) عربی کا چھبیسواں[26] - فارسی کا تیسواں[30] - ہندی کا اُنتیسواں[29] اور اُردو کا تینتیسواں[33] حرف - حساب ابجد میں اس کے چھ عدد شمار کیے گئے ہیں (۲) بصورت عطف اور کے معنی دیتا ہے -

و - ا

وا (ف) کھلا ہوا - کشادہ - پھیلا ہوا - جدا - الگ - دوسری دفعہ - پھر - دوبارہ -

واکرنا (ف) کھولنا - پھیلانا - باز کرنا -

واماندہ (ف) چھوٹا - پس خوردہ - باقی رہا ہوا - عاجز - پس ماندہ - پیچھے رہا ہوا - تھکا ہوا -

وارہ (مث) پون - ہوا - باد - دایو - وہ - اُن - اُر -

وابستگان (ف/مذ) ایک گھر کے متعلقین - کنبے کے رشتہ دار - اقارب -

وابستگی (ف/مث) تعلق - سروکار - واسطہ - لگاؤ -

وابستہ (ف) متعلق - رشتہ دار - بندھا ہوا - پیوستہ - منسلک -

واپس (ف) بمعنی باز پس - اُلٹا پھیرا ہوا - لوٹا ہوا - ہٹا ہوا - مسترد - پھیرا ہوا - پیچھے - اُلٹا -

واپس آنا (ا) پھرانا - پلٹ آنا - لوٹنا - پھرنا -

واپس دینا (ا، محاورہ) پھیر دینا - لوٹا دینا - واپس کر دینا -

واپس کرنا (ا) مسترد کرنا - لوٹانا - پھیرنا - موڑنا -

واپس لینا (ا) مسترد کرنا - لوٹانا - پھیرنا - موڑنا -

واپس ملنا (ا، محاورہ) کسی چیز کا پلٹ کر ملنا -

واپس ہونا (ا) لوٹنا - اُلٹا پھرنا - پلٹنا - مراجعت کرنا -

واپسی (ا/مث) پھرنا - لوٹنا - واپس شدہ چیز - پھری ہوئی چیز -

واپسیں (ف) اخیر - آخری - سب سے آخر -

وات (س/مث) ہوا - پون - بیال - باد - ایک بیماری کا نام - گٹھیا - بادی گٹھیا -

واٹرلو - بلجیم میں ہے - جنگلی مقام ہے - یہاں ۱۹۱۶ء میں نپولین کو شکست ہوئی تھی -

واثق (ع) مستحکم - پکا - مضبوط - مستقل -

واجب (ع) ضرور - لازم - مناسب - ہمیشہ - دائم - مدام - لائق - کرنے والا - قابل - جو اپنی بقا کے لئے ذات میں کسی کا محتاج نہ ہو - خدا تعالیٰ - فرض - فرض کیا گیا - تنخواہ - مشاہرہ - ماہوار - علم حساب میں وہ کسور جس کی کسر کا عدد مخرج کے عدد سے چھوٹا ہو -

واجب الاتباع (ع/صف) جس کی پیروی ہو -

واجب الادا (ع) دینے جوگ - وہ رقم جس کا ادا کرنا واجب ہے -

واجب الاذعان (ع/صف) وہ جس کی تعمیل ضروری ہو -

واجب الاظہار (ع) ظاہر کرنے کے لائق - بیان کرنے کے قابل -

واجب التسلیم (ع) مانا ہوا - ماننے کے قابل - مان لینے کے لائق -

واجب التعزیر (ع) سزا کے قابل - سزا کے لائق -

واجب التعظیم (ع) قابل ادب - عزت کے لائق - بزرگ - مانا ہوا -

واجب التعمیل (ع/صف) وہ جس کی تعمیل ضروری ہو -

واجب الرحم (ع) رحم کے قابل - ترس کھانے کے لائق - رحم کرنے کے قابل -

واجب الرعایت (ع) قابل معافی - چھما جوگ - لحاظ کرنے کے قابل - معذور رکھنے کے لائق -

واجب الزیارت (ع) دیکھنے یا ملاقات کے لائق - زیارت کے قابل -

واجب الطلب (ع) مانگنے کے قابل۔ لینے جوگ۔ قابلِ وصول۔ قابلِ مُطالبہ۔
واجب العرض (ع) قابلِ عرض۔ عرضی۔ دعویٰ۔ تحریری۔ اظہار۔ وہ شرطیں جو قانونی بندوبست کے خانہ میں مالکوں اور کاشتکاروں کے درمیان کاشت وغیرہ کی بابت لکھی جائیں۔
واجبُ القتل (ع) مار ڈالنے کے قابل۔ قابلِ قتل۔ قتل کرنے کے لائق۔
واجبُ الوجود (ع) وہ ذات جو اپنی ہستی اور بقا میں محتاج غیر نہ ہو۔
واجبُ الوصول (ع) قابلِ وصول۔ لینے جوگ۔ حاصل ہونے کے قابل۔
واجب جاننا (ر) ضروری جاننا۔ لازم سمجھنا۔ فرض جاننا۔
واجب و لازم (ع) ضروری اور فرض۔ نہایت ضروری۔ خاص۔ صحیح۔ ثابت۔
واجب ہونا (ر) فرض ہونا۔ ضروری ہونا۔
واجبات (ع امث) واجب کی جمع۔ ضروریات۔ لازمی چیزیں۔ ضروری اشیا۔ فرائض۔ لوازمات۔ چڑھی ہوئی تنخواہیں۔ واجب الوصول رقمیں۔
واجبی (ع) بجا۔ دُرست۔ معقول۔ ٹھیک۔ لازمی۔ ضروری۔ روزینہ۔ وظیفہ۔ لائق۔ سزاوار۔ مناسب۔
واجبی بات (ر امث) ٹھیک بات۔ دُرست بات۔ حق الامر بات۔ سچی بات۔
واجبی خرچ (ر امذ) مناسب خرچ۔ ضروری خرچ۔ لازمی اور درمیانہ درجہ کا خرچ۔
واجبی سا (ر) ذرا سا۔ تھوڑا سا۔ قلیل مقدار میں۔ جُزوی۔
واجد (ع صف) وجد میں آنے والا۔ پانے والا۔ بات نکالنے والا۔ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔
واچ (انگریزی امث) گھڑی۔ جیب گھڑی۔
واچ میکر (انگریزی امذ) گھڑی ساز۔ گھڑی بنانے والا۔ گھڑی کی مرمّت کرنے والا۔
واحد (ع) ایک۔ فرد۔ مفرد۔ مجرّد۔ صرف۔ تنہا۔ فقط۔ نرا۔ اکیلا۔ یکتا۔ یگانہ۔ ذاتِ خدا تعالیٰ۔
واحدُ العین (ع) ایک آنکھ والا۔ یک چشم۔ کانڑا۔ کانا۔
واحد شاہد (ر امحاورہ) واقف۔ واقفِ الحال۔ محرم۔ احسان یا سلوک کرنے والا۔ سلوک۔ خدائے واحد میرا گواہ ہے۔ خدا شاہد ہے۔
واحد شاہد بھی نہیں (ر) واقف بھی نہیں۔ میں بالکل ناواقف اور بے خبر ہوں۔ کوڑی بھی نہیں لی۔
واحد شاہد ہونا (ر) جاننا۔ شناسا ہونا۔ واقف ہونا۔ محرم ہونا۔ دنیا میں کسی کے ساتھ سلوک کرنا۔ احسان کرنا۔
واحسرتا (ع) کلمۂ تاسف و افسوس۔ ہائے ہائے۔ ہے ہے۔ افسوس۔ وائے۔ غضب۔
واخیدن (ف) دُھنکنا۔
واد (ع) زندہ قبر میں دفن کرنا۔

وادی (ع) اگھاٹی۔ پہاڑ کا درّہ۔ نیچی زمین۔ وہ سرسبز قطعہ جو دو پہاڑوں یا پہاڑیوں کے درمیان واقع ہو۔ دریا یا نالے کے پانی کے بہنے کا جنگل۔ مجازاً جنگل۔ دشت۔ صحرا۔ مجازاً مقدمہ۔ معاملہ۔ ندی۔ دریا کا نالہ۔ دریا۔
وادیٔ ایمن (ع امذ) وہ جنگل جو کوہِ طور سے دائیں طرف ہے۔ جہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنی بیوی کو دردِ زہ میں چھوڑ کر آگ کی تلاش میں آگے بڑھے تھے اور پہلے پہل آپ کو اسی جگہ دیدارِ الٰہی ہوا تھا۔
وادیٔ مجنوں (ع امذ) وہ جنگل یا صحرا جہاں مجنوں پڑا رہا کرتا تھا۔
وادیٔ خموشاں (ف امذ) قبرستان۔ گورستان۔
وادی پر آنا (ر) ضد پر آنا۔ ہٹ پر آنا۔ اپنی عادت پر آنا۔
وار (انگریزی امث) جنگ۔ لڑائی۔
وار (ہ امذ) دن۔ روز۔ باری۔ داؤ۔ گھاٹ۔ موقع۔ نوبت۔ دفعہ۔ اس طرف۔ اِدھر۔ اس کنارے پر۔ اس جانب۔ حملہ۔ صدمہ۔ ضرب۔ چوٹ۔ حربہ۔ زخم۔ گھاؤ۔ ٹھوکر۔
وار بچانا (ہ) حملہ روکنا۔ ضرب سے بچنا۔ خالی دینا۔ حربہ سے بچنا۔
وار پار (ہ) اِدھر سے اُدھر تک۔ اس طرف سے اُس طرف تک۔ آرپار۔ آدھا اِدھر آدھا اُدھر۔
وار پار ہونا (ر) آرپار ہونا۔ اِدھر سے اُدھر نکل جانا۔ ترازو ہونا۔
وار پھیر (ہ امث) صدقہ۔ نچھاور۔ نثار۔ بلی۔ وہ نقدی جو دُولہا دُلہن کے سر پر سے وار کر ڈوم مَنڈوں کو دی جاتی ہے۔
وار چلنا (ہ) داؤ لگنا۔ ضرب پڑنا۔ ہاتھ بیٹھنا۔ ہاتھ لگنا۔
وار خالی جانا (ر) ہاتھ بہک جانا۔ ہاتھ نہ بیٹھنا۔ ضرب نہ پڑنا۔
وار خالی دینا (ر) چوٹ بچا جانا۔ داؤ کھیل جانا۔
وار روکنا (ر امحاورہ) کسی کے حربے کو ڈھال یا کسی عضو پر روکنا۔ چوٹ نہ آنے دینا۔
وارسا۔ پولینڈ کا دارالحکومت۔ دریائے وائچولا پر واقع ہے۔ یہاں تجارت یہودیوں کے ہاتھ میں ہے۔
وار کرنا (ر) ضرب لگانا۔ حملہ کرنا۔ چوٹ کرنا۔ حربہ کرنا۔ چال چلنا۔ دھوکا دینا۔ داؤ کرنا۔
وار لگنا } (ہ) موقع ملنا۔ باری آنا۔
وار ملنا } نوبت آنا۔
وار مرداں خالی نباشد (ر مثل) مردوں کا وار خالی نہیں جاتا۔ مردوں کی بات بے اثر نہیں ہوتی۔
وار } (ف) حرفِ تشبیہ۔ مانند۔ مثل۔ کلمۂ لیاقت بمعنی لائق جیسے
وارہ } شاہوار۔ کلمۂ نسبت جیسے تقصیر وار۔
وارا (ہ امذ) نفع۔ فائدہ۔ بچت۔ کفایت۔ ارزانی۔ افاقہ۔
وارا نیارا (ہ امذ) گہرا فائدہ۔ بڑا نفع۔ دو ٹوک فیصلہ۔ قطعی فیصلہ۔
وارا وُرد (ہ امث) جوڑ۔ میزان۔ مدِ مقابل۔ برابر۔ فائدہ۔ بچت۔ کفایت۔
وارا وُرد آنا (ہ) برابری کرنا۔ مدِ مقابل ہونا۔ سامنے ہونا۔ مقابل ہونا۔

وارا وَرد ہونا (ہ) جیتنا۔ غالب آنا۔ کفایت ہونا۔ اوٹ ہونا۔
وارِث (ع/مذ) وراثت پانے والا۔ ترکہ کا حق دار۔ مستحق۔ مُردے کے مال میں حصہ لینے والا۔ خاوند۔ خصم۔ میاں۔ مددگار۔ معاون۔ حامی۔
وارث بعید (ع/مذ) دُور کا وارث۔
وارث تاج وتخت (عف/مذ) سلطنت کا وارث۔ ولی عہد۔
وارث شرطی (عف/مذ) کسی شرط پہ میراث پانے والا۔
وارِد (ع) آنے والا۔ مسافر۔ غریب الوطن۔ قاصد۔ پیک۔ ایلچی
وارد و صادر (ع/مذ) آیا گیا۔ مہمان۔ مُسافر۔
وارد ہونا (ا) اُترنا۔ نازل ہونا۔ پیش آنا۔
واردات (ع/مث) واردہ کی جمع۔ سرگزشت۔ حالات۔ حال احوال۔ حادثہ۔ واقعہ۔ سانحہ۔ وقوعہ۔ ہنگامہ۔ فساد۔ دنگا۔ مارکٹائی۔
وارداتِ خفیف (ا/مث) چھوٹا جھگڑا یا واقعہ۔ ادنیٰ سا فساد۔
وارداتِ سنگین (ا/مث) سخت حادثہ۔ بہت بڑا فساد۔ بھاری وقوعہ۔
وارستہ (ف) کھُلا۔ آزاد۔ خود مختار۔ مطلق العنان۔
وارستہ مزاج (فع) بے پروا۔ آوارہ مزاج۔ آزاد طبع۔ آزادی پسند۔
وارفتہ (ف) آپے سے باہر۔ عاشق و شیدا۔ فریفتہ۔ تھکا ہوا۔ چُور چُور۔
وارفتگی (ف/مث) بے خودی۔ شیفتگی۔ تھکن۔ تھکاوٹ۔
وارن (ہ/مث) صدقہ۔ نثار۔ نچھاور۔ بھینٹ۔ نیاز۔ قربانی۔ چڑھاوا۔
وارن پھیرن (ہ/مث) نذر و نیاز۔ نچھاور۔ وار پھیر۔ تصدق۔ بیل۔
وارنا (ہ) نثار کرنا۔ تصدق کرنا۔ نچھاور کرنا۔ قُربان کرنا۔ بھینٹ چڑھانا۔ گرد پھرانا۔ صدقے کرنا۔
وارنٹ (انگریزی/مذ) گرفتار کرنے کا تحریری حکم نامہ۔ حکم۔ فرمان۔ طلب نامہ۔
وارنٹ تلاشی (ا/مذ) تلاشی کا حکم۔ پروانۂ تلاشی۔
وارنٹ جاری کرنا (ا) کسی کی گرفتاری کا حکم جاری کرنا۔
وارنٹ رہائی (ا/مذ) خلاصی اور نجات کا حکم نامہ۔
وارنٹ گرفتاری (ا/مذ) پکڑنے کا حکم نامہ۔
وارنش (انگریزی/مذ) روغن۔ قلعی۔ ملمع۔ لُک۔
واری (ہ/مث) قُربان۔ نثار۔ صدقے۔ بلہاری۔ بلہاری جاؤں۔
واری جانا (ہ) نثار ہونا۔ قُربان ہونا۔ صدقے ہونا۔
واری جاؤں (ہ) کلمۂ خطاب۔ صدقے جاؤں۔ قربان جاؤں۔ بلہاری جاؤں۔
وارے نیارے (ہ/مذ) وارا نیارا کی جمع۔ گہرے نفعے۔ بیڑے پار۔
وارے نیارے ہونا (ہ) بڑا نفع ہونا۔ گہرے ہونا۔ چاندی ہونا۔ خُوب نفع ہونا۔

واڑا (ہ/مذ) محلّہ۔ ٹولہ۔ کوچہ۔
واڑی (ا/مث) باغ۔ چمن۔ باڑی۔
واژوں (ف) سرنگوں۔ اوندھا۔ اُلٹا۔ معکوس۔ نامبارک۔ منحوس۔ برگشتہ۔
واژوں بخت (ف) بدنصیب۔ کم بخت۔ شوم۔ منحوس۔ اُلٹے نصیب والا۔
واس (س/مث) باس۔ سکونت۔ رہنا۔ آباد۔ رہائش۔
واسِط (ع/مذ) ایک شہر کا نام جہاں کی واسطی قلمیں مشہور ہیں۔
واسطات (ع/مذ) چھ دانت کا گھوڑا۔ پانچ مہینہ کا گھوڑا۔
واسطہ (ع/مث) بچولیا۔ ثالث۔ درمیانی شخص۔ بیچ والا۔ شادی بیاہ کرانے والی عورت۔ مشاطہ۔
واسطہ (ا/مذ) لگاؤ۔ تعلق۔ مناسبت۔ علاقہ۔ ربط۔ سبب۔ باعث۔ پالا۔ کام۔ سروکار۔ مطلب۔ غرض۔ وسیلہ۔ موقع۔ سلسلہ۔ دوستی۔ محبت۔ دل لگی۔ صحبت۔ مباشرت
واسطۃ العقد (ع/مذ) موتیوں کی لڑی کے بیچوں بیچ کا بڑا اور قیمتی موتی۔
واسطہ پیدا کرنا (ا) موقع نکالنا۔ وسیلہ بہم پہنچانا۔ سلسلہ قائم کرنا۔
واسطہ پڑنا (ا) پالا پڑنا۔ کام پڑنا۔ سروکار ہونا۔
واسطہ دینا (ا) شفاعت لانا۔ دُہائی دینا۔ بیچ میں ڈالنا۔
واسطہ ڈالنا (ا) پالا ڈالنا۔ کام ڈالنا۔ سروکار ڈالنا۔
واسطہ رکھنا (ا) تعلق رکھنا۔ علاقہ رکھنا۔ مطلب رکھنا۔ غرض رکھنا۔ لگاؤ رکھنا۔
واسطہ ہونا (ا) غرض ہونا۔ مطلب ہونا۔ دل لگی ہونا۔ سبب ہونا۔ سروکار ہونا۔ درمیانی تعلق ہونا۔ ربط ہونا۔ تعلق ہونا۔ نسبت ہونا۔
واسطی (ع/مذ) شہر واسط کا باشندہ۔ واسط کی چیز۔ ایک قسم کی عمدہ چیز۔
واسطی الاصل (ع/مذ) اعلیٰ درجہ کا قلم۔ کلک۔ واسط سے تعلق رکھنے والا۔
واسطے (ا/مذ) واسطہ کی جمع۔ تعلقات۔
واسطے (ا) لیے۔ برائے۔ از بہر۔ بہ سبب۔ خاطر۔
واسع (ع/صف) پھیلنے والا۔ وسیع۔ خدا تعالیٰ کا ایک نام۔
واسوخت (ف/مذ) رُوگردانی۔ نفرت۔ بیزاری۔ وہ مسدس یا ترجیع بند وغیرہ نظم جس میں معشوق کی شکایت۔ عشق کی بُرائی اور آئندہ کے لیے اپنی بیزاری اور بے پروائی ظاہر کی جائے۔
واسوختگی (ف/مث) جلن۔ سوزش۔ سوختگی۔
واشُد (ف/مث) کشادگی۔ شگفتگی۔
واشر (انگ/مذ) وہ چھلا جو ڈھبری کے ساتھ کس دیتے ہیں۔
واشنگٹن۔ اضلاع متحدہ امریکہ کا دارالحکومت ہے۔ وائٹ ہاؤس صدر جمہوریہ کے رہنے کا مکان شہر میں ہی ہے۔ لائبریری اور کانگرس کے دفتر، تعلیمی و طبی درسگاہیں بھی ہیں۔
واصف (ع/صف) تعریف کرنے والا۔ خُوبیاں بیان کرنے والا۔
واصل (ع) ملنے والا۔ مُلاقات کرنے والا۔ پہنچنے والا۔ حاصل ہونے

والا۔ وصول ہونے والا۔ شامل ہونے والا۔ قابلِ وصول۔

واصل باقی (ع امث) وصول شدہ اور باقی رقم آمد و خرچ۔

واصل باقی نویس (ع ف امذ) تحصیل کا وہ عہدے دار جو وصول اور باقی کا رجسٹر رکھتا ہے۔

واصلات (ع امث) واصل کی جمع۔ وصول شدہ کی میزان۔ آمدنی کی میزان کل۔ باقیات کی ضد۔

واضح (ع) روشن۔ ظاہر۔ آشکار۔ پرگھٹ۔ کھلا۔ صریح۔ مفصل۔ مشرح۔

واضح کرنا (ل) کھولنا۔ جتانا۔ صاف کہنا۔ ظاہر کرنا۔

واضح رہے (ل محاورہ) پوشیدہ نہ رہے۔ خوب سمجھ لو۔ معلوم رہے۔

واضح لکھنا (ل محاورہ) جلی قلم سے لکھنا۔ صاف لکھنا۔ ایسا لکھنا جو پڑھا جا سکے۔

واضح ہو (ل فقرہ) معلوم ہو۔ جاننا چاہیے۔

واضع (ع) وضع کرنے والا۔ بنانے والا۔ کسی چیز کو اس جگہ پر رکھنے والا۔ موجد۔ مخترع۔ پیدا کرنے والا۔

واضع قانون (ع امذ) قانون بنانے والا۔ رسم و رواج کے مطابق ہدایات دینے والا۔

واعظ (ع امذ) خدا کے عذاب سے ڈرانے والا۔ ناصح۔ نصیحت کرنے والا۔ دین کی تلقین کرنے والا۔ پند و نصیحت کرنے والا۔ وعظ کرنے والا۔

واعجباہ (ع) مقامِ افسوس و تعجب پر بولتے ہیں یعنی اے تعجب۔

وافر (ع) بہت بکثرت۔ کثیر۔ بافراط۔ گھنا۔

وافی (ع) پورا۔ خاطر خواہ۔ کافی۔ تمام و کمال۔

واقع (ع امذ) وقوع میں آنے والا۔ پیش ہونے والا۔ موجود ہونے والا۔

واقع میں (ل) درحقیقت۔ دراصل۔

واقع ہونا (ل) ظاہر ہونا۔ پیش ہونا۔ نمودار ہونا۔ برپا ہونا۔

واقعات (ع امث) واقعہ کی جمع۔ حادثے۔ سانحے۔

واقعات غیر مشتبہ (ع امذ) ایسے واقعات جن کے متعلق شبہ نہ کیا جا سکے۔ ثابت شدہ واقعات۔

واقعاتِ نفس الامری (ع ف امذ) ایسی باتیں جو سچ مچ ہو رہی ہوں اور ان میں بناوٹ نہ ہو۔

واقعہ (ع امذ) وقوعہ۔ حادثہ۔ واردات۔ سانحہ۔ سرگزشت۔ حال بیتی۔ ماجرا۔ خبر۔ موت۔ کال۔ وفات۔ انتقال۔ لڑائی۔ جنگ۔ کارزار۔ حشر۔ آفت۔ سختی۔

واقعہ نویس (ع ف امذ) خبریں لکھنے والا۔ خبر نویس۔ وقائع نگار۔

واقعہ ہونا (ل) حادثہ پیش آنا۔ واردات ہونا۔ انتقال ہونا۔ مرنا۔

واقعی (ع) منسوب بواقع۔ درحقیقت۔ درست۔ سچ مچ۔ دراصل۔ فی الحقیقت۔

واقف (ع) کھڑا ہونے والا۔ جاننے والا۔ آگاہ۔ مطلع۔ خبردار۔ ماہر۔ ہوشیار۔

واقف الحال۔ یا۔ واقفِ حال (ع امذ) حال سے واقف۔ راز دان۔ ہمراز۔

واقف کار (ع ف امذ) کام جاننے والا۔ کام سے واقف۔ کاردان۔ تجربہ کار۔ جہاں دیدہ۔

واقف کاری (ع ف امث) جان پہچان۔ شناسائی۔ جانچ۔ پرکھ۔ شناخت۔ امتحان۔ تجربہ۔ کاردانی۔

واقفیت (ع امث) شناسائی۔ جان پہچان۔ جانچ۔ پرکھ۔ علم۔ خبر۔ آگاہی۔ مہارت۔ استعداد۔ تجربہ۔ شناخت۔

واقفیت پیدا کرنا (ل) کسی کام کو جاننا۔ تجربہ بہم پہنچانا۔ دسترس پیدا کرنا۔

وال (ہ امذ) والا کا مخفف۔ جیسے دلّی وال۔ اگر وال۔

والا (ہ امذ) جیسے کرنے والا۔ کرتا۔ عامل۔ اسم کے بعد۔ نگران۔ محافظ۔ نگہبان۔ مالک۔ آقا۔ صاحب۔ جیسے کھیت والا۔ روپیہ والا۔ منسوب۔ نسبت رکھنے والا۔ جیسے شہر والا۔ گاؤں والا وغیرہ۔

وال پریزو۔ چلّی کی بندرگاہ۔ یہاں سے شورہ اور کچا تانبا یورپ کو جاتا ہے۔

والا (ف) بلند۔ اونچا۔ بزرگ۔ عالی۔ بڑا۔ جیسے حضور والا۔

والا جاہ (ف) اونچے درجے والا۔ بلند مرتبہ۔ عالی مرتبہ۔

والا شان (ف) بڑی شان والا۔ عالی شان۔

والا قدر (ف ع) بڑی قدر والا۔ عالی قدر۔ عالی مرتبہ۔

والا نامہ (ف امذ) نوازش نامہ۔ بڑا خط۔ بڑے آدمی کا خط۔

والا نگاہ (ف امذ) بلند نظر رکھنے والا۔ عالی خیال۔

والا ہمت (ف ا صف) بلند ہمت۔ حوصلہ مند۔

والّا (ع) ورنہ۔ نہیں تو۔ وگرنہ۔

والد (ع امذ) باپ۔ پِتا۔ ابّا۔ باوا۔ پدر۔

والد ماجد (ع امذ) بزرگوار باپ۔ ابّا جان۔

والدہ (ع امث) ماں۔ ماتا۔ امّاں۔ میّا۔

والدہ ماجدہ (ع امث) والدہ محترمہ۔ بزرگوار ماں۔

والدین (ع امذ) ماں باپ۔ ماتا پِتا۔ پدر و مادر۔

والگا۔ یورپ کا سب سے بلند لمبا دریا ہے۔ سردیوں میں جم جاتا ہے۔ استرخاں اس کے ڈیلٹے پر بندرگاہ ہے۔ گرمیوں میں کشتی کے ذریعے آمد و رفت ہوتی ہے۔

والنٹیر (انگریزی امذ) وہ خیر خواہ ملک جو اپنی خوشی سے ملک کی حفاظت کے لیے وقت بے وقت فوجی کام میں آتے ہیں۔ رضاکار۔

واللہ (ع) حرفِ قسم۔ خدا کی قسم۔ اللہ کی قسم۔

واللہ اعلم (ع محاورہ) خدا ہی خوب جانتا ہے۔ خدا معلوم۔ مجھے خبر نہیں۔ اللہ ہی جانتے۔

واللہ اعلم بالصواب (ع) خدا ہی بہتر جانتا ہے۔ خدا کو خوب معلوم ہے۔

واللہ باللہ (ع) تاکید قسم - قسم میں زور اور تاکید کے وقت بولا کرتے ہیں۔
والہ (ع) عاشق - فریفتہ - شیفتہ - سرگشتہ -
والہ و شیدا (ع/صف) حد سے زیادہ شیفتہ -
والہانہ (ع/صف) شیفتگی کے انداز سے - عاشقانہ انداز سے -
والی (ہ/مث) والا - علامت فاعل کی تانیث -
والی بال (انگریزی/مذ) ایک کھیل کا نام جو ٹینس کی طرح ہاتھوں سے کھیلا جاتا ہے -
والی (ع/مث) مالک - آقا - سرتاج - حاکم - خداوند - بادشاہ - وارث - مُربّی - سرپرست - مددگار - حمایتی - دوست - محافظ - نگہبان -
والیٔ مُلک (ع/مذ) مُلک کا حکمران - بادشاہ -
والی وارث (ع/مذ) مُربّی - حمایتی - پُشت پناہ - مالک و آقا - سرپرست -
وام (ف/مذ) اُدھار - قرض -
واماندگان (ف) واماندہ کی جمع - تھکے ہوئے - پیچھے رہے ہوئے - عاجز -
واماندگی (ف/مث) تھکن - تھکان - تھکاوٹ - عاجزی -
واماندہ (ف) تھکا ہوا - عاجز - پس خوردہ - باقی رہا ہوا - پس ماندہ - آلش -
وامُصیبتا (ع) کلمۂ تاسف - ہائے مصیبت - ہائے ہائے - دریغا ہے -
وامِق (ع/مذ) دوست رکھنے والا - چاہنے والا - عاشق - طالب - عذرا کے مشہور عاشق کا نام -
وان (ہ/مذ) آخر اسما میں علامت فاعل - جیسے بھاگوان - بیچوان - صاحب - والا - مالک -
واں (ہ) بنون غنّہ کلمۂ نسبت جیسے لٹھواں - وہاں کا مخفف بھی ہے - مگر نظم میں -
واوٗ (ع/مث) اُردو کا تینتیسواں حرف -
واوِ عاطفہ - یا عطف (ع) وہ واؤ جو دو کلموں یا جملوں میں ربط دینے کے لیے آتی ہے -
واوٗ مجہول (ع/مث) وہ واؤ جس کے پہلے ضمّہ خالص نہ ہو -
واوِ معدولہ (ع/مث) وہ واؤ جو لکھنے میں آئے اور پڑھنے میں نہ آئے -
واوِ معروف (ع/مث) وہ واؤ جس کے پہلے ضمّہ خالص ہو -
واویلا (ع/مذ) افسوس - حیف - مجازاً رونا پیٹنا - گریہ و زاری - نوحہ - ماتم - آہ و نالہ - فریاد - دُہائی - ہائے ہائے -
واویلا کرنا (ف) رونا پیٹنا - گریہ زاری کرنا - ہائے ہائے کرنا -
واہ (ف) کلمۂ تحسین و آفرین - سُبحان اللہ - آفرین ہے - مرحبا - بل بے - کیا بات ہے - شاباش کیا خوب - چہ خوش - اچنبھے کی بات ہے - حیرت کی جگہ ہے - خوب - عجیب -
واہ پیر علیا پکائی تھی کھیر ہو گیا دلیا (ضرب المثل) کیا تھا کیا اور ہو گیا کیا - بنا بنایا کام بگڑ گیا - اچھے کام کا بُرا نتیجہ نکلا -
واہ رے (ف) کلمۂ تعجب - وصف نفرت - طنز اور افسوس کے لیے آتا ہے -
واہ رے میں (ہ) کلمۂ فخر - اپنی تعریف آپ ہی کرنا چاہیے - میرا کیا کہنا - میری کیا بات ہے - ہم بھی کچھ ہیں -
واہ کیا بات ہے (ف/محاورہ) طنز اور تعریف دونوں موقعوں پہ بولا جاتا ہے -
واہ کیا کہنا ہے (ہ/محاورہ) طنزاً کیا بات ہے - سُبحان اللہ -
واہب (ع) بخشنے والا - عفو کرنے والا - عطا کرنے والا -
واہلہ (ع) زوجہ نوح کا نام -
واہمہ (ع/مذ) وہم کی قوت - قوت متخیلہ - باریکیاں اور جزئیات معلوم کرنے کی قوت - جو محسوسات سے متعلق ہیں -
واہ وا (ف) کلمۂ تحسین و آفرین - واہ واہ کا مخفف کیا کہنا ہے - کیا بات ہے - سبحان اللہ - شاباش -
واہ واہ (ف) کلمۂ تحسین و آفرین - واہ وا -
واہ واہ کرنا (ف) سراہنا - تعریف کرنا - مرحبا کہنا - آفرین کہنا -
واہ واہ گرگٹ کا بچہ تاتا شاہ (ضرب المثل) ادنیٰ شخص اور یہ عالی دماغی -
واہ واہ میاں بانکے گلے میں سو سو ٹانکے (ضرب المثل) اُس کنگال مغرور آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں جو پیوند لگے کپڑوں پر بھی بے حد شیخی بگھارے -
واہ واہ ہونا (ف) سراہا جانا - بول بالا ہونا - تعریف ہونا - شہرت ہونا -
واہب (ع/صف) بخشنے والا - دینے والا - ہبہ کرنے والا -
واہب الحاجات (ع/صف) حاجتیں پوری کرنے والا -
واہب العطایا (ع/صف) عطیے دینے والا -
واہب بے منّت (ع/صف) احسان کرکے نہ جتانے والا -
واہی (ع) سست - کمزور - ناتواں - ضعیف - ناطاقت - بیہودہ بات - بے مزہ بات - لغو - بے ہودہ - لُچّا - عیاش - شُہدا - اوباش - آوارہ -
واہی تباہی (ف/مث) بے ہودہ بات - بے مزہ کلام - بے معنی بات - آوارہ - خراب - نکما - بے کار - اوباش -
واہی تباہی بکنا (ف) بکواس کرنا - ٹرّ لگانا - بے ہودہ باتیں کرنا -
واہی تباہی پھرنا (ف) دربدر پھرنا - خراب و خستہ پھرنا - آوارہ پھرنا -
واہی ہونا (ف) خراب ہونا - بگڑنا - عیاش ہونا -
واہی ہے (ف/محاورہ) بے وقوف ہے - کبھی کسی کام سے منع کرنے پر بھی بولتے ہیں -
واہیات (ع/مث) واہی کی جمع - بے معنی باتیں - لغو باتیں - خرافات - اوباشی - خرابات -
واہیات بکنا (ف/محاورہ) بے ہودہ بات کرنا -
واہیات ہونا (ف/محاورہ) فضول ہونا - خراب ہونا -
وائٹ ہاؤس - اضلاع متحدہ امریکہ کا صدر اس مکان میں رہتا ہے - یہ واشنگٹن میں ہے - قابلِ دید عمارت ہے -
وائر (انگ/مذ) تار - تار برقی -

وائے (ع) دکھ - درد - یا حسرت و افسوس کے اظہار کے وقت یہ کلمہ
زبان پر آتا ہے -
وائے تقدیر - یا - قسمت - یا - نصیب (ف اع) کلمۂ افسوس، ہائے
تقدیر - ہائے قسمت - ہائے نصیب -
والیو (س امث) ہوا - باد -
والیوکون (ہ امذ) گوشۂ شمال و مغرب -
والیوگولا (ہ امذ) ایک قسم کا دردِ شکم - باؤ گولا -
وائس (انگریزی امذ) نائب - قائم مقام - کسی کی جگہ کام کرنے والا -
وائس پریذیڈنٹ (انگریزی امذ) نائب میرِ مجلس - نائب صدر -
وائس چانسلر (انگ امذ) یونیورسٹی کا بڑا عہدہ دار - نائب امیرِ جامعہ -
چانسلر کا نائب -
وائس رائے (انگریزی امذ) نائب السلطنت - گورنر جنرل - مُلکی
لاٹ صاحب -
وائن (انگریزی امث) شراب - مے گُل - بادہ - دارو -

و - ب

وَبا (ع امث) مری - موت - مری والی بیماری - متعدّی مرض - وہ بیماری
جو ہوا خراب ہو جانے سے واقع ہوتی ہے -
وبا آنا - یا - پھیلنا (ل) مری پڑنا - عام موت کا واقع ہونا - خرابی
خاص کا وقوع ہونا -
وبال (ع امذ) بوجھ - بھار - سختی - گرانی - گناہ کی سزا - عذاب -
عذابِ الٰہی - آفت - مصیبت - بِپتا - مری - وبا - دوبھر -
ناگوار - عذابِ جان -
وبال پڑنا (ل) صبر پڑنا - ظلم کا بدلہ لینا -
وبال جان (عف) عذابِ جان - دوبھر - اجیرن - ناگوارِ طبع -
وَبالِ جان ہونا (ل) بوجھ معلوم ہونا - ناگوارِ خاطر گزرنا - اجیرن ہونا -
دوبھر پڑ جانا -
وبالِ دوش (عف) دوبھر - گرانِ خاطر - بارِ دوش جس کا اُٹھانا
طبیعت پر گراں ہو -

و - ت

وَتَد (ع) لکڑی کی کھونٹی -
وَتَر (ع امذ) کمان کا چلّہ - کمان کی زہ (ریاضی میں) دائرے کے
اندر کا وہ خط جو قطر سے چھوٹا ہو اور دائرے کے کسی حصّہ
کو گھیرے یعنی قطع دائرہ بنائے - یا چوکور شکل کے دو مقابل
کے کونوں کو ملانے والا خط -
وِتر (ع امذ) طاق - تنہا - اکیلا - وہ ایک یا تین رکعتیں جو نمازِ عشاء
کے بعد پڑھتے ہیں -
وَتیرہ (ع امذ) طریقہ - شیوہ - راہ - روش - عادت - دستور -

و - ث

وَثاق (ع) قید -
وثوق (ع امذ) مضبوطی - استحکام - اُستواری - بھروسا - اعتبار - اعتماد -
وثیقہ (ع امذ) استحکام - اُستواری - مضبوطی - باہمی عہد و پیمان کا کاغذ -
معاہدہ - عہد نامہ - دستاویز - معاہدہ - عہد نامہ -
وثیقہ دار (عف امذ) مالک - وثیقہ - پرونوٹ کا مالک -
وثیقہ سرکار (ع امذ) سرکاری کاغذ -
وثیقہ ضمانت (ع امذ) ضمانت نامہ - ضمانتی بونڈ -
وثیقہ نویس (عف اصف) وہ شخص جس کو حکومت کی طرف سے وثیقے
لکھنے کا لائسنس ملا ہو -
وثقیٰ (ع) مضبوط -

و - ج

وَج (ع) ایک دوا کا نام جسے اگر کہتے ہیں -
وِجا (ع) جانور کو خصی کرنا -
وجاہت (ع امث) خوبصورتی - خوبروئی - چہرے کا نور - ظاہری
شکل و شباہت - دکھاوا - چہرے کا رُعب - عزت - توقیر -
وِجار (ع) بھیڑیے کا بھٹ -
وَجَب (ع امث) بالشت - بالند - ہاتھ کی چھوٹی اُنگلی سے لے کر
انگوٹھے کے سرے تک کا پھیلاؤ - ۹ انچ کی لمبائی -
وِجد (ع) دولت مند ہونا -
وَجد (ع امذ) غمگینی - مجازاً حال - جذبہ - بے خودی - سرمستی -
جوش - خوشی -
وجد آنا } (ل) حال آنا - بے خودی طاری ہونا - جھومنا -
وجد کرنا } سرمست ہونا - خوشی یا ذوق میں جھومنا - اُچھلنا -
وجد میں آنا } کودنا - ناچنا -
وَجع (ع امذ) درد - دکھ - پیڑ - چُبھک - ٹیس -
وجع الاسنان (ع امذ) دانتوں کا درد -
وجع الظہر (ع امذ) پیٹھ کا درد - پیٹھ کا درد - کمر کا درد -
وجع القلب (ع امذ) دل کا درد جو نہایت مُہلک ہے -
وجع المفاصل (ع امذ) جوڑوں کا درد - گٹھیا - بائے -
وُجوب (ع امذ) لازم ہونا - واجب ہونا - فرض - ضروری - لابُد -
وُجود (ع امذ) پیدائش - حیات - زندگی - ہستی - ذات - نمائش - ظہور -
وُجود پانا - یا - پکڑنا (ل) ہست ہونا - پیدا ہونا - ظہور پکڑنا - ہستی میں آنا -

وُجُود میں لانا (ن) پیدا کرنا - ظہور میں لانا - ظاہر کرنا -
وُجُودی (ع - صف) شہودی کا مقابل - وحدۃ الوجود کا قائل -
وُجُوہ (ع - امث) وجہ کی جمع - اسباب - دلائل - سبب - بواعث -
وُجُوہات (ع - امث) وجہ کی جمع الجمع - دلیلیں - سبب - اسباب -
وَجہ (ع - امث) چہرہ - رُخ - صُورت - شکل - سبب - کارن - علّت - باعث - طور - طریق - ڈھنگ - دستور - دلیل - بُرہان - زرنقد - نقدی - روپیہ پیسہ - ذریعہ - وسیلہ - معاش - ذریعہ معاش -
وجہ تسمیہ (ع - امث) نام رکھنے کا سبب -
وجہ ثبوت (ع - امث) مدارِ ثبوت - ثبوت کی دلیل - گواہی - شہادت - گواہوں کی پیشی -
وجہ قوی (ع - امث) مضبوط دلیل - بُرہان قاطع -
وجہ کافی (ع - امث) کامل ثبوت - پُورا پُورا ثبوت -
وجہ معاش و معیشت (ع - امث) گزارنے کا ذریعہ - یعنی تنخواہ - وظیفہ - زمین - جاگیر وغیرہ -
وجہ معقول (ع - امث) روشن دلیل - عقلاً دُرست اور ٹھیک وجہ -
وجہ مُوجّہ (ع - امث) پکی دلیل - روشن اور قوی دلیل - مضبوط اور مستحکم دلیل -
وَجِیہ (ع) صُورت شکل والا - خُوبصورت - خوشنما - خوش رُو - خوش وضع - حسین - مُوزُوں - زیبا -

و - ح

وحدانیت (ع - امث) ایک ہونا - یکتائی - توحید - یگانگی -
وَحدت (ع - امث) یگانہ ہونا - یکتائی - ایک ہونا - توحید -
وحدت الوجُود (ع - امذ) صوفیوں کی اصطلاح میں تمام موجودات کو خدا تعالٰی ہی کا وجود ماننا - اور ماسوا کو محض اعتباری خیال کرنا -
وحدت الشہود (ع - امث) دُنیا کی ہر چیز جو پیشِ نظر ہے اسی یعنی اللہ تعالٰی کا پرتو ہے یعنی ہمہ از اُوست -
وحدتِ ارادی (ع - امث) لوگوں کا کسی خبر کے بغیر اپنے ارادے سے ایک دل اور متحد ہونا - خدا کو ایک جاننا -
وحدت قہری (ع - امث) وہ یگانگت جو بخوفِ سلطان یا حاکم کے قہر و غضب سے لوگوں میں پیدا ہو جائے -
وحدتِ نوعی (ع - امث) وہ وحدت جو ایک جنس ہونے کے سبب سے حاصل ہو - جیسے نوعِ انسان میں -
وحشی و طیر (ع - امذ) جنگلی چوپائے اور پرند -
وحشت (ع - امث) نفرت - غیر مانوس ہونا - ڈر کر بھاگنا - رمیدگی - سودا - جنُون - خفقان - دیوانگی - اُداسی - آوارگی - بھیانک پن - دیوانہ پن - جہالت - حیوانیت - ڈر - خوف - بھے - بیم -
وحشت اثر (ع) ایسی خبر جس سے وحشت پیدا ہو - ڈراؤنی خبر - مُہیب -
وحشت اُچھلنا (ن) خفقان ہونا - جنُون ہونا - سودا ہونا - خبط ہونا -
وحشت انگیز (ع - صف) ڈراؤنا - ہولناک - بھیانک - خوف ناک -
وحشت برسنا (ن) اُداسی چھانا - ویرانگی برسنا - جنُون اور سودا نمایاں ہونا -
وحشت خیز (ع - صف) وحشت بڑھانے والا - وحشت پیدا کرنے والا - مہیب -
وحشت زدہ (ع - صف) حواس باختہ - اُداس - گھبرایا ہوا - خبطی - سودائی - مجنوں - پاگل - دیوانہ -
وحشت ناک (ع - صف) گھبرا دینے والی - ڈراؤنی - خوف ناک - بھیانک - خطرناک - وحشت بھری -
وحشت ہونا (ن) گھبراہٹ ہونا - گھبرانا - پریشان ہونا - سودا ہونا - خفقان ہونا - جنُون ہونا -
وحشی (ع) جنگلی جانور جو آدمیوں کو دیکھ کر گھبرا جائے - جنگلی - صحرائی - بن سدھا - بھڑکنے والا - ایک حال پر نہ رہنے والا - بدکنے والا -
وَحل (ع - امث) دلدل - کیچڑ - گیلی مٹی - کیچ -
وحُوش (ع - امذ) وحش کی جمع - صحرائی جانور -
وحی (ع - امث) پیغام الٰہی - خدائے تعالٰی کا کسی کے دل میں کوئی بات ڈال دینا - الہام پیغمبروں پر نازل ہونے والا خدا کا حکم - کتاب الٰہی - (مذکر) جبرائیل علیہ السلام -
وحی منزل (ع - صف - امث) قرآن مجید -
وحید (ع) یگانہ - تنہا - بے نظیر - لاثانی - فرد -
وحید العصر (ع) یکتائے زمانہ -
وَخش (ع) ایک بیماری جو گھوڑوں کو پاؤں میں ہوتی ہے -

و - د

وُد (ع) دوستی -
وِداد (ع - امث) دوستی - محبّت - اتحاد - اُلفت - اُنس -
وِداج (ع) رگِ گردن -
وِداع (ع - امث) رُخصت - روانگی - دُلہن کی اپنے میکے سے روانگی -
وَدُود (ع - امث) دوست - مُحب - محبّت کرنے والا -
وَدع (ع) سنکھ -
وَدھوا (ہ - امث) رانڈ عورت - بیوہ عورت -
وِدّیا (س - امث) بِدّیا - علم - گن - فن - ہُنر - دانش - سمجھ - ادراک - گیان - واقفیت - استعداد -
وَدِیعت (ع) دھروڑ - اَمانت -
ودیعت ایزدی (ع - امث) خدا کی امانت -

و - ر

وَر (ف) داگر اور دار کا مخفف بمعنی اور اگر اور جو - کلمہ نسبت جیسے ہُنرور - علامت اسم بمعنی صاحب والا - بزرگ - غالب - زبر - فائق -

وَر رہنا (ف) بازی لے جانا - فتح یاب ہونا - زبردست رہنا - غالب رہنا -
وَر ہونا (ف) غالب رہنا - فائق ہونا -
وَرا - یا - ورائے (ع) پیچھے - پس - عقب - پس پُشت - سوا - علاوہ - فالتو - ماسوا -
وراثت (ع امث) ترکہ - میراث - ورثہ -
وراثت نامہ (عف امذ) وارث ہونے کی تحریر - وارث ہونے کی سند -
وراثتاً (ع) ترکے کے طور پر - وراثت کے طور پر -
وراثتاً پہنچنا (ا امحاورہ) وارث ہونے کی وجہ سے ملنا -
وُرَثا } (ع امذ) وارث کی جمع - ترکہ پانے والے لوگ -
وُرَثہ } وارث لوگ -
وِرثہ (ع امذ) میراث - ترکہ - متوفی کا مال جو حق دار کو ملے -
ورثہ پانا (ف) حق پانا - میراث ملنا - ترکہ حاصل کرنا -
ورثہ دار (عف امف) وارث - ترکہ پانے والا -
ورثے میں آنا (ف) حصے میں آنا - ترکے میں آنا - بڑوں سے میراث ملنا -
وَرخس (ف) ورم جو ناخن کی جڑ میں ہوتا ہے -
وَرد (ع امذ) گلاب کا پھول - گُلِ سُرخ -
وِرد (ع امذ) روزانہ - بلا ناغہ کرنے کا کام - معمول - نیم - وظیفہ - جپنی -
وردِ زبان ہونا (ف) ازبر ہونا - حفظ ہونا - یاد ہونا - نوکِ زبان ہونا - زبان پر چڑھنا -
وِرد کرنا (ف) عادت ڈالنا - معمول ٹھہرا لینا - وظیفہ پڑھنا - بلا ناغہ کسی کام کو کرنا -
وَردی (ع) گلابی - گلاب کے رنگ کا (انگلش) فوج کا لباس - سپاہ کا بانا - سپاہی کی علامت یا نشان یا تمغہ - وہ باجا جو لشکر میں دس بجے اور صبح چار بجے لوگوں کو سونے اور جاگ اُٹھنے کے لیے بجتا ہے -
وردی بجانا (ف) صبح شام کی نوبت بجانا -
وردی بولنا (ف) مخبروں اور جاسوسوں کا کسی واقعہ کی خبر دینا - رپورٹ کرنا - اطلاع دینا -
وردی میجر (انگریزی امذ) اجیٹن کا نائب - جو کمنٹ کا ماتحت جو فوج کو حکم سُناتا اور نوکری بانٹتا ہے -
وَرزِش (ف امث) کسرت - جسمانی مشق - ریاضت - جیسے ڈنڈ پیلنا وغیرہ -
ورزشی (ف) کسرتی - ورزش کیا ہوا -
ورسا (ا امذ) سپاہیوں کی قواعد -
وَرطہ (ع امذ) مقام ہلاکت - جان جوکھوں کی جگہ - وہ جگہ جہاں رستہ نہ ہو - مجازاً غار بھنور - گرداب - پانی کا چکر -
وَرع (ع امث) پرہیزگاری - تقویٰ - زُہد کا مرادف -
وَرغلانا - ورغلاتنا (ف) بہکانا - اغوا کرنا - اُکسانا - بھڑکانا - پھیلانا - ٹھگنا - فریب دینا - دھوکا دینا -

وَرق (ع امذ) درخت کا پتّا - پات - کاغذ کا ٹکڑا - فرد - پتر - جزو کا آٹھواں حصہ - تاش یا گنجفہ کا پتّا - تاش کا رڈ -
ورق الخیال (ع امث) بھنگ - بُوٹی - ٹھنڈائی -
ورق بکھر جانا (ف) اتفاق نہ رہنا - شیرازہ بکھر جانا - نااتفاقی پڑ جانا - تباہ ہو جانا - برباد ہو جانا - چھکے چھوٹ جانا - خراب حال ہونا - حواس باختہ ہو جانا - بس میں نہ رہنا - بے قابو ہو جانا -
ورق تراشنا (ف) تاش یا گنجفہ کے پتوں کو کھیلنے کے لیے بانٹنا -
ورق توڑ ڈالنا (ا امحاورہ) ورق کو تہہ کر دینا -
ورق داغ (عف امذ) وہ ہندسے جو صفحوں کے شمار کے لیے لکھتے ہیں -
ورق ساز (عف امذ) چاندی سونے کے ورق بنانے والا - زرکوب -
ورق سیاہ کرنا (ا امحاورہ) مسودہ کرنا - بہت کچھ لکھنا -
ورق کوٹنا (ف) زرکوبی کرنا - سونے یا چاندی کے ورق بنانا -
ورق گردانی کرنا (ف) یونہی ورق اُلٹنا - برائے نام پڑھنا - بے علمی چھپانے کو ورق اُلٹتے رہنا - مجازاً بے فائدہ کام کرنا -
وَرقہ (ا امذ) وَرق - پنّا - پتّا -
وَرک (ع امذ) چوتڑ - کولہا - سرین -
وَرلا (ہ) اِدھر کا - اس طرف کا - اس کنارے کا - ورے کا - پرلا کی ضد -
وَرم (ع امذ) سوجن - سوج - آماس - بیماری یا چوٹ کے سبب سے جسم کا پھول جانا -
ورم اُتار دینا (ا امحاورہ) سوجن کم کر دینا -
وَرنہ (ف) واگرنہ کا مخفف - نہیں تو - پھر - وگرنہ - بصورتِ دیگر -
وُرُود (ع امذ) اُترنا - داخل ہونا - تشریف آوری - رونق افروزی - نزول -
وَرے (ہ) اس طرف - اِدھر - پاس - نزدیک - پرے کی ضد -
وَرید (ع امث) گلے کی موٹی رگ - شہ رگ - رگِ گردن -

و - ز

وزارت (ع امث) وزیری - وزیر کا عہدہ - وزیر کا کام - صدارت - وزیر کا دفتر - منتری کا عہدہ - مدارالمہامی -
وُزَرا (ع امذ) وزیر کی جمع -
وَزَغ (ع) مینڈک - گرگٹ - چھپکلی -
وَزن (ع امذ) بوجھ - بھار - گرانی - تول - جانچ - اندازہ - مقدار - پیمانہ - شعر کا تول - بحر - قدر - عزت - وقعت - امتحان - آزمائش - متانت -
وزن کرنا (ف) تولنا - جانچنا - اندازہ کرنا -
وزن ہونا (ف) بوجھ ہونا - گرانی ہونا - متانت ہونا - تُلنا - تولا جانا -
وزنی (ف) بھاری - وزن دار - گراں - ثقیل - باوقعت -
وزیر (ع امذ) لغت میں باربرداری کا ساتھی - اصطلاح میں منتری پردھان - مدارالمہام - منسٹر - دستورشاہ - کارفرما - شطرنج

کے ایک شہر کا نام۔
وزیراعظم (ع ا مذ) بڑا وزیر - وزیر الممالک - چیف منسٹر - دستورِ معظم۔
وزیگاپٹم - احاطہ مدراس میں ہے - بندرگاہ ہے - اس کے ذریعہ اُڑلیسہ کی جنگلی پیداوار - لاکھ - مینگنیز اور ابرق باہر جاتا ہے۔

و - س

وِس (ہ) اُس یا اُسے کی جگہ بولتے ہیں۔
وِسادہ (ع ا مذ) تکیہ - مسند - گدّی۔
وِسادہ نشین (ع ف ا صف) مسند نشین۔
وسارا (ا ر ا مذ) چھپر - سائبان۔
وَساطت (ع ا مث) وسیلہ - واسطہ - توسّل - ذریعہ - درمیان میں ہونا۔ اعتدال۔
وساوس (ع ا مذ) وسواس کی جمع - وسوسے۔
وَسائد (ع ا مذ) وسادہ کی جمع - گدّیاں - مسندیں - تکیے۔
وسائط (ع ا مذ) واسطہ کی جمع۔
وسائل (ع ا مذ) وسیلہ کی جمع - ذریعے - واسطے - وسیلے۔
وَسط (ع ا) بیچ - درمیان - میان - کمر - قلب - مرکز۔
وسطِ ہند - ہندوستان کا صوبہ - سطح پہاڑی ہے - سال اور ٹن کے درخت بہت ہوتے ہیں - ناگ پور دارالحکومت ہے۔
وسطانی (ع ا صف) درمیانی - مڈل کی جماعتیں۔
وُسطیٰ (ع) درمیانہ - نہ چھوٹا نہ بڑا - اوسط درجہ کا - متوسط - بیچ کی اُنگلی۔
وسطی مدرسہ (ع ا مذ) مڈل سکول - درمیانہ مدرسہ - مڈل کی تعلیم تک کا مدرسہ۔
وُسع }
وُسعت } (ع ا مث) فراخی - کشادگی - چوڑاپن - چوڑائی - چوڑان - میدان - گنجائش - بساط - سمائی - پھیلاؤ - پہنائی - جسامت - عمق - رتبہ - پیمائش - طول - عرض - دسترس - قدرت - مقدور۔
وُسعتِ اخلاق (ع ا مث) ہر ایک سے خاطرداری سے پیش آنا۔
وُسعت دینا (ا) پھیلانا - بڑھانا - فراخ کرنا - زیادہ کرنا۔
وَسمہ (ع ا مذ) نیل کے پتے - خضاب - ابٹنا - گلگونہ۔
وَسمہ کرنا - یا - لگانا (ا) خضاب کرنا - بالوں میں نیل لگانا۔
وَسن (ع) غنودگی - اُونگھ۔
وَسواس (ع ا مذ) وسوسہ - خیال جو دل میں گزرے - وہم - خوف - اندیشہ - گمان - ڈر - ظن - شبہ - شک - تذبذب۔
وَسواسی (ع) وہمی - شکّی - تذبذب۔
وَسوسہ (ع ا مذ) شک - شبہ - ظن - وہم - بدگمانی۔
وَسیع (ع) چوڑا - دُور تک پھیلا ہوا - بڑا - لمبا - چوڑا - فراخ - کشادہ۔
وَسیلہ (ع ا مذ) ذریعہ - واسطہ - توسط - وساطت - دستگیری - مدد - اعانت - آسرا - سہارا - حمایت - پشتی۔
وَسیم (ع) خوبصورت - جمیل۔

و - ش

وَش (ف ا حرفِ تشبیہ) - مانند - نظیر - مثل۔
وِشاق (ت ا مذ) غلام - خدمت گار - امرد غلام۔
وشنو (ہ) وشنو جی۔
وِشواش (ہ ا مذ) بھروسہ - یقین - گمان - وہم۔
وشی - فرانس میں ہے - اس جگہ پانی کے کئی گرم چشمے ہیں - ان میں لوگ نہاتے ہیں۔

و - ص

وَصّاف (ع ا مذ) بہت تعریف کرنے والا۔
وِصال (ع ا مذ) ملاقات - وصل - ہم بستری - عاشق و معشوق کا ملنا - صحبت ہونا - مرنا - انتقال ہونا - وفات پانا - انجام ہونا - خاتمہ ہونا - جاتا رہنا۔
وصایا (ع ا مث) وصیت کی جمع۔
وصف (ع ا مذ) خوبی - عمدگی - خاصیت - خُو - خصلت - عادت - کمال - ہنر - جوہر - سلیقہ - تعریف - صفت۔
وصل (ع ا مذ) ملنا - ملاقات - ملاپ - میل - جوڑ - سنجوگ - صحبت داری - بھوگ - بلاس - جماع۔
وصل ہونا (ا) ملنا - ملاقات ہونا - پیوستہ ہونا - خوب ملنا - مباشرت ہونا - ہم بستر ہونا۔
وصلچہ (ع ف ا مذ) ٹکڑا - پارہ - پارچہ - دھجی کاغذ یا کپڑے کا ٹکڑا۔
وُصلہ - یا - وُصلہ (ع ا مذ) پیوند - پیوستگی - خویشی - اپنایت - پارہ - ٹکڑا۔
وَصلی (ع ا مث) دو موٹے جڑے ہوئے کاغذوں کا ایک ورق جس پر خوش نویس مشق کیا کرتے ہیں - مشق کرنے کا موٹا کاغذ۔
وصلی سیاہ کرنا (ا ا محاورہ) وصلی پر اتنا لکھنا کہ زیادہ لکھنے یا مشق کرنے کی گنجائش نہ رہے۔
وُصول (ع ا مذ) ایک چیز کا دوسری چیز کے پاس پہنچنا - پایا ہوا - حاصل - پہنچا ہوا - رسیدہ - بے باق - جمع۔
وُصول باقی (ع ا مذ) حاصل شدہ اور آگاہی میں رہا ہوا روپیہ۔
وُصول پانا - یا - کرنا (ا) حاصل کرنا - پانا۔
وُصول کنندہ (ع ف ا مذ) وصول کرنے والا - پانے والا۔

وُصُولی (ع/مذ) پانے جوگ - پانتنی - ممکن الوصول - واجب الوصول - قابلِ وصول -

وَصِی (ع/مذ) وہ شخص جس کو وصیّت کی گئی ہو - وصیّت پر عمل کرنے والا - کارکن - کنایۃً حضرت علی کرم اللہ وجہٗ سے مُراد ہے -

وَصِیّت (ع/مث) مرنے والے یا سفر کو جانے والے شخص کا نصیحت کرنا کہ میرے بعد ایسا ایسا کرنا -

وَصِیّت کرنا (ف) سفر کو جاتے یا مرتے وقت کچھ کہنا - آخری نصیحت کرنا -

وصیّت نامہ (ع ف/مذ) وہ نمائش جو مرنے یا سفر کو جاتے وقت لکھ کر دے دیں - تحریری وصیّت -

وصیّہ (ع/مث) وہ عورت جسے وصیّت کے سلسلے میں عمل کارروائی کا اختیار دیا گیا ہو - وہ خاتون جس کے حق میں وصیّت کی گئی ہو -

و - ض

وَضع (ع/مث) بنانا - رکھنا - ترتیب کرنا - بناوٹ - ساخت - روش - طرز - دستور - چال چلن - طور - رنگ - ڈھنگ - صورت - شکل - فیشن - جننا - بچّہ دینا - اسقاط - گت - درجہ - حالت - آن - انداز - چھینٹی - موزوں اور چسپاں بات - نیو - بنا - بُنیاد - وصُول - مجرا - منہا - تفریق - خارج -

وضع بدلنا (ف) طرز بدلنا - فیشن بدلنا - عادت اور ڈھنگ میں فرق آنا - دُوسری روش اختیار کرنا -

وَضع حَمل (ع/مذ) بچّہ پیدا ہونا - پیٹ گرنا - اسقاط ہونا - تُونا -

وضع چھوڑنا (اُ/محاورہ) وضع کو ترک کرنا -

وَضع دار (ع ف) طرح دار - بانکا - خوش وضع - سجیلا - حسین - خُوبصورت - دل پسند - اپنی چال اور وضع پر قائم اور مستقل رہنے والا - پابند وضع -

وضع داری (ع ف/مث) طرح داری - بانکپن - خُوبصورتی - خُوبی - حُسن - وتیرہ - شعار - طریقہ - سلیقہ - ڈھنگ -

وضع کرنا (ف) منہا کرنا - تفریق کرنا - حساب سے خارج کرنا - وصول کرنا - حساب میں لگا لینا - نکالنا - کاٹنا - ایجاد کرنا -

وضع کہے دیتی ہے (اُ/محاورہ) حالت ہی بتا رہی ہے - صُورت سے ہی ظاہر ہے -

وضع ہونا (ف) کٹنا - منہا ہونا - مُجرا ہونا - حساب میں لگنا - ایجاد ہونا - نکلنا -

وُضُو (ع/مذ) لُغت میں روشن رُو ہونا - اصطلاح میں نماز کے لیے ہاتھ مُنہ پاؤں وغیرہ شرع کے مطابق دھونا - طہارت نماز -

وُضُو آنا (اُ/محاورہ) وضو کا سلیقہ ہونا -

وُضُو تازہ کرنا (ف) وُضُو ہوتے ہوئے دوبارہ وُضُو کرنا -

وُضُو توڑنا (ف) بے وُضُو ہو جانا - طہارت میں فرق لانا - پرہیزگاری قائم نہ رہنے دینا -

وُضُو ٹوٹ جانا (ف) وُضُو جاتا رہنا - باد سر جانا - گوز نکل جانا - دُھن میں فرق آ جانا - نیّت میں فرق آ جانا -

وُضُو ٹوٹنا (ف) وُضُو کا جاتا رہنا - طہارت قائم نہ رہنا - صلاح یا ارادہ بدل جانا - نیت بدل جانا -

وُضُو ٹھنڈا - یا - ڈھیلا ہو جانا (ف) ولولہ جاتا رہنا - ارادے میں ضُعف آ جانا - ارادہ شکست ہو جانا -

وُضُو شکست کرنا (اُ/محاورہ) ہمّت پست کرنا -

وُضُو کرنا (ف) طہارت نماز کرنا - نماز کے واسطے ہاتھ مُنہ - پاؤں وغیرہ دھونا -

وُضُوح (ع/مذ) معلُوم - واضح - پرگھٹ - ظاہر - ظہُور - اظہار -

وضیع و شریف (ع/مذ) چھوٹا بڑا - ادنیٰ - اعلیٰ -

وضیمہ (ع) ماتم اور غمی کی دعوت -

و - ط

وَطا (ع) پامال کرنا -

وَطن (ع/مذ) اپنا دیس - جنم بھُوم - رہنے اور قیام کرنے کی جگہ - پیدا ہونے کی جگہ - جائے پیدائش - اپنا مُلک - مَوطن -

وطن اختیار کرنا (ف) رہ پڑنا - رہائش اختیار کرنا - سکونت بنا لینا -

وطن آوارہ (ع ف/صف) خانماں برباد -

وطن چھٹنا (اُ/محاورہ) غریب الوطن ہونا -

وطنِ مالُوف (ع/مذ) پیارا دیس - پیارا وطن - وہ جگہ جہاں رہنے کی عادت پڑی ہو -

وُطنی (ع صف) ایک ملک کا - ایک جگہ کا رہنے والا - ہم وطن -

وُطواط (ع) ابابیل -

و - ظ

وَظائف (ع/مذ) وظیفہ کی جمع - اوراد -

وَظیفی (ف/مذ) حفاظتاً بہت وظیفہ پڑھنے والا - ورد وظائف میں لگا رہنے والا -

وظیفہ (ع/مذ) ہر روز کے لیے مقرر شدہ چیز - ورد - تنخواہ - طلب - علوفہ - روزینہ - پنشن - درماہہ - روزانہ پڑھنے کی دُعا - مدد معاش - جاگیر - کسی بات کی رٹ - کسی چیز کو بار بار پڑھنا - ایّام طالب علمی کا درماہہ -

وظیفہ خوار (ع ف/مذ) تنخواہ دار - روزینہ دار - سکالرشپ پانے والا -

وظیفہ کرنا (اُ/محاورہ) وظیفہ پڑھنا -

و - ع

وِعَا (ع) ظرف - برتن -
وَعْدَہ (ع / مذ) بچن - قول - اقرار - قرار داد - اقرار نامہ - مرنے کا دن - موت کا وقت -
وعدہ آپہنچنا - یا - وعدہ آنا (ل) موت کا وقت قریب آجانا - وقت تمام ہونا - اقرار آپہنچنا -
وَعدہ برابر - یا - پُورا ہونا (ل) اقرار پُورا ہونا - موت آنا - زندگی کا وقت پورا ہونا - قضا آنا -
وعدہ ٹالنا (ل) ٹال مٹول کرنا - لیت و لعل کرنا - حیلہ بہانہ کرنا - اقرار سے بچنا -
وَعدہ خلاف (ع / مذ) اقرار کو پورا نہ کرنے والا آدمی - قول کا جھوٹا - خلاف گو - بچن کا کچا - اقرار کا جھوٹا -
وَعدہ خلاف (عف / صف) جو وعدہ سے پھر جائے -
وَعدہ خلافی (ع / مث) اقرار توڑنا - عہد شکنی - اقرار کے خلاف کرنا - بے وفائی -
وعدہ زبان تک آنا (ل / محاورہ) زبان سے قول و قرار کرنا -
• وعدہ سے دم زیادہ نہ کم (ل / مقولہ) موت کا وقت ٹالے نہیں ٹلتا -
وعدہ شب درمیان (عف / صف) اگلے دن کا وعدہ -
وَعدہ فراموش (عف) اقرار کو بھول جانے والا - وعدہ یاد نہ رکھنے والا -
وعدہ کرنا (ل) اقرار کرنا - قول دینا - زبان دینا - بچن دینا - اقرار مدارج کرنا -
وعدہ کی پختگی (ل / مث) وعدہ کی مضبوطی -
وَعدہ لینا (ل) قول لینا - عہد لینا -
وَعدہ وعید (ع / مذ) ٹال مٹول - لیت و لعل - آج کل - حیلہ حوالہ - امروز فردا -
وَعدہ وَعید کرنا (ل) ٹال مٹول کرنا - لیت و لعل کرنا -
وَعدہ وفا (ع) بات کا پُورا - بچنوں کا سچا - قول کا پکا - اقرار پورا کرنے والا -
وَعْظ (ع / مذ) نصیحت - خُدا کے خوف سے ڈرانا - پند - تلقین - درس - مذہبی لکچر - مسائل شرعیہ کا بیان -
وَعظ کرنا (ل) نصیحت کرنا - درس دینا - تلقین کرنا -
وَعِید (ع / مذ) بُرائی کا وعدہ - سزا دینے کا وعدہ -

و - غ

وَغا (ع / مث) لڑائی - جنگ - شور و غُل - ہنگامہ - دنگا فساد -
وغیرہ (ع) وغیرہ کا مخفف - اس کے علاوہ - اور بھی - اسکے سوا علیٰ ہذا القیاس -

و - ف

وَفا (ع / مث) وعدہ کا پورا ہونا - تعمیل - تکمیل - مروّت - نباہ - ساتھ - پُورا ہونا - نبھاؤ - خیر خواہی - عقیدت مندی - دیانت - نمک حلالی -
وَفا پرست / وَفا دار (عف) باوفا - خیر خواہ - نمک حلال - بامروّت ساتھی - ایمان دار - دامن باز - دیانتدار - سچا - صادق - متدیّن - معتبر - معتمد -
وَفا داری (عف) مروّت - نمک حلالی - صداقت - دیانت داری -
وَفا شعار (ع) ہمہ تن وفا - نہایت وفادار - وفا پالنے والا - وفا کے لباس والا -
وَفا کا بندہ (ل / مذ) وفا کا قدر دان - وفا کا غلام - وفا کا تابعدار -
وَفا کرنا (ل) نباہنا - ساتھ دینا - مروّت کرنا - وعدہ پُورا کرنا - خیر خواہی کرنا - نمک حلالی کرنا - اطاعت کرنا -
وَفات (ع / مث) مَوت - اِنتقال - مرگ - قضا - اَجل - رحلت -
وَفات پانا (ل) مرنا - اِنتقال کرنا - قضا کرنا - اجل آجانا - جاں بحق ہونا -
وَفات شریف (ع / مث) کسی بزرگ دین کی مَوت - وصال - حضرت رسولِ مقبُول صلی اللہ علیہ وسلم کا اِنتقال -
وَفاق (ع / مذ) موافقت - ایکا - میل جول - اِتفاق - صُلح - سنجوگ - سازگاری -
وَفْد (ع) بطور سفارت جانے والا گروہ -
وَفْق (ع / مذ) مُطابق - مُوافق - حسب -
وفود (ع / مذ) وفد کی جمع -
وُفُور (ع) زیادتی - بہتات - کثرت - افراط - وافر ہونا -
وفیات (ع / مذ) وفاتیں - مجازاً وفات پانے والے -

و - ق

وَقاح (ع) بے شرم - بے ادب -
وَقاحت (ع / مث) بے شرمی - بے حیائی - گستاخی - شوخی - بے ادبی - شوخ چشمی - ڈھٹائی -
وَقار (ع / مذ) آرام - قرار - بُردباری - سکون - ثابت قدمی - استقلال - متانت - سنجیدگی - قدر و منزلت - عزت و حُرمت - جاہ و جلال -
وقائع (ع / مث) لڑائی - حملہ - دھاوا - یورش - جنگ و جدل -
وقائع (ع / مذ) وقیعہ کی جمع - حالات - واقعات - خبریں - سانحے - حادثات - مصائب - واردات - لڑائیاں -
وقائع نگار (عف / مذ) نامہ نگار - خبریں لکھنے والا - اخبار نویس -

وقائع نگاری (ع ف امث) پرچہ نویسی۔ اخبار نویسی۔ نامہ نگاری۔
وقت (ع امذ) زمانہ۔ عرصہ۔ ویلا۔ بیلا۔ آیام۔ عمر۔ زندگی۔ حیات۔ موسم۔ فصل۔ مُہلت۔ فرصت۔ داؤ۔ گھات۔ موقع۔ سماں۔ جگ۔ حالت۔ گت۔ مُدت۔ میعاد۔ نوبت۔ باری۔ دفعہ۔ بار (اُردو میں) مجازاً موت کا وقت۔ مرگ۔ موت۔ گھڑی۔ ساعت۔ دم۔ دُشواری۔ دقت۔ بُرا وقت۔ مصیبت۔
وقت آ پہنچنا۔ یا۔ آن پہنچنا (ف) وعدہ آ پہنچنا۔ موت کا وقت قریب آ جانا۔ مرنے کا زمانہ قریب آ پہنچنا۔
وقت آ جانا (ف) رُت آ جانا۔ موسم آ جانا۔ کام کا وقت آ جانا۔ موت آ جانا۔ مصیبت آ جانا۔
وقتِ بد (ع ف امذ) مصیبت کا وقت۔
وقت برابر ہونا (ف) زندگی کا عرصہ پُورا ہو جانا۔ وعدہ آ جانا۔
وقت بے وقت (ف) موقع بے موقع۔ ہر وقت۔ ہمیشہ۔ برابر۔ سدا۔ نت۔ پے درپے۔ مُدام۔
وقت پانا (ف) موقع پانا۔ فُرصت پانا۔ موقع حاصل کرنا۔
وقت پر (ف) خاص موقع پر۔ ضرورت پر۔ حسبِ ضرورت۔ حسبِ موقع۔ بر وقت۔ عین موقع پر۔ مصیبت پر۔ لڑائی پر۔
وقت پر اوسان بجا رہنا (ف امحاورہ) مصیبت یا گھبراہٹ کے موقع پر بدحواس نہ ہونا۔
وقت پر کام آنا (ف) موقع پر کام دینا۔ ضرورت پر کام نکالنا۔
وقت پر گدھے کو باپ بناتے ہیں (ف امثل) ضرورت اور موقع کے وقت ادنیٰ سے ادنیٰ کی بھی خوشامد کرنا پڑتی ہے۔
وقت پڑنا (ف) ضرورت پڑنا۔ مشکل پڑنا۔ دقت پیش آنا۔ مصیبت پڑنا۔ بپتا پڑنا۔
وقت پڑے پر جانیے کو بَیری کو میت (ہ امثل) مصیبت کے وقت ہی دوست اور دشمن کی پرکھ اور آزمائش ہوتی ہے۔ ضرورت اور مشکل کے وقت ہی معلوم ہوتا ہے کہ کون دشمن ہے اور کون دوست۔
وقت تاکنا | وقت دیکھنا (ف) موقع دیکھنا۔ داؤ گھات لگانا۔ موقع کا منتظر رہنا۔
وقت کاٹنا (ف) بُرے دن گزارنا۔ غم غلط کرنا۔ دل بہلانا۔ دن پُورے کرنا۔
وقت کھونا (ف) وقت برباد کرنا۔ وقت ضائع کرنا۔ وقت گنوانا۔
وقت کی بات (ف امث) اتفاقی بات۔ شُدنی امر۔
وقت کے بادشاہ ہیں (ف امحاورہ) نہایت بے فکر اور بے غم ہیں حاکمِ وقت ہیں۔ ان کے بہت اختیارات ہیں۔ یہ بہت کچھ کر سکتے ہیں۔
وقت کے وقت (ف) عین ضرورت کے موقع پر۔ عین وقت پہ۔
وقت گزارنا (ف امحاورہ) دن کاٹنا۔ وقت کاٹنا۔
وقت گزر گیا بات رہ گئی (ف امثل) کام نکل گیا شکایت رہ گئی۔
وقت ملنا (ف امحاورہ) موقع ملنا۔ فرصت ہونا۔

وقت نا وقت (ف) کبھی کبھار۔ وقت بے وقت۔ گاہ بگاہ۔
وقت نازک (ع ف امذ) خطرناک وقت۔ نہایت ہوشیاری اور خبرداری کا زمانہ۔ ایسا وقت جس میں عزت بچانی مشکل ہو جائے۔
وقت نکالنا (ف) فرصت نکالنا۔ موقع حاصل کرنا۔ وقت ٹالنا۔ وقت گزارنا۔ اپنی ضرورت نکالنا۔ ضرورت رفع کرنا۔
وقت نکل جاتا ہے بات رہ جاتی ہے | وقت گزر جاتا ہے اور بات رہ جاتی ہے (ف امثل) کام تو ہنگا سستا ہو ہی جاتا ہے۔ مگر شکایت باقی رہا کرتی ہے۔ کسی کا کام نہیں رُکتا۔ مگر گلہ رہ جاتا ہے۔
وقتِ واپسیں (ع ف امذ) اخیر وقت۔ آخری وقت۔ دمِ نزع۔ مرتے دم۔ مرنے وقت۔ جان کنی کے وقت۔
وقت وقت کا راگ اچھا ہوتا ہے (ف امحاورہ) ہر شے اپنے موقع اور محل پر ہی اچھی لگتی ہے۔
وقت وقت کا راگ ہے (ف امحاورہ) جیسا وقت ہو۔ ویسا ہی سلوک ہو۔ ہر وقت کی پالیسی جُدا ہے۔
وقت وقت کی راگنی (ف امث) جیسا وقت ویسا کام۔ جیسا موقع ویسا برتاؤ۔
وقت ہاتھ سے جانا (ف امحاورہ) موقع نکل جانا۔
وقت ہاتھ سے نہ دینا (ف) موقع نہ کھونا۔
وقتاً فوقتاً (ع) کبھی کبھی۔ کسی کسی موقع پر۔ اپنے اپنے موقع پر۔ حسبِ موقع۔
وقح (ع) بے شرم آدمی۔
وقر (ع امذ) گرانی۔ بوجھ۔ بھار۔ بار۔ بہرا پن۔ گرانیٔ گوش۔ بزرگی۔ بڑپن۔ قدر و عزت۔ شان و شوکت۔ عزت پت۔ بُردباری۔ حلم۔ تمکین۔ بھاری بھرکم ہونا۔
وقر پانا (ف) عزت پانا۔ توقیر حاصل کرنا۔ درجہ حاصل کرنا۔
وقر کھونا (ف) پت گنوانا۔ عزت برباد کرنا۔ بات کھونا۔
وقعت (ع امث) سختی۔ صدمہ۔ زور۔ بل۔ طاقت۔ قوت۔ لڑائی۔ بلندی۔ اُونچائی۔ مجازاً بات کی پختگی۔ عزت۔ اعتبار۔ ساکھ۔
وقعت کھونا (ف) عزت یا اعتبار کھونا۔ ساکھ گنوانا۔ پت گنوانا۔
وقف (ع امذ) ٹھہراؤ۔ سکون۔ آرام۔ خدا کی راہ میں دے دی ہوئی چیز۔ جو کسی کی ملک نہ ہو۔ لیکن سب ہم مذہب اس کے نگران ہوں۔ دان دھرم ارتھ۔ رفاہِ عام کی چیز۔ عطا۔ بخشش۔ مباح۔ جائز۔ نذر۔ بھینٹ۔ صرف۔ موقوف۔ منحصر۔ رکاؤ۔ قرآن کی آیتوں پر دم لینا۔ ٹھہراؤ۔
وقفِ اولاد (ع امذ) وہ چیز جو اپنی اولاد کے لیے چھوڑی جائے۔ دُوسرے کو اس میں دخل نہ ہو۔
وقف کرنا (ف) رفاہِ عام کے لیے چھوڑنا۔ خدا کے نام پر چھوڑنا۔
وقف نامہ (ع ف امذ) وہ کاغذ یا تمسک جو مالِ وقف کی بابت اس کے متولی کو لکھ کر دیا جائے۔

وُقُف ہونا (ف) جائز ہونا - مباح ہونا - عام ہونا - کسی کی ملک نہ ہونا - حِصّہ میں آنا - مخصوص ہونا - نذر ہونا - بھینٹ ہونا -

وَقْفَہ (ع - امذ) رکاؤ - سکون - آرام - ڈھیل - مُہلت - فُرصت - دیر - تاخیر - التوا - چھٹّی - ذرا آرام لینے کا وقت - اٹکاؤ - مزاحمت -

وَقْفَہ دینا (ف) موقع دینا - مُہلت دینا - فرصت دینا -

وُقُوع (ع - امذ) گرنا - جانور کا پیچھے آنا - مجازاً ظاہر ہونا - اظہار - صدُور - ظہُور -

وُقُوعِ جُرم (ع - امذ) گناہ کا ظہُور - قصُور کا سرزد ہونا -

وُقُوع میں آنا (ف) ظاہر ہونا - واقع ہونا - صادر ہونا -

وُقُوعَہ (ع - امذ) واردات - صدمہ - حادثہ - سانحہ - دنگا - فساد - ہنگامہ -

وُقُوف (ع - امذ) خبر - آگاہی - اطلاع جاننا - واقفیت - ٹھہراؤ - کھڑا ہونا - ایستادگی - مہارت - تجربہ - لیاقت - تمیز - سلیقہ - شعور -

وُقُوف پکڑنا (ف) تمیز حاصل کرنا - عقل سیکھنا - ہوش پکڑنا -

وُقُوف پیدا کرنا (ف) لیاقت حاصل کرنا - شعور سیکھنا - قابلیت بہم پہنچانا -

وُقوف دار (عف - صف) جاننے والا - سمجھنے والا - سمجھ دار -

وَقِیع (ع - صف) وقعت رکھنے والا - معزز - عزّت دار -

و - ک

وِکاف (ع) گدھے کا پالان

وَکَالَت (ع - امث) اپنا کام دُوسرے پر چھوڑنا - ایلچی گری - پیغام رسانی - نیابت - قائم مقامی - ضمانت - ذِمّہ داری -

وکالت کرنا (ف) ایلچی گری کرنا - مختار کاری کرنا - وکالت کا کام کرنا -

وکالت نامہ (عف - امذ) مختار نامہ - وہ کاغذ جو وکیل کو کسی مقدمہ کے بھگتانے کے لیے لکھ دیں - کہ جو کچھ وہ کرے ہمیں منظور ہے -

وکالت نامہ تصدیق ہونا (ا - مص) وکالت نامہ پر متعلقہ حاکم عدالت کے دستخط ہونا -

وکٹ (انگ - مث) کرکٹ کے کھیل میں وہ تین ڈنڈے جن کے آگے کھڑا ہوا کھلاڑی بلّے کے ذریعے اس گیند کو روکتا ہے جو مخالف ٹیم کا باؤلر سامنے وکٹوں پر مارنے کے لیے پھینکتا ہے -

وکالتًا (ع) وکیل کے ذریعے - وکیل کی معرفت -

وکٹوریا (انگریزی - امث) لُغت میں فتح مند - با اقبال - ملکہ - اصطلاحًا ملکہ معظمہ آنجہانی کا نام -

وکٹوریہ آبشار - دریائے زیمبیزی پر آبشار بناتا ہے یہاں دریا کا پاٹ ایک میل سے زائد چوڑا ہے -

وکٹوریہ کراس (انگریزی - امذ) صلیب کی شکل والے ایک اعزازی تمغے کا نام جو کسی بڑی بہادری کے کام میں انعام کے طور پر بادشاہ کی طرف سے دیا جاتا ہے -

وکٹوریا نائنزا - افریقہ کے خطِ استوا کے حصّے میں میٹھے پانی کی جھیل - دریائے نیل بھی اس سے پانی لے کر بسوئے شمال بہتا ہے - یہاں شیر کا شکار رہتا ہے -

وکیل (ع - امذ) نائب - قائم مقام - مختار - پلیڈر - قانون دان -

وکیلِ سرکار (ع - امذ) حکومت کی طرف سے مقدمے کی پیروی کرنے والا وکیل -

وکیل کرنا (ف) وکیل بنانا - قانونی طور پر اپنا قائم مقام بنانا -

وکیلِ عام - یا - مُطلق (ع - امذ) مختارِ عام - مختارِ کُل - ہر امر کا پُورا پُورا اختیار رکھنے والا کارندہ -

و - گ

وگر (ف) اور - اگر - جو -

وگرنہ (ف) نہیں تو - ورنہ - پھر - اور - اگر - نہیں تو -

وگرام - ۱۸۰۹ء میں نپولین نے یہاں آسٹریا کو شکست دی تھی -

و - ل

وِلا (ع - امث) محبّت - دوستی - پریت - اِتّحاد - میل جول - ارتباط -

وِلادت (ع - امث) بچہ جننا - جنم - پیدائش -

وِلایت (ع - امث) دیس - مُلک - اقلیم - برِّ اعظم - ایک بادشاہ کی سلطنت - ایک بادشاہ کا مُلک - سلطنت - حکومت - مملکت - کسی شخص کی ذِمّہ داری - کفالت - خُدا تعالیٰ سے تقرّب -

ولایت پانا (ف) ولی ہونا - ولایت کا درجہ حاصل کرنا - خدا تعالیٰ کا قُرب حاصل کرنا -

ولایت زا (عف - امذ) ولایت زادہ کا مرخّم - غیر ولایت کا پیدا شُدہ یعنی کابل - ترکستان یورپ کی پیدائش - یورپین - اصل - انگریز - پوربیئین کی ضد -

ولایت مآب (ع - امذ) کنایۃً حضرت علی کرم اللہ وجہہ - ولی - صاحبِ ولایت -

ولایت میں کیا گدھے نہیں ہوتے (ا - مثل) بے وقوف عقلمندوں کے دیس میں بھی ہوتے ہیں -

ولایتاً (ع) والی وارث ہونے کی رُو سے - از رُوئے ولایت -

ولایتی (ع) ولایت کا رہنے والا - پردیسی - اجنبی - غیر مُلک کا - یورپین - یورپ کی پیدائش - کابلی - کابل کا باشندہ - پٹھان - مُغل - بولی نہ سمجھنے والا - جنگلی - وحشی - ناتجربہ کار - ناواقف - انجان - نہایت مضبوط - طاقتور - قوی ہیکل - زور آور -

ولایتی بیگن (ا/مذ) ایک بیگن جو سفید رنگ کا ہوتا ہے۔
وَلَد (ع/مذ) پُوت - بیٹا - پسر - لڑکا - فرزند۔
وَلَدُالحرام (ع) حرامزادہ - حرامی۔
وَلَدُالحلال (ع) اصل اور حقیقی بیٹا وہ بیٹا جو حسب شرع نکاح ہونے سے پیدا ہو۔
وَلَدُالزِّنا (ع) فاحشہ عورت کا بچہ - حرام کا جنا - حرام زادہ - برساتی کیڑے - حشرات الارض۔
وَلدِیَّت (ع/مث) باپ کا نام - اصل نسل - خاندان - گل گھرانا۔
ولنگٹن - نیوزی لینڈ کا دارالحکومت ہے - آبنائے کک پر واقع ہے - شمالی وجنوبی جزائر سے فاصلہ یکساں ہے۔
وَلْوَلوں (ا/مذ) ولولہ کی جمع - شور - واویلا - جوش و خروش۔
وَلْوَلہ (ع/مذ) جوش و خروش - شور و غل - غوغا - ہنگامہ - عشق کا جوش - اُمنگ - عشق کی کثرت۔
وَلْوَلہ اُٹھنا (ف) جوش پیدا ہونا۔
وَلے (ف) ولیکن - ولیک - مگر - پر - لیکن - اِلّا۔
ولی (ع/مذ) لغت میں مالک - آقا - صاحب - سرپرست - سردار - مُربّی - محافظ - دوست - یار - مددگار - تابعِ متصرّف - پرہیزگار - نیک بخت - زاہد - پارسا - عارف - صابر - شاکر - پیر - مُرشد - بُزرگِ دین - محبوب الٰہی - مقرّبِ خدا۔
وَلی اللہ (ع/مذ) خدارسیدہ - مقرّب الٰہی - عابد۔
ولی جائز (ع/مذ) وہ شخص جسے کسی نابالغ لڑکے یا لڑکی کا سرپرست مقرر کیا گیا ہو۔
ولیدہ (ع/مث) لڑکی - کمسن باندی۔
ولی را ولی می شناسد (ف/مثل) کسی آدمی کی اصلیت کو وہی شخص پہچانتا ہے جو اس جیسا ہو۔
ولی سرپرست (عف/مذ) وہ شخص جو کسی نابالغ کی پرورش اور تربیت کا کفیل ہو۔
ولی کھنگر (ا/مذ) مددگار - حامی - بزرگ - مُربّی - دستگیر - سربراہ کار - سرپرست - ولایت کا دعوے دار - قُربِ الٰہی کا مُدّعی۔
ولی عہد (ع/مذ) وقت کا حاکم - جانشین - وارث تخت و تاج - ٹیکا - کنور - راجہ - قائم مقام۔
ولی کو ولی ہی پہچانتا ہے (ا/مثل) ہر قسم کے آدمی کو اسی قسم کا آدمی پہچان سکتا ہے۔
ولی کے گھر شیطان (ا/مثل) اچھوں کے گھر بُرے - نیک کی اولاد بد - شریف کے گھر میں نالائق اولاد۔
ولی نعمت (ع/مذ) صاحبِ دولت - آقا - خداوند نعمت - ماسٹر - مُربّی - پرورش کرنے والا۔
ولی نے کیا کام شیطان کا (ا/محاورہ) شریف اور نیک آدمی نے بدمعاشوں کی سی حرکت کی۔
ولیک (ع) ولیکن کا مخفف۔
ولیکن (ع) پر - مگر - لیکن - اِلّا۔

ولیمہ (ع/مذ) بیاہ کی دعوت - نکاح کی ضیافت۔

و - ن

وِن (ہ) وہ کی جمع - اُن - جیسے وِن کو۔
وِن (انگریزی) فتح - جیت۔
وَنْت (س) والا - صاحب - خداوند۔
ونچسٹر - سیکسن بادشاہوں کے زمانے میں انگلینڈ کا دارالحکومت تھا۔ یہاں کا گرجا اور پبلک سکول مشہور ہیں۔
وندھیاچل - سطح مرتفع دکن کے شمال میں جو پہاڑوں کا سلسلہ ہے جو خلیج بنگال تک گیا ہے - ان پہاڑوں سے سون چنبل بیوا دریا نکلتے ہیں - پہلے یہ پہاڑ دکن اور ہندوستان کے درمیان سدّ راہ تھے۔
ونڈمیر - انگلینڈ میں ویسٹ مورلینڈ اور نارتھ لنکاشائر کے درمیان کی جھیل جس کا پانی لیون دریا میں گرتا ہے۔
وِنہیں (ہ) اُنہیں - اُن کو۔
ونیم (ع) مکھی کا گُو۔

و - و

وو (ہ) وہ کی جمع - وے۔
ووٹ (انگریزی/مذ) رائے۔
وُوں (ہ) اُس طرح - یُوں کی ضد۔
وُوں کا وُونہیں (ہ) ویسا ہی - جُوں کا تُوں - جیسے کا تیسا۔
وُونہیں (ہ) فوراً - جھٹ - اُسی وقت - فی الفور۔
وُوئی (ہ) کلمۂ تعجب - اُوئی بھی بولتے ہیں۔

و - ہ

وُہ (ہ) وہ حرف جو ضمیر غائب یا اشارہ بعید کے لیے بولا جاتا ہے۔
وہ آنکھیں نہیں رہیں (ا/محاورہ) وہ پہلی سی محبت اور مُروّت نہیں رہی۔
وہ بات ہوگئی (ا/بول چال) وہ کام ہوگیا - مقصد حاصل ہوگیا۔
وہ بال کھینچوں کہ جس کی جڑ دُور ہو (ا/محاورہ) سارے مخفیہ اور پوشیدہ عیب ظاہر کر دوں جو رُسوائی کا باعث ہو۔
وہ پانی مُلتان گیا (ہ/محاورہ) اب موقع جاتا رہا - وہ بات گزر گئی۔

وہ قنز گاؤ خورد ہو گیا (ا) (مثل) وہ کام ختم ہو گیا۔
وہ دن ڈوبا کہ گھوڑی خبطہ کھا گئی (ا) (مثل) جس روز بیٹی دُولہا بنے گا۔ وہ دن ہی غارت ہو جائے گا۔
وہ دن گئے (ا) (محاورہ) وہ زمانہ گزر گیا۔ وہ وقت گیا گزرا ہوا۔
وہ دن گئے کہ خلیل خاں فاختہ اُڑایا کرتے تھے (ا) (مثل) اقبال مندی کے دن گزر گئے۔
وہ کیلی ہی نہیں جس میں تل بندھتے تھے (ا) وہ حسن ہی نہیں رہا کہ جس پر کوئی عاشق ہو۔ یعنی وہ چیز ہی نہیں رہی جس کے باعث لوگ رجوع کرتے تھے۔
وہ نہیں تو اُس کا بھائی اور سہی (ا) (محاورہ) یعنی ایک ہی آدمی پر کوئی کام موقوف نہیں ہے۔ ایک نہیں دُوسرا سہی۔
وہاب (ع) بہت بخشنے والا۔ خدا تعالیٰ۔
وہابی (ع) (مذ) وہاب سے نسبت رکھنے والا۔ وہاب کا پیرو۔ عبدالوہاب نجدی کا پیرو فرقہ۔ مسلمانوں کا وہ فرقہ جو صوفیوں کا دشمن اور مدِ مقابل ہے۔
وہاج (ع) درخشاں روشن چمکتا ہوا ستارہ۔
وہاں (ہ) اُس جگہ۔ اُس مقام پر۔ اُدھر۔ اس طرف۔ ان کے ہاں۔ ایسی جگہ۔ ایسے مقام پر۔
وہاں تک ہنسئے جو رو نہ دے (ا) (محاورہ) حد سے زیادہ مذاق اچھا نہیں۔ ہنسی اتنی چاہیے جو ناگوار نہ گزرے۔
وہاں کا وہیں (ہ) اُسی جگہ۔ جہاں کا تہاں۔
وہاں گردن ماریئے جہاں پانی نہ ملے (ا) (مثل) ایسے کو سنگین سزا دینی چاہیے۔ اذیت سے مارنا چاہیے۔
وہاں ماریئے جہاں پانی نہ ہو (ا) (محاورہ) یعنی نہایت سخت اور سنگین سے سنگین سزا دینی چاہیے۔
وُہب (ع) (مذ) عطا۔ بخشش۔ سخاوت۔
وُہبی (ع) دیا ہوا۔ عطا کیا ہوا۔ خدا کی طرف سے کسی امر کا عطا شدہ ملکہ۔ کسبی کی ضد۔
وہم (ع) (مذ) گمان۔ وسواس۔ شک۔ احتمال۔ دماغ میں فاسد خیالات پیدا کرنے والی باطنی قوت۔
وہم کی دارُو لقمان کے پاس بھی نہیں / وہم کی دوا تو لقمان کو نہ ملی (ا) (محاورہ) وہم کا علاج تو لقمان جیسا حکیم بھی نہ کر سکا۔
وہم ناک (ف) (صف) صاحب وہم۔
وہمی (ع) منسوب بہ وہم۔ خیالی۔ گمانی۔ موہوم۔ قیاسی (مذکر) وہ شخص جس کو وہم ہو۔ وہم والا۔ بھرمی۔ وسواسی۔
وہی۔ یا۔ وہ ہی (ہ) اُس ہی۔
وہی اپنا جو اپنے کام آئے (ا) (مثل) جس سے مطلب نکلے وہی سگے سے برابر ہے۔
وہی بات گھوڑے کی لات (ا) (مث) بچے کسی بات کے یاد دلانے کے لیے بولتے ہیں۔ بے اصل بات۔
وہی تین تینسی وہی ساٹھ (ا) (مثل) دونوں کا نتیجہ ایک ہی ہے۔ خواہ یوں کر لو خواہ ووں۔
وہی نار سلکھنی جو پیا کے من بھاوے (ا) (مثل) عورت وہی باسلیقہ اور ہنرمند ہوتی ہے۔ جو خاوند کو پسند ہو۔
وہی ہم اور وہی تم (ا) (محاورہ) ہم تم تو ایک دُوسرے کے قدیمی واقف ہیں۔
وہی ہو گا جو قسمت کا لکھا ہے (ا) (مقولہ) نوشتہ تقدیر پورا ہو کر رہتا ہے۔
وہیں (ہ) اُسی جگہ۔ ٹھیک اُسی مقام پر۔
وہیں کا ہو رہنا (ہ) جا کر بیٹھ رہنا۔ بہت دیر لگانا۔ مر رہنا۔

و - ی

وی آنا۔ آسٹریا کا دارالحکومت ہے۔ دریائے ڈینیوب پر واقع ہے اور ریلوں کا مرکز ہے۔ یونیورسٹی بھی ہے۔ ریشم لیس اور آلات موسیقی یہاں بنتے ہیں۔
وے (ہ) وہ کی جمع۔
ویاکرن (س) (مث) علم زبان۔ سنسکرت زبان کی صرف و نحو۔ زبان کے قواعد۔
ویٹر (انگ) (مذ) ہوٹل کا خدمتگار جو گاہکوں کو کھانا لا کر دیتا ہے اور دیگر ضروریات کا خیال رکھتا ہے۔
وید (س) (مذ) آسمانی کتاب۔ ہندوؤں کی مقدس کتاب کا نام۔
ویدابھیاس (س) (مذ) وید کی تلاوت۔ وید کا مطالعہ۔
ویدانگ (س) (مذ) وید کے انگ یعنی چھ حصے۔
وید (س) (مذ) بید۔ حکیم۔ طبیب۔ ہندی طریقہ سے علاج معالجہ کرنے والا۔
ویدانت (س) (مذ) ویاس جی کا بنایا ہوا شاستر جس میں ذات باری پر بحث کی گئی ہے۔
ویدانتی (س) (مذ) ویدانت کا عالم۔ ویدانت کا پیرو۔ عامل ویدانت۔
ویدک (س) (مذ) وید پڑھا ہوا برہمن۔ پنڈت۔ وید کا عالم۔
ویدک (س) (مذ) علم طب۔ علم حکمت۔
وید ویاس (س) (مذ) ویدوں کو پھیلانے اور شائع کرنے والا۔ ویاس جی کا لقب۔ جنہوں نے ویدوں کو جمع کیا۔
ویرا (ہ) (مذ) وہ مال جو بادشاہ کی طرف سے زبردستی مہنگے داموں رعیت کے ہاتھ بیچا جائے۔
ویراکروز۔ میکسیکو کی بندرگاہ جو خلیج میکسیکو پر واقع ہے۔
ویراگ (س) (مذ) بیراگ۔ ترک دُنیا۔ قطع تعلق۔ تیاگ۔ سنیاس۔
ویراگی (س) (مذ) بیراگی۔ تارک الدُنیا۔ مرتاض۔ عابد۔ زاہد۔

ویران (ف، اُجاڑ - غیر آباد - اُجڑا ہوا - پامال - تباہ - خراب - برباد - اُداس - پریشان - بنجر - غیر مزروعہ - اُفتادہ زمین -
ویران جگہ (ا/مث، اُجاڑ جگہ - غیر آباد اور سنسان مقام -
ویران کرنا (ف، اُجاڑنا - پامال کرنا - برباد کرنا - پراگندہ کرنا - پریشان کرنا - تتر بتر کرنا - بکھیرنا - بستے کو اُجاڑنا - ڈھانا - مسمار کرنا -
ویران کھیڑا (ا/مذ، وہ اجاڑ جگہ جہاں پہلے گاؤں آباد رہا ہو -
ویرانہ (ف/مذ، اُجڑ جگہ - جنگل - اُجاڑ - غیر آباد جگہ - پریشانی - اُداسی -
ویرانہ نشیں (ف/صف، وہ انسان جو کسی اُجاڑ جگہ رہتا ہو -
ویرانی (ف/مث، اُجاڑپن - غیر آبادی - تباہی - خرابی - بربادی - اُداسی - پریشانی - پراگندگی - ابتری -
ویرنا (ہ/مذ، پھالی - ہل کا وہ لوہا جو زمین کھودتا ہے - پھالی سے زمین کھود کر بیج بونا - بیج ڈالنا - تخم پاشی کرنا -
ویرونا - شمالی اٹلی میں ہے - ہر چہار طرف سے مستحکم ہے -
ویزا (انگ/مذ، پروانۂ راہداری -
ویسا (ہ، اُس طرح کا - اُس جیسا - اُس کی مثل - جیسا کا جواب -
ویسا کا ویسا (ا/صف، جیسا پہلے تھا بالکل ویسا ہی -
ویسا ہی (ہ، اُسی طرح کا - اُسی جیسا - اُسی کی مانند -
ویسے (ہ، یُوں - اس طرح - مُفت - بلاقیمت - یُونہی -
ویسے تو (ہ، یُوں تو - اس طرح تو -
ویسے کا ویسا (ہ، جُوں کا تُوں - جُوں کا تُوں - جیسے کا تیسا - بجنسہٖ - بعینہٖ -
ویسے ہی (ہ، اسی طرح - اُسی طرز پر - یُونہی - مُفت - بلاقیمت -
ویسٹ (انگریزی/مذ، مغرب - مغربی -
ویسٹ کوٹ (انگریزی، جاکٹ - واسکٹ - صدری - کُرتی - مرزئی -
ویسٹ منسٹر ایبے - لندن کا سب سے پُرانا گرجا - جہاں کئی تبرکات رکھے ہیں - اور انگلستان کے ناموروں کی تصویریں بھی ہیں -
ویسٹرن سائبیریا - سائبیریا کا مغربی حصہ سٹیپ کے میدان سے مشہور ہے - بارش بہت کم ہوتی ہے - لوگ خانہ بدوش ہیں - بھیڑ - بکری - گھوڑے پالتے ہیں - انھیں پر گزارا ہے - اُون سے قالین بنتے ہیں - انڈے وغیرہ بھی باہر جاتے ہیں -
ویشیشک شاستر (ہ/مذ، چھ شاستروں میں سے دُوسرا شاستر جس کا جامع کناد مُنی ہے -

ویشش (س/مذ، تجارت کرنے والا فرقہ - سوداگری پیشہ کرنے والا -
ویشنو (س/مذ، وشنو جی کا پیرو - وشنو جی کے ماننے والے -
ویشیا (س/مث، طوائف - رنڈی - بیسوا -
ویکیشن (انگریزی/مث، تعطیل - زمانۂ فرصت -
وہیل (انگریزی/مث، ایک قسم کی بہت ہی بڑی مچھلی جس کی چربی بڑے ہی کام آتی ہے - اور دانت ہاتھی دانت کی طرح کام دیتے ہیں -
ویلر (انگریزی/مذ، لغوی معنی بہت بڑی اور مضبوط چیز آسٹریلیا کا بڑا قد آور گھوڑا -
ویلکم (انگریزی/مذ، مرحبا - خوش آمدید -
ویلور ہیمپٹن - سوتھ سی فورڈ میں شہر ہے - اور لوہے کے کام میں مشہور ہے -
ویلیو پے ایبل (انگریزی/مذ، ڈاک خانہ میں روپیہ ادا کر کے مال لینے کا طریقہ - وی پی اسی کا مخفف ہے -
ویلنشیا - پرتگال میں واقع ہے - یہاں ریشم کے کارخانے اور یونیورسٹی ہے - یہاں سے سپین کو چاول جاتے ہیں -
ویلز - جزائر برطانیہ کا حصہ ہے - سطح پہاڑی ہے - یہاں کوئلے کا میدان ہے - اسی کی بدولت کارڈف اور سوانسی صنعتی مقام بن گئے ہیں -
ویلور - احاطہ مدراس میں ہے - یہاں سر جارج بارلو کے عہد میں بغاوت ہوئی تھی -
ویمپ (انگ/مث، فتنہ - عیار - ڈرامے میں بُرے کردار کی عورت - ہیروئن کی ضد -
وینس - اٹلی کا صوبہ ہے - اس میں یہ شہر ہے - کئی چھوٹے جزیروں سے بنا ہے اور نہروں کے ذریعہ ایک حصہ دُوسرے سے الگ ہے - تجارت گنڈولوں کے ذریعہ ہوتی ہے - نہر اعظم S کی شکل میں بہتی ہے - یہاں کے حاکم کے محلات بہت عمدہ ہیں - اور سینٹ مارک کا گرجا بھی ہے -
وین کوور - یہ جزیرہ برٹش کولمبیا کے پاس ہے جہاں پھلوں کی کاشت ہوتی ہے - آبادی کے لحاظ سے شمالی امریکہ میں چوتھے درجے پر ہے - ہیلی فیکس مشرقی ساحل سے وین کوور تک ریل جاتی ہے - وکٹوریہ جزیرہ کی بندرگاہ ہے -

ہ

ہ (ہ/مث) اُردو کا چونتیسواں [۳۴] - ہندی کا تینتیسواں [۳۳] - فارسی کا اکتیسواں [۳۱] اور عربی کا چھبیسواں [۲۶] حرف۔

ہ - ا

ہا (ف/مث) ہائے ہوز - چھوٹی ہے - نیز علامتِ جمع برلئے اسمائے بے جان - جیسے سنگ ہا - حرف ہا وغیرہ۔

ہائے دوچشمی (ف/مث) وہ ہائے ہوز جس میں دو آنکھیں سی بنی ہوتی ہیں - اصطلاح میں ہائے مخلوط کہتے ہیں۔

ہا (ہ) کلمۂ تاسف - افسوس - دریغ - حسرت - کسی امر کے روکنے اور منع کرنے کے واسطے بھی یہ لفظ بولتے ہیں۔

ہابُوڑا (ہ/مذ) ایک لوٹ مار کرنے والی قوم کا نام - لٹیرا - قزاق - رہزن - بٹ مار۔

ہابیل (ع/مذ) حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے کا نام جس نے قابیل کو مار ڈالا تھا۔

ہالُو (و/مذ) افیون - افیم۔

ہاتِف (ع/مذ) آواز دینے والا - غیب کی آواز - سروش - فرشتہ - اکاس بانی۔

ہاتفِ غیب (ع/مذ) غیب کی آواز دینے والا فرشتہ۔

ہاتفِ غیب کا صدا دینا (اد/محاورہ) غیب سے آواز آنا۔

ہاتھ (ہ/مذ) دست - ید - کر - پنجہ - ہتھیلی - کف - انگلی کے سرے سے لے کر کہنی تک کا حصّہ - آدھ گز کی مقدار - باعث - سبب - طفیل - بدولت - ذریعہ - وسیلہ - بس - اختیار - قابو - قبضہ - دسترس - پہنچ - دخل - تصرّف - تعلق - حمایت - حفاظت - سپرد - قوت - طاقت - قدرت - داو - حربہ - حملہ - زور - چوٹ - داؤ - وجود - ہستی - کرتک - چھتی - حرکت - افعال۔

ہاتھ اُتر جانا (ہ) ہاتھ کی ہڈی کا جگہ سے بے جگہ ہو جانا - ہاتھ کے جوڑ کا ہٹ جانا۔

ہاتھ اُٹھا اُٹھا کر دُعا دینا (ا) بڑی آرزو اور شوق کے ساتھ آسمان کی طرف ہاتھ اُونچا کر کے دُعائیں دینا۔

ہاتھ اُٹھا اُٹھا کر کوسنا (ادر/محاورہ) آسمان کی طرف ہاتھ اُٹھا کر بددُعا دینا - بہت بددُعائیں دینا۔

ہاتھ اُٹھا بیٹھنا (ہ) مار بیٹھنا - ہاتھ چلا بیٹھنا - دست درازی کرنا۔

ہاتھ اُٹھا کر - یا - اُٹھا اُٹھا کر کوسنا (ہ) آسمان کی طرف ہاتھ بڑھا کر بددُعا دینا - نہایت بددُعائیں دینا۔

ہاتھ اُٹھا لینا (ہ) چھوڑ دینا - ترک کر دینا - دست بردار ہونا - بالکل نااُمید ہو جانا - مایوس ہو بیٹھنا۔

ہاتھ اُٹھانا (ہ) ہاتھ اُونچا کرنا - ہاتھ بلند کرنا - ماتھے پر ہاتھ رکھنا - سلام کرنا - تسلیم کرنا - دُعا مانگنا - خدا سے التجا کرنا - بُری طرح کوسنا - بددُعا دینا - فاتحہ پڑھنا - دُعائے خیر کرنا - مایوس ہونا - نااُمید ہونا - مارنا - پیٹنا - دست درازی کرنا - دستبردار ہونا - ترک کرنا - چھوڑنا - باز آنا - کنارا کش ہونا - عہد کرنا - قسم کھانا - توبہ کرنا - ہاتھ نکال لینا - ہاتھ الگ کرنا - ہاتھ علیحدہ کرنا۔

ہاتھ اُٹھنا (ہ) ہاتھ اُونچا کرنا - وار ہونا - حربہ ہونا - ہاتھ پھسلنا - ہاتھ لپٹنا - جُدا ہونا - ہٹنا - الگ ہونا - سرکنا - علیحدہ ہونا۔

ہاتھ آنا (ہ) ہاتھ لگنا - حاصل - ملنا - قابو چڑھنا - فائدہ ہونا - نفع ہونا - قبضہ ہونا - تسخیر ہونا - معلوم ہونا - جاننا۔

ہاتھ آگے کرنا (ار/ محاورہ) کسی چیز کو دینے یا لینے کے لیے ہاتھ بڑھانا۔

ہاتھ آنکھوں سے لگانا (ار/ محاورہ) بہت عزت یا توقیر کرنا۔

ہاتھ اوچھا پڑنا (و) پورا وار نہ پڑنا۔ پورا ہاتھ نہ بیٹھنا۔ وار درست نہ پڑنا۔

ہاتھ اونچا رہنا (ہ) دینے کے قابل رہنا۔ سخی رہنا۔ بول بالا رہنا۔

ہاتھ باندھنا (ہ) دونوں ہاتھوں کو ملا کر کس دینا۔ ہتھکڑی ڈالنا۔ ہاتھوں کی بندش کرنا۔ ہاتھ جوڑنا۔ منت سماجت کرنا۔ عاجزی کرنا۔ نماز یا تعظیم کی خاطر سینے پر ہاتھ رکھنا۔

ہاتھ باندھے کھڑے رہنا (ہ) ادب سے حاضر رہنا۔ حکم کا منتظر رہنا۔

ہاتھ بٹانا (ہ) کسی کے کام میں شریک ہونا۔ مل کر کام کرنا۔ کسی کام میں کسی کو مدد دینا۔

ہاتھ بدن کو لگانا (ار/ محاورہ) بدن کو چھونا۔ عورت سے مساس کرنا۔

ہاتھ بچانا (ار/ محاورہ) وار بچانا۔ ضرب لگنے نہ دینا۔

ہاتھ بڑھانا (ہ) ہاتھ لمبا کرنا۔ ہاتھ آگے کرنا۔ اپنی حد سے بڑھنا۔ معمول سے زیادہ لینا۔ دخل بڑھانا۔

ہاتھ بکنا (ہ) کسی کے ہاتھ فروخت ہونا۔ غلام بننا۔ تابع ہونا۔ مطیع ہونا۔ نوکر ہونا۔

ہاتھ بند ہونا (د) ہاتھ تنگ ہونا۔ مفلس ہونا۔ روپیہ پیسہ نہ ہونا۔ غریب ہونا۔ ہاتھ رُکا ہوا ہونا۔ کسی کام میں مصروف ہونا۔

ہاتھ بہ ہاتھ (ا) فوراً۔ ہاتھوں ہاتھ۔ دست بدست۔ یہ غلط ہے۔

ہاتھ بھر (ع) ایک ہاتھ کے برابر۔ دو بالشت۔

ہاتھ بھر جانا (ہ) ہاتھ لتھڑ جانا۔ ہاتھ تھک جانا۔ ہاتھ سُن ہو جانا۔ شل ہو جانا۔ ہاتھ میں لہو اُتر آنا۔

ہاتھ بھر کا دل ہو جانا (ا) ہمت بڑھ جانا۔ حوصلہ بڑھ جانا۔ نہایت مسرور ہو جانا۔ بہت خوش ہونا۔ دل بڑھ جانا۔

ہاتھ بھر کی زبان ہونا }
ہاتھ بھر کی للو ہونا } (ا) زبان دراز ہونا۔ جواب میں گستاخ اور بے ادب ہو جانا۔

ہاتھ بیٹھنا (ہ) خوب مشق ہونا۔ مہارت ہونا۔ ہاتھ جمنا۔ کسی کام میں خوب مشاق ہونا۔ کاری زخم لگنا۔ تلوار کا پورا ہاتھ لگنا۔

ہاتھ بیچے ہیں کچھ ذات نہیں بیچی (ار/ محاورہ) نوکری کی ہے۔ مگر گالی گلوچ نہیں کھائیں گے۔

ہاتھ پانی لینا (ہ) طہارت کرنا۔ آب دست کرنا۔ پانی لینا۔

ہاتھ پاؤں باندھنا (ہ) خوب اچھی طرح سے جکڑ دینا۔

ہاتھ پاؤں بچانا۔ یا۔ بچائے رکھنا (ہ) نہایت ہوشیاری سے کوئی کام کرنا۔ محتاط رہنا۔ کسی الزام یا بدنامی سے بچے رہنا۔

ہاتھ پاؤں بچائیے موذی کو ٹرخائیے (ار/ مثل) حکمت عملی یا مکاری سے کام لینا چاہیے۔

ہاتھ پاؤں پڑنا (ہ) نہایت منت سماجت کرنا۔ ہاتھوں کو چومنا اور قدموں پر گرنا۔

ہاتھ پاؤں پھولنا۔ یا۔ پھول جانا (ہ) ہاتھ پاؤں سوج جانا۔ ورم ہو جانا۔ چلنے پھرنے کی طاقت نہ رہنا۔ سٹ پٹا جانا۔ بدحواس ہو جانا۔ گھبرا جانا۔ ہوش اُڑ جانا۔ ہکا بکا ہو جانا۔

ہاتھ پاؤں پھیلانا (ہ) کام بڑھانا۔ کام کو طول دینا۔

ہاتھ پاؤں توڑنا (ہ) لولا لنگڑا بنا دینا۔ ہاتھ پاؤں کو ضرب شدید سے نکما اور بے کار کر دینا۔ حالت نزع میں ہونا۔ ڈنڈ پیلنا۔ خوب کسرت کرنا۔ ورزش کرنا۔

ہاتھ پاؤں ٹھیلا کرنا (ار/ محاورہ) کسی کو اتنا مارنا کہ بیکار ہو جائے۔

ہاتھ پاؤں ٹوٹنا (ہ) اعضا شکنی ہونا۔ بخار کی آمد کے وقت درد سا ہونے لگنا۔ ہڈ پھوٹن ہونا۔

ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہونا }
ہاتھ پاؤں سرد ہونا } (ہ) ہاتھ پاؤں میں گرمی نہ رہنا۔ مرنے کا وقت قریب ہونا۔ علامت مرگ کا ظاہر ہونا۔ غشی چھا جانا۔

ہاتھ پاؤں چھوٹے پڑ جانا (ار/ محاورہ) ہاتھ پاؤں کا بے کار ہو کر کام نہ کرنا۔

ہاتھ پاؤں چلانا (ار/ محاورہ) ہاتھ پاؤں کو حرکت دینا۔

ہاتھ پاؤں چلنا (ہ) ہاتھ پاؤں کا کام دینا۔ کام کاج کے قابل ہونا۔ ہاتھ پاؤں کا نچلا نہ رہنا۔

ہاتھ پاؤں چومنا (ہ) نہایت تعظیم و تکریم کرنا۔ ہاتھ پاؤں کو بوسہ دینا۔

ہاتھ پاؤں دابنا (ہ) خدمت کرنا۔ سیوا کرنا۔ چپی کرنا۔ مشت مالی کرنا۔

ہاتھ پاؤں دُھننا (ار/ محاورہ) ہاتھ پاؤں میں سنسناہٹ ہونا۔

ہاتھ پاؤں رہ جانا (ہ) ہاتھ پاؤں کا سُن ہو جانا۔ جھولا مارنا۔ فالج ہو جانا۔ اُدھرنگ ہو جانا۔

ہاتھ پاؤں سنبھالنا (ہ) خوب موٹا تازہ ہونا۔ پَر پُرزے نکالنا۔ ہاتھ پاؤں روکنا۔ ہاتھ پاؤں قابو میں کرنا۔

ہاتھ پاؤں سو جانا (ار/ محاورہ) سُن ہو جانا۔ بے حس ہو جانا۔

ہاتھ پاؤں سے چھوٹنا (ہ) جننے سے فراغت پانا۔ جن کر تندرست ہو جانا۔

ہاتھ پاؤں کا ہارنا (ہ) کمزوری یا بڑھاپے کے سبب ہاتھ پاؤں کا کام نہ دینا۔

ہاتھ پاؤں کی کاہلی اور منہ میں مونچھیں جائیں (ار/ مثل) ایسی سستی جس سے اپنی ذات کو بھی نقصان پہنچے۔ ایسے سست آدمی کی نسبت بولتے ہیں جسے اپنے ہونٹوں پر سے مونچھوں کا ہٹانا بھی بار معلوم ہو۔

ہاتھ پاؤں مارنا (ہ) ہاتھ پاؤں چلانا۔ بے قرار ہونا۔ تڑپنا۔ لوٹنا۔ جان کنی کے عالم میں ہونا۔ حالت نزع میں ہونا۔ دوڑ دھوپ کرنا۔ سخت کوشش کرنا۔ جان توڑ کر کوئی کام کرنا۔ جانفشانی کرنا۔ تلاش اور جستجو کرنا۔ تجسس کرنا۔ شناوری کرنا۔ تیرنا۔ پیرنا۔

ہاتھ پاؤں نکالنا (ہ) موٹا تازہ ہونا۔ قد آور جوان ہونا۔ جوان ہو جانا۔ جوانی میں بھر جانا۔ بے ادب اور گستاخ ہو جانا۔ سر چڑھنا۔

شرارت اختیار کرنا - بڑھ کر چلنا - آپے سے باہر ہو جانا - پَر پرُزے نکالنا -

ہاتھ پاؤں ہار جانا (ہ) ہاتھ پاؤں میں طاقت نہ رہنا - ہمت ہار دینا - جراٗت نہ رہنا - دِل توڑ دینا -

ہاتھ پاؤں ہلانا (ہ) دست و پا کو حرکت دینا - جدّ و جہد کرنا - ہاتھ پاؤں مارنا - محنت مزدوری کرنا -

ہاتھ پتھر تلے دبنا - یا - آنا (ہ) نہایت مجبور و ناچار ہونا - بے بس ہونا - سخت ترین مشکل میں گرفتار ہونا - مجبوری اور ناچاری کا عالم ہونا -

ہاتھ پیٹھ پر نہ رکھنے دینا - پٹھے پر ہاتھ نہ رکھنے دینا (ہ) گھوڑے یا بیل کا قابو میں نہ آنا - نہایت چست و چالاک ہونا - پاس نہ پھٹکنے دینا - ہرگز قابو پہ نہ چڑھنا -

ہاتھ پر دھرا ہوا ہونا - یا - رہنا (ہ) کسی چیز کا تیار اور موجود رہنا - ہر وقت پاس ہونا -

ہاتھ پر سرسوں جمانا (ہ) کسی مشکل اور دشوار کام کو بڑی تیزی اور چالاکی سے کر لینا - طلسم اور جادو کر دکھانا - کسی ناممکن کام کو جلدی سے ختم کر کے حیران و ششدر کر دینا -

ہاتھ پر سانپ کھلانا (ہ) خطرناک کام کرنا - جان جوکھوں کا کام کرنا -

ہاتھ پر سونا اچھالنا (امر / محاورہ) مُلک میں اس قدر امن چین ہونا کہ ہر شخص مال و دولت کھُلے بندوں رکھ سکے -

ہاتھ پر طوطا پالنا (ر) ہاتھ پر زخم یا پھوڑے پھنسی کی وجہ سے کام کاج چھوڑ دینا - زخم اچھا نہ ہونے دینا - اپنا ہاتھ زخمی کر لینا - زخم کھانا -

ہاتھ پر قرآن دھرنا - یا - رکھنا (ر) قرآن کی قسم کھانا - حلف اُٹھانا -

ہاتھ پر گرم پیسہ رکھنا (امر کب) پیسہ سخت گرم کر کے ہاتھ پر رکھنا جو پرانے زمانے کی ایک سزا تھی -

ہاتھ پر گنگا جل رکھنا (ہ) سخت قسم کھانا - حلف اُٹھانا -

ہاتھ پر ہاتھ دھر کر - یا - رکھ کر بیٹھنا (ہ) بالکل خالی اور بے کار بیٹھنا - نکمّا بیٹھ رہنا - دکان نہ چلنا - مغموم بیٹھنا - مایوس ہو کر بیٹھنا -

ہاتھ پر ہاتھ رکھنا (ہ) ہاتھ سے ہاتھ کو مَس کرنا - اقرار کرنا - قول دینا - شرط لگانا - بازی بدنا - پکّا وعدہ کرنا -

ہاتھ پر ہاتھ مارنا (ہ) بچن ہارنا - عہد و پیمان کرنا - قول دینا - پکّا عہد یا وعدہ کرنا - شرط لگانا - بازی لگانا -

ہاتھ پڑنا (ہ) لُٹنا - لُوٹ ہونا - غارت گری ہونا - چھینا جھپٹی ہونا - دست درازی کرنا - وار ہونا - ہاتھ کی ضرب لگنا - گرفت میں آنا - حاصل ہونا - ہاتھ لگنا - بس میں آنا - قابو چڑھنا - حسبِ مُراد پاسہ پڑنا - داؤ پڑنا -

ہاتھ پسارنا (ہ) گدائی کرنا - مانگنے کے لیے ہاتھ پھیلانا -

ہاتھ پکڑا دینا (امر / محاورہ) کسی کے سپرد کرنا - شادی کرنا -

ہاتھ پکڑ کے لے جانا (امر / محاورہ) رہنمائی کرنا -

ہاتھ پکڑنا (ہ) مدد کرنا - سہارا دینا - دست گیری کرنا - مددگار ہونا - ہاتھ تھامنا - روکنا -

ہاتھ پورا پڑنا (ہ) کاری ضرب پڑنا - زور کا ہاتھ بیٹھنا -

ہاتھ پھٹنا (ہ) ہاتھوں میں آبلے پڑنا - پھپھولے پڑنا -

ہاتھ پہنچنا (ہ) رسائی ہونا - پہنچ ہونا - دسترس ہونا -

ہاتھ پھیرنا (ہ) چُمکارنا - پیار کرنا - دست مال کرنا - ٹھگنا - لُوٹنا - مونڈنا - بوس و کنار کرنا - مساس کرنا - لپٹنا - گلے سے لگانا -

ہاتھ پھیلانا (ہ) مانگنا - دستِ سوال دراز کرنا -

ہاتھ پھینکنا (ہ) ہاتھوں کا دراز کرنا - ہاتھ چلانا - ہاتھوں کو گردش دینا - ہاتھوں کو چکر دینا - لُوٹنا - موسنا - ہاتھ مارنا - جلد جلد کھانا - کھانے پر ہاتھ مارنا -

ہاتھ پیلے کرنا (ہ) غریبانہ طور پر بیاہ کرنا - اپنی گرہ یا سنوارنا - دو بول پڑھانے -

ہاتھ تکنا (ہ) کسی کے ہاتھ کی طرف غور سے دیکھنا - دستِ نگر ہونا - کسی کا محتاج ہونا -

ہاتھ تُلنا (ہ) ہاتھ جانچنا - ہاتھ کا جچا ہوا ہونا -

ہاتھ تلنا (ہ) ہاتھ کو گرم تیل میں ڈال کر تل دینا - (یہ زمانہ قدیم میں ایک نہایت سنگین سزا تھی)

ہاتھ تلے (ہ) نیچے - ماتحت - نیابت میں - قابو میں - قبضہ میں - قریب - نزدیک - دھورے - پاس -

ہاتھ تنگ ہونا (ہ) روپیہ پیسہ پاس نہ ہونا - مُفلس ہونا - کنگال ہونا - غریب ہونا -

ہاتھ توڑ توڑ کر کھانا (ہ) لذیذ چیز کھا کر ہاتھوں کو چاٹنا -

ہاتھ تھامنا (امر / محاورہ) ہاتھ پکڑنا - ہاتھ پکڑ کر گرتے کو سنبھالنا -

ہاتھ تھرکانا (امر / محاورہ) زنانوں کی طرح ہاتھ ہلانا -

ہاتھ ٹوٹیں (ہ) دُعائے بد - خدا کرے - ہاتھ کام کے نہ رہیں -

ہاتھ ٹھوڑی میں ڈالنا (امر / محاورہ) منت کرنا - خوشامد کرنا -

ہاتھ جڑنا (امر / محاورہ) تھپیڑ مارنا - وار کرنا -

ہاتھ جگر - یا - دل پر رکھنا (ر) بے قراری اور بے چینی کی علامت ظاہر کرنا - دل تھامنا - دِل یا جگر کی بے قراری کو ہاتھ سے دبانا -

ہاتھ جلنا (امر / مص) ہاتھ کا آگ - بجلی - تیزاب وغیرہ سے جل جانا -

ہاتھ جوڑ کر کہنا (ہ) گڑگڑا کر کہنا - نہایت عاجزی سے کہنا - بڑے ادب اور تعظیم سے عرض کرنا - بہت منت سماجت سے کہنا -

ہاتھ جوڑنا (ہ) منت سماجت کرنا - خوشامد کرنا - عجز و انکسار کرنا - نہایت ادب و تعظیم سے رہنا - توبہ کرنا - معافی مانگنا - دُور سے سلام کرنا - پناہ مانگنا -

ہاتھ جھاڑ کے اٹھے (ہ / محاورہ) سب کچھ ہار کر کھڑے ہو گئے - جوئے میں

سب کچھ ہار کر مفلس و نادار ہو گئے۔
ہاتھ جھاڑنا (ہ) ہاتھ جھٹکنا۔ ہاتھ خالی کرنا۔ تہی دست ہونا۔ ہاتھ مارنا۔ وار کرنا۔ ضرب لگانا۔ تلوار یا سیف یا گتکے کا ہاتھ لگانا۔ چھوڑنا۔ ترک کرنا۔ دستبردار ہونا۔ ہاتھ دھونا۔
ہاتھ جھٹکنا (ہ) کسی کے ہاتھ کو اپنے جسم سے جھٹکا دے کر دُور کرنا۔ ہاتھ چھڑانا۔ ہاتھ کو جھٹکا دینا۔
ہاتھ جھلانا (ہ) ہاتھوں کو ہلاتے ہوئے چلنا۔ چلنے میں ہاتھ ہلانا۔
ہاتھ جھلائی (ہ امث) وہ روپیہ جو رہزن لوگ اپنی سرحد سے گزرنے کی بابت مسافروں سے لیتے ہیں۔ وہ نقدی جو زمیندار یا ملازمین سرکار رستے میں مسافروں سے لیتے ہیں۔
ہاتھ جھوٹا پڑنا (ہ) وار خالی پڑنا۔ نشانہ پر نہ بیٹھنا۔ ساکھ نہ رہنا۔
ہاتھ جھوٹا کرنا (ہ) تھوڑا سا کھا لینا۔ آلش کرنا۔
ہاتھ جھوٹا ہو جانا (ہ) ہاتھ کا بے کار اور نکما ہو جانا۔ ہاتھ کا کام سے رہ جانا۔ لینے کا مُنہ نہ رہنا۔ ساکھ نہ رہنا۔
ہاتھ جھول پڑنا (ہ) ہاتھ لٹک جانا۔ چوٹ یا فالج سے ہاتھ کا معطل ہو جانا۔
ہاتھ چاٹنا (ہ) مزے لینا۔ ہونٹ چاٹنا۔ لذیذ چیز کھا کر ہاتھ چاٹنا۔
ہاتھ چالاک (ف) پھرتیلا۔ پھرتی باز۔ جلدی کام کر لینے والا۔ چور۔ اُچکا۔
ہاتھ چالاکی (ف امث) پھرتی۔ تیز دستی۔ چوری کی عادت۔ چوری کا لپکا۔
ہاتھ چڑھنا (ہ) دست یاب ہونا۔ ہاتھ لگنا۔ ملنا۔ حاصل ہونا۔ ہاتھ کا مشاق ہونا۔ ہاتھ کا خوب رواں ہونا۔ ڈھب پر چڑھنا۔ قابو میں آنا۔ بس میں آ جانا۔
ہاتھ چلانا (ہ) مارنے کو ہاتھ بڑھانا۔ دست درازی کرنا۔ چوری کرنا۔ چُرانا۔ ہاتھ نچلا نہ رکھنا۔ ہاتھ چلائے جانا۔ ہاتھ سے جلدی جلدی کام کرنا۔
ہاتھ چلنا (ہ) فراغبالی ہونا۔ خاطر خواہ آمدنی ہونا۔ مارنے کو ہاتھ اُٹھنا۔ مارنا۔ دست درازی ہونا۔ ہاتھ کا مشاق ہونا۔ ہاتھوں کا جلد جلد کام کرنا۔ چوری کی عادت ہونا۔ ہاتھ پڑنا۔ ہاتھ کا نچلا نہ رہنا۔
ہاتھ چلے نہ پیاں بیٹھا دے گسیاں (ہ مثل) خدا تعالیٰ اپاہجوں کو گھر بیٹھے بٹھائے رزق پہنچاتا ہے۔ کام کاج ہو سکے یا نہ۔ خدا ہر ایک کو بیٹھے بٹھائے روزی دیتا ہے۔
ہاتھ چمکانا (ہ) عورتوں کی طرح ہاتھ ہلا ہلا کر باتیں کرنا۔ ہاتھوں کی جھپک دکھانا۔
ہاتھ چرخے کا نہ لگانا (ہ امحاورہ) ہاتھ سے نہ چھونا۔ الگ رہنا۔
ہاتھ چومنا (ہ) ہاتھوں کو بوسہ دینا۔ دست بوس ہونا۔ ہاتھوں کی قدر کرنا۔ ہاتھوں کی داد دینا۔
ہاتھ چھوٹا ہونا (ہ امحاورہ) بے دھڑک مار بیٹھنے کی عادت ہونا۔
ہاتھ چھوڑنا (ہ) وار کرنا۔ ضرب مارنا۔ تلوار لگانا۔

ہاتھ حمائل ہونا (ہ امحاورہ) کمر گلے وغیرہ کے گرد ہاتھ ہونا۔
ہاتھ خالی جانا (ہ) وار خالی جانا۔ نشانہ نہ بیٹھنا۔ ہاتھ نہ پڑنا۔ پاسہ نہ پڑنا۔ دادِ حسب منشا نہ پڑنا۔ دُنیا سے نامُراد جانا۔
ہاتھ خرچ سے تنگ ہونا (ہ امحاورہ) خرچ پاس نہ ہونا۔
ہاتھ خشک ہو جانا (ہ امحاورہ) ہاتھ کا سوکھ جانا۔ ایک بیماری۔
ہاتھ دانتوں سے کاٹنا (ہ) اپنی بے وقوفی کے غصے کو ہاتھ پر اُتارنا۔ نہایت افسوس کرنا۔ از حد پچھتانا۔
ہاتھ درازی کرنا (ہ) ہاتھ بڑھانا۔ ہاتھ آگے کرنا۔ ہاتھ پھیلانا۔ دست دراز کرنا۔ مارنا پیٹنا۔
ہاتھ دکھانا (ہ) نبض دکھانا۔ نجومی کو ہاتھ دکھا کر لکیروں کے موافق احوال پوچھنا۔
ہاتھ دھرنا۔ یا۔ رکھنا (ہ) کسی چیز پر ہاتھ لگانا۔ روکنا۔ پکڑنا۔ قابو کرنا۔ کسی کی حمایت اور مدد کرنا۔ کسی پیاری اور عزیز چیز پر ہاتھ رکھ کر قسم کھانا۔ منع کرنا۔ خاموش کرنا۔
ہاتھ دُھلانا (ہ) کسی بزرگ یا آقا یا حاکم کے ہاتھوں پر پانی ڈالنا۔ شادی کے دن ایک رسم کے طور پر دُولہا دُولہن کے ہاتھ پر پانی ڈالنا۔
ہاتھ دُھلائی (ہ امث) ہاتھ دُھلانے کا نیگ۔ ہاتھ دُھلانے کا انعام جو دُولہا سے لیا جاتا ہے۔
ہاتھ دھو بیٹھنا۔ یا۔ دھو کے بیٹھنا (ہ) نااُمید ہو جانا۔ مایوس ہو جانا۔ کھو بیٹھنا۔ چھوڑ بیٹھنا۔ صبر کر بیٹھنا۔ اُمید منقطع کرنا۔ قطع تعلق کرنا۔ دستبردار ہو جانا۔
ہاتھ دھو چکنا (ہ) بالکل اُمید چھوڑ بیٹھنا۔ مایوس قطعی ہو جانا۔
ہاتھ دھو کر۔ یا۔ ہاتھ دھو کے پیچھے پڑنا (ہ) تمام کام چھوڑ کر ایک کام کے پیچھے ہو جانا۔ پنٹ جانا۔ پیچھے پڑ جانا۔ درپے آزار ہو جانا۔
ہاتھ دھونا (ہ) پانی سے ہاتھ صاف کرنا۔ طہارت کرنا۔ آبدست لینا۔ درگزر کرنا۔ مایوس ہونا۔ اُمید منقطع کرنا۔ بے اُمید ہونا۔ صبر کرنا۔ ترک کرنا۔ چھوڑنا۔ کھونا۔
ہاتھ دے دے مارنا (ہ) ہاتھ پٹک پٹک کر مارنا۔ رنج و اضطراب یا نزع کی حالت میں ہاتھوں کو زمین یا چارپائی پر متواتر مارنا۔
ہاتھ دیکھنا (ہ) نبض دیکھنا۔ ناڑی دیکھنا۔ دستِ نگر ہونا۔ کسی سے روپیہ کا محتاج ہونا۔ کسی کے ہاتھ کی لکیریں دیکھ کر اس کا آئندہ اور گزشتہ حال بتانا۔
ہاتھ دینا (ہ) ہاتھ سے ہاتھ ملانا۔ داد دینا۔ مدد مانگنا۔ زبان دینا۔ قول دینا۔ وعدہ کرنا۔ مدد دینا۔ سہارا دینا۔ چیچک کے دانوں کا مُرجھا جانا۔ جیسے ماتا رانی ہاتھ دے گئی۔ جھاڑ پھونک کرنا۔ دم کرنا۔ بجھانا۔ گُل کرنا۔ چراغ ٹھنڈا کرنا۔ شرط لگانا۔ بازی بدنا۔
ہاتھ ڈالنا (ہ) کسی چیز میں ہاتھ دینا۔ ہاتھ داخل کرنا۔ دخل دینا۔

کام میں پڑنا ۔ کوئی کام ذمہ لینا ۔ دست درازی کرنا ۔ غیر عورت کو چھونا ۔ لوٹنا ۔ غارت گری کرنا ۔ ہاتھ لگانا ۔ مس کرنا ۔ کسی کام کو شروع کرنا ۔ علاج شروع کرنا ۔ پکڑنا ۔ پکڑنے کا ارادہ کرنا ۔

ہاتھ رکھنا (ہ) ہاتھ دھرنا ۔ روکنا ۔ باز رکھنا ۔ تھامنا ۔ قسم کھانا ۔ سوگند کھانا ۔ ہاتھ سے مس کرنا ۔ چھونا ۔ ہاتھ لگانا ۔ بچانا ۔ حفاظت کرنا ۔ مدد کرنا ۔ سہارا دینا ۔

ہاتھ رنگنا (ف) ہاتھوں کو مہندی لگانا ۔ ہاتھ کو آلودہ کرنا ۔ مال مارنا ۔ رشوت لینا ۔ مال اُڑانا ۔

ہاتھ رواں کرنا (ف) مشق کرنا ۔ ہاتھ صاف کرنا ۔ مہارت کرنا ۔ قتل کرنا ۔ مارنا ۔ دھوکا دینا ۔ دغا کرنا ۔

ہاتھ روکنا (ہ) ہاتھ تھامنا ۔ کفایت شعاری کرنا ۔ فضول خرچی سے رُک جانا ۔ خرچ کم کرنا ۔ باز رہنا ۔ کسی کام سے دست کش ہونا ۔ وار بچانا ۔ وار روکنا ۔

ہاتھ رہ جانا (اردو/محاورہ) کام کرتے کرتے ہاتھ تھک جانا ۔ شل ہو جانا ۔

ہاتھ زیر زنخداں ہونا (اردو/محاورہ) سوچ میں پڑے رہنا ۔

ہاتھ سادھنا (اردو/محاورہ) ہاتھ صاف کرنا ۔ مشق کرنا ۔

ہاتھ سانّا (اردو/محاورہ) ہاتھ آلودہ کرنا ۔

ہاتھ سر پر رکھنا (ف) مددگار ہونا ۔ حمایتی بننا ۔ مربی بننا ۔ حمایت کرنا ۔ پیار کرنا ۔ کسی کے سر کی قسم کھانا ۔ سلام کرنا ۔ ماتھے پر ہاتھ رکھنا ۔

ہاتھ سمرنی پیٹ کترنی (ہ/مثل) ظاہر میں نیک ، باطن میں دغاباز ۔

ہاتھ سُن ہو جانا ۔ ہاتھ سو جانا (ہ) ہاتھ کا کام نہ دے سکنا ۔ ہاتھ میں خون کی حرکت نہ ہونا ۔

ہاتھ سے (ہ) ذریعہ سے ۔ بدولت ۔ سبب سے ۔ کارن سے ۔ ذات سے ۔ دم سے ۔ قابو سے ۔ گرفت سے ۔

ہاتھ سے جاتا رہنا (ہ) بس میں نہ رہنا ۔ قابو سے نکل جانا ۔ ہاتھ سے کھویا جانا ۔ آپے سے باہر ہو جانا ۔ از خود رفتہ ہو جانا ۔ مر جانا ۔ انتقال کر جانا ۔

ہاتھ سے جانا (ہ) کھویا جانا ۔ ضائع ہو جانا ۔ جاتا رہنا ۔ قابو سے نکلنا ۔ بس میں نہ رہنا ۔ اختیار سے باہر ہو جانا ۔ انتقال کرنا ۔ مر جانا ۔

ہاتھ سے دینا (ہ) بخش دینا ۔ عطا کرنا ۔ چھوڑنا ۔ ترک کرنا ۔ قبضہ چھوڑنا ۔ جانے دینا ۔ کھونا ۔ گنوانا ۔ ضائع کرنا ۔

ہاتھ سے کام نکلنا (ہ) کسی کام کا تجربہ ہونا ۔ کوئی کام کر کے دیکھ لینا ۔ کسی کام کا قبضہ سے نکل جانا ۔ کوئی کام واپس لیا جانا ۔ کسی کے ذریعہ کوئی کام پورا ہونا ۔ کسی کے وسیلہ سے کوئی کام بننا ۔ کوئی کام ہاتھوں سے کیا جانا ۔

ہاتھ سے ہاتھ ملنا (ہ) افسوس کرنا ۔ از حد پچھتانا ۔

ہاتھ صاف کرنا (ف) ہاتھ کو رواں کرنا ۔ خوب مشق کرنا ۔ خط درست کرنا ۔ خط سنوارنا ۔ ہاتھ دھونا ۔ ہاتھ پاک کرنا ۔

ہاتھ کا وار کرنا ۔ ہاتھ مارنا ۔ قتل کرنا ۔ ذبح کرنا ۔ ہلاک کرنا ۔

ہاتھ قبضے پر ڈالنا ۔ یا ۔ رکھنا (ف) تلوار سونتنا ۔ قتل کا ارادہ کرنا ۔ آمادۂ قتل ہونا ۔

ہاتھ قلم کرنا (ف) ہاتھ کاٹنا ۔ ہاتھ تراشنا ۔

ہاتھ کاٹ دینا (ہ) ہاتھ قلم کر دینا ۔ تحریری اقرار کرنا ۔ دستاویز لکھ دینا ۔

ہاتھ کاٹنا (ہ) ہاتھ قلم کرنا ۔ افسوس کرنا ۔ پچھتانا ۔ نہایت غصے سے اپنے ہاتھوں کو دانتوں میں پکڑنا ۔

ہاتھ کا جھوٹا (ہ) لے کر نہ دینے والا ۔ نادہند ۔ بددیانت ۔ بے ایمان ۔ بدمعاملہ ۔ خائن ۔

ہاتھ کا دیا (ا/مذ) دان ۔ پُن ۔ خیرات ۔ سخاوت ۔ بخشش ۔

ہاتھ کا دیا آڑے آئے (ہ) خیرات بلا کو ٹال دیتی ہے ۔ نیکی ہمیشہ کام آتی ہے ۔ کسی وقت کا دان پُن مصیبت کے ایام کو روک دیتا ہے ۔

ہاتھ کا دیا ساتھ کھانے لگا (ا/محاورہ) کمینے اور خادم بھی برابری کا دعویٰ کرنے لگے ۔

ہاتھ کا سچا (ہ) لین دین کا کھرا ۔ ساکھ والا ۔ اعتبار والا ۔ معتبر ۔ دیانت دار ۔

ہاتھ کا میل (ہ/مذ) وہ چرک جو ہاتھ پر سے اُترے ۔ بے اصل اور بے حقیقت چیز بالکل ہیچ اور ناچیز ۔ مجازاً روپیہ ۔ مال و زر ۔

ہاتھ کان سے ننگی (ا/صف) وہ جس کے پاس کوئی زیور نہ ہو ۔ وہ جس نے کوئی زیور نہ پہنا ہو ۔

ہاتھ کانوں پر ۔ یا ۔ کان پر رکھنا ۔ یا ۔ دھرنا (ہ) بالکل بے خبری ظاہر کرنا ۔ ناآشنائی اور ناواقفی ظاہر کرنا ۔ بالکل انکار کرنا ۔

ہاتھ کٹ جانا (ہ) ہاتھ قلم ہو جانا ۔ ہاتھ میں زخم آ جانا ۔ تحریر ہو جانا ۔ دستاویز ہو جانا ۔

ہاتھ کٹ چکے ہیں (ہ/محاورہ) تحریر دے چکے ہیں ۔ تحریر دے رکھی ہے ۔

ہاتھ کرنا ۔ یا ۔ دکھانا (ہ) وار کرنا ۔ ہُنرِ جنگ دکھانا ۔ حربہ کرنا ۔ حملہ کرنا ۔ بحث کرنا ۔

ہاتھ کشیدہ آسمان دیدہ (ف) عورتیں بولا کرتی ہیں اُس کی نسبت جس کا ہاتھ کہیں اور ہو اور خیال کہیں اور ۔

ہاتھ کمر میں رکھے پھرنا (اردو/محاورہ) بے کار پھرنا ۔ بے شغلی کی حالت میں پھرنا ۔

ہاتھ کنگن کو آرسی کیا (ہ/مثل) جو چیز آنکھوں کے سامنے ہو ۔ اُس کے دریافت کرنے کی ضرورت ہی کیا ہے ۔

ہاتھ کوڑی نہ بازار لیکھا (ا/مثل) ایسا مفلس ہے ۔ جس کا کوئی بھی اعتبار نہیں کرتا ۔

ہاتھ کو ہاتھ پہچانتا ہے (ہ/محاورہ) جس سے کچھ لیتے ہیں ۔ اُسی کو

دیتے ہیں۔

ہاتھ کو ہاتھ نہیں سوجھتا (ہ / محاورہ) بہت سخت اندھیرا ہے۔ اندھیر گھپ ہے۔

ہاتھ کو ہاتھ نظر نہ آنا (ا / محاورہ) سخت اندھیرا ہونا۔

ہاتھ کھجلانا (ہ) ہاتھ میں خارش ہونا۔ ہاتھ کا نچلا نہ بیٹھنا۔ مار کھانے کی باتیں کرنا۔ مار کھانے کو جی چاہنا۔

ہاتھ کھلنا۔ یا۔ کھل جانا (ہ) ہاتھ کا کام دینے لگنا۔ ہاتھ چلنا۔ تنگی نہ رہنا۔ روپیہ پیسہ ہاتھ میں آنا۔ کاروبار جاری ہونا۔ مار پیٹنے کا لپکا ہوجانا۔ عادت ہوجانا۔

ہاتھ کھینچنا (ہ) ہاتھ اٹھانا۔ ترک کرنا۔ باز آنا۔ دست بردار ہونا۔ تیاگنا۔

ہاتھ کے دو بیڑے نہ کھانا (ا) کسی سے سخت متنفر ہونا۔ نہایت نفرت کرنا۔ بالکل خاطر میں نہ لانا۔

ہاتھ کی چٹھی (ا / مث) اپنی لکھی ہوئی چٹھی۔ اپنے ہاتھ کا لکھا ہوا سرٹیفکیٹ۔

ہاتھ کی روٹی (ہ / مث) ہاتھ سے تیار کی ہوئی روٹی۔ توے پہ پکائی ہوئی روٹی۔

ہاتھ کے طوطے اڑ جانا (ا) حواس باختہ ہوجانا۔ حیران و ششدر ہوجانا۔ بالکل بے خبر ہوجانا۔

ہاتھ کی لکیریں (ہ / مث) ہاتھ کے ٹیڑھے سیدھے خط۔ ہتھیلی کے نشان۔ کرم ریکھا۔ جنہیں دیکھ کر نجومی لوگ گذشتہ اور آئندہ باتیں بتاتے ہیں۔

ہاتھ کی لکیریں مٹنا (ہ) ناممکن امر کا ظاہر ہونا۔ رشتہ یا قرابت کا ٹوٹنا۔ محبت کا جاتا رہنا۔ متعلقوں اور حق داروں کا حق جانا۔

ہاتھ کی لکیریں نہیں مٹتیں۔ یا۔ کہیں ہاتھ کی لکیریں مٹتی ہیں (ہ / محاورہ) ناخن سے گوشت جدا نہیں ہوتا۔ اپنے کسی طرح غیر نہیں ہو سکتے۔

ہاتھ کے نیچے آنا (ہ) قابو میں آنا۔ قبضہ میں آجانا۔ مداخلت ہوجانا۔ ہتھے چڑھ جانا۔ بس میں آجانا۔

ہاتھ گاڑی (ہ / مث) رکھشا۔ پہاڑی گھمیاں۔

ہاتھ گریبان تک جانا (ا) وحشت ظاہر ہونا۔ گریبان پھاڑ ڈالنا۔

ہاتھ گھسانا (ہ) بے فائدہ محنت کرنا۔ بے فائدہ کام کرنا۔ لاحاصل کام کرنا۔

ہاتھ گھسائی (ہ / مث) بے فائدہ محنت۔ وہ محنت جس سے کچھ حاصل نہ ہو۔

ہاتھ گھس جانا (ا / محاورہ) کوئی کام بہت دیر تک کرنا۔ نقصان ہونا۔

ہاتھ گھنگھولنا (ا / محاورہ) پانی میں ہاتھ ڈال کر جلدی جلدی ان کو حرکت دینا۔

ہاتھ لال کرنا (ا / محاورہ) ہاتھوں کا سرخ کرنا۔ قتل کرنا۔

ہاتھ لا۔ یا۔ ہاتھ لانا (ہ) تعریف اور مدح کا کلمہ۔ واہ وا کیا کہنا ہے۔ آفرین ہے۔ شاباش ہے۔ مرحبا۔

ہاتھ لگانا (ہ) چھونا۔ مس کرنا۔ ہاتھ پھیرنا۔ دست درازی کرنا۔ چھیڑنا۔ بوجھ اٹھوانا۔ کندھا دینا۔ مدد دینا۔ سہارا دینا۔ کام شروع کرنا۔ بڑھا لگانا۔ تلوار کا وار کرنا۔ ہاتھ مارنا۔ ضرب لگانا۔ قول دینا۔ پکا وعدہ کرنا۔ پختہ اقرار کرنا۔ تیرنا۔ مارنا۔ پیٹنا۔ ٹھیٹر چڑھنا۔

ہاتھ لگائے کملانا (ہ) نہایت نازک بدن ہونا۔ بے حد نزاکت ہونا۔

ہاتھ لگائے۔ یا۔ ہاتھ لگے میلا ہونا (ہ) بہت ہی سفید اور اجلا ہونا۔ براق اور آب دار ہونا۔ نہایت لطیف اور پاکیزہ ہونا۔

ہاتھ لگنا (ہ) چھوا جانا۔ مس ہونا۔ ہاتھ پھیرنا۔ حاصل ہونا۔ ملنا۔ دست یاب ہونا۔ ہاتھ آنا۔ قابو چڑھنا۔ بس میں آنا۔ مدد دینا۔ سہارا ملنا۔ کام شروع ہونا۔ بڑھا لگنا۔ بازی بدنا۔ شرط ہونا۔ جوڑنے اور جمع کرنے میں دہائیوں کا حاصل ہونا۔ ضرب لگنا۔ تلوار کا وار پڑنا۔

ہاتھ لیا کاسا تو بھیک کا کیا ساسا
ہاتھ لیا کاسا تو کیا ٹکڑوں کا ساسا } (ہ / مثل) جب گداگری اختیار کرلی تو پھر اندیشہ اور فکر ہی کس بات کا۔ جب مانگنے ہی لگ گئے تو پھر شرم کاہے کی۔

ہاتھ مارنا (ہ) ہاتھ لگانا۔ ضرب لگانا۔ بڑے بڑے نوالے کھانا۔ چوری کرنا۔ غبن کرنا۔ مال اڑانا۔ رشوت لینا۔ قبضہ کر لینا۔ قابض ہوجانا۔ شرط لگانا۔ بازی بدنا۔ قتل کرنا۔ ذبح کرنا۔ ہاتھ صاف کرنا۔ بچن ہارنا۔ قول اقرار کرنا۔

ہاتھ مروڑنا (ا / مص) کسی کے ہاتھ کو پیچ دینا۔

ہاتھ ملانا (ہ) ملاقات کے وقت ہاتھ میں ہاتھ لینا۔ مصافحہ کرنا۔ پنجہ کشی کرنا۔ ہاتھ میں ہاتھ پکڑ کر زور کرنا۔

ہاتھ ملتے پھرنا (ہ) پچھتاتے پھرنا۔ افسوس کرتے رہنا۔

ہاتھ ملتے رہنا۔ یا۔ رہ جانا (ہ) پچھتاتے رہنا۔ افسوس کرتے رہنا۔

ہاتھ ملنا (ہ) افسوس کرنا۔ پچھتانا۔

ہاتھ ملنا (ہ) مصافحہ ہونا۔ دست بوسی ہونا۔ بکری ہونا۔ نقدی ملنا۔

ہاتھ منہ پر رکھ دینا (ا / محاورہ) بولنے نہ دینا۔

ہاتھ میں (ہ) اختیار میں۔ قبضہ میں۔ ہاتھ کے اندر۔ ماتحت۔ زیر۔ تحت۔

ہاتھ میں نہ گات میں۔ میں دھنو تنی جات میں (ہ / مثل) اپنی ذات پر گھمنڈ کرنے والے بے سلیقہ آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں۔ یعنی نہ ہاتھ میں ہنر ہے نہ جسم میں جوہر۔ میں تو اپنی اعلیٰ ذات کے سبب امیر ہوں۔

ہاتھ میں آنا (ہ) ہاتھ لگنا۔ حاصل ہونا۔ قابو میں آنا۔ قبضہ میں آنا۔ حاصل ہونا۔ دستیاب ہونا۔ بہم پہنچنا۔

ہاتھ میں ٹھیکرا دینا (ہ) بھیک منگوانا۔ گداگری کرنا۔ مفلس کردینا۔

محتاج بنا دینا۔

ہاتھ میں ٹھیکرا لینا (ہ) بھیک مانگنا۔ گداگری کرنا۔ غریب و محتاج ہونا۔

ہاتھ میں دل رکھنا (ف) دلداری کرنا۔ ہر ایک آرزو پوری کرنا۔ دلجوئی کرنا۔

ہاتھ میں دل لینا (ف) دلجوئی کرنا۔ راضی رکھنا۔ دل خوش رکھنا۔

ہاتھ میں دل نہ ہونا (ف) نہایت بے قرار ہونا۔ دل دھڑکنا۔ دل قابو میں نہ ہونا۔

ہاتھ میں دے روٹی اور سر پہ مارے جوتی (ف/مثل) ایسا اچھا آدمی کہ احسان کر کے بار بار جتاتا ہے۔

ہاتھ میں دینا (ہ) حوالے کرنا۔ سونپنا۔ سپرد کرنا۔ ہاتھ میں پکڑانا۔

ہاتھ میں رکھنا (ف/محاورہ) پکڑے رکھنا۔ قابو میں رکھنا۔

ہاتھ میں رہنا (ف/محاورہ) قبضے میں یا قابو میں رہنا۔

ہاتھ میں سمرنی اور بغل میں کترنی (ف/مثل) ظاہر میں پرہیزگار اور عابد باطن میں دغاباز اور جیب کترا۔ ظاہر میں کچھ اور باطن میں کچھ۔

ہاتھ میں سنیچر آنا (ہ) نہایت تنگدستی کا زمانہ آنا۔ طالع کا زحل میں آ جانا جو نہایت منحوس ہے۔ نہایت افلاس چھا جانا۔ تنگدست ہونا۔

ہاتھ میں قلم لے کر رہ جانا یا پکڑ کر رہ جانا (ف) لکھتے وقت حیرانگی سے سوچ میں پڑ جانا۔

ہاتھ میں کل ہونا (ف/محاورہ) کسی کا قابو میں رہنا۔

ہاتھ میں گریبان ہونا (ف/محاورہ) کسی کے ظلم کا فریادی ہونا۔

ہاتھ میں لانا (ہ) حاصل کرنا۔ بہم پہنچانا۔ کمانا۔ مایوس کرنا۔ بس میں کرنا۔

ہاتھ میں لانا پات میں کھانا (ہ) جو کمانا سو کھا لینا ایسا مفلس اور کنگال ہونا کہ گھر میں برتن تک نہ ہونا۔

ہاتھ میں لیے پھرنا (ہ) ہاتھ میں دبائے پھرنا۔ شہوت میں سخت بے تاب ہونا۔

ہاتھ میں ہاتھ دینا (ہ) ہاتھ ملانا۔ مصافحہ کرنا۔ بیاہ دینا۔ عورت کا مرد سے نکاح کر دینا۔ کسی کے سپرد کرنا۔ سونپنا۔ حوالے کر دینا۔

ہاتھ میں ہاتھ ڈالنا (ف/محاورہ) ہاتھ پکڑنا۔ مصافحہ کرنا۔

ہاتھ میں ہنر ہونا (ف) صاحب کمال ہونا۔ ہنرمند ہونا۔ ہاتھ میں جوہر ہونا۔

ہاتھ نہ آنا (ف) پکڑا نہ جانا۔ بھاگنے میں ہاتھ نہ لگنا۔ قابو میں نہ آنا۔ قابو نہ چڑھنا۔

ہاتھ نہ رکھنے دینا (ف) پاس نہ آنے دینا۔ ہاتھ نہ لگانے دینا۔ خاطر میں نہ لانا۔ پروا نہ کرنا۔ جمنے نہ دینا۔ قابو میں نہ آنا۔ بس میں نہ آنا۔ کسی طرح راضی نہ ہونا۔ نہایت بد مزاج ہونا۔

ہاتھ نہ گلے ناک میں پیاز کے ڈلے (ف/مثل) ذرا سی چیز پر اترانے والی کم ظرف عورت کی نسبت بولا کرتے ہیں۔ غیر موزوں سنگار پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔

ہاتھ نہ لگانا (ہ) ہاتھ سے نہ چھونا۔ زد و کوب نہ کرنا۔ بچے کو تنبیہ کرنا۔ کسی چیز کو بے حقیقت اور ذلیل سمجھنا۔ خاطر میں نہ لانا۔ بات نہ پوچھنا۔

ہاتھ نہ مٹھی بلبلاتی اٹھی (ہ/مثل) پاس کوڑی بھی نہیں۔ حوصلہ دکھانے میں یہ گرم جوشی پاس کچھ ہے نہیں غصہ ناحق کا۔

ہاتھ ہلاتے آنا (ہ) خالی ہاتھ آنا۔ گھر کچھ لے کر نہ آنا۔ پلا جھلاتے آنا۔

ہاتھ ہلاتے جاؤ (ہ/محاورہ) شغل جاری رکھو۔ کھاتے رہو۔ منہ چلائے جاؤ۔

ہاتھا پائی (ہ/مث) لڑائی بھڑائی۔ دھول دھپا۔ مار کٹائی۔ مار پیٹ۔ زد و کوب۔ مار دھاڑ۔ گھوسم گھوسا۔

ہاتھا پائی کرنا (ہ) مار کٹائی کرنا۔ دست درازی کرنا۔ لڑائی دنگا کرنا۔

ہاتھا چھانٹی (ہ/مث) دغابازی۔ بدمعاملگی۔ بددیانتی۔ خرد برد۔ غبن۔ چوری۔ تغلب۔

ہاتھا جوڑی (ہ/مث) ایک مشہور پودے کا نام۔

ہاتھوں (ہ/مذ) ہاتھ کی جمع بوجہ عمل عوامل۔ سبب۔ باعث۔ کارن۔ بدست۔ بدست۔ ہمراہ۔ ساتھ۔ ہاتھ سے۔ ہاتھوں سے۔ وسیلہ سے۔ ذریعہ سے۔ توسل سے۔

ہاتھوں اچکنا (ف/محاورہ) آدمی یا گھوڑے یا کسی اور چیز کا انتہائی جست کرنا۔

ہاتھوں اچھلنا (ہ) نہایت تڑپنا۔ از حد بے قرار ہونا۔ نہایت کودنا۔ کثرت سے اچھلنا۔

ہاتھوں اڑ جانا (ف/محاورہ) انسان یا حیوان کا کمال جست کرنا۔

ہاتھوں پر سانپ کھیلنا (ف/محاورہ) کنایۃً خطرناک کام کرنا۔

ہاتھوں پھاندنا (ف/محاورہ) آدمی یا گھوڑے کا حد سے زیادہ جست کرنا۔

ہاتھوں چھاؤں رکھنا (ہ) نہایت پیار اور لاڈ سے رکھنا۔ ہاتھوں کے سائے میں رکھنا۔

ہاتھوں سے (ہ) سبب۔ کارن۔ باعث۔ ذات سے دم سے۔

ہاتھوں سے تنگ آنا (ف/محاورہ) نہایت پیار اور لاڈ سے رکھنا۔ بہت حفاظت سے رکھنا۔ ہاتھوں کے سائے میں رکھنا۔

ہاتھوں کے طوطے اڑنا یا اڑ جانا (ف) بدحواس ہونا۔ حواس باختہ اور بے اوسان ہونا۔ بے خود ہو جانا۔ آپے سے باہر ہو جانا۔ قابو میں نہ رہنا۔

ہاتھ کی لکیریں (ہ/مث) ہاتھوں کی ریکھیں۔ وہ نشان یا نقش جو مٹائے نہ مٹیں۔ نقش کالحجر۔ قریبی رشتہ دار۔ عزیز۔ یگانے۔

ہاتھوں مہندی پاؤں مہندی اپنے لچھن اوروں دیبندی (ہ ا مثل) آپ مہندی کے بہانے کام سے بچنا اور دُوسرے کو کام سونپنا۔ اپنا عیب دُوسروں کے سر تھوپنا۔

ہاتھوں ہاتھ (ہ) ایک ہاتھ سے دُوسرے ہاتھ میں۔ اُوپر ہی اُوپر۔ بالا ہی بالا۔ دست بدست۔ فوراً۔ تُرت۔ شتاب۔ جلد۔ جلدی سے۔

ہاتھوں ہاتھ اُڑا کر لے جانا (ہ) اُوپر ہی اُوپر لے جانا۔ دست بدست فوراً لے جانا۔

ہاتھوں ہاتھ اُڑ جانا۔ یا۔ بِک جانا (ہ) جلد سَودا ہونا۔ فوراً بِک جانا۔ خرید و فروخت میں دیر نہ لگنا۔ فوراً خرید و فروخت میں دیر نہ لگنا۔ فوراً خرچ میں آ جانا۔ بہت جلد صرف ہو جانا۔

ہاتھوں ہاتھ لے جانا (ہ) فوراً لے جانا۔ دیر نہ کرنا۔ بڑی عزت اور قدر سے لے جانا۔ بہت جلدی سے لے جانا۔

ہاتھوں ہاتھ لینا (ہ) فوراً لینا۔ زمین پر نہ گرنے دینا۔ جھٹ پٹ لے لینا۔ اُوپر ہی اُوپر لے جانا۔

ہاتھی (ہ ا مذ) فیل۔ پیل۔ گج۔ ایک نہایت جسیم اور موٹے جانور کا نام۔ شطرنج کا ایک مُہرہ۔

ہاتھی پاؤں (ہ ا مذ) ایک بیماری کا نام جس سے پاؤں نہایت موٹا ہو جاتا ہے۔

ہاتھی پھرے گاؤں گاؤں جس کا ہاتھی اُسی کا ناؤں (ہ ا مثل) جس کی چیز ہو۔ اُسی کا نام ہوا کرتا ہے۔ اصل شے مالک ہی کی ہوا کرتی ہے۔

ہاتھی جھُومتا ہے (ہ ا مثل) گھر میں کنواری جوان لڑکی بیٹھی ہے۔ گھر پر ہاتھی بندھا ہے۔ نہایت ثروت ہے۔

ہاتھی چھوٹے گھوڑا چھوٹے (ہ ا محاورہ) دیکھا چاہیے کیا خرابی اور آفت پیش آئے۔

ہاتھی خانہ (ہ ا مذ) ہاتھیوں کا طویلا۔ فیل خانہ۔

ہاتھی دانت (ہ ا مذ) دندانِ فیل۔ ہاتھی کے دانت جن سے اکثر چیزیں بنتی ہیں۔

ہاتھی دانت کا چُوڑا (ہ ا مذ) ہاتھی کے دانتوں کی بنی ہوئی چوڑیاں۔

ہاتھی سے گنے کھانا
ہاتھی کے ساتھ گنے چوسنا } (ہ) زبردست سے مقابلہ کرنا۔ زبردست فقیر یا امیر سے حکومت کر کے کچھ حاصل کرنا۔

ہاتھی کا بوجھ ہاتھی ہی اُٹھاتا ہے
ہاتھی کا بوجھ ہاتھی ہی سنبھالے
ہاتھی کا پالان ہاتھی ہی اُٹھاتا ہے } (ہ ا مثل) بڑا کام بڑے ہی حوصلے والا کرتا ہے امیر کی ٹکر امیر ہی جھیلتا ہے۔

ہاتھی کا پاٹھا (ہ ا مذ) جوان۔ ہاتھی۔ ہاتھی کا نر بچہ۔

ہاتھی کا پیر آنکس (ہ ا محاورہ) ہاتھی کا اُستاد آنکس ہے۔ ہتھیار سے زبردست بھی قابو میں آ جاتا ہے۔

ہاتھی کا جگ ساتھی۔ کیڑی پاہن بڑی (ہ ا مثل) زبردست کے سب ساتھی اور کمزور کے سب دشمن۔

ہاتھی کا دانت اور گھوڑے کی لات (ہ ا محاورہ) دشمنوں کو نصیب ہو۔ نصیب اعدا۔

ہاتھی کے پاؤں میں سب کا ساجھا (ہ ا مثل) بڑے آدمی کے سب ماتحت ہوتے ہیں۔ سخی کی کمائی میں سب کا ساجھا ہوتا ہے۔ امیروں سے غُربا کو بھی فائدہ پہنچتا ہے۔

ہاتھی کے دانت دکھانے کے اور کھانے کے اور (ہ ا مثل) دکھاوا اور چیز ہے برتاوا اور چیز۔ دکھانے کی چیز اور ہوتی ہے اور کام میں لانے کی اور۔ دُنیا کے لوگ ظاہر کچھ ہیں اور باطن کچھ۔

ہاتھی کی ٹکر ہاتھی ہی سنبھالے (ہ ا مثل) زبردست کا مقابلہ زبردست ہی کرتا ہے۔

ہاتھی کی راہ (ہ ا مث) کہکشاں۔ اکاس۔ گنگا۔ اندر کے ہاتھی کا رستہ۔

ہاتھی کے مُنہ میں لکڑی پکڑاتے ہیں (ہ ا محاورہ) زورآوروں کو مال دے کر واپس لینا چاہتے ہیں۔

ہاتھی کے نکلے ہوئے دانت بیٹھے مشکل ہیں (ہ ا مثل) بگڑی بات کا بننا نہایت دشوار ہے۔

ہاتھی گھوڑے بھاگ گئے گدھا پوچھے کتنا پانی (ہ ا مثل) بڑے بڑوں کے حوصلے تو پست ہو گئے۔ ادنیٰ کو ابھی حوصلہ باقی ہے۔

ہاتھی نال (ہ ا مث) ایک قسم کی توپ جسے ہاتھی گھسیٹتے ہیں۔

ہاتھی نکل گیا ہے دُم اٹکی رہ گئی ہے (ہ ا مثل) جب سارا کام ختم ہو کر تھوڑا باقی رہ جائے۔ اُس وقت یہ مثل بولتے ہیں۔

ہاتھی وان (ہ ا مذ) ہاتھی چلانے والا۔ مہاوت۔ فیلبان۔ فوج دار۔

ہاتھی ہزار لُٹے تو بھی ہزار ٹکے کا
ہاتھی لُٹے بھی تو بھی کہاں تک } (ہ ا مثل) امیر کیسا ہی غریب کیوں نہ ہو جائے۔ پھر بھی لوگ اُس کی عزت ہی کرتے ہیں۔ یا امیر آدمی کیسا ہی لُٹ گھس جائے پھر بھی دولت کی کھرچن اُس کے پاس رہتی ہے۔

ہاتھی ہے یا امرود (ہ ا مثل) اس موقع پر بولتے ہیں جب کسی ایک نے دو نئی مختلف چیزیں دیکھی ہوں اور ان میں سے ایک چیز کی بابت لوگوں کے پوچھنے پر کہے کہ یہ ہے یا وہ۔

ہاتھی چک (ہ ا مذ) ایک خار دار پودے کا نام جس کی جڑ کو پکا کر کھاتے ہیں۔

ہاٹ (ہ ا مث) دُکان۔ لین دین کی جگہ۔ سودا بیچنے کی جگہ۔ ہٹ۔ ہٹی۔

ہاٹ کھولنا۔ یا۔ کرنا (ہ) دُکان کرنا۔

ہاجر (ع) ہجرت کرنے والا۔ اپنا مُلک چھوڑ کر دُوسرے مُلک میں جا رہنے والا۔ عرب کے ایک قبیلے کا نام مکے میں جا رہنے والا۔

ہاجرہ (ع ا مث) ٹھیک دوپہر کا وقت۔ نہایت گرم دوپہر کا وقت۔ گرمی کی دوپہر۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام کی والدہ ماجدہ کا نام۔

ہاجی (ع ا مذ) بُرائی کرنے والا - ہجو کرنے والا - نقّال - مُنہ چڑانے والا -
ہادی (ع ا مذ) ہدایت کرنے والا - رہنما - پیشوا - رہبر - پیر و مُرشد -
ہار (ہ ا مث) شکست - مات - ہزیمت - نُکسان - تھکن - ماندگی -
ہار جانا - یا - ہار بیٹھنا (ہ) مات ہو جانا - بازی دے بیٹھنا - شکست کھا جانا - پیٹھ دکھا جانا - مغلوب ہو جانا - عاجز ہو جانا - تنگ ہو جانا - ناک میں دم ہو جانا - تھک جانا - مجبور ہو جانا -
ہار جیت (ہ ا مث) شکست و فتح - نفع و نقصان -
ہار جیت کرنا (ہ) جُوا کھیلنا - داؤ لگانا - بازی ہارنا یا لینا -
ہار دینا (ہ) بازی دے دینا - بازی لگا کر مات ہو جانا -
ہار کر - یا - ہار کے } (ہ) تھک کر - ناچار ہو کر - مجبوراً -
ہار کے جھک مار کے } آخر کار - مجبور ہو کر -
ہار ماننا (ہ) تھکنا - عاجز ہونا - عجز اختیار کرنا - مغلوب ہونا -
ہار (ہ) کرنے والا - کرتا - قابل - لائق - جوگ جیسے جانہار - مرنہار -
ہار (ہ / ف ا مذ) پھولوں یا موتیوں کی مالا - تسبیح - سُمرن - جواہرات کا گلوبند - کنٹھا - کنٹھ مالا -
ہار پھول (ا ا مذ) خوشی کی محفلوں میں ہار پھول بانٹے ہیں -
ہار چڑھانا (ا / محاورہ) مقدس بزرگوں کی قبر یا دیوتاؤں پر پھول چڑھانا -
ہار ڈالنا (ہ) ہار پہنانا - ہار گلے میں ڈالنا - مالا گلے میں پہنانا -
ہارا (ہ ا مذ) ہارا ہوا - تھکا ہوا - تھکا ماندہ - کمزور - ناتوان - بے دم - ضعیف - بودا - مات کھایا ہوا -
ہارب (ع ا صف) بھاگنے والا -
ہار سنگار (ہ ا مذ) ایک درخت کا نام جس کے پھولوں کی ڈنڈیوں سے زرد اور سُنہری رنگ نکالتے ہیں -
ہارمونیم (انگریزی ا مذ) ایک قسم کا انگریزی باجا -
ہارن (انگ ا مذ) نرسنگا - قرنا - ایک قسم کا باجا -
ہارنا (ہ) بازی میں دبنا - جُوئے میں شرط دے بیٹھنا - چوکنا - رہ جانا - نامُراد رہنا - ناکام ہونا - تنگ ہونا - دِق ہونا - شکست کھانا - شکست پانا - مغلوب ہونا - عاجز ہونا - تھکا ماندہ ہونا - جی چھوڑنا - دینا - کرنا - جیسے بچن ہارنا -
ہارُوت (ع ا مذ) ایک فرشتہ کا نام جو چاہِ بابل میں اوندھا لٹکا ہوا عذابِ الٰہی میں گرفتار ہے -
ہارُون (ع ا مذ) شریر اور سرکش گھوڑا - سردار - سالارِ قوم - حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بڑے بھائی کا نام - پاسبان - چوکیدار - قاصد - پیک - پیغام رساں - بغداد کے خلیفہ کا نام بھی تھا -
ہارُونی (ع ف ا مث) قاصدی - پاسبانی - چوکیداری - نگہبانی - خدمت - محافظت - سرکش - ڈھیٹ - نافرمان - ہٹیل - ہٹیلا -
ہارے بھی ہرا دے جیتے بھی ہرا دے (ہ ا مثل) اپنی ہی بات کے لیے قائل کرنے والے آدمی کی نسبت بولا کرتے ہیں یعنی ہر طرح سے اپنی ہی بات منواتا ہے -
ہارے کو ہتھیار (ہ ا مثل) جب آدمی بالکل ناچار ہو جاتا ہے - تو مجبوراً ہتھیار پر ہاتھ ڈالتا ہے -
ہارے کے درجہ - یا - ہارے درجے (ہ) مجبوراً - ناچار ہو کر - تھک کر - آخر کار - مجبور ہو کر -
ہاڑ (ہ ا مذ) ہڈی - استخوان - پنجر - ڈھچر - ڈھانچ -
ہاڑ جوڑا (ہ ا مذ) ٹوٹی ہوئی ہڈیوں کا جوڑنے والا - ایک پودے کا نام بھی ہے -
ہاڑ گوڑ (ہ ا مذ) ہڈیاں اور گوڈے -
ہاڑا (ہ ا مذ) راجپوتوں کی ایک قوم کا نام -
ہاڑنا (ہ) وزن کے برابر وزن کرنا - تولنا - ایک بٹ سے دوسرا بٹ تول کر بنانا - وزن کا مقابلہ کرنا - جانچنا -
ہاشم (ع ا مذ) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پردادا کا نام -
ہاضم (ع) ہضم کرنے والا - پچانے والا - تحلیل کرنے والا - ملیّن -
ہاضمہ (ع ا مذ) ہضم کرنے کی قوّت - پچاؤ - تحلیل -
ہال (ہ ا مث) حرکت - جنبش - جھٹکا - چال - گردش رفتار (مذکر) پہیّوں کے گرد چڑھانے کا لوہے کا چکّر - پتوار - کشتی کا سُکان - ہل - غلبہ - عربی لفظ حال کا بگاڑ - کثرت - فوراً - فی الفور - ابھی -
ہال (انگریزی ا مذ) بڑا کمرہ - تالار - گول کمرہ - بڑا دالان -
ہالک (ع) نفس حریص -
ہالا (ہ ا مذ) ہل کا ٹیکس - وہ ٹیکس جو ہل پر لگایا جائے -
ہالا ڈولا } (ہ ا مذ) بھونچال - زلزلہ -
ہالن ڈولن } لرزہ - لرزش -
ہالنا (ہ) ہلنا - جنبش کرنا - ڈولنا -
ہالون (ہ ا مث) سرسوں یا رائی کی شکل کے ایک قسم کے دانے ہوتے ہیں - جو دوا میں کام آتے ہیں -
ہالہ (ع ا مذ) کُنڈل - دائرہ - چکّر - حلقہ - بالخصوص وہ کُنڈل جو ابر کے دنوں میں چاند کے گرد ہوا کرتا ہے -
ہالہ کرنا (ا / مص) گھرنا -
ہالی (ہ ا مذ) ہل چلانے والا - ہل جوتا -
ہالی موالی (ا ا مذ) آس پاس والے - متعلقین -
ہامان (ع ا مذ) فرعون کے وزیر کا نام تھا -
ہامون (ع ا مذ) جنگل - بیابان - صحرا - میدان -
ہامی (ہ ا مث) ہاں - اقرار - بلے - آرے -
ہامی بھرنا (ہ) اقرار کرنا - وعدہ کرنا - زبان کرنا -
ہان (س ا مث) ٹوٹا - گھاٹا - نقصان - خسارہ - ضرر - زیاں - مصیبت - بپتا - کُشت و خون - خونریزی (اُردو میں) ہم عمر کا - یاری - دوستی -

ہانکو - دریائے ینگ سی کیانگ پر دہانہ سے یہاں تک ۶۰۰ میل ہے - جہازرانی ہوسکتی ہے - چین کی تجارت کا بھاری مرکز ہے -

ہان لابھ (س / مذ) نفع - نقصان -

ہاں (ہ) کلمۂ ایجاب وندا - ہوں - ہاں - اچھا - بھلا - بے شک - یقیناً - البتہ - ضرور -

ہاں جی (ہ) کلمۂ ایجاب برائے تعظیم - جی ہاں - بے شک درست ہے جناب - یہاں کا مخفف بھی ہے - جیسے ہمارے ہاں - گھر - خانہ وغیرہ - حرفِ شرط بمعنی اگرچہ - گو - ہرچند -

ہاں جی کا نوکر ہونا (ہ) ہاں میں ہاں ملانے سے غرض رکھنا -

ہاں جی ہاں جی کرنا (ار / محاورہ) ہاں میں ہاں ملانا -

ہاں کرنا (ہ) منظور کرنا - اقرار کرنا - قول دینا - قبول کرنا - ماننا -

ہاں میں ہاں ملانا (ہ) بے سمجھے بوجھے اقرار کر دینا - ہاں جی ہاں جی کرنا -

ہاں ہاں (ہ) کلمۂ تنبیہ - اصرار - ضد - ہٹ - طنزاً - بے شک - بالضرور - ضرور -

ہاں ہوں (ہ) کلمۂ ایجاب وقبول - ہوں ہاں -

ہانپ جانا (ہ) تھک جانا - سانس پھول جانا - سانس چڑھ جانا -

ہانپنا (ہ) جلدی جلدی سانس لینا - کمزوری یا زیادہ محنت کے باعث سانس اکھڑنا - دم چڑھ جانا -

ہانڈا (ہ) آوارہ گرد - پھرنے والا -

ہانڈے سے ڈانڈا بھلا (ہ / مثل) آوارہ گرد سے بیگار اچھی - خالی سے بیگار بھلی -

ہانڈنا (ہ) آوارہ پھرنا - بے کار پھرنا - سرگردان ہونا - آوارہ گرد ہونا -

ہانڈوراس - وسطی امریکہ کی چھ ریاستیں ہیں - ان میں سے ایک اس نام کی ہے - بیلز صدر مقام ہے - مہاگنی آبنوس اور کوکو پیدا ہوتا ہے -

ہانڈی
ہانڈی نار } (ہ) ہانڈا کی تانیث - آوارہ گرد عورت - پھرنے والی -

ہانڈی (ہ / مث) ہنڈیا - کھانا پکانے کا مٹی کا برتن - دیگ گلی - شیشے کا برتن جس میں روشنی کرتے ہیں - مجازاً سالن - دال - لاون -

ہانڈی اُبلنا (ہ) ہانڈی کا جوش کھا کر پانی باہر نکل پڑنا - غرور کے باعث آپے سے باہر ہو جانا - اوچھے پن کے سبب سمائی نہ کر سکنا -

ہانڈی اُبلے گی تو اپنے ہی کنارے جلائے گی (ہ / مثل) کم ظرف اگر حد سے باہر چلے گا تو اپنا ہی نقصان کرے گا -

ہانڈی پکنا (ہ) ترکاری پکنا - دال سالن پکنا - کھچڑی پکنا - چپکے چپکے صلاح مشورے ہونا - گپ غپ اڑانا -

ہانڈی پھوٹنا (ہ) بھانڈا پھوٹنا - افشائے راز کرنا -

ہانڈی جاتی ہوگی (ار / مثل) کسی کی شادی پر بارش برسے تو مذاقاً کہتے ہیں -

ہانڈی چڑھانا (ہ) پکانے کے لیے ہانڈی چولہے پر رکھنا - دوسرے کا فائدہ کرنا - رشوت دینا -

ہانڈی چڑھنا (ہ) سالن پکنا - کچھ ہاتھ لگنا - نفع ہونا - رشوت ملنا -

ہانڈی گرم کرنا (ار) رشوت وغیرہ میں کچھ کمانا - کھانے کا سامان مفت میں کرنا -

ہانڈی گرم کرانا (ار) فائدہ کرانا - رشوت دلانا -

ہانڈی وال (ہ / مذ) کھانے کا ساجھی - شریک - حصہ دار - پتی دار - رقیب - ایک عورت کے پاس رہنے والے -

ہانڈی میں ہوگا سو ڈوئی میں نکلے گا (ہ / محاورہ) جو دل میں ہوگا وہی زبان پر آئے گا -

ہانڈی نہ ڈوئی سب پت کھوئی (ار / مثل) غریبی سے عزت کبھی جاتی رہتی ہے -

ہانڈی وال (ار / صفت) کھانے کا شریک - ساجھی - رقیب - ایک عورت سے تعلق رکھنے والے کئی مرد -

ہانس (ہ / مذ) چھاتی سے اوپر اور گردن کے نیچے کی ہڈی - ہنسلی کی ہڈی - گلے میں پہننے کی ہنسلی یعنی ایک قسم کا زیور - ایک آبی پرندے کا نام - ہنس - راج ہنس -

ہانسی (ہ / مث) ہنسی - دل لگی - مذاق (مذکر) حصار کے ضلع کے ایک مشہور شہر کا نام -

ہانک (ہ / مث) زور کی آواز - پکار - للکار - چلاہٹ - شور وغل - چلا - رواں کر - زمزمہ - چہچہا - ترنم -

ہانک پکار (ہ / مث) شور وغل - غل غپاڑہ - دہائی - ہنگامہ - غوغا - غلغلہ -

ہانک مارنا (ہ) پکارنا - چیخ کر آواز لگانا - آواز دینا -

ہانکا ہانک (ہ) لگاتار ہنکائے یا بھگائے ہوئے -

ہانکنا (ہ) ہنکانا - چلانا - دوڑانا - تیز رفتار کرنا - زبان سے نکالنا - مارنا - بڑھانا - ریلنا - پیلنا - آگے بڑھانا - دھکا دینا -

ہانگا (ہ / مذ) زور - طاقت - بل - توانائی -

ہانگا چھوٹنا (ہ) جسمانی طاقت میں فرق آنا - طاقت نہ رہنا -

ہانگی (ہ / مذ) باریک چھلنی - کپڑے کی چھلنی - میدہ چھاننے کی چھلنی -

ہانی (ہ / مذ) ہم عمر - یار - دوست - ایک ہی کھیل کی ایک پارٹی کے لوگ -

ہاؤ (ار / مذ) ہو کرنے والا - بچوں کو ڈرانے کا ایک فرضی نام - جن - بھوت - پریت - ہوا - بچوں کو ڈرانے کا ایک کاغذی چہرا -

ہاون (ف / مث) اوکھلی - کونڈی - کھرل - ہانڈی -

ہاون دستہ (ف / مذ) اوکھلی اور موسل - پنجابی میں چھٹو وٹا -

ہاؤ ہاؤ (ار / مث) ہائے کی تحقیری تصغیر - ہائے - واویلا - مانگ - طلب - ضرورت - کمی - توڑا - ہائے ہائے -

ہاؤ ہاؤ کرنا (ہ) کسی چیز کے نہ ہونے سے کلپتے پھرنا - بلوں بلوں کرنا -

ہاؤ ہُو (ہ امث) ہائے ہائے ۔ کراہنے کی آواز ۔ شور و غوغا ۔
ہا ہا (ہ امث) خوشامد درآمد ۔ چاپلوسی ۔ عجز و انکساری ۔ منّت سماجت ۔ عرض معروض ۔ درخواست ۔ التجا ۔ استدعا ۔ ہنسی ٹھٹھے کی آواز ۔ ہی ہی ۔ ہُو ہُو ۔ افسوس ۔ دریغ ۔ حیف ۔ ہائے ۔ ہا ۔ اُف ۔ کسی کام سے روکنے کے واسطے کلمۂ تاکید ۔ بمعنی خبردار ہوشیار ہو ۔
ہا ہا کرنا (ہ) منّت سماجت کرنا ۔ قدم کو ہاتھ لگانا ۔ پاؤں پڑنا ۔
ہا ہا کھانا (ہ) پیروں پڑنا ۔ عاجزی کرنا ۔ منّت سماجت کرنا ۔ خوشامد کرنا ۔ بنتی کرنا ۔
ہاہنا (ع) بمعنی اُس جگہ ۔
ہا ہا ہُو ہُو } (ہ امث) ہی ہی ۔ ٹھٹھا ۔ بے ہودہ ۔
ہا ہا ہی ہی } ہنسی مذاق ۔ ہنسی ٹھٹھا ۔
ہا ہی ہی کرنا (ہ) ہنسنا ۔ ہنسی مذاق کرنا ۔ قہقہہ لگانا ۔
ہاہاکار (ہ امذ) ہائے ہائے ۔ گھبراہٹ ۔ اضطراب ۔ حیرانی ۔ سرگردانی ۔ خوف ۔ ڈر ۔ بھَے ۔ نرخ ہے ۔ جے جے کار ۔
ہائی (ہ امث) حالت ۔ ڈھنگ ۔ طرز ۔ طور ۔ وضع ۔ کیفیت ۔ جیسے دائی جانے اپنی ہائی ۔
ہائی (انگریزی) بلند ۔ اونچا ۔ بڑا ۔ اعلیٰ ۔ اونچے درجہ کا ۔
ہائی جمپ (انگ امذ) اونچی چھلانگ ۔
ہائی سکول (انگریزی امذ) بڑا مدرسہ ۔ اعلیٰ مدرسہ جس میں انٹرنس تک تعلیم ہوتی ہو ۔
ہائی کمان (انگ امث) اعلیٰ قیادت ۔
ہائی کلاس (انگریزی) بڑی جماعت ۔ بڑا درجہ ۔ اعلیٰ رتبہ ۔ اعلیٰ قسم کا ۔
ہائی کمشنر (انگ امذ) سفیر ۔ نمائندہ حکومت ۔
ہائی کورٹ (انگریزی امذ) عدالت صدر ۔ وہ عدالت جہاں سب سے اخیر اپیل ہوتی ہے ۔
ہائے (ف امث) کلمۂ تاسف ۔ افسوس ۔ دریغ ۔ حیف ۔ غضب ۔ دریغا ۔ واویلا ۔ آہ ۔ دکھ ۔ یا بیماری کی حالت کی آواز ۔ ماتم ۔ گریہ زاری ۔ سراپ ۔ بددعا ۔ صبر ۔ برائے اظہار ندبہ و رشک و حسرت بھی استعمال ہوتا ہے ۔
ہائے اللہ ہائے خدا (ف) اے اللہ ۔ یا اللہ ۔
ہائے رے (ف) کلمۂ تاسف و درد ۔
ہائے کرنا } (ف) افسوس کرنا ۔ گہرا سانس لینا ۔
ہائے مارنا } آہ کرنا ۔ دل مسوسنا ۔
ہائے ہائے (ف) کلمۂ تاسف ۔ آہ آہ ۔ واویلا ۔ آہ و نالہ ۔ مصیبت زدہ کی آواز ۔ آہ و زاری کی آواز ۔ پکار ۔ طلب ۔ مانگ ۔ کمی توڑا ۔ رونا ۔ پیٹنا ۔ پٹنگ پیا ۔
ہائے ہائے پڑنا (ہ) واویلا مچنا ۔ تراہ تراہ ہونا ۔ نہایت رنج اور غم ہونا ۔ چیخم دھاڑ پڑنا ۔ درد و غم کے صدمے سے بے تاب ہونا ۔
ہائے ہائے کرنا (ہ) کراہنا ۔ آہیں بھرنا ۔ غل مچانا ۔ واویلا کرنا ۔ بڑی محنت کرنا ۔ کسی کام میں جان مارنا ۔ بلّوں بلّوں کرنا ۔ کسی کے نہ ہونے کی پکار کرنا ۔
ہائے ہُو (ہ امذ) غل ۔ شور ۔ آہ و نالہ ۔ واویلا ۔ آہ و فریاد ۔ چیخم دھاڑ ۔ غل غپاڑا ۔
ہائل (ع) وحشت ناک ۔ مہیب ۔ ہیبت ناک ۔ ڈراؤنا ۔ بھیانک ۔ ہولناک ۔ شدید ۔ سخت ۔
ہائلہ (ع) ہولناک ۔ خوفناک ۔ ڈراؤنا ۔

ہ - ب

ہباڈبا (ہ امذ) مسان کی بیماری ۔ لڑکوں کی شدت کی کھانسی ۔
ہبا (ہ امذ) بہادری ۔ دلیری ۔ جرأت ۔ ہمت ۔ حوصلہ ۔ چھاتی ۔ ہیاؤ ۔
ہبڑا (ہ امذ) بڑے بڑے دانتوں والا ۔ بدشکل ۔ کریہہ ۔ بدصورت ۔ بھدا ۔ بدوضع ۔
ہبڑ دھبڑ (ہ ا) متعلق فعل ۔ جلدی جلدی ۔
ہبل (ع امذ) مکہ کے زمانہ جاہلیت کے ایک بت کا نام ۔
ہبنق (ع) چھوٹے قد کا آدمی ۔ احمق ۔ مودھو ۔ جانگلو ۔ سڑی باؤلا ۔ ہُبُنّق صحیح ہے ۔
ہبوب (ع امذ) ہوا کا چلنا ۔ وزیدن ۔
ہبوط (ع امذ) نیچے اترنا ۔ نازل ہونا ۔ پست زمین ۔ نشیب ۔ بیماری کا دبلاپن ۔ نقصان ۔ خسارہ ۔
ہبہ (ع امذ) بخشش ۔ انعام ۔ عطا ۔ عطیہ ۔ خیرات ۔ دان ۔ پن ۔ وقف ۔ مرحمت ۔ عنایت ۔
ہبہ استقبالی (ع امث) آئندہ کا ہبہ ۔
ہبہ تملیک (ع امث) مالک کرنے یا قبضہ میں دینے کا ہبہ ۔
ہبہ کرنا (ف) مرحمت کرنا ۔ بخشنا ۔ عنایت کرنا ۔ وقف کر دینا ۔
ہبہ نامہ (ع ف امذ) وہ کاغذ یا دستاویز جس میں کسی چیز کے بخش دینے کا اقرار لکھا جائے ۔

ہ - پ

ہپ (ہ امث) نگلنے کی آواز ۔
ہپ کر جانا (ہ) کھا جانا ۔ نگل جانا ۔ کسی کا مال ہضم کر جانا ۔ مار لینا ۔ غصب کر لینا ۔
ہپ ہپ (ہ امث) جلد جلد نگلنے کی آواز ۔ پوپلوں کے بولنے کی آواز ۔
ہپ ہپ کرنا (ہ) پوپلوں کی طرح کھانا ۔ بوڑھوں کی طرح منہ سے آواز نکالنا ۔
ہپا (ہ امذ) پوپلوں کے کھانے کی چیز ۔ نرم چارہ ۔ گداز کھچڑی ۔

بچّوں کا کھانا۔

ہپناٹزم (انگ ؍ مذ) عملِ تنویم۔ عمل توجہ۔ مسمریزم۔

ہپنو (ا ؍ مذ) افیون کی گولی۔ افیون۔ افیم (فارسی لفظ ہپیون کا بگاڑ)

ہپتو (ہ ؍ مث) بوڑھی عورت۔ نہایت بڑھیا عورت۔ جنگل جانے والی عورت۔

ہپ ہپانا (ہ) ہانپنا۔ لمبے لمبے سانس لینا۔

ہپ ہپ ہرا (انگریزی) مرحبا۔ واہ وا کا نعرہ۔

ہ - ت

ہت (ہ) کلمۂ نفرت۔ پرے ہٹ۔ الگ رہو۔ چل دُور ہو۔

ہت تری۔ یا۔ ہت تیرے کی (ہ) کلمۂ خطاب۔ ہت تیری ایسی تیسی کا مخفف جو گالی اور بددُعا کی جگہ استعمال ہوتا ہے۔

ہت تری ایسی تیسی کی (ہ) ہت تری یوں توں کرو خدا تیرا خانہ خراب کرے۔ بددُعا اور گالی کی جگہ استعمال ہوتا ہے۔

ہت (ہ ؍ مذ) سچی دوستی۔ پیار۔ اُلفت۔ محبّت۔ پریت۔ اخلاص۔ چاہ۔ بھلائی۔

ہتکار۔ یا۔ ہتکاری (ہ) بھلا چاہنے والا۔ خیر خواہ۔ سجن۔ مِتر۔ داتا۔ دیاوان۔ دیالُو۔ سخی۔ کریم۔ محسن۔ دھرمی۔

ہتّا (ہ ؍ مذ) مُوٹھ۔ قبضہ۔ دستہ۔ گرفت۔ قابو۔ داؤ۔ وار۔ ہاتھ کے پاس۔

ہتّا جوڑی (ہ ؍ مذ) ایک قسم کا ناچ جس میں ایک دُوسرے کا ہاتھ پکڑ کر ناچتے ہیں۔

ہتّا صاف کرنا (ا ر ؍ محاورہ) وہ کام کرنا جس کی مشق ہو۔ ہاتھ صاف کرنا۔

ہتّا مارنا (ہ) چُرا لینا۔ چوری کرنا۔ ہاتھ مارنا۔ مال مارنا۔

ہتک (ع ؍ مث) رُسوائی۔ ذلّت۔ خواری۔ پردہ دری۔ گستاخی۔ بے حُرمتی۔ بے ادبی۔

ہتک آمیز (ع ف ؍ صف) بے عزّتی سے بھرا ہوا۔ گستاخانہ۔

ہتُو (ہ ؍ مذ) دوست۔ محبّ۔ خیر خواہ۔ ہی خواہ۔ خالص اور پکّا دوست۔

ہتوڑا (ہ ؍ مذ) لوہاروں کا لوہا کوٹنے کا اوزار۔ لوہے کی موگری۔ مادتول۔

ہتھوٹی (ہ ؍ مث) دستکاری۔ عادت۔ چالاکی۔ عیّاری۔

ہتوڑی (ہ ؍ مث) ہتوڑا کی تذکیر و تانیث۔ لوہے کی چھوٹی سی موگری۔ چھوٹا ہتوڑا۔

ہتھ (ہ ؍ مذ) ہاتھ کا مخفف۔ کر۔ ہاتھ۔ دست۔ ہینڈ۔

ہتھ اُدھار (ہ) وہ قرض جو گرو رکھے بغیر کسی کے اعتبار پہ دیا جائے۔ قرضِ حسنہ۔ دست گردان قرض۔

ہتھ اُدھار دینا (ا ر ؍ محاورہ) بغیر کچھ گروی رکھے قرض دینا۔

ہتھ پھُول (ہ ؍ مذ) پھُلجھڑی۔ ہاتھ میں لے کر چلانے کی ایک قسم کی آتشبازی۔

ہتھ پھیری (ہ ؍ مث) کسی کے بدن پہ ہاتھ پھیرنا۔ مساس۔ مجازاً غبن۔ صفایا۔ دست بُرد۔ بہت سا کھانا۔ ہاتھ کی چالاکی۔ عیّاری۔ شعبدہ بازی۔ چابکدستی۔ چانٹا۔ دھول دھپّا۔

ہتھ ٹوکری (ہ ؍ مث) چھوٹی ٹوکری جسے ہاتھ میں پکڑتے ہیں۔

ہتھ چھُٹ (ہ ؍ مذ) بڑا بھاری پھکیت۔ چالاک پھکیت جس کا وار خالی نہ جائے۔ وہ شخص جسے مار بیٹھنے کی عادت ہو۔ دست دراز۔ مار بیٹھنے والا۔

ہتھ رس (ہ ؍ مث) جلق زنی۔

ہتھ کٹی (ہ ؍ مث) وہ چوٹ جو پھکیت دُوسرے حریف کے ہاتھ پہ مارتا ہے۔

ہتکڑی (ہ ؍ مث) مجرم کے ہاتھ میں ڈالنے کی آہنی زنجیر یا کڑا۔

ہتھ کل (ہ ؍ مث) کواڑ کی دستی یا مُوٹھ۔ دستی۔ کھٹکا۔ دروازے کی بلّی۔

ہتھ کنڈا (ہ ؍ مذ) ہاتھ کا کرتب۔ ہاتھ کی چالاکی۔ دستکاری۔ شعبدہ بازی۔ ہتھوتی۔ اپنے ہاتھ کی بنائی ہوئی چیز۔ فریب۔ چالاکی۔ جلت بازی۔ عادت۔ بان۔ ڈھنگ۔ طور۔ طریق۔ داؤ۔ پیچ۔ گھات۔

ہتھ کنڈے (ہ ؍ مذ) ہتھ کنڈا کی جمع۔ کرتب۔ چالاکیاں۔ شعبدے۔ عیّاریاں۔ مکّاریاں۔ دھوکے بازیاں۔ داؤ۔ پیچ۔ انداز۔ ڈھنگ۔ طرز۔

ہتھ لیوا (ہ ؍ مذ) ہندوؤں کی ایک رسم جس میں دُولہا دُلہن کے ہاتھ ملاتے ہیں۔

ہتھا مارنا (ہ) چوری کرنا۔ چوری سے لینا۔ اُڑا لینا۔ اُچک لینا۔ جھپٹّا مارنا۔

ہتھ نال (ہ ؍ مث) ہاتھی پر سے چلنے کی ایک چھوٹی سی توپ۔ فیل باتری۔

ہتھنی (ہ ؍ مث) ہاتھی کی مادہ۔ ہتنی۔ مجازاً بڑی موٹی اور فربہ اندام عورت۔

ہتھوا سنا (ہ) تلوار سونتنا۔ تلوار کھینچنا۔

ہتھی (ہ ؍ مث) گھوڑا صاف کرنے کا بُرش۔ دستی۔ مُوٹھ۔

ہتھی دینا (ہ) باجرے۔ جوار وغیرہ کو ہاتھ سے مَسلنا۔

ہتھے چڑھنا (ہ) قابو چڑھنا۔ ہاتھ لگنا۔ داؤ پر چڑھنا۔

ہتھے سے اُکھڑنا (ہ) پتنگ کا ہاتھ پر سے ٹوٹنا۔ جڑ سے جانا۔ بالکل الگ ہو جانا۔

ہتھیا (ہ ؍ مذ) چاند کا تیرھواں گھر۔ برسات کی چند روزہ شدّت کی بارش۔ اسوج کے شروع کی جھڑی۔ ڈھٹی دینی۔

ہتھیار باندھنا (ا ر ؍ محاورہ) ہتھیاروں کا اپنے یا دوسرے کے جسم پر آراستہ کرنا۔

ہتھیار (ہ ؍ مذ) اوزار۔ راچھ۔ کام کرنے کے آلات۔ سامانِ جنگ۔ آلاتِ جنگ۔ اسلحہ۔

ہتھیار بند (ہ/مذ) ہتھیار لگائے ہوئے۔ مسلح۔
ہتھیار چلانا (ا/محاورہ) ہتھیار سے حملہ کرنا۔
ہتھیار خانہ (ا/محاورہ) اسلحہ خانہ۔
ہتھیار ڈال دینا (ہ) اپنے آپ کو دشمن کے حوالے کر دینا۔ ہار مان لینا۔ شکست تسلیم کر لینا۔
ہتھیار کھولنا (ا/محاورہ) لڑائی سے دست بردار ہونا۔ ہار مان لینا۔
ہتھیار لگانا (ہ) ہتھیار باندھنا۔ مسلح ہونا۔
ہتھیا لینا۔ یا۔ ہتیا لینا (ہ) مار لینا۔ قبضہ کر لینا۔ قابض ہو جانا۔ غصب کر لینا۔
ہتیانا (ہ) ہاتھ میں لے لینا۔ قبضہ کر لینا۔ غصب کرنا۔ دبانا۔ قابض ہونا۔ مار کھانا۔ کسی کا مال قابو کر لینا۔
ہتیا (ہ/مث) قتل۔ خون۔ پاپ۔ گناہ۔ عذاب۔ دکھ۔ ادھموا۔
ہتیا گلے باندھنا۔ یا۔ مول لینا (ہ) پاپ خریدنا۔ گناہ بسانا۔ تکلیف دہ چیز کو لینا۔
ہتیا کرنا (ہ) خون کرنا۔ جان لینا۔ قتل عمد کرنا۔
ہتیار (ہ/مذ) دیکھو (ہتھیار)
ہتیارا (ہ/مذ) ہتیا کرنے والا۔ خونی۔ جلاد۔ سفاک۔ پاپی۔ گنہگار۔ ظالم۔ بے انصاف۔ ان نیائی۔ وہ شخص جس کی گردن پر کسی کا خون ہو۔
ہتھیلی (ہ/مث) کف دست۔ ہاتھ کا گڑھا۔ پنجہ کا اندر کا حصہ۔ تالی۔ ہاتھوں کے بجانے کی آواز۔
ہتھیلی پر رکھنا (ہ) سامنے رکھنا۔ پاس رکھنا۔ تیار رکھنا۔ ہاتھ میں موجود رکھنا۔
ہتھیلی پر سر رکھنا۔ یا۔ رکھ لینا (ا) سر سے کفن باندھ کر مرنے کو تیار رہنا۔ آمادۂ مرگ ہونا۔
ہتھیلی پر سرسوں جمانا (ہ) کوئی کام ایسی جلدی کرنا کہ جس سے عقل حیران ہو جائے۔ سخت مشکل بڑی پھرتی اور چالاکی سے کر دینا۔
ہتھیلی پر سر لیے پھرنا۔ یا۔ سر رکھے پھرنا (ا) مرنے کو پھرنا۔ جان دینے کو پھرنا۔ ہر وقت مرنے کو تیار رہنا۔
ہتھیلی پر لیے پھرنا (ا) اُدھلا پھرنا۔ ستایا پھرنا۔ شہوت میں مغلوب ہو کر اندھا بنا پھرنا۔
ہتھیلی دینا (ہ) سہارا دینا۔ مدد دینا۔ سر پکڑنا۔ کمر تھامنا۔ بُرے کام میں سہارا دینا۔
ہتھیلی سا (ہ) صاف۔ چٹیل۔ رسل بٹ۔
ہتھیلی کا پھپھولا (ہ/مذ) ہتھیلی کا چھالا۔ ذرا سی چوٹ سے ٹوٹ جانے والا۔ پکا پھوڑا۔ سخت رنج و تکلیف کا سبب۔ دکھ کی پوٹ۔
ہتھیلی کھجانا (ہ) ہتھیلی میں خارش ہونا۔ روپیہ ہاتھ آنے کا شگون ہونا۔
ہتھیلی میں چور پڑنا (ہ) مہندی کے رنگ میں سفید دھبا رہ جانا۔ مہندی کا یکساں نہ لگنا۔

ھ - ٹ

ہٹ (ہ/مث) اڑ۔ ضد۔ اصرار۔ مخالفت۔ سرکشی۔ سرک۔ پرے ہو۔ کھسک۔
ہٹ پر آجانا (ہ) ضد پر آجانا۔ اڑ جانا۔ اپنے والی پر آجانا۔
ہٹ دھرم (ہ) بے انصاف۔ بے ایمان۔ ان نیائی۔ ظالم۔ حق ناشناس۔ بد معاملہ۔ ضدی۔ اڑیل۔ احسان فراموش۔ سخن پرور۔
ہٹ دھرمی (ہ/مث) بے انصافی۔ بے ایمانی۔ ظلم۔ حق تلفی۔ سخن پروری۔ بد معاملگی۔
ہٹ رکھنا (ہ) اپنا کہا کرنا۔ اپنی ضد پوری کرنا۔
ہٹ کا پورا (ا/صف) ہٹ پر قائم رہنے والا۔
ہٹ کرنا (ہ) ضد کرنا۔ اصرار کرنا۔ اڑنا۔ سخن پروری کرنا۔
ہٹا کٹا (ہ) موٹا تازہ۔ تندرست۔ توانا۔ قوی ہیکل۔ فربہ اندام۔ سنڈ۔ مسٹنڈا۔
ہٹانا (ہ) پرے کرنا۔ سرکانا۔ کھسکانا۔ واپس کرنا۔ پھیرنا۔ لوٹانا۔ روکنا۔ ملتوی کرنا۔ شکست دینا۔ پسپا کرنا۔
ہٹ پٹانا (ا/محاورہ) کسی کام کے لیے مضطرب ہونا۔
ہٹ پرے (ہ) دُور ہو۔ پرے سرک۔ چل پرے۔
ہڑتال (ہ/مث) دکھنت۔ ہاٹ کو تالا لگانا۔ تمام دکانوں کو بند کرنا۔ کسی حاکم کے ظلم یا وفات کے وقت تمام دکانوں کو بند کر کے تالا لگا دینا۔
ہٹنا (ہ) پرے ہونا۔ سرکنا۔ کھسکنا۔ شکست کھانا۔ پسپا ہونا۔ لوٹنا۔ پھرنا۔ واپس ہونا۔ گائے یا بھینس وغیرہ کا دودھ یا جننے سے رہ جانا۔
ہٹوا (ہ/مذ) دکان دار۔ دکان کرنے والا۔
ہٹی (ہ/مث) دکان۔ ہاٹ۔ ہٹ۔ بازار۔ ضدی۔ ہٹیلا۔
ہٹی کٹی (ہ) ہٹا کٹا کی تانیث۔ موٹی تازی۔ نہایت مضبوط اور تنو مند۔
ہٹیلا (ہ) ضدی۔ اڑیل۔ بات کی پیچ کرنے والا۔ مچلا۔
ہٹیلی (ہ) ہٹیلا کی تانیث۔ ضدن۔ مچلی۔

ھ - ج

ہجر (ع) سخن بے ہودہ۔
ہجر (ع) جدائی کرنی۔
ہجر (ع/مذ) علیحدگی۔ جدائی۔ مفارقت۔

ہجراں (ع ا مذ) جدائی - علیحدگی - مفارقت -

ہجراں نصیب (ف ا مذ) ہجر کا مارا - فراق زدہ - وہ شخص جس کی قسمت میں دوست سے جدا رہنا لکھا ہو -

ہجرت (ع ا مث) جدائی - مفارقت - چھوڑنا - وطن کو ہمیشہ کے لیے خیرباد کہنا -

ہجری (ع ا مث) منسوب بہ ہجرت - وہ سال جو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بحکم خدا مکہ معظمہ کو چھوڑ کر مدینہ منورہ کو تشریف لے جانے سے شروع ہوتا ہے -

ہجو (ع ا مث) نندا - برائی - بدگوئی - نظم میں برا کہنا - غیبت - بدگوئی کی نظم -

ہجو کرنا (ف) ملامت کرنا - نظم میں برا کہنا - بدگوئی کرنا - برائی بیان کرنا -

ہجو کہنا (ف ا محاورہ) شعروں میں مذمت کرنا -

ہجوگو (ع ف ا صف) ہجو کہنے والا -

ہجویہ (ع ا صف) ہجو سے منسوب -

ہجوم (ع ا مذ) بھیڑ بھاڑ - انبوہ کثیر - مجمع - جمگھٹا - جمگھٹ -

ہجوم کرنا (ف) بھیڑ کرنا - ازدحام کرنا - ہنگامہ کرنا -

ہجے (ع ا مذ) اعراب کے ذریعہ حرف کو حرف سے ملانا -

ہجے کرنا (ف) حرفوں کو جوڑنا - اعراب سے لفظ کو ادا کرنا - رک رک کر بولنا - ہکلا کر باتیں کرنا -

ہجے نکالنا / ہجے ملانا (ف) ہجے کرنا - عیب نکالنا - نقص نکالنا - حجت نکالنا - مین میکھ نکالنا - سقم نکالنا -

ہ - چ

ہچر مچر (ہ ا مث) پس و پیش - جھجک - دھکڑ پکڑ - رکاوٹ - آگا پیچھا سوچنا -

ہچر مچر کرنا / ہچر مچر لانا (ہ) کشمکش و پیچ کرنا - تامل کرنا - پس و پیش کرنا - ٹال مٹول کرنا - جھجکنا - لیت و لعل کرنا -

ہچکا (ہ ا مذ) ڈور کی چرخی -

ہچکانا (ہ ا مع) زبردستی لینا - چھین لینا -

ہچکچانا (ہ) شک و شبہ کرنا - وہم کرنا - آگا پیچھا سوچنا - کاہلی کرنا - سستی کرنا - تامل کرنا - متردد ہونا -

ہچکنا (ہ) تذبذب میں ہونا - جھجکنا - پس و پیش کرنا - رکنا - تامل کرنا - ڈرنا - ڈگمگانا -

ہچکولا (ہ ا مذ) دھکا - جھٹکا - جنبش - دھچکا -

ہچکی (ہ ا مث) گلے سے رک رک کر نکلنے والی ہوا - سانس کی وہ حالت جو نزع اور جانکنی کے وقت ہوتی ہے -

ہچکی آنا (ہ) نزع اور جانکنی کا وقت ہونا - سانس رک رک کر نکلنا - دم ٹوٹنا -

ہچکی بندھ جانا (ہ) زیادہ رونے سے سانس رکنے لگنا -

ہچکی لگنا (ہ) آخیر وقت ہونا - نزع کا عالم ہونا - کثرت سے ہچکیاں آنا - دم ٹوٹنا -

ہچکی لینا (ف ا محاورہ) روتے ہوئے سانس رک رک کر نکالنا -

ہچکیاں (ہ ا مث) ہچکی کی جمع -

ہچکیاں آنا (ہ) دم ٹوٹنا - سانس اکھڑنا - نزع کا وقت آنا -

ہچکیاں بندھ جانا (ہ) حالتِ نزع یا زیادہ رونے سے ہچکیوں کا متواتر آنا - سانس اکھڑنا -

ہ - د

ہدایا (ع ا مذ) ہدیہ کی جمع - تحفے - نذریں - نذرانے - بھینٹ - پیش کش -

ہدایت (ع ا مث) راہ دکھانا - راہ نیک - فہمائش - رہبری - رہنمائی -

ہدایت پانا (ف) سیدھے راستے پر آنا - فہمائش پانا - راہِ راست حاصل ہونا -

ہدایت کار (ع ف ا صف) ڈائرکٹر -

ہدایت کرنا (ف) سیدھا رستہ دکھانا - رہنمائی کرنا - سمجھانا - سکھانا - طریقہ بتانا -

ہدایت نامہ (ع ف ا مذ) قانون - قاعدہ - دستور العمل - وہ کتاب یا رسالہ جس میں کسی امر کی بابت تمام طریقے لکھے ہوں -

ہدر (ع ا مذ) کسی کے قتل کو مباح قرار دینا -

ہدف (ع ا مذ) نشانہ - نذر - مار - بلند چیز - یا پو کا شتہ -

ہدف مارنا (ف) کوئی بڑا کام کرنا - نشانہ درست کرنا - نشانہ مارنا -

ہدہد (ع ا مذ) کٹھ پھوڑا - کھٹ بڑھئی - مرغ سلیمان ایک مشہور خوبصورت پرندہ جس کے سر پر تاج ہوتا ہے -

ہدیہ (ع ا مذ) تحفہ - نذرانہ - بھینٹ - نذر - انعام - ختم قرآن شریف کی ایک رسم - کلام اللہ کی قیمت - قیمت قرآن شریف -

ہدیہ کرنا (ف) پیش کرنا - تحفہ دینا - قرآن شریف فروخت کرنا -

ہ - ڈ

ہڈا (ہ ا مذ) ہڈی کا کبر - بڑی ہڈی - گھوڑے کے پچھلے پاؤں کے گھٹنے کے جوڑ کے قریب ایک ہڈی بڑھ جاتی ہے - جس سے گھوڑا لنگ کرنے لگتا ہے -

ہڈی (ہ ا مث) استخوان - کاجر کے اندر کی سخت چیز -

ہڈی بٹھانا (ر/محاورہ) جو ہڈی اپنے مقام سے ہل گئی ہو اس کو اپنی جگہ پر لانا۔
ہڈی پسلی توڑنا (ہ) نہایت سخت مارنا۔ سخت مار پیٹ کرنا۔ بہت زدوکوب کرنا۔
ہڈی توڑنا (ر/محاورہ) ہڈی شکستہ کرنا۔
ہڈی ہڈی چور چور ہونا (ہ) نہایت تھکنا۔ تھک کر چور چور ہونا۔ ہر ہڈی کا چور چور ہو جانا۔
ہڈے مو تڑے نکل آنا (ہ) گھوڑے کے پچھلے پاؤں میں گھٹنے کے جوڑ کے پاس ہڈی اور غدود کا نمودار ہونا جس سے گھوڑا لنگڑانے لگتا ہے۔ نہایت لاغر اور دبلا ہو جانا۔
ہڈیاں پیلنا (ہ) بہت محنت کرنا۔ زحمت اُٹھانا۔ سخت محنت مزدوری کرنا۔
ہڈیاں توڑنا (ہ) خوب پیٹنا۔ بھرکس نکالنا۔ مار مار کے بھُرکس نکالنا۔
ہڈیلا (ہ) ہڈی دار۔ اُستخوانی۔
ہڈیوں کی مالا ہونا (ہ) نہایت لاغر ہو جانا۔ سوکھ کر لقات لگ جانا۔

ھ - ذ

ہٰذا (ع) یہ۔ اُس۔ ایں۔
ہذیان (ع/مذ) مرض کے غلبہ کے وقت بے ہوشی کی باتیں کرنا۔ مرض میں بہکنا۔ شدتِ مرض میں بڑانا۔ بڑ۔ بے ہودہ گوئی۔ ہرزہ سرائی۔
ہُذَیل (ع) عرب کے اک قبیلہ کا نام۔

ھ - ر

ہَرا (ف) شور و غل۔ ڈر۔ خوف۔
ہَر (س/مذ) شیوجی۔ مہادیوجی۔ ہل۔ قلبہ۔ وشن جی۔ وشنوجی۔ وشنوجی۔ کرشن جی مہاراج۔ خدا تعالیٰ۔ پرمیشور۔ بھگوان۔ آدمی۔ متنفس۔
ہَرات۔ افغانستان کا شہر ہے۔ یہاں روس۔ وسط ایشیا۔ ہندوستان اور فارس جانے کے راستے ہیں۔
ہر بھجن (ہ/مذ) وشنوجی کا بھجن۔ وشن جی کی عبادت۔
ہر بھجنا (ہ) خدا کا نام لینا۔ مالا جپنا۔ تسبیح پھیرنا۔
ہر بھگت (ہ/مذ) وشنوجی کی پرستش کرنے والا۔
ہر ہر (ہ/مذ) وہ نعرہ جو ہندو لوگ لڑائی کے وقت بولا کرتے ہیں۔ جس طرح مسلمانوں میں علی علی یا اللہ اکبر کہتے ہیں۔ غم کے وقت بھی یہی کلمات بزیادتی یا بولتے ہیں۔ یعنی ہرے ہرے۔

ہر (ف) ایک کلمہ ہے جو حصر کے فائدہ کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ تمام اور کل افراد میں شامل۔ ایک ایک۔ ہر ایک۔ ہر کس۔ فی کس۔ کوئی۔
ہر آن (ر) ہر دفعہ۔ ہر طرح۔ ہر گھڑی۔ ہر وقت۔
ہر ایک (ر) ہر شخص۔ ہر بشر۔ ایک ایک۔
ہر آئینہ (ف) البتہ۔ ضرور۔ بے کھٹکے۔ بالضرور۔ ہر چند۔
ہر بابو (ر) ہر کام میں دخل رکھنے والا۔ ہر فن سے واقف۔ چاتر۔ نہایت چالاک۔ ہوشیار۔ عیار۔ کائیاں۔ ہرجائی۔ ہر ایک کا دوست بن جانے والا۔
ہر بار (ف) ہر دفعہ۔ گھڑی گھڑی۔ نت۔ آئے دن۔ مدام۔ سدا۔ ہمیشہ۔
ہرجائی (ف) وہ چیز جو ایک جگہ قرار نہ پکڑے۔ ایک جگہ جم کر نہ بیٹھنے والا۔ آوارہ گرد۔ بے مروت۔ بے وفا۔ ہردچگی چچہ۔ متلون مزاج۔
ہرجائی پن۔ یا۔ ہرجائی پنا (ر/مذ) عیاری۔ چالاکی۔ آوارہ گردی۔ بے مروتی۔
ہر جگہ (ر) ہر کہیں۔ ہر موقع پہ۔
ہر جیسے کو تیسا (ر/محاورہ) جیسا کوئی ہوتا ہے ویسا ہی اُسے آگے مل جاتا ہے۔
ہر چند (ف) جتنا کچھ۔ جس قدر۔ کتنا ہی۔ کیسا ہی بہتیرا۔
ہر چہ بادا باد (ف) خواہ کچھ ہی ہو۔ جو ہو سو ہو۔ کچھ ہی ہو۔ کچھ پروا نہیں۔
ہر چہ باشد (ف/مقولہ) کوئی چیز کیوں نہ ہو۔
ہر چہ در دیگ است بچمچہ می آید (ف/مثل) جو دل میں ہے وہی زبان سے بھی ظاہر ہوتا ہے۔
ہر چہ در کان نمک رفت نمک شد (ف/مثل) جو چیز نمک کی کان میں پڑی نمک بن گئی۔ یہ مثل تاثیر صحبت کے لیے بولی جاتی ہے۔
ہر چہ گیرید مختصر گیرید (ف/مقولہ) تھوڑی سی چیز پہ قناعت کرو۔ زیادہ کی ہوس نہ کرو۔
ہر حال میں (ر) ہر حالت میں۔ ہر طرح ہر حال۔ ہر چند۔ بہر کیف۔ بہر صورت۔
ہر دفعہ (ف) ہمیشہ۔ ہر وقت۔ ہر بار۔ ہر موقع پہ۔
ہر دفعہ گڑ میٹھا ہی میٹھا (ر/محاورہ) کامیابی اور فائدہ ہمیشہ نہیں ہوا کرتا۔ کبھی خلاف بھی ہو جاتا ہے۔
ہر دلعزیز (ف) عام پسند۔ سب کا پیارا۔ وہ شخص جسے ہر آدمی عزیز رکھے۔
ہر دم (ف) ہر گھڑی۔ ہر آن۔ ہر وقت۔ ہر لمحہ۔ ہر دفعہ۔ ہر بار۔
ہر دو (ف) دونوں۔ دونوں کے دونوں۔
ہر دیگچی چمچہ (ر) ہرجائی۔ ہر ایک کے پاس آنے جانے والا۔ طفیلی۔ مفت خورا۔ خوشامدی۔ ہر کام اور ہر بات میں دخل دینے والا۔

ہر رنگ میں یاری دار (فشل) اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو ہر ایک کے ساتھ ربط ضبط رکھے۔

ہر روز (ف) ہمیشہ۔ آئے دن۔ سدا۔ نت۔ روزمرہ۔ بلا ناغہ۔

ہر روز نیا کنواں کھودنا اور نیا پانی پینا (ا/محاورہ) روز کمانا۔ روز کھانا۔

ہر روز عید نیست کہ حلوا خورد کسے (ف/مثل) ہمیشہ زمانہ یکساں نہیں رہتا۔

ہر سال (ف) سالانہ۔ برس کے برس۔ سال بسال۔ ہر ایک سال۔

ہر طرح (فع) بہر حال۔ بہر صورت۔ ہر ایک ڈھنگ سے۔ بہر نوع۔

ہر طرف (فع) سب طرف۔ ہر جانب۔ ہر سمت۔

ہر فرعونے را موسیٰ (ف/مثل) ایک پر ایک غالب ہے۔

ہر فن مولیٰ (ا) ہر فن جاننے والا۔ ہر بابی۔ ہر کام میں طاق۔ جگت گرو۔

ہرکارہ (ف/مذ) چٹھی رساں۔ ڈاکیا۔ قاصد۔ نامہ بر۔ نوکر۔ چپراسی۔ ہر کام کرنے والا۔ پیادہ۔ اردلی۔ مخبر۔ جاسوس۔

ہر کس بخیال خویش خبطے دارد (ف/مثل) ہر ایک آدمی اپنے خیال میں اپنی رائے کو صحیح جانتا ہے۔

ہر کس و ناکس (ف/مذ) ہر ایک آدمی۔ ہر ادنیٰ اعلیٰ۔ عوام الناس۔

ہر کسی سے (ا) ہر ایک سے۔ ہر ایک انسان سے۔ ہر آدمی سے۔

ہر کہ آمد عمارت نو ساخت (ف/مثل) ہر شخص اپنے خیال کے مطابق کام کرتا ہے۔

ہر کہ در کان نمک رفت نمک شد (ف/مثل) جو جیسی صحبت میں ہوگا ویسا ہی ہو جائے گا۔

ہرگاہ (ف) چونکہ۔ جب۔ جس وقت۔ جس گھڑی۔ جس حال میں۔

ہر نوالہ بسم اللہ (ا/محاورہ) کھانے کی صلاح کے ساتھ ہی بسم اللہ کہہ کر آ بیٹھنے والے شخص کی نسبت بولتے ہیں۔ ہر نوالہ پر موجود ہو جانے والا۔ بے حیا۔ بے غیرت۔ امیروں کا خوشامدی۔ ہر لقمہ پر بسم اللہ کہہ کر خدا کا شکر کرنا۔

ہر وقت (فع) ہر گھڑی۔ ہر آن۔ بارہا۔ اکثر اوقات۔ ہر موقع پر۔

ہر بیچوب (ا) ہر طرح۔ ہر حال میں۔ ضرور۔ بلاشبہ۔ بہر نوع۔

ہر ہر (ف) ہر ایک۔ ہر یک۔

ہر ہفت (ف/مذ) آرائش۔ عورتوں کے ساتھ سنگھار۔ آراستہ۔ سنگھار کیے ہوئے۔

ہمیشہ (ا) ہمیشہ۔ نت۔ سدا۔ مدام۔ دائم۔

پُھر (ہ/مث) پرندوں کے اڑنے کی آواز۔

پُھر ہو جانا (ہ) اُڑ جانا۔ کافور ہو جانا۔ غائب ہو جانا۔ سارا روپیہ اُڑ جانا۔ کچھ باقی نہ رہنا۔

ہُرّا (ہ/مذ) فوج کا پھیلاؤ۔ آواز۔

ہُرّا (انگریزی/مذ) خوشی کی آواز۔ جے جے۔ آفرین۔ واہ وا۔ شاباش۔ مرحبا۔ کیا خوب (فارسی میں) شور و غل۔ دہشتناک آواز۔ خوف۔ ڈر۔ چمک دمک۔

ہرا (ہ) سبز۔ سبز رنگ کا۔ دھانی۔ سرسبز و شاداب۔ تر و تازہ۔ کچا۔ آلا جیسے ہرا پھل۔ ہرا تخم (ہ/مذ) ایک قسم کا سبزہ جو گیہوں کے کھیتوں میں پیدا ہوتا اور مویشیوں کو کھلانے کے کام آتا ہے۔ بتھوا وغیرہ۔ چارہ۔ سبزہ۔ سبزی۔ سبز چارہ۔

ہرا باغ دکھانا (ا/محاورہ) سبز باغ دکھانا۔ دھوکا دینا۔ چکنی چپڑی باتیں کر کے فریب دینا۔

ہرا بھرا (ہ) سرسبز و شاداب۔ تر و تازہ۔ زرخیز۔ بارآور۔ بیر حاصل۔ پھلتا پھولتا۔ پھلا پھولا۔ بامراد۔ کامیاب۔ اقبال مند۔ دہلی کے ایک بزرگ کا نام۔

ہرا ہو جانا (ہ) سبز ہو جانا۔ سرسبز ہو جانا۔ زخم تازہ ہو جانا۔ گھاؤ کا آلا ہو جانا۔ زخم کا پھر سے بھر جانا۔ خوش ہو جانا۔ مگن ہو جانا۔ آنند ہو جانا۔ باغ باغ ہو جانا۔ تازہ دم ہو جانا۔ تھکن اتر جانا۔ وصول ہو جانا۔ وصولی کی اُمید ہو جانا۔ توانا ہونا۔ طاقت آ جانا۔

ہراس (ف/مث) ڈر۔ خوف۔ دہشت۔ بھے۔ بیم۔ نااُمیدی۔ مایوسی۔

ہراس آنا (ا) ڈر لگنا۔ خوف آنا۔ دہشت لگنا۔

ہراساں (ف) خوف زدہ۔ ڈرا ہوا۔ خوفناک۔ مایوس۔ نااُمید۔ نراس۔

ہرانا (ہ) مات دینا۔ بازی دینا۔ سر کرنا۔ جتانا کی ضد۔ شکست دینا۔ مغلوب کرنا۔ تھکانا۔ مضمحل کر دینا۔ کھویا جانا۔ گم ہو جانا۔ (گنتیوں میں)

ہراند (ہ/مث) کچی ہلدی کی سی بو۔ بن بھنے مصالحے کی بو۔

ہر آئی جتائی کرنا (ا) حیران کرنا۔ دق کرنا۔ تنگ کرنا۔ ستانا۔ عاجز آنا۔ امتحان لینا۔

ہراول (ت/مذ) وہ تھوڑی سی فوج جو لشکر کے آگے چلے۔ لشکر کا پیش خیمہ۔ آگے کی فوج کا سردار۔

ہڑبونگ مچانا (ہ/مذ) ہنگامہ۔ غدر۔ افراتفری۔ کھلبلی۔ بدعملی۔ ہلچل۔

ہرپھارلوڑی (ہ/مث) پورب کے ایک ترش پھل کا نام۔

ہر پھر کے ۔یا۔ **ہیر پھیر کر** (ہ) پھیر پھار کے آخر کو۔ آخرکار۔ بالآخر۔ مجبور ہو کر۔ بار بار۔ ہر گھڑی۔ ہر دفعہ۔

ہرتال (ہ/مث) ایک قسم کی زہریلی کانی دوا کا نام جو زرد سرخ اور سفید تین رنگ کی ہوتی ہے۔

ہرتے پھرتے (ہ) چلتے پھرتے۔ آتے جاتے۔ اِدھر اُدھر سے۔ کبھی کبھار۔ کبھی کبھی۔ گاہے گاہے۔

ہرتی پھرتی چھاؤں (ہ/مث) آتی جاتی چھاؤں۔ ایک جگہ نہ رہنے والی چیز۔ جیسے دولت ہرتی پھرتی چھاؤں ہے۔

ہرج (ع/مذ) بکھیڑا۔ بلوہ۔ دنگا۔ فساد۔ گڑبڑی۔ خلل۔ نقصان۔ خسارہ۔ گناہ۔ گرمی کی شدت سے اوسط کی حیرانی اور پریشانی۔

ہرج مرج (ع) شورش۔ بلوہ۔ فساد۔ دنگا۔ فتنہ و آشوب۔ نقصان۔

ہر جانا (ہ) ہار جانا۔ بازی دے بیٹھنا۔ جیتنا کی ضد۔
ہرجانہ (ف/مذ) کام ہرج کرنے کا معاوضہ۔ زر نقصان۔
ہرجہ (ہ/مذ) ٹوٹا۔ نقصان۔ خسارہ۔ ہرجانہ۔
ہردا (ہ/مذ) دل۔ من۔ ہیا۔ چت۔ قلب۔ ضمیر۔ مجازاً جگر۔ کلیجہ۔
ہردا کھل جانا (ہ) ہرا کھل جانا۔ روشن ضمیر ہو جانا۔ غیب دان ہو جانا۔
ہرداول (ہ/مث) گھوڑے کے سینے کے بیچ کی بھونری جو منحوس سمجھی جاتی ہے۔
ہردے کرنا (ہ) زبادتی کرنا۔ ازبر کرنا۔ حفظ کرنا۔
ہرزہ (ف) بے ہودہ۔ اوٹ پٹانگ۔ نامعقول۔ لغو۔ پوچ۔ یاوہ۔
ہرزہ درا (ف/صف) بے ہودہ بات کہنے والا۔
ہرزہ درائی (ف/مث) ژٹل۔ بکواس۔ یاوہ گوئی۔
ہرزہ سرا (ف) بکواسی۔ بے ہودہ گو۔ یاوہ گو۔
ہرزہ سرائی (ف/مث) (دیکھو ہرزہ درائی)۔
ہرزہ کار (ف/صف) وہ جو بے ہودہ باتوں کا خوگر ہو۔
ہرزہ گرد (ف) آوارہ پھرنے والا۔ آوارہ گرد۔ بیہودہ پھرنے والا۔
ہرزہ گردی (ف/مث) آوارہ گردی۔ بے ہودہ پھرنا۔ بے فائدہ پھرنا۔
ہرزہ گو (ف) بکواسی۔ ہرزہ سرا۔ بے ہودہ گو۔
ہرس (ہ/مث) ہل کے آگے کی لمبی لکڑی جس میں جوا باندھتے ہیں۔ لوڑا۔
ہرسا (ہ/مذ) صندل گھسنے کا پتھر۔ صندل رگڑنے کا پتھر۔
ہر بیٹے (ہ) ہربار۔ ہردفعہ۔
ہرکھ (ہ/مذ) خوشی۔ خرمی۔ خرسندی۔ سکھ۔ آنند۔ طنزاً۔ غصہ۔ رنج۔ معناللہ۔ تنگی۔
ہرگز (ف) کبھی۔ کسی وقت۔ کبھی نہیں۔ نہا ہونے تاکید نفی۔
ہرگز ہرگز (ف) برائے تاکید۔ کبھی نہیں۔ کبھی بھی نہیں۔
ہرمجسٹی (انگریزی/مث) ملکہ معظمہ۔ بادشاہ بیگم کا خطاب۔ مہد علیا۔
ہرمز (ف/مذ) ہر شمسی مہینے کے پہلے دن کا نام۔ ایک فرشتے کا نام بھی ہے۔ بہمن اسفندیار اور نوشیرواں کے ایک بیٹے کا نام۔
ہرمزی (ع/مث) ہرمچی۔ ایک قسم کا گیرو۔ ایک قسم کی سرخ مٹی۔
ہرمشٹا (ہ) بلی۔ زورآور۔ بلونت۔ ہٹا کٹا۔ مضبوط۔ موٹا تازہ۔ شہ زور۔ قوی۔ بلوان۔
ہرمشٹی (ف/مث) شہ زوری۔ بے قاعدہ زور آزمائی۔
ہرمونیم (انگ/مذ) ہارمونیم۔
ہرن (ہ/مذ) مرگ۔ مرگا۔ چکارا۔ آہو۔ ہرنا۔ بمعنی چھین لینا سے امر بھی ہے۔ جو اسموں کے آخر میں آکر اسم فاعل کے معنی دیتا ہے۔ جیسے دکھ۔ ہرن۔ من ہرن۔

ہرن کا چوکڑی بھرنا (ہ) ہرن کا زقند لگانا۔ چاروں پیر اٹھا کر چھلانگ لگانا۔
ہرن کا چوکڑی بھول جانا۔ یا۔ بھولنا (ہ) خوف یا گھبراہٹ سے ہرن کا اپنی پھرتی اور عام عادت کو بھول جانا۔ حواس باختہ ہونا۔ بے اوسان ہونا۔ سدھ بدھ نہ رہنا۔
ہرن ہو جانا (ہ) ہرن کی طرح جلدی بھاگ جانا۔ فرار ہو جانا۔ کافور ہو جانا۔ رفوچکر ہو جانا۔
ہرنا (ہ/مذ) زین کا اگلا ابھرا ہوا حصہ۔ کپڑے دھونے کا پانی۔ بارہ سنگا۔ نر ہرن۔ آہوئے نر۔
ہرنا (ہ) پکڑنا۔ لینا۔ گرفت کرنا۔ چھیننا۔ چھین لینا۔ چرانا۔ چوری میں کسی چیز کا چلا جانا۔
ہرنج (ہ/مذ) ایک قسم کا باریک اور عمدہ چاول۔
ہرنوٹا (ہ/مذ) ہرن کا بچہ۔ آہو برہ۔ غزال۔
ہرنی (ہ/مث) ہرن کی مادہ۔ مادہ آہو۔
ہروا ہا (ہ/مذ) وہ شخص جو زمین کو زراعت کے لیے تیار کرے۔ ہل چلانے والا۔
ہرولی (ہ/مث) ایک قسم کی بانس کی نہایت ٹھوس۔ عمدہ اور وزنی لکڑی۔
ہرول (ہ/مث) تقاوی کا روپیہ جو زمینداروں کو سرکار سے بلا سود ملتا ہے۔
ہرولنا (ہ/مص) غلہ کو ہاتھ سے صاف کرنا۔
ہرہ (ع/مث) بلی۔
ہری (س/مذ) خدا۔ پرمیشر۔ بھگوان۔
ہری بلوانا (ہ) خدا کا نام لوانا۔ زبردستی مار ڈالنا۔ ملک عدم کو پہنچانا۔ رخصت کرنا۔
ہری بولنا (ہ) خدا کا نام لینا۔ مرتے وقت اپنے مذہب کا کلمہ پڑھنا۔ مرنا۔ انتقال کرنا۔ زندہ درگور ہونا۔
ہری (ہ) ہرا کی تانیث۔ سبزے کا ہی رنگ کی چیز۔ سرسبز و شاداب۔ تر و تازہ۔
ہری بھری (ہ) تر و تازہ۔ سرسبز و شاداب۔ بار آور۔ پر ثمر۔
ہری چگ (ہ) دولت کا ساتھی۔ بنی کا یار۔ عمدہ اور لذیذ کھانوں پر ناخواندہ مہمان بن جانے والا۔
ہری چھال کا کیلا (ہ/مث) ایک قسم کا عمدہ کیلا جو سبز اور لمبا ہوتا ہے۔ خود غرض۔ مطلبی۔
ہری کھیتی (ہ/مث) سبز کھیتی جو ابھی پکی نہ ہو۔
ہری کھیتی گیابھن گائے منہ پڑے جب جانی جائے (ہ/مثل) ہری کھیتی جب تک پک کر گھر نہ آجائے اور گیابھن جب تک بچہ نہ جن لے۔ تب تک بھروسہ نہیں۔ یعنی جب مطلب حاصل ہو جائے تب جانیے۔ جب کوئی کام انجام کو پہنچ جائے تو خاطر جمع ہوتی ہے۔
ہری کھیتی دیکھ کے کیوں بھولا کرسان ۔ جھولا جھٹکا بہت سے گھر آئے سو جان (ہ/مثل) کسی کام کا آغاز عمدہ دیکھ کر مغرور نہیں ہونا چاہیے۔ بخیر و خوبی انجام تک پہنچنے میں بہت

سے مراتعات پیش آجایا کرتے ہیں - جب مطلب پورے طور پہ حاصل ہوجائے - تب خاطر جمع ہوا کرتی ہے -

ہَریا (ہ/مذ) ہرا - سبز - ہرا بھرا - سرسبز و شاداب - شاہی جنگل کا محافظ - ایک سبز رنگ کا پرندہ جو پکی کھیتی پر گرتا ہے - طوطا - طوطے اُڑانے کی آواز - جنگلی وحشی - جیسے ہریا ہاتھی - وہ ڈنگر یا ڈھور جو زبردستی بھاگ کر کھیت میں گھس کر کھانے کا عادی ہوجائے - ہری کھیتی میں جا پڑنے والا ڈنگر -

ہریا ہاتھی حاکم چور - دونوں کے بگڑے اور نہ چھور
ہریا ہاتھی حاکم چور - اُن کے بگڑے اور نہ چھور
} (ہ/مثل) جنگلی ہاتھی اور بدنیت حاکم یا جنگلی ہاتھی - حاکم اور چور کے بگڑ جانے سے کہیں ٹھکانا نہیں -

ہَریالا (ہ) سرسبز و شاداب - خوش و خُرّم - ترو تازہ - ہَرا بھَرا - نوجوان - نو عُمر - شگفتہ - ایک قسم کا سبز چھوٹا پرندہ جسے مکھی مار بھی کہتے ہیں -

ہریالا بنّا (ہ/مذ) شگفتہ دُولہا - خوش و خُرّم دُولہا - نوجوان دُولہا -

ہریالی (ہ/مث) سبزی - ہریاول - طراوت - ترو تازگی - دوب - ایک قسم کی عمدہ اور باریک گھاس - سُندر نار - خوبصورت عورت -

ہریالے (ہ/مذ) ایک قسم کے گیت جو شادی میں گائے جاتے ہیں -

ہریانا (ہ) سرسبز ہوجانا - ہرا ہوجانا - شگفتہ و شاداب ہونا (مذکر) اُونچا ملک - اُونچی زمین - بانگر -

ہریاول
ہریائی
} (ہ/مث) سبزہ - سرسبزی - طراوت - تازگی - شادابی - مرغزار - چراگاہ - سبزہ زار - وہ جگہ جہاں سبزہ بکثرت ہو -

ہرے پھیرے (ہ) ہیر پھیر کر - پھر پھرا کر - آخرکار -

ہَریرُ (ع) بروزن نفیر - کُتّے کی آواز -

ہریسہ (ع/مذ) ایک قسم کی خوراک جو گیہوں کے آٹے گوشت کی یخنی اور دُودھ سے پکائی جاتی ہے (اُردو میں) نہایت گلا ہوا - گھلا مِلا -

ہَریل (ہ/مذ) ایک قسم کا نہایت لذیذ گوشت والا فاختہ کے برابر پرندہ ہوتا ہے - نیز ایک قسم کا ہرا کبوتر بھی ہے - سرسبز - ترو تازہ - شاداب - ہری بھری -

ہرے میں آنکھیں ہونا (ہ) فضول خرچ اور عاقبت نااندیش ہونا - امیری کے سبب فضول خرچی کی عادت پڑی ہوئی ہونا -

ہرلوا (ہ/مذ) ایک قسم کا طوطا - سُوآ -

ہ - ڑ

ہُڑ (ہ/مث) ایک قسم کا کسیلا پھل اور اُس کا درخت ہلیلہ - ایک قسم کی لمبی گھنڈی جو ہڑ سے مشابہ بنائی جاتی ہے - بالا زار بند میں گونتھی جاتی ہے - ایک قسم کا زیور - مجرم کو قید کرنے کا پہاڑی کا کاٹھ - ایک قسم کا بڑا بھوت - چھلاوا - مجتنا - بھوتنا -

ہڑ بیر (ا/ر/مث) پُرانی دُشمنی - پرانا بیر -

ہڑ باندھنا (ہ) ہڑ کی شکل کی گھنڈی بنانا -

ہڑ بولنا (ہ) مرنے کے بعد بھوتنا بن جانا - مر کر چھلاوا ہوجانا - بھوت بن جانا -

ہڑ (ہ/مث) ہڈی - اُستخوان -

ہڑ پھوٹن (ہ/مث) ہڈیوں کا درد -

ہڑ جوڑا (ا/ر/مذ) ایک پودے کا نام جس سے ہڈی جوڑی جاتی ہے -

ہڑ واڑ (ہ/مذ/مث) ہڈیوں کی جگہ - وہ مقام جہاں اپنے کنبے کے لوگ یا عام لوگ دفن ہوں - خاندان کا مدفن - ہڈوار -

ہُڑ (ہ) بے وقوف - نادان - سادہ لوح - مودھو -

ہُڑا (ہ/مذ) ایک قسم کی آتشبازی - ہوائی بان -

ہڑبڑانا (ہ) گھبرانا - مضطرب ہوجانا - بے قرار ہوجانا - بوکھلانا - جلدی اور بے تابی ظاہر کرنا -

ہڑبڑی (ہ/مث) کھلبلی - ہلچل - بے قراری - اضطراب - گھبراہٹ - بوکھلاہٹ -

ہڑبڑی پڑنا (ہ) ہلچل ہونا - بھاگڑ پڑنا - کھلبلی مچنا -

ہڑبڑیا (ہ) مُضطرب - بے چین - بے قرار - اُتاولا - جلد باز - تعجیل کار -

ہڑپ (ہ/مث) بغیر چبائے نگل جانا - چبائے بغیر نگل جانے کی آواز -

ہڑپ کر جانا (ہ) اندر اُتار جانا - نگل جانا - کھا جانا - غبن کر لینا -

ہُڑپا (ہ/مذ) کسی چیز کو ایک ہی دفعہ مُنہ میں ڈال کر حلق میں اُتار جانا -

ہڑپا مارنا (ہ) ہپ کر جانا - ایک ہی دفعہ حلق سے اُتار جانا -

ہڑتال (ہ/مث) ایک قسم کی زہریلی دھات (دیکھو ہرتال) ہاٹوں کو تالا لگا دینا - کسی ماتم یا حاکم کے ظلم سے بازار بند کر دینا - کمی - توڑا - کیابی -

ہڑتال پڑنا (ا/ر/محاورہ) نایاب ہوجانا -

ہڑتال کرنا (ہ) دُکانیں بند کرنا - دُکانوں کو قفل لگا دینا - ظُلمِ حاکم یا سوگ کی علامتیں ظاہر کرنا -

ہڑ جوڑا (ہ/مذ) ایک قسم کا پودا جس سے ٹوٹی ہوئی ہڈی جوڑی جاتی ہے -

ہڑدنگا (ہ/مذ) بونگا - بے شعور - بے عقل - بدسلیقہ - پھوہڑ - بغلول - شریر -

ہڑونگی (ہ) (مث) لڑاک - جھگڑالو - دنگئی - پھوہڑ - بدسلیقہ عورت - آوارہ - بے ہودہ - کھلو باؤلی - آوارہ گرد -

ہڑونگے کرنا (ا) (محاورہ) شرارت کرنا - کھیلنا - کودنا -

ہڑک (ہ) (مث) کماروں کے بجانے کا ایک باجہ - جوش - تمنا - خواہش - شوق -

ہڑک (ہ) (مث) لت - عادت - دھت - باؤلے کتے یا گیدڑ کے کاٹے کی لہر - گیدڑ یا کتے کے زہر کا اثر - اُمنگ - شوق - دلولہ - جوش -

ہڑک اُٹھنا }
ہڑک چڑھنا } (ہ) باؤلے کتے کے زہر کا اثر ظاہر ہونا - کتے کی طرح بولنا - ادرکاٹنا - ولولہ اُٹھنا - شوق چرانا - جوش آنا -

ہڑک لگنا (ہ) شوق لگنا - دھت لگنا - کسی بات کی ضد چڑھنا -

ہُڑکا (ہ) (مذ) کسی چیز کی جدائی کا غم جس سے بچے اکثر بیمار پڑ جاتے ہیں -

ہڑکانا (ہ) ترسانا - بھڑکانا - بے دل کرنا - کسی چیز کی جدائی سے رنج دینا -

ہڑکائی (ہ) باؤلی - پگلی - دیوانی - سگ گزیدہ عورت -

ہڑکائی کتیا (ہ) (مث) باؤلی کتیا - مست عورت - کاتک کی کتیا -

ہڑکنا (ہ) کسی جدائی میں بچوں کا مغموم اور افسردہ ہونا - بچوں کا کسی کو یاد کرنا -

ہڑکنا (ہ) ترسنا - بھڑکنا - مشتاق ہونا -

ہڑنا (ہ) (مص) جانچنا - وزن تولا جانا - وزن ہونا -

ہ - ز

ہزار (ف) دس سو - الف - ۱۰۰۰ - دہ صد - سہفر - ہر چند - جتنا کچھ - جس قدر - کیوں نہ - کتنا ہی - بہتیرا - لاکھ - ہزاروں - لاکھوں - بہت ہی - از حد - بکثرت - بہتیری - بلبل - عندلیب - ہزار داستان -

ہزار بار (ف) بارہا - اکثر - بے انتہا - ہزار دفعہ -

ہزار پا (ف) (مذ) کنکھجورا - کنسلائی -

ہزار پر بھاری ہونا (ا) (محاورہ) بڑی تعداد پر غالب آنا -

ہزار جان سے (ا) نہایت شوق سے - بڑے ہی اشتیاق سے - ہزار جانوں سے -

ہزار جان سے قربان ہونا (ا) کسی کا بے حد فریفتہ اور عاشق ہونا -

ہزار چشم (ف) (مذ) کیکڑا - سرطان - خرچنگ -

ہزار چشمہ (ف) (مذ) سرطانی پھوڑا - پیٹھ کا مہلک پھوڑا -

ہزار چند (ف) (متعلق فعل) ہزار گنا -

ہزار حیف (ف ع) (مذ) ہزار افسوس - صد افسوس -

ہزار داستان (ف) (مذ) ایک قسم کا بلبل جو نہایت خوش الحان اور ہزاروں قسم کی بولیاں بولتا ہے - گلدم - عندلیب - خوش الحان - خوش گفتار - خوش بیان -

ہزار گلا (ہ) (مذ) گیندا - گل صد برگ -

ہزار لاٹھی ٹوٹی ہو گھر بار کے باسن توڑنے کو بہت ہے (ہ) ٹوٹا پھوٹا ہتھیار بھی کام کر ہی جاتا ہے -

ہزار منہ ہزار باتیں (ا) (محاورہ) جتنے منہ اتنی ہی باتیں - سخن بتعداد دہن -

ہزار نعمت اور ایک تندرستی (ا) (مثل) تندرستی کے سامنے نعمت اور دولت کی کچھ حقیقت نہیں -

ہزار ہاتھ کا بن کر آئے (ا) (محاورہ) کیسا عالی رتبہ ہو کر آئے - کتنا ہی زبردست ہو کر آئے - محروم ہی رہے گا -

ہزار ہاتھ ہیں (ا) (محاورہ) بہتیرے ہاتھ ہیں - بے حد طریقے ہیں - یعنی خدائے تعالیٰ دینے پر آئے تو بے انتہا رستے ہیں -

ہزارہ (ا) (مذ) گل صد برگ - ایک قسم کا گیندا - ایک قسم کا گل لالہ جو بہت بڑا ہوتا ہے - ایک سرحدی پہاڑی قوم کا نام - ایک شہر اور ایک پہاڑی کا نام بھی ہے -

ہزاروں باتیں سُنانا (ا) (محاورہ) بہت برا بھلا کہنا - آوازے کسنا -

ہزاروں گھڑے پانی کے پڑ گئے (ا) (محاورہ) نہایت شرمندہ ہو گیا - شرم سے پسینے پسینے ہو گئے -

ہزاروں میں (ا) صدہا لوگوں میں - سینکڑوں میں ضرور بالضرور - بلا مبالغہ - شرطی -

ہزارہا (ف) (مذ) ہزار کی جمع - ہزاروں -

ہزاری (ف) (مث) منسوب بہ ہزار - ہزار آدمیوں کا افسر - ہزار آدمیوں کی پلٹن - وہ شاہی عہدہ جس میں ہزاروں آدمیوں پر اختیار ہو -

ہزاری بزاری (ا) ہر قسم کے لوگوں سے اتحاد رکھنے والا - سفلہ - کمینہ - لچا - شہدہ - غیر معتبر -

ہزاری روزہ (ف) (مذ) ماہ رجب کی ستائیسویں تاریخ کا نفلی روزہ -

ہزاری عمر ہو (ا) کلمۂ دعائیہ - یعنی ہزار سال کی عمر ہو - ہزار برس جیو -

ہزاری منصب (ف) (مذ) زمانہ شاہی میں ایک عہدہ فوج کی تعداد کے مطابق اس عہدہ کا نام اور درجہ ہوتا تھا -

ہزّال (ع) (صف) پرلے درجے کا ہزل گو - بہت بڑا پھکڑ -

ہزآونر (انگریزی) (مذ) حضور اعلیٰ - خود بدولت -

ہز ایکسیلنسی (انگریزی) (مذ) حضور اعلیٰ - حضور اقدس - نواب - لفٹنٹ - گورنر بہادر یا اسی درجہ کے حاکم یا رئیس کے لیے یہ لفظ بولا جاتا ہے -

ہز اگزالٹیڈ ہائی نس (انگریزی) یہ معزز خطاب سرکار انگلشیہ کی طرف سے نظام دکن کے لیے مخصوص تھا - تقدس مآب -

ہزبر (ع) (مذ) شیر ببر - پھاڑ ڈالنے والا شیر -

ہزج (ع) (مث) عروض کی ایک بحر کا نام - وہ آواز جو سُر تال کے ساتھ ہو -

ہزرائل ہائی نس (انگریزی امذ) بادشاہی خاندان کے مرد ممبروں کا اعزازی لقب ہے۔

ہزل (ع امذ) بے ہودہ باتیں - گالی گلوچ - مزاح - تمسخر۔

ہزمیجسٹی (انگریزی امذ) یہ خطاب صرف بادشاہوں کے نام کے ساتھ لگایا جاتا ہے۔

ہز ہائی نس (انگریزی امذ) حضور والا - خداوند نعمت - حضور الور - سری مہاراج -

ہز ہولی نس (انگریزی امذ) روما کے پوپ یا عیسائیوں کے بڑے مذہبی پیشوا کا اعزازی لقب - سر آغا خاں کو بھی کہتے ہیں۔

ہزیمت (ع امث) بھاگڑ - ہار شکست -

ہزیمت اٹھانا (ل) بھاگنا - ہار جانا - پسپا ہونا - شکست کھانا -

ہ - ژ

ہژدہ (ف) اٹھارہ - دس اور آٹھ - ۱۸ - 18 -

ہژدہ ہزار عالم (ف امذ) اٹھارہ ہزار قسم کی مخلوق -

ہ - س

ہشت (س امذ) ہاتھ - ید - کر - دست - ہاتھی کی سونڈ - کہنی سے لے کر بیچ کی انگلی تک کی لمبائی - تیرھواں نچھتر - فیل - ہاتھی - سونڈ والا -

ہست پال (س امذ) مہاوت - فیل بان - ہاتھی وان - فوج دار -

ہست (ف امث) ہستی - قیام - برقراری - وجود - زندگی - جان - زلیست -

ہست کرنا (ل) موجود کرنا - پیدا کرنا -

ہست و بود (ف امث) دونوں مترادف ہیں - حیات اور زندگی - قیام و وجود -

ہست و بود کرنا (ل) زندگی بسر کرنا - جینا - عمر کاٹنا - زندگی کے دن پورے کرنا -

ہست و ممات (ع امث) مرنا - جینا - زندگی و موت -

ہست ہونا (ل) موجود ہونا - پیدا ہونا - صورت پکڑنا -

ہستناپور (ہ امذ) دہلی کا پرانا نام جس کو اندر پرست بھی کہتے ہیں - میرٹھ کے پاس ایک مقام جہاں کوروں اور پانڈوں کی لڑائی بھی ہوئی تھی -

ہستنی (ہ امث) ہتھنی - مادہ فیل - کوک شاستر کے مطابق عورتوں کی چار قسموں میں سے ایک قسم کا نام -

ہستی (ف امث) قیام - زلیست - وجود - زندگی - کائنات - موجودات - حیات - زندگی - حیثیت - حقیقت - اصل - بساط - مجال - تاب و طاقت - دولت - ثروت - امیری - ذات - مخلوقات -

ہستیٔ جاوداں (ف امث) ہمیشہ کی زندگی - حیاتِ ابدی - بقائے دوام -

ہستیٔ موہوم - یا - دو روزہ (ف امث) دو دن کی زندگی - خیالی زندگی - چند روزہ زندگی -

ہستی (س امذ) ہاتھی - فیل -

ہسٹری (انگریزی امث) علم تاریخ - تاریخ - حالات -

ہسٹری شیٹ (انگ امذ) وہ کاغذ جس میں کسی ملزم کے مفصل حالات اور اس کے پچھلے جرائم درج ہوں -

ہسکا (ہ امذ) ریس - نقل - برابری - مقابلہ -

ہسکا ہسکی (ہ امث) ایک دوسرے کی ریس -

ہسیا (ہ امذ) ترکاری بنانے یا گھاس کاٹنے کا اوزار - درانتی -

ہ - ش

ہش (ل) کتے کو دھتکارنے کی آواز - پرندوں کے اڑانے اور ہنکانے کی آواز - اونٹ کے بٹھانے کی آواز -

ہشاش (ل) نہایت خوش - شادمان - بشاش - دلشاد -

ہشاش بشاش (ل) نہایت خوش و خرم - باغ باغ - ہنستا اور خوش ہوتا ہوا -

ہشت (ل) کتے بلی کے دھتکارنے کی آواز - جھڑکنے کی آواز -

ہشت (ل) کلمۂ تحقیر - اظہارِ نفرت کے لیے بولا کرتے ہیں - یعنی یہ کلمہ زبان سے نہ کر - فحش فحش زبان پر نہ لانا -

ہشت (ف) آٹھ - ۸ - 8 -

ہشت بہشت (ف امذ) آٹھوں جنت - یعنی خلد - دار السلام - دار القرار - جنت عدن - جنت الماویٰ - جنت النعیم - علیین - فردوس - حضرت امیر خسرو دہلوی کی ایک کتاب کا نام بھی ہے -

ہشت پہلو (ف) آٹھ پہلو کا - آٹھ کونیا - آٹھ گوشہ - آٹھ ضلعوں والا مثمن -

ہشتاد (ف) اسی - چار بیسی - ثمانین - ۸۰ - 80 -

ہشتم (ف) آٹھواں - آٹھویں -

ہشت مشت (ف امث) کلمہ ہشت کہنا اور مکا مارنا - لات - گھونسا - گھونسم گھونسا - مار کٹائی -

ہشکارنا (ل) کتے کو کسی طرف بھونکنے کی ترغیب دینا -

ہشیار (ف) ہوشیار کا مخفف - ہوش والا - باہوش - سمجھانا - چالاک - دانشمند - عقل مند - خبردار - آگاہ - چوکس - متنبہ - لائق - قابل - مستعد - جاگتا ہوا - بیدار -

ہشیار کرنا (ل) جتانا - آگاہ کرنا - خبردار کرنا - لائق بنانا - پال پوس کر بڑا کرنا - جگانا - بیدار کرنا -

ہُشیاری (ف ۔ مث) ہوش ۔ چترائی ۔ عقلمندی ۔ احتیاط ۔ دانائی ۔ خبرداری ۔ چوکسی ۔ تیاری ۔ مستعدی ۔ بیداری ۔ قابلیت ۔ لیاقت ۔

ہ ۔ ض

ہضم (ع ۔ مذ) پچاؤ ۔ تحلیل ۔ کھانے کا معدے میں گلنا ۔ غبن ۔ چوری ۔ تغلب ۔ خیانت ۔

ہضم صحیح (ع ۔ مذ) عمدہ پچاؤ ۔ جو کھاؤ سو ہضم ہو جانا ۔

ہضم کرنا (ا) پچانا ۔ تحلیل کرنا ۔ مال مارنا ۔ داب بیٹھنا ۔ ڈکار جانا ۔

ہضم ہونا (ا) پچنا ۔ گوارا ہونا ۔ گلنا ۔ تقسیم ہونا ۔ قبضے میں آ جانا ۔

ہ ۔ ف

ہفت (ف) سات ۔ سبع ۔ ۷ ۔ 7 ۔

ہفت آسیا (ف ۔ مذ) سات ستاروں کی گردش کے دائرے ۔

ہفت اعضا (ف ۔ مذ) سات اعضائے بدن ۔ تمام بدن ۔

ہفت اقلیم (ع ۔ مث) سات ولایتیں ۔ کُل دُنیا ۔

ہفت الوان (ف ۔ مذ) سات مختلف قسم کے کھانے ۔

ہفت امام (ع ۔ مذ) سات امام مندرجہ ذیل ہیں ۔ امام اعظمؒ ۔ امام شافعیؒ ۔ امام مالکؒ ۔ امام احمد بن حنبلؒ ۔ امام ابو یوسفؒ ۔ امام غزالیؒ ۔ امام رازیؒ ۔

ہفت اندام (ف ۔ مث) ایک رگ کا نام جس کی فصد سے سر ۔ سینہ ۔ پشت ۔ ہاتھ ۔ پاؤں کا خون نکلتا ہے ۔

ہفت اوتاد (ف ۔ مذ) سات ستارے ۔

ہفت ایوان (ف ۔ مذ) سات آسمان ۔

ہفت پشت (ف ۔ مث) سات پیڑھی ۔ سات بنیاد ۔

ہفت جوش (ف) سات دھاتیں ملی ہوئی جسے اژدھات کہتے ہیں ۔ سونا ۔ چاندی ۔ لوہا ۔ تانبہ ۔ جست ۔ سیسہ ۔ رانگ ۔

ہفت خوانِ رستم (ف ۔ مذ) نہایت کٹھن اور خطرناک سات منزلیں جو رستم نے طے کی تھیں ۔

ہفت دریا (ف) دریائے اخضر ۔ عمان ۔ قلزم ۔ بربر ۔ اوقیانوس ۔ بحر روم ۔ بحر اسود ۔

ہفت دوزخ (ف ۔ مذ) دوزخ کے سات طبقے یعنی سقر ۔ سعیر ۔ لظے ۔ حطمہ ۔ جحیم ۔ جہنم ۔ ہاویہ ۔

ہفت زبان (ف ۔ مذ) وہ شخص جو سات زبانیں جانتا ہو ۔

ہفت قلم (ع) وہ شخص جو سات قسم کے خط لکھ سکتا ہو ۔ سات کے مشہور خط ۔

ہفت کشور (ف ۔ مث) ہفت اقلیم ۔ سات ولایتیں ۔

ہفت ہزاری (ف ۔ مذ) مغلیہ بادشاہوں کے عہد کے ایک بہت بڑے منصب کا نام ۔ امیر کبیر ۔

ہفت ہیکل (ف) سات دُعائیں جو ہفتہ کے سات دنوں میں نمبروار پڑھی جاتی ہیں ۔

ہفتاد (ف) ستر ۔ سات دہائے ۔ ۷۰ ۔ 70 ۔

ہفتاد پشت (ف ۔ مث) ستر پیڑھی ۔ ستر نسلیں ۔

ہفتاد و دو ملت } (ع ۔ مث) بہتر فرقے ۔ مذہب اسلام کے بہتر گروہ ۔
ہفتاد و دو فرق }

ہفتم (ف) ساتواں ۔ ساتویں ۔

ہفتہ (ف ۔ مذ) سات دن کا زمانہ ۔ جمعہ کے بعد کا دن ۔ سنیچر ۔ شنبہ ۔ ساتواں دن ۔

ہفتے جکڑنا ۔ یا ۔ گانٹھنا ۔ یا ۔ چڑھنا (ا) حریف کی دونوں بغلوں میں سے اپنے ہاتھ نکال کر اس کی گردن کو دونوں ہاتھوں سے جکڑ لینا ۔

ہفت نظر (ا) کلمۂ خطاب ۔ نظر بد دور (جفت نظر کا بگاڑ)

ہفوات (ع ۔ مث) بے ہودہ باتیں ۔

ہفتی (ا ۔ مذ) افعی سے بگڑا ہوا ہے ۔ ایک قسم کا چکر بنا کر چلنے والا نہایت زہریلا سانپ ۔ نہایت پھرتیلا ۔ چالاک ۔ بہت کھانے والا ۔ کھاؤ ۔ پیٹو ۔

ہ ۔ ک

ہکا بکا (ہ ۔ مذ) متحیر ۔ گھبرایا ہوا ۔ پریشان ۔ سراسیمہ ۔ حواس باختہ ۔ متعجب ۔

ہکا بکا رہنا ۔ یا ۔ ہونا (ہ) بھچکا رہنا ۔ حیران رہنا ۔ متعجب رہنا ۔

ہک دک (ہ) حیران ۔ متحیر ۔ بھچک ۔ سکتے کا عالم ۔

ہک دک رہ جانا (ہ) حیران رہنا ۔ بھچکا رہ جانا ۔ متحیر ہو جانا ۔

ہک کی نہ دک (ا) دفعتہً ۔ بے سوچے سمجھے ۔ گھبرا کر ۔ متعجب ہو کر ۔

ہکر ہکر کرنا (ا ۔ محاورہ) ضعف یا بھوک پیاس کے باعث بمشکل سانس لینا ۔

ہکلا (ہ) فارسی لفظ ہا کلہ یا ہاکرہ کا بگاڑ ۔ رک رک کر بات کرنے والا ۔ آدمی ۔ لکنت کرنے والا شخص ۔ توتلا آدمی ۔

ہکلاپن (ہ) تتلاہٹ ۔ لکنت ۔

ہکلانا (ا) تتلانا ۔ زبان کا صاف نہ چلنا ۔ زبان لڑکھڑانا ۔ لکنت کرنا ۔

ہکلی (ا ۔ مث) ہکلا کی تانیث ۔ لکنت کرنے والی عورت ۔

ہکہک (ف) ہچکی ۔ فواق ۔

ہ ۔ گ

ہگاس (ہ/مث) ہگنے کی حاجت - رفع ضرورت کی خواہش -
ہگاس لگنا (ا ر/محاورہ) پاخانے کی حاجت ہونا -
ہگاسا (ا ر/مذ) وہ جس کا پاخانہ نکلنے کے قریب ہو -
ہگاسی (ہ) پاخانے کا حاجت مند -
ہگاسی بلبلی (ر) ڈرپوک - بزدل - تھڑدلا -
ہگانا (ہ) پاخانہ پھرانا -
ہگ دینا - ہگ بھرنا - ہگ مارنا (ہ) خوف کے مارے پاخانہ پھر دینا - نہایت خوفزدہ ہو جانا - خوف چھا جانا - نہایت ڈر جانا -
ہگتے پادتے جانا (ہ) ڈر کے مارے بھاگتے ہوئے جانا - مجبوراً خوشی خوشی جانا -
ہگنا (ہ) پاخانہ پھرنا - براز کرنا -
ہگن ہٹی (ہ/مث) پاخانہ کرنے کی جگہ - کثرت سے براز کرنے والا -
ہگوڑا (ہ) بہت ہگنے والا - بار بار ہگنے والا -
ہگے دینا - یا - ہگے مارنا (ہ) نہایت ڈرنا - خائف ہونا - ڈر سے جانا - خوف کے مارے پاخانہ خطا ہو جانا -

ہ - ل

ہُل (ف) آغوش -
ہَل (ہ) قلبہ - زمین جوتنے کا آلہ - زمین کھودنے کا ایک قسم کا اوزار -
ہل - انگلینڈ کی بندرگاہ ہے - دریائے ہمبر پر واقع ہے - یہاں بحیرہ بالٹک کی پیداوار غلّہ اور لکڑی آتی ہے -
ہل جوتا (ہ/مذ) ہل چلانے والا - ہل جوتنے والا - قلبہ ران - ہالی -
ہل جوتنا (ہ) ہل چلانا - قلبہ رانی کرنا -
ہل دار (ف/مذ) ہل کا مالک -
ہل واہا (ا ر/صف) ہل چلانے والا -
ہلا - یا - ہلّہ (ہ/مذ) چڑھائی - حملہ - دھاوا - یورش - تاخت - غُل - شور -
ہلّا کرنا - یا - بولنا (ہ) دھاوا کرنا - حملہ کرنا - چڑھائی کرنا -
ہلا چلی (ہ/مث) بھاگڑ - ہلچل - گڑبڑ -
ہلا دینا (ہ) زلزلہ ڈال دینا - لرزاں کر دینا -
ہلا مارنا (ا ر/محاورہ) ہلکان کرنا - پریشان کرنا -
ہلاس (ہ/مث) شادی - خوشی - شادمانی - آنند - ناس - نسوار - سونگھنے کا پسا ہوا تمباکو -
ہلاس دانی (ہ/مذ) ہلاس رکھنے کا ظرف -
ہلاس لینا (ہ) نسوار سونگھنا - بو لینا -
ہلاس ہو جانا (ا ر/محاورہ) جلد خرچ ہو جانا -
ہلاک (ع/مث) ضائع - تلف - فنا - کال - موت - مرگ - ہلاکت - تباہی - بربادی - خرابی - مضمحل - پژمردہ - اداس -
ہلاک خور (ف/مذ) مردار خور - مہتر - موہڑا - بھنگی - حلال خور -
ہلاک کرنا (ا) مارنا - قتل کرنا - خون گرانا - تباہ کر دینا - برباد کرنا - تھکانا - مضمحل کر دینا -
ہلاکت (ع/مث) موت - کال - قضا - اجل - تلف کرنا - تباہی - بربادی -
ہلاکت کا باعث ہونا (ا) موت کا سبب ہونا -
ہلاکو (ر) ہلاک کرنے والا - جلاد - ظالم - سفاک - خونریز - چنگیز خاں کے پوتے کا نام بھی ہے -
ہلاکی (ف/مث) تباہی - بربادی - موت - ہلاکت - مر جانا -
ہلال (ع/مذ) پہلی رات کا چاند - ماہِ نو - تشبیہاً ناخن و ابروئے معشوق -
ہلالی (ع) منسوب بہ ہلال - نئے چاند کی طرح کا - قوسی - ہلال کی مانند ایک قسم کے تیر کا نام -
ہلانا (ہ) حرکت دینا - جنبش دینا - چلانا - مانوس کرنا - پرچانا - سدھانا - خوگر کرنا - عادی بنا لینا -
ہلاہل (ف/مذ) زہر - سمِ قاتل - ایسا زہر جس کا علاج ہی نہ ہو سکے - نہایت کڑوا - سخت تلخ -
ہلبلانا (ہ) جلدی کرنا - شتابی کرنا - بوکھلانا - بڑبڑانا - گھبرانا - اتاولانا -
ہلبلاہٹ / ہلبلی } (ہ/مث) ہڑبڑی - گھبراہٹ - کھلبلی - جلدی - شتابی - اضطراب -
ہلپھا - یا - ہلفہ (ہ/مذ) دریا کی لہر - موج - رَو - ترنگ - ہلکورا - چھال - لہر -
ہلجان (ہ/مذ) عین ہنگامۂ شادی میں عورتوں کے حلوہ پوری منگا کر کھانے کی رسم -
ہل جانا (ہ) متحرک ہو جانا - لرز جانا - کانپ جانا - تھرا جانا - پرچ جانا - مانوس ہو جانا -
ہل چل (ہ/مث) ہڑبڑی - بھاگڑ - کھلبلی - بے قراری - گھبراہٹ - شورش - بلوہ - بکھیڑا - دنگا - فساد - ڈر - خوف - چل چلاؤ -
ہل چل پڑنا - یا - ہونا (ہ) بھاگڑ مچنا - کھلبلی ہونا - بے قراری ہونا - شورش ہونا - بلوہ ہونا - خلقت کا زیر و زبر ہونا - پریشان اور تتر بتر ہونا -
ہلدی (ہ/مث) ایک قسم کی زرد گرہ جو سالن کو رنگ دینے کے واسطے ڈالتے ہیں -
ہلدی زردی نہ تجے کھٹ رس تجے نہ آم
گن دستے گن نا تجیں اوگن نہیں تجیں غلام } (ا/مثل) ہر چیز اپنی اصل کو کبھی ترک نہیں کرتی -
ہلدی کی گرہ لے کے پنساری بن بیٹھنا (ہ) پنساری کا ایک جزو لے کر پنساری ہٹے کا دعویٰ کر لینا - تھوڑے سے ہنر یا کمال یا سرمائے پر نازاں ہونا - نکما اور ناقص ہونے کے باوجود اپنے آپ کو کامل خیال کرنا -
ہلدی لگا کے بیٹھنا (ہ) چوٹ لگنے کا بہانہ کر کے چھپ رہنا - بھنگل گانٹھنا - حیلہ بہانہ کر کے بیٹھ رہنا -
ہلدی لگا کے بیٹھو گے (ہ/محاورہ) چوٹ کھاؤ گے - مار کھاؤ گے - سینکتے پھرو گے - ہاتھ پاؤں تڑوا بیٹھو گے -

ہلدی نہ لگی نہ پھٹکڑی پٹاخ ہو آن پڑی
ہینگ لگی نہ پھٹکڑی پٹاخ ہو آن پڑی } (ہ/ محاورہ) بے مشقت ہی کام بن گیا۔ مفت میں دولت آ گئی۔ بلا کوشش مطلب حاصل ہو گیا۔

ہلدی لگے نہ پھٹکڑی رنگ بھی چوکھا آئے (ہ/ محاورہ) خرچ بھی کچھ نہ آئے اور رنگ بھی نہایت عمدہ آ جائے۔ مفت خورے کی نسبت کہا کرتے ہیں۔

ہلدیا (ہ/ مذ) ایک قسم کا زہر جو ہلدی سے نکلتا ہے اور ہلدی سے مشابہ ہوتا ہے۔

ہُلّڑ (ہ/ مذ) رَولا۔ شور و غل۔ غل غپاڑہ۔ ہوہا۔ ہنگامہ۔ شور و غوغا۔

ہُلّڑ مچانا (ہ) ہنگامہ برپا کرنا۔ شور و غل کرنا۔

ہلسا (ہ/ مث) ایک قسم کی بنگالی مچھلی۔

ہُلسانا (ہ) دل خوش کرنا۔ دل بہلانا۔ پرسند کرنا۔ بہکانا۔ اُکسانا۔ بھڑکانا۔ لچانا۔ شوق دلانا۔ شوق ابھارنا۔ اشتعال دلانا۔

ہُلسانے میں آنا (ہ) بہکاوے میں آنا۔ اشتعال میں آنا۔

ہُلسنا (ہ) آنند ہونا۔ خوش ہونا۔ پرسند ہونا۔ شوق ہونا۔ اُمنگ ہونا۔ اُکسنا۔

ہلکا (ہ) سُبک۔ لطیف۔ نازک۔ خفیف۔ کم وزن۔ سبکسار۔ سُبک وضع۔ پھیکا۔ کم قیمت۔ گھٹیا۔ بے عزت۔ ذلیل۔ حقیر۔ نہایت لطیف۔ جلد اثر قبول کرنے والا۔ تُند اور تیز کی ضد۔

ہلکا پانی (ہ/ مذ) زود ہضم پانی۔

ہلکاپن (ہ/ مذ) سُبکی۔ خفت۔ کمینگی۔ رذالہ پن۔ کم ظرفی۔ اوچھاپن۔ چھچھوراپن۔

ہلکا پھلکا (ہ) نہایت کم وزن۔ نہایت سُبک۔ لاغر۔ کمزور۔ نازک۔

ہلکا پھول (ہ/ صف) پھول کی طرح ہلکا۔

ہلکا جاننا (ہ) حقیر سمجھنا۔ ناچیز خیال کرنا۔ خفیف سمجھنا۔

ہلکا جوڑا (ہ/ مذ) کم قیمت جوڑا۔ کم قیمت پوشاک۔

ہلکا رنگ (ہ/ مذ) پھیکا رنگ۔

ہلکا کام (ہ/ مذ) آسان کام۔ معمولی کام۔

ہلکا کرنا (ہ) بوجھ اُتارنا۔ بوجھ کم کرنا۔ گھٹانا۔ لاغر کرنا۔ دُبلا کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ ذلیل کرنا۔ نادم کرنا۔ اِنزال کرنا یا کرانا۔

ہلکا کھانا (ہ/ مذ) لطیف غذا۔ زود ہضم غذا۔

ہلکا گلابی جاڑا (ہ/ مذ) خفیف سردی کا موسم۔

ہلکا ہاتھ (ہ/ مذ) اوچھا وار۔

ہلکارنا (ہ) کُتّے کو شکار پر دوڑانا۔ کُتّے کو شکارنا۔

ہلکان (ف) ہلاک۔ نیم جان۔ قریب بہ ہلاکت۔ مضمحل۔ تھکا ماندہ۔ حیران۔ پریشان۔

ہلکان کرنا (ف) تھکا مارنا۔ ہلاک کر دینا۔ مضمحل کر دینا۔ نیم جان کرنا۔

ہلکان ہونا (ف) تھکنا۔ نہایت حیران ہونا۔ پریشان ہونا۔

ہلکم (ہ/ مث) ہلچل۔ کھلبلی۔ اُودھم۔ تہلکہ۔

ہلکم ڈالنا۔ یا۔ مچانا (ف) شور مچانا۔ اُودھم مچانا۔ تہلکہ ڈالنا۔ ہنگامہ برپا کرنا۔

ہلکورا (ہ/ مذ) لہر۔ ترنگ۔ موج۔

ہلکورے لینا (ہ) موجزن ہونا۔ لہریں مارنا۔ لہرانا۔

ہلوک (ہ/ مث) قے کی وہ مقدار جو ایک مرتبہ مُنہ سے نکلے۔

ہُلکر۔ ریاست اندور کے راجہ کا لقب ہے۔ اِندور دارالحکومت ہے۔

ہلکی (ہ/ مث) ہلکا کی تانیث۔ دھیمی۔ اوچھی۔ سُبک۔ کم وزن۔ گھٹیا۔ ادنیٰ۔ لطیف۔

ہلکی بات (ہ/ مث) آسان بات۔ کمینی بات۔

ہلکی پھلکی (ہ/ مث) ہلکا پھلکا کی تانیث۔

ہلکی چھیٹکی (ہ/ مث) کپڑے کا بیننے کے بعد کم تاننا اور جھول چھوڑ دینا۔

ہلکی چوٹ (ہ/ مث) خفیف چوٹ۔

ہلکی شراب (ہ/ مث) وہ شراب جو تیز نہ ہو۔

ہلکے (ہ/ مذ) ہلکا کی جمع۔

ہلکے بھاری ہونا (ہ) بڑے بننا۔ بڑائی سر لینا۔ بگڑنا۔ ناراضگی ظاہر کرنا۔

ہلکے سے (ہ) سہج سے۔ آہستہ سے۔ ہولے سے۔

ہلکے ہلکے (ہ) سہج سہج۔ ہولے ہولے۔ آہستہ آہستہ۔

ہل کے پانی نہ پی سکنا (ہ) نہایت ناتواں اور کمزور ہو جانا۔ صاحب فراش ہو جانا۔

ہل کے پانی نہ پینا (ہ) پرلے درجے کا کاہل اور سست ہونا۔ اُٹھ نہ سکنا۔ احدی بن جانا۔

ہلگانا (ہ) لٹکانا۔ معلق کرنا۔ آویزاں کرنا۔

ہلگت (ہ/ مث) عادت۔ سبھاؤ۔ خُو۔ بان۔

ہلگت پڑنا (ہ) عادت پڑنا۔ خوگر ہونا۔ عادی ہونا۔

ہلگنا (ہ/ مص) چمٹ رہنا۔ اُلجھنا۔ پھنسنا۔

ہل مل جانا (ہ) رچ مچ جانا۔ گھل مل جانا۔ باہم مانوس ہو جانا۔

ہل من مزید (ع) قرآنی آیت ہے۔ یعنی کچھ اور بھی ہے تو لاؤ۔ جب دوزخی دوزخ جا چکیں گے تو دوزخ پکار کر یہ لفظ کہے گا۔

ہلمند۔ دریائے افغانستان جو سیستان کی دلدل میں غائب ہو جاتا ہے۔

ہلنا (ہ) جنبش کرنا۔ متحرک ہونا۔ لرزنا۔ کانپنا۔ تھرتھرانا۔ پرچنا۔ مانوس ہونا۔ عادی ہونا۔ بے تکلف ہونا۔ خوگر ہونا۔

ہلندا (ہ) قوی آدمی۔ مضبوط آدمی۔ وحشی۔ جنگلی۔ کھلنڈری۔

ہلواہا (ہ/ مذ) ہالی۔ ہل جوتا۔ قلبہ راں۔

ہلورا (ہ/ مذ) ہلکورا۔

ہلورنا (ہ) اکٹھا کرنا۔ بٹورنا۔

ہلّہ (ہ/ مذ) دیکھو رلّا) دھاوا۔ یورش۔ یلغار۔ چڑھائی۔

ہُلہُل (ہ/ مذ) ایک پودے کا نام ہے جس کے پھول نہایت بدبودار ہوتے ہیں۔ بواسیر کے لیے نہایت مفید ہے۔

ہُلہلا (ہ/ مذ) انوکھی بات۔ حیرت انگیز بات۔ شگوفہ۔ شوق۔ روگ۔ بے سر و پا بات۔ بہتان۔ جھوٹی بات۔

ہُلہُلا اٹھنا (ن) شگوفہ کھلنا - جھگڑا کھڑا ہونا - شوق چرّانا - کسی کام کے واسطے دفعتہً جی چاہنا -
ہُلہُلا کر بخار چڑھنا (ہ) دفعتہً زور کر کے بخار چڑھنا - زور سے بخار چڑھنا - جاڑا دے کر بخار چڑھ جانا -
ہُلہُلانا (ہ) کانپنا - تھرتھرانا - تھرّانا -
ہَلیلہ (ع امث) ہڑ - ایک دوا کا نام - یہ دو قسم کی ہوتی ہے - کلاں اور سیاہ -

ہ - م

ہم (ہ) کلمہ تعظیم جو اپنے لیے بولا جاتا ہے -
ہم پہ پھسل پڑے (ہ امحاورہ) مجرم کو چھوڑ کر ہم پہ غصہ اُتارا - زبردست کو کچھ نہ کہا - ہم پر ناحق خفا ہوگئے -
ہم جانیں اور تم جانو (ہ امحاورہ) ہمارے تمہارے سوا اور کوئی واقف نہ ہو -
ہم چڑھے بازار سکڑا (ہ امثل) اپنے آپ کو بڑا اور دوسروں کو حقیر سمجھنے والے کی بابت کہا کرتے ہیں - ہمارے آگے دوسرے کی کیا حقیقت ہے -
ہم خوش ہمارا خدا خوش (ہ امقولہ) کمال رضامندی ظاہر کرنے کے لیے بولتے ہیں -
ہم سے اُڑتے ہو (ہ امحاورہ) ہم سے چلتے ہو - ہم تمہارے فریب میں نہیں آنے کے - ہم تم سے واقف ہیں -
ہم سے کب چل سکتے ہو (ہ امحاورہ) ہم تمہارے داؤ پیچ میں نہیں آسکتے -
ہم کو (ہ) جمع متکلم -
ہم کو پیٹے یا گاڑے یا - ہے ہے کرے (ہ) کلمہ قسم یعنی ہمیں روئے - ہمارا ماتم کرے - ہمیں زندہ نہ دیکھے -
ہم کون ہیں (ہ امقولہ) ہم اس لائق نہیں - ہمارا اس معاملہ میں کچھ دخل نہیں -
ہَم (ع امذ) فکر - ملال - اندیشہ - ارادہ - قصد - خواہش - بیماری کا بدن کو مضمحل اور کمزور کر دینا - بچے کو لوری دے کر سلانا - نہایت بوڑھا -
ہم (ف) بھی - نیز - بلکہ ماسوا - اور اس کے علاوہ - ایک ہی کام میں شمولیت کے لیے - آپس میں باہم - باہمدگر - ساتھی - ساجھی - سنگی - فی مابین - یہ لفظ مرکبات میں آتا ہے -
ہم آغوش (ف) بغل گیر - ہمکنار - باہم گلے ملنا - معانقہ جسمانی -
ہم آغوشی (ف امث) ہم کناری - بغل گیری - گلے ملنا -
ہم آواز یا - ہم آہنگ (ف) ایک ہی سُر - ایک ہی راگ - سُر یا راگ میں شریک - ساتھی - مؤید - متفق الرائے -

ہم آورد (ف) مقابل - حریف - سامنے کھڑا ہو کر لڑنے والا -
ہمباز (ف) شریک -
ہم بزم (ف اصف) محفل میں شریک -
ہم بستر (ف) شریک بستر - ایک بستر پر سونے والا - ساتھ سونے والا -
ہم بغل (ف اصف) ہم آغوش -
ہمبرگ - دریائے الب کے دہانے پہ جرمنی شمالی میں شاندار بندرگاہ ہے - بحری اور برّی دونوں راستے یہاں ملتے ہیں - جہاز سازی بھی ہوتی ہے -
ہم پا (ف) ساتھ - ہمراہ - ساتھی - ہم قدم -
ہم پایہ (ف) یکساں درجہ رکھنے والا -
ہم پلّہ (ف) برابر کا جوڑ - برابر کی ٹکر - برابر فاصلہ - ہم نشانہ - برابر کی مار کا - ایک توڑ کا -
ہم پہلو (ف) پہلو بہ پہلو - برابر - لگوان - ساتھی - رفیق - وابستہ - طرف دار -
ہم پیالہ (ف) شریک پیالہ - ایک ہی پیالے میں کھانے والا - ہانڈی وال - دسترخوان کا ساتھی - گہرا دوست -
ہم پیالہ و ہم نوالہ (ف) ساتھ کھانے پینے والا - ہم طعام - گہرا دوست - جانی دوست -
ہم پیشہ (ف) ایک ہی پیشہ اور ایک ہی کام کرنے والا - حریف -
ہمتا - یا - ہمتا (ف) برابر - مثل - مانند - شریک - نظیر -
ہم ترازو (ف) ہم وزن - ہم پلّہ -
ہم جلیس (ع) پاس بیٹھنے اُٹھنے والا - دلی دوست - ساتھی - رفیق - ہمراز -
ہم جماعت (ع) ایک ہی جماعت میں پڑھنے والا - ہم سبق - کلاس فیلو -
ہم جنس (ع) یکساں - ایک نمونہ کا - ایک ہی قسم کا - ہم ذات -
ہم جوار (ف اصف) ہمسایہ - پڑوسی -
ہم جولی (ا) ہم عمر جو ساتھ کھیلا ہو - لنگوٹیا - ہم سن - برابر کا یار - وہ کمسن لڑکی جو ساتھ کھیلنے میں اکثر شریک رہے - ساتھ کی کھیلی -
ہم چشم (ف) برابر والا - ہمسر - ہجولی - ٹکر - امثال و اقران -
ہم چشمی (ف امث) برابری - ہمسری -
ہم خانہ (ف) ایک گھر میں رہنے والا - ساتھی - جوڑا - جفت - جورو -
ہم خُرما و ہم ثواب (ف امثل) وہ فعل جس میں لذت بھی ہو اور کار خیر بھی - وہ کام جس میں دوہرا فائدہ ہو -
ہم خوابہ (ف امث) ہم بستر - ساتھ سونے والی - مجازاً بیوی - زوجہ -
ہم داستان (ف) ہم کلام - ہم زبان - ایک ہی بات کہنے والا -
ہم دبستان (ف اصف) ہم مکتب - ہم مدرسہ -
ہم درد (ف) دُکھ درد کا ساتھی - درد شریک - غم خوار -
ہم درس (ف اصف) ساتھ سبق پڑھنے والا -
ہم دست (ف) ہمراہ - ہاتھ - ہاتھوں - شریک - برابر - متفق -
ہم دست ہونا (ا) ملنا - شریک ہونا - دست یاب ہونا - وصول ہونا - پانا -

ہم دگر (ف) باہم۔ آپس میں۔ دونوں۔ ایک دوسرے میں۔
ہمدم (ف) ہر وقت ساتھ رہنے والا۔ دم کا ساتھی۔ رفیق۔ دوست۔
ہم دوش (ف) ایک ہی قد کا۔ برابر۔ ہمسر۔ ساتھی۔ برابر کا۔
ہم دیوار (ف) ہمسایہ۔ پڑوسی۔
ہم ذات (ف) ایک ہی ذات کا۔ ہم قوم۔
ہم راز (عف) بھیدی۔ رازداں۔ جو اپنا بھید جانتا ہو۔
ہمراہ (ف) ساتھ چلنے والا۔ ساتھی۔ رفیق راہ۔ ساتھ۔ سنگ۔ ساتھی۔
سنگی۔ مجازاً قافلہ کا رہنما۔
ہمراہی (ف/مذ) ساتھی۔ ساتھ چلنے والا۔ ہمراہ۔ سنگی۔ ساتھ دینا۔
ساتھ چلنا۔ سنگی ہونا۔
ہم رنگ (ف) ایک ہی رنگ کا۔ یکساں۔ ایک ہی طرح کا۔
ہم رنگ کے دو تے (ا/محاورہ) گنجفہ میں اپنے حریف سے ایک کے
دو لینا۔ یعنی اتنی چالاکی ہے کہ ایک کے ساتھ دو رکھتے
ہیں۔
ہم زاد (ف/مذ) جڑواں۔ توام۔ ایک ساتھ پیدا ہونے والا۔
ہم سن۔ ہم سال۔ شیطان یا خبیث جن جو انسان کے ساتھ
پیدا ہوتا ہے اور ہمیشہ ساتھ رہتا ہے۔ سایہ۔
ہم زبان (ف) ایک زبان کا ساتھی۔ ہم کلام۔ ہم قول۔
ہم زلف (ف/مذ) سالی کا خاوند۔ ساڑھو۔ ساڑھو۔ ہم ریش۔ ہم داماد۔
ہم ساز (ف) دوست۔ یار۔ رفیق۔
ہمسایہ (ف/مذ) پڑوسی۔ پاس کے مکان میں رہنے والا۔ پڑوس کا باشندہ۔ پڑوس۔
ہمسائگی (ف/مث) پڑوس۔ ہم دیواری۔ مکان کی قربت۔
ہمسایہ ہونا (ا) پڑوس میں آکر رہنا۔ مکان کے قریب مکان لے کر
رہنا۔
ہم سبق (ف) ایک ساتھ سبق پڑھنے والا۔ سبق کا ساتھی۔
ہمسر (ف) برابر کا۔ برابر والا۔ ایک ہی رتبہ کا۔ ہم چشم۔ رنیب۔
جورو۔ بیوی۔
ہمسری (ف/مث) برابری۔ مقابلہ۔ ہم چشمی۔ زنابت۔ زوجیت۔
ہمسری کرنا (ا) برابری کرنا۔ مساوات کا دم بھرنا۔ برابری کا دعویٰ کرنا۔
ہمسفر (ف) مل کر سفر کرنے والا۔ سفر کا ساتھی۔ رفیق راہ۔
ہم سلک (ف/صف) سمدھی جن کے لڑکے لڑکی آپس میں بیاہے
ہوں۔
ہم سن (ع) ہم عمر۔ برابر کی عمر کا۔ ہم جولی۔
ہم سنگ (ع) ہم وزن۔ برابر۔
ہم سلک (ع) سمدھی۔
ہم شکل (ع) ایک ہی شکل کا۔ ہم صورت۔
ہمشیر۔ یا۔ ہمشیرہ (ف/مث) بہن۔ خواہر۔ بی بی۔
ہمشیرزاد۔ یا۔ ہمشیرہ زادہ (ف/مذ) بھانجا۔ بہن کا بیٹا۔
ہم صحبت (ع) صحبت میں رہنے والا۔ ساتھی۔ پاس بیٹھنے والا۔ ہم نشین۔ جلیس۔
ہم صدا (ع) ہم آواز۔ ایک طرح کی بولی بولنے والا۔
ہم صفیر } مجازاً۔ ہمدم۔ ہم رنگ۔

ہم طالع (ع) ایک جیسی قسمت والا۔ ہم نصیب۔
ہم طرح (ف/صف) وہ غزل یا قصیدہ جو ایک ہی طرح ایک ہی زمین میں لکھے جائیں۔ ہم رتبہ۔
ہم طریق (ف/صف) ہم سفر۔ ہم وضع۔
ہم عصر (ع) ایک ہی وقت کا۔ ایک ہی زمانہ کا۔ ہم زمانہ۔ ہم عہد۔
ہم عمر (ع) برابر کی عمر کا۔ ہم سال۔ ہم سن۔
ہم عنان (ع) برابر۔ ہمراہ۔ ساتھی۔ رفیق۔ ساتھ ساتھ چلنے والا۔
ہم عہد (ع) ایک ہی زمانہ کا۔ ہم عصر۔ ہم زمانہ۔
ہم عیار (ف/صف) ہم وزن۔
ہم قد (ف/صف) برابر قد کا۔
ہم قدم (ع) ساتھی۔ ہم سفر۔ رفیق۔ ہمراہ۔
ہم قوم (ع) ایک ہی قوم کا۔ ایک ذات کا۔ ایک ہی گوت کا۔
ہم کاسہ (ف) ہم نوالہ۔ ہانڈی وال۔ ساتھ کھانے والا۔
ہم کفو (ع) ایک ہی کنبے کا۔ ایک ہی خاندان کا۔ اپنی قوم کا۔
ہم کلام (ع) مل کر بات کرنے والا۔ ہم سخن۔ مخاطب۔
ہم کلام ہونا (ا) باتیں کرنا۔ بولنا۔
ہم کلامی (ع/مث) بول چال۔ گفت گو۔ آپس میں بات چیت کرنا۔
ہم کنار (ف) ہم آغوش۔ بغلگیر۔
ہم کون ہیں (ا/محاورہ) ہم کو اس میں کچھ دخل نہیں۔ ہم اس لائق نہیں۔
ہم مذہب (ع) ایک ہی مذہب کا۔ ایک ہی پنتھ کا۔ ہم ملت۔
ہم مرکز (ف/مذ) ایک ہی مرکز والے دائرے۔
ہم مکتب (ع) ایک ہی مکتب کا پڑھا ہوا۔ ایک ہی مدرسے کا
پڑھا ہوا۔
ہم نام (ف) ایک ہی نام کا۔ ہم اسم۔
ہم نشین (ف) پاس اٹھنے بیٹھنے والا۔ مصاحب۔ ہم صحبت۔
ہم نفس (ع) ہمدم۔ ساتھی۔ دم کا ساتھی۔ دوست۔ رفیق۔ آشنا۔
ہم نوالہ (ف/مذ) ساتھ کھانے پینے والا۔
ہم وطن (ع/مذ) ایک ہی دیس کا۔ ایک ملک کا۔ ایک شہر کا۔
ہما (ف/مذ) ایک مشہور پرندے کا نام ہے۔ جس کی نسبت مشہور
ہے کہ یہ جس کے سر پر سے گزر جائے وہ بادشاہ ہو جاتا ہے۔
یہ پرندہ صرف ہڈیاں کھاتا ہے اور کسی کو نہیں
ستاتا۔
ہمارا (ہ/مذ) ہم سب کا۔ ہم سب لوگوں کا۔ تعظیماً میرا۔
میری ذات کا۔
ہمارا کیا ہے (ہ/محاورہ) ہمارا کیا بگڑتا ہے۔ ہمارا کچھ نقصان نہیں۔
ہمارا لہو پیئے۔ یا۔ ہمارا حلوہ کھائے (ہ/محاورہ) قسم سخت۔
ہم کو کھائے۔ ہمیں پیئے۔ ہمارا مردہ دیکھے۔ ہمیں روئے۔
ہمارے (ہ) جمع متکلم۔ برائے جمع مذکر۔ ہمارا کی جمع۔
ہمارے بڑے پرائے بڑوں سے آزاد کیا کرتے تھے (ا/مثل)
آپ تو کچھ نہیں۔ باپ دادا کے نام پر اتراتے ہیں یعنی بڑوں
نے خرچ کیا۔ ہم مفت میں نام چاہتے ہیں۔

ہمارے فرشتوں کو بھی خبر نہیں (ا/محاورہ) ہم بالکل بے خبر ہیں ۔ ہم کو الگ رہے ۔ ہمارے کراماً کاتبین بھی بے خبر ہیں ۔

ہمارے مُنہ میں بھی زُبان ہے (ا/محاورہ) ہم بھی بات کرنے کی طاقت رکھتے ہیں ۔ ہم بھی اس بات کا جواب دے سکتے ہیں ۔

ہمارے ہاں سے آگ لائی اور نام رکھا بیَسندر (ہ/مثل) ہماری ہی چیز اور ہمیں سے دریغ ۔ پرائی چیز پر اترانے والے کی نسبت بولتے ہیں ۔

ہماری (ہ/جمع متکلم مؤنث) اپنی ۔ ذاتی ۔ نج کی ۔

ہماری آنکھ سے دیکھو (ا/محاورہ) ہماری نظر سے دیکھو ۔

ہماری بلی ہمیں سے میاؤں (ہ/مثل) ہمارا ہی کھائے اور ہمیں پہ غرّائے ۔

ہماری بندگی پہنچے (ا/محاورہ) ہم سلام کرتے ہیں ۔ ہم باز آئے ۔ ہمیں معاف رکھیے ۔ ہمارا سلام ہے ۔

ہماری بھیَنٹ کھائے (ہ) سخت قسم ۔ ہمارا حلوہ کھائے ۔

ہماری بیری میں بھی بیر لگیں گے (ا/مثل) کبھی ہم سے بھی تم کو کام پڑے گا ۔

ہماری جان کو جلاّد ہے (ا/مثل) ہم پر ظلم کرتا ہے ہمارے لیے جلاّد کی مثل ہے ۔

ہماری دادی نے گھی کھایا ہمارا ہاتھ سُونگھو (ہ/مثل) کام کوئی کرے داد کوئی مانگے ۔

ہماشما (ا) ادنیٰ اعلیٰ ۔ چھوٹے بڑے ۔ اپنے بیگانے سب ۔ عام عوام ۔

ہمالیہ ۔ یا ۔ ہمالہ (ہ/مذ) ہندوستان کے مشہور شمالی پہاڑ کا نام ۔ جو دُنیا کے تمام پہاڑوں سے اُونچا اور برف سے ڈھکا رہتا ہے (ہم بمعنی برف اور آلہ بمعنی گھر) یہ پہاڑ تبّت کو ہند سے جُدا کرتے ہیں ۔ ماؤنٹ ایورسٹ اسی کی چوٹی ہے ۔

ہماہمی (ہ/مث) بڑا بول ۔ غرُور ۔ خودپسندی ۔ انانیت ۔ زبردستی ۔ زور آوری ۔ سرزوری ۔

ہُمایوں (ف) منسُوب بہ ہما ۔ مُبارک ۔ خجستہ ۔ بابرکت ۔ مسعُود ۔ کامیاب ۔ بہرہ مند ۔ مُغلیہ خاندان کے ایک مشہور بادشاہ کا نام ۔

ہمّت (ع/مث) ارادہ ۔ قصد ۔ عزم ۔ حوصلہ ۔ عالی حوصلگی ۔ اولوالعزمی ۔ جرأت ۔ دلیری ۔ ڈھارس ۔ شجاعت ۔ بہادری ۔ طاقت ۔ دسترس ۔ توفیق ۔

ہمّت باندھنا (ا/محاورہ) حوصلہ کرنا ۔

ہمّت بندھانا (ا/محاورہ) جرأت دلانا ۔ حوصلہ کرانا ۔

ہمّت کرنا (ا) دلیری کرنا ۔ جرأت کرنا ۔ بہادری کرنا ۔ حوصلہ دکھانا ۔ دل چلانا ۔ ڈھارس باندھنا ۔ سخاوت کرنا ۔ مردانگی دکھانا ۔

ہمّت مرداں مددِ خُدا (ف/مثل) کام کے لیے کوشش شرط ہے ۔ خدا تعالیٰ مدد ضرور کرتا ہے ۔

ہمّت والا (ا) عالی ہمّت ۔ عالی حوصلہ ۔ جری ۔ دلیر ۔ بہادر ۔ سُورما ۔ سخی ۔ دل چلا ۔

ہمّت ہارنا (ا) جی چھوڑنا ۔ حوصلہ ہار بیٹھنا ۔ ڈھارس نہ رکھنا ۔ تھک جانا ۔

ہمتا (ف) برابر ۔ نظیر ۔ مثل ۔ مانند ۔ ہمسر ۔

ہمزہ (ع/مذ) وہ الف جو کھینچ کر یعنی جھٹکے کے ساتھ پڑھا جائے ۔

ہنکارا (ہ/مذ) کسی بات کے اقرار و اقبال کی آواز ۔ ہوں ہاں ۔ ہنکارا ۔ ہنگورا ۔

ہُمک کر (ہ) ٹھُمک کر ۔ اُچھل کر ۔ سینہ کو مٹکا کر ۔ کُدک کر ۔

ہُمکنا (ہ) دھاوا کرنا ۔ چڑھائی کرنا ۔ حملہ کرنا ۔ یورش کرنا ۔ بچّے کا چلنے کی کوشش کرنا ۔ اپنی جگہ سے جست کرنا ۔ کُودنے کی کوشش کرنا ۔

ہُمک ہُمک کے چلنا (ہ) پھُدک پھُدک کر چلنا ۔ اُچک اُچک کر چلنا ۔ اُچھل اُچھل کے چلنا ۔

ہُمگی (ف) تمام ۔ سب ۔ سب کے سب ۔

ہِمَم (ع/مث) ہمّت کی جمع ۔

ہموار (ف) برابر ۔ یکساں ۔ مساوی ۔ مُدام ۔ ہمیشہ ۔ سدا ۔ نت ۔ دائم ۔

ہمواره (ف) ہمیشہ ۔ مُدام ۔ سدا ۔ نت ۔ لگاتار ۔

ہمہ (ف) سب ۔ کُل ۔ سارا ۔ جُملہ ۔ تمام ۔ کُلّہم ۔

ہمہ بازی شمابازی پیروں سے بھی دغابازی (ا/محاورہ) اُستاد کے سامنے شاگرد کی نہیں چلتی ۔

ہمہ تن (ف) بالکل ۔ تمام ۔ سر سے پاؤں تک ۔ سراسر ۔ سب کا سب ۔

ہمہ تن گوش (ف/صف) کمال متوجہ ۔

ہمہ دان (ف) ہر ایک بات سے واقف ۔ ہر ایک علم و ہُنر جاننے والا ۔ جگت ۔ اُستاد ۔

ہمہ دانی (ف/مث) ہر کام کی واقفیت ۔ جگت اُستادی ۔

ہمہ شُمار (ا) دیکھو (ہماشما)

ہمہ صفت موصُوف (ع) سب گنُوں پُورا ۔ ساری خُوبیوں سے بھرا ۔ ہر قسم کی تعریف کے لائق ۔

ہمہ عنوان (ف/متعلق فعل) ہر طرح ۔ ہر صُورت ۔

ہمہ نعمت (ع/مث) تمام عمدہ چیزیں ۔ تمام نعمتیں ۔ مال و دولت ۔ کی تمام اشیاء ۔

ہمہ نعمت موجُود ہے (ا/محاورہ) کسی چیز کی کمی نہیں ۔ خُدا نے سب کچھ دے رکھا ہے ۔

ہمہ وقت (ف/متعلق فعل) ہر وقت ۔

ہمیانی (ا/مث) روپیہ رکھنے کی پتلی سی تھیلی ۔ بٹولی ۔ ہمیان ۔ لمبا بٹوہ ۔

ہمیشگی (ف/مث) دوام ۔ قیام ۔ قدامت ۔ بقا ۔ بے زوالی ۔

ہمیشہ (ف) سدا ۔ نت ۔ آئے دن ۔ مُدام ۔ دائم ۔

ہمیشہ روتے ہی جنم گزرا (ا/محاورہ) سدا مصیبت اور افلاس میں ہی رہے ۔

ہمیشہ سے چلا آتا ہے (ار/مقولہ) یوں ہی ہوتا ہے - پرانا چلن ہے - قدیم رسم ہے -
ہمیں (ہ) ہم کو - ہم سب کو - ہم تمام کو - مجھے کی جمع - تعظیماً اپنی ذات کو خطاب - مجھے - مجھ کو -
ہمیں کیا سمجھا ؟ (ا/محاورہ) ہم کو کیا جانا - کیا ہمیں ایسا ویسا آدمی خیال کیا -
ہمیں (ہ) ہم ہی سب - ہم ہی تمام -
ہمیں پر کیا ہے (ہ/محاورہ) مجھی پر کیا موقوف ہے - ہماری ذات پہ موقوف اور منحصر نہیں ہے -
ہمیں ہیں جو یہ مگدر ہلاتے ہیں (ہ/محاورہ) اس طاقت اور اس زور کا کام ہم ہی کر سکتے ہیں - ہماری برابر دنیا میں کوئی نہیں ہے -

ہ - ن

ہُن (ہ/مذ/مث) دکن کے ایک سنہری سکے کا نام جو زمانہ قدیم میں رائج تھا - سونے کا ٹکڑہ - ریزۂ زر -
ہُن برسانا (ار/محاورہ) دولت برسانا - روپیہ پیسہ لٹانا -
ہُن برسنا (ہ) دولت برسنا - روپیہ برسنا - بکثرت آمدنی ہونا - دولت میں کھیلنا -
ہنتا (ہ) قتل کر ڈالنا - مار ڈالنا - گردن مارنا (مذکر) ہرنا - زین کا اگلا اٹھا ہوا حصہ -
ہنٹر (انگریزی/مذ) چابک - کوڑا - تازیانہ - شکاری - صیاد -
ہنجار (ف/مذ) راستہ - راہ - مجازاً طرز - طریقہ - روش - قاعدہ -
ہند (س/مذ) ہندوستان - بھارت ورش - آریہ ورت - بھارت کھنڈ -
ہندسہ (معرب) اندازہ کا معرب - شکل عدد - رقم - آنک - علم حساب - اقلیدس - جیومیٹری -
ہندسہ دان (ف/مذ) علم ہندسہ کا واقف - اقلیدس کا عالم -
ہندنی (ہ/مث) ہندو عورت -
ہندو (ف/مذ) ہندوستان کا رہنے والا - ہند کا باشندہ - ہندی آدمی - ہندوستانی - ہندوستان میں رہنے والی ایک قوم کا نام (فارسی میں) چور - لٹیرا - رہزن - غلام - بندہ - بردہ - سیاہ فام -
ہندوکش - یہ پہاڑ شمال مغربی سرحدی صوبہ اور افغانستان میں پھیلے ہوئے ہیں - ان پر بارش کم ہوتی ہے -
ہندومت (ہ/مث) اہل ہند کا مذہب - ہندو دھرم -
ہندومت توہم پرست ہے (ار/محاورہ) ہندومت میں حقیقت نام کی کوئی چیز نہیں - یہ توہم پرستی کا مجموعہ ہے -
ہندوانہ (ف/مذ) تربوز -

ہندوستان (ف/مذ) ملک ہند - آریاورت - بھارت کھنڈ - ہند - (انڈین یونین)
ہندی (ف) منسوب بہ ہند - ہند سے تعلق رکھنے والا - ہندوستانی - ہند کا رہنے والا - ہند کی تلوار - ہندوستان کی وہ زبان جو سنسکرت سے نکلی ہے - ہند کی چیز -
ہندی کی چندی (ہ/مث) معنی کے معنی - شرح کی شرح - چھان بین - بال کی کھال - مین میکھ - نکتہ چینی - بے فائدہ باتیں بنانا -
ہندی کی چندی کرنا (ہ) خوب سمجھانا - آسان کو بہت ہی آسان کرنا - چھان بین کرنا - کھود کھود کر پوچھنا - بے فائدہ باتیں بنانا -
ہندی کی چندی نکالنا (ہ) معنی کے معنی پوچھنا - بال کی کھال نکالنا - حجت کرنا - مین میکھ نکالنا - نکتہ چینی کرنا -
ہندی نژاد (ف/صف) وہ جو ہند کا اصل باشندہ ہو -
ہنڈا (ہ/مذ) بڑی ہانڈی - مٹی کا بہت بڑا برتن - مٹکا - خم - ایک قسم کی گھاس جو پانی کے کنارے ہوتی ہے - ہانڈنے والا - پھرنے والا -
ہنڈا بھاڑا (ہ/مذ) واپسی کا کرایہ - کرایہ کا فیصلہ - مال لے جانے کا معاہدہ -
ہنڈا پھوڑنا (ار/محاورہ) راز فاش کرنا -
ہنڈا کرنا (ہ) کونڈا کرنا - کسی دیوتا پر مٹھائیوں کے ہنڈے چڑھانا - کسی جاترا سے واپس آ کر ضیافت وغیرہ کھلانا -
ہُنڈار (ہ/مذ) بھیڑیا - گرگ -
ہنڈانا (ہ) شہر بدر کرنا - جلا وطن کرنا - کھیدنا - تاڑنا - نکالنا - پھرانا - حیران کرنا - تشہیر کرنا - گدھے پہ چڑھا کر شہر میں پھرانا - (پنجاب) استعمال میں لانا - برتنا -
ہنڈاون (ہ/مث) ہنڈی کا محصول - ہنڈی کا بٹا - ہنڈی کرائی - ہنڈی بھیجنے کا کمیشن -
ہنڈکلیا - یا - کلھیا (ہ/مث) بچوں کا کھانا پکانے کا کھیل -
ہنڈول (ہ/مذ) ہندی راگوں میں سے پانچواں راگ -
ہنڈولا (ہ/مذ) پنگوڑا - جھولنا - گہوارہ - پالنا - مہد - برسات کا گیت جو جھولے پہ گایا جاتا ہے -
ہنڈولا جھولنا (ہ) جھولا جھولنا - ہنڈولے پہ جھولنا -
ہنڈوی / ہنڈی (ہ/مث) چک - کاغذ زر - روپیہ کا رقعہ - وہ رقعہ جو ساہوکار لوگ ایک جگہ سے دوسری جگہ پہ روپیہ دینے کے واسطے دیا کرتے ہیں -
ہنڈی پٹنا (ہ) ہنڈی کا روپیہ وصول ہونا -
ہنڈی درشنی (ہ/مث) وہ ہنڈی جس کی رقم دیکھتے ہی ادا کر دی جائے -

ہُنڈی سکارنا (ا، محاورہ) ہُنڈی کا روپیہ ادا کرنا۔
ہُنڈی سیاہ جوگ (ہ/مث) وہ ہُنڈی جس کا روپیہ کچھ دیر بعد ملے۔
ہُنڈی کھڑی رکھنا (ا، محاورہ) ہُنڈی کو کسی وجہ سے ملتوی رکھنا۔
ہُنڈی کرنا (ہ) ساہوکار کے ذریعہ ایک جگہ سے دُوسری جگہ روپیہ پہنچانا۔ منی آرڈر کرنا۔
ہُنڈیا (ہ) ہانڈی کی تصغیر۔ مٹی کی دیگچی۔ ترکاری۔ لاون۔ سالن۔
ہُنڈیا پکانا (ہ) سالن پکانا۔ ترکاری پکانا۔ چرچا کرنا۔ کھچڑی پکانا۔ منصوبے باندھنا۔ سازش کرنا۔
ہُنڈیا پکنا (ہ) سازش ہونا۔ کھچڑی پکنا۔ چرچا ہونا۔ سالن پکنا۔ ترکاری پکنا۔
ہُنڈیا چڑھنا (ہ) ہانڈی کا پکنے کے لیے چولہے پر رکھا جانا۔ مُفت کا کھانا پکنا۔ رشوت ہاتھ آنا۔ مُفت کا مال رل جانا۔
ہُنڈیا ڈوئی } (ہ/مث) کھانا پکانے کا سامان۔ باورچی خانہ کے
ہُنڈیا ڈلیا } برتن۔ گھر کا اسباب۔ اثاثہ۔ اٹالا۔
ہُنڈیا بٹنا (ہ) بکثرت روپیہ تقسیم ہونا۔
ہُنر (ف/مذ) گُن۔ فن۔ کاریگری۔ کام۔ حرفت۔ کمال۔ جوہر۔ وہ کاریگری جو ہاتھ سے ہو۔ کرتب۔ وصف۔ خُوبی۔ دانائی۔ حکمت۔ سلیقہ۔ انداز۔
ہُنرمند } (ف) باہُنر۔ دستکار۔ صاحبِ کمال۔ کاریگر۔
ہُنرور } صنّاع۔ گُنی۔
ہُنرمندی (ف/مث) سلیقہ۔ اُستادی۔ جوہر۔ لیاقت۔ قابلیت۔ حکمت۔ کاریگری۔ دانائی۔ خُوبی۔ وصف۔ کمال۔ گُن۔
ہُنس (ہ/مذ) ایک قسم کی بطخ جسے راج ہنس بھی کہتے ہیں۔ گلے کے گرداگرد کی ہڈی۔ ہنسلی۔ مجازاً رُوح۔ آتما۔ جان۔
ہُنسا (ہ/مذ) ایک قسم کی بطخ۔ قاز۔
ہِنسا (ہ/مث) قتل۔ ذبح۔ خُون۔ خونریزی۔ کُشت و خُون۔ پاپ۔ گُناہ۔ جُرم۔ قصُور۔
ہنسانا (ہ) ہنسی دلانا۔ خندہ دلانا۔ خوش کرنا۔ محظوظ کرنا۔
ہنسائی (ہ/مث) ٹھٹھا۔ ہنسی۔ تضحیک۔ مخول۔ خفارتی مزاح۔
ہنستا پھولبتی کلی (ہ/محاورہ) ہردم مسکرانے اور ہنسنے والا۔ نازک اور خوش مزاج آدمی وہ شخص جسے ذرا بھی خلافِ طبع بات ناگوار گزرے۔
ہنستا چُغل (ہ/مذ) دوستی کے پردے میں دشمنی کرنے والا۔
ہنستی پیشانی (ا) ہنس مکھ۔ خندہ پیشانی۔
ہنستے ٹھاکر کھانستے چور۔ ان دونوں کا آیا اور (ہ/مثل) حاکم کی مذاقیہ ہنسی اور چور کی کھانسی ہمیشہ خرابی کا باعث ہوتی ہے۔
ہنستے ہنستے (ہ) مذاق میں۔ ہنسی ہنسی میں۔ ہنسنے کی حالت میں۔

ہنستے ہنستے پیٹ میں بل پڑ جانا (ہ) اس قدر ہنسنا کہ پیٹ دُکھنے لگے۔ ہنسی کے مارے لوٹ پوٹ جانا۔
ہنستے ہی گھر بستے ہیں (ہ/محاورہ) ہنسی میں کام بن جاتے ہیں۔ باتوں باتوں میں مطلب نکل آیا کرتا ہے۔ ہنستے ہی ہنستے مُراد مل جاتی ہے۔
ہنس خلق (ا) خوش خلق۔ ہنس مکھ۔ ملنسار۔
ہنسراج (ہ/مث) ایک قسم کی گھاس جو پانی کے کنارے یا برفانی پہاڑوں پر بکثرت ہوتی ہے۔ ایک قسم کی بطخ۔ قاز۔
ہنسلی (ہ/مث) ایک قسم کا گلے میں پہننے کا زیور۔ نیز وہ ہڈی جو گردن کے نیچے اور سینہ کے اُوپر ہوتی ہے۔
ہنسلی اُتر جانا (ہ) دُودھ پیتے بچے کے گلے کی ہڈی کا اپنی جگہ سے سرک کر نیچے ہو جانا۔
ہنس مکھ (ہ) خوش طبع۔ خندہ پیشانی۔ خوش مزاج۔ کُشادہ پیشانی۔ شگفتہ رُو۔
ہنسنا (ہ) کھلنا۔ کھلکھلانا۔ خندہ کرنا۔ انند ہونا۔ پرسند ہونا۔ مگن ہونا۔ خوش ہونا۔ بشاش ہونا۔ مذاق کرنا۔ دل لگی کرنا۔ چھیڑ خانی کرنا۔ تضحیک کرنا۔ فضیحت کرنا۔ ہنسی اُڑانا۔ زخم کھلنا۔ زخم پھٹ جانا۔ مزاح و مذاق کرنا۔ ٹھٹھے اُڑانا۔
ہنسنا بولنا (ہ) ٹھٹھے مذاق کرنا۔ ظرافت اور دل لگی کرنا (مذکر) مذاق۔ دل لگی۔ مزاح۔
ہنسوا (ہ/مذ) درانتی۔ کھیت کاٹنے کا اوزار۔ ہنسیا۔ داتی۔
ہنسوڑ (ہ/مذ) ہنسی باز۔ مسخرہ۔ ظریف۔ خوش طبع۔ خوش مزاج۔
ہنس ہنس کے کھائیے پھوہڑ کا مال (ا) بے وقوف کا مال اُسے مسخرہ بنا کر کھانا چاہیے۔
ہنسی (ہ/مث) ٹھٹھا۔ خندہ۔ قہقہہ۔ ظرافت۔ تمسخر۔ دل لگی۔ ٹھٹھے۔ مزاح۔ مذاق۔ رُسوائی۔ فضیحتی۔ استہزا۔ کھیل۔ نہایت آسان کام۔
ہنسی آنا (ا، محاورہ) خنداں ہونا۔
ہنسی اُڑانا (ہ) احمق بنانا۔ تمسخر کرنا۔ مسخرہ بنانا۔ ٹھٹھا اُڑانا۔ رُسوا کرنا۔ ذلیل کرنا۔ تضحیک کرنا۔
ہنسی ٹھٹھا (ہ/مذ) دل لگی۔ ٹھٹھے۔ مذاق۔ ہنسی۔ مزاح۔ کھیل تماشا۔ آسان بات۔ ذرا سی بات۔ سہل کام۔ سرسری بات۔
ہنسی خوشی (ا) خوشی سے۔ خوش ہو کر۔ خوشی کے ساتھ۔ برضا و رغبت۔ تندرست۔ بخیر و عافیت۔ خیریت کے ساتھ۔
ہنسی خوشی کا سودا (ا/مذ) رضامندی کا معاملہ۔
ہنسی سے کہنا (ا، محاورہ) مزاح سے کوئی بات کہنا۔
ہنسی سے لوٹنا (ا، محاورہ) ہنسی سے بے تاب ہو کر غلطاں ہونا۔ بے حد ہنسنا۔

ہنسی کرنا (ہ) دل لگی کرنا - مذاق کرنا - بدنامی کرنا - رُسوائی کرنا - تضحیک کرنا -
ہنسی کھیل (ہ/مذ) ہنسی - ٹھٹھا - آسان کام - ذراسی بات -
ہنسی میں (ہ) ٹھٹھے میں - مذاق میں - ظرافت میں - مذاقاً - تمسخراً -
ہنسی میں اُڑا دینا (ہ) بات پر توجہ نہ دینا - خاطر میں نہ لانا - سماعت نہ کرنا - کسی بات کو مذاق میں ٹال دینا -
ہنسی میں کھنسی ہو جانا (ہ) ہنسی ہنسی میں بگاڑ ہو جانا - دل لگی میں رنج ہو جانا -
ہنسی میں لے جانا (ہ) کسی بات کو کھیل سمجھنا - کسی امر کو مذاق سمجھ لینا - ہنسی میں ہڑپ کر لینا -
ہنسی ہنسی میں (ہ) دل لگی میں - مذاق میں - مزاحاً - ظرافتاً - بطریق مزاح - بے رُخی - بلا وجہ - بلا سبب - باتوں باتوں میں -
ہنسی ہونا (ہ) مذاق ہونا - کھیل ہونا - دل لگی ہونا - کھلی اڑانا - تضحیک ہونا -
ہُنکار (ہ/مث) ہاں کی آواز - ہوں - ہاں - کلمہ اقرار و اقبال - حمایت - پشتی مدد -
ہُنکارا (ہ/مذ) ہوں - ہاں - ہُنکار - قصہ کہانی سُننے وقت جوابی آواز - ہاں کرنے کی آواز - اقرار - اقبال -
ہُنکارا بھرنا (ہ) ہامی بھرنا - ہاں کرنا - ہوں کی آواز نکالنا - بات سُننے وقت قصہ کہنے والے کی تسلی کے لیے ہنکار کی آواز نکالنا -
ہُنکارنا (ہ) ہُنکارا بھرنا - ہوں کرنا - اشارہ کرنا - بہکانا -
ہَنگ (ہ/مث) سنگینی - تمکنت - وقار - بھاری بھرکم پن - ارادہ - قصد - آہنگ - زیرک - عاقل - دانا - خردمند - زور - قوت - بل - طاقت - قدرت - دانائی - ہوشیاری - سپاہ - فوج - عساکر -
ہنگری - آزاد ریاست ہے - گندم بہت ہوتا ہے - بوڈا پسٹ دارالحکومت ہے -
ہنگام (ف/مذ) وقت - بیلا - ویلا - زمانہ - موقع - رُت - موسم - فصل - گڑبڑ - بھیڑ - انبوہ - معرکہ - ہجوم -
ہنگامہ (ف/مذ) انبوہ - ٹھٹ - بھیڑ - ہجوم - مجمع - میدان - بازی گروں اور قصہ خوانوں کا معرکہ - دنگا - فساد - بلوہ - شورش - ہُلڑ - واویلا - شور و غُل - چیخم دھاڑ - ریل پیل - زور شور -
ہنگامہ آرا - ہنگامہ آور - ہنگامہ پرداز (ف) فتنہ برپا کرنے والا - صفت آرا -
ہنگامہ برپا کرنا (ار/محاورہ) فساد برپا کرنا - جھگڑا کھڑا کرنا -
ہنگامہ برپا ہونا (ہ) جھگڑا کھڑا ہونا - شور و شر مچنا - فتنہ و فساد ہونا - دنگا ہونا -
ہنگامہ پرداز (ف/صف) ہنگامہ برپا کرنے والا - فسادی -
ہنگامہ پردازی (ف/مث) بلوہ - دنگا ہونا - فساد - لڑائی - جھگڑا - شورش -
ہنگامہ کرنا (ار/محاورہ) فتنہ و فساد اٹھانا - شور و غوغا کرنا -
ہنگامہ گرم رہنا (ار/محاورہ) فتنہ و فساد، شور و غوغا ہوتا رہنا -
ہنگامہ گرم ہونا (ار) اُودھم مچنا - کھلبلی پڑنا - افراتفری ہونا - خوب شور و شر ہونا - حادثوں کا کثرت سے واقع ہونا -
ہنگامۂ محشر - یا - قیامت (ع/مذ) قیامت کے روز کا ہجوم اور شور و شغب - قیامت کا غل غپاڑہ -
ہنگامہ ہونا (ہ) جھگڑا ہونا - فساد ہونا - بکھیڑا ہونا - اُودھم مچنا - زور شور ہونا -
ہُنود (ع/مذ) ہندو کی جمع - ہندوستان کی قدیم اقوام - ہندوستانی لوگ جو بُت پرستی کو جائز سمجھتے ہیں -
ہَنُوز (ف) ابھی تک - اب تک - ابھی - اب لگ -
ہنوز دلّی دُور ہے (ہ/مثل) ابھی منزل بہت دُور ہے - ابھی بہت کام باقی ہے - ابھی اس کام کے ہونے میں بہت عرصہ باقی ہے -
ہنومان (س/مذ) ہنو بمعنی نیست و نابود اور مان بمعنی والا - یعنی نیست و نابود کرنے والا - بندروں کے ایک سردار کا نام ہے جو راجہ رام چندر جی کا مددگار ہو کر راون سے لڑا تھا - مہابیر - ہنومنت - بندر - میمون - بوزنہ -
ہنوئی - ہند چینی کا دارالحکومت جسے ٹانکین بھی کہتے ہیں - چاول اور ساگوان کی لکڑی بہت ہوتی ہے -
ہنہنانا (ہ) گھوڑے کا بولنا -
ہنہناہٹ (ہ/مث) گھوڑے کی آواز -

ہ - و

ہوانگ ہو - شمالی چین کا دریا تیز رفتار ہے - اپنے کنارے بدلتا رہتا ہے - اس لیے اسے آفتِ چین بھی کہتے ہیں - ایک مرتبہ اس کی طغیانی سے ایک لاکھ آدمی تباہ ہوئے تھے - یہ دریا بحیرہ زرد میں گرتا ہے -
ہوبرٹ - تسمانیا کا دارالحکومت اور بندرگاہ - یہاں سے پھل - لوہا - قلعی - سونا اور چاندی باہر جاتی ہے -
ہو (ہ/مث) بلانے کی آواز -
ہُو (ہ) گیدڑ کی آواز - ہُو ہُو - بعض جنگلی جانوروں کی آواز بمعنی ہوا - بچوں کو ڈرانے کی آواز - کلمہ حقارت بھی ہے -
ہُو (ع/مذ) وہ - اللہ ہُو کا مخفف - باری تعالیٰ کا اسم ذات - ظرد - ہیجے - خوف - دہشت - آہ - ہائے -
ہُو بہُو (ف/صف) بالکل ٹھیک ٹھیک -
ہُو حق (ع/مث) خدا کی یاد - خدا کا نام لینا - مناجات - تسبیح -

ہُو حق کرنا (ف) اللہ اللہ کرنا۔ شور و غل مچانا۔ مزا اڑانا۔ خدا کا نام لینا۔

ہُو حق ہو جانا (ف) تباہ ہو جانا۔ خاک میں مل جانا۔ برباد ہو جانا۔ فنا ہو جانا۔ مٹ جانا۔ ناپید ہو جانا۔ فنا فی اللہ ہو جانا۔

ہُو کا عالم (ا مذ) عالم لاہوت۔ اُجاڑ۔ ویرانہ۔ سنسان۔ عالم تنہائی۔ عالم وحشت۔

ہُو کا مقام۔ یا۔ مکان (ا مذ) ایسا مکان جہاں سوائے ذاتِ خدا کے اور کوئی نہ ہو۔ سنسان جگہ۔ خوف ناک جگہ۔ وحشت ناک مقام۔

ہُو کرنا (ا محاورہ) ڈر کر چیخنا۔ چیخ کر بھاگنا۔

ہُو ہو جانا (ا محاورہ) ویرانہ ہو جانا۔ سناٹا چھا جانا۔

ہَوّا (ہ) بچوں کو ڈرانے کی فرضی صورت۔ فرضی جن۔ بھوت پریت۔

ہَوا (ع ا مث) نفسانی خواہش۔ حرص۔ لالچ۔ ہوس۔ مستی۔ شہوت۔ آرزو۔ ارمان۔ اشتیاق۔ تمنا۔ شوق۔ زمین اور آسمان کے درمیان کا کرّہ ہوائی۔ پون۔ باد۔ باؤ۔ بیال۔ بایو۔ گوز۔ پاد۔ ریح شکم۔ عزت۔ ساکھ۔ اعتبار۔ بھرم۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ۔ زمانہ کا رنگ۔ حال۔ حالت۔ کیفیت۔ رنگ۔ ڈھنگ۔ غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ۔ تعلّی۔ رونق۔ جوبن۔ بہار۔ آب و تاب۔ سانس۔ پھونک۔ دم۔ مجازاً روح۔ ہلکی چیز۔ قدرے۔ قلیل۔ تھوڑی سی۔ زمانہ کی موافقت۔ بول بالا۔ دَور دورہ۔ محبت۔ پریم۔ عشق۔ پریت۔ موہ۔ خیر خواہی۔ بھلائی۔ بہتری۔ شہرت۔ افواہ۔ چرچا۔ وبا۔ ہیضہ۔ مری۔ فنا۔ معدوم۔ نیست۔ دھاک۔ رعب۔ ہیبت۔ گانے کی کیفیت۔ موسم۔ رُت۔ موقع۔ وقت۔

ہَوا آنا (ا محاورہ) ہوا کی رسائی ہونا۔

ہَوا اُڑانا (ف) باد مارنا۔ گوز مارنا۔ خاک اڑانا۔ رسوا کرنا۔ بھرم کھولنا۔

ہَوا اُڑ جانا (ف) شہرت پھیل جانا۔ مشہور ہو جانا۔ چرچا ہو جانا۔ بات کھل جانا۔ بھرم جاتا رہنا۔

ہَوا اُڑنا (ف) بھرم کھلنا۔ بات بگڑنا۔ چرچا ہونا۔ خبر مشہور ہونا۔ خبر پھیلنا۔ شہرت ہونا۔

ہوا باز (ف ا صف) ہوائی جہاز چلانے والا۔

ہوا باندھنا (ف) گھمنڈ کرنا۔ اِترانا۔ نمود کرنا۔ غرور کرنا۔ شان و شوکت دکھانا۔ بھرم باندھنا۔ بھرم بنانا۔ ٹیپ ٹاپ دکھانا۔ جھوٹی بات بنانا۔ جھوٹا دعویٰ کرنا۔ اعتبار بڑھانا۔ شہرت دینا۔ سما باندھنا۔ رعب جمانا۔ ہوا روکنا۔ نام پانا۔

ہوا بتانا۔ یا۔ بتلانا (ف) ٹالنا۔ دھتا بتانا۔ ٹال دینا۔ رخصت کرنا۔ بہانے سے چلتا کرنا۔

ہوا بدلنا (ف) ہوا میں انقلاب ہونا۔ اور ہوا چلنا۔ زمانہ کا رخ بدلنا۔ ہوا مخالف ہونا۔ حالت بدلنا۔ زمانہ پلٹنا۔ کچھ کا کچھ ہو جانا۔ آب و ہوا کے بدلنے کے لیے ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔ رُت پھرنا۔ موسم پلٹنا۔ زمانہ کا موافق ہونا۔ اقبال یاور ہونا۔

ہوا بگڑنا۔ یا۔ بگڑ جانا (ف) ہوا کا زہریلا ہو جانا۔ ہوا میں خرابی آ جانا۔ اعتبار اٹھ جانا۔ ساکھ نہ رہنا۔ زمانہ کا برخلاف ہو جانا۔ زمانہ کا ناموافق ہو جانا۔

ہوا بندھ جانا (ف) نام ہو جانا۔ دھاک بندھ جانا۔ شہرت ہو جانا۔ رعب جم جانا۔ شہرہ ہو جانا۔ ناموری اور اعتبار ہو جانا۔

ہوا بندھنا (ف) ہوا رکنا۔ ہوا بند ہونا۔ شہرت ہونا۔ دھاک بندھ جانا۔ ساکھ ہونا۔ رعب ہونا۔ سماں بندھنا۔

ہوا بھر جانا (ف) ہوا سے پھول جانا۔ کسی چیز میں ہوا کا سما جانا۔ اِترا جانا۔ مغرور ہو جانا۔ موٹا ہو جانا۔ پھپھس ہو جانا۔ دیوانہ ہو جانا۔ پاگل ہو جانا۔ سودائی ہو جانا۔

ہوا بندی کرنا (ف) بے بنیاد بات اڑانا۔ خیالی پلاؤ پکانا۔ بہتان باندھنا۔ تہمت دھرنا۔

ہوا بھرنا (ا محاورہ) جوف دار چیز میں منہ یا دھونکنی سے ہوا بھرنا تاکہ وہ پھول جائے۔

ہوا بھی نہ دینا (ف) خبر تک نہ دینا۔ بالکل پتہ نہ دینا۔ ذرا بھی نہ دکھانا۔

ہوا پر اُڑنا } (ف) اِترانا۔ مغرور ہونا۔
ہوا پر چڑھنا } تکبر کرنا۔ فخر کرنا۔

ہوا پر دماغ ہونا (ا محاورہ) متکبر ہونا۔ مغرور ہونا۔

ہوا پر دوڑنا (ا محاورہ) کسی معلق شے کا ہوا میں جلد جلد جانا۔

ہوا پرست (ف ا صف) بے ہودہ۔ ظاہر پرست۔ عیاش۔

ہوا پر سوار ہونا (ف) جانے میں جلدی کرنا۔ جلد باز ہونا۔ جلدی جانے کو تیار ہونا۔

ہوا پر ہونا (ف) اِترانا۔ فخر کرنا۔ تیزی پر ہونا۔ تندی پہ ہونا۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ ہونا۔

ہوا پلٹ جانا (ف) موسم بدل جانا۔ زمانہ کا رنگ بدل جانا۔ قسمت کا برگشتہ ہو جانا۔

ہوا پھانک کر رہنا (ف) بِن کھائے رہنا۔ بھوکا رہنا۔ ہوا کے سہارے پر رہنا۔ کچھ نہ کھا کر رہنا۔

ہوا پھانکنا (ف) بے ہودہ بکنا۔ بکواس کرنا۔ تھوک بلونا۔

ہوا پھر جانا (ف) ہوا کا رخ بدل جانا۔ ہوا پلٹ جانا۔ زمانہ کا ڈھنگ پلٹ جانا۔ بھلے دن آنا۔ اقبال کا یاور ہونا۔ زمانہ کا مخالف یا موافق ہو جانا۔

ہوا پھرنا (ف) نصیب جاگنا۔ رتی چمکنا۔ زمانہ کا موافق ہونا۔ زمانہ کا رنگ بدلنا۔ زمانہ کا برسرِ عداوت ہونا۔ زمانہ پلٹنا۔

ہوا چلنا (ف) ہوا لہرانا۔ ہوا کا رواں ہونا۔ دستور ہونا۔ رواج پانا۔ رواج ہونا۔

ہَوا خواہ (ف امذ) بھلائی چاہنے والا ۔ خیر خواہ ۔ دوست ۔ خیر اندیش ۔ طرف دار ۔ مُحِب ۔ بہی خواہ ۔

ہَوا خواہی (ف امث) خیر اندیشی ۔ خیر خواہی ۔ وفاداری ۔ دوستی ۔ محبت ۔ عشق ۔ اُلفت ۔

ہوادار (ف) چاہنے والا ۔ طالب ۔ عاشق ۔ خواہش مند ۔ ہوا خواہ ۔ کھلا ہوا ۔ ایسا مکان جس میں خوب ہوا آئے ۔ دل کشا ۔ نام جھام ۔ تخت رواں ۔ ایک قسم کی سواری جسے کہار اٹھایا کرتے ہیں ۔ جھپان ۔

ہوادار آبی (ف امذ) خاص قسم کی شاہانہ کشتی جو سیر دریا کے لیے ہوتی ہے ۔

ہواداری (ف امث) خیر خواہی ۔ دوستداری ۔ خواہش مندی ۔

ہوا دینا (ف) ہوا میں رکھنا ۔ کسی چیز کو ہوا میں سکھانا ۔ آگ سلگانا ۔ آگ جھپکنا ۔ دھونکنا ۔ بھڑکانا ۔ برافروختہ کرنا ۔ اُکسانا ۔ فساد کرانا ۔ کبوتروں کو اُڑانا ۔ اُڑان دینا ۔

ہوازدگی (ف امث) زکام ۔ ریزش ۔ سردی ۔ نزلہ ۔ ناک سے پانی گرنا بوجہ زکام و سردی وغیرہ ۔

ہَواسا (ف) ذرا سا ۔ خفیف سا ۔ نازک بھاؤ ۔ ہلکا ۔ نہایت سُبک لطیف ۔

ہَوا سے باتیں کرنا (ف) نہایت پھرتیلا ہونا ۔ نہایت جلد باز ہونا ۔ نہایت عیار اور چالاک ہونا ۔ گھوڑے کا نہایت تیز رفتار ہونا ۔

ہوا سے بچنا (ف) پرچھائیں سے بھاگنا ۔ نہایت نفرت کرنا ۔ دُور رہنا ۔

ہوا سے بچ کر چلنا (ف) پاس تک نہ پھٹکنا ۔ دُور رہنا ۔ گریز کرنا ۔ کسی سے دُور بھاگنا ۔

ہوا سے پرہیز (ف امذ) کسی سے کمال نفرت اور بیزاری کا اظہار کرنا ۔

ہوا سے لڑنا (ف) نہایت لڑاکا عورت کی نسبت بولتے ہیں ۔ خواہ مخواہ لڑنا ۔ کمال جنگجو ہونا ۔ سخت بدمزاج اور تُند خُو ہونا ۔ بے فائدہ لڑنا ۔ ناحق لڑنا ۔ ایسی چیز سے لڑنا جس پر غالب آنا ناممکن ہو ۔

ہوا فر فر چلنا (ف امحاورہ) ہوا کا تیزی سے چلنا ۔

ہوا کا تھپیڑ (ف امذ) ہوا کا طمانچہ ۔ ہوا کا زور سے جھونکا ۔ ہوا کا جھکڑ ۔

ہوا کا تیز ہونا (ف امحاورہ) ہوا کا سخت ناگوار ہونا ۔

ہوا کا جھونکا (ف امذ) ہوا کی زور سے جُنبش ۔

ہوا کا رُخ بتانا (ف) ٹالنا ۔ چلتا کرنا ۔ رُخصت کرنا ۔ چمپت کرنا ۔ دھتا بتانا ۔ کسی چیز کو اُٹھا کر پھینک دینا ۔ ہوا میں اُڑانا ۔

ہوا کا رُخ دیکھنا } (ف) زمانہ کے موافق کام کرنا ۔ زمانہ کی رفتار دیکھنا ۔ ہوا کا مزاج معلوم کرنا ۔ ہوا کی کیفیت معلوم کرنا ۔
ہوا کا رنگ دیکھنا }

ہوا کرنا (ف) پنکھا کرنا ۔ پنکھا جھلنا ۔ جھپکنا ۔ دھونکنا ۔ ترک کرنا ۔ تیاگنا ۔ چھوڑنا ۔ چلتا کرنا ۔ رخصت کرنا ۔ چمپت کرنا ۔

ہوا کھانا (ف) ہوا خوری کرنا ۔ سیر کرنا ۔ ٹہلنا ۔ سدھارنا ۔ رخصت ہونا ۔ بسر کرنا ۔ ٹھہرنا ۔ قیام کرنا ۔ زندگی کاٹنا ۔

ہوا کھاؤ ۔ یا ۔ کھائیے ۔ یا ۔ کھا (ف امحاورہ) چلتے بنو ۔ رخصت ہو جاؤ ۔ چلتے پھرتے نظر آؤ ۔

ہوا کے گھوڑے پر سوار ہونا (ف) نہایت تیز رفتار ۔ تُند ۔ چُست و چالاک اور تُند مزاج ہونا ۔ جلد باز ہونا ۔ جلدی مچانا ۔ متکبر ہونا ۔ مغرور ہونا ۔ کسی کی نہ ماننا ۔ تُرنت آنا ۔ فوراً آنا ۔

ہَوا لگنا ۔ یا ۔ لگ جانا (ف) ہوا کا اثر ہونا ۔ ہوا کا جسم سے چھو جانا ۔ ہوا کا محسوس ہونا ۔ ہوا کا بُرا اثر ہونا ۔ ہوا کے اثر سے جسم کا اکڑ جانا ۔ فالج ہو جانا ۔ مغرور ہونا ۔ اِترانا ۔ دماغ چل جانا ۔ مطلق اثر ہونا ۔ کسی کی صحبت کا اثر ہو جانا ۔

ہَوا مشانا (ف) عیش و عشرت کی داد دینا ۔ مزے اُڑانا ۔ مزے لُوٹنا ۔

ہَوا میں آ جانا ۔ یا ۔ آنا (ف) دنیا میں آنا ۔ ہوائے بد کے اثر میں مبتلا ہو جانا ۔ مغرور و متکبر ہو جانا ۔ حریص بن جانا ۔

ہَوا میں پھرنا (ف) ترنگ میں آنا ۔ نہایت غرور و تکبر میں آنا ۔

ہَوا میں گرہ لگانا ۔ یا ۔ دینا (ف) ناممکن اور دشوار کام کرنا ۔ محال کام کا ارادہ کرنا ۔

ہَوا نکلنا (ف) اثر کی تمام ہونا ۔ غرور ڈھینا ۔ دم نکلنا ۔ سانس نکلنا ۔ پھونک نکلنا ۔ پاد نکلنا ۔ گوز سر ہونا ۔

ہَوا نہ آنا ۔ یا ۔ ہوا تک نہ آنا (ف) بالکل خبر تک نہ ہونا ۔ مطلق خبر تک نہ آنا ۔

ہوا نہ رہنا (ف) پہلی سی آبرو نہ رہنا ۔ رونق نہ رہنا ۔ جوبن نہ رہنا ۔ دماغ نہ رہنا ۔

ہَوا و ہَوَس (ع امث) حرص اور لالچ ۔ عیاشی ۔ شہوت پرستی ۔ عیش و نشاط ۔

ہوا ہو جانا (ف) ہوا کی طرح تیز ہو جانا ۔ ہوا کی سی حالت ہو جانا ۔ فنا ہو جانا ۔ رُخصت ہو جانا ۔ چمپت ہو جانا ۔ رفو چکر ہو جانا ۔ بہت جلد چلا جانا ۔ دھار کا نہایت تیز ہو جانا ۔ جیسے اُسترا ابتو اب ہوا ہو گیا ۔ اُجاڑ ہو جانا ۔ گر جانا ۔

ہَوا ہونا (ف) ہوا کی مانند تیز رفتار ہونا ۔ تیزی میں ہوا سے باتیں کرنا ۔ ہوا کی سی حالت ہونا ۔ فنا ہونا ۔ نیست و نابود ہونا ۔ چمپت بننا ۔ کافور ہونا ۔ رفو چکر ہونا ۔

ہُوا چاہتا ہے (ف امحاورہ) عنقریب ہونے والا ۔ بہت جلد ہو جائے گا ۔ ہونے والا ہے ۔ عنقریب ہوگا ۔ ہونے میں کچھ شبہ نہیں ۔

ہُوا سو ہُوا (ف امحاورہ) جانے دو ۔ خیال کرو ۔ گزشت آنچہ گزشت ۔ جو ہو گیا سو ہو گیا ۔

ہُوا کریں (ف امحاورہ) کچھ پروا نہیں ۔ بلا سے ہمیں کیا ۔

ہواؤ (ہ/مذ) ہمت - دلیری - ہیاؤ - حوصلہ - چھاتی - سُورماپن - بہادری - مردانگی - دلیری۔

ہوائی (ف) منسوب بہ ہوا - آسمانی - بادی - ریحی - افواہ اُڑی ہوئی بات - لغویات - بے ہودہ بات - ایک قسم کی آتشبازی - آوارہ - واہی - واہیات - تیز رفتار - چالاک و تیز رَو - باریک کترا ہوا پستہ وغیرہ جو قلاقند وغیرہ پر چھڑک دیتے ہیں۔

ہوائی آنکھ (ا/مث) وہ آنکھ جو ایک جگہ نہ ٹکے۔

ہوائی اُڑنا (ا/محاورہ) افواہ ہونا - جھوٹی خبر مشہور ہونا - چہرے کا رنگ متغیر ہونا۔

ہوائی تیر (ا/مذ) وہ تیر جو ہوا کے رُخ چلایا جائے - آسمانی تیر - ایک قسم کی آتشبازی جو آسمان کے رُخ چلائی جائے۔

ہوائی خبر (ا/مث) بے سروپا بات - افواہ - بازاری گپ - گپ۔

ہوائی چھوٹنا - یا - چھٹنا (ا) تیر ہوائی چلنا - رنگ اُڑنا - بے حواس ہونا - رنگ فق ہونا۔

ہوائی چھوڑنا (ا/محاورہ) آتشبازی چلانا - جھوٹی خبر مشہور کرنا - گپ مارنا۔

ہوائی خبر (ا/مث) بازاری گپ - افواہ - بے سروپا بات۔

ہوائی دیدہ (ا) بے مروّت - شوخ چشم - ہرجائی - ایک جگہ نہ ٹھہرنے والی آنکھ - ایک جگہ آرام و قرار نہ پکڑنے والی طبیعت۔

ہوائی ہونا (ا/محاورہ) رنگ اُڑ جانا۔

ہوائیاں (ا/مث) ہوائی کی جمع - تختے - آسمانی تیر۔

ہوائیاں مُنہ پر اُڑتی ہیں (ا/محاورہ) چہرہ زرد ہوگیا ہے۔

ہوائیاں اُڑنا - یا - چھوٹنا (ا) چہرے کا رنگ متغیر ہونا - مُنہ سفید پڑ جانا - مُنہ فق ہوجانا - خوف و ہراس چھا جانا - رنگ زرد ہو جانا اور لب خشک ہوجانا - آتشبازی چلنا۔

ہوبہو (ف) بعینہٖ - مِن و عَن - جُوں کا تُوں - ہم شکل - ہم صُورت - ایسا مشابہ کہ جس میں بال بھر بھی فرق نہ ہو۔

ہو بیٹھنا (ا) ہوجانا - بن جانا (عورتیں) حائض ہوجانا - کپڑوں سے ہوجانا - سرپلید ہوجانا۔

ہوت (ہ/مث) مقدور - پونجی - دولت - سرمایہ - پشتکی - فراغبالی - ثروت - حیثیت - کلمہ ندا - پکارنے کا کلمہ - وسیلہ - ذریعہ - برتا - قابلیت - لیاقت۔

ہوت جوت والا (ہ/مذ) امیر کبیر - صاحبِ ثروت - صاحبِ مقدور۔

ہوت کا باپ اَن ہوت کی ماں (ہ/مثل) باپ روپے کا ساتھی - اور ماں مُفلسی کی۔

ہوت کو جوت ہے / ہوت کی جوت ہے (ہ/مثل) ساری رونق اور چہل پہل روپے کی ہے۔

ہوت والا (ہ/مذ) تونگر - دولت مند - امیر - صاحبِ مقدور۔

ہوتا (س/مذ) ہوم کرنے والا - ہوتری - رشتہ دار - قرابت دار - ہونے والا - ہوگیا ہوا (مذکر اُردو) دولت - ثروت - مقدور۔

حیثیت۔

ہوتا سوتا (ہ/مذ) ہوا جیتا - عزیز و اقارب - خویش و اقربا - خویش و بیگانہ - حمایتی - رشتہ ناطہ کا - زندہ و مُردہ۔

ہوتے (ہ) ہوتے ہوئے - زندگی میں - موجودگی میں - سامنے - جیتے - (مذکر) ہوتا کی جمع - رشتہ دار - خویش و اقارب۔

ہوتے ساتے (ہ) ہوتے ہوئے - موجودگی میں - بحالتِ موجودگی - موجود ہونے پر۔

ہوتے سوتے (ہ) ہوتا سوتا کی جمع - خویشاوند۔

ہوتے ہوتے (ہ) آہستہ آہستہ - سج سج - رفتہ رفتہ۔

ہوتے ہوئے (ا/متعلق فعل) موجودگی میں۔

ہوتے ہی نہ مُوا جو کفن تھوڑا لگتا (ا/مثل) سخت قابلِ نفرت آدمی کی نسبت بولتے ہیں - یعنی یہ شخص پیدا ہوتے ہی کیوں نہ مر گیا تاکہ کفن زیادہ نہ دینا پڑتا۔

ہوتے ہی ہوگا (ہ/محاورہ) رفتہ رفتہ ہوگا - بتدریج ہوگا - آہستہ آہستہ ہوگا۔

ہوتی آئی ہے (ہ) قدیمی دستور ہے - پرانی رسم ہے - ہمیشہ سے اسی طرح سے دستور چلا آتا ہے۔

ہوٹ (ہ/مث) ایک قسم کی چھوٹی سی کھلے منہ کی توپ۔

ہوٹل (انگریزی/مذ) مسافرخانہ - وہ جگہ جہاں کھانے اور رہائش کا انتظام ہو۔

ہوٹنگ (انگ/مذ) شور و غل - کسی تقریر وغیرہ پر ناپسندیدگی کے لیے شور۔

ہوجانا (ہ) کام بن جانا - کام پُورا ہوجانا - آکر چلا جانا - مل کر چلا جانا - رل جانا - کھٹاپٹی ہوجانا - لڑائی ہوجانا - بن جانا - لائق ہوجانا - قابل ہوجانا - کوئی کام جان جانا - نکل آنا - طلوع ہوجانا - جیسے آج چاند ہوگیا - ختم ہوجانا - انزال ہوجانا - جھڑ جانا - گزر جانا - بیت جانا - آسیب کا خلل ہو جانا - بھوت پریت کا اثر ہوجانا - زمہ ہوجانا - چڑھ جانا - جمع ہوجانا - اکٹھے ہوجانا - جت جانا - اُٹھ جانا - فرج ہوجانا۔

ہوجیو (ا/کلمہ دُعا) خُدا کرے کہ ہوجائے۔

ہوچُکا (ہ) طنزاً - یعنی نہیں ہونے کا - ہرگز نہیں ہوگا - صبر کرو - جانے دو - تمام ہوگیا - ختم ہوگیا - نمٹ گیا - نمودار ہوگیا - گزر گیا - مرلیا - مرگیا۔

ہوچُکنا (ہ) تمام ہوجانا - پُورا ہولینا - ختم ہوجانا - صرف ہوجانا - خرچ ہوجانا - مرجانا - دم نکل جانا - ہوجانا - بن جانا - ظاہر ہوجانا - برگشتہ ہوجانا - نمودار ہوجانا - نہونا - جاتا رہنا - پہنچ جانا - کنارے پہنچ جانا - لگ بھگ ہوجانا۔

ہودج (ع/مذ) عماری - ہودہ - اُونٹ کا وہ کجاوہ جس میں عورتیں سوار ہوتی ہیں - محمل۔

ہُودہ (ف) ٹھیک - بجا - واقعی - بجا - دُرست - بیہودہ اسی سے بنا ہے۔

ہُودہ (ا/مذ) ہوضہ کا بگاڑ۔ اوپر سے کھلی ہوئی ایک قسم کی عماری۔ چھوٹا ساحوض۔ چہ بچہ۔ ہَودَ سے علاوہ اُوپر کی طرف کانسبر کا احاطہ۔

ہورہنا (ہ) کہیں رہ پڑنا۔ گھر بنالینا۔ کسی کا ہو جانا۔ طرف دار ہو جانا۔ ساتھی بن جانا۔ کسی کام کا رفتہ رفتہ ہو جانا۔ کچھ حاصل کرلینا۔ کسی قابل ہو جانا۔ جیسے کیے جاؤ کچھ تو ہو ہی رہو گے۔

ہوری (ہ/مث) ہولی۔ ہندوؤں کے ایک مشہور تیوہار کا نام جو پھاگن میں منایا جاتا ہے۔ عشقیہ گیت جو ہولی کے موسم میں گائے جاتے ہیں۔

ہوڑ (ہ/مث) بازی۔ شرط۔ برابر۔ رقابت۔ مقابلہ۔ بحث۔ تکرار۔ ضد۔ بچن۔ قول۔ عہد۔ داؤ۔ پیچ۔ گھات۔

ہوڑ باندھنا۔ بدنا۔ لگانا (ہ) بازی بدنا۔ شرط لگانا۔ دعویٰ کرنا۔ ہاتھ لگانا۔

ہوڑا ہوڑی (ہ/مث) بحثا بحثی۔ ضدی۔ حجت۔ مقابلہ۔ برابری۔ سامنا۔

ہَوَس (ع/مث) آرزو۔ تمنا۔ خواہش۔ شوق۔ اشتیاق۔ مالیخولیا۔ خبط (فارسی میں) اُدھورا۔ اور جھوٹا عشق۔ ناقص محبت (اردو میں) لالچ۔ حرص۔ شہوت نفسانی۔ خواہش۔ حوصلہ۔ ہر چیز کو جی چاہنا۔ ہر چیز کی رغبت ہونا۔

ہَوَس آنا (ل) حرص آنا۔ خواہش ہونا۔ شوق ہونا۔ لالچ آنا۔ جی چاہنا۔

ہَوَس بجھنا (ل) جل مٹنا۔ ارمان نکلنا۔ چاہ نکلنا۔ خواہش رفع ہونا۔ دل کی خواہش پوری ہونا۔

ہَوَس پرور (ف/صف) بڑا حریص۔ لالچی۔

ہوس پکانا (ل) خیالی پلاؤ پکانا۔ دل ہی دل میں خواہش کرنا۔

ہَوَس کیش (ف/صف) وہ شخص جس کا دین ایمان لالچ اور حرص ہو۔

ہَوَس کیشی (ف/مث) ہوس پرستی۔

ہَوَس ناک (ف/صف) لالچی۔ پُر شہوت۔

ہَوَس نکالنا (ل) ارمان نکالنا۔ چاؤ نکالنا۔ آرزو پوری کرنا۔

ہوسکنا (ہ) ممکن ہونا۔ مُوقع بننا۔ امکان میں ہونا۔ کرسکنا۔

ہَوَس ناک (ف) لالچی۔ حریص۔ ہَوَس کا بھرا ہوا۔ طالب۔ خواہاں۔

ہوش (ف/مذ) سمجھ۔ تمیز۔ شعور۔ وقوف۔ عقل۔ دانش۔ دانائی۔ خبر۔ واقفیت۔ آگاہی۔ دل۔ جان۔ قلب۔ رُوح۔ حواس۔ حافظہ۔ حِس۔ یاد۔ قوت مدرکہ۔

ہوش آنا (ل/محاورہ) ہوشیار ہونا۔ غفلت دُور ہونا۔ سیانا ہونا۔

ہوش اُڑا دینا (ل) بے اوسان کر دینا۔ گھبرا دینا۔ حواس باختہ کر دینا۔ حیرت میں ڈال دینا۔ بے خود کر دینا۔

ہوش اُڑانا (ل) بے اوسان کرنا۔ گھبرانا۔ عقل کھونا۔

ہوش اُڑ جانا (ل) حواس باختہ ہونا۔ گھبرا جانا۔ عقل ٹھکانے نہ رہنا۔ حیران ہو جانا۔ حیرت میں پڑنا۔

ہوش اُڑنا (ل) گھبرانا۔ حیران ہو جانا۔ عقل ٹھکانے نہ رہنا۔ کچھ خبر نہ رہنا۔ حواس باختہ ہونا۔

ہوش کی خبر لو۔ ⎫ (ل) محاورات۔ وقوف حاصل کرنا۔
ہوش کی دوا کرو ⎬ بے تمیزی اور بے عقلی نہ کرنا۔
ہوش کی لو۔ ⎪ تمیز پکڑنا۔ عقل کا علاج کرو۔
ہوش کے ناخن لو ⎭ تمیز سیکھو۔

ہوش مند (ف) ہوش والا۔ عقل مند۔ خردمند۔ باشعور۔

ہوش مندی (ف/مث) دانائی۔ ہوشیاری۔ تمیز۔ شعور۔ وقوف۔ عقل مندی۔

ہوش میں آنا (ل) تمیز سیکھنا۔ عقل حاصل کرنا۔ سنبھلنا۔ آپے میں آنا۔ ہوشیار ہونا۔ نصیحت پکڑنا۔ عبرت حاصل کرنا۔

ہوش میں آؤ (ل/محاورہ) سمجھو۔ عقل سیکھو۔ تمیز حاصل کرو۔ عقل کی بات کرو۔

ہوش نہ ہونا (ل) بے سُرت ہونا۔ سُدھ نہ ہونا۔ حواس دُرست نہ ہونا۔

ہوش والا (ل) سیانا۔ ہوشیار۔ تجربہ کار۔ باخبر۔ عقل مند۔

ہوش و حواس (ف ع/مذ) عقل و تمیز۔ شعور۔ وقوف۔

ہوش و حواس اُڑ جانا (ہ) عقل قائم نہ رہنا۔ بے سُرت ہو جانا۔ اوسان خطا ہو جانا۔

ہوش ہونا (ل) سُدھ ہونا۔ خبر ہونا۔ وقوف ہونا۔ شعور ہونا۔ عقل ہونا۔ حواس دُرست ہونا۔

ہوشیار (ف) دانا۔ عاقل۔ تجربہ کار۔ عیار۔ چالاک۔ خبردار۔ واقف۔ فہیم۔ جاگتا۔ بیدار۔ چوکنا۔ چوکس۔

ہوشیار رہنا (ل) سچیت رہنا۔ باخبر رہنا۔ جاگتا رہنا۔ چوکنا رہنا۔ خبردار رہنا۔

ہوشیار کرنا (ل) جتانا۔ خبردار کرنا۔ چوکس کرنا۔ باخبر کرنا۔ آگاہ کرنا۔ متنبہ کرنا۔ جگانا۔ بیدار کرنا۔ غفلت سے ہوش میں آنا۔ جھنجھوڑنا۔

ہوشیار ہو جانا (ل) ہوش میں آجانا۔ سُرت آجانا۔ بیدار ہو جانا۔ چوکس ہو جانا۔ بڑا ہو جانا۔ سِن بلوغ کو پہنچ جانا۔ سیانا ہو جانا۔ عقل مند ہو جانا۔

ہوشیاری (ف/مث) دانائی۔ عقل مندی۔ خبرداری۔ چوکسی۔ عاقبت اندیشی۔ دُور اندیشی۔ چترائی۔ عیاری۔ چالاکی۔ احتیاط۔

ہُوک (ہ/مث) درد۔ پیڑ۔ وہ درد جو سینہ یا دل میں ٹھہر ٹھہر کر یا ایک دم ہو۔ سُول۔ تکلیف۔ صدمہ۔ پسلی کا درد۔ نمونیا۔ آواز۔ اُلو کی آواز۔

ہُوک اُٹھنا (ہ) درد ہونا۔ ایکا ایکی یا ٹھہر ٹھہر کر درد بشدت اُٹھنا۔ دل و جگر میں درد ہونا۔ پہلو میں درد ہونا۔

ہُوکا (ہ/مذ) کڑکا۔ فریاد۔ دُہائی۔

ہُوکا دینا (ہ) فریاد مچانا۔ دہائی دینا۔ غل غپاڑا کرنا۔ شور پکار مچانا۔
ہوکا۔ یا۔ ہُوکھا (ہ امذ) ہوس بیجا۔ طمع۔ لالچ۔ حرص۔ لوبھ۔ بہت سا کھانے کی ہَوس۔ اشتیاق۔ لپکا۔ خواہش۔ غلبہ۔
ہُوکا ہو جانا (ہ) بہت کھانے کی ہَوس ہو جانا۔ لالچ پڑ جانا۔ مرض غالب ہو جانا۔
ہو کر (ہ) ہو کے۔ پاس سے۔ درمیان سے۔ ضرور۔ لابُد۔ ناگزیر۔
ہو کر رہنا (ہ) ضرور یا بالضرور ہونا۔ لابُد ہونا۔ از بس ہو ہی جانا۔
ہو کس ہوا میں؟ (ہ) محاورہ) تم کس غرور میں ہو۔ تمہارا خیال غلط ہے۔ تمہیں کیا خبر ہے۔
ہو کے (ہ) پاس سے۔ درمیان سے گزرتے ہوئے ہوتے ہوئے۔ ہو کر۔ ضرور۔ بالضرور۔
ہو گا (ہ) کلمۂ شک و ظن۔ شک و شبہ کے موقع پر بولتے ہیں۔
ہُول (ہ امذ) دھکا۔ صدمہ۔ تلوار یا نیزہ وغیرہ کی ڈک گھسیڑنے کی حرکت۔ آنکس۔ نیزہ۔ بھالا۔ سنگین۔ کریچ۔
ہُول دینا (ہ) نوک چبھونی۔ کچوکا دینا۔ آنکس لگانا۔
ہُول (ع امذ) ڈر۔ خوف۔ بھے۔ خطرہ۔ اندیشہ۔ اضطراب۔ بیقراری۔ گھبراہٹ۔ تلاطم۔
ہُول اُٹھنا (ہ) خوف پیدا ہونا۔ ڈر کے مارے گھبراہٹ ہونا۔
ہُول آنا (ہ) ڈر لگنا۔ بھے لگنا۔ خوف معلوم ہونا۔ دہشت آنا۔
ہُول بیٹھ جانا (ہ) خوف کا دل میں جم جانا۔ ڈر بیٹھ جانا۔ بھے بیٹھ جانا۔ دہشت چھانا۔
ہُول پڑنا (ہ) دہشت ہونا۔ اضطراب ہونا۔ گھبراہٹ ہونا۔ تلاطم ہونا۔
ہُول ہنکار (ہ امث) شور و غوغا۔
ہُول جولی (ہ امث) گھبراہٹ۔ اضطراب۔ جلدی۔ شتابی۔
ہُول دِل (ع ف امذ) دھڑکن۔ اختلاجِ قلب۔ خفقان۔ دل کا دھک دھک کرنا۔
ہُول دل ہونا (ہ امحاورہ) دھڑکن تیز ہونا۔ دل دھڑکنا۔
ہُول دِلا (ہ امذ) ڈرپوک۔ بُزدل۔ نامرد۔
ہُول دِلی (ہ امث) گلے میں ڈالنے کی ایک چیز جس سے دل کا خوف دُور ہو جاتا ہے۔ گھبراہٹ۔ بُزدلی۔
ہُول دینا (ہ امحاورہ) گھبرا دینا۔
ہُول رہنا (ہ امحاورہ) خوف اور گھبراہٹ رہنا۔
ہُول زدہ (ع ف امذ) گھبرایا ہوا۔ دہشت کا مارا ہوا۔ مضطرب۔ ڈرپوک۔ خوفزدہ۔
ہُول کھانا (ہ) ڈرنا۔ دہشت میں رہنا۔
ہُولناک (ع ف) خطرناک۔ خوفناک۔ ڈراؤنا۔ بھیانک۔ ہیبت ناک۔
ہُولا (ہ امذ) برچھی یا بھالے کی نوک کا صدمہ۔ ہول۔ بھونک۔
ہولا (ہ امذ) چنوں کے بھنے ہوئے بونٹ۔ کچے چنوں کی بھنی ہوئی ٹہنیاں۔
ہُولا جولی (ہ امث) گھبراہٹ۔ بیتابی۔ اضطراب۔ افراتفری۔ بھاگڑ۔

تردّد۔
ہولا خبطا (ہ ا صف) بدحواس۔
ہولا کھائے منہ ہاتھ دونوں کالے (ہ ا مثل) بُرے کام میں ہر طرح کی بدنامی ہوتی ہے۔
ہولڑ (ہ امذ) تُرت کا جنا ہوا بچہ۔ بچۂ نوزائیدہ۔ پیٹ کا بچہ۔
ہُولنا (ہ) آنکس لگانا۔ ہاتھی کو چلانا۔ ہاتھی کو ہانکنا۔ آر لگانا۔ دھکیلنا۔ دھکا دینا۔ ریلنا۔
ہولُو (ہ امذ) تلون مزاج۔ بُزدلا۔ بات گھبرا۔
ہولی (ہ امث) ہندوؤں کے ایک تہوار کا نام۔ جس میں ایک دُوسرے پر رنگ چھڑکتے اور خوشی مناتے ہیں۔ ایک قسم کے گیت جو ہولی کے دِنوں میں گائے جاتے ہیں۔ لکڑیوں کا ڈھیر جو ہولی کے دن جلاتے ہیں۔
ہولی جلانا (ہ ا محاورہ) ہولی کے دن لکڑیوں کا ڈھیر جلانا۔
ہولی کا بھڑوا (ہ امذ) وہ شخص جس پر ہولی کے دنوں میں رنگ وغیرہ ڈال کر مسخرہ بناتے ہیں۔
ہولی کھیلنا } (ہ) ہولی کے دن ایک دُوسرے پر گلال اُڑانا
ہولی منانا } اور رنگ چھڑک کر خوشی منانا۔
ہولی گانا (ہ) ہولی کا گیت گانا۔ جس میں کرشن جی کی لیلا اور سامانِ عیش و خوشی کا ذکر ہوتا ہے۔
ہولی ہے (ہ امحاورہ) جب کسی شخص پر رنگ ڈال کر اس کی مٹی پلید کرتے ہیں تو یہ فقرہ زبان پر لاتے ہیں۔
ہَولے (ہ) آہستہ۔ ہلکے سے۔ بتدریج۔ سہج سے۔ بآہستگی۔
ہَولے سے (ہ ا متعلق فعل) آہستہ سے ہلکے سے۔
ہَولے ہَولے (ہ) آہستہ آہستہ۔ ہلکے ہلکے۔ سہج سہج۔ بتدریج۔ رفتہ رفتہ۔
ہو لینا (ہ) مر جانا۔ ہو چکنا۔ تمام ہو جانا۔ ہو جانا۔
ہُوم (س امذ) ہَوَن۔ یگ۔ وید کے منتروں سے دیوتاؤں کو رِجھانے کے لیے گھی وغیرہ جلانا۔
ہوم (انگریزی امذ) گھر۔ مکان۔
ہوم ڈیپارٹمنٹ (انگریزی امذ) وہ محکمہ جس کے متعلق تعلیم۔ پولیس اور جوڈیشل وغیرہ کا کام ہوتا ہے۔
ہوم رُول (انگریزی امذ) گھر کی حکومت۔ حکومت خود اختیاری۔ سوراجیہ۔
ہوم سیکرٹری (انگریزی امذ) ہوم محکمہ کا دیوان۔ ہوم سکتر۔
ہوم منسٹر (انگریزی امذ) ہوم محکمہ کا وزیر۔ محکمہ تعلیم و جوڈیشل وغیرہ کا اعلیٰ افسر۔
ہومیوپیتھک (انگریزی امذ) علاج بالمثل۔ گرم کا گرمی سے اور سرد کا سردی سے علاج۔
ہُوں (ہ) ہاں۔ بلے۔ اجازت۔ اقرار و اقبال کا کلمہ۔
ہُوں ہاں کرنا (ہ) صاف جواب نہ دینا۔ ٹال مٹول کرنا۔ آرسے بلے کرنا۔ بچّے کا پہلے پہل بولنے لگنا۔

ہُوں ہُوں (ہ) (محاورہ) انکار بھی اور اقرار بھی۔ یہ وہ کلمہ ہے جس سے انکار و اقرار دونوں ثابت ہوتے ہیں۔ کسی کام کو روکنے کا کلمہ۔ ہٹ اور ضد کا کلمہ۔
ہُوں ہُوں کرنا (ہ) ہوں ہاں کرنا۔ مُنہ سے ہُوں ہُوں کی آواز نکالنا۔ ٹال مٹول کرنا۔
ہونا (ہ) جنم لینا۔ پیدا ہونا۔ واقع ہونا۔ وارد ہونا۔ ظاہر ہونا۔ بیتنا۔ گزرنا۔ رہنا۔ موجود ہونا۔ تسلیم کیا جانا۔ ٹھہرنا۔ قرار پانا۔ تولّد ہونا۔ بچہ پیدا ہونا۔ جھڑنا۔ انزال ہونا۔ لگنا۔ معلوم دینا۔ میم پہنچنا۔ حاصل ہونا۔ بننا۔ بن جانا۔ تیار ہونا۔ پانا۔ حاصل ہونا۔ پیش آنا۔ بھوت چمٹنا۔ جیسے اُسے تو کچھ ہو گیا۔ نبھنا۔ نباہ ہونا۔ جیسے اس سے تو گھر نہیں ہوگا۔
ہونا نہ ہونا (ہ) (مذ) عدم وجود۔ ہست و نیست۔ بننا نہ بننا۔ واقع ہونا یا نہ ہونا۔ وقوع میں آنا یا نہ آنا۔
ہونٹ۔ یا۔ ہونٹھ (ہ) (مذ) مُنہ کے اُوپر نیچے کا کنارا۔ لب۔ کنارہ۔ دہان۔
ہونٹ پپڑانا (ہ) پیاس یا خشکی کی وجہ سے ہونٹوں پہ پپڑی بندھ جانا۔
ہونٹ تک نہ ہلنا (ہ) مُنہ سے بات تک نہ نکلنا۔ اشارہ تک نہ ہو سکنا۔
ہونٹ چاٹتے رہ جانا } (ہ) لذیذ چیز کو یاد کرتے رہ جانا چٹخارے
ہونٹ چاٹا کرنا } بھرتے رہنا۔ مزے یاد کرتے رہنا۔ ذائقہ نہ بھولنا۔
ہونٹ چاٹنے سے پیاس نہیں بجھتی (ہ) (مثل) تھوڑی سی امداد کا کچھ فائدہ نہیں۔
ہونٹ چاٹنا (ہ) ہونٹوں پر زبان پھیرنا۔ کسی چیز کا ذائقہ یاد کرنا۔ ذائقہ لینا۔ لذّت لینا۔ ہونٹ چوسنا۔
ہونٹ چبانا (ہ) غصّہ کی حالت میں ہونٹوں کو دانتوں سے کاٹنا۔ دانت پیسنا۔ غصّہ دکھانا۔
ہونٹ چپکنا (ہ) مٹھاس اور شیرینی کی وجہ سے لب بندھ ہو جانا۔ لب سے لب ملنا۔
ہونٹ چوسنا (ہ) (محاورہ) مساس کی ایک حرکت۔
ہونٹ خشک ہونا (ہ) مُنہ سوکھنا۔ مُنہ پر ہوائیاں اڑنا۔
ہونٹ سی دینا (ہ) (مذ) مُنہ بند کر دینا۔ چُپ لگا دینا۔ خاموش کر دینا۔
ہونٹ کاٹنا (ہ) افسوس ظاہر کرنا۔ غصّہ و غم کا اظہار کرنا۔ حسد کرنا۔ جلنا۔
ہونٹ کٹا (ہ) (صف) کٹے ہوئے ہونٹ والا۔
ہونٹ ملنا (ہ) مُنہ مسلنا۔ بکواس اور بے ہودہ گوئی کی سزا دینا۔ منہ پھٹ ہونے کی سزا دینا۔ زبان درازی کی سزا دینا۔
ہونٹوں ملوں تو دُودھ نکل پڑے (ہ) (محاورہ) یعنی ابھی تم دُودھ پیتے بچے ہو۔ ناتجربہ کار ہو۔ اگر ذرا سختی کروں اور زور لگاؤں تو پیا ہوا دُودھ نکل پڑے۔
ہونٹ نیلے ہونا (ہ) (محاورہ) زیادہ سردی یا چوٹ لگنے یا زہر کے اثر کی وجہ سے ہونٹ نیلے ہو جاتے ہیں۔
ہونٹ ہلانا (ہ) بات کرنا۔ بولنا۔ بات کہنا۔ چُڑکنا۔
ہونٹھل (ہ) موٹے اور بڑے بڑے ہونٹوں والا۔
ہونٹوں پہ جان آنا (ہ) مرنے کے قریب ہونا۔ جان بلب ہونا۔ قریب المرگ ہونا۔
ہونٹوں پر زبان پھیرنا (ہ) ہونٹ چاٹنا۔ مزے اور لذّت میں محو ہونا۔ زبان سے ہونٹ چاٹنا۔
ہونٹوں سے دُودھ کی بُو نہیں گئی (ہ) (محاورہ) ابھی دُودھ پیتے بچے ہو۔ ناتجربہ کار ہو۔
ہونٹوں کی مِسّی پونچھو (ہ) (محاورہ) بات کرنے کا سلیقہ سیکھو۔ تمیز سے بات کرو۔
ہونٹوں میں کہنا (ہ) چپکے سے بات کرنا۔ آہستہ سے بات کہنا۔ مُنہ میں بولنا۔
ہونٹوں میں مسکرانا (ہ) اس طرح ہنسنا کہ صرف ہونٹ ہی پھڑکیں۔ اور دانت نہ کھلیں۔ خندہ زیرِ لب کرنا۔
ہونٹھی (ہ) (مث) گھوڑے کے دہانہ کی زنجیر۔ نہاری۔ دہانہ۔
ہَوس (ہ) لوبھ۔ لالچ۔ حرص۔ طمع۔ ہوس کا بگاڑ۔ رشک۔ ریس۔
ہَوس ہونا (ہ) لالچ ہونا۔ طمع ہونا۔ رشک ہونا۔ ریس ہونا۔
ہُونس (ہ) (مث) نظرِ بد۔ ٹوک۔ رشک۔ حسد۔ عداوت۔ جلن۔ بَیر۔ بدخواہی۔
ہُونس کرنا (ہ) رشک کرنا۔ حسد کرنا۔ جلنا۔
ہُونس کھا گئی (ہ) (محاورہ) نظرِ بد نے مار ڈالا۔ نظرِ بد کا اثر ہو گیا۔
ہُونس لگ جانا (ہ) نظرِ بد لگ جانا۔ ٹوک میں آ جانا۔ ٹوک ہو جانا۔
ہُونسا سو مُوسا (ہ) (مثل) جس نے حسد کیا۔ اُس نے اپنا ہی نقصان کیا۔ حاسد آپ ہی ٹوٹا پاتا ہے۔
ہُونسنا (ہ) نظر لگانا۔ ٹوکنا۔ جلنا۔ رشک کھانا۔ حسد کرنا۔ بُرائی چاہنا۔
ہُونکنا (ہ) سانس پھُولنا۔ ہانپنا۔ شیر کا بولنا۔ گرجنا۔ دھاڑنا۔
ہوں گے پُوت تو پُوجیں گے بھُوت (ہ) (محاورہ) اولاد کی اُمید پر بھوت پریت کی پُوجا بھی منظور ہے۔ یعنی کچھ نفع ہو تو خدمت بھی کریں۔ ورنہ کیا ضرور اپنی غرض کو سب کچھ کرتے ہیں۔
ہُونّق (ہ) بے وقوف۔ احمق۔ گاؤدی۔ جانگلو۔ وحشی۔
ہُونہار (ہ) ہونے جوگ۔ ہونے کے قابل۔ ہونے والا۔ وہ لڑکا یا پودا جس میں نیک یا سرسبز ہونے کی نشانیاں پائی جائیں۔ نازل ہونے والا۔ نصیبے والا۔ اقبال مند۔ لائق۔ قابل۔
ہونہار بروے کے چکنے چکنے پات } (ہ) (مثل) خوش
ہونہار بروے کے چکنے چکنے ہوتے ہیں } قسمت اور

اقبال مند بچپن ہی سے معلوم ہو جاتا ہے۔
ہونہار تھی نہیں ہووے بسوے بیس (ہ۔ مثل) شدنی ہمیشہ اور بالضرور ہو کر رہتی ہے۔
ہونولولو ۔ جزیرہ ہوائی یا سینڈوچ کا دارالحکومت اضلاع متحدہ امریکہ کے ماتحت ہے۔ جاپان پانامہ اور سڈنی سے بحری رستے آتے ہیں۔
ہونہو (ہ) بالضرور۔ شرطی۔ غلط ہو یا صحیح۔ جیسے ہونہو وہی ہے۔
ہونی (ہ/مث) ہونے والی۔ قسمت یا نصیب کی بات۔ شدنی امر۔ ممکن الوقوع۔
ہونی نہیں (ہ/محاورہ) ممکن نہیں۔ کیا امکان۔ کیا مقدور۔
ہونی ہو سو ہو (ہ/محاورہ) ہرچہ بادا باد۔ جو کچھ ہو سو ہو۔ جان رہے یا جائے کچھ ہی ہو۔
ہونے دو (ہ) ہو جانے دو۔ ہو لینے دو۔ لڑائی بھڑنے دو۔ لڑنے دو۔
ہونے کے دن (ار/مذ) حیض کا زمانہ۔
ہونے لگنا (ار/محاورہ) ہونا۔ شروع ہونا۔
ہونے والی (ار/مث) شدنی۔ ہونی۔ پیش آنے والی۔
ہونے والا (ہ) ہونہار۔ ہونے جوگ۔ پیش آنے والا۔ ممکن۔
ہُو ہا (ہ/مث) شور۔ غل۔ غوغا۔ چیخم دھاڑ۔ ہنسی ٹھٹھے کی آواز۔ ہنگامہ۔ فساد۔ دُھوم۔ زور و شور۔
ہُو ہا کرنا (ہ) غل مچانا۔ شور مچانا۔ قہقہہ لگانا۔ کبوتر اُڑانا۔
ہو ہوا چکنا (ار/محاورہ) ہو چکنا۔ ختم ہو جانا۔
ہوئے (ہ) آواز بڑھانے کے لیے منادیٰ پر زیادہ کرنے کا لفظ ہے۔
ہوَیدا (ف) کھلا ہوا۔ ظاہر۔ آشکارا۔ عیاں۔ واضح۔ صاف۔ صریح۔
ہوئی ہے نہ ہوگی (ہ/محاورہ) ممکن نہیں۔ کیا مجال۔ کیا ممکن۔ ہرگز نہیں ہو سکتی۔
ہوئے ہیں نہ ہوں گے (ہ/محاورہ) ناممکن ہے۔ بالکل بے مروت اور بے دید ہے۔ وہ کسی کے آشنا نہیں ہیں۔

ہ ی

ہی (ہ) صرف۔ تنہا۔ اکیلا۔ محض۔ فقط۔ بالکل۔ ذرا تھوڑا۔ اندک۔ دل۔ من۔ ہیا کا مخفف۔ فارسی ہیں بمعنی۔ متواتر۔ لگاتار۔
ہٹی (ہ/مث) دھوم۔ دھاک۔ تہلکہ۔ حیرت۔ شور۔ ہنگامہ۔ غلغلہ۔
ہٹی پڑنا۔ یا۔ مچنا (ہ) تعجب اور حیرت کا واقع ہونا۔ دُھوم مچنا۔ شور و غل بلند ہونا۔ ہنگامہ ہونا۔ دھاک پڑنا۔ تہلکہ پڑنا۔
ہے (ہ) ہست۔ است کا ترجمہ۔ کلمہ تعجب کا ہے۔ جیسے ہے ابھی تو بھلا چنگا تھا۔ تاسف و افسوس کا کلمہ۔ ہائے کا مخفف۔

ہے ظالم (ع/کلمہ تاسف) ہائے ظالم۔ ہائے کم بخت۔
ہے غضب (ع/کلمہ تاسف) غضب ہوا۔ ستم ہوا۔
ہے ہے کر کے بیٹھنا (ار/محاورہ) نوحہ کر کے رونا۔ کسی کے مرنے کی آرزو کر کے رونا۔
ہے ہے نہ کھے کھے (ار/مثل) جھگڑا نہ ٹنٹا۔ جھک جھک نہ بک بک۔
ہے یونہی۔ یا۔ یونہیں (ہ/محاورہ) اسی طرح ہے۔ درست ہے۔ آپ درست فرماتے ہیں۔
ہَیّا (ہ/مذ) دیکھو (ہوّا) بچوں کے ڈرانے کا کلمہ۔ ایک ساتھ زور لگانے کی آواز۔
ہِیا (ہ/مذ) ہردہ۔ دل۔ من۔ جگر۔ کلیجہ۔ قلب۔ چھت۔ جرأت۔ دلیری۔ حوصلہ۔
ہَیئیات (ع/مث) بنایا جانا۔ تیار ہونا۔ مجازاً صورت۔ شکل۔ بناوٹ۔ ساخت۔ ڈول۔ وہ علم جس میں اجسام فلکی اور زمین کی گردش وکشش وغیرہ کا بیان ہے۔
ہیاؤ۔ یا۔ ہواؤ (ہ/مذ) حوصلہ۔ ہمت۔ دلیری۔ مردانگی۔ بہادری۔ شجاعت۔ طاقت۔ زور۔ بل۔
ہیاؤ کھلنا (ہ) حوصلہ ہونا۔ دلیری ہونا۔ جرأت ہونا۔ خوف یا ڈر نہ رہنا۔ جھجک مٹنا۔
ہَیبت (ع/مث) ڈر۔ خوف۔ بھے۔ بیم۔ دہشت۔ رُعب۔ دھاک۔ دھڑکا۔
ہیبت زدہ (عف) ڈرپوک۔ ڈرا ہوا۔ دہشت کا مارا۔ خوف زدہ۔
ہیبت ناک (ہ) ڈراؤنا۔ بھیانک۔ پُرخطر۔ خوفناک۔ مُہیب۔
ہیت (ہ/مث) سبب۔ باعث۔ کارن۔ لاگ۔ لگن۔ لَو۔ تعلق۔ محبت۔ عشق۔ ربط۔ لگاؤ۔ (بروزن کھیت)
ہَیئت (ہ/مث) بناوٹ۔ ساخت۔ شکل۔ صورت۔ حالت۔ طور۔ طریق۔ کیفیت۔
ہیئت کذائی (ع) موجودہ حالت۔ جیسی حالت کہ اب ہے۔ یا ہے۔ جیسی کہ حالت ہے۔
ہَیٹ (انگریزی/مث) انگریزی ٹوپی۔
ہیٹ (ہ) نیچے۔ تلے۔ زیر۔ تحت۔ نیچا۔ ادنیٰ۔ اوچھا۔ چھوٹا۔ سفلہ۔ کمینہ۔ (پنجاب) پاس۔ نزدیک۔ قریب۔
ہیٹا (ہ) بروزن بیٹا۔ چھوٹا۔ کم۔ گھٹیا۔ ناقص۔ سفلہ۔ کم رتبہ۔ کمینہ۔ کمتر۔ پست ہمت۔ نامرد۔ بُزدل۔ کمزور۔ بودا۔ کم درجہ کا۔
ہیٹی (ہ/مث) سُبکی۔ ذلت۔ رُسوائی۔ بدنامی۔ بےقدری۔ حقارت۔ ہیٹا کی تانیث۔

ہیٹی ہونا (ہ) ہتک کٹی ہونا۔ سُبکی ہونا۔ ذلت ہونا۔ بات بگڑنا۔
ہَیجا (ع امث) لڑائی۔ جُدھ۔ جنگ۔ کارزار۔ رزم۔ جدال قتال۔
ہَیجان (ع امذ) جوش۔ اُبال۔ اُچھال۔ کسی مادّہ کا اُبھار۔ تیزی۔ شدّت۔ زور۔ غلبہ۔ چڑھاؤ۔
ہیجڑا (ا امث) ہیز بمعنی مخنث کی تصغیر۔ اختہ۔ خصّی آدمی۔ وہ آدمی جس کے خُصیے اور آلۂ تناسُل کاٹ ڈالا ہو۔ نامرد۔ مخنّث۔ ہیز۔ خوجہ۔ خوجہ سرا۔ زنخہ۔ زنانہ۔ بُزدل۔ سُست۔ بودا۔
ہیجڑا بنانا (ا) نامرد بنانا۔ زنخہ کرنا۔ لڑکے کا عُضوِ تناسل کاٹ کر مخنث بنا دینا۔
ہیجڑے کا اللہ میاں نے اکھٹی کا اعتبار نہیں کیا (ا امثل) ہیجڑے کا بالکل اعتبار نہیں۔
ہیجڑے کے گھر بیٹا ہو (ا امثل) ناممکن بات ہوگی۔ اچنبھے کی بات ہوگی۔
ہیجڑے نے گالو مارا ڈُوڑلوڑے لنگڑو (ا امثل) جب کسی نامرد سے اُس کی بساط سے بڑھ کر کام بن پڑتا ہے تو یہ مثل بولا کرتے ہیں۔ یعنی جیسے بہادر گالو مارنے والے ہیں۔ ایسے ہی ان کے مددگار بھی چاہئیں۔
ہیچ (ف) کچھ نہیں۔ معدوم۔ برطرف۔ کم۔ قلیل۔ نکمّا۔ ناکارہ۔ خالی۔
ہیچ سمجھنا (ا امحاورہ) ناچیز سمجھنا۔ حقیر جاننا۔
ہیچکارہ۔ یا۔ ہیچکار } (ف) نالائق۔ نکمّا۔ بے فائدہ۔
ہیچ کس } ناکارہ۔ ردّی۔
ہیچمدان (ف) کچھ نہ جاننے والا۔ ناواقف۔ بے علم۔ نادان۔
ہیچمدانی (ف امث) بے علمی۔ نادانی۔ ناواقفیت۔ بے ہُنری۔ کچھ نہ جاننا۔
ہیچ میرز (ف اصف) ناچیز۔ بے قیمت۔ جس کی کوئی قیمت نہ ہو۔
ہیچ و پوچ (ف) مہمل۔ لغو۔ بے ہودہ۔ بے مغز چیز۔
ہیدڑا۔ یا۔ ہدڑا (ہ امذ) گت۔ درجہ۔ حال۔ حالت۔ صُورت۔ شکل۔ سلیقہ۔
ہیدڑا جانا (ہ) حال بے حال ہونا۔ ہوش و حواس ٹھکانے نہ رہنا۔ گت بے گت ہونا۔
ہیڈ (انگریزی امذ) سیس۔ سر۔ مونڈھ۔ سردار۔ سرگروہ۔ پیشوا۔ بڑا۔ اعلیٰ۔ صدر۔
ہیڈ آفس (انگریزی) صدر دفتر۔ دفتر اعلیٰ۔ بڑا دفتر۔
ہیڈ کلرک (انگریزی امذ) میر منشی۔ محرّر اعلیٰ۔
ہیڈ کوارٹر (انگریزی) صدر مقام۔ مرجع۔ صدر۔
ہیڈ ماسٹر (انگریزی امذ) مدرسہ میں سب سے بڑا اُستاد۔ صدر مدرس۔ مدرس اعلیٰ۔
ہیر (س امث) دولت۔ لکشمی۔ ست۔ جوہر۔ مغز۔ خلاصہ۔ رس۔ (ہندی ہیں) رانجھا کی معشوقہ کا نام۔ جڑ۔ مول۔ اصل۔ زور۔ طاقت۔ قوّت۔ خالص۔ صاف۔ شفاف۔

ہیرا (ہ امذ) ایک قسم کا نہایت قیمتی اور سخت پتھر۔ جس کے کھانے سے آدمی مرجاتا ہے۔ الماس۔ مجازاً عمدہ۔ نفیس۔ اعلیٰ درجہ کا۔
ہیرا آدمی ہے (ا امحاورہ) بڑا بھلا مانس آدمی ہے۔ سچّا آدمی ہے۔ کھرا آدمی ہے۔ قابل تعریف ہے۔
ہیرامَن (ہ امذ) طوطا۔ میاں مٹھو۔
ہیرا ہینگ (ہ امث) نہایت عمدہ قسم کی ہینگ۔
ہیرا پھیری (ہ امث) لانا بدلنا۔ اَدل بدل۔ کسی سودے کو لانا اور پھیرنے کو جانا۔ آمد و رفت۔ آنا جانا۔
ہیر پھیر (ہ امث) گردش۔ چکر۔ دَورہ۔ اِنقلاب۔ راستہ کا پیچ و خم۔ خریدنا اور واپس کرنا۔ قصور۔ کمی۔ کوتاہی۔ مکر و فریب۔ اینچ پینچ۔
ہیر پھیر کی باتیں (ہ امث) دھوکے اور فریب کی باتیں۔ اینچ پینچ کی باتیں۔
ہیرنا (ہ) دیکھنا۔ مشاہدہ کرنا۔ ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔ گھیرنا۔ شکار کرنا۔ رگیدنا۔ پیچھا کرنا۔ تعاقب کرنا۔ پکڑنا۔ گرفت کرنا۔ روکنا۔ کھدیڑنا۔
ہیرو (انگریزی) بہادر۔ شجاع۔ سُورما۔ وہ شخص جس پر کسی قصے کا دار و مدار ہو۔ قصے کی جان۔ مشہور آدمی۔ نامی آدمی۔
ہیروا کرنا (ہ) بچے کا کسی کو یاد کرنا۔ جس سے محبت ہو اُسے یاد کر کے مغموم اور رنجیدہ ہونا۔
ہیروز (انگریزی امذ) ہیرو کی جمع۔ مشاہیر۔
ہیرو۔ یا۔ ہیرُو (ہ امث) ایک قسم کا گیت جو گوالے دیوالی کے اگلے روز ڈھنگروں کے آگے گاتے ہیں۔
ہیرے (ہ امذ) ہیرا کی جمع۔ بہت سے الماس۔ بہت سے ہیرے۔
ہیرے کی پرکھ جوہری جانے (ا امثل) ہُنر کی قدر اہلِ ہُنر ہی کرتے ہیں۔ ہُنر کو قدردان ہی پہچانتا ہے۔
ہیرے کی کنی (ا امث) الماس۔ ریزہ۔ الماس کا ٹکڑہ۔ ہیرے کی کرچ۔ خردۂ الماس۔ زہرِ قاتل۔ زہرِ ہلاہل۔ ہلاک کر ڈالنے والی چیز۔
ہیرے کی کنی کھانا (ہ) ہیرے کی کرچ کھا کر خودکشی کرنا۔ الماس کا ریزہ کھا کر جان دینا۔
ہیڑا (ہ امذ) گوشت۔ ماس۔ لحم۔ شکار۔ قلیہ۔ ترکاری۔ سالن۔
ہیڑی (ہ امذ) شکاری۔ صیّاد۔ بہیلیا۔
ہیز (ف) ہیجڑا۔ مخنّث۔ خوجہ۔ خوجہ سرا۔ زنخہ۔ خنثا۔ بُزدل۔ نامرد۔ بودا۔ ڈرپوک۔ کم ہمّت۔
ہیزم (ف امث) ایندھن۔ سُوکھی لکڑی۔ جلانے کی لکڑی۔ ہیمہ سوختنی۔
ہیزم فروش (ف امذ) لکڑ ہارا۔ لکڑیاں بیچنے والا۔
ہیژدہ (ف) اٹھارہ۔ دس اور آٹھ۔ ۱۸۔ 18۔

ہیشمی (ا/مث) مٹھائی کی ایک قسم۔
ہیضہ (ع/مذ) امتلا۔ منہ پیٹ چلنا۔ متلی۔ دستوں اور قے کی بیماری۔ بدہضمی۔ کالرا۔ اُلٹی۔
ہیضہ پھیلنا (ا/محاورہ) ہیضے کی وبا عام ہونا۔
ہیضہ کرنا (ل) امتلا بدہضمی کے سبب سے قے کرنا۔ اُلٹی کرنا۔
ہیضہ ہونا (ل) تخمہ ہونا۔ بدہضمی ہونا۔
ہیک (ہ/مث) ایک قسم کی ناگوار بو۔ جو بکری یا اونٹنی کے دودھ میں سے آتی ہے۔
ہیکڑ (ہ) بلی۔ بلونت۔ زور آور۔ شہ زور۔ زبردست۔ ضدی۔ سرکش۔
ہیکڑی (ہ/مث) زور آوری۔ زبردستی۔ خودسری۔ سرکشی۔ ضد۔
ہیکڑی سے (ا/متعلق فعل) زبردستی سے۔
ہیکڑی کرنا (ہ) زور دکھانا۔ اینٹھنا۔ ضد کرنا۔ اکڑنا۔ زبردستی کرنا۔
ہیکل (ع/مث) وہ صورت یا بت جو کسی ستارے کے نام پر بنایا جائے۔ مجازاً ستارے کا مندر۔ بت خانہ کا بڑا مکان۔ بڑے جسم کا گھوڑا۔ شان و شوکت۔ عظمت۔ شکوہ۔ جسم۔ تن۔ بدن۔ اندام۔ قد و قامت۔ صورت۔ شکل۔ نقشہ۔ ڈیل ڈول۔ تعویذ۔ جنتر منتر۔ حمائل۔ علامت۔ نشان۔ انداز۔ اسلوب۔ طرح۔ طرز۔ طریقہ۔ وضع قطع۔ سج دھج۔ تصویر۔ ہیئت۔ عدد۔ ہندسہ۔ بڑا جسم۔
ہیگ۔ ہالینڈ کا دارالحکومت ہے۔
ہیگا (ہ) موجود ہے۔ حاضر ہے۔ ہے۔ ضرور ہے۔ بالضرور ہے۔ بے شک ہے۔ بلاشبہ ہے (استفہام کی صورت میں) کیا موجود ہے۔
ہیل (ہ/مث) بھری ہوئی ٹوکری یا ٹوکرا۔ اُپلوں کی اوپر تلے جمائی ڈھیری۔
ہیل (ہ/مث) چھوٹی الائچی۔ سفید الائچی۔
ہیلا (ہ/مذ) ریلا۔ ریل پیل۔ دھکا۔ صدمہ۔ دھکیل۔ ٹھیلا۔ کام کاج۔ باری۔ بار۔ وار۔ مرتبہ۔ دفعہ۔ ٹوکرا۔ جھلی۔ آواز۔ ہانک۔ پکار۔ روکا۔
ہیلا دینا۔ یا۔ مارنا (ہ) ریلنا۔ دھکیلنا۔ دھکا دینا۔ ہانک مارنا۔ پکارنا۔
ہیل میل (ہ/مذ) ربط ضبط۔ میل جول۔ پیار۔ اخلاص۔ ارتباط۔
ہیلتھ (انگریزی/مث) تندرستی۔ صحت۔
ہیلتھ آفیسر (انگ/مذ) محکمہ حفظان صحت کا افسر۔
ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ (انگ/مذ) محکمہ حفظان صحت۔
ہیلنا (ہ) تیرنا۔ شناوری کرنا۔ پیرنا۔
ہیلے (ہ/مذ) ہیلا کی جمع۔ باری۔ بار۔ دفعہ۔ کام۔ کاج۔
ہیلی فیکس۔ صوبہ نوا سکوشیا (کینیڈا) کی بندرگاہ ہے۔ یہاں سے جہاز کے تختے۔ گندم اور پھل باہر جاتے ہیں۔
ہیمہ (ت/مث) جلانے کی لکڑی۔ ہیزم سوختنی۔
ہین (س) کم۔ قاصر۔ گھٹا ہوا۔ کوتہ۔ چھوٹا۔ گھٹیل۔ ناقص۔ ناتمام۔ ادھورا۔ کچا۔ خام۔ کھوٹا۔ ناسرہ۔ خالی۔ باطل۔ بد۔ بُرا۔ بیٹھا۔ خراب۔ نکما۔
ہیں (ہ) ہے کی جمع۔ کلمہ تعظیم بھی ہے۔
ہیں (ہ) حرف تنبیہ۔ باز آ۔ خبردار۔ ہوش کر۔ استفہام کے لیے پوچھنے اور دریافت کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔ تعجب اور استعجاب کے لیے بھی آتا ہے۔
ہیں ہیں (ہ) تنبیہ۔ ممانعت اور باز رکھنے کے لیے بولتے ہیں۔
ہیٹا (ہ) بے قدر۔ ذلیل۔ ہیٹا۔ نکما۔ شرمندہ۔ خجل۔ حقیر۔ ہیچ۔ محتاج۔ غریب۔ مفلس۔ نادار۔ دُبلا۔ کمزور۔ لاغر۔ ناتواں۔
ہیٹا (ہ/مث) تخفیف۔ کمی۔ گھٹتی۔
ہینڈ (انگ/مذ) ہاتھ۔ دست۔
ہینڈز اپ (انگ/فعل امر) ہاتھ اٹھاؤ۔
ہینڈ بل (انگ/مذ) چھوٹے چھوٹے اشتہار جو ہاتھ سے بانٹے جاتے ہیں۔
ہینسنا (ہ) گدھے کا رینگنا۔ ہینچو ہینچو کرنا۔ گھوڑے کا ہنہنانا۔
ہینگ (ہ/مث) ایک درخت کا گوند جسے ماش کی دال میں رفع بادی اور خوشبو کے لیے لگاتے ہیں۔
ہینگ لگا کر رکھو (ہ/محاورہ) طنزاً۔ ہوا نہ لگنے دو۔ چھپا کر رکھو۔
ہینگ لگانا (ہ) کسی چیز کو ہینگ ملنا۔ زک دینا۔ ہرانا۔ ذلیل کرنا۔ نیچا دکھانا۔ طنزاً سنوارنا۔ بنانا۔ درست کرنا۔
ہینگ لگے نہ پھٹکڑی (ہ) کچھ خرچ نہ ہوا۔ مفت میں کام ہو گیا۔ بلا خرچ کام بن گیا۔
ہینگ ہگنا (ہ) پیچش کی بیماری میں مبتلا ہونا۔ سخت بیمار پڑنا۔ بیمار پڑا رہنا۔ دیر تک بیمار پڑا رہنا۔ دیر تک بیمار رہنا۔ نہایت کمزور و ناتواں ہونا۔
ہینگا (ہ/مث) کھیت میں پھیرنے کا پٹڑا۔ سہاگا پٹڑا۔
ہیتو (ہ/مث) ڈھوروں کے بلانے کی آواز۔
ہیولا۔ یا ہیولیٰ (ع/مذ) ہر چیز کا مادہ۔ ماہیت۔ اصل۔ ڈھیر۔ انبار۔ تودہ۔ لوتھڑا۔ مضغہ۔ غیر مرتب شکل۔ بے ڈول۔ کٹکھنا۔ کچا نقشہ۔ ڈھانچہ۔ چربہ۔ شبیہ (اردو میں) اکھڑ۔ غیر مہذب۔ ناشائستہ۔ ہونق۔ کمزور۔ لاغر۔ ضعیف۔ متلون مزاج۔ ایک حالت پر قائم نہ رہنے والا۔
ہیہات (ع) افسوس۔ دریغ۔ ہائے ہائے۔ لغوی معنی دُور ہوا۔ بعید ہوا۔
ہیہات ہیہات (ع) افسوس افسوس۔ غضب ہوا۔ غضب ہوا۔ وائے وائے۔ ہے ہے۔ ہائے ہائے۔ دریغا دریغا۔
ہے ہے (ا) ہائے ہائے کا مخفف۔ افسوس افسوس۔ حیف صد حیف۔ ہائے افسوس۔ ایام گزشتہ کا افسوس ظاہر کرنے کے لیے یعنی درد اور ماتم کے صدمہ کے وقت بولتے ہیں۔ تعجب کا

کلمہ جو ہنسنے اور تعجب کے وقت استعمال ہوتا ہے۔ غضب ہوا۔ حیرانی ہے۔ تعجب ہے۔ رونے پیٹنے کی آواز۔ واویلا۔ ہائے ہائے (مؤنث) جھک جھک۔ جھگڑا ٹنٹا۔

ہئے ہئے نہ کھٹے کھٹے (۱) محاورہ) نہ جھگڑا نہ ٹنٹا۔ نہ جھک جھک نہ کل کل۔

ہی ہی (ہ امث) ہنسنے کی آواز۔ بیہودہ ہنسی کی آواز۔

ہی ہی ہٹی ہٹی (ہ امث) بیہودہ ہنسی کی آواز۔

ہیئے (ہ اسذ) ہیا کی جمع۔ دل۔ ہردے۔ من۔ قلب۔

ہیئے کا اندھا (ہ ا) کور باطن۔ دل کا اندھا۔ عاقبت نا اندیش۔ بُرے بھلے کی پرکھ نہ رکھنے والا۔ مُورکھ۔ مودھو۔ بیوقوف۔ نادان۔

ہیئے کی پھوٹنا (ہ) عاقبت نااندیش ہونا۔ کور باطن ہونا۔ مُورکھ ہونا۔ بے وقوف ہونا۔ محض کودن ہونا۔

✣

ی (ع مث) عربی کا اٹھائیسواں[۲۸] - فارسی کا بتیسواں[۳۲] اور اردو کا پینتیسواں[۳۵] حرف - حروف تہجی میں یائے تحتانی سے موسوم ہے - حساب جمل میں اس کے عدد دس شمار ہوتے ہیں -

ی - ا

یا (ع) اے - اجی - ارے - رے - خواہ - چاہو - بھانویں -

یا اِدھر یا اُدھر (ارا مثل) ایک طرف ہو - ہچکچا نہیں -

یا اللہ (اُردو روزمرہ) اے خدا - دُعا مانگنے کے موقع پر کہتے ہیں یا تعجب اور حیرت ظاہر کرنے کے لیے -

یا بارِ خُدا (ف اکلمۂ ندا) اے خدائے بزرگ -

یا آں شوراشوری یا ایں بے نمکی (ف امحاورہ) یا تو اتنا اخلاص اور میل جول تھا - یا اب اتنی بے پروائی -

یا بخت (ارا متعلق فعل) یا خُدا -

یا بسے گوجر یا رہے اوجڑ (ہ امثل) خود غرض اور دُوسرے کو آباد نہ ہونے دینے والے کی نسبت بولتے ہیں - یعنی یا تو گوجر قوم آباد ہو گی یا جگہ ویران رہے گی -

یا بھینسا بھینسوں میں یا قسائی کے کھونٹے (ہ امثل) یا کباب ہوئے - یا جان گئی - یہ کام کرنا ضرور ہے - خواہ معاملہ اِدھر ہو یا اُدھر ہو -

یا تو ہنسا موتی چُگے یا لنگن ہی کر جائے (ہ امثل) شریف آدمی اگر کھائے گا - تو عزت ہی کی روٹی کھائے گا - ورنہ فاقہ ہی میں پڑا رہے گا -

یا جائے ہزاری یا جائے بزاری (ہ امحاورہ) میلے تماشے میں یا تو امیر آدمی جائے کہ ہر طرح سیر کا لُطف اُٹھائے - یا کوئی لُچا شہدا اور فقیر جو وہاں سے سیر کے علاوہ کچھ کما بھی لائے -

یا خُدا تو دے نہ میں دُوں (ہ امحاورہ) نہایت حاسد اور پرلے درجے کا بخیل ہو - اُس کی نسبت بولتے ہیں - یعنی وہ ایسا بخیل ہے نہ تو آپ ہی دیتا ہے اور نہ خدا ہی کا دینا گوارا کرتا ہے -

یا خُدا خیر - ہاتھ بچا اور پیر (ہ) مزدور لوگ جان جوکھوں کا کام کرتے وقت یہ فقرہ زُبان پر لایا کرتے ہیں -

یا سووے جوگی اَبدھوت یا سووے راجا کا پوت (ہ امثل) یا تو فقیر آرام سے گزارتا ہے یا امیر - سُکھ کی نیند یا فقیر کو نصیب ہے یا امیر کو -

یا علیؓ مدد (ع) - فقیروں کا کلمۂ دُعا جو مدد اور استمداد کے واسطے زبان پر لاتے ہیں -

یا قسمت
یا نصیب } (ع) رضا و تسلیم کے لیے یعنی جو کرے سو مولیٰ - شکایت تقدیر کے موقع پر - یعنی ہائے قسمت ہائے نصیب -

یا کھائے گھوڑا یا کھائے روڑا (ہ امثل) زیادہ خرچ دو ہی جگہ ہوا کرتا ہے - یا گھوڑا رکھنے یا مکان بنانے میں -

یا لڑے سُورما - یا - لڑے اَن بھول (ہ امحاورہ) جنگ کے قابل دو ہی شخص ہوتے ہیں - یا بہادر یا بے وقوف - کیونکہ یہ دونوں آدمی لڑنے سے نہیں ڈرتے -

یا (ہ) یہ - ایں - نیز - علامت نسبت و فاعلیت - علامتِ تانیث تصغیر بھی ہے -

یابندہ (ف) پانے والا - حاصل کرنے والا - سراغ لگانے والا کھوجی -

یابس (ع) سوکھا ہوا - خشکی کرنے والا - خُشک -

یالسات (ع امث) دوائیں جو زخموں کو خشک کریں یا بدنی رطوبتوں کو خشک کریں۔

یابُو (ف امذ) ٹٹو۔ ایک چھوٹے قد کے گھوڑے کا نام ٹانگن۔

یاترا کرن (س امذ) یاترا کے لیے جانا

یاجُوج (سُریانی امذ) فسادی۔ فساد انگیز۔ حضرت نوحؑ علیہ السلام کے پوتے کا نام نیز اس کی قوم و اولاد جو طوفانِ نوحؑ کے بعد کوہ التائی کے شمال میں آباد ہوگئی تھی۔ یہ لوگ بڑے فسادی اور متفنی تھے۔

یاجُوج ماجُوج (ع امذ) دیکھو (یاجُوج) مفسد۔ فتنہ پرداز۔ فسادی۔

یاد (ف امث) دل۔ من۔ ہردہ۔ ہیا۔ حافظہ۔ یادداشت۔ نام جپنا۔ تسبیح۔ سُدھ بُدھ۔ خیال۔ حفظ۔ ازبر۔ نوکِ زبان۔

یاد اللہ (ع امث) فقیروں کا سلام۔ صاحب سلامت۔ خدا کی عبادت۔ یادِ خدا۔ بندگی۔ مُلاقات۔ واقفیت۔ جان پہچان۔

یاد آنا (ل) خیال آنا۔ ذہن میں آنا۔ یادداشت ہونا۔ ہڑک کا ہونا۔ ہڑک اُٹھنا۔ معلوم دینا۔ خبر پڑنا۔

یاد آوری (ف امث) یاد کرنا۔ خط بھیجنا۔ مزاج پُرسی کرنا۔ خیریت طلبی۔

یاد پڑنا (ل) یاد آنا۔ یاد ہونا۔ خیال گزرنا۔ ذہن میں آنا۔

یادداشت (ف امث) یاد رکھنے کا نشان۔ یاد۔ نوٹ بُک۔ بیاض۔ حافظہ۔ چِتا۔ یاددہانی کا خط۔ دُوسرا تاکیدی خط۔

یادداشت رکھنا (ل/ محاورہ) نوٹ بُک میں یاد رکھنے کے لیے لکھ لینا۔ نشانی رکھنا۔

یادداشت میں فرق آنا (ل/ محاورہ) حافظہ کمزور ہو جانا۔

یاد دلانا (ل) جتانا۔ آگاہ کرنا۔ متنبہ کرنا۔

یادِ ربّ کی خیر سب کی (ل) فقیروں کی صدا یعنی خدا کا نام لینے اور سب کا بھلا مناتے ہیں۔ کچھ ہمیں بھی دلاؤ۔

یاد رکھنا (ل) دھیان رکھنا۔ بھول نہ جانا۔ خیال رکھنا۔ ورنہ سزا دوں گا۔ بدلہ لے کر چھوڑوں گا۔ گت بناؤں گا۔

یاد رہنا (ل) خیال رہنا۔ دھیان رہنا۔ ذہن میں رہنا۔ حافظہ میں رہنا۔ (ل) نجھ لنامت۔ فراموش نہ کرنا۔ جتنا دینا کہ بدلہ لے کر چھوڑوں گا۔ ضرور۔ شرطی۔ یقینًا۔ بے شک۔ دعوے سے۔

یادش بخیر (ف/ محاورہ) کسی غائب دوست یا عزیز کا ذکر کرتے ہوئے دُعا کے طور پر یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں۔ یعنی ہم اس کا نام نیکی اور بھلائی سے لیتے ہیں۔ اور ہر آفت و بلا سے اس کی خیریت چاہتے ہیں۔ نیز اگر کسی دوست کا ذکر کرتے ہوں اور وہ اتفاقًا وہاں آ نکلے۔ تو بھی یہی کلمہ بولتے ہیں۔

یاد فراموش (ف امث) ایک قسم کی بازی اور شرط کا نام جس کا قاعدہ یہ ہے کہ اگر ہم تم کو کوئی چیز اس وقت کا اقرار اور عہد بھلا کر دے دیں اور ساتھ ہی فراموشی بھی کہہ دیں تو تم کو اس کے عوض میں فلاں چیز اس قدر دینی ہوگی اور جو تم نے کہہ دیا کہ یاد ہے تو تم جیتو گے۔

یاد فرمانا (ل) یاد کرنا۔ بُلانا۔ بادشاہوں یا امیروں کا اپنے کسی ملازم کو بُلانا اور طلب کرنا۔

یاد فرمائی (ف امث) یاد کرنا۔

یاد کرنا (ل) جپنا۔ رٹنا۔ بار بار نام لینا۔ خیال میں لانا۔ حافظہ میں لانا۔ حفظ کرنا۔ ازبر کرنا۔ امیروں یا بادشاہوں کا اپنے کسی ملازم کو طلب فرمانا۔ سوچنا۔ ذہن نشین کرنا۔

یاد کروگے (ل/ محاورہ) کبھی نہ بھولو گے۔ یاد رکھو گے۔ افسوس کرو گے۔ پچھتاؤ گے۔ ہاتھ ملو گے۔

یاد کرے (ل/ محاورہ) کبھی نہ بھولے۔ افسوس کرے۔ پچھتائے۔ ہاتھ ملے۔

یاد کیا ہے (ل/ مقولہ) بُلایا ہے۔

یادگار }
یادگاری } (ف امث) نشانی۔ علامت۔ آثار۔ کسی دوست کو نشانی کے طور پر دی ہوئی چیز۔ پُرانی عمارات۔ آثار الصنادید۔ تمغہ۔ میڈل۔ وہ چیز جسے دیکھ کر کوئی یاد آئے۔ بیٹا۔ فرزند۔ پسر۔

یادگار بنانا (ل/ محاورہ) کسی کے نام پر عمارت بنانا۔

یادگارِ زمانہ (ف امذ) قابلِ یاد چیز۔ زمانہ میں رہنے والی چیز۔

یادگاری (ف امث) یاد۔

یاد گدگدانا (ل) کسی چیز کا بار بار یاد رہ کر یاد آنا۔ دل میں یاد اُٹھنا۔

یاد لگی ہونا (ل/ محاورہ) ہر وقت کسی کا ذکر یا دھیان ہونا۔

یاد ہو کہ نہ یاد ہو (ل/ محاورہ) واللہ اعلم۔ نہیں یاد ہے کہ بھول گئے۔ معلوم نہیں۔ یاد بھی ہے یا بالکل بھول گئے۔

یاد ہونا (ل) حفظ ہونا۔ ازبر ہونا۔ دھیان میں ہونا۔ ذہن نشین ہونا۔ بلایا جانا۔ طلبی ہونا۔ دل میں ہونا۔ خیال میں آنا۔

یاد ہے (ل/ محاورہ) خوب جانتے ہیں۔ بخوبی معلوم ہے۔ یاد فراموش کی شرط کا جواب بھی ہے۔

یار (ف امذ) ساتھی۔ مددگار۔ ساتھ دینے والا۔ حمایتی۔ دِلرُبا۔ محبوب۔ معشوق۔ دِلبر۔ جانی۔ پیارا۔ آشنا۔ دوست۔ رفیق۔ محب۔ بشنی۔ ناجائز تعلق رکھنے والا۔

یار باش (ف امذ) دوستوں کا دوست۔ یاروں کا یار۔ ملنسار۔ زندہ دل۔ خوش مزاج۔ عیاش۔ تماش بین۔ عاشق مزاج۔

یار بننا (ل) دوست بننا۔ پیار میں آنا۔ موافق ہونا۔ ہمدم ہونا۔

یار بنانا (ل) دوست بنانا۔ یارانہ گانٹھنا۔ اپنے ڈھب پر لانا۔ اپنے مطلب کا کر لینا۔

یارِ جانی (ف امذ) وہ یار جس پر جان قربان ہو۔ نہایت پیارا اور دلی دوست۔

یار زندہ صحبت باقی (ف/ مثل) زندگی ہے تو پھر مُلاقات ہوگی۔ اب نہیں۔ تو پھر سہی۔

یار عزیز (کلمۂ خطاب) اے یار - اے دوست - پیارے دوست -

یارِ غار (تج امذ) گہرا دوست - پکا دوست - پورا ساتھی - ہمدم دوست - رفیق - خلیفۂ اوّل حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ جیسا دوست جنہوں نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا ہجرت کے وقت غار میں ساتھ دیا تھا - اصحابِ کہف جیسے دوست جو غار میں سوتے ہیں -

یار فروش (ف/صف) دوست کی تعریف کرنے والا -

یار فروشی (ف/مث) بیجا خوشامد - یاروں کی تعریف کرنا - دوستوں کی تعریف میں اپنا فخر سمجھنا -

یارقند - روسی ترکستان میں ہے - یہاں سے ٹٹو اور چرس ہندوستان آتے ہیں -

یارک - انگلینڈ میں ہے - یہاں کا گرجا گھر بہت عمدہ ہے - شہر کے گرد شہر پناہ پختہ بنی ہوئی ہے -

یار کرنا (ا) دوست بنانا - یار بنانا - ڈھب پر لانا - آنکھ لگانا - آشنائی کرنا - دھگڑا بنانا - آشنا کرنا -

یار کا غصہ بھٹار کے اوپر (ا/مثل) اس کے متعلق کہتے ہیں جو ناراض کسی سے ہو اور غصہ کسی پر اتارے -

یار کرنا (ا/محاورہ) دوست بنانا - آشنائی کرنا -

یار کی یاری سے کام اُس کے فعلوں سے کیا کام (ا) دوست کی دوستی سے غرض ہے اس کے کاموں سے کیا مطلب - یہ مثل دوست کے عیبوں پر خیال نہ کرنے کے وقت بولا کرتے ہیں -

یار لوگ (ا/محاورہ) عیار دوست - چالاک یار - دوست آشنا - ہم - ہیں - بے تکلفی کے موقع پر بولا کرتے ہیں -

یار مار (ا) یار سے دغا کرنے والا - دھوکے باز - محسن کش - فریبی - مکار - عیار - دغا باز -

یار مار بنیا پہچان مار چور (ا) بنیا دوست سے بھی نہیں چوکتا اور چور صرف مال دار پہچان کر لوٹتا ہے - بنیا دوست کو چیز کم اور مہنگی دیتا ہے - اور چور پہچان والے ہی کو زیادہ مارتا ہے تاکہ وہ دوسروں پر ظاہر نہ کر دے کہ فلاں شخص چور ہے -

یار ماری (ا/مث) دوست کے ساتھ دغا بازی - دھوکا دہی - محسن کشی - ٹھگی -

یار ماری کرنا (ا) دوست بنا کر مارنا - یار بن کر دغا کرنا -

یار مطلب کا گڑ کی مکھی (ا/مثل) خود مطلب دوست گڑ کی مکھی کے برابر ہوتا ہے -

یارا (ف/مذ) مجال - طاقت - حوصلہ - دلیری - تاب - قوت - مقدور -

یاراں (ف/مذ) یار کی جمع - دوستاں - محباں - احباب - احبا -

یاراں چوری نہ پیراں دغا بازی (ا/محاورہ) صاف گو - کھرا آدمی - اپنی صفائی جتانے کے وقت کہتا ہے - یعنی ہم تو حق کی طرف ہو کر سب سے یکساں معاملہ رکھتے ہیں - اس میں خواہ کوئی خوش ہو خواہ ناراض -

یارانہ (ف) دوستی کے طور پر - مشفقانہ طور سے (مذکر) دوستی - پیار - اخلاص - محبت - آشنائی - اُلفت - اتحاد -

یارانہ گانٹھنا (ا) دوستی جوڑنا - یاری جوڑنا - دوست بنانا - آشنا بنانا -

یارانہ ہونا (ا) دوستی ہونا - میل ملاپ ہونا - دوستانہ ہونا -

یارو (ا/مذ) یار کی جمع - دوستو - محبو - مونسو -

یاروں (ا/مذ) یار کی جمع - دوستوں - آشناؤں - ہم - ہیں - اپنا - ہمارا - میرا -

یاروں کا یار (ا) دوستوں کا دوست - ہر ایک کا ساتھی - سب کے موافق - سب کا ہمراز - بڑا یار باش - ملا جلا شیر و شکر - ملنسار -

یاری (ف/مث) مدد - سہارا - سہا'را - دستگیری - تائید - اعانت - حمایت - تقویت - دوستی - محبت - ہمت - ربط - ضبط - اُلفت - اخلاص - پیار -

یاری آوے - (ا/محاورہ) محاورۂ اطفال - یعنی جو چیز کھا رہے ہو اس سے حصہ ملے - ہم کو بھی دوستانہ کا حق دو - ہمارا حصہ بھی دو -

یاری جوڑنا / **یاری بدنا** (ا) باہم عہد و پیمان کرنا - دوستی کرنا - یارانہ گانٹھنا - ہمدم و ہمراز بنانا -

یاری دینا (ا) مدد دینا - امداد کرنا - معاونت کرنا -

یاری کٹ کرنا (ا) دوستی چھوڑنا - دوستانہ الفظ کرنا (بچوں کا محاورہ ہے)

یازدہ (ف) گیارہ - دس اور ایک - ایک اُوپر دس - ۱۱ -

یازدہ مشت (ف/مذ) گیارہ مٹھی - سب سے بڑے تیر کی لمبائی ہوتی ہے -

یازدہم (ف) گیارھواں - گیارھویں تاریخ - اکادشی -

یازہ (ف/مذ) اختلاج - جماہی - کپکپی - لرزہ -

یاس (ع/مث) ناامیدی - نراس - حرماں - مایوسی - خوف - ڈر - دھڑکا - اندیشہ - خطرہ - ڈبکا -

یاس آجانا (ا/محاورہ) مایوس ہو جانا -

یاس کلی (ع/مث) بالکل ناامیدی - قطعی - مایوسی - کامل ناامیدی -

یاس ہو جانا (ا) مایوس ہو جانا - ناامید ہو جانا - ہمت ٹوٹ جانا -

یاسا (ت/مذ) ماتم - مجازاً کُشت و خون - خونریزی - غارت گری -

یا سکھ نیند سوؤ یا مالا جپو (ا/مثل) دو کاموں میں سے ایک ہی ہو سکتا ہے - یا تو آرام کرو یا کام کرو -

یاسمن - یاسمون - یاسمین (ف/مذ) چنبیلی - ایک قسم کا خوشبودار پھول -

یاسہ (ف/مذ) آرزو - تمنا - قانون - حکم - قصاص - رسم - دستور -

یاسین (ع/مث) یٰسین - یس بھی لکھتے ہیں - لغوی معنی اے سید - اے سردار - سید البشر - قرآن شریف کی ایک سورت کا نام ہے - جو جانکنی کے وقت مُردے کو سناتے ہیں -

یاسین دم کرنا (ا/محاورہ) سورۂ یٰسین پڑھ کر پھونک مارنا -

یافت (ف/مث) آمدنی - آمد - کمائی - نفع - فائدہ - رشوت - بالائی آمد -

یافتنی (ف امث) قابل وصول - لینا - گرفتنی -

یاقوت (ع امذ) ایک قسم کا سُرخ رنگ کا جواہر - ایک قیمتی پتھر - یہ نیلے زرد اور سفید رنگ کا بھی ہوتا ہے -

یاقوت رقم خاں (عف) ایک مشہور خوشنویس کا نام - نیز خوشنویس کا خطاب -

یاقوت رُمّانی (ع امذ) ایک نہایت عمدہ قسم کا یاقوت - جس کا رنگ انار کے دانہ سے مشابہ ہے -

یاقوت لب (عف) سُرخ ہونٹوں والا - لعل لب - معشوق - دلرُبا -

یاقوتی (ع) منسوب بہ یاقوت - نوشدارو - ایک قسم کی مقوی معجون جس کا جزو اعظم یاقوت ہے - نشاستہ اور کھانڈ سے بنائی ہوئی ایک قسم کی عمدہ خوراک -

یاکٹسک - سائبیریا کے مشرقی حصے میں یہ شہر ہے - ہاتھی دانت کا بیوپار ہوتا ہے - سردیوں میں یہاں کا درجہ حرارت منفی ۷۴ فارن ہیٹ ہوتا ہے -

یال (ت امث) گردن - گلا - گھوڑے کی گردن کے بڑے بڑے لمبے بال - شیر ببر کی گردن کے لمبے لمبے بال -

یامنی (س امذ) ہندوؤں کے سوا باقی تمام لوگ جنہیں وہ اپنے خیال میں کافر کہتے ہیں - ملکش - رات - شب - راتری - رَین -

یامن بھاشا (ہ امث) عربی یا فارسی زبان - غیر ملکی زبان سنسکرت کے سوا -

یاں (ہ) یہاں کا مخفف ہے اس جگہ -

یانا (ہ) کم عمر - چھوٹی عمر کا - نادان بچہ - کمسن -

یاوَر (ف امذ) مددگار - حمایتی - دستگیر -

یاورِ غریباں (ف امذ) غریبوں کا دوست یا مددگار -

یاوری (ف امث) مدد - حمایت - دست گیری - سہارا - اعانت -

یاوہ (ف) لوچ - لغو - بےہودہ - ہجر - بےمعنی - نامعقول -

یاوہ بکنا (ار / محاورہ) بےہودہ بکنا - بکواس کرنا -

یاوہ گو (ف) بےہودہ بکنے والا - ہرزہ سرا - ہرزہ درا - نامعقول - بکواسی -

یاوہ گوئی (ف امث) بکواس - بیہودہ گوئی - واہیات لغویات -

یاہُو (ع امذ) خدا تعالیٰ کا اسم ذات - ایک قسم کا کبوتر - جس کی آواز سے یاہو سمجھ میں آتا ہے اور یاہو کی آواز - کبوتر کی آواز -

یائے معکوس (ع امث) بڑی ے - لمبی ے -

ی - ب

یبس (ع امث) خشکی - شوکھاپن -

یبوست (ع امث) شوکھاپن - رُوکھاپن - خشکی -

ی - ت

یتاق (ت) پہرا - حفاظت -

یتامیٰ (ع اصف) یتیم کی جمع -

یتین (ع امذ) وہ بچہ جو پاؤں کے بل پیدا ہو - پائل بھی اُسے کہتے ہیں -

یتیم (ع امذ) لغوی معنی اکیلا - تنہا - یکتا - اصطلاح میں وہ نابالغ لڑکا جس کا باپ مرگیا ہو - بن باپ کا - نہایت قیمتی جواہر - بڑا موتی -

یتیم الطرفین (ع امذ) بن ماں باپ کا - وہ بچہ جس کے ماں اور باپ دونوں مرگئے ہوں -

یتیم ہونا (ا) باپ مرنا - بن باپ کا ہونا - لاوارث ہونا - بے پدر ہونا -

یتیم خانہ (عف امذ) وہ ادارہ یا مکان جس میں یتیم رکھے جاتے ہیں اور ان کی دیکھ بھال کی جاتی ہے -

یتیمی (ع امث) حالت بے پدری - یتیم کی حالت -

ی - ث

یثرب (ع امذ) عرب کے ایک مقدس شہر کا نام - جہاں رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم آسودہ ہیں - مدینہ منورہ کا دُوسرا نام -

ی - ج

یجروید (س) چاروں ویدوں میں سے دُوسرا وید ہے -

ی - خ

یخ (ف امث) جمی ہوئی برف - پانی جما کر بنائی ہوئی برف - منجمد پانی - نہایت سرد -

یخ بستہ (ف اصف) سردی سے برف کی طرح جما ہوا -

یخنی (ف امث) شوربا - اُبالے ہوئے گوشت کا پانی -

یخنی پلاؤ (ف امذ) وہ پلاؤ جس میں یخنی ڈالتے ہیں - قورمہ پلاؤ کی ضد -

ی - د

یَد (ع ا مذ) ہاتھ - دست -
یَدو - اس کا دُوسرا نام ٹوکیو ہے - جاپان کا دارالحکومت ہے - اس کا حال ٹوکیو کے ماتحت دیکھو -
یَدِ بَیضا (ع ا مذ) چمکتا ہوا ہاتھ - روشن ہاتھ - سفید ہاتھ - نہایت گورا چِٹّا ہاتھ - حضرت موسیٰ علیہ السلام کا وہ روشن ہاتھ جسے آپ معجزہ کے طور پر بغل میں لے جاکر باہر نکالتے تھے تو آفتاب کی طرح روشن ہو جایا کرتا تھا - اور آنکھوں میں اس سے چکاچوند آنے لگتی تھی -
یَدِ طُولیٰ (ع ا مذ) بہت لمبا ہاتھ - مجازاً نہایت مہارت - بڑی بھاری دسترس - نہایت اعلیٰ درجہ کا ملکہ - بڑا بھاری ملکہ -
یَدِ طولیٰ رکھنا (ا ر ا محاورہ) بہت مہارت رکھنا - بڑا بھاری ملکہ ہونا -
یَدِ قُدرت (ع ا مذ) خدا تعالیٰ کی قدرت -
یُدہ (ہ ا مذ) لڑائی - جنگ -
یُدھان (ہ ا مذ) سُورما - لڑنے والا - سپاہی -

ی - ر

یَراق (ت ا مذ) لڑائی کا سامان - ہتھیار - اسلحہ - سامانِ جنگ -
یَرغہ (ف ا مذ) تیز گھوڑا - تیز رفتار گھوڑا - مینار کے معنی میں بھی آیا ہے -
یرغہ چلانا (ا ر ا محاورہ) گھوڑے کو تیز چلانا -
یَرغمال (ت ا مذ) کفیل - جب کوئی بادشاہ کسی دُوسرے بادشاہ سے عہد و پیمان کرکے صلح کرتے تو زبردست بادشاہ دُوسرے مغلوب بادشاہ کے رشتہ داروں میں سے کسی شخص کو کفالت کے طور پر اپنے پاس رکھ لیتا ہے تاکہ یہ پھر دغا بازی نہ کرے -
یَرقان (ع ا مذ) ایک مرض کا نام جس میں دونوں آنکھیں بلکہ تمام جسم پیلا پڑ جاتا ہے اور چہرہ زرد ہو جاتا ہے - اور پیشاب تک زرد آتا ہے - کنول باؤ -
یَرمَلُون (ع ا مذ) علم قرأت کے لحاظ سے چھ حرفوں کا مجموعہ - جب ان سے پہلے نون ساکن یا نون تنوین آجاتا ہے - تو نؔ ان میں مدغم ہو جاتا ہے -

ی - ز

یَزد (ف ا مذ) ایران کے ایک مشہور شہر کا نام - جہاں کا یزدی کپڑا مشہور ہے - فارس میں قافلے والوں کا مرکز ہے - ریشم - غالیچے اور ریشمی کپڑے بنتے ہیں -
یَزدان (ف ا مذ) خدا تعالےٰ کے ناموں میں سے ایک نام - فاعلِ خیر - خُدا - جس سے شر کبھی نہیں ہوتی -
یزدانی (ف) منسوب بہ یزدان - خدائی - ربانی -
یَزَک (ت ا مذ) قراول - طلایہ - طلیعہ - سواروں کی وہ جماعت جو اپنے لشکر کے آگے دشمن کی فوج سے خبردار اور ہوشیار رہنے کے لیے جاتی ہے - مجازاً رَونْد - گشت - پہرا - چوکی - پہریدار - چوکی دار - پاسبان -
یزنہ (ت) بہنوئی -
یَزید (ع ا مذ) ایک مشہور ملعون کا نام جو حضرت معاویہؓ کا بیٹا تھا - جس نے خلافت کا دعویٰ کرکے حضرت امام حسین علیہ السلام کو اُن کے تمام کنبے سمیت میدانِ کربلا میں شہید کرا دیا تھا -

ی - س

یَسار (ع ا مذ) دولت - ثروت - بائیں طرف - بایاں ہاتھ - بائیں جانب -
یَساول (ت ا مذ) چوب دار - نقیب - ہرکارہ - قاصد -
یَسیر (ع) سہل - آسان - چھوٹا - تھوڑا - قلیل - بن مال کا - مسکین -
یٰسین (ع ا مث) یا سین - قرآن شریف کی ایک سورہ کا نام -
یٰسین پڑھوانا - یا - سُنوانا (ا) نزع میں بیمار کی تکلیف دُور ہونے اور جان کنی کی تکلیف رفع ہونے کے لیے سورۂ یٰسین سُنوانا -
یٰسین کا وقت آنا (ا) دم نزع ہونا - جان کنی کی حالت ہونا -

ی - ش

یَشب (ف ا مذ) جواہرات کی قسم کا ایک قیمتی پتھر ہوتا ہے - جو ذرا سبزی مائل ہوتا ہے -
یَشمی (ف ا صف) یشب کا بنا ہوا -
یَشمک (ت ا مذ) نقاب جو مصر اور ترکی میں مستعمل ہے -

ی - ع

یَعبوب (ع ا مذ) تیز رفتار گھوڑا -
یَعسُوب (ع ا مذ) مہال کی مکھیوں کا بادشاہ - شہد کی مکھیوں کی

رانی - رانی مکھی - مکھیوں کی ملکہ - شہد کی تمام مکھیاں اس کے تابع ہوتی ہیں۔
یَعقُوبؑ (ع / مذ) حضرت یوسف علیہ السلام کے باپ کا نام - جن کا دُوسرا نام اِسرائیل تھا۔
یعنی (ع) حرفِ تفسیر - مراد - مطلب - معنی - ارتعات (مذکر) قصد کرنا۔

ی - غ

یَغما (ف / مث) لُوٹ - مالِ غنیمت - تاراج - ڈاکے یا رہزنی کا مال - ترکستان کے ایک حُسن خیز شہر کا نام۔

ی - ق

یقین (ع / مذ) بے شک - بے شبہ - البتہ ضرور - دُرست - ٹھیک - اعتبار - اعتقاد - اطمینان - بھروسہ - گمان - خیال - ظن۔
یقین آنا (ل) اعتبار آنا - اطمینان ہونا - تسلی ہونا۔
یقین بڑا رہبر ہے (ا / مقولہ) یقین ہو تو انسان کامیابی حاصل کرتا ہے۔
یقین جاننا (ل) سچ جاننا - اعتبار کرنا - سچ ماننا۔
یقین کرنا } (ل) ٹھیک اور دُرست خیال کرنا -
یقین لانا } اعتبار کرنا۔
یقین کے بندے ہو گے تو سچ مانو گے (ا / محاورہ) بنہایت صداقت جتانے کے موقع پر بولتے ہیں - یعنی اگر تمہیں یقین کی قدر اور سچ بولنے کی شناخت ہو گی تو ہماری اس بات میں شبہ نہ کرو گے۔
یقین مانو (ا / محاورہ) سچ جانو - دُرست سمجھو۔
یقیناً (ع) ضرور - از رُوئے یقین - یقین کے طور پر - بے شک۔
یقینی (ا / مث) یقین کیا ہوا - بلاشبہ - شک و شبہ سے بالا۔

ی - ک

یک (ف) ایک - اکیلا - واحد - فرد - تنہا - جریدہ۔
یک اسپہ (ف / مذ) اکیلا اسوار - ایک گھوڑے والا سوار - مجازاً سورج - آفتاب۔
یک انار صد بیمار (ف / مثل) ایسے موقع پر بولتے ہیں - جہاں چیز ایک ہو اور خواہاں بہت سے۔
یک بار (ف) ایک دفعہ۔
یک بارگی (ف) اکیا ایکی - دفعۃً - ایک دفعہ۔
یک بیک (ف) اُچانچک - اَچانک۔
یک بانک (ا / مذ) وہ منحوس بھونری جو گھوڑے کی ایال کے نیچے ہوتی ہے۔
یک باگا (ف / صف) وہ جو ایک طرف چلنے کی کوشش کرے۔
یک پشتہ (ف) ایک رُخا - چھپا ہوا - یا - لکھا ہوا کاغذ۔
یک پیری و صد عیب (ف / مقولہ) بڑھاپا سو بیماریوں کے برابر ہے۔
یکتا (ف / صف) اکیلا - بے نظیر - نرالا۔
یکتائی (ف / مث) اکیلا ہونا - بے نظیر ہونا۔
یک تارا (ا / مذ) ایک تار کا ستار یا باجہ - تنبورا - ایک قسم کی باریک ململ۔
یک جا (ف) اکٹھے - باہم مل جل کر ایک جگہ - ایک مکان میں - ملے جُلے۔
یک جان (ل) خُوب اچھی طرح سے مِلا ہوا - شیر و شکر - خُوب مِلا جُلا۔
یک جان دو قالب (فع) نہایت گہرے دوست - پکا دوست - دِلی دوست - ہمراز - متفق - یک جہت۔
یک جان دو قالب ہونا (ل) گہرا دوست ہونا - پکا دوست ہونا۔
یک جدّی (فع) ایک دادا کی اولاد - ایک خاندان کا - آبائی - موروثی۔
یک جہت (ف) متفق - موافق - ہم زبان - دوست۔
یک جہتی (ف / مث) دوستی - اِتفاق - اتحاد۔
یک چشم (ف) ایک آنکھ والا - کانا - کانڑا۔
یک چشمی (ف / صف) وہ جو ایک رُخ کی ہو - سب کو ایک آنکھ سے دیکھنا۔
یک چند (ف) ذرا سی دیر - ذرا - ذرا کی ذرا - کھڑے کھڑے۔
یک چوبہ (ف) ایک بلی کا خیمہ - ایک چوب والا ڈیرا۔
یک در گیر و محکم گیر (ف / مثل) ایک ہی جگہ مستقل ہو کر کام کرنا چاہیے - ایک کا ہو رہے۔
یک دست (ف) یکساں - ہموار - برابر - سارا - ثابت - پُورا - جُوں کا تُوں - تمام - کُل - ایک ہی جنس کی تمام اشیاء - ایک ہی قسم کی پوشاک۔
یک دستی (ف) ایک ہاتھ کا - کُشتی کے ایک داؤ کا نام۔
یک دِگر (ف) ایک دُوسرا - دونوں مل کر - باہمدگر۔
یک دِل (ف) ایک ہی جیسا دل رکھنے والے - مُونس - ہمراز - ہمدم - ہمرنگ - یک جان دو قالب - متفق الرائے - ہم زبان۔
یک دِلی (ف / مث) یگانگت - اتحاد - اتفاق - یک جہتی۔
یک رُخی (ف) ایک طرفہ - یک رُخہ - دونوں طرف سے ایک ہی شکل کا۔
یک رنگ (ف) یکساں - ظاہر و باطن - ایک سا - صاف دِل - صادق - بے ریا - یک دِل - کپٹ - محب - دوست۔
یک رنگی (ف / مث) محبت - دوستی - ایک طرح کا ہونا - یک جہتی۔

اخلاص -
یک زبان (ف) ایک بات بولنے والا - بات کا پکا - ثابت قدم -
یکساں (ف) ہموار - برابر - چورس - ایک سا - مانند - ملتا ہوا - ہم شکل - مشابہ -
یک سر (ف) تمام - سراسر - بالکل - سب یک لخت - محض - سارا - سرتاسر -
یک سر ہزار سودا (ف امثل) نہایت مصروف کار اور عدیم الفرصت - اپنی کم فرصتی جتانے کے موقع پر یہ لفظ بولا جاتا ہے -
یکسو (ف) ایک طرف - ایک جانب جھکنا - بالمقطع - ساکن - ٹھہرا ہوا - ٹھہراؤ - قیام - سکون - استقلال -
یکسو کرنا (ا) معاملہ یک طرفہ کرنا - فیصلہ کرنا - چکانا -
یکسوئی (ف امث) یک طرفہ - استقلال - اطمینان - حواس - دل جمعی - فرصت - قیام -
یک شنبہ (ف امذ) پہلا دن - اتوار - سورج کا دن -
یک صدی ذات (ع امذ) شاہان مغلیہ کے زمانے میں ایک منصب تھا - جس کی تنخواہ تقریباً پانچ ہزار روپے ملتی ہے -
یک ضربی (ف اصف) ایک نالی بندوق یا پستول جس میں ایک کارتوس چل سکے - ایک ضرب لگانے والا -
یک طرف (ع) ایک جانب - الگ - جدا - کنارے - علیحدہ - تنہا -
یک طرفہ (ف اصف) ایک طرف کا - خصوصاً جب دوسری طرف کا خیال نہ کیا جائے -
یک طرفہ رائے (ف امث) وہ رائے جو بغیر دونوں پہلو سوچے کے دی جائے -
یک طرفہ فیصلہ (ف امذ) وہ فیصلہ جو بغیر دوسرے فریق کی شہادت کے سننے کے کیا جائے -
یک قلم (ع) تمام - سراسر - بالکل - سب - یک لخت - ایک ہی دفعہ - فوراً - ضرور - بالضرور - بلا توقف -
یک گز دو فاختہ (ف امحاورہ) ایک وار میں دو دشمنوں کا کام تمام - ایک پنتھ دو کاج -
یک لخت (ف) تمام - بالکل - بلکہ - محض - سارا - سراسر - سرتاپا - تمام و کمال - یک قلم - فوراً - فرحت - معاً -
یکلوتا (ا) منسوب بہ یک - ایک - اکیلا - فرد - اپنی ماں کا ایک ہی - وہ بچہ جو اپنے ماں باپ کا ایک ہی ہو -
یک لقمہ بیگاہی بہ از ہزار مرغ و ماہی (ف امقولہ) صبح کے وقت تھوڑا سا کھانا دوسری قسم کی ہزار غذاؤں سے اچھا اور بہتر ہے -
یک مشت (ف) اکٹھا - ایک لخت - ایک دفعہ - ایک ہی دفعہ - جملہ و کل - سب - سب کا سب -
یک من علم را دہ من عقل باید (ف امثل) ایک حصہ علم کے لیے دس حصے عقل کی ضرورت ہے - عقل کے بغیر علم کارآمد نہیں ہو سکتا -

یک نہ شد دو شد (ف امثل) ایک بلا تو تھی ہی دوسری اور پیچھے پڑ گئی -
یکا (ا) اکیلا - تنہا - واحد - فرد - لاثانی - بے مثل - نرالا - انوکھا - ایک قسم کی گاڑی جس میں صرف ایک ہی گھوڑا جتتا ہے - اِکا - ایک بتی جلنے کا فتیل سوز احدی - ایک قسم کے سپاہی جنہیں گھر بیٹھے تنخواہ مل جاتی تھی -
یکایک (ف) یکبارگی - فوراً - ناگاہ - دفعتہً -
یکتا (ف) واحد - یکا - یگانہ - لاثانی - بے مثل - مجرد - طاق - نرالا - انوکھا - بے نظیر -
یکتائی (ف امث) وحدت - توحید - وحدانیت - انوکھاپن - نرالاپن - بے مثالی - بے نظیری -
یکم (ف) پہلا - پہلی - مہینے کی پہلی تاریخ -
یکنگ (ا) تنہا - اکیلا - مجرد - تنہائی پسند -
یکہ (ف) اکیلا - مجرد - تنہا - بے مثل - بے نظیر - لاثانی - اِکا - یکا - ایک گھوڑے کی گاڑی - تاش کا وہ پتا جس پر ایک نقطہ ہوتا ہے -
یکہ تاز (ف) دشمن کے مقابلے پر اکیلا نکلنے والا بہادر سپاہی -

ی - گ

یگ (س امذ) جگ - قرن - زمانہ - جوڑا - جفت -
یگیہ (س امذ) قربانی - جگ - ہوم - پوجا - ہون -
یگاں (ف) اکیلا - منفرد - تنہا -
یگاں یگاں (ف) ایک ایک کرکے - فرداً فرداً - ایک ایک -
یگانگت - یگانگی (ف امث) پاس کی رشتہ داری - قرابت - انوکھاپن - ندرت - یکتائی - توحید - وحدانیت - اتفاق - اتحاد - میل ملاپ -
یگانہ (ف) اپنا - سگا - قریبی - نزدیکی رشتہ دار - جگر - ہم جدی - ایک گھرانے کا - یکتا - لاثانی - فرد - بے نظیر - بے مثل - موافق - بھائی بند - برادر - جانی دوست - دلی دوست - چا ہیتا -

ی - ل

یل (ف امذ) پہلوان - زور آور شہ زور - دلاور - شجاع - فربہ اندام - موٹا تازہ - جسیم - سنڈا مسٹنڈا -
یل تسل (ف) خوب ہی موٹا تازہ - سنڈا - تناور - فربہ - جسیم لحیم -
یل (ہ) فاعلیت و نسبت کی علامت ہے جو آخر اسما میں آتی ہے - جیسے اڑیل بخیل وغیرہ -

یلدا (ف امث) شب تاریک - اندھیری رات - اندھیری اور بڑی رات -
یلدز کوشک (ف امذ) سلاطین روم کے محلات جو قسطنطنیہ میں ہیں -
یلغار (ت امث) حملہ - تاخت - دھاوا - چڑھائی - تیز رفتار گھوڑا - ڈبل کوچ - دشمن کی فوج پر حملہ -

ی - م

یم (س امذ) موت کا فرشتہ - ملک الموت - عزرائیل -
یم (ف امذ) سمندر - ندی - بحر - دریا - ساگر -
یم کا (س امث) توام بہن -
یم کال (س امذ) موت کا وقت -
یمانی (ع) منسوب بہ یمن - ملک یمن کا - ملک یمن کی چیز -
یمانی (ع) یمن سے نسبت رکھنے والا - یمن کا باشندہ -
یملا (س امث) ایک قسم کی ہچکی - تنتر دیوی - ایک دریا -
یملی (س امث) ایک قسم کی پوشاک جس میں دو کپڑے ہوتے ہیں - جوڑا -
یمکن (ع) ممکن ہے - ہو سکتا ہے - امکان رکھتا ہے -
یمن (ع امذ) برکت - سعادت - بہبودی - کامیابی - بختاوری - مبارک - خجستہ - بابرکت -
یمن (ع امذ) عرب کے ایک مشہور شہر کا نام جہاں کا عقیق اور لعل نہایت عمدہ اور مشہور ہے - سہیل ستارہ بھی اسی جگہ نکلتا ہے -
یمنی (ع) یمن کا - یمانی - یمن سے نسبت رکھنے والا -
یمین (ع امذ) سیدھا ہاتھ - دایاں ہاتھ - داہیں طرف - قسم - سوگند - سوں - طاقت - توانائی - قوت - زور -
یمین الدولہ (ع امذ) سلطنت کا دایاں بازو - رکن سلطنت - ایک معزز خطاب جو امراء کو بادشاہوں کی طرف سے ملتا ہے -
یمین ویسار (ع امذ) داہیں بائیں - راست وچپ - فوج کا دایاں اور بایاں بازو -

ی - ن

ین (جاپانی امذ) ایک جاپانی سکے کا نام جو ڈالر کے برابر ہوتا ہے -
ینبوع (ع) پانی کا بڑا چشمہ -
ینیسی - یہ دریا سائبیریا میں بہتا ہے اور ۲۹۰۰ میل لمبا ہے - جھیل بیکال سے گزر کر بحیرہ منجمد شمالی میں گرتا ہے - تجارت کے لیے مفید نہیں -
ینگ (انگریزی) جوان -

ینگ سی کیانگ - یہ وسطی چین کا مشہور دریا ہے - تبت کے پہاڑوں سے نکل کر مشرق کو بہتا ہوا صوبہ سیچوان میں داخل ہو جاتا ہے - رستے میں کئی آبشار بناتا ہے - چنگ کیانگ - ہانکو - شنگھائی اس پر آباد ہیں - تجارت کے لیے مفید دریا ہے - دہانہ سے ۶۰۰ میل تک جہاز جاتے ہیں - آگے ۴۰۰ میل تک کشتیاں چلتی ہیں -

ی - و

یو (ہ) یہ - این - ہذا -
یو (انگریزی) تم - تنبیہ کے لیے بھی بولتے ہیں -
یوراج (س امذ) ولی عہد - شہزادہ -
یودھا (س امذ) شجاع - بہادر - جنگجو -
یودھاپن (ہ امذ) بہادری - شجاعت -
یورال پہاڑ - یہ ایشیا اور یورپی روس کی سرحد پر پھیلا ہوا ہے - نگر لیست میں آسانی سے آ جا سکتے ہیں - دونوں طرف سٹیپ کے میدان ہیں - دریائے یورال بھی بہتا ہے -
یوٹرکٹ - واقع ہالینڈ - یہاں یونیورسٹی بھی ہے -
یوریشیا - ایشیا اور یورپ دونوں براعظم مل کر یوریشیا کہلاتے ہیں -
یورپ کا براعظم اس وقت بلحاظ تجارت دولت - تعلیم اور صنعت و حرفت تمام براعظموں سے سبقت لے گیا ہے - برطانیہ - فرانس - سپین - جرمنی - روس وغیرہ بڑے بڑے ملک ہیں - ایلپ - رائن - والگا - ڈینیوب - سین بڑے بڑے دریا ہیں -
یوکرین - نئی جمہوری حکومت روس کے سیاہ مٹی والے خطے میں واقع ہے - اس کا رقبہ تقریباً ۱۷۵۰۰۰ مربع میل ہے - آبادی ۲۶۰ لاکھ اوڈیسہ بندرگاہ ہے - گیہوں بہت ہوتا ہے -
یوروگوئے - جنوبی امریکہ میں پیپاز کے میدان میں جمہوری حکومت جس میں یوروگو دریا بہتا ہے - اور لاپلاٹا میں مل جاتا ہے - لوگ مویشی پالتے ہیں - مونٹی ویڈیو دارالحکومت ہے - آبادی بہت کم ہے -
یوکوہاما (انگریزی) جاپان کی سب سے بڑی بندرگاہ ہے - تجارت امریکہ سے ہوتی ہے - یہاں پر ۱۹۲۳ء میں زلزلہ آیا تھا -
یورپ (انگریزی امذ) ایک براعظم کا نام جو پرانی دنیا کے مغرب میں واقع ہے - ممالک مغرب -
یورپین (انگریزی امذ) یورپ کا رہنے والا - یورپ والوں کی نسل سے -
یورش (ت امث) چڑھاوا - حملہ - دھاوا - غلبہ - یلغار - فساد - ہنگامہ - بلوہ -
یوروک (ت امذ) آوارہ گرد قومیں جو ایشیائے کوچک میں پائی جاتی ہیں -

یورشین (انگریزی/مذ) وہ انگریز جو ہندوستان میں آکر پیدا ہوا۔
یوز (ف/مذ) چیتا۔ تیندوا۔ پلنگ۔ لگڑ بھگا۔ بھگیلا (ترکی میں) تنو۔ صد۔
یوسف (ع/مذ) حضرت یعقوب علیہ السلام کے بیٹے کا نام۔ جو حسن میں دنیا بھر میں لاثانی تھے۔ عزیز مصر کی بیوی زلیخا انہی پر عاشق تھی۔ مجازاً نہایت حسین۔ بے حد خوبصورت۔
یوم (ع/مذ) دن۔ تاریخ۔ روز۔ بار۔ وار۔
یوم الحساب / **یوم القیامت** (ع/مذ) حساب کتاب کا دن۔ قیامت کا دن۔ روزِ محشر۔ قبروں سے نکل کر کھڑے ہونے کا دن۔ لوگوں کے اعمال کے حساب کا دن۔
یوماً فیوماً (ع) روز بروز۔ دن بدن۔
یومیہ (ع/مذ) روز کی مزدوری۔ روزانہ خوراک۔ دن بھر کی اجرت۔ دہاڑی۔ روزینہ۔ وظیفہ۔ روزمرہ کا خرچ۔
یومیہ دار (عف/مذ) وظیفہ خوار۔ روزینہ دار۔ یومیہ اجرت پانے والا مزدور۔
یوں (ہ) اس طرح۔ ایسا۔ اس طرز سے۔ اس ڈھنگ سے۔ بدیں طور۔
یوں بھی دیکھا ووں بھی دیکھ (ہ/مثل) زمانہ کی نیرنگی اور انقلاب کے موقع پر بولتے ہیں۔ یعنی خوشی دیکھ۔ اب غم دیکھ۔
یوں بھی سہی (ا/محاورہ) اس طرح بھی منظور ہے۔ ہم اس طرح بھی خوش ہیں۔
یوں بھی واہ وا ووں بھی واہ وا (ہ/محاورہ) ہر طرح سے خوب ہے۔ دونوں طرح سے خوش۔
یوں تو (ہ) اس طرح تو۔ اس ڈھنگ سے تو۔ ورنہ۔ وگرنہ۔ کہنے کو تو۔ دراصل تو۔
یوں توں کرنا (ہ) ایسی تیسی کرنا۔ گالی گلوچ کرنا۔ کوسا کاٹی کرنا۔ بددعا دینا۔
یوں دینا / **یوں ہی دینا** (ہ) مفت دینا۔ بلاقیمت دینا۔ بلامعاوضہ دینا۔ بے دام دینا۔ بے دام لیے دینا۔
یوں سے ووں ہوجانا (ا/محاورہ) ایک حالت سے دوسری حالت ہوجانا۔
یوں نہ یوں (ہ/متعلق فعل) نہ اس طرح نہ اس طرح۔ کسی طرح نہیں۔
یوں ہی (ہ) اسی طرح۔ اسی ڈھنگ سے۔ مفت۔ بلاقیمت۔ بلامعاوضہ۔ بلاقصور۔ بے فائدہ۔ ناحق۔ بلاسبب۔ خواہ مخواہ۔ بے وجہ اتفاق سے۔ حسبِ اتفاق۔ نکما۔ بے کار۔ خالی آسانی سے۔ بلادقت۔
یوں ہی ٹرخا دیا (ہ/محاورہ) ناکام رخصت کردیا۔ خالی خولی ٹال دیا۔
یوں ہی سا (ہ) تھوڑا سا۔ ذرا سا۔ خفیف سا۔ نا ڈ بھاؤ۔
یوں ہی سہی (ا) کلمۂ خطاب۔ یہ بھی قبول ہے۔ اسی طرح منظور ہے۔ ہم یوں بھی خوش ہیں۔
یونہی سے (ا/بول چال) اسی طرح ہے۔ ایسا ہے۔

یونہیں (ہ) یوں ہی۔ اسی طرح۔ ذرا سا۔ اندر سے۔ قلیل۔ بے سوچے۔ بے سمجھے۔ آپ ہی۔ از خود۔ فضول۔ بے کار۔
یونہیں ہے (ہ/محاورہ) اسی طرح سے ہے۔ قابلِ اعتبار نہیں۔ بے کار ہے۔ فضول ہے۔
یونان (ع/مذ) یورپ کے ایک جنوبی ملک کا نام۔ جہاں بڑے بڑے حکیم ہوگزرے ہیں۔ یہ خطہ حکمت خیز ہے۔
یونانی (ع) یونان کا رہنے والا۔ یونان کا باشندہ۔ یونان کا بنا ہوا (مؤنث) ملک یونان کی زبان۔ گریک۔
یونائیٹڈ پراونسز (انگریزی/مذ) اضلاع مغربی و شمالی و اودھ۔ صوبجات متحدہ امریکہ۔
یونائیٹڈ سٹیٹس (انگریزی/مذ) اضلاع متحدہ امریکہ۔
یونائیٹڈ کنگڈم (انگریزی/مذ) سلطنت متحدہ انگلستان۔
یونس (ع/مذ) ستون۔ ذکن۔ دین کا رکن۔ ایک مشہور پیغمبر کا نام جو بنی اسرائیل کے نبیوں میں سے تھے اور حضرت ہود علیہ السلام کی اولاد تھے۔ بہ حکم خدا چالیس روز تک مچھلی کے پیٹ میں قید رہے اور صحیح و سالم نکل آئے۔ ایک ستارہ کا نام بھی ہے۔
یونیفارم (انگ/مث) مقررہ لباس۔ وردی۔
یونیورسٹی (انگریزی/مث) مدرسۃ العلوم۔ جس میں جملہ علوم کی تعلیم ہوتی ہو اور فضیلت کے خطاب دیے جائیں۔ دار العلوم۔ بیت العلوم جامع ودیالہ۔
یونیورسل (انگریزی) عام۔ عالمگیر۔
یونین (انگریزی/مث) کلب۔ اتحاد۔ اتفاق۔ موافقت۔
یوہا (ہ/مذ) ایک قسم کا سانپ جس کی نسبت مشہور ہے کہ اگر ہزار برس کا ہوجائے تو جو شکل اختیار کرسکتا ہے۔

ی - ہ

یہ (ہ) اسم اشارہ ہے جو قریب کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
یہ آپ کے فرمانے کی بات ہے (ا/مثل) کوئی غلط بات کہے تو بطور تنبیہ کہتے ہیں۔
یہ آیا وہ آیا (ا/بول چال) ابھی ابھی آیا۔ بہت جلد آؤں گا۔
یہ اور بات ہے (ا/بول چال) یہ بات جدا ہے۔
یہ اور ہوئی (ا/بول چال) یہ مزید بات ہوئی۔
یہ بات وہ بات ٹکا ذھیر میرے ہاتھ (ہ/محاورہ) اس آدمی کی نسبت بولتے ہیں جو ادھر ادھر کی باتیں بنا کر اپنا مطلب نکالنا چاہے۔
یہ بات ہی کیا ہے (ہ/محاورہ) یہ کوئی مشکل کام نہیں ہے۔ یہ تو نہایت آسان اور سہل ہے۔

یہ بھی دام غلاموں کھائے - یہ بھی بینگن کاٹ پکائے (۱۱ محاورہ) ہمیں سب طرح کا تجربہ ہوگیا - ہم تمہاری ساری چالاکیاں اچھی طرح جان گئے یہ سب تمہارے کوتک ہیں۔
یہ بھی کسی نے نہ پوچھا کہ تمہارے مُنہ میں کے دانت ہیں (۱۱ محاورہ) نہایت عُمدہ انتظام اور انصاف کی تعریف میں کہتے ہیں۔ کہ کوئی کسی کا مزاحم نہیں۔ اس کے علاوہ اگر کہیں کسی کی پوچھ گچھ اور خاطر تواضع نہ ہو، وہاں یہ مثل بولتے ہیں۔
یہ بھی میرا دہ بھی میرا (۱۱ محاورہ) ظلم اور بے انصافی سے ہر چیز دبا بیٹھنے والے جابر شخص کی نسبت بولا کرتے ہیں۔
یہ بھی نہ ہوا (۱۱ محاورہ) کوئی کام بھی نہ بنا۔
یہ بیل منڈھے چڑھتی نظر نہیں آتی (۱۱ محاورہ) یہ کام پورا ہوتا دکھائی نہیں دیتا - خدا ہی خیر کرے جو یہ کام پُورا ہو۔
یہ پٹی نہیں پڑھی (۱۱ محاورہ) یہ سبق نہیں پڑھا - ہم اس داؤ میں نہیں آتے۔
یہ پُوت نہ تجے جائیں گیہوں دے کر گاجر کھائیں (۱۱ محاورہ) ایسی چھوڑی اور بے وقوف اولاد کا بیاہ بنج ہونا مشکل ہے جو ابھی سے گھر کا اناج بیچ کر سودا کھاتی ہے۔
یہ دن دکھائے (۱۱ محاورہ) یہ آفت ڈھائی - یہ مصیبت ڈال - یہ بلا نازل کی۔
یہ سنسار کا کھاجا جیسا گدھا ویسا ہی راجا (۱۱ محاورہ) دُنیا موت کی خوراک ہے - اسے غریب امیر سب برابر ہیں۔
یہ کس کا پُوت ہے (۱۱ محاورہ) کس کی اولاد ہے - یعنی جیسا باپ ویسا بیٹا۔
یہ کیا ہے (۱) خیر تو ہے - آج یہ کیا نئی بات ہے۔
یہ مُنہ اور مسُور کی دال (۱۱ محاورہ) تم تو اس لائق نہیں - اسی مُنہ سے کہتے ہو کہ ہم یوں کریں گے - اسی برتے پہ تتا پانی - یہ مُنہ اور مسُور کی دال بھی بولتے ہیں۔
یہ مُنہ پان جوگا (۱۱ محاورہ) تم سرخروئی کے قابل نہیں - تمہارا مُنہ اس بات کے قابل نہیں۔
یہ وہ گُڑ نہیں جو مکھیاں کھائیں (۱۱ محاورہ) یہ ایسا مال نہیں جسے ہر ایک کھا سکے - ہمارا مال کوئی نہیں کھا سکتا۔
یہاں (۱) اس جگہ - اِدھر - اس مقام پر - اس طرف - اس دُنیا میں۔
یہاں اُلٹی گنگا بہتی ہے (۱۱ محاورہ) جہاں کوئی بات خلاف یا خلافِ دستور ہو وہاں بولا کرتے ہیں۔
یہاں تک (۱) اس جگہ تک - اس وقت تک - اس قدر۔
یہاں سے (۱) اس جگہ سے - اس طرف سے۔
یہاں فرشتوں کے بھی پر جلتے ہیں / یہاں پرندوں کے بھی پر جلتے ہیں (۱۱ محاورہ) یہاں کوئی دم نہیں مار سکتا - یہاں کسی کی رسائی اور پہنچ نہیں ہو سکتی۔
یہاں سب کان پکڑتے ہیں (۱۱ محاورہ) اس جگہ سب سرِ تسلیم خم کرتے ہیں - یہاں کوئی دعویٰ نہیں کر سکتا۔
یہاں سے ہوا ہو (۱۱ محاورہ) دُور ہو جا۔
یہاں ضرور کچھ دال میں کالا ہے (۱۱ مثل) یہاں کچھ دھوکے کی بات ہے۔
یہاں کا باوا آدم ہی نرالا ہے (۱۱ محاورہ) یہاں کی ہر ایک بات عجیب ہے۔
یہاں کچھ نال تو نہیں گڑا / یہاں کچھ تیرے گڑ نہیں گڑے (۱۱ محاورہ) یہاں تم پیدا تو نہیں ہوئے یہاں تمہاری مولُوث تو نہیں ہے جو اس قدر دعویٰ اور استحقاق جتاتے ہو۔
یہاں گنگا اُلٹی بہتی ہے (۱۱ مثل) یہاں کے سب معاملات اُلٹے ہیں۔
یہاں نہ وہاں یہ بلا کہاں (۱۱ مثل) خانہ بدوش آدمی۔
یہاں وہاں (۱۱ متعلق فعل) اِدھر اُدھر۔
یہاں وہاں کا ذکر (۱۱ امذ) اِدھر اُدھر کی باتیں۔
یہُود (ع امذ) یہودی کی جمع - موسائی - حضرت موسیٰ علیہ السلام کی اُمت - عبرانی۔
یہُودی (۱ امذ) عبر کی اولاد - حضرت موسیٰ علیہ السلام کی اُمت - عبرانی زبان۔
یہی (۱) یہ ہی کا مخفف - ٹھیک یہ - دراصل یہ - خصوصاً۔
یہی ہیں (۱۱ محاورہ) خاص کر یہی ہیں - گویا وہی ٹھیک ہیں۔
یہیں (۱) اسی جگہ - اسی مقام پر - اسی طرف - اس دنیا میں - اِسی جہان میں - اِدھر ہی۔
یہیں کا چُن یہیں کا پُن (۱۱ محاورہ) چن (چون) بمعنی آٹا اور پُن پانی - یعنی یہیں کا طفیل ہے - کھانا پینا - لینا - دینا - سب اسی جگہ کا ہے۔

❖

ی - ی

یے (۱) یہ کی جمع - اینہاں۔
یہُود (عبرانی امذ ج) واحد - یہودی۔
یہُودی (عبرانی امذ) حضرت یعقوبؑ کے بیٹے - یہودہ کی نسل سے موسائی۔
ییلاق (ت امذ) گرمی گزارنے کی جگہ - سرد اور ہوادار جگہ - جہاں گرمی کے موسم میں جا کر رہتے ہیں - ییے بمعنی گرمی اور لاق بمعنی جگہ - جیسے مری پاکستان کا سرد مقام۔

❖

ضمیمہ جات

اردو میں مستعمل عربی محاورے اور امثال

عربی محاورہ / مثل	مطلب
۱- آمَنّا وَصَدَّقْنا۔	ہم نے تسلیم کر لیا۔ آپ درست فرماتے ہیں۔ سر تسلیم خم ہے۔
۲- اَلْآنَ كَمَا كَانَ۔	پہلے جیسی حالت ہے سے وہی رفتار بے ڈھنگی جو پہلے تھی وہ اب بھی ہے۔
۳- اَلْاِحْسَانُ يَقْطَعُ اللِّسَانَ۔	احسان زبان کاٹ دیتا ہے۔ محسن کے خلاف بات کرنا مشکل ہوتا ہے۔
۴- اَدَامَ اللّٰهُ فُيُوضَكُمْ۔	خدا آپ کا فیض ہمیشہ جاری رکھے۔ دعائیہ محاورہ ہے۔
۵- اِذَا جَاءَ الْقَضَاءُ عَمِيَ الْبَصَرُ۔	جب قضا آجاتی ہے تو انسان اندھا ہو جاتا ہے۔
۶- اِذَا جَاءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ۔	آخری وقت آپہنچا ہے تو وہ ایک گھڑی بھی آگے پیچھے نہیں ہوتا۔
۷- اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ	میں اللہ سے مغفرت طلب کرتا ہوں۔
۸- اَلْاِسْتِقَامَةُ فَوْقَ الْكَرَامَةِ۔	استقامت، ولی کی کرامت سے بڑھ کر ہے۔
۹- اَظْهَرُ مِنَ الشَّمْسِ وَاَبْيَنُ مِنَ الْاَمْسِ۔	سورج سے زیادہ ظاہر اور (گذشتہ) کل سے زیادہ واضح۔
۱۰- اَلْاَقَارِبُ كَالْعَقَارِبِ۔	رشتے دار بچھوؤں کی طرح ہوتے ہیں یعنی ہمیشہ نقصان ہی پہنچاتے ہیں۔
۱۱- اَلْكَرِيْمُ اِذَا وَعَدَ وَفَا۔	کریم النفس آدمی جو وعدہ کرتا ہے اسے ہمیشہ پورا کرتا ہے۔
۱۲- اَلْاَمْرُ فَوْقَ الْاَدَبِ۔	حکم ادب پر فائق ہے یعنی جب کسی کام کے کرنے کا حکم دے دیا جائے تو پھر اس کے کرنے کا حکم دے دیا جائے تو پھر اس کے کرنے میں ادب مانع نہیں ہونا چاہیے۔
۱۳- اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ۔	اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔
۱۴- اِنَّ الْحَدِيْدَ يُفْلَحُ بِالْحَدِيْدِ۔	لوہے کو لوہا کاٹتا ہے یعنی اینٹ کا جواب پتھر سے دینا۔
۱۵- اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ۔	ہم سب اللہ کے لیے ہیں اور ہم سب اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔
۱۶- اَلْاِنْسَانُ مُرَكَّبٌ مِّنَ الْخَطَاءِ وَالنِّسْيَانِ۔	انسان بھول چوک کا پتلا ہے۔
۱۷- اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ۔	اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔
۱۸- اَلنَّاسُ عَلٰى دِيْنِ مُلُوْكِهِمْ۔	جیسا راجہ ویسی پرجا۔
۱۹- اَهْلُ الْغَرَضِ مَجْنُوْنٌ۔	غرض مند دیوانہ۔
۲۰- اَلْبَادِيْ اَظْلَمُ۔	جو پہلے ظلم کرے وہ ظالم ہے۔
۲۱- اَلْبَاقِيْ عِنْدَ التَّلَاقِيْ۔	باقی بوقت ملاقات۔

۲۲۔ اَلتَّاَنِّیْ مِنَ الرَّحْمٰنِ وَالتَّعْجِیْلُ مِنَ الشَّیْطٰنِ۔	آہستگی اچھی ہے اور جلد بازی شیطان کا کام ہے۔
۲۳۔ جَزَاءُ سَیِّئَۃٍ سَیِّئَۃٌ مِّثْلُھَا۔	بُرائی کا بدلہ اتنی ہی بُرائی ہے۔
۲۴۔ اَلْجَنَّۃُ تَحْتَ اَقْدَامِ اُمَّھَاتِکُمْ۔	بہشت تمہاری ماؤں کے قدموں کے نیچے ہے۔
۲۵۔ حُبُّ الْوَطَنِ مِنَ الْاِیْمَانِ۔	وطن کی محبت ایمان کی نشانی ہے۔
۲۶۔ اَلْحَرْبُ خُدْعَۃٌ۔	جنگ ایک دھوکا ہے یعنی جنگ میں ایک دُوسرے کو چالاکی سے دھوکا دیا جاتا ہے۔
۲۷۔ خَیْرُ الْاُمُوْرِ اَوْسَطُھَا۔	میانہ روی بہترین چیز ہے۔
۲۸۔ دَعْوَۃُ الْمَظْلُوْمِ مُجَابَۃٌ۔	مظلوم کی دُعا پہلے ہی قبول ہوتی ہے۔
۲۹۔ ذِکْرُ الْعَیْشِ نِصْفُ الْعَیْشِ۔	عیش کی یاد آدھا عیش ہے۔
۳۰۔ اَلرَّفِیْقُ ثُمَّ الطَّرِیْقُ۔	پہلے ہم سفر دیکھو پھر راہ پکڑو۔
۳۱۔ اَلسَّخِیُّ حَبِیْبُ اللّٰہِ۔	سخی اللہ کا پیارا ہوتا ہے۔
۳۲۔ سَیِّدُ الْقَوْمِ خَادِمُھُمْ۔	قوم کا سردار قوم کا خادم ہوتا ہے۔
۳۳۔ اَلشُّعَرَاءُ تَلَامِیْذُ الرَّحْمٰنِ۔	شاعر خدا کے شاگرد ہوتے ہیں۔
۳۴۔ ظِلُّ الْاَعْوَجِ اَعْوَجُ۔	ٹیڑھی چیز کا سایہ ٹیڑھا ہوتا ہے۔
۳۵۔ اَلْغِنَاءُ غِنَی النَّفْسِ۔	تونگری دل کی ہوتی ہے۔
۳۶۔ اَلْغَیْبُ عِنْدَ اللّٰہِ۔	غیب کا حال خدا جانے۔
۳۷۔ اَلْفِتْنَۃُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ۔	فتنہ قتل سے زیادہ خطرناک ہوتا ہے۔
۳۸۔ فِعْلُ الْحَکِیْمِ لَا یَخْلُوْا عَنِ الْحِکْمَۃِ۔	دانش مند کے ہر کام میں حکمت ہوتی ہے۔
۳۹۔ اَلْکَاسِبُ حَبِیْبُ اللّٰہِ۔	کما کر کھانے والا اللہ کا پیارا ہوتا ہے۔
۴۰۔ کَلَامُ الْمُلُوْکِ مُلُوْکُ الْکَلَامِ۔	بادشاہوں کی بات سب سے اُونچی ہوتی ہے۔
۴۱۔ کُلُّ شَیْءٍ یَرْجِعُ اِلٰی اَصْلِہٖ۔	ہر چیز اپنی اصل کی طرف لوٹتی ہے۔
۴۲۔ کُلُّ مَنْ عَلَیْھَا فَانٍ۔	جو شخص رُوئے زمین پر ہے مر کر رہے گا۔
۴۳۔ کُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَۃُ الْمَوْتِ۔	ہر ایک جاندار کو مرنا ہے۔
۴۴۔ لَیْسَ الْخَبَرُ کَالْمُعَایَنَۃِ۔	سُنی ہوئی بات دیکھی بھالی چیز کے برابر نہیں ہوسکتی۔
۴۵۔ مَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ۔	ہمارا فرض پہنچا دینا ہے۔
۴۶۔ اَلْمُسْتَشَارُ مُؤْتَمَنٌ۔	جس سے مشورہ لیا جائے وہ بات کا امین ہوتا ہے۔
۴۷۔ مَنْ ضَحِکَ ضُحِکَ۔	جو کسی پر ہنستا ہے اس پر بھی ہنسا جاتا ہے۔
۴۸۔ اَلنَّادِرُ کَالْمَعْدُوْمِ	کمیاب نہ ہونے کے برابر ہوتا ہے۔
۴۹۔ اَلْوَقْتُ سَیْفٌ قَاطِعٌ	وقت کاٹنے والی تلوار ہے۔
۵۰۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ۔	صحیح بات اللہ ہی جانے۔

فارسی مقولے اور ضرب الامثال وغیرہ

جو اُردو میں مستعمل ہیں

★

ضرب الامثال اور مقولے	معانی
آب آمد تیمم برخاست۔	پانی مل جائے تو تیمم نہیں رہتا۔
آب ندیدہ موزہ کشیدہ۔	بن دیکھے واویلا۔
آب چو از سر گذشت چہ یک نیزہ چہ یک دست۔	جب پانی سر سے گزر گیا اور کُودنے والا غرق ہوگیا تو وہ نیزہ بھر ہو یا ہاتھ بھر (اس سے کیا فرق پڑتا ہے۔)
اَفعی کشتن و بچہ اش نگہداشتن کارِ خردمنداں نیست۔	سانپ کو مار ڈالنا لیکن سپولیے کی حفاظت کرنا کونسی دانش مندی ہے؟
آزمودہ را آزمودن جہل است۔	آزمائے ہوئے کو آزمانا نادانی ہے۔
آفریں باد بریں ہمّتِ مردانۂ تو۔	اس مردانہ ہمّت کو آفریں۔
آفتابِ لبِ بام۔	غروب ہونے کے قریب آفتاب۔ ڈھلتا سورج۔
آنانکہ غنی تراند محتاج تراند۔	جو زیادہ مال دار ہیں زیادہ محتاج ہیں۔
آنرا کہ حساب پاک است، از محاسبہ چہ باک۔	جس کا حساب پاک ہے اُسے حساب دینے سے کیا خوف۔
آنرا کہ خبر شد، خبرش باز نیامد۔	جسے خبر ہوگئی اُس کی پھر خبر نہ آئی۔
آں قدح بشکست و آں ساقی نماند۔	وہ شراب کا پیالہ ٹوٹ گیا اور وہ ساقی نہ رہا (یعنی سب معاملہ ختم ہوگیا)
آوازِ سگاں کم نکند رزقِ گدا را۔	کُتوں کے بھونکنے سے فقیر کا رزق کوئی کم ہوتا ہے؟
از ماست کہ بر ماست۔	ہر مصیبت جو ہم پر آتی ہے ہمارے اعمال کا نتیجہ ہوتی ہے۔
اندک اندک بہم شود دریا۔	قطرہ قطرہ (پانی) مل کر دریا بن جاتا ہے۔
ایاز قدرِ خود بشناس	اپنی پوزیشن کا خیال رکھو۔
اے بادِ صبا! ایں ہمہ آوردۂ تُست۔	اے بادِ صبا! یہ سب تیرا ہی کیا دھرا ہے۔
اے بسا آرزو کہ خاک شدہ۔	جانے کتنی آرزوئیں برباد ہوچکی ہیں۔
اے روشنیٔ طبع! تو برمن بلا شُدی۔	ہماری ہوشیاری ہماری تکلیف کا باعث بنی۔
اے گل! بتو خرسندم، تو بوئے کسے داری۔	اے پھول! میں تجھے محبوب رکھتا ہوں، کیونکہ تجھ میں میرے محبوب کی خوشبو ہے۔
ایں خیال است و محال است و جنوں۔	یہ صرف ایک خیال ہے جو ناممکن العمل اور پاگل پن ہے۔
ایں ہم اندر عاشقی بالائے غمہائے دِگر۔	عشق و محبّت کی راہ میں جو غم پیش آتے ہیں، اُن میں ایک یہ بھی سہی۔
ایں دُعا از من و از جملہ جہاں آمیں باد۔	میری یہ دُعا ہے اور ساری دُنیا اس پر آمین کہتی ہے۔
بازی بازی بارِیش بابا ہم بازی۔	کھیل کھیل میں ابّا جان کی داڑھی سے بھی کھیلنے لگے۔
باندازہ گلیم پا دراز کن۔	اپنی چادر دیکھ کر پاؤں پھیلاؤ۔
براتِ عاشقاں بر شاخِ آہو۔	عاشقوں کا حصّہ ہرن کے سینگوں پہ (یعنی کہیں نہیں)۔

فارسی ضرب الامثال اور مقولے	معانی
بر رسولاں بلاغ باشد و بس۔	پیغامبر کا کام بات پہنچا دینا ہوتا ہے اس سے زیادہ نہیں۔
بر زبان تسبیح و در دل گاؤ خر۔	زبان پر خدا کی تعریف اور دل میں بے ہودہ خیالات۔
بزرگی بعقل است نہ بسال۔	بزرگی عقل کے لحاظ سے ہوتی ہے نہ کہ عمر کے لحاظ سے۔
بسیار سفر باید تا پختہ شود خامے۔	ایک خام عقل آدمی کو پختہ ہونے کے لیے بہت سفر کرنا پڑتا ہے۔
بمرگش بگیر تا بہ تپ راضی شود۔	کسی کے سامنے موت پیش کی جائے تو وہ ڈر کے مارے، تپ قبول کرنے پر تو راضی ہو ہی جاتا ہے۔
بہ بیں تفاوتِ راہ از کجا ست تا بکجا۔	دیکھو یہ راہ، یہاں سے وہاں تک کتنی لمبی ہے۔
بہر گل خارے۔	ہر پھول کے ساتھ خار' موجود ہے۔
پا بدست دگرے، دست بدست دگرے۔	کسی کے ہاتھ میں پاؤں اور کسی کے ہاتھ میں ہاتھ دیوں اُٹھا کر باہر نکال دیا گیا ہے)
پاجی بطواف کعبہ حاجی نشود۔	ایک پاجی شخص کیسے کا حج بھی کرلے تو پاجی ہی رہتا ہے۔ (حاجیوں والی بات اس میں پیدا نہیں ہوتی)
پراگندہ روزی پراگندہ دل۔	روزی نہ ملے تو دل خواہ مخواہ پراگندہ ہو جاتا ہے۔
؎ پسرِ نوحؑ با بداں بنشست خاندانِ نبوتش گم شد	حضرت نوحؑ کا بیٹا بُروں کی صحبت میں بیٹھا۔ اس کا خاندان جس میں نبوت تھی اُس سے جاتا رہا۔
پیش از مرگ واویلا۔	موت سے پہلے رونا دھونا۔
؎ تا مرد سخن نگفتہ باشد عیب و ہنرش نہفتہ باشد	جب تک آدمی کے مُنہ سے بات نہ نکلے اُس وقت تک اُس کا عیب و ہنر چھپا رہتا ہے۔
تصنیف را مصنف نکو کند بیاں۔	مُصنّف ہی اپنی تصنیف کی خُوبیاں اچھی طرح بتا سکتا ہے۔
تقویم پارینہ ناید بکار۔	پُرانی جنتری کام نہیں دیتی۔
؎ تو کارِ زمین را نکو ساختی کہ با آسماں نیز پرداختی	کیا تُو نے زمین کا کام سنوار لیا ہے کہ آسمان کی طرف توجہ کر رہا ہے۔
جائے اُستاد خالیست۔	اُستاد کی جگہ خالی ہے (اصلاح کی گنجائش ہے)
جوابِ جاہلاں باشد خموشی۔	جاہل آدمی کیا جواب دے سکتا ہے؟
جہاں دیدہ بسیار گوید دروغ۔	سیاح لوگ جھُوٹ بہت بولا کرتے ہیں۔
چاہ کن را چاہ در پیش۔	جو دُوسرے کے لیے گڑھا کھودتا ہے خود ہی اس میں گرتا ہے۔
چرا کارے کند عاقل کہ باز آید پشیمانی۔	عقل مند کو چاہیے کہ وہ ایسا کام نہ کرے کہ بعد میں پشیمانی اُٹھانی پڑے۔
چراغِ مقبلاں ہرگز نمیرد۔	اقبال مندوں کا چراغ کبھی نہیں بُجھتا۔
چناں نماند چنیں ہم نخواہد ماند۔	وہ حالت نہیں رہی تو یہ حالت بھی نہیں رہے گی۔
چو کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی۔	جب کعبے ہی سے کُفر پیدا ہو تو اسلام کہاں رہا؟
چہ نسبت خاک را با عالمِ پاک۔	مٹی کو فرشتوں کی دُنیا سے کیا نسبت؟ (فرشتہ بہت بلند اور مٹی بہت پست)
؏ حاجتِ مشاطہ نیست رُوئے دل آرام را۔	حسین چہرے کے لیے نائن کے بنانے سنوارنے کی کیا ضرورت۔
حق بر زباں جاری	حق بات مُنہ سے نکل ہی جاتی ہے۔
حسابِ دوستاں در دل۔	دوستوں کا حساب دل میں (یعنی ظاہر میں نہیں ہو سکتا۔)
حلوہ خوردن را روئے باید۔	حلوہ کھانے کو مُنہ چاہیے۔ یہ مُنہ مسور کی دال۔
حیلہ جُو را بہانہ بسیار۔	جو بہانہ ڈھونڈے اُسے سو بہانے۔
خاک از تودۂ کلاں بردار۔	خاک لینی ہو تو وہ بھی بڑے ڈھیر سے اُٹھاؤ (وہ مٹی بل نہیں ہوگی)

فارسی ضرب الامثال اور مقولے	معانی
س خرِ عیسیٰ چوں بمکہ رَوَد چوں بیاید ہنوز خر باشد	حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا گدھا مکے بھی ہو آئے تو گدھا ہی رہے گا۔
خود را فضیحت دیگراں را نصیحت۔	دوسروں کو نصیحت اپنا اس پہ عمل نہیں۔
ع خوش باش دمے کہ زندگانی ایں است۔	عیش کرو دُنیا یہی ہے۔
س در بیشہ گماں مبر کہ خالیست شاید کہ پلنگ خفتہ باشد	جنگل کی نسبت یقین نہیں کر لینا چاہیے کہ وہ خالی ہے شاید چیتا چھپا ہوا ہو۔
در عفو لذتیست کہ در انتقام نیست۔	بخش دینے میں وہ لذت ہے جو بدلہ لینے میں نہیں ہے۔
در کار خیر حاجت ہیچ استخارہ نیست۔	اچھے کام کرنے کے لیے استخارہ کرنے کی کیا ضرورت ہے؟
دروغ گو را تا بخانہ باید رسانید۔	جھوٹ بولنے والے کو اس کے گھر تک پہنچانا چاہیے۔
دشمن اگر قویست نگہبان قوی تر است۔	اگر دُشمن قوی ہے تو بچانے والا اس سے بھی زبردست ہے۔
دشمن چہ کند چوں مہرباں باشد دوست۔	اگر خدا مہربان ہے تو دشمن کیا کر سکتا ہے؟
دل را بدل رہیست دریں گنبد سپہر۔	اس دُنیا میں دل کو دل سے راہ ہوتی ہے۔
ذرّہ را با خورشید چہ نسبت۔	ذرّے کو سورج سے کیا نسبت؟
ذکرِ عیش نصف عیش است۔	عیش کی باتوں کی یاد آدھا عیش ہوتا ہے۔
راستی موجب رضائے خدا ست۔	راستی خدا کی رضا کا موجب ہوتی ہے۔
رضائے مولا از ہمہ اولیٰ۔	خدا کی مرضی سب پر غالب ہے۔
رموز مملکت خویش خسرواں دانند۔	حکمران لوگ ہی اپنی مملکت کے راز خوب جانتے ہیں۔
ریش خود را بدست دیگرے مدہ۔	اپنی داڑھی دوسروں کے ہاتھ مت دو۔
زبان خلق نقارۂ خدا ست۔	زبان خلق خدا کا نقارہ ہے۔
زمانہ با تو نسازد، تو با زمانہ بساز۔	زمانہ تیرے ساتھ مل کر کام نہیں کرتا۔ تو تو اس کے ساتھ مل کر کام کر۔
زیارت بزرگاں کفارۂ گناہ۔	بزرگوں کی زیارت گناہوں کا کفارہ ہوتی ہے۔
سخن مرداں جان دارد۔	مردوں کی بات پختہ ہوتی ہے۔
سخن راست تلخ مے باشد۔	سچی بات کڑوی ہوتی ہے۔
سر بریدہ بانگ نمے کند۔	سر کٹ جانے تو آواز نہیں نکلتی۔ مُردے نہیں بولتے۔
سگ باش برادرِ خورد مباش۔	چھوٹا بھائی ہونے سے تو کتا ہونا اچھا ہے۔
سگ زرد برادر شغال۔	زرد رنگ کا کتا گیدڑ کا بھائی ہوتا ہے۔
سلام روستائی بے غرض نیست۔	دہقان کا سلام بے غرض نہیں ہوتا۔
سنگ آمد وسخت آمد۔	پتھر پڑا اور سخت پڑا۔
ع شاہاں چہ عجب گر بنوازند گدا را۔	کیا عجب کہ بادشاہ ہم پہ نظر عنایت کرے۔
شعر فہمی عالم بالا معلوم شد۔	عالم بالا کی شعر فہمی معلوم ہو گئی (شعر کی کوئی سمجھ نہیں)
شنیدہ کے بود مانند دیدہ۔	سُنی سنائی باتیں آنکھوں بھالی کے برابر کب ہو سکتی ہیں؟
شوق در ہر دل کہ باشد رہبرے در کار نیست۔	جب دل میں کسی کام کے کرنے کا شوق پیدا ہو جائے تو کسی رہبر کی ضرورت نہیں رہتی۔
شیر قالین دیگر و شیر نیستاں دگر است۔	کہاں قالین کا شیر کہاں جنگل کا شیر۔
صدر ہر جا کہ نشیند صدر است۔	صدر جہاں بیٹھے صدر ہے۔
صد کلاغ را یک کلوخ بس است۔	سو کوّے بیٹھے ہوں تو ان کے اُڑانے کے لیے ایک ڈھیلا کافی ہے۔
طاقت مہماں نہ داشت، خانہ مہماں گذاشت۔	مہمان داری کی طاقت نہ پائی تو گھر مہمان کے حوالے کر دیا (آپ درویش ہو گیا)
طمع را سہ حرف است وہر سہ تہی۔	طمع کے تینوں حروف ہیں (ط۔م۔ع) اور تینوں خالی ہیں (نقطوں سے)

فارسی ضرب الامثال اور مقولے	معانی
عاقبت گرگ زادہ گرگ شدہ۔	بھیڑیے کا بچہ بڑا ہو کر بھیڑیا ہی بنتا ہے۔
عُدو شود سبب خیر گر خدا خواہد۔	اگر خدا چاہے تو دشمن ہی بھلائی کا ذریعہ بن جاتا ہے۔
عذرِ گناہ بدتر از گناہ۔	غلطی کرنے کے بعد اس کا عذر پیش کرنا غلطی کو بڑھا دیتا ہے۔
عطائے شما بلقائے شما۔	تمہارا عطیہ تمہارے سر۔
عیاں را چہ بیاں۔	جو چیز ظاہر ہے اُسے کوئی کیا بیان کرے؟
عیسیٰ بدین خویش موسیٰ بدین خویش۔	عیسیٰ علیہ السلام اپنے دین پر موسیٰ علیہ السلام اپنے دین پر۔
غم نداری بُز بخر۔	کوئی فکر نہیں رہا تو بکری ہی خرید لو (اسی کا فکر اپنے سر لو)
قاضی رشوت راضی۔	قاضی کو رشوت مل جائے تو جو فیصلہ چاہو کرا لو۔
قسم برائے خوردن است۔	قسم کھانے کے لیے ہوتی ہے (کوئی سنجیدہ چیز نہیں ہے)
قطرہ قطرہ مے شود دریا۔	قطرہ قطرہ مل کر دریا بن جاتا ہے۔
قولِ مرداں جان دارد۔	مردوں کا قول پکا ہوتا ہے۔
؎ کبوتر با کبوتر باز با باز کند ہم جنس با ہم جنس پرواز	کبوتر کبوتر کے ساتھ اور بطخیں بطخوں کے ساتھ مل کر رہتی ہیں۔ گویا ہم جنس ہم جنسوں کے ساتھ مل کر اُڑ سکتے ہیں۔
کج دار و مریز۔	ٹیڑھا رکھو لیکن گراؤ نہیں (نا ممکن العمل بات ہے)
کس نگوید کہ دوغ من ترش است۔	کون کہتا ہے کہ میرا دہی کھٹا ہے۔
؎ کس نیاید بزیر سایہ بوم ور ہُما از جہاں شود معدوم	چاہے ہُما دنیا میں نہ رہے۔ پھر بھی کوئی شخص اُلّو کے سائے کے نیچے آنا (جو منحوس ہے) پسند نہیں کرے گا۔
؎ کس نیاموخت علمِ تیر از من کہ مرا عاقبت نشانہ نہ کرد	کوئی شخص نہیں جو تیر اندازی مجھ سے سیکھ کر آخر مجھی پر تیر نہ چلائے۔
کور را تماشائے گلستاں چہ کار؟	اندھا اور باغ کی سیر کیا؟
کوہ کندن و کاہ بر آوردن۔	کھودا پہاڑ نکلا چوہیا۔
کہ کرد کہ نیافت	جو کرتا ہے پاتا ہے۔
کے آمدی و کے پیر شدی	کب آئے اور کب پیر بن گئے۔
؎ گاہ باشد کہ کودکے ناداں بغلط بر ہدف زند تیرے	کبھی ایسا ہوتا ہے کہ نادان بچہ غلطی سے تیر نشانے پر مار دیتا ہے۔
گربہ باید کشتن روزِ اوّل	بلّی کو پہلے ہی دن مار ڈالنا چاہیے۔
گزشتہ را صلوٰۃ آئندہ را احتیاط۔	گزری ہوئی باتوں پر خاک ڈالو آئندہ کو احتیاط کرو۔
گرگ باراں دیدہ۔	تجربہ کار آدمی۔
گور جدا خانہ جدا۔	ہر شخص کی قبر الگ گھر جدا۔
گویم مشکل وگرنہ گویم مشکل۔	کہوں تو مشکل نہ کہوں تو مشکل۔
لذتِ تیشہ از کوہکن باید پرسید۔	تیشے کی ضرب کی لذت کوہکن سے پوچھو۔
لعنت بکارِ شیطان۔	شیطانی کام پر لعنت۔
لقمان را حکمت آموختن چہ شود۔	لقمان کو حکمت کون سکھائے؟
لیلیٰ را بچشمِ مجنوں باید دید۔	لیلیٰ کو مجنوں کی نگاہ سے دیکھنا چاہیے۔
ما بخیر و شما بسلامت۔	ہم خیریت سے تم سلامتی سے۔
ما در چہ خیالیم و فلک در چہ خیال۔	ہم کس خیال میں اور قضا و قدرت کیا سوچ رہے ہیں۔
ما را چہ ازیں قصہ کہ گاؤ آمد و خر رفت۔	ہمیں اس سے کیا کہ گائے آئی اور گدھا چلا گیا۔
مالِ مفت دلِ بے رحم۔	مفت کا مال بے جا صرف کرنا۔
مالِ حرام بُود براہِ حرام رفت۔	حرام کا مال تھا جو حرام کے راستے گیا۔

فارسی ضرب الامثال اور مقولے	معانی
محتسب را درون خانہ چہ کار؟	محتسب کو اس سے کیا کہ گھر کے اندر کیا ہو رہا ہے۔
مُدعی سُست گواہ چُست۔	مُدعی سُست ہے لیکن گواہ آگے بڑھ بڑھ کر شہادت دے رہا ہے۔
؎ مرد آخر بیں مبارک بندہ است۔	وہ شخص مبارک ہے جو انجام کا خیال کرے۔
مرگِ انبوہ جشنے دارد	بہت سے لوگوں کا اکٹھا مرنا بھی جشن سا بن جاتا ہے
مزدور خوشدل کند کار بیش	خوش دل مزدور زیادہ کام کرتا ہے۔
مشتے کہ بعد از جنگ یاد آید بر کلہ خود باید زد۔	جو گھونسا لڑائی کے بعد یاد آئے، وہ اپنے مُنہ پر لگانا چاہیے۔
مشتے نمونہ از خروارے۔	ڈھیر میں سے مٹھی بھر بطور نمونہ۔
مطلب سعدی دیگر است۔	سعدی کا مطلب اور ہے۔
من آنم کہ من دانم۔	میں جو کچھ ہوں اپنے آپ کو خوب جانتا ہوں۔
میراث پدر خواہی علم پدر آموز۔	باپ کا ترکہ چاہیے تو اس کا علم بھی سیکھو۔
نابُردہ رنج گنج میسّر نمے شود۔	تکلیف اُٹھائے بغیر خزانہ نہیں ملتا۔
نام بلند بہ زبام بلند۔	منڈیر اُونچی ہونے کی بہ نسبت نام بلند ہونا زیادہ بہتر ہے۔
نزلہ بر عضوِ ضعیف مے ریزد۔	نزلہ کمزور عضو پر گرا کرتا ہے۔
نقاش نقش ثانی بہتر کشد ز اول۔	مصوّر پہلی تصویر کی نسبت دُوسری تصویر اچھی کھینچتا ہے۔
نوبت باینجا رسید۔	نوبت یہاں تک پہنچی۔
؎ نیش عقرب نہ از پئے کیں است مقتضائے طبیعتش ایں است	بچھو جو ڈنک مارتا ہے تو دشمنی سے نہیں مارتا بلکہ اس کی عادت ہی ایسی ہے۔
نیم حکیم خطرۂ جان نیم مُلّاں خطرۂ ایمان۔	نیم حکیم جان کا خطرہ ہوتا ہے نیم مُلّاں ایمان کا خطرہ۔
ولی را ولی مے شناسد۔	ولی کو ولی پہچانتا ہے۔
ہر چہ بقامت کہتر بقیمت بہتر۔	جو چیز قد میں چھوٹی ہوتی ہے وہ زیادہ قیمتی ہوتی ہے۔
ہر چہ از دوست مے رسد نکوست۔	دوست کی طرف سے جو ملے وہ بہتر ہے۔
؎ ہر چہ بادا باد کشتی در آب انداختیم۔	جو ہو سو ہو اب تو کشتی دریا میں ڈال دی۔
ہر چیز کہ در کان نمک رفت نمک شد۔	جو چیز نمک کی کان میں جا پڑے وہ نمک ہی بن جاتی ہے۔
ہر روز عید نیست کہ حلوہ خورد کسے۔	ہر روز عید نہیں ہے کہ سیویاں کھانے کو ملیں۔
ہر سخن وقتے و ہر نکتہ مکانے دارد۔	ہر بات کا ایک وقت ہوتا ہے اور ہر ایک نکتہ مناسب جگہ پر بیان کیا جاسکتا ہے۔
ہر فرعونے را موسیٰ۔	ہر سرکش کے لیے ڈنڈا ہوتا ہے۔
ہر کسے را بہر کارے ساختند۔	ہر شخص کو کسی نہ کسی کام کے لیے پیدا کیا گیا ہے۔
؎ ہر کہ آمد عمارت نو ساخت رفت منزل بہ دیگرے پرداخت	جو آیا اس نے نئی عمارت کھڑی کی۔ جب وہ چلا گیا تو گھر دوسرے کے لیے چھوڑ گیا۔
؎ ہر کہ نان از عمل خویش خورد منت حاتم طائی نہ بُرد	جو شخص اپنے ہاتھ سے کما کر کھائے، وہ حاتم طائی جیسے سخی کا بھی احسان نہیں اُٹھاتا۔
ہمت مرداں مدد خدا	مرد ہمت سے کام لیتے ہیں تو خدا مدد دیتا ہے۔
یا ایں شور اشوری یا ایں بے نمکی۔	یا تو اتنا زور شور یا اب جھاگ ہوگئے۔
یادش بخیر	خدا اس کی یاد کو اچھا بنائے (کسی غیر حاضر دوست کو یاد کرتے وقت کہتے ہیں۔)
یک انار و صد بیمار	انار ایک ہے اور مانگنے والے سو۔
یک پیری و صد عیب۔	ایک بڑھاپا سو بیماریوں کی جڑ ہے۔
یک سر ہزار سودا۔	ایک سر اور اس میں سو کاموں کے کرنے کی تمنا۔
یک من علم را دہ من عقل باید۔	ایک من علم کے لیے دس من عقل چاہیے۔
یک نشد دو شد۔	ایک ختم نہیں ہوا تھا کہ دو ہوگئے۔

یک نظر سے خوش گزرتے ۔ | خوشی سے دیکھنے والی ایک ہی نگاہ درکار ہے)

علامات، ایجازات اور اختصارات

(۱) کتابت میں استعمال ہونے والی علامات و ایجازات

علامت	مطلب	ایجاز	مطلب
،	لفظ تنبیہ، سکتے کی علامت، مربوط لفظوں کو الگ کرنے کی علامت	۳	سلّمہٗ اللہ تعالیٰ ۔
؛	وقفہ طویل کی علامت ۔	س	سنٹی گریڈ (تھرما میٹر) ۔
۔	فقرے کے اندر جملے کے آخر میں وقف تام کی علامت ۔	سمہ	بکرمی سمت کی علامت ۔
:	فقرے کے آخر میں وقف تام کی علامت ۔	سنہ	سنہ، عیسوی، ہجری وغیرہ کی علامت ۔
		ص	صفحہ
		صلعم	صلی اللہ علیہ وسلم ۔
؏	شارحہ یعنی تفصیل کی علامت	عم ۔ ؑ	علیہ السلام ۔
ــــ	خط یعنی جملہ معترضہ وغیرہ کو اصل عبارت سے الگ کرنے کی علامت	ع	سن عیسوی کی علامت ۔
		ع	مصرع ۔
!	ندائیہ یعنی کسی جذبے وغیرہ کے اظہار کی علامت ۔	عط	عطف ۔
		ف	سن فصلی ۔
؟	استفہام کی علامت ۔	ف یا فا	فائدہ یعنی حاشیے سے پہلی علامت یا فاعل کی علامت ۔
" "	واوین یعنی کسی کے کلام کی نقل یا اقتباس کی علامت	ف	فارن ہائیٹ (تھرما میٹر) ۔
- - - -	تقدیر یعنی چھوڑے ہوئے الفاظ کی علامت ۔	ق	قطعہ شعریہ ۔
		ق م	سن قبل مسیح ۔
؎	شعر کی علامت یا حاشیے کی علامت ۔	ک	کذٰلک
		لعہ	لعنت اللہ علیہ ۔
الآیہ	الی آخر الآیت یعنی یہ آیت آخر تک پڑھی جائے ۔	م	مقدم، مبتدا ۔
		مذ	مذکر ۔
الخ	الی آخرہ یعنی یہ عبارت آخر تک پڑھی جائے ۔	مث	مؤنث
		مف	مفعول
ب	سن بکرمی	کذ	سن کل دوا (یعنی ہر دوا کا وزن (نسخے) میں وہی جو بیان ہوا ۔
تعم	تعالیٰ		
ج	جمع کی علامت ۔	منہ	یہ اقتباس مذکورہ بالا ہی سے ہے یہ اشعار بھی اسی شاعر کے ہیں ۔
جج	اسم کی جمع الجمع کی علامت		
خ	خبر، مؤخر ۔		
د	بلد (شہر) کی علامت ۔	ن یا ں	نسخہ یعنی یہ لفظ اس کتاب کے کسی اور نسخے میں یوں بھی آیا ہے ۔
رح	رحمۃ اللہ علیہ ۔		
رض	رضی اللہ عنہ (یا عنہم)	ھ	ہجری سن کی علامت ۔
۱۲	۱۲ یعنی حاشیہ ختم ہوا ۔ [illegible]		
۷۸۶	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اعداد بحساب جمل ۔		
"	ایضاً ۔		
:-	مندرجہ ذیل ۔		
٭	یہ عبارت وہاں لکھو جہاں آگے نشان ہے ۔		
^	کسی لفظ یا الفاظ کے چھوٹ جانے کی علامت ۔		

(۲) ریاضی کی علامت

علامت	مطلب
+	جمع کی علامت، مقدار کے شروع میں مثبت ہونے کی علامت ۔
∓	جمع یا تفریق کی علامت ۔
−	تفریق کی علامت، مقدار کے شروع میں منفی ہونے کی علامت ۔
±	تفریق یا جمع کی علامت ۔
×	ضرب کی علامت ۔
÷	تقسیم کی علامت ۔
{ } [ ] ( )	خطوط وحدانی ۔
∵	چونکہ
∴	پس
%	فی صدی
‰	فی ہزار
ا!	ایک سے لے کر اعداد کی مسلسل حاصل ضرب جیسے ۴! = ۴ × ۳ × ۲ × ۱ ۔
△	مثلث ۔
▭	مربع
▭	مستطیل ۔
▱	متوازی الاضلاع ۔
◺	ربع دائرہ ۔
◠	نیم دائرہ ۔
⌒	قوس
∠	زاویہ
⊥	عمود
⊤	عمودی
∡	متساوی الزاویہ
°	درجہ زاویہ یا درجہ حرارت ۔
′	فٹ یا منٹ ۔
″	انچ یا ثانیہ ۔
‴	ثالثہ (یعنی ثانیہ کا $\frac{1}{60}$ حصہ) ۔
∥	متوازی ۔
∦	متوازی نہیں ہے ۔
=	مساوی ہے
≃	تقریباً برابر ہے ۔
≠	برابر نہیں ہے ۔
>	..... سے بڑا ہے ۔
≥	..... کے برابر اس سے بڑا ہے
<	..... سے چھوٹا ہے ۔
≤	..... کے برابر اس سے چھوٹا ہے
≯	..... سے بڑا نہیں ہے ۔
≮	..... سے چھوٹا نہیں ہے ۔
∼	..... کا فرق (یہ بتائے بغیر کہ دونوں مقداروں میں سے کون سی بڑی اور کون سی چھوٹی ہے ۔
∝	تبدیل ہوتا ہے جیسے (یعنی ایک مقدار کی تبدیلی دوسری مقدار پر موقوف ہے) لاانتہائی ۔
π	پائی (یونانی زبان کا ایک حرف ہے) اس سے مراد دائرے کے محیط اور قطر کی نسبت ہے یعنی 3.14159265+ ۔

۳ — جذر کی علامت یہ علامت فقط جذر مربع کے لیے جب جذر کا کوئی اور درجہ مقصود ہو تو علامت پر وہ درجہ چھوٹے سے ہندسے کے ذریعے ظاہر کیا جاتا ہے جیسے ۶۲۵ یعنی ۶۲۵ کا چوتھا جذر (ج ۵) ہے۔

جبری مجموعہ یعنی جس مقدار کے آگے یہ علامت ہے اسی قسم کی دیگر مقداریں لے کر سب مثلاً ا ب ج سے مراد ہے ا+ب+ج+ ج ا۔

(۳) سکاؤٹوں کے اشارات

علامت	مطلب
←	ہم اس راستے پر گئے ہیں ادھر کو آؤ۔
×	یہ راستہ اچھا نہیں ادھر مت آؤ۔
←□	تیر کی سمت کو سات قدم کے فاصلے پر ایک چٹھی رکھی ہے۔
○	ہم واپس چلے گئے ہیں تمہیں آگے جانے کی ضرورت نہیں۔
▭	یہاں ٹھہر کر ہمارا انتظار کرو۔
←۵	تیروں کی سمت کو پانچ اور تین سکاؤٹ گئے ہیں۔
←⛺	ہمارا کیمپ ادھر ہے۔
>>>	ادھر اُن سے کوئی خطرہ نہیں ہے۔
>><	ادھر خطرہ ہے اور جنگ جاری ہے۔
~	یہاں سے دریا یا نہر عبور کرو۔
⊖	یہ پانی پینے کے قابل ہے۔
	یہ پانی پینے کے ناقابل ہے۔
卐	یہ راستہ صاف ہے۔

انگریزی اختصارات

اے۔پی۔پی	A.P.P	ایسوسی ایٹڈ پریس آف پاکستان۔
آر۔ایم۔ایس	R.M.S	ریلوے میل سروس۔
او۔ٹی	O.T.	اورنٹیل ٹائٹل۔
ای۔اے۔سی	E.A.C	ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر۔
ایچ۔او	H.O.	ہیڈ آفس (صدر دفتر)
ایچ۔پی	H.P.	آنرز اِن پرشین (منشی فاضل)
اے۔سی	A.C.	الٹرنیٹ کرنٹ۔
اے۔ڈی۔سی	A.D.C	ایڈی کانگ۔
اے۔ڈی۔آئی۔ایس	A.D.I.S.	اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ انسپکٹر آف سکولز۔
اے۔جی	A.G.	اکونٹنٹ جنرل۔ ایڈجوٹنٹ جنرل۔
ایس۔او	S.O.	سب آفس۔
ایس۔اے۔وی	S.A.V	سینیئر اینگلو ورنیکلر۔
ایس۔ایس	S.S.	سٹیم شپ (جہاز کے نام کے ساتھ لکھتے ہیں۔
ایس۔پی	S.P.	سپرنٹنڈنٹ پولیس۔
ایس۔پی۔او	S.P.O	سب پوسٹ آفس۔
ایس۔وی	S.V.	سینیئر ورنیکلر۔
ایف۔آر۔اے۔ایس	F.R.A.S.	فیلو آف رائل ایشیاٹک سوسائٹی۔
ایف۔اے	F.A.	فرسٹ آف آرٹس (آرٹس کا پہلا امتحان)
ایف۔ایس۔سی	F.S.C	فرسٹ آف سائنس (سائنس کا پہلا امتحان)
ایف۔پی۔یو	F.P.U	فیلو آف پنجاب یونیورسٹی۔
ایل۔ایل۔بی	L.L.B	بیچلر آف لاز۔
ایل۔ایل۔ایم	L.L.M	ماسٹر آف لاز۔
ایل۔ایل۔ڈی	L.L.D	ڈاکٹر آف لاز لائی سنسی ایٹ ان۔
ایل۔ایم۔ایس	L.M.S.	میڈیسن اینڈ سرجری (ڈاکٹری کی اعلیٰ سند)
ایم۔او۔ایل	M.O.L	ماسٹر آف اورنٹیل لرننگ۔
ایم۔اے	M.A.	ماسٹر آف آرٹس۔
ایم۔ایس۔سی	M.Sc.	ماسٹر آف سائنس۔
ایم۔بی	M.B.	میونسپل بورڈ۔
ایم۔سی	M.C.	میونسپل کمیٹی۔ میونسپل کارپوریشن۔
اے۔وی	A.V.	اینگلو ورنیکلر
بی۔ایس۔سی	B.Sc.	بیچلر آف سائنس۔
بی۔ایگ	B.Ag.	بیچلر آف اگریکلچر۔
بی۔کام	B.Com.	بیچلر آف کامرس۔
بی۔ایڈ	B.Ed.	بیچلر آف ایجوکیشن۔
پی۔او	P.O.	پوسٹ آفس۔
جی۔پی۔او	G.P.O	جنرل پوسٹ آفس۔
پی۔ایم۔جی	P.M.G	پوسٹ ماسٹر جنرل۔
پی۔اے	P.A.	پرسنل اسسٹنٹ۔
پی۔آر۔اے۔ایف	P.R.A.F.	پاکستان رائل ائرفورس۔
پی۔آر	P.R.	پاکستان ریلوے۔
پی۔ایچ۔ڈی	P.H.D	ڈاکٹر آف فلاسفی۔
پی۔ٹی۔آئی	P.T.I	فزیکل ٹریننگ انسٹرکٹر۔
پی۔ڈبلیو۔ڈی	P.W.D	پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ۔
ٹی۔اے	T.A.	ٹریولنگ الاؤنس۔
ٹی۔ٹی۔ای	T.T.E	ٹریولنگ ٹکٹ اگزیمینر۔
جے۔اے۔وی	J.A.V.	جونیئر اینگلو ورنیکلر۔
جے۔وی	J.V.	جونیئر ورنیکلر۔
ڈی۔آئی۔ایس	D.I.S	ڈسٹرکٹ انسپکٹر آف سکولز
ڈی۔ایس۔سی	D.S.C	ڈاکٹر آف سائنس
ڈی۔ایس۔پی		ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس
ڈی۔ایل۔او	D.L.O	ڈیڈ لیٹر آفس۔

ڈی۔ بی	D. B.	ڈسٹرکٹ بورڈ
ڈی۔ پی۔ آئی	D. P. I	ڈائریکٹر آف پبلک انفریشن۔
سی	C	سنٹی گریڈ۔
وی۔ پی۔ پی	V. P. P	وی۔ پی۔ پارسل یا پیکٹ۔ قیمت طلب پارسل
یو۔ ایس۔ اے	U. S. A	یونائیٹڈ سٹیٹس آف امریکہ۔
یو۔ ایس۔ آئی		یونائیٹڈ سٹیٹس آف انڈونیشیا۔
یو۔ ایس۔ ایس۔ آر	U. S. S. R	یونائیٹڈ سوویٹ سٹیٹس آف رشیا۔
یو۔ این۔ او	U. N. O	یونائیٹڈ نیشنز آرگنائزیشن
ڈی۔ سی	D. C.	ڈپٹی کمشنر۔ ڈائرکٹ کرنٹ۔

اسلامی معلومات

انبیائے کرام :-

حضرت آدم علیہ السلام کا لقب ابو البشر ہے۔ آپ زمین پر اللہ کے پہلے نبی تھے۔ صفی اللہ بھی آپ ہی کا لقب ہے۔ حضرت ادریس علیہ السلام بہتر زبانیں جانتے تھے۔ حضرت عزرائیل علیہ السلام نے آپ کو اپنا بھائی بنایا تھا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرح آپ کو بھی جسد خاکی کے ساتھ آسمان پر اٹھا لیا گیا۔

حضرت نوح علیہ السلام کو آدم ثانی کہا جاتا ہے۔ آپ نے ۹۵۰ سال عمر پائی۔ کفار کے خلاف آپ نے دعا کی تو ایک خطرناک طوفان نے کفار کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ یہ بارش کا طوفان تھا۔ یہ بارش مسلسل چالیس دن اور چالیس رات تک جاری رہی۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کا لقب خلیل اللہ اور امام الناس ہے۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام اور حضرت اسحٰق علیہ السلام آپ ہی کے فرزند تھے۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد سے ایک ہی پیغمبر پیدا ہوا۔ یہ پیغمبر ہمارے حضور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ خانہ کعبہ کو حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل علیہ السلام نے تعمیر کیا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کا لقب کلیم اللہ ہے کیونکہ آپ کوہ طور پر اللہ سے ہم کلام ہوتے تھے۔ آپ پر نازل ہونے والی الہامی کتاب کا نام توراۃ ہے۔ حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہونے والی کتاب کا نام زبور تھا۔ آپ کا لقب نجیب اللہ ہے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہونے والی کتاب کا نام انجیل ہے۔ آپ کا لقب روح اللہ ہے۔ آپ کو زندہ آسمان پر اٹھایا گیا۔ آپ کی والدہ کا نام مریم ہے جو ایک صالح خاتون تھیں۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں۔ آپ کے دادا کا نام حضرت عبد المطلب تھا۔ باپ کا نام عبد اللہ اور والدہ کا نام بی بی آمنہ تھا۔ چچا کا نام حضرت ابو طالب تھا۔ آپ پر نازل ہونے والی کتاب کا نام قرآن مجید ہے۔ آپ تمام نبیوں کے سردار اور امام ہیں۔

قرآن مجید

قرآن پاک کا ماہِ نزول : رمضان المبارک
قرآن پاک کی شب نزول : لیلۃ القدر
قرآن پاک کا عرصہ نزول : تقریباً ۲۳ سال
قرآن پاک کی پہلی سورت : سورۃ علق
قرآن پاک کے پارے : ۳۰ پارے
قرآن پاک کی کل سورتیں : ۱۱۴ سورتیں
قرآن پاک کی آیات : ۶۶۶۶ آیات
قرآن پاک کی طویل ترین سورت : سورہ بقرہ
قرآن پاک کی مختصر ترین سورت : سورہ کوثر
قرآن پاک کی طویل آیت : آیۃ الکرسی
قرآن پاک کے سجدۂ تلاوت : چودہ سجدۂ تلاوت

غزوات

غزوۂ بدر

غزوۂ بدر کی تاریخ وقوع : ۱۷ رمضان المبارک ۲ سنہ ہجری بمطابق ۱۳ مارچ ۶۲۴ء۔
مجاہدین کی تعداد : ۳۱۳
کفار کی تعداد : تقریباً ایک ہزار
مقتول کفار کی تعداد : ستر
شہید مسلمانوں کی تعداد : چودہ
غالب کون رہا : مسلمان

غزوۂ اُحد

غزوۂ اُحد کی تاریخ وقوع : ۶ شوال ۳ سنہ ہجری بمطابق ۲۳ مارچ ۶۲۵ء۔
مجاہدین کی تعداد : سات سو
کفار کا سپہ سالار : ابو سفیان (فتح مکہ کے موقع پر آپ نے اسلام قبول کیا)
مسلم تیر انداز دستے کے قائد کا نام : عبد اللہ بن جبیر۔
اسلامی لشکر کا علمبردار : حضرت مصعب بن عمیر۔
غالب کون رہا : کفار نے غلبہ حاصل کر لیا تھا لیکن آخر میں مسلمان ثابت قدم ہو گئے اور کفار کو وہاں سے بھاگنا پڑا۔

غزوۂ خندق

غزوۂ خندق کا دوسرا نام : غزوۂ احزاب ۔
لشکرِ کفار کا سپہ سالار : ابوسفیان
مجاہدین کی تعداد : تین ہزار
کفار کی تعداد : دس یا بارہ ہزار کے قریب
عرصۂ محاصرہ : ۲۵ یوم
نتیجہ : کفار ناکام ہوئے

فتح مکہ

یوم روانگی : ۱۰ رمضان المبارک ۸ھ بمطابق یکم جنوری ۶۳۰ء
مجاہدین کی تعداد : دس ہزار
کس کا گھر دارالامن : ابوسفیان کا گھر دارالامن

عشرہ مبشرہ

۱۔ حضرت ابوبکر صدیق رضؓ ۲۔ حضرت عمر فاروق رضؓ
۳۔ حضرت عثمان رضؓ ۴۔ حضرت علی رضؓ
۵۔ حضرت ابوعبیدہ رضؓ ۶۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضؓ
۷۔ حضرت عبدالرحمن بن عوف رضؓ ۸۔ حضرت زبیر بن العوام رضؓ
۹۔ حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضؓ ۱۰۔ حضرت سعید بن زید رضؓ

دُنیا کے متعلق اہم معلومات

دُنیا کے اہم صحرا

(۱) صحرائے گوبی

منگولیا اور چین کے ممالک میں واقع ہے ۔ اس کا رقبہ ۱۰۴۰۰۰۰ مربع کلومیٹر ہے ۔

(۲) صحرائے اعظم

یہ صحرا مندرجہ ذیل ممالک پر مشتمل ہے ۔
الجزائر ۔ چاڈ ۔ لیبیا ۔ مالی ۔ ماریطانیہ ۔ نائیجیریا ۔ سوڈان ۔ تیونس ۔ مصر ۔ مراکش ۔
اس صحرا کا رقبہ ۸۴۰۰۰۰۰ مربع کلومیٹر ہے ۔

(۳) آسٹریلیائی صحرا

یہ صحرا آسٹریلیا میں وکٹوریہ مین گیس میں واقع ہے ۔ اس کا رقبہ ۱۵۵۰۰۰۰ مربع کلومیٹر ہے ۔

(۴) صحرائے عرب

سعودی عرب ، یمن اور النفود میں پایا جاتا ہے ۔ کل رقبہ تیرہ لاکھ مربع کلومیٹر ہے ۔

(۵) صحرائے کالاہاری

یہ صحرا بوٹسوانا میں ہے ۔ اس کا رقبہ پانچ لاکھ بیس ہزار مربع کلومیٹر ہے ۔

(۶) تکملا ماکن

یہ صحرا سنکیانگ چین میں واقع ہے ۔ اس کا کل رقبہ تین لاکھ بیس ہزار مربع کلومیٹر پر مشتمل ہے ۔

(۷) صحرائے سونوران

اریزونا ، کیلیفورنیا ، ریاست ہائے متحدہ امریکہ اور میکسیکو کے ممالک پر مشتمل ہے اس کا رقبہ تین لاکھ دس ہزار ہے ۔

(۸) صحرائے نامب

جنوب مغربی افریقہ میں واقع ہے ۔ رقبہ تین لاکھ دس ہزار ہے ۔

(۹) کاراکم

ترکمانستان روس میں ہے ۔ اس کا رقبہ دو لاکھ ستر ہزار مربع کلومیٹر ہے ۔

(۱۰) صحرائے تھر

شمال مغربی بھارت اور پاکستان ۔ اس کا رقبہ ایک لاکھ ساٹھ ہزار مربع کلومیٹر ہے ۔

(۱۱) صحرائے صومالی

صومالیہ میں واقع ہے ۔ اس کا رقبہ دو لاکھ ساٹھ ہزار مربع کلومیٹر ہے ۔

(۱۲) صحرائے اٹاکاما

شمالی چلی میں واقع ہے ۔ رقبہ ایک لاکھ اسی ہزار مربع کلومیٹر ہے ۔

(۱۳) کزل کم

ازبکستان ، قازقستان اور روس میں ہے ۔ اس کا رقبہ ایک لاکھ اسی ہزار مربع کلومیٹر ہے ۔

(۱۴) دشت لوط

مشرقی ایران میں باون ہزار مربع کلومیٹر پر مشتمل ہے ۔

(۱۵) صحرائے موجاوے:

جنوبی کیلیفورنیا، ریاست ہائے متحدہ میں پینتیس ہزار مربع کلومیٹر پر واقع ہے۔

(۱۶) صحرائے سیکورا:

شمال مغربی پیرو میں چھبیس ہزار مربع کلومیٹر پر واقع ہے۔

دُنیا کی مشہور ایئر لائنز

(۱) پاکستان:
پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز (پی آئی اے)

(۲) سعودی عرب:
سعودی عریبین ایئر لائنز (السعودیہ)

(۳) بنگلہ دیش:
بیمان

(۴) ترکی:
ٹرکش ائیر لائنز۔

(۵) شام:
سیرین عرب ائیر لائنز۔

(۶) مصر:
کویت ائیرویز کارپوریشن۔

(۷) ملائشیا: ملائشیا ایئر لائنز سسٹم۔

(۸) عراق: عراق ائیرویز۔

(۹) ایران: ایران ائیرویز۔

(۱۰) بھارت: انڈین ایئر لائنز۔

(۱۱) امریکہ: پان امریکن ایئر لائنز۔ ٹرانس ورلڈ ایئرویز۔ یونائیٹڈ ایئر لائنز۔

(۱۲) روس: ایروفلوٹ۔

(۱۳) جاپان: جاپان ایشیا ایئرویز۔

(۱۴) نیپال: رائل نیپال ایئر لائنز کارپوریشن۔

(۱۵) سری لنکا: ایئر لنکا۔

(۱۶) برطانیہ: برٹش ایئرویز۔

(۱۷) فرانس: ایئر فرانس۔

(۱۸) ہالینڈ: رائل ڈچ ایئر لائنز۔

(۱۹) ناروے ڈنمارک: سکنڈلے نیوین ایئر لائنز سسٹم۔

(۲۰) سوئٹزرلینڈ: سوئس ایئر۔

(۲۱) آسٹریلیا: کنٹاس ایئرویز۔

(۲۲) برما: برما ایئرویز کارپوریشن۔

(۲۳) کینیڈا: ایئر کینیڈا۔

(۲۴) اٹلی: ال طالیہ۔

(۲۵) جرمنی: لفت ہنسا۔

دُنیا کے مشہور ایئر پورٹ

(۱) ہیتھرو ائیر ایئرپورٹ: لندن (برطانیہ)

(۲) گیٹ وے ایئرپورٹ: لندن (برطانیہ)

(۳) شاہ عبدالعزیز ایئرپورٹ: جدہ (سعودی عرب)

(۴) چارلس ڈیگال ایئرپورٹ: پیرس (فرانس)

(۵) جے ایف کینیڈی ایئرپورٹ: نیویارک (امریکہ)

(۶) پالم ایئرپورٹ: دہلی (بھارت)

(۷) ٹورنٹو ایئرپورٹ: ٹورنٹو (کینیڈا)

(۸) ڈورل ایئرپورٹ: مانٹریال (کینیڈا)

(۹) کوانٹرن ایئرپورٹ : جنیوا (سوئٹزرلینڈ)
(۱۰) ارلانڈا ائیرپورٹ : اسٹاک ہالم (سویڈن)
(۱۱) کاسٹروپ ائیرپورٹ : کوپن ہیگن (تھائی لینڈ)

دُنیا کے لمبے پلیٹ فارم

(۱) سورن پور : مُلک ، بھارت - لمبائی : دوہزار چارسو پندرہ فٹ۔
(۲) اسٹاروک : مُلک : سویڈن - لمبائی : دوہزار چارسو سات فٹ۔
(۳) کھراگ پور : مُلک : بھارت - لمبائی : دوہزار تین سو تیس فٹ۔
(۴) بلاد الیو : ملک جنوبی رہوڈیشیا - لمبائی : دوہزار تین سو دو فٹ۔
(۵) لکھنؤ : ملک : بھارت - لمبائی : دوہزار دو سو پچاس فٹ۔
(۶) مانچسٹر وکٹوریہ ایکسچینج : مُلک انگلستان -
لمبائی : دوہزار ایک سو چورانوے فٹ۔
(۷) کوٹری : مُلک پاکستان - لمبائی : ایک ہزار آٹھ سو پچانوے فٹ۔
(۸) بورن ماؤتھ : مُلک برطانیہ - لمبائی : ایک ہزار سات سو اڑتالیس فٹ۔

دُنیا کی مشہور نیوز ایجنسیاں

(۱) ایسوسی ایٹڈ پریس آف پاکستان - یونائیٹڈ پریس - پی پی آئی -
مُلک : پاکستان -
(۲) مڈل نیوز ایجنسی (مینا) : مُلک : مصر -
(۳) اسلامک نیوز ایجنسی (اناطولیہ) : مُلک : ترکی -
(۴) ساناً نیوز : مُلک : شام -
(۵) ارنا : مُلک : ایران -
(۶) انتارنیوز : مُلک انڈونیشیا -
(۷) نیوزچائنا نیوز ایجنسی : مُلک : چائنا -
(۸) باختر : مُلک : افغانستان -
(۹) عرب نیوز : مُلک : عرب ممالک -
(۱۰) کیوڈو نیوز : مُلک : جاپان -
(۱۱) ایسوسی ایٹڈ پریس آف امریکہ : مُلک : امریکہ -
(۱۲) رائٹر : مُلک برطانیہ -
(۱۳) پریس ٹرسٹ آف انڈیا (پی ٹی آئی) سماچار :
مُلک : ہندوستان -
(۱۴) تاس : مُلک : روس -
(۱۵) جرمن پریس ایجنسی (ڈی پی اے) : مُلک : جرمنی -
(۱۶) اژان فرانس : مُلک : فرانس -
(۱۷) نیوزی لینڈ پریس ایسوسی ایشن : مُلک : نیوزی لینڈ -

سمندروں کا رقبہ اور گہرائی

(۱) بحراوقیانوس : رقبہ : ۴۱۳۲۲۰۰۰ مربع میل -
گہرائی : ۲۷۹۶۲ فٹ -
(۲) بحرالکاہل
رقبہ : ۶۳۸۰۱۰۰۰ - گہرائی : ۳۵۸۰۰ فٹ -
(۳) بحرِ ہند
رقبہ : ۲۸۳۵۶۰۰۰ - گہرائی : ۲۲۹۶۸ فٹ -
(۴) بحرِ شمال
رقبہ : ۵۴۴۰۰۰۰ - گہرائی : ۱۵۹۱۰ فٹ -
(۵) بحر قطب جنوبی
رقبہ : ۷۵۰۰۰۰۰ - گہرائی : ۱۸۸۵۰ فٹ -

دُنیا کی اہم جھیلوں کا رقبہ

۱- کیسپین (ایشیا)
رقبہ : ۱۶۹۳۳۰ مربع میل -
۲- سپیریر (شمالی امریکہ)
رقبہ : ۳۱۹۲۰ مربع میل -
۳- ارال (ایشیا روس)
رقبہ : ۲۶۲۳۳ مربع میل -
۴- وکٹوریہ نیانزا (افریقہ)
رقبہ : ۲۶۲۰۰ مربع میل -
۵- ہران
رقبہ : ۲۳۰۱۰ مربع میل -
۶- بیکال (روس)
رقبہ : ۱۳۲۰۰ مربع میل -
۷- مشی گن (شمالی افریقہ)
رقبہ : ۲۲۴۰۰ مربع میل -
۸- ٹانگا نیکا (افریقہ)
رقبہ : ۱۲۷۰۰ مربع میل -
۹- گریٹ بیئر (کینیڈا)
رقبہ : ۱۱۶۶۰ مربع میل -
۱۰- گریٹ سلیو (کینیڈا)
رقبہ : ۱۱۱۷۰ مربع میل -
۱۱- نیاسا (افریقہ)
رقبہ : ۱۱۰۰۰ مربع میل -
۱۲- تشاد (چاڈ - افریقہ)
رقبہ : ۱۰۰۰۰ مربع میل -
۱۳- ریسے (شمالی امریکہ)
رقبہ : ۹۴۴۰ مربع میل -
۱۴- وِنی پگ (شمالی امریکہ)
رقبہ : ۹۴۴۰ مربع میل -
۱۵- اونٹاریو (شمالی امریکہ)
رقبہ : ۷۳۰۰ مربع میل -

۱۶۔ لڈوگا (یورپ)
رقبہ : ۷۱۰۰ مربع میل۔

۱۷۔ بالکش (روس)
رقبہ : ۷۰۰۰ مربع میل۔

۱۸۔ میرالیبو (جنوبی امریکہ)
رقبہ : ۵۱۰۰ مربع میل۔

۱۹۔ بینگویلو (افریقہ)
رقبہ : ۴۵۰۰ مربع میل۔

۲۰۔ ٹنگ ٹنگ (ایشیا)
رقبہ : ۴۵۰۰ مربع میل۔

۲۱۔ اومیگا (یورپ)
رقبہ : ۳۷۰۰ مربع میل۔

۲۲۔ آئر (آسٹریلیا)
رقبہ : ۳۵۰۰ مربع میل۔

۲۳۔ ٹمٹیکا (جنوبی امریکہ)
رقبہ : ۳۱۰۰ مربع میل۔

۲۴۔ نکاراگوا (شمالی امریکہ)
رقبہ : ۲۵۶۰ مربع میل۔

۲۵۔ ریبنڈیر (شمالی امریکہ)
رقبہ : ۲۵۶۰ مربع میل۔

۲۶۔ البرٹ (افریقہ)
رقبہ : ۲۰۰۰ مربع میل۔

دُنیا کے اہم دریاؤں کی لمبائی

۱۔ مسسی پی (ریاست ہائے متحدہ امریکہ)
لمبائی : ۲۴۷۰ میل۔

۲۔ مسوری (ریاست ہائے متحدہ امریکہ)
لمبائی : ۲۴۷۵ میل۔

۳۔ ایمیزن (جنوبی امریکہ)
لمبائی : ۳۹۰۰ میل۔

۴۔ نیل (افریقہ۔ مصر)
لمبائی : ۴۱۴۵ میل۔

۵۔ ینگسی کیانگ (چین)
لمبائی : ۳۴۰۰ میل۔

۶۔ ینیسی (روس۔ سائبیریا)
لمبائی : ۳۳۰۰ میل۔

۷۔ کانگو (افریقہ)
لمبائی : ۳۰۰۰ میل۔

۸۔ اورینج (جنوبی افریقہ)
لمبائی : ۱۳۵۰ میل۔

۹۔ اوٹاوہ (کینیڈا)
لمبائی : ۷۹۰ میل۔

۱۰۔ پیراگوئے (برازیل۔ بولیویا۔ پیراگوئے)
لمبائی : ۱۵۰۰ میل۔

۱۱۔ رائن (سوئٹزرلینڈ۔ جرمنی)
لمبائی : ۸۷۰ میل۔

۱۲۔ رون (فرانس)
لمبائی : ۵۰۷ میل

۱۳۔ رائیو گرینڈی (ریاستہائے متحدہ امریکہ میکسیکو)
لمبائی : ۱۸۸۵ میل

۱۴۔ لارنس (ریاستہائے متحدہ امریکہ)
لمبائی : ۱۹۰۰ میل

۱۵۔ دجلہ (ترکی۔ عراق)
لمبائی : ۱۱۸۰ میل

۱۶۔ اورال
لمبائی : ۱۵۰۰ میل۔

۱۷۔ ہوانگ ہو (چین)
لمبائی : ۲۹۰۰ میل۔

۱۸۔ نائیجیر (افریقہ)
لمبائی : ۲۶۰۰ میل۔

۱۹۔ اوب
لمبائی : ۲۵۵۰ میل۔

۲۰۔ آمر (روس)
لمبائی : ۲۹۰۰ میل۔

۲۱۔ وانگا
لمبائی : ۲۲۹۰ میل۔

۲۲۔ ڈینیوب (یورپ)
لمبائی : ۱۷۲۵ میل۔

۲۳۔ فرات (عراق۔ ترکی)
لمبائی : ۱۷۰۰ میل۔

۲۴۔ سندھ (آزاد کشمیر۔ پاکستان)
لمبائی : ۱۸۰۰ میل۔

۲۵۔ زیمبیزی (زمبابوے۔ زمبیا۔ موزمبیق)
لمبائی : ۱۶۰۰ میل۔

۲۶۔ یوروگوئے (برازیل۔ ارجنٹائن۔ یوروگوئے)
لمبائی : ۹۹۰ میل۔

۲۷۔ ڈارلنگ (آسٹریلیا)
لمبائی : ۱۱۶۰ میل۔

۲۸۔ ڈینیپر (روس)
لمبائی : ۱۴۲۰ میل۔

۲۹۔ گنگا (بنگلہ دیش۔ بھارت) لمبائی : ۱۵۵۰ میل۔

۳۰- لوئر (فرانس)
لمبائی: ۶۲۸ میل۔

۳۱- میکنزی (کینیڈا)
لمبائی: ۲۶۳۵ میل۔

۳۲- میکانگ (لاؤس - کمبوڈیا - ویت نام - چین)
لمبائی: ۲۶۰۰ میل۔

۳۳- نیگرو (کولمبیا - برازیل)
لمبائی: ۱۴۰۰ میل۔

۳۴- برہم پتر (بنگلہ دیش - بھارت)
لمبائی: ۱۶۸۰ میل۔

دنیا کی مشہور آبشاریں

۱- اینجل (وینزویلا)
بلندی: ۳۲۱۲ فٹ۔

۲- ٹیوگیلا (جنوبی افریقہ)
بلندی: ۳۱۱۰ فٹ۔

۳- ٹیسترجن (ناروے)
بلندی: ۲۷۹۵ فٹ۔

۴- اینجل اپر (وینزویلا)
بلندی: ۲۶۴۸ فٹ۔

۵- مانگی فوسن (ناروے)
بلندی: ۲۵۳۹ فٹ۔

۶- یاسیمائٹ (جنوبی کیلیفورنیا)
بلندی: ۲۴۲۵ فٹ۔

۷- کوکینام (وینزویلا)
بلندی: ۲۰۰۰ فٹ۔

۸- سدرلینڈ (نیوزی لینڈ)
بلندی: ۱۹۰۴ فٹ۔

۹- ٹاکاکا (کینیڈا)
بلندی: ۱۶۵۰ فٹ۔

۱۰- ربن (ریاست ہائے متحدہ امریکہ)
بلندی: ۱۶۱۲ فٹ۔

۱۱- شاہ جارج پنجم (گی آنا)
بلندی: ۱۶۰۰ فٹ۔

۱۲- وولوموبی (آسٹریلیا)
بلندی: ۱۵۸۰ فٹ۔

۱۳- گیوارائن (فرانس)
بلندی: ۱۳۸۵ فٹ۔

۱۴- ورمافوسن (ناروے)
بلندی: ۱۲۴۰ فٹ۔

۱۵- ویٹیسفوسن (ناروے)
بلندی: ۱۲۱۴ فٹ۔

۱۶- لوفوئی (زائرے)
بلندی: ۱۱۱۵ فٹ۔

۱۷- شرومبو (زیمبیا)
بلندی: ۸۸۰ فٹ۔

۱۸- لونگ سٹون (زائرے)
بلندی: ۸۷۵ فٹ۔

۱۹- شاہ ایڈورڈ ہشتم (گی آنا)
بلندی: ۸۴۰ فٹ۔

۲۰- جیروسوپا (بھارت)
بلندی: ۸۳۰ فٹ۔

۲۱- بیرن (آسٹریلیا)
بلندی: ۷۷۰ فٹ۔

۲۲- کیٹے ٹیور (گی آنا)
بلندی: ۷۴۱ فٹ۔

۲۳- سٹرلنگ (نیوزی لینڈ)
بلندی: ۵۰۵ فٹ۔

۲۴- گلومچ (برطانیہ)
بلندی: ۳۷۰ فٹ۔

۲۵- وکٹوریہ (رہوڈیشیا - زیمبیا)
بلندی: ۵۵۵ فٹ۔

۲۶- گرینائیٹ (ریاستہائے متحدہ امریکہ)
بلندی: ۳۵۰ فٹ۔

۲۷- اگاسو (ارجنٹائن - برازیل)
بلندی: ۲۳۷ فٹ۔

۲۸- سٹینلے (زائرے)
بلندی: ۲۰۰ فٹ۔

۲۹- پالو الفانسو (برازیل)
بلندی: ۱۹۲ فٹ۔

۳۰- نیاگرا (ریاست ہائے متحدہ امریکہ)
بلندی: ۱۶۷ فٹ۔

دنیا کے اہم جزائر

۱- آسٹریلیا (بحر ہند)
رقبہ: ۲۹۷۴۵۸۰ مربع میل۔

۲- گرین لینڈ (بحر شمالی)
رقبہ: ۸۲۷۳۰۰ مربع میل۔

۳- نیوگنی (بحر الکاہل)
رقبہ: ۳۳۰۰۰۰ مربع میل۔

۴۔ بورنیو (بحرالکاہل)
رقبہ : ۲۹۰۰۰۰ مربع میل

۵۔ بافن لینڈ (بحرشمالی)
رقبہ : ۲۳۱۰۰۰ مربع میل۔

۶۔ مالاگاسی (بحرہند)
رقبہ : ۲۲۸۰۰۰ مربع میل۔

۷۔ سماٹرا (بحرہند)
رقبہ : ۱۷۸۳۳۰ مربع میل۔

۸۔ فلپائن (بحرالکاہل)
رقبہ : ۱۱۴۴۰۰ مربع میل۔

۹۔ جاپان (بحرالکاہل)
رقبہ : ۱۴۵۷۳۰ مربع میل۔

۱۰۔ نیوزی لینڈ (بحرالکاہل)
رقبہ : ۱۰۳۷۳۶ مربع میل۔

۱۱۔ برطانیہ (بحرالکاہل)
رقبہ : ۸۹۱۳۵ مربع میل۔

۱۲۔ ہونشو (جاپان بحرالکاہل)
رقبہ : ۸۸۰۰۰ مربع میل۔

۱۳۔ وکٹوریہ (بحراوقیانوس)
رقبہ : ۸۴۰۰۰ مربع میل۔

۱۴۔ سیلیبز (بحرہند)
رقبہ : ۷۳۰۰۰ مربع میل۔

۱۵۔ ساوتھ (نیوزی لینڈ)
رقبہ : ۵۸۴۰۰ مربع میل۔

۱۶۔ جاوا (بحرہند)
رقبہ : ۴۹۹۰۰ مربع میل۔

۱۷۔ نارتھ (نیوزی لینڈ، بحرالکاہل)
رقبہ : ۴۴۰۰۰ مربع میل۔

۱۸۔ کیوبا (بحراوقیانوس)
رقبہ : ۴۰۵۰۰ مربع میل۔

۱۹۔ منڈاناؤ (بحرالکاہل)
رقبہ : ۳۳۳۰۷ مربع میل۔

۲۰۔ آئرلینڈ (بحراوقیانوس)
رقبہ : ۳۱۷۴۳ مربع میل۔

۲۱۔ سکھالین (بحرالکاہل)
رقبہ : ۲۹۵۰۰ مربع میل۔

۲۲۔ ہیٹی وڈومینیکن (بحراوقیانوس)
رقبہ : ۲۹۵۰۰ مربع میل۔

۲۳۔ ہاکیڈو (بحرالکاہل)
رقبہ : ۲۹۰۰۰ مربع میل۔

۲۴۔ تسمانیہ (بحرالکاہل)، رقبہ : ۲۶۳۹۰ مربع میل۔

۲۵۔ لنکا (بحرہند)
رقبہ : ۲۵۳۳۰ مربع میل۔

۲۶۔ سولومن (بحرالکاہل)
رقبہ : ۱۵۶۰۰ مربع میل۔

۲۷۔ تائیوان (بحرالکاہل)
رقبہ : ۱۳۸۴۰ مربع میل۔

۲۸۔ کیوشو (بحرالکاہل)
رقبہ : ۱۳۷۷۰ مربع میل۔

۲۹۔ ہینان (بحرالکاہل)
رقبہ : ۱۳۱۳۰ مربع میل۔

۳۰۔ تیمور (بحرہند)
رقبہ : ۱۱۵۳۰ مربع میل۔

۳۱۔ سسلی (بحیرہ روم)
رقبہ : ۹۹۲۶ مربع میل۔

۳۲۔ سارڈینیہ (بحیرہ روم)
رقبہ : ۹۳۰۰ مربع میل۔

۳۳۔ فجی (بحرالکاہل)
رقبہ : ۷۰۵۵ مربع میل۔

۳۴۔ ہوائین (بحرالکاہل)
رقبہ : ۶۴۵۰ مربع میل۔

۳۵۔ کورائل (بحرالکاہل)
رقبہ : ۶۰۲۵ مربع میل۔

۳۶۔ بہاما (بحراوقیانوس)
رقبہ : ۵۳۹۰ مربع میل۔

۳۷۔ جمیکا (بحراوقیانوس)
رقبہ : ۴۲۳۰ مربع میل۔

۳۸۔ ہوائی (بحرالکاہل)
رقبہ : ۴۰۳۰ مربع میل۔

۳۹۔ قبرص (بحیرہ روم)
رقبہ : ۳۵۷۰ مربع میل۔

۴۰۔ پورٹوریکو (بحراوقیانوس)
رقبہ : ۳۴۳۵ مربع میل۔

۴۱۔ کورسیکا (بحیرہ روم)
رقبہ : ۳۳۷۰ مربع میل۔

۴۲۔ کریٹ (بحیرہ روم)
رقبہ : ۳۲۲۰ مربع میل۔

۴۳۔ کیناریز (بحراوقیانوس)
رقبہ : ۲۹۰۰ مربع میل۔

۴۴۔ انڈیمان (بحرہند)، رقبہ : ۲۴۰۰ مربع میل۔

۴۵ - بالی (بحر ہند)
رقبہ : ۲۱۷۰ مربع میل -

۴۶ - ٹرینیڈاڈ (بحر اوقیانوس)
رقبہ : ۱۸۶۴ مربع میل -

۴۷ - کیپ ورڈی (بحر اوقیانوس)
رقبہ : ۱۵۶۰ مربع میل -

۴۸ - سکوترہ (بحر ہند)
رقبہ : ۱۴۰۰ مربع میل -

۴۹ - ساموا (بحر الکاہل)
رقبہ : ۱۲۰۹ مربع میل -

۵۰ - ساموا مغربی (بحر الکاہل)
رقبہ : ۱۱۳۰ مربع میل -

۵۱ - ری یونین (بحر ہند)
رقبہ : ۹۷۰ مربع میل -

۵۲ - ازورز (بحر اوقیانوس) رقبہ : ۹۰۰ مربع میل -

۵۳ - ماریشس (بحر ہند)
رقبہ : ۷۲۰ مربع میل -

۵۴ - زنجبار (بحر ہند) رقبہ : ۶۴۰ مربع میل -

۵۵ - رہوڈز (بحیرہ روم)
رقبہ : ۵۴۵ مربع میل -

۵۶ - ہیٹی (بحر اوقیانوس) رقبہ : ۴۰۰ مربع میل -

۵۷ - بحرین (خلیج فارس)
رقبہ : ۲۳۱ مربع میل -

۵۸ - سنگاپور (بحر ہند) رقبہ : ۲۲۶ مربع میل -

۵۹ - گوام (بحر الکاہل) رقبہ : ۲۱۲ مربع میل -

۶۰ - ورجن (بحر اوقیانوس)
رقبہ : ۱۹۲ مربع میل -

۶۱ - بارباڈوس (بحر اوقیانوس) رقبہ : ۱۶۶ مربع میل -

۶۲ - مالٹا (بحیرہ روم) رقبہ : ۱۲۲ مربع میل -

۶۳ - گریناڈا (بحر اوقیانوس)
رقبہ : ۱۲۰ مربع میل -

۶۴ - ٹوبیگو (بحر اوقیانوس)
رقبہ : ۱۱۶ مربع میل

۶۵ - ایلبا (بحیرہ روم) رقبہ : ۸۷ مربع میل -

۶۶ - سیچلز (بحر ہند)
رقبہ : ۸۵ مربع میل -

۶۷ - ہانگ کانگ (بحر الکاہل) رقبہ : ۳۰ مربع میل -

۶۸ - سینٹ ہیلن (بحر اوقیانوس)
رقبہ : ۴۷ مربع میل -

۶۹ - برموڈا (بحر اوقیانوس)
رقبہ : ۲۱ مربع میل -

ایجادات اور ایجاد کرنے والے

	ایجادات	ایجاد کرنے والے
۱	ایکس رے	پروفیسر رانگٹن
۲	پرنٹنگ پریس	جان گاٹن برگ
۳	فلم	ڈاکٹر بی ڈی فارسٹ
۴	فونٹین پن	واٹرمین
۵	فوٹو گراف	ایڈیسن
۶	بندوق	لارڈ آرم سٹرانگ
۷	ٹیلی فون - وائرلیس	کولنز
۸	ٹیلی ویژن	جان ایل بارڈ
۹	ہوائی جہاز	رائٹ برادران
۱۰	واشنگ مشین	ہرے
۱۱	تھرمامیٹر	گلیلیو گیلیلی
۱۲	ٹائپ رائٹر	شول گڈان
۱۳	ڈیزل انجن	ریڈولف ڈیزل
۱۴	مووی کیمرہ	ای - جے - ماری
۱۵	مووی پراجیکٹر	تھامس - اے - ایڈیسن
۱۶	ریڈیو ٹیلی گراف	جی مارکونی
۱۷	فوٹو کاپی مشین	ریز گرافن
۱۸	فریج	اے ایچ گاڈس
۱۹	ائر کنڈیشنر	ولنز اے کیری
۲۰	شعاعی مساج مشین	فریڈرک ولیسور
۲۱	خوردبین	لیوٹین ہوک
۲۲	پیراشوٹ	آندرے جیکوئی
۲۳	بلب	ایڈیسن
۲۴	ٹائر	ڈنلپ
۲۵	مشین گن	گیٹلنگ
۲۶	ڈائنامیٹ	الفریڈ نوبل
۲۷	ٹریکٹر	جان فرولک
۲۸	ٹینک	سر ارنسٹ سونٹن
۲۹	موٹر سائیکل	ایڈورڈ ٹیسلر
۳۰	موٹر سکوٹر	گریویل براڈشا
۳۱	لاؤڈ سپیکر	رائیس - کیلاگ
۳۲	ریڈار	سر رائٹ واٹسن

-:-

لغات اور ڈکشنریاں
جامع فیروز اللغات اردو سے اردو کلاں
مولوی فیروز الدین صاحب
جامع فیروز اللغات اردو سے اردو درمیانہ
مولوی فیروز الدین صاحب
جامع فیروز اللغات پاکٹ اردو سے اردو
مولوی فیروز الدین صاحب
المنجد عربی اردو لغت کلاں
مقدمہ مفتی محمد شفیع
فرہنگ عامرہ اردو، فارسی
مصباح اللغات عربی اردو
القاموس الجدید اردو عربی
القاموس الجدید عربی اردو
المعجم الوسیط عربی سے عربی لغت
ایڈوانس ٹوینٹیتھ سنچری ڈکشنری کلاں انگلش اردو
بشیر احمد قریشی۔ ڈاکٹر عبد الخالق
اسٹنڈرڈ ٹوینٹیتھ سنچری ڈکشنری کلاں اردو انگلش
بشیر احمد قریشی۔ ڈاکٹر عبد الخالق
کنسائز ٹوینٹیتھ سنچری ڈکشنری درمیانی اردو انگلش
مخدوم صابری
کنسائز ٹوینٹیتھ سنچری ڈکشنری درمیانی انگلش اردو
پروفیسر بشیر احمد قریشی
جیم پاکٹ ٹوینٹیتھ سنچری ڈکشنری انگلش اردو
ایم رضاء الحق
جیم پاکٹ ٹوینٹیتھ سنچری ڈکشنری اردو انگلش
ایم رضاء الحق
www.besturdubooks.net